حضرت [illegible] علمائے شور بازار کے نہ آنے کا خود پاکستانی اکابر کو بھی سخت افسوس تھا معلوم ہوا کہ وہ اس لئے نہ آسکے کہ نواب ممدوٹ نے ان کا پرمٹ منسوخ کر دیا تھا ایک وجہ یہ بھی بیان کی گئی کہ خود علمائے شور بازار کو یہ خدشہ دامنگیر ہو گیا تھا کہ کہیں ان کی پاکستانی تقریروں کے خلاف ہندوستانی مسلمان عرس کے موقعہ پر پروٹسٹ نہ کریں۔ بہر حال انڈو افغان فرینڈز لیگ والے جو سپاسنامہ لئے ہوئے [illegible] گئے تھے وہ انہوں نے علامہ موصوف کے ایک مرید ملا اسلام کے ذریعہ آغا نور محمد خان افغان نمائندہ مقیم لاہور کے پاس لاہور بھیج دیا تاکہ وہ اسے ملا شور بازار کی خدمت میں پیش کر دیں۔ سپاسنامے کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

سپاسنامے میں ان افغانوں کی طرف سے جو سرہند میں مقیم ہیں، ملا شور بازار کو خوش آمدید کہنے کے بعد ان سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کے قیام کے لئے کوشش فرمائیں اور انقلابی مسائل میں جو مذہبی بزرگ ہیں ان سے الجھنے سے گریز کریں سپاسنامہ میں ملا شور بازار پر یہ امر واضح کیا گیا تھا کہ اسلام چونکہ ایک عالمگیر مذہب ہے اس لئے اس کے پیرو صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ تمام دنیا میں موجود ہیں اور چونکہ ہند کے مسلمانوں کا مفاد ہمسایہ ممالک اور ہندوستان کے خوشگوار اور دوستانہ تعلقات میں مضمر ہے۔ اس لئے علامہ موصوف کو ان ممالک کے درمیان جو ہندوستان کے ساتھ ہیں دوستانہ تعلقات کے قیام کے لئے اپنے مذہبی اور روحانی اثر کو استعمال کرنا چاہیئے۔

پاکستانی جیلوں میں افغان قیدی

سپاسنامے میں اس انکشاف کا اظہار بھی کیا گیا ہے کہ دہلی کے فسادات میں دو افغان علاقہ جلال آباد کے گرفتار ہوئے تھے اور جن کی پیروی جمعیۃ علماء ہند نے کی تھی اور انہیں ابتدائی عدالت سے پھانسی کی سزا کا حکم مل گیا تھا، اور پھر جب پاکستان اور ہندوستان کے درمیان قیدیوں کا تبادلہ ہوا تو ان پٹھانوں کو بھی جمعیۃ علماء کی کوشش سے قیدیوں کے تبادلے میں پاکستان بھجوا دیا گیا۔ لیکن یہ امر باعث حیرت ہے کہ پاکستان بھجوا کر ان دونوں کو [illegible] جیل میں عمر بھر کے لئے قید کر دیا گیا ان قیدیوں کے نام یہ ہیں (۱) محمد رسول ولد سید ساکن موضع [illegible] علاقہ کنڑ جلال آباد مولوی نور الحق صاحب ساکن علاقہ ہزار جلال آباد ملا صاحب موصوف سے درخواست کی گئی کہ وہ ان افغان قیدیوں کی رہائی کے لئے حکومت پاکستان پر دباؤ ڈالیں اس کے علاوہ سرحد میں پاکستانی حکومت کی طرف سے جو غلط فہمیوں اور بدگمانیوں کی بنا پر پٹھانوں کے ساتھ سرحدی حکومت ناروا اور سفاکانہ سلوک کر رہی ہے اس سلسلہ میں بھی کوشش کر کے غلط فہمیوں کو دور کرائیں اور پاکستانی جیلوں میں جو سرحدی افغان بند ہیں ان کو آزاد کرائیں سپاسنامے میں ملا شور بازار پر یہ بات واضح کی گئی کہ پٹھانوں اور پاکستان کی حکومت میں غلط فہمیوں کا دور ہونا اور ہندوستان اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کا قیام عالم اسلام اور انسانیت کے استحکام اور مفاد کے لئے نہایت ضروری ہے۔

خان ممدوٹ کے خلاف

تحریک عدم اعتماد!

لاہور ۳۱ دسمبر معلوم ہوا ہے کہ مغربی پنجاب کے وزیر اعظم خان ممدوٹ ۳ جنوری کو مسلم لیگ پارلیمنٹری کا اجلاس بلا رہے ہیں جب کہ آپ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی جائیگی اس میں مسٹر خان ممدوٹ [illegible] حکومت کو اس امر پر یقین دلانے کی کوشش کریں گے کہ ان کے خلاف عائد کردہ بدنظمی، خویش پروری وغیرہ کے الزامات غلط ہیں میاں دولتانہ نے آج ایک بیان میں اس اطلاع کی تردید کی ہے کہ انہوں نے مسٹر غضنفر علی کا نام بطور وزیر اعظم مصالحت کے طور پر پیش کیا ہے آپ نے کہا کہ میں نے تو محض مرکز سے اپیل کی ہے کہ مغربی پنجاب کی وزارتی الجھن جو روز بروز پیچیدہ ہوتی جا رہی ہے جلد حل کرنے کی کوشش کیجائے۔

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

بمبئی کے ایک معاصر نے انکشاف فرمایا ہے کہ شری چکرورتی راج گوپال آچاریہ کابینہ کے بعض ممبروں کے رویہ سے تنگ ہیں اور ان کے اس رویہ کے خلاف بطور احتجاج سبکدوش ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہمیں یقین نہیں آتا کہ اس افواہ میں کوئی صداقت ہے لیکن اگر ہے تو پھر یہ بات یقیناً غلط ہے کہ شری آچاریہ جی کابینہ کے بعض ممبروں سے تنگ ہونے پر مستعفی ہونا چاہتے ہیں اگر کوئی تنگ ہو سکتا ہے تو وہ پنڈت نہرو کی ذات ہے کیونکہ ان کے ساتھ ان کا ہر وقت لین دین رہتا ہے ہمارے گورنر جنرل کو کیا پڑی کہ وہ خواہ مخواہ درمیان میں ٹانگ اڑائیں — انہیں تو اپنے کام سے کام ہے۔

ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے محل سے تنگ ہو کر مستعفی ہونا چاہتے ہوں — جے پور میں پنڈت نہرو نے یہ انکشاف فرمایا تھا کہ محل اتنا بڑا ہے کہ راجہ جی وہاں دن رات رہنے کے باوجود بعض اوقات یہ بھول جاتے ہیں کہ ان کے بال بچے یا گھر والے کس کمرہ میں ہیں — بھلا جو اپنے ہی محل میں اپنے بال بچوں کو بھول جائے تو وہ اس سے تنگ نہیں تو اور کیا ہوگا؟

راجہ جی چاہتے تھے کہ انہیں کسی اور جگہ رکھا جائے جو چھوٹی ہو اور جہاں ان کے گھر والے گم نہ ہو سکیں لیکن ہندوستان کی شان پڑی ہے بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ عظیم ہند کا گورنر جنرل! اور کسی ایسی ویسی جگہ اقامت کریں [illegible] درخواست مسترد کر دی گئی اور راجہ جی رہ گئے ہاتھ ملتے ہوئے —

— اب اسی لئے شاید راجہ جی نے محل کی "تنگی" سے بچنے کی یہ ترکیب نکالی ہے کہ گورنر جنرلی سے سبکدوش ہو جائیں تاکہ تنگ محل سے نجات مل جائے اور آزادی کے ساتھ اپنی "کاٹیج" میں رہ سکیں —

بعض حضرات کا خیال ہے کہ راجہ جی کے ذہن میں استعفیٰ کا خیال اس وجہ سے بھی آیا کہ آج کل برنارڈ شاہ کو اپنے کسی جانشین کی تلاش ہے اور استعفیٰ دے کر وہ آسانی سے جانشین کے انتخاب میں حصہ لے سکتے ہیں — دونوں میں اور آنریری ڈاکٹر ہیں — کامیابی کا سو فیصدی امکان ہے گورنر جنرلی آج نہیں کل ختم ہو جائیگی لیکن ادب سے ابد تک نام چلے گا —

جو کچھ ہو معاملہ اہم ہے ہمارا خیال ہے کہ وزیر اعظم کو فوراً اس طرف رجوع ہونا چاہیئے اور پبلک کو مطمئن کرنے کے باعث راجہ جی کو بھی رضامند کرنا چاہیئے کہ وہ [illegible] جانے کا خیال دل میں نہ لائیں — آخر جیلیں کوئی ہیں تنگ محل کی کوٹھڑیں میں کیوں کچھ دن نہیں رہ سکتے اور اگر محل ہی کا تقدہ درمیان میں آتا ہے تو راقم الحروف کا شیش محل حاضر ہے — پرانی دہلی میں ضرور ہے مگر وہ نئی دہلی میونسپلٹی کے حلقہ میں نہیں پرانی دہلی کی میونسپلٹی کے علاقہ میں ہے جہاں "حفظان صحت" کا خاص خیال کیا جاتا ہے اور جہاں کی سڑکیں اور گلیاں گویا شیشے کی طرح ایسی صاف اور شفاف رہتی ہیں جن پر چلتے ہوئے پاؤں پھسلتے ہیں۔

خاوند:- اب جب کہ ہماری ایک دوسرے سے شادی ہو چکی ہے۔ میں چاہتا ہوں تمہاری کچھ برائیوں پر روشنی ڈالدوں تاکہ آئندہ ہماری زندگی خوشگوار ہو سکے۔

بیوی:- (ہمدردانہ لہجہ میں) پریشان نہ ہوجیے مجھے اپنی برائیاں پہلے ہی سے معلوم ہیں ان ہی برائیوں کی وجہ سے تو مجھے کوئی بہتر خاوند نہ مل سکا۔

اندور میں دوکانیں کھل گئیں اور آمد و رفت شروع ہو گئی

ایک دوکان لوٹنے والے چالیس اشخاص گرفتار کر لئے گئے

اندور ۳۱ دسمبر۔ کل شام کو ایک دوکان لوٹنے کی واحد واردات ہوئی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور پولیس فوراً موقع پر پہونچ گئی۔ اور تقریباً چالیس اشخاص کو جن میں ایک سنگھی لیڈر بھی ہے گرفتار کر لیا۔

پولیس نے پنڈت لالہ رام کو بھی گرفتار کر لیا جن پر کل کے پریس نوٹ میں ساری گڑبڑ کا الزام لگایا گیا تھا۔ یہ آدمی گاندھی جی کے قتل کے بعد بھی گرفتار کیا گیا تھا لیکن چند ہفتہ بعد رہا کر دیا گیا تھا۔ کل اسپتال میں ایک اور زخمی ہلاک ہو گیا مرنے والوں کی تعداد پانچ تک پہونچ گئی ہے۔ پانچوں مرنے والوں کی آخری رسمیں ان کے فرقہ کے افراد کی موجودگی میں ادا کر دی گئی ہیں۔ ایک قابل ذکر امر یہ ہے کہ مقامی ملوں کے ۳۰ ہزار مزدوروں نے کسی قسم کی گڑبڑ میں حصہ نہیں لیا زخمیوں کی تعداد بارہ ہے ان میں ایک عورت بھی ہے۔ فساد میں ۱۸ دکانیں اور ایک بس جلائی گئی [illegible] کرفیو نافذ کیا گیا تھا۔ وہ کل ۸ بجے صبح اٹھا لیا گیا۔ شہر میں آمد و رفت شروع ہو گئی ملوں میں کام بھی شروع ہو گیا۔

کینیڈا کی ہوائی فوج

[illegible] ۳۱ دسمبر ٹورانٹو میں ہولینڈ ایئر کرافٹ کینیڈا نامی کمپنی کے ایک کارخانے میں ایک انجن سے چلنے والے جیٹ قسم کے لڑاکے ہوائی جہاز تیار کئے جائیں گے۔ یہ لڑاکے ہوائی جہاز کینیڈا کی ہوائی فوج میں شامل ہو جائیں گے۔ یہ ہوائی جہاز پہلے امریکہ میں تیار کیا گیا تھا اور اس نے تقریباً ۶۷۱ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے ریکارڈ قائم کیا ہے۔

زمیندار کی فرعونیت

[illegible] ۳۱ دسمبر۔ گورکھپور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ایک گاؤں میں ایک عورت نے زمیندار کے لڑکے کو اپنے کھیت سے ساگ توڑنے کی اجازت نہ دی، زمیندار کے سب سے بڑے لڑکے کو اپنے بھائی کی توہین پر غصہ آیا اور وہ اس کھیت میں گیا جہاں وہ عورت [illegible] تھی۔ اس نے جاکر اس عورت کو ٹھوکر ماری جس سے اسے چوٹ پہنچی اور وہ [illegible] گھنٹہ بعد مر گئی۔

راما نند تیرتھ نے

سمجھوتہ کی تجاویز منظور کر لیں

حیدرآباد ۳۱ دسمبر۔ راما نند تیرتھ صدر حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس نے سکندرآباد میں اعلان کیا کہ انہوں نے سمجھوتہ کی ان تجاویز کو منظور کر لیا ہے جو پنڈت نہرو کے مشورہ سے [illegible] نے ان کے سامنے پیش کی ہے یاد رہے کہ حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس [illegible] گروپ ہیں جن میں ایک گروپ کے لیڈر سوامی راما نند تیرتھ ہیں۔

شملہ کے مہتروں کی ہڑتال ختم

شملہ ۳۰ دسمبر۔ [illegible] میونسپل کمیٹی کے مہتروں کی ہڑتال کل ختم ہو گئی اور وہ کام پر واپس آگئے۔

ہائی کمشنر ایجنسی کہلائیں گے

دہلی ۳۱ دسمبر۔ ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ کامن ویلتھ ملکوں میں ہندوستان کے ہائی [illegible] آئندہ ایجنسی کہلایا کریں گے۔

بزم عزیز وارثی کا مشاعرہ

بزم عزیز وارثی کا طرحی مشاعرہ مورخہ یکم جنوری ۴۹ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے شب زیر صدارت نواب ناصر الدین احمد برلا خانہ شیخ عطاء الرحمن ایڈووکیٹ بلیماران دہلی منعقد کیا جا رہا ہے جس میں سردار کنور مہندر سنگھ بیدی سحر نسیم الہند حضرت جیدر دہلوی کے علاوہ دہلی و بیرون دہلی کے مشاہیر شعرا شرکت فرما رہے ہیں۔

مصرع طرح — ہر روز انقلاب جہاں دیکھتے ہیں

(سکریٹری بزم عزیز وارثی)

قائم مقام گورنر نے عہدہ سنبھال لیا

شیلانگ [illegible] چیف جسٹس آسام [illegible]

مہاتما گاندھی کا مقدمۂ قتل ختم ہو گیا

ایک ماہ کے اندر اندر فیصلہ سنا دیا جائے گا

لال قلعہ دہلی ۳۰ دسمبر۔ آج صبح مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی مزید سماعت ہوئی۔ گوالیار کے گواہوں کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر انعام دار نے کہا کہ دہوکر کالے۔ کیرے اور رام دیال کے بیانات میں اس بات کے متعلق تضاد پایا جاتا ہے کہ مہاتما گاندھی کے قتل کی خبر سننے کے بعد پرچرے کا رد عمل کیا تھا دہوکر کالے نے کہا ہے کہ اس نے ۳۱ جنوری کی رات کو پرچرے کو ڈسپنسری بند کرنے کے لئے کہا۔ لیکن کیرے نے جو اسی وقت وہاں موجود تھا کہا کہ پرچرے نے کالے کے کہنے پر ڈسپنسری بند نہیں کی تھی۔ کیا کسی ایسے شخص کا یہ رویہ ہو سکتا ہے جو مہاتما گاندھی کی موت چاہتا تھا؟ پرچرے کے اقبالیہ بیان کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر انعامدار نے کہا کہ سپیشل مجسٹریٹ مسٹر اٹل کو پرچرے کے پاس جا کر بیان قلمبند کرنے کا اختیار نہیں تھا۔ اگر پرچرے کو ان کے پاس لایا جاتا تو ان کے اقبالیہ بیان قلمبند کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا تھا۔

غیر قانونی حراست

اس کے علاوہ گوالیار پولس کے انسپکٹر جنرل مسٹر بارش سمتھ نے پرچرے کو فوجی حراست میں رکھنے کا حکم دیا تھا۔ لیکن قانون [illegible] کے سوا کسی اور افسر کو یہ حکم جاری کرنے کا اختیار نہیں۔ اس لئے پرچرے کو فوج کی حراست میں رکھنا غیر قانونی تھا۔ پرچرے نے اپنے اقبالیہ بیان میں یہ کہا ہے کہ وہ جون ۱۹۴۷ء سے پولس کی حراست میں تھا۔ کیا بیان قلمبند کرنے والے مجسٹریٹ کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ پرچرے پر یہ بات واضح کرتا کہ وہ فوجی حراست میں تھا؟ اس وقت پرچرے کی ذہنی حالت کیا تھی؟ اسے بیہوش کیا گیا تھا اور تکلیف پہونچائی گئی تھی [illegible] لیکن استغاثہ نے انہیں کیوں شہادت دینے کے لئے پیش نہیں کیا؟ علاوہ ازیں جرح کے دوران میں مسٹر اٹل سے یہ پوچھا گیا کہ کیا آپ نے اقبالیہ بیان قلمبند کرنے کے بعد اس کے صفحے گنے تھے؟ اس کے جواب میں آپ نے کہا کہ ممکن ہے کسی دن ایسا کیا گیا ہو۔ یہ جواب بالکل غیر واضح ہے۔

لنچ کے بعد کی کارروائی

مسٹر انعامدار نے لنچ کے بعد مزید دلائل پیش کرتے ہوئے کہ مسٹر اٹل نے اپنی شہادت میں یہ کہا ہے کہ انہیں پرچرے کا بیان قلمبند کرنے میں تین گھنٹے لگے۔ وہ تین گھنٹوں میں سات صفحوں کا اقبالیہ بیان کس طرح لکھ سکتے تھے۔ اس لئے یہ بیان کرنا دلیل کے خلاف نہیں کہ یہ بیان درحقیقت پرچرے کا بیان نہیں ہے بلکہ مسٹر اٹل اسے تحریری شکل میں ساتھ لائے اور اس پر پرچرے کے دستخط کرائے۔

مسٹر انعام دار نے مزید کہا کہ اگر کوئی شخص ان حالات کو مدنظر رکھے جن کے ماتحت یہ بیان قلمبند کیا گیا اور جس کو ثابت کرنے کے لئے کوئی شہادت پیش نہیں کی گئی تو وہ استغاثہ کی تمام کہانی پر اعتبار نہیں کریگا اقبالیہ بیان کا قصہ غلط ہے گوالیار کے گواہوں کی شہادت مشکوک ہے۔ اس لئے میرے موکل کو بری کر دیا جائے آپٹے ڈگشٹ مہاراج کو اچھی طرح جانتا تھا وہ آسانی سے بمبئی میں پستول حاصل کر سکتا تھا۔ اسے پرچرے کے پاس جانے کی ضرورت نہیں تھی۔ جس کے ساتھ کئی سالوں سے اس کا کوئی تعلق نہیں تھا۔

مسٹر انعام دار نے مزید کہا کہ گوڈسے ایک اخبار کا ایڈیٹر تھا۔ وہ جذباتی تھا اور کنوارا تھا۔ وہ اپنے خاندان کے ممبروں سے دور رہتا تھا۔ وہ اپنے خیالات کے لئے جیل گیا تھا۔ جب وہ دہلی آیا تو اس نے یہ محسوس کیا کہ حکومت ہند مہاتما گاندھی کے سامنے بے بس تھی اس نے اپنی آنکھوں سے سردیوں میں پناہ گزینوں کو مصیبت اٹھاتے ہوئے دیکھا اس نے حکومت ہند کو مہاتما گاندھی کے ہاتھوں سے نکالنا چاہا۔ کیا یہ چیزیں گوڈسے جیسے جذباتی آدمی کو اکسانے کے لئے کافی نہیں تھیں؟ یہ الفاظ مسٹر انعام دار نے استغاثہ کی اس دلیل کے جواب میں کہے کہ ۲۰ اور ۳۰ جنوری کے درمیان کوئی ایسی بات نہیں ہوئی جس سے مشتعل ہو کر گوڈسے گاندھی جی کو قتل کر دیتا استغاثہ نے یہ دلیل دی تھی کہ مہاتما گاندھی کا قتل سازش کا نتیجہ ہے۔

مسٹر انعام دار نے مزید کہا کہ پرچرے کا باپ ایس جی پرچرے مہاراجہ گوالیار کا [illegible] تھا۔ اس لئے وہ مہاراجہ کا وفادار تھا۔ پرچرے گوالیار میں پیدا ہوا اور اس نے تمام عمر ریاست میں گذاری۔ اس لئے اسے ریاست کا باشندہ سمجھا جانا چاہیئے نہ کہ [illegible] ہندوستان کا باشندہ۔ مسٹر انعام دار نے آخیر میں کہا کہ استغاثہ کی تمام کہانی مشکوک ہے۔ اس کے بعد مسٹر ایل بھوپتکر نے وکلاء صفائی کی طرف سے جج کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بڑے صبر سے اس مقدمہ کو سنا ہے۔

مسلم اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ

نئی دہلی ۳۰ دسمبر معلوم ہوا ہے کہ مولانا آزاد نے آج آئین ساز اسمبلی کے مسلمان ممبروں سے صلاح و مشورہ کیا ہے۔ اور مسلم اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرنے کے سوال پر ان سے گفت و شنید کی۔

یہ لوگ مشترکہ جماعت کے حامی اور نشستوں کے تحفظ کے خلاف تھے ان کو اقلیتوں کی سب کمیٹی کے فارمولا کو منظور کر لینے کی رائے دی گئی جس کے مطابق آبادی کے تناسب سے خاص نشستیں مقرر کی جائیں گی لیکن عام نشستوں کے لئے بھی وہ مقابلہ کر سکیں گے۔

ایک سال میں ریل کے ۱۲ حادثے ہوئے

چیف انسپکٹر ریلویز کی رپورٹ

نئی دہلی ۲۹ دسمبر چیف گورنمنٹ انسپکٹر ریلویز نے ۱۹۴۷-۴۸ء کے متعلق جو رپورٹ پیش کی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ اس سال سرکاری انسپکٹروں نے ۱۲ حادثوں کی تحقیقات کی ان میں سے ۵ ریلوں کی ٹکر کے ۲ پٹری سے اتر جانے کے ۲ آگ لگنے اور دیگر اقسام کے تھے یہ تمام حادثے گاڑیوں کے تھے۔ پٹری سے اترنے کے پانچ واقعات تخریبی سرگرمیوں کا نتیجہ تھے اور ایک حادثہ گاڑی چلانے والے اسٹاف کی بے توجہی کا نتیجہ تھا ٹکر کے حادثے اسٹیشن اسٹاف کی غلطیوں کا نتیجہ تھے تقسیم کی وجہ سے بیکانیر ریلوے اور جودھ پور ریلوے کی نگرانی بھی سرکاری ریلوے انسپکٹروں کے ذمہ ہو گئی متعدد لائنیں کھولی گئیں اور سروس شروع کرنے سے پہلے ان کا معائنہ کیا گیا اس سال کل ۹۰۰ میل ریلوے لائنوں کا معائنہ کیا گیا متعدد لائنوں پر نئی قسم کے انجن چلانے کی اجازت دی گئی کچھ اسٹینڈرڈ ریلوے موٹر قسم کی ریل چلانے کی اجازت دی گئی۔

مسٹر جے پرکاش کی تردید

لکھنؤ ۳۰ دسمبر سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے ریلوے کلرکوں کی ایک میٹنگ میں اس [illegible] کی پرزور طریقہ پر تردید کی کہ وہ ریلوے ملازموں کو بھڑکا رہے ہیں آپ نے کہا کہ اسٹرائک [illegible] کا فیصلہ [illegible] ریلوے مین کا۔

نو مزید جاپانی افسروں کو سزائے موت دیدی گئی

۳۳ امریکن ہوا بازوں کو قتل کرنے کا الزام ثابت ہو گیا

ٹوکیو ۳۱ دسمبر۔ امریکہ کی آٹھویں فوج کے فوجی کمیشن نے مزید نو جاپانی افسروں کو قتل کرنے کے جرم میں موت کی سزا دیدی ہے۔ ان پر اگست ۱۹۴۵ء میں گرفتار شدگان امریکن ہوا بازوں کو ہلاک کرنے کا الزام ہے جن جاپانی افسروں کو سزائے موت دی گئی ہے۔ ان میں تین جنرل بھی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ایک امریکن طیارہ [illegible] سے پہلے ان میں بعض لوگوں پر [illegible] کی آزمائش کی گئی تھی۔ سترہ افراد کو عدالت نے پانچ سال سے تاحیات قید کی سزا دی۔ یہ سزائیں مظالم کرنے کے جرم میں دی گئی ہیں جو ہیروشیما پر ایٹم بم پھینکنے کے انتقام کے طور پر کئے گئے تھے۔ جن جاپانی جرنیلوں کو پھانسی کی سزا دی گئی وہ لفٹیننٹ جنرل یوکویاما کمانڈر مغربی افواج میجر جنرل کیوا کیو [illegible] اسسٹنٹ چیف آف اسٹاف میجر جنرل [illegible] وغیرہ ہیں۔ ان پر بعض اور الزام بھی ثابت ہوئے ہیں۔

امریکہ کے فوجی سکریٹری کے بیان کی تردید

ماسکو ۳۰ دسمبر [illegible] نیوز ایجنسی تاس نے [illegible] ایک سرکاری اطلاع شائع کی [illegible]

یو پی کے اساتذہ کا یوم استعفیٰ

[illegible] ۲۵ دسمبر بذریعہ ڈاک یو پی کے ۵۰ ہزار اساتذہ جنوری ۱۹۴۹ء میں استعفے دے رہے ہیں اس لئے آج یہاں کے مقامی مدرسین نے یوم استعفیٰ منایا۔ اسی موقع پر یہاں ایک جلسہ عام منعقد ہوا جس میں ایک تجویز پاس کیا گیا۔ تجویز کے الفاظ یہ ہیں۔ عوام کی یہ سبھا مدرسین کے یکم جنوری سے [استعفے] دیئے جانے کی خبر سے سخت متاثر ہے اور اس سے اپنی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔ ساتھ ہی [illegible] سرکار سے یہ اپیل کی ہے کہ وہ مدرسین کے مطالبات کو جو بالکل جائز ہیں فوراً تسلیم کر کے سارے بچوں کی تعلیم جاری رکھے۔ اگر اسکول بند ہو گئے تو عوام میں سخت بے چینی کا سبب ہے۔

ڈاکٹر سوئیکارنو سے سلوک

لندن ۳۰ دسمبر ہالینڈ کے سفارت خانہ کے ایک افسر نے اخبارات کے اس الزام کی تردید کی کہ ڈچ سپاہیوں نے ڈاکٹر سوئیکارنو اور ان کی کابینہ کے ساتھ برا سلوک کیا ہے اور ان کی توہین کی ہے۔ اس افسر نے بتایا کہ [illegible] اس وقت وہ ایک پہاڑی کے ایک ہوٹل میں مقیم ہیں اور ان کی صحت اچھی ہے۔

ادارہ لسیہ لائبریری [illegible]

۲۵ دسمبر کو ادارہ لسیہ لائبریری [illegible] کا سالانہ انتخاب زیر صدارت جناب حامد حسین صاحب عمل میں آیا اور عہدہ داران منتخب ہوئے۔

مالیر کوٹلہ سے ماہنامہ آبشار

جنوری کے وسط یا جنوری کے پہلے ہفتہ میں مالیر کوٹلہ سے ایک علمی ادبی ماہنامہ آبشار کے نام سے شائع ہونے والا ہے جس کی ادارت کے فرائض [illegible] شاعر نور محلوی اور ناصر ظلمی فرما رہے ہیں

آسٹریلیا کے متعلق معاہدۂ امن کی بات چیت

لندن ۳۱ دسمبر۔ برطانیہ نے امریکہ کی یہ تجویز منظور کر لی ہے کہ آسٹریا کے متعلق معاہدہ امن کی بات چیت کو دوبارہ شروع کرنے کے امکانات پر غور کرنے کے لئے ۱۰ فروری کو لندن میں چار بڑی طاقتوں کے نائب وزرائے خارجہ کی میٹنگ منعقد کی جائے۔

شاہ عبداللہ کو فلسطین کا بادشاہ قرار دیدیا

عمان ۳۱ دسمبر۔ شرق اردن کے شاہ عبداللہ سے آج ایک وفد نے ملاقات کی اس وفد میں نابلس، طولکرم اور جنین کے میئر اور ڈسٹرکٹ [illegible] کی مقامی کونسلوں کے پریزیڈنٹ شامل تھے۔ وفد نے شاہ عبداللہ کے سامنے ایک ریزولیوشن پیش کیا جس میں آپ کو شرق اردن اور فلسطین کا بادشاہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ ریزولیوشن [illegible] میں منعقدہ ایک جلسے میں پاس کیا گیا ہے۔ اس ریزولیوشن میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ فلسطین میں پھر سے جنگ شروع کی جائے۔ (الصوت)

سیام میں ضروریات زندگی کی قیمتوں کو کم کرانے کی کوشش

بنکاک ۳۰ دسمبر حکومت سیام نے ۱۹۴۹ء کے لئے ضروریات زندگی میں پچاس فیصدی کم کرنے کے لئے ایک اسکیم مکمل کر لی ہے۔

اس تجویز میں [illegible] کنٹرول ریلوں کے کرایہ میں ڈاک تار اور ٹیلیفون کی شرحوں میں کمی ہے۔

کابینہ کے حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ۱۹۴۸ء میں ۲۵ فیصدی قیمتیں کم کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔

دار السلطنت

مورخہ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء

شہر کی صفائی کی مہم

دہلی میونسپلٹی نے شہر کی صفائی کی مہم شروع کر دی ہے میونسپل ہیلتھ آفیسر علاقہ کا سینیٹری انسپکٹر اور دوسرا اسٹاف گشت کر کے دکان داروں وغیرہ کو بتا رہا ہے کہ وہ بیکار اشیاء کو سڑکوں اور گلیوں میں نہ پھینکیں بلکہ ان کو کوڑا جمع کرنے کے ڈسٹبن میں ڈالیں۔ [illegible] جگہ جگہ لگائے جا رہے ہیں اور پبلک بھی خاصی دلچسپی لے رہی ہے۔

دھوکہ دہی کے جرم میں سزا

مسز جیکب کو جو دہلی کے ایک پوسٹ ماسٹر کی بیوی ہیں، حکومت کو دھوکہ دینے کے الزام میں تا برخاست عدالت قید اور [illegible] روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

گربند سنگھ نامی ایک کلرک کو [illegible] ماہ قید اور [illegible] روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔ مسٹر جیکب کو رہا کر دیا گیا کیونکہ ان کے خلاف الزام ثابت نہیں ہو سکا۔

تار گھروں میں تعطیل

دہلی ۳۱ دسمبر۔ یکم جنوری ۱۹۴۹ء کو ہفتہ اور ۱۲ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ کو [illegible] بینک کی چھٹی اور عید میلاد النبی کے تہوار کی وجہ سے تمام تار گھروں میں تعطیل ہوگی۔ ان دونوں ایام میں تمام تار گھروں میں کام کے اوقات وہی ہوں گے جو اتوار کو ہوا کرتے ہیں۔ ان دونوں اندرون ملک کے عام نرخوں والے تار نہیں لئے جائیں گے۔

پیدائش و اموات

دہلی ۳۱ دسمبر۔ گذشتہ ہفتہ دہلی میں [illegible] پیدائش اور [illegible] اموات ہوئیں ان میں سے [illegible] بخار سے اور [illegible] دوسری بیماریوں سے فوت ہوئے۔

آتشزدگی کی واردات

دہلی ۳۰ دسمبر کل [illegible] بازار میں عارضی جھونپڑیوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجہ کے طور پر [illegible] جھونپڑیاں جل کر راکھ ہو گئیں۔ فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔ آگ لگنے کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہو سکی۔

تعلیمی میلہ

دہلی ۳۰ دسمبر محکمہ تعلیم دہلی نے موضع نجف گڑھ میں [illegible] جنوری تک ایک تعلیمی میلہ منعقد کرنے کا انتظام کیا ہے [illegible] دیہات میں تعلیم پھیلانے کے [illegible] وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد میلہ میں شرکت فرمائیں گے۔

دہلی میں ۱۸ سنگھیوں کو سزائیں

نئی دہلی ۳۱ دسمبر نئی دہلی کے ریذیڈنٹ مجسٹریٹ مسٹر آتم پرکاش بگائی نے دس آدمیوں کو راشٹریہ سیوک سنگھ کی تحریک میں حصہ لینے پر ایک ایک سال قید با مشقت کی سزا دی آٹھ پر جرمانہ کیا گیا اور عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں تین ماہ قید کا حکم دیا گیا تمام ملزموں کو مجرم قرار دیا گیا۔

دہلی میں دودھ کی فراہمی

دودھ اور دودھ کی بنائی چیزیں جو دہلی میں استعمال کی جاتی ہیں صرف ۳۰ فی صدی سے ۵۰ فی صدی تک خالص ہوتی ہیں اگرچہ سامان خوراک میں ملاوٹ کو روکنے کی بہت کوشش کی جا رہی ہے لیکن اس امر کا سد باب نہیں ہو سکا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق دہلی میں روزانہ پندرہ ہزار من دودھ اور اس سے بنی ہوئی اشیاء درکار ہوتی ہیں۔ جب کہ اس مقدار کا صرف نصف حصہ [illegible] ہے۔ نیز آبادی میں کثیر آبادی کی وجہ سے اضافہ ہو گیا ہے اس لئے بھی ملاوٹ کی جاتی ہے اس کمی کو دور کرنے کے لئے دودھ کی سپلائی بڑھانے کے مختلف تجویزیں پیش کی جا رہی ہیں۔

ماسکو ۳۰ دسمبر۔ روس کی وزارت خارجہ نے [illegible] کو وزیر مختار مقرر کر دیا گیا ہے ان کی جگہ [illegible] کو وزیر مختار مقرر کر دیا ہے۔

ترقی پسند سکھوں کے لیڈر کی جانب سے سکھوں کے مطالبات

مشرقی پنجاب کیلئے پنجابی زبان گورمکھی رسم الخط اور کابینہ میں سیٹوں کا

دہلی ۳۱ دسمبر۔ خالصہ دہلی کالج کے پرنسپل گورمکھ نہال سنگھ نے جو سکھوں کے ترقی پسند گروہ کے لیڈر [illegible] دہلی میں ایک پریس کانفرنس میں بیان دیتے ہوئے سکھ مسئلہ کو حل کرنے کے لئے چند تجاویز پیش کیں آپ نے [illegible] سکھوں کے شکوک و شبہات اگرچہ فطری اور حقیقی ہیں لیکن وہ ان اصولوں سے دور ہیں جن کو [illegible] پہلے ہی ہند میں غیر مذہبی حکومت بنانے کے لئے منظور کر لئے ہیں۔

وہ مطالبات یہ ہیں (۱) مشرقی پنجاب کی سرکاری زبان اور ذریعہ تعلیم پنجابی زبان اور گورمکھی رسم الخط میں ہونی چاہیئے (۲) مخلوط انتخاب ہوں مگر نشستیں مخصوص کر دی جائیں (۳) غیر جانبدار اقلیتی کمیشن مقرر کیا جائے (۴) پنجابی بولنے والوں کا صوبہ بنایا جائے۔

گورمکھ نہال سنگھ نے کہا کہ پنجابی زبان تمام لوگوں کی بلا لحاظ مذہب مادری زبان ہے اور اس زبان میں بہت کچھ لٹریچر [illegible] قدیم آریوں کی زبانوں سے [illegible] ہے اور غالباً ہندوستان کی قدیم ترین زبان ہے اس کا لٹریچر اور ادب علیحدہ ہے پنجابی زبان اور ادب نے پنجاب کے مختلف فرقوں میں ہمیشہ ملاپ اور خوشگوار تعلقات کو مضبوط کیا ہے یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ گورمکھی رسم الخط پنجابی زبان کا خط ہے آپ نے آگے چل کر کہا کہ اس وقت تقریباً [illegible] گورمکھی رسم الخط میں شائع ہو رہے ہیں۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے ایک بھی پنجابی جریدہ دیوناگری رسم الخط میں شائع نہیں ہوتا اور اگر دیکھا جائے تو گورمکھی رسم الخط [illegible] ہے اس بنا پر ہم پنجابی زبان کا رسم الخط گورمکھی کو اور پنجاب کی علاقائی زبان پنجابی زبان کو سرکاری زبان بنانے پر زور دے رہے ہیں۔

نشستوں کا تعین

آپ نے کہا کہ مجھے اس بات پر پوری طرح یقین ہے کہ جداگانہ انتخاب برطانوی دور سے ورثہ میں ملا ہے جو کہ غیر جمہوری اور مضرت رساں ہے جس کو فوراً ختم کرنے کی ضرورت ہے آپ نے کہا کہ بعض سکھوں کی طرح میں اس بات کا یقین نہیں رکھتا کہ سکھوں کے [illegible] ہندوؤں کے خیالات کے پیش نظر مخلوط انتخاب کی فوری ضرورت ہے آپ نے کہا آبادی کے لحاظ سے نشستوں کے تعین کے لئے [illegible] تحفظ ہونا چاہیئے اور اس میں دوسری نشستوں پر انتخاب لڑنے کی بھی اجازت ہونی چاہیئے جیسا کہ اقلیتوں کی سب کمیٹی نے سفارش کی ہے آپ نے کہا دوسرے میں ایک کمیٹی چاہتا ہوں کہ مشرقی پنجاب میں گورنر اور وزیر اعظم کے عہدے پر مختلف اقلیتوں کے نمائندوں کو مقرر کیا جائے [illegible] صوبائی وزارت میں ہندوؤں اور سکھوں کے درمیان برابری کو برقرار رکھا جائے اور سکھوں کے لئے آبادی کے لحاظ سے ایک کوٹہ مقرر کر دیا جائے۔

سنگھ پر نکتہ چینی کی مخالفت

مسٹر گوبند سہائے پر انڈے پھینکے [illegible]

بریلی ۲۹ دسمبر [illegible] سنگھ نکتہ چینی [illegible] ذکر کرنے [illegible] سکریٹری گوبند سہائے پر انڈے پھینکے [illegible] نہاں پر [illegible] کانگریس کی [illegible] کرتے ہوئے دس ہزار کے مجمع [illegible] صدارت کے فرائض [illegible] دیئے۔

مسٹر گوبند سہائے نے [illegible]

حیدرآباد میں اخبارات کی آزادی

حیدرآباد ۳۱ دسمبر۔ [illegible]

ڈچ سفیر کی مسٹر بیون سے ملاقات

لندن ۳۱ دسمبر۔ لندن میں ہالینڈ کے سفیر [illegible]

جھمبھر اور سعد آباد کے علاقہ میں دشمن کی سرگرمیاں تیز ہو گئیں

جموں اور نوشہرہ کے درمیان رسل و رسائل کو خطرہ

جموں ۳۰ دسمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس [illegible] جھمبھر اور سعد آباد کے علاقے میں [illegible] جموں اور نوشہرہ کے درمیان [illegible] قریباً قریباً اپنے ارادہ میں کامیاب رہا۔ [illegible] دن قبل بیری پتن کے جنوبی علاقہ سے دشمن کی زبردست گولہ باری کی وجہ سے جموں اور نوشہرہ کے درمیان ہندوستانی رسل و رسائل کی لائن قریباً ۴۵ گھنٹے کے لئے ٹوٹ گئی۔ [illegible] کا پتہ لگانے کی غرض سے جب ہندوستانی ہوائی جہاز گشت پر نکلے انہیں زبردست گولہ باری کا سامنا کرنا پڑا۔ بتایا جاتا ہے کہ جموں و کشمیر کی لڑائی میں اس سے پہلے اس قسم کی گولہ باری نہیں ہوئی [illegible]

میرٹھ میں گاندھی فنڈ کا چندہ

میرٹھ ۳۱ دسمبر ضلع میرٹھ سے گاندھی نیشنل میموریل فنڈ [illegible]

انڈونیشیا کے متعلق تحریک التوا

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۵

قیمت سالانہ
چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی
گیارہ روپے

تار کا پتہ، الجمعیۃ۔ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ ڈیڑھ آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر یکم ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۳ر جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۳ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنے

روغن اکسیر دماغ، اکسیر ذیلن، اکسیر چشم
شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی دامت برکاتہم استعمال فرمانے کے بعد یہ رائے ظاہر فرمائی کہ (۱) روغن کے حسن تاثیر کا اندازہ روغن ہے اور کوئی سرمہ استعمال ہی نہیں آیا (۲) اسی طرح یہ منجن اپنی سرعت تاثیر میں بے نظیر ہے۔ حضرور مرض یا سرمہ یا منجن دنیا اس کا لازمی اثر ہے۔ مجھے امید ہے کہ دماغ اور دانتوں کے مریض ان سے بہت زیادہ فائدہ حاصل کریں گے۔ قیمت اکسیر دماغ [illegible] اکسیر ذیلن [illegible] علاوہ محصول ڈاک [illegible] سرمہ اکسیر چشم آنکھوں کے ہر مرض کیلئے بے نظیر تحفہ ہے قیمت فی شیشی [illegible] علاوہ محصول۔ ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور
[illegible]

انڈونیشیا میں جمہوریت پسندوں کے گوریلا دستوں کی فتوحات

ڈچوں کے خلاف فتح حاصل ہونے تک جنگ جاری رکھیں گے

ڈچوں نے انڈونیشیا میں اپنی کٹھ پتلی حکومت قائم کرنیکی اسکیم مرتب کر لی

سنگاپور ۔ دراتر ۔ یکم جنوری۔ جمہوریہ انڈونیشیا کے ایمرجنسی ریڈیو کے ایک براڈکاسٹ میں جو سماٹرا میں کسی جگہ سے کیا جاتا ہے گزشتہ شب اعلان کیا گیا کہ ... [illegible] ... انڈونیشیا کے اقتصادی وسائل ... [illegible] ... کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔

ہیگ کے ڈچ حکومت کا دارالسلطنت کی ایک خبر میں بتایا گیا ہے کہ ... [illegible]

امریکہ چین کو امداد دے رہا ہے

مسٹر میکائیل کا واشنگٹن میں اعلان

[illegible] ... اقتصادی اور فوجی امداد چین کو دی جا رہی ہے۔

ایشیائی ممالک کو اقوام متحدہ کے رویہ سے مایوسی

واشنگٹن یکم جنوری۔ ڈاکٹر سوبطر و جو جمہوریہ انڈونیشیا کے وزیر با اختیار ہیں ... [illegible] ... (رائٹر)

سکھ زائرین راولپنڈی جانا چاہتے ہیں

امرتسر ۔ یکم جنوری ... [illegible] ... ۳۱ر جنوری اور یکم فروری کو راولپنڈی جانے کی اجازت دلائیں۔

شرنگاری تحریک کے ہیرو اور دوسرے سکھ ان بزرگ کی بہت عزت کرتے ہیں ... [illegible] ... بڑی منائی جاتی ہے۔

مسٹر کھرو کے خلاف تحقیقات مکمل

کراچی ۔ یکم جنوری ۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر کھرو کے خلاف الزامات کی تحقیقات کے لئے جو اسپیشل آفیسر مقرر کیا گیا تھا۔ اس نے اپنی رپورٹ گورنر سندھ کے سامنے پیش کر دی ہے ... [illegible] ... کیا جائے گا یا نہیں۔

انڈونیشیا کیلئے نیوز سروس

نئی دہلی ۔ یکم جنوری ۔ آج سے آل انڈیا ریڈیو انڈونیشی زبان میں ایک نیوز سروس شروع کر رہا ہے ... [illegible]

انڈونیشیا سے ڈچوں کو نکالنے کیلئے تین ہزار رائفلیں کافی ہیں

کراچی کی پریس کانفرنس میں جمہوری سفیر ڈاکٹر اودھم کا بیان

کراچی ۔ یکم جنوری ۔ مسٹر اودھم نے جو یہاں انڈونیشیا کے نمائندے ہیں ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ... [illegible] ... جاری تھی۔

[illegible]

ڈچ کمانڈر نے جاوا میں جنگ بند کرنے کا حکم دے دیا

انڈونیشیا میں ایک فیڈرل حکومت قائم کرنے کا اعلان

ہیگ ۔ یکم جنوری ۔ انڈونیشیا کے ڈچ فوجی کمانڈر انچیف نے جاوا ٹائم کے مطابق نصف شب سے ڈچ فوجوں کو جنگ بند کرنے کا حکم دے دیا ہے ... [illegible]

[illegible]

برما میں تین ہزار کمیونسٹوں نے ہتھیار ڈال دیئے

جنرل سکریٹری کمیونسٹ پارٹی کی فراری

رنگون یکم جنوری ۔ برما کی سرکاری فوجوں نے ... [illegible]

فرانس کے نو سال کا بجٹ پروگرام

[illegible]

کمیونسٹوں نے جنرل چیانگ کی صلح کی پیش کش کو ٹھکرا دیا

آخری حملہ کے لئے دس لاکھ کمیونسٹ فوج کا اجتماع

قومی مفاد کیلئے جنرل چیانگ کائی شیک الگ ہونے کیلئے تیار ہو گئے

نانکنگ یکم جنوری ۔ چین کے صدر جنرل چیانگ کائی شیک نے ... [illegible]

[illegible]

پولیس اور مجمع میں خوفناک تصادم

پولیس کی فائرنگ ۔ کئی ہلاک و مجروح

کلکتہ ۔ یکم جنوری ... [illegible]

بمبئی میں گرفتار شدگان کی تعداد

بمبئی یکم جنوری ... [illegible] ... ۱۴۵۱ ہو گئی ہے۔

تبت سنو
چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے
منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

سوشلسٹ پارٹی شہری آزادی کیلئے ستیہ گرہ کرے گی

نیشنل ایگزیکٹو کی قرارداد میں دولت مشترکہ میں شمولیت کی مخالفت

لکھنؤ ۳۰ر دسمبر ۔ سوشلسٹ پارٹی کی نیشنل ایگزیکٹو نے کل ایک قرارداد منظور کی جس میں اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ ... [illegible] ... شہری آزادی ... [illegible]

برطانیہ سے تعلقات

دولت مشترکہ کے ساتھ تعلقات کے بارے میں جو قرارداد منظور کی گئی ہے ... [illegible]

برما کی سرحد پر چینیوں کے حملے

حکومت برما نے چار فوجی دستے بھیج دیئے

رنگون ۳۱ر دسمبر معلوم ہوا ہے کہ برما اور چین کی سرحد پر چینی مسلسل حملے کر رہے ہیں۔ ان حملوں کی روک تھام کے لئے حکومت برما نے چار کا چینی فوجوں کو روانہ کر دیا ہے ... [illegible] ... یہ مقام چینی سرحد کے قریب برما میں واقع ہے۔

ہند اور پاکستان کے درمیان ریلوں کے اہم معاملات پر سمجھوتہ

دونوں ڈومینیوں کے درمیان آمد و رفت کے دیگر امور پر دوسری کانفرنس منعقد ہو گی

(نامہ نگار الجمعیۃ)

نئی دہلی ۳۱ر دسمبر ۔ ہند اور پاکستان کے درمیان ریلوے ٹریفک جاری کرنے کے بارے میں ... [illegible] ... کلکتہ میں منعقد ہو گی جس میں بقیہ امور پر غور کیا جائے گا۔

[illegible]

انڈونیشیا کے مسئلہ پر ڈچ کابینہ میں اختلافات

افغانستان اور سیام کی طرف سے ڈچ حکومت کی سخت مذمت

لندن ۳۱ر دسمبر ۔ ہیگ کے معتبر ذرائع نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ ڈچ کابینہ میں انڈونیشیا کے مسئلہ پر بعض اختلافات پیدا ہو گئے ہیں لیکن سرکاری طور پر اس اطلاع کی تردید کی گئی ہے ... [illegible]

انڈونیشیا میں جنگ کی رفتار

[illegible]

افغانستان

کابل میں ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت افغانستان کو مجلس تحفظ کے انڈونیشیا کے معاملہ پر فیصلوں ... [illegible]



خوشی میں خوشی

ایک خوشی یہ ہے کہ یہ جاڑے کا موسم ہے اور معجون شباب آور کے استعمال کے یہی دن اچھے ہیں۔ اور دوسری خوشی یہ ہے کہ معجون شباب آور ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ کر، گھروں میں خوشی اور خرمی پیدا کرتی ہے۔ ہمدرد دواخانے کے ماہر فن دواساز معجون شباب آور کو اپنی پوری ہنرمندی سے، اور بالکل صحیح سائنٹیفک طریقے سے تیار کرتے ہیں۔ اس میں قیمتی اجزاء، جیسے موتی، سونا، یاقوت اور زمرد بھی شامل ہیں۔ ان کو سرمے سے چوگنا باریک کھرل کیا جاتا ہے، تاکہ ازحد باریک ہو کر آسانی سے خون میں شامل ہو جائیں، اور رگ رگ اور نس نس میں قوت بخشیں۔ جوانوں کو نوجوان اور بوڑھوں کو جوان بنانے کے لیے معجون شباب آور بے نظیر ہے۔ بڑی کثرت سے فروخت ہوتی ہے۔ آپ بھی آج ہی منگائیے۔ قیمت

(۴۰ خوراک، پانچ روپے، نمونہ ایک روپیہ

ہمدرد کا شہد ملا ہمدرد و آتشہ ۔ قیمت فی بوتل پانچ روپے

[illegible]

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

ہمدرد

جس کی تقریباً کل آمدنی قدیم طبیبوں کی ریسرچ، ترقی اور قوم کی تعلیم کیلئے وقف ہے



انڈونیشیا کے معاملہ پر مغربی سامراج ذہنیت بے نقاب

بغیر کسی فیصلہ اور اقدام کے مجلس تحفظ کا اجلاس ملتوی

پیرس ۳۱ر دسمبر ۔ انڈونیشیا میں ہالینڈ نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی جو خلاف ورزی کی ہے ... [illegible]

جنرل چیانگ جنگی مجرم نہیں

صدر امریکہ ٹرومان کی تردید

واشنگٹن ۳۱ر دسمبر ۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومان نے ... [illegible]

[illegible]

معذرت

ادارہ کو اس بات پر افسوس ہے کہ بعض ناگہانی مشکلات کے باعث آج پرچہ صرف چار صفحات پر شائع کیا جا رہا ہے۔ ناظرین کرام درگذر فرمائیں گے۔

(منیجر)

شہر مراد آباد میں جمعیۃ علماء کے انتخابات کا پروگرام

مراد آباد ۳۱ر دسمبر ۔ مراد آباد میں آئندہ ۳ر جنوری کو جمعیۃ علماء کے انتخابات عمل میں آ رہے ہیں ... [illegible]

حاجی محمد یٰسین صاحب، منشی حامد حسین صاحب، منشی سراج الدین خاں صاحب ... [illegible]

اکابرین جمعیۃ کی واپسی

دہلی ۔ ۳۱ر دسمبر ۔ بنارس میں ورکنگ کمیٹی مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس سے فارغ ہو کر مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ ... [illegible] ... بخیریت دہلی واپس پہنچ گئے۔

[illegible]

اشتہار نیلام

[illegible]

خضاب جرمنی تاج مارکہ

[illegible]



پہاڑی بندر مردانہ طاقت پیدا کرنے والی بوٹی بھیج رہے ہیں

پہاڑی بوٹی

[illegible] ... اکسیری دواخانہ کلاں

محل کبس ۱۲۱ ۔ ۸۰ دہلی ۔ [illegible]

ہندوستانی عورت کی زندگی کے ہر پہلو کو اجاگر کرنے والا

ماہنامہ بانو دہلی

[illegible]

پتہ:- منیجر ماہنامہ بانو دہلی



WHITE WAY

CIRCUS

روزانہ دو شو ۶ بجے اور ۹ بجے شام

عظیم الشان وائٹ وے سرکس

[illegible]

جوانی کو ایکدم واپس لانے والی دو چیزیں

جیون

طلا نمبر ۲۲

تصدیق

[illegible]

ملنے کا پتہ:- دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

حالیہ حوادث کی ذمہ داری صرف مسلمانوں پر نہیں ہندوؤں پر بھی ہے

ہم مذہبی حدود کو توڑ کر کوئی کلچر نہیں قبول کریں گے

اجلاس بنارس میں اکابر جمعیۃ کی تقریریں!

بنارس (بذریعہ ڈاک) کانفرنس کا دوسرا اجلاس صبح کو ساڑھے آٹھ بجے حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ڈائس پر بیٹھے ہوئے حضرات میں آج جناب نثار احمد خاں صاحب شیروانی وزیر زراعت صوبہ متحدہ اور جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی بھی موجود تھے۔

آنریبل نثار احمد خاں صاحب کی تقریر

اجلاس کا افتتاح تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد آنریبل نثار احمد خاں صاحب نے ایک جامع اور موثر تقریر میں گاندھی جی کی تعلیمات پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین سے درخواست کی کہ وہ ان تعلیمات پر عمل کریں دوران تقریر میں موصوف نے جمعیۃ العلماء ہند کی قربانیوں اور جذبۂ خدمت وطن کا اعتراف فرمانے کے بعد کہا کہ ملک میں جو حوادث پیش آئے ان کی تمام تر ذمہ داری مسلمانوں ہی پر عائد نہیں ہوتی بلکہ اس میں ہندو بھی برابر کے شریک ہیں کیونکہ اگر ایک طرف مسلمان ہمیشہ عالمگیر اتحاد اسلامی کی تحریک کا ڈھنڈورا پیٹتے رہے تو دوسری جانب ہندوؤں نے چھوت چھات کے اصول پر عمل کر کے لاکھوں مسلمانوں ہی کو نہیں بلکہ ادنیٰ ذات کے ہندوؤں سے بھی علیحدہ رکھنے کی کوشش کی اور اس طرح ہندو اور مسلمان کے مابین منافرت میں اضافہ ہوتا چلا گیا

مولانا ابوالوفا صاحب کی تقریر

شیروانی صاحب کی تقریر کے بعد جناب مولانا ابوالوفا صاحب نے ایک تفسیری تقریر میں فرمایا کہ دراصل ۱۸۵۷ء میں حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب نے اخلاص وطن کی جو تحریک شروع کی تھی وہی تحریک جمعیۃ علماء ہند کا سنگ بنیاد ثابت ہوئی موصوف نے پاکستان کے قیام کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ تحریک مذہبی نہیں تھی اگر مذہب کے ساتھ اس تحریک کا کوئی تعلق ہوتا تو اس میں مشائخ اور ان کے ساتھی نہیں بلکہ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور ان کے محترم رفقاء کار حصہ لیتے۔

مولانا نے قیام پاکستان کے بعد کے واقعات پر تبصرہ فرماتے ہوئے کہا کہ مسلمانان ہند کو اس غلط فہمی میں مبتلا کیا گیا تھا کہ پاکستان کا قیام ہندوستان میں باقی رہ جانے والے مسلمانوں کے تحفظ کی ضمانت ثابت ہوگا لیکن واقعات نے اس غلط فہمی کو دور کر دیا۔ پاکستان کے قیام کے حامی مسلمانوں کو دوسروں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر فرار ہو گئے اور جمعیۃ علماء ہند کے جن محترم رہنماؤں کو مسلمانوں کا دشمن اور ہندوؤں کا ایجنٹ بتایا جاتا تھا ان نازک لمحات میں وہی ان کی حفاظت کے لئے میدان میں کھڑے ہوئے نظر آئے

مولانا ابوالوفا صاحب نے مزید فرمایا کہ ہم اس ملک میں ایک سچے مسلمان ہی کی طرح رہیں گے اور اپنے چند پاگل بھائیوں کی وجہ سے اپنے مذہبی شعائر کو ترک نہیں کریں گے۔ تقریر کے آخر میں موصوف نے کہا کہ گذشتہ سال جو عظیم واقعات رونما ہوئے وہ نفرت کی اس تعلیم کا نتیجہ تھے، جو دس سال تک دی جاتی رہی تھی لیکن نفرت کے زہر کا اثر آہستہ آہستہ زائل ہو جائے گا اور کچھ عرصہ کے بعد حالات حسب معمول ہو جائیں گے۔

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کی تقریر

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی (یو پی) نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیں موجودہ تبدیل شدہ حالات میں قومی اور ملکی مسائل کو بھی نئے زاویہ نظر سے دیکھنا چاہیے موصوف نے جمعیۃ علماء ہند کے قیام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند کے قیام کی تمام تر ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے ملک میں جداگانہ انتخاب کو منظور کیا تھا اور جمعیۃ کے قیام کا مقصد مسلمانوں کو یہ بتلانا تھا کہ ان کا راستہ غلط ہے اس مشورہ اور فیصلہ میں گاندھی جی بھی شریک تھے۔

موجودہ حالات میں ہمارا فرض ہے کہ ہم مسلمانوں کو بات بتلا دیں کہ وہ اچھے شہری اور حقیقی محب وطن کی طرح رہ سکتے ہیں [illegible]

موصوف نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ [illegible]

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب کی تقریر

[illegible]

الٰہ آباد۔ ۳۱ دسمبر۔ [illegible]

اچھی باتیں

وتلک الامثال۔ نا۔ ع۔ العالمون

(عنکبوت ع ۱۶)

یعنے (قرآن میں) یہ امثال اور نظائر پیش کئے ہیں وہ سب انسانوں کی بھلائی کے لئے ہیں اور انہیں وہی لوگ سمجھتے ہیں جو عالم ہیں۔

قرآن کریم میں پہلی قوموں کے حالات پر عبرت کیلئے روشنی ڈالی گئی ہے اور حقائق کو مختلف مثالوں اور نظیروں سے سمجھایا گیا ہے تاکہ ہر بات ذہن نشین ہو جائے اور عبرت حاصل کرنے والے اس سے عبرت حاصل کریں۔ قرآن کہتا ہے کہ اس کا خطاب انسانوں سے ہے کیونکہ قرآن کا پیغام انسانیت پر مبنی ہے، قرآن وطنیت، قومیت، گروہ بندی اور نسل سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا، اس کا پیغام بین الاقوامی اور .... بین الانسانی ہے اور اس کی صداقتیں بھی عالمگیر اور جہانی ہیں، وہ جو کچھ کہتا ہے انسانیت کے نقطہ نظر سے کہتا ہے اور عقلاء و علماء سے خطاب کر کے تمام انسانوں پر سچائی کی راہ کھولتا ہے! اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسلام ایک عقلی مذہب ہے کیونکہ وہ انسان کی سمجھ بوجھ پر زور دیتا اور عالموں کہہ کر علماء حکماء کے مرتبہ کو بلند کرتا ہے یہاں بھی اس نے یہی کہا کہ قرآن کی باتوں کو علماء اور عقلاء ہی سمجھ سکتے ہیں کیونکہ ماضی کی تاریخ اور اسکے نتائج سے مستقبل کا نقشہ بنانا علماء ہی کا کام ہے

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۳ جنوری ۱۹۴۹ء

سوسائٹی کا ضمیر

انڈین فلاسفیکل کانگریس کے ۲۳ ویں اجلاس بمبئی میں ڈاکٹر ایس کے متزا نے فلسفہ کے عنوان پر جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان پر ہم سب کو غور کرنا چاہیئے، فلسفہ نہ تو دماغی کشتی اور خیالی کش مکش کا نام ہے اور نہ ان مسائل کا مجموعہ جو تھیوریوں سے پیدا ہوتے اور تھیوریوں پر جا کر ختم ہو جاتے ہیں فلسفہ نام ہے ان حقایق کا جو انسان اور کائنات کے ربط سے پیدا ہوتے ہیں اور جو انسان کی ذہنی اور عملی زندگی کو مربوط منظم اور شائستہ بناتے ہیں، انسان نے تمدنی زندگی اختیار کرتے ہی فلسفہ سے تعلق پیدا کیا اور ان اجزاء کو سمیٹا جو اس کی زندگی کے لئے مفید ثابت ہو سکتے تھے اس نے کائنات پر نظر ڈال کر بکھرے ہوئے واقعات میں ربط تلاش کیا واقعات کے تسلسل سے کارفرما قوت کی جستجو کی کلیات اور جزئیات کے موڑ پر تاریخ اخذ کرنے کا گر معلوم کیا، اور اس بات پر اپنی توجہ مرکوز کی کہ کائنات سے اس کا تعلق کیا ہے اور وہ کارفرما قوتوں کو اپنے لئے کس طرح ہم آہنگ بنا سکتا ہے! غور و فکر کی طاقتیں ہم پر داخلی اور خارجی کائنات کے فلسفہ کو آشکارا کرتی ہیں اور انسان مجبور ہے کہ حقائق کی جستجو میں اپنی صلاحیتوں کو کام میں لائے اور کائنات سے ایسا تعلق پیدا کرے جو دوستانہ اور ہمدردانہ ہو، فلاسفیکل کانگریس میں ڈاکٹر متزا نے اس بات پر زور دیا ہے کہ آزاد ہندوستان کو کسی آزاد فلسفہ کی بنیاد ڈالنی چاہیئے، اس سلسلہ میں آپ نے کہا کہ آزاد ہندوستان کے فلسفہ کی سب سے اہم خدمت یہ ہے کہ وہ ہمارے انسانی شعور میں ایک نفسیاتی تغیر پیدا کرے" مگر یہ تغیر تعلیم کے ذریعہ پیدا ہو سکتا ہے اور تعلیم کا حال یہ ہے "ہم نے علم حاصل کرنے کو تو ضروری خیال کیا مگر اپنی سیرت (کیرکٹر) کو بلند کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی" آپ کا یہ کہنا بھی بالکل بجا ہے کہ "جب تک انسان تنگ نظری اور خود غرضی کو خیرباد نہ کہدے اسوقت تک .... بین الاقوامی تعاون کی کوئی اسکیم بروئے کار نہیں آسکتی"

انسان کے سارے فلسفے یہاں آ کر ختم ہو جاتے ہیں کہ اس نے نہ تو انسانیت کو اپنے افکار و کردار کی بنیاد بنایا اور نہ وہ اپنے نفس پر قابو حاصل کر سکا وہ ابھی تک اسی کوشش میں ہے کہ کائنات کی ہر چیز کو قابو میں لائے اور اسے انسان کی خدمت میں لگا دے مگر یہ کوشش نہیں کی کہ اپنے نفس کو بھی قابو میں لائے اور اپنے وجود سے انسانیت کو نفع پہونچائے، اس کی نظروں سے اب تک انسانیت کی اہمیت اوجھل ہے وہ ابھی تک نسل، وطن، قوم، گروہ، قبیلہ کی پرستش کر رہا ہے اور جغرافیائی حدبندیوں میں انسانی وسعتوں کو بھلا بیٹھا ہے، اس کا فلسفہ حیات صرف اپنی ذات اور اپنے گروہ تک محدود ہے اور اپنی .... خود غرضی سے پوری انسانیت کو نقصان پہونچا رہا ہے۔

آج ہماری زندگی کا فلسفہ ناکام ہے اور بدقسمتی یہ ہے کہ اس ناکامی پر کبھی غور کرنے کی زحمت نہیں اٹھائی گئی، کوئی کہتا ہے کہ اقتصادی مشکلات نے زندگی کا توازن خراب کر رکھا ہے، کوئی سرمایہ داری نفع خوری، چور بازاری، رشوت ستانی کو ملامت کرتا ہے، کسی کے نزدیک موجودہ مشکلات کا سبب ہماری غیر متوازن سیاست ہے، حالانکہ یہ نتائج ہیں اسباب نہیں، شاخیں ہیں جڑ نہیں، علامات ہیں، مرض نہیں، ان تمام خرابیوں اور تباہیوں کا سبب وہ مزاج ہے جو انسان کی خود غرضی سے پیدا ہوتا ہے، خود غرضی تمام مفاسد کی جڑ ہے اور اسی سے سیاسی، اقتصادی، اخلاقی [illegible] بے شمار شاخیں پھوٹ رہی ہیں جو سوسائٹی کے افراد کا رونا نہیں، رونا سوسائٹی کے ضمیر کا ہے جسے استسقا کا روگ لگ گیا ہے، خود غرضی اور انانیت کا یہ ضمیر مختلف شکلوں میں ظاہر ہو رہا ہے اور زندگی کی ہر شاخ کو گھن بن کر چاٹتے جا رہا ہے تاجر کا ضمیر اسے چور بازاری، ذخیرہ اندوزی اور حد سے زیادہ نفع خوری پر آمادہ کرتا ہے، سرمایہ دار کا ضمیر، غریبوں اور مزدوروں کا خون چوس کر بھی ھل من مزید کا نعرہ لگاتا ہے، حکام کا ضمیر انہیں رشوت ستانی، لوٹ کھسوٹ، فرائض سے غفلت اور بے رحمی سکھاتا ہے، عوام کا ضمیر ان پر خیانت جھوٹ، جعل سازی، قمار بازی اور غلاظتی جرائم کے در کھولتا ہے، قومی کارکنوں کا ضمیر انہیں قومی مفاد کو قربان کرنے شہرت اور نمود حاصل کرنے اور دوسروں کی توہین پر اپنی توقیر کی عمارت کھڑا کرنے کا سبز باغ دکھاتا ہے، عہدیداروں کا ضمیر انہیں خویش پروری، طرفداری اور قانون شکنی پر ابھارتا ہے، لیڈروں کا ضمیر ان کے کانوں میں پھونکتا ہے کہ الیکشن کے لئے کیا کیا جوڑ توڑ ہونے چاہئیں اور اکثریت کو ہاتھ میں لینے کے لئے اقلیتوں کے ساتھ ان کا سلوک کیا ہونا چاہیئے! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی اسٹیج پر ساری دنیا کے جرائم پیشہ جمع ہیں اور وہ سوسائٹی کے ضمیر میں انانیت، خود غرضی مطلب برآری، نفس پروری کا انجکشن لگا رہے ہیں! آپ دنیا کی تمام [illegible] کیجئے مگر کیمیاوی تحلیل کے بعد معلوم ہوگا کہ ان کی اصل خود غرضی ہے جو چند افراد کو چھوڑ کر پوری انسانیت اس میں مبتلا ہے

آپ خود غرضی کو معمولی چیز نہ سمجھئے اس نے ہر طبقہ کو ایک ایسا مزاج عطا کیا ہے جو اپنی فطرت کے اعتبار سے پورا شیطان ہے، ایک طرف اس مزاج نے انسان کے اندر فرضی ضروریات کی آگ بھڑکا رکھی ہے دوسری طرف اسے ایسا پیمانہ دیدیا ہے جو لینے کا ہے دینے کا نہیں ہے انسان چاہتا ہے کہ اس پر کوئی ظلم نہ کرے مگر یہ نہیں چاہتا کہ دوسرا بھی اس کے ظلم سے بچے، وہ اپنا حق تو مانگتا ہے مگر دوسروں کا حق نہیں دیتا، وہ انصاف کا طلبگار ہے مگر کسی اور کے ساتھ انصاف کرنا نہیں چاہتا، اگر غصہ آتا ہے کہ زید نے اس کا قرض ادا نہیں کیا مگر کبھی افسوس نہیں کرتا کہ وہ خود بہت سوں کا قرض مارے بیٹھا ہے، جب کوئی اسپر الزام لگاتا ہے تو برا مانتا ہے مگر دوسروں پر الزام لگانے سے کبھی باز نہیں رہتا وہ جس پیمانہ سے لیتا ہے، دوسروں کو اس پیمانہ سے نہیں دیتا، اس کے پاس لینے کا پیمانہ اور ہے اور دینے کا اور! وہ اپنی بھوک کا احساس تو کرتا ہے مگر دوسروں کی بھوک سے کوئی سروکار نہیں رکھتا! یہ خود غرضی، یہ انانیت یہ نفسا نفسی ہماری زندگی کا فلسفہ ہے اور سوسائٹی کے ضمیر پر اس کا گہرا رنگ چڑھا ہوا ہے!

مگر ہمیں اس فلسفہ کی ضرورت ہے جو انصاف اور راستی کے جذبات کو ابھارے جو اصول و مقاصد کو نظروں سے اوجھل نہ ہونے دے، جو انسان کو ضبط نفس کی تلقین کرے اور حقیقی اور مصنوعی ضروریات میں تمیز کر کے انسان کو قانع بنائے خود غرضی سوسائٹی کے ضمیر کو حیوانی ضمیر میں تبدیل کر چکی ہے اور اس کا علاج نہ جمہوریت کے پاس ہے، نہ اشتراکیت کے پاس، اس کا توڑ نہ کمیونزم ہے اور نہ ڈکٹیٹرشپ، یہ تمام سیاسی نظریے تو خود غرضی کی پیداوار ہیں خود غرضی کا علاج اگر ہے تو صرف یہ کہ انسانیت کی بین الاقوامیت پیدا ہو، اور اخلاقی اور روحانی طاقتوں سے اس کے نظام زندگی کو سنوارنے اور نشو و نما پانے کا موقعہ ملے!

نان کنگ

چین میں قومی حکومت کی حالت صد درجہ نازک ہو چکی ہے، ادھر کمیونسٹ فوجیں نان کنگ پر حملہ کی تیاریاں کر رہی ہیں اور ادھر چیانگ کائی شیک اپنے گفت و شنید اور صلح کی طرح ڈال رہے ہیں [illegible]

الٹی منطق

ایک سہ روزہ معاصر لکھتا ہے:۔

"اکثریت سے اقلیتوں کو خطرہ ہوتا ہے لیکن ہندوستان میں اس عجیب بات کا انکشاف ہوا ہے کہ یہاں اکثریت کو اقلیتوں کا خدشہ ہے ... ہندوستان میں سوقت مسلمان سب سے بڑی اقلیت ہیں مگر ہندوستان کی تقسیم کے بعد ان کی پوزیشن نہایت کمزور ہو گئی ہے" [illegible]

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

محکمہ نہر علیگڈھ متوجہ ہو!

[illegible]

بکری ٹیکس اور کارخانہ دار

[illegible]

دامودر سندھ کے بجلی گھر کیلئے مشینری

[illegible]

ڈولی: پچھم میں فن طب پر حملہ

[illegible]

انسانیت کا نتیجہ بہتری اور انتقام کا نتیجہ تباہی ہے

سرہند کی زیارت سے واپس ہوتے وقت ایک احرار لیڈر کا بیان

پٹیالہ۔ یکم جنوری۔ پاکستان کے ۹۳ زائرین جو عرس میں شرکت کے لئے آئے تھے واپس روانہ ہو گئے [illegible]

زائرین میں پیر صاحبان بھی تھے [illegible] سجادہ نشین صاحبزادہ خادم حسین صاحب [illegible]

ہندوستانی ہی ہماری قومی زبان ہو سکتی ہے

سر سلطان احمد کا ارشاد۔ فرقہ وارانہ اتحاد کے لئے اپیل

مظفر نگر۔ یکم جنوری۔ جانسٹھ میں آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس کے ۳۵ ویں سالانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سر سید سلطان احمد نے مختلف فرقوں کے مابین خوشگوار تعلقات کے لئے اپیل کی۔ اور اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی قومی زبان ہندی نہیں بلکہ ہندوستانی ہونی چاہیئے۔

شیعہ کانفرنس

سنیوں سے اپیل

سنسکرت نما ہندی

دستور ساز اسمبلی

وزیروں کی تقرری سے متعلق دفعہ منظور ہو گئی

ترمیم پیش کرنیوالوں کو ڈاکٹر امبیڈکر کا جواب

نئی دہلی، یکم جنوری۔ دستور ساز اسمبلی میں کل مسودہ دستور ہند کی وزیروں کی تقرری سے متعلق دفعہ [illegible]

ڈاکٹر امبیڈکر کا جواب!

مشترکہ ذمہ داری

غیر ممالک کو خام مینگانیز بھیجنے کا نیا ضابطہ

دہلی ۳۰ دسمبر۔ حکومت ہند نے مینگانیز کی تجارت کرنے والوں کے نمائندوں سے بات چیت کرنے کے بعد خام مینگانیز کی برآمد کے لئے [illegible] ضابطہ کا اعلان کیا ہے۔

انگریزی کو ابھی برقرار رکھنا چاہیئے

کل ہند تعلیمی کانفرنس میں مدالیار کی تقریر

الٰہ آباد کے چودہ سو ٹیچر استعفے دیدیں گے

کل ہند تعلیمی کانفرنس کی قراردادیں

جمعیۃ علما پر ایک کانگریسی لیڈر کا اعتراض

مولانا عبدالرؤف صاحب کا مسکت جواب

آسام موٹر سروس قومی ملکیت ہو جائیگی

حیدرآباد میں تقاوی کا قرضہ

پلوپ کا احتجاج

مسٹر بیون اور جنرل رابرٹسن میں بات چیت

میر لائق علی کی نظر بندی میں توسیع

پاکستان مسلم لیگ کونسل کا اجلاس

سیام میں ہوائی اڈے کی تعمیر

برما کی سرحد پر حملے

بٹائی کا طریقہ ختم کیا جائے

گورنر جنرل پاکستان کی تقریر

اراکین پارلیمنٹ کیلئے رہائشی مکانات

۸۰ لاکھ روپیہ کی اسکیم ملتوی

نئی سڑک کی ایک دکان پر پولیس کا چھاپہ

پٹ سن کا بیج افریقہ بھیجا جا رہا ہے

[illegible]

مسلمانو سفر کرو مگر اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے
یونین ہوٹل ۔ بلیماران دہلی
(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

بے مثل گولیاں
[illegible]
نگینہ فارمیسی نگینہ ضلع بجنور (یو۔ پی)

ڈاکٹری نسخے کے مطابق ہر قسم کے چشمے تیار ہوتے ہیں
یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران نزد دواخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی عورت کی زندگی کے ہر پہلو کو اجاگر کرنے والا
ماہنامہ بانو دہلی
[illegible]
پتہ:۔ منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

دستور ساز اسمبلی

وزیروں کی تقرری سے متعلق دفعہ منظور ہو گئی

ترمیم پیش کرنیوالوں کو ڈاکٹر امبیدکر کا جواب

نئی دہلی ۔ یکم جنوری ۔ دستور ساز اسمبلی میں کل مسودہ دستور ہند کی وزیروں کی تقرری سے متعلق دفعہ ۶۲ (جس کی بحث کل کی اشاعت میں درج کی جا چکی ہے) معمولی ترمیمات کے بعد منظور ہو گئی۔ منظور ہونے والی ترمیموں میں ایک ترمیم خود ڈاکٹر امبیدکر کی طرف سے پیش کی گئی اور دوسری ایک زبانی ترمیم پروفیسر کے ٹی شاہ کی طرف سے پیش کی گئی، دوسری دفعہ جو الارنی جنرل کی تقرری سے متعلق ہے اس پر بحث شروع ہونے سے قبل مسٹر ٹی ٹی کرشنا ماچاری نے تجویز کیا کہ انتخابات سے متعلق دفعات پر غور کیا جائے تاکہ [illegible] پروگرام پر عمل ہو سکیں ۔ اس تجویز پر بعض [illegible] لیکن صدر اجلاس نے اس توضیح کے بعد کہ ایوان مسودہ دستور ہند کی دفعہ کے کسی حصہ پر بحث کر سکتا ہے، ایوان انتخابات سے متعلق دفعات پر غور کرنے کیلئے رضا مند ہو گئے اور اس کے بعد اجلاس پیر کے دن تک کیلئے ملتوی ہو گیا۔

ڈاکٹر امبیدکر کا جواب!

کل کی بحث ختم کرتے ہوئے ڈاکٹر امبیدکر نے کہا کہ جو ترمیمات پیش کی گئی ہیں ان میں تین نکات اٹھائے گئے ہیں وزیروں کے عہدے کی مدت وزیروں کی قابلیت اور وزارت کے [illegible] ہے کہ ایک وزیر کو صرف اس وقت تک وزارت کے عہدے پر متمکن رہنا چاہیئے جب تک کہ اسے ایوان زیریں کا اعتماد حاصل ہے دوسری تجویز یہ ہے کہ اسے صرف اس وقت اس کے عہدے سے الگ کیا جائے جبکہ اس کے خلاف فرد جرم عائد ہو جائے ڈاکٹر امبیدکر نے کہا کہ دونوں تجویزیں ایک دوسرے سے مختلف ہیں جبکہ مسودہ کی اصل عبارت یہ ہے کہ وزیر اپنے عہدے پر اس وقت تک رہے گا جب تک کہ پریذیڈنٹ مناسب سمجھے یہ دونوں چیزیں آجاتی ہیں اگر کوئی وزیر ایوان کا اعتماد کھو چکا ہے اور اگر اس کا انتظام مناسب نہیں ہے تو اسے الگ کیا جا سکتا ہے۔

مشترکہ ذمہ داری

وزیر کی قابلیت سے متعلق ڈاکٹر امبیدکر نے کہا یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ اپنی تقرری کے وقت وزیر ایک منتخب شدہ ممبر ہونا چاہیئے اور یہ کہ وہ اکثریت والی پارٹی سے [illegible] چاہیئے چونکہ ایک نامزد شدہ ممبر کے لئے یہ ضروری قرار دیا گیا ہے کہ وہ چھ ماہ کے اندر اندر منتخب ہو جانا چاہیئے اس لئے اس سے جمہوریت کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی نہیں ہوتی اور نہ ہی اس سے اس وقت تک مشترکہ ذمہ داری کی خلاف ورزی ہوتی ہے جب تک کہ وزیر برسر اقتدار پارٹی کی پالیسی پر چلتا ہے۔

ڈاکٹر امبیدکر نے پروفیسر شاہ کی اس ترمیم کا ذکر کیا کہ وزیر صرف اکثریت والی پارٹی ہی سے منتخب ہونا چاہیئے آپ نے کہا کہ اگر اس پالیسی پر عمل کیا گیا تو ہنگامی صورت حالات کے سلسلہ میں کولیشن وزارت کا قیام ناممکن ہو جائے گا۔ [illegible]

غیر ممالک کو خام مینگانیز بھیجنے کا نیا ضابطہ

دہلی ۳۱ دسمبر ۔ حکومت ہند نے مینگانیز کی تجارت کرنے والوں کے نمائندوں سے بات چیت کرنے کے بعد خام مینگانیز کی برآمد کے لئے حسب ذیل نئے ضابطہ کا اعلان [illegible]

یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ خام مینگانیز کی برآمد کے لئے یا تو ان لوگوں کو جو پہلے اس شے کو غیر ممالک میں بھیجتے رہے ہیں اور یا کانوں کے مالکوں کو برآمد کے لائسنس دیئے جائیں گے متعلقہ اصحاب کو اپنی درخواستیں فوراً چیف کنٹرولر آف ایکسپورٹس کے نام بھیج دینے چاہئیں ان درخواستوں میں ۱۹۳۶ء ، ۱۹۳۷ء اور ۱۹۳۸ء کے سالوں میں جتنا مال باہر بھیجا گیا اور جس مقام پر بھیجا گیا اس کی پوری تفصیل درج ہونی چاہیئے کانوں کے مالکوں کو یہ بتانا ہوگا کہ اس کے پاس کتنا اسٹاک تھا، نیز ۱۹۴۸ء میں کتنا مال تیار ہوا اور یہ کس قسم کا تھا [illegible] کسی جماعت کے [illegible] درخواستیں بھیج سکتے ہیں [illegible] دیئے جائیں گے جو غیر ممالک میں مال منگوانے والے تاجروں [illegible] غیر ممالک کے کوٹے کے بارے میں [illegible] وقتاً فوقتاً اعلان کرتی رہے گی اور تمام بھیجا ہوا مقررہ کوٹہ کی حدود کے اندر ہونے چاہئیں۔

ایسا انتظام کیا گیا ہے کہ یکم فروری ۱۹۴۹ء سے ریلوے ویگنیں مہیا کرنے کے بارے میں سب سے پہلے ان پارٹیوں کو ترجیح دیجائے جن کے پاس برآمد کے لائسنس ہیں امید ہے کہ ۱۹۴۸ء کی نسبت ۱۹۴۹ء میں زیادہ خام مینگانیز ہندوستان سے باہر لایا جائے گا۔

برما کی سرحد پر حملے

رنگون یکم جنوری ۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت برما کے فوجیوں کے چار بٹالین برما اور چین کی سرحد پر پہنچ چکے ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ اس علاقہ میں چینی ڈاکوؤں نے کئی مرتبہ حملے کئے ہیں۔ اس علاقہ میں ڈاکو اسلحہ تک پر حملے کر چکے ہیں۔

ٹاٹی کا طریقہ ختم کیا جائے

گورنر جنرل پاکستان کی تقریر

کراچی یکم جنوری۔ گورنر جنرل پاکستان خواجہ ناظم الدین نے ڈھاکہ میں زمینداروں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے ٹاٹی کے طریقہ کو ختم کرنے پر زور دیا۔ خواجہ ناظم الدین اس وقت سندھ کا دورہ کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا جب تک ٹاٹی کا طریقہ جاری ہے سندھ میں زیادہ پیداوار کی امید نہیں کی جا سکتی [illegible] رقم لگانے کے لئے تیار ہو ہی نہیں سکتے [illegible] زرعی تحقیقاتی مرکز کا معائنہ کیا۔

ارکان پارلیمنٹ کیلئے رہائشی مکانات

۸۰ لاکھ روپے کی اسکیم ملتوی

[illegible]

نئی سڑک کی ایک دکان پر پولیس کا چھاپہ

[illegible]

پٹ سن کا بیج افریقہ بھیجا جا رہا ہے

کلکتہ ۳۱ دسمبر ۔ بیلجین کانگو کی حکومت نے [illegible] پٹ سن کا بیج [illegible]

ہندوستانی ہی ہماری قومی زبان ہو سکتی ہے

سر سلطان احمد کا ارشاد ۔ فرقہ وارانہ اتحاد کے لئے اپیل

مظفر نگر ۔ یکم جنوری ۔ جالندھر میں آل انڈیا شیعہ پولیٹیکل کانفرنس کے ۳۵ ویں سالانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سر سید سلطان احمد نے مختلف فرقوں کے مابین خوشگوار تعلقات کے لئے اپیل کی ۔ الہ آباد اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی قومی زبان ہندی نہیں بلکہ ہندوستانی ہونی چاہیئے۔ فرقہ وارانہ امن و آشتی کے لئے اپیل کرتے ہوئے سر سلطان احمد نے کہا کہ "اگر ہم نے توڑ پھوڑ کا جواب خدمت اور برائی کا بدلہ بھلائی سے تو ہم صلح کے کاز کو تقویت پہنچائیں گے جس کے لئے مہاتما گاندھی نے جان دی۔ گاندھی جی کی شہادت کا تمام دنیا میں رنج کیا گیا لیکن یہ رنج اب کام کرنے کے عزم میں بدل جانا چاہئے۔ یہی حقیقی [illegible] ہوگی۔

سر سلطان نے مزید کہا کہ "فرقہ وارانہ تعلقات کی بہتری کے لئے ضروری ہے کہ ہم ماضی کے واقعات کو بھول جائیں صرف اسی طرح ہمارا مستقبل شاندار ہو سکتا ہے۔ پیچھے کی طرف ہم جتنا کم دیکھیں گے زیادہ آگے بڑھیں گے"

شیعہ کانفرنس

شیعہ کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے سر سلطان نے کہا کہ یہ جماعت فرقہ وارانہ سیاسی جماعت نہیں ہے ہم کبھی رجعت پسندانہ پروگرام [illegible] نہیں ہے آپ نے کہا کہ یہ مذہب نہیں ہے جو جھگڑے کا سبب ہے بلکہ اسے لڑائی جھگڑے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ [illegible] ہم اسے لڑائی کا سبب بناتے ہیں۔ اگر مذہب کے لئے ہمارے جذبات [illegible] لڑائی کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ کون کس مذہب سے تعلق رکھتا ہے پھر کیوں مذہب کو بدنام کیا جائے ۔ آپ نے کہا کہ شیعہ کانفرنس کا منشا یہ نہیں ہے کہ وہ کسی طرح تنگ نظری کے فرقہ وارانہ جذبات کو ابھارے بلکہ وہ ایک گروپ کی شکل رکھتی ہے اور اتحاد چاہتی ہے۔

سنیوں سے اپیل

سر سلطان نے آگے چل کر کہا ۱۹۳۶ء میں لکھنؤ میں ہونے والی آل پارٹیز شیعہ کانفرنس سبا میں نے سنیوں سے اپیل کی تھی کہ وہ اسلام کے اتحاد عمل کا اعلان کریں اور جھگڑوں کے مابین امن و آشتی کے لئے کام کریں۔ اتحاد کی اس اپیل کو میں پھر دہراتا ہوں۔

سنسکرت نما ہندی

سر سلطان احمد نے اس بات پر سخت افسوس ظاہر کیا کہ "ہندوستانی یا اردو زبان کو جو ہندو مسلمانوں کے اتحاد کی قدیم یادگار ہے بگاڑا جا رہا ہے اور اس کی جگہ سنسکرت نما ہندی زبان لائی جا رہی ہے" آپ نے کہا کہ ایک تاریخی ضرورت کے تحت پیدا شدہ ہندوستانی کا ظہور عمل میں آیا تھا کیونکہ ہندو مسلمانوں کے تعلقات بہتر ہوں [illegible] ہم ایک انتہائی نازک دور سے گذر رہے ہیں ایک ایسی [illegible] کشتی اختیار کرنی مناسب ہوگی [illegible] آپ نے کہا کہ ہندوستانی زبان کو ایک قومی زبان کی حیثیت سے اختیار کیا جائے [illegible] اختیار کرنا چاہیئے۔

سیام میں ہوائی اڈے کی تعمیر

بنکاک ۳۱ دسمبر ۔ حکومت سیام نے ڈال مانگ کے ہوائی اڈے کی تعمیر شروع کر دی ہے۔ یہ کام ڈیڑھ سال کے اندر ختم ہوگا۔ اس سلسلہ میں امریکہ کی ماہر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں سب سے پہلے موجودہ ہوائی اڈے کی مرمت کی جائے گی [illegible] موسم برسات سے پہلے ختم کر دیا جائے گا۔ [illegible]

جو حکومت ہند نے دینا منظور کیا تھا [illegible] (گلوب)

انگریزی کو ابھی برقرار رکھنا چاہیئے

کل ہند تعلیمی کانفرنس میں مدالیار کی تقریر

میسور ۳۱ دسمبر کل مسٹر اے راما سوامی مدالیار نے کل ہند تعلیمی کانفرنس کے ۲۴ ویں اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ابھی کچھ روز ہمیں اپنے نظام تعلیم میں انگریزی کو برقرار رکھنا ہوگا۔

آپ نے کہا کہ اگر ہمارے سفیر اور ممالک غیر کے حالات سے باخبر اور زمانہ کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو [illegible] ممکن ہوگی کہ وہ بین الاقوامی جلسوں میں شریک ہو سکیں۔ آپ نے کہا۔ انگریز یہاں سے چلا گیا ہے اور آج انگریزی حکمرانوں کی زبان نہیں ہے اور برطانیہ کی اس پر اجارہ داری نہیں ہے۔ آپ نے کہا ہمیں تیزی سے صنعتوں کو ترقی دینے کے لئے ان چیزوں کی صلاحیت رکھنے والوں کی تربیت کرنی چاہیئے کیونکہ اس کے بغیر آزادی کو برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔

الہ آباد کے چودہ سو ٹیچر استعفے دیدیں گے

الہ آباد ۔ ۳۱ دسمبر ۔ معلوم ہوا ہے کہ ضلع الہ آباد کے چودہ سو ڈسٹرکٹ بورڈ کے اساتذہ نے حکومت کی مقرر کردہ تنخواہوں کی نئی شرح کے خلاف بطور احتجاج یکم جنوری سے استعفے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

اگر اس کو عملی جامہ پہنایا گیا تو آٹھ سو اسکولوں میں ۵۰۰۰۰ بچے تعلیم سے محروم ہو جائیں۔

کل ہند تعلیمی کانفرنس کی قراردادیں

میسور ۔ ۳۱ دسمبر ۔ کل شام کل ہند تعلیمی کانفرنس نے مسٹر راما سوامی مدالیار کی صدارت میں ایک متفقہ ریزولیوشن کے ذریعہ سر اکبر حیدری کی وفات پر اظہار افسوس کیا۔

ایک دوسرے ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ مالی امداد کے باعث تعلیمی اسکیموں کو التوا میں نہیں رکھنا چاہیئے۔

دوسری قراردادوں میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ مرکزی صوبائی اور ریاستی حکومتیں جو کمیٹیاں بنائیں اس میں آل انڈیا فیڈریشن کے اراکین کو مناسب نمائندگی دیں۔ ایک دوسری قرارداد میں اساتذہ کی تنخواہوں اور ملازمت کی شرائط پر پیدا شدہ بے چینی پر اظہار افسوس کیا گیا۔

میر لائق علی کی نظر بندی میں توسیع

حیدرآباد ۳۱ دسمبر معلوم ہوا ہے کہ میر لائق علی اور کابینہ کے دوسرے ارکان کی نظر بندی کے احکام کی تجدید کرکے ان کی حراست کی میعاد میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

معتبر اطلاع کے مطابق ملٹری پولیس کے افسر اعلیٰ مسٹر ناگر والا کی خدمات حکومت حیدرآباد نے مستعار لی ہیں [illegible] کے خلاف تحقیقات کرنے [illegible] ان لوگوں کے خلاف تحقیقات شروع کریں گے۔

پاکستان مسلم لیگ کونسل کا اجلاس

ڈھاکہ ۳۱ دسمبر معلوم ہوا ہے کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کونسل (جو حال ہی میں دوبارہ منظم کی گئی ہے) کا پہلا اجلاس ۱۹ جنوری سے شروع ہو جائے گا۔

انسانیت کا نتیجہ بہتری اور انتقام کا نتیجہ تباہی ہے

سرہند کی زیارت سے واپس ہوتے وقت ایک احرار لیڈر کا بیان

پٹیالہ ۔ یکم جنوری ۔ پاکستان کے ۴۳ زائرین جو سرہند عرس میں شرکت کے لئے آئے تھے واپس روانہ ہو گئے ان کی روانگی کل صبح ساڑھے دس بجے ہوئی ۔ (تفصیل کل کی اشاعت میں درج ہو چکی ہے)

زائرین میں ایک احرار لیڈر بھی تھے جنہوں نے عرس میں شرکت اور زیارت سے محظوظ ہو کر کہا کہ اگر دونوں ملکوں کے عوام یہ محسوس کریں کہ جذبہ انتقام کے بجائے انسانیت کے اصول پر عمل کرنا چاہیئے جو تمام مذاہب کی بنیاد ہے تو بہتر نتائج نکل سکتے ہیں۔ انسانیت کا نتیجہ بہتری ہے اور انتقام کا نتیجہ تباہی ہے۔

زائرین میں تین پیر صاحبان بھی تھے ایک تو چورہ شریف کے سجادہ نشین صاحبزادہ خادم حسین صاحب دوسرے میاں محمد بر [illegible] صاحب سجادہ نشین [illegible] شریف اور صاحبزادہ نفیس الحسن سیالکوٹ ۔ تینوں بزرگوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور مسلمان مشرقی پنجاب آئیں جائیں اور یہ صورت حال اسی وقت تک جاری رہے جب تک کہ دونوں ملکوں کے عوام آزادانہ طور پر ایک دوسرے سے ملنے لگیں۔

پیر خادم حسین صاحب نے فرمایا کہ ہم اپنی حکومت کو اس پر مائل کرنے کی پوری کوشش کریں گے کہ دونوں ملکوں کے عوام کے تعلقات زیادہ بہتر ہونے چاہئیں تینوں بزرگوں نے حکومت ہند کا شکریہ ادا کیا کہ اس نے زائرین کو روضہ شریف کی زیارت کی اجازت دی انہوں نے حکومت پٹیالہ کو بھی سراہا کہ اس نے مہمانوں کے استقبال اور مہمان نوازی کے لئے اچھے انتظامات کئے۔

زائرین نے روضہ شریف کی زیارت کے علاوہ تین میل دور کے علاقہ کی مسجدیں اور [illegible] بھی دیکھیں اور اس سے انہیں اطمینان ہوا کہ ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا گیا۔

سرہند کے گوردوارے کے سکھوں نے ایک تحفہ بھی پیش کیا یہ اقدام غیر متوقع تھا اور بہت ہی دل خوش کن تھا مسلمان زائرین نے گوردوارے کے سکھوں کے لئے ایک تحفہ بھی پیش کیا ۔ جلوس کے بابا کرشن سنگھ نے مسلمان زائرین کو ایک قرآن شریف دیا جس کی بہت تعریف کی گئی۔ ان کے لیڈر مسٹر مجیب الٰہی صدر احرار لائل پور ڈسٹرکٹ نے ایک بیان میں کہا میں گذشتہ تیس سال سے برابر ہر سال روضہ شریف کی زیارت کے لئے آتا رہا ہوں البتہ گذشتہ سال نہیں آسکا اس مرتبہ یہاں آکر مجھے بہت خوشی ہوئی۔

زائرین میں ایک شخص بلا شاہ بھی تھے جن کی عمر ۹۰ سال [illegible] نے نہایت افسوس کے ساتھ کہا کہ اس یہاں لال مسجد میں رہتا تھا [illegible]

جمعیۃ علماء پر ایک کانگریسی لیڈر کا اعتراض

مولانا عبد الرؤف صاحب کا مسکت جواب

بریلی ۔ یکم جنوری (بذریعہ ڈاک) مسٹر گووند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری وزیر اعظم یو پی کی بریلی میں تشریف آوری کے اعزاز میں پنڈت سندر لال پرشاد سکریٹری وارڈ کانگریس کمیٹی نے [illegible] میں ایک چار پارٹی دی جس میں علاوہ کانگریس ورکروں کے شہر کے ہندو مسلم معززین بھی شریک تھے مسٹر گووند سہائے کو مسٹر پرتاپ چند آزاد نے ایک ہینڈ بل پڑھ کر سنایا جو بریلی میں ماسٹر تارا سنگھ کی طرف سے نکالا گیا تھا اور جس میں گورنمنٹ سے بہت سے سوالات کئے گئے تھے اور بہت سخت و غیر مہذب زبان و لب و لہجہ اختیار کیا گیا تھا یہ وہ اشتہار پڑھا ہی جا رہا تھا کہ شہر چندوسی ضلع مراد آباد کے جنرل سکریٹری مسٹر دلو [illegible] مسٹر سہائے سے کہا کہ اب جمعیۃ علماء بھی فرقہ وارانہ جماعت ہوتی جا رہی ہے اور مسلم لیگ کے نقش قدم پر چل رہی ہے ابھی جالسی میں کئی فرقہ وارانہ تقریریں کیں اس کے علاوہ مراد آباد ضلع کے گاؤں گاؤں میں جمعیۃ کی برانچیں قائم ہو رہی ہیں عام مسلمانوں کا اب رجحان جمعیۃ کی طرف بڑھ رہا ہے اس پر مسٹر سہائے نے جواب دیا کہ جب ہندوؤں میں سیکڑوں سبھائیں اور جماعتیں بن رہی ہیں تو مسلمانوں پر اس کا اثر کیوں نہ پڑے اور اس کے رد عمل میں وہ کیوں جماعتی نظام نہ بڑھائیں۔

مولوی عبد الرؤف صاحب نے جواب دیا کہ ابھی آپ نے کانگریس اور [illegible] کی بیداری اور ابھی ابھی آپ نے سینٹ [illegible] میں آنکھیں کھولی ہیں اور دیش و ملک کے ان خادموں اور سیوکوں پر اعتراض کرنے شروع کردیئے ہیں جو اتنی مدت سے ... [illegible] اور وزیر کل سلطنت سے جو اس جلسہ میں موجود تھے کوئی بیان دلوا سکتے ہیں اگر آپ کے ضمیر میں چور نہیں ہے تو یقیناً ہماری صاف و سچی باتیں بری اور فرقہ وارانہ معلوم ہوں گی کیا آج کانگریسیوں کے اکثر نیتا کانگریس کے اصول اور گاندھی جی کے آدرش سے نہیں ہٹ گئے ہیں مولانا کے اس جواب سے مسٹر دیویندر کمار خاموش ہو گئے اور اس کے بعد سارا مجمع عام جلسہ میں پہنچا جہاں مسٹر سہائے کو تقریر کرنی تھی۔

آسام موٹر سروس قومی ملکیت ہو جائیگی

گوہاٹی ۔ یکم جنوری ۔ حکومت آسام نے فیصلہ کیا ہے کہ یکم جنوری سے شیلانگ گوہاٹی پبلک روڈ سروس کو جو تجارتی اور مسافروں دونوں کا کام کرتی ہے قومی ملکیت میں شامل کرے گی ۔ یہ سروس صوبہ کے ایک اہم راستہ پر چلتی ہے۔

حیدرآباد میں تقاوی کا قرضہ

حیدرآباد یکم جنوری ۔ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جہاں تک ممکن ہوگا وہ ضرورت مند لوگوں کو تقاوی قرضہ دے گی جو ریاست فیر دیوانی کے علاقوں میں بسے جائیں گے۔ زراعت پیشہ اور غیر زراعت پیشہ دونوں یہ قرض لے سکیں گے۔

سول ایڈمنسٹریٹر فیر دیوانی کے علاقوں میں یہ قرض جاگیرداروں سے وصول کرے گا۔ اور وہ رعیت سے وصول کریں گے۔

پلوپ کا احتجاج

لندن ۳۱ دسمبر ۔ ہنگری کے کارڈینل منڈزینٹی کے خلاف مقدمہ چلایا جانے والا ہے یہ مقدمہ بغاوت کے الزام میں چلایا جائے گا۔ دنیا کے مختلف حصوں میں حکومت ہنگری کے اس فیصلہ کے خلاف پروٹسٹ کیا جا رہا ہے معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں پوپ نے ایک خاص میٹنگ بلائی ہے۔

ویٹیکن سٹی کی اطلاع مظہر ہے کہ گذشتہ ہفتہ حکومت ہنگری کے رومن کیتھولک کارڈینل منڈزینٹی کو گرفتار کیا گیا تھا۔ آپ کی گرفتاری میں ہنگری کے ان باشندوں کا ہاتھ ہے پوپ نے انہیں چرچ سے خارج کر دیا ہے۔

ان لوگوں کو چرچ سے خارج کرنے کا فیصلہ صرف پوپ ہی واپس لے سکتا ہے کسی مقامی چرچ کو یہ فیصلہ واپس لینے کا اختیار نہیں ہے۔

مسٹر بیون اور جنرل مارشل میں بات چیت

لندن ۳۱ دسمبر ۔ جرمنی میں برطانوی مقبوضہ علاقے کے فوجی گورنر سر برین رابرٹسن آج کل یہاں آئے ہوئے ہیں آپ کل برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون سے [illegible] کی اس بات چیت کو بہت اہمیت دی جا رہی ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] علاقوں میں اہم پالیسی پر غور کیا گیا۔

کراچی ۔ یکم جنوری ۔ پاکستان کی مرکزی حکومت [illegible]

مسلمانو سفر کرو تو اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے ۔ صداقت کا امتحان کیجئے ۔
یونین ہوٹل بلیماران دہلی
(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

بے مثل گولیاں
[illegible]
نگینہ فارمیسی نگینہ ضلع بجنور (یو۔ پی)

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے چھپے تیار ہوتے ہیں
یونیورسل میڈیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران نزد
دواخانہ ہندستانی دواخانہ دہلی

ہندوستانی عورت کی زندگی کے ہر پہلو کو اجاگر کرنے والا
ماہنامہ بانو دہلی
[illegible]
پتہ :- منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی کا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳ جنوری ۱۹۴۹ء

سوسائٹی کا ضمیر

انڈین فلاسفیکل کانگریس کے ۲۳ ویں اجلاس بمبئی میں ڈاکٹر ایس کے مترا نے فلسفہ کے عنوان پر جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان پر ہم سب کو غور کرنا چاہیئے، فلسفہ نہ تو دماغی کشتی اور خیالی کش مکش کا نام ہے اور نہ ان مسائل کا مجموعہ جو تھیوریوں سے پیدا ہوتے اور تھیوریوں پر جاکر ختم ہو جاتے ہیں فلسفہ نام ہے ان حقایق کا جو انسان اور کائنات کے ربط سے پیدا ہوتے ہیں اور جو انسان کی ذہنی اور عملی زندگی کو مربوط منظم اور شائستہ بناتے ہیں، انسان نے تمدنی زندگی اختیار کرتے ہی فلسفہ سے تعلق پیدا کیا اور ان اجزاء کو سمیٹا جو اس کی زندگی کے لئے مفید ثابت ہو سکتے ہیں اس نے کائنات پر نظر ڈالکر بکھرے ہوئے اجزاء میں ربط تلاش کیا واقعات کے تسلسل سے کار فرما قوت کی جستجو کی کلیات اور جزئیات سے موثر نتائج اخذ کرنے کا گر معلوم کیا، اور اسی بات پر اپنی توجہ مرکوز کی کہ کائنات سے اس کا تعلق کیا ہے اور وہ کار فرما قوتوں کو اپنے لئے کس طرح ہم آہنگ بنا سکتا ہے! غور و فکر کی طاقتیں ہم پر داخلی اور خارجی کائنات کے فلسفہ کو آشکار کرتی ہیں اور انسان مجبور ہے کہ حقائق کی جستجو میں اپنی صلاحیتوں کو کام میں لائے اور کائنات سے ایسا تعلق پیدا کرے جو دوستانہ اور ہمدردانہ ہو، فلاسفیکل کانگریس میں ڈاکٹر مترا نے اس بات پر زور دیا ہے کہ آزاد ہندوستان کو کسی آزاد فلسفہ کی بنیاد ڈالنی چاہیئے، اس سلسلہ میں آپ نے کہا کہ آزاد ہندوستان کے فلسفہ کی سب سے اہم خدمت یہ ہے کہ وہ ہمارے انسانی شعور میں ایک نفسیاتی تغیر پیدا کرے "، مگر یہ تغیر تعلیم کے ذریعہ پیدا ہو سکتا ہے اور تعلیم کا حال یہ ہے "ہم نے علم حاصل کرنے کو تو ضروری خیال کیا مگر اپنی سیرت (کیرکٹر) کو بلند کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی " آپ کا یہ کہنا بھی بالکل بجا ہے کہ جب تک انسان تنگ نظری اور خود غرضی کو خیر باد نہ کہدے اس وقت تک بین الاقوامی تعاون کی کوئی اسکیم بروئے کار نہیں آسکتی۔

انسان کے سارے فلسفے یہاں آکر ختم ہو جاتے ہیں کہ اس نے نہ تو انسانیت کو اپنے افکار و کردار کی بنیاد بنایا اور نہ وہ اپنے نفس پر قابو حاصل کر سکا وہ ابھی تک اسی کوشش میں ہے کہ کائنات کی ہر چیز کو قابو میں لائے، اور اسے انسان کی خدمت میں لگا دے مگر یہ کوشش نہیں کی کہ اپنے نفس کو بھی قابو میں لائے اور اپنے وجود سے انسانیت کو نفع پہونچائے، اسی کی نظروں سے اب تک انسانیت کی اہمیت اوجھل ہے وہ ابھی تک نسل، وطن، قوم، گروہ، قبیلہ کی پرستش کر رہا ہے اور جغرافیائی حد بندیوں میں انسانی وسعتوں کو بھلا بیٹھا ہے، اس کا فلسفہ حیات صرف اپنی ذات اور اپنے گروہ تک محدود ہے اور اپنی ..... خود غرضی سے انسانیت کو نقصان پہونچا رہا ہے۔

آج ہماری زندگی کا فلسفہ ناکام ہے اور بد قسمتی یہ ہے کہ ابھی ناکامی پر بھی غور کرنے کی زحمت نہیں اٹھائی گئی، کوئی کہتا ہے کہ اقتصادی مشکلات نے زندگی کا توازن خراب کر رکھا ہے، کوئی سرمایہ داری، نفع خوری، چور بازاری، رشوت ستانی کو ملامت کرتا ہے، کسی کے نزدیک موجودہ مشکلات کا سبب ہماری غیر متوازن سیاست ہے، حالانکہ یہ نتائج ہیں اسباب نہیں، شاخیں ہیں جڑ نہیں، علامات ہیں مرض نہیں، ان تمام خرابیوں اور تباہیوں کا سبب وہ مزاج ہے جو انسان کی خود غرضی سے پیدا ہوتا ہے، خود غرضی تمام مفاسد کی جڑ ہے اور اسی سے سیاسی، اقتصادی، اخلاقی، معاشرتی بے شمار شاخیں پھوٹی ہیں، یہ سوسائٹی کے افراد کا رونا نہیں، رونا سوسائٹی کے ضمیر کا ہے جسے استسقا کا روگ لگ گیا ہے، خود غرضی اور انانیت کا یہ ضمیر مختلف شکلوں میں ظاہر ہو رہا ہے اور زندگی کی ہر شاخ کو گھن بن کر چاٹے جا رہا ہے تاجر کا ضمیر اسے چور بازاری، ذخیرہ اندوزی اور حد سے زیادہ نفع خوری پر آمادہ کرتا ہے، سرمایہ دار کا ضمیر، غریبوں اور مزدوروں کا خون چوس کر بھی ہل من مزید کا [illegible] لگاتا ہے، حکام کا ضمیر انہیں رشوت ستانی، لوٹ کھسوٹ، فرائض سے غفلت اور بے رحمی سکھاتا ہے، عوام کا ضمیر ان پر خیانت جھوٹ، جعل سازی، قمار بازی اور اخلاقی جرائم کے دروازے کھولتا ہے، قومی کارکنوں کا ضمیر انہیں قومی مفاد کو قربان کرنے شہرت اور نمود حاصل کرنے اور دوسروں کی توہین پر اپنی توقیر کی عمارت کھڑا کرنے کا سبز باغ دکھاتا ہے، عہدیداروں کا ضمیر انہیں خویش پروری، طرفداری اور قانون شکنی پر ابھارتا ہے، لیڈروں کا ضمیر ان کے کانوں میں پھونکتا ہے کہ الیکشن کے لئے کیا کیا جوڑ توڑ ہونے چاہئیں اور اکثریت کو ہاتھ میں لینے کے لئے اقلیتوں کے ساتھ ان کا سلوک کیا ہونا چاہیئے! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کی اسٹیج پر ساری دنیا کے جرائم پیشہ جمع ہیں اور وہ سوسائٹی کے ضمیر میں انانیت، خود غرضی مطلب برآری، نفس پروری کا انجکشن لگا رہے ہیں، آپ دنیا کی تمام خرابیوں کو چن کر اکٹھا کیجئے اور کیمیاوی تحلیل کے بعد معلوم ہوگا کہ ان کی اصل خود غرضی ہے جو چند افراد کو چھوڑ کر پوری انسانیت اس میں مبتلا ہے۔

آپ خود غرضی کو معمولی چیز نہ سمجھئے اس نے ہر طبقہ کو ایک ایسا مزاج عطا کیا ہے جو اپنی فطرت کے اعتبار سے پورا شیطان ہے، ایک طرف اس مزاج نے انسان کے اندر فرضی ضروریات کی آگ بھڑکا رکھی ہے دوسری طرف اسے ایسا پیمانہ دیدیا ہے جو لینے کا ہے دینے کا نہیں ہے انسان یہ چاہتا ہے کہ اس پر کوئی ظلم نہ کرے مگر یہ نہیں چاہتا کہ دوسرا بھی اس کے ظلم سے بچے، وہ پناہ حق تو مانگتا ہے مگر دوسروں کو حق نہیں دیتا، وہ انصاف کا طالب ہے مگر دوسرے کے ساتھ انصاف کرنا نہیں چاہتا اگر غصہ آتا ہے کہ کوئی اسے اس کا قرض ادا نہیں کرتا مگر کبھی افسوس نہیں کرتا کہ وہ خود بہت سوں کا قرض مارے بیٹھا ہے! جب کوئی اس پر الزام لگاتا ہے تو برا مانتا ہے مگر دوسروں پر الزام لگانے سے کبھی باز نہیں رہتا وہ جس پیمانہ سے لیتا ہے، دوسروں کو اس پیمانہ سے نہیں دیتا، اس کے پاس لینے کا پیمانہ اور ہے اور دینے کا اور! وہ اپنی بھوک کا احساس تو کرتا ہے مگر دوسروں کی بھوک سے کوئی ہمدردی نہیں رکھتا، یہ خود غرضی، یہ انانیت یہ نفسا نفسی ہماری زندگی کا فلسفہ ہے اور سوسائٹی کے ضمیر پر اس کا گہرا رنگ چڑھا ہوا ہے!

ہمیں اس فلسفہ کی ضرورت ہے جو انصاف اور اسی کے تقاضے [illegible] جو اصول اور مقاصد کو نظروں سے اوجھل نہ ہونے دے، جو انسان کو ضبط نفس کی تلقین کرے اور حقیقی اور مصنوعی ضروریات میں تمیز کرکے انسان کو قانع بنائے خود غرضی [illegible] نے ضمیر کو [illegible] میں تبدیل کر چکی ہے اور اس کا علاج نہ جمہوریت کے پاس ہے، نہ امپیریلزم کے پاس اس کا توڑ ہے نہ کمیونزم نہ ڈکٹیٹر شپ، یہ تمام سیاسی نظریئے خود غرضی کی پیداوار ہیں، خود غرضی کا علاج اگر ہے تو صرف یہ کہ انسانیت کی بین الاقوامیت بیدار ہو، اور اخلاقی اور روحانی طاقتوں سے اس کے نظام زندگی کو سنوارنے اور نشو و نما پانے کا موقع ملے!

نان کنگ

چین میں قومی حکومت کی حالت صدر درجہ نازک ہو چکی ہے، ادھر کمیونسٹ فوجیں نان کنگ پر حملہ کی تیاریاں کر رہی ہیں اور ادھر چیانگ کائی شیک لئے گفت و شنید اور صلح کی طرح ڈال رہے ہیں اور یہاں تک آمادہ ہو گئے ہیں کہ گفتگو شروع ہونے سے پہلے صدارت سے مستعفی ہو جائیں اور ... کمیونسٹوں سے ایک عام شہری کی طرح گفتگو کریں لیکن کیا کمیونسٹ گفت و شنید پر آمادہ ہو جائیں گے ہمیں شبہ ہے کہ شاید ایسا نہیں ہوگا کیونکہ اب کمیونسٹوں کو نان کنگ کی تسخیر سے کوئی نہیں روک سکتا، وہ برابر اقدام کر رہے ہیں اور ایسی صورت میں مشکل ہی سے سمجھ میں آئے گا کہ جیتا ہوا جواری شکست خوردہ حریف کو منہ لگائے اور اسے ... مساویانہ حیثیت سے گفتگو کرنے کا اعزاز بخشے بہرحال جنرل چیانگ اپنی سی کوشش بہت کچھ کر رہے ہیں اور کمیونسٹوں کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر تیار ہیں کاش ان کے اس نئے ارادہ کا انجام بخیر ہو۔

الٹی منطق

ایک سکھ معاصر لکھتا ہے:- "اکثریت سے اقلیتوں کو خطرہ ہوتا ہے لیکن ہندوستان میں اس عجیب بات کا انکشاف ہوا ہے کہ یہاں اکثریت کو اقلیتوں کا خطرہ ہے ..... ہندوستان میں اس وقت مسلمان سب سے بڑی اقلیت ہیں مگر ہندوستان کی تقسیم کے بعد ان کی پوزیشن نہایت کمزور ہو گئی ہے، ایک دنیا جانتی ہے کہ اکثریت کے خلاف تخریبی کام کرنے کی ..... اب مسلمانوں کو جرأت ہی نہیں ہو سکتی، دوسری اقلیتیں چھوٹی چھوٹی ہیں، ان سے بھی اکثریت کو کیا خطرہ ہو سکتا ہے"

بات بالکل صحیح ہے لیکن ہندو مہا سبھا کا مقصد اکثریت کا تحفظ نہیں، نہرو گورنمنٹ کی مخالفت ہے چنانچہ ہندو مہا سبھا کی کونسل نے صاف کہدیا ہے کہ وہ موجودہ گورنمنٹ کا مقابلہ کرنے کے لئے سارے ملک کو متحد کرے گی، اقلیتوں کو تو محض آڑ بنایا جا رہا ہے، مگر ظاہر ہے کہ یہ آڑ دیر تک کے آگے نہیں آسکتی!

اچھی باتیں

وتلك الامثال ۔ نا ۔ ع المون
(پ ۲۰ ع ۱۶)

ہم نے (قرآن میں) یہ امثال اور نظائر پیش کئے ہیں وہ سب انسانوں کی بھلائی کے لئے ہیں اور انہیں وہی لوگ سمجھتے ہیں جو عالم ہیں۔

قرآن کریم میں پہلی قوموں کے حالات پر عبرت کیلئے روشنی ڈالی گئی ہے اور حقایق کو مختلف مثالوں اور نظیروں سے سمجھایا گیا ہے تاکہ ہر بات ذہن نشین ہو جائے اور عبرت حاصل کرنے والے اس سے عبرت حاصل کریں۔ قرآن کہتا ہے کہ اس کا خطاب انسانوں سے ہے کیونکہ قرآن کا پیغام انسانیت پر مبنی ہے، قرآن وطنیت، قومیت، گروہ بندی اور نسل سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا، اس کا پیغام بین الاقوامی اور بین الانسانی ہے اور اس کی صداقتیں بھی عالمگیر اور جہانی ہیں، وہ جو کچھ کہتا ہے انسانیت کے نقطہ نظر سے کہتا ہے اور عقلاء و علماء سے خطاب کرکے تمام انسانوں پر سچائی کی راہ کھولتا ہے! اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسلام ایک عقلی مذہب ہے کیونکہ وہ انسان کی سمجھ بوجھ پر زور دیتا اور عالمون کہہ کر علماء و حکماء کے مرتبہ کو بلند کرتا ہے یہاں بھی اس نے یہی کہا کہ قرآن کی باتوں کو علماء اور عقلاء ہی سمجھ سکتے ہیں کیونکہ ماضی کی تاریخ اور اس کے نتائج سے مستقبل کا نقشہ بنانا علماء ہی کا کام ہے۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

محکمہ نہر علیگڑھ متوجہ ہو!

محترمی، السلام علیکم،

ہمارے موضع عطا پور جدید تحصیل عالم گنج ضلع [illegible] آباد میں نہر کی [illegible] کا بہت ہی [illegible] صاحب نے [illegible] عطا پور جدید کی حدود میں پانی کا نالا لگا نا منظور کر لیا تھا مگر نالا لگانے والوں نے رشوت چاہی جس کے نہ دینے پر نالا نہ لگ سکا بہت سی درخواستیں وغیرہ دی گئیں مگر پانی کا کوئی انتظام نہ ہو سکا، ابھی حال ہی میں عطا پور جدید کے ایک ہندو اور مسلمان کاشتکاروں کی سعی بات پہنچ گئی۔ لوگوں نے اس کو فرو داد دی [illegible] کوشش کی ہے جس سے نقصان ان کا اندیشہ ہے، اس لئے موضع عطا پور جدید موضع صادق پور کے کاشتکار محکمہ نہر علیگڑھ دوران سے التماس کرتے ہیں کہ وہ جو ہمارے لئے پانی کا انتظام کرے۔

شمیم عطا پور ۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۴۸ء

بکری ٹیکس اور کارخانہ دار

جناب کرم تسلیم،

تقسیم ہند کے بعد جو نتائج رونما ہوئے ہیں، ان کے اثرات سے مراد آبادی برتنوں کی صنعت بھی محفوظ نہ رہ سکی کاروبار بند ہو جانے سے نکاسی کم ہو گئی جس کی بنا پر مزدور اور کارخانہ دار سب ہی پریشان ہیں اس پر طرہ یہ کہ حکومت نے بکری ٹیکس کی لپیٹ میں اس صنعت کے کارخانہ داروں کو بھی لے لیا ہے جس کا نتیجہ اور بھی خراب رونما ہوگا اور نہ صرف اس صنعت کو نقصان پہنچے گا بلکہ بہت سے آدمی بھی بیکار ہو جائیں گے کیونکہ اس کے باعث بہت سے کارخانے بند ہو جانے کی توقع ہے لہذا حکومت یوپی سے درخواست ہے کہ وہ اس صنعت کو بکری ٹیکس سے مستثنیٰ کردے۔ نظیر حسین

مراد آباد ۔ ۳۰ دسمبر ۱۹۴۸ء

ڈولی پچھر میں فن طب پر حملہ

جناب کرم تسلیم،

حال ہی میں "ڈولی پچھر" نامی ایک فلم ریلیز ہوئی ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ فلم کا ہیرو اندھی ہیروئن کو ایک اناڑی اسپیشلسٹ ڈاکٹر کے پاس لیکر آتا ہے۔ ڈاکٹر ہیروئن کو ہسپتال میں داخل کر لیتا ہے اور آنکھوں کا آپریشن کرتا ہے جس سے اس کی آنکھوں میں بصارت آجاتی ہے دوران علاج میں ڈاکٹر مذکور ہیرو سے ملنے والے کیمپ ... [illegible] ہیرو کی ایک بات آجاتی ہے۔ ڈاکٹر کا پارٹ فلم کے ایک حصہ میں حکیم بیٹا ہے [illegible] اور اس میں اس کو ایسے طریقہ سے پیش کیا گیا ہے کہ وہ فن طب کے [illegible] کیا گیا ہے کہ وہ فن طب و ڈاکٹری میں [illegible] ترین حلقے کے مترادف ہے۔ ہماری [illegible] ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے تمام حکیموں اور ڈاکٹروں اور دیگر معالجوں نے اس فلم کے متعلق جو بے ہودہ پیش کی ہے اس کے خلاف پر زور احتجاج کیا گیا ہے اس کے خلاف کوئی ایسی تحریک چلائی جائے جس سے یہ علم [illegible] اپنے فن کا [illegible] رکھ سکیں۔ [illegible] مناسب [illegible] اس فلم میں آنکھ سے ... [illegible] سے گلاس [illegible]

دامودر سکیم کے بجلی گھر کیلئے مشینری

نئی دہلی ۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے مرکزی برقی کمیشن نے کچھ عرصہ پہلے وادی دامودر اسکیم کے ماتحت دو لاکھ کلو واٹ بجلی پیدا کرنے والے پہلے بجلی گھر کے لئے مشینری اور کلین سپلائی کرنے کے لئے جو ٹنڈر طلب کئے تھے ان پر غور کیا جا رہا ہے اور منڈیوں کو ٹنڈر سپلائی [illegible] دے دیئے۔

اس بجلی گھر کے لئے موقع کا انتخاب کر لیا گیا ہے، بہار کی کوئلہ کی کانوں کے علاوہ کا وسیع سروے کرنے کے بعد بوکارو کا مقام منتخب کیا گیا ہے۔

اگر ہندوستان یا بیرونی ممالک سے کلین اور مشینری مقررہ وقت کے اندر [illegible] موصول ہو گئیں، تو یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ بجلی گھر [illegible] کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے تاکہ مختلف بڑی بڑی صنعتوں کے لئے بجلی حاصل ہو سکے۔ مثلاً بہار اور بنگال میں کوئلہ کی کانوں کو بجلی پہنچ سکے گورنمنٹ کی فیکٹری ۔ لوہے اور فولاد اور وادی دامودر کے علاقوں میں دیگر صنعتوں کو چلانے کی تجویز کی گئی ہے۔

دہلی ۔ ۳۱ دسمبر ۔ دہلی کی مختلف مسجدوں سے جو ریوں کی واردات [illegible] ہوئی ہیں ۔ گذشتہ شب علاقہ چوڑی [illegible] میں قطب الدین فتحپوری صدر بازار اور دیگر علاقوں میں جو ریوں کی ۱۰ وارداتیں ہوئی ہیں۔

حالیہ حوادث کی ذمہ داری صرف مسلمانوں پر نہیں ہندوؤں پر بھی ہے

ہم مذہبی حدود کو توڑ کر کوئی کلچر نہیں قبول کریں گے

اجلاس بنارس میں اکابر جمعیۃ کی تقریریں!

بنارس (بذریعہ ڈاک) ۔ کانفرنس کا دوسرا اجلاس شب کو ساڑھے آٹھ بجے حضرت مولانا الدامین صاحب بنارسی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ ڈائس پر بیٹھے ہوئے حضرات میں آج جناب نثار احمد خاں صاحب شیروانی وزیر زراعت صوبہ متحدہ اور جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی بھی موجود تھے۔

آنریبل نثار احمد خانصاحب کی تقریر

اجلاس کا افتتاح تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد آنریبل نثار احمد خاں صاحب نے ایک جامع اور موثر تقریر میں گاندھی جی کی تعلیمات پر روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین سے درخواست کی کہ وہ ان تعلیمات پر عمل کریں دوران تقریر میں آپ نے جمعیۃ العلماء ہند کی قربانیوں اور جذبہ خدمت وطن کا اعتراف فرمانے کے بعد کہا کہ ملک میں جو حوادث پیش آئے ہیں ان کی تمام تر ذمہ داری مسلمانوں ہی پر عائد نہیں ہوتی بلکہ اس میں ہندو بھی برابر کے شریک ہیں کیونکہ اگر ایک طرف مسلمان ہمیشہ عالمگیر اتحاد اسلامی کی تحریک کا جھنڈا بلند کرتے رہے تو دوسری جانب ہندوؤں نے بھی چھوت چھات کے اصول پر عمل کرکے نہ صرف مسلمانوں کو ہی نہیں بلکہ ادنیٰ ذات کے ہندوؤں سے بھی علیحدہ رکھنے کی کوشش کی اور اس طرح ہندو اور مسلمان کے مابین منافرت میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

آپ نے کہا کہ یہ تحریک مذہبی نہیں تھی اگر مذہب کے ساتھ اس تحریک کا کوئی تعلق ہوتا تو اس میں مسٹر جناح اور ان کے ساتھی نہیں بلکہ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور ان کے محترم رفقا کار حصہ لیتے تھے۔

مولانا نے قیام پاکستان کے بعد کے واقعات پر تبصرہ فرماتے ہوئے کہا کہ مسلمانان ہند کو اس غلط فہمی میں مبتلا کیا گیا تھا کہ پاکستان کا قیام ہندوستان میں باقی رہ جانے والے مسلمانوں کے تحفظ کی ضمانت ثابت ہوگا لیکن واقعات نے اس غلط فہمی کو دور کر دیا۔ پاکستان کے قیام کے حامی مسلمانوں کو دوسروں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر فرار ہو گئے اور جمعیۃ علماء ہند کے جن محترم رہنماؤں کو مسلمانوں کا دشمن اور ہندوؤں کا ایجنٹ ثابت کیا جاتا تھا ان نازک لمحات میں وہی ان کی حفاظت کے لئے میدان میں کھڑے ہوئے نظر آئے۔

مولانا ابو الوفا صاحب کی تقریر

شیروانی صاحب کی تقریر کے بعد جناب مولانا ابو الوفا صاحب نے ایک مختصر سی تقریر میں فرمایا کہ در اصل ۱۸۰۳ء میں حضرت شاہ عبد العزیز صاحب نے اخلاص وطن کی جو تحریک شروع کی تھی وہی تحریک جمعیۃ علماء ہند کا سنگ بنیاد ثابت ہوئی موصوف نے پاکستان کے قیام کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے [illegible]

مولانا ابو الوفا صاحب نے مزید فرمایا کہ ہم اس ملک میں ایک سچے مسلمان ہی کی طرح رہیں گے اور اپنے چند پاگل بھائیوں کی وجہ سے اپنے مذہبی شعار کو ترک نہیں کریں گے۔ تقریر کے آخر میں موصوف نے کہا کہ گذشتہ سال جو عمناک واقعات رونما ہوئے وہ نفرت کی اس تعلیم کا نتیجہ تھے، جو دس سال تک دی جاتی رہی تھی لیکن نفرت کے زہر کا اثر آہستہ آہستہ زائل ہو جائے گا اور کچھ عرصہ کے بعد حالات حسب معمول ہو جائیں گے۔

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کی تقریر

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی (یو پی) نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیں موجودہ تبدیل شدہ حالات میں قومی اور ملکی مسائل کو بھی نئے زاویہ نظر سے دیکھنا چاہیئے موصوف نے جمعیۃ علماء ہند کے قیام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جمعیۃ علماء ہند کے قیام کی تمام تر ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے ملک میں جداگانہ انتخاب کو منظور کیا تھا اور جمعیۃ کے قیام کا مقصد مسلمانوں کو یہ بتلانا تھا کہ ان کا راستہ غلط ہے اس مشورہ اور فیصلہ میں گاندھی جی بھی شریک تھے۔

موجودہ حالات میں ہمارا فرض ہے کہ ہم مسلمانوں کو یہ بات تلا دیں کہ وہ اچھے شہری اور حقیقی محب وطن ثابت ہو سکتے ہیں لیکن اگر بعض ہماری ان کوششوں کو بھی سیاسی سرگرمیوں سے تعبیر کرتے ہیں تو یہ ان کی غلطی ہے ہمارا فرض ہے کہ ہم مسلمانوں کو ملک کا بہترین سپاہی بنائیں، جہاں پر متحدہ کانفرنس کے متعلق جو غلط فہمیاں پھیلائی جا رہی ہیں وہ قطعاً بے بنیاد ہیں ہندوستان کی سرحد [illegible] حکومت غیر مذہبی جمہوری حکومت ہے اس لئے ہر فرقہ کا فرض ہے کہ وہ اسے مستحکم اور مضبوط بنانے کی کوشش کرے۔

موصوف نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ جب مسلم لیگ نے یہ نعرہ بلند کیا تھا کہ ہندو ہمارے کلچر کو تباہ کر دے گا تو ہم نے سوال کیا تھا کہ کلچر کی تعریف کیا ہے لیکن اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا گیا تھا آج ہم یہ کہتے ہیں کہ ملک کا کلچر ایک ہوتا ہے لیکن اگر آج کل اسکی توضیح بیان نہیں کی جاتی ۔ بہرحال ہم مذہبی حدود کو توڑ کر کوئی کلچر قبول نہیں کریں گے۔

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب کی تقریر

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہندوستان میں علماء نے اب سے ۹۰ سال قبل انگریزوں کی مخالفت میں شرکت کا فتویٰ دیا تھا اور اسی فتویٰ پر اس وقت کے پانچ سو علماء نے دستخط کئے تھے۔ بر نے مسلمانوں میں آزادی کا احساس پیدا کرنے کے لئے جو بیش بہا حصہ لیا اور یہ واقعہ ہے کہ اس ملک کو آزاد کرانے میں مسلمانوں کا سب سے زیادہ حصہ ہے۔ کیونکہ جب انگریز کی طرف سے یہ دعویٰ کیا جاتا تھا کہ کانگریس صرف ہندوؤں کی جماعت ہے تو اس وقت کانگریس کی جانب ایک ایک قوم پرور ہندوستان اور قوم پرور مسلم جماعتوں کے نام گنوا کر اس دعویٰ کی تردید کی جاتی تھی۔

مولانا نے اپنی تقریر ختم کرتے ہوئے کہا کہ کلچر ایک ہونے سے ایک قوم نہیں بن سکتی بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ انسان صرف انسانیت کی بنا پر ایک ہو اگر ہم کرنے ہوئے انسان کو بلند کر لیں تو ملک میں کامیاب ہو سکتے ہیں، آج بھی بلند ہو سکتا ہے، موصوف نے پاکستان کے سلسلہ میں کہا کہ کانگریس نے پاکستان کے مطالبہ کو ہم سے مشورہ لئے بغیر منظور کیا تھا۔

(الجمعیۃ)

الہ آباد ۔ ۳۱ دسمبر ۔ پنڈت نہرو آج جبلپور میں [illegible] پنڈت کی شادی کے سلسلہ میں کل یہاں پہنچیں گے۔ تقریب بھی جلد ادا ہو گی۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں ارسال کرتے وقت اس بات کا خیال رکھئے کہ خبریں صاف اور خوشخط اور مختصر ہوں جماعت کے فارم پر ہوں یا جماعتی چھپی ہوئی ہو بصورت دیگر شائع نہ کی جائیں گی شہروں یا اضلاع میں قائم شدہ نئی شاخوں کی اطلاع شہر کی جمعیۃ فارم پر یا ان کی مہر کے ساتھ تصدیق ہو کر آنی چاہیئے (ادارہ)

پرتاب گڈھ میں جمعیۃ کا قیام

مولانا مفتی محمد شریف صاحب و محمد حسینی صاحب بحیثیت وفد جمعیۃ علماء ٹونک یونین راجستھان ۲۳ دسمبر ۱۹۴۸ء کو پرتاب گڈھ تشریف لائے جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد سمجھائے چنانچہ جمعیۃ کی شاخ پرتاب گڈھ میں قائم کر دی گئی ہے اور ممبر سازی کا کام سرگرمی سے شروع کر دیا گیا ہے، مولانا موصوف نے جمعہ میں اور دیگر جلسوں میں تقریر فرما کر تبلیغ دین کی خدمت بھی انجام دی۔ پرتاب گڈھ میں جمعیۃ کے [illegible] صاحب نائب صدر [illegible] منشی وزیر محمد صاحب سکریٹری قاضی افتخار العابدین خزانچی عبدالغفور صاحب۔

جمعیۃ علماء بہیرپور ضلع مراد آباد کا قیام

۱۶ دسمبر ۱۹۴۸ء کو مولانا حکیم معین الدین صاحب ضلع مراد آباد سے بہیرپور تشریف لائے آپ کی آمد پر بہیرپور اور دیگر مواضعات کے لوگوں کو جمع کر لیا گیا، مولانا نے مختصر تقریر فرمائی جمعیۃ علماء ہند کا تعارف کیا اور جنگ آزادی میں ۔۔۔ جمعیۃ علماء نے قربانیاں کیں ہیں ان پر سیر حاصل تبصرہ فرماتے ہوئے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ جمعیۃ کے ممبر بن جائیں۔ کام کو تیزی سے چلانے کے لئے ایک عارضی کمیٹی کی تشکیل عمل میں آئی۔ جو آئندہ ہونے والے انتخابات تک کام کرے گی کمیٹی کے ممبروں کے نام حسب ذیل ہیں۔ سید محمد شریف صاحب [illegible] مولانا عبدالصمد صاحب مولوی سید ضیاء الحسن صاحب، اکبر علی خاں صاحب، نوشہ خاں صاحب اور جناب [illegible] صاحب اس کمیٹی کے کنوینر عبدالمجید خاں صاحب کو بنایا گیا ہے۔

رام راج کا نعرہ لگانے والوں کو انتباہ

بریلی میں مسٹر گوبند سہائے کی تقریر

بریلی ۲۲ دسمبر (بذریعہ ڈاک) اس وقت ہمارے سامنے یہ سب سے اہم اور بڑا سوال ہے کہ ہم اپنی آزادی کو کس طرح برقرار رکھ سکتے ہیں ہندو راج قائم کرو، مسلمانوں کو نکال دو، ہندو تہذیب کی طرف لوٹو کا نعرہ لگانے والے احمقوں کی دنیا میں بستے ہیں۔ [illegible] سہائے نے دس ہزار کے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

آپ نے مزید فرمایا ایک ملک میں دو فوجی طاقتیں نہیں رہ سکتیں ہیں سرکار کی بھی فوج ہو اور جتھا کی بھی فوج ہو آر۔ ایس۔ ایس والے جو پرائیویٹ فوج بنا رہے ہیں اور معصوم بچوں کے دماغوں کو جنونی اور جذباتی باتوں سے خراب کر رہے ہیں وہ ملک کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا رہے ہیں، ہٹلر، علامہ مشرقی اور جناح نے بھی ایسے نعرے لگائے تھے مگر ان کا جو حشر ہوا وہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے ۔۔۔

آپ نے زور دار الفاظ میں فرمایا کہ آخر ہندو سنگھ والے کیا چاہتے ہیں ۔۔۔ [illegible]

جمعیۃ علماء کانپور کا تعزیتی جلسہ

جمعیۃ علماء کانپور کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں صوبہ متحدہ کے ناظم حضرت مولانا محمد قاسم صاحب کے والد ماجد کے انتقال پر ملال پر اظہار افسوس کیا گیا اور ایک تعزیتی تجویز پاس کی گئی۔

چھپرہ میں جلسہ

جمعیۃ علماء کے وفد نے کوڈ سارن اور چھپرہ کا دورہ [illegible] رات کو جلسہ ہوا جس میں [illegible] محمد صاحب [illegible] نے ایک مؤثر تقریر فرمائی جمعیۃ علماء ہند کی خدمات اور اہمیت پر روشنی ڈالی آپ نے ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا اور جمعیۃ علماء کو مضبوط بنانے کی اپیل کی۔

جمعیۃ علماء اجمیر کا جلسہ

اجمیر ۱۸ دسمبر۔ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حافظ عبدالشکور صاحب قصبہ خانپور سے یہاں تشریف لائے تو ۸ بجے بعد نماز عشاء حضرت مولانا نے جمعیۃ علماء کیا ہے کے عنوان پر تقریر فرمائی جس کے بعد قصبہ کے تمام بالغ مسلمان مرد اور عورتیں جمعیۃ کے ممبر بن گئے۔

جھالاواڑ میں جمعیۃ علماء کا قیام

مولوی محمد شریف صاحب [illegible] ایک وفد یہاں پہنچا اور یہاں کے سربرآوردہ مسلمانوں سے ملا اور جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد سمجھائے اور اس کی اہمیت اور ضرورت کا احساس دلایا چنانچہ ۱۰ دسمبر کو یہاں جمعیۃ علماء قائم ہو گئی جس میں منشی وزیر محمد صاحب وکیل صدر، حافظ محمد ایوب صاحب وکیل نائب صدر، [illegible] صاحب ناظم، ماسٹر عبدالوحید صاحب نائب ناظم، منشی نعیم الدین صاحب خازن مقرر ہوئے۔

پاٹن میں جمعیۃ کا قیام

جمعیۃ علماء راجستھان مذکورہ بالا وفد ۱۹ دسمبر کو پاٹن پہنچا اور جمعیۃ کی شاخ قائم کی حافظ محمد علی صاحب صدر، شیخ منیر الدین صاحب نائب صدر، شبیر احمد ناظم، عبدالسمیع صاحب خازن مقرر ہوئے وفد یہاں سے بھوانی منڈی ہوتا ہوا ایرن پور گڈھ روانہ ہو گیا۔

فتنۂ ارتداد کی روک تھام

مسلمانان رائے پور کی جانب سے اعلان

دہلی ۳۰ دسمبر محمد فاروق علی فاروقی امام مسجد رائے پور ہیڈ ماسٹر مدرسہ اصلاح المسلمین نے فتنہ ارتداد کی روک تھام کے لئے ۴۲ سرکردہ مسلمانان رائے پور کے دستخطوں سے ایک اعلان شائع کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ عام طور پر دیکھا جا رہا ہے کہ مسلمان اپنے دین کے ایک اہم رکن سے غافل ہوتے جا رہے ہیں حالانکہ یہ ایک فریضہ ہے کہ ہر کسی حالت میں ۔۔۔ [illegible]

وزارت خزانہ کا سرکاری اعلان

نئی دہلی کیم جنوری۔ وزارت مال کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ غیر ملکی تبادلہ کے قانون ۱۹۴۷ء کی دفعہ ۸ کے ماتحت ہندوستان سرکار نے آج ایک اعلان جاری کیا ہے کہ ریزرو بینک کی اجازت کے بغیر کوئی اسی کفالت یا کوپن جاری کیا جائے [illegible] جو حامل کے حق میں جو معاوضہ کو ادا ہونے والے پرامیسری جاری کرنے کے بارے میں اسی سے چیئرمین ریزرو بینک آف انڈیا کی دفعہ ۲۸ کے ماتحت ممانعت کی جا چکی ہے۔ ایسے نوٹ صرف ریزرو بینک ہی جاری کر سکتا ہے۔

قمار بازوں کی گرفتاری

[illegible]

لندن میں مصر میں یہودی فوجوں کے داخلہ پر تشویش

ضروری کارروائی سے قبل برطانیہ اقوام متحدہ سے شکایت کریگا

لندن ۳۱ دسمبر۔ قاہرہ میں برطانوی سفیر کی اس رپورٹ سے کہ یہودی فوجیں مصر میں ۔۔۔ گھس گئی ہیں۔ مصر اور فلسطین کی سرحد پر جو صورت حالات پیدا ہو گئی ہے۔ لندن میں اس کا گہرا مطالعہ کیا جا رہا ہے۔

مصر اور برطانیہ کے درمیان ۱۹۳۶ء کے معاہدوں کے مطابق مصر پر حملہ کی صورت میں حکومت مصر برطانیہ سے مدد مانگ سکتی ہے اگرچہ حکومت مصر نے حکومت برطانیہ کو تمام حالات سے آگاہ کر دیا ہے لیکن یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ابھی تک اس معاہدہ کو عملی جامہ پہنانے کا سوال پیدا نہیں ہوا۔

شروع میں یہ کہا گیا تھا کہ یہودی فوجوں نے مصر پر حملہ کر دیا ہے۔ اب اس واقعہ کو مصر میں یہودی فوجوں کا محض داخلہ کہا جاتا ہے جو ارادتاً نہیں بلکہ کسی غلطی کا نتیجہ ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ان یہودی فوجوں کے کمانڈر نے جوش میں آکر اپنی مرضی سے ہی یہ قدم اٹھایا ہو۔ اگرچہ [illegible] معلوم نہیں ہوتا تاہم [illegible] یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ نیگو میں یہودیوں کی جنگی سرگرمیوں کا دائرہ کتنا وسیع ہے لندن میں کچھ ڈپلومیٹک حلقوں کی رائے کے مطابق یہودی فوجوں کی اس کارروائی کا مقصد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ فلسطین اور مصر کے سرحدی علاقہ پر قبضہ کر کے جنوبی فلسطین میں مصری فوجوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کیا جائے۔

اگر سرحدی علاقہ پر صورت حالات اتنی خراب ہو جائے کہ برطانیہ سے فوجی امداد مانگنے کا فیصلہ کرنے تو امید کی جاتی ہے کہ اس صورت میں برطانیہ اقوام متحدہ کے [illegible] کیا گیا تھا کہ اگر یہودی فوجوں کا یہ داخلہ حملے کی شکل میں اختیار کر گیا تو برطانیہ اور شرق اردن کے درمیان طے شدہ معاہدہ پر عمل کیا جائے گا۔

بھوپال میں سول لبرٹیز کا مطالبہ

بھوپال ۲۵ دسمبر (بذریعہ ڈاک) مسٹر مقصود عرفان جنرل سکریٹری بھوپال اسٹیٹ سول لبرٹیز یونین نے حکومت بھوپال سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ آزادی تحریر و تقریر کے سلسلہ میں ان تمام پابندیوں کو جو آر۔ ایس۔ ایس ستیہ گرہ کے نام پر تمام ریاست میں نافذ کر رکھی ہیں اور جن کے ذریعہ جلسوں سے لے کر پوسٹر اور پمفلٹ کی اشاعت تک کو ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔

اس وقت سارے ملک میں آر۔ ایس۔ ایس ستیہ گرہ یا تو دم توڑ چکی ہے یا سسک رہی ہے۔ لیکن بھوپال میں اپنی ستیہ گرہ واپس لینے کا اعلان کر دیا تھا۔ اور اس کے بعد ریاست میں شہری آزادیوں پر قیود برقرار رکھنا کسی اعتبار سے بھی مناسب نہیں معلوم ہوتا۔

سنگھیوں کے خلاف مظاہرہ

سہارنپور ۲۹ دسمبر کل راشٹریہ سیوک سنگھ کے خلاف کانگریس سیوا دل کے والنٹیئروں، اسکولوں اور کالجوں کے طلباء اور سوشلسٹ نوجوانوں نے ایک مظاہرہ کیا۔ صبح ۶ بجے سے پربھات پھیری کی گئی اور ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک ایک بڑے جلوس کی شکل میں شہر کے تمام بڑے بڑے بازاروں میں گشت کیا گیا۔ ساتھ ہی لاؤڈ اسپیکر بھی تھا جس پر سنگھ کی ستیہ گرہ کی مذمت کی جا رہی تھی۔ ۔۔۔ اس کوشش میں سنگھیوں کا ہاتھ بتایا جاتا ہے ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

خودکشی کی کوشش

دہلی۔ ۳۱ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ صدر بازار میں ایک عورت نے زہر کھا کر خودکشی کرنے کی کوشش کی۔ عورت کو ڈاکٹری امداد دی گئی۔ ابھی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

بھوپال میں ہڑتال پر مسٹر سعید کا بیان

بھوپال ۔ (بذریعہ ڈاک) مسٹر سعید قریشی ممبر کانگریس ورکنگ کمیٹی نے بھوپال میں مزدوروں کی اسٹرائک کے بارے میں حسب ذیل بیان برائے اشاعت دیا ہے:

ابھی گذشتہ دو تین دن سے بھوپال کے کارخانہ میں مزدوروں نے ہڑتال کر رکھی ہے اگرچہ مزدوروں کے اس حق کو ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن اگر اس حربہ کا استعمال مناسب طریقہ سے نہ کیا جائے تو اس کے نتائج ملک کے لئے بے حد خطرناک ہوتے ہیں۔

مزدوروں کا یہ آخری حربہ ہے اور جب مفاہمت کی [illegible] مزدوروں کو نقصان ہوتا ہے بلکہ اس سے ملک کی بربادی بڑھ جاتی ہے۔

آج بھوپال جس نازک دور سے گزر رہا ہے وہ ہم سب کے علم میں ہے مزدوروں کو خاص طور پر اس طرف توجہ دینا چاہئے اور کوئی بات ایسی نہ کرنی چاہئے جس سے ملک میں شورش اور بدامنی پیدا ہو ۔۔۔ [illegible]

سنگھی شہزادیوں کے دشمن ہیں

ڈاکٹر رہناسنگھ کی تقریر

لکھنؤ ۳۱ دسمبر۔ جمعہ کے روز مشرقی پنجاب کانگریس کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر رہناسنگھ نے امین آباد میں شرنارتھیوں کے اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ سنگھی شرنارتھیوں کے دشمن ہیں جو امن و امان میں گڑبڑ پیدا کر کے شرنارتھیوں کی آبادکاری میں خلل ڈالنا چاہتے ہیں۔

آپ نے کہا کہ یہ شرنارتھیوں کے مصائب سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں اور اپنے اغراض و مقاصد کو پورا کرنا چاہتے ہیں، ان لوگوں کو شہری آزادی کے مطالبہ کا کیا حق ہے جو فسطائیت کے طریق سے دوسروں کی شہری آزادی سلب کرنا چاہتے ہیں۔ ۔۔۔

ہالینڈ کا تجارتی بائیکاٹ

رنگون ۳۱ دسمبر۔ پندرہ ہزار اشخاص کے ایک اجتماع میں حکومت برما سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ ڈچ حکومت سے تعلقات منقطع کر لے۔ یہ جلسہ جو ایک آل [illegible] لیگ کے زیر انتظام منعقد ہوا تھا، حکومت کے اس رویہ کی تائید کی گئی کہ ڈچ جہازوں اور طیاروں کے لئے برما کی بندرگاہیں ۔۔۔ بند کر دیا گیا ہے۔ اس میں تمام بڑی پارٹیاں جنھیں کل برما آل ۔۔۔ کانفرنس بھی شامل ہیں شریک تھیں۔

جائزۂ علم حیوانات ہند کا دفتر

لکھنؤ ۳۱ دسمبر یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے جائزۂ علم حیوانات ہند کا محکمہ کلکتہ واپس آ جائے گا یہ محکمہ جنگ کے دنوں میں بنارس منتقل کر دیا گیا تھا جب دسمبر ۱۹۴۱ء میں برطانیہ جاپان کی جنگ میں شامل ہوا تو اس وقت یہ اندیشہ تھا کہ دشمن کی سرگرمیوں ۔۔۔

اکالی اور قوم پرست سکھوں میں مطالبات کے بارے میں زبردست اختلاف رائے

سکھ لیڈروں کی نہرو اور پٹیل سے ملاقات اقلیت کمیٹی کا اجلاس ملتوی

دہلی ۳۱ دسمبر۔ جمعرات کے دن دستور ساز اسمبلی کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ جس میں سکھوں کے مطالبات اور اقلیتوں کے سوال پر غور و خوض کیا گیا۔ اس کے بعد اجلاس ملتوی ہو گیا۔ سکھوں کے دو گروپوں اکالیوں اور قوم پرست سکھوں میں زبردست اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔

ایک مسلمان اور ایک عیسائی ممبر نے یہ ترمیم پیش کی کہ سکھ اور عیسائیوں کے لئے نشستوں کو محفوظ کر دی جانے والی دفعہ کو ختم کر دیا جائے لیکن اس ترمیم پر بحث ملتوی کر دی گئی۔ کل صبح سکھ لیڈروں کے ایک وفد نے سردار بلدیو سنگھ کی سرکردگی میں پنڈت نہرو اور سردار پٹیل سے ملاقات کی اور مشرقی پنجاب کے سکھوں کے مطالبات پر تبادلہ خیال کیا گیا گفتگو ۹۰ منٹ جاری رہی وفد نے مندرجہ ذیل تجویزیں پیش کیں (۱) سکھوں کے پسماندہ طبقوں کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جائے جو دوسری پسماندہ اقوام کے ساتھ ہو۔

(۲) مشرقی پنجاب کے اسکولوں میں مقامی زبان گورمکھی تسلیم کر دیا جائے۔

(۳) مشرقی پنجاب کی کابینہ میں موجودہ مساوات کو قائم رکھا جائے۔

(۴) ایک غیر جانبدارانہ اور لسانی کمیشن مقرر کیا جائے۔ سکھ لیڈروں نے مخلوط انتخاب اور جمہوریت کے اصولوں سے اتفاق کر لیا۔ ان کی تجویزوں کی بنا دراصل پسماندہ سکھوں کے مفاد پر ہے جس کو ایک مصالحتی فارمولا کہا جاتا ہے۔

[illegible]

اکالیوں کا خیال ہے کہ جب مسلمان اور دوسری اقلیتوں کے لئے نشستیں محفوظ نہیں کی جاتی ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ سکھوں کو یہ رعایت دی جائے۔ ۔۔۔ [illegible]

مدراس میں عید میلاد النبی کے جلسے

مدراس دسمبر (بذریعہ ڈاک) میلاد کمیٹی مدراس کی درخواست پر مولانا عبدالرزاق صاحب دیوبندی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ مدراس علماء کرام کو لانے کے لئے دہلی روانہ ہوئے ہیں۔

میلاد کمیٹی کے جلسوں میں خطاب کرنے کے لئے امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کو مدعو کیا گیا ہے کوشش کی جا رہی ہے کہ میلاد کے بارہ جلسوں میں مولانا احمد سعید، مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا حفظ الرحمٰن، مولانا محمد طیب، مولانا حبیب الرحمٰن، مولانا جمال میاں فرنگی محلی، مولانا نورالدین اور مولانا سعید احمد ایم۔ اے سے بھی خطاب کرنے کی درخواست کی جائے گی، علاوہ ازیں مدراس کے علماء کرام اور مقررین بھی ان جلسوں میں شرکت کریں گے۔

مدرسہ اشرفیہ بھوج پور میں چوری

۲۷ دسمبر کو پچھلی رات کو مدرسہ اشرفیہ کے اندر چور راستے اور ایک بند کمرہ کا تالا توڑ کر تین سو روپیہ نقد اور جتنا سامان تھا نکال کر لے گئے۔ تمام طلباء سوئے ہوئے تھے جس کمرہ میں سامان وغیرہ تھا اس میں کوئی نہیں تھا صبح کو بیدار ہونے کے بعد طلباء نے دیکھا تالا ٹوٹا ہوا ہے۔ تمام سامان غائب ہے بعدہ تھانہ میں اطلاع دی گئی تحقیقات ہو رہی ہے حکومت کو اس کی طرف توجہ کرنی اور اس قسم کی وارداتوں کا سدباب کرنا نہایت ضروری ہے۔

افغانستان کا خبرنامہ

وزیر اعظم کی تقریر

افغانستان میں اس دوران میں کوئی اہم واقعہ پیش نہیں آیا۔ البتہ ۹ دسمبر کو کابل کے عربی دارالسلام کے فارغ التحصیل طلباء کو وزیر اعظم والا حضرت سپہ سالار غازی کے حضور میں پیش کیا گیا جناب وزیر اعظم نے اپنے دست مبارک سے ان کو سندیں عطا فرمائیں اور عربی دارالعلوم کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ سابق شاہ افغانستان نادر شاہ شہید نے اس مدرسہ کو قائم کرایا تھا اور اس میں بڑی دلچسپی لیتے تھے۔ وزیر اعظم نے اس موقعہ پر جو تقریر کی اس میں فارغ التحصیل طلباء کو نصیحتیں کیں اور ان کے فرائض سے آگاہ کیا۔ انہوں نے دارالعلوم کے پرنسپل اور اساتذہ کی خدمات کی بھی تعریف کی۔

ایک عالم کی وفات

آغائے محمد رحیم خاں [illegible] کی وفات سے ملت افغان ایک جید عالم سے محروم ہو گئی۔ موصوف کو افغانستان کی علمی دنیا میں بڑا اونچا مقام حاصل تھا اور وزیر اعظم کی منظوروں میں تھے [illegible] کے آخری مراسم اور فاتحہ وغیرہ کے لئے اپنے جیب خاص سے ایک معقول رقم ادا فرمائی۔

انسانی حقوق کا چارٹر

اس دوران میں انسانی حقوق کے چارٹر کی منظوری کا ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس پر افغانستان کے علمی حلقوں میں کافی دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ افغانستان کے مشہور اخبار "اصلاح" (کابل) نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں میں انسانی ہمدردی کوئی نئی چیز نہیں، اس چارٹر کی منظوری سے ہمارے لئے کوئی نیا مسئلہ پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ایک مسلمان کی نظر میں تمام بنی آدم کا احترام اور ان کے حقوق مسلم ہیں لیکن کیونکہ اس وقت دنیا بھر کی قوموں نے انسانی حقوق کے احترام پر آمادگی ظاہر کی جس کے مسلمان اور افغان پہلے ہی سے قائل ہیں اس لئے یہ ایک نہایت خوشگوار امر ہے۔

انسانی حقوق پر مختصر سا تبصرہ کرنے کے بعد اس اخبار نے لکھا ہے کہ عوام میں اس خیال کو بسرعت ذہن نشین کرانا بہت مشکل امر ہے لیکن خوشی کی بات ہے کہ آج مسلمانوں کی نظروں میں ایک حقیقت تسلیم کی گئی ہے بہرحال دنیا میں انسانی حقوق اور مساوات کا تسلیم کیا جانا ہر لحاظ سے ایک مبارک علامت ہے۔

ہندوستان میں اپنی شان کی نرالی اور بے نظیر

شیخ الہند جنتری

اس جنتری میں بازاری جنتریوں سے زیادہ انوکھی اور مفید معلومات ہوں گی ہندوستان کے بڑے بڑے لوگوں کی سوانح حیات اور تصاویر، جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ، مولانا آزاد، مولانا مدنی، مولانا احمد سعید، مولانا حبیب الرحمٰن، مولانا کفایت اللہ، مولانا حفظ الرحمٰن کی سوانح حیات مع بہترین تصاویر شامل ہوں گی، نئے انداز سے مرتب کی گئی ہے

ٹائیٹل پیج ۳ رنگا اور آرٹ پیپر پر ہوگا۔ قیمت فی جلد ۸ آنہ

مشتہرین کیلئے اشتہار دینے کیواسطے نادر موقعہ ہے ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جائیگا

منیجر:۔ شیخ الہند جنتری گوشۂ ادب علی اعظم خاں دہلی

بیکاری گناہ ہے

تھوڑے سرمایہ سے گھر بیٹھے سینکڑوں روپے ماہوار کمانے کے پانچ قیمتی راز مبلغ ڈیڑھ روپیہ بارہ آنہ میں ہم سے بذریعہ وی پی طلب کریں کاروبار تجارت سے متعلق ہر قسم کا مشورہ مفت دیا جائیگا۔ جوابی کارڈ یا لفافہ آنا لازمی ہے۔

دفتر:۔ رہبر روزگار کٹرہ نظام الملک دہلی

"حکومت پر جائز تعمیری تنقید غیر وفاداری نہیں ہے"

"مسلمانوں کو ڈرنا نہیں چاہئے۔ مسلمان بزدل نہیں ہوتا"

(مولانا حفظ الرحمٰن کی تقریر۔ بقیہ صفحہ ۳ کالم ۶)

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کانفرنس کے پہلے اجلاس میں ایک مختصر سی تقریر فرما چکے تھے، اس لئے باوجود موصوف نے دوسرے اجلاس میں بھی تقریر زبانی جس میں گذشتہ شب کی تقریر کے تمام نکات پر بھی وضاحت کے ساتھ روشنی ڈالی گئی تھی۔

مولانا نے اپنی تقریر کے آغاز میں فرمایا کہ گذشتہ واقعات کے بیان سے یہ مقصود نہیں کہ کسی شخص کے جذبات کو ٹھیس لگائی جائے بلکہ ماضی کے تذکرہ کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ہم اس کی روشنی میں اول تو اپنے طرز عمل کی غلطی یا صحت کا فیصلہ کیا جا سکے اور دوسرے حال اور مستقبل کے لئے ایک صحیح راہ عمل متعین کی جا سکے۔

ستیہ گرہ کی تحریک

ہندوستان میں جب ستیہ گرہ کی تحریک شروع کی گئی تھی تو ہر طبقہ اور خیال کے لوگ اس کا مذاق اڑایا کرتے تھے لیکن جب اسی تحریک کی وجہ سے ۱۹۴۶ء میں انگریز نے ہندوستان سے چلے جانے کا فیصلہ کیا تو ہندو مہاسبھا اور مسلم لیگ نے اس کے اس فیصلہ کی مخالفت کی اور اسی مخالفت کے بعد تقسیم ہند کا فیصلہ کیا گیا۔

اسی سلسلہ میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس منعقدہ دہلی میں جس وقت ہمارے تقریباً بڑے بڑے رہنما تقسیم کی موافقت کر رہے تھے میں نے اس کی مخالفت میں آواز بلند کی تھی اور کہا تھا کہ ملک کی تقسیم کی صورت میں جو تباہی اور خونریزی ہوگی وہ تقسیم کو تسلیم نہ کرنے کی صورت میں نہیں ہو سکتی لیکن اس وقت میری اس مخالفت پر کوئی توجہ مبذول نہیں کی گئی اور تقسیم کا فیصلہ کر لیا گیا۔

سردار پٹیل نے بنارس میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر ہم اس تقسیم کو منظور نہ کرتے تو ملک بہت سے ٹکڑوں میں منقسم ہو جاتا لیکن میں سردار صاحب کی اس رائے سے آج بھی اختلاف رکھتا ہوں۔ اور میرا خیال ہے کہ ہم نے جس طرح ۱۹۴۲ء کی تحریک کو چلایا اور کامیاب بنایا تھا اگر ہم ملک کو متحد رکھنے کی تحریک کو بھی اسی طرح چلاتے تو نہ صرف ہمیں کامیابی حاصل ہوتی بلکہ ہمارے درمیان محبت بھی بڑھ جاتی۔

سنگھی نوجوان

حضرت مولانا نے راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ کے ساتھ وابستہ نوجوانوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمیں ان نوجوانوں سے نفرت نہیں کرنی چاہیئے بلکہ ان کی حالت قابل رحم ہے، اور انہوں نے نفرت کی اس فضا میں پرورش پائی ہے جو بعض ناعاقبت اندیش لوگوں کی بدولت اس ملک میں پیدا ہو گئی تھی۔ لیکن جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے، انہیں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی غلطی کا اعتراف کرنا اور تقسیم ہند کی بدولت جو نقصانات پہنچے ہیں ان کا کفارہ ادا کرنا چاہئے۔

مولانا نے مزید فرمایا کہ پاکستان کے قیام کے مطالبہ کے [illegible] بڑی وجہ یہ بیان کی جاتی تھی کہ مطالبہ پاکستان سے بہتر خواب اور ہمارے پر عمل کرنے کی صورت میں مسلمانوں کی اکثریت والے صوبوں میں بہرحال مسلمانوں کی ہی اکثریت باقی رہتی اور مرکز میں انہیں ایسی مراعات حاصل ہو جاتیں جن کی موجودگی میں اکثریت سے کسی قسم کا خطرہ باقی نہ رہتا لیکن پاکستان کے قیام کی بدولت پنجاب اور بنگال ایسے مسلم اکثریت کے صوبے بھی تقسیم ہو گئے۔ اس میں شبہ نہیں کہ پاکستان کے قیام سے مسلمان ریاستوں میں ایک ریاست کا اضافہ ہو گیا ہے لیکن اس کے قیام سے مسلمانوں کو شدید ترین نقصان پہنچا ہے جس کے لئے ایک ذمہ دار شخص سے زیادہ [illegible] ۔۔۔ کہ ہندوستان کے مسلمان اب کہاں جائیں، کا مذاق اڑایا جاتا ہے اور ان سے کہا جاتا ہے کہ تم یہاں کیوں آئے۔ ۔۔۔ اور تعلیمات کا بہترین نمونہ پیش کرنا چاہیئے لیکن پاکستان میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ نہایت افسوس ہے کہ ہم اس پر فخر و مباہات کا اظہار نہیں کر سکتے۔

مسلم اور ہندو فرقہ پرستی

فرقہ پرستی کا ذکر کرتے ہوئے موصوف نے فرمایا کہ اگست ۱۹۴۷ء سے قبل مسلم فرقہ پرستی کا دور پھیلا ہوا تھا لیکن اس تاریخ کے بعد ہندو فرقہ پرستی کا سیلاب امنڈ آیا اور اب یہ سیلاب بڑھتا جا رہا ہے اور ہمیں اسے روکنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ فرقہ پرستی کا بدترین نتیجہ تقسیم کی صورت میں برآمد ہوا۔ اور تقسیم کی بدولت ہم آزاد ضرور ہو گئے ہیں کہ غیر مسلم پاکستان میں اور ہندوستان میں نہیں رہ سکتا مگر یہ بحرانی کیفیت ہے جو زیادہ عرصہ تک قائم نہیں رہ سکتی۔ البتہ جو لوگ آج بھی پاکستان کی طرف دیکھتے ہیں اور وہ نہیں آج بھی پاکستان کے ساتھ محبت ہو انہیں اس ملک سے چلا جانا چاہیئے۔

انگریز نے جب اس ملک کے مسلمانوں پر مظالم برپا کئے تھے تو اس وقت ہم نے کسی اسلامی ریاست سے امداد طلب نہیں کی تھی۔ یہ طرح کوتاہ اندیش لوگوں کی حرکات سے متاثر ہو کر ہم پاکستان کا سہارا کیوں لیں۔ اگر آپ ہمارے اس خیال سے متفق الرائے ہیں تو بلا شبہ آپ ہمارے دوست ہیں ورنہ ہمارا آپ سے کوئی تعلق نہیں۔

حضرت مولانا نے دہلی میں فسادات کے زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جس وقت ہر طرف قتل و خونریزی کا بازار گرم تھا اور میں اپنے متعدد مسلمان اور ہندو رفقاء کار کے ساتھ امدادی کام میں مصروف تھا میرے ایک ہندو دوست نے نہایت خلوص کے ساتھ مجھ سے کہا تھا کہ حالات بے حد خطرناک ہو گئے ہیں۔ اگر خدانخواستہ کہیں آپ کو کوئی گزند پہونچ گیا تو ہم منہ دکھانے کے قابل بھی نہ رہیں گے۔ اس لئے آپ دوسرے قوم پرور مسلمانوں کے ساتھ لے کر اور کھلے چلے جائیں وہاں آپ کی رہائش اور حفاظت کا بہترین انتظام کر دیا جائے گا لیکن یہ جانتے ہوئے بھی کہ ان کا یہ مشورہ محبت اور خلوص کے جذبہ پر مبنی ہے مجھے ان کی اس بات پر غصہ آ گیا اور میں نے ان سے کہہ دیا کہ یہ امر ناممکن ہے اور یہ بات وہی شخص کہہ سکتا ہے جو ایمانداری کے ساتھ متحدہ قومیت کا قائل ہو۔

مولانا نے بعض ہندوؤں کے اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے کہ مسلمانوں کی اکثریت نے پاکستان کے مطالبہ کی تائید کی تھی۔ اس لئے وہ ہندوستان کے ساتھ وفادار نہیں رہ سکتے فرمایا کہ [illegible] کم سے کم ۳۵ فی صدی مسلمان ہمیشہ قوم پرور اور تقسیم کے مخالف رہے ہیں۔ دوسرے جو لوگ مذکورہ بالا اعتراض کرتے ہیں انھیں اس بات کو فراموش نہیں کر دینا چاہئے کہ جرمنی کے تقریباً سو فی صدی باشندے ہٹلر کے ہمنوا تھے لیکن اتحادیوں نے کبھی جرمن عوام کے خلاف اعلان جنگ نہیں کیا اور ہٹلر اور اس کے رفقاء کار کا اقتدار ختم ہو گیا جانے کے بعد اب انھیں جرمن عوام سے کوئی شکایت نہیں۔

موصوف نے مزید فرمایا کہ کسی قوم کو جبراً وفادار نہیں بنایا جا سکتا۔ بلکہ محبت ہی کے ذریعہ سے وفادار بنایا جا سکتا ہے میں وطن عزیز اور اس کے پرچم کا وفادار ہوں لیکن آپ یہ سمجھتے ہیں کہ مجھے اکثریت کے ہر فرد کے ساتھ وفاداری کا اظہار یا اعلان کرنا چاہیئے تو یہ میرے بس کی بات نہیں۔ حتی کہ میں پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کے ساتھ اس نوع کی شخصی وفاداری کا اظہار نہیں کر سکتا۔

مولانا نے اس بات کی تردید کرتے ہوئے کہ کسی قوم کے سو فیصدی افراد برے ہوتے ہیں فرمایا کہ ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں میں ایسے بہت سے افراد موجود ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر دوسروں کی حفاظت کی ہے۔ یہ سب نے مزید کہا کہ یہ نفرت کی باتیں زیادہ عرصہ تک کامیاب نہیں ہو سکتیں اور ہمارا آج کی قربانی کے لئے جذبہ رکھنے کی ضرورت ہے حکومت پر جائز تعمیری تنقید غیر وفاداری نہیں۔

تمام محکوم ممالک کی آزادی

ہندوستان کی آزادی محض ہندوستان کی آزادی ہی نہیں بلکہ ان تمام ممالک کی آزادی کا پیش خیمہ ہے جو ابھی تک محکوم ہیں بشرطیکہ ہم متحد ہو کر اپنے ملک کو سربلند کرنے کی کوشش کریں پاکستان کے قیام کے باوجود ہندوستان ایک بہت بڑا ملک ہے اور مجھے یقین ہے کہ اگر ہم دس سال تک امن و سکون کے ساتھ تعمیری کام کرتے رہے تو یہ ملک دنیا کا سب سے زیادہ خوشحال بن جائے گا۔ لیکن ہماری اس خواہش کی ادائیگی کا اظہار اعلان ہر گاؤں، شہر اور محلہ سے ہونا چاہئے۔ جو مسلمان ہندوستان میں رہتے ہیں اور جو رہنے والے ہیں ان کو زندہ رہنے کی جگہ مر جانا چاہئے۔ کیونکہ ہمیں سمجھ لینا چاہئے کہ مسلمان بزدل نہیں ہو سکتا۔

گاندھی جی کی تعلیمات پر عمل

حضرت مولانا نے ہندو کانگریسیوں کو مخاطب کرتے (باقی صفحہ ۲)

دارالسلطنت

(یکم جنوری ۱۹۴۹ء)

بلیک مارکیٹ کرنیوالا گرفتار

یکم جنوری ۱۹۴۹ء مٹی کے تیل کی بلیک مارکیٹ میں فروخت کرنے پر رنگ محل سے ایک دوکاندار گرفتار کیا گیا چاندنی چوک کے نزدیک دو آدمی بلا پرمٹ کے مٹی کے تیل کا ٹین رکھنے کے جرم میں گرفتار کئے گئے۔

۷ انفورسمنٹ افسر معطل

انفورسمنٹ اسٹاف کے سات افسروں کی معطلی کا انکشاف مسٹر الیشور دیال، ڈائرکٹر سول سپلائز نے کل ایک پریس کانفرنس میں کیا۔ انہوں نے کہا چیف کنٹرولر اسٹاف کی جدید تنظیم پر بھی غور کر رہے ہیں۔ جب ان کی توجہ دیگر ایسے آدمی کی طرف مبذول کرائی گئی۔ جس کے خلاف کپڑے کی ستر گانٹھیں غیر قانونی طور پر باہر بھیجنے کے الزام میں کارروائی کی گئی ہے تو انہوں نے کہا انہیں اس بات کا چار دن قبل علم ہوا ہے اور اس کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا جب تک انفورسمنٹ اسٹاف میں معتبر آدمی نہ ہوں اس محکمہ پر پبلک کا اعتماد نہیں ہو سکتا۔

بالکان جی باری کو ڈپلیکیٹوں کا اجتماع

کل شام بالکان جی باری کے کچھ ڈپلیکیٹوں کا اجتماع ہندو کالج میں ہوا جس میں بچوں کی دیکھ بھال اور نگرانی کرنے کے مسائل پر غور کیا گیا۔ وائس پریزیڈنٹ مسٹر گوڈ دانی نے بچوں کے گھریلو اور سوشل معاملات پر عورتوں کا نقطۂ نظر پیش کیا۔ یہ بھی طے پایا کہ بچوں کے لئے بالکان جی باری کا ایک کیمپ پروگرام بنایا جائے بعد ازاں ڈپلیکیٹوں نے دو گھنٹہ تک دہلی کے شلنگ کے بچوں کا مرتب کردہ پرانٹی شو دیکھا۔

نیشنل اسٹوڈنٹس فیڈریشن اردو کا جلسہ

مقامی طلباء کا ایک جلسہ نیشنل اسٹوڈنٹس فیڈریشن اردو کے ماتحت منعقد ہوا جس میں اس فیڈریشن کا انتخاب عمل میں لایا گیا اور حسب ذیل عہدیداران چنے گئے مظہر الدین صدر اور مجیب عالم جنرل سکریٹری مقرر ہوئے اس کے علاوہ مندرجہ ذیل تجاویزات پاس کی گئیں (۱) نیشنل طلباء کی بحث مباحثہ کمیٹی بنائی گئی (۲) ایک لائبریری کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا نام نیشنل اسٹوڈنٹس لائبریری رکھا گیا۔

وزارت دفاع کے ملازموں کا میلہ

وزارت دفاع کے ملازمین میں ورزشی کھیلوں میں دلچسپی پیدا کرنے اور ان کی صحت کو بہتر بنانے کا شوق پیدا کرنے کے لئے ۹ جنوری کو اروِن اسٹیڈیم میں ایک میلہ ہوگا۔ اگر یہ سعت افزا ثابت ہوا تو آئندہ ایسے میلے اور زیادہ منعقد کئے جائیں گے۔ ان میلوں میں مختلف قسم کے کھیل اور ورزشیں کی جائیں گی۔ اور لوگوں کو انعام دیئے جائیں گے۔

سپاہیوں کو سزائیں

کرن سنگھ نامی ایک کانسٹبل کو ڈیوٹی چھوڑ کر بھاگ جانے اور پولیس کی وردی واپس نہ کرنے کے جرم میں دو ماہ قید سخت یا ۳۰ روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔

ایک اور کانسٹبل مہر سنگھ کو اسی روپیہ جرمانہ یا ایک ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ اس کا جرم یہ ہے کہ اس کو وزیر اعظم کی کوٹھی پر حفاظت کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ لیکن وہ اپنی ڈیوٹی کو چھوڑ کر بھاگ گیا۔ ایک اور جرم میں مہر سنگھ کو ۲۵ روپیہ جرمانہ یا دو ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

جواریوں کی گرفتاری

دہلی پولیس نے کل جواریوں کے خلاف ایک مہم شروع کی اور حوض قاضی سے ۴ جواری گرفتار ہوئے۔ دہلی کوتوالی میں جواریوں کے ایک اڈہ پر چھاپہ مار کر پولیس نے مزید ۸ جواریوں کو گرفتار کیا۔

امداد و بحالی کے اعداد و شمار

دہلی میں شرنارتھیوں کی امداد و بحالی پر حکومت کے پندرہ ہزار روپے روزانہ صرف ہو رہے ہیں اس وقت دہلی کے کیمپوں میں ۴۳۹۱۱ شرنارتھی ہیں جن میں سے ۳۳۱۸۸ کے اخراجات خود پورے کرتے ہیں۔ تقریباً ہر کیمپ میں اسپتال موجود ہے شرنارتھیوں کے بچوں کے لئے ایک ۔۔۔ اسکول کھول دیئے گئے ہیں۔

۔۔۔ [illegible]

زمین سے ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر فضا میں معلق مورچہ قائم کئے جائینگے

آئندہ جنگ کیلئے امریکہ کی تیاریوں کی ایک جھلک

نیویارک کیم جنوری۔ آئندہ جنگ کی نوعیت کی ایک جھلک امریکہ کی وزارت دفاع کے سکریٹری مسٹر فورسٹال کی سالانہ رپورٹ میں نظر آتی۔ انہوں نے رپورٹ میں اشارۃً ایک تجویز کا ذکر کیا ہے کہ زمین سے کافی بلندی پر ایک چبوترہ بنایا جائے گا جس سے ہر براعظم پر راکٹ چلائے جائیں گے۔

انہوں نے اس بات کا بھی انکشاف کیا کہ سیارچہ آئینی چیزیں جو زمین کے گرد فضا میں گھوم سکیں اور جہاں نظر نہ آئیں ان کو پھیلایا جا سکے، تیار کرنے کا کام اب کئی مختلف فوجی سروسیں علیحدہ علیحدہ انجام دے رہی تھیں اور اب ان کا کام ایک خاص کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ دیگر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سیارچوں سے مراد ایک بیرونی فضائی مورچہ ہے جو چاند کی دوری کے ۱/۲ فاصلہ پر قائم کیا جائے گا۔ اور زمین کی کشش سے باہر ہوگا اندازہ لگایا گیا ہے کہ یہ مرکز زمین سے ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہوگا۔ اس بیرونی فضائی مورچہ سے دور مار کرنے والے راکٹ ہر نشانہ پر پھینکے جا سکیں گے۔

ابتدا میں انتہائی آلات نصب کر کے ان سے کام لیا جائے گا لیکن جب اس بارہ میں زیادہ معلومات حاصل ہو جائیں گی تو کچھ ماہر سائنسدانوں کو وہاں مقرر کر دیا جائے گا۔

یہ سیارچہ سیال ہائڈروجن کو گرم کر کے زمین سے اتنی دور تک چلائے جائیں گے کہ یہ زمین کی کشش سے باہر ہو جائیں گے اور جس طرح چاند زمین کے گرد چکر لگاتا ہے اسی طرح زمین کے گرد گھومنے لگیں گے۔

اس معلق مورچہ کی جنگی اہمیت کے علاوہ اس سے ریڈیو اور ٹیلیویژن کی لہروں پر بھی کنٹرول کیا جا سکے گا۔ ابھی تک تو یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہ سب باتیں ایک نظریہ کی حیثیت رکھتی ہے لیکن مسٹر فورسٹال کے انکشافات سے ظاہر ہوتا ہے کہ فوجی حکام اعلیٰ اس پر خاص توجہ مبذول کر رہے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اسکیم اور منصوبہ محض خیالی گھوڑے ہی نہیں ہیں۔

مسٹر جیمس فورسٹال نے کل یورپ کے لئے فیصلہ کن امریکی امداد کا بھی مطالبہ کیا۔ امریکہ کے دفاع اور غیر ملکی پالیسی میں ربط پیدا کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔ قومی دفاع کا انحصار آج صرف امریکہ پر ہی نہیں ہے۔ آج دنیا بھر کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے سائنس کے ارتقاء سے وقت اور فاصلہ کی حدود اور برف پوش علاقہ تک تمام رکاوٹیں دور ہو گئی ہیں۔

حکومت ہند کی طرف سے

حیدرآباد کو ہنڈیاں واپس کرنے کا حکم

نئی دہلی ۳۱ دسمبر آج ایک آرڈیننس کے ذریعہ ریزرو بنک کو یہ اختیار دے دیا گیا ہے کہ حکومت حیدرآباد کے نام ۲۰ کروڑ روپے کی رقم کی وہ ہنڈیاں جاری کر دی جائیں جو گذشتہ سال ریاست کے افسروں نے حکومت پاکستان کے نام منتقل کر دی تھیں۔

اس ضمن میں یاد رہے کہ یہ آرڈیننس حکومت ہند کے نوٹس میں ۱۰ دسمبر ۱۹۴۸ء کو آیا تھا اسی روز سے حکومت ہند کی نمائندہ ریاست حیدرآباد کو کہہ چکی ہے کہ یہ فعل صریحاً "جوں کے توں" معاہدے کی خلاف ورزی ہے۔

حکومت پاکستان کو اس بات کا بخوبی علم تھا۔ کہ حکومت ہند کی اس سلسلہ میں کیا رائے ہے اس ناجائز انتقال کو قبول کرنے میں حکومت پاکستان نے کوئی ایسا فعل نہیں کیا جس سے حکومت ہند اور پاکستان کے خوشگوار تعلقات ۔۔۔ حکومت ہند نے اس بات پر اکتفا کیا تھا کہ ان ہنڈیوں کے انتقال کو روک دیا تھا۔

سندھ کا بنیادی دار الحکومت تیار ہے

حیدرآباد (سندھ) یکم جنوری حیدرآباد سندھ میں سندھ کا بنیادی دار الحکومت بنانے کے تمام انتظامات مکمل ہو چکے ہیں اور وزراء اور ان کے دفاتر منتقل ہو کر یہاں آ جائیں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ سندھ اسمبلی کا بجٹ اجلاس بھی یہیں ہوگا۔

سندھ کے وزیر اعظم پیرالٰہی بخش کا خیال ہے کہ سندھ سے ہندو ممبران اسمبلی کے چلے جانے سے جو نشستیں خالی ہو گئی ہیں ان کو مہاجرین کے نمائندوں سے پُر کر دیا جائے جو سندھ میں آباد ہو چکے ہیں نیز پاکستان کے وزیر قانون مسٹر جوگندر ناتھ منڈل کا خیال ہے کہ سندھ کے اچھوتوں کو جن کی تعداد تقریباً ۷ لاکھ ہے۔ اسمبلی میں نمائندگی ملنی چاہیئے۔

وزیر اعظم سندھ کو سندھ کے لوگوں کا اعتبار اور اسمبلی کی خاصی حمایت حاصل ہے جو کراچی کے اخبارات اور باشندوں کے [illegible]

کانگریس سیوا دل کی سلور جوبلی

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) سیوا دل [illegible] منعقدہ ۲۲ دسمبر ۱۹۴۸ء میں متفقہ طور پر یہ طے ہو گیا تھا کہ ۲۸ دسمبر کو جب کانگریس سیوا دل کی سلور جوبلی منائی جائے تو راشٹریہ سیوک سنگھ کے خلاف بھی مظاہرہ ہو چنانچہ ۲۸ دسمبر کو ۸ بجے صبح سے کانگریس والنٹیئرز کی ریلی ہوئی اور شام کو ۵ بجے میونسپل بورڈ کے احاطہ میں ایک پبلک میٹنگ ہوئی جس میں مقررین نے سیوا دل کے کاموں کی تعریف کی اور ان کی ذمہ داریاں بتائیں ۔۔۔ [illegible]

برطانیہ اور پولینڈ میں تجارتی معاہدہ

لندن ۳۱ دسمبر غیر ملکی کے عوض میں پولینڈ تقریباً ۱۰ کروڑ پونڈ کی خوراک برطانیہ کو سپلائی کرے گا امید ہے کہ معاہدہ ۵ سال کے لئے ہوگا

پولینڈ برطانیہ کو انڈے پیاز آلو اور کا [illegible] بھیجے گا۔

حیدرآباد کے چھوٹے چھوٹے کسان

زمینیں واپس نہیں لی جائیں گی

[illegible] کی ہے کہ لوگوں کو غیر قانونی طور پر زمینوں سے نکالا گیا ہے ان کو زمینیں واپس نہ کی جائیں یہ بات غلط ہے اور اس کے متعلق اپنے نے کہا تھا کچھ چھوٹے چھوٹے کسانوں کو بڑے زمینداروں کی خاطر زمینوں سے نہ نکالا جائے۔ ۔۔۔ [illegible]

گورنمنگ کے رشتہ دار کو سزا

بیٹا ۳۱ دسمبر۔ میرٹھ کی ایک عدالت نے گورنمنگ کے بھائی کو ۱۸ سال قید بامشقت کی سزا دی اور جلاد کے کے حکم دیا۔ گورنمنگ کے اس رشتہ دار کا نام ڈاکٹر ایبو تھا ہے اس کے خلاف الزام یہ تھا کہ اس نے آمریا پر حملہ کی ترغیب دی تھی۔

قاسم رضوی کا نائب گرفتار

حیدرآباد ۳۱ دسمبر رضا کار لیڈر قاسم رضوی کا ایک نائب تیرہ مہینوں کے بعد پولیس کار روائی کے بعد زمین دوز ہو گیا تھا اس کی خفیہ پناہ گاہ سے کئی ساتھیوں کے ساتھ گرفتار کر لیا گیا ہے۔

اسکول گیارہ پرائمری اسکول بھی کھولے گئے ہیں۔ ان میں پانچ ہزار دو سو طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ مزید ۔۔۔ طلباء کو ۔۔۔ روپے دیئے گئے ہیں۔

دہلی ۳۱ دسمبر۔ کل دوپہر ناگلوئی کے قریب ایک لاری ۔۔۔ لاری الٹ گئی۔ ۔۔۔ سواریوں کو خفیف سی چوٹیں آئیں۔ لاری چکنا چور ہو گئی۔

ناجائز شراب برآمد

دہلی۔ ۳۱ دسمبر۔ دہلی پولیس نے چاندنی چوک میں ایک ریسٹورنٹ سے ناجائز شراب برآمد کی ہے اس سلسلہ میں ایک شخص گرفتار کیا گیا ہے میونسپل کمیٹی کے ایک ملازم نے ایک شخص کو پکڑا ہے جس کے قبضہ سے دیسی شراب کی ۱۰ بوتلیں برآمد ہوئی ۔۔۔ لیکن ملازم نے اسے پولیس کے حوالے کر دیا۔

وزیر ریلوے بمبئی کے دورے پر

دہلی کیم جنوری۔ کے سنتانم وزیر ریلوے اور ٹرانسپورٹ اتوار کو بذریعہ ہوائی جہاز دہلی سے بمبئی کے دورے پر روانہ ہوں گے آپ ۴ جنوری کو بذریعہ ہوائی جہاز واپس دہلی آ جائیں گے۔ جی آئی پی اور بی بی اینڈ سی آئی ریلوے کے افسروں اور حکومت بمبئی کے افسروں سے ملاقات کریں گے۔

جے پور سے واپس لوٹنے والوں کا

آگرہ میں خیر مقدم

آگرہ بذریعہ ڈاک مولانا سعید حسین صاحب عثمانی صدر جمعیۃ علماء آگرہ، آگرہ کے چیئرمین مسٹر راجیشور ناتھ ٹنڈن کا اس بات کے لئے شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے ہزاروں کی تعداد میں ان لوگوں کی خاطر کا موقع دیا جو جے پور کانگریس کے اجلاس سے واپس آئے تھے۔ ۔۔۔ آگرہ کے تاریخی مقام پر قیام کر کے واپس اپنے گھروں کو لوٹ گئے اس موقع پر ایک شاندار پنڈال میں مشاعرہ کا انعقاد بھی عمل میں آیا۔ شفیق صاحب اکبر آبادی کی نظم بعنوان گاندھی جی کے نام "محبت" بہت پسند کی گئی۔

میسور میں خواجہ غلام السیدین کی تقریر

[illegible] خواجہ غلام السیدین نے جمہوریت کے لئے تعلیم کے عنوان پر تقریر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان میں جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لئے صبر و تحمل اور خیرات و رواداری کی اہمیت عوام کو سمجھانا اور ان میں یہ جذبہ پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔

آپ نے کہا کہ ہم ہندوستان کو آزادی اور جمہوریت کے لئے پوری طرح پر تیار ہیں اور ۔۔۔

آپ نے کہا کہ ہندوستان میں آزادی اور جمہوریت ۔۔۔ عوام کی تربیت اور ان کو ۔۔۔ کرنا بہت ضروری ہے۔ آپ نے کہا کہ اس وقت لیڈروں پر سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ عوام میں سے فہیم لوگ پیدا کریں۔ (اے۔ پی)

بہار میں نئے سال کی چھٹی نہیں ہوئی

پٹنہ یکم جنوری معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان پر برطانیہ نے قبضہ کیا ہے آج پہلی مرتبہ بہار کے سرکاری دفاتر میں چھٹی نہیں ہوئی۔ آج بینکوں میں بھی چھٹی نہیں ہوئی اور تمام بنک کھلے رہے۔ البتہ کل سرکاری دفاتر اور بینک بند رہے ۔۔۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد ابھی دہلی نہیں آئینگے

وردھا یکم جنوری ہند کی مجلس دستور ساز کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے جو اس ہفتہ دہلی جانے والے تھے اپنا ارادہ ملتوی کر دیا ہے وہ ابھی اور وردھا میں ٹھہریں گے کیونکہ وہاں پر ان کی صحت بہتر ہو رہی ہے ۔۔۔

مجلس تحفظ کا فیصلہ مایوس کن ہے

حکومت افغانستان کا رد عمل

کابل ۳۱ دسمبر آج یہاں جاری شدہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت افغانستان نے سکیورٹی کونسل سے انڈونیشیا کے بارے میں فیصلے پر نظرثانی کرنے کی درخواست کی ہے اس کی رائے میں کونسل کا سابقہ فیصلہ مایوس کن ہے۔ کیونکہ اس سے حملہ آور کے ہاتھ مضبوط ہوتے ہیں اور اس لحاظ سے اقوام متحدہ کے چارٹر کے لئے ایک ضرب کاری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جب تک حملہ آور کو فوجوں کو جمہوریہ کے علاقہ سے واپس نہیں بلایا جاتا اس وقت امن قائم نہیں ہو سکتا۔

افغان حکومت کے ایک دوسرے بیان میں کہا گیا ہے کہ افغانستان نے انڈونیشیا جمہوریہ کو کوئی اعتراضات کو تسلیم کر لیا ہے اب اگر ڈچ حکومت ۔۔۔ [illegible]

میر مشتاق احمد کی تقریر

دہلی ۳۱ دسمبر۔ بعد نماز جامع مسجد میں میر مشتاق احمد نے تقریر کی جس میں مسلمانوں سے اتفاق کی ۔۔۔ [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قیمت سالانہ
چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی
گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۴ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر | بذریعہ ہوائی جہاز ڈاک آنے

اشتہار
کیلئے
جگہ خالی ہے

جنگِ کشمیر کے اختتام پر دستور ساز اسمبلی کا اظہارِ تشکر

تمام ممبران ایک منٹ تک خاموش کھڑے رہے

پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق دفعات کی منظوری

(نامہ نگار دہلی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۴ جنوری۔ آج جب دستور ساز اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو پہلے [illegible] صدر [illegible] کرجی کی درخواست پر ایوان نے کشمیر میں اختتام جنگ پر اظہار تشکر کیا اور تمام ممبران جنگ ختم ہونے کی خوشی میں ایک منٹ تک خاموش کھڑے ہوئے۔ اس کے بعد ایوان نے بلا کسی ترمیم کے پارلیمنٹ کی بناوٹ سے متعلق دفعہ منظور کرلی۔ خاص ترمیمیں بیگم اعزاز رسول اور مسٹر لاری کی تھیں جنہوں نے تجویز کیا کہ پارلیمنٹ کو "نیشنل کانگریس" سے موسوم کیا جائے۔ دوسری دفعہ جس پر آج ایوان نے غور کیا وہ پارلیمنٹ اور پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق ہے۔

پارلیمنٹ کی بناوٹ سے متعلق دفعہ ۶۶ کا پورا متن یہ ہے:

"یونین کی ایک پارلیمنٹ ہوگی جس میں پریذیڈنٹ اور دو ایوان ہوں گے" جن میں سے ایک ریاستوں کی کونسل اور دوسرا ایوان عام کہلائے گا۔

مسٹر لوکناتھ مصرا (اڑیسہ) نے اصل دفعہ میں سے ایوان بالا یعنی ریاستوں کی کونسل کو حذف کئے جانے کی ترمیم پیش کی۔ آپ نے کہا کہ ایوان بالا سے کوئی مقصد حاصل نہیں ہوتا اور اس پر بیکار روپیہ خرچ کرنا ہے۔ بیگم اعزاز رسول نے یونین پارلیمنٹ کو نیشنل کانگریس کا نام دینے کی ترمیم پیش کی۔ آپ نے کہا یہ نام اس لئے زیادہ موزوں ہے کہ انڈین نیشنل کانگریس ہی کے ذریعہ ملک نے آزادی حاصل کی اور ماضی میں نیشنل کانگریس ایک پارٹی نہیں بلکہ ایک تحریک کی حیثیت رکھتی تھی۔ اسی قسم کی ایک ترمیم مسٹر لاری کی بھی تھی۔

پروفیسر کے ٹی شاہ کی یہ ترمیم تھی کہ پریذیڈنٹ اور کے الفاظ نکال دئے جائیں۔ [illegible]

تمام بحث میں حصہ لیتے ہوئے مسٹر اننتا سیانام آینگر نے تمام ترمیموں کی مخالفت کی۔ مسٹر آینگر نے بیگم اعزاز رسول اور مسٹر لاری کی ترمیموں کا ذکر کیا [illegible]

ڈاکٹر امبیدکر [illegible] تمام ترمیمیں مسترد ہوگئیں۔

پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت

[illegible]

(باقی صفحہ ۶ کالم ۱)

۱۹۴۹ء کا سب سے بڑا اور قیمتی تحفہ "جنگ کشمیر کا خاتمہ"

دلوں میں اطمینان اور مسرت پیدا کرنے والا ایک اہم واقعہ

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی ۳ جنوری۔ ہند اور پاکستان کے باہمی سمجھوتے کے مطابق کشمیر میں جنگ بند کرنے کے احکام جاری کردیئے گئے۔ یہ جنگ اس وقت ختم ہوئی جبکہ ۱۹۴۸ء کے ختم ہونے میں ایک منٹ باقی تھا یعنی نصف شب کو ۱۱ بجکر ۵۹ منٹ پر۔

دونوں ملکوں نے جنگ بند کرنے کی تجویز کے متعلق اپنی رضامندی ظاہر کردی۔ [illegible]

گذشتہ چند روز سے لڑائی صرف نام کی رہ گئی تھی [illegible]

[illegible]

کشمیر میں ہندوستانی فوجوں کے نام جنرل کری آپا کا پیغام

[illegible]

جنرل کری آپا کا اظہار خیال

کشمیر میں جنگ بند ہونا خدا کی مہربانی ہے

[illegible]

ہم امن چاہتے ہیں

[illegible]

انڈونیشیا پر غور کرنے کیلئے ایشیائی ممالک کی اہم کانفرنس

پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان کی اہم تجویز و اعلان

[illegible]

کمیونسٹوں سے صلح کی گفت و شنید آغاز کا مسئلہ

شہزادہ تے وانگ کی نانکنگ کو طلبی!

نانکنگ ۳ جنوری [illegible]

اکابرین جمعیۃ کا دورہ حیدرآباد

حیدرآباد دکن ۳ جنوری [illegible]

عربوں کو اسلحہ کی برآمد سے پابندی ہٹالی جائیگی؟

مجلس تحفظ کے اگلے اجلاس میں پابندی اٹھانے کا مسئلہ پیش کیا جائیگا

[illegible]

چین کی خانہ جنگی میں امریکہ یا روس بیچ بچاؤ کیلئے تیار نہیں

تنت سن کے دفاع کیلئے زبردست انتظامات

تنت سن ۳ جنوری [illegible]

حیدرآبادی کانگریس کے اختلافات

مسٹر ڈیسائی کا سوامی جی کو چیلنج

حیدرآباد ۳ جنوری [illegible]

ڈچ فوج کے جانی نقصان کی تفصیل

بٹاویہ ۳ جنوری [illegible]

گلاس، کراکری اور کٹلری کی قیمتوں میں بھاری رعایت

گرانڈ کلیرنس سیل

بہترین انتخاب کیجئے آج ہی تشریف لائیے

بجامل میلارام۔ شوروم۔ فتح پوری دہلی

کانگریس کی نئی مجلس عاملہ کا اعلان

غیر معمولی تاخیر سے سیاسی حلقوں میں اضطراب

نئی دہلی یکم جنوری۔ کانگریس کے جے پور والے سالانہ اجلاس کو ختم ہوئے گیارہ دن گذر چکے ہیں لیکن ابھی تک کانگریس کی نئی مجلس عاملہ [illegible]

[illegible]

مغربی بنگال کے ایک وزیر کو گولی ماردی گئی

ملازم پر ہلاک کرنے کی کوشش کا شبہ

[illegible]

مسٹر قدوائی کو محفوظ "حادثہ"

آگرہ یکم جنوری۔ دہلی سے آگرہ جاتے ہوئے مسٹر قدوائی وزیر رسل و رسائل کو ایک حادثہ سے دو چار ہونا پڑا۔ [illegible]

حیدرآباد کانگریس کے مخالف گروہ نے سمجھوتہ کی شرائط پیش کردیں

کمیونسٹوں کو نکالا جائے اور سوامی جی مطلق العنان لیڈر بننے کا خیال چھوڑ دیں

حیدرآباد یکم جنوری۔ حیدرآباد کانگریس کے مخالف گروہ کے سکریٹری مسٹر جی رام کشن راؤ نے ایک طویل بیان دیا ہے [illegible]

اندور میں "دیکھتے ہی گولی ماردینے" کا حکم

امن قائم رکھنے کا حکومت کا عزم

اندور یکم جنوری [illegible]

فروری میں پٹنہ سیشن میں کل ہند کسان سبھا قائم کی جائیگی

سوشلسٹ پارٹی کی مجلس منتظمہ کے اہم فیصلے

[illegible]

بلہارشاہ اسٹیشن پر مسافروں کے ساتھ پولیس کا ناروا سلوک

ناظم جمعیۃ علماء مدراس کی حکومت ہند سے اپیل

دہلی یکم جنوری۔ مولانا عبدالرزاق صاحب ناظم جمعیۃ علماء مدراس [illegible]

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں ترمیم

منگل کے دن اسمبلی میں غور

نئی دہلی یکم جنوری [illegible]

یوپی سنگھ کے لیڈروں کو سزائیں

کانپور یکم جنوری [illegible]

بنارس میں سنگھیوں کو سزائیں

بنارس یکم جنوری [illegible]

مصر، شرق اردن اور لبنان یہودیوں سے صلح پر تیار ہوگئے

اقوام متحدہ کے ثالث ڈاکٹر بنچ کا شکاگو میں اعلان

شکاگو یکم جنوری [illegible]

دو عرب شہروں پر قبضہ کے دعوے

تل ابیب یکم جنوری [illegible]

اجلاس بنارس میں اکابر جمعیۃ کی تقریریں!

(بقیہ مضمون صفحہ ۵)

[illegible]

ضروری اعلان

ایک لڑکی تقریباً گیارہ برس کی اور ایک بچہ [illegible]

ایشیائی ممالک کا اتحاد

[illegible]

امرتسر میں سنگھیوں کی گرفتاریاں

امرتسر یکم جنوری [illegible]

گورنمنٹ آف انڈیا

D.C./X/...930

منسٹری آف ریلیف اینڈ ری ہیبلیٹیشن۔ آفس آف دی کسٹوڈین آف ایویکوی پراپرٹی [illegible]



WHITE WAY

CIRCUS

۳ ہفتہ میں ۱۸۵۰۰۰ اشخاص نے اس سرکس کے کھیل کو دیکھا اور نہایت لطف لیا

روزانہ دو شو ۳ بجے اور ۷ بجے شام

عظیم الشان

وائٹ وے سرکس

بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ دہلی

[illegible]

قابلیت پیدا کریں

[illegible]

کمرشل سنڈیکیٹ [illegible] دہلی

لڑتے کیوں ہو
دوکاندار کو آہستہ سمجھاؤ کہ اصلی ستارہ چھاپ بیٹری دینا۔

مسرز کالیجاں ایم حنیف ساگر سی پی

دہلی کی مشہور چٹپٹی نہاری

صبح سویرے تیار ملتی ہے ہر وقت عمدہ صاف کھانا تیار ملتا ہے، نیز آرڈر دینے پر ہر قسم کی روٹی تیار کی جاتی ہے

منیجر محمد عزیز

بسم اللہ ہوٹل بازار بلیماران دہلی

کشمیر میں ہندستانی فوجوں نے تمام محاذوں پر جنگ بند کر دی

مجلس اقوام کے کشمیر کمیشن کی تجاویز کو ہند اور پاکستان کی حکومتوں نے مان لیا

نئی دہلی ۔ ۳ر جنوری۔ [illegible] ہند اور پاکستان کے درمیان [illegible] مجلس اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی [illegible] ہندستانی فوجوں نے کشمیر کے تمام محاذوں پر جنگ بند کر دی ہے۔ اور اسی طرح کا حکم ہندوستانی فوجوں کے مقابلہ میں لڑنے والی پاکستانی اور آزاد کشمیر کی فوجوں کو دیا گیا ہے۔

[illegible] کمیشن کا ایک اجلاس ہوا [illegible] اور اس کے بعد استصواب رائے کے بارے میں کمیشن کی تجاویز کا اعلان کیا جائے گا جس کے بعد ہند اور پاکستان کی فوجیں کشمیر خالی کرنا شروع کر دیں گی۔ [illegible] استصواب رائے کی تیاریاں شروع ہو جائیں گی۔

سرکاری بیان میں کشمیر کمیشن کے ۱۳ر اگست کے جس ریزولیوشن [illegible] کر دینے سے متعلق ہے۔ دوسرے حصہ میں فوجوں کی واپسی کا ذکر ہے اور تیسرے حصہ میں استصواب رائے کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس ریزولیوشن کو حکومت ہند نے اسے منظور کر لیا تھا۔ لیکن پاکستان نے اسے غیر مشروط طور پر منظور کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

[illegible] اور وہ ۲۶ر دسمبر کو نیویارک واپس روانہ ہو گئے تاکہ کمیشن کے سامنے اپنی تجاویز پیش کر سکیں۔ کمیشن کا اجلاس ۳ر جنوری کو ہو رہا ہے۔

اپنی تازہ ترین تجاویز کے بارے میں کمیشن کا اعلان بہت جلد موصول ہو جائے گا لیکن چونکہ ان تجاویز کی منظوری کے بعد کمیشن کے باضابطہ اعلان تک جنگ جاری رکھنے کی کوئی وجہ باقی نہیں رہی، اس لئے حکومت ہند نے ہندستانی کمانڈر انچیف جنرل سر رائے بوچر کو یہ اختیار [illegible] کو مطلع کر دیں کہ اگر پاکستان بھی فوری طور پر اسی قسم کا جوابی اقدام کرے تو ہند کی فوجیں جنگ بند کر دیں گی۔

جوں ہی پاکستان کے کمانڈر انچیف نے اپنی حکومت کی طرف سے یہ یقین دلا دیا ہے، اس نے یکم جنوری کی نصف شب سے ایک منٹ قبل جنگ بند کر دینے کا حکم دے دیا ہے۔

حکومت ہند پورے خلوص کے ساتھ یہ یقین کرتی ہے کہ یہ فیصلہ جس پر نئے سال کے پہلے روز عمل کیا جا رہا ہے، جموں اور کشمیر کے عوام کے لئے دائمی امن اور ہند اور پاکستان کے عوام کے درمیان زیادہ گہری دوستی کا باعث ہوگا۔

وزارت خارجہ کے ترجمان کا بیان

آج شام کے ساڑھے چار بجے وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے کشمیر میں جنگ بند کر دینے کا اعلان کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت پاکستان نے جنگ بند کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

آزاد کشمیر کی فوجیں بھی اس کی پابند ہوں گی۔ اس سوال کے جواب میں [illegible]

[illegible]

کشمیر میں جنگ بند ہونے پر حیدرآباد سندھ میں اظہار مسرت

[illegible]

کشمیر کی جنگ بند ہونے پر مسٹر [illegible] کا اظہار مسرت

[illegible]

ہند و پاکستان میں بہتر تعلقات کی امید

مسٹر محمد اسمٰعیل کا بیان

[illegible]

حکومت ہند کا بیان

[illegible]

لاہور میں کشمیر کی جنگ بند ہونے پر مسرت

[illegible]

جنگ کشمیر کا اختتام تقسیم کشمیر کا پیش خیمہ ہے

حکومت ہند کے تازہ اقدام پر سوشلسٹ لیڈر کی نکتہ چینی

لکھنؤ ۳ر جنوری۔ سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے جنگ کشمیر کے اختتام پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مجھے کشمیر میں جنگ بند کرنے کا یہ فیصلہ کشمیر کو تقسیم کرنے کا پیش خیمہ نظر آتا ہے یا کم از کم یہ خطرہ ہونے والا ہے کہ بعض علاقوں میں دونوں پر غیر جمہوری اقتدار باز استعمال کیا جائے گا۔

ڈاکٹر لوہیا نے کہا کہ موجودہ سمجھوتہ کے دو خراب نتائج برآمد ہوں گے۔ ایک یہ کہ آزاد کشمیر کے نام سے بعض لیڈروں نے جو تحریک چلا رکھی ہے اسے قانونی درجہ حاصل ہو جائے گا۔ اور کشمیر کے بعض علاقوں پر ایک غیر ہندوستانی نظم و نسق مسلط کیا جا [illegible] پر کامیابی ہوئی۔ چنانچہ اس قسم کا کچھ مدا امن پسند آدمی کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔ اس سوال کے جواب میں کہ آیا اقوام متحدہ کی جانب سے اس قسم کے ردعمل سے دنیا میں امن قائم ہو سکتا ہے۔ سوشلسٹ لیڈر نے کہا کہ اقوام متحدہ اپنے اس قسم کے ریزولیوشنوں سے موجودہ حالت کو برقرار رکھنے کا آلہ بنتی جا رہی ہے جس میں جنگ کے بیج ہیں۔ اقوام متحدہ امن کا آلہ نہیں بن رہی ہے۔

سکریٹری سوشلسٹ پارٹی کا بیان

[illegible]

ریاست رامپور میں ایک علمی اجتماع

رامپور (بذریعہ ڈاک) ۲۱ر دسمبر ۱۹۴۸ء کو دن کے ۲½ بجے [illegible] کالج کے ہال میں طلباء و اساتذہ اور شہر کے بعض علم دوست حضرات کا ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا۔ [illegible] صاحب نے جلسہ کی صدارت فرمائی اور پروفیسر آل احمد سرور نے جدید اردو شاعری پر ایک مبسوط اور بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ مولانا حالی اور آزاد کے کارناموں پر بحث کرتے ہوئے انہوں نے جوش ملیح آبادی، اختر شیرانی اور حسرت موہانی کی نمایاں خصوصیات بیان کیں اور اس کے بعد موجودہ دور کی ترقی پسند شاعری کے میلانات کا ذکر کرتے ہوئے اس کے آئندہ امکانات پر سیر حاصل گفتگو کی۔ تقریر کے دوران میں [illegible] کی شاعری پر ناقدانہ نظر ڈالتے ہوئے ان سیاسی، معاشرتی اور اقتصادی تحریکات کا ذکر کیا جن کے گہرے نقوش موجودہ دور کی اردو شاعری پر مرتب ہوئے ہیں۔ پرنسپل عبد الشکور صاحب نے جناب صدر اور مہمان محترم کا شکریہ ادا کیا۔ یونین روم میں جناب سرور صاحب کی تصویر آویزاں کی گئی تھی اور تختہ سیاہ پر فاضل مقرر کی تصانیف کے نام اور تنقیدی خصوصیات خوشخطی سے درج کی گئی تھیں۔

جلسہ کے بعد کالج کے اسٹاف نے اپنے سابق پرنسپل اور مہمانوں کو ایک پرتکلف ایٹ ہوم دیا۔

مغویہ عورتوں کی بحالی کا کام پھر سے شروع ہو گیا

انسانیت کے نام دونوں مملکتوں کے نمایندوں کی اپیل

نئی دہلی ۳ر جنوری۔ مغویہ عورتوں و بچوں کی بحالی کے سلسلے میں [illegible] کیا ہے کہ مغویہ عورتوں کی برآمدگی کے سلسلے میں جو اقدامات [illegible] کراچی اور دہلی میں ہند اور پاکستان کے نمایندوں کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی [illegible] کو بلا کسی تاخیر کے [illegible] ایمان پر پورا بھروسہ کیا جائے گا۔

اس [illegible] حکومت اپنے علاقہ میں مغویہ عورتوں کو برآمد کرنے کی ذمہ دار ہوگی جو مغویہ عورتیں اور بچوں کو چھپائے ہوئے ہیں۔ اپیل کا متن یہ ہے۔

"ہم دونوں مملکتوں کے عوام سے انسانیت کے نام پر اپیل کرتے ہیں کہ وہ برآمدگی کے نیک کام میں سرکاری افسروں کی ہر طرح سے امداد کریں گے۔

مغویہ عورتوں کی موجودگی ہندوستان اور پاکستان کی پیشانی پر ایک بدنما داغ ہے اور اسے جلد از جلد بغیر کسی تاخیر کے مٹا دینا چاہیئے سرکاری افسروں اور سماجی کارکنوں کی محنت اس وقت تک کارآمد نہیں ہو سکتی جب تک کہ انہیں رائے عامہ کی حمایت حاصل نہ ہو اور ہماری کوششوں کو کامیاب بنانے کے لئے [illegible] ہم چاہتے ہیں کہ ایک بھی مغویہ عورت دو مہینوں میں رہ سکے اس لئے ہمیں نہایت تہذیب اور [illegible] سے کوشش شروع کر دینی چاہیئے۔

ہم سرکاری افسروں اور سماجی کارکنوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنی کوششوں کو تیز تر کریں تاکہ ہم فخر سے اپنا سر بلند کر سکیں۔"

امریکہ میں کشمیر کی جنگ بند ہونے پر مسرت

نیویارک ۳ر جنوری۔ ہند اور پاکستان کی جانب سے کشمیر میں جنگ بند ہونے پر نیویارک ٹائمز نے کل اظہار مسرت کرتے ہوئے اسے مجلس اقوام کی فتح قرار دیا ہے۔ "کشمیر میں امن" کے عنوان سے افتتاحیہ میں اخبار مذکور نے لکھا ہے کہ مشرق کی دو نوزائیدہ حکومتوں نے پرامن تصفیہ کرنے کا فیصلہ کرکے مغربی ممالک اور دنیا عالم کے لئے قابل تقلید مثال قائم کی ہے۔

مشرقی پاکستان میں کپڑے کی حالت

وسط جنوری میں کراچی میں کانفرنس ہوگی

کراچی ۳ر جنوری۔ کل معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کی وزارت صنعت نے وسط جنوری میں مشرقی پاکستان میں کپڑے کی حالت پر غور کرنے کے لئے مشرقی پاکستان کے افسران کی ایک کانفرنس طلب کی ہے۔ پاکستان کے وزیر صنعت مسٹر فضل الرحمن اس کے صدر ہوں گے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پاکستان کے وزیر رسد مسٹر افضل حکومت مشرقی پاکستان کی نمایندگی کریں گے [illegible]

ڈیوک آف ونڈسر امریکہ میں بسینگے!

لندن ۳ر جنوری۔ ڈیوک آف ونڈسر [illegible]

یونان اور جاپان سے بہتر سلوک کی ضرورت

لندن ۳ر جنوری۔ [illegible]

طہران میں سخت برفباری

ہزاروں بے گھر ہو گئے

طہران ۳ر جنوری۔ [illegible]

طالب علم کو پیٹ دیا

[illegible]

جمعیۃ العلماء ہند کی جانب سے اجڑے ہوئے میواتیوں کی بروقت امداد

[illegible]

آگرہ کے حضرات اہل خیر کی امداد

[illegible]

لارڈ ماؤنٹ بیٹن [illegible]

[illegible]

فارورڈ بلاک کے اراکین گرفتار

کلکتہ ۳ر جنوری۔ [illegible]

خواجہ ناظم الدین کی واپسی

کراچی ۳ر جنوری۔ [illegible]

میڈم چیانگ کا پیام

واشنگٹن ۳ر جنوری۔ میڈم چیانگ کائی شک [illegible]

پاکستان میں برطانوی باشندوں کا داخلہ

کراچی ۳ر جنوری۔ [illegible]

بڑودہ میں آئندہ ماہ عام انتخابات ہوں گے

[illegible]

امرتسر میں سکھوں کے مظاہرے

امرتسر ۳ر جنوری۔ [illegible]

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں "حسین کشیدہ کاری" قیمت [illegible]

[illegible]

پتہ۔ منیجر ماہنامہ بانو دہلی کافی ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۵ر جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

انڈونیشیا اور متحدہ اقوام

سچ ہے اعمال کا دارومدار نیت پر ہے، نیت بخیر ہوگی تو اعمال بھی خیر و خوبی کے ساتھ انجام پائیں گے اور ہمارے ہر کام پر برکت نازل ہوگی، نیت خراب ہوگی تو کوئی کام فٹ نہیں بیٹھے گا اور بنا بنایا کام بھی بگڑ جائے گا پہلی جنگ عظیم کے بعد ضرورت محسوس ہوئی کہ کوئی ایسا بین الاقوامی ادارہ قائم ہو جو آیندہ کی جنگ کو روکے اور آپس کے اختلافات کا انصاف اور غیر جانبداری کے ساتھ تصفیہ کرے مقصد مبارک تھا مگر نیت نامبارک اور نجس تھی چنانچہ پاک اور نجس جذبات کے اختلاط سے لیگ آف نیشنز کے نام پر ایک جمعیۃ اقوام قایم کی گئی جس میں بہت سے ممالک بڑی بڑی امیدوں کے ساتھ شامل ہوئے اور اس پر اعتماد کرکے اور آس لگا کر بیٹھ گئے، مگر اسنے جو کام بھی انجام دیئے وہ کسی کے لئے بھی طمانیت بخش ثابت نہ ہو سکے، اور سب کو کہنا پڑا کہ اس کمبخت سے کچھ بھی نہ ہو سکا اور الٹے کام کرکے اس نے معاملات کو اور بھی الجھا دیا، چنانچہ جمعیۃ اقوام کی کھلی کھلی بددیانتیوں اور بے ایمانیوں سے گھبرا کر مدبرین کو اس کے خلاف زبان کھولنی پڑی اور اس کی بدنیتی کو ہر عنوان سے خوب آشکارا کیا گیا، کسی نے کہا یہ ڈاکوؤں اور رہزنوں کی جماعت ہے اور اس کے قیام کا مقصد یہ ہے کہ .... اتحادیوں نے جنگ کے دوران میں جو مال لوٹا ہے اسے حلال اور جائز قرار دے، کسی نے اس پر کفن چوروں کا فقرہ کسا، کسی نے اس پر ظلم اور جانبداری کا الزام لگایا، اور جب اس کی ساکھ بالکل ہی خراب ہو گئی تو اس کا جنازہ نکالا گیا اور وہ ہمیشہ کے لئے، نامرادی کی قبر میں دفن کر دی گئی!۔

دوسری جنگ عظیم چھڑنے کے بعد پھر ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک ادارہ انجمن قایم ہو تاکہ اس کے ذریعہ بین الاقوامی مسائل کا تصفیہ ہوتا رہے اور آیندہ کیلئے تیسری جنگ کو روکا جا سکے، چنانچہ مجلس متحدہ اقوام۔ یو۔ این۔ او۔ کے نام سے ایک ادارہ قایم کیا گیا جو کئی سال سے بین الاقوامی مسائل میں الجھا ہوا ہے اگر انصاف سے اس کی کارگزاریوں کا جائزہ لیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ متحدہ اقوام گذشتہ جمعیۃ اقوام سے زیادہ ناکام، زیادہ نامراد، زیادہ بے مروت اور زیادہ جانبدار ثابت ہوئی ہے، بہتر ہے کہ اس حقیقت کا اعتراف کر لیا جائے، کچھ دنوں کے بعد اقرار کرنے سے اقرار تو ہو جائے گا مگر اس کے نقصان کی تلافی نہ ہو سکے گی۔

مجلس متحدہ اقوام کے سامنے برلن کا نازک مسئلہ پیش ہوا، مدت ہو گئی اور بحثوں اور تقریروں کا طومار بندھ گیا مگر ہنوز روز اول ہے، برلن کا [illegible] اور تیسری جنگ کی بنیاد رکھی جا رہی ہے، روس اور امریکہ دور سے دور ہوتے جا رہے ہیں اور متحدہ اقوام ہے کہ اس کا تماشہ ختم ہونے میں نہیں آتا، اس کی طرف سے ایک فیصلہ ہوتا ہے لیکن روس، ویٹو کے ایک ہی ٹھونسے سے اس کا بھیجا نکال کر رکھ دیتا ہے، اور معاملہ اپنی جگہ سے ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھتا! اسی طرح فلسطین کا معاملہ اس کے حوالہ کیا جاتا ہے، امریکہ اور روس اپنی اپنی چالیں چلتے ہیں، برطانیہ منافقت کا پارٹ ادا کرتا ہے، ایک فیصلہ ہوتا ہے، پھر دوسرا فیصلہ اس کی جگہ لایا جاتا ہے، پھر ایک اور تجویز دونوں فیصلوں پر پانی پھیر دیتی ہے بھانت بھانت کی بولیوں کا تو کچھ کہنا ہی نہیں نتیجہ یہ ہے کہ متحدہ اقوام کی مداخلت سے ہزاروں انسانوں کا خون ہو رہا ہے اور دنیا کی سب سے بڑی سرمایہ دار قوم کو پورے عرب کی تباہی کے لئے فلسطین کا حکمراں تسلیم کر لیا جاتا ہے! شروع میں جب عربوں اور یہودیوں میں جنگ چھڑی تو اس نے عارضی صلح کی سلسلہ جنبانی کی اور جنگ کو بند کرنے کا حکم صادر کیا، عرب جو اس زمانہ میں سب سے زیادہ بیوقوف ثابت ہوئے ہیں متحدہ اقوام کے ہتھے میں آ گئے اور جنگ بند کر دی، نتیجہ وہی ہوا کہ عارضی مدت کے دوران میں یہود کو پورے طور پر مسلح کر دیا گیا اور عربوں میں شاہ عبداللہ کی وساطت سے پھوٹ ڈال دی گئی آج فلسطین کے گہوارہ میں عربوں کی زندگی اور موت کو جھلایا جا رہا ہے اور عربوں پر عربوں کی زمین کو تنگ کر دیا گیا ہے، یہ امریکہ اور برطانیہ، یہ روس اور متحدہ اقوام، یا تو عربوں کو فنا کرکے چھوڑیں گے یا انہیں اس قدر کمزور کر دیں گے کہ مشرق وسطی کی سیاست بے معنی ہو کر رہ جائے۔

اسی متحدہ اقوام نے کشمیر کے معاملہ کو بھی ہاتھ میں لیا اور نہیں معلوم ہے کہ اس کا انجام کیا ہوگا! چوتھا مسئلہ انڈونیشیا کا ہے، اس مسئلہ نے تو اقوام متحدہ اور اس کے ساتھ امریکہ اور برطانیہ کی نیتوں کا اس درجہ طشت از بام کیا ہے جس پر ساری دنیا کو ندامت ہے! اگر کسی نے امیدوں کا گورستان اور بے ایمانیوں کی قبروں کو نہ دیکھا ہو وہ مجلس متحدہ اقوام کو جا کر دیکھ لے، دنیا کی ساری بے ایمانیاں، اور ناانصافیاں اس پر ختم ہو گئی ہیں!۔

انڈونیشیا پر ہالینڈ نے حملہ کیا اس کے لیڈروں کو گرفتار کرکے جیلوں میں ڈالا، گذشتہ معاہدات کو توڑا اور ہر اس کارروائی کو جائز قرار دیا جو قومی حکومت کو تباہ کرنے کیلئے ضروری تھی، معاملہ مجلس متحدہ اقوام تک پہونچا، شروع شروع میں تو اس نے ہالینڈ پر لال پیلی آنکھیں نکالیں مگر بعد میں وہی... بے ایمانی، وہی جانبداری، وہی سہل انگاری جس نے خدا معلوم اب تک کتنوں کا بیڑا غرق کیا ہے، اور آیندہ کتنوں کو صفحہ ہستی سے مٹا کر چھوڑے گی! اس نے حکم دیا کہ انڈونیشیا میں جنگ فوراً بند کر دی جائے اور لیڈروں کو رہا کر دیا جائے، مگر ہالینڈ نے اس حکم کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دیا، جنگ بھی جاری رکھی اور لیڈروں کو بھی رہائی نہ بخشی، یہ اتنا بڑا جرم تھا کہ اگر متحدہ اقوام چاہتی تو ہالینڈ کو جنگ کا الٹی میٹم دیکر اس کے ہوش ٹھکانے لگا دیتی مگر افسوس ہے کہ اس کے خلاف کوئی کارروائی کئے بغیر سلامتی کونسل کا اجلاس جنوری تک کے لئے ملتوی کر دیا گیا! اس التواء پر آسٹریلیا کے نمایندہ نے کہا، سلامتی کونسل تو جنوری میں اجلاس رچائے گی، مگر اجلاس ہوتے ہوتے انڈونیشیا کی جمہوری حکومت کا خاتمہ ہو جائیگا روسی نمایندہ نے کہا، ہالینڈ چند روز کی مہلت اسلئے چاہتا ہے کہ اپنے شکار کو آرام سے ہڑپ کرے، یوکرین کے نمایندہ نے بھی اسی خطرہ کا احساس کرتے ہوئے کہا، ہالینڈ کو گھبرانا نہیں چاہیئے، وہ اپنا کام کئے جائے اسے کوئی سزا نہیں ملے گی، شاباش جنگ برابر جاری رکھو!، آخر آسٹریلیا کے نمایندہ کو یہی بات کہنی پڑی جو مرحوم جمعیۃ اقوام کے حق میں کہی گئی تھی کہ، ہماری امیدیں خاک میں مل رہی ہیں ہمیں سلامتی کونسل کی ناکامی صاف نظر آ رہی ہے میری گورنمنٹ دیکھ رہی ہے کہ انڈونیشیا کے معاملہ میں یہ کونسل بری طرح فیل ہوئی ہے"

اب سوال اس کا نہیں کہ ہالینڈ کی نیت کیا ہے، اب سوال اس بات کا ہے کہ متحدہ اقوام کا کیا انجام ہوگا اور اس پر اعتماد کرنے کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ ہمارے خیال میں اگر متحدہ اقوام کو راہ راست پر نہیں لایا جا سکتا تو... ایشیائی اقوام کو اس سے الگ ہو جانا چاہیئے مغربی یورپ کی اس دوکان میں دن دھاڑے بلیک مارکیٹنگ ہو رہا ہے، اور اس کا علاج صرف یہ ہے کہ مشرقی ممالک اسے آخری سلام کہیں اور اپنا دامن بچا کر علیحدہ ہو جائیں۔

اچھی باتیں

خلق اللہ۔ تا للمومنین:۔

(پ۲۰ ع ۱۶)

اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس میں ایمان لانے والوں کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں۔

یعنی زمین و آسمان کو فضول پیدا نہیں کیا گیا۔ بلکہ ان کی پیدائش کا ایک مقصد ہے اور چونکہ انسان تمام مخلوقات میں ایک ذمہ دار ہستی ہے اس لئے اس کی زندگی کا بھی ایک مقصد قرار دیا گیا ہے اور وہ مقصد یہ ہے کہ انسان اپنے پیدا کرنے والے کو شناخت کرے اور اپنے نظام زندگی کو اسکی مرضی کے مطابق بنائے۔ انسان، ہوا، پانی، زمین، روشنی، غلہ، وغیرہ کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا، گویا انسان ہر وقت خدا کے افعال سے فائدہ اٹھاتا رہتا ہے، اسیطرح انسان کا فرض ہے کہ خدا کے قول سے بھی فائدہ اٹھائے اور اپنی اخلاقی زندگی کو قانون تشریع کا پابند بنا دے اگر ہم ایک طرف خدا کے فعل سے فائدہ اٹھائیں اور دوسری طرف خدا کے قول کو نظر انداز کر دیں تو زندگی کا یہ تضاد ہمارے تمدن کو راحت بخش نہیں [illegible] کل کائنات حق ہے تو خدا کے احکام اور قوانین بھی برحق ہیں اور ہمیں دونوں ہی سے فائدہ اٹھانا چاہئے

سیاست امروز

جنگ کشمیر کا اختتام

سیاسی مبصر کے قلم سے

کانگریس کے جے پور سیشن میں کشمیر کے متعلق کوئی قرارداد منظور نہ ہونے پر بعض حلقوں میں اظہار تعجب کیا گیا تھا لیکن آج جبکہ کشمیر میں جنگ بند کئے جانے کا اعلان ہو گیا ہے یہ بات بآسانی سمجھ میں آتی ہے کہ کیوں کشمیر کے متعلق کوئی قرارداد منظور نہیں کی گئی۔ دراصل اس وقت کسی قسم کی قرارداد پاس کرنا ان کوششوں میں رکاوٹ پیدا کرنا تھا جو مسئلہ کشمیر کو پرامن طور پر حل کرنے کے لئے عمل میں آ رہی تھیں۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ کوششیں بار آور ہوئیں اور جنگ بند کر دی گئی۔

ہو سکتا ہے اختتام جنگ سے ان لوگوں کو مایوسی ہو جو ہندوستان اور پاکستان کو ہر وقت ایک دوسرے کے خلاف برسر پیکار دیکھنا چاہتے تھے یا جو جنگ کشمیر کے نام پر اپنی لیڈری چمکانے کے خواب دیکھ رہے تھے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اختتام جنگ سے ہر ہندوستانی اور پاکستانی کو خوشی حاصل ہوگی جو باہمی دوستی اور خوشگوار تعلقات ہی میں دونوں ملکوں کی بھلائی دیکھتا ہے۔

بڑی رکاوٹ

تقسیم ہند کے بعد دونوں ملکوں کے مابین بہت سے مسائل حل ہو گئے تھے لیکن ان سب کی تکمیل میں جنگ کشمیر ایک بڑی رکاوٹ بنی ہوئی تھی یہ ہو بھی کیسے سکتا تھا کہ ایک محاذ پر دونوں مملکتیں ایک دوسرے سے برسر پیکار رہیں اور دوسرے محاذ پر ایک دوسرے سے اشتراک و تعاون کریں لیکن اب جب کہ جنگ ختم ہو چکی ہے یہ یقینی ہے کہ دونوں مملکتیں ان معاہدوں اور سمجھوتوں کا احترام کریں گی جو اب تک ان کے درمیان ہو چکے ہیں۔

جنگ کشمیر کن وجوہ کی بنا پر عمل میں آئی اور اس لڑائی کے لئے کون ذمہ دار ہے اس کی تفصیل میں جانے کی آج نہ ضرورت ہے اور نہ اس سے کوئی فائدہ۔

جمہوریت پسند طبقے ہمیشہ اس بات کے حق میں رہے کہ کسی ایک دوسری مملکت کے ساتھ کشمیر کے الحاق کا فیصلہ تلوار کے زور سے میدان جنگ میں نہیں بلکہ وہاں کے عوام کے فیصلہ سے ہونا چاہیئے اور اب یہ بڑی مسرت کی بات ہے کہ اس جمہوری اصول کو تسلیم کر لیا گیا، اور اگرچہ کافی عرصہ بعد چودہ ماہ کی جنگ کے تلخ تجربہ کے بعد [illegible]

استصواب رائے

اختتام جنگ کے بعد استصواب کا اہم سوال باقی ہے جو کسی طرح جنگ سے کم اہمیت نہیں رکھتا، کیونکہ اگر استصواب کے سلسلے میں خدانخواستہ کوئی اختلاف پیدا ہوا تو پھر جنگ کی صورت پیدا ہو سکتی ہے لیکن اگر جنگ بندی سچے جذبہ کے ساتھ کی گئی ہے اور دونوں طرف اشتراک و تعاون اور صلح و دوستی کی سچی اسپرٹ موجود ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ استصواب کا مسئلہ بھی اطمینان بخش طور پر حل نہ ہو جائے اور ایک جمہوری طریقہ پر کشمیر کے الحاق کا فیصلہ نہ ہو۔

ایک مرتبہ مسئلہ کشمیر حل ہو جانے کے بعد ہند اور پاکستان کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے اور دونوں مملکتوں کے مابین آج ایک قسم کی جو خلیج دیکھنے میں آ رہی ہے اس میں بہت بڑی حد تک کمی ہو جائے گی اور اس کے بعد دونوں مملکتیں متحد و متفق ہو کر سامراجی طاقتوں کا مقابلہ کر سکیں گی۔ جن کے پنجہ استبداد میں ابھی تک بہت سے ایشیائی ممالک جکڑے ہوئے ہیں ایک انڈونیشیا [illegible]

[illegible] سامراجی طاقت کو ایشیا پر نظر اٹھانے کی جرأت نہیں ہو سکتی۔ [illegible]

[illegible] کشمیر میں اختتام جنگ کا خیر مقدم کرے گا اور اس کی یہ خواہش ہوگی کہ آئندہ کبھی یہ جنگ شروع نہ ہو۔ [illegible]

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جمعیتی ساتھیوں سے درخواست

[illegible]

مرادآباد میں تعطیل کا تنازعہ

[illegible]

جنگ بند ہو گئی

[illegible]

احمدیہ فرقہ کو سہولتیں

[illegible]

کاندھلہ میں کمبلوں کی تیاری

[illegible]

یمن کا شہزادہ عمان میں

[illegible]

ادبی سوسائٹی باڑہ ہندوراؤ کا جلسہ

[illegible]

مسٹر آصف علی کا پیام تعزیت

[illegible]

[illegible] سے انکم ٹیکس کا مطالبہ

[illegible]

سکھ جتھا راولپنڈی جائیگا

[illegible]

برخوردار شمیم تم کہاں ہو؟

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں ارسال کرتے وقت اس بات کا خیال رکھئے کہ خبریں صاف اور خوشخط ہوں جماعت کے فارم پر ہوں یا جماعتی مہر لگی ہوئی ہو بصورت دیگر شائع نہ کی جائیں گی شہروں یا اضلاع میں قائم شدہ نئی شاخوں کی اطلاع ضلع یا شہر کی جمعیۃ فارم پر یا ان کی مہر کے ساتھ تصدیق ہو کر آنی چاہیے۔ (ادارہ)

ناظم صاحب بریلی کا دورہ

بریلی ۲۸ دسمبر۔ اضلاع بریلی بجنور بدایوں و بریلی میں جمعیۃ کی جدید تنظیم کے سلسلہ میں نیز صوبائی کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے مولانا عبدالرؤف صاحب ناظم جمعیۃ علماء بریلی اور محمد خالق صاحب ۳۰، ۳۱ دسمبر کو بریلی بجنور یکم اور ۲ جنوری کو بدایوں ۶ ر ۷ جنوری کو تحصیلات بریلی کا دورہ کریں گے بریلی جمعیت بدایوں میں اخبار الجمعیۃ کی ایجنسیاں قائم کرنے اور اس کی توسیع اشاعت کے لئے مسلمانوں سے خاص طور پر [illegible]

جمعیۃ علماء گیا کی سرگرمیاں!

مولانا ابو محمد صاحب فردوسی صدر جمعیۃ علماء ضلع گیا مولانا عبداللطیف صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع مولانا حافظ عبدالعزیز صاحب ناظم مدرسہ انوار العلوم گیا اور مولانا حکیم عبدالحلیم صاحب ہاشمی کی سعی پیہم سے لودہ، تھانہ بیلا گنج تھانہ بودھ گیا تھانہ رفیع گنج تھانہ مفصل میں لوگ جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد سے اتفاق کرتے ہوئے جوق در جوق ممبر ہو رہے ہیں۔ شہر گیا میں بھی بڑی سرگرمی سے ممبر سازی ہو رہی ہے جس میں مولانا سید اسعد اللہ مولانا سید حسن حافظ عبدالستار صاحب مولانا فضل الرحمن اور زین العابدین صاحب تاجر قابل ذکر ہیں کہ جنھوں نے ممبر سازی میں سرگرمی سے حصہ لیا تھانہ بارہ چٹی اور تھانہ ٹکاری میں بھی کافی ممبر سازی ہوئی عنقریب باقاعدہ انتخابات ہوں گے

جمعیۃ علماء کی بہار سب ڈویزن میں سرگرمیاں

چھپرہ دیہار سب ڈویژن) میں جمعیۃ علماء ہند کے ورکروں نے ایک ماہ تک نہایت سرگرمیاں کیساتھ ممبر سازی کا کام کیا عوام کا تعاون اور شرکت نہایت ہمت افزا رہا [illegible] کہ ہم نے توبہ کی پارٹیوں سے علیحدگی اختیار کی [illegible]

ریاست چھتاری میں جمعیۃ کا قیام

چھتاری اسٹیٹ میں مولانا حکیم سید نور الامین صاحب راغب حافظ سید حمید اللہ صاحب مولوی اخلاق علی صاحب وغیرہ کی تحریک سے ممبر سازی کی مہم [illegible] جمعیۃ علماء ضلع [illegible] ناظم جمعیۃ علماء ضلع کی چھتاری میں تشریف آوری ہوئی ایک جلسہ عام ہوا اور جمعیۃ علماء قائم کی گئی اور مولانا محمد عبداللہ خان صاحب مدرس مدرسہ محمودیہ عربیہ مولوی اخلاق علی صاحب نائب صدر مولانا حکیم سید نور الامین صاحب راغب طبیب اسٹیٹ ناظم منشی محمد یوسف خاں صاحب نائب ناظم اور جعفر علی صاحب تاجر خزانچی مقرر ہوئے۔

نقلی دواؤں سے ہوشیار رہیے

دہلی ۳ جنوری۔ صوبہ دہلی کے ڈائرکٹر آف ہیلتھ سروسز کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ بعض دوائیں جیسے کہ ایم اینڈ بی ۶۹۳ وغیرہ ہیں [illegible] کی جاری ہے عوام کو اس قسم کی نقلی دواؤں کے خریدنے کی بابت متنبہ کیا جاتا ہے [illegible]

یونیورسٹیوں کو مزید امداد

مدراس ۳ جنوری۔ چھٹی انٹر یونیورسٹی کانفرنس کا سہ روزہ اجلاس جمعہ کو ختم ہو گیا جس میں حکومت ہند سے درخواست کی گئی [illegible] کو امداد دینے والی کمیٹی کو برطانیہ کی کمیٹی کے نمونہ پر مقرر کیا جائے اور پورے وقت کے لئے اس کا ایک صدر مقرر کیا جائے [illegible] سے مطالبہ کیا گیا کہ یونیورسٹیوں کو زیادہ مناسب امداد دی جائے۔

انخلا کنندگان سے انکم ٹیکس کی وصولی

متعلقہ محکمہ کا پریس نوٹ

نئی دہلی ۳ جنوری۔ سنٹرل بورڈ آف ریونیو کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ پناہ گزینوں کی جائدادوں پر انکم ٹیکس لگانے کے متعلق حکومت ہند اور پاکستان میں سمجھوتہ ہو گیا ہے۔

حکومت پاکستان اس بات پر رضامند ہو گئی ہے کہ مغربی پنجاب، صوبہ سرحد کے غیر مسلم انخلا کنندگان [illegible] اور سندھ، بلوچستان کے انخلا کنندگان کے مقدمات کراچی، حیدرآباد (سندھ) میں پیش ہوں گے۔ یو۔ پی پنجاب، دہلی، اجمیر اور یوپی کے مغربی اضلاع کے مسلمان انخلا کنندگان کی جائدادوں پر انکم ٹیکس لگانے کے سلسلہ میں سماعت دہلی میں ہو گی۔ حکومت ہند دہلی اور بمبئی میں اور حکومت پاکستان کراچی اور لاہور میں اسپیشل افسر مقرر کرے گی تاکہ نوٹس جاری کرنے کے متعلق سہولت ہو [illegible]

مسٹر چندریوس لندن میں

لندن ۳ جنوری۔ مسٹر چندریوس نے جو ابھی ابھی برطانیہ کے دورے کے لئے یہاں پہنچے ہیں۔ کل ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن کے ساتھ لنچ کھایا۔ آپ نے لندن کے لئے بہت مختصر پروگرام مرتب کیا ہے اور آپ ایشیائی تعاون کے متعلق اپنی سکیم کے بارے میں سیاسی لندن کا جائزہ لیں گے [illegible]

کراچی میں آتشزدگی

کراچی ۳ جنوری۔ [illegible]

شیخ عبداللہ کا تار

نئی دہلی ۳ جنوری۔ [illegible] کشمیری عوام کی طرف سے [illegible]

مسٹر سہروردی کے والد کا انتقال

کلکتہ ۳ جنوری۔ مسٹر شہید سہروردی کے والد سر زاہد سہروردی جو کلکتہ ہائیکورٹ کے سابق جج تھے [illegible] آج صبح سرکس کے میدان میں نماز جنازہ ادا کی جائیگی۔

رضوی کا مددگار گرفتار

حیدرآباد ۳ جنوری۔ قیصر میاں نام ایک رضاکار لیڈر جو قاسم رضوی کے بعد بہت ہی [illegible] سے گرفتار ہو گیا۔

ابتدائی جمعیتوں کے انتخابات اور دیگر متعلقہ امور کی بابت ہدایتیں

ناظم صاحب جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا سرکلر نمبر ۲

لکھنؤ۔ بذریعہ ڈاک۔ جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا سرکلر نمبر ۲ منظرِ عام پر ہے۔

(۱) اگرچہ اس سال ممبر سازی کی میعاد میں کسی توسیع کا ارادہ نہیں مگر عوام کی جمعیۃ علماء سے بڑھتی ہوئی دلچسپی اور بعض اضلاع کے پیہم اصرار پر اب ممبر سازی کی آخری تاریخ ۲۳ دسمبر مقرر کر دی گئی ہے امید ہے اس توسیع میں تمام اضلاع اپنی رفتار کو تیز کر کے زیادہ سے زیادہ ممبر بنائیں گے اور ۳۰ دسمبر کو ہمارے لئے ممبر سازی ختم کر دی جائے۔

(۲) ۲۷ دسمبر تک ممبر سازی کی تمام کاپیاں مقامی دفاتر میں جمع ہو جانی ضروری ہیں۔

(نوٹ) جس جگہ ابتدائی جمعیۃ پہلے سے قائم ہو وہاں جس شخص نے فارم تقسیم کئے ہوں اس کے پاس ہی کاپیاں [illegible]

(۳) یکم جنوری تک تمام جمعیتوں کے دفاتر میں ممبران کی فہرستیں تیار ہو جانی چاہیئیں اور یہ فارم ممبری مع کوپنز (ثلث) میں رکنیت) ضلع کی جمعیۃ کو بھیجی جائے۔

(۴) ۷ جنوری تک تمام ابتدائی جمعیتوں کے انتخابات مکمل ہو جانے چاہیئیں۔

(۵) ۱۰ جنوری تک ماتحت جمعیتوں کے انتخابات کے نتائج ضلعی کی جمعیتوں اور صوبہ کے دفتر اور مرکزی دفتر میں بھیجنا ضروری ہیں۔

(۶) [illegible] جنوری تک اضلاع کی جمعیتیں [illegible] ارکان کی تعداد ابتدائی ممبروں کی تعداد کے تناسب سے مقرر کی جائے گی

(۷) [illegible] جنوری تک تمام ماتحت جمعیتیں ضلع کے ارکان کو منتخب کریں گی اور منتخب ارکان کی فہرست اضلاع اور صوبہ کے دفتر کو بھیجیں گی۔

(۸) ۲۲ جنوری تک اضلاع کی جمعیتیں پوری تعداد میں ممبر سازی [illegible] ممبری کوپن (ثلث آمدنی) ماتحت جمعیتوں کی فہرست اور ارکان ضلع کی فہرست صوبہ کو بھیجیں گی یہ تمام چیزیں ۲۵ جنوری تک دفتر صوبہ میں موصول ہو جانی ضروری ہیں۔

(نوٹ) ماتحت جمعیتوں کی فہرست میں ابتدائی ممبران کی تعداد اور ضلع کو مقامی جمعیۃ سے حاصل شدہ رقم کا اندراج ضروری ہے

(۹) ۲۷ جنوری ۱۹۴۸ء تک اضلاع کی نئی جمعیتیں اپنا اجلاس کر کے ضلع کے عہدیداران اور صوبے کے ارکان کا انتخاب کریں گی ایک ہزار ابتدائی ممبروں پر ایک رکن صوبہ منتخب کیا جائے گا انتخاب ۲۸ جنوری تک دفتر صوبہ میں موصول ہو جانا ضروری ہے۔

(۱۰) تمام انتخابات افسر انتخاب کی نگرانی میں ہونے چاہئیں افسر انتخاب جمعیۃ علماء صوبہ کی طرف سے [illegible] کی صورت میں جمعیۃ علماء صوبہ کو حق ہوگا کہ وہ کسی شخص کو افسر انتخاب مقرر کر دے۔

(۱۱) شہر کے ماتحت محلہ شہر کی جمعیۃ کا جزو تصور کیا جائیگا [illegible] شہر کی جمعیۃ کل فیس ممبری کا ثلث (ضلع جمعیۃ) میں جمع کرے گی اور اضلاع میں۔

(۱۲) ابتدائی جمعیتیں اور اضلاع کی جمعیتیں فارم اندراج مکمل خانہ پری کے ساتھ دفتر صوبہ اور دفتر مرکزیہ کو بھیجیں [illegible]

(۱۳) انتخابات کے متعلق جملہ شکایات و انتخاب کی تاریخ سے ۱۵ یوم کے اندر صوبہ عدالت کے نام دفتر جمعیۃ علماء صوبہ میں پہنچ جانا ضروری ہے تاکہ صوبہ عدالت اس پر غور کر سکے۔

پاکستان کو راجہ جی کی مبارکباد

نئی دہلی ۳ جنوری۔ ہز اکسیلینسی مسٹر سی راجگوپال اچاریہ نے پاکستان کے گورنر جنرل کو سال نو کا ایک پیغام دیا ہے۔ راجہ جی نے اس پیغام میں کہا ہے کہ میری اور میرے قوم کی نیک خواہشات آپ کو اور آپ کے عوام کو پہنچیں۔ خدا کرے سال نو ہم دونوں ملکوں کے عوام کے لئے خوشیاں لائے اور دونوں ممالک کو ان کی خوشحالی اور عزت کی خاطر ایک دوسرے سے زیادہ نزدیکی اور ان کے مشوروں میں مشترک کرے۔ خدا کرے تمام مقامی یاد ہیں اور ہم خوشی اور اس پیغام کا اچھا مطلب سمجھا جائے اور یہ حرف بحرف پورے ہوں۔

باچھی واڑہ میں جنرل موہن سنگھ کی تقریر

لدھیانہ ۲۵ دسمبر۔ باچھی واڑہ ضلع لدھیانہ میں ایک مذہبی میلہ ہوا جس میں ۵۰ ہزار کے قریب لوگ دیہات سے شریک ہوئے صدر دلیش سیوک پارٹی جنرل موہن سنگھ نے تقریر کی۔ آپ کے ہمراہ پروفیسر مکار ایم [illegible] سکھ اور سردار [illegible] لدھیانوی بھی تھے۔

جنرل موہن سنگھ نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم نے انگریز جیسے طاقتور حکومت سے جنگ کی اور کانگریس کی ۱۹۴۲ء کی تحریک میں جان ڈالدی [illegible] کے انتخابات میں کانگریس نے آزاد ہند فوج اور نیتاجی کی قربانیوں کے سہارے کامیابی حاصل کی لیکن ان تمام قربانیوں کے باوجود کانگریس نے عوام کو نظر انداز کر کے ہندوستانی سرمایہ داروں کا آلہ کار بن کر غیر منصفانہ سماج سے سمجھوتہ کر لیا۔ [illegible] ۸۰ لاکھ انسانوں کی بربادی ہوئی۔ آپ نے کہا کہ ابھی تک ہم نے ظلم اور بے انصافی کے خلاف جنگ لڑی ہے۔ آئندہ بھی بے انصافی اور لوٹ کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔ [illegible]

بہرائچ کی درگاہ کے ڈاکٹر رضا کا انتقال

بہرائچ (بذریعہ ڈاک) درگاہ حضرت سید سالار مسعود غازی کے شفاخانہ کے ہردلعزیز ڈاکٹر حاجی مختار احمد خان صاحب رضا مرحوم کی علالت کے بعد انتقال ہو گیا۔ مرحوم نے ۳۰ سال تک خدمات انجام دیں۔ بے حد خوش خلق اور بے نفس انسان تھے۔

عرس سید محمود بحار کی شاندار تقریب

۲۳۔ ۲۸ دسمبر کو مخدوم شاہ محمود کے عرس کی تقریب کے موقع پر مجلس اوقاف صوبہ دہلی کی طرف سے چادر چڑھائی گئی۔ عرس کی تقریب میں سیکڑوں مسلمانوں نے شرکت کی۔ [illegible] درگاہ کے قریب ہی ایک محفل قوالی منعقد کی گئی جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ [illegible] سکھ حضرات نے اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ کھانے میں شرکت کی۔ [illegible] ہندوستان کی اس مشہور درگاہ کے ساتھ اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کیا۔

اختتام عرس کے اجلاس پر مولانا اخلاق حسین قاسمی نے عرس کا افتتاح کرتے ہوئے عرس کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔ آپ نے فرمایا کہ ان بزرگوں نے ہندوستان میں محبت اور بھائی چارہ پیدا کیا ہے اور یہی ان کا مشن تھا جس کی وجہ سے ہندوستان کے ہندو اور مسلمان دونوں یکساں طور پر ان کی عقیدت کرتے ہیں۔ اس محبت اور اتحاد کے ساتھ آج ملک میں ہم کو کام کرنا ہے [illegible] کا ہندوستان پر بہت بڑا احسان ہے [illegible] کا نعرہ ہم کو [illegible] ہندوستان کی وحدت اور بھائی چارہ کا پیغام دیتا ہے۔ [illegible] (نامہ نگار)

انڈونیشی نمائندہ کو تقریر نہیں کرنے دی گئی!

نئی دہلی ۳ جنوری۔ مسٹر پی اے ایم انڈونیشیا کے جن کو دہلی میں طلباء کے ایک جلسہ میں تقریر کرنا تھی ڈپٹی کمشنر کی مداخلت کی بنا پر ایسا نہ کر سکے۔ اس جلسہ میں ڈپٹی پولیس کا سوال کی اجازت کی حالت کی تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے انڈونیشیا کے سکرٹری کو مطلع کیا کہ بعض سیاسی اسباب کی بنا پر اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ طلباء نے جلسہ کیا جس میں ڈپٹی کمشنر کے رویہ کی سخت مذمت کی اور کہا کہ اس حکم سے انڈونیشی نمائندہ عوام سے اپنے خیالات ظاہر نہیں کر سکتے۔ اس سے انڈونیشیا اور ہندی حکومت میں غلط فہمی پیدا ہوتی ہے۔

طلباء نے انڈونیشیا کی بابت ایک قرارداد پاس کی جس میں انڈونیشیا کے مقابلہ کی جدوجہد کا یقین دلایا گیا تھا کہ طلباء پوری طرح ان کے ساتھ ہیں۔ اس قرارداد میں برطانیہ اور امریکہ پر ہالینڈ کی امداد کا بھی الزام لگایا گیا تھا۔

الہ آباد میں دفعہ ۱۴۴

الہ آباد ۳ جنوری۔ دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت کل سے ایک ماہ کے لئے یہاں جلسوں اور جلوسوں پر پابندی لگا دی گئی ہے۔

مسلمانو! سفر کرو مگر اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے، صداقت کا امتحان کیجیے۔

یونین ہوٹل ← بلیماران دہلی

(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

ہندوستان میں باعزت زندگی بسر کیجیے وطن کی ترقی میں مساوی حصہ لیجیے

— ملک سے نفرت و عداوت کو ختم کیجیے

— سچی محبت اور بھائی چارہ کو اپنائیے

— باہمی اتحاد و مساوات کا گر سیکھئے

وقت کے ان اہم اور تقاضوں کی تکمیل کے لئے

روزانہ الجمعیۃ اور سہ روزہ الجمعیۃ

کا مسلسل مطالعہ اپنے لئے لازمی قرار دیجیے

قیمت: روزانہ الجمعیۃ، سالانہ چالیس روپے ششماہی بیس روپے سہ ماہی گیارہ روپیہ

قیمت: سہ روزہ الجمعیۃ، سالانہ بارہ روپے ششماہی چھ روپیہ آٹھ آنہ

زرچندہ منی آرڈر سے بھیجیے، وی پی میں خرچ زیادہ اور دیر ہوتی ہے

مشتہرین نرخ نامہ اشتہارات اور ایجنٹ صاحبان شرائط ایجنسی طلب فرمائیں

جملہ ترسیل زر و خط و کتابت کا پتہ: جنرل منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی چیزیں!

جیون — رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اسکے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے صرف

طلا نمبر ۲ — اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک لگانے سے ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے صرف

تصدیق — آپ کی جیون اور طلا نمبر ۲ [illegible] حکیم رام سروپ (از کرتپور ضلع بجنور)

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر نور گنج۔ دہلی

دار السلطنت

۳ جنوری ۱۹۴۸

نانگلوئی اسٹیشن پر لاش ملی

نانگلوئی ریلوے اسٹیشن کے پاس ایک لاش ملی ہے اس کے بارے میں کچھ پتہ نہیں چل سکا ہے۔ اس کا جسم ایک چادر میں لپٹا ہوا تھا [illegible] پولیس کو اس بات کا شبہ ہے کہ قتل کا معاملہ ہے [illegible] اس کی گردن میں ایک رومال بندھا ہوا تھا [illegible] لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیجا گیا ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

ایک شخص کو لوٹ لیا

کہا جاتا ہے کہ [illegible] ایک شخص [illegible] لوٹ لیا [illegible] اور اس کو ایک کمرہ میں دھکا دیدیا گیا۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

گارڈ بیہوش ہو گیا

میرٹھ جاتی ہوئی ایک مال گاڑی کے گارڈ کو راستے میں [illegible] بیہوش کر دیا گیا [illegible] گارڈ کو ہسپتال میں داخل کیا گیا۔

ملاقات کی اجازت نہیں

صوبائی کمیونسٹ پارٹی کے سیکرٹری [illegible] اور کمیونسٹ پارٹی کے ممبروں کو [illegible] ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔

چوری کا دلچسپ واقعہ

[illegible] ایک دلچسپ واقعہ ہوا [illegible] پولیس کو اطلاع کی گئی [illegible] پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

سائیکل سوار زخمی

[illegible] سائیکل سوار زخمی ہو گیا [illegible]

پولیس سب انسپکٹر گرفتار

[illegible] پولیس سب انسپکٹر کو رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا گیا [illegible]

مولانا عبدالعلیم صدیقی دہلی تشریف لا رہے ہیں

حضرت مولانا عبدالعلیم صاحب صدیقی [illegible]

عورتوں کا مظاہرہ

[illegible]

برطانیہ بھی [illegible]

مسٹر بیون کی [illegible]

[illegible]

چلتی مال گاڑی [illegible]

ڈاکو چند [illegible]

[illegible]

بزم سخن دہلی کا [illegible]

[illegible]

مولوی محمد علی کہاں ہیں

[illegible]

[illegible] جائیگا؟

[illegible] لال

[illegible] اطلاع دی جاتی ہے [illegible] سلطان [illegible] کی والدہ محترمہ [illegible] اس جہاں فانی سے [illegible] راجعون [illegible] اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں [illegible] تعلقین سے تعزیت [illegible] اس حادثہ میں شریک [illegible] مغفرت کرتا ہے۔

[illegible] کا غلہ کا مطالبہ

[illegible] حکومت مدراس نے حکومت [illegible] کے لئے اس کو [illegible] موجودہ دس اونس کے [illegible] اس امر پر غور کر رہی ہے [illegible]

ضروری اعلان

[illegible] ۳ جنوری ۱۹۴۸ء [illegible] مجبوریوں کی وجہ [illegible] اس کی قیمت [illegible]

[illegible] صاحبان سے [illegible] پیسے [illegible]

منیجر

اخبار الجمعیۃ دہلی

[illegible] اظہار خوشنودی

[illegible]

پاکستان کیلئے نئے پریس کا انتظام

کراچی ۳ جنوری۔ حکومت پاکستان کراچی اور ڈھاکہ میں پاکستان گورنمنٹ پریس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امریکہ اور برطانیہ سے پچاس لاکھ روپے کی مشینری منگائی جا رہی ہے۔ اس سلسلہ میں امریکہ اور برطانیہ سے تقریباً تیس لاکھ روپے کی مشینری کراچی پہنچ گئی ہے۔

امید ہے کہ ڈھاکہ اور کراچی کے پریس اپریل ۱۹۴۸ء سے باقاعدہ کام کرنا شروع کر دیں گے۔

جگجیون رام کانگریس ورکنگ کمیٹی میں شامل کئے جائیں گے

نئی دہلی ۳ جنوری۔ کانگریسی ورکنگ کمیٹی کی تشکیل کی بابت باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ ممبروں کی تعداد اب بڑھا کر سترہ کر دی جائے گی اور چھ یا سات نئے نام شامل کئے جائیں گے اور تین موجودہ اراکین کے نام حذف کر دیئے جائیں گے۔ ورکنگ کمیٹی میں شمولیت کے لئے مندرجہ ذیل اشخاص کے نام لئے جا رہے ہیں۔ مسٹر جگجیون رام، مسٹر کھانڈو بھائی ڈیسائی، مسٹر رام سہائے، مسٹر گوکل بھائی بھٹ، البو پرشوتم داس ٹنڈن، مسٹر کالا وینکٹ راؤ (جنرل سکریٹری)، پنڈت سنگا اور مسٹر پاٹل

احرار خدام خلق کا جلسہ

دہلی ۳ جنوری۔ دفتر احرار خدام خلق چتلی قبر میں کارکنان احرار و رضا کاران کا ایک اہم جلسہ منعقد ہوا جس کی صدارت سالار حبیب علی صاحب نے فرمائی۔ شیخ محمد احمد صاحب نے تنظیم رضا کاران پر زور دیا اور کپتان اسلام الدین صاحب کو اپنا سینئر کپتان مقرر کرنے کا اعلان کیا۔ [illegible] دو اہم تجویزیں پیش کیں جو اتفاق رائے پاس ہوئیں۔ پہلی تجویز میں حکیم سکندر جعفر کی وفات پر اظہار افسوس کیا گیا۔ دوسری میں سالار عبدالستار کی صحتیابی پر مبارکباد دی گئی۔

کراچی میں گیس کی روشنی کا امکان

کراچی ۳ جنوری۔ دو بہار کوئلہ کی کانوں کے ماہر یہاں عنقریب پہنچ رہے ہیں جن میں ایک مسٹر ..... بی ٹی سابق ڈائرکٹر کول مائننگ حکومت اور دوسرے مسٹر ڈاچی آف لنڈن ہیں یہ یہاں پر کوئلہ کی صنعت کی ترقی پر غور و فکر کریں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ وہ سندھ میں ایک گیس پلانٹ قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ پاکستان کے دار الحکومت میں گیس کی روشنی کا بندوبست کیا جا سکے۔ یہ دونوں ماہرین پاکستانی حکام سے مشورہ کرنے کے بعد مملکت پاکستان کی تمام کوئلہ کی کانوں کا ٹھیک طرح جائزہ لیں گے۔

سردار پٹیل سوراشٹر اسمبلی کا افتتاح کرینگے

راجکوٹ ۳ جنوری۔ سوراشٹر کی مجلس دستور ساز کا افتتاح کرنے کیلئے ہند کے نائب وزیر اعظم جائینگے جو کہ ۲۰ جنوری کو ہو گا۔ سردار پٹیل نے سوراشٹر کے قریب جنتھاری میں ایک ہسپتال کا افتتاح کرنا بھی منظور کر لیا ہے۔

دہلی کے قیدی بہار جائیں گے

پٹنہ ۳ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت دہلی نے درخواست کی ہے کہ حکومت بہار نے دہلی کے [illegible] کو بہار کی جیلوں میں رکھنا منظور کر لیا ہے [illegible] کے ذیل اقدام جیل میں مزید کام کرنے کے لئے [illegible] پہنچائے جائیں گے۔

گمشدہ کی تلاش

ایک لڑکا جس کا نام [illegible] گم ہے، عمر دو سال اور رنگ گورا ہے۔ اگر کوئی صاحب مندرجہ ذیل پتہ پر اطلاع دیں گے تو میں بہت ہی ممنون ہوں گا۔ شرافت بیگ مکان نمبر ۶۴۹ گلی پاجان۔ کوچہ چیلان دہلی

ایشیائی ممالک کی کانفرنس

(صفحہ اول سے آگے)

ہے کہ بعض حکومتوں کا رویہ ایسا ہے کہ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خاموشی سے اس حملہ کو تسلیم کر لینا چاہتی ہیں۔ پاکستان اسکو بیگانگی کی نظر سے دیکھتی ہیں۔ لیکن ہندوستان ایشیائی ملکوں کے اقوام کو متحد کرنے کیلئے کوشش کر رہا ہے۔

چین نانکنگ میں معلوم ہوا ہے کہ چین کی طرف سے باقاعدہ دعوت نامہ موصول ہونے پر ایک وفد مذکورہ بالا کانفرنس میں شرکت کیلئے بھیجا جائیگا۔ لیکن چونکہ چینی حکومت خود اپنی خانگی مشکلات میں مبتلا ہے اس لئے وہ بحث و مباحثہ میں کوئی نمایاں حصہ نہیں لے سکے گی۔ عام طور پر یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ چین اپنے مخصوص طریق کار کو تجویز کرنے یا اس پر اصرار کرنے کے بجائے کانفرنس کے فیصلوں پر پابند ہونے کی زیادہ کوشش کریگا کیونکہ یہ مجلس تحفظ میں ایشیائی نمائندہ ہے

سیام بینکاک کے سیاسی حلقے اس کانفرنس میں سرگرم حصہ لینے کے حق میں ہیں۔ لیکن وزیر خارجہ نے وزیر اعظم کے اس اعلان کا اعادہ کیا کہ سیام اقوام متحدہ کے طریق کار کا پیرو رہیگا۔

مصر دہلی کانفرنس کے متعلق مصر کو ابھی تک سرکاری طور پر کوئی دعوت نامہ موصول نہیں ہوا ہے۔ لیکن سیاسی حلقے ہندوستان کی اس تحریک اور تجویز کا خیر مقدم کر رہے ہیں سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ مصر اور دیگر عرب ریاستیں ہمیشہ آزاد انڈونیشیا کے حامیوں میں رہی ہیں۔

شام شام نے سرکاری حلقوں نے اس امر کا اعلان کیا کہ شام ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو کے دعوت نامہ کو قبول کریگا اور انڈونیشیا پر ایشیائی ممالک کی کانفرنس میں حصہ لیگا۔

آسٹریلیا ایک غیر سرکاری اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ آسٹریلیا نے کہا ہے کہ [illegible] ایک مشاہد روانہ کرے گا۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ آسٹریلیا نے گزشتہ ایشیائی کانفرنس میں بھی جو مارچ ۱۹۴۷ میں ہوئی تھی مشاہد ہی بھیجا تھا۔

پاکستان پاکستان سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کی طرف سے انڈونیشیا پر کانفرنس کا دعوت نامہ انڈین ہائی کمشنر نے کراچی میں پاکستان کے وزیر اعظم کو دیدیا۔ سیاسی حلقوں نے اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس کانفرنس میں سرگرم حصہ لے گا۔



چار ہفتہ میں ایک لاکھ دس ہزار اشخاص نے یہ شو دیکھا اور نہایت تعریف کی

روزانہ دو شو ۳ بجے اور ۹ بجے شام

دہلی میں بہترین شو عظیم الشان

وائٹ وے سرکس

بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ دہلی

[illegible]

ہر اتوار و بدھ کو خاص شو ۳ بجے دوپہر [illegible] اور شام ۹ بجے [illegible]



پاؤں یا ہاتھ سے چلنے والی راب سے کھانڈ بنانیوالی مشین

تفصیل و قیمت پتہ ذیل سے معلوم فرمائیں

حاجی غلام حسین اینڈ سنز

[illegible] اینڈ [illegible] رڑکی (یوپی)

سینکڑوں روپے ماہوار

تھوڑے سرمایہ سے گھر بیٹھے سینکڑوں روپے ماہوار روپے کمانے کے پانچ قیمتی راز [illegible]

دفتر: رہبر روزگار کٹرہ نظام الملک دہلی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

AMICOTONIC

امیکوٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے، اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے [illegible] اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے بھوک بڑھاتا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرتا ہے [illegible]

قیمت: فی شیشی ۲۴ خوراک تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصولڈاک

امیکو طلاء [illegible]

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ: ایس اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دوا خانہ نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

[illegible] کمپنی

[illegible] دوا خانہ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۴ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۶ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۵ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲½ آنہ

جنرل بوشر کا نیا تقرر

دہلی ۴ جنوری۔ ہندوستانی فوجوں کے سابق کمانڈر انچیف جنرل بوشر کو اب حکومت ہند نے اسپیشل ڈیوٹی افیسر مقرر کیا ہے جو ہندوستانی فوج اور اس کے مستقبل کے متعلق ایک رپورٹ تیار کریں گے۔ ان کا یہ نیا عہدہ تین یا چار ماہ تک جاری رہے گا۔

کل ہند آرین کانگریس کا مطالبہ

سنسکرت سے بھری ہوئی ہندی قومی زبان بنائی جائے

کلکتہ ۴ جنوری۔ کل ہند آرین کانگریس نے کئی قراردادیں پاس کی ہیں جن میں ایک یہ بھی ہے کہ سنسکرت سے بھری ہوئی ہندی کو ملک کی قومی زبان بنایا جائے اور دیوناگری رسم الخط کو ہندوستان کا سرکاری رسم الخط قرار دیا جائے۔ آرین کانگریس کا افتتاح مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کاٹجو نے کیا تھا۔

دستور ساز اسمبلی میں اقلیتوں کی سیٹیں مخصوص کئے جانے کی مخالفت

قاضی سید کریم الدین متناسب نمائندگی کی حمایت میں

پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق دفعہ پر اہم بحث

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۴ جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی میں قاضی سید کریم الدین نے پارلیمنٹ کے ایوانوں میں "متناسب نمائندگی" کا مطالبہ کیا اور کہا کہ صرف اس طرح سے اقلیتوں کو مناسب نمائندگی حاصل ہو سکتی ہے۔ "متناسب نمائندگی" کا اصول منظور کر لئے جانے کی صورت میں آپ نے سیٹوں کے تحفظ کے اصول کو ختم کئے جانے کی حمایت کی۔

قاضی سید کریم الدین پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق دفعہ میں اپنی ترمیم پیش کرتے ہوئے تقریر کر رہے تھے۔ اصل دفعہ میں کہا گیا ہے کہ "ایوان عام میں دستور کی دفعہ ۲۹۲ اور ۲۹۳ کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ریاستی علاقوں کی آبادی کے نمائندے ہوں گے"۔ دفعہ ۲۹۲ اور ۲۹۳ اقلیتوں سے متعلق ہیں اور ان میں کہا گیا ہے کہ "مسلمانوں اور شیڈول ذاتوں کے لئے جگہ مخصوص کی جائے گی اور اگر ایوان عام میں اینگلو انڈین جماعت کی مناسب نمائندگی نہیں ہے تو پریزیڈنٹ کو زیادہ سے زیادہ دو ممبر نامزد کرنے کا حق حاصل ہوگا"۔

قاضی کریم الدین نے کہا کہ سیٹوں کے مخصوص کئے جانے کی صورت میں اقلیتوں کے نمائندے، اقلیتوں کے ذریعہ نہیں بلکہ اکثریت والی پارٹی کے ووٹوں سے منتخب ہوں گے اور اس طرح ان کے حقیقی نمائندے ایوان میں نہ پہنچ سکیں گے لیکن اس کے برعکس "متناسب نمائندگی" کی بنیاد پر ان کے حقیقی نمائندے ایوان میں پہنچیں گے۔

قاضی سید کریم الدین نے بتایا کہ "متناسب نمائندگی" پر ... اعتراض کیا جاتا ہے۔

ہندو راج

براہ راست انتخاب

جمعیۃ علماء ہند کا وفد ریاست حیدرآباد کے دورہ پر روانہ ہو گیا

وفد ہند کی ترقی و خوش حالی کیلئے حیدرآبادی عوام میں جذبۂ اتحاد پیدا کریگا

(خصوصی نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۴ جنوری۔ جمعیۃ علماء ہند کے چار سربرآوردہ حضرات پر مشتمل ایک وفد کل شام حیدرآباد اور ریاست حیدرآباد کے دورہ پر روانہ ہو گیا ہے۔ وفد کا مقصد حیدرآباد کے عوام میں نیا جذبہ اور زندگی پیدا کرنا، ماضی کو فراموش کر کے مستقبل کے لئے باہمی اتحاد و ترقی کے راستوں پر گامزن ہونے کی فضا پیدا کرنا ہے تاکہ ملک و قوم کی ترقی میں حیدرآبادی عوام خاطر خواہ حصہ لے سکیں۔

جمعیۃ علماء ہند کا یہ وفد چار حضرات پر مشتمل ہے۔ جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی یو پی، حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند، مسٹر سید محمد جعفری صاحب ایڈیٹر ملت و رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء۔

یہ وفد کل شام چھ بجے مدراس میل کے ذریعہ دہلی ریلوے اسٹیشن سے روانہ ہوا۔ وفد کو الوداع کہنے کے لئے جو حضرات اسٹیشن پر تشریف لے گئے تھے ان میں حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، حضرت مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی، مولانا محمد عثمان صاحب فارقلیط ایڈیٹر الجمعیۃ اور مولانا محمد شفیع صاحب قابل ذکر ہیں۔

وفد حیدرآباد اور ریاست حیدرآباد کے اضلاع کا دورہ کرے گا۔ حیدرآباد سے آمدہ اس سے قبل کی اطلاعات میں بتایا گیا تھا کہ یہ وفد عوام میں ایک نیا جذبہ اور زندگی پیدا کرنے کے لئے دورہ کرے گا۔ اور مولانا آزاد کے پروگرام کی اشاعت کرے گا۔ تاکہ حیدرآباد کے عوام میں اتحاد و ترقی کے جذبات پیدا ہوں اور وہ ہندوستان کی ترقی اور خوش حالی میں خاطر خواہ حصہ لے سکیں۔ وفد ریاست بھر میں جمعیۃ علماء کی شاخیں قائم کرنے کے امکان پر بھی غور کرے گا۔

ہند و پاکستان میں انڈونیشی مسئلہ پر سخت بے چینی پائی جاتی ہے

ایشیائی ممالک کی کانفرنس کی تجویز پر لندن کے اخبار ٹائمز کا تبصرہ

انڈونیشیا کیلئے ایشیائی کانفرنس کا پروگرام

مسئلہ کا پر امن حل تلاش کرنے کی کوشش کی جائیگی

نجب کے علاقہ میں یہودیوں کی بربریت کی انتہا

زہریلی گیس کا استعمال۔ حکومت مصر کی شکایت

قاہرہ ۴ جنوری۔ قاہرہ میں مصری وزیر اعظم ابراہیم عبدالحلیم پاشا نے پارلیمنٹ میں ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ فلسطین کے متعلق حکومت مصر کی وہی پالیسی ہے جو پہلے تھی اور امید ہے کہ دوسری عرب ریاستیں اسی پالیسی کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گی۔ ہمارے خیال میں فلسطین کی نجات ایک قومی اور انسانی کام ہے۔ اقوام متحدہ کے چیف آف اسٹاف نے نامہ نگاروں کو حیفہ میں بتایا کہ مجھے حکومت مصر کی طرف سے شکایت وصول ہوئی ہے کہ نجب کے علاقے میں یہودیوں نے زہریلی گیس استعمال کی۔ انھوں نے کہا کہ لیکن یہودیوں کی طرف سے اس کی تردید بھی وصول ہوئی ہے۔

حکومت برطانیہ فلسطین کی جنگ میں مداخلت کرنے کو تیار ہو گئی

برطانوی کابینہ میں مصر اور فلسطین کے معاملے پر غور

یہودیوں کے مصر پر حملے سے حکومت برطانیہ کی تشویش!

لندن ۴ جنوری۔ سیاسی مشاہدین کا خیال ہے کہ برطانوی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں اسرائیلی مصری صورت حال پر غور کیا جائے گا۔ برطانوی سفیر متعینہ واشنگٹن نے امریکہ کے نائب وزیر خارجہ مسٹر رابرٹ لووٹ سے ملاقات کر کے حکومت اسرائیل کے مصر پر حملہ کے متعلق گفتگو کی۔ اس گفتگو کی ایک رپورٹ انہوں نے حکومت برطانیہ کو ارسال کی ہے جس پر برطانوی محکمہ خارجہ غور کر رہا ہے۔

امریکہ سے مداخلت کی درخواست

مصر سے یہودی فوج کی واپسی

امریکی کانگریس کا اجلاس شروع

حیدرآباد کے لئے نگراں حکومت

راما سوامی مدالیار وزیر اعظم ہوں گے؟

اسمبلی چیمبر کے حلقے میں

سخت احتیاطی انتظامات

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

پاکستان کا آئین شریعت اسلامیہ کے مطابق بنانے کیلئے قراردادیں

مولانا شبیر احمد عثمانی اور مسٹر نور احمد کی جانب سے دو تجاویز

کراچی ۴ جنوری۔ کل جب پاکستان مجلس دستور سازی کے سامنے منعقد ہوگا تو دو ریزولیوشنوں پر بحث ہوگی۔ ایک ریزولیوشن مشرقی بنگال کے مسٹر نور احمد نے اور دوسرا مولانا شبیر احمد عثمانی کی جانب سے پیش ہوگا جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ پاکستان کا آئین اسلامی اصولوں کے مطابق بنایا جائے۔

مسٹر نور احمد کے ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کا آئین ایک خود مختار جمہوری حکومت کا آئین ہو جس کی بنیاد اسلام کے اصولوں پر ہو جس میں یکساں آزادی، مساوات اور عام بھائی چارہ کے اصولوں کو اپنایا جائے۔

مولانا شبیر احمد عثمانی کے ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ علماء اور دوسرے ماہرین کی ایک اسپیشل کمیٹی بنائی جائے جو شریعت اسلامیہ کے مطابق [redacted]

مسٹر نور احمد کے ایک دوسرے ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ قائد اعظم کے بعد پاکستان کا ہر ایک گورنر جنرل ہز ایکسیلنسی کی بجائے قائد ملت کہلایا کرے۔

ہاؤس اس کمیٹی کی سفارشات پر بھی غور کرے گا جو اسمبلی میں نشستوں کے اضافہ یا دوبارہ تقسیم کے بارے میں مقرر کی گئی تھی۔

اسمبلی فائیننس کمیٹی کا تیار کردہ اسمبلی کے اخراجات ۴۹-۱۹۴۸ء کا بجٹ بھی منظور کرے گی اور اخراجات کا اندازہ ۲۶۱۰۰۰ روپیہ کیا گیا ہے۔

فرانس اور سوئٹزرلینڈ میں طوفان

سخت بارش اور زبردست برفباری

پیرس ۴ جنوری۔ گذشتہ چوبیس گھنٹہ سے فرانس اور سوئٹزرلینڈ میں سخت طوفان آ رہے ہیں۔ ان طوفانوں کی شدت سے عظیم الجثہ جہاز کوئین میری چینلاٹ میں پھنس گیا ہے۔ بہت سے جہازوں کو بندرگاہوں میں پناہ لینی پڑی۔ کئی شہروں میں مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں۔ اور کھڑکیاں ٹوٹ گئیں۔ آندھیوں کے ساتھ بارش اور برف باری کا طوفان بھی آ رہا ہے۔ بریسٹ میں ایک فرانسیسی جہاز کو بندرگاہ میں پناہ لینی پڑی۔ نیس میں کنارے کی تفریح گاہ پر بچھی ہوئی کرسیاں سمندر میں بہہ گئیں۔ لین میں ایک عورت ہلاک ہو گئی اور سینکڑوں چمنیاں ٹوٹ گئیں۔ ڈنس میں ایک پہاڑی سے جو ٹوٹ [redacted] کے چوٹیں آئیں۔ جیلو میں بھی سخت نقصان ہوا۔

مغربی بنگال کے ایک وزیر چل بسے

کلکتہ ۴ جنوری۔ مغربی بنگال کے وزیر ایکسائز جو جمعہ کے دن گولیوں سے زخمی ہو گئے تھے اور جن کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا، یکم جنوری کی صبح کو انتقال کر گئے۔

سنہ ۴۹ء کا قیمتی تحفہ

(صفحہ اول کالم سے آگے)

اطمینان کی وجہ

کشمیر کی جنگ بند ہونے پر اظہار مسرت

سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان کا بیان

کراچی ۳ جنوری۔ جموں اور کشمیر میں جنگ بند ہونے پر اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے کہا کہ کشمیر کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے پہلا پرامن قدم اٹھا لیا گیا ہے اور اب یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ مسئلہ جلد ہی حل ہو جائے گا نہ صرف یہ بلکہ ہندوستان اور پاکستان کے اختلافات بھی پرامن طریقہ پر حل ہو جائیں گے۔

مسٹر ظفر اللہ خاں نے کہا کہ جب کشمیر کمیشن جولائی ۱۹۴۸ء میں پاکستان آیا تھا اس وقت سے برابر پاکستان جنگ بند کرنے کی تجویز کو تسلیم کر لینے کو تیار تھا۔ اور نومبر میں خود پاکستان نے کشمیر کمیشن کے سامنے فوری طور پر جنگ بند کرنے کی تجویز پیش کی تھی۔ خوشی ہے کہ کشمیر میں جنگ بند ہو گئی اور اب یہ ممکن ہو گیا ہے کہ وہاں ایسے حالات پیدا کئے جائیں [redacted] تاکہ یہ مسئلہ طے ہو کر کشمیر ہندوستان میں شمولیت اختیار کرلے یا پاکستان میں۔

یہی مسئلہ ایک سال سے زیادہ عرصہ سے ہند اور پاکستان میں سب سے بڑے اختلافات کی وجہ بنا رہا ہے اور اب جبکہ یہ پہلا قدم اٹھا لیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ دونوں ملکوں کے اختلافات دور ہو کر زیادہ بہتر تعلقات قائم ہو سکیں گے۔

کشمیر کی جنگ بند ہونے پر

لندن کے اخبار کی رائے

لندن ۳ جنوری۔ لندن کے کنزرویٹو اخبار ڈیلی ٹیلیگراف نے ایک مقالہ افتتاحیہ میں کشمیر کی لڑائی بند ہونے پر لکھا ہے کہ ہند اور پاکستان کے درمیان قیام امن کے لئے عاقلانہ اور اطمینان بخش اقدام کشمیر کمیشن کی کامیابی کے لئے طرۂ امتیاز ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ جو لوگ جنگ کشمیر کو بڑی تشویش سے دیکھ رہے تھے ان کے لئے یہ معاہدہ باعث مسرت ہوگا جس کے بعد ان دو ملکوں میں امن کے قیام میں جو سب سے بڑی چیز حائل تھی وہ ختم ہو جاتی ہے۔ اور دونوں ملک شاید بہتر تعلقات قائم کر سکیں گے۔

[redacted] ہے کہ اگر نتیجہ متوقع طور پر برآمد ہوا تو مصالحتی کمیٹی مجلس اقوام کے لئے بڑی کامیابی کا باعث ہوگی۔

امریکہ نے جنوبی کوریا کی حکومت کو تسلیم کر لیا

اپنی فوجیں وہاں رکھنے کا اعلان

واشنگٹن ۳ جنوری۔ حکومت امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ جنوبی کوریا کی جمہوری حکومت کو تسلیم کرتی ہے اور وہاں اپنے نمائندہ کے درجہ کو بڑھا کر سفیر بنا دیتی ہے۔ وائٹ ہاؤس کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ۱۲ دسمبر والی تجویز کے مطابق کوریا کے اقوام متحدہ کے کمیشن کو متحدہ کوریا قائم کرنے کی کوششوں میں پوری پوری امداد دے گی۔

جنوبی کوریا کی حکومت کو جس کے صدر سنگمین ری ہیں اقوام متحدہ نے دسمبر میں تسلیم کر لیا ہے۔ اگرچہ اس کی مخالفت مشرقی گروپ نے روس کی رہنمائی میں کی تھی۔

روس کا قبضہ شمالی کوریا پر ہے۔ اور وہاں دوسری حکومت قائم ہے لیکن روس نے اعلان کیا ہے کہ روسی فوجوں نے ۲۵ دسمبر کو شمالی کوریا خالی کر دیا۔ امریکہ کی طرف سے اعلان ہوا ہے کہ امریکی فوجیں جنوبی کوریا میں اس وقت تک رہیں گی جب تک کہ وہاں پوری تربیت یافتہ پولیس قائم نہ ہو جائے۔

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

جاوا میں فوجی کارروائی ختم کر دی گئی

انڈونیشیا کے ڈچ کمانڈر انچیف کا اعلان

جنرل کری آپا ۱۵ جنوری کو چارج لیں گے

اخبار الجمعیۃ سہ روزہ و ہفت روزہ کا مطالعہ قوم کی تعمیری زندگی کا درس ہے

برما نے ڈچ فوجوں سے لڑنے کے لئے فوج بھیجنے کا اعلان کر دیا

ہندوستانی تجویز پر ڈچ حکومت کا اظہار تعجب

دمشق سے سرکاری اعلان

برما اور مصر نے بھی تجویز منظور کر لی

بلیماران میں شاندار مشاعرہ

برمی عورتوں نے خدمات پیش کر دیں

برطانیہ میں اظہار تعجب

برطانیہ کا پارلیمانی وفد کراچی میں

آل انڈیا خوشنویس کا جلسہ

ہند اور پاکستان کے سرحدی تعلقات

مس تارا پنڈت کی شادی

انتظام کشمیر

فوجوں کی تعداد

فوجی مشاہد

ریلوے ملازمین کے بارے میں کانفرنس

آزمائش

استصواب

اقوام متحدہ

خراش ہو گئی

آپ کے گلے میں یہ خراب بیڑی پینے کا نتیجہ ہے ٹہیا بیڑی ستارہ چھاپ پیا کیجئے جو گلے اور پھیپھڑے کو خراب نہ کرے گی۔

میسرز نکلے خاں ایم حنیف ساگر سی پی

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند کا ورود جودھپور

عقیدتمندوں کا اجتماع۔ پرتپاک خیرمقدم۔ حضرت مولانا کی بصیرت افروز تقریریں

جودھپور [illegible]

۲ جنوری ۱۹۴۹ء

[illegible]

اس کے بعد حضرت مولانا نے تقریر شروع کی [illegible]

(باقی صفحہ ۔۔۔ پر)

پورا کشمیر یا تو ہندوستان میں شامل ہوگا یا پاکستان میں

صدر آزاد کشمیر گورنمنٹ کا بیان تقسیم کشمیر کی مخالفت

لاہور ۴ جنوری ۔ سردار محمد ابراہیم صدر آزاد کشمیر گورنمنٹ نے کل یہاں اپنے ایک بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کا کمشن آئندہ ہفتہ پاکستان [illegible]

[illegible]

استصواب کا طریقہ

[illegible]

دولت مشترکہ سے علیحدگی اور لسانی صوبہ جات کی تشکیل

حکومت ہند سے آل انڈیا فارورڈ بلاک کا مطالبہ

کلکتہ ۔ ۴ جنوری ۔ کل ہند فارورڈ بلاک کی سالانہ پارٹی کانگریس گذشتہ ہفتہ یہاں منعقد ہوئی [illegible] صدر جلسہ تھے اس کانگریس میں ایک قرارداد منظور ہوئی جس میں کہا گیا تھا کہ ہندی عوام کے بہترین سیاسی اقتصادی مفاد کا تقاضہ ہے کہ ہند دولت مشترکہ سے الگ ہو جائے۔

ایک اور قرارداد کے ذریعہ کانگریس نے دھر کمیشن کی سفارشات کے خلاف احتجاج کیا اور کہا لسانی صوبہ جات کی جدید تشکیل کو ملتوی کرنے سے ہند کی سیاسی صورت حالات نازک ہو جائے گی۔ اور صوبائی رقابت اور دشمنی بڑھ جائے گی۔

اس کانگریس نے ملک کی تمام بائیں بازو کی جماعتوں کے اتحاد پر بھی زور دیا تاکہ ہندی سرمایہ داروں اور مختلف کانگریسی صوبائی حکومتوں کے مزدوروں اور کسانوں کے خلاف بڑھتے ہوئے جارحانہ حملات کا مقابلہ کیا جاسکے۔

کانگریس نے مسٹر شیل بھدر یاجی مسٹر کے این جوگلے [illegible]

[illegible] کو غیر آئینی حرکتوں کی وجہ سے پارٹی سے خارج کر دیا اور بعض دوسرے اراکین کو معطل کر دیا۔ [illegible] ریلوے ملازموں کی ہڑتال کے [illegible] کی حمایت، گودیوں اور ڈاک و تار کے ملازموں کے مطالبات کی حمایت اور حیدرآباد میں عوامی حکومت کے قیام کی بابت قراردادیں منظور کی گئیں۔

کانگریس نے ۲۵ آدمیوں کی ایک کمیٹی مقرر کی اور [illegible] کو اس کا صدر مقرر کیا [illegible] گاندھی جی کی موت پر ایک تعزیتی قرارداد بھی منظور کی گئی۔

مصر، شام اور چین نے ہندوستان کی دعوت کو قبول کرلیا

دوسرے ایشیائی ممالک بھی دلچسپی کا اظہار کررہے ہیں!

لندن ۴ جنوری ۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کی مجوزہ کانفرنس کی دعوت کو مصر، شام اور چین نے قبول کر لیا ہے۔ سیام اور پاکستان ابھی اس مسئلہ پر غور کر رہے ہیں۔

برما کی کابینہ کا ایک اجلاس اس دعوت نامہ پر غور کرنے اور نمائندہ کو نامزد کرنے کیلئے منعقد ہو رہا ہے۔ برما کے وزیر اطلاعات نے ایک بیان میں کہا کہ حکومت برما کانفرنس کے فیصلوں کی پوری تائید کرے گی۔ [illegible]

مسٹر سینانایک وزیر اعظم لنکا [illegible] کانفرنس کے مقاصد اور اغراض تفصیلی طور پر معلوم کرنا چاہتے ہیں، حکومت لنکا اس دعوت نامہ میں پوری دلچسپی لے رہی ہے۔ لیکن اس نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا ہے۔

ایران کے وزیر خارجہ اصغر حکمت نے ایک بیان میں کہا کہ ایران کی حکومت کو ابھی تک دعوت نامہ وصول نہیں ہوا لیکن ایران نہایت نیک ہے انڈونیشیا کی آزادی کا خواہشمند ہے، ایران انڈونیشیا کی جمہوری اور اسلامی ریاست کی بہت عزت کرتا ہے۔

ترکی حکومت کو دعوت نامہ وصول ہو چکا ہے۔ اور اس کا نمائندہ ہندوستان میں ترکی سفیر ہی ہوگا۔

[illegible]

ہندوستانی بحری بیڑہ کے لئے تین تباہ کن جہاز

لندن (بذریعہ بحری تار) [illegible]

پاکستان سے پٹ سن کی برآمد کی اجازت

ڈھاکہ ۲ جنوری (اے۔ پ) [illegible]

کشمیر میں استصواب رائے کا مسئلہ

ریاست کو ایک یونٹ تصور کیا جائے گا

[illegible]

پنڈت نہرو کا شیخ عبداللہ کے نام تار اور امداد کی یقین دہانی

ہندوستانی فوجوں کے کارناموں پر شیخ عبداللہ کا اظہار شکر

جموں ۴ جنوری ۔ ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے جموں اور کشمیر کے وزیراعظم شیخ محمد عبداللہ کو ایک تار میں مبارکباد دی ہے کہ انہوں نے اور ان کی حکومت نے انتہائی مشکل اور نازک دور میں گذشتہ سال حالات کا مقابلہ کیا ہے پنڈت جی نے مستقبل میں ان کو اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا ہے

[illegible]

محاذ کشمیر پر ایک لاکھ پاکستانی فوج

سری نگر ۳ جنوری [illegible]

لنکا میں ۲۳ جنوری کو انڈونیشیا چھوڑ دو کا نعرہ بلند ہوگا

انڈونیشی عوام دہلی میں ہونے والی کانفرنس کے نتائج کے منتظر ہیں

کولمبو [illegible] معلوم ہوا ہے کہ یہاں پر ۲۳ جنوری کو [illegible] "انڈونیشیا چھوڑ دو" کی تحریک کے سلسلے میں جلسہ ہوگا [illegible] لنکا کے وزیر اعظم [illegible] بھی شرکت کریں گے۔

[illegible]

لدھیانہ میں مسلمانوں کا خیرمقدم

صدر جمعیۃ علماء کی جانب سے اہل لدھیانہ کا شکریہ

[illegible]

بجلی کا ننھا سا پنکھا

لندن (بذریعہ بحری تار) [illegible]

مشرقی پنجاب میں سکھی تحریک نے دم توڑ دیا

[illegible]



میرا آخری فیصلہ یہ ہے

کہ اب فکر اور پریشانی کی زندگی بسر نہیں کروں گا۔ گھر ہی گھٹے ہوئے جو میرے قدم لڑکھڑاتے ہیں، ان کو مضبوط رکھوں گا، اور "معجون شباب آور" سے اپنا بالکل ہی علاج کروں گا۔ معجون شباب آور اس لئے استعمال کروں گا کہ ایک دنیا اس کے گن گاتی ہے۔

گزشتہ زمانے میں غدود اور پٹھوں کے علاج میں بڑا روپیہ خرچ ہوتا تھا، اس لئے صرف بڑے ہی آدمی علاج کر سکتے تھے۔

معجون شباب آور بڑی قابل بھروسہ اور نہایت کم خرچ ہے۔

یہ علاج سب کے لیے آسان ہے۔

آپ کے گھر کی خوشی اور خرمی صرف آپ کے صحیح فیصلے پر منحصر ہے۔ ضعف اعصاب کی بہت سی دوائیں بازار میں ملتی ہیں مگر معجون شباب آور اکسیر ہے۔ آج ہی آپ صحیح فیصلہ کیجئے اور معجون شباب آور کا استعمال شروع کر دیجئے۔ قیمت فی شیشی [illegible] خوراک پانچ روپے، نمونہ ایک روپیہ

ہمدرد کا مشہور ماء اللحم [illegible] قیمت فی بوتل پانچ روپے۔

رسالہ ہمدرد شباب، ہمدرد نوجوان اور دواخانہ کی تازہ فہرست اردو، ہندی، انگریزی زبانوں میں مفت طلب فرمایئے۔

ہندوستان کے ہر شہر میں [illegible]

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

ہمدرد

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ بانو دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

حسین کشیدہ کاری

(قیمت دو روپے آٹھ آنہ)

مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ماہنامہ "بانو" دہلی کے سالانہ خریدار بنئے [illegible]

پتہ: منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی [illegible]

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھایئے

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۶ جنوری ۱۹۴۹ء

کشمیر

نئے سال اور سال کے نئے مہینہ کا آغاز ہو چکا اور اسپر تین چار آفتاب بھی طلوع ہو گئے لیکن ہمیں خوشی اس وقت ہوگی جب ہماری قسمتوں کا نیا سال شروع ہوگا اور ان پر کامیابی اور خورسندی کا آفتاب طلوع کریگا! خدا کا قانون کچھ اس طرح جاری ہے کہ دن کے بعد رات اور رات کے بعد دن آتا ہے، رات دن کے تسلسل سے ہفتے اور ہفتوں کے مجموعے سے مہینے بنتے ہیں اور بارہ ماہ کے اجتماع پر سال کی گرہ کھلتی ہے، ان سالوں کو جمع کرو تو سو سال کی ایک صدی بنتی ہے، آج جس سال نو کا آغاز ہے وہ انیس سو اڑتالیس (۱۹۴۸ء) دانوں کی لڑی کا ایک دانہ ہے یعنی سن عیسوی پر ساڑھے انیس سو سال گذر چکے، اس طویل عرصہ میں زمانوں نے جو کروٹیں لی ہیں ان کا... مطالعہ انسان کے لئے بہت ہی دلچسپ اور سبق آموز ہے، خدا معلوم اس عرصہ میں کس قدر قومیں زندگی کی اسٹیج پر آئیں اور حوادث کے سیلاب میں بہہ کر بے نام و نشان ہو گئیں، کسی قوم کو فنا اور زوال کا پروانہ ملا، کسی قوم پر عروج و ترقی کے دروازے کھلے۔ سینکڑوں بادشاہتیں قائم ہوئیں اور سینکڑوں خاک میں ملیں، بہت سی قومیں اور بہت سے واقعات.. ہماری زمین پر ظہور پذیر ہوئے مگر انہیں تاریخ کے دامن میں پناہ نہ مل سکی اور آج ہمیں انکا نام تک معلوم نہیں فن تنقیب نے اتنا کرم کیا کہ زمین سے کھود کھود کر پرانے آثار ہمارے سامنے [illegible] قرائن سے ان کے زمانہ کا اندازہ لگا کر یہ معلوم کیا کہ ان کی تہذیب کیا تھی، ان کا ماحول کیا تھا اور انکی زندگی کن مشاغل میں گذری، ہمیں دو ہزار سال پیچھے کی دنیا حیرت انگیز معلوم ہوتی ہے لیکن کائنات کی وسعتوں اور زمانہ کے پھیلاؤ میں دو ہزار سال کی حقیقت سمندر میں دو قطروں سے زیادہ نہیں ہے ذرا اس زمانہ کا تصور کیجئے جب پہاڑوں کی تخلیق ہوئی زمین کی سطح پر زندگی کے نقوش ابھرے، یخ بستہ کائنات پگھل کر سمندر میں تبدیل ہوئی اور پھر انسانی شکل میں زندگی کی ترقی یافتہ ہیکل نمودار ہوئی اور ہمارے بڑوں نے ترقی کرکے آگ جیسی انقلاب انگیز چیز دریافت کی! زمانوں کے اس تلاطم میں بھلا دو ہزار سال کی حقیقت ہی کیا ہے؟ تاہم اس بے حقیقت انسان کے لئے جو اوسطاً تیس سال کی قلیل عمر لیکر آتا ہے، یہ زمانہ بھی حیرت انگیز ہے اور شاید یہ اسی حیرت کا نتیجہ ہے کہ ہم سال نو کے آغاز میں اپنی تقدیر کے نوشتہ پر نظر ڈالتے ہیں اور پچھلے سال کو بخیریت گذارنے کے لئے اپنا جائزہ لیتے ہیں!

سال نو کے آغاز میں بھی ہم بہت سے اندوہگین واقعات کو شمار کر سکتے ہیں، لیکن ہمیں مسرت ہے کہ اس سال کے آغاز نے ہم کو ایک بہت بڑی.... خوشخبری سنائی ہے، یعنی ۱۴ ماہ کے بعد کشمیر کی جنگ کو بند کرنے کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا ہے، حکومت ہند اور حکومت پاکستان دونوں کا اعلان ہے کہ یکم جنوری کی نصف شب سے ایک منٹ پہلے جنگ بند کیجاتی ہے اس کے بعد نہ کوئی حملہ کرے گا نہ کسی کو دفاع کی ضرورت پیش آئے گی! گویا سال نو کیا آیا بے اختیار کہنا پڑا

اے آمدنت باعث آبادی ما!

کشمیر میں چودہ ماہ سے جنگ جاری ہے، کروڑوں روپے پر پانی پھرا، ہزاروں جانیں تلف ہوئیں، آپس کے تعلقات بگڑے، ہندو مسلم سوال نے شدت اختیار کی، فرقہ واریت نے زور پکڑا اور اعتماد و اطمینان کے امکانات ختم ہوئے، نہ پاکستان کو کچھ حاصل ہوا، نہ ہندوستان نے کوئی فائدہ اٹھایا، باہر کی دنیا ہم پر ہنستی رہی، انگریز کی چالیں مصروف رہیں، خدا خدا کرکے سال نو کے آغاز میں ہوش آیا اور آنکھیں کھلیں اور مصالحت کی اسپرٹ نے گرما کر جانبین کو جنگ بند کرنے کی راہ دکھائی۔

جنگ کے خاتمہ کے ساتھ یہ امر بھی باعث اطمینان ہے کہ ہند اور پاکستان نے جموں و کشمیر میں حالات کو سازگار بنانے اور عام رائے شماری کے لئے... بعض اصولوں کو منظور کر لیا ہے تاکہ کشمیر کے عوام پوری آزادی کے ساتھ فیصلہ کر لیں کہ وہ ہند اور پاکستان میں سے کس کے ساتھ الحاق چاہتے ہیں حکومت پاکستان نے نہ صرف اپنی جنگ کو بند کرنے کا اعلان کیا...... بلکہ اطمینان دلایا کہ آزاد کشمیر کی فوجوں نے بھی جنگ بند کر دی ہے!

معلوم ہوا ہے کہ استصواب رائے کے بارے میں کشمیر کمیشن نے جو تجاویز مرتب کی ہیں ان کی منظوری ہند اور پاکستان سے حاصل کر لی گئی ہے اب صرف ان تجاویز کا باضابطہ اعلان ہوگا، جس کے بعد ہند اور پاکستان کی فوجیں کشمیر خالی کرنا شروع کر دیں گی اور مجلس اقوام کے مقرر کردہ منتظمین کی نگرانی میں رائے شماری کی مہم کا آغاز ہو جائے گا۔ لیکن ہمیں اس موقعہ پر ایک بات کہنے دیجئے، جنگ بند کر دینا اس بات کو لازم نہیں کہ آئندہ استصواب رائے سے پہلے کوئی گڑبڑ پیدا نہ ہوگی، آرزو یہی ہے کہ کوئی حادثہ پیش نہ آئے اور اطمینان کیساتھ رائے شماری ہو جائے۔ لیکن دو باتیں ایسی ہیں جنکی وجہ سے اختلاف پیدا ہو سکتا ہے، پہلا مسئلہ ان پناہ گزینوں کا ہے جنہیں جنگ کے آغاز میں جموں و کشمیر کو خیرباد کہنا پڑا اور جو لاکھوں کی تعداد میں پاکستان اور ہندوستان میں پڑے ہیں، ظاہر ہے کہ جب تک یہ لوگ اپنے گھروں کو واپس نہ ہوں رائے شماری کے کوئی معنے نہیں رہتے، یہ معلوم ہے کہ پناہ گزینوں کی واپسی کو اصولاً تسلیم کر لیا گیا ہے لیکن اس کے بعض پہلو ایسے ہیں جو اختلاف و نزاع کا سبب بن سکتے ہیں، ضرورت ہے کہ یہ اختلاف پیدا نہ ہو اور تمام پناہ گزین اپنے اپنے گھروں کو واپس ہو جائیں۔

دوسرا مسئلہ کشمیر سے فوجوں کی واپسی کا ہے ہمیں معلوم نہیں ان کی واپسی کے لئے کوئی مدت مقرر کی گئی ہے یا نہیں، مگر ہم مان لیتے ہیں کہ مدت ضرور مقرر کی جائے گی، تاہم اندیشہ ہے کہ کہیں واپسی کا مسئلہ روک نہ بن جائے اور اس بات پر جھگڑا شروع نہ ہو جائے کہ فلاں حکومت نے کشمیر سے اپنی فوج کی مقررہ تعداد نہیں نکالی اور اس قدر سپاہیوں کو وہاں بلا ضرورت رکھا گیا، خدا کرے کہ خلوص و احتیاط کے ساتھ تمام امور سر انجام پائیں اور کشمیر اپنی قسمت کا فیصلہ کرکے، ہند اور پاکستان کو اتحاد و اشتراک، تعاون و اشتراک کی دعوت دے۔

عورتوں کی بازیابی

انسانیت اور اخلاق اور مذہب کے نام پر ہند اور پاکستان کے نمائندوں کی طرف سے پھر ایک بار یہ اپیل شائع ہوئی ہے کہ دونوں حکومتوں سے اغوا شدہ عورتوں کو برآمد کیا جائے اور اس داغ کو مٹایا جائے جو ہندو مسلمانوں کی پیشانی پر لگ چکا ہے! بے گناہ عورتوں کا اغوا، معصوم بچیوں پر زبردستی قبضہ اور اپنی بہنوں اور بیٹیوں کے ساتھ یہ شرمناک سلوک بدن کے رونگٹے کھڑے کر دیتا ہے، گویا انسان کی سنگدلی اور بدمعاشی ابھی تک درپئے آزار ہے اور وہ خوش ہے کہ دوسرے فرقہ کی عورتیں اس کے قبضہ میں ہیں! اس اپیل کا ایک ایک حرف اس بات کا اعلان ہے کہ ہند اور پاکستان کا ہر فرد مجرم ہے اور یہاں کی روحانیت اور تہذیب محض ڈھونگ ہے جس کا شور ساری دنیا میں مچایا جاتا ہے، جب تک سرکاری افسروں کو عوام کا اور عوام کو سرکاری افسروں کا تعاون حاصل نہ ہوگا اور انسانیت کے جذبات نہ ابھریں گے بے گناہ عورتوں کی رستگاری اور بازیابی کا کوئی امکان نہیں، دلوں کی سنگدلی اور دماغوں کی حیوانیت ابھی تک اعتدال پر نہیں آئی شرافت کا تقاضا یہ ہے کہ جن کے پاس دوسرے فرقہ کی عورتیں ہوں وہ خود آگے بڑھیں اور انہیں متعلقہ حکام کے حوالہ کر دیں، شیطنت و بہیمانیت کا یہ کھیل اب ختم ہو جانا چاہیئے، ورنہ رہتی دنیا تک ہند اور پاکستان پر لعنت و ملامت کی بوچھار ہوتی رہے گی اور یہاں کی نام نہاد روحانیت زیادہ عرصہ تک دنیا کو دھوکہ نہ دے سکے گی!

ایشیا کو دعوت

پنڈت جواہر لال نہرو نے انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کرنے اور ہالینڈ کے خلاف موثر قدم اٹھانے کے لئے ایک کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں شرکت کے لئے ایشیائی ممالک کو دعوت دیگئی ہے خصوصیت کے ساتھ ترکی، مصر، شام، عراق، حجاز، لبنان، ایران، افغانستان، پاکستان، سیلون، سیام، اور چین کو کانفرنس میں بلایا گیا ہے، اس سلسلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے وہ ایشیا کے لئے ہمت افزا اور یورپ کے لئے ایک تازیانہ ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ "ہم ایشیا میں امپیریلزم کی کسی شکل کو باقی رہنے کی اجازت نہیں دے سکتے ایشیائی ممالک اپنی آزادی کو برقرار رکھنے اور اس مقصد کے لئے تعاون کرنے کا پورا عزم کر چکے ہیں" ہمیں توقع ہے کہ ایشیا میں پنڈت جی کی اس دعوت کا گرمجوشی سے خیر مقدم کیا جائے گا، اور امپیریلزم کے عفریت کو آخری شکست دینے کے لئے اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کی پوری کوشش کی جائے گی۔

عربوں کا اختلاف

ارض مقدس میں عارضی صلح کے باوجود عربوں اور یہودیوں کے درمیان نجب کے محاذ پر گذشتہ دس روز سے لڑائی جاری ہے دوسرے علاقوں کی حالت بھی ایسی ہے کہ کسی وقت بھی لڑائی شروع ہو سکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے جنگ بند کر دینے کے حکم کے باوجود ارض مقدس میں ایسا کیوں ہوتا ہے اس کی جہاں اور وجوہ ہو سکتی ہیں ایک سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ یہودی اس وقت شرق اردن کے شاہ عبداللہ اور عرب لیگ کے مابین ہو جانے والے اختلاف سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں تاکہ ان کی پوزیشن مضبوط ہو جائے اور دائمی سمجھوتہ کے وقت وہ فائدہ میں رہیں۔ ابتداء میں عربوں کی سب سے بڑی غلطی یہ ہوئی کہ انھوں نے جنگ بند کر دی اور یہودیوں کو پوری طرح مسلح ہونے کا موقع دیا اور دوسری بڑی غلطی وہ ہے [illegible] وقت پر جب کہ انہیں متحد و متفق رہنے کی سخت ضرورت تھی ان میں اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔

سیاسی حلقے اس امر پر متفق ہیں کہ عربوں کو اگر کوئی چیز تباہی سے بچا سکتی ہے تو صرف یہ کہ وہ عرب لیگ کے ماتحت پوری طرح منظم و متحد ہو جائیں اور یہودیوں کے خلاف ان کی تمام فوجیں ایک ہی کمان میں دشمن سے نبرد آزما ہوں، تاکہ مضبوط اور طاقتور دشمن سے مضبوطی کے ساتھ ٹکر لی جا سکے اس کے علاوہ عرب یا شرق اردن کے شاہ عبداللہ جو عربوں کے خلاف کے ذمہ دار ہیں جو بھی طرز عمل اختیار کریں گے وہ ان کی تباہی کا باعث ہوگا۔

سیام نے بھی دعوت منظور کرلی

نئی دہلی ۔ ۳ جنوری ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت سیام نے بھی ایشیائی ممالک کی کانفرنس میں شریک ہونے کے سلسلہ میں پنڈت نہرو کی دعوت منظور کر لی ہے۔ اس کانفرنس میں انڈونیشیا کا مسئلہ زیر بحث لایا جائے گا۔ (مکتوب)

مجلس تنظیم ساگر کا ہنگامی اجلاس

حکومت ہند سے مذہبی مقامات کے تحفظ کا مطالبہ

ساگر ۲۹ دسمبر (بذریعہ ڈاک) مجلس تنظیم ساگر نے اپنے فوری اجلاس خصوصی میں حسب ذیل قرارداد منظور کرکے [illegible] گورنر صوبہ سی پی (۴) ڈپٹی کمشنر ساگر (۵) صدر کانگریس صوبہ سی۔ پی (۶)، صدر کانگریس ساگر (۷)، گورنر جنرل ہند (۸)، وزیر اعظم ہند (۹) وزیر داخلہ (۱۰) صدر آل انڈیا کانگریس کی خدمت میں اس کی نقول بذریعہ رجسٹری روانہ کیں نیز فوری توجہ کے لئے حکام کو تار سے بھی مطلع کیا، قرارداد حسب ذیل ہے۔

مجلس تنظیم ساگر کی مجلس منتظمہ کا یہ ہنگامی اجلاس خصوصی حکومت ہند خصوصاً حکومت صوبہ متوسط و برار سے پرزور سفارش کرتا ہے کہ مسلمانان ساگر پر ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے آج تک جو مظالم اور جبر ہوتے آئے ہیں۔ انھیں نہایت خندہ پیشانی سے برداشت کئے اور آئندہ بھی ہر موقع پر اپنے امن رہنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ اگرچہ ہم اپنے پچھلے تلخ واقعات کی داستان کو دہرانا نہیں چاہتے۔ تاہم یہ بھی عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ کہ اب جبکہ تمام ہندوستان میں ہندو مسلم اتحاد کو مضبوط بنایا جا رہا ہے تو کیا وجہ ہے کہ ہم لوگ اب بھی تخریبی عناصر کا شکار ہو رہے ہیں حتی کہ ہمارا سرمایہ دین و دنیا یعنی مساجد آج بھی گرائی جا رہی ہیں۔ اور ان کا تمام قیمتی اور کارآمد مواد دیدہ دلیری سے تلف کیا جا رہا ہے۔

الغرض مسجدوں کی بربادی اور بے حرمتی کی تحقیقات کی طرف سے بے اعتنائی پولیس اور حکام کی مسلمانوں کے نیک طرز عمل کی طرف سے چشم پوشی اور جائز شکایات درج کرانے والے مسلمانوں پر غنڈہ ایکٹ کا [illegible] دوسرے غلط الزامات میں پھانس کر پریشان کرنے کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کے وفادارانہ جذبات کو شدید ٹھیس پہونچے گی۔ اس لئے مجلس امید کرتی ہے کہ حکومت غنڈوں کی ان فتنہ انگیزی اور صبر آزما سرگرمیوں پر فوری توجہ فرمائے گی۔ اور ہماری ان مقدس مذہبی عمارتوں کی حفاظت کا معقول بندوبست اور ہماری شکایات پر جلد سے جلد توجہ فرما کر اطمینان کی فضاء پیدا کر دے گی۔

مہاتما گاندھی کے متعلق ایک نئی کتاب

لندن (بذریعہ بحری تار) تین مشہور انگریزوں نے مہاتما گاندھی پر ایک نئی کتاب لکھی ہے۔ جو جلد ہی شائع ہو جائے گی۔ لکھنے والوں میں مہاتما گاندھی کے ایک پرانے ساتھی مسٹر [illegible] پولک بھی شامل ہیں مسٹر پولک [illegible] افریقہ میں مہاتما گاندھی کے ساتھ قید ہوئے تھے [illegible] کتاب کا شروع [illegible] دوسرے دو لکھنے والے مسٹر ایچ ایس بریلسفورڈ اور لارڈ پیتھک لارنس ہیں۔ [illegible]

یو پی کی گورنر شریمتی سروجنی نائیڈو نے اس کتاب کا پراز جذبات دیباچہ لکھا ہے، خیال ہے کہ کتاب کی چند کاپیاں ماہ فروری میں ہندوستان پہونچ جائیں گی اور مارچ کے مہینہ میں یہ کتاب ہندوستان میں عام بکنا شروع ہو جائے گی۔

اچھی باتیں

اتل ما اوحی ۔ تا ۔ تصنعون

(پ ۲۱ ع ۱)

تم پر جو کتاب وحی کے ذریعہ نازل کی گئی ہے اسے پڑھو اور نماز قائم کرو، کیونکہ نماز فحش اور بری بات سے روکتی ہے، اور اللہ کا ذکر تو بہرحال بہت ہی بڑا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا کو اچھی طرح معلوم ہے۔

نماز کا اثر اور نتیجہ یہ ہے کہ وہ انسان کو ہر بری اور شرمناک بات سے روک دیتی ہے اور ہر برے انسان کو بھلا بنا دیتی ہے، معلوم ہوا کہ نماز کا ایک مقصد ہے اور وہ انسان میں ایک شاندار کیرکٹر پیدا کرتی ہے اگر نماز ہم کو برائیوں سے نہیں روکتی اور ہماری سیرت کو بلند نہیں کرتی تو وہ نماز نہیں ہے ایک رسم ہے روح نہیں ہے ایک جسم ہے مغز نہیں ایک چھلکا ہے! نماز کی کسوٹی انسان کا حسن عمل ہے ہر نماز کو اس کسوٹی پر جانچو اور رسمی نمازوں سے اسلام کو بدنام مت کرو۔

سیاست امروز

چیانگ کی قسمت

چین میں اس وقت جو صورت حالات پیدا ہو چکی ہے اس کے پیش نظر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ جنرل سمو چیانگ کائی شیک یقینی طور پر آئندہ چند دن کے اندر اندر مستعفی ہو جائیں گے۔ کمیونسٹوں کی طرف سے صلح کی جو شرائط پیش کی گئی ہیں ان میں ایک یہ بھی مطالبہ کیا گیا ہے کہ چیانگ کائی شیک مستعفی ہو جائیں تمام اسلحہ تلف کر دیا جائے اور چینی فوج کمیونسٹوں کے حوالے کر دی جائے۔

اب سب سے بڑا سوال جس پر اس وقت نانکنگ میں غور کیا جا رہا ہے۔ یہ ہے کہ مارشل چیانگ کس طرح اپنی ناک کٹائے بغیر مستعفی ہوں؟ ڈاکٹر سن فو کی حال ہی کی مرتبہ وزارت میں چیانگ کا اپنا کوئی بھی آدمی نہیں ہے اور یہی اس امر کی علامت ہے کہ جنرل سمو زیادہ دیر تک سپریم کمانڈ نہیں کر سکتے دوسری طرف چیانگ نے اپنے لڑکے چیانگ چنگ کو اپنی پارٹی کے ہیڈ کوارٹرز کا لیڈر بنا کر فارموسا بھیج دیا ہے

چیانگ کے اپنے ارادے تو اب بھی یہ ہیں کہ مزاحمت جاری رکھی جائے لیکن اب وہ اور ان کے ساتھی تذبذب میں ہیں۔ لڑائی جاری رکھنے یا ہتھیار ڈالنے دونوں میں سے کوئی بھی طریقہ اختیار کرنے کا مطلب اپنا مستقبل تاریک کرنا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ چیانگ کائی شیک کی قسمت پر اب مہر لگ چکی ہے۔ اور ان کے زوال کو روکنا اب کوئی آسان کام نہیں ہے

ایشیائی کانفرنس

نئی دہلی میں انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ایشیائی ممالک کی کانفرنس کے انعقاد کا اعلان اس امر کا ثبوت ہے کہ ہندوستان کسی حالت میں بھی ایشیا کے اندر یورپین سامراجیت کو برداشت نہیں کر سکتا۔ قدرتی طور پر ڈچ حلقوں میں اس اعلان پر اظہار تعجب کیا جا رہا ہے کیونکہ یہ کانفرنس ڈچ سامراجیت پر ایک ضرب کاری کی حیثیت رکھتی ہے لیکن سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ بین الاقوامی دنیا میں ہر بڑا ملک اس اقدام کو سراہے گا جو ہندوستان نے اٹھایا ہے۔ کیونکہ ایشیا میں ایک ایسی فوج گردی کو یہ اقوام متحدہ روکنے میں ناکام رہی جو صرف اس وقت روکا جا سکتا ہے جب کہ تمام ایشیائی ممالک اسے روکنے کا تہیہ کر لیں۔

مختلف ممالک نے حکومت ہند کے دعوت نامے قبول کر لئے ہیں اور اپنی منظوری کی اطلاع حکومت ہند کو دے دی ہے۔ خیال ہے کہ آئندہ ہفتہ کے اندر اندر باقی ممالک کی منظوری بھی وصول ہو جائے گی اور اس کے بعد کانفرنس کی تاریخوں کا اعلان کر دیا جائے گا۔

اگر یہ کانفرنس کامیاب رہی اور ایشیائی ممالک متحد و متفق ہو کر خود یا اقوام متحدہ کے ذریعہ ڈچ سامراجیت کے خلاف کوئی موثر اقدام کر سکے تو ایشیا کی زبردست فتح ہوگی اور بین الاقوامی دنیا میں ایشیا کا بہت زیادہ وقار بڑھ جائے گا۔

ایڈیٹر کے نام ـــــ خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میونسپلٹی متوجہ ہو

جناب ایڈیٹر صاحب جے ہند

اکثر دہلی کے بازاروں میں گلی سڑی سبزیاں مثلاً آلو پیاز اور ایسے ہی پھل مثلاً آج کل کیلا فروخت ہوتے نظر آتے ہیں، جن کو بیوپاری تو اپنے پیسے کھرے کرنے کے لئے فروخت کر دیتے ہیں۔ اور غریب لوگ جو مہنگی چیزیں نہیں خرید سکتے ان کو خرید کر اپنا پیسہ اور صحت برباد کرتے ہیں۔ اس لئے محکمہ حفظان صحت دہلی سے میری پرزور التجا ہے کہ وہ منڈیوں میں ہی ایسے پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کو روکیں تاکہ یہ آگے چل کر بازاروں میں نہ آئیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسا کرنے سے دہلی میونسپلٹی کا محکمہ حفظان صحت خود ان مشکلات سے بڑی حد تک نجات پا جائے گا جو ان کی فروخت کے بعد پیدا شدہ بیماریوں سے پیش آتی ہیں۔

(منموہن سنگھ اہلیہ دالیہ دہلی)

ریلوے ملازمین کی حالت زار

محترمی تسلیم

کچھ ملازمین ریلوے شورش میں پاکستان چلے گئے تھے لیکن وہ مقررہ مدت یعنی چھ ماہ کے اندر واپس آگئے۔ اور افسران متعلقہ کو اطلاع دیدی مگر آج دس ماہ گذرنے کو آئے ہیں مگر ہماری کوئی شنوائی نہیں ہوئی نہ ہم کو ملازمتیں دی گئیں اور نہ کوئی امداد کی گئی ہے ہم لوگ ڈیڑھ سال سے برباد ہو رہے ہیں۔ اس لئے وزیر ریلوے [illegible] اور دیگر ذمہ داران سے درخواست ہے کہ وہ ہماری حالت زار پر رحم فرمائیں تاکہ ہم اپنے اہل و عیال کی پرورش کر سکیں۔

(آگرہ کا ایک مسلمان ریلوے ملازم)

نسلی تفاخر

مکرمی سلام مسنون۔

اسلامی تعلیم نے نسلی تفاخر کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیا لیکن افسوس کہ یہ مذموم اور قبیح رسم ہندوستان میں زندہ ہے اور پرورش پا رہی ہے اب جبکہ حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے اس رسم بد کے خلاف جہاد شروع کر دیا ہے مجھے بہت خوشی ہوئی اور دلی مراد بر آئی۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ مسجد میں جب مسلمان فریضہ نماز کی ادائیگی کے لئے کھڑے ہوتے ہیں۔ تو اس چیز کو کوئی نہیں دیکھتا کہ کوئی نائی، تیلی، تنبولی یا شیخ دنبل سے آگے کھڑے ہوئے ہیں مگر مسجد سے نکلتے ہی پھر وہی تماشا ہوتا ہے، آخر ہر شخص دوسرے قبیلہ سے اپنے کو فیہ کیوں سمجھتا ہے۔ یہ برادران وطن کی تقلید تو ہو سکتی ہے۔ مذہب اسلام کی نہیں۔ کیونکہ "کل مومن اخوۃ" صاف ارشاد ربانی ہے۔

میری رائے ہے۔ کہ جماعات اور ذمہ دار حضرات اس کے خلاف مسلسل اور منظم جہاد کریں۔ تاکہ یہ قبیح رسم ہندوستان سے ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جائے، اور علماء کے ایک طبقہ کو چاہئے کہ اب بجائے شہروں کے دیہات کا دورہ کریں اور [illegible] دیہاتی لوگوں میں تبلیغ اسلام کریں۔ نسلی تفاخر اور گمراہ کن عقائد سے بچائیں۔

(محمد عبدالحکیم قریشی [illegible])

آسام میں نئے ریلوے ورکشاپ

گوہاٹی ۳ جنوری ۔ [illegible] چیف [illegible] آسام ریلوے نے کل ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ اس سال آسام ریلوے کی نئی ورکشاپ تیار ہو جائے گی۔ ورکشاپ پر آٹھ کروڑ سے دس کروڑ روپے تک خرچ آئے گا۔ دو سال میں کام شروع ہو جائے گا۔ [illegible]

سردار پٹیل حیدرآباد جائینگے

حیدرآباد ۳ جنوری ۔ [illegible]

جمعیۃ العلماء کی خبریں

جمعیۃ العلماء چھتاری کی مجلس منتظمہ

[illegible]

جمعیۃ العلماء بھوجپور کی سرگرمیاں

[illegible]

جمعیۃ العلماء برم پور کا انتخاب

[illegible]

امراوتی ورکرس کانفرنس

[illegible]

جمعیۃ العلماء دھنباد کا انتخاب

[illegible]

ڈاکٹر پٹابھی کی تصویر کی نقاب کشائی

[illegible]

رودگران میں محلہ کمیٹی کے قیام کیلئے جلسہ

اتوار کے روز صبح آٹھ بجے لالہ سوہن لال کی صدارت میں اہل محلہ کی ایک میٹنگ محلہ کمیٹی کے قیام کے سلسلہ میں منعقد ہوئی اور طے پایا کہ اہل محلہ کی شکایات رفع کرانے اور حکومت کا ہاتھ بٹانے کیلئے ایک محلہ کمیٹی بنائی جائے اور اس سلسلہ میں عہدیداران کے انتخاب کیلئے ۹ جنوری بروز ہفتہ ایک میٹنگ طلب کی گئی ہے جس کا اجلاس رات کو ۸ بجے ہوگا۔

قدم مبارک کا ختم شریف

امسال بعض مجبوریوں کے باعث قدم مبارک چونکہ خالی نہیں ہو سکا ہے لہذا وہ مجالس جو ہر جمعہ شام یہاں منعقد ہوتی تھیں اب روزانہ شام کو ۱۲ ربیع الاول تک مسجد حضرت آخوند جی صاحب قلعہ فراشخانہ میں ہوں گی [illegible]

سہارن پور میں مکانات پر ناجائز قبضہ

[illegible]

کشمیر فنڈ کیلئے کل ہند مشاعرہ

[illegible]

ابنائے قدیم جامعہ طبیہ متوجہ ہوں

[illegible]

عیدگاہ بلند شہر کے نئے مہتمم

[illegible]

ہمدرد دواخانہ کی فری ڈسپنسری

[illegible]

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء کا دورہ جودھپور

جودھپور ۲ جنوری کل مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند بذریعہ ہوائی جہاز ۱۱ بجے دن کو آپ کا جلوس نکالا گیا جو جسونت کالج سے ہوتا ہوا سوجتی گیٹ اسٹیشن روڈ اندرون جالوری گیٹ ہوتا ہوا حویلی بھا ماں پر ختم ہوا۔ ۵ بجے شام کو میونسپل ہال میں ممبران میونسپل کی طرف سے حضرت مولانا کو ایڈریس پیش کیا گیا اور ۷ بجے شام ریلوے انسٹی ٹیوٹ واقع اسٹیشن روڈ ایک جلسہ عام منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا نے تقریر فرمائی۔ آپ نے ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا اور مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمعیۃ کے پلیٹ فارم پر جمع ہونے کی ہدایت فرمائی۔

آج صبح دفتر جمعیۃ علماء ہند جودھپور واقع اسٹیشن روڈ میں مولانا تشریف لائے اور مسلم ہائی سکول میں پرچم کشائی کی رسم ادا فرمائی اور وہیں جلسہ عام میں تقریر کی۔ کل ۳ جنوری کی صبح کو پالی تشریف لے جائیں گے جہاں ایک جلسہ عام میں تقریر فرمائیں گے۔

ناگپور کانگریس کے صدر کے خلاف عدم اعتماد کی تجویز

آٹھ گھنٹے کی پرجوش مباحثہ کے بعد واپس لے لی گئی

ناگپور ۳ جنوری۔ اتوار کی شب کو تقریباً آٹھ گھنٹے تک ایک کثیر مجمع ناگپور صوبہ کانگریس کی جنرل باڈی کے اجلاس کے فیصلے کا منتظر رہا۔ پچاس میں سے ۴۶ ممبروں نے اس جلسہ میں شرکت کی جس میں ۲۴-۱۰ [illegible] عرضداشت پر غور کیا گیا۔ حکومت کو صوبائی کانگریس کے موجودہ صدر مسٹر کمام پر اعتماد نہیں ہے۔ عرضداشت دینے والوں میں سے تین کی بات کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اجلاس میں عدم اعتماد کی تجویز کی ذمہ داری سے اپنے عدم اتفاق [illegible] کچھ علم نہیں تھا کہ ان کے دستخط کس مطلب سے لئے جا رہے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے تھے کہ اس اجلاس میں کانگریس کے داخلی اختلافات پر غور کیا جائیگا۔ آٹھ گھنٹہ کی بحث کے بعد جس میں ممبران نے ایک دوسرے پر شدید الزامات لگائے عدم اعتماد کی تجویز واپس لے لی گئی اور جلسہ پرامن طور پر ختم ہو گیا۔ صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی کے ایما پر کل کانگریس کے ایک مبصر جلسہ کی کارروائی کو دیکھتا رہا۔ بعد میں [illegible] جلسہ میں ایک تقریر کی۔

بیت المقدس پر بمباری

پانچ آدمی زخمی ہو گئے

[illegible]

سال گذشتہ کے جرائم کے اعداد و شمار

سائیکل چوریوں میں ۸۲ فی صدی اضافہ

[illegible]

کشمیر میں مکمل امن ہے

[illegible]

گورنر جنرل پاکستان کا تار

[illegible]

چیکوسلاویکیا کا پنج سالہ پروگرام

[illegible]

ڈچ وزیر کی روانگی

[illegible]

حیدر آباد میں ممبرسازی کی مہم

[illegible]

حیدر آباد میں کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

[illegible]

مسلمانوں کے ساتھ طرز عمل

(پنڈت سیتا رام شکل)

کچھ بھائیوں کا خیال ہے کہ کانگریسی اور قوم پرور مسلمانوں کو تو رہنے دیا جائے لیکن لیگی مسلمانوں کو ہندوستان سے نکال دیا جائے کیونکہ یہ ففتھ کالمسٹ یعنی پانچواں دستہ ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ جاسوس اور باغی ہیں۔ جہاں وہ کہ پاکستان سے ساز باز رکھیں گے اور ان کا کام کریں گے۔ جیسے کہ بہت سے مسلم لیگیوں کے خطوط سے جو پاکستان جاتے وقت تلاشی لینے پر برآمد ہوتے ہیں۔ ثابت ہوا ہے۔ اس کے جواب میں میرا کہنا ہے کہ سب مسلم لیگی باغی نہیں ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو مغالطہ دیا گیا اور وہ دھوکے میں رکھے گئے۔ [illegible]

سکتے ہیں۔ اپنے ہی گاؤں میں نظربند کئے جا سکتے ہیں۔ [illegible] کو کنٹرول کریں گے۔ لیکن اگر انھیں جبر و استبداد سے زبردستی پاکستان بھیج دیا گیا تو وہ زیادہ خطرناک ہو جائیں گے کیونکہ اس وقت ان کے ہاتھ میں بندوق ہوگی، بم ہوں گے اور ہوائی جہاز کی سواری ہوگی۔ [illegible]

قانون اور تلوار سے گائے کی حفاظت

[illegible]

سب مسلمان باغی نہیں

[illegible]

اقوام متحدہ میں اصلاح کی جائے

ڈاکٹر سلمان کا مطالبہ

[illegible]

دارالسلطنت

۴ جنوری ۱۹۴۹ء

پستول برآمد ہوا

وہ ہتھیار جس سے نانگلوئی اسٹیشن کے قریب ایک جاٹ کو ہلاک کیا گیا تھا، ایک خون آلود کپڑے میں لپٹا ہوا ایک کھیت سے برآمد ہوا ہے۔ ہتھیار دیسی ساخت کا ایک پستول ہے۔

چوری کی وارداتیں

گورنمنٹ کوارٹرز قرول باغ سے آٹھ سو روپیہ کے کپڑے اور زیورات چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ فیض بازار میں ایک دوکان سے سات سو روپیہ کے اوزار چوری ہو گئے۔

ٹھیلہ کو حادثہ

کھجور روڈ پر ایک ٹھیلہ اور منڈی [illegible] کی ایک لاری کی ٹکر ہو جانے سے تین آدمی اور ایک بیل سخت زخمی ہوا۔ ٹھیلہ ٹوٹ پھوٹ گیا اس کے مسافر اچھل کر دور جا پڑے۔

دھوکہ دہی کی واردات

[illegible]

سادھو کے کپڑے چرائے

[illegible]

دہلی پریس رپورٹرز ایسوسی ایشن

[illegible]

دہلی میں سائیکل ٹیکس

[illegible]

شوالا پور میں علم و عرفان کی بارش

[illegible]

پاکستان سے یوپی میں کثیر تعداد میں پٹسن کی درآمد

[illegible]

ایشیائی کانفرنس کے اعلان سے انڈونیشیوں کی ہمت افزائی ہوئی

انڈونیشی نمائندہ کا اعلان

نئی دہلی ۴ جنوری۔ نئی دہلی میں انڈونیشیا کے نمائندہ ڈاکٹر سوکرد سونو نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پنڈت نہرو نے انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے مستقبل قریب میں دہلی میں منعقد ہونے والی کانفرنس کے سلسلے میں ایشیائی حکومتوں کو دعوت نامے ارسال کئے ہیں وہ ہمسایہ ملک کے لئے مختلف ایشیائی ملکوں اور اقوام کی حکومتوں اور لوگوں کی ہمدردی کے جذبات کا مظہر ہیں۔ یہ اقدام پنڈت نہرو کے کام کی شان کو دوبالا کرتا ہے [illegible]

یوپی میں نئی سڑکوں کی تعمیر

میرٹھ ۴ جنوری۔ پیٹرول، سڑک کو کوٹنے کے انجنوں، سیمنٹ اور دوسرے تعمیری مصالحہ کی کمی کی وجہ سے بعض سڑکوں کی تعمیر [illegible] کی تیاری وغیرہ کا کام رکا ہوا ہے۔ حکومت یو پی دہلی سے سہارنپور تک ایک پختہ سڑک تیار کرانا چاہتی ہے۔ یہ سڑک شاہدرہ [illegible] ہوگی۔ اور ضلع میرٹھ، مظفر نگر اور سہارنپور سے گزرے گی۔ اس سڑک کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے۔ دوسرے اضلاع میں ۵۰۱ میل سڑکوں پر بھی کام شروع ہو چکا ہے حکومت نے تین اہم سڑکوں کا انتظام بھی سنبھال لیا ہے۔ یہ میرٹھ سے باغپت [illegible] سیانہ جاتی ہیں۔

اندور میں فساد کے سلسلہ میں گرفتار شدہ

[illegible]

ریلوے ملازمین کی ہڑتال کو روکنے کی کوشش

[illegible]

مشرقی پنجاب یونیورسٹی

[illegible]

برما میں تیس باغی ہلاک

[illegible]

بس کے حادثہ میں سترہ ہلاک

[illegible]

سوشلسٹ ورکروں کے خلاف مقدمہ

[illegible]

فلم آئرن کرٹن کے مظاہرین کا مقدمہ

[illegible]

ہندوستان میں لنکا کے ہائی کمشنر

[illegible]

جے پور میں شرنارتھیوں کی مردم شماری

[illegible]

آئندہ پانچ سال کے اندر اندر تیسری جنگ عظیم ہو گی

مسٹر سرت چندر بوس کی رائے

لندن ۴ جنوری۔ مسٹر سرت چندر بوس نے آج لندن میں نامہ نگار کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران یہ پیشن گوئی کی کہ آئندہ پانچ سال کے اندر اندر تیسری جنگ عظیم ہو گی اس لڑائی میں ہندوستان کو بالکل غیر جانبدار رہنا چاہئے۔ آپ نے مزید کہا کہ ہندوستان، پاکستان، نیپال، برما اور لنکا کو فوراً جنوبی ایشیا کی اتحادی انجمن قائم کرنی چاہئے اور اس کے بعد تمام ایشیا کی اتحادی انجمن قائم کی جائے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہندوستان کو دولت مشترکہ کی موجودہ انجمن سے باہر آ جانا چاہئے جنوبی ایشیا کی اتحادی انجمن کو موجودہ اتحادی انجمن کے ساتھ مل کر دنیا میں امن قائم رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اتحادی قوموں کی موجودہ انجمن ایک سیاسی اقتدار کی کشمکش کا اکھاڑہ بن رہی ہے۔ اور ایشیائی ملکوں کا مضبوط بلاک ہی اسے اس قسم کا اکھاڑہ بننے سے روک سکتا ہے۔

پاکستان جانیوالوں کو ہدایت

کلکتہ ۴ جنوری۔ ڈپٹی ہائی کمشنر پاکستان نے ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا ہے کہ چونکہ کلکتہ میں ابھی تک مغربی پاکستان جانے کے لئے پرمٹ دینے کے واسطے دفتر نہیں کھولا گیا اس لئے کلکتہ سے بذریعہ ہوائی جہاز مغربی پاکستان جانے والوں کو ۳۱ جنوری ۱۹۴۹ء تک پرمٹ سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہے۔

بس کی ٹکر سے چار عورتیں ہلاک

رنگون ۴ جنوری۔ یکم جنوری کو چار عورتیں انسین میں سڑک کے کنارے کھانے پینے کی چیزیں بیچ رہی تھیں کہ ایک بس ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو جانے کے باعث ان سے ٹکرا گئی۔ اس حادثہ میں چاروں عورتیں ہلاک اور سات سخت زخمی ہوئیں۔ بس کا ڈرائیور بھاگ گیا ہے۔ (رائٹر)

حکومت پاکستان بوریاں خرید رہی ہے

کراچی ۴ جنوری (اے پی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان عنقریب حکومت ہند سے دو کروڑ کی بوریاں خریدے گی۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کا افسران عنقریب کراچی سے بوریاں خریدنے کیلئے کلکتہ جائیں گے۔

جاپانی بچے غلام بنائے جائیں گے

دس سال کی غلامی کی قیمت ۴ پونڈ

[illegible]

ہوائی حادثہ کی تحقیقات کا مطالبہ

[illegible]

یورپ کی اقتصادی بحالی کا پروگرام

[illegible]

برما کی سرحد پر چینی لٹیروں کا حملہ

[illegible]

حضرت خواجہ قطب صاحب کا سالانہ عرس

[illegible]

شمالی چین میں کمیونسٹوں کی کانفرنس

[illegible]

ہندو مہاسبھا سنگھیوں سے ہمدردی کرے

مسٹر ایل بی بھوپٹکر کا بیان

[illegible]

جالندھر میں ڈھائی سو گرفتار

جالندھر ۴ جنوری۔ گذشتہ شب یہاں [illegible] ۲۵۰ تک پہنچ گئی ہے۔ بیشتر گرفتار شدگان نے حکومت سے معافی مانگ لی ہے اور ان کی رہائی کی درخواست کی ہے۔

صنعتی مشاورتی کونسل کی میٹنگ

[illegible]

اسمبلی کے باہر سنگھیوں کا مظاہرہ

[illegible]

سانگلی میں سات گرفتاریاں

[illegible]

چینی کمیونسٹ "عوامی ری پبلک" قائم کریں گے

[illegible]

انڈونیشیا میں گوریلا جنگ کے بارے میں

[illegible]

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۵ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۷ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

ڈاکٹر راجندر پرشاد اچھے ہو رہے ہیں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۵ جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی میں نائب صدر مسٹر مکرجی نے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد کا خط پڑھ کر سنایا۔ جس میں انہوں نے ممبروں کو اطلاع دی ہے کہ وہ اچھے ہو رہے ہیں۔ مسٹر مکرجی نے ڈاکٹر راجندر پرشاد کے نام ایوان کی طرف سے ایک خط بھیجنے کی اجازت لی جس میں امید ظاہر کی گئی ہے کہ وہ جلد اچھے ہو کر اپنے ذمہ داریوں کو سنبھالیں گے۔

صلح کی کوششوں کا پہلا ردعمل

کمیونسٹ ریڈیو کا اعلان

شنگھائی ۵ جنوری۔ جنرل چیانگ کائی شیک کے پیغام صلح پر کمیونسٹ ریڈیو سے اعلان ہوا ہے کہ یہ پیغام بے معنی اور ایک زبردست غلطی ہے۔

ریڈیو کورنے ایک خبر رساں ایجنسی کی اطلاع کے مطابق جنرل چیانگ کائی شیک کے اس قول کا مذاق بھی اڑایا ہے کہ ان کی فوجیں کمیونسٹ فوجوں سے دس حصے زیادہ ہیں۔

بعض ریاستوں کو گورنری صوبوں سے ملحق یا چیف کمشنروں کے صوبوں میں تبدیل کیا جا سکیگا

دستور ساز اسمبلی میں سردار پٹیل نے بل پیش کر دیا

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں اہم تبدیلیاں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۵ جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی میں سردار پٹیل نائب وزیر اعظم ہند نے ایک بل پیش کیا۔ جس کا مقصد گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی بعض دفعات میں ترمیم کرنا ہے۔ ان ترمیموں میں ایک اہم ترمیم وہ ہے جو ریاستوں کے نظم و نسق کے متعلق ہے اور جس کے تحت گورنر جنرل کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ جن موجودہ ریاستوں میں تمام اختیارات ڈومینین گورنمنٹ کو حاصل ہیں وہاں وہ چیف کمشنروں جیسا نظام کرے یا ایسی ریاستوں کو چیف کمشنر یا گورنری صوبہ کا حصہ بنا دے۔

ترمیمی ایکٹ کے مطابق گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۲۹۰ کے بعد ایک اور ضمنی دفعہ کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے تحت ڈومینین لیجسلیچر کو صوبوں کے متعلق ایسے معاملات کے بارے میں قانون بنانے کا اختیار حاصل ہو گا جن کے متعلق خود صوبے بھی قانون بنا سکتے ہیں۔

ممبرشپ میں توسیع

ترمیمی ایکٹ کے تحت کسی صوبہ کا گورنر کونسل آف اسٹیٹ کے کسی ممبر کے عہدہ کی مدت میں حسب ضرورت توسیع کر سکتا ہے۔

جنگ کی وجہ سے جب ہندوستان کی سلامتی کو خطرہ پیدا ہو جائے اور گورنر جنرل اس ہنگامی صورت حالات کا اعلان کر دیں۔ اس وقت اس ترمیمی ایکٹ کے تحت مرکزی حکومت کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ صوبوں کو انتظامی امور کے متعلق ہدایات جاری کرے۔

ریاستوں کے متعلق

ترمیمی ایکٹ کے تحت سب سے بڑی اور اہم ترمیم ریاستی نظم و نسق کے بارے میں کی گئی ہے۔

ڈچ فوجیں واپس بلوائیے

مجلس تحفظ سے پاکستان کی درخواست

لیک سکسیس ۵ جنوری۔ پاکستان نے آج اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ سے درخواست کی کہ وہ ڈچ حکومت کو حکم دے کہ انڈونیشیا میں اپنی فوجوں کو فوراً ان جگہوں پر واپس بلالے جہاں وہ ۱۹۴۸ء کے سمجھوتہ کے مطابق تھیں۔ سر محمد ظفر اللہ وزیر خارجہ پاکستان نے مجلس تحفظ کو ایک تار دیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی خیرسگالی کمیٹی کے ذریعہ انڈونیشی مسئلہ کے پر امن تصفیہ کی گفت و شنید شروع کی جائے۔

مزید ایک سال تک انتخابات کا امکان نہیں

رائے دہندگان کی فہرستیں ہی چھاپنے کے لئے آٹھ ماہ درکار ہیں

نئی دہلی ۵ جنوری۔ دستور ساز اسمبلی کی ان کوششوں کے باوجود جو صوبائی اور مرکزی قانون ساز انجمنوں کے متعلقہ دفعات کی جلد از جلد منظوری کے لئے کر رہی ہے۔ باخبر حلقوں کو شبہ ہے کہ جنوری ۱۹۵۰ء میں انتخابات ہو بھی سکیں گے یا نہیں جس کی عملی تفصیلات اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتیں۔

اسرائیل کی جارحانہ پالیسی

حکومت امریکہ کی "زبانی تنبیہ"

تل ابیب ۵ جنوری۔ ایک امریکن ذریعہ سے گہرا تعلق ہے اطلاع ملی ہے کہ امریکہ کے دفتر خارجہ نے حکومت اسرائیل کو ایک زبانی پیغام بھیجا ہے کہ اگر جارحانہ پالیسی جاری رہی تو امریکہ حکومت اسرائیل کی حمایت نہیں کرے گا۔

دہلی میں ایشیائی کانفرنس کے انعقاد کی اہم تیاریاں

ابھی تک کوئی ایجنڈا مرتب نہیں ہوا

دہلی ۵ جنوری۔ دہلی میں ایشیائی ممالک کی کانفرنس انڈونیشیا میں ڈچ جارحانہ حملے پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو رہی ہے۔ کم از کم دس یا بارہ ملکوں نے اس کانفرنس میں شرکت کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے۔

وزارت خارجہ کے ایک نمائندے نے بتایا کہ کانفرنس کا خاص مقصد یہ ہے کہ ڈچ حملے کے خلاف انڈونیشی عوام کی کس طرح امداد کی جائے اور اس کا کیا طریق کار اختیار کیا جائے۔ کانفرنس براہ راست ڈچ حکومت کے خلاف کوئی کارروائی کرنا نہیں چاہتی بلکہ اس کا مقصد تو انڈونیشی عوام کی حمایت کرنا اور ان کو امداد دینا ہے۔

حکومت ہند نے ایک افسر اس کانفرنس کے انتظامات کرنے کے لئے مقرر کر دیا ہے۔ توقع ہے کہ کانفرنس وسط جنوری میں منعقد ہو سکے گی۔ پاکستان نے کانفرنس میں حصہ لینے کی رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ ابھی تک عرب ممالک کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ ہندوستان چاہتا ہے کہ عرب ممالک بھی اس کانفرنس میں حصہ لیں تاکہ متفقہ طور پر کوئی فیصلہ ہو سکے اور اس کے اثرات کو عام طور پر محسوس کیا جا سکے۔ لیکن جہاں تک معلوم ہوا ہے ابھی تک کانفرنس مذکور کا کوئی خاص ایجنڈا مرتب نہیں ہو سکا ہے۔ بلکہ عام طور پر یہ خیال کیا جا رہا ہے جب دوسرے ملکوں کے نمائندے پہنچ جائیں گے تو انکی منظوری سے ہی ایجنڈا مرتب دیا جائیگا۔

نیوڈیل کا بل

واشنگٹن ۵ جنوری۔ امریکہ کی نئی ڈیموکریٹک کانگریس کا اجلاس شروع ہونے کے چند گھنٹہ بعد صدر ٹرومین کے حامیوں نے اس ایک رکاوٹ کو دور کر دیا جو ان کے نئے ڈیل کے بل کے راستہ میں رکاوٹ کا باعث بنی ہوئی تھی۔ ایڈمنسٹریشن کی پیش کردہ ایک تجویز منظور ہو گئی جس میں رولز کمیٹی کے اختیارات محدود کر دیئے گئے۔

انڈونیشیا جانے کے لئے الہ آباد کے طلباء کی پیشکش

الہ آباد ۵ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ الہ آباد یونیورسٹی کے بعض طلباء نے انڈونیشیا جانے کے لئے اپنی خدمات پنڈت نہرو کو پیش کر دی ہیں وہ انڈونیشیا پہنچ کر جمہوری فوجوں کی عملی امداد کرنا چاہتے ہیں۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پنڈت نہرو کو اس بارہ میں ایک درخواست پنڈت پنت کی معرفت وصول ہوئی ہے۔

کمیونسٹوں سے صلح کرنے کے لئے چینی عوام اور سرکاری افسروں کا اضطراب

حکومتی ہوائی جہازوں نے کمیونسٹ فوج پر صلح کے پمفلٹ گرائے

جنرل چیانگ کائی شیک کا نائب صدر سے اہم مشورہ

حیدرآباد سندھ میں عوام کی جانب سے انڈونیشی نمائندہ کا خیر مقدم

بڑی طاقتوں کے مقابلے میں ایشیائی ممالک کے اتحاد کا پرزور مطالبہ

فلسطین میں برطانوی فوجوں کی نقل و حرکت

تل ابیب ۵ جنوری۔ ایک اسرائیلی ترجمان نے آج شب اعلان کیا کہ برطانیہ اسرائیلی علاقہ میں فوجیں جمع کر رہا ہے۔

کالیکٹ میں پولیس اور عوام میں تصادم

۱۴۴ اشخاص زخمی ۳۲ عرب گرفتار

اب غور و فکر کی بجائے عملی کام کرنے کا وقت ہے

الہ آباد میں سنگ بنیاد رکھتے ہوئے پنڈت نہرو کی تقریر

بجاج میلارام

شوروم چوک فتحپوری دہلی

الہ آباد میں انڈین سائنس کانگریس کا ۳۶ واں اجلاس

پنڈت نہرو نے اجلاس کا افتتاح کیا۔ افتتاحیہ تقریر

الہ آباد ۴ جنوری۔ الہ آباد یونیورسٹی کے سینیٹ ہال میں پنڈت نہرو نے انڈین سائنس کانگریس کے ۳۶ ویں اجلاس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ یہ زمانہ سائنس کے زبردست کارناموں کا زمانہ ہے اس لئے یہ ضروری ہے کہ ہر شخص اپنے نقطۂ نظر کو سائنٹیفک بنائے۔

پنڈت نہرو نے بہت سنجیدہ انداز میں تقریر کی۔ انہوں نے دو ایسے واقعات بیان کئے جو نہایت دلچسپ تھے۔ ان کی تقریر ۴۵ منٹ تک جاری رہی۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ ہر ایک کو اپنے سائنس کے کام پر بہت توجہ دینی چاہئے۔ خاص طور پر موجودہ مسائل کو سائنس کی روشنی میں حل کرنا ضروری ہے۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو بہت سے مسائل حل ہی نہیں ہو سکتے۔

بلکہ انسان ہی آخری چیز ہے۔

گذشتہ زمانہ میں ہندوستان کا سائنس بہت ترقی یافتہ تھا۔

آخر میں پنڈت جی نے کہا کہ ہمیں اس وقت اس کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے نقطۂ نظر کو زیادہ سے زیادہ سائنس اور فلسفہ کے مطابق بنائیں اور اپنے خیال کو مابعد الطبیعیات میں ختم ہو کر نہ رہ جانے دیں۔ کیونکہ یہ خطرناک ہے۔

جنگ فلسطین اور برطانیہ

(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

یہودی پر امن رہنا چاہتے ہیں

پنڈت نہرو کی صدارت میں اٹیمک کمیشن مقرر کیا جائیگا

الہ آباد میں آل انڈیا کانگریس کے صدر کا انکشاف

الہ آباد ۴ جنوری۔ مسٹر ایس ایس بھٹناگر صدر منتخب آل انڈیا سائنس کانگریس نے نمائندوں کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند ایک اٹیمک کمیشن مقرر کر رہی ہے اور پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم اس کے صدر ہوں گے۔

ایشیائی کانفرنس پر رد عمل

کمیونسٹ پیپنگ پر سیلاب کی طرح بڑھ رہے ہیں

چینی عوام بڑی بے چینی سے صلح کے منتظر ہیں

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

کشمیر سے فوجوں کی واپسی

کمیشن اور پاکستان کے نمائندوں کی بات چیت

پاکستان اسمبلی میں سرکاری طاقت کے غلط استعمال کا بل

سیاسی حلقوں میں ہیجان۔ مسٹر لیاقت علی خاں کی تجویز

لکھنؤ پولیس کا عام شہری حقوق پر حملہ

بنارس سے واپسی پر مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی کا بیان

مولانا حفظ الرحمن صاحب کا ورود جھوپو

(صفحہ دو کالم ۲ سے آگے)

۳ جنوری ۱۹۴۹ء

انڈونیشیا میں گوریلا دستوں نے ربڑ کے باغات پر حملے شروع کر دیئے

ہم پانچ سال تک جنگ جاری رکھ سکتے ہیں انڈونیشی وزیر خزانہ کا اعلان

عام بحث

دہلی کی آبادی

بریگیڈ روانہ کرنا ممکن نہیں

ماسٹر تارا سنگھ نے مشرقی پنجاب کی تقسیم کی مخالفت شروع کر دی

اشتعال انگیز تقریریں کرنے کے الزام کی تردید!!

تلاش گمشدہ

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف تحریر کیجئے

لب التجربات!

حیدرآباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس

۴ ہفتہ میں ایک لاکھ بیس ہزار اشخاص نے دیکھا اور نہایت تعریف کی

روزانہ دو شو ۶ بجے اور ۹ بجے شام

دہلی میں بہترین عظیم الشان

WHITE WAY
CIRCUS

وائٹ وے سرکس

بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ دہلی

ہر اتوار کو خاص میٹنی شو ۱۲ بجے دوپہر

حکومت ہند نے ندوۃ المصنفین کو کسی قسم کی مدد نہیں دی

دہلی کے ایک ہفت روزہ اخبار کی غلط بیانیوں کی تردید

مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی کا بیان

دہلی ۷ جنوری۔ جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی ناظم اعلیٰ ندوۃ المصنفین نے ندوۃ المصنفین کو سرکاری امداد کی ایک غلط اطلاع کی تردید میں مندرجہ ذیل بیان دیا ہے۔ مولانا صاحب فرماتے ہیں۔

دہلی کے ایک ہفت روزہ اردو اخبار نے ہندوستان کے مشہور علمی ادارہ ندوۃ المصنفین کے متعلق اپنے اداری کالموں میں ایک سراسر غلط اور بے بنیاد اطلاع شائع کی ہے جس کا ماحصل اس اخبار کی مخصوص زبان اور مخصوص لب و لہجہ سے الگ ہو کر سنجیدہ الفاظ میں بیان کیا جائے تو یہ ہے کہ ندوۃ المصنفین قرول باغ دہلی جو تالیف و تصنیف کا ایک علمی ادارہ تھا گذشتہ سال کے فسادات میں متاثرہ علاقوں کے دوسرے اداروں کی طرح تباہ و برباد ہو گیا اس ادارہ کو مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے قائم کر رکھا ہے۔ اور چونکہ انہیں وزراء حکومت کا تقرب [illegible] کی تلافی کے طور پر ایک لاکھ تیس ہزار روپے دلوا دیئے۔ روزانہ دوسرے لاکھوں تباہ شدہ مسلمانوں کے نقصانات کی تلافی کا کوئی انتظام نہیں کیا۔ گو اخبار کے فاضل ایڈیٹر نے نہایت [illegible] کے ساتھ ندوۃ المصنفین کا نام کہیں نہیں لکھا ہے بلکہ صرف تصنیف و تالیف کا ادارہ لکھنے پر اکتفا کی ہے۔ لیکن اس شذرہ کو پڑھتے ہی ندوۃ المصنفین کی شہرت و مقبولیت کی وجہ سے ہر شخص بآسانی سمجھ لیگا کہ روئے سخن اسی ادارے کی طرف ہے اس لئے ادارہ کے جنرل سکریٹری اور ذمہ دار کی حیثیت سے میرا فرض ہے کہ مختصر لفظوں میں حقیقت حال واضح کر دوں اور اخبار مذکور کی تحریر سے جو غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں انہیں دور کر دوں۔ یہ حقیقت ہے کہ گذشتہ سال کے افسوسناک اور تباہ کن ہنگاموں میں جہاں دوسرے ہزاروں شخص اور اجتماعی کاروبار اور ادارے تباہ ہوئے وہاں ندوۃ المصنفین جیسا خالص علمی ادارہ بھی نہ بچ سکا اس تباہی میں اسے کم و بیش ڈھائی تین لاکھ روپے کا عظیم نقصان ہوا اور سچ پوچھئے تو اس حادثہ نے ادارہ میں حیات کو حاصل کرنے کے آثار بھی باقی نہیں چھوڑے تھے۔ لیکن اس کے ذمہ دار کارکنوں کی [illegible] حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی ذات گرامی [illegible] درجہ رکھتی ہے کیونکہ [illegible] اس ادارہ کے ذریعہ جو گرانقدر علمی خدمات کا سلسلہ جاری تھا [illegible]

[illegible]

فرانسیسی سفیر کی کار کو حادثہ

دہلی ۷ جنوری۔ گذشتہ شام فرانسیسی سفارت خانہ کی ایک کار کو ارونگ برج کے قریب حادثہ پیش آ گیا۔ کار ایک لیمپ پوسٹ سے ٹکرائی اور وہ گر پڑا۔ موٹر کا اگلا حصہ بھی بالکل خراب ہو گیا۔ لیکن خوش قسمتی سے کسی کے چوٹ نہیں آئی۔

احتجاجی قرار دادیں

[illegible] بجلی استعمال کرنے والوں کی ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں دہلی میں بجلی کمپنی کے حکام کے عالیہ فیصلے پر جس میں پبلک سے بجلی کا خرچ کم کرنے کو کہا گیا ہے۔ احتجاج کیا ہے۔ ایسوسی ایشن نے اس سلسلہ میں کئی قرار دادیں بھی منظور کی تھیں۔

دہلی میں ۳۱ سنگھی گرفتار

دہلی ۷ جنوری۔ منگل کے روز دہلی میں کل سیوک سنگھی گرفتار ہوئے جن میں سے سولہ سنگھی [illegible]

کراچی میں بین الملکی کانفرنس

کراچی ۵ جنوری۔ یہاں [illegible] سکریٹریٹ کے ایک [illegible] بین الملکی کانفرنس ۱۱ جنوری کو منعقد ہو رہی ہے جس میں مشرقی اور مغربی بنگال کے سرحدی تنازعات [illegible] کانفرنس کے بعد ایک اور کانفرنس [illegible] منعقد ہوگی۔ (ا۔پ)

میونسپل انتخابات میں کانگریس کی شکست

جبل پور ۵ جنوری۔ کھنڈوا کے میونسپل انتخابات میں [illegible]

دو قیدی فرار

دہلی ۷ جنوری۔ [illegible]

پاکستان میں براڈ کاسٹنگ کی ترقی

کراچی ۵ جنوری۔ پاکستان کی اسٹینڈنگ فائنانس کمیٹی نے پاکستان میں براڈ کاسٹنگ کی ترقی کے [illegible] روپیہ منظور کیا ہے۔ [illegible]

دہلی میں نئی قسم کی بسیں

دہلی ۷ جنوری۔ [illegible]

جواریوں کی گرفتاریاں

دہلی ۷ جنوری۔ پولیس نے جوا کھیلتے ہوئے [illegible]

دستور ساز اسمبلی

پارلیمنٹ کی ساخت سے متعلق دفعہ منظور کر لی گئی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۷ جنوری۔ کل دستور ساز اسمبلی میں پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق طویل دفعہ [illegible] منظور کر لی گئی۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان میں اقلیتوں کی واپسی کو

خوش آمدید کہنا چاہیے

کلکتہ ۷ جنوری۔ کلکتہ میں مقیم پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر مسٹر عبد اللہ محمد نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مشرقی بنگال سے جن اقلیتوں نے انخلا کیا ہے انہیں اپنے اپنے گھروں میں واپس جانے کے لئے ہر قسم کی سہولیات دی جائیں گی۔ [illegible]

[illegible]

سیٹوں کی تخصیص

[illegible]

پاکستان اسمبلی کا اجلاس ملتوی

کراچی ۷ جنوری۔ ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ گورنر جنرل پاکستان نے پاکستان مجلس دستور ساز کا اجلاس ملتوی کر دیا ہے۔ (ا۔پ)

[illegible]

مولانا حسرت موہانی کی تقریر

[illegible]

سکھ اور ہریجن

[illegible]

ڈچ وزیر اعظم خفیہ راستہ سے انڈونیشیا پہنچ گئے

ہند اور پاکستان کی پابندی کے باوجود ہوائی جہاز آ جا رہے ہیں

ایمسٹرڈم ۷ جنوری۔ ڈچ وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس کل صبح ہالینڈ سے بٹاویہ کو روانہ ہو گئے وہاں انڈونیشیا کے متعلق کوئی سمجھوتہ کرنے کے لئے جا رہے ہیں وہ ایک خفیہ راستہ سے جا رہے ہیں انہوں نے روانگی کے وقت ایک بیان میں کہا کہ وہ زیادہ عرصہ ہالینڈ سے باہر اس لئے نہیں رہیں گے کہ وہ بہت سے اہم فیصلے کرنا ہیں۔ ان کی رائے کے مطابق مندرجہ ذیل مقاصد کے لئے وہ بٹاویہ جا رہے ہیں

۱۔ ایک عارضی انڈونیشی نمائندہ حکومت قائم کرنا

۲۔ جلد سے جلد ایک متحدہ انڈونیشیا قائم کرنا جس کو ہالینڈ [illegible] منتقل کر سکے۔ اس مقصد کے لئے آزاد انتخاب کئے جائیں گے

ڈاکٹر ڈریس کے ہمراہ ڈچ وزارت خارجہ کے سیکرٹری ڈاکٹر این۔ ایس۔ بلم اور غیر ملکی علاقوں کی وزارت کے مسٹر [illegible] بھی ہیں۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈچ حکومت نے حکومت ہند اور پاکستان سے درخواست کی تھی کہ وہ ڈچ ہوائی جہازوں کی پروازوں پر سے پابندی کو دور کر دیں اور ہندوستان ڈاکٹر ڈریس کو اپنے علاقہ پر سے گزرنے کی اجازت [illegible] ہندوستان اور پاکستان کی اس پابندی کے بعد پہلا ڈچ ہوائی جہاز خفیہ راستہ سے ۲۳ دسمبر کو ایمسٹرڈم پہنچا تھا دوسرا جاوا کو ڈاک لے کر روانہ ہوا تھا۔ بٹاویہ کے ایک چینی اخبار نے اطلاع دی ہے کہ چار انڈونیشی جمہوری وزیروں نے مشرقی جاوا کے پہاڑی علاقوں میں ایک گوریلا حکومت قائم کر لی ہے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ڈچ حکومت نے اقوام متحدہ کے فوجی مشاہدین کو نقل و حرکت کی پوری آزادی دیدی ہے۔

نجب میں مصریوں کا جوابی حملہ

تل ابیب ۷ جنوری۔ غیر ملکی حلقوں نے کل رات اطلاع دی کہ جنوبی نجب کے علاقہ میں مصری فوجوں نے ٹینکوں کی مدد سے یہودیوں کے خلاف جوابی حملہ شروع کر دیا ہے۔ گھمسان کی لڑائی ہو رہی ہے۔ طرفین ہوائی جہاز بھی استعمال کر رہے ہیں۔ ایک اسرائیلی ترجمان نے بتایا کہ اسرائیل نے عراق کی سرحد پر "ڈاکوؤں" کے خلاف جو تعزیری کارروائی کی تھی۔ اقوام متحدہ کے مشاہدین کو اس کی تحقیقات کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ یہودی ترجمان کا بیان ہے کہ عراقی افواج نے ان ڈاکوؤں کی مدد کی۔

۲۵ لاکھ روپیہ کی روزانہ بچت

سکندرآباد ۳ جنوری۔ ہندوستان کے ماہرین اقتصادیات نے جو یہاں آل انڈیا اقتصادی کانفرنس کے سلسلہ میں جمع ہوئے ہیں اندازہ لگایا ہے کہ کشمیر کی لڑائی بند ہو جانے سے حکومت ہندوستان کو ۲۵ لاکھ روپیہ روزانہ بچت ہوگی۔ اس بچت سے ملک میں کرنسی کے پھیلاؤ کو روکنے میں کافی مدد ملے گی۔

شرق اردن کی فوجیں فلسطین میں موجود رہینگی

نابلس میں عرب زعماء کے اجتماع میں شاہ عبداللہ کا بیان

عمان ۵ جنوری۔ شرق اردن کے شاہ عبداللہ آج عرب فلسطین کے ضلع سماریہ کا تین روزہ دورہ ختم کر کے عمان واپس پہنچ گئے ہیں۔ اس دورہ کے دوران میں انہوں نے نابلس میں [illegible] اعلان کیا کہ [illegible] فلسطین میں اپنے قدم جمائے رکھیں گے [illegible]

[illegible]

حکومت اسرائیل کے نام

پریسیڈنٹ ٹرومین کا مراسلہ

واشنگٹن ۷ جنوری۔ [illegible]

ملایا میں بحری جہاز کی گولہ باری

سنگاپور ۷ جنوری۔ ایک برطانوی بحری جہاز نے [illegible]

مسلمانوں سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے۔

یونین ہوٹل ← بلیماران دہلی

(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

یہ دوراہا

ماضی کا روح فرسا غم۔ اور۔ مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں

کیا کریں ——— کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کیلئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہو جیئے مستقبل روشن ہے

[illegible]

ہندوستان کی ہر لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

خوبصورت رنگین لیبل

[illegible]

مفت

[illegible]

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

تھوڑے سرمائے سے روزگار

[illegible]

دفتر۔ رہبر روزگار کٹرہ نظام الملک دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۸ جنوری ۱۹۴۹ء

سائنس اور تمدن

نیشنل اکیڈمی آف سائنس کے اجلاس الٰہ آباد میں صدر منتخب اے۔ سی بنرجی نے نہایت عالمانہ اور مبصرانہ انداز میں سائنس کے مقاصد، طریق کار اور نتائج پر روشنی ڈالی ہے اور سائنس والوں کو ان کے فرائض کی طرف توجہ دلائی ہے آپ نے کہا

"وقت آگیا ہے کہ تمام سائنس داں متحد ہو کر سیاسیات کے دائرہ میں داخل ہوں اور اس پر اپنے رجحانات کا اثر ڈالیں اس وقت ان کا خاموش رہنا اور صرف یہ کہنا کافی نہ ہوگا کہ ہمارے سیاست دانوں اور قومی لیڈروں نے ان کی ایجادات کا غلط اور بے محل استعمال کیا ہے، انہیں فاعلانہ حیثیت سے کچھ کر کے دکھانا چاہیئے اگر وہ غلط اور گمراہ کن سیاست کو درست کرنے پر آمادہ نہ ہوئے تو یہ انسانیت پر بہت بڑا ظلم ہوگا، یہ بہت ہی افسوسناک بات ہے کہ سائنس موت اور تخریب کے لئے استعمال ہو رہی ہے، اسوقت بنیادی چیز یہ ہے کہ ہمیں سائنس کو انسانیت کے لئے مفید بنانا چاہیئے، اگر سائنس کی بدولت ایٹم بموں سے شہروں کے نام و نشان مٹائے گئے اور اس تخریبی رجحان کی روک تھام نہیں کی گئی تو یہی سائنس ہماری تہذیب اور معاشرت کے لئے وبال جان بن جائے گی اور دنیا کی بربادی کیلئے سائنس داں ذمہ دار قرار پائیں گے۔"

سائنس نے موجودہ دنیا میں [illegible] انقلاب پیدا کیا ہے ہمیں اس سے انکار نہیں لیکن یہ حقیقت چھپائی نہیں جا سکتی کہ سائنس نے دنیا کو فائدہ کے بجائے نقصان زیادہ پہونچایا ہے، جاپان کے دو غیر مسلح شہروں کی تباہی، ٹیلی وژن کی افادیت پر بدرجہا بھاری ہے؛ ایک طرف آپ دوسری جنگ عظیم کی بربادیوں کو پیش نظر رکھیں اور دوسری طرف مفید ایجادات کا جائزہ لیں یہی فیصلہ کرنا پڑے گا کہ سائنس کا نقصان، فائدہ سے کہیں زیادہ ہے، اگر سائنس کو ترقی نہ ہوتی تو جنگ کی ہولناکیاں اس درجہ کو نہ پہنچتیں کہ نظام سیاست و معیشت کی بنیادیں ہل گئیں، اگر کوئی ایجاد نہ ہوتی تو اسے برداشت کر لیا جاتا، لیکن جنگ نے تمدن کے تمام گوشوں پر جو مہیب اور خطرناک اثر ڈالا ہے وہ برداشت کے قابل ہے نہ اس کی تلافی …… کی جا سکتی ہے۔

سوال یہ ہے کہ سائنس دانوں کو سائنس کے غلط استعمال پر کس نے مجبور کیا؟ انہوں نے اپنی تحقیقات کو حکومتوں کے ہاتھوں کیوں فروخت کیا؛ انہوں نے امریکہ اور انگلستان کی لیبوریٹریوں میں ہتھیار اور تباہ کن عناصر کو دریافت کرنا کیوں گوارا کیا، اگر حکومتوں کا بس چلے تو انہیں تمام شیاطین کی خدمات حاصل کرنے میں بھی تامل نہ ہوگا مگر حیرت یہی ہے کہ سائنس دانوں نے اپنے دریافت کردہ تخریبی عناصر کو بازیچۂ اطفال کیوں بنایا اور حکومتوں پر اپنے رازوں کو کیوں کھولا؟ ہمارے خیال میں اسکی وجہ یہ ہے کہ تحقیقات کے معاملہ میں سائنس دانوں کی ترتیب غلط ہوئی یعنی جو کام بعد میں کرنے کا تھا وہ پہلے کر بیٹھے اور جو کام پہلے کرنے کا تھا اسے آخر میں بھی نہ کر سکے، تحقیقات کی فطری ترتیب یہ تھی کہ وہ پہلے اپنے نفس کا تجزیہ کرتے اپنے دماغ کا جائزہ لیتے، اپنے جذبات پر قابو حاصل کرتے اور اپنے فرائض و واجبات کی ایک حد مقرر کرتے اس کے بعد وہ جو چاہتے کرتے، مگر انہوں نے کائنات کی طاقتوں پر کنٹرول حاصل کیا اپنے نفس پر کنٹرول نہ کر سکے انہوں نے ۹۰ عناصر تو دریافت کرلئے اور مختلف گیسوں کو قابو میں لے لیا لیکن اپنی نفسیات کو قابو میں نہ لا سکے، اگر یہ لوگ پہلے اپنے جذبات پر قابو پانے کا ملکہ بہم پہونچا لیتے پھر اپنی طاقتوں اور صلاحیتوں کے صحیح استعمال پر قادر ہو جاتے تو وہ جس طرف بھی ہاتھ ڈالتے اس میں ایک ترتیب ہوتی، ایک حسن ہوتا اور تربیت یافتہ دماغ باہر کی ساری کائنات کو قابو میں لا کر اس کا صحیح استعمال کرتا، مگر تحقیقات کا کام الٹا شروع ہوا جس کے اندر ضروری تھا کہ اس کے نتائج بھی الٹے نکلیں اور انسانیت کو انکا خمیازہ بھگتنا پڑے!

سائنس والوں کی سب سے بڑی غلطی یہ تھی کہ انہوں نے اپنی تحقیقات کے نتائج کو وقف عام نہیں کیا اور اپنی دماغی کاوشوں کو حکومتوں کے ہاتھ فروخت کر ڈالا، بلاشبہ ہم سر آرتھر ایڈنگٹن، وائٹ ہیڈ، ہکسلے، سر جیمس جینز، براگ وغیرہ، سائنس دانوں کو الزام نہیں دے سکتے مگر یہ تو چند لوگ ہیں جنہوں نے سائنس کی خدمت محض انسانی نقطۂ نظر سے کی ہے لیکن وہ ہزاروں سائنس داں جنہوں نے حربی تجربہ گاہوں میں مہلک سے مہلک عناصر دریافت کئے ہیں جنہوں نے امریکن اکاڈیمیوں میں ایٹم بم بنائے، جنہوں نے انگلستان کے حکمیاتی مرکزوں میں تباہی کے لئے نت نئی ایجادیں کیں، کس طرح معاف کئے جا سکتے ہیں، آج بھی ماؤنٹ ولسن کی چوٹیوں پر اور [illegible] میں آپ کو ہزاروں سائنس داں کام کرتے نظر آئیں گے اور جو اس دھن میں ہوں گے کہ یا تو ایٹم بم سے زیادہ خطرناک بم ایجاد کریں یا اس کا توڑ معلوم کریں کہ تباہی پر تباہی پھیلائیں، ان حالات میں کون کہہ سکتا ہے کہ دنیا کے سائنس دان انسانیت کے دشمن نہیں ہیں اور وہ حکومتوں کے ہاتھ میں نہیں کھیل رہے ہیں؟ اگر آج بھی یہ سائنس دان اپنی تباہ کن ایجادات سے باز آجائیں اور ایٹم بم اور زہریلی گیسوں کے ذخائر تباہ کر دیں تو شاید آئندہ امن و اطمینان کی کوئی متوازن کیفیت پیدا ہو جائے اور انسانی تمدن کی حفاظت ہو سکے!

تباہ کن ایجادات کو چھوڑ کر ذرا مفید ایجادات پر بھی غور کیجئے اور ان کی افادیت کو کسی معیار پر جانچیئے تو معلوم ہوگا کہ افادیت کا تصور بھی [illegible] آپ بلاشبہ بٹن دباتے ہی لفٹ کے ذریعہ مکان کی چوتھی منزل پر پہونچ سکتے ہیں، ایک ہی بٹن سے سیکڑوں قمقمے روشن کر سکتے ہیں، موٹر پر ہاتھ رکھتے ہی پورا کارخانہ چلا سکتے ہیں، کار سے ایک گھنٹہ کا سفر دس منٹ میں طے کر لیا جس سڑک کے کوٹنے اور بنانے میں دو سو مزدور کام کرتے تھے اسے آج ایک انجن اور دس مزدور بنا دیتے ہیں، آپ کہیں گے کہ سائنس نے انسان کا وقت کس قدر بچایا اور اس کی محنت کو کس قدر ہلکا کر دیا مگر یہ محض خوش فہمی ہے! بلاشبہ کار نے ایک گھنٹہ کا سفر دس منٹ میں طے کر کے پچاس منٹ بچائے مگر سوال یہ ہے کہ سائنس نے ان پچاس منٹوں کا مصرف بھی بتایا ہے یا نہیں؟ یعنی بچا ہوا وقت انسان کو کہاں صرف کرنا چاہیئے؟ دو سو مزدوروں کا کام ایک انجن اور دس مزدور ملکر انجام دے رہے ہیں مگر سائنس نہیں بتاتی کہ ایک سو نوے مزدور کہاں جائیں اور کیا کریں؛ یہ مشینی عہد نہ بچے ہوئے وقت کا مصرف بتاتا ہے اور نہ انسان کی محنت کو ٹھکانے لگاتا ہے اور اس کے جو نتائج ہیں وہ سب پر ظاہر ہیں۔

مختصر یہ کہ ہمیں ایجادات سے پہلے سائنس کا مقصد متعین کر لینا چاہیئے اگر سائنس زندگی کے مقصد سے ہم آہنگ نہیں ہو سکی اور اس کے ذہنی انتشار کو نہیں روک سکتی جو اس کی بدولت سیاسیات اور اقتصادیات کے ہر شعبہ پر چھایا ہوا ہے تو ہم ساری کائنات کو سائنس کے سانچہ میں تو ڈھال سکیں گے لیکن انسانیت کو تباہی، انتشار اور دماغی بحران سے نجات دلانے کی کوئی سبیل نہیں نکال سکیں گے۔

ہند اور پاکستان

ہندوستان کے گورنر جنرل نے سال نو کی تقریب پر پاکستان کو پیغام تبریک دیا تھا اور یہ خواہش کی تھی کہ پاکستان اور اس کے باشندوں کو خوشحالی، امن اور چین نصیب ہو، اس کے جواب میں پاکستان کے گورنر جنرل نے اپنی خیر سگالی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ موجودہ بین الاقوامی حالات کی نزاکت میں دونوں ملکوں کے لئے تعاون ناگزیر ہے اور پاکستان اپنا فرض سمجھتا ہے کہ تعاون کی اس روح کو ترقی دے اور ایشیائی اقوام کے تحفظ اور امن کی خاطر اپنی بہترین خواہشات کو بروئے کار لائے۔

دونوں پیغاموں کو دیکھئے ان کے مفہوم کو سمجھئے اور خدا کا شکر کیجئے کہ ہمیں یہ مبارک دن دیکھنا نصیب ہوا، اور ہند اور پاکستان میں خیر سگالی، تعاون اور حسن تفاہم کی روح دوڑتی نظر آئی، اگر کل کے دوست آج دشمن ہو سکتے ہیں تو کل کے دشمن آج دوست بھی بن سکتے ہیں؛ باہر کی دنیا انسانی ارادوں کا عکس ہے، باہر ہمیں وہی چیز ملتی ہے جو ہمارے اندر سے باہر نکلتی ہے، باہر نہ لڑائی تھی نہ دشمنی، صرف زاویۂ نگاہ کا فرق تھا جس نے کشیدگی کی شکل اختیار کر لی تھی، اب اگر یہی زاویۂ نگاہ بدل جائے اور نقطۂ نظر میں صحت اور ہمواری پیدا ہو جائے تو پھر باہر دوستی اور محبت کے سوا کیا چیز باقی رہ جاتی ہے؟ ہمارے لئے یہ دہرا [illegible] فخر کا مقام ہے کہ [illegible] کی کشیدگی کے بعد دونوں ملکوں کا زاویۂ نگاہ بدلا ہے [illegible] بعد ہماری ساری کائنات کو بدل جانا چاہیئے وہ دن ہمارے لئے یوم نجات ہوگا جب پاکستان ہند کو اپنا سمجھے گا اور ہند پاکستان سے رشتہ قائم کرے گا [illegible] بعید نہیں اگر قدرت دنیا کو یہ تماشا بھی دکھا دے اور دشمنی کو دوستی سے بدل دے!

اچھی باتیں!

ولا تجادلوا۔ تا مسلمون (پ۲۱ ع۱)

کتاب والوں کے ساتھ بہت ہی اچھے طریقہ سے گفتگو کرو۔ البتہ ان میں سے جو لوگ ظلم کریں (تو ان کے ساتھ عدل سے فیصلہ کرو) اور تم اعلان کر دو کہ ہم پر اور تم پر جو چیز نازل کی گئی ہے، ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور ہمارا اور تمہارا خدا تو ایک ہی ہے، اور ہم تو تابعداروں میں سے ہیں۔

یعنی جن لوگوں کے پاس کوئی آسمانی کتاب ہے، ان سے گفتگو کرتے وقت اخلاق مروت اور متانت کا خیال رکھو اور بات کو ایسے طریقہ پر چلاؤ کہ مذہب کے نام پر تلخی پیدا نہ ہو، اور رواداری میں تم اپنا قدم پہلے اٹھاؤ اور یہ کہدو ہم اپنی چیز پر تو ایمان لے ہی آئے ہیں ہم تو اس پر بھی ایمان لاتے ہیں جو تم پر خدا کی طرف سے نازل کی گئی ہے، اور جب ہمارا اور تمہارا خدا ایک ہی ہے تو یہ اختلاف کس لئے؟ آؤ خدا کی وحدانیت پر انسانی وحدۃ کو قائم کرو، اور خدا کو مان کر خدا والوں سے اختلاف مت کرو یہ آیت خدا کی وحدۃ کی بنیاد پر انسانی وحدۃ کا اعلان کرتی ہے اور اہل مذاہب کو رواداری کا سبق دیتی ہے۔

ایڈیٹر کے نام ← خطوط

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

کشمیر کی جنگ کا خاتمہ

محترمی سلام مسنون۔

کشمیر کی جنگ بند ہونے کی خبر سے ہندی مسلمانوں غرضیکہ سبھی کو بڑی خوشی و مسرت ہوئی ہے کاش اس سے قبل ہی ایسا ہو سکتا [illegible]

[illegible]

(احمد علی خان ریاست رامپور)

حکومت دہلی متوجہ ہو

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم

[illegible]

(محمد احمد۔ دہلی)

ریاستی جاگیرداروں کی چالیں

جناب ایڈیٹر صاحب [illegible]

[illegible]

(برجموہن [illegible] کانگریس کمیٹی نانوان)

شاہ جارج کی صحت

لندن ۷ جنوری۔ بکنگھم پیلس سے آج ایک اعلان شائع کیا گیا۔ اس میں بتایا گیا کہ شاہ جارج بستر پر آہستہ آہستہ رو بصحت ہو رہے ہیں۔ شاہ کی عام حالت اچھی ہے۔ (رائٹر)

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

از بھائی رتن لال صاحب بنسل

(۱)

ہمارے ملک کی آزادی کی لڑائی میں مسلمانوں نے جو حصہ لیا ہے اس کی کہانی کو پورا کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں سرحد کے بہادر پٹھانوں نے جو کچھ کیا اس پر بھی ہم ایک سرسری سی نظر ڈال لیں، کیوں کہ ہماری آزادی کی لڑائی میں سرحد نے جو حصہ لیا ہے، بنگال کے کچھ حلقوں کو چھوڑ کر اس کی کوئی دوسری مثال نہیں ملتی سرحدی حلقوں میں چلنے والی آزادی کی لڑائی کو اگر ہم دو حصوں میں بانٹ دیں تو ہم کو اس کی تاریخ بنانے اور سمجھنے میں بہت آسانی ہو جائے گی۔ اس میں پہلا حصہ وہ ہے، جس میں ہتھیاروں کے ذریعہ آزاد ہونے کی کوشش کی گئی اور دوسرا حصہ — سرحد میں آزادی کے لئے لڑی گئی عدم تشدد کی لڑائی سے تعلق رکھتا ہے یہ بھی قسمت کا ہی کھیل ہے کہ سرحد کے جن بہادر پٹھانوں نے کانگریس میں شریک ہو کر اس کی طاقت کو بے انتہا بڑھا دیا تھا، وہی پٹھان وقت آنے پر بے بس چھوڑ دئے گئے اور ان کو اپنے اصولوں کے لئے آج بھی ان تکلیفوں سے گزرنا پڑ رہا ہے، جن کی یاد سے ہی دل کانپنے لگتا ہے۔

ہتھیاروں کی لڑائی

سرحد میں آزادی کے لئے ہتھیاروں کی لڑائی ٹھیک تبھی سے شروع ہوتی ہے، جب انگریزوں نے اپنے دوست راجہ رنجیت سنگھ کی طاقت کو دھوکے، کپٹ، اور طرح طرح کی چال بازیوں سے تہس نہس کر کے ۱۸۴۹ء میں سرحد پر اپنا قبضہ جما لیا، قبضہ جمانے کے دن سے ہی انگریزوں نے یہ پرچار کرنا شروع کر دیا کہ اب ہم نے پٹھانوں کو سکھوں کی ظالم حکومت سے آزاد کر دیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

صاف کر دینا بھی نہایت ضروری ہے کہ اس تمام تحریک کی سب سے بڑی کمزوری یہ تھی کہ اس پر ایک خاص طرح کا مذہبی جامہ ہونے کی وجہ سے اس میں کوئی غیر مسلمان شریک نہیں تھا، لیکن اس وقت شاید ہمارے سوچنے کا ڈھنگ ہی یہ تھا اور اس لئے جب ہم ایک طرف پنجاب کی کوکا بغاوت کو، جس میں خالص سکھ ہی تھے، اپنی آزادی کی لڑائی کا ہی ایک حصہ مانتے ہیں، تو سمجھ میں نہیں آتا کہ اس تحریک کو آزادی کی لڑائی کا حصہ ماننے سے ہم کیسے انکار کر سکتے ہیں۔

ستیانا کیمپ اور پٹھانوں کے دوسرے گروہوں نے انگریزوں سے جو مقابلہ کیا، اس کا کوئی سلسلے وار اتہاس نہیں ملتا، پھر بھی وہ مقابلہ کتنا سخت تھا، اس کا اندازہ صرف اسی سے لگایا جا سکتا ہے کہ سرحد پر قبضہ کرنے کے سال بھر بعد سے ہی یعنی ۱۸۵۰ء سے ۱۸۵۷ء تک، انگریز سرکار کی رپورٹ کے مطابق، سرحد میں سولہ بار بڑی بڑی لڑائیاں ہوئیں، جن میں انگریز حکومت کے [illegible]

۱۸۵۷ء کے انقلاب میں

[illegible]

(باقی کل)

ہم خوش ہیں کہ پاکستان نے وہ اصول مان لیا جس پر ہم قائم ہیں

جنگ کشمیر میں شہید ہونے والوں کو جموں ریڈیو سے شیخ عبداللہ کا خراج عقیدت

جموں ۷ جنوری۔ کشمیر اور جموں کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے کشمیر میں جنگ بند ہونے پر ہفتہ کے روز جموں ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ یہ سال ہمارے یعنی کشمیری لوگوں کے لئے جاری خود مختاری کے اصولوں کی کامیابی کا مژدہ لے کر آیا ہے جس کے لئے کہ ہم آج تک جدوجہد کرتے رہے ہیں۔

فیصلہ کا حق

ہندوستانی فوج کی تعریف

ریاست کے الحاق کا مسئلہ

۱۹۴۸ء میں تقریباً سوا اٹھائیس لاکھ ٹن غلہ درآمد کیا گیا

چاول اور تل کی پیداوار میں کمی۔ صوبہ جات کی خوراکی حالت

نئی دہلی ۶ جنوری۔ ہند کے محکمہ اطلاعات نے خوراک کا تازہ جائزہ شائع کیا ہے۔

روسی گندم پاکستان پہنچ گئی

کراچی سے ایک اطلاع مظہر ہے کہ روس سے ... ہزار ٹن گندم کی پہلی جہاز کراچی پہنچ گئی ہے۔

ہند میں اناج کی درآمد

صوبہ جات کی خوراکی خبریں

بینا ساگر میں الجمعیۃ کا اجراء

انسان اور بندر کا رشتہ

گٹھیا کے ریسرچ کے لئے

چار لاکھ پچاس ہزار پونڈ چندہ

صنعتوں کے لئے مرکزی مشاورتی کونسل کا اجلاس

۲۴ جنوری کو دہلی میں منعقد ہوگا

نئی دہلی ۴ جنوری۔ حکومت ہند کی وزارت صنعت و رسد نے پچھلے دنوں صنعتوں کے لئے مرکزی مشاورتی کونسل قائم کی تھی۔ اس کونسل کا پہلا اجلاس ۲۴ اور ۲۵ جنوری کو نئی دہلی میں ... کی صدارت میں ہوگا۔

قاہرہ پر بمباری کی دھمکی

تل ابیب ۴ جنوری۔ اسرائیلی حکومت کے ایک ترجمان نے دھمکی دی ہے کہ تل ابیب پر بمباری کے بدلے میں قاہرہ پر بمباری کی جائے گی۔

گاندھی جی کا ہفتہ شہادت

اجمل ریڈنگ روم کی طرف سے مشاعرہ

جرمنی کے روسی علاقہ میں دو سالہ اسکیم

فلسطین میں سمجھوتہ کی خلاف ورزی

امریکہ میں چاند تک پہنچنے والی راکٹ کی تیاری

"ایندھن" تیار کر لیا گیا صرف راکٹ کا "ڈھانچہ" بننا باقی ہے

نیویارک ۵ جنوری۔ امریکن سائنسدانوں کو اپنے بین سیاروی جانے والے مقاصد میں اتنی کامیابی ہو گئی ہے کہ ... ایندھن ... راکٹ چاند تک بھی جا سکتی ہے۔

دارالسلطنت

۵ جنوری

متعدد اشخاص زخمی

کانسٹبل گرفتار

پیدائش و اموات

تین اشخاص گرفتار

انوار الحق کی گمشدگی

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے
چشمے تیار ہوتے ہیں
یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران نزد
ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

ساگر میں جمعیۃ علماء کا قیام

جموں میں پاکستانی اور ہندوستانی فوجی افسران کی کانفرنس

نئی دہلی ۴ جنوری۔ ہندوستان اور پاکستان کے فوجی افسران کی ایک اہم کانفرنس عنقریب جموں میں منعقد ہو رہی ہے۔

مجلس انتظامیہ جامعہ طبیہ دہلی کا جلسہ

حکیم مدن لال کو ٹی پارٹی

اقلیتوں کے لئے تیس فیصدی ملازمتیں

سانگلی میں سنگھیوں کی گرفتاری

راضیہ بیگم کہاں ہے؟

بحر منجمد شمالی کا تحفظ!

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے
سونا، مشک، عنبر، اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔
قیمت فی شیشی پندرہ روپے

طلا نمبر ۲

نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں
قیمت فی شیشی پانچ روپیہ

تصدیق

ملنے کا پتہ: دہلی دواگھر نور گنج دہلی

مہاراجہ فریدکوٹ نے پوری ریاست کو ذاتی ملکیت قرار دے دیا

والیان ریاست کی ذاتی جائداد کے سلسلہ میں ایک دلچسپ دعویٰ

نئی دہلی ۵ جنوری۔ مہاراجہ فریدکوٹ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ پوری ریاست ان کی ذاتی جائداد ہے۔

وزیر خوراک کا دورہ سی۔ پی

یوم میلاد النبی منانے کی تیاریاں

کراچی میں انڈونیشی وزیر کی آمد

مسٹر لیاقت علی خاں سے ملیں گے

مسٹر بھوپتکر کی پریس کانفرنس

امرتسر کے سنگھی قیدیوں سے

ہندو سبھا کے صدر کی ملاقات

پاکستان نے بھی دعوت منظور کر لی

کناٹ پلیس کے مستقل دوکانداروں کو پٹڑی پر بیٹھنے والوں سے نقصان

پٹڑی والوں کی ارزاں فروشی سے مقابلہ کرنا ناممکن ہو گیا ہے

نئی دہلی ۵ جنوری۔ کناٹ پلیس میں پٹڑی پر بیٹھنے والے ہزارہا دوکانداروں نے مستقل دوکانداروں سے مقابلہ شروع کر رکھا ہے۔

برما میں باغیوں کی سرگرمیاں

سوڈان اور مصر کے الحاق کا مطالبہ

وزیر اعظم مصر کا اعلان

ہوائی جہاز سے کود کر جان دینے کی دھمکی

ڈچ لیبر پارٹی کا طرز عمل

یہودیوں نے زہریلی گیس استعمال کی؟

پناہ گزینوں کے کوارٹر کا افتتاح

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے تفصیلات کے لئے لکھئے
ٹرنر مارسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
نمبر ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
حسین کشیدہ کاری
قیمت دو روپیہ آٹھ آنے
منیجر ماہنامہ بانو دہلی

بمبئی کے طلبا سے ایک دن کی عام ہڑتال کی اپیل

فیس میں اضافہ پر طالب علموں کی بھوک ہڑتال!

بمبئی ۵ جنوری۔ بمبئی میں طالب علموں نے فیس میں اضافہ کے خلاف جو احتجاج شروع کیا تھا اس نے بھوک ہڑتال کی شکل اختیار کر لی۔

انگریزی باقی رکھی جائے

پاکستانی اخباروں کا احتجاج

عرب ریاستیں بھی گفتگو میں حصہ لیں گی

عزام پاشا اور عرب نمائندوں کا اعلان

سرحد کے اخبارات کو انتباہ

۴۰۹ دہشت انگیز ہلاک

مغربی پنجاب میں غذائی حالت بہتر ہو جانے کی امید

اناج کی قیمت گر رہی ہے۔ ذخیرہ شدہ اناج بازار میں آ رہا ہے

لاہور ۵ جنوری۔ مغربی پنجاب کے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے ایک افسر نے بتایا کہ صوبہ میں اناج کی قیمت گر رہی ہے۔

آسام کا آئندہ گورنر کون ہوگا؟

۷ سال بعد منی آرڈر کی وصولیابی

کالی کٹ ۵ جنوری۔ ایک مقامی اسلام سبھا کے نام ... کو روانہ کیا ہوا منی آرڈر ساڑھے سات سال بعد ...

امرتسر میں صدر کانگریس کو سپاسنامہ

پنڈت نہرو ہریجن آشرم میں

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۵۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۶ر ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۸ر جنوری سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۷ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

روس اور جاپان کی جھڑپ

اتحادی کونسل کا اجلاس

ٹوکیو ۷ر جنوری۔ جاپان کی اتحادی کونسل میں روس اور امریکہ کے نمائندوں میں جھڑپ ہو گئی۔ روسی نمائندے نے امریکہ پر یہ اعتراض کیا کہ وہ جاپان کی پولیس کو نئی جاپانی فوج بنانے کے لئے تیار کر رہا ہے۔ اس پر امریکی نمائندہ نے جواب دیا کہ روس کا یہ اعتراض اس پروپیگنڈے کا جزو ہے جو روس امریکہ کے خلاف کر رہا ہے۔

مولانا حفظ الرحمن انچولی تشریف لیجائینگے

دہلی ۷ر جنوری۔ موضع انچولی ضلع میرٹھ کا ایک وفد جس میں عبدالوحید صاحب حافظ تمنشاد حسین صاحب [illegible] مسٹر [illegible] احمد اور حافظ عبدالحمید صاحب شامل تھے حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیت علماء ہند سے ملا اور موضع مذکور کے باہمی اختلافات پیش کئے۔ حضرت مولانا نے وعدہ فرما لیا ہے کہ وہ ۱۴، ۱۵ر جنوری کو موضع انچولی تشریف لیجاکر ان اختلافات کو ختم کرادینگے۔

صوبوں کی قانون ساز اسمبلیوں میں دو ایوانوں کا اصول تسلیم کر لیا گیا

ریاستی قانون ساز جماعتوں کی بناوٹ سے متعلق دفعہ کی منظوری

بعض ممبران کی طرف سے ایوان بالا کے قیام کی سخت مخالفت

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۷ر جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی نے ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کی بناوٹ کے متعلق دفعہ منظور کر لی جس کے تحت مدراس، بمبئی، مغربی بنگال، یوپی، بہار اور مشرقی پنجاب میں دو ایوان ہوں گے اور دوسری ریاستوں میں قانون ساز اسمبلی ایک ایوان پر مشتمل ہوگی۔ [illegible]

شام کو بھی اسمبلی کا اجلاس ہوگا

[illegible]

انقلاب کو آخری حد تک پہنچائیں گے

کمیونسٹ ریڈیو کا اعلان

سان فرانسسکو ۶ر جنوری۔ [illegible]

کے ٹی شاہ کی ترمیم

[illegible]

کشمیر میں استصواب کی شرائط

جمعہ کو اعلان ہوجائے گا

لیک سکسس ۶ر جنوری۔ [illegible] کے جلسہ میں کشمیر کے مجوزہ استصواب رائے کی شرائط کے بارے میں ایک قرارداد منظور ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ شرائط کا اعلان جمعہ کو کیا جائیگا۔ کمیشن نے کشمیر کے بارے میں مجلس تحفظ کے اجلاس میں پیش کرنے کے لئے اپنی رپورٹ بھی تقریباً تیار کر لی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جلسہ میں کچھ وقت میں ہند اور پاکستان کو مبارکباد دی گئی کہ ریزولیوشن تیار کرنے میں صرف ہوا۔ یہ مبارکباد کشمیر میں جنگ بند کرنے پر آمادہ ہوجانے کے سلسلہ میں ہے۔

ترجمہ کمیٹی کا قیام

نئی دہلی ۷ر جنوری۔ توقع ہے کہ ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر دستور ساز اسمبلی منظور شدہ دستور اساسی کے ترجمہ کے لئے پانچ ماہرین پر مشتمل ایک ترجمہ کمیٹی قائم کریں گے۔

اسرائیل نے مصری سرحد پر مجلس اقوام کے مشاہدین کو جانے کی اجازت نہیں دی

فلسطین کی مصری سرحد پر حالات تشویشناک ہیں برطانوی ترجمان کا بیان

لندن [illegible] رائٹر ۶ر جنوری

[illegible]

آسٹریلیا نے ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونا منظور کر لیا

نیوزی لینڈ ابھی تک غور و خوض ہی کر رہا ہے

کینبرا ۷ر جنوری۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ مسٹر ایچ وی ایواٹ نے ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ آسٹریلیا نے ہندستان کی طرف سے انڈونیشیا پر ایشیائی کانفرنس کی دعوت نامے کو قبول کر لیا ہے۔ [illegible]

کمیونسٹوں نے حکومت چین کے دو اور اہم قلعوں پر قبضہ کر لیا

نانکنگ پر حملہ کیلئے کمیونسٹ فوجوں کی نقل و حرکت

نانکنگ ۷ر جنوری۔ [illegible]

اب یہ فیصلہ سنو ظاہر ہوگیا کہ بین الاقوامی مسائل باہمی طے ہوسکتے ہیں

کشمیر میں جنگ بند کرنے پر مسٹر لوویٹ کا ہند اور پاکستان کو پیغام

واشنگٹن [illegible] ۶ر جنوری

[illegible]

ڈچ کاروائی کے نتیجے میں ایشیا کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک کمیونزم پھیل جائیگا

انڈونیشیا میں جو کچھ ہوا اسکی اخلاقی ذمہ داری برطانیہ پر ہے

لندن میں انڈیا لیگ کے جلسہ میں ممبران پارلیمنٹ کی تقریریں

لندن ۶ر جنوری۔ کل انڈیا لیگ کے ایک احتجاجی جلسہ میں حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ڈچ حکومت پر اس بات کے لئے زور دے کہ وہ انڈونیشیا سے اپنی حملہ آور افواج کو واپس بلالے۔ [illegible]

ناگپور میں سکھوں کی گرفتاری

ناگپور ۶ر جنوری۔ [illegible]

شمالی آئرلینڈ کا نام بدلنے کی تجویز

[illegible]

افغانستان اور برطانیہ کے تعلقات

افغانستانی سفیر کی مسٹر بیون سے ملاقات

لندن ۶ر جنوری۔ [illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

انڈونیشیا کو اسلحہ بہم پہنچانے والے امریکنوں کو سزائے قید

ڈچ انصاف پسندوں نے چار دن میں مقدمہ کی کارروائی ختم کردی

بٹاویا ۵ر جنوری۔ ایک ڈچ عدالت نے آج تین امریکنوں کو انڈونیشیا میں ناجائز طور پر اسلحہ پہنچانے کے الزام میں سزا دی۔ البرٹ ادسنوٹ کو جو سلے نڈ ریاست کا رہنے والا ہے چار سال قید کی سزا دی گئی۔ کوئی سگریٹ کو جو اوکلاہاما کا باشندہ ہے تین سال کی سزا دی گئی۔ پورٹ لینڈ (اوریگون) کے باشندہ ولیم ہالم کو ۱½ سال کی سزا دی گئی۔

ان کے جو چار ماہ جیل میں گذر رہے ہیں ان کو بھی مدت سزا میں شمار کیا جائے گا۔

گذشتہ ۱۴ر ستمبر کو سنگاپور اور ہالینڈ کی پولیس نے ان کو سنگاپور کے شمال مشرق میں دو سو میل کے فاصلہ پر ایک اڑن کشتی سے ایک موٹر لانچ میں اسلحہ کے بکس اتارتے ہوئے گرفتار کیا گیا تھا۔

مقدمہ کی کارروائی کے دوران میں جو صرف چار دن تک جاری رہی انھوں نے شکایت کی کہ جیل میں کھٹملوں کی بہتات ہے اور صرف دو ترس روزانہ کھانے کو ملتے ہیں۔ صفائی میں کہا گیا کہ یہ اسلحہ ایک برطانوی افسر کے لئے تھے۔

مصری فوجوں نے ٹینکوں وغیرہ سے یہودیوں پر زبردست حملہ کردیا

~~یہودیوں کا اضطراب اور امریکہ کی مداخلت!~~

تل ابیب ۶ر جنوری۔ تل ابیب میں جو اطلاعیں مل رہی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ نجب کے علاقہ میں مصری فوجوں نے ٹینکوں اور دوسرے اسلحہ سے یہودیوں کے خلاف ایک زبردست حملہ شروع کر دیا ہے۔ [illegible]

ریلوے بورڈ اور ریلوے ملازمین کے درمیان سمجھوتہ کا امکان پیدا ہوگیا

جے پرکاش آئینگر ملاقات سے امید افزا نتائج برآمد ہونے کی توقع

بمبئی (اے پی) ۵ر جنوری۔ گذشتہ شام ریلوے مینز فیڈریشن کے صدر مسٹر جے پرکاش نرائن اور ہند کے وزیر نقل و حمل مسٹر گوپال سوامی آئینگر کے درمیان ساڑھے چار گھنٹہ کے مذاکرات کے بعد ریلوے ملازمین اور ریلوے بورڈ کے درمیان متنازعہ مسائل کے اہم نکات پر سمجھوتہ ہوگیا ہے۔

یہ سمجھوتہ صدر فیڈریشن اور ممبر ریلوے کے درمیان آئندہ گفت و شنید کی بنیاد ہوگا جس میں چار باتیں شامل ہیں۔ مہنگائی الاؤنس غلہ کی رعایتیں۔ تنخواہ کمیشن کی سفارشات سے متعلق مسائل اور ایک ایسی مشینری قائم کرنا [illegible]

جنگ چین

(صفحہ اول کالم ۳ سے آگے)

[illegible]

رنگون میں برما کی آزادی کی پہلی سالگرہ کی مبارک تقریب

ملکی اور قومی استحکام کیلئے صدر اور وزیر اعظم کی اپیلیں

رنگون ۵ر جنوری۔ برما کے صدر ساؤشوے تھائک نے یوم آزادی پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ ہمیں اپنے باہمی اختلافات اور تفرقات کو دور کر کے ملک اور عوام کی تعمیری مسرت کی کوشش کرنا چاہئے۔

سٹی ہال کے برآمدے سے برما کی پہلی آزادی کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے انھوں نے برما کے تمام فرقوں اور مختلف طبقوں کو یاد دلایا کہ وہ سب برما کے باشندے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں اس امر کی کوشش کرنی چاہئے کہ ہم آزاد برما اور دنیا کے قابل فخر باشندے بنیں۔ [illegible]

مقاصد اور وجوہ کا بیان

[illegible]

آگرہ ضلع کانگریس کے صدر کا استعفےٰ

آگرہ ۵ر جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ضلع آگرہ کانگریس کمیٹی کے صدر پنڈت شری کرشن دت پالیوال نے ضلع کانگریس کی صدارت سے استعفےٰ دیدیا۔ [illegible]

پٹنہ میں پلیگ پھیل گیا، ایک پورا خاندان ہلاک ہوگیا

پٹنہ ۵ر جنوری۔ اٹھارہ اشخاص کے جن میں بارہ صرف ایک خاندان سے تعلق رکھتے تھے پلیگ سے ہلاک ہوجانے کی اطلاع ملی ہے۔ [illegible]

شرنارتھی خواتین کیلئے انڈسٹریل ہوم

لکھنؤ ۵ر جنوری۔ [illegible]

کمیونسٹ لیڈر کی گرفتاری

حکومت کا سخت اقدام

حیدرآباد ۵ر جنوری۔ [illegible]

مسٹر جے پرکاش کا بیان

[illegible]

ساٹھ اشخاص کو عمر قید کی سزا، سولہ ملزمان بری

فسادات گڑھ مکتیشر کے حادثات کی گونج!

میرٹھ ۵ر جنوری۔ [illegible]

جنرل موہن سنگھ جی بھرت پور کو

دہلی ۶ر جنوری۔ [illegible]

شہزادی الزبتھ کے بچے کا پہلا سفر

لندن ۵ر جنوری۔ [illegible]

جاوا اور سماترا میں خونناک جنگ ہورہی ہے

جمہوری فوجوں نے چھ اہم مقامات پر قبضہ کرلیا

دہلی ۵ر جنوری۔ جاوا اور سماترا سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں جزیروں میں سخت جنگ ہورہی ہے۔ [illegible]

صوبہ سرحد کا قوم پرست جریدہ "رائے عامہ"

[illegible]

پنڈت پنت پناہ گزین کیمپ میں

کیمپ کو قصبہ بنادیا جائے گا

الہ آباد ۶ر جنوری۔ [illegible]

سردار پٹیل کا بل

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

[illegible]

ترمیمی بل پر بحث

[illegible]

رضاکاروں کی رہائی

[illegible]

انگلستان میں عورت کو پھانسی دی جائیگی

لندن ۵ر جنوری۔ [illegible]

خراش ہوگئی

آپ کے گلے میں یہ خراب بیڑی پینے کا نتیجہ ہے بٹیا بیڑی ستارہ چھاپ پیا کیجئے جو گلے اور پھیپھڑے کو خراب نہ کرے گی

میسرز کے خان ایم حنیف سگری پل

دستور ساز اسمبلی

سردار پٹیل کا ترمیمی بل منظور کر لیا گیا

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۷ جنوری۔ دستور ساز اسمبلی نے سردار پٹیل کا وہ بل منظور کر لیا جس کا مقصد ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں ترمیم کرنا ہے (بل کی تفصیل کل کی اشاعت میں درج کی جا چکی ہے) اس بل کی رو سے مرکزی حکومت کو اور زیادہ وسیع اختیارات دیے گئے ہیں [illegible]

اس سے قبل عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے مسٹر نظیر الدین احمد نے کہا اگرچہ بل کے تمام مقاصد سے اتفاق کیا لیکن انہوں نے ریاستوں کے الحاق کو غیر قانونی بتایا۔

مولانا حسرت موہانی نے بل کے مقصد سے اختلاف کیا اور کہا کہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی بنیاد ایک غلط تعبیر پر قائم ہے۔ اس لئے ہمیں اس کی ترمیم پر غور کرنے [illegible]

[illegible]

مسٹر بسوا ناتھ داس نے مداخلت کرتے ہوئے کہا اڑیسہ کی حکومت نے دس لاکھ روپے اڑیسہ کی ریاستوں کی تعلیم پر خرچ کر دیے ہیں۔

بھوپال کی بابت جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا اگر عوام ریاست کے ضم کرنے کا فیصلہ کریں تو وہ اس فیصلہ کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتے [illegible]

[illegible]

سردار پٹیل نے مسٹر نظیر الدین احمد کے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے کہا [illegible] یہ والیان ریاست کی رضامندی سے کیا گیا ہے اور مولانا حسرت موہانی سے کہا اگر وہ سمجھتے ہیں کہ والیان اپنے اختیارات کا استعمال نہیں کر رہے ہیں تو انہیں اس میں نہیں بیٹھنا چاہئیے۔

ترمیموں پر بحث

اس کے بعد ایوان نے ترمیموں پر بحث شروع کی [illegible]

[illegible]

صرف وزیروں کیلئے

نئی دہلی ——— ۷ جنوری

ٹرانسپورٹ کے نئے قاعدوں کے مطابق صرف مرکزی کابینہ کے ممبر ریلوے سیلون استعمال کر سکیں گے۔

منسٹر آف اسٹیٹس اور ڈپٹی منسٹر اگر سرکاری کام کیلئے سفر کریں تو وہ ایک پورا کمپارٹمنٹ ریزرو کرا سکتے ہیں اگرچہ ریلوے کے منسٹر آف اسٹیٹ کو سیلون کی اجازت نہیں ہے ریلوے کے جنرل منیجر اور چیف [illegible] سفر کرنے کی اجازت ہے

پاکستانی اخبارات کا احتجاج

کراچی ۷ جنوری۔ کل پاکستان کے تمام اخبارات کے دفاتر انڈونیشیا پر ڈچ حملہ کے خلاف بطور احتجاج بند رہے۔ یہ اقدام پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر کی اپیل پر کیا گیا ہے۔

عراق نے بھی ڈچ جہازوں پر پابندی لگا دی

بغداد (رائٹر) ۶ جنوری۔ انڈونیشیا میں ڈچ حملہ کے خلاف بطور احتجاج رائل ڈچ ایرلائنز کے ہوائی جہازوں کو عراقی ہوائی اڈوں پر اترنے پر پابندی لگا دی ہے۔ ہندوستان اور لنکا پہلے ہی یہ اقدام کر چکے ہیں۔

ہندوستانی وفد ۲ فروری کو رنگون پہنچیگا

مدراس ۶ جنوری (اپ) برما میں ہندوستانی زمینداروں کی زمینوں کے معاوضہ کے بارے میں ۲ فروری کو رنگون میں گفت و شنید شروع ہوگی۔

معلوم ہوا ہے کہ ہندوستانی وفد ۳۱ جنوری کو دہلی میں ابتدائی گفت و شنید کے لئے جمع ہوگا اور یکم جنوری کو براہ کلکتہ روانہ ہو جائے گا مسٹر کامراج ناڈر صدر تامل ناڈ کانگریس کمیٹی مسٹر ایم بھگتا وتسلم اور مسٹر گوپال ریڈی جو مدراس کے وزراء ہیں وفد کے رکن ہیں اور ڈاکٹر پٹابھی صدر کانگریس وفد کے لیڈر ہوں گے۔

پانچ سال کے اندر اندر ایک اور جنگ شروع ہو جائیگی

لندن میں مسٹر سرت چندر بوس کے خیالات

لندن ۵ جنوری۔ مسٹر سرت چندر بوس نے بیان ایک پریس ملاقات میں پیشین گوئی کی کہ پانچ سال کے اندر اندر تیسری عالمگیر جنگ ہوگی جس میں ہندوستان کو سختی کے ساتھ غیر جانبدار رہنا چاہئیے اور اس غیر جانبداری کی پشت پر فوجی طاقت ہونی چاہئیے۔

مسٹر بوس نے جو جنوب مشرقی ایشیا کی اقوام متحدہ کے قیام کی حمایت کرتے ہیں بیان کیا کہ پاکستان، ہند، نیپال، برما اور سیام کو اس اقوام متحدہ کی بنیاد کے طور پر اپنی تنظیم بحال کرنی چاہئیے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہندوستان موجودہ انجمن اقوام متحدہ سے الگ ہو جائے گا۔ مسٹر سرت چندر بوس نے کہا کہ جنوب مشرقی ایشیا کی مجوزہ اقوام متحدہ کو عالمگیر امن کے لئے یو۔ این او کے دوش بدوش کام کرنا چاہئیے ایک مضبوط ایشیائی بلاک ہی اقوام متحدہ کو جنگ اقتدار کا آلہ کار بننے سے [illegible] ہے۔ چین کے متعلق مسٹر بوس نے کہا کہ چیانگ کائی شیک اور ان کی حکومت چینی قوم کو تباہی کی طرف لے جا رہے ہیں لیکن ایک نئی جمہوری حکومت چین میں توازن اور استحکام بحال کر سکتی ہے۔ مسٹر بوس نے کہا مجھے پورا یقین ہو چکا ہے کہ چیانگ کی حکومت بہت جلد ختم ہو جائے گی اور ہندوستان چین کی ہر نئی جمہوری حکومت کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرے گا۔

جب ان سے دریافت کیا گیا کہ آیا ان کے بھائی سوبھاش چندر بوس کے زندہ ہونے کا کوئی امکان ہے تو انہوں نے جواب دیا [illegible]

مسٹر سرت بوس نے برطانوی، امریکی اخبار نویسوں کی ایک کانفرنس میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ ہم ہندوستان میں بائیں بازو کی تمام جماعتوں کو متحد دیکھنا چاہتے ہیں تاکہ موجودہ حکومت کے مقابلہ پر اپوزیشن کی طاقت کا صحیح اندازہ لگایا جا سکے۔ ہم نے سوشلسٹ ریپبلکن پارٹی قائم کی ہے کیونکہ ہم دوسرے سوشلسٹ گروپوں کی سرگرمیوں سے مطمئن نہیں تھے ہم سوشلزم چاہتے ہیں اور ایک ری پبلک چاہتے ہیں۔

کمیونزم کے متعلق ان کا رویہ وضاحت کئے جانے پر مسٹر سرت بوس نے کہا کہ ہم نے اب تک ان کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کی ہے۔ [illegible]

لنکا کے وزیر اعظم شریک ہوں گے

کولمبو ۵ جنوری۔ پنڈت نہرو نے انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے جو کانفرنس بلائی ہے لنکا کے وزیر اعظم اس میں شریک ہوں گے بشرطیکہ اس کانفرنس کی تاریخوں سے ان کے موجودہ پروگرام میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ آپ تب تک لنکا سے باہر نہیں جا سکتے جب تک کہ ہندوستانیوں کے شہری حقوق سے متعلق بل کی تیسری خواندگی پاس نہ ہو جائے۔ امید کی جاتی ہے کہ اس بل کی تیسری خواندگی ۱۰ جنوری تک پاس ہو جائے گی۔ اگرچہ کانفرنس ۲۰ جنوری [illegible] آپ اس معاملے پر لنکا میں مقیم ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر گری سے مزید بات چیت کریں گے۔ (گلوب)

زبان کے بارے میں امرتسر میونسپلٹی کو حکم

امرتسر ۶ جنوری۔ امرتسر میونسپلٹی کو مشرقی پنجاب کی حکومت کی جانب سے ایک حکم موصول ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ زبان کے بارے میں کمیٹی کی پالیسی حکومت ہند کے فیصلہ تک ملتوی رکھیں۔ [illegible] کمیٹی کی روئیداد اب تک جس زبان میں ریکارڈ کی جاتی رہی ہے اسی میں کی جائے۔

[illegible]

حکومت ہند نے افغانوں کو ہند سے نکالنے کا حکم واپس لے لیا

افغانستان سے تعلقات بہتر بنانے کیلئے حکومت ہند کا مستحسن اقدام

نئی دہلی ۵ جنوری۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ہند اور افغانستان کے موجودہ دوستانہ تعلقات کے پیش نظر حکومت ہند نے افغان شہریوں کے متعلق نئے احکام جاری کئے ہیں۔ ان کی رو سے افغانوں کے متعلق سابقہ تمام احکام منسوخ کر دیے جائیں گے۔ یہ احکام حسب ذیل ہیں۔

(۱) افغان شہریوں کو ہندوستان سے نکل جانے کے جو نوٹس دیے گئے تھے وہ فوراً واپس لے لئے جائیں گے اور کسی افغان شہری کو اس کی مرضی کے خلاف ملک سے نکل جانے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ جب تک کہ اس کا معاملہ زیر غور ہوگا۔

(۲) جو افغان نوٹسوں کی تعمیل میں افغان واپس چلے گئے ہیں انہیں زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کے لئے واپس ہند آنے کی اجازت دی جائے گی۔ کابل کا ہندوستانی سفارت خانہ ان کے لئے پرمٹ جاری کرے گا۔ پرمٹ صرف ان لوگوں کو ملے گا جو اپنا کاروبار ادھورا چھوڑ کر حکم کے مطابق ہند سے واپس گئے ہوں۔ دیگر شرائط ذیل ہیں۔ واپس آنے والا ہند میں نیا کاروبار شروع نہیں کرے گا۔ اس کی مالی حالت ٹھیک ہو۔ اسے کسی جرم کی بنا پر ملک سے نہ نکالا گیا ہو۔ تمام افغان باشندوں کو جو ہند میں ہیں ۲۸ فروری ۱۹۴۹ء سے پہلے پہلے حاصل کرنے ہوں گے۔

(۳) مارچ کے بعد حکومت ہند ان افغان باشندوں کے معاملے پر غور کرے گی جن پر قابل اعتراض سرگرمیوں کا الزام ہے۔ اور فرداً فرداً یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ آیا کس شخص کو ہند میں رہنے کی اجازت دی جائے۔ اور اگر دی جائے تو کب تک حکومت کو امید ہے کہ ان اقدامات سے ہند اور افغانستان کے تعلقات اور بھی مضبوط ہو جائیں گے اور اگر کوئی غلط فہمیاں ہیں تو دور ہو جائیں گی۔

انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے
مجلس تحفظ کا اجلاس جمعہ کو ہوگا

لیک سکسس (رائیٹر) ۶ جنوری۔ مجلس متحدہ اقوام کے سیکریٹری جنرل مسٹر ٹریگوی لی نے اعلان کیا ہے کہ اگر تمام ممبران آسکے تو مجلس تحفظ کا اجلاس جمعہ کے روز انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے منعقد ہوگا۔

اگر یہ ممکن نہ ہو سکا تو یہ اجلاس پیر کے روز منعقد ہوگا۔

مجلس تحفظ کے ایجنڈے پر صرف انڈونیشیا ہی کا مسئلہ ہے۔

برطانوی نمائندہ سر الیگزینڈر کیڈوگن شاید اس وقت تک نہ پہنچ سکیں گے۔ وہ کوئین میری نامی جہاز سے سفر کر رہے ہیں جو کل ہی ساؤتھمپٹن سے روانہ ہوا ہے۔

بین الممالکی کانفرنس

پاکستانی وفد کے اراکین

کراچی ۷ جنوری۔ یہاں ۹ اور ۱۰ جنوری کو جو بین الملکی کانفرنس ہو رہی ہے جس میں مشرقی اور مغربی بنگال کے حد بندی کے جھگڑوں، انخلا کنندگان کی املاک و مالی ذخیروں اور مالی مسائل پر غور کیا جائے گا۔ اس کانفرنس میں پاکستانی وفد حصہ لے گا معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سر ظفر اللہ خاں اس کے لیڈر ہوں گے۔ پاکستان کی طرف سے اس کانفرنس میں خواجہ شہاب الدین بھی شرکت کریں گے۔ [illegible] امور داخلہ اور مہاجرین کے وزیر ہیں۔ یہ کانفرنس تین دن رہے گی۔

ناگپور یونیورسٹی کنووکیشن

ناگپور ۵ جنوری۔ ناگپور یونیورسٹی کی سالانہ کنووکیشن ۶ فروری کو منعقد ہوگی۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو کنووکیشن ایڈریس پڑھیں گے۔ (گلوب)

انڈونیشیا کی جمہوری حکومت ڈچ سے گفت و شنید کرنے کو تیار ہو گئی

گفت و شنید کے آغاز کیلئے پانچ شرطیں پیش کر دی گئیں

لندن ۶ جنوری۔ کینبرا میں جمہوری انڈونیشیا کے نمائندے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ سماٹرا کے کسی مقام کی ہنگامی جمہوری حکومت اس پر تیار ہو گئی ہے کہ بعض شرائط کے ساتھ اور اقوام متحدہ کی خیر سگالی کمیٹی کی نگرانی میں ڈچ حکومت سے گفت و شنید کرے۔

نمائندہ مذکور ڈاکٹر عثمان نے کہا کہ ہنگامی حکومت اس پر بھی تیار ہو گئی ہے کہ وہ جاوا اور سماٹرا میں جنگ بند کرنے کے احکام جاری کرے۔ مذکورہ بالا حکومت نے گفت و شنید کے آغاز کے لئے مندرجہ ذیل پانچ شرطیں پیش کی ہیں۔

۱۔ جن لیڈروں کو گرفتار کیا گیا ہے ان کو فوراً رہا کر دیا جائے۔

۲۔ ڈچ فوجیں ۱۸ دسمبر سے پہلے کی لائن پر واپس چلی جائیں۔

۳۔ جاوا، سماٹرا اور مدورا پر جمہوری اقتدار کو تسلیم کیا جائے۔

۴۔ عام رائے سے بلا ڈچ مداخلت کے کل انڈونیشیا کی ایک حکومت بنائی جائے۔

۵۔ ایسی حکومت کی تشکیل کے بعد جس قدر جلد ہو ڈچ فوجیں انڈونیشیا کو خالی کر دیں۔

ڈچ وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس کل اٹلانٹے بٹاویہ کو روانہ ہو گئے جہاں وہ عام سمجھوتے کی کوشش کریں گے کل ڈچ سفیر متعینہ برطانیہ بھی لندن سے بٹاویہ پہنچ گئے۔

ڈاکٹر ڈریس جلد ہی ان پانچوں شرطوں پر غور کریں گے جو سماٹرا کی ہنگامی جمہوری حکومت کی طرف سے گفت و شنید کے آغاز کے لئے پیش کی گئی ہیں۔

سیاسی حلقوں میں ان شرائط کے متعلق کہا جا رہا ہے کہ وہ نہ تو زیادہ سخت ہیں اور نہ ناممکن ہیں۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ اتوار کے دن ڈاکٹر ڈریس کے بٹاویہ پہنچنے سے قبل ہی ڈچ فوجیں جمہوری لیڈروں کو رہا کر دینگی۔ یہ بھی خیال ہے کہ دوسری شرط یعنی ڈچ فوجوں کی ۱۸ دسمبر سے پہلے کی لائن پر واپسی سے ڈچ حکومت اتفاق نہیں کرے گی۔

ریفرنڈم کا فیصلہ ہندوستان کے حق میں ہوگا

شیخ عبداللہ پر امید ہیں ایک پبلک جلسہ میں تقریر

جموں ۶ جنوری۔ شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر نے [illegible] یہاں آباد ہو گئے ہیں۔

شیخ صاحب نے کہا کہ ہم لازمی طور پر کامیاب ہوں گے۔

آپ نے کہا کہ اس رقبہ میں پاکستان سے مسلمان واپس آ رہے ہیں۔ ہندوؤں کو چاہئیے کہ وہ ان کا خندہ پیشانی سے استقبال کریں اور انہیں ہر ایک سہولت مہیا کریں۔ آپ نے مزید کہا کہ آپ کو اب صرف اپنے ملک کا ہی نہیں اپنا بھی فیصلہ کرنا ہے [illegible]

آپ نے کہا جو مسلمان یہاں آ رہے ہیں وہ آخر آپ کے بھائی ہیں اور ان کے ساتھ بھائیوں جیسا سلوک کرنا چاہئیے آپ نے نیشنل کانفرنس میں اپنا کامل اعتماد ظاہر کیا اور کہا کہ یہ سچائی اور محبت کا جذبہ پیدا کرنے والی جماعت ہے اس کی فتح یقینی ہے لوگوں نے شیخ صاحب کو ایڈریس پیش کیا اور پورے تعاون کا یقین دلایا

پاکستان اسمبلی کے صدر کی تنخواہ

کراچی ۵ جنوری۔ آج ۵ منٹ کے اجلاس میں پاکستان دستور ساز اسمبلی نے اپنے صدر کی تنخواہ مقرر کی۔ تنخواہ تین ہزار روپے ماہوار مقرر کی گئی۔ اسمبلی کے آج کے جلسہ کی ڈاکٹر عمر حیات خاں نے صدارت کی۔ تنخواہ اور الاؤنس مقرر کرنے کا بل مسلم لیگ پارٹی کے چیف وہپ سردار بہادر خاں نے پیش کیا۔

ایشیائی کرکٹ کانفرنس کا افتتاح

کلکتہ ۷ جنوری۔ ایشیائی ممالک کی کرکٹ کی کانفرنس کا آج وزیر اعظم مغربی بنگال ڈاکٹر بی سی رائے نے افتتاح کیا۔ ہند، پاکستان، برما، سیلون اور ملایا کے نمائندے کانفرنس میں شامل ہوئے۔ نیپال نے بھی نمائندے بھیجے۔

یونیورسٹی کمیشن کی حیدرآباد میں آمد

حیدرآباد ۶ جنوری۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن کی قیادت میں جو یونیورسٹی کمیشن آج کل ہندوستان کا دورہ کر رہا ہے پیر کے دن حیدرآباد پہنچا۔ عثمانیہ یونیورسٹی سے ملحق بہت سے کالجوں لیبارٹریوں کا معائنہ کیا تاکہ عثمانیہ یونیورسٹی کے اردو کو ذریعہ تعلیم بنانے کے نتائج پر غور کیا جا سکے۔ کمیشن نے یونیورسٹی کے صدر نواب علی یاور جنگ اور محکمہ تعلیم حکومت حیدرآباد کے دوسرے نمائندوں سے گفت و شنید کی۔

زمین کو کاشت کے قابل بنایا جائیگا

وزیر خوراک کی تقریر

نئی دہلی ۵ جنوری۔ ہند کے وزیر خوراک شری جے رام داس دولت رام نے چھتر پور میں دس ہزار ایکڑ زمین کو قابل کاشت بنانے کی اسکیم کا افتتاح کرتے ہوئے پبلک کو خوراک کے بارے میں خود کفیل بنانے کے لئے سائنس اور مشینی آلات کے استعمال پر زور دیا انہوں نے ماہرین زراعت سے اس بات کی اپیل کی کہ زراعت کے کام کو ایک مقدس مشن سمجھ کر کریں۔

رشوت لینے پر قید بامشقت

کلکتہ ۶ جنوری۔ علی پور کے پولس مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۶۱ تعزیرات ہند کے ماتحت [illegible]

سکینہ کی شرنارتھیوں کو یقین دہانی

نئی دہلی ۷ جنوری۔ [illegible]

حکیم سکندر خضر کی وفات پر

امرتسر میونسپلٹی کا اظہار تعزیت

امرتسر ۶ جنوری۔ [illegible]

کانگرس کی نئی ورکنگ کمیٹی کے ناموں کا اعلان ہو گیا

پہلا جلسہ ۹ جنوری کو ۸ بجے صبح سردار پٹیل کی قیامگاہ پر ہوگا

نئی دہلی ۵ جنوری۔ کل آل انڈیا نیشنل کانگرس کے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے سال رواں کے لئے کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ۱۹ ممبران کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ نئے جنرل سکریٹری مسٹر کالا وینکٹا راؤ اور مسٹر شنکر راؤ دیو مقرر کئے گئے ہیں سردار پٹیل خزانچی بنائے گئے ہیں۔

ورکنگ کمیٹی کا ایک ہنگامی جلسہ ۹ جنوری کو صبح ۸ بجے سردار پٹیل کی رہائش گاہ پر طلب کیا گیا ہے۔ کمیٹی کے ارکان یہ ہیں۔

پنڈت جواہر لال نہرو، سردار ولبھ بھائی پٹیل، مولانا ابوالکلام آزاد، مسٹر رفیع احمد قدوائی، مسٹر جگجیون رام، پنڈت گووند ولبھ پنت، سردار پرتاپ سنگھ کیرون، ڈاکٹر راجندر پرشاد، ڈاکٹر پرفلا چندر گھوش، مسٹر شنکر راؤ دیو، مسز سچیتا کرپلانی، جناب کالا وینکٹا راؤ، مسٹر ایس کے پاٹل، مسٹر این جی رنگا، مسٹر کامراج ناڈر، مسٹر ڈبلیو ایس راشٹرا، صدر آسام کانگرس کمیٹی مسٹر نجالنگا پا (میسور)

شنگھائی میں قیامت خیز سردی

شنگھائی ۶ جنوری۔ منگل کی صبح کو شنگھائی کی گلیوں اور بازاروں سے ۱۸۹ نعشیں اٹھائی گئیں۔ ان میں سے سات بالغ اور باقی سب بچے ہیں۔ اتوار کی رات کو شنگھائی کا ٹمپریچر ۱۸ ڈگری فارن ہائیٹ تھا۔

وزیر مال کا استعفیٰ

مدراس ۷ جنوری۔ مدراس کے وزیر مال کالا وینکٹا راؤ کانگریس مجلس عاملہ کے جنرل سکریٹری ہو جانے کی وجہ سے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دے رہے ہیں۔

یو۔ پی سوشلسٹ کانفرنس میں مسز ارونا آصف علی کی تقریر

بنارس ۷ جنوری۔ یو پی صوبائی سوشلسٹ کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے مسز ارونا آصف علی نے کہا کہ ملک کے موجودہ اقتصادی بحران کو حل کرنے کے لئے دو ہی راستے ہیں یا تو عوام حکومت کو مجبور کریں کہ وہ انقلابی معاشی پروگرام پر عمل کرے یا وہ اپنے ووٹوں کے ذریعہ اسے تبدیل کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کے حصول کے بعد سوشلسٹ لیڈروں کو امید تھی کہ [illegible]

مالیر کوٹلہ

میں اخبار الجمعیۃ روزنامہ و
ہفتہ وار ایم عبدالمجید صاحب
ایجنٹ اخبارات موتی بازار سے
طلب فرمائیں۔

منیجر

ہر قسم کی خط و کتابت

کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیے

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۸ر جنوری ۱۹۴۹ء

ایک نئی چال

بزدلی کی کوئی ایک قسم نہیں ہوتی، اس کی بے شمار قسمیں ہیں، ایک غلط بات کو صحیح ثابت کرنے کے لئے جھوٹ بولنا، ہیر پھیر کی باتیں کرنا، اچھے الفاظ میں برے ارادوں کو چھپانا بھی بزدلی ہے، گناہ کو گناہ تسلیم کر لینا گناہ نہیں بلکہ ایک طرح کی نیکی ہے، لیکن برائی کو بھلائی کی شکل میں دکھانا اور بدی کی تاویل کر کے اپنے آپ کو نیک ظاہر کرنا بہت ہی بڑا گناہ ہے بہادر وہ ہے جو اپنے آپ کو اپنے نفس سے نہ چھپائے اور دوسروں کو دھوکہ نہ دے، بدی بہرحال بدی ہے، اس پر نیکی کا لیبل لگانے سے حقیقت چھپ نہیں سکتی، البتہ اس حرکت سے انسان کی چالاکی اور فریب کاری ظاہر ہو جاتی ہے اور شریف لوگوں میں اس کا اعتبار اٹھ جاتا ہے۔

ہندو مہاسبھا کی جنرل کونسل فیصلہ کر چکی ہے کہ اس میں کوئی غیر ہندو شریک نہیں ہو سکتا، وہ صرف ہندوؤں کے لئے مخصوص ہے اور ہندو مفاد کے لئے سیاست میں شریک ہونا اپنا فرض سمجھتی ہے اسنے اس بات کا بھی اعلان کیا ہے کہ وہ کانگریسی گورنمنٹ کا مقابلہ کرنے کے لئے سارے ملک کو منظم کرے گی اور سیاست کے در و بست پر قبضہ کرنے کی راہ نکالے گی، اس کے باوجود آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے صدر مسٹر بھوپٹکر نے ایک پریس کانفرنس میں مہاسبھائی پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے جو بیان دیا ہے وہ بہت ہی دلچسپ اور بہت ہی افسوسناک ہے، دلچسپ اس لئے کہ انکا یہ بیان تضاد، اختلاف، ژولیدگی، منافقت اور ابہام کا شاہکار ہے، افسوسناک اس لئے کہ اس کی دیکھا دیکھی دوسری فرقہ پرست جماعتیں بھی خم ٹھونک کر میدان میں آئیں گی اور اپنے آپ کو بیک وقت فرقہ پرور اور قوم پرور ثابت کرنے کے لئے روز روز نئی پریس کانفرنسیں منعقد کیا کریں گی!

صدر موصوف نے اپنے بیان میں پہلی بات تو یہ فرمائی کہ ہندو مہاسبھا بھی ہندوستان میں ایک جمہوری اور غیر مذہبی حکومت چاہتی ہے اور اس کا نصب العین بھی نیشنلزم کے سوا کچھ نہیں ہے، دوسرے لفظوں میں اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہندو مہاسبھا ڈیماکریسی (جمہوریت) سیکولرازم (غیر مذہبیت) اور نیشنلزم (قوم پروری) کی تو قائل ہے، لیکن تھیوکریسی (مذہبی حکومت) مونارکی (ملوکیت) اور کمیونزم ..... (فرقہ پرستی) سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، مگر دوسرے ہی سانس میں آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ

"سمجھ لیجئے کہ مہاسبھا صرف ہندوؤں کے لئے ہے اس اعتبار سے وہ فرقہ وار جماعت ہے لیکن اسے فرقہ پرستی کا الزام دینا غلط ہوگا کیونکہ کمیونل پارٹی (فرقہ پرور جماعت) اور کمیونلسٹ پارٹی (فرقہ پرست جماعت) کا فرق آسانی سے محسوس کیا جا سکتا ہے۔ کمیونل پارٹی کا مطلب صرف یہ ہے کہ اس کے دروازے دوسرے لوگوں پر بند ہوں لیکن کمیونلسٹ پارٹی کا مطلب یہ ہے کہ اس میں کوئی دوسرا شریک بھی نہ ہو اور وہ دوسروں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کی کوشش کرے یہی جو فرق کیپٹل (سرمایہ داری) اور کیپٹلزم (سرمایہ پرستی) میں ہے وہی فرق کمیونل اور کمیونلسٹ میں بھی سمجھنا چاہئیے"

اس نکتہ سنجی اور ہیر پھیر کا مطلب یہ ہوا کہ ہندو مہاسبھا ہے تو فرقہ وار جماعت لیکن اس کی فرقہ واریت جارحانہ نہیں ہے، وہ یہ تو چاہتی ہے کہ اپنے حقوق کا تحفظ کرے مگر یہ نہیں چاہتی کہ دوسروں کے حقوق پر چھاپہ مارے اور دوسروں کا نقصان کر کے خود فائدہ اٹھائے!

اول تو یہی بات ناقابل فہم ہے کہ کوئی جماعت بیک وقت نیشنلزم اور کمیونل ازم دونوں کی علمبردار ہو، ایک سانس میں کہے کہ وہ جمہوریت پسند ہے اور ملک میں غیر مذہبی حکومت چاہتی ہے [illegible] اگر اس تضاد کو تھوڑی دیر کے لئے تسلیم بھی کر لیا جائے اور مہاسبھائی ڈکشنری کی کوئی تنقید نہ کی جائے تو اس کا کیا جواب ہے کہ ملک کی دوسری فرقہ پرور جماعتیں بھی اس دلیل کا سہارا لے کر میدان میں نہیں آئیں گی اور وہ یہ نہ کہہ سکیں گی کہ کمیونل پارٹی اور کمیونلسٹ پارٹی میں بڑا فرق ہے، ہم تو کمیونل پارٹی ہیں جس میں جمہوریت بھی کھپ سکتی ہے اور نیشنلزم کے لئے بھی گنجائش نکل سکتی ہے۔ کیا مسلم لیگ کو پھر سے سیاسیات میں دخل دینے اور کمیونل پارٹی کی حیثیت سے میدان میں آنے کی اجازت دیدی جائے گی؟ کیا اکالی پارٹی کو اس دلیل کے بعد ملامت کرنے کی کوئی گنجائش باقی رہ جاتی ہے؟ اس دلیل کے صاف معنی یہ ہیں کہ ہندوستان کے ہر شہر اور ہر گلی کوچہ سے فرقہ وار جماعتیں نکل پڑیں اور کمیونل اور کمیونلسٹ کا فرق بتا کر سارے ملک میں فرقہ واریت کا جہنم دہکا دیں؟

مانا کہ مہاسبھا کی فرقہ واریت جارحانہ نہیں ہے لیکن اسے ہندوستان میں جہاں غالب اکثریت ہندوؤں کی ہے فرقہ وار بننے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اقلیتوں کی فرقہ واریت تو سمجھ میں آسکتی ہے کیونکہ انہیں اندیشہ ہو سکتا ہے کہ کہیں اکثریت ان کے حقوق پر چھاپہ نہ مار بیٹھے لیکن اکثریت کے حقوق پر کون چھاپہ مارنے آئے گا کہ اسے فرقہ واریت کی ضرورت محسوس ہو؟ ہندوستان میں سب سے بڑی اقلیت مسلمان ہیں مگر کیا تصور میں بھی آسکتا ہے کہ یہ اقلیت دن دہاڑے اور کانگریسی حکومت کی موجودگی میں اکثریت کی گردن پکڑ لے گی اور یہ اکثریت آرام سے اپنی گردن پر سوار کرائے گی؟ کیا ہندوؤں کی موثر غالب اکثریت خود اس کے تحفظ کی ضامن نہیں ہو سکتی؟ کیا کانگریس کی موجودگی میں اکثریت کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کا گمان بھی ہو سکتا ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو اس کی کیا ضمانت ہے کہ ہندو مہاسبھا اکثریت کی محافظ بن سکے گی اور اس میں اتنی طاقت آجائے گی کہ کانگریسی حکومت کو الگ بٹھا کر اکثریت کا راس المال اپنی گانٹھ میں لے لے اور اقلیتوں کی دہشت زدگی کا ہمیشہ کے لئے سدباب کرے۔

ہمارے خیال میں اور ہر معقول پسند کی نگاہ میں ہندو مہاسبھا کے صدر کی منطق دو اور دو پانچ کی طرح ناقابل فہم ہے، وہ کمیونل اور کمیونلسٹ میں فرق بتا کر حکومت اور عوام کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں اگر حکومت اس دھوکہ میں آسکتی ہے تو ہمیں اپنے مستقبل سے مایوس ہو جانا چاہئیے، مگر حکومت دھوکہ نہیں کھائے گی اور اپنی اس قرارداد پر مضبوطی سے قائم رہے گی کہ ہندوستان کسی رنگ کی فرقہ واریت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے!

تازہ جنون

معلوم ہوا ہے کہ جنوبی افریقہ کی گورنمنٹ نے ہند اور پاکستان سے جانے والے مسافروں پر افریقہ میں داخلہ کی ممانعت کر دی ہے۔ یہاں کا کوئی مسافر جنوبی افریقہ میں داخل نہیں ہو سکتا، داخلہ کے لئے حکومت افریقہ سے اجازت لینی ہوگی، اور یہ ظاہر ہے کہ اجازت مشکل ہی سے مل سکے گی! ہند اور پاکستان نے نسلی امتیاز کے خلاف مسلسل احتجاج کیا متحدہ اقوام میں آواز اٹھائی دنیا کے ضمیر سے اپیل کی اور انسانیت کے نام پر جنوبی افریقہ کے جنون کو چیلنج کیا، جسکا نتیجہ یہ نکلا کہ ہند اور پاکستان کے باشندوں پر پابندی لگا دی گئی کہ وہ اجازت کے بغیر افریقہ کی نسلی سرزمین میں قدم نہ رکھ سکیں! ہند اور پاکستان نے چاہا یہ تھا کہ افریقہ سے نسلی اور لونی امتیاز کی لعنت ختم ہو جائے اور وہاں کے گورے انسانیت کا سبق سیکھیں لیکن یہ علاج افریقہ کے جنون کو راس نہ آیا اور اس کا مرض گھٹنے کے بجائے اور بڑھ گیا لیکن ڈاکٹر ملان کو معلوم ہونا چاہئیے کہ ہند اور پاکستان کو آنکھیں دکھانا آسان نہیں ہے جس دن بھی ان کی پیشانی پر بل آگیا اسی روز ملان گورنمنٹ کے ہوش ٹھکانے آجائیں گے، وہ زمانہ گیا جب افریقہ کی سفید نسل اپنے نخرے دکھایا کرتی تھی ان نازبرداریوں کے لئے ایشیا میں اب کوئی جگہ نہیں اگر ہند اور پاکستان نے کوئی قدم اٹھایا تو افریقہ کے نسلی بھوت کو کوئی پناہ نہ مل سکے گی، ملان گورنمنٹ کو اپنی رہی سہی شرافت کا ثبوت مہیا کر لینا چاہئیے، وقت آنے پر اسکا سارا حساب چکا دیا جائے گا۔

لکڑی کا کوئلہ

ہمیں افسوس ہے کہ کاروباری لوگ جنہیں سب سے زیادہ ایماندار ہونا چاہئیے تھا، زیادہ سے زیادہ بے ایمان ہوتے جا رہے ہیں اور ان کی حرص میں اتنی بڑی طلب پیدا ہو گئی ہے جو بڑے سے بڑے سرمایہ کے بعد بھی نہیں بھر سکتی، لکڑی کا کوئلہ جو عام استعمال کی چیز ہے ایک مدت سے پانی سے شرابور ہو کر آ رہا ہے، ایک تو اس قسم کے کوئلہ کا وزن بہت بڑھ جاتا ہے اور ایک من کوئلہ سکھانے کے بعد صرف اٹھارہ سیر رہ جاتا ہے، دوسرے اس زمانہ میں ان کا سکھانا بھی مشکل ہو جاتا ہے پندرہ پندرہ روز پڑے رہنے کے بعد بھی خشک نہیں ہوتا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ کوئلہ جہاں سے ملتا ہے وہاں اسپر پیٹ بھر کر پانی ڈالا جاتا ہے اور جو کسر رہ جاتی ہے وہ اپنی جگہ پہنچ کر پوری کر لی جاتی ہے، ہم حکومت اور اس کے متعلقہ حکام کو اس بے ایمانی کی طرف توجہ دلاتے ہوئے درخواست کرتے ہیں کہ وہ کوئلہ فروشوں کی اس شرارت کو روکیں، اگر وہ باز نہ آئیں تو وزن کے بجائے کوئلہ کا بھاؤ مقرر کر دیں، اگر ایک من خشک کوئلہ [illegible] سکتی ہے تو پانی زدہ کوئلہ کی بوری کو بھی ایک ہی من تصور کیا جائے تاکہ کوئلہ فروشوں کی بے ایمانی ختم ہو اور کوئلہ کو گیلا کرنے سے باز آجائیں۔

[illegible]

اچھی باتیں!

بل ھو۔ تا۔ الظالمون (پ ۲۱)

قرآن کیا ہے؟ کھلی ہوئی نشانیاں ہیں اور یہ آیات اہل علم کے سینوں میں محفوظ ہیں اور ہماری آیات سے ظالموں کے سوا اور کون جھگڑا کر سکتا ہے؟۔

قرآن کریم اللہ کی نشانیوں سے معمور ہے، ایک ایک آیت سے خدا کی ہستی کا پتہ چلتا ہے اور خدا کی ہستی کے بعد ہم اپنی ہستی سے بھی واقف ہو جاتے ہیں اور یہ قرآن کا کتنا بڑا معجزہ ہے کہ نہ کاغذوں کا محتاج ہے نہ الماریوں کا نہ قلم کا محتاج ہے نہ سیاہی کا اسکی ایک ایک آیت حفاظ اور اہل علم کے سینوں میں محفوظ رہتی ہے جہاں نہ کیڑا لگ سکتا ہے اور نہ اسے بدلا جا سکتا ہے۔ دنیا میں اور بھی بہت سی مذہبی کتابیں موجود ہیں ... آج تک کسی کتاب کو اول سے آخر تک سینوں میں جگہ نہیں دیگئی اور یہ بات بھی ظاہر ہے کہ جو کتاب رواداری، محبت، سچائی، انصاف حقوق اور اصول کی تعلیم دیتی ہو اس سے کوئی دانشمند انسان انکار نہیں کر سکتا وہ شخص بڑا ہی ظالم ہوگا جو کیڑے مکوڑوں کی پرستش تو کرے مگر قرآن کیطرف متوجہ نہ ہو۔ اور جہالت کی وجہ سے اس کی سچائیوں کا انکار کر دے!

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(از بھائی رتن لال صاحب بنسل)

(۲)

پنجاب کے ان راجاؤں کے علاوہ پنجاب کے عوام بھی ۱۸۵۷ء کے انقلاب سے الگ تھلگ نہیں رہے [illegible]

[illegible]

سیر و سیاحت

انسانوں اور جانوروں کی گرفتاری یا پکڑ دھکڑ کا حال تو آپ نے سنا ہوگا لیکن یہ نہیں سنا ہوگا کہ کسی جگہ وقت کو بھی گرفتار کیا جا سکتا ہے بلکہ اس کے برعکس یہ سنا ہوگا کہ وقت کسی کے ہاتھ نہیں آتا اور جب نکل جاتا ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اسے پیچھے کھینچ کر نہیں لا سکتی۔ لیکن تعجب نہ کریئے فرانس والوں میں جہاں اور کچھ عجیب باتیں ہیں وہاں ان میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ وقت کو پکڑ کے دکھا سکتے ہیں ——

حال ہی کی بات ہے کہ پارلیمنٹ کا اجلاس منعقد ہو رہا تھا [illegible]

[illegible]

گھنٹہ اور کیلنڈر کے مطابق یہ نہ تو ۱۹۴۸ء تھا اور نہ شب کا وقت۔ مگر غیر سرکاری چیزوں کی کوئی اہمیت نہیں جو کچھ ہے سرکار ہے وہ رات کو دن کہدے تو دنیا کو وہی ماننا پڑے گا۔

ہماری اسمبلی میں وقت کی بڑی دیکھ بھال رہتی ہے۔ نائب صدر جو آج کل اسمبلی کی صدارت کر رہے ہیں جہاں کسی ممبر کو دو چار منٹ بولتے ہوئے گھنٹی بجا دیتے ہیں [illegible]

[illegible]

اٹاوہ کی خبریں

-(از نامہ نگار خصوصی) :-

۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو ہندوستانی موٹر آپریٹرس یونین کی نمائندہ کونسل کا جلسہ مقام کانپور گنگا موٹر یونین کی برانچ زیر صدارت سردار مکھن سنگھ صاحب منعقد ہوا جس میں اٹاوہ، مین پوری، کانپور، اوریا، کالپی، آگرہ، لکھنؤ وغیرہ کے اصحاب نے شرکت کی۔

سب سے پہلے جلسہ نے اپنے منتخب صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کو ان کے راشٹرپتی منتخب ہونے پر اظہار مسرت کرتے ہوئے مبارکباد کا ریزولیوشن پاس کیا۔ ایک دوسرے ریزولیوشن کے ذریعہ طے کیا گیا کہ ۱۲، ۱۳ فروری ۱۹۴۹ء کو صوبہ کے موٹر آپریٹرس اور پبلک کیریر آپریٹرس کی ایک کانفرنس کانپور میں زیر صدارت شری ابونڈلکی سنگھ صاحب ایم ایل اے جنرل سکریٹری کسان مزدور پرجا پارٹی منعقد کی [illegible]

جلسہ نے ایک کمیٹی مقرر کی جو موٹر آپریٹرس و پبلک کیریر آپریٹرس کی ان دقتوں کو جو انہیں روزانہ پیش آتی رہتی ہیں راشٹرپتی ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ پریسیڈنٹ آل انڈیا موٹر یونین کی خدمت میں پیش کرے۔ نیز یوپی گورنمنٹ کے افسران کے [illegible]

ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو بنک کے ڈائرکٹر

اٹاوہ ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو بنک کے ایک جلسہ میں حسب ذیل اصحاب کو ڈائرکٹر منتخب کیا گیا۔

شری ارجن سنگھ بھدوریہ، شری ہنومنت سنگھ دلیار کر، شری دریاؤ سنگھ اوجھا، شری برج بہاری لال، بابو سورج پرشاد اگروال۔

مدرسین ڈسٹرکٹ بورڈ کی ہڑتال

اٹاوہ ۳ جنوری۔ آج تک کی اطلاع یہ ہے کہ ضلع کے تقریباً نصف مدرسین نے یکم جنوری سے ہڑتال کر رکھی ہے۔

مینیجنگ کمیٹی کا جلسہ

حافظ محمد صدیق اسلامیہ انٹر کالج کی مینیجنگ کمیٹی کا جلسہ ۹ جنوری ۱۹۴۹ء کو منعقد ہوگا۔

گاندھی میموریل فنڈ

شری موتی لال اگروال ایم ایل اے اور شری بدری پرشاد پالیوال گاندھی میموریل فنڈ کی فراہمی کے لئے کوشش کر رہے ہیں امید کی جاتی ہے کہ کافی چندہ فراہم ہو جائے گا۔

سہارنپور میں یوم محمد علی

اراکین مدنی لائبریری سہارنپور سالہا سال سے سابق کی طرح امسال بھی ۴ جنوری کو شہید وطن رئیس الاحرار مولانا محمد علی صاحب جوہر رحمۃ اللہ علیہ کی سالانہ ادبی یادگار بڑے اہتمام سے منا رہی ہے ۳ جنوری کو شب میں ایک عظیم الشان طرحی مشاعرہ محمد علی ہال میں زیر صدارت مولانا حفظ الرحمن صاحب نائب پارلیمنٹری سکریٹری یوپی منعقد ہوگا جس میں مقامی شعراء کے علاوہ ملک کے مشہور اور بلند پایہ شاعر شرکت کر رہے ہیں ۴ جنوری کو دن میں ایک تقریری مباحثہ ہوگا جس میں تمام اسکولوں کے طلبا حصہ لیں گے اور کامیاب طلبا کو انعامات اور ایک ٹیچی رننگ کپ دیا جائے گا۔

نگینہ کین سوسائٹی کی لوٹ کھسوٹ

نگینہ ۳ جنوری۔ نگینہ خاص کے کاشتکاروں نے سینکڑوں دستخطوں سے آج کین سوسائٹی کے افسران بالا کے نام ایک درخواست بھیجی ہے، درخواست میں مذکور ہے کہ نگینہ کین سوسائٹی میں علانیہ رشوت کا بازار گرم ہے، یہی وجہ ہے کہ جن کاشتکاروں سے پچاس من کی بجائے دس من فی بیگھہ پرچی کا گنا لینا قرار پایا [illegible] اور انہیں اس نہیں ملتے جو لوگ رشوت دے کر اسے حاصل کر رہے ہیں یا اہلکاروں کی کسی وجہ سے جن کی رعایت مطلوب ہے وہ پچاس من فی بیگھہ تک سپلائی کر رہے ہیں اور خود ان کے اس گنا نہیں ہاتو دوسرے علاقوں سے گنے کی فصلیں خرید خرید کر سپلائی کر رہے ہیں۔ نگینہ کے کاشتکاروں میں ان حالات کی وجہ سے بیچینی ہے۔ انہوں نے سوسائٹی کے اہلکاروں سے رجوع کیا تو ان کے ساتھ نہایت ناواجب اور جنگ آمیز برتاؤ کیا گیا، خیال ہے کہ جب نگینہ جیسے اہم مرکز میں اس قدر دھاندلی کے ساتھ بدعنوانیاں ہو رہی ہیں تو دیہی علاقوں میں اور بھی اندھیر ہوگا۔ اگر اس کی فوری روک تھام نہ کی گئی اور یوپی گورنمنٹ کے حکام بالا نے درخواست دہندگان کی داد رسی کے لئے اقدام نہ کیا تو صورت حالات نازک ہو جائیگی۔ (نامہ نگار)

پٹیالہ یونین کے رجواڑوں کا سالانہ الاؤنس

پٹیالہ ۳ جنوری (بذریعہ ڈاک) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ریاستی محکمے کے [illegible] جنوری کو [illegible] ہے، ایسا خیال ہے کہ اس مرتبہ آپ یونین کے رجواڑوں کے سالانہ الاؤنس وغیرہ کے سلسلہ میں فیصلہ کریں گے۔ سیاسی حلقوں میں آپ کی آمد کو بڑی اہمیت دی جارہی ہے۔ (ب ن س)

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

ریلوں میں اشتعال انگیز گانے

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم

ہم عرصہ سے دیکھ رہے ہیں اور الجمعیۃ میں کئی بار مختلف حضرات نے حکومت کو توجہ بھی دلائی کہ ریلوں میں بھکاری جو اشتعال انگیز گانے گاتے ہیں وہ بند ہو جائیں مگر یہ کوشش بیسود ہی رہی حکومت نے ابھی تک اس طرف توجہ نہ کی۔

یہ بھکاری نہ صرف مرد ہیں بلکہ ان میں عورتیں بھی شامل ہیں اور کچھ اس انداز میں گاتے ہیں کہ سننے والوں پر خاطر خواہ اثر ہوتا ہے اور فضا اسی دیر میں گاڑی کی فضا مکدر ہو جاتی ہے حکومت کو چاہئیے کہ جلد از جلد اس طرف توجہ دے کیونکہ اس سے نقص امن کا اندیشہ رہتا ہے۔

([illegible] ۴ جنوری)

فن طب اور ڈولی پکچر

جناب مکرم

الجمعیۃ مورخہ ۳ جنوری میں ڈاکٹر سیف صاحب کا ایک خط ڈولی پکچر کے بارے میں شائع ہوا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں فن طب کو بدنام کیا گیا ہے کیونکہ اس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ ڈاکٹر ایک مریضہ کا علاج کرتا ہے اور جلد اس سے محبت شروع کر دیتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب موصوف نے اس چیز کو بہت اہمیت دی ہے ورنہ فلموں میں عام طور پر عشق و محبت کے واقعات دکھائے جاتے ہیں [illegible] کے علاوہ تاہی کچھ نہیں لہذا ڈاکٹر صاحب نے اسکی طرف توجہ دیکر بیجا طور پر اس کو اہمیت دی ہے ورنہ یہ چیز نہ فن طب کیلئے تحقیر آمیز ہے اور نہ فن طب پر حملہ

(محمد ایوب ——— مراد آباد)

انڈونیشیا کیلئے کانفرنس

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم

اخبارات سے معلوم ہوا ہے کہ عنقریب انڈونیشیا کے سلسلہ میں دہلی میں کوئی ایشیائی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے حکومت ہند کا یہ اقدام یقیناً باعث مسرت اور لائق تحسین ہے مگر کانفرنس کا نتیجہ اگر عملی صورت میں رونما نہ ہو تو بیکار ہے کانفرنس کا کام صرف قرار دادیں پاس کرنا ڈچ حکومت اور مجلس اقوام متحدہ سے سفارش کرنا نہ ہو بلکہ اس میں دو ٹوک فیصلہ کیا جائے کہ اگر ڈچ حکومت انڈونیشی لیڈروں کو رہا کر کے اپنی فوجیں ٹروس لائن پر واپس نہیں بلاتی ہے تو ایشیائی ممالک مجلس اقوام سے علیحدہ ہو جائیں۔ ڈچ فوجوں کے خلاف اگر سرکاری طور پر کوئی کاروائی نہ بھی کی جاسکے تو کم از کم رضاکارانہ طور پر والنٹیر کو منا کر انڈونیشیا جانے کی اجازت دی جائے۔

(مقبول احمد قریشی ——— سہارنپور)

حکومت یوپی کے اعلان پر

حکیم عبدالحسیب صاحب کا احتجاجی بیان

لکھنؤ بذریعہ ڈاک۔ شفاء الملک حکیم عبدالحسیب صاحب صدر انجمن طبیہ صوبہ متحدہ نے درج ذیل بیان اخبارات کے نام جاری کیا ہے۔

طبیبوں اور ویدوں کی رجسٹری کے سلسلہ میں حکومت یوپی نے پہلے طے کیا تھا کہ طبیبوں کی درخواست رجسٹری کی تصدیق ہر ضلع کی ویدک سمیلن کرے گی۔ لیکن اب حکومت کی طرف سے نئے قواعد کا اعلان ہوا ہے جو طبیبوں اور ویدوں کے حقوق میں زبردست دست اندازی کا باعث ہوں گے۔

ان قواعد کی رو سے ہر ضلع پر حکومت ایسی کمیٹیاں مقرر کرے گی جس میں سول سرجن، ہیلتھ آفیسر، ایک ڈپٹی کلکٹر شامل ہوں گے اور ایک طبیب اور دو ویدوں کو بھی ممبر کی حیثیت سے شامل کیا جائے گا۔

یہ کمیٹی طبیبوں اور ویدوں کی درخواست رجسٹری پر غور کے بعد فیصلہ کرے گی کہ آیا یہ درخواست بورڈ آف انڈین میڈیسن میں بھیجے جانے کے قابل ہے یا نہیں۔ ظاہر ہے کہ سول سرجن ہیلتھ آفیسر ایک غیر ملکی طب یعنی ایلوپیتھی کے حامل کی حیثیت سے ہمیشہ سے دیسی طبیبوں کو نفرت اور حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، اب درخواست پر غور ان کے سپرد کیا جانا سراسر خلاف انصاف ہے۔

امید ہے کہ تمام اضلاع کی انجمن ہائے طبیہ اور ویدک سمیلن اس خلاف انصاف کاروائی کے خلاف احتجاج کریں گے۔

مال گاڑی کو روسی مقبوضہ علاقہ میں لیجانے کی بے سود کوشش

برلن ۵ جنوری۔ آج یہاں [illegible] سے بھری ہوئی ریل گاڑی ناجائز طریقہ سے روسی مقبوضہ علاقہ میں لیجانے کی کوشش کی گئی لیکن جرمن سرحدی پولیس کی بر وقت مداخلت سے تمام کوششیں رائیگاں گئیں یکم جنوری کو ایک مال گاڑی جس میں مشینری وغیرہ لدی ہوئی تھی سیکٹر کے اسٹیشن پر جو سرحد پر واقع ہے ٹھہرائی گئی۔ چونکہ متعلقہ کاغذات مشکوک معلوم ہوتے تھے اس لئے گاڑی [illegible] میں داخل ہوئی لیکن ریل کی پٹری روسی علاقہ سے گذرتی ہے۔ پولیس کا خیال ہے کہ یہ مال گاڑی روسی علاقہ میں لیجا کر بعد نئی منزل مقصود کی طرف بھیجی جاتی تھی۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔ امید ہے کہ سنسنی خیز انکشافات ہوں گے۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی کیوں کہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوئی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

تحکیم اسلامی اور دارالافتاء کے قیام کی تجاویز

جمعیۃ علماء راجستان ٹونک کا اجلاس

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مورخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۴۸ء کو مجلس عاملہ جمعیۃ علماء راجستان کا ایک ضروری اجلاس منعقد ہوا جس میں مسلمانوں کے مذہبی حقوق کی حفاظت اور موجودہ مذہبی مشکلات کو حل کرنے کیلئے چند تجاویز منظور کی گئیں۔ جن میں "تحکیم اسلامی" اور دارالافتاء کے قیام کی [illegible]

تحکیم اسلامی (اسلامی پنچایتوں) اور مسلمانوں کے لاوارث مال کے متعلق دو تجویزیں منجانب جمعیۃ علماء سربنج پیش ہوئیں دارالافتاء کے متعلق طے کیا گیا کہ دفتر جمعیۃ علماء ٹونک میں جلد از جلد ایک دارالافتاء قائم کر دیا جائے۔ تاکہ مسلمان اپنے مذہبی [illegible] خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے راستہ پر صحیح طور پر چل سکیں۔

اس نیک اور مبارک خدمت کے لئے چند علمائے عظام و مفتیان کرام نے خالصتاً لوجہ اللہ اپنی زریں خدمات پیش فرمادی ہیں۔

[illegible] اس کا افتتاح عمل میں آجائے گا۔ اور اس طرح مسلمانوں کی مذہبی مشکلات کا بہتر حل نکل سکے گا۔

جمعیۃ علماء متھرا کا انتخاب

متھرا (بذریعہ ڈاک) ۳۰ دسمبر کو جمعیۃ علماء شہر متھرا کے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا اور حسب ذیل حضرات اتفاق رائے سے منتخب ہوئے۔

سید عبدالغنی صاحب صدر، مولانا محمد اسمعیل صاحب شفاندی نائب صدر، محمد سلیم صاحب مستری سائیکل والے ناظم، منشی عبدالواحد صاحب حیواں نائب ناظم اور استاد عبداللطیف صاحب خازن مقرر ہوئے۔

قصبہ نواب گنج کے عہدیداران کا انتخاب

نواب گنج (بذریعہ ڈاک) مولانا عبدالرؤف صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء بریلی کی زیر نگرانی قصبہ نواب گنج ضلع بریلی کی جمعیۃ علماء کا انتخاب عمل میں آیا۔

حکیم حاجی نظیر احمد صاحب صدر، مولانا نظیر احمد صاحب انصاری نائب صدر، منشی احمد جان صاحب ناظم، مولانا محمد زکریا صاحب انصاری نائب ناظم، ناظم نشر و اشاعت اور شیخ کریم بخش صاحب خازن مقرر ہوئے۔

شیخ فاروق صاحب، حاجی ایوب صاحب، حاجی عبداللہ صاحب انصاری، [illegible] صاحب، عبدالکریم صاحب، حکیم [illegible] صاحب، [illegible] صاحب، قاضی صدیق احمد صاحب ممبران مجلس منتظمہ مقرر ہوئے۔

امریکہ میں زبردست طوفان

۵۴ افراد ہلاک اور ۳۰۰ مجروح

نیویارک ۵ جنوری۔ کل بعد دوپہر ایک امریکی علاقہ میں زبردست طوفان کی وجہ سے کئی مکانات کی چھتیں اڑ گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ طوفان کی وجہ سے ۵۴ افراد ہلاک اور ۳۰۰ کے قریب مجروح ہوئے۔ علاقہ کے پولیس کے افسر اعلیٰ نے بتایا ہے کہ تقریباً نصف شہر میدان نظر آرہا ہے کئی افراد اب تک بھی چھتوں کے نیچے دبے پڑے ہیں۔ ڈر ہے کہ ہلاک شدگان کی تعداد بڑھ جائے گی۔ قیدی اور دیگر زیرحراست نظربند ریلیف کے کام میں حکومت کا ہاتھ بٹا رہے ہیں گرد و نواح کے علاقوں سے یکصد ڈاکٹر اور نرسیں طبی امداد کے لئے وہاں بھیجی گئی ہیں۔ ریلیف کا کام بدستور دن رات ہو رہا ہے۔ طوفان تین منٹ تک رہا۔

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(بقیہ صفحہ ۳)

بھی آنکھ کھول کر پڑھ لیں۔ اس وقت جب کہ کانگریس ان پٹھانوں کے خلاف فوجیں بھیجنے کی مخالفت کر رہی تھی جن کو انگریز افسر ہندو اور سکھوں کے لئے ایک بڑا ہوا بتاتے تھے، سرسید کی سرپرستی میں چلنے والی محمڈن اینگلو اورینٹل ڈیفنس ایسوسی ایشن کے مسلمان ممبروں نے اپنے ۱۸۹۶ء کے [illegible] ریزولیوشن [illegible] سرکار سے یہ مانگ کی تھی کہ سرحد پر زیادہ فوجیں بڑھائی جائیں جس سے وہاں کے پٹھانوں کو قابو میں لایا جاسکے۔ اس ریزولیوشن کو خود سرسید احمد صاحب نے رکھا تھا اور اس کی تائید میں انہوں نے جو تقریر کی تھی اس میں انہوں نے کہا تھا کہ میرے خیال سے سرحد پر [illegible] انگریز سپاہی [illegible] ہونے چاہئیں اور ایک دفعہ پہلے خود [illegible] لارڈ ڈفرن کو اچھی طرح سمجھا دی تھی۔ (باقی کل)

سیفٹی آرڈیننس میں

کانگریسی کارکنوں کی گرفتاریاں

پٹیالہ ۳ جنوری (بذریعہ ڈاک) پچھلے دنوں پٹیالہ پولیس نے دھنسہ سے سردار امیر سنگھ صدر تحصیل کانگریس کمیٹی کو سیفٹی آرڈیننس کے تحت گرفتار کیا تھا۔ اس کے بعد بریلہ کے مشہور کانگریسی کارکن سردار گرمکھ سنگھ کو گرفتار کیا گیا۔ اب اطلاع ملی ہے کہ یونین ایگزیکٹو میں سیفٹی آرڈیننس کے تحت گرفتاریوں کے خلاف ہیبس کارپس اپیل دائر کر دی گئی ہے۔ (ب ن س)

جے پرکاش نرائن نے

پٹیالہ کا دورہ ملتوی کر دیا

پٹیالہ ۳ جنوری (بذریعہ ڈاک) دفتر سوشلسٹ پارٹی سے اطلاع ملی ہے کہ مسٹر جے پرکاش نارائن جنہوں نے ۷ جنوری کو پٹیالہ آنا تھا اپنا دورہ ملتوی کر دیا ہے۔ آپ نے وقت کی تنگی کی وجہ سے پوربی پنجاب کے پروگرام صرف دو روز کے لئے محدود کر دیا ہے۔ (ب ن س)

تعلیمی اداروں اور اردو کے تحفظ کیلئے جمعیۃ علماء کی مساعی

جمعیۃ علماء نے لکھنؤ میں "شعبہ تعلیمات" قائم کر دیا

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) اگرچہ نئے نظام نو ایک نیا تعلیمی نظام نافذ ہو رہا ہے اس کے پیش نظر دینی تعلیم اور مذہبی مکاتب و مدارس کے بقاء تحفظ اور توسیع کا مسئلہ خاص اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ اگرچہ حکومت کا منشاء ہرگز نہیں ہے کہ ان میں سے کسی ایک چیز کو کوئی نقصان پہنچایا جائے یا کسی فرقہ و جماعت کے کسی واجبی حق کو تلف کیا جائے مگر [illegible] کی بعض ناعاقبت اندیشیوں کی وجہ سے حکومت کے منشاء کے مطابق کام نہیں ہو رہا ہے اور بہت سی چیزوں کو نقصان پہنچ رہا ہے یا پہنچنے کا احتمال ہے جس سے پبلک میں اور خصوصاً مسلمانوں میں بیچینی کا احساس پیدا ہو رہا ہے اس کو دور کرنے اور حکومت کے منشاء کو پورا کرنے کیلئے اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند نے شعبہ تعلیمات کے نام سے ایک محکمہ قائم کر دیا ہے۔

اس کا کام یہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے مذہبی و دینی تعلیمی اداروں اور زبان اردو کی بقا و تحفظ کی نگرانی کرے اور حکومت کے مقاصد کو اپنی نگرانی میں پورا کرائے اس سلسلہ میں یہ شعبہ عنقریب چند پمفلٹ شائع کرنے والا ہے جس سے پوری تفصیلات معلوم ہوں گی۔ اور اخبارات کے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً ہدایات جاری کرتا رہے گا۔

لہذا ملک کے کسی حصہ میں جہاں کہیں پبلک کو اس قسم کی کوئی شکایت ہو تو پتہ ذیل سے فوراً خط و کتابت کی جائے۔

(مولانا) قاری عبدالقیوم ندوی انچارج شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند۔ دفتر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ گوئن روڈ لکھنؤ۔ یوپی

جائدادوں کے بارے میں اگلے ہفتہ بین الملکتی کانفرنس ہوگی

کراچی جانے والے ہندی وفد کے ارکین کے ناموں کا اعلان

نئی دہلی ۷ جنوری۔ جنوری کی نویں اور دسویں کو کراچی میں بین الملکتی کانفرنس ہونے والی ہے اس میں نمائندگی کرنے کے لئے ہندی وفد منتخب کر لیا گیا ہے۔ اس میں گوپال سوامی آئینگر، مسٹر موہن لال سکسینہ، مسٹر چند رام دولت رام اور لالہ بھیم سین سچر شامل ہوں گے۔

مسٹر سچر شرنارتھیوں کا نقطہ نظر پیش کریں گے۔

وزیر خوراک کو بھی اس وجہ سے شامل کیا گیا کہ کوئی شخص سندھی شرنارتھیوں کے مسائل کے بارے میں بھی خیالات کا اظہار کر سکے۔ ہندی وفد اس بات پر خاص زور دے گا کہ گذشتہ جولائی میں انخلا کنندگان کی جائداد کے بارے میں جو معاہدہ ہوا تھا اس پر عمل درآمد کیا جائے۔

حکومت پاکستان اب تک اس معاہدہ پر عمل درآمد میں ناکام رہی ہے غالباً پاکستان نے ابھی اس امر کو محسوس نہیں کیا ہے کہ شرنارتھیوں کی جائداد کے بارے میں منصفانہ فیصلہ [illegible] حالات کی تلخ یادوں کو بھلانے اور نئے مشکلات سے بچنے کے لئے بہت ضروری ہے

اس کانفرنس کی اہمیت بتاتے ہوئے مسٹر سکسینہ نے کہا کشمیر اور انخلا کنندگان کی جائداد ہی دو ایسے مسئلے ہیں جو دونوں مملکتوں کے درمیان تمام غلط فہمیوں کی بنیاد ہیں۔ اگرچہ پہلے امر کے بارے میں تناؤ اور جوش کم ہو گیا لیکن دوسرے امر کے بارے میں ابھی باقی ہے انہوں نے یہ بھی امید ظاہر کی ہے کہ اب جولائی کے معاہدہ پر جلد ہی عمل درآمد کیا جائیگا۔

لندن میں پراسرار موت

لندن پولیس کے افسران کو تشویش

لندن ۷ جنوری۔ گذشتہ بارہ سال میں انگلستان میں جس پہلی عورت کو سزائے موت دی گئی ہے ۲ [illegible] جنوری کو اسے پھانسی دیدی جائے گی لیکن اس دوران میں لندن کے اسکاٹ لینڈ یارڈ کے افسر لندن میں جرائم کی بابت تحقیقات کر رہے ہیں۔ گذشتہ تین ہفتہ میں لندن میں جو پراسرار قتل ہوئے ہیں ان کے علاوہ انہیں حالیہ دہشت انگیزی کے اسباب پر بھی غور کرنا ہے جس کے اب تک ۱۵ شکار ہو چکے ہیں۔ دو گرفتار شدگان سے پولیس نے پوچھ گچھ کی ہے۔ مرنے والوں میں مسز ایڈیتھ ڈرولینڈ سابق ملاح، اسٹیفن داریل اور کارڈونٹ ہاری مکلن ہیں ان کے علاوہ ۷۶ سالہ بڑھا فرڈ ڈورڈ [illegible]

پولیٹیکل کانفرنس تھانہ صاحب

پٹیالہ ۳ جنوری (بذریعہ ڈاک) اطلاع ملی ہے کہ ۱۲، ۱۳ جنوری کو تھانہ صاحب تحصیل پٹیالہ میں تحصیل کانگریس کمیٹی کی طرف سے تحصیل پولیٹیکل کانفرنس منعقد ہوگی۔ یونین کانگریس کے لیڈران شری برش بھان، شری سندر لال، پنڈت بشن ناتھ، سردار رنجیت سنگھ، سردار بھگونت سنگھ وغیرہ اس میں شرکت کریں گے۔ (ب ن س)

شنگھائی کی خوفناک راتیں

شنگھائی ۷ جنوری۔ پیر کی صبح کو شنگھائی کی سڑکوں پر سے ۱۸۹ لاشیں اٹھائی گئیں یہ سب رات کو سردی سے ہلاک ہو گئے تھے۔ ان میں چار عمر رسیدہ اشخاص تھے باقی سب بچے تھے پیر کی شام کو درجہ حرارت ۱۸ فارن ہیٹ رہ گیا تھا نصف رات کو درجہ حرارت میں ۴ ڈگری کی اور کمی ہو گئی۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن کی واپسی

دہلی ۵ جنوری۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب مین روزہ جودھپور قیام فرما کر ۳ جنوری کو واپس دہلی تشریف لے آئے ہیں۔ حکیم محمد اسمعیل صاحب جو مولانا کے ساتھ جودھپور تشریف لے گئے تھے مزید چند روز جودھپور میں قیام کریں گے اور جودھپور میں جمعیۃ علماء کی مزید شاخوں کے قیام و تنظیم کا کام انجام دیں گے۔ آپ ۱۲ جنوری کو واپس تشریف لائیں گے۔

حکومت اسرائیل نے مصر سے اپنی فوجیں واپس بلالیں

امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان مسٹر مک ڈرموٹ کا بیان

لندن ۶ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ اسرائیل نے امریکہ کو یقین دلایا ہے کہ اس نے اپنی تمام فوجوں کو مصر سے واپس بلالیا ہے۔ امریکہ کے دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے اس امر کا اعلان کیا۔ یہ یقین دہانی اس وقت عمل میں آئی جب امریکہ نے تل ابیب کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی کہ مصر باہمی امداد کے ایک معاہدہ کے ذریعہ برطانیہ کے ساتھ منسلک ہے۔

مسٹر میک ڈرموٹ اس ترجمان نے اس امر کا بھی انکشاف کیا کہ قاہرہ میں امریکی سفارت خانہ کو اس امر کی بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مصری حکومت پر زور دے کہ فلسطین پر کسی اور فضائی حملات کا نتیجہ جنگ کی مزید توسیع کی صورت میں رونما ہو سکتا ہے۔ اور مصر جنوبی فلسطین کے پورے محاذ پر یہودیوں کے مسلسل حملوں کی مصری اور عراقی ذرائع سے اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ گذشتہ شب ایک عراقی ترجمان نے فلسطین میں برطانوی فوج پر نقل و حرکت کا الزام لگایا۔

اسرائیلی اخبارات کے بیان کے مطابق اس ترجمان نے کہا ہے کہ میں نہیں کہہ سکتا کہ برطانوی طیاروں نے اسرائیلی مورچوں اور نجب کے میدان جنگ پر پرواز کی ہے یا نہیں۔ انگریزی مصری امدادی معاہدے کے نتیجہ میں جواب انگریزی مصری جنگ قریب الوقوع معلوم ہوتی ہے۔ حیفا میں برطانیہ کے قونصل جنرل مسٹر سیرل ماریٹ نے کہا برطانیہ اسرائیل کے خلاف لڑنا نہیں چاہتا۔

دہلی میں شدت کی سردی

دو آدمی ہلاک ہو گئے

دہلی ۵ جنوری۔ گذشتہ شب درجہ حرارت بہت کم تھا نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ایک شرنارتھی اور ایک چار سالہ بچہ ہلاک ہو گیا۔ گذشتہ شب درجہ حرارت گر کر ۳۸ ڈگری رہ گیا تھا ماہرین موسمیات کا کہنا ہے کہ موسم کی یہ حالت دو تین دن اور رہیگی۔

ڈچ فوجیں بربریت اور درندگی پر اتر آئیں

کناننگ میں پانچ عورتوں اور بچوں کو زندہ جلادیا

نئی دہلی ۵ جنوری سماٹرا سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ کناننگ میں ڈچ سپاہیوں نے جو محاصرہ میں تھے پانچ عورتوں اور بچوں کو زندہ آتش کر دیا اور سارے دیہات کو مع زمین کے ساتھ ملا دیا۔ ولندیزی توپخانے نے ۱۲ گولے برسائے۔ ولندیزیوں کی پانچ بکتر بند گاڑیاں گوریلوں نے تباہ و برباد کر دیں۔

سماٹرا کے مختلف علاقوں کے فوجی گورنر مقرر کر دئے گئے ہیں۔ مشرقی جاوا کی اطلاعات کے مطابق گوریلا فوج گھمسان کی جنگ میں مصروف ہے کو ڈیری پر ریپبلکن افواج کا [illegible] مرکزی سماٹرا میں گوریلے گھمسان کی جنگ کر رہے ہیں۔ مغربی جاوا میں کئی مقامات کے درمیان گوریلوں نے ریل کی پٹری کو توڑ پھوڑ دیا ہے۔ اور ایک ریل کا انجن پٹڑی سے نیچے اتر گیا ہے۔

گوریلوں نے [illegible] پر حملہ کر کے [illegible] سے کافی نقصان ہوا۔

ایک ضروری تصحیح

[illegible]

چنار تھل ہریجن کانفرنس میں گڑبڑ

پٹیالہ ۳ جنوری (بذریعہ ڈاک) پچھلے دنوں چنار تھل سرہند میں منعقدہ ہریجن پولیٹیکل کانفرنس میں کچھ غنڈوں نے شرارت کی تھی اور پولیس نے اس غنڈہ گردی کو روکنے کی بجائے غنڈوں کو اکسایا تھا اس پر یونین کانگریس نے پولیس کے رویہ [illegible] صوبائی کانگریس [illegible] مطلع کیا تھا کہ اس واقعہ میں پولیس [illegible] ہے۔ صوبہ کانگریس کے جنرل سکریٹری شری بھگت رام لال نے حکومت کو لکھا کہ وہ جوڈیشل انکوائری کرے تاکہ ثابت ہو سکے کہ پولیس بے قصور ہے یا نہیں۔ اطلاع ملی ہے کہ آج حکومت پٹیالہ نے اس انکوائری کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے اور کہا ہے کہ چونکہ وہ پولیس کا قصور نہیں سمجھتی اس لئے جوڈیشل انکوائری کے واسطے تیار نہیں ہے۔ (ب ن س)

دارالسلطنت

دہلی ۶ جنوری

ٹریفک پر فلم

ٹریفک پولیس نے ٹریفک کے بارے میں سینما گھروں میں خاص فلم دکھانے کا انتظام کیا ہے۔

جواری خودکشی کرنے لگا

غیاث الدین نامی ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اطلاع ملنے پر وہ اصغر علی کے مکان پر گیا۔ اصغر علی اپنے پیٹ میں درد کی وجہ سے چلا رہا تھا۔ اصغر علی نے بتایا کہ وہ جوا میں بہت سا روپیہ ہار گیا ہے اور خودکشی کرنے کے لئے اس نے [illegible] کھا لیا ہے۔ پولیس نے خودکشی کرنے کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ٹریفک کے قواعد کی خلاف ورزی

۳۱ دسمبر کو ختم ہونے والے انتظامی سال میں ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانے کے کل ۹۰۲۹۳ روپے نئی دہلی کی عدالتوں میں وصول کئے گئے۔

چوری کرتے ہوئے گرفتار

دریا قاضی کے علاقہ میں ایک مکان میں چوری کرتے ہوئے شام لال نامی ایک شخص کو گرفتار کیا گیا۔ کوچہ گھاسی رام سے بھی شیر سنگھ اور ایک دوسرا شخص ایک دکان سے سامان اٹھاتے ہوئے گرفتار ہوئے۔

اہل خیر حضرات کا شکریہ

دہلی ۵ جنوری۔ شیخ محمد احمد صاحب جنرل سکریٹری انجمن خدام خلق ضلع دہلی نے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے انجمن خدام خلق کی اپیل پر مصیبت زدہ دیہاتی بھائیوں کی امداد کے لئے روپے کپڑے وغیرہ بھیجے یا دیئے۔

ٹرام اور کار کی ٹکر

کل چاندنی چوک میں ٹرام اور موٹر کی ٹکر ہو جانے سے موٹر کو سخت نقصان پہنچا۔ ڈرائیور کے معمولی سی ضربات آئیں۔ کار کمار ٹالہ کے برابر والی سڑک پر سے آرہی تھی کہ سامنے سے ایک تانگہ آتا دکھائی دیا۔ اس پر ڈرائیور نے کار کو الٹی جانب چلایا لیکن کار کے پیچھے اور گاڑیاں کھڑی تھیں اس لئے وہ ٹرام کی لائن پر رک گئی۔ اسی دوران میں فتحپوری کی طرف سے ٹرام آئی اور کار سے ٹکرا گئی۔

کرنال روڈ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک کار کی تانگہ سے ٹکر ہو گئی تانگہ اور گھوڑا سخت مجروح ہوا تانگہ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ سبزی منڈی سے پرے آنند پربت میں ایک جیپ سے ٹکرا کر ایک سائیکل ٹوٹ گئی۔ سائیکل سوار بھی مجروح ہوا۔

ناجائز شراب برآمد

بہادر گڑھ روڈ کے ایک شخص کے پاس سے ناجائز شراب کی چند بوتلیں برآمد ہونے پر اس کو گرفتار کر لیا گیا۔

دہلی کالا قلعہ کے قریب شاہراہ عام پر جوا کھیلتے ہوئے دو اشخاص گرفتار کئے گئے۔

ٹونک میں یوم برکات

آج یکم ربیع الاول کو صبح ۹ بجے شفا منزل (دولتکدہ شفاء الملک مولانا حکیم سید ظہیر احمد برکاتی معتمد مدرسۃ العلوم خلیلیہ) میں یوم برکات منایا گیا اور بسلسلہ وفات علامۃ الہند حضرت مولانا حکیم سید برکات احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ مدرسۃ العلوم خلیلیہ میں حسب دستور تعطیل کی گئی۔

مدرسین و طلباء مدرسہ نے اپنے استاذ الاساتذہ کی روح پر قرآن پاک کی تلاوت کے بعد ایصال ثواب کیا۔ اس کے بعد معتمد صاحب مدرسہ نے علم کی اس گراں بازاری کے وقت بانی مدرسہ علامۃ الہند مولانا حکیم سید برکات احمد صاحب کو یاد کرتے ہوئے فرمایا کہ دارالعلوم خلیلیہ مولانا مرحوم کی ایک ابدی یادگار ہے۔ علامہ موصوف نے احیاء علوم دینیہ و تبلیغ اسلام کی خاطر اس کی بنیاد اس وقت رکھی جب کہ مسلمانوں کو اس کی بڑی سخت ضرورت تھی۔

الحمدللہ یہ مدرسہ تقریباً ۵۰ سال سے مسلمانوں کے بچوں کی مذہبی اور علمی خدمات انجام دے رہا ہے۔ اب ایسے مشکلات کے زمانہ میں مسلمانوں کا دینی فرض ہے کہ مدرسہ کی زیادہ سے زیادہ امداد فرمائیں۔ (نامہ نگار)

سنگین برآمد ہوئی

۱۴ مئی میں ایک سنگین ایک شخص کے مکان سے برآمد ہوئی اس شخص کے خلاف قانون اسلحہ کے سلسلہ میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

دہلی میونسپلٹی کی کاروائی

کل دہلی میونسپلٹی نے اپنے چوبیس صفحہ کا ایجنڈا دو منٹ میں منظور کر لیا۔ ۴۴ میں ۱۱ ممبران نے جلسہ میں شرکت کی۔ پانچ سو کوارٹروں کی تعمیر پبلک [illegible] سروں کے تقرر وغیرہ کے اہم مسائل اسی ایجنڈا میں شامل تھے۔ لیکن ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ تقسیم کے بعد سے میونسپلٹی کی کاروائی میں ممبروں کی دلچسپی برابر کم ہو رہی ہے۔

بلا لائسنس تانگہ والوں کے خلاف مہم

دہلی میونسپل کمیٹی نے بلا لائسنس تانگہ [illegible] اور ٹھیلے والوں کے خلاف [illegible] اشخاص کا پتہ چلایا گیا۔

ان سے کہا گیا کہ وہ لائسنس لیں معلوم ہوا ہے کہ کمیٹی عنقریب ٹیکس سے بچنے والوں اور دوسروں کے خلاف بھی کاروائی شروع کر دیگی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ایک ہزار روپے جرمانے کے طور پر وصول کئے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ ہفتہ میں اس قسم کی چیکنگ کی جایا کرے گی۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ شہر میں جتنی تعمیرات بغیر اجازت کی گئی ہیں ان کی بھی جانچ کی جائیگی اور کرایہ وصول کیا جائیگا۔

ہندوستان میں کپاس کی حالت

درآمد میں کمی اور پیداوار کی قلت

نئی دہلی ۷ جنوری۔ ایک سرکاری ریڈیو میں ہندوستان کی کپاس کی تاریک تصویر پیش کی ہے۔ پیداوار کم ہوئی ہے درآمد میں اور پاکستان سے طویل ریشہ سپلائی کے باعث حالت بہت نازک ہو گئی ہے تقسیم کے بعد ہندوستان کو کپاس کیلئے ممالک غیر کی محتاجگی [illegible] جیسا کہ ظاہر ہے کہ وہ خوراک کیلئے تھا۔ دوسری صنعت جس پر اثر پڑا ہے پٹسن ہے۔

جنوبی افریقہ میں نسلی امتیاز کے خلاف سخت جدوجہد ہوگی

گاندھی جی کے لڑکے منی لال گاندھی کا بیان

نئی دہلی ۵ جنوری۔ مہاتما گاندھی کے چھوٹے لڑکے اور ڈربن سے شائع ہونے والے اخبار انڈین [illegible] کے ایڈیٹر مسٹر منی لال گاندھی گذشتہ ہفتہ دہلی پہونچے تھے۔ آپ نے خانیدہ گلوب کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران میں کہا ہے کہ اتحادی قوموں کی انجمن لیگ آف نیشنز کے رستے پر چل رہی ہے اتحادی قوموں کی انجمن میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ وہ جنوبی افریقہ کی حکومت اور ہندوستانیوں کے درمیان جھگڑے کو موثر طریقہ سے حل کر سکے۔ اس انجمن میں امید کا وہ پیغام نہیں رہا جس کی ہمیں توقع تھی۔

آپ نے مزید کہا ہے کہ ایشیائی اور کالی نسل کے ملکوں کو نسلی امتیاز کے خلاف لڑنے کیلئے متحد ہونا چاہئیے نسلی امتیاز کے متعلق حکومت جنوبی افریقہ کی پالیسی کا مقابلہ کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ اس کے خلاف جوابی کاروائی کی جائے۔ آپ نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ جنوبی افریقہ میں نسلی امتیاز کی پالیسی کے خلاف سخت جدوجہد ہوگی۔ یہ پالیسی نہ صرف دنیا کے امن بلکہ انسانیت کے وقار کیلئے باعث خطرہ بنی ہوئی ہے۔

مسٹر منی لال گاندھی نے مزید کہا کہ اگر ڈاکٹر ملان کی حکومت ٹوٹ جائے تو بھی ہندوستانیوں کی پوزیشن میں خاص فرق نہیں پڑے گا۔ اگرچہ فیلڈ مارشل سمٹس یہ کہتے ہیں کہ گاندھی جی ان کے دوست تھے لیکن گاندھی جی کے سوالوں کا ان پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ [illegible] ہے۔

آپ نے مزید کہا کہ حکومت ہند اس سوال پر غور کر رہی ہے کہ اگر ڈاکٹر ملان جنوبی افریقہ سے ہندوستانیوں کو نکالنے کی سکیم کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں تو ہندوستان کو کیا قدم اٹھانا چاہئیے یہ بات بالکل غلط ہے کہ ہندوستانی ڈاکٹر ملان سے تعاون کر رہے ہیں۔

جنوبی افریقہ کی حکومت نے جنوبی افریقہ میں ہندوستانی اور پاکستانی مسافروں کے داخلہ پر جو پابندی لگائی ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ ہندوستان اور پاکستان کے جذبات کو ٹھیس پہونچانے کیلئے قدم اٹھایا گیا ہے اس طرح دوسرے ملکوں کو جانیوالے مسافروں کو تکلیف ہوگی۔

آپ نے یہ امید ظاہر کی کہ حکومت ہند اس بات کو نوٹ کرے گی۔

آخر میں آپ نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں مہاتما گاندھی کی [illegible] علاوہ جنوبی افریقہ میں مہاتما گاندھی کی مناسب یادگار قائم کرنے کی تجاویز تیار کی جارہی ہیں۔

عرب ممالک ایشیائی کانفرنس کی دعوت قبول کر لیں گے

قاہرہ ۵ جنوری۔ کل عرب لیگ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مصر، شام، لبنان، سعودی عرب، یمن اور عراق کے نمائندے شامل ہوئے۔ اس میٹنگ کے بعد عرب لیگ کے جنرل سکریٹری مسٹر عزام پاشا نے یہ پیشگوئی کی کہ عرب حکومتیں انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس کے سلسلے میں حکومت ہند کی دعوت قبول کر لیں گی مصر میں مقیم ہندوستانی سفیر ڈاکٹر سید حسین نے اس لیگ کے سامنے ہندوستان کی تجاویز پیش کیں۔ عزام پاشا نے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ انڈونیشیا میں ولندیزیوں کے حملے اور فلسطین میں یہودیوں کے حملے میں مشابہت پائی جاتی ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ انڈونیشیا کی مدد کے لئے جو قدم اٹھایا جائے گا ممکن ہے کہ اس سے عربوں کو بھی مدد ملے۔

آپ نے مزید کہا کہ اس کانفرنس کی زیادہ اہمیت اخلاقی نقطہ نگاہ سے ہوگی۔ لیکن اگر ولندیزیوں نے سیکورٹی کونسل کے فیصلوں کو نظر انداز کرنے کی پالیسی پر عمل جاری رکھا تو ممکن ہے کہ کوئی واضح قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا جائے۔

بمبئی میں طلباء کی ہڑتال ختم

بمبئی ۵ جنوری۔ بمبئی میں میڈیکل طلباء نے فیس میں ۵۰ فیصدی اضافہ کے خلاف جو احتجاج شروع کیا تھا وہ [illegible] کے بعد ختم ہو گیا۔ اس فیصلہ کے خلاف طلبا نے ایک بیان میں کہا ہے کہ طلبا کی کمیٹی نے مسٹر ماولنکر اسپیکر ہندوستانی پارلیمنٹ کی ثالثی کو منظور کر لیا ہے۔

۱۹۴۹ء میں فلسطین میں صلح ہو جائیگی

اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری کی پیشگوئی

لیک سکسس ۶ جنوری۔ اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹرگولی نے آج اس امر کی پیش گوئی کی ہے کہ ۱۹۴۹ء میں فلسطین میں امن قائم ہو جائے گا۔

انہوں نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ [illegible] ہے ہرچند فلسطین میں از سر نو جنگ شروع ہو چکی ہے لیکن پھر بھی سمجھوتہ ممکن ہے۔

جلد ہی اقوام متحدہ کے فلسطین کے متعلق کمیشن کا اجلاس ہونے والا ہے [illegible]

کشمیر کے مسئلہ پر ہند اور پاکستان میں فوجی کانفرنس

باہمی سمجھوتہ کی تفصیلات پر اہم غور و خوض

کشمیر میں ہندوستانی فوجیوں کو حکم

سری نگر ۶ جنوری۔ کشمیر میں جنگ بند کرنے کا حکم جاری ہونے کے بعد فوجی حکام نے ہندوستانی فوجیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ اپنی آنکھیں اور کان کھول کر رکھو۔ لیکن منہ بند رکھو۔ ہندوستانی فوجیوں کو سخت ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ کشمیر کے مستقبل کے بارے میں کسی قسم کی بات چیت یا [illegible] خیالات نہ کریں بلکہ غیر جانبدار تماشائی بن کر رہیں۔ اس حکم کی تعمیل میں ہندوستانی فوجی اپنے روزمرہ کے فرائض ادا کریں گے۔ لیکن سیاست میں بالکل دخل نہیں دیں گے۔

دہلی ۹ جنوری۔ جموں میں ۸ جنوری کو یا اس کے فوراً بعد ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک کانفرنس ہوگی تاکہ کشمیر کمیشن کی ۱۳ اگست کی تجویز کے مطابق ریاست میں صلح کے پروگرام کی تفصیلات پر غور کیا جائے۔ دونوں ملکوں کے کمانڈر انچیف اور لفٹننٹ جنرل کری آپا اور دوسرے اعلیٰ فوجی افسران اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کانفرنس کے انعقاد سے قبل مجلس تحفظ کا اجلاس ہو چکے گا۔ اور کشمیر کمیشن کی تجویز کو شائع کر دیا جائے گا جن کے منظور ہو جانے سے ریاست میں جنگ بند ہوئی ہے۔

کمیشن کے فوجی مشیر لفٹننٹ جنرل سودس دہلی آگئے ہیں انہوں نے کمانڈر انچیف جنرل بوچر سے ملاقات کی اور دوسرے فوجی افسران سے بھی وہ ملے۔ وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ سے بھی انہوں نے ملاقات کی اور کشمیر کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ ۱۵، ۱۶ جنوری کو کشمیر کے دورہ پر بھی جائیں گے۔

یوم افضل و جوہر

دہلی ۶ جنوری۔ دفتر احرار و خدام خلق صوبہ دہلی نے فیصلہ کیا ہے کہ ۹ جنوری بروز اتوار جامع مسجد میں ۲ بجے دن ایک جلسہ ہوگا۔ جس میں مفکر احرار چودہری افضل حق اور رئیس الاحرار مولانا محمد علی جوہر کے حالات زندگی اور ان کی ملکی و ملی خدمات پر روشنی ڈالی جائے گی نیز مرحومین کے لئے دعائے مغفرت بھی کی جائے گی۔

بیچاری عورت
جب لیکوریا (سفید رطوبت) کے ہاتھوں دائم المریض ہو کر ایسی زندگی سے موت کو بہتر سمجھنے لگتی ہے تو
روک تھام
موت کے منہ سے نکال کر نئی زندگی اور جوانی بخشتی ہے ہزاروں عورتوں نے روک تھام سے زندگی کا لطف اٹھایا ہے۔ قیمت ڈیڑھ روپے
منیجر دہلی کا اچھا دواخانہ رجسٹرڈ دہلی اسٹریٹ مراد آباد

کشمیر کے متعلق ہند اور پاکستان کے درمیان عارضی صلحنامہ عنقریب شائع ہو جائیگا

استصواب رائے کیلئے فوری امکانات نہیں ہیں ایک سرکاری ترجمان کا بیان

دہلی ۶ جنوری

معلوم ہوا ہے کہ کل شام وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کل شام مجلس دستور ساز کی کانگریس پارٹی کے سامنے ایک مختصر تقریر کی اور اس میں انہوں نے وہ واقعات بیان کئے جن کی بنا پر جنگ بند کرنے کا حکم دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جی نے استصواب رائے کی تجاویز بھی بیان کیں۔ پارٹی اس رویہ پر مطمئن نظر آتی ہے کہ جو حکومت نے مسئلہ کشمیر کو حل کرنے اور اپنی بات کشمیر کمیشن اور پاکستان سے منوانے میں اختیار کیا ہے۔

کل مجلس دستور ساز کے لابی حلقوں میں جو خیال ظاہر کیا جا رہا ہے اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہاں استصواب رائے کرانے کے لئے ابھی بہت کچھ انتظامات کرنے ہوں گے۔ یہ ہندوستان پر منحصر ہے کہ وہ ریاست میں کس قسم کی صلح فوج رکھے گی۔ اور ممبران کو یہ امید ہے کہ حکومت ہند کوئی ایسا خطرہ مول نہیں لے گی کہ ۱۹۴۷ء والے واقعات دہرائے جاسکیں علاوہ ازیں اس بات کے لئے بھی کافی احتیاط کرنی پڑے گی کہ صرف وہی لوگ ریاست میں داخل ہو سکیں جو پہلے وہاں رہتے تھے۔

وزارت خارجہ کے ایک ترجمان کے مطابق کشمیر میں ہند و پاکستان میں شمولیت کے بارے میں استصواب رائے ہونا اتنی جلد ممکن نہیں ہے جتنا کہ بعض لوگ خیال کر رہے ہیں ہوسکتا ہے کہ اس کام میں چھ سے ۱۲ ماہ تک لگ جائیں۔

ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ ایک یا دو روز کے اندر ہندوستان اور پاکستان کے لئے مجلس اقوام کا کشمیر کمیشن اس عارضی صلحنامہ کو شائع کر دے جس پر دونوں حکومتوں نے دستخط کئے ہیں یا متعلقہ پارٹیوں کو اس کی اشاعت کی اجازت دیدے۔ اس ترجمان نے کہا کہ یہ عارضی صلحنامہ ایک ابتدائی راہ اندازہ نامہ ہے اور کشمیر میں جنگ بند کرانے کے لئے ابتدائی شرائط میں تھا

صلحنامہ کی اسی شرائط کا جس میں کشمیر کے بارے میں عام اصول درج تھا بڑی بے صبری سے انتظار کیا جا رہا ہے۔

اقوام متحدہ اور چین کا معاملہ

حکومت اور کمیونسٹوں میں صلح کرانے کی کوشش

لیک سکسس ۷ جنوری۔ اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری مسٹر ٹرگولی نے ایک بیان میں کہا کہ میں اس پر غور کر رہا ہوں کہ کمیونسٹوں اور حکومت چین کے درمیان صلح کرانے کیلئے اقوام متحدہ کی خیرسگالانہ خدمات پیش کی جائیں۔

چارٹر کی دفعہ ۹۹ کے تحت سکریٹری جنرل کو یہ اختیار ہے کہ وہ ایسے معاملہ کو جس کے متعلق ان کا خیال ہو کہ وہ امن عالم کے لئے خطرہ کا باعث ہے مجلس تحفظ میں پیش کریں۔

"اردو کی تعلیم سے عوام کا تہذیبی ارتقا رک گیا"

حیدرآباد ہندی پرچار سبھا کے سکرٹری کی دلچسپ منطق

حیدرآباد ۶ جنوری۔ مسٹر سنگی رام شرما سکریٹری ہندی پرچار سبھا نے فوجی گورنر کو ایک خط بھیجکر عثمانیہ یونیورسٹی میں ہندوستانی کے بجائے اردو کو محفوظ رکھنے کے خلاف "احتجاج" کیا ہے

اس خط میں کہا گیا ہے کہ حیدرآباد کے عوام ابتداہی سے حکومت کی تعلیمی پالیسی کے مخالف تھے نہ صرف عثمانیہ یونیورسٹی بلکہ ابتدائی اسکولوں میں بھی اردو کے ذریعہ تعلیم ہونے سے اکثریت کا بڑا حصہ تعلیم سے محروم رہا۔ تعلیمی اور دوسرے انتظامی محکموں میں اردو کے جبری رواج سے عوام کا "تہذیبی ارتقا" رک گیا۔ اس بات کا اعلان کیا گیا ہے کہ اگلے تعلیمی سال سے عثمانیہ یونیورسٹی اور دوسرے تعلیمی اداروں میں اردو کے بجائے ہندوستانی میں تعلیم دی جائے گی جسے دیوناگری اور اردو رسم الخط میں لکھا جائے گا ہندوستانی کا صحیح طریقہ اظہار تو ابھی مکمل ہونا باقی ہے اسی لئے اگلے تعلیمی سال سے ہندوستانی [illegible] اس لئے اگلے تعلیمی سال سے ہندوستانی کو تعلیمی زبان نہیں بنایا جاسکتا [illegible] اس وقت ملتوی کیا جائے جب تک دستور ساز اسمبلی اس کا فیصلہ کرے اس وقت تک اردو اور ہندی دونوں ذریعہ تعلیم ہونی چاہئیں طلبا جس زبان کو چاہیں اختیار کریں۔

جے پرکاش دہلی میں

دہلی ۷ جنوری۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن کل بذریعہ ہوائی جہاز بمبئی سے یہاں پہنچے تھے ایک گھنٹہ ٹھہرنے کے بعد مشرقی پنجاب کے دورہ پر روانہ ہو گئے آپ کی اہلیہ آپ کے ہمراہ تھیں۔ آپ ۹ جنوری کو دہلی واپس آجائیں گے۔

AMICOTONIC
امیکوٹانک
کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان
بنانے والی دوا
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے
امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے، دھات کو گاڑھا کرتی ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے، بھوک بڑھانا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرنا اس دوا کی خاص صفت ہے اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے، دوران سر، حافظہ کی کمزوری، اختلاج قلب، اعضا شکنی وغیرہ رفع ہو جاتی ہے صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے، مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں اور دونوں کے لئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ زندگی کا پورا لطف حاصل ہوتا ہے قیمت فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنہ۔ تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصولڈاک
امیکوطلاء
یہ نہایت موثر اور کامیاب طلاء ہے سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے حکمت قدیم اور سائنس جدید کی بہترین مثال ہے [illegible] تمام خرابیاں اور کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں، یہ طلا نہایت قوت بخش اور مفید ہے اس کے استعمال سے نہ چھالا پڑتا ہے نہ جلن ہوتی ہے یہ دوا کریم کی شکل میں ہے قیمت فی شیشی تین روپے چار آنہ تین شیشیاں نو روپے
مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں
ملنے کا پتہ :- این اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مفت
ردبدعت کے سلسلہ میں حضرت علامہ [illegible] مشہور کتاب [illegible] اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف [illegible] مسائل [illegible] ٹکٹ بھیجکر مفت حاصل کیجئے۔
الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

یہ دوراہا!
ماضی کا روح فرسا غم۔ اور مستقبل کا بھیانک فکر
اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں
کیا کریں؟ ——— کدھر جائیں؟
شک اور خوف کی اس بھیانک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔ جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں
ہراساں نہ ہوجئے مستقبل روشن ہے
اس آواز کی گہرائیوں تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے یہ کتابیں ضرور پڑھئے
علماء حق حصہ اول قیمت [illegible] علماء حق حصہ دوم قیمت [illegible] مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق قیمت [illegible]
ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے
الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

B3

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

نمبر ۹۷ رجسٹرڈ ڈی

سالانہ چندہ ۴۰ روپے
ششماہی ۲۰ ″
سہ ماہی ۱۱ ″
ممالک غیر سے سالانہ ۵۰ ″
ششماہی ۲۵ ″

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر:- ۵۰۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے — جلد ۳۱ — دہلی یوم اتوار، ۷ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ جنوری ۱۹۴۹ء — نمبر ۸ — بذریعہ ہوائی جہاز ۲/۱ ۲ آنے

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

قانون ساز اسمبلیوں کی بناوٹ سے متعلق دفعہ پر بحث ملتوی کر دی گئی

مختلف گروہوں سے کسی متفقہ نتیجہ پر پہونچنے کیلئے ڈاکٹر پٹابھی کی ممبران کی طرف سے دہلی اور آسام میں بھی نئے سرے سے مردم شماری کا مطالبہ

(نامہ نگار خصوصی ”الجمعیۃ“)

نئی دہلی، ۸ جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی میں مختلف صوبوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی بناوٹ سے متعلق دفعہ پر ممبران کا اختلاف اس حد تک بڑھا کہ ڈاکٹر پٹابھی سیتا رمیہ (صدر انڈین نیشنل کانگریس) کو مداخلت کرنی پڑی اور انہوں نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے ممبران سے اپیل کی کہ زیادہ بہتر یہ ہے کہ وہ اس ایوان میں مزید بحث کرنے کے بجائے متفقہ طور پر کسی فیصلہ پر پہنچیں کہ باہمی تعلقات کی خوشگواری کے لئے یہ ایک بہتر طریقہ ہے۔ ڈاکٹر پٹابھی کی تقریر کے بعد صدر اجلاس مسٹر ایچ۔ سی مکرجی نے ایوان کے مشورہ سے دفعہ مذکور کی بحث کو ملتوی کر دیا تاکہ ممبران متفقہ طور پر کسی فیصلہ پر پہونچ سکیں۔

دفعہ مذکور کا ایک فقرہ یہ ہے کہ ”ریاست کی اسمبلی میں ہر علاقہ داری حلقہ کی نمائندگی علاقہ کی اس آبادی کی بنا پر ہو گی جو آخری مردم شماری میں معلوم کی گئی ہو الا آسام کے خود مختار ضلعوں کو چھوڑ کر نمائندگی کی نسبت اس طرح مقرر کی جائے گی کہ ہر دو کے باشندوں پر ایک سے زیادہ نمائندہ نہ ہو۔ مگر ریاست کی اسمبلی میں ممبروں کی پوری تعداد کسی حالت میں تین سو سے زیادہ یا ساٹھ سے کم نہ ہو گی۔“

بعض ممبران کی طرف سے اس امر کی سخت مخالفت کی گئی کہ علاقہ داری حلقہ کا انتخاب ایک لاکھ باشندوں کی تعداد کی بنیاد پر ہو کیونکہ بہت سے ایسے بعض ماندہ علاقے ہیں جہاں کی آبادی ایک لاکھ سے کم ہے۔ اگر یہ شرط رکھی گئی تو اسمبلیوں میں ان علاقوں کی نمائندگی نہ ہو سکے گی۔

کل ایوان میں مسٹر کرشنا چاری نے اس امر کی ایک ترمیم بھی پیش کی تھی کہ ایک ممبر کے انتخاب کے لئے ایک لاکھ اشخاص کی شرط کی بجائے [illegible] کی شرط رکھی جائے تاکہ پسماندہ علاقوں کی نمائندگی بھی ہو سکے۔ مسٹر [illegible] نے اپنی تقریر میں کہا کہ اگر اس میں [illegible] کی تعداد [illegible] [illegible] نے کہا کہ میں آئی ہے کہ کیا ووٹر اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کرے گا۔

کل پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے انتخابات سے قبل مشرقی پنجاب اور مغربی بنگال میں از سر نو مردم شماری کرائے جانے کی ترمیم پیش کی تھی۔ آج مسٹر ہاردولی اور مسٹر دیش بندھو گپتا نے علی الترتیب آسام اور دہلی میں بھی نئے سرے سے مردم شماری کا مطالبہ کیا ہے دونوں ممبروں نے اس امر کی [illegible]

(باقی صفحہ ۸ کالم ۲ پر)

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک اور اہم کانفرنس

کشمیر میں جنگ ختم ہونے کے بعد حالات زیادہ امید افزا ہیں

نئی دہلی، ۸ جنوری۔ کشمیر میں جنگ بند کرنے کے خوش آئند پس منظر کے ساتھ پیر کے دن کراچی میں پاکستان اور ہندوستان کے مندوبین کے درمیان ایک کانفرنس دہلی کی گذشتہ بین المملکتی کانفرنس سے زیادہ امید افزا حالات میں منعقد ہو رہی ہے۔

اس کانفرنس میں پناہ گزینوں کی جائیداد کے متعلق بھی غور و خوض ہو گا جس کا فیصلہ گذشتہ بین المملکتی کانفرنس میں نہ ہو سکا تھا۔ مزید برآں گذشتہ کانفرنس کے سمجھوتوں پر عمل درآمد کرنے کے مسئلہ پر غور کیا جائے گا۔

اس کانفرنس میں مشرقی اور مغربی بنگال کے سرحدی جھگڑوں پر اس نئے غور نہیں کیا جائے گا کہ گذشتہ بین المملکتی کانفرنس میں اس وقت ثالثی ٹربیونل قائم کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ [illegible] توقع ہے کہ بین المملکتی مشاورتی کمیٹی کے ممبروں کے ناموں کے متعلق ضرور غور کیا جائے گا۔

جمعہ کے دن اقلیتوں کے ایک بورڈ کے قائم کرنے کے سوال پر مشرقی اور مغربی بنگال کے نمائندوں میں کی علیحدہ کانفرنس ہو گی اور وہاں کی رپورٹ پر کراچی کانفرنس میں غور ہو گا۔

متروکہ جائیداد کے متعلق بھی معاملہ ابھی تک تصفیہ طلب ہے۔ گذشتہ [illegible] کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی تھی جس کی رپورٹ [illegible] ہے لیکن اس رپورٹ میں بھی بعض اہم نکات پر سمجھوتہ نہیں ہو سکا۔

نمائندے

حکومت ہند کی طرف سے دو وزیر نمائندے ہوں گے۔ ایک مسٹر گوپال سوامی آئنگر دوسرے مسٹر موہن لال سکسینہ۔ ایک مشرقی پنجاب کے وزیر سردار سورن سنگھ۔ ہندوستان کے ہائی کمشنر متعینہ پاکستان بھی اس کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ مسٹر [illegible] بھی اس وفد میں شامل ہوں گے۔

ہم حیدرآباد کی مختلف فرقوں کے لوگوں میں جذبہ خیر سگالی پیدا کرینگے

حیدرآباد پہنچنے کے بعد جمعیۃ علماء کے وفد کے لیڈر حضرت مولانا محمد میاں کا بیان

حیدرآباد (دکن) ۸ جنوری (اپ)

جمعیۃ علماء ہند کے چار سربرآوردہ حضرات کا جو وفد حیدرآباد کے دورہ کے لئے روانہ ہوا تھا وہ بدھ کے روز یہاں پہنچا۔ وفد کے لیڈر اور ناظم جمعیۃ علماء ہند حضرت مولانا محمد میاں نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے نامہ نگار کو ایک بیان دیتے ہوئے حیدرآباد کے مسلمانوں سے کہا ہے کہ وہ حیدرآباد کی کوششوں پر اعتماد رکھیں اور ان ذمہ دار لوگوں کی نیک نیتی اور خلوص پر بھروسہ رکھنا چاہئے جو نئی دہلی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

وفد میں مولانا محمد میاں صاحب کے علاوہ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی، مولانا [illegible] صاحب بہاری اور مسٹر اسد [illegible] شامل ہیں جو [illegible] حضرت جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کے اراکین ہیں۔

وفد کا ارادہ مختلف طبقوں اور فرقوں کے لیڈروں سے ملنے کا ہے تاکہ جمعیت ریاست کے مختلف فرقوں کے لوگوں میں جذبہ خیر سگالی پیدا کرنے میں امداد و اعانت کر سکے۔

وفد نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جمعیۃ علماء نے ہمیشہ فرقہ پرستی کا ہر رنگ اور صورت میں مخالفت کی ہے۔ اس لئے ہماری جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی نے اپنی حیثیت سے یہ یقین دلایا ہے کہ ملک میں فرقہ پرستی کا [illegible] اور ہر طبقہ کے لوگوں کے لئے منفعت رساں [illegible] کا باعث ہو گا۔ ہمیں امید ہے کہ حیدرآباد کے عوام اور ہمارے مسلمان بھائی یہ محسوس کریں گے [illegible] کے ساتھ میل جول کر رہنے کی عادت ڈالیں گے۔

چین میں ۵ دن کے سکون کے بعد خوفناک جنگ شروع ہوگئی

جنرل چیانگ کی صلح کی پیشکش محض جنگی چال ہے کیمونسٹ اعلان

”چینی حکومت اور امریکن فوج کو اب کوئی نہیں بچا سکتا!“

شنگھائی، ۸ جنوری۔ پندرہ روزہ سکون کے بعد اب پھر چین کے دونوں خاص محاذوں پر جنگ شروع ہو گئی ہے۔ اس دوران میں صلح کی گفت و شنید کا بھی چرچا رہا۔ لیکن کوئی خاص نتیجہ نہیں نکل سکا۔

ٹائنٹسن کے کمانڈر نے اطلاع دی ہے کہ کمیونسٹ فوجیں ہوپئی کے جنوبی اضلاع میں داخل ہو گئی ہیں۔ ایک نمائندے نے کہا کہ حالات بہت نازک ہو چکے ہیں۔ اور دفاع کی پوری تیاریاں کر لی گئی ہیں۔ یانگ تسی کے محاذ پر کوئی نئی نقل و حرکت کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ یہاں کمیونسٹ فوجوں نے دو اہم مقامات پر قبضہ کر لیا ہے۔

اخبار نیویارک ٹائمز نے اطلاع دی ہے کہ وسطی محاذ کی فوجوں نے ریلوے کے اُن اہم مقامات کو چھوڑ دیا ہے جن کی وہ حفاظت کر رہی تھیں۔ اور ٹاننگ کے حکام سے اسی سلسلے میں مشورہ بھی نہیں کیا گیا۔

کمیونسٹوں کی طرف سے اب یہ واضح اعلان کر دیا گیا ہے کہ ان کی فوجیں اس وقت تک جنگ جاری رکھیں گی۔ جب تک کہ ان کو کامل فتح حاصل نہ ہو جائے۔ جنرل چیانگ کی طرف سے جو صلح کی پیشکش ہوئی ہے اس کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ رجعت پسندوں اور امریکن فوجوں کو چین میں برقرار رکھا جائے۔ چیانگ کی جنرلوں کی جنگی مہم ہے۔ اس کی صلح کی پیشکش کا مقصد [illegible]

حکومت کا اقتدار ختم ہو رہا ہے لیکن وہ ابھی تک پورے طور پر ختم نہیں ہوا ہے اور امریکہ کی چار جانہ فوجیں سانس لینے کی مہلت چاہتی ہیں۔

کمیونسٹوں کی اطلاع کے مطابق چینی حکومت کے پاس اب صرف اسی لاکھ فوج رہ گئی ہے۔ جبکہ کمیونسٹ فوج تیس لاکھ سے بھی زیادہ ہے۔ عوامی جنگ اب خاتمہ کے قریب آرہی ہے اور فتح سے بمشکل رہے۔ چینی حکومت کا اقتدار ختم ہو جائے گا اور چین سے امریکی فوجیں نکال دی جائیں گی۔

ایک کمیونسٹ نشریہ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پیپنگ پر جلد حملہ ہونے والا ہے لیکن اگر وہاں کے کمانڈر نے کمیونسٹوں کی اطاعت کر لی تو اس کی فوج کے آدمیوں کی جان بخشی کر دی جائے گی۔ [illegible] ہونے والا ہے۔

کمیونسٹوں کا ایک بس پر حملہ

حیدرآباد، ۸ جنوری۔ باستی کانگریس کے ایک بیشن میں مسافروں کی ایک بس پر کمیونسٹوں کے حملہ کی اطلاع دی گئی ہے جس سے ڈرائیور ہلاک ہو گیا اور کئی مسافر زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ ۳ جنوری کو ہوا۔

نکھنؤ، ۸ جنوری۔ حکومت یوپی نے مسٹر [illegible] کی رہائی کا حکم دے دیا ہے۔ [illegible] کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا [illegible] رہائی کے بعد کہا گیا ہے۔

نجب کے علاقہ میں اب بھی جنگ جاری ہے

اسرائیلی ترجمان کا بیان

تل ابیب، ۸ جنوری۔ تل ابیب میں ایک اسرائیلی ترجمان نے کہا حکومت اسرائیل اس وقت نجب میں لڑائی بند کرنے پر تیار ہو گی [illegible] اس وقت نجب میں لڑائی جاری ہے۔ اس ترجمان نے مزید کہا کہ جنگ بند ہونے کے فوراً بعد دونوں حکومتوں کے نمائندوں کے درمیان [illegible] ڈاکٹر بنچ [illegible] اسرائیل کو [illegible] اور اس کی منظوری حاصل کر لی۔

بمبئی میں ۸ انگریزوں کی گرفتاری

بمبئی، ۸ جنوری۔ پرسوں شام کو فورٹ کے علاقہ میں [illegible] کے الزام میں [illegible] کے کارکن گرفتار کئے گئے۔

ہندی افسران کی رہائی

کلکتہ، ۸ جنوری۔ نئی دہلی کے حالیہ بین المملکتی معاہدے کے مطابق دونوں بنگالوں کی حکومتوں نے دوسری حکومت کے گرفتار شدہ افسروں کو رہا کر دیا ہے۔ مشرقی پاکستان کی حکومت نے مغربی بنگال کے ۱۵ افسران کو رہا کر دیا ہے۔

ٹائنٹ سائن پر مسلسل چوبیس گھنٹہ تک گولہ باری

جنوری کے آخر تک زبردست حملہ شروع ہوجائے گا

نانکنگ، ۸ جنوری۔ تین ہفتہ سے کمیونسٹ فوجوں نے شہر ٹائنٹ سائن کا محاصرہ کر رکھا ہے۔ کل باوجود سخت برف باری کے کمیونسٹ فوجوں نے توپوں اور دوسرے اسلحہ سے سخت حملہ کر دیا اور شہر کے دفاعی انتظامات کو سخت نقصان پہنچایا۔

آزاد ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ کمیونسٹوں نے ہوپئی کے بعض اضلاع پر قبضہ بھی کر لیا ہے۔ شہر ٹائنٹ سائن پر ۲۴ گھنٹہ تک مسلسل بمباری ہوتی رہی اور ایک کارخانے میں آگ لگ گئی۔ [illegible] کی سرکاری فوجیں بھاگ کر شہر میں آرہی ہیں۔ اس سے علاوہ کئی کارخانوں کو بالکل تباہ کر دیا۔

توقع ہے کہ کمیونسٹ اپنا زبردست آخری حملہ جنوری کے آخر سے قبل ہی شروع کر دیں گے۔ سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ اس حملہ سے چین کی قسمت کا فیصلہ ہو جائے گا۔

کمیونسٹ ریڈیو سے اعلان کیا گیا ہے کہ نانکنگ کی حکومت کو مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے گا۔ چین کے سرکاری حلقے اسی اعلان کو کمیونسٹوں کا سرکاری [illegible]

کشمیر میں استصواب رائے کے متعلق کمیشن کی تجویزیں شائع ہوگئیں

استصواب کی نگرانی کیلئے ایک منتظم کا تقرر

پناہ گزینوں کی واپسی کیلئے دو کمیشن مقرر ہونگے

لیک سکسس، ۸ جنوری۔ کشمیر کمیشن نے لیک سکسس کے ایک اعلان میں دو روز کے دن کشمیر میں استصواب عامہ کی تجویزوں کو شائع کیا ہے جیسا کہ پہلے اعلان کیا جا چکا ہے۔ یہ تجویزیں ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں نے منظور کر لی ہیں۔ یہ تجویزیں کمیشن کے ۱۳ اگست والی قرارداد کے ضمیمہ کے طور پر ہیں۔ ان کی رو سے:

کشمیر میں استصواب کی نگرانی کے لئے ایک ایسا منتظم مقرر کیا جائے گا جو زبردست بین الاقوامی شخصیت کا مالک ہو اور اس کو سب کا اعتماد حاصل ہو۔ جب کمیشن کو اس کا اطمینان ہو جائے گا کہ کشمیر میں استصواب کے لئے مناسب پُر امن حالات پیدا ہو گئے ہیں تو وہ حکومت ہند کے مشورہ سے ہندوستان اور ریاست کشمیر کی مسلح فوجوں کی واپسی کا انتظام کرے گا لیکن اس میں ریاست کی حفاظت اور امن و امان کی آزادی کو برقرار رکھنے کی پوری کوشش کی جائے گی۔

دو ضمنی کمیشن بھی مقرر کئے جائیں گے جن میں ہندوستان اور پاکستان کے نامزد ممبر ہوں گے۔ یہ کمیشن کشمیر کے ان باشندوں کی واپسی کا انتظام کریں گے جو وہاں سے جنگ کے باعث بھاگ آئے ہیں۔

استصواب کے متعلق مزید تفصیلات ہیگ کی قرارداد کے پیرا ۳ کے مطابق ہندوستان اور پاکستان کے درمیان [illegible] منظور ہو گا۔

عراق میں نئی کابینہ بن گئی

بغداد، ۸ جنوری۔ جنرل نوری السعید پاشا نے عراق میں نئی کابینہ بنائی ہے۔ ان کی عمر ۶۱ سال کی ہے۔ انہوں نے ۱۹۱۶ء میں بین الاقوامی شہرت حاصل کی اس وقت انہوں نے مرحوم شاہ حسین کی سرکردگی میں ترکی حکومت کے خلاف بغاوت کر دی تھی۔ انہوں نے عراق کی جنوبی وزارت بنائی ہے اس میں وہ قائم مقام وزیر خارجہ بھی ہیں۔ ان کی کابینہ کے دوسرے وزراء حسب ذیل ہیں:

وزارت امور خارجہ:- عبداللہ حافظ
وزارت معاملات محنت اور اعانت:- جلال بابان
وزارت تعلیم:- نظیر الرادی
وزارت انصاف:- حسن جبر
وزارت دفاع:- کرنل شاکر
مالی معاملات:- ابراہیم الدین دری
اقتصادیات:- ضیاء جعفر

اعتذار

کل بجلی فیل ہو جانے سے پریس بند ہو گیا اور اخبار پوری تعداد میں نہ چھپ سکا۔ اسی وجہ سے بعض ایجنسیوں کو بھی نہیں بھیجا جا سکا [illegible] وہ قارئین جو ان کے مطالبات پورے نہ ہو سکے معذرت خواہ ہیں [illegible]

منیجر

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

منیجر:- صنوبر ہوٹل — نمبر ۱۰۹۰ — فراشخانہ دہلی

جمعیۃ علماء کا سیاسی مسلک کبھی مشتبہ تھا اور نہ آج ہے

جہانسی کانفرنس پر قومی آواز کا تبصرہ

دہلی ۸ر جنوری۔ روزنامہ قومی آواز لکھنؤ اپنے ایک اداریہ میں لکھتا ہے کہ پچھلے جمعیۃ جہانسی میں جمعیۃ علماء کی ایک کانفرنس کے متعلق بعض اخبارات نے یہ خبر شائع کی تھی کہ بعض لیڈروں نے فرقہ پرستانہ تقریریں کیں جن کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے ۵ اہل علم ممبر واک آؤٹ کر گئے۔ [illegible] اختلاف [illegible] کا تذکرہ اس اظہار ضرور ہوا تھا [illegible] نے کہ منتظمین نے ایک ہندو صاحب کو اپنے بعض شبہات پیش کرنے کی اجازت دی اور مولانا ابوالقاسم صاحب نے اپنی جوابی تقریر میں ان کو دور کرنے کی کوشش کی لیکن اختلاف کا یہ مظاہرہ کوئی بڑی چیز نہیں ہے اس طرح آپس کی بہت سی غلط فہمیاں دور ہو جاتی ہیں اور اتفاق و اتحاد کی بنیاد مستحکم ہو جاتی ہے۔ [illegible] جمعیۃ کے منتظمین مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنا پلیٹ فارم سب فرقوں کے لئے کھول دیا ہے۔ جہاں تک جمعیۃ کے سیاسی مسلک کا تعلق ہے وہ نہ کبھی مشتبہ تھا اور نہ آج ہے۔ یہ جماعت جنگ آزادی میں ہمیشہ پیش پیش رہی اور آزادی کے واقعات نے قوم پروری کی راہ سے ہٹنے نہیں دیا۔ [illegible] بلکہ ان سے بہتے ہیں۔

امریکہ کی اقتصادی اور سماجی زندگی میں عظیم الشان تبدیلیاں

صدر ٹرومین کا نیا پروگرام ۔ قومی ترقی کے اہم نکات

سینٹ اور کانگریس کے مشترکہ اجلاس میں صدر کی تقریر

واشنگٹن، ۸ جنوری۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے امریکی کانگریس کے سامنے ایک نیا جامع پروگرام پیش کیا ہے جو سابق صدر روز ویلٹ کے ”نیو ڈیل“ سے وسعت اور ہمہ گیری میں بڑھ گیا ہے۔ اقتصادی کنٹرول، سماجی اصلاح، شہری آزادیوں اور متعدد مزدوروں کے لئے زیادہ مواقع کا مطالبہ کیا ہے۔

صدر ٹرومین نے سینٹ اور ایوان نمائندگان کے مشترکہ اجلاس میں انتخاب کے بعد اپنی پہلی مرتبہ پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اس اختیار کی ضرورت ہے کہ [illegible] محصول عائد کر کے مزید ۴ ارب ڈالر وصول کرنے چاہئیں اور [illegible] کی اسٹیل کی پیداوار کی توسیع کر دیا جائے۔

انہوں نے کہا کہ ہم جنگ کو روکنا چاہتے ہیں [illegible]

ہم نے گذشتہ سال اپنی فوجوں کی تنظیم میں بہت کچھ ترقی کی ہے۔ لیکن مزید تنظیم اور توجہ کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ ضروری ہو گا کہ ملک کے نوجوانوں کو عام فوجی تربیت بھی دی جائے۔

صدر ٹرومین کی تقریر چار ہزار الفاظ پر مشتمل تھی [illegible]

[illegible]

مسٹر راما راؤ ہند کی نمائندگی کرینگے

لیک سکسس، ۷ جنوری۔ [illegible] ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ہندی سفیر مسٹر راما راؤ مجلس تحفظ میں جب وہ انڈونیشیا پر بحث کرے گی ہند کی نمائندگی کریں گے۔

ہمارے ”انگریتاؤں“ کی دلچسپی

دہلی ۸ جنوری۔ بہاری میونسپلٹی کے ممبران کرانے کام سے کس قدر دلچسپی ہے اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ گذشتہ پندرہ روز کے اندر کل دو سرا موقعہ تھا کہ دہلی میونسپل کمیٹی کی میٹنگ کورم پورا نہ ہونے کے باعث ملتوی کرنی پڑی۔ حالانکہ اس میٹنگ میں ایک اہم معاملہ یعنی سائیکلوں پر ٹیکس لگانے کے بارے میں غور کرنا تھا۔

نئی کانگریس ورکنگ کمیٹی میں چھوٹے صوبجات کو نمائندگی

اچاریہ جگل کشور کے شامل نہ کئے جانے پر اظہار افسوس

نئی دہلی، ۸ جنوری۔ نئی کانگریس ورکنگ کمیٹی کے نئے ناموں کا جو اعلان ہوا ہے اس پر کسی تعجب کا اظہار نہیں کیا جا رہا۔ [illegible] کانگریس کمیٹی کے ممبران کی تعداد [illegible] مختلف حصوں پر مشتمل ہو گی پہلے حصہ میں صوبائی اور مرکزی وزراء [illegible]

انڈونیشیا میں ڈچ پولیس ایکشن ختم ہوگیا

ڈچ کمانڈر انچیف کا اعلان

لندن ۸ جنوری۔ ڈچ کمانڈر انچیف جنرل اسپور نے اعلان کیا ہے کہ سماٹرا میں جمہوری [illegible]

گذشتہ ہفتہ کے دن یہ اعلان کیا گیا تھا کہ جاوا میں ڈچ فوجوں کا پولیس ایکشن ختم ہو گیا ہے۔ اب چونکہ سماٹرا میں ڈچ فوجوں کو پوری کامیابی ہو گئی۔ اس لئے انڈونیشیا میں ڈچ پولیس ایکشن ختم ہو گیا۔

ڈچ فوجوں کے ایک کیمونیکے میں بتایا گیا ہے کہ سماٹرا کے دو اہم مقامات پر جمہوری فوجوں سے مکمل طور پر خالی کرا لیا گیا ہے۔

برطانیہ کا سب سے بڑا جہاز

پریس ۸ جنوری۔ گذشتہ برطانیہ کا حکومت کے لئے بنا ہوا تازہ ترین اور سب سے بڑا سمندری جہاز کاروندشیئر برگ سے بحرہ قلزم کے راستے پہلے سفر پر روانہ ہو گیا ہے۔

کشمیر کمیشن کا اجلاس!

لیک سکسس ۷ جنوری۔ اقوام متحدہ کا کشمیر کمیشن جس نے گذشتہ ہندوستان اور پاکستان میں جنگ بند کرانے میں کامیابی حاصل کی۔ اس رات کو یہاں ایک خفیہ اجلاس ہوا۔ گمان غالب ہے کہ اسی جلسہ میں اس رپورٹ پر غور کرے گا جو کشمیر کی صورت حالات کے بارے میں مجلس تحفظ کو پیش کرنے گا۔ کمیشن امریکہ، فرانس، ارجنٹائن، چیکوسلواکیہ اور کولمبیا کے نمائندوں پر مشتمل ہے۔

تنجور میں پلیگ پھیل گیا

دس اشخاص ہلاک ہوگئے

تنجور ۷ جنوری۔ ضلع تنجور کے موضع [illegible] سے اطلاع ملی ہے کہ وہاں پر پلیگ سے دس اموات واقع ہو گئیں۔ کہا جاتا ہے کہ ۱۸ اشخاص پر پلیگ کا حملہ ہوا۔ بیماری کو روکنے اور بیماروں کو الگ رکھنے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ اب تک تین ہزار اشخاص کے ٹیکہ لگایا جا چکا ہے۔

[illegible] فاؤنڈیشن کے مطابق ورکنگ کمیٹی میں [illegible] ورکنگ کمیٹی کے اراکین کے پہ پیشکش [illegible]

ورکنگ کمیٹی کے چھوٹے چھوٹے صوبوں کی کانگریس کمیٹیوں کے ممبر بھی اچاریہ جگل کشور کے شامل نہ کئے جانے پر تعجب کر رہے ہیں [illegible]

لگاتار تیسری بار کے وزارت سے مستعفی ہو کر جنرل سکریٹری کا عہدہ سنبھالیں گے۔ [illegible] کانگریس کے مطالبہ پر ہوئی ہیں [illegible]

بجٹ سیشن کے لئے تیاریاں

دہلی ۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مرکزی اسمبلی کا بجٹ سیشن فروری میں جب بجٹ سیشن شروع ہو گا تو وزارت خزانہ کی جانب سے ترمیم پیش کئے جائیں گی [illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا اجلاس

۹ جنوری [illegible] دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی [illegible] مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ منعقد ہو گا [illegible]

۱) [illegible]
۲) مجلس عاملہ کی تجاویز کی منظوری
۳) دیگر امور بہ اجازت صدر

شیرانی صاحب کے بیلی جا رہے ہیں

دہلی ۸ جنوری۔ یو پی کے وزیر مال [illegible]

ونوبہ بھاوے کا دورہ

دہلی ۸ جنوری۔ آچاریہ ونوبہ بھاوے ۹ جنوری سے گجرات کا دورہ شروع کریں گے۔

صدر کا پروگرام

[illegible]

۴۔ موجودہ سماجی حفاظت کے قانون میں توسیع [illegible]

۵۔ قومی صحت کی بیمہ کی اسکیم [illegible]

۶۔ سکولوں کو مزید سرکاری امداد

۷۔ کم کرایہ کے مکانات، صفائی وغیرہ کے لئے مخصوص قانون سازی۔

۸۔ ایک مکمل شہری حقوق کا پروگرام جس میں [illegible] نسلی اقلیتوں کے ساتھ فرق کو ختم کرنا۔

خارجی پالیسی

خارجی پالیسی سے متعلق صدر ٹرومین نے اپنے پیغام میں مندرجہ ذیل دو خاص سفارشیں کی ہیں:

۱۔ دوسری حکومتوں کے ساتھ تجارتی معاہدوں میں تین سال کی توسیع۔

۲۔ یورپ کے خزانوں پر آدھا لوگوں کو امریکہ میں لانے کا پروگرام [illegible]

صدر نے اس پر زور دیا کہ اپنے خارجی پروگرام کو قوم کی خارجی پالیسی کا سنگ بنیاد تصور کرتا ہوں۔

جمہوریت کے فوائد

صدر امریکہ نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ [illegible]

پندرہ کروڑ روپے کا دفاعی سامان خریدا جائیگا

بحری اور فضائی میں اہم اصلاحوں کی تجویز

نئی دہلی ۸ جنوری۔ اگلے مالی سال کے لئے حکومت ہند ایک پلان پر غور کر رہی ہے جس کے ماتحت ۱۵ کروڑ روپے کا دفاعی سامان خریدا جائے گا۔ اسی طرح سے جو سامان خریدا جائے گا۔ اس سے ہند کی جنگی تیاریوں کی طاقت میں تین گنا اضافہ کیا جائے گا۔

ڈاکٹر اسپیدکر کا جواب

[illegible]

[illegible] ہندوستان کی سائنس کے ایک ادارہ کا قیام بھی شامل ہے جو وزارت دفاع کے ماتحت ہو گا۔ اس ادارہ کا قیام مشہور سائنسدان [illegible] کے مشورہ کے ماتحت عمل میں لایا جا رہا ہے۔ ۲ کروڑ روپے سے بنگلور کی ٹیلیفون کے سامان کی فیکٹری اور جبلپور میں ٹیلیفون وغیرہ کے پرزے بنانے کا کارخانہ کی توسیع بھی کی جائے گی۔

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

مسٹر اے کرشنا سوامی نے مدراس میں دو ایوانوں کے قیام پر زور دیا۔ آپ نے کہا کہ دوسرے ایوان کا مقصد یہ نہیں ہے کہ وہ ترقی پسندانہ قانون سازی کی راہ میں رکاوٹ ڈالے بلکہ اس کا منشا یہ ہے کہ قانون سازی میں اگر جلد بازی سے کام لیا جائے تو اسے روکا جائے۔

عام بحث

عام بحث شروع کرتے ہوئے مسٹر [illegible] دو ایوانوں کی حمایت کی لیکن کہا کہ ایوان بالا کو ایسے اختیارات حاصل نہیں ہونے چاہئیں کہ وہ ایوان زیریں کی ترقی پسندانہ اقدامات میں رکاوٹ پیدا کر سکے۔

مسٹر [illegible] نے دو ایوانوں کو غیر ضروری قرار دیا اور کہا کہ ایوان بالا کا مقصد صوبوں میں قانون سازی میں رکاوٹ پیدا کرنا ہے [illegible]

انتخاب لڑنے والوں کیلئے شرطیں

[illegible]

(رپورٹ نامکمل)

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)

چار ہزار روپیہ کے انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

١			و	ٹ	
۲		م	ل		
۳	ع		ل		
۴					
۵	ر		ی		
۶	ر	ب			
۷	ر	ی			
۸	ت	ی			
۹	ب	و	د	ی	

پہلا انعام [illegible]

[illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۲ [illegible] جی ٹی روڈ لاہور

سنہ ۱۹۴۹ء کی جنتری

شیخ الہند جنتری سنہ ۱۹۴۹ء کی انوکھی جنتری ہے۔ اس میں عام جنتریوں سے زیادہ کار آمد اور مفید معلومات کے علاوہ جمعیۃ علماء اور کانگریس کی تاریخ، مولانا آزاد، مولانا مدنی، مفتی کفایت اللہ، مولانا احمد سعید، مولانا حفظ الرحمن اور مولانا حبیب الرحمن کی سوانح حیات معہ فوٹو شامل ہے آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجئے

منیجر شیخ الہند جنتری گوشۂ ادب دریائی اعظم خان دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ ”بانو“ دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء میں

”حسین کشیدہ کاری“ قیمت دو روپیہ آٹھ آنے

مفت حاصل کرنے کیلئے آج ہی ماہنامہ ”بانو“ دہلی کے سالانہ خریدار بنئے حسین کشیدہ کاری کے علاوہ ایک سال تک اور دس ماہ کے پرچے [illegible] سالانہ قیمت صرف پانچ روپیہ پتہ، منیجر ماہنامہ بانو دہلی نمبر ۶

روزانہ دو شو ۳ بجے اور ۶ بجے شام

پریس اور پبلک نے متفقہ طور پر اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ

وائیٹ وے سرکس

WHITE WAY
CIRCUS

واقعی ایک عظیم الشان شو ہے، ہوائی جھولے کے سنسنی خیز کرتب، مسحور کن ناچ، حیرت انگیز نٹ بازی، جنگلی جانوروں کے معجزہ نما کرتب ۱۰۰۰ لرزہ بر اندام کرنے والے اور ہنسانے والے کھیل ہیں

پلان کھلا ہے۔ اپنی سیٹیں ایڈوانس بک کرائیے

سنیچر وار، اتوار کو خاص میٹنی شو ۱۲ بجے بعد دوپہر۔

نوٹ:- بمعروضہ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء سے پروگرام میں خاص اضافہ کیا جا رہا ہے اور اٹلی کے مشہور و معروف فن کار اپنے کرتب دکھائیں گے۔

ریاست کشمیر میں بھی فوجیں صرف بحالی امن تک ہی رہیں گی

استصواب رائے عامہ کی شرائط سے متعلق قرارداد کا پورا متن

کشمیر کمیشن نے کیوبیکے کا متن حسب ذیل ہے اس میں وہ تجویز بھی شامل ہے جو کمیشن نے اپنے اجلاس منعقدہ ۵ جنوری کو لیک سکسس میں منظور کیا تھا۔

ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں نے کمیشن کو مطلع کیا ہے کہ انہوں نے کمیشن کے ان اصولوں کو تسلیم کرلیا ہے جو ریاست کے مستقبل کے متعلق وہاں استصواب کے لئے کمیشن نے تجویز کئے تھے۔ یہ اصول کمیشن کی تجویز مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کی ضمنیات میں جن میں جنگ بند کرنے اور عارضی صلح کا مطالبہ ہے۔

دونوں حکومتوں نے کمیشن کی آخری تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اپنی فوجوں کو جو کشمیر میں ان کے کنٹرول میں تھیں یکم جنوری ۱۹۴۹ء کو ۱۱ بجکر ۵۹ منٹ پر جنگ بند کرنے کا حکم دیدیا۔

دونوں حکومتیں قابل تعریف ہیں کہ انہوں نے کشمیر کے مسئلہ کے حل پر ایک پرامن اور دوستانہ سمجھوتہ کی منظوری دی۔ دونوں حکومتوں کا [redacted] جنگ بند کرنے کا حکم دیدیا یہ بات قابل تعریف ہے۔

۵ جنوری کے اجلاس میں لیک سکسس میں کمیشن نے مندرجہ ذیل تجویز منظور کی تھی۔

اقوام متحدہ کے پاکستان اور ہندوستان کے کمیشن کو حکومت ہند اور پاکستان کی طرف سے ۲۳ اور ۲۵ دسمبر کی مراسلت میں یہ اطلاع ملی کہ دونوں حکومتوں نے مندرجہ ذیل اصولوں کو منظور کیا ہے جو کمیشن کی تجویز مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کی ضمنیات ہیں۔

(۱) ہندوستان یا پاکستان میں ریاست جموں اور کشمیر کی شمولیت کا فیصلہ آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے عامہ کے جمہوری طریقہ سے کیا جائے گا۔

(۲) استصواب رائے عامہ اس وقت ہوگا جب کمیشن اس نتیجے پر پہونچ جائے گا کہ جنگ بند کرنے اور استصواب رائے عامہ کے متعلق انتظامات کا کمیشن کے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کے ریزولیوشن کے حصہ اول و دوم میں ذکر ہے پورے ہوچکے ہیں۔

(۳) الف۔ اقوام متحدہ کے جنرل سکرٹری کمیشن کی رضامندی سے استصواب رائے کا ایک ناظم مقرر کریں گے۔ یہ ناظم بہت اعلیٰ بین الاقوامی شخصیت کا مالک ہوگا۔ اور اس کو عام اعتماد حاصل ہوگا۔ رسمی طور پر حکومت جموں و کشمیر اس کا تقرر کرے گی۔

(ب) استصواب رائے کا ناظم ریاست جموں اور کشمیر سے وہ اختیارات حاصل کرے گا جن کو وہ استصواب کا انتظام کرنے اور استصواب میں آزادی اور غیر جانبداری کو قائم رکھنے کے لئے ضروری سمجھے۔

(ج) استصواب کے ناظم کو مشاہدین اور مددگاروں کا جتنا اسٹاف کی ضرورت ہوگی اس کو ان کے تقرر کا اختیار حاصل ہوگا۔

(۴) (الف) کمیشن کے ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے حصہ اول اور دوسرے حصہ پر عمل درآمد ہونے اور کمیشن کو یہ اطمینان ہو جانے کے بعد کہ ریاست میں پرامن حالات پیدا ہوچکے ہیں کمیشن اور استصواب رائے کرانے والا ایڈمنسٹریٹر حکومت ہند کے مشورے کے ساتھ ہندوستانی اور ریاستی فوجوں کی تعیناتی کے سوال کا فیصلہ کرے گا۔ ان فوجوں کو ایسی جگہ اور اس طرح رکھا جائے گا کہ ریاست کی سلامتی اور استصواب رائے کی آزادی ممکن ہوسکے۔

(ب) ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے دوسرے حصہ کے (الف) ۲ میں جس علاقہ کا ذکر کیا گیا ہے اس علاقہ میں فوجوں کی آخری تعیناتی کا فیصلہ کمیشن اور استصواب رائے کا ایڈمنسٹریٹر مقامی حکام کے مشورے سے کرے گا۔

(۵) ریاست کے تمام شہری اور فوجی حکام اور اہم سیاسی جماعتوں کا یہ فرض ہوگا کہ وہ استصواب رائے کرانے والے ایڈمنسٹریٹر کو اپنا پورا تعاون دیں تاکہ وہ استصواب رائے کرا سکے۔

(۶) (الف) ریاست کے ان تمام لوگوں کو جو جھگڑوں کی وجہ سے ریاست سے ہجرت کرگئے تھے ریاست میں واپس آنے کی دعوت دی جائے گی اور انہیں تمام شہری حقوق حاصل ہوں گے۔ ان مہاجرین کی واپسی کے لئے دو کمیشن مقرر کئے جائیں گے۔ جس میں ایک میں ہند کے اور دوسرے میں پاکستان کے نمائندے شامل ہوں گے یہ کمیشن استصواب رائے کرانے والے ایڈمنسٹریٹر کی ہدایت کے بموجب کام کریں گے اس کو فوری طور پر اور حکومت ہند و پاکستان اور جموں و کشمیر کے ایڈمنسٹریٹر سے پوری طرح تعاون کریں گے۔

(ب) ان تمام لوگوں کو جو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ریاست میں جائز مقاصد کے علاوہ کسی اور سرگرمی میں حصہ لینے کیلئے داخل ہوئے ہیں، ریاست چھوڑ دینی ہوگی۔

(۷) جموں و کشمیر کے تمام حکام استصواب رائے کرانے والے ایڈمنسٹریٹر کو مندرجہ ذیل مقاصد کی تکمیل کرنے میں پوری امداد دیں گے۔ [redacted]

(الف) استصواب رائے کے متعلق رائے دہندگان پر کسی قسم کی دھمکیوں، خوف و ہراس، جبر یا رشوت خوری سے ناجائز دباؤ نہیں ڈالا جائے گا۔

(ب) تمام ریاست میں جائز سیاسی سرگرمیوں پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں لگائی جائے گی۔ ریاست کے تمام لوگوں کو بغیر کسی اختلاف نسل، رنگ، عقیدہ یا جماعتی تعصب کے اپنی رائے کا اظہار کرنے کی آزادی ہوگی۔ اور ہندوستان یا پاکستان میں ریاست کی شمولیت کے بارے میں اپنی رائے دینے کی آزادی ہوگی اور ان کے جان و مال کی حفاظت کی جائے گی۔ ریاست میں آزادی تحریر اور جلسے جلوس کی آزادی ہوگی تمام [illegible] جائے گی۔

(ج) تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کردیا جائے گا۔

(د) ریاست کے تمام علاقوں میں اقلیتوں کی حفاظت کی جائے گی

(ہ) کسی بھی شخص کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

(۸) استصواب رائے کرانے والا ایڈمنسٹریٹر بعض ایسے مسائل اقوام متحدہ کے ہند و پاکستان کے لئے کشمیر کمیشن کے سپرد کرسکتا ہے اور ان پر فیصلہ کرکے کمیشن ایڈمنسٹریٹر سے کہے گا کہ وہ ان ذمہ داریوں کو کمیشن کی طرف سے پورا کرے۔

(۹) استصواب رائے کا فیصلہ ہو جانے کے بعد ایڈمنسٹریٹر اس کی اطلاع کشمیر کمیشن اور جموں و کشمیر کی حکومت کو دے گا کمیشن سلامتی کونسل کو بتائے گا کہ آیا استصواب رائے آزادی اور غیر جانبداری کے ساتھ عمل میں لایا گیا ہے یا نہیں۔

(۱۰) لڑائی بند کرنے کے معاہدے پر دستخط ہو جانے کے بعد [illegible] کشمیر کے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کے ریزولیوشن کے مطابق وضاحت کی گئی ہے۔ ان اہم گفت و شنید میں ایڈمنسٹریٹر بھی شامل [illegible]

کمیشن ہندوستان اور پاکستان کے یکم جنوری ۱۹۴۹ء کو لڑائی بند کرنے کے حکم پر عمل کرنے کے اقدام کی تعریف کرتا ہے۔

اور یہ فیصلہ کرتا ہے کہ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے وہ جلد ہی ہند و پاکستان کے برصغیر کا دورہ کرے گا۔

مدرسین جلدبازی سے کام نہ لیں

مسٹر سمپورنانند کی اپیل

لکھنؤ ۷ جنوری۔ کل گورنمنٹ نارمل اسکول میں پہلے تربیتی دستے کی ایک تقریب کے اختتام پر آنریبل وزیر تعلیم مسٹر سمپورنانند نے ڈسٹرکٹ بورڈ کے مدرسین کی ہڑتال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم اب بھی اس بات کے خواہاں ہیں کہ حکومت یا ڈسٹرکٹ بورڈ کو کوئی ایسی چیز نہ کرنا پڑے جس سے کسی کو نقصان ہو آپ نے کہا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ گاؤں کے اسکول ماسٹروں کی تنخواہیں کم ہیں لیکن ہم نے ان سے بار بار کہا ہے کہ حکومت نے ڈسٹرکٹ بورڈوں کی تنخواہ کے پیمانے کے سلسلہ میں سفارشات کے لئے جو کمیٹی مقرر کی تھی اس کی رپورٹ زیر غور ہے [illegible] چند ماہ کے اندر اس پر کوئی فیصلہ ہو جائے گا۔

اور اس لئے جتنے مدرسین کے نمائندوں کو یہ مشورہ دیا تھا کہ وہ جلد بازی سے کام نہ لیں۔ آپ نے کہا کہ گاؤں کے مدرسین کے متعلق حکومت کی توجہ کا اس سے پتہ چلتا ہے کہ وقتاً فوقتاً ان کی تنخواہوں میں اضافہ ہوتا رہا ہے جس کی مجموعی رقم چالیس لاکھ روپیہ ہے۔

ایشیائی کانفرنس ۲۰ جنوری کو منعقد ہوگی

حکومت افغانستان نے اپنا نمائندہ مقرر کردیا

نئی دہلی ۸ جنوری۔ انڈونیشیا کے مسئلہ پر سوچ بچار کرنے کے لئے پنڈت نہرو نے دہلی میں جو ایشیائی کانفرنس بلائی ہے۔ اس کا اجلاس ۲۰ جنوری کو منعقد ہوگا اور دو یا تین روز تک جاری رہے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کانفرنس میں شرکت کے لئے کل ۱۶ نمائندے آئیں گے اور ان کی رہائش کے لئے انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ ان میں سے چند ڈیلی گیٹ اپنے ملک کے سفارت خانوں میں رہیں گے۔ کچھ گورنمنٹ ہاؤس میں قیام کریں گے۔ ان ڈیلی گیٹوں کے ساتھ جو اسٹاف آئے گا اس کے ممبران کو نئی دہلی میں ایوانوں کے ہوٹلوں میں ٹھہرایا جائے گا۔

اس کانفرنس میں انڈونیشی عوام کی مکمل آزادی حاصل کرنے کے لئے واضح اقدامات کئے جائیں گے۔ یہ اقدامات اقوام متحدہ کے بنیادی چارٹر کے مطابق ہوں گے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کا سوال اس وقت پیدا ہوگا جب اگلے چند ہفتوں میں سلامتی کونسل اس کے بارے میں [illegible] کرچکے گی۔ اس کانفرنس میں شریک ہونے والے ممالک میں رابطہ قائم رکھنے کے لئے کوئی مشترکہ ادارہ بنانے کا سوال زیر غور ہے۔

حکومت ہند کا محکمہ امور خارجہ انڈونیشیا کے مسئلہ کی [redacted] انہیں امداد دینے کے طریقے تلاش کر رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت افغانستان نے سردار نجیب اللہ خاں کو جو ہندوستان میں افغان نامزد سفیر ہیں۔ کانفرنس میں افغانستان کی طرف سے نمائندہ مقرر کیا ہے۔ سردار نجیب اللہ خاں جو سٹاسٹیکل ریکارڈ کی نمائش دیکھنے کے لئے آئے ہوئے تھے۔ بذریعہ ہوائی جہاز کابل واپس جارہے ہیں تاکہ اپنی حکومت سے مشورہ کرسکیں۔

حکومت بمبئی سروہی کا انتظام سنبھالیگی

نئی دہلی ۷ جنوری۔ حکومت ہند کا ایک گزٹ مظہر ہے کہ بمبئی سے درخواست کی گئی ہے کہ ریاست سروہی کا انتظام سنبھال لے۔ ریاست سروہی اودے پور کے جنوب مغرب میں چھوٹی سی ریاست ہے اس کا رقبہ دو ہزار مربع میل ہے آبادی دو لاکھ چونتیس ہزار مشہور پہاڑی مقام ماؤنٹ آبو اسی میں واقع ہے معلوم ہوا ہے کہ حکومت بمبئی اس ریاست کا مرکزی حکومت کی [redacted]

ہندوستان میں آسٹریلوی ہائی کمشنر

نئی دہلی ۷ جنوری۔ ہندوستان میں آسٹریلیا کے نامزد ہائی کمشنر مسٹر ایچ۔ آر گولن ۱۵ جنوری کو بمبئی سے نئی دہلی پہونچ جائیں گے۔ امید کی جاتی ہے کہ آپ ۱۸ جنوری کو اپنی اسناد پیش کریں گے۔ (گلوب)

ہندوستان ہالینڈ کیساتھ تعلقات منقطع کریگا

نیو یارک ۸ جنوری۔ [illegible] نامہ نگار کی اطلاع ہے کہ معلوم ہوا ہے کہ واشنگٹن میں مقیم ہندوستانی سفیر نے امریکی محکمہ خارجہ کو یہ اطلاع دی ہے کہ حکومت ہند انڈونیشیا کے مسئلہ پر حکومت ہالینڈ کے ساتھ تعلقات منقطع کرنے کے امکانات پر غور کررہی ہے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ امریکی محکمہ خارجہ نے ہندوستان کو یہ مشورہ دیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں جلد بازی سے کوئی قدم نہ اٹھائے کیونکہ سکیورٹی کونسل جلد ہی لیک سکسس میں اس مسئلہ پر سرگرمی سے غور کرے گی۔

ملیکاریت کا کاروبار کرنے والوں کی انجمن

کراچی ۷ جنوری۔ ڈائرکٹر جنرل درآمد و برآمد مسٹر عباس خلیلی کی صدارت میں ایک کانفرنس ہوئی۔ جس میں ملیکاریت کا کاروبار کرنے والوں کی ایک ایسوسی ایشن بنائی گئی۔ اس وقت سندھ میں ۱۲ افراد یہ کام کررہے ہیں۔

ڈائرکٹر جیولوجی ڈاکٹر کروک شنک نے کانفرنس کو بتایا۔ ملیکاریت اس وقت سندھ میں تین لاکھ بیس ہزار من ہے۔ اگر اُسے عام طور پر نکالا جاتا رہے تو تین سال تک رہے گی یہ ریت سندھ میں جنگ شاہی اور کھمن مول میں ملتی ہے اس سے شیشہ تیار ہوتا ہے۔

حیدرآباد کے مزدوروں کی ہڑتال

حیدرآباد ۷ جنوری۔ کل شام یہاں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے حیدرآباد کی اہم فیکٹریوں کے پانچ ہزار مزدوروں نے اگلے دن کی ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا حیدرآباد کی انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے صدر [illegible] صدارت کی۔ مزدوروں نے تیس روپے ماہانہ مہنگائی الاؤنس اور پچیس روپے کی عورت کو تنخواہ اور ۵۰ روپے مرد کو تنخواہ دیئے جانے کا مطالبہ کیا انہوں نے وزارت تجارت اور وزارت محنت کے سامنے مطالبہ [illegible] کا بھی فیصلہ کیا۔

گیا میں پلیگ کیخلاف مزید اقدامات

گیا ۶ جنوری۔ یہاں پلیگ پھیلی ہوئی ہے اور ۱۷ اشخاص کی موت ہو جانے سے احتیاطی اقدامات کا زیادہ خیال رکھا جارہا ہے۔ فوجی اور میونسپل اسٹاف کی امداد سے پلیگ زدہ مکانات کو بالکل الگ تھلگ کردیا گیا ہے۔ امدادی مرکز بھی کھول دیا گیا ہے۔ صحت عامہ کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر یہاں پہنچ گئے ہیں اور احتیاطی اقدامات کی خود نگرانی کررہے ہیں۔

الہ آباد میں مکمل راشننگ

الہ آباد ۷ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ ۲۶ جنوری سے شہر الہ آباد میں مکمل راشننگ ہو جانے کی توقع ہے۔

نامہ نگار مذکور نے مزید لکھا ہے کہ یہ امید نہیں کی جاتی کہ نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس کے خاتمہ سے پہلے ہندوستان اکیلا کوئی قدم اٹھائے گا یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس کانفرنس میں شامل ہونے والے تمام ممالک فوجی جہازوں اور ہوائی جہازوں کو اپنی بندرگاہوں میں ٹھہرنے یا ہوائی اڈوں پر اترنے کی اجازت دینے سے انکار کردیں گے۔

بہرحال اتنا یہ خیال کیا جاتا ہے کہ پیر تک سکیورٹی کونسل کے اجلاس میں انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور نہیں کیا جائے گا۔ پہلے اس سلسلے میں جمعہ کو سکیورٹی کونسل کی میٹنگ منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا لیکن ممکن ہے کہ کچھ ڈیلی گیٹس کے نہ پہونچنے کی وجہ سے اس دن میٹنگ منعقد نہ ہوسکے۔ (گلوب)

انگلینڈ پولینڈ کا تجارتی معاہدہ

وارسا ۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ اس ہفتے میں پولینڈ اور انگلینڈ کے درمیان نئے تجارتی معاہدے پر دستخط ہو جائیں گے اس معاہدہ کے مطابق پانچ سال کے عرصے میں دونوں ملکوں کے درمیان ۱۵۰۰۰۰۰۰۰ روپیوں کی مالیت کے سامان کی تجارت کی جائے گی۔ (گلوب)

اقوام متحدہ کے کمیشن کا اجلاس

ڈاکٹر لوزانو کی خدمات کی تعریف

لیک سکسس ۸ جنوری۔ کل رات اقوام متحدہ کے ہند و پاکستان کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں کشمیر کی طرف سے مندرجہ ذیل بیان دیا گیا۔ کولمبیا کے نمائندہ ڈاکٹر لوزانو نے اپنی اس گفت و شنید کا حال سنایا جو دہلی اور کراچی میں ہند اور پاکستان کی حکومتوں سے ہوئی تھی جس کے نتیجہ میں دونوں حکومتوں نے ریاست کے الحاق کے مسئلہ پر استصواب رائے کرانے کے لئے کمیشن کی تجاویز منظور کرلی ہیں۔ کمیشن نے ڈاکٹر لوزانو کی خدمات کی تعریف کی۔ کمیشن کے صدر نے [illegible] جنرل [illegible] نمائندہ آج طلب کرلیا گیا۔

بین الاقوامی دنیا میں ایک اور سیاسی گروپ کا امکان ہے

نئی دہلی کی ایشیائی کانفرنس کے متعلق امریکن مشاہدین کی قیاس آرائیں

واشنگٹن ۶ جنوری۔ جنوب مشرقی ایشیا کی خراب تر صورت حالات کا جو مشاہدین جائزہ لے رہے ہیں ان کا خیال ہے کہ نئی دہلی کی کانفرنس سے اس امر کا امکان ہے کہ نہرو نظریہ کی بنیاد پر پان ایشین کی تحریک پھیل جائے گی اور دنیا میں ایک اور سیاسی گروہ کا قیام عمل میں آئیگا

امریکی وزارت خارجہ نے اس کانفرنس کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کرنے سے انکار کردیا ہے تاہم سرکاری افسروں کے قریبی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر کانفرنس میں رنگ و نسل کے مسائل نہ اٹھائے گئے تو یہ ایک سودمند کانفرنس ثابت ہوگی۔

مبصرین کا خیال ہے کہ اس کانفرنس میں آسٹریلیا کی شمولیت اس بات کی شاہد ہے کہ اس میں سفید اقوام کے خلاف کوئی بلاک نہیں بنایا جائے گا۔

امریکہ کے سفارتی حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ ڈچ فوجوں کے جاوا اور سماٹرا میں فوجی حملہ سے تمام ایشیا میں امریکہ کی حکمت عملی کو ایک کاری ضرب لگی ہے۔ امریکہ کو خوف ہے کہ اگر ایشیا میں [illegible] بڑھ گیا تو اس کے ہندوستان اور ایسے جیسے آزاد ممالک سے رابطہ بڑھانے میں دقتیں پیش آئیں گی۔

امریکی سینیٹ کے ایک ممبر جارج میلون نے غیر رسمی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایشیا کے لئے نہرو نظریہ کی حمایت کریں گے لیکن اگر یہ ناکام رہے تو وہ یورپ کی جارحانہ کارروائی کے خلاف امریکی مداخلت کا مشورہ دیں گے۔

مسٹر میلون حال ہی میں ساری دنیا کا تیس ہزار میل کا دورہ ختم کرکے واپس لوٹے ہیں۔ انہوں نے امریکہ پر الزام لگایا کہ اس کی کوئی خارجہ پالیسی نہیں ہے۔ اور برطانیہ، فرانس، ہالینڈ کے مردہ نظام نوآبادی کو زندہ کرنے کی فکر میں ہے۔

انہوں نے بتایا کہ پنڈت نہرو، ڈاکٹر سوئیکارنو، مسٹر لیاقت علی خاں اور دوسرے ایشیائی لیڈروں سے ملاقات کے دوران میں میں نے یہ اندازہ لگایا ہے کہ ایشیائی ممالک اس امر کی ضرورت محسوس کررہے ہیں کہ اقتصادی میدان میں یورپین طاقتوں کی جارحانہ سرگرمیوں کے خلاف ایشیا کی حفاظت کی ضرورت ہے۔

پیرس میں خوبصورتی کا مقابلہ

لڑکیاں آپس میں لڑ پڑیں

پیرس۔ اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے فرانسیسی لڑکیوں کی خوب صورتی کا مقابلہ ہورہا تھا کہ مس فرانس کا خطاب کس لڑکی کو دیا جائے۔ اس مقابلے میں دو لڑکیوں کے تائیں دو ووٹ ڈالے گئے۔ دونوں میں بہت کم فرق رہا۔ اس پر یہ لڑکیاں آپس میں لڑ پڑیں اس لڑائی کے دوران میں فیصلہ کرنے والے کچھ ججوں کے چہرے پر بھی خراش آئی۔ اور پھر دونوں الگ ہوگئیں۔ اب یہ مقابلہ ترک کردیا گیا ہے۔ اور لڑکیوں سے یہ کہا گیا ہے کہ وہ خوبصورتی کے مقابلے میں شامل ہونے کی بجائے ایک ماہ اچھی بیوی اور اچھی ماں بننا سیکھیں۔

میسور اسمبلی کا قائداعظم جناح کو خراج عقیدت

بنگلور ۸ جنوری۔ کل جب میسور اسمبلی کا سہ ماہی اجلاس شروع ہوا تو وزیراعظم میسور مسٹر کے سی ریڈی نے ایک ریزولیوشن قائداعظم جناح اور مسٹر کے ایف نریمان لیڈر کانگریس پارٹی بمبئی کارپوریشن کی وفات پر اظہار تعزیت کا پیش کیا۔ مسٹر ریڈی نے قائداعظم جناح اور مسٹر نریمان کو خراج عقیدت پیش کیا۔

ایک دوسرے ریزولیوشن کے ذریعہ کشمیر میں لڑائی بند ہونے پر اظہار مسرت کیا گیا، اور جموں و کشمیر کے وزیراعظم شیخ محمد عبداللہ کو مبارکباد پیش کی گئی۔ حیدرآباد میں پولیس کارروائی کے کامیابی سے ختم ہونے پر حکومت ہند کو بھی مبارکباد دی گئی ہے۔

آگرہ میں کانسٹبلوں کی گرفتاری

آگرہ ۸ جنوری۔ یہاں پر تین پولیس کانسٹبل رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کئے گئے ہیں کہا جاتا ہے کہ پولیس نے بغیر لائسنس کے کچھ سندھی قلی لگے تھے جب کام ختم ہوگیا تو پولیس والوں نے اُن سے آمدنی کا کچھ حصہ طلب کیا جب اُس کو انکار کردیا گیا۔ پولیس نے اُن کو سو روپیہ دینے کے وعدے پر رہا کردیا۔

بعد ازاں پولیس سپرنٹنڈنٹ نے ایک جال پھیلایا اور جب وہ روپیہ اُن سپاہیوں کو دیا گیا تو سپرنٹنڈنٹ نے اُن کانسٹبلوں کو گرفتار کرلیا۔

۵۰-۱۹۴۹ء کی جنتری

شیخ الہند جنتری ۵۰-۱۹۴۹ء کی انوکھی جنتری

ہے اس میں عام جنتریوں سے زیادہ کارآمد اور مفید معلومات کے علاوہ جمعیۃ علما اور کانگریس کی تاریخ مولانا آزاد مولانا مدنی، مفتی کفایت اللہ مولانا احمد سعید، مولانا حفظ الرحمن اور مولانا حبیب الرحمن کی سوانح حیات مع تصاویر شامل ہے۔ ۱۲ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجئے۔

منیجر شیخ الہند جنتری گوشہ ادب حویلی اعظم خان دہلی

تین لاکھ ریلوے ملازمین کو امداد نقدی کی صورت میں دیجائیگی

نئی دہلی ۸ جنوری۔ حکومت ہند کے فیصلوں کے مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو ریلوے عملہ سے گرین شاپ کی تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ پر [illegible] کہا گیا تھا کہ جس طرح مرکزی حکومت کے دیگر ملازمین کو امداد دی جاتی ہے۔ کیا وہ اس طرح نقدی کی صورت میں اور کچھ حصہ جنس کی صورت میں ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء کو جو جوابات موصول ہوئے ہیں ان کے نتیجہ کے طور پر ۳۱۸۰۰۰ ریلوے ملازمین اس طرح جنس کی صورت میں امداد لیں گے جس طرح کہ مرکزی حکومت کے دیگر ملازمین لے رہے ہیں۔ اب گرین شاپ کو عام قسم کی راشن شاپ بنا دیا گیا ہے۔

معین نواز جنگ کراچی میں

کراچی ۶ جنوری۔ نواب معین نواز جنگ حیدرآباد کے سابق وزیر خارجہ مسٹر ظہیر یار جنگ کے ہمراہ ایک ہفتہ کے لئے پیرس سے یہاں پہنچ گئے۔

آسام کا بجٹ سیشن

گوہاٹی ۶ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ آسام اسمبلی کا بجٹ سیشن ۲ مارچ سے شروع ہوگا۔

رہبر روزگار

تھوڑے سرمایہ سے گھر بیٹھے سینکڑوں روپے ماہوار کمانے کے پانچ قیمتی راز مبلغ ڈیڑھ روپے بارہ آنہ میں ہم سے ابھی بذریعہ وی پی طلب فرمائیے کاروبار تجارت سے متعلق ہر قسم کا مشورہ مفت دیا جائیگا۔ جوابی کارڈ یا لفافہ آنا لازمی ہے۔

دفتر رہبر روزگار کٹرہ نظام الملک دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپے آٹھ آنے

مفت حاصل کرنے کیلئے آج ہی ماہنامہ بانو دہلی کے سالانہ خریدار بن جائیے۔ حسین کشیدہ کاری کے علاوہ [illegible] دہلی کے جائیں گے۔ سالانہ قیمت صرف پانچ روپیہ۔ پتہ: منیجر ماہنامہ بانو دہلی [illegible]

مفت — صرف ایک ہفتہ میں ہندی سیکھیں — مفت

اردو ہندی ٹیچر

ہندی اب سارے بھارت کی قومی زبان قرار دی جارہی ہے ہندی نہ جاننے والے بھائیوں کی اس تکلیف کو دیکھتے ہوئے ہی یہ کتاب "اردو ہندی ٹیچر" تیار کی گئی ہے [illegible]

ملنے کا پتہ: فرینڈز ہاؤس اجمل خاں روڈ قرول باغ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۹ جنوری ۱۹۴۹ء

بیکار اور بے سود بحثیں

زبان کا مسئلہ کس قدر آسان ہے مگر اسے کس قدر مشکل بنا دیا گیا ہے؟ اردو، ہندی اور ہندوستانی کا مسئلہ بھی آخر کوئی ایسا مسئلہ ہے جو حل ہی نہ ہوسکے! اگر ملک کی اکثریت اپنی نظر میں ذرا سی وسعت بھی پیدا کرلے اور برتری کے احساس سے الگ ہوجائے تو... ہمارے خیال میں ستر فیصدی مشکلات بہت آسانی سے ختم ہوسکتی ہیں، اور ہم اہم مسائل پر توجہ دینے کے لئے پورا وقت نکال سکتے ہیں، یہ انسان کی بہت بڑی بدقسمتی ہے کہ وہ آسان کو مشکل بناتا اور خیالی باتوں پر زور دیتا ہے۔ اور جب چیز کو انسان الجھن سمجھ لے پھر کس کی طاقت ہے کہ اس کا حل نکال سکے، انسان کا فرض تو یہ ہے کہ مشکلات کو حل کرے مگر وہ خود مشکلات پیدا کرتا اور ان پر دماغ کھپاتا ہے اور جب مشکل حل نہیں ہوتی تو دس مشکلات اور پیدا کرلیتا ہے!

ہندوستان میں صدیوں سے ہندی بھی رائج ہے اور اردو بھی، ناگری رسم الخط بھی معروف ہے اور فارسی رسم الخط بھی! یہ دونوں زبانیں اور دونوں رسم الخط ہندوستان ہی میں پیدا ہوئے اور یہیں پروان چڑھے اور ہر ملت نے انہیں اپنے خیالات کے اظہار کا ذریعہ بنایا، مگر اب کہا جاتا ہے کہ ہندی، ہندو کی زبان، اور اردو مسلمان کی زبان ہے، معلوم نہیں زبان کی تقسیم کے بعد ترقی کیوں روک دی گئی۔ کیا ہوا، اور پانی کو ہندو اور مسلمان نہیں بنایا جاسکتا تو کیا غلے اور پھلوں میں مذہب کی دیواریں [illegible] کیا بجا، اندر کام کو معصوم سمجھ لیا گیا ہے کہ ان پر ہندو مسلمان کا لیبل لگ سکے؟ یہ رواداری تو بہت ہی... شرمناک ہے کہ آفتاب کی روشنی اور حرارت، رنگ کیمپوں میں تقسیم نہ ہو اور بارشوں میں امتیاز کی دیوار کھڑی نہ کیجئے؟

پنڈت جواہرلال نہرو نے حیدرآباد میں کہا تھا کہ زبانوں کے مسئلہ پر زور دینے والے فلاوجی اور اس کے فطری ارتقا سے قطعی ناواقف ہیں اور انہیں اس مسئلہ پر احتیاط کے ساتھ غور کرنے کی توفیق کبھی نہیں ملی! اگر اس قول کی تصدیق کرنی ہو تو آپ سی پی اسمبلی کے اسپیکر مسٹر گھنشیام سنگھ گپتا کی اس تقریر کو غور سے پڑھیں جو آپ نے جالندھر کی ہندی کانفرنس میں فرمائی...، آپ نے ہندوستانی زبان کا مذاق اڑاتے ہوئے کہا کہ "ہندی، اردو، بنگالی، گجراتی، مراٹھی وغیرہ تو زبانیں ہیں، مگر ہندوستانی کوئی زبان نہیں ہیں ہندوستانی کو کانوں اور اسکولوں میں [illegible] کیا، جامعہ ملیہ میں بھی کھوج لگایا مگر اس کی شکل کہیں نظر نہیں آئی۔" گویا مذاق ہی مذاق میں زبان کی بیخ کنی ہورہی ہے، اور باتوں ہی باتوں میں ان لوگوں کو احمق بنایا جارہا ہے جو اب تک ہندوستانی کی حمایت کرتے آرہے ہیں! اگر آپ کے اس ارشاد کا مطلب کیا ہوا کہ "ہندوستانی کے پردہ میں اردو کی حمایت ہورہی ہے، کیونکہ ہندوستانی کے حامی خوب جانتے ہیں کہ براہ راست اردو کی حمایت عوام کو مشتعل کرنے کا باعث ہوگی" گویا اخلاقی اصطلاح میں ہندوستانی زبان کے تمام حامی بے ایمان اور فریبی ہیں اور عوام کو اپنے فریب میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں! اب سوچئے کہ مہاتما گاندھی بھی بے ایمان ٹھہرے، صدر کانگریس سیتارامیہ بھی چالباز قرار پائے، گورنر جنرل راجگوپال آچاریہ اور پنڈت جواہرلال نہرو بھی فریب کار نکلے کیونکہ یہ تمام بزرگ ہندوستانی زبان کے حامی ہیں اور پھر ہندوستانی زبان ہے کیا؟ شمالی ہند کی عام فہم زبان جو ناگری اور اردو دونوں رسم الخط میں لکھی جاتی ہے کیا یہی گناہ ہے کہ ہندوستان کی دو قدیم زبانوں کی عزت... کہہ دی گئی اور زبان کے مرکز [illegible] اقلیت کو یکجا کردیا گیا! مسلمانوں کو کوئی رنج نہیں کہ اردو کے ساتھ ناگری رسم الخط کا جوڑ لگ گیا ہے مگر دوسروں کو افسوس ہے کہ ناگری کے ساتھ اردو کا پیوند کیوں لگا! ملک کی بربادی تنگ نظری اور تعصب کا نتیجہ ہے مگر آج بڑوں بڑوں کو اس تنگ نظری پر ناز ہے!

سی پی کے اسپیکر صاحب کی حالت قابل رحم ہے کہ انہیں عامیانہ باتوں سے بھی گریز نہیں، ارشاد ہوتا ہے کہ "اردو زبان کے سہارے.... مسلمانوں نے پاکستان کے حق میں پروپیگنڈا کیا اور پاکستان بننے سے ہندو اور سکھوں پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹے" حالانکہ زبان اور پاکستان میں کوئی تلازم نہیں شاید آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ مسلمانوں نے اسلام کے نام پر پاکستان کا پروپیگنڈا کیا اور مذہب کے نام پر پاکستان بنایا مگر آپ یہ نہیں کہتے، شاید اس لئے کہ پھر کہیں ہندوستان سے اسلام کو ختم کرنے کا سوال پیدا نہ ہوجائے! لیکن ہم سنجیدگی سے عرض کریں گے کہ اردو زبان پاکستان کے لئے کوئی دلیل نہیں ورنہ پھر تو مولانا ابوالکلام آزاد کو بھی، جو اردو زبان کے امام اور سلطان ہیں پاکستان کا حامی قرار دینا پڑے گا، کیا جامعہ ملیہ کی نسبت کہا جائیگا کہ اس نے پاکستان کے حق میں پروپیگنڈا کیا کیونکہ اس کا سارا کاروبار اردو زبان میں ہے، کیا ڈاکٹر سپرو، پنڈت جواہرلال نہرو، [illegible] دتاتریہ کیفی، [illegible] بیدی، کرشن چندر اور وہ ہزاروں ہندو اور عیسائی جو اردو زبان کے مسلم ادیب، شاعر، اور مصنف ہیں سب پاکستانی قرار پائیں گے؟ لطف یہ ہے کہ مسٹر جناح جو پاکستان کے بانی تھے اردو زبان سے قطعی کورے تھے! اگر اردو کی مبتدا اور خبر کا یہی حال ہے تو دہلی کے تیج، ملاپ، پرتاپ، ویر بھارت، ہند، مشرقی پنجاب کے شیر پنجاب، ریخیت، مزدور وغیرہ اخبار جو اردو زبان اور اردو رسم الخط میں نکلتے ہیں اور جنہوں نے اپنے قلم سے اردو کی اشاعت میں حصہ لیا ہے سب کے سب پاکستان کے بانی قرار پائیں گے اور ان کے حق میں یہ کہنا درست ہوگا کہ انہوں نے اردو کے سہارے پاکستان کے حق میں پروپیگنڈا کیا اور پاکستان بناکر چھوڑا!

ہم گپتا صاحب کے جواب میں کوئی لسانی بحث چھیڑنا نہیں چاہتے کیونکہ جو شخص یہ کہے کہ اردو زبان نے پاکستان بنایا اسے اپنے حال پر ہی چھوڑ دینا بہتر ہے، اگر ان میں تنگ نظری کار فرما نہ ہوتی تو وہ کہتے کہ انگریزی زبان سے پاکستان بنا کیونکہ مسٹر جناح انگریزی زبان کے ماہر تھے، مگر [illegible] جہاں اور آفتیں ہیں وہاں ایک آفت یہ بھی ہے کہ دماغوں کے سوراخ ٹیڑھے ہوگئے ہیں جن میں ٹیڑھی بات تو داخل ہوسکتی ہے سیدھی بات داخل نہیں ہوسکتی ہم نے گپتا صاحب کی باتوں کو قابل اعتنا نہیں سمجھا اس لئے گہری باتوں میں نہیں گئے، صرف یہ بات بتانی ہے کہ آج کل دماغ قابل اعتبار نہیں ہے۔ نہ چھوٹوں کا کوئی ٹھکانا، نہ بڑوں کا کوئی انداز تعصب، نفرت اور فرقہ داریت کی گنگا میں ہم سب شور بور ہورہے ہیں اور خالص علمی اور لسانی مسائل بازیچہ اطفال بنائے گئے ہیں! اگر ہم زبان کے بجائے ضمیر پر توجہ دیتے اور اردو ہندی کے بجائے انسانی اخلاق سے بحث کرتے تو ہمارا بیڑا بھی کبھی کا پار لگ گیا ہوتا اور ہمیں بیکار بحثوں میں الجھنے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی!

ایشیائی کانفرنس

انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کرنے پر مجبور کردیا ہے [illegible] ہندوستان کی [illegible] ایشیائی کانفرنس نے ہالینڈ کے [illegible]

معلوم ہوتا ہے ایشیائی رائے عامہ نے ہالینڈ کو [illegible]

اچھی باتیں

وقالوا - تابعین (پ ۲۱ ع ۱)

لوگ کہتے ہیں کہ اس رسول پر کوئی نشانی (معجزہ) کیوں نازل نہ ہوئی، کہدو نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں اور میں تو کھلے طور پر بیدار کرنے والا ہوں۔

عجوبہ پرست لوگ حقائق کو تو نہیں دیکھتے انوکھی باتوں کا مطالبہ کرنے لگتے ہیں مثلاً کہتے ہیں کہ یہ رسول پتھر کو سونا بنا کر دکھادے، آگ سے پانی پیدا کردے فرمایا، ان لوگوں سے کہدو کہ عجائب پرستیوں سے حقائق کی گرہ کشائی نہیں ہوتی ہر قسم کی قدرت تو خدا ہی کو حاصل ہے مگر میں تو کوئی تماشہ یا عجوبہ دکھانے نہیں آیا نجات اور حسن عمل کا راستہ دکھانے آیا ہوں اور میرا کام یہ ہے کہ غافل بندوں کو بیدار کردوں اور سوتے ہوئے انسانوں کو جگاکر ان کی ذمہ داریوں کو یاد دلاؤں اگر کسی کو عملی زندگی اختیار کرنی ہے تو وہ اصول کی طرف آئے عجائبات سے قسمتیں نہیں بنا کرتیں، زندگی کے اصول اور اعمال کا حسن ہی انسان کو کامیاب بنا سکتا ہے!

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(از بھائی رتن لال صاحب بنسل م۔ا)

(۳)

اس طرح اس وقت یہ ایک دلچسپ نظارہ تھا کہ سرحدی پٹھانوں کی ایک طرف تو سرکار یہ مشہور کرتی تھی کہ پٹھان ہندو اور سکھوں کے لئے ایک بھیانک خطرہ ہیں، اور اسلام کا نام بھی ان میں بکھرا ہوا ہے اور دوسری طرف سر سید احمد جیسے مسلمان اور راجہ شیو پرساد ستارۂ ہند جیسے ہندو سرکار کے اشارے پر یہ تبلیغ کررہے تھے کہ ان باغی پٹھانوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جانی چاہئے جب کہ ملک کے بہی خواہ محب وطن ہندو مسلمان پارسی اور عیسائی سرکار کی پالیسی کی مخالفت کرکے پٹھانوں کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرتے تھے ہمارا خیال ہے کہ اگر ہم اس واقعہ پر ذرا گہرائی کے ساتھ غور کریں۔ تو ہندوستان کی پچھلے دو سو برس کی پوری سیاست آسانی سے ہماری سمجھ میں آسکتی ہے۔

۱۸۵۷ء کی پٹھانوں کی یہ آزادی کی لڑائی کچل تو دی گئی۔ لیکن انگریزوں نے یہ محسوس کیا کہ کچھ ایسا کام کرنے کی بھی ضرورت ہے جس سے پٹھانوں کے دل میں ہمارے لئے کچھ یقین پیدا ہوسکے تاکہ وہ سرحدی سردار جو کسی لالچ یا دباؤ سے ہمارے ساتھ آگئے ہیں۔ ہماری جانب [illegible] عوام سے کچھ کہہ سکیں۔ [illegible] الگ صوبہ بنا دیا جب کہ [illegible] پنجاب صوبے کے ہی [illegible] اب سرحد ایک الگ صوبہ بنا اور اس [illegible] قانون [illegible] ایک بڑی [illegible] کہ اب وہ کچھ تھوڑے سے پٹھانوں کو [illegible] ہمدردی حاصل کرسکتے تھے [illegible] کہا جاسکتا ہے کہ اسی زمانے سے سرحد میں [illegible] کھل کر [illegible] کو مدد [illegible] گئے۔

ترنگ زئی کے حاجی صاحب

لیکن اسی زمانے میں پٹھانوں کو ایک ایسا لیڈر بھی ملا جس نے پٹھانوں کی آزادی کی لڑائی میں ایک نئی جان ڈالدی، یہ تھے حاجی فضل واحد صاحب [illegible] ترنگ زئی کے حاجی صاحب [illegible] سرحد کے [illegible] آزادی کی [illegible]

[illegible] حاجی صاحب [illegible] سرحدی [illegible] ۱۸۵۷ء [illegible] پٹھانوں کی آزادی کی [illegible] اور جس طرح [illegible] ہندوستان [illegible] اسی طرح اب ان کو [illegible] سے ہندوستان [illegible]

ترنگ زئی کے حاجی صاحب نے اب پہلا کام یہ کیا کہ سرحد کے میدانی علاقوں یعنی پشاور، بنوں، کوہاٹ، ڈیرہ اسمٰعیل خان، ہزارہ اور مردان [illegible] اپنا سنگٹھن قائم کرنے کے لئے جگہ جگہ مدرسے قائم کرنے شروع کردیے۔ [illegible] حاجی صاحب بہت [illegible] سرحدی [illegible] حاجی صاحب نے [illegible] قائم کرنے شروع کئے۔

[illegible] نے سماٹرا میں جمہوریہ انڈونیشیا کے خلاف فوجی کارروائی بند کردینے کا اعلان کیا ہے، دوسری طرف جمہوریہ انڈونیشیا کی ہنگامی گورنمنٹ نے بھی اس شرط کے ساتھ مصالحت کا ہاتھ بڑھایا ہے کہ ڈچ گورنمنٹ کے ساتھ جو بھی گفت وشنید ہو وہ گڈ آفس کمیٹی کی نگرانی میں ہو، اگر یہ شرط منظور کرلی گئی تو جمہوریہ انڈونیشیا جاوا اور سماٹرا میں جنگ بند کرنے کے لئے تیار ہوجائے گی۔

پانچ شرطیں!

جمہوریہ انڈونیشیا کی ہنگامی گورنمنٹ کے لیڈر ڈاکٹر عثمان نے کہا ہے کہ گفت و شنید اور جنگ بند کرنے کے لئے پانچ شرائط کا منظور کرنا ضروری ہوگا۔ یعنی (۱) جمہوریہ انڈونیشیا کے لیڈروں کی فوری رہائی۔ (۲) ۱۸ دسمبر سے پہلے کے خطوط پر ڈچ فوج کی واپسی (۳) جاوا سماٹرا اور مدورا پر جمہوریہ انڈونیشیا کی بالادستی کا اعتراف (۴) عام رائے دہی کے اصول پر ڈچ حکومت کی مداخلت کے بغیر آل انڈونیشین گورنمنٹ کی تشکیل (۵) تشکیل کے بعد انڈونیشیا سے ڈچ فوج کی واپسی لیکن کیا ہالینڈ کی گورنمنٹ آسانی سے ان شرائط کو مان لے گی؟ جب تک امریکہ اور برطانیہ سرپرستی سے باز نہ آئیں گے اور ہالینڈ پر بین الاقوامی اور اقتصادی دباؤ نہ پڑے گا اس کا راہ راست پر آنا بہت مشکل ہے۔ امپیریلزم کا خاصہ ہے کہ جب تک اس کی روح حلق میں نہ اٹک جائے اور اس کا وجود خطرہ میں نہ پڑ جائے وہ اپنے استبداد اور اقدام سے باز نہیں آتا لیکن انڈونیشیا میں اس کی موت یقینی ہے شاید وقت قریب آگیا ہے کہ جمہوری حکومت کا بول بالا ہو اور ڈچ گورنمنٹ کو انڈونیشیا سے ہمیشہ کے لئے دستبردار ہونا پڑے۔

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

انڈین ہسٹری کانگریس کے اجلاس کے وقت جہاں بڑی بڑی تاریخی چیزیں دیکھنے میں آئیں وہاں محکمہ اطلاعات عامہ کی کچھ مطبوعات کی بھی نمائش کی گئی اور انگریزی، اردو اور ہندی کے مختلف پمفلٹ اور رسالے فروخت کئے گئے۔ ہسٹری اجلاس اور ہسٹری نمائش ختم ہوئی تو مطبوعات کی دکان بھی بڑھا دی گئی لیکن جو کتابیں بچ گئی تھیں انہیں اب اسمبلی چیمبر کے ایک راستہ میں رکھ دیا گیا ہے تاکہ اسمبلی کے ممبر جب اس طرف سے گذریں تو کچھ مال خرید لیں۔

پتہ نہیں اب تک کتنے ممبروں نے محکمہ اطلاعات عامہ اور نشریات پر کرم فرمائی فرمائی لیکن ہمارا خیال ہے کہ دکان لگانے کا وقت غلط طور پر منتخب کیا گیا۔ حالانکہ جہاں تک راقم الحروف کا تجارتی تجربہ ہے تجارت کے لئے غلط وقت منتخب کرنا ایک بڑے نقصان کو دعوت دینا ہے۔ مثلاً برفوں کی دوکان اگر آپ برسات میں کریں گے تو نقصان اٹھائیں گے یا مرغی خانہ کا ڈول گرمیوں میں ڈالیں گے تو ایک انڈا آپ کے ہاتھ نہ آسکے گا اسی طرح اگر گرم مال گرمیوں میں یا ٹھنڈا مال سردیوں میں فروخت کریں گے تو سر پکڑ کر رونے کے سوا اور کچھ نہ ہوسکے گا۔ کچھ آگے چلئے اور دیکھئے ربیع کی فصل میں بجلی کی چکی چلانے سے کیا حاصل ہوتا ہے۔ چکی ہی کیا ہے ڈول طریقہ پر کام چلانے سے کھیت کا کام بھی نہ چل سکے گا۔ خواہ وہ دامن ہی کا کام کیوں نہ ہو۔

دوکان لگانے کا موقع اس وقت تھا جب ممبران اسمبلی تازہ دم ہوکر جمع ہوچکے تھے — خود گرم تھے اور جیبیں بھی گرم تھیں۔ [illegible] لوٹ رہے ہیں وہ اپنا حساب چکا ئیں گے [illegible] کتابیں خریدیں گے یا [illegible] بیٹھ کر کھا گئے اور کچھ اسمبلی سے ملا تھا وہ نوکر چاکروں اور استعمال والوں کی نذر ہوگیا — گرانی کا زمانہ ہے ۴۵ روپے یومیہ سے بڑھا گیا ہے۔ لہٰذا دوکانداری کا امکان ختم۔

اور پھر دوکانداری چلانے کے لئے ایک ٹیکٹ کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو لیڈی صاحبہ کتابوں کی انچارج بنائی گئی ہیں وہ دو چار روز میں ممبروں سے کیا رسم پیدا کریں گی کچھ وقت ملتا تو وہ اپنی کارگزاری دکھاتیں اور لابی کی فضا کو ہموار کرکے اسے تجارتی اصول کے مطابق بناتیں — ممبران جن کے کانوں پر اسمبلی کی گھنٹی اثر نہیں کرتی ان پر ایک لیڈی کی میٹھی آواز کیا اثر کرے گی۔

اگر محکمہ اطلاعات والے برا نہ مانیں تو انہیں چاہئے کسی ماہر تجارت کی خدمات حاصل کرلیں۔ [illegible]

[illegible]

خطوط ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

[illegible] کہاں جائیں

جناب مکرم السلام علیکم

[illegible]

آگرہ کے باشندوں کی شکایت

محترمی السلام علیکم

[illegible]

لاوارث اپیشنر

جناب مکرم تسلیم

[illegible]

B3
B3

اقلیتوں کی نمائندگی متناسب ہونی چاہیئے

دستور ساز اسمبلی میں قاضی سید کریم الدین کی مفصل تقریر

دہلی ۶ جنوری۔ ۱۹۴۹ء مسودہ دستور ہند کی دفعہ ۶۷ جو پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت سے متعلق ہے۔ قاضی سید کریم الدین نے اپنی ترمیم پیش کرتے ہوئے اقلیتوں کے لئے سیٹیں محفوظ رکھنے کے بجائے متناسب نمائندگی کی بنیاد پر انتخاب کا مطالبہ کیا تھا

(مختصر تقریر پریس کو اشاعت میں دی جا چکی ہے)

قاضی صاحب نے فرمایا کہ انتخاب کا موجودہ طریقہ جس میں ایک حلقہ سے ایک ممبر چنا جاتا ہے میرے نزدیک بہت ناقص ہے انتخابات جمہوریت کا جو بنیادی اصول ہے اس سے انحراف کرتی اور اکثریت کا فلم ہے اس چیز کو ختم کرنے کیلئے خطرہ کو کرنٹ میں لینا ہوگا۔ نمائندگی کے عام طریقہ میں وہ خطرہ باقی رہتا ہے اور اس کا واحد علاج متناسب نمائندگی ہے۔ یہ بہت زیادہ جمہوری ہے کیونکہ اس سے ان ہزاروں آدمیوں کا خیال ہو جائے گا جن کی حکومت میں کوئی آواز نہ ہوگی اور مانے نمائندگی کا ایسا طریقہ کہ یہ آدمیوں کو ایک دوسرے کے زیادہ قریب لے آئیں گی۔ اس طرح پر کوئی دوسری [illegible] بھی کرا سکے گا۔

آگے چل کر آپ نے کہا کہ موجودہ طریقہ انتخاب پر ایک اعتراض یہ ہے کہ یہ اکثریت کی حکومت کی بھی گارنٹی نہیں کرتا۔ ہم امریکہ اور انگلستان میں اس قسم کی مثالیں پاتے ہیں۔ ۱۹۲۹ء کی ما چالیں (کنزرویٹو) کی اکثریت غیر حقیقی تھی۔ کیونکہ اس نے صرف ۸۸ فیصدی ووٹ حاصل کئے تھے لیکن اس کے باوجود اکثریت کی پارٹی مانی گئی۔ امریکہ کی مثال لیجئے کہ صدر تھیو اور سپرسن ۱۸۸۴ء اور ۱۸۹۲ء میں صدر منتخب ہوئے حالانکہ انہوں نے اپنے حریفوں سے کم ووٹ حاصل کئے تھے جہاں تک اس کا تعلق ہے موجودہ طریقہ انتخاب غلط اور گمراہ کن ہے ہو سکتا ہے کہ یہ طریقہ انتخاب اقلیتوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرے اس کی بالکل اکارہ بنا دے۔ اس کی مثال ہم کو آئرلینڈ کے انتخابات میں ملتی ہے۔ اس طریق کی زبردست اور پرزور حمایت کرنے والے بھی اس بات سے انکار نہ کریں گے کہ اقلیتوں کو نمائندگی کا حق ملنا چاہیئے اور سیاسیات نوٹ کرنے کے قابل ہے گلیڈاسٹون نے اس سلسلہ میں جو دلائل پیش کی تھیں ان میں سے ایک یہ تھی۔ کہ اقلیتوں کو نمائندگی کے تحفظ کیلئے طریق بنایا جائے۔ آئرلینڈ میں اس طریق کو غلط پایا گیا لیکن جیسا کہ ۱۸۸۵ء کے مباحثوں میں پیشینگوئی کی گئی تھی۔ آئرلینڈ کے جنوب اور مغرب کی اقلیتیں مستقل حق رائے دہندگی سے محروم کر دی گئیں۔ ۱۸۸۵ء سے ۱۹۱۱ء تک کی آٹھ پارلیمنٹوں میں ان کو کوئی نمائندگی نہیں ملی۔ بنا بریں میری یہ رائے ہے کہ موجودہ طریقہ انتخاب اکثریت کی حکومت کی گارنٹی نہیں کرتا جیسا کہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے اور نہ اقلیتوں کو نمائندگی ملتی ہے یہ ضروری نہیں کہ وہ مذہبی ہوں بلکہ سیاسی اقلیتیں بھی شامل ہیں آج ہمارے سامنے ایسا طریقہ انتخاب ہے کہ جس میں کوئی گارنٹی نہیں سیٹوں کی ارزرویشن کے ہو کر دفعہ ۲۹۲ اور ۲۹۴ میں بیان کی گئی۔

میں اپنی ترمیم سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر متناسب نمائندگی کی گارنٹی کر دی جائے تو سیٹوں کا ریزرویشن خود بخود بنیادوں پر ہی ختم ہو جانا چاہیئے۔ یہ سب نے تسلیم کر لیا ہے کہ اس ملک سے فرقہ پرستی کا خاتمہ ہونا چاہیئے ہم نے اس کے تباہ کن اثرات دیکھے ہیں۔ اور ڈومینین پارلیمنٹ پہلے ہی ایک رزولیوشن کے ذریعہ طے کر چکی ہے کہ اس ملک میں کسی فرقہ پرست جماعت کو کام نہ کرنے دیا جائے سیاسی علیحدگی پسندی فرقہ پرستی اور الگ رہنے کا جذبہ ہندوستان کی سیاسیات کے جسم سے نکل جانا چاہیئے لیکن ہم موجودہ حالات کو نظر انداز نہیں کر سکتے ہم دیکھتے ہیں کہ ہندو راج کے قیام کے لئے ایک تحریک چل رہی ہے ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ ملک میں ایک جماعت راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ کہلاتی ہے تاہم یہ ان جماعتوں کی نقش نظر ہم کو بہت احتیاط سے اور بڑا خطرہ کا سامنا ہے ایک ایسا طریقہ دریافت کرنا ہوگا۔ جس سے فرقہ پرستی ختم ہو اور لوگوں کو قانون ساز جماعتوں میں نمائندگی ملے۔

اقلیتوں کی نمائندگی کے دو طریقے

ہمارے سامنے دو طریقے ہیں۔ ایک تو یہ ہے نشستوں کی تعین کا جیسا کہ دستور کی دفعہ ۲۹۲ کے ماتحت رکھا گیا ہے۔ دوسرا طریقہ متناسب نمائندگی کا ہے

نشستوں کی تعین کی شرط میں کیونکہ وہ مذہبی بنیادوں پر قائم ہیں بعض اہم خامیاں ہیں یہ اس مقصد کو جس کے لئے یہ اختیار کیا گیا ہے ناکام کر دیتی ہے کیونکہ کسی فرقہ کے جس کے لئے نشستوں کا تعین کیا گیا ہے۔ پسندیدہ نمائندے منتخب نہیں کئے جا سکتے۔ علاوہ ازیں جیسا کہ عام بحث میں میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کوئی شخص جیتنے انتخابات میں حصہ لینے کے لئے اپنے عقائد تبدیل کر لیتے ہیں۔ اقلیتوں کے پسندیدہ نمائندہ کو شکست ہو جائیگا۔ اور یہ اس اقلیتوں کے اپنے دکھی کرنے کے حالات ہوگا (کہ وہ اپنے ہی لوگوں کے خلاف ہوں) یہ فرقہ وارانہ ہی غلطی ہوگا کیونکہ اس طرح مخلوط انتخاب اکثریت کر سکتی ہے کہ اقلیتی فرقہ

تیسرا اعتراض

دوسرا طریقہ جس میں بہترین طریقہ قرار دیتا

مشترکہ حکومت کی تشکیل

اب مشترکہ حکومت کو لیجئے۔ میرے خیال میں جہاں پر آبادی مختلف قسم کے عناصر پر مشتمل ہو وہاں مشترکہ حکومت کی تشکیل بہت ضروری ہے یہ کوئی رعایات نہیں کہ وزارت کی تشکیل کے وقت مختلف نمائندہ عناصر سے مشورہ کیا جائے۔ ملک بحیثیت [illegible] ہے کہ اور کمیونزم [illegible] حزب مخالف کو خواہ وہ فرقہ وارانہ ہو یا سیاسی [illegible] گی جو اس ملک کی حکومت کو درمیانہ طبقے کے ہاتھوں سے ان لوگوں کے ہاتھوں منتقل کرنے ہی والے ہیں جن کو میں اجرت پانے والوں کا طبقہ کہوں گا۔ یہ ایک عظیم الشان تبدیلی ہے جسے ملک میں بہت کم آدمی محسوس کرتے ہیں۔ کانگریس پر یہ بھتے ہیں کہ ان کا تنازعہ طریقہ پر کامیاب ہونا یقینی ہے اس لئے وہ ایسے مسودہ دستور کی حمایت کرتے ہیں جو اکثریت کی حکومت قائم کرتا ہے۔ ملک کی دوسری سیاسی یا فرقہ وارانہ اقلیتیں کہتے وہ کسی قسم کی مفید تعینیں پیش کرنی چاہتے وہ غلطی پر ہیں اور ان کی غلطی ظاہر ہو جائے گی۔ دنیا کی کوئی جماعت سرمایہ دار اور زمیندار کسان اور زمیندار . . . . . کے متحارب مطالبات کو ایک جھنڈے تلے رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ اپنے گردو نظر ڈالئے۔

کمیونزم چونکہ دنیا کے دائیں رفتار سے پھیل رہا ہے اور اگر یہ محنت کش طبقوں کے دل میں گھر کر لیتا ہے تب اس کے نتائج بہت خطرناک ہوں گے۔ فرض کیجئے محنت کش طبقوں کو سوشلسٹ یا کمیونسٹ عقائد پسند آجاتے ہیں تو اکثریت میں ہونے کی بنا پر اور سیاسی یا فرقہ وارانہ اقلیت کے تحفظ کی دفعہ موجود ہونے کی بنا پر ان کا غلبہ حاصل کرنا یقینی ہے۔ ایسے ہنگامی مواقع کے خلاف احتیاط کرنے کیلئے صرف متناسب انتخاب ہی ایک طریقہ ہے۔ دوسرے یہ کہ کسی جمہوری اصول کو قربان کئے بغیر اس سے فرقہ وارانہ اقلیتوں کا تحفظ بھی ہو جاتا ہے فرقہ پرستانہ احساس کے بغیر سیاسی اور فرقہ وارانہ اقلیتوں کے نمائندے منتخب کئے جا سکتے ہیں۔ اس کی عدم موجودگی سے ملک کمیونزم کی گود میں چلا جا سکتا ہے اس موقعہ پر مدراس کے نمائندہ مسٹر ایل کے بھراتی نے کہا "جناب کیا میں آنریبل ممبر سے درخواست کر سکتا ہوں کہ وہ آہستہ پڑھیں۔

قاضی سید کریم الدین نے جواب دیا میں پڑھ نہیں رہا ہوں میں صرف اپنی یادداشت کے کاغذ کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ اپنی آنکھ سے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ اس پر نائب صدر صاحب نے کہا مسٹر کریم الدین میں درخواست کرتا ہوں آپ ذرا آہستہ بولیں۔

اس پر قاضی کریم الدین نے اپنی تقریر پھر شروع کی۔

کمیونسٹوں کا شکار

عام انتخابات میں اور موجودہ انتخابی سسٹم کے قواعد کے مطابق اگر عام رجحان کمیونزم کی طرف ہو جاتا ہے تو صنعتی ترقی کی تمام اسکیمیں دھری کی دھری رہ جائیں گی۔

اور اگر عام رجحان فرقہ واریت کی طرف ہو جاتا ہے تو ریاست کی غیر مذہبی حیثیت ختم ہو جاتی ہے اور اگر اقلیتیں کے ساتھ خواہ وہ اقلیتیں . . . . سیاسی ہوں یا فرقہ وارانہ بے انصافی برتی جاتی ہے اور ان کو کچلا جاتا ہے اور ان کو پارلیمنٹری سرگرمیوں میں حصہ نہیں لینے دیا جاتا تو وہ کمیونسٹوں کیلئے اچھا شکار ثابت ہوں گی۔ اور وہ ان کی آغوش میں آ جائیں گی۔ اس لئے عقل اور دور اندیشی کا تقاضا ہے کہ حزب مخالف کو مجبور کیا جائے کہ وہ آئینی راستہ اختیار کرے اور اس کا واحد طریقہ متناسب نمائندگی کے طریقہ کا اجراء ہے۔ میں پیشینگوئی کرتا ہوں کہ

ایسا نہ کیا گیا تو کوئی بڑی مصیبت آ جائیگی اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں موجودہ نظام کی مخالفت کرتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ کانگریس زیادہ دن تک قائم رہے کیونکہ اس نے ہند کے تمام فرقوں کو غیر مذہبی حکومت امن اور چین بخشا ہے لیکن یہ گارنٹی نہیں دی جا سکتی تاوقتیکہ متناسب نمائندگی نہ جاری کی جائے۔ جناب والا میری ترمیم کے پہلے حصہ میں کہا گیا ہے کہ اگر متناسب نمائندگی دی جائے تو نشستوں کے تعین کی شرط کو ختم کر دیا جائے ورنہ نہیں۔ جناب والا جب میں نے نشستوں کے تعین کی شرط کو ختم کرنے کیلئے اور متناسب نمائندگی اختیار کرنے کیلئے کہا تو یہ غلط خیال پیدا ہوا کہ غیر مشروط طور پر نشستوں کے تعین کی شرط کو ختم کرنے کیلئے کہہ رہا ہوں۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور اب پھر کہتا ہوں کہ اگر متناسب نمائندگی رائج کی جائے تو نشستوں کے تعین کی کوئی شرط نہیں ہونی چاہیئے۔ اگر آپ تسلیم کرتے ہیں کہ ملک میں اقلیتیں ہیں اور ان کے وجود کا کسی قسم کا اعتراف ہونا چاہیئے تو . یہی واحد [illegible] ہے کہ آپ ان متناسب نمائندگی کا طریقہ اختیار کریں۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوئی ہیں جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔

(ادارہ)

جمعیۃ علماء منظور کا انتخاب

۱۷ دسمبر کو دفتر جمعیۃ علماء سرکل منظور محلہ پیر شہید کالا میں چار آنے والے ممبروں کا ایک جلسہ بغرض سالانہ انتخاب منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز مولانا محمد ظل الرحمن قاسمی کی تقریر سے ہوا بعد ازاں انتخاب عمل میں آیا۔

مولوی ظل الرحمن صاحب قاسمی صدر قاضی سید حسین [illegible] حکیم محمد جمیل صاحب ناظم اعلیٰ منشی بشیر احمد اور محمد داؤد علی قاسمی ناظم صوفی عبدالغنی صاحب خزانچی مقرر ہوئے۔ ضلع کے لئے مولوی محمد ظل الرحمن اور قاضی سید حسن صاحب نمائندگان منتخب ہوئے۔

موضع بزرگا میں جمعیۃ کا قیام

یکم جنوری کو موضع بزرگا میں مسلمانوں کا ایک جلسہ ہوا اجلاس میں جمعیۃ علماء کے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ حاجی امانت اللہ صاحب صدر منشی محمد حسن اللہ صاحب نائب صدر مولوی [illegible] صاحب ناظم ڈاکٹر سید مظفر علی صاحب نائب ناظم اور شیخ قربان علی صاحب خازن مقرر ہوئے۔

جمعیت علماء چمپارن کا سرکلر ۵

ضلع کے تمام مسلمانوں سے اپیل ہے کہ وہ اپنے اپنے دفتر میں اخبار الجمعیت ہفتہ وار جلد سے جلد باقاعدہ جاری کرالیں۔ نیز جہاں ڈاکخانہ کی سہولیت ہو وہاں روزانہ الجمعیت بھی جاری کرانے کی کوشش کریں اور ابتک جن تھانوں میں باقاعدہ ممتاز جمعیت قائم نہ ہو وہاں ۱۵ جنوری ۱۹۴۹ء تک جمعیت کا انتخاب کر کے ضلع سے الحاق کرالیں۔

پکھا میں جمعیۃ علماء کا قیام

بلدوانی ضلع نینی تال ا بذریعہ ڈاک ۳۱ دسمبر کو مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء نینیتال افسر انتخاب پکھا تشریف لے گئے آپ کے ہمراہ حاجی شمشاد حسین صاحب بھی تھے۔ مولانا حکیم اللہ صاحب کی مساعی جمیلہ سے وہاں ایک سو بیس ممبر ۳۰ دسمبر سے قبل بن چکے تھے جمعہ کی نماز کے بعد حاضرین میں سے جمعیۃ کے قیام کی اپیل کی۔ پہلے مجلس منتظمہ کے اراکین نے جمعیۃ فارم پر درخواستیں دیں اور ۲۱ ممبران مجلس منتظمہ منظور ہوئے بعد ازاں مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوا جس میں حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

صدر شیخ عبداللطیف نائب صدر محمد علی خاں ٹھیکیدار۔ ناظم مولوی وصی احمد نائب ناظم منشی عبدالرحمن منشی نور حسین۔ خزانچی منشی عبداللہ۔

اراکین مولانا محمد صدیق۔ محمد بشیر خاں۔ رحمت اللہ رحیم بخش قریشی۔ منشی نبی رضا شیخ عبدالمجید منشی تاج الدین۔ منشی عبداللطیف۔ ولی محمد۔ محمد ولی خاں منشی نظام صابر۔ عبدالخالق۔ ولی محمد انصاری کرم علی۔ کبیر احمد۔ ایک تجویز میں طے پایا کہ اس جمعیۃ کا الحاق ضلع جمعیۃ سے کیا جائے۔

ناظم جمعیۃ العلماء ضلع میرٹھ کی اپیل

میں تمام ان حضرات سے جن کے پاس ممبر سازی کی کاپیاں ہیں اور جو ابھی تک ضلع میرٹھ جمعیۃ کے دفتر میں موصول نہیں ہوئی ہیں۔ براہ کرم جلد از جلد ارسال فرمادیں کیونکہ زمانہ ممبر سازی ختم ہو چکا ہے اور ضلع کے دفتر میں ممبران کے ناموں کا اندراج ختم پذیر ہے اس لئے کاپیاں خالی ہو یا بھری [illegible] بہر صورت ہمارے پاس آنی ضروری ہیں تاکہ دفتر کے عملہ اندراج کو آسانی ہو اور ضلع کے انتخابات سے پہلے حسابات اور اندراجات سے فراغت حاصل ہو جائے۔

نئی کانگریس ورکنگ کمیٹی

پروفیسر رنگا کا اظہار خیال

نئی دہلی ۶ جنوری۔ اندھرا پراونشل کانگریس کمیٹی کے پریذیڈنٹ پروفیسر این۔ جی رنگا نے نمائندہ گلوب کے ساتھ ایک ملاقات کے دوران میں اس بات پر اظہار خوشی کیا ہے کہ نئی کانگریس ورکنگ کمیٹی میں کچھ نئے ممبر شامل کئے گئے ہیں۔ نئی کمیٹی میں خاص کر ان ممبروں کو شامل کیا گیا ہے جو تامل ناڈ کرناٹک آسام اور ہندوستانی ریاستوں میں کانگریس کے تنظیم کام کے انچارج ہیں۔ آپ نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ یہ ورکنگ کمیٹی ہماری قومی حکومت کو زیادہ مضبوط بنا سکیگی اور اس کے ساتھ میں نئے راشٹرپتی ڈاکٹر پٹابھی کی لیڈرشپ میں پنڈت نہرو، سردار پٹیل اور ڈاکٹر راجندر پرشاد کی رہنمائی سے فائدہ اٹھائے گی۔

خلیج فارس میں ہند کا خیرسگالی مشن

حکمرانوں سے پیغامات کا تبادلہ

نئی دہلی ۶ جنوری۔ ہندوستان کی طرف سے ۱۲ اور ۱۹ دسمبر ۱۹۴۸ء کے درمیان خیر سگالی کے ایک مشن نے خلیج فارس کی ریاستوں کا دورہ کیا اور والیان بحرین اور کویت سے بھی ملے اس مشن میں حسب ذیل اصحاب شامل تھے۔ وزارت امور خارجہ اور تعلقات دولت مشترکہ جائنٹ سکریٹری مسٹر سی۔ ایس جھا، دہلی یونیورسٹی میں تاریخ کے پروفیسر مسٹر محمد مجیب۔ ہندوستانی مشن اور بحرین وکویت کے حکمرانوں میں بیانات کا تبادلہ بھی ہوا۔

ایچ۔ ایم۔ آئی۔ ایس تلوار میں ہڑتال

چالیس کاریگروں کی فاقہ کشی

بمبئی ۵ جنوری۔ ایچ۔ ایم۔ آئی۔ ایس تلوار ٹرانسپورٹ سیکشن کے چالیس ریگنگ نے کل بھوک ہڑتال کر دی کیونکہ ان کے مطالبات منظور نہیں کئے گئے تھے۔ ان کا ایک مطالبہ یہ بھی تھا کہ سنٹرل پے کمیشن کی سفارشات منظور کی جائیں اور ملازمین کو بمبئی کا الاؤنس دیئے جائیں۔ رائل انڈین نیوی لاریکا ڈرائیور یونین سے معلوم ہوا ہے کہ آج دوسو کے قریب ڈرائیور بھی ہمدردی کے طور پر ہڑتال میں شامل ہو جائیں گے۔ ایچ۔ ایم آئی۔ ایس کے کیپٹن سپرنٹنڈنٹ کیپٹن بریڈل ہڑتالیوں سے ملے لیکن ان کے مطالبات ماننے کا یقین نہ دلا سکے۔

میونسپل کمیٹی کی ملازمین معطل اور برطرف

دہلی ۶ جنوری۔ رشوت ستانی اور دوسری قسم کی بدعنوانیوں کو روکنے کے لئے دہلی میونسپل کمیٹی نے جو مہم شروع کر رکھی ہے۔ اس سلسلہ میں میونسپلٹی نے اب تک چودہ ملازمین کو رشوت لینے کے الزام میں معطل کیا ہے اور ان کے خلاف محکمانہ تحقیقات جاری ہے۔ اس کے علاوہ چار ملازموں کو برطرف کر دیا گیا ہے۔

ویٹ نام کے مستقبل کا فیصلہ

وزیر اعظم کی پیرس میں آمد

پیرس ۶ جنوری۔ ویٹ نام کی عارضی حکومت کے وزیر اعظم جنرل نگیویم وان پیرس آ پہنچے ہیں تاکہ وہ حکومت فرانس کے وزیر نو آبادیات سے ویٹ نام کے مستقبل کے متعلق گفت و شنید کر سکیں وہ ویٹ نام کے سابق شہنشاہ باؤ دائی سے بھی ملیں گے جو جنوبی فرانس میں ٹھیرے ہوئے ہیں۔

برطانیہ کو چین کے جھگڑے میں

ثالث کا کام کرنے کے لئے نہیں کہا گیا

نانکنگ ۶ جنوری۔ برطانوی سفیر سر رالف سٹیونسن نے بتایا ہے کہ برطانیہ کو چین کے جھگڑے میں ثالث کا کام کرنے کے لئے نہیں کہا گیا۔ اس سے پیشتر یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ برطانیہ فرانس امریکہ اور روس کو چین کی خانہ جنگی ختم کرنے کے لئے ثالث کا کام کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ روس کو بھی سرکاری طور پر ثالث بننے کے لئے نہیں کہا گیا۔ ابھی تک اس امر کے آثار نہیں پائے جاتے کہ مارشل چیانگ کائی شیک نانکنگ سے چلے جائیں گے۔ اگر آپ نے نانکنگ کو چھوڑ دیا تو آپ کی سیاسی زندگی ختم ہو جائے گی۔

کہا جاتا ہے کہ آپ فارموسا چلے جائیں گے۔ لیکن وہاں جانے کے نقصانات بھی ہیں۔ اگرچہ اس کا انتظام چین کے ہاتھوں میں ہے لیکن ٹیکنیکل نقطہ نگاہ سے فارموسا جاپان کا حصہ ہے اور جب تک جاپان کے ساتھ معاہدہ امن پر دستخط نہ ہو جائیں گے تب تک جاپان کا حصہ ہی رہے گا۔

شمالی اٹلانٹک پیکٹ

پیرس ۶ جنوری۔ حکومت فرانس نے امریکہ کی یہ تجویز تسلیم کرلی ہے کہ مجوزہ اٹلانٹک کے حفاظتی معاہدے میں گرین لینڈ اور آئس لینڈ کو بھی شامل کیا جائے کیونکہ یورپ کے حفاظتی پروگرام میں حصہ لینے کے لئے امریکہ کے لئے یہ ملک بڑی فوجی اہمیت رکھتے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ فرانسیسی شمالی افریقہ کو بھی اس معاہدے میں شامل کیا جائے گا تاکہ فرانس وہاں اڈے تعمیر کر سکے۔ اور امریکہ ضرورت کے وقت ان کو استعمال کر سکے۔

یہودی فوجیں مصر میں داخل ہو گئی تھیں

تل ابیب ۶ جنوری۔ ایک فوجی ترجمان نے یہ بات تسلیم کی ہے کہ یہودی فوجیں مصر کے علاقہ میں تیس میل تک گھس گئی تھیں یہ فوجیں تین دن اس علاقہ میں رہیں اور انہوں نے کئی مصری مورچوں اور دو ہوائی اڈوں کو نقصان پہنچایا۔ یہ فوجیں بھاگتی ہوئی مصری فوجوں کا پیچھا کرتے ہوئے مصر میں داخل ہوئی تھیں۔

لاہور کا نام غائب

نئی دہلی ۶ جنوری۔ گرانڈ ٹرنک روڈ پر جو میلوں کے پتھر لگے ہوئے ہیں ان پر سے لاہور کے نام کو مٹا کر امرتسر کا نام لکھا جا رہا ہے اس مقصد کے لئے ہیں کہ ہندوستان کے علاقے میں یہ بتایا جاتا ہے کہ تقسیم کے بعد لاہور ہندوستان کا حصہ نہیں رہا۔

سفید ہاتھی بلائے جان بن گیا

سورت ۶ جنوری۔ خیال ہے کہ سورت کے حکام ضلع ایک سفید ہاتھی کو گولی مارنے کا حکم دیدیں گے۔ اگر کوئی اس کے بچانے کے لئے نہ بڑھا۔ کیونکہ اس پر حکومت بمبئی کا چھ سو روپیہ ماہوار خرچ آتا ہے۔

جب ریاست دھرم پور ضلع سورت میں مدغم ہوئی تو یہ ہاتھی حکومت بمبئی کی ملکیت بن گیا تھا۔ اس وقت سورت کے حکام نے سورو پئے ہاتھی کو فروخت کرنے کے لئے اخباروں میں خرچ کر دیئے ہیں۔ ہاتھی کے لئے چھ کروں اور تین سو پیسے کی خوراک کی ضرورت ہے۔

یوپی میں ہڑتالوں کی بھرمار

اساتذوں کی ہڑتال سے تعلیم کا نقصان

لکھنؤ ۶ جنوری۔ سال نو کے آغاز میں یو۔ پی کی کئی ہڑتالوں اور ہڑتال کی دھمکیوں کا مقابلہ کرنا ہے ریلوے ملازموں کی یونین ہڑتال کا بیلٹ لینے کی تیاریاں کر رہی ہے ڈسٹرکٹ بورڈ کے اسکولوں کے اساتذوں اور حکومت میں جو جھگڑا جاری ہے اس سے بچوں کی تعلیم کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے صنعتی ادارے بھی ہڑتال کی اس لہر سے پوری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ یو۔ پی روڈ ویز کے ملازم ہڑتال کی دھمکی دے رہے ہیں بجلی مہیا کرنے کی کمپنی کے ملازم بھی اسبات کا فیصلہ کر رہے ہیں کہ کانپور کے ایک کارخانے کے ملازموں نے بھی ہڑتال کی دھمکی دیدی ہے۔

طیارہ کے حادثے میں تین ہلاک

راولپنڈی ۶ جنوری۔ یہاں ایک ٹائیگر ماتھ طیارہ کو اترنے پر مجبور ہونے اور نقصان پہنچنے سے تین اشخاص ہلاک ہو گئے لیکن ابھی ہلاک شدگان کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ گیارہ آدمی بچ گئے۔ لندن میں اس طیارہ کی مالک کمپنی نے بتایا کہ طیارہ میں ۱۷ مسافر تھے۔

فلسطین کمیٹی کا اجلاس

مسٹر لائی کا بیان

پیرس ۶ جنوری۔ اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل مسٹر ٹرگ وی لی نے اعلان کیا کہ جب فلسطین کمیٹی کا اجلاس جمعہ کے دن منعقد ہوگا انہوں نے کہا کہ کمیٹی برطانوی رپورٹ کے متعلق کچھ اطلاع ملنے کی توقع ہے کہ یہودی فوجوں نے مصری علاقہ میں ہوائی اڈوں پر حملہ کیا [illegible] بڑی طاقتوں کے نمائندے ہیں امریکہ، فرانس، برطانیہ چین اور روس۔

نوٹ سڑک پر نہ پھینکیئے

غلط علاج کرنے سے مرض اور بڑھ جاتا ہے بڑی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں، اور وقت اور روپیہ دونوں برباد جاتے ہیں۔ یہ بالکل ایسی ہی بات ہے کہ آپ کھڑکی پر کھڑے ہوئے، اور نوٹ سڑک پر پھینک دیجئے۔

آپ کو چاہیئے کہ اپنے امراض کا بالکل صحیح اور مناسب علاج کریں۔ دوبارہ نوجوان ہونے کی بہت کم خرچ اور نہایت ہی موثر ترکیب یہ ہے کہ آپ اسی جاڑے کے موسم میں معجون شباب آور کا استعمال کریں۔ اس کے قیمتی اجزاء جیسے سونا، موتی، زمرد، یاقوت وغیرہ کو بالکل صحیح طریقے سے ملانے کی ترکیب صرف ہمدرد دواخانہ کو معلوم ہے۔ اگر کسی جزو کے وزن میں خفیف کی کمی یا بیشی ہو جائے یا ملانے کی ترکیب میں ذرا سا بھی فرق رہ جائے تو وہ اثر پیدا نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اسے نہایت ہنرمند دواساز سائنٹیفک طریقے سے تیار کرتے ہیں بڑی کثرت سے فروخت ہوتی ہے آج ہی خرید لیجئے۔ قیمت فی شیشی بیس خوراک پانچ روپیہ۔ نمونہ ایک روپیہ

ہمدرد کا مشہور مالیخولیا دوا آتشر۔ قیمت فی بوتل پانچ روپیہ

رسالہ ہمدرد صحت ہمدرد نوجوان دواخانہ کی تازہ فہرست اردو، ہندی، انگریزی زبانوں میں مفت طلب فرمائیے

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

ہندوستان کے ہر بڑے شہر میں ایجنٹوں اور سٹاکسٹوں سے خریدیئے

ہمدرد

جس کی تقریباً کل آمدنی قدیم طبابتوں کی ریسرچ ترقی اور قوم کی تعلیم کیلئے وقف ہے

دارالسلطنت

(۷ جنوری ۱۹۴۹ء)

چار سنگھیوں کی گرفتاری

کل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے نعرے لگانے پر چار سنگھی گرفتار کئے گئے۔ شہر میں کل کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

چھ آدمی سردی سے مر گئے

گذشتہ دو روز میں سخت سردی کے باعث دہلی میں چند اشخاص جن میں ایک بچہ بھی شامل ہے سردی کے باعث انتقال کر گئے۔

مفرور قیدی ابھی تک مفرور ہیں

دہلی جیل سے جو دو قیدی جن میں سے ایک کو قتل کے سلسلہ میں عمر قید کا حکم دیا گیا تھا دوسرا جس کو چوری میں سزا ہوئی تھی پیر کے روز دہلی سے فرار ہو گئے تھے اور انتہائی چھان بین کے باوجود ابھی تک مفرور ہیں۔

یہ قیدی ایک فیکٹری سے بھاگ گئے تھے جہاں پر وہ دوسرے قیدیوں کے ہمراہ کام کرتے تھے شام تک تو وہ اسی فیکٹری میں چھپے رہے اور رات کو دو بانسوں کے سہارے سے قید خانے کی ۱۰ فٹ بلند دیوار پر چڑھے اور بعد میں قریب کے ایک درخت پر پگڑی باندھ کر اس کے سہارے سے نیچے اتر کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

ملازمین ہوٹل کی ہڑتال

دہلی ۶ جنوری۔ ہوٹل ورکرز یونین نے کل ایک میٹنگ میں فیصلہ کیا ہے کہ اگر ان کے مطالبے پورے نہ کئے گئے تو وہ ماہ فروری میں کسی دن بھی ہڑتال کر دیں گے۔ ورکروں نے تنخواہوں میں اضافہ اور مہنگائی الاؤنس کا مطالبہ کیا ہے۔

دوکانداروں کے پرمٹ منسوخ

معلوم ہوا ہے کہ محکمہ سول سپلائی نے تقریباً ۱۲ دوکانداروں کے کنٹرول کا کپڑا بیچنے کے پرمٹ منسوخ کر دیئے گئے ہیں جن بیوپاریوں کے پہلے بلیک مارکٹ کرنے کے الزام میں لائسنس منسوخ کئے گئے تھے۔

میونسپل ملازمین پر خوانچہ والوں کا حملہ

دہلی ۶ جنوری۔ دہلی اور نئی دہلی کے محکمہ صفائی نے دہلی میں صفائی رکھنے کی غرض سے ایک مہم شروع کی ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ صفائی نئی دہلی کی طرف سے ایک پارٹی نے گزشتہ روز ۱۳ خوانچہ والوں کو ہٹا دیا ہے دہلی امان اور چاندنی چوک میں چند خوانچہ والوں نے کمیٹی کے چوکیداروں پر حملہ کر کے انہیں زخمی کر دیا۔ پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر حالات پر قابو پالیا۔

سردی اور زیادہ ہو گئی

گذشتہ چند روز سے سردی جتنی کم تھی۔ بدھ کی رات سے اس کی کسر نکل گئی۔ اور گذشتہ سال سے بھی زیادہ سردی ہو گئی۔ گذشتہ سال میں کبھی پارہ چالیس ڈگری سے کم نہیں ہوا لیکن عام طور پر چالیس سے اوپر ہی رہا مگر اس سال بدھ کے روز پارہ ۳۷ ڈگری پر پہنچ گیا تھا۔

رات کو پڑی اور کھیتوں میں آگ جلتی نظر آتی ہے ہزاروں بے گھر شرنارتھی جو ادھر ادھر پڑے ہیں اور وہ لوگ جن کے پاس کپڑے بھی نہیں ہیں آگ کے سہارے سے گذارتے ہیں۔ بدھ کے روز جو حرارت تھی وہ صرف دو ڈگری زیادہ تھا۔

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

سرکاری کاغذات میں

خطابات کا استعمال ممنوع

نئی دہلی ۶ جنوری۔ حکومت ہند سرکاری کاغذات میں ہندیوں کے ناموں کے ساتھ خطابات کا استعمال ممنوع قرار دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وزارت داخلہ کے ایک سرکلر میں مختلف محکموں کو بھیجا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ آئندہ سے سرکاری کاغذات میں کسی ہندی نام کے ساتھ خطابات کا استعمال نہ کیا جائے۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ خطابات کو واپس کر لیا جائے بلکہ صرف اتنا مقصد ہے کہ سرکاری کاغذات میں ان کا استعمال نہ کیا جائے۔

دہلی کے دیہات میں پنچایت گھر

دہلی ۶ جنوری۔ دیہات کو خود کفیل بنانے اور ان کا معاشی نظام بہتر بنانے کے لئے مقامی ایڈمنسٹریشن نے صوبہ دہلی کے دیہات میں جمہوری طرز پر پنچایت گھر قائم کرنے کا کام شروع کر دیا ہے۔ اب تک ۲۴ پنچایت گھر قائم کئے جا چکے ہیں جن میں سے ۱۷ دیہات شامل ہیں آئندہ تین ماہ میں ۲۵ مزید پنچایت گھر کھول دیئے جائیں گے۔ دیگر دیہات کے باشندے بھی جہاں ابھی پنچایت سسٹم جاری نہیں ہوا۔ پنچایت گھر قائم کرنے کے لئے درخواستیں دے رہے ہیں۔

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

دہلی ۶ جنوری۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دیوان شانتی لال آہوجہ کی عدالت میں کل مسٹر بلیرڈ کا مقدمہ پیش ہوا۔ اس پر جنرل ہیڈ کوارٹرز سے اسلحہ فروخت کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ صفائی کے وکیل مسٹر رام بہاری لال نے عدالت سے کہا کیونکہ ان کے موکل نے قانون کے مطابق تمام شرائط پوری کر دی ہیں اس لئے ان کا مقدمہ جیوری کے حوالہ کیا جائے۔ مقدمہ ۱۰ جنوری کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

سید علی ظہیر دہلی میں

نئی دہلی ۶ جنوری۔ کل ایران میں ہند کے سفیر سید علی ظہیر [illegible] ۱۳ جنوری کو آپ خرم شہر کے لئے سمندری جہاز کے ذریعہ روانہ ہو جائیں گے۔ یہاں سے آپ طہران جائیں گے۔

ہند کے نئے کمانڈر انچیف کیری آپا

۱۵ جنوری کو عہدہ سنبھال لیں گے

دہلی ۶ جنوری۔ لفٹننٹ جنرل کیری آپا ۱۵ جنوری کو ہندی فوج کے کمانڈر انچیف کا عہدہ سنبھال رہے ہیں لفٹننٹ جنرل سری نگیش لفٹننٹ جنرل کیری آپا کی جگہ مغربی کمانڈ کے قائم مقام جنرل افسر کمانڈنگ ہوں گے۔ میجر جنرل ایس جی او سی یو پی ایریا آرمی ہیڈ کوارٹرز کے ڈپٹی جنرل ہوں گے۔ میجر جی ایس ڈی معلوم ڈائرکٹر سپلائی ٹرانسپورٹ اے ایچ کیو یو پی ایریا کے قائم مقام جی او سی ہوں گے۔

گورو گوبند سنگھ کا یوم پیدائش

کل دہلی اور نئی دہلی میں سکھوں نے اپنے دسویں گورو کا یوم پیدائش منایا تمام گوردواروں میں گورو گوبند سنگھ کے ہزاروں عقیدت مندوں کا اژدحام تھا آدھی رات سے گوردواروں میں گرنتھ صاحب کا پاٹھ جاری رہا تیسرے پہر گوردوارہ رکاب گنج نئی دہلی سے گوردوارہ سیس گنج تک گرنتھ صاحب کا جلوس نکالا گیا۔

اس سال زیادہ پٹرول ملیگا

نئی دہلی ۶ جنوری۔ اس بات کا امکان ہے کہ اس سال سالہائے گذشتہ کی نسبت ہند کو پٹرول، مٹی کے تیل اور دوسرا سامان زیادہ مقدار میں مل سکیگا۔ ۱۹۴۸ء میں ہند نے پٹرول اور اس کا تمام سامان صرف کیا اگر راشن نہ ہوتا تو یہ سامان اس سے کئی گنی مقدار میں صرف ہوتا۔ اگرچہ اس سال مطلوبہ مقدار میں پٹرول وغیرہ سپلائی نہ کیا جا سکیگا لیکن پٹرول کے کوٹہ میں اضافہ کر دیا جائیگا۔

پاکستان کی طرف سے استصواب کا نگراں

کراچی ۶ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ پاکستان کی مرکزی حکومت کے بالقابلہ ان کے وزیر نواب مشتاق احمد گورمانی پاکستان کی طرف سے کشمیر میں مجوزہ استصواب کی نگرانی کا کام کریں گے وہ راولپنڈی روانہ ہو رہے ہیں چنانچہ اس سلسلہ میں حکومت پاکستان کی ہدایات پر عمل درآمد کے سلسلے وہ اپنا عارضی ہیڈکوارٹر قائم کریں گے۔

ڈچ عدالت نے امریکہ کی درخواست مسترد کر دی

بٹاویہ ۶ جنوری۔ بٹاویہ کی ڈچ عدالت نے تین امریکنوں کو انڈونیشیا اسمگل کرنے کے جرم میں سزائیں دی ہیں مجرمین نے ان سزاؤں کے خلاف اپیل کی ہے لیکن عدالت نے ان کی اپیل مسترد کر دی ہے امریکہ کے قونصل جنرل کی طرف سے یہ درخواست کی گئی تھی کہ اس مقدمہ کو از سر نو چلایا جائے لیکن ڈچ عدالت نے اس درخواست کو بھی مسترد کر دیا ہے

انبالہ میں پلیگ کے واقعات

انبالہ ۶ جنوری۔ انبالہ میں ۱۸ دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں پلیگ کے تین واقعات ہوئے ہیں۔ گذشتہ ہفتہ میں اس کے مقابلہ میں ۵ حادثات ہوئے تھے۔

ہبلی میں ایک گاؤں لوٹ لیا

ہبلی ۶ جنوری۔ پچیس مسلح آدمیوں کے ایک گروہ نے جو لاٹھیوں وغیرہ سے مسلح تھا منگل کی شب کو رنیبنور تعلقہ میں گدگ کے قریب ایک مقام سے جوار کے بورے لوٹ لئے۔ اس موقع پر جو گڑبڑ ہوئی اس میں چند اشخاص زخمی ہوئے۔ ان میں سے ایک چل بسا۔

گم شدہ کی تلاش

عبدالعزیز ولد سلطان احمد ذات شیخ ساکن قصاب پورہ مسجد گرد حیا سراج الدین عمر ۱۳ سال رنگ گندمی منہ پر چیچک کے داغ ایک آنکھ بیٹھی ہوئی ہے ایک آنکھ سے دیکھتا ہے جمعہ کی نماز پڑھنے گھر سے گیا تھا شام تک ماں باپ نے راہ دیکھی۔ ہر جگہ تلاش کیا۔ سر پر لال ٹوپی ہے۔ قمیص دھاری دار پہنے ہوئے ہے تہمد بند ہے اور چادر اوڑھے ہوئے ہے۔ پیر میں ننگا ہے کسی صاحب کو مل جائے تو اس کو مذکورہ بالا پتہ پر پہنچا دیں جو خرچ ہوگا اس کو معاوضہ دیا جاوے گا۔ از طرف عبدالعزیز بقلم [illegible]

ڈاکٹری نسخے کے مطابق ہر قسم کے

چشمے تیار ہوتے ہیں

یونیورسل آپٹیکل کمپنی!

سوداگران چشمہ بلیماران نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

ایک سال کے اندر جاپان کی آبادی میں بیس لاکھ کا اضافہ ہو گیا

ٹوکیو ۶ جنوری۔ قابض افواج کے سرکاری حلقوں نے بتایا کہ اکتوبر ۱۹۴۷ء سے اکتوبر ۱۹۴۸ء تک ایک سال کے اندر اندر جاپان کی آبادی میں بیس لاکھ کا اضافہ ہو گیا ہے اور آبادی بڑھ کر ۸۰۶۹۷۳۹۱ ہو گئی ہے۔

موجودہ اندازوں کے مطابق ۱۹۶۸ء تک آبادی بڑھ کر دس کروڑ ہو جائے گی۔ جنرل میک آرتھر کے خصوصی مشیر اور ان کے دفتر کے علمی اور اقتصادی شعبہ کے افسر اعلیٰ میجر جنرل مارکوئیٹ نے کہا کہ مشرق بعید کے کمیشن نے ۱۹۳۰ء کی جو اقتصادی شرح مقرر کی تھی وہ اس بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے بہت ناکافی ہوگی۔ انہوں نے کہا۔ جاپان کی ضروریات کے مطابق سامان خوراک حاصل کرنے کے لئے جاپان کی پیداوار کو ۱۹۳۰ء کی شرح کے برابر بڑھا دینا ہوگا۔ برآمد کی مقدار کو بڑھا کر دو گنا کر دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا جاپان اپنی مصنوعات کو زیادہ قیمت پر فروخت کر کے ہی ایسا کر سکتا ہے۔

اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط

پیرس ۶ جنوری۔ گذشتہ رات پیرس کے معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس ماہ کے آخر میں اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط ہو جائیں گے جس کی رو سے امریکہ کناڈا اور پانچ برسلز معاہدہ کی طاقتوں کے درمیان مشترکہ فوجی دفاع پر سمجھوتہ ہوا ہے۔

عراقی وزیر اعظم کا استعفیٰ

بغداد ۶ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ عراقی وزیر اعظم نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ ان کے استعفے کے بعد کیبنٹ کے صدر جنرل نور السعید سے وزارت بنانے کے لئے کہا گیا۔ وزیر اعظم نے گذشتہ جون میں اپنے عہدے کو سنبھالا تھا۔

جنرل نور السعید عراق کے ایک مشہور سیاسی لیڈر ہیں اور وہ جنگ عظیم اول میں بادشاہ فیصل کے چیف آف اسٹاف رہ چکے ہیں۔ وہ دسمبر ۱۹۳۸ء سے فروری ۱۹۴۳ء تک وزیر اعظم بھی رہ چکے ہیں۔

کمیونسٹوں کے خلاف

سنگاپور میں اہم کانفرنس

بنکاک ۶ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ملایا اور سیام کی سرحدی اضلاع میں کمیونسٹوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے سنگاپور میں ایک اہم کانفرنس ہو رہی ہے جس میں ملایا اور سیام وغیرہ کے نمائندے شریک ہو رہے تھا۔

مسلمانوں کے چلے جانے سے اقتصادی زندگی میں زبردست خلا پیدا ہو گیا ہے

امرتسر میں گورنر مشرقی پنجاب کی تقریر

امرتسر ۶ جنوری۔ مشرقی پنجاب کے گورنر مسٹر چندو لال ترویدی لیڈی ترویدی کے ہمراہ آج صبح امرتسر پہنچے شام کو تین بجے آپ نے دیانند انڈسٹریل سکول امرتسر کے جلسہ تقسیم انعامات کی صدارت کی۔ اور سکول کے طلباء کی بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کا افتتاح کیا۔ شہر کے معززین کی ایک بڑی تعداد اس تقریب میں شامل ہوئی۔ لالہ مہر چند صدر ڈی اے وی کالج مینیجنگ کمیٹی نے گورنر اور مسز ترویدی کا استقبال کیا

گورنر نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند کی امداد حکومت مشرقی پنجاب صوبہ کی تقسیم سے پیدا شدہ مصائب اور تکلیفات کے پہلے مرحلے کو طے کر چکی ہے۔ دوسرا مرحلہ پناہ گزینوں کو دوبارہ بسانے کا ہے۔ [illegible] ہوئے مکانوں اور دکانوں کی الاٹمنٹ اور انہیں قرضہ اور گرانٹ دینے کا کام ہو رہا ہے تاکہ وہ اپنی زندگی کو پھر سے شروع کر سکیں۔ دوسرا معاملہ شرنارتھیوں کے لئے مکانات بنانے کا ہے یہ کام بھی ہو رہا ہے۔ اس دوسرے مرحلہ کو طے کر کے اور شہری پناہ گزینوں کو بسانے سے فارغ ہو کر پنجاب سرکار صوبے کی ترقی کی سکیموں پر عمل شروع کرے گی۔ اس مطلب کے لئے بہت سکیمیں سرکار کے زیر غور ہیں۔ دیانند انڈسٹریل سکول کے کام کو دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اس کی کامیابی پر [illegible] مسلمانوں کے چلے جانے سے اس صوبہ کی اقتصادی زندگی میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ [illegible] ہو جائے گا۔

عرس کلیر شریف میں کاشانۂ احباب

کی جانب سے عظیم الشان مشاعرہ

۱۲ ربیع الاول شریف کو بوقت ۸ بجے دن جلسہ سیرت النبی

۱۳ ربیع الاول کو [illegible] طرحی مشاعرہ ملک کے مشاہیر حضرات کی شرکت کی توقع ہے۔ عرس میں تشریف لانے والے شعراء سے درخواست ہے کہ قبل مشاعرہ ارادہ شرکت سے انیس قریشی سکریٹری کاشانہ احباب سہارنپور کو مطلع فرمادیں۔ جملہ حضرات اس اعلان کو ہی دعوت نامہ تصور فرمائیں۔ عرس میں انجمن اتحاد و ترقی کی کانفرنس ہو رہی ہے۔ [illegible]

رضا کالج رامپور میں جلسہ

بریلی ۶ جنوری۔ رضا انٹر کالج میں ایک میٹنگ رامپور اسمبلی کے سپیکر مسٹر اسلم خاں کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں کمشنر [illegible] کے پروفیسر [illegible] احمد سرور نے اردو نظم پر ایک مبسوط [illegible]

شرنارتھیوں کے لئے دو شہر

دہلی ۶ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ شرنارتھیوں کے لئے دو شہر آباد کئے جائیں گے۔ کورکشیتر کے شرنارتھیوں کو پٹیالہ یونین میں راجپورہ میں اور دہلی سے اٹھارہ میل کے فاصلہ پر دہلی متھرا روڈ پر واقع فرید آباد میں بسایا جائے گا۔

ان دونوں مقامات پر ابتدائی کام شروع ہو گئے ہیں خیمے لگا دیئے گئے ہیں اور کنوئیں بنائے جا رہے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ ۱۵ جنوری تک دس ہزار شرنارتھی کورکشیتر کیمپ سے راجپورہ بھیج دیئے جائیں گے اور اسی ماہ کے آخر تک فرید آباد میں کافی شرنارتھیوں کو پہنچا دیا جائے گا۔

یہ اسکیم وزارت بحالیات کے مشیر مسٹر چند کھنہ نے یہ اسکیم بنائی ہے۔ ان دونوں شہروں پر فی شہر حکومت ہند کا تقریباً ۸ کروڑ روپیہ خرچ ہوگا۔

ڈاکٹر سلطان شہریار کی سوانح حیات

نیویارک ۶ جنوری۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر سلطان شہریار کی سوانح حیات جو اب سے بہت پہلے شائع ہو جانی چاہیئے تھی۔ فروری میں شائع ہو جائیگی ڈاکٹر شہریار کی یہ خود نوشت سوانح حیات دو حصوں پر منقسم ہے۔ جن میں سے پہلے حصہ میں ڈاکٹر شہریار نے اپنی نظر بندی یا جلا وطنی کے حالات لکھے ہیں دوسرے حصہ میں رہائی کے بعد کے سیاسی واقعات درج ہیں۔ کتاب کا نام ہے "جلا وطنی کے بعد"

لڑتے کیوں ہو

دوکان دار کو آہستہ سمجھاؤ۔ کہ

"اصلی ستارہ چھاپ" بیڑی دینا

میسرز کالے خاں ایم حنیف صدر بازار دہلی

خضاب جرمنی تاج مارکہ

[illegible]

تاج ہیر ڈائی کمپنی صابن دار۔ تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

اشتہار نیلام

[illegible]

جوانی کو ایکدم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے

طلائے نمبر ۲

اس کے لگانے سے رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ اور عضو کی معمولی سی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق:۔ آپ کے جیون اور طلاء نے واقعی حیرت انگیز فائدہ کیا [illegible]

ملنے کا پتہ دہلی دواگھر۔ نور گنج۔ دہلی

روزانہ دو شو ۳ بجے اور ۶ بجے شام

پریس اور پبلک نے متفقہ طور پر اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ

وائٹ وے سرکس

WHITE WAY CIRCUS

واقعی ایک عظیم الشان شو ہے۔ ہوائی جھولے کے سنسنی خیز کرتب، مسخروں کی حرکات، حیرت انگیز بازیاں، جنگلی جانوروں کے معجزہ نما کرتب ۱۰۰ لرزہ براندام کر دینے والے اور ہنسانے والے کھیل بہاں کھلا ہوا ہے۔ ایلیسیٹی ایڈ ہاتھی کے کرتب

سنیچر وار۔ آتوار کو خاص میٹنی شو ۱۲ بجے دوپہر

نوٹ: [illegible] کو پروگرام میں خاص اضافہ کیا جا رہا ہے جس میں دہلی کے مشہور معروف اشخاص اپنے کرتب دکھائیں گے

یہ دورا ہا!

ماضی کا رنج فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں کہ کیا کریں؟ کدھر جائیں؟

ذہنی اور خرتی [illegible] کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کیلئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہو جیئے مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہنچئے اور اسے اپنے دل میں جگہ دیجئے کتابیں علماء حق حصہ اول قیمت [illegible] حصہ دوم قیمت [illegible]

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۷۶
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۹ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۰ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۹ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

ڈچ ہوائی جہازوں کیلئے نیا راستہ
حکومت برطانیہ سے درخواست

لندن ۸ جنوری۔ چونکہ ہندوستان اور پاکستان نے اپنے علاقوں پر ڈچ ہوائی جہازوں کی پرواز کی ممانعت کردی ہے اس لئے حکومت ہالینڈ نے حکومت برطانیہ سے درخواست کی ہے کہ ڈچ ہوائی جہازوں کو میورشیس سے جانے کی اجازت دی جائے۔ اس درخواست پر برطانوی وزارت خارجہ میں غور کیا جا رہا ہے۔

جنوبی افریقہ کو تنبیہ
انڈین کانگریس کے صدر کا بیان

ڈربن ۸ جنوری۔ جنوبی افریقہ کی انڈین کانگریس کے صدر ڈاکٹر [illegible] نے جنوبی افریقہ کی حکومت کو آگاہ کیا ہے کہ [illegible] ہندوستانیوں کے جائز حقوق کو تسلیم نہیں کیا [illegible] مسائل کا بھی حصہ ہے [illegible] مٹا دیا جائے۔

قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات نئے دستور کے تحت ۱۹۵۰ء میں عمل میں آئینگے

دستور ساز اسمبلی میں پنڈت نہرو کی پیش کردہ تحریک منظور کرلی گئی

فہرست رائے دہندگان کی تیاری کا کام عنقریب شروع ہو جائیگا

"حق رائے" کی شرطوں پر اسمبلی میں گرما گرم بحث

ز نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

نئی دہلی۔ ۸ جنوری۔ آج دستور ساز اسمبلی نے یہ طے کردیا کہ نئے دستور کے تحت قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات ۱۹۵۰ء میں عمل میں آئیں گے۔ یہ تحریک چیئر کی طرف سے پیش ہونے والی تھی لیکن خلاف توقع ایوان کی طرف سے اس بات پر سخت اعتراض کیا گیا کہ ایک ایسی تحریک جس پر ممبران متفق نہیں ہیں چیئر کی طرف سے پیش ہو۔ مجبوراً صدر اجلاس کے بجائے یہ تحریک پنڈت نہرو نے پیش کی جو منظور کرلی گئی۔

تحریک کا اصل متن

"طے کیا گیا کہ فہرست رائے دہندگان کی تیاری اور تمام ضروری انتظامات کے لئے متعلقہ حکام کو فوراً ہدایات کردی جائیں تاکہ نئے دستور کے تحت قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات جہاں تک ممکن ہو سکے ۱۹۵۰ء میں ہو سکیں۔

مزید طے کیا گیا کہ سرکاری فہرست رائے دہندگان نئے دستور کے ان قاعدوں کے مطابق جنہیں یہ اسمبلی منظور کرچکی ہے اور ان اصولوں کے مطابق جو حسب ذیل ہیں تیار کی جائے۔

(۱) یہ کہ کسی حلقہ کی فہرست رائے دہندگان میں کسی ایسے شخص کا نام شامل نہیں کیا جائے گا، (الف) اگر وہ ہندوستان کا شہری نہیں ہے یا

(ب) اگر اس کا دماغ صحیح نہیں۔ اور اس بارے میں کسی با اختیار عدالت نے فیصلہ دے دیا ہے۔

(۲) یہ کہ یکم جنوری ۱۹۴۹ء وہ تاریخ ہوگی جس سے کہ کسی ووٹر کی عمر کا حساب لگایا جائے گا

(۳) یہ کہ کسی شخص کا نام کسی حلقہ کی فہرست رائے دہندگان میں شامل نہیں کیا جائے گا تاوقتیکہ اسے ۳۱ مارچ ۱۹۴۸ء کو ختم ہونے والے سال میں کم از کم ۱۸۰ دن نہ ہوگئے ہوں۔ اس پیراگراف کی منشا کو پورا کرنے کے لئے ایک شخص کو کسی حلقہ کا باشندہ سمجھ لیا جائے گا۔ اگر وہ معمولی طریقے پر اس حلقہ میں رہتا ہو اور یا وہ اس کی مستقل رہائش کی جگہ ہو۔

(۴) یہ کہ مناسب قانون ساز اسمبلی کے قانون کا لحاظ رکھتے ہوئے ایک شخص جو ہنگامہ یا ہنگاموں کے ڈر کی وجہ سے اپنی پہلی قیام گاہ سے کسی صوبہ یا ریاستوں میں شامل ہونے والی ریاست میں ہجرت کر گیا ہے اس کا نام کسی حلقے کی فہرست رائے دہندگان میں شامل کیا جا سکے گا۔ اگر وہ اس بات کا اعلان داخل کردے کہ وہ اس حلقہ میں مستقل رہائش کا ارادہ رکھتا ہے

[illegible]

میں دیر کیوں ہو رہی ہے۔ عوام نہیں سمجھتے کہ ہمیں اپنے کام کو پورا کرنے میں کتنی مشکلات پیش آئی ہیں۔ ہمیں ملک کی تقسیم کے نتائج کا سامنا کرنا پڑا۔ پناہ گزینوں کا سوال بھی سامنے آیا اور پھر کشمیر اور حیدرآباد کے مسائل نے بھی ہماری راہ میں مشکلات پیدا کیں۔ اب عوام کو مطمئن کرنے کے لئے ہی اسٹیرنگ کمیٹی نے اپنے ۵ جنوری کے جلسہ میں طے کیا کہ اس قسم کی تحریک ایوان کے روبرو پیش کی جائے۔

مسٹر کمرجی نے ایوان سے اپیل کی کہ وہ اس تحریک کو بلا کسی ترمیم یا بحث کے منظور کرے گا۔ اپنی وضاحت کے [illegible]

[illegible]

کے بعد قانون ساز اسمبلیوں کی بناوٹ سے متعلق دفعہ ۱۴۹ کا فیصلہ کہ یہ اسمبلی کو آئندہ ماہ مئی کے لئے ملتوی کردیا جائے لیکن تحریک پر بحث نے اتنا طول کھینچا کہ صدر اجلاس نے کہا نہ صرف یہ کہ اجلاس لنچ کے بعد منعقد ہوگا بلکہ اگر ضرورت پڑی تو کل اتوار کے دن بھی ہوگا تاکہ دفعہ ۱۴۹ کے متعلق فیصلہ کردیا جائے۔

[illegible]

پنڈت نہرو کی تقریر

[illegible]

کمیونسٹ فوجوں نے شنگھائی اور نانکنگ کی طرف کوچ بول دیا

چینی حکومت اقوام متحدہ سے مداخلت کی اپیل کر رہی ہے

کمیونسٹوں کی طرف سے چینی کمانڈروں کو اطاعت کا مشورہ

نانکنگ ۸ جنوری۔ [illegible]

پنڈت نہرو اور ڈچ سفیر کی ملاقات

نئی دہلی ۸ جنوری۔ [illegible]

پاکستان کے گورنر جنرل کا مشرقی پاکستان کا دورہ

کراچی ۸ جنوری۔ [illegible]

امریکہ کی جنگی مشق

ایک ہزار جنگی جہاز حصہ لیں گے

[illegible]

لنکا نے اپنی زبان کا مسئلہ حل کرلیا

دوسرے ملکوں کیلئے قابل تقلید مثال

[illegible]

چینی جہازوں پر ڈچ ہوائی جہازوں کا حملہ

[illegible]

نجب میں یہودیوں اور مصریوں نے جنگ بند کردی

جلد ہی صلح کی گفت وشنید شروع ہونے والی ہے

[illegible]

نجب میں مصری فوج کا نقصان

اسرائیلی فوجی نمائندہ کا بیان

[illegible]

حیفہ میں جنگ جاری ہے

[illegible]

روڈس میں صلح کی گفتگو ہوگی

[illegible]

بہت ہی شرمناک واقعہ

[illegible]

ڈچ وزیر اعظم نے جمہوری لیڈروں سے گفت وشنید شروع کردی

جمہوری لیڈروں کی رہائی کا فی الوقت کوئی امکان نہیں

انڈونیشیا کی نظریں ایشیائی کانفرنس پر لگی ہوئی ہیں

[illegible]

دنیا کا رد عمل

[illegible]

(باقی صفحہ ۷ پر)

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام اور قیام کا بہترین انتظام ہے
مینیجر صنوبر ہوٹل نمبر ۱۰۹۰ فراشخانہ دہلی

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

مصر اور اسرائیل کی حکومتیں جنگ بند کرنے پر تیار ہو گئیں

برطانوی فوجیں شرق اردن کی حفاظت کے لئے روانہ ہو رہی ہیں

[illegible]

گاندھی جی کی پہلی برسی

راج گھاٹ پر نمائش کا پروگرام

نئی دہلی ۸ جنوری۔ مہاتما گاندھی کی پہلی برسی منانے کے سلسلے میں صوبہ کانگریس کمیٹی نے مندرجہ ذیل بیان جاری کیا ہے۔ اس بات کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ ۳۰ جنوری کو راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی سے متعلق فوٹو گراف [redacted] نمائش ایک ہفتہ جاری رہے گی۔ [illegible]

پنڈت نہرو کلکتہ جائیں گے

[illegible]

برما میں صلح کی گفتگو

[illegible]

کارین قبیلہ کا قتل عام

نیشنل یونین کی جانب سے تحقیقات کا مطالبہ

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

[illegible]

کیا ہندوستان اور پاکستان میں پرمٹ سسٹم ختم ہو جائیگا؟

مستقبل قریب میں ابھی اس کا کوئی امکان نہیں

[illegible]

میرٹھ جمعیۃ علماء کے انتخابات کی نگرانی

کے لئے مولانا عبدالوحید صدیقی کی روانگی

[illegible] [redacted]

جموں کانفرنس میں فوجوں کی واپسی پر غور کیا جائیگا

۱۵ جنوری سے کشمیر سے فوجوں کی واپسی شروع ہونے کی توقع

[illegible]

یوپی میں جمعیۃ علماء کی شاخیں

[illegible]

جاپان میں پولیس کے خفیہ دستے قائم کئے جا رہے ہیں

اسلحہ اور پولیس میں اضافہ روکا جائے اتحادی کونسل میں روس کا مطالبہ

[illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کے پیش نظر اہم مسائل

جے پور سیشن کیلئے پیش کردہ ۱۵۰ غیر سرکاری قراردادوں پر بھی غور ہوگا

[illegible]

ڈاکٹر پٹابھی کی تقریر

[illegible]

انڈونیشیا میں جلد ہی فیڈرل حکومت قائم کردی جائیگی

ملکہ ہالینڈ کی انڈونیشی عوام کو طفل تسلیاں

[illegible]

ملکہ کا نشریہ

[illegible]

مشرقی پنجاب اور مغربی بنگال میں از سر نو مردم شماری ہوگی

دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی نے تجویز منظور کرلی!

[illegible]

۱۹۴۱ء کی مردم شماری

[illegible]

پیر الہی بخش کیخلاف تحقیقات شروع

حکومت پاکستان نے افسر مقرر کردیا

کراچی ۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت پاکستان نے مسٹر اکبر حسین نامی ایک جوڈیشل افسر کو پیر الہی بخش وزیر اعظم سندھ کے خلاف لگائے ہوئے الزامات کی تحقیقات کیلئے نامزد کیا ہے۔ یہ افسر گورنر سندھ کی معرفت اپنی رپورٹ پیش کریگا۔ [illegible]

کشمیر کے معاملہ میں ڈاکٹر لوزانو کی کامیابی

کمیشن کا اظہار تشکر اور مبارکباد

لیک سکسس ۸ جنوری۔ کشمیر کمیشن کا اجلاس پھر منعقد ہوا جس کے بعد مندرجہ ذیل بیان جاری کیا گیا۔ [illegible] ڈاکٹر لوزانو نے اپنی دہلی اور کراچی کی گفت وشنید کی رپورٹ پیش کردی ہے جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں نے کشمیر میں استصواب رائے کے اصول کو تسلیم کرلیا۔ کمیشن دلی شکریہ ادا کرتا ہے اور ڈاکٹر لوزانو کو مبارکباد دیتا ہے کہ انہوں نے نہایت دانشمندی اور عقلمندانہ طریق سے اپنے فرائض کو انجام دے کر کامیابی حاصل کی۔ آج کشمیر کمیشن کے چیئرمین مجلس تحفظ کے صدر سے ملاقات کریں گے۔

کشمیر میں استصواب رائے کا ناظم

آئزن ہوور کی تقرری کی تردید

لیک سکسس ۸ جنوری۔ [illegible]

دفعہ ۶۳ پر بحث

[illegible]

آئرلینڈ کی سیاست میں پیچیدگی

لندن میں اہم گفت وشنید

[illegible]

اطالیہ میں زبردست زلزلہ

کئی سو مکانات منہدم

[illegible]

پانچ ہوائی جہازوں پر قبضہ

[illegible]

پانی پت میں حضرت مخدوم صاحب کا عرس

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۰ جنوری ۱۹۴۹ء

سوچو اور سمجھو

چونکہ مسلمانوں کا مزاج بین الاقوامیت پسند ہے اور ان کا مذہب انسانیت پر مبنی ہے اس لئے انہیں دنیا کے بڑے بڑے انقلاب دیکھنے کا موقعہ ملا ہے۔ ان کا امتحان کسی خاص ملک میں نہیں لیا گیا بلکہ دنیا کے بیشتر حصوں میں ان کی مزاج پرسی کی گئی ہے اور انہیں بڑی بڑی ٹکروں کو جھیلنے کا موقع ملا ہے، کسی جگہ وہ ابھرتے ہی دبا دیئے گئے، کسی جگہ بلند ہوئے اور گرے اور گر کر کھڑے ہوئے، کسی جگہ پھر ٹھوکر لگی اور مٹتے مٹتے بچے، کہیں ہوش آیا اور سنبھلے، ہوش نہ آیا تو مٹ گئے۔ ایسا بھی ہوا ہے کہ کسی جگہ ان کا نام ونشان تک مٹ گیا مگر کسی دوسری جگہ ابھر کر اس کی تلافی کر لی، غرض مسلمانوں کے سفر میں ہمیشہ مشکلات پیش آتی رہیں اور انہیں مجموعی حیثیت سے کبھی چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا، اگر ادھر ڈوبے تو ادھر ابھرے، ایسا کبھی نہ ہوا کہ ہمیشہ کیلئے ڈوب گئے ہوں اور تاریخ میں صرف انکا نام رہگیا ہو! یہ اسلام کی عالمگیریت اور مسلمانوں کی بین الاقوامیت ہی کا صدقہ ہے کہ دنیا کے نقشہ سے انکا مٹ جانا قطعی ناممکن ہے، ایک جگہ زوال آتا ہے تو دوسری جگہ کوئی آزار نہیں آتا، اگر کوئی ہمہ گیر آفت نازل ہوتی ہے تو ان کی انسانیت اور بین الاقوامیت گھبرا کر روپوش نہیں ہوتی بلکہ ہر آفت کو برداشت کرتی ہے اور یہ اطمینان رہتا ہے کہ کائنات کے کسی نہ کسی گوشہ میں تو ان کا وجود باقی رہے گا۔ فرض کیجئے اگر کسی افتاد کے باعث ہندوستان کے مسلمان یکسر مٹ جائیں تو یقین ہے کہ دوسری جگہ کے مسلمان پھر بھی زندہ رہیں گے اور اسلام کی سچائیاں کہیں نہ کہیں ضرور چمکیں گی، اگر کسی دوسری جگہ بھی کوئی آفت پیش آئے تو تیسری اور چوتھی جگہ وہ ضرور بچے رہیں گے اور ایسا کبھی نہ ہوگا کہ ساری دنیا سے انکا نشان مٹ جائے، اور یہ صرف ان کی بین الاقوامیت کا کرشمہ ہے جو ان پر آفتاب کو کبھی غروب نہیں ہونے دیتا!

مسلمانوں کو یہ بتانا ضروری ہے کہ وہ مٹنے والے نہیں ہیں، افراد مٹ سکتے ہیں کسی خاص جگہ ان پر زوال آسکتا ہے، لیکن ان کی بین الاقوامیت کے لئے کوئی خطرہ پیدا نہیں ہو سکتا، سوچو اس تصور میں قلب کے لئے کس قدر تسکین ہے! لیکن کیا یہ بات خوش آیند ہے کہ کسی خاص جگہ سے مسلمان مٹ جائیں یا ان کا عدم اور وجود برابر ہو جائے؟ اسلام تو پوری کائنات کو اپنی آغوش میں لینے کے لئے آیا ہے، اس کی فطرت میں پھیلاؤ اور چڑھاؤ اور اس کے مزاج میں ترقی اور نمو ہے، پھر مسلمان کہیں کیوں گریں؟ کہیں کیوں مٹیں؟ کمزور ہوں تو کیوں ہوں؟ کیا ہمارے مٹنے اور کمزور ہونے میں ہمارے اعمال کو تو دخل نہیں؟ اگر ایسا ہے اور ضرور ایسا ہی ہے تو مسلمان کیوں اپنے کردار کو درست نہیں کرتے؟ کیوں اپنی برائیوں سے دستبردار نہیں ہوتے؟ کیوں اس شاہراہ پر قدم نہیں مارتے جو منزل مقصود پر پہونچا سکتی ہے؟

حالات کچھ ایسے پیدا ہوگئے ہیں کہ ہمیں بار بار مسلمانوں کو جھنجھوڑنا اور مخاطب کرنا پڑے گا اور انگلی رکھ کر بتانا ہوگا کہ ان کی کمزوریاں کیا ہیں اور کام کرنے سے پہلے انہیں کن شرائط کو پورا کرنا چاہئے، اس سلسلہ میں پہلی بات یہ ہے کہ آج کل مسلمانوں کی قوت فکر اور قوت فیصلہ بے حد کمزور ہو گئی ہے وہ مستقبل کی تاریکیوں کو تو دیکھتے ہیں مگر اسکا فیصلہ نہیں کرتے، اپنی کمزوریوں کو محسوس کرتے ہیں مگر اسکا علاج تجویز نہیں کرتے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے ہمیشہ دوسروں کے دماغ سے سوچا دوسروں کی آنکھوں سے دیکھا اور دوسروں کے کانوں سے سنا، اپنے حواس سے کام لینے کی عادت کبھی نہیں ڈالی! ملک کی تقسیم سے پہلے وہ مسٹر جناح کے دماغ سے سوچتے رہے اور اپنی عقل کو طلاق دے بیٹھے، ذرا نہ سوچا کہ پاکستان بننے کے بعد یو، پی، سی، پی، مدراس وغیرہ کے مسلمانوں کو کیا ملے گا؟ دانش فروشی نے اس قدر احمق بنایا کہ اپنا حساب تک نہ لگا سکے! اور جب ملک تقسیم ہو گیا تو ہم پاکستان کی طرف دیکھنے لگے اور اس خیال میں مگن ہو گئے کہ پاکستان کچھ نہ کچھ کر کے ہٹے گا، اور ہماری مشکلات اسی کے ذریعہ دور ہوں گی، لیکن اب ذرا سمجھ آئی ہے کہ اپنی آپ نبیڑنی پڑے گی اور کوئی دوسرا ہمارے کام نہ آئے گا، جب اتنی سمجھ آگئی ہے تو..... مسلمانوں کو ذرا آگے بڑھنا چاہئے اور کل پرسوں کی نہیں سو سال کی سوچنی چاہئے، یعنی ہندوستان میں آیندہ ہمارا موقف کیا ہوگا اور کون ذرائع اختیار کرکے ہم اپنی قسمت بنا سکیں گے، کیونکہ آنے والے سال ہم سے پوچھیں گے کہ ہم نے کونسا نقشہ بنایا؟ اور ملک میں اہم اور مفید..... بننے کے لئے ہم نے کیا تدبیر اختیار کی ہے!

جب مسلمانوں نے اپنے متعلق کچھ سوچنا سمجھنا شروع کیا ہے تو انہیں لگے ہاتھوں اپنی ایک بری عادت کی اصلاح بھی کر لینی چاہئے وہ یہ کہ مسلمان دوسروں پر کڑی نکتہ چینی کو بہت پسند کرتا ہے۔ اگر اس پر تنقید کیجائے تو ناخوش ہوتا ہے وہ ایسے مضامین پڑھ کر جھومنے لگتا ہے جن میں دوسروں کی خبر لی گئی ہو اور ان کی برائیوں کو اچھالا گیا ہو لیکن جہاں اس پر تنقید ہوئی فوراً گھبرا جاتا ہے اور بجائے اس کے کہ اس پر غور کرے اور اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہو، چیں بجبیں ہو کر اپنے آپ سے بچنے کی کوشش کرتا ہے! مسلمان اس عادت کو جسقدر جلد چھوڑ دیں اتنا ہی اچھا ہے، کیونکہ ان کی اس کمزوری نے یہ بھی دن دکھائے ہیں اور اسی عادت نے انہیں خوش فہمیوں میں مبتلا کیا ہے، انسان کو کسی وقت بھی ہمت نہ ہارنی چاہئے تنقید کے وقت ہی پتہ چلتا ہے کہ حوصلہ مند کون ہے اور شکست خوردہ کون، کس کو زندہ رہنے کا گر آتا ہے اور کون مٹنے کے لئے تیار بیٹھا ہے! پس وقت کے تقاضوں میں سے پہلا تقاضہ یہ ہے کہ مسلمان صرف اپنے دماغ سے سوچنے کی عادت ڈالیں اور اپنی قوت فکری کو مضبوط کرکے اپنے اندر فیصلہ کی طاقت پیدا کریں اور بجائے اس کے کہ دوسروں کی کمزوریوں پر خوش ہوں اپنی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں، اور یہ سمجھ لیں کہ انہیں اپنا کام آپ ہی انجام دینا ہوگا! اور وہ خود ہی اپنی برائی بھلائی کیلئے ذمہ دار قرار پائیں گے۔

کشمیر کمیشن

کشمیر کمیشن نے وہ شرائط شائع کر دی ہیں جن کی بنا پر جموں اور کشمیر میں رائے شماری کا انتظام ہوگا۔ ان شرائط کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) استصواب رائے اس وقت ہوگا جب کشمیر میں پورا امن قایم ہو جائیگا اور یہ اطمینان ہو جائے گا کہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء والے ریزولیوشن کے پہلے اور دوسرے حصہ پر پورا پورا عمل کر لیا گیا ہے۔

(۲) اس کے بعد رائے شماری کا منتظم اعلیٰ جو یو۔ این۔ او کی طرف سے مقرر کیا جائے گا حکومت ہند اور ریاست سے مشورہ کرنے کے بعد حکومت ہند اور ریاستی فوج کی واپسی کا فیصلہ کرے گا۔

(۳) جو لوگ فسادات کے دوران میں ریاست چھوڑنے پر مجبور ہوئے ان کی واپسی اور ان کے بسانے کا انتظام کیا جائے گا اور جو لوگ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد داخل ہوئے ہیں انہیں ریاست سے رخصت کیا جائے گا۔

(۴) ریاستی باشندوں کو رائے شماری کے حق میں پروپیگنڈہ کا حق حاصل ہوگا اور ان کی کسی سیاسی سرگرمی پر پابندی عائد نہیں کیجائے گی۔

(۵) ریاستوں کی اقلیتوں کا پورا پورا تحفظ کیا جائے گا۔

(۶) تمام سیاسی قیدی رہا کر دیئے جائیں گے۔

افواج کا تخلیہ

لیکن کشمیر کمیشن کے اس شرائط نامہ میں اس بات پر روشنی نہیں ڈالی گئی کہ جن علاقوں پر حملہ آوروں کا قبضہ ہے ان کا کیا حشر ہوگا اور حملہ آوروں کی فوج کو کن شرائط پر نکالا جائے گا اس کیلئے کمیشن نے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کے ریزولیوشن کے پہلے اور دوسرے حصہ کا حوالہ دیا ہے جس کے معنے یہ ہیں کہ باہر کے حملہ آور اور پاکستانی فوج کو اپنے علاقے چھوڑ کر باہر نکلنا ہوگا اور صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جنکا تعلق ریاست سے ہے یعنی آزاد کشمیر کی وہ فوج جو مقامی باشندوں پر مشتمل ہے ریاست کے حدود میں رہیں گی اور غیر ریاستی افواج کو رخصت ہونا پڑے گا، دوسری طرف ہندوستان کی فوج کا بیشتر حصہ آہستہ آہستہ رخصت ہوگا اور اتنی فوج باقی رہے گی جو ریاست کے نظم ونسق کے لئے کافی سمجھی جائے گی۔

چونکہ ان شرائط کو ہند اور پاکستان نے تسلیم کر لیا ہے، اس لئے انہیں بھی تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں، اب سوال یہ رہ جاتا ہے کہ ابتدائی معاملات کی تکمیل کتنے عرصہ میں ہو سکے گی؟ اور رائے شماری کا وقت کب آئے گا، سو اس کا انحصار ریاست کے امن وامان اور شرائط کی پابندی پر ہے، لیکن امید ہے کہ رائے شماری پر ایک سال سے زیادہ عرصہ نہیں لگے گا۔

اچھی باتیں!

اولٰہ۔ تا۔ یومنون (پ ۲۱ ع ۱)

کیا ان لوگوں کے لئے یہ بات کافی نہیں کہ ہم نے آپ پر ایک ایسی کتاب نازل کی جو ان پر پڑھی جاتی ہے اس کتاب (قرآن) میں رحمت ہی رحمت ہے۔ اور ایمان لانے والی قوم کے لئے نصیحت وعبرت!۔

یعنی قرآن انسان کی تمام ضروریات کے لئے کافی ہے اس کی موجودگی میں کسی اور ہدایت نامے اور دستورالعمل کی ضرورت نہیں اس کتاب میں خدا کی معرفت، یعنی معرفت، انسان انسان کے تعلقات اور مکارم اخلاق تمام چیزوں کا بیان ہے، اور اس کی تعلیم زمان ومکان کی قیود وحدود سے مبرا ہے زمانہ جسقدر ترقی کرتا رہا ہے قرآن اس سے آگے ہی رہتا ہے اور ہر زمانہ میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسکا نزول آج ہی ہوا ہے آج کی مہذب اور تعلیم یافتہ دنیانے جن حقائق کو مشکل سے تسلیم کیا ہے قرآن ان پر ڈیڑھ ہزار سال پہلے روشنی ڈال چکا ہے انسانی مساوات نسلی بتوں کی شکست، طلاق وراثت، بیواؤں کی شادی بین الاقوامی اخوت اور بھائی چارہ اور اسی طرح دوسرے مسائل آج زمانہ سے بمشکل تسلیم کئے گئے ہیں مگر مسلمان ان پر ہمیشہ سے عمل کرتے آئے ہیں۔ قرآن کی ایک صفت یہ بیان فرمائی کہ اسکی تلاوت کیجاتی ہے انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا میں قرآن کے ذیل میں لکھا ہے کہ دنیا میں قرآن کے برابر کسی کتاب کی تلاوت نہیں کیجاتی مبارک ہیں وہ لوگ جو اس سرچشمۂ ہدایت سے فیضیاب ہوں اور اپنے کردار کو اس کے مطابق بنائیں۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مدرسین یوپی کا اسٹرائک

محترمی، تسلیم۔

ہندوستانی مدرسوں کے معلمین نے تنخواہ کی کمی پر جو احتجاج کیا ہے، وہ عوام کی نظر میں بالکل درست اور جائز ہے۔ ان کی تنخواہیں کم ہیں اور ضروریات زندگی بھی ان سے پوری نہیں ہو سکتیں، [illegible] ان کی طرف سے گونگے بہرے بن جانا حکومت کے لئے پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے۔

(ملک صابر حسین۔ جال جوت۔ ضلع بستی)

علیگڈھ یونیورسٹی

مکرمی ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم

یہ خبر باعث مسرت ہے کہ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کی باگ ڈور ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کے ہاتھ میں آگئی ہے [illegible] ضرورت اس بات کی ہے کہ بدلے ہوئے حالات کے مطابق یونیورسٹی کی باگ ڈور مکمل طور پر ان لوگوں کے ہاتھ میں ہونی چاہئیے جو گذشتہ دور میں بھی عوام کی صحیح رہنمائی کرتے رہے ہیں۔ اور آج بھی ہر مصیبت کے وقت پیش پیش رہتے ہیں۔

جن لوگوں نے اپنی زندگیاں عوام کی بھلائی میں فکر کیں بلکہ وقف کر دیں اور آج بھی اس کام میں مصروف نظر آتے ہیں وہ صرف اکابرین جمعیت ہیں۔

ہر سال یونیورسٹی کورٹ کے ایک تہائی ممبران کا ماہ اپریل میں انتخاب ہوتا ہے اور کورٹ کے کچھ ممبر بعض تعلیمی تہذیبی اور تمدنی اداروں کی بھی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس لئے اس سال جمعیت علماء ہند کا بھی کم از کم ایک نمائندہ یونیورسٹی کورٹ میں لیا جائے۔

(محمد سلطان، اولڈ بوائے علیگڈھ یونیورسٹی، مراد آباد)۔

پرمٹ سسٹم

جناب مکرم سلام مسنون۔

جب سے ہند اور پاکستان کے درمیان پرمٹ سسٹم جاری ہوا اس وقت سے بہت سی پریشانیوں کا سامنا ہو رہا ہے جو لوگ ہمیشہ یہاں رہتے ہیں اور ان کا مکان...

بقیہ کالم چار

۱۹۴۷ء کے ہنگاموں میں بھی یہاں سے نہ نکلے تھے وہ اتفاقاً اپنے عزیز واقارب سے ملنے کے لئے گئے کہ اچانک پرمٹ سسٹم نافذ ہو گیا بہت سے تو ایسے ہیں کہ وہ ہوائی جہاز کا کرایہ صرف نہیں کر سکتے تھے۔ اور اعلان کے بعد اتنا وقت نہ تھا کہ ریل میں سفر کر کے آ سکتے۔ اور جو ہوائی جہازوں میں آ بھی سکتے تھے، وہ اس لئے نہ آ سکے۔ ہوائی جہاز میں وقت پر سیٹ بک نہ ہو سکی ان میں سے جنہیں [illegible] عارضی طور پر آنے کا قانون نہیں اور مستقل پرمٹ نہیں ملتا لہذا اس بات کی ضرورت ہے کہ یا تو حکومت مستقل پرمٹ کی سہولتیں بہم پہنچائے ورنہ بہتر تو یہ ہے کہ پرمٹ سسٹم ختم ہی کر دیا جائے۔

مقبول احمد قریشی۔ [illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

دستور ساز اسمبلی میں روز معاملہ کچھ ٹھنڈا سا رہتا ہے لیکن کل بعض مسائل پر بحث نے گرما گرمی [illegible] کر لی شاید اس لئے کہ سردی زیادہ تھی لیکن اس کے باوجود ہاؤس کی گرما گرمی ممبروں کو گرم نہ کر سکی اور اکثر ممبران باہر نکل کر دھوپ سینکنے پر مجبور ہوئے۔

ہر ممبر ہاؤس سے اٹھ کر چلے جانے میں آزاد ہے۔ اور چلے آنے سے کچھ حرج بھی نہیں ہوتا، ایک پارٹی کی حکومت ہے ممبروں کی تعداد کتنی ہی تھوڑی کیوں نہ ہو پھر بھی پارٹی کے حاضر ممبر ترمیمیں پیش کرنے والوں سے گنتی میں کچھ زیادہ ہی رہتے ہیں۔ البتہ ڈاکٹر امبیدکر کی ڈیوٹی ایسی ہی سخت ہے جیسے کہ صدر اجلاس کی۔ جما رہنا ہے۔ ہمیں تو ترمیموں کو دیکھتے کہ کبھی کبھی ان کو بھی انہیں شاید سردی کچھ کم لگتی ہے۔ قانون کا اتنا بوجھ ہے کہ ہر وقت پسینہ آتا رہتا ہے لیکن اس بار انہیں بھی باہر جا کر چار قدم یا تھوڑی دیر کے لئے اپنے آپ کو گرم کرنے کی ضرورت پڑ گئی مگر ذرا باہر جانے میں جھجک ہوئی فوراً صدر اجلاس نے امداد کی اور کہنے لگے جب دوسرے ممبر جا سکتے ہیں تو آپ کیوں نہیں جا سکتے۔

سنا ہے دستور بننے کا کام اپریل تک [illegible] شروع ہوگا یعنی سخت گرمی میں جب جیٹھ اساڑھ چھوٹی گی اور اپریل سے جون تک پسینہ بہے گا سخت سردی کا جواب بھی یہی ہے کہ ایک دم بھاگ لگا کر سخت گرمی میں پہونچ جائے۔ پتہ نہیں جاڑے کب ختم ہوں یہ پھر پھر کے آ دھمکتے ہیں اس لئے اچھا کیا ایسا ضمیمہ تجویز کیا جو گویا جاڑے میاں کے لئے لاحول کی صفت رکھتا ہے۔ دستور پھر دستور پاس ہونے کی ایسی جلدی بھی کیا ہے جب ۱۹۳۵ء کے ایکٹ میں ترمیم ہو چکی ہے تو شیستان کا کام کیوں کیا جائے۔

اس کے علاوہ ممبران کا تو فائدہ ہوگا ہی محکمہ اطلاعات عامہ کا بھی فائدہ ہو جائے گا۔ سب ممبر شام کیا بلکہ رات بھی بڑی بے تکلفی سے شہر مکیں گے اور جو روپیہ پیسہ وہ اپنے گرم سوٹوں، گرما گرم چائے، توس اور انڈوں پر خرچ کرتے وہ اب محکمہ مذکور کی مطبوعات خریدنے میں صرف کریں گے — ہاتھوں ہاتھ سارا مال نکل جائے گا

پروگرام بنانے والے بڑے عقلمند آدمی معلوم ہوتے ہیں ہو سکتا ہے کسی صاحب نے ماہر جامعات کی حیثیت سے [illegible] محکمہ اطلاعات [illegible] راقم الحروف کے حق پر [illegible] کی کوشش کی ہو مگر [illegible]

ہم بھی بیٹھے ہیں آسرا لگائے ہوئے

اگرچہ پروگرام میں [illegible] ترمیم کی جا سکتی ہے لیکن اتنا خیال رکھیں کہ کہیں گرمیوں میں گرم دستور نہ بن جائے آزادی کا جوش ہے جاڑوں میں جب گرمیاں [illegible] گرمیوں کا بس اللہ ہی حافظ ہے

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(از:- بھائی رتن لال صاحب بنسل)

(۴)

اگر کہیں ایسے وقت میں کابل کے اس زمانے کے امیر حبیب اللہ صاحب انگریزوں کی دوستی سے ہاتھ کھینچ لیتے تو ہندوستانی انقلابیوں کی کمیٹیوں کے کہنے پر جرمنی اور ترکی بھی اس راستے اپنی فوجیں بھیجنے کو تیار تھے اور سرحدی پٹھانوں کی تحریک حاجی صاحب نے گرمی رکھی تھی اس کے پیچھے ان کا منصوبہ تھا۔ [illegible] پارٹی کے [illegible] موقع کی تلاش میں تمام تیاریوں کے لئے بیٹھے ہوئے تھے ادھر اس کے بعد یوپی سے بنگال تک ہندوستان کے مشہور انقلابی شری راس بہاری بوس کا دل تھا اور بنگال کی انوشیلن سمیتی، دوسری انقلابی جماعتیں تھیں جن کا آپس میں کافی مضبوط سنگٹھن تھا۔ لیکن قسمت کی بات تھی کہ امیر حبیب اللہ صاحب ایک طرف [illegible] دوسری طرف [illegible] انگریزوں کو بھی دیتے رہے۔ [illegible] غدر پارٹی [illegible] کابل کی آزاد ہند سرکار کے ہوم منسٹر مولانا عبید اللہ سندھی نے [illegible] خطوں کے پکڑے جانے کی وجہ سے سرکار چوکنی ہو گئی [illegible] ۱۹۱۷ء میں ۱۸۵۷ء کی جو کہانی دہرائی جانے والی تھی اس کی تمام اسکیم دھول میں ملا دی گئی۔ [illegible] کہ سرحدی علاقوں میں ترنگ زئی کے حاجی صاحب کی رہنمائی میں جو جنگ چلتی رہی۔ اس میں کئی ہزار انگریزی فوج کے سپاہی اور کئی ہزار پٹھان مارے گئے۔ لیکن آج ہم اپنے دیش کے ان پٹھان ہیروؤں کی قربانی سے بالکل ہی بے خبر ہیں۔

افغانستان کا حملہ اور اس کے بعد

افغانستان کے اس زمانہ کے امیر حبیب اللہ صاحب نے اس وقت انگریزوں کا جو ساتھ دیا اسی کا یہ نتیجہ ہوا کہ کچھ ہی دنوں بعد وہ قتل کر دیئے گئے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ اس قتل میں ہندوستان کے کچھ انقلابیوں کا بھی ہاتھ تھا جو اس وقت کابل میں تھے اور کابل کی مدد سے ہندوستان کو آزاد کرانا چاہتے تھے۔

اس کے بعد امیر امان اللہ خاں افغانستان کی گدی پر بیٹھے۔ امان اللہ خاں شروع سے ہی انگریزوں کے خلاف تھے اور ان پر ہندوستانی انقلابیوں کا بھی گہرا اثر تھا اسی کا نتیجہ تھا کہ ۱۹۱۹ء میں انھوں نے ہندوستان پر چڑھائی کر دی۔ اس چڑھائی کا اصل منشا یہی تھا کہ کابل کی فوجوں کی مدد سے ترنگ زئی کے حاجی صاحب کی پٹھان فوجیں آگے بڑھیں اور پنجاب کے سکھوں کی مدد لے کر یہ سب ہندوستان کو آزاد کر دیں۔ اس وقت کابل میں ہندوستان کے جو انقلابی تھے۔ انھوں نے امیر امان اللہ خاں کو یہ امید دلائی تھی کہ جیسے مولانا محمد علی وغیرہ سے سازش کر کے ہندوستان کے اوپر کابل کی حکومت لادنے کی کوشش کی تھی اور اسی لئے انھوں نے امیر امان اللہ کو یہ نادر دیا تھا کہ وہ انگریزوں کے ساتھ سمجھوتہ نہ کریں۔ [illegible] کا ارادہ تھا۔ لیکن اس میں ان کی یہ خواہش تھی کہ ایک پڑوسی کے ناتے افغانستان کو انگریز سرکار پر دباؤ ڈالنا چاہئے کہ وہ ہندوستان کے معاملے میں انصاف سے کام لے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس طرح کی امنگ کیا برا جاتا ہے؟ اتنا تو سب ہی جانتے ہیں کہ ۱۸۵۷ء میں نانا دھوندھو پنت پیشوا کا نمائندہ عظیم اللہ خاں روس، ترکی اور اسی طرح کے دوسرے ملکوں میں انگریزوں کے خلاف مدد حاصل کرنے گیا تھا اور [illegible] صاحب وغیرہ نے کابل کے امیر دوست محمد سے بھی مدد حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے بعد لالہ ہردیال جی وغیرہ جانے کتنے انقلابیوں نے جرمنی سے مدد لینے کی کوشش کی اور [illegible]

[illegible]

اقتصادی مسایل کو حل کرنے کی خاطر حکومت کو تعلیمی سکیمیں ملتوی کرنی پڑیں

مرکزی تعلیمی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس میں مولانا آزاد کی تقریر

الہ آباد ۹ جنوری۔ "روپیہ کی کمی کے باعث توسیع تعلیم کے سلسلے میں بہت سی اسکیموں کو ملتوی کرنا پڑا ہے۔" یہ الفاظ ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد نے مرکزی تعلیمی مشاورتی بورڈ کے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہے یوپی کی گورنر مسز سروجنی نائیڈو نے اجلاس کا افتتاح کیا۔ آپ نے کہا "اگرچہ یہ محسوس کیا گیا کہ تعلیم ایک ایسی چیز ہے جس میں کوئی تخفیف یا کوئی تعطل نہ ہونا چاہئے۔ لیکن ملک میں اقتصادی بحران کے باعث حکومت کو اقتصادی سوال کو تمام دوسری چیزوں پر ترجیح دینی پڑی۔"

دوستو!

سال ہوا جب ہم دہلی میں ملے تھے پہلے سال آزادی کے بعد تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ کا پہلا اجلاس ہوا تھا۔ ظاہر ہے کہ ہم اس وقت بڑے پر جوش تھے اور تعلیمی ترقی کے پروگرام کو جلد سے جلد عمل پہنانا چاہتے تھے لیکن جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اور اس حالات کے زیادہ نازک ہونے پر پہلے اپنی مرضی کے خلاف تعلیمی ترقی کی رفتار کو کم کرنا پڑا لیکن میں نے یہ طے کر لیا ہے کہ حالات کے سدھرتے ہی ترقی کے پروگرام میں تعلیمی ترقی کو درجہ اولیت حاصل ہوگا [illegible] سے قبل کے بجٹ سے دگنی سے بھی زیادہ رقم تعلیم کے لئے رکھی جائے گی۔

قومی حکومت کا سب سے پہلا اور اہم کام یہ ہے کہ عام تعلیم مفت اور لازمی قرار دی جائے۔ آپ نے اپنے پچھلے جلسہ میں اسی پر زور بھی دیا تھا۔ آنریبل بی جی کھیر کی زیر صدارت جن ماہرین کی ایک کمیٹی قایم کی گئی تھی اس نے اپنی رپورٹ میں یہ لکھا تھا کہ سولہ سال میں دو پانچ پانچ سال کی اسکیموں اور ایک چھ سالہ سکیم کے ذریعہ ملک بھر میں عام تعلیم کی جا سکتی ہے۔ کمیٹی نے ان اسکیموں کے مالی اخراجات بھی بتائے ہیں۔ اور یہ تجویز کی ہے کہ مرکز ان اخراجات کا تیس فی صدی ادا کرے۔

وزارت تعلیم نے اس عارضی رپورٹ کو منظور کر لیا ہے اور اس بات کی کوشش کی ہے کہ آیندہ کے بجٹ میں ان اخراجات کی گنجائش رکھی جائے لیکن ان اقتصادی حالات کے پیش نظر جن کا تذکرہ میں پہلے کر چکا ہوں پوری رقم کی گنجائش نہیں نکالی جا سکے گی۔

تعلیم بالغان

تعلیم بالغان بھی بنیادی تعلیم جتنی ضروری ہے اور مجھے آپ کو یہ بتاتے ہوئے بڑی خوشی ہوتی ہے کہ [illegible] تعلیم بالغان کی اسکیم کے لئے اگلے سال کے بجٹ میں ایک مد رکھی ہے۔

[illegible]

تعلیمی اخراجات

[illegible]

یونیورسٹی کی تعلیم بھی کم اہم نہیں ہے۔ اس مقصد کے لئے ہم نے ایک یونیورسٹی کمیشن قائم کر دیا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ اس کمیشن کے لئے ڈاکٹر سر رادھا کرشنن جیسا ماہر تعلیم ملا ہے مجھے امید ہے کہ یہ کمیشن سال کے اختتام سے پہلے اپنی رپورٹ پیش کر دے گا

ذریعہ تعلیم

تقریر ختم کرنے سے قبل میں آپ کی توجہ ایک اور اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرانا چاہوں گا۔ آپ نے سفارش کی تھی نیز حکومت ہند نے اس سفارش کو منظور کر لی تھی کہ ابتدائی تعلیم کا ذریعہ مادری زبان ہو۔ سارے صوبوں نے اس اصول کو مان لیا ہے۔ [illegible] خیال ہے کہ آپ اس بات سے متفق ہوں گے کہ ابھی صرف عمومی اصول ہی طے کیا ہے لیکن ان کی تفصیلات طے کرنے اور انہیں عملی جامہ پہنانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں جہاں طالب علم کی مادری زبان اور سرکاری زبان ایک ہے۔ وہاں کوئی مشکل نہیں لیکن جہاں اختلاف ہے وہاں کچھ شبہات پیدا ہوئے ہیں۔ یہ بات واضح نہیں کی گئی کہ کس سرکاری زبان کو کس موقع پر ثانوی زبان کا درجہ دے کر داخل نصاب کیا جائے اور نہ یہ بات صاف طور پر بتائی گئی ہے کہ [illegible] کسی کوتاہیت کا موقع نہ رہے، حکومت ہند اس کے متعلق خود بھی کوئی فیصلہ کر سکتی تھی۔ لیکن میرا خیال ہے کہ اس بارے میں آپ کی رائے بڑی قیمتی ہوگی۔ کیونکہ آپ صوبوں اور ریاستوں ہی کی نہیں بلکہ ملک کے روشن خیال لوگوں کی بھی نمائندگی کرتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ آپ اس اجلاس میں اس مسئلہ پر معقول طور پر غور کر لیں گے۔ اس طرح آپ نہ صرف ہماری ایک بہت مشکل تعلیمی گتھی کو سلجھالیں گے۔ بلکہ قومی اتحاد کے لئے بھی ایک ٹھوس قدم اٹھائیں گے۔

مسز نائیڈو کی تقریر

گورنر یوپی مسز سروجنی نائیڈو نے اجلاس کا افتتاح کرتے ہوئے انہیں یاد دلایا کہ وہ آئندہ نسلوں کے دماغوں کو بنانے اور ڈھالنے والے ہیں۔ اگر انہوں نے ملک کے تعلیمی مستقبل کے بارے میں کوئی غلط قدم اٹھایا تو یہ بہت مصیبت کا باعث ہوگا۔

آپ نے مہاتما گاندھی کی زندگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا کہ ان کی ساری زندگی ہمارے لئے ایک سبق ہے آپ نے اس بات پر زور دیا کہ آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ آپ کو کیسا تعلیمی ڈھانچہ مستقبل کے لئے بنانا ہے جس میں اس بات کی کوشش کی جائے کہ نفرت کو دور کرنے اور سچائی کو پھیلانے کا جذبہ کارفرما ہو۔

مسز نائیڈو نے کہا کہ تعلیمی میدان میں ترقی کے لئے ان کی تمام تر کوششیں بیکار ہوں گی اگر وہ عوام کی ضرورتوں کو پیش نظر نہیں رکھیں گے آپ کسانوں، مزدوروں اور کارخانوں میں کام کرنے والوں کے لئے لٹریچر پیدا کریں [illegible]

تخلیقی علم

مسز نائیڈو نے اس بات پر بھی زور دیا [illegible] تعلیم کا ذریعہ [illegible] مادری زبان [illegible] اور صورت ہو جاتا ہے۔

آخر میں مسز نائیڈو نے اس بات پر زور دیا کہ یہ ان کا فرض ہے کہ ملک کے بسنے والوں کو یقین دلا دیں کہ ملک میں کوئی کلچر تباہ نہ ہوگا۔ تحفظ کا احساس اسی وقت پیدا ہو سکتا ہے جب وہ ملک کے تمام فرقوں کو یقین دلا دیں۔ یہ ان کا اولین فرض ہے کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ ملک کی تمام زبانیں زندہ رہیں اور پھلیں پھولیں۔

سماٹرا میں گوریلا سپاہیوں کی روز افزوں سرگرمیاں

ریلوے لائنوں اور کارخانوں کو توڑنا اور جلانا شروع کر دیا

نئی دہلی ۹ جنوری۔ انڈونیشین آفس میں سماٹرا سے موصول شدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ جنوبی سماٹرا کے فوجی گورنر نے یہ حکم دیا ہے کہ ان تمام کارخانوں اور جائدادوں کو تباہ کر دیا جائے جن سے دشمن کو فائدہ پہنچنے کا امکان ہے۔ مغربی سماٹرا کے تمام علاقوں میں اور خاص کر بکٹ ٹنگی میں لڑائی جاری رہی ہے۔ گوریلا سپاہی پہاڑیوں میں ڈچ فوجوں کے مورچوں پر حملے کر رہے ہیں۔ شمالی اور مشرقی سماٹرا میں جمہوری فوجیں ڈچ کمپنیوں میں داخل ہو گئی ہیں۔ میدان کی طرف جمہوری فوجوں کی پیش قدمی جاری ہے۔ جمہوری فوجوں نے سوختہ زمین کی پالیسی کو عملی جامہ پہنانے کا انتظام بڑی اچھی طرح کیا ہے۔ [illegible] کے مقام پر سرکاری سامان ریفائنریوں اور تیل صاف کرنے کے کارخانوں کو تباہ کر دیا گیا ہے۔ [illegible] کا شہر بالکل تباہ ہو چکا ہے۔ پاسورن [illegible] کے شہروں میں کھانڈ بنانے کے کارخانے تباہ کر دیئے گئے ہیں۔ [illegible] علاوہ گوریلا فوجوں نے کئی ملوں کو تباہ کر دیا ہے۔

سنگاپور میں سرکاری اور ری پبلکن حلقوں نے سماٹرا میں جنگ بند کرنے کے حکم پر اظہار نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ یہ حکم جاری کر کے ولندیزیوں نے اس بات کو چھپانے کی کوشش کی ہے کہ انڈونیشیا میں جنگ جاری ہے۔

چیکو سلواکیہ کی مدد سے اسرائیل نے فضائی طاقت میں اضافہ کر لیا ہے

لندن ۸ جنوری۔ [illegible] برطانوی وزیر خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ حال ہی میں اسرائیل نے چیکوسلواکیہ سے ۲۰ طیارے کے ہوائی جہاز حاصل کئے ہیں اور امریکہ ساخت کے ہوائی جہاز بھی ہیں [illegible] اسرائیل لے جاتے رہے ہیں۔

برطانوی وزیر خارجہ کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل کی ہوائی طاقت ۲۰ ہوائی جہازوں سے بڑھ کر ۱۱۹ ہوائی جہازوں تک پہنچ گئی ہے چیکوسلواکیہ سے اسرائیل کو آتش گیر مادہ ہوائی جہازوں کے انجن اور دیگر سامان تو پیں اور مشین گنیں بھیجی جا رہی ہیں یہ سامان یوگوسلاویہ سے ہوائی جہازوں میں لایا جاتا ہے [illegible] مزید کہا گیا کہ لڑاکا ہوائی جہازوں کے ہوا باز بھی چیکوسلواکیہ سے اسرائیل آئے ہیں۔

برطانوی فوجیں عقبہ بھیجی جا رہی ہیں

نیویارک ۹ جنوری لندن۔ لندن سے نیویارک ٹائمز کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ایک مستند ذریعہ سے یہ اطلاع دی ہے کہ بحیرہ احمر کی مشرق اردن کی بندرگاہ عقبہ کو برطانوی فوج کا ایک دستہ روانہ کر دیا گیا ہے۔ یہ اقدام اسرائیلی سپاہیوں کی ممکن پیش قدمی کے پیش نظر بطور احتیاط اختیار کیا گیا ہے۔ اخبار کے لندنی نامہ نگار نے کہا مشرق اردن میں موجودہ دفاعی مورچوں کو مستحکم کر دیا گیا ہے لیکن دفتر جنگ یا دفتر خارجہ نے ان خبروں کی تصدیق نہیں کیا لیکن ان خبروں کو سچ [illegible] کافی اسباب ہیں۔

مارشل چیانگ کائی شیک کے آخری دن

کولمبو ۸ جنوری۔ مشہور امریکی ڈاکٹر شیرووڈ ایڈی ابھی ابھی چین سے لنکا پہنچے ہیں۔ آپ نے نمائندہ گلوب کے ساتھ ایک انٹرویو کے دوران میں کہا کہ مارشل چیانگ کائی شیک بالکل ختم ہو چکے ہیں۔ اب چین میں کمیونسٹوں کے عروج کا زمانہ آیا ہے اور ہمیں دیکھنا چاہئے کہ کمیونسٹ کیا کرتے ہیں۔ تیسری جنگ عظیم کے امکانات کے متعلق ایک سوال کے جواب میں آپ نے کہا کہ تیسری جنگ عظیم نہیں ہوگی۔ اس وقت دنیا میں دو زبردست طاقتیں ہیں۔ ایک امریکہ اور دوسری روس۔ امریکہ کی ہوائی اور بحری طاقت اور روس کی خشکی کی طاقت زیادہ ہے۔ امریکہ کے پاس ایٹم بم ہے اور وہ تب تک اسے تباہ نہیں کرے گا جب تک اس پر بین الاقوامی کنٹرول نہ ہو جائے۔ (گلوب)

زلزلہ کی غلط پیشین گوئی

ہزاروں گھر چھوڑ کر بھاگ گئے

لندن ۸ جنوری لندن کے ایک شخص ولیم [illegible] نے زلزلہ آنے کی پیش گوئی کر کے اٹلی کے ہزاروں باشندوں کی پریشانی اور اپنے گھروں سے نکل بھاگنے کا سبب مہیا کر دیا۔ اس نے پیش گوئی کی تھی کہ آج کل میں دنیا کے کسی حصہ میں زبردست زلزلہ آئے گا۔ اس نے اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ یہ خوفناک سانحہ اٹلی یا جاپان میں واقع ہوگا۔ اسی پیش گوئی کے بعد روم سے رائٹر کے ایک نامہ نگار نے اطلاع دی کہ اٹلی کا ایک شہر [illegible] جس میں اس سے قبل بھی کئی مرتبہ زلزلہ آ چکا ہے خالی ہونا شروع ہو گیا پندرہ ہزار کی آبادی میں سے شہر میں صرف ۱۳۰ آدمی رہ گئے۔ علاوہ ازیں [illegible] کی شب ہزاروں اطالوی باشندوں نے کھلے میدانوں میں بسر کی۔ ملک کے دور افتادہ مقامات میں جہاں ذرائع آمد ورفت اچھے نہیں ہیں تباہی وبربادی کی المناک افواہیں سننے میں آ رہی تھیں۔

انڈونیشیا کے مسئلہ پر عراق کے اخبارات کا تبصرہ

نئی دہلی ۹ جنوری۔ بغداد سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ انڈونیشیا میں ولندیزیوں کی فوجی کارروائی کے سوال پر عراق کے لوگوں میں بڑی بے چینی پائی جاتی ہے اور لوگ انڈونیشیا کے ساتھ اظہار ہمدردی کر رہے ہیں۔

بغداد کے ایک مشہور روزنامہ اخبار نے اپنے اداریہ میں لکھا ہے کہ انڈونیشیا کی جمہوریت پر ولندیزیوں کے اس بے رحم حملے سے دنیا حیران رہ گئی ہے۔ ولندیزیوں نے یہ حملہ نازیوں کی طرح کیا اور جمہوریہ انڈونیشیا کے صدر اور دوسرے لیڈروں کو گرفتار کر لیا۔ ولندیزیوں کا یہ حملہ اتحادی قوموں کی انجمن کے خلاف حملہ ہے۔ پنڈت نہرو نے یہ اعلان کیا ہے کہ ہندوستان اس حملے کو ناپسند کرتا ہے اور وہ خاموش تماشائی کی طرح کھڑا نہیں رہے گا۔ ہمیں یقین ہے کہ انڈونیشیا کے لوگ امپیریلزم کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بغداد سے شائع ہونے والے ایک اور اخبار الاستقلال نے لکھا ہے کہ ہالینڈ انڈونیشیا میں طاقت استعمال کر کے وہاں کے لوگوں کو کمیونسٹ بننے کی دعوت دے رہا ہے۔

وزیر اطلاعات رام پور کا بیان

رام پور ۸ جنوری۔ رام پور کے وزیر اطلاعات نے ایک بیان میں ان افواہوں کی پھیلائی ہوئی اس خبر کی تردید کی کہ رام پور کے مسلمانوں کی طرف سے ایک عرضداشت موصول ہوئی ہے جس میں درخواست کی گئی ہے کہ سنگھ پر سے پابندی ہٹالی جائے انہوں نے کہا حکومت ہند کی طرح یہ حکومت بھی کوئی فرقہ وارانہ جماعت برداشت نہیں کر سکتی۔ انہوں نے جیل میں بدسلوکی کی خبروں کو بھی غلط بتایا۔

ہریجنوں کے مطالبات پورے کرنے کیلئے جدید مردم شماری کیجائے

اچھوت لیڈر کی اقلیتوں کی مناسب نمائندگی کے لئے تجویز

نئی دہلی ۸ جنوری۔ آل انڈیا ڈپریسڈ کلاسز لیگ کے پریزیڈنٹ و آئین ساز اسمبلی کے ممبر [illegible] نے ایک انٹرویو کے دوران میں اس بات پر زور دیا ہے کہ حکومت جدید کرنے سے پہلے انتخابات سے پہلے نئی مردم شماری کا انتظام کرنا چاہئے تاکہ اقلیتوں اور خاص کر اچھوتوں کے ساتھ انصاف کیا جا سکے جن کے لئے آئین کے مطابق نشستیں مخصوص رکھی گئی ہیں۔

آپ نے مزید کہا کہ ۱۹۴۱ء کے مردم شماری کے اعداد وشمار پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا اس میں اچھوتوں کی تعداد صحیح درج نہیں کی گئی ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے مطابق اچھوتوں کی تعداد ساڑھے پانچ کروڑ تھی لیکن ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے مطابق ان کی تعداد صرف چار کروڑ ہے یہ بات ناقابل یقین ہے کیونکہ اچھوتوں میں شرح پیدائش بہت زیادہ ہے اس وقت ہندوستان میں اچھوتوں کی تعداد چھ اور سات کروڑ کے درمیان ہوگی نئی مردم شماری ضروری ہے تاکہ اسمبلیوں میں اچھوتوں کی نشستیں ان کی آبادی کے مطابق ریزرو کی جا سکیں آپ نے اچھوتوں کی نشستیں ریزرو کرنے کے فیصلہ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اچھوتوں کی تعلیمی اور سیاسی ترقی کے لئے یہ ضروری ہے اس وقت آئین ساز اسمبلی میں اچھوتوں کے صرف ۲۰ نمائندے ہیں حالانکہ آبادی کے لحاظ سے انہیں [illegible] نشستیں ملنی چاہئیں آپ نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ گورنروں، کابینہ کے منسٹروں اور اعلیٰ سروس کی تقرریوں میں بھی اچھوتوں کو مناسب نمائندگی دیجائے۔

انبالہ میں سوشلسٹ لیڈر کی تقریر

انبالہ ۹ جنوری۔ مسٹر جے پرکاش نرائن نے کل شام یہاں انبالہ منڈی میں ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے عوام کو سوشلسٹ پارٹی میں شامل ہونے کی دعوت دی تاکہ سوشلسٹ نظام حکومت قائم کیا جا سکے۔ اور چند امیروں اور کثیر التعداد غریبوں کا فرق ختم کیا جا سکے۔ مسٹر جے پرکاش نرائن نے کہا کہ آزادی حاصل ہو گئی ہے لیکن غریبوں کی تکلیفوں میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ کسانوں اور مزدوروں نے آزادی کی قومی جدوجہد میں اپنا فرض باعزت طریقے پر ادا کیا ہے لیکن سرمایہ داروں نے ان کو دھوکا دیا۔ اور ہمیشہ برطانوی حکومت کے ساتھ تعاون کرتے رہے [illegible] مسٹر نرائن نے بنگال کے خلاف حکومت ہند کے تازہ اقدام کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ یہاں صنعت کاروں کو [illegible] اس کا خیال ہے کہ موجودہ حکومت مضبوط نہیں ہے۔ مسٹر نارائن نے کہا کہ حکومت میں پنڈت نہرو کی موجودگی سے اس کی نوعیت تبدیل نہیں ہو جاتی ہے۔ پنڈت نہرو اپنے آپ کو سوشلسٹ کہتے ہیں لیکن ان کی کیبنٹ نے کوئی اس قسم کا اقدام نہیں کیا جس سے غریبوں کو فائدہ پہنچے مسٹر نارائن نے تقسیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں اور مزدوروں کی کوششوں سے ملک پھر ایک ہو جائیگا۔

ریلوے ملازمین نے ہڑتال کا نوٹس دیدیا

نئی دہلی ۸ جنوری۔ ریلوے کے ۵۰ ہزار سفری ملازموں نے ہند سرکار کو یہ نوٹس دیا ہے کہ وہ ۲۰ جنوری تک ان کے مطالبات تسلیم کرے ورنہ وہ ہڑتال کر دیں گے۔ ریلوے کے سفری عملہ کی کونسل یکم جنوری سے ۴ جنوری تک ان گریڈوں کی سکیلوں پر غور کرتی رہی جن کا اعلان حال ہی میں حکومت نے کیا تھا۔ اور غور وفکر کے بعد انھوں نے یہ گریڈ نامنظور کر دیئے ہیں۔ اور یہ قرار دیا ہے کہ اگر ان کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر موجودہ ۱۵ اجرتوں میں بھی نقصان اٹھانا پڑے گا جس کا اثر ۵۰ فیصدی ملازموں پر ہوگا

اُردو غیر ملکی زبان نہیں ہندو مسلمانوں دونوں نے اس کی خدمت کی ہے

الہ آباد میں گورنر یوپی مسز سروجنی نائیڈو کی تقریر

الہ آباد ۸ جنوری۔ "اردو زبان ایسی ہے جسے ہندو مسلمان دونوں نے اپنے اپنے افکار وخیالات سے مالا مال کیا۔ اردو غیر ملکی زبان نہیں، مسلمانوں کے دل میں اس قسم کا کوئی خطرہ نہیں ہونا چاہئیے کہ ان کی زبان کو ختم کر دیا جائے گا۔" ان مبارک خیالات کا اظہار گورنر یوپی مسز سروجنی نائیڈو نے تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ کے پندرہویں سالانہ اجلاس کے موقعہ پر اپنی افتتاحی تقریر میں کیا۔

گورنر یوپی نے قومی زبان کی بابت فرمایا: "قومی زبان خواہ کوئی ہو اسے عوام کی زبان ہونا چاہئے نہ کہ عالموں اور پنڈتوں کی"۔

انہوں نے کہا: "بچوں کی تعلیم قومی زندگی کی سب سے زیادہ اہم چیز ہے۔ ہر حکومت کا خواہ وہ صوبائی ہو یا مرکزی یہ فرض ہے کہ مادری زبان میں بچوں کی تعلیم کا انتظام کریں"۔

جدید مردم شماری نہیں ہو گی

نئی دہلی ۸ جنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مسودہ دستور کے رو سے [illegible] کی وجہ سے اب جدید مردم شماری کی ضرورت نہ پیش آئے گی۔

[illegible]

وزیر دفاع کشمیر پہنچ گئے

سری نگر ۸ جنوری۔ کل وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ لفٹننٹ جنرل شری نگیش کے ہمراہ یہاں پہنچ گئے بخشی غلام محمد اور اعلیٰ عہدہ داران نے ان کا استقبال کیا۔ بعد میں وزیر دفاع نے کشمیر میں فوجی اسپتالوں وغیرہ کا معائنہ کیا۔

مشہور اُردو معمہ (رجسٹرڈ)
چار ہزار روپیہ کے انعامات
تار کا پتہ
مشہور لاہور
داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ جنوری ۱۹۴۹ء
پہلا انعام بالکل صحیح حل دو ہزار تین سو روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) تین سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ
چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو ایک سو روپیہ
پانچواں اسپیشل انعام سب سے پہلے کوئی انعام حاصل کرنیوالے کو پچاس روپیہ
خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پر کریں
معمہ حل کرنیکی ترکیب اشارات:- [illegible]
فیس داخلہ [illegible]
مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۲ (اے ڈی) بی جی روڈ لاہور

مطبوعہ [illegible] ۳ نسبت روڈ لاہور سے شائع کیا

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنے
مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ماہنامہ "بانو" دہلی کے سالانہ خریدار بن جائیے حسین کشیدہ کاری کے علاوہ ایک سالنامہ اور دس عام پرچے ادا کئے جائیں گے۔ سالانہ قیمت صرف پانچ روپیہ
پتہ، منیجر ماہنامہ بانو دہلی کافی ہے

مسلمانو سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے۔
یونین ہوٹل ← بلیماران دہلی
(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

ڈچ ہیراٹروپوں کا حملہ ناکام بنا دیا ۔ ۷ ڈچ سپاہی گرفتار کر لئے

سماٹرا میں گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں میں اضافہ

نئی دہلی ۹ جنوری۔ نئی دہلی میں انڈونیشین آفس میں آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ سماٹرا میں گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ میدان کے اردگرد کے علاقہ میں زبردست جھڑپیں ہو رہی ہیں۔ میدان اور [illegible] کے درمیان کی سڑک پر ری پبلکن فوجوں کا قبضہ ہے۔ ری پبلکن فوجوں نے ایک اور گروپ نے [illegible] پر بیٹا کے مقام پر قبضہ کر لیا ہے۔

[illegible] سے آگے بڑھنے والی ری پبلکن فوجوں نے [illegible] کے شمال میں ڈچ فوجوں کی حفاظتی لائن کو توڑ دیا۔ [illegible] ری پبلکن فوجیں [illegible] جنگ پورہ میں داخل ہو گئی [illegible]۔ [illegible] کے مقام پر ابھی تک ری پبلکن فوجوں کا قبضہ [illegible]۔ [illegible] اور مراٹیو کے درمیان ۹ جنوری کو جو ڈچ سپاہی [illegible] کے ذریعہ اترے تھے انہیں ری پبلکن گوریلا سپاہیوں نے منتشر کر دیا۔

ایک اور اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈچ ہوائی جہازوں نے فنگسا اور بیرون کے مقامات پر بمباری کی ۔ ۸ جنوری کو ڈچ ہوائی جہازوں نے [illegible] کے مقام پر بم پھینکے۔ ان میں سے چار بم ایک اسکول پر گرے۔ ڈچ توپخانے نے ماردو ناں ایک گاؤں پر گولہ باری کی جس کے باعث ایک ہسپتال کو نقصان پہونچا۔

ایشیائی اقوام کی کانفرنس کیوں منعقد کی؟

قدامت پسند اخبار "اسپکٹیٹر" پنڈت نہرو پر برس پڑا!

لندن ۸ جنوری۔ قدامت پسند "اسپکٹیٹر" نے مسئلہ انڈونیشیا پر ہند کی طرف سے کانفرنس کی دعوت پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اس نے لکھا ہے پنڈت نہرو کی اس کانفرنس سے تدبر کی اس سے بھی زیادہ کمی ظاہر ہوتی ہے جس کا پنڈت نہرو [illegible] ایسے معاملات میں اظہار کرتے رہے ہیں۔

اسی اخبار نے لکھا ہے کہ غیر ذمہ دارانہ لندن [illegible] اشتعال انگیز تقریریں کوئی فائدہ نہ پہونچا سکیں گی [illegible] کا کافی نقصان کا باعث ہوں گی۔

[illegible]

سر اسٹیفورڈ کرپس پیرس جائیں گے

لندن ۸ جنوری۔ اقتصادی بحالی کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے برطانیہ نے جس تیز رفتاری سے قدم اٹھایا ہے اس سے فرانس میں کچھ پریشانی پیدا ہو گئی ہے۔ فرانس میں ہر وقت وزارتی تعطل پیدا ہونے کا خطرہ موجود رہنے کے باعث فرانسیسی سیاست داں فرانس کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی کوششوں میں کامیاب نہیں ہو سکے۔

معلوم ہوا ہے کہ اس مہینہ کے آخر میں پیرس میں سر اسٹیفورڈ کرپس کی مجوزہ آمد کی وجہ یہ ہے کہ مارشل پلان کے ماتحت برطانیہ اور فرانس کے چار سالہ اقتصادی پروگرام کے سلسلہ میں برطانوی اور فرانسیسی ماہرین اقتصادیات کے نقطۂ نگاہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ سر اسٹیفورڈ کرپس کے ساتھ بات چیت کے دوران میں حکومت فرانس یہ کہے گی کہ برطانیہ کی ان اقتصادی تجاویز میں کچھ تبدیلیاں کی جائیں۔ یقین کیا جاتا ہے کہ برطانیہ اس درخواست کو تسلیم کر لے گا یا نہیں۔ (گلوب)

لندن میں ہفتہ وار اخبار "انڈین نیوز"

لندن ۸ جنوری۔ انڈیا ہاؤس سے ہفتہ وار اخبار انڈین نیوز کی اشاعت شروع ہو گئی ہے۔ اس اخبار میں ہندوستان کے واقعات شائع کئے جائیں گے اور اس کی قیمت [illegible]۔ یہ اخبار ہر جمعہ کو شائع ہوتا ہے۔ اس کے ایڈیٹر لندن میں مقیم ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن ہیں۔

انڈین نیوز کا پہلا پرچہ شائع ہو گیا ہے اور اس کے پہلے صفحہ پر کشمیر میں جنگ بند ہونے کی خبر شائع کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس اور غیر ملکوں میں ہندوستانیوں کے نام پنڈت نہرو کے نئے سال کے پیغام کی خبریں درج ہیں۔ مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت [illegible] اور پاکستان کے نام مسٹر راجگوپال آچاریہ کی طرف سے بھیجے گئے خیر سگالی کے پیغام کو بھی درج کیا گیا ہے۔ اس اخبار کی اشاعت کا انتظام انڈیا ہاؤس کے پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ نے کیا ہے۔

لندن میں رہنے والے ہندوستانیوں نے اس اخبار کو بہت پسند کیا ہے [illegible]۔

ضلع سہارنپور کے اسکول بند!

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ ضلع کے تمام مدرسین مڈل و پرائمری اور پرائمری کی تنخواہوں کی کمی کے مطالبات کے سلسلہ میں اسکول بند کر دئے ہیں جس سے ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں۔

محمد یٰسین تم کہاں ہو

عبدالرحمن صاحب بنارس سے تحریر فرماتے ہیں ان کا لڑکا محمد یٰسین عمر تقریباً ۱۲ یا ۱۳ سال سانولا رنگ، چہرہ گول، چوڑا، داہنی داڑھ ذرا بڑھی ہوئی ہے۔ [illegible] صاحب کو علم ہو یا کسی نے دیکھا ہو تو پتہ ذیل پر مطلع فرمائیں۔

(عبدالرحمن نور محمد بازار گھر سید ڈاکخانہ ادرائی۔ بنارس اسٹیٹ)

پرواز کی اجازت نہ ملی

دمشق ۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ انڈونیشیا کے [illegible] ایک ڈچ ہوائی جہاز کو شام سے [illegible] کی اجازت نہیں دی گئی۔

[illegible] میں قتل کی واردات

[illegible]

[illegible] سامان لیکر بھاگ گیا

[illegible]

جمعیت علماء کی خبریں

جمعیت کی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوئی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔

(ادارہ)

کانفرنس جمعیت علماء شہر جونپور

جونپور (بذریعہ ڈاک) جمعیت علماء جونپور شہر کے ماتحت ۲۸ و ۲۹ دسمبر کو یہاں پر ایک کانفرنس مسجد اٹالہ کے سامنے میدان میں منعقد ہوئی جس میں شہر اور بیرون شہر کے ہر مذہب و ملت کے لوگوں نے کافی تعداد میں شرکت کی جن اکابرین نے کانفرنس میں شرکت کی ان میں حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل سی مولانا عبدالحاجب صاحب دہلوی اور مولانا شاہد میاں فاخری الٰہ آبادی قابل ذکر ہیں۔

۲۸ دسمبر کو شام کے ۲ بجے جلسہ شروع ہوا [illegible] کے بعد مولوی حامد حسن صاحب اسپیشل مجسٹریٹ نائب صدر جمعیت علماء شہر جونپور نے خطبہ استقبالیہ پڑھا اس کے بعد مولوی نظام الدین صدیقی کی تحریک پر مولانا شاہد میاں فاخری صدر منتخب ہوئے۔

بعد ازاں حضرت مولانا نورالدین صاحب نے ایک مبسوط تقریر فرمائی اور حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی۔ آپ کے بعد حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل سی نے اتحاد و ترقی اور جمعیت علماء کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ آپ کے بعد جمعیت علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن نے ایک [illegible]

[illegible] جلسہ ختم ہوا۔

سکنا میں جمعیت علماء کا جلسہ

یکم جنوری کو انجمن دارالسلام سکنا میں صدر جمعیت علماء چمپارن کی صدارت میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں گرد و نواح کے مسلمانوں کے علاوہ ہندوؤں نے بھی شرکت کی۔ حاضرین نے جمعیت علماء پر اظہار اعتماد کیا مولوی رشید احمد صاحب نے جمعیت علماء ہند کے کارناموں پر ایک مقالہ پڑھا۔ اور بعد ازاں مولانا ابوسعید صاحب اور مولانا ریاض احمد صاحب جمعیت علماء چمپارن نے تقریر فرمائی۔ مولانا ابوسعید صاحب مدرسہ شیخ محمد خاں صاحب کا انتخاب عمل میں آیا۔ نائب صدر حکیم ابومحمد صاحب ناظم نظام الدین صاحب نائب ناظم محمد حسین گود امدادی خازن اور ارکان مجلس منتظمہ کا انتخاب عمل میں آیا۔

بتیسا میں ٹاؤن جمعیت کا قیام

۸ جنوری کو ۲ بجے دن میں تمام ممبران کا اجتماع ہوا۔ جس میں مجلس منتظمہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ وقت کی قلت کے [illegible]

ٹنکپور جمعیت علماء کا وفد منہیار گاؤں میں

ہلدوانی ضلع نینی تال (بذریعہ ڈاک) یکم جنوری کو مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیت علماء و حافظ محمد اسمٰعیل صاحب ہلدوانی نے بسلسلہ انتخاب جمعیت ٹنکپور منڈی پہونچے یکم جنوری کو بعد نماز عشا عہدیداران کا جدید انتخاب کرایا۔ ۲ جنوری کو ۹ بجے جمعیت علماء ٹنکپور کا ایک وفد جس میں مولانا حکیم اللہ صاحب شیخ سعید احمد صدیقی صدر منشی عبدالرحمن ناظم شیخ عبدالرحمن صدیقی تھے۔ منہیار گاؤں پہونچا۔ منہیار گاؤں میں دو سو پہاڑی مسلمان [illegible] ان کا لباس ان کی زبان بول چال رہن سہن سب ہندو پہاڑیوں جیسا ہے البتہ ان کے نام مسلمانوں جیسے ہیں وہ لوگ گرمیوں میں پہاڑ پر رہتے ہیں اور سردی کے موسم میں ٹنکپور آ جاتے ہیں۔ ان کا کام اور ذریعہ معاش کاشت ہے ان میں تعلیم اور اسلامی تہذیب قطعی نہیں منہیار گاؤں میں ایک مسجد بھی ہے انہیں چند دنوں سے بچے بھی پڑھنے ہیں اب جمعیت علماء ٹنکپور نے ان کی مسجد و بچوں کے بچے فرش کا اور روشنی کیلئے تیل کا انتظام کیا ہے اور طے کیا ہے کہ ان میں مذہبی تبلیغ کی جائے اور ان کی ضروریات کی طرف توجہ کی جائے گی۔

بمبئی میں مزدوروں نے ڈچ جہاز سے سامان اتارنے سے انکار کر دیا

بمبئی ۸ جنوری۔ یہاں پر الگزینڈرا ڈاک میں "لیوپولڈس کرکر" نامی بحری جہاز سے سامان کا اتارا جانا بہت حد تک بند ہو گیا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ کرین پر کام کرنے والوں نے کرینیں چلانے سے انکار کر دیا ہے۔

اس جہاز میں کافی غذا اور دوسرا سامان بھرا ہوا ہے جو ایمسٹرڈم اور انٹورپ سے لایا گیا ہے۔ جمعرات کے دن بمبئی پورٹ ٹرسٹ کی کرین (سامان اتارنے کی مشینیں) چلانے والوں نے بومبے پورٹ ٹرسٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے ایک حکم پر عملدرآمد کرتے ہوئے اس جہاز سے سامان اتارنے سے انکار کر دیا۔ پورٹ ٹرسٹ نے اپنے اس حکم میں ڈچ جہازوں کا بائیکاٹ کرنے کے لئے کہا تھا لیکن جہاز والوں کی مدد سے کچھ کام ہو رہا ہے۔

مسٹر ڈی مکر ڈی میلو نے جو بسی مین یونین کے سکریٹری ہیں اور بمبئی ڈاک ورکرز یونین کے مشیر ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ہم سمندر کے کنارے کام کرنے والے سب لوگوں سے کہوں گا کہ وہ ڈچ جہازوں پر کام نہ کریں۔ یہ اپیل کل آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کی ایک قرارداد کی کارروائی کے مطابق ہے۔ کیو پولڈس کرکر میں تمام اسٹاف موجود ہے۔

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(صفحہ ۳ سے آگے)

کو آزاد کرا دینا چاہتی تھی۔ ایک طرح سے ختم سی ہو گئی یا یہ کہنا زیادہ مناسب ہو گا کہ اس نے اپنے کام کو اپنے چھوٹے سے حلقے میں محدود کر لیا۔ ترنگ زئی کے حاجی صاحب مہمند علاقے سے واپس نہیں لوٹے اور وہ وہیں اپنا کام کرتے رہے۔ پٹھانوں میں آزادی کی آگ کو بنائے رکھنے کے لئے "چنگاری" نام کا وہ ایک اخبار بھی نکالتے تھے۔ اور ہندوستان کے جو مشہور انقلابی کابل کے راستے ہو کر روس جاتے تھے۔ ان کی وہ کافی مدد کرتے رہتے تھے اس کے بعد وہ صرف ایک بار اور انگریزوں کے مقابلے کے لئے لڑائی کے میدان میں اترے۔ وہ زمانہ ۱۹۳۰ء کا تھا اور ان کو اپنے ساتھی اور ایک طرح سے تو شاگرد خان عبدالغفار خاں ایسے ہزاروں خدائی خدمتگاروں کے ساتھ گرفتار ہو چکے تھے اور انگریزوں نے پورے سرحدی علاقوں میں جی بھر کے مظالم کرنے شروع کر رکھے تھے۔ حاجی صاحب سے برداشت نہیں کیا گیا اور اپنے لشکر کے ساتھ پشاور پر چڑھ آئے۔ اس کے بعد ۱۹۳۶ء یا ۱۹۳۷ء میں ان کا انتقال ہی ہو گیا۔ (باقی کل)

نیشنل لائبریری امروہہ میں جلسہ

امروہہ (بذریعہ ڈاک) ۳۰ دسمبر کو شام کے تین بجے دفتر نیشنل لائبریری امروہہ میں چیرمین صاحب امروہہ اور شہر کے دیگر معززین جمع ہوئے اور جناب رام کمار صاحب وید صدر انجمن اتحاد و ترقی کی صدارت میں ایک میٹنگ ہوئی۔ منتار احمد فریدی ناظم نشر و اشاعت [illegible] ۔ صدیقی سکریٹری اور حاجی احمد نظامی نائب سکریٹری مقرر ہوئے۔

ملایا اور سیام میں گفت و شنید

سنگاپور ۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ جنوبی سیام میں سنگرا کے مقام پر جلدی ہی ملایا میں حفاظتی اقدامات اور ان سلسلے میں ملایا اور سیام کے درمیان تعاون کے موضوع پر سرکاری طور پر بات چیت شروع ہو گی۔ فوج اور پولیس کے کچھ افسر آج اس مقصد کے لئے سنگاپور سے سنگرا کو روانہ ہو گئے۔

جنوبی کیلیفورنیا میں سخت سردی

لاس اینجلس ۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ جنوبی کیلیفورنیا میں بہت سردی پڑ رہی ہے [illegible]

شیخ میاں جان کا انتقال

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) شیخ میاں جان صاحب صدر انجمن حلوائیان کے انتقال پر ملال پر انجمن اصلاح القوم نے اظہار تعزیت کی ہے۔

برطانیہ میں کوئلہ کی پیداوار

لندن ۷ جنوری۔ تازہ ترین اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ ۱۹۴۸ء میں برطانیہ میں کل ۵۰۰،۰۰۰،۰۰۰،۲۰۸ ٹن [illegible] کوئلہ نکالا گیا۔ یہ پیداوار پچھلے سال کی پیداوار کے مقابلہ میں ایک لاکھ ٹن زیادہ ہے۔ (رگلوب)

ایران ہند سے دوستانہ تعلقات چاہتا ہے

طہران میں مقیم ہندی سفیر سید علی ظہیر کا بیان

نئی دہلی ۱۰ جنوری۔ ایران میں مقیم ہندوستانی سفیر سید علی ظہیر نے آج ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ ایران کے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان بہت ترقی کرے گا۔ ایرانیوں کو یہ امید ہے کہ ہندوستان ایران کا دوست ہمسایہ ہو گا اور ایشیا کا ایک عظیم ملک بنے گا۔

تاریخی اور جغرافیائی نقطۂ نگاہ سے ایران اور ہندوستان ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے تعلقات سیاسی، تجارتی، تمدنی اور تعلیمی بنیادوں پر قائم ہونے چاہئیں۔

مسٹر ظہیر نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان طالب علموں، اخبار نویسوں اور پروفیسروں کے تبادلہ سے دوستانہ تعلقات قائم کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔ آپ نے مزید کہا کہ اس وقت دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں دونوں حکومتیں بحری اور تجارتی معاملات کے سلسلے میں معاہدہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں جہاں تک مجھے علم ہے ایران کی حکومت اور وہاں کے لوگ ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں۔ مسٹر سید علی ظہیر تقریباً ایک ماہ [illegible] ایران سے ہندوستان واپس آئے تھے آپ نے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ ہندوستان کے اخبارات کو ہندوستان اور ایران کے دوسرے ملکوں کے درمیان گہرے تعلقات قائم کرنے کے لئے اہم پارٹ ادا کرنا چاہئے۔

تلہر کے اسکولوں میں ہڑتال

تلہر (بذریعہ ڈاک) یو۔ پی کی انجمن مدرسین کے اجتماعی استعفوں کے فیصلہ کے مطابق کل ۸ جنوری ۱۹۴۹ء سے مدرسین نے کام چھوڑ دیا ہے قریب قریب یہاں کی سرکل کے جملہ اسکول بند رہے صرف مڈل اسکول تلہر و پرائمری اسکول تلہر کے ہیڈ ماسٹروں نے جناب مسٹر محمد ظفر بیگ چغتائی ڈپٹی انسپکٹر صاحب حلقہ کی کوشش سے اسکول کھول دیئے۔ باقی جملہ نائب کام پر نہیں آئے جب طلباء نے دیکھا کہ صرف ہیڈ ماسٹر کام کر رہے ہیں اور جملہ نائب غائب ہیں تو قریب قریب کل طلباء نے مدرسین کی ہمدردی میں پڑھنے سے انکار کر دیا اور اپنے گھروں کو واپس چلے گئے اور انھوں نے ٹھیک کر لیا ہے کہ جب تک مدرسین کے مطالبات پورے نہیں ہوتے ہم ہرگز اسکول نہ جائیں گے۔ اکثر اسکولوں پر رکشا دل اور پولیس کے پہرے لگا دیئے گئے ہیں تاکہ کوئی بد امنی نہ ہو پبلک کی ہمدردی مدرسین کے ساتھ شامل ہے۔

آگرہ ضلع بورڈ کے مدرسین کے استعفے

آگرہ (بذریعہ ڈاک) انجمن مدرسین یو۔ پی کے اس فیصلہ کے ماتحت جس میں حکومت یو۔ پی سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ اگر ہماری تنخواہ سے متعلق مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو تمام یو۔ پی کے مدرسین کے استعفے (جو دیئے جا چکے ہیں) یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے تسلیم کئے جائیں۔

آگرہ ضلع بورڈ کے مدرسین کی ہنگامہ خیز میٹنگ ۳ جنوری ۱۹۴۹ء کو ہوئی جس میں انجمن مدرسین یو۔ پی پر کامل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ تاریخ ۸ جنوری ۱۹۴۹ء سے قطعی طور پر کام بند کر دیں۔ تا وقتیکہ انجمن مدرسین یو۔ پی کی کوئی دوسری اطلاع موصول نہ ہو۔

چنانچہ آج تاریخ ۸ جنوری ۱۹۴۹ء کی اطلاعات کے مطابق تقریباً تمام ضلع مکمل طور پر بند ہے۔ (نامہ نگار)

پنڈت نہرو کا مجسمہ تیار ہو گیا

لندن ۷ جنوری۔ مشہور آرٹسٹ جیکب ایپسٹین نے پنڈت نہرو کا نصف مجسمہ تیار کر لیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنڈت نہرو جب پچھلے سال لندن تشریف لائے تھے تو جیکب ایپسٹین نے آپ کا یہ مجسمہ تیار کرنے کا کام شروع کیا تھا۔

ہندوستانی سائنسداں آسٹریلیا جائینگے

نئی دہلی ۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے نقطۂ نگاہ سے ہندوستانی سائنسدانوں کی ایک ٹیم آسٹریلیا بھیجے گی یہ ٹیم ۹ فروری کو ہندوستان سے آسٹریلیا روانہ ہو گی۔ اور اس میں ڈاکٹر ایس کرشنن (لیڈر) لفٹننٹ کرنل ایم۔ ایل آہوجہ، ڈاکٹر بی۔ پی۔ پال، مسٹر ڈی۔ بی۔ سوندھی اور [illegible] شامل ہوں گے۔ [illegible] (رگلوب)

انڈونیشیا پر غور کرنے کے لئے

مجلس تحفظ کا اہم اجلاس

لیک سکس ۹ جنوری۔ آج یہاں مجلس تحفظ کا اجلاس انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو۔ سکریٹری جنرل مسٹر ٹریگولی نے ایک بیان میں کہا کہ اگر تمام ممبروں نے شرکت کی تو اجلاس ہو گا اور اس میں انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کیا جائے گا۔ برطانوی نمائندہ ابھی تک لیک سکس نہیں پہنچ سکا ہے لیکن برطانوی حکومت نے سر ٹیرسل کو نمائندگی کا اختیار دے دیا ہے۔

مک آرتھر کے خلاف روس کا احتجاج

واشنگٹن ۹ جنوری۔ روس نے آج جنرل ڈگلس مک آرتھر جاپان میں اتحادیوں کے اعلیٰ کمانڈر کے اس غیر جمہوری اقدام کے خلاف احتجاج کیا کہ سرکاری اور غیر سرکاری ملازموں کو ہڑتال اور مجموعی نفع اندوزی کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ ایم الیگزینڈر پینسکون نے جو یہاں روسی سفیر ہیں اور گیارہ اقوام کے مشرق بعید کمیشن میں روسی نمائندہ ہیں، کہا کہ یہ حکم کمیشن کی سابقہ پالیسی کے خلاف ہے جو حکومت اس کو تسلیم کرتی ہے وہ معاہدہ پوٹسڈم کی خلاف ورزی کی مجرم ہے۔ جنرل مک آرتھر نے یہ حکم گذشتہ موسم گرما میں جاری کیا اور جاپانی پارلیمنٹ نے اس کو نومبر میں منظور کیا تھا۔

کوئی نہیں بچا سکتا!

لیک سکس ۹ جنوری۔ اقوام متحدہ کی اسمبلی کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹریگولی نے ایک بیان میں کہا ہے مجھے اس میں شبہ ہے کہ آیا میں چین کی لڑائی کے بارے میں کوئی کارروائی کر بھی سکتا ہوں۔ اس کے علاوہ یہ بھی بات ہے کہ آیا موجودہ صورت حالات میں میری کسی کارروائی سے کوئی مفید نتیجہ نکل سکتا ہے۔

کاشغر میں ہندی سفارت خانہ

دہلی ۹ جنوری۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ و دولت مشترکہ کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ چین کے صوبہ سن کیانگ میں کاشغر میں ہندی سفارت خانہ کھول دیا گیا ہے۔ کیپٹن آر۔ ڈی ساتھے نے ۱۱ دسمبر کو قونصل جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدہ کا چارج لیا ہے۔

بہار کے طلباء کی ہڑتال کی دھمکی

پٹنہ ۹ جنوری۔ حکومت بہار کے ایک ترجمان نے کہا کہ بہار گورنمنٹ نے بہار کے کالجوں کے ہڑتال کی دھمکی کا زبردست نوٹس لیا ہے۔ طلباء نے مطالبہ کیا ہے کہ یونیورسٹی کے امتحانات سے پہلے جو امتحانات ہوا کرتے ہیں وہ ختم کر دیئے جائیں گے۔

طلباء نے کہا ہے کہ اگر ان کا یہ مطالبہ منظور نہ ہوا تو ۵ فروری سے ہڑتال کر دیں گے۔

اٹاوہ میں انجمن اتحاد ترقی کا نفرنس

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) حکیم حاذق صاحب کنوینر و ممبر صوبہ انجمن اتحاد و ترقی ضلع کے جدید سیاسی و مقتدر ہندو مسلمانوں کا ایک جلسہ جنوری کے تیسرے ہفتہ میں بلانے والے ہیں۔ اس موقع پر کسی صوبائی لیڈر کی آمد کی پوری توقع ہے۔

وزیر خوراک اندھرا جائیں گے

نئی دہلی ۹ جنوری۔ حکومت ہند کے وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام ۲۲ جنوری کو اننت پور ڈسٹرکٹ میں اروا کونڈا کے مقام پر ایک اقتصادی کانفرنس کی رسم افتتاح ادا کریں گے۔ اندھرا پراونشل کانگریس کمیٹی کے پریذیڈنٹ پروفیسر این۔ جی۔ رنگا اس کانفرنس کی صدارت کریں گے۔

بیچاری عورت

جب لیکوریا (سیلان رطوبت) کے ہاتھوں ادھ مری ہو کر ایسی زندگی سے موت کو بہتر سمجھنے لگتی ہے تو

روک تھام

[illegible] زندگی اور جوانی بخشتی ہے ہزاروں عورتیں روک تھام سے زندگی کا لطف اٹھا رہی ہیں قیمت ع [illegible] دہلی کا ایجنٹ [illegible] اسٹریٹ مراد آباد

راج گھاٹ پارک کے لئے ۵ لاکھ روپیہ منظور کر لیا گیا

نئی دہلی ۸ جنوری۔ ہند سرکار نے راج گھاٹ کے مقام پر ایک شاندار پارک بنائے جانے کے لئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔ راج گھاٹ کے ۵۹ ایکڑ رقبہ میں سے گیارہ ایکڑ رقبہ کو ہموار کر کے اس کی سطح موجودہ سطح سے تین فٹ اونچی کر دی جائے گی اور اس کے درمیان کا کچھ رقبہ ساڑھے تین فٹ تک بلند کیا جائے گا اور سمادھی گاندھی کی سطح کا اسٹیج سنگ مرمر سے بنایا جائے گا۔

کستوربا ٹرسٹ کے نام سردار پٹیل کا پیغام

بنگلور ۸ جنوری۔ کستوربا گاندھی نیشنل میموریل ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی اور ایجنسیوں کی مٹنگیں ریاست میسور میں ارسیکرے کے مقام پر ۸ جنوری سے ۱۰ جنوری تک منعقد ہوں گی۔ ٹرسٹ مذکور کے چیرمین سردار پٹیل نے ان مٹنگوں کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ کستوربا ٹرسٹ کے کارکنوں کو لوگوں کی بے غرضانہ خدمت کے اصول کے مطابق کام کرنا چاہئے۔ آپ نے اس بات پر اظہار افسوس کیا ہے کہ آپ خرابی صحت کی وجہ سے ان مٹنگوں میں شامل نہیں ہو سکیں گے۔ آپ نے پیغام مذکور میں مزید کہا ہے کہ ہندوستان کی حقیقی زندگی اور پرو دیہات میں ہے۔ اس طرح سوشل خدمت اور تعمیری پروگرام کا حقیقی میدان ان دیہات میں ہے جہاں کروڑوں اشخاص غربت اور غلاظت کے ماحول میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ آپ نے امید ظاہر کی ہے کہ کستوربا ٹرسٹ کے کارکن ان ہی خیالات کو مد نظر رکھتے ہوئے کام کریں گے۔

سائنٹفک کونسل کی میٹنگ

نئی دہلی ۸ جنوری۔ سائنٹفک و صنعتی ریسرچ بورڈ اور سائنٹفک و صنعتی ریسرچ کونسل کی انتظامیہ کمیٹی کے جلسے ۱۸ اور ۱۹ جنوری کو نئی دہلی میں منعقد ہوں گے۔

امید کی جاتی ہے کہ ان جلسوں کی صدارت پنڈت نہرو کریں گے۔ (گلوب)

ایک روپیہ کے نوٹ پر اشوک مینار

نئی دہلی ۸ جنوری۔ ہندوستانی روپے پر سے بادشاہ کا چہرہ ہٹا کر اس پر اشوک کے مینار کی تصویر بنائی جائے گی نئے روپے اس وقت زیر ساخت ہیں اور انہیں سکے کے طور پر رائج کرنے کا سوال زیر غور ہے۔ گو ہند سرکار دو روپیہ اور اس سے زیادہ کے نوٹوں کے نشانات بھی تبدیل کرنا چاہتی ہے لیکن ان پر موجودہ نشانات ابھی کچھ مزید عرصے تک برقرار رکھے جائیں گے۔

ہند اور بلجیم میں تجارتی گفتگو

نئی دہلی ۸ جنوری۔ بلجیم کے اقتصادی وزیر نے آج پھر وزارت تجارت کے افسروں کے ساتھ بات چیت شروع کر دی ہے۔ یہ ڈیلیگیشن ۱۰ نومبر سے ہندوستان پہنچا تھا۔ اس وفد میں ۸ ممبر شامل تھے۔ یہاں پہنچنے کے بعد اس وفد کے ممبروں نے مختلف پارٹیوں میں منقسم ہو کر ہندوستان اور پاکستان کے صنعتی مرکزوں کا دورہ کیا۔ امید کی جاتی ہے کہ آئندہ چند دنوں تک یہاں ہندوستان اور بلجیم کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط ہو جائیں گے۔

رشوت کے الزام میں مقدمہ

دہلی ۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت ہند نے مسٹر [illegible] اپر ڈویژن اسسٹنٹ ڈپٹی سکریٹری [illegible] کے خلاف کارروائی کی اجازت دیدی ہے۔ ان کے خلاف سال ۸ جنوری کو بارہ ہزار روپے رشوت لینے کا الزام ہے۔

نیویارک ۸ جنوری۔ مسٹر ہالی ہوف مین ماز پلان اڈمنسٹریٹر نے کہا کہ روسی گروہ کے مقابلہ میں ہٹلر ایک بچہ تھا۔ روس دنیا بھر پر قبضہ کرنا چاہتا ہے لیکن مارشل پلان نے یورپ میں کمیونزم پھیلنے کی رفتار کو کم کر دیا ہے۔ انہوں نے اخبار نویسوں سے ایک غیر سرکاری ملاقات کے بعد یہ الفاظ کہے۔

بے مثل گولیاں

عرق النساء بار انگھن کا دردانسان کو پاگل اور بے کار کر دیتا ہے۔ یہ گولی اس کے لئے اور تمام ریاحی درد اور بواسیر بادی کے لئے اکسیر ہے فوراً مریض صحت پا چکے ہیں۔ قیمت پور ا کورس چالیس روز کے لئے چھ روپے علاوہ محصول ڈاک [illegible] نگینہ فارمیسی۔ نگینہ ضلع بجنور یو۔ پی

آزادی کی جدوجہد میں مسلمانوں کی قربانیاں کسی سے کم نہیں

جامع مسجد میں یوم افضل وجوہر کے سلسلہ میں مسلم زعماء کی تقریریں

دہلی ۸ جنوری۔ کل جامع مسجد میں ایک عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام احرار خدام فضل حق چودھری فضل حق۔ اور مولانا محمد علی جوہر کی یاد منانے کے سلسلے میں منعقد ہوا۔ مولانا خلیل الرحمن صاحب لدھیانوی نے صدارت فرمائی۔ صدر کی افتتاحی تقریر کے بعد بابائے احرار مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے تقریر فرمائی۔

مولانا موصوف نے فرمایا کہ مولانا محمد علی اور ان کے بھائی شوکت علی نے خدام کعبہ کی بنیاد دیس کی آزادی کے لئے ڈالی تھی۔ ۱۹۱۹ء کی نظر بندی بھی اسی دیس کی آزادی کی وجہ سے پیش آئی مولانا موصوف نے خصوصیت سے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں مسلمانوں کا حصہ ان کی آبادی کے تناسب کے مطابق ہے مسلمانوں نے دیس کی آزادی میں کسی سے کم قربانیاں نہیں کیں مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ جمعیۃ علماء اور مجلس احرار اور دیگر وطن دوست جماعتیں اپنے جنم دن سے یہی کہتی رہیں کہ ہندوستان کی سیاست ایک ہے لیے دو قوموں میں بانٹنا وطن دشمنی ہے۔ اور ساری وطن دوست جماعتیں آج بھی یہی کہہ رہی ہیں جن لوگوں نے ہماری بات نہیں مانی اور مذہب کے نام پر سیاسی جماعتیں بنائیں وہ خود ناکام ہوئے اور مذہب کو بھی رسوا کیا۔ اب ہمیں ایسی مہمل سیاست سے بچنا چاہئے تاکہ سب کا بھلا ہو۔

اس کے بعد مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علمائے ہند و مولانا عزیز الرحمن صاحب جامعی و مولانا حسرت موہانی نے مولانا محمد علی مرحوم کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا۔ انہوں نے اپنی صدارت کے زمانے میں نیشنل کانگریس میں جان ڈال دی اور زبردست قربانی کی۔ انہوں نے ہر ہندوستانی کے دل میں وطن کو آزاد کرانے کی تڑپ پیدا کی جس طرح ہم نے ان بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر آزادی حاصل کی۔ اسی طرح سے تمام مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے آزادی کو ہر قیمت پر برقرار رکھیں گے مولانا حفظ الرحمن صاحب نے خصوصیت سے ان مجاہدان وطن کا ذکر کیا جو اپنے وطن پر قربان ہو گئے۔

صنوبر ہوٹل فراشخانہ کا افتتاح

دہلی ۸ جنوری۔ کل شام فراشخانہ میں حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیت علماء ہند نے صنوبر ہوٹل کا افتتاح فرمایا اس موقع پر جن حضرات نے شرکت کی ان میں لائق ذکر حضرات مولانا محمد رفیق دہلوی ناظم اعلیٰ جمعیت علماء صوبہ دہلی مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی، حافظ محمد نسیم صاحب صابن والے۔ سلطان یار خاں صاحب وکیل اور اسرار احمد صاحب آزاد ایڈیٹر الجمعیۃ دہلی قابل ذکر ہیں۔ اچھے ہوٹل کی جو کمی محسوس کی جا رہی تھی اس کا ذکر کرتے ہوئے صنوبر خاں صاحب مالک ہوٹل نے بتایا کہ ہم ان شاء اللہ اس کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔

اس ہوٹل میں فی الحال تیس آدمیوں کے قیام و طعام کا انتظام کیا گیا ہے۔ موجودہ گرانی کے زمانہ میں کمروں کا کرایہ بھی دوسرے ہوٹلوں کی بہ نسبت کم مقرر کیا گیا ہے نیز رہائش اور خوراک کا معقول بندوبست ہے۔ کمروں میں بجلی۔ [illegible] اور دیگر ضروریات کی سب چیزیں ہیں۔ کھانا پکانے والے بھی بہت ہوشیار قسم کے رکھے گئے ہیں۔ امید ہے کہ صنوبر خاں کا حسن انتظام اس ہوٹل کو بہت جلد کامیاب بنا سکے گا۔

بین الاقوامی بنک کا وفد ہند کو

نئی دہلی ۸ جنوری۔ امید کی جاتی ہے کہ اس ماہ کے آخیر تک بین الاقوامی بنک کا ایک وفد ہندوستان آئے گا۔ یہ وفد پانچ ممبران پر مشتمل ہو گا۔ یہ وفد دو ماہ کے اس ملک کا دورہ کرے گا۔ ہندوستان نے ریلوے کا سامان خریدنے کے لئے بین الاقوامی بنک سے قرضہ حاصل کرنے کی درخواست دی ہے۔ اس وفد کی آمد کا تعلق ہندوستان کی اس درخواست سے ہے۔ ہندوستان کو یہ معلوم ہے کہ ملک کی آئندہ ترقی کی دوسری اسکیموں کے سلسلے میں وہ بین الاقوامی بنک سے مدد حاصل کرے گا۔

وفد مذکور کے ہندوستان میں یہ بات معلوم کرنے کی کوشش کرے گا کہ ہندوستان کو واقعی قرضہ کی ضرورت ہے اور وہ اسے ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے یا نہیں جس اسکیم کے لئے ہندوستان نے قرضہ مانگا ہے اس کی تفصیل تیار کر لی گئی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ قرضے کی یہ درخواست کافی رضمندی کی آخری منزل میں داخل ہو چکی ہے۔ وفد مذکور کے پروگرام کے متعلق ابھی تک تفاصیل معلوم نہیں ہوئیں۔ (گلوب)

۱۹۴۹-۵۰ء کی جنتری

"شیخ الہند جنتری" ۱۹۴۹-۵۰ء کی اعلیٰ جنتری ہے۔ اس میں عام جنتریوں سے زیادہ کارآمد اور مفید معلومات کے علاوہ جمعیۃ العلماء اور کانگریس کی تاریخ مولانا آزاد، مولانا مدنی، مفتی کفایت اللہ، مولانا احمد سعید، مولانا حفظ الرحمن اور مولانا حبیب الرحمن کی سوانح حیات معہ فوٹو درج شامل ہے۔ آٹھ آنہ کے ٹکٹ بھیج کر منگائیے۔

منیجر شیخ الہند جنتری۔ گوشہ ادب حویلی اعظم خاں۔ دہلی

حکومت کسی حالت میں بدنظمی برداشت نہیں کر سکتی

بھوپال کے حادثہ پر حکومت کا اعلان

بھوپال ۸ جنوری۔ کل قائم مقام پولیس نے ایک ہجوم پر لاٹھی چارج کیا جو کہ حکومت کی جانب سے عائد کردہ پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلسہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا تقریباً ایک درجن آدمیوں کے معمولی چوٹیں آئیں اور ایک شخص گرفتار ہوا۔

ایک اسی قسم کے واقعہ کی تفصیل بریلی سے جو کہ بھوپال سے اسی میل کے فاصلہ پر واقع ہے اطلاع ملی ہے وہاں پر ایک ہجوم نے جلسہ کرنے کی کوشش کی تو پولیس کو لاٹھی چارج کرنا پڑا۔ کچھ اشخاص جن میں پولیس مین بھی شامل ہیں زخمی ہوئے۔ ایسوسی ایٹیڈ پریس نے اندور سے اطلاع دی ہے۔ تحصیل بریلی میں پولیس نے پہلے لاٹھی چارج کیا اور بعد ازاں ایک ہجوم پر جو عام کے حق میں جلسہ کر رہا تھا گولی چلائی جا رہا تھا اشخاص ہلاک ہوئے اور بہت سے زخمی لیکن تاریخ ابھی کہا گیا ہے۔ اس کی تصدیق نہیں ہو سکی۔

تار میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک اگر ٹیرین راہ اور کچھ دوسرے لیڈر رات کو گرفتار کر لئے گئے۔ تار کے آخر میں حالت نازک بتائی گئی ہے۔

سب سے بڑی جنگی مشق

واشنگٹن ۸ جنوری۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی بحری اور بری فوجوں کی سب سے بڑی جنگی مشق کریبین سی میں ۱۲ فروری اور یکم اپریل کے درمیان ہو گی۔ اس جنگی مشق میں سو بحری جہاز اور ۳۵ ہزار سپاہی اور ملاح وغیرہ حصہ لیں گے۔

ناظم الدین مشرقی پاکستان کے دورہ پر

کراچی ۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ گورنر جنرل پاکستان الحاج خواجہ ناظم الدین کی بابت توقع ہے کہ وہ ۲۹ جنوری کو مشرقی بنگال کے دورہ پر روانہ ہو جائیں گے۔

کشمیر کمیشن نے ہند کے جائز مطالبات کو تسلیم کر لیا

استصواب رائے کی شرائط پر دہلی میں اظہار مسرت

نئی دہلی ۹ جنوری۔ آج صبح کشمیر کمیشن کی استصواب رائے کرانے کی تجاویز پر بالائی حلقوں کا خیال ہے کہ اس کی شرائط سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی تجاویز کو عملی طور پر مان لیا گیا ہے لیکن انہوں نے اس بات پر تردد کا اظہار کیا کہ کسی ان پر غلط طریقے سے عمل سے ہندوستان کو نقصان نہ پہونچایا جائے۔

مندرجہ ذیل نکات پر ہندوستانی نقطۂ نظر کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔

پاکستان سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی فوجیں ہٹائے اور قبائلی حملہ آوروں کو باہر نکالنے کی ذمہ داری بھی اسی کی ہے ان کا اخراج ہندوستان کی فوجوں سے پہلے ہو گا علاوہ پہلے کمیشن نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ دونوں حکومتوں کی فوجوں کا اخراج بیک وقت ہو گا۔ جب پاکستانی فوجیں ہٹالی جائیں گی۔ تو کمیشن ہندوستانی فوجیں ہٹانے کے بارے میں بحث کی جائیں گی اور ریاست میں امن و امان قائم رکھنے اور غیر ملکی حملے سے بچانے کے لئے ایک مخصوص ہندوستانی فوج رکھی جائے گی۔ یہ فوجیں ریفرنڈم کے دوران وہاں رہیں گے۔ ملکہ استصواب رائے کے دوران میں بھی وہاں رہیں گی۔

جن علاقوں میں یہ فوجیں رکھی جائیں گی ان کا تصفیہ کشمیر کمیشن اور حکومت ہند میں مشورہ سے ہو گا۔

اس کے علاوہ ریاست میں کمیشن گورنمنٹ کی تجویز کو [illegible] کر دیا گیا ہے شیخ عبداللہ کی گورنمنٹ اپنے علاقہ پر برسر حکومت کرتی رہے گی۔

جہاں تک آزاد کشمیر حکومت کے علاقہ کا تعلق ہے اس پر ان کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا جائے گا ماسی کمیشن کنٹرول کرے گا۔ اس کا یہ مطلب ہے مقامی طور پر بھرتی کئے ہوئے لوگ علاقہ کا انتظام کریں گے اور استصواب رائے کا ناظم ان کا نگران ہو گا۔ جموں اور کشمیر کی ریاست کا الحاق تسلیم کیا گیا ہے۔

ریاست میں پراپیگنڈہ کی پوری آزادی حاصل ہو گی لیکن اس کا مطلب یہ نہیں سمجھا جا رہا کہ فرقہ وارانہ پروپیگنڈے کی بھی آزادی ہو گی۔ یہ بھی سمجھا جا رہا ہے کہ اس شرط کے مطابق باہر کے لوگ آ کر ریاست میں پروپیگنڈا نہ کر سکیں گے۔

ایڈ منسٹریٹر یہ بھی دیکھے گا کہ آزاد کشمیر کے علاقہ میں ایسے حالات پیدا کر دیئے جائیں جس سے اقلیتوں کو حفاظت سے رکھا جا سکے۔ اگر ایسا نہ ہوا ہو گا تو یہ اعتراض کیا جا سکے گا کہ کمیشن کے حکم کے مطابق آزادانہ [illegible]

حیدرآباد دکن میں پلیگ

ریاست بھر میں ۲۹۶ اشخاص ہلاک

حیدرآباد دکن ۸ جنوری۔ یکم جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں صرف شہر حیدرآباد میں پلیگ کی ۱۳ وارداتیں ہوئیں۔ ان میں ۷ اشخاص ہلاک ہوگئے۔ جن لوگوں کی بیمار ہونے کی اطلاع پہلے دی گئی تھی ان میں سے بھی گیارہ چل بسے۔

سرحدی اضلاع سے ۲۴ اشخاص پر پلیگ کے حملوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ان میں ۷ مر گئے ہیں۔ جو لوگ پہلے سے بیمار ہیں ان میں سے بھی ۳ ہلاک ہو گئے۔ دیہاتی علاقوں سے پلیگ کے گیارہ حادثوں کی اطلاع ملی ہے۔ فوجی علاقوں سے ۲۰ حادثات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ پلیگ کے خصوصی اسپتال میں ۵۶۳ مریض زیر علاج تھے۔

برطانیہ سے مالی وفد ہند آئے گا

لندن ۸ جنوری۔ برطانیہ سے ایک مالی ڈیلیگیشن ایک ماہ کے اخیر میں اسٹرلنگ بیلنس کے سلسلے میں بات چیت کرنے کے لئے ہند جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ ڈیلیگیشن برطانیہ اور ہندوستان کی مشترکہ مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ میں شامل ہونے کے لئے نئی دہلی بھی جائے گا۔ یہ کمیٹی برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان گذشتہ مالی معاہدے کے مطابق قائم کی گئی تھی۔ اس کا مقصد وقتاً فوقتاً برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان تجارتی ترقی کے سوال پر غور کرنا ہے۔

حکومت پاکستان نے ہندوستان کا دعوت نامہ قبول کر لیا

کراچی ۹ جنوری۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے حکومت ہند کے دعوت نامے کو قبول کر لیا ہے۔

پاکستان کے وفد میں ایک کابینہ کا وزیر اور وزارت خارجہ کے دو افسر شامل ہوں گے۔ پاکستانی وفد ۱۹ جنوری کو کراچی سے دہلی کے لئے روانہ ہو گا۔

رشوت خوری اور بدعنوانیوں کی روک تھام کیلئے حکومت پاکستان کا اقدام

مجلس دستور ساز کا اجلاس تاریخ کا تعین کئے بغیر ملتوی ہو گیا

کراچی ۸ جنوری۔ پاکستان کی مجلس دستور ساز کا اجلاس جمعرات کے روز آئندہ کی تاریخ مقرر کئے بغیر ملتوی ہو گیا۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کے بل کی جس انہوں نے رشوت بدعنوانیوں بد انتظامیوں اور پبلک روپیہ کے غلط اخراجات کی روک تھام کے سلسلہ میں کارروائی کرنے کی غرض سے پیش کیا تھا۔ ہاؤس کے تمام ممبران نے پرزور حمایت کی۔

پاکستان کے وزیر اعظم نے بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ اخبارات کے تبصروں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس بل کو پاکستانی عوام کی پوری حمایت حاصل ہے۔ آپ نے کہا کہ بل اس لئے پیش کیا گیا ہے کہ سرکاری ملازموں کے لئے یہ کیا [illegible] ضروری ہے تاکہ جو لوگ ذمہ دار ہیں ان پر یہ بات واضح ہو جائے کہ اس قسم کا قانون بنانا چاہئے۔ حالانکہ یہ بات قابل افسوس ہے کہ یہ اس نوزائیدہ مملکت کے سو سال کے وجود میں آنے کے بعد پیش کیا جا رہا ہے۔

یہ نا زیوں سے مشابہت رکھتا ہے کہ یہ بہت اچھا ہو گا اگر حکومت دو چار ممبروں کو گولی سے اڑا دے گی۔

مسٹر چیٹوپادھیائے نے بہت مختصر اور صاف صاف بات کہی کہ کوئی بات نہیں کہ یہ نازیت ہے یا فسطائیت۔ مگر بل پاس ہونا چاہئے میاں افتخار الدین نے کہا کہ ہمیں اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ وزیر بل برسر اقتدار پارٹی کے سیاسی استعمال نہ ہو سردار عبدالرب نشتر نے بل کی قانونی حیثیت پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جب اس مذکورہ جرائم میں ملوث کسی شخص کے بارے میں فیڈرل کورٹ ہائی کورٹ یا ٹریبونل کوئی فیصلہ نہ دے گورنر جنرل یا گورنر کسی شخص کو [illegible]

خواجہ ناظم الدین نے اس بل کو قانون کا اہم باب بتایا۔ مسٹر گندسرست نے اس بل کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بعض لوگ اس بل کو نا اہلی فاشسٹ کی قسم کا قانون بتاتے ہیں۔ مسٹر اشتیاق حسین نے کہا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ اس بل سے حکومت کو غیر معمولی اختیارات دے دیئے گئے ہیں۔ آپ نے مسٹر گندسرست کے اس ریمارک کا ذکر کرتے ہوئے کہ

کہا ان کا کام سردار نشتر نے ہلکا کر دیا ہے۔ بل میں ۵۹ اصلاحی ترمیمیں جو سردار عبدالرب نشتر اور خان سردار بہادر خاں کی جانب سے پیش کی گئی تھیں تینوں کر کے بل پاس کر دیا گیا۔ اس کے بعد ہاؤس نے مجلس دستور ساز کے آئین میں تبدیلی کے بارے میں ایک بل پاس کیا۔

بعد ازاں صدر نے اجلاس کو آئندہ کی تاریخ مقرر کئے بغیر ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ اس پر [illegible] کا اظہار کیا گیا۔

روتے کیوں ہیں؟

[illegible] رسالہ روزگار [illegible] نئی دہلی

مفت

رد بدعت کے سلسلے میں حضرت مولانا تھانوی کی مشہور کتاب "سبیل الجنان" اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف "قنوت نازلہ" اور اس کے متعلقہ مسائل [illegible] کے کمیشن کو مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں۔

کیا کریں؟ کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس بھیانک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے رہنمائی حاصل کیجئے جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجئے مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتاب ذیل ضرور پڑھیئے علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ علماء حق حصہ دوم قیمت سات روپیہ آٹھ آنہ جن [illegible] کا مذہبی کی قربانی سے سبق [illegible]

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

روزانہ دو شو ۔ ۳ بجے اور ۶ بجے شام

پریس اور پبلک نے متفقہ طور پر اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ



وائٹ وے سرکس

واقعی ایک عظیم الشان شو ہے۔ ہوائی جھولے کے سنسنی خیز کرتب۔ سحر کن ناچ۔ حیرت انگیز نٹ بازی۔ جنگلی جانوروں کے معجز نما کرتب ۱۰۰۰ لرزہ براندام کرنے والے اور ہنسانے والے کھیل ہیں۔

پلان کھلا ہوا ہے۔ اپنی سیٹیں ایڈوانس بک کرائیے

سنیچروار۔ اتوار کو خاص میٹنی شو ۱۲ بجے بعد دوپہر

کلٹ ہے۔ مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء سے پروگرام میں خاص اضافہ کیا جا رہا ہے۔ اور دہلی کے مشہور و معروف فن کار اپنے کرتب دکھائیں گے۔

ڈچ پیراٹروپوں کا حملہ ناکام بنا دیا - ۱۴ ڈچ سپاہی گرفتار کر لئے

سماٹرا میں گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں میں اضافہ

نئی دہلی ۹ جنوری۔ نئی دہلی میں انڈونیشین آفس میں آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ سماٹرا میں گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ میدان کے اور دیگر کے علاقہ میں زبردست جھڑپیں ہو رہی ہیں۔ میدان اور [illegible] کے درمیان کی سڑک پوری ری پبلیکن فوجوں کے قبضہ میں ہے۔ ری پبلیکن فوجوں نے ایک اور ڈچ [illegible] کے کنارے پر [illegible] کے مقام پر قبضہ کر لیا ہے۔

انتجاہ سے آگے بڑھنے والی ری پبلیکن فوجوں نے میدان کے شمال میں ڈچ فوجوں کی حفاظتی لائن کو توڑ دیا ہے۔ ری پبلیکن فوجیں [illegible] جنگ پورہ میں داخل ہو گئی ہیں۔ جمبی کے مقام پر ابھی تک ری پبلیکن فوجوں کا قبضہ ہے۔ جمبی اور [illegible] کے درمیان ۷ جنوری کو جو ڈچ سپاہی پیراشوٹوں کے ذریعہ اترے تھے انہیں ری پبلیکن گوریلا سپاہیوں نے منتشر کر دیا۔

ایک اور اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ ڈچ ہوائی جہازوں نے لنگسا اور بیرون کے مقامات پر بمباری کی۔ ۷ جنوری کو ڈچ ہوائی جہازوں نے [illegible] کے مقام پر بم پھینکے۔ ان میں سے چار بم ایک اسکول پر گرے۔ ڈچ توپخانہ نے [illegible] ایک گاؤں پر گولہ باری کی جس کے باعث ایک ہسپتال کو نقصان پہونچا۔

ایشیائی اقوام کی کانفرنس کیوں منعقد کی؟

قدامت پسند اخبار "اسپیکٹیٹر" پنڈت نہرو پر برس پڑا!

لندن ۸ جنوری۔ قدامت پسند اسپیکٹیٹر نے مسئلہ انڈونیشیا پر ہند کی طرف سے کانفرنس کی دعوت پر اظہار افسوس کیا ہے۔ اس نے لکھا ہے پنڈت نہرو کی اس کانفرنس سے تدبر کی اس سے بھی زیادہ کمی ظاہر ہوتی ہے جس کا پنڈت نہرو واقعی معاملات میں اظہار کرتے رہے ہیں۔

اسی اخبار نے لکھا ہے کہ غیر ذمہ دارانہ [illegible] کی اشتعال انگیز تقریریں کوئی فائدہ نہ پہونچائیں گی بلکہ اس سے ناقابل تلافی نقصانات کا باعث ہوں گی۔

[illegible] اخبار [illegible] نے ڈچ وزیر اعظم کے دورۂ انڈونیشیا کو خیر سگالی کی علامت اور مستقبل کی کامیابی قرار دیا ہے۔ [illegible] اخبار ٹریبون نے لکھا ہے کہ انڈونیشیا کی لڑائی جس طریقے سے عارضی طور پر بند ہوئی ہے وہ موجودہ صورت میں نہ صرف اخلاقی طور پر پریشان کن ہے بلکہ سیاسی طور پر بھی خطرناک ہے۔ ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے انڈونیشیا کی صورت حالات کے بارے میں جو کچھ کہا ہے۔ اس کا ذکر کرنے کے بعد اخبار نے لکھا ہے کہ پنڈت نہرو اور ان کے ساتھی برطانوی لیبر گورنمنٹ کے وفادار اور معتبر دوست ہیں۔ اخبار نے آگے چل کر لکھا ہے کہ کیا برطانوی گورنمنٹ کے لئے ہندوستان کی یہ دوستی ڈچ گورنمنٹ کی دوستی سے کم اہم ہے؟ [illegible]

[illegible] اخبار [illegible] نے لکھا ہے کہ حکومت ہند نے انڈونیشیا کے بارے میں جو کانفرنس بلائی ہے وہ ایشیا کی تاریخ میں ایک اہم واقعہ ہوگی۔ ہالینڈ کے حملے کے خلاف ایشیائی ملکوں کا متحدہ قدم ان کے تمام اختلافات دور کر دیگا۔ اس کانفرنس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ ایشیائی قوموں کا اتحادی [illegible] عمل میں آ جائے گا۔

پرواز کی اجازت نہ ملی

دمشق ۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ انڈونیشیا کے لئے ادویات لے جانے والے ایک ہوائی جہاز کو شام سے گذرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

پہاڑ گنج میں قتل کی واردات

دہلی ۹ جنوری۔ [illegible] پہاڑ گنج میں قتل کی ایک سنسنی خیز واردات ہوئی۔ بتایا گیا ہے کہ ایک شخص پر [illegible] نے چاقو سے حملہ کر دیا۔ زخمی نے ہسپتال پہنچ کر دم توڑ دیا۔ پولیس قاتل کو پکڑنے کی کوشش کر رہی ہے۔

تانگہ والا سامان لیکر بھاگ گیا

دہلی ۹ جنوری۔ پولیس کو اطلاع ملی ہے کہ تانگہ والا ایک مسافر کا سامان لے کر فرار ہو گیا۔ اسٹیشن پر جانے کے لئے اس کا ملازم تانگے میں سامان رکھ کر اس کی اطلاع دینے کے لئے گیا [illegible]۔ سامان میں ریوالور، کارتوس کے علاوہ زیورات اور [illegible]

مسٹر اسٹیفورڈ کرپس پیرس جائیں گے

لندن ۸ جنوری۔ اقتصادی بحالی کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے برطانیہ نے جس تیز رفتاری سے قدم بڑھایا ہے اسے فرانس میں [illegible] کے باعث فرانسیسی سیاست [illegible] کوششوں میں کامیاب نہیں ہو سکے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس مہینہ کے آخر میں پیرس میں سر اسٹیفورڈ کرپس کی موجودگی [illegible] برطانیہ اور فرانس کے درمیان اقتصادی [illegible] کے سلسلے میں برطانوی اور فرانسیسی ماہرین اقتصادیات کے نقطہ نگاہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ سر اسٹیفورڈ کرپس کے ساتھ بات چیت کے دوران میں حکومت فرانس یہ کہے گی کہ برطانیہ کی ان اقتصادی تجاویز میں کچھ تبدیلیاں کی جائیں۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ برطانیہ اس درخواست کو تسلیم کرے گا یا نہیں۔ (گلوب)

لندن میں ہفتہ وار اخبار "انڈین نیوز"

لندن ۸ جنوری۔ انڈیا ہاؤس سے ہفتہ وار اخبار انڈین نیوز کی اشاعت شروع ہو گئی ہے۔ اس اخبار میں ہندوستان کے واقعات شائع کئے جائیں گے اور اس کی قیمت ۳ آنے ہوگی۔ یہ اخبار [illegible] صفحوں پر شائع ہوتا ہے۔ اس کے پبلشر لندن میں مقیم ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن ہیں۔ انڈین نیوز کا پہلا پرچہ شائع ہو گیا ہے اور اس کے پہلے صفحہ پر کشمیر میں جنگ بند ہونے کی خبر شائع کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس اور غیر ملکوں میں ہندوستانیوں کے نام پنڈت نہرو کے نئے سال کے پیغام کی خبریں بھی درج ہیں۔ مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت کے خلاصے اور پاکستان کے نام مسٹر راجگوپال آچاریہ کی طرف سے بھیجے گئے خیر سگالی کے پیغام کو بھی درج کیا گیا ہے۔ اس اخبار کی اشاعت کا انتظام انڈیا ہاؤس کے پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ نے کیا ہے۔ لندن میں رہنے والے ہندوستانیوں نے اس اخبار کو بہت پسند کیا ہے برطانیہ کے لوگ بھی اسے [illegible]

ضلع سہارنپور کے اسکول بند!

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ ضلع کے تمام مدرسین مڈل و پرائمری اور پرائمری نے تنخواہوں کی کمی کے مطالبہ کی بنا پر اسکول بند کر دیئے ہیں جس سے ہزاروں بچے تعلیم سے محروم ہو گئے ہیں۔

محمد یٰسین تم کہاں ہو

عبد الرحمٰن صاحب بنارس سے تحریر فرماتے ہیں ان کا لڑکا محمد یٰسین عمر تقریباً ۱۲ یا ۱۳ سال سانولا رنگ۔ چہرہ گول چوڑا۔ [illegible] اگر کسی صاحب کو علم ہو یا کسی نے دیکھا ہو تو پتہ ذیل پر مطلع فرمائیں۔ (عبد الرحمٰن نور محمد [illegible] ڈاکخانہ [illegible] بنارس اسٹیٹ)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ شبہ کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوئی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

کانفرنس جمعیت علماء شہر جونپور

جونپور (بذریعہ ڈاک) جمعیت علماء جونپور شہر کے ماتحت ۲۸، ۲۹ دسمبر کو یہاں پر ایک کانفرنس مسجد اٹالہ کے سامنے میدان میں منعقد ہوئی۔ جس میں شہر اور بیرون شہر کے سربرآوردہ مسلمانوں کے لوگوں نے کافی تعداد میں شرکت کی جن اکابرین نے کانفرنس میں شرکت کی ان میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی، [illegible] اور مولانا شاہد میاں فاخری الہ آبادی قابل ذکر ہیں۔ ۲۸ دسمبر کو شام کے اجلاس کی ابتدا تلاوت کلام پاک کے بعد مولوی حامد حسن صاحب اسپیشل مجسٹریٹ نائب صدر جمعیت علماء شہر جونپور نے خطبہ استقبالیہ پڑھا اس کے بعد مولوی نظام الدین صدیقی کی تحریک پر مولانا شاہد میاں فاخری صدر منتخب ہوئے۔

بعد ازاں حضرت مولانا نور الدین صاحب نے ایک مبسوط تقریر فرمائی اور حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی۔ آپ کے بعد حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی نے اتحاد و ترقی اور جمعیت علماء کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ آپ کے بعد جمعیت علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن نے ایک [illegible] تقریر فرمائی [illegible]

[illegible] نے تقریر فرمائیں۔ مولانا [illegible] کی تقریر کے بعد عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ مولانا ابو سعید صاحب صدر [illegible] محمد خان [illegible] نائب صدر حکیم ابو محمد صاحب ناظم نظام الدین صاحب نائب ناظم محمد حسین [illegible] اور ارکان مجلس منتظمہ کا انتخاب عمل میں آیا۔

بتیسا میں ٹاؤن جمعیت کا قیام

۸ جنوری کو ۹ بجے دن میں تمام ممبران کا اجتماع ہوا۔ جس میں مجلس منتظمہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ [illegible]

ٹنکپور جمعیۃ علماء کا وفد منہیار گاؤں میں

ہلدوانی ضلع نینی تال (بذریعہ ڈاک) یکم جنوری کو مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء و حافظ محمد اسمٰعیل صاحب ہلدوانی بسلسلہ انتخاب جمعیت ٹنکپور منڈی پہونچے یکم جنوری کو بعد نماز عشاء عہدیداران کا جدید انتخاب کرایا۔ ۲ جنوری کو صبح ۹ بجے جمعیۃ علماء ٹنکپور کا ایک وفد جس میں مولانا حکیم اللہ صاحب شیخ سید احمد صدیق صدر۔ منشی عبد الرحمٰن ناظم شیخ عبد الرحمٰن صدیق تھے۔ منہیار گاؤں پہونچا۔ منہیار گاؤں میں وہ پہاڑی مسلمان رہتے ہیں جو [illegible] ان کی زبان بول چال رہن سہن سب ہندو پہاڑیوں جیسا ہے البتہ ان کے نام مسلمانوں جیسے ہیں وہ لوگ گرمیوں میں پہاڑ پر رہتے ہیں اور سردی کے موسم میں ٹنکپور آ جاتے ہیں۔ ان کا کام اور ذریعہ معاش کاشت ہے ان میں تعلیم اور اسلامی تہذیب قطعی نہیں منہیار گاؤں میں ایک مسجد بھی ہے اس میں چند دنوں سے بچے بھی پڑھتے ہیں اب جمعیۃ علماء ٹنکپور نے ان کی مسجد و بچوں کے [illegible] اور روشنی کیلئے تیل کا انتظام کیا ہے اور طے کیا ہے کہ ان میں مذہبی تبلیغ کی جائے اور ان کی ضروریات کی طرف توجہ کی جائے گی۔

سکنا میں جمعیت علماء کا جلسہ

یکم جنوری کو انجمن دار السلام سکنا میں صدر جمعیت علماء [illegible] کی صدارت میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں گرد و نواح کے مسلمانوں کے علاوہ ہندوؤں نے بھی شرکت کی حاضرین نے جمعیت علماء پر اظہار اعتماد کیا مولوی رشید احمد صاحب نے جمعیت علماء ہند کے کارناموں پر ایک مقالہ پڑھا۔ اور بعد ازاں مولانا ابو سعید صاحب اور مولانا ریاض احمد صاحب جمعیت علماء [illegible]

بمبئی میں مزدوروں نے ڈچ جہاز سے سامان اتارنے سے انکار کر دیا

بمبئی ۸ جنوری۔ یہاں پر الگزینڈرا ڈاک میں "لیوپولڈس کرک" نامی بحری جہاز سے سامان کا اتارا جانا بہت حد تک بند ہو گیا ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ کرین پر کام کرنے والوں نے کرینیں چلانے سے انکار کر دیا ہے۔

اس جہاز میں غلہ اور دوسرا سامان ٹھرا ہوا ہے جو روٹرڈم اور انٹورپ سے لایا گیا ہے۔ جمعرات کے دن صبح کو کرین (سامان اتارنے کی مشینیں) چلانے والوں نے پورٹ ٹرسٹ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے ایک حکم پر عملدرآمد کرتے ہوئے اس جہاز سے سامان اتارنے سے انکار کر دیا۔ پورٹ ٹرسٹ [illegible] نے اپنے اس حکم میں ڈچ جہازوں کا بائیکاٹ کرنے کے لئے کہا تھا لیکن جہازوں کی مدد سے کچھ کام ہو رہا ہے۔ مسٹر [illegible] نے جو بمبئی میں یونین کے سکریٹری ہیں اور بمبئی ڈوک ورکرز یونین کے مشیر ہیں انہوں نے کہا میں سمندر کے کنارے کام کرنے والے سب لوگوں سے کہوں گا کہ وہ ڈچ جہازوں پر کام نہ کریں۔ یہ اپیل کل شب [illegible] مزدور سبھا کے اجلاس کلکتہ کی کارروائی کے مطابق ہے [illegible] میں تمام اسٹاف موجود ہے۔

جنگ آزادی میں پٹھانوں کا حصہ

(صفحہ ۳ سے آگے)

کو آزاد کرانا چاہتی تھی، ایک طرح سے ختم سی ہو گئی یا یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ اس نے اپنے کام کو اپنے چھوٹے سے حلقے میں ہی محدود کر لیا۔ ترنگ زئی کے حاجی صاحب مہمند علاقے سے واپس نہیں لوٹے اور وہ وہیں اپنا کام کرتے رہے۔ پٹھانوں میں آزادی کی آگ کو جلائے رکھنے کے لئے "چنگاری" نام کا وہ ایک اخبار بھی نکالتے تھے۔ اور ہندوستان کے جو مفرور انقلابی کابل کے راستے روس جاتے تھے۔ ان کی وہ کافی مدد کرتے رہتے تھے اس کے بعد وہ صرف ایک بار اور انگریزوں کے مقابلے کے لئے لڑائی کے میدان میں اترے۔ وہ زمانہ ۱۹۳۰ء کا تھا اور ان کے پرانے ساتھی اور ایک طرح سے تو شاگرد خان عبد الغفار خاں اپنے ہزاروں فدائی خدمتگاروں کے ساتھ گرفتار ہو چکے تھے اور انگریزوں نے پورے سرحدی علاقوں میں جی بھر کے مظالم کرنے شروع کر رکھے تھے۔ حاجی صاحب اسے برداشت نہیں کر سکے اور اپنے لشکر کے ساتھ پشاور پر چڑھ آئے۔ اس کے بعد [illegible] ۱۹۳۵ء میں ان کا انتقال ہی ہو گیا۔ (باقی کل)

نیشنل لائبریری امروہہ میں جلسہ

امروہہ (بذریعہ ڈاک) ۳۰ دسمبر کو شام کے تین بجے دفتر نیشنل لائبریری امروہہ میں چیرمین صاحب امروہہ و شہر کے دیگر معززین جمع ہوئے اور جناب رام کمار صاحب وید صدر انجمن اتحاد و ترقی کی صدارت میں ایک میٹنگ ہوئی۔ نثار احمد فریدی ناظم نشر و اشاعت، [illegible] صدیقی سکریٹری اور [illegible] احمد نظامی نائب سکریٹری مقرر ہوئے۔

ملایا اور سیام میں گفت و شنید

سنگاپور ۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ جنوبی سیام میں سنگورا کے مقام پر جلدی ہی ملایا میں حفاظتی اقدامات اور اس سلسلے میں ملایا و سیام کے درمیان تعاون کے موضوع پر سرکاری طور پر بات چیت شروع ہوگی۔ فوج اور پولیس کے کچھ افسر آج اس مقصد کے لئے سنگاپور سے سنگورا روانہ ہو رہے ہیں۔

جنوبی کیلیفورنیا میں سخت سردی

[illegible] ۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ جنوبی کیلیفورنیا میں نہایت سخت سردی پڑ رہی ہے۔

شیخ میاں جان کا انتقال

مرادآباد (بذریعہ ڈاک) شیخ میاں جان صاحب صدر انجمن حلوائیان کے انتقال پر ملال پر انجمن اصلاح القوم نے اظہار تعزیت کی ہے۔

برطانیہ میں کوئلہ کی پیداوار

لندن ۷ جنوری۔ تازہ ترین اعداد و شمار سے یہ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ۱۹۴۸ء میں برطانیہ میں کل [illegible] ٹن کوئلہ پیدا کیا گیا۔ یہ پیداوار پچھلے سال کی پیداوار کے مقابلہ پر پچاس لاکھ ٹن زیادہ ہے۔ (گلوب)

اگرہ ضلع بورڈ کے مدرسین کے استعفے

آگرہ (بذریعہ ڈاک) انجمن مدرسین یو۔ پی کے اس فیصلہ کے ماتحت جس میں حکومت یو۔ پی سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ اگر ہماری تنخواہ سے متعلق مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو تمام یو۔ پی کے مدرسین کے استعفے (جو دیئے جا چکے ہیں) یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے تسلیم کئے [illegible]

آگرہ ضلع بورڈ کے مدرسین کی ہنگامہ خیز میٹنگ ۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو ہوئی جس میں انجمن مدرسین یو۔ پی پر کامل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ تاریخ ۳ جنوری ۱۹۴۹ء سے کلی طور پر کام بند کر دیں۔ تا وقتیکہ انجمن مدرسین یو۔ پی کی کوئی دوسری اطلاع موصول نہ ہو۔ چنانچہ آج تاریخ ۳ جنوری ۱۹۴۹ء کی اطلاعات کے مطابق تقریباً تمام ضلع مکمل طور پر بند ہے۔ (نامہ نگار)

پنڈت نہرو کا مجسمہ تیار ہو گیا

لندن ۶ جنوری۔ مشہور آرٹسٹ جیکب ایپسٹین نے پنڈت نہرو کا نصف مجسمہ تیار کر لیا ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنڈت نہرو جب پچھلے سال لندن تشریف لائے تھے تو جیکب ایپسٹین نے آپ کا یہ مجسمہ تیار کرنے کا کام شروع کیا تھا۔

ہندوستانی سائنسدان آسٹریلیا جائینگے

نئی دہلی ۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے نقطہ نگاہ سے ہندوستانی سائنسدانوں کی ایک ٹیم آسٹریلیا بھیجے گی یہ ٹیم ۹ فروری کو ہندوستان سے آسٹریلیا روانہ ہو جائے گی۔ اور اس میں ڈاکٹر ایس کرشنن (ڈائریکٹر نیشنل فزیکل لیبارٹری) [illegible] ڈاکٹر [illegible] پی پال، مسٹر [illegible] پی سوندھی اور [illegible] شامل ہوں گے۔ آسٹریلیا [illegible] سائنسدانوں کی ایک ٹیم گذشتہ سال [illegible] میں ہندوستان آئی تھی۔ (گلوب)

ایران ہند سے دوستانہ تعلقات چاہتا ہے

طہران میں مقیم ہندی سفیر سید علی ظہیر کا بیان

نئی دہلی ۹ جنوری۔ ایران میں مقیم ہندوستانی سفیر سید علی ظہیر نے آج ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ ایران کے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان بہت ترقی کرے گا۔ ایرانیوں کو یہ امید ہے کہ ہندوستان، ایران کا دوست ہمسایہ ہوگا اور ایشیا کا ایک عظیم ملک بنے گا۔

تاریخی اور جغرافیائی نقطہ نگاہ سے ایران اور ہندوستان ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے تعلقات سیاسی، تجارتی، تمدنی اور تعلیمی بنیادوں پر قائم ہونے چاہئیں۔ مسٹر ظہیر نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان طالب علموں، اخبار نویسوں اور پروفیسروں کے تبادلہ سے دوستانہ تعلقات قائم کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔ آپ نے مزید کہا کہ اس وقت دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں دونوں ملکوں میں بحری اور تجارتی معاملات کے سلسلے میں معاہدہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں جہاں تک مجھے علم ہے ایران کی حکومت اور وہاں کے لوگ ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں مسٹر سید علی ظہیر تقریباً ایک ماہ پہلے ایران سے ہندوستان واپس آئے تھے آپ نے یہ بھی ظاہر کیا ہے کہ ہندوستان کے اخبارات کو ہندوستان اور ایران کے دو دوسرے ملکوں کے درمیان گہرے تعلقات قائم کرنے کے لئے اہم پارٹ ادا کرنا چاہئے۔

انڈونیشیا پر غور کرنے کے لئے مجلس تحفظ کا اہم اجلاس

لیک سکسس ۸ جنوری۔ [illegible] مجلس تحفظ کا اجلاس انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو۔ سکریٹری جنرل [illegible] نے ایک بیان میں کہا کہ اگر تمام ممبروں نے شرکت کی تو اجلاس ہوگا اور اس میں انڈونیشیا کے معاملہ پر غور کیا جائے گا۔ برطانوی نمائندہ ابھی تک لیک سکسس نہیں پہنچ سکا ہے لیکن برطانوی حکومت نے [illegible] کو نمائندگی کا اختیار دے دیا ہے۔

مک آرتھر کے خلاف روس کا احتجاج

واشنگٹن ۸ جنوری۔ روس نے آج جنرل ڈگلس مک آرتھر جاپان میں اتحادیوں کے اعلیٰ کمانڈر کے اس غیر جمہوری اقدام کے خلاف احتجاج کیا ہے کہ سرکاری اور نیم سرکاری ملازموں کو ہڑتال اور [illegible] کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ [illegible] نے جو یہاں روسی سفیر ہیں اور مشرق بعید کمیشن [illegible] کمیشن [illegible] کے خلاف ہے [illegible] حکومت اس کو تسلیم کرتی ہے [illegible] جنرل مک آرتھر نے یہ حکم گذشتہ موسم گرما میں جاپان کی [illegible] اور جاپانی پارلیمنٹ نے اس کو منظور کیا تھا۔

کوئی نہیں بچا سکتا!

لیک سکسس ۹ جنوری۔ اقوام متحدہ کی اسمبلی کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹریگولی نے ایک بیان میں کہا کہ مجھے اس میں شبہ ہے کہ آیا میں چین کی لڑائی کے بارے میں کوئی کارروائی کر بھی سکتا ہوں۔ اس کے علاوہ یہ بھی کہ آیا موجودہ صورت حالات میں میری کسی کارروائی کا کوئی مفید نتیجہ نکل سکتا ہے۔

کاشغر میں ہندی سفارت خانہ

دہلی ۹ جنوری۔ حکومت ہند کی وزارت امور خارجہ و دولت مشترکہ کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ چین کے صوبہ سنکیانگ میں کاشغر میں ہندی سفارت خانہ کھول دیا گیا ہے۔ کیپٹن آر۔ ڈی ساتھے نے ۱۷ دسمبر کو قونصل جنرل کی حیثیت سے اپنے عہدہ کا چارج لیا۔

بہار کے طلباء کی ہڑتال کی دھمکی

پٹنہ ۸ جنوری۔ حکومت بہار کے ایک ترجمان نے کہا کہ بہار گورنمنٹ نے بہار کے کالجوں کے ہڑتال کی دھمکی کا زبردست نوٹس لیا ہے۔ طلباء نے مطالبہ کیا ہے کہ یونیورسٹی کے امتحانات سے پہلے جو امتحانات ہوا کرتے ہیں وہ ختم کر دیئے جائیں۔ طلباء نے کہا ہے کہ اگر ان کا یہ مطالبہ منظور نہ ہوا تو وہ ۱۰ جنوری سے ہڑتال کر دیں گے۔

اٹاوہ میں انجمن اتحاد و ترقی کانفرنس

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) حکیم حاذق صاحب کنوینر و ممبر صوبہ انجمن اتحاد و ترقی ضلع کے جملہ سیاسی و مقتدر ہندو مسلمانوں کا ایک جلسہ جنوری کے تیسرے ہفتہ میں بلانے والے ہیں۔ اس موقع پر کسی صوبائی لیڈر کی آمد کی پوری توقع ہے۔

وزیر خوراک اندھرا جائیں گے

نئی دہلی ۷ جنوری۔ حکومت ہند کے وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام ۲۰ جنوری کو اننت پور ڈسٹرکٹ میں [illegible] کے مقام پر ایک اقتصادی کانفرنس کی رسم افتتاح ادا کریں گے۔ اندھرا پراونشل کانگریس کمیٹی کے پریزیڈنٹ پروفیسر این۔ جی رنگا اس کانفرنس کی صدارت کریں گے۔

تلہر کے اسکولوں میں ہڑتال

تلہر (بذریعہ ڈاک) یو۔ پی کی انجمن مدرسین کے اجتماعی استعفوں کے فیصلہ کے مطابق کل ۳ جنوری ۱۹۴۹ء سے مدرسین نے کام چھوڑ دیا ہے قریب قریب یہاں کی سرکل کے جملہ اسکول بند رہے صرف ٹاؤن اسکول تلہر و پرائمری اسکول تلہر کے ہیڈ ماسٹروں نے جناب مسٹر محمد ظفر بیگ چغتائی ڈپٹی انسپکٹر صاحب حلقہ کی کوشش سے اسکول کھول دیئے۔ باقی جملہ نائب کام پر نہیں آئے جب طلباء نے یہ دیکھا کہ صرف ہیڈ ماسٹر کام کر رہے ہیں اور جملہ نائب غائب ہیں تو قریب قریب کل طلباء نے مدرسین کی ہمدردی میں پڑھنے سے انکار کر دیا اور اپنے گھروں کو واپس چلے گئے [illegible] کہ جب تک مدرسین کے مطالبات پورے نہیں ہوتے ہم ہرگز اسکول نہ جائیں گے۔ اکثر اسکولوں پر رکشا دل اور پولیس کے پہرے لگا دیئے گئے ہیں تاکہ کوئی بدامنی نہ ہو پبلک کی ہمدردی مدرسین کے ساتھ شامل ہے۔

بیچاری عورت

جب لیکوریا (سفید رطوبت) کے ہاتھوں ادھ مری ہو کر ایسی زندگی سے موت کو بہتر سمجھنے لگتی ہے تو

روک تھام

موت کے منہ سے نکال کر نئی زندگی اور جوانی بخشتی ہے ہزاروں عورتیں روک تھام ہی سے زندگی کا لطف اٹھا رہی ہیں قیمت [illegible]

[illegible] اسٹریٹ مراد آباد

راج گھاٹ پارک کے لئے ۵½ لاکھ روپیہ منظور کر لیا گیا

نئی دہلی ۸ جنوری۔ ہند سرکار نے راج گھاٹ کے مقام پر ایک شاندار پارک بنائے جانے کے لئے ساڑھے پانچ لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔ راج گھاٹ کے ۵۵ ایکڑ رقبہ میں سے گیارہ ایکڑ رقبہ کو ہموار کر کے اس کی سطح موجودہ سطح سے تین فٹ اونچی کر دی جائے گی اور اس کے درمیان کا کچھ رقبہ سات فٹ تک بلند کیا جائے گا اور [illegible] پلیٹ فارم سنگ مرمر سے بنایا جائے گا۔

کستوربا ٹرسٹ کے نام

سردار پٹیل کا پیغام

بنگلور ۸ جنوری۔ کستوربا گاندھی نیشنل میموریل ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی اور ایجنسیوں کی میٹنگیں ریاست میسور میں [illegible] کے مقام پر ۸ جنوری سے ۱۰ جنوری تک منعقد ہوں گی۔ ٹرسٹ مذکور کے چیرمین سردار پٹیل نے ان میٹنگوں کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ کستوربا ٹرسٹ کے کارکنوں کو گاندھی جی کے بے غرضانہ خدمت کے اصول کے مطابق کام کرنا چاہئے آپ نے اس بات پر اظہار افسوس کیا ہے کہ آپ خرابی صحت کی وجہ سے ان میٹنگوں میں شامل نہیں ہو سکیں گے۔ آپ نے پیغام مذکور میں مزید کہا ہے کہ ہندوستان کی حقیقی زندگی گاؤں اور دیہات میں ہے۔ اس طرح سوشل خدمت اور تعمیری پروگرام کا حقیقی میدان ان دیہات میں ہے جہاں کروڑوں اشخاص غربت اور غلاظت کے ماحول میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ آپ نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ کستوربا ٹرسٹ کے کارکن ان ہی خیالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کریں گے۔

سائنٹیفک کونسل کی میٹنگ

نئی دہلی ۷ جنوری۔ سائنٹفک و صنعتی ریسرچ بورڈ اور سائنٹیفک و صنعتی ریسرچ کونسل کی انتظامیہ کمیٹی کے جلسے ۱۸ اور ۱۹ جنوری کو نئی دہلی میں منعقد ہوں گے۔

امید کی جاتی ہے کہ ان جلسوں کی صدارت پنڈت نہرو کریں گے۔ (گلوب)

ایک سو روپیہ کے نوٹ پر اشوک مینار

نئی دہلی ۸ جنوری۔ ہندوستانی روپیہ پر سے بادشاہ کا چہرہ ہٹا کر اس پر اشوک کے مینار کی تصویر بنائی جانے لگی۔ نئے روپے اس وقت زیر ساخت ہیں اور انہیں جلد رواج دینے کا سوال زیر غور ہے۔ گو ہند سرکار دو روپیہ اور اس سے زیادہ کے نوٹوں کے نشانات بھی تبدیل کرنا چاہتی ہے لیکن ان پر موجودہ نشانات ابھی کچھ مزید عرصے تک برقرار رکھے جائیں گے۔

ہند اور بلجیم میں تجارتی گفتگو

نئی دہلی ۷ جنوری۔ بلجیم کے اقتصادی وزیر نے آج پھر وزارت تجارت کے افسروں کے ساتھ بات چیت شروع کر دی ہے۔ یہ ڈیلیگیشن [illegible] نومبر میں ہندوستان پہنچا تھا۔ اس وفد میں ۸ ممبر شامل ہیں۔ یہاں پہنچنے کے بعد اس وفد کے ممبروں نے مختلف پارٹیوں میں منقسم ہو کر ہندوستان اور پاکستان کے صنعتی مرکزوں کا دورہ کیا۔ امید کی جاتی ہے کہ آئندہ چند دنوں تک یہاں ہندوستان اور بلجیم کے درمیان ایک تجارتی معاہدے پر دستخط ہو جائیں گے۔

رشوت کے الزام میں مقدمہ

دہلی ۹ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت ہند نے مسٹر [illegible] سکریٹری [illegible] کے خلاف کارروائی کی اجازت دے دی ہے۔ [illegible] سال ۸ جنوری کو بارہ ہزار روپے رشوت لینے کا الزام ہے۔

نیویارک ۸ جنوری۔ [illegible] مارشل پلان ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ روسی گروہ کے مقابلہ میں ہٹلر ایک بچہ تھا۔ روس دنیا بھر پر قبضہ کرنا چاہتا ہے لیکن مارشل پلان نے یورپ میں کمیونزم پھیلنے کی رفتار کو کم کر دیا ہے۔ انہوں نے اخبار نویسوں سے ایک غیر سرکاری ملاقات کے بعد یہ الفاظ کہے۔

۵۰-۱۹۴۹ء کی جنتری

"شیخ الہند جنتری" ۵۰-۱۹۴۹ء کی اچھی جنتری ہے۔ اس میں عام جنتریوں سے زیادہ کارآمد اور مفید معلومات کے علاوہ جمعیۃ العلماء اور کانگریس کی تاریخ مولانا آزاد، مولانا مدنی، مفتی کفایت اللہ، مولانا احمد سعید، مولانا حفظ الرحمٰن اور مولانا حبیب الرحمٰن کی سوانح حیات مع تصاویر شامل ہے۔ آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیج کر منگائیے۔

منیجر شیخ الہند جنتری۔ گوشۂ ادب

حویلی اعظم خاں۔ دہلی

بے مثل گولیاں

عرق النساء، بادی، بلغم کا درد انسان کو اپاہج اور بیکار کر دیتا ہے۔ یہ گولی اس کے لئے اور تمام ریاحی درد اور بواسیر بادی کے لئے اکسیر ہیں بے شمار مریض صحت پا چکے ہیں۔ [illegible] قیمت پورا کورس چالیس روز کے لئے چھ روپے بذریعہ وی پی

نگینہ فارمیسی۔ نگینہ ضلع بجنور۔ یو پی

آزادی کی جدوجہد میں مسلمانوں کی قربانیاں کسی سے کم نہیں

جامع مسجد میں یوم فضل و جوہر کے سلسلہ میں مسلم زعما کی تقریریں

دہلی ۸ جنوری۔ کل جامع مسجد میں ایک عظیم الشان جلسہ زیر اہتمام احرار خدام خلق جو چوہدری فضل حق اور مولانا محمد علی جوہر کی یاد منانے کے سلسلے میں منعقد ہوا۔ مولانا فضیل الرحمٰن صاحب لدھیانوی نے صدارت فرمائی۔ صدر کی افتتاحی تقریر کے بعد بابائے احرار مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی نے تقریر فرمائی۔

مولانا موصوف نے فرمایا کہ مولانا محمد علی اور ان کے بھائی شوکت علی نے خدام کعبہ کی بنیاد دیس کی آزادی کے لئے ڈالی تھی۔ ۱۹۱۲ء کی نظر بندی بھی اسی دیس کی آزادی کی وجہ سے پیش آئی مولانا موصوف نے خصوصیت سے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں مسلمانوں کا حصہ ان کی آبادی کے تناسب کے مطابق ہے مسلمانوں نے دیس کی آزادی میں کسی سے کم قربانیاں نہیں کیں مسلمانوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ جمعیۃ علماء اور مجلس احرار اور دیگر وطن دوست جماعتیں اپنے جنم دن سے یہی کہتی رہیں کہ ہندوستان کی سیاست ایک ہے اسے دو قوموں میں بانٹنا وطن دشمنی ہے۔ اور سارے وطن دوست ابھی تک آج بھی یہی کہہ رہے ہیں جن لوگوں نے ہماری بات نہیں مانی اور مذہب کے نام پر سیاسی جماعتیں بنائیں وہ خود ناکام ہوئے اور مذہب کو بھی رسوا کیا۔ اب ہمیں ایسی ہی سیاست سے بچنا چاہئے تاکہ سب کا بھلا ہو۔

اس کے بعد مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و مولانا عزیز الرحمٰن صاحب جامعی و مولانا حسرت موہانی نے مولانا محمد علی مرحوم کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا۔ انہوں نے اپنی صدارت کے زمانے میں نیشنل کانگریس میں جان ڈال دی اور زبردست قربانی کی۔ انہوں نے ہر ہندوستانی کے دل میں وطن کو آزاد کرانے کی تڑپ پیدا کی جس طرح ہم نے ان بزرگوں کے نقش قدم پر چل کر آزادی حاصل کی۔ اسی طرح سے تمام مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے آزادی کو ہر حیثیت پر برقرار رکھیں گے۔ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے خصوصیت سے ان مجاہدان وطن کا بھی ذکر کیا جو اپنے وطن پر قربان ہو گئے۔

صنوبر ہوٹل فراشخانہ کا افتتاح

دہلی ۸ جنوری۔ کل شام فراشخانہ میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیت علماء ہند نے صنوبر ہوٹل کا افتتاح فرمایا اس موقع پر جن حضرات نے شرکت کی ان میں لائق ذکر حضرات مولانا محمد رفیق دہلوی ناظم اعلیٰ جمعیت علماء صوبہ، مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی، حافظ محمد نسیم صاحب [illegible] والے، سلطان یار خاں صاحب وکیل، اور اسرار احمد صاحب آزاد اڈیٹر الجمعیۃ ویکلی۔ اچھے ہوٹل کی جو کمی محسوس کی جا رہی تھی اس کا ذکر کرتے ہوئے صنوبر خاں صاحب مالک ہوٹل نے بتایا کہ ہم انشاء اللہ اس کو دور کرنے کی کوشش کریں گے۔

اس ہوٹل میں فی الحال بیس آدمیوں کے قیام و طعام کا انتظام کیا گیا ہے۔ موجودہ گرانی کے زمانہ میں کمروں کا کرایہ بھی دوسرے ہوٹلوں کی بہ نسبت کم رکھا گیا ہے نیز ہاتھ منہ دھونے کا معقول بندوبست ہے۔ غسل خانے، بجلی وغیرہ دیگر ضروریات کی سب چیزیں ہیں۔ کھانا پکانے والے بھی بہت ہوشیار قسم کے رکھے گئے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ صنوبر خاں کا حسن انتظام اس ہوٹل کو بہت جلد کامیاب بنا سکے گا۔

بین الاقوامی بنک کا وفد ہند کو

نئی دہلی ۸ جنوری۔ امید کی جاتی ہے کہ اس ماہ کے آخر تک بین الاقوامی بنک کا ایک وفد ہندوستان آئے گا۔ یہ وفد پانچ ممبران پر مشتمل ہوگا۔ یہ وفد دو ماہ کے لئے اس ملک کا دورہ کرے گا۔ ہندوستان نے ریلوے کا سامان خریدنے کے لئے بین الاقوامی بنک سے قرضہ حاصل کرنے کی درخواست دی ہے۔ اس وفد کی آمد کا تعلق ہندوستان کی اس درخواست سے ہے۔ ہندوستان کو یہ بھی امید ہے کہ ملک کی آئندہ ترقی کی دوسری اسکیموں کے سلسلے میں وہ بین الاقوامی بنک سے مدد حاصل کرے گا۔

وفد مذکور ہندوستان میں یہ بات معلوم کرنے کی کوشش کرے گا کہ ہندوستان کو واقعی قرضے کی ضرورت ہے اور وہ اسے ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے یا نہیں۔ جس اسکیم کے لئے ہندوستان نے قرضہ مانگا ہے اس کی تفصیل تیار کر لی گئی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ قرضے کی یہ درخواست گفت و شنید کی آخری منزل میں داخل ہو چکی ہے۔ وفد مذکور کے پروگرام کے متعلق ابھی تک تفاصیل معلوم نہیں ہوئیں۔ (گلوب)

حکومت کسی حالت میں بدنظمی برداشت نہیں کر سکتی

بھوپال کے حادثہ پر حکومت کا اعلان

بھوپال ۸ جنوری۔ کل شام پولیس نے ایک ہجوم پر لاٹھی چارج کیا جو کہ حکومت کی جانب سے عائد کردہ پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلسہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا تقریباً ایک درجن آدمیوں کے معمولی چوٹیں آئیں اور ایک شخص گرفتار ہوا۔

ایک سرکاری ترجمان نے واقعہ کی تفصیل بیان کی ہے [illegible] اطلاع ملی ہے وہاں پر ایک ہجوم نے جلسہ کرنے کی کوشش کی تو پولیس کو لاٹھی چارج کرنا پڑا۔ کچھ اشخاص جن میں پولیس والے بھی شامل ہیں زخمی ہوئے۔ ایسوسی ایٹڈ پریس نے [illegible] اطلاع دی ہے [illegible] تحصیل بریلی میں پولیس نے پہلے لاٹھی چارج کیا اور بعد ازاں ایک ہجوم پر [illegible] فائر کرنا پڑا [illegible] اشخاص ہلاک ہوئے [illegible] لیکن [illegible] اس کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ تار میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ [illegible] لیڈر رات [illegible] گرفتار کر لئے گئے۔ [illegible] حالت نازک بتائی گئی ہے۔

سب سے بڑی جنگی مشق

واشنگٹن ۸ جنوری۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی بحری اور بری فوجوں کی سب سے بڑی جنگی مشق کیریبین سی میں ۱۲ فروری اور یکم اپریل کے درمیان ہوگی۔ اس جنگی مشق میں سو بحری جہاز اور ۳۵ ہزار سپاہی اور ملاح وغیرہ حصہ لیں گے۔

ناظم الدین مشرقی پاکستان کے دورہ پر

[illegible] ۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ گورنر جنرل پاکستان الحاج خواجہ ناظم الدین کی بابت توقع ہے کہ وہ ۲۹ جنوری کو مشرقی بنگال کے دورہ پر روانہ ہو جائیں گے۔

حیدر آباد دکن میں پلیگ

ریاست بھر میں ۱۶۴ اشخاص ہلاک

حیدرآباد دکن ۸ جنوری۔ یکم جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں صرف شہر حیدرآباد میں پلیگ کی ۱۴۳ وارداتیں ہوئیں۔ ان میں ۱۲۶ اشخاص ہلاک ہو گئے۔ جن لوگوں کی بیماری ہونے کی اطلاع پہلے دی گئی تھی ان میں سے بھی گیارہ چل بسے۔

سرحدی اضلاع سے ۲۷ اشخاص پر پلیگ کے حملوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان میں ۷ مر گئے ہیں۔ جو لوگ پہلے سے بیمار ہیں ان میں سے بھی ۳ ہلاک ہو گئے۔ دیہاتی علاقوں سے پلیگ کے گیارہ حادثوں کی اطلاع ملی ہے۔ فوجی علاقوں سے ۲۰ حادثات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ گذشتہ ہفتہ پلیگ کے خصوصی اسپتال میں ۵۶۳ مریض زیر علاج تھے۔

برطانیہ سے مالی وفد ہند آئے گا

لندن ۷ جنوری۔ برطانیہ سے ایک مالی ڈیلیگیشن اس ماہ کے اخیر میں اسٹرلنگ بیلنس کے سلسلے میں بات چیت کرنے کے لئے ہندوستان آئے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ ڈیلیگیشن برطانیہ اور ہندوستان کی مشترکہ مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ میں شامل ہونے کے لئے نئی دہلی بھیجا جائے گا۔ یہ کمیٹی برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان گذشتہ مالی معاہدے کے مطابق قائم کی گئی تھی۔ اس کا مقصد وقتاً فوقتاً برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان تجارتی ترقی کے سوال پر غور کرنا ہے۔

کشمیر کمیشن نے ہند کے جائز مطالبات کو تسلیم کر لیا

استصواب رائے کی شرائط پر دہلی میں اظہار مسرت

نئی دہلی ۸ جنوری۔ [illegible] کشمیر کمیشن کی استصواب رائے کرانے کی تجاویز پر دہلی کے حلقوں کا خیال ہے کہ اس کی شرائط سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانی تجاویز کو عملی طور پر مان لیا گیا ہے لیکن انہوں نے اس بات پر تردد کا اظہار کیا کہ [illegible] غلط طریقے سے حل سے ہندوستان کو نقصان نہ پہنچایا جائے۔

مندرجہ ذیل نکات پر ہندوستانی نقطہ نظر کو تسلیم کر لیا گیا ہے۔

پاکستان سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی فوجیں [illegible] اور قبائلی حملہ آوروں کو باہر نکالنے کی ذمہ داری بھی اسی کی ہے ان کا اخراج ہندوستان کی فوجوں سے پہلے ہوگا علاوہ کمیشن نے یہ تجویز منظور کی ہے کہ ہندوستانی فوجوں کا اخراج اس وقت ہوگا جب پاکستانی فوجیں نکالی جائیں گی۔ کمیشن ہندوستانی فوجیں باقی رکھنے کے بارے میں بحث کی جائیں گی اور ریاست میں امن قائم رکھنے اور غیر ملکی حملے سے بچانے کے لئے ایک مخصوص ہندوستانی فوج رکھی جائے گی۔ یہ فوجیں [illegible] استصواب رائے کے دوران میں بھی رہیں گی۔ جن علاقوں میں یہ فوجیں رکھی جائیں گی ان کا تصفیہ کشمیر کمیشن اور [illegible] کے مشورہ سے ہوگا۔ اس کے علاوہ ریاست میں [illegible]

[illegible] کر دیا گیا ہے شیخ عبد اللہ کی گورنمنٹ اپنے علاقہ پر بدستور حکومت کرتی رہے گی۔

جہاں تک آزاد کشمیر حکومت کے علاقہ کا تعلق ہے اس میں ان کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ مقامی طور پر بھرتی کئے ہوئے لوگ علاقہ کا انتظام کریں گے اور استصواب رائے کا ناظم اس کا نگران ہوگا۔ جموں اور کشمیر کی ریاست کا الحاق تسلیم کر لیا گیا ہے۔

ریاست میں پراپیگنڈہ کی پوری آزادی حاصل ہوگی لیکن اس کا مطلب یہ نہیں سمجھا جائے گا کہ فرقہ وارانہ پراپیگنڈے کی بھی آزادی ہوگی۔ یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ اس شرط کے مطابق باہر کے لوگ [illegible] ریاست میں پراپیگنڈہ کر سکیں گے۔

ایڈمنسٹریٹر یہ بھی دیکھے گا کہ آزاد کشمیر کے علاقہ میں ایسے حالات پیدا کر دیئے جائیں جن سے اقلیتوں کو حفاظت سے رکھا جا سکے۔ اگر ایسا نہ ہوا [illegible] کمیشن کے حکم کے مطابق [illegible]

حکومت پاکستان نے ہندوستان کا دعوت نامہ قبول کر لیا

کراچی ۸ جنوری۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے انڈونیشیا کانفرنس میں شریک ہونے کے ہندوستانی دعوت نامے کو قبول کر لیا ہے۔

پاکستان کے وفد میں ایک کابینہ کا وزیر اور وزارت [illegible] افسر شامل ہوں گے۔ پاکستانی وفد ۱۹ جنوری کو کراچی سے دہلی کے لئے روانہ ہوگا۔

رشوت خوری اور بدعنوانیوں کی روک تھام کیلئے حکومت پاکستان کا اقدام

مجلس دستور ساز کا اجلاس تاریخ کا تعین کئے بغیر ملتوی ہو گیا

کراچی ۸ جنوری۔ پاکستان کی مجلس دستور ساز کا اجلاس جمعرات کے روز آئندہ کی تاریخ مقرر کئے بغیر ملتوی ہو گیا۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کے بل کی جو انہوں نے رشوت، بدعنوانیوں، بد انتظامیوں اور پبلک روپیہ کے غلط اخراجات کی روک تھام کے سلسلہ میں کارروائی کرنے کی غرض سے پیش کیا تھا۔ ہاؤس کے تمام ممبران نے پر زور حمایت کی۔

پاکستان کے وزیر اعظم نے بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ اخبارات کے تبصروں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس بل کو پاکستانی عوام کی پوری حمایت حاصل ہے۔ آپ نے کہا کہ بل اس لئے پیش کیا ہے کہ سرکاری ملازموں کے لئے ایسا کیا ہونا بہت ضروری ہے [illegible]

چودھری نذیر احمد نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ خیر حکومت کو یہ اطمینان تو ہوا کہ اس قسم کا قانون بننا چاہئے۔ حالانکہ یہ بات قابل افسوس ہے کہ یہ بل اس نوزائیدہ مملکت کے سولہ ماہ کے وجود میں آنے کے بعد پیش کیا جا رہا ہے۔ ابو القاسم خان نے اس بل کو قانون کا ایک اہم باب بتایا۔ [illegible] اس بل کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بعض لوگ اس بل کو نازی قانون کی قسم کا قانون بتاتے ہیں۔ مسٹر اشتیاق حسین نے کہا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ اس بل سے حکومت کو غیر معمولی اختیارات دے دیئے گئے ہیں۔ آپ نے مسٹر [illegible] کے اس ریمارک کا ذکر کرتے ہوئے [illegible]

[illegible] نازیوں [illegible] سے مشابہت رکھتا ہے یہ بہت اچھا ہوگا اگر حکومت دو چار ممبروں کو گولی سے اڑا دے گی۔

مسٹر چٹو پادھیا نے بہت مختصر اور صاف صاف بات کہی کہ کوئی بات نہیں کہ یہ نازیت ہے یا فسطائیت۔ مگر بل پاس ہونا چاہئے میاں افتخار الدین نے کہا لیکن اس بات کا خیال رکھا جائے کہ یہ بل برسر اقتدار پارٹی کے [illegible] استعمال نہ ہو۔ سردار عبد الرب نشتر نے بل کی قانونی حیثیت پر تقریر کرتے ہوئے کہا [illegible] کسی بھی شخص کے بارے میں فیڈرل کورٹ یا ہائی کورٹ یا ٹریبونل کوئی فیصلہ دے [illegible] گورنر جنرل یا گورنر شخص مذکور کے خلاف کوئی ایکشن نہیں [illegible]

[illegible] سردار نشتر نے [illegible] کر دیا ہے۔ بل میں ۵۹ اصطلاحی ترمیمیں جو سردار عبد الرب نشتر اور خان سردار بہادر خان کی جانب سے پیش کی گئی تھیں منظور کر کے بل پاس کر دیا گیا۔ اس کے بعد ہاؤس نے مجلس دستور ساز کے آئین میں تبدیلی کے لئے ایک بل پاس کیا۔

بعد ازاں صدر نے اجلاس کو آئندہ کی تاریخ مقرر کئے بغیر ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ اس پر قدرے تعجب کا اظہار کیا گیا۔

روتے کیوں ہیں؟

[illegible]

رسالہ روزگار [illegible] نئی دہلی

مفت

رد بدعت کے سلسلہ میں حضرت مولانا تھانوی کی مشہور کتاب "بسط البنان" اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف "قنوت نازلہ" اور اس کے متعلقہ مسائل دو آنے کے ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

[illegible] کیا کریں؟ [illegible] کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔ جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجئے۔ مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھئے علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ [illegible] علماء حق حصہ دوم قیمت [illegible] مہاتما گاندھی کی قربانی [illegible] سبق قیمت ۸

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

روزانہ دو شو — ۳ بجے اور ۶ بجے شام

پریس اور پبلک نے متفقہ طور پر اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ



وائٹ وے سرکس

واقعی ایک عظیم الشان شو ہے۔ ہوائی جھولے کے سنسنی خیز کرتب۔ مسحور کن ناچ۔ حیرت انگیز نٹ بازی جنگلی جانوروں کے معجز نما کرتب ۱۰۰۰ لرزہ براندام کرنے والے اور ہنسانے والے کھیل ہیں۔

پلان کھلا ہوا ہے۔ اپنی سیٹیں ایڈوانس بک کرائیے۔

سنیچروار۔ اتوار کو خاص میٹنی شو ۱۲ بجے بعد دوپہر

نوٹ:- مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء سے پروگرام میں خاص اضافہ کیا جا رہا ہے۔ اور دہلی کے مشہور و معروف نٹ [illegible] کرتب دکھائیں گے۔

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۰ | بذریعہ ہوائی جہاز ۱۲ ۲ ۱۲

ڈچوں کا پروپیگنڈہ

بٹاویہ ۱۰ جنوری:- ڈچ نیوز ایجنسی کی خبر ہے کہ مشرقی سماٹرا کی نمائندہ کونسل کو توقع ہے کہ ڈچ جنوبی ایشیا [illegible] سماٹرا کے لوگوں کی اکثریت [illegible] مشرقی سماٹرا سے الحاق [illegible] کے سرداروں نے کہا ہے کہ ڈچ فوجوں کی [illegible] لاکھ ۹۰ ہزار باشندوں کو [illegible]

لکھنؤ میں پھر شیعہ سنی سوال

لکھنؤ ۱۰ جنوری:- ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لکھنؤ نے [illegible] کے موقع پر احکام جاری کئے ہیں جن کی رو سے مسلمان بعض محلوں میں جانے کی پابندی لگا دی گئی ہے [illegible] سنیوں کے باہمی تعلقات کی کشیدگی کے پیش نظر جاری کئے [illegible] (اپ)

فلسطین کے مسئلہ پر روس اور برطانیہ میں جنگ چھڑ جانے کا امکان

روس نے یہودیوں اور برطانیہ نے عربوں کو امداد کا یقین دلادیا

برطانوی جہازوں اور کمانڈروں کو تیار رہنے کا حکم

برطانیہ کے جنگی جہازوں کی نقل و حرکت شروع ہو گئی

تل ابیب ۱۰ جنوری:- اسرائیل میں روسی نمائندہ مو سیر یاویل پرشوف نے کل اسرائیلی وزیر خارجہ مسٹر موشے شرتوک سے ملاقات کی۔ سیاسی حلقوں کی اطلاع کے مطابق روسی وزیر نے نازک حالات میں اسرائیل کو روس کی طرف سے امداد کی پیش کش کی۔ ان حلقوں کا یہ کہنا ہے کہ مسٹر شرتوک نے روسی وزیر سے کہا کہ وہ محسوس نہیں کرتے کہ صورت حالات نازک ہو گئی ہے لیکن انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ روسی وزیر کو تمام حالات سے باخبر رکھیں گے۔ اس ہفتہ تل ابیب میں بہت کچھ سیاسی سرگرمیاں دیکھنے میں آئیں اور امریکہ، فرانس اور یوگوسلاویہ کے نمائندوں نے اسرائیلی وزیر خارجہ سے ملاقاتیں کیں۔

[illegible]

برطانوی شہریوں کا انخلا

اس سے قبل کی اطلاعات مظہر ہیں کہ برطانوی کونسل جنرل کی درخواست پر اسرائیل کے اندر رہنے والے انگریز [illegible]

[illegible] (CHERBERS) [illegible]

(باقی صفحہ پر)

حیدر آباد (دکن) ۱۰ جنوری:- نواب حمایت نواز جنگ بہادر نے گاندھی میموریل فنڈ میں بارہ ہزار روپیہ کا چندہ دیا ہے۔ (اپ)

سید عبد اللہ بریلوی کی وفات پر ملک کے گوشہ گوشہ میں اظہار رنج و غم

اکابرین جمعیۃ علماء اور مدیران جرائد کے پیغامات تعزیت

دہلی ۱۰ جنوری

آج صبح کو ملک کا ہر گوشہ اپنے ساتھ ایک غم انگیز خبر لے کر نمودار ہوا جس کے باعث جمعیۃ علماء ہند کے مرکزی دفتر میں ہر شخص مغموم نظر آتا تھا۔ سید عبد اللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کی وفات حسرت آیات کی خبر آج صبح کے اخبارات میں شائع ہو چکی تھی جس کو جمعیۃ علماء ہند کے تمام اکابرین نے جو اس وقت دہلی میں موجود تھے انتہائی حزن و ملال کے ساتھ پڑھا۔

صدر جمعیۃ علماء ہند شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، نائب صدر حضرت مولانا احمد سعید صاحب، مولانا حفظ الرحمان صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند اور مولانا حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی نے مرحوم کی وفات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی۔ جمعیۃ علماء ہند [illegible] صدر حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی اور ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند مولانا حفظ الرحمان کی جانب سے [illegible] بیگم عبد اللہ بریلوی اور دوسرا ادارہ بمبئی کرانیکل کو روانہ کیا گیا ہے جس میں مرحوم کی وفات حسرت آیات پر اظہار افسوس کیا گیا ہے۔

مولانا مدنی کا بیان

[illegible]

ڈاکٹر نیخ کا بیان

نیویارک ۱۰ جنوری:- فلسطین میں اقوام متحدہ کے قائم مقام ثالث ڈاکٹر بنچ نے حکومت برطانیہ کی اس شکایت کا جواب [illegible] یہودیوں کے خلاف برطانوی ہوائی جہازوں کے گرائے جانے کے سلسلہ میں موصول ہوئی ہے [illegible] اسرائیلی حکومت کی طرف سے کوئی سرکاری بیان موصول نہیں ہوا ہے [illegible]

ایشیائی ممالک کی آزادی کے اصول

مدراس کے سوشلسٹ لیڈر کا بیان

مدراس ۱۰ جنوری:- سوشلسٹ پارٹی کے لیڈر ڈاکٹر کے پی مینن نے پنڈت نہرو کی انڈونیشیا سے متعلق ایشیائی ممالک کی کانفرنس کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس کانفرنس میں تمام ایشیائی ممالک کی آزادی کے اصولوں کی بنا ڈالی جائے۔ ڈاکٹر مینن نے کہا کہ ہند کو اس وقت تک آزاد نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ ہند کی سرزمین کا ایک ایک انچ بھی غیر ملکی تسلط سے نجات نہ پا لے خواہ وہ فرانسیسی تسلط ہو یا پرتگالی۔

قاہرہ ۱۰ جنوری:- قاہرہ میں سیریا کی زرعی اور صنعتی نمائش منعقد ہو رہی ہے جو ۱۵ جنوری سے [illegible] مقصد جدید عرب دنیا کی ترقی کا اس کے شاندار ماضی کے پس منظر کے ساتھ مظاہرہ کرنا ہے۔ (روئٹر)

صدر فلپائن کا اعلان

منیلا ۱۰ جنوری:- سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ بریگیڈیر جنرل کارلس رامبولو کو صدر جمہوریہ فلپائن نے دہلی کی ایشیائی کانفرنس میں فلپائن کی نمائندگی کے لئے مقرر کیا ہے۔ جنرل رامبولو اقوام متحدہ میں فلپائن کے نمائندہ ہیں۔ اطلاع ملی ہے کہ جنرل رامبولو چند دن میں یہاں پہنچ جائیں گے۔ صدر جمہوریہ فلپائن نے پنڈت نہرو کی دعوت قبول کرنے کے موقعہ پر [illegible] اس مجوزہ کانفرنس کی حمایت کریں گے [illegible] مشرقی دنیا کی آزادی اور عالمی امن میں اپنا اہم کردار ادا کرنے کا وقت آ گیا ہے۔

ڈچ حکام نے جمہوری لیڈروں سے گفت و شنید شروع کردی

جمہوری لیڈروں کی طرف سے فیڈرل حکومت میں بعض ترمیمیں

بٹاویہ ۱۰ جنوری:- جمہوری ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ [illegible]

[illegible]

چینی عوام حکومت کیخلاف بغاوت کرنے لگے

جنرل چیانگ کی پریشانی۔ اپنے اقتدار کو قائم رکھنے کی کوشش

شنگھائی ۱۰ جنوری:- اس وقت چینی حکومت کے [illegible]

[illegible]

گرفتار شدہ برطانوی طیارچی مشروط طور پر رہا؟

تل ابیب ۱۰ جنوری:- [illegible]

امریکی وزارت خارجہ میں اہم تبدیلیاں

مسٹر مارشل کے استعفیٰ دینے کا نتیجہ

واشنگٹن ۱۰ جنوری:- امریکہ کے محکمہ خارجہ کے وزیر مسٹر مارشل اور نائب وزیر مسٹر لویٹ نے استعفیٰ دیدیا ہے اس لئے یہ توقع کی جا رہی ہے کہ محکمہ کے بعض افسران میں بھی ردو بدل کیا جائے گا۔

لیکن اس تبدیلی کے یہ معنی نہیں کہ ملک کی خارجی پالیسی میں بھی تبدیلی ہو جائے گی۔ [illegible]

حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ قیمتوں میں کمی کی جائے

گاندھی جی کی نقاب کشائی کے موقعہ پر راجہ جی کی تقریر

بمبئی ۱۰ جنوری:- ہند کے گورنر جنرل مسٹر راج گوپال اچاریہ نے انڈین مرچنٹس چیمبر میں گاندھی جی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کرتے ہوئے [illegible] حکومت ہند کی قیمتوں کے استحکام کی پالیسی پر روشنی ڈالی [illegible]

[illegible]

بین الملکی کانفرنس کی کامیابی

مسٹر عبد اللہ محمود کا اظہار اطمینان

ڈھاکہ ۱۰ جنوری:- [illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دھلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر:- صنوبر ہوٹل ——— نمبر ۱۰۹۰ ——— فراشخانہ دہلی

ہمیں عوام میں جذبات محبت پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے

بمبئی کارپوریشن کے سپاسنامہ کے جواب میں راجہ جی کی تقریر

بمبئی ۸ جنوری:- بمبئی کارپوریشن کی طرف سے گورنر جنرل راجہ جی کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا جس کا جواب دیتے ہوئے راجہ جی نے فرمایا کہ گاندھی جی کی سیاسی اصولوں پر عمل [illegible] ہم کو عوام میں جذبات محبت پیدا کرنے کی کوششوں کو تیز کر دینا چاہیے۔

[illegible]

عظیم تر راجپوتانہ کی اسکیم منظور ہو گئی

۱۴ جنوری کو سردار پٹیل افتتاح کریں گے

جے پور ۸ جنوری:- [illegible]

مسٹر الیگزنڈر بیرن کا انتقال

لندن ۸ جنوری:- [illegible]

الہ آباد میں سردی میں اضافہ

الہ آباد ۸ جنوری:- [illegible]

راجستھان کا صوبہ بنانے کے سوال پر لیڈروں میں کوئی اختلاف نہیں

یہ غلط ہے کہ نئے نظام میں غیر قومی اور کانگریس مخالف عناصر کی اکثریت ہو گی

وزیر اعظم جودھپور شری نرائن کا بیان!

(نامہ نگار الجمعیۃ)

نئی دہلی ۸ جنوری

وزیر اعظم جودھپور شری جے نرائن ویاس جو جمعرات کے روز شام کو یہاں پہنچے تھے ریاستی محکموں کے وزیر سردار ولبھ بھائی پٹیل اور محکمہ کے مشیر مسٹر وی پی مینن سے ملے آپ آج دوپہر کو بذریعہ ہوائی جہاز بمبئی جا رہے ہیں جہاں مہاراجہ جودھپور سے ملیں گے۔

[illegible]

چین کی لڑائی

(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

[illegible]

صلح کی اور پیش کش

[illegible]

پروفیسروں کی اپیل

[illegible]

امریکہ کو فوراً چین کی امداد کرنی چاہئے

ایک اعلیٰ امریکی سیاست داں کا مشورہ

واشنگٹن ۸ جنوری:- [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف تحریر کیجئے

ڈچ جمہوری گفتگو

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

زیادہ سخت اقتصادی پابندیوں کیلئے تیار رہو

صدر ٹرومین کا امریکی عوام سے مطالبہ

واشنگٹن ۸ جنوری:- صدر ٹرومین نے آج امریکنوں کو تنبیہ کی کہ [illegible] زیادہ سخت اقتصادی پابندیوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

[illegible]

یورپ کی امداد

[illegible]

اس سال چالیس لاکھ ٹن غلہ درآمد کیا جائے گا

صوبجات اور ریاستوں نے اپنے مطالبات دوگنے کر دیئے

دہلی ۸ جنوری:- [illegible]

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

[illegible]

یقین دہانی

[illegible]

ترمیمیں

[illegible]

(باقی ہوٹ میں)

ہم حیدر آباد میں ہر شخص کے دوست کی حیثیت سے آئے ہیں

اس نازک دور میں جمعیت کی خدمات اُن کیلئے حاضر ہیں جمعیت علماء کے وفد کا بیان

حیدر آباد ۸ جنوری

"ہم یہاں ہر شخص کے دوست کی حیثیت سے آئے ہیں اور ہمارے یہاں آنے کی غرض انسانی ہمدردی ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں" یہ الفاظ جمعیت علماء ہند کے وفد نے حیدر آباد پہونچنے کے بعد اخبارات کو بیان دیتے ہوئے وفد کی حیدر آباد میں آمد کا مقصد بیان کرتے ہوئے کہے یہ بیان کا خلاصہ الجمعیت کی گذشتہ اشاعت میں ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ موصول شدہ شائع ہو چکا ہے۔

[illegible]

اس بیان پر وفد کے چاروں ممبران کے دستخط ہیں۔

حضرت مخدوم صاحب کا عرس

زائرین کو ضروری اطلاع

[illegible]

بیروزگاری کے اسباب کی تحقیق

ایک کمیٹی کا تقرر

لاہور ۸ جنوری:- [illegible]

جنرل آئزن ہاور اور کشمیر کا استصواب

اقوام متحدہ کی طرف سے اطلاع کی تردید

لیک سکسس ۸ جنوری:- [illegible]

No. DC/1/7133

گورنمنٹ آف انڈیا

منسٹری آف ریلیف اینڈ ری ہیبلی ٹیشن آفس آف دی کسٹوڈین آف ایویکوئی پراپرٹی، پی بلاک، سینا روڈ، نئی دہلی۔ مورخہ ۷ جنوری ۱۹۴۹ء

[illegible]

دستخط:- پرشوتم سروپ، پی سی ایس
ڈپٹی کسٹوڈین (ڈکلیریشن)

دہلی میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس

سیام نے ابھی تک دعوت نامہ منظور نہیں کیا

بنکاک ۸ جنوری:- [illegible]

آپ نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ دنیا دو کی جائے

حیدرآباد میں جمعیۃ علماء کے وفد کی سرگرمیاں، جنرل چودھری سے ملاقات

ہندو مسلم تعلقات کی بہتری کیلئے شولاپور میں کمیٹی قائم کر دی گئی

وفد کے روبرو مہاجرین حیدرآباد کے بیانات

(نامہ نگار الجمعیت)

شولاپور — (بذریعہ تار) — ۹ جنوری

جمعیۃ علماء ہند کا جو وفد حضرت مولانا محمد میاں ناظم جمعیت علماء ہند کی قیادت میں حیدر آباد کا دورہ کر رہا ہے تاکہ وہاں کے رہنے والوں کے مابین بہتر تعلقات اور خوش گوار فضا پیدا کی جا سکے۔ کل شام چار بجے شولاپور پہونچ گیا۔ اور یہاں پر جو مہاجرین ہیں، ان سے ملا۔

نامہ نگار الجمعیت نے شولاپور سے ایک تار میں اطلاع دی ہے کہ یہاں پہونچنے کے بعد ارکان وفد نے شہر کے دونوں فرقوں ہندو اور مسلمان لیڈروں [illegible] حالات پر گفت و شنید کی۔ ممبران وفد کو یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ لیڈروں میں قیام امن اور ہندو مسلم اتحاد پیدا کرنے کے سلسلہ میں کافی دلچسپی پائی جاتی ہے۔

ارکان وفد کے ایما پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں حسب ذیل حضرات شامل ہیں مسٹر جاولشکر جی (صدر) ڈاکٹر کے ایل انتر دیکر ایم ایل اے سبھاجی لاڈگرات صدر ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی۔ قاضی سید احمد صاحب حسین صاحب ایڈوکیٹ بی اے ایل ایل بی۔ اے۔ رحمن صاحب ارکل ایم سی محمد حنیف صاحب کاریگر بابان مرچنٹ۔ غلام دستگیر دفعدار۔ اے کریم صاحب نجے ایم آئی سی (اسکیل)

ارکان وفد کل شام چار بجے یہاں پہونچے تھے اور پہونچنے کے فوراً بعد انہوں نے حیدرآباد کے اضلاع کے مہاجرین کے بیانات سننے شروع کئے۔

ارکان وفد کے پیش نظر سب سے اہم کام یہ تھا کہ ہندو مسلمانوں کے تعلقات بہتر بنائے، اور خوش گوار فضا پیدا کرنے کی کوشش کی جائے تاکہ دونوں فرقوں کے لوگ بہتر اور پرامن زندگی بسر کر سکیں تاکہ ان میں اعتماد کی فضا پیدا ہو جائے۔

اس سے پیشتر ایک اور خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی تھی کہ مولوی محمد میاں صاحب ناظم جمعیت علماء ہند۔ مولانا نورالدین صاحب بہاری اور مولوی بشیر الدین صاحب ایم ایل سی یوپی کل ضلع عثمان آباد کے دورہ پر روانہ ہوئے تھے۔

دورہ پر روانگی سے قبل ارکان وفد نے حیدر آباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری سے ملا، اور ان سے مہاجرین کی از سر نو آبادکاری کے بارے میں گفت و شنید کی۔ خبر رساں ایجنسی کا کہنا ہے کہ یہ وفد غیر سرکاری طور پر یہاں کے حالات دیکھنے کے لئے دورہ کر رہا ہے اور واپسی پر جمعیت علماء ہند کی ورکنگ کمیٹی کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔

برلن کرنسی کا مسئلہ

غیر جانب دار ماہرین کی تحقیقات

لیک سکسس، ۱۰ جنوری۔ اعلان کیا گیا ہے کہ ان چھ غیر جانبدار ماہرین کو جو برلن کی کرنسی کے معاملہ کو سلجھانے کی کوششوں میں مصروف ہیں زیادہ وقت دیا گیا ہے تاکہ وہ اپنی سفارشات اس سلسلہ میں مجلس [illegible] کے سامنے پیش کر سکیں۔

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگولی نے ایک بیان میں کہا۔ کونسل کے موجودہ صدر جنرل [illegible] اس بات پر راضی ہو گئے ہیں کہ ۳۰ دسمبر کی میعاد کو غیر محدود مدت تک کے لئے بڑھا دیا جائے۔

کراچی میں مکانوں کا راشن

کراچی [illegible] اطلاع ہے کہ کراچی میں مکانات کا راشن [illegible] پاکستان کی دستور ساز اسمبلی [illegible]

ڈاکٹر سوئنسترو کا دورہ

دہلی ۱۰ جنوری۔ ڈاکٹر سوئنسترو [illegible] رنگون بنکاک۔ سنگاپور اور منیلا بھی جا رہے ہیں [illegible]

ہندوستان میں اب ہمیشہ کے لئے امن و امان ہو گیا ہے

مسلمانان بمبئی کو گورنر جنرل مسٹر راجا جاریہ کی یقین دہانی

جمعیۃ العلماء صوبہ بمبئی کی طرف سے پیش کردہ سپاسنامہ کا جواب

بمبئی ۱۰ جنوری۔ ہند اور پاکستان کی حکومتوں نے کشمیر میں جنگ بند کرنے کا جو حکم دیا ہے وہ صرف کشمیر کے لئے ہی نہیں ہے بلکہ سارے ہندوستان کے لئے ہے۔ جنگ بند کرنے کا مطلب صرف یہ نہیں کہ گولیاں چلنی بند ہو گئیں۔ بلکہ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہند و پاکستان کے درمیان ہر قسم کی دشمنی اور عدم اعتماد کا خاتمہ ہو گیا۔ یہ ہیں وہ الفاظ جو مسٹر راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل نے کل صبح قیصر باغ ہال میں مسلمانوں کی طرف سے پیش کردہ ایک سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے کہے۔ جلسہ کا انتظام صوبہ بمبئی کی جمعیت علماء کے زیر اہتمام کیا گیا تھا۔

[illegible] ایک عظیم الشان مستقبل ہے۔

سپاسنامہ

سپاسنامہ [illegible] بمبئی۔ صوبائی جمعیت علماء کے صدر مولانا عبدالعزیز بہاری نے پڑھ کر سنایا گورنر جنرل اور حکومت ہند کو بمبئی کے مسلمانوں کی طرف سے [illegible] سچی جمہوریت کے اصولوں پر [illegible] کے ساتھ تمام دشواریوں اور رکاوٹوں کے باوجود جمہوریت کے اصولوں کو پھیلانے کی کوشش کی ہے۔

سپاسنامے میں کہا گیا کہ ہمیں بھروسہ ہے کہ اس ملک میں اب فرقہ پرستی کی طاقتوں کو کبھی [illegible] کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ [illegible]

[illegible] اور اگر وہ دیکھ کر کسی حکیم کی طرح ہوں جو اپنے مریض کا مرض اس کا چہرہ دیکھ کر ہی معلوم کر لیتا ہے۔ اگر ہمارے خیالات اچھے ہیں تو ہمارا چہرہ بھی اچھا معلوم ہوگا۔ میں اپنے مسلمان بھائی، بہنوں کو مشورہ دونگا کہ وہ اپنے دلوں میں خیر سگالی اور محبت کا جذبہ پیدا کریں۔ اگر ہم ہندوستان کو خوبصورت بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں باہمی خیر سگالی اور محبت کو ترقی دینی پڑے گی۔

گورنر جنرل نے سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی ہے کہ ہندوستان میں جہاں بھی میں جاتا ہوں امن اور سکون ہے۔ [illegible]

ہوڑہ اسٹیشن پر فساد

[illegible]

تقریباً سوا سو دیہات میں سینکڑوں اشخاص کی امداد کی گئی

جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے مصیبت زدگان میوات کی امداد

دہلی ۱۰ جنوری۔ مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی نگرانی میں مصیبت زدگان میوات کی امداد اور کپڑوں وغیرہ کی تقسیم کیلئے میوات تشریف لے گئے تھے۔ اس موقعہ پر کم و بیش سوا سو دیہات میں ضرورت مندوں اور مصیبت زدہ میواتیوں کی ایک عظیم تعداد میں سینکڑوں لحاف اور کمبل وغیرہ تقسیم کئے گئے۔ اب اس تمام کام کی مفصل رپورٹ موصول ہوئی ہے جو درج ذیل ہے۔

مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اس رپورٹ میں تحریر فرماتے ہیں۔

"جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے مجھے میوات جانے کا حکم دیا چنانچہ [illegible] دسمبر کو میں میوات کی تحصیل نوح پہنچا اور میں نے تین ٹرک بھرے ہوئے لحاف اور کمبل وغیرہ کے مستحقین کو تقسیم کئے۔

پہلے ٹرک میں ۱۵۰ لحاف اور ۴۰ اونی کمبل تھے دوسرے ٹرک میں [illegible] لحاف، سوتی کھیس، [illegible] روئی کی صدریاں تیسرے ٹرک میں ۱۰۲ لحاف، ۵۰ اونی کمبل ۳۰ روئی کی صدریاں اور ۴۰ کپڑے کے تھان تھے جن کی مجموعی تعداد ۳۲۹ لحاف [illegible] اونی کمبل، سوتی کھیس، ۱۷۰ روئی کی صدریاں ۴۰ کپڑے کے تھان۔

یہ سب سامان ریاست بھرت پور، ریاست الور اور ضلع گوڑگانوہ کے تباہ شدہ مسلمانوں کو تقسیم کئے گئے جو حسب ذیل مواضعات سے آئے ہوئے ہیں۔

مواضعات کی فہرست جہاں سے آئے ہوئے تباہ شدہ مسلمانوں کی امداد کی گئی

ریاست الور — [illegible]

ریاست بھرت پور — [illegible]

ضلع گوڑگانوہ — [illegible]

فیروز پور جھرکا تحصیل نوح۔ [illegible] تحصیل پلول۔ [illegible]

تحصیل فیروز پور جھرکا

[illegible]

میوات کے [illegible] دن کے دورہ سے [illegible] پر جہاں جمعیۃ کی طرف سے ضرورت مندوں کو سامان تقسیم کیا گیا وہاں قصبات اور دیہاتوں کے حالات سے بھی آگاہی حاصل ہوئی۔ [illegible] مسلمان نور محمد کے ہیں۔ [illegible] ملکیت کے کاغذات بھی نور محمد کے پاس موجود ہیں۔ [illegible] پولیس افسر نے ڈرا دھمکا کر زبردستی ایک ایسی تحریر پر [illegible] دستخط کرائے جس کی رو سے اس اراضی پر عمارت بنائی جا سکے۔ مالک مذکور نے انکار کیا تو اس پولیس افسر نے [illegible]

[illegible] حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس قسم کے واقعات کی فوراً تحقیقات کرائے۔ [illegible] آخر میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے میرے ساتھ تعاون کیا خصوصاً مولوی محمد ابراہیم صاحب مولوی محمد ایوب صاحب حاجی محمد یٰسین بابو رحیم بخش صاحب حافظ محمد صدیق صاحب مولوی ہدایت خاں صاحب اور منشی عثمان صاحب وغیرہ حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اہل خیر حضرات سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ میوات میں ابھی بہت سے مقامات ہیں جہاں کے لوگوں کو سخت ضرورت ہے مثلاً موضع [illegible] وغیرہ کے باشندگان کو گرم کپڑوں کی سخت ضرورت ہے اس لئے ان کی جلد تر امداد کرنی چاہیئے۔"

روس ۱۹۵۱ء سے پہلے ایٹم بم نہیں بنا سکیگا

لندن ۱۰ جنوری۔ [illegible] برطانیہ بھاگ آئے تھے آج کے سنڈے ایکسپریس میں ایک مضمون لکھتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ سب کچھ ٹھیک طرح چلتا رہے تو روس کے پاس تین سال سے پہلے ایٹم بم نہیں آ سکتے گا [illegible] روس جنگ شروع کرے گا۔

سنڈے ایکسپریس نے ایک اداریہ میں لکھا ہے [illegible]

برما کے باغیوں اور وزیر اعظم کی گفتگو

رنگون ۱۰ جنوری۔ [illegible]

آئرلینڈ اور اٹلانٹک معاہدہ

ڈبلن ۱۰ جنوری۔ [illegible]

بادشاہ کی سندرنگام کو روانگی

لندن ۱۰ جنوری۔ شاہ جارج [illegible]

برطانیہ و اسرائیل میں براہ راست جنگ کی توقع

لندن ۹ جنوری [illegible]

ایشیائی کانفرنس کیلئے فلپائن کا نمائندہ

نیلا ۱۰ جنوری۔ [illegible]

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں!

جیون
رگوں میں نیا خون پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے

طلا نمبر ۲
اس کے لگانے سے رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق
آپ کا جیون دوا [illegible]

ملنے کا پتہ دلی دواگھر لور کنج۔ دہلی

وہ بنڈل تھا
لیبل ہی اسطرح بتاؤں کہ یہ اصلی بڑی ستارہ چھاپ ہے جو سمجھدار آدمی پیتے ہیں
میسرز کالے خاں ایم حنیف بارہ ہندو راؤ دہلی

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے صداقت کا امتحان کیجئے۔
یونین ہوٹل (حاجی محمد بخش اینڈ برادرز) بلیماران دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

جمہوریت اور تعلیم

ہم نے تعلیم کے مسئلہ پر بار بار لکھا ہے اور ہر اخبار کو یہ بار بار توجہ دینی چاہیئے کیونکہ یہ مسئلہ ہماری زندگی اور تعمیر ذہنیت کے لئے بڑی اہمیت رکھتا ہے، خصوصاً ایک ایسی حکومت میں جو عوامی اور جمہوری ہو، جمہوریت کے تقاضوں کو تعلیم اور تربیت ہی پورا کر سکتی ہے اور اس نظام کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنے ذہنی نظام اور اجتماعی عمل سے واقف ہو اور شہری زندگی کو حاصل کرنے کے لئے عقلی صلاحیتوں کو ترقی دے۔ جمہوریت ایک ایسا سانچہ ہے جس میں غیر تربیت یافتہ دماغ کبھی فٹ نہیں بیٹھ سکتا۔ کیونکہ جمہوری نظام کے کچھ مطالبات ہیں، کچھ شرائط ہیں کچھ نتائج ہیں اور ان چیزوں کا ادراک وہی دماغ کر سکتا ہے جو تعلیم و تربیت سے آراستہ اور ذہنی صلاحیتوں سے بہرہ مند ہو۔

ہمیں افسوس ہے کہ جس شدت کے ساتھ تعلیم کی اہمیت کو محسوس کیا جا رہا ہے اتنی شدت سے تعلیم کے مقصد پر غور کرنے کی زحمت نہیں اٹھائی جاتی اگر تعلیم کا مقصد اپنی ضروریات سے آگاہ ہونا اور انہیں فراہم کرنا ہے تو یقین کیجئے یہ تعلیم نہیں ہے، حیوانی تقاضوں کی تکمیل ہے، حیوان بھی اپنی ضروریات کو محسوس کرتا اور فراہم کرنے کی کوشش کرتا ہے؛ فرق یہ ہے کہ اسکی کوششوں میں کوئی ترتیب اور تنظیم نہیں ہوتی اور تعلیم سے نظم و ضبط اور ترتیب سب پیدا ہو جاتی ہے لیکن ذرا ذہن کو صاف کیجئے کہ ہمیں آخر تعلیم و تربیت کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے اور اس کا مقصد کیا ہے جو ہمارے نظام زندگی کو حیوانی زندگی سے ممتاز بنائے اور ہم اپنی تعمیری صلاحیتوں سے باخبر ہو سکیں تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ ہم اپنی مخفی صلاحیتوں کو علم و عمل کی سطح پر لائیں اپنے جذبات اور محرکات کا ایک پیمانہ مقرر کریں اور ان جذبات کی نگرانی میں اپنی صلاحیتوں کے صحیح استعمال پر قادر ہوں، یہ خیال قطعی غلط ہے کہ انسان تربیت کے بغیر اپنی عقل کے صحیح استعمال پر قادر ہو سکتا ہے، یا مشق و تمرین کے بغیر ہم اپنے جذبات کی تنظیم، تہذیب اور تعدیل کر سکتے ہیں، اگر لوہار اور خیاط کو اپنا فن سیکھنے اور مشق بہم پہونچانے کی ضرورت ہے تو ہمیں بھی عقل و فہم سے کام لینے اور جذبات کو صحیح انداز پر استعمال کرنے کا فن سیکھنا چاہئے اس کے بعد ضروری ہے کہ ہمارے فکر میں پابندی ہماری سیرت میں پائداری اور ہمارے اعمال میں ہمواری اور صحت پیدا ہو، اور ہم انسانی تمدن کو صحیح لائنوں پر چلا کر اپنی اخلاقی زندگی کو کامیاب بنائیں۔

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم حکومت ہند نے مجلس مشاورت منعقدہ الہ آباد میں تعلیم کے اطراف و جوانب پر بحث کرتے ہوئے فرمایا کہ

> "اگر بالغ مرد یہ چاہتے ہیں کہ وہ ملک اور دنیا کے معاملات سے عقلی دلچسپی لیں تو ان کے لئے ذہنی ترقی بہت ضروری ہے"

اس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مسٹر سروجنی نیڈو گورنر یو۔پی نے فرمایا

> "اگر تعلیم ہمارے کیرکٹر کی تعمیر نہیں کرتی تو وہ بے سود ہے، ماہرین تعلیم مستقبل کی تعلیم کے لئے خواہ کوئی پالیسی اختیار کریں"

مگر انہیں اپنے دماغوں میں یہ مقصد محفوظ رکھنا ہوگا کہ تعلیم سچائی کے حصول کا ذریعہ اور نفرت کو دور کرنے کا وسیلہ ہے! یہ سب جانتے ہیں کہ سچائی کی حقیقت کیا ہے اور وہ ہماری زندگی کے لئے کس قدر اہم ہے لیکن وہ اس قدر کمیاب بلکہ نایاب ہے کہ تلاش کرنے کے بعد بھی نہیں ملتی، اگر تعلیم کے ذریعہ ہم سچائی کو نہیں پا سکتے اور اپنی عملی زندگی کو اس کے مطابق نہیں بنا سکتے تو ہماری تعلیم کا کوئی نتیجہ نہیں، بلا شبہ ہم تعلیم کے ذریعہ سیاست کو سمجھ سکتے ہیں، اچھی زراعت پیدا کر سکتے ہیں،... دیہاتی صنعتوں کو فروغ دے سکتے ہیں امداد باہمی اور تعاون کے لئے سوسائٹیاں بنا سکتے ہیں اور اپنی ضروریات سے واقف ہونے کے اسباب بھی زیادہ سے زیادہ فراہم کر سکتے ہیں مگر ہم اپنی خود غرضی سے دستبردار نہیں ہو سکتے۔ اپنی نفرت زائل نہیں کر سکتے دوسروں کو نقصان پہونچانے اور ناجائز طور پر اپنا فائدہ حاصل کرنے سے باز نہیں رہ سکتے! اپنی ضروریات سے واقف ہونا انسان کو زیادہ سے زیادہ خود غرض تو بنا سکتا ہے؛ اس کے اندر ہمدردی کی کوئی رمق پیدا نہیں کر سکتا۔

ہمیں تعلیم کے ذریعہ یہ بات سمجھنی چاہیئے کہ تمام انسان ایک دوسرے [illegible] ہمارا فائدہ دوسروں کا فائدہ ہے اور دوسروں کا نقصان ہمارا نقصان ہے، ہم خود غرض اس لئے بنتے ہیں کہ ہم اپنے آپ کو سوسائٹی سے الگ سمجھتے ہیں اور اس علیحدگی کے بعد ضروری سمجھتے ہیں کہ صرف اپنی ذات کو فائدہ پہونچائیں اور دوسروں کے نفع نقصان سے کوئی سروکار نہ رکھیں اگر ہم پوری سوسائٹی کو ایک کنبہ تصور کر لیں اور یہ سمجھ لیں کہ اگر سوسائٹی کا ایک فرد نقصان میں رہتا ہے تو وہ پورے کنبہ کو نقصان پہونچاتا ہے، اگر فائدہ میں رہتا ہے تو اس کا فائدہ پورے کنبہ پر تقسیم ہوتا ہے تو ہم خود غرضی نفرت، دشمنی، ایذا رسانی اور ان کے نتائج سے پوری سوسائٹی کو بچا سکتے ہیں اور تعلیم کا ہمیں نقد معاوضہ مل سکتا ہے۔

ہمیں تعلیم کے بنیادی اور تعمیری مقصد کو حاصل کرنے کے لئے نفسیات (سائکالوجی) علم تجزیہ نفس (سائکو انیلیسس) اور بیہیویرزم سے مدد لینی پڑے گی، کیونکہ علم النفس نے ہم پر وہ تمام سرچشمے واضح کر دیئے ہیں جہاں سے انسانی جذبات اور اعمال کی سوتیں ابلتی ہیں، مثلاً اس نے بتایا ہے کہ انسان کی ایک جبلت یہ ہے کہ وہ دوسروں کو نقصان پہونچائے یہی جبلت اور فطرت تمام تباہیوں کی جڑ ہے پھر یہی علم النفس بتاتا ہے کہ اس جبلت کا رخ کس طرح پھیرا جا سکتا ہے اور اسے مفید کام پر لگانے کا طریقہ کیا ہے، اگر ہم اپنے نظام تعلیم میں نفسیات سے کام لیں اور اپنے جذبات پر قابو پانے کے لئے اس کی بتائی ہوئی راہوں پر چلیں اور صرف نقصان پہونچانے کی جبلت کا رخ پھیرنے کا ملکہ ہم پہونچا لیں تو ہمیں یقین ہے کہ ہماری تعلیم ہمیں اچھا انسان، اچھا شہری اور اچھا پڑوسی بننے میں بڑی مدد دے گی اور ہم ایک اچھی سوسائٹی کو تشکیل دینے میں کامیاب ہو سکیں گے۔

اردو!

مسز سروجنی نیڈو گورنر یو پی نے تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ الہ آباد کا افتتاح کرتے ہوئے زبان کے مسئلہ پر تین باتیں ارشاد فرمائیں اول یہ کہ بچوں کی تعلیم مادری زبان میں ہونی چاہیئے، دوم یہ کہ قومی زبان وہ ہونی چاہیئے جو عوام کی زبان ہو [illegible] قومی زبان نہیں بن سکتی سوم یہ کہ اردو زبان غیر ملکی زبان نہیں ہے وہ ہندوستان کی زبان ہے جسے ہندو مسلمان دونوں نے مل کر اپنے خیالات سے مالا مال کیا ہے، مسلمانوں کو اس بات کا ہرگز خطرہ نہ کرنا چاہیئے کہ ان کی زبان اور تہذیب کو ختم کر دیا جائیگا!

تینوں باتیں کس قدر معقول، سنجیدہ اور منصفانہ ہیں! صحیح اور فطری بات کو فطرت کس قدر جلدی قبول کرتی ہے اور اس میں کس قدر معصومیت اور بے ساختگی اپنی جھلک دکھاتی ہے! جس صوبہ میں آئے دن اعلان ہوتا ہو کہ اردو زبان غیر ملکی ہے، اردو زبان کوئی زبان ہی نہیں، اردو زبان نے ملک کو تقسیم کرایا، وہاں اگر یہ آواز بھی بلند ہوتی ہو کہ مسلمان تسلی رکھیں، ان کی تہذیب اور زبان کے لئے کوئی خطرہ نہیں تو ہمیں اپنے مستقبل سے مایوس نہ ہونا چاہیئے، ایسی وہ ہستیاں ہیں جو [illegible]

اچھی باتیں!

قل کفی باللّٰہ ... تا ... خاسرون

(پ ۲۱ ع ۲)

کہدو، ہمارے اور تمہارے درمیان خدا کی شہادت ہی کافی ہے اور خدا وہ ہے جو زمین و آسمان کی ہر چیز سے باخبر ہے، جو لوگ باطل پرست ہیں اور خدا کا انکار کرتے ہیں وہی ٹوٹا پانے والے ہیں۔

خدا کی شہادت سے مراد خدا کے فعل یعنی کائنات کی شہادت ہے کائنات کا نظام زمین و آسمان کی ترتیب آفتاب و ماہتاب کی موزونیت جاندار اور بے جان اشیاء کا توازن یہ سب مل کر ایک اعلیٰ اور بالا ہستی پر شہادت دیتے ہیں اور یہ شہادت دوسری تمام شہادتوں پر بھاری ہے باطل پرستی، اور حق سے انحراف انسان کی تباہی کا سب سے بڑا سبب ہے، انسان خدا سے انکار کرکے اپنے اعمال میں بے لگام ہونا چاہتا ہے اور آج اسی بے لگامی کا نتیجہ ہے کہ انسان ذمہ داری کے احساس سے بیگانہ ہو گیا ہے اور اس کی خود غرضیوں نے زندگی کے ہر شعبہ کا توازن بگاڑ ڈالا ہے ہماری نجات اسی میں ہے کہ ہم اپنے آپ کو مسئول اور ذمہ دار سمجھیں اور باقی رہنے والی زندگی پر فنا ہونے والی زندگی کو ترجیح نہ دیں۔

کل ہند جمعیۃ علماء کا عظیم المرتبت وفد

(از نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

حیدرآباد دکن [illegible] روزنامہ [illegible] حیدرآباد نے جمعیۃ علماء کے خیر سگالی وفد کا ان الفاظ میں خیر مقدم کیا ہے۔

"جمعیۃ علماء ہند کی دنیا ہمیشہ سے ایسے علماء حق سے معمور رہی ہے [illegible]

[illegible]

اسرائیل اور برطانیہ

اسرائیل کے ہوائی جہازوں نے مصر کے علاقہ میں برطانیہ کے کئی ہوائی جہاز گرا لئے! ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ حکومت برطانیہ نے مصر کے علاقہ پر پرواز کرنے والے ہر یہودی ہوائی جہاز کو دشمن کا جہاز قرار دیکر گرانے کا حکم دیدیا ہے، یہ بھی بتایا گیا ہے کہ [illegible]

معزز سیاست کا فریب خوردہ معصوم دنیا یہ سمجھے گی [illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ختم ہو گیا اب اس کی گرمیاں میں سپھر شروع ہوگا۔ اس بار دستور ہند کے وضع کرنے میں جن ممبروں نے زیادہ دلچسپی لی ان میں نمبر اول پروفیسر شاہ اور مسٹر کامتھ کا رہا — لیکن مسٹر نظیر الدین بھی کسی طرح ان سے پیچھے نہیں رہے بلکہ اپنی ترمیموں کی تعداد کے لحاظ سے تو وہ ان دونوں ممبروں سے بڑھ گئے البتہ تینوں حضرات میں یہ فرق رہا کہ جب کہ وہ دونوں دستور کے پورے ڈھانچہ کو بدلتے تھے [illegible] مسٹر نظیر الدین کی ترمیمیں زبان انگریزی کی خوبصورتی اور اس کی عزت بچانے پر مرکوز ہوتی تھیں۔

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

بکری ٹیکس اور کارخانہ دار

[illegible]

(سکندر علی خاں بی اے۔ مراد آبادی)

تجارتی پرمٹ

مکرمی ایڈیٹر صاحب، سلام مسنون۔

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ کشمیر کی جنگ ختم ہو گئی [illegible] ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کو دوستانہ تعلقات کو اور مضبوط بنانے کے لئے ایک قدم آگے بڑھا کر [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی [illegible] روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی کانفرنس

مولانا حفظ الرحمن صاحب صدارت فرمائیں گے

مورخہ ۲۶ و ۲۷ فروری ۱۹۴۹ء کو جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی زیر صدارت جمعیۃ علماء ضلع ہزاری باغ (صوبہ بہار) کی ایک کانفرنس [illegible]

اس شاندار تاریخی اور تبلیغی اجتماع میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی پیشوائے اعظم حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر معارف حکومت ہند سحبان الہند حضرت مولانا حافظ احمد سعید صاحب رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری حضرت مولانا قاسم صاحب شاہجہانپوری حضرت مولانا شاہ قمرالدین صاحب (امیر شریعت بہار) حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی (نائب امیر شریعت بہار) جناب مولانا منت اللہ صاحب رحمانی (ناظم امارت) جناب مولانا نوراللہ صاحب (ناظم جمعیۃ علماء صوبہ بہار) جناب حضرت مولانا عبدالرشید صاحب (ربانی ساگری) جناب مولانا نور محمد خانصاحب (ٹانڈوی) جناب مولانا نورالدین صاحب بہاری جناب مولانا بشیر احمد صاحب شاعر انقلاب جناب انور صابری صاحب آنریبل سری کرشن سنہا صاحب (وزیر اعظم صوبہ بہار) آنریبل ڈاکٹر سید محمود صاحب آنریبل عبدالقیوم صاحب انصاری آنریبل کرشن بلبھ سہائے (وزیر بہار) کے علاوہ اور بھی اکابرین ملت کی شرکت کی توقع ہے اس لئے صدر استقبالیہ مولانا رحمت اللہ صاحب اور اراکین مجلس استقبالیہ نے مسلمانوں سے پُر درد اپیل کی ہے کہ اس جلسہ کو کامیاب بنانے کیلئے منتظمین جلسہ کا پورا ہاتھ بٹائیں۔ اور ان کی ہمت افزائی کریں۔

جونپور کانفرنس کا دوسرا روز

جونپور [illegible] دوسرے روز [illegible] جلسہ کی کارروائی تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی اس کے بعد مولانا نظام الدین صاحب صدیقی نے ایک موثر تقریر فرمائی آپ کے بعد حضرت مولانا شاہ میاں جان فاخری نے تقریر فرمائی [illegible] حضرت مولانا عبدالماجد صاحب نے تقریر فرمائی [illegible] تجاویز پاس ہوئیں [illegible]

(۲) [illegible] محمد قاسم صاحب مہتمم [illegible] کی وفات پر اظہار افسوس [illegible]

(۳) جمعیۃ علماء جونپور کے پرانے کارکن عبدالمجیب کی وفات پر اظہار افسوس [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء منصور کا انتخاب

دفتر جمعیۃ علماء سرکل منصور میں زیر صدارت محمد داؤد علی قاسمی صاحب [illegible] سالانہ انتخاب عمل میں آیا [illegible]

[illegible]

کراچی میں انڈونیشی لیڈر کی تقریر

کراچی ۹ جنوری۔ انڈونیشی لیڈر [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء حلقہ نصیر آباد کی [illegible]

[illegible]

کردیں جس کا اندراج قانونی حیثیت سے کہیں بھی نہیں ہے۔ دفتر جمعیۃ علماء مرکزیہ دہلی و اکابر و ناظرین اخبار الجمعیۃ کی توجہ اس طرف مبذول کراتا ہوں کہ مذکورہ بالا چار عدد نمبر کی کتب پتہ ذیل پر جلد از جلد روانہ فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

(دستخط) ارشاد علی سیکرٹری جمعیۃ علماء نصیر آباد۔ راجپوتانہ)

[illegible] جمعیۃ علماء کا انتخاب

ہلدوانی ضلع نینی تال (بذریعہ ڈاک) یکم جنوری کو مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء اور حافظ محمد اسمٰعیل ہلدوانی تشریف لے گئے اور ۲ بجے دن کو مجلس منتظمہ کے اراکین کی درخواستیں وصول کیں اور شب کو بعد نماز عشاء جدید مجلس منتظمہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا حکیم اللہ صاحب منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد مولانا موصوف نے جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد اور جمعیۃ کو مستحکم بنانے پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب ہوا۔ [illegible] نائب ناظم منشی جمیل احمد انصاری نائب ناظم منشی محمد حنیف ناظم دفتر شیخ محمد یوسف خزانچی ایڈیٹر منشی عبدالحمید صدیقی عہدیداران کے علاوہ ۱۲ اراکین مجلس منتظمہ ہیں۔

اطراف شاہدرہ میں

جمعیۃ علماء کا امدادی کام

[illegible] ۹ جنوری۔ جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے [illegible] اس سلسلہ میں مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی نگرانی میں شاہدرہ کے اطراف [illegible] میں لحاف۔ کمبل۔ کپڑا۔ بنڈیاں اور سلے ہوئے کپڑے تقسیم کئے گئے۔

مولانا اخلاق حسین نے اپنے دورہ کے سلسلہ میں ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا۔ جمعیۃ علماء ہند نے دیہات کے بربادشدہ مسلمانوں کی بروقت امداد کرکے بہت سے مسلمانوں کو سردی کی نذر ہوجانے سے بچا لیا ہے۔ جن اصحاب خیر نے اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند کی مدد کی ہے وہ شکریہ کے مستحق ہیں۔

یہودیوں نے برطانیہ کے جہاز گرالئے

حکومت برطانیہ کا سرکاری اعلان

لندن ۹ جنوری۔ حکومت برطانیہ نے سرکاری [illegible]

[illegible]

سوامی رامانند تیرتھ نے باغی گروپ سے پابندی ہٹالی

مسٹر کچرو کا سمجھوتہ کا فارمولا منظور کرلیا

حیدرآباد دکن ۱۰ جنوری۔ حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس کے صدر سوامی رامانند تیرتھ نے کل آل حیدرآباد کانگریس کمیٹی کے چالیس ممبران پر عائد شدہ پابندیاں ہٹالی ہیں۔ سوامی رامانند نے اپنی ورکنگ کمیٹی کی طرف سے باغی گروپ کے جنرل سکریٹری مسٹر بی رام کرشنا راؤ اور دیگر کانگریسی کارکنوں پر عائد شدہ پابندیاں بھی منسوخ کردی ہیں جن کی وجہ سے حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس میں انہیں انتخابی عہدوں سے محروم کردیا گیا تھا کیونکہ انہوں نے اسٹیٹ کانگریس کی مجلس عمل کے انتخاب کے خلاف لائق علی وزارت سے سمجھوتہ کرنے کی کوشش کی تھی۔ کل رات پریس میں بیان دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے اسٹیٹ کانگریس کے کارکنوں [illegible] مسٹر دوارکا ناتھ کچرو کے [illegible] فارمولا کو منظور کرنے کے فیصلہ کے پیش نظر یہ قدم اٹھایا ہے کیونکہ میں اس فارمولا کو عوام اور اسٹیٹ کانگریس کے بہترین مفاد میں سمجھتا ہوں۔ انہوں نے ہر ایک سے اپیل کی کہ وہ اسٹیٹ کانگریس کا سرگرم کارکن بنے اور اسے مضبوط بنائے۔

فلموں میں پارٹ ادا کرنے کیلئے مکینکل بچے

لندن ۱۱ جنوری۔ چونکہ فلموں میں پارٹ ادا کرنے کے لئے حقیقی بچے آسانی سے نہیں مل سکتے اس لئے ایک برطانوی اسٹوڈیو نے فلم ڈائرکٹروں کو درپیش اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ایک مکینکل بچہ تیار کیا ہے اس بچے کا جسم دھات کا سر ربڑ کا اور ہاتھ پلاسٹک کے بنے ہوتے ہیں۔ یہ بچہ مکینکل طریقہ سے کام کرتا ہے اور فلم میں حقیقی بچوں کی طرح پارٹ ادا کرسکتا ہے۔ (رائٹر)

پانی پت میں حضرت مخدوم صاحب کا عرس

دہلی ۱۱ جنوری۔ پانی پت (کرنال) میں حضرت مخدوم جلال الدین کبیر الاولیاء کا عرس ہو رہا ہے۔ جن حضرات کو امسال پانی پت میں حضرت مخدوم کے مزار اقدس پر حاضری دینے کا خیال ہے وہ ۱۱ جنوری ۱۹۴۹ء بروز منگل صبح دس بجے امپیریل ہوٹل سبزی باغ دیوار دہلی سندر دفتر اتحاد بین المسلمین متصل ریلوے اسٹیشن میں اکٹھے ہوجائیں انشاء اللہ پہلا قافلہ ۱۱ بجے صبح ٹھیک روانہ کردیا جائے گا۔ اپنا بستر ضرور ساتھ لائیں۔ ڈاکٹر احمد حسن عثمانی [illegible]

پٹنہ یونیورسٹی کے طلبہ کی ہڑتال

پٹنہ ۹ جنوری۔ طلبہ کی صوبائی ہڑتال کمیٹی کی ترغیب پر الیکشن کے مطابق پٹنہ کے متعلق کالجوں کے [illegible] طلباء نے کل ہڑتال کردی۔

[illegible]

(صفحہ ۲ کا بقیہ)

امید ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتیں جلد ہی ان مشکلات کو ختم کریں گی تاکہ بہ آسانی اور کھلا تجارت ہوسکے۔

قائد اعظم کی بہن

ان کی سوانح حیات لکھیں گی

کراچی ۱۰ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ قائد اعظم جناح کی بہن مس فاطمہ جناح سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے مرحوم بھائی کی سوانح حیات لکھیں۔ [illegible] سب سے زیادہ قریبی تعلق رہا ہے اور وہ ان کی زندگی اور ان کے فلسفہ [illegible]

برلن ۱۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible]

یوپی کے اساتذہ کی ہڑتال

جناب مکرم سلام مسنون

آپ کو علم ہوگا کہ آجکل یوپی کے ڈسٹرکٹ بورڈوں کے مڈل پرائمری اور لوئر پرائمری اسکولوں کے اساتذہ نے ہڑتال کر رکھی ہے۔ یہ ہڑتال اُن کے حکومت سے مطالبات پورے نہ ہونے پر کی گئی ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعض اضلاع میں تو اسکول بالکل بند پڑے ہیں۔ اس سے بچوں کی تعلیم کو زبردست نقصان پہنچ رہا ہے۔ کیونکہ سالانہ امتحان کا زمانہ بھی قریب آرہا ہے۔ امید ہے کہ حکومت یوپی جلد اس سلسلہ میں کوئی قدم اٹھا کر بچوں کو مطمئن کرے گی۔

(امیر قریشی) سہارنپور

کسٹوڈین نے مزید جائدادوں پر قبضہ کرلیا

محکمہ بحالیات کے نوٹیفیکیشن مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۴۸ء میں اعلان کیا گیا ہے کہ صوبہ دہلی کے کسٹوڈین نے مشرقی پنجاب ایکوائی ایکٹ ۱۹۴۷ء جو کہ صوبہ دہلی میں نافذ ہے اس کے تحت حسب ذیل رہائشی جائداد پر قبضہ کرلیا ہے۔

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	محلہ	کسٹوڈین کے حقوق کرایہ داری یا ملکیت یا دونوں				
				۳۵۳۵	۹۸۶۴	"	"
				۳۵۳۶	۹۸۶۵	"	"
۳۴۹۷	۱۱۱۷۸	گلی میر قوالی نواب گنج	دونوں	۳۵۳۷	۹۸۶۷	"	"
۳۴۹۸	۹۷۳۸	نیا محلہ پل بنگش	"	۳۵۳۸	۹۸۶۸	"	"
۳۴۹۹	۴۰-۹۷۳۹	"	"	۳۵۳۹	۹۸۷۰	"	"
۳۵۰۰	۹۷۴۱	"	"	۳۵۴۰	۹۸۷۱	"	"
۳۵۰۱	۹۷۴۲	"	"	۳۵۴۱	۹۸۷۲	"	"
۳۵۰۲	۹۷۴۳	"	"	۳۵۴۲	۷۴-۹۸۷۳	"	"
۳۵۰۳	۹۷۵۵	"	کرایہ داری	۳۵۴۳	۹۸۷۷	"	"
۳۵۰۴	۹۷۷۱	"	"	۳۵۴۴	۹۸۸۰	"	"
۳۵۰۵	۹۷۷۴	"	"	۳۵۴۵	۹۸۸۱	"	"
۳۵۰۶	۹۷۷۵	"	"	۳۵۴۶	۹۸۸۲	"	"
۳۵۰۷	۹۷۷۵ کے سامنے	"	"	۳۵۴۷	۹۸۸۳	"	"
۳۵۰۸	۹۰-۹۷۷۶	"	"	۳۵۴۸	۹۸۸۵	"	"
۳۵۰۹	۹۷۹۴ کچھ حصہ	"	دونوں	۳۵۴۹	۹۸۸۶	"	"
۳۵۱۰	۹۷۹۸	"	"	۳۵۵۰	۹۸۸۷	"	"
۳۵۱۱	۹۷۹۹	"	"	۳۵۵۱	۹۸۸۸	"	"
۳۵۱۲	۹۸۰۰	"	"	۳۵۵۲	۹۸۸۹	"	"
۳۵۱۳	۹۸۰۴	"	کرایہ داری	۳۵۵۳	۹۸۹۰	"	"
۳۵۱۴	۹۸۰۵	"	"	۳۵۵۴	۹۸۹۱	"	"
۳۵۱۵	۹۸۰۷	"	"	۳۵۵۵	۹۸۹۳	"	دونوں
۳۵۱۶	۹۸۰۸	"	دونوں	۳۵۵۶	۹۸۹۴	"	"
۳۵۱۷	۹۸۰۹	"	"	۳۵۵۷	۹۸۹۵	"	"
۳۵۱۸	۹۸۲۱	"	"	۳۵۵۸	۹۸۹۶	"	ملکیت
۳۵۱۹	۹۸۲۳	"	"	۳۵۵۹	۹۸۹۷	"	"
۳۵۲۰	۹۸۳۸	"	کرایہ داری	۳۵۶۰	۹۸۹۸	"	"
۳۵۲۱	۹۸۴۰	"	"	۳۵۶۱	۹۸۹۹	"	کرایہ داری
۳۵۲۲	۹۸۴۳	"	دونوں	۳۵۶۲	۹۹۰۲	"	"
۳۵۲۳	۹۸۴۴	"	کرایہ داری	۳۵۶۳	۹۹۰۳	"	"
۳۵۲۴	۹۸۴۷	"	دونوں	۳۵۶۴	۹۹۰۴	"	"
۳۵۲۵	۹۸۴۶	"	"	۳۵۶۵	۹۹۰۵	"	"
۳۵۲۶	۹۸۴۹ کے سامنے	"	کرایہ داری	۳۵۶۶	۹۹۰۶	"	"
۳۵۲۷	۹۸۵۳	"	"	۳۵۶۷	۹۹۱۵	"	"
۳۵۲۸	۹۸۵۴	"	"	۳۵۶۸	۹۹۱۶	"	"
۳۵۲۹	۵۶-۹۸۵۵	"	دونوں	۳۵۶۹	۹۹۱۷	"	"
۳۵۳۰	۹۸۵۷	"	"	۳۵۷۰	۱۹-۹۹۱۸	"	"
۳۵۳۱	۹۸۵۸	"	کرایہ داری	۳۵۷۱	۹۹۲۰	"	"
۳۵۳۲	۹۸۶۱	"	"	۳۵۷۲	۹۹۲۱	"	"
۳۵۳۳	۹۸۶۲	"	"				
۳۵۳۴	۹۸۶۳	"	"				

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں (باقی)

برطانوی پارلیمنٹری وفد اٹلی کو

لندن۔ (بذریعہ بحری تار) اطالوی پارلیمنٹ کی دعوت پر ایک برطانوی پارلیمنٹری وفد اس ماہ اٹلی جارہا ہے۔ وفد کے لیڈر سابق قدامت پسند وزیر [illegible] ہوں گے۔ جنہوں نے دوران جنگ میں برطانیہ کا جدید تعلیمی سسٹم قائم کیا تھا۔ وفد کے ساتھ ایوان عام کے اسپیکر کرنل کلفٹن براؤن بھی جائیں گے۔

وفد ۲۱ جنوری کو روم کے لئے روانہ ہوجائے گا۔ وفد کے ممبران اطالوی وزیر اعظم مسٹر گاسپری کے مہمان ہوں گے۔

دماغی امراض کا علاج کرنے والوں کے لئے تربیت

لندن (بذریعہ بحری تار) برطانیہ میں دماغی امراض کا علاج کرنے والوں کی تربیت کے لئے ایک نئی اسکیم شروع کی گئی ہے۔ یہ اقدام دماغی بیماریوں کے ماہرین کی قلت کو دور کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔

اس اسکیم کے تحت تربیت حاصل کرنے والے دو سال کے عرصہ میں اسپتالوں میں ضروری تجربہ حاصل کرسکیں گے۔

ہندوستانی بحری بیڑے کے لئے

برطانوی جنگی جہاز

لندن۔ (بذریعہ بحری ڈاک) لفٹنٹ کمانڈر [illegible] اور رائل انڈین نیوی کے چند سو ملاح جنوری کے پہلے ہفتے میں لندن پہنچ جائیں گے [illegible]

اخبار نویسوں کی طرف سے بچوں کو کھلونے

لندن کے چار سو اسپتالوں کے ہزاروں بچے اخبار نویسوں کی محبت و شفقت کے شاہد ہیں۔ امسال کرسمس کے موقعہ پر ان بچوں کو کھلونے موصول ہوئے جو "ایوننگ نیوز" کے دفتر سے بھیجے گئے تھے اس اخبار نے اپنے ناظرین سے بچوں کو کھلونے دینے کی اپیل جاری کی تھی۔ چنانچہ ایڈیٹر۔ سب ایڈیٹر۔ رپورٹر اور دیگر عملہ رات دن کام کرتے رہے اور انہوں نے لیبل وغیرہ لگا کر کھلونے بیمار بچوں کو بھیجے۔

اہل پاکستان کے لئے ہوائی تربیت

ایک برطانوی فرم "ایرورک لمیٹیڈ" نے کراچی کی پاکستان ایوی ایشن لمیٹیڈ سے تین سالہ معاہدہ کیا ہے جس کی رو سے یہ فرم پاکستان میں تربیت پرواز کے اسکول اور ہوائی جہازوں اور انجنوں کی مرمت کے سلسلہ میں فنی مشیر کا کام کرے گی۔

اس معاہدے پر فوری عمل شروع ہوجائے گا۔ برطانیہ کو پاکستان میں تقریباً دو سو فنی ماہرین بھیجنا پڑیں گے۔

لندن (بذریعہ بحری تار) برطانیہ میں نرسوں کی قلت اب کچھ دور ہوگئی ہے۔ گذشتہ دو ماہ میں تقریباً ۵۰۰ خالی جگہیں پر ہوگئی ہیں۔ لیکن ابھی تک اسپتالوں میں اسٹاف کو پورا رکھنے کے لئے مزید نرسوں کی ضرورت ہے۔

لندن (بذریعہ بحری تار) برطانوی وزارت تعلیم [illegible] اسکولوں پر ۳۳ کروڑ [illegible] پونڈ خرچ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے [illegible]

اس پروگرام میں نئی تعلیم کے ادارے اور چھوٹے بچوں کے اسکولوں پر خاص زور دیا جائے گا۔

ہندوستان میں باعزت زندگی بسر کیجئے

۱— وطن کی ترقی میں مساوی حصہ دار بنئیے

۲— ملک سے نفرت و عداوت کو ختم کیجئے

۳— سچی محبت اور بھائی چارہ کو اپنائیے

۴— باہمی اتحاد و مساوات پیدا کیجئے اور

وقت کے ان اہم تقاضوں کی تکمیل کے لئے

سہ روزہ

ہفت روزہ الجمعیۃ

کا مسلسل مطالعہ اپنے لئے لازمی قرار دیجئے

چندہ سالانہ: بارہ روپے: ششماہی چھ روپے آٹھ آنہ

زر چندہ منی آرڈر سے بھیجئے

مشتہرین نرخنامہ اشتہارات اور ایجنٹ صاحبان شرائط ایجنسی طلب فرمائیں

جملہ ترسیل زر خط و کتابت کا پتہ

جنرل منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۱۰ جنوری

باڑہ ہندوراؤ میں حادثہ

باڑہ ہندوراؤ میں ایک ٹریم اور ٹرک کی ٹکر ہوجانے سے دو آدمی زخمی ہوگئے۔ ٹریم نمبر ۹ اپنی لائن پر کھڑی تھی کہ پہاڑی کی طرف سے تیزی سے ٹرک آیا اور ٹریم سے ٹکرا گیا۔ ٹریفک کا باقاعدہ انتظام نہ ہونے کی وجہ سے باڑہ ہندوراؤ میں تانگے اور ٹریم برابر کھڑے ہوجاتے ہیں اور راستہ بند ہوجاتا ہے۔ اس سے راہگیروں کو بھی بہت پریشانی ہوتی ہے اور اکثر حادثات ہوتے ہیں۔ پہلے بھی چند آدمی مرچکے ہیں۔

پولیس کوارٹروں میں چوری

ریلوے پولیس کے ایک کانسٹبل دھرم سنگھ کے کوارٹر میں گھر والوں کی عدم موجودگی میں چوری ہوگئی۔ چور کپڑے اور دوسری اشیاء ساتھ لے گئے۔

دیوواڑہ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک شخص ایک مکان کی الماری سے ایک ہزار روپے کے نوٹ لے کر فرار ہوگیا۔

شرابی گرفتار

پولیس نے ریلوے اسٹیشن سے ایک شرابی کو جس نے فساد انگیز طور پر برتاؤ کیا تھا گرفتار کرلیا۔

دہلی آتی ہوئی لاری کے ایک مسافر کے پاس سے پولیس نے آٹھ بوتلیں ناجائز شراب کی برآمد کیں یہ واقعہ قطب کے پل کے قریب پیش آیا۔

کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر

پولیس کا چھاپہ

جامع مسجد کے قریب جس عمارت میں [illegible] کے کارکن رہا کرتے تھے اور جہاں کمیونسٹ پارٹی کا دفتر تھا۔ اس پر پولیس نے گذشتہ شب بعض خفیہ کمیونسٹ ورکروں کی تلاش میں چھاپہ مارا۔

کباڑی سے دھوکہ کی واردات

ایک نوجوان آدمی نے جو لباس سے معلوم ہوتا تھا اپنے آپ کو ریلوے گارڈ ظاہر کرتے ہوئے ایک کباڑی کو دھوکہ دیکر اس سے ۱۵۰ روپیہ اینٹھ لیا۔ کباڑی نے پولیس کو بتایا کہ یہ شخص [illegible] اور دوسری مرتبہ پہلے بھی کباڑی سے سودا کرچکا تھا۔ "صاحب" کباڑی کو ریلوے اسٹیشن لے گیا کہ سستی قیمت پر کچھ سامان دلا دیگا۔ اس مقصد کیلئے ۱۵۰ روپیہ لے کر گارڈوں کے کمرے کے باہر کباڑی کو کھڑا کرکے خود غائب ہوگیا۔ پولیس تحقیقات کررہی ہے۔

دھوکہ باز گداگر گرفتار

ایک ۴۵ سالہ مدراسی جو اپنی فرضی مصیبت کی جھوٹی کہانیاں سنا کر دوسروں سے روپیہ حاصل کیا کرتا تھا گرفتار کرلیا گیا ہے۔ [illegible] روپیہ ختم ہوجانے سے وہ اور اس کے بال بچے دہلی میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ [illegible] پولیس کے حوالہ کردیا۔ وہ اور بھی اشخاص کو [illegible] دھوکہ دے چکا ہے۔

کشمیر میں استصواب رائے شماری کا نتیجہ ظاہر ہے

بنارس میونسپلٹی کے سپاسنامہ کے جواب میں شیخ عبداللہ کی تقریر!

بنارس ۹ جنوری۔ کشمیر کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ نے بنارس میونسپل بورڈ کے سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کشمیر میں استصواب رائے شماری اس وقت تک نہیں ہوسکتی جب تک پانچ لاکھ کے قریب کشمیری جو کشمیر چھوڑ کر ہندوستان اور پاکستان چلے گئے ہیں واپس نہ آجائیں انہیں آباد کرنے میں شاید کئی سال لگ جائیں گے۔

کشمیر میں رائے شماری کے نتیجہ کے متعلق کوئی شبہ ہو ہی نہیں سکتا۔ اس بات کا فیصلہ کشمیری عوام خود بہت پہلے کرچکے تھے اس کے بعد ہندوستان نے کشمیر کے لئے جو کچھ کیا اور ہندوستانی فوجوں نے کشمیر کی آزادی کے لئے جو قربانیاں دیں ان کے بعد یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ ریفرنڈم کا نتیجہ کیا ہوگا کشمیریوں نے دیکھ لیا تھا کہ پاکستانی فوجوں نے چاروں طرف سے ناکہ بندی کرکے ان کو بے سروسامان کردیا تھا۔ اور ہندوستان نے ایک وقت پر ان کی امداد کی تھی۔

شیخ عبداللہ نے کہا کہ جنگ بندی کے حکم میں اس بات کو صاف نہیں کیا گیا کہ جن علاقوں میں اس وقت حملہ آور موجود ہیں ان کے چلے جانے پر اس علاقہ کا انتظام کون کرے گا۔ اگر وہ علاقے حملہ آوروں کے قبضہ میں رہے تو اقلیتوں کا اطمینان کیونکر ہوسکے گا اور جب تک یہ نہ ہوجائے آزادانہ رائے شماری ممکن نہیں۔ کشمیریوں نے روپیہ اور خوراک کی کمی سے بھیک نہیں مانگی۔ ہندوستان نے مدد کی۔ میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مہاتما گاندھی کے بتائے ہوئے راستہ پر چلیں۔ کشمیری آپ سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ آپ ہندوستان کے مسلمانوں کو یقین دلادیں کہ وہ ہندوستان میں عزت کی زندگی بسر کرسکتے ہیں۔ آخر میں شیخ عبداللہ نے کہا کہ کشمیر کی لڑائی سچائی اور جمہوریت کی جنگ تھی۔ مجھے یقین ہے کہ اس میں سچائی کی فتح ہوگی۔

ہندوستان کی ہوائی طاقت میں وسعت و استحکام

سردار بلدیو سنگھ کا اعلان

جموں ۱۰ جنوری۔ حکومت ہند کے وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ نے رائل ایرفورس کے افسروں اور دوسرے لوگوں کے سامنے ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں ہندوستان کی وسعت کے لحاظ سے ہوائی طاقت کو وسعت دی جائے گی اور اسی نسبت سے اسے مستحکم بنایا جائے گا۔ موجودہ اسکیم یہ ہے کہ رائل ایرفورس کے ۲۰ اسکواڈرن بنا دیے جائیں لیکن اتنے ہی کافی نہیں ہوں گے بلکہ اس میں مزید استحکام کی ضرورت ہے جوں ہی ہمیں تربیت یافتہ آدمی مل جائیں گے ہم ایسا کریں گے۔

سردار بلدیو سنگھ نے کہا کہ انڈین ایرفورس کی طاقت اور استحکام کا کام اس وقت تک مکمل نہیں ہوسکتا جب تک کہ ہندوستان میں ہوائی جہاز [illegible]

سردار بلدیو سنگھ نے رائل ایرفورس کے کام کو [illegible] کشمیر میں [illegible]

سیٹھ گوبند داس کی تقریر

سیٹھ گوبند داس نے کل ہند ہندی ساہتیہ سمیلن میں تقریر کرتے ہوئے [illegible]

انڈونیشی کرنسی کا استعمال بند

بٹاویہ ۱۰ جنوری۔ [illegible]

نواب والی مسجد میں ترجمہ

نواب والی مسجد [illegible] میں مولانا [illegible] صاحب ترجمہ قرآن شریف بیان فرماتے ہیں۔ آپ کچھ روز کے لئے دہلی سے باہر تشریف لے گئے ہیں اس لئے ان کی جگہ ۱۱ جنوری منگل کے روز سے مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی ترجمہ بیان فرمایا کریں گے۔

بزم سخن کا ہفتہ واری مشاعرہ

بزم سخن احاطہ کالے صاحب کا ہفتہ واری مشاعرہ زیر صدارت نواب ابوالحسن صاحب بہ سرپرستی حافظ رحمت الٰہی صاحب بانی بزم سخن منعقد ہوا۔ مشاعرہ میں ہر مذہب و فرقہ کے لوگوں نے شرکت فرمائی اور محفل نہایت کامیاب طور پر ختم ہوئی۔ حسب ذیل شعراء نے اپنے کلام سے حاضرین کو محظوظ فرمایا۔

(۱) اختر صدیقی مظفر نگری (۲) جناب پیکاں صاحب چاندپوری (۳) مشتاق صاحب چاندپوری (۴) پروانہ [illegible] [illegible]

حضرت اختر صاحب کی ایک غزل کے چند اشعار [illegible]

آسٹریلیا کی آل انڈیشائی پالیسی

کانبرا ۹ جنوری۔ آسٹریلیا کی وزارت امور خارجہ [illegible] پنڈت نہرو کی انڈونیشی کانفرنس میں شامل ہونے سے [illegible] آسٹریلیا نے اپنے آپ کو ان اعلانات میں شامل ہونے سے محفوظ رکھا ہے جو شاید اس کانفرنس میں کئے جائیں اور مجلس [illegible] کا باعث نہ ہوں۔ یہ بات واضح کردی گئی ہے کہ آسٹریلیا کے نمائندے صرف مشاہد ہوں گے۔ اور آسٹریلیا کی سرکاری پالیسی پر ہی خیالات کا اظہار کریں گے لیکن کسی قسم کی کارروائی کا اپنے آپ کو پابند نہیں کریں گے۔

حزب مخالف حکومت کے اس فیصلہ پر ناراضگی کا اظہار کررہی ہے۔ لیکن حکومت کا فیصلہ اس بنا پر ہے کہ وہ اس کانفرنس کی بابت زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے۔ آسٹریلیا اور برطانیہ کی حکومتیں اس بارہ میں متفق ہیں کہ ڈچ اور انڈونیشیائی حکومتوں میں پُرامن سمجھوتہ ہونا چاہئیے۔

حیدرآباد کے باغی کانگریس

پابندیاں اٹھالی گئیں

حیدرآباد دکن ۹ جنوری۔ حیدرآباد ریاستی کانگریس کے صدر سوامی رامانند تیرتھ نے اُن چالیس کانگریسیوں پر سے پابندیاں ہٹادی ہیں جو کہ حیدرآباد کی جدوجہد آزادی میں شامل نہیں رہے تھے [illegible] باغی کانگریس۔ کے جنرل سکریٹری مسٹر رادھا [illegible] اور مسٹر جنارد دھن وغیرہ پر سے پابندیاں ہٹادی ہیں۔ آپ نے بیان کیا ہے کہ میں نے ڈاکٹر [illegible] کی خواہش کے مطابق ریاست کانگریس سے اعتراضات [illegible] ختم کرنا ہے اس لئے یہ پابندیاں ہٹادی گئی ہیں۔ تاکہ ریاست حیدرآباد کے مفاد کے لئے کام کیا جائے۔

آئنگر اور ظفر اللہ ملاقات

کراچی ۱۰ جنوری۔ مسٹر گوپال سوامی آئنگر سیدر ہندوستانی وفد نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں سے ملاقات کی [illegible] وفد کے ممبران [illegible] پاکستان کے دفتر خارجہ [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر کیجئے

جوانی کی شرطیہ واپسی

جوش جوانی [illegible]

شاہی گولیاں

[illegible]

فولادی طلاء

[illegible]

کیفی

[illegible]

نوجیون فارمیسی نگینہ ضلع بجنور (یوپی)

مفت

[illegible] کتاب [illegible] مفت حاصل کیجئے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

مسٹر عبداللہ بریلوی سپرد خاک کردیئے گئے

ایک مشہور جرنلسٹ اور کانگریسی کارکن اٹھ گیا

بمبئی ۱۰ جنوری۔ مسٹر عبداللہ بریلوی آج صبح ۹ بجے سپرد خاک کردیئے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ کا انتقال گذشتہ شب سوا آٹھ بجے حرکت قلب بند ہوجانے سے ہوا۔ آپ بمبئی کرانیکل کے ایڈیٹر [illegible] بریلوی کو لگاتار دل کے چار دورے پڑے اور ہر قسم کی طبی امداد بے کار ثابت ہوئی۔ دوپہر تک ان کی حالت ٹھیک تھی اور وہ گورنر جنرل کے اعزاز میں منعقد کئے جانے والے جرنلسٹ یونین کے جلسہ کی صدارت کرنے والے تھے۔ (مسٹر بریلوی کی عدم موجودگی میں ایڈیٹرس مسٹر کے۔ گوپالا سوامی نے پڑھا) مسٹر جی۔ این۔ جوشی ممبر ریفارم بورڈ مسٹر اے الیس بھارتی آف الیسوسی ایٹیڈ پریس مسٹر ایم چارس (اجمل) اور مسٹر کھنڈو بھائی ڈیسائی ممبر بمبئی لیجسلیٹیو اسمبلی آخری لمحات میں مسٹر بریلوی کے پاس تھے۔

مسٹر بریلوی ۱۸۸۴ء میں پیدا ہوئے تھے اور ۱۹۰۱ء میں الفنسٹن کالج بمبئی میں تعلیم سے فراغت حاصل کی اور ۱۹۱۳ء میں بمبئی کرانیکل میں۔ بمبئی کرانیکل کے ایڈیٹوریل اسٹاف میں شامل ہوئے اور ۱۹۲۴ء میں اخبار کے چیف ایڈیٹر بن گئے۔

سیاسی کام

سیاسی دنیا میں مسٹر بریلوی ایک بڑے کانگریسی رہے وہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے ممبر تھے بعد کو انہیں ورکنگ کمیٹی میں بھی لیا گیا۔ ۱۹۳۰ء میں سول نافرمانی کے زمانہ میں وہ جیل گئے اور دو ماہ کے بعد رہا کردیئے گئے انہیں ۱۹۳۲ء میں پھر پکڑ لیا گیا اور دو سال کی سخت سزا دی گئی۔ مسٹر بریلوی کو ۱۹۴۳ء میں آل انڈیا نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس کا صدر منتخب کیا گیا اور دوسرے سال پھر وہی صدر بنائے گئے۔ وہ آل انڈیا جمہور ٹریڈ کے بھی ممبر تھے اور جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے تھے۔

مسٹر بریلوی کو دل کے دورہ کی بیماری پہلی بار ۱۹۴۷ء میں ہوئی ان کے انتقال کی خبر اخباری حلقوں میں بڑے رنج و غم کے ساتھ سنی گئی۔

وزیر اعظم بمبئی کا اظہار تعزیت

بمبئی۔ ۹ جنوری۔ مسٹر ایس اے بریلوی کی وفات حسرت آیات پر تعزیتی بیان دیتے ہوئے بمبئی کے وزیر اعظم مسٹر جی۔ کھیر نے کہا ہے کہ مجھے اس خبر سے بے حد صدمہ پہنچا ہے۔ مرحوم کو گذشتہ تیس برس سے جانتا ہوں ان کی قوم پرستی حب الوطنی اور ملک کے مفاد کے لئے قربانی کا جذبہ قابل رشک ہے ان کی لیاقت اور قابلیت کی سب لوگ قدر کرتے تھے۔ ان کی موت سے ہماری سیاسی و سماجی زندگی میں جو خلا پیدا ہوا ہے اسے عبور کرنا مشکل ہے۔

پٹیالہ میں مرن برت کی دھمکی

پٹیالہ ۱۰ جنوری۔ مالوہ ریاستی اکالی دل کے صدر سردار ہاکم سنگھ محبوب نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر دو ماہ کے اندر اندر پٹیالہ اور مشرقی پنجاب اسٹیٹس یونین میں ذمہ دار حکومت کا قیام عمل میں نہ لایا گیا تو وہ پٹیالہ قرنٹ کے سامنے مرن برت شروع کردینگے۔

انہوں نے اپنے اس فیصلہ سے راج پرمکھ پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کو مطلع کردیا ہے۔

کشمیر کمیشن کی رپورٹ پر غور

لیک سکس ۱۰ جنوری۔ مجلس تحفظ امن کشمیر کمیشن کی رپورٹ پر جہد بدھ [illegible] کے دن غور کرے گی کمیشن نے متفقہ طور پر دوسری درمیانی رپورٹ کو منظور کرلیا۔

امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر مارشل کا استعفیٰ

صدر ٹرومان کا اعلان

واشنگٹن ۸ جنوری۔ آج صدر ٹرومان نے اعلان کیا ہے کہ وزیر خارجہ مسٹر جارج مارشل نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے اور ان کی جگہ ایک سابق انڈر سکریٹری مسٹر ڈین آچیسن کو مقرر کیا گیا ہے۔

مسٹر جارج مارشل کے گردہ کا آپریشن ہوا تھا وہ اس بیماری سے تندرست نہ ہوسکے اور انہوں نے صحت کی بنا پر استعفیٰ دیا ہے۔ نائب وزیر خارجہ مسٹر لویٹ نے بھی اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے ان کی جگہ مسٹر جیمس ای ویب مقرر کئے گئے ہیں۔ صدر ٹرومان نے کہا کہ مسٹر جارج مارشل کا استعفیٰ منظور کرلیا گیا ہے [illegible]

[illegible] کوئی تبدیلی نہیں ہے۔

استصواب رائے تمام کشمیر کیلئے مشترکہ ہوگا

پاکستان کے نئے وزیر مسٹر گورمانی کا بیان

لاہور ۹ جنوری۔ پاکستان کے نئے نامزد کردہ وزیر بے قلمدان نواب مشتاق احمد گورمانی نے لاہور میں ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان نے کشمیر کمیشن کے نئے ریزولیوشن کو مان لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ ریزولیوشن اس لئے منظور کیا ہے کہ ہمارا یہ پختہ یقین ہے کہ مہذب ممالک کو اپنے جھگڑوں کا فیصلہ وحشی جانوروں کی طرح نہیں کرنا چاہئے اور ہمارا یہ ایمان ہے کہ کشمیر کے عوام کی قسمت کا فیصلہ کرنے کے تمام اختیارات انہیں کے پاس ہونے چاہئیں۔

انہوں نے کہا کہ میں حکومت ہند اور استصواب رائے کرنے والے منتظم سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ یہ دیکھیں کہ عوام اپنے گھروں میں خیریت سے رہتے رہیں۔ میں حکومت ہند سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس ریزولیوشن کو سچے دل سے منظور کرے تاکہ ہم ثابت کر دکھاسکیں کہ ہم سب [illegible] اختلافات [illegible] دور کرسکتے ہیں۔ [illegible]

[illegible] کے عوام کے لئے اس کی پیامبری [illegible] اگر دونوں ملکوں نے صدق دل سے ریزولیوشن پر عمل کیا تو استصواب رائے کرنے کے تمام مشکلات [illegible] دور کی جاسکیں گی۔

انہوں نے ایک سوال کے جواب میں [illegible] استصواب رائے تمام کشمیر کیلئے مشترکہ ہوگا۔ [illegible]

یہ دور آہا!

ماضی کا درد زرا سا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دور آہ پر کڑھتے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں چیخ رہے ہیں کیا کریں؟ کدھر جائیں؟

[illegible] اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیے۔ مستقبل روشن ہے

[illegible]

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کا موجود رہنا [illegible]

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

امیکو ٹانک

AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ [illegible]

امیکو طلا

[illegible]

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویہ مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ: این ایچ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
قائم شدہ ۱۹۲۵
فون نمبر ۵۵
رجسٹرڈ ڈی ۹۷
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۱۳ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر

حضرت مولانا حفظ الرحمن کی لکھنؤ کو روانگی

دہلی ۱۱ جنوری۔ کل شام جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری اور یوپی کانگریس کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب اور یوپی کانگریس کمیٹی کے سکریٹری مسٹر موہن لال گوتم لکھنؤ تشریف لے گئے ہیں۔ جہاں وہ یوپی اسٹیٹ کانگریس کے لیڈروں سے اسٹیٹ کانگریس کے معاملات پر بات چیت کریں گے۔ (نامہ نگار)

روسی وزیر کی یہودی وزیر سے ملاقات

تل ابیب ۱۱ جنوری۔ حکومت اسرائیل کے وزیر خارجہ موسیو شرتوک کے ساتھ اسرائیل میں روسی وزیر موسیو یرشوف کی ملاقات کا جس کی اطلاع کل کی اشاعت میں دی جاچکی ہے، ایک اسرائیلی ترجمان نے محض رسمی قرار دیا ہے۔ لیکن سیاسی حلقوں کے خیال میں اس ملاقات کو بہت اہمیت دی جارہی ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں تمام مسائل پر تفصیل کے ساتھ بات چیت کی ہے۔ ابھی تک اس اطلاعات کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوئی کہ روس نے فوجی امداد کے سلسلہ میں اسرائیل کی سیاسی اور حمایت کرنے کی بھی پیشکش کی ہے۔ (رائٹر)

شمالی فلسطین میں عراقی فوجوں کے مقابلہ میں یہودیوں کو شکست فاش

مصری سرحد سے بھی یہودی فوجیں پیچھے ہٹ گئیں
برطانوی کابینہ میں مسئلہ فلسطین پر غور۔ صدر ٹرومین کی ٹیلیفون پر گفتگو

بغداد ۱۱ جنوری۔ گذشتہ شب عراق کی وزارت دفاع کی طرف سے شمالی فلسطین کی ایک پہاڑی پر یہودیوں کے مقابلہ میں مکمل فتح کا اعلان کیا گیا ہے۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ ۴۷ یہودی ہلاک ہوگئے اور دو سو سے اوپر مجروح ہوئے۔ اور اس کے مقابلہ میں صرف ایک عراقی مارا گیا اور چار مجروح ہوئے۔

[illegible]

ادھر سرکاری طور پر تل ابیب میں اعلان کیا گیا ہے کہ مصر کے علاقے سے تمام یہودی فوجیں واپس بلالی گئی ہیں۔ [illegible]

برطانوی کابینہ میں غور

فلسطین میں پیدا شدہ حالات پر حکومت برطانیہ کو سخت تشویش ہے اس امر سے ظاہر ہے کہ کل برطانوی کابینہ کی ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں بری، بحری اور فضائی طاقتوں کے افسروں نے بھی شرکت کی۔ [illegible]

لیک سکسس میں بات چیت

[illegible]

امریکہ کی پالیسی

[illegible]

کشمیر کے مسئلہ پر غور کرنے کیلئے جمعرات کو مجلس تحفظ کا اجلاس ہوگا
ممبران کشمیر کمیشن ۳۱ جنوری کو ہندوستان کیلئے روانہ ہوں گے

لیک سکسس ۱۱ جنوری۔ کل یہاں پر ہند اور پاکستان کے لئے مجلس متحدہ اقوام کے کشمیر کمیشن کا اجلاس ہوا۔ جس میں یہ طے کیا گیا کہ اب دوبارہ لندن میں میٹنگ منعقد ہو اور اس کے بعد ۳۱ جنوری کو برصغیر ہند کے لئے روانہ ہوجائے۔

[illegible]

پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق ہندوپاکستان کانفرنس
فی الحال کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا۔ بعض کمیٹیوں کا تقرر

کراچی ۱۱ جنوری۔ [illegible]

جمہوری انڈونیشیا کے لیڈروں کی رہائی
[illegible]

لندن میں مسٹر بریلوی کو خراج عقیدت
[illegible]

سوچاؤ کے جنوب میں حکومت چین کی فوجوں کی مکمل تباہی

کمیونسٹوں کی زبردست فتح۔ جنرل چیانگ فرار ہونے والے ہیں
جنرل یائی کی تین لاکھ فوجوں نے حکومت سے بغاوت کردی

[illegible]

جنرل چیانگ چلے
[illegible]

سرکاری فوجوں نے ہتھیار ڈال دئیے
[illegible]

پاکستان کے لئے دواؤں کی پیشکش
[illegible]

دس ممالک نے ایشیائی کانفرنس میں شمولیت پر رضامندی ظاہر کردی
کانفرنس کا مقصد مجلس تحفظ کو استحکام بخشنا ہے۔ ترجمان کا بیان

[illegible]

گوریلا جنگ شدت اختیار کرگئی
[illegible]

۳۰ جنوری سے ۲۰ فروری تک گاندھی کستوربا ہفتہ منایا جائے
کستوربا گاندھی نیشنل ٹرسٹ کی مجلس انتظامیہ کا فیصلہ

مدراس ۱۱ جنوری۔ [illegible]

اگر دیکھنا ہو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام وقیام کا بہترین انتظام ہے
مینیجر صنوبر ہوٹل نمبر ۱۰۹۰ فراشخانہ دہلی

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے، ناگ ہیرڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

دستور ساز اسمبلی کے اجلاس پر ایک طائرانہ نظر
دستور کے صرف پانچویں حصہ پر بحث ہوسکی!

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۱۰ جنوری۔ دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کے دن ختم ہوگیا۔ جب اس اجلاس پر نظر ڈالی جاتی ہے تو وہ امیدیں یاد آجاتی ہیں جو دستور کے جلد از جلد ہونے کے متعلق باندھی گئی تھیں۔ لیکن ہوا یہ کہ ڈیڑھ ماہ کے اجلاس میں صرف دستور کے پانچویں حصہ پر بحث ہوئی۔ اجلاس تقریباً ڈیڑھ ماہ جاری رہا لیکن دسمبر میں تقریباً پندرہ دن تک جے پور کے کانگریس سیشن کے لئے ملتوی بھی رہا۔ لطف یہ ہے کہ دستور کو جلد سے جلد منظور کرنے کے لئے صدر کو غیر معمولی اختیارات دیئے گئے تھے اور اکثریت کی پارٹی تمام معاملات سے اتفاق کرتی چلی جارہی تھی۔

[illegible]

بیماری کے باعث ڈاکٹر راجندر پرشاد تقریباً غیر حاضر رہے۔ ان کی عدم موجودگی میں نائب صدر ڈاکٹر مکرجی نے صدارت کی۔ انہوں نے اقلیت کی زیادہ حمایت کی

[illegible]

ایک خاص بات

[illegible]

ہٹلر کے مخالف مصنف پر مقدمہ

[illegible]

مولانا حبیب الرحمن کے حیدرآباد نہ جانے کا سبب

دہلی ۱۰ جنوری۔ حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی [illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی کی طرف سے عوام کے نام پیغام
۳۰ جنوری کو یوم خدمتگذاری منایا جائے گا

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے جس کا اجلاس آج یہاں منعقد ہوا قوم سے اپیل کی ہے کہ وہ گاندھی جی کی غیر فرقہ وارانہ جمہوری سوسائٹی کی خدمت کرنے کے میدان میں آجائیں۔ [illegible]

کانگریس کا آئین
[illegible]

ڈچ فوج گردی
[illegible]

زمین کے معاوضہ کے متعلق ہندوستانی وفد گفت وشنید
صدر کانگریس وفد لیسکر جارہے ہیں

[illegible]

مولانا حبیب الرحمن صاحب

[illegible]

کمیونسٹوں نے ٹینٹسن کے اہم صنعتی شہر پر قبضہ کرلیا

سیچاؤ کے علاقہ میں حکومت کی فوجوں کو شدید جانی اور مالی نقصان
امریکہ، برطانیہ، روس اور فرانس کے سفیروں سے حکومت کی مداخلت کی اپیل

لندن ۱۱ جنوری۔ [illegible]

روس اور برطانیہ میں جنگ
(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

[illegible]

اعصابی جنگ
[illegible]

بریلوی کی وفات پر پیغامات
(صفحہ اول کالم ۴ سے آگے)

مولانا احمد سعید

[illegible]

مولانا حفظ الرحمان

جملہ حقوق محفوظ ہیں
پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے نقد انعامات
داخلہ کی آخری تاریخ ۲۷ جنوری ۱۹۴۹ء
تار کا پتہ: پزل ماڈل ٹاؤن

ش	ے	ل		آ	۱
ر	ی		ف	ت	۲
	ی			ت	۳
ش		ل		س	۴
ت	ف	ا	ر		۵
	د	ج	ن		۶
	ت	ح	م		۷
	ب		ک		۸
	ض	ر			۹

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) گیارہ سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ
چوتھا انعام [illegible]
معمہ حل کرنے کا طریقہ [illegible]
فیس داخلہ [illegible]
شرائط [illegible]
آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۸ ماڈل ٹاؤن لاہور

پانچ ہزار روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کردیئے گئے
آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۶ ماڈل ٹاؤن لاہور کا شاندار نتیجہ

ب	ی	م	ل	ح
ت	ع	ظ	ی	م
ن	ف	ل	س	ت
ق	ر	ا	ع	ت
خ	ی	ل	ل	
ا	ی	ع	ت	
ح	س	ن		
ل	ا	ج		
ق	ر	ض		

[illegible]

ٹیلیفون نمبر ۱۵۰۷
تار کا پتہ: کلوریم دہلی
پرل کلوریم
آئی ڈراپ رجسٹرڈ
قائم شدہ ۱۹۲۴ء
آنکھوں کی تمام بیماریوں کو شفا دینے کے لئے اکسیر اعظم ہے
[illegible]
مفصل معلومات کے لئے پرل کلوریم گائیڈ مفت طلب کریں۔
منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ [illegible] چاندنی چوک دہلی

خوشنویسوں کو خوشخبری
[illegible]
احاطہ کالے صاحب گلی قاسم جان دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
"حسین کشیدہ کاری"
[illegible]

فساد اندور میں کانگریسی کارکنوں کی قیام امن کی مستحسن کوششیں

صدر جمعیۃ علماء مالوہ کا اندور کے دورہ کے بعد بیان

مہو چھاؤنی ۱۱ جنوری بذریعہ ڈاک۔ اندور [illegible] کے افسوسناک فسادات کے سلسلہ میں [illegible] حضرت مولانا محمد احمد صاحب صدیقی صدر جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ اندور پہونچے، آپ نے شہر کے متفرق فساد زدہ مقامات کو دیکھا، زیادہ غارت شدہ دکانوں کو ملاحظہ فرمایا۔ اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی، اعلیٰ حکام، افسروں اور کانگریسی لیڈروں سے ملاقات کی، شہر کے گشت میں پولیس اور محافظین کی ذمہ داریوں کا اندازہ فرمایا۔ محلہ مسلمانوں کو تسلی دی [illegible] اور ضروری ہدایات پر مشتمل ایک مختصر تقریر فرمائی۔ امداد [illegible] کا وعدہ فرمایا۔ حضرت مولانا کی رپورٹ کا خلاصہ یہ ہے۔

فساد میں ۵ شہید اور [illegible] مجروح ہوئے۔ تقریباً [illegible] دوکانیں لوٹی گئیں۔ اس فساد کو ہندو مسلم نہیں کہا جا سکتا۔ [redacted] [illegible] آخر تک مسلمانوں سے ہمدردانہ رہا۔ خصوصاً کانگریسی ورکروں نے بہت زیادہ امن و امان رکھنے میں دوڑ دھوپ کی۔ [illegible] کانگریسی مسٹر کنہیا لال کھادی والے کا نام قابل ذکر ہے۔ [illegible] حکومت کا رویہ بالکل منصفانہ اور عادلانہ ہے [illegible] مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانے میں پہلے طبقہ کے [illegible] میں اعلیٰ حکومت کے معاون رہیں۔

یہ فساد سندھی شرنارتھیوں نے چھیڑا جس میں مسلم شرنارتھیوں نے بھی کسی قسم کا کوئی حصہ نہیں لیا۔ مزید [illegible] آریہ سماج [illegible] سیوک سنگھ کے افراد نے شرنارتھیوں کی حمایت کے ماتحت فساد پر آمادہ کیا اور خود ان کی قیادت کی [illegible] اسی سلسلہ میں گرفتار ہو چکا ہے۔ مالوہ یونین کے دارالحکومت گوالیار میں فساد کی خبر پہنچتے ہی کابینہ کے نائب وزیر اعظم مسٹر کھوڑلے اور اسمبلی کے تین مسلم ممبر مولانا مسعود احمد صاحب صدیقی وغیرہ کو اندور روانہ کیا۔ مسٹر کھوڑلے کے متعلق اتنا لکھ دینا کافی ہے کہ وہ اپنے عہدہ کے علاوہ ایک سچے مخلص اور قابل کانگریسی ہیں۔ آپ نے یہاں پہنچتے ہی حالات قابو میں کرنے اور پولیس کی غفلتوں کا اندازہ لگا کر اس کا فوری بندوبست کیا۔

ابتداء فساد میں پولیس اپنی ذمہ داریوں میں قطعاً قاصر رہی [redacted] [illegible] ایک کھوڑلی کی دوری [illegible] دکانیں لوٹتی رہیں اور مار پیٹ کرتی رہی سمجھ سے بالاتر چیز ہے مگر نائب وزیر اعظم صاحب کے پہنچنے ہی اور اسمبلی کے مسلم ممبران کی آمد کے بعد پولیس ہر طرح سے مستعد نظر آرہی تھی اس کے نتیجہ میں حالات درجہ قابل اطمینان ہو گئے کہ ۱۱ دسمبر ۴۸ء کو مسلمانوں نے بھی باطمینان شہر میں اپنا کاروبار شروع کر دیا۔

لکھنؤ کے سنی اور شیعہ حضرات کو مولانا حبیب الرحمن کا مشورہ

[illegible] ۱۱ جنوری۔ حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے مدح صحابہ کے سلسلہ میں ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا لکھنؤ میں مدح صحابہ کے سلسلہ میں ہمیشہ سے پابندی چلی آتی ہے۔ سنی اور شیعہ حضرات اپنے اس حقوق کے لئے ہمیشہ سے احتجاج کرتے رہتے ہیں۔ گذشتہ محرم کے موقعہ پر میں نے سنی شیعہ حضرات کو مشورہ دیا تھا کہ تعزیہ داری کی رسوم کو [illegible] وقت کا تقاضا [illegible] لکھنؤ کے سنی بزرگوں کو مشورہ دیتا ہوں کہ وہ مدح صحابہ کے سلسلہ میں کوئی قدم نہ اٹھائیں اور کسی قسم کا کوئی احتجاج نہ کریں۔ وقت کے مسائل اس قدر الجھے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے مسلمانوں کو اپنی تمام توانائی [illegible] کی طرف [illegible] کرنی چاہئے۔

پانی پت جانے والے توجہ فرمائیں

حضرت مخدوم صاحب کے عرس میں جانے والے حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مقامی حکومت نے پانی پت میں صرف پچاس مسلمانوں کو پہنچنے کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا پانی پت جانے والے حضرات اس تعداد کا لحاظ رکھیں۔ تاکہ تکلیف نہ ہو۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

ہندوستان کی خارجی پالیسی کی تعریف

نئی دہلی۔ ۱۱ جنوری۔ نئی دہلی میں مقیم نیوزی لینڈ کے سفیر ڈاکٹر [illegible] نے ایک انٹرویو میں کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آئندہ چند سالوں میں ہندوستان ایک عظیم ملک بن جائیگا۔ آپ نے ہندوستان کی خارجی پالیسی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ [illegible]

مسٹر نسین کا انتقال

راجہ جی کا اظہار افسوس اور خراج تحسین

مدراس ۱۱ جنوری۔ مسٹر [illegible] ریویو کا پیپر کی شب کو مدراس میں انتقال ہو گیا۔ ان کی عمر اس وقت ۷۰ سال کی تھی اور کچھ عرصہ سے بیمار تھے۔ [illegible]

تیرہ کروڑ روپیہ کے طیارے

ارجنٹائن نے برطانیہ سے خریدے

لندن ۱۱ جنوری۔ حکومت ارجنٹائن نے [illegible]

ہاتھی نے لڑکی کو اغوا کر لیا!

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ ایک نوجوان لڑکی کو [illegible]

حیدرآباد سوشلسٹ پارٹی کا مطالبہ

[illegible]

حیدرآباد آئین ساز اسمبلی

رائے دہندگان کی فہرستوں کی تیاری

حیدرآباد (دکن)، ۱۰ جنوری۔ حیدرآباد کے الیکشن کمشنر مسٹر شیش دہاری نے حیدرآباد آئین ساز اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے لئے ووٹروں کی فہرستیں تیار کرنے کے لئے قانون مرتب کئے ہیں۔ ووٹروں کی فہرست میں صرف وہی اشخاص شامل کئے جائیں گے جن کی یکم جنوری ۱۹۴۸ء کو ۲۱ سال کی عمر ہو چکی ہو اور نظام کی رعایا ہو۔ اس شخص کو فہرست میں شامل نہیں کیا جائے گا جو ۱۹۴۸ء میں کم از کم ۱۸۰ دن اس انتخابی یونٹ میں مقیم رہا ہو۔ ان فہرستوں میں کسی شخص کے مذہب کا کوئی کالم نہیں لیکن اگر کوئی شخص مسلمان، ہریجن یا کسی اور قبیلہ سے تعلق رکھتا ہو تو ایسی تفاصیل ایک خاص کالم میں لکھی جائیں گی۔

الیکشن کمشنر نے بتایا ہے کہ سوائے اضلاع نالگونڈہ، ورنگل اور بیدر کے ساری ریاست میں فہرستوں کی تیاری کا کام شروع ہو گیا ہے۔ مذکورہ بالا تینوں ضلعوں [redacted] ماہ فروری کے آخر تک فہرستیں تیار ہو جائیں گی۔ اور آخری فہرستوں کی چھپائی کے لئے تقریباً تین مہینے لگ جائیں گے۔ فہرستوں کی تیاری پر کل تیس لاکھ سے زائد انتخابی فارم انگریزی، مراٹھی، تلنگو، کنڑی اور اردو زبانوں میں چھپائے گئے ہیں اور ریاست کے تمام شہروں اور دیہات میں تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کروڑ سے زیادہ بالغوں کو ووٹ دینے کا اختیار ہوگا۔ ریاست کی آبادی ایک کروڑ اسی لاکھ ہے جن میں ۸۳ فی صدی بالغ ہیں۔

کانگریس کی زرعی اصلاحی کمیٹی

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ امید کی جاتی ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی مقرر کردہ زرعی اصلاحی کمیٹی اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

یہ کمیٹی ہندوستان میں کسانوں کی حالت کے متعلق رپورٹ پیش کرنے کے لئے پچھلے سال مقرر کی گئی تھی۔ آج کل اس کمیٹی کے ممبران یوپی کا دورہ کر رہے ہیں۔ ماہ جنوری کے تیسرے ہفتے تک یہ کمیٹی ہندوستان کا دورہ مکمل کرے گی۔ مشرقی پنجاب کو اس کمیٹی کے دورے کے پروگرام میں شامل نہیں کیا گیا کیونکہ اس صوبے میں حالات سے ابھی [illegible]

گورنر جنرل کی اخبار نویسوں کو دعوت تقریر

بمبئی ۱۱ جنوری۔ کل شام ہندوستان کے گورنر جنرل شری راج گوپال آچاریہ نے کل بمبئی کے جرنلسٹوں کے جلسہ میں [illegible]

کمیونسٹ بھوک ہڑتالیوں نے ہڑتال ترک کر دی

امرتسر ۱۱ جنوری۔ بعض سرکردہ کانگریسی رہنماؤں کی کوششوں کے باعث مشرقی پنجاب کے بعض جیلوں میں کمیونسٹ بھوک ہڑتالیوں نے غیر مشروط طور پر بھوک ہڑتال ترک کر دی ہے۔ [illegible]

مہاتما گاندھی کی تصویر کی نقاب کشائی

کلکتہ ۱۱ جنوری۔ کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے [illegible]

مسز کملا دیوی دمشق میں

دمشق ۱۰ جنوری۔ آل انڈیا ویمنز کانفرنس کی پریسیڈنٹ مسز کملا دیوی نے دمشق میں ایک بیان میں کہا ہے [illegible]

ممبر سازی میں ضلع میرٹھ اول

یہ امر کارکنان جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کے لئے باعث مسرت ہے کہ ضلع میرٹھ میں جمعیۃ کے ابتدائی ارکان کی تعداد [illegible] ۵۰۴۵ تک ہو گئی ہے [illegible]

تحصیل میرٹھ ۲۳۵۳، تحصیل غازی آباد ۲۳۵۳، تحصیل باغپت ۲۱۲، تحصیل سردھنہ ۶۹، [illegible] ۱۵۴، [illegible]

پیکنگ میں ہندوستانی طالب علم

نئی دہلی ۱۰ جنوری۔ پیکنگ سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ وہاں ایک درجن ہندوستانی طالب علم ہیں جو کہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور معمول کے مطابق زندگی گذار رہے ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ان طالب علموں نے پیکنگ سے نکلنے کا انکار کر دیا تھا اور اب اس شہر پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو چکا ہے۔ چین میں رہنے والے ہندوستانیوں نے ان مجبوریوں سے نکلنے کے لئے ہندوستانی سفارتخانہ کی مدد نہیں مانگی۔ چین کے کمیونسٹوں کے حملہ سے خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔

تین روپے میں پانی کا ایک گلاس

لندن ۱۰ جنوری۔ کیپ ٹاؤن سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ دین اور جنوب مغربی افریقہ کے ساحل کے نزدیک کوٹرس برگ کے نزدیک آجکل پانی کا ایک گلاس تین روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کافی عرصے سے بارش نہیں ہوئی اور سخت گرمی پڑ رہی ہے اس علاقہ میں عام طور پر ایک روپے میں ایک تربوز مل جاتا ہے لیکن ان دنوں ایک تربوز کی قیمت آٹھ روپے ہو گئی ہے۔ [redacted]

دہلی میں فوجی کانفرنس

۱۵ جنوری کو منعقد ہوگی

نئی دہلی ۱۱ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ہند اور پاکستان کی فوجی کانفرنس ۱۵ جنوری کو دہلی میں ہوگی اگرچہ اس کا مفصل ایجنڈا معلوم نہیں ہو سکا۔ لیکن معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کے متعلق اقوام متحدہ کے ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے دوسرے حصے کو بھی عملی جامہ پہنانے کے متعلق تمام امور زیر بحث لائے جائیں گے۔ کانفرنس یہ بھی طے کرے گی کہ عارضی صلح کی شرائط پر عمل کرنے اور ریاست کی سرزمین سے فوجوں کو نکالنے کے لئے کیا پروگرام بنایا جائے۔ خیال ظاہر کیا جاتا ہے کہ ہندوستانی ڈیلیگیشن میں جنرل بوشر کمانڈر انچیف، لفٹننٹ جنرل کری آپا متعین کمانڈر انچیف اور میجر جنرل کلونت سنگھ، چیف آف جنرل اسٹاف اور میجر جنرل [illegible] شامل ہوں گے۔ پاکستان کے وفد میں بھی اتنے ہی ممبر شامل ہوں گے اور خیال ہے کہ اقوام متحدہ کے فوجی مبصر جنرل ڈلوانی بھی اس میں شرکت کریں گے۔

استصواب رائے کے انتظامات میں طرفین کے جذبات کا خیال رکھا گیا ہے

استصواب کے انتظامات کے بارے میں لندن ٹائمز کا اظہار خیال

لندن ۱۰ جنوری۔ لندن ٹائمز نے ہندوستان اور پاکستان کی ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کے فیصلہ کے لئے ان کی مساعی کو سراہا اور کہا استصواب رائے کے انتظامات میں دونوں حکومتوں کے احساسات اور تاثرات کا خیال رکھا گیا ہے۔

اخبار نے لکھا ہے کہ دونوں حکومتیں اور اقوام متحدہ کا کمیشن [illegible] بصورت حالات کے لئے مبارکباد کی مستحق ہیں کہ وہ دونوں حکومتوں کا ایک خطرناک جھگڑا پر امن طریقہ پر حل ہو جانے کی۔ استصواب رائے کے انتظامات میں دونوں حکومتوں کے جذبات اور احساسات کا خیال رکھا گیا ہے۔

اس اخبار نے لکھا ہے اگر [illegible] اقوام متحدہ کو باقاعدہ فوجی مشاہدین کو مقرر کر کے جنگ بندی کی نگرانی کرنی چاہئے تاکہ [illegible] سکے۔ اس اخبار نے لکھا ہے کہ اگر بھیجے گئے [illegible] عمل درآمد کیا گیا تو پاکستان اپنی باقاعدہ فوجوں کو اپنی سرحد تک واپس بلانے کے قابل ہو جائے گا [illegible] میں ان کی موجودگی خواہ وہ کسی سبب کی بنا پر ہو جھگڑے کی مزید تلخی کا سبب ہوئی ہے۔

جبتک ڈچ فوجیں واپس نہیں ہونگی صلح کی بات چیت نہیں ہو سکتی

انڈونیشیا کے وزیر خزانہ کا اعلان جمہوریوں کے طرز عمل میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے

دہلی ۱۱ جنوری۔ انڈونیشیا کی جمہوریت کے وزیر خزانہ مسٹر شرافدین جو کہ ڈچ حملہ کے دنوں میں امریکہ گئے ہوئے تھے ایشیائی کانفرنس میں شرکت کے لئے دہلی پہنچ گئے ہیں۔ ڈاکٹر سرین اقوام متحدہ میں انڈونیشیا کے نمائندہ ڈاکٹر سوبرت کے ہمراہ پاکستان بھی گئے تھے۔ سرود لیڈر آج دہلی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر سرینسی نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ انڈونیشیا کی جمہوریت کے رویہ اور نظریہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ [illegible]

جمہوری حکومت کا تمام علاقہ واپس کیا جائے۔ ڈچ فوجیں واپس ہٹائی جائیں۔ ڈاکٹر سرین نے امریکہ کے سابق نائب وزیر خارجہ مسٹر سمنر ویلز کے بیان سے اظہار بیزاری کیا کہ ڈچ حکومت کی طرف سے یقین دلائے جانے پر جمہوری انڈونیشیا کے لیڈروں کا نظریہ بدل گیا ہے۔ [illegible] انڈونیشیا میں گوریلا جنگ اور وسیع پیمانہ پر سبوتاژ کی پالیسی جاری ہے۔

[illegible] انجمن اقوام متحدہ کی رفتار سے نہ صرف انڈونیشیا میں بدگمانی پیدا ہوئی ہے۔ بلکہ سارے ایشیا میں اس سے بھروسہ اٹھ رہا ہے۔ [illegible] امریکہ اور انڈونیشیا کی جمہوریت اپنے انصاف حاصل کر سکتی ہے۔

اٹلی کے کمیونسٹوں کی طرف سے

یونان کی گوریلا فوجوں کو امداد

روم ۱۰ جنوری۔ یونان میں لڑنے والی گوریلا فوجوں کی مدد کرنے کیلئے اٹلی میں کمیونسٹ روپیہ اور کپڑا اکٹھا کر رہے ہیں۔ [illegible]

حیدرآباد میں پلیگ کی واردات

حیدرآباد ۱۱ جنوری۔ [illegible]

مغربی پنجاب کیلئے ویجیلنس کمیٹیاں

لاہور ۱۰ جنوری۔ [illegible]

پے کمیشن کی رپورٹ پر غور

کراچی ۱۱ جنوری۔ حکومت پاکستان کے مختلف محکموں کے سکریٹریوں نے پے کمیشن کی رپورٹ پر غور کر لیا ہے۔ [illegible]

سردار بلدیو سنگھ کے خلاف پٹیشن

انبالہ ۱۱ جنوری۔ [illegible]

ڈاکٹر محبا تعلیم بالغان کے صدر منتخب ہو گئے

الہ آباد ۱۱ جنوری۔ ڈاکٹر امرناتھ جھا انڈین ایسوسی ایشن تعلیم بالغان کے دوبارہ صدر منتخب ہو گئے ہیں۔

بین الاقوامی بینکنگ کانفرنس

ہندوستان آرہا ہے

واشنگٹن ۱۱ جنوری۔ بین الاقوامی بینک کی طرف سے ایک مشن ہندوستان آرہا ہے [illegible]

ڈاکٹری نسخے کے مطابق ہر قسم کے چشمے تیار ہوتے ہیں

یونیورسل آپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بنانے والا

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

اردو ہندی ٹیچر

[illegible]

فرینڈز ہاؤس اجمل خاں روڈ قرول باغ دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

[illegible] سالانہ چندہ صرف پانچ روپیہ [illegible] منیجر ماہنامہ بانو [illegible]

روزانہ

الجمعیۃ

۱۳ جنوری ۱۹۴۹ء

سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم!

دنیا کی قومیں اپنے بزرگوں کا یوم ولادت مناتی ہیں اور ان کے کارناموں پر فخر کرتی ہیں اور اس لئے مناتی ہیں کہ ان کی زندگی سے سبق لیں اور اپنی زندگی کو ان کی زندگی کے مطابق بنائیں، ربیع الاول کا مبارک مہینہ بین الاقوامی دنیا کے لئے فخر و مباہات اور جشن و مسرت کا مہینہ ہے کیونکہ اس مہینہ میں اس پیغمبر عالم، اس پیشوائے اعظم اس مقدس اور بزرگ ہستی کا ظہور ہوا، جس کا وجود اور جس کی تعلیم بین الاقوامی ہے اور جس نے آکر انسان کو اس کی عظمت سے آگاہ کیا، اور دنیا کی تمام قوموں اور نسلوں کو وحدت، اتحاد، اور بھائی چارہ کی تعلیم دی آپ مسلمانوں کے پیغمبر اعظم ہیں، مگر ساری دنیا کے لئے رحمت ہیں، دنیا کی کوئی قوم نہیں جس نے آپکی ہدایت سے فیض نہ پایا ہو، کوئی ملک نہیں جہاں آپ کی تعلیم کا فانوس روشن نہ ہوا ہو، آپ سب کے ہیں اور سب ہی نے آپ سے فیض پایا ہے، یہ آپ کی قدوسیت، روحانیت اعلیٰ تعلیم اور بہترین کیرکٹر کا ہی اثر ہے کہ آپ جس مشن کو لے کر آئے اس میں کامیاب ہوئے اور عملی دنیا میں حرکت و عمل کی ایک رو پیدا کر دی، آپ کی کامیاب زندگی کوئی چھپی ڈھکی بات نہیں، دنیا کی تاریخ اور وہ ذہنی انقلاب جو آپ کی بدولت رونما ہوا اس حقیقت پر شاہد ہے، انسائیکلو پیڈیا آف برٹانیکا میں لفظ "محمد" پر آرٹیکل پڑھو جس میں اعتراف کیا گیا ہے کہ پیغمبر اسلام دنیا میں کامیاب ترین انسان گذرے ہیں، کیونکہ جو مشن آپ لے کر آئے اس کا ایک ایک گوشہ آپ کی زندگی میں کامیاب ہوا اور آپ کے جانشین اسکی کامیابی کی جیتی جاگتی تصویر بنے۔

دنیا اس کامیابی کو حیرت کی نگاہوں سے دیکھتی ہے اور وہ لوگ جو اخلاق و روحانیت کی طاقت کا ادراک نہیں کر سکتے یہ الزام لگاتے ہیں کہ آپ کی کامیابی تلوار اور طاقت کی رہین منت ہے، حالانکہ یہ الزام نہ صرف غلط اور بے بنیاد ہے بلکہ غیر معقول اور غیر منطقی بھی ہے، کیا یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ ایک فرد واحد کی تلوار لاکھوں انسانوں پر چل جائے اور انہیں مغلوب کر کے بے دست و پا بنا دے؛ اگر تلوار چلانے کے لئے آپ نے کوئی جماعت بنائی ہوگی، اگر یہ جماعت بھی تلوار سے بنائی گئی تو پھر وہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک پوری جماعت نے ایک بے کس یتیم کی تلوار کو کس طرح قبول کر لیا! آخر یہی کہا جائیگا کہ پہلی جماعت تو تلوار سے نہیں بنی دوسری جماعتوں کو اسی جماعت کی تلوار نے مسلمان بنایا لیکن یہی وہ مقام ہے جہاں تلوار کا فریب ظاہر ہو جاتا ہے، اور معمولی سمجھ بوجھ کا انسان بھی دریافت کر سکتا ہے کہ جو پیغمبر تلوار کے بغیر ایک جماعت پیدا کر سکتا ہے اسے دوسری جماعتوں کو وفادار بنانے کے لئے تلوار کی ضرورت کیوں لاحق ہوئی؟ جس روحانیت نے رفقا کی ایک جماعت پیدا کر دی کیا وہ دوسرے رفقا پیدا نہ کر سکتی تھی؟ کیا آپ کی روحانیت آگے چل کر ختم ہو گئی اور اس جماعت کو آپ نے تلوار چلانے کی ہدایت کی جو خود تلوار کے بغیر وفادار بنی تھی؟ یہ صحیح ہے کہ عیسائیت اس وقت تک فروغ نہ پا سکی جب تک اسے قسطنطین جیسا شہنشاہ نہ ملا، بدھ مت کو اس وقت تک کسی نے نہ جانا جب تک بادشاہ اشوک نے اس کی سرپرستی قبول نہ کی، ایران کی مرکزیت بھی اسی وقت پروان چڑھی جب اسے کیخسرو جیسے شہنشاہ نے اپنی پناہ میں لیا، لیکن اسلام کو اپنی سرپرستی کے لئے کبھی کسی شہنشاہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی اس نے سلاطین پیدا کئے، حکمران پیدا کئے مقنن پیدا کئے، مگر اپنے آپ کو کبھی کسی سلطان اور حکمران کی پناہ میں نہ دیا، وہ اپنی داخلی توانائی اور اخلاق و محبت کی طاقت سے آگے بڑھا اور غلاموں کو اپنی طاقت دے کر حکمران اور مقنن بنایا جو لوگ تلوار کا الزام دیتے ہیں وہ دراصل اپنی بے بسی پر شرمندہ ہیں اور اتنی ہمت نہیں رکھتے کہ اسلام کی اخلاقی طاقت کا مشاہدہ کر سکیں!

آؤ دیکھو اس پیغمبر اعظم، اس ہادی عالم اور دنیا کے اس بے مثال محسن نے دنیا کو کیا پیغام دیا اور کونسے ذہنی انقلاب کی بنیاد ڈالی، اس نے اس عالمگیر گمراہی کو ماننے سے قطعاً انکار کیا کہ انسان گذشتہ اعمال کی وجہ سے گناہگار پیدا ہوتا ہے یا کسی ایک انسان کے گناہ نے اس کی سرشت جرم کی تخم ریزی کی ہے بلکہ اس نے انسان پر انسان کی عظمت واضح کی اور فرمایا ولقد کرمنا بنی آدم: خدا نے تمام انسانوں کو مکرم و محترم پیدا کیا ہے، انسان کی فطرت میں پاکی اور شائستگی ہے اور پیدائش کے اعتبار سے اسکا ایک ایک فرد معصوم اور بے گناہ ہے! یہ معمولی انقلاب نہیں ہے یہ وہ اعلان ہے جس نے انسانی مساوات اور عالمگیر بھائی چارہ کی بنیاد ڈالا کر نسلی اور جغرافیائی حد بندیوں کو توڑا اور انسانی وحدت کا عالمی تصور پیدا کیا، آج ہماری تمدنی اور اخلاقی ترقی اس انقلاب کی پیداوار ہے، کیونکہ انسانی حقوق کا چارٹر اور مساوات انسانی کا قانون اس کے بغیر کبھی تیار نہیں ہو سکتا،

انسانی عظمت کے قیام کے بعد اسلام اور پیغمبر اسلام نے نسلی بتوں کو توڑا تاکہ انسان قبائلی تنگنائیوں سے نکل کر محبت اور ہمدردی کے وسیع میدان میں قدم رکھے، اس نے کالے اور گورے کی تفریق کو مٹایا تاکہ انسان کی عالمگیر برادری رنگ اور نسل کے رخنوں سے محفوظ رہے اس نے عرب و عجم اور وطنی امتیازات کو ختم کیا تاکہ انسان اخلاق کی قدروں اور حسن عمل کی گہرائیوں سے غافل نہ ہو جائے اسکا یہ اعلان ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (خدا کے نزدیک تمہارا حسن عمل ہی امتیاز کے قابل ہے)

ساری دنیا کے لئے دعوت عمل ہے! آج مساوات کی حمایت اور چھوت چھات کی مخالفت میں اسی اعلان کو دخل ہے جس نے بلال حبشی، صہیب رومی، سلمان فارسی کو ایک درجہ میں رکھ کر حقوق انسانی کی بنیاد قائم کی اور جنوبی افریقہ، امریکہ، آسٹریلیا اور دوسری نسل پرست قوموں کو چیلنج کیا۔

انسانی برادری کے استحکام کے بعد ضروری تھا کہ پیغمبر اسلام دنیا کو دائمی امن اور محبت کا پیغام دیں اور انسانی قتل کی تمام راہوں کو بند کرنے کا اعلان فرمائیں، آپ نے پوری انسانیت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا

> "جو شخص جرم قتل کے سوا کسی ایک نفس کو بھی قتل کرتا ہے وہ دراصل تمام انسانوں کا قاتل ہے اور جو شخص کسی ایک نفس کو بچاتا ہے وہ تمام انسانوں کے لئے زندگی کا سامان کرتا ہے"

آج دنیا جینو سائڈ (نسل کشی) سے چلا اٹھی ہے مگر اسلام کی نظر میں ایک انسان کا قتل بھی نسل کشی سے کم نہیں ہے! وہ کہتا ہے کہ زمین پر فساد مت پھیلاؤ کیونکہ خدا فساد کو پسند نہیں کرتا، وہ کہتا ہے کہ جنگ مت کرو، اور صرف ان لوگوں کے حملوں کو روکو جو تم سے برسر جنگ ہونا چاہیں، اس نے نہایت دلسوزی کے ساتھ اپنے ماننے والوں کو ہدایت کی کہ جنگ میں بچوں، عورتوں، بوڑھوں، پناہ گزینوں، عبادت گذاروں کو قتل نہ کرنا، تم کسی کے درخت نہ کاٹنا، تم کسی عمارت کو برباد نہ کرنا۔

دنیا کے محسن اعظم جنہیں قرآن نے رحمۃ للعالمین قرار دیا ہے، ساری مخلوق کو خدا کا کنبہ کہہ کر ہدایت کرتے ہیں کہ مخلوق سے محبت خدا سے محبت ہے، ... یہاں تک فرمایا لا یومن احدکم حتی یحب لاخیہ ما یحب لنفسہ، جب تک تم اپنے بھائی کے لئے بھی وہی چیز نہ چاہو جو اپنے لئے چاہتے ہو اس وقت تک تمہارے اندر ایمان پیدا نہیں ہو سکتا! وہ عورتوں کی اخلاقی اور اعزازی برتری پر اپنی مہر لگاتے ہیں، انہیں باپ کی وراثت میں شریک کرتے ہیں۔ انہیں ظالم مردوں سے نجات دلا کر بلند مقام پر پہونچاتے ہیں اور اعلان کرتے ہیں کہ جو شخص اپنی بچی کو قتل کر لیگا

اچھی باتیں!

وَیَستَعجِلُونَکَ۔ تا۔ یَشعُرُون۔

(پ ۲۱ ع ۲)

اور لوگ کہتے ہیں کہ عذاب کہاں ہے، لیکن اگر نزول عذاب کا کوئی مقررہ قانون اور وقت نہ ہوتا تو ان کے مقابلہ پر وہ فوراً نازل ہو جاتا، اور اس طرح آدھمکتا کہ انہیں خبر بھی نہ ہوتی۔

جب لوگ اپنی شرارتوں میں بڑھ جاتے ہیں اور یہ دیکھتے ہیں کہ ان پر کوئی آفت نازل نہیں ہوئی تو وہ دلیر ہو جاتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ عذاب وذاب کا نزول محض ڈھونگ ہے لوگوں کو ڈرانے کے لئے عذاب کا قصہ گھڑ لیا گیا ہے ورنہ نہ کوئی عذاب ہے اور نہ بازپرس، دنیا یوں ہی چلتی ہے اور بغیر فریب کے حاصل نہیں ہوتی، اس گمان کے جواب میں فرمایا کہ، عذاب کا بھی ایک قانون اور وقت مقرر ہے اور کچھ شرائط ہیں جن کے پورا ہونے پر ہی عذاب نازل ہوتا ہے الٹ پلٹ اور بے وقت عذاب نازل نہیں ہوا کرتا، اگر ایسا ہوتا تو مجرموں کو خبر بھی نہ ہوتی اور وہ انہیں دفعتاً ہلاک بھی کر چکا ہوتا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ مجرموں کو اپنے جرموں کے لئے کھلی چھٹی مل گئی ہے اور ان کی گرفت کبھی نہ ہوگی جب وقت آئے گا تو مجرمین کو پناہ تک نہ ملے گی اور ان کی بنیادیں ہمیشہ کے لئے ہلادی جائیں گی، سوچو! عذاب الٰہی کا وقت کیسا آیا؟ مگر کون ہیں جنہوں نے عبرت حاصل کی ہے!

روس میں مسلمان

ماہنامہ نئی زندگی کے شکریہ کے ساتھ

اگر خدانخواستہ تیسری عالمگیر جنگ چھڑ گئی تو یہ جنگ روس اور مغربی ممالک کے مابین ہوگی ہم ہندوستانی مسلمان صرف روس اور ان مغربی ممالک کا نام جانتے ہیں لیکن غالباً کسی کو نہیں معلوم کہ روس میں مسلمان بھی کثیر تعداد میں آباد ہیں اور یہ مسلمان، روسی فوج اور روسی فوجی طاقت کا اہم ترین جزو ہیں مندرجہ ذیل حقائق سے معلوم ہو جائے گا کہ روسی مسلمان جن کی نسبت ہم کچھ بھی نہیں جانتے کس تہذیب و تمدن اور کن کن مختلف تحقیقات کے حامل ہیں۔

روس میں مسلمانوں کی آبادی کم و بیش دو کروڑ ہے یہ مسلمان سب کے سب سنی حنفی ہیں۔ ہندوستان میں اول تو ان مسلمانوں کا ذکر ہی نہیں کیا جاتا اور کہیں کبھی کیا جاتا ہے تو سارے نقشہ کو غلط اور رنگ آمیز طریقہ سے پیش کیا جاتا ہے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ روسی مسلمان، خصوصاً ترکستانی مسلمانوں کا عرصہ دراز تک ہندوستان سے تعلق رہا ہے ایک زمانہ وہ بھی تھا جب کہ ترکستان تاتار، کرنشک، مزنری، منگول اور تیموری سلطنت کا حصہ تھا

مختلف نسلیں

روسی مسلمان کوئی منتشر جمعیت باعتبار نسل کے حامل نہیں۔ بلکہ مختلف نسلوں کے ہیں یعنی آریہ مسلمان، کروٹی مسلمان، فن لینڈی مسلمان، ترک مسلمان اور ترک مغل نسل کے مسلمان [illegible] نسل کے مسلمان۔ یہ مسلمان [illegible] فرقوں میں نہیں بلکہ گروہوں میں [illegible] مسلمان مختلف زبانیں بولتے ہیں، مختلف معاشرت رکھتے ہیں [illegible] ترکستان اور کوہ قاف کے صوبے ایسے ہیں جہاں مسلمانوں کا تمدن قدیم سے ملتا جلتا ہے [illegible] سرحد [illegible] افغانستان اور ایران کی سرحد تک یہ مسلمان [illegible] ترکی زبان کا استعمال زیادہ ہے [illegible]

کوہ قاف میں

[illegible] کوہ قاف کا صوبہ [illegible] مسلمانوں کو [illegible]

جانیہا کہا جاتا ہے۔ شمالی حصہ میں پھر ترکی نسل کے مسلمان آباد ہیں جن کی تعداد دس لاکھ ہے کوہ قاف کے اس حصہ میں تقریباً ۱۵ لاکھ مسلمان خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اگر یہ مسلمان چاہیں تو آباد ہو سکتے ہیں مگر وہ کسی جگہ مستقل آباد ہونے کی بجائے سیر و سیاحت زیادہ پسند کرتے ہیں۔ اسی لئے خانہ بدوش کہلاتے ہیں۔ پہاڑی لوگ ہیں۔ یا تو فانی یا سرکاشی نسل سے ہیں، اور ان کی زبان بھی نہایت دشوار ہے۔ اس علاقہ میں ۵ لاکھ مسلمان ایسے بھی ہیں جو آرینہ اور ایرانی نسل سے ہیں۔ یہ لوگ بھی تین گروہوں میں منقسم ہیں۔ شمال میں رہنے والے اوسطی، وسطی علاقہ میں رہنے والے قالش اور جنوب میں رہنے والے تات کہلاتے ہیں۔ ان میں شیعہ مسلمان زیادہ ہیں۔

تاتاری مسلمان

[illegible] مسلمانوں کی جماعت [illegible] تاتاری مسلمانوں کی ہے [illegible] یہ مسلمان عام روسیوں کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں [illegible] ان کی زبان بھی روسی ہے [illegible]

مسلمان اور روسی

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

دہلی میں تیل کی قلت

محترمی۔ تسلیم

گذشتہ دو ماہ سے دہلی میں مٹی کے تیل کی بڑی قلت ہے جس کے باعث بڑی پریشانی کا [illegible]

[illegible]

افتخار انصاری [illegible] (دہلی)

مسلمانان دہلی سے دو دو باتیں

جناب مکرم۔ تسلیم

[illegible]

یا شے زندہ گاڑے گا قیامت کے روز اس سے بازپرس ہوگی اور اس کا یہ گناہ کبھی معاف نہیں کیا جائیگا۔

پیغمبر عالم نے انسان کو حسن عمل کی طرف توجہ دلائی، شراب نوشی کو حرام فرمایا، قمار بازی کی ہر قسم کو روک کر اکل حلال کی اہمیت بتائی، سود خواری کو حرام قرار دے کر سرمایہ کی عادلانہ اور منصفانہ تقسیم پر زور دیا، غربا پروری، کمزوروں کی اعانت مظلوموں کی ہمدردی اور بھوکوں کی خبر گیری کو ضروری ٹھیرایا، شہنشاہیت اور ملوکیت کی تباہی کے لئے اسکا یہ اعلان ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (خدا کے نزدیک تمہارا حسن عمل ہی امتیاز کے قابل ہے) اپنے آپ کو وقف کیا اور اخلاقیات [illegible] (قیصریت اور شہنشاہیت کی ہلاکت کے بعد پیغمبر کوئی شہنشاہیت قائم نہیں ہوگی) کہہ کر سلطنت عادلہ اور صالح تمدن کی داغ بیل ڈال دی!

یہ پیغمبر اعظم کا بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے دنیا میں سب سے پہلے مذہب کی آزادی کا اصول وضع کیا، غیر مسلموں کے بتوں کو برا کہنے سے منع فرمایا، اور غیر مسلموں کی نسبت فرمایا کہ جو لوگ تمہارے مذہب کو برباد کرنا نہیں چاہتے قرآن نے ساتھ احسان کرو، ان کے ساتھ نیکی اور بھلائی سے پیش آؤ اور ان کی طرف تعاون اور دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ!

ہم اس ماہ مبارک میں دنیا کے محسن اعظم کا یوم ولادت مناتے ہیں مگر اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر مسلمان آپ کی زندگی کو اپنے لئے نمونہ عمل بنالے اپنے بلند کردار اور مضبوط کریکٹر سے اسلام کی صداقت پر گواہی دے! مسلمان کی تباہی کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ وہ اسلام کی مخالف سمت میں جا رہا ہے اور اپنے مشن کو بھول چکا ہے، یہ ماہ مبارک ہمیں اسی مشن کی یاد دہانی کراتا ہے اور ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کھڑے ہوں، انسانی تمدن کے بنانے والوں کا پارٹ ادا کریں اور تمام انسانوں کو اپنا بھائی سمجھ کر نفرت کو محبت سے اور دشمنی کو دوستی سے بدل دیں!

سید عبداللہ بریلوی

ہندوستان کے تمام قوم پرور اور صحافتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ بمبئی کرانیکل کے ایڈیٹر سید عبداللہ بریلوی حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال فرماگئے۔ سید بریلوی ان چند برگزیدہ ہستیوں میں سے ایک تھے جنھوں نے فرقہ پرستی کے جذبہ سے بالاتر ہو کر سچے دل سے ملک وملت کی صحیح خدمت انجام دی اور ہندوستان کی گندی اور فرقہ پرستانہ سیاست ان کے پایہ استقامت کو ذرا بھی متزلزل نہ کر سکی۔ وہ امتحانوں سے گذرے لیکن ہمیشہ کامیاب رہے اور ان کی پوری زندگی [illegible] یہی وجہ تھی کہ سیاسی اور صحافتی دنیا میں سید عبداللہ بریلوی کو وہ اونچا مقام حاصل تھا جو بہت [illegible] لوگوں کے نصیب میں ہوتا ہے۔ افسوس کہ موت نے انہیں ہم سے چھین کر اپنی آغوش میں لے لیا اور ہم ایک ایسی شخصیت [illegible]

قریش برادری کی مشکلات

جناب ایڈیٹر صاحب، السلام علیکم

[illegible]

سندی کاٹن پر مقدمہ

[illegible]

مسلم انٹر کالج بلند شہر کے پرنسپل کا انتخاب

[illegible]

دار العلوم نعمانیہ فراشخانہ کا اعلان

دار العلوم نعمانیہ فراشخانہ دہلی میں عربی اور فارسی کے علاوہ قرأت کی تعلیم کا خاص انتظام ہے اس درجہ کو شمس القراء حضرت مولانا قاری محمد [illegible] صاحب سابق شیخ التجوید جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کی خدمات حاصل ہیں۔

بچوں کی تعلیم کے لئے گورنمنٹ کا منظور شدہ نعمانیہ پرائمری اسکول عرصہ سے شاندار خدمات انجام دے رہا ہے۔ جس میں چار جماعتوں کے ساتھ ساتھ قرآن شریف اور دینیات کی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

کسٹوڈین نے مزید جائدادوں پر قبضہ کرلیا

محکمہ بحالیات کے نوٹیفکیشن مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۴۸ء میں اعلان کیا گیا ہے کہ صوبہ دہلی کے کسٹوڈین نے مشرقی پنجاب ایویکوئی ایکٹ ۱۹۴۸ء جو کہ صوبہ دہلی میں نافذ ہے اس کے تحت حسب ذیل جائداد پر قبضہ کرلیا ہے۔

:—(۲)—:

سلسلہ نمبر	نمبر مکان	محلہ یا علاقہ یا گلی بخش	کسٹوڈین کے حقوق کرایہ داری یا ملکیت یا دونوں
۳۵۷۳	۹۹۲۲	〃	کرایہ داری
۳۵۷۴	۹۹۲۳	〃	دونوں
۳۵۷۵	۹۹۲۷	〃	〃
۳۵۷۶	۹۹۲۸	〃	〃
۳۵۷۷	۹۹۲۹	〃	کرایہ داری
۳۵۷۸	۹۹۳۰	〃	〃
۳۵۷۹	۹۹۳۱	〃	〃
۳۵۸۰	۹۹۳۲	〃	دونوں
۳۵۸۱	۹۹۳۳	〃	کرایہ داری
۳۵۸۲	۹۹۳۴	〃	〃
۳۵۸۳	۹۹۳۵	〃	〃
۳۵۸۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳۵۸۵	۹۹۳۸	〃	کرایہ داری
۳۵۸۶	۳۵-۹۹۳۴	〃	دونوں
۳۵۸۷	۹۹۴۶	〃	کرایہ داری
۳۵۸۸	۹۹۴۷	〃	〃
۳۵۸۹	۹۹۴۸	〃	〃
۳۵۹۰	۹۹۵۰	〃	〃
۳۵۹۱	۹۹۵۱	〃	〃
۳۵۹۲	۹۹۵۲	〃	〃
۳۵۹۳	۹۹۵۳	〃	〃
۳۵۹۴	۹۹۵۵	〃	دونوں
۳۵۹۵	۹۹۵۶	〃	کرایہ داری
۳۵۹۶	۹۹۵۸	〃	〃
۳۵۹۷	۶۲-۹۹۶۰	〃	دونوں
۳۵۹۸	۹۹۶۳	〃	〃
۳۵۹۹	۹۹۶۴	〃	〃
۳۶۰۰	۹۹۶۵	〃	〃
۳۶۰۱	۹۹۶۶	〃	〃
۳۶۰۲	۷۸-۹۹۷۷	〃	کرایہ داری
۳۶۰۳	۹۹۷۹	〃	〃
۳۶۰۴	۹۹۸۰	〃	〃
۳۶۰۵	۹۹۸۱	〃	دونوں
۳۶۰۶	۹۹۸۲	〃	〃
۳۶۰۷	۹۹۸۳	〃	〃
۳۶۰۸	۹۹۸۵	〃	〃
۳۶۰۹	۹۹۸۶	〃	〃
۳۶۱۰	[illegible]	〃	کرایہ داری
۳۶۱۱	۹۹۸۸	〃	〃
۳۶۱۲	۹۹۸۹	〃	دونوں
۳۶۱۳	۹۹۹۰	〃	کرایہ داری
۳۶۱۴	۹۹۹۱	〃	دونوں
۳۶۱۵	۹۹۹۳	〃	کرایہ داری
۳۶۱۶	۹۹۹۲	〃	ملکیت
۳۶۱۷	۱۰۰۰۷	〃	دونوں
۳۶۱۸	۱۰۰۱۹	〃	کرایہ داری
۳۶۱۹	۱۰۰۰۸ ۱۰۰۲۳	[illegible]	〃
۳۶۲۰	۱۰۰۲۳	〃	〃
۳۶۲۱	۱۰۰۲۵	〃	〃
۳۶۲۲	۱۰۰۲۶	〃	〃
۳۶۲۳	۱۰۰۲۸	〃	〃
۳۶۲۴	۱۰۰۲۹	〃	〃
۳۶۲۵	۱۰۰۲۷	〃	〃
۳۶۲۶	۱۰۰۳۰	〃	〃
۳۶۲۷	۱۰۰۳۲	〃	دونوں
۳۶۲۸	۱۰۰۳۳	〃	〃
۳۶۲۹	۱۰۰۳۱	〃	〃
۳۶۳۰	۱۰۰۳۳	〃	〃
۳۶۳۱	۱۰۰۳۵	〃	〃
۳۶۳۲	۱۰۰۳۶	〃	〃
۳۶۳۳	۱۰۰۴۰	〃	〃
۳۶۳۴	۱۰۰۴۱	〃	〃
۳۶۳۵	۱۰۰۴۴	〃	〃
۳۶۳۶	۱۰۰۴۵	〃	کرایہ داری
۳۶۳۷	۱۰۰۴۸	〃	〃
۳۶۳۸	۱۰۰۴۹	〃	دونوں
۳۶۳۹	۱۰۰۵۰	〃	〃
۳۶۴۰	۱۰۰۵۱	〃	〃
۳۶۴۱	۱۰۰۵۲	〃	〃
۳۶۴۲	۱۰۰۵۶	〃	کرایہ داری
۳۶۴۳	۱۰۰۵۷	〃	دونوں
۳۶۴۴	۱۰۰۵۸	〃	کرایہ داری
۳۶۴۵	۱۰۰۵۹	〃	دونوں
۳۶۴۶	۱۰۰۶۰	〃	〃
۳۶۴۷	۱۰۰۶۱	〃	〃
۳۶۴۸	۱۰۰۶۵	〃	〃
۳۶۴۹	۱۰۰۶۸	〃	کرایہ داری
۳۶۵۰	۱۰۰۶۹	〃	دونوں
۳۶۵۱	۷۲-۱۰۰۷۱	〃	〃
۳۶۵۲	۱۰۰۷۳	〃	〃
۳۶۵۳	۷۷-۱۰۰۷۶	〃	〃
۳۶۵۴	۱۰۰۷۸	〃	〃
۳۶۵۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳۶۵۶	۱۰۰۸۲	〃	کرایہ داری
۳۶۵۷	۱۰۰۸۳	〃	〃
۳۶۵۸	۱۰۰۸۵	〃	〃
۳۶۵۹	۱۰۰۸۶	〃	〃
۳۶۶۰	۱۰۰۸۹	〃	دونوں
۳۶۶۱	پلاٹ ۱۵-۱۰۰۹۴	گلی ضمیر والی پل بنگش	دونوں
۳۶۶۲	۱۱۲۶۸	〃	〃
۳۶۶۳	۱۱۲۶۷	〃	〃
۳۶۶۴	۱۱۲۶۶	〃	〃
۳۶۶۵	۱۱۲۶۵	〃	〃
۳۶۶۶	۱۱۲۶۴	〃	〃
۳۶۶۷	۱۱۲۶۳	〃	〃
۳۶۶۸	۱۱۲۶۲	〃	〃
۳۶۶۹	۱۱۲۶۱	〃	کرایہ داری
۳۶۷۰	۱۱۲۶۰	〃	〃
۳۶۷۱	۱۱۴۵۹	〃	〃
۳۶۷۲	۱۱۴۵۸	〃	〃
۳۶۷۳	۱۱۴۵۷	〃	〃
۳۶۷۴	۱۱۴۵۶	〃	〃
۳۶۷۵	۱۱۴۵۵	〃	〃
۳۶۷۶	۱۱۴۵۴	〃	〃
۳۶۷۷	۱۱۴۵۰	〃	〃
۳۶۷۸	۱۱۴۴۸	〃	〃
۳۶۷۹	۱۱۴۴۷	〃	〃
۳۶۸۰	۱۱۴۴۵	〃	〃
۳۶۸۱	۱۱۴۴۸ A	〃	〃
۳۶۸۲	۱۱۴۴۴	〃	〃
۳۶۸۳	۱۱۴۴۳	〃	〃
۳۶۸۴	۱۱۴۴۲	〃	〃
۳۶۸۵	۱۱۴۴۰	〃	〃
۳۶۸۶	۱۱۴۴۱	〃	〃
۳۶۸۷	۱۱۴۳۹	〃	〃
۳۶۸۸	۱۱۴۳۸	〃	〃

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں۔ (دفتر)

سنی مجلس اوقاف کی طرف سے جامع مسجد میں سیرۃ النبی کا جلسہ

حضرت شیخ الاسلام اور دیگر علمائے کرام کی روح پرور تقریروں کا پروگرام

دہلی ۱۰ر جنوری۔ سنی مجلس اوقاف صوبہ دہلی کے زیر اہتمام جامع مسجد دہلی میں بتاریخ ۱۳ر ۱۲ر ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۳/۱۵ر جنوری ۱۹۴۹ء بروز جمعہ ہفتہ ایک عظیم الشان دو روزہ سیرۃ کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس میں حسب ذیل علمائے کرام و شعرائے عظام کی شرکت کی توقع ہے۔ امید ہے کہ جمیع حضرات رحمت عالم رسول معظم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس مجلس مبارکہ میں شریک ہوکر اکابرین ملت کے پند و نصائح سے مستفیض ہوکر ثواب دارین حاصل کریں گے۔

اسمائے گرامی علمائے کرام و شعرائے عظام

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علمائے ہند، مفتی اعظم حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدنی مہتمم مدرسہ شاہی مراد آباد، حضرت مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند۔ سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی۔ حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری۔ حضرت مولانا شاہد میاں صاحب فاخری صدر جمعیۃ علماء یوپی۔ حضرت مولانا محمد صبغۃ اللہ صاحب شہید فرنگی محلی۔ حضرت مولانا محمد اسمعیل صاحب مراد آبادی ایم۔ ایل۔ اے۔ جناب ڈاکٹر سید مصطفیٰ حسن صاحب علوی نزیاد کاکوری۔ جناب شری کنور مہندر سنگھ صاحب بیدی سحر۔ جناب شری گوپی ناتھ امن۔ جناب قاری حافظ محمد یوسف صاحب، جناب کوثر صاحب میرٹھی۔ جناب مولانا انور صابری، جناب کوثر صاحب امروہوی، جناب بسمل صاحب شاہجہانپوری، جناب مولانا سعید احمد صاحب اکبر آبادی۔

جمعیت علماء صوبہ متحدہ کا اجلاس

لکھنؤ [illegible] بذریعہ ڈاک جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا سالانہ اجلاس امسال بریلی میں منعقد ہو رہا ہے جمعیت علماء صوبہ کی جانب سے اس کی منظوری دی جا چکی ہے۔

جامع مسجد امروہہ میں ایصال ثواب

بروز جمعہ مدرسہ اسلامیہ عربیہ واقع جامع مسجد امروہہ کے مدرسین و طلباء نے ختم قرآن مجید کے ذریعہ اہلیہ محترمہ مولانا حافظ عبدالرحمن صاحب محدث امروہی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو ایصال ثواب کیا نیز حکیم مشتاق احمد صاحب مالک مشتاق دواخانہ مراد آباد (جو کہ حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی کے ایک مخلص مرید تھے) کی روح کو ثواب پہونچایا۔

مجھے ڈچوں سے نہیں نوآبادیاتی نظام سے نفرت ہے

ڈچ سپاہیوں کے نام ڈاکٹر سوئیکارنو اور دوسرے لیڈروں کے خطوط

[illegible]

ابتدائی جماعتوں میں مادری زبان ذریعہ تعلیم ہوگی

تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ کی سفارشات

الہ آباد ۱۰ر جنوری۔ یہاں تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ نے اپنے پندرھویں اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعہ اس بات کی سفارش کی کہ ابتدائی جماعتوں میں ذریعہ تعلیم مادری زبان ہونی چاہئیں۔ اور اگر کسی اسکول میں طلباء کی تعداد کافی ہو [illegible]

[illegible]

بڑوت میں پنڈت پنت کی تقریر

شہیدان وطن کو خراج عقیدت

بڑوت ۹ر جنوری۔ جمعہ کے روز دہلی سے چالیس میل کے فاصلہ پر بڑوت ضلع میرٹھ میں تقریر کرتے ہوئے یو۔پی کے وزیر اعظم پنڈت گووند ولبھ پنت نے کہا کہ جو لوگ دیہات میں رہتے ہیں وہ زراعت کرتے ہیں اور وہی دراصل ملک اور حکومت کے مالک ہیں اور ان کی خوشحالی اور ترقی پر ملک کے مستقبل کا دارومدار ہے آپ نے کہا کہ اب ملک آزاد ہوگیا ہے [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء سہارنپور کی سرگرمیاں

جمعیۃ علماء سہارنپور کو قائم ہوئے تین سال ہوچکے اور وہ اپنے حسب بساط کام کرتی رہی مگر اب خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ موجودہ دور کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے قوم میں اخوت اور ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوگیا۔ چنانچہ امسال جمعیۃ علماء سہارنپور نے ہفتہ جمعیۃ بہت زور و شور سے منایا اور شاندار کامیابی حاصل کی جمعیۃ ان حضرات کی مساعی جمیلہ کی ممنون و مشکور جنھوں نے اس کار خیر کی انجام دہی میں جمعیۃ کا ہاتھ بٹایا۔

تھانہ بلیا ضلع مونگیر کا انتخاب

۱۹ر دسمبر کو بلیا بازار کی جامع مسجد میں بوقت ۳ بجے دن جمعیۃ علماء ہند کے ممبران کا جلسہ عام زیر صدارت مولانا شاہ حبیب الرحمن ہاشمی منعقد ہوا۔ قرب و جوار کے مواضعات کے لوگ بھی شریک اجلاس تھے اس جلسہ میں حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

مولانا شاہ حبیب الرحمن صدر، حکیم نظیرالدین اور محمد خالد حسین نائب صدر، شاہ غلام احمد ناظم، ماسٹر حفیظ الدین و ابو محمد نائب ناظم، عبدالشکور صاحب خازن مقرر ہوئے۔ بشیرالدین صاحب، ڈاکٹر شفیق، ڈاکٹر صفیرالدین، مولانا ذاکر حسین صاحب، مولوی عارف صاحب، مولوی یوسف صاحب، حافظ صدیق صاحب، مولوی علاؤالدین صاحب، شاہ سلیم، شاہ محمد علی ممبران مجلس منتظمہ مقرر ہوئے۔

شاہ ابن سعود کو گورنر جنرل پاکستان کا پیغام مبارکباد

کراچی ۱۰ر جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ گورنر جنرل پاکستان نے شاہ ابن سعود کو ان کی تاجپوشی کی سالگرہ کے موقع پر ایک پیغام تہنیت ارسال کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ میں ملک معظم کو اس موقع پر مبارکباد دیتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ ایسے کئی مواقع آپ کو دیکھنا نصیب ہوں۔

جوناگڈھ اور سوراشٹر کا مسئلہ

مسٹر شملداس گاندھی کی آمد

راجکوٹ ۱۰ر جنوری۔ جوناگڈھ کے وزیر اعظم مسٹر شملداس گاندھی بمبئی سے دہلی آرہے ہیں وہ جوناگڈھ کو سوراشٹر میں شامل کرنے کیلئے سردار پٹیل سے ملاقات کریں گے۔ نیز سوراشٹر کیلئے ایک نئی وزارت کے سوال پر بھی سردار صاحب سے تبادلہ خیال کریں گے۔

پاک اسمبلی کا آئندہ اجلاس

کراچی ۱۰ر جنوری۔ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کا آئندہ اجلاس ۱۴ر فروری سے کراچی میں منعقد ہوگا۔

پنجا صاحب جانے کی درخواست

امرتسر ۱۰ر جنوری۔ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے پنجاب گورنمنٹ سے درخواست کی ہے کہ وہ پاکستان گورنمنٹ سے اپریل کو مغربی پنجاب میں پنجا صاحب کو جانے کا انتظام کرایا جائے۔

بڑھتی ہوئی قیمتوں کے مقابلہ کیلئے حکومت کشمیر کا نیا اقدام

سری نگر ۱۰ر جنوری۔ کشمیر میں قیمتوں کو کم کرنے اور عوام کی امداد کرنے کیلئے کشمیری حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ شہر میں ۵۰ سرکاری دکانیں کھول دی جائیں جہاں تمام ضروریات کی چیزیں مقررہ قیمتوں پر فروخت ہوں۔ ان دکانوں کو ایک محکمہ چلائے گا اور نیشنل ملیشیا کا ڈیپو بنا دیا جائے گا۔ سری نگر کی کل آبادی دو لاکھ ہے۔

نوچندی کا میلہ

میرٹھ ۹ر جنوری۔ ہمیں اطلاع ملی ہے کہ شمالی ہندوستان کا مشہور میلہ نوچندی میرٹھ میں ۱۷ر مارچ سے ہو رہا ہے بڑی دھوم دھام سے منایا جائے گا۔

محمد اقبال صاحب سیالکوٹی توجہ فرمائیں

محمد اسمعیل صاحب لکھتے ہیں کہ محمد اقبال صاحب سیالکوٹی سے ملنا چاہتے ہیں اگر محمد اقبال صاحب خود کو پہچان لیں [illegible] اطلاع دیں [illegible]

سی۔ پی کے دورہ کیلئے وفد

مجلس عاملہ نے طے کیا ہے کہ ایک وفد مولانا محمد میاں فاروقی کی قیادت میں صوبہ سی۔ پی و برار کا دورہ کرے گا۔ لہٰذا صوبہ سی پی کے صدر حضرت مولانا محمد یاسین صاحب کو مطلع فرمایا جاتا ہے۔ نیز وفد کی روانگی کی اطلاع جمیل الرحمن صاحب صدر جمعیۃ ضلع درگ (سی پی) کو بھی دی جاتی ہے تاکہ وہ وفد کے ہمراہ جبل پور، ساگر، کٹنی، بلاسپور، رائپور، درگ، راج ناند گاؤں، گوندیا، ناگپور، امراؤتی، اکولہ اور دوسرے برار و سی پی کے اضلاع میں جاسکیں کیونکہ اس وقت صرف مولانا محمد یاسین صاحب تنہا سی پی میں کام کر رہے ہیں۔ لوگ یہاں پر کافی تیار ہیں مگر سابق لیگی رکاوٹیں پیدا کر رہے ہیں۔

جدید انتخابات جمعیۃ علماء بلند شہر

جمعیۃ علماء بلند شہر کا جدید انتخاب زیر صدارت مولانا محمد عثمان صاحب صدر مدرس مدرسہ اسلامیہ عربیہ، ۲ر جنوری ۱۹۴۹ء کو بعد نماز جمعہ عمل میں آیا ہے۔

مولانا حشمت علی صاحب صدر، صوفی ریاض المصطفیٰ صاحب نائب صدر، حکیم محمود الحق صاحب ناظم، محمد فتح خاں صاحب نائب ناظم، حسن علی برنی (آنریری سکریٹری مسلم لائبریری) ناظم نشر و اشاعت، محمد حنیف صاحب خازن مقرر ہوئے۔ مولوی محمود عالم خاں صاحب وکیل، چودھری محمد خاں صاحب، محمد صدیق صاحب، قاضی عبدالحمید صاحب، منشی محمد افضل صاحب، نیپال کمشنر ماسٹر نور محمد صاحب، منشی عبدالواحد صاحب، حافظ عبدالرشید صاحب، شیخ نبو صاحب، منشی محمود شاہ صاحب، منشی رحیم علی صاحب، منشی نظام خاں صاحب، بابو محمود خاں صاحب، منشی عبدالحکیم صاحب، مسٹر محمد جعفر برنی، منشی محمد اسحاق خاں صاحب ممبران مجلس منتظمہ مقرر ہوئے۔

ماتحت جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کے نام

صدر صاحب ضلع کا پیغام

مولانا حشمت علی صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر اعلان فرماتے ہیں کہ ضلع کی تمام ماتحت جمعیتیں جدید انتخابات کے نتائج سے جلد از جلد ضلع کے جنرل سکریٹری کو مطلع کریں اور جہاں ابھی انتخابات عمل میں نہیں آئے ہیں وہ فوراً انتخاب عمل میں لاکر ضلع کو آگاہ کریں تاکہ ضلع جمعیۃ علماء کا انتخاب عمل میں لایا جاسکے۔ نیز رپورٹ (فاتحہ کے رجسٹر) کاغذات اور حسابات کو مکمل اور صحیح اندراجات کے ساتھ مکمل رکھیں۔

ناظم نشر و اشاعت بلند شہر کا اعلان

ضلع بلند شہر کی تمام ماتحت جمعیۃ علماء اپنے اپنے دفاتر میں ایک ایک کاپی اخبار "الجمعیۃ" دہلی کی لازمی طور پر جاری کرائیں تاکہ جمعیۃ علماء کے مرکزی صوبہ اور ضلع کے جلسے پروگرام وقت پر معلوم ہوتے رہیں اور دوسرے امور سے حسب موقع تعمیل ہوتی رہے۔

دہرہ دون کے مسلمانوں کی آبادکاری

۷ر جنوری کو جمعیۃ علماء شہر کا ایک وفد جس میں مولوی مظہر صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل بی صدر، افتخار احمد صاحب سکریٹری و عبدالمجید صاحب ممبر مجلس منتظمہ شامل تھے شری گووند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری یوپی سے بمکان منسٹر دہرہ دون پر ملا اور ان سے یہاں کے مسلمانوں کی آبادکاری کے مسائل میں گفتگو کی مسلمانوں کی تکالیف کو ان سے بیان کیا۔ سکریٹری صاحب موصوف نے نہایت اطمینان سے ملاقات کی اور ہر ممکن امداد کرنے کا وعدہ فرمایا ساتھ ہی ساتھ انھوں نے حکومت کی مجبوریوں کا اظہار بھی کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ جلد از جلد غالباً دس ماہ میں مسلمانوں کے کچھ مکانات خالی کرا دیئے جائیں گے۔ اور آئندہ بھی ہر ممکن امداد دینے کا وعدہ فرمایا۔ اراکین نے سکریٹری صاحب موصوف کا شکریہ ادا کیا۔

جمعیۃ خورجہ کا انتخاب

۷ر جنوری کو عام ممبران جمعیۃ علماء خورجہ کا جلسہ زیر صدارت جناب خیاض محمد خاں صاحب بمقام مولوی عبدالغنی دفتر جمعیۃ علماء خورجہ منعقد ہوا جس میں شہر کے معزز حضرات نے شرکت فرمائی اور اتفاق رائے سے حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

صدر مولوی محمد ذکی صاحب فاروقی، ناظم اعلیٰ محمد اسمعیل صاحب انصاری، نائب صدر عبداللہ خاں صاحب، نائب ناظم حافظ محمد شفیق صاحب انصاری، خزانچی حاجی عزیزاللہ خاں صاحب لکڑ والے۔

مئو میں ریلوے مزدوروں کا عام جلسہ

اعظم گڑھ ۔ بذریعہ ڈاک ۷ر جنوری۔ مئو میں سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان جلسہ مہامت بنک کے میدان میں منعقد ہوا جس میں کسانوں اور بنکروں اور ریلوے کے مزدوروں کی بڑی تعداد ہزاروں باشندگان شہر کے ساتھ شریک تھی۔

ساتھی اودت شکل نے دیہاتی گیتوں اور نظموں کے ذریعہ عوام کو سوشلزم کا پیغام سنایا۔ حافظ شعیب اعظمی نے قومی اور غیر مذہبی جمہوری حکومت کے ڈیڑھ سال کارناموں پر بحث کرتے ہوئے محنت کش طبقہ کو متحد ہونے کی تلقین کی۔

آپ نے قومی حکومت والوں [illegible] کو راج پر کمپنی بنا کر پونجی پتیوں کی طرح ہر دن چڑھا رہی ہے اور عوام کا روپیہ بے دریغ خرچ کر رہی ہے۔

شاندار مشاعرہ

دہلی ۱۱ر جنوری۔ بزم عزیز دہلی کا طرحی مشاعرہ مورخہ ۱۵ر جنوری ۱۹۴۹ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے شب زیر صدارت [illegible] منعقد کیا جا رہا ہے اہل ذوق حضرات سے التماس ہے کہ بوقت مقررہ تشریف لاکر شریک محفل ہوکر ادب نوازی کا ثبوت دیں۔ مصرع طرح [illegible] قافیہ ساحل۔ منزل۔ (سکریٹری)

دارالسلطنت

مورخہ ۱۰ر جنوری ۱۹۴۹ء

کل ہندوستانی کمیونسٹ بورڈ کا قیام

ملک بھر میں فرقہ پرست طاقتوں کے خلاف جدوجہد کرنے کے لئے انٹی کمیونسٹ بورڈ بنانے کے پیش نظر مشہور ہریجن لیڈر جگجیون رام نے لالہ دیش بندھو گپتا کی صدارت میں لیڈروں کا ایک جلسہ طلب کیا۔ جلسہ کی افتتاحی تقریر میں جناب [illegible] ملک کے مختلف فرقہ وارانہ جماعتوں کا ذکر کیا اور عوام سے ان زہریلے عناصر کو کچل دینے کی اپیل کی۔ آپ نے گاندھی جی کی تعلیمات پر عمل درآمد کرکے فرقہ پرستی کو ختم کرنے کی تلقین کی۔ آپ کے بعد کئی اور مقررین نے بھی تقریریں کیں۔ سردار پرتاپ سنگھ کی قیادت میں کل ہند انٹی کمیونسٹ بورڈ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ مندرجہ ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر آنریبل شری [illegible] نائب صدر [illegible] ڈاکٹر [illegible] جنرل سکریٹری [illegible] سکریٹری [illegible] ورکنگ کمیٹی بنائی گئی اور طے پایا کہ مشرقی پنجاب میں جالندھر میں پہلی انٹی کمیونل کانفرنس ہو۔

مویشی چور گرفتار

گزشتہ شب موضع سنت نگر نزد کیمپ دہلی میں مویشی چوروں کا ایک گروہ کسی پولیس کا دروازہ توڑ کر مویشی چرا کر فرار ہوگیا۔ تاہم پولیس کو گاؤں کے لوگ پہونچ گئے۔ اور ایک چور کو پکڑ لیا۔ بتایا گیا ہے کہ مویشی چوروں کے گروہ پنجاب اور دہلی سے مویشیوں کو چرا کر دوسرے علاقوں میں فروخت کر رہے ہیں۔ دیہات میں مویشیوں کی چوری کی متعدد خبریں آرہی ہیں۔

وزیراعظم بھوپال کی آمد

نئی دہلی ۱۰ر جنوری۔ بھوپال کے وزیر اعظم مسٹر چترنارائن مالویہ بذریعہ ہوائی جہاز دہلی پہنچ گئے ہیں جہاں آپ ہندوستان کے نائب وزیر اعظم سردار پٹیل سے ملاقات کریں گے اور ریاست بھوپال کی صورت حالات پر تبادلہ خیالات کریں گے۔ [illegible]

سکریٹری عرک کالج سوسائٹی کا اعلان

[illegible]

فائل چور گرفتار

ایک شخص کو نیفل بازار پولیس اسٹیشن سے چوری کے ایک مقدمہ کی فائلیں چراکر فرار ہونے کی کوشش میں پولیس نے تعاقب کرکے نیفل بازار میں گرفتار کرلیا۔

ٹرموے ملازمین کا احتجاج

[illegible]

مشاعرہ

[illegible]

واٹر ورکس کے ملازمین کی ہڑتال

[illegible]

مولانا محمد علی متحدہ قومیت کے حامی تھے ہمیں ان کے اصولوں پر چلنا چاہیے

یوم محمد علی کے موقع پر پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی کا خراج عقیدت

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) "مولانا محمد علی متحدہ قومیت کے حامی تھے۔ آج ہمیں اپنی غیر مذہبی اور جمہوری حکومت کو کامیاب بنانے کے لئے ان اصولوں پر چلنا چاہیے جن کے مولانا محمد علی حامی تھے" یہ الفاظ یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گووند ولبھ پنت نے یوم محمد علی کے سلسلہ میں منعقدہ محمد علی لائبریری میں منعقدہ ایک مشاعرہ میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

محمد علی لائبریری نے سالہائے ماسبق کی طرح امسال بھی یوم محمد علی کے سلسلے میں ہفتہ کے روز شب میں محمد علی لائبریری ہال میں ایک مشاعرہ اور اتوار کے روز طلبا کی ایک ڈبیٹ منعقد کی۔ مشاعرہ شروع ہونے سے قبل یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گووند ولبھ پنت نے ایک تقریر کی اور مولانا محمد علی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریر کے بعد لائبریری کے سکریٹری حکیم عبدالخالق صاحب نے پنت جی کا شکریہ ادا کیا۔ پنڈت پنت نے اس سے قبل ایک جلسہ عام میں بھی تقریر کی تھی۔ لائبریری میں آپ نے تقریباً پندرہ منٹ تک تقریر کی۔ اس کے بعد آپ میونسپلٹی کی جانب سے دیئے گئے ڈنر میں شرکت کے لئے جوناون ہال میں دیا گیا تھا تشریف لے گئے۔ پنڈت پنت نے اپنی تقریر میں مولانا محمد علی کو پرزور الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ متحدہ قومیت کے حامی رہے اور آج ہم ہندوستان میں جو غیر مذہبی اور جمہوری حکومت بنا رہے ہیں مولانا محمد علی اس حکومت کے حامی تھے۔ ہم سب کو مل کر اس حکومت کو کامیاب بنانا ہوگا تاکہ اس میں ہر انسان کے ساتھ بلا امتیاز مذہب و ملت انصاف اور مساوات کا برتاؤ ہوسکے۔ مشاعرہ میں دہلی، میرٹھ، سنبھل، دیوبند، مظفر نگر وغیرہ کے شعرائے شرکت کی جن میں اور صاحب صابری، کوثر تریشی، میرٹھی، تکرنوری دہلوی، گلزار دہلوی اور منش صاحب دہلوی قابل ذکر ہیں۔ (نامہ نگار)

حکام نے کرفیو کے پابندیوں میں ۱۱ بجے شب تک توسیع کر دی ہے جو شخص اس حکم کی خلاف ورزی کرے گا، اس کے خلاف پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۹ کے ماتحت کارروائی کی جائے گی۔

مہتروں کا احتجاج

دہلی کے مہتروں کے ایک جلسہ میں جو کرم چند صاحب کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا میونسپل کمیٹی ہیلتھ افسر کے مہتروں کے ساتھ رویہ پر احتجاج کیا گیا اور قرارداد میں بقایا رقموں کی ادائیگی، ... [illegible] چھٹیوں میں کام کرنے کی اجازت اور سال بھر میں پندرہ دن کی اتفاقیہ چھٹی کا مطالبہ کیا گیا۔

کار کے حادثے

مختلف چوراہوں پر بیچ میں جو بلیٹ فارم سپاہیوں کے کھڑے ہوکر ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں ان پر روشنی کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے اکثر حادثات ہوتے رہتے ہیں چنانچہ نئی دہلی میں کل پرسوں میں اس قسم کے دو حادثے ہوئے پہلی کار جو ایک پلیٹ فارم سے ٹکرائی اس کو زیادہ نقصان نہیں پہونچا لیکن دوسری کار کو کافی نقصان پہونچا اس کا ریڈی ایٹر بھی ٹوٹ گیا اور سواروں کے بھی چوٹیں آئیں۔

۳ من افیم برآمد ہوئی

اتوار کو دہلی کی ایکسائز پولیس نے تقریباً ۳ من افیم جس کی قیمت تقریباً ایک لاکھ روپے ہوتی ہے موبائل اسٹیشن ویگن کو زمین دہلی کی طرف لائی جا رہی تھی اپنے قبضہ میں کرلی۔ یہ ریاست حیدرآباد سے لائی جا رہی تھی۔ یہ اسٹیشن ویگن وہیں سے گیا وہ سیل دہلی پہونچ جانے پر پکڑی گئی۔ تین آدمی جن میں ڈرائیور بھی شامل ہے گرفتار کرلئے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ دہلی میں نا جائز افیم کی برآمدگی کا یہ سب سے بڑا واقعہ ہے۔

ہنڈلی کاٹن کا ذکر خیر

[illegible]

دہلی میونسپلٹی کے لئے نیا ٹرک

میکسیکو کی حکومت نے پنڈت نہرو کو جو تحفہ بھیجا تھا وہ کانگریس کے کانگریس سیشن کے دوران میں گوڑا وغیرہ اٹھانے کے لئے استعمال کیا گیا۔ اب معلوم ہوا ہے وہ ٹرک دہلی میونسپلٹی کو دے دیا گیا ہے۔ [illegible]

جلسے جلوسوں پر پابندی میں توسیع

دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک حکم جاری کیا کہ سارے دہلی ڈسٹرکٹ میں جس میں دہلی چھاؤنی، بیگم گڈھ، مہرولی، نریلا اور نوٹیفائڈ ایریا شامل ہیں جلسوں، جلوسوں، ہتھیار لے کر چلنے، اور [illegible]

تاریخی نادر تحفہ

جس زمانے میں لوگ قیمتوں سے ... [illegible]

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی



ہمدرد

مسٹر عبداللہ بریلوی کی وفات پر

اظہار افسوس

دہلی ۱۱ر جنوری بمبئی کرانیکل کے ایڈیٹر سید عبداللہ بریلوی جن کا اتوار کے روز انتقال ہوا ہے کی وفات پر کچھ اور تعزیتی پیغامات موصول ہوئے ہیں

دیوداس گاندھی

آل انڈیا نیوز پیپر ایڈیٹرز کانفرنس کے صدر مسٹر دیوداس گاندھی نے مدراس میں ایک بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسٹر بریلوی کی وفات سے مجھے سخت صدمہ پہونچا ہے۔ میں نے ایک ذاتی اور گہرا دوست، ہندوستان نے ایک اعلیٰ قابلیت کا فرزند اور دنیائے صحافت نے ایک گوہر نایاب کھو دیا ہے حال ہی میں میری مرحوم سے دہلی میں ملاقات ہوئی تھی مجھے کیا معلوم تھا کہ وہ اتنی جلد داغ مفارقت دے جائیں گے۔ مرحوم نے ہمیشہ دنیائے صحافت کی نہایت جانفشانی سے اور بے لوث خدمات انجام دی ہیں۔ میں ان کی موت ایک بھائی کی موت تصور کرتا ہوں۔

عبدالرحمن صدیقی

مسٹر عبدالرحمن صدیقی نے جو شروع سے مسٹر بریلوی کے گہرے دوست رہے ہیں کلکتہ کے سابق میئر اور سابق ایڈیٹر "مارننگ نیوز" ہیں ایک بیان میں کہا ہے کہ "سید عبداللہ بریلوی ہم سے اس وقت جدا ہوگئے جبکہ ان کی شدید ضرورت تھی۔ نہ صرف بمبئی بلکہ تمام ہندوستان ایک بہترین انسان سے محروم ہوگیا۔ جنگ آزادی میں ان کی خدمات کسی لیڈر سے کم نہ تھیں انہوں نے ہندوستان کے لئے دن رات خدمات انجام دیں مجھ پر یہ ہے کہ وہ انسانوں میں ایک شہزادہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ مجھے امید ہے کہ ہندوستان ہمیشہ ان کی یاد تازہ رکھیں گے۔

مسٹر کانتی گھوش

[illegible]

دہلی مرکنٹائل ایسوسی ایشن

مسٹر بریلوی کی وفات پر دہلی مرکنٹائل ایسوسی ایشن نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کو پر زور الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

[illegible]

کشمیر میں استصواب جیتنے کیلئے مسلم لیگ کی کوششیں

تمام سیاسی جماعتوں کا اشتراک اور تعاون

لاہور ۱۱ر جنوری۔ کشمیر کی جنگ کے خاتمہ کے بعد پاکستان کی ہر ممکن کوشش یہ ہے کہ کشمیر پاکستان میں شامل ہو جائے۔ تمام سیاسی جماعتیں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ایک ہوگئی ہیں۔

صوبائی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کے آج کے اجلاس میں چار آدمیوں پر مشتمل ایک کمیٹی اس مقصد کے لئے پروگرام تیار کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہے ممتاز دولتانہ نے اجلاس کی صدارت کی۔ اور انہیں کو کمیٹی مذکور کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ کمیٹی فوراً اپنا کام شروع کر دے گی۔ نیز پناہ گزینوں کو امداد دینے کے لئے ایک اسکیم مرتب کی جائے گی۔ اور اس امر کی کوشش کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ لوگ دوبارہ کشمیر میں آباد ہو جائیں تاکہ ان کے ووٹ پاکستان کے حق میں حاصل ہوسکیں۔ یہ سوال بہت اہم ہے۔ کیونکہ اس وقت پاکستان میں پانچ لاکھ کشمیری پناہ گزین موجود ہیں سب کمیٹی کے ممبر راولپنڈی جاکر۔ پاکستان افسروں، آزاد کشمیر کی حکومت اور مسلم کانفرنس کے عہدیداروں سے ملاقات کریں گے کہ کشمیر میں استصواب رائے عامہ غیر جانبدارانہ ہو۔

مسلم لیگ کی توجہ زیادہ سے زیادہ اس وقت کشمیر پر مرکوز ہے۔ تحریکی سیاسی اور سماجی زندگی کے دوسرے شعبوں کو نظر انداز نہیں کیا گیا ہے۔ ایک دوسری کمیٹی سول ڈیفنس کمیٹی کے نام سے بنائی گئی ہے جو ہنگامی حالات میں مغربی پنجاب کے دفاع کی اسکیم مرتب کرے گی۔ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان لاہور آنے والے ہیں، اور کمیٹی مذکورہ کے ممبر ان سے دفاع کے معاملات پر تبادلہ خیالات کریں گے۔

آج کے اجلاس میں دو تجویزیں منظور ہوئیں، ایک کشمیر پر دوسری انڈونیشیا پر۔ کشمیر پر جو تجویز ہے اس میں کہا گیا ہے کہ ریاست پاکستان کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے۔ اس لئے اس کو پاکستان میں شامل ہونا ضروری ہے انڈونیشیا کی تجویز میں ڈچ حکومت کے پولیس ایکشن کی مذمت کی گئی ہے۔

مشرقی پنجاب میں جبر کاش کو ۹½ ہزار کی تھیلیاں پیش کی گئیں

لدھیانہ، ڈیرہ ابالا اور عبداللہ پور کی تقریروں میں حکومت پر نکتہ چینی

لدھیانہ ۱۰ر جنوری۔ آزادی کی جنگ ختم [illegible]

[illegible]

جبل پور میں سندھی شرنارتھیوں کا مظاہرہ

امتناعی حکم کی خلاف ورزی میں گرفتار

جبل پور ۹ر جنوری۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں سندھی شرنارتھی گرفتار کئے گئے۔ [illegible]

سہارنپور میں تمام اسکول بند ہیں

سہارنپور ۱۰ر جنوری۔ [illegible]

ہندی کو اور زیادہ سخت بناؤ

پنڈت پنت کا پنڈتوں کو مشورہ

لکھنؤ ۱۰ر جنوری۔ کاشی کے سنسکرت [illegible]

یہ دوراہا

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا بھیانک فکر

[illegible]

ہراساں نہ ہوجئے۔ مستقبل روشن ہے

[illegible]

الجمعیت بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

مفت

رویت ہلال کے سلسلے میں حضرت مولانا ابوالوفا ثناء اللہ کی مشہور کتاب "البسط البنان" اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف قوت نازلہ اور اس کے متعلق مسائل بعد آنے کے ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۱۳ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اعلان تعطیل

کل عید میلاد النبی کی تعطیل کی وجہ سے دفتر بند رہے گا اور ۱۵ جنوری کا الجمعیۃ شائع نہ ہوسکے گا۔ ناظرین کرام اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں۔

(منیجر)

اسرائیل کی ایک اور شکایت

لیک سکسیس ۱۲ جنوری۔ اسرائیل نے اقوام متحدہ سے درخواست کی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعہ ۳۴ کے ماتحت برطانیہ اور اسرائیل کے مابین پیدا ہونے والے حالات کی تحقیقات کرے کیونکہ اگر یہ حالات جاری رہے تو اس سے بین الاقوامی امن اور سلامتی کو خطرہ ہے۔

(رائٹر)

مارشل اسٹالن کو یقین ہے کہ دنیا میں تیسری جنگ نہیں ہوگی

قیام امن کے سلسلہ میں ٹرومین اسٹالن کی ملاقات کا امکان

مغربی یورپ کے کمیونسٹ مشرق و مغرب کے اتحاد کیلئے کوشش کرینگے

بین المملکتی کانفرنس میں ایک دن کی توسیع

ابھی تک پناہ گزینوں کی جائداد کا مسئلہ لاینحل ہے

ہندوستانی وفد جمعرات کے دن دہلی واپس آئے گا

ٹونڈلہ کے مسلمانوں میں خوف و ہراس

پاکستان کے نائب وزیر دفاع

کراچی ۱۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر محمود حسین ممبر پاکستان دستور ساز اسمبلی حکومت پاکستان کے نائب وزیر دفاع مقرر کئے گئے ہیں۔ (ا۔ پ)

یہودیوں کے رویہ سے پورے مشرق وسطیٰ کے امن کو خطرہ

برطانوی دفتر خارجہ کے ایک ترجمان کا حالات فلسطین پر تبصرہ

لندن ۱۲ جنوری۔ برطانوی دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے گذشتہ شب فلسطین کی صورت حالات پر سرکاری طور سے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ سب سے بڑا خطرہ اس بات سے ہے کہ حالات مجلس تحفظ کی طاقت سے باہر ہوتے جارہے ہیں۔

تعمیری کوشش

ایشیائی ممالک کے اتحاد نے مغربی طاقتوں کو خوف زدہ کر دیا

انڈونیشیا کے معاملہ پر مجلس تحفظ کے طرز عمل میں تبدیلی

امریکہ انڈونیشیا کی حمایت پر۔ ہالینڈ سے اختیارات منتقل کرنے کا مطالبہ

انڈونیشیا کا مسئلہ حل کرنے کے لئے آٹھ نکاتی پروگرام

برما کی درخواست منظور

۲۹ ہندوستانی ملاحوں کو سزائے قید

مصر و اسرائیل کی گفت و شنید میں ایک دن کا التوا

یہودیوں کی شکایت سے صلح کی کوششوں میں رکاوٹ پڑنے لگی

محکمہ کی تبدیلی

مہاجرین کی آبادکاری کو سٹیٹ کانگریس اپنا فرض سمجھے

حیدرآباد کے جلسہ عام میں حضرت مولانا نورالدین بہاری کی کانگریس سے اپیل

حیدرآباد ۱۲ جنوری (ا۔ پ) جمعیت علماء ہند کا جو خیر سگالی وفد آج کل حیدرآباد کا دورہ کر رہا ہے اس کے ایک رکن حضرت مولانا نورالدین بہاری نے ایک بیان میں ہندو اور مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ حیدرآباد کے مہاجرین کو آباد کرنے کے لئے مشترکہ مساعی کریں۔ مولانا نے اسٹیٹ کانگریس کو بھی اس کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔

چین میں صلح کی کوشش ناکام ہوگئی

ٹنسن کے شہر میں زبردست جنگ کا آغاز

فوجی مشیر راولپنڈی کو

عارضی فراوانی کو روکنے کے لئے کانگریس کا چھ نکاتی پروگرام

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ختم ہوا

صنعتی امن

تعمیری جدوجہد

جمعیۃ علماء کا وفد مدراس جائے گا

برما میں نئے سال کے اعزاز

زمانہ امن کے لئے صدر امریکہ کا سب سے بڑا بجٹ

امداد اور ڈیفنس کے لئے ۲۱ ارب ڈالر کا خرچ

یونان اور چین کی امداد

وزارت رسد کے دفتر میں ڈاکے کا مقدمہ

چھ اشخاص کے خلاف ڈاکے میں حصہ لینے کا الزام

بھوپال میں کانگریسی لیڈروں کو گرفتار نہیں کیا گیا

اخبار و ریڈیو کی اطلاعات کی تردید!

برطانیہ سے امداد لینے کی بجائے عبداللہ کو عرب لیگ پر اعتماد کرنا چاہئے تھا

وفد پارٹی کے اخبار کا تبصرہ

گورنر بمبئی کا بریلوی کی موت پر افسوس

مسٹر بریلوی کو آرتھر موکا خراج عقیدت

بمبئی میں مسلح ڈاکہ

ہندی فضائی بیڑہ میں توسیع

جموں میں وزیر دفاع کی تقریر

بین المملکتی کانفرنس

(صفحہ اول کالم ۵ سے آگے)

انڈونیشیا کے مسئلہ پر کانفرنس

آسٹریلیا کی شرکت کی مخالفت

انڈونیشیا کے متعلق برطانیہ کو واضح پالیسی کا اعلان کرنا چاہئے

امریکہ کے سیاسی حلقوں کا حکومت برطانیہ سے مطالبہ

جوانوں کے علاوہ بوڑھے آدمی بھی اپنے اندر جوانی کا خاص جوش اور ہیجان محسوس کرنے لگتے ہیں کیونکہ

معجون شباب رجسٹرڈ

کی یہی خاصیت ہے۔ اسکے فوائد استعمال کرنے سے ظاہر ہونگے۔ فی شیشی پانچ روپے آٹھ آنہ۔ علاوہ محصول ڈاک

ہمدرد دواخانہ۔ لال کنواں بکس نمبر ۱۰ دہلی

عورت کا لیکوریا (سیلان الرحم)

ڈاک و خرچ پیکنگ

منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ

انڈونیشیا میں سخت گوریلا لڑائی، ہندستانی بھی حصہ لے رہے ہیں

ایشیائی کانفرنس کیلئے انڈونیشی نمائندوں کا میمورنڈم

ہالینڈ کے خلاف اقتصادی اور اخلاقی ناکہ بندی کی تجویز

نئی دہلی ۱۲ر جنوری۔ آج صبح ایک پریس کانفرنس میں انڈونیشی ری پبلک سرکار کے وزیر مالیات ڈاکٹر ماریس اور اقوام متحدہ میں انڈونیشی ڈیلی گیشن کے قائم مقام لیڈر ڈاکٹر سدرسونو نے یہ امید ظاہر کی کہ مجوزہ ایشیائی کانفرنس میں ہالینڈ کے خلاف اقتصادی اور اخلاقی ناکہ بندی کر کے ہالینڈ کو اس بات پر مجبور کر دیا جائے گا کہ وہ انڈونیشیا سے اپنی فوجیں واپس بلالے۔

ڈاکٹر سدرسونو نے بتایا کہ کانفرنس میں انڈونیشی نمائندوں کی طرف سے مخصوص تجاویز رکھی جائیں گی۔

اس سلسلے میں وہ اور ان کے ساتھی ایک میمورنڈم تیار کر رہے ہیں جس میں کانفرنس کے سامنے وہ تجاویز رکھی جائیں گی جن پر عمل کرنے سے کانفرنس انڈونیشی ری پبلک کو موثر امداد دے سکتی ہے اگر مصر نے کر [illegible] تمام ممالک ہالینڈ کو بند کر [illegible] ہوائی جہازوں [illegible] سے انکار کر دیں تو اس سے صورت حالات میں کافی تبدیلی ہو سکتی ہے کیونکہ اس کے بعد ہالینڈ انڈونیشیا میں اپنی جارحانہ جنگ جاری نہیں رکھ سکے گا۔ مغربی ممالک کے کچھ لوگوں نے مجوزہ کانفرنس پر نکتہ چینی کی ہے لیکن اگر مغربی ممالک بلاک اور یونین بنا سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ جب ایشیا کے مفاد پر چوٹ پڑے، تو ایشیائی باشندے کیوں متحد ہو کر مخصوص اقدام نہ کریں۔ علاقائی جماعتیں بنانا صرف مغرب کا ہی اجارہ دار نہیں ہو سکتی۔

امریکہ کے رویہ کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سدرسونو نے کہا کہ امریکہ کے لوگ تو انڈونیشیا کے حامی ہیں۔ مگر امریکن حکومت کا رویہ ایسا نہیں، کیونکہ وہ مغربی یونین کو کمزور نہیں کرنا چاہتے جس کا ہالینڈ بھی ایک اہم ممبر ہے۔ اگر امریکہ مارشل پلان کے تحت روپے اور سامان سے ہالینڈ کی امداد نہ کرتا، تو وہ کسی بھی حالت میں انڈونیشیا میں اس قدر زبردست فوج نہ رکھ سکتے۔ ہالینڈ اس لڑائی پر دس لاکھ ڈالر روزانہ خرچ کر رہا ہے۔

ڈاکٹر سدرسونو کا بیان

ڈاکٹر سدرسونو نے ایک بیان میں کہا کہ لڑائی بند کرنے کے حکم پر عمل کرنے کے اعلان کے بعد بھی ہالینڈ نے ہنگامی حکومت کی صدر مقامی پر بمباری کی، ہالینڈ کے لوگ انڈونیشیا کے دس سال کے بچوں کو بھی کام کے لئے جبراً مجبور کر رہے ہیں۔ ہالینڈ کے بڑے وزیر کو انڈونیشیا گئے پانچ دن بیت گئے ہیں۔ مگر ابھی تک انہیں کوئی کامیابی نہیں ہوئی اور نہ ہی ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر سدرسونو نے بتایا کہ اس حکومت ہالینڈ نے مجلس تحفظ کے ریزولیوشن کے ایک ہفتہ بعد لڑائی بند کرنے کا حکم دیا لیکن ابھی تک وہاں پر لڑائی جاری ہے آپ نے کہا کہ گوریلا سرگرمیاں نہ صرف ری پبلکن علاقے میں شروع ہو گئی ہیں بلکہ ہالینڈ کے مقبوضہ علاقہ میں بھی توڑ پھوڑ کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ بہت سی ریلوے لائنیں، پل اور سڑکیں تباہ کر دی گئی ہیں اور ذرائع آمد و رفت ختم ہو گئے ہیں۔ جب تک ڈچ فوجیں انڈونیشیا میں رہیں گی وہاں پر کسی بھی صورت میں امن قائم نہیں ہو سکتا اور ان کے انڈونیشیا چھوڑے بغیر صلح کی بات چیت شروع نہیں کی جائے گی۔

آگے چل کر آپ نے کہا کہ انڈونیشیا میں کس قسم کی مزاحمت ہو رہی ہے۔ اس بات سے ظاہر ہے کہ سرکاری افسروں کو ڈچوں کے ساتھ تعاون نہ کرنے پر سخت سزائیں دی جا رہی ہیں۔ دنیا کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ انڈونیشیا میں کبھی بھی ڈچوں کے ذریعے امن و امان قائم نہیں ہو سکتا۔ اس کے برعکس اگر انڈونیشیا سے ڈچ فوجیں واپس بلالی جائیں، تو وہاں امن و امان ہو جائے گا۔

(یونائیٹڈ پریس)

پاکستان اسمبلی کا بجٹ سیشن

کراچی ۱۲ر جنوری۔ پاکستان اسمبلی کا بجٹ سیشن ۲۸ فروری سے شروع ہوگا ۲۸ فروری کو ریلوے بجٹ پیش کیا جائے گا۔ ۲ مارچ سے مارچ کو عام بجٹ ہوگی۔ ۵ مارچ سے ۸ مارچ کو مختلف مطالبات منظور کئے جائیں گے سرکاری کام کے لئے [illegible] مخصوص کئے گئے ہیں ۱۲ فروری غیر سرکاری بلوں کے لئے ۲۲ فروری غیر سرکاری قراردادوں کے لئے مخصوص کی گئی ہے۔

اقوام متحدہ سے موثر کارروائی کا مطالبہ

انڈونیشیا پر ہندوستانی سفیر کی تقریر

نیویارک ۱۲ر جنوری۔ امریکہ کی انڈین لیگ کے ایک جلسہ میں جو انڈونیشیا میں ڈچ پولیس ایکشن کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنے کے لئے منعقد کیا گیا تھا ہندوستانی سفیر سر بینیگال راما راؤ نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کو اس کا احساس ہے کہ کونسل نے حفاظت کو کیا دوسرے زیادہ طاقتور بخشی جانی چاہئے تاکہ وہ انڈونیشی معاملہ کو زیادہ موثر طریقے سے حل کر سکے۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور ایشیا کے دوسرے آزاد ملک ممالک کو اس کا احساس ہے کہ ڈچ ایکشن کے معنی یہ ہیں کہ ایشیا میں فنا ہوتے ہوئے سامراج کو از سر نو زندہ کیا جائے اور ایشیا کا ہر ملک اس خطرہ کا احساس کر رہا ہے۔ اگر اقوام متحدہ نے اس خطرہ کو روکنے کے لئے فوری اور موثر کارروائی نہیں کی تو اس کا ردعمل نہ صرف ایشیا بلکہ یورپ میں بھی ہوگا۔ جو نہایت خطرناک ہوگا۔

حکومت امریکہ سے مشاہدین بھیجنے کا مطالبہ

نیویارک ۱۲ر جنوری۔ مشہور امریکی جرنلسٹ مسٹر لوئی فشر نے امریکن گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نئی دہلی میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں مبصر [illegible] بھیجے۔ [illegible]

مسٹر نے کولمبیا یونیورسٹی میں [illegible] کو بتلایا کہ جو کانفرنس [illegible] اس سے دنیا کا زبردست مفاد وابستہ ہے۔

لوئی فشر نے جنہوں نے کہ حال ہی میں واشنگٹن میں انڈونیشیا کے ذمہ داران حکومت سے ملاقات کی ہے یہ بتایا کہ اس بات کا وثوق کے ساتھ یقین ہے کہ امریکن گورنمنٹ کو جمہوری انڈونیشیا سے ہمدردی ہے اور وہ اس سلسلہ میں جمہوری حکومت کے مطالبات کے مطابق تصفیہ چاہتی ہے۔

ہندوستانی لڑ رہے ہیں

تازہ اطلاعات کے مطابق انڈونیشیا میں انڈونیشیوں کی طرف سے ہندوستانی بھی لڑ رہے ہیں لیکن ابھی یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ ان کی تعداد کتنی ہے

ایشیائی کانفرنس میں پاکستانی وفد

سر ظفر اللہ خاں رہنمائی کریں گے

کراچی ۱۲ر جنوری۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں دہلی میں ہونے والی ایشیائی ملکوں کی کانفرنس میں پاکستانی وفد کی رہنمائی کریں گے توقع ہے کہ وہ ۱۹ جنوری کو کراچی سے دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

شام بھی شریک ہوگا

نئی دہلی ۱۲ر جنوری۔ جن ممالک کو ایشیائی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے ان میں شام کی جانب سے سرکاری طور پر منظوری آجانے کے بعد ایک ملک کا اور اضافہ ہو گیا ہے۔ اور اب شرکت کے لئے منظوری دینے والے ممالک کی تعداد گیارہ ہو گئی ہے۔ یاد رہے کہ شام مجلس متحدہ اقوام کی مجلس تحفظ کا رکن بھی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ کانفرنس کا اجلاس ۲۰ر جنوری کو شروع ہوگا تین روز تک جاری رہے گا۔ اور اکثر جلسے نظام ہاؤس نئی دہلی میں ہوں گے۔

ایشیائی کانفرنس کیلئے عراقی نمائندہ

بغداد ۱۲ر جنوری۔ پاکستان میں عراق کے سفیر عبدالغفار الگیلانی نئی دہلی میں انڈونیشیا کے متعلق ہونے والی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ (رائٹر)

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف تحریر کیجئے

سرسید کی یہ خواہش پوری ہو کہ مسلمان سال بسال ترقی کریں

یوم سرسید کے موقعہ پر گورنر جنرل راجہ جی کا پیام

علیگڑھ ۱۲ر جنوری (بذریعہ ڈاک) سرسید ہال میں معززین اور مہمانوں کی کثیر تعداد کی موجودگی میں یوم سرسید منایا گیا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین وائس چانسلر یونیورسٹی نے تعلیمی نمائش کا افتتاح کیا۔ نمائش میں سرسید کے خطوط اور مضامین کے مسودے اور تصاویر وغیرہ کی نمائش کی گئی۔

بعد میں اسٹریچی ہال میں وائس چانسلر نے یوم سرسید کے سلسلہ میں ایک جلسہ کی صدارت کی۔ اس موقعہ پر راجہ جی، آنریبل مولانا ابوالکلام آزاد، سر غلام محمد وزیر خزانہ پاکستان، سردار بلدیو سنگھ، اور ڈاکٹر سید محمود اور دوسرے معزز حضرات کے پیغامات موصول ہوئے اور پڑھ کر سنائے گئے۔ راجہ جی نے اپنے پیغام میں کہا تھا۔ اگرچہ سرسید کا جسم اب ہماری آنکھوں کے سامنے نہیں ہے لیکن جیسا ہم اس موقعہ پر اپنے خیالات ان کی طرف رجوع کرتے ہیں تو ان کی روح ہمارے ساتھ موجود رہتی ہے۔ خدا کرے سرسید کی یہ خواہش کہ ہندوستان کے مسلمان ہر طرح سے ترقی کریں زیادہ سے زیادہ پوری ہو۔ راجہ جی کے پیغام کے بعد مسٹر غلام محمد وزیر خزانہ پاکستان کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

اس میں کہا گیا تھا ہندوستان کے برصغیر کے مسلمانوں کی زندگی میں سرسید نے نہایت اہم کردار ادا کیا۔ مقصد یقین کامل اور فاقت جہالت اور تعصب کے باوجود اس کے حصول کی جد و جہد کے لئے سرسید نے جو نشان قائم کیا وہ علیگڑھ کے طلبا کی زندگی میں ان کی رہنمائی کرنا چاہئے ایک ایسے شخص کی حیثیت سے جس کو علیگڑھ سے گہرا تعلق ہے مجھے اس موقعہ پر پیغام بھیجنے کی کیا بڑی عزت ہے علیگڑھ کا طالب علم خواہ وہ کہیں ہو ہر وقت علیگڑھ سے اپنی وابستگی کو محسوس کرتا ہے۔ مجھے یقین ہے علیگڑھ ہندوستان کے مسلمانوں کی زندگی میں اہم کردار ادا کریگا۔ علیگڑھ کے آئندہ طلبا کو ان کی مثال پر عمل کرنا چاہئے۔ اور اپنے مقصد کو بلند رکھنا چاہئے۔

علاوہ ازیں ہندکے نامور شعراء اور معززین نے نظمیں وغیرہ پڑھیں۔ شام کو اسٹریچی ہال میں ایک ادبی جلسہ ہوا۔ اس کی صدارت شیخ عبداللہ بانی زنانہ کالج نے کی۔

بادشاہ کے خطاب میں ایک اور تبدیلی

شاہ آئرلینڈ کی بجائے شاہ شمالی آئرلینڈ

لندن ۱۲ر جنوری۔ برطانوی کابینہ اس پر غور کر رہی ہے کہ بادشاہ کے موجودہ خطاب یعنی "شاہ آئرلینڈ" کو بدل کر "شاہ شمالی آئرلینڈ" کر دیا جائے۔ توقع ہے کہ اس سلسلہ میں جلدی قانون بن جائیگا۔

چونکہ جنوبی آئرلینڈ نے جمہوری آئرلینڈ کا ایکٹ پاس کر دیا ہے جس کی رو سے برطانیہ اور جنوبی آئرلینڈ کا کوئی سیاسی تعلق قائم نہیں رہا۔ اس لئے توقع ہے کہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں جلد ہی اس قسم کا بل پیش کیا جانے والا ہے۔

بادشاہ کا اس وقت خطاب یہ ہے "شاہ برطانیہ عظمیٰ، آئرلینڈ اور حسن ریاستہائے آبادیات"۔ کابینہ کا خیال یہ ہے کہ دولت مشترکہ کے بعض ممالک کے عوام کی رائے کے مطابق نوآبادیات کے لفظ کے بجائے دولت مشترکہ کا لفظ رکھدیا جائے۔

[illegible] آئرلینڈ کے بجائے شمالی آئرلینڈ کا لفظ رکھدیا جائے لیکن اس کو پسند نہیں کیا گیا اور عام خیال یہ ہے کہ شمالی آئرلینڈ ہی رکھا جائے۔

جلسہ سیرت النبی

میرٹھ (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ سالہائے گذشتہ کی طرح امسال بھی ادارہ نگہ کمیٹی کے زیر اہتمام ربیع الاول کے مہینہ میں گھنٹہ گھر پارک میں نہایت اعلیٰ پیمانہ پر جلسہ سیرت النبی منعقد ہو رہا ہے جس میں ہندوستان کے نامور علماء کرام شرکت کریں گے۔

جون پور میں میلاد النبی کا جلوس و جلسہ

جون پور ۸ر جنوری۔ تبرات ۱۲ر جنوری کو جون پور میں ۱۲ ربیع الاول کا جلوس معمول کے مطابق نکلے گا۔ [illegible] جنوری کو سیرت النبی کانفرنس منعقد ہو گی تمام قانونی طور پر عام طور پر اور غیر مسلم حضرات سے شرکت کی درخواست کی جاتی ہے۔

جلسہ عید میلاد النبی صلعم کی تیاریاں

آج شام کو انجمن [illegible] کے علماء کرام کا ایک جلسہ [illegible] صاحب کے مکان پر منعقد ہوا [illegible] جلسہ کرنے کی تاریخ طے ہوگی اور اہم فیصلہ کیا جائے گا۔

مارشل چیانگ فارموسا بھاگنے والے ہیں

شنگھائی ۱۲ر جنوری۔ شمالی امریکی خبروں کی تصدیق ہو گئی ہے کہ مارشل چیانگ کائی شیک فارموسا کو اپنا عارضی ہیڈکوارٹر قائم کریں گے کیونکہ ان کے خانگی سامان سے بھری ہوئی چند کشتیاں پہلے ہی فارموسا بھیجی گئی ہیں بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اس گفت و شنید کی تجویز کا انتظار نہیں کیا جو چین سرکار کے نمائندے کمیونسٹوں سے صلح کرنے کے لئے کر رہے ہیں۔ [illegible] چیانگ کا جو سامان بھیجا گیا ہے اس میں اہم کاغذات بھی ہیں بہر حال ایک امریکن بیان کے بعد اب فارموسا مارشل چیانگ کی آمد کی توقع کی جاتی ہے۔

یہ ہے شہنشاہ جاپان کی شان

ٹوکیو ۱۲ر جنوری۔ کل جاپان کے شہنشاہ ہیرو ہیٹو نے [illegible] ٹوکیو میں [illegible]

جاپانی ذمہ داران حکومت [illegible]

آزاد کشمیر فوج توڑی نہیں جائے گی

لاہور ۱۲ر جنوری۔ آزاد کشمیر حکومت کے ذرائع نے یہ اعلان کیا ہے کہ آزاد کشمیر فوج توڑی نہیں جائے گی۔ [illegible] حکومت کی ہوا قبضہ [illegible] امن و امان کا فرض انجام دیگی۔ [illegible]

فلسطین کے متعلق برطانوی پالیسی

لندن ۱۱ر جنوری۔ [illegible] برطانوی پالیسی [illegible]

وفد پارٹی نے مصری کابینہ میں شرکت کا اعلان کر دیا

کابینہ مخلوط اور وزیر اعظم غیر جانبدار بنانے کی شرط

قاہرہ ۱۱ر جنوری۔ کل مصر کی وفد پارٹی نے جو اکتوبر ۱۹۴۴ء سے حزب مخالف کی حیثیت سے کام کر رہی ہے ایک غیر جانبدار وزیر اعظم کے ماتحت مخلوط قومی حکومت میں شرکت کا اعلان کر دیا ہے وفد پارٹی مصر کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی کی [illegible] اعلان کے بعد ختم کر دی گئی تھی۔

لندن میں [illegible] میں جس مصری وفد نے ملک کی آزادی کی گفت و شنید میں شرکت کی تھی شریف احمد زاغلول کی وفات کے بعد نحاس پاشا اس وفد یعنی وفد پارٹی کے صدر بن گئے۔

آپ اس حکومت کے وزیر اعظم تھے جس نے معاہدہ ۱۹۳۶ء پر دستخط کئے۔

[illegible] میں دوبارہ وزیر اعظم بنے اس وقت حرف و فد پارٹی کی حکومت اور اکتوبر ۱۹۴۴ء تک جنگ کے دوران میں وزیر اعظم رہے اور اسی زمانے میں اتحادیوں کو شمالی افریقہ میں فتوحات حاصل ہوئیں۔

وفد پارٹی کے سکرٹری جنرل سراج الدین نے بتایا کہ ان کی پارٹی پارلیمنٹ کو توڑ دیے کو [illegible] مطالبہ نہیں کرے گی کہ فوری طور پر پارلیمنٹ کو توڑ دیا جائے اور نئے [illegible] انتخابات کرائے جائیں۔ [illegible] وفد پارٹی کو دوسری جماعتوں کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کرنا چاہئے۔

وفد پارٹی مصر کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی ہے اور ۱۹۴۴ء سے حزب مخالف رہی ہے جب کہ شاہ فاروق نے اس کے لیڈر نحاس پاشا کو وزارت عظمی سے نکال دیا تھا۔

۱۹۳۴ء کے جب سے مصر میں پارلیمنٹری حکومت کا نفاذ ہوا مصر میں سیاسی جماعتوں کی عام طور پر خواہش یہ رہی ہے کہ دوسری تمام پارٹیاں وفد پارٹی کے مقابلہ میں رہیں۔

وفد پارٹی کو جو شروع سے مصر کی قومی پارٹی رہی احمد زاغلول پاشا نے قایم کیا تھا جو ۱۹۲۴ء میں مصر میں پہلے برطانوی انتداب کے خاتمہ اور آزادی کے بعد وزیر اعظم بنے تھے۔

پچاس ہزار ڈالر کی گمی

[illegible] ۱۲ر جنوری۔ انڈونیشیا میں چاول کی [illegible] پچاس ہزار ڈالر [illegible]

کلکتہ میں یوم انڈونیشیا پر ہنگامہ

طلبا کے جلوس پر لاٹھی چارج

کلکتہ ۱۱ر جنوری۔ آج کلکتہ کے طلبا نے انڈونیشیا کا دن منایا۔ یونیورسٹی میدان میں جلسہ کرنے کے بعد طلبا جلوس کی صورت میں [illegible] کی طرف روانہ ہوئے [illegible] اور کالج سٹریٹ کے موڑ پر پولیس نے جلوس کو روک لیا۔ کیونکہ شہر میں ابھی تک دفعہ ۱۴۴ لگی ہوئی ہے۔ اور جلوس نکالنا قانون کی خلاف ورزی تھی۔ اس پر جلوس کی طرف سے پولیس پر پتھروں کی بوچھار ہوئی۔ پولیس نے تنبیہ دینے کے بعد اشک آور گیس استعمال کی اور جلوس کو منتشر کرنے کے لئے لاٹھیاں چلائیں۔

اس دوران میں ایک دوسرا طلبا جلوس ڈلہوزی سکوائر کی طرف بڑھتا جا رہا تھا۔ اس جلوس کو بھی پولیس نے اشک آور گیس سے منتشر کر دیا۔ [illegible]

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے صداقت کا امتحان کیجئے

یونین ہوٹل بلیماران دہلی (حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

یہ دوراہا!

ماضی کا درد فردا غم اور مستقبل کا بھیانک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں کیا کریں ۔۔۔۔ کدھر جائیں ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہو جئے۔ مستقبل روشن ہے

اس آواز کو اپنے کانوں تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کے لئے کتاب ذیل ضرور پڑھئے علاج حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ علاج حق حصہ دوم [illegible]

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک ممبر کو ان کتابوں کو ضرور رکھنے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۴۹ء میں

"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

[illegible]

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵)

طلا نمبر ۲۰

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہر یں دوڑنے لگتی ہیں اور عضوی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق

آپ کی جیون ہر مایوس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوئی۔ حکیم رام سروپ ارکیٹور (لکھنؤ)

ملنے کا پتہ:- دیسی دواگھر۔ نور گنج۔ دہلی

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

۱۴ر جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

ایامِ نوبہار

خیالات اور کردار کے اعتبار سے انسان تضاد کا ایک عجیب نمونہ ہے، وہ جب بگڑتا ہے تو اس سے برا کوئی نہیں اور جب بنتا ہے تو اس سے بھلا بھی کوئی نہیں اس کے طرز عمل کا انحصار جذبات کی اسٹیم پر ہے، جذبات کی زیادتی اسے افراط پر آمادہ کرتی ہے اور اس کی کمی سے وہ تفریط کی طرف مائل ہو جاتا ہے، معمولی سی بات سے اس کا قائل بن جانا معمولی بات ہے، اور یہی معمولی بات جب گہرا اثر کرتی ہے تو اسے فرشتہ بنا کر چھوڑتی ہے، اس کی عقل و فہم کا اتار چڑھاؤ بھی حیرت انگیز ہے، بعض دفعہ اسے بڑی دلیل بھی قایل نہیں کر سکتی، ہزار بحث اور جگر چیر کر رکھدو مگر وہ اپنی بات پر اڑا رہے گا اور یہ بھی نہ چاہے گا کہ دوسرے کی دلیل اور اپیل کو سمجھ لے لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ ایک معمولی اشارہ نشانہ پر بیٹھ جاتا ہے اور ہلکی سی دلیل اسے قائل کر دیتی ہے! اگر کسی غلط فہمی کی بنا پر اس کا زاویۂ نگاہ بگڑ گیا تو سمجھو کہ ساری دنیا بگڑ گئی، اگر زاویۂ نگاہ درست ہو گیا تو باہر کی ہر چیز درست ہو گئی، نفرت اور دشمنی کرے گا تو حد کو پہونچا دے گا اور جان لے کر چھوڑے گا، محبت اور دوستی پر آئے گا تو اپنے آپ کو قربان تک کر دے گا، اور اپنے نقصان کی کبھی پروا نہیں کرے گا، دل صاف ہے تو پہاڑ بھی رائی بن جائیگا دل میلا ہے تو رائی کو پہاڑ بننے میں دیر نہ لگے گی، سچ ہے باہر کی ہر چیز دماغ کے کارخانہ میں بنتی ہے، اور دماغ کا فیصلہ ہی انسان کے طرز عمل کو متعین کرتا اور اس کے کردار کو ظہور میں لاتا ہے!

ہند اور پاکستان کے تعلقات میں خوشگواری پیدا ہونے کے حالات بدلنے شروع ہو گئے ہیں، ایک طرف انٹرڈومینین کانفرنس منعقدہ دہلی کی کامیابی نے فضا پر خوشگوار اثر ڈالا ہے، دوسری طرف کشمیر کی جنگ بند ہونے سے خیالات میں لچک سی پیدا ہونی شروع ہوئی ہے، کم از کم دل کو یہ اطمینان ہے کہ ہندوستان اور پاکستان میں جنگ نہیں ہوگی اور گزشتہ خونی واقعات کا اعادہ نہ ہوگا، مشرقی پنجاب کے سکھ ننکانہ صاحب گئے اور کچھ اچھی توقعات لے کر واپس آئے مغربی پنجاب کے مسلمان سرہند شریف آئے اور خیر اندیشی کے کچھ جذبات ساتھ لے کر گئے، دونوں طرف کے لیڈروں نے بھی کچھ روز سے الزام تراشیوں کا پیشہ ترک کر رکھا ہے اور وزراء کے لب و لہجہ میں بھی کچھ نرمی اور شیرینی پیدا ہونے لگی ہے، عوام کو اس کے سوا اور کیا چاہئے جب وہ دیکھتے ہیں زاویۂ نگاہ بدلنے شروع ہوئے اگر حالات کی رفتار یہی رہی تو بعید نہیں جلد ہی فہم و دانش ابھر آئے اور ہندو مسلمان تلافی مافات کی کوششوں میں لگ جائیں!

مشرقی بنگال کی اقلیتوں کا معاملہ ذرا زیادہ الجھ گیا تھا، انٹرڈومینین کانفرنس میں اس کا آخری اور انقطاعی فیصلہ ہوا اور ادھر کشمیر کی جنگ بند ہونے سے حالات کو کروٹ لینے کا موقعہ ملا اور وہاں کی فضا صاف ہونی شروع ہو گئی، چنانچہ پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم کلکتہ نے کشمیر کے تازہ فیصلہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا

"اس وقت انٹرڈومینین کانفرنس کے تازہ فیصلوں کی اسپرٹ میں عمل کرنے کی کوشش کیجا رہی ہے تاکہ کوئی فیصلہ کاغذی اور زبانی ثابت نہ ہو"

عملی کوشش کی تفصیلات کیا ہیں؟ اس کے متعلق آپ نے کہا کہ اقلیتوں کے لئے تیس فیصدی ملازمتیں مخصوص کر دی گئی ہیں، اقلیتوں کی حفاظت کے لئے ضلع وار بورڈ بھی عنقریب قایم کر دیئے جائیں گے اور معاہدہ کی پابندی کرتے ہوئے ان سرکاری ملازمین کو سزا دیجائے گی جو اقلیتوں کی جان و مال کی حفاظت کے سلسلہ میں اپنے فرائض کی بجاآوری میں غفلت یا۔۔ اقلیتوں کے ساتھ تعصب برتنے اور ان کے ساتھ بدسلوکی کے مجرم ہوں گے، آپ نے یہ بھی کہا کہ اب مشرقی بنگال میں خوف و ہراس کا نام و نشان تک نہیں، یہ کبھی نہ ہوگا کہ اقلیتوں کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک ہو، جو لوگ باہر چلے گئے ہیں ان کو واپس بلانے اور ان کے مکانات اور زمینیں واپس دلانے اور انہیں ان کے سابقہ پیشوں پر بحال کرنے میں ہر قسم کی سہولتیں دیجائیں گی! اس بیان کی تصدیق معاصر اسٹیٹسمین کے نامہ نگار کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے

"مشرقی بنگال سے ترک وطن کی مہم عملاً ختم ہو چکی ہے، اعتماد بحال ہو رہا ہے بہت سے تارکان وطن اپنے اپنے گھروں کو واپس جا چکے ہیں، چاول کی قیمت گر جانے سے ترک وطن کا ایک بڑا سبب بھی دور ہو گیا ہے، دہلی کی انٹرڈومینین کانفرنس نے بھی اقلیتوں کے دلوں میں اعتماد پیدا کیا ہے، اب کشمیر میں التوائے جنگ کے اعلان سے صورت حال میں مزید بہتری کی توقع ہو گئی ہے"

اگر مشرقی بنگال میں اقلیتوں کی واپسی کا خیر مقدم کیا جا سکتا ہے تو مغربی پنجاب کی آغوش بھی اقلیتوں کے لئے کھل جانی چاہئے، جو لوگ وہاں سے نکالے گئے ہیں وہ زبان سے خواہ کچھ کہیں لیکن ان کا دل لاہور اور راولپنڈی کی گلیوں میں پڑا ہوا ہے ایک اشارہ کی دیر ہے، یہاں سے جانے میں کسی پناہ گزین کو عذر نہ ہوگا، بس ایک یہی مشکل اور باقی رہ گئی ہے جسکے حل ہوتے ہی زمین و آسمان بدل جائیں گے اور ہند اور پاکستان میں مصالحت و مواسات کی باد صبا چلنی شروع ہو جائے گی۔

ابھی ایک بڑی کسر باقی ہے جس کی طرف دونوں حکومتوں کو توجہ دینی چاہئے، یعنی ہندوستان اور پاکستان کے اخبارات کو ابھی ہدایت کی توفیق نہیں ملی ہے اور وہ ایک دوسرے کے خلاف زہر پاشی کرنے سے باز نہیں آتے ہیں، ایک جاہل گنوار دل کا بہت صاف ہوتا ہے لیکن ایک تعلیم یافتہ قلم چلانا بھی جانتا ہو اور کینہ توز اور مفسد ہو تو [illegible] ہو جائے وہ اپنی مفسدہ پردازی سے باز نہیں آتا اور کسی نہ کسی ڈھنگ میں فساد کی تخم ریزی کرتا ہی رہتا ہے، ضرورت ہے کہ ہند اور پاکستان کی حکومتیں دونوں کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے اخبارات پر کڑی نگرانی رکھیں اور ان کی زہر آلود خبروں اور تبصروں کا پرسش کرتے رہیں، حکومتوں کا راہ راست پر آنا آسان ہے، اخبارات کا گمراہی سے بچنا بہت مشکل ہے مگر اس کا علاج صرف قانون ہے یہی شکنجہ ایسا ہے جو اخبارات کے کس و بل نکال کر انہیں سیدھا کر سکتا ہے۔

استصواب رائے

کشمیر میں استصواب رائے کے لئے جن شرائط کی تکمیل ضروری ہے وہ کشمیر کمیشن کی طرف سے شائع کر دی گئی ہیں، مگر یہ دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ان شرائط کا مفہوم ہر ایک اپنی اپنی خواہش کے مطابق متعین کیا جا رہا ہے اور اخبارات ان سے اپنے مطلب کی باتیں نکال رہے ہیں، خصوصاً ان رقبوں کے انتظام کا معاملہ زیر بحث ہے جن پر آزاد کشمیر گورنمنٹ کا قبضہ ہے، ایک فریق کہتا ہے کہ ان پر شیخ عبداللہ کی حکومت قایم نہیں ہوگی بلکہ آزاد کشمیر گورنمنٹ کے کشمیری حکام متحدہ اقوام کے ایڈمنسٹروں کی نگرانی میں اپنا انتظام قایم رکھیں گے باقی باہر کے تمام افراد کو باہر نکال دیا جائیگا دوسرا فریق کہتا ہے کہ ان پر شیخ عبداللہ کی حکومت قایم ہوگی اور آزاد کشمیر گورنمنٹ کے کشمیری حکام [illegible]

اچھی باتیں

یوم۔ تا۔ یعلمون (پ ۲)

اور جب عذاب آئے گا تو اس کا حال کیا ہوگا؟ بس جس روز بھی عذاب آگیا تو وہ مجرمین کو اوپر سے بھی ڈھک دیگا اور نیچے سے بھی اسلئے گا، اور کہے گا، لو اب اپنے کرتوتوں کا ذائقہ چکھو۔

یہاں یہ بات بتائی گئی ہے کہ گو عذاب اپنے وقت پر آتا ہے اور اس کے نزول کا ایک قاعدہ مقرر ہے لیکن جب آتا ہے تو دفعتاً آتا ہے، توقع کے خلاف آتا ہے اور اکر چاروں طرف سے ایسا گھیر لیتا ہے کہ نجات کی کوئی راہ باقی نہیں رہتی، اوپر سے بھی عذاب نیچے سے بھی عذاب، پس و پشت اور چپ و راست جدھر دیکھو عذاب ہی عذاب۔ بھاگنا چاہو تو بھاگ نہ سکو چھپنا چاہو تو چھپ نہ سکو، منت سماجت سے بچنا چاہو تو یہ بھی کام نہ آئے۔ نہ کوئی پناہ دینے والا نہ کوئی فریاد سننے والا، البتہ خود عذاب خطاب کر کے کہے گا، بدمستو! تم سمجھانے پر نہ سمجھے اور اپنے کرتوتوں سے باز نہ آئے اب آؤ اور اپنے کرتوتوں کا مزہ چکھو اور جس عذاب کا مذاق اڑاتے تھے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لو۔

انڈونیشیا پر ڈچ حملہ کا پس منظر

۱۸-۱۹ر دسمبر کو منگل کی شب کو ڈچ فوج نے جمہوریہ انڈونیشیا کے خلاف دوبارہ جارحانہ اقدام کیا ڈچوں نے انڈونیشیا پر یہ جارحانہ حملہ دوسری بار کیا ہے اور اس مرتبہ پھر انہوں نے امن پسند لوگوں کو فنا اور بربادی میں مبتلا کرنے کی ٹھانی ہے۔

ہالینڈ کی حکومت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ڈچ حکومت نے پولیس کارروائی اس لئے شروع کی ہے کہ جمہوریہ دہشت پسندوں پر قابو نہیں پا سکی اور اس کے علاوہ گفت و شنید جاری رکھنے سے کوئی فائدہ بھی نہیں تھا۔

ہالینڈ کی اس وقت پولیس کارروائی کا مطلب سامراجی جنگ ہے۔ "دہشت پسند" اس نے اپنی زبان میں انڈونیشیا کے ان باشندوں کو کہا ہے جو اپنی آزادی کی حفاظت کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

ایک مرتبہ اس سے پہلے بھی جولائی ۱۹۴۷ء میں لنگا جاتی معاہدہ پر دستخط ہو جانے کے چند ماہ بعد ہالینڈ کی حکومت نے یہ چاہا تھا کہ مسلح فوج کے وحشیانہ استعمال کے ذریعہ جمہوریہ سے اپنی خواہشات جبراً منوالے۔ انھوں نے اپنی نام نہاد پولیس کارروائی کے تحت نازیوں کی طرح "امن و امان قائم کرنے" اور دہشت پسندوں اور انتہا پسندوں کو زیست و نابود کرنے کو بہانہ بنایا تھا لیکن حقیقت میں اس کا مقصد یہ تھا کہ جمہوریہ ہالینڈ کے ہر ایک مطالبہ کو مانتے [illegible]

[illegible] خواہش کا کافی ثبوت دیا کہ ہالینڈ کے ساتھ پر امن سمجھوتہ ہو جائے پچھلے تین سال کے مختصر زمانے میں بھی جمہوریہ کی حکومت نے ہر ممکن کوشش کی کہ جنگ نہ ہو۔ البتہ وہ ہالینڈ کے ناجائز مطالبوں کو نہ مانتے ہوئے آزادی اور سیاست جیسے کو صحیح کرنے اور پھر سے ڈچ سامراج کا ایک حصہ بننے کے لئے تیار نہیں تھی۔

سمجھوتے کی بات چیت میں اس باقاعدہ تعطل نے جو خیر سگالی کمیٹی کی نگرانی میں اور اس بات چیت میں بھی جس نے فاطمہ ہوئی کوشش اور ڈچ نمبروں میں ہوئی۔ جمہوریہ انڈونیشیا نے اس بات کی کوشش کی کہ ہالینڈ سے کوئی سمجھوتہ ہو جائے لیکن اس نے ہالینڈ کو بھی زیادہ رعایتیں دیں اتنا ہی زیادہ ہالینڈ کے مطالبات بڑھتے گئے۔ یہ رعایتیں آخر کار اس حد تک پہونچ گئیں کہ جمہوریہ کے لئے اس سے زیادہ آگے جانا ممکن نہ تھا۔

ہالینڈ کی حکومت اپنے تاج کے نمائندہ کو تمام مسلح فوجوں پر پورے اختیارات دینا چاہتے تھے۔ تاکہ وہ امن میں کارروائی کر سکیں۔ جمہوری حکومت یہ چاہتی تھی کہ فوجیں صرف بیرونی حملہ آوروں کے مقابلہ میں استعمال کی جا سکیں۔ داخلی حفاظت کے لئے فوجوں کی استعمال کی ضرورت پیش آئے تو اس کے لئے جمہوریہ انڈونیشیا کے نقطۂ نظر سے تاج کے نمائندے کو عارضی فیڈرل گورنمنٹ سے اجازت لینا چاہئے۔

ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ تاج کا نمائندہ فوجوں کا من مانی کارروائیوں کے لئے بھی کر سکتا تھا اور اس طرح عارضی فیڈرل حکومت محض برائے نام حکومت ہوتی کیونکہ اقتدار اعلی کا مالک صرف ڈچ کا کمانڈر ہوتا۔ دوسرے لفظوں میں اس کا مطلب یہ ہوتا کہ انڈونیشیا میں دوبارہ ڈچ سامراج شاہی کا نظام قائم ہو جاتا۔

جمہوری حکومت اسے کیسے قبول کر سکتی تھی۔ ڈچ حکومت نے عام کر دیا گیا لیکن وہ جانتے تھے کہ جمہوریہ ہیں کو خریک نہیں کو عارضی حکومت کی ایک ممبر بن رہی ہے۔ [illegible] اس پیر ان ہی نے جمہوریہ کے خلاف جد و جہد کرنے کے کام میں تیزی اور شدت اختیار کر لی۔ اور انہوں نے جمہوریہ کے خلاف "دہشت کی تحریکوں کا ذرہ دار" جیسے الزامات انڈونیشیا کی تعمیر کے کام، کا ووٹ ڈالنے کے الزامات تو شروع کر دئے باہر ہی سے [illegible] جمہوری حکومت نے ان نام نہاد الزامات کا پھر پور جواب دیا۔ صدر جمہوریہ ڈاکٹر سوکارنو نے [illegible]

[illegible] لیکن یہ سب بیکار رہا کیونکہ ڈچ [illegible] کو اپنا سمجھوتہ ہو جائے۔

پہلی نام نہاد پولیس کارروائی کی طرح اس دوسری سامراجی جنگ شروع کرنے کی ہی مقاصد صاف اور واضح ہیں۔ اس جنگ کے ذریعے سامراجی طاقت سامراج شاہی کے گذشتہ زمانہ کو واپس لانا چاہتی ہے۔ اس کی خواہش ہے کہ انڈونیشیا میں پھر سامراج شاہی نظام قائم ہو جائے۔

ہالینڈ کی حکومت فوج استعمال کرتی ہے اس لئے کہ ہماری طرح انصاف سچائی انسانی شرافت پر اعتماد اور یقین نہیں ہے وہ اپنے برتر ہتھیاروں اور سکہ کے بل بوتہ پر چاہے شہروں کو فتح کر سکتے ہیں۔ جنگ جاکارتا اور دوسرے شہروں پر قبضہ جما سکتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ وہ عوام کی آزادی کی روح کو کچل سکیں گے۔ وہ حریت پسند عوام کی جد و جہد کرتے رہنے کے جذبہ اور ان کے بلند اصول کو ہرگز ختم نہیں کر سکتے۔

اگر شہر ہاتھ سے نکل بھی گئے تو آزادی کی جنگ برابر جاری رہے گی یہ جنگ مواضعات جنگلات اور پہاڑوں میں سالہا سال تک لڑی جائے گی۔

ایک ایشیائی قوم پر بدیسی سامراجیوں نے حملہ کر کے جس معرکہ جنگ کا آغاز کیا ہے وہ ہرگز کامیاب نہیں ہو سکتی۔ انڈونیشیا اور ایشیا کی روح آزادی کو کچلنا کچھ آسان کام نہیں ہے۔

انڈونیشیا اور تمام ایشیا کی روح آزادی ہی کا یہ کرشمہ ہے کہ انڈونیشیا کو تمام ایشیا کی ہمدردیاں حاصل ہیں۔ یہ ہمدردی کا اساس اور نیاد و تر اخلاقی ہے لیکن ڈچ سامراج کا خونخوار پنجہ کو ناکام بنانے کے لئے صرف اخلاقی امداد کافی نہیں ہے سامراج شاہی نے انڈونیشیا نہتے عوام پر حملہ کیا ہے۔ [illegible]

[illegible] کے لئے کافی نہیں ایشیائی ملکوں کو ایسا متحد ہو کر اپنا ایک نامہ سے ایک انتظام کرنا چاہیے اور ایشیا اور ایشیا کی روح اپنی حکومتیں [illegible] ایسا نہ ہو کہ آئندہ چل کر استصواب رائے کی یہ شرائط وجہ نزاع بن جائیں اور استصواب رائے کا معاملہ تعویق میں پڑ جائے۔

پندرہ جنوری کو دہلی میں ہند اور پاکستان کے نمائندوں کی ایک کانفرنس ان ہی شرائط پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو رہی ہے امید ہے کہ اس میں شرائط کے ابہام اور اجمال کو دور کرنے کی پوری کوشش کیجائے گی اور ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کر لیا جائیگا جو نہایت صاف اور واضح ہو، اور آئندہ اس میں کوئی اختلاف پیدا نہ ہو سکے!

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

میڈیم چیانگ آج کل امریکہ گئی ہوئی ہیں تاکہ اپنے خاوند کی عزت بچانے کے لئے امریکہ سے کوئی مدد مل جائے۔ اب صرف امریکہ ہی ان کی آخری امید کا سہارا بھی ہے اور اگر اس نے بھی آنکھیں پھیر لیں تو پھر سمجھئے کہ سفید ریچھ کسی کی سننے والا نہیں۔

میڈیم چیانگ کائی شیک اول تو ایک بڑے ملک کے صدر کی بیوی اور پھر امریکہ کے سب سے مشہور ویلزلی کالج کی گریجویٹ — اس لئے امریکن انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور جب وہ امریکہ جاتی تھیں تو سب کے ہاتھوں پر رہتی تھیں لیکن آج ان کی پوزیشن بالکل اس پرانی ایکٹریس کی ہے جسے ایک مرتبہ نام پیدا کرنے کے بعد چہرے پر آنے کا شوق ہو اور جب آتی ہو تو نوجوانوں نے اسے اپنی نظروں سے گرا دیا ہو۔

۱۹۴۳ء کا وہ بھی وقت تھا جب میڈیم صاحبہ صدر امریکہ کے محل میں شاہی مہمان تھیں خوب آؤ بھگت ہوئی۔ پریس کانفرنس طلب کرنے کی آسانیاں دی گئیں اور صدر نے کہا امریکی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس میں میڈیم صاحبہ کو بولنے کا موقع ملا لیکن ایک وقت آج ہے کہ ٹرومین صاحب کے پاس میڈیم صاحبہ سے ملنے کے لئے وقت بھی نہیں — دس روز کے سخت انتظار کے باوجود میڈیم صاحبہ کو صرف نصف گھنٹہ کا انٹرویو دیا گیا حالانکہ اس وقت تک صدر صاحب ایسے ایسے غیر معروف لوگوں سے ملاقات کر چکے تھے جیسے کہ [illegible] کا ایک ہوٹل کا مالک جو صرف ٹرومین کو مبارکباد دینے کے لئے آیا تھا یا ایک نئی قسم کا کیمرہ ایجاد کرنے والا کیمرہ مین — سچ ہے مصیبت میں سایہ بھی جدا ہوتا ہے انسان سے۔

اور پھر یہ تو ایک قدرتی اصول ہے۔ خدا بھی ان ہی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو خود اپنی مدد کرتے ہوں — امریکہ کو کیا غرض پڑی ہے کہ ان لوگوں کی مدد کرے جنہیں افیون کے نشہ نے بیکار کر دیا ہو — مغرب والے مطلب کے بڑے ہوشیار ہوتے ہیں جب تک امریکہ کو یقین تھا کہ کیونسٹوں کو میدان جنگ میں ہرا کر میدان سیاست سے ہٹایا جا سکتا ہے تب تک خوب مدد دیتا رہا لیکن اب جب یہ یقین ہو گیا کہ یہ ٹوٹ پھوٹ کر گرنے والا ہے تو اس نے بھی آنکھیں پھیر لیں مطلب نکل جانے کے بعد — اب میڈیم صاحبہ لاکھ واویلا کریں کیا ہوتا ہے [illegible] دریا ہے کہ کچھ سننے والا نہیں۔

جس وقت میڈیم صاحبہ بلیر ہاؤس سے جہاں انہوں نے مسٹر اور مسز ٹرومین اور مسٹر مارشل کی ہمراہی میں نصف گھنٹہ گذارا باہر تشریف لائیں تو پریس والوں نے گھیر لیا —

پوچھا کہ کیا آپ بتا سکیں گی کہ گفت و شنید کا کیا نتیجہ رہا؟ میڈیم صاحبہ بولیں یہ تو صدر صاحب ہی بتا سکتے ہیں — اور صدر صاحب بتانا نہیں چاہتے — لیکن اس لئے کنایۃً گرو نے گر جیسی بات کہنے میں کوئی حرج نہیں لیکن صدر صاحب ٹھہرے زندہ دل آدمی وہ تو حالات دیکھ کر "ترد بات" (سچ بات) ہی کہیں گے — اور ترد بات یہ ہے کہ نتیجہ کچھ نہیں رہا — اللہ اللہ اور خیر سلا۔

گفتگو بے نتیجہ ہونے کا ایک اور ثبوت اخبار والوں کو یہ مل گیا کہ میڈیم صاحبہ فر کا کوٹ پہنے ہوئے تھیں — بعض کا اگرچہ خیال تھا کہ دسمبر اور جنوری کی سخت سردی سے بچنے کے لئے انہوں نے ایسا کیا لیکن عام اتفاق اس بات پر تھا کہ صدر امریکہ کے کورے جواب سے انہیں سردی چڑھ گئی تھی اور اس سرد مہری کا توڑ پانے کے لئے انہوں نے فر کا کوٹ استعمال کیا —

سیاح نے اب میڈیم صاحبہ واپسی کی سوچ رہی ہیں لیکن ایک مشکل سوال ان کے لئے یہ ہے کہ وہ جائیں تو کہاں جائیں — ہو سکتا ہے کہ وہ چین کی طرف پرواز کریں اور ان کے خاوند صاحب امریکہ کی طرف اڑیں اور بیچ میں دونوں کی [illegible] — مگر ہمارا خیال ہے میڈیم صاحبہ کہیں جائیں گی نہیں وہ جو کچھ اپنے ساتھ ہیرے جواہرات لے گئی ہیں وہ ان کی ساری عمر کے لئے کافی ہیں — اور کیا عجب ہے کہ وہیں ہوٹل کھول کر بیٹھ جائیں — افغانستان کے شاہ امان اللہ کی طرح —

اور اگر سیاست ہی کا شوق ہے تو ایک انجمن "بحالی شاہان" کھول ڈالیں — ساری دنیا کے معزول شدہ بادشاہ اور صدر وغیرہ ایک مرکز پر جمع ہو جائیں گے۔ چیانگ اس کے صدر بن سکتے ہیں — اس سے کم از کم یہ ہوگا کہ صدارت قائم رہے گی خواہ وہ نقلی یا ایک جماعت ہی کیوں نہ ہو — بعض اوقات یہ جماعتی صدارت بھی بڑے کام کی ہے — اور ہمارے ہاں تو اس کے لئے سفر کی بھی حاجت نہیں آجاتی ہے — کیا عجب ہے نقلی صدارت چیانگ کو ایک مرتبہ پھر اصلی صدارت تک پہنچا دے — اور اگر وہ صدارت کے لئے تیار نہ ہوں اور اپنی گوشہ نشینی میں صرف نام کا صدر رکھنا چاہتے ہوں تو ہندوستان میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں — کتنے ہی سٹ اپ اور ان کے جانشین شہزادہ یوسف کو دعوت دی جا سکتی ہے —

"خوب گذرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو"

سچ کہا گیا ہے — وہ تو بس تماشا و تمثیل من تماشا۔

فیروز آباد کے مزدوروں کی اپیل

فیروز آباد۔ بذریعہ ڈاک۔ فیروز آباد کے مزدوروں کی تعداد تخمیناً تیس ہزار ہے اور کارخانہ داروں نے اس قدر ظلم کرنا شروع کر دیا ہے کہ وہ چودہ گھنٹے مزدوروں سے کام لیتے ہیں اور ہماری مزدوریوں کے مزدور سخت پریشان اور بھوک کا شکار ہو رہے ہیں کیونکہ مالکان حکومت ہند کے قانون کی کوئی پابندی نہیں کرتے ہم لوگ حکومت ہند سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ کارخانہ داروں پر ہی وہ قانون کے مطابق دلوائی جائیں۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مجبوراً مزدوروں کو پندرہ یوم کے بعد بھوک ہڑتال شروع کرنی پڑے گی۔

رشوت کے خلاف مہم

کسٹم آفیسر کو سزا

کراچی ۱۱ر جنوری۔ رشوت کا انسداد کرنے کے لئے حکومت پاکستان کی طرف سے مقرر کردہ خصوصی جج نے کراچی کے کسٹم آفیسر علیم الدین کو چار سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی جرمانہ ایک سال مزید قید کی سزا دی ہے۔ جج نے فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ ملزم نے اپنے فرائض کو اچھی طرح سے سر انجام نہیں دیا۔

ایشیائی کانفرنس کیلئے برمی نمائندہ

رنگون ۱۲ر جنوری۔ ۲۰ر جنوری کو نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس میں حصہ لینے کے لئے برما کے وزیر خارجہ یو کیا ناتائن ۱۵ر جنوری کو بذریعہ ہوائی جہاز رنگون سے روانہ ہو جائیں گے۔

برطانیہ میں کوئلہ کی پیداوار

لندن ۱۱ر جنوری۔ امید کی جاتی ہے کہ اس سال برطانیہ میں ۲۱۵،۰۰۰،۰۰۰ ٹن کوئلہ پیدا کیا جائے گا۔ [illegible] کے درمیان کوئلہ پیدا کیا جائے [illegible] سال

بے ٹکٹ سفر کرنیوالوں سے

جرمانہ کی وصولی

کلکتہ ۱۱ر جنوری۔ ایسٹ انڈین ریلوے پر بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف کارروائی کے نتیجہ کے طور پر اکتوبر ۱۹۴۸ء میں ۲۵۵،۰۵۷ روپے ۱۲ آنے جمع ہوئے ہیں۔ اس میں سے ۲،۳۰۲،۳۰۲ روپے بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں سے اور ۱۰،۳۳۷ روپے زائد سامان لے جانے والوں سے وصول کئے گئے ہیں۔ یوپی اور بنگال کے صوبائی حکام کے تعاون اور اسپیشل مجسٹریٹوں کی مدد سے ۱۰،۴۰۲ روپے جمع ہوئے ہیں۔

زیادہ کی ضرورت ہے۔ جو ایشیائی قوموں کے ہاتھوں ہے کہ وہ بدیسی سامراج شاہی کے شعبہ لیوں کو ناکام بنا [illegible] ڈچ جہازوں کا بائیکاٹ کیا جا سکتا ہے۔ ڈچ ہوائی جہازوں کو ایشیا کی سرزمین پر اترنے سے روکا جا سکتا ہے۔

ڈچ مال اور دولت پر معاشی پابندیاں لگائی جا سکتی ہیں۔ بس جنگ کی حد تک جسے سامراج شاہی نے چھیڑا ہے اور انسانی شرافت کے خلاف لڑی جا رہی ہے۔ ایشیائی قوموں کی مدد ہمارے شامل حال ہے۔ انصاف، سچائی اور انسانی شرافت ہمارے ساتھ ہے ہم اس جنگ کو ضرور جیت کر رہیں گے۔ آزادی زندہ باد! آزادی پائندہ باد! (بشکریہ انڈونیشین بلیٹن)

مدرسہ عربیہ ٹانڈہ باولی کا انتخاب

یکم جنوری کو مدرسہ اسلامیہ عربیہ ٹانڈہ باولی ریاست رامپور زیر صدارت مولوی عبدالواحد صاحب قاسمی مہتمم دفتر مدرسہ شاہی مجلس منتظمہ کے اکیس ممبران کا چناؤ عمل میں آیا۔ اور حسب ذیل عہدیداران اتفاق رائے سے منتخب ہوئے۔ صدر مولانا حکیم پیر محمد صاحب نائب صدر مولانا محمد الیاس صاحب پیش امام جامع مسجد۔ ناظم اعلیٰ مولانا افضل علی قاسمی مدرس مدرسہ اسلامیہ نائب ناظم مولانا محمد علی صاحب مساجد، مولانا حکیم فرزند احمد صاحب مولوی محمد الیاس صاحب ناظم نشر و اشاعت [illegible]

انڈونیشیا میں سخت گوریلا لڑائی ہندوستانی بھی حصہ لے رہے ہیں

ایشیائی کانفرنس کیلئے انڈونیشی نمائندوں کا میمورنڈم
ہالینڈ کے خلاف اقتصادی اور اخلاقی ناکہ بندی کی تجویز

نئی دہلی ۱۳ جنوری۔ آج صبح ایک پریس کانفرنس میں انڈونیشین ری پبلک سرکار کے وزیر مالیات ڈاکٹر ماریں اور اقوام متحدہ میں انڈونیشین ری پبلک کے قائم مقام لیڈر ڈاکٹر سومترو نے امید ظاہر کی کہ مجوزہ ایشیائی کانفرنس میں ہالینڈ کے خلاف اقتصادی اور اخلاقی ناکہ بندی کرکے ہالینڈ کو اس بات پر مجبور کر دیا جائے گا کہ وہ انڈونیشیا کے بارے میں اپنی پالیسی تبدیل کرے۔ ڈاکٹر سومترو نے بتایا کہ کانفرنس میں انڈونیشی نمائندہ کی طرف سے ٹھوس تجاویز بھی کی جائیں گی۔

اس سلسلہ میں وہ اعلان کے ساتھ ایک میمورنڈم تیار کر رہے ہیں جس میں کانفرنس کے سامنے وہ تجاویز رکھی جائیں گی جن پر عمل کرنے سے کانفرنس انڈونیشین ری پبلک کو موثر امداد دے سکتی ہے اگر مصر سے کر ہو... تمام ممالک ہالینڈ کو بندرگاہ اور ہوائی اڈوں سے استعمال کی سہولیات دینے سے انکار [illegible] کیونکہ اس کے بعد ہالینڈ انڈونیشیا میں اپنی جارحانہ جنگ جاری نہیں رکھ سکے گا مغربی ملکوں کے کچھ لوگوں نے مجوزہ کانفرنس پر نکتہ چینی کی ہے لیکن اگر مغربی ممالک بلاک اور یونین بنا سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ جب ایشیا کے مفاد پر چوٹ پڑے تو ایشیائی باشندے کیوں متحد ہوکر ٹھوس اقدام نہ کریں۔ علاقائی جماعتوں کا صرف مغرب کو ہی اجارہ داری نہیں ہو سکتی۔

امریکہ کے رویہ کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سومترو نے کہا کہ امریکہ کے لوگ تو انڈونیشیا کے حامی ہیں۔ مگر امریکن حکومت کا رویہ ایسا نہیں۔ کیونکہ وہ مغربی یونین کو کمزور نہیں کرنا چاہتے جس کا ہالینڈ بھی ایک اہم ممبر ہے۔ اگر مارشل پلان کے تحت روپیہ اور سامان سے ہالینڈ کی امداد نہ کرتا تو وہ کسی بھی حالت میں انڈونیشیا میں اس قدر زبردست فوج نہ رکھ سکتے۔ ہالینڈ اس لڑائی پر دس لاکھ ڈالر روزانہ خرچ کر رہا ہے۔

ڈاکٹر سدر شنو کا بیان

ڈاکٹر سدرشنو نے ایک بیان میں کہا کہ لڑائی بند کرنے کے حکم پر عمل کرنے کے اعلان کے بعد بھی ہالینڈ نے جنگی حکومت کی ری پبلکن پر بمباری کی۔ ہالینڈ کے لوگ انڈونیشیا کے دس سال کے بچوں کو بھی کام کرنے کے لئے جبراً مجبور کر رہے ہیں ہالینڈ کے بڑے وزیر کو انڈونیشیا گئے پانچ دن ہوچکے ہیں مگر ابھی تک ان کی کوئی کامیابی نہیں ہوئی اور نہ ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر سدرشنو نے بتایا کہ اس حکومت ہالینڈ نے مجلس تحفظ کے ریزولیوشن کے ایک ہفتہ بعد لڑائی بند کرنے کا حکم دیا لیکن ابھی تک وہاں پر لڑائی جاری ہے آپ نے کہا کہ گوریلا سرگرمیاں نہ صرف ری پبلکن علاقے میں شروع ہوگئی ہیں بلکہ ہالینڈ کے مقبوضہ علاقوں میں بھی توڑ پھوڑ کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ بہت سی ریلوے لائنیں، پل اور سڑکیں تباہ کر دی گئی ہیں اور ذرائع آمد و رفت ختم ہوگئے ہیں۔ جب تک ڈچ فوجیں انڈونیشیا میں رہیں گی وہاں کسی بھی صورت میں امن قائم نہیں ہو سکتا اور ان کے انڈونیشیا چھوڑے بغیر صلح کی بات چیت شروع نہیں کی جائے گی۔

آگے چل کر آپ نے کہا کہ انڈونیشیا میں کس قسم کی مزاحمت کو روکی ہے۔ اس بات سے ظاہر ہے کہ تحریک آزادی کے افسروں کو ڈچوں کے ساتھ تعاون نہ کرنے پر سخت سزائیں دی جا رہی ہیں۔ دنیا کو بہت جلد معلوم ہوجائے گا کہ انڈونیشیا میں کبھی بھی ڈچوں کے ذریعے امن و امان قائم نہیں ہوسکتا اس کے برعکس اگر انڈونیشیا سے ڈچ فوجیں واپس بلا لی جائیں تو وہاں امن و امان ہو جائے گا۔ (یونائیٹڈ پریس)

پاکستان اسمبلی کا بجٹ سیشن

کراچی ۱۳ جنوری۔ پاکستان اسمبلی کا بجٹ سیشن ۱۷ فروری سے شروع ہوگا ۲۸ فروری کو بجٹ پیش کیا جائے گا۔ ۸ مارچ اور ۹ مارچ کو عام بحث ہوگی۔ ۱۰ مارچ سے [illegible] مارچ تک مختلف مطالبات منظور کئے جائیں گے سرکاری کام کے لئے ۱۲ دن مخصوص کئے گئے ہیں ۱۴ فروری غیر سرکاری بلوں کے لئے ۲۲ فروری غیر سرکاری قراردادوں کے لئے مخصوص کی گئی ہے۔

اقوام متحدہ سے موثر کارروائی کا مطالبہ
انڈونیشیا پر ہندوستانی سفیر کی تقریر

[illegible] ۱۲ جنوری۔ امریکہ کی [illegible] کے ایک جلسہ میں [illegible] ڈچ پولیس ایکشن کے خلاف [illegible] انڈونیشیا کے لئے ہندوستانی سفیر سر بینیگال راما راؤ نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کو اس کا احساس ہے کہ مجلس تحفظ کو زیادہ سے زیادہ جرأت دکھانی چاہئے تاکہ وہ انڈونیشی معاملہ کو زیادہ موثر طریقہ سے حل کر سکے۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور ایشیا کے دوسرے آزاد ممالک کو اس کا احساس ہے کہ ڈچ ایکشن کے معنی یہی ہیں کہ ایشیا میں فنا ہوتے ہوئے سامراج کو از سر نو زندہ کیا جائے۔ اور ایشیا کا ہر ملک اس خطرہ کا احساس کر رہا ہے۔ اگر اقوام متحدہ اس خطرہ کو روکنے کے لئے فوری اور موثر کارروائی نہیں کرتی تو اس کا رد عمل نہ صرف ایشیا بلکہ یورپ میں بھی ہوگا۔ (یونائیٹڈ پریس)

ہندوستانی لڑ رہے ہیں

تازہ اطلاعات کے مطابق انڈونیشیا میں انڈونیشیوں کی طرف سے ہندوستانی بھی لڑ رہے ہیں لیکن ابھی یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ ان کی تعداد کتنی ہے۔

ایشیائی کانفرنس میں پاکستانی وفد
سر ظفر اللہ خاں رہنمائی کریں گے

کراچی ۱۲ جنوری۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں دہلی میں ہونے والی ایشیائی ملکوں کی کانفرنس میں پاکستانی وفد کی رہنمائی کریں گے توقع ہے کہ وہ ۱۹ جنوری کو کراچی سے دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

حکومت امریکہ سے
مشاہدین بھیجنے کا مطالبہ

نیویارک، ۱۲ جنوری۔ مشہور امریکی جرنلسٹ مسٹر لوئی فشر نے امریکن گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نئی دہلی میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں [illegible] "مشاہد" روانہ کرے۔

[illegible] ہے کہ [illegible] امریکن گورنمنٹ کو انڈونیشی جمہوری حکومت سے [illegible] ایشیائی ممالک کے نقطہ نظر سے اتفاق کا اظہار کرنا چاہئے۔

مسٹر لوئی فشر نے کولمبیا یونیورسٹی میں السٹی ٹیوٹ آف آرٹس اور سائنس کو بتایا کہ جو کانفرنس ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو نے بلائی ہے اس سے دنیا کا زبردست مفاد وابستہ ہے۔

لوئی فشر نے جنہوں نے کچھ ہی عرصہ ہوا کہ ہندوستان کا دورہ کیا ہے ان کے ساتھ [illegible] امریکی [illegible] اس بات کا وثوق کے ساتھ یقین ہے کہ امریکن گورنمنٹ کو جمہوری انڈونیشیا سے ہمدردی ہے اور وہ اس معاملہ میں جمہوری حکومت کے اطمینان کے مطابق تصفیہ چاہتی ہے۔

کلکتہ میں یوم انڈونیشیا پر ہنگامہ
طلباء کے جلوس پر لاٹھی چارج

کلکتہ ۱۱ جنوری۔ آج کلکتہ کے طلباء نے انڈونیشیا کا دن منایا۔ یونیورسٹی میدان میں جلسہ کرنے کے بعد طلباء جلوس کی صورت میں [illegible] سیکرٹریٹ کی جانب روانہ ہوئے بہو بازار سٹریٹ اور کالج سٹریٹ کے موڑ پر پولیس نے جلوس کو روک لیا۔ کیونکہ شہر میں ابھی تک دفعہ ۱۴۴ لگی ہوئی ہے۔ اور جلوس کا نکالنا قانون کی خلاف ورزی کی تھی۔ اس پر جلوس کی طرف سے پولیس پر پتھروں کی بوچھاڑ ہوئی۔ پولیس نے تنبیہ دینے کے بعد ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے لاٹھیاں استعمال کیں۔

اس دوران میں ایک دوسرا جلوس ڈلہوزی اسکوائر کی طرف بڑھ رہا تھا۔ اس جلوس کو بھی پولیس نے [illegible] آنسو گیس سے منتشر کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ہنگامہ میں [illegible] اور [illegible] پولیس کانسٹیبل زخمی ہوئے [illegible]

شام بھی شریک ہوگا

نئی دہلی ۱۲ جنوری۔ جن ممالک کو ایشیائی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے اس میں شام کی جانب سے سرکاری طور پر منظوری آ جانے کے بعد ایک ملک کا اور اضافہ ہوگیا ہے۔ اور اب شرکت کے لئے منظوری دینے والے ممالک کی تعداد گیارہ ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ شام مجلس متحدہ اقوام کی مجلس تحفظ کا رکن بھی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ کانفرنس کا اجلاس ۲۰ جنوری کو شروع ہوکر تین روز تک جاری رہے گا۔ اور اکثر جلسے نظام الدین میں ہوں گے۔

ایشیائی کانفرنس کیلئے عراقی نمائندہ

بغداد ۱۲ جنوری۔ پاکستان میں عراق کے منسٹر [illegible] نئی دہلی میں انڈونیشیا کے متعلق ہونے والی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ (رائٹر)

حظ و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری ضرور لکھئے

بادشاہ کے خطاب میں ایک اور تبدیلی
شاہ آئرلینڈ کی بجائے شاہ شمالی آئرلینڈ

لندن ۱۲ جنوری۔ برطانوی کابینہ اس امر پر غور کر رہی ہے کہ بادشاہ کے موجودہ خطاب یعنی شاہ آئرلینڈ کو بدل کر "شاہ شمالی آئرلینڈ" کر دیا جائے۔ توقع ہے کہ اس سلسلہ میں جلد ہی قانون بن جائیگا۔

چونکہ جنوبی آئرلینڈ نے جمہوری آئرلینڈ کا ایکٹ پاس کر دیا ہے جس کی رو سے برطانیہ اور جنوبی آئرلینڈ کا کوئی سیاسی تعلق قائم نہیں رہا اس لئے توقع ہے کہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں جلد ہی اس قسم کا بل پیش کیا جانے والا ہے۔

بادشاہ کا اس وقت خطاب یہ ہے "شاہ برطانیہ عظمیٰ، آئرلینڈ اور سمندر پار نو آبادیات" کابینہ کا خیال یہ ہے کہ دولت مشترکہ کے بعض ممالک کے عوام کی رائے کے مطابق نو آبادیات کے لفظ کے بجائے دولت مشترکہ کا لفظ رکھدیا جائے۔

ایک تجویز یہ بھی تھی کہ شمالی آئرلینڈ کے بجائے السٹر [illegible] اس کو پسند نہیں کیا گیا اور عام خیال یہ ہے کہ شمالی آئرلینڈ ہی رکھا جائے۔

جلسہ سیرت النبی

بہرائچ (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ سالہائے گزشتہ کی طرح امسال بھی درگاہ کمیٹی کے زیر اہتمام ربیع الاول کے مہینہ میں گھنٹہ گھر پارک میں نہایت اعلیٰ پیمانہ پر جلسہ سیرت النبی منعقد ہو رہا ہے جس میں ہندوستان کے نامور علمائے کرام شرکت کریں گے۔

جون پور میں میلاد النبی کا جلوس جلسہ

جون پور ۸ جنوری۔ ۱۳ جنوری کو جون پور میں ۱۲ ربیع الاول کا جلوس بڑی دھوم دھام سے نکلے گا۔ ۱۲ اور ۱۳ جنوری کو سیرت النبی کانفرنس منعقد ہوگی جس میں تمام علماء سے عام طور پر اور عاشقان رسول سے خاص طور پر شرکت کی درخواست کی جاتی ہے۔

جلسہ عید میلاد النبی صلعم کی تیاریاں

آج شام کو پانچ بجے دہلی کے سربرآوردہ اور علمائے کرام کا ایک جلسہ شفاء الملک حکیم عبدالرحمن خاں صاحب کے مکان پر منعقد ہوا جس میں حضور سرور کائنات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی میلاد النبی کی خوشی میں جلسہ کرنے کی تاریخ اور پروگرام کا فیصلہ کیا جائے گا۔

مارشل چیانگ فارموسا بھاگنے والے ہیں

شنگھائی ۱۲ جنوری۔ اس امر کی خبروں کی تصدیق ہوگئی ہے کہ مارشل چیانگ کے لئے فارموسا میں اپنا ہیڈ کوارٹر قائم کریں گے کیونکہ ان کے خانگی سامان سے بھری ہوئی بڑی لانچیں پہلے ہی فارموسا بھیج دی گئی ہیں بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اس گفت و شنید کے نتیجے کا انتظار نہیں کیا جو چینی سرکار کے نمائندے کمیونسٹوں سے صلح کرنے کے لئے کر رہے ہیں۔ مارشل چیانگ کا جو سامان بھیجا گیا ہے اس میں اہم دستاویزات بھی ہیں بہر حال ایک امریکن کا بیان ہے کہ ابھی فارموسا مارشل چیانگ کی آمد کی توقع نہیں کرتے

یہ ہے شہنشاہ جاپان کی شان

[illegible] ۱۲ جنوری۔ کل جاپان کے شہنشاہ ہیروہیٹو [illegible] کے سپریم کمانڈر جنرل میک آرتھر [illegible]

[illegible]

آزاد کشمیر فوج توڑی نہیں جائے گی

لاہور ۱۳ جنوری۔ آزاد کشمیر حکومت کے وزیر دفاع خواجہ غلام دین وانی نے کل راولپنڈی میں اعلان کیا کہ کشمیر کے بارے میں ہند و پاکستان کے درمیان سمجھوتہ کی وجہ سے آزاد کشمیر فوج کو ختم نہیں کیا جائے گا۔ [illegible] آزاد کشمیر فوجوں کی تعداد میں کمی [illegible] آزاد کشمیر سرکار کے قبضہ میں رہے گا [illegible] کشمیر کے عوام کو ہر قسم کی سہولیات پہنچانے اور حالات کو معمول پر لانے کی ذمہ داری بھی آزاد کشمیر حکومت پر ہوگی۔ (پاکستان ٹائمز)

فلسطین کے متعلق برطانوی پالیسی پر تنقید

لندن ۱۲ جنوری۔ [illegible] برطانیہ کی پالیسی کے خلاف [illegible] برطانیہ حکومت کی تسلیم کرے

سر سید کی یہ خواہش پوری ہو کہ مسلمان سال بسال ترقی کریں
یوم سر سید کے موقعہ پر بہت سے گورنر جنرل راج گوپال اچاری کا پیغام

علیگڑھ (بذریعہ ڈاک) سر سید ہال میں معزز مہمانوں کی کثیر تعداد کی موجودگی میں یوم سر سید منایا گیا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب وائس چانسلر یونیورسٹی نے تعلیمی نمائش کا افتتاح کیا۔ نمائش میں سر سید کے خطوط اور مضامین کے مسودے اور تصاویر وغیرہ کی نمائش کی گئی۔

بعد میں اسٹریچی ہال میں وائس چانسلر نے یوم سر سید کے سلسلہ میں ایک جلسہ کی صدارت کی۔ اس موقعہ پر راجہ جی، آنریبل مولانا ابو الکلام آزاد، مسٹر غلام محمد وزیر خزانہ پاکستان سردار عبدالرب نشتر اور ڈاکٹر سید محمود اور دوسرے معزز حضرات کے پیغامات موصول ہوئے اور پڑھکر سنائے گئے۔ راجہ جی نے اپنے پیغام میں کہا تھا۔ اگرچہ سر سید کا جسم اب ہماری آنکھوں کے سامنے نہیں ہے لیکن جب ہم اس موقعہ پر اپنے خیالات ان کی طرف رجوع کرتے ہیں تو ان کی روح ہمارے درمیان موجود ہوتی ہے۔ خدا کرے سر سید کی یہ خواہش کہ ہندوستان کے مسلمان ہر طرح سے ترقی کریں زیادہ سے زیادہ پوری ہو۔ راجہ جی کے پیغام کے بعد مسٹر غلام محمد وزیر خزانہ پاکستان کا پیغام پڑھکر سنایا گیا۔

اس میں کہا گیا تھا ہندوستان کے برصغیر کے مسلمانوں کی زندگی میں سر سید نے بہت اہم کردار ادا کیا۔ مقصد یقین کامل اور لگاتار جدوجہد کے بدولت سر سید نے جو مثال قائم کی وہ علیگڑھ کے طلباء کی زندگی میں ان کی رہنما ہونی چاہئے ایک ایسے شخص کی حیثیت سے جس کو علیگڑھ سے گہرا تعلق ہے مجھے اس موقعہ پر پیغام بھیجنے کے لئے کہنا میری بڑی عزت ہے علیگڑھ کا طالب علم خواہ وہ کہیں ہو ہر وقت علیگڑھ سے اپنی وابستگی کو محسوس کرتا ہے۔ مجھے یقین ہے علیگڑھ ہندوستان کے مسلمانوں کی زندگی میں اہم کردار ادا کریگا۔ علیگڑھ کے آئندہ طلباء کو ان کی مثال پر عمل کرنا چاہئے۔ اور اپنے مقصد کو مضبوط بنانا چاہئے۔

علاوہ ازیں مشہور نامور شعراء اور معززین نے بیانات اور نظمیں وغیرہ بھی پڑھیں۔ شام کو اسٹریچی ہال میں ایک اور جلسہ ہوا۔ اس کی صدارت شیخ عبداللہ بانی زنانہ کالج نے کی۔

وفد پارٹی نے مصری کابینہ میں شرکت کا اعلان کردیا
کابینہ مخلوط اور وزیر اعظم غیر جانبدار بنانے کی شرط

قاہرہ ۱۲ جنوری۔ کل مصری وفد پارٹی نے جو اکتوبر ۱۹۴۴ء سے حزب مخالف کی حیثیت سے کام کر رہی ہے ایک غیر جانبدار وزیر اعظم کے ماتحت مخلوط قومی حکومت میں شرکت کا سرکاری اعلان کر دیا ہے۔ وفد پارٹی مصر کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی ہے۔

وفد پارٹی کے سکرٹری جنرل سراج پاشا نے بتایا کہ ان کی پارٹی پارلیمنٹ کو توڑ دینے کا مطالبہ نہیں کرے گی گذشتہ پانچ برس میں وفد پارٹی برابر یہ مطالبہ کرتی رہی ہے کہ موجودہ پارلیمنٹ کو توڑ دیا جائے اور نئے انتخابات کرائے جائیں۔ وہ اس بات پر بھی زور دیتے رہے ہیں کہ وفد پارٹی کو دوسری جماعتوں کے ساتھ کولیشن میں نہ جانا چاہئے۔

وفد پارٹی مصر کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی ہے اور ۱۹۴۴ء سے حزب مخالف رہی ہے جب کہ شاہ فاروق نے نحاس پاشا کو وزارت عظمیٰ سے نکال دیا تھا۔

۱۹۲۳ء سے کہ جب سے مصر میں پارلیمنٹری حکومت کا نفاذ ہوا مصر میں سیاسی جماعتوں کی عام طور پر صورت یہ رہی ہے کہ دوسری تمام پارٹیاں وفد پارٹی کے مقابلہ میں رہی ہیں۔

وفد پارٹی کو جو شروع میں مصر کی قومی پارٹی تھی احمد زغلول پاشا نے قائم کیا تھا جو ۱۹۲۲ء میں مصر میں برطانوی انتداب کے خاتمہ اور آزادی کے

اعلان کے بعد ختم کر دی گئی تھی۔

لندن میں ۱۹۳۶ء میں جس مصری وفد نے ملک کی آزادی کی گفت و شنید میں شرکت کی تھی اس میں احمد زغلول کی وفات کے بعد نحاس پاشا اس وفد پارٹی کے صدر بن گئے۔

آپ اس حکومت کے وزیر اعظم تھے جو اینگلو معاہدہ ۱۹۳۶ء میں دستخط کئے

۱۹۴۰ء سے ۱۹۴۴ء تک دوبارہ وزیر اعظم بنے اس وقت صرف وفد پارٹی کی حکومت تھی اور گذشتہ جنگ عظیم کے دوران میں وزیر اعظم بنے رہے اسی زمانہ میں اتحادیوں کو شمالی افریقہ میں فتوحات حاصل ہوئیں۔

پچاس ہزار ڈالر کی کمی

واشنگٹن ۱۲ جنوری۔ انڈونیشیا میں چاول کے [illegible] پچاس ہزار ڈالر منظور ہوئے تھے اب اطلاع ملی ہے کہ مارشل پلان [illegible]

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جسمیں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے صداقت کا امتحان کیجئے۔

یونین ہوٹل بلیماران دہلی

(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

یہ دور اہا!

ماضی کا درد فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دور اہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں کیا کریں ۔۔۔ ۹۰۰۰۰ کل ہو جائیں ۔۔۔ ۹ شک اور خوف کی کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کیلئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہو جئے ۔ مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گونج آپ تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھئے علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ علماء حق حصہ دوم قیمت سات روپیہ آٹھ آنہ علماء ہند کا شاندار ماضی قیمت ۸

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور ہر جمعیۃ علماء کے دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ماہنامہ بانو دہلی کے سالانہ خریدار بنئے۔ حسین کشیدہ کاری کے علاوہ ایک سال تک بارہ پرچے اور بچوں کے پرچے ملیں گے۔ سالانہ قیمت صرف پانچ روپیہ۔ منیجر ماہنامہ بانو دہلی کا پتہ

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵)

طلا نمبر ۲۰

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری بیماریاں ایک ایک کرکے دور ہوجاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵)

تصدیق

آپ کی جیون ہر مایوس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوئی۔ دستخط [illegible]

ملنے کا پتہ: دلی دواگھر، نور گنج، دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۱۴ جنوری ۱۹۴۹ء

ایام نو بہار

خیالات اور کردار کے اعتبار سے انسان تضاد کا ایک عجیب نمونہ ہے، وہ جب بگڑتا ہے تو اس سے برا کوئی نہیں اور جب بنتا ہے تو اس سے بھلا بھی کوئی نہیں اس کے طرز عمل کا انحصار جذبات کی اسٹیم پر ہے، جذبات کی زیادتی اسے افراط پر آمادہ کرتی ہے اور اس کی کمی سے وہ تفریط کی طرف مائل ہو جاتا ہے، معمولی سی بات سے اس کا قائل بن جانا معمولی بات ہے، اور یہی معمولی بات جب گہرا اثر کرتی ہے تو اسے فرشتہ بنا کر چھوڑتی ہے، اس کی عقل و فہم کا اتار چڑھاؤ بھی حیرت انگیز ہے، بعض دفعہ اسے بڑی دلیل بھی قائل نہیں کر سکتی، ہزار سمجھاؤ اور جگر چیر کر رکھدو مگر وہ اپنی بات پر اڑا رہے گا اور یہ بھی نہ چاہے گا کہ دوسرے کی دلیل اور اپیل کو سمجھے لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ ایک معمولی اشارہ نشانہ پر بیٹھ جاتا ہے اور ہلکی سی دلیل اسے قائل کر دیتی ہے! اگر کسی غلط فہمی کی بنا پر اس کا زاویہ نگاہ بگڑ گیا تو سمجھو کہ ساری دنیا بگڑ گئی، اگر زاویہ نگاہ درست ہو گیا تو باہر کی ہر چیز درست ہو گئی، نفرت اور دشمنی کرے گا تو حد کو پہونچا دے گا اور جان لے کر چھوڑے گا، محبت اور دوستی پر آئے گا تو اپنے آپ کو قربان تک کر دے گا، اور اپنے نقصان کی کبھی پروا نہیں کرے گا، دل صاف ہے تو پہاڑ بھی رائی بن جائیگا دل میلا ہے تو رائی کو پہاڑ بننے میں دیر نہ لگے گی مگر یہ باہر کی ہر چیز دماغ کے کارخانہ میں بنتی ہے اور دماغ کا فیصلہ ہی انسان کے طرز عمل کو متعین کرتا اور اس کے کردار کو ظہور میں لاتا ہے!

ہند اور پاکستان کے تعلقات میں خوشگواری پیدا ہوتے ہی حالات بدلنے شروع ہو گئے ہیں، ایک طرف انٹر ڈومنین کانفرنس منعقدہ دہلی کی کامیابی نے فضا پر خوشگوار اثر ڈالا ہے، دوسری طرف کشمیر کی جنگ بند ہونے سے خیالات میں لچک سی پیدا ہونی شروع ہوئی ہے، کم از کم دل کو یہ اطمینان ہے کہ ہند اور پاکستان میں جنگ نہیں ہوگی اور گذشتہ خونی واقعات کا اعادہ نہ ہوگا، مشرقی پنجاب کے سکھ لیڈر نکانہ صاحب گئے اور کچھ اچھی توقعات لے کر واپس آئے مغربی پنجاب کے مسلمان سرہند شریف آئے اور خیر اندیشی کے کچھ جذبات ساتھ لے کر گئے، دونوں طرف کے لیڈروں نے بھی کچھ روز سے الزام تراشیوں کا پیشہ ترک کر رکھا ہے اور ذرا سے لب و لہجہ میں بھی کچھ نرمی اور شیرینی پیدا ہونے لگی ہے، عوام کو اس کے سوا اور کیا چاہئے [illegible] زاویہ نگاہ بدلنے شروع ہوئے اگر حالات کی رفتار یہی رہی تو بعید نہیں جلد ہی فہم و دانش عود کر آئے اور ہندو مسلمان تلافی مافات کی کوششوں میں لگ جائیں!

مشرقی بنگال کی اقلیتوں کا معاملہ زیادہ الجھ گیا تھا، انٹر ڈومنین کانفرنس میں اس کا آخری اور القطعی فیصلہ ہوا اور ادھر کشمیر کی جنگ بند ہونے سے حالات کو کروٹ لینے کا موقعہ ملا اور وہاں کی فضا صاف ہونی شروع ہو گئی، چنانچہ پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم کلکتہ نے کشمیر کے تازہ فیصلہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا

"اس وقت انٹر ڈومنین کانفرنس کے تازہ فیصلوں کی اسپرٹ میں عمل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ کوئی فیصلہ کاغذی اور زبانی ثابت نہ ہو"

عملی کوشش کی تفصیلات کیا ہیں؟ اس کے متعلق آپ نے کہا کہ اقلیتوں کے لئے تیس فیصدی ملازمتیں مخصوص کر دی گئی ہیں، اقلیتوں کی حفاظت کے لئے ضلع وار بورڈ بھی عنقریب قایم کر دیئے جائیں گے اور معاہدہ کی پابندی کرتے ہوئے ان سرکاری ملازمین کو سزا دی جائے گی جو اقلیتوں کی جان و مال کی حفاظت کے سلسلہ میں اپنے فرائض کی بجا آوری میں غفلت یا اقلیتوں کے ساتھ تعصب برتنے اور ان کے ساتھ بد سلوکی کے مجرم ہوں گے، آپ نے یہ بھی کہا کہ اب مشرقی بنگال میں خوف و ہراس کا نام و نشان تک نہیں، یہ کبھی نہ ہوگا کہ اقلیتوں کے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک ہو، جو لوگ باہر چلے گئے ہیں ان کو واپس بلانے اور ان کے مکانات اور زمینیں واپس دلانے اور انہیں ان کے سابقہ پیشوں پر بحال کرنے میں ہر قسم کی سہولتیں دی جائیں گی! اس بیان کی تصدیق معاصر "اسٹیٹسمین" کے نامہ نگار کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے

"مشرقی بنگال سے ترک وطن کی مہم اب ختم ہو چکی ہے، اعتماد بحال ہو رہا ہے بہت سے تارکان وطن اپنے اپنے گھروں کو واپس جا چکے ہیں، چاول کی قیمت گرنے سے ترک وطن کا ایک بڑا سبب [illegible] دہلی کی انٹر ڈومنین کانفرنس سے بھی اقلیتوں کے دلوں میں اعتماد پیدا کیا ہے، اب کشمیر میں التوائے جنگ کے اعلان سے صورت حال میں مزید بہتری کی توقع ہو گئی ہے"

اگر مشرقی بنگال میں اقلیتوں کی واپسی کا خیر مقدم کیا جا سکتا تو مغربی پنجاب کی آغوش بھی اقلیتوں کے لئے کھل جانی چاہیئے، جو لوگ وہاں سے نکالے گئے ہیں وہ زبان سے خواہ کچھ کہیں لیکن ان کا دل لاہور اور راولپنڈی کی گلیوں میں پڑا ہوا ہے ایک اشارہ کی دیر ہے، یہاں سے جانے میں کسی پناہ گزین کو عذر نہ ہوگا، بس ایک یہی مشکل اور باقی رہ گئی ہے جسکے حل ہوتے ہی زمین و آسمان بدل جائیں گے اور ہند اور پاکستان میں مصالحت و موانست کی بادصبا چلنی شروع ہو جائے گی۔

ابھی ایک بڑی کسر باقی ہے جس کی طرف دونوں حکومتوں کو توجہ دینی چاہیئے، یعنی ہندوستان اور پاکستان کے اخبارات کو ابھی ہدایت کی توفیق نہیں ملی ہے اور وہ ایک دوسرے کے خلاف زہر پاشی کرنے سے باز نہیں آئے ہیں، ایک جاہل گنوار دل کا بہت صاف ہوتا ہے لیکن ایک تعلیم یافتہ جو قلم چلانا بھی جانتا ہو [illegible] فساد کی تخم ریزی کرتا ہی رہتا ہے، ضرورت ہے کہ ہند اور پاکستان کی حکومتیں دولتین کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے سلسلے میں اخبارات پر کڑی نگرانی رکھیں اور ان کی زہر آلود خبروں اور تبصروں کا احتساب کرتی رہیں، حکومتوں کا راہ راست پر آنا آسان ہے، اخبارات کا گمراہی سے بچنا بہت مشکل ہے مگر اس کا علاج صرف قانون ہی کا شکنجہ ایسا ہے جو اخبارات کے کس بل نکال کر انہیں سیدھا کر سکتا ہے!

استصواب رائے

کشمیر میں استصواب رائے کے لئے جن شرائط کی تکمیل ضروری ہے وہ کشمیر کمیشن کی طرف سے شائع کر دی گئی ہیں، [illegible] جمعیت ہوتی ہے کہ ان شرائط کا مفہوم [illegible] ہماری خواہش کے مطابق [illegible] اخبارات ان سے اپنے مطلب کی باتیں نکال رہے ہیں، خصوصاً ان رقبوں کے انتظام کا معاملہ زیر بحث ہے جن پر آزاد کشمیر گورنمنٹ کا قبضہ ہے ایک فریق کہتا ہے کہ ان پر شیخ عبداللہ کی حکومت قائم نہیں ہوگی بلکہ آزاد کشمیر گورنمنٹ کے کشمیری حکام اقوام متحدہ کے مبصروں کی نگرانی میں اپنا انتظام کریں گے باقی بھی کے تمام [illegible] دوسرا فریق کہتا ہے کہ ان پر شیخ عبداللہ کی حکومت قائم ہوگی اور آزاد کشمیر گورنمنٹ کے کشمیری حکام [illegible]

اچھی باتیں

یومئذ تا یعملون (پ ۲۸ ع ۲)

اور جب عذاب آئے گا تو اس کا حال کیا ہوگا؟ بس جس روز بھی عذاب آئیگا تو وہ مجرمین کو اوپر سے بھی ڈھک لیگا اور پیچھے سے بھی اسے گا اور کہے گا، تو اب اپنے کرتوتوں کا ذائقہ چکھو۔

یہاں یہ بات بتائی گئی ہے کہ گو عذاب اپنے وقت پر آتا ہے اور اس کے نزول کا ایک قاعدہ مقرر ہے لیکن جب آتا ہے تو دفعتاً آتا ہے، توقع کے خلاف آتا ہے اور مجرموں کو چاروں طرف سے ایسا گھیر لیتا ہے کہ نجات کی کوئی راہ باقی نہیں رہتی، اوپر سے بھی عذاب نیچے سے بھی عذاب، پس و پشت اور چپ و راست جدھر دیکھو عذاب ہی عذاب۔ بھاگنا چاہو تو بھاگ نہ سکو چھپنا چاہو تو چھپ نہ سکو، منت سماجت سے بچنا چاہو تو یہ بھی کام نہ آئے۔ نہ کوئی پناہ دینے والا نہ کوئی فریاد سننے والا، البتہ خود عذاب خطاب کر کے کہے گا، بدمستو! تم سمجھانے پر نہ سمجھے اور اپنے کرتوتوں سے باز نہ آئے اب آؤ اور اپنے کرتوتوں کا مزہ چکھو اور جس عذاب کا مذاق اڑاتے تھے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لو۔

انڈونیشیا پر ڈچ حملہ کا پس منظر

۱۴-۱۹ دسمبر کو ہفتہ کی شب کو ڈچ فوج نے جمہوریہ انڈونیشیا کے خلاف دوبارہ جارحانہ اقدام کیا اور ڈچوں نے انڈونیشیا پر یہ جارحانہ حملہ دوسری بار کیا ہے اور اس مرتبہ پھر انہوں نے امن پسند لوگوں کو خونا خون جنگ اور تباہی میں مبتلا کرنے کی ٹھانی ہے۔

ہالینڈ کی حکومت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ڈچ حکومت نے پولیس کارروائی اس لئے شروع کی ہے کہ جمہوریہ دہشت پسندوں پر قابو نہیں پا سکی اور اس کے علاوہ گفت و شنید جاری رکھنے سے کوئی فائدہ بھی نہ تھا!

ہالینڈ کی نئی جنگ میں پولیس کارروائی کا مطلب خونریزی سامراجی جنگ ہے۔ اور دہشت پسند اس سے اپنی ماں ہیں انڈونیشیا کے ان باشندوں کو کہا ہے جو اپنی آزادی کی حفاظت کے لئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

ایک مرتبہ اس سے پہلے بھی جولائی ۱۹۴۷ء میں لنگر جاتی معاہدہ پر دستخط ہو جانے کے چند ماہ بعد ہالینڈ کی حکومت نے یہ بہانا کر کے مسلح فوج کے وحشیانہ استعمال کے ذریعہ جمہوریہ سے اپنی خواہشات جبراً منوانے۔ انہوں نے اپنی نام نہاد "پولیس کارروائی" کو "ذرائع کی طرح "امن و امان قائم کرنے" اور دہشت پسندوں اور انتہا پسندوں کو نیست و نابود کرنے" کو جائز بنا رکھا ہے۔ حقیقت میں وہ چاہتے ہیں کہ جمہوریہ ہالینڈ کے ہر ناجائز مطالبہ کے آگے سر تسلیم خم کرے۔ جمہوریہ انڈونیشیا ان کے ان مطالبوں کو تسلیم کرنے کو تیار نہ تھی۔

جمہوریہ نے ابتدائی مذاکرات میں کبھی بھی اس خواہش کا اظہار نہیں کیا کہ وہ ہالینڈ کے ساتھ برابر پر بھی بات چیت کرے اپنے تین سال کے عرصہ میں جمہوری حکومت نے ہر ممکن کوشش کی کہ جنگ نہ چھڑے لیکن ہالینڈ کے ناجائز مطالبوں کو ماننے سے اپنے آزادی کو ختم کرنے اور پھر سے ڈچ سامراج کا ایک حصہ بننے کے لئے تیار نہ تھی۔

کچھ دنوں کی بات چیت میں اس قسم کے مشکلات جو جنرل کمیٹی کی نگرانی اور مدد سے بات چیت ہو رہی تھی۔ وہ بھی مطلب طرح پہلے کی طرح ڈچ فوجوں نے بری طرح جمہوریہ انڈونیشیا نے اس بات کی کوشش کی کہ ہالینڈ سے کوئی سمجھوتہ ہو جائے لیکن اس نے ہالینڈ کو شکنی زیادہ مراعات دینے پر رضامندی کی اور ہالینڈ کے مطالبات [illegible] تو وہ مذاکرات اختیار کرکے ڈچ فوجیں کیمیں کہ جمہوریہ [illegible] کا خاتمہ نہ ہو سکا۔

ہالینڈ کی حکومت نے یہ تجویز پیش کی کہ تمام مسلح فوجیں پر یوں سے اختیارات دیئے جائیں ہیں تاکہ وہ من مانی کارروائی کر سکیں، جمہوری حکومت یہ جانتی تھی کہ فوجیں صرف بیرونی حملہ آور کے مقابلہ میں استعمال کی جا سکیں، داخلی حفاظت کے لئے کر دیئے جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ آئندہ چلکر استصواب رائے کی بیشتر ایک وجہ نزاع بن جائیں اور استصواب رائے کا معاملہ تعویق میں پڑ جائے۔

چند روز ہوئے دہلی میں ہند اور پاکستان کے نمائندوں کی ایک کانفرنس ان ہی شرائط کی غور کرنے کے لئے منعقد ہوئی ہے امید ہے کہ اس میں شرائط کے ابہام اور اجمال کو دور کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی اور ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کر لیا جائیگا جو خاطر صاف اور واضح ہو، اور آئندہ اسمیں کوئی اختلاف پیدا نہ ہو سکے!

فوجوں کی استعمال کی ضرورت پیش آئے تو اس کے لئے جمہوریہ انڈونیشیا کے نقطۂ نظر سے تاج کے نمائندے کو عارضی فیڈرل گورنمنٹ سے اجازت لینا چاہئے۔

ایسی صورت میں ظاہر ہے کہ تاج کا نمائندہ فوجوں کا من مانی کارروائیوں کے لئے بھی کرسکتا تھا اور اس طرح عارضی فیڈرل حکومت محض برائے نام حکومت ہوتی کیونکہ اقتدار اعلیٰ کا مالک صرف تاج کا نمائندہ ہوتا۔ دوسرے لفظوں میں اس کا مطلب یہ تھا کہ انڈونیشیا کیمیں دوبارہ ڈچ سامراج شاہی کا نظام قائم ہو جاتا۔

جمہوری حکومت اسے کیسے قبول کر سکتی تھی۔ ڈچ حکومت تم قائم کر دی گئی جائے گی لیکن وہ جانتے تھے کہ جمہوریہ اگر شریک نہ ہوئی تو عارضی حکومت ایک دن بھی چل سکے گی۔

اس لئے انہوں نے جمہوریہ کے خلاف پروپیگنڈا کے کام میں تیزی اور شدت اختیار کی اور انہوں نے جمہوریہ کے خلاف "دہشت کی حرکتوں" کا زور دار مہم اور انڈونیشیا کی تعمیر کے کام، کا روڑ اٹکانے کے الزامات تراشنے شروع کئے بار بار یہی جہالی باتیں دہرائی گئیں، سر جمہوری حکومت نے ان نام نہاد الزامات کا پہلے ہی کھول کر رکھ دیا۔ صدر جمہوریہ ڈاکٹر سوکارنو نے، بہتے ایک فرمان میں جمہوری فوجوں کو ہدایت کی کہ وہ عارضی طور پر معاہدہ پر قائم رہیں کیونکہ جمہوریہ ایک دفعہ کرکے معاہدہ کو توڑنا نہیں چاہتی۔ لیکن سب بیکار ہوا، کیونکہ ڈچ شہنشاہیت نے کبھی یہ چاہا ہی نہ تھا کہ جمہوریہ انڈونیشیا سے کوئی سمجھوتہ ہو جائے۔

جہاں تک ہالینڈ اور جمہوریہ کی فوجوں کے انصراف کا تعلق ہے یہ دوسری سامراجی جنگ شروع کر دی گئی ہے اس کے مقاصد صاف اور واضح ہیں۔ اس جنگ کے ذریعہ سامراجی طاقت سامراج شاہی کے گذشتہ زمانہ کو واپس لانا چاہتی ہے۔ اس کی خواہش ہے کہ انڈونیشیا میں پھر سامراج شاہی نظام قائم ہو جائے۔

ہالینڈ کی حکومت فوج استعمال کرتی ہے اس لئے کہ اسے بڑی طرح اقتصادی سیاسی انسانی شرافت پر اعتقاد و یقین نہیں ہے اسے برتر جنگ پر بھروسہ ہے اور کسی کے بل پر وہ جاوا کے شہروں کو فتح کر سکتے ہیں۔ جنگ کا حاکم اور دوسرے شہروں پر قبضہ ہو سکتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ وہ عوام کی آزادی کی روح کو کچل سکیں گے۔ وہ جمہوریت پسند عوام کی جد و جہد کرنے والے جذبہ اور ان کے بلند اصول کو ہرگز ختم نہیں کر سکتے۔

اگر سیر نہ نکل بھی گئے تو آزادی کی جنگ برابر جاری رہے گی۔ یہ جنگ، مضافات جنگلات، اور پہاڑوں میں سالہا سال تک لڑی جاتی رہے گی۔

ایک ایشیائی قوم پر یہ سامراجی حملہ جس کی مثال جنگ کا آغاز کیا ہے وہ ہرگز کامیاب نہیں ہوسکتی۔ انڈونیشیا پر ایشیا کی روح آزادی کو کچلنا کچھ آسان کام نہیں ہے۔

انڈونیشیا اور تمام ایشیا کی روح آزادی ہی کی ہوسکتی ہے کہ انڈونیشیا کو تمام ایشیا کی ہمدردیاں حاصل ہیں۔ یہ تعداد کا اسلحہ اور امداد اور اخلاقی امداد [illegible] لیکن ڈچ سامراج کو تباہ کرنے کے لئے صرف اخلاقی امداد کافی نہیں ہے سامراج شاہی سے انڈونیشیا کے عوام کو پہونچنا ہے۔ اخلاقی امداد

سیر و سیاحت
سیاح کے قلم سے

میڈیم چیانگ آج کل امریکہ گئی ہوئی ہیں تاکہ اپنے خاوند کی عزت بچانے کے لئے امریکہ سے کوئی مدد مل جائے۔ اب صرف امریکہ ہی ان کی آخری امید کا سہارا بھی ہے اور اگر اس نے بھی آنکھیں پھیر لیں تو پھر سمجھئے کہ سفید ریچھ کسی کی سننے والا نہیں۔

میڈیم چیانگ کائی شیک اول تو ایک بڑے ملک کے صدر کی بیوی اور پھر امریکہ کے سب سے مشہور ویلزلی کالج کی گریجویٹ ۔۔۔ اس لئے امریکن انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور جب وہ امریکہ جاتی تھیں تو سب کے ہاتھوں پر رہتی تھیں لیکن آج ان کی پوزیشن بالکل اس پرانی ایکٹرس کی ہے جسے ایک مرتبہ نام پیدا کرنے کے بعد پھر سے اسٹیج پر آنے کا شوق ہو اور جب آئی ہو تو نوجوانوں نے اسے اپنی نظروں سے گرا دیا ہو۔

۱۹۴۳ء کا دور وہ بھی وقت تھا جب میڈیم صاحبہ صدر امریکہ کے محل میں شاہی مہمان تھیں خوب آؤ بھگت ہوتی۔ پریس کانفرنس طلب کرنے کی آسانیاں دی گئیں امریکہ کے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس میں میڈیم صاحبہ کو بلایا گیا۔ مگر آج حال یہ ہے کہ لیکن آج یہ وقت آ پہنچا ہے کہ صدر ٹرومین صاحب کے پاس میڈیم صاحبہ سے ملنے کے لئے وقت بھی نہیں ۔۔۔ دس روز کے سخت انتظار کے باوجود میڈیم صاحبہ کو صرف نصف گھنٹہ کا انٹرویو دیا گیا حالانکہ اس وقت تک صدر صاحب ایسے ایسے غیر معروف لوگوں سے ملاقات کر چکے تھے جیسے کہ نیویارک کا ایک ہوٹل کا مالک جو صرف ٹرومین کو مبارکباد دینے کے لئے آیا تھا یا ایک تیسری قسم کا کبرہ ایجاد کرنے والا کیمرہ مین ۔۔۔ سچ ہے مصیبت میں سایہ بھی جدا ہوتا ہے انسان سے۔

پوچھا گیا کیا آپ بتا سکتی ہیں کہ گفت و شنید کا کیا نتیجہ رہا؟ میڈیم صاحبہ بولیں یہ تو صدر صاحب ہی بتا سکتے ہیں ۔۔۔ اور صدر صاحب بتانا نہیں چاہتے ۔۔۔ مگن نقارہ بتا دیتے اس لئے کہ آدمی گرد و پیش کے گرد جیسی بات کہنے میں کوئی حرج نہیں لیکن صدر صاحب ٹھہرے ٹرومین جیسے آدمی ۔۔۔ وہ تو حالات دیکھ کر ٹرومین بات (سچی بات) ہی کہیں گے ۔۔۔ اور ٹرومین بات یہ ہے کہ چیانگ کچھ نہیں رہا ۔۔۔ اللہ اللہ اور خیر سلا۔

گفتگو بے نتیجہ ہونے کا ایک اور ثبوت اخبار والوں کو یہ ملا کہ میڈیم صاحبہ فر کا کوٹ پہنے ہوئے تھیں ۔۔۔ بعض کا اگرچہ خیال تھا کہ دسمبر اور جنوری کی سخت سردی سے بچنے کے لئے انہوں نے ایسا کیا لیکن عام اتفاق اس بات پر تھا کہ صدر امریکہ کی سرد جواب سے انہیں سردی کی شدت بڑھ گئی تھی اور اس سرد مہری کا پتہ پانے کے لئے انہوں نے فر کا کوٹ استعمال کیا ۔۔۔

سنا ہے اب میڈیم صاحبہ واپسی کی سوچ رہی ہیں لیکن ایک مشکل سوال ان کے آگے یہ ہے کہ وہ جائیں تو کہاں جائیں ۔۔۔ ہوسکتا ہے کہ وہ چین کی طرف پرواز کریں اور ان کے خاوند صاحب امریکہ کی طرف اڑیں اور جب یہ دونوں کی اسی طرح ہوا میں ملاقات ہو جائے تو وصال صنم ان کے ہو جائیں ۔۔۔ مگر سارا خیال ہے میڈیم صاحبہ کو کہیں جانے کی ضرورت نہیں وہ جو کچھ اپنے ساتھ ہیرے جواہرات لے کر امریکہ گئی ہیں وہ ان کی ساری عمر کے لئے کافی ہیں ۔۔۔ اور انہیں کچھ نہیں تو ہوٹل کھول کر بیٹھ جائیں ۔۔۔ افغانستان کے شاہ امان اللہ کی طرح ۔۔۔

اور پھر یہ تو ایک قدرتی اصول ہے ۔ خدا بھی ان ہی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو خود اپنی مدد کرتے ہوں ۔۔۔ امریکہ کو کیا غرض پڑی ہے کہ ان لوگوں کی مدد کرے جنہیں افیون کے نشہ نے بیکار کر دیا ہو ۔۔۔ یہ مغرب والے مطلب کے بڑے ہوشیار ہوتے ہیں جب تک امریکہ کو یقین تھا کہ کمیونسٹوں کو میدان جنگ میں ہرگز میدان سنبھالنے نہیں دیا جائیگا تب تک اس نے مدد بھی کی اور جب یہ یقین ہرگز کی طرح لگنے والا نہیں تو کچھ پھیر لیں پھر مطلب نکل جانے کے بعد ۔۔۔ اب میڈیم صاحبہ لاکھ وائٹ ہاؤس کے چکر کاٹیں مگر وہاں یہ کچھ سننے والا نہیں۔

جس وقت میڈیم صاحبہ بلیر ہاؤس سے جہاں انہوں نے مسٹر اور مسز ٹرومین اور مسٹر مارشل کی همراہی میں نصف گھنٹہ گذارا باہر تشریف لائیں تو پریس والوں نے گھیر لیا۔

اور اگر سیاست ہی کام ہی کا شوق ہے تو ایک اسکیم بتائی ہے ان "کھول ڈالیں" ۔۔۔ ساری دنیا کے معزول بادشاہ اور صدر وغیرہ ایک مرکز پر جمع ہو جائیں گے ۔۔۔ چیانگ اس کے صدر بن سکتے ہیں۔ اس سے کم از کم یہ ہوگا کہ صدارت قائم رہے گی خواہ وہ نقلی یا ایک جماعت ہی کیوں نہ ہو۔ بعض اوقات یہ جماعتی صدارت بھی بڑا کام دیتی ہے ۔۔۔ اور پھر یہ بات ان کے سر پہنچانے کی تمنا رہ جاتی ہے ۔۔۔ کیا عجب ہے نقلی صدارت چیانگ کو ایک مرتبہ پھر اصلی صدارت تک پہنچا دے ۔۔۔ رہ گیا یہ صدارت کے لئے تیار نہ ہوں اور اپنی آنر رانی میں شہنشاہ کا صدر رکھنا چاہتے ہوں تو ہندوستان میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں ۔ کم از کم میرٹھ شاہ مراد کے جانشین شہزادہ یوسف کو دعوت دی جا سکتی ہے ۔۔۔

"خوب گذرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو"

سچ کہا گیا ہے ۔۔۔ وہ خزاں میں شاہ و دستی من تمنا کر۔

سے زیادہ کی ضرورت ہے ۔ یہ ایشیائی قوموں کے اتحاد ہے کہ وہ ڈچ سامراج شاہی کے منصوبوں کو ناکام بنا دیا ڈچ جہازوں کا بائیکاٹ کیا جا سکتا ہے۔ ڈچ ہوائی جہازوں کو ایشیائی سرزمین پر اترنے سے روکا جا سکتا ہے۔

ڈچ طاقت دوں پر معاشی دباؤ ڈالا جا سکتا ہے۔ اس جنگ کی مدد ہوگی جس سامراج شاہی دہشتی مظالم اور انسان کشی کے خلاف لڑی جا رہی ہے۔ ایشیائی قوموں کی مدد ہمارے فرض اول ہے۔ انصاف، سچائی اور انسانی اخلاق کے ہمارے ساتھ ہم اس جنگ کو ضرور جیت کر رہیں گے۔

آزادی زندہ باد۔ آزادی پائندہ باد۔ (سرکاری)

بے ٹکٹ سفر کرنیوالوں سے
جرمانہ کی وصولی

کلکتہ ۱۱ جنوری۔ ایسٹ انڈین ریلوے پر بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں کے خلاف کارروائی کے نتیجہ کے طور پر اکتوبر ۱۹۴۸ء میں ۲۵۵۰۲ آدمی پکڑے گئے جن سے ۹۹,۸۸۱ روپے ۱۲ آنے جمع ہوئے ہیں اسی میں سے ۳۰۱۰۰ روپے تو بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں سے اور ۱۰۱۰ روپے ۷ آنے زائد سامان لے جانے والوں سے وصول کئے گئے ہیں۔ یوپی اور بنگال کے صوبائی حکام کے تعاون اور اسپیشل مجسٹریٹوں کی مدد سے ۹۱۰۶۰۲ روپے جمع ہوئے ہیں۔

مدرسہ عربیہ ٹانڈہ بادلی کا انتخاب

یکم جنوری کو مدرسہ اسلامیہ عربیہ ٹانڈہ بادلی ریاست رامپور زیر صدارت مولوی عبدالقادر صاحب قاسمی مہتمم مدرسہ شاہی مجلس منتظمہ کے اکیس ممبران کا انتخاب عمل میں آیا۔ اور حسب ذیل عہدیداران اتفاق رائے سے منتخب ہوئے۔ صدر، مولانا حکیم پیر محمد صاحب نائب صدر مولانا محمد یسین صاحب پیش امام جامع مسجد۔ ناظم اعلیٰ مولانا افضل علی قاسمی مدرس مدرسہ اسلامیہ نائب ناظم مولانا محمد نبی صاحب مسجد، مولانا حکیم فخر الدین صاحب مولوی محمد الیاس صاحب ناظم نشر و اشاعت مقرر ہوئے۔

فیروز آباد کے مزدوروں کی اپیل

فیروز آباد۔ بذریعہ ڈاک۔ فیروز آباد کے مزدوروں کی تعداد تخمیناً بیس ہزار ہے اور انکا پیشہ چوڑی کا کارخانہ داروں کے ایک قدر ظلم کا شکار ہو رہے ہیں روزانہ تقریباً بارہ گھنٹے مزدوروں سے کام لیتے ہیں اور ہماری مزدوریں بھی کم دیتے ہیں مزدور سخت پریشان ہیں اور بھوک کا شکار ہو رہے ہیں کیونکہ ان کارخانہ داروں پر حکومت ہند کے قانون کی کوئی پابندی عائد نہیں ہم یو پی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان کارخانہ داروں پر یو پی وہ قانون کے مطابق دلوائی جائیں۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مجبوراً مزدوروں کو پندرہ یوم کے بعد بھوک ہڑتال شروع کرنی پڑے گی۔

رشوت کے خلاف مہم
کسٹم انسپکٹر کو سزا

کراچی ۱۱ جنوری۔ رشوت کا انسداد کرنے کیلئے حکومت پاکستان کی طرف سے مقرر کردہ خصوصی جج نے کراچی کے کسٹم انسپکٹر علیم الدین کو چار سال قید اور پانچ سو روپیہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائیگی جرمانہ ایک سال مزید قید کی سزا دی ہے۔ جج نے فیصلہ دیتے ہوئے کہا کہ ملزم نے اپنے فرائض کو ایمانداری سے سر انجام نہیں دیا۔

ایشیائی کانفرنس کیلئے برمی نمائندگی

رنگون ۱۲ جنوری۔ ۱۷ جنوری کو نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی مجوزہ کانفرنس میں حصہ لینے کے لئے برما کے وزیر خارجہ یو کیانیا ۱۵ جنوری کو بذریعہ ہوائی جہاز رنگون سے روانہ ہو جائیں گے۔

برطانیہ میں کوئلہ کی پیداوار

لندن ۱۲ جنوری۔ اب امید کی جاتی ہے کہ اس سال برطانیہ میں ۲۱۰۰۰۰۰۰۰ ٹن سے ۲۱۵۰۰۰۰۰۰ ٹن کے درمیان کوئلہ پیدا کیا جائے گا۔ پچھلے سال

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف، خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء ہاپوڑ کا انتخاب

۹ رجنوری کو دن کے دو بجے ابتدائی ممبران کے مجمع میں مولانا شوکت علی صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کی نگرانی میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ہاپوڑ کے حسب ذیل ۳۱ ممبران کا اتفاق رائے سے انتخاب عمل میں آیا۔

چودھری وحید اللہ خاں حکیم ہاشم بیگ حکیم عبد القادر ڈاکٹر سید رضوان الحق مولوی عبد الحفیظ صاحب حافظ عبد الحکیم قاضی محمد ابراہیم خاں حافظ حبیب اللہ حافظ محمد اسمٰعیل۔ محمد رمضان۔ منشی علاء الدین صوفی محمد حسین [redacted] رحمت الٰہی صاحب [redacted] صاحب خلیفہ محمد شفیع قاضی زین العابدین میونسپل کمشنر شیخ محمد ادریس میونسپل کمشنر شیخ محمد ادریس چشمہ والے چودھری علیم الدین خلیفہ سید منظور حسن مولانا محی الدین۔ قاضی محمد حسن شیخ بخش الٰہی میونسپل کمشنر مستری عبد الرحیم قاضی نذر حسن حافظ محمد نعمان حکیم مولوی محمد سمیع الدین صاحب اور حافظ عبد الرحمٰن صاحب۔

جمعیۃ علماء امروہہ کا انتخاب

۸ رجنوری کو جمعیۃ علماء امروہہ کا انتخاب ۸ بجے شب میں عمل میں آیا حافظ فقیر اللہ صاحب صدر منشی عبد السلام صاحب انصاری حافظ نعمت اللہ قریشی حافظ فرید احمد اور اشتیاق احمد خاں نائب صدر عبد الرحمٰن رضوی ناظم اعلیٰ پیر بخش ناظم منشی محمد یٰسین ٹھیکیدار اور مستری عظمت اللہ نائب ناظم مولوی نسیم احمد صاحب فریدی ناظم نشر و اشاعت اور منشی حشمت اللہ صاحب خزانچی مقرر ہوئے۔

گونڈہ میں انتخاب

۷ رجنوری کو بعد نماز جمعہ مسجد تپہیاران چوک گونڈہ میں ابتدائی ممبران کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں حافظ محمد اقبال صاحب مدرس صدر حکیم سید منظور احمد صاحب نائب صدر لطافت احمد صاحب گھڑی ساز ناظم ملا احمد مصطفیٰ صاحب ناظم قاری عبد الوہاب صاحب اور مولانا عبد الصمد صاحب مدرس رکن ضلع مقرر ہوئے ان حضرات کے علاوہ محمد محمود صاحب سوداگر عبد الحق صاحب نور محمد صاحب حاجی مراقی اور رمضان خاں صاحب مجلس منتظمہ کے رکن منتخب ہوئے

تھانہ بانکا میں جدید انتخاب

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) ۳ رجنوری کو جمعیۃ علماء تھانہ بانکا کے ممبران مجلس منتظمہ نے تھانہ بانکا کی جمعیۃ علماء کے لئے مولانا الحاج محمد عصمت اللہ صاحب نائب صدر مولانا [illegible] حسن ناظم مولانا محمد ایوب صاحب فاضل دیوبند اور نائب ناظم مولانا محمد عبد القادر صاحب کو منتخب کیا خازن کے انتخاب کا حق جناب صدر کو دیا گیا۔ مولانا عبد المجید اعظمی نے انتخاب کی نگرانی فرمائی۔

ضلع باندا میں جمعیۃ کے ممبران

امسال ضلع باندا میں جمعیۃ علماء کی ممبر سازی کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں۔

مقام	سال گذشتہ	سال رواں
شہر باندا	۴۱	۵۲۸
موضع متھورا	۵۱	۵۶
موضع چھپیٹر	۳۱	۵۶
موضع بروئی	۶۲	۷۸
موضع نرینی	۰	۲۰
متفرق	۱	۰
کل تعداد	۱۸۶	۷۳۸

(نوٹ دیہاتی جمعیتیں دفعہ [illegible] کی رو سے منظور شدہ ہیں)

جمعیۃ علماء کاشی پور کا انتخاب

ہلدوانی ضلع نینی تال (بذریعہ ڈاک) ۵ رجنوری جمعیۃ کی ہدایت پر مولانا حکیم اللہ صاحب ضلع افسر انتخاب کاشی پور پہنچے اور ان کی نگرانی میں مجلس منتظمہ کے اراکین کی دو نشستیں ہوئیں اور باقاعدہ مجلس منتظمہ کے اراکین منتخب کئے گئے۔ بعد ظہر مدرسہ فیض العلوم محلہ علی خاں میں مجلس منتظمہ کا اجلاس مولانا حکیم اللہ صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

صدر مولانا قاری علی حسین صاحب نائب صدر صوفی کریم بخش حافظ احمد حسین ناظم منشی عبد الرشید صدیقی۔ نائب ناظم منشی سخاوت حسین منشی شمیم احمد خزانچی حافظ محمد یعقوب اراکین مجلس منتظمہ حسب ذیل ہیں۔ منشی سلیمان احمد منشی عبد الرحمٰن شیخ عبد الحمید حاجی الٰہی بخش شیخ فتح محمد منشی محمد یامین منشی مبارک حسین چودھری احمد بخش منشی رضا حسین رمضان الدین شیخ عبد الرزاق حاجی محمد اسمٰعیل حافظ عبد الرحمٰن شیخ عبد الرحمٰن۔ کاشی پور میں جمعیۃ علماء کے عام ممبران کی تعداد پانچسو ہے

جسپور جمعیۃ علماء کا انتخاب

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ضلع کی ہدایت کے [redacted] جمعیۃ علماء جسپور کا ایک جلسہ شیخ [redacted] صدیقی کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا صدر مولانا محمد صدیق صاحب نائب صدر منشی شکور احمد انصاری منشی نظیر احمد صدیقی ناظم منشی بشیر احمد صدیقی نائب ناظم منشی عبد المجید انصاری سید علی حسین اور شیخ عبد الرزاق صاحب انصاری خازن مقرر ہوئے اس کے علاوہ ۱۴ اراکین مجلس منتظمہ منتخب ہوئے

شہر نینی تال کا انتخاب

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء شہر نینی تال کا حسب ذیل [illegible] محمد اخلاق صدیقی ناظم علی ماسٹر عبد الرحیم افضل نائب ناظم منشی محمد اشتیاق شیخ عبد الستار انصاری خزانچی شیخ محمد ایوب انصاری مجلس منتظمہ کیلئے۔ بابو عبد اللہ طالب احمد انداری شیخ مشتاق حسین منشی محمد آفاق حافظ علاء الدین منشی محمود حسین شیخ وہاج الدین شیخ مسیت اللہ شیخ عاشق حسین ترابشی منتخب ہوئے۔

چار بڑی طاقتوں سے چین کی اپیل

لندن ۱۱ رجنوری۔ اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ چینی وزیر خارجہ ڈاکٹر وو تے چن نے نانکنگ میں امریکہ برطانیہ اور فرانس کے نمائندوں سے ملاقات کرکے ان سے خانہ جنگی میں مداخلت کی اپیل کی۔ کہا جاتا ہے کہ وزیر خارجہ نے تحریری طور پر اس سلسلہ میں یاد داشت پیش کی۔ انہوں نے روس کے سفیر سے بھی ملاقات کی کوشش کی لیکن سفیر کی بیماری کے باعث ملاقات نہ ہو سکی

مولوی ابرار احمد کہاں ہیں

جمیل ہاشمی صاحب دیوبند سے تحریر فرماتے ہیں ان کے بھائی مولوی ابرار احمد عمر تقریباً تیس سال داڑھی نکلنی شروع ہوئی ہے۔ ایک ماہ ہوا دیوبند سے ٹونک تشریف لے گئے تھے۔ مگر ابھی تک واپس نہیں لوٹے وہ جہاں کہیں ہوں فوراً واپس تشریف لے آئیں۔

ریاست نابھہ کی مسماۃ بتول

مشرقی پنجاب کی ایک لڑکی مسماۃ بتول بنت شیر [illegible] مسماۃ فیلو ہمشیرہ رمضان [illegible] واسال ساکن تحصیل [illegible] ریاست نابھہ جس کا گذشتہ ہنگاموں میں اغوا ہوا تھا قریب کے قصبہ کے مسلمانوں میں موجود ہے۔ اس کے رشتہ دار لڑکی کی بازیابی کے لئے جمعیۃ علماء ہند کانپور سے خط و کتابت کریں۔

(عنایت احمد سلطانی ناظم دفتر جمعیۃ علماء کانپور)

ٹونک کے الطاف حسین

ایک لڑکا مسمی الطاف حسین عرف [illegible] ساکن ٹونک [illegible] رجنوری کو گھر سے [illegible] بازار گیا [illegible] جن صاحب کو اس کے متعلق کچھ علم ہو وہ حسب ذیل پتہ پر اطلاع دیں [illegible] انعام دیا جائے گا۔ [illegible]

اٹاوہ کی خبریں

(از نامہ نگار خصوصی)

پنچایت عدالتیں

پنچایت عدالتوں کا کام ۲ رجنوری سے ضلع میں شروع ہو گیا ہے۔ ۳۰،۲ رجنوری کو قصبہ جسونت نگر میں ایک جلسہ ہوا جس میں مسٹر چندر موہن سری واستوا پرائیویٹ سیکرٹری ٹھاکر حکم سنگھ منسٹر گورنمنٹ یو۔پی اور پنڈت گوپی ناتھ ڈسٹرکٹ آرگنائزر یو۔پی پنچایت نے شرکت کی۔ اسی قسم کا جلسہ قصبہ بھرتھنا میں بھی ہوا اس میں بھی ان لیڈروں نے شرکت کی۔

آیورویدک سینیٹوریم

شہر میں ایک جلسہ ہوا جس میں ایک رزولیوشن پیش ہو کر منظور ہوا کہ ایک آیورویدک سینیٹوریم قائم کیا جائے۔ ایک کمیٹی بنا دی گئی جس کے کنوینر مسٹر رام ناتھ [redacted] کیا۔ جو امکانی کوشش کر رہے ہیں۔

جبریہ تعلیم کی کمیٹی

میونسپل بورڈ اٹاوہ نے پانچ آدمیوں کی ایک کمیٹی کا تقرر کیا ہے جو یو۔پی گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق جبریہ تعلیم کو کامیاب بنانے کے لئے کوشش کرے گی۔

ضلع کانگریس کی میٹنگ

۵ رجنوری کو ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کی ایک میٹنگ ہوگی۔ [illegible]

ہندو مہاسبھا اور سنگھ کے خلاف مظاہرہ

آئندہ ۲۱ رجنوری کو تمام کالجوں کے طلباء اور گرلس اسکول کی طالبات کانگریس سیوا دل کے والنٹیر ایک مشترکہ ریلی راشٹریہ سیوک سنگھ اور ہندو مہاسبھا کے خلاف کرنے والے ہیں۔

شہری جمعیۃ کا انتخاب ملتوی

شہری جمعیۃ علماء کا انتخاب آئندہ ۲۵ رجنوری کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

مشرق وسطے میں پیدا شدہ صورت حالات

مشرق اردن کی فوجوں پر برطانیہ کا کنٹرول

لندن ۱۱ رجنوری۔ یہودیوں کی طرف سے رائل ایئر فورس کے ہوائی جہازوں کو گرانے سے وسط مشرق میں جو صورت حالات پیدا ہو گئی ہے اس پر بحث کو برطانوی کابینہ کے ایک اجلاس میں پوری طرح غور و خوض کیا جائے گا روس پس پردہ اس صورت حالات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے قاہرہ سے پیرس میں آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ مشرقی اردن کی فوجوں اور ذرائع آمد و رفت کا کنٹرول برطانیہ کے سپرد کر دیا گیا ہے

کنزرویٹو اخبار "ڈیلی ٹیلیگراف" نے لکھا ہے کہ اگر روس نے اس وقت اسرائیل کو زیادہ مدد دینی شروع کر دی تو ممکن ہے کہ وسط مشرق میں اسپین کی خانہ جنگی کے حالات پیدا ہو جائیں۔ رائل ایئر فورس کے ہوائی جہازوں کو گرانے کے متعلق حکومت برطانیہ کی طرف سے بھیجا گیا پروٹسٹ حکومت اسرائیل کے دفتر خارجہ میں پہنچ گیا ہے کیونکہ یہ پروٹسٹ تل ابیب کے مقامی یہودی حکام کے نام بھیجا گیا ہے اس لئے حکومت اسرائیل اس کا جواب دینا ضروری نہیں سمجھتی۔ بدھ کو سیکورٹی کونسل کے اجلاس میں فلسطین کی تازہ ترین صورت حالات پر غور کیا جائیگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ نے اس جھگڑے میں صلح کرانے کا ذریعہ اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے (گلوب)

جائداد انجمن ترقی تجارت آگرہ کے متعلق اعلان

آگرہ (بذریعہ ڈاک) منشی غلام جیلانی میونسپل کمشنر [illegible] صدر آگرہ شو مارکٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ اور حافظ عثمان الٰہی جنرل سکریٹری آگرہ شو مارکٹ ایسوسی ایشن نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جائداد انجمن ترقی تجارت مال آگرہ شو مارکٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ مع دوکانات میٹنگ ہال غسلخانہ پاخانہ مہمان خانہ چوک رستہ کے راستہ اسکی چھت اور عمارت مع ملحقات جس کا تعلق مشترکہ ٹرسٹ سے جس کے قدیم آرٹیکلز اور ممبران حصہ داران کے نام سے ایک بیعنامہ پر خرید کر مشترکہ اور انجمن کے سرمایہ سے تعمیر ہوا ہے [illegible] نقصان پہنچانا چاہتے ہیں [illegible] کیا جاتا ہے [illegible] ذمہ داری ابو الحسن [illegible] ہوگی۔

بھوپال اسٹیٹ کانگریس کے صدر مولانا طرزی اور سیکرٹری مسٹر سری واستوا کا بیان

بھوپال (بذریعہ ڈاک) مولانا طرزی مشرقی صدر بھوپال اسٹیٹ کانگریس اور مسٹر گوبند پرشاد سری واستو جنرل سکریٹری بھوپال اسٹیٹ کانگریس نے اخبارات کو ایک مشترکہ بیان دیتے ہوئے کہا کہ "کانگریس اور شمولیت کے پردے میں بعض فرقہ پرست اور کانگریس سے دشمنی رکھنے والے ہندو مہاسبھائی اور راشٹریہ سیوک سنگھ کے لوگ جو خلاف قانون اور تخریبی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ کانگریس کی موجودہ پالیسی پروگرام اور نصب العین کے قطعی خلاف ہیں۔ انہوں نے بتلایا کہ اس قسم کی کارروائیوں کو جو قانون کی خلاف ورزی اور بدامنی کی طرف مائل کریں۔ نہ تو مقامی کانگریس کمیٹی نے اور نہ صوبائی اور مرکزی کانگریس کمیٹی نے جائز قرار دیا ہے۔ اس وقت بھوپال میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ بالکل راشٹریہ سیوک سنگھ اور فرقہ پرستی کے کل ہند پروگرام کا ایک حصہ ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ کانگریسی حکومت کو قوت بازو سے یا کسی دیگر جائز و ناجائز طریقے سے ختم کر دیا جائے۔ ہمارے پاس یہ باور کرنے کے کافی وجوہ ہیں کہ فرقہ پرست اور راشٹریہ سیوک سنگھ کے لوگ کانگریس کا لباس اختیار کرکے شمولیت کے نام سے دراصل راشٹریہ سیوک سنگھ کی کارروائیوں کو فروغ دینا چاہتے ہیں افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے کانگریسی بھائی بھی ان لوگوں کے بہکانے میں آ گئے ہیں۔ اور بظاہر ان کی فتنہ خیز کارروائی میں حصہ لے رہے ہیں۔

ملک میں امن و امان قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے مولانا طرزی مشرقی اور مسٹر گوبند پرشاد نے کہا کہ ہم کانگریس کے بہی خواہوں اور ہمدردی رکھنے والوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ان کارروائیوں میں شریک نہ ہوں بلکہ فرقہ وارانہ منافرت اور غیر قومی تحریکات کو ختم کرنے میں کانگریس کا ہاتھ بٹائیں۔ ہمیں امید ہے کہ ریاست کے امن پسند اور سنجیدہ لوگ ایسے نازک وقت میں جبکہ فرقہ پرستوں نے کانگریس کا مقابلہ کرکے اسے ختم کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ مقامی کانگریس اور حکومت کی مدد کریں گے۔ ملک کے بہی خواہوں کو خیال رکھنا ہوگا کہ صرف قانون شکنی کی ذہنیت کو ختم کرنے کے لئے بھوپال اسٹیٹ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے شمولیت کے مسئلہ کو اپنے ہاتھ میں لیا تھا تاکہ یہ مسئلہ فرقہ وارانہ اغراض کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔"

چین میں امن قائم کرنیکے لئے گفت و شنید

نانکنگ ۱۰ رجنوری۔ چین کے تمام محاذوں پر کمیونسٹوں کا حملہ شروع ہونے کے بعد نانکنگ میں برطانوی، امریکی، فرانسیسی اور روسی سفیروں کے ساتھ چین کے وزیر خارجہ کی ملاقات کے پیش نظر یہ افواہیں پھیل رہی ہیں کہ چین میں امن قائم کرنے کے لئے گفت و شنید شروع کی جانے والی ہے اگرچہ سرکاری حلقے اس کے متعلق بالکل خاموش ہیں لیکن معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ چین کے وزیر خارجہ نے ان سفیروں سے یہ درخواست کی ہے کہ وہ اپنے اپنے ملک کی حکومت سے یہ دریافت کریں کہ وہ چین میں امن قائم کرنے کے لئے کیا مدد کر سکتے ہیں۔ اگر یہ بات چیت سرے چڑھ گئی تو روس اور امریکہ صلح کی گفت و شنید میں اہم پارٹ ادا کریں گے اور برطانیہ اور فرانس ضرورت کے وقت اُن کی مدد کریں گے

تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ کمیونسٹ فوجوں کے ہراول دستے نانکنگ سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر پنگ پو تک پہنچ گئے ہیں۔ کمیونسٹ فوجیں دریائے یانگسی کو پار کرنے کے لئے پوری شدت سے حملہ کر رہی ہیں اس حملے کا مقابلہ کرنے کے لئے حکومت چین پوری طرح طاقت کو استعمال کرے گی

برما کے پناہ گزینوں کو آباد کرنیکے لئے حکومت پاکستان کا ۱۵ لاکھ کا عطیہ

کراچی ۱۱ رجنوری۔ پاکستان مرکزی حکومت نے ۱۵ لاکھ روپیہ مشرقی بنگال کی حکومت کو ان مسلمانوں کی آبادکاری کے لئے دیا ہے جو برما سے مشرقی پاکستان آ چکے ہیں۔

ان پناہ گزینوں کی تعداد ساڑھے پانچ ہزار ہے وہ زمانہ جنگ میں مشرقی بنگال میں برما سے بھاگ آئے تھے۔ اس وقت سے یہ لوگ اب تک کیمپوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں حکومت برما سے یہ درخواست کی گئی تھی کہ ان پناہ گزینوں کو برما واپس جانے کی اجازت دی جائے لیکن حکومت برما نے اس عذر پر کہ یہ بنگال کے باشندے ہیں اور برما کے نہیں۔ اجازت نہیں دی۔

مذکورہ بالا رقم مشرقی بنگال کی حکومت کو قرض کے طور پر دی گئی ہے جس کو ۲۰ سالانہ اقساط میں ادا کیا جائے گا۔

کسٹوڈین نے مزید جائدادوں پر قبضہ کر لیا

محکمہ بحالیات کے نوٹیفکیشن مورخہ ۲۹ ردسمبر ۱۹۴۸ء میں اعلان کیا گیا ہے کہ صوبہ دہلی کے کسٹوڈین نے مشرقی پنجاب (ایڈمنسٹریشن آف ایویکوئی پراپرٹی) آرڈیننس ۱۹۴۸ء جو کہ صوبہ دہلی میں نافذ ہے اس کے تحت حسب ذیل جائداد پر قبضہ کر لیا۔

(۳)

سلسلہ نمبر	مکان نمبر	محلہ	حقوق جن پر قبضہ کیا گیا
۳۶۸۹	۱۱۴۳۷	گلی نمبر ۲ پل بنگش	کرایہ داری
۳۶۹۰	پلاٹ ۱۱۴۳۶	〃	〃
۳۶۹۱	۱۱۱۱۰	〃	دونوں
۳۶۹۲	۱۱۱۱۱	〃	〃
۳۶۹۳	G.F. ۱۱۱۱۲	〃	ملکیت
۳۶۹۴	F.F. ۱۱۱۱۳	〃	دونوں
۳۶۹۵	۱۱۱۱۴	〃	کرایہ داری
۳۶۹۶	۱۱۱۱۸	〃	〃
۳۶۹۷	۱۱۱۱۹	〃	〃
۳۶۹۸	۱۱۱۲۰	〃	〃
۳۶۹۹	۱۱۱۲۱	〃	〃
۳۷۰۰	۱۱۱۲۲	〃	〃
۳۷۰۱	۱۱۱۲۳	〃	〃
۳۷۰۲	۱۱۱۳۲	〃	〃
۳۷۰۳	۱۱۱۳۳	〃	〃
۳۷۰۴	۱۱۱۳۴	〃	〃
۳۷۰۵	۱۱۱۳۵	〃	〃
۳۷۰۶	۸۰۱۶	بیری والا باغ پل بنگش	دونوں
۳۷۰۷	۱۱۱۳۶	گلی نمبر ۲ پل بنگش	کرایہ داری
۳۷۰۸	۳۸-۱۱۱۳۷	〃	〃
۳۷۰۹	۱۱۱۳۹	〃	دونوں
۳۷۱۰	۱۱۱۴۰	〃	〃
۳۷۱۱	۱۱۱۴۲	〃	کرایہ داری
۳۷۱۲	۱۱۱۴۴	〃	دونوں
۳۷۱۳	۱۱۱۴۵	〃	〃
۳۷۱۴	۱۱۱۴۷	〃	〃
۳۷۱۵	۱۱۱۴۸	〃	کرایہ داری
۳۷۱۶	۱۱۱۴۹	〃	〃
۳۷۱۷	۱۰۰۹۴	〃	〃
۳۷۱۸	۱۰۰۹۵	〃	ملکیت
۳۷۱۹	۱۰۰۹۶	〃	〃
۳۷۲۰	۱۰۰۹۷	〃	〃
۳۷۲۱	۱۰۰۹۸	〃	ملکیت
۳۷۲۲	۱۰۰۹۹	〃	کرایہ داری
۳۷۲۳	۱۰۱۰۰	〃	〃
۳۷۲۴	۱۰۱۰۱	〃	〃
۳۷۲۵	۱۰۱۰۳	〃	〃
۳۷۲۶	۱۰۱۰۳	〃	〃
۳۷۲۷	۱۰۱۰۴	〃	〃
۳۷۲۸	۱۰۱۰۵	〃	〃
۳۷۲۹	۱۰۱۰۶	〃	〃
۳۷۳۰	۱۰۱۰۷	〃	〃
۳۷۳۱	۱۰۱۰۸	〃	〃
۳۷۳۲	۱۰۱۰۹	〃	〃
۳۷۳۳	۱۰۱۱۰	〃	〃
۳۷۳۴	۱۰۱۱۱	〃	〃
۳۷۳۵	۱۰۱۱۲	〃	〃
۳۷۳۶	۱۰۱۱۳	〃	〃
۳۷۳۷	۱۰۱۱۴	〃	〃
۳۷۳۸	۱۰۱۱۵	〃	〃
۳۷۳۹	۱۰۱۱۶	〃	〃
۳۷۴۰	۱۰۱۱۷	〃	〃
۳۷۴۱	۱۰۱۱۸	〃	〃
۳۷۴۲	۱۰۱۲۰	〃	〃
۳۷۴۳	۱۰۱۲۱	〃	〃
۳۷۴۴	[illegible]۲۲	〃	〃
۳۷۴۵	۱۰۱۲۳	〃	〃
۳۷۴۶	۳۱۴۴	کھاری باؤلی	دونوں
۳۷۴۷	پلاٹ نمبر ۳۴ بلاک ۸ A	ویسٹرن ایکسٹنشن [illegible] دہلی	پٹہ کے حقوق
۳۷۴۸	۲/۳۰۲	کٹرہ شیخ [illegible]	دونوں
۳۷۴۹	۳/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۰	۴/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۱	۵/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۲	۶/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۳	۷/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۴	۸/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۵	۹/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۶	۱۰/۳۰۲	〃	〃
۳۷۵۷	۱۱/۴۴۳	〃	〃
۳۷۵۸	۱۲/۴۴۳	〃	〃
۳۷۵۹	۱۳/۴۴۳	〃	〃
۳۷۶۰	G.F. ۱۴/۴۴۳	〃	کرایہ داری
۳۷۶۱	۸۰۰۷	گلی بیری والی بیری والا باغ پل بنگش	〃
۳۷۶۲	۸۰۰۸	〃	دونوں
۳۷۶۳	۸۰۰۹	〃	〃
۳۷۶۴	۸۰۱۰	〃	〃
۳۷۶۵	F.F.A ۸۰۱۱	〃	〃
۳۷۶۶	F.F.B. ۸۰۱۱	〃	〃
۳۷۶۷	۸۰۱۴	〃	〃
۳۷۶۸	۸۰۱۵	〃	〃
۳۷۶۹	۱۸-۸۰۱۷	〃	〃
۳۷۷۰	۸۰۱۹	〃	〃
۳۷۷۱	۸۰۲۰	〃	〃
۳۷۷۲	۸۰۲۷	〃	〃
۳۷۷۳	۸۰۲۸	〃	دونوں
۳۷۷۴	G.F. ۸۰۲۸	〃	〃
۳۷۷۵	F.F ۸۰۲۹	〃	کرایہ داری
۳۷۷۶	۸۰۳۴	〃	〃
۳۷۷۷	۸۰۳۵	〃	〃
۳۷۷۸	F.F.B. ۷۹۱۶	〃	〃
۳۷۷۹	FFB ۷۹۱۷	〃	〃
۳۷۸۰	۷۸۹۸	گلی مدرسے والی	دونوں
۳۷۸۱	۷۸۹۹	〃	〃
۳۷۸۲	۷۹۰۹	〃	〃
۳۷۸۳	۷۹۱۰	〃	〃
۳۷۸۴	۷۹۱۱	〃	〃
۳۷۸۵	۷۹۱۲	〃	کرایہ داری
۳۷۸۶	۷۹۲۶	〃	〃
۳۷۸۷	۷۹۱۴	〃	〃
۳۷۸۸	۷۹۲۲	〃	〃
۳۷۸۹	۷۹۲۳	〃	〃
۳۷۹۰	۷۹۲۴	〃	〃
۳۷۹۱	۷۹۲۵	〃	〃
۳۷۹۲	۷۹۲۸	〃	〃
۳۷۹۳	۷۹۲۹	〃	〃
۳۷۹۴	۷۹۳۰	〃	〃
۳۷۹۵	F.F ۷۹۱۹	〃	〃
۳۷۹۶	G.F. ۷۹۱۹	〃	〃
۳۷۹۷	۷۹۲۱	〃	〃
۳۷۹۸	۷۹۰۸	〃	〃
۳۷۹۹	۷۹۰۳	〃	〃
۳۸۰۰	۷۹۳۱	〃	〃
۳۸۰۱	۷۸۳۱	گلی جامن والی	〃
۳۸۰۲	FFA ۷۸۳۱	〃	〃
۳۸۰۳	اور ۷۸۳۵	〃	دونوں
۳۸۰۴	۷۸۳۶	〃	〃
۳۸۰۵	۷۷۹۵	گلی مسجد والی	〃
۳۸۰۶	۷-۷۷۹۶	〃	〃
۳۸۰۷	۷۷۹۸	〃	کرایہ داری
۳۸۰۸	۷۷۹۹	〃	کرایہ داری
۳۸۰۹	۷۸۰۰	〃	〃
۳۸۱۰	۷۸۰۱	〃	〃

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں (باقی)

سماٹرا میں جنگ جاری ہے

لندن ۱۱ رجنوری۔ لندن میں انڈونیشین آفس نے ولندیزیوں کے اس دعوے کی تردید کی ہے کہ سماٹرا میں جنگ بند ہو گئی ہے۔ تمام سماٹرا میں ریپبلکن فوجیں عوام کی مدد سے چھاپہ مار حملے کر رہی ہیں۔ ریپبلکن فوجوں کی مزاحمت کو ختم کرنے کے لئے ڈچ فوجیں ہوائی اور بحری طاقت سے کام لے رہی ہیں۔

ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان سیاسی تعلقات

نئی دہلی ۱۲ رجنوری۔ ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ آسٹریلیا اور ہندوستان کے درمیان موجودہ دوستانہ تعلقات کو برقرار رکھنے اور مضبوط بنانے کے لئے دونوں ملکوں کی حکومتوں نے آپس میں ڈپلومیٹک تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

دار السلطنت

۱۲ رجنوری ۱۹۴۹ء

پیدائش و اموات

دہلی میں گذشتہ ہفتہ ۴۸۵ پیدائشیں اور ۱۵۲ اموات ہوئیں۔ ایک سال سے کم عمر کے ۴۴ بچے فوت ہوئے۔

رجسٹری شدہ اشیاء چوری

لودھی کالونی کے ڈاکخانہ سے اطلاع ملی ہے کہ ان کے ڈاک کے تھیلے سے ایک بیمہ شدہ خط اور سولہ رجسٹری شدہ اشیاء چرا لی گئی ہیں۔ چوری کی اطلاع پولیس میں دیدی گئی ہے

سپاہی فرار

کمپنی ای۔ پی۔ اے۔ سی کے کمانڈر نے پولیس میں اطلاع دی ہے کہ لائن سے ایک سپاہی دھوندی سنگھ نامی مع وردی و دیگر سامان فرار ہو گیا ہے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے

جعلی ڈرافٹ بنانے والا گرفتار

امپیریل بنک آف انڈیا دہلی سے ایک شخص کو گرفتار کیا گیا ہے جو ایک کلرک کو خالی ڈرافٹ دینے کے لئے ۵۰ روپے بطور رشوت دے رہا تھا اس نے پولیس کے سامنے اقبال کیا ہے کہ اس نے پہلے بھی جعلی ڈرافٹ بنا کر روپیہ اڑانے کی کوشش کی تھی۔

چھینا جھپٹی کی واردات

گذشتہ شام بازار سبزی منڈی میں چھینا جھپٹی کی واردات ہونے کی اطلاع ملی ہے بتایا گیا ہے کہ دو اشخاص نے ایک شخص کو چھرا دکھا کر اس کی سنہری زنجیر اور گھڑی وغیرہ چھیننے کی کوشش کی اس کے شور مچانے پر متعدد لوگ جائے وقوعہ پر جمع ہو گئے اور بدمعاش کو پکڑنے میں کامیاب ہو گئے۔

اطلاع ملی ہے کہ تغلق روڈ پر کل شام چار اشخاص نے ایک سائیکل سوار پر حملہ کرکے اسے سخت زخمی کر دیا۔ حملہ آور گرفتار نہیں ہو سکے۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

نئی دہلی میونسپلٹی کا جلسہ

کل نئی دہلی میونسپلٹی کے ممبروں نے نئی دہلی کی سڑکوں کی حالت [illegible] کی تعمیر [illegible] ممبروں نے تجویز کی کہ سی پی ڈبلیو ڈی سے کہا جائے کہ نئی دہلی میونسپلٹی کی طرف سے اس قسم کے اخراجات سے گریز کرے بعد میں سرکاری ٹنکیوں وغیرہ کی تعمیر پر غور کیا گیا اس جلسہ میں ریڈنگ روڈ پر بھنگی بستی تعمیر کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

ایک عورت زخمی

قرولباغ میں ایک ٹرک کے جھونپڑی سے ٹکرا جانے سے ایک عورت شدید زخمی ہوئی کہا جاتا ہے کہ ٹرک بڑی تیزی سے آ رہا تھا اور ٹرک کے موڑ پر پہنچ کر قابو سے باہر ہو گیا ایک آدمی اور دو عورتیں عین وقت پر اس کے سامنے سے کود کر ہٹ گئیں لیکن دوسری عورت ایسا نہ کر سکی اور ٹرک کے اگلے پہیے کے نیچے آ گئی۔ عورت کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ ٹرک ڈرائیور جرنیل سنگھ کو پولیس کے سپرد کر دیا گیا۔

راجن بابو کی آمد

۹ رجنوری کو راجن بابو واردھا سے روانہ ہو کر ۱۰ رجنوری کو دہلی پہنچ جائیں گے جہاں آپ سردار پٹیل کے ہاں مہمان ہوں گے۔ ڈاکٹر صاحب کی صحت اب پہلے سے بہت بہتر ہے۔

جماعت اہلحدیث کا ایک عام اجلاس

یکشنبہ مورخہ ۱۶ رجنوری ۱۹۴۹ء بوقت ۹ بجے مسجد محتسب پھاٹک حبش خان میں ہونا قرار پایا ہے جس میں اوقاف اہل حدیث کے متعلق تمام تجاویز کا اعلان کیا جائے گا۔ جماعت سے درخواست ہے کہ وقت مقررہ پر زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک اجلاس ہوں۔

نئی نئی ایجنسیاں لیں
منافع بخش ایجنسیاں لینے نفع کا مال منگوانے کیلئے
آل انڈیا تجارتی ڈائرکٹری
مطالعہ کریں اس میں ہندوستان کی ہر منڈی کا کاروبار اور صنعت کی بیشمار معتبر فرموں۔ کارخانوں اور فیکٹریوں کے ہزاروں پتے درج ہیں۔ قیمت [illegible] روپے
گرانٹس سنڈیکیٹ ۱۴ قطب روڈ نئی دہلی

جی بی روڈ پر پولیس اور فوج کی حادثہ میں ایک ہلاک

پولیس کی رات بھر دوڑ دھوپ اسٹیشن سے چار فوجی گرفتار

دہلی ۱۲ رجنوری۔ جی بی روڈ سے پانچ آدمیوں کے جن میں دو پولیس کے کانسٹیبل بھی شامل ہیں زخمی ہونے کی اطلاع شائع ہوئی ہے واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ چند آدمی جو فوجی وردی میں ملبوس تھے اور شراب پیے ہوئے تھے جی بی روڈ پر قحبہ خانوں کے قریب ٹہل رہے تھے۔ پولیس کے سپاہیوں نے جو ڈیوٹی پر تھے اس طرح مشتبہ طور سے ٹہلنے پر منع کیا۔ فوجی وردیوں میں ملبوس لوگوں نے بے تحاشا گولیاں چلانی شروع کر دیں ان کی گولیوں سے دو سپاہی اور تین تماشائی زخمی ہوئے۔ پولیس فوراً جائے واردات پر پہونچ گئی اور صورت حالات پر قابو پا لیا گیا۔ زخمی ہسپتال پہنچا دیئے گئے۔ بعد کی اطلاع مظہر ہے کہ زخمی ہونے والوں میں سے ایک شخص چل بسا۔ ایک دوسرے زخمی سپاہی کی حالت بھی خطرناک بتائی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ "فوجی" سپاہیوں نے فائرنگ کرتے وقت آڑ لے لی تھی اور اگرچہ پولیس کے ایک سپاہی کا کہنا ہے کہ اس نے گولی چلا کر ایک فوجی کو مجروح کر دیا لیکن اس زخمی فوجی کا کہیں پتہ نہ چلا۔ پولیس نے فوجی حکام کی مدد سے شہر سے باہر جانے والے تمام راستوں کی نگرانی شروع کر دی۔ پولیس کے بڑے بڑے افسران بھی گشت کرتے رہے۔ آخرکار دہلی ریلوے اسٹیشن کے قریب چار فوجی گرفتار کئے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ فوجی کشمیر جا رہے تھے۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

سپلائی آفس کی ڈکیتی کا مقدمہ

منگل کے روز مسٹر ایس ایس دولت سیشن جج دہلی کی عدالت میں ڈکیتی کے اس کیس میں کہ جس میں دیوے کمار اور پانچ دوسرے اشخاص پر ڈائرکٹر جنرل انڈسٹریز اینڈ سپلائی کے دفتر میں ڈکیتی کا الزام ہے جو کہ یکم اکتوبر کو واقع ہوئی تھی مزید شہادتیں پیش ہوئیں۔

اس دفتر کے ایک کلرک دھرم پال نے کہا وہ ایک کمرہ سے خزانچی کے ہمراہ گذر رہا تھا اور پیچھے پیچھے چند قدم کے فاصلہ پر چپراسی تھا جس کے کندھوں پر کیش بکس تھا اس نے دیکھا کہ باہر دو آدمی کھڑے ہیں جن میں سے ایک کے پاس ریوالور ہے۔ گواہ دوسرے آدمی کو صاف طور پر نہ دیکھ سکا۔ گواہ اور خزانچی کو دیوار کی طرف ٹھہرنے کیلئے کہا گیا اور ایک آدمی آگے بڑھا اور اسنے کیش بکس چھینا دوسرے نے ریوالور سے چپراسی کو پیشانی پر زخم کیا

اس کے بعد چار دوسرے گواہوں نے جن میں مسٹر ہربنس لال قائم مقام دفتر ڈائرکٹر جنرل انڈسٹریز اینڈ سپلائی بھی شامل ہیں بیانات ہوئے اور مقدمہ ملتوی ہو گیا۔

وزراء کے اطلاعات کی کانفرنس

معلوم ہوا ہے ۱۹ رجنوری کو وزارت اطلاعات و براڈکاسٹنگ کی طلب کردہ وزرائے اطلاعات کی کانفرنس ہوگی یہ کانفرنس جو پروپیگنڈے کے مختلف طریقوں پر غور کرے گی اس کا افتتاح پنڈت نہرو کے ہاتھوں ہوگا

دہلی میں جعلی سکوں کی فراوانی

باوجودیکہ دہلی پولیس نے جعلی سکے بنانے والے کئی آدمیوں کو گرفتار کیا ہے لیکن اس کے باوجود کافی جعلی سکے جن میں ایک روپیہ آٹھ آنے اور دو آنے کے سکے شامل ہیں چل رہے ہیں دہلی کے دوکانداروں اور اسٹال ہولڈر جن میں سے ہر ایک کے پاس پانچ پانچ کھوٹے سکے جمع ہو گئے ہیں اب بہت محتاط ہو گئے ہیں۔

پستول برآمد ہوا

دریا گنج میں کوچہ عاقل خاں کے ایک شخص تالو رام کے گھر سے ایک پستول اور ایک گولی برآمد ہوئی۔ تالو رام کو پولیس نے گرفتار کر لیا خانہ تلاشی کرنال کی پولیس نے مقامی پولیس کی امداد سے کی تھی۔

سردار پٹیل کی روانگی

معلوم ہوا ہے کہ [illegible] سردار پٹیل ۱۵ رجنوری کو دہلی سے روانہ ہو جائیں گے وہ اودے پور جام نگر باردولی اور بڑودہ کا دورہ کریں گے۔

خواجہ ناظم الدین کے لئے ڈگری

ڈھاکہ ۱۱ رجنوری۔ ڈھاکہ یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کونسل نے فیصلہ کیا ہے کہ جب پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین اس ماہ کے آخر میں مشرقی بنگال کے دورہ پر ڈھاکہ آئیں تو ان کو ڈاکٹر آف لاء کی اعزازی ڈگری دی جائے۔ (اپ)

بجنور کے مہتر ہڑتال کرینگے

بجنور ۱۲ رجنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بجنور میونسپلٹی کے مہتروں نے دھمکی دی ہے کہ اگر تنخواہ بڑھانے کے بارے میں ان کے مطالبات منظور نہ کئے گئے تو وہ ۱۵ رجنوری سے ہڑتال کر دیں گے۔

پیر الٰہی بخش کے خلاف تحقیقات

کراچی ۱۲ رجنوری۔ مسٹر اکبر حسین سکریٹری وزارت قانون اور محنت جن کی خدمات عارضی طور پر حکومت سندھ کے حوالہ کر دی گئی تھیں۔ کل سے انہوں نے پیر الٰہی بخش اور ان کی کابینہ کے دو وزراء کے خلاف تحقیقات کے سلسلہ میں اپنا کام سنبھال لیا ہے۔ کل انہوں نے گورنر سندھ سے اس سلسلہ میں ابتدائی بات چیت کی۔

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے
جہازوں کا بیڑا بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور اُمید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے۔ تفصیلات کے لئے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ نمبر ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

ہندوستانی شارٹ ہینڈ کمیٹی

نئی دہلی ۱۱ رجنوری۔ ہندوستانی شارٹ ہینڈ اور ہندی ٹائپ رائٹنگ کے سسٹم سے متعلقہ امور پر غور کرنے کے لئے آئین ساز اسمبلی کے پریزیڈنٹ نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی۔ اس کمیٹی کی میٹنگ کل یہاں زیر صدارت مسٹر آچاریہ کرپلانی منعقد ہوگی۔ اس میٹنگ میں کمیٹی اپنی آخری رپورٹ تیار کرے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیٹی نے ہندوستانی میں شارٹ ہینڈ کے موجودہ تمام سسٹموں کا مطالعہ کیا ہے۔ کمیٹی ایک ایسے سسٹم کے حق میں ہے جو پٹمین سے ملتا جلتا ہو۔ ہندی ٹائپ رائٹر کے متعلق کمیٹی کا یہ خیال معلوم ہوتا ہے کہ کی بورڈ میں معمولی اضافہ کے بعد انگریزی کا موجودہ ٹائپ رائٹر ہندی ہی میں کام دے سکے گا (گلوب)

الموڑہ اور ہلدوانی میں بجلی

الموڑہ ۱۰ رجنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ کماؤں کے مشہور صحت افزا مقام الموڑہ اور کماؤں کی پہاڑیوں میں گندم کی مشہور منڈی ہلدوانی میں اس سال بجلی لگا دی جائے گی۔ (ا۔پ)

بریلی بار ایسوسی ایشن کا انتخاب

بریلی ۱۲ رجنوری۔ حال ہی میں بار ایسوسی ایشن کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مسٹر موہن لال ماتھر صدر مسٹر چمن لال سکسینہ اور مسٹر اسرار علی خاں کو وائس پریزیڈنٹ مسٹر بھگوتی شنکر کو اعزازی سکریٹری اور مسٹر [illegible] دیال اور مسٹر [illegible] کو جائنٹ سکریٹری منتخب کیا گیا۔

الہ آباد میں دیہاتی پنچایت کے انتظامات

الہ آباد ۱۲ رجنوری۔ دیہاتی پنچایتوں کے انتخابات کے [illegible] تمام ضلع [illegible] ۱۵۰۰ حلقے [illegible]

فلسطین میں برطانوی طیارے کا حادثہ

امریکہ قابل افسوس سمجھتا ہے

واشنگٹن ۱۲ رجنوری۔ امریکہ نے تجویز کیا ہے کہ مصر پر رائل ایئر فورس کے طیاروں کی تباہی کو برطانیہ اور اسرائیل ایک افسوسناک حادثہ تصور کریں تاکہ بدھ کو روڈس میں ہونے والی صلح کانفرنس پر کوئی اثر نہ پڑے۔

امریکہ نے کہا ہے کہ یہ بھی یقین دلایا گیا ہے کہ اگر اس وقت مصر میں اسرائیل کی کوئی فوج ہے تو اس کو واپس بلایا جا رہا ہے۔

یہ بیان اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے پریس آفیسر مسٹر میکڈرموٹ نے ایک تیار شدہ بیان کی صورت میں دیا ہے۔ (رائٹر)

چار بشپوں کا استعفیٰ دینے سے انکار

[illegible] کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ہنگری کے چار بشپ کو مجبور کیا گیا تھا کہ وہ استعفیٰ دیدیں۔ لیکن وہ کارڈینل مذکور کے اس قدر وفادار ہیں کہ انہوں نے استعفیٰ دینے سے انکار کر دیا۔

اینگلو فرنچ معاہدہ پر گفت و شنید

لندن ۱۲ رجنوری۔ فرانسیسی وزیر خارجہ مسٹر رابرٹ شومان تین دن کے لئے لندن گئے تھے تاکہ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون سے اینگلو فرنچ معاہدہ کے متعلق گفتگو کریں۔ اب اس [illegible]

مسٹر منڈل ڈھاکہ میں

ڈھاکہ ۱۲ رجنوری۔ پاکستان کے وزیر محنت مسٹر منڈل پرسوں تین روز مشرقی بنگال میں قیام کرنے کے لئے یہاں پہنچے ہیں۔ (اپ)

باغیوں کی سرگرمیوں سے

رنگون ۱۱ رجنوری۔ حکومت برما نے ایک اعلان میں بتایا ہے کہ ۲۹ مارچ ۱۹۴۸ء سے لے کر اب تک باغیوں کی سرگرمیوں کے باعث ایک کروڑ روپے نقد اور ۳ کروڑ روپے کی جائداد کا نقصان برداشت کرنا پڑا ہے۔ (گلوب)

ریو ڈی زانرو ۱۲ رجنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کل [illegible] کے قریب ایک برازیلی ہوائی جہاز کے ٹکرا جانے کی وجہ سے آٹھ آدمی ہلاک ہو گئے۔

ہند اور پاکستان کے معاہدہ کی تصدیق

کراچی ۱۲ رجنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے ۱۴ ردسمبر والی دہلی کی بین المملکتی کانفرنس کے معاہدہ کی سرکاری طور پر تصدیق کر دی ہے۔

سنگھ کے فسطائی طریقے

دہلی کے ڈپٹی کمشنر کی تقریر

کل مسٹر ایم ایس رندھاوا ڈپٹی کمشنر دہلی نے چیمبر آف ٹریڈرز اینڈ کامرس کی دعوت میں کہا کہ اب محکوم اور حکمران کا سوال آزاد ہندوستان میں ختم ہو جانا چاہیئے۔ ہر ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ یہ سمجھے کہ وہ موجودہ حکومت میں برابر کا حصہ دار ہے۔ آپ نے کہا کہ آہستہ آہستہ عوام اور افسران کی عادات میں تبدیلی آ جائے گی اور لوگ اصلی معنوں میں جمہوریت کو سمجھیں گے۔

ہمیں دنیا میں زندہ رہنا ہے تو ہمیں خود غرضی کو چھوڑ کر دیش اور قوم کی ترقی کے لئے سرتوڑ کوشش کرنی چاہیئے۔ مہاتما گاندھی نے ہمیں یہی تعلیم دی۔

بلیک ختم نہیں ہوئی۔ مہاتما گاندھی نے کنٹرول کو ختم کرایا۔ لیکن تجارت پیشہ لوگوں نے حکومت کو دوبارہ کنٹرول سسٹم جاری کرنے پر مجبور کیا۔ رشوت ستانی کا یہ حشر ہے کہ بعض لوگ راشن کارڈ بنانے کے لئے رشوت چاہتے ہیں۔

آپ نے راشٹریہ سیوک سنگھ کی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلہ میں ۱۲۰۰ ستیہ گرہی گرفتار ہوئے ہیں۔ جنہیں ۳۰۰ کے قریب سزا ہو چکی ہے۔ سرکاری ملازم بھی ان میں شامل ہیں لیکن ان میں زیادہ تعداد تاجروں کی ہے۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کو عوام کی رائے سے حکومت بدلنے کا پورا حق ہے۔ لیکن اسے گولی سے حکومت بدلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ سنگھ والے مسلمانوں کو ہندوستان سے نکالنا نہیں چاہتے بلکہ لوگوں کو گمراہ کرکے سیاسی طاقت حاصل کرنا چاہتے ہیں فسطائزم کی پالیسی کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

برطانیہ جنوبی فلسطین پر قبضہ کرنا چاہتا ہے

ایک روسی اخبار کا الزام

ماسکو ۱۱ رجنوری۔ سوویت ٹریڈ یونین کے اخبار "ٹرڈ" نے ایک ایڈیٹوریل آرٹیکل میں کہا ہے کہ برطانیہ جنوبی فلسطین کے تمام علاقہ پر قبضہ کرنے کے لئے بہانے ڈھونڈھ رہا ہے۔

اخبار نے مزید لکھا کہ برطانیہ مشرق وسطے میں جنگ بھڑکا رہا ہے اور جرمن نازی جرنیل اور افسران [illegible] کرتے ہوئے ملتے ہیں۔

اخبار نے مزید الزام لگایا کہ فلسطین میں امریکہ کی تیل کی کمپنیاں حکومت امریکہ کی [illegible]

۲۵ ہزار روپیہ منظور

شملہ ۱۲ رجنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت مشرقی پنجاب نے ان مسلمانوں کی امداد کے لئے جو صوبہ سے نہیں گئے پچیس ہزار روپیہ منظور کئے ہیں۔ اس روپے سے ان کو ربیع کی فصل کے لئے بیج خریدنے کے [illegible]

جملہ حقوق محفوظ ہیں
پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے
نقد انعامات
داخلہ کی آخری تاریخ ۲۴ رجنوری ۱۹۴۹ء
تار کا پتہ "پزل" ماڈل ٹاؤن

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) گیارہ سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ
چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو دو سو روپیہ
معمہ حل کرنیکا طریقہ۔ خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پُر کریں۔ اشارات (۱) امیروں کے یہاں اس کا سامان زیادہ پایا جاتا ہے (۲) اس زمانہ میں ایسے انسانوں کی کمی نہیں جو اپنی ۔۔۔۔ پر بھروسہ رکھتے ہیں (۳) قابل ہیں وہ لوگ جو پوشیدہ طور پر دوسروں کی امداد کرتے ہیں۔ (۴) بلا سوچے سمجھے کسی کی بے عزتی نہ کرنی چاہیئے (۵) بہت زیادہ یہ انسان کے رفتار کو کم کرنے کا باعث ہوتی ہے (۶) ایسے انسان کی زندگی بھی کوئی زندگی ہے (۷) انسان کی سربلندی کا راز اس میں مضمر ہے (۸) اہل علم اصحاب بہترین یہ سکتے ہیں (۹) جب ہم ان کے شکار نہیں ہوتے ہم اس کی طرف سے لاپرواہ ہو جاتے ہیں۔

۱	آ		ل	ط	ش
۲	ت			ی	س
۳	ت			ی	
۴	س		ر		ش
۵		س	ر	ب	ت
۶	ن	ج	د		
۷	م	ح		ت	☒
۸		ک	ب	☒	☒
۹		س	ض	☒	☒

فیس داخلہ پہلا حل ایک روپیہ اور بعد میں فی حل آٹھ آنے۔ فیس داخلہ بذریعہ منی آرڈر یا پوسٹل آرڈر بھیجیں (پوسٹل آرڈر کراس نہ کریں) ہندوستانی پوسٹل آرڈر اور ٹکٹ قبول نہیں کی جائیگی منی آرڈر کی رسید اپنے حلوں کے ساتھ ضرور بھیجیں۔
شرائط سادے کاغذ پر اسی قسم کے خاکے بنا کر حل بھیجے جا سکتے ہیں۔ صحیح حل وہی ہوگا جو ہمارے سربمہر حل سے ہو بہو ملیگا۔ صحیح حل اور مکمل نتیجہ بند روزہ "حریت" ماڈل ٹاؤن لاہور مورخہ ۲ رفروری ۱۹۴۹ء میں دیکھئے۔ جسکی کاپی فیس داخلہ کیساتھ چھ آنے زیادہ بھیجکر حاصل کی جا سکتی ہے۔ بعد میں آنے والے حل شامل نہیں کئے جائینگے۔ مقامی حضرات اگر چاہیں تو اپنے حل اور فیس داخلہ ہمارے برانچ آفس واقعہ سنٹرل ہوٹل چوک انارکلی لاہور میں [illegible] بجے تک جمع کرا کر رسید حاصل کر سکتے ہیں۔ کمپٹیشن بنچنگ ایڈیٹر آسان اردو معمہ نمبر ۱ کا فیصلہ آخری اور قانوناً قابل تسلیم ہوگا۔ حل اور منی آرڈر وغیرہ ذیل کے پتہ پر ارسال فرمائیں:-
آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱ (لمیٹڈ) ماڈل ٹاؤن لاہور

پانچ ہزار روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کر دیئے گئے
آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۶ ماڈل ٹاؤن لاہور کا شاندار نتیجہ
۲۴ ردسمبر تک آسان اردو معمہ نمبر ۱۶ کے جو حل ہم کو وصول ہوئے ان میں قواعد معمہ کی پابندی کی گئی تھی شامل مقابلہ کئے گئے۔ بالکل صحیح حل دو نکلے جن پر پہلا انعام مبلغ تین ہزار روپیہ بحساب ایک ہزار پانچسو روپیہ فی حل تقسیم کیا گیا (۱) مرزا افتخار احمد بیگ اندرون راولپنڈی (۲) مس زکیہ سلطانہ پرانی انارکلی لاہور۔ ایک غلطی والے ۷ حل نکلے جن پر دوسرا انعام مبلغ گیارہ سو روپیہ بحساب ۱۵۷ روپے گیارہ آنے فی حل تقسیم کیا گیا (۱) مقبول حسین لاہور (۲) محمد یونس خاں راولپنڈی (۳) سعیدہ پروین بھوپال (۴) ایس اے رزاق سیالکوٹ (۵) راجندر لال کپور بمبئی (۶) ریاض الدین حیدرآباد (۷) فضل محمد بمبئی (۸) جہاں آرا بیگم کراچی (۹) ایم قادر لکھنؤ (۱۰) بشیر احمد حیدرآباد سندھ (۱۱) منصور کمال ملتان (۱۲) سکینہ بیگم لائلپور (۱۳) سعید احمد دہلی (۱۴) افتخار علی ایبٹ آباد (۱۵) کوشلیا دیوی دہلی (۱۶) ایم اے حسن کوئٹہ (۱۷) ایم شوکت حسین کراچی۔ دو غلطی والے ۶۹ حل نکلے جن پر تیسرا انعام مبلغ سات سو روپیہ بحساب دس روپے دو آنے فی حل تقسیم کیا گیا۔ چوتھا انعام سب سے زیادہ تین سو حل بھیجنے پر مرزا افتخار احمد راولپنڈی کو دیا گیا۔ صحیح حل اوپر درج ہے۔ سب کو انعامات ۲۰ رجنوری ۱۹۴۹ء کو بھیج دیئے جائیں گے۔ آسان اردو معمہ نمبر ۱۶ کے صحیح حل پر مفصل تبصرہ ہفت روزہ "حریت" میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱	ب	ی	م	ر	ا
۲	ت	غ	ط	ی	[illegible]
۳	ن	ف	ر	س	ت
۴	ق	س	ر	م	ت
۵	خ	ی	ر	ل	☒
۶	ہ	ی	ء	ت	☒
۷	ح	س	ن	☒	☒
۸	ل	ر	ج	☒	☒
۹	ق	س	ض	☒	☒

از فضل الٰہی سنٹرل ہوٹل چوک انارکلی لاہور کی معرفت شائع ہوا

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، "الجمعیۃ" دہلی
فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی [illegible] ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق [illegible] جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۳ | بذریعہ ہوائی جہاز [illegible]

ایشیائی کانفرنس میں شام کا نمائندہ

دمشق ۱۳ جنوری (رائٹر) واشنگٹن میں شام کے سابق سفیر ناظم الجودی نئی دہلی میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں شام کی نمائندگی کریں گے اور خیال ہے کہ پیر کے روز وہ بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہوں گے۔ شام کے وزیر اعظم نے کل رائٹر کے نامہ نگار کو بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اس موقع پر ایشیائی ممالک کے اجتماع کا خیر مقدم کرتے ہیں تاکہ ہم ایشیائی معاملات پر غور کر سکیں۔

چینی کمیونسٹ ریڈیو کا اعلان

گرفتار شدہ سرکاری جنرل پر مقدمہ چلایا جائیگا

سان فرانسسکو (رائٹر) ۱۳ جنوری۔ یہاں پر چینی کمیونسٹ ریڈیو سنا گیا تو اس میں بتایا گیا کہ کل جو سرکاری فوج کے جنرل ڈوئی منگ گرفتار کئے گئے تھے، جنگی مجرم سمجھے جائیں گے۔ مقدمہ چلایا جائے گا۔ نشریہ میں الزام لگایا گیا ہے کہ نانکنگ سے ۸۰ میل کے فاصلہ پر جنرل ڈوئی نے محصور سرکاری فوجوں کی کمان کرتے ہوئے گیس استعمال کیا تھا۔

مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کیلئے تمام انتظامات کی تکمیل پر مجلس تحفظ کا اظہار اطمینان

تمام حلقے لڑائی بند ہونے پر خوش ہیں

جنگ بند کرنے میں ہندوستان نے پہل کی۔ پنڈت نہرو کا بیان

لیک سکس ۱۳ جنوری (رائٹر) اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ آج اس بات پر اپنے اطمینان کا اظہار کرے گی کہ ہند اور پاکستان کے درمیان مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کیلئے تمام انتظامات کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ مجلس مذکور کا اجلاس آج (جمعہ) ہندوستانی وقت کے مطابق ایک بجے منعقد ہو رہا ہے۔ اس اجلاس میں مجلس کے روبرو پانچ قوموں کے نمائندوں پر مشتمل اس کمیشن کی رپورٹ پیش کی جائے گی جس نے دونوں ملکوں کی مشکلات کو ختم کرنے کیلئے برعظیم ہند میں کئی ماہ گذارے۔

باخبر حلقوں میں اس امر کی پیشین گوئی کی جا رہی ہے کہ اقوام متحدہ کے منتظم کی زیر ہدایت کشمیر میں استصواب رائے عامہ [illegible]

[illegible]

مہاجرین کی جائداد کے بارے میں ہند اور پاکستان میں معاہدہ

پرائیویٹ تبادلوں کی اجازت ہوگی اور مستقل نگراں کمیٹی مقرر کی جائے گی

کراچی ۱۳ جنوری۔ کل جب ہند اور پاکستان کے درمیان پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق سمجھوتہ ہو گیا اور دونوں ملکوں نے ایک معاہدہ پر دستخط کر دیئے۔ ہندوستان کی طرف سے مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے اور پاکستان کی طرف سے سر محمد ظفر اللہ خاں نے دستخط کر دیئے۔

معاہدہ مذکور کی رو سے پناہ گزینوں کی غیر منقولہ جائداد فروخت کی جاسکے گی۔ [illegible]

[illegible]

عربوں اور یہودیوں میں مصالحت کی گفتگو شروع ہو گئی

حکومتوں سے پر امن رہنے کی ڈاکٹر بنچ کی اپیل

رہوڈس ۱۳ جنوری۔ اقوام متحدہ کے ثالث ڈاکٹر بنچ نے اسرائیل اور مصر کے درمیان عارضی صلح کی گفت و شنید کا آغاز کیا۔ انہوں نے تمام حکومتوں سے اپیل کی کہ وہ ایسی صورت حال پیدا نہ ہونے دیں جس سے گفت و شنید میں رکاوٹ پیدا ہو۔ [illegible]

جنوبی فلسطین کا پورا محاذ پر امن ہے۔ [illegible]

[illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

فلسطین کے متعلق امریکہ اور برطانیہ میں اختلاف

برطانوی سفیر کی صدر ٹرومان سے ملاقات

واشنگٹن ۱۳ جنوری۔ [illegible]

مصری عدالت مرافعہ میں بم پھٹ گیا

دو ہلاک اور ۲۲ زخمی۔ بم رکھنے والا گرفتار

قاہرہ ۱۳ جنوری۔ کل یہاں کی عدالت مرافعہ میں [illegible]

[illegible]

کمیونسٹوں نے نانکنگ کے بیرونی دفاع کو توڑ دیا

"کنٹرول یونان" کی صلح کی کوششیں بڑی طاقتوں سے مداخلت کی درخواست

نانکنگ ۱۳ جنوری۔ کمیونسٹ فوجیں نانکنگ کے بیرونی دفاع کو توڑنے میں کامیاب ہو گئی ہیں [illegible]

[illegible]

جمہوری لیڈروں کو نئی حکومت میں شامل کیا جائے

انڈونیشیا کی فیڈرل حکومت کے افسران کی سفارش

بٹاویہ ۱۳ جنوری۔ انڈونیشیا کی وفاقی ریاستوں کے افسران اعلیٰ نے [illegible]

[illegible]

چھوٹی ریاستوں کے ادغام کے بارے میں حکومت کی پالیسی واضح ہے

عوام کو نعروں میں نہ الجھنا چاہیے۔ مسٹر گوتم اور مولانا حفظ الرحمن کی تقاریر

رامپور ۱۴ جنوری۔ یوپی کانگرس کمیٹی کے سکریٹری مسٹر موہن لال گوتم اور یوپی کانگرس کے وائس پریزیڈنٹ حضرت مولانا حفظ الرحمن نے یہاں پر ایک جلسہ عام میں تقاریر کیں۔ جلسہ گاندھی پارک میں مولوی عبدالوحید خاں کی صدارت میں منعقد ہوا تھا۔

[illegible]

کراچی کانفرنس تعلقات کو بہتر بنانے میں تاریخی ثابت ہوگی

ہندوستانی وفد کانفرنس کے نتائج سے مطمئن نظر آتا ہے

نئی دہلی ۱۴ جنوری۔ ہندوستانی وفد کے جو نمائندے کراچی کانفرنس میں شرکت کے بعد کل شام نئی دہلی واپس لوٹے ہیں [illegible]

(باقی صفحہ ۴ کالم ۲ پر)

انڈونیشیا کے بارے میں مشترکہ قرارداد

ہند سے بھی مشورہ لیا گیا ہے

[illegible]

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے۔ ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

جنوبی انڈونیشیا کے لیڈر کہاں مقید ہیں

ایک معمہ جو ابھی تک حل نہیں ہو سکا۔ مختلف بیانات

بٹاویہ ۱۳ جنوری۔ نیدرلینڈ کے ایک سرکاری ذریعے سے اطلاع ملی ہے کہ جمہوری انڈونیشیا کے صدر ڈاکٹر سوئیکارنو، ڈاکٹر شہریار اور وزیر خارجہ [illegible]

[illegible]

بحرۂ روم میں امریکی بحری جہازوں کی نقل و حرکت

پیرس ۱۱ جنوری۔ [illegible]

انڈونیشیا میں ڈچ فوجوں کو مجلس تحفظ پیچھے ہٹنے کا حکم نہیں دے گی

نیویارک ۱۱ جنوری۔ [illegible]

مشرقی پنجاب ریلوے کی تردید

لدھیانہ ۱۲ جنوری۔ مشرقی پنجاب کے حکام نے [illegible]

جلسہ سیرۃ النبی

۱۳ جنوری [illegible] حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اقدس پر حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب [illegible]

جوناگڑھ میونسپلٹی معطل

راجکوٹ ۱۲ جنوری۔ جوناگڑھ کی حکومت نے [illegible] جوناگڑھ کی میونسپلٹی کو معطل کر دیا ہے۔

نوٹس

[illegible]

لیگ کی کشمیر کمیٹی کی سرگرمیاں

لاہور ۱۲ جنوری۔ [illegible]

یہودی اپنے اقدام کو جائز قرار دینے لگے

برطانوی کابینہ میں مسئلہ فلسطین پر غور و خوض

(رائٹر سروس)

لندن ۱۲ جنوری۔ ایک اسرائیلی فوجی ترجمان نے کہا ہے کہ [illegible]

[illegible]

مصر میں اسرائیلی فوجیں

[illegible]

یہودیوں کی دھمکی

[illegible]

مغربی پنجاب کی ترقی کے منصوبے

لاہور ۱۲ جنوری۔ مغربی پنجاب کا ایک منصوبہ [illegible]

مجلس تحفظ کی سال بھر کی کارگزاری

۱۶۸ جلسے منعقد کئے

نئی دہلی ۱۲ جنوری۔ [illegible]

میرٹھ میں سنگھ کی مخالفت کا دن

میرٹھ بذریعہ ڈاک ۹ جنوری۔ [illegible]

امرتسر میں سات سنگھی گرفتار

امرتسر ۱۱ جنوری۔ آج پانچ سنگھی مظاہرین گرفتار ہوئے۔ [illegible]

سنگھیوں کی بھوک ہڑتال ختم

[illegible]

فرانسیسی کابینہ میں اختلاف کا امکان

پیرس ۱۲ جنوری۔ [illegible]

آسام کے گورنر کا انتخاب

ابھی آخری فیصلہ نہیں ہو سکا

نئی دہلی ۱۲ جنوری۔ آسام کے نئے گورنر کے انتخاب میں [illegible]

مشرق وسطیٰ کے امن کو خطرہ

(صفحہ اول سے آگے)

امریکہ کی تجویز

[illegible]

وزارت پرواز کا کمیونک

[illegible]

امروہہ میونسپل بورڈ میں اندھیر گردی

سکرٹری امروہہ کانگرس کا بیان

امروہہ ۱۲ جنوری۔ [illegible]

قدم شریف کا جشن میلاد!

کل ۱۳ جنوری کو صبح ۹ بجے حسب معمول درگاہ قدم مبارک [illegible]

کلکتہ کے لئے زیر زمین ریلوے

کلکتہ ۱۲ جنوری۔ مغربی بنگال کے وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے نے [illegible]

پلکھوہ جمعیۃ کا انتخاب

پلکھوہ (میرٹھ) ۱۱ جنوری۔ [illegible]

عورت کا
لیکوریا (سیلان الرحم)
[illegible]
منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ
[illegible] دہلی

ادبی دنیا کا نمائندہ — رومانی حلقوں کا سفیر
ماہنامہ "پروانہ" دہلی
قیمت فی پرچہ آٹھ آنے
[illegible]
منیجر ماہنامہ "پروانہ" لال کنواں دہلی

ستارہ چھاپ بیڑی
بڑھیا تمباکو اچھے کاریگروں سے تیار کرائی جاتی ہے
یہی خوبی ہے جو ہر شخص ستارہ چھاپ بیڑی پسند کرتا ہے۔
میسرز کلے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

بلا استاد ہندی سکھانے والی کتاب
"معلم ہندی"
[illegible]
جنرل نیوز ایجنسی [illegible] دہلی

B3

افغانستان کا خبرنامہ

جنگ کشمیر بند ہونے پر اظہار مسرت، ڈچوں کی مذمت مصریوں سے ہمدردی — سال نو کی تہنیت — قرآن پاک کی پشتو تفسیر — ترقی کی اسکیموں سے دلچسپی

(نامہ نگار خصوصی)

[illegible] کا آغاز اچھا ہوا اس کا انجام بھی بخیر ہوتا ہے اس لئے جب اس سال کے شروع میں جنگ بند ہوگئی ہے تو یہ امید رکھنی بے جا نہ ہوگی کہ یہ برس دنیا کے لئے مبارک ثابت ہوگا۔ اور مختلف ممالک میں جنگ اور کشت و خون کی جو آگ مشتعل ہے وہ بجھ جائے گی اور دنیا کی بڑی قومیں جو ایک دوسرے سے دور ہوتی جا رہی ہیں قریب آ جائیں گی۔

یوں تو دو قوموں میں جنگ بند ہونا ہر صلح پسند کے لئے خوشی کا باعث ہوتا ہے لیکن کشمیر میں ہند اور پاکستان کی جنگ بند ہو جانا ہر ایشیائی کے لئے خوشی کا [illegible]

ہمسایہ ممالک کا عاقلانہ فیصلہ

[illegible] پاکستان اور ہند سے قریبی تعلق ہے خوشی اور اطمینان کا اظہار ہونا طبعی امر تھا۔ نیم سرکاری اخبار اصلاح نے اس بارے میں ایک خاص اڈیٹوریل لکھا اور دونوں ممالک کو مبارکباد دی۔ یہ اخبار لکھتا ہے۔

"اس بارہ میں کہ یہ عاقلانہ فیصلہ (کشمیر میں جنگ بند ہونا) دونوں ممالک کے مستقبل اور ان کی سیاسی اور اقتصادی ترقی پر کیا اثر ڈالے گا۔ کچھ کہنا بیکار ہے لیکن خوشی کی بات یہ ہے کہ دنیا کے ایک اہم حصہ میں جنگ بند ہوگئی۔"

آگے چل کر یہ اخبار لکھتا ہے کہ کیا اچھا ہو کہ دیگر ممالک بھی ہمارے دو عقلمند پڑوسیوں یعنی پاکستان و ہند کی پیروی کریں اور تمام متنازعہ معاملات کو اقوام متحدہ کی معرفت طے کرائیں۔ فلسطین، انڈونیشیا، چین، کوریا، یونان اور جرمنی کے مسائل جو آج کل عالمی امن کے لئے خطرہ کا باعث بنے ہوئے ہیں مسئلہ کشمیر سے زیادہ پیچیدہ نہیں ہیں اور بآسانی طے ہو سکتے ہیں۔ آخر میں اس اخبار نے دونوں ممالک کو مبارکباد دی ہے اور یہ امید ظاہر کی ہے کہ جس طرح آغاز اچھا ہوا ہے اسی طرح انجام بھی اچھا ہوگا اور کشمیر کا مسئلہ عدل و انصاف کے ساتھ حل ہو جائے گا۔

جمہوریہ انڈونیشیا سے ہمدردی

کشمیر کے بعد دوسرا اہم واقعہ جو انڈونیشیا میں ہالینڈ کی پولیس کارروائی ہے۔ اس کارروائی پر دنیا بھر میں اور خصوصاً اسلامی اور ایشیائی ممالک میں جس طرح افسوس اور غصہ کا اظہار کیا گیا وہ ان ممالک میں ایک دوسرے سے بڑھتی ہوئی ہمدردی کی روشن مثال ہے افغانستان بھی اس بارہ میں کسی سے پیچھے نہیں رہا عوام نے ہالینڈ کے خلاف اظہار نفرت کیا، اخبارات نے انڈونیشیا پر اڈیٹوریل اور خاص مضامین لکھے اور ہالینڈ کی کارروائی کی مذمت کی افغانستان کی نیوز ایجنسی "باختر" کے ایک نمائندہ کو وزارت خارجہ کے ایک [illegible] نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ انڈونیشیا میں ڈچ کارروائی اقوام متحدہ کے منشور کے خلاف ہے اور ہر طرح سے قابل نفرت ہے۔ اس سوال کے جواب میں کہ حکومت افغانستان جمہوریہ انڈونیشیا کی جمہوری حکومت کو تسلیم کر چکی ہے اس وقت کیا کارروائی کرے گی آپ نے فرمایا کہ "اس بارہ میں مجلس تحفظ کو توجہ دلائی جائے گی اور ضروری کارروائی کی جا سکے گی۔"

نقراشی پاشا کا قتل

نقراشی پاشا کے قتل سے دنیا مبہوت ہوگئی تھی افغانستان [illegible] مصر کے [illegible] پاکستان [illegible] اور جناب اعلیٰ حضرت شاہ افغانستان اور اعلیٰ حضرت سپہ سالار [illegible] افغانستان سے اپنی رنجیدگی کا [illegible]

تہنیتی تار

حسب سابق اس مرتبہ بھی سال نو کے موقعہ پر شاہ افغانستان کی طرف سے جناب حضرت [illegible] صدر جمہوریہ [illegible] مسٹر [illegible]، صدر جمہوریہ [illegible] صدر جمہوریہ لبنان اور شاہ سعود کو تہنیت کے تار بھیجے گئے

وزیر اعظم کا دورہ

[illegible] وزیر اعظم افغانستان [illegible] شمالی صوبجات کے [illegible]

[illegible] معاملات کا معائنہ کیا۔ آپ ان صوبجات میں صنعتی اور زراعتی ترقی کے امکانات پر خاص طور سے دھیان دیں گے۔

روس کے نئے سفیر کی آمد

روس کے نئے سفیر [illegible] وزارت امور خارجہ کے اعلیٰ عہدیداروں نے ان کا استقبال کیا۔ جنوری کے شروع میں انھوں نے اپنے سفارتی کاغذات پیش کئے۔

سابق شاہ کی ایک آرزو

مرحوم نادر شاہ شہید سابق شاہ افغانستان کی ایک آرزو یہ بھی تھی کہ پشتو زبان میں قرآن کریم کے تراجم اور تفاسیر شائع ہوں۔ خدا کا شکر ہے کہ "اگر پدر نتواند پسر تمام کند" کے مصداق موجودہ شاہ کے عہد میں سابق شاہ کی یہ آرزو پوری ہوئی۔

اب سے چند سال قبل کابل کے مطبع عمومی سے مرحوم شاہ نے کلام پاک کی اشاعت کا سلسلہ شروع کرایا تھا۔ موجودہ شاہ کے عہد میں یہ پورا ہوگیا ہے۔ افغانستان کے جید علماء نے یہ ترجمہ و تفسیر شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا شبیر احمد عثمانی اور دیگر معتبر مترجموں اور مفسروں کی کتابوں کو پیش نظر رکھ کر مکمل کی ہے۔ یہ ترجمہ اور تفسیر جس کا نام موضح الفرقان ہے ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس تفسیر کے پہلے دو حصہ پہلے شائع ہو کر مقبول ہو چکے ہیں۔ خدا کی ذات سے امید ہے کہ یہ تفسیر اسی طرح بھی مقبول عام اور بقائے دوام کی سند حاصل کریگا۔

دریاؤں سے فائدہ اٹھانے کی اسکیم

تمام زراعتی ممالک کی طرح افغانستان کیلئے بھی دریاؤں کا پانی بڑی اہمیت رکھتا ہے چنانچہ دریائے کابل کے علاوہ اس کے معاون دریاؤں پر بند باندھ کر زراعت اور باغات کو ترقی دینے کیلئے مختلف اسکیمیں منظر عام پر آ رہی ہیں۔ اس بارہ میں اخبارات میں بہت کچھ لکھا جا رہا ہے۔ اگرچہ ابھی سرکاری طور پر اس بارہ میں کوئی اعلان نہیں ہوا لیکن اس بات کا یقین کیا جا رہا ہے کہ دریائے کابل اور اس کے معاون دریاؤں پر بند باندھ کر زراعتی ترقی کے کاموں میں استعمال کرنے کے علاوہ اس سے بجلی بھی پیدا کی جا سکے گی۔ اس طرح جو بجلی پیدا ہوگی اس کو مشینیں چلانے کے کارخانوں کے علاوہ شہروں میں روشنی کرنے کے کام میں لایا جائیگا۔

امریکہ کی خارجی پالیسی

نئے وزیر خارجہ کا اعلان

واشنگٹن ۱۴ جنوری۔ مسٹر ایکسن نے جو مسٹر مارشل کے بجائے امریکہ کے وزیر خارجہ مقرر ہوئے ہیں ایک بیان میں کہا کہ امریکہ کی خارجی پالیسی بدستور جاری رہے گی اور روس سے تعلقات میں مسٹر مارشل کی تقلید کی جائے گی۔

یہ تو ظاہر ہے کہ مسٹر مارشل کا صحیح قائم مقام کوئی نہیں ہو سکتا لیکن جس نے ان کی ماتحتی میں کام کیا ہے وہ ان کی مثال کی پیروی ضرور کر سکتا ہے۔

مسٹر ایکسن مارشل کے زمانہ میں نائب وزیر خارجہ تھے۔

تھانہ بھون میں پولیس کی زیادتیاں

افسران بالا متوجہ ہوں

گڑگاؤں (بذریعہ ڈاک) تھانہ بھون میں پولیس انچارج نے جس قسم کی متشددانہ پالیسی اختیار کر رکھی ہے افسوس ہے کہ افسران بالا نے اس کی تحقیقات وغیرہ کے سلسلہ میں ابھی تک کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ اس پولیس افسر کی زیادتیاں اب ناقابل برداشت حد تک بڑھ گئی ہیں اور اگر جلد ہی اس سلسلہ میں کوئی قدم نہ اٹھایا گیا تو حالات کے بد سے بدتر ہو جانے کا خدشہ ہے۔ معزز حضرات کو پیٹنا اور ان کی بے عزتی کرنا اس کا روز کا معمول ہے۔ چنانچہ اس متعصب تھانیدار کے ہاتھوں پریشان ہونے والوں میں [illegible] نعیم خاں (موضع اٹاوہ) اور مولوی ابراہیم صاحب نانوتوی کے نام قابل ذکر ہیں۔ یہ دونوں ہمیشہ کانگریس میں شامل رہے اور لیگ گردی کے زمانے میں بھی انھوں نے [illegible] جو ایک غیر منصف مزاج اور متعصب تھانیدار کے مظالم کا شکار رہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ تھانیدار قوم پرور مسلمانوں کو پریشان کرنے اور ستانے میں بعض مسلم لیگیوں اور سنگھیوں کی امداد لے رہا ہے۔ ضرورت ہے کہ افسران بالا اس طرف فوراً متوجہ ہوں۔ (نامہ نگار)

بریلی میں [illegible] کی تقریر

بریلی ۱۳ جنوری۔ [illegible]

آپ نے کہا کہ ریاستوں میں پنچایتوں کے قیام سے اصل طاقت عوام کے ہاتھوں میں دیدی گئی ہے آپ نے قانون کی تمام دفعات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کسانوں کو چاہئے کہ وہ ایسے لوگوں کو منتخب کریں جن میں بھائی چارے کے ساتھ خدمت کا جذبہ ہو۔

آپ نے کہا کہ ریاست کے لوگوں کو سرکاری ملازمین سے خوف زدہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ کسان کے خادم ہیں سرکاری ملازموں کو خطاب کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ ان کو چاہئے کہ وہ ان کے دلوں میں خوف پیدا کرنے کی بجائے ان کا اعتماد حاصل کریں۔

بہار جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی کا جلسہ

مونگھیر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ ۱۱ و ۱۲ جنوری کو خانقاہ رحمانی مونگھیر میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں تنظیمی امور کے بارے میں قراردادیں منظور ہوئیں علاوہ ازیں چھترا میں منعقد ہونے والی جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی کانفرنس کو کامیاب بنانے کے طریقوں پر خصوصی طور سے غور کیا گیا۔

رنگون میں ہندوستانیوں کا مظاہرہ

رنگون ۱۳ جنوری۔ رنگون میں دو سو ہندوستانیوں نے ہندوستانی سفارت خانہ کو گھیر لیا اور ہندوستان واپس جانے کے لئے جہاز کی آسانیاں [illegible]

سفارت خانہ [illegible]

امریکہ کی طرف سے تردید

واشنگٹن [illegible]

ڈاکٹر پٹابھی کی جانب سے کانگریس کا پنج نکاتی پروگرام

کانگریس کے مستقبل اور لسانی صوبوں کے قیام پر اظہار رائے

مدراس ۱۳ جنوری (اے۔ پی) صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے اپنی قیام گاہ پر ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ملک کی لسانی تقسیم کانگریس کا ایک تسلیم کردہ اصول ہے اور اب وہ وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی نیک نیتی کا ثبوت دینے کے لئے آغاز کریں۔ ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے لسانی صوبوں کے کمیشن کی رپورٹ سے اختلاف رائے کا اظہار کیا۔

ڈاکٹر پٹابھی نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کمیشن اس بنیادی مسئلہ کو حل کرنے کیلئے خیالات کی نئی لہر کو سمجھنے سے قاصر رہا ہے آپ نے اس مطالبہ کی بنیاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس چیز کی جتنی قدر وسطی ہند اور جنوب میں ہو رہی ہے اتنی شمالی ہند میں نہیں کیونکہ بمبئی مدراس وغیرہ کی اسمبلیوں میں تین چار زبانیں بولی جاتی ہیں اور ایک زبان والے دوسری زبان سمجھنے سے قاصر ہیں اس لئے ابھی سے بہت وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔

آپ نے بمبئی اور مدراس کے شہروں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جہاں تک ان کا سوال ہے کہ یہ شہر بذات خود کافی بڑے ہیں اور مخلوط آبادی پر مشتمل ہیں اس لئے ان کو بذات خود گورنر کا صوبہ بنایا جا سکتا ہے جس طرح دہلی کا ہے آپنے اس سوال کو دو یا تین غیر جانبداروں کے سپرد کرنے کے فیصلے سے اتفاق کیا۔

آپنے کہا کہ شہر بمبئی میں مہاراشٹر کے قابل اشخاص گجرات کے متمول لوگ مارواڑی کے بہادر پارسی تاجر اور کرناٹک کے ذہین لوگ آباد ہیں آپ نے کہا کہ یہ بہت سے فرقوں کا مشترک بچہ ہے اور اس قدر وسیع ہے کہ بذات خود ایک صوبہ بن سکے جیسا کہ دہلی ہے اور ایک گورنر مقرر کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے کہا کہ جو چیز بمبئی کے بارے میں ٹھیک ہو سکتی ہے وہ دہلی، مدراس کے بارے میں بھی ٹھیک ہو سکتی ہے۔

آپ نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے جو تین آدمیوں پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ ورجس کے وہ خود بھی ممبر ہیں۔ اس سوال کے تمام پہلوؤں پر غور کرے گی۔ اور غالباً تین ماہ تک اپنا کام پورا کریگی۔

کانگریس کا مستقبل

صدر کانگریس نے کانگریس کے مستقبل پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ کانگریس کو ایک پارٹی اور ایک پلیٹ فارم کی حیثیت سے کام کرنا چاہئے سیاسی مقاصد کے لئے یہ ایک پارٹی کی حیثیت سے کام کریگی اور سماجی اصلاح کے لئے ایک پلیٹ فارم کی حیثیت سے کام دیگی صدر کانگریس نے آگے چل کر کہا کہ کانگریس دوسری سیاسی جماعتوں سے بہت مختلف ہے اس کے کئی رخ ہیں یعنی سیاسی اور سماجی آپنے ہندو مہا سبھا کے سلسلہ میں آنے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نظریہ قومیت محدود اور ایک رخا ہے لیکن کانگریس کیلئے ہندو مسلمان پارسی عیسائی اور جین سب برابر ہیں اور ہندوستانی قومیت کے برابر کے جزو ہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنے کلچر سے ایک ہندوستانی کلچر کی تعمیر کرتے ہیں۔

کانگریس اور حکومت کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے آپنے کہا کہ کانگریس کا کام صرف یہ ہے کہ ایک پالیسی بنائے اور کانگریس کو اس پر عمل کرنے کے واسطے چھوڑ دے اس کو حکومت کے روزمرہ کے کاموں میں دخل نہیں دینا چاہئے بلکہ صرف ایک اخلاقی ذہن تیار کرنے پر زور دے۔

گھریلو صنعتیں

آپ نے گھریلو صنعتوں کو ترقی دینے پر بھی زور دیا اور کہا کہ اس طرح پر ملک کی بے روزگاری ختم ہو سکتی ہے آپنے کہا کہ فی الحال ہم امریکہ اور ہارڈ کرنسی کے علاقوں کو مال فروخت نہیں کر سکتے۔ اگر ہم اپنے آرٹ انڈسٹریز کو منظم کر لیں اور ترقی دے لیں تو پھر ان کو دوسرے ملکوں میں فروخت کر کے اپنے ڈالر کے ذرائع میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ کیا کانگریس بہت سے تصورات اور اصولوں پر عمل پیرا نظر نہیں آتی تاکہ دوسری سیاسی پارٹیوں پر کامیابی حاصل کر سکے آپ نے کہا کہ الیکشن مینی فیسٹو کے اعلانات حقیقتی اور عملی کاموں سے مختلف ہوتے ہیں۔ آپ نے بتایا کہ اس وقت کانگریس کے سامنے پانچ پروگرام ہیں اول صنعتوں کو قومی ملکیت بنانا دوسرے زمینداری کا خاتمہ تیسرے آبی وسائل کی ترقی۔ چوتھے لسانی تبدیلی اور پانچویں گھریلو صنعتوں کی ترقی۔

آگرہ میں سنسکرت یونیورسٹی بنانے کا فیصلہ

آگرہ ۱۳ جنوری۔ بھارتیہ ودیا پرچار سبھا کی ایگزیکٹیو کمیٹی نے اپریل سے یہاں پر ایک آل انڈیا سنسکرت یونیورسٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس موقعہ پر یہاں آل انڈیا سنسکرت ایجوکیشن کانفرنس بھی منعقد کی جائے نیز ایک سنسکرت نمائش بھی جس میں سنسکرت کی ترقی سے متعلق چیزیں پیش کی جائیں۔

ایشیائی کانفرنس کیلئے ایرانی نمائندہ

دہلی ۱۴ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی میں ایران کے نامزد سفیر مسٹر نوری اسفندیاری جو ۱۹ جنوری کو نئی دہلی میں پہنچ رہے ہیں۔ ایران کی جانب سے ایشیائی کانفرنس میں نمائندگی کریں گے۔

بمبئی میں بریلوی کی وفات پر جلسہ

بمبئی ۱۳ جنوری۔ کل جامع مسجد میں سید عبداللہ بریلوی کی وفات پر ایک تعزیتی جلسہ ہوا۔

بھوپال میں نہرو اور پٹیل مداخلت کریں

صدر آریہ پرتی ندھی سبھا کی درخواست

اندور ۱۴ جنوری۔ مسٹر چندر کرم شاردا صدر آریہ پرتی ندھی سبھا وسط ہند و راجپوتانہ نے پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کو تار بھیجا ہے اور بھوپال کے معاملہ میں مداخلت اور بحالی امن کی درخواست کی ہے۔ سیہور میں ۴۰ آدمی جن میں آریہ سماج کا جوائنٹ سکریٹری بھی شامل ہے گرفتار کئے گئے۔

برما میں باغیوں کی سرگرمیاں

ایک جزیرہ پر قبضہ کر لیا

رنگون ۱۴ جنوری۔ جنوبی برما میں مولمین کے قریب باغیوں نے ایک جزیرہ بلوگیون پر قبضہ کر لیا ہے حکومت باغیوں کی سرکوبی کے لئے فوراً فوج ارسال کر رہی ہے جنرل برما فوجوں کے جنرل آفیسر کمانڈنگ جنرل [illegible] کا دورہ کر [illegible] جن رائفل کا فوجی دستہ مولمین بھیجا جائیگا۔

مشرقی اور مغربی پنجاب کی جائدادیں

لاہور ۱۳ جنوری۔ حکومت مغربی پنجاب کے ایک افسر نے مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کے اس بیان کو غلط بتایا کہ مغربی پنجاب میں ہندو اور سکھ ۱۴ ارب روپیہ کی غیر منقولہ جائداد چھوڑ کر آئے ہیں جب کہ مشرقی پنجاب میں مسلمان کل ۲۵ کروڑ روپیہ کی غیر منقولہ جائداد چھوڑ گئے ہیں۔ مغربی پنجاب نے سمجھوتہ کے مطابق ہندوؤں اور سکھوں کو چھ ہزار پرمٹ منقولہ جائداد لیجانے کے لئے دئے ہیں جب کہ مسلمانوں کو صرف ۱۲۰ پرمٹ دئے گئے۔

خوش نویسوں کو اطلاع

چونکہ آل انڈیا خوش نویس یونین نے فیصلہ کیا تھا کہ کتابت کا کام ایک روپیہ صفحہ سے کم نہ کیا جائے لہذا خوش نویس بھائیوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونین نے ایک روپیہ صفحہ پر کتابت کے کام کا انتظام کر لیا ہے۔ خوش نویس بھائیوں سے درخواست ہے کہ وہ یونین کے دفتر واقع اردو بازار [illegible] ممتاز حسین سے مل کر حاصل کریں۔

گندم کا بین الاقوامی معاہدہ

واشنگٹن ۱۴ جنوری۔ گیہوں کے بارے میں دنیا بھر کا ایک معاہدہ ہونے کی امید کم ہوگئی ہے یہ کانفرنس ۲۶ جنوری کو ہو رہی ہے گذشتہ سال کی نسبت اس سال اس معاہدہ کی کامیابی کے امکانات اور بھی کم ہیں امریکہ کے معاہدہ کی توثیق نہ کر سکنے سے گذشتہ سال گندم کے بارے میں ۵ سالہ معاہدہ نہ ہو سکا۔ آئندہ دو سال میں گندم کی پیداوار اور صرف کی مقدار تقریباً برابر ہو جائیگی اور آئندہ سالوں میں پیداوار کے بڑھ جانے کا خطرہ ہے۔ گذشتہ سال چین اور فرانس نے سب سے زیادہ چاول بڑھنے [illegible] روس اور ارجنٹائن کو بھی اس کانفرنس میں مدعو کیا گیا ہے۔

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ
مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ماہنامہ "بانو" دہلی کے سالانہ خریدار بن جائیے حسین کشیدہ کاری کے علاوہ ایک سال [illegible]
پانچ روپیہ پتہ منیجر ماہنامہ بانو دہلی

مفت
بدعت کے سلسلے میں حضرت مولانا تھانوی کی مشہور کتاب [illegible]
حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف [illegible]
[illegible] مفت حاصل کیجئے
الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا
AMICOTONIC
امیکوٹانک
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے
امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جوان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ [illegible]
امیکوطلا [illegible]
ملنے کا پتہ
امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

جوانی کو ایکدم واپس لے آنے والی دو چیزیں
جیون
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت [illegible] واپس لے آتی ہے۔
سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے
طلاء ۲۰۰
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ [illegible] ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے
تصدیق
آپ کا جیون [illegible] واقعی جیون [illegible] ثابت ہوئی۔ دستخط (حکیم) [illegible]
ملنے کا پتہ: دلی دواگھر۔ نور گنج۔ دہلی

B3

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۶ جنوری ۱۹۴۹ء

رزمگاہ فلسطین

فلسطین کا معاملہ بے حد پیچیدہ اور نازک ہوتا جا رہا ہے اور اس کی شدت کے پیش نظر یہ اندیشہ ہونے لگا ہے کہ کہیں سرزمین انبیاء تیسری جنگ کا محور اور مرکز نہ بنجائے اور دنیا کا نظام پھر ایک بار تہ و بالا نہ ہو جائے جنگیں تو دنیا میں بہت سی ہوئیں اور دوسری جنگ تو حال ہی کا ایک واقعہ ہے۔ لیکن فلسطین میں اسرائیل اور عربوں کی جنگ کچھ ایسی طلسم ہوشربا ثابت ہوئی ہے کہ خود امریکہ اور برطانیہ بھی اسے سمجھنے سے قاصر ہیں یا وہ کم از کم اس پوزیشن میں ضرور ہیں کہ کسی کو سمجھا نہیں سکتے اور یہ نہیں بتا سکتے کہ انجام کیا ہوگا اور یہ مصیبت انہوں نے کیوں کھڑی کی ہے؟ اس جنگ کے جس پہلو پر بھی نظر ڈالو، حیرت اور ہوشربائی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ امریکہ نے اسرائیل کی حمایت کیوں کی؟ ایک ناقابل حل معمہ ہے! روس نے ان کی سرپرستی کیوں اختیار کی؟ ایک راز ہے جسے شاید جنگی مدبرین ہی سمجھتے ہوں! برطانیہ انہیں سر پر چڑھانے کے بعد اب ان سے کس لئے بیزار ہے اور انکی چیرہ دستیوں کو برداشت کرنا اس کے لئے اب کیوں مشکل ہوگیا ہے؟ اس کا جواب حیرت کے سوا کیا ہو سکتا ہے! پانچ کروڑ عرب آٹھ لاکھ یہود سے کیوں تنگ آگئے اور ان کی سلطنتوں کی کارفرمائی کو کیا ہوا؟ اس کے جواب میں سب خاموش ہیں! نہ مفتی اعظم فلسطین کی زبان کھلتی ہے، نہ شاہ فاروق اس راز کو کھولتے ہیں نہ بدوؤں کے بادشاہ والی حجاز ہی کچھ گنگناتے ہیں اور نہ عراق اور شام کی طرف سے اس کا کوئی جواب ملتا ہے! غرض ہر پہلو سے حیرت ہی حیرت ہے اور عربوں کی بدقسمتی کہ یہ حیرت ان کے حق میں جان لیوا ثابت ہو رہی ہے یہ حیرت تو اس وقت مٹے گی کہ یا تو فلسطین سے یہود کا نام و نشان مٹے، یا عربوں کی فرمانروائی ہمیشہ کے لئے ختم ہو، یا برطانیہ اور روس میں سوال و جواب ہوں، اور تیسری جنگ دنیا کا نقشہ بدل ڈالے!

کیا یہ سمجھنے کی بات ہے کہ حکومت برطانیہ نے اسرائیل سے احتجاج کیا ہے کہ انہوں نے اس کے پانچ ہوائی جہازوں کو مار گرایا، جیسا احتجاج تھا ویسا ہی اس کا جواب ملا، یعنی اسرائیل نے اس احتجاج کو قابل التفات بھی نہ سمجھا اور اسے بغیر پڑھے ہی واپس کر دیا، دوسری طرف اسرائیل نے متحدہ اقوام کے نمائندوں سے احتجاج کیا ہے کہ برطانیہ بندرگاہ عقبہ میں اپنی فوجیں جمع کر رہا ہے اور ہمارے معاملات میں مداخلت سے باز نہیں آتا!

برطانیہ کا احتجاج بنی اسرائیل سے ہے! ذرا اس کا تجزیہ کر کے دیکھئے اور تحلیل کے بعد جو چیز باقی رہ جائے اس کی نوعیت سے ذرا ہمیں بھی مطلع فرمائیے کیا برطانیہ نے لارڈ بالفور سے وطن الیہود کا اعلان نہیں کرایا؟ کیا برطانیہ نے عربوں اور یہودیوں سے متضاد وعدے نہیں کئے؟ کیا وائٹ ہال نے یورپ کے ملحد اور لامذہب یہودیوں کو فلسطین میں بسنے کی دعوت نہیں دی، اور ۶۵ ہزار یہودیوں کی تعداد کو آٹھ لاکھ تک نہیں پہنچایا؟ کیا اسی برطانیہ نے ۱۹۳۶ء سے ۱۹۳۹ء تک عربوں کا مقابلہ نہیں کیا اور اپنی فوج اور پولیس سے ان کی طاقت کو دبانے اور یہود کے لئے راستہ صاف کرنے کی کوشش نہیں کی؟ کیا برطانوی ہائی کمشنروں کے ذریعہ عربوں کی زرخیز زمینیں یہود کے ہاتھ فروخت نہیں کرائی گئیں اور ان پر یہود کی آبادی کرنے کے لئے آزاد نہیں چھوڑا گیا؟ کیا یہی برطانیہ جو آج اسرائیل سے احتجاج کر رہا ہے۔ فلسطین کو تقسیم کرنے کے لئے پیش پیش نہیں رہا اور کیا اس نے کمیشن پر کمیشن مقرر کر کے عربوں پر یہود کے مطالبات تھوپنے کی کوشش نہیں کی اور [illegible] تھا جو یہود کو پوری طور پر مسلح کر کے اور ان کی تعداد کو موثر بنا کر انتداب سے دستبردار ہوا اور فلسطین کی کشتی کو منجدھار میں چھوڑ کر خود کنارے کی راہ لی اور انگلستان پہونچا! کیا برطانیہ کو معلوم نہ تھا کہ یہود دنیا میں دولت و ثروت، سائنس و حکمت، علوم و فنون فوجی تنظیم اور قانونی برتری میں اپنا ثانی نہیں رکھتے انہیں روس اور امریکہ کی حمایت حاصل ہوگی اور مغربی یورپ کے جنگی کارخانے ان کے لئے وقف ہو جائینگے اور مشرق وسطیٰ کی سیاست تیسری جنگ کے لئے بارود بنے گی! اگر معلوم تھا تو پھر اس احتجاج کے کیا معنی کہ اسرائیل نے برطانیہ کے پانچ ہوائی جہازوں کو مار گرایا! کیا انگلستان کی چھوٹی بہن "اسرائیل" کا یہ قصور اس قابل تھا کہ احتجاج کی سطح پر لایا جاتا اور متحدہ اقوام میں اس کی دہائی دیجاتی؟

اس حیرت انگیز معمہ میں لطف کی بات یہ ہے کہ برطانیہ نے تا حال اسرائیلی حکومت کو تسلیم نہیں کیا لیکن اس کی بارگاہ میں نیازمندانہ احتجاج ہو رہا ہے! اس انداز سے تو یہ معلوم ہوا کہ برطانیہ نے حکومت اسرائیل کو تسلیم کر کے اس کے خلاف ضابطہ کی کارروائی شروع کر دی ہے، اسرائیل اسکے حریف ہیں اور وہ ان کے مقابلہ میں محارب فریق کی حیثیت رکھتا ہے، گویا اسرائیل پر اب بین الاقوامی قانون کا اطلاق ہوگا اور برطانیہ پورے ادب و احترام کے ساتھ اس کی بارگاہ میں اپنا احتجاج پیش کیا کریگا! اگر برطانیہ اسرائیل کو تسلیم نہیں کرتا تو ان باغیوں اور ڈاکوؤں کا علاج صرف یہ تھا کہ وہ ان پر بمباری کر کے فلسطین سے انکا نام و نشان تک مٹا دیتا اور ارض مقدس میں ان کے وجود کو کبھی برداشت نہ کرتا۔

اب حیرت نہ کیجئے، سنجیدگی سے سوچئے کہ کیا فلسطین تیسری جنگ کا اکھاڑہ تو نہیں بنے گا؟ کیا روس اور برطانیہ کی طاقتیں مولد مسیح اور ناصرہ کی دیواروں سے تو نہیں ٹکرائیں گی؟ کیا برلن کی [illegible] میں تو منتقل نہیں ہوگی؟ ایک طرف امریکہ حکومت اسرائیل کی پشت پناہی کر رہا ہے، دوسری طرف روسی نمائندہ نے اسرائیلی وزیر خارجہ کو یقین دلایا کہ روس ان کے نازک اوقات میں اسرائیل کی مدد کریگا یعنی امریکہ اور روس دونوں اسرائیل کی حمایت کر رہے اور برطانیہ عقبہ میں اپنی فوجیں اتار رہا ہے! سوال یہ ہے کہ برطانیہ روس کا مقابلہ کرے گا، امریکہ کا مقابلہ کس طرح کرے گا؟ کیا فلسطین میں روس اور امریکہ کی پالیسی متحد ہو جائے گی؟ کیا برطانیہ دونوں کا مقابلہ کر کے وسط مشرق کو روسی اقتدار سے بچا سکے گا؟ اگر یہ صحیح ہے کہ حکومت اسرائیل نے کمیونسٹ روس کی زیر ہدایت نہر سویز کی طاقت کا اندازہ لگانے کیلئے مصری حدود میں اقدام شروع کیا ہے تو پھر امریکہ کی یہود نوازی کا کیا مطلب ہوگا؟ کیا امریکہ بھی وسط مشرق کو روس کے حوالہ کرنا چاہتا ہے؟ اس صورت حال کو آپ بدقسمتی سے تعبیر کیجئے، یا اسے معمہ قرار دیجئے، ہمیں تو اس میں تیسری جنگ کے جراثیم نظر آ رہے ہیں اور اندیشہ ہو رہا ہے کہ کہیں مشرق وسطیٰ کا وہی حال نہ ہو جو اسوقت چین کا ہو رہا ہے!

ہمیں عربوں کے متعلق بہت کچھ کہنا چاہئے مگر سنتا کون ہے؟ ساری دنیا بدل گئی مگر عرب نہ بدلے یہود نے آٹھ روز کی نوزائیدہ حکومت میں وہ کچھ کر دکھایا جو عربوں سے پچاس سال میں بھی نہ ہو سکا۔ دنیا کی چھوٹی سے چھوٹی حکومت نے بھی بڑی سے بڑی طاقت کو شکست دینے کے لئے دن رات ایک کر دئے مگر عربوں کی سات حکومتوں کو اپنی زلفیں سنوارنے کی بھی توفیق نہیں ملی، ان بے غیرتوں نے برطانیہ پر بھروسہ کیا اور آج بھی اسی پر تکیہ کئے بیٹھے ہیں اگر یہ صورت حال نہ بدلی اور انہوں نے بڑی سے بڑی طاقت کا مقابلہ کرنے کے لئے کوئی موثر تدبیر اختیار نہ کی تو قدرت انہیں زیادہ مہلت نہ دے گی اور وہ دنیا کے نقشہ سے حرف غلط کی طرح مٹا دئیے جائیں گے۔

اچھی باتیں!

یعبادی ... فاعبدون
(پ ۲۱ ع ۲)

اے میرے بندو جو مجھ پر ایمان لائے ہو
دیکھو تو میری زمین کس قدر کشادہ ہے پس
تمہیں میری ہی عبادت کرنی چاہئے۔

ہر انسان اللہ کا بندہ ہے اسکا کام بندگی اور فرمانبرداری ہے اور فرمانبرداری کا تقاضہ ہے کہ عبادت اور پرستش صرف خدا ہی کی ہو اور اس کے سوا کسی کے سامنے سر نہ جھکے جو لوگ بندے ہوتے ہوئے اللہ کے سوا [illegible] دوسروں کی [illegible] وہ اپنی فطرت کو دھوکہ دیتے ہیں اور اپنے نفس پر ظلم کرتے ہیں، جب انسان اپنے معبود کا حق ادا نہیں کرتا تو وہ اپنے بھائیوں کا کیا خاک حق ادا کرے گا!

فرمایا کہ میری زمین تو بہت وسیع ہے یعنی انسان کو جغرافیائی حد بندیوں سے بالاتر رہنا چاہئے اور زمین کی تنگنائیوں میں پھنس کر تنگ نظر نہ بننا چاہئے خدا کی زمین بہت وسیع ہے اور اس میں رہنے والے بھی سب خدا کے بندے ہیں، انسان کا رشتہ انسان کے ساتھ ہے، زمین کے ساتھ نہیں ہے اگر تم نے زمین کو اپنے اوپر تنگ کر لیا تو تم پر انسانیت بھی تنگ ہو جائے گی اور اس تنگی سے تم نقصان میں رہو گے۔

طب یونانی

ہندوستان میں ایک مدت سے تین قسم کے طریق علاج مروج ہیں یعنی ایلوپیتھک، آیورویدک اور طب یونانی۔ یونانی طب کو مسلمانوں نے زندہ کیا اور اسے ترقی دے کر دنیا پر تشخیص اور علاج کی راہیں کھولیں مسلمانوں کی وسعت نظری اور بے تعصبی کا اندازہ صرف اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے یونانی طب کو غیر ملکی قرار نہیں دیا، کیونکہ علم کسی ملک اور قوم کا ورثہ نہیں ہوتا، انہوں نے اسے اپنے دور میں بے حد ترقی دی اور متعصب دنیا کے سامنے اپنی علمی سیر چشمی کا نمونہ پیش کیا، ہندوستان میں بھی تقریباً ایک ہزار سال سے طب یونانی کو کافی فروغ حاصل رہا، اور ہندو مسلمانوں، عیسائیوں اور سکھوں نے اس میں مہارت پیدا کر کے ملک و ملت کی شاندار اور قابل فخر خدمات انجام دیں، حکیم اجمل خاں مرحوم کے طبیہ کالج نے ہزاروں مستند اور مشہور طبیب پیدا کئے اور ہندوستان کے لوگوں نے اس طریق علاج سے پورا فائدہ اٹھایا، چونکہ طب یونانی بھی ہندوستان میں فروغ پا کر ہندوستانی بن چکی تھی اس لئے، انگریز کی حکومت نے بھی اس کی جداگانہ ہستی کو تسلیم کیا اور اس کی راہ میں روڑے نہیں اٹکائے، اب خدا خدا کر کے آزادی ملی اور آزاد فضا میں ضرورت محسوس ہوئی کہ طب یونانی اور آیورویدک کی ترقی کے لئے تدابیر اختیار کی جائیں اور انہیں پورے استحکام اور تنظیم کے ساتھ بام عروج پر پہونچایا جائے۔

اسی مقصد کے لئے حکومت یوپی نے "دیسی طبوں کی تنظیم کمیٹی" کے نام سے ایک بورڈ قائم کیا جس نے تحقیقات کے بعد ایک رپورٹ مرتب کر کے شائع کر دی۔

غلط سفارش

مگر ہمیں یہ دیکھ کر انتہائی افسوس ہوا کہ کمیٹی کی اکثریت نے جن میں زیادہ حضرات اس فن سے نابلد ہیں یہ سفارش کی ہے کہ طب یونانی اور آیورویدک کو ملا کر ایک کر دیا جائے اور علیحدہ علیحدہ ناموں کے بجائے انہیں صرف ایک نام آیورویدک سے موسوم کیا جائے! خدا معلوم سفارش کنندگان کے دماغ میں یہ بات کیوں نہ آئی کہ دونوں طریق علاج کا نام صرف سودیشی طب ہو، مگر انہوں نے ایسی سفارش نہیں کی کیونکہ آیورویدک کو قائم رکھنا اور طب یونانی کو ختم کرنا مقصود تھا! لیکن چونکہ یہ سفارش فرقہ واریت اور تعصب سے ملوث تھی اسلئے چند حضرات نے رپورٹ میں اپنا اختلافی نوٹ شامل کر دیا اور صاف صاف کہدیا کہ اس سفارش کا مقصد یونانی طب کو ختم کرنے کے سوا کچھ نہیں ہے بات صاف ہے کہ آیورویدک اور طب یونانی کے دائرے جدا ہیں، طب یونانی کا جداگانہ طریق تشخیص، طریق علاج اور طریق دوا سازی رکھتی ہے اور اسے آیورویدک اور ایلوپیتھک سے کوئی بنیادی تعلق نہیں ہے، اگر حکومت یوپی نے اس امتیاز کو نظر انداز کر دیا تو یہ نہ صرف طب یونانی پر ایک ناقابل برداشت حملہ ہوگا بلکہ تعصب اور طرفداری کا بھی ایک بین ثبوت ہوگا، طب یونانی مسلمانوں کی طب نہیں ہے، تمام بنی نوع انسان کی طب ہے اور ہندوستان کی ہر ملت میں اس کے ماہر پائے جاتے ہیں، اگر یونانی طب سے اس طرز کا بدلہ لیا جا سکتا ہے تو، اگر کہیں مصری یا بغدادی طب ہوتی تو خدا معلوم اسکے ساتھ کیا سلوک ہوتا، بہر حال کمیٹی کے ارکان کی یہ سفارش کہ دونوں طبوں کو ملا کر انکا ایک نام آیورویدک رکھدیا جائے بنیادی طور پر غلط اور جانبدارانہ ہے ہندوستان کے طبیب کبھی تسلیم نہیں کر سکتے، حکومت یوپی کو چاہئے کہ اس سفارش کو رد کر دے اور جس علم کو مسلمانوں نے حوادث روزگار سے بچا کر ساری دنیا میں پھیلایا اسے ختم کرنے کی کوشش نہ کرے۔

جامع مسجد دہلی میں سیرت کانفرنس

دہلی ۱۴ جنوری۔ دہلی سنی مجلس اوقاف کی جانب سے عید میلاد النبی کے سلسلہ میں ایک سیرت کانفرنس ۱۴، ۱۵، ۱۶ جنوری کو منعقد ہو رہی ہے۔ جس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

نشست اول ۱۴ جنوری ۱۹۴۹ء بعد نماز جمعہ

تلاوت قرآن پاک۔ قاری سید محمد میاں صاحب استاد مدرسہ عالیہ فتحپوری۔ نعت۔ علامہ انور صاحب صابری۔ نعت۔ جناب کوثر صاحب امروہوی۔ تقریر حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی

نشست دوم ۱۴ جنوری بعد نماز عشاء

تلاوت قرآن پاک۔ قاری محمد ادریس صاحب۔ نعت۔ علامہ انور صاحب صابری۔ نعت جناب کوثر صاحب امروہوی۔ نعت جناب کوثر صاحب۔ میرٹھی تقریر۔ جناب حاجی مولوی محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند۔ تقریر۔ جناب [illegible] سنگھ صاحب [illegible]۔ تقریر۔ جناب پروفیسر سعید احمد صاحب اکبرآبادی۔ تقریر۔ جناب امین صاحب لکھنوی۔ تقریر حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدنی۔ تقریر سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب۔ نائب صدر جمعیۃ علماء ہند۔

نشست سوم ۱۵ جنوری بروز ہفتہ بعد نماز عشاء۔ تلاوت قرآن پاک۔ قاری محمد شریف صاحب

باقی صفحہ ۴ پر

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

ڈاکٹر سوسترو جو اقوام متحدہ میں انڈونیشی ڈیلی گیشن کے قائم مقام لیڈر ہیں آج کل دارالسلطنت ہند میں آئے ہوئے ہیں آپ نے ایک پریس کانفرنس میں انڈونیشیا کے معاملہ میں امریکہ کے زیادہ دلچسپی نہ لینے کی ایک وجہ یہ بتائی کہ امریکہ کو آج کل یورپ کے مغربی ممالک کی یونین سے زیادہ دلچسپی ہے جس کا ہالینڈ بھی ایک ممبر ہے۔

ڈاکٹر سوسترو کی بات صحیح معلوم ہوتی ہے لیکن انھوں نے یہ وجہ نہیں بتائی کہ امریکہ کو اس "مغربی یونین" سے کیوں دلچسپی ہے — سنئے ہم سے سنئے — امریکہ قوم بڑی دور کی نظر رکھتی ہے اگر مغربی [illegible] بڑی بڑی سلطنتیں نہ ہوتیں اور ان سلطنتوں کے اندر امریکی [illegible] مال کا [illegible] تو امریکہ ہرگز ہالینڈ کو منہ نہ لگاتا۔

اب بھی جابا یقین ہے اگر امریکہ کو یہ معلوم ہو جائے کہ ہالینڈ کے مقابلہ میں زیادہ دلچسپ جمہوری انڈونیشیا سے ساتھ کرنے میں اسے دو پیسے زیادہ بچیں گے — اور اسے سارا وہاں کی دولت کو ہضم کرنے کا موقع مل جائے گا تو دیکھئے امریکہ ہالینڈ کی طرف نظر کرے گا بھی نہیں — ورنہ نہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دو پیسے کے نفع والی بات کسی نے اس کے کان میں کہدی ہے اسی لئے شاید اس کا روپیہ کچھ بدلا ہوا ہے اور وہ ہالینڈ سے دبے دبے الفاظ میں ملک خالی کرنے کی تاریخ مقرر کرنے کے لئے کہہ رہا ہے۔

پتہ نہیں "ہالینڈ کے درندوں" پر اس "نیک خواہی درخواست" کا کیا اثر ہوگا لیکن تجربہ یہ بتاتا ہے کہ پیچھے کی چوٹ بہت بری ہوتی ہے — بعض اوقات بڑے بڑے پہلوان بھی پناہ مانگنے لگتے ہیں۔ دیکھنا ہے کہ امریکہ کا یہ کیا داؤ چلتا ہے۔

[illegible] خوبیاں بتائی جا رہی ہیں وہاں ان کی ایک اس خوبی کا بھی خاص طور سے ذکر ہے کہ وہ دوسرے جرمنوں کی طرح لڑ جھگڑے اکڑے نہیں تھے بلکہ ۱۹۳۱ء میں جس اخبار میں انھوں نے [illegible] سے وہ خود نہیں بلکہ ان کا جنازہ نکلا۔

سید صاحب خوش قسمت تھے کہ انہیں ایسا اخبار مل گیا جہاں وہ اپنا جنازہ نکال سکے ورنہ یہ ہندوستان ہے — جنت نشان — جہاں اکثر اخبار کسی خدمت کے لئے نہیں بلکہ دو روٹی کمانے کے لئے نکالے جاتے ہیں — اس لئے اگر اخبار نویس اپنے لیڈر کی یادگار کو [illegible] اپنا جنازہ نکالنے کا فیصلہ [illegible]

مکتوب حیدرآباد:

جمعیۃ کے وفد کی فوجی گورنر سے ملاقات — نمائندہ کمیٹی کی تشکیل

وفد کی شولاپور کو روانگی — شولاپور میں امدادی کمیٹی کا قیام

جمعیۃ علماء شولاپور کا قیام

جمعیۃ علماء ہند کا جو نمبر ۴ کا وفد آج کل حیدرآباد کا دورہ کر رہا ہے اس کی سرگرمیوں کے متعلق نامہ نگار الجمعیۃ کا ایک مکتوب خصوصی درج ذیل ہے وفد کی کچھ خبریں [illegible] گذشتہ اشاعتوں میں درج کی جا چکی ہیں۔ اب ان کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں۔

فوجی گورنر سے ملاقات

حیدرآباد (بذریعہ ڈاک) ۱۰ جنوری۔ جمعیۃ علماء ہند کا جو وفد حیدرآباد کے باشندوں اور یہاں کے مسلمانوں کی رہنمائی اور موجودہ مشکلات میں ان کو صحیح طریق کار کا مشورہ دینے نیز ان کے گذشتہ مصائب و آلام میں اپنی ہمدردی کا اظہار کرنے کی غرض سے آیا ہوا ہے [illegible]

آج دوپہر وفد کے ارکین [illegible] مولانا نورالدین صاحب بہاری، مولوی سید محمد جعفری اڈیٹر ملت دہلی اور حضرت مولانا [illegible] صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ملٹری گورنر میجر جنرل چودھری سے ملاقات کی اور حیدرآباد کے مسلمانوں کی بعض مشکلات اور ان کی اکثر ضروریات کو پیش کیا قیدیوں کی رہائی کی جانب بھی توجہ دلائی جنرل موصوف نے وفد کی باتوں کو پوری توجہ کے ساتھ سنا اور بہت سے مسائل سے پورا اتفاق کیا امید کی جاتی ہے کہ اس ملاقات کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوگا۔ دوران گفتگو میں وفد نے ان لوگوں کی اعانت اور امداد کی ضرورت پر زور دیا۔ گورنر موصوف نے اس سے بھی اتفاق فرمایا۔

وفد نے گذشتہ یوم ادوم نا کیمپ کا بھی معائنہ کیا۔ اور وہاں کے مقیم حضرات سے گفتگو کی اور ان کی تکالیف کو سنا۔ کل ہی وفد نے مسٹر سی ایل بیس چیف سکریٹری باب حکومت سے مل کر مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

سوامی رامانند تیرتھ سے ملاقات

جمعیۃ علماء ہند کے وفد نے ادوم نا کیمپ کے معائنہ کے بعد مسٹر بیس چیف سکریٹری حکومت حیدرآباد سے ملاقات [illegible] اس کیمپ میں ریاست کے سوا چار ہزار مسلمان اور سی پی [illegible] کے تقریباً دو ہزار مسلمان پناہ گزین ہیں۔

یہ کیمپ حکومت کے چارج میں ہے اور حکومت کے مقرر کردہ افسر یہاں کام کر رہے ہیں۔ [illegible] کیمپ کے پناہ گزینوں سے وفد کو موصول ہوئی تھیں وہ چیف سکریٹری صاحب کے سامنے رکھیں۔ انھوں نے وفد کو [illegible] کہ وہ شکایات جنرل چودھری کے سامنے پیش کیجئے چیف سکریٹری صاحب وفد کے ساتھ بڑے اخلاق سے پیش آئے جس کے لئے ارکان وفد نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ شام کے وقت اسٹیٹ کانگریس کے لیڈر سوامی رامانند تیرتھ سے ارکان وفد نے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں [illegible] امید افزا گفتگو ہوئی۔

۸ جنوری کی شام تمام ارکین جمعیۃ علماء حیدرآباد کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں ارکان نے جمعیۃ علماء حیدرآباد کو ضروری مشورے دئیے۔ اور ان کی ایک میٹنگ کو خطاب بھی کیا۔

نمائندہ کمیٹی کا قیام

کل وفد نے جمعیۃ علماء حیدرآباد کی مجلس شوریٰ اور یہاں کے سرآوردہ حضرات سے حالات حاضرہ پر تبادلہ خیال کیا اور مقامی معاملات کے تکملہ اور انصرام کے لئے ایک نمائندہ کمیٹی تشکیل دی جس کے ارکان حسب ذیل حضرات ہیں۔

[illegible] جناب ابوالحسن سید علی۔ جناب اکبر علی خاں صاحب بیرسٹر محمود یار جنگ صاحب یونس سلیم صاحب وکیل مسٹر فرید مرزا صاحب مولانا [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء حیدرآباد مولوی انور خاں صاحب جامعی مولوی دلاور حسین صاحب

وفد کی شولاپور کو روانگی

حیدرآباد ۱۰ جنوری۔ آج شام جمعیۃ علماء ہند کا وفد شولاپور اور اس سے متصل حیدرآباد کے علاقہ کے دورہ کے لئے روانہ ہو گیا [illegible]

شولاپور میں امدادی کمیٹی کا قیام

شولاپور ۱۰ جنوری۔ حیدرآباد سے جمعیۃ [illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

کسٹوڈین نے مزید جائدادوں پر قبضہ کرلیا

محکمہ بحالیات کے ڈیفنس (ت) مورخہ [illegible] دسمبر ۱۹۴۹ء میں اعلان کیا گیا ہے کہ صوبہ دہلی کے کسٹوڈین نے مشرقی پنجاب ایویکوئی ایکٹ ۱۹۴۷ء (جو کہ صوبہ دہلی میں نافذ ہے) کے تحت حسب ذیل جائداد پر قبضہ کیا۔

(۴)

سلسلہ نمبر	مکان نمبر	محلہ	حقوق جو کسٹوڈین نے لئے	سلسلہ نمبر	مکان نمبر	محلہ	حقوق جو کسٹوڈین نے لئے
۳۸۱۱	۷۸۰۲	گلی مسجد علی بیری والا باغ پل بنگش	کرایہ داری	۱۳۶	۲۰/A۳	قرول باغ	کرایہ داری
				۱۳۷	۳۹/A۳	"	"
۳۸۱۲	۷۸۰۳	"	"	۱۳۸	۷/A۲	"	"
۳۸۱۳	۷۸۰۴	"	"	۱۳۹	۹۹ بلاک A۱۴	"	"
۳۸۱۴	۷۸۰۵	"	"	۱۴۰	A ۱۴/۵۸	"	"
۳۸۱۵	۷۸۰۶	"	"	۱۴۱	۶۲	"	"
۳۸۱۶	۷۸۰۷	"	"	۱۴۲	۲۹/۹۸۶	پہاڑ گنج نگر منڈی	"
[redacted]	[redacted]	[redacted]	"	[redacted]	۲۹/[illegible]	اور ٹل روڈ	"
۳۸۱۸	۷۸۰۹	"	"	۱۴۴	۲۹/۹۸۴	"	"
۳۸۱۹	۷۸۱۵	"	"	۱۴۵	۲۹/۹۸۲	"	"
۳۸۲۰	۷۸۱۶	"	"	۱۴۶	۲۹/۹۸۱	"	"
۳۸۲۱	۷۸۱۷	"	"	۱۴۷	۲۹/۹۸۰	"	"
۳۸۲۲	۷۸۱۳	"	دونوں	۱۴۸	۲۹/۹۵۹	"	"
۳۸۲۳	۷۸۱۴	"	"	۱۴۹	۲۹/۹۶۱	"	"
۳۸۲۴	۷۹۳۳	"	کرایہ داری	۱۵۰	۲۹/۹۶۲	"	"
۳۸۲۵	۷۷۹۳	گلی بائیہ والی	"	۱۵۱	۲۹/۹۶۳	"	"
۳۸۲۶	۷۷۸۸	"	"	۱۵۲	۲۹/۹۶۴	"	"
۳۸۲۷	۷۷۸۶	"	"	۱۵۳	۲۹/۹۶۵	"	"
۳۸۲۸	[illegible]	"	"	۱۵۴	۲۹/۹۶۶	"	"
۳۸۲۹	۷۷۸۳	"	"	۱۵۵	۲۹/۹۵۸	"	"
۳۸۳۰	۷۷۸۵	"	"	۱۵۶	۲۹/۹۵۶	"	"
۳۸۳۱	۷۷۸۱	"	"	۱۵۷	۲۹/۹۵۵	"	"
۳۸۳۲	۷۷۸۲	"	"	۱۵۸	۲۹/۵۲	"	"
۳۸۳۳	۷۷۸۰	"	دونوں	۱۵۹	۲۹/۲۴	گڑ منڈی مقابل تھانہ پہاڑ گنج	"
۳۸۳۴	۷۷۷۹	"	"	۱۶۰	۲۹/۹۲۵	"	"
۳۸۳۵	۷۶۲۵	لمبی گلی	کرایہ داری	۱۶۱	۲۹/۹۲۶	"	"
۳۸۳۶	۷۶۳۶	"	"	۱۶۲	۲۹/۹۲۸	"	"
۳۸۳۷	FF ۷۶۳۸ A اینڈ B	"	"	۱۶۳	۲۹/۹۳۰	"	"
۳۸۳۸	G.F. ۷۶۴۷	"	"	۱۶۴	۲۹/۹۲۲	"	"
۳۸۳۹	F.F ۷۶۴۷ A اینڈ B	"	"	۱۶۵	۲۹/۹۲۱	"	"
۹۴	A ۸	سبزی منڈی	ملکیت	۱۶۶	۲۹/۹۳۰	"	"
۹۵	A ۴۴	"	"	۱۶۷	۱۹/۹۱۹	"	"
~~۹۶~~	A ۹۰	"	"				
۹۷	A ۹۶	"	"				
۹۸	A ۹۷	"	"				
۹۹	A ۱۰۴	"	"				
۱۰۰	A ۱۰۵	"	"				
۱۰۱	B ۴	"	"				
۱۰۲	D-۱	"	"				
۱۰۳	D-۳۲	"	"				
۱۰۴	F-۱۴	"	"				
۱۰۵	F-۱۵	"	"				
۱۰۶	F-۴۲	"	"				
۱۰۷	F-[illegible]	"	"				
۱۰۸	F-۴۸	"	"				
۱۰۹	B-۸	"	"				
۱۱۰	B-۹	"	"				
۱۱۱	B-۱۰	"	"				
۱۱۲	۱	"	"				
۱۱۳	۲	"	"				
۱۱۴	۳	"	"				
۱۱۵	۴	"	"				
۱۱۶	۸	"	"				
۱۱۷	۱۸	"	"				
۱۱۸	۱۹	"	"				
۱۱۹	۱۱	"	"				
۱۲۰	۱۳	"	"				
۱۲۱	۲۰	"	"				
۱۲۲	۲۲	روشن آرا روڈ	"				
۱۲۳	۲۵	"	"				
۱۲۴	۲۶	"	"				
۱۲۵	۲۷	"	"				
۱۲۶	۲۸	"	"				
۱۲۷	۲۹	"	"				
۱۲۸	۳۰	"	"				
۱۲۹	E ۱۱۲	سبزی منڈی	"				
۱۳۰	E ۱۱۳	"	"				
۱۳۱	E ۱۱۵	"	"				
۱۳۲	۳۰/۸۸	قرول باغ	کرایہ داری				
۱۳۳	۴۹/۸۸	"	"				
۱۳۴	۵۱/۸۸	"	"				
۱۳۵	۵۰/۸۸	"	"				

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں۔ ختم شد

جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کا سالانہ اجلاس
ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء بریلی کا بیان

بریلی۔ (بذریعہ ڈاک) مولوی عبدالرؤف صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء بریلی نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے۔

باشندگان بریلی کی یہ خوش قسمتی ہے کہ ۱۹۵۰ء کے بعد پہلی بار بریلی میں دو ہزار کے قریب علماء کرام اور لیڈران ملک و قوم کا ماہ فروری ۱۹۵۰ء میں ایک بے نظیر اجتماع جمعیۃ علماء بریلی کی دعوت پر ہو رہا ہے جس میں ملک کے گوشہ گوشہ سے بالعموم اور صوبہ یوپی کے تمام اضلاع سے بالخصوص مقتدر و ممتاز زعماء و رہنما اور لیڈران کرام شرکت فرمانے والے ہیں۔

وطن عزیز کی آزادی اور امن و امان کے تحفظ ہندو مسلم اتحاد کی سیل جول، رواداری اور بھائی چارہ کی تقویت پہنچانے نیز فرقہ پرستی، تنگ ذہنی ملک و قوم کو نقصان پہنچانے والی اور تخریبی کارروائیوں کے خلاف منصوبہ اور مستحکم لائحہ عمل وپروگرام پر غور کیا جائے گا۔ لہٰذا ہماری دلی خواہش ہے کہ بریلی و قرب و جوار کے باشندگان خصوصیت سے مسلمان زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہو کر اپنے محبوب ترین رہنماؤں کے خیالات و تقریروں سے فائدہ اٹھائیں اور مجلس استقبالیہ کے زیادہ سے زیادہ تعداد میں ممبر بنیں۔

تاکہ یہ اجلاس اپنے اخراجات کا کفیل ہو سکے اجلاس کی تاریخیں جلسہ گاہ اور دیگر پروگرام سے بہت جلد بذریعہ اشتہارات اطلاع دی جائے گی۔

ادبی سوسائٹی کا اظہار تعزیت

ادبی سوسائٹی بالمیہ ہندوستان کی سب کمیٹی کا ایک تعزیتی اجلاس زیر صدارت جناب محمد ادریس صاحب منعقد ہوا جس میں جناب محمد عظیم الدین صاحب حزین نظامی نے حسب ذیل ریزولیوشن پیش کیا جو بالاتفاق پاس منظور ہوا۔

ادبی سوسائٹی کا یہ جلسہ ہندوستان کے مشہور قومی لیڈر ادیب اور صحافی دنیائے فارسی کے فخر انسان سید عبداللہ بریلوی کی اچانک وفات پر رنج و غم کا اظہار کرتی ہے۔

تجارتی معلومات

دہلی۔ ۱۴ جنوری۔ ہائی کمشنر پاکستان کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ حکومت پاکستان کے اقتصادی مشیر کو جس کا دفتر بلاک نمبر ۱۵ کراچی میں ہے۔ مندرجہ ذیل تجارتی امور موصول ہوئے ہیں اگر کوئی شخص یا کوئی کمپنی چاہے تو اس بارے میں اقتصادی مشیر سے خط و کتابت کر سکتی ہے جو کمپنیاں ان امور کا جواب دیں ان کو چاہئے کہ ٹھیک کا حوالہ بھی دیں مگر ایک سے زیادہ امر کے بارے میں جواب دیا جائے تو ہر ایک کو دینا چاہئے کہ کس امر کے بارے میں زیادہ دلچسپی ہے۔

کراچی کی ایک کمپنی پختہ و خام کھالوں اون سوتی کپڑے وارنش کھیل کا سامان اور خشک پھلوں کی برآمد اور ٹائپ رائٹر بنانے کے سامان کی درآمد میں دلچسپی رکھتی ہے۔ (۳) کراچی کی ایک اور فرم ممالک غیر کی تجارتی کمپنیوں کو کپاس بھیجنا چاہتی ہے (۴) کراچی کی ایک اور فرم روئی اون پٹ سن کی برآمد اور سوتی و زنانہ مردانہ [illegible] ان غیر ملکی فرموں سے کاروبار کرنا چاہتی ہے جو پاکستان کا کچا اون خریدنا چاہیں۔

بری لیمپ اور خام اون

۵۔ کراچی کی ایک فرم پاکستان کے نئے ہوئے بری لیمپ پختہ اور خالی اون برآمد کرنا چاہتی ہے۔

۷۔ کراچی کی ایک فرم خشک پھلوں، کھیل کے سامان اور قالینوں وغیرہ کا بہت بڑا ذخیرہ برآمد کرنا چاہتی ہے۔ ۸۔ کراچی کی ایک کمپنی ان غیر ملکی کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے جو اناج روئی اون بنولے اور خشک پھلوں کی درآمد میں دلچسپی رکھتی ہو۔

کستوری

۹۔ کراچی کی ایک فرم زیبائش کا سامان پلیٹ نیز نیسی سامان فاؤنٹین پن اور خوشبویات باہر سے منگانا چاہتی ہے۔

شیشے کا سامان وغیرہ

۱۰۔ کراچی کی ایک فرم ہارڈ ویئر شیشے کا سامان کیمیکل سامان کاسٹک سوڈا دیا سلائی اور کاغذ بنانے کی مشینیں باہر سے منگانا چاہتی ہے۔

۱۱۔ کراچی کی ایک فرم بنولے برآمد کرنی چاہتی ہے ۱۲۔ کراچی کی ایک فرم ان کمپنیوں سے خط و کتابت کرنی چاہتی ہے جو کچی روئی خریدنا چاہیں۔ ۱۳۔ کراچی کی ایک فرم ان کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے جو موم بتیاں خرید سکیں۔ ۱۴۔ کراچی کی ایک فرم کھیل، ادویہ، چمڑے کا سامان تلہن بنولہ برآمد کرنا اور تازہ محفوظ پھل کیمیکل کاسٹک سوڈا وغیرہ درآمد کرنا چاہتی ہے۔

رومال ریزر بلیڈ موزے

۱۵۔ کراچی کی ایک فرم غیر ملکی ساخت کی ٹائیاں اونی مال کا ریڈ موزے بنیان ریزر بلیڈ اور آئینے برآمد کرنا چاہتی ہے ۱۶۔ کراچی کی ایک فرم ان کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے جو خشک پھل درآمد کرنا چاہیں ۱۷۔ کراچی کی ایک فرم پٹ سن کی بوریاں برآمد کرنا چاہتی ہے۔ ۱۸۔ کراچی کی ایک فرم چاند مارکہ پاکستان کی بنی ہوئی لالٹین برآمد کرنا چاہتی ہے۔ ۱۹۔ سیالکوٹ کی ایک فرم ان غیر ملکی فرموں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے جو آلات موسیقی میں اور فوجیوں میں استعمال ہونے والے تانگے منگوانا چاہے۔ ۲۰۔ سیالکوٹ کی ایک فرم فوجی بیگ پائپ ڈھول اور بانسری برآمد کرنا چاہتی ہے ۲۱۔ لاہور کی ایک فرم پختہ و خام کھالیں اون بال اور روئی برآمد کرنا چاہتی ہے ۲۲۔ لاہور کی ایک فرم ان کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے جو اون اور مویشیوں کے بال خریدنا چاہیں۔ ۲۳۔ سیالکوٹ کی ایک فرم ہر طرح کا کھیل کا سامان برآمد کرنا چاہتی ہے ۲۴۔ سیالکوٹ کی ایک دوسری فرم قینچی، کھیل اور سرجیکل کا سامان برآمد کرنا چاہتی ہے ۲۵۔ سیالکوٹ کی ایک اور فرم ہیڈ ہلٹن اور ٹینس کا سامان برآمد کرنا چاہتی ہے ۲۶۔ سیالکوٹ کی ایک فرم بیگ پائپ بگل بینڈ کا دوسرا سامان برآمد کرنا چاہتی ہے۔

خشک میوہ اور تلہن

۲۷۔ سیالکوٹ کی ایک فرم ہر قسم کا سامان برآمد کر سکتی ہے۔ ۲۸۔ لاہور کی ایک فرم خام کھالوں اون بال تلہن اور خشک پھلوں کی بہت بڑی مقدار برآمد کر سکتی ہے۔ ۲۹۔ لاہور کی ایک فرم خشک پھل برآمد کرنے والی کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے۔ ۳۰۔ سیالکوٹ کی ایک فرم غیر ملکی کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے۔ جو دوائی کٹ چینی برآمد کرتی ہیں۔ ۳۱۔ نوشہرہ کی ایک فرم پختہ و خام کھالیں خشک پھل قالین اور اون برآمد کرنا چاہتی ہے۔ ۳۲۔ چٹاگانگ کی ایک فرم ان غیر ملکی کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے۔ جو کھالیں برآمد کرنا چاہیں ۳۳۔ چٹاگانگ کی ایک اور فرم روئی تیل تلہن اور پٹ سن کا سامان برآمد کر سکتی ہے۔ ۳۴۔ چٹاگانگ کی ایک فرم کپڑا موزے صابن بسکٹ تولیہ بنانے اور بیڑے بنانے والی کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے۔ ۳۵۔ چاٹگام ضلع میمن سنگھ مشرقی پاکستان کی ایک فرم ان کمپنیوں سے خط و کتابت کرنا چاہتی ہے۔

منشی احمد دین صاحب کا تعزیتی بیان

دہلی۔ ۱۴ جنوری۔ منشی احمد دین صاحب جنرل سیکرٹری [illegible] نے حسب ذیل بیان دیا ہے کہ:

سید عبداللہ بریلوی ایڈیٹر بمبئی کرانیکل کی وفات کی خبر اخبارات میں پڑھ کر سخت صدمہ ہوا۔ سید صاحب ان قوم پرست ہندوستانیوں میں سے تھے جن کے قدم کبھی بھی قوم پرستی کی بنیاد سے نہیں ہٹے۔ سید صاحب نے زبان اور قلم سے ہمیشہ ہندوستانی قوم پرستی کی خدمت کی اور قومی تحریک میں کبھی وہ کسی سے پیچھے نہیں رہے۔ اس زمانے میں ان کا اٹھ جانا قوم پرستوں کے حلقہ میں ایسا خلا پیدا کر گیا ہے جو پر نہیں ہو سکے گا۔ ہندوستانی قوم پرستوں کی تعداد پہلے ہی سے کم ہے۔ اس لئے یہ چوٹ بہت زیادہ گہری ہے۔ ان کے متوسلین کے لئے ہمدردی اور صبر کے لئے دعا کرتا ہوں۔

مکتوب حیدرآباد بقیہ صفحہ ۳

ہند کا وفد کل شولاپور پہنچا ارکان وفد میں مولینا بشیر احمد صاحب ایم ایل سی یوپی مولانا نور الدین بہاری اور حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند شامل ہیں آپ کے ہمراہ جمعیۃ علماء حیدر آباد کے معتمد مولوی عبدالسبحان فاضل دیوبند بھی ہیں یہاں پہنچتے ہی ارکان وفد نے ان لوگوں کے بیانات سننے شروع کر دیئے جو ضلع بیدر گلبرگہ اور ضلع عثمان آباد وغیرہ سے یہاں آکر پناہ گزیں ہیں۔ ارکان وفد کے نزدیک سب سے اہم کام یہ تھا کہ اس علاقہ کے ہندو مسلمانوں کے تعلقات بہتر ہوں۔ اور جو لوگ اپنے مکانوں سے اجڑ گئے ہیں وہ از سر نو زندگیوں کی تعمیر کر سکیں۔ چنانچہ ارکان وفد نے مقصد کے حصول کے لئے شہر کے ہندو مسلمان لیڈروں سے تبادلہ خیال کیا ارکان وفد کو بہت زیادہ مسرت ہوئی کہ شہر کے ہندو و مسلمانوں کو وفد کے اس مقصد سے بہت گہری دلچسپی ہے۔ شہر کے ممتاز حضرات کے مشورہ سے وفد نے مندرجہ ذیل حضرات کی مشترکہ کمیٹی بنا دی۔

(۱) مسٹر بھیونگھ صاحب ایم ایل اے (۲) ڈاکٹر کے بی انترولی کر ایم ایل سی (۳) سمبھاجی راؤ گرگٹ پریسیڈنٹ ڈسٹرکٹ کانگریس (۴) قاضی سید احمد صاحب (۵) عبدالکریم صاحب بی اے ایل ایل بی ایڈوکیٹ (۶) عبدالرحمٰن صاحب میونسپل کمشنر (۸) محمد حنیف صاحب [illegible] (۹) عبدالکریم صاحب [illegible]

شولاپور میں جمعیۃ علماء کا قیام

شولاپور۔ ۹ جنوری۔ عبدالکریم صاحب بی [illegible] صدارت میں جلسہ عام ہوا جس میں تقریباً دس ہزار ہندو مسلمانوں نے شرکت کی مولانا بشیر احمد ایم ایل سی یوپی۔ مولانا نور الدین بہاری اور جمعیۃ علماء ہند کے ناظم مولانا محمد میاں صاحب نے تقریریں فرمائیں۔ باہمی میل جول اتحاد و ترقی کی تلقین فرمائی۔ اور جمعیۃ علماء کے قیام کی جانب توجہ دلائی۔ لہٰذا ذی عمائدین شہر کے اجتماع میں وفد نے ایک کمیٹی بنا دی ہے جو ۳۰ جنوری تک ابتدائی ممبر بنائے گی اور ۲۶ جنوری کو باضابطہ انتخاب ہوگا اور صوبہ کو مطلع کریگی عارضی جمعیۃ کے ارکان حسب ذیل ہیں۔ قاضی سید احمد صاحب مولوی [illegible] خاں صاحب جناب محبوب شاہ صاحب [illegible]

جب تک ہر شخص کی اطمینان و سکون کا سامان مہیا نہ ہو آزادی بیکار ہے
مہاتما گاندھی جی سے کئے ہوئے وعدوں کو یاد رکھنا چاہئے۔ یوپی کے وزیر خوراک کی تقریر

لکھنؤ ۱۱ جنوری (بذریعہ ڈاک) رحیم پور خاص اور اس کے ایک قصبہ میں آنریبل سی بی گپتا وزیر سول سپلائی پر آپ گورنمنٹ نے پرسوں صبح دو جلسوں میں تقریر کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ حکومت کو ان مسائل کے حل کرنے میں مدد کریں۔ جو آج ملک کے سامنے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ عوام کو تنگ نظری چھوڑ دینا چاہئے۔ آپ نے کہا کہ ہم نے مہاتما گاندھی کی رہنمائی میں سینکڑوں برس کی کوششوں کے بعد آزادی حاصل کی ہے لیکن ابھی ہمارا کام پورا نہیں ہوا کیونکہ اصل کام ابھی کرنا ہے۔ آزادی حاصل کرنے کے وقت ہمارے سامنے کشمیر حیدرآباد اور بہت سے دوسرے مسائل پیش ہوں گے۔ جس سے ہم کوئی تعمیری کام نہ کر سکے لیکن خدا کا شکر ہے کہ رفتہ رفتہ یہ سارے مسائل حل ہوتے جا رہے ہیں کہ ہمارا ملک دنیا کے اور ممالک کے مقابلہ میں تعلیمی سائنس صنعتی اور دوسری چیزوں میں [illegible] پیچھے ہے ہماری آزادی اس وقت تک بیکار ہے جب تک کہ ہم ہر شخص کے اطمینان اور سکون کا سامان نہ مہیا کر سکیں لیکن اس کام کے لئے عوام کے اشتراک کی بہت ضرورت ہے۔ ہمارا ملک اب بھی ایک تغیر کے دور سے گذر رہا ہے۔ درجنوں مسائل ہمارے سامنے ہیں انہیں مضبوط سے مضبوط حکومت بھی عوام کے پورے اشتراک کے بغیر حل نہیں کر سکتی اگر ہمیں اپنی آزادی برقرار رکھنا ہے تو ہمیں اس کے لئے انتہائی محنت کرنا ہوگی اور اپنا اخلاقی معیار بلند کرنا ہوگا۔ کانگریس ایک بنیادی اور جمہوری حکومت کا نظریہ رکھتی ہے۔ اسی میں ہر شخص کو برابر کے حقوق ہیں ساتھ ہی ہمیں اپنے سب سے بڑے رہنما مہاتما گاندھی کے اصولوں اور ان کے دیئے ہوئے سبق کو بھی ذہن میں رکھنا چاہئے اور ان وعدوں کو بھی جو ان کی زندگی میں ہم نے ان سے کئے تھے۔ آپ نے کہا کہ آج دنیا کی نظریں ہندوستان کی طرف لگی ہوئی ہیں۔ ایشیائی لوگ اور دوسری آزاد قومیں ہماری طرف دیکھ رہی ہیں کہ ہم ان کی رہنمائی کریں لیکن اگر ہم باپو کے نقش قدم پر نہ چلے تو ان کے صحیح اور سچے رہنما نہیں بن سکتے غلہ کی سپلائی کے بارے میں وزیر موصوف نے کہا کہ ہمیں زیادہ تر باہر کے ملکوں پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے جس کے واسطے ہر سال ایک بڑی رقم ہر سال خرچ ہوتی ہے اس کے علاوہ مناسب سپلائی کے لئے ہمارے پاس ٹرانسپورٹ کی بھی کمی ہے اور اس کے واسطے ہم برطانیہ کے اب بھی محتاج ہیں۔ آنریبل سی بی گپتا نے ضلع کے محکمہ سپلائی اور ہسپتالوں کا بھی معائنہ کیا ضلع اور میونسپل بورڈوں کی طرف سے آپ کو ٹی پارٹی دی گئی۔ (ا ن س)

ہے کہ ہندو مہاسبھا آئندہ عام انتخابات کے لئے تیاری کر رہی ہے اور ہندو نیشنلسٹ پارٹی کے نئے نام سے سیاسی قوت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے یہ نیا نام اس لئے اختیار کیا گیا ہے کہ مہاسبھا کے لیڈران کا خیال ہے کہ فرقہ وارانہ نام رکھنے والی کسی جماعت کے لئے انتخابات میں داخل ہونا کا موقع نہیں ہوگا۔ گو کہ مہاسبھا کی ممبری غیر ہندوؤں کیلئے کھلی ہوئی ہوگی لیکن دراصل وہ صرف مہاسبھائی خیالات ہی کی جماعت ہوگی۔ اس جماعت میں بھرتی کے لئے مہاسبھا کے بڑے بڑے لیڈران مہاسبھائی ذہنیت رکھنے والوں سے آس جیت کر رہے ہیں۔ اور صوبہ کا دورہ بھی کیا جائے گا۔ مہاسبھا کے صوبائی چیف مہاسبھا کے ضلع کی یونٹوں کو دوبارہ قائم کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں کیونکہ مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد لاتعداد لوگوں نے پارٹی سے علیحدگی اختیار کر لی تھی جس کی وجہ سے اضلاع میں بہت تھوڑی شاخیں باقی ہیں ضلع یونٹوں کو قائم کرنے کے بعد عوام میں ممبری کی مہم شروع کی جائے گی جس کی تعداد ایک لاکھ ہوگی۔ (ا ن س)

یوپی کی خبریں
(بذریعہ ڈاک)

جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کا اجلاس

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ صوبہ جمعیۃ علماء یوپی کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس لکھنؤ میں اس کے دفتر گوئن روڈ میں ۲۵ اور ۲۶ جنوری کو منعقد ہو رہا ہے جس میں بہت سے اہم مسائل پر غور کیا جائے گا اور جمعیۃ علماء ہند کے بعض فیصلوں کی روشنی میں اس صوبہ میں بھی جمعیۃ کی تنظیم کی جائے گی۔ (ا ن س)

مسافر گاڑی کو حادثہ

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ ایک مسافر گاڑی کو رودولی اور ٹیڑھا [illegible] ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ایک زبردست حادثہ سے دوچار ہونا پڑا لیکن گاڑی کو حادثہ سے بچا لیا گیا اس حادثہ کی ذمہ داری ریلوے کے گیٹ مین پر ہے کیونکہ وہ اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر تھا اور ایک بیل گاڑی ٹھیک اس وقت گیٹ گزر رہی تھی جبکہ مسافر گاڑی بھی اپنے وقت پر آرہی تھی نتیجہ میں ٹرین سے بیل گاڑی ٹکرا کر پاش پاش ہو گئی اور اس سے گاڑی کو ۵ منٹ کی تاخیر ہوئی گیٹ مین کے خلاف ایک مقدمہ قائم کیا گیا ہے۔ اور تحقیقات ہو رہی ہے۔ (ا ن س)

صرف ایک لائسنس کی ضرورت

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ حکومت یوپی کے وزیر سول سپلائز نے تمام اضلاع کے محکمہ سول سپلائی کو ایک سرکلر روانہ کرتے ہوئے انہیں ہدایت کی ہے کہ کسی ضلع میں ایک شخص کے پاس ایک قسم کے ایک لائسنس سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک ایک شخص کے پاس مختلف چیزوں کے کئی کئی لائسنس ہوتے ہیں اور وہ ان سے بیش قرار منافع اٹھاتے ہیں۔ اور دوسرے لوگ محروم ہو جاتے ہیں اس لئے اب ایک شخص کے پاس ایک لائسنس سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔ اور اس پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ (ا ن س)

غلہ کی غیر اطمینان بخش حالت

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ صوبہ یوپی میں غلہ کے ذخیرہ کی غیر اطمینان بخش حالت کے تعلق سے حکومت نے اپنے مکمل راشننگ فیصلہ کو ملتوی کر دیا لیکن غلہ کی حالت اطمینان بخش ہوتے ہی حکومت مکمل راشننگ کر دیگی غلہ کی حالت اس لئے خراب ہے کہ حکومت ہند یوپی کیلئے غلہ کے اسٹاک میں اضافہ کرنے میں ناکام رہی ہے حکومت نے یہی فیصلہ کیا ہے کہ اس بارے میں حکومت ہند کے فیصلہ اور منظوری کا انتظار کیا جائے گا۔ حکومت یوپی نے چاول کے حصول میں انہی کا ٹن کا تخمینہ کیا تھا اس میں سے اس وقت تک تقریباً چالیس ہزار ٹن چاول وصول ہو چکا ہے اور امید ہے کہ بقیہ بھی وصول ہو جائے گا۔ (ا ن س)

الیکشن کیلئے ہندو مہاسبھا کی تیاریاں

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا

قیدیوں کیلئے نئی سہولت

لکھنؤ ۱۱ جنوری۔ یوپی کی جیلوں میں قیدیوں کیلئے ایک اور سہولت دینے کا جا رہا ہے جو قیدی کسی صنعتی یا کسی شعبہ میں عمدہ کام کریں گے اور ان کے اخلاق حالت بھی درست ہوگی ان کو اچھا وظیفہ دیا جائے گا۔ ان کے متعلق جیل کے حکام کا تجربہ اور خیال اچھا ہوگا تو قیدیوں کو اجرت بھی دی جائے گی جو ان کے کام کے حساب سے دی جائے گی۔

یہ قیدیوں میں ابتدائی حالت میں تجربہ کامیاب بتایا گیا ہے۔ اسی کے بعد اب لکھنؤ ڈسٹرکٹ جیل میں بھی حال ہی میں پہلی بھی تجربہ کیا جائے گا اور چھ ماہ کے دوسری جیلوں میں بھی اس تجربہ کو وسعت دی جائے گی اس کا ایک اخلاقی اثر یہ ہوگا کہ قیدیوں کو جیل سے رہائی کے بعد بیکاری اور بیروزگاری کی بدولت جرائم کی طرف رغبت نہ ہوگی دوسرے جیل کے اندر جو قیدی اجرت حاصل کریں گے اس میں سے ان کی عمدہ غذا کا بھی انتظام کیا جائے گا۔ اور ان کی بقیہ اجرت جمع کی جائے گی وہ چاہے اسے اپنے کسی وارث کو روانہ کرا دیں خواہ رہائی کے بعد اسے حاصل کر کے اپنے کام میں لائیں۔ (ا ن س)

سیرت کانفرنس بقیہ صفحہ ۳

نعت۔ جناب کوثر صاحب امروہوی۔ نعت جناب محمد ادریس صاحب ذہبی۔ تقریر حضرت مولانا الوفا صاحب شاہجہانپوری۔ تقریر حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند۔ تقریر حضرت محمد عتیق الرحمٰن صاحب ناظم ندوۃ المصنفین۔ تقریر حضرت حاجی مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند۔ تقریر امام الہند حضرت العلامہ مولانا ابوالکلام صاحب آزاد۔ تقریر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی۔

نشست چہارم ۱۶ جنوری ۱۹۵۰ء بروز دوشنبہ صبح ۹ بجے جلسہ

حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب (صدر) تلاوت قرآن پاک۔ قاری محمد میاں صاحب استاد مدرسہ عالیہ فتحپوری۔

نعت۔ جناب کوثر صاحب میرٹھی۔ تقریر حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی۔ تقریر حضرت

انجمن اسلامیہ دہلی کا فیصلہ

۱۲ جنوری کی شام کو چھپے اراکین و معززین شہر کا ایک جلسہ زیر صدارت شفاء الملک حکیم محمد حسن خاں صاحب منعقد ہوا۔ جس میں اس سال جلوس نہ نکالنے کا فیصلہ کیا گیا۔ جلسہ کو عظیم الشان بنانے کے لئے جمعہ ۲۱ جنوری کا دن مقرر پایا۔ اور طے کیا گیا کہ جلسہ ارد و پارک میں بعد نماز عشاء ۱۱ بجے سے اور بعد نماز جمعہ ۲ بجے سے ۶ بجے تک کیا جائے جس میں علماء اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب کے معزز حضرات کو تقریر کی درخواست کی جائے اور رسول پاک کے اسوہ حسنہ کو پیش کر کے دنیا میں امن و اتحاد و ترقی اور خوشحالی کا راز بتایا جائے۔

دارالسلطنت
۱۳ جنوری ۱۹۵۰ء

رائفل چوری

ریلوے پولیس کے ایک کانسٹبل نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کی ۳۰۳ کی رائفل اس کی عدم موجودگی میں چوری ہو گئی ہے اس ہفتہ اسلحہ چوری ہونے کی متعدد خبریں موصول ہوئی ہیں۔

سائیکلوں پر ٹیکس

دہلی میونسپل کمیٹی نے اپنے ہفتہ واری میٹنگ میں سائیکلوں پر دو روپے سالانہ ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا ہے یہ ریزولیوشن چیف کمشنر دہلی کے پاس منظوری کے لئے بھیجا گیا ہے ٹیکس لگانے کی تجویز کی لالہ شیام چند رحمن نے مخالفت کی انہوں نے کہا کہ کمیٹی کارپوریشن بننے تک اس تجویز کو ملتوی کر دیا جائے۔

پولیس افسر گرفتار

ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر پولیس رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس پنڈت سکن ناتھ کو اطلاع ملی کہ وہ سب انسپکٹر اغوا کے ایک مقدمہ میں [illegible] سے ... روپیہ بطور رشوت لینا چاہتا ہے۔ انہوں نے یہ کام انسپکٹر سری رام کے سپرد کیا جس نے [illegible] سے نشان زدہ کرنسی نوٹ برآمد کر لئے۔

عید میلاد النبی کی دھوم

کل دہلی میں عید میلاد کا جشن منایا گیا۔ انفرادی اور اجتماعی طور پر میلاد شریف پڑھا گیا۔ فتح پوری مسجد اور دیگر مقامات پر رسول اکرم کی حیات اور تعلیمات پر تقریریں کی گئیں۔ اس سلسلہ میں سب سے اہم تقریب جامع مسجد میں ہونے والی ہے جس میں شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی اور دیگر علمائے کرام حصہ لے رہے ہیں۔ ہفتہ اور اتوار کو صبح اس کی کارروائی ریڈیو سے ریلے بھی کی جائے گی۔ کل دہلی میں سرکاری دفاتر میں بھی تعطیل رہی۔

اجمل ریڈنگ روم کے لئے عطیہ

جناب حکیم الدین صاحب نے اجمل ریڈنگ روم قصبہ اوجھ درباز دہلی کو ایک سو پچیس قیمتی کتب کا عطیہ عنایت فرمایا ہے۔ مذہبی۔ ادبی اور تاریخی کتابوں کے اس عطیہ کے لئے اجمل ریڈنگ روم کے ناظم اعلیٰ اور منتظمہ کمیٹی معطی صاحب کے شکر گذار ہیں۔ سرفادم میر مشتاق احمد

قطب صاحب کا عرس

حضرت خواجہ قطب صاحب کا سالانہ عرس ۱۳ ربیع الاول ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۴-۱۵ جنوری ۱۹۵۰ء جمعہ ہفتہ کو ہوگا۔ بسیں جامع مسجد دہلی دروازہ سے چلیں گی۔ (ہلال قطبی ناظم درگاہ شریف)

گاندھی منڈپ نمائش

راج گھاٹ میں ۳۰ جنوری کو گاندھی منڈپ نمائش گاندھی جی کی پہلی برسی کے سلسلہ میں عمل میں آئیگی۔ یہ نمائش چار حصوں میں منقسم ہوگی۔ اس نمائش میں گاندھی جی کی بابت لکھی ہوئی اردو ہندی اور انگریزی کتابیں بھی رکھی جائیں گی اور وہ چیزیں بھی دکھائی جائیں گی جو گاندھی جی کے زیر استعمال رہی ہیں نمائش کے لئے کھادی اور بانس کے استعمال کا ایک خاص نمونہ تیار کیا جا رہا ہے۔

چاقو سے زخمی

دہلی۔ [illegible] ایک شخص کی بابت اطلاع ملی ہے کہ اسکی پڑوسی نے چاقو سے اس پر زخم لگائے۔ کہا جاتا ہے کہ گذشتہ شب وہ میونسپل دفتر میں تھے وہاں اندھیرا تھا اس نے دروازہ کھولا لیکن ایک عورت کو سامنے دیکھ کر جلدی سے باہر نکل گیا لیکن اس عورت نے نگاہیں ڈالیں شروع کر دیں اور اسی کے شوہر نے اس شخص کو چاقو سے زخمی کر دیا۔

باؤ دائی نے بادشاہ بننے سے انکار کر دیا
پہلے ہند چینی کی آزادی کا یقین دلایا جائے

پیرس ۱۲ جنوری۔ ویٹ نام کے سابق شہنشاہ باؤ دائی نے دوبارہ بادشاہ بننے کی فرانسیسیوں کے ہاتھوں کٹھ پتلی بننے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کے اس انکار سے فرانسیسی اعلیٰ حلقوں میں ایک ہیجان سا پیدا ہو گیا ہے چنانچہ اس نئی صورت حال پر غور کرنے کے لئے فرانسیسی کابینہ کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا باؤ دائی نے اپنے جواب میں فرانسیسی حکام کو مطلع کیا ہے کہ وہ اس وقت ویٹ نام کے تخت پر بیٹھنا پسند نہیں کریں گے جب تک کہ فرانسیسی یہ یقین نہیں دلاتے کہ ویٹ نام کو مکمل آزادی دے دی جائیگی۔

بادشاہ کے اس فیصلہ سے سخت الجھاؤ پیدا ہو گیا ہے۔ اور سر گنگ اب حکومت بنا رہا ہے کہ کمیونسٹ نیشنل لیڈر ہو چی منہ نے از سر نو گفت و شنید کا آغاز کیا جائے۔ ہند چینی کے فرانسیسی ہائی کمشنر شاہ باؤ دائی سے کینیڈا میں ملاقات کرنے والے ہیں۔ وہ آخری مرتبہ بادشاہ کو تخت پر جلوہ افروز ہونے کی دعوت دینگے۔ ویٹ نام کے وزیر اعظم نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ بادشاہ اس وقت تک دوبارہ تاج و تخت کو قبول کرنے کو تیار نہیں جب تک کہ فرانسیسی ویٹ نام کی مکمل آزادی کے ایک معاہدہ پر دستخط نہ کریں۔

وزیر اعظم کو بران نے رائٹر کے نامہ نگار کو یہ بھی بتایا کہ اب مزید وقت نہیں ضائع کرنا چاہئے اگر خانہ جنگی کو جاری رکھا گیا تو اس کے نقصانات ناقابل تلافی ہو جائیں گے۔ اور فرانس اور ویٹ نام کے تعلقات ہمیشہ کیلئے خراب ہو جائیں گے۔

ایک زخمی سپاہی چل بسا

کندا سنگھ نامی ایک سپاہی جو جی ٹی روڈ پر فائرنگ کے سلسلہ میں فوجیوں کی فائرنگ کا زخمی ہو گیا تھا جانبر نہ ہو سکا اور گذشتہ شب ارون ہسپتال میں مر گیا۔ اب مرنے والوں کی تعداد دو تک پہنچ گئی ہے۔ کندا سنگھ جنتہ کا چانگرہن تھا سپاہی کی ارتھی میں دو سو سپاہیوں نے جن کے ساتھ پولیس افسر بھی تھے حصہ لیا۔

سات گرفتاریاں

کل شام کو تیس ہزاری [illegible] سات شخص [illegible] کے انتہائی احکامات کی خلاف ورزی میں گرفتار کئے گئے۔

جامع مسجد میں سیرت کانفرنس
کارروائی براڈ کاسٹ کی جائے گی

دہلی ۱۳ جنوری۔ سیرت کانفرنس جو جامع مسجد دہلی میں بتاریخ ۱۲، ۱۳ ربیع الاول ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۴، ۱۵ جنوری ۱۹۵۰ء منعقد ہو رہی ہے اس کے مخصوص مقررین کی تقریریں اور شعراء کی نعتیں آل انڈیا ریڈیو سے مندرجہ ذیل تاریخوں میں نشر ہوں گی ۱۵ جنوری ۱۹۵۰ء بروز ہفتہ ۸ بجے صبح سے ۹ بجے صبح تک ۱۶ جنوری ۱۹۵۰ء بروز اتوار ۸ بجے سے ۹ بجے تک۔

برما سے تین لاکھ ٹن چاول نہ آسکا

واشنگٹن ۱۳ جنوری۔ محکمہ زراعت کے بیان کے مطابق سیاسی جھگڑوں کی وجہ سے برما کا تین لاکھ ٹن چاول دنیا کے بازاروں میں نہ آسکا۔ برما دنیا میں سب سے زیادہ چاول پیدا کرنے والا علاقہ ہے۔ کہا گیا تھا کہ ۱۹۴۹ء میں برما سے ۱۶ لاکھ ٹن چاول برآمد ہو سکیگا لیکن گڑ بڑ کی وجہ سے اس کی مقدار محدود ہو کر صرف ۱۳ لاکھ رہ گئی ہے۔

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا

مسئلہ قتل کا الزام غلط ہے ہر مسلمان کو اس کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے۔ امام السندھ ابوالکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں کل تاریخی حالات لکھے ہیں۔ قیمت شہید اعظم معہ سوانح مولانا ابوالکلام آزاد و مولانا محمد علی جوہر ۱۲ آنہ غبار خاطر مولانا آزاد کی نئی تصنیف ۲ روپیہ انگلش ٹیچر مع ہندی ٹیچر ۲ روپیہ قاعدہ ۸ آنہ سکینڈ بک ۲ روپیہ وغیرہ بہترین مل سکتی ہے۔

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان دہلی

ہندوستان، برما اور لنکا کو آزادی دینے کی تعریف
آسٹریلوی وزیر خارجہ ڈاکٹر ریوٹ کا بیان

پرتھ (آسٹریلیا) ۱۲ جنوری۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایچ وی ریوٹ نے برطانیہ کی اٹیلی حکومت کی اس پالیسی کی کہ اس نے ہندوستان۔ برما اور لنکا کو آزادی دے دی۔

انہوں نے کہا کہ حکومت برطانیہ کا یہ بہت ہی اہم فیصلہ ہے اور اس نے جنوبی مشرقی ایشیا کے نقطہ نظر کو بدل دیا۔ ان تینوں ملکوں کے متعلق آسٹریلیا کی پالیسی کا نقطہ نظر وہی ہے جو برطانیہ کا ہے۔ ان تینوں ملکوں کے لیڈروں میں ہمارے بہت سے اچھے دوست ہیں۔ ان دوستانہ تعلقات کو زیادہ مستحکم کرنے کی ضرورت ہے۔ تاکہ جنوب مشرقی ایشیا کو کسی جارحانہ حملے سے پورے طور پر محفوظ کیا جاسکے۔

انڈونیشیا کے متعلق برطانیہ اور آسٹریلیا کے خیالات میں زیادہ فرق نہیں۔ گذشتہ موسم خزاں میں لندن میں جو وزیر اعظموں کی اہم کانفرنس ہوئی تھی۔ اس کے ایک بہت ہی اہم فیصلہ کا ابھی تک اعلان نہیں کیا گیا ہے لیکن تو قع ہے کہ جلد ہی اس کا اعلان کر دیا جائے گا۔

آگے چل کر انہوں نے کہا کہ یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ آسٹریلیا برطانیہ سے تعلقات کو کوئی اہمیت نہیں دیتا ۱۹۴۹ء میں وزیر اعظم مسٹر چفلی لندن گئے تھے تاکہ برطانیہ سے زیادہ قریبی دوستانہ تعلقات قائم کریں اور ایک امپیریل سیکرٹریٹ قائم کریں لیکن صرف نیوزی لینڈ کی طرف سے ان کی ان کوششوں کی حمایت کی گئی۔

اکتوبر میں لندن میں وزیر اعظموں کی کانفرنس میں کیا ہوا کیا۔ اور آسٹریلیا نے ایک گھنٹے کے اندر کانفرنس کے فیصلوں کو تسلیم کر لیا۔ لیکن دوسری حکومتوں کی طرف سے ان کے اندرونی جھگڑوں کی وجہ سے تاخیر ہوئی۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ برطانوی دولت مشترکہ سے لفظ برطانوی اڑا دینے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا اور لفظ برطانوی کا کسی وجہ کی بنا پر استعمال ضروری ہے۔ لفظ برطانوی کے یہ معنی نہیں ہیں کہ دولت مشترکہ میں شامل ہونے والی قوم برطانوی ہے۔ اس کے صرف اتنے معنی ہیں کہ برطانیہ ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور آسٹریلیا بادشاہ سے بہت قریبی تعلق رکھتا ہے۔

اگر برطانوی کا لفظ اڑا دیا جائے تو پھر قوموں کے اس مجموعہ کو کیا کہا جائے گا؟ اگر صرف دولت مشترکہ کہا جائے تو اس کے علاوہ دوسرے ایسے گروپ بھی ہیں جن کو دولت مشترکہ کہا جاتا ہے مثلاً آسٹریلوی دولت مشترکہ وغیرہ۔

مسٹر ایٹلی کے خیال میں وزیر اعظموں کی کانفرنس دولت مشترکہ کی تاریخ میں سب سے زیادہ اہم تھی۔ اس کانفرنس میں بہت سے دنیا کے مسائل زیر غور آئے کے بعض ایسے بھی ہیں جن کو فی الوقت ظاہر نہیں کیا جا سکتا ہے۔ تمام ممبر قومیں تاج کے نئے دور کے ایک دوسرے سے منسلک ہیں لیکن تاج کے بجائے بادشاہ کا لفظ پسند کرتا ہوں۔

لاہور میں عید میلاد النبی پر حادثہ

لاہور ۱۳ جنوری۔ کل عید میلاد النبی کی تقریب کے موقع پر مغربی پنجاب کے وزیر اعظم خان افتخار حسین ممدوٹ نے بادشاہی مسجد پر سلامی لی جب وہ جلوس دہلی دروازہ سے گزر رہا تھا تو ایک حادثہ پیش آیا جس میں ۸ آدمی زخمی ہوئے۔ واقعہ اس طرح پیش آیا کہ دہلی دروازہ کے نزدیک کچھ بچے ایک برآمدہ میں آگئے تو وہ ان کے بوجھ سے بیٹھ گیا اور بچوں کے چوٹیں آئیں جن کو فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

کل تمام بینکوں اور تمام دفاتر میں چھٹی تھی اور عید میلاد النبی کی تقریب بڑے اہتمام سے منائی گئی۔

ہندوستان اسکاؤٹس کا ہفتہ

دہلی کے ہندوستان اسکاؤٹس کی طرف سے عوام میں شہریت کی سمجھ پیدا کرنے کے لئے ایک خصوصی ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ یہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔ مسٹر این وی گاڈگل اس کا افتتاح کریں گے۔ قرول باغ میں وہ ایک نمائش کا افتتاح بھی کریں گے۔ ہفتہ کو اسکاؤٹ شہر کی سڑکوں پر گشت کریں گے۔ اور یاتریوں کے بیراں کے صدر بازار میں ایک جلسہ ہوگا جس میں مسٹر دیا رام تقریر کریں گے اس ہفتہ کے دوران کا صحت اور گرینگ کے اصولوں کا مظاہرہ بھی کریں گے۔

دہلی کے باشندوں کی صحت پر رپورٹ

سردی کی کمی، تپ دق سے اموات کی بڑھتی ہوئی شرح اور ہیضے سے کثیر تعداد میں اموات ہوا اس رپورٹ کے چند خاص امور میں جو صوبہ دہلی کی صحت کے بارے میں شائع ہوئی ہے دہلی کے باشندوں کی صحت کے بارے میں جو تازہ ترین رپورٹ شائع ہوئی ہے وہ ۱۹۴۸ء کی ہے۔

وندھیا پردیش کانگریس کا مسئلہ
ڈاکٹر پٹابھی کے فیصلے سے اختلافات

دہلی ۱۳ جنوری۔ کانگریس کے نئے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کے سابق صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کے وندھیا پردیش کانگریس کے فیصلہ کو بدل دینے سے ایک نئی صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ وندھیا پردیش کے سات وزیر کل ان اس بارے میں دہلی میں بات چیت کر رہے ہیں۔ اور یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے صدر کے فیصلہ کے خلاف ورکنگ کمیٹی کو درخواست دی ہے۔ ڈاکٹر پٹابھی کے فیصلہ سے وندھیا پردیش کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کے ممبروں کی تعداد ۹ سے بڑھ کر ستر ہو گئی ہے کہا جاتا ہے کہ وزارتی پارٹی اقلیت میں ہو گئی ہے۔ وزارتی پارٹی کے جو لیڈر یہاں موجود ہیں انہوں نے ورکنگ کمیٹی سے جانبدارانہ نقطہ نظر پیش کیا۔ اور یہ درخواست کی کہ صدر کانگریس کے فیصلہ کو بدل کر سابقہ حالات کو بحال کیا جائے۔

ہندوستان چیمبر آف کامرس کانپور

کانپور (بذریعہ ڈاک) مسٹر جی ایل مہتہ وائس پریذیڈنٹ مسلم نے چیمبر آف کامرس کا ہندو کا نام تبدیل کر کے ہندوستان چیمبر آف کامرس رکھنے کی منظوری دی ہے۔ ہندوستان چیمبر آف کامرس ہے جو ہر قسم کی طرح بڑی صنعتوں اور چھوٹے بیوپاریوں کی حمایت کرتا ہے۔

پولیس نے نئی سڑک پر خفیہ اشتہارات چھاپنے والے پریس کا سراغ لگا لیا

دہلی ۱۳ جنوری۔ کچھ عرصے سے مقامی حکومت کے لئے بحث اور ... دوسری ہوئی تھی کہ روزانہ خفیہ اشتہارات شہر کے پوسٹروں کے پوسٹر کہاں سے چھپ کر شہر میں تقسیم کئے جاتے ہیں اور جہاں بھیجے جاتے ہیں۔ ہفتہ کو گذشتہ رات دہلی سی آئی ڈی نے بیعہ عمل کرایا اور نئی سڑک پر ایک ایسے پریس کا پتہ لگایا جہاں یہ چھپتے تھے۔

سی آئی ڈی کے انسپکٹر جنرل کرتار سنگھ اور شاکر ان دا میں چین نے نئی سڑک پر واقع جنرل جائیس ہال میں اس وقت چھاپا مارا کہ جس وقت بتایا جاتا ہے کہ درحقیقت کرتار سنگھ سے اشتہارات چھپ رہے تھے جس وقت ایک اور الگ الگ ہی پر لیس میں کام کر رہے تھے جب وہ ان کو حکومت نے سلیا گیا۔

پوسٹر جو کہ اس وقت چھپ رہا تھا۔ وہ بلاک جس میں ایک بیا ناگا ندی کا تھا اور ایک سنگھ کا گرنتھ جن کا دوسری پوسٹر سے تعلق تھا کا غذ۔ پاسٹر اور دوسری چیزوں پر پولیس نے قبضہ کر لیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ بیانی پولیس ہی ہے ایک پولیس ہے جہاں پر اشتہار یہ سنگھ کا لٹریچر چھپتا تھا۔ گذشتہ چند ہفتوں سے بہت سی جگہوں پر تلاشیاں جاری تھیں جن کے متعلق یہ خیال ظاہر کیا گیا کہ پوسٹر اور ہینڈبل چھپتے ہیں۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ برابر مقا کو اس بات کا پہلے ہی سے علم ہو جاتا تھا کہ چھاپا مارا جانے والا ہے اور وہ تمام قابل اعتراض چیزوں کو پہلے ہی ادھر ادھر منتقل کر دیتے تھے۔

لیکن پولیس نے برابر پرائیویٹ اور خفیہ طریقوں پر نگرانی کی اور سنگھ والوں کے لئے ان جگہوں پر پوسٹر چھاپنا ناممکن بنا دیا۔ اور ان کو کھلے مارکٹ میں آنے کیلئے زیادہ سے زیادہ مجبور کر دیا۔ نئی سڑک جہاں پر کہ بہت سے چھوٹے چھوٹے پریس ہیں۔ کچھ دن سے پولیس کا نشانہ بنا ہوا تھا۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر این بھاٹیہ اور مسٹر جگنا تھ نے حال ہی میں نئی سڑک پر ایک دکان پر چھاپہ مارا ایک کاتب رائٹر پر قبضہ کیا تھا جہاں پر پوسٹر سائیکلو اسٹائل کیلئے تیار ہوتے تھے۔

کل رات پولیس کی عرصہ کی کوششیں پہلی مرتبہ بار آور ہوئیں۔ جب کہ سینکڑوں پوسٹر چھپتے ہوئے پولیس نے قبضہ میں لے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

ہندی مسلمانوں کی قسمت کشمیر سے وابستہ ہے

نئی دہلی ۱۳ جنوری۔ خواجہ محمد یعقوب خاں کرنالی نے مشرقی پنجاب کانگریس کمیٹی نے ایک بیان میں کہا کشمیر کا انتصواب ایسے ہندوستانی مسلمانوں کو ایک چیلنج ہے کہ ایک قوم میں یقین رکھتے ہیں یا دو قوموں میں۔ ہندوستانی مسلمانوں کو یقین ہے کہ کشمیری مسلمان اس بارہ میں ان کے دعووں کا ہی ساتھ دیں گے۔ ان کے فیصلے سے ہندی مسلمانوں کی قسمت وابستہ ہے۔

بڑھتے ہوئے مصارف زندگی

دہلی میں مصارف زندگی ہر لحظہ بڑھتے ہوئے اضافہ اور شیائے ضروریہ کی گرانی سے غریب کا انتظام دوبھر ہو گیا ہے۔ [illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیجئے اور فائدہ اٹھائیے

جوانی کی شرطیہ واپسی

جوش جوانی یہ اکسیر خلیق سے اترتے ہی مردہ بنادیتی ہے۔ دل۔ دماغ۔ معدہ۔ جگر کا قوت بڑھاتا ہے۔ اوکالات باہ کو قوت بخشتی ہے۔ رکاوٹ نہ ہونے کی شکایت ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتی ہے۔ چہرہ سرخ و سفید اور صحت ہر طرح سے قابل رشک ہو جاتی ہے۔ قیمت فی خوراک پانچ روپے آٹھ آنہ

شاہی گولیاں ان گولیوں کا ہر وقت استعمال حسب خواہش رکاوٹ پیدا کرکے خاص وقت پر مرد کو شرمندگی سے بچا لیتا ہے۔ دائمی استعمال سے قوت بے انتہا قوی ہو جاتی ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپیہ چھ آنہ

فولادی طلاء یہ بے نظیر طلاء ان تمام شکایات کا فوری ازالہ کرتا ہے۔ جو بچپن کی غلط کاریوں سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ رگوں اور پٹھوں کی کمزوری سستی لاغر پنا اور ٹیڑھا پن کو دور کرتا ہے۔ بالکل بے ضرر ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپیہ

کیفی یہ ملذذ دوا کیا ہے۔ محبت کا لا علاج ہے۔ اس کے استعمال سے بے انتہا لطف و سرور حاصل ہوتا ہے۔ عورت شوہر کی گرویدہ ہو جاتی ہے۔ قیمت فی شیشی [illegible]

ایک ساتھ چاروں دوائیں منگانے پر محصول ڈاک معاف

نوجیون فارمیسی نگینہ ضلع بجنور یوپی

یہ دور آ رہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دور سے پرکھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں کیا کریں؟ سب کچھ ختم ہو جائیگا؟ شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔ جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہو جئے۔ مستقبل روشن ہے

اس آزادی کی کہانیوں تک پہنچئے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھئے علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ۔ علماء حق حصہ دوم قیمت سات روپیہ آٹھ آنہ مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق قیمت ۸ آنہ

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور ہونا چاہئے

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

گھر کا گھر خوش

اس سے بڑھ کر اور کیا خوش نصیبی ہوگی کہ گھر بھر بھی بہت سے ایسے لوگ ہیں جو نا واقفیت کی وجہ سے یا کسی کے کہنے میں آکر غلط علاج کر بیٹھتے ہیں اور اس خوش نصیبی سے محروم رہ جاتے ہیں۔

معمولی بازاری دوائیں خریدتے ہیں پہلے اچھی طرح سوچئے کیوں کہ غلط، کمزور یا زیادہ تیز دوائیں اکثر نقصان کرتی ہیں۔ ہمیشہ رنگ روپ اور دوسرے جسمانی کمزوریوں کے لئے ہمدرد کی بنائی ہوئی معجون شباب آور خریدئیے۔ یہ کمال نحفہ دواؤں سے اپنے بے نظیر ہونے کو کئی طرح دکھلا چکا ہے۔ جاڑے کا موسم معجون شباب آور کے استعمال کے لئے بہت موزوں ہے آپ بھی اپنے کمزوری اور پٹھوں کی کمزوری کو دور کرنے کے لئے شروع کر دیجئے۔ قیمت فی ڈبہ پانچ روپے

ہمدرد کا مشہور رسالہ ہمدرد صحت ہر مہینے اور رسالہ ہمدرد نونہال۔ ہمدرد کے ایجنٹوں سے مفت طلب کیجئے

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی



ہمدرد

اشتہار نیلام

نیشنل اوکشن مارٹ بڑا بازار کشمیری گیٹ میں ہر ہفتہ کو نیلام ہوا کرتا ہے جس میں ہر قسم کا اعلیٰ فرنیچر ریڈیو قالین ریڈیو سائیکلیں کپڑے جوتے مشینیں وغیرہ مختلف قسم کا ہر قسم کا سامان فروخت ہوتا ہے۔ اپنا فالتو سامان ہمیں فروخت کر کے بہتر قیمت پر فروخت کرنا چاہیں ہماری خدمات حاصل کریں۔

بوٹ پالش بنانے کے راز

مصنفہ۔ ہندوستان کے مشہور ... جناب ایف ایس ایم ایس سی ڈاکٹر پروفیسر انڈسٹریل کیمسٹری

ہر قسم کے بوٹ پالش، بوٹ کریم، اسپیل پالش کیوب پالش اور چمڑے کے ہر قسم کے پالش بنانے کے آزمودہ نسخے کم خرچ آسان ترکیب اور طریقے قیمت ایک روپیہ۔ فنائل سازی ہر قسم کی فنائل اور کریسول بنانے کے آسان طریقے اور دوائیں تیار کرنے کے اصل رازاور فارمولے قیمت دو روپیہ

کمرشل سنڈیکیٹ ۵ قطب روڈ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ
یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
فون نمبر:

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۱۶ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲/۱ ۲ آنہ

اخبارات عوام کی ملکیت ہوں
مسٹر گیڈگل کی تقریر

سانگلی ۱۵ جنوری۔ مسٹر گیڈگل نے آج مرہٹی جرنلسٹس کانفرنس کے جلسے میں تقریر کرتے ہوئے تجویز کیا کہ اخبارات کو مالکوں کے اثر سے علیحدہ کر کے عوام کی ملکیت میں دے دیا جائے۔ انھوں نے اپنی اس تجویز کی تشریح کرتے ہوئے کہا اس کا یہ مطلب نہیں کہ اخبارات پر حکومت ہند کا کوئی خاص حکم کنٹرول ہو۔ اخبارات کے فرائض کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا ان کا فرض ہے کہ وہ عوام کی ذہنی تربیت کریں۔ (اے پ)

دہلی میں سیرت کانفرنس

دہلی ۱۵ جنوری۔ کل نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد میں سیرت کانفرنس شروع ہوگئی آج اس کی ایک نشست ہوئی حضرت شیخ الاسلام، مولانا حفظ الرحمن صاحب اور دیگر اکابر ملت کی تقریریں ہوئیں۔ تقریروں کی مفصل رپورٹ آئندہ اشاعت میں ملاحظہ فرمایئے۔

ہندوستان کے دشمن ملان کی حکومت میں ہندوستانیوں پر لرزہ خیز مظالم اور قتل عام

افریقیوں نے ہندوستانی دوکانوں اور بازاروں کو جلا ڈالا
تمام ہسپتال زخمی ہندوستانیوں سے بھرے پڑے ہیں

(الانڈ اسپیشل سروس)

ڈربن ۱۵ جنوری۔ جنوبی افریقہ کے سخت ترین نسلی فسادات میں [illegible]

مصریوں اور یہودیوں کا سمجھوتہ

[illegible]

گڑبڑ کی ابتدا

[illegible]

فلسطین پر مسٹر بیون کا بیان

لندن ۱۵ جنوری۔ توقع ہے کہ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون کابینہ کے سامنے پیر کے دن فلسطین پر [illegible]

سعودی عرب کا نمائندہ دہلی میں

نئی دہلی ۱۵ جنوری۔ سعودی عرب کے بادشاہ سلطان ابن سعود کے منیر [illegible] انڈونیشیا کے سلسلہ میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں شرکت کے لئے [illegible]

بھوپال کے ڈائرکٹر زراعت

[illegible]

دہلی ٹراموے سروس میں مکمل ہڑتال

[illegible]

آج مسلمانان ہند کی حب الوطنی اور جذبہ ملی کا امتحان ہے
جائدادوں کی فروخت یا تبادلہ ہندوستانی مسلمانوں کیلئے تقسیم سے زیادہ مہلک ہوگا
ہند اور پاکستان کے معاہدہ پر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کا بیان

دہلی ۱۵ جنوری۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت اخبارات کو دیا ہے: ہند اور پاکستان کے درمیان پناہ گزینوں کی جائدادوں کے متعلق سمجھوتہ ہو گیا ہے [illegible]

کشمیر پر ہند اور پاکستان کانفرنس

[illegible]

سویکارنو نے تمام انڈونیشی ڈپلومیٹوں کو طلب کر لیا
ایشیائی کانفرنس میں پیش کرنے کے لئے میمورنڈم تیار کیا جائیگا

[illegible]

ہند چینی کے فرانسیسی ہائی کمشنر کا بیان

[illegible]

انڈونیشیا کو سنہ ۱۹۵۰ء میں اختیارات منتقل کر دیئے جائیں گے
مجلس تحفظ میں ڈچ نمائندہ کا اعلان

[illegible]

ایران اور افغانستان کا جھگڑا

[illegible]

جمہوری فوجیں گوریلا جنگ جاری رکھیں گی
انڈونیشیا کے جمہوری لیڈر کا اعلان

[illegible]

ترکی کابینہ مستعفی ہوگئی

[illegible]

جنرل کیری آپا نے کمانڈر انچیف کا عہدہ سنبھال لیا

[illegible]

ظفر اللہ خاں لاہور آرہے ہیں

[illegible]

انڈونیشیا میں گوریلا فوجوں کی سرگرمیاں

[illegible]

بڑی طاقتیں چین میں مداخلت نہیں کریں گی

لندن ۱۵ جنوری۔ [illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خاں کا ہوٹل
طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی
۱۰۹۰

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

آخر حکومت برما نے کرین باشندوں کے جداگانہ ریاست کے مطالبہ کو تسلیم کرلیا
جنوری کے آخر میں سرحدوں کے بارے میں کانفرنس ہوگی
وزیر اعظم تھاکن نو کے رنگون پہنچنے پر اہم اعلان کی توقع

[illegible]

جائداد کے تبادلوں کا سمجھوتہ
(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

چین کی لڑائی
(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

پل کی تباہی

[illegible]

پتنگ پر گولہ باری

[illegible]

آنریبل این وی گیڈگل خطاب کریں گے

[illegible]

ہندی وفد کا اظہار اطمینان
(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

مصالحت کی گفت گو
(صفحہ اول کالم ۶ سے آگے)

[illegible]

فرانس اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس
دنیا کی سیاست اور باہمی اشتراک پر غور و خوض

لندن ۱۴ جنوری۔ فرانس کے وزیر خارجہ مسٹر شومان نے مسٹر بیون سے ملاقات کی [illegible]

ٹونڈلہ کے متعلق
مولانا قاسمی کی رپورٹ

[illegible]

دیوبند میں لائبریری کا سنگ بنیاد

[illegible]

ہند اینگلو امریکن سازشوں میں الجھ گیا ہے
روسی اخبار نیو ٹائمز کا تبصرہ

ماسکو ۱۴ جنوری۔ روس کے اخبار "نیو ٹائمز" نے [illegible]

"کانگریس کی قیادت کے ماتحت ہند اینگلو امریکن بلاک کی سازشوں میں زیادہ سے زیادہ الجھ گیا ہے۔"

[illegible]

تعلیمی مرکز جامعہ احاطہ کالے میں سیرت النبی کے سلسلہ میں جلسہ

[illegible]

مشاعرہ

[illegible]

ادبی دنیا کا نمائندہ —— روحانی حلقوں کا سفیر
ماہنامہ "پروانہ" دہلی

آرٹ پیپر پر دلکش سہ رنگے ٹائیٹل کے ساتھ ۹۶ صفحات کی رنگین تصاویر۔ ضخامت ۹۶ صفحات
قیمت فی پرچہ آٹھ آنے

ملک کے مشاہیر ادبا و شعرا کی دماغی کاوشوں اور علمی مضامین و خبروں کا یہ دلچسپ و دل آویز مجموعہ ہر ماہ کی پندرہ تاریخ کو ٹھیک وقت پر شائع ہوتا ہے۔ ادارت کے مستقل عنوانات میں سے ایک ہی عنوان آپ کو پورا پرچہ پڑھنے پر مجبور کر دیگا۔

خاص رعایت:۔ پروانہ کا سالانہ چندہ پانچ روپیہ ہے لیکن جو حضرات ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء تک مبلغ تین روپیہ ذریعہ منی آرڈر دفتر کو ارسال فرما دیں گے انکے نام ایکسال کیلئے پروانہ جاری کر دیا جائے گا وی پی اس رعایت میں نہ بھیجا جائیگا شعراء اور ادیب صاحبان خاص طور پر توجہ فرما کر رسالہ کو فروغ دیں۔

منیجر ماہنامہ "پروانہ" لال کنواں دہلی

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)
تین ہزار روپیہ کے انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۱۸ فروری سنہ ۱۹۴۹ء

پہلا انعام — صحیح حل پر دو ہزار روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) ساڑھے پانچ سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) ساڑھے تین سو روپیہ
چوتھا انعام — سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو سو روپیہ

[illegible]

فیس داخلہ [illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۳ (لمیٹڈ) جی ٹی روڈ لاہور



روزانہ دو شو ۶ بجے شام ۹ بجے
اتوار کو خاص شو
شاندار تبدیلی پروگرام
ہندوستان کا مشہور و معروف
وائٹ وے سرکس
بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ
BESTANSKU
[illegible]
دیوان کے این نندا منیجر

عورت کا
لیکوریا (سیلان الرحم)
[illegible]
منیجر برل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ
[illegible] دہلی

خضاب جرمنی سراج
سفید بالوں کو چند منٹ میں سیاہ اور پائدار کرنے والا ہر جگہ ملتا ہے۔
[illegible]
تاج ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار
تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

لڑتے کیوں ہو؟
دوکاندار کو آہستہ سمجھاؤ کہ
اصلی ستارہ چھاپ بیڑی دینا
مسرز کالے خان ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

عدم تشدد کا راستہ امن کی طرف لے جاتا ہے

کلکتہ میں پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

کلکتہ ۱۵ جنوری۔ آج کلکتہ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے مہابودھی سوسائٹی کے صدر ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی کو [illegible] کی متبرک آخری نشانیاں پیش کیں۔ آپ نے اس موقع پر ایک تقریر میں کہا کہ مہاتما بدھ نے آج سے ڈھائی ہزار برس قبل جو پیغام دیا تھا اس پر عمل کرنے سے ہندوستان اپنے مسائل حل کر سکتا ہے اور دنیا میں امن کے لئے کوشش کر سکتا ہے۔ مہاتما گاندھی نے بھی اپنی تعلیم اور عمل کو زندہ کیا

آج صبح کی کارروائی سے [illegible] یادگار ہو گئی [illegible] جواہر لعل کو یہ نشانیاں دے دی گئیں۔ کلکتہ سے بنگال کے وزیر اعظم ڈاکٹر بدھان چندر رائے نے غیر ممالک سے آنے والے ڈیلیگیٹوں کا استقبال کیا۔ بنگال کے گورنر ڈاکٹر کاٹجو نے اپنی تقریر میں بدھ زمانے میں ہند کے عروج کا ذکر کیا۔ پنڈت نہرو نے بتایا کہ آج سے ایک سو برس پیشتر یہ متبرک نشانیاں ہندوستان سے لندن پہونچائی گئی تھیں اور وہاں عجائب گھر میں رکھی گئی تھیں [illegible]

مہاتما بدھ اور مہاتما گاندھی کی تعلیم ایک ہی ہے کہ نفرت اور خوف کو خیرباد کہہ دو۔ ہندوستان کی عظمت اس کے قدیم تمدن اور روایات میں ہے بدقسمتی سے ہند اپنی پرانی عظمت اور راہ کو بھول گیا ہے۔ اب جبکہ ہند آزاد ہو چکا ہے ایک بار پھر ہند اپنی پرانی عظمت حاصل کرے گا۔ یہ متبرک نشانیاں ریاست بھوپال کے مقام سانچی میں پہونچائی جائیں گی اور وہیں ان کی سمادھ بنائی جائے گی۔

ڈاکٹر مکرجی نے پنڈت نہرو سے متبرک نشانیاں حاصل کرتے ہوئے کہا کہ آج کا روز ہند کے شاندار تمدن کی نئی زندگی اور دور کا آغاز ہے۔

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے کل سہ پہر کو کلکتہ کارپوریشن کے سبزہ زار میں مہاتما گاندھی کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے کہا کہ اگر گاندھی جی ہماری رہنمائی کرنے کے لئے ہمارے ساتھ نہ ہوتے تو نہ جانے ہندوستان کا کیا حشر ہوتا۔ اس موقع پر گاندھی جی کی قد آدم تصویر رکھی تھی۔ شانتی نکیتن کی لڑکیوں نے ویدک منتر پڑھے اور پوجا کی اور انجمنوں اور غیر ملکی قونصل خانوں کی طرف سے پھول پیش کئے گئے۔

لکھنؤ میں مدح صحابہ

۳۵۰ گرفتاریاں

لکھنؤ ۱۴ جنوری۔ کل یوم بارہ وفات کے موقع پر مدح صحابہ پڑھتے ہوئے ساڑھے تین سو سنی مسلمانوں کو شہر کے مختلف حصوں سے دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ تقریباً ڈیڑھ سو اشخاص پر مقدمہ چلایا گیا اور باقیوں کو جن میں اکثر کم سن بچے تھے۔ غیر مشروط طور پر چھوڑ دیا گیا۔ گرفتار شدگان کو [illegible] کے الزام میں دو دو روپے سے دس روپے تک جرمانہ کیا گیا۔ پچاس اشخاص کو کرفیو کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں شام تک حراست میں رکھا گیا اس کے علاوہ شہر میں کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا۔

پرواز کا نیا ریکارڈ

سان فرانسسکو ۱۵ جنوری۔ کیپٹن بل اودم نے پرواز کا ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ انہوں نے ہنولولو سے ۲۴۰۰ میل کا فاصلہ ۱۳ گھنٹہ ۵۵ منٹ میں ہوائی جہاز کے ذریعہ طے کیا۔ اتنے کم وقت میں اتنا فاصلہ اب تک کسی نے طے نہیں کیا تھا۔

صدر امریکہ کی تنخواہ میں اضافہ

واشنگٹن ۱۵ جنوری۔ امریکن سینٹ نے کل ایک بل منظور کر دیا جس کی رو سے صدر امریکہ کی تنخواہ میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اب ان کو ایک لاکھ ڈالر سالانہ تنخواہ ملے گی اور ۵۰ ہزار ڈالر سالانہ مصارف کا الاؤنس ملے گا۔

ہند و امریکہ کو دنیا میں فیصلہ کن پوزیشن حاصل ہے

امریکی سفیر مسٹر ہنڈرسن کی تقریر

کلکتہ ۱۵ جنوری۔ امریکی سفیر متعین ہند مسٹر لائے ہنڈرسن نے آج سہ پہر کو کلکتہ روٹری کلب کے ایک جلسے میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہماری خارجی پالیسی کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ دنیا کا امن قائم رکھنے میں دوسرے ملکوں کے ساتھ ان اصولوں کی بنا پر تعاون کریں۔ جو بنی نوع انسان کی پر امن ترقی کیلئے ضروری ہیں۔ مسٹر ہنڈرسن نے اس الزام کی تردید کی کہ امریکہ طاقتوں کے کسی گروپ میں شامل ہے۔ آپ نے کہا کہ امریکہ ہر ملک کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتا ہے۔ جو ان عظیم بین الاقوامی اصولوں کی بنا پر اس کے ساتھ تعاون کرنے کو تیار ہو۔

مسٹر ہنڈرسن نے امریکی خارجی پالیسی کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اقوام متحدہ کے اندر رہتے ہوئے اس کے مختلف ممبروں کو اپنی آزادی اور خود مختاری [illegible] طریقہ پر کامل خود مختاری کے درجے تک پہونچانے کیلئے تیار ہونے میں مدد دے گا۔ امریکہ جنگ زدہ ملکوں کو مالی و اقتصادی اور ٹیکنیکل امداد دے کر عالمگیر خوش حالی کی بحالی کے لئے بھی کوشش کر رہا ہے مسٹر ہنڈرسن نے اس یقین کا اظہار کیا کہ امریکہ کی خارجی پالیسی ہندوستان کی خارجی پالیسی کے متوازی ہے۔ اگرچہ دونوں ملکوں میں وقتاً فوقتاً اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں

انہوں نے واضح کر دیا کہ ہندوستان اور امریکہ میں دوستی کے رشتوں کو مضبوط کرنے کا مطلب نہیں ہے کہ دوسرے ملکوں کے ساتھ ان کے تعلقات مضبوط نہیں ہوں گے [illegible] امریکی سفیر نے کہا ہندوستان کو اس وقت ایشیا میں جو پوزیشن حاصل ہو گئی ہے اس کی وہ حصول خود مختاری کے بعد اس قدر جلد توقع نہیں کر سکتا تھا۔ اس پوزیشن کے پیش نظر ہندوستان کی خارجہ پالیسی دنیا کے مستقبل کا فیصلہ کرنے میں ایک اہم عنصر ہوگی۔ کہ زیادہ دوستانہ قوموں کی دنیا ہوگی یا باہم دشمن قوموں کی دنیا امریکہ کو بھی اس وقت مغربی دنیا میں ایک خاص پوزیشن حاصل ہے۔ اس کی پالیسی کا بھی مغربی دنیا کے مستقبل پر فیصلہ کن اثر پڑے گا۔

بریلی کے حادثہ کے بارے میں

حکومت بھوپال کا وضاحتی کمیونک

بھوپال (بذریعہ ڈاک) گورنمنٹ کے علم میں آیا ہے کہ بعض اشخاص بریلی کے حالیہ واقعات کی بابت ہر قسم کی غلط اور بے بنیاد افواہیں پھیلا رہے ہیں اور ان سے عوام کے ایک طبقہ کو دوسرے طبقہ کے خلاف نیز گورنمنٹ کی موجودہ مشینری کو صدمہ پہونچانے میں کوشاں ہیں۔ گورنمنٹ فرض سمجھتی ہے کہ حالات کا صحیح نقشہ عوام کی آگاہی کیلئے پیش کرے تاکہ عوام گمراہی کا شکار نہ ہو سکیں۔

آر۔ ایس۔ ایس کے کارکنوں کے غیر قانونی رویہ اور امن عامہ کو برقرار رکھنے کی خاطر بریلی میں جلسہ و جلوس پر [illegible] سیوک سنگھ کے کارکنوں نے پابندی مذکور کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا اور اسی سلسلہ میں ۴۰۔۵۰ ہزار افراد پر مشتمل ایک جلوس منعقد کیا گیا۔ پولیس اور دیگر حکام کی فہمائش کے باوجود کہ جلسہ یا جلوس حکم نافذہ کے تحت ممنوع ہے۔ آر۔ ایس۔ ایس کارکنوں اور والنٹیروں نے جو سنگھ کی وردیاں زیب تن کئے ہوئے تھے اور آہنی لاٹھیوں (لوہانگیوں) سے مسلح تھے پولیس کو چیلنج دیا اور حکم ممنوعہ کی خلاف ورزی کا اعلان کیا جس پر مجبوراً پولیس کو لاٹھی چارج کرنا پڑا جس کے نتیجہ میں سب انسپکٹر اور چار پولیس کانسٹیبلوں کے شدید چوٹ آئی اور [illegible] منتشر کر دیا گیا۔

آر۔ ایس۔ ایس کے والنٹیروں نے واپس گاؤں جاتے ہوئے نفرت انگیز نعرے لگائے اور اپنے مخالف فرقے کے چند آدمیوں پر حملہ کیا۔ پولیس کو اس واقعہ کے بعد دو فوت شدہ افراد کی لاشیں پیش کی گئیں جن کی بابت تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ ایک کی موت، سنگھ کے آپس کے جھگڑے میں [illegible] افراد کی دشمنی کی وجہ سے واقع ہوئی اور دوسرا اپنی طبعی موت علالت اور کمزوری کی وجہ سے جاں بحق ہوا اور جس کے جسم پر لڑائی کا کوئی نشان نہیں پایا گیا

سنگھی کارکنان نے اپنے پروپیگنڈے میں ریاست میں بے تحاشہ فائرنگ کا بھی چرچا کیا ہے۔ گورنمنٹ اس بے بنیاد پروپیگنڈے کی مذمت کرتی ہے اور تردید [illegible]

[illegible]

پٹیالہ یونین کی وزارت بننے لگی

چار دو دو کا نیا فارمولا

پٹیالہ ۱۴ جنوری (بذریعہ ڈاک) پٹیالہ یونین میں پاپولر منسٹری کے [illegible] کوششیں شروع ہو گئی ہیں۔ معلوم ہوا [illegible]

کشمیر میں جنگ بند ہونے پر مجلس تحفظ میں اظہار مسرت

اراکین مجلس کی ہند اور پاکستان کے نمائندوں کو مبارکباد

لیک سکسیس ۱۴ جنوری۔ کل حفاظتی کونسل کے اجلاس میں تعریفی کلمات کی بارش کی گئی۔ جب کونسل کو کشمیر کے سمجھوتہ کے بارے میں سرکاری طور پر مطلع کیا گیا۔ ہند اور پاکستان کے نمائندوں کی جی کھول کر تعریف کی گئی۔ اور ہر طرف سے مبارکباد دی جانے لگی۔ ہندوستانی سفیر سر بینیگل راما راؤ اور پاکستان کے قونصل جنرل مقیم نیویارک برابر بیٹھے تھے وہ بیٹھے ہوئے ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرائے۔ اور اپنی حکومتوں کے حق میں نمائندوں کی تعریف و ستائش کا لطف اٹھاتے رہے۔ صدر کونسل جنرل میک کائن (کینیڈا) نے کشمیر کے سمجھوتے کو اقوام متحدہ کی تاریخ میں بہترین اور سب سے زیادہ حوصلہ افزا قرار دیا۔

سب سے پہلے ایم جوزف کوربل (چیکوسلاواکیا) نے جو کشمیر کمیشن کے صدر ہیں سمجھوتے کی تفصیلات بیان کیں۔

مسٹر کوربل نے بتایا کہ ان کی تجاویز خاص طور پر یہ ہیں کہ ریاست کشمیر کے الحاق کے سوال کا آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے سے فیصلہ کیا جائیگا۔ اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل کمیشن کے اتفاق رائے سے استصواب رائے کا ایک ناظم مقرر کریں گے۔ جو اعلیٰ بین الاقوامی شہرت رکھنے والا شخص ہوگا اور اسے آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے لئے کشمیر گورنمنٹ سے ضروری اختیارات ملیں گے تمام انسانی اور سیاسی طریقے بحال کئے جائیں گے۔ اور ہند اور پاکستان کے مقرر کردہ کمشنروں کی نگرانی میں تمام پناہ گزین واپس آئیں گے۔ فوجوں کی ترتیب کا مسئلہ ناظم اور کمیشن دونوں حکومتوں کے مشورہ سے طے کریگا۔ علاوہ ازاں ناظم کمیشن کو استصواب رائے کے نتیجے سے مطلع کریگا جو اس سوال کا فیصلہ کریگا کہ آیا استصواب رائے آزادانہ اور غیر جانبدارانہ ہوا ہے۔

سر بینیگل راما راؤ نے حکومت ہند کی کوششوں کی "فراخدلانہ تعریف" کی قدر کی۔ اور کمیشن کے ممبروں کو ادا کئے جانے والے خراج تحسین سے اپنی وابستگی کا اعلان کیا۔

کشمیر کے مسئلہ پر صبر و استقلال سے کام لینے پر کونسل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستانی قونصل جنرل مقیم نیویارک مسٹر ایم شفیع نے کہا کہ میرا یقین ہے کہ کمیشن کے کام کی اہمیت کے بارے میں کوئی مبالغہ نہیں کیا جا سکتا۔

برطانوی ڈیلیگیٹ سر الیگزنڈر کیڈوگن نے کہا کہ اہم مسئلہ میں سمجھوتہ پر پہنچنے کیلئے دونوں طرف سے بہترین تدبر کی ضرورت ہوئی ہے۔ اور دونوں حکومتوں نے دنیا کے امن اور استحکام کے کاز کی زبردست امداد کی ہے۔

چینی ڈیلیگیٹ ڈاکٹر [illegible] نے کہا کہ انہیں اس جھگڑے کے کامیاب تصفیہ کے بارے میں کبھی شبہ نہیں ہوا۔ امریکی ڈیلیگیٹ ڈاکٹر فلپ جیسپ نے کہا کہ ان کی حکومت کی رائے میں ہند اور پاکستان نے نہ صرف اس کونسل کی نظروں میں بلکہ اقوام متحدہ کے تمام ممبر ملکوں کی نظروں میں باعزت درجہ حاصل کر لیا ہے۔ فرانس کے نمائندے [illegible] نے کہا کہ میری حکومت نے کشمیر کے جھگڑے کا پر امن حل سے متعلق کبھی امید ترک نہیں کی۔

مصر کے نمائندے محمود [illegible] بے نے کہا کہ دونوں حکومتوں کے رویہ سے اقوام متحدہ کے نظام کی بنیادی مضبوطی کا [illegible] ہیں

پٹنہ کے طالب علموں نے امتحانات کا بائیکاٹ کر دیا

بھوک ہڑتالیوں کی تعداد بارہ تک پہنچ گئی

پٹنہ ۱۴ جنوری۔ آج دس بجے صبح سے جو یونیورسٹی امتحانات ہونے والے تھے طلبا نے ان کا بائیکاٹ کر دیا۔ کیونکہ طلبا نہیں آئے اس لئے حکام نے مجبور ہو کر ساڑھے دس بجے امتحانات کے کمروں کے دروازوں کو مقفل کر دیا۔

طلبا کی ہڑتال مکمل ہے۔ پٹنہ کالج، سائنس کالج اور بہار نیشنل کالج پر اور امتحان گاہ کے ہال کے دروازہ پر پکٹنگ بھی کی گئی۔ پٹنہ کالج کے تین طلبا پکٹنگ کرنے والوں پر سے گذر کر کالج میں داخل ہو گئے لیکن امتحان کے کمرے کے سامنے پکٹنگ ہونے سے انہیں واپس آنا پڑا۔

ایک اور اطلاع مظہر ہے کہ امتحان کے خلاف احتجاج کا اظہار کرنے کے لئے مزید تین کالجوں کے طلباء نے بھوک ہڑتال کر دی ہے اب بھوک ہڑتالیوں کی تعداد بارہ ہو گئی ہے طلباء کی پکٹنگ ابھی جاری ہے

بہار کے وزیر اعظم سری کرشن سنہا نے ایک بیان میں طلباء سے اپیل کی ہے کہ وہ تمام امتحانات میں شامل ہوں انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ طالب علموں کا رویہ غیر مناسب ہے اور ملک اور خود ان کے لئے ضرر رساں ہے۔

جرمن کمیونسٹ لیڈر کے نام سمن

ڈسل ڈارف ۱۴ جنوری۔ [illegible] جرمنی کا برطانوی علاقہ کے کمیونسٹ لیڈر میکس ریمین کے نام برطانوی فوجی حکومت نے سمن جاری کر دیئے ہیں۔ آپ انکے خلاف عدالت کے سامنے پیش ہوں گے۔ جہاں پر چلائے جانے والے مقدمہ کی سرسری سماعت ہوگی۔ آپ نے ۲ جنوری کو [illegible] میں کمیونسٹ ریلی میں [illegible] فوجی نظام کے خلاف تقریر کی تھی۔ (رکھوب)

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے
چشمے تیار ہوتے ہیں
یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران نزد
ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

معاہدہ برسلز کے ممالک کی خفیہ بات چیت

برسلز ۱۴ جنوری۔ معاہدہ برسلز کے پانچوں ممالک برطانیہ، فرانس، بلجیم، ہالینڈ اور لکسمبرگ کے وزراء خارجہ کی ایک میٹنگ آج یہاں شروع ہوگی جس میں امریکن اور کناڈین نمائندوں سے خفیہ گفت و شنید ہوگی۔

[illegible] کے خلاف مقدمہ کی سماعت کمشنر کے گواہوں کی شہادت

[illegible]

اسرائیل و ہنگری کا تجارتی معاہدہ

لندن ۱۴ جنوری۔ بداپسٹ کی ایک اطلاع میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل اور ہنگری کے درمیان ۲۶ کروڑ روپے کے ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ (گلوب)

مسلمانوں سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا گیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے۔
یونین ہوٹل ← بلیماران دہلی
حاجی محمد یاسین اینڈ برادرز

موسم سرما میں جوانی کا لطف حاصل کرنے کے لئے "ماء اللحم" ہمدم کا تیار کردہ پیجئے۔
ہمدم دواخانہ کا "ماء اللحم" مقوی میوہ جات۔ صحت بخش غذاؤں اور قیمتی دواؤں کے جوہر سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ دل و دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ میں نئی زندگی پیدا کر کے بوڑھوں میں بھی جوانی کی امنگ اور طاقت پیدا کر دیتا ہے۔
قیمت فی بوتل پانچ روپے۔ علاوہ محصولڈاک
ہمدم دواخانہ۔ بازار لال کنواں۔ بکس نمبر [illegible] دہلی

مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کیلئے عبوری وزارت

۲۰ جنوری کو آٹھ وزیر عہدہ کا حلف اٹھائیں گے

پٹیالہ ۱۵ جنوری۔ پٹیالہ یونین کا انتظام چلانے کے لئے کل عبوری وزارت کا اعلان کیا گیا نئی وزارت میں [illegible] اشخاص ہوں گے اور ۲۰ جنوری کو اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں گے [illegible]

اس فیصلہ کے اعلان کے ساتھ ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ پٹیالہ یونین کے قیام کے بعد ہی سے واضح ہو گیا تھا کہ نمائندہ وزارت بن جائے لیکن کیونکہ یہ ممکن نہ ہو سکا اس لئے نگران حکومت قائم کر دی گئی نگران حکومت کے قیام پر اعلان کیا گیا تھا کہ نمائندہ وزارت بنتے ہی نگران حکومت ختم کر دی جائے گی۔

راج پرمکھ نے سردار پٹیل سے مشورہ کے بعد مندرجہ ذیل وزراء کو مقرر [illegible] سردار گیان سنگھ راڑے والا [illegible]

"فلمی ستاروں کے ساتھ"

بمبئی ۱۴ جنوری۔ پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ [illegible] جنوری کو ہوائی جہاز کے ذریعہ بمبئی جائیں گے جہاں وہ [illegible] کے پروگرام میں شرکت [illegible]

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ بانو دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ
مفت حاصل کرنے کیلئے آج ہی ماہنامہ بانو دہلی کے سالانہ خریدار بنئے [illegible] منیجر ماہنامہ بانو دہلی کا ہے

نوجوانوں کو صحیح مشورہ
اگر خدانخواستہ آپ کی صحت ٹھیک نہیں۔
اگر خدانخواستہ آپ کے اعضائے رئیسہ کمزور ہیں۔
اگر خدانخواستہ کمزوری باہ کے شاکی ہیں۔
تو
سب سے پہلے ان خرابیوں کو دور کیجئے۔
ورنہ
آپ کی صحت دن بدن کمزور اور آپ کی زندگی مصائب و آلام کا گھر بن جائے گی۔
کسی حکیم۔ ڈاکٹر۔ وید سے مشورہ لینے سے پہلے ہماری کتاب تحفہ جوانی ملاحظہ کیجئے۔ اور آج ہی اپنے پتے کو خوشخط تحریر کر کے کتاب مفت حاصل کریں۔
منیجر مشتاق عالم دواخانہ رجسٹرڈ نجیب آباد (یو۔پی)

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۷ جنوری ۱۹۴۹ء

چین سے سبق

ہندوستان میں جو انقلاب آیا اور ہندوستانیوں نے آزادی کی جو قیمت ادا کی اس کی یاد شاید مدتوں تازہ رہے گی، لیکن انقلاب آیا اور ختم ہوا۔ جو ہونا تھا وہ ہوا اور بہت برا ہوا، اب یہ نہیں ہو سکتا کہ ماضی کو بھول جائیں اور اس سے کوئی سبق نہ لیں۔ غلطیوں کی تلافی اسی طرح ہو سکتی ہے کہ ہم گذشتہ واقعات کے اعادہ کو ناممکن بنا دیں اور جو کچھ ہوا اسے پھر نہ ہونے دیں۔ بہت دن یاد ضرور رہتے ہیں لیکن اگر ہم انہیں اپنے لئے درس عبرت بنا لیں اور زندگی کا کوئی ایسا راستہ اختیار کر لیں جو خطرات سے محفوظ ہو تو مستقبل سے مایوسی نہیں ہوتی۔ بلکہ ہمت بڑھتی ہے اور ندامت کے ساتھ ساتھ دماغ میں دانشمندی، احتیاط اور رواداری کا فانوس روشن ہو جاتا ہے۔

ہندوستان میں مسلمان سب سے بڑی اقلیت ہیں۔ اور ان کی موثر طاقت کا تقاضہ ہے کہ وہ اپنی قدر کریں اپنی اہمیت کو محسوس کریں اور اپنی قسمتوں کو بنانے میں [illegible] یہ حقیقت مسلمانوں کے لئے قابل فخر اور تسکین بخش ہے کہ [illegible]

اپیل کی بلکہ انہیں حکومت خود اختیاری کی راہ بھی دکھا دی اور ایک آزاد مسلم گورنمنٹ کا حق تسلیم کر لیا چنانچہ ہزاروں مسلمانوں نے اس پروگرام کو لبیک کہا اور ان کی وجہ سے کمیونسٹوں کو ایسی کامیابی حاصل ہوئی جس کا چند ماہ پہلے خیال بھی نہ ہو سکتا تھا۔

یہاں چینی مسلمانوں کے طرز عمل سے بحث نہیں، اور نہ بات کا کھوج لگانا مقصود ہے کہ انہیں کن مراعات نے کمیونسٹوں کی طرف مائل کیا اور وہ کیونکر ان کی کامیابی کا ذریعہ بنے، بلکہ دکھانا صرف یہ ہے کہ سوویٹ روس کو چین میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے مسلمانوں کی طرف دیکھنا پڑا اور ان کا تعاون حاصل کر کے اسے آگے بڑھنے کی جرات ہوئی

چینی مسلمانوں کی یہ غلطی تسلیم کی جا سکتی ہے کہ انہوں نے حکومت خود اختیاری کے لالچ میں اور حقوق کے تحفظ کے خیال سے کومن ٹانگ کا ساتھ چھوڑا اور کمیونسٹوں کے ساتھ مل گئے اور سوویٹ روس کے اقدامات کو کامیاب بنایا، لیکن حقوق کی طاقت اور کلچر کی فیصلہ کن [illegible]

[illegible]

چین میں صلح

معلوم ہوا ہے کہ چین کے کمیونسٹوں نے قومی حکومت کو صلح کے شرائط سے آگاہ کر دیا ہے کہ اگر خانہ جنگی کو بند کرنا چاہتے ہیں تو ان شرائط پر دستخط [illegible]

ایشیائی بلاک!

مجوزہ ایشیائی کانفرنس کے سلسلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے اعلان کیا ہے کہ کانفرنس کا مقصد یورپ اور امریکہ کے مقابلہ میں ایشیائی بلاک کی تشکیل نہیں ہے [illegible]

اچھی باتیں!

کل نفس۔ تا۔ ترجعون (پ ۲۱)

ہر سانس لینے والے کو موت کا ذائقہ چکھنا پڑے گا اور پھر تم سب ہماری ہی جناب میں لوٹائے جاؤ گے۔

موت کا ذکر کر کے انسان کی انانیت اور اس کے غرور کو توڑا گیا ہے فرمایا کہ ہر سانس لینے والے کا سانس بند کیا جائے گا اور ہر متنفس مجبور ہے کہ موت کا ذائقہ چکھے بادشاہ و گدا، امیر و غریب، کالا اور گورا، مرد اور عورت کمزور اور طاقتور سب کے لئے قدرت نے ایک ہی دریچہ اور ایک ہی راستہ رکھا ہے۔ جیسے ہی انسان نے مراتب کا فرق پیدا کر لیا ہے مگر آنکھیں بند ہوتے ہی یہ تمام مراتب ختم ہو جائیں گے اور سبکو ایک ہی دروازہ سے گذرنا پڑیگا! فرمایا یہ نہ سمجھو کہ مرنے کے بعد تمہارا پیچھا چھوٹ جائے گا، نہیں تم تو ہماری طرف لوٹو گے اور تمہیں اپنے کردار کا حساب کتاب پیش کرنا پڑے گا، تم مسئول بنا کر دنیا میں بھیجے گئے ہو، تم ایک ذمہ دار ہستی ہو، تمہاری زندگی کا ایک مقصد ہے اور مرنے کے بعد تم سے تمہارے اعمال کا احتساب ہوگا! اگر آج دنیا اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرلے تو انسانیت کی نوے فیصدی مصیبتیں آن کی آن میں ختم ہو سکتی ہیں!

مکتوب لندن:

ڈچ سامراج کا ماضی اور حال

[illegible]

جب جاپانی سورج نصف النہار پر پہنچا، اور منطقہ حارہ کی [illegible]

[illegible]

ڈربن میں فساد

ڈربن ۱۴ جنوری۔ آج ہندوستانی حلقوں سے جو اطلاع ملی ہے کہ ڈربن کے فسادات میں بہت سے افریقی اور ہندوستانی [illegible]

بھوپال کے وزیر کے استعفے کی تردید

بھوپال ۱۵ جنوری۔ [illegible]

جنوبی برما کو فوجوں کی روانگی

رنگون ۱۴ جنوری۔ [illegible]

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

ایک معاصر کی تجویز ہے کہ اب جب کہ جنگ کشمیر ختم ہو چکی ہے ہند اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات کی استواری کے لئے نئے نئے راستے نکالے جائیں اور ایک راستہ یہ ہے کہ دونوں مملکتوں کے مابین کھیلوں کے میچ کھیلے جائیں جن میں عہدیداروں کے ساتھ ساتھ بڑے بھی حصہ لیں — بڑوں سے مراد یہ ہے کہ ہندوستان سے ایک ٹیم پنڈت نہرو لے کر جائیں اور پاکستان سے ایک ٹیم لیاقت علی خاں لے کر ہندوستان آئیں ہر دو وزیر اعظم اپنی اپنی ٹیموں کے کپتان ہوں اور دوسرے وزیر لوگ ان ٹیموں کے کھلاڑی

معاصر کی تجویز معقول معلوم ہوتی ہے کیونکہ کھیلوں سے دوستانہ اسپرٹ پیدا ہوتی ہے لیکن جس کھیل کو معاصر نے میچ کے لئے پسند کیا ہے اس سے ہم اتفاق نہیں کرتے — معاصر چاہتا ہے کہ جس طرح مشرقی اور مغربی پنجاب کی بیڈمنٹن ٹیمیں ایک دوسرے کے بلاوے پر کھیلیں [illegible] کی ٹیم بھی بیڈمنٹن ہی کی ہونی چاہئیے —

— ہمارے خیال میں جس کھیل کی ابتدا [illegible] سے ہوتی ہو اسے کھیلنا بلائی کو دعوت دینا ہے — یہ کھیل ہمارے اس مقصد کو پورا نہیں کرتا کہ مقابلہ آرائی بھی ہو جائے۔ اور ہمارے تمام اختلافی مسائل بھی باہمی طور پر حل ہو جائیں تاکہ ہم ہنسی خوشی رہ سکیں — مسئلہ کشمیر کچھ حل ہو جاتے اگلی اس کا بہت کچھ حل باقی ہے اس لئے سوچئے کہ کس کھیل کے ذریعہ ہم اسے حل کر سکتے ہیں؟

دوسرے کھیل کرکٹ۔ ہاکی۔ فٹ بال۔ والی بال [illegible]

یا والی بال کو منتخب کریں لیکن اگر آپ ہم سے پوچھیں گے تو ہم ایک دم سب کو رد کر دیں گے

— سب کھیل اول تو بدیشی ہیں اور پھر زمانہ جدید سے تعلق رکھنے والے — کہاں آج کا جدید زمانہ اور کہاں [illegible]

[illegible]

آج دنیا اسلامی اصولوں کو اسلام کے نام کے بغیر اپنا رہی ہے

سیرت رسول پاک پر حضرت مولانا حبیب الرحمن کی تقریر

دہلی ۱۴ جنوری۔ [illegible] سیرت النبی کے جلسہ میں [illegible] حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب [illegible]

[illegible]

سمجھوتہ نہیں ہو سکتا

[illegible]

سر اسٹیفورڈ کرپس کی پریس کانفرنس

۱۹۴۹ء میں برطانوی برآمد بڑھانے پر زور

لندن ۱۴ جنوری۔ [illegible]

پاکستان کیلئے برازیلی کھانڈ

[illegible]

استادوں کی ہڑتال سے ۴ لاکھ طلباء کی تعلیم بند ہوگئی

لکھنؤ کی پریس کانفرنس میں ادھیاپک منڈل کے سکریٹری کا بیان

لکھنؤ ۱۲ر جنوری۔ یوپی میں اس وقت مدرسین کی ہڑتال کے نتیجہ میں تقریباً ۴ لاکھ طلباء کی تعلیم بند ہے ۴۰ ہزار اساتذہ ہڑتال پر ہیں اور ہزاروں کی تعداد میں استعفیٰ داخل کئے جا چکے ہیں۔ سرکاری پرائمری اسکولوں کے تقریباً ۵۰۰ استعفیٰ موصول ہوئے ہیں یہ بات ایک پریس کانفرنس کے موقعہ پر ادھیاپک منڈل کے سکریٹری نے بتائی۔

انھوں نے کہا کہ رہائی کی وجہ سے ضلع فرخ آباد اور بجنور کے مدرسین ہڑتال سے واپس آرہے ہیں لیکن ان کے بجائے اناؤ اور رائے بریلی کے ضلع کے مدرسین مکمل طور پر ہڑتال میں شامل ہو چکے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تمام اضلاع میں مدرسین کے نام نوٹس دیدیا گیا ہے کہ اگر وہ ۱۰ر جنوری تک ہڑتال سے واپس [redacted] گی لیکن اس کے باوجود ہڑتال برابر جاری ہے اور مدرسین پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا ہے بتایا گیا ہے کہ جو سکول نئے کھولے گئے ہیں تاکہ ہڑتال کی وجہ سے طلباء کی تعلیم کا نقصان نہ ہو وہاں کوئی طالب علم تعلیم لینے آتا ہی نہیں ہے لکھنؤ کے نارمل اسکول کے یوپی ٹیچروں کو مدرسین کی جگہ بھیجا جارہا تھا۔ انھوں نے جانے سے انکار کردیا۔ پریس کانفرنس میں اس بات کا انکشاف کیا گیا کہ سرکاری اسکولوں کے ایک ہزار مدرسین ہڑتال میں شامل ہیں اور اگر وہ بند دایں۔ متھرا، سہارنپور، رڑکی، ہردوار، اعظم گڑھ، الموڑہ، بانوڑ، لکھیم پور [illegible] کے مدرسین بھی ہڑتال میں شامل ہیں پریس کو بتایا گیا کہ ادھیاپک منڈل اب بھی باعزت سمجھوتہ کرنے کو تیار ہے اور وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں چاہتا کہ زندگی کے لئے مناسب تنخواہ ملنا چاہئے جس سے ایک انسان رہن سہن کو قائم رکھ سکے اور جو مطالبہ منڈل کی طرف سے کیا گیا ہے وہ کم سے کم ہے لیکن اگر حکومت بدلنے کی کوشش نہ کرے تو اس میں اور بھی ترمیم ہوسکتی ہے انھوں نے بتایا کہ ان پر یہ الزام غلط ہے کہ انھوں نے اپنی حکومت کے سامنے ایسے مطالبات پیش [redacted] سے مدرسین کے مطالبات حکومت کے سامنے ہیں اور اس دوران بیسوں مرتبہ جلسوں میں تجویز پاس کی گئی حکومت سے ذاتی وسطے لیکن کبھی مناسب جواب نہیں دیا گیا اور بجائے اسکے کہ مدرسین کے ساتھ ہمدردی کیجاتی شری سمپورنانند وزیر تعلیم نے دھمکیوں سے کام لینا شروع کردیا ہے انھوں نے کہا ہے کہ اگر ۱۰ر جنوری تک واپس نہ ہوئے تو جرمانے ہونگے برخاستگی ہوگی اور ملازمت سے نکال دیا جائیگا لیکن ۱۰ر جنوری گذر گئی اور ہڑتال برابر جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ الزام بھی ان پر غلط لگایا گیا ہے اور ان کی ہڑتال کی پشت پر کمیونسٹ پارٹی [illegible] کی ہے اور ان کی ہمدردی بھی کی ہے۔ (اے پی)

مدراس کے اخبار نویسوں کے جلسہ میں مسٹر دیوداس گاندھی کی تقریر

مدراس ۱۴ر جنوری۔ آل انڈیا نیوز پیپر ایڈیٹرز کانفرنس کے صدر مسٹر دیوداس گاندھی نے کل یہاں جنوبی ہند کے جرنلسٹوں کی فیڈریشن کے زیر اہتمام ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے گندی قسم کے جرنلزم کی ترقی کی سخت مذمت کی۔ انھوں نے کہا کہ اس قسم کی مثالیں بمبئی، دہلی، مدراس اور دوسرے حصوں میں ملتی ہیں۔ اس قسم کے جرنلزم کی حمایت کرنیوالے پریس کی آزادی کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات خود ہی فحش نگاری اور کمینگی پر اتر آتے ہیں۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ اخباروں کی آزادی چھین لی جائے بلکہ میں تو ان اخباروں اور رسالوں کے خلاف ہوں جو غیر ذمہ داری توہین کرتے بلکہ باعزت اشخاص کی پرائیویٹ زندگیوں کے بارے میں من گھڑت داستانیں شائع کرتے ہیں اور لوگوں کو گالیاں دینے پر اتر آتے ہیں اس قسم کے جرنلسٹوں کو آل انڈیا نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس جیسی اداروں میں داخلہ کی اجازت نہیں ملنی چاہئے۔ اس کے ساتھ ہی عوام کو چاہئے کہ وہ اس قسم کے اخباروں کو نظر انداز کردیں اور ان کی تحریروں کی طرف بالکل دھیان نہ دیں۔

پیشہ ور جرنلسٹوں کی حالت کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ انھوں نے جنوبی ہند کے جرنلسٹوں کے فیڈریشن کی رپورٹ دیکھی جس میں کم سے کم خرچ تنخواہ کا ذکر ہے انھوں نے کہا تمام لوگوں کو اس پر عمل کرنا چاہئے۔ انھوں نے کہا ہند میں اخبار نویسوں کے معاملات کے بارے میں عمل درآمد کے لئے چند سال کچھ [illegible] نظر ثانی کرنا اب ضروری ہوگیا ہے۔ پیشہ ور اخبار نویسوں کو سالانہ ترقی دینے کے مسئلہ کی انھوں نے سخت حمایت کی۔ انھوں نے مسٹر بریلوی کے انتقال پر اظہار افسوس کیا اور ان کو خراج تحسین ادا کیا۔

ریزرو بنک کے نئے گورنر

دہلی ۱۵ر جنوری۔ حکومت کا ایک اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند نے سر بی راما راؤ کو ریزرو بنک کا نیا گورنر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ سر راما راؤ امریکہ سے دہلی واپس آن کر بنک میں کام شروع کردیں گے سرکاری طور پر وہ یکم جولائی ۱۹۴۹ء کو کام سنبھالیں گے۔

ٹرک سے حادثہ

۱۴ر جنوری۔ آج صبح ۹ بجے قطب روڈ پر ٹرک سے ایک شدید حادثہ ہوگیا بیان کیا جاتا ہے کہ مزدوروں سے بھرا ہوا ٹرک سبزی منڈی سے واپس آرہا تھا۔ راستہ میں ٹرک سے اس کی ٹکر ہوگئی جس سے وہ فوراً ہی ہلاک ہوگیا پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

لندن میں ڈچ سامراج کیخلاف احتجاج

لندن (رائٹر) ۱۴ر جنوری۔ آئندہ ہفتہ کئی ایشیائی ممالک کی انجمنوں کی ڈچ حکومت کے انڈونیشیا میں اقدام کے خلاف ایک میٹنگ ہوگی اور اس کے بعد ایک باقاعدہ احتجاجی نوٹ [illegible] سفیر کے سپرد کردیا جائیگا لندن میں جلوسوں پر پابندی کے باعث کوئی باقاعدہ جلوس نہ نکالا جائیگا۔ "عوام کی سامراج مخالف کانگریس" کے صدر مسٹر فنر براکوے نے کل رائٹر کو بتایا کہ عملی طور پر ہر ایک ایشیائی اور امریکی انجمن ہم سے تعاون کر رہی ہے اس میں جن ممالک کے نمائندے شریک ہو رہے ہیں وہ ہند، پاکستان، برما، لنکا، آسام اور جنوبی افریقہ کی نو آبادیات ہیں۔

بارہ وفات کے موقع پر

لکھنؤ میں احتیاطی انتظامات

لکھنؤ ۱۴ر جنوری۔ لکھنؤ بارہ ربیع الاول کے سلسلہ میں حکام نے مختلف قسم کے کئی احکام دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت نافذ کئے ہیں جن کے ماتحت جلوسوں پر مختلف قسم کی پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ ۱۳ر جنوری کی جمعرات کے روز مسلمانوں پر کرفیو بھی نافذ رہے گا۔ کل اس سلسلہ میں متعدد حفاظتی اقدام بھی نافذ کئے گئے ہیں اور اس کے ماتحت شہر میں تقریباً ایک درجن افراد کو جن میں سنی اور شیعہ دونوں شامل ہیں، معلوم ہوا ہے کہ تقریباً آٹھ سنی لیڈران کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری کئے گئے ہیں اور ان میں سے اب تک مسٹر نذیر احمد ایڈوکیٹ، حاجی مسعود حسن ایڈوکیٹ اور زین العابدین محمد اسحاق وغیرہ کو گرفتار کرلیا گیا ہے بقیہ لیڈران کو بھی شام تک گرفتار کرلیا جائیگا۔ اور انہیں غیر معینہ مدت تک کے لئے نظر بند رکھا جائے گا۔ اس کے علاوہ پولیس کی کافی طاقت کو شہر کے ان حصوں میں متعین کردیا گیا ہے۔ جہاں جہاں دفعہ ۱۴۴ کے پابندیوں کے احکام نافذ کئے گئے ہیں۔

حیدرآباد سندھ میں

یوم عید میلاد النبی

حیدرآباد (سندھ) ۱۳ر جنوری آج سندھ کے نئے دارالسلطنت میں یوم عید میلاد النبی منایا گیا۔ سندھ کے وزیر اعظم پیر الٰہی بخش نے پولیس اور ہوم گارڈ کی سلامی لی۔ اس موقع پر عراق اور حجاز مقدس کے سفراء موجود تھے۔ اس کے بعد ایک جلوس شہر میں نکلا جس کی قیادت سندھ کے وزراء کر رہے تھے۔ دعا اور نماز کے بعد ایک بڑے اجتماع میں عراق حجاز اور حجاز مقدس کی سب سے [illegible] کے امام کی تقریریں ہوئیں۔ (اے پی)

جمعیۃ علماء بمبئی کا ہند کے گورنر جنرل کو سپاسنامہ

دہلی ۱۵ر جنوری۔ جمعیۃ علماء بمبئی کی جانب سے ہند کے گورنر جنرل شری راجگوپال آچاریہ کو جو سپاسنامہ پیش کیا گیا وہ درج ذیل ہے:-

عالی جناب۔ ہندیونین کے گورنر جنرل کے عہدہ پر فائز ہونے کے بعد عروس البلاد بمبئی میں آپ کی تشریف آوری پر ہم ارکان جمعیۃ علماء ہند صوبہ بمبئی اس صوبہ کے مسلمانوں کی طرف سے آپ کا دلی خیر مقدم کرتے ہیں۔ یہ خیر مقدم محض رسمی نہیں بلکہ خلوص و محبت کے ان جذبات کے تحت ہے جو جنگ آزادی کی تیس سالہ رفاقت نے ہمارے دلوں میں آپ کے لئے پیدا کردیئے۔ جب ہندوستان کے نجات دہندہ راشٹر پتا مہاتما گاندھی نے آزادی وطن کے لئے ایک متحدہ تحریک کی آواز بلند کی اور اس کے لئے اہنسا اور ستیہ گرہ کا پروگرام قوم کے سامنے رکھا تو جناب والا نے باپوجی کی آواز پر پرجوش لبیک کہا اور اس وقت سے حصول آزادی [redacted] قوم کو ہر مرحلے میں جو امداد ملتی رہی ہے اس سے تاریخ وطن کے صفحات ہمیشہ جگمگاتے رہیں گے۔ اُن کا اعادہ اس موقع پر تحصیل حاصل ہے۔ اتنا اشارہ کافی ہے کہ باپوجی اور اُن کے ساتھ قوم کو جناب والا کی ذات پر ہمیشہ پورا پورا اعتماد رہا ہے۔

جنگ آزادی کے سلسلے میں جناب والا کے اس شاندار کارنامہ کے بعد ہم ہندوستانیوں کے لئے یہ امر باعث فخر و مسرت ہے کہ دور آزادی میں آج ہماری اپنی عوامی حکومت کے گورنر جنرل آپ ہیں۔ [illegible] مرحلے طے کرکے ایسی حیثیت اختیار کرے گا کہ نہ صرف اپنی آزادی کی حفاظت بلکہ تمام دنیا اور خصوصاً ایشیائی ممالک کی آزادی کا بھی ضامن بن جائے گا۔

جناب والا ہمیں اپنی جماعت کی نسبت آپ سے زیادہ عرض کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ جنگ آزادی کے میدان میں جمعیۃ علماء ہند کانگریس کے دوش بدوش رہی ہے اور اس کی قربانیاں ہمالیہ کے اس پار ضرب المثل ہوچکی ہیں۔ اگرچہ جمعیۃ العلماء مسلمانوں کی جماعت ہے لیکن نہ صرف مشترکہ قومیت کی حامی رہی بلکہ سیاسیات میں فرقہ پرستانہ سرگرمیوں کی ہمیشہ مخالف رہی اور اب جبکہ آزاد ہندوستان کی سیاسیات میں فرقہ وارانہ نہج کی ہر سرگرمی کو بجا طور پر جرم قرار دیا جاچکا ہے، جمعیۃ علماء نے اس ملک میں تمام اسلامی جماعتوں کی رہنمائی کرتے ہوئے اپنے پروگرام سے سیاسی سرگرمیوں کو خارج کردیا ہے اور آزاد ہندوستان میں اپنی جدوجہد کا دائرہ مسلمانوں کی دینی، اخلاقی، تعلیمی اور ثقافتی معاملات تک محدود کردیا ہے۔ جہاں تک سیاسی معاملات کا تعلق ہے جمعیۃ کے ارکان ملک کی مشترکہ غیر فرقہ وارانہ جماعتوں میں شامل ہوکر کام کرتے رہیں گے۔

[redacted] موقع پر مسلمانان بمبئی کی طرف سے ہم آپ کو اور قومی حکومت کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے بہت سے مشکلات کے باوجود ملک میں صحیح جمہوریت کے اُصول کو رواج دینے میں کامیابی حاصل کرلی ہے اور اس کے تصور کو مقبول عام بنانے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔ اس بارے میں ہم جناب والا اور حکومت ہند کے وزراء پر پورا پورا اعتماد رکھتے ہیں۔ ہمیں پوری توقع ہے کہ اس ملک میں فرقہ وارانہ قوتوں کو پھر کبھی اُبھرنے نہیں دیا جائے گا۔ اور ہمارے عزیز وطن کو گذشتہ دور میں فرقہ پرستی سے جو نقصانات [illegible] آخر میں ہم جناب والا اور حکومت کو یقین دلاتے ہیں کہ وطن کے وقار و عزت کو دوبالا کرنے کے لئے ہماری خدمات ہمیشہ وقف رہیں گی۔

ہم جناب والا کی اس عنایت کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اپنی بے انتہا مصروفیتوں کے باوجود آپ نے ہماری دعوت کو شرف قبولیت عطا فرمایا۔ اور ہم دعا کرتے ہیں کہ خدا آپ کو اور آپ کے ارباب حکومت کو طویل عمر، صحت اور سلامتی عطا فرمائے تاکہ آپ کے ذریعے ہمارا آزاد وطن دنیا کی مملکتوں میں اپنا صحیح مقام حاصل کرسکے۔

ہم ہیں آپکے مخلص

ارکان جمعیۃ علماء ہند صوبہ بمبئی۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم رضانات خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوئی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قایم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔

(ادارہ)

انتخابات

دہرہ دون:- ۱۲ر جنوری کو تیرہ حضرات منتخب ہوئے اور ۵ر جنوری کو نئی مجلس منتظمہ کا اجلاس ہوا صدر مولوی مظہر محمد صاحب بی اے ایل ایل بی وکیل نائب صدر غلام ربانی صاحب ناظم اعلیٰ مسٹر افتخار احمد صاحب نائب ناظم سید خلیل احمد چودھری عبدالرحمن خازن تجمل حسین صاحب قریشی محاسب منتخب ہوئے اور ان کے علاوہ مجلس منتظمہ میں منشی انوار الحسن بابو شفیق احمد حکیم رفعت حسین فاروقی سید توقیر حسین رضوی عبدالحمید انصاری ظہور احمد اور رحمت علی خاں صاحب شامل ہیں۔

رام نگر:- صدر صوفی عظمت اللہ صاحب انصاری نائبین صدر منشی عبدالرحمن و حافظ ابرار احمد ناظم حافظ محمد دین انصاری نائبین ناظم منشی محبوب علی و ماسٹر محمد اسمٰعیل خازن چودھری عبدالکریم منتخب ہوئے اور حافظ الٰہی بخش حافظ عبدالستار منشی ولایت حسین منشی اصغر حسین شیخ نثار حسین شیخ عبدالحکیم ماسٹر عبدالشکور انصاری منشی عبدالرحیم مشتاق حسین حاجی حمید اللہ صاحب انصاری حسین بخش صاحب صدیقی شیخ محمد ظہور صاحب مستری غلام رسول انصاری مجلس منتظمہ کے ممبر منتخب ہوئے۔

سلطانپور:- مولانا محمد یوسف خاں صدر وجہ علی خاں نائب صدر مولانا لیاقت حسین ناظم شیخ رحیم بخش نائب ناظم شیخ احمد نور خزانچی مقرر ہوئے

بلدوانی:- ۸ر جنوری کو عام ممبروں کے اجتماع میں ۱۴ ارکان مجلس منتظمہ کیلئے منتخب ہوئے ۹ر جنوری کو ارکان منتظمہ کا اجلاس ہوا اور حافظ مولا بخش صدر نائبین صدر مولانا حکیم اللہ منشی محمد حسن حافظ محمد اسمٰعیل ناظم قاری سید عبدالحمید منشی رحمت اللہ نائبین ناظم حاجی بشیر احمد خازن منشی محمد ابراہیم سالار انصار اللہ مقرر ہوئے اور ملا عبدالرزاق منشی عبدالحکیم قریشی ماسٹر محمد اسمٰعیل منشی محبوب حسن شیخ علی خاں منشی بشیر احمد صوفی محمد اسمٰعیل شیخ عبدالرزاق منشی اعلیٰ حسین انصاری منشی امیر حسین منشی محمد ابراہیم شیخ محمد حسن اور شیخ محمد یٰسین مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے۔

دیوبند:- ۵ر جنوری کو جدید انتخاب کے لئے قصبہ کو پانچ حلقوں میں تقسیم کرکے ہر حلقہ سے سات سات نمائندے لیکر مجلس منتظمہ کا انتخاب ہوا۔ ۸ر جنوری کو سال رواں کے لئے الحاج مولانا راشد حسن صاحب عثمانی صدر مولوی عثمان اور پیرجی بشیر احمد انصاری نائب صدر مولوی اعجاز احمد قاسمی ناظم اعلیٰ مولوی سید فرحت حسین اور حافظ عبدالعزیز انصاری نائب ناظم تسنیم احمد ناظم نشر و اشاعت اور منشی سید محمد شفیع خازن منتخب ہوئے صدر صاحب کو مجلس منتظمہ کے انتخاب کا اختیار دیا گیا۔

قصبہ اوجھاری:- ضلع مراد آباد قصبہ اوجھاری میں ۹ر جنوری کو انتخاب ہوا حافظ صبیح الزماں صدر بابو ریاض الدین نائب صدر منشی عبدالحمید خاں ناظم اعلیٰ حافظ محبوب علی ناظم منشی عشرت علی نائب ناظم اور منشی نثار احمد خزانچی منتخب ہوئے۔

ٹانڈہ:- رامپور اسٹیٹ (ٹانڈہ) میں یکم جنوری کو مولانا عبدالواحد صاحب قاسمی کی صدارت میں مولوی حکیم بشیر احمد صاحب صدر مولوی محمد یٰسین نائب صدر مولوی ابوالفضل علی قاسمی ناظم اعلیٰ مولوی محمد نبی ساجد نائب سکریٹری مولوی محمد الیاس صاحب پراپگنڈہ سکریٹری اور مولوی حکیم ذوالرحمٰن صاحب خزانچی مقرر ہوئے۔

یوپی کی خبریں

بانڈہ میں مشاعرہ

لکھنؤ ۱۲ر جنوری۔ بانڈہ میں نمائش کے سلسلہ میں ۲۰ر فروری کو ایک شاندار مشاعرہ منعقد کیا جارہا ہے جس کی صدارت مولوی وحید احمد پارلیمنٹری سیکریٹری کریں گے۔ اس مشاعرہ کے سلسلہ میں کنوینر مشاعرہ مسٹر نورالزماں اور مسٹر ایل اے جانسن ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اعلان کیا ہے کہ اس مشاعرہ کے سلسلہ میں ایک نظم بھی مشاعرہ میں طرح کے ساتھ رکھی ہے جس کا عنوان "جواہر لال" رکھا ہے۔ اس عنوان پر نظم کہنے والوں میں مقابلہ کیا جائیگا اور جس کی نظم مقابلہ میں بہترین ثابت ہوگی اسے ایک انعام مشاعرہ کی طرف سے دیا جائے گا۔

نمائش و بازار مویشیان

بہرائچ (بذریعہ ڈاک) درگاہ حضرت سید سالار مسعود غازی میں وسط فروری میں نہایت اعلیٰ پیمانے پر ایک ہفتہ منایا جائے گا جس میں فن کشتی کا مظاہرہ اور بازار مویشیان لگایا جائے گا جس میں بہرائچ و اضلاع ملحقہ سے ہر قسم کے مویشی خرید و فروخت کے لئے آئیں گے۔ زراعتی صنعتی و حرفتی نمائش اعلیٰ پیمانے پر ہوگی جس کا افتتاح حکومت یوپی کے وزیر رسل و رسائل آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب کریں گے۔

درگاہ پیس مشن مکن پور جائیگا

بہرائچ (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ ذیوہ شریف کی طرح امسال میلہ و نمائش کے دوران میں سید بدیع الدین شاہ زندہ مدار صاحب مکن پور ضلع کانپور خواجہ خلیل احمد شاہ پریذیڈنٹ درگاہ کمیٹی کی قیادت میں درگاہ پیس مشن جائیگا جو امن و اتحاد ترقی ملک نیز گورنمنٹ صوبہ کی اصلاحی اسکیموں کو عوام میں پیش کرے گا۔

نوازش علی خاں مستعفی ہورہے ہیں؟

بہرائچ ۶ر جنوری۔ شہر میں یہ افواہ گشت کر رہی ہے کہ سابق مسلم لیگی لیڈر سردار نوازش علی خاں قزلباش ایم ایل اے بہرائچ فیض آباد سیتاپور مستعفی ہورہے ہیں [illegible] جانے سے سردار صاحب موصوف اب زیادہ تر بہرائچ میں ہی رہتے ہیں۔

تلنگانہ اور ورنگل میں کمیونسٹوں کے مظالم

فوجی گورنر کو میمورنڈم

سکندرآباد ۱۵ر جنوری:- ریاست حیدرآباد کے کاشتکاروں کی ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے فوجی گورنر کو ایک میمورنڈم پیش کیا ہے جس میں نلگنڈہ اور ورنگل کے اضلاع میں مظالم کا ذکر کیا گیا ہے۔ پولیس ایکشن کے بعد اچانک وہاں ۲۰۰ سے زیادہ قتل ہوچکے ہیں متعدد عمارتیں تباہ کردی گئی ہیں اور کروڑوں روپیہ کا مال و اسباب لوٹ لیا گیا ہے۔ بچھڑی فصلوں پر کمیونسٹوں نے قبضہ کرلیا ہے اور فصلوں کے اصل مالکوں کو مار کر بھگا دیا ہے زمینوں پر زبردستی قبضہ اور "موزوں تقسیم" کے اصولوں کا پرچار کررہے ہیں۔ میمورنڈم میں درخواست کی گئی ہے کہ اس مسئلہ کو مرکزی اہمیت دی جائے پولیس کی طاقت بڑھادی جائے۔ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کے متعلق تحقیقات کی جائے۔

مال گاڑی سے چار گانٹھ کپڑا غائب

اناؤ (بذریعہ ڈاک) سودیشی کاٹن مل کانپور سے کنٹرول کا کپڑا میرٹھ بذریعہ مال گاڑی نمبر ۱۳۰ (ڈاپ) جا رہا تھا۔ رات کو تقریباً دو بجے جب مال گاڑی اناؤ اسٹیشن سے ٹنڈلا کی جانب روانہ ہوئی۔ تو بدمعاشوں نے ڈسٹرکٹ سگنل کے قریب چار گانٹھ کپڑے کی گرالیں۔ جن میں سے تین گانٹھیں اٹھا لے گئے اور قریب کے کھیتوں میں جاکر کھولیں۔ اور ایک گانٹھ ریلوے لین کے سہارے پڑی رہی۔ جب ٹرین شکوہ آباد پہنچی تو ٹرین کے گارڈ کو معلوم ہوا کہ اس کی گاڑی میں چوری ہوگئی۔ اس کی ٹیلیگرام آنے پر ریلوے پولیس نے تحقیقات شروع کی جہاں چار گانٹھ کا کپڑا کھیتوں میں پڑا ہوا ملا جس میں کچھ نقصان کم ہیں اور ایک گانٹھ پوری مل گئی کچھ گرفتاریاں ہوئی ہیں جن میں ملازمان ریلوے بھی ہیں۔ ریلوے پولیس بڑی سرگرمی سے تحقیقات کر رہی ہے۔

پٹیل اودے پور میں

اودے پور ۱۵ر جنوری:- نائب وزیر اعظم سردار پٹیل آج دوپہر کو گیارہ بجے اودے پور پہنچ گئے اودے پور پہنچنے پر ہوائی اڈہ پر ان کا پرجوش استقبال کیا گیا۔ ان کی آمد عظیم تر راجستھان کی تشکیل کے سلسلہ میں ہے۔

کراچی کیلئے سونے کی روانگی

بمبئی ۱۴ر جنوری۔ [illegible] ہزار تولہ سونا جس کی قیمت [illegible] لاکھ روپے ہوتی ہے بمبئی سے [illegible] کراچی بھیجا گیا۔ یہ طیارہ سانتا کروز کے ہوائی اڈے سے روانہ ہوا تھا۔

انبالہ ۵ر جنوری:- ہندوستانی فوج کی پہلی [illegible] کشمیر میں پندرہ مہینے سروس کرنے کے بعد پٹیالہ [illegible] (اے پی)

ہندوستان میں

باعزت زندگی بسر کیجئے

وطن کی ترقی میں مساوی حصہ دار بنئیے

ملک سے نفرت و عداوت کو ختم کیجئے

سچی محبت اور بھائی چارہ کو اپنایئے

باہمی اتحاد و مساوات کا گر سیکھئے

اور وقت کے ان اہم تقاضوں کی تکمیل کے لئے

روزانہ اور ہفتہ وار الجمعیۃ

کا مطالعہ اپنے لئے لازمی قرار دے لیجئے

قیمت:- روزنامہ الجمعیۃ سالانہ:- چالیس روپے: ششماہی بیس روپے سہ ماہی گیارہ روپے

قیمت:- ہفت روزہ الجمعیۃ سالانہ بارہ روپے ششماہی چھ روپے آٹھ آنے۔

زر چندہ منی آرڈر سے بھیجئے، وی پی میں خرچ زیادہ اور اجراء اخبار میں دیر ہوتی ہے

مشتہرین نرخنامہ اشتہارات اور ایجنٹ صاحبان شرائط ایجنسی طلب فرمائیں

جملہ ترسیل زر و خط و کتابت کا پتہ

جنرل منیجر الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۱۵ر جنوری۔

گیارہ سنگھیوں کی گرفتاری

کل نئی سڑک پر گھنٹہ گھر کے قریب گیارہ سنگھی سنگھ کے نعرے لگانے کے سلسلہ میں گرفتار کرلئے گئے نئی دہلی میں کل کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔ سنگھ کے نعرے شہر میں برابر دیواروں پر لکھے ہوئے ملتے ہیں

انجینروں کی انسٹی ٹیوشن کا انتخاب

جمعرات کے دن انسٹی ٹیوشن آف انجینئرز (انڈیا) کی [illegible] کمیٹی کا انتخاب ہوا اور مسٹر [illegible] اس کے چیرمین منتخب ہوئے۔

قطب روڈ پر حادثہ

کل صبح قطب روڈ پر ایک موٹر ٹرک کے ایک گھوڑا گاڑی سے ٹکرا جانے کے باعث ایک ادھیڑ عمر کا آدمی مر گیا اور دوسرا زخمی ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ گاڑی سبزی سے لدی ہوئی سبزی منڈی کی طرف جارہی تھی کہ ایک موٹر ٹرک جو تیزی سے مخالف سمت سے آرہا تھا۔ اسسے ٹکرا دیا ایک شخص جو گاڑی میں بیٹھا تھا مر گیا اور گاڑی چلانے والا زخمی ہوا۔ ٹرک ڈرائیور حادثہ کے بعد تیزی سے چلتا بنا۔

کتب فروش گرفتار

کچھ ضبط شدہ کتابوں کو فروخت کرنے پر دریبہ کلاں میں پولیس نے گرفتار کیا ہے۔

موقع پر گرفتاری

دھرم سنگھ نامی ایک شخص نے ایک چھوٹے بچے کو مٹھائی کا لالچ دے کر اس کے سونے کی بالیاں نکال لیں لیکن ایک راہ گیر نے دیکھ لیا اور اس کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا۔

عورتوں کے ساتھ جعلسازی

کالا مسجد پر دو شخصوں نے مسماۃ زینب کو اس کی بالیاں ٹھیک کرنے کے بہانے [illegible] ان میں سے ایک پیٹری لینے کے بہانے سے بالیاں لے کر چلتا بنا جب دوسرے شخص نے کھسکنا چاہا تو اس کو پکڑ کر حوالہ پولیس کردیا گیا۔

[illegible] کی چوری

مس کماری اجلو والیہ کے بٹوے سے ۲۰۵ روپے چرائے گئے ہیں مس کماری نے بتایا کہ وہ بٹوا [illegible] کلوک روم میں بھول گئی تھیں دوسرے روز انہوں نے سکریٹری سے کہا۔ تلاش کرنے پر خالی بٹوا ایک بکس کے قریب پڑا ہوا ملا

خودکشی کی کوشش

دہلی کے قریب [illegible] نامی گاؤں میں ایک نوجوان لڑکی نے جس کو خاوند کی عدم موجودگی میں دوسرے شخص کے ساتھ دیکھ لیا گیا تھا شرم کے مارے کنوئیں میں کود کر زندگی ختم کرنے کی کوشش کی مگر اس کو کنوئیں سے نکال لیا گیا ہے۔ پولیس نے اس کے خلاف تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۰۹ (خودکشی کی کوشش کے الزام) میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔

شرنارتھی عورتوں کے تجارتی مرکز

[illegible] ان مرکزوں کی تیار شدہ اشیاء کی فروخت [illegible] مرکز بابا کھڑک سنگھ مارگ [illegible] پرانا قلعہ اور لنگر [illegible]

سیرۃ النبی کے جلسوں کی کاروائی ریڈیو پر

دہلی ۱۵ر جنوری۔ کل رات جامع مسجد میں سیرۃ النبی کے جلسوں میں تقریریں کی گئیں۔ انہیں آل انڈیا ریڈیو کی طرف سے ریکارڈ کرلیا گیا ہے یہ ریکارڈ آج صبح ۹ بجے سے ۱۰ بجے تک نشر کئے جائیں گے۔ (نامہ نگار)

وزیراعظم برطانیہ کی صحت

لندن ۱۵ر جنوری۔ وزیر اعظم برطانیہ کے دفتر سے سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ وزیر اعظم کا ایکسرے لیا گیا [illegible] ناسور اچھا ہوگیا ہے اور وہ تندرست ہیں۔

ریلوں کے تمام پل اڑا دیئے، بجلی کے تمام کارخانے تباہ کردیئے

انڈونیشیا میں گوریلا دستوں کی سرگرمیاں

نئی دہلی ۱۴ر جنوری۔ انڈونیشیا میں جمہوری باشندوں نے [illegible] جو تباہی کی ہے اس کی مزید تفصیل [illegible] جنوبی سماٹرا کے جمہوری گوریلوں نے [illegible] ربڑ کے کارخانے وغیرہ برباد کردیئے ہیں [illegible] کارخانے تباہ کردیئے گئے ہیں۔

[illegible] تمام بجلی کے کارخانوں کو [illegible] ڈائنامیٹ [illegible]

[illegible] انڈونیشیا کی ریلیں [illegible] حملہ کر رہے ہیں۔

ضروری تصحیح

الجمعیۃ کی گذشتہ اشاعت میں مسٹر موہن لال گوتم سکریٹری یوپی کانگریس کمیٹی اور مولانا حفظ الرحمن صاحب وائس پریذیڈنٹ یوپی کانگریس کمیٹی کی ریاست رامپور [illegible] شائع ہوئی ہیں جس میں صدر جلسہ کا اسم گرامی انگریزی رپورٹ میں مولوی عبدالوہاب صاحب کی بجائے مولوی عبدالحمید موصول ہونے کے باعث غلط شائع ہوگیا ہے ناظرین کرام تصحیح فرمالیں۔ (ایڈیٹر)

بھوپال ضلع کانگریس کا اعلان

بھوپال (بذریعہ ڈاک) سکریٹری بھوپال ضلع کانگریس کمیٹی کا ایک اعلان مظہر ہے۔ بریلی (بھوپال اسٹیٹ) میں ۱۹ر جنوری کو ہاٹ کے وقت سنگھ کے کارکنوں و والنٹیروں نے [illegible] جلسہ کرنے اور جلوس نکالنے کی کوشش کی۔ [illegible] پولیس کو سمجھانے کے لئے [illegible]

ہند کی سرحدیں کمزور ہورہی ہیں

ڈاکٹر لوہیا کی تقریر

کلکتہ ۱۵ر جنوری۔ سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے ایک بیان میں کہا کہ ہندوستان کی حدیں کمزور ہورہی ہیں۔ جنگ کشمیر یا پٹھانوں کے علاقہ کے واقعات کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ [illegible] مارشل تیمو شنکو کی فوجیں [illegible] نیپال سکیم اور تبت کے واقعات [illegible] تبت میں چینی کمیونسٹ بڑی تعداد میں گھس آئے ہیں۔ اور نیپال میں بھی کمیونسٹ کافی سرگرم ہوگئے ہیں۔

حکومت ہند سرحدوں کے مسئلہ کو حل کرنے کے [illegible] ہندوستان پر ہوگی۔

[illegible]

[illegible] ریاست بھوپال [illegible]

ایٹم بم کا ساز

[illegible] امریکہ کے [illegible] ایٹم بم بنانے کے [illegible]

سفید ہاتھی

راجکوٹ ۱۵ر جنوری۔ ریاست پور کا سفید ہاتھی جو سورت کے [illegible] ایک ہزار روپیہ میں فروخت کردیا گیا ہے [illegible]

ایشیائی کانفرنس کیلئے عرب لیگ کے مشاہد

قاہرہ ۱۴ر جنوری۔ حکومت ہند کی درخواست پر عرب لیگ نے [illegible] ایشیائی کانفرنس میں شامل ہونے کے لئے [illegible] (گلوب)

سنگھ سے سمجھوتہ کی مخالفت

[illegible] کانگریس کمیٹی کی ایک میٹنگ [illegible] صدارت میں منعقد ہوئی اور اس میں سید عبداللہ بریلوی کی وفات پر ایک تعزیتی ریزولیوشن پاس کیا گیا۔ ایک دوسرے ریزولیوشن میں کمیٹی نے سنگھ سے سمجھوتہ کی مخالفت کی [illegible] کانگریس کمیٹی ضلع [illegible] کی مجلس عاملہ [illegible] کے خلاف ہو۔

جاپان کے سابق وزیر گرفتار

رشوت لینے کا الزام

ٹوکیو ۱۰ر جنوری۔ جاپان کے ایک سابق وزیر کو جو کہ پاس ترقی عامہ کا محکمہ تھا۔ رشوت ستانی کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے دس لاکھ ین (جاپانی سکہ) کوئلہ کی کانوں کے بل کی مخالفت کے لئے رشوت لی تھی۔

مسٹر تاکیدا وزیر گذشتہ اشیدا وزارت کے ممبر تھے۔ اس وزارت نے گذشتہ اکتوبر میں استعفیٰ دیدیا تھا اس وزارت اور وزیر اعظم پر رشوت ستانی کے الزام تھے اس وقت سے کر اب تک کئی وزیروں کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔ وزیر اعظم بھی اس جرم میں ماخوذ تھے لیکن [illegible] ضمانت [illegible] کردیا گیا تھا۔

جنوبی افریقہ میں ریلوں کی ترقیاں بند

کیپ ٹاؤن ۱۴ر جنوری۔ جنوبی افریقہ کے محکمہ ریلوے [illegible] تمام ترقیاں روک دی گئی ہیں اور جب تک وزیر رسل و رسائل کا کمیشن اپنی رپورٹ پیش نہیں کرے گا کسی شخص کو ترقی نہیں دی جائے گی [illegible]

کلکتہ میں جلوس پر پولیس فائرنگ

تین اشخاص زخمی

کلکتہ ۱۴ر جنوری۔ پولیس نے آج یہاں [illegible] ایک جلوس کو منتشر کرنے کے لئے طاقت کا استعمال کیا جس کے نتیجہ میں تین اشخاص زخمی ہوگئے اور ہسپتال میں داخل کئے گئے۔ [illegible] استعمال کئے گئے۔ ہسپتال سے بتایا گیا ہے کہ جو آدمی ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ تین کو زخم آئے ہیں۔

جلوس میں عورتیں بھی شامل تھیں [illegible] گورنمنٹ ہاؤس کی طرف جارہا تھا جلوس نے منتشر ہونے سے انکار کردیا اور پولیس کے بیان کے مطابق پتھر برسائے گئے [illegible] آنسو گیس کے چار بم پھینکے گئے [illegible] اشخاص گرفتار کرلئے گئے۔

۵ اکروڑ روپے کی جعلی کرنسی

نیویارک ۱۴ر جنوری۔ امریکہ میں کم از کم ۵ کروڑ روپوں کی مالیت کے پانچ پونڈ کے جعلی نوٹ چل رہے ہیں۔ یقین کیا جاتا ہے کہ یہ نوٹ پولینڈ اور دیگر مشرقی ممالک سے برآمد کئے گئے ہیں۔

امریکہ اور برطانوی ہوائی جہازوں کی پرواز

وزارت خارجہ کے نمائندے کی تردید

واشنگٹن ۱۴ر جنوری۔ امریکہ کی وزارت خارجہ کے ایک نمائندے نے اس اطلاع کی تردید کی کہ مصری علاقہ پر برطانوی ہوائی جہازوں کی پرواز حکومت امریکہ کی درخواست پر عمل میں لائی گئی تھی۔

نمائندہ مذکور نے ایک پریس کانفرنس میں ایک برطانوی [illegible] حکومت امریکہ کی درخواست پر تھی۔ اس کے بعد نمائندے نے برطانوی محکمہ خارجہ کے اس اعلان کی [illegible] حکومت برطانیہ کی [illegible] برطانوی محکمہ خارجہ کا یہی اعلان صحیح ہے۔ اور برطانوی اخبار کی اطلاع غلط ہے۔

مفت

رد بدعت کے سلسلے میں حضرت مولانا [illegible] کی مشہور کتاب بسط البنان اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف قنوت نازلہ اور اس کے متعلق مسائل [illegible] کے ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

برمی کمیونسٹوں میں پھوٹ

باہمی فائرنگ

رنگون ۱۱ر جنوری۔ برمی کمیونسٹوں میں پھوٹ پڑنے کی ایک اور اطلاع ضلع باسین سے موصول ہوئی ہے ایک اطلاع کے مطابق [illegible] کے علاقہ میں تو دو کمیونسٹ گروپوں میں آدھ گھنٹہ تک فائرنگ ہوتا رہا۔ ضلع [illegible] میں سرکاری دستوں نے ایک گاؤں پر چھاپا مارا اور جب باغیوں نے مزاحمت کی تو [illegible] باغی مارے گئے اور ان کے چھپے ہتھیاروں جن میں دیسی ساخت کی تین توپیں بھی شامل ہیں اور بہت سے اسلحہ پر قبضہ کرلیا گیا۔

۴ر جنوری کی صبح کو ۱۰۰ سے زائد کمیونسٹوں نے ضلع ہینزاڈہ کے ایک دیہات پر حملہ کیا۔ سرکاری فوجوں نے اس جھڑپ کے دوران سرخ جھنڈے والے ۲۱ کمیونسٹوں کو گرفتار کرلیا۔ ضلع [illegible] میں یانگ لن کا علاقہ ابھی تک باغیوں کے ہاتھ میں ہے۔ اس علاقہ پر دوبارہ قبضہ کرنے کے لئے وسیع پیمانے پر کمک بھیج دی گئی ہے۔

ضلع پیاپان میں [illegible] کے گاؤں پر حملہ کرکے سپاہیوں نے سرخ جھنڈے والے ۳۰ کمیونسٹ گرفتار کرلئے کہ اہم دستاویزات بھی سرکاری افسران کے ہاتھ لگیں۔

مسٹر عبدالقیوم احمد آباد جائیں گے

دہلی ۱۵ر جنوری۔ بہار کے وزیر مالیات مسٹر عبدالقیوم انصاری مسٹر [illegible] سنہا کے ہمراہ احمد آباد جائیں گے۔

انگلینڈ پولینڈ تجارتی معاہدہ

وارسا ۱۴ر جنوری۔ آج یہاں برطانیہ پولینڈ کے درمیان ۵۰ کروڑ روپے کی تجارتی معاہدہ پر دستخط ہوگئے۔ (گلوب)

صدر آریہ سماج کی گرفتاری

[illegible] خبر ملی ہے کہ مسٹر [illegible] صدر آریہ سماج [illegible] پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کرلیا گیا ہے۔

ریاست کو یوپی میں ملا جائے

ٹہری اسمبلی کا فیصلہ

ٹہری ۱۴ر جنوری۔ ٹہری گڑھوال کی دستور ساز اسمبلی نے آج [illegible] کے مقابلہ اس بات کا فیصلہ کیا کہ ٹہری کو ریاست یوپی میں شامل کرنا [illegible] مفاد میں ہے۔ اسی قرار داد میں کہا گیا ہے کہ [illegible] کی جائے گی اور یہ اس وقت تک کام کرے گی جب تک کہ ایسے حالات نہ پیدا ہوجائیں [illegible]

پٹنہ کے بھوک ہڑتالی

حالت نازک ہوگئی

پٹنہ ۱۵ر جنوری۔ یونیورسٹی طالبات نے بھی امتحانات کا بائیکاٹ کردیا ہے اور ان میں سے صرف چند ایک ہی امتحانات کے لئے حاضر ہوئیں۔ ایک بھوک ہڑتالی طالب علم کی حالت تشویشناک ہے۔ دیگر طلباء نے اب جب کہ انہوں نے کامیابی سے امتحانات کا بائیکاٹ کردیا ہے آج سے دیگر تعلیمی حکام کے بنگلوں کے سامنے بھوک ہڑتال شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ملا استاد ہندی سکھانیوالی کتاب

معلم ہندی

[illegible]

جنرل منیجر شاہی مطلب [illegible] بکس ۱۲ دہلی

ایک ہفتہ میں مہنگائی الاؤنس کا فیصلہ

بمبئی ۱۵ر جنوری۔ حکومت ہند ریلوے اور ڈاک و تار کے ملازموں کے مہنگائی الاؤنس کے بارے میں موجودہ ہفتہ میں کسی آخری فیصلہ تک پہنچ جائے گی۔ مسٹر [illegible] نے جو ریلوے اور کم تنخواہ پانے والوں کی یونین کے سکریٹری ہیں آج ایک ملاقات میں کہا کہ یہ وعدہ ہے جو پنڈت نہرو نے ملازموں کے ایک وفد کو دیا مسٹر جے پرکاش نرائن نے اس وفد کی قیادت کی تھی۔

جاپان کے عام انتخابات

ٹوکیو ۱۴ر جنوری۔ ۲۳ر جنوری کو ہونے والے عام جاپانی انتخابات میں ۱۳۶۸ امیدوار ایوان نمائندگان کی ۴۶۶ نشستوں کے لئے انتخاب لڑینگے۔

سکھوں کے متعلق غلط اطلاع کی تردید

حکومت سندھ کے ایک نمائندہ کا بیان

کراچی ۱۵ر جنوری۔ حکومت سندھ کے ایک نمائندے نے اس اطلاع کی سخت تردید کی کہ لاڑکانہ ضلع میں کافی سکھ محصور ہیں۔ نمائندے نے کہا کہ وہاں اب سکھ نہیں ہیں۔ آخری سکھوں کا جتھا جن کی تعداد ۵۰۰ سو تھی، وہاں سے نکل آیا ہے۔ جب سندھ سے سکھوں کا انخلا ہورہا تھا اس وقت لاڑکانہ ضلع کے ایک زمیندار نے تقریباً دو سو سکھوں کے جان و مال کی حفاظت کا یقین دلایا تھا۔ اس پر ان سکھوں نے وہاں سے جانے سے انکار کردیا تھا۔ لیکن جب وہاں چالیس ہزار مسلمان پناہ گزین جاکر بس گئے تو سکھوں نے یہ مناسب تصور کیا کہ وہاں سے چلے جائیں۔ چنانچہ انہوں نے انڈین ہائی کمشنر کے ذریعہ اپنے انخلا کا بندوبست کرلیا۔

یعقوب آباد ضلع میں کچھ سکھ اب تک موجود ہیں لیکن وہاں کے مسلمان باشندے ان کی پوری طور پر حفاظت کر رہے ہیں۔ یہ سکھ وہاں مطمئن ہیں۔

ہند میں مقیم افغان سفیر کا بیان

حیدرآباد ۱۴ر جنوری۔ ہند میں مقیم افغان سفیر [illegible] حیدرآباد کے دورہ کے سلسلے میں سول ایڈمنسٹریٹر کے مہمان ہیں کشمیر میں جنگ بند ہونے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر کے جھگڑے کے متعلق افغانستان کے رویہ کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ افغانستان شروع سے ہی مکمل طور پر غیر جانبدار رہا ہے اور اب آپ صرف یہی کہہ سکتے ہیں کہ یہ ایک درست اقدام ہے کہ کشمیر کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے کھلی اجازت دی جائے آپ ۱۶ر جنوری کو واپس دہلی روانہ ہوں گے۔

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

لے سٹل گولیاں

عرق النساء [illegible] کا درد انسان کو اپاہج اور بے کار کردیتا ہے۔ یہ گولی اس کیلئے اور تمام ریاحی درد اور نواسیر بادی کے لئے اکسیر ہیں۔ بے شمار مریض صحت پا چکے ہیں۔ [illegible] چالیس [illegible] روپے بذریعہ وی پی [illegible]

نگینہ فارمیسی نگینہ ضلع بجنور یوپی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں

کیا کریں؟ کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے۔

اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیئے مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہنچنے اور اس کو اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھیئے

علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ علماء حق حصہ دوم قیمت سات روپیہ [illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق قیمت ۸

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۱۸ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۱۹ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

کلکتہ، ۱۷ جنوری - بدھ کی ڈھائی ہزار برسی ۱۹۵۶ء میں منائی جائے گی۔ عالمی بدھ کانفرنس کا ابتدائی اجلاس کلکتہ میں مسٹر شیاما پرشاد مکرجی کی صدارت میں ہو رہا ہے جس میں ایشیا کے تمام حصوں سے بکثرت اور بدھ مذہب کے ماننے والے شریک ہو رہے ہیں۔ ایک تجویز منظور ہوئی ہے کہ مختلف بدھ ملکوں میں سالانہ اجلاس ہوں گے۔ پہلا اجلاس لنکا میں ہوگا۔ بدھ کی ڈھائی ہزار ویں برسی ہندوستان میں منائی جائے گی۔

مصر کا سفیر نئی دہلی پہنچ گیا

نئی دہلی، ۱۸ جنوری، (رائٹر) ہندوستان میں مصر کے نامزد سفیر مسٹر محمد اسمٰعیل کمال بے اور ان کا اسٹاف کل شام قاہرہ سے نئی دہلی پہنچا۔ مسٹر بے کو سفیر با اختیار کا درجہ دیئے جانے کی تاکہ وہ مصر کی جانب سے نئی دہلی میں ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں شرکت کر سکیں۔ گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ ان کے تعارفی کاغذات حاصل کریں گے۔

نجب کے علاقہ میں گھری ہوئی فوج کے متعلق یہودیوں اور مصریوں میں سمجھوتہ

روڈس میں عارضی صلح کی بات چیت جاری ہے

عرب لیگ سے بھی بات چیت میں حصہ لینے کی درخواست کی جائیگی

روڈس، ۱۸ جنوری: یہودیوں اور مصریوں کے مابین صلح کی گفت و شنید ہو رہی ہے اسے آج پانچواں دن شروع ہو چکا ہے۔ روڈس میں اقوام متحدہ کے صدر مقام سے اعلان جاری ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی اور مصری مندوبین کے مابین اس مصری بریگیڈ کے بارے میں سمجھوتہ ہو گیا ہے جو شمالی نجب میں فالوجہ کے مقام پر گھرا ہوا ہے۔ ابھی اس سمجھوتہ کی تفصیلات نہیں بتائی گئی ہیں۔

حیدرآباد میں فرقہ وارانہ اتحاد کی باقاعدہ مہم شروع ہو گئی

جمعیۃ علماء کے وفد کے دورہ کا خوشگوار اثر۔ وفد ریاست کا جائزہ لینے کے لئے روانہ ہو گیا

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

حیدرآباد (دکن) ۱۸ جنوری: جمعیۃ علماء کے وفد کے دورہ کا ایک خوشگوار نتیجہ یہ نکلا ہے کہ اب حیدرآباد میں فرقہ وارانہ دوستی کی زیادہ سے زیادہ کوششیں شروع ہو گئی ہیں تقریباً ہر محلوں میں بڑے بڑے اشتہارات چسپاں نظر آ رہے ہیں جن میں فرقہ وارانہ اتحاد کے لئے عوام سے اپیل کی جاتی ہے مختلف محلوں میں جلسے بھی ہوتے ہیں جن میں ہندو مسلمان لیڈر تقریریں کرتے ہیں۔

کمیونسٹوں نے ینگ پو پر قبضہ کر لیا، شنگھائی میں کرفیو کا نفاذ

چین کے دار السلطنت نانکنگ سے انخلا، مارشل چیانگ عنقریب مستعفی ہو جائیں گے

نانکنگ ۱۸ جنوری: باخبر فوجی حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ …

صلح کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں

لائق علی وزارت کے تین وزیر عنقریب رہا کر دیئے جائیں گے

پاکستان میں پولیس انسپکٹر جنرل کانفرنس

مصر برطانیہ کی امداد نہیں لے گا

لبنان کا ڈیلی گیشن

عرب لیگ صلح کی بات چیت کرے گی

برما میں بھی خونریزی کا خطرہ پیدا ہو گیا

مصر کے چیف جنرل … اپنے مکان میں گرفتار کر لئے گئے

آزاد کشمیر کی فوجوں کو غیر مسلح نہیں کیا جائے گا

پوری ریاست دونوں ملکوں میں سے ایک میں شامل ہوگی

پاکستان کی طرف سے کشمیر کمیشن کی تجویزوں کی تشریحات

تین دن کے خوفناک فساد کے بعد ڈربن میں امن ہو گیا

مضافات میں اب بھی اکا دکا واقعات ہو رہے ہیں

۸۵ ہلاک اور ۶۰۰ زخمی

ڈربن، ۱۷ جنوری: تین دن کے خوفناک نسلی فسادات کے بعد اب ڈربن میں سکون ہے۔ ہوٹلوں کے ہندوستانی مالک اپنے ہوٹلوں میں واپس آنے لگے ہیں۔ اور انہوں نے کاروبار شروع کر دیا ہے۔ حالات پر پوری طرح قابو پا لیا گیا ہے۔

ڈربن میں احتیاطی انتظامات

اہم ناکوں پر فوج اور پولیس کا پہرہ

یونان میں کولیشن حکومت

کابل کے ایڈیٹر دہلی میں

مسٹر سرت چندر بوس کل بمبئی پہنچ رہے ہیں

ڈاکس ورکرز اسٹرائک بیلٹ ملتوی

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے۔ ناگ ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

ریاستوں کی تاریخ میں ایک جدید انقلاب

سب سے بڑی راجستھان یونین کا قیام

اودے پور ۱۵ جنوری۔ مہاراجگان بیکانیر، جے پور، جودھپور اور جیسلمیر اپنی ریاستوں کو راجستھان یونین میں شامل کرنے پر رضامند ہو گئے ہیں۔ انتظامی امور کی تفصیلات کا فیصلہ بعد میں ہوگا۔

سردار پٹیل کل دہلی سے اودے پور پہنچے۔ …

خدمت کی روح

کشمیر کے متعلق ہند اور پاکستان میں فوجی کانفرنس

دونوں ملکوں کے کمانڈر انچیف کی شرکت

ہندوستانی وفد

پاکستانی وفد

ہند اور پاکستان کی تجارت اور انتظامی امور پر تبصرہ

سابق مجلس قانون ساز کے یورپین لیڈر کا بیان

ہندوستانیوں پر لرزہ خیز مظالم

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

شدید جانی و مالی نقصان

نواحی علاقوں میں لوٹ مار

ڈاکٹر ملان کی اپیل

فلسطین میں مزید یہودیوں کی آمد

فلسطین کے متعلق برطانیہ فرانس کی گفتگو

ایشیا کی لیڈری

حضرت مولانا حفظ الرحمن لکھنؤ تشریف لے جا رہے ہیں

مولانا حفظ الرحمان کا بیان

قریش برادری قصاب پورہ کا شکریہ

دہلی کی ایشیائی کانفرنس دنیا کیلئے مفید ثابت ہوگی

پنڈت نہرو کے بیان پر امریکی نمائندہ کا اظہار خیال

پانی پت میں مخدوم صاحب کا عرس ختم ہو گیا

عرس کا انتظام کرنے والوں کے نام مولانا آزاد کا پیغام

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

جرائم کی رفتار

تبادلہ جائداد

تبادلہ جائداد

انسانی زندگی میں عجیب و غریب انقلاب
۸۰ سال کا بڈھا اور ۲۰ برس کا جوان
ولاس فارمیسی (D.A) فراشخانہ دہلی

ضرورت ہے
بریک آئل، مشین آئل، سیاہیوں اور سرکہ کے لئے ایجنٹوں کی!
آزاد کیمیکل انڈسٹریز
سانگانیر دروازہ جے پور شہر

شاندار تبدیلی پروگرام
وائٹ وے سرکس
بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ

WHITE WAY
CIRCUS

دیوان کے این تنہا منیجر

پاکستان کی طرف سے عارضی صلح کی شرطوں کی تشریح

(بقیہ صفحہ اول)

کمیشن نے یہ کہا گیا ہے

۱۰ جنوری ۱۹۴۹ء کو کشمیر کمیشن نے اپنی ۵ جنوری کی تجویز کو شائع کر دیا جس میں ان اصولوں کا ذکر ہے جو کشمیر کے جھگڑے کے سلسلہ میں ہند اور پاکستان کے درمیان طے پائے ہیں۔ یہ کئی ماہ کی بحث اور مراسلت کا نتیجہ ہے۔ اور کشمیر کو اس بات چیت کا پہلا دور ختم ہوا اسی وقت پاکستان نے اپنا تجویز مورخہ ۱۳ اگست اور وہ خط و کتابت جو کمیشن اور ہند اور پاکستان کی حکومتوں کے درمیان ہوئی تھی شائع کر دی۔ بظاہر کمیشن نے اس کو مناسب نہیں سمجھا کہ وہ اس کے بعد والی خط و کتابت [redacted] کے مطابق حکومت پاکستان نے بھی اس خط و کتابت کے کسی حصہ کو شائع نہیں کیا۔

لیکن ڈاکٹر لوزانو اور پنڈت جواہر لال نہرو کے درمیان جو گفتگو ہوئی تھی وہ قبل از وقت مدراس کے اخبار ہندو مورخہ ۱۳ جولائی میں شائع ہو گئی۔ اور حکومت ہند نے بھی بعض دستاویزات کو شائع کر دیا۔ اس لئے حکومت پاکستان مجبور ہوئی کہ وہ کمیشن کی ۱۱ دسمبر کی تجویز کو اور

آگے یہ امید ظاہر کیا جاتا ہے کہ ان کی اعانت کے لئے اقوام متحدہ کے شاہدین کی ایک بڑی تعداد بھی آنے والی ہے۔ جو جنگ بند ہونے کے سلسلہ میں فوجی مبصر کے فرائض کی انجام دہی میں ان کی امداد کریگی۔

عارضی صلح کی تفصیلات کے متعلق گفت و شنید اس وقت ہوگی جب کمیشن اس برکوجنگ کو واپس آ جائے گا۔ چونکہ عارضی صلح کے سمجھوتہ کے اصولوں کے متعلق بعض شبہات پیدا ہو رہے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ خاص خاص دفعات کو حکومت پاکستان کے سامنے بیان کردہ کمیشن کی تشریحات اور توضیحات کی روشنی میں از سر نو مختصر طور پر دہرا دیا جائے۔ عارضی صلح کے [redacted]

(۱) ریاست سے تمام پاکستانی اور ہندوستانی فوجوں کا ہٹایا جانا کمیشن نے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کو ایک خط حکومت پاکستان کو لکھا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ دونوں حکومتوں کی فوجوں کی بیک وقت واپسی کا انتظام دونوں ملکوں کے ہائی کمانڈ اور کمیشن کے درمیان کیا جائیگا۔ پاکستان کے نمائندوں کو یہ بھی اطلاع دی گئی تھی کہ ان علاقوں میں جن پر ہندی فوجوں کا قبضہ ہے ان کی کم سے کم

حقوق کی ضمانت دی جائے گی۔ کمیشن کو توقع تھی کہ پاکستانی فوجوں کے خالی کردہ علاقوں میں مقامی حکام بھی یہی اقدام کریں گے۔

(۶) سمجھوتہ کے تیسرے حصہ میں استصواب رائے عامہ کا ذکر ہے۔ ۲۳ اور ۲۵ دسمبر کو کراچی میں جو گفت و شنید ہوئی تھی اس میں ڈاکٹر لوزانو نے حکومت پاکستان کو مطلع کیا تھا کہ کمیشن کی ۱۱ دسمبر والی تجویزیں استصواب رائے عامہ کے انتظام اور انعقاد کے متعلق کمیشن کے تسلیم کردہ اصول بیان کئے گئے ہیں۔ اور ان کو کلی طور پر تسلیم کیا جانا چاہیئے۔

انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ کمیشن مزید تبدیلیوں کا دروازہ بند نہیں کرتا۔ اور اگر دوسری تجویزیں پیش کی جائیں تو ان پر غور کرنے کے لئے بھی تیار ہے لیکن ان تجویزوں میں کسی تبدیلی یا اضافہ کو اس وقت تک نہیں مانا جائیگا جب تک کہ اسے کمیشن اور ہند اور پاکستان کی حکومتیں منظور نہ کریں۔

(۷) استصواب رائے عامہ کی خاص شرائط یہ ہیں :۔

(ل) جموں اور کشمیر کی ریاست کے پاکستان یا ہندوستان میں شامل ہونے کا فیصلہ ایسے استصواب رائے عامہ سے ہوگا جو جمہوری طریقوں [redacted] ہو۔ استصواب کی اسکیم اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ پوری ریاست کو استصواب کے نتیجہ کے مطابق یا تو ہندوستان میں شامل ہونا چاہیئے یا پاکستان میں۔

(ب) استصواب رائے عامہ کا انتظام ایک ناظم کریگا۔ جس کو اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کمیشن کے مشورہ سے نامزد کریں گے۔

ڈاکٹر لوزانو نے یہ تشریح کی ہے کہ استصواب کے منتظم کی نامزدگی میں پاکستان اور ہندوستان کی حکومتوں سے مشورہ ضرور کیا جائیگا لیکن آخری فیصلہ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل ہی کمیشن کے مشورے سے کریں گے۔

(چہارم) جب کمیشن کو یہ معلوم ہو جائیگا کہ جنگ بند کرنے اور عارضی صلح کی تجویزوں پر پورا عمل ہو چکا ہے۔ جن کا ذکر اسکی تجویز مورخہ ۱۳ اگست کے حصہ اول و دوم میں ہے تو رسمی طور پر منتظم کا تقرر ہوگا اور وہ رسمی طور پر ریاست میں اپنے عہدہ کو قبول کرے گا۔

پنڈت نہرو عالمگیر رہنما ہیں

ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ کی تقریر

مدراس ۱۷ جنوری۔ کل یہاں ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے کہا کہ وہ عالمگیر رہنما ہیں اور ان کا نظریہ نہایت ہی واضح اور متعین ہے۔

انہوں نے کہا کہ پنڈت نہرو نے بین الاقوامی معاملات میں ۱۹۲۷ء سے حصہ لینا شروع کیا ہے۔ ہم اس وقت حیران ہوتے تھے کہ وہ ایسا کیوں کر رہے ہیں جب کہ ہمیں آزادی نہیں ملی تھی۔ اب آزادی کے حصول کے بعد ہمیں غیر ملکی معاملات سے سابقہ پڑا ہے اور پنڈت نہرو کے طویل تجربہ سے ملک مستفیض ہو رہا ہے اور بین الاقوامی حلقوں میں ہندوستان کو عزت کی نظروں سے دیکھا جاتا ہے۔

[redacted]

مرکزی حکومت کو ہوشیاری سے چلا رہے ہیں۔ کئی ایسے مسائل ہیں جن پر نکتہ چینی کی جاتی ہے۔ مثلاً غیر کانگریسیوں کو اس میں شرکت کو برا بھلا کہا جاتا ہے لیکن انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ موجودہ مرکزی کیبنٹ محض عبوری دور کے لئے ہے

انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پنڈت نہرو کے نقش قدم پر چلیں اور اپنے دل سے انہیں حقیقی محبت ہے ان کی پیروی کریں

عثمانیہ یونیورسٹی میں ہندی ہو

حیدرآباد (دکن) ۱۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حال ہی میں حیدرآباد کی ہندی پرچار سبھا کا ایک وفد ملا اور یہ مطالبہ کیا کہ عثمانیہ یونیورسٹی میں ذریعہ تعلیم ہندوستانی کی بجائے ہندی رکھا جائے کیونکہ ہندوستانی کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اور ہندوستانی کے پردہ میں اردو کو برقرار رکھ کر اسے نئی زندگی دینا ہے۔

حیدرآباد (دکن) ۱۷ جنوری۔ حیدرآباد اسٹیٹ

مغربی پنجاب میں اختلافات کی خلیج روز بروز وسیع ہوتی جا رہی ہے

خضر حیات کی گوشہ نشینی ممدوٹ کی نا اہلیت اور دولتانہ کی اختلافات پر ایک نظر

لاہور ۔۔۔۔ ۱۷ ۔۔۔۔ جنوری

متحدہ پنجاب کے وزیر اعظم ملک سر خضر حیات خاں نے مارچ ۱۹۴۷ء میں اچانک استعفیٰ دے کر، جس کے بعد پنجاب کے مشہور فسادات شروع ہوئے، جلا وطنی اختیار کر لی تھی، اور انگلستان چلے گئے تھے۔ مگر وہاں اُن کو معلوم ہوا کہ ان کے مخالفین جو اب برسر حکومت ہیں، اُن کی جائیداد کو پناہ گزینوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے انہوں نے تار دیا کہ میری آمد کا انتظار کرو۔

جس وقت وہ واپس پہونچے تو ان کے دوست سر محمد ظفر اللہ خاں، کہا جاتا ہے کہ جن کے کہنے پر انہوں نے کولیشن وزارت کے اپنے غیر مسلم رفقاء سے علیحدگی اختیار کی تھی، پاکستان کے وزیر خارجہ بن چکے تھے۔

واپسی کے بعد سے سر خضر حیات نے گوشہ نشینی اختیار کر لی۔ مگر لاہور کے اخبارات نے ان کے خلاف شور و غوغا آرائی کی کہ وہ ایک مسلح بغاوت کرنا چاہتے ہیں مگر انہوں نے چند الفاظ میں اس کی تردید کر دی۔ اب وہ اپنی جائیداد کی دیکھ بھال میں ایک کرتہ اور ایک تہمد پہنے مصروف نظر آتے ہیں۔

عوام میں ان کے خلاف جو جذبہ تھا وہ بھی کم ہوتا جا رہا ہے اور وہ ان کو ایک شریف اور ایک لائق ایڈمنسٹریٹر خیال کرنے لگے ہیں۔ اس کی دوسری وجہ خان ممدوٹ کی نا اہلیت بھی ہے لیکن وہ اب مستقل طور پر سیاسیات سے ریٹائر ہو گئے ہیں۔

ادھر مسلم لیگ اور موجودہ وزارت میں سخت اختلاف پیدا ہو گیا ہے۔ ممتاز دولتانہ جو پچھلے موسم گرما تک نواب ممدوٹ کے ساتھ مستعفی ہو کر اب صرف ان سے علیحدہ ہو گئے ہیں ملکیان کے خلاف صف آرا ہیں جس کا ثبوت مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ۲۸ دسمبر ۱۹۴۸ء کے اجلاس میں ملتا ہے جس میں ۸۳ میں سے ۴۲ آدمیوں نے دستخط کر کے وزیر اعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی تھی۔ یہ اختلاف دن بدن بڑھتا جا رہا ہے اور اس خلیج کو پاٹنے میں مرحوم قائد اعظم اور ان کے جانشین خواجہ ناظم الدین بھی ناکام رہے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرکزی لیڈروں کا صوبائی حکومتوں اور لیڈروں پر کوئی اثر نہیں ہے جس کا پنجاب کے علاوہ سندھ اور سرحد کی سیاسیات سے بخوبی ملتا ہے۔

خیال ہے کہ اگر ممدوٹ وزارت توڑ کر پنجاب میں دوسری وزارت بنائی گئی تو ملک فیروز خاں نون اس کے وزیر اعظم ہونگے

لکھنؤ میں طلباء کے جلوس پر پولیس کا لاٹھی چارج

چوبیس اشخاص کی گرفتاری۔ دو بچے بھی زخمی ہوئے

لکھنؤ ۔۔۔۔ ۱۷ ۔۔۔۔ جنوری

ہفتہ کی شام کو ڈسٹرکٹ بورڈ کے اساتذہ سے ہمدردی میں طلباء کی جانب سے جو جلوس نکالا گیا تھا اس میں پولیس کے لاٹھی چارج کے باعث دو بوڑھے اساتذہ کے چوٹیں آئیں۔ کچھ دوسرے لوگ بھی زخمی ہوئے۔ ایک لڑکی گردن پر لاٹھی سے چوٹ آنے کے باعث ہجوم میں بیہوش پڑی ہوئی پائی گئی۔ شام کو اساتذہ کی جانب سے امین آباد میں ایک جلسہ کیا گیا۔ جس کو منعقد کرنے کے لئے مقامی حکام نے اجازت دیدی تھی۔

بعد ازاں کچھ مقامی کالجوں کے طلباء جو کالجوں سے غیر حاضر رہے تھے جلسہ میں پہنچے اور جلسہ ختم ہونے پر ایک جلوس کی صورت میں روانہ ہوئے۔ جلوس کے شروع میں کچھ لڑکیاں تھیں پولیس نے یہ کہہ کر کہ جلوس کے لئے اجازت نہیں مانگی گئی۔ اور نہ اس کی اجازت ہے جلوس کو حضرت گنج میں کوتوالی کے سامنے روک دیا۔

کا حکم دیا گیا۔ لڑکیوں اور لڑکوں نے مزاحمت کی اور لڑکیوں نے پولیس والوں کے خلاف چپلوں کا استعمال کیا۔ پولیس پر حملہ ہوا، اس میں دو پولیس والوں کے بھی چوٹیں آئیں۔ چوبیس گرفتاریاں عمل میں آئیں جن میں تین استاد بھی شامل ہیں

آسٹریلوی وفد کی آمد

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے، صداقت کا امتحان کیجئے۔

یونین ہوٹل (حاجی محمد یونس اینڈ برادرز) بلیماران دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

مفت حاصل کرنے کے لئے آج ہی ماہنامہ "بانو" دہلی کے سالانہ خریدار بنئے "حسین کشیدہ کاری" کے علاوہ ایک سالنامہ اور دس ماہ کے پرچے مفت پیش کئے جائیں گے سالانہ قیمت صرف پانچ روپیہ منیجر ماہنامہ بانو دہلی کا پتہ ہے۔

روزنامہ ناظم رام پور

ناظم۔ عرصہ دس سال سے پابندی وقت کے ساتھ شائع ہوتا ہے۔

ناظم۔ روزمرہ کے مقامی حالات صحیح صورت میں پیش کرتا ہے۔

ناظم۔ جائز تنقید اور پبلک کی صحیح ترجمانی سے کسی وقت بھی گریز نہیں کرتا۔

ناظم۔ عالم بھر کی تازہ ترین خبریں اور مفید مضامین پیش کرتا ہے۔

ناظم۔ فرقہ واری کے خلاف امن عامہ کا حامی ہے

ناظم۔ آپ کی اعانت اور تعاون کا متمنی ہے۔

ناظم میں اشتہار دینا آپ کی شہرت کے لئے ازبس مفید ہوگا۔

چندہ سالانہ -/27 ششماہی -/19 فی پرچہ ۱ نمونہ مفت

دیانتدار ایجنٹوں کی ضرورت ہے منیجر ناظم اخبار رام پور اسٹیٹ

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں!

جیون

رگوں میں نیا خون۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا۔ مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اسکے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (عہ)

طلا نمبر ۲

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے (صہ)

تصدیق

ملنے کا پتہ:۔ دلی دوا گھر۔ نوز گنج۔ دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۹ جنوری ۱۹۴۹ء

جائدادوں کا تبادلہ

جو لوگ اپنی جائداد کو چھوڑ کر بے سروسامانی کی حالت میں ہندوستان سے پاکستان کو اور پاکستان سے ہندوستان کو منتقل ہوئے اور جنہیں جان کے اتلاف کے ساتھ اپنی جائدادوں کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑا، ان کے متعلق دونوں حکومتوں کو بڑی تشویش تھی اور کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آتی تھی کہ کس طرح اس نقصان کی تلافی ہو اور کس طرح پناہ گزینوں کی مالی پوزیشن کو بحال کیا جائے، اور اس میں شک ہی کیا ہے کہ دونوں حکومتوں کے پناہ گزینوں کو آزادی کی جو قیمت ادا کرنی پڑی اور تبادلہ آبادی کے سلسلہ میں ان کا جو جانی اور مالی نقصان ہوا تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ملتی! ایک طرف غریب الوطنی، گھروں کی یاد، خویش و اقارب کے نہب و قتل کا صدمہ۔ رشتہ داروں کی پراگندگی اور جدائی اور دوسری طرف افلاس، غربت اور پیسہ کی تنگی کی جان لیوا مصیبت، یہ غریب نہ کوئی کاروبار کر سکتے تھے اور نہ سکون کے ساتھ اپنے مستقبل کا کوئی خاکہ بنا سکتے تھے، حکومتوں نے بہت کچھ امداد کی۔ مگر جو بات قابو سے باہر اور غیر فطری ہو اسے حکومتیں کہاں تک سنبھال سکتی ہیں۔ چنانچہ حکومتوں کی امداد صفر کے برابر رہی اور آبادی کا تبادلہ کرنے والوں سے کچھ زیادہ نہ بن پڑا۔

افسوس ہے کہ پناہ گزینوں کے معاملہ میں سرد مہری دونوں طرف سے ہوئی نہ مغربی پاکستان میں مسلم مہاجرین کو پوچھا گیا اور نہ ہندوستان میں شرنارتھیوں کا خیر مقدم ہوا۔ پنجابیوں اور سندھیوں نے مہاجرین کو خطرہ کی نظر سے دیکھا اور ہندوستان کی آبادی نے شرنارتھیوں کو اپنے لئے مصیبت سمجھا اس کے علاوہ کسٹوڈین کے محکمہ نے یہاں اور وہاں جو شاندار کارنامے انجام دئے ان پر اسے ملامت تو کر سکتے ہیں، مبارکباد نہیں دے سکتے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ نہ ہندو پر رحم آیا نہ مسلمان کو مسلمان نے اچھی نگاہوں سے دیکھا، حکام اور افسروں پر بہشت کے دروازے کھل گئے اور انہوں نے غریب الدیار مہاجرین اور شرنارتھیوں کی جیبوں پر خوب ڈاکے ڈالے، غرض بے رحمی اور سنگدلی کی تاریخ پہلی بار ہند اور پاکستان میں مرتب ہوئی ہے اور افسوس ہے کہ ہمیں اس پر ندامت نہیں ہے بلکہ فخر ہے کہ ہندوستان اور پاکستان دنیا کو روحانیت اور تہذیب کا سبق دے رہے ہیں اور مہاتما گاندھی کا ملک پھر ایک دن ساری دنیا کی قیادت کا فرض انجام دے گا۔

اس طویل داستان کے بعد یہ سنکر اطمینان ہوگا کہ ہند اور پاکستان کے درمیان پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق سمجھوتہ ہو گیا ہے جس کی رو سے پناہ گزینوں کو اپنی جائداد کا تبادلہ اور فروخت کرنے کا پورا اختیار حاصل ہوگا، اور اس کاروبار میں حکومت سہولتیں بہم پہونچائے گی اور پناہ گزینوں سے جائداد کے حصول میں پورا تعاون کرے گی۔ اس فیصلہ اور سمجھوتہ کے لئے دونوں حکومتیں مبارکباد کی مستحق ہیں کہ انہوں نے ایک اہم ترین مشکل کو دور اور غریب الدیار لوگوں کو مطمئن کرنے کی راہ پیدا کی اور دونوں کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے کامیاب قدم اٹھایا۔ اگر دونوں نے اپنے سمجھوتہ پر خلوص کے ساتھ عمل کیا

پناہ گزینوں کی مشکلات بہت بڑی حد تک حل ہو جائیں گی اور سمجھوتہ کی راہ میں جو پہاڑ حائل تھا وہ درمیان سے ہٹ جائے گا۔

جہاں تک ان مسلمانوں کا تعلق ہے جو ہند یونین کو خیرباد کہہ کر ہمیشہ کے لئے پاکستان چلے گئے ہیں، انھیں اس بات کی کھلی آزادی ہے کہ اپنی جائدادوں کا تبادلہ کریں یا انھیں فروخت کر ڈالیں۔ کیونکہ جب وہ پاکستان کے شہری بن چکے ہیں اور انھیں پاکستان میں جائداد کی ضرورت ہے تو وہ یقیناً اپنی جائدادوں کو فروخت کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔ لیکن وہ مسلمان جو ہند یونین کے باشندے ہیں۔ جو ہندوستان کو اپنا وطن سمجھتے ہیں اور جو ہندوستانی شہریت کے حقوق حاصل کر کے آبرومندانہ زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں اور جنھوں نے فسادات اور ان کے نتائج کا مردانہ وار مقابلہ کر کے اپنے عزم و استقامت کا ثبوت بہم پہونچایا ہے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس سیلاب کا پوری ہمت کے ساتھ مقابلہ کریں اور جائدادوں کی فروخت اور تبادلہ کے معاملے میں اپنے ذاتی مفاد پر ملتی اور اجتماعی مفاد کو ترجیح دیں۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے ہند یونین کے شہری مسلمانوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اس امتحان میں ثابت قدم رہیں اور امتحان کی کسوٹی پر پورا اترنے کی کوشش کریں اگر انھوں نے بھی اپنے مکانوں اور دوکانوں کو فروخت کرنے کی غلطی کی یا تبادلہ کرنے میں دلچسپی لی تو ان کا یہ طریق کار خواہ ان کے مفاد کے لئے کتنا ہی موثر اور نفع بخش ثابت ہو لیکن ہند یونین کے مسلمانوں کے لئے انتہائی خطرناک ہوگا...... اگر وہ اس مشورہ کو قبول کریں گے تو یہ نہ صرف ان کی حب الوطنی کا زندہ ثبوت ہوگا بلکہ وہ ہند یونین کے ایک شہری کی حیثیت سے باعزت مقام حاصل کر سکیں گے، جو حضرات آج خوش ہیں کہ جائداد کی فروخت اور تبادلہ کا دروازہ کھل گیا ہے وہ جذبات کی رو میں بہہ کر اس بات کو فراموش نہ کریں کہ اس معاملہ میں بھی ذاتی مفاد ملک کی تقسیم کی طرح اجتماعی مفاد اور ملی مفاد کے لئے انتہائی نقصان دہ اور رسوا کن ثابت ہوگا، پھر یہ خطاب صرف ان مسلمانوں سے ہے جو اب تک ہند یونین کو اپنا وطن سمجھتے رہے ہیں اور جس کی خاطر انھوں نے ہر قسم کے مصائب برداشت کئے ہیں!

ہند یونین کے مسلمانوں کو اس مشورہ پر پوری بصیرت کے ساتھ غور کرنا چاہیئے، ایسا نہ ہو کہ کوئی عاجلانہ اقدام ان کیلئے ایک نئی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہو اور انھیں پھر کسی وقت پچھتانا اور شرمندہ ہونا پڑے، پیر دانا کی نصیحت عین وقت پر گوش گذار ہوئی ہے اور پچھلا تجربہ بتاتا ہے کہ ہمیں اس مشورہ کو قبول کر لینا چاہئے۔ اگر خدا نخواستہ مسلمان پھر بہک گئے اور ان کی خود غرضی نے پھر برے دن دکھائے تو مسلمانان ہند کے لئے اتنا بڑا دور رس اور اتنا سخت نقصان ہوگا جس

حضور سرور کونین صلعم سے مسلمانان دہلی کا والہانہ اظہار عقیدت

جامع مسجد شاہجہانی میں فرزندان توحید کا اجتماع

حضرت مدنی، مولانا حفظ الرحمن اور دیگر اکابرین کی تقاریر

خصوصی نامہ نگار الجمعیۃ

دہلی ۔ ۱۶ جنوری بستی مجلس اوقات دہلی کی جانب سے جامع مسجد دہلی میں ایک دو روزہ سیرت کانفرنس منعقد ہوئی تھی جو گذشتہ شب بڑی کامیابی کے ساتھ ختم ہو گئی۔ کانفرنس کا پہلا اجلاس ۱۶ جنوری کو بعد نماز جمعہ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ دوسرا اجلاس اسی روز شب میں حضرت مولانا حفظ الرحمن کی صدارت میں منعقد ہوا۔

کانفرنس کا تیسرا اجلاس کل دن میں دو بجے اور چوتھا اجلاس شب میں پونے ۸ بجے منعقد ہوا ۔ دونوں روز شب میں منعقد ہونیوالے اجلاسوں کی تقاریر آل انڈیا ریڈیو دہلی نے ریکارڈ کی اور ۱۵ اور ۱۶ جنوری کو صبح کے پونے ۸ بجے سے ۹ بجے تک آل انڈیا ریڈیو سے ان کو نشر کیا۔ کل شب کے اجلاس میں سر شام سے تیز اور سرد ہوا کے باوجود عاشقان رسول کا زبردست اجتماع ہو گیا تھا اور جب بارش شروع ہو گئی تب بھی محمد مصطفےٰ کے پروانے اسی طرح بیٹھے ذکر حبیب خدا سنتے رہے۔

مولانا مدنی کی تقریر

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی نے اپنی تقریر میں سرور کونین کی سیرت پاک پر ایک سیر حاصل تبصرہ فرمایا اور سردار دو عالم کی مکی زندگی کو خاص طور پر پیش کرتے ہوئے مسلمانان ہند کو خطاب کرتے ہوئے

کہ خدا کا جو کلام تم پر نازل کیا گیا تھا اور تم نے اس کی تعریف کی ہے اسکو صحیح صورت میں دیکھو آپ نے کہا۔ نبی کریم نے اعلان کیا کہ جس چیز کو تم بھلا چکے ہو۔ جو آفتاب تمہاری نظروں سے اوجھل ہو گیا ہے اسکو اب تمہارے سامنے پوری شان و شوکت سے

نسلی منافرت کی آگ

جنوبی افریقہ میں قتل عام

سیاست امروز

ڈربن کا فساد

افریقہ کی پوری تاریخ میں ڈربن کا فساد اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے اس سے قبل وہاں کبھی افریقیوں اور ہندوستانیوں میں جھگڑا نہیں ہوا بلکہ اس کے برعکس ہمیشہ دونوں یورپین اقتدار سے عاجز تھیں اور اس امر کے امکانات پیدا ہو رہے تھے کہ تمام غیر یورپین یورپینوں کی برتری کو ختم کرنے کے لئے اپنا متحدہ محاذ بنائیں۔ ڈاکٹر دادو اور ڈاکٹر نائیکر ایسا محاذ بنانے میں پیش پیش تھے۔

ڈاکٹر ملان کی حکومت جو روز اول سے نسلی امتیاز کی پالیسی پر عمل کر رہی ہے۔ ایسا محاذ کب برداشت کر سکتی تھی چنانچہ اس متحدہ محاذ کے امکان کو ختم کرنے کے لئے اس نے زر اور حکومت کے اس اوچھے ہتھیار کو استعمال کیا جو دو سو سال تک انگریز استعمال کرتا رہا۔ دراصل اس ناپاک ہتھیار کے ذریعہ ہی متحدہ محاذ کو توڑا جا سکتا تھا۔ ڈاکٹر ملان جو چیز قانون کے ذریعہ حاصل نہ کر سکے وہ اب اپنی شیطانی قوت اور سیدھے سادھے اور بیوقوف

میدان جنگ میں اہمیت کے بعد دیگرے اہم فتح حاصل ہو رہی ہے۔ دوسری طرف جنرل چیانگ کائی شیک کا پارٹی کا ایک گروپ کمیونسٹوں سے صلح کرنے کے لئے زور دے رہا ہے کمیونسٹوں نے آٹھ نکات پر مشتمل صلح کے لئے جو شرطیں پیش کی ہیں ان پر ڈاکٹر سن فو کی حکومت غور کر رہی ہے لیکن ان شرطوں پر مختلف لیڈروں نے اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے اس سے مترشح ہوتا ہے کہ یہ شرطیں مسترد کر دی جائیں گی اور جنرل چیانگ کائی شیک کی ٹولی آخر دم تک مقابلہ کرنے کو ترجیح دے گی تو کچھ ہو آئندہ چند یوم چین کی تاریخ میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ اور ان دنوں میں جیسا انقلاب کے آثار نظر آ رہے ہیں وہ ایسا بڑا انقلاب ہوگا کہ پورے ایشیا کو اپنے پیٹ میں لے سکتا ہے۔

فوجی کانفرنس

چین کے تاریخی دن

ایڈیٹر کے نام خطوط

جائدادوں کا معاہدہ

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف اور خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبر حوالۂ ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

ناظم اعلیٰ صوبہ متحدہ باندہ میں

مولانا محمد قاسم صاحب شاہجہانپوری براستہ مجالس ۱۸ جنوری کو باندہ پہنچ رہے ہیں۔ شب کو تواں کے پاس ایک جلسہ میں خطاب فرمائیں گے۔ ۱۹ جنوری کی کانفرنس کو آپ کی صدارت میں انتخاب مجلس منتظمہ ہوگا۔

[redacted]

بریلی:۔ کل شیخ ولی اللہ صاحب جنرل کمشنر کی زیر نگرانی انتخاب ہوا۔ ۔۔۔ حضرات میں سے مجلس عاملہ کیلئے منتخب ہوئے۔ عہدیداران کے انتخابات خاص طور پر ۔۔۔ اور عہدیداروں کے عہدہ دوبارہ انتخاب ہوا۔ مولانا حکیم خلیل اللہ خاں صاحب حکیم صدیق احمد صاحب اور منشی عبد الحق صاحب کے نائب صدر مولانا عبد الرؤف صاحب ناظم اعلیٰ مولوی اختر حسین وکیل اور مسٹر اصغر علی خاں نائب ناظم شیخ مشتاق احمد انصاری ناظم نشر و اشاعت حافظ محمد یوسف صاحب خازن مقرر ہوئے۔ علاوہ عہدیداران شیخ ولی اللہ مولوی شریف حسن مولوی عبد الواحد صاحب ایم۔ اے ۔۔۔ عظمت اللہ صاحب اسٹر محمد صدیق حکیم عبد الرشید عبد الرحمن خاں صاحب محمود میاں صاحب قاری عبد العزیز صاحب مولوی عبد الرحمن صاحب مجلس عاملہ کیلئے منتخب ہوئے۔

قصبہ لاوڑ:۔ ۸ جنوری کو مدرسہ احسن العلوم میں حافظ محمد عمر خاں صاحب کی صدارت میں عہدیداران و ممبران مجلس منتظمہ کا انتخاب ہوا۔ حکیم مختار احمد صدر منشی نور محمد نائب صدر منشی عبد العزیز ناظم اعلیٰ سید ظہیر الدین نائب ناظم حاجی رحمت اللہ صاحب خازن مقرر ہوئے اور فضل الٰہی صاحب رئیس مولانا محمد شفیع محمد الیاس صاحب مشتاق احمد صاحب حافظ عبد المجید صاحب سلیم الدین محمد اسمٰعیل صاحب مسٹر عبد الغنی جناب عبد الواحد اور عبد الرحیم صاحب مجلس منتظمہ کے ممبر منتخب ہوئے۔

جوالاپور:۔ ۱۸ دسمبر کو بعد نماز جمعہ شاہی مسجد میں جمعیۃ علماء کا انتخاب ہوا۔ راؤ امیر احمد صاحب صدر شیخ عزیز احمد مہتمم مسجد شاہی نائب صدر شیخ منظور احمد صدیقی ناظم اعلیٰ محمد ابراہیم قریشی نائب ناظم محمد اسمٰعیل انصاری خازن منتخب ہوئے اور مجلس منتظمہ میں ولی محمد صاحب چودھری عظیم الدین چودھری غلام حسین انصاری مستری حسیت اللہ اور شیخ نصیب کا انتخاب ہوا۔

قصبہ سیانہ:۔ بلند شہر قصبہ سیانہ میں ممبر سازی کے بعد مجلس منتظمہ کے لئے ۱۴ ممبران منتخب ہوئے۔ اور اس کے بعد عہدیداران کا انتخاب ہوا۔ قاضی محمد الیاس صدر حاجی ظہور الحق صاحب اور منشی احمد سلیمان صاحب نائب صدر منشی عبد المجید خاں صاحب ناظم مولوی عبد المنان خاں صاحب اور ماسٹر ارشاد حسین خاں صاحب نائب ناظم منشی حاجی عبد الرحیم خاں صاحب خازن حافظ منظور حسین خاں صاحب اور چودھری لیاقت حسین خاں صاحب ناظم نشر و اشاعت منتخب ہوئے۔

ضلع بھڑوچ:۔ ۹ جنوری کو منشی عیسیٰ بھائی ابراہیم کی صدارت میں شب میں جلسہ ہوا۔ اور انتخاب عمل میں آیا۔ منشی عیسیٰ بھائی ابراہیم صدر محمد موسیٰ مولوی سیٹھ نائب صدر مولوی ابراہیم آدم ناظم قاضی عبد الرحیم مسلمت نائب ناظم حاجی غلام محمد ناظم نشر و اشاعت منتخب ہوئے۔ جمعیۃ کیلئے ۔۔۔ ارکان منتخب ہوئے۔ مجلس عاملہ کے ارکان کا انتخاب جناب صدر بعد میں کریں گے۔ یہ جلسہ گجراتی ۔۔۔ کے جناب یوسف اسمٰعیل صاحب کے ۔۔۔ میں منعقد ہوا تھا۔ جلسہ میں دو ریزولیوشن پاس کئے گئے پہلے میں یوسف اسمٰعیل صاحب کا شکریہ ادا کیا گیا۔ دوسرے میں ۔۔۔ جمعیۃ علماء کے جہازوں کیلئے ۔۔۔ اور وہ جمعیۃ کی بڑی خدمت کرتے ہیں دوسرے میں ہند گورنمنٹ سے امن و اتحاد کی کوششوں میں تعاون کا یقین دلایا گیا۔

چندوسی:۔ ۹ جنوری کو انتخاب عمل میں آیا ۲۱ ممبران مجلس منتظمہ منتخب ہوئے۔ حکیم حافظ اقبال احمد صدر مولوی حافظ سید ظفر احمد اور مولوی عبد السلام صاحب نائب صدر مولانا ابو مسعود قمر بنارسی ناظم اعلیٰ مرزا انتظار بیگ اور منشی محمد یٰسین صاحب نائب ناظم ڈاکٹر الطاف حسین خازن منتخب ہوئے اور مولانا ابو مسعود قمر بنارسی ضلع کیلئے نمائندہ مقرر ہوئے۔

پھلاودہ:۔ ۹ جنوری کو ارکین مجلس انتظامیہ جمعیۃ علماء ۔۔۔ کا انتخاب ۔۔۔

۱۲ جنوری کو کثرت رائے سے چودھری رمضان علی صاحب **حلقہ پونڈا امیر** ۔۔۔ ملا منشی عبد الرحیم خاں پیری نائب صدر ماسٹر صادق علی خاں ناظم نیر داؤد محمد نائب ناظم منشی [redacted] ۔۔۔ مجلس منتظمہ منتخب کئے گئے۔

کیا۔ مولوی ظہور علی صدر مولوی عبد الرحمن نائب صدر حکیم نفس الرحمن ناظم منشی جمال الدین مولوی مظہر الرحمن ناظم اور مولوی عبید اللہ صاحب خازن مقرر ہوئے۔

سنبھل:۔ ۹ جنوری کو دفتر جمعیۃ علماء میں مولانا سعید احمد اسرائیلی کی صدارت میں جلسہ ہوا اور مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ایم۔ ایل۔ اے صدر حاجی امانت اللہ اور مولانا سلطان احمد نائب صدر مولانا مقصود احمد ترکی ناظم اعلیٰ حافظ ابو العلا اور منشی شبیر حسن نائب ناظم شیخ عبد الحمید صاحب خازن اور حافظ انوار الحسن صاحب سالار انصار اللہ مقرر ہوئے۔ آخر میں جناب صدر نے جمعیۃ علماء کے پروگرام کو دیہات میں پھیلانے کی اپیل کی۔

بین الاقوامی گندم کانفرنس
۲۷ جنوری کو واشنگٹن میں ہوگی

نئی دہلی ۹ جنوری۔ بین الاقوامی گندم کانفرنس کا اجلاس ۲۷ جنوری ۱۹۴۹ء کو واشنگٹن میں ہوگا۔ اس میں شامل ہونے والے ہندوستانی وفد کے ممبران حسب ذیل ہوں گے۔ مسٹر بی آر سین ڈائرکٹر جنرل فوڈ ۔۔۔ مسٹری آر آر سکسینہ ہندوستانی قونصل جنرل مقیم نیویارک اور مسٹر ایم بی ابھینکر واشنگٹن میں ہندوستانی سفارت خانہ کے خوراک اتاشی ہیں۔

ہندوستانی ڈاکٹروں کے لئے
بین الاقوامی ادارہ میں آسامیاں

نئی دہلی ۱۵ جنوری۔ اگلے ایک دو سال میں بین الاقوامی انجمن صحت کے عملے میں اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹروں کے لئے کچھ آسامیاں مل سکیں گی۔ یہ آسامیاں عام طور پر بچوں اور زچگی کے امراض تپ دق، ملیریا، امراض خبیثہ کی روک تھام، غذائیت، حفظان صحت وغیرہ کے ماہروں کے لئے ہوں گی۔ ان عہدوں کی تنخواہیں پانچ ہزار اور سات ہزار ڈالر سالانہ کے درمیان ہوں گی۔ ڈائرکٹر یا اسسٹنٹ ڈائرکٹر کی سطح کی بھی ایک دو آسامیاں ہوں گی۔ خواہشمند اصحاب کو ۱۵ فروری ۱۹۴۹ء تک حسب ذیل پتے پر اپنی درخواستیں بھیج دینی چاہئیں۔ ڈائرکٹر آف ہیلتھ سروسز نئی دہلی۔

مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے نئے چیف جسٹس

نئی دہلی ۱۵ جنوری۔ گورنر جنرل نے کلکتہ ہائی کورٹ کے آنریبل مسٹر جسٹس سدھیر رنجن داس کو مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کیا ہے۔ مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے چیف جسٹس آنریبل مسٹر جسٹس رام لال ریٹائر ہوگئے ہیں۔

جی۔ آئی۔ پی ریلوے پر
آگ کے حادثہ کی تفتیش

بمبئی ۱۵ جنوری۔ جی۔ آئی۔ پی ریلوے لائن پر گوردوارہ اور سیلم کے درمیان ۔۔۔ اپ مسافر گاڑی کو آگ کا جو حادثہ پیش آیا تھا اس کی تفتیش ۱۹ جنوری کو صبح دس بجے گا دردوارہ ریلوے اسٹیشن پر شروع ہوگی۔ یہ تفتیش بمبئی میں ریلوے کے سرکاری انسپکٹر مسٹری پی این سبائی کریں گے۔ اس حادثہ کے متعلق اگر کوئی شخص بیان دینا چاہے تو ۱۹ جنوری کو مقررہ وقت پر گا دردوارہ اسٹیشن پر پہنچ جائے۔

مفت

رودعوت کے سلسلے میں حضرت مولانا تھانوی کی مشہور کتاب "بسط البنان" اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی "تالیف لطیف قنوت نازلہ" اور اس کے متعلق مسائل ۔۔۔ کے ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

آزاد فوجیں غیر مسلح نہیں کی جائیں گی
سردار ابراہیم کی نشری تقریر

راولپنڈی ۱۵ جنوری۔ آزاد کشمیر گورنمنٹ کے صدر سردار محمد ابراہیم نے کل رات ان خبروں کی پرزور تردید کی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ "آزاد" فوجوں کو توڑ دیا جائے گا۔

تراڑکھیل کے "آزاد" ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد "کشمیر گورنمنٹ" اپنے علاقے کا انتظام کرے گی اور مہاراجہ کی حکومت دوسری طرف نظم و نسق سنبھالے گی۔ آپ نے مزید کہا کہ فوجوں کو غیر مسلح کرنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ صرف ہندوستان اور پاکستان کی فوجیں ریاست کو خالی کریں گی۔

سردار ابراہیم نے آگے چل کر کہا "میں اس امر [redacted] ۔۔۔ بنیادی کشمیری کو تمام کی ۔۔۔ اور قربانیوں پر قائم کی گئی کسی طاقت سے ختم نہیں کی جاسکتی جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ نئی تجاویز کے تحت آزاد گورنمنٹ ختم ہو جائے گی۔ وہ جھوٹا اور بے بنیاد پروپیگنڈہ کر رہے ہیں۔ سردار ابراہیم نے آخر میں کہا "ہمیں جو کچھ بنانے اور موجودہ حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے میدان میں آسکتی ہیں۔ میں کسی کی اجارہ داری پر شبہ نہیں کر رہا لیکن سچے مسلمان کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ ہم دوسروں کے دھوکے میں نہ آجائیں۔" (اے پاکستان)

مسٹر گوبند پرشاد سری واستو کا بیان

مسٹر گوبند پرشاد سری واستو جنرل سیکرٹری بھوپال ضلع کانگریس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مرحلے کے لئے کسی اندولن کی ضرورت نہیں ہے۔ کانگریس اب کوئی اندولن کرنے والی جماعت نہیں ہے۔ مرجر یا انضمام کا سوال گفت و شنید سے طے ہو سکتا ہے۔ مرجر یا انضمام کے سوال پر کانگریس نے نواب صاحب سے گفتگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ تحریک بھوپال کانگریس گورنمنٹ کے خلاف ہے۔ اس تحریک میں بھوپال کی ہندو سبھا اور آر۔ ایس۔ ایس کے عناصر شریک ہیں اور ان سب کی سازش ہے۔ اس تحریک کی بنیاد نفرت پر ہے حکومت نے جلسہ جلوس پر جو پابندی لگائی ہے وہ آر۔ ایس۔ ایس کی تحریک کو روکنے کے لئے تھی اس کی خلاف ورزی ہم نہیں کر سکتے۔ مرجر کے جائز اور آئینی پروپیگنڈے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ ڈسٹرکٹ کانگریس، صوبائی کانگریس [redacted] ۔۔۔ اس قسم کی تحریک چلانے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی کسی لیڈر نے اس کے متعلق حکم دیا ہے۔ اس لئے ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی بھوپال کے عوام سے درخواست کرتی ہے کہ وہ اس ہنگامے میں نہ پڑیں۔ اپنے کاروبار کو جاری رکھیں اور ڈسٹرکٹ کانگریس کی ہدایت کے مطابق اس کے پروگرام میں ہاتھ بٹائیں اور امن و امان کو قائم رکھیں۔

جامع مسجد ٹونک میں سیرت پاک کا جلسہ

(ٹونک، بذریعہ ڈاک) ٹونک ۱۱ ربیع الاول کی شب کو جامع مسجد میں ۔۔۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شاندار جلسہ زیر صدارت حضرت صدر جمعیۃ علماء راجستھان شفاء الملک مولانا حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی منعقد ہوا۔

جلسہ کا آغاز تلاوت کلام پاک کے بعد مولوی محمد شریف صاحب سیف، مدظلہ اور حضرت اختر شیرانی مرحوم کی نعتوں سے ہوا۔

صدر جلسہ نے اپنی صدارتی تقریر میں مسلمانوں کی پریشانی کے اسباب وعلل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ مسلمانوں کی پستی اور نکبت کی اصلی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے راستہ کو چھوڑ دیا اور اسلام کی سچی تعلیمات کو بھلا دیا ہے۔ آج ہم سب یہاں اسی لئے جمع ہوئے ہیں کہ اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور آئندہ ہمارا سردار دو جہاں کی سیرت طیبہ سے سبق حاصل کریں اور آپ کے اسوۂ حسنہ کو اپنے لئے مشعل بنائیں تاکہ اس کی روشنی میں موجودہ مصائب سے نجات حاصل کر سکیں۔

معزز حضرات میں مولانا حکیم مظفر حسن صاحب، مولانا مولوی سعد حسن صاحب مولوی عبد الرحیم صاحب، مولوی ظفر اللہ خاں صاحب اور مولوی احمد حسن صاحب نے سیرت پاک کے مختلف پہلوؤں پر بہت ہی دلچسپ تقاریر فرمائیں۔ منتظمین جلسہ جناب حکیم محمد یوسف صاحب اور جناب حکیم منظور علی صاحب، مولوی عبد الرشید صاحب کا انتظام قابل تعریف رہا۔ نامہ نگار

مجلس احرار ختم کردی گئی

لاہور ۱۵ جنوری۔ پاکستان کی مجلس احرار اسلام نے اپنی تین روزہ پاکستان ڈیفنس کانفرنس کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ وہ سیاسی طور پر مسلم لیگ میں شامل ہو جائے گی اور ملک اور عوام کی خدمت اپنے روایتی خلوص اور قربانیوں سے کرتی رہے گی۔

یہ ریزولیوشن مجلس احرار کے صدر شیخ حسام الدین نے پیش کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ فیصلہ اس لئے کیا جا رہا ہے کہ اب قومی سیاسی جماعت کے ہاتھ مضبوط کئے جائیں اور مسلمانوں کے ملکی اور غیر ملکی دشمنوں کا متحد ہو کر مقابلہ کیا جا سکے۔

ایک ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ مجلس کی پالیسی اس لئے تبدیل کی جا رہی ہے کیونکہ اب غیر ملکی حکومت سے آزادی حاصل کی جا چکی ہے اور اس وقت ملک کو سب سے زیادہ ضرورت نظم و ضبط و یکجہتی کی ہے۔ اس سے پیشتر تین ہزار احرار والنٹیرز اور ورکنگ کمیٹی کے ممبر اور ڈیلیگیٹ اس فیصلے کو منظور کر چکے ہیں۔ شیخ حسام الدین نے ایک خاص انٹرویو میں بتایا کہ ہم قائد اعظم کے اس فرمان پر عمل کر رہے ہیں کہ پاکستان میں صرف ایک سیاسی جماعت ہونی چاہئے۔

شہزادی مارگریٹ کا عشق

پیرس ۱۶ جنوری۔ بعض اطلاعات کے مطابق شہزادی مارگریٹ غالباً عنقریب ہی امریکہ روانہ ہو جائیں گی۔ اطلاعات میں مزید کہا گیا ہے کہ شہزادی صاحبہ امریکہ کی سب سے امیر عورت اور مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کی داوی ہیں، مسٹر جیکولینس ہالسن کے پاس ٹھہریں گی اور شاہ برطانیہ کی منظوری کی انتظار کر رہی ہیں۔ پیرس میں بعض افواہوں کے مطابق مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کا نام شہزادی مارگریٹ سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ ۱۶ جنوری کو نیویارک روانہ ہو رہے ہیں۔

فیروز آباد میں شاہ صوفی کا عرس

۳۱ جنوری ۱۹۴۹ء مطابق ۳۰ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ بروز جمعہ اختتام عرس ہوگا اور ۲۳ جنوری کو قل پر ختم ہوگا۔ فاتحہ خوانی قوالی۔ مشاعرہ سے عرس کی زینت ہوگی۔

مصرع طرح: سو محبت والے ان کے آستاں کو آستاں سمجھے

نوٹ۔ باہر سے تشریف لانے والے حضرات حکیم قاضی اسحاق علی خاں صاحب اسحاق دارثی میونسپل کمشنر کو اطلاع فرمائیں۔

دودھ اور دودھ کی اشیا
آسٹریلیا سے منگوانے کی آزادی

نئی دہلی ۱۵ جنوری۔ آسٹریلیا سے مختلف صورتوں میں جو دودھ ہندوستان بھیجا جاتا ہے حکومت آسٹریلیا نے اسے پابندیوں سے مستثنیٰ کر دیا ہے۔ ہندوستانی تاجر براہ راست آسٹریلیا کے تاجروں سے خشک دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی بچوں کی خوراک منگوا سکتے ہیں۔

تاجروں کے بارے میں تفصیلات معلوم کرنے کے لئے حکومت آسٹریلیا سے حسب ذیل پتہ پر خط و کتابت کی جا سکتی ہے: آسٹریلین ڈیپارٹمنٹ آف کامرس اینڈ ایگریکلچر، انڈسٹریز بلڈنگ، میلبورن۔ (وکٹوریہ)

ایڈیٹر کے نام خطوط صفحہ ۳ کالم ۶ سے آگے

ایسے مسلمان جن کی اپنی کوئی ذاتی جائداد نہیں ہے اور سالہا سال سے وہ کرایہ پر ہی رہتے چلے آرہے اور وہ اب بھی دہلی ہی کے رہنے والے ہیں افسوس کرتے ہیں کہ اب ان کا یہاں رہنا دشوار ہو جائے گا ان کا خیال ہے کہ بعض ایسے مالکان جائداد جو پہلے ہی پاکستان جا چکے ہیں یا وہ جو فسادات کی وجہ سے دہلی میں رہ رہے ہیں اپنی جائدادوں کی دوگنی چوگنی قیمت ملنے پر غیر مسلموں کے ہاتھوں اپنی جائدادیں فروخت کر دیں گے اور یہ بات ظاہر ہے کہ ان کو خریدنے والے بیشتر شرنارتھی بھائی ہوں گے جو اپنی رہائش کی خاطر خریدیں گے یا تبادلہ کریں گے۔ بنا بریں میں اول تو مالکان جائداد کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ وہ محض منافع کے لالچ کے باعث ایسی جائدادوں کی فروخت سے بالخصوص احتراز کریں جن میں مسلمان ہیں یا پھر ان کو مسلمانوں کے ہاتھ فروخت کر دیں۔ خواہ ایسی صورت میں ان کو کوئی منافع نہ بھی ملے بلکہ محض اصل قیمت ہی ملے۔ دوسرے حکومت کو بھی اس قسم کا اعلان کیا جانا چاہئے کہ اگر کوئی ایسی صورت پیش بھی آئے تو وہ ان مسلمانوں کو بیدخل نہ کرے گی جو ان میں آباد ہیں۔

(نظیر احمد ۔۔۔ دہلی)

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے مجھ کو اس کی بیشتر مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو معالجہ کرانے کی بارہا نوبت آئی۔ اس کے تجربات سے مریضوں کو بہت زیادہ فائدہ پہنچا ہے۔ ہندوستان کے مشہور اطبا حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا انصاری دہلوی وغیرہ اور دیگر اکابر علماء دیوبند اور دوسرے نامور حضرات نے اس کی بارہا تصدیق فرمائی ہے۔ اورنگ زیبی زخم اور دیگر جلدی امراض کے لئے اکسیر جلد اس دواخانہ کی خصوصی دوا ہے جس سے بہت زیادہ نفع لوگوں کو پہنچا ہے میں نے پہلے بھی اس دواخانہ کی کامیابی کی تصدیق کی تھی اور اب بھی ضرورت مند حضرات کو توجہ دلاتا ہوں کہ دواخانہ کی مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں۔

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں۔ ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں میں امید کرتا ہوں کہ ضرورتمند حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر جلد جلدی امراض کے لئے یہ اکسیری دوا ہے، چنبل اورنگ زیبی وغیرہ پرانے زخموں کو بغیر کسی تکلیف کے صاف کر دیتی ہے اور چہرہ کے داغ دھبہ کیل چھائیں سیاہی یے رونقی کو صاف کر کے چہرے کو روشن اور خوشنما بنا دیتی ہے۔ چوٹ وغیرہ سے اگر خون جاری ہو جائے تو اس کا بہانا فوراً بند ہو جاتا ہے اور زخم بھی بھر آتا ہے۔ ہر گھر میں ضرور اس کی ایک شیشی رکھنی چاہئے عورتوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔ مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی ایڈیٹر روزنامہ الجمعیۃ دہلی تحریر فرماتے ہیں: "میں نے اکسیر جلد کو تعریف سن کر اسے خود استعمال کیا۔ واقعی اسم بامسمی پایا جلدی امراض کے لئے نہایت مفید، زود اثر اور سہل الاستعمال ہے سیال عرق کی صورت میں یہ خوشبودار دوا فوراً ہی جلد میں جذب ہو جاتی ہے۔ اس کے فوائد لگاتے ہی ظاہر ہونے لگتے ہیں جلد کی صفائی اور خوشنمائی کے لئے بھی عمدہ لوشن ہے۔" قیمت فی شیشی کلاں دو روپیہ آٹھ آنہ خورد چھ آنہ باہر سے منگانے والوں کو بڑی شیشی منگانی چاہئے۔

تریاق الرحم سیلان الرحم یعنی لیکوریا کے لئے واقعی اکسیر ہے بہت جلد اثر دکھاتی ہے۔ سہل الاستعمال ہے۔ ہر قسم کے نقصان سے پاک اس کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہند اور بیرون ہند میں پندرہ سال سے جاری ہے۔ کہیں آج تک ناکام نہیں ہوئی۔ گردہ اور مثانہ کو بھی صاف کرنے میں بہت مفید ہے۔ قیمت فی شیشی چالیس خوراک چار روپیہ جو اکثر ایک مریضہ کو کافی ہوتی ہے۔

اکسیر کامل جگر اور معدہ کی اصلاح کے لئے نہایت مفید اور زود اثر ہے۔ جگر کی سختی ورم وغیرہ کو بہت جلد تحلیل کر دیتی ہے۔ معدہ کی بیماریاں ہضم کی خرابی ریاح کی کثرت وغیرہ بہت جلد دور ہو جاتی ہیں چند روز میں بیمار تندرست اور توانا ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی جس میں تیس خوراک ہیں دو روپیہ آٹھ آنہ۔

جوہر ذیابیطس اس لاعلاج مرض کا کامیاب علاج ہے بڑی خوبی یہ ہے کہ معدہ زائد شکر جو ذنی ہی بند کر دیتی ہے اور ساتھ ہی معدہ کی بھی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ساحلی علاقوں میں اس کا بکثرت استعمال جاری ہے۔ قیمت فی شیشی چھ روپیہ جس میں پنتالیس خوراک ہوتی ہیں۔

روغن تریاقی یہ روغن خنازیر کی گلٹیوں کے تحلیل کرنے اور بواسیر کے مستوں کو بغیر تکلیف کے خشک کرنے میں بہت کامیاب ہے دوسرے پرانے زخموں کو بھی بہت مفید ہے بواسیر کے مریض اس کی ساتھ اکسیر کامل کا استعمال ضرور کریں تاکہ مکمل صحت ہو جائے۔ قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنہ۔

حب جریان یہ گولیاں جریان اور رنزلہ کے لئے بہت نادر ہیں بڑی خوبی یہ ہے کہ قبض نہیں کرتیں بلکہ قبض کو دفع کرتی ہیں۔ مثانہ کی کمزوری کو دور کر کے امساک دائمی پیدا کرتی ہیں اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہیں۔ مقوی اعصاب ہیں۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

المشتہر

مینیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں۔ کیا کریں ۔۔۔۔؟ کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔ جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجئے۔ مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہونچنے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھیے۔

علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ (۳ے) **علماء حق** حصہ دوم قیمت سات روپے آٹھ آنہ (۸عہ) **مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق** قیمت آٹھ آنہ (۸ر) ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

کپڑا لیجاتے ہوئے گرفتار

معلوم ہوا ہے کہ پولیس جنا برج پر دو اشخاص کو چونتیس روپیہ کا کپڑا دہلی سے باہر لیجاتے ہوئے جنا برج پر پکڑا ہے۔

انگریز افسر کو ہلاک کرنے کی دھمکی

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ ہندوستان کے سرویر جنرل بریگیڈیئر جی ایف ہینی نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ انہیں ان کے دفتر کے ملازمین نے ایک دھمکی آمیز خط بھیجا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کئے گئے تو انہیں ہلاک کر دیا جائے گا۔ ان ملازمین کا یہ بھی کہنا ہے کہ برطانوی حکومت کو خاتمہ ہو چکا ہے اور کسی برطانوی افسر کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ سوا تین ہزار روپیہ تنخواہ لے۔

شرنارتھی عورت کو لوٹ لیا

ایک شرنارتھی بڑھیا سے جو کہ ڈفرن برج پر ایک جھونپڑے میں رہتی تھی دو آدمیوں نے صندوق کے کپڑے چھین لئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہی بڑھیا کا آخری سرمایہ تھا۔

ذرائع کو اخبار والوں کی طرف سے دعوت

کل شام پریس ایسوسی ایشن دہلی کی جانب سے وزیر اعظم پنڈت نہرو اور ان کے ساتھیوں کو کانسٹی ٹیوشن کلب میں عصرانہ دیا گیا۔ اس میں پنڈت نہرو، مسٹر رفیع احمد قدوائی، سردار بلدیو سنگھ، مسٹر گوپال سوامی آئینگر، ڈاکٹر جان متھائی، راجکماری امرت کور، مسٹر کے سنتھانم، مسٹر خورشید لال، مسٹر آر۔ آر۔ دیواکر، مسٹر پے اسپاس دیت رام، مسٹر موہن لال سکسینہ اور کابینہ سکریٹری مسٹر ۔۔۔ شریک تھے۔

ڈپٹی کمشنر دہلی کی تقریر

ڈپٹی کمشنر نے ہندوستان اسکاؤٹوں اور دوسرے اسکولوں کے طلبا کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کا مستقبل آپکے ہاتھ میں ہے اور اس کی آزادی کو برقرار رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ مسٹر رندھیر دیال ڈپٹی کمشنر نے یہ تقریر "سروس ویک" کے تیسرے دن کے پروگرام کے موقعہ پر کی۔ جو ہندوستان اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے منایا جا رہا تھا۔

ایک ہزار بلا ٹکٹ مسافر پکڑے

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ جمعہ کو دہلی ریلوے اسٹیشن پر ریلوے اسٹاف نے چھاپہ مار کر چیک کیا اور ایک ہزار کے قریب بلا ٹکٹ سفر کرنے والے پکڑے گئے۔ ان بلا ٹکٹ مسافروں کو ریلوے مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا اور ۔۔۔ روپیہ جرمانہ وصول ہوا۔ پچاس اشخاص چونکہ جرمانہ ادا کرنے کے قابل نہیں تھے جیل بھیج دیئے گئے۔

محفل بزم سخن

دہلی ۱۷ جنوری۔ بزم سخن دہلی کا ہفتہ وار مشاعرہ مسٹری لالہ پنا لال صاحب جوہری رئیس دہلی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ بانی و سرپرست بزم حافظ رحمت الٰہی متکلف نے اہتمام کیا۔ شعراء حضرات نے اپنی غزلیں اپنے اپنے انداز میں پیش فرمائیں جن پر سخن فہم حضرات نے خوب داد دی۔ آخر میں مولانا عزیز الرحمن صاحب لدھیانوی نے ایک تقریر فرمائی جس کو شعراء حضرات نے دل سے پسند فرمایا۔ تقریباً تمام شعراء کرام نے شرکت فرما کر حاضرین کو اپنے کلام سے محظوظ فرمایا۔ بزم سخن کے اہتمام پر بانی بزم سخن نے اعلان کیا کہ ۲۳ جنوری بروز اتوار اور ۳۰ جنوری بروز اتوار کی محفلیں مہاتما گاندھی کی یاد میں منعقد ہوں گی ۲۳ جنوری کے جلسہ کی صدارت محترم شفیق الرحمن صاحب قدوائی فرمائیں گے۔ اور ۳۰ جنوری کے جلسہ کی صدارت حضرت مولانا مولوی احمد سعید صاحب دہلوی فرمائیں گے۔ امید ہے کہ وہ بزم کی درخواست کو منظور فرمائیں گے۔

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر منفعت اٹھائیے

مولانا حفظ الرحمان کی تقریر

(صفحہ چار سے آگے)

مرد کو دوہرا حصہ اسلئے نہیں کہ عورت ناقص ہے بلکہ اسلئے کہ اس پر عورت سے کچھ زیادہ ذمہ داریاں ہیں اور عورت کی ذمہ داریاں بھی اسی پر ہیں آج روس نے بھی وراثت کا یہی اصول تسلیم کیا ہے۔

آپ نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ عرب جہالت کا دور تھا انسان انسان سے برسر پیکار تھا تو آپ نے اعلان کیا کہ اے لوگو تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنائے گئے کسی کو فخر کرنے کا کوئی حق نہیں اونچ نیچ کا کوئی امتیاز نہیں جس کے اعمال اچھے ہوں وہ اونچا ہے نبی کریم نے وہ معاملات عام کر دیئے جو سماجی زندگی میں گھن لگا رہے تھے۔ آپ نے سب سے پہلے جمہوریت کی تعلیم دی آج جو جمہوریت ہمیں یورپ سے ملی ہے وہ ابھی اور ناقص ہے بلکہ جمہوریت جب ہی مکمل ہوگی جب ہمارے سامنے نہ ہندو مسلمان کی بحث ہو۔ اور پارسی کی بحث ختم ہوگی۔

آپ نے کہا کہ سرور عالم کو رحمت کا خطاب ملا ہے آپ نے کبھی اپنے دشمنوں کے لئے بددعا نہیں کی۔ طائف کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ آپ نے اس وقت بھی پتھر برسانے والوں کے لئے بددعا نہیں کی اور یہ کہا کہ اے خدا تو میری قوم کو ہدایت دے۔

ڈربن کے فسادات پر
سردار پٹیل کو اظہار تشویش

اردوری ۱۷ جنوری۔ نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے طلباء کے ایک مجمع میں تقریر کرتے ہوئے ڈربن کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ جہاں پر ہندوستانیوں کو ہلاک کیا گیا ہے اور افریقیوں نے ہندوستانیوں کے مکانات تباہ کر دیئے ہیں۔

سردار پٹیل نے کہا کہ یہ کیسی الٹی بات ہے کہ ہندوستانی اب بھی غیر ملکوں میں تکلیف اٹھا رہے ہیں جب ان کا ملک آزاد ہوگیا۔ یہ انتہائی افسوسناک تجربہ ہے کہ ہندوستانیوں کو اس ملک میں انتہائی ذلت اور تکلیف اٹھانی پڑ رہی ہے جہاں پر اسٹرپتا مہاتما گاندھی نے عدم تشدد کا اپنا پہلا تجربہ شروع کیا تھا اور جس سے وہ دنیا کی تاریخ میں تلوار بغیر کے مالک بنے اور اسی ہتھیار سے ہندوستان کو آزادی اور امن ملا۔

سردار پٹیل نے عوام سے ۔۔۔ مسائل کو حل کرنے میں حکومت کو اپنی پوری حمایت اور تعاون دینا اور کانگریس کے تعمیری پروگرام کو اپنا ئیں اور اس طرح باپو کے ادھورے کام کو پورا کریں۔

چار کروڑ سیاسی قیدی

پیرس ۱۷ جنوری۔ عیسائی تہذیب کی حفاظت کی بین الاقوامی کمیٹی نے فرانس سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ تمام دنیا کے سیاسی قیدیوں کو رہا کرانے میں حصہ لے جن کی تعداد تین کروڑ اور چار کروڑ کے درمیان ہے۔

ڈربن کو فسادات کی تحقیقات ہوگی

لنڈن ۱۷ جنوری۔ آج ڈربن کے فساد کے متعلق جنوبی افریقہ کی حکومت کی میٹنگ ہوئی۔ اس میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا کہ فساد کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جائے۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ دونوں طرف کے ۵۰ اشخاص ہلاک ہوئے ہیں۔ شہر میں اب امن ہے لیکن دیہات میں ابھی کسی ۔۔۔

نیپال کانگریس کے صدر کی بھوک ہڑتال

بنارس ۱۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹری بشیشور پرشاد کوئرالا صدر نیپالی کانگریس نے جن کو حال ہی میں کٹھمنڈو میں گرفتار کیا گیا تھا جیل میں بدسلوکی کے باعث بھوک ہڑتال کر دی ہے۔

افریقہ کے فساد میں کوئی شرارت پسند ہاتھ کام کر رہا ہے
مسٹر منی لال گاندھی کا بیان

نئی دہلی ۱۷ جنوری۔ مہاتما گاندھی کے فرزند مسٹر منی لال گاندھی نے افریقہ کے فسادات پر یونائیٹڈ پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ افریقہ کی تاریخ میں اس قسم کے قتل عام کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ ایسا دکھائی دیتا ہے کہ اس قتل و خون کی پشت پر کوئی شرارت پسند طاقت کام کر رہی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ افریقہ کی حکومت اس پر قابو پالے گی۔ کیونکہ اگر یہ دیانت داری سے چاہے تو یقیناً اس سے بھی زبردست فساد کو دبا سکتی ہے اگر ہندوستانیوں کو بچانے اس فساد میں یورپین پھنسے ہوتے تو حکومت اب تک اس فساد کو دبا چکی ہوتی اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا یونین حکومت ہندوستانیوں کی زندگیوں کو بھی اتنا ہی اہم خیال کرتی ہے۔ جتنا یورپین لوگوں کی زندگیوں کو اہم سمجھتی ہے جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کو اسی طرح مظالم کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ جیسے ڈچ سرکار انڈونیشین پر ظلم ڈھا رہی ہے۔

دیناپور کے ریلوے ملازمین ہڑتال کے حق میں

پٹنہ ۱۷ جنوری۔ دیناپور کے ایسٹ انڈین ریلوے ملازمین نے بھاری اکثریت سے ہڑتال کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ ۲۲۵۱ ووٹروں میں سے صرف ستر نے ہڑتال کے فیصلہ کے خلاف ووٹ دیا۔

سرا ئیک بیلیٹ جو ایک ہفتہ تک جاری رہا آل انڈیا ریلوے مینز فیڈریشن کے ناگپور ریزولیوشن کے نتیجہ کے طور پر کیا گیا۔

یونان میں سیاسی اختلافات
کابینہ کا استعفیٰ۔ نئی کابینہ کی کوشش

ایتھنز ۱۷ جنوری۔ یونانی بادشاہ شاہ پال نے سیاسی پارٹیوں کو ۴۸ گھنٹے کی مہلت دی ہے۔ کہ وہ قومی نجات کے لئے ایک متحدہ قومی حکومت بنالیں جس میں تمام پارٹیوں کے نمائندے شامل ہوں۔ بادشاہ نے کہا کہ اگر ایسی حکومت نہیں بن سکی تو وہ دوسرا حل تلاش کریں گے۔

عام طور پر معتبر حلقوں کا خیال ہے کہ اس قسم کی حکومت کی تشکیل ممکن نہیں۔ اور بادشاہ پارلیمنٹ سے ہٹ کر دوسری کسی حکومت کو بنائیں گے۔ پھر بھی اس میں بعض پارلیمنٹری عناصر کو ضرور شامل کر لیا جائیگا تاکہ کابینہ آمرانہ اختیارات نہ حاصل کر سکے۔ یونان میں سیاسی اختلافات اس حد تک بڑھ گئے تھے کہ گذشتہ رات وہاں کے لبرل ۸۰ سالہ وزیر اعظم اور انکی کابینہ نے استعفیٰ دیدیا۔

بادشاہ نے دس پارلیمنٹری پارٹیوں کے لیڈروں کو اپنے محل پر طلب کیا اور ان کو ۴۸ گھنٹے کی مہلت دی تاکہ وہ ایک مخلوط کابینہ بنالیں۔ چار بڑی پارٹیوں کے لیڈروں نے بادشاہ کو یہ پیشکش کی کہ وہ آج ایک نئی کابینہ بنا سکتے ہیں جن کا دعویٰ ہے کہ انکو پارلیمنٹ کے ۳۵۴ ممبروں میں سے ۲۵۰ کی حمایت حاصل ہے لیکن بادشاہ نے ان کی اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔

خواجہ شہاب الدین کلکتہ میں

کلکتہ ۱۷ جنوری۔ ہندوستان میں پاکستان کے ہائی کمشنر خواجہ شہاب الدین ۔۔۔ مسٹر نذیر الدین احمد ۔۔۔ ہوائی جہاز سے یہاں پہنچے۔

وزیر خوراک بھوپال میں

بھوپال ۱۷ جنوری۔ ہند کے وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام ساگر (سی پی) سے واپس دہلی جاتے ہوئے اتوار کے دن چند گھنٹوں کے لئے بھوپال میں ٹھہرے اور نیسر ہز ہائینس نواب بھوپال سے ملاقات کی۔

ڈربن کے نسلی فسادات پر
برطانوی اخبارات کی رائے

لنڈن ۱۵ جنوری۔ برطانیہ کے تمام اخباروں نے ڈربن کے نسلی فسادات کی خبروں کو جلی حروف میں شائع کیا ہے۔ ابھی تک ان اخباروں نے ان المناک واقعات پر اپنی رائے ظاہر نہیں کی ہے لیکن اس خبر کو وہ بہت زیادہ اہمیت دے رہے ہیں۔

لنڈن کے "ڈیلی کرانکل" نے اپنے پہلے صفحہ پر جلی سرخیوں میں یہ خبر شائع کی ہے۔

"ڈربن کے فسادات میں پچاس آدمی ہلاک کر دیئے گئے۔ مقامی باشندے گانے گا کر لوٹ رہے ہیں"۔ اور بعد میں پوری خبر کو درج کر لیا گیا ہے۔

"ڈیلی میل" نے بڑی ۔۔۔ یہ سرخیاں دی ہیں۔

"ڈربن میں تمام نسل فسادہ ہوتا رہا مقامی باشندوں نے ہندوستانیوں کو زندہ جلا دیا"۔

"ڈیلی ہیرلڈ" نے اپنے کالم کی پٹی میں لکھا ہے نسلی فسادات کو روکنے کیلئے ملان نے فوجیں بھیج دیں"۔

لندن کے "ایوننگ نیوز" نے نصف انچ موٹی اور سات کالمی پٹی میں لکھا ہے "مخدوش علاقوں میں فوج اتار دی گئی۔ ہجیتا انسانوں کو زندہ جلا دیا گیا"

"نیوز کرانیکل" نے ڈربن کے اہم شہر تین زن کے سنوٹ کے ساتھ اس خبر کو ملایا ہے اور لکھا ہے

"دو شہروں کی خونی داستان"

"لندن ٹائمز" نے اس خبر کو ٹی کی خبر بنایا ہے اور لکھا ہے "ڈربن میں نسلی فسادات شروع ہوگئے"۔

کمیونسٹ اخبار "ڈیلی ورکر" نے سرخی دی "فاشسٹ ملان کی نسلی پالیسی آخر رنگ لائی"۔

اسی طرح امریکہ کے اخبارات بھی اس واقعہ کی خبروں سے بھرے ہوئے ہیں۔

"بالٹی مورسن" نے لکھا ہے "یہ نسلی رقابت کی بھیانک مظاہرہ ہے جو تمام جنوبی افریقہ میں پھیل سکتا ہے"۔ اس خبر کے خاص نمائندے مسٹر ۔۔۔ نے حال ہی میں جنوبی افریقہ کا دورہ کیا تھا۔

ملان گورنمنٹ کے سامنے سیاسی بحران
جنرل اسمٹس کی پیش گوئی

لندن ۱۷ جنوری۔ ہر قسم کی علامت سے پتہ چلتا ہے کہ ملان گورنمنٹ کی زندگی پر ایک زبردست سیاسی بحران تلوار کی طرح لٹک رہا ہے آج فیلڈ مارشل اسمٹس نے پیشین گوئی کرتے ہوئے کہا۔ دونوں کے ختم ہونے سے پہلے عام انتخابات ہوں گے جنوبی افریقہ کو متنبہ کر دی کہ ملان گورنمنٹ کی نسلی پالیسی کا مہیب نتیجہ ہوگا۔ اور کہا کہ آج موجودہ حکومت مقرر ۔۔۔ کی ترین شکل اختیار کرے۔

جن لوگوں نے اپنی آنکھوں سے نسلی بالشویزم کی یہ لہر دیکھی ہے ان کا کہنا ہے کہ ہر جگہ جہاں پیڑے بار دھاڑ کر رہے ہیں اور بیشتر لگا ہے تھے ہندوستانی دیے دبے رہے۔ کسی جگہ بھی ہندوستانیوں نے لڑائی نہیں کی۔ جب تک کہ ان پر براہ راست حملہ نہیں کیا گیا۔ ۔۔۔

انڈونیشین ری پبلک کو بچانے کی کوشش
مجلس تحفظ میں نئے ریزولیوشن کی تشکیل

لیک سکسس ۱۷ جنوری۔ سکیورٹی کونسل میں تازہ ترین واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ ایک نئے ریزولیوشن کی تشکیل کی جا رہی ہے جس میں انڈونیشین ری پبلک کو زندہ رکھنے اور یونائیٹڈ اسٹیٹس آف انڈونیشیا کے قیام کے بارے میں لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔

امریکہ نے روس اور یوکرین کے سوا سکیورٹی کونسل کے باقی تمام ممبران کو ایک نوٹ بھیجا ہے جس میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کا ایک کمیشن مقرر کیا جائے جو سماٹرا جاوا اور مدورا کے ایسے علاقے تجویز کرے جہاں سے ڈچ فوجیں آہستہ آہستہ ہٹالی جائیں اور ان علاقوں کا نظم و نسق انڈونیشین ری پبلک کو واپس کر دیا جائے۔

تجاویز: مسئلہ انڈونیشیا کے حل کے لئے اس وقت سکیورٹی کونسل کے سامنے تین تجاویز ہیں۔ چین ممکن ہے کہ ان تجاویز سے ایک ریزولیوشن تیار کیا جائے گا جس کے ذریعے ولندیزیوں سے یہ وعدہ لیا جائے گا کہ انڈونیشین ری پبلک پر سے حملہ ۔۔۔ اور اس کے ساتھیوں کو ۔۔۔ کر دیا جائے گا کہ وہ اپنے ملک سے متعلق آئندہ گفت و شنید میں حصہ لے سکیں۔ ولندیزی فوجیں آہستہ آہستہ ہٹالی جائیں گی جہاں ایک عارضی فیڈرل حکومت کے قیام کے بعد آزادانہ طور پر انتخابات ہوں گے۔ اور پھر ساری حکومت یونائیٹڈ اسٹیٹس آف انڈونیشیا کے سپرد کر دی جائے گی۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اگر توقع کے مطابق اس قسم کا ریزولیوشن تیار کر دیا جائے تو سکیورٹی کونسل کی اکثریت ۔۔۔ اور ہالینڈ اسے ۔۔۔ قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکیں گے۔ (رائٹر)

سیگاؤں میں خوفناک آگ

سیگاؤں ۱۷ جنوری۔ کوچین چین کے دار السلطنت سیگاؤں میں ایک خوفناک آگ لگ گئی جس سے دو ہزار مکانات جل کر خاک ہوگئے ۔۔۔ ابھی تک کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

پیتھک لارنس کا اظہار افسوس
نیٹال کے فسادات پر ایک بیان

لندن ۱۷ جنوری۔ سابق وزیر ہند لارڈ پیتھک لارنس نے جو کیبنٹ مشن کے لیڈر کی حیثیت سے ہندوستان آئے تھے۔ رائٹر کے نامہ نگار کو ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ نیٹال کے فسادات سے مجھے سخت صدمہ پہنچا۔ اگر گاندھی جی زندہ ہوتے تو انہیں اس اطلاع سے ۔۔۔ جنہوں نے وہاں ایک طویل مدت تک جدوجہد کی تھی۔

پاکستان ہائی کمشنر مسٹر رحمت اللہ نے فسادات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے اس اطلاع سے بہت ہی سخت صدمہ پہونچا۔

۹۰ سالہ دلہن اور ۲۸ سالہ دولہا

لاس اینجلز ۱۶ جنوری۔ آج ۹۰ سالہ بیوہ مسز نکلسن نے ۲۸ سالہ جیبسی شوفر زین ڈوس کے ساتھ شادی کی رسم ایک جیبسی منتر سے ادا کی۔ جب کہ بڑی عدالت کے تین ججوں نے رسوم ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ مسز نکلسن نے اپنی شادی کے متعلق بیان کیا ہے کہ یہ شادی رومان کا نتیجہ نہیں ۔۔۔ بلکہ ۔۔۔ وہ نیک آدمی ہے۔ اس نے ۔۔۔ مرنے کے بعد میری جائیداد کا مالک ہوگا ۔۔۔ ڈوس نے پہلے بھی شادی کے بعد طلاق ۔۔۔ تجارت ہے۔ (رائٹر)

ایشیائی کانفرنس میں لبنان کا نمائندہ

بیروت ۱۶ جنوری۔ نئی دہلی میں منعقد ہونے والی ایشیائی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے لبنان کا نمائندہ جلد ہی روانہ ہو جائے گا۔ ان کا نام مسٹر علی حیدری ہے اور وہ وزارت امور خارجہ میں شعبۂ سیاسیات کے ڈائرکٹر ہیں وہ بذریعہ ہوائی جہاز کل ہندوستان کے لئے روانہ ہو جائیں گے۔

جوانی کی شرطیہ واپسی

جوشِ جوانی اکسیر خاص ہے اترتے ہی بوڑھوں کو جوانوں کو قابل فخر مرد بناتی ہے دل، دماغ، معدہ، جگر آلات منی اور اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری دور کر کے چہرہ سرخ و سفید بنا دیتی ہے۔ ہر طرح سے قابل رشک ہو جاتی ہے ۔۔۔

شاہی گولیاں ان گولیوں کا ہر روز استعمال حسب طاقت ۔۔۔ رکاوٹ پیدا ۔۔۔

فولادی طلا ۔۔۔ کمزوری ۔۔۔ اور کجی کو زائل کر کے ۔۔۔ کو قوی بنا تا ہے۔ بالکل بے ضرر ہے۔ قیمت فی شیشی دو روپے چار آنہ۔

کیفی یہ ملذذ دوا ہے۔ محبت کا جادو ہے اس کے استعمال سے بے اندازہ لطف و سرور حاصل ہوتا ہے۔ ۔۔۔ فی شیشی دو روپے آٹھ آنہ۔

ایک سال ۔۔۔

نو جوان کارخانہ نگینہ ضلع بجنور یوپی

سونا اگلنے والا ہنر

تمباکو اور اس کی مصنوعات کی تجارت سے لوگوں نے ہزاروں لاکھ کمائے اور کما رہے ہیں۔ اس کام میں ماہر بنیے۔

تمباکو اور اس کے مرکبات ۔۔۔ سگار، سگریٹ، زردہ، ۔۔۔ اور ۔۔۔ اشیاء کی تجارت کے کل ۔۔۔ قیمت دو روپے

کمرشیل سنڈیکیٹ (طبی) قطب روڈ۔ دہلی

تبادلہ جائداد

ہم ۔۔۔ پاکستان یا ہندوستان کی جائداد کے تبادلہ کے لئے بہترین ایجنسی ہیں ۔۔۔

مینیجر رفیع ۔۔۔ ۲۵ تیج پوری، دہلی۔ ۔۔۔ پاکستان میں دفاتر کراچی، لاہور، راولپنڈی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

شہادت کے بارے میں ۔۔۔ جنگ کربلا کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے۔ امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں تاریخی حالات قلمبند کئے ہیں۔ قیمت شہید اعظم حسین ۔۔۔ سوانح مولانا ابو الکلام آزاد ۔۔۔ غبار خاطر مولانا آزاد کی بے مثل تصنیف ۔۔۔ انگلش ٹیچر ۔۔۔

مینیجر شاہی کتب خانہ ۔۔۔ دہلی

امیکو ٹانک

AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے، اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے ۔۔۔ اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ بھوک بڑھاتا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرتا اس دوا کی خاص صفت ہے اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے، ۔۔۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں، مرد و زن دونوں کے لئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ ۔۔۔ قیمت فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنے تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصولڈاک۔

امیکو طلا یہ نہایت موثر اور کامیاب طلا ہے ۔۔۔ سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے ۔۔۔ کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں ۔۔۔ قیمت فی شیشی تین روپے چار آنے تین شیشیاں نو روپے

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ۔ **امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ**

آزادی مل گئی

یہ ٹھیک ہے کہ ہندوستان اب آزاد ہوگیا ہے مگر جب تک ہندوستانی صنعت و حرفت میں ترقی نہیں کرتے انکے لئے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا بہت مشکل ہے۔

صنعت کیلئے بہترین مشینری مثلاً نہایت اعلیٰ قسم کے ہینڈ یا ور پریس خراد کولہو ہمارے یہاں سے تیار ملتے ہیں نیز لوہے کی ڈھلائی وعاری ڈھلائی بھی ہوتی ہے۔

اورینٹل مینوفیکچرنگ کمپنی 1824 چاوڑی بازار۔ دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر ۵۸۱۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۱۹ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ۳ آنے

مسلمانان جودھپور کا عطیہ

دہلی ۱۸ جنوری: مسلمانان جودھپور و ناگور معرفت صدر جمعیۃ علماء جودھپور ایک ہزار روپیہ دفتر جمعیۃ علماء ہند میں بشکریہ داستان موصول ہوا ہے یہ رقم حضرت مولانا حفظ الرحمن کے جودھپور تشریف لے جانے کے موقع پر جمع کی گئی۔

ہند، پاکستان اور لنکا کے نمائندوں کے درمیان کانفرنس

[illegible]

انڈونیشیا کے مسئلہ کا حل صرف آزادانہ اور غیر جانبدار انتخاب سے ہو سکتا ہے

فیڈرل انڈونیشیا بنا کر ڈچ حکومت اپنا اقتدار قائم رکھنا چاہتی ہے

مجلس تحفظ میں انڈونیشی اور ہندوستانی نمائندوں کی تقریریں

لیک سکسس ۱۸ جنوری۔ [illegible] ہندوستانی اور انڈونیشیا کے نمائندوں نے [illegible] مجلس کے گذشتہ اجلاس میں [illegible] کامیابی نہیں ہوئی۔

انڈونیشیا کے نمائندے نے کہا کہ [illegible] ڈچ حکومت نے اس عہد نامہ کو توڑ دیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

انڈونیشی نمائندہ کا خط

[illegible]

جمہوری لیڈروں کو ڈچوں نے مجرموں کی طرح قید کر رکھا ہے

بٹاویہ ۱۸ جنوری۔ [illegible]

ایران اور امریکہ میں خفیہ معاہدہ [illegible] کا انکشاف

[illegible]

لبنان اور اسرائیل میں صلح کی گفت و شنید

تل ابیب ۱۸ جنوری۔ معتبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ رہوڈس میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان ایک عارضی صلح کا معاہدہ ہو جائے گا۔ گفت و شنید [illegible] اطمینان بخش طریقے پر جاری ہے اور اسرائیلی حلقے اس سے مطمئن نظر آتے ہیں۔ (رائٹر)

ہوائی جہاز ٹکرا گیا

گلاسگو ۱۸ جنوری۔ [illegible] میں ایک طیارہ کے ٹکرانے سے چھ اشخاص ہلاک ہو گئے [illegible] (رائٹر)

سیاسیات سے کنارہ کش ہو جائیے

ڈاکٹر حتی سے ڈچوں کا مطالبہ

بٹاویہ ۱۸ جنوری۔ [illegible] ڈچوں نے [illegible] (رائٹر)

جلے ہوئے مکانات سے ابھی تک لاشیں نکل رہی ہیں

مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ۔ مسلح افریقیوں اور ہندوستانیوں کی گرفتاریاں

[illegible]

حیدرآباد کیلئے نگراں حکومت

[illegible]

مغربی بنگال کی اسمبلی

کلکتہ [illegible]

دہلی کے سیاسی حلقوں میں پاکستان کے کمیونک پر اظہار تعجب

کمیونک اصل واقعات اور گفت و شنید کے مطابق نہیں

دہلی ۱۹ جنوری۔ دہلی کے سیاسی حلقوں میں حکومت پاکستان کے ۱۶ جنوری کے کمیونک پر سخت تعجب کا اظہار کیا جا رہا ہے [illegible]

[illegible]

حزب مخالف کی طرف سے برطانیہ کی پالیسی کی شدید مخالفت

لندن ۱۸ جنوری۔ [illegible]

[illegible]

چینی فوجوں نے پلوں اور ریلوں کو تباہ کرنا شروع کیا

نانکنگ ۱۸ جنوری۔ [illegible] (رائٹر)

حکومت چین کو ۴۸ گھنٹہ کا الٹی میٹم

[illegible]

جمعیۃ علماء کا سالانہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوگا

اجلاس میں ہندوستان کے چیدہ چیدہ ہندو مسلم زعماء شریک ہونگے

دہلی ۱۸ جنوری۔ جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی نے لکھنؤ میں جمعیۃ کے سالانہ اجلاس کے انعقاد کے لئے یوپی کی دعوت [illegible] منظور کر لیا ہے۔ توقع ہے کہ اجلاس میں ہندوستان کے چیدہ چیدہ ہندو مسلم زعماء شریک ہوں گے۔ [illegible] حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند [illegible]

[illegible]

انیس ممالک نے ایشیائی کانفرنس میں شرکت منظور کرلی ہے

وفود کے ناموں کا اعلان ہو گیا۔ وزیراعظم نہرو کانفرنس کا افتتاح کرینگے

نئی دہلی ۱۸ جنوری

ہند کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو ایشیائی ممالک مشرق وسطیٰ [illegible] کے کچھ ممالک کی اس کانفرنس کا افتتاح کریں گے جو ۲۰ جنوری کو نئی دہلی میں منعقد ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس کا افتتاح کونسل آف اسٹیٹ چیمبر میں ہوگا۔ اور بقیہ اجلاس حیدرآباد ہاؤس میں منعقد ہوں گے۔ تمام ممالک نے سوائے ترکی کے دعوت نامہ منظور [illegible]

[illegible]

جنوبی افریقہ کی حکومت پر سخت تنقید

سابق وزیراعظم جنرل اسمٹس کا بیان

جوہانسبرگ ۱۸ جنوری۔ جنوبی افریقہ کے سابق وزیراعظم فیلڈ مارشل اسمٹس نے ڈربن کے فسادات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کی نسلی منافرت کی پالیسی کا اب نتیجہ نکل رہا ہے۔ موجودہ حکومت کی پالیسی سے ایسے واقعات رونما ہوں گے جن پر آئندہ نسلیں ماتم کریں گی۔

اس وقت حکومت ایک شرر کو ہوا دے رہی ہے اور اس کا امکان ہے کہ یہ آئندہ چل کر ایک خوفناک آگ بن جائے گی ڈربن میں جو کچھ ہوا وہ تو محض ایک علامت ہے۔ جنوبی افریقہ میں غیر یورپینوں کو تھوڑے بہت جو حقوق حاصل ہیں موجودہ حکومت ان کو بھی چھیننا چاہتی ہے۔ اگر ہم نے غیر یورپینوں سے انسانی رابطے نہیں رکھے تو ہم سب کچھ کھو دیں گے۔

پاکستان کی طرف سے کشمیر کمیشن کی تجویزوں کی تشریحات

(صفحہ ۳ سے آگے)

(ڈ) تمام لوگ (ریاست کے باشندے نہیں) [redacted] علاوہ [illegible] ریاست میں داخل ہوئے ہیں، ریاست سے نکال دیئے جائیں گے

ڈاکٹر لوزانو نے حکومت پاکستان کو مطلع کیا تھا کہ اسی دفعہ کا مقصد یہ ہے کہ ان عناصر کو علیحدہ کر دیا جائے جن کے باعث امن و امان کو خطرہ ہے یا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔ اور ان پناہ گزینوں اور ہندوستان اور پاکستان کے باشندوں کو نکال دیا جائے۔ جو غیر قانونی مقاصد کے لئے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد سے ریاست میں داخل ہو گئے ہیں اس کا طریقہ استصواب کا منتظم ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کے مشورہ سے مقرر کرے گا۔

(ع) تمام ریاست میں جائز سیاسی سرگرمیوں کی پوری آزادی حاصل ہوگی۔ ان میں تحریر، تقریر، پریس، اجتماع، سفر کی آزادیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ریاست میں آنے اور ریاست سے چلے جانے کی آزادی بھی حاصل ہوگی۔ اور سیاسی قیدیوں کو رہا کرنے اور اقلیتوں کی حفاظت کا بھی پورا [illegible] اور کشمیر کے اندر تمام حکام کو استصواب کے منتظم کے مشورہ سے پیدا کرنا چاہئیے۔

(ف) استصواب کے خاتمہ کے بعد منتظم استصواب اس کے نتیجہ سے کمیشن کو اطلاع دے گا۔ اس کے بعد کمیشن مجلس تحفظ کو بتائے گا کہ کیا استصواب آزادانہ اور غیر جانبدارانہ ہوا ہے یا نہیں۔

(۸) مندرجہ بالا مختصر طور پر سیاسی بنیاد کو قائم کرتا ہے جس پر پاکستان کی حکومت نے کمیشن کی ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء اور ۵ جنوری ۱۹۴۹ء کی تجویزوں کو قبول کیا ہے اور ان پر عمل کر رہی ہے۔

پاکستان کی حکومت اس کو خاص طور پر بتا دینا چاہتی ہے کہ وہ کسی ایسی تشریح یا توضیح کو قبول کرنے پر پابند نہیں جو کمیشن کی ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء اور ۵ جنوری ۱۹۴۹ء کی تجویزوں کی ان تشریحات کے خلاف ہو جو کمیشن نے پاکستان کی حکومت کے سامنے کی ہیں۔

طالب علموں کی بھوک ہڑتال

[redacted] ۱۷ جنوری۔ پانچ طلبا جو کل صبح یہاں پہنچے انھوں نے مسٹر سری کرشن سنہا وزیراعظم بہار کی قیام گاہ پر بھوک ہڑتال شروع کر دی۔ ان طلبا کا مطالبہ ہے کہ ابتدائی امتحانات کے طریقے کو منسوخ کر دیا جائے۔ مسٹر سنہا پرسوں سے پورنیہ گئے ہوئے ہیں جہاں سے وہ ۱۸ جنوری کو واپس آئیں گے۔

وزیر تعلیم مسٹر بدری ناتھ ورما کی قیام گاہ پر کالج کے جو ایک درجن طلبا بھوک ہڑتال کر رہے ہیں اسے آج ساتواں دن ہے۔ پٹنہ کے چند سرکردہ ڈاکٹروں نے ان کی صحت کے بارے میں بلیٹن جاری کیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ تین بھوک ہڑتالیوں کی حالت خاص توجہ کے قابل ہے۔

صوبہ کانگریس کمیٹی کی طرف سے اہالیان دہلی کو مبارکباد

دہلی ۱۸ جنوری۔ دہلی صوبہ کانگریس کمیٹی نے آج اپنے جلسے میں جو شری [illegible] کی صدارت میں منعقد ہوا [illegible] ریزولیوشن پاس کئے گئے۔

اس کے علاوہ [illegible] کانگریس [illegible]

[illegible]

دھوکہ دہی کی واردات

دہلی ۱۸ جنوری۔ ضلع کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ کے دفتر میں دھوکہ دہی کی ایک دلچسپ اطلاع موصول ہوئی ہے واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

مشرق بعید کے متعلق برطانیہ کی پالیسی

جلد ہی کسی اعلان کے ہونے کی توقع

لندن ۱۸ جنوری۔ محکمہ خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ حکومت برطانیہ کی طرف سے مشرق بعید پر جلد ہی ایک اعلان ہونے والا ہے۔ لیکن اس نے یہ بتانے سے انکار کر دیا کہ وہ اعلان کس قسم کا ہوگا۔

برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون اور فرانسیسی وزیر خارجہ مسٹر شومان کے درمیان دو روز تک ایک اہم کانفرنس ہوتی رہی اس کانفرنس کی کارروائی کا علم نہیں لیکن سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ بعض بیرونی معاملات پر دونوں حکومتیں مشترکہ اقدام کریں گی۔

ملایا اور ہند چینی میں برطانیہ اور فرانس کو کمیونسٹوں کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔ برما کے متعلق حکومت برطانیہ کا خیال ہے کہ وہاں اگر قومی تحریکات کو دبایا گیا تو وہاں [redacted] اور قومی لیڈروں میں سمجھوتہ ہو جانا ضروری ہے۔ لیکن ملایا کے متعلق برطانیہ کی پالیسی مختلف ہے۔ کیونکہ وہاں کوئی قومی تحریک موجود نہیں بلکہ وہاں تو کمیونسٹ براہ راست خطرہ پھیلا رہے ہیں۔ فرانس اور ہالینڈ جنوب مشرقی ایشیا کے واقعات سے زیادہ خطرہ محسوس کر رہے ہیں۔

گذشتہ چند ماہ سے برطانیہ اور فرانس میں اختلافات کم ہو گئے ہیں اور بیون اور شومان کی کانفرنس نے ان کو اور بھی کم کر دیا ہے اور باہمی طور پر یہ فیصلہ ہو گیا ہے کہ جنوب مشرقی ایشیا کے معاملہ میں امریکہ سے بھی مشورہ کیا جائے۔

امریکہ اپنے مفاد کو چین اور بحر الکاہل تک محدود رکھنا چاہتا تھا لیکن اب چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی کے بعد اس کی توجہ جنوب مشرقی ایشیا کی طرف ہوتی چلی [redacted] ان طاقتوں کی ایک کانفرنس جنوب مشرقی ایشیا کے معاملات پر غور کرنے کے لئے منعقد ہو۔

جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کے انتخابات ملتوی

نگران انتخابات کا ضروری اعلان

دہلی ۱۸ جنوری۔ مولانا عبدالوحید صدیقی نے جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کے جدید انتخابات کے متعلق حسب ذیل اعلان جاری کیا ہے "میں بحیثیت نگران انتخاب جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ اس ضلع کی تمام ماتحت جمعیتوں کے انتخابات کو مخصوص ہنگامی حالات کی وجہ سے [illegible]

[illegible] اور اس کی تمام ماتحت جمعیتیں اس اعلان کے مطابق عملدرآمد کریں۔"

تقسیم تباہی کا دوسرا نام ہے ہم اس کیلئے تیار نہیں

استصواب رائے کا فیصلہ گلگت سے لیکر پٹھانکوٹ تک نافذ ہوگا شیخ عبداللہ کی تقریر

سری نگر ۱۷ جنوری

جمعہ کے روز حضرت بل میں تقریر کرتے ہوئے شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم جموں اور کشمیر نے کہا کہ کشمیر کے لوگ اپنے ملک کی تقسیم کی اجازت نہ دیں گے۔ آپ نے کہا کہ تقسیم تباہی کا دوسرا نام ہے اور ہم اپنے شاندار ورثہ کو تباہ نہ ہونے دیں گے۔

شیخ عبداللہ نے استصواب رائے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا فیصلہ خواہ کچھ بھی ہو وہ گلگت سے لے کر پٹھانکوٹ تک کے لئے یکساں طور پر نافذ ہوگا، اس موقع پر شیخ عبداللہ اور کشمیر نیشنل کانفرنس سے زبردست عقیدت کا اظہار کیا گیا۔ تمام مجمع بڑے جوش و خروش کے ساتھ اٹھا اور "شیر کشمیر زندہ باد"، "نیا کشمیر زندہ باد" کے نعرہ ہائے تحسین سے گونج اٹھا۔

کشمیر میں لڑائی بند ہونے کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبداللہ نے کہا کہ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آخری فیصلہ ہو گیا ہے آپ نے کہا کہ اصلی فیصلہ تو کیا جانا باقی ہے۔ اور وہ ریاست میں رہنے والے چالیس لاکھ عوام کریں گے آپ نے کہا کہ ابھی اس بات کا فیصلہ ہونا ہے کہ لوگوں کی رائے کس طرح بدلی جائے۔ غیر جانبدارانہ صحیح استصواب رائے کے لئے اولین شرط یہ ہے کہ لاکھوں بے گھر اور اجڑے ہوئے لوگوں کو آباد کیا جائے۔ ان کے لئے کھانا، کپڑا اور مکان فراہم کرنے ہیں جو ایک مشکل کام ہے۔

شیخ عبداللہ پر دو لاکھ مسلمانوں کا اظہار اعتماد

سری نگر ۱۷ جنوری۔ حال ہی میں کشمیر کے دو لاکھ مسلمانوں نے شیخ عبداللہ کی قیادت پر اظہار اعتماد کیا ہے۔ شیخ عبداللہ نے سری نگر سے سات میل کے فاصلہ پر حضرت بل میں عرس کے موقع پر [illegible] تک تقریر کی اور تقریر کے اختتام پر حاضرین سے پوچھا کہ کیا وہ حسب سابق ان کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنے کے لئے تیار ہیں۔ تمام مجمع نے بڑے جوش و خروش کے ساتھ انشاءاللہ کا اعلان کیا اور قسم کھائی کہ وہ ان کے ہمراہ ڈٹے رہیں گے۔

انڈونیشیا کی حمایت میں امریکہ کی نئی تجویز

تمام علاقہ جمہوری لیڈروں کو واپس دے دیا جائے

دی ہیگ ۱۸ جنوری: آج مجلس تحفظ کے سامنے امریکہ کی طرف سے انڈونیشیا میں سیاسی تعمیر کی ایک نئی تجویز پیش کی جانے والی ہے جس کے متعلق ایک ڈچ نمائندے نے کہا کہ وہ اپنے مخصوص نکات کے لحاظ سے بالکل ناقابل عمل ہے ڈچ نمائندے نے کہا کہ امریکہ نے یہ تجویز کیا ہے کہ تمام علاقہ کو جمہوری لیڈروں کو واپس دیدیا جائے لیکن یہ اس لئے ناقابل عمل ہے کہ اس سے سخت انتظامی مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ اور آزاد انتخاب کے لئے مناسب انتظام نہیں رہے گا۔

جمعیۃ علماء ٹونڈلہ ضلع آگرہ کا قیام

۱۱ جنوری شام کے سات بجے ٹونڈلہ کی جامع مسجد میں ایک عام جلسہ ہوا۔ جلسہ میں مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم جمعیۃ علماء نے قیام اور حالات حاضرہ پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مولانا قاسمی کی نگرانی میں حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

صدر۔ جناب عبدالرؤف صاحب نائب صدر مولوی سید کمال الدین حسن صاحب امام جامع مسجد ناظم جناب محمد اسماعیل صاحب شاہ قریشی نائب ناظم جناب شفیع الدین احمد صاحب خازن داب الدین صاحب [illegible]

اپنی قوم کی شرارت کا اقرار

ایک پادری صاحب کی صاف گوئی

لندن ۱۷ جنوری۔ ریورنڈ مائیکل اسکاٹ نے جو پیرس میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بطور ناظر شریک ہوتے تھے۔ رائٹر کے نامہ نگار کو بتایا کہ ڈربن افریقہ میں دو نسلوں سے نسلی منافرت پھیلا رہے ہیں۔ اب آج جو نتائج ظاہر ہو رہے ہیں ان کو سیاسی لیڈروں کے الفاظ نہیں روک سکتے۔

علیگڈھ میں انٹر یونیورسٹی ٹورنامنٹ

علیگڈھ کی ٹیم [illegible] فائنل میں پہنچ گئی

علیگڈھ [illegible]

[illegible]

چین کی لڑائی

(صفحہ اول کالم ۱ سے آگے)

کومنٹانگ کے صلح پسند گروپ کے کچھ ممبران کا خیال ہے کہ جنرل چیانگ کائی شیک چند ہفتوں میں مستعفی ہو جائیں گے۔ جنرل چیانگ کل کئی چینی لیڈروں سے ملے ملاقات کے بعد پروفیسر لیو لو شینگ نے ایک ملاقات میں بتایا کہ جب سے کمیونسٹوں نے صلح کی شرائط نشر کی ہیں اس وقت سے صلح کے امکانات زیادہ روشن ہو گئے ہیں ان میں سے وہ صرف جنگی مجرموں پر مقدمہ چلانے والی شرط کو سخت سمجھتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ باقی ہفت نکات پر بات چیت کی جا سکتی ہے۔

دار السلطنت سے انخلا

سینٹرل چائنا نیوز ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ حکومت چین نے جہازوں اور ریلوں کے ذریعہ سرکاری دستاویزات اور املاک کو دار السلطنت سے نکالنے کا حکم دے دیا ہے۔

غیر مصدقہ خبر ہے کہ کمیونسٹوں سے محصور پیکنگ کے کمانڈر جنرل فو سو ای نے ایک سرکاری وفد کو فوراً جنگ بند کرنے کے لئے گفت و شنید کرنے کے لئے چپ چاپ روانہ کر دیا ہے۔

[illegible]

گورنر مشرقی پنجاب بوڑیہ کے مسلم پناہ گزین کیمپ میں

مسلمانوں کی جانب سے گورنر کو سپاسنامہ اور جلد آبادکاری کا مطالبہ

نئی دہلی ۱۷ (اے پی) مشرقی پنجاب کے گورنر سر چندو لال ترویدی نے بوڑیہ میں [illegible] مسلم پناہ گزینوں کا کیمپ دیکھا۔ اس کیمپ میں ۵۹، ۲۷ پناہ گزین ہیں [illegible]

[illegible]

اقوام متحدہ میں شمولیت کیلئے حکومت اسرائیل پھر کوشش کریگی

لیک سکسس ۱۸ جنوری۔ [illegible]

ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونیوالا آسٹریلوی وفد کی آمد

دہلی ۱۷ جنوری۔ [illegible]

خدا کے فضل سے کامیابی

[illegible]

سید مظفر علی احاطہ کالے صاحب گلی قابجان دہلی

تبادلہ جائداد سنہری موقع

[illegible]

پیارے لال مہتہ
معرفت موہن اسٹورز قرول باغ۔ دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۰۰۱
تار کا پتہ: کلوریم دہلی

پرل کلوریم
آئی ڈراپ رجسٹرڈ
قائم شدہ ۱۹۲۴ء

آنکھوں کی تمام بیماریوں کو شفا دینے کے لئے اکسیر اعظم ہے

[illegible]

مفصل معلومات کے لئے پرل کلوریم کا لیفلٹ مفت طلب کریں
مینیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ کارونیشن بلڈنگ چوک فتحپوری (A-L-I) چاندنی چوک دہلی

دہلی کی تاریک گلیوں میں قیام کرنا ٹھیک نہیں
آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد
کے قریب ہے
آئیے اور قیام کیجئے
مالک افضل پشاوری دہلی

انکم ٹیکس کی فکر نہ کیجئے

[illegible]

جنرل مینیجر لالہ موتی رام صاحب بھلہ پراپرٹی بروکر
نمبر ۲۹ کارونیشن ہوٹل دہلی

ستارہ چھاپ بیڑی
بڑھیا تمباکو اچھے کاریگروں سے تیار کرائی جاتی ہے
یہی خوبی ہے جو ہر شخص ستارہ چھاپ بیڑی پسند کرتا ہے۔
ایجنٹ آفس کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

انڈونیشی ایشیائی قوموں سے گولہ بارود اور اسلحہ کا مطالبہ کریں گے

نئی دہلی میں انڈونیشی نمائندہ کا انکشاف

ڈچوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے وقت تک لڑنے کا عزم

دہلی ۱۸ جنوری۔ نئی دہلی کے جمہوریہ انڈونیشیا کے حلقوں سے معلوم ہوا کہ انڈونیشی نمائندے ایشیائی قوموں سے جن کی جمعرات کے دن نئی دہلی میں کانفرنس شروع ہو رہی ہے۔ یہ مطالبہ کریں گے۔ کہ جزائر شرق الہند سے ڈچوں کو نکالنے کے لئے جمہوریہ انڈونیشیا کو اسلحہ جات مہیا کئے جائیں۔

ڈاکٹر سودرسونو نے جو ہندوستان میں انڈونیشیا [illegible] ہو جائے [illegible] اس بات کو زور دے کہا کہ ہم اس وقت تک لڑتے رہیں گے جب تک ہالینڈ کو انڈونیشیا سے نکال نہیں دیا جاتا انھوں نے بتایا کہ اس کانفرنس کے سامنے پیش کرنے کیلئے میمورنڈم تیار کیا [illegible]

شاید مجلس محفوظ سے کچھ سفارشات کرنے کے علاوہ اور کوئی قدم نہیں اٹھائے گی اور جہاں تک اسلحہ جات اور گولہ بارود کا سوال ہے دوسری قوموں کو ان کی اتنی ہی سخت ضرورت ہے جتنی کہ خود انڈونیشیا کو ہے۔

دریائے رھاند میں نئی اقسام کی مچھلی کی دریافت

لکھنؤ ۱۷ جنوری۔ ہند میں حیوانیات کا جائزہ لینے والے محکمہ نے ضلع مرزاپور کے دریائے رھاند سے ایک بالکل نئی قسم کی مچھلی دریافت کی ہے لیکن اس کے ساتھ کچھ اور اقسام کی مچھلیاں بھی دریافت کی گئی ہیں جو حیواناتی جائزہ لینے کے [illegible]

[illegible] کے دس گنا سے بھی زیادہ ہوگی۔

اس پیداوار کی تجویز سے نہ صرف سستی بجلی مل سکے گی بلکہ جہاز رانی زراعت لائنوں کی بروقت تعمیر اور ماہی گیری کی بھی ضرورت ہوگی۔

کشمیر کمیشن اور حکومت پاکستان کے درمیان مراسلت

پاکستان نے اپنی تشریح کی تائید کے لئے مراسلت شائع کردی

لاہور ۱۸ جنوری۔ پاکستان حکومت نے اس مراسلت کو شائع کر دیا ہے جو اس کے اور کشمیر کمیشن کے درمیان ہوئی ہے۔ اس مراسلت کے بعد ہی حکومت پاکستان نے کشمیر میں جنگ بند کرنا منظور کیا ہے۔ کشمیر کمیشن کے چیرمین مسٹر جوسف لاربل نے پاکستان کے وزیر خارجہ مسٹر محمد ظفر اللہ خان کو مندرجہ ذیل خط لکھا۔

ریاست کشمیر اور جموں کے ہندوستان یا پاکستان میں شامل ہونے کے لئے رائے شماری کے اصولوں کے متعلق کشمیر کمیشن آپ سے اور حکومت ہند کے نمائندوں سے گفت و شنید کر رہا ہے۔

دونوں حکومتوں کے نمائندوں کے پیش کردہ بیانات پر پوری طرح غور کرنے کے بعد کمیشن نے ہم سلک ذیل تجویزیں مرتب کی ہیں [illegible]

(ب) ہند اور پاکستان کی حکومتیں مندرجہ ذیل [illegible] دلوں کو تسلیم کرلیں۔

(۱) ریاست جموں اور کشمیر کے ہندوستان اور پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ آزاد اور غیر جانبدار استصواب [illegible]

استصواب کا منتظم

[illegible]

ڈربن فساد نسلی سیاست کا نتیجہ ہے

فیلڈ مارشل اسمٹس کا بیان

ڈربن ۱۸ جنوری۔ فیلڈ مارشل اسمٹس نے اس الزام کی تردید کی ہے کہ انھوں نے فسادات کے لئے حکومت کو مورد الزام ٹھیرایا تھا اور ایک ملاقات میں انھوں نے کہا کہ اخبار کے نمائندے سے انھوں نے یہ کہا تھا کہ فساد نسلی سیاست کا لازمی نتیجہ ہے اور یہ کہ نسلی سیاست سے نسلی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ فیلڈ مارشل نے فسادات پر اور کچھ تبصرہ کرنے سے انکار کردیا سوائے اس کے انھوں نے ان پر افسوس کا اظہار کیا

سندھ میں شرنارتھیوں کا ایجی ٹیشن

جبلپور ۱۸ جنوری۔ مینگاؤں اور کٹنی کیمپ میں سندھ کے شرنارتھیوں نے جو ایجی ٹیشن شروع کر رکھا ہے وہ جاری ہے شرنارتھی گروہ در گروہ آتے اور گرفتار ہوتے ہیں۔ کل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ نے کیمپوں کا تازہ ترین صورت حال معلوم کرنے اور ان کو یہ ترغیب دینے کے لئے کہ وہ ستیہ گرہ سے باز آجائیں معائنہ کیا۔

حیدرآباد دسی واگی پر جمعیۃ علماء ہند کے وفد کی رپورٹ

مظلوموں کی امداد کیلئے ریلیف کمیٹی قائم کردی گئی

حیدرآباد ۱۸ جنوری۔ مرکزی جمعیۃ علماء ہند کا جو وفد خیر سگالی کا مشن لیکر ۴ جنوری کو حیدرآباد پہونچا تھا۔ ۱۷ جنوری [illegible]

زدمیں آکر برباد ہوگئے۔ اب ان تباہ شدہ خاندانوں کو دوبارہ آباد کرنا اور انکی زندگی کو اطمینان کی سطح پر لانا وقت کا سب سے [illegible]

[illegible] کی ظلموں کی شکایت کر رہے تھے ہم نے ان کو بھی فکر مستقبل کی دعوت دی۔

حیدرآباد میں انقلاب کے ساتھ بہت کچھ تبدیلیاں آئی ہیں سینکڑوں، ہزاروں خاندان بھی اس انقلاب کی [illegible]

[illegible] صرف یہ ہے کہ وہ جداگانہ مفادات کے تخیل کو چھوڑ کر عام ملکی مفادات میں اہل ملک کے شریک ہوں۔ اور پریم و محبت کی فضا پیدا کرکے اپنی مشکلات کو حل کریں۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

ڈربن کے حالات پر غور کرنے کیلئے ملان گورنمنٹ کا اجلاس

فسادات کے پس منظر سیاسی طاقت کار فرما ہے: نٹال کے ہندوستانی لیڈر کی رائے

ڈربن ۱۸ جنوری ملان کابینہ کا ایک اجلاس خصوصی ڈربن کی تازہ ترین صورت حال پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا۔ اب حالات پرسکون ہیں اور نقصانات کی تازہ ترین اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ہندوستانی لیڈروں نے فساد کے پس پردہ سیاسی طاقت کی کار فرمائی بتائی ہے تاکہ گوری قوم کے خلاف ہندوستانیوں اور افریقہ کے لوگوں میں پھوٹ ڈالی جائے۔

اس وقت جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈربن میں کوئی نیا واقعہ نہیں ہوا۔ کسی ہندوستانی نے کچھ عرصہ کے لئے دکانیں کھولیں۔

نقصان کی تازہ تفصیلات

ہائیکورٹ کی تازہ ترین اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈربن میں اس جگہ جہاں فساد کا مرکز تھا۔ تین ہندوستانی گھروں کو آگ لگادی گئی۔

رپورٹ کی اطلاع ہے کہ گذشتہ رات جوہنسبرگ میں ایک ہندوستانی مکان کی کھڑکی اڑا دی گئی۔ ڈربن کے باہر سات کیمپوں میں تیس ہزار کے قریب ہندوستانی شرنارتھی موجود ہیں انہیں یونین گورنمنٹ نے پوری امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔ مسٹر سوانس نے گذشتہ رات کہا کہ میرے پاس اس بات کا کوئی ثبوت نہیں کہ یہ فسادات کسی منظم اسکیم کا نتیجہ ہیں لیکن یہ چیز صاف ہے کہ ہندوستانی دکانوں کو نقصان پہنچایا گیا۔ اور ان کے پاس جو یورپین دکانیں تھیں انہیں ہاتھ تک نہیں لگایا گیا۔ نٹال کانگریس اور نٹال ہندوستانی کی دوسری سنستھاؤں نے سرکار سے مشترکہ اپیل کی ہے کہ فسادات کو روکا جائے اور ہندوستانیوں کی حفاظت کی جائے۔

نٹال کانگریس کے لیڈر کا بیان

نٹال کی ہندوستانی سنستھا کے لیڈر مسٹر پاتھر نے اس الزام کی پرزور تردید کی کہ فسادات اس وجہ سے شروع ہوئے تھے کہ ہندوستانیوں کے خلاف بلیک مارکٹ کرنے کا الزام تھا۔ انہوں نے کہا کہ فساد کا مقصد سیاسی تھا اور وہ یہ کہ ہندوستانیوں اور مقامی باشندوں میں پھوٹ پڑے جن کے تعلقات مدت سے گہرے چلے آتے تھے۔ ہندوستانیوں نے کاروبار اور سروسوں کے معاملے میں مقامی باشندوں کی حمایت کی تھی اور اس کا مقامی باشندوں پر گہرا اثر ہوا تھا۔

حکومت ہند نے ڈربن کے واقعات کی رپورٹ طلب کی

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں معاملہ پیش کرنے کا امکان

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے جنوبی افریقہ میں اپنے نمائندہ کو ہدایت کی ہے کہ ڈربن کے فساد کے حالات کی تفصیل وجوہات اور پس منظر بھیجے کیونکہ یہ فسادات اپنی نوعیت کی پہلی مثال ہے۔ نمائندہ کی رپورٹ پہنچنے کے بعد ہی حکومت ہند کوئی قدم اٹھانے کا فیصلہ کرے گی۔

دریں اثنا ڈربن سے آمدہ اطلاعات کا بے لاگ مطالعہ کیا جا رہا ہے۔ ابھی تک حکومت ہند کے اعلیٰ حکام نے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ کونسا قدم اٹھایا جائے۔ سیاسی حلقوں کی رائے ہے کہ اگر حکومت ہند جنوبی افریقہ کی حکومت سے ہندوستانی باشندوں کی مناسب حفاظت کا مطالبہ ترجیح بجانب ہوگی اور اس بات کا امکان ہے کہ یہ معاملہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے نوٹس میں لیا جائے۔

ڈربن کے پناہ گزین کیمپ میں تیس ہزار بے گھر ہندوستانی جمع ہوگئے

ریڈ کراس کی جانب سے ہزارہا بھوکے اشخاص کیلئے خوراک کی اپیل

ڈربن ۱۸ جنوری۔ [illegible] کی تازہ اطلاع مظہر ہے کہ اس وقت مختلف کیمپوں میں جو تباہ و برباد اور ڈرے ہوئے ہندوستانیوں کی تعداد تیس ہزار سے زیادہ ہے۔ چونکہ افریقی علاقوں میں ہندوستانیوں نے اپنے ذخیروں کی دوکانیں نہیں کھولیں اس لئے ریڈ کراس نے بھوک سے مرنے والے خاندانوں کے لئے خوراک کے لئے اپیل کی۔

ہندوستانی کتنے دہشت زدہ ہوچکے ہیں اس امر سے ظاہر ہے کہ ہزاروں اشخاص نے پولیس کے پہرہ تک میں کیمپ سے باہر جانے سے انکار کردیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ شاید ایک ہفتہ تک کیمپوں میں رہیں گے۔ ہندوستانی مارکیٹ کو کھولنے کی جو کوشش کی جا رہی [illegible]

میرٹھ میں کانسٹبل کی گرفتاری

میرٹھ ۱۷ جنوری۔ ایک پولیس کو دکٹنی کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ [illegible]

ڈربن میں سینکڑوں ہندوستانی بے گھر ہوگئے

لندن ۱۷ جنوری۔ ڈربن میں تین دن کے قتل و غارت کے بعد جنوبی افریقہ میں یہ سوال دریافت کیا جا رہا ہے کہ یہ فسادات ملک بھر میں حبشیوں کی شورش کا پیش خیمہ ہیں؟ اسلحہ کے تاجر دکانداروں نے یہ بتایا ہے کہ مارکیٹ میں ہر قسم کے ہتھیاروں کی مانگ بڑھ رہی ہے۔ جنرل آفس کی وارننگ کا خاطر خواہ اثر ہوا ہے۔ اور لبرل حلقے یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ حبشیوں کو تعلیم دینے اور ان کی اقتصادی ترقی [illegible] سکے نئی تعمیری پروگرام تیار کیا جائے۔

دریں اثنا ڈربن میں سینکڑوں ہندوستانی بے گھر ہوگئے ہیں۔ جن ہندوستانیوں کے گھر محفوظ ہیں وہ ڈر کے مارے ان میں واپس آنے کے لئے تیار نہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پبلک طور پر تحقیقات کئے جانے کے بعد یہ بات معلوم ہوسکے گی کہ یہ فساد کیونکر شروع ہوا۔ (گلوب)

بلا استاد ہندی سکھانیوالی کتاب
"معلم ہندی"
دہلی کے مشہور طبیب جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب نے اس کتاب میں ہندی سیکھنے کے اس قدر آسان اور عام فہم طریقے بیان کئے ہیں کہ اردو جاننے والے محض چند دن میں ہی بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتے ہیں ملک کے مشہور ہندو مسلم سکھ عالموں نے اس پر بہترین خیالات کا اظہار کیا ہے قیمت فی کتاب دس آنہ پانچ کتب کے خریداران کو محصول ڈاک معاف۔ ۵۰ کتب کے خریداروں کو ۲۵ فیصدی اور ایک صد کتب کے خریداروں کو ۳۳ فی صدی کمیشن دیا جاتا ہے بشرطیکہ رقم پیشگی روانہ کی جائے محصول علاوہ ہوگا۔
ملنے کا پتہ
جنرل منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس ۱۴۷ دہلی

طاقت اور جوانی کے لئے ہمدم کا "ماء اللحم" دوآتشہ
ہمدم کا "ماء اللحم" مقوی میوہ جات صحت بخش غذاؤں اور قیمتی دواؤں کے جوہر سے تیار کیا جاتا ہے۔ دل دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ میں نئی زندگی پیدا کرکے بوڑھوں میں بھی جوانی کی امنگ اور طاقت پیدا کر دیتا ہے۔
قیمت فی بوتل پانچ روپے۔ علاوہ محصول ڈاک
پتہ ذیل سے خریدیئے
ہمدم دواخانہ۔ لال کنواں بکس ۱ دہلی

جائدادوں کے تبادلہ یا فروخت کیلئے
بہترین طریقہ یہ ہے کہ دہلی امپرومنٹ ٹرسٹ کے آفیشل سیلنگ ایجنٹ مسٹر یوسف بی اے (جامعی) سے ملئے یا خط و کتابت کیجئے۔
گھر کا پتہ: شمسی کاٹیج جوگا بائی اوکھلا دہلی
دفتر کا پتہ: ملتانی بلڈنگ قطب روڈ دہلی

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۴۹ء میں
"حسین کشیدہ کاری" قیمت دو روپیہ آٹھ آنے
مفت حاصل کرنے کیلئے آج ہی ماہنامہ "بانو" دہلی کے سالانہ خریدار بن جایئے "حسین کشیدہ کاری" کے علاوہ ایک سال تک [illegible] سالانہ قیمت صرف پانچ روپے چندہ۔ منیجر ماہنامہ بانو دہلی کافی ہے۔

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء

اخلاق اور روحانیت کی قدریں

دنیا نے اس وقت بہت زیادہ ترقی کرلی ہے اور سوسائٹی کا معیار کہیں سے کہیں پہونچ گیا ہے سائنس نے مشرق و مغرب کو ملاکر ایک کردیا سیاست نے بین الاقوامیت کی طرحیں ڈال کر انسانی برادری کی ایک وحدت بنادی، ریڈیو اور سنیما نے خیالات اور جذبات کو سمیٹ کر دماغ کے [illegible]

[illegible] اخلاقی حسن پیدا نہ ہو۔ یہ چیز کبھی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اگر نصیحت کو بار بار دہرایا جائے اس کی معنویت ختم ہوجاتی ہے۔ لیڈروں کے بیانات اور پلیٹ فارموں کی تقریروں سے مرض کی تشخیص تو ہوجاتی ہے اس کا علاج نہیں ہوتا، جیں اخلاقی حس کو [illegible]

موسلادھار بارش میں ذکر حبیب خدا سننے کیلئے عاشقان رسول کا اشتیاق

آل انڈیا ریڈیو سے سیرت کانفرنس کی تقاریر کا براڈ کاسٹ

(خصوصی نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۱۷ جنوری۔ ہفتہ کے روز سیرت کانفرنس کا دوسرا اجلاس دو بجے دن میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں مولانا عبد العلیم صاحب صدیقی اور مولانا صبغت اللہ صاحب فرنگی محلی نے تقریریں کیں۔ شب کو حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمان صاحب عثمانی، قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی نے سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کی اور ڈاکٹر مصطفیٰ حسن علوی ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی فاضل دیوبند نے سرور کونین کی سیرت مبارک پر ایک مقالہ پڑھا۔

شب کے اجلاس کی کاروائی آل انڈیا ریڈیو کی جانب سے ریکارڈ کی گئی اور اتوار کے دن صبح ۸ بجے سے ۹ بجے تک آل انڈیا ریڈیو دہلی سے نشر کی گئی۔ رات کو فرزندان توحید حب رسول میں سرشار موسلادھار بارش میں بیٹھے ذکر رسول [illegible]

سیر ... و ... سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

دھرم پور اسٹیٹ صوبہ بمبئی میں مدغم ہوئی تو اس نے اپنا ایک ہاتھی صوبہ کے اندر مدغم کردیا — سورت کے کلکٹر پہلے تو بھاری بھر کم جانور کو دیکھ کر گھبرائے لیکن حالات کے آگے لاچار تھے ریاست کا چارج لے رہے تھے ہاتھی کیسے نہ لیتے — [illegible] سے دستبردار ہونے کے بعد مہاراجہ نے ہاتھی پالنے کا کوئی ٹھیکہ تھوڑا ہی لیا تھا —

ہاتھی لاکھ کا، مرا ہاتھی سوا لاکھ کا — مرا لاکھ نہیں ایک لاکھ کی رقم کیا کم ہے — کسی منسٹر دنسٹر کی چھوٹی موٹی کوٹھی بن سکتی تھی

اور اگر مار ڈالنے میں "جیو ہتیا" کا سوال تھا تو ڈائرکٹ امریکہ والوں سے بات چیت ہوسکتی تھی — سنا ہے آج کل امریکہ والوں کو ہاتھیوں کی بڑی ضرورت ہے۔ جب وہ کالے اچھوتوں کو ہوائی جہازوں کے ذریعہ منگوا رہے ہیں [illegible]

[illegible] حکومت بمبئی ہاتھی کے [illegible] اور یہ ہاتھی وزیر یا دنیا کا مقرر کیا ہوا کوئی افسر تو تھا نہیں کہ چھ سو روپیہ کا بار خزانہ عام پر ہر مہینہ پڑتا رہتا

ہمارے خیال میں صوبہ بمبئی کے لوگوں کو حکومت بمبئی پر دعوی کرنا چاہیئے کہ اول تو وہ ریاست دھرم پور کے مقابلہ میں صوبہ کی ہتک کا موجب ہوئی اور دوم اس نے ہاتھی کو فروخت کرکے انفلیشن کو روکنے والا ایک ذریعہ اپنے ہاتھ سے کھوکر عوام کا نقصان کیا — آخر انفلیشن خوب خرچ کرو خوب کھاؤ اور کھلاؤ کے بعد ہی تو ختم ہوسکتا ہے —

مگر ہمارے خیال میں اقتصادی نقطہ نظر سے حکومت بمبئی ٹوٹے میں رہی — اگر ہاتھی کو مار ڈالا جاتا تو زیادہ نفع ہوتا — مثل مشہور ہے [illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

امدادی فنڈ

جناب عالی، سود کا لینا اور دینا اسلام کی رو سے [illegible] بڑی وجہ مسلمانوں کا افلاس اور ملک سے غیر سودی نظام [illegible]

رکھا جائے۔

(۲) ابتداءً جو سرمایہ جمع ہو وہ کسی بنک میں جمع کیا جائے اور ہر مہینہ کے آخر میں حساب شائع کیا جائے تاکہ چندہ دہندگان کو اطمینان حاصل رہے اور جب فنڈ اس قابل ہوجائے کہ خود اپنی حفاظت کرسکے تو بنک سے تعلق منقطع کرلیا جائے

یہ مسئلہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے بہت اہم ہے یہ جو کچھ اس کے متعلق لکھا گیا ہے وہ ایک اجمالی شکل ہے اور اس کا مقصد کام کرنے سے پہلے اہل الرائے حضرات [illegible]

موجودہ صورت حال پر وزیر اعظم بھوپال کا بیان

ریاست کی مکمل عوامی حکومت لاقانونیت کو گوارا نہیں کر سکتی

بھوپال (بذریعہ ڈاک) ۱۸ جنوری۔ یونائیٹڈ پریس آف انڈیا کے ایک نامہ نگار نے جو ناگپور سے بھوپال کے حالات کا مطالعہ کرنے کے لئے یہاں آئے ہوئے ہیں، وزیر اعظم بھوپال پنڈت چتر نرائن مالویہ سے ایک ملاقات میں کہا۔ "بھوپال کے انضمام کی موجودہ شورش نا وقت ہے اور غلط طور پر اٹھائی گئی ہے اس لئے ریاست کے رہنے والوں نیز [illegible] باشندوں کو اچھے سے اچھے حالات کو بھگتنا چاہئے۔"

وزیر اعظم نے فرمایا۔ حکومت بھوپال کے پاس اس بات کا کافی مواد موجود ہے کہ [illegible] سنگھ کے بھوپالی اور دوسرے [illegible] انضمام کی تحریک سے فائدہ اٹھا کر اپنی غیر قانونی حرکتوں کو جاری رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بھوپال کو عظیم بھارت یونین یا صوبہ سی۔ پی سے ملانے کا جہاں تک تعلق ہے ہماری حکومت اس [redacted] تحریک کے جمہوری اور آئینی طریقوں پر پروپیگنڈے پر معترض نہیں ہے۔ ریاست بھوپال میں بھی ہندوستان کے دوسرے حصوں کی طرح سنگھ کی سرگرمیوں کو کچلنے کے لئے عام جلسوں اور جلوسوں پر پابندی لگائی گئی تھی۔ آر۔ ایس۔ ایس (سنگھ) کے کارکنوں کے ساتھ اسٹیٹ کانگریس کے چند باغی اور خود غرض انسانوں نے مل کر ایسی شورش پھیلائی ہے جو قانون و انصاف کو چیلنج ہے اور ریاست کی پہلی عوامی اور مکمل ذمہ دار حکومت ہرگز ایسی تحریک کو گوارا نہیں کر سکتی۔ پنڈت چتر نرائن نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ انضمام کے متعلق حکومت کا رویہ غیر جانبدارانہ ہے کیونکہ اس کا یقین ہے یہ ایسا معاملہ ہے جس کا خود لوگوں کو فیصلہ کرنا ہے۔ اعلیٰحضرت نے بھی یہ اعلان کر دیا ہے کہ وہ عوام کی مرضی سے اتفاق کرنے کے پابند ہیں چنانچہ یہ مسئلہ آئندہ انتخابات میں طے ہو جائے گا۔ جو دستور ساز اسمبلی (کے) جس کی تجویز جامنڈل اور نواب صاحب کے درمیان طے شدہ معاہدہ میں کی گئی ہے دستور سازی کے کام کو ختم کرنے کے لئے منعقد ہوں گے۔ پنڈت مالویہ نے اس کا بھی انکشاف فرمایا کہ تبدیل شدہ حالات کے پیش نظر دستور ساز اسمبلی کے خاکہ پر نظر ثانی کے مسئلہ پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔

پنڈت مالویہ نے یہ بھی بتایا کہ انضمام کے حامی جب وہ کسی [illegible] علاقے میں جاتے ہیں تو وہ [illegible] انضمام کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔ [illegible] بھارت میں شامل ہونیکا [illegible] لوگوں کو گمراہ کیا جاتا ہے۔

آخر میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھوپال کی روایات حیدرآباد سے بالکل مختلف ہیں۔ نظام نے [illegible] ہونیکا دعویٰ کیا تھا بھوپال نے کبھی ایسا مہمل دعویٰ نہیں کیا۔ یہ جانتا ہی ہر کوئی ہے جو آج بھوپال میں حکمرانی کر رہے ہیں اور اس سے کسی کو کوئی اختلاف نہیں ہے۔

حکومت بھوپال کا سرکاری اعلان

بھوپال حکومت کے ڈائرکٹر اطلاعات عامہ کی طرف سے ۱۹ جنوری کو حسب ذیل اعلان جاری کیا گیا ہے "۱۳ جنوری کو ہرگنج اور رائسین میں خلاف قانون جلسہ کرنے کی کوشش کی گئی مگر وہاں کی پر امن رعایا کی وجہ سے کارکنوں کو کامیابی نہ ہو سکی۔ سیہور میں ایک خلاف قانون جلوس نکالا گیا [redacted] نعرے لگائے گئے۔ اور بعض کانگریسیوں کے مکانوں سے ترنگے جھنڈے نوچ کر پھینک دیئے گئے۔ ۱۹ اشخاص کو قانون سلامتی عامہ کے تحت گرفتار کیا گیا اور عدالت سے ملزمان کو چار چار ماہ قید اور سو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔ معلوم ہوا ہے کہ سیہور میں ایک شخص کی فرضی بھوک ہڑتال کی خبر اڑا دی گئی۔ چند فرقہ پرستوں کی دوکانیں بند رہیں۔

پرسوں اچھاور میں چند اشخاص نے ایک خلاف قانون جلوس نکالا اور نفرت انگیز نعرے اور تقریریں کیں جس کی وجہ سے سیٹھ مہندر پرتاب اور ۱۰۹ اشخاص کو قانون سلامتی عامہ کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔

[illegible] قید اور پانچ پانچ سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی اور [illegible] اشخاص نے معافی مانگ لی۔ دوراہا میں بھی ایک شخص کو معافی مانگنے کی وجہ سے رہا کر دیا گیا۔

شاہ گنج کے دو اشخاص کو قانون سلامتی عامہ کے تحت گرفتار کر لیا گیا۔

معلوم ہوا ہے کہ مضافات میں سنگھی کارکن عوام کو یہ کہہ کر بھڑکانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ بھوپال [illegible] مظالم کئے جا رہے ہیں۔

عبید اللہ گنج میں ایک شخص نے [illegible] کہ ہندوستان میں [illegible] کو ہڑتال کرنا چاہئے لیکن وہاں کے دوکانداروں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔

آج شہر کے مختلف محلوں میں چند عورتوں نے خلاف قانون جلوس نکالنا چاہا لیکن پولیس کے پہنچنے پر وہ از خود منتشر ہو گئیں۔

آج شہر میں [illegible] کے موقع پر مسلمانوں نے ہندوؤں کو متعدد جگہ پان بنائے۔ دونوں فرقوں نے اپنی روایتی رواداری اور اتحاد کا ثبوت دیا اور "علیٰ حضرت زندہ باد" "ہندو مسلم ایک ہیں" کے نعرے لگائے گئے۔"

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں (ادارہ)

انتخابات

گڑگاؤں۔ جمعیۃ علماء ضلع گڑگاؤں کا انتخابی جلسہ قصبہ رد پڑا کا تحصیل نوح میں، ۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء کو ہوا۔ جلسہ میں ضلع گڑگاؤں کی تمام کمیٹیوں کے عہدیداران شریک ہوئے۔ یہ جلسہ ضلع گڑگاؤں میں جمعیۃ کا [redacted] شریک ہوئے جلسہ کے صدر مولانا عبد الغفار صاحب تھے۔ جلسہ میں مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب نے جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد، اس کی ضرورت، جمعیۃ کی شاندار خدمات کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا۔ اور سال آئندہ کے لئے حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ صدر مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب نائب صدر مولوی جمیل احمد صاحب گوالیاری۔ مولوی سراج الدین صاحب گلدستہ ناظم اعلیٰ حافظ محمد صدیق صاحب ناظم مولوی اشرف خان صاحب سنگار۔ میاں جی رحیم بخش رد پڑا کا خازن شیخ عبد الرشید صاحب سوداگر نوح۔

چندیانہ (بلند شہر) منعقدہ ۸ دسمبر زیر صدارت مولانا محمد النقا خانصاحب فاضل دیوبند جمعیۃ علماء ضلع نے بہتمام انتخاب مقرر کیا تھا۔ عہدیداران ذیل منتخب کئے گئے۔ مولوی احمد علیخاں صاحب صدر۔ حکیم نیاز احمد خاں صاحب نائب صدر۔ ملاں محمد اکبر خاں صاحب ناظم حکیم محمد [illegible] خانصاحب نائب ناظم خلیل الرحمن خانصاحب خزانچی

خان پور۔ ۲۹ دسمبر کو جمعیۃ علماء خانپور کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر جناب مولوی حکیم مشرف علی صاحب خانپور۔ نائب صدر جناب حافظ محمد افضل الکریم صاحب ناظم اعلیٰ منشی محمد ایوب انصاری خانپور [illegible] ناظم جناب حکیم محمد اسحاق صاحب [illegible] نائب ناظم منشی عبد [illegible] صاحب خانپور خزانچی جناب منشی عبد المجید صاحب انصاری خانپور۔ ۸ اشخاص پر مشتمل ایک مجلس منتظمہ بھی قائم کی گئی۔

تھانہ پونسی۔ ۹ دسمبر کو [illegible] جھاگل پور کی ابتدائی ممبران جمعیۃ علماء کے اجتماع میں حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر مولوی افسر علی صاحب نائب صدر مولوی عزایت حسین صاحب ناظم حافظ احمد حسین صاحب نائب ناظم محمد یاسین صاحب [illegible] خازن [illegible] عہدیداران کے علاوہ ۸ ممبران اور منتخب کئے گئے۔

جھالو۔ بتاریخ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۸ء قصبہ جھالو ضلع [illegible] میں زیر نگرانی قاری [illegible] صاحب مندرجہ ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ مولوی سلیمان حسین صاحب صدر حافظ عبد العزیز صاحب نائب صدر [illegible] خزانچی۔

بہبرپور ۱۵ جنوری کو ایک اجلاس میں مندرجہ ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

جناب سید محمد شریف احمد صاحب صدر ملا حبیب الرحمن صاحب نائب صدر جناب محمد حسین صاحب جنرل سکریٹری۔ حسن الدین صاحب نائب سکریٹری عبد المجید صاحب خزانچی اور مولوی ضیاء الحسن صاحب محاسب۔

مجلس منتظمہ گڑگاؤں کا جلسہ

صاحب صدر نے جدید مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع گڑگاؤں کی ایک ضروری میٹنگ ۲۶ جنوری کو بعد نماز جمعہ قصبہ مالب تحصیل نوح میں طلب کی ہے جس میں حسب ذیل مسائل برائے غور و فکر پیش ہوں گے۔ مجلس منتظمہ کے ممبران اس جلسہ میں شریک ہونا چاہئیں ایجنڈا حسب ذیل ہے۔

[illegible] کا حساب کتاب۔ ارکان جمعیۃ صوبہ کا انتخاب کے لئے تاریخ کا تعین۔ مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند کے سرکلر پر غور۔ دیگر امور با اجازت جناب صدر۔ [illegible] سکریٹری گڑگاؤں

سکریٹری جمعیۃ علماء کرتپور کی اپیل

کرت پور (بذریعہ ڈاک) حاجی شاہ حسینی صاحب سکریٹری جمعیۃ علماء کرت پور نے اپنے ایک بیان میں حکومت یوپی سے قصبہ کرت پور میں پنچایت قائم کئے جانے کے اعلان کو منسوخ کر دینے کی اپیل کی ہے۔ آپ نے کہا ہے کہ ابھی تک ضلع بھر کے کسی ٹاؤن ایریا میں پنچایت قائم ہونے کا اعلان نہیں ہوا ہے لیکن قصبہ کرت پور میں پنچایت قائم ہونے کا اعلان یو۔پی۔ گزٹ میں ہو چکا ہے۔ پنچایت بل کے نفاذ کا تعلق صرف دیہات سے ہے ٹاؤن ایریاجات و میونسپلٹیاں پنچایتوں سے مستثنیٰ ہیں۔ اس لئے حکومت سے استدعا ہے کہ وہ قصبہ کرت پور میں پنچایت قائم ہونے کے اعلان کو منسوخ کر دے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ قصبہ کرت پور ضلع بجنور کی آبادی پچیس ہزار کے قریب ہے اور یہاں ٹاؤن ایریا کمیٹی بہت عرصہ سے قائم ہے اور عنقریب یہاں میونسپلٹی قائم ہونے والی ہے۔ (نامہ نگار)

مولانا محفوظ الرحمن پارلیمنٹری سکریٹری بلند شہر میں

بلند شہر۔ ۵ جنوری (بذریعہ ڈاک) مولانا محفوظ الرحمن صاحب پارلیمنٹری سکریٹری وزیر تعلیم یو۔پی اور مسٹر ارتضیٰ حسین صاحب پرائیویٹ سکریٹری وزیر زراعت یو۔پی [illegible] اپنے دورہ کے سلسلہ میں بلند شہر تشریف لائے [illegible] جمعیۃ علماء بلند شہر کے ساتھ تبادلہ خیال فرمایا۔ بعدہ مسلم [illegible] کا معائنہ کیا۔ [illegible] موصوف [illegible] پرنسپل صاحب کالج کے انتظام سے [illegible] سکندر آباد جاتے ہوئے [illegible] کا معائنہ بھی فرمایا۔

چین میں امن قائم کرنے کے لئے کمیونسٹوں کی شرائط

جنرل چیانگ کائی شیک دوسرے افسروں سے مشورہ کر رہے ہیں

نانکنگ ۱۷ جنوری۔ حکومت چین امن قائم کرنے کیلئے کمیونسٹوں کی شرائط کے متعلق بالکل خاموش ہے لیکن سرکاری افسر [illegible] کے بیان پر غور کر رہے ہیں جنرل چیانگ کائی شیک نے گذشتہ رات ان شرائط پر غور کرنے کیلئے سرکردہ سرکاری افسروں کی میٹنگ بلائی لیکن اس میٹنگ میں کمیونسٹوں کی شرائط کو منظور یا نامنظور کرنے کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں کیا جا سکا۔

ڈپلومیٹک حلقے کمیونسٹوں کی شرائط پر کسی قسم کی رائے زنی نہیں کر رہے ہیں در ایں اثناء معلوم ہوا ہے کہ نانکنگ پر کمیونسٹوں کی چڑھائی شروع ہو گئی ہے۔ نانکنگ کی حفاظت کرنے والی فوجوں کی تعداد صرف ۷۰ ہزار ہے اور اس کے مقابلہ پر حملہ آور کمیونسٹ فوجوں کی تعداد اس سے تین گنا ہے مزید معلوم ہوا ہے کہ نانکنگ اور شنگھائی کے درمیان سڑک کی حفاظت کرنے کیلئے صرف تین ڈویژن قوم پرست فوجیں موجود ہیں۔

حکومت چین کے دفاتر نانکنگ اور کینٹن کو بڑی تیزی سے خالی کر رہے ہیں۔ حکومت چین کے کچھ دفاتر نانکنگ سے [illegible] کو جا رہے ہیں۔ یہ شہر کینٹن سے ۲۸ میل شمال کی طرف کینٹن سے ہانکو جانیوالی ریلوے لائن پر واقع ہے اور ایک اہم ریلوے مرکز ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ اس کے بعد ان دفاتر کو فارموسا کے بالمقابل صوبہ فوکین کی راجدھانی [illegible] میں منتقل کیا جائے گا۔ کچھ چینی اخبارات کو یقین ہے کہ چین میں امن قائم کرنے کے سوال پر غور کرنے کے لئے شمالی چین کے کسی مقام پر کانفرنس منعقد ہو گی۔

چینیوں کا یہ خیال ہے کہ کمیونسٹ فوجیں نانکنگ پر جلدی ہی قبضہ کر لیں گی۔ اس صورت میں مارشل چیانگ کائی شیک فارموسا چلے جائیں گے اور وہاں سے [illegible] کریں گے۔ [illegible]

پٹیالہ یونین کی عبوری وزارت

یونین صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر کا اہم بیان

پٹیالہ ۱۵ جنوری۔ مسٹر برش بھان صدر پٹیالہ یونین صوبہ کانگریس کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں پٹیالہ یونین میں نئی عبوری حکومت کے قیام پر اظہار تعجب کیا ہے اور کہا ہے کہ اب تک مجھے تفصیلات کا علم نہیں لیکن میں واضح طور پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ عوام کے ساتھ مکمل غداری ہے۔ راج پرمکھ اپنے پھوٹ ڈالنے کے کھیل میں کامیاب ہوا ہے اور ایک مرتبہ پھر [illegible] کوشش کی گئی ہے کہ طاقت عوام کو منتقل نہ کی جائے [illegible] کہ یہ کوشش کامیاب ہوگی یا نہیں۔

مسٹر برش بھان نے مزید بتایا کہ عبوری وزارت کے سلسلہ میں پٹیالہ یونین صوبہ کانگریس کے ساتھ کوئی مشورہ نہیں کیا گیا۔ اور غالباً دوسری کسی جماعت سے بھی مشورہ نہیں لیا گیا مسٹر برش بھان نے اپنے بیان میں یہ بتاتے ہوئے کہ مذکورہ اعلان نے عوام میں بیحد تشویش اور بے چینی برپا کر دی ہے کہا کہ "عبوری وزارت" دراصل شاہی کو برقرار رکھنے کیلئے دوسری کوشش ہے تاکہ جاگیرداری سسٹم زندہ رہ سکے لیکن مجھے یقین ہے کہ [illegible] پر پردہ ڈالنے کیلئے جو رنگ آمیزی کی گئی ہے اور نیا سائن بورڈ لگایا گیا ہے اس سے عوام دھوکا نہیں کھائیں گے اور سیاسی و اقتصادی آزادی کے لئے کام بدستور جاری رہے گا۔ (ب ن س)

نواب رامپور صحتیاب ہو رہے ہیں

لکھنؤ ۱۵ جنوری۔ لکھنؤ کارلٹن ہوٹل میں جمعیت الانصار رام پور کا ایک وفد جو عاشق علی صدر جمعیت اور عبد القدیر ایم ایل اے [illegible] کی قیادت میں نواب صاحب رام پور کی صحت اور مزاج پرسی کے لئے آیا تھا۔ نواب صاحب سے ملا۔ وفد میں اور اراکین حبیب الرحمن عبد الحمید اور محمد نور حسین تھے نواب صاحب نے وفد کو اطمینان دلایا کہ اب وہ صحتیاب ہو رہے ہیں اور جلد ہی رام پور واپس جائیں گے۔

یو۔پی میں پنچایت سمیلن کے ہفتے

لکھنؤ۔ ۱۵ جنوری۔ حکومت صوبہ کے احکام کے مطابق صوبہ بھر میں ۲۶ دسمبر ۱۹۴۸ء سے ۱۲ جنوری تک پنچایت سمیلن کے دو ہفتے بڑے جوش اور انہماک سے منائے گئے۔ اس سلسلہ میں صوبہ کے ۴۰ سے زیادہ مقامات پر کانفرنس اور جلسے منعقد کئے گئے جن میں [illegible] کو مستقل مزاجی سے اور صحیح خدمت کے جذبہ سے کام کرنے اور گروہ بندی اور آپس کے نفاق کو ختم کرنے کی تلقین کی گئی۔ پنچایتوں کے ذریعہ دیہاتوں کی [illegible] اخلاقی سدھار اور زندگی کے سماجی مذہبی اور سیاسی پہلوؤں کی اصلاح کے موضوع پر تقریریں کی گئیں۔ ان سمیلنوں میں [illegible] اور دوسرے محکموں کے افسران نیز ممبران مجالس قانون ساز اور کانگریسی لیڈر [illegible] تقریریں کیں۔

نئی قسم کی گیس

لندن ۱۸ جنوری۔ [illegible] سائنٹیفک کارکنوں نے [illegible] نئی قسم کی قدرتی گیس دریافت کی [illegible]

مفت

رد بدعت کے سلسلے میں حضرت مولانا [illegible] کی مشہور کتاب لسیط البنان اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف لطیف قوت نادلہ اور اس کے متعلق مسائل دو آنہ کے ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپکے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے۔

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۔۔۔ ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۔۔۔ ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں

کیا کریں؟ [illegible] کدھر جائیں؟

شک اور خوف کی اس ہولناک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجئے مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہنچئے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کیلئے کتب ذیل ضرور پڑھئے۔

علماء حق حصہ اول [illegible] علماء حق حصہ دوم [illegible]

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

ہاں جناب

نہیں جناب

"آپ نے مجھے خط لکھا تھا؟"

"ہاں جناب!"

"کیا آپ ہندوستانی، ڈاکٹری ویدک، اور بجلی کے علاج کر چکے ہیں؟"

"ہاں جناب!"

"پھر کچھ فائدے کی صورت دکھائی دی؟"

"نہیں جناب!"

"آپکا روپیہ اور وقت تو بہت ضائع ہوا ہوگا"

"ہاں جناب"

"تو پھر آپ نے معجون شباب آور کا نام سنا؟"

"ہاں جناب"

"یہ بے شمار لوگوں کے لیے خوشی اور عیش و عشرت کا پیغام ہے کیا آپ نے کبھی استعمال کی ہے؟"

"نہیں جناب"

"تو پھر آج ہی خریدئے"

"بہت اچھا جناب"

قوت کی دواؤں کی سرتاج معجون شباب آور۔ [illegible]

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

ہمدرد



سفیر مصر نے گورنر جنرل کو تعارفی کاغذات پیش کئے

گورنر جنرل اور سفیر مصر کا مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت

نئی دہلی ۱۸ جنوری (اے پی) مصر کے نامزد سفیر مسٹر اسمعیل کمال بے نے کل اپنے تعارفی کاغذات پیش کئے۔ ہند کے گورنر جنرل مسٹر چکرورتی راجگوپال آچاریہ نے آپکا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ دہلی میں ان کی آمد سے دونوں ممالک کے تعلقات میں اور زیادہ استواری اور استحکام پیدا ہو جائے گا۔

یہ تقریب کل تیسرے پہر بال روم میں ہوئی۔ اس ہال کو جانے والے زینہ پر دونوں طرف گورنر جنرل کے باڈی گارڈ کے دستے کے آدمی اپنی سنہری اور احمری یونیفارم پہنے کھڑے تھے جس وقت سفیر مصر گورنمنٹ ہاؤس کی ایک کار سے جس میں کہ وہ آئے تھے اترے تو گورنر جنرل کے اسٹاف کے افسران نے آپکا استقبال کیا اور ان کو بال روم میں لے گئے۔ سفیر مصر کے ہمراہ مسٹر سمیع [illegible]۔ مسٹر عزیز شکری تھرڈ سکریٹری مسٹر صالح العابد کمرشل اٹیچی اور مسٹر عابد العصمت بھی تھے۔

گورنر جنرل راجگوپال آچاری نے سفیر کا اپنے [illegible] ہاتھ جوڑ کر استقبال کیا اور سفیر مصر نے بھی اسی انداز میں سلام کا جواب دیا اس کے بعد جب وزارت خارجہ کے سکریٹری نے دونوں کا باقاعدہ تعارف کرایا تو انہوں نے مصافحہ کیا اس کے بعد ایک فوٹو گروپ لیا گیا اور پھر گورنر جنرل سفیر مصر کو اپنے ڈرائنگ روم میں لے گئے جہاں وہ کچھ دیر تک بات چیت کرتے رہے اور بعد ازاں دوسرے مہمانوں کے ہمراہ لنچ تناول فرمایا۔

شام کو سفیر مصر اور گورنر جنرل راجگھاٹ گئے جہاں انہوں نے اس جگہ پھول چڑھائے جس جگہ پر مہاتما گاندھی کو سپرد آتش کیا گیا تھا۔

کشمیر کمیشن اور پاکستان کی مراسلت

(صفحہ ۳ سے آگے)

ہیں۔ ان لوگوں کی واپسی کی آسانیوں کے لئے دو کمیشن مقرر کئے جائیں گے ایک میں ہندوستان کے نامزد شدہ لوگ ہوں گے اور دوسرے میں پاکستان کے نامزد کردہ نمائندے یہ دونوں کمیشن منتظم کی ہدایات کے ماتحت کام کریں گے۔ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتیں اور ریاست جموں و کشمیر کے تمام حکام اور عہدیدار ہر طرح سے منتظم استصواب کے ساتھ تعاون کریں گے۔

(ب) ریاست کے باشندوں کے علاوہ تمام وہ لوگ جو ریاست میں قانونی اغراض کے علاوہ دوسرے مقاصد سے داخل ہوئے ہیں ریاست سے چلے جائیں گے۔

(۷) ریاست جموں و کشمیر کے اندر تمام حکام اور عہدیدار منتظم استصواب کے مشورے سے اسکی نگرانی کریں گے کہ (۱) استصواب میں ووٹروں پر کوئی دباؤ نہ ڈالا جائے۔ (۲) انہیں کوئی دھمکی نہ دی جائے نہ انکو کوئی لالچ دیا جائے نہ انہیں رشوت دی جائے۔ (۳) ریاست میں جائز سیاسی سرگرمیوں پر کوئی پابندی نہیں۔ ریاست کے تمام باشندے خواہ وہ کسی مذہب کسی ذات یا کسی جماعت سے تعلق رکھتے ہوں آزاد ہوں گے کہ وہ اپنے خیالات کا آزادانہ اظہار کریں اور ریاست کے ہندوستان یا پاکستان میں شامل ہونے کے مسئلہ پر ووٹ دیں۔ ریاست میں پریس، تقریر، اجتماع اور سفر کی پوری آزادی ہوگی بشمول قانونی طور پر ریاست میں آنے اور جانے کی بھی آزادی ہوگی۔

(د) تمام سیاسی قیدی رہا کر دیئے جائیں گے۔

(ہ) ریاست کے تمام حصوں میں اقلیتوں کی مناسب حفاظت کی جائے گی۔

(و) کسی قسم کا انتقام نہیں لیا جائے گا۔

منتظم استصواب رائے کی رپورٹ

(۸) منتظم استصواب کو یہ حق حاصل ہوگا کہ جن معاملات میں امداد کی ضرورت ہو وہ ان کو کمیشن کے سامنے پیش کرے۔ اور کمیشن اپنے پورے اختیارات کو منتظم کے ساتھ کسی خاص فرض کے انجام دینے کے لئے بطور اختیار دے سکتا ہے۔

(۹) استصواب کے ختم ہونے کے بعد منتظم استصواب اس کے نتیجہ کی رپورٹ کمیشن اور ریاست جموں و کشمیر کی حکومت کو پیش کریگا۔ [illegible] کہ آیا استصواب آزادانہ اور غیر جانبدارانہ ہوا ہے یا نہیں؟

(۱۰) [illegible]

تفصیلات پر کمیشن کی قرارداد مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کے حصہ سوم کے مطابق گفت و شنید ہوگی۔ اس گفت و شنید میں منتظم استصواب کو پورے طور پر شریک کیا جائے گا۔

کمیشن کی قرارداد مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کے حصہ اول و دوم پر بلاتاخیر عمل ہوگا۔

جمعیۃ علماء ہند کے وفد کی رپورٹ

(صفحہ ۲ سے آگے)

جمعیۃ علماء ہند ان کی مذہبی خدمات کے لئے آمادہ ہے اور جمعیۃ علماء کو وہ مذہبی معاملات میں اپنا بہترین رفیق، خیر خواہ اور معاون پائیں گے۔

آخر میں ہم اپنے میزبان جناب سید حسن صاحب ایڈوکیٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اپنی علالت اور پریشانیوں کے باوجود فراخ حوصلگی کے ساتھ میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔

ہم نے اپنے دوران قیام میں چند حضرات پر مشتمل ایک ریلیف کمیٹی قائم کر دی ہے۔ جو ہمارے بعد بھی ان مقاصد کو انجام دیتی رہے گی۔ ارکان کمیٹی یہ ہیں:

جناب ملا عبد الباسط صاحب۔ جناب ابو الحسن سید علی صاحب۔ مسٹر اکبر علی بیرسٹر۔ جناب فرید مرزا صاحب۔ مسٹر انور خاں بی اے۔ جناب محمود جنگی صاحب مسٹر یونس سلیم وکیل۔ جناب ولی حسین صاحب۔ جناب مولانا [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء حیدرآباد دکن۔ (نامہ نگار)

کانگریسی اپنے اثر و اقتدار سے نظام حکومت میں مخل نہ ہوں

ڈاکٹر پٹابھی کی ہدایت

مدراس ۱۸ جنوری۔ صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے کانگریسیوں کے نام ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسی قسم کی دفتری ملازمت میں شامل نہ ہوں اور نہ ہی آرڈر، پرمٹ، لائسنس وغیرہ کی الاٹمنٹ خود کرائیں اور نہ ہی اپنے اثر و اقتدار سے اپنے دوستوں، رشتہ داروں کے لئے سہولیات حاصل کریں۔ اس سلسلہ میں کانگریسیوں کو یہ ہدایت بھی جاری کروں گا کہ وہ ایگزیکٹو یا کسی [illegible] رسائی نہ کریں۔ اس سلسلہ میں مزید وضاحت کرتا ہوں کہ میرے نوٹس میں ایسے واقعات لائے گئے ہیں کہ کانگریسیوں نے کانگریس کمیٹیوں کی وساطت سے [illegible] لائسنس پرمٹ اور ان کی متعلقہ [illegible] میں خاص طور پر اثر و دخل حاصل کر لیا ہے اور وہ اس طرح منافع بازی کرتے ہیں۔ میں انہیں متنبہ کرتا ہوں کہ ایسی حرکات سے باز آ جائیں ورنہ انہیں [illegible] سے نکلنے کے لئے کہوں گا۔ اس وقت [illegible] جگہ جگہ رشوت کا بازار گرم ہے۔ میں جہاں اس سلسلہ میں کانگریسیوں کو ہدایت کرتا ہوں وہاں انہیں اپیل بھی کرتا ہوں کہ وہ ایسے افعال قبیح کو روکنے کے لئے حکومت کی ہر ممکن امداد کریں۔ افراط زر کا مسئلہ اس وقت ہندوستان کے لئے سوہان روح بنا ہوا ہے اس کو حل کرنے کے ذرائع سوچیں اور ان ذرائع کو استعمال کریں۔

ایشیائی کانفرنس

قاہرہ ۱۸ جنوری۔ قاہرہ کے ایک مشہور اخبار نے یہ اطلاع دی ہے کہ غیر متوقع حالات کے پیش نظر عرب لیگ کے ڈپٹی چیف نئی دہلی میں ایشیائی ملکوں کی کانفرنس میں شامل نہیں ہوں گے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس کانفرنس میں عرب ملکوں کے نمائندے کی موجودگی کافی ہوگی۔

لاہور میں مہاجرین کی میٹنگ کا حالیہ معاہدہ پر اظہار ناپسندیدگی

چھوڑی ہوئی جائدادوں کو مہاجرین کی ملکیت قرار دینے کا مطالبہ

لاہور ۱۸ جنوری۔ [illegible] جائدادوں کے تبادلہ کے سلسلہ میں جو معاہدہ ہند و پاکستان کے درمیان ہوا ہے یہاں پر اس کو عام طور سے پسند نہیں کیا گیا۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کے مہاجرین کے کونسلروں نے ایک میٹنگ میں ایک ریزولیوشن پاس کیا جس میں حکومت پاکستان سے کہا گیا ہے کہ وہ چھوڑی ہوئی جائدادوں کو مہاجرین کی ملکیت قرار دے دے۔ ریزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ یہ ایک ذریعہ ہے جس سے یہ مشکل حل ہو سکتی ہے۔

معاہدہ کی رو سے غیر مسلموں کو فروخت کا اختیار دینے پر اظہار ناپسندیدگی کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ [illegible] جائدادوں کے تبادلہ کی اجازت ہونی چاہئے اگر یہ ناکام ہو جائے تو صرف اس صورت میں فروخت کی اجازت ہونی چاہئے۔

دونوں طرف کے لوگوں کو اس سلسلہ میں مدد دینے کیلئے یہ تجویز کی گئی کہ بین المملکتی درجہ کی [illegible] کو اجازت دی جائے۔

یہ ریزولیوشن مغربی پنجاب مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کو ضروری کارروائی کے لئے بھیجا گیا ہے۔

سید علی ظہیر روانہ ہوگئے

دہلی ۱۸ جنوری۔ [illegible] سید علی ظہیر [illegible] طہران کے لئے روانہ ہو گئے [illegible]

کمیونسٹوں کی طرف سے مارشل پلان کے خلاف پروپیگنڈا

شکاگو ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] ۲۸ جنوری کو سکنڈے نیویا کی حفاظت [illegible] کا اعلان کیا جائے گا۔ کمیونسٹوں نے اس معاہدے کو ناکام بنانے اور مارشل پلان و نارتھ اٹلانٹک پیکٹ کے خلاف رائے عامہ پیدا کرنے کے لئے [illegible] کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں کمیونسٹ عام جلسے منعقد کریں گے۔ جن میں ڈنمارک اور ناروے کے کمیونسٹ لیڈر تقریریں کریں گے [illegible] تمام کمیونسٹ نارتھ اٹلانٹک پیکٹ کو [illegible] معاہدے کی نسبت کم خطرناک سمجھتے ہیں۔

ڈھاکہ میں نئے ٹرانسمیٹر کا قیام

ڈھاکہ ۱۸ جنوری۔ [illegible] پاکستان کے وزیر نشریات و اطلاعات [illegible] ڈھاکہ ریڈیو اسٹیشن [illegible] نئے ٹرانسمیٹر کا افتتاح [illegible]

بہار اسمبلی کا اجلاس

پٹنہ ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بہار اسمبلی کا اجلاس [illegible] فروری کو منعقد ہوگا۔ (اے پی)

ٹونک میں برطرف ملازمین کی حالت زار

جمعیۃ علماء راجستھان کی پرزور اپیل

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا حکیم سید ظہیر [illegible] حسب ذیل بیان بغرض اشاعت بھیجا ہے۔

یہ امر قابل افسوس ہے کہ ریاست ٹونک کی راجستھان میں شامل ہونے کے بعد اقتصادی، تمدنی، معاشرتی حالت روز بروز گرتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے تجارت پیشہ اور ملازمت پیشہ طبقہ بدحالی و پریشانی کی حالت میں مبتلا ہے۔

ٹونک کے اکثر تعلیم یافتہ افراد کی زندگی ملازمتوں پر بسر ہوتی تھی لیکن اب ٹونک کی رعایا کا یہ سہارا بھی ٹوٹ گیا حکومت راجستھان نے اپنے انتظامی سلسلہ کو اس قدر وسعت دی کہ ٹونک کے تمام محکمہ جات کو تخفیف میں ڈال دیا۔ اور ملازمین کو بلا امتیاز موقوف کرنا شروع کر دیا۔ اس طرح اہلکاروں کے علاوہ فوج پولیس کے موقوف شدہ ملازمین کی تعداد کئی سو تک پہنچتی ہے) اور یہ سب جانتے ہیں کہ سینکڑوں لوگ اپنی معاش اور گذر اوقات کا کیا انتظام کریں گے۔ دراں حالیکہ ٹونک میں تجارت کی کوئی ساکھ نہیں اور نہ یہاں کوئی ایسا کارخانہ ہے جس میں غریب لوگ محنت مزدوری کر کے اپنا اور اپنے معصوم بچوں کا پیٹ پال سکیں۔

ایسی صورت میں حکومت کا یہ پہلا فرض تھا کہ وہ ان پریشانیوں کا سدباب کرتی اور موقوف شدہ ملازمین کیلئے معاش کا کوئی ذریعہ پیدا کرتی۔ لیکن [illegible]

سب سے زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ جن ملازمین کی پنشنیں کر دی گئی ہیں ان کی پنشنوں کا اب تک کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ اور بہت سے ان ملازمین کی تنخواہیں تین تین مہینے سے نہیں ملی ہیں جو برابر اپنی متعلقہ خدمات انجام دے رہے ہیں۔

اس لئے میں حکومت راجستھان کے ذمہ دار حضرات سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ فوری طور پر اپنی توجہ ان مصیبت زدگان کی طرف مبذول فرمائیں۔ اس قسم کی بدنظمیاں ایک آزاد جمہوری یونین کے لئے بدنامی کا باعث بن رہی ہیں۔ [illegible]

پاکستان کو روسی گیہوں

کراچی ۱۸ جنوری۔ ایک روسی جہاز [illegible]

کلکتہ میں شرنارتھیوں کی گرفتاری

کلکتہ ۱۸ جنوری۔ [illegible] گیارہ شرنارتھی گرفتار کئے گئے [illegible]

ہندی میں تار دینے کیلئے انتظام

الٰہ آباد ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ عوام کو ہندی میں تار دینے کی سہولت پیدا کرنے کے لئے [illegible] الٰہ آباد، بنارس، [illegible] لکھنؤ [illegible]

دار السلطنت

۱۸ جنوری ۱۹۴۹ء

فراشخانہ میں جلسہ سیرت النبیؐ

۱۸ جنوری سے ۲۰ جنوری تک فراش خانہ کڑہ دھوبیان بر مکان حاجی عبد الغفور صاحب ٹوپی والے میں روزانہ بعد نماز عشاء سیرت النبیؐ کے عظیم الشان جلسے منعقد ہونگے۔ آج کے جلسہ کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

قاری محمد میاں صاحب ۔۔۔ تلاوت

خلیل الرحمن صاحب [illegible] ۔۔۔ نعت

حضرت مولانا محمد یوسف صاحب خلف اکبر حضرت مولانا محمد الیاس صاحب مرحوم ۔۔۔ تقریر

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی

(اہل محلہ)

آٹھ سالہ بچہ ہلاک

سبزی منڈی [illegible] پر ایک آٹھ سالہ بچہ موٹر بس کی جھپیٹ میں آ گیا اور ہلاک ہو گیا۔

ہوائی جہاز ابھی تک لاپتہ ہے

کل ایک جہاز دہلی سے [illegible] ہوائی جہاز کا پتہ لگانے [illegible] روانہ ہوا تھا [illegible] کی خرابی کے باعث [illegible] واپس آ گیا [illegible] آج پھر شروع کی جائے گی۔

دو ٹرکوں میں تصادم

[illegible] کے روز [illegible] کے نزدیک دو موٹر ٹرکوں میں تصادم ہو جانے کے باعث ایک ڈرائیور اور چار مزدور زخمی ہوئے جن کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے ایک ٹرک بری طرح ٹوٹ گیا ہے

مسٹر منین بھوپال نہیں گئے

دہلی ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاستی وزارت کے [illegible] مسٹر منین جن کو منگل کے روز بھوپال جانا تھا انہوں نے جانے کا ارادہ ملتوی کر دیا ہے۔ خیال ہے کہ مسٹر منین [illegible] کے آخر تک بھوپال جائیں گے۔

مہاتما گاندھی جی کی برسی

۱۶ جنوری کو صبح ۸ بجے مجلس منتظمہ بچوں کی برادری صوبہ دہلی کا ایک خاص جلسہ ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز پاس ہوئیں۔

محمد ممتاز صاحب سابقہ صدر اور موجودہ مہتمم [illegible] نے تجویز پیش کی کہ پچھلے سال اس زمانہ میں جبکہ مسلم اتحاد پر گاندھی جی نے برت رکھا تھا تو ہماری برادری نے نہ صرف اپنے محلے کے بچوں میں بلکہ بہت سے کیمپوں کے بچوں میں بھی دوستی پیدا کی تھی اور گاندھی جی اس سے بہت خوش ہوئے تھے آج جبکہ وہ ہمارے پاس نہیں ہیں تو ہمیں ان کے اس پیغام کو ان کی اس برسی کے موقع پر دہلی کے تمام بچوں میں پہنچانا چاہئے اور ان کی برسی بڑی شان سے منانی چاہئے۔ [illegible] دولت پال صاحب ناظم [illegible] ۳۰ جنوری کو [illegible] گاندھی جی کی یادگار میں ایک جلسہ کرنے کی تجویز پیش کی۔

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور [illegible] قدیمی دواخانہ ہے۔ [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں کہ

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر [illegible] دواخانہ ہے۔ میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں۔ [illegible] ضرورت مند حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر جلد [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

جوہر ذیابیطس [illegible]

روغن تریاقی [illegible]

حب جریان [illegible]

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں؟

[illegible]

محمد سلیم الدین ولد عبد الحکیم جراح [illegible] دہلی

بروکر جائداد

دہلی کے مشہور پرانے واقف کار پراپرٹی ڈیلر۔ محمد اسحاق عرف قرار دلال

بازار بلیماران گلی قاسم جان

احاطہ کالے صاحب دہلی

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے چشمے تیار ہوتے ہیں

یونیورسل آپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

تبادلہ جائداد

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
فون نمبر
قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۱۱ | دہلی یوم جمعہ ۲۰ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲۱ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

ہالینڈ کی وحشیانہ حرکت

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ ڈچ توپوں نے مغربی ... گوریلا ڈھنگ کے دیہات کو ملیا میٹ کر دیا ہے۔ ... لینا تھا تقریباً ... کو ہلاک کر دیا تھا۔

آسٹریلیا کی خارجہ پالیسی

... نے لکھا ہے کہ حکومت آسٹریلیا جنوب مشرقی ایشیا کے ... اگر اس ... کی کوئی اسکیم تیار کی گئی تو ... پاکستان، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ ... کریں گے۔

چین کی حالت نازک ہوگئی۔ وزیر اعظم چین صلح کی درخواست کرنے کیلئے تیار

جنوبی چین میں بھی ساٹھ ہزار مسلح کمیونسٹ بغاوت کرنیوالے ہیں؟

روس اور برطانیہ کا مداخلت کرنے سے انکار۔ نانکنگ شمالی علاقے سے کٹ گیا!

نانکنگ ۱۹ جنوری۔ نمائندہ رائٹر کو گزشتہ شب ایک سرکاری حلقہ سے معلوم ہوا ہے کہ چین کے وزیر اعظم ڈاکٹر سن فو ... کمیونسٹوں سے صلح کی درخواست ...

ڈربن میں ابھی تک اکے دکے حملے جاری ہیں

فسادات کی ذمہ داری حکومت اور اخبارات پر۔ ٹرانسوال کانگریس کا بیان

ڈربن ۱۹ جنوری۔ ڈربن میں اکا دکا حملے اب بھی جاری ہیں اور پولیس سخت نگرانی کر رہی ہے ...

ہندوستانی ہائی کمشنر

رپورٹ تیار کر رہے ہیں

تمام دنیا میں ڈچوں کے ارادوں کو مشتبہ ظاہر کیا جارہا ہے

ہالینڈ کو چاہیئے تمام سیاسی وعدے پورے کرے۔ ہالینڈ کی مزدور کانگریس کا مطالبہ

ایمسٹرڈم ۱۹ جنوری۔ ڈچ لیبر پارٹی کی ایک اسپیشل کانگریس میں ...

ایشیائی کانفرنس کیلئے انڈونیشی میمورنڈم

آج تیار ہوجائیگا

شہزادہ علیخان اور ریتا ہیورتھ کی شادی

بین الممالکی کانفرنس

پاکستان میں بے اطمینانی

اب یہ ملاقات کیوں؟

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ انڈونیشیا کے سفیر مسٹر ... نے کل ... حکومت ہند کی وزارت خارجہ کے سکریٹری ... سے ملاقات کی۔

انڈونیشیا ایشیائی کانفرنس کے ہر منصفانہ فیصلہ کو ماننے کیلئے تیار ہے

برطانیہ نے مرکزی منطقہ میں کوریائی ریپبلک کو تسلیم کرلیا

لندن ۱۹ جنوری۔ برطانیہ نے آج جنوبی کوریا کی حکومت تسلیم کر لی ...

سماٹرا کی ہنگامی حکومت کی طرف سے پنڈت نہرو کو یقین دہانی

انڈونیشیا کی طرف سے کانفرنس میں پیش کرنے کو طویل یادداشت

مسلم ریلیف سوسائٹی میں امیر کا عطیہ

یہودیوں کا میمورنڈم

برطانوی بیان کو تسلیم نہیں کیا

اقتصادی بدحالی کیخلاف برمی وزیر کا انتباہ

برطانوی انڈر سکریٹری کی نہرو سے ملاقات

برمی باغیوں کی ہلاکت

رنگون ۱۹ جنوری۔ ایک سرکاری کمیونیکے میں اعلان کیا گیا ہے ...

کشمیر کیلئے فوجی مشاہدین کی آمد

افریقیوں سے انڈیا لیگ کی اپیل

مسلمانوں سے انصاف اور رواداری کی اپیل

وزیر خارجہ پاکستان کی ایک دعوت میں تقریر

لاہور ۱۸ جنوری۔ لاہور میں پاکستان کے بین الاقوامی معاملات کے ادارے کی سالانہ دعوت کے موقع پر سر محمد ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان نے تقریر کرتے ہوئے کہا ...

آغا خاں کے صاحبزادے فلم اسٹار سے شادی کر رہے ہیں

فلم اسٹار طلاق لے چکی اور شہزادہ صاحب بھی پہلی بیوی کا معاملہ طے کر رہے ہیں

روس چین کی خانہ جنگی میں مداخلت کرنے کو تیار ہو گیا

ماسکو میں چینی سفیر کی روسی وزیر خارجہ سے ملاقات

کمیونسٹوں نے اہم بحری مقامات پر قبضہ کر لیا

نانکنگ ۱۹ جنوری۔ معتبر ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ ماسکو میں روسی وزیر خارجہ ... سے ملاقات کی ...

خدمت خلق کی ایک نظیر

ڈربن میں اموات کی تعداد سینکڑوں تک پہونچ گئی!

۳۰ ہزار ہندوستانی کیمپوں میں زندگی گذار رہے ہیں

مشرقی اور مغربی پنجاب میں مغویہ عورتوں کی برآمدگی کے انتظامات

ہر ضلع میں زنانہ کیمپ ہوں گے

برطانوی دفتر خارجہ کے ترجمان کا بیان

لنکا اور پاکستان کا تجارتی معاہدہ

ہند، پاکستان اور چین میں خوراک کی حالت نازک ہے

لکھنؤ کے طلبا کا دوسرا مظاہرہ

حکومت ہالینڈ کے مگرمچھ کے آنسو

جمہوری لیڈروں کے ساتھ سلوک پر افسوس کا اظہار

شہر نارتھیوں کی ہڑتال ختم

پولیس کی جانب سے ٹریفک چیکنگ

ہندوستانی کو قومی زبان بنایئے

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کی تقریر

ہند اور پاکستان میں دوستی مضبوط ہوگی

پنڈت نہرو کی کلکتہ سے نشری تقریر

برطانیہ نے ۱۹۴۸ء میں دو لاکھ مکانات تعمیر کئے

ہالینڈ کے پاس فوجوں کی کمی ہے

انڈونیشیا سے سپاہیوں کی واپسی

ہاپوڑ میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

لکھنؤ میں صوبائی طبیہ کانفرنس

کشمیر سے واپس آنیوالے سپاہیوں کا خیر مقدم

پاکستان کے طلبا کو

یوپی میں چار کارخانے بند ہوگئے ہیں

سونا پکڑا گیا

غیر ملکی ملازمتوں میں

عورتیں بھی لی جائیں گی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۱ جنوری ۱۹۴۹ء

دنیا کدھر جارہی ہے؟

آج سے دو سو سال پہلے کی دنیا منتشر اور پراگندہ تھی افریقہ کے لوگ چین سے ناواقف تھے اور ملایا کے باشندے ہندوستان سے بے خبر تھے، درمیان میں کہیں سمندر حائل تھے اور کہیں پہاڑ، آمد و رفت کی سہولتیں ناپید تھیں۔ مگر اب سائنس اور تہذیبی ارتقا کی بدولت درمیان کے تمام پردے ہٹ گئے ہیں اور ساری دنیا ایک شہر کی مانند ہوگئی ہے۔ ریل، ہوائی جہاز، ٹیلیفون، ریڈیو، سینما اور تہذیبی اور تجارتی روابط نے مشرق اور مغرب کو اس قدر مربوط کر دیا ہے کہ کوئی ملک کسی ملک کے لئے اجنبی نہیں رہا اور تمام انسان مجبور ہوگئے ہیں کہ ایک برادری ایک خاندان کی طرح زندگی بسر کریں اور تجارتی اور سیاسی تعلقات کے ذریعہ صبح و شام ایک دوسرے کو سلام کرنے کے لئے پہونچ جائیں غرض آج دنیا سائنس کی بدولت بہت مربوط اور نزدیک نظر آتی ہے اور ریڈیو اور ہوائی جہاز نے دنیا کے ایک سرے کو دوسرے سرے سے ملا دیا ہے،

لیکن غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ آج تمام انسان قریب ہونے کے باوجود دو سو سال پہلے کی طرح جدا ہیں اور ایک دوسرے کو شناخت کرنے میں انہوں نے کوئی ترقی نہیں کی ہے، یہ صحیح ہے کہ اب سمندر اور پہاڑ کی دیواریں گر چکی ہیں لیکن ان کی جگہ خیالات اور نظریات کی دیواریں کھڑی ہوگئی ہیں، ریڈیو نے مشرق اور مغرب کے کانوں کو ملا دیا، اور ایک کی آواز دوسرے کو سنا دی لیکن وہ دماغوں کو ملانے اور اقوام کو ہم فکر بنانے میں ناکام رہا، ہوائی سفر سے اتنا تو ہوا کہ جنوب و شمال کے پردے ہٹ گئے لیکن اس کے ذریعہ دلوں کے [illegible] نہ ہٹ سکے ابھی سو سال پہلے کی دنیا ایک مختلف صورت سے ناآشنا تھی، ہم یہ بھی نہ جانتے تھے کہ بحر الکاہل میں کون لوگ بستے ہیں، اور بحر اوقیانوس کہاں جاکر ختم ہوتا ہے، لیکن ہماری اس جہالت میں امن اور اطمینان تھا، قناعت اور ہمدردی تھی اور ہم اپنی محدود دنیا میں پرسکون زندگی بسر کر رہے تھے، مگر اب بین الاقوامی تعارف ہمارے لئے ایک مصیبت بن گیا ہے اور … قریب ہونے کے باوصف ہم ایک دوسرے سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ کہیں کمیونزم اور کیپٹل ازم کی دیواریں کھڑی ہیں، کہیں فیسزم اور امپیریلزم کے غار نمودار ہوگئے ہیں، کسی جگہ آمریت اور جمہوریت کا ٹکراؤ ہے، کسی جگہ سرمایہ داری کی خلیج حائل ہے۔ ایک ہی ملک بلکہ ایک ہی صوبہ ایک ہی ضلع اور ایک ہی شہر میں آپ کو ایک نہیں، خیالات کی سینکڑوں دیواریں کھڑی نظر آئیں گی، حتیٰ کہ باپ اور بیٹے میں، بڑے استاد اور شاگرد میں جدائی ہے۔

خیر یہ تو خیالات اور اصول کی دیواریں تھیں جو اس روشنی کے زمانہ میں کھڑی کی گئی ہیں، لیکن ہم نے ان چیزوں کو بھی وجہ اختلاف بنا لیا ہے جن کے پیدا کرنے میں ہمارا کوئی اختیار نہیں، رنگ، نسل اور زبان کا اختلاف قدرتی چیز ہے۔ وحشی انسانوں پر کبھی اس اختلاف کا اثر نہیں ہوا۔ مگر مہذب اور روشن خیال دنیا جس نے مشرق و مغرب کو ملایا اور مسافت کی منزلوں کو مٹایا، اس نے آج رنگ کی دیوار کھڑی کر دی ہے، کالوں اور گوروں میں جدائی ڈال دی ہے، ایک ہی ملک اور ایک ہی شہر کے رہنے والے ایک دوسرے کے دشمن ہیں کیونکہ ان کی نسل جدا ہے نسل کے بڑے بڑے اور گہرے غاروں میں ہم ایک دوسرے کو دھکے دے رہے ہیں یہی حال جغرافیائی حد بندیوں کا ہے وطن پرستی کی لعنت جب وطن پروری سے تجاوز کرتی ہے تو جنوبی افریقہ میں خون بہاتی ہے جس میں عورتوں اور بچوں کی بھی تمیز نہیں کیجاتی، دنیا کو ایک … کرنے والے دنیا کو [illegible]، نسل، وطن اور زبان میں تقسیم کرکے ہر ملک کے ٹکڑے کر رہے ہیں، نیویارک اور ماسکو کو قریب ترکرنے والوں نے فلسطین کے دو ٹکڑے کر دیئے اور ہندوستان کی وحدت پر تقسیم کی چھری چلا دی۔ ایشیا اور یورپ کو ملانے والے اب مغربی اور مشرقی یورپ کے کیمپ بنا رہے ہیں، ترکوں اور امریکیوں میں تعاون پیدا کرنے والے لاطینی اور نورڈک میں خط امتیاز کھینچ رہے ہیں۔ بین الاقوامیت کا ڈھول پیٹنے والے صوبوں کی لسانی تقسیم کے جوڑ توڑ کر رہے ہیں!

سائنس کے کمالات سے انکار نہیں ہو سکتا کہ اس نے ساری دنیا کو ایک شہر کی حیثیت دیدی لیکن اس کمال سے بھی انکار نہیں ہونا چاہیئے کہ امریکا کا حبشی گوروں کے ہوٹل میں قدم نہیں رکھ سکتا، جنوبی افریقہ کے غیر یورپین سفید باشندوں کی سڑکوں پارکوں، اسکولوں، اور ریل گاڑیوں کو ہاتھ نہیں لگا سکتے آسٹریلیا کی سرزمین کالوں کے لئے کالا ناگ بنا دی گئی ہے! جس امریکہ نے اپنی ایجادات سے ساری دنیا کو عشرت کدہ بنایا اور اپنے قانون سے حقوق انسانی کے نوک پلک درست کئے وہ نسل پرستی کے غار کھود کر تہذیب اور حقوق کو دفن کر رہا ہے! جنوبی افریقہ دو نسلوں سے نسلی بتوں کی سنگ تراشی میں مصروف ہے، جس کا وہی نتیجہ ہوا جو ہونا چاہیئے تھا یعنی ڈربن کی سرزمین ہندوستانیوں کے خون سے لالہ زار بنا دی گئی اور وحشی باشندوں نے بدیشی لوگوں کو ان کے املاک و مکانات سمیت آگ میں جھونک ڈالا، دوسرے ہندوستان بھی اپنی نسل پرستی اور ذات پات کے لئے ہمیشہ سے مشہور ہے اور یہاں بھی ایک فرقہ دوسرے فرقہ کو ناپاک اور اچھوت سمجھتا ہے۔ یہ گھناؤنا گناہ اور یہ شرمناک جرم جو نسل پرستی، رنگ پرستی، زبان پرستی اور جغرافیہ پرستی کی پیداوار ہے انسانیت کی بارگاہ میں کبھی معاف نہیں ہو سکتا، چنانچہ اس جرم کی ہم سب کو سزا ملی اور لاکھوں انسان نما حیوانوں کے ہاتھوں بے رحمی کے ساتھ قتل کر دیئے گئے! جب ہم اپنی ہتھیلی پر خون کے دھبے دیکھتے ہیں تو ہمیں ندامت ہوتی ہے کہ کس منہ سے ڈربن کے قتل عام پر احتجاج کریں اور کس طرح اپنا منھ کالا کرکے دوسروں کو طعنہ دیں!

غرض ساری دنیا ایک شہر بن گئی اور تمام انسان ایک برادری میں شامل ہوگئے لیکن اس کے بعد تقسیم در تقسیم کی جو چھری چلی ہے اس نے باپ بیٹے تک میں جدائی ڈالدی، صوبوں کی تقسیم، ملکوں کی تقسیم، قوموں کی تقسیم، نسلوں کی تقسیم اور رنگ و زبان کی بنا پر انسانیت کی تقسیم اور ان تقسیموں کے نتیجہ میں مردوں اور عورتوں کا قتل، بچوں اور بوڑھوں کا قتل، املاک و اسباب کی تباہی کروڑوں انسانوں کی جلاوطنی اور پھر تماشہ یہ کہ مشرق و مغرب کو ملایا جا رہا ہے بین الاقوامیت کی پینگیں بڑھائی جا رہی ہیں تجارتی، سیاسی اور تہذیبی تعلقات کا شامیانہ تانا جا رہا ہے سائنس کے یہ وہ احسانات ہیں جنہیں ہم بھلا نہیں سکتے یعنی اس نے دماغوں میں متضاد خیالات بھرے ملکوں اور قوموں کو تقسیم کیا اور نیشنلزم کے پردہ میں نسل، زبان، رنگ اور جغرافیہ کے سینکڑوں بت نصب کر دیئے!

کیا دنیا ان تباہیوں سے نجات پا سکتی ہے؟ کیا وقت نہیں آیا کہ ہم انسانیت اور اس کی آفاقی اخوۃ کو اپنے نظریات کا محور بنائیں اور انسان کو … کلکم بنو آدم کا پھر سبق دیں!

ملان کی تحقیقات!

ہندوستانیوں کا قتل عام کرکے ڈاکٹر ملان وزیر اعظم جنوبی افریقہ نے اعلان کیا ہے کہ فساد کے اسباب کی تحقیقات کی جائے گی اور ایک کمیشن کے ذریعہ معلوم کیا جائے گا کہ ہندوستانیوں کا قتل عام کیوں ہوا؟ تحقیقات کا … [illegible]

اچھی باتیں

وکاین - تا - العلیم (پ ۲۱ ع ۲)

زمین پر چلنے والی بہت سی ہستیاں ایسی ہیں جو اپنے ساتھ اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتیں پھر بھی خدا انہیں رزق پہونچاتا ہے اور تمہاری بھی پرورش کرتا ہے اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

یعنی رزق بہم پہونچانے والا صرف خدا ہے بعض کو تو وہ براہ راست رزق پہونچاتا ہے جیسے حیوانات کہ وہ بھوکے نہیں سوتے اور بعض کو اسباب کے ذریعہ روزی دیتا ہے جیسے انسان کہ اسے تدبیر اور محنت کرنی پڑتی ہے اور مناسب اسباب کی رعایت سے اسکی محنت پر نتیجہ مرتب ہوتا ہے، غرض سب کو روزی ملتی ہے اور خدا ہی اس روزی کا دینے والا ہے۔ انسان یہ گمان نہ کرے کہ اسے صرف محنت کا پھل ملتا ہے اور اسے خدا کی کوئی ضرورت نہیں، آخر حیوانات بھی تو ہیں جو محنت نہیں کرتے تدبیر نہیں لڑاتے مگر پیٹ بھر کر سوتے ہیں، انسان صرف محنت ہی تو کرتا ہے، کامیابی کے اسباب تو پیدا نہیں کرتا۔ باقی جو لوگ کھانے پینے کی طرف سے پریشان رہتے ہیں اس میں سوسائٹی کا قصور ہے اور اسکی ذمہ داری نظام سیاست کے سر، خدا نے تو معیشت کی راہیں سب پر کھولی ہیں لیکن نظام سیاست کی خرابی نے ان راہوں کو تنگ کر دیا ہے خدا چاہتا ہے کہ انسانی زندگی آزاد فضا میں نشوونما پائے اور رزق کی غیر مساویانہ تقسیم کا فتنہ ختم ہو۔

انسانیت کے نام پر خانماں بربادوں کی امداد و ہمت افزائی کیجیے

جمعیۃ علماء کے وفد کو عصرانہ ۔ ارکان وفد کا ارباب صحافت کو مشورہ

حیدرآباد (بذریعہ ڈاک) ۱۷ جنوری کل شام جمعیۃ علماء ہند کے ارکین سے ملاقات کے لئے مسٹر اظہر حسن صاحب ایڈیٹر منزل نے اپنے مکان پر ایک عصرانہ ترتیب دیا جس میں ارباب صحافت وغیرہ نے شرکت کی۔ ارکین وفد نے [illegible] یہ بیان کیا کہ وہ حیدرآباد میں مسلمانوں کے دلوں میں ہندوؤں سے جو ڈر اور خوف پیدا ہوگیا ہے اسکو دور کریں۔ وہ ہندوؤں کو اس بات پر مجبور کریں کہ وہ سابقہ انقلابات کو یکسر بھول کر پر امن فضا پیدا کریں۔ اور آپس میں بھائی چارہ اور اتحاد پیدا کریں۔

ارکین وفد سے ارباب صحافت نے متعدد سوالات کئے جس کے وفد نے تسلی بخش جوابات دیئے۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ایک رکن وفد نے کہا کہ مسلمانوں کو ہندوؤں سے ڈرنے اور پست ہمت ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ مستقبل میں حکومت غیر مذہبی اور جمہوری ہوگی جس میں ہر فرقہ کو مساوی حقوق حاصل ہوں گے اور بقول صدر اسٹیٹ کانگریس کے ہندو کبھی بھی اپنا تسلط مسلمانوں پر جمانے کا خیال نہ کریں گے۔ ہندوستان کی مثال دیتے ہوئے دوسرے رکن وفد نے کہا کہ وہاں بھی کئی جماعتوں میں انقلابات تھے جس سے سینکڑوں اور ہزاروں جانیں تلف ہوئیں اور جب اکثریتی فرقہ نے اقلیتوں کے دلوں کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اور شرار کے سلوک پر اظہار ملامت کرکے ایک سبق دیا تو ملک کے گوشہ گوشہ میں اقلیتی فرقہ میں امن و اطمینان کی لہر دوڑ گئی اور آج سب مل جل کر ہندوستان میں زندگی گذار رہے ہیں۔ اسی سے امید بندھتی ہے کہ یہاں کا سمجھدار ہندو حلقہ بھی ہندوستان کی مثال کو سامنے رکھ کر مسلمانوں کے دلوں کو موہ لے گا۔

ارکین وفد نے فوجی گورنر چیف سول ایڈمنسٹریٹر اور کانگریسی قائدین سے اپنی ملاقاتوں کی تفصیل بتائی اور موجودہ رفتار کار پر اظہار الاطمینان کیا اور ارباب صحافت کو اس بات پر زور دیا کہ انسانیت کے نام پر خانماں بربادوں اور تباہ شدہ لوگوں کی امداد میں نمایاں اور تعمیری کام کرنے والوں کی ہمت افزائی کریں اور انتشار کے قلع قمع کے لئے ذمہ دار لوگوں کو توجہ دلائیں۔

جمعیۃ مرکزیہ کے وفد خیرسگالی کا پروگرام

امن و محبت کا پیغام پہنچانے کے لئے دورہ

حیدرآباد (بذریعہ ڈاک) معتمد صاحب جمعیۃ علماء حیدرآباد نے حسب ذیل پریس نوٹ غرض اشاعت روانہ کیا ہے۔

محبت، امن اور احترام انسانیت کا پیغام لے کر جمعیۃ علماء ہند کا وفد اہل حیدرآباد کے لئے آیا ہے [illegible] ۱۵ جنوری کو حیدرآباد سے روانہ ہوگا۔ [illegible] ۱۵ جنوری کو ۶ بجے دن نظام آباد پہنچے گا [illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

ایشیائی کانفرنس اور مسئلہ فلسطین

[illegible]

نہرو کی ایشیائی کانفرنس

(خواجہ احمد عباس)

[illegible]

سامراج نظام

[illegible]

پنڈت نہرو کی خوش امیدی

[illegible]

سامراج دشمنی

[illegible]

انڈونیشی لیڈر

[illegible]

وزیر خارجہ برطانیہ نے فلسطین پر کوئی بیان دینے سے انکار کر دیا

مسٹر بیون کی طرف سے مسٹر چرچل کی نکتہ چینیوں کا جواب

حکومت برطانیہ یہودی نظر بندوں کو رہا کر دے گی!

لندن ۱۹ جنوری۔ آج برطانوی پارلیمنٹ کے اجلاس میں برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون نے اپوزیشن کے اصرار کے باوجود فلسطین کے متعلق کوئی بیان دینے سے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ روڈز میں مصر اور اسرائیل میں جو بات چیت جاری ہے۔ اس کی نزاکت کے پیش نظر اس مرحلہ پر کوئی بیان نہیں دیا جا سکتا۔ حزب مخالف کے لیڈر مسٹر چرچل نے جب بیان دینے کے متعلق زیادہ زور دیا تو مسٹر بیون نے کہا کہ ہم امریکہ سے مل کر تمام اثر و رسوخ اس غرض کے لئے استعمال کر رہے ہیں کہ اسرائیل اور عربوں [redacted] اطمینان بخش طریقے سے جاری ہے۔ ایوان میرے اس خیال سے اتفاق کرے گا کہ اگر ایسے موقع پر پارلیمنٹ میں کوئی بحث ہوئی تو اس کا اثر اچھا نہ ہوگا۔

مسٹر بیون نے کہا: سب کا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ جتنا جلد ممکن ہو سکے سمجھوتہ ہو جائے۔ ہمارا سب کا اور مشرق وسطیٰ کا مفاد اسی سمجھوتہ میں ہے۔ اس وقت تمام محاذات پر لڑائی بند ہو چکی ہے اور ہمیں قوی امید ہے کہ عارضی صلح بھی بہت جلد ہو جائے گی۔

مسٹر بیون نے اعلان کیا کہ حکومت برطانیہ اس بات کے لئے تیار ہے کہ جونہی اسرائیلی حکومت جہازوں کا انتظام کرے وہ قبرص میں نظر بند فوجی عمر کے یہودیوں کو رہا کر دے گی [illegible]

مسٹر چرچل نے کہا کہ بشرط ضرورت اگلے ہفتے اپوزیشن بحث کا مطالبہ کرے گی۔ گورنمنٹ کو اس بات کا کوئی حق نہیں کہ وہ مبہم بیانات دے کر اہم مسائل پر بحث کو روک دے۔ میں نہیں سمجھتا کہ مسٹر بیون نے یہودی نوجوانوں کی رہائی کے متعلق جو بیان دیا ہے وہ ان فوجی اقدامات سے مطابقت رکھتا ہے جو انہوں نے دوسری طرف اختیار کئے ہیں۔ مسٹر چرچل نے کہا کیا آپ اس طرح دونوں پارٹیوں کو کمک نہیں پہنچا رہے [illegible]

آپ نے کہا کہ ہمیں گفت و شنید کو سب طور سے جاری رکھنے کے لئے ہر ممکن امداد دینی چاہیئے اور ہمیں کوشش کرنا چاہیئے کہ [illegible] برابر جاری رہے اگر دونوں طرف سے عارضی صلح کا احترام کیا جائے تو کسی فوجی نقل و حرکت کی ضرورت ہی نہ آئے گی اور جس طرف سے بھی عارضی صلح کی خلاف ورزی ہوگی ہم اس کی مخالفت کریں گے۔ (رائٹر)

ریلوے ملازمین کی اکثریت ہڑتال کے حق میں تھی

بمبئی ۱۹ جنوری۔ بی۔ بی۔ سی۔ آئی ریلوے مین کی یونین کے ایک نمائندے نے کہا کہ اسٹرائک کے متعلق ووٹ لینے کا نتیجہ ۲۰ اور مرکزوں سے معلوم ہوا ہے اور زیادہ ممبروں نے اسٹرائک کی حمایت کی ہے۔ [illegible] یونین نے اسٹرائک کے خلاف فیصلہ کیا ہے۔ اس یونین کو سردار پٹیل نے بنایا ہے۔ یونین نے ریلوے ملازمین کی شکایات دور کرنے کی اپیل بھی کی ہے۔

سر تیج بہادر سپرو کی حالت نازک ہوگئی

[illegible]

شرق اردن کی درخواست

[illegible]

بیون کی پالیسی

[illegible]

پاکستان کی اقتصادی کانفرنس ملتوی

لاہور ۱۹ جنوری۔ پاکستان کی جو اقتصادی کانفرنس جنوری میں لاہور میں ہونے والی تھی وہ مارچ ۱۹۴۹ء تک کے لئے ملتوی کر دی گئی ہے۔

امریکی سفیر متعینہ پاکستان کا انتقال

واشنگٹن ۱۹ جنوری۔ مسٹر پال امریکہ کے سفیر متعینہ پاکستان کا انتقال ہوگیا آپ کی عمر ۵۸ سال کی تھی اور آپ پاکستان میں پہلے امریکی سفیر تھے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ کی طرف سے ایک بیان میں اس موت پر اظہار افسوس کیا گیا ہے۔ سفیر مذکور پاکستان سے امریکہ علاج کی غرض سے گئے تھے اور یہ توقع تھی کہ آپ جلد صحتیاب ہوکر واپس آسکیں گے۔

انجمن طلبہ سہارنپور کا احتجاج

سہارنپور ۱۹ جنوری۔ انجمن طلبہ ضلع سہارنپور نے [illegible] یوپی کے اس حکم کو خلاف قاعدہ بتایا ہے جس کے تحت اطباء کے رجسٹریشن کے اختیارات بھی انجمنوں سے واپس لے کر غیر طبیبوں کو دیدیئے گئے ہیں۔ انجمن نے اس سلسلہ میں ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ایکٹ کی رو سے یہ کام بورڈ آف انڈین میڈیسن یوپی کو تھا کہ وہ اس بارہ میں قواعد مرتب کرتا [illegible]

کلکتہ سے تین سو ہندو افریقہ پہونچ گئے

نیروبی ۱۸ جنوری۔ کلکتہ سے تین سو ہندوؤں کو لانے والا ایک ہوائی جہاز کل یہاں پہونچا ہوائی اڈے پہ یا سفر یہ دیکھنے کے لئے آگے بڑھے کہ ابھی اس ہوائی جہاز سے مسافر نیچے اتریں گے لیکن جہاز کی ہر ایک کھڑکی میں سے ہندوؤں کے سروں کو باہر نکلتا ہوا دیکھ کر وہ حیران رہ گئے۔ ہوائی اڈہ پر جہاز کے اترنے کے بعد ہندوؤں کو پکڑنے والے اسپیشل سکواڈ نے تمام ہندوؤں کو فوراً پکڑ لیا۔ (گلوب)

اردو ہرجن بند کر دیا گیا

پارڈی ۱۹ جنوری۔ کل سردار پٹیل کی صدارت میں نو جیون ٹرسٹ بورڈ کا اجلاس ہوا اور اس میں ہرجن کے اردو ایڈیشن کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا کیونکہ اس کے خریداروں کی تعداد گھٹ کر ۱۲۰۰ تک پہنچ گئی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ بھی طے کیا گیا کہ نو جیون ٹرسٹ کے کاپی رائٹ کے خلاف ورزی کرنے اور مہاتما گاندھی کے مخطوط کتابیں وغیرہ چھاپنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ [illegible]

بورڈ نے ہندی، انگریزی اور گجراتی ہرجن کے خاص نمبر بھی شائع کرنے کا فیصلہ کیا [illegible] یہ نمبر ۳۰ جنوری کو شائع ہوں گے۔

یونان میں مخلوط وزارت

ایتھنز ۱۸ جنوری۔ شاہ پال نے ایم سوفولس کو حکم دیا ہے کہ وہ ایک مخلوط وزارت بنائیں۔ ایم سوفولس کی عمر ۸۸ سال ہے اور وہ اس وزارت کے وزیر اعظم تھے جو گذشتہ ہفتہ مستعفی ہوئی۔

انہوں نے یونان کے بینک کے گورنر کو نائب وزیر اعظم کے عہدہ کی پیش کش کی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یونان کی اس مخلوط وزارت میں دس سیاسی پارٹیوں میں سے ۵ کے وزیر لئے جائیں گے۔

ہندوستانیوں کے خلاف یورپینوں کی سازش پکڑی گئی

ایک یورپین افریقیوں کو بھڑکاتے ہوئے گرفتار

ڈربن ۱۹ جنوری۔ اگرچہ ڈربن میں اکا دکا واقعات جاری ہیں لیکن فساد زدہ علاقوں میں سکون ہے۔ مختلف مقامات پر پولیس نگرانی کر رہی ہے۔ اگرچہ پولیس نے ہندوستانی تاجروں کو حفاظت کا پورا یقین دلا دیا تھا لیکن پھر بھی وہ واپس آنے کو تیار نہیں [illegible]

پولیس نے اطلاع دی ہے کہ میریٹ برگ میں ایک یورپین افریقیوں کو ہندوستانیوں کے خلاف مشتعل کرتا ہوا گرفتار ہوا ہے۔ [illegible]

ڈربن کے ہندوستانیوں کی ایک بہت بڑی تعداد کیمپوں میں مقیم ہے۔ [illegible]

کابینہ کے اجلاس کے بعد ڈاکٹر ملان وزیر اعظم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت کو اطمینان ہے کہ حالات پر قابو پالیا گیا ہے۔ [illegible]

بھوپال کے حالات کے متعلق

حکومت بھوپال کا اعلان

بھوپال (بذریعہ ڈاک) حکومت بھوپال نے اپنے اعلامیہ میں بعض اخبارات کی ان خبروں کی تردید کی ہے کہ اقلیت والے فرقہ کے غنڈے پولیس کی مدد کر رہے ہیں اور پولیس سختی کر رہی ہے۔ [illegible]

ایشیائی کانفرنس سے انڈونیشیا کو بڑی مدد ملیگی

سعودی نمائندہ کی امیدیں

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ ایشیائی ملکوں کی کانفرنس میں مملکت العربیہ سعودیہ کے نمائندہ کے طور پر شامل [illegible]

مشرقی انڈونیشیا کے سابق وزیر اعظم پر مقدمہ

[illegible]

شولاپور میں عظیم الشان جلسہ

[illegible]

پناہ گزینوں کی بھوک ہڑتال

دوبارہ آباد کرنے کا مطالبہ

[illegible]

انڈونیشیا میں ہندوستانی نمائندہ کے ساتھ ڈچوں کا ناروا سلوک

گولیوں کے درمیان مسٹر یونس اور ان کی بیوی کو جوگجاکرتا چھوڑنے کا حکم

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ ڈچوں نے آزاد ہند کی توہین کس طرح کی۔ اس کے سلسلے میں کیمٹی کے اخبار نے ایک خبر شائع کی ہے [illegible]

انڈونیشیا میں گوریلا فوج کی سرگرمیاں

لندن ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ انڈونیشیا میں ریپبلکن گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگیا ہے [illegible]

لاپتہ ہوائی جہاز کا کوئی سراغ نہیں

[illegible]

ڈاک تار والوں کا اسٹرائک بیلٹ

[illegible]

مسٹر گزدر مشرقی پاکستان کے دورہ پر

ڈھاکہ ۱۹ جنوری۔ پاکستان ریلوے [illegible] مسٹر گزدر مشرقی پاکستان کا دورہ کرنے کے لئے آئے ہیں۔ [illegible]

دفعہ ۱۴۴ ختم کرنے کیلئے سوشلسٹوں کا مطالبہ

الہ آباد ۱۹ جنوری۔ حال ہی میں پرکاش کی صدارت میں سوشلسٹوں کا ایک جلسہ ہوا جس میں یہ طے کیا گیا کہ جلسوں اور جلوسوں پر دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت عائد پابندی کو ختم کرنے کے لئے عنقریب ایک تحریک شروع کی جائے۔

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں!

جیون
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں قیمت فی شیشی پندرہ روپے

طلا نمبر ۲
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی بجلی دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری خرابیاں ایک ایک کرکے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے۔

تصدیق
آپ کی جیون حوا بوسی کے لئے واقعی جیون ثابت ہو گئی۔ (دستخط) حکیم … (ڈاکٹر نور … بجنور)

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

دہلی کا سفر کرو تو اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے صداقت کا امتحان کیجیے۔
یونین ہوٹل
بلیماران دہلی
(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں
حسین کشیدہ کاری
قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ
[illegible] پانچ روپیہ … بانو بلیماران دہلی ۶

ضرورت ہے
یو پی اور خاص طور پر کانپور میں بریک آئل اور دوسری چیزوں کی سپلائی کے لئے ایجنٹوں کی۔ آزاد کیمیکل انڈسٹریز
سانگانیر دروازہ جے پور سٹی

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مستند اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء بریلی کا اہم جلسہ

بریلی (بذریعہ ڈاک) کل جمعیۃ علماء بریلی کا ایک اہم جلسہ حکیم خلیل اللہ خاں صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں مجلس عاملہ کے ارکان نے بدایوں [illegible] پر غور و خوض کیا۔ ماہ فروری میں ہونے والی کانفرنس اور اس کے انتظامات کیلئے تمام ممبران نے کافی دلچسپی ظاہر کی۔ ایک تجویز مسٹر عبد اللہ بریلوی مرحوم کی تعزیت میں پاس کی۔ دوسری تجویز میں ایک کمیٹی بارہ افراد پر مشتمل بنائی گئی۔ جو صوبائی کانفرنس کے اخراجات کیلئے فراہمی [illegible] جمع کریگی۔ مولانا عبد الرؤف خاں ناظم جمعیۃ علماء بریلی اس سلسلے میں ۱۸ جنوری سے ۲۰ جنوری تک مختلف مقامات کا دورہ بھی کریں گے۔

مراد آباد کے انتخابات

گذشتہ ۹ جنوری کو شہری جمعیۃ علماء کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ حضرت مولانا عبد الحق صاحب صدر، مولوی سید محمود احمد صاحب نائب صدر، حاجی محمد ابراہیم صاحب جنرل سکریٹری، منشی حامد حسن صاحب نائب ناظم اور حاجی عبد العلیم صاحب خزانچی۔ اکیاون افراد پر مشتمل مجلس منتظمہ بنائی گئی۔

حلقہ نمبر ۱ | ۱۳ جنوری کو بعد نماز مغرب [illegible] جلسہ برائے انتخاب جدید عہدیداران منعقد ہوا۔ حسب ذیل حضرات کا انتخاب بلا مقابلہ عمل میں آیا۔ حاجی محمد یٰسین صاحب [illegible] امانت پورہ صدر، منشی عبد الرحمن صاحب تاجر چوڑی والے نائب صدر، محلہ بھٹی قاری حافظ عبد اللطیف صاحب ناظم اعلیٰ، شیخ عنایت الٰہی صاحب نائب ناظم، منشی عماد الدین صاحب محلہ امانت پورہ خازن۔ اس اجلاس میں شہر کے نمائندوں کا انتخاب عمل میں آیا۔

حلقہ نمبر ۲ | ۱۳ جنوری کو بعد نماز مغرب دفتر جمعیۃ علماء شہر میں حلقہ کی مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوا۔ اور حسب ذیل عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ جناب قاضی اتفاق حسین صاحب صدر، حافظ مرتضیٰ خاں صاحب نائب صدر، منشی حامد حسن صاحب ناظم اعلیٰ، مفتی محمد تسلیم صاحب نائب ناظم، حکیم زاہد علی صاحب خزانچی۔ اکیس افراد پر مجلس منتظمہ بنائی گئی۔ اس کے بعد شہر جمعیۃ علماء کے کوٹہ کے مطابق چھ افراد شہر جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کے لئے بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔

چاند پور (بجنور) | ۱۰ دسمبر کو ایک جلسہ زیر صدارت جناب حکیم زکریا صاحب چیرمین میونسپل بورڈ منعقد ہوا اور جمعیۃ علماء چاند پور کے حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ حکیم محمد زکریا صاحب صدر، حکیم سید علی اکبر صاحب نائب صدر، مولوی سلام اللہ فاروقی ناظم، ڈاکٹر محمد عبد السلام نائب ناظم، قاضی حسین خازن۔ بالاتفاق یہ طے ہوا کہ صدر صاحب اپنی رائے سے چھ ممبران کو ورکنگ کمیٹی کیلئے اور نامزد کرکے گیارہ اشخاص پر مشتمل مجلس منتظمہ بنالیں۔ جناب لالہ رام لال صاحب نے اپنا بالاخانہ دفتر کے لئے پیش کیا۔

قصبہ اُدری ضلع جالون | ۱۰ جنوری کو دفتر جمعیۃ علماء میں زیر صدارت جناب اسمٰعیل خاں صاحب تحصیلدار ایک جلسہ منعقد ہوا اور حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ الٰہی بخش صاحب انصاری صدر، جناب محمد اکبر صاحب ٹھیکیدار صاحب نائب صدر، جناب مولا حسین صاحب ناظم اعلیٰ، جناب پیر عاشق صاحب انصاری نائب ناظم اور جناب حافظ محمد [illegible] خازن۔

قصبہ کونچ | ۱۳ جنوری کو جمعیۃ علماء قصبہ کونچ کا اجلاس بصدارت سیٹھ کریم بخش صاحب عمل میں آیا عہدیداران کے علاوہ مجلس منتظمہ کے اراکین منتخب کئے گئے اور ضلع کے نمائندگان کا انتخاب بھی ہوا اسماء گرامی عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ جناب سیٹھ کریم بخش صاحب صدر، جناب قاضی مظفر علیشاہ صاحب نائب صدر، جناب حافظ محمد عثمان صاحب ناظم اعلیٰ، جناب حافظ ثناء اللہ صاحب نائب ناظم اور منشی محمد صدیق صاحب خازن۔

پیرنام بٹ | ۱۵ جنوری جمعیۃ علماء پیرنام بٹ کا عام اجلاس زیر صدارت عالی جناب حکیم مولوی مسعود احمد صاحب منعقد ہوا۔ جس میں نئے سال کیلئے مجلس منتظمہ کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اور یہ طے پایا کہ مجلس منتظمہ کے ارکان نئے سال کیلئے اپنے عہدیداران کا انتخاب کریں اور نیز حسب ذیل تحریک بالاتفاق منظور کی گئی۔ پیرنام بٹ کی جمعیۃ کا یہ اجلاس فیصلہ کرتا ہے کہ مقامی جمعیۃ کا الحاق جس کا تعلق اب تک مرکز سے رہا ہے صوبہ کی جمعیۃ سے کرلیا جائے۔ اس تحریک [illegible] عبد الحق [illegible] نے کی۔ اور تائید مولانا عبد اللہ صاحب اور [illegible] مسعود احمد صاحب نے کی۔ (ناظم)

سکریٹری ضلع نینی تال کا اعلان

ہلدوانی | ۱۸ جنوری تک ضلع میں تمام ماتحت جماعتوں کے انتخابات ہوچکے ہیں اور ان کی اطلاع باقاعدہ مع ارکان ضلع دفتر ضلع جمعیۃ کو موصول ہوچکی ہے اس لئے ضلع جمعیۃ علماء کا انتخابی اجلاس بتاریخ ۳۰ جنوری کو بعد نماز عشاء دفتر ضلع جمعیۃ ہلدوانی میں منعقد ہوگا۔ ضلع کے ارکان کے نام ایجنڈا جاری کردیا گیا ہے امید ہے کہ اراکین ضلع جمعیۃ اجلاس کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔ اجلاس کی شرکت کیلئے [illegible] صوبہ جمعیۃ علماء سے بھی درخواست کی گئی ہے۔ (سکریٹری)

میلاد النبی کا جلسہ

۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو [illegible] رانی ضلع دیوریا میں میلاد النبی کا جلسہ ہوا جس میں مولانا ابو الاخلاق احمد صاحب قاسمی اور مولانا ظہور الحق صاحب مدرسہ دار الاشاعت [illegible] نے شرکت کی سیرت اور ولادت پر تقریریں ہوئیں اور جلسہ کامیاب رہا۔

زیادہ خوراک پیدا کرنے کی طرف دھیان دو
باردولی میں سردار پٹیل کی تقریر

باردولی - ۱۸ جنوری - سردار پٹیل نے [illegible] اور پنج محل کے کانگریسی کارکنوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا اگر گجرات میں ایک شخص بھی قحط کی بنا پر ہلاک ہوا تو اس کی ساری ذمہ داری میرے کاندھوں پر ہوگی۔ سردار پٹیل کو بتایا گیا کہ مندرجہ بالا تین اضلاع میں چارہ، اناج اور پانی کی بہت زیادہ قلت ہے۔ اور روز بروز لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے۔ سردار پٹیل نے ان کارکنوں کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بجائے دل چھوڑنے کے پورے انہماک سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کی طرف دھیان دینا چاہئے۔ آپ نے کہا کہ وہ غلط راستہ پر چل کر مرکزی سرکار یا صوبائی سرکار پر نکتہ چینی نہ کریں۔ حکومت عوام کی ہے۔ اور بسوائے عوام کے تعاون کے کام نہیں کرسکتی آپ نے کہا کہ اگر کانگریسیوں نے پورے دل سے کام نہ کیا، تو وہ قوم اور وہ آزادی جو صدیوں کے بعد نصیب ہوئی ہے خطرہ میں پڑجائے گی۔ بہت سی تباہ کن طاقتیں ان کے خلاف کام کررہی ہیں اس لئے ان سے ہوشیار رہنا چاہئے۔

سنگھیوں نے حکومت کی شرطیں مان لیں؟

بمبئی - ۱۷ جنوری - بمبئی کے ایک اخبار کی اطلاع کے مطابق راشٹریہ سویم سیوک سنگھ نے غیر مشروط طور پر حکومت کی شرطیں منظور کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اخبار مذا نے لکھا ہے کہ معلوم ہوا ہے کہ گولوالکر کی رہائی اور جماعت پر پابندی ہٹانے کے سلسلہ میں حکومت نے جو شرائط عائد کی تھیں۔ سنگھ کے سرکردہ لیڈروں نے انہیں قبول کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

کانگریس ورکرز کی میٹنگ

ضلع کانگریس کمیٹی [illegible] کانگریس ورکرز کی ایک میٹنگ شری [illegible] لال [illegible] میں ۲۰ جنوری جمعرات کو [illegible] بجے شام ضلع کانگریس کمیٹی [illegible] منعقد ہوگی جس میں گاندھی نیشنل میموریل فنڈ جمع کرنے اور نیتاجی کا جنم دن اور [illegible] منانے کے متعلق پروگرام طے کیا جائے گا۔

نئی دہلی - ۱۹ جنوری - گنے کی مرکزی ہندوستانی کمیٹی کا گیارھواں عام سالانہ اجلاس وال چند نگر ضلع پونا میں ۹ سے ۱۲ فروری تک ہوگا۔ اس موقعہ پر اس کمیٹی کی مختلف سب کمیٹیوں کے اجلاس بھی منعقد ہوں گے۔ ہندوستانی زرعی تحقیقاتی کونسل کے نائب صدر سردار داتار سنگھ اجلاس کی صدارت کریں گے۔

اجلاس کا ایجنڈا حسب ذیل ہوگا۔

گنے کے بارے میں تحقیقات کے مراکز قائم کرنے کیلئے مناسب علاقوں کا تقرر، کھانڈ کی صنعت کے تحفظ کے لئے طویل المدت پالیسی پر غور و خوض۔

گڑ کھانڈ، سری [illegible] جغرافیائی کام اور زرعی تحقیقات وغیرہ سے متعلقہ سب کمیٹیوں کی رپورٹوں پر غور۔

اس اجلاس کے دوران میں کمیٹی کے ممبر ۱۰ فروری کو وال چند نگر کے سب کاموں کا معائنہ بھی کریں گے۔

دار السلطنت
۱۹ جنوری

صوبہ جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا جلسہ

دہلی - ۱۸ جنوری - کل جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا جلسہ زیر صدارت مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی منعقد ہوا۔ جلسے میں اضلاع اور صوبے کے جدید انتخابات پر غور ہوا اور حسب ذیل امور طے پائے۔

(۱) سید محمد جعفری صاحب کو افسر انتخاب مقرر کیا گیا اور انہیں اختیار دیا گیا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اپنی اعانت کے لئے اپنے نائبین جن کی تعداد چار تک ہوسکتی ہے منتخب کرسکتے ہیں۔

(۲) جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے ۱۱ اضلاع ماتحت جو انتخابی علاقہ کی ترتیب کے مطابق ہیں اور ضلع شاہدرہ ضلع مہرولی اور بستی نظام الدین کے انتخابات ۳۰ جنوری ۱۹۴۹ء سے ۶ فروری ۱۹۴۹ء تک مکمل ہو جانے چاہئیں [illegible] فروری تک ارکان صوبہ کے [illegible] مطلع کردینا چاہئے۔

(۳) ۱۳ فروری اتوار کو صوبے کے منتخب شدہ ارکان کا جلسہ ہوگا جس میں بقیہ ارکان نامزد کئے جائیں گے

(۴) ۲۰ فروری اتوار کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوگا جس میں صوبہ کے عہدہ داروں کا انتخاب کیا جائے گا۔

(۵) شیخ عبد الحق صاحب [illegible] دہلوی کنوینر ممبر ساز سب کمیٹی نے ممبر ساز سب کمیٹی کی رپورٹ پڑھ کر سنائی جو مرحوم کنوینر صاحب کے دلی شکریہ کے ساتھ منظور کی گئی۔

(۶) [illegible] مرحوم جمعیۃ مرکزیہ کی ورکنگ کمیٹی کے معزز ممبر تھے [illegible] مسلمان تھے۔ اور نہایت پختہ کار جرنلسٹ تھے۔ یہ جلسہ [illegible] دعا کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں۔ آمین۔

قطب صاحب کا عرس
اہل خیر حضرات اور شرکاء کا شکریہ

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ کا عرس حسب معمول بحسن و خوبی انجام پذیر ہوا۔ دو ہزار سے زائد نفوس نے شرکت کی جن میں غیر مسلم حضرات ہندو اور سکھ بھی شامل ہیں۔

چیف کمشنر صاحب صوبہ دہلی، حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب افسران پولیس معززین شہر پیرزادگان اجمیر شریف و پیرزادگان حضرت سلطان جی صاحب و خادمان آستانہ حضرت قطب الدین بختیار کاکی قابل ذکر ہیں۔ لنگر شریف کا انتظام محمد یونس صاحب لنگری و ابرار احمد صاحب جامع [illegible] نے کیا جن کے مصارف سائیں ولایت شاہ صاحب و دہلی کے اہل خیر حضرات نے برداشت کیں۔

روشنی کا انتظام حسب سابق محمد بشیر الدین صاحب لال کنواں دہلی نے کیا اور مصارف کے بھی خود کفیل ہوئے میں خادمان حضرت قطب صاحب کی جانب سے ان جملہ حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ آستانہ مبارک سے پُر خلوص رابطہ قائم رکھیں گے

نیاز مند
پیرزادہ سید محمد انوار الحق

سند یافتگان محبوب اندرا کالج کو اطلاع

دہلی ۱۵ جنوری - شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب مہتمم محبوب اندرا طبیہ کالج پٹیالہ پوسٹ بکس ۳۱ دہلی سے اپنے کالج کے تمام پاس یافتہ ریگولر طلبا کو اطلاع دیتے ہیں کہ۔ یوپی گورنمنٹ نے حسب اعلان پریس کمونک [illegible] حاذق الحکماء اور ماہر طب و جراحت کے سند یافتگان کو بطور یونانی حکیم شفاخانوں میں مقرر کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ اس لئے ان کو اپنی درخواستیں یوپی گورنمنٹ کو فوراً بھیجدینی چاہئیں۔

دہلی کانگریس کا انتخاب

دہلی صوبہ کانگریس نے پچھلے اتوار کو اپنی میٹنگ میں شریمتی ودیا دتی ورما اور چودھری کنول سنگھ کو اپنا ممبر چنا

عورتوں کا جلسہ

شریمتی سبھدرا جوشی عورتوں کی ایک سبھا میں تقریر کریں گی جو ۱۹ جنوری بروز بدھ کو ۷ بجے شام [illegible] میں ہوگی

ہندوستان کو کامن ویلتھ میں شامل رہنا چاہئے

سر مرزا اسمٰعیل کا مشورہ

لندن - ۱۸ جنوری - سر مرزا اسمٰعیل نے ایشیاٹک ریویو کے تازہ پرچہ میں شائع شدہ ایک مضمون میں یہ لکھا ہے کہ ہندوستان کو برطانوی کامن ویلتھ میں شامل رہنا چاہئے اور اسے حقیقی معنوں میں لیگ آف نیشنز کی شکل میں تبدیل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

آپ نے مزید لکھا ہے کہ ہندوستان کے ساتھ برطانوی تعلقات اور انگریزی زبان نے ہندوستان میں یکجہتی پیدا کرنے میں سب سے زیادہ مدد دی ہے اس یکجہتی کو قائم رکھنے کے لئے دوسرے ذرائع تلاش کرنے سے پہلے ان تعلقات کو بالکل ختم کرنا ہندوستان کے مفاد کے خلاف ہے۔ [illegible] ہندوستان کی آئین ساز اسمبلی اس نتیجے پر پہنچے گی کہ ہندوستان کو آزادی اور مساوات کی بنیادوں پر کامن ویلتھ میں رہنا چاہئے۔ اس طرح ہندوستان خود ترقی کریگا اور ایک نئی دنیا کی تعمیر میں اپنا پارٹ ادا کریگا۔ مساوات کی بنیادوں پر کامن ویلتھ کا ممبر ہونے کی صورت میں ہندوستان دوسرے ملکوں کو اس میں شامل کرکے اس کا دائرہ وسیع کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔ اس طرح ہندوستان حقیقی معنوں میں ایک ایسی لیگ آف نیشنز قائم کرنے کی کوشش کرسکتا ہے جو دنیا میں اتحاد قائم کرنے کیلئے مؤثر پارٹ ادا کرے۔ یہ ایک ایسا مقصد ہے جس کے لئے ہندوستان کو جدوجہد کرنی چاہئے۔ (گلوب)

ایشیائی کانفرنس کے نمائندے

نئی دہلی ۱۸ جنوری - ایشیائی کانفرنس میں جو ممالک شریک ہورہے ہیں ان کے اور ان کے نمائندوں کے نام حسب ذیل ہیں۔

افغانستان: ہز ایکسیلنسی سردار نجیب اللہ خاں۔
برما: ہز ایکسیلنسی کیاریو نیمین۔ اور ہز ایکسیلنسی یو۔ او۔ ون۔
آسٹریلیا: مسٹر برٹن اور مسٹر سوڈی۔
ایران: ہز ایکسیلنسی اسفندیاری اور ابراہیم معتمدی۔
لنکا: مسٹر ایس۔ ڈبلیو۔ آر۔ ڈی بندرانائیکے۔ اور مسٹر [illegible]
پاکستان: سر محمد ظفر اللہ خاں۔ مسٹر اکرام اللہ اور مسٹر ہلالی۔
فلپائن: جنرل رومولو۔
نیوزی لینڈ: مسٹر [illegible] اور مسٹر [illegible] (مشاہد)
مصر: ہز ایکسیلنسی اسمٰعیل کمال بے۔
شام: مسٹر ناظم القدسی اور مسٹر جواد المفتی۔
حبشہ: ڈاکٹر [illegible] ابراہام۔
سعودی عرب: مسٹر [illegible] العلاصی اور ان کے سکریٹری۔
یمن: ہز ایکسیلنسی القاضی محمد العمری (انڈر سکریٹری وزارت خارجہ) مسٹر محمد اور مسٹر محمد عیسیٰ نخلہ۔
عراق: عبد القادر الگیلانی شارژ دی آفیئر پاکستان
لبنان: ہز ایکسیلنسی محمد علی حمادی
نیپال: جنرل [illegible] شمشیر جنگ بہادر (مشاہد)
سیام: نائب وزیر خارجہ (مشاہد)
ہندوستان: وفد کے ناموں کا عنقریب اعلان ہوجائیگا۔

سعودی عرب، آسٹریلیا اور مصر کے نمائندے پہلے ہی پہنچ چکے ہیں برما کے وفد کی آج اور لنکا کے وفد کی جمعرات تک پہنچنے کی توقع ہے۔

سندھ سے ۸ لاکھ ہندوؤں کا اخراج
حکومت سندھ کا اعلان

کراچی - ۱۸ جنوری - حکومت سندھ کے آج کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ تقسیم ملک کے بعد اب تک تقریباً ۸ لاکھ ۲۱ ہزار اشخاص سندھ سے باہر چلے گئے ہیں جن میں ہندو، سکھ اور جین شامل ہیں اور ان کی جگہ پر ۶ لاکھ ۱۴ ہزار مہاجرین سندھ میں آئے۔ جنہیں سندھ کے اندرونی علاقوں میں آباد کیا جاچکا ہے۔

انڈیا لیگ کی اپیل

لندن - ۱۸ جنوری - ڈربن کے فسادات کے متعلق انڈیا لیگ نے ایک بیان میں یہ کہا ہے کہ ان فسادات کی خبر اس وقت موصول ہوئی ہے جبکہ جنوبی افریقہ میں افریقن نیشنل کانگریس اور انڈین نیشنل کانگریس کے لیڈر جنوبی افریقہ کی حکومت کی نسلی امتیاز کی پالیسی کے خلاف تعاون کے راستے پر چل رہے تھے۔ اس سلسلے میں پچھلے سال ان دونوں جماعتوں کے لیڈروں کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا۔ بیان مذکور میں افریقہ کے لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس فضول کشمکش کو ختم کردیں۔ فسادات کو ختم کرنے کے لئے افریقن کانگریس اور انڈین کانگریس کے لیڈروں کو اخبارات اور ریڈیو استعمال کرنے کی سہولتیں دی جائیں اور فسادات میں نقصان اٹھانے والوں لوگوں کو معاوضہ دیا جائے۔

مسٹر بیون کی پالیسی پر نکتہ چینی

لندن - ۱۸ جنوری - اگرچہ برطانیہ کے کئی اخبارات فلسطین کے متعلق مسٹر بیون کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کر رہے ہیں۔ لیکن آپ اس کے متعلق بالکل خاموش ہیں اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو اس بات کا پورا یقین ہے کہ اس سلسلہ میں لیبر پارٹی کے ممبروں کی بغاوت کو آپ ناکام بنادیں گے۔ آپ کے مخالف یہ کہتے ہیں کہ آپ عربوں کی حمایت کر رہے ہیں لیکن اس بات میں شک نہیں کہ برطانوی عوام کی بھاری اکثریت مسٹر بیون کی اس پالیسی کی حمایت کرتی ہے مسٹر بیون کا کیس بڑا مضبوط ہے اگر آپ پر یہودیوں کا مخالف ہونے کا الزام لگایا جائے تو اس کے جواب میں آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ برنا ڈوٹ پلان کی حمایت کی تھی۔ اس وقت آپ کی پالیسی کا مقصد سیکیورٹی کونسل کے وقار کو قائم رکھنا ہے۔ یہودیوں نے کئی دفعہ کونسل کے فیصلوں کی خلاف ورزی کرکے اس کے وقار کو نقصان پہنچایا ہے۔ (گلوب)

نہرو کی ایشیائی کانفرنس (بقیہ صفحہ ۱)

لہذا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نئی دہلی میں منعقد ہونے والی ایشیائی کانفرنس ایک تاریخی کانفرنس ہوگی جو ہالینڈ کے خلاف ایشیائی طاقتوں کو متحد اور مضبوط [illegible] کانفرنس کا انعقاد ہی ڈچ اور دوسری سامراجی طاقتوں کے لئے ایک چیلنج ہے جو ابھی تک ایشیا میں اپنا اقتدار قائم رکھنے کا خواب دیکھ رہی ہیں۔

لیکن یہ بات نہایت اہم ہے کہ یہ کانفرنس اپنے دائرۂ عمل کو محض ڈچوں تک محدود نہ رکھے اگرچہ وہ فوری مسئلہ ہے بلکہ سامراجی طاقتوں کے تازہ ترین اقدام کو اس سامراجی ذہنیت کی روشنی میں دیکھا جائے جو ایشیا میں اپنے اقتدار کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔

کانفرنس ڈچ سامراجیوں کی ملامت کرے اور دوسرے سامراجیوں ——— مثلاً برطانیہ کو معاف کردے ایسا نہیں کرسکتی۔ ملایا اور برما میں برطانوی سامراج کی بقا کی کونسی منطق کی رو سے حمایت کی جاسکتی ہے۔ ملایا میں برطانیہ [illegible] سامراج دشمنی کا سخت امتحان ہے۔

سامراجی طاقتیں ایشیا خالی کریں

اگر ہم ڈچ اقدام کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں (جیسا کہ ہم کو یقیناً کرنی چاہئے) لیکن ملایا اور ایشیا میں دوسرے برطانوی مقبوضات کے بارے میں خاموش رہیں تو ہم پر یہ الزام لگایا جاسکے گا کہ ہماری سامراج دشمنی برطانیہ کی جانبداری کے ساتھ مشروط ہے۔ بہرحال برطانیہ کو ملایا میں کوئی حق حاصل نہیں ٹھیک اسی طرح جس طرح انڈونیشیا میں ڈچ کو یا ہند چینی میں فرانس کو۔ اور تب ہی ہم اپنے آپ کو سامراج مخالف کہنے میں حق بجانب ہوں گے۔ بصورت دیگر صرف ڈچ مخالف ہوں گے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو کچھ انڈونیشیا میں ہوا اور ملایا میں اس کے اثرات نے دولت مشترکہ کے تصور کو زبردست دھکا لگایا ہے اور شاید اپنی موت مرگیا ہے۔ ہندوستان اور ایشیا کا مفاد کس چیز میں ہے۔ براہ راست برطانوی دولت مشترکہ کے سامراجی ممالک سے اور اس کے نتیجے میں بالواسطہ طور پر دوسری سامراجی طاقتوں [illegible] سے تعلق قائم کرنے میں یا سامراج مخالف بنیادوں پر ایشیا کے اتحاد میں؟ دولت مشترکہ کی ممبرشپ [illegible] اس کے توسط سے مغربی یونین اور اینگلو امریکن بلاک موجودہ حالت میں ہماری امداد کرسکتا ہے۔ ان ممالک سے گہرے اور قریبی تعلقات ایشیا میں سامراج مخالف مطالبات کے منافی ہوسکتے ہیں۔

بین الاقوامی بریگیڈ

کہا جاتا ہے کہ پنڈت نہرو نے ایک بار کہا تھا کہ برطانوی سامراج کا قلعہ منہدم ہو رہا ہے۔ کیا وہ اس پوزیشن میں ہیں۔ کہ برطانوی دوستوں کو (جن میں اٹلی اور ماؤنٹ بیٹن بھی شامل ہیں) سے آپ کی نیک نیتی ثابت کرنے کے لئے ایشیا کے مقبوضات سے دستبردار ہونے کے لئے کہیں تاکہ ہندوستان کے لوگوں کو دولت مشترکہ میں شریک ہونے پر کوئی اعتراض نہ ہو؟ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

سامراج مخالف ایشیا کے ہر ملک کی سیاسی زندگی [illegible] سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا قدم ہے کہ اس کی بنیاد پر تمام ممالک کو اس طاقت کے خلاف لڑنے کے لئے متحد کیا جاسکتا ہے جو ایشیا میں ان کی آزادی اور ان کے ارتقا کے لئے خطرہ ہے۔

اور یہ چیز حکومتوں کی سطح پر ہی حاصل ہوسکتی ہے مثلاً [illegible] کے عام باشندے پاکستان (جو کہ انڈونیشیا کی طرح مسلم ہندوستان کے لوگوں سے کسی درجہ کم ہم نہیں ہیں) اور دوسرے ایشیائی ممالک کے اپنے انڈونیشی ساتھیوں سے اظہار ہمدردی کرنے کے لئے کس طور پر کیا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔

میری یہ تجویز ہے کہ انڈونیشیا کی آزادی کی حفاظت کے لئے فوراً ایک بین الاقوامی بریگیڈ کل ایشیا کا بنایا جائے کیونکہ آج انڈونیشیا ہمارے لئے وہی درجہ رکھتا ہے جو ۱۹۳۶ء میں یورپ کے لوگوں کے لئے اسپین کا تھا ——— ایک چیلنج ایک انتباہ اور آزادی کی محبت کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے ایک موقع۔ (ترجمہ از انصاری)

بمبئی - ۱۸ جنوری - (اے پی) گذشتہ شب جی آئی پی ریلوے کے ملازمین کے اسٹرائک بیلٹ سے پتہ چلتا ہے کہ [illegible] ممبروں میں ۱۱۳۱ ممبروں نے اسٹرائک کے حق میں اور ۳۰۴ نے ان کے خلاف ووٹ دیا۔

تیرہ مختلف سینٹروں سے ووٹنگ کے نتائج آج رات تک موصول ہوجانے کی توقع ہے یونین جس کی تمام جی آئی پی کی شاخوں میں [illegible] ممبر ہیں۔

بی بی سی آئی سے جو نتائج موصول ہوئے ان سے پتہ چلتا ہے کہ یونین کے نو ہزار ممبران میں سے جنہوں نے ووٹنگ میں حصہ لیا ۸ ہزار اسٹرائک کے حق میں ہیں اور [illegible] خلاف باقی نے یا تو کوئی رائے ظاہر نہیں کی یا ان کے ووٹ ناجائز قرار دئیے گئے یونین [illegible] آج [illegible] کا اعلان کردے گی۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزانہ الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک پچاس انچ .... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے
مینیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

بقیہ دار السلطنت

ناظم اوقاف کی طرف سے شکریہ

جناب شوکت علی صاحب عباسی ناظر سنی مجلس اوقاف نے جلسہ سیرت النبی منعقدہ ۱۴ و ۱۵ جنوری کے سلسلہ میں حسب ذیل بیان دیا ہے۔

۱۴ و ۱۵ جنوری کو سنی مجلس اوقاف کی طرف سے جامع مسجد میں جو بے مثال تاریخی اجتماع ہوا، اور اکابر امت اور علمائے کرام نے اس جلسہ میں شرکت فرماکر فرزندان توحید کو اپنے پند و موعظت سے استفادہ کا موقع بخشا، اس پر میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں

مجھے افسوس ہے کہ میں ان حضرات کا ان کی شایان شان استقبال نہ کرسکا۔ اور نہ ان کی تواضع و خدمت کا حق ادا کرسکا۔ اس کے لئے میں ان حضرات سے معذرت خواہ ہوں۔ اور امید رکھتا ہوں کہ میری اور میرے ساتھیوں کی لغزشوں کو معاف فرمائیں گے اور آئندہ بھی مسلمانان دہلی کو استفادہ کا موقع دیتے رہیں گے۔

میں اس سلسلہ میں عام مسلمانوں سے بھی امید کرونگا کہ اگر انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی رہ گئی تھی تو وہ اسے درگذر فرمائیں گے۔

اپنے ساتھیوں میں سے حضرت مولانا سجاد حسین صاحب مولانا اخلاق حسین قاسمی، قاری محمد یوسف صاحب، محمد اسمٰعیل صاحب [illegible] مولانا سید محمد فاروق صاحب اور دوسرے تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس اہم کام میں میرا ہاتھ بٹایا اور یہ کام عظیم بخیر و خوبی انجام پاگیا۔

فراشخانہ میں جلسہ سیرت النبی

فراش خانہ کٹرہ دھوبیاں کے جلسہ سیرت پاک کا آج ۱۹ جنوری کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

قاری محمد عثمان صاحب	تلاوت
[illegible] خلیل الرحمن صاحب بے ہوش	نعت
حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب	تقریر
مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی	"
حضرت مولانا قاضی سجاد حسین صاحب	"

جلسہ ٹھیک ۸ بجے رات کو شروع ہوجائے گا، سامعین کو وقت کا خیال رکھنا چاہئے۔

دہلی میں اموات و پیدائش

۱۵ جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں ۴۲۵ پیدا ہوئے اور ۱۴۸ مرے۔

ناجائز شراب پر چھاپہ!

پیر کے روز دہلی پولیس نے تین مقامات پر چھاپہ مار اور ۱۸۸ ناجائز شراب کی بوتلیں پکڑیں اور چھ آدمی گرفتار کئے گئے۔

دہلی میں انتخابی فہرستوں کی تیاری

دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے انتخابی فہرستیں تیار کی جارہی ہیں اور اسپیشل اسٹاف اس کام پر لگادیا گیا ہے۔ امید ہے کہ وسط فروری تک یہ کام مکمل ہوجائے گا۔ عوام کو چاہئے کہ وہ میونسپلٹی کے اسٹاف سے تعاون کریں۔ اور ان کی ضروری معلومات فراہم کریں۔

دہلی پولیس کے لئے ٹیلیفون ایکسچینج

دہلی - ۱۹ جنوری - پولیس کو ان کے کاموں میں سہولت دینے کے لئے محکمہ ٹیلیفون نے ہر ایک تھانہ میں ایک علیحدہ ٹیلیفون لگادیا ہے اس مقصد کے لئے نئی دہلی اور پرانی دہلی میں دو ٹیلیفون ایکسچینج بھی قائم کردیئے گئے ہیں۔

پولیس نے ایک اور خفیہ پریس کا پتہ لگالیا

دہلی - ۱۹ جنوری - گذشتہ شب صدر بازار میں ایک مکان پر چھاپہ مار کر دہلی پولیس نے ایک خفیہ پریس کا پتہ لگایا ہے۔ یہ پریس دیا آرٹ پریس ہے اور جنگل والی مسجد کے نزدیک واقع ہے۔

اسی مکان میں سے پولیس کو سیکڑوں سنگھ کے اشتہارات پمفلٹ اور دوسرا لٹریچر ملا ہے۔ یہ دوسرا پریس ہے جو اس ہفتہ کے اندر دہلی پولیس نے پتہ لگایا ہے۔ یہ چھاپہ پنڈت جگن ناتھ نے مارا تھا۔

پولیس نے سنگھ کے پانچ کارکنوں کو بھی گذشتہ شب مختلف مقامات پر مظاہرہ کرنے پر گرفتار کیا ہے۔

مسٹر نقوی کی آمد

دہلی ۱۹ جنوری - بہار پی ڈبلیو ڈی کے ڈپٹی ڈائرکٹر مسٹر ایس۔ ایم نقوی یہاں آئے ہیں۔

نیوز پرنٹ کی چوری

دہلی ۱۹ جنوری - شاہدرہ اور غازی آباد کے درمیان ایک مال گاڑی کے ڈبہ سے [illegible] نیوز پرنٹ کا غذ اٹھالیا ہے۔

تانبے کے تاروں کی چوری

دہلی ۱۹ جنوری - معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی ریلوے اسٹیشن کے بالمقابل [illegible] سے دو سو گز تانبے کا تار چوری کرلیا گیا ہے۔

سائیکل چھین لی گئی

دہلی ۱۹ جنوری - معلوم ہوا ہے کہ کل رات [illegible] لین پر ایک سائیکل سوار کو [illegible] اس کی سائیکل اور کچھ نقدی چھین لی گئی۔

کانگریس کمیٹی کے دفتر میں ہندی تعلیم

[illegible] اطلاع ملی ہے کہ کانگریس کمیٹی کے دفتر واقع [illegible] میں کانگریس کمیٹی کی جانب سے مفت ہندی تعلیم کا انتظام کر دیا گیا ہے اور روزانہ شام کو ۸ بجے سے ۹ بجے تک [illegible] تعلیم دی جاتی ہے ہندی تعلیم کا افتتاح دہلی کانگریس کے صدر [illegible] نے کیا تھا۔

چوہوں نے چار آدمیوں کی جان بچالی

لندن ۱۸ جنوری - لندن کے شمالی حصے میں ایک مکان کے اس کمرے میں آگ لگ گئی جس میں گھر کے چار افراد سورہے تھے۔ آگ کے شعلوں سے ڈر کر چوہوں نے ادھر ادھر بھاگنا شروع کر دیا۔ چوہوں کی کھڑکھڑاہٹ کے باعث سوئے ہوئے آدمی جاگ اٹھے۔ اس طرح انہوں نے بروقت آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا [illegible] اس کے بعد فائر بریگیڈ نے موقعہ پر پہنچ کر آگ بجھائی۔

حکومت پاکستان نے مہاجرین کو سندھ آنے سے روک دیا
سندھ میں جگہ نہیں رہی نئے آنے والوں کو پریشانی کا سامنا ہوگا

کراچی، ۱۹ جنوری۔ حکومت پاکستان نے ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا ہے کہ صوبہ سندھ اب مزید مہاجرین کو کھپانے کے قابل نہیں رہا ہے۔ اور اس میں جگہ نہیں ہے۔

پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ نئے آنے والوں کی آبادکاری کے لئے بمشکل ہی جگہ نکلے گی اور اگر مہاجرین کا یونہی تانتا بندھا رہا تو اس کا نتیجہ نہ صرف یہ ہوگا کہ مقامی حکام کے لئے مشکلات پیدا ہوں گی کہ وہ ان کو آباد کرسکیں بلکہ ان کو بے شمار مصائب اور مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔ لہذا یہ خود مہاجرین کے مفاد میں ہے کہ وہ اپنی آبادکاری کے لئے سندھ کی طرف نظریں نہ اٹھائیں۔

سندھ گورنمنٹ نے بھی اعلان کیا ہے کہ تازہ ترین اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں سے جانے والوں کی تعداد تقریباً ۸۲۱۰۰۰ ہے اور ان کی جگہ ۶۱۴۰۰۰ مہاجرین باہر سے آکر یہاں آباد ہوئے ہیں۔ (اے پی)

مشرقی پنجاب کی ریاستوں کے
انضمام کا مطالبہ

لدھیانہ - ۱۹ جنوری - معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب اسٹیٹس اور پٹیالہ یونین کے مشرقی پنجاب میں انضمام کے لئے عنقریب ایک تحریک شروع کرنے کے لئے شرومنی اکالی دل کے سامنے ایک تجویز رکھی جائے گی۔

اس قسم کی تحریک دیش سیوک [illegible] پہلے ہی شروع کرچکی ہے اور اس نے تفصیل سے اپنا پروگرام شائع کردیا ہے۔

خواجہ ناظم الدین کا دورہ مشرقی بنگال

ڈھاکہ - ۱۹ جنوری - معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ ۲۹ جنوری کو اپنے پیدائشی شہر میں آئیں گے۔

آپ تین روز تک ڈھاکہ میں قیام کریں گے اور اس دوران میں سرکاری اور غیر سرکاری لوگوں کو انٹرویو دیں گے اس کے بعد باریسال اور گوپال گنج جائیں گے معلوم ہوا ہے کہ آپ چھ روز تک یہاں پر دورہ کریں گے۔

ڈھاکہ واپس آنے پر آپ ایک ایک روز کے لئے میمن سنگھ اور رنگ پور میں قیام کریں گے اور ڈھاکہ کا ایک اور روز قیام کرنے کے بعد آپ ۱۲ فروری کو کراچی واپس تشریف لے جائیں گے

ڈھاکہ کے دوران قیام میں آپ کو ڈھاکہ یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹر آف لا کی ڈگری دی جائے گی۔

گنے کی پیداوار سے متعلق کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی - ۱۹ جنوری - گنے کی پیداوار وغیرہ سے متعلق مسائل پر غور کرنے والی کمیٹی اور اس کی مختلف سب کمیٹیوں کی سالانہ میٹنگ زیر صدارت سردار داتار سنگھ وال چند نگر (پونا) میں ۹ فروری سے ۱۲ فروری تک منعقد ہوگی۔ اس میٹنگ میں گنے کی پیداوار سے متعلقہ ریسرچ اسٹیشن قائم کرنے اور کھانڈ کی صنعت کی حفاظت کے سوال اور گڑ کی پیداوار کے متعلق مختلف سب کمیٹیوں کی رپورٹوں پر غور کیا جائیگا۔

شہزادی مارگریٹ امریکہ جائیں گی

پیرس - ۱۸ جنوری - معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ کی شہزادی مارگریٹ عنقریب ریاستہائے متحدہ امریکہ جارہی ہیں۔ شہزادی امریکہ کی امیر ترین خاتون مسز جیکب بلسن کے پاس ٹھہریں گی۔ جو مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کی دادی ہے۔ ایک افواہ ہے کہ شہزادی مارگریٹ مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کے ساتھ شادی کرے گی۔

مدراس میں کمیونسٹ سرگرمیاں

مدراس - ۱۸ جنوری - مسٹر گوپالا ریڈی نے کل مدراس اسمبلی میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ گورنمنٹ کو اس قسم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ ریاست حیدرآباد کی سرحد سے ملنے والے ضلع کرشنا میں [illegible] تعلقہ کے دیگر دیہات میں کمیونسٹوں نے کئی اشخاص کو قتل کر دیا۔ اور حکومت کمیونسٹ سرگرمیوں کو روکنے کے لئے ضروری اقدام کررہی ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ گورنمنٹ کو علم ہے کہ گذشتہ تین ماہ میں بیزواڑہ میں کمیونسٹوں نے تقریباً ۲۵ کانگریسیوں کو قتل کیا اور یہ ٹھیک ہے کہ حکومت کے پاس ایسی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ یہ سب کچھ پولیس کی نگرانی کے باوجود ہوا اور اب گورنمنٹ نے کمیونسٹ خطرہ کو دبانے کے لئے مزید سختی سے کام لینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں [illegible] آئی۔ کیونکہ پولیس اس کا کوئی سراغ نہیں لگاسکی۔

زیکوسلواکیہ کی کمیونسٹ حکومت
کے خلاف بغاوت

وانا ۱۸ جنوری - پراگ سے آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ دو تین ہفتے پیشتر زیکوسلواکیہ میں کمیونسٹ حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے مسلح بغاوت کی گئی تھی۔ اس کی تفصیل معلوم نہیں ہوسکی۔ پراگ میں گذشتہ ہفتہ کچھ اشخاص کو حکومت کے خلاف سرگرمیوں میں [illegible] بیان کیا جاتا ہے کہ ان لوگوں نے حکومت زیکوسلواکیہ کے خلاف بغاوت کرنے کی کوشش کی تھی۔ (گلوب)

پاکستان جانیوالے حیدرآبادیوں کو ہدایت

حیدرآباد دکن ۱۹ جنوری - [illegible] اعلان کیا گیا ہے کہ جو لوگ حیدرآباد سے پاکستان جارہے ہیں وہ اپنے نو آبجکشن اور حیدرآباد واپس آنے کا سرٹیفکیٹ [illegible] تاکہ ان کو پاکستان سے حیدرآباد واپس آنے میں [illegible] سرٹیفکیٹ ملنے میں کم وقت لگے۔ تمام سول [illegible] اور کمشنر سٹی پولیس کو ہدایت کردی گئی ہے۔ [illegible] دو ہوں گے اور ہر ایک پر سرٹیفکیٹ لینے والے کا فوٹو لگا ہوگا

ہندوستان اور افغانستان کے تعلقات مضبوط ہوجائیں گے

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ کابل کے اخبار ''انیس'' کے ایڈیٹر مسٹر محمد ہاشم نے آج یہاں کے اخبار نویسوں کو بتایا کہ افغانستان کے لوگوں کو اس بات پر انتہائی خوشی ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے انڈونیشین جھگڑے پر ایشیائی ملکوں کی کانفرنس بلائی ہے

آپ نے بتایا کہ ہندوستان کے اس اقدام سے ایشیا کے ملک ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ایک ہوجائیں گے۔ چاہے یہ انڈونیشیا کا سوال ہو یا کسی اور ملک کا۔ ایشیائی ممالک کو ایک ہوکر دنیا کے امن کی حفاظت کرنی ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ افغانستان کی حکومت اور وہاں کے لوگ اس کانفرنس میں شامل ہونے پر بہت خوش ہیں۔ مسٹر ہاشم نے بتایا کہ میں ہندوستان میں یہ دیکھنے آیا ہوں کہ یہاں کے حالات کیسے ہیں۔ ہندوستان اور افغانستان میں بہت قریبی تعلقات رہتے ہیں۔ اب کہ ہندوستان آزاد ہوچکا ہے۔ مجھے امید ہے کہ دونوں ملکوں کی تمدنی اور اقتصادی تعلقات پھر استوار ہوجائیں گے۔ (اے پی)

پٹیالہ یونین کی عبوری حکومت
کانگریسی لیڈروں کا اظہار تشویش

نئی دہلی، ۱۹ جنوری۔ کل شام ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے پٹیالہ اور مشرقی پنجاب ریاستی یونین کانگریس کے ایک ترجمان [illegible] نے کہا کہ یونین کانگریس کے [illegible] مہاراجہ پٹیالہ کے ماموں سردار گیان سنگھ رانے والا اور ان کے ساتھیوں پر مشتمل عبوری حکومت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں اور وہ اس کی ہر حالت میں مخالفت کریں گے۔ [illegible]

آپ نے [illegible] کارروائی کے نوٹس جاری کردیئے گئے ہیں۔ ان حالات کا ذکر کرتے ہوئے جس کے پیش نظر وزارت ادھم سنگھ ناگوکے اور گیانی گورمکھ سنگھ مسافر نے جو اپنے آپ کو کانگریسی ظاہر کرتے ہیں ملکی ریاستی محکمہ کو گمراہ کیا تھا۔ یہ دونوں اس عبوری حکومت کا باعث ہیں جس کو بناتے وقت نہ صرف ریاستی کانگریس کو پس پشت ہی ڈالا گیا ہے بلکہ اس کے پس پردہ ریاستی کانگریس کو ختم کرنے اور کچلنے کے منصوبے [illegible]

جی باندھے جارہے ہیں۔

ڈاکٹر بنچ نے استعفیٰ دیدیا
مجلس تحفظ کے نام خط

[illegible] ۱۸ جنوری - ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کے اقوام متحدہ کی طرف سے مقرر کئے ہوئے ثالث ڈاکٹر بنچ نے اپنے عہدے سے علیحدہ ہوجانے [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے مجلس تحفظ کو ایک خط لکھا ہے جس میں تحریر کیا ہے کہ چونکہ فلسطین میں اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن نے جلد اپنا کام شروع کرنے والا ہے اس لئے میری خدمات کی ضرورت نہیں ہے اس لئے مجھے اس عہدے اور فرض سے سبکدوش کیا جائے۔

حکومت امریکہ کا تختہ الٹنے کی سازش

نیویارک ۱۸ جنوری - امریکہ کے ۱۲ سرکردہ کمیونسٹوں پر اس الزام میں مقدمہ چلایا جارہا ہے کہ انہوں نے حکومت امریکہ کا تختہ الٹنے کی سازش کی تھی [illegible] دے گی یا نہیں۔

جس عدالت میں ان کمیونسٹوں کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہورہی ہے اس کے ارد گرد مسلح پولیس کا پہرہ لگادیا گیا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ اس مقدمہ کی سماعت تقریباً ایک ماہ تک جاری رہے گی۔ (گلوب)

خط وکتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف و خوشخط تحریر کیجئے

اردو ہندی ٹیچر
صرف ایک ہفتہ میں ہندی سیکھئے
ہندی کی آپ سے جانکاری کی تو ... [illegible] ہندی نہ جاننے والے بھائی اردو ہندی ٹیچر کی امداد سے صرف ایک ہفتہ میں بغیر ماسٹر کے ہندی لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ و لغات ہندی ۴ روپے۔ ۹۰ صفحے۔ محصول ڈاک معاف۔ جلد کریں ورنہ اگلے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا
فرینڈز ڈرگ ہاؤس اجمل خاں روڈ قرولباغ دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟
شمر پر قتل کا الزام غلط ہے ہر مسلمان کے لئے ... کربلا کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے ... مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے ... میں مکمل تاریخی حالات قلم بند کئے ہیں قیمت شہید اعظم ... سوانح مولانا ابو الکلام آزاد ... خطبات ... [illegible]
ملنے کا پتہ:
منیجر شاہی کتب خانہ چوڑیوالان۔ دہلی

کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں
مجھے تعجب ہے کہ آپ ابھی تک اتنی پریشانی میں مبتلا ہیں حالانکہ آپ کے شہر میں ایک عجیب و غریب دوا ہے جس کو آپ استعمال کرتے ہی کچھ عرصہ کے بعد آپ اپنے دکھ تکلیف کو بھول جائیں گے۔ یہ ایک ایسا ہی بہت عمدہ ... کم قیمت دوا ہے۔ M.S. ایم۔ ایس۔ ایم فارمس ... جس کو آزما کر ... [illegible]
محمد سلیم الدین ولد عبد الحکیم جراح فراشخانہ دہلی

یہ دورا ہا!
ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر
اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان اسلام کی بے ثباتی کے نام میں سوچ رہے ہیں کیا کریں ... کدھر جائیں ... ؟ شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کیلئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں
ہراساں نہ ہوجئے مستقبل روشن ہے
اس آواز کی گہرائیوں تک پہنچئے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کے لئے کتب ذیل ضرور پڑھئے۔
علماء حق حصہ اول قیمت تین روپیہ چار آنہ۔ علماء حق حصہ دوم سات روپیہ آٹھ آنہ
مہاتما گاندھی کی قربانی ... قیمت آٹھ آنہ
ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔
الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)
تین ہزار روپیہ کے انعامات
نوٹ۔ انعام کی رقم حبیب بنک لیمٹڈ لاہور برانچ میں جمع کرادی گئی ہے ... [illegible]
داخلہ کی آخری تاریخ ۱۱ فروری ۱۹۴۹ء
پہلا انعام - صحیح حل دو ہزار روپیہ
دوسرا انعام (ایک غلطی) ساڑھے پانچ سو روپیہ
تیسرا انعام (دو غلطی) ساڑھے تین سو روپیہ
چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو سو روپیہ
معمہ حل کرنیکی ترکیب خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پُر کیجئے۔ اشارات (۱) محبوب ... (۲) ... (۳) ... (۴) قابل قدر ہیں وہ لوگ جو ضرورتمند کی ... (۵) اس سے گھبرا جانا بھی بزدلی کی نشانی ہے۔ (۶) انسان اکثر اس سے دھوکا کھا جاتا ہے۔ (۷) بعض لوگ ... (۸) ہر بات پر ... اپنے اصل مقصد کو برباد کردیتا ہے۔ (۹) انسان کی زندگی کو برقرار رکھنے کے لئے ایک ضروری عنصر۔
فیس داخلہ پہلے نو کے نو اشارات کے لئے ایک روپیہ اور بعد کے ہر نو کے لئے ... [illegible]
مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۳ (اے۔ ڈی) جی ٹی روڈ۔ لاہور

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان
ہمارے جہازوں کی آمد و رفت
باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کرسکیں گے۔ تفصیلات کیلئے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء بریلی کا اہم جلسہ

بریلی۔ (بذریعہ ڈاک) کل جمعیۃ علماء بریلی کا ایک اہم جلسہ حکیم خلیل اللہ خاں صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں مجلس عاملہ کے ارکان نے [illegible] پر غور و خوض کیا۔ ماہ فروری میں ہونے والی کانفرنس اور اس کے انتظامات کیلئے تمام ممبران [illegible] ایک تجویز مسٹر عبداللہ بریلوی [illegible] منتشر علماء کی۔ جو صوبائی کانفرنس کے اخراجات کیلئے فراہمی چندہ کریگی۔ اور مجلس استقبالیہ کے ٹکٹ فروخت کرکے روپیہ جمع کریگی۔ مولانا عبدالرؤف خاں ناظم جمعیۃ علماء بریلی اس سلسلے میں ۱۸ جنوری سے ۲۰ جنوری تک مختلف مقامات کا دورہ بھی کریں گے۔

مرادآباد کے انتخابات

گذشتہ ۹ جنوری کو شہری جمعیۃ علماء کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ حضرت مولانا عبدالحق صاحب صدر۔ مولوی سید محمد احمد صاحب نائب صدر۔ حاجی محمد ابراہیم صاحب جنرل سکریٹری۔ منشی حامد حسن صاحب نائب ناظم اور حاجی عبدالحلیم صاحب خزانچی [illegible] افراد پر مشتمل مجلس منتظمہ بنائی گئی۔

حلقہ نمبر ۱ ۱۳ جنوری کو بعد نماز مغرب وارڈ کمیٹی کا جلسہ بغرض انتخاب جدید عہدیداران منعقد ہوا۔ حسب ذیل حضرات کا انتخاب بلا مقابلہ عمل میں آیا۔ حاجی محمد یٰسین صاحب محلہ رسالت پورہ صدر۔ منشی عبدالرحمن صاحب تاجر چوڑی نائب صدر۔ [illegible] قاری حافظ عبداللطیف صاحب ناظم اعلیٰ۔ شیخ عنایت الٰہی صاحب نائب ناظم۔ منشی عمادالدین صاحب محلہ رسالت پورہ خازن۔ اس اجلاس میں شہر کے نمائندوں کا انتخاب عمل میں آیا۔

حلقہ نمبر ۲ ۱۳ جنوری کو بعد نماز مغرب دفتر جمعیۃ علماء شہر میں حلقہ کی مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوا۔ اور حسب ذیل عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ جناب قاضی اتفاق حسین صاحب صدر۔ حافظ مرتضیٰ خاں صاحب نائب صدر۔ منشی حامد حسن صاحب ناظم اعلیٰ۔ مفتی محمد شمیم صاحب نائب ناظم۔ حکیم زاہد علی صاحب خزانچی۔ ۱۲ افراد پر مجلس منتظمہ بنائی گئی۔ اس کے بعد شہر جمعیۃ علماء کے کوٹہ کے مطابق چھ افراد شہر جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کے لئے بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔

چاندپور (بجنور) ۱۸ دسمبر کو ایک جلسہ زیر صدارت جناب حکیم زکریا صاحب چیرمین میونسپل بورڈ منعقد ہوا اور جمعیۃ علماء چاندپور کے حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ حکیم محمد زکریا صاحب صدر۔ حکیم سید علی اکبر صاحب نائب صدر۔ مولوی سلام اللہ فاروقی ناظم۔ ڈاکٹر محمد عبدالسلام نائب ناظم۔ قاضی حسین خازن۔ بالاتفاق طے ہوا کہ صدر صاحب اپنی رائے سے [illegible] ممبران کو ورکنگ کمیٹی کیلئے [illegible] گیارہ اشخاص پر مشتمل مجلس منتظمہ بنائیں۔ جناب لالہ رام [illegible] صاحب نے اپنا بالاخانہ دفتر کے لئے پیش کیا۔

قصبہ اورئی ضلع جالون ۲ جنوری کو دفتر جمعیۃ علماء میں زیر صدارت جناب اسمٰعیل خاں صاحب ممبر [illegible] ایک جلسہ منعقد ہوا اور حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ الٰہی بخش صاحب انصاری صدر۔ جناب محمد ابراہیم ٹھیکیدار صاحب نائب صدر۔ جناب [illegible] حسین صاحب ناظم اعلیٰ۔ جناب پیر بخش صاحب انصاری ناظم اور جناب حافظ محمد [illegible]

قصبہ کوہنج ۶ جنوری کو جمعیۃ علماء قصبہ کوہنج کا جلسہ زیر صدارت سیٹھ کریم [illegible] صاحب منعقد ہوا [illegible]

پیرنام پٹ ۵ جنوری جمعیۃ علماء پیرنام پٹ کا عام اجلاس زیر صدارت عالی جناب حکیم مولوی مسعود احمد صاحب منعقد ہوا۔ [illegible] (ناظم)

سکریٹری ضلع نینی تال کا اعلان

ہلدوانی ۱۸ جنوری تک ضلع میں تمام ماتحت جماعتوں کے انتخابات ہوچکے ہیں اور ان کی اطلاع باقاعدہ مع ارکان ضلع دفتر ضلع جمعیۃ کو موصول ہوچکی ہے اس لئے ضلع جمعیۃ علماء کا انتخابی اجلاس بتاریخ ۲۲ جنوری کو بعد نماز عشاء دفتر ضلع جمعیۃ ہلدوانی میں منعقد ہوگا ضلع کے ارکان کے نام [illegible] جاری کردیا گیا ہے امید ہے کہ اراکین ضلع جمعیۃ اجلاس کی اہمیت کو محسوس کرتے ہوئے اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔ اجلاس کی شرکت کیلئے صدر و ناظم اعلیٰ صوبہ جمعیۃ علماء سے بھی درخواست کی گئی ہے۔ (سکریٹری)

میلاد النبی کا جلسہ

۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو تکوہی رانہ ضلع دیوریا میں میلاد النبی کا جلسہ ہوا جس میں مولانا ابوالاخلاق احمد صاحب قاسمی اور مولانا ظہور الحق صاحب مدرسہ دارالاشاعت سیلود ہی نے شرکت کی سیرت اور ولادت پر تقریریں ہوئیں اور جلسہ [illegible]

زیادہ خوراک پیدا کرنے کی طرف دھیان دو

باردولی میں سردار پٹیل کی تقریر

باردولی۔ ۱۸ جنوری۔ سردار پٹیل نے سورت۔ بلڑوچ اور پنج محل کے کانگریسی کارکنوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر گجرات میں ایک شخص بھی قحط کی بنا پر ہلاک ہوا تو اس کی ساری ذمہ داری میرے کاندھوں پر ہوگی۔ سردار پٹیل کو بتایا گیا کہ مندرجہ بالا تین اضلاع میں چارہ، اناج اور پانی کی بہت زیادہ قلت ہے۔ اور روز بروز لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہورہا ہے۔ سردار پٹیل نے ان کارکنوں کو حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بجائے دل چھوڑنے کے پورے انہماک سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کی طرف دھیان دینا چاہئے۔ آپ نے کہا کہ وہ غلط راستہ پر چل کر مرکزی سرکار یا صوبائی سرکار پر نکتہ چینی نہ کریں۔ حکومت عوام کی ہے۔ اور سوائے عوام کے تعاون کے کام نہیں کرسکتی آپ نے کہا کہ اگر کانگریسیوں نے پورے دل سے کام نہ کیا۔ تو وہ قوم اور وہ آزادی جو صدیوں کے بعد نصیب ہوئی ہے خطرہ میں پڑ جائے گی۔ بہت سی تباہ کن طاقتیں ان کے خلاف کام کر رہی ہیں اس لئے ان سے ہوشیار رہنا چاہئے۔

سنگھیوں نے حکومت کی شرطیں مان لیں؟

بمبئی۔ ۱۸ جنوری۔ بمبئی کے ایک اخبار کی اطلاع کے مطابق راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ نے غیر مشروط طور پر حکومت کی شرطیں منظور کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اخبار مذکور نے لکھا ہے کہ معلوم ہوا ہے کہ نظربندوں کی رہائی اور جماعت پر پابندی ہٹانے کے سلسلہ میں حکومت نے جو شرائط پیش کی تھیں۔ سنگھ کے سرکردہ لیڈروں نے انہیں قبول کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

کانگریس ورکرز کی میٹنگ

ضلع کانگریس کمیٹی [illegible] کانگریس ورکرز کی ایک میٹنگ [illegible] صدارت میں ۲۰ جنوری [illegible]

نئی دہلی۔ ۱۹ جنوری۔ [illegible] مرکزی ہندوستانی [illegible]

دارالسلطنت

۱۹ جنوری

صوبہ جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا جلسہ

دہلی۔ ۱۸ جنوری۔ کل جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا جلسہ زیر صدارت مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی منعقد ہوا۔ جلسے میں اضلاع اور صوبے کے جدید انتخابات پر غور ہوا اور حسب ذیل امور طے پائے۔

(۱) سید محمد جعفری صاحب کو افسر انتخاب مقرر کیا گیا اور انہیں اختیار دیا گیا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق اپنی اعانت کے لئے اپنے نائبین جن کی تعداد چار تک ہوسکتی ہے منتخب کرسکتے ہیں۔

(۲) جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے ۱۴ اضلاع ماتحت انتخابی علاقوں کی ترتیب کے مطابق ہیں اور ضلع شاہدرہ [illegible] مہرولی اور بستی نظام الدین کے انتخابات ۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء سے ۲ فروری ۱۹۴۹ء تک مکمل ہو جانے چاہئیں اور ۷ فروری تک ارکان صوبہ کے ناموں سے صوبے کو مطلع کردینا چاہئے۔

(۳) ۱۳ فروری اتوار کو صوبے کے منتخب شدہ ارکان کا جلسہ ہوگا جس میں بقیہ ارکان نامزد کئے جائیں گے

(۴) ۲۰ فروری اتوار کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوگا جس میں صوبے کے عہدہ داروں کا انتخاب کیا جائے گا۔

(۵) شیخ عبدالحق صاحب [illegible]

(۶) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا یہ جلسہ سید عبداللہ بریلوی کی وفات پر اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے مرحوم جمعیۃ مرکزیہ کی ورکنگ کمیٹی کے معزز ممبر تھے پرانے نیشنلسٹ مسلمان تھے۔ اور نہایت پختہ کار جرنلسٹ تھے۔ یہ جلسہ ان کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں۔ آمین۔

قطب صاحب کا عرس

اہل خیر حضرات اور شرکاء کا شکریہ

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ کا عرس حسب معمول بحسن و خوبی انجام پذیر ہوا۔ دو ہزار سے زائد نفوس نے شرکت کی جن میں غیر مسلم حضرات ہندو اور سکھ بھی شامل ہیں۔

چیف کمشنر صاحب صوبہ دہلی۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب افسران پولیس معززین شہر پیرزادگان اجمیر شریف و پیرزادگان حضرت سلطان جی صاحب و خادمان آستانہ حضرت قطب الدین بختیار کاکی قابل ذکر ہیں۔ لنگر شریف کا انتظام محمد یونس صاحب لنگری و ابرار احمد صاحب جامع ہوٹل نے کیا جس کے مصارف سائیں ولایت شاہ صاحب [illegible] اہل خیر حضرات نے برداشت کئے۔

روشنی کا انتظام حسب سابق محمد بشیرالدین صاحب لال کنواں دہلی نے کیا اور مصارف کے بھی خود کفیل ہوئے میں خادمان حضرت قطب صاحب کی جانب سے ان جملہ حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ آستانہ مبارک سے ہمیشہ مخلصانہ رابطہ قائم رکھیں گے

نیازمند

پیرزادہ سید محمد انوار الحق

سند یافتگان محبوب اندرا کالج کو اطلاع

دہلی ۱۵ جنوری۔ شفاء الملک حکیم [illegible] صاحب مہتمم محبوب اندرا کالج پٹیالہ پوسٹ بکس ۳۱۔ دہلی سے اپنے کالج کے تمام پاس یافتہ [illegible] کو اطلاع دیتے ہیں کہ۔

یوپی گورنمنٹ نے حسب اعلان پریس کمونک [illegible] حاذق الحکماء [illegible] کے سند یافتگان کو [illegible] یونانی حکیم شفاخانوں میں مقرر کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ اس لئے ان کو [illegible] یوپی گورنمنٹ کو فوراً بھیجنی چاہئیں۔

دہلی کانگریس کا انتخاب

دہلی صوبہ کانگریس نے پچھلے اتوار کو اپنی میٹنگ میں [illegible]

عورتوں کا جلسہ

[illegible]

ہندوستان کو کامن ویلتھ میں شامل رہنا چاہیئے

سر مرزا اسمٰعیل کا مشورہ

لندن۔ ۱۸ جنوری۔ سر مرزا اسمٰعیل نے ”ایشیاٹک ریویو“ کے تازہ پرچہ میں شائع شدہ ایک مضمون میں یہ لکھا ہے کہ ہندوستان کو برطانوی کامن ویلتھ میں شامل رہنا چاہئے اور اسے حقیقی معنوں میں لیگ آف نیشنز کی شکل میں تبدیل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

آپ نے مزید لکھا ہے کہ ہندوستان کے ساتھ برطانوی تعلقات اور انگریزی زبان نے ہندوستان میں یکجہتی پیدا کرنے میں سب سے زیادہ مدد دی ہے اس یکجہتی کو قائم رکھنے کے لئے دوسرے ذرائع تلاش کرنے سے پہلے ان تعلقات کو بالکل ختم کرنا ہندوستان کے مفاد کے خلاف ہے۔ [illegible] ہندوستان کی آئین ساز اسمبلی اس نتیجے پر پہنچے گی کہ ہندوستان کو آزادی اور مساوات کی بنیادوں پر کامن ویلتھ میں شریک رہنا چاہئے۔ اس طرح ہندوستان خود ترقی کریگا اور ایک نئی دنیا کی تعمیر میں اپنا پارٹ ادا کریگا مساوات کی بنیادوں پر کامن ویلتھ کا ممبر ہونے کی صورت میں ہندوستان دوسرے ملکوں کو اس میں شامل کرکے اس کا دائرہ وسیع کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔ اس طرح ہندوستان حقیقی معنوں میں ایک ایسی لیگ آف نیشنز قائم کرنے کی کوشش کرسکتا ہے جو دنیا میں اتحاد قائم کرنے کیلئے مؤثر پارٹ ادا کرے یہ ایک ایسا مقصد ہے جس کے لئے ہندوستان کو جلد سے جلد کام کرنا چاہیئے۔ (گلوب)

ایشیائی کانفرنس کے نمائندے

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ ایشیائی کانفرنس میں جو ممالک شریک ہو رہے ہیں ان کے اور ان کے نمائندوں کے نام حسب ذیل ہیں۔

افغانستان: ہز ایکسلنسی سردار [illegible] اللہ خاں۔

برما: ہز ایکسلنسی کیاو نین۔ اور ہز ایکسلنسی یو [illegible]

آسٹریلیا: مسٹر برٹن اور مسٹر موڈی۔

ایران: ہز ایکسلنسی اسفندیاری اور ایم معتمدی۔

لنکا: مسٹر ایس ڈبلیو آر ڈی بندرانائیکے اور مسٹر وتھیاناتھن۔

پاکستان: سر محمد ظفر اللہ خاں۔ مسٹر اکرام اللہ اور مسٹر ہلالی۔

فلپائن: جنرل رومولو۔

نیوزیلینڈ: مسٹر نوس شاہن۔ اور مسٹر اسٹیگلز (مشاہدین)

مصر: ہز ایکسلنسی اسمٰعیل کمال بے۔

شام: مسٹر ناظم القدسی اور مسٹر جوادت المفتی۔

حبشہ: ڈاکٹر اور میزل ابراہام۔

سعودی عرب: مسٹر مراقی العلاصی اور ان کے سکریٹری۔

یمن: ہز ایکسلنسی القاضی محمد العمری [illegible] خارجہ) مسٹر محمد اور مسٹر محمد عیسیٰ نخلہ۔

عراق: عبدالقادر الکیلانی شارژ دی آفیئر پاکستان

لبنان: ہز ایکسلنسی محمد علی حمّل

سندھ سے ۸ لاکھ ہندوؤں کا اخراج

حکومت سندھ کا اعلان

کراچی۔ ۱۸ جنوری۔ حکومت سندھ کے آج ایک اعلان میں کہا گیا ہے کہ تقسیم ملک کے بعد اب تک تقریباً ۸ لاکھ ۲۱ ہزار اشخاص سندھ سے باہر چلے گئے ہیں جن میں ہندو، سکھ اور جین شامل ہیں اور ان کی جگہ ۶ لاکھ ۱۴ ہزار مہاجرین سندھ میں آئے۔ جنہیں سندھ کے اندرونی علاقوں میں آباد کیا جاچکا ہے۔

انڈیا لیگ کی اپیل

لندن۔ ۱۸ جنوری۔ ڈربن کے فسادات کے متعلق انڈیا لیگ نے ایک بیان میں یہ کہا ہے کہ ان فسادات کی خبر اس وقت موصول ہوئی ہے جبکہ جنوبی افریقہ میں افریقن نیشنل کانگریس اور انڈین نیشنل کانگریس کے لیڈر جنوبی افریقہ کی حکومت کی نسلی امتیاز کی پالیسی کے خلاف تعاون کے راستے پر چل رہے تھے۔ اس سلسلے میں پچھلے سال ان دونوں جماعتوں کے لیڈروں کے درمیان ایک معاہدہ ہوا تھا۔ بیان مذکور میں افریقہ کے لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس فضول کشمکش کو ختم کردیں۔ فسادات کو ختم کرنے کے لئے افریقن کانگریس اور انڈین کانگریس کے لیڈروں کو اخبارات اور ریڈیو استعمال کرنے کی سہولتیں دی جائیں اور فسادات میں نقصان اٹھانے والے لوگوں کو معاوضہ دیا جائے۔

مسٹر بیون کی پالیسی پر نکتہ چینی

لندن۔ ۱۸ جنوری۔ اگرچہ برطانیہ کے کئی اخبارات میں فلسطین کے متعلق مسٹر بیون کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی جارہی ہے لیکن آپ اس کے متعلق بالکل خاموش ہیں اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ کو اس بات کا پورا یقین ہے کہ اس سلسلہ میں لیبر پارٹی کے ممبروں کی بغاوت کو آپ ناکام بنادیں گے۔ آپ کے مخالف یہ کہتے ہیں کہ آپ عربوں کی حمایت کررہے ہیں لیکن اس بات میں شک نہیں کہ برطانوی عوام کی بھاری اکثریت مسٹر بیون کی اس پالیسی کی حمایت کرتی ہے مسٹر بیون کا کیس بڑا مضبوط ہے اگر آپ پر یہودیوں کا مخالف ہونے کا الزام لگایا جائے تو اس کے جواب میں آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے برناڈوٹ پلان کی حمایت کی تھی۔ اس وقت آپ کی پالیسی کا مقصد سیکیورٹی کونسل کے وقار کو قائم رکھنا ہے۔ یہودیوں نے کئی دفعہ کونسل کے فیصلوں کی خلاف ورزی کرکے اس کے وقار کو نقصان پہنچایا ہے۔ (گلوب)

نیپال: [illegible] جنرل [illegible] بہادر (مشاہد)

سیام: [illegible] نائب وزیر خارجہ (مشاہد)

ہندوستان: وفد کے ناموں کا عنقریب اعلان ہوجائیگا۔

سعودی عرب، آسٹریلیا اور مصر کے نمائندے پہلے ہی پہنچ چکے ہیں برما کے وفد کی آج اور لنکا کے وفد کی جمعرات تک پہنچنے کی توقع ہے۔

نہرو کی ایشیائی کانفرنس (بقیہ صفحہ ۳)

لہذا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نئی دہلی میں منعقد ہونے والی ایشیائی کانفرنس ایک تاریخی کانفرنس ہوگی جو مغربی سامراجیوں کے خلاف ایشیائی طاقتوں کو متحد اور مضبوط کرے گی۔ کانفرنس کا انعقاد ہی ڈچ اور دوسری سامراجی طاقتوں کے لئے ایک چیلنج ہے جو ابھی تک ایشیا میں اپنا اقتدار قائم رکھنے کا خواب دیکھ رہی ہیں۔

لیکن یہ بات نہایت اہم ہے کہ یہ کانفرنس اپنے دائرہ عمل کو محض ڈچوں تک محدود نہ رکھے اگرچہ وہ فوری مسئلہ ہے بلکہ سامراجی طاقتوں کے تازہ ترین اقدام کو اس سامراجی ذہنیت کی روشنی میں دیکھا جائے جو ایشیا میں اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کے لئے ہے۔

کانفرنس ڈچ سامراجیوں کی ملامت کرے اور دوسرے سامراجیوں ——— مثلاً برطانیہ کو معاف کردے ایسا نہیں کرسکتی۔ ملایا اور چین میں برطانوی سامراج کی نقالی کوئی منطق کی رو سے حمایت کی جاسکتی ہے۔ ملایا میں برطانیہ کی پالیسی میرے لئے اشتعال انگیز ہی نہیں بلکہ [illegible] ہے۔ یہ ہماری سامراج دشمنی کا سخت امتحان ہے۔

سامراجی طاقتیں ایشیا خالی کریں

اگر ہم ڈچ اقدام کے خلاف صدائے احتجاج بلند کریں (جیسا کہ ہم کو یقیناً کرنی چاہئے) لیکن ملایا میں اور ایشیا میں دوسرے برطانوی مقبوضات کے بارے میں خاموش رہیں تو ہم پر یہ الزام لگایا جاسکے گا کہ ہماری سامراج دشمنی برطانیہ کی جانبداری کے ساتھ مشروط ہے۔ بہر حال برطانیہ کو ملایا میں کوئی حق حاصل نہیں ٹھیک اسی طرح کہ جس طرح انڈونیشیا میں ڈچ کو یا ہند چینی میں فرانس کو۔ اور تبھی ہم اپنے آپ کو سامراج مخالف کہنے میں حق بجانب ہوں گے۔ بصورت دیگر صرف ڈچ مخالف ہوں گے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو کچھ انڈونیشیا میں ہوا اور ملیشیا میں اس کے اثرات نے دولت مشترکہ کے تصور کو زبردست دھکا لگایا ہے اور شاید اپنی موت مرگیا ہے۔ ہندوستان اور ایشیا کا مفاد کس چیز میں ہے۔ براہ راست برطانوی دولت مشترکہ کے سامراجی ممالک سے اور اس کے نتیجے میں بالواسطہ طور پر دوسری سامراجی طاقتوں مثلاً پاکستان سے تعلق قائم کرنے میں یا سامراج مخالف بنیادوں پر ایشیا کے اتحاد میں؟ دولت مشترکہ کی ممبرشپ اور اس کے توسط سے مغربی یورپین اور اینگلو امریکن بلاک موجودہ حالات میں ہماری امداد کرسکتا ہے۔ ان ممالک سے گہرے اور قریبی تعلقات ایشیا میں سامراج مخالف مطالبات کے ہمنوا ہوسکتے ہیں۔

بین الاقوامی بریگیڈ

کہا جاتا ہے کہ پنڈت نہرو نے ایک بار کہا تھا کہ برطانوی سامراج کا قلعہ منہدم ہو رہا ہے۔ کیا وہ اس پوزیشن میں ہیں۔ کہ برطانوی دوستوں (جن میں اٹلی اور ماؤنٹ بیٹن بھی شامل ہیں) سے آپ کی نیک نیتی ثابت کرنے کے لئے ایشیا کے مقبوضات سے دستبردار ہونے کے لئے کہیں تاکہ ہندوستان کے لوگوں کو دولت مشترکہ میں شریک ہونے پر کوئی اعتراض نہ ہو۔ اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

سامراج مخالفت ایشیا کے ہر ملک کی سیاسی زندگی کا جزو رہی ہے اور ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا علم ہے کہ اس کی بنیاد پر تمام ممالک کو اس طاقت کے خلاف لڑنے کے لئے متحد کیا جاسکتا ہے جو ایشیا میں ان کی آزادی اور ان کے ملک کے لئے خطرہ ہے۔

اور یہ چیز حکومتوں کی سطح پر ہی حاصل ہوسکتی ہے ہندوستان کے عام باشندے پاکستان (جو کہ انڈونیشیا کی مسلم ہندوستان کے لوگوں سے کسی درجہ کم برہم نہیں ہیں) اور دوسرے ایشیائی ممالک کے اپنے انڈونیشی ساتھیوں سے اظہار ہمدردی کرنے کے لئے عملی طور پر کیا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔

میری یہ تجویز ہے کہ انڈونیشیا کی آزادی کی حفاظت کے لئے فوراً ایک بین الاقوامی بریگیڈ کی تشکیل کا اعلان کیا جائے۔ کیونکہ آج انڈونیشیا ہمارے لئے وہی درجہ رکھتا ہے جو ۱۹۳۶ء میں یورپ کے لوگوں کے لئے اسپین کا تھا [illegible] ایک چیلنج ایک اتحاد اور آزادی کی محبت کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے ایک موقع۔ (ترجمہ از انصاری)

بمبئی۔ ۱۸ جنوری۔ [illegible] جی آئی پی ریلوے کے ملازمین کی اسٹرائیک بیلٹ سے پتہ چلتا ہے کہ [illegible] ممبروں نے اسٹرائیک کے حق میں اور [illegible] نے اس کے خلاف ووٹ دیا۔

تیرہ مختلف سینٹروں سے ووٹنگ کے نتائج آنا باقی ہیں۔ [illegible]

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزانہ الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک پچاس انچ .... -/-/۳ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ .... -/-/۲ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے
منیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

بقیہ دارالسلطنت

ناظم اوقاف کی طرف سے شکریہ

جناب شوکت علی صاحب عباسی ناظم مجلس اوقاف نے جلسہ سیرت النبی منعقدہ ۱۴/۱۵ جنوری کے سلسلہ میں حسب ذیل بیان دیا ہے۔

۱۴/۱۵ جنوری کو مجلس اوقاف کی طرف سے جامع مسجد میں جو بے مثال تاریخی اجتماع ہوا، اور اکابر امت اور علماء کرام نے اس جلسہ میں شرکت فرماکر فرزندان توحید کو اپنے پند و موعظت سے استفادہ کا موقع بخشا، اس پر میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

مجھے افسوس ہے کہ میں ان حضرات کا ان کی شایان شان استقبال نہ کرسکا۔ اور نہ ان کی تواضع و خدمت کا حق ادا کرسکا۔ اس کے لئے میں ان حضرات سے معذرت خواہ ہوں، اور امید رکھتا ہوں کہ میری اور میرے ساتھیوں کی لغزشوں کو معاف فرمائیں گے اور آئندہ بھی مسلمانان دہلی کو استفادہ کا موقع دیتے رہیں گے۔

میں اس سلسلہ میں عام مسلمانوں سے بھی امید کروں گا کہ اگر انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی رہ گئی تھی تو وہ اسے درگذر فرمائیں گے۔

اپنے ساتھیوں میں حضرت مولانا سجاد حسین صاحب مولانا اخلاق حسین قاسمی، قاری محمد یوسف صاحب، محمد اسمٰعیل صاحب غوری، عبدالودود خاں، مولانا سید محمد فاروق صاحب اور دوسرے تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس اہم کام میں میرا ہاتھ بٹایا اور یہ کام عظیم بخیر و خوبی انجام پاگیا۔

فراشخانہ میں جلسہ سیرت النبی

فراش خانہ کرّہ دھوبیاں کے جلسہ سیرت پاک کا آج ۱۹ جنوری کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

قاری محمد عثمان صاحب	تلاوت
خلیل الرحمن صاحب بے ہوش	نعت
حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب	تقریر
مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی	”
حضرت مولانا قاضی سجاد حسین صاحب	

جلسہ ٹھیک ۷ بجے رات کو شروع ہوجائے گا سامعین کو وقت کا خیال رکھنا چاہئے۔

دہلی میں اموات و پیدائش

۱۸ جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں ۴۲۵ بچے پیدا ہوئے اور ۱۴۹ مرے۔

ناجائز شراب پر چھاپہ!

پیر کے روز دہلی پولیس نے تین مقامات پر چھاپہ مارا اور ۱۸۰ ناجائز شراب کی بوتلیں پکڑیں اور چھ آدمی گرفتار کئے گئے۔

دہلی میں انتخابی فہرستوں کی تیاری

دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] اسمبلی کے لئے انتخابی فہرستیں تیار کی جارہی ہیں اور اسپیشل اسٹاف اس کام پر لگادیا گیا ہے۔ امید ہے کہ ۱۵ فروری تک یہ کام مکمل ہوجائے گا۔ عوام کو چاہئے کہ میونسپلٹی کے اسٹاف کے ساتھ تعاون کریں۔ اور ان کو ضروری معلومات فراہم کریں۔

دہلی پولیس کے لئے ٹیلیفون ایکسچینج

دہلی ۱۹ جنوری۔ پولیس کو ان کے کاموں میں سہولت دینے کے لئے محکمہ ٹیلیفون نے ہر ایک تھانہ میں ایک علیحدہ ٹیلیفون لگا دیا ہے اس مقصد کے لئے نئی دہلی اور پرانی دہلی میں دو ٹیلیفون ایکسچینج بھی قائم کردیئے گئے ہیں۔

پولیس نے ایک اور خفیہ پریس کا پتہ لگا لیا

دہلی ۱۹ جنوری۔ گذشتہ شب صدر بازار میں ایک مکان پر چھاپہ مارکر دہلی پولیس نے ایک خفیہ پریس کا پتہ لگایا ہے۔ یہ پریس دریا آرٹ پریس ہے اور جنگل والی مسجد کے نزدیک واقع ہے۔

اسی مکان میں سے پولیس کو سیکڑوں سنگھ کے اشتہارات پمفلٹ اور دوسرا لٹریچر ملا ہے۔ یہ دوسرا پریس ہے جو اس ہفتہ کے اندر دہلی پولیس نے پکڑا ہے۔ یہ چھاپہ پنڈت جگن ناتھ نے مارا تھا۔

پولیس نے سنگھ کے پانچ کارکنوں کو بھی گذشتہ شب مختلف مقامات پر مظاہرہ کرنے پر گرفتار کیا ہے۔

مسٹر نقوی کی آمد

دہلی ۱۹ جنوری۔ بہار پی ڈبلیو ڈی کے ڈپٹی ڈائرکٹر مسٹر ایس ایم نقوی یہاں آگئے ہیں۔

نیوز پرنٹ کی چوری

دہلی ۱۹ جنوری۔ شاہدرہ اور غازی آباد کے درمیان ایک مال گاڑی کے ڈبہ سے ہزاروں روپیہ کا نیوز پرنٹ کاغذ چرالیا ہے۔

تانبے کے تاروں کی چوری

دہلی ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی ریلوے اسٹیشن کے بالمقابل بیٹری چارجنگ روم سے دو سو گز تانبے کا تار چوری کرلیا گیا ہے۔

سائیکل چھین لی گئی

دہلی ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ کل رات سبزمنڈی میں ایک سائیکل سوار کو پکڑ کر اس کی سائیکل اور کچھ نقدی چھین لی گئی۔

کانگریس کمیٹی کے دفتر میں ہندی تعلیم

مسز نعمت النساء [illegible] سکریٹری ضلع کانگریس کمیٹی بذریعہ اطلاع دیتی ہیں کہ کانگریس کمیٹی کے دفتر واقع بازار [illegible] میں کانگریس کمیٹی کی جانب سے مفت ہندی تعلیم کا انتظام کر دیا گیا ہے اور روزانہ شام کو ۸ بجے سے ۹ بجے تک ہندی کی تعلیم دی جاتی ہے ہندی تعلیم کا افتتاح دہلی کانگریس کے صدر [illegible] نے کیا تھا۔

چوہوں نے چار آدمیوں کی جان بچالی

لندن ۱۸ جنوری۔ لندن کے شمالی حصہ میں ایک مکان کے اس کمرے میں آگ لگ گئی جس میں گھر کے چار افراد سو رہے تھے۔ آگ کے شعلوں سے ڈر کر چوہوں نے اودھم مچانا شروع کر دیا۔ چوہوں کے شور کے باعث سوتے ہوئے آدمی جاگ اٹھے۔ اس طرح ان لوگوں نے بر وقت آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا اور ان کی جان بچ گئی اس کے بعد فائر بریگیڈ نے موقعہ پر پہنچ کر آگ بجھائی۔

حکومت پاکستان نے مہاجرین کو سندھ آنے سے روک دیا

سندھ میں جگہ نہیں ہے نئے آنے والوں کو پریشانی کا سامنا ہوگا

کراچی ۱۹ جنوری۔ حکومت پاکستان نے ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا ہے کہ صوبہ سندھ اب مزید مہاجرین کو کھپانے کے قابل نہیں رہا ہے۔ اور اس میں جگہ نہیں ہے۔

پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ نئے آنے والوں کی آبادکاری کے لئے بمشکل ہی جگہ نکلے گی اور اگر مہاجرین کا یونہی تانتا بندھا رہا تو اس کا نتیجہ نہ صرف یہ ہوگا کہ مقامی حکام کے لئے مشکلات پیدا ہوں گی کہ وہ ان کو آباد کرسکیں بلکہ ان کو بے شمار مصائب اور مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑے گا۔ لہذا یہ خود مہاجرین کے مفاد میں ہے کہ وہ اپنی آبادکاری کے لئے سندھ کی طرف نظریں نہ اٹھائیں۔

سندھ گورنمنٹ نے بھی اعلان کیا ہے کہ تازہ ترین اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ یہاں سے جانے والوں کی تعداد تقریباً ۸۲۱۰۰۰ ہے اور ان کی جگہ ۶۱۴۰۰۰ مہاجرین باہر سے آکر یہاں آباد ہوئے ہیں۔ (اے پ)

مشرقی پنجاب کی ریاستوں کے انضمام کا مطالبہ

لدھیانہ ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب اسٹیٹس اور پٹیالہ یونین کے مشرقی پنجاب میں انضمام کے لئے عنقریب ایک تحریک شروع کرنے کے لئے شرومنی اکالی دل کے سامنے ایک تجویز رکھی جائے گی۔

اس قسم کی تحریک دیش سیوک سنگھ پہلے ہی شروع کرچکی ہے اور اس نے تفصیل سے اپنا پروگرام شائع کردیا ہے۔

خواجہ ناظم الدین کا دورہ مشرقی بنگال

ڈھاکہ ۱۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ ۲۹ جنوری کو اپنے پیدائشی شہر میں آئیں گے۔

آپ تین روز تک ڈھاکہ میں قیام کریں گے اور اس دوران میں سرکاری اور غیرسرکاری لوگوں کو انٹرویو دیں گے اور اس کے بعد باریسال اور گوپال گنج جائیں گے معلوم ہوا ہے کہ آپ چھ روز تک یہاں پر دورہ کریں گے۔

ڈھاکہ واپس آنے پر آپ ایک ایک روز کے لئے میمن سنگھ اور رنگپور میں قیام کریں گے اور ڈھاکہ [illegible] ایک روز قیام کرنے کے بعد آپ ۱۲ فروری کو کراچی واپس تشریف لے جائیں گے

ڈھاکہ کے دوران قیام میں آپ کو ڈھاکہ یونیورسٹی کی جانب سے ڈاکٹر آف لاء کی ڈگری دی جائے گی۔

گنے کی پیداوار سے متعلق کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ گنے کی پیداوار وغیرہ سے متعلقہ مسائل پر غور کرنے والی کمیٹی اور اس کی مختلف سب کمیٹیوں کی سالانہ میٹنگ زیر صدارت سردار داتار سنگھ [illegible] ۲ فروری سے ۴ فروری تک منعقد ہوگی۔ اس میٹنگ میں گنے کی پیداوار سے متعلق ریسرچ سٹیشن قائم کرنے اور کھانڈ کی صنعت کی حفاظت کے سوال اور گڑ کی پیداوار کے متعلق مختلف سب کمیٹیوں کی رپورٹوں پر غور کیا جائے گا۔

شہزادی مارگریٹ امریکہ جائیں گی

پیرس ۱۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ کی شہزادی مارگریٹ عنقریب ریاستہائے متحدہ امریکہ جارہی ہیں۔ شہزادی امریکہ کی امیرترین خاتون مسز جیکب بلسن کے پاس ٹھہریں گی۔ جو مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کی دادی ہے۔ ایک افواہ ہے کہ شہزادی مارگریٹ مارکوئیس آف بلینڈ فورڈ کے ساتھ شادی کریں گی۔

مدراس میں کمیونسٹ سرگرمیاں

مدراس ۱۸ جنوری۔ مسٹر گوپالا ریڈی نے کل مدراس اسمبلی میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ کو اس قسم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ ریاست حیدرآباد کی سرحد سے ملنے والے ضلع کرشنا میں [illegible] تعلقہ کے دیگر دیہات میں کمیونسٹوں نے کئی اشخاص کو قتل کردیا۔ اور حکومت کمیونسٹ سرگرمیوں کو روکنے کے لئے ضروری اقدام کررہی ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ گورنمنٹ کو علم ہے کہ گذشتہ تین ماہ میں بیزواڑہ میں کمیونسٹوں نے تقریباً ۲۵ کانگریسیوں کو قتل کیا اور یہ ٹھیک ہے کہ حکومت کے پاس ایسی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ یہ سب کچھ پولیس کی نگرانی کے باوجود ہوا۔ اور اب گورنمنٹ کمیونسٹ خطرہ کو دبانے کے لئے مزید قدم اٹھانے کا فیصلہ کر رہی ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں بتایا گیا کہ مشہور کانگریسی لیڈر مسٹر [illegible] پرشاد کو گذشتہ جولائی میں کسی شخص نے چھرا گھونپ دیا تھا۔ لیکن ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ کیونکہ پولیس اس کا کوئی سراغ نہیں لگا سکی۔

زیکوسلواکیہ کی کمیونسٹ حکومت کے خلاف بغاوت

وانا ۱۸ جنوری۔ پراگ سے آمدہ اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ دو تین ہفتہ پیشتر زیکوسلواکیہ میں کمیونسٹ حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے مسلح بغاوت کی گئی تھی۔ اس کی تفصیل معلوم نہیں ہوسکی۔ [illegible] حکومت کے خلاف سرگرمیوں میں حصہ لینے کے الزام میں [illegible] جو لوگ گرفتار کئے گئے ہیں [illegible] حکومت زیکوسلواکیہ کے خلاف بغاوت کرنے کی [illegible] (گلوب)

پاکستان جانیوالا حیدرآبادی وفد

حیدرآباد دکن ۱۹ جنوری۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان پرمٹ سسٹم کے باعث [illegible]

ہندوستان اور افغانستان کے تعلقات مضبوط ہوجائیں گے

نئی دہلی ۱۸ جنوری۔ کابل کے اخبار ”انیس“ کے ایڈیٹر مسٹر محمد ہاشم نے آج یہاں کے اخبار نویسوں کو بتایا کہ افغانستان کے لوگوں کو اس بات پر از حد خوشی ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے انڈونیشین جھگڑے پر ایشیائی ملکوں کی کانفرنس بلائی ہے۔ آپ نے بتایا کہ ہندوستان کے اس اقدام سے ایشیا کے ملک ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ایک ہوجائیں گے۔ چاہے یہ انڈونیشیا کا سوال ہو یا کسی اور ملک کا۔ ایشیائی ممالک کو ایک ہوکر دنیا کے امن کی حفاظت کرنی ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ افغانستان کی حکومت اور وہاں کے لوگ اس کانفرنس میں شامل ہونے پر بہت خوش ہیں۔ مسٹر ہاشم نے بتایا کہ میں ہندوستان یہ دیکھنے آیا ہوں کہ یہاں کے حالات کیسے ہیں۔ ہندوستان اور افغانستان میں قریبی تعلقات رہے ہیں۔ اب کہ ہندوستان آزاد ہوچکا ہے مجھے امید ہے کہ دونوں ملکوں کی تمدنی اور اقتصادی تعلقات پھر استوار ہوجائیں گے۔ (اے پ)

پٹیالہ یونین کی عبوری حکومت

کانگریسی لیڈروں کا اظہار تشویش

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ کل شام ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے پٹیالہ اور مشرقی پنجاب ریاستی یونین کانگریس کے ایک ترجمان مسٹر تارا چند گپتا نے کہا کہ یونین کانگریس کے جھنڈے تلے کسان مہاراجہ پٹیالہ کے نامزد سردار گیان سنگھ راڑیوالا اور ان کے ساتھیوں پر مشتمل عبوری حکومت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں اور وہ اس کی ہر حالت میں مخالفت کریں گے۔ یونین کانگریس کے صدر مسٹر برش بھان کی ناگزیر غیر حاضری میں مسٹر گپتا نے تقریر کی اور انہوں نے مسٹر برش بھان کی لکھی ہوئی تقریر کو پڑھا۔ آپ نے کہا ۲۵ جنوری کو جب کہ عبوری حکومت چارج لے گی۔ تمام یونین میں اس کے خلاف مظاہرے کئے جائیں گے اور [illegible] شروع کیا جائے گا۔ [illegible] کمیٹی کی منظوری [illegible] تیار کر لی گئی ہے۔

آپ نے یہ بھی انکشاف کیا کہ کانگریسی لیڈروں کے ساتھ [illegible] کارروائی کے نوٹس جاری کردیئے گئے ہیں۔ ان حالات کا ذکر کرتے ہوئے جس کے پیش نظر [illegible] اور گیانی گوربچن سنگھ مسافر نے جو آپ کو کانگریسی ظاہر کرتے ہیں ملکر ریاستی محکمہ کو گمراہ کیا ہے اور یہ دونوں اس عبوری حکومت کا باعث ہیں جس کو بناتے وقت نہ صرف ریاستی کانگریس کو پس پشت ہی ڈالا گیا ہے بلکہ اس کے پس پردہ ریاستی کانگریس کو ختم کرنے اور کچلنے کے منصوبے بھی باندھے جارہے ہیں۔

ڈاکٹر بنچ نے استعفیٰ دیدیا

مجلس تحفظ کے نام خط

رہوڈس ۱۹ جنوری۔ ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کے لئے اقوام متحدہ کی طرف سے مقرر کئے ہوئے ثالث ڈاکٹر بنچ اپنے عہدے سے علیحدہ ہوجائیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے مجلس تحفظ کو ایک خط لکھا ہے جس میں تحریر کیا ہے کہ چونکہ فلسطین میں اقوام متحدہ کا مصالحتی کمیشن جلد ہی اپنا کام شروع کرنے والا ہے اس لئے میری خدمات کی ضرورت نہیں ہے اس لئے مجھے اس عہدہ اور فرض سے سبکدوش کیا جائے۔

حکومت امریکہ کا تختہ الٹنے کی سازش

[illegible]

جس عدالت میں ان کمیونسٹوں کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہو رہی ہے اس کے اردگرد مسلح پولیس کا پہرہ لگا دیا گیا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ اس مقدمہ کی سماعت تقریباً تین ماہ تک جاری رہے گی۔ (گلوب)

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر کیجئے

اردو ہندی ٹیچر
صرف ایک ہفتہ میں ہندی سیکھیں
ہندی اب بھارت کی قومی زبان قرار دی جارہی ہے [illegible]
قیمت [illegible]
فرینڈز [illegible] دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟
[illegible]
منیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان دہلی

کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں
[illegible]
محمد سلیم الدین ولد عبدالحکیم جراح فراشخانہ دہلی

یہ دور اہا!
ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر
[illegible]
ہراساں نہ ہوجیے مستقبل روشن ہے
[illegible]
الجمعیۃ بکڈپو - گلی قاسم جان - دہلی

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)
”تین ہزار روپیہ کے انعامات“
داخلہ کی آخری تاریخ ۱۱ فروری ۱۹۴۹ء
پہلا انعام [illegible]
دوسرا انعام (ایک غلطی) [illegible]
تیسرا انعام (دو غلطی) [illegible]
[illegible]
فیس داخلہ [illegible]
مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۳ (ڈی) جی ٹی روڈ لاہور

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز ران کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان
ہمارے جہازوں کی آمد و رفت
باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کرسکیں گے۔ تفصیلات کیلئے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ دہلی نمبر ۷۰

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵
تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے
جلد ۳۱
دہلی یوم ہفتہ ۲۱ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۴۹ء
نمبر ۱۸ سلسلہ
بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

جمہوری لیڈر دہلی آسکتے ہیں
ڈچ حکومت کو اعتراض نہیں

بٹاویہ ۔ ۲۰ جنوری ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اگر جمہوری انڈونیشیا کے لیڈر دہلی کی ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے جانا چاہیں تو ڈچ حکومت کو کوئی اعتراض نہیں کرے گی ۔

نئی دہلی میں انڈونیشیا کے معاملہ پر ایشیائی ممالک کی تاریخی کانفرنس شروع ہوگئی

ایشیا اب اپنی آزادی میں کسی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرسکتا

کانفرنس میں پنڈت نہرو کا ولولہ انگیز خطبۂ صدارت

ایشیائی آزادی کا علم بلند رکھنے کا اعلان ۔ اور یورپ کی جارحانہ قوموں کو انتباہ

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۰ جنوری ۔ [illegible] کی سفارش کریں گی جو انڈونیشیا میں امن قائم رکھنے کے لئے ضروری ہیں ۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو جنہوں نے کانفرنس کی کارروائی کا آغاز کیا ۔ ہال کے وسط میں میز پر بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے اِدھر اُدھر نصف دائرہ میں افغانستان ، آسٹریلیا ، برما ، لنکا ، چین ، مصر ، ایران ، عراق ، لبنان ، نیپال ، پاکستان ، فلپائن ، سعودی عربیہ ، سیام ، شام ، اور یمن کے نمائندے رونق افروز تھے ۔ ہندوستانی ڈیلیگیشن کے ممبر پیچھے کی جانب قطار میں بیٹھے تھے ۔ جو نشستیں حبش اور نیوزی لینڈ کے مشاہدات تھے وہ خالی پڑی تھیں [illegible] ۔

[illegible]

ڈربن میں اموات کی تعداد ۱۲۹ تک پہنچ گئی

گرد و نواح میں اب بھی لاشیں مل رہی ہیں

ڈربن ۲۰ جنوری ۔ ڈربن کے تین دن کے فسادات میں اموات کی تعداد ۱۲۹ تک پہنچ گئی ۔ [illegible]

ڈربن میں کل سے حالات تیزی سے درست ہو رہے ہیں [illegible]

برطانوی دارالامراء میں انڈونیشیا کا مسئلہ

قدامت پسندوں کی جانب سے ڈچوں کی حمایت

لندن ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

ایشیائی کانفرنس کی کامیابی کی دعا

مصری لیڈر کا پنڈت نہرو کو تار

قاہرہ ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

دولت مشترکہ کے وزراء خارجہ کی کانفرنس

آئندہ مئی میں لنکا میں ہوگی

لندن ۲۰ جنوری ۔ ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے [illegible]

چین کے متعلق برطانوی پالیسی کا اعلان

دارالامراء میں نائب وزیر خارجہ کا بیان

لندن ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

نیتاجی بوس کا یوم پیدائش منانے کا شاندار پروگرام

جلسے جلوس ، جھنڈہ کی پرچم کشائی اور لال قلعہ کے سامنے ۵۲ توپوں کی سلامی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

شمالی ہندوستان کے مسلمانوں کی پیروی کرو

صدر کانگریس کا جنوبی ہند کے مسلمانوں کو مشورہ

مدراس ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

پارلیمنٹ کی لیبر پارٹی کا اجلاس

مسٹر بیون شریک نہیں ہوئے

لندن ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

بے مثال اجتماع

[illegible]

حکومت چین کا نانکنگ سے فرار

[illegible]

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا
ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

کلکتہ میں طالبعلموں کے ہجوم پر پولیس کا فائرنگ

۴ ہلاک ۔ ۱۵ زخمی ۔ ۹ ٹراموں میں آگ لگا دی گئی

کلکتہ ۱۹ جنوری ۔ کل شام کو کالج اسٹریٹ میں [illegible]

ہاوڑہ میں گولی چل گئی

دو کانسٹبل ہلاک اور دو زخمی

کلکتہ ۱۹ جنوری ۔ ہاوڑہ میں ایک پولیس کے سپاہی نے کانسٹبلوں کے گروہ پر گولی چلا دی جس سے دو کانسٹبل ہلاک اور دو زخمی ہوگئے ۔ [illegible]

جے پور میں سنگھیوں کی پھر شورش

جے پور ۱۹ جنوری ۔ [illegible]

پراونشل کانگریس کمیٹی کا حالیہ فیصلہ غلط اور خارج از اختیار ہے

وزیر اعظم بھوپال پنڈت چتر نرائن اور صدر کانگریس مولانا طرزی کا بیان

بھوپال (ڈاک) ۔ [illegible]

۳۰ جنوری کو گاندھی جی کی یاد مناؤ

مسٹر جے پرکاش نرائن کی اپیل

نئی دہلی ۱۸ جنوری ۔ [illegible]

یہودیوں اور مصریوں کی گفت و شنید نازک ترین مرحلہ پر

عارضی صلح کی پوزیشنوں کے متعلق اختلاف رائے

رھوڈس ۱۹ جنوری ۔ [illegible]

انڈونیشیا کی قسمت کا فیصلہ انڈونیشیا کی سرزمین پر ہوگا

انڈونیشی نمائندہ مسٹر ادہم کی جانب سے ہند اور پاکستان کا شکریہ

لاہور ۔ جنوری ۔ [illegible]

چین کی نازک حالت

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

[illegible]

ہندوستانی ہائی کمشنر کی رپورٹ

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

ریلوے ملازمین کے متعلق دہلی میں گفت و شنید

مسٹر گوپال سوامی آینگر اور مسٹر جے پرکاش کی ملاقات

نئی دہلی ۱۹ جنوری ۔ [illegible]

جنوبی افریقہ کے فسادات پر امریکن اخبارات کا تبصرہ

نسلی امتیاز کیلئے کسی وقت زبردست قیمت ادا کرنی ہوگی

[illegible]

سماترا کی حکومت کا خط

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

جمعیت علماء شہر میرٹھ کا انتخاب

دہلی ۱۹ جنوری ۔ میرٹھ جمعیت علماء کے انتخابات کے نگران حضرت مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی نے حسب ذیل بیان دیا ہے [illegible]

ڈچ حکومت نے ڈاکٹر شہریار کو رہا کر دیا

انڈونیشیا میں فیڈرل حکومت بنانے میں پہلا قدم

بٹاویہ ۱۹ جنوری ۔ [illegible]

انسانی زندگی میں عجیب و غریب انقلاب
۸۰ سال کا بڈھا اور ۲۰ برس کا جوان

[illegible]

ڈواس فارمیسی (D.A) فراشخانہ دہلی

وہ بنڈل تھا
یہ لیبل ہے اور کس طرح بتاؤں کہ یہ اصلی بیڑی
ستارہ چھاپ ، ہی جو سمجھدار آدمی پیتے ہیں ۔
مسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

ایشیائی کانفرنس میں جمہوریہ انڈونیشیا کا میمورنڈم

تمام ایشیائی ممالک سے ہر قسم کی امداد کی اپیل

ڈچ فوجوں کے انخلاء اور آزاد انڈونیشی حکومت کے قیام کا مطالبہ

نئی دہلی ۲۰ جنوری

ایشیائی کانفرنس جس میں انیس ممالک کے نمایندے حصہ لے رہے ہیں انڈونیشی نمایندوں کے بارہ نکات پر مشتمل میمورنڈم پر غور کرے گی۔ ان نکات کا منشا یہ ہے کہ انڈونیشیا میں ایک طرف جمہوری حکومت قایم رہے اور دوسری طرف داخلی سیاسی سمجھوتہ کے لئے فضا پیدا ہو۔ سفارشات یہ ہیں انڈونیشی لیڈروں کی فوری اور غیر مشروط رہائی ڈچ فوجوں کی ان مورچوں پر پسپائی جہاں وہ ۱۸ دسمبر کو تھیں اور بحری ہوائی اور فضائی ناکہ بندی کا خاتمہ ہو ڈچوں [illegible]

سیاسی سمجھوتہ کی شرطوں میں ایک عارضی اور خالص قومی حکومت کا قیام اور یکم جنوری [illegible] تک انڈونیشیا سے تمام ڈچ فوجوں کے انخلا کی شرطیں شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کی نگرانی میں یکم جون تک دستور ساز اسمبلی کے عام انتخابات کی تجویز بھی کی گئی ہے۔ کانفرنس کے ڈیلیگیشنوں سے درخواست کی گئی ہے کہ [illegible] کانفرنس کے سامنے پیش کرنے کے لئے ایک قرارداد میں شامل کر لیں۔

میمورنڈم میں کہا گیا ہے کہ مجلس تحفظ کی منظوری کے بعد [illegible] اس [illegible] کی خلاف ورزی کریں تو ان کے خلاف اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعات [illegible] کا اطلاق کیا جائے۔ ان دفعات میں ہر قسم کی تعلقات بحری ہوائی ٹیلیفون مواصلات کو ختم کرنے سیاسی تعلقات کو منقطع کرنے اور اقتصادی ناکہ بندی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

اور اگر مجلس تحفظ [illegible] کے خلاف کوئی اقدام کرنے سے قاصر رہے تو [illegible] میں تجویز کیا گیا ہے ...... کہ کانفرنس میں شریک ہونے والے ممالک کو چاہیے کہ وہ خود دفعہ [illegible] پر عمل کریں اور اسی سلسلہ میں ان سب ممالک کے مابین ایک قسم کا رابطہ قائم ہو۔

جن ممالک کے نمائندے پہنچ چکے ہیں وہ کل شام [illegible]

[illegible] کے بعد [illegible] کونسل کا ایک [illegible] منعقد ہوا ہے [illegible] حیدرآباد ہاؤس میں منعقد ہوگا۔

اس وقت سات انڈونیشی لیڈر دہلی میں موجود ہیں۔ اگر کانفرنس نے انڈونیشی نمائندہ کو اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کے لئے طلب کیا تو ڈاکٹر مرامس سابق وزیر ماحیات جمہوریہ انڈونیشیا کانفرنس میں اپنی جمہوریہ کی طرف سے کیس پیش کریں گے۔

میمورنڈم کے تین حصے

انڈونیشی میمورنڈم تین حصوں میں منقسم ہے پہلا حصہ ان واقعات پر مشتمل ہے جو ڈچوں کی فوجی کارروائی سے قبل گزشتہ تین سال کے اندر انڈونیشیا میں پیش آئے۔ دوسرا حصہ ان مذاکرات اور مسائل سے متعلق ہے جن کے فیصلے ہونے کے بعد انڈونیشیا اور ڈچوں کے درمیان سمجھوتہ ہو سکتا ہے۔ اور تیسرا حصہ ان سفارشات پر مشتمل ہے جو ایشیائی کانفرنس کے سامنے غور کے لئے [illegible] پیش کی گئی ہیں [illegible]

سیاسی سمجھوتہ

[illegible]

امداد

میمورنڈم میں کانفرنس میں شریک ہونے والے تمام ممالک سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ جمہوریہ انڈونیشیا کو کپڑا اور دوا اور اسی قسم کا دوسرا سامان بہم پہنچائیں [illegible]

کانسٹبل کو پیٹنے پر ۱۲ گرفتاریاں

لکھنؤ ۱۰ جنوری۔ گورکھپور کی ایک اطلاع ہے کہ ایک ٹولانگ کانسٹبل کو زدوکوب کرنے کے الزام میں ۱۲ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ معاملہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ٹولانگ کانسٹبل نے ایک شخص کو ٹاؤن کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر پکڑا لیکن جب وہ اسے کوتوالی لے جانے لگا تو گرفتار شدہ شخص کی حمایت میں کچھ لوگوں نے کانسٹبل کو گھیر لیا اور زدوکوب کیا جس سے کانسٹبل کے شدید چوٹیں آئیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ۱۲ گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ جن میں منڈلی کانگریس کمیٹی کے سکریٹری بھی شامل ہیں۔ (ا ن س)

مجلس تحفظ ڈچ فوجوں کو پیچھے ہٹنے کا حکم دے گی

نیویارک ۱۹ جنوری۔ انڈونیشیا پر عام بحث ختم ہونے کے بعد اس وقت سکیورٹی کونسل کے سامنے یہ مسئلہ ہے کہ اس سلسلہ میں ایک امریکی ریزولیشن پاس کیا جائے جس میں انڈونیشیا کو آزاد کرنے کے لئے ایک معین عرصہ کا ذکر کیا جائے اور حکومت ہالینڈ اسے منظور کر سکے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت ہالینڈ ری پبلکن لیڈروں کی غیر مشروط رہائی کا مطالبہ تسلیم کرے گی لیکن اگر سکیورٹی کونسل نے ڈچ فوجوں کو حال ہی کی فوجی کارروائی سے پہلے کے مورچوں تک پیچھے ہٹنے کا حکم دیا تو وہ اس حکم کو تسلیم نہیں کرے گی۔ اس [illegible] سکیورٹی کونسل ڈچ فوجوں کو پیچھے ہٹنے کے متعلق کوئی ایسا فارمولا تیار کر سکے جو لندن والوں کو بھی منظور ہو تو ممکن ہے کہ اس قسم کے ریزولیشن کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔ جہاں تک انڈونیشیا کی آزادی کے سوال کا تعلق ہے تمام ممبر اس پر متفق ہیں اور غالباً ہالینڈ بھی اس کے متعلق سکیورٹی کونسل کا فیصلہ منظور کر لیگا۔ (رائٹر)

سنگھ کی تحریک کے خاتمہ کا امکان

میرٹھ ۲۰ جنوری۔ یونائیٹڈ پریس آف انڈیا کے نمائندہ نے اطلاع دی ہے کہ راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ کے مسئلہ کے خاطر خواہ حل کے امکانات اب روشن نظر آرہے ہیں۔ سنگھ کے ستیہ گرہ کو بند کرانے کے سلسلہ میں پونہ کے اخبار کیسری کے ایڈیٹر مسٹر جی وی کیتکر نے جو گفت و شنید جاری کی ہے اس کی کامیابی کے امکانات بہت نمایاں ہیں۔ [illegible]

جنوبی افریقہ کے انتخاب کا جھگڑا

دو ممبروں کا اپنے انتخاب پر اصرار

کیپ ٹاؤن ۲۰ جنوری۔ جنوبی افریقہ کے ایک سینیٹر مسٹر [illegible] اور اس کی بیوی ممبر پارلیمنٹ کے انتخابات کو افسر انتخاب نے ناجائز قرار دے دیا ہے۔ لیکن یہ دونوں اس پر مصر ہیں کہ وہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں جو جمعہ کے دن [illegible] جنوبی افریقہ کے [illegible] حکومت کو ایک کی اکثریت حاصل ہو جائے گی لیکن ان کی جگہ بیٹھنے کی صورت میں ۲۲ ممبر حکومت کے اور ۲۲ حزب مخالف کے ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر شہریار دہلی آئیں گے

ایشیائی کانفرنس میں شرکت کا پروگرام

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ یہاں پر انڈونیشی حلقوں میں یہ خیال پایا جاتا ہے کہ [illegible] ڈاکٹر شہریار [illegible] ایشیائی کانفرنس میں شرکت کے لئے دہلی آئیں گے [illegible] ڈاکٹر سلطان شہریار کو دہلی لانے کے لئے حکومت ہند کوشش کر رہی ہے [illegible] وہ ایشیائی کانفرنس میں شرکت نہیں کریں گے۔ لیکن یہ ممکن ہے کہ ان کے ایک نمائندہ کو مدعو کیا جائے۔ [illegible] ایشیائی کانفرنس کے سامنے رکھیں گے۔

بٹاویہ سے رائٹر کی ایک رپورٹ مظہر ہے کہ قونصل جنرل [illegible] نے کل ڈاکٹر شہریار سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر شہریار کی جمہوری لیڈروں سے بھی ملاقات کی۔

امریکہ کا نیا وزیر خارجہ

سینیٹ نے تصدیق کر دی

واشنگٹن ۲۰ جنوری۔ مسٹر مارشل کی جگہ مسٹر ڈین ایچیسن کو امریکہ کا وزیر خارجہ مقرر کیا گیا ہے۔ سینیٹ کے اجلاس میں [illegible] اس تقرر کی تائید کی۔

ڈچوں نے شہریوں پر دھواں دھار بمباری شروع کر دی

مشرقی جاوا میں زبردست اتلاف جان

نئی دہلی ۲۰ جنوری۔ ڈچ فوجوں نے مشرقی جاوا کے [illegible] اندھا دھند بمباری کی [illegible] انڈونیشی [illegible]

وندھیا پردیش کے انضمام کی تحریک

وزارت کو عوام کا اعتماد حاصل نہیں

[illegible]

ایشیائی کانفرنس کے لئے ویٹ نام کا غیر سرکاری مشاہد

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ ایشیائی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے جمہوریہ ویٹ نام کا ایک غیر سرکاری مشاہد [illegible]

مسٹر انتھنی ایڈن دہلی آئیں گے

لندن ۱۹ جنوری۔ حکومت آسٹریلیا اور حکومت نیوزی لینڈ کی دعوت پر مسٹر انتھنی ایڈن سابق وزیر خارجہ برطانیہ کامن ویلتھ کے دورہ پر [illegible]

مشرقی پنجاب میں گرفتار شدہ سنگھی

[illegible]

پٹنہ میں طلبا کی بھوک ہڑتال جاری ہے

کئی طلبا کی حالت نازک

پٹنہ ۱۹ جنوری۔ سوموار کی رات کو ان ۲۰ طلبا کو ہسپتال لے جایا گیا جو گذشتہ ہفتہ سے وزیر تعلیم کے مکان کے سامنے بھوک ہڑتال پر ہیں۔

سوموار کی رات کو پولیس نے بھوک ہڑتالی طلبا پر لاٹھی چارج کیا۔ کیونکہ انھوں نے ہسپتال میں جانے سے انکار کر دیا تھا۔ اس خبر کو سن کر کل کالجوں اور اسکولوں کے طلبا غیر حاضر رہے اور انھوں نے زبردست مظاہرہ کیا۔

حکومت کی طرف سے لاٹھی چارج کی خبر کی تردید کی گئی ہے۔ پٹنہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے مکان کے سامنے طلبا کی بھوک ہڑتال جاری ہے۔

کل دوپہر کو ہزاروں طلبا نے جلوس کی صورت میں نعرے لگاتے ہوئے سرکاری دفاتر اور وزیر تعلیم [illegible] پولیس کو ان مقامات پر متعین کر دیا گیا ہے۔

وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے جو طلبا بھوک ہڑتال پر ہیں اس مسئلہ کے خطرناک صورت اختیار کر لینے کے پیش نظر کل کیبنٹ کی ایک خاص میٹنگ بلائی گئی تھی جس میں اعلے افسروں نے بھی شرکت کی۔

ایک سرکاری پریس نوٹ میں کہا گیا ہے: "وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے جو طلبا بھوک ہڑتال کر رہے ہیں ان میں سے ایک کی حالت خطرناک بیان کی جاتی تھی، اسے طبی امداد پہنچانا ضروری تھا [illegible]"

حکومت نے ان کی صحت کے پیش نظر مناسب سمجھا ہے کہ انھیں ہسپتال میں داخل کرا دیا جائے [illegible] بہار کے کالجوں کے طلبا نے مطالبہ کیا ہے کہ سہ ماہی امتحانات ختم کر دئے جائیں۔

کلکتہ میں شورش کو دبانے کیلئے فوج کی طلبی

فسادات کا دوسرا دن۔ پولیس پر مشتعل ہجوم کا حملہ

کلکتہ ۲۰ جنوری۔ کلکتہ میں صورت حال بجائے بہتر ہونے کے اور زیادہ خراب ہو گئی۔ شورش کے دوسرے دن بھی پولیس کو کئی راؤنڈ گولی چلانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ صورت حال کی اس ابتری کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر شورش جاری رہی تو پولیس کی امداد کے لئے فوج طلب کر لی جائے گی۔ جو پریذیڈنسی کالج کے میدان میں متعین ہوگی۔

کل کی فائرنگ میں پانچ افراد ہلاک اور ۵۸ زخمی ہوئے جن میں سے ۱۲ کو معمولی مرہم پٹی کے بعد ہسپتال سے خارج کر دیا گیا۔ کل کی شورش ۲ بجے دن کے قریب شروع ہوئی۔ طالب علموں اور دوسرے افراد کے ایک بہت بڑے مشتعل مجمع نے پولیس کے مردہ گھر کو گھیر لیا ان کا مطالبہ تھا کہ ان لوگوں کی لاشیں جو پرسوں کی فائرنگ میں ہلاک ہوئے تھے انھیں دیدی جائیں۔ مجمع ان لاشوں کو جلوس کی صورت میں مرگھٹ لیجانا چاہتے تھے۔

اس کے علاوہ شہر کے دوسرے حصوں میں بھی حادثات کی اطلاع ملی ہے جن میں پولیس پر تیر، پتھر، پٹاخے وغیرہ پھینکے گئے ٹراموں اور بسوں پر بھی حملے ہوئے۔

سب سے زیادہ اہم حادثہ

سب سے زیادہ اہم حادثہ ہیریسن روڈ اور [illegible] اوینیو کے اتصال پر ہوا یہاں پولیس پارٹی پر ایک بم پھینکا گیا جس سے [illegible] افراد زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں چار کانسٹبل اور ایک پولیس انسپکٹر بھی تھا زخمیوں کو فوراً ہسپتال پہونچایا گیا۔

شام کے وقت مغربی بنگال کانگریس کے صدر جب میڈیکل کالج ہسپتال سے زخمیوں کو دیکھ کر واپس آرہے تھے تو ہجوم نے ان کے ساتھ گستاخانہ برتاؤ کیا ان کی کار کو جو کمپاؤنڈ میں کھڑی ہوئی تھی سخت نقصان پہونچایا گیا۔ اس میں آگ لگا دینے کی بھی کوشش کی گئی۔

چونکہ ٹراموں اور بسوں پر پتھر پھینکے جا رہے تھے۔ اس لئے ہیریسن روڈ اور کالج اسٹریٹ پر ٹراموں کی آمد و رفت ۹ بجے صبح ہی بند کر دی گئی۔ بوبازار میں ساڑھے بارہ بجے کے قریب ٹراموں اور بسوں کی آمد و رفت بند ہو گئی۔

پریس نوٹ

مغربی بنگال کی حکومت نے کلکتہ کی موجودہ شورش [illegible] ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے [illegible]

تھوڑے تھوڑے وقفوں کے بعد پتھر اور اینٹیں برسائے جا رہے تھے اس لئے گاڑیوں کا راستہ تبدیل کیا گیا اور شام ادھر بسوں کو بند کر دیا گیا۔

چونکہ صورت حال زیادہ تشویش کا باعث ہو گئی تھی اس لئے پولیس کمشنر نے ۸ بجے شام سے صبح کے ۶ بجے تک کرفیو لگا دیا۔ یہ کرفیو یونیورسٹی کے علاقہ پر لگایا گیا۔ جس کے شمال میں ہیریسن روڈ [illegible] مشرق میں کالج اسٹریٹ اور سنٹرل ایوینیو مغرب میں ہے اس کے بعد طالب العلم آہستہ آہستہ غائب ہونے لگے۔

بعض طالب علموں نے ہیریسن روڈ پر جاتے ہوئے ایک جگہ آگ لگا دی۔ فائر بریگیڈ بلایا گیا۔ لیکن اس کو آگ بجھانے سے روک دیا گیا۔ اور مجمع نے اس پر پتھر برسائے۔

ایک ٹرام کے [illegible] ظاہر ہوتا ہے کہ طالب علموں کے ساتھ ایسے لوگ بھی تھے جو اس کام سے اچھی طرح واقف تھے۔ [illegible] دوپہر کے قریب بعض شرارتی لوگ پولیس کی لاریوں پر [illegible] اسکوائر آ گئے۔ اور وہاں جلوس کی شکل میں [illegible] کی عمارت میں داخل ہونے کی کوشش کی [illegible] پولیس نے ان کا پیچھا کیا [illegible] اسکوائر کے تالاب میں کود پڑے اور اس طرح پانی میں سے نکل کر بھی گئیں۔ یہاں بھی مجمع کو منتشر کرنے کے لئے اشک آور گیس استعمال کی گئی۔

دن میں ان واقعات کے سلسلہ میں ۱۵ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ فائرنگ سے ۳ افراد زخمی اور تین ہلاک ہوئے [illegible]

۷ بجے شام کے قریب فساد زدہ علاقہ میں سکون ہو گیا لیکن ۸ بجے کے قریب ایک پولیس پارٹی پر جو بازار کے قریب [illegible] ایک بم پھینکا گیا [illegible]

اس سلسلہ میں تحقیقات کرکے چند گرفتاریاں [illegible] کالج [illegible] اسکول اور سنسکرت کالج کو بند رہنے کا حکم دیا۔

جائدادوں کے تبادلہ یا فروخت کے لئے
بہترین طریقہ یہ ہے کہ دہلی امپروومنٹ ٹرسٹ کے آفیشل سیلنگ ایجنٹ
مسٹر یوسف بی اے (حاجی) سے ملئے یا خط و کتابت کیجئے۔
دفتر کا پتہ
شمسی کالج چوڑی والان دہلی
ملتانی بلڈنگ قطب روڈ دہلی

ڈاکٹری نسخے کے مطابق ہر قسم کے
چشمے تیار ہوتے ہیں
یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران نزد ڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

دولت کماؤ ہماری بنائی ہوئی چیزوں کی ایجنسی لے کر بغیر سرمایہ کے روزانہ کما سکتے ہیں۔
آزاد کیمیکل انڈسٹریز
ساگانیر دروازہ [illegible]

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء میں
حسین کشیدہ کاری
قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ
[illegible]
منیجر ماہنامہ بانو دہلی ۶

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۲ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

مدرسین کی ہڑتال

بڑے رنج اور دکھ کی بات ہے کہ یو۔ پی ڈسٹرکٹ بورڈ کے چالیس ہزار ٹیچروں نے ہڑتال کر رکھی ہے تمام طرف سے مظاہرے ہو رہے ہیں، تقریریں ہو رہی ہیں صدائے احتجاج بلند ہو رہی ہے اور عوام کی ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس گرانی کے زمانہ میں ہمیں اتنی تنخواہ تو دو جتنی وزیروں کے چپراسیوں کو دی جا رہی ہے یہ احساس کرتے ہی ہماری گردن ندامت کے مارے جھک جاتی ہے کہ ان مدرسین کو جو قوم کا دماغ بناتے ہیں اور جن کی جوتیاں سیدھی کرکے لوگوں کو وزارت کی کرسیوں پر جلوہ افروز ہونے کا موقعہ ملتا ہے ان کی تنخواہ اتنی بھی نہیں جتنی وزراء کے ان پڑھ چپراسیوں کی ہے! حکومت کو تو مدرسین کی اس زبوں حالی پر زیادہ نادم ہونا چاہیئے مگر نہیں بلکہ افسوس ہوا کہ مدرسین کے پر امن مظاہرے پر لکھنؤ کی پولیس نے لاٹھی چارج کیا جس میں کئی مدرسین اور طلبا اور دو لڑکیاں زخمی ہوئیں اور ایک لڑکی کو ہسپتال پہونچایا گیا! اس نظارہ کو دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ لاٹھی چارج سے انگریز کا زمانہ یاد آگیا، کیونکہ اس کی پولیس بھی کانگریسی لیڈروں اور ورکروں پر اسی بے رحمی کے ساتھ لاٹھی چارج کیا کرتی تھی اور اپنا قصور بے گناہوں پر تھوپا کرتی تھی، اس زیادتی نے لکھنؤ اور کانپور کی پبلک میں غم اور غصہ کی لہر دوڑا دی ہے، اور یوپی اسمبلی میں اس مسئلہ پر تحریک التوا پیش [illegible] کی اس کارروائی کے خلاف سخت احتجاج کیا ہے اور مدرسین کے مطالبات کو جائز بتایا ہے۔

یوپی میں چالیس ہزار مدرسین کی ہڑتال گورنمنٹ اور عوام کے ضمیر کو ایک کھلا چیلنج ہے، بہار کے پچاس ہزار مدرسین نے بھی ۱۵ فروری سے ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سوراشٹر کے ٹیچر بھی ہڑتال کے لئے پر تول رہے ہیں، مالابار سے بھی اسی قسم کی خبریں سننے میں آ رہی ہیں، اگر حکومت نے مدرسین کی حالت زار کا احساس کرکے ان کے مطالبے کو تسلیم نہ کیا اور اس کی راہ میں اقتدار پسند ذہنیت آڑے آئی تو ہمیں اندیشہ ہے کہ سوسائٹی کے اخلاق کو بہت بڑا دھکا لگے گا اور ہڑتال کی وبا عام شکل اختیار کرے گی، ذرا سوچئے یہ مدرسین جو دو روٹی کے لئے صدائے احتجاج بلند کرنے اٹھے ہیں کون ہیں؟ کیا یہ وہی لوگ نہیں ہیں جو تہذیب کا احساس پیدا کرتے ہیں جن کے ہاتھوں قوموں کی تشکیل ہوتی ہے، جو تربیت کے ذریعہ کیریکٹر کو [illegible] کرتے ہیں [illegible] ان کے شاگرد تو وزارتوں کی کرسیوں پر بیٹھ کر مزے اڑائیں اور ان غریبوں کو نان جویں تک میسر نہ ہو [illegible] تمدن اور علوم کی [illegible] پیٹ بھر کر روٹی بھی نہ ملے اور جب وہ احتجاج کریں تو ان پر لاٹھی چارج ہو! جو حکام ایسے لوگوں پر لاٹھی چارج کا حکم دیتے ہیں، بھلا غور کیجئے کہ ان بیچاروں کی حقیقت ان کے سامنے حیثیت ہی کیا ہے؟ یہ چھوٹے قسم کے لوگ جو صرف لاٹھی چلانا ہی جانتے ہیں ان بڑے لوگوں کی قدر کیا جانیں جن کی بدولت دنیا میں علم کا چراغ روشن ہے اور جن کی خدمات کے صدقہ میں وہ اس قابل ہوئے کہ حکومت کی مشین کو چلائیں۔

افسوس ہے کہ حکومت کے کسی بڑے آدمی نے آج تک ان شکستہ قسمت اور زبوں حال مدرسین کے حق میں تحسین و آفرین کا ایک لفظ منہ سے نہیں نکالا، بیسیوں سال سے یہ لوگ تھوڑی تنخواہ پر بہت بڑا کام کرتے چلے آئے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ صبر آزما مصائب کا مقابلہ کرکے ملک کے تعلیمی اور تہذیبی نظام کو پامردی کے ساتھ چلایا ہے مگر کسی نے ان پر رحم نہ کھایا نہ انہیں کبھی شاباشی دی مگر جب گرانی انتہا کو پہونچ گئی اور وہ لاچار ہو کر میدان میں آگئے تو بے حیثیت لوگوں کے ذریعہ ان پر لاٹھی چارج کرا دیا گیا اور لکھنؤ کے مجسٹریٹ صاحب نے اعلان کر دیا کہ ان پر کوئی لاٹھی چارج نہیں ہوا، گویا جو لوگ زخمی ہوئے انہیں مجسٹریٹ صاحب کی نظر کھا گئی اور وہ خود بخود زخمی ہو کر ہسپتال پہونچ گئے!

مدرسین کا مطالبہ کیا ہے؟ یہی ہے کہ ان کی بنیادی تنخواہ سو روپے ہونی چاہیئے۔ کیا گرانی کے اس زمانہ میں یہ تنخواہ کچھ زیادہ ہے؟ کیا حکومت سرمایہ داروں پر ٹیکس لگا کر [illegible] پھرتے ہیں کہ مدرسین کی ہڑتال ٹوٹنے والی ہے، اگر ٹوٹنے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے مطالبات پورے کر دیئے جائیں گے تو پھر ہڑتال کو ضرور ٹوٹ جانا چاہیئے لیکن اگر مطلب یہ ہے کہ مدرسین جب بھوکے مرنے لگیں گے تو خود ہی ہڑتال ختم کرکے اپنے کام پر واپس آجائیں گے تو ہمارے خیال میں اس قسم کا خیال انتہائی خطرناک اور انفعال انگیز ہے! کیا حکومت کے لئے یہ زیبا ہوگا کہ وہ مدرسین کے مرنے کا انتظار کرے اور ان کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھائے؟ خدا معلوم اس طرز عمل کے بعد اخلاق و تہذیب کو زندہ رہنے کا حق ہی کیا رہ جاتا ہے اور جو حکومت اس خیال کی ہو وہ کس طرح جمہوری اور عوامی کہلا سکتی ہے!

مدرسین کو بدنام کرنے اور ان کی ہڑتال کو ناکام بنانے کے لئے یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ اس تحریک کے پس پردہ کمیونسٹوں کا ہاتھ ہے! اس الزام کے صاف معنے یہ ہیں کہ مدرسین کو کمیونسٹ بننے کی دعوت دی جا رہی ہے، دنیا جانتی ہے کہ اس قسم کے پہلے الزاموں کی حیثیت فیشن سے زیادہ نہیں ہے اور حکومت اس قسم کے الزام لگا کر ملک کو کمیونزم سے بچا نہیں رہی ہے بلکہ اسے زبردستی کمیونزم کے منہ میں دھکیل رہی ہے!

اب حکومت کی فتح اسی میں ہے کہ وہ مدرسین کے مطالبات کو منظور کرے اور قبل اس کے کہ مدرسین لاچار ہو کر اپنی شکست کا اعتراف کریں اور ان کی شکست کو اپنی شکست تصور کرے اور اخلاقی طاقت کے ساتھ اپنی کمزوریوں کی تلافی پر آمادہ ہو جائے۔

کورا جواب

چین کی قومی حکومت کی حالت بہت ہی قابل رحم ہے [illegible] کائی شیک نے دم توڑنے سے پہلے روس اور برطانیہ سے درخواست کی کہ وہ درمیان میں پڑ کر کمیونسٹوں سے صلح کرا دیں [illegible] اس کا جواب [illegible] امریکہ سے [illegible] کہہ دیا کہ [illegible] روس نے تو اس سے انکار کر دیا [illegible] کمیونسٹوں کی آخری فتح یقینی ہے [illegible] اور کمیونسٹوں کے مقابلہ میں [illegible]

ہی قابو میں نہ آئیں گے، مفاہمت کے لئے تیار نہیں ہو سکتے۔ ایسی حالت میں حکم [illegible] فاتح [illegible] نمائندہ پالیسی پر! [illegible] کی بات ہے [illegible]

ہڑتالوں کی وبا

یوپی میں مدرسین نے ہڑتال کر رکھی ہے [illegible] بی این ڈبلیو ریلوے کے ملازمین [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

ولئن - تا - یوفکون (پ ۲۱ ع ۲)

آپ ذرا ان لوگوں سے پوچھیئے تو دیکھئے کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ اور سورج اور چاند کو ایک خاص نظام کے تحت کس نے چلایا؟ تو وہ یہی کہیں گے کہ ان کا خالق اور منتظم تو صرف خدا ہے، پھر حیرت ہے کہ یہ لوگ کیوں بھٹکتے پھرتے ہیں!

یعنی انسانی فطرت کی شہادت یہ ہے کہ زمین و آسمان کا خالق خدا ہے اور اسی کے قانون نے سورج اور چاند تک کو اپنی گرفت میں لے رکھا ہے، اگر انسانی فطرت اس حقیقت کا اعتراف کرتی ہے تو یہی فطرت ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ پھر انسان کو بھی کسی ضابطہ اور قانون کے تحت زندگی گذارنی چاہیئے کیونکہ یہ عجیب سی بات ہوگی کہ سورج اور چاند زمین و آسمان تو خدا کے طبعی قوانین کے تابع رہیں اور انسان خدا کے اخلاقی اور تشریعی قانون سے بے نیاز ہو کر زندگی گذارے۔ وہ ایسی زندگی گذار تو سکتا ہے اور گذار رہا ہے، مگر وہ جیسی کچھ ہے ظاہر ہے یعنی خدا سے بغاوت کا نتیجہ یہ ہے کہ دلوں کا سکون اڑ گیا ہے، اور روح بے چینی کی خلش سے زار زار ہو رہی ہے۔ اس پریشانی کا علاج یہ ہے کہ انسان اپنی فطرت کو سنوارے اور خدا کی طرف رجوع کرکے اپنے فرض کو پہچانے۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شایع نہ کی جا سکیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ [illegible] خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

مختلف شاخوں کے انتخابات

ٹانڈہ ۱۱ جنوری کو جمعیۃ علماء ٹانڈہ ضلع فیض آباد کا ایک جلسہ [illegible]

ہردوار [illegible] [illegible]

حلقہ سرد ہنہ [illegible]

فیروز آباد [illegible]

قصبہ سرد ہنہ [illegible]

بنارس حلقہ جنوبی [illegible]

قصبہ گنگوہ [illegible]

ضلع پلاموں [illegible]

قصبہ کوٹانہ تحصیل باغپت [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

صابر رسول

(از مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی "مدیر صدق")

پچھلے مصلحین دین کی فلاح و بہبود کا نقشہ [illegible]

[illegible]

بہترین رفیق حیات کا صدمہ

[illegible]

افغان ابھی تک سرحدی لوگوں کو قسمت کے فیصلہ کا حق دلانا چاہتے ہیں

پنڈت نہرو کی ایشیائی کانفرنس پر افغانستان کے ایڈیٹروں کا اظہار مسرت

کابل [illegible] جنوری

کابل کے پختون ٹولنہ (پشتو اکیڈمی) کے ڈائرکٹر جنرل اور کابل میگزین کے ایڈیٹر مسٹر عبدالرؤف بے نوا نے [illegible] کہا کہ افغانستان کے [illegible] سرحد کے لوگوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا موقع [illegible]

[illegible] ہندوستان کے ساتھ ملنا چاہتے ہیں یا پاکستان [illegible] افغانستان [illegible]

(بقیہ صفحہ ۳)

جمعیۃ علماء کی خبریں

(بقیہ صفحہ ۲)

بہرام پور [illegible] مدرسہ [illegible] منعقدہ [illegible] جنوری مولانا حکیم عبد الہادی صاحب صدر، حکیم مسعود احمد صاحب نائب صدر، مولوی عبد الحق صاحب ناظم اور محمد عبد الغنی عبد الرشید خاں [illegible]

ولیم پور جناب حاجی محمد امین صاحب صدر، منشی عزیز الرحمن صاحب نائب صدر، حکیم مبارک حسن صاحب سکریٹری، منشی رحیم الٰہی صاحب جوائنٹ سکریٹری، جناب حاجی محمد شفیع صاحب خزانچی اور حکیم مبارک حسن [illegible]

لکشمی جگدیش پور جلسہ منعقدہ [illegible] جنوری، زیر نگرانی جناب مولانا مولوی سید زکی الدین صاحب صدر جمعیۃ علماء پرتاب گڈھ، جناب حافظ محمد شفیع صاحب صدر، جناب کمال الدین صاحب نائب صدر، شمس الدین ناظم اعلیٰ، جناب نذیر الدین صاحب نائب ناظم اور جناب عبد الحمید صاحب۔ بیس ممبروں پر مشتمل مجلس منتظمہ بھی بنائی گئی اور کمال الدین صاحب، وباج الدین صاحب، عبد الحمید صاحب اور شمس الدین صاحب کو نمائندگان [illegible]

جمعیۃ علماء جودھپور

اور حکیم محمد علیصاحب غوری

جودھپور [illegible] حال میں حضرت مولانا [illegible] صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے جودھپور دارا الحکومت کی جمعیت کی دعوت پر ریاست جودھپور، پالی اور [illegible] کا دورہ فرمایا اور پرُ اثر تقاریر فرمائیں [illegible]

[illegible]

ہم جناب حکیم محمد علیصاحب غوری کے ساتھ ساتھ ناگور اور جودھپور کے امداد دینے والوں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں لیکن یہ کہے بدون بھی نہیں رہ سکتے کہ جودھپور اور اطراف ریاست کے باخبر حضرات کی جانب سے مرکز کی امداد [illegible]

[illegible]

چاند تک پہنچنے کی اسکیم

۱۲۵۰۰۰۰۰ روپے خرچ ہوں گے

نیویارک ۱۸ جنوری۔ [illegible] ایک ایسی اسکیم تیار کر رہی ہے جس کے مطابق [illegible] چاند تک سفر کیا جا سکے گا [illegible]

[illegible] اس اسکیم کے مطابق چاند تک پہنچ کر واپس زمین پر آنے میں ۱۱ مہینے لگیں گے۔ (اکوب)

گمشدہ کی تلاش

میرا لڑکا جس کی عمر تقریباً ۱۲ سال ہے رنگ سانولا چہرہ گول [illegible] ایک [illegible] پہنے ہوئے ہے [illegible] جو صاحب لڑکے کو لے جا کر حسب ذیل پتہ پر پہنچا دیں گے ان کا مشکور ہوں گا۔

[illegible]

پٹنہ میں وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے طلباء کا مظاہرہ

آزمائشی امتحانات ختم کرانے کیلئے بھوک ہڑتال

پٹنہ ۱۹ جنوری [illegible] طالب علم جو وزیر تعلیم کی کوٹھی کے سامنے گذشتہ ہفتہ سے بھوک ہڑتال پر تھے، پیر کے دن رات کو ہسپتال پہنچا دئے گئے۔ جب یہ خبر ملی کہ وزیر تعلیم کی کوٹھی کے سامنے طلباء پر بھوک ہڑتالی طلباء کو ہٹانے کے مطالبہ کو پورا نہ کرنے پر لاٹھی چارج کیا گیا ہے تو اگلے روز سے مقامی اسکولوں اور کالجوں کے طلباء نے اسٹرائک شروع کر دی۔

حکومت کی جانب سے پولیس کے لاٹھی چارج کی خبر کی تردید [illegible] وائس چانسلر کی کوٹھی کے سامنے طلباء کی بھوک ہڑتال جاری ہے۔

کل ہزاروں کی تعداد میں طلباء نے جلوس کی صورت میں مظاہرہ کیا وہ نعرے لگاتے ہوئے وزیر اعظم کی کوٹھی وزیر تعلیم کی کوٹھی، وائس چانسلر کی کوٹھی اور سکریٹریٹ کے سامنے سے گذرے۔ مسلح پولیس سکریٹریٹ کے تمام دروازوں پر پہرہ [illegible]

[illegible] وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے بھوک ہڑتال پر ہیں، کابینہ کی ایک میٹنگ جس میں اعلیٰ حکام بھی شریک تھے سکریٹریٹ میں منعقد ہوئی۔

ایک سرکاری پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان ۹ طلباء میں سے ایک کی جو کہ وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے بھوک ہڑتال پر ہیں حالت نازک تھی اس کو ہسپتال میں فوری دیکھ بھال کے لئے بھیج دیا گیا۔ [illegible]

ان طلباء کی صحت کی خاطر یہ مناسب سمجھا گیا کہ ان کو میڈیکل کالج کے ہسپتال میں بھیج دیا جائے۔ چنانچہ جب ان میں سے دو طلباء کو زبردستی ایمبولنس میں سوار کرایا گیا تو باقی طلباء نے [illegible]

[illegible]

مسٹر ریڈی مجلس دستور ساز سے مستعفی

مدراس ۱۹ جنوری۔ مدراس کے سابق وزیر مالیات مسٹر پی گوپال ریڈی نے ہندوستان کی مجلس دستور ساز سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر کالا وینکٹ راؤ اس نشست پر انتخاب میں حصہ لیں گے۔

ایکی سن کے تقرر کی منظوری

[illegible] ۱۹ جنوری [illegible] امریکی سینیٹ نے مسٹر ڈین ایکی سن کے وزیر خارجہ کے تقرر کی کثرت رائے سے منظوری دیدی ہے۔ یہ تقرر مسٹر جارج مارشل کے استعفے کے بعد عمل میں آیا تھا۔

خوراک کی قلت دور کرنے کیلئے اقدامات

غذائی کانفرنس میں حکومت ہند کی اسکیم منظور کرلی گئی

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ شری جے رام داس دولت رام وزیر خوراک و زراعت ہند کی زیر صدارت نئی دہلی میں صوبوں اور ریاستوں کی حکومتوں کے وزراء اور نمائندوں کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ ہندمیں خوراک کی قلت دور کرنے کے لئے حکومت ہند نے خالی پڑی ہوئی زمینوں میں کاشت شروع کرنے کی جو اسکیم تیار کی تھی اس کانفرنس نے اسے اصولی طور پر مان لیا ہے۔ اس کانفرنس میں جے پور اور بھوپال کے نمائندے بھی موجود تھے۔

مسٹر جے رام داس دولت رام نے اپنی افتتاحی تقریر میں حکومت ہند کی موجودہ اسکیم کے پس منظر کی وضاحت کی اور بتایا کہ تقسیم کے بعد ہند اقتصادی اثاثہ کے بارے میں ایک مشکل حالت میں پڑ گیا ہے۔ اس غیر اقتصادی تقسیم [illegible] پیدا ہوگئی ہے جسے حتی الامکان جلد از جلد ختم کرنا لازمی ہے ورنہ تجارت کا مخالفانہ توازن جو ۱۹۴۷ء سے ہند کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے ایک دائمی صورت اختیار کرے گا۔

وزیر موصوف نے اس اسکیم کو پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے لازمی ضروریات حسب ذیل ہیں۔

پہلی اور سب سے زیادہ اہم ضرورت روپیہ ہے جس سے زمینوں کی آبادکاری کی وسیع اسکیموں کو عملی شکل دینے کیلئے مشینیں اور دیگر سامان بیرونی ممالک سے خرید کر ہند میں درآمد کیا جائے گا۔ اس اسکیم پر کل خرچ ۱۲۷ اعشاریہ ۲۵ کروڑ روپیہ ہوگا جس میں ۳۱ اعشاریہ ۲ کروڑ روپیہ ڈالروں اور ۲۱ اعشاریہ ۹ کروڑ روپیہ سٹرلنگ کی صورت میں غیر ممالک میں خرچ کرنا پڑے گا۔ باقی ۸۲ اعشاریہ ۸ کروڑ روپیہ ہندوستان میں ہی خرچ کیا جائے گا۔ ہند سرکار کا ارادہ ہے کہ بین الاقوامی بنک کو اس اسکیم کے لئے درکار ٹریکٹروں کی ضرورت پوری کرنے کے لئے درخواست کی جائے اس بنک کے افسران آئندہ چند روز میں ہند آنے والے ہیں۔

ایشیائی اقوام کو آزاد کرانے کیلئے متحدہ محاذ بنایا جائے

روس اور جاپان کو ایشیائی کانفرنس میں مدعو نہ کرنے پر سرت بابو کا اعتراض

بمبئی ۱۹ جنوری۔ مسٹر سرت چندر بوس نے ایک بیان میں کہا کہ جب تک ہندوستان کامن ویلتھ سے الگ نہیں ہوتا [illegible]

[illegible] کہا کہ میں نے پنڈت نہرو کو لکھا تھا کہ ایشیائی کانفرنس میں روس اور جاپان کو دعوت نہ دینا غلطی ہوگا۔ اگر برطانیہ اور امریکہ کے مفاد کا خیال نہیں تو انہیں کیوں نہیں بلایا گیا۔

میں سمجھتا ہوں اگر یورپ کی قومیں یورپ میں اپنا بلاک قائم کر سکتی ہیں تو چھوٹی ایشیائی قوموں کو آزاد کرانے کیلئے کیوں نہ ایشیا کا متحدہ محاذ بنایا جائے۔ روس اور جاپان کو دعوت نہ دینے کا مطلب یہ ہے کہ ہم سامراج سے کسی شکل میں گٹھ جوڑ کر رہے ہیں۔ سیکورٹی کونسل سے جو اینگلو امریکن بلاک کے زیر اثر ہے، انڈونیشیا کے معاملہ میں کسی قسم کی توقع غلط ہے۔

سر ظفر اللہ دہلی میں

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں جو ایشیائی کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے کل صبح بذریعہ ہوائی جہاز لاہور سے دہلی پہنچے۔

نئی دہلی میں پاکستان کے ہائی کمشنر مسٹر محمد اسمٰعیل نے ہوائی اڈہ پر آپ کا استقبال کیا۔

وزارت خارجہ پاکستان کے سکریٹری مسٹر اکرام اللہ اور [illegible] ڈپٹی سکریٹری وزارت خارجہ بھی کل ہی کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز دہلی پہنچ گئے۔

۱۸ امریکن افسران

کشمیر کے لئے بھیجے جائیں گے

ٹوکیو ۱۹ جنوری۔ اتحادی ہائی کمانڈ کے ہیڈ کوارٹرز سے اعلان کیا گیا ہے کہ اٹھارہ امریکن فوجی اور ہوائی افسران امریکہ کے اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے حوالے کر دیئے گئے ہیں تاکہ انہیں کشمیر میں لڑائی بند کرنے سے پیشتر صورت حالات کا جائزہ لینے کیلئے بھیجا جا سکے۔ ان افسران کو دو گروپوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے ایک گروپ [illegible] کی رہنمائی میں فوراً روانہ ہو رہا ہے [illegible]

جلسہ میلاد النبی

[illegible] جنوری شام کو [illegible] بچوں کی برادری تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ [illegible] کی طرف سے میلاد النبی کا جلسہ [illegible]

کل ہند ترقی پسند مصنفین کانفرنس بھوپال

انجمن ترقی پسند مصنفین بھوپال کی پہلی کل ہند کانفرنس کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں یہ کانفرنس ۲۵ تا ۲۸ جنوری ۱۹۴۹ء منعقد ہو رہی ہے۔ کانفرنس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

- ۲۵ جنوری۔ پہلا اجلاس (افتتاحیہ) صدر۔ کرشن چندر
- ۲۶ جنوری۔ دوسرا اجلاس (مقالات) 〃 احتشام حسین
- 〃 〃 تیسرا اجلاس (مسئلۂ زبان) 〃 پنڈت سندر لال
- ۲۷ 〃 چوتھا اجلاس (ادبی تخلیقات) 〃 عصمت چغتائی
- 〃 〃 پانچواں اجلاس (مشاعرہ) 〃 فراق گورکھپوری
- ۲۸ 〃 چھٹا اجلاس (مقالات) 〃 راجندر سنگھ بیدی
- 〃 〃 ساتواں اجلاس (ڈرامہ۔ موسیقی اور رقص)

اردو اور ہندی کے دیگر ممتاز ادیب اور شاعر جو کانفرنس میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ ہیں۔

جوش ملیح آبادی۔ سید سلیمان ندوی۔ رشید سنگھ سمن۔ خواجہ احمد عباس۔ اسرار الحق مجاز۔ کرشن چندر۔ سردار جعفری۔ عبادت بریلوی۔ کیفی اعظمی۔ ریونیدو۔ غلام ربانی تاباں۔ سجاد ظہیر۔ ممتاز حسین۔ ذکیہ [illegible]۔ مجروح سلطانپوری۔ مہندر ناتھ۔ ساحر [illegible]۔ حبیب تنویر۔ ساحر لدھیانوی۔ دیشامتر۔ عادل وغیرہ۔

ناظم نشر و اشاعت صہبا لکھنوی، کل ہند ترقی پسند مصنفین کانفرنس بھوپال

زنانہ جلسہ میلاد النبی

۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء کو ۲ بجے شام تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ بیری والا باغ پل بنگش میں زنانہ مجلس مکہ کے زیر سرپرستی بچیوں کی برادری کا جلسہ جناب مسز شفیع قدوائی صاحبہ کی زیر صدارت ہو رہا ہے۔

مقررین میں بہن تسبیق بانو، بیگم [illegible] مسز [illegible] صاحبہ اور مسز شفیع قدوائی صاحبہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ (سکریٹری زنانہ مجلس تعلیمی مرکز)

کانپور میں سیرت کا جلسہ

کانپور ۱۸ جنوری۔ آئندہ ۲۳ جنوری بہفتہ کے دن سیرت النبی کا مبارک جلسہ بوقت ۸ بجے شب طلاق محل متصل مسلم یتیم خانہ پریڈ کانپور منعقد ہوگا جس میں جناب حضرت مولانا ابو الوفا صاحب نائب صدر جمعیۃ العلماء صوبہ متحدہ، حضرت مولانا محمد یونس صاحب خالدی لکھنوی، حضرت مولانا ابو المکارم ظفر عالم صاحب ایڈیٹر اخبار ندائے مدینہ اور حضرت مولانا خضر محمد صاحب صدر جمعیۃ علماء کانپور سیرت طیبہ پر بصیرت افروز تقاریر فرمائیں گے۔

پنڈت نہرو احمد آباد جائیں گے

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ پنڈت جواہر لال نہرو ۱۲ فروری کو دو دن کے لئے احمد آباد جائیں گے۔ میونسپلٹی کی طرف سے انہیں ایڈریس پیش کیا جائے گا۔

یوپی کونسل میں مسلمانوں کیلئے نشستیں

مخصوص نہ کرنے کا مطالبہ

لکھنؤ ۱۸ جنوری آج جب یوپی کونسل میں میونسپلٹیوں میں مشترکہ نیابت رائج کرنے کا ترمیمی بل پیش ہوا تو مسٹر مسعود الزماں نے بل کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کے لئے نشستیں مخصوص نہیں کرنی چاہئیں کیونکہ یہ شکل ہی وہ ہندوؤں کے تعاون سے عوام کی خدمت کر سکتے ہیں اور یہ ہی جمہوریت کا صحیح مقصد ہے۔

ملان گورنمنٹ اوچھے ہتھیاروں پر

مخالف ممبر کو اسمبلی سے محروم کر رہی ہے

کیپ ٹاؤن ۱۹ جنوری۔ مسٹر بالنگر اور ان کی بیوی مسز بالنگر نے سینیٹ اور پارلیمنٹ میں مقامی باشندوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اعلان کیا ہے کہ اگرچہ الیکشن افسر نے انہیں ووٹنگ کے نا اہل قرار دیا ہے مگر وہ سینیٹ اور پارلیمنٹ کے اجلاس میں اپنی نشستوں پر پہنچیں گے اور اس طرح جرمانہ کی سزا بھگتنے کے لئے تیار ہوں گے انہیں اس وجہ سے ووٹ دینے کے نا اہل قرار دیا گیا ہے کہ وہ برطانوی باشندے ہیں۔ مسٹر بالنگر کا کہنا ہے کہ وہ جنوبی افریقہ کے رہنے والے ہیں اور انہوں نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی ہے۔ اگر مسٹر بالنگر سینیٹ کے اجلاس میں شامل نہ ہو سکے تو سرکاری پارٹی کو ایک کی اکثریت حاصل ہوگی لیکن موجودہ حالت میں سینیٹ میں دونوں پارٹیوں کے ممبروں کی تعداد مساوی ہے اور اس وجہ سے گورنمنٹ کو شکست کا اندیشہ ہے۔

ڈربن میں مرنے والوں کی تعداد

ڈربن ۱۹ جنوری تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق فسادات میں مرنے والوں کی تعداد ۱۲۳ تک اور مجروحین کی تعداد ۱۲۴۰ تک پہنچ گئی ہے۔ ڈربن اور پیٹر ماریٹزبرگ میں مسلح فوج گشت کر رہی ہے جہاں پرکل صبح کے فسادات میں پچاس ہندوستانی اور افریقن مجروح ہوئے تھے۔ (رائٹر)

ڈاکٹر ایوٹ کی طرف سے

ڈچ حملے کی مذمت

میلبورن ۱۹ جنوری اتحادی قوموں کی جنرل اسمبلی کے چیرمین ڈاکٹر ایوٹ نے انڈونیشیا میں ولندیزیوں کی فوجی کارروائی کی زبردست مذمت کی ہے۔ آپ نے مزید کہا ہے کہ ڈچ حکام نے اتحادی قوموں کے چارٹر کی خلاف ورزی کی ہے۔ (اکوب)

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھائیے

مرزا پور، چوپان، بہیری ریلوے لائن

ریلوے بورڈ نے سروے کرنے کی منظوری دیدی

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ ریلوے بورڈ نے چوپان سے مرزاپور تک جوڑی ریلوے لائن بنانے کے لئے ابتدائی دیکھ بھال کا سروے کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ یہ ریلوے لائن ۵۰ میل لمبی ہوگی اور یہ چوپان سے براہ راست ایکسپریس گنج مرزا پور جائے گی۔ اس سے پہلے بورڈ بہیری سے چوپان تک لائن تیار کرنے کے سروے کی منظوری دے چکا ہے۔ [illegible]

افغانستان کے [illegible]

(بقیہ صفحہ ۲)

[illegible]

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپکے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۔۔۔۔ ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۔۔۔۔ ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں

کیا کریں ۔۔۔۔؟ کدھر جائیں ۔۔۔۔؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندۂ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔ جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیے مستقبل روشن ہے

اس آواز کی گہرائیوں تک پہونچئے اور اسے اپنے دل میں جگہ دینے کے لئے کتب ذیل ضرور پڑھئے۔

علماء حق حصہ اول قیمت تین روپے چار آنہ علماء حق حصہ دوم قیمت سات روپیہ آٹھ آنہ ۸ عمر

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق قیمت ۸

ہندوستان کی ہر ایک لائبریری اور جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں ان کتابوں کو ضرور رکھئے۔

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

مفت

رد بدعت کے سلسلے میں حضرت مولانا [illegible] کی مشہور کتاب "تبسیط البنان" اور حضرت علامہ مفتی کفایت اللہ صاحب کی تالیف "تعلیم الاسلام" [illegible] ٹکٹ بھیجکر مفت حاصل کیجئے۔

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

ریلیف فنڈ میں امداد

دہلی ۲۰ جنوری۔ والدہ صاحبہ سلطان بارش صاحب اور اہلیہ صاحبہ سید عظمت علی صاحب نگینہ ضلع بجنور کی جانب سے مبلغ دس روپیہ ریلیف کے سلسلہ میں دفتر جمعیۃ علماء ہند میں موصول ہوئے ہیں۔

فون ملازم ہڑتال کریں گے

ضلع دہلی کی ٹیلیفون ایمپلائز یونین کے ممبران نے ۹۰ فی صدی کے تناسب سے ہڑتال کرنے کے حق میں فیصلہ کیا ہے کہ اگر گورنمنٹ نے ان کو ۳۰ روپے مہنگائی الاونس نہ دیا اور عارضی اسٹاف کو مستقل نہ کیا نیز تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ شائع نہ کی تو ہڑتال کی جائے گی۔

سائیکل سوار لقمہ اجل ہوگیا

پرسوں کشمیری دروازہ کے باہر [illegible] ایک سائیکل سوار ایک موٹر ٹرک سے کچلا گیا۔ سائیکل سوار سڑک پر جا رہا تھا کہ موٹر اوپر سے آ پہنچی اور اس کو ٹکر لگی نوجوان موٹر کے آگے ہی گرا۔ اور فوراً جاں بحق ہوگیا۔

حضرت شیخ عبد الحق محدث کا عرس

حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا عرس بتاریخ ۲۳ ربیع الاول مطابق ۲۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو مسجد والی دالی واقع بازار [illegible] بیرام خاں دہلی میں منعقد ہوگا۔ نماز فجر کے بعد سے صبح نو بجے تک قرآن خوانی ہوگی اس کے بعد علمائے کرام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور حضرت شیخ کی زندگی پر تقاریر فرمائیں گے۔ یہ سلسلہ تقریباً نماز ظہر تک ختم ہو جائے گا۔

کپڑے کے کارڈوں کی رجسٹریشن ختم

معلوم ہوا ہے کہ راشننگ کے ذمہ داروں نے یہ بات محسوس کرتے ہوئے کہ کپڑے کے راشن کارڈوں کی غلہ کی طرح ایک دوکان پر رجسٹریشن میں ٹھیک طور پر کام چلانے میں جو مشکلات ہیں یہ پابندی ختم کردی ہے۔ اب پھر حسب سابق ہر ایک دوکان سے کپڑا لیا جا سکے گا۔

گاندھی برسی ورکنگ کمیٹی کی رپورٹ

۱۷ جنوری کو تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ میں بچوں کی برادری کی گاندھی برسی کمیٹی کی میٹنگ ہوئی اور گاندھی جی کی برسی کے موقع کے لئے حسب ذیل پروگرام بنایا گیا۔ ۳۰ جنوری سے ۵ فروری تک گاندھی برسی کا ایک ہفتہ منایا جائے جس کا پروگرام حسب ذیل ہے (۱) ۳۰ جنوری کی شام کو ۴ بجے بستی کے تمام بچے گاندھی جی کے برت اور امن کی کوششوں پر نظمیں اور مضمون پڑھیں گے (۲) ۳۱ جنوری محلہ کے بچوں کی برادری کا ایک جلسہ، گاندھی جی پر نظمیں اور مضمون۔ (۳) یکم فروری کو محلہ میں کام کرنے والے تمام بھنگیوں کی چائے کی دعوت برادری کی طرف سے۔ (۴) ۲ فروری بچوں کا نظموں کا مقابلہ۔ (۵) ۳ فروری صفائی کا دن۔ (۶) ۴ فروری تقریری مقابلہ۔ گاندھی جی کی زندگی کا عام مقابلہ۔ (۷) ۵ فروری بچوں کے عہد [illegible]

چاندنی چوک میں آتشزدگی

کل چاندنی چوک کے قریب ایک مکان میں [illegible] آگ لگ گئی [illegible] فائر بریگیڈ فوراً پہونچ گیا اور آگ بجھادی گئی۔ نقصان کا اندازہ [illegible] روپیہ کیا گیا ہے۔

ساتویں بار پھر جیل کو

[illegible] جو فرنٹ تک جیل کی رونق رہا ہے کل کورٹ [illegible] چاندنی چوک میں ایک ایک جوری کرنے کے سلسلے میں چار سال قید بامشقت کی سزا کا حکم دیا ہے۔ اس شخص کو پہلے بھی سات بار سزا کا حکم دیا جا چکا ہے۔

تیل میں مزید تخفیف

ایک پریس نوٹ راشننگ اور سول سپلائی ڈپارٹمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ تا حکم ثانی ایک کمرہ کے مکانوں کے لئے پانچ بوتل اور دو یا اس سے زیادہ کمروں میں رہنے والے خاندانوں کے لئے ۸ بوتل راشن کر دیا گیا ہے۔ [illegible]

ڈربن کے فسادات پر پاکستان کو تشویش

تفصیلات معلوم کرنے کے لئے مطالبہ

کراچی ۲۰ جنوری۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت [illegible]

گمشدہ ہوائی جہاز کا کوئی سراغ نہیں

دہلی ۲۰ جنوری۔ ڈالمیا جین ہوائی جہاز کی تلاش میں جو اتوار کے دن سے غائب ہے۔ ایک ڈکوٹا ہوائی جہاز روانہ کیا گیا تھا۔ یہ جہاز بدھ کے دن تلاش میں ناکام ہونے کے بعد واپس آگیا ہے۔ تلاش کرنے والے پائلٹ کے لیڈر کیپٹن [illegible] لال نے کہا کہ ان کے منافی ہیں کہ اب گم شدہ جہاز کی تلاش نہیں کی جائے گی ہیں ان کی پوری امید ہے کہ گم شدہ ہوائی جہاز کا پتہ لگ سکے گا۔ ممکن ہے اس میں دو چار روز لگ جائیں۔ کیونکہ جس علاقہ میں جہاز گم ہوا ہے وہ بہت بڑا ہے گم شدہ ہوائی جہاز کے ساتھ چار یا پانچ دن کی خوراک تھی۔ بنگال اور بہار سے متفرق قسم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں اس سے تلاش میں دشواری پیدا ہو گئی ہے۔ اب یہ یقین کیا جا رہا ہے کہ جہاز نذکور مغربی کشمیر میں کسی جگہ ہے۔ یا پیرودہ مرکا کے قریب پاکستانی علاقہ میں ہے۔ لاپتہ جہاز کا پائلٹ مشہور ہوا باز ہے اور اس نے کشمیر کے تیرا چکر لگائے ہیں اس جہاز کے مسافروں کی فہرست جلد شائع کردی جائے گی۔

تھانہ پون ہانہ میں میوؤں پر زیادتیاں

کیا افسران بالا تحقیقات کریں گے

دہلی ۱۹ جنوری۔ تھانہ پون ہانہ میں ضلع گوڑگانوہ سے [illegible] ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں اٹھارہ میوؤں کو گئوکشی کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ ان کی گائے ذبح نہیں کی گئی بلکہ ایک شخص بدھو نے ایک بیل کا جو مرگیا تھا کھال نکال لی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ تھانیدار نے متعدد اشخاص کی بے عزتی کی اور عورتوں کو بھی گالیاں دیں۔ تھانیدار نے مسجد کی بھی بے حرمتی کی اور مولوی صاحب کو بھی زبردستی گرفتار کرلیا۔ تھانہ ہتین کے افسر انچارج کی طرح تھانہ پون ہانہ کے افسر انچارج کی بھی زیادتیاں حد سے تجاوز کرتی جا رہی ہیں اس لئے درخواست ہے کہ افسران بالا تمام واقعات کی تحقیقات کریں اور ہر دو تھانوں میں ایسے افسر تعینات کریں جو منصف مزاج ہونے کے ساتھ ساتھ غیر متعصب بھی ہوں۔ (نامہ نگار)

پختہ سڑک کی تعمیر کا مطالبہ

قابل توجہ حکومت یوپی

[illegible] سے افضل گڑھ اور شیر کوٹ کا سیر کو جانے والی سڑک کی تعمیر پر زور دیا ہے اور اس امر کی شکایت کی ہے کہ متعدد بار توجہ دلانے کے باوجود حکومت یوپی نے اس بارے میں کوئی قدم نہیں اٹھایا اور سرمایہ ملنے کی مجبوری ظاہر کی۔ حالانکہ واقعہ ہے کہ سامان کی کوئی کمی نہیں۔ جب بڑے بڑے شہروں میں تعمیر ہونے والے سینما گھروں اور فیکٹریوں کو سمنٹ وغیرہ مل سکتا ہے تو سڑکوں کی تعمیر کے لئے یہ سامان کیوں نہیں مل سکتا۔ حکیم صاحب نے بتایا ہے کہ شیر کوٹ سے افضل گڑھ اور افضل گڑھ سے رہڑ تک کچی سڑک بھی ٹوٹ پھوٹ چکی ہے اور اس سڑک کو پختہ کرنے میں کوئی دقت نہیں ہوسکتی۔ حکیم صاحب نے امید ظاہر کی ہے کہ حکومت یوپی کے متعلقہ وزیر اس طرف توجہ دیں گے اور اس علاقہ کے لوگوں کی مشکلات دور کرنے کے لئے فوری طور پر کوئی قدم اٹھائیں گے۔

برما میں باغیوں کی سرگرمیاں

رنگون ۱۹ جنوری۔ چٹاگانگ کے شہر پر سرکاری فوجوں کا دوبارہ قبضہ ہونے کے بعد باغی شمال کی طرف پیچھے ہٹ گئے ہیں اس علاقہ میں جو دیہات ہیں ان پر ابھی تک باغیوں کا قبضہ ہے معلوم ہوا ہے کہ باغی امہرسٹ کے علاقہ میں جمع ہو رہے ہیں۔ اس علاقہ میں ایک گاؤں پر حملہ کر کے باغیوں نے کئی مکانات کو نذر آتش کر دیا۔ [illegible]

ڈسٹرکٹ منگین سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ یہاں وائٹ فلیگ کمیونسٹ گڑبڑ پیدا کر رہے ہیں۔ ایک مقام پر سرکاری فوجوں کے ساتھ مڈبھیڑ کے دوران میں کئی کمیونسٹ ہلاک ہوئے۔ سرکاری فوجوں نے کمیونسٹوں کے اسلحہ اور خوراک کے ذخیرہ کو تباہ کر دیا۔ [illegible] امن قائم کرنے والے مشن کی کوششوں کے نتیجہ کے طور پر متعدد کیرن باشندوں نے ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ سرحدی علاقوں میں امن قائم کرنے کیلئے پولیس کے افسر دورہ کر رہے ہیں۔ (اکوب)

پاکستان نے ڈربن کے حالیہ فسادات کی تفصیلات معلوم کرنے کے لئے حکومت جنوبی افریقہ کو ایک تار بھیجا ہے۔ تار میں کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان کو ان فسادات پر سخت تشویش ہے اور حکومت یہ جاننا چاہتی ہے کہ ان فسادات میں مسلمان اور پاکستانی باشندے پاکستان کو تفصیلات سے باخبر کیا جائے۔ [illegible]

نیتا جی کا یوم پیدائش

بقیہ صفحۂ اول

فرقہ وارانہ اتحاد

پنڈت سندر لال نے آزاد ہند فوج کی جرأت اور بہادری [illegible] سبھاش چندر بوس کا ایک زبردست کارنامہ تھا تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس فوج میں فرقہ وارانہ اتحاد کا جو منظر دیکھنے میں آیا ایسا ہندوستان کی تاریخ میں یا تو ۱۹۲۱ء کی تحریک میں دیکھنے میں آیا اور یا پھر ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں دیکھنے میں آیا ہے جس کے ہیرو بہادر شاہ ظفر تھے جنہیں آج بد قسمتی سے ہم نے فرقہ وارانہ جذبات سے متاثر ہو کر بھلا دیا ہے۔

پنڈت جی نے مزید فرمایا کہ اگر آج ایشیا کوئی معجزہ ہو جائے کہ بابو سبھاش چندر بوس ظاہر ہو جائیں تو ہزاروں سکھ بھی جو فرقہ وارانہ اتحاد کے قائل ہیں اپنی غلطی تسلیم کر کے ان کے قدموں میں گر پڑیں گے۔ حقیقت ہے کہ ہر ہندوستانی کے دل میں سبھاش چندر بوس کی زبردست عزت ہے۔ اور آج جبکہ وہ ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کا ۵۲ واں یوم پیدائش نہایت شان و شوکت سے منائیں۔

پروگرام

(۱) ۲۳ جنوری کو صبح مختلف محلوں میں پربھات پھیریاں پیدل چلنے کے ساتھ ساتھ جیپ کاریں کچا ہوں گی۔

(۲) صبح کو مختلف محلوں میں محلہ وار جلسے اور جھنڈے کی سلامیاں اور اس کے بعد لال قلعہ تک جلوس۔

(۳) لال قلعہ کے سامنے جھنڈے کی سلامی اور ۱۲ بجے ۵۲ توپوں کی سلامی۔

(۴) ایک بجے تک لال قلعہ سے جلوس روانہ ہوگا۔

(۵) جلوس کے ساتھ ایک کنورٹیبل جیپ کار ہوگی جس میں نیتا جی کی تصویر رکھی ہوگی۔ جلوس میں سائیکلیں، جیپ کاریں ٹرک اور گھوڑے ہوں گے۔

(۶) جلوس کے آگے پولیس، طلباء اور سیلک کا باجہ ہوگا۔

(۷) جلوس کے راستے یہ ہوں گے:۔ اسپلانڈ روڈ۔ جامع مسجد، دریبہ کلاں، چاندنی چوک، گھنٹہ گھر، نئی سڑک، چاوڑی بازار، حوض قاضی، اجمیری گیٹ اور پھر رام لیلا گراؤنڈ۔

(۸) رام لیلا گراؤنڈ میں شام کو ۴ بجے جلسہ عام جس کی صدارت پنڈت سندر لال کریں گے۔

آزاد ہند فوج کے تمام سپاہیوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ ۲۳ جنوری کے دن صبح ۸ بجے تک دفتر آزاد ہند فوج میں پہونچ کر اپنی آمد کی اطلاع کریں۔

ایشیائی کانفرنس کے موقعہ پر مظاہرہ

کرنے کے لئے طلباء کا مظاہرہ

[illegible] کے روز دہلی اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے اجلاس میں انڈونیشیا میں ڈچ اقدام کی مذمت میں ایک ریزولیوشن پاس کیا گیا۔

اجلاس میں آئندہ ایشیائی کانفرنس کے موقعہ پر کونسل چیمبر کے باہر مظاہرہ کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

کراچی ۲۰ جنوری۔ حکومت پاکستان نے مسٹر ایم اے [illegible] اسسٹنٹ کمشنر کو اسپیشل ایکسپورٹ کمشنر مشرقی بنگال اور مسٹر غلام ربانی سینیئر انسپکٹر [illegible] کی تحقیقات کرنے کے لئے تعینات کیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ مشرقی بنگال میں نمک کی کمی ہے اور اس کو مغربی پاکستان، ہندوستان اور دوسرے ممالک کا دست نگر رہنا پڑتا ہے۔

لکھنؤ میں پولیس کی بیدردانہ لاٹھی چارج کی تفصیل

بہت سے طلباء اور طالبات سخت مجروح ہوئے

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) گذشتہ ہفتہ کے دن پولیس نے لڑکوں اور لڑکیوں کے جلوس پر جو مدرسین کی ہمدردی میں نکالا گیا تھا پولیس کے لاٹھی چارج کی تفصیلات مظہر ہیں کہ متعدد طلباء و طالبات اتنے سخت مجروح ہوئے کہ انہیں ہسپتال میں انجکشن لگانے کے بعد ہوش آیا۔ جلوس کا مقصد یہ تھا کہ وہ مدرسین کے مطالبات کو ٹیکنیکل ذرائع [illegible] وزیر تعلیمات بابو سمپورنانند سے لے گا۔ لیکن جلوس کو راستے ہی میں پولیس نے روک لیا۔ اور اسے آگے بڑھنے سے روکا لڑکے اور لڑکیاں وہاں بیٹھ گئیں۔ کہ وہ کونسل چیمبر تک ضرور جائیں گی تاکہ مطالبات پیش کر سکیں لیکن پولیس نے انہیں اجازت نہیں دی بلکہ ان پر منتشر کرنے کے لئے لاٹھی چارج کیا لاٹھی چارج کے نتیجہ میں چھ سات لڑکے اور لڑکیاں اور مدرسین زخمی ہوئے۔

انصاری اور کرشنا بالچند میلا کالج کی طالبات کو اس قدر چوٹیں آئیں کہ وہ وہیں بیہوش ہو کر گر گئیں ان افراد کو میڈیکل کالج روانہ کیا گیا۔ لڑکیوں کو اسی وقت حضرت گنج کے ڈاکٹروں کو بلا کر انجکشن دلایا گیا اور اس وقت انہیں ہوش آیا کہا جاتا ہے کہ جلوس میں سب سے آگے لڑکیاں تھیں۔ ان کا مطالبہ کا تعلیم کے رد کئے کی کوئی پرواہ نہیں کی اپنا رویہ سخت بنایا اور اس نے کچھ لڑکیوں کے ساتھ برا سلوک کیا جس کے نتیجہ میں اشتعال پیدا ہوگیا اور جلوس میں کشمکش پیدا ہوگئی جلوس نے اور آگے بڑھنے کی کوشش کی پولیس نے ان پر اور سختی شروع کی جب لڑکے اور لڑکیاں زمین پر بیٹھ گئیں تو انہیں [illegible] پولیس نے تقریباً اٹھارہ افراد کو گرفتار کیا۔ طلباء کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ وہ دوشنبہ کو پولیس کے جارحانہ رویہ کے خلاف احتجاجی ہڑتال کریں گے اس لاٹھی چارج کے سلسلہ میں مسٹر ٹھاکر پرشاد سکسینہ نے ایک بیان دیتے ہوئے پولیس کے رویہ کی سخت مذمت کی انہوں نے ایک عینی شاہد کی حیثیت سے اپنا بیان دیا ہے اور کہا کہ میں خود جلوس کے ساتھ تھا حضرت گنج کے تھانے کے قریب پہونچنے پر پولیس اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت جلوس کو روکا جلوس نے ان سے درخواست کی کہ اس معاملہ کی اطلاع وزیر تعلیم کو کر دیں لیکن یہ درخواست نامنظور کر دی گئی اس پر جلوس والوں نے طے کیا کہ وہ جہاں روکے گئے تھے وہیں بیٹھ جائیں چنانچہ وہ ایک گھنٹہ تک سڑک کے کنارے بیٹھے رہے۔ کچھ دیر بعد کچھ کالج طلبہ نہلا نیاں لیکر آئے [illegible] تھے کہ اس پولیس پہ کہا گیا کہ وہ بجائے لاٹھی چارج کرے اس سب لوگوں کو گرفتار کر لیں پولیس والے نہیں مانے نتیجہ کچھ طلباء و طالبات زخمی ہوگئے اور کچھ گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ مسٹر سکسینہ نے کہا کہ جمہوریت میں پر امن جلوس اور حکومت کے سامنے نمائندگی کا پورا حق ہے اگر مدرسین کو سکریٹریٹ تک پہنچ کر وزیر تعلیم سے ملنے کی اجازت دیدی جاتی تو آسمان نہ ٹوٹ پڑتا اور اس وقت پولیس کا کیا بگڑ رہا تھا جب مدرسین اور ان کے ہمدرد پر امن طریقہ پر کوتوالی کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے اگر حکومت کا ارادہ ہی قائم رکھنا مقصود تھا تو دفعہ ۱۴۴ کے ماتحت سب کو گرفتار کر لینا کافی تھا یا پھر ضروری تھا کہ صرف لیڈروں اور مدرسین کو سڑک پر مار جانے۔ آپ نے کہا کہ جلسے کرنا اور جلوس نکالنا اور اپنی مشکلات حکومت کے سامنے رکھنا ہر السوسی ایشن کا شہری حق ہے اور یہ حق دستور میں بھی موجود ہے۔

مسٹر [illegible] نے [illegible] بیان میں [illegible]

مسٹر تری لوکی سنگھ لیڈر اپوزیشن نے اپنے ایک بیان میں لاٹھی چارج کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ انہیں عینی شاہدین نے بتایا ہے کہ جلوس بالکل پر امن تھا اور اس کی ساری ذمہ داری حکومت پر ہے جس کے صدر مقام پر یہ حادثہ پیش آیا۔ انہوں نے اپیل کی کہ حکومت فوری طور پر مدرسین کے معاملہ میں مداخلت کرے گی اور ہڑتال کو ختم کرانے کی کوشش کرے گی۔ مقامی حکام نے ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے اور اس میں انہوں نے لاٹھی چارج سے انکار کیا ہے۔ طلباء اور استادوں کا کہنا ہے کہ جلوس میں چند کمیونسٹ نوجوان تھے جنہوں نے [illegible] کی اور گالیاں دیں۔ [illegible] اور ایک ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس پر حملہ کیا۔ جلوس والوں کی وجہ سے آمد و رفت بند ہوگئی پولیس میںوں سے ان کی لاٹھیاں چھین لیں۔ انہوں نے کہا کہ اس افواہ میں کوئی صداقت نہیں کہ جلوس پر لاٹھی چارج کیا گیا۔ [illegible] (انامی)

بھوپال میں بے چینی کا سبب مدھیہ بھارت کانگریس کا حالیہ فیصلہ ہے

حکومت نے نواب بھوپال سے کوئی سازش نہیں کی مسٹر کامتا پرشاد کا بیان

نئی دہلی ۲۰ جنوری

مسٹر کامتا پرشاد وزیر مالیات ریاست بھوپال نے کل ایک صحافتی ملاقات میں اخبار والوں کو بتایا کہ بھوپال کی موجودہ حکومت انضمام کی تحریک کی مخالفت نہیں کر رہی ہے کہ بھوپال کو صوبہ سی پی میں ضم ہونا چاہئے یا مدھیہ بھارت یونین میں آپ نے کہا کہ یہ بھی غلط ہے کہ حکومت بھوپال انضمام کی تحریک کو دبا رہی ہے۔

آپ نے اس بات سے انکار کیا کہ [illegible] لی جانب سے انضمام کی حمایت میں [illegible] طریق اختیار کئے جا رہے ہیں ان کو برداشت نہیں کیا جاتا۔ آپ نے بھوپال میں حالیہ گڑبڑ کو کانگریس سے اختلاف کرنے کے نتیجہ [illegible]

مسٹر کامتا پرشاد نے کہا کہ ان کی حکومت سے [illegible] کے نقصان پہنچتا ہے جو سیاسی [illegible] آپ نے اس الزام کو مسترد کیا کہ بھوپال کی موجودہ وزارت نے نواب بھوپال سے سازباز کر لی ہے اور ایک جائز حکومت کے قیام میں مدد معاون ہیں۔

ہونے والے ایک گروپ کو ذمہ دار ٹھیرایا جس کے ساتھ کچھ باہر کے لوگ شامل ہو گئے ہیں۔

دنیا کے دوسرے بلاکوں کے مقابلہ میں مشرقی ممالک کو ایک بلاک بنانا چاہئے

عرب لیگ کے ممبر ممالک ایشیائی کانفرنس کے فیصلوں کو پورا کریں گے

نئی دہلی ۱۹ جنوری۔ ایشیائی کانفرنس کے لبنان کے نمائندے محمد علی حمادہ نے آج یہاں ایک ملاقات میں کہا کہ ہماری رائے میں یہ کانفرنس ایشیائی قوموں کی طرف سے اپنے اہم مفاد کی حفاظت میں منظم اقدام کرنے کے لئے سب سے بڑی کوشش ہے اور ہمارے مقاصد سے مطابقت رکھتی ہے ہماری آزادی ہے۔ ایک الگ ایشیائی بلاک کی تشکیل کے متعلق سوال کئے جانے پر نمائندہ نے اقوام متحدہ پر پورا اعتماد کا اظہار کیا ہے اور کہا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر میں علاقائی اتحاد کی گنجائش رکھی گئی ہے جس سے اقوام متحدہ کو تقویت پہونچے گی۔ آپ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ انڈونیشیا یا کسی دوسرے ایشیائی ملک کو جو امداد دی جائے گی وہ کانفرنس کے متفقہ فیصلوں کے مطابق ہوگی جنہیں انفرادی ملک اپنے وسائل اور امکانات کے مطابق عمل کریں گے۔

محمد علی حمادہ نے کہا کہ اب دنیا میں دو سرے بلاک موجود ہیں، تو مشرقی ملک کو بھی اقوام متحدہ کو مضبوط بنانے کے لئے اپنا بلاک قائم کرنا چاہئے۔ ایک بلاک سے دنیا میں امن قائم رکھنے میں بڑی مدد ملے گی۔

شامی ڈیلیگیشن کے لیڈر ناظم القدسی نے بھی جو ملاقات کے وقت موجود تھے، لبنانی نمائندہ کے نظریات سے پورا اتفاق ظاہر کیا اور کہا کہ ہم عرب لیگ کے ممبر ملک ہر معاملے میں جو ہم پر اثر انداز ہوتا ہے متفق ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان ایشیا کے مضبوط ترین ملکوں کی حیثیت سے اس قسم کی تحریک میں پہل کرنے کے لئے سب سے زیادہ موزوں ہیں اگر کانفرنس نے انڈونیشیا کی مادی امداد کرنے کا فیصلہ کیا تو ہم ہر امکانی مدد دیں گے۔

پگڑیوں کے کپڑے کی قلت

پاکستان میں سپاہیوں کے لئے ٹوپیاں

کراچی ۲۰ جنوری کل یہاں پاکستان فوج کے ترجمان نے بتایا ہے کہ سپاہیوں نے [illegible] ٹوپیاں استعمال کرنی شروع کردی ہیں اور نیلے کلاہ کی [illegible] پگڑیوں کے کپڑے کی قلت کے باعث بند کردی گئی ہیں۔

یوپی کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

پیلی بھیت میں تحفظ اردو کی شاخ

لکھنؤ ۱۸ جنوری۔ پیلی بھیت کی ایک اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ وہاں انجمن تحفظ اردو کی ایک مقامی شاخ قائم کرنے کے لئے ایک جلسہ زیر صدارت ساہو رام کشن صاحب منعقد ہوا جس میں ابو ارشاد جلیل صاحب صدر، سید ضامن حسین انبالہ صدر، ابو کیفیدن لال بی اے سکریٹری اور مسٹر عبد الشکور جائنٹ سکریٹری ساہو رام کشن صاحب خزانچی منتخب ہوئے انجمن کے پروگرام پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔

درخت لگانے کی مہم کا پروگرام

لکھنؤ ۱۹ جنوری۔ حکومت صوبہ متحدہ نے درخت لگانے کے گذشتہ موسم میں صوبہ کے ایندھن چارے اور پھل کے ذرائع اور عام طور سے زرعی دولت میں اضافہ کرنے کے لئے بڑے پیمانہ پر درخت لگانے کی ایک مہم منظور کی تھی اس مہم کے سلسلہ میں موسم برسات میں تقریباً [illegible] لاکھ پودے لگائے جانے کی توقع ہے درخت لگانے کی دوسری مہم ان جگہوں پر جہاں پانی کی سہولت مہیا ہے۔ فروری اور مارچ میں شروع کی جائے گی اس طرح درخت لگانے کے دوسرے موسم میں بیشتر اضلاع میں [illegible] پودوں کی فراہمی کے انتظامات کئے گئے ہیں اس طرح اس مرتبہ بھی [illegible] پودوں کی فراہمی کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ (اے پی آئی)

۴۲ قسم کی مچھلیوں کی دریافت

لکھنؤ ۱۸ جنوری۔ [illegible] دریائے رامگنگا ضلع مرادآباد میں کئی سالوں کے نتیجہ میں بیربل کے پشتے اور دریا کے [illegible] ۴۲ قسم کی مچھلیاں دریافت کی ہیں۔ یہ تمام مچھلیاں کھانے کے کام میں آسکتی ہیں۔ پشتے کی تعمیر سے ۱۰۰ مربع میل کی ایک جھیل تیار ہوگی۔ کہا جاتا ہے کہ اگر صحیح طور پر کام ہو تو پشتے کے ذریعہ [illegible] سالانہ ۱۳۰۲۲۲۳ پونڈ مچھلیاں حاصل [illegible] بجلی پیدا ہوگی [illegible] آبپاشی [illegible]

بقیہ کالم پانچ

وزیر موصوف نے بعض اخبارات میں بھوپال کے حالیہ واقعات کی مبالغہ آمیز اشاعت پر شکایت اور اظہار تاسف کیا اور کہا کہ سی پی کے مختلف علاقوں میں کسی صورت میں بھوپال سے زیادہ ہے اور اسی کو تمام ہے حکومت بھوپال نے حکومت ہند کی پالیسی کے مطابق دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر رکھا ہے۔

آپ نے کہا کہ بھوپال میں بے چینی کا زیادہ سبب یہ ہے کہ مدھیہ بھارت پراونشل کانگریس کمیٹی نے بھوپال کانگریس کمیٹی کو معطل کر کے ان ہی لوگوں کی ایک کمیٹی نامزد کر دی ہے جو برسر اقتدار آنے کیلئے غیر آئینی طریق کار اختیار [illegible] بھوپال کانگریس کمیٹی نے اس فیصلہ کے خلاف اپیل کی ہے کیونکہ یہ مدھیہ بھارت کانگریس کی مخالفت ہے۔ انتقالی امور کے سلسلے میں ماقبل مدھیہ بھارت کانگریس ہے اس معاملہ میں مداخلت کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

موجودہ انتظامات کے مالک ریاست بھوپال کا انضمام ہو سکتا ہے اگر نواب صاحب بھوپال اور حکومت ہند کی باہمی رضامندی ہو۔ اگرچہ سوال عوام پر چھوڑ دیا جائے تو انتخابات کرانا ضروری ہوگا۔

ماہنامہ "صبوحی" رامپور

ملک کے ان گنے چنے چند جرائد میں سے ہے جن کو اردو ادب کی حقیقی خدمت کا فخر حاصل ہے اور ایک عرصہ سے ترقی ادب میں حصہ لے رہے ہیں۔

صبوحی زندگی کے نئے رجحانات کا حامل ہے اور نہ صرف ادب جدید کے صحیح خد و خال پیش کرتا ہے بلکہ ملک کی سماجی الجھنوں کے بہترین حل آپ تک پہنچاتا ہے۔

صبوحی ہر ماہ انگریزی کی پہلی تاریخ کو شائع ہوتا ہے اور ملک کے مقتدر اہل قلم حضرات کا تعاون اس کے معیاری ہونے کی ضمانت ہے۔

خاص نمبر معرکۃ الآرا افسانہ ماہ فروری میں طلوع ہوگا۔ بہترین افسانے ڈرامے اور چوٹی کی نظمیں اس کی زینت ہوں گی۔

سالانہ چندہ چار روپے آٹھ آنے فی کاپی چھ آنے

ترسیل زر کا پتہ:۔ منیجر ماہنامہ "صبوحی" رام پور

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار ۲۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۹ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

مسٹر مینن اور سفیر ہالینڈ کی بات چیت

نئی دہلی ۲۱ جنوری۔ [illegible] نے بتایا ہے کہ کل یہاں ہندوستان کے محکمہ خارجہ کے سیکریٹری مسٹر کے۔ پی۔ ایس مینن اور ڈچ سفیر ڈاکٹر [illegible] کے درمیان جو ملاقات ہوئی اس کا ایشیائی ملکوں کی کانفرنس سے کوئی تعلق نہیں ہے جہاں تک ایشیائی ملکوں کی کانفرنس کا تعلق ہے حکومت ہند [illegible] کسی قسم کا مشورہ نہیں کیا گیا۔

[illegible] کو کانفرنس کے کھلے اجلاس میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی تھی اور وہ اسی حیثیت میں کانفرنس میں شامل ہوئے۔ (خلیفہ)

سوشلسٹ ۵۲ء کے انتخابات میں حصہ لینگے

مخالف جماعت بننے کیلئے نہیں بلکہ اقتدار کیلئے

احمد آباد ۲۰ جنوری۔ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ کانگریس سے علیحدہ ہونے کے بعد سوشلسٹ پارٹی کا کیریکٹر بدل گیا ہے۔ اور اب جب یہ کانگریس کے اندر کوئی گروپ کی حیثیت نہیں رکھتی اس لئے اس کو عوامی جماعت بنا چاہئے۔ ڈاکٹر لوہیا نے کہا کہ پٹنہ میں منعقد ہونے والی سالانہ کانفرنس کے بعد ہم اس کے دروازے مزدوروں اور کسانوں کے لئے کھول دیں گے اور ہم ۵۲ء کے عام انتخابات میں اپوزیشن بننے کے لئے نہیں بلکہ اقتدار حاصل کرنے کے لئے حصہ لیں گے۔

ڈچ فوج گردی ختم کرنے کیلئے ایشیائی کانفرنس کا پہلا اقدام

تجاویز مرتب کرنے کیلئے چار طاقتوں کی ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی

کانفرنس کے بند اجلاس میں ایشیائی نمائندوں کا اہم فیصلہ

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

نئی دہلی ۲۱ جنوری

ایشیائی کانفرنس نے ایک مسودہ کمیٹی بنادی ہے جو مجلس تحفظ میں پیش کرنے کے لئے انڈونیشیا کے مسئلہ پر اپنی سفارشات اور تجویزیں مرتب کرے گی۔ اس کمیٹی کی تشکیل گذشتہ شام کانفرنس کے بند اجلاس میں عمل میں آئی جو حیدرآباد ہاؤس میں [illegible] ۱۸ دسمبر کے مورچوں پر ڈچ فوجوں کی واپسی۔ جمہوری عوام کو پوری آزادی، جمہوری لیڈروں کی فوری رہائی۔ اس کمیٹی کے ممبر آسٹریلیا، لنکا، ہندوستان اور پاکستان ہیں۔

مسودہ سفارشات

بند اجلاس دو گھنٹہ تک جاری رہا۔ اس کے بعد [illegible]

[illegible] کے لئے مجلس تحفظ کے سامنے پیش کی جانے والی ہیں [illegible] طور پر مندرجہ ذیل امور زیر بحث آئے۔

(۱) جمہوری حکومت کو عمل کی پوری آزادی۔

(۲) جمہوری حکومت کو وہ علاقے واپس دینے کا سوال جو ۱۸ دسمبر سے قبل اس کے پاس تھے۔ اور ان علاقوں سے ڈچ فوجوں کی واپسی۔

(۳) ایک عبوری حکومت کی تشکیل۔

(۴) دستور ساز اسمبلی اور انڈونیشیا کی متحدہ حکومت کو

انتقال اقتدار و انتخابات۔

(۵) مجلس تحفظ کی طرف سے ایک کمیشن کا تقرر [illegible]

[illegible] کانفرنس نے ایک مسودہ کمیٹی مقرر کرنے کا فیصلہ کیا جس میں آسٹریلیا لنکا ہندوستان اور پاکستان کے نمائندے ہوں گے۔ یہ کمیٹی ان نکات پر تجاویز تیار کرے گی جو زیر بحث آئے ہیں۔

نیوزی لینڈ اور ایتھوپیا کے نمائندے جو کھلے اجلاس میں موجود تھے اس بند اجلاس میں موجود تھے۔ چیئرمین پنڈت نہرو نے ان کا خیر مقدم کیا۔ بحث میں بہت سے نمائندوں نے حصہ لیا اس کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ ٹھیک اور مکمل تجاویز کے لئے ایک قرارداد مرتب کی جائے۔

۴۴ کمیونسٹ نظر بند بھوک ہڑتال پر

شملہ ۲۱ جنوری۔ کل سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ مشرقی پنجاب کے مختلف جیلوں میں ۴۴ کمیونسٹ نظر بند بھوک ہڑتال پر ہیں۔

حیدرآباد کے اضلاع میں جمعیۃ علماء کے وفد کا دورہ

دہلی ۲۱ جنوری۔ جمعیۃ علماء کا وفد حیدرآباد کا دورہ کرنے کے لئے گیا تھا اس کے رکن حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری اور جناب سید احمد صاحب جعفری واپس دہلی تشریف لے آئے ہیں۔ اور مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی الگ الگ اورنگ آباد اور کریم نگر وغیرہ اضلاع کا دورہ کر رہے ہیں۔ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب سنبھلی ایم۔ ایل۔ اے (یو۔ پی) جمعیۃ کے وفد کے تیسرے ممبر کی حیثیت سے حیدرآباد تشریف لے گئے ہیں۔ (نامہ نگار)

وفد نظام آباد میں

نظام آباد جمعیۃ علماء کا وفد ۱۵ جنوری کی شب میں نظام آباد پہنچا۔ جناب مولوی غلام احمد صاحب وکیل معتمد ریلیف کمیٹی اور رکن کانگریس کے یہاں قیام کیا جہاں مولوی [illegible] حسین صاحب وکیل اور دوسرے حضرات پہلے سے منتظر تھے۔ وفد نے نظام آباد پہنچتے ہی اپنا کام شروع کر دیا ارکان کانگریس سے گفتگو کی۔ گیارہ بجے حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ مولانا حمید احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء نظام آباد۔ مولوی غلام احمد صاحب وکیل۔ مولوی سید محمد یوسف صاحب وکیل اور کانگریس کے نائب صدر جناب [illegible] صاحب نے کلکٹر صاحب سے ملاقات کی۔ اور موجودہ [illegible] تفصیلی گفتگو ہوئی۔ کلکٹر صاحب کے جوابات ارکان وفد کے لئے قابل اطمینان تھے۔ شام کے ۴ بجے [illegible] صاحب نائب صدر کانگریس کے زیر صدارت جلسہ عام ہوا۔ مولانا حمید احمد صاحب کی مختصر تقریر کے بعد ناظم صاحب جمعیۃ علماء ہند نے حالات و سیاسیات موجودہ پر بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ باہمی اتحاد و اتفاق اور مصیبت زدہ انسان کی امداد کی اپیل کرتے ہوئے مستقبل کے لئے طریق کار پر روشنی ڈالی۔

اس کے بعد ناظم صاحب جمعیۃ علماء ہند ۹ بجے شب تک تبادلہ خیالات کرتے رہے۔ رات کے ۹ بجے ارکان وفد نانڈیر کے لئے روانہ ہو گئے۔

مولانا ابو المنصور صاحب معتمد جمعیۃ علماء نظام آباد۔ مولانا ابو یوسف صاحب۔ مولانا عبد السبحان صاحب معتمد جمعیۃ علماء حیدرآباد۔ مولانا [illegible] صاحب کے ساتھ وفد نانڈیر پہنچ گیا ہے۔

کمیونسٹ فوجیں نانکنگ کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہیں

جنرل چیانگ فارموسا فرار ہو رہے ہیں

نانکنگ ۲۱ جنوری۔ [illegible]

[illegible]

برما میں نہ دبنے والی بغاوت کا طوفان

وزیر اعظم اور کابینہ نے استعفے دے دیا

رنگون ۲۱ جنوری۔ برما کے وزیر اعظم تھاکن نو نے اپنی کابینہ کا استعفے صدر برما کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ ایک سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ کابینہ نے یہ فیصلہ تمام ملک میں بغاوت کی وسعت اور بگڑتی ہوئی حالت کے پیش نظر کیا ہے۔

تھاکن نو کم سے کم وزیروں کی ایک نئی کابینہ بنائیں گے وہ گذشتہ سال ۴ جنوری سے وزیر اعظم تھے۔ ستمبر میں پارلیمنٹ نے انہیں دوبارہ منتخب کر لیا تھا۔

وہ گذشتہ رات سرحدی علاقہ کے دو ہفتہ کے دورہ کے بعد واپس آ گئے۔ انہوں نے کابینہ کے ایک اجلاس میں شرکت کی جس میں ملک کی بغاوت کے حالات پر سنجیدگی سے غور کیا گیا۔ [illegible]

سرحد کے ایک وزیر کی برطرفی

پشاور ۲۱ جنوری۔ حکومت صوبہ سرحد کے ایک پریس کمیونک میں گذشتہ شب اعلان کیا گیا ہے کہ صوبہ سرحد کے وزیر مال [illegible] خان کو صوبائی اسمبلی سے برطرف کر دیا گیا ہے [illegible]

مجلس تحفظ نے انڈونیشیا میں لڑائی بند کرنیکا مسودہ تیار کر لیا

فرانس کی جانب سے ویٹو کے استعمال کرنے کا اندیشہ

لیک سکس ۲۱ جنوری۔ [illegible]

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان لاہور میں

لاہور ۲۱ جنوری۔ پاکستان کے وزیر اعظم [illegible] بیگم لیاقت علی خان کے ہمراہ [illegible] ہوائی جہاز سے پہنچے۔

[illegible]

مسٹر ٹرومان نے امریکہ کے صدر کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا

لاکھوں انسانوں نے صدر کو حلف اٹھاتے ہوئے دیکھا اور سنا

واشنگٹن ۲۱ جنوری۔ مسٹر ٹرومان نے کل اپنے عہدہ صدارت کا حلف اٹھا لیا۔ وہ امریکہ کے ۳۲ ویں صدر ہیں۔ [illegible]

[illegible]

یہودی کسی حالت میں بیت المقدس کو نہیں چھوڑ سکتے

اسرائیلی وزیر اعظم کے منصوبے

بیت المقدس ۲۱ جنوری۔ [illegible]

مصریوں اور یہودی نمائندوں کی گفت و شنید کامیابی کے مرحلہ پر

دونوں حکومتوں کے نمائندوں کو دستخط کرنے کے اختیارات دیدیئے گئے

روڈس ۲۱ جنوری۔ مصر اور اسرائیل کے جو نمائندے یہاں عارضی صلح کے سلسلہ میں گفت و شنید کر رہے ہیں [illegible]

لبنان اور اسرائیل کا سمجھوتہ

[illegible]

کشمیر کیلئے مجلس اقوام کے مشاہدین

ہفتہ اور اتوار کو کراچی پہنچ رہے ہیں

لیک سکس ۲۰ جنوری۔ [illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

دہلی کے ردعمل سے پاکستان میں زبردست تشویش کا اظہار

کشمیر کے متنازعہ مسائل کا باہمی افہام و تفہیم سے طے ہو جانیکا قوی امکان ہے

لاہور ۲۰ جنوری۔ کشمیر کے بارے میں خط و کتابت جو کشمیر کمیشن اور پاکستان اور حکومت ہند کے درمیان ہوئی ہے شائع ہو جانے [illegible] پاکستان گورنمنٹ کے پریس [illegible] کی اشاعت پر ردعمل کے باعث یہاں بڑی تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ [illegible]

[illegible]

تجویز سے انحراف

[illegible]

ایشیائی کانفرنس کے سہ گونہ پروگرام کی تشریح

پنڈت نہرو کا خطبہ صدارت

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

انڈونیشیا کی صورت حالات

[illegible]

چوہدری لطافت حسین کا دورہ

[illegible]

بھوپال کے لیڈروں کی صدر کانگریس سے ملاقات

[illegible]

حکومت چین غیر مشروط طور پر جنگ بند کرنیکو تیار ہوگئی

چینی کابینہ میں کمیونسٹوں کی طرف سے پیش کردہ شرائط پر غور

لندن ۲۰ جنوری۔ مارشل چیانگ کائی شیک اب اس کے لئے تیار ہو گئے ہیں کہ کمیونسٹوں سے صلح کرنے کی کوشش میں غیر مشروط طور پر جنگ بند کرنے کا حکم دیدیں۔ [illegible]

[illegible]

اولین فرض

[illegible]

مہاتما گاندھی کی راہ

[illegible]

ایشیائی اتحاد کی ضرورت

[illegible]

بھوپال کو ضم کرنے کا سوال

بھیلسہ میں غور و خوض

بھوپال ۲۰ جنوری۔ بھوپال کانگریس کی ایڈہاک کمیٹی کا اجلاس [illegible] بھیلسہ میں [illegible]

عورت کا لیکوریا (سیلان الرحم)

[illegible]

منیجر پرل اینڈ کیمیکل رجسٹرڈ

[illegible] چاندنی چوک دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۰۰ تار کا پتہ کلوریم دہلی

قرآن مجید پارے قاعدے و اسلامی کتابیں

[illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام [illegible] دہلی

دہلی کی تاریک گلیوں میں قیام کرنا ٹھیک نہیں

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد

کے قریب ہے

آیئے اور قیام کیجئے

مالک افضل پشاوری دہلی

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

[illegible]

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

روزانہ دو شو ۳ بجے ۶ بجے شام

ہندوستان کا مشہور و معروف

وائٹ وے سرکس

بمقام پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ

[illegible]

دیوان کے [illegible] منیجر



تبادلہ جائیداد

کیا آپ کی پاکستان میں کوئی جائیداد رہ گئی ہے؟

کیا اس کے بدلے آپ نے کچھ سوچا ہے؟

اگر نہیں

تو پنجاب کے مشہور اور چوٹی کے پراپرٹی ڈیلر لالہ موتی رام بھلہ سے مشورہ کیجئے

جنرل منیجر لالہ موتی رام بھلہ پراپرٹی ڈیلرز

نمبر ۲۹ کارونیشن ہوٹل۔ دہلی

تبادلہ جائیداد

خرید و فروخت کے لئے فوراً مشورہ فرمائیں۔ کراچی، راولپنڈی، لاہور اور دونوں ملکوں کے تقریباً ہر شہر میں لاکھوں روپیہ کی جائیداد ہمارے پاس ہے۔ نیز پاکستان اور ہندوستان کے تقریباً ہر بڑے شہر میں ہمارے [illegible]

جنرل منیجر [illegible] کوچہ بلیماران چاندنی چوک دہلی

انڈونیشیا کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے

اگر ڈچ فوج گردی کو نہ روکا گیا تو اس سے ہٹلری رجحانات کامیاب ہو نگے

بیرونی طاقت کو کسی دوسری جگہ جاکر قدم جمانے کا کوئی حق نہیں

ایشیائی کانفرنس میں مختلف نمائندوں کی تقریریں

دشمن نہیں ہے اور کہا کہ یہ حقیقت کی ستم ظریفی ہے کہ انڈونیشیا کو ڈچوں کے خلاف اپنی جنگ آزادی لڑنی پڑ رہی ہے جبکہ ابھی چند برس پہلے اپنی جنگ آزادی لڑنی پڑی تھی جنگ کے دوران میں ڈچ انڈونیشیا کو جاپانی حملے سے بچانے کے [illegible] ہالینڈ انڈونیشیا پر دوبارہ قبضہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انڈونیشیا پر ڈچ حملہ جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے لئے ایک خطرہ ہے۔

پاکستان کے ڈیلی گیٹ نے امید ظاہر کی کہ کانفرنس نہ صرف اس متنازعہ کے بارے میں ٹھوس اقدامات کے بارے میں جو اقوام متحدہ کو اختیار کرنا چاہئے اپنی قطعی رائے صاف کر دینی چاہئے۔ اقوام متحدہ نے جھگڑوں کو خوش اسلوبی سے سلجھانے کے لئے جو نام ہو چکی ہے اس لئے اعلیٰ [illegible] جاری نہیں رہنے دیا جانا چاہئے۔

مہاتما گاندھی کو خراج تحسین

ڈچ اقدام کی مذمت

بیگم آزاد کی یادگار

الہ آباد ۔ ۲۱ جنوری ۔ کملا نہرو میموریل ہسپتال میں جو نیا بلاک تعمیر ہو رہا ہے ۔ اس کا نام بیگم آزاد میموریل بلاک ہوگا جو مولانا آزاد کی اہلیہ محترمہ کی یادگار قائم کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔

اس وارڈ اور ہسپتال کی توسیع کا افتتاح جنرل گورنر [illegible] ۹ فروری کو کریں گے۔

ہندو مہاسبھا نے چولا بدل کر سیاست میں آنے کیلئے تیاریاں شروع کر دیں

شراب کہنہ کو جام نو میں پیش کرنے کی پر فریب اسکیم

پونا ۔ ۲۰ جنوری ۔ ہندو مہاسبھا کے صدر [illegible] نے ایک کمیٹی کا اعلان کیا ہے وہ حزب اس کے صدر اور مسٹر [illegible] اس کے کنوینر ہوں گے ۔ جو ایک عوامی سیاسی پارٹی بنانے کے سوال پر غور کرے گی۔

کشمیر میں ابتدائی تعلیم کیلئے مادری زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے پر غور

فلپائن کے نمائندے کی تقریر

سعودی عرب

گورنر جنرل نے سلطان ابن سعود کا پیغام دیا جس میں انڈونیشیا کے کاز کی ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا تھا ۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ایشیائی قوموں کی منظم کارروائی سے جنوب مشرقی ایشیا میں دیرپا امن قائم ہو جائے گا اور انڈونیشی مسئلے کے پر امن حل پر زور دیا۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

مسئلہ فلسطین کا ذکر

شام کے نمائندے نے کہا اس طرح فلسطین میں بھی نوجوانوں کو گردی ہو رہی ہے جس کی وجہ سے عوام کو اپنا وطن اور اپنے گھر چھوڑنے پڑے ہیں ۔ ڈاکٹر [illegible] نے اس تجویز کی حمایت کی کہ بین الاقوامی دنیا میں اپنی پوزیشن کو محفوظ کرنے کیلئے

جملہ حقوق محفوظ طالب

پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے نقد انعامات

تار کا پتہ "پزل" ماڈل ٹاؤن

داخلہ کی آخری تاریخ ۱۰ فروری ۱۹۴۹ء

۱	ت			ی	س
۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	و	[illegible]
۳		ن	ت	ا	س
۴			ا	ل	ی
۵	خ		ی		☒
۶		م		ب	☒
۷		و		ت	☒
۸		ر	م	☒	☒
۹		ر	م	☒	☒

پہلا انعام (صحیح حل) تین ہزار روپیہ

دوسرا انعام (ایک غلطی) گیارہ سو روپیہ

تیسرا انعام (دو غلطی) سات سو روپیہ

چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو دو سو روپیہ

معمہ حل کرنے کا طریقہ ۔ خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پر کریں ۔ اشارات [illegible]

فیس داخلہ پہلا حل ایک روپیہ اور بعد میں فی حل آٹھ آنے ۔ فیس داخلہ بذریعہ منی آرڈر یا پوسٹل آرڈر بھیجیں ۔ [illegible] کی رسید اپنے حلوں کے ساتھ ضرور بھیجیں۔

شرائط [illegible]

آسان اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۱۹ (ڈی) ماڈل ٹاؤن (لاہور)

پانچ ہزار روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کر دیئے گئے

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "باز" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

حسین کشیدہ کاری

قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

[illegible] ماہنامہ "باز" دہلی [illegible]

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون ۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا ، مشک ، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں ۔ قیمت فی شیشی [illegible]

طلا نمبر ۲۰۰

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں ۔ [illegible] ۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق

آپ کی جیون [illegible]

ملنے کا پتہ ۔ دلی دوا گھر ۔ نور گنج ۔ دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۲۳ جنوری ۱۹۴۹ء

آنے والا انقلاب

کانگریس کے پریذیڈنٹ ڈاکٹر سیتارامیہ نے مدراس چیمبر آف کامرس میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا

"تجارت پیشہ برادری کو پیداوار میں اضافہ کر کے اور ملک کو خوشحال بنا کر حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہئے ۔ انگریز تو چلا گیا ہے ، اور ہم ملک کے دروبست پر قابض ہیں مگر ملک ترقی نہیں کر سکتا ، جب تک تجارت پیشہ لوگ صنعت و حرفت اور تجارت کو ترقی دیکر ملک کی دولت کو نہ بڑھائیں ، افسوس ہے کہ آج تجارتی بد دیانتی پر کوئی روک نہیں بازار میں مال بہت ہے لیکن جو لوگ بھی تجارت کرتے ہیں انہوں نے مسابقت کا دروازہ کھول کر اور تجارتی بد دیانتی کا مظاہر کر کے خرید و فروخت کے نظام کو تہ و بالا کر رکھا ہے ، جب تک تجارت پیشہ لوگ یا تو اس سے کام نہیں کریں گے ، ملک کی اقتصادی تجارتی ، اور صنعتی حالت درست نہ ہو سکے گی"

اس وقت خوش ہوں گے جب کمیونزم کی ایک ہی گولی سے نہ مرض رہے گا نہ مریض ، دونوں کا قصہ پاک ہو جائے گا ، بہتر ہے کہ اپنی انتہا پسندی سے انقلاب کو دعوت نہ دو اور نفع خوری ، سود خوری ، چور بازاری ، زمانہ سازی اور لوٹ کھسوٹ سے باز آجاؤ ، لیکن صنعتی اور تجارتی سرمایہ دار سب کچھ سن کر ان سنا کر دیا کرے گا جو اس کی فطرت ہے ، بچھو اپنے فطری رجحان کی بنا پر ہی ڈنک مارتا ہے ، حالانکہ نتیجہ میں وہ خود بھی زندہ نہیں بچتا ، مگر اسے مرنا منظور ہے نیش زنی سے باز آنا منظور نہیں ! ہائے سرمایہ ! یہ غریبوں کا خون اور یہ لوٹ کھسوٹ کا چسکا ! اس لذت میں تجارتی دیانتداری کا لفظ کبھی سود مند نہیں ہو سکتا ، سرمایہ پرستی یقیناً خونی انقلاب کو دعوت دیتی ہے لیکن انقلاب سے پہلے اسکا اعتدال پر آنا ، ناممکن ہے ، انقلاب آنے سے پہلے سرمایہ پرستی نے کبھی ہتھیار نہیں ڈالے ، کیونکہ یہ ہمارے کارخانہ دار یہ ہمارے ملک التجار ، یہ ہمارے بینکر ، اور ایکسچینج اور یہ ہمارے مہاجن اور سود خور اتنے بزدل نہیں کہ مرنے [illegible]

اچھی باتیں

ولئن ۔ تا ۔ یعقلون (پ ۲۱ ع ۲)

اگر آپ ان سے سوال کریں کہ بلندی سے پانی کون اتارتا ہے اور کون پانی سے مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے تو وہ لامحالہ یہی کہیں گے کہ یہ سب خدا ہی کی قدرت کا کرشمہ ہے ، تم کہو کہ ہر قسم کی ستائش کا مستحق بھی اللہ ہی ہے لیکن اکثر لوگ عقل اور سمجھ سے کام نہیں لیتے

اس آیت میں ایک سوال کر کے انسان کی فطرت کو بیدار کیا گیا ہے یعنی یہ فطرت کی شہادت ہے کہ بارش اور اسکے نتائج کی ذمہ دار ایک ایسی ہستی ہے جسے اللہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں ، بارش کے ذریعہ مردہ زمین زندہ ہو جاتی ہے اور کھیتیاں لہلہانے لگتی ہیں پس جو ہستی مردہ زمین کو پانی برسا کر زندہ کر دیتی ہے کیا وہ مردہ روح اور دل کو وحی اور تنزیل کے ذریعہ زندہ نہیں کر سکتی ؟ جس ذات نے ہماری جسمانی ضروریات فراہم کی ہیں وہی ذات ہماری روحانی ضروریات بھی فراہم کرتی ہے آخر میں ایک عام قانون کی طرف اشارہ کر دیا کہ دنیا میں اکثریت ان لوگوں کی ہے جو اپنی عقل اور فہم سے کام نہیں لیتے ، سنی سنائی باتوں پر ایمان لے آتے ہیں۔

سیر ...... و ...... سیاحت

(سینما کے تعلق سے)

سنا ہے ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو جوں جوں بڑھے ہوتے جا رہے ہیں بچوں سے ان کی دلچسپی بڑھتی جاتی ہے ۔ آپ نے دہلی کے چیف کمشنر کو لکھا ہے کہ بچوں کی تمام انجمنوں کو اس بات کی خبر کر دی جائے کہ اگر بچوں کے دورہ کے متعلق انہیں پیشگی خبر کر دی گئی تو وہ اپنی کرسی کے باغ میں کچھ وقت ان کے ساتھ گذاریں گے۔

پنڈت نہرو کی اس دلچسپی پر ممکن ہے آپ تعجب کریں ۔ ایک وزیر اعظم اور بچے ! ۔ مگر اس میں تعجب کی بات نہیں ۔ آخر وزیر اعظم بھی تو کسی دن بچے ہی تھے [illegible] ہونا ایک قدرتی بات ہے ۔

کند ہم جنس با ہم جنس پرواز

کہتے ہیں بچے بڑوں کے لئے جاندار کھلونا ہیں اباجان کی ساری تکان دور ہو جاتی ہے جب وہ دفتر سے اپنے بچوں کے خیال میں گذارتے ہیں ۔ پنڈت جی ہندوستان کے سب سے زیادہ مصروف شخصیتوں میں سے ایک ہیں دن بھر مصروف رہنے سے ان کا دماغ تھک جاتا ہوگا شاید اسی لئے دوسری تفریحات کے مقابلہ میں انہوں نے بچوں کے ساتھ تفریح کو ترجیح دی ہے ۔ بچے بھی یہ سن کر خوش ہو جائیں گے اور بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوں گے بچوں کو خوش ہونا چاہیئے کہ انہیں ایک بڑا اچھا ساتھی مل گیا ۔

بچوں میں وزیر اعظم کی موجودگی سے یہی نہیں کہ بچوں کو فائدہ پہنچے گا اور انہیں دنیا بھر کی باتیں معلوم ہوں گی بلکہ خود پنڈت نہرو کو بھی کچھ حاصل ہوگا مثلاً یہ کہ ان کے غصہ کی عادت ختم ہو جائے گی ۔ انہیں غصہ بہت جلدی آتا ہے [illegible]

لیکن اس سے ان لوگوں کو بڑی مایوسی ہوگی جنہیں پنڈت جی کے غصہ میں مزہ آتا ہے [illegible] سیاستدان اور ہر سیاسی لیڈر میں غصہ کی عادت ہونی چاہیئے ۔ یہ عادت نہ ہو تو بعض اوقات بڑے ضروری کام رہ جاتے ہیں ۔ مثلاً یہ کہ اگر پنڈت جی میں غصہ کی عادت نہ ہوتی اور وہ بھی دوسرے ایشیائی ممالک کے وزیر اعظموں کی طرح ٹھنڈے دماغ کے ہوتے تو کبھی بھی ایشیائی کانفرنس طلب نہ کرتے ۔ ڈچوں کی بد معاشیوں پر انہیں غصہ [illegible]

صابر رسول

(از مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی ایڈیٹر صدق)

(۳)

نیتوں کا فتور

ایک نیا امتحان !

پھر اسی اوچھے ہتھیار پر اتر آئے جسے وہ اپنے ہاتھ سے پھینک چکے تھے اور مسلمانوں سے پھر ایک نئے رنگ کی وفاداری کا مطالبہ کرنے لگے ! ایک معاصر اپنے افتتاحیہ میں " ہندوستانی مسلمانوں کا امتحان " [illegible]

یوم النبی کا جلسہ

انجمن طبیبہ کی سالانہ کانفرنس

یوم پیدائش سبھاش چندر بوس

اجمیر میں سیرت کا سالانہ جلسہ سیرت مقدسہ پر اہم تقریریں

اجمیر ۔ ۱۳ جنوری ۔ (بذریعہ ڈاک) انجمن محفل خانہ درگاہ معلی میں عید میلاد النبی کے سلسلہ میں سیرت کے سالانہ جلسہ کا انعقاد ہوا۔ اس جلسہ کی صدارت کے لئے امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کو دعوت دی گئی تھی لیکن اپنی مصروفیات کی بنا پر تشریف نہ لا سکے۔ ان کی عدم موجودگی میں حضرت مولانا سید فیاض حسین علیمی صاحب سجادہ نشین آستانہ عالیہ اجمیر نے جلسہ کا آغاز کیا۔ صدر محترم نے سیرت مقدسہ پر مختصر تقریر کی اور سیرت کے جلسوں کی غایت پر [illegible]

[illegible] مسلم کی تیرہ سالہ مکی زندگی کو سامنے رکھنے اور صحابہ و خلفاء کے دور میں حضور کے اسوہ کو عمل میں لانے کی تلقین کی۔ مولانا محترم نے فرمایا کہ فسادزدہ مقامات اور علاقہ کے حالات مستثنیٰ ہیں اور نہ معمولی حالات میں گھبرا کر اور بزدل ہو کر ہمت چھوڑ بیٹھنا اور اپنے وطن ہندوستان سے ترک سکونت کرنا اسلامی ہجرت کے ضمن میں نہیں آتا۔ اسحاق قریشی صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں عقلی دلائل سے اخوت اسلام پر تقریر کی۔

مولانا عبدالشکور صاحب نے اسلامی عدل اور مذہبی رواداری کی مثال میں جناب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ بیان کر کے کہ عیسائی ممالک میں داخل ہوتے وقت کسی مسلمان سوار نے اپنے نیزہ سے حضرت مریم علیہا السلام کے مجسمہ کی آنکھ کو توڑ دیا۔ [illegible] عیسائی راہبوں اور پادریوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دربار میں دعویٰ پیش کیا اور اپنی آتش انتقام کو سرد کرنے کے لئے مسلم کا مجسمہ طلب کیا تو حضرت عمر نے اسلام میں مجسمہ سازی اور بت گری کی مخالفت کا عذر پیش کرتے ہوئے حضور کا خلیفہ ہونے کی حیثیت سے پادریوں کے سامنے اپنی دونوں آنکھیں پیش کر دیں کہ حضرت مریم کے مجسمہ کی توہین کا بدلہ لینے کے لئے تم میری دونوں آنکھیں نکال سکتے ہو اور اپنا دل خوش کر سکتے ہو۔ حاضرین کے رونگٹے کھڑے کر دیئے۔

[illegible]

جشن میلاد النبی

گذشتہ ۱۲ ربیع الاول [illegible] جشن عید میلاد النبی بڑی شان و شوکت سے منایا گیا۔ جلسہ کی صدارت سجادہ نشین درگاہ اجمیر شریف دیوان سید [illegible] حسین صاحب نے فرمائی۔ [illegible]

(نامہ نگار)

حضرت مولانا فضائی [illegible]

باہر سے آئے ہوئے لوگوں کی ریاست بھوپال میں جلسہ کرنے کی کوشش

پولیس کے حکم پر منتشر ہونے سے انکار اور پولیس پر حملہ کی حکومت کی جانب سے وضاحت

[illegible]

مہاتما گاندھی میموریل ٹورنامنٹ کامٹی

کامٹی ۔ ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

نوٹ: خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوئی ہیں۔ جو شاخیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

ضلع باندہ کیلئے اپیل

باندہ ۔ (بذریعہ ڈاک) اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ضلع باندہ کے دیہات میں جن مسلمانوں کو زبردستی مرتد کیا گیا تھا۔ وہ مولانا محمد عاقل صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع باندہ کی سعی بلیغ سے دوبارہ دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ اب [illegible] کی جا رہی ہے تاکہ عوام کو مذہب سے واقفیت حاصل ہو سکے اور آئندہ فتنہ ارتداد کا سد باب ہو سکے۔ افسوس ہے جمعیۃ علماء ضلع باندہ ان مدرسوں کو قائم کرنے کی استطاعت نہیں رکھتی اس لئے توقع ہے کہ اہل خیر حضرات اس طرف توجہ فرما کر مستحق ثواب دارین ہوں گے۔ (نامہ نگار)

ماتحت جمعیۃ علماء ضلع بلندشہر مطلع ہوں

ماتحت جمعیۃ علماء ضلع بلندشہر کو مطلع کیا جاتا ہے کہ [illegible]

[illegible] اتحاد ملی کو جمعیۃ کا مقصد بتلاتے ہوئے اس پر عمل پیرا ہونے کی اپیل کی۔ جلسہ کا اختتام پر جمعیۃ کا انتخاب عمل میں آیا۔ میر عبدالحمید صاحب صدر محمد عمر صاحب نائب صدر محمد خان صاحب ناظم اسحاق خان صاحب نائب ناظم محی الدین صاحب خازن

غازی پور شہر ۱۷ جنوری کو دفتر جمعیۃ علماء میں [illegible] عہدیدار منتخب کیا۔ حاجی حکیم محمود الحق صاحب صدر مولانا ابوالحسن صاحب نائب صدر اسمٰعیل خان صاحب ناظم، مولوی متین الدین صاحب نائب ناظم حافظ اسحاق صاحب ناظم دفتر محمد فاروق صاحب خازن۔

عمر پور ضلع بلندشہر گذشتہ ۱۹ دسمبر کو ایک جلسہ جناب حاجی محمد عمر خان صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ عہدیداران ذیل منتخب کئے گئے۔ منشی سلطان محمد خان صاحب صدر۔ منشی امین خان صاحب نائب صدر منشی محمد سعید خان صاحب ناظم صوفی امیر احمد صاحب نائب [illegible]

جلسۂ سیرت جمعیۃ علماء چھپرہ

[illegible]

انتخابات

ساہن پور ضلع بجنور [illegible]

خودکشی کرنے کے الزام میں گرفتار

لکھنؤ ۔ ۲۰ جنوری ۔ پولیس نے ایک عورت مسماۃ رسولن کو خودکشی کرنے کی کوشش کے جرم میں گرفتار کیا ہے بتایا جاتا ہے کہ مسماۃ رسولن اور اس کے شوہر اللہ رکھے سے کسی بات پر جھگڑا ہوا۔ اللہ رکھے ویلڈنگ میں پورٹر ہے۔ چنانچہ جب وہ اپنے کام پر چلا گیا تو مسماۃ رسولن نے مہر غازی الدین حیدر کے قریب جو اس کے مکان واقع عالم باغ سے نزدیک ہے جا کر اپنے کپڑوں میں آگ لگائی اور خودکشی کرنا چاہی اتفاق سے ایک راہگیر نے دیکھ لیا اور لپک کر کپڑوں کی آگ بجھا دی اور رسولن بچ گئی۔ اس کے معمولی خراشیں آئی ہیں اور وہ اب پولس کی حراست میں ہے۔ (ا ن س)

گولی چلنے سے طلباء مجروح

لکھنؤ ۔ ۲۱ جنوری ۔ [illegible] ۱۶ جنوری کو اسٹیشن رام لیلا گراؤنڈ پر ایک ڈرامہ کے موقعہ پر گولی چلنے کے نتیجے میں ڈی اے وی کالج ہوسٹل کے چار طلباء کے سخت زخمی ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ واقعہ یہ بتایا جاتا ہے کہ ڈرامہ شروع ہونے کے بعد ایک تعلقدار کے کچھ رشتہ دار آگئے اور سب سے آگے کرسیاں ڈال کر بیٹھ گئے طلباء نے اس پر اعتراض کیا کیونکہ اس سے انہیں ڈرامہ دیکھنے میں دقت ہوتی تھی اس پر بات بڑھ گئی اور طلباء پر اس کے نتیجہ میں گولی چلائی گئی۔ اس سلسلہ میں دو افراد کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ (ا ن س)

مسٹر کے سنتانم ریلوے [illegible]

[illegible]

رام لیلا گراؤنڈ میں جلسہ

۳۲ جنوری شام پانچ بجے گاندھی گراؤنڈ میں سوشلسٹ پارٹی دہلی کے زیر اہتمام ایک بڑا پبلک جلسہ منعقد ہوگا جس میں شہری پے پرکاش نارائن ملک کے موجودہ سیاسی اور اقتصادی حالات پر تقریر فرمائیں گے۔

بیشک آپ خوبصورت نوجوان ہیں

مگر صرف خوبصورتی یا جوانی کافی نہیں ہے آپ کے غدود، پٹھے اور دل و دماغ اور جگر بھی خوب طاقتور ہونے چاہئیں۔ اور آپ کے اندر جوانی کا جوش بھی اپنی پوری جوانی پر ہونا چاہیئے

بیشمار نوجوان ایسے ہیں، جو چہرے سے خوبصورت اور کڑیل معلوم ہوتے ہیں، مگر صحیح معنوں میں پوری طرح جوان نہیں ہیں۔ زندگی اور زندہ دلی اور روح حیات سے محروم ہیں۔ گرہستی کی ذمہ داریوں سے گھبراتے ہیں اور ایک عالم مایوسی اور مردنی ان پر چھائی رہتی ہے۔ ایسے جوانوں، ادھیڑوں اور بوڑھوں کو ہمدرد کی معجون شباب آور استعمال کرنی چاہیئے جو اعضائے رئیسہ کو طاقتور کرتی ہے اور غدود اور اعصاب میں نئی زندگی پیدا کرتی ہے۔ بیشمار اصحاب ہمدرد کی معجون شباب آور استعمال کر کے مراد کو پہنچ چکے ہیں۔ آپ بھی ابھی منگائیے۔ قیمت [illegible] پانچ روپے، نمونہ ایک [illegible]

ہمدرد کا مشہور ماالحم دواخانہ: قیمت فی تولہ پانچ روپے

رسالہ ہمدرد شباب، ہمدرد اطبّاء اور اردو، ہندی، انگریزی کی فہرست مفت طلب فرمائیے۔

ہندوستان کے ہر بڑے شہر میں ہمارے ایجنٹوں اور دواسازوں سے خریدیئے

ہمدرد

مزید جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ

صوبہ دہلی کے کسٹوڈین نے دہلی چھوڑ کر جانے والوں کی حسب ذیل مزید جائداد پر قبضہ کر لیا ہے۔

نمبر سلسلہ	نمبر مکانات	محلہ	حقوق کسٹوڈین
۳۰۴۰	XVI/۲۰۲	فرودگاہ [illegible]	دونوں
۳۰۴۱	XVI/۲۰۳	″	کرایہ داری
۳۰۴۲	XVI/۲۰۶	″	دونوں
۳۰۴۳	XVI/۲۰۷	″	کرایہ داری
۳۰۴۴	XVI/۲۰۸	″	دونوں
۳۰۴۵	XVI/۲۰۹	″	″
۳۰۴۶	XVI/۲۱۱	″	″
۳۰۴۷	XVI/۲۱۲	″	″
۳۰۴۸	XVI/۲۱۳	″	″
۳۰۴۹	XVI/۲۱۵	″	″
۳۰۵۰	XVI/۲۱۶-۱۴	″	کرایہ داری
۳۰۵۱	XVI/۲۱۸	″	″
۳۰۵۲	XVI/۲۱۹	″	دونوں
۳۰۵۳	XVI/۲۲۰	″	″
۳۰۵۴	XVI/۲۲۴	حاجی علاؤ الدین [illegible]	کرایہ داری
۳۰۵۵	XVI/۲۳۰	″	″
۳۰۵۶	XVI/۲۳۲	″	″
۳۰۵۷	XVI/۲۳۹	″	″
۳۰۵۸	XVI/۲۴۰	″	″
۳۰۵۹	XVI/۲۵۳	″	″
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

دارالسلطنت

نالی میں نوزائیدہ بچہ

ایم اے جاسن صاحب علاقہ حوض قاضی میں ایک نوزائیدہ بچہ ایک کپڑے میں لپٹا ہوا پڑا ملا ہے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

چور کو نو ماہ قید بامشقت

مسٹر لال بخت مجسٹریٹ درجہ اول نے بنارسی نامی ایک شخص کو ایک دوکان سے تین سو روپیہ چوری کرنے کے سلسلہ میں نو ماہ قید بامشقت کی سزا کا حکم دیا ہے۔

یوم لینن

آج شام کو ترقی پسند مصنفین کے ماتحت ہند گاندھی میں پانچ بجے ایک جلسہ یوم لینن کے سلسلہ میں منعقد [illegible]

ڈاکٹر فوٹ کی گورنر جنرل سے ملاقات

[illegible]

یونیورسٹی کے قریب حادثہ

دہلی یونیورسٹی کے قریب ایک لڑکی کل موٹر کے نیچے [illegible]

ایرانی سفیر کی آمد

ہند میں ایران کے نامزد سفیر مسٹر [illegible] کانفرنس میں ایرانی وفد کے لیڈر ہیں۔

دیسی پستول رکھنے والا گرفتار

کل ترکمان دروازہ میں ایک شخص [illegible] پستول رکھنے والا گرفتار کیا گیا۔ جامع مسجد کے علاقے سے ایک شخص کے پاس سے پانچ کارتوس نکلے۔

مسٹر گوبند سہائے کی تقاریر

یوپی کے وزیر اعظم کے پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے ۲۸ جنوری سے ۳۰ جنوری تک دہلی پراونشل کانگریس کمیٹی کے ماتحت دہلی اور اس کے دیہات میں تقاریر کریں گے۔ ۲۹ جنوری کی شام کو ۴ بجے ایک جلسہ عام رام لیلا گراؤنڈ میں منعقد ہوگا۔

انڈونیشیا کے لئے فلیگ ڈے

[illegible]

حوض قاضی کے علاقہ میں [illegible]

[illegible]

الور میں زراعتی نمائش

[illegible]

عالیشان کلینڈر ۱۹۴۹ء

[illegible]

دہلی کے دیہات میں جمعیۃ علماء کے امدادی کام کی مفصل رپورٹ

دہلی ۔ ۱۸ جنوری۔ جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے اطراف دہلی میں لحاف وغیرہ کی تقسیم کی صورت میں جو امدادی کام ہو رہا ہے دفتر جمعیۃ کو اس کی حسب ذیل مفصل رپورٹ موصول ہوئی۔

۱۔ منڈاولی علاقہ شاہدرہ ۔ ۱۵ عدد لحاف ۔ ۱۰ عدد کمبل ۔ ۶ عدد بنڈیاں ۔ ۲ عدد کرتے ۔ ایک عدد قمیص ۔ ۱۳ گز کپڑا۔

۲۔ گونڈہ علاقہ شاہدرہ ۔ ۱۰ عدد لحاف ۔ ۶ عدد کمبل ۔ ۱۰ عدد بنڈیاں ۔ ۵ عدد کرتے ۔ ۱۸ گز کپڑا۔

۳۔ بابرپور ۔ ۶ عدد لحاف ۔ ۵ عدد کمبل ۔ ۶ عدد بنڈیاں ۲ عدد کرتے ۔ ۱۶ گز کپڑا۔

۴۔ گڑھی ۔ ۳ عدد لحاف ۔ ۳ عدد کرتے ۔ ایک عدد بنڈی۔

۵۔ کھوریجی ۔ ۱۳ عدد لحاف ۔ ۱۰ عدد کمبل ۔ ۲۰ عدد بنڈیاں

۶۔ تہاڑ علاقہ نانگلوئی ۔ ۱۰ عدد لحاف ۔ ۵ عدد بنڈیاں۔

۷۔ خدام درگاہ مہرولی ۔ ۵ عدد لحاف۔

۸۔ بستی نظام الدین ۔ ۱۰ عدد لحاف ۔ ایک عدد کمبل۔

۹۔ بستی چھترپور ۔ ۸ عدد لحاف ۔ ۲ عدد بنڈیاں ۔ ۸ گز کپڑا

۱۰۔ ست برجی (مہرولی) ۵ عدد لحاف ۔ ۳۰ گز کپڑا۔

۱۱۔ [illegible] ۔ ۲ عدد لحاف ۔ ۲ عدد بنیان ۔ ۳ عدد بنڈیاں ۔ ۴ گز کپڑا ۔ ۲ عدد جوتی کے جوڑے۔

۱۲۔ شیخ سرائے ۔ ۱۰ عدد لحاف۔

۱۳۔ نجم پور ۔ ۱۱ عدد لحاف ۔ ۳ عدد سوئٹر ۔ ایک عدد بنیان ۔ ایک جوڑا کھڑاؤں ۔ ایک جوڑا جوتی۔

۱۴۔ [illegible] ۔ ۱۰ عدد لحاف ۔ ۴ عدد کمبل ۔ ۶ عدد بنڈیاں ۔ ۳ عدد سوئٹر ۔ ۲ جوڑے کھڑاؤں۔

۱۵۔ حوض رانی ۔ ۲ عدد لحاف ۔ ۶ عدد کوٹ ۔ ۴۴ گز کپڑا ۔ ۲ جوڑے کھڑاؤں۔

۱۶۔ [illegible] ۔ ایک عدد لحاف ۔ ایک عدد کمبل [illegible]

[illegible] کے لحاظ سے امدادی سامان حسب ضرورت نہیں پہنچ سکا ہے لحافوں کی تیاری کے بعد وہاں دوبارہ گشت کیا جائے گا۔ اور بقیہ مستحقین کو امداد پہنچائی جائے گی۔ اصحاب خیر کو اس کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ (ناظم جمعیۃ صوبہ دہلی)

سکھوں نے قومی جھنڈے پھاڑ ڈالے

بھوپال میں سکھوں کی شورش

بھوپال ۔ ۱۳ جنوری۔ [illegible] کو آر ایس ایس ان کے ہمدردوں نے دفعہ ۱۴۴ توڑ کر غیر قانونی جلوس نکال کر عام سبھا کی [illegible] ہندو مہا سبھا کے صدر گوبند سنگھ [illegible] کی جلوس نکالنے کے دوران میں ہجوم نے کانگریسیوں کے مکانوں پر لگے ہوئے ترنگے راشٹریہ جھنڈے پھاڑ ڈالے آر ایس ایس کے حامیوں نے دوکانیں بھی بند رکھیں، بعد کو غیر قانونی جلوس کے سلسلہ میں ۹ گرفتاریاں ہوئیں۔ جلوس میں شریک ہونے کے لئے کچھ دودھ بیچنے والے گوالوں کو ایک ایک دو دو روپے بطور معاوضہ دیا گیا ادھر ان کا دودھ بھی آر ایس ایس والوں کو پلا دیا گیا۔

(ماخوذ از [illegible] بھوپال)

بھوپال کیخلاف پروپیگنڈہ قابل افسوس ہے

یوپی کے نمائندے کا بیان

بھوپال ۔ ۱۸ جنوری۔ [illegible]

[illegible]

ظاہر کیا ہے کہ جب آپ سے پوچھا گیا کہ کیا یوپی کے پچھڑے طبقہ کے لوگ بھوپال کو یوپی میں شامل کرنے کی حمایت میں ہیں؟ اس سوال کا جواب دیتے ہوئے آپ نے یہ ان لیا کہ یوپی میں ایک طبقہ اس کام کو کرنے والا ضرور موجود ہے۔

گمشدہ ہوائی جہاز کا پتہ چل گیا

جہاز [illegible] پر تباہ ہوا

دہلی ۔ ۱۲ جنوری ۔ ڈالمیا کے ڈکوٹہ ہوائی جہاز کا پتہ چل گیا ہے جو اتوار کے دن سے گم تھا۔ ایک فوجی نجات دہندہ پارٹی نے جہاز کو شکستہ حالت میں جمعرات کے دن [illegible] کے پاس پڑا ہوا پایا۔ یہ پارٹی بدھ کے دن سرینگر سے اس ہوائی جہاز کی تلاش میں روانہ ہوئی تھی۔ ایک ہوائی جہاز نے مقام مذکور پر پرواز کر کے یہ اطلاع دی کہ وہاں زندگی کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی۔

نئی دہلی میں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ زمینی تلاش کرنے والی پارٹیاں خوراک اور [illegible] کے ساتھ اس مقام تک پہنچنے کی کوشش کر رہی ہیں لیکن کثیر برف کی وجہ سے وہاں تک پہنچنے میں سخت دشواریاں [illegible]

[illegible]

تھا اس لئے وہ واپس آگیا۔ خیال ہے کہ اس جہاز کی تباہی کی وجہ پائلٹ کی ناعاقبت اندیشی اور غیر معمولی جرأت ہوئی ہے۔ شاید اس کو امید تھی کہ وہ اس سے بچا ہوا گزر جائے گا [illegible] ان مسافروں کا خیال نہیں آیا جو اس جہاز میں سفر کر رہے تھے۔

ایشیائی کانفرنس میں تقریریں

[illegible]

یہ دور اہا!

ماضی کا روح فرسا غم اور مستقبل کا بھیانک فکر

اس دور ابتلا پر کیف سے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں کیا کریں ——— کہاں جائیں؟ شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیے۔ مستقبل روشن ہے

[illegible] علماء حق حصہ اول [illegible] علماء حق حصہ دوم [illegible]

[illegible]

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

بلندشہر میں مٹی تیل کی قلت

بلندشہر [illegible] ۱۸ جنوری [illegible] مٹی تیل [illegible]

حکومت یوپی توجہ فرمائے

بلندشہر (بذریعہ ڈاک) یوپی کی کانگریسی سرکار نے جب پہلی بار ۱۹۳۷ء میں حکومت سنبھالی تو حکام کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے دورہ کے زمانہ میں مقامات دورہ کے مقامات پر [illegible] یہ خیال رکھا جائے کہ وہ تمام مقامات کے دورے کرتے ہیں مگر افسوس ہے اس حکم کی تعمیل نہیں ہو رہی۔ [illegible]

صدر ٹرومان کے حلف اٹھانے کی شاہانہ تقریب

واشنگٹن ۔ ۲۰ جنوری۔ [illegible]

نئی قسم کا ریلوے انجن

[illegible]

کشمیر میں [illegible]

[illegible]

مجلس تحفظ میں انڈونیشیا پر بحث پھر ملتوی

ہندوستانی نمائندوں کا اضطراب۔ نئی امریکی تجاویز

[illegible]

اشتہار نیلام

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللّٰہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۲۳ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۰ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

لینن کی پچیسویں برسی

ماسکو ۲۲ جنوری۔ آج سوویٹ ۔۔۔ لینن کی وفات کی پچیسویں برسی کے موقعہ پر لاکھوں مزدوروں، کسانوں اور مسلح افواج کے ارکین نے سرگرمی ۔۔۔ روس کے طول و عرض میں بڑے بڑے جلسے منعقد ۔۔۔ اخبارات نے کامریڈ لینن کی تعریف میں طویل مقالات شائع کئے۔

ری پبلکن ڈچ علاقوں میں گھس گئے

نئی دہلی ۲۲ جنوری۔ ۔۔۔ انڈونیشیا سے آمدہ اطلاعات کے مطابق ۔۔۔ ڈچ مقبوضہ علاقہ میں گھس کر ۔۔۔

انڈونیشیا کے مسئلہ سے مجلس تحفظ کی مجرمانہ غفلت۔ بار بار بحث کا التواء

چار ملکوں کی طرف سے متحدہ تجویز۔ روسی نمائندہ کی مخالفت

مجلس تحفظ ڈچ سامراج کو برابر ڈھیل دے رہی ہے

لیک سکسس ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مجلس تحفظ میں انڈونیشیا کے مسئلہ پر غور و خوض ہوا۔ لیکن پہلے کی طرح اس کا بھی کوئی نتیجہ نہیں نکلا اور فیصلہ کئے بغیر بحث کو منگل کے دن تک ملتوی کر دیا گیا۔

چین کی فتوحات سے فائدہ اٹھا کر کمیونسٹوں نے کوریا میں بھی بغاوت کر دی

کوریا کا کمیونسٹ لیڈر کم کو چین کے کمیونسٹ لیڈر منو کے ساتھ مل گیا

کولہاپور کا انتظام سنبھالنے کے مشورے

اطالوی تجارتی وفد پاکستان آرہا ہے

کراچی۔ ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ فروری کے پہلے ہفتہ میں چھ اشخاص پر مشتمل ایک اطالوی تجارتی وفد یہاں آرہا ہے ۔۔۔

ایشیائی کانفرنس کا دوسرا اہم اجلاس

بنیادی امور پر نمائندوں میں مکمل اتفاق رائے

آج کانفرنس کا اجلاس ختم ہو جائیگا

نئی دہلی ۲۲ جنوری۔ ایشیائی کانفرنس کے دوسرے دن کے اجلاس ۔۔۔

ایشیائی کانفرنس کے نتائج کا امریکہ میں انتظار

سیاسی حلقوں کی دلچسپی سرکاری حلقوں کی خاموشی اور تبصرہ سے انکار

واشنگٹن ۲۲ جنوری۔ ۔۔۔ دہلی کی ایشیائی کانفرنس کا بغور مطالعہ کر رہے ہیں لیکن سرکاری حلقوں نے فیصلوں کے منظر عام پر آنے سے قبل کسی قسم کا تبصرہ کرنے سے انکار کیا ہے۔

چیانگ کے ایک حامی کا استعفےٰ

جنرل چیانگ کا آخری پیغام

چین کی سیاست میں انقلاب۔ خانہ جنگی ختم ہونیکی امید۔ مارشل چیانگ کا استعفےٰ

کمیونسٹ فوجوں کا نانکنگ پر متوقع حملہ

مارشل چیانگ کی رخصت۔ سن یات سن کے مقبرہ پر حاضری

مارشل ٹیٹو کی طرف سے روسی پروپگنڈے کی مذمت

پہلی مرتبہ مارشل نے اپنی تقریر میں روس کا حوالہ دیا

ڈربن میں امن ہو رہا ہے

اکا دکا واقعات کی اطلاع

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ایشیائی کانفرنس کو ایک مستقل ادارہ بنانے کا مطالبہ

جمہوریہ ویٹ نام کی نمائندگان کانفرنس کے نام ہفت نکاتی یادداشت

نئی دہلی ۲۱ جنوری۔ جمہوریہ ویٹ نام کی جانب سے آج ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونیوالے ممالک کے نام ایک یادداشت شائع کی گئی ۔۔۔

ایشیائی کانفرنس میں تقریریں

عراق

حملہ آوروں سے آزاد کرائے ہوئے علاقہ میں شیخ عبداللہ کا شاندار خیر مقدم

شیخ عبداللہ کو نوٹوں کے ہار پہنائے گئے اور ان کی پالیسی سے اظہار اتفاق کیا گیا

جموں ۲۰ جنوری۔ کشمیر اور جموں کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ ۔۔۔

ریلوے ملازمین کے گرانی بھتہ میں اضافہ کر دیا گیا

کم تنخواہ والے ملازمین کو اس سے فائدہ پہونچے گا

نئی دہلی ۲۱ جنوری۔ حکومت ہند نے ملازمین کے گرانی بھتہ میں اضافہ کے مطالبے کے متعلق ایک فیصلہ کر لیا ہے ۔۔۔

سر تیج بہادر سپرو کا انتقال پر ملال

اعتدال پسند پارٹی کا ایک سرکردہ لیڈر چل بسا

الہ آباد ۲۰ جنوری۔ گذشتہ رات سر تیج بہادر سپرو ۔۔۔ انتقال کر گئے ۔۔۔

مسٹر گول والکر نے غیر مشروط طور پر سنگھ کا ستیہ گرہ واپس لے لیا

حکومت نے کسی قسم کا کوئی اقرار نہیں کیا مسٹر کٹیلکر کا بیان

ہندوستانی سفارت خانہ نانکنگ میں ہی رہے گا

لندن ۲۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ نانکنگ میں ہندوستانی سفیر ۔۔۔

(باقی پوسٹ میں)

آل انڈیا گئو رکھشک کانفرنس

ہند چینی کی آزادی کی جد و جہد

ساتویں تک جاری رہے گی

(باقی پوسٹ میں)

ہندی جلدی نہ سیکھی تو رونا پڑیگا

فرینڈز ہاؤس (A.L) اجمل خاں روڈ قرول باغ دہلی

WHY TAKE THE TROUBLE ON MAKING ICE CANDY CABINETS WHEN COMPLETE BLUE STAR PLANTS

DESIGNED FOR HEAVY DUTY
RUNS ON LOW COST
YET AVAILABLE AT COMPETITIVE PRICES
What's more!
KAPSONS'
SKILLED SERVICE ALWAYS AT YOUR COMMAND
Sole Distributors:
KAPSONS' REFRIGERATION & AIR CONDITIONING ENG
'L' BLOCK CONNAUGHT CIRCUS, NEW DELHI.

فروخت اور تبادلہ جائیداد
کے لئے
لاہور کے مشہور و معروف پراپرٹی ڈیلر
موہن کو
ای بلاک۔ کناٹ پلیس۔ نئی دہلی
سے فوراً تبادلہ کے فارم منگوالیں۔ اعلیٰ سے اعلیٰ جائیداد کے لئے وہ آپ کی بہترین خدمت کر سکتے ہیں۔ اسی ماہ لاہور، کراچی، راولپنڈی میں ان کے دفاتر کھل رہے ہیں۔
فون: 8150

خضاب جرمنی سرتاج

تاج ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ ۱۹۲۴ء
مفصل معلومات کے لئے "پرل کلوریم گائیڈ" مفت طلب کریں
منیجر پرل اینڈ کمپنی ۔۔۔ چاندنی چوک دہلی

خراش ہو گئی
آپ کے گلے میں یہ خراب بیڑی پینے کا نتیجہ ہے بڑھیا "ستارہ چھاپ" بیڑی پیا کیجئے۔ جو گلے اور پھیپھڑے کو خراب نہ کرے گی۔
برانچ آفس
میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

نوٹس

[illegible]

صوبہ سرحد کے پٹھانوں کی مشکلات

ایشائی کانفرنس کے نمائندوں کو ایک عرضداشت

خادم ملت محمد اکبر صاحب کا بیان

انڈونیشیا سے دوسری قومیں کوئی دلچسپی نہ لیں

ڈچ وزیر اعظم کا روانگی کے وقت بیان

بٹاویہ ۲۰ جنوری، ڈچ وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس آج یہاں سے ہالینڈ کو واپس روانہ ہو گئے انہوں نے روانگی کے وقت ایک بیان میں کہا کہ میرے آنے سے انڈونیشیا میں فیڈرل حکومت کے قیام کے زیادہ امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔ انہوں نے ...

ملایا میں طاقتور ریڈیو اسٹیشن

گوا میں پرتگالیوں کی احتیاطی تدابیر

مزید آٹھ ہزار فوجیں بلالی گئیں

اقوام متحدہ کے چارٹر کو چھوڑ دو

دارالامراء میں لارڈ چانسلر کا بیان

ٹرکی میں حفاظتی انتظامات

ولندیزی عورتوں اور بچوں کو قتل کر رہے ہیں

مسٹر جے پرکاش کیخلاف تحریک مذمت

آل انڈیا ریلوے مین فیڈریشن کا اجلاس

امریکہ بھی شہنشاہیت کیخلاف آواز بلند کرنے لگا

صدر ٹرومین کا خطبہ افتتاحیہ

جمہوریہ کی اہمیت

جزائر انڈمان میں نو آبادی

گاندھی جی کی تعلیم پر عمل کرنیکا مشورہ

سورت اسٹیشن پر سردار پٹیل کی تقریر

میڈم چیانگ چین کو واپس

کلکتہ فائرنگ کی تحقیقات

تحریک التوا نامنظور

دو ہندوستانیوں کے چھرا گھونپ دیا

نٹال میں ایک افریقن کی بربریت

پٹیالہ اسٹیٹس یونین کے نئے وزراء نے حلف وفاداری اٹھالیا

رسم کی ادائیگی کے وقت کانگریسیوں اور اکالیوں کے زبردست مظاہرے

پٹیالہ ۲۲ جنوری۔ کل جب موتی محل پٹیالہ میں مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے وزراء نے حلف وفاداری لیا تو اکالیوں اور یونین کانگریس کی جانب سے ... مظاہرہ کیا گیا۔ وزارت میں چار کانگریسی ہیں اور کل سات وزراء ہیں۔ اس موقع پر ... مشرقی پنجاب اور سردار پرتاپ سنگھ کیرون وزیر مشرقی پنجاب قابل ذکر ہیں۔

مہاراجہ کی تقریر

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ بانو دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

حسین کشیدہ کاری

قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ

منیجر ماہنامہ بانو دہلی

بے مثل گولیاں

نگینہ فارمیسی نگینہ ضلع بجنور

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے چشمے تیار ہوتے ہیں

یونیورسل آپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

جائدادوں کے تبادلہ یا فروخت کیلئے

بہترین طریقہ یہ ہے کہ دہلی امپرومنٹ ٹرسٹ کے آفیشل سیلنگ ایجنٹ مسٹر یوسف بی اے (جامعی) سے ملئے یا خط و کتابت کیجئے۔

شمسی کا نج چوڑیوالان دہلی × ملتانی بلڈنگ قطب روڈ دہلی

دہلی کا سفر کرو تو اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے، صداقت کا امتحان کیجئے۔

یونین ہوٹل — بلیماران دہلی

روزنامہ

الجمعیۃ

۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء

ایشیا کا محاذ

دہلی میں ایشیائی کانفرنس دنیا کی تاریخ میں ایک بے مثال کانفرنس ہے جو دو روز سے ہندوستان کے مرکز میں منعقد ہو رہی ہے، حکومت ہند نے جن ممالک کو شرکت کی دعوت دی ان کے لئے اتنی مہلت نہ تھی کہ چند ہی روز میں کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر غور کریں اور فوری طور پر دعوت شرکت کو قبول کریں لیکن انہوں نے اس فوری دعوت کو لبیک کہا اور ٹھیک وقت پر کانفرنس میں شریک ہو گئے۔ کانفرنس کی یہ کامیابی اور مقبولیت اس بات کی دلیل ہے کہ ایشیا نے انڈونیشیا کے معاملہ کی نزاکت کا احساس کر لیا ہے اور سمجھ گیا ہے کہ ایشیائی آزادی کے لئے جد و جہد کرنے اور سامراجی طاقتوں کو چیلنج کرنے کا یہی وقت ہے جس کا ایک لمحہ بھی ضائع کرنا بنیادی مقصد کے خلاف ہوگا، جن ممالک کو دعوت دی گئی تھی وہ تعداد میں انیس تھے جن میں سے اٹھارہ نے دعوت کو لبیک کہہ کر دلی کو اپنے قدوم سے نوازا اور ہندوستان کی قیادت اور مشورت سے فائدہ اٹھانے کے لئے بحر و بر کو عبور کر کے یہاں پہونچ گئے!

۱۹۴۷ء میں ایشین ریلیشن کانفرنس منعقد ہوئی تھی مگر اس وقت ہندوستان، برما، سیلون آزاد نہ تھے پھر اسکا مقصد بھی کچھ اور تھا مگر آج جو کانفرنس منعقد ہوئی ہے اس کا عمومی اور بنیادی مقصد یہ ہے کہ ایشیا کی آزاد قومیں سیسہ کی ایسی دیوار بن جائیں جس میں آیندہ کوئی رخنہ پیدا نہ ہو سکے اور وہ نہ صرف اپنی آزادی اور جمہوریت کا تحفظ کر سکیں بلکہ آزادی کش طاقتوں کا منہ توڑ جواب بھی دے سکیں، بقول پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانفرنس

"ہم نہ صرف گذری ہوئی کل کے وارث ہیں بلکہ آنے والی کل کے معمار بھی ہیں اور ہم ہی کو آنے والی کل کا بار اٹھانا ہے اگر آج یہ اجتماع خصوصی اہمیت رکھتا ہے تو کل اس کی اہمیت اور بھی زیادہ محسوس کی جائے گی۔ ایشیا جو عرصہ تک دوسرے ممالک کا ضمیمہ بنا رہا اب اپنی آزادی میں کسی قسم کی مداخلت برداشت نہیں کر سکتا"

جہاں تک انڈونیشیا پر ڈچ گورنمنٹ کے جارحانہ حملہ اور اس کے اثرات کا تعلق ہے دنیا میں اسے سب سے بڑا ظلم قرار دیا جا سکتا ہے ...

... نے اس مسئلہ پر غور کیا اور ہالینڈ کو چند احکام دیے کہ انڈونیشیا کی قومی روح سے زبانی ہمدردی کی مگر ہالینڈ نے اس کے احکام کی کوئی پروا نہ کی اور ایسے انداز میں رخ بدلا گویا امریکہ اور برطانیہ اسے خفیہ اشارے کر رہے ہیں اور اسے یقین ہے کہ متحدہ اقوام کا کوئی ریزولیوشن اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، اس صورت حال کے پیش نظر ہندوستان نے ضروری سمجھا کہ دہلی میں ایشیائی اقوام کو بلا کر ایشیا کی عزت کے لئے کچھ سوچے اور متحدہ اقوام کی کمزوری کی تلافی کے لئے کوئی راہ نکالے، پنڈت جواہر لال نہرو نے کہدیا ہے کہ وہ ایشیائی کانفرنس کے ذریعہ امریکہ اور یورپ کے مقابلہ پر کوئی نیا بلاک بنانا نہیں چاہتے اور نہ انکا یہ مقصد ہے کہ متحدہ اقوام کے کاموں میں مداخلت کریں اور اس کے فرائض کو اپنی طرف منتقل کر لیں۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے جو ایشیائی کانفرنس کے روح رواں ہیں کانفرنس کے مقاصد کی توضیح کرتے ہوئے فرمایا۔

(۱) اس کا پہلا مقصد یہ ہے کہ انڈونیشیا میں قیام امن کے لئے سلامتی کونسل کے سامنے اپنی تجاویز پیش کرے۔

(۲) ہم یہ طے کریں کہ سلامتی کونسل کو ایسی صورت میں کیا قدم اٹھانا چاہیے جب کوئی پارٹی اس کے حکم و فیصلہ کو ماننے سے انکار کر دے۔

(۳) ایک ایسے ادارہ کے قیام کی تجویز پیش کی جائے ...

سیوک سنگھ کی توبہ

سر تیج بہادر

افسوس ہے کہ ہندوستان کا ایک قابل ترین سیاستدان، ایک قابل قانون داں اور ایک بے مثال وکیل ...

اچھی باتیں

وما تعلمون (پ ۳ ع ۳)

دنیا کی زندگی تو محض کھیل کود ہے حقیقی زندگی آخرۃ کی زندگی ہے، کاش لوگ اس حقیقت حال سے واقف ہوتے!

آخرۃ کی زندگی کو خیرباد کہہ کر یہ زندگی محض کھیل کود بن کر رہ جاتی ہے، کھایا، پیا، پھرے، کھوئے فساد اور گناہ کے مرتکب ہوئے اور کیڑوں کی طرح مرکھپ گئے، اگر زندگی کا کوئی مقصد نہیں تو وہ ایک کھیل ہے لیکن اگر زندگی کا کوئی مقصد ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہم اس دنیا میں ذمہ دار بناکر بھیجے گئے ہیں اور ہمارے اعمال سے باز پرس ہوگی، تو پھر یہ زندگی کھیل نہیں رہتی بلکہ آخرۃ کی بنیاد بن جاتی ہے اور اس زندگی میں حصہ لینا اور اسے اصولی بنانا ہمارے لئے ضروری ہوجاتا ہے فرمایا کہ لوگ اعمال اور اس کے نتائج کے فطری عمل سے ناواقف ہیں، اسی لئے انہوں نے اس زندگی کو کھیل بنا رکھا ہے حالانکہ یہ کھیل نہیں نظام زندگی کا ایک اہم ترین مقصد ہے۔

جے پور میں جلسہ سیرت پاک

گذشتہ ۱۲ ربیع الاول کو بعد نماز عشاء جے پور میں ...

حکومت کی موجودہ تعلیمی پالیسی

اور اردو کی تعلیم

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ملک کے آزاد ہونے کے ساتھ ہی ہر شعبہ زندگی میں ایک انقلاب عظیم برپا ہو گیا اور جرأت سے نئے نئے مسائل اٹھ کھڑے ہوئے۔ ان میں سے ایک خاص زور اور قوت کے ساتھ جو سوال درپیش ہوا وہ زبان کا مسئلہ ہے ...

اگر ناکامی ہو

ذریعہ تعلیم کیا ہو؟

اردو کے دوستوں سے

حکومت یوپی کا سرکلر حکم

کیا کرنا چاہئے

ایشیائی کانفرنس کی کامیابی کی دعا

فاکس پاشا کا پنڈت نہرو کو تار

انتخاب میں مسٹر چرچل کا حریف

لیبر پارٹی کا دل چسپ مذاق

ایک یوروپین انجنیر کی گرفتاری

رشوت ستانی کا الزام

جمعیۃ علماء کی خبریں

جمعیۃ علماء کی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو جماعتیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

سیرت رسول پر تقریر

جالسی (بذریعہ ڈاک) ۱۶ جنوری کو حضرت مولانا محمد [illegible] صاحب ناظم اعلیٰ صوبہ متحدہ کی [illegible] میں سرور دو عالم کی سیرت پر پر زور تقریر ہوئی جس میں بہت سے ہندو صاحبان بھی تشریف فرما تھے۔ مولانا موصوف نے رسول پاک کی پاک زندگی پر تبصرہ کرتے ہوئے مسلمانان ہند کو صبر و استقلال سے کام کرنے کی تلقین فرمائی جس کا حاضرین پر بہت اثر ہوا [redacted]

انتخابات

حلقہ قلی بازار کانپور ۱۰ جنوری بوقت ۸ بجے شام زیر نگرانی شہری جمعیۃ علماء دفتر جمعیۃ علماء قلی بازار میں حلقہ ہذا کا انتخاب ہوا جس میں مندرجہ ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔ صدر مولوی ضیاء الحق صاحب نائب صدر حافظ عبدالمجید صاحب ناظم مولوی شفیق احمد صاحب نائب ناظم مولوی کفایت اللہ صاحب خازن ڈاکٹر افتخار صاحب اور مندرجہ ذیل اراکین مجلس کے لئے منتخب ہوئے۔ مولوی محمد اظہار خاں صاحب قادری امداد اللہ صاحب مولانا ظفر الدین صاحب۔

جمعیۃ علماء ہٹکا پور کانپور ۱۰ جنوری بوقت ۸ بجے زیر نگرانی شہری جمعیۃ علماء دفتر جمعیۃ علماء ہٹکا پور میں حلقہ ہذا کا انتخاب ہوا جس میں مندرجہ ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔ صدر ابوالشفیق احمد صاحب نائب صدر رحیم بخش صاحب ناظم حافظ معشوق علی صاحب نائب ناظم محمد طالب صاحب خازن عبداللطیف صاحب اور مندرجہ ذیل حضرات شہری کیلئے منتخب ہوئے۔ مولانا حکیم عبدالجلیل صاحب منشی محمد یونس صاحب ماسٹر معین الدین صاحب جراح پورہ [illegible] صاحب۔

حلقہ نمبر ۳ مظفر نگر ۱۶ جنوری بعد نماز عشاء [illegible] انتخاب [illegible] شہری جمعیۃ علماء کی اہمیت بیان فرمائی۔ اور کارکنان جمعیۃ کی [illegible] ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ اس حلقہ کے ممبران کی تعداد ۹۳ ہے صدر جناب ابو عبداللطیف صاحب ناظم سید ظفر نصیب صاحب اور خازن حاجی نظام الحق صاحب۔ ابو عبداللطیف صاحب سید ظفر نصیب صاحب حاجی نظام الحق صاحب حافظ [illegible] صاحب مستری محمد عمر صاحب حافظ [illegible] حبیب اللہ صاحب محمد حنیف صاحب حافظ شفاعت علی صاحب محمد یٰسین صاحب۔ جناب [illegible] شہری جمعیۃ کے لئے منتخب کئے گئے۔ [illegible] ورکنگ کمیٹی کا انتخاب عمل میں آیا۔

حلقہ نمبر ۵ مظفر نگر جناب ماسٹر محمد یٰسین صاحب صدر [illegible] ناظم [illegible] شہری جمعیۃ کے لئے منتخب [illegible] ورکنگ کمیٹی [illegible]

ڈھاکہ (مہاران) ۱۶ جنوری کو جمعیۃ علماء ڈھاکہ کا اجلاس [illegible] منعقد ہوا۔ [illegible]

اراکین و عہدیداران نخاس ڈھاکہ

[illegible]

نمائندگان ضلع

[illegible]

سوجہشہ [illegible]

سرکل کھاری (بجنور)

جناب حکیم [illegible] صدر جناب حافظ محمد فاروق صاحب نائب صدر جلسہ حکیم [illegible] صاحب ناظم اعلیٰ میاں جی [illegible] الدین نائب ناظم جناب منشی عبدالغنی صاحب و جناب منشی یعقوب صاحب خازن۔ جناب حکیم غلام رسول صاحب رکن ضلع جمعیۃ۔ جناب مولوی حکیم مختار احمد صاحب قاسمی (فاضل دیوبند) ان حضرات پر مشتمل ایک مجلس منتظمہ منتخب کی گئی۔ [redacted]

جمعیۃ علماء بالاپور [illegible] صاحب قاسمی صدر مولانا حافظ خدا بخش صاحب نائب صدر ڈاکٹر نظام الدین صاحب نائب صدر محمد نادر علی [illegible] ناظم علی ۸ ممبران پر مشتمل ایک مجلس منتظمہ بنائی گئی۔

نگینہ بجنور مولانا محمد سعید صاحب ناظم مدرسہ عربیہ قاسمیہ نگینہ صدر [illegible] حافظ محمد احمد صاحب نائب صدر مولوی شرافت علی صاحب [illegible] ناظم [illegible] عبدالسلام صاحب نائب ناظم [illegible] منشی محمد یٰسین صاحب [illegible]

حلقہ لادڑ آج تاریخ ۱۶ جنوری کو زیر نگرانی [illegible] افسر انتخاب مولوی محمد حنیف خاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع [illegible] انتخاب [illegible] حسب ذیل ہے۔ [illegible]

مرکز تعلیم امروہہ میں سیرت کی محفل

۱۲ ربیع الاول کو ۲ بجے سہ پہر مرکز تعلیم کی عمارت میں زیر صدارت بابو عبدالعزیز صاحب بچوں کی برادری کے اہتمام سے ایک محفل میلاد النبی منعقد ہوئی جس میں جناب [illegible] اکابرین نے دعوت پر شرکت کی۔ منشی مکھن لال صاحب۔ پادری کلن صاحب۔ حکیم آفتاب احمد خاں جامعی۔ مولوی سید محمد عبادت صاحب پروفیسر سید المدارس۔ سید تفتیق حسن صاحب کی تقاریر بہت پسند کی گئیں۔ سردار [illegible] سنگھ صاحب۔ صوفی نور اللہ صاحب [illegible] امروہوی کے نعتیہ کلام پر حاضرین جلسہ نے بڑا کیف محسوس کیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس سے قبل امن و اتحاد کا ایسا روح پرور منظر سیرت کی محفل میں نہیں دیکھا گیا۔ [illegible]

گورنمنٹ بھوپال کا اعلامیہ

[illegible]

راجگھاٹ پر پھول

[illegible]

ایشیا میں کسی قسم کا نوآبادیاتی سسٹم برداشت نہیں کیا جائے گا
ایشیائی کانفرنس کے چیف ڈیلی گیٹ کا بیان

نئی دہلی ۲۰ جنوری۔ ایشیائی ملکوں کی کانفرنس میں شامل ہونے والے چیف ڈیلی گیٹ [illegible] انڈونیشیا [illegible] تیار ہے۔ [illegible] ایشیائی ملکوں کی رائے عامہ [illegible] انڈونیشیا کے لوگوں کی آزادی کی جدوجہد [illegible] ایشیائی ملکوں میں یہ جیادی اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ایشیا میں کسی قسم کے نوآبادیاتی سسٹم کو برداشت نہیں کریں گے۔ [illegible] [redacted] [illegible] ایشیائی ملکوں کی کانفرنس کے نتائج [illegible] (انڈونیشیا) کی مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ [illegible] (گلوب)

کیپٹن عطا محمد خاں صاحب
جمعیۃ علماء کے رکن ہوگئے

[illegible] ۱۹ جنوری [illegible] ناظم جمعیۃ علماء پانسپور [illegible] عالیجناب نواب صاحب پانسپور [illegible] کیپٹن عطا محمد خاں صاحب نے بڑے اشتیاق و عقیدت کے ساتھ جمعیۃ علماء کی رکنیت منظور فرمائی ہے اور وہ مقامی جمعیۃ علماء کے باقاعدہ ممبر ہوگئے ہیں۔ ساتھ ہی موصوف نے مقامی جمعیۃ علماء کو ایک [illegible] روپے [illegible] مرحمت فرمائے ہیں۔ (انیس الحسن دفتر جمعیۃ)

مصری فوجوں میں جرمن سپاہی؟

کراچی ۲۰ جنوری۔ کراچی میں مصری سفارت خانہ نے ان خبروں کی تردید کی ہے کہ فلسطین میں مصری فوجوں کے ساتھ لڑنے کے لئے چھ ہزار نازی قیدیوں کو رہا کیا گیا تھا۔ مصری سفارت خانہ کے ایک نمائندہ نے کہا ہے کہ مصری فوجوں میں ایک بھی جرمن سپاہی شامل نہیں ہے۔ مصر میں جتنے جرمن جنگی قیدی تھے انہیں برطانوی حکام نے وہاں سے نکال لیا۔

مفتیان کرام نے جمعیۃ علماء ٹونک کی تجویز منظور کرلی
ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان کا اہم اعلان

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مسلمانوں کی موجودہ مذہبی مشکلات کو حل کرنے کے لئے جمعیۃ علماء راجستھان ٹونک نے مورخہ ۱۶ دسمبر کو دفتر جمعیۃ علماء ٹونک واقع بازار [illegible] میں دارالافتاء قائم کرنے کی تجویز منظور کی تھی۔ مقام مسرت ہے کہ دارالافتاء کے افتتاح میں شرکت کے لئے حضرت مولانا مولوی مفتی قاضی محمد ایوب صاحب۔ حضرت مولانا مولوی مفتی عبدالرحمن صاحب حضرت مولانا مولوی مفتی احمد حسن خاں صاحب فاضل خلیلیہ۔ حضرت مولانا مولوی مفتی عبدالعلی صاحب حضرت مولانا مولوی مفتی عبدالکریم صاحب فاضل خلیلیہ نے [redacted] ان حضرات کے علاوہ دیگر مفتیان کرام کو بھی دعوت دی گئی ہے۔ امید ہے کہ وہ بھی اس کار خیر میں شرکت فرماکر مسلمانان ٹونک کو مشکور فرمائیں گے۔

تمام مسلمانان راجستھان اور بالخصوص مسلمانان ٹونک کا فرض ہے۔ کہ وہ اس اسلامی پنچایت اور دارالافتاء کی اہمیت کو سمجھیں اور اپنے مذہبی معاملات علمائے کرام و مفتیان عظام ہی کے سامنے رجوع کریں۔ چونکہ اکثر مسلمانان ٹونک کا یہ اصرار ہے کہ دارالافتاء کا افتتاح جلد از جلد عمل میں لایا جائے۔ اس لئے میں بقیہ مفتیان کرام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ جلد از جلد اپنی منظوری [illegible] (ناظم جمعیۃ علماء راجستھان ٹونک)

سہسوان میں سیرت النبی کا جلسہ

۱۳ ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۴ جنوری ۱۹۴۹ء جمعیۃ العلماء سہسوان کی جانب سے بوقت ۸ بجے شب جامع مسجد سہسوان میں زیر صدارت حکیم سید عبدالقوی صاحب جلسہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کیا گیا۔ تلاوت قرآن پاک حافظ محمد یامین صاحب نے فرمائی۔ نعت ماسٹر عبید الرحمن نے پڑھی اور اس کے بعد مولوی سید نظیر الحسن صاحب صدر جمعیۃ۔ مولوی محمد حسن صاحب مہتمم مدرسہ فیض عام مولوی سید محمد عالم صاحب وکیل۔ میر مظاہر علی صاحب سیرت نبوی پر تقاریر فرمائیں۔ بحمد اللہ جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔ اور بہت کامیاب رہا۔

کلکتہ ۲۱ جنوری۔ کل صبح پولیس نے بنگال فارورڈ بلاک کے دفتر پر چھاپہ مارا اور ایک طالب علم اور فارورڈ بلاک کے ایک کارکن کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے فارورڈ بلاک کے کئی کارکنوں کے مکان پر بیک وقت چھاپے مارے مگر کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔

مزید جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ

محمد دہلی کے کسٹوڈین نے دہلی چھوڑ کے جانے والوں کی حسب ذیل مزید جائداد پر قبضہ کر لیا ہے۔

—:(۳):—

نمبر سلسلہ	نمبر مکانات	محلہ	حقوق کسٹوڈین ملکیت کرایہ داری یا دونوں
۳۹۱۱	XVI/۹۶	[illegible]	کرایہ داری
۳۹۱۲	XVI/۹۵	〃	〃
۳۹۱۳	XVI/۹۴	〃	〃
۳۹۱۴	XVI/۹۳	〃	〃
۳۹۱۵	XVI/۹۲	〃	دونوں
۳۹۱۶	XVI/۹۰	〃	〃
۳۹۱۷	XVI/۸۸	〃	کرایہ داری
۳۹۱۸	XVI/۸۷	〃	〃
۳۹۱۹	XVI/۸۶	〃	〃
۳۹۲۰	XVI/۸۵	〃	〃
۳۹۲۱	XVI/۸۱	〃	〃
۳۹۲۲	XVI/۸۲	〃	〃
۳۹۲۳	XVI/۷۹	〃	دونوں
۳۹۲۴	XVI/۷۲	〃	〃
۳۹۲۵	XVI/۷۰	〃	کرایہ داری
۳۹۲۶	XVI/۶۹	〃	〃
۳۹۲۷	XVI/۶۸	〃	〃
۳۹۲۸	XVI/۶۷	〃	〃
۳۹۲۹	XVI/۶۴	〃	〃
۳۹۳۰	XVI/۶۳	〃	〃
۳۹۳۱	XVI/۶۱	〃	〃
۳۹۳۲	XVI/۵۵	〃	〃
۳۹۳۳	XVI/۵۶	〃	〃
۳۹۳۴	XVI/۵۱	رہتک روڈ	〃
۳۹۳۵	XVI/۵۰	〃	〃
۳۹۳۶	XVI/۴۶	〃	〃
۳۹۳۷	XVI/۴۵	〃	〃
۳۹۳۸	XVI/۴۰	〃	〃
۳۹۳۹	XVI/۳۱	〃	〃
۳۹۴۰	XVI/۲۹	〃	〃
۳۹۴۱	XVI/۳۰	〃	〃
۳۹۴۲	XVI/۸	〃	〃
۳۹۴۳	XVI/۹	〃	〃
۳۹۴۴	XVI/۲۲۶	حاجی علاؤالدین گلی	دونوں
۳۹۴۵	XVI/۲۹۹	گلی عبدالخالق	〃
۳۹۴۶	XVI/۳۰۵	〃	〃
۳۹۴۷	XVI/۳۰۶	〃	〃
۳۹۴۸	XVI/۳۰۸	〃	〃
۳۹۴۹	XVI/۳۱۱	〃	〃
۳۹۵۰	XVI/۳۱۴	〃	〃
۳۹۵۱	XVI/۳۱۹	ہرچند گلی	〃
۳۹۵۲	XVI/۳۲۰	〃	〃
۳۹۵۳	XVI/۳۲۱	〃	〃
۳۹۵۴	XVI/۳۲۸	〃	کرایہ داری
۳۹۵۵	XVI/۳۲۵	گلی کے ڈی کوٹھی	دونوں
۳۹۵۶	XVI/۳۴۵	〃	〃
۳۹۵۷	XVI/۳۴۹	〃	〃
۳۹۵۸	XVI/۳۵۰	〃	〃
۳۹۵۹	XVI/۳۵۱	〃	〃
۳۹۶۰	XVI/۳۵۲	〃	〃
۳۹۶۱	XVI/۳۵۳	〃	〃
۳۹۶۲	XVI/۳۵۶	〃	〃
۳۹۶۳	XVI/۳۵۷	〃	〃
۳۹۶۴	XVI/۳۵۸	〃	〃
۳۹۶۵	XVI/۳۵۹	〃	〃
۳۹۶۶	XVI/۳۶۰	〃	〃
۳۹۶۷	XVI/۳۶۱	〃	〃
۳۹۶۸	XVI/۳۶۲	〃	〃
۳۹۶۹	XVI/۳۶۳	〃	〃
۳۹۷۰	XVI/۳۶۶	〃	〃
۳۹۷۱	XVI/۳۸۸	گلی مسجد والی	〃
۳۹۷۲	XVI/۳۹۲	گلی کے ڈی کوٹھی	〃
۳۹۷۳	XVI/۳۹۳	〃	کرایہ داری
۳۹۷۴	XVI/۳۹۴	〃	دونوں
۳۹۷۵	XVI/۳۹۵	〃	〃
۳۹۷۶	XVI/۳۰۲-۳	گلی مسجد والی	〃
[illegible]	XVI/۳۰۳	〃	〃
۳۹۷۸	XVI/۴۰۹	[illegible]	〃
۳۹۷۹	XVI/۴۱۰-۱۱	〃	〃
۳۹۸۰	XVI/۴۳۳	〃	〃
۳۹۸۱	XVI/۴۳۹	〃	〃

[illegible]

ایشیائی کانفرنس کا خیرمقدم
برما میں ویٹ نام کے نمائندے کا بیان

رنگون ۲۳ جنوری۔ برما میں ویٹ نام کے نمائندے نے اس امر پر اظہار مسرت کیا کہ ایشیائی کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے ویٹ نام کو مدعو نہیں کیا گیا۔ نمائندہ مذکور نے یہ امید ظاہر کی کہ انڈونیشیا کے سامراج کے خلاف اپنی جدوجہد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ نمائندے نے کہا کہ ایشیائی کانفرنس صرف حکومتی سطح پر طلب کی گئی ہے۔ اسی وجہ سے ویٹ نام کو شرکت کے لئے دعوت نہیں دی گئی۔ اس کانفرنس میں سمت اور جہات ضروری ہے اور کانفرنس کا مقصد انڈونیشیا کی مکمل آزادی ہونا چاہئے۔ اگر کانفرنس اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوئی تو ایشیا کی کمزوری ظاہر ہوگی۔

ہندو مہاسبھا کا نیا روپ
غیر فرقہ وارانہ جماعت کا قیام

پونہ ۲۰ جنوری۔ مسٹر ایل بی بھوپٹکر صدر ہندو مہاسبھا نے اپنی صدارت میں ایک کمیٹی مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جس کا مقصد تمام جمہوری اور قوم پرست عناصر کا ایک مشترکہ سیاسی پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے اس کمیٹی کے ممبر ملک کے تمام قوم پرست عناصر کو ایک مشترکہ سیاسی پلیٹ فارم پر جمع کریں گے۔ اس کمیٹی کے ممبر ملک کے تمام قوم پرست اور جمہوری عناصر سے ملیں گے۔ تاکہ ایک مشترکہ سیاسی پارٹی قائم کی جائے جو غیر فرقہ وارانہ اور جمہوری لائنوں پر کام کرے گی۔ اکثر [illegible] لاہری کمیٹی کے ممبر ہوں گے۔

مبارک پور میں جشن میلاد النبی

مبارک پور ضلع اعظم گڑھ میں ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو ۸ بجے شب میں عید میلاد النبی کا عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں فاضل نوجوان خطیب شیریں بیان مولانا مشتاق احمد صاحب نظامی الہ آبادی نے پاسپان [illegible] ہزاروں انسانوں کے مجمع میں اُن کے سیرت پاک پر روشنی ڈالی۔ نعرہ تحسین سے فضا گونج اٹھی۔ خطیب موصوف نے مجمع کے اندر [illegible] ہر شخص [illegible] تمام کا دل سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے معمور تھا۔

۱۳ جنوری کو ۲ بجے [illegible] ایک شاندار جلوس نکلا۔ جو دس ہزار انسانوں پر مشتمل تھا۔ نعت پاک اور پرجوش نظمیں والہانہ انداز میں پڑھی گئیں۔ مجمع بجوری کے عالم میں [illegible] قصبہ کا گشت ہو کر [illegible] شام کو جلوس صلوۃ و سلام پر ختم ہوا۔

پٹیالہ یونین کی عوامی حکومت
صوبائی کانگریس کا اظہار تشویش

پٹیالہ (بذریعہ ڈاک) پٹیالہ یونین صوبہ کانگریس کمیٹی کی ورکنگ کمیٹی نے اپنے اجلاس ۱۰ جنوری میں ایک قرارداد منظور کی ہے۔ جس میں پٹیالہ مشرقی پنجاب سٹیٹس یونین کی حکومت [illegible] کے بیان کو تشویش کی نظروں سے دیکھا ہے۔ جس میں پٹیالہ یونین میں عوامی نمائندہ وزارت کے قیام کا ذکر کیا گیا ہے۔ قرارداد میں مزید کہا گیا ہے کہ۔

وزارت کی تشکیل کے سلسلہ میں صوبہ کانگریس کمیٹی کی قرارداد [illegible] کے مطابق [illegible] کو وزارت [illegible] تشکیل کے بارے میں آخری فیصلہ کرنے کا اختیار دیا جانا چاہئے تھا [illegible] سے بھی دی جانی چاہئے تھی۔ قرارداد میں آگے چل کر کہا گیا ہے کہ۔

وزارت کی بات چیت کے سلسلہ میں [illegible] کمیٹی کے صدر یا ورکنگ کمیٹی سے کبھی مشورہ نہیں لیا گیا اور نہ ہی وزارت کی تشکیل [illegible] کا اعتماد حاصل کرنے کی سعی کی گئی۔ [illegible] وزارت یونین کانگریس کی نمائندگی نہیں کرتی۔

برطانوی کابینہ کی میٹنگ

لندن ۲۰ جنوری۔ [illegible] کی میٹنگ میں مسئلہ فلسطین پر غور کیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ بحث فیصلہ کن نوعیت کی ہوگی [illegible] کے لئے مسٹر بیون پارلیمنٹ کے سامنے فلسطین کے متعلق بیان دے سکیں گے۔ [illegible] نامہ نگار نے لکھا ہے کہ [illegible] چھ نکات پر مشتمل تجویز کے متعلق [illegible] ہے [illegible] کہا جاسکتا۔

خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت برطانیہ فلسطین کے متعلق اپنی پالیسی کا مکمل [illegible] اسی سلسلے میں حکومت برطانیہ [illegible] امریکہ [illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ...... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دارالسلطنت

دہلی میں تیج بہادر سپرو کا ماتم

دہلی یونیورسٹی کے لاء کالج کے طالب علموں نے سر تیج بہادر سپرو کی تعزیت میں جلسہ کیا اور آپ کی وفات پر ملک کو جو نقصان عظیم ہوا ہے اس پر اظہار افسوس کیا۔ انڈین کونسل آف افیئرز کا دفتر اور لائبریری کل سر تیج بہادر سپرو کی وفات پر بند رہے۔

مویشیوں کے میلہ کی تاریخ میں تبدیلی

بعض غیر متوقع امور کے پیش آجانے کے باعث آل انڈیا نمائش مویشیاں جو ۲۰ فروری سے ۵ مارچ تک منعقد ہونے والا تھا اب ۲۷ فروری سے ۱۴ مارچ تک ہوگا۔ اسی طرح کل ہند پالتو جانوروں کی نمائش جو ۵ مارچ تک ہونے والا تھا اب ۲ سے ۵ مارچ تک لگائی گی۔

دہلی میں تیرہ سکھ گرفتار

کل جمعہ کے دن پولیس نے تیرہ سکھوں کو گرفتار کر لیا جو ہڑتال کر رہے تھے۔ ان کو ان کے گھروں سے [illegible] ابھی تک کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔

چلتی گاڑی میں چوری

گاڑی میں ایک عجیب سے حالت کچھ چوروں نے اس کا فائدہ اٹھا کر تیسرے درجہ کے ایک ڈبہ سے ایک ٹرنک چوری کر لیا جس میں دو ہزار روپیہ کی الیت کے زیور تھے۔ یہ واقعہ دہلی اور غازی آباد کے درمیان ہوا۔ ایک اور عورت کا جو سیکنڈ کلاس میں سفر کر رہی تھی بٹوہ جس میں ۷۵۰ روپے تھے اور کچھ دوسری چیزیں چوری ہوگئیں اس کے اپنے اس نقصان کا تذکرہ اور کہنے کے درمیان چلا پولیس کے پاس رپورٹ درج کرادی ہے۔

صدر بازار میں چوری

کل رات صدر بازار میں ایک دکان میں چوری ہوگئی ہے اور دو ہزار روپے سے زیادہ مالیت کے زیورات اور نقدی چوری ہوگئے ہیں۔

نیتاجی کے جنم دن کی مبارکباد

کل ایک بجے دن کو لال قلعہ سے ایک جلوس نکلے گا جو اسپلینیڈ روڈ سے ہوتا ہوا جامع مسجد، دریبہ کلاں، چاندنی چوک، نئی سڑک، اور چاوڑی بازار سے گذر کر اجمیری گیٹ پہنچ کر رام لیلا گراؤنڈ میں ختم ہوگا جہاں سبھاش بابو کے جنم دن کی [illegible] میں ایک جلسہ ہوگا۔ جلوس سبھاش بابو کی ایک تصویر رتھ میں رکھ کر نکالا جائے گا۔ اس کے پیچھے آزاد ہند فوج کے سپاہی اپنی وردی میں ہوں گے اور پولیس وغیرہ کا بینڈ ہمراہ ہوگا۔

ماچسوں کی ناجائز برآمد

ایک موٹر ٹرک رہتک روڈ پر کھڑا ہوا تھا اس میں ماچسوں کی تیلیاں [illegible] ۲۰۰۰ ماچس ملیں جن کو بغیر پرمٹ کے دہلی سے باہر لے جایا جا رہا تھا۔

خنجر زنی کی واردات

بنواری لال نامی ایک شخص کو ایک سنار ارجن سنگھ نامی [illegible] شخص نے پیٹ میں چھرا گھونپ کر ہلاک کر دیا۔ زخمی کو بیہوشی کی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا ہے۔

کوکین کی برآمدگی

سرکاری ملازمان نے کل تین اشخاص کو کوکین رکھنے پر گرفتار کر لیا۔ لال کنوئیں پر ایک شخص چرس رکھنے پر گرفتار کیا گیا۔

ناجائز ریڈیو رکھنے والے

ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ گرچہ ۵۰ سے زائد اشخاص نے بغیر لائسنس کے ریڈیو رکھنے کے دورے گرفتار کئے گئے ہیں۔

صوبہ کانگریس کمیٹی کی ضروری میٹنگ

دہلی کے تمام سرگرم کانگریسی کارکنوں کی ایک نہایت ضروری میٹنگ مورخہ ۲۲ جنوری بروز ہفتہ بوقت ۴ بجے شام [illegible] ہوگی۔ [illegible]

جامعہ نائٹ اسکول میں دینیات کی کلاس
مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی نے افتتاح فرمایا

دہلی ۱۸ جنوری۔ جامعہ نائٹ اسکول بستی حسام الدین کی اداری میں بچوں اور بچیوں کے لئے ابتدائی دینی تعلیم کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔

کل شام جناب مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی ایڈیٹر روزنامہ الجمعیۃ نے دینیات کی کلاس کا افتتاح فرمایا۔ اس موقع پر بستی حسام الدین میں بڑے کے معززین بھی جمع تھے۔ مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی نے مختصر تقریر میں بچوں کو سمجھایا کہ وہ دینی تعلیم کو پورے شوق کے ساتھ حاصل کریں۔ اور ساتھ ہی بچوں کے والدین اور سرپرستوں کو توجہ دلائی کہ وہ آنے والی نسل کو دینیت کے دور کو سامنے رکھتے ہوئے کوشش کریں کہ اپنے بچوں کو دینی تعلیم دینا کس قدر ضروری ہو گیا ہے۔

ریلوے ملازمین کی ہڑتال
نوے فی صدی ووٹ ہڑتال کے حق میں

دہلی ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب کی ریلوں میں ریفرنڈم ہڑتال کے حق میں ووٹ دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ کل ۷۲۱۴ ووٹ ڈالے گئے ان میں سے ۶۶۶۹ ووٹ ہڑتال کے حق میں تھے ان میں سے ۱۳ کو خلاف قانون قرار دیا گیا۔

آل انڈیا ریلوے مین فیڈریشن کی مجلس عاملہ کا اجلاس ان نتائج کی جانچ کے لئے منعقد ہوا ہے۔ خیال ہے کہ ۹۰ فی صدی ووٹ ہڑتال کے حق میں ڈالے گئے۔

> **حکیم سراج الدین صاحب کا سانحہ ارتحال**
>
> قرولی خانہ دہلی کے مشہور اعلیٰ فن طبیب حکیم سراج الدین صاحب طویل علالت کے بعد کل رات انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر کی توفیق دے۔

گاندھی گراؤنڈ میں سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

مورخہ ۲۲ جنوری بروز ہفتہ شام کے ۵ بجے گاندھی گراؤنڈ میں سوشلسٹ پارٹی دہلی کے زیر اہتمام ایک عام جلسہ منعقد ہوگا جس میں [illegible] حالات پر [illegible] اور مزدوروں کی ہڑتال کے متعلق تقریریں ہوں گی۔ جلسہ گاہ میں پردہ نشین خواتین کے لئے خاص انتظام کیا گیا ہے۔

عید میلاد النبی کا شاندار جلسہ

دہلی ۲۱ جنوری۔ آج بعد نماز جمعہ دو بجے اردو پارک میں حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم پیدائش کی خوشی میں انجمن اسلامیہ صدر بازار دہلی کی جانب سے زیر صدارت فخر ملت قوم حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں کلام پاک و نعتیہ کلام کے بعد حضرت مولانا عزیز الرحمن صاحب جامعی نے رسول پاک کی زندگی پر عالمانہ تقریر فرمائی اور لوگوں کو اتحاد و محبت کا پیغام سنایا۔ آپ کے بعد جناب عبدالحق صاحب نے بتایا کہ مذہب خواہ کوئی بھی ہو اتحاد اور رواداری کا سبق دیتا ہے اپنے تمام مذاہب کی حقانیت پر روشنی ڈالی اور سب مذاہب کے ماننے والوں سے اپیل کی کہ وہ اس دور میں امن اور خوشحالی کو ترقی دینے کے لئے آگے بڑھیں۔ آپ کے بعد جناب [illegible] سنگھ صاحب قریشی نے مسلم اتحاد پر انگریزی میں تقریر کی۔ آپ کے بعد جناب مولانا حبیب الرحمن صاحب نے حالات حاضرہ پر نہایت زبردست مدلل اور عالمانہ تقریر فرمائی اور فرمایا کہ مذہب اسلام دوسرے مذاہب کے عبادت خانوں کا احترام اور حفاظت سکھاتا ہے۔ آپ نے کہا کہ مسلمان دنیا سے جو دوسروں کے ساتھ محبت کرنے اور خلق خدا کو اپنا بھائی سمجھے حضرت مولانا کی تقریر کو سامعین نے بے حد پسند کیا۔ نماز عصر کے بعد مولانا عبداللہ صاحب [illegible]

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کا مسئلہ

لندن ۱۸ جنوری۔ جنوبی افریقہ کی انڈین کانگریس کے نمائندے ڈاکٹر دادو [illegible] کرنے کے بعد واپس لندن پہنچ گئے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں اور حبشیوں کے درمیان موجودہ تعلقات کا نقشہ پیش کرنے کے لئے انڈیا لیگ جلدی ہی ایک مہم شروع کرے گی۔ اس کے مطابق ملک کے مختلف حصوں میں جلسے منعقد کئے جائیں گے۔ نٹال انڈین کانگریس کے نمائندے مسٹر قاسم جدوت نے کہا ہے کہ ڈربن میں فساد شروع ہونے سے پہلے ہندوستانیوں اور حبشیوں کے درمیان کسی قسم کی دشمنی نہیں تھی۔ یہ بات واضح ہے کہ ان فسادات کی پشت پر کوئی خفیہ ہاتھ کام کر رہا تھا اور یہ کہ ان کی تیاری کی گئی تھی۔ مسٹر قاسم اس سلسلہ میں نٹال انڈین کانگریس کی طرف سے موصول شدہ اطلاعات کی بنا پر ایک بلیٹن تیار کر رہے ہیں جو پارلیمنٹری ڈیلیگیشن اور دوسری انجمنوں کے ممبروں میں تقسیم کیا جائے گا۔

اسرائیل میں ۲۰۰ روسی ہوا باز اور سپاہی

پیرس ۱۴ جنوری۔ یہودی ہوائی فوج کے ایک سابق ہوا باز نے پیرس میں انکشاف کیا ہے کہ اس وقت کم از کم ۲۰۰ روسی ہوا باز اور ماہرین اسرائیل میں کام کر رہے ہیں۔ یہودی فوجوں کے کچھ یونٹوں کے ساتھ روسی ایڈوائزر موجود ہیں یہودی ہوائی فوج میں کچھ امریکن اور روسی ہوائی جہاز بھی شامل ہیں۔

اس ہوا باز نے مزید بتایا ہے کہ اسرائیلی ایئر فورس پر ایک خفیہ جماعت یہودیوں کو سپلائی کر رہی ہے۔ اس خفیہ جماعت کا کنٹرول امریکہ کے ایک مشہور [illegible] کے ہاتھوں میں ہے۔

پاکستان میں روسی گیہوں کی آمد

کراچی ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ روس سے گیہوں کی آجانے سے مغربی پنجاب اور سرحد کی غذائی حالت بہتر ہو گئی۔ ورنہ یہ اندیشہ کیا جا رہا تھا کہ خوراک کی سخت قلت ہو گئی۔ گذشتہ پانچ ہفتوں میں ۱۲ اسپیشل ریل گاڑیاں مغربی پنجاب کو بھیجی گئیں ہر ایک میں ۷ ہزار [illegible] ٹن گیہوں بھیجا گیا۔

کرین برمی اتحاد کی کوشش

رنگون ۲۰ جنوری۔ حکومت برما نے کرین برمی کمیٹی کے تقرر کا اعلان کیا ہے جو دونوں نسلوں کے درمیان اتحاد و یگانگت پیدا کرنے کی کوشش کرے گی سلسلہ میں کہا گیا ہے کہ دونوں نسلوں کے لیڈروں نے عہد کیا ہے کہ وہ ملک میں امن و امان قائم رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

کلکتہ سے برطانوی نائب وزیر خارجہ برطانیہ مسٹر [illegible] پہنچ گئے ہیں۔ وہ وزیر اعظم برما تھاکن نو سے ملاقات کریں گے۔

سوبھاش ڈے

نیتاجی سوبھاش چندر بوس کے جنم دن کے موقعہ پر جشن منانے کیلئے [illegible] ۲۳ جنوری کو [illegible] دہلی کے [illegible] سوبھاش ڈے منایا جائے گا [illegible] قدم بوس [illegible]

[illegible] ۲۲ جنوری کو ۵ بجے شام دفتر کانگریس [illegible] دہلی کے [illegible] کی ضروری مشورہ کے لئے میٹنگ ہوگی۔ امید ہے کہ [illegible] شرکت کریں گے۔

جنرل سیکریٹری

[illegible] مسلم اتحاد [illegible] شفاء الملک حکیم [illegible] آزادی [illegible] حضرات کے پیغامات [illegible] آزادانہ [illegible]

جمعیۃ علماء دہرہ دون کی جانب سے
دو ضروری اعلان

(۱) جائداد دون کے متعلق جنرل پاکستان کے درمیان جو فیصلہ ہوا ہے اس کے مطابق دہرہ دون کے بعض مسلمانوں کو یہ غلط فہمی ہو گئی ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسٹوڈین کو مسلمانوں سے خالی کرانا ہے۔ یہ بات غلط ہے جو لوگ یہاں سے پاکستان چلے گئے ہیں یا وہاں سے یہاں آگئے ہیں یہ فیصلہ ان کی جائداد کے متعلق ہے۔

(۲) دہرہ دون کے محلہ [illegible] کو خالی کر کے مسلمانوں کو دینے کا جو وعدہ کیا گیا ہے اس کے دائرہ میں جن مسلمانوں کے گھر بیٹھے مکان دینے کی درخواستیں دی ہیں ایسے مسلمانوں کی دہرہ دون میں موجودگی بھی ضروری ہے اس لئے درخواست دینے والے مسلمان دہرہ دون میں موجود نہیں ہیں ان کو اپنی جلد از جلد یہاں پہنچنا چاہئے۔

جن مسلمانوں نے ابھی تک درخواستیں نہیں دی ہیں ان کو فوراً درخواست دینی چاہئیے اور اس کی ایک نقل کسٹوڈین آفیسر کو براہ راست دہرہ دون کے پتہ پر اور دوسری نقل مولانا محمد صاحب ایم۔ ایل۔ اے صدر جمعیۃ علماء دہرہ دون کے پاس بھیجنی چاہئیے۔ مکان دلانے کی کارروائی ایک ہفتہ میں شروع ہو جائے گی۔ اخلاق احمد سکریٹری جمعیۃ علماء دہرہ دون

کشتی الٹنے کا حادثہ
۱۳ عورتیں اور بچے غرق آب

پونہ ۲۲ جنوری۔ مسلمان عورتوں اور بچوں کی ایک جماعت کرجو دریا کی سیر کے لئے گئی تھی سخت حادثہ پیش آیا۔ جب کشتی سیر سے واپس آرہی تھی تو کنارے کے قریب آکر الٹ گئی اور تمام افراد پانی میں گر پڑے۔ چیخوں کی آواز سن کر ایک رضیس پانی ان کی امداد کو پہنچ گئی۔ ان میں سے صرف ۶ افراد کو نکالا جا سکا ۱۳ عورتیں اور بچے غرق ہو گئے۔

ریاست حیدرآباد کی فوج
چالیس فی صدی کم کردی جائے گی

سکندرآباد ۲۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست حیدرآباد کا جو بجٹ تیار کیا جا رہا ہے۔ اس میں ریاست حیدرآباد کی فوج کی موجودہ تعداد میں چالیس فی صدی کمی کر دی جائے گی۔

گائے کی حفاظت کے لئے کانفرنس

بمبئی ۲۲ جنوری۔ گائے کی حفاظت کے لئے عوام کی رائے کو ہموار بنانے کے لئے ۲۲ اور ۲۳ جنوری کو بمبئی میں سیٹھ گوبند داس کی صدارت میں آل انڈیا گائے کانفرنس کا اجلاس منعقد ہوگا۔

یوپی کے اساتذہ کو اسٹرائک ختم کرنے کیلئے پنڈت نہرو کا خط
پنڈت جی نے اساتذہ کی تنخواہوں کی کمی اور وزراء کی اشتعال انگیز تقاریر کو تسلیم کرلیا

دہلی ۲۲ جنوری۔ انڈین نیوز کرانیکل کا نامہ نگار مقیم لکھنؤ رقمطراز ہے کہ باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گووند بلبھ پنت کو ایک خط لکھا ہے اساتذہ کا اسٹرائک ختم ہو جانا چاہئے اور یہ تسلیم کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ بورڈ کے اساتذہ کی تنخواہ واقعی کم ہے۔

نامہ نگار نے لکھا ہے کہ پنڈت جی نے سر سمپورنانند وزیر تعلیم یوپی اور دوسروں کی تقریروں کا ذکر بھی کیا ہے اور ان کو اشتعال انگیز بتایا ہے۔ آپ نے یہ ہدایت کی ہے کہ حالت کو زیادہ خراب نہ ہونے دیا جائے۔

منگلی میں جمعیۃ علماء کا وفد

منگلی ۱۹ جنوری۔ کل جمعیۃ علماء کا وفد جمعیۃ علماء کے ناظم مولانا محمد میاں کی قیادت میں تعلقہ منگلی ضلع ہرسیٹی پہنچا۔ اس وفد میں مولانا احمد احمد صاحب، مولانا ابوالنصور اور جمعیۃ علماء حیدرآباد کے معتمد مولوی محمد عبدالسبحان شامل ہیں۔ حسن اتفاق سے ضلع کانگریس کمیٹی ہرسیٹی کے صدر مسٹر راسدیرا [illegible] اور سکریٹری مسٹر دیانگر راؤ آئے ہوئے تھے ان سے حالات حاضرہ اور آبادکاری کے سلسلہ میں گفتگو ہوئی۔ مدرسہ انجمن اسلامیہ میں جلسہ عام کو خطاب کیا گیا اور مصیبت زدگان کی امداد کے لئے [illegible] صدر [illegible] بابا صاحب اور [illegible] ایک عوامی اجتماع میں ریلیف کمیٹی کا قیام منظور کیا گیا اور جمعیۃ علماء کے قیام کے لئے ایک عارضی کمیٹی تشکیل دی گئی۔ مولانا مسعود عالم صدر اور مولوی انیس الرحمن صاحب معتمد بنائے گئے۔

وفد کو یہ دیکھ کر بڑی مسرت ہوئی کہ اس تباہ شدہ بستی میں باہر گئے ہوئے مسلمان واپس آرہے ہیں اور آبادکاری کا کام جاری ہے۔ عبدالسبحان معتمد جمعیۃ علماء حیدرآباد

جنرل کری اپا کو مبارکباد
لارڈ ماؤنٹ بیٹن کا پیغام

نئی دہلی ۲۰ جنوری۔ فیلڈ مارشل ہند و ذاتی فوجی قسران میں سے ایک ہیں جنہوں نے جنرل کری اپا کو ان کے ہندوستانی فوجوں کے کمانڈر انچیف [illegible] مبارکباد دی ہے لارڈ ماؤنٹ بیٹن جنرل سر رائے بوچر [illegible] اور جنرل سر [illegible] نے بھی جنرل کری اپا کو مبارکباد [illegible]

کشمیر اور پاکستان میں
عورتوں اور بچوں کا تبادلہ

جموں ۲۲ جنوری۔ پاکستان اور کشمیر کے پناہ گزین عورتوں اور بچوں کا تبادلہ جموں سے ۱۳ میل کے فاصلہ پر سچیت گڑھ میں ہوا۔ ۲۴۹ مسلمان عورتیں اور بچے جن کو اغوا کر لیا گیا تھا اور جن کو جموں کے کیمپوں میں رکھا گیا تھا۔ پاکستان کو بھیج دئیے گئے۔ پاکستان نے ۳۲ غیر مسلم کشمیری عورتیں اور بچے کشمیر کے حوالہ کر دئیے۔

۱۵۹ پناہ گزین پاکستان کو بھیج دیئے گئے۔ خیال ہے کہ اب بھی ۲۰ ہزار غیر مسلم پناہ گزین پاکستان میں موجود ہیں اور وہ وہاں سے آنے کا انتظار کر رہے ہیں۔ اگلے ہفتوں میں تبادلہ ہونے کا امکان ہے۔ تبادلہ مذکور بین الاقوامی ریڈ کراس سوسائٹی، ڈاکٹر ونیگر کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

اکاؤنٹنسی کونسل کا قیام

کراچی ۲۲ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ یہاں پر اکاؤنٹینٹوں کی ایک کانفرنس ہوگی جس میں کونسل آف اکاؤنٹنسی بنائی جائے گی۔ جس میں اکاؤنٹینٹوں کا کم سے کم تعلیمی حیثیت اور رجسٹریشن کے قوانین وغیرہ بنائے جائیں گے۔

حکیم ـ ڈاکٹر ـ وید

خواہ اپنے دواخانہ کو بارونق اور خوبصورت بنانا چاہئیں دواخانہ کی شیشیوں۔ بوتلوں اور ڈبوں پر مختلف خوبصورت لیبلوں کی ضرورت ہے جو رنگین چھپے ہوئے [illegible] درمیان میں دوا اور دواخانہ کا نام لکھنے کیلئے جگہ خالی ہے۔ تین مختلف سائز دیزائن کے ۵ سو لیبل قیمت چھ روپے۔

مسیح الملک کے مجربات یعنی دہلی کے نامور حکیموں کے بیاض فخر از سودہ مجربات مرکبات اور نسخے مفید دستکار دہلی [illegible] ۔ ہر یونانی حکیم دواخانہ میں اس فارمولا کو رکھنا نہایت ضروری ہے۔ علاوہ صفحات مجلد قیمت ۵/۸/- روپیہ۔

جرمن ہومیوپیتھی کی کتاب پانچ کل حصے بیشمار جرمنی نسخوں کے فوائد مختلف زبانوں میں نام پہچان اور کئی تجربات ... سے زیادہ صفحے کل ۷/۸/- روپیہ نی حصہ [illegible]

رسالہ روزگار کے قطب روڈ نئی دہلی

No DC/X/Conf/969

گورنمنٹ آف انڈیا

منسٹری آف ریلیف اینڈ ری ہیبلیٹیشن

آفس آف دی کسٹوڈین آف ایویکوئی پراپرٹی۔ پی بلاک لال سیالکر روڈ نئی دہلی

تاریخ [illegible]

واتش دیوالمدہ ۱۲ ذات [illegible] [illegible] (پرابرٹی) ایکٹ ۱۹۴۸ء کی [illegible] ترمیم شدہ (از ایسٹ پنجاب ...) ۱۹۴۸ء [illegible] آف پراپرٹی آرڈیننس ۱۹۴۸ء کی رو سے دوبارہ ترمیم کی گئی ہے اور جسے صوبہ دہلی میں گورنمنٹ آف انڈیا منسٹری آف ہوم افیئرز کے [illegible] نمبر [illegible] مورخہ ۲۸ جنوری [illegible] کی رو سے نافذ کیا گیا۔

ہر گاہ کہ کیفیات الزین صاحب [illegible] درخواست [illegible] اطلاع ... [illegible] کے مالک [illegible] ہیں [illegible]

[illegible] کی آخری تاریخ ۱۲ فروری ۱۹۴۹ء مقرر کی جاتی ہے۔ [illegible] اگر اس درخواست پر کوئی اعتراض ہو تو چاہیے کہ وہ اپنا تحریری اعتراض مع ثبوت [illegible] اشاعت کے پندرہ دن کے اندر اندر جمع کرے [illegible]

(دستخط) [illegible] (ڈپٹی کسٹوڈین)

آزادی مل گئی

یہ ٹھیک ہے کہ ہندوستان آزاد ہوگیا ہے مگر جب تک ہندوستانی صنعت و حرفت میں ترقی نہیں کرتے ان کیلئے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا نہایت مشکل ہے۔

صنعت کیلئے بہترین مشینیں ضروری ہیں [illegible] اور دیسی مشینیں ہمارے یہاں سے بنی جاتی ہیں۔ نیز لوہے کی ہلکی دھاری [illegible] [illegible] ہوتی ہے۔

اورینٹل مینوفیکچرنگ کمپنی ۱۸۲۴ چاوڑی بازار ـ دہلی

یہ دوراہا

ماضی کا صدمہ فرسودگی اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوتے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں۔ کیا کریں ـ کیسے ـ کدھر جائیں ـ

شک اور خوف کی اس جھنجھک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کیلئے اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیے ـ مستقبل روشن ہے

[illegible] وزیر اعظم یوپی پنڈت پنت نے عوام سے [illegible] کی اپیل کی ۔ انہوں نے کہا کہ کانگریسی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے لیکن اگر اس کے باوجود کانگریسی حکومت پر اعتراض کیا جائے تو یہ اپنے اوپر اعتراض کرنے کے مترادف [illegible]

(باقی صفحہ [illegible] پر)

ڈھاکہ میں مشرقی اور مغربی بنگال کے وزراء اعظم کی ملاقات کا امکان

مشرقی بنگال میں چھوڑی ہوئی جائداد کی حفاظت کیلئے اقلیتی فرقہ سے ممبران کا تقرر

[illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] دونوں صوبوں کے سکریٹریوں اور دیگر افسران کی ملاقات کے دوران میں [illegible]

ادھر مشرقی بنگال کے وزیر اعظم کی ڈھاکہ میں ملاقات متوقع ہے ۔ ملاقات گذشتہ سال کی انٹر ڈومینین کانفرنس کے معاہدے کے مطابق ہوگی جو اپریل میں کلکتہ میں منعقد ہوئی تھی ۔ اور جس پر گذشتہ نومبر میں نئی دہلی کی انٹر ڈومینین کانفرنس میں دوبارہ غور کیا گیا تھا ۔ یہاں پر سرکاری حلقوں میں خیال کیا جاتا ہے کہ چونکہ سابقہ تمام ملاقاتیں کلکتہ میں ہوئی رہی ہیں لہذا آئندہ ملاقات ڈھاکہ میں ہوگی ۔

ادھر مشرقی بنگال کی حکومت انٹر ڈومینین کانفرنس کے فیصلوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پوری سرگرمی سے کام کر رہی ہے اور نکاسیوں کی جائداد کی دیکھ بھال کے لئے جو بورڈ بنایا جا رہا ہے ان کے تمام ارکان اقلیتی فرقہ سے ہوں گے اور اس کے متعلق ایک آرڈیننس نافذ کیا جائیگا ۔ خیال ہے کہ آرڈیننس ایک ہفتہ تک عمل میں آجائیگا ۔

معلوم ہوا ہے کہ جب دونوں وزیر اعظموں کی ملاقات ہوگی تو [illegible]

ہند اور پاکستان کو لڑائی کا خیال تک دل میں نہ لانا چاہیے

سر ظفر اللہ کا اظہار خیال

پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان نے حال ہی میں جب دہلی میں ایشیائی کانفرنس میں شرکت کے لئے آئے تھے اخباری نمائندہ کو ایک بیان دیتے ہوئے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی اپیل کی ۔ اور کہا کہ ہندوستان اور پاکستان کو امن کے ساتھ رہنا ہے اور اگر وہ بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں تو [illegible]

[illegible]

سر ظفر اللہ خان نے مسئلہ کشمیر کا بھی ذکر کیا اور کہا ہندوستان اور پاکستان نے کشمیر میں جنگ بند کر کے نہ صرف دنیا کے سامنے امن کا ثبوت دیا ہے [illegible]

برطانوی اقتصادی مشن

لندن ۔ ۲۶ جنوری ۔ ایک سرکاری برطانوی مشن جو مختلف محکمہ جات کے افسران پر مشتمل ہے فروری کے پہلے ہفتہ میں سیلون کا دورہ ختم کرنے کے بعد نئی دہلی پہنچ رہا ہے ۔ [illegible] بات چیت کریگا ۔ مشن پاکستان بھی جائیگا کیونکہ پاکستان کے نمائندوں سے اس مشن کی بات چیت پہلے ہی لندن میں ہو چکی ہے ۔ (گلوب)

کوالالمپور کے قریب دہشت انگیزی

تین آدمی ہلاک کر دیئے گئے

سنگاپور ۲۷ جنوری ۔ معلوم ہوا ہے کہ کوالالمپور سے ۲۴ میل شمال میں دہشت پسندوں نے [illegible] کو گولی مار کر ہلاک کر دیا ۔

دہشت پسندوں نے ایک خاص کانسٹبل کو بھی ہلاک کر دیا اور ایک دوسرے کو زخمی کر دیا ۔

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور قدیمی دواخانہ ہے مجھ کو اس کی بیشتر مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو استعمال کرانے کی بارہا نوبت آئی ۔ [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر اور ملک کی زبردست مشہوریوں کا معتمد دواخانہ ہے ۔ [illegible]

خصوصی مجربات

اکسیر کامل [illegible]

اکسیر جلیہ [illegible]

جوہر ذیابیطس [illegible]

روغن تریاقی [illegible]

تریاق ارحم [illegible]

حب جریان [illegible]

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

نزد دواخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے

چشمہ دیا جاتا ہے

خاص اعلان

[illegible]

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

ماہنامہ "بانو" دہلی کی اشاعت خاص ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں

حسین کشیدہ کاری

[illegible]

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ ایک کامل درویش

کا مجرب نسخہ ہے۔ برص کوڑھ سنبھری کا

جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے

مریض اس سے اب تک سیکڑوں کی تعداد

میں صحت یاب ہو چکے ہیں اس کا اثر

اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا

ہے۔ چار سے ۶ ماہ میں مکمل صحت حاصل ہوتی

ہے دریافت طلب امور کے لئے ٹکٹ

آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارسی

نمبر ۶ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۲۹ جنوری ۱۹۴۹ء

ایشیا اور یورپ!

دہلی میں ایشیائی کانفرنس منعقد ہوئی اور ختم ہو گئی اور اس کے برے بھلے نتائج بھی منظر عام پر آ گئے ، وقت کا تقاضا تھا کہ ایشیا کو بیدار اور متحد کرنے کے لئے دہلی میں ایک ایسی اہم بالشان کانفرنس منعقد ہو اور وہ اچھی قیادت سے دور اور نزدیک کے ممالک کو ان کی ذمہ داریوں سے باخبر کر دے ، چنانچہ کانفرنس نے ابھرے ہوئے عناصر کو جوڑ کر ایک ایسی پوزیشن عطا کر دی جس سے اس کی اندرونی توانائی کا تھوڑا بہت اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور ہمیں بھی احساس ہو سکتا ہے کہ ہم کیا ہیں ، کہاں ہیں ، اور کس لئے ہیں ؟ اور ہم اپنے وجود کو دنیا کی کشمکش میں کس حد تک ایک فیصلہ کن طاقت بنا سکتے ہیں ، جہاں تک بیداری اور احساس کا تعلق ہے ایشیا خود بیدار نہیں ہوا ، کیونکہ اس کی تہ میں کوئی ایسی حرکتی قوت موجود نہیں ہے جو اسے سیاست کی بلند سطح پر پہونچا سکے اور اپنی صلاحیتوں سے وقت اور محل پر کوئی مفید کام لے سکے مغرب کی چیرہ دستیوں نے اسے بار بار جھنجھوڑا اور بار بار ٹٹولا ، اور اس کی طاقتوں کو اس کے خلاف استعمال کیا ، ان بے پناہ ضربوں سے ایشیا کو آنکھیں کھولنے اور اطراف پر نظر ڈالنے کا موقعہ ملا اور اسے محسوس ہوا کہ وہ بہت بڑا ہے ، بڑا طاقتور ہے ، بہت قیمتی ہے مگر دوسروں کے کام آ رہا ہے اور اس کی طاقت سے خود اس کو [illegible] اگر مغرب ایشیا میں دخل نہ دیتا تو شاید ایشیا ابھی بیدار نہ ہوتا اور اس کے حصے ایک دوسرے سے بے خبر رہتے ، گویا ، ایشیا کی بیداری اس کے اپنے احساس کا نتیجہ نہیں ہے ، یورپ کی ضربوں کا نتیجہ ہے ، مگر یہ ضربیں اسے بیدار تو کر سکتی ہیں اور اس بیداری میں ضربوں کی تکلیف بھی زیادہ محسوس ہو سکتی ہے لیکن متحرک اور فعال نہیں بنا سکتیں !

ضرورت ہے کہ اب ہم اتحاد ایشیا کے امکانات اور اس کے مثبت اور منفی پہلوؤں پر ناطرفداری کے ساتھ روشنی ڈالیں اور اس بات کا کھوج لگائیں کہ اتحاد کے لئے جن بنیادی اور تعمیری عناصر کی ضرورت ہے وہ ایشیا کی سیاسی اور معاشی کانوں سے کس حد تک اور کس مقدار میں برآمد ہو سکتے ہیں اور وہ کون سے محرکات ہیں جن کی نفسیات سے اتحاد و اجتماع حفاظت و ترقی کے جذبات ابھر سکتے ہیں ، ہمیں اتحاد ایشیا کے لئے ایک ایسی بلند سطح کی ضرورت ہے جہاں سے ہم اس برعظم کے مستقبل کی [illegible] روشنی کو دیکھ سکیں اور ایک نظر [illegible] جو اس خواب کو شرمندہ تعبیر بنا سکیں ، برعظم ایشیا اپنے تہذیبی ، سیاسی اور اقتصادی موقف کے اعتبار سے متضاد ہے ، اسی قدر کمزور اور ناتواں بھی ہے اور اسی کمزوری کا نتیجہ ہے کہ آج تک ایشیا کے اتحاد کی کوئی تحریک کامیاب نہیں ہو سکی ، بلاشبہ مشترکہ تہذیب ایک زبردست قوت جامعہ ہے جو بکھرے ہوئے عناصر کو مربوط کر سکتی ہے مگر ایشیا کی تہذیب اسقدر ملتوں ، مختلف اور متضاد ہے کہ اس کی بنیاد پر کوئی وحدت قائم نہیں کی جا سکتی ، ایشیا کے مذاہب اور ان کے افکار و نظریات کے سرچشمے بھی مختلف ہیں اور آج جب کہ مذہب کی گرفت بہت کچھ ڈھیلی پڑ گئی ہے اسے فیصلہ کن طاقت کے طور پر استعمال کرنا اور بھی مشکل ہو گیا ہے ۔

سیاسی اعتبار سے بھی ایشیا بہت کمزور ہے ، ابھی تک اس کی پختہ سیاست کا کوئی معیار قائم نہیں ہو سکا ، ماضی تعمیر و تخریب کے مرحلوں سے گذر رہا ہے اور آج بھی یہی غیر یقینی سیاست تمام ایشیا پر کارفرما ہے ، سیاست کا خوشگوار مظہر جسے جمہوریت کہا جاتا ہے ابھی تک ایشیا کے لئے خوش آئند نہیں ہو سکا کوئی ملک ایسا نہیں جہاں صحیح معنے میں جمہوریت کی بنیادوں کو مضبوط بننے کا موقعہ ملا ہو اور عوام نے براہ راست حکومت کا لطف اٹھایا ہو ، بعض جگہ شخصی حکومتیں ہیں کہیں کسی جگہ نیم جمہوری نظام کارفرما ہے کسی مقام پر جمہوریت کے نام پر پرانے نظریات کام کر رہے ہیں اور بعض جگہ محض یورپ کی نقالی میں جمہوریت کا تجربہ کیا جا رہا ہے ، موثر اور صحت مند جمہوریت تو یورپ میں بھی قائم نہیں ہو سکی ، لیکن یورپ کی جس سیاست پر جمہوریت کا اطلاق ہوتا ہے اس کا تجربہ مکمل طور پر ایشیا کے کسی خطہ میں بھی نہیں کیا گیا ، جو لوگ جمہوریت کا شور مچاتے ہیں اور چند اجزا کو لے کر کہتے ہیں کہ یہ جمہوریت ہے وہ دراصل شخصی حکومتوں کا مقابلہ کرتے ہیں اور ان کے مقابلہ پر اپنے نظام کی برتری کو سراہتے ہیں ورنہ جمہوریت کی اصل روح وہ ذہنیت ہے جو جمہوریت سے نہیں بنتی بلکہ خود جمہوریت کو بناتی ہے ، یہ تخلیقی طاقت ایشیا میں [illegible] اس لئے اس کا اتحاد بھی ہماری سیاست کا منظر نہیں بن سکا ، [illegible] اتحاد ایشیا کے لئے جن تعمیری عناصر کی ضرورت ہے وہ یہاں مفقود ہیں ، جو لوگ ایشیا کا کوئی بلاک قائم کرنا چاہتے ہیں انہیں پہلے اس بات پر غور کر لینا چاہیئے کہ آیا ان عناصر کے بغیر وہ کوئی معجزہ دکھانے پر قادر بھی ہو سکیں گے یا نہیں ؟

اب دہلی کی ایشیائی کانفرنس ہی کو لیجئے ، کیا اس کے منفی فیصلے حکومت ہالینڈ پر کوئی اثر ڈال سکیں گے ، ہم اس سوال کا جواب اثبات میں نہیں دے سکتے ، ہالینڈ اور اس کے ساتھی ایشیائی کمزوری سے بہت اچھی طرح واقف ہیں اور انہیں معلوم ہے کہ انڈونیشیا کے حق میں جس اتحاد ، جس احتجاج اور قوت کا مظاہرہ ہوا ہے اس کی حیثیت ایک بوڑھی عورت کی بد دعا سے زیادہ نہیں ہے ، ایشیا ابھی تک یورپ کی جارحانہ طاقتوں کی کوئی پالیسی بھی نہیں [illegible] مدبر اسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ چند ممالک کو دعوت دے کر اور تجاویز کا ایک خاکہ مرتب کر کے وہ یورپ کی بنیادی سیاست پر کوئی گہرا اثر ڈال سکتے ہیں حالانکہ یورپ کی نفسیات کے لئے اس قسم کی کاروائیاں معمولی حیثیت رکھتی ہیں ، لیکن اگر ہالینڈ انڈونیشیا کو چھوڑنے پر مجبور ہوا تو وہ انڈونیشیا کی اپنی اصلی طاقت کا نتیجہ اور یورپ کی بین الاقوامی حکمت عملی کا براہ راست اثر ہو گا ، نہ یہ کہ چونکہ دہلی میں ایک کانفرنس منعقد ہو چکی ہے اس لئے ہالینڈ کو اس کی پرواہ ہے اور پھر انڈونیشیا کی کامیابی اور آزادی (اتحاد ایشیا کے مرادف نہیں ہے ، اتحاد ایشیا کی تکمیل اپنی ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے اور وہ اسی وقت عمل میں آ سکتا ہے کہ ایشیا اپنی سیاسی اور اقتصادی تنظیم کرے اور یورپ کی صنعت و حرفت ، یورپ کی سائنس ، یورپ کی تعلیم اور یورپ کے نتائج فکر سے قطعی بے نیاز ہو جائے ۔

ملان کی نئی [illegible]

نٹال میں دیسی باشندوں کے ہاتھوں نسلی پالیسی کے تحت ہندوستانیوں کا قتل عام ہوا اور ڈاکٹر ملان نے بے گناہوں کے خون سے خوب ہاتھ رنگے ، اب ان خون کے دھبوں کو مٹانے کے لئے ملان نے تحقیقاتی کمیٹی کی چال چلی ہے اور اعلان کیا ہے کہ کمیشن [illegible] فساد کے اسباب کا کھوج لگائے گا [illegible]

جو لوگ فساد کے ذمہ دار ہیں انہیں کیفر کردار کو پہنچانے کے لئے اپنی سفارشات پیش کرے گا یقیناً تحقیقات خوب ہوگی اور اس کے نتائج بہت ہی دلچسپ نکلیں گے ڈاکٹر ملان نے اس کمیشن کے اعلان کے ساتھ مرنے والوں کے اعداد و شمار بھی دیئے ہیں [illegible] افریقیوں کی تعداد ۱۰۸۵ اور ہندوستانیوں کی تعداد ۶۷ [illegible]

ہے کہ فساد کی ذمہ داری صرف دیسی باشندوں پر عائد نہیں ہو سکتی ۔ دیکھیے تو مرنے والوں اور زخمیوں میں افریقیوں کی تعداد زیادہ ہے اور ہندوستانیوں کی کم ، گویا ایک طرح سے ڈاکٹر ملان نے تحقیقات کا حق خود ہی ادا کر دیا ، اب کمیشن کے لئے اس کے سوا چارہ کار کیا ہے کہ وہ ہندوستانیوں کو مجرم قرار دے اور دیسی باشندوں کے ساتھ ان کے [illegible] کے خلاف عدالتی کاروائی کی سفارش کرے !

سیاہ نتائج

مقتولوں اور مجروحوں کے اعداد و شمار پیش کرنے والے کون ہیں ؟ ڈاکٹر ملان ! اس ظالم کی پالیسی ابھی تک یہی ہے اور وہ دیسی باشندوں کو اشتعال دلا کر ہندوستانیوں کو [illegible]

بظاہر اس تجویز کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستانیوں کا مزید خون بہانے کے لئے ایک نیا فسادی بنیاد ڈالی جائے اور افریقیوں میں انتقام کی آگ بھڑکا دی گئی ۔ [illegible]

اس سال ہند میں ساٹھ لاکھ ٹن اناج کی کمی ہوگی

ڈالر کی کمی اور گرانی کے باعث مطلوبہ مقدار نہ خریدی جاسکیگی

بمبئی ۲۷ جنوری ۔ ہندوستان کے ایک مشہور سیاسی مسٹر ڈی ۔ ایس ۔ ڈسپائی نے جو ہند کے اس وفد کے لیڈر ہیں جو واشنگٹن میں خوراک و زراعت کی کانفرنس میں شرکت کے لئے گیا تھا گذشتہ شب اس بات کا انکشاف کیا کہ ہند میں ساٹھ لاکھ ٹن اناج کی کمی ہے ۔

ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سال ہندوستان میں ساٹھ لاکھ ٹن اناج کی کمی رہے گی [illegible]

[illegible]

انجمن طبیہ ضلع دیوریا کا احتجاجی جلسہ

[illegible]

قیدی فرار ہونے کا شاخسانہ

دہلی ۲۷ جنوری ۔ پارلیمنٹ پولیس اسٹیشن سے جو حال ہی میں ایک قیدی فرار ہو گیا تھا [illegible]

کراچی کارپوریشن توڑ دی گئی

کراچی ۔ ۲۵ جنوری ۔ حکومت پاکستان نے آج ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے ذریعہ کراچی کارپوریشن توڑنے کا اعلان کیا ہے ۔

شہرت حاصل کرنیکا دلچسپ طریقہ

[illegible]

اچھی باتیں

اولم یسیروا۔تا یظلمون

(پ ۲۱ ع ۴)

یہ لوگ زمین کی سیر کیوں نہیں کرتے ؟ یہ

سیر سیاحت انہیں بتائے گی کہ پہلے لوگوں

کا انجام کیا ہوا ، حالانکہ وہ بڑے طاقتور تھے

اور زمین میں ان کی ترقی کے آثار نمایاں تھے

اور عمرانیات میں بھی وہ کسی سے پیچھے نہ تھے

لیکن ان کے پاس اللہ کے رسول نشانیاں

لے کر آئے (تو انہوں نے انکار کر دیا) سو اللہ

نے ان پر ظلم نہیں کیا ، وہ خود ہی اپنے نفسوں

پر ظلم کرتے رہتے ۔

یعنی پہلی قوموں کے تمدنی اور عمرانی آثار کو چل پھر کر دیکھو اور ان قوموں کا حال معلوم کرو جو طاقت وحشمت اور تہذیب و عمران میں اپنے زمانہ کی قوموں پر فائق تھے لیکن آج انکا نام و نشان تک نہیں صرف کھنڈرات اور آثار ہیں ، جن سے ان کی ترقیوں کا حال معلوم ہو سکتا ہے اور وہ بے گناہ نہیں مارے گئے ۔ بلکہ حق کا انکار کیا ۔ معلمین کو جھٹلایا ۔ اپنی خواہشات کے بندے بنے مگر جب بربادی کا وقت آیا تو ان کی طاقت وحشمت کام نہ آسکی اور وہ غبار بنا کر نابود و نگار کر دیئے گئے ۔ آج جو قومیں ہم کو بڑی طاقتور نظر آتی ہیں وقت آنے پر انکا صرف نام ہی باقی رہ جائے گا ۔ جرمنی اور جاپان کا حشر ہمارے سامنے ہے اور ہم انکی تخریب پر اپنی تعمیر کی بنیادیں استوار کر سکتے ہیں

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

کچھ دن ہوئے لاہور کے حاجی لق لق صاحب نے اپنے دلچسپ شب برات کا شگوفہ "سلیقہ" سے فرمایا تھا کہ نشر کیا تھا ۔ فرماتے ہیں کہ [illegible] تھا جس میں ایک طرف دولتانہ اور شوکت حیات (فرزند دلبند سر سکندر حیات) تھے اور دوسری طرف ممدوٹ ۔ شوکت اور دولتانہ کی تمناؤں کی بستی میں اندھیرا ہی اندھیرا تھا اور ممدوٹ میاں فاتح کی حیثیت میں [illegible] کہیں یہی دنیا ہوتی ہے اسی کا نام دنیا ہے ۔

[illegible]

اس مقابلہ میں کئی جیتے کئی ہارے اور کسی طرح فیصلہ نہ ہو سکا حقیقت میں میدان میں آ گئے لیکن سب کا کا وٹ بنا ڈوٹ جیسا حشر ہوتے ہوئے ہی کیونکہ حزل دونوں نے تہیہ کر لیا تھا کہ قرآن کی کشتی ڈوبے گی تو وہ ہم تو ڈوبیں گے صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے اس کے نسخہ پر عمل کر رہے ہیں ۔

[illegible]

برطانیہ کا سابق وزیر تجارت مجرم قرار دیدیا گیا

لندن ۔ ۲۰ جنوری ۔ [illegible]

ڈچ طیاروں کو [illegible] میں اترنے کی اجازت

لندن ۔ ۲۶ جنوری ۔ سرکاری طور پر یہاں انکشاف کیا گیا ہے کہ برطانیہ نے ڈچ شہری طیاروں کو [illegible]

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جمعیت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہییں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ علاوہ ازیں دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتمد اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء فیروزآباد کا اجلاس

ضلع باندہ

شہر باندہ

ناظم صاحب جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نوح میں

جمعیۃ علماء ضلع گوڑگانوہ کا جلسہ

بلیا

رامپور اسٹیٹ

انتخابات

صندار ضلع بجنور

ضلع ورگ سی پی میں جلسہ میلاد النبی

قصبہ جانسٹھ

ضلع نینی تال

مرادآباد میں مجلس طب و جراحت کا عام جلسہ

راجپور

جاپان کے انتخابات میں کمیونسٹوں کو ۳۰ لاکھ ووٹ ملے

سرکاری حلقوں میں کمیونسٹوں کی "خطرناک" کامیابی پر بے چینی

ٹوکیو ۲۲ جنوری رائٹر

سیاسی مبصرین کا متفقہ طور پر خیال ہے کہ گذشتہ اتوار کے عام انتخابات میں ایوان زیریں میں کمیونسٹوں کی کامیابی کے سامنے قدامت پسند پارٹی کی کامیابی بے حقیقت ہوگئی ہے۔ ایوان نمائندگان میں کمیونسٹوں نے ۳۵ نشستیں حاصل کی ہیں اور ان کو ۳۰ لاکھ سے زائد ووٹ ملے۔

یہ تعداد رائے دہندگان کی کل تعداد کا ۱۰ فی صدی ہے۔ سابقہ انتخابات کی نسبت اس انتخاب میں کمیونسٹوں کی نشستیں زیادہ ہیں۔ گذشتہ انتخابات میں ان کو صرف دس لاکھ نشستیں ملی تھیں۔ ٹوکیو میں متفقہ طور پر کمیونسٹوں کو ووٹ دیا گیا۔ ساتوں کمیونسٹ امیدوار تعجب خیز اکثریت سے کامیاب ہوئے۔ فارم لیبر پارٹی نے جو کمیونسٹوں کی [redacted] ایوان میں بائیں بازو کی طاقت ۴۰ تک بڑھا دی۔

وزیراعظم یوشیدا کی پارٹی (قدامت پسند) نے ۴۶۶ کے ایوان میں ۲۶۲ نشستیں حاصل کیں۔ کمیونسٹوں کی اس زبردست قبولیت کا سبب اسی ناراضگی کو قرار دیا جا رہا ہے جو ہڑتال وغیرہ کو خلاف قانون قرار دینے کے ضابطہ سے مزدوروں میں پھیلی ہوئی ہے۔ جنوب مشرقی ایشیا میں بڑھتے ہوئے کمیونسٹ اثرات کے پیش نظر کمیونسٹوں کی اس کامیابی کو خطرناک قرار دیا جا رہا ہے۔ اکثریت کی پارٹی کا لیڈر ہونے کی وجہ سے یوشیدا کو وزارت بنانے کی دعوت دی جانی یقینی ہے۔

۲۹ جنوری کو مظفرنگر میں مشاعرہ

گاندھی جی کی برسی کا پروگرام

مظفرنگر بذریعہ ڈاک مسٹر اکبر حسین ملت کانگریس کمیٹی مظفرنگر تحریر فرماتے ہیں کہ:

باپو کی برسی پر مظفرنگر کی ملت کانگریس کمیٹی نے ۲۹ [redacted] کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ موضوعات نظم یہ ہیں۔ مہاتما جی کی آدرش، فرقہ وارانہ لعنت، آزادی کا صحیح مقصد۔ بیرونی شعراء میں جناب احسن صاحب لکھنوی، ادیب صاحب لکھنوی، بسمل شاہجہانپوری، منور لکھنوی، ابر احسنی صاحب، حشر صاحب رامپوری، حیرت صاحب رامپوری، روشن صاحب پانی پتی، طالب صاحب دہلوی، گوہر صاحب دہلوی، حکیم خلیل الرحمن صاحب دہلوی، رام لال صاحب ورما ایڈیٹر ہند، منجیت سنگھ منجیت لکھنوی شرکت فرمائیں گے۔ داخلہ بذریعہ داخلہ فری پاس ہوگا۔

بڑودہ میں قحط

سرکاری اعلان

سر تیج بہادر سپرو اور عبداللہ بریلوی کی تعزیت

کاشانہ احباب سہارنپور کی قرارداد

پانی پت میں مولانا غوث علی شاہ کا عرس

گاندھی نیشنل میموریل فنڈ

ڈچوں کی بھی سنیئے

طبیہ کالج سہارنپور کا الیکشن منظور کرلیا

سکنڈے نیویا کا مشترکہ دفاع

گفت و شنید کی ناکامی

راجہ جی جے پور کو

کینیڈا میں اعلیٰ تعلیم کیلئے وظیفے

ہندوستان میں اطالوی اقتصادی مشن

حضرت غوث علی شاہ کا میرٹھ میں عرس

بنارس میں آل انڈیا مشاعرہ

مزید جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ

(۶)

آپ کے بچوں کے پڑھنے کے لئے

ہمارے پیغمبر

از

سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

قیمت صرف چھ آنہ علاوہ محصولڈاک

الجمعیۃ - بک ڈپو - گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۲۸ جنوری ۱۹۴۹ء

پیر صاحب گولڑہ شریف کی روانگی

پاکستان کے مشہور پیر، پیر صاحب گولڑہ شریف جو اجمیر شریف جانے کے لئے دہلی آئے تھے اور جن کا کل ہوائی اڈہ پر سکھوں نے استقبال کیا تھا انہوں نے درگاہ خواجہ نظام الدین اور مہرولی کا کل معائنہ کیا۔ سکھوں کے علاوہ ہندوؤں نے بھی ان کی آؤ بھگت کی۔ پیر صاحب نے فسادات کے زمانہ میں ہزاروں ہندوؤں اور سکھوں کی جان بچائی تھی۔ اسٹیٹسمین کے وقائع نگار کے بیان کے مطابق پیر صاحب کی اجمیر سے واپسی پر ان کے اعزاز میں غالباً ایک استقبالیہ دعوت منعقد کی جائے گی۔

نامہ نگار کے بیان کے مطابق سکھوں کے ایک گروہ نے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ یہ استقبالیہ دعوت کسی گوردوارہ میں دی جائے۔ پاکستان میں پیر صاحب کے کم و بیش ۲۵ لاکھ مرید ہیں۔

ایک شخص ہلاک

دہلی چھاؤنی کے نزدیک ایک ٹرک کی ٹکر سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ دو آدمی مجروح ہوئے تھے ان کو اسپتال لے جایا گیا۔ ٹرک ڈرائیور کا پتہ نہ چل سکا۔

سول سپلائی دفتر میں آگ

اطلاع ملی ہے کہ کل شب سول سپلائی کے دفتر کے ایک خیمہ میں آگ لگ گئی اور کچھ ریکارڈ جل گئے۔

پہاڑ گنج میں چوری

اطلاع ملی ہے کہ پرانی منڈی میں ایک مکان کا تالا توڑ کر چور نے نو سو روپیہ کا سامان چرالیا۔ پولیس نے چار آدمیوں کو شک ہونے پر گرفتار کیا۔

نقلی گھی پر پولیس کا قبضہ

جعلی چیک دینے پر سزا

ملازموں میں مستعدی پیدا کرنے کی مہم

جیب کترے متوجہ ہوں

دفتر احرار میں گمشدہ بچہ

جائداد کا بین الملکی معاہدہ

میر مشتاق احمد صاحب کا بیان

دہلی ۲۷ جنوری۔ تبادلہ جائداد کے سلسلہ میں میر مشتاق احمد صاحب مشہور سوشلسٹ لیڈر نے ایک بیان میں تبادلہ جائداد کے حالیہ معاہدہ کو حکومت ہند کی گذشتہ ڈیڑھ سالہ پالیسی کے خلاف قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا حکومت بار بار مہاتما گاندھی کے اصولوں پر چلنے کا دعویٰ کرتی ہے لیکن عمل اس کے خلاف ہے۔ حالیہ معاہدہ اس کی ایک مثال ہے۔

ہندوستانی شارٹ ہینڈ کمیٹی کی رپورٹ

گاندھی میموریل فنڈ

افغانستان کا تجارتی وفد

برما کو مال بھیجنے کیلئے لائسنس کی ضرورت

خرم شہر میں ہندوستانی قونصل خانہ

راج گھاٹ پر نمائش کا افتتاح

برما میں تیس ہزار ملازمین کی ہڑتال

ملان نے ہلاک شدگان و مجروحین کے اعداد و شمار غلط دیئے ہیں

مسٹر منی لال گاندھی کا افریقی ڈکٹیٹر کو چیلنج

نئی دہلی ۲۷ جنوری۔ ڈربن کے فسادات کی تحقیقات کرانے کے لئے جنوبی افریقہ کے کمیشن کی تقرری پر بیان دیتے ہوئے مسٹر منی لال گاندھی نے تجویز کیا ہے کہ کمیشن غیر جانبدارانہ اور غیر سرکاری ہونا چاہیے۔ اور اس میں ہندوستانیوں، افریقیوں اور ہمدرد یورپینوں کے نمائندے ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ملان نے ہلاک اور مجروح ہونے والے غلط اعداد دے کر ہندوستانیوں کے معاملہ کو سخت دھکا پہنچایا ہے۔ انہوں نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے کہ ہندوستانیوں کی نسبت افریقی زیادہ تعداد میں ہلاک ہوئے ہیں۔ مسٹر گاندھی نے کہا کہ ہمارے پاس جو خبریں آئی ہیں وہ بہت رقت انگیز ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ افریقیوں نے اجتماعی طور پر قتل و غارت اور آتشزدگی کی۔

یوم یادگار

(صفحہ ۲ سے آگے)

مدراس میں ڈاکٹر پٹابھی کی تقریر

مزدوروں سے کام شروع کرنے کی اپیل

جھنگڑ کے علاقہ میں ہند و پاکستان کے کمانڈروں میں ملاقات

سنگاپور میں ہندوستانیوں پر حملہ

افغانستان کا تجارتی وفد

آسٹریلیا میں چائے کی پیداوار

جیب تراشوں کا اسکول

باغیوں اور برمی فوج میں مقابلہ

مہنگائی الاؤنس میں اضافہ

دارالعوام میں فلسطین کے مسئلہ پر بحث

بقیہ صفحہ اول

مزید ترقیوں کی امید

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۳ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۲ ۔۔ ۔۔

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

مینیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

یہ دوراہا!

ماضی کا روح فرسا غم - اور مستقبل کا ہیبتناک فکر

اس دوراہے پر کھڑے ہوئے آج کروڑوں انسان پریشانی کے عالم میں سوچ رہے ہیں

کیا کریں ۔۔۔؟ کدھر جائیں ۔۔۔؟

شک اور خوف کی اس مہلک کیفیت سے نکلنے اور یقین و اطمینان کی زندگی بسر کرنے کے لئے

اس جماعت اور ان عظیم شخصیتوں کے زندہ جاوید کارناموں سے واقفیت حاصل کیجئے۔

جو آج بھی پکار پکار کر کہہ رہے ہیں

ہراساں نہ ہوجیے۔ مستقبل روشن ہے

الجمعیۃ بکڈپو - گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار ۲۹ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۴ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

مورخہ ۲۹ جنوری، شام ۶ بجے۔ سوشلسٹ پارٹی دہلی کے ممبران کا ایک اجلاس منعقد ہوگا جس میں پارٹی کی ۲۰ فروری کو ہونے والی سالانہ کانفرنس کے لئے ڈیلیگیٹوں کا چناؤ ہوگا۔

حیدرآباد کے بھنگیوں کا اسٹرائک ختم

حیدرآباد ۲۸ جنوری (اپ) کل حیدرآباد میونسپلٹی کے بھنگیوں نے اپنا ہفت روزہ اسٹرائک ختم کردیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اسٹرائک رضاکارانہ اور غیر مشروط طور پر ختم کیا گیا ہے۔ اور حکومت کی جانب سے اس سلسلہ میں کسی قسم کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا۔

یہ اسٹرائک ۲۱ جنوری کو شروع ہوا تھا اور کچھ اچھوت لیڈروں کی کوشش سے ختم ہوگیا۔ چنانچہ ان لیڈروں نے ۲۷ تاریخ کی شام کو جلسہ میں تقریریں کی تھیں اور ان سے اسٹرائک ختم کرنے کے لئے کہا تھا۔

مجلس تحفظ انڈونیشیا کے بارے میں آج اپنا فیصلہ دیدے گی

ڈچ اور انڈونیشی نمائندوں نے ترمیموں پر غور کرنے کیلئے وقت لے لیا

مختلف طاقتوں کی طرف سے دہلی کانفرنس کے فیصلہ کو منظور کرلینے کا مطالبہ

لیک سکسس ۲۸ جنوری۔ یوسفوں جو امریکہ میں بھارت کے سفیر ہیں انھوں نے کل مجلس تحفظ میں جہاں انڈونیشیا کا مسئلہ زیر غور ہے انڈونیشیا اور آسٹریلیا کے اس مطالبہ کی حمایت کی کہ دہلی کانفرنس کے مطالبات کو مجلس کی قرار داد میں شامل کرلیا جائے۔ انھوں نے مجلس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا: ڈچ فوجوں کی واپسی ہی ایک مرکزی نقطہ ہے جس پر پورے مسئلہ کا دارومدار ہے آپ نے کہا کہ مجلس تحفظ جو قرار داد منظور کرے اس میں فوجوں کی واپسی کے متعلق پوری تفصیل موجود ہونی چاہیے۔

مسئلہ فلسطین پر دارالعوام کی بحث سے لیبر حکومت کو تشویش

وزیر خارجہ مسٹر بیون مستعفی ہوجائیں گے۔ کابینہ میں تمام صورت حالات پر غور

لندن ۲۸ جنوری۔ ... کابینہ میں مسئلہ فلسطین سے متعلق اس بحث پر غور کیا گیا ...

ہندوستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند یہودیوں کی حکومت اسرائیل کو ...

کمیونسٹوں اور حکومت چین میں صلح کے امکانات ختم ہوگئے

چینی فوجیں پھر کمیونسٹوں کے مقابلہ پر پہنچ گئیں

چین میں امریکی مشیروں کا کام ختم

واشنگٹن ۲۸ جنوری۔ امریکہ نے آج اس امر کی تصدیق کردی کہ چین میں امریکن فوجی مشیروں کا کام روک دیا گیا ہے۔ مشیروں کا یہ گروپ نانکنگ میں چینی آرمی اسٹاف کے ساتھ کام کررہا تھا اب ان کی آئندہ کی نقل و حرکت کے متعلق کسی کو علم نہیں ہے۔ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے اپنے اعلان میں بتایا کہ یہ فیصلہ صرف اس وجہ سے عمل میں آیا کہ موجودہ حالت میں مشیر اپنا کام انجام نہیں دے سکتے۔ ان مشیروں کا کام حکومت چین کی فوجوں کی تنظیم، ان کی تربیت اور سپلائی کے معاملات میں مشورہ دینا تھا۔

باؤ دائی کی واپسی کی شرائط

وزیر اعظم ویٹ نام کا اعلان

دہلی اجمیر مارواڑ میں موجودہ مالکان جائداد کے حقوق کا آرڈیننس

کرایہ داری وغیرہ کے بارے میں تمام حقوق ان کو حاصل ہوجائیں گے

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ

ڈچوں کے پروردہ

فیڈرلسٹوں کا مطالبہ

ہندوستان و پاکستان میں

تبادلہ یا فروخت جائداد

کیلئے مناسب شرائط پر ہماری خدمات حاصل کریں۔ مندرجہ ذیل پتہ پر خود تشریف لائیں۔ یا خط و کتابت کریں۔

انڈو پاکستان پراپرٹی ایکسچینج بیورو (انڈیا)

۱۸۔ پنجاب ہوٹل۔ فتحپوری۔ دہلی

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

کشمیر کمیشن ۲ فروری کو کراچی پہونچ جائیگا

التوائے جنگ کی نگرانی کے لئے آج مزید مشاہد آرہے ہیں

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ اقوام متحدہ کے ہند و پاکستان کمیشن کے اراکین اور ان کا اسٹاف لندن سے روانہ ہوکر ۲ فروری کو کراچی پہنچ جائیں گے۔ ایک دوسری اطلاع سے بتایا گیا ہے کہ امریکی فوجی مشاہدین کا دوسرا دستہ جو اقوام متحدہ کے ہند و پاکستان کمیشن کے فوجی مشیر لفٹننٹ جنرل ڈیلوڈ کے ماتحت ہیں کشمیر میں التوائے جنگ کی نگرانی کرے گا۔ آج ہندوستان پہنچ رہا ہے۔

فیروزپور میں ہندو پاکستان کے نمائندوں کے درمیان کانفرنس

اغواشدگان کی بازیابی کی مہم کو تیز کرنے کے بارے میں اہم فیصلے

گوالیار میں خواتین کانفرنس

کثرت پیدائش کے خلاف جہاد

[redacted]

پیپنگ میں کمیونسٹوں کے فاتحانہ داخلہ کے انتظامات

عوام استقبال کی تیاریاں کرنے لگے

ٹرومین کے پروگرام سے ہندوستان بھی فائدہ اٹھا سکے گا

امریکہ کے نئے سکریٹری آف اسٹیٹ کا پریس کانفرنس میں اعلان

امداد جمعیۃ علماء ہند منجانب جمعیۃ علماء ڈھاکہ

مسٹر چرچل کی تنقید

دارالعوام میں بحث

(صفحہ ۱ سے آگے)

کوئی حقیقی حل نہیں

عربوں کی برطانیہ کو امداد

یہودیوں پر حملہ

ڈاکٹر پٹابھی دہلی آرہے ہیں

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

بہترین انتظام ہے ایکبار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

ذرا سوچ ... کر جواب دیجئے

اسلامی کتابیں

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

گندم کی مناسب اور ایک سطح پر قیمتیں مقرر کی جائیں

بین الاقوامی گندم کانفرنس میں چار سالہ معاہدہ کیلئے ہندوستان اور برطانیہ کا مطالبہ

واشنگٹن ــــ (رائٹر) ــــ ۲۸ جنوری

ہند کی وزارت خوراک کے ڈائرکٹر جنرل مسٹر آر ایل گپتا نے کل بین الاقوامی گندم کانفرنس کو بتایا کہ ہندوستان یہ چاہتا ہے کہ گندم کے بارے میں ایک ایسے عالمی معاہدے کی ضرورت ہے کہ جس سے گندم کے موجودہ نرخ ایک مناسب سطح پر آ جائیں۔

ہندوستانی نمائندے مسٹر گپتا نے کانفرنس میں اس سال [illegible] [redacted] [illegible] ہندوستان [illegible] کے معاہدہ کو [illegible] ہوگا۔

آپ نے کہا اس بات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ [illegible]

برطانوی نمایندہ

برطانوی نمایندہ مسٹر [illegible] نے بھی چار سالہ معاہدہ پر زور دیتے ہوئے یہ مطالبہ کیا کہ گیہوں کی ایسی مناسب قیمتیں مقرر کی جانی چاہئیں [illegible] گذشتہ سال تھی۔

بنگالی شرنارتھیوں کی بھوک ہڑتال

کلکتہ ۲۰ جنوری۔ مشرقی بنگال کے تین شرنارتھی سیالدہ کے اسٹیشن پر بارہ دن سے بھوک ہڑتال کئے ہوئے ہیں۔ بھوک ہڑتالیوں کا مطالبہ ہے کہ پاکستان سے آئے ہوئے ہندوؤں کو مفت راشن دیا جائے اور شہریت کے [redacted] زمین دی جائے [illegible] بلا سود قرض دیا جائے جب تک وہ اپنے پیروں پر کھڑے نہ ہوں ان کو مفت راشن دیا جائے۔

مشرقی بنگال کی وزارت کی مرکزی امدادی کمیٹی کے ایک وفد نے جس کی رہنمائی مسز لیلا رائے کر رہی تھیں۔ وزیراعظم مغربی بنگال سے ملاقات کی اور بھوک ہڑتال اور دوسرے مسائل پر غور کیا۔

شہری غیر منقولہ جائداد کی فروختگی اور تبادلہ یکم فروری سے شروع ہو جائیگا

نئی دہلی ۲۷ جنوری۔ وزارت امداد و بحالیات کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ انٹر ڈومینین [illegible] غیر منقولہ جائداد کی فروختگی اور تبادلہ [illegible] یکم فروری ۱۹۴۹ء سے شروع ہو جانا چاہیئے کسٹوڈین اور تعلقاتی افسروں کا فرض ہے [illegible]

مغربی پنجاب ہندوستانی مغربی سرحدی صوبہ [illegible]

سندھ (بقیبل کراچی) کسٹوڈین جائداد، مہاجرین۔ کراچی

بلوچستان کسٹوڈین۔ بلوچستان

بہاولپور کسٹوڈین بہاولپور

کھیرپور کسٹوڈین کھیرپور

اگر کسی مالک کو معقول مدت کے اندر ڈپٹی کسٹوڈین یا کسٹوڈین سے جواب نہ ملے تو انہیں خود اپنی ڈومینین کے تعلقاتی افسر کو لکھنا چاہیئے [illegible] بلوچستان، اور کھیرپور کے معاملے میں تعلقاتی افسر مقیم [illegible]

توجہ طلب

دفتری و انتظامی امور سے متعلقہ خطوط میں کوئی ایسی بات نہ لکھئے جس کا تعلق ادارۂ تحریر سے ہو۔ [illegible]

عبدالوحید صدیقی

جنرل منیجر ادارۂ الجمعیۃ دہلی

خواجہ عبدالعلی کا انتقال پرملال

علیگڈھ [illegible]

بھوپال کا انتظام نواب اپنے ہاتھ میں لے لینگے

عوامی وزارت کے علیحدہ کرنے کا امکان

بھوپال ۲۸ جنوری۔ گفتگو مسٹر مینن اور نواب بھوپال کے درمیان ہوئی ہے [illegible] معلوم ہو سکا ہے [illegible]

بھوپال کے ادغام کا مسئلہ قدرے پیچیدہ ہو گیا ہے [illegible] اس کا بھی امکان پیدا ہو گیا ہے کہ نواب بھوپال ریاست کا انتظام خود سنبھال لیں اور وزراء کو علیحدہ کر دیں [illegible] [redacted] [illegible] لیکن اگر فوری [illegible]

تعمیری کاموں کو جاری رکھا جائیگا اور انہیں ترقی دی جائیگی

ڈاکٹر پرشاد کی تشریحات

واردھا ۳۰ جنوری۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے [illegible]

(۳) غریبوں، عورتوں اور بچوں کے لئے گھر کا انتظام، ہسپتال اور خیراتی دواخانے، زچوں اور بچوں کی دیکھ بھال کے مرکز دیا ہے۔

(۴) دیہاتی علاقوں میں حفظان صحت اور صفائی کا انتظام

(۵) [illegible]

(۶) تعلیم اور خصوصاً بنیادی تعلیم کی ترقی اور حوصلہ افزائی۔ بچوں اور بالغوں کو شہریت اور عورتوں کو گھریلو سائنس اور دستکاریوں کی تربیت گھریلو دستکاریوں کی ترقی۔

(۷) مہاتما گاندھی کی تحریروں اور تعلیمات کو جمع کرنا اور پرچار کرنا۔

(۸) عجائب گھر جس میں باقیات۔ قابل احترام اشیاء

کتابیں اور مہاتما گاندھی سے تعلق رکھنے والی دیگر اشیاء ہوں گی

(۹) مہاتما گاندھی کی زندگی اور کام سے تعلق رکھنے والی [illegible]

فنڈ کا ۵ فیصدی حصہ ایسی ریاست یا صوبہ میں صرف کیا جائیگا جس میں کہ وہ جمع ہوگا۔

حیدرآبادی مہاجرین کیلئے پنڈت نہرو کا عطیہ

حیدرآباد ۲۰ جنوری۔ پنڈت نہرو نے حیدرآباد کے مسلم مہاجرین کی امداد و بحالی کے لئے نیشنل ریلیف فنڈ میں پچاس ہزار روپے دئیے ہیں اس فنڈ میں اب تک ایک لاکھ روپے جمع ہو چکے ہیں۔

ماہنامہ "بانو" دہلی کی شاندار پیش کش

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

حسین کشیدہ کاری

۲۷۶ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے۔ سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش کئے جاتے ہیں ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سالنامہ

سالانہ قیمت صرف پانچ روپے

خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے

ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے

پتہ

منیجر رسالہ بانو دہلی کو لکھئے

گوہاٹی میں گڑبڑ۔ مسلح عورتوں نے پولیس پر حملہ کر دیا

فساد کرنے کے الزام میں ۱۰ عورتیں اور دو بچے گرفتار

گوہاٹی ۲۸ جنوری۔ فساد کرنے کے الزام میں مقامی پولیس نے یہاں پر ۱۰ عورتوں اور دو لڑکوں کو گرفتار کیا ہے۔ کہا جاتا ہے پولیس کی ایک پارٹی پر جو کچھ گرفتار شدہ آدمیوں کو لے جا رہی تھی۔ عورتوں کی بہت بڑی تعداد نے حملہ کر دیا [illegible]

تیسری جنگ کیلئے روس کی جنگی تیاری

۱۹۵۳ء تک ایٹم بم بھی بنا لے گا

لندن ۲۰ جنوری۔ [illegible] کہا کہ روس کی کمیونسٹ پارٹی کا پولٹ بیورو [illegible] تیسری جنگ کی تیاری کر رہا ہے۔ اس نے کہا۔ روس ۱۹۵۳ء تک ایٹم بم بھی بنا لے گا۔ [illegible]

نظام اسٹیٹ ورکشاپ میں ہڑتال

حیدرآباد ۲۰ جنوری۔ لالہ گوڑہ کے ریلوے ورکشاپ کے ساڑھے چار ہزار کاریگروں نے آج صبح سے ہڑتال کر دی ہے [illegible]

صلح کے معاہدہ پر عمل کی صورت

ہند اور پاکستان کے کمانڈروں کی ملاقات

جموں ۲۷ جنوری۔ [illegible]

گاندھی جی کی برسی

لندن ۲۷ جنوری۔ گاندھی جی کی برسی کے سلسلہ میں ہندوستانیوں کا جو اجتماع ہو رہا ہے اس موقع پر تقریر کرنے کے [illegible]

برما کے انتخابات میں ہندوستانی امیدوار

رنگون ۲۷ جنوری۔ رنگون میں میونسپل انتخابات ۱۴ فروری کو ہو رہے ہیں اور اس سلسلہ میں ۱۳۶ امیدواروں نے نامزدگی کے کاغذات داخل کئے ہیں جن میں چار ہندوستانی [illegible]

غیر قانونی تجارت کرنیوالا گروہ

میونخ ۲۸ جنوری۔ امریکی فوجی پولیس نے آج دس ایسی امریکی مشینوں پر قبضہ کیا [illegible]

اٹلی میں نئی فسطائیت پارٹی

روم ۲۷ جنوری۔ اٹلی میں ایک نئی فسطائیت پارٹی قائم کی گئی ہے [illegible]

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

رسول کی باتیں	خدا کی باتیں
توحید، رسالت، قرآن اور قیامت وغیرہ میں عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف	تقریباً ۸۰۰ احادیث قدسیہ عام فہم اردو زبان میں ترجمہ قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا	جنت کی کنجی
۱۸۸۴ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال جنبیہ کر سزاؤں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہو۔ قیمت دو روپیہ صرف	ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان ــ دہلی

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵)

طلا نمبر ۲

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵)

تصدیق

آپ کی جیون دوا [illegible]

ملنے کا پتہ:۔ دلی دوا گھر نور گنج ــ دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۳۰ جنوری ۱۹۴۹ء

زمیندار اور زمینداری

باسی کڑہی میں جب ابال آتا ہے تو بڑا تیز ہوتا ہے کیونکہ تازی اور باسی کے درمیانی عرصہ میں اس کے اندر ایک ایسی گیس پیدا ہو جاتی ہے جو اسے جوش میں لے آتی ہے! تعجب نہ کرنا چاہیئے اگر یو پی کے زمینداروں میں بھی جوش پیدا ہو گیا ہو اور وہ بھی اپنے پیدائشی حق کے تحفظ میں ہتھیلیوں پر سر رکھ کر باہر نکل آئے ہوں۔ الہ آباد میں یو پی کے زمینداروں کے ایک اہم اجتماع میں تنسیخ زمینداری کے خلاف ایک بہت بڑا اتحاد قائم کیا گیا ہے اور اس پر دھمکیوں، خوشامدوں اور سفارشوں کی بڑی بڑی توپیں چڑھائی گئی ہیں! مبارک ہے ایسا اجتماع جس میں ہندو، مسلمان، عیسائی زمیندار بیٹ پلڑ شریک ہوں اور جس کے ایک سرے پر سر جگدیش پرشاد اور دوسرے سرے پر بیگم اعزاز رسول زیب دہ اورنگ سربراہی ہوں۔ کس قدر خوشی کا مقام ہے کہ زر اور زمین کے مسئلہ پر ہندو و مسلمان کا کوئی اختلاف باقی نہیں رہا اور ان زر پرستوں کو بھی "قوم پرستی" کی توفیق ارزانی ہوئی جو ایک گردی کے دور میں اتحاد اور مفاہمت کا تصور بھی نہ کر سکتے تھے۔ روپیہ اور زمین بڑی بلا ہے اس مشترک مصیبت میں سب ہی کا فرض ہے کہ ایک جگہ جمع ہو کر اپنی زمینداری اور جاگیرداری کے مزار پر پھول چڑھائیں اور یک زبان اس حکومت کو کوسیں جس نے تنسیخ زمینداری کی بدعت ایجاد کی اور غیروں کا مال حلال کرنے کے لئے سوشلزم کا سہارا لیا!

یو پی زمیندار کانفرنس میں بھانت بھانت کی جو بولیاں بولی گئیں ہیں وہ بہت ہی دلچسپ ہیں ایک نے کہا حکومت کو کوئی ایسی حد لگا دینی چاہیئے کہ زمیندار کم سے کم زمین اپنے قبضہ میں رکھ سکیں دوسرے نے کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ زمینداروں کو مساوی معقول اور مناسب معاوضہ عطا کرے اور مفت میں زمینداری کو ہتھیانے کی کوشش نہ کرے! تیسرے بولے کہ سرے سے یہی چیز غلط ہے کہ زمینداروں کو ان کی زمین سے محروم کر دیا جائے اور حکومت مہاجن بن کر زمینداری پر قبضہ کر لے! اسی پر بس نہیں، بیگم اعزاز رسول نے فرمایا کہ تنسیخ زمینداری کا جنون ملک کو کمیونزم کے گڑھے میں گرا کر چھوڑے گا۔ گورکھپور کے ایک یوپین زمیندار نے یہ انکشاف فرمایا کہ روس نے خون کی ندیوں میں نہا کر موجودہ پوزیشن حاصل کی ہے یعنی تنسیخ زمینداری بچوں کا کھیل نہیں خون کی ندیاں بہنے کے بعد یہ مقصد حاصل ہو سکیگا! راجا پریا نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ "ہمیں یہ وقت بھی دیکھنا تھا کہ ہم بھیک منگوں سے بھیک مانگ رہے ہیں کیا ہم راجہ اور مہاراجہ اس ذلت کو برداشت کریں گے ہرگز نہیں ہم اپنی گذشتہ عظمت کو برقرار رکھیں گے"!

بالآخر یو پی زمیندار کانفرنس کے آخری ریزولیوشن میں مطالبہ کیا گیا کہ حکومت یو پی زمینداروں، یونین اور سرکاری نمایندوں پر مشتمل ایک گول میز کانفرنس بلائے جس میں تنسیخ زمینداری کمیٹی کی رپورٹ پر از سر نو غور و خوض ہو اور مصالحت کی کوئی راہ نکالی جائے!

اصل یہ ہے کہ یو پی کے زمیندار یا تو اتنے بھولے ہیں کہ زمانہ کی رفتار کو نہیں پہچانتے یا اتنے چالاک ہیں کہ چلتے چلتے بھی حکومت کو چکمہ دینے سے باز نہیں آتے وہ ابھی تک اپنی گذشتہ عظمت کا خواب دیکھ رہے ہیں اور وسیع اراضی کو دیکھ کر یہ دستور ان کی آل تک ہی ہے، انہیں چاہیئے کہ گذشتہ عیش و عشرت اور شوکت و عظمت پر صبر کریں اور زمانہ کی رفتار کا ساتھ دیں اور یقین کر لیں کہ پرانا دقیانوسی نظام اب واپس نہیں آئے گا اور زمینداروں کی آقائی کو جدید رجحانات کبھی برداشت نہیں کریں گے، یہ سچ ہے کہ انہیں پرانی باتیں بہت یاد آتی ہوں گی گذشتہ عظمتوں کی یاد بہت ستاتی ہوگی کبھی خیال آتا ہوگا کہ ہم بیگار لینے میں کس قدر مشاق تھے، کبھی سینہ پر سانپ لوٹتا ہوگا کہ غریب کسانوں کی جیبوں سے رقموں پر رقمیں کھنچی چلی آتی تھیں اور ہمیں شمار کرنے کی مہلت بھی نہیں ملتی تھی! کبھی چودہراہٹ چٹکیاں لیتی ہوگی کہ ہاں میں ہاں ملانے والوں کا قصہ ہی تمام ہوا، کبھی اپنی طرف دیکھتے ہوں گے اور کبھی کسانوں کی طرف جہاں ایک آواز میں گاؤں کا گاؤں جمع ہو جایا کرتا تھا اب کوئی سیدھے منہ بات بھی نہیں کرتا، غرض "آں قدح بشکست و آں ساقی نماند" والا قصہ ہو گیا ہے، لیکن انہیں یہ بھی سوچنا چاہیئے کہ دنیا ہمیشہ چکر میں ہے اور زمانہ ہمیشہ کسی کا ساتھ نہیں دیا کرتا، زمینداروں اور جاگیرداروں نے بہت عیش کرتے اور زمین کی بدولت آسمان سے بھی ہمکنار ہو گئے لیکن زمانہ پلٹ رہا، اور قدرت کا فیصلہ یہ ہے کہ اوپر والے نیچے آئیں اور نیچے والے اوپر چڑھیں، کمزور، زور آور بنیں، اور طاقتور خاک مزلت پر لوٹیں، بندگی کی جگہ آقائی اور آقائی کی جگہ مساوات ہو، زمیندار زمین کو ترسیں اور خدا کی زمین غریب کے حصہ میں آئے، شبستانوں میں عیش کرنے والے محنت و مزدوری کے لئے باہر نکلیں اور بھوکے غریب اپنی مراد پائیں!

یہ بھی غنیمت ہے کہ زمینداروں کو کچھ نہ کچھ معاوضہ مل جائے گا اور وہ اپنی بقیہ زندگی عزت کے ساتھ گذار سکیں گے کیونکہ کانگریس نہیں چاہتی کہ ان اپاہج اور عیش پسند لوگوں کو ان کے گذشتہ اعمال کی سزا ملے اور ان کی جیبیں بالکل ہی صاف کر دی جائیں، اگر یو پی کے زمیندار گذشتہ باتوں کو بھلا کر زمانہ کے تیوروں کو شناخت کریں اور ملک کی بہتری کے لئے کانگریسی حکومت کے فیصلہ کا خیر مقدم کریں تو یہ ان کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا [illegible] عیش و آرام کے سوا کوئی کارنامہ انجام نہ دیا ہو تو چلتے وقت اپنی خیر سگالی کا ثبوت بھی بہم پہنچا دینا چاہیئے انہیں چاہیئے کہ قدرت کے فیصلہ پر صبر کریں [illegible] زر اور زمین کے خبط میں مبتلا رہے تو ان کا حشر بہت ہی دردناک ہوگا اور وہ مایہ اور رام دونوں سے محروم کر دیئے جائیں گے۔

نوآبادی کو ضابطہ اور قانون کی سند مل جائے!

استصواب رائے

کشمیر میں استصواب رائے کو عملی شکل دینے اور کامیاب بنانے کے لئے غیر فوجی مشاہدین کا دوسرا دستہ اور فوجی مشیروں کی جماعت یہاں پہونچ گئی ہے! یہ لوگ کشمیر اور جموں پہونچ کر یہ دیکھیں گے کہ جنگ بند ہو گئی یا نہیں، ان کی تصدیق کے بعد سلامتی کونسل افواج کی واپسی کے لئے اسکیم بنائے گی اور پھر اس کی تصدیق بھی ہوگی کہ جانبین کی فوجیں واپس ہو گئی ہیں، اس کے بعد بعض اور شرائط کی تکمیل بھی ہوگی اور پھر استصواب رائے کی منزل آئے گی! جہاں تک استصواب رائے کا تعلق ہے ہمیں اسپر اسی وقت ایمان لانا چاہیئے جب اس کی تکمیل ہو جائے ورنہ ابھی تک تو یہ داد و دہش بظاہر نظر آتی ہے!

جاپان کا انتخاب

جاپان میں وزیراعظم یوشیدا کی زیر قیادت انتخابات کی مہم ختم ہو گئی ہے اس انتخاب میں امریکہ کی پالیسی کامیاب ہی اور کنسرویٹو پارٹی اکثریت کے ساتھ کامیاب ہو گئی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کو دوسرا، سوشلسٹوں کو تیسرا اور کمیونسٹوں کو چوتھا درجہ ملا جنگ کے بعد جاپان میں یہ تیسرا انتخاب ہے جس میں دوسرے ممالک کے لئے کوئی خاص دلچسپی نہیں ہو سکتی ایک ایسا ملک جو . . . . امریکن اقتدار کے زیر اثر ہو اور جو امریکہ کی ۴۹ ویں ریاست بن چکا ہو اس کے انتخاب کو آزاد انتخاب نہیں کہا جا سکتا یہ تو کچھ ہوا اسے آپ جنرل میک آرتھر اور امریکن پالیسی کی فتح قرار دے سکتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ جاپان کی باگ ڈور امریکہ کے ہاتھ میں ہے اور امریکہ ہی کی ایک نئی ...

اچھی باتیں

اللہ یبدؤا الخلق ثم الیہ ترجعون

(پ ۲۱ ع ۵)

پیدایش کی ابتدا اللہ ہی نے کی ہے پھر یہی مخلوق اپنے نقطۂ آغاز پر آ جائے گی اور پھر تم بھی خدا کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

اسلام کہتا ہے کہ کائنات کی پیدایش میں خدا کا ہاتھ ہے، خدا ہی نے مخلوقات کو پیدا کیا ہے اور وہی انکا اعادہ بھی فرمائیگا اور پھر تمام انسان مرنے کے بعد خدا ہی کی جناب میں حاضر ہوں گے، سائینس نے بہت زور مارا مگر وہ آج تک یہ بھی نہ بتا سکی کہ کائنات کا آغاز کب ہوا اور اس کا سبب کیا ہے؟ زندگی کے متعلق بھی سائینس کچھ بتانے سے قاصر ہے، غرض کائنات کے آغاز و انجام کا سراغ آج تک نہ لگ سکا اور جو لگا وہ تسلی بخش نہ تھا، کائنات کی جو توجیہہ بھی خدا کو نظر انداز کر کے کی جائے گی اس میں اسی قسم کی الجھنیں پیش آئیں گی اسلام نے کہا کہ کائنات کی علت فاعلی وہ ہستی ہے جو صاحب ارادہ ذی شعور اور زندہ ہے، کیونکہ زندگی اور زندگی کے مظاہر اس کی ہستی کا ثبوت ہیں۔

آزادی کی بقا کیلئے غریبوں اور مصیبت زدوں کی امداد کو مقدم سمجھو

جالندھر کے جلسہ عام میں حضرت مولانا محمد میاں کی تقریر

جالندھر (بذریعہ ڈاک)۔ ۲۰ جنوری کو جمعیۃ علماء ہند کے وفد ایک رکن حضرت مولانا حمید الدین صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی جالندھر تشریف لائے [illegible] سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند [illegible]

ایک سنیما ہال میں ۵ بجے شروع ہوا حضرت مولانا محمد میاں صاحب نے ہندوستان کی ۲۰۰ سالہ تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے انگریز کے طریقہ حکومت کو واضح فرمایا اور حاضرین کو سمجھایا کہ جذبہ نفرت اور پھوٹ کی تخم ریزی اس ملک میں حکومت کرنے کی غرض کی گئی جس کا نتیجہ آزادی کے بعد ظہور پذیر ہوا اگر اب آزادی کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو اتحاد اور غریبوں، مزدوروں اور مصیبت زدوں کی امداد کو [illegible]

کانپور میں بجلی کے ملازمین کی ہڑتال

کانپور ۲۷ جنوری۔ کانپور بجلی سپلائی کمپنی کے ۸۰۰ ملازمین نے کل صبح سے گذشتہ دو سال سے بونس نہ ملنے کے خلاف بطور پروٹسٹ ہڑتال کر دی ہے۔ کانپور کے تمام کارخانے اور ٹیکٹریاں بجلی نہ ملنے سے بند ہو گئی ہیں۔ یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ کارخانوں کے لئے بجلی ملتی رہے۔ وزیر اعظم یوپی کو صورت حالات سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ کارخانہ بند ہونے سے ۵۰ ہزار مزدور بیکار ہو جائینگے۔ اگر بجلی والے کام پر نہ آئے تو ۳۶ گھنٹے کے بعد شہر میں پانی کی سپلائی بھی بند ہو جائے گی۔ مشینوں کی حفاظت کرنے کے لئے خاص خاص مقامات پر مسلح پولیس تعینات کر دی گئی ہے۔

سینکڑوں میل لمبی سڑکیں اور دو ہوائی میدانوں کی تعمیر

کشمیر کو ہندوستانی فوج کے تحفے

سری نگر ۲۸ جنوری۔ جموں اور کشمیر میں ہندوستانی فوج [illegible]

شرنارتھیوں کو قریباً نصف کروڑ روپیہ

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ بحالیات کے مالی ادارہ نے قرضہ [illegible]

امریکی عدالت کا عجیب و غریب فیصلہ

نیویارک۔ لاس انجلز کی ایک عدالت نے ایک سال حاملہ عورت کو ہمیشہ کے لئے بانجھ بنانے کا حکم دیا ہے تاکہ وہ بچے پیدا نہ کر سکے۔ اس عورت کے خلاف اپنے ستّاہ کے بچے کو قتل کرنے کا الزام تھا۔ [illegible] امریکی عدالت نے اس قسم کا فیصلہ سنایا ہے۔ (گلوب)

انقلاب کیلئے راستہ کھل گیا

ٹوکیو ۲۸ جنوری۔ جاپان کی کمیونسٹ پارٹی کے سکریٹری [illegible] (گلوب)

واقعات کلکتہ کی تحقیقات

لندن ۲۸ جنوری۔ [illegible]

یہ تہذیب کے استاد!

امریکہ کے حبشی لیڈر مسٹر [illegible] نے بمبئی میں تقریر کرتے ہوئے کہا امریکہ کی ۴۸ ریاستوں میں گیارہ ریاستیں تو ایسی ہیں جن میں امریکن حبشیوں کو تھیٹر، ریسٹورنٹ، ہوٹل، ٹرین، بس، لائبریری اور دوسرے سرکاری اداروں میں داخلہ کی مطلق اجازت نہیں ہے، کیونکہ وہ سفید باشندوں کے لئے مخصوص ہیں باقی ۳۷ ریاستوں میں بھی بہت سے مقامات قانون اور رسم کے زور سے حبشیوں پر ممنوع قرار دیئے گئے ہیں! [illegible] اب بھی شک ہے کہ مہذب ہے YANOOMANITY ... سے آگے نہیں بڑھا!

ہالینڈ اور انڈونیشیا کے جھگڑے کی مختصر روداد

لنگر جاتی معاہدہ پر ۱۵ نومبر ۱۹۴۶ء کو طرفین متفق ہو گئے تھے لیکن اس پر دستخط ۲۵ مارچ ۱۹۴۷ء کو ہوئے معاہدہ کی دفعات کی رو سے ہالینڈ کی حکومت نے جمہوریہ انڈونیشیا کی حکومت کو تسلیم کر لیا اور جاوا، سماٹرا اور مدورا پر حکومت کرنے کا اس کا عملی اقتدار حاصل [illegible]

[illegible]

نواب بھوپال اور مسٹر مینن کی گفتگو

حکومت ہند کا پریس کمیونک

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ حال ہی میں مسٹر مینن نے نواب بھوپال سے جو ملاقات کی تھی اس بارہ میں حکومت ہند کی وزارت ریاستہا کا ایک پریس کمیونک مظہر ہے [illegible]

اطلاعات کی مشاورتی کمیٹی کا جلسہ

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ [illegible] کانفرنس کا نمائندہ نامزد کرنے کو کہا گیا ہے۔

بہار سے ہندوستان کے لئے چاول

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت بہار نے اس سال کے دوران میں ۱۳ لاکھ ۵۰ ہزار ٹن چاول کو سپلائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (گلوب)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جہاں ابھی جماعتیں قائم ہو رہی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء باندا کا بجٹ

۲۳ جنوری کو منتظمہ شہری جمعیۃ علماء کے سابق صدر شہری جمعیۃ مولانا محمد عاشق صاحب [illegible] نے جو حساب وکتاب وکاغذات متعلقہ [illegible] کا خرچ لیا۔ جلسہ منتظمہ کمیٹی شہری جمعیۃ نے طے کیا کہ اس سال [illegible] بجٹ بالتفصیل منظور ہوا۔ آمدنی۔ فیس ممبران [illegible] ۵۰۰ روپے [illegible] ۱۳۰ روپے۔ فیس منتظمہ کمیٹی [illegible] روپے۔ کل ۱۴۱۶ روپے۔ [redacted] کاغذات ۵۰ روپے۔ نشر واشاعت ۵۰ روپے۔ اخراجات جلسہ ۱۵۰ روپے۔ تعلیم وتبلیغ ۱۰۰ روپے [illegible] کل ۷۴۱ روپے۔

جمعیۃ علماء امراؤتی کا جلسہ

جمعیۃ علماء شہر امراؤتی کی زیر سرپرستی ایک جلسہ مخصوص ۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء کی شب میں زیر صدارت جناب قاضی خلیل الرحمٰن صاحب منعقد ہوا۔ قرآن کریم کی تلاوت کے بعد بالاتفاق ایک تجویز منظور کی گئی جس میں جناب سید عبداللہ بریلوی اور سرتیج بہادر سپرو کے انتقال پر اظہار ملال کیا گیا اور ان کی وفات کو ملک کی بڑی بدنصیبی تصور کرتے ہوئے پسماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی بھی کیا گیا۔

مقررین میں جناب کپتان عبدالستار صاحب سکریٹری جمعیۃ علماء امراؤتی۔ محمد ابوالحسن صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ سی۔ پی و برار۔ شرف الدین صاحب وکیل۔ قاضی خلیل الرحمٰن صاحب قادری اور قاضی محمد یوسف صاحب وکیل قابل ذکر ہیں۔

مقررین نے عام مسلمانوں کو خبردار کیا کہ وہ ہرگز اب ہستی کی جماعتیں قائم نہ کریں اور نہ اس قسم کی جماعتوں سے تعاون کریں۔ بلکہ جمعیۃ علماء ہند میں شریک ہوکر جلد از جلد کانگریس کے ممبر بن جائیں تاکہ ہم صحیح معنوں میں اپنے ملک اور تمام بھائیوں کی خدمت کرسکیں۔

مولانا ابوالوفا کانپور میں

حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری کانپور تشریف لائے اور مرکزی مقامات پر تقاریر کیں دفتر مرکزیہ شہری جمعیۃ علماء کا معائنہ فرمایا جو درج ذیل ہے۔

آج ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء دفتر مرکزیہ شہری جمعیۃ علماء کا تفصیلی معائنہ کیا۔ رجسٹر حسابات۔ کاغذات نہایت باضابطہ اور دفتر نہایت ہی دفتری تنظیم اور ترتیب اور باقاعدگی یقیناً لائق تحسین اور قابل صد مبارکباد ہے۔ مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ یہاں کی جمعیۃ اور اس کا تمام کاروبار حضرت بابا مولانا فخر محمد صاحب دامت برکاتہم کی تشریف آوری سے قبل [illegible] تھا حضرت بابا صاحب مدظلہ اور ان کے مخلص خدام کی مساعی جمیلہ کا یہ نتیجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت موصوف کے سایہ کو ہمیشہ جمعیۃ کے سر پر قائم رکھے۔

انتخابات

شیر کوٹ ضلع بجنور مولانا محمد ابراہیم صاحب صدر۔ حاجی عبدالشکور صاحب نائب صدر۔ مولانا مختار احمد صاحب ناظم۔ حکیم ظفرالحسن صاحب کامل نائب ناظم۔ قاضی ابرار احمد صاحب خازن۔ مندرجہ بالا عہدیداران کے ساتھ گیارہ اشخاص کی مجلس منتظمہ بنادی گئی۔

ضلع درگ سی پی ۱۷ جنوری کو جمعیۃ کے ابتدائی ممبران واراکین کا جلسہ برائے انتخاب عہدیداران منعقد ہوا۔ مندرجہ ذیل عہدیداران چنے گئے۔ مولانا مولوی عبدالرحمٰن صاحب صدر۔ حافظ جلیل الرحمٰن صاحب۔ سیٹھ جعفر علی صاحب۔ سیٹھ [illegible] صاحب نائب صدر۔ منشی نبی حسن خان نیازی ناظم۔ منشی عبدالغفور صاحب نائب ناظم۔ فہیم احمد صاحب ناظم نشر واشاعت۔ سیٹھ محمد حمید صاحب خازن مقرر ہوئے۔

خاندیس دھولیا ۲۳ جنوری کو مسجد [illegible] دھولیا میں بعد نماز [illegible] زیر صدارت مولوی محمد تقی صاحب صدر جمعیۃ علماء مالیگاؤں ایک جلسہ منعقد ہوا اور عہدیداران حسب ذیل منتخب ہوئے۔ مولانا عبدالسلام صاحب صدر۔ مولوی منشی عبدالجبار۔ حاجی پیر محمد صاحب نائب صدر۔ رمضان عبدالستار ناظم۔ منشی محمد صدیق عاشق صاحب نائب ناظم۔ ابوالیث حافظ [illegible] صاحب خازن [illegible]

تائیدے منتخب ہوئے۔

جلال پور جعفر حسن صاحب جلالپوری صدر۔ جناب چودھری کرم اللہ صاحب آسارہ نائب صدر۔ جناب بابو روضۃ الدین صاحب جلالپور ناظم۔ جناب قاری عبدالغفور صاحب جلالپور نائب ناظم۔ جناب فرحت اللہ صاحب جلالپور خازن۔

منتظمہ کمیٹی کے لئے چودھری [illegible] جلال پور۔ چودھری محمد رمضان نمبردار۔ چودھری بدرالدین۔ چودھری ظفرالدین۔ چودھری وکیل صاحب جلال پور۔ چودھری نیاز نمبردار [redacted] چودھری شمس الدین ہیڈ اسلامیہ اسکول آسارہ۔ منشی رکن الدین ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ آسارہ۔ منشی عثمان علی خان آسارہ۔ عبداللہ صاحب بجرول۔ محمد صدیق بجرول۔ منشی رحیم الدین صاحب بجرول۔ جلال الدین صاحب بجرول۔ حافظ جی و مفتی امام جامع مسجد و ہیڈ مدرس مدرسہ الالٰہیہ بجرول۔ کرم علی صاحب کرٹھل۔ حرمت خان صاحب کھرکھوڑی۔ سعداللہ صاحب بروالا۔

شاہ آباد ضلع ہردوئی شاہ آباد میں جمعیۃ علماء کی شاخ قائم ہوگئی اور بتاریخ ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء کو جلسہ عام میں بمقام جامع مسجد بعد نماز جمعہ مندرجہ ذیل عہدیداران کا انتخاب کیا گیا۔ جناب حافظ یار خاں صاحب وارثی صدر۔ منشی ظفر حسین خاں صاحب نائب صدر [illegible] ناظم اعلیٰ۔ [illegible] صاحب نائب ناظم۔ منشی تمام حسن خان صاحب نائب ناظم۔ منشی حامد علی خاں صاحب خازن۔

جیت گنج بنارس ۲۳ جنوری بروز اتوار بوقت شام کے ۵ بجے دفتر جمعیۃ [illegible] میں کارکنان جمعیۃ کی میٹنگ ہوئی جس میں متفقہ طور پر جیت گنج، سکرول چوک سے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ حکیم عبدالرحمٰن صاحب صدر۔ حکیم محمد احسن صاحب نائب صدر۔ مرزا اصغر حسین صاحب نائب صدر۔ منشی [illegible] صاحب نائب صدر۔ محمد شفیع صاحب جنرل سکریٹری۔ بابو عبدالحمید صاحب نائب سکریٹری۔ نعمت اللہ صاحب۔ ممتاز حسین صاحب نائب سکریٹری۔ محمد یعقوب صاحب خزانچی۔ عبدالمجید رحیمی صاحب محاسب۔

فیروز آباد میں شاہ صوفی علیہ الرحمۃ کا عرس

فیروز آباد ۲۳ جنوری کو عرس [illegible] ۲۲ جنوری شب کو ۸ بجے مولانا اخلاق حسین صاحب صدر جمعیۃ علماء [illegible] پر سیر حاصل تقریر فرمائی جلسہ میں لاؤڈ اسپیکر کا انتظام تھا۔ ناظم جمعیۃ علماء فیروز آباد۔

یہودی ہند پر بھی ڈورے ڈالنے لگے

لاسکی کی پنڈت نہرو سے حمایت کی اپیل

لندن ۲۲ جنوری۔ لندن میں گذشتہ شب البرٹ ہال میں منعقدہ ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے پروفیسر ہیرلڈ لاسکی نے ہندوستانیوں سے یہ اپیل کی کہ وہ اس بات کو محسوس کریں کہ یہودیوں کا بھی آزاد ہونے اور اس سلسلہ میں [illegible] کا اتنا ہی حق ہے جتنا کہ [illegible] ہندوستان کا تھا۔ آپ نے کہا کہ ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن کو پنڈت نہرو سے یہ کہنا چاہئے کہ وہ یہودیوں کے حق میں اپنا اثر استعمال کریں۔ ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن اور [illegible] انڈین کانگریس کے نمائندہ ڈاکٹر [illegible] بھی اس جلسہ میں موجود تھے۔

یہ جلسہ ۲۶ جنوری کو ہندوستان میں منائے جانے والے یوم آزادی کے سلسلہ میں منعقد کیا گیا۔ (گلوب)

ہالینڈ ہرجانہ طلب کرے گا

ہیگ ۲۷ جنوری۔ ہالینڈ کے وزیر رسل ورسائل نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ڈچ گورنمنٹ ہند اور پاکستان سے ہرجانہ طلب کرنے کے سوال پر غور کر رہی ہے کیونکہ انہوں نے ہمارے ہوائی جہازوں کے لئے اڈے بند کرکے معاہدہ کی خلاف ورزی کی ہے۔

روم میں ہندی ناظم الامور!

روم ۲۷ جنوری۔ گذشتہ رات مسٹر [illegible] یہاں پہنچے انہیں روم میں ہندوستان کا ناظم الامور مقرر کیا گیا ہے۔

مارشل پلان کا منشا روس کو شکست دینا نہیں ہے

غیر ملکی اخباری نمائندوں کے روبرو مسٹر بیون کی تقریر

لندن ۲۷ جنوری۔ مسٹر بیون وزیر خارجہ برطانیہ نے کل کہا کہ "مجھے یقین ہے ہند، پاکستان اور لنکا کی آزادی کا نتیجہ مشرق ومغرب کے درمیان تقسیم کی صورت میں نہیں بلکہ ہم سب کے اتحاد کی صورت میں ظاہر ہوگا۔"

لندن میں غیر ملکی اخباری نمائندوں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر بیون نے اعلان کیا کہ ہم لندن میں برٹش دولت مشترکہ کے نئے بنیادی تصفیہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ میں آپ سے پرزور الفاظ میں کہوں گا کہ آپ اس کا غلط طور پر اندازہ نہ لگائیں آج ایشیا میں جو تبدیلیاں ہو رہی ہیں اس کا سلسلہ مغربی یونین اور یورپ کی ترقی سے ملنا ضروری ہے اس سے ہمارا کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ برطانیہ نے ہند، پاکستان اور لنکا کو بڑی فراخ دلی کے ساتھ آزادی دی۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی اتنا فخر محسوس نہیں کیا جیسا کہ اس وقت جب کہ یہ آزادی دی گئی۔

اس سے قبل مسٹر بیون نے کہا کہ مارشل پلان کے پیچھے ایسا کوئی شخص نہیں ہے کہ ہم کوئی ایسی طاقت پیدا کرنا چاہتے ہیں جس کے ذریعہ آئندہ ملکر روس کو شکست دی جاسکے مسٹر بیون نے یہ بھی کہا کہ یورپ کو صرف اس کا اتحاد ہی بچا سکتا ہے۔ (رائٹر)

شملہ اور مسوری میں برف باری

[redacted] ایک ہفتہ [illegible] کے بعد شملہ میں ہلکی برف باری ہوئی۔ درجہ حرارت کم ہوکر ۳۲ ہوگیا۔ پہلے ۵ دسمبر کو برف باری ہوئی تھی۔ مسوری کی اطلاع مظہر ہے کہ نانگا ٹبہ اور چکراتا کی پہاڑیوں پر معمولی اور سرکنڈا، کیمپٹی اور اتری کاشی کی پہاڑیوں پر کافی برف باری ہوئی۔

مسلم لیگ میں ترقی پسند بلاک کی تشکیل

کراچی ۲۷ جنوری۔ پاکستان مسلم لیگ کونسل کے کچھ سرکردہ ممبروں نے مسلم لیگ کے اندر ایک ترقی پسند بلاک قائم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ اس تحریک کے حامیوں کو [illegible] ترقی پسند گروپ اپنا [illegible] کرے گا۔

ڈھاکہ میں بس اور ٹیکسی میں ٹکر

ڈھاکہ ۲۷ جنوری۔ مخالف سمت سے آتی ہوئی بس اور ٹیکسی میں ٹکر ہونے سے پچیس مسافر زخمی ہوئے۔ بس اور ٹیکسی دونوں ہی سڑک کے باہر ایک خندق میں گر گئے دونوں گاڑیاں ٹوٹ پھوٹ گئیں ۱۲ زخمی جن میں ایک عورت بھی ہے اسپتال میں داخل کئے گئے۔

جرمنی کے امریکی فوجی گورنر کا بیان

برلن ۲۷ جنوری۔ جرمنی میں امریکی فوجی گورنر جنرل کلے نے اخباری نمائندوں کے ساتھ بات چیت کے دوران میں یہ کہا ہے کہ جرمنی کے اقتصادی، سماجی اور دیگر شعبوں میں جرمنی میں تیار کی گئی اشیاء کے پہنچنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مختلف ملکوں کے درمیان تجارتی مقابلہ تیز ہو جائے گا۔ آپ نے مزید بتایا کہ جرمنی سے جتنا سامان اس وقت دوسرے ملکوں کو بھیجا جاتا ہے اس کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ایسی اشیاء کا ہے جو [illegible] طور پر جرمنی کے باہر بھیج رہے ہیں۔ (گلوب)

تبت میں صنعتی ترقی کی اسکیم

نئی دہلی ۲۷ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت تبت نے تبت کی صنعتی ترقی کے لئے پانچ سالہ اسکیم تیار کی ہے۔ اس اسکیم کے مطابق [illegible] اور کچھ دوسرے مقامات پر چھوٹی چھوٹی صنعتیں قائم کی جائیں گی۔

تبت کا تجارتی وفد چین، امریکہ اور برطانیہ کا دورہ کرکے واپس پہنچ گیا ہے۔ اسی وفد کو پتا چلا ہے کہ تبت کی صنعتی ترقی کے لئے غیر ملکوں سے ۲۷ لاکھ روپے کی مشینری منگوائی جائے گی۔ امید کی جاتی ہے کہ اس اسکیم کی مالی تفصیلات کے متعلق بات چیت کرنے کے لئے تبت سے ایک وفد ۱۵ فروری تک دہلی آئے گا۔ (گلوب)

بیس کارآمد بم برآمد ہوئے

کلکتہ ۲۷ جنوری۔ اچاپور اور شیام نگر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ایک نالے سے ۲۰ کارآمد بم برآمد ہوئے جس جگہ سے بم برآمد ہوئے وہ کلکتہ سے ۱۷ میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہ بم ایک تالاب میں رکھے ہوئے ہیں۔ پولیس نے ان کا گھیرا ڈال رکھا ہے۔ فوجی ماہرین بموں کو ناکارہ بنانے والے ہیں۔ دو تین دن پہلے بھی کلکتہ کے ایک نواحی علاقہ پولیس نے بم، اسٹین گن کے پرزے اور دوسرے ہتھیار برآمد کئے تھے۔ اس سلسلہ میں چار گرفتاریاں بھی عمل میں آچکی ہیں۔

ریلوے کلرک گرفتار

ریلوے پولیس نے مہر کا منڈی کے ریلوے [illegible] کلرک کو رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا ہے کہا جاتا ہے کہ پولیس نے ایک شخص کی معرفت جس سے کلرک نے رشوت مانگی تھی نشان زدہ نوٹ کلرک کے پاس بھیجے جونہی کلرک نے نوٹ لئے پولیس نے اسے گرفتار کرلیا۔

فتحپور تال نرجا پر پولیس کا چھاپہ

اعظم گڑھ ۲۶ جنوری (بذریعہ ڈاک)۔ اعظم گڑھ کے مشہور قصبہ مئو کے مضافات میں ایک مقام فتحپور تال نرجا کے نام سے موسوم ہے جو حضرت مولانا وصی اللہ صاحب کا وطن ہے اور جو خدا کے فضل سے ان دونوں مولانا کی جد وجہد سے دینی لحاظ سے نہایت اچھی حالت ہے۔ موضع مذکور کے ہندو مسلمان سب شیر وشکر ہوکر رہتے ہیں اور مولانا موصوف بلا تفریق ملت ومذہب سب کی خدمت فرماتے ہیں۔ اتفاق سے مولانا اپنے اصلاحی کام کے لئے مئو اور گورکھپور تشریف لائے تھے کہ موصوف کی عدم موجودگی میں کسی مخبر نے پولیس کو یہ اطلاع دی کہ فتحپور نرجا کے لوگوں کے پاس ناجائز اسلحہ ہیں چنانچہ اطلاع پر پولیس نے موضع مذکور پر چھاپہ مارا [illegible]

دہلی میں شرنارتھیوں کو قطعات زمین کی الاٹمنٹ

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ ضلع دہلی میں شرنارتھیوں کو چھوٹے قطعات زمین اور دکانوں کی جگہ الاٹ کرنے کی بہت سی اسکیموں پر غور کیا جا رہا ہے اور امید ہے کہ یہ بہت جلد مکمل ہوجائیں گی۔ دہلی کے چیف کمشنر بڑے قطعات اور [illegible] اکمپنسیشن ایریا (مغربی توسیع کے علاقہ) کے قطعات زمین کے لئے جلد ہی ٹنڈر طلب کرنے والے ہیں۔ مختلف اسکیموں کے تحت بڑے اور چھوٹے پلاٹوں کو پٹہ پر دینے کے متعلق فیصلہ ہوچکا ہے اور عام اطلاع کے لئے شائع کئے جاچکے ہیں۔

ٹکٹ فروش روپیہ لے اڑا

دہلی ۲۶ جنوری۔ اطلاع ملی ہے کہ صدر بازار کا ایک [illegible] پولیس تحقیقات کر رہی ہے ٹکٹ فروش ڈاکخانہ کے پانچ سو روپے لے کر فرار ہوگیا ہے۔

ادبی سوسائٹی کی تعزیتی میٹنگ

ادبی سوسائٹی باڑہ ہندو راؤ کی سب کمیٹی کی ایک میٹنگ زیر صدارت جناب محمد عظیم الدین صاحب جیون نظامی منعقد ہوئی جس میں ایک تعزیتی ریزولیوشن محمد اسحاق شیدا نے سرتیج بہادر سپرو کی وفات پر پیش کی جو اتفاق رائے سے منظور ہوئی۔

صلح کی بات چیت پیکنگ میں ہوگی

لندن ۲۸ جنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ چین میں کمیونسٹوں اور نیشنلسٹوں کے درمیان صلح کی بات چیت پیکنگ میں ہوگی۔ پیکنگ پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہے۔

کمیونسٹوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ ۵۰ جنگی مجرموں کے متعلق ان کی فہرست کو مکمل تصور نہ کیا جائے۔ اس فہرست میں مارشل چیانگ کائی شیک کا نام سب سے پہلے ہے۔ کمیونسٹوں نے یہ اعلان کیا ہے کہ نیشنلسٹوں کو چین میں خانہ جنگی کی مکمل ذمہ داری قبول کرنی چاہئے اس طرح انہوں نے یہ بات واضح کردی ہے کہ کولیشن حکومت میں موجودہ نانکنگ گورنمنٹ کو کوئی جگہ نہیں دی جاسکتی۔

کمیونسٹ فوجیں نانکنگ سے صرف پانچ میل کے فاصلہ پر ہیں اور نانکنگ میں زیادہ ابتری پھیل رہی ہے۔ کچھ چینی فوجیں مارشل چیانگ کائی شیک کے ساتھ ملنے کے لئے صوبہ چکیانگ کی طرف جا رہی ہیں۔ حکومت چین نے سینیٹرز کو نانکنگ خالی کردینے کا فیصلہ کیا ہے غیر ملکی سفارت خانوں کو یہ اطلاع دی ہے کہ کینٹن کو حکومت چین کی نئی راجدھانی بنایا جا رہا ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ پیکنگ میں نیا ایڈمنسٹریشن اس ہفتے کے آخر تک کام کرنا شروع کردے گا۔ پیکنگ کے نئے ایڈمنسٹریشن میں چار کمیونسٹ اور تین دوسرے ممبر شامل ہوں گے۔

جنرل فو کی فوجوں کو پیکنگ سے نکالا جا رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ان فوجوں کو توڑا نہیں جائے گا بلکہ ان کی کمان اب کمیونسٹ افسر کریں گے۔ اور انہیں نئی قسم کی ٹریننگ دی جائے گی۔ (گلوب)

ایران میں امریکن ماہرین کی آمد

تہران ۲۷ جنوری۔ امریکہ کے چھ اقتصادی ماہرین جو چالیس اشخاص کے دستہ کا ایک حصہ ہیں کل بذریعہ طیارہ تہران پہنچ گئے۔ یہ لوگ ایران کے سات سالہ اقتصادی پروگرام کے سلسلہ میں حکومت کی امداد کرنے کے لئے آئے ہیں۔

تین فقیر لٹ گئے

دہلی ۲۷ جنوری۔ موضع قاضی سے تین فقیروں کو نشیلی روٹی کھلاکر لوٹنے کی خبر ملی ہے ایک شخص نے انہیں حلوے میں نشیلی چیز کھلادی اور بیہوشی کی حالت میں ان کی جیب سے نقدی اڑا کر فرار ہوگیا۔ پولیس نے فقیروں کو ہسپتال بھیجوا دیا۔

یوپی کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

سول لبرٹیز لیگ کا مطالبہ

سول لبرٹیز لیگ کی طرف سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ طلباء اور مدرسین کے جلوس پر لاٹھی چارج اور ان کی گرفتاری کی وجہ سے لوگوں میں بجا طور پر احتجاج اور مذمت کا جذبہ بیدار ہوگیا ہے طلبا کے سامنے تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے یقین دلایا تھا کہ لاٹھی چارج کے معاملہ کی تحقیقات کی جائے گی لیکن یہ معلوم ہوا کہ یوپی کانگریس کمیٹی کی میٹنگ میں وزیر پولس نے تحقیقات سے صاف انکار کردیا ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ مزید تاخیر کے بغیر اس معاملہ کی تحقیقات کی جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہم نے عوام کے شہری حقوق پر دباؤ ڈالنے کے لئے فرقہ وارانہ منافرت کے پردہ میں کام کیا جاتا ہے اس کے خلاف بارہا احتجاج کیا ہے طلبا اور مدرسین کسی طرح بھی فرقہ وارانہ پروپیگنڈہ نہیں کر رہے ہیں بلکہ وہ اپنے جائز مطالبات کی حمایت حاصل کرنا چاہتے ہیں اس لئے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ عوام پر سے پبلک میٹنگ اور جلوس کی بابت جو پابندیاں عائد کی گئی ہیں انہیں فوراً ہٹا لیا جائے۔ ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ اودھ پاپ منڈل کو مدرسین کی نمائندہ جماعت تسلیم کیا جائے اور حکومت ان کے مطالبات طے کرنے کے سلسلہ میں منڈل کے نمائندوں سے بات چیت کرے۔

گورکھپور میں ہڑتال

گورکھپور کی ایک اطلاع ہے کہ وہاں مقامی اردو کنیا پاٹ شالہ، اسلامیہ [illegible] اور [illegible] نے ۱۷ جنوری سے ہڑتال کر رکھی ہے کیونکہ منتظمین نے ۳ جنوری تک ان کے مطالبات پورے کرنے کا کوئی انتظام نہیں کیا جیسا کہ وعدہ کیا گیا تھا ہڑتالیوں کے مطالبات ہیں کہ یوپی گورنمنٹ کی طرف سے طے کئے ہوئے گرانی الاؤنس تنخواہوں کے بقایہ کی ادائیگی اور ہر مہینہ کی ۵ تاریخ کو تنخواہوں کی تقسیم اور [illegible] کی دوبارہ بحالی۔

سر رادھا کرشنا کی تقریر

ڈاکٹر سر رادھا کرشنن نے میڈیکل کالج لکھنؤ میں کالج کے طلباء کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ طب کے طلبا کو پیشہ کو تندرست بنانے میں امیر وغریب کی تخصیص نہ کرنا چاہئے آپ نے یہ تجویز بھی کی کہ طلبہ سے گریجویٹ ہونے کو تین سال دیہاتی رقبوں میں کام کرنا چاہئے تاکہ وہ وہاں کے باشندوں کی صحت اور صفائی کی اصلاح کرسکیں اور ان سے ربط پیدا کرسکیں۔ اسپتالوں میں گنجائش کی کمی پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ بھوپال کمیٹی کے مطابق یوپی میں ساٹھ لاکھ کی آبادی کے لئے ایک میڈیکل کالج ہونا چاہئے لیکن فی الحال صوبہ میں صرف دو کالج ہیں آپ نے امید کی کہ حکومت موقع ملتے ہی اس طرف توجہ کرے گی۔

ملک کو جلد از جلد صنعتی بنایا جائے

پروفیسر میگھناد ساہا نے اے پی سین وال لکھنؤ یونیورسٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کے کچھ رہنماؤں کا یہ کہنا کہ اگر ہم دیہاتی زندگی اختیار کریں تو ہمارے معاشرتی معاشی مسائل حل ہو جائیں گے غلط ہے سائنس اور معاشرتی تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ یہ خیال بالکل غلط ہے کہ سائنس سے بیکاری پھیلتی ہے اور اس کی مثال سوویٹ روس ہے [illegible] (اے۔ پی۔ آئی)

جھانسی میں ڈاکو گرفتار

معلوم ہوا ہے کہ جھانسی میں پولیس نے تقریباً ایک درجن ڈاکوؤں کو گرفتار کیا ہے جو ایک سال [illegible] سے ٹنکر کے [illegible] چرانے میں مصروف تھے یہ گرفتاری جھانسی سے [illegible] میل کے فاصلہ پر دوبرا ریلوے اسٹیشن پر عمل میں آئی بتایا جاتا ہے کہ ڈاکوؤں نے [illegible] کے درمیان ٹرین کو روک دیا [illegible] اسی وقت پولیس نے انہیں گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کی۔

مسلمان کانگریس میں شامل ہوجائیں

مدراس ۲۷ جنوری۔ کل ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کا مدراس کے مسلمانوں کی طرف سے استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے ڈاکٹر پٹابھی نے یہی مسلمانوں سے کانگریس میں شامل ہونے اور قومی جماعت کو مضبوط بنانے کی اپیل کی۔ انہوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کو کشمیر اور حیدرآباد کے مسئلوں میں حکومت سے وفاداری کی اور اس کی حمایت کرنے پر مبارکباد دی۔ (اے پی آئی)

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ .... -/-/۳ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ .... -/-/۲ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم!
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے!
مزید تفصیلات کے لئے لکھیئے
مینیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دار السلطنت

۲۸ جنوری

راشن کے آٹے کی قیمت میں اضافہ

اطلاع ملی ہے کہ حکومت ہند نے اس آٹے کی جو راشن میں دیا جا رہا ہے۔ قیمت بڑھا دینے کا فیصلہ کرلیا ہے ابھی یہ بات معلوم نہ ہوسکی کہ قیمت میں کتنا اضافہ ہوگا۔

میونسپلٹی کے نئے ممبر

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مندرجہ ذیل آٹھ اشخاص کو دہلی میونسپلٹی کا رکن نامزد کیا گیا ہے۔ یہ نامزدگیاں ان مسلمان ممبروں کی خالی نشستوں کے لئے عمل میں آئی ہے جو پاکستان چلے گئے ہیں۔ سردار اشیر سنگھ (صوبہ سرحد) مسٹر جگن ناتھ سہگل (مغربی پنجاب) سیٹھ جیٹھانند (سندھ) لالہ فتح چند جین (بلوچستان)

مولانا محمد سعید صاحب۔ شیخ محمد جعفری صاحب۔ ڈاکٹر تاج الدین صاحب اور مسٹر سلطان یار خاں بھی میونسپل کمیٹی کے ممبر نامزد کئے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ پہلے چار آدمی شرنارتھی آبادی کی نمائندگی کریں گے۔ مولانا محمد سعید صاحب حضرت مولانا احمد سعید صاحب کے فرزند ہیں اور کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ جعفری صاحب مشہور راجپتانہ پریس اور سلطان یار خان دہلی کے بڑے وکیلوں میں سے ہیں۔ علاوہ ازیں لالہ [illegible] بھی میونسپلٹی کے ممبر بنائے گئے ہیں۔

ایندھن کی گرانی پر تنقید

دہلی کے کوئلہ اور جلانے کی لکڑی فروخت کرنے والوں کی ایسوسی ایشن نے چیف کمشنر کو ایک میمورنڈم دیا ہے۔ ان چیزوں کے درآمد کنندگان پر بدانتظامیوں وغیرہ کا الزام لگایا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر ان کی تجویز پر عمل کیا جائے تو لکڑی موجودہ قیمت کے نصف پر فروخت ہوسکتی ہے۔

عورتوں کو چھیڑنے پر گرفتار

چاندنی چوک میں ایک نوجوان عورت کو جو اپنے شوہر، ساس اور دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ جارہی تھی۔ چھیڑنے اور اس کے ساتھ مذاق کرنے پر ایک نوجوان شخص کو عین موقع پر گرفتار کرلیا گیا۔

آئرن کرٹن فلم کا مقدمہ

مسٹر اتم پرکاش [illegible] کی عدالت میں آئرن کرٹن نامی فلم کی نمائش کے متعلق [illegible] مقدمہ پیش ہوا [illegible] گواہ پیش ہوئے۔ وکلائے صفائی آج جرح کریں گے۔

چوری کے کئی واقعات

شہر کے مختلف علاقوں سے گذشتہ چند دنوں میں چوری کے کئی واقعات کی اطلاع ملی ہے۔ ایک دکان سے [illegible] اور [illegible] چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے قرول باغ، پہاڑ گنج، سبزی منڈی، خان اور کشن گنج سے بھی نقدی اور اسباب چوری ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

چاقو رکھنے پر سزا

لاہوری گیٹ کے دو مسلمانوں کو جن کے نام [illegible] ہیں۔ مسٹر [illegible] مجسٹریٹ درجہ اول نے ایک ایک سال قید سخت کی سزا دی۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے قبضہ سے ایسے چاقو جن کا پھل چھ انچ سے زیادہ تھا برآمد ہوئے۔

دفتر میں آگ لگانے کی سازش

سول سپلائیز کے ڈیپارٹمنٹ کے دفتر میں جو آگ لگی تھی اور جس سے کچھ ضروری فائلیں جل کر راکھ ہوگئی تھیں اس کے [illegible] تحقیقات کرنے سے پتہ چلا ہے کہ یہ آگ کسی زبردست سازش کا نتیجہ ہے [illegible] محکمہ کے [illegible] انسپکٹر اور کلرک معطل کردیئے گئے ہیں اور پولیس تفتیش کر رہی ہے۔

چیف کمشنر نے کہا یہ آگ ایک زبردست سازش کا نتیجہ ہے [illegible] افسران سے مل کر جعلی پرمٹوں پر کوئلہ دیا ہے اور ہزاروں روپیہ کا ہیر پھیر کیا ہے۔

آپ نے مزید کہا کہ یہ ایک نہایت خطرناک بات ہے اور آگ کی وجہ صرف ضروری ریکارڈوں کو تباہ کرنا ہے اس معاملہ کی تحقیقات پولیس کے حوالہ کردی گئی ہے معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے محکمہ سول سپلائیز کی انفورسمنٹ برانچ کے دس انسپکٹروں میں سے سات انسپکٹر رشوت خوری کے الزام میں معطل کردیئے گئے ہیں۔

مسٹر [illegible] ڈائرکٹر سول سپلائیز نے کل کوئلہ کے ڈپوؤں پر چھاپہ مارا کوئلہ کی فروخت میں بے ضابطگیاں [illegible] اور کچھ جعلی پرمٹوں پر قبضہ کرلیا [illegible] تحقیقات [illegible] سپرد کردیئے گئے ہیں۔

خط وکتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ دیجئے

شرنارتھی کیمپ بند کرائے جائیں گے

دہلی ۲۸ جنوری۔ آج شام دہلی کے چیف کمشنر نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ آئندہ دو ماہ کے اندر اندر دہلی کے شرنارتھی کیمپوں میں رہنے والوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا پڑے گا اور اس عرصہ کے بعد انہیں راشن نہیں دیا جائے گا۔ اس وقت دہلی کے کیمپوں میں اس طرح کے لوگوں کی تعداد ۲۳ ہزار ایک سو ۵۰ ہے اور ان پر ماہوار ۶ لاکھ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے۔ یہ اخراجات جاری رکھنا اب ناممکن ہوگیا ہے۔ پناہ گاہ کا راشن ۸ اپریل کو ختم ہو جائے گا لیکن جو لوگ واقعی سرکاری امداد کے مستحق ہوں گے حکومت ان کی مدد کرے گی ان لوگوں کو اتنی رعایت ضروری جائے گی کہ سرکار فی کس چالیس روپے ماہوار بطور امداد دے گی، دوسرے طریقے کے مطابق حکومت کی طرف سے اناج وغیرہ دیا جائے گا۔ اور پہلے پندرہ دن کے لئے ۱۶ دوسرے پندرہ دن کے لئے ۱۲ تیسرے پندرہ روز کے لئے ۱۰ اور چوتھے پندرہ دن کے لئے آٹھ روپے کی امداد دی جائے گی۔ دو مہینے گذر جانے کے بعد سب شرنارتھیوں کے کیمپوں پر نظر ثانی کی جائے گی۔ اور جو لوگ سرکاری امداد کے بغیر گذارہ کرنے کے ناقابل ثابت ہوں گے ان کو سرکاری امداد دی جائے گی اور اس کے عوض میں ان کو وہ کام کرنا ہوگا جو حکومت ان کے لئے منتخب کرے گی۔

آپ نے یہ بھی کہا کہ جن خاندانوں کی آمدنی اسی روپے ماہوار سے زیادہ ہے ان کو اس طرح کی امداد نہیں مل سکے گی اس وقت دہلی میں دس کیمپ ہیں جن میں ۲۱۱۰۰ آدمی ہیں۔ ان میں سے ۱۸۹۴۵ اپنا گذارہ خود کر رہے ہیں، اور بقیہ ۲۱۶۵ ایسے ہیں جن کی امداد حکومت کر رہی ہے۔

راشٹریہ سنگھ

راشٹریہ سنگھ کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے چیف کمشنر نے کہا کہ اس سنیچر آگرہ میں جو طالب علم گرفتار کئے گئے ہیں حکومت ان کے ساتھ نرمی کا سلوک کرے گی۔ کیونکہ طلبا کو ہر جگہ سہولتیں دی جاتی ہیں۔ آنے والے سالانہ امتحانات میں شامل ہونے کے لئے بھی دہلی کی حکومت ان طلبا کو سہولتیں مہیا کرے گی اور ان طلبا کو امتحانات سے محروم نہ رکھا جائے گا۔

پوسٹمینوں کی نمائندہ کونسل کا اجلاس

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ آل انڈیا پوسٹمین ولوور گریڈ یونین کی نمائندہ کونسل کا اجلاس دو روز تک شری [illegible] پرکاش نرائن کی صدارت میں جاری رہا۔ [illegible] [redacted] [illegible] اس پر بھی غور وخوض کیا گیا۔ پوسٹمینوں کے نمائندوں نے پرجوش تقریروں میں اپنی تکالیف بیان کیں۔ بڑی رد وبدل کے بعد کونسل نے فیصلہ کیا کہ فی الحال حکومت کو ہڑتال کا نوٹس جاری نہ کیا جائے۔ اور ۱۳ فروری کو کونسل کا دوبارہ اجلاس دہلی میں منعقد کیا جائے۔

اگر تمام ڈاک کے ملازمین ہڑتال کے حق میں ووٹ دیں تو حکومت کو نوٹس دے کر مارچ کے تیسرے ہفتہ میں ہڑتال کا اعلان کردیا جائے گا۔

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ دہلی میں

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ آج [illegible] مدراس کا دورہ ختم کرنے کے بعد دہلی واپس پہنچ گئے۔ (گلوب)

گورنر جنرل کی تنخواہ انکم ٹیکس سے مستثنیٰ

دہلی ۲۸ جنوری۔ گورنر جنرل نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کی رو سے ان کی تنخواہ انکم ٹیکس اور سپر ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دی گئی ہے۔ گورنر جنرل اور کابینہ نے فیصلہ کیا تھا کہ ان کی تنخواہ ۸۰۰، ۲۵۰ سالانہ سے گھٹا کر ساڑھے پانچ ہزار روپے سالانہ کردی جائے۔ تخفیف شدہ تنخواہ پر انکم ٹیکس وغیرہ نہیں لگائے جائیں گے۔ [illegible] اسمبلی میں اعلان کیا تھا [illegible] آرڈیننس جاری کیا گیا ہے۔

اردو اخبار پر پابندی

چیف کمشنر نے ایک اردو اخبار سوراجیہ پر تین ماہ کے لئے پابندی لگادی ہے کہ یہ دہلی سے شائع ہو۔

خضاب جرمنی سرتاج
سفید بالوں کو چند منٹ میں سیاہ اور پائدار کرنے والا ہر جگہ ملتا ہے۔ اور ہمارے ہاں اس کا ہر ایک سامان علیحدہ بھی ملتا ہے
المشتہر
تاج ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار
تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

پینتیس ہزار انڈونیشیوں نے مغربی جاوا پر حملہ کردیا

جاوا ۲۸ جنوری۔ ری پبلکن حکومت کے ایک ترجمان نے کل بتایا کہ ۳۵ ہزار انڈونیشین فوجوں نے ڈچ مقبوضہ مغربی جاوا پر گذشتہ ایک ہفتہ سے حملہ کر رکھا ہے اور گوریلا جنگ زوروں پر ہے مشرقی جاوا میں بھی عنقریب لڑائی شروع ہونے والی ہے ترجمان نے ان ڈچ خبروں کی تردید کی ہے کہ ڈچ فوجوں نے گوریلا سرگرمیاں ختم کردی ہیں۔ اس کا بیان ہے کہ جاوا میں ابھی تک تین لاکھ انڈونیشین فوجیں بکھری ہوئی ہیں۔ اور انہوں نے ڈچ حملے سے پہلے ہی مشرقی جاوا میں اپنے مورچے مضبوط کرلئے تھے۔ اور گوریلوں کی سرگرمیاں ہر علاقہ میں شروع ہوگئی ہیں۔ ڈچ فوجوں نے جوابی کارروائی کے طور پر جوگ جاکارتا کے گرد کئی دیہات جلا دیئے ہیں۔ وسطی سماٹرا میں بھی گوریلوں نے کئی اہم مورچے ڈچ فوجوں سے چھین لئے ہیں جاوا میں ری پبلکن کمانڈر انچیف نے پانچ وزیروں کو ساتھ ملاکر ایک فوجی وزارت قائم کرلی ہے۔ جہاں سے باقاعدہ ہدایات جاری کی جارہی ہیں۔

حیدرآباد میں پلیگ کے ۲۱۵ واقعات

حیدرآباد ۲۸ جنوری۔ پلیگ کے ۵۲ مریض یہاں خصوصی اسپتال میں زیر علاج ہیں ۲۰ جنوری کو ختم ہونے والے ہفتہ میں شہر حیدرآباد میں ۲۰۵ اشخاص پر پلیگ کا حملہ ہوا۔ ان میں سے ۷۶ کی حالت خطرناک ہے سرحدی دیہات میں پلیگ کے ۱۰ حملے ہوئے فوجی علاقوں میں پلیگ کے ۲۲ واقعات ہوئے۔

مسز پنڈت کا عزم لندن

لندن ۲۷ جنوری۔ مسز وجے لکشمی پنڈت جو یہاں سنیچر کے روز پہنچ رہی ہیں ماسکو جانے کے سلسلے میں آپ لندن میں صرف ایک روز کے لئے قیام کریں گی۔

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھایئے۔

انڈونیشیا کی ری پبلکن حکومت کی طرف سے پنڈت نہرو کا شکریہ

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ انڈونیشیا کی ری پبلکن حکومت نے آج ایک پیغام کے ذریعہ حکومت ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کا ایشیائی ممالک کی کانفرنس کے سلسلہ میں شکریہ ادا کیا۔ پیغام انڈونیشیا کے نمائندہ ڈاکٹر [illegible] نے خود پنڈت نہرو کے سپرد کیا۔ اس پیغام میں درج تھا کہ انڈونیشیا کی ری پبلکن حکومت ایشیائی ممالک کی کانفرنس میں جو قرار داد انڈونیشیا کے متعلق پاس کی گئی ہے کا شکریہ ادا کرتی ہے گو یہ ان کی امیدوں کے متعلق پوری نہیں اتری اور خاص کر ری پبلکن حکومت کو قانونی طور پر ری پبلکن حکومت کو تسلیم کرنے میں۔ اس میں مزید یہ بھی درج کیا ہے کہ ری پبلکن حکومت کو پورا پورا بھروسہ ہے کہ ایشیائی ممالک آزاد اور خود مختار حکومت کے قیام میں پوری پوری امداد کریں گے۔ اس میں نیز یہ بھی کہا گیا کہ انڈونیشیا میں امن بحال ہو جانے پر اور جب وہ علاقے واپس ری پبلکن حکومت کو سپرد کئے جائیں گے۔ تو انہیں فوری امداد کی ضرورت ہے۔

اس کانفرنس میں جن ممالک نے شمولیت کی انڈونیشیا کی حکومت ان کا شکریہ ادا کرتی ہے۔ امید ہے کہ حفاظتی کونسل بھی اس کو منظور کرے گی گو اس قرار داد میں جو مطالبات پیش کئے گئے ہیں ان کی امیدیں بر نہیں آئیں۔

پرتگالی سفیر نے شناختی کارڈ پیش کردیئے

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ پرتگال کے سفیر مسٹر [illegible] نے آج گورنر جنرل کو گورنمنٹ ہاؤس میں اپنے شناختی کارڈ پیش کئے۔ امور خارجہ کے دفاتر کے سکریٹری مسٹر مینن نے آپ کا گورنر جنرل سے تعارف کرایا۔ (گلوب)

ٹریفک کی کثرت کا اندازہ

دہلی کی توسیع کی اسکیم کے سلسلے میں دہلی میں پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں وغیرہ کا عنقریب اندازہ لگایا جائے گا۔ دہلی کی توسیع کے سلسلے میں سڑکوں کی تعمیر [illegible] کے بارے میں مشورہ لیا جا رہا ہے۔

مسٹر راؤ کی درخواست ضمانت نامنظور

دہلی کے سیشن جج مسٹر [illegible] نے مسٹر راؤ کی طرف سے جو درخواست ضمانت دی گئی تھی۔ وہ نامنظور ہوگئی ہے مسٹر راؤ کو فسادات دہلی کے سلسلہ میں پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت ایک مضمون لکھنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ درخواست کی نامنظوری کرتے ہوئے سیشن جج نے کہا۔ مقدمہ کی کارروائی تقریباً مکمل ہوچکی ہے صرف گواہان صفائی کی شہادت باقی ہے۔ مقدمہ کی کارروائی دہلی جیل میں ہو رہی ہے۔

امرتسر ۲۸ جنوری [illegible] کانفرنس [illegible] مشرقی پنجاب [illegible] اس کانفرنس میں شریک تھے۔

بین الاقوامی مالی بنک کے نمائندے

بعض شہروں کا دورہ کریں گے

دہلی ۲۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ بین الاقوامی مالی بنک کے نمائندے جو اس وقت حکومت ہند کے زیر غور [illegible] ابتدائی گفت وشنید کر رہے ہیں آئندہ فروری کے پہلے ہفتہ میں [illegible] کلکتہ، دھنباد، آسنسول اور ٹاٹا نگر کا دورہ کریں گے۔

سنگھی لیڈر دہلی جیل میں

حکومت اور سنگھ میں اہم گفت وشنید

[illegible]

دہلی میں مشاعرہ

[illegible] گوپی ناتھ امن کی صدارت میں میونسپل کمیٹی کے ڈرامیٹک کلب کے زیر اہتمام دربار ہال میں ۸ بجے شب ایک مشاعرہ ہوگا۔ داخلہ بذریعہ پاس ہوگا۔ پاس میونسپل کمیٹی کے پبلک ڈیپارٹمنٹ سے [illegible] حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

اشتہار نیلام
نیشنل اوکشن مارٹ بڑا بازار کشمیری گیٹ
میں ہفتہ وار نیلام ہر اتوار کو ہوتا ہے جس میں ہر قسم کا اعلیٰ فرنیچر، دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑے، جوتے، سٹیشنری وغیرہ [illegible] قسم کا گھریلو سامان فروخت ہوتا ہے۔ جو اصحاب اپنا فالتو سامان اچھی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں ہمارے خدمات حاصل کریں۔

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا
[illegible] ہر مسلمان کے لئے [illegible] امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد [illegible] سوانح مولانا ابوالکلام آزاد [illegible]
منیجر شاہی کتب خانہ [illegible]

پریس کی ذمہ داریاں کیا ہیں

مسٹر آصف علی کی تقریر

[illegible] ۲۸ جنوری۔ آج ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے اڑیسہ کے گورنر مسٹر آصف علی نے آزاد ہندوستان میں پریس کی ذمہ داریوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا میں اخبار نویسوں کے حلقہ سے تعلق رکھتا ہوں آج اخبار نویسوں کی ذمہ داریاں پہلے سے کئی گنا زیادہ بڑھ گئی ہیں جبکہ انھیں صرف برطانوی سامراج کے خلاف جدوجہد کرنا تھی۔ اب ان کا فرض ہے کہ قومی تعمیر اور ضبط ونظم پر عمل کرنے کے لئے عوام کو تیار کریں۔ میرے خیال میں سماج کے افراد کے اذہان میں انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنے کا اخبارات سے زیادہ کوئی سر انجام نہیں کرسکتا ہے۔ بین الاقوامی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ آج سوائے امریکہ کے تمام ممالک میں نفسیاتی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اس کی وجہ [illegible] کے حقوق کا تصادم ہے۔

آخر میں انھوں نے کہا کہ ہم ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ اور مجھے امید ہے کہ عوام کے تعاون سے ہم اپنے ملک کو خوشحالی کی منزل تک لے جائیں گے۔

یوپی میں زنانہ پولیس

حکومت نے تجویز منظور کرلی

لکھنؤ ۲۸ جنوری۔ یوپی پولیس میں دوبارہ تنظیم کرنے والی کمیٹی کی سفارشات پر مشتمل رپورٹ کے ماتحت جو ابھی حال ہی میں حکومت کو موصول ہوئی ہے بہت سی سفارشات کو حکومت نے عملی جامہ پہنا دیا ہے چنانچہ حکومت نے [illegible] میں یوپی کی سب سے پہلی خاتون سب انسپکٹر اور عورتوں کو ہیڈ کانسٹبل میں تعینات کرنا منظور کرلیا ہے [illegible] کی پولیس فورس کے سلسلے میں کانپور میں [illegible] تقرر ہوگا حکومت نے ملازمان پولیس کی تنخواہوں میں بھی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق اضافہ کر دیا ہے۔ [illegible] لیکن حکومت نے اس کمیٹی کی اس سفارش کو منظور نہیں کیا کہ گاؤں میں چوکیداروں کے بجائے گاؤں میں کانسٹیبل مقرر ہوں کیونکہ دیہاتوں میں اتنی بڑی بنیادی تبدیلی اس وقت تک نہیں ہوسکتی ہے جب تک پنچایت راج اسکیم کا پورا نفاذ نہ ہو جائے اور اس کے نتائج پر غور نہ کرلیا جائے۔ حکومت نے اور بھی سفارشات منظور کرلی ہیں۔ مثلاً لکھنؤ کے سوار پولیس صوبہ بھر میں قائم رہے گی [illegible]

کرین اور برمیوں کی صلح

رنگون ۲۷ جنوری۔ برمیوں اور کرین میں مصالحت کے سلسلہ میں مشہور [illegible] پادری [illegible] آپ نے اس سلسلہ میں تجویز پیش کی کہ ایک مصالحتی کمیٹی قائم کی جائے جس میں کرین اور برمی ممبر برابر ہوں اور یہ کمیٹی ہر مسئلہ کا حل کرے اور دونوں فریقین میں صلح کرادے۔

کئی گاؤں نذر آتش کردیئے

ڈچوں کی وحشیانہ حرکتیں

نئی دہلی ۲۸ جنوری۔ انڈونیشیا سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ولندیزوں نے گوریلوں کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں ان کا بدلہ چکانے کے سلسلہ میں جوگجاکارتا کے گرد ونواح کے کئی دیہات نذر آتش کر دیئے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ولندیزوں کے پاس کافی فوج نہیں اس لئے وہ صرف بڑے بڑے شہروں پر قبضہ جمانے پر ہی اکتفا کریں گے۔ ولندیزی اس وقت صرف دہشت زدگی سے مزاحمت ختم کرنا اور حالات پر قابو پانا چاہتے ہیں۔ اقتصادی حالت تباہ وبرباد ہو رہی ہے۔ مرکزی جاوا میں چند ایک بڑے بڑے اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی ہے جو مرکزی جاوا کا نظم ونسق چلا رہی ہے۔

گوریلوں کی سرگرمی کی جو اطلاع مرکز کو سماٹرا سے موصول ہوئی ہے اس سے ظاہر ہے کہ جنوبی گوریلوں نے ایک اہم دریا کے پل پر قبضہ کرلیا ہے۔ (گلوب)

جودھپور ریڈیو اسٹیشن نے کام شروع کردیا

جودھپور ۲۸ جنوری۔ جودھپور کے ریڈیو اسٹیشن کا افتتاح کل سرداران کی کانفرنس کے موقعہ پر کیا گیا تھا۔ آٹھ بجکر ۸ منٹ پر پروگرام میں سردار پٹیل کی ایک ریکارڈ کی ہوئی تقریر نشر کی۔ نیا اسٹیشن روزانہ ساڑھے ۶ بجے شام سے ۸ بجے تک پروگرام نشر کیا کرے گا۔

برطانیہ اور پاکستان کی تجارت

کراچی ۲۸ جنوری۔ یہاں برطانوی ہائی کمشنر کے دفتر نے سرکاری طور پر اعلان کیا ہے کہ گذشتہ نومبر میں برطانیہ نے پاکستان کے لئے [illegible] روپیہ کی [illegible] ہوئی۔

لیاقت علی خاں کی واپسی

راولپنڈی ۲۸ جنوری۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں آزاد کشمیر کے علاقوں کا دورہ کرنے کے بعد کل رات راولپنڈی واپس آگئے۔

شوکت حیات کے خلاف مقدمہ؟

لاہور ۲۸ جنوری۔ یو۔ پی۔ آئی نے زمیندار کے حوالے سے ایک خبر شائع کی ہے کہ پنجاب کے سابق وزیر تعلیم اور سردار شوکت حیات سابق وزیر مالیات کے خلاف مقدمات چلائے جائیں گے؟

پاکستان کے بچوں کی امداد

کراچی ۲۸ جنوری۔ متحدہ اقوام کے بین الاقوامی بچوں کے ہنگامی فنڈ نے پاکستان کے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے ۸ لاکھ روپیہ دیا ہے۔ مشرقی بنگال کے ڈپٹی ڈائرکٹر [illegible] اس کے لئے مفصل پروگرام بنائیں گے۔

پاکستانی صلیب احمر کو امداد

کراچی ۲۸ جنوری۔ [illegible]

نئے پروگرام نے شہر بھر میں تہلکہ مچادیا۔ تمام ایکٹر نئے رنگ ونئے انداز میں
وائٹ وے سرکس
پریڈ گراؤنڈ نزد لال قلعہ
[illegible]



رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ — جلد ۳۱ — دہلی یوم پیر ۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء — نمبر ۲۵ — بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

کراچی ۲۹ جنوری۔ مصر کے سفیر مسٹر محمد علی علوبہ پاشا نے جو کل ہی یہاں پہونچے تھے اپنے تقرر کی کاغذات پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین کو پیش کردیئے ہیں علوبہ پاشا کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے کہا " مصر اور پاکستان کے بیچ روحانی سماجی اور تمدنی رشتوں سے ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں۔ پاکستان مصر کی ان تمام مساعی کو جو اس نے اسلامی دنیا کے مسائل کو حل کرنے میں کی ہیں بڑی دلچسپی اور غور سے دیکھتا رہا ہے۔ مجھے امید ہے کہ مصر اور پاکستان کی متحدہ کوششیں انسانی ترقی کے لئے بہت ممد و معاون ثابت ہوں گی۔

انجمن طبیہ ہاپوڑ کا احتجاج

ہاپوڑ ۲۶ جنوری شام کو ۷ بجے انجمن طبیہ ہاپوڑ کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں طبیبوں اور ویدوں کے رجسٹریشن کے لئے [illegible] — حکیم [illegible] سیکریٹری انجمن طبیہ ہاپوڑ

دو لاکھ سرخ فوجوں نے نانکنگ کی طرف بڑھنا شروع کر دیا

مزید خونریزی کو روکنے کیلئے صدر چین کی عاجزانہ اپیل

دار السلطنت کو بچانے کیلئے چین کے جنگی جہازوں نے مورچے سنبھال لئے

بھوپال کا مسئلہ طے ہونے لگا

مسٹر مینن آئندہ ماہ پھر بات چیت کرینگے

جنگلات میں توسیع

مہاتما گاندھی کی برسی پر راجہ جی کا پیغام

دہلی ۲۹ جنوری۔ ہز ایکسیلنسی شری راج گوپال اچاریہ گورنر جنرل نے مہاتما گاندھی کی پہلی برسی پر مندرجہ ذیل پیغام جاری کیا ہے:

"کل ہمارے محبوب رہنما کی ہم سے جدا ہونے کی پہلی برسی ہے۔ ہم سب کو عقیدت کے ساتھ اپنا دھیان ان کی طرف لگانا چاہئے۔ ان کے مشن کا اصل اصول یہ تھا کہ [illegible] محبت کرتے رہو۔ باپو کی زندگی کے آخری چند ہفتوں میں انہیں اس پر اتنا گہرا اعتقاد ہو گیا تھا [illegible] ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ ہر ایک جاندار میں خدا کا ظہور ہے۔ جہاں کہیں بھی ایک جاندار کا دوسرے جاندار سے مہربانی ہمدردی رحم یا محبت کا کسی دوسری صورت میں ظہور نظر آئے وہ خدا کے اسی نور کی ایک جھلک ہے۔ [illegible] خدا کے نور کا دریچہ بند ہو جاتا ہے۔ [illegible] اور یہی خدا کی بہترین عبادت ہے۔"

ہند اور پاکستان میں ریلوں کی آمد و رفت کا مسئلہ

مشرقی پنجاب کے سرکردہ لوگوں کی تائید

ہندوستان کی حکومت میں مسلمانوں کا اتنا ہی حصہ ہے جتنا ہندوؤں کا

ان کو اقلیت کا خیال چھوڑ کر ہندوستانی کی حیثیت سے سوچنا چاہئے مولانا آزاد کی تقریر

کلکتہ ۲۹ جنوری۔ محمد علی پارک میں ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد نے کل ایک عظیم الشان جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے ہند کے مسلمانوں سے کہا کہ وہ ہمیشہ یہ خیال نہ کرتے رہیں کہ وہ اقلیتی فرقہ سے ہیں۔ [illegible]

حکومت میں برابر کا حصہ

کل ہندوستان بھر میں گاندھی جی کی برسی منائی جائیگی

راج گھاٹ پر بارہ گھنٹے کا خصوصی پروگرام

برت رکھنے ماتم منانے اور تفریحات سے دور رہنے کی سفارش

آرٹ کی نمائش

مشعلوں کا جلوس

مجلس تحفظ میں انڈونیشیا پر پھر بحث

چار ملکوں کی تجویز کی کئی ملکوں کی طرف سے تائید

ہالینڈ کا غیر مصالحانہ رویہ۔ فیصلہ تسلیم نہ کرنے کی دھمکی

پاکستان جانے والوں کیلئے کوئی اعتراض نہیں کے سرٹیفکیٹ

طریق کار کے متعلق دہلی کے ڈپٹی کمشنر کا اہم اعلان

وزیر اعظم اور دوسرے وزیر نانکنگ سے فرار ہوگئے

کمیونسٹوں نے ایک اور اہم مقام پر قبضہ کر لیا

برلن کی روسی سیاسی پارٹی میں انتشار

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے

منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

دہلی منیاری مارکیٹ

دہلی غلہ مارکیٹ

دہلی کریانہ مارکیٹ

برما میں کیرن قبیلہ کی بغاوت بڑے پیمانے پر پھوٹ پڑی

باغیوں نے [illegible] قتل کر دیئے۔ متعدد مقامات پر قبضہ

چین کی لڑائی

صفحہ اول سے آگے

بچوں کے گھر میں

جرمنی میں چین کا فوجی مشن

فوجی کارروائی

ضروری تصحیح!

ہندوستان مغرب سے آزادی اور برادری کی بنیادوں پر رشتہ قائم کرنا چاہتا ہے

امریکہ کے لوگوں سے ہندوستان کی امداد کیلئے مسٹر ساگی کی نشری اپیل

ٹنگ نیکا کے بارے میں تولیتی کمیٹی کی سفارش

سیاسی کارکن بسائے جائیں گے

سوامی ستیا نند کا مرن برت

ڈاکٹر ملان کی حکومت پر عدم اعتماد کی تحریک

جنوبی افریقہ کی اسمبلی میں دلچسپ بحث

پاکستان میں آسٹریلوی تجارتی کمشنر

صفحہ اول سے آگے

بالکل نئی ایجاد KO-BAK

بکس ۱۵ معرفت الجمعیۃ دہلی

برائے فروخت

بالمقابل خاں بہادر محمد امین خاں

میری عمر بیس سال تھی

مگر میرے بال گرنے کے علاوہ سفید بھی ہونے لگے تھے۔



موہن کیمیکل کمپنی پوسٹ بکس ۱۳۵ دہلی

اولاد آنکھوں کا نور پیارا بچہ چاہیے

اولاد اپنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہیے

لاہور کی مشہور اسپیشلسٹ لیڈی ڈاکٹر کویرا ج ستیہ وتی

ایک ہومیوپیتھک ڈاکٹر کا اعلان

ڈاکٹر اے کے نصرت۔ ادریس گنج۔ ہردوئی۔ یوپی

اردو ہندی ٹیچر

مصنفہ جناب لکشمی چند ایم اے

بھارت پستک بھنڈار ۷۹/۱۹ جی بی روڈ دہلی

عورت کا لیکوریا (سیلان الرحم)

منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ

دہلی میں مسلمانوں کے لئے سہولت

آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

بہترین قیام گاہ ہے

مالک افضل پشاوری

یہ ناممکن ہے

پیسہ خرچ کریں اور اچھی بیڑی پینے کو نہ ملے بیڑی خریدتے وقت ستارہ چھاپ بیڑی ہمیشہ یاد رکھیں

میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۳ ربیع الاول ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۳۱ جنوری ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۵ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

کراچی ۲۹ جنوری مصر کے سفیر مسٹر محمد علی علوبہ پاشا نے جو کل ہی یہاں پہونچے تھے اپنے تقرری کاغذات پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین کو پیش کر دیئے ہیں علوبہ پاشا کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے کہا "مصر اور پاکستان کے لوگ روحانی سماجی اور تہذیبی رشتوں سے ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں۔ پاکستان مصر کی ان تمام مساعی کو جو اس نے اسلامی دنیا کے مسائل کو حل کرنے میں کی ہیں بڑی دلچسپی اور غور سے دیکھتا رہا ہے۔ مجھے امید ہے کہ مصر اور پاکستان کی متحدہ کوششیں انسانی ترقی کے لئے بہت ممد و معاون ثابت ہوں گی۔

انجمن طبیہ ہاپوڑ کا احتجاج

ہاپوڑ ۲۶ جنوری شام کو ۴ بجے انجمن طبیہ ہاپوڑ کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں طبیبوں اور ویدوں کے رجسٹریشن کے لئے غیر طبی کمیٹی کے تقرر کو جس میں ہیلتھ انسپکٹر وغیرہ کا تقرر ہوا ہے۔ ویدک طب کے لئے کھلی بے انصافی قرار دیا گیا اور دوسری تجویز میں ہاپوڑ میں ایک طبی بورڈ کا قیام منظور کر لیا گیا جو اپنی خاص نگرانی میں دیرینہ اور لاعلاج مریضوں کی تشخیص و تجویز کیا کرے گا۔ (حکیم راسخ سیکریٹری انجمن طبیہ ہاپوڑ)

دو لاکھ سرخ فوجوں نے نانکنگ کی طرف بڑھنا شروع کر دیا

مزید خونریزی کو روکنے کیلئے صدر چین کی عاجزانہ اپیل

دار السلطنت کو بچانے کیلئے چین کے جنگی جہازوں نے مورچے سنبھال لئے

نانکنگ ۲۹ جنوری۔ چین کے نئے صدر جنرل لی تسنگ جن نے نانکنگ ریڈیو سے کمیونسٹوں کے سرکردہ لیڈر جنرل ماؤزے تنگ سے فوری جنگ بندی کرنے کی پر زور اپیل کی ہے۔ [illegible]

کل نانکنگ سے ایک وفد پیپنگ جانے والا ہے جس پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو گیا ہے [illegible]

بھوپال کا مسئلہ طے ہونے لگا

مسٹر مینن آئندہ ماہ پھر بات چیت کرینگے

بھوپال ۲۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاستی محکمہ [illegible]

مجلس تحفظ میں انڈونیشیا پر پھر بحث

چار ملکوں کی تجویز کی کئی ملکوں کی طرف سے تائید

ہالینڈ کا غیر مصالحانہ رویہ۔ فیصلہ تسلیم نہ کرنے کی دھمکی

لیک سکسیس ۲۹ جنوری۔ مجلس تحفظ میں انڈونیشیا پر پھر بحث ہوئی۔ [illegible]

برلن کی روسی سیاسی پارٹی میں انتشار

برلن ۲۸ جنوری۔ برلن کی روسی سیاسی پارٹی میں انتشار پیدا ہو گیا ہے [illegible]

مہاتما گاندھی کی برسی پر راجہ جی کا پیغام

دہلی ۲۹ جنوری۔ ہز ایکسیلنسی مسٹر سی راج گوپال اچاریہ گورنر جنرل ہند نے مہاتما گاندھی کی پہلی برسی پر مندرجہ ذیل پیغام جاری کیا ہے:۔

"کل ہمارے محبوب رہنما کی ہم سے جدا ہونے کی پہلی برسی ہے ہم سب کو عقیدت کے ساتھ اپنا دھیان ان کی طرف لگانا چاہئے [illegible]

کل ہندوستان بھر میں گاندھی جی کی برسی منائی جائیگی

راج گھاٹ پر بارہ گھنٹے کا خصوصی پروگرام

برت رکھنے ماتم منانے اور تفریحات سے دور رہنے کی سفارش

دہلی ۲۹ جنوری۔ کل "راشٹر پتا" گاندھی جی کی پہلی برسی کو نہایت شان طریقے سے منانے کے لئے دہلی اور دیگر صوبائی و ریاستی صدر مقاموں کے علاوہ [illegible]

آرٹ کی نمائش

مشعلوں کا جلوس

وزیر اعظم اور دوسرے وزیر کانگ کنگ سے فرار ہو گئے

کمیونسٹوں نے ایک اور اہم مقام پر قبضہ کر لیا

کانگ کنگ ۲۹ جنوری۔ چین کے موجودہ صدر جنرل لی تسنگ نے جواب میں کمیونسٹوں سے صلح کی کوشش کر رہے ہیں [illegible]

جنگلات میں توسیع

پٹنہ ۲۹ جنوری۔ صوبہ بہار کے محکمہ جنگلات میں توسیع کرنے [illegible]

ہند اور پاکستان میں ریلوں کی آمد و رفت کا مسئلہ

مشرقی پنجاب کے سرکردہ لوگوں کی تائید

امرتسر ۲۹ جنوری۔ امرتسر میں اس تجویز سے بہت دلچسپی لی جا رہی ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان [illegible]

(باقی صفحہ ۲ پر)

ہندوستان کی حکومت میں مسلمانوں کا اتنا ہی حصہ ہے جتنا ہندوؤں کا

ان کو اقلیت کا خیال چھوڑ کر ہندوستانی کی حیثیت سے سوچنا چاہئے مولانا آزاد کی تقریر

کلکتہ ۲۹ جنوری۔ محمد علی پارک میں ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد نے کل ایک عظیم الشان جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے ہند کے مسلمانوں سے کہا کہ وہ ہمیشہ یہ خیال نہ کرتے رہیں کہ وہ مذہبی فرقہ ہیں [illegible]

حکومت میں برابر کا حصہ

(باقی صفحہ ۲ پر)

پاکستان جانے والوں کیلئے کوئی اعتراض نہیں کے سرٹیفیکیٹ

طریق کار کے متعلق دہلی کے ڈپٹی کمشنر کا اہم اعلان

دہلی ۲۹ جنوری۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ جو لوگ [illegible]

تبت سنو
چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے
منوفیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

برما میں کیرن قبیلے کی بغاوت بڑے پیمانہ پر پھوٹ پڑی

باغیوں نے سو سپاہی قتل کر دیئے۔ متعدد مقامات پر قبضہ

رنگون ۳۰ جنوری۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ رنگون سے ۲۰ میل شمال میں برمیوں اور کیرن قبیلہ کے لوگوں میں جنگ شروع ہو گئی ہے [illegible]

فوجی کارروائی

جرمنی میں چین کا فوجی مشن

برلن ۲۸ جنوری۔ جرمنی میں چین کے فوجی مشن کے نائب صدر نے کہا [illegible]

چین کی لڑائی

بچوں کے گھر میں

ایشیائی نمائندوں کی دعوت

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

دہلی صرافہ مارکیٹ

دہلی غلہ مارکیٹ

دہلی کریانہ مارکیٹ

سیاسی کارکن بسائے جائیں گے

ہندوستان مغرب سے آزادی اور برادری کی بنیاد پر رشتہ قائم کرنا چاہتا ہے

امریکہ کے لوگوں سے ہندوستان کی امداد کیلئے مسٹر ساگی کی نشری اپیل

ٹنگ نیکا کے بارے میں تولیتی کمیٹی کی سفارش

لیک سکسیس ۲۸ جنوری۔ مجلس متحدہ اقوام کی تولیتی کمیٹی [illegible]

سوامی ستیانند کا مرن برت

ضروری تصحیح!

خواجہ عبد العلی مرحوم کے انتقال کی خبر ایک خبر رساں ایجنسی کے ذریعہ موصول ہوئی تھی جو کل کے الجمعیۃ میں شائع ہو گئی ہے [illegible]

ڈاکٹر ملان کی حکومت پر عدم اعتماد کی تحریک

جنوبی افریقہ کی اسمبلی میں دل چسپ بحث

کیپ ٹاؤن ۲۸ جنوری۔ جنوبی افریقہ کی اسمبلی میں فیلڈ مارشل اسمٹس نے ڈاکٹر ملان کی حکومت کے خلاف [illegible]

پاکستان میں اسٹریلوی تجارتی کمشنر

صفحہ اول سے آگے

بالکل نئی ایجاد NO-BAK
بکس نمبر ۱ معرفت الجمعیۃ دہلی

عورت کا لیکوریا (سیلان الرحم)
منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ

برائے فروخت

میری عمر بیس سال تھی
مگر میرے بال گرنے کے علاوہ سفید بھی ہونے لگے تھے۔



مورسن کیمیکل کمپنی پوسٹ بکس ۱۲۵ دہلی

اولاد آنکھوں کا نور پیارا بچہ چاہئے

اولاد اپنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہئے

ستیہ وتی

ایک ہومیوپیتھک ڈاکٹر کا اعلان
ڈاکٹر اے کے نصرت۔ ادریس گنج۔ ہردوئی۔ یو پی

اردو ہندی ٹیچر
بھارت پستک بھنڈار

دہلی میں مسلمانوں کے لئے سہولت
آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی
بہترین قیام گاہ ہے
مالک افضل پشاوری

یہ ناممکن ہے
پیسہ خرچ کریں اور اچھی بیڑی پینے کو نہ ملے
بیڑی خریدتے وقت ستارہ چھاپ بیڑی
ہمیشہ یاد رکھیں
میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دیجاسکتی

لکھنؤ کے جلسہ عام میں پنڈت نہرو کی تقریر

ہڑتالیں اور مظاہرہ کرنے والوں کو سخت انتباہ

لکھنؤ ۳۰ جنوری۔ پنڈت نہرو نے ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے عوام کو اپیل کی کہ وہ ملک میں امن و امان قائم رکھ کر آزادی کو قائم و برقرار رکھنے کے لئے حکومت کی امداد کریں اور ایسے کام کریں جن سے دنیا کی نگاہوں میں ہندوستان کا وقار بڑھے۔

پنڈت نہرو نے ہڑتالوں اور مظاہروں [illegible] اقتصادی ترقی کی راہ میں رکاوٹ [illegible] ملک کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پنڈت نہرو نے انتباہ کیا کہ جب تک یہ حکومت [illegible] اس بات کی اجازت نہیں دے گی کہ شورش پسند عناصر فضا کو خراب کریں اور اگر ضرورت پڑی تو ان لوگوں کو سختی کے ساتھ کچل دیا جائے گا۔

جب امن و انتظام کو توڑا جائے اور [illegible]

پنڈت نہرو نے [illegible] شرنارتھیوں کے متعلق [illegible]

پنڈت نہرو کی تقریر کے دوران میں [illegible] لیکن حالات پر جلد ہی قابو پا لیا گیا۔

پنڈت نہرو نے اپنی تقریر میں حسب ذیل نکات پر روشنی ڈالی۔

شرنارتھی:۔ حکومت اور عوام کو شرنارتھیوں سے ہمدردی ہے لیکن جن لوگوں کا طرز عمل درست نہیں ہے ان سے کوئی ہمدردی نہیں ہو سکتی۔

کمیونسٹ:۔ اگر کمیونسٹ یا دیگر لوگ بدامنی پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بیچاروں کی ہڑتال:۔ حکومت ان کے مطالبات سے ہمدردی رکھتی ہے اور اس بات کی کوشش ہو رہی ہے کہ ان کا معیار زندگی بہتر ہو۔ لیکن [illegible] نوجوانوں کے ملک کے مستقبل کو اپنے ہاتھوں میں لینے کے لئے اپنے آپ کو تیار کرنا چاہئے اور سائنٹفک [illegible] تربیت حاصل کرنی چاہئے۔

معیار زندگی:۔ معیار زندگی بڑھانے کیلئے ضروری ہے کہ پیداوار بڑھائی جائے اور دولت کی مناسب تقسیم کیلئے قدم اٹھایا جائے۔ موجودہ نظام میں معمولی تبدیلی سے مقصد حاصل نہ ہوگا۔

ہڑتالیں:۔ ہڑتالوں سے صرف ترقی میں رکاوٹ پڑے گی۔ آبادی کے کسی طبقہ کو اس قسم کی حرکت کرکے اپنے قومی مفاد کو نقصان نہیں پہونچانا چاہئے۔

غذا کی قلت:۔ عوام کے تعاون سے آئندہ دس سال کے اندر صورت حالات بہت کچھ بہتر ہو جائے گی۔

آخر میں پنڈت نہرو نے کہا کہ آج ہندوستان دنیا کے [illegible] ایشیا کے افق پر ایک چمکتے ہوئے ستارہ کی حیثیت [illegible] پنڈت نہرو نے مہاتما گاندھی کی [illegible]

ہندوستان اور پاکستان میں پاگلوں کا تبادلہ

[illegible] ہندوستان اور پاکستان میں پاگلوں کے تبادلہ کے سلسلہ میں ایک معاہدہ ہو رہا ہے [illegible] مختلف ہسپتالوں کے رجسٹروں میں تھا۔

[illegible]

صوبہ بمبئی میں گندم کی پیداوار

[illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت بمبئی نے گندم [illegible]

مغربی پنجاب کے وزیروں کے خلاف دولتانہ کی طرف سے تحقیقات کا مطالبہ

لاہور ۳۰ جنوری۔ پاکستان ٹائمز [illegible] مسلم لیگ نے [illegible] مغربی پنجاب [illegible] تحقیقات [illegible] پاکستان کی حکومت نے جب وزارت توڑنے میں سخت اقدام کرنا ضروری خیال کیا ہے تو ان وجوہات کی تحقیقات بھی کرنی چاہئے، جو سارے صوبہ کو خراب کر رہی تھیں تاکہ پبلک کو اطمینان ہو اور صوبہ ترقی کر سکے۔

نارتھ اٹلانٹک پیکٹ

لندن ۳۰ جنوری۔ [illegible] یورپین کے وزراء خارجہ کے درمیان بات چیت پر تبصرہ کرتے ہوئے [illegible]

(یو۔پی) وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ انڈونیشیا کی لڑائی کی وجہ سے ہالینڈ کے فوجی بجٹ پر بہت زیادہ بوجھ ہے۔ اس لئے حکومت ہالینڈ مزید فوجی اخراجات برداشت نہیں کر سکتی۔ [illegible]

برطانیہ میں خوراک کی حالت

لندن ۳۰ جنوری۔ [illegible]

مولانا شفیع داؤدی کا انتقال

پٹنہ ۲۸ جنوری۔ جنرل سکریٹری مسلم لیگ مولانا شفیع داؤدی ایک طویل علالت کے بعد اپنے گاؤں [illegible] ضلع مظفر پور میں شنبہ کے روز انتقال فرما گئے۔

مہاتما گاندھی کی تعلیم پر چل کر ہی دنیا میں امن قائم ہو سکتا ہے

کل ہند خواتین کانفرنس میں راجکماری امرت کور کی تقریر

گوالیار ۳۰ جنوری۔ کل ہند خواتین کانفرنس نے کل [illegible] ریزولیشن پاس کئے۔ ان میں سے اہم ترین ریزولیشن امن کے متعلق تھا جسے شریمتی کملا دیوی چٹوپادھیائے نے پیش کیا۔ ریزولیشن میں کہا گیا ہے کہ کل ہند خواتین کانفرنس اس امر پر یقین رکھتی ہے کہ تمام قوموں کو سماجی آزادی اور انصاف مہیا کرنے سے ہی دنیا میں امن قائم رہ سکتا ہے۔ دنیا کو تیسری جنگ عظیم کا خطرہ ہے کیونکہ دنیا پر بڑی طاقتوں کا غلبہ ہے ہم صنعتی لحاظ سے پیچھے رہ گئے ہیں۔ ملکوں سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے اور دنیا کی اقتصادی اور سماجی ترقی میں رکاوٹ ڈالی جا رہی ہے۔ ایک اور ریزولیشن میں [illegible] وہاں کے عوام سے ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

راجکماری امرت کور نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہند آزاد ہونے کے بعد یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ دوسرے ملک غلام رہیں۔ آپ نے کہا کہ مہاتما گاندھی کی تعلیم پر چل کر ہی امن قائم ہو سکتا ہے آپ نے امید ظاہر کی کہ تمام لوگ اس تعلیم پر چلیں گے۔

حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنیکا مسئلہ

لندن ۲۹ جنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آئندہ چند دنوں کے دوران میں حکومت برطانیہ فلسطین کے بارے میں [illegible] پاکستان اور آسٹریلیا کی طرف [illegible]

[illegible] فرانس، لکسمبرگ اور بیلجیم کے وزرائے خارجہ نے کل لندن میں مغربی یونین کے مسائل پر غور کرنے کے سلسلہ میں فلسطین پر غور کیا۔ (گلوب)

حیدرآباد سندھ میں زبردست تبدیلیاں

حیدرآباد سندھ ۲۸ جنوری۔ تقسیم کے بعد سے [illegible] حیدرآباد (سندھ) میں زبردست [illegible] پاکستان کے اثرات ہیں۔

باوجودیکہ یہاں پر پہلے سے کچھ قدیم زمانہ کی مساجد ہیں جن میں سے ہندوستان اور پاکستان میں اب چند ہی باقی ہیں مگر بہت سی نئی مساجد تعمیر ہو گئی ہیں۔

تقسیم سے قبل زمانہ کے برخلاف اب بازاروں میں [illegible] چست کپڑے پہنے ہوئے بہت کم عورتیں نظر آتی ہیں [illegible] وغیرہ کی قسم کی چیزیں فروخت کرنے والے تاجر ان کے اندر پڑ جانے کی شکایت کرتے ہیں۔ چونکہ یہاں آبادی کا زیادہ تر حصہ مہاجرین پر مشتمل ہے اس لئے [illegible] سندھی [illegible] ہو رہی ہے۔

کشمیر سے ایک اور بٹالین کی واپسی

سرینگر ۳۰ جنوری۔ کشمیر سے کل ایک اور بٹالین [illegible] کشمیر میں اس کے کام کی مسٹر غلام محمد بخشی نائب وزیر اعظم کشمیر اور میجر جنرل تھیمیا نے [illegible] تعریف کی۔

[illegible] جنرل تھیمیا نے اس بٹالین کا [illegible] مشرقی پنجاب سے [illegible] پاکستان پہنچایا تھا۔

اٹیم بم کا راز چرانے والے روسی سراغرساں کی گرفتاری

واشنگٹن ۳۰ جنوری۔ تین سال کی دوڑ دھوپ کے بعد امریکی اور کینیڈا کی پولیس سب سے بڑے روسی سراغرساں کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہو گئی۔ اس کا نام سام کر ہے اور اس کے متعلق شبہ کیا جاتا ہے کہ وہ روس کی کینیڈا میں کام کرنے والی سراغرساں انجمن کا ایجنٹ ہے۔

کینیڈا کا انصاف کا محکمہ اب اس بات کی چھان بین کر رہا ہے کہ آیا اس پر کینیڈا میں مقدمہ چلایا جا سکتا ہے [illegible] کی کوشش کی تھی۔

سام کر کا اصلی نام سام کوہین ہے اور روس کے شہر [illegible] میں پیدا ہوا تھا اس وقت وہ دس سال کے لئے کمیونسٹ سرگرمیاں جاری رکھنے کی وجہ سے جیل میں بند ہے اس نے کمیونسٹ لیگ کی کینیڈا میں تنظیم کے سلسلہ میں امداد کی تھی اور کینیڈین کمیونسٹ انجمن کا بطور آرگنائزنگ سکریٹری کام کرتا تھا۔ (گلوب)

چین میں جنگ جاری رہے گی

چیانگ کائی شک کو واپس بلایا جائیگا

[illegible] خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت چین جنوبی چین سے نئے سرے سے [illegible] کے ساتھ جنگ جاری رکھنے کی ایک سکیم تیار کر رہی ہے۔ اس سکیم کے مطابق چینی فوجیں یانگسی کے تمام علاقے کو خالی کر دیں گی۔ سرکاری دفاتر کینٹن میں کھولے جائیں گے۔ مارشل چیانگ کائی شک کو بطور سپریم کمانڈر واپس بلایا جائے گا [illegible] (گلوب)

نانکنگ میں غیر یقینی حالات

نانکنگ میں حالات غیر یقینی ہیں [illegible] نانکنگ سے بھاگ کر جنوبی چین کو جانیوالے لوگ ریلوے سٹیشن پر بتا رہے ہیں کہ کمیونسٹوں نے ریڈیو پر ایک اعلان کے ذریعہ نانکنگ کے شہریوں کو یہ مشورہ دیا ہے کہ وہ گولہ باری سے بچنے کیلئے شہر کے شمالی حصے سے جنوبی حصے کی طرف چلے جائیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ [illegible]

کمیونسٹوں کے اس اعلان سے نانکنگ کے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے اور لوگوں نے زیادہ تیزی کے ساتھ نانکنگ کو خالی کرنا شروع کر دیا ہے۔ (گلوب)

بم پھٹنے سے تین اشخاص زخمی

لدھیانہ ۲۸ جنوری۔ ایک شرنارتھی عورت اور دو بچوں کے بم پھٹنے سے زخمی ہونے کی اطلاع [illegible] اس عورت نے اپنے گھر میں [illegible] کوئی چیز پڑی ہوئی دیکھی جب اس نے اس کو ٹھوکر ماری تو وہ پھٹ گئی اور وہ عورت اور دو بچے زخمی ہو گئے۔

مشرقی بنگال کے کچھ پناہگزین اپنے گھروں کو واپس چلے گئے ہیں

وزیر امداد و بحالیات کا بیان

کلکتہ ۲۹ جنوری۔ مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر امداد و بحالیات نے یہاں اخباری نمائندوں کو ایک ملاقات میں بتایا کہ پناہ گزینوں کے لئے کام فراہم کرنے اور ان کے لئے مکانات کا انتظام کرنے کے مسائل اس وقت ہمارے ذہن پر چھائے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے، سابقہ دورہ کے وقت سوال یہ تھا کہ مشرقی بنگال سے انخلا کو کس طرح روکا جائے۔ اس بارے میں ہماری کوششیں کسی حد تک کامیاب ہوئی ہیں اور دیکھنے میں آیا ہے کہ کچھ لوگ اپنے گھروں کو واپس چلے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا جو لوگ اس وقت کیمپوں میں ہیں ان کے لئے کام فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ وہ اپنے لئے روزی کما سکیں۔ حکومت اس امر کے پیش نظر اس بات پر غور کر رہی ہے کہ آیا ان کیمپوں کو مختلف کاموں کے مرکزوں میں تبدیل کر دینا مناسب نہ ہوگا۔ مسٹر سکسینہ اپنے قیام کے دوران میں شرنارتھیوں کے نمائندوں سے ملاقات کے علاوہ صوبائی حکام سے بھی ملیں گے تاکہ پناہ گزینوں کے مسئلہ سے پوری طرح واقف ہو سکیں۔

وزیر اعظم قلات کا استعفیٰ نامنظور

کوئٹہ ۲۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ خان قلات نے اپنے وزیر اعظم محمد ظریف خاں کا استعفیٰ منظور نہیں کیا جو کہ انہوں نے اسی ماہ کے شروع میں دیا تھا۔ وزیر اعظم کے استعفیٰ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ خان محمد ظریف خاں ابھی تک کراچی میں طلب کئے گئے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست کے سرمائی صدر مقام ڈھاڈر واپس پہونچ گئے ہیں۔

مصنوعی بارش کیخلاف صدائے احتجاج

جوہانسبرگ [illegible] بارش کے خلاف [illegible]

پٹ سن کی بجائے کاغذی بوریاں

ڈربن ۲۸ جنوری۔ جنوبی افریقہ کی ریل کا محکمہ ایک نئی قسم کی بوریاں جو کاغذ کی بنی ہوئی ہوں گی اور جن پر پانی کا کچھ اثر نہیں ہوگا تیار کرنے کے سلسلہ میں تجربہ کر رہا ہے۔ اگر یہ تجربہ کامیاب رہا تو پٹ سن کی بجائے آئندہ اس قسم کے کاغذ کی بوریاں استعمال کی جائیں گی۔ (گلوب)

برطانوی طلبا کا عزم ہندوستان

پٹنہ ۲۸ جنوری۔ ہندوستان اور برطانیہ کے طلباء میں ثقافتی تعلقات قائم کرنے کے سلسلہ میں یونیورسٹی کے طلباء کی یونین کا ایک وفد اگلے ماہ ہندوستان آ رہا ہے۔ یہ وفد ہندوستان کے مختلف شہروں کا دورہ کرے گا اور بحث مباحثوں میں حصہ لے گا۔ امید ہے کہ فروری کے وسط میں یہ وفد پٹنہ پہونچے گا اور مختلف مقامات [illegible] میں حصہ لے گا۔

پٹنہ یونیورسٹی کی طرف سے اس تقریب میں حصہ لینے کے لئے طلباء کی ٹیم کا چناؤ کیا جا رہا ہے۔

مولوٹوف کے خلاف تحقیقات

لندن ۲۹ جنوری۔ ایوننگ نیوز کے سیاسی نامہ نگار کے مطابق روس کے وزیر امور خارجہ مسیو مولوٹوف کے خلاف پولیٹیکل محکمہ کی طرف سے تحقیقات کی جا رہی ہے۔

نامہ نگار نے مزید لکھا کہ معلوم نہیں ہو سکا کہ آیا یہ تحقیقات صرف ایک [illegible] کی جا رہی ہے۔

اس تحقیقات کا مقصد یہ ہے کہ صدر سٹالین کو ایک بار پھر [illegible]

اغوا کنندگان کا گروہ گرفتار

[illegible]

استصواب کشمیر کا کام

کراچی ۲۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] مسٹر مشتاق احمد گورمانی [illegible] استصواب کشمیر کا کام سپرد کیا گیا ہے [illegible] اپنا دفتر راولپنڈی میں قائم کریں گے۔

یونیورسل اپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ چیلان دہلی
نزد دواخانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں
تقریباً ۸۰۰ احادیث قدسیہ عام فہم اردو زبان میں ترجمہ۔
قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں
توحید، رسالت، قرآن اور قیامت وغیرہ میں عنوانات کے تحت انکے متعلقہ احادیث کا اردو ترجمہ
قیمت دو روپیہ چار آنے صرف

جنت کی کنجی
ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔
قیمت صرف تین روپیہ چار آنے صرف

دوزخ کا کھٹکا
۱۰۰۲ ایسی احادیث کا ترجمہ جنمیں نبی اکرم صلعم نے اعمال قبیحہ کرنیوالوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے
قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو - گلی قاسم جان - دہلی

فروخت اور تبادلہ جائیداد کے لئے
لاہور کے مشہور و معروف پراپرٹی ڈیلر
موہن کو
ای بلاک - کناٹ پلیس - نئی دہلی
جو دہلی کے برگزیدہ پراپرٹی ڈیلر اور دہلی امپروومنٹ ٹرسٹ کے اسپیشل ایجنٹ ہیں سے فوراً تبادلہ کے فارم منگوائیں۔ اعلیٰ سے اعلیٰ جائیداد کیلئے وہ آپ کی بہترین خدمت کر سکتے ہیں۔ لاہور، راولپنڈی، کراچی، جالندھر، انبالہ، لدھیانہ میں ایجنسیاں قائم ہو چکی ہیں۔
ٹیلیفون نئی دہلی ۸۱۵۰

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو
آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے صداقت کا امتحان کیجئے۔
یونین ہوٹل بلیماران دہلی
[illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
اسر جنوری سنہ ۱۹۴۹ء

آزادی!

۲۶ جنوری ۱۹۳۰ء کو ملک کے سپاہیوں نے عہد کیا تھا کہ وہ عدم تشدد کے ذریعہ مکمل آزادی کی تحریک کو آخر دم تک جاری رکھیں گے۔ آخر اٹھارہ سال کے بعد ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو آزادی حاصل ہو گئی اور ملک کو اجنبی آقاؤں کی غلامی سے بال بال نجات ملی، گذشتہ اٹھارہ سال کے اندر جن لوگوں نے اپنے اس عہد کی تجدید کی اور پریس اور پلیٹ فارم سے استقلال کامل کا پرچم لہرایا انہیں سفید آقاؤں کی طرف سے بڑی بڑی مصیبتیں جھیلنی پڑیں اور عہد آزادی آزادی پسندوں کے لئے بہت ہی گراں ثابت ہوا۔ اب آزادی حاصل ہو چکی ہے اس لئے عہد کرنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں البتہ اب اس عہد کی یادگار منائی جا رہی ہے اور حافظہ پر زور ڈال کر اس عہد کی یاد تازہ کی جا رہی ہے جس میں عہد آزادی کی تجدید کی ہوئی اور ملک کے سپاہیوں نے آزادی کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر ڈالا۔

جب آزادی مل چکی تو یہ فضول سا معلوم ہوگا کہ... غلامی کی یاد تازہ کی جائے مگر یہ فضول بات نہیں ہے، یہ ایسی بات ہے جس کی تہہ میں آزادی کی روح پوشیدہ ہے، ابھی ہمیں یہ بھی عہد کرنا اور اسے پورا کرنا ہے کہ جس آزادی کو ہم نے حاصل کیا ہے اسے اپنی عملی زندگی کی عملی حقیقت بنائیں گے اور آزادی کے ان تمام گوشوں کو اجاگر کریں گے جو ہنوز ہماری نااہلیت، تنگ نظری اور ناسازی کی وجہ سے سیاہ ہیں، گو ہمیں آزادی مل گئی مگر یہ کون کہتا ہے کہ ہماری ذہنیتیں بھی بدل گئیں اور ہم نے اپنے آپ کو آزادی کے قابل بنا لیا؟ ہماری ذہنیتیں غلامی کے سانچوں میں ڈیڑھ سو سال تک ڈھلتی رہی ہیں جب تک ہمارے یہ سانچے نہیں بدل جاتے اور ان میں ہماری صلاحیتیں نئے نہیں [illegible] ہم آزادی کے نتائج اور ثمرات سے بہرہ اندوز نہیں ہو سکتے، غلامی کی آزاد ذہنیتیں، آزادی کی تعمیر پسند ذہنیتوں سے ہزار درجہ بہتر ہیں۔ اگر ہم جسمانی طور پر آزاد ہو گئے اور غلامی کے زنگ آلود ذہنوں کو نہ مانجھا تو ہمیں پھر ایک دفعہ حقیقی آزادی کے لئے جد و جہد کرنی پڑے گی۔ ۲۶ سے تیس جنوری تک کے ہفتہ آزادی کو اسی جد و جہد اور عہد و پیمان کی آخری کڑی سمجھنا چاہئے۔

اس وقت آفتاب حریت کو طلوع ہوئے ڈیڑھ سال کا عرصہ گذر چکا ہے ہم تجربہ کی بنا پر زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمیں سیاسی آزادی مل گئی ہے باقی اقتصادی، معاشرتی اور اخلاقی آزادی سے ہم ابھی تک ہمکنار نہیں ہو سکے، ہم چاہتے ہیں کہ خوف [illegible] سے آزاد ہوں ہمیں احتیاج سے آزادی [illegible] جنگ اور خونریزی ہمیشہ کے لئے آزاد کر دے، آزادی اور معاشی بدحالی میں تضاد ہے، ہمیں اپنی سیاسی آزادی کو اس طرح استعمال کرنا چاہئے کہ ملک میں کوئی بھوکا نہ رہے کسی فرد پر بیروزگاری کی مار نہ پڑے [illegible] ہر طبقہ میں سرمایہ کی منصفانہ تقسیم ہو، ہندو مسلمان، سکھ، عیسائی پارسی اور ہر خیال و مشرب کے لوگ رواداری محبت انصاف اور ہمدردی کے ساتھ زندگی گذاریں اور محنت کشوں کو ان کی محنت کا اس قدر معاوضہ ملے کہ خود غرضی، [illegible] سے غفلت اور دلوں کا اختلاف ہمیشہ کیلئے مٹ جائے۔

مہاتما گاندھی نے ہندوستان کو آزاد کرانے کے لئے جن ہتھیاروں کا استعمال کیا وہ دنیا میں اپنی آپ ہی مثال ہیں، خالص عدم تشدد اور چرخہ کی جنگ سے جنگ آزادی کا جیت لینا ایسی شخص کا کام ہو سکتا ہے جس میں دنیا کے دھارے کو موڑ دینے کی صلاحیت موجود ہو اور جو روحانیت کے اعلیٰ فلسفہ کا علمبردار ہو۔

گاندھی جی نے ملک کو آزاد کرایا، وطن کو آسمان شہرت پر پہنچایا، ہندوستان کی گری ہوئی اور پسماندہ قوم کی عزت قائم کی اور ملک کو اس منزل پر لے گئے جہاں ہتھیاروں سے نہیں محبت سے حکومت ہوتی ہے! افسوس ہمیں گلشن کے مالی نے آزادی کا باغ لگایا تھا؟ اس کی ایک دو بہاریں بھی نہ دیکھ سکا اور آپ آزادی کی سب سے بڑی قیمت ادا کرکے ہم سے رخصت ہو گئے مگر دنیا مہاتما کو نہیں بھول سکتی، کیونکہ مہاتما نے دنیا کو بھی نہیں بھلایا، اور انسانیت کی خاطر اپنی جان عزیز تک قربان کر دی!

بے محل نہ ہوگا اگر آزادی کے سلسلہ میں ان سرفروش اور مجاہد مسلمانوں کو بھی یاد کر لیا جائے جنہیں ہندوستان کی متعصب دنیا آج بالکل ہی فراموش کر چکی ہے، ہم ان بزرگوں کی مساعی کا تذکرہ اس امید پر کر رہے ہیں کہ آزاد ہند کا آزاد ضمیر مسلمانوں کو ان کے واجبی حق سے محروم کرنے کی کوشش نہیں کرے گا، اور ان بزرگوں کو نہیں بھلائے گا، جنہوں نے ہندوستان میں پہلی دفعہ آزادی کی داغ بیل ڈالی۔

۱۸۵۷ء سے پہلے اجنبی نظام سیاست کی داغ بیل پڑ چکی تھی اور اس وقت آزادی کا بحران زراعت اور زمین کی شکل میں پیدا ہوا تھا، حضرت شاہ عبدالعزیز اور مولانا فضل حق خیرآبادی اور دوسرے [illegible] اس تحریک کے علمبردار تھے کہ زمین صرف خدا کی ہے اور کسان اس کی پیداوار کا مالک ہے، آخر ۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی کا آغاز ہوا اور وہ ہماری ناہموار سیاست کی بنا پر ناکامی پر منتج ہوئی!

اس ناکامی کے بعد مسلمان خاموش ہو کر نہیں بیٹھے، انہوں نے اس ناکامی سے سبق لیا اور اس کی تلافی کے لئے تحریک آزادی کو مختلف ناموں سے چلایا جب جنگ بلقان شروع ہوئی تو مسلمان سہارا پاتے ہی اٹھ کھڑے ہوئے اور اپنی بساط کے مطابق سیاست کی بنیادوں میں آزادی کی اینٹیں نصب کیں اس کے بعد خلافت عثمانیہ کے تحفظ کے لئے تحریک خلافت میں جوش عمل کی روح پھونکی اور اسے گاندھی جی کی قیادت نصیب ہوئی، حقیقت تو یہ ہے کہ اس مذہبی تحریک کو لوگ اور کسی نگاہ سے دیکھیں مگر وہ ہندوستان کی تحریک آزادی کا سنگ بنیاد ثابت ہوئی اور اس نے نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ تمام ہندی قوموں کو متحد کرنے اور مستقبل کا نقشہ بنانے کے قابل بنایا، تحریک خلافت کا نتیجہ تحریک آزادی تھا جسے حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن قدس اللہ سرہ مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور حضرت امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کے عمل جہاد، سرفروشیوں اور قربانیوں نے پروان چڑھایا اور کام کرنے والوں کے لئے راہ صاف کر دی، مولانا ابوالکلام کا اخبار "الہلال" اور جمعیۃ علماء ہند کے شہرہ آفاق بزرگوں کے فتوے سونے پر سہاگے کا کام کر گئے اور ملک میں ایک ایسی جماعت پیدا ہو گئی جو ان کے کاموں کو سنبھالے اور آزادی کی شمع کو لے کر آگے بڑھے خدا کا شکر ہے کہ آج ان بزرگوں کا خواب پورا ہوا اور مہاتما گاندھی کی بے مثال قربانی نے اس پر تصدیق کی مہر لگائی۔

دعا ہے کہ ہماری آزادی حقیقی آزادی ثابت ہو اور ہم کو سیاست کے دوسے نکل کر معاشی معاشرتی اور روحانی آزادی بھی جلد سے جلد نصیب ہو، اور ہندوستان کے باشندوں کو محبت اور رواداری کی زندگی بسر کرنے کا موقعہ ملے۔

قومی زبان

مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کاٹجو بھی گفتار کے دھنی ہیں [illegible]

[illegible] تسلیم کر لینا چاہئے اور یہی زبان ہماری یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم بھی ہو [illegible]

اچھی باتیں!

یحیی الارض - تا تخرجون (پ ۲۱ ع ۵)

اللہ تعالیٰ ہی بے جان سے جان پیدا کرتا ہے اور جانداروں کو بے جان بنا دیتا ہے اور وہی خدا مردہ زمین کو زندگی عطا فرماتا ہے، اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔

بے جان نطفہ اور تخم سے خدا زندگی کو نمودار کرتا ہے اور زندوں کو بے جان بنا کر بے نام و نشان کر دیتا ہے، کیا نہیں دیکھتے کہ مردہ زمین پر جب بارش کے چھینٹے پڑتے ہیں اور زمین میں تازگی پیدا ہوتی ہے تو کیسی سرسبز روئیدگی پیدا ہوتی ہے؛ کہیں درخت ہیں کہیں کھیتیاں ہیں کہیں خودرو پودے ہیں، کہیں خوشے اور پھل ہیں پس جس خدا کو یہ قدرت حاصل ہے کہ مردہ زمین کو زندہ کرکے اس میں نباتات پیدا کر دیتا ہے اسی خدا کو یہ بھی قدرت ہے کہ مردہ انسان کو جو مٹی میں مل چکا ہے از سرنو زندگی عطا کر دے اور اسے حاضر کرکے اس کے اعمال سے باز پرس کرے؛ تخم زمین میں پڑ کر گل جاتا ہے مگر بارش پڑتے ہی اس میں نمو اور حرکت زندگی اور تازگی پیدا ہو جاتی ہے یہی حال انسان کی دوبارہ پیدائش کا ہے کہ گلنے کے بعد پھر زندہ کر دیا جاتا ہے۔

ہالینڈ اور انڈونیشیا کے جھگڑے کی مختصر روداد

(گذشتہ سے پیوستہ)

اس عرصہ میں ہالینڈ نے معاشی ناکہ بندی اور سخت [illegible]

عارضی فیڈرل گورنمنٹ

جمہوریہ انڈونیشیا عارضی فیڈرل حکومت میں شامل ہونے کے [illegible]

نارتھ اٹلانٹک پیکٹ

[illegible]

ہالینڈ اور انڈونیشیا کی یونین

[illegible]

یوگوسلاویہ میں طاعون پھیل گیا

[illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

دہلی کے ناظر سنی مجلس اوقاف نے کل ایشیائی کانفرنس کے نمائندوں کو عصرانہ پر مدعو کیا۔ دہلی کے بڑے بڑے لوگ بھی مدعو تھے [illegible] اخبار والوں کو بھی اس دعوت سے الگ رکھا گیا۔ غالباً ناظر صاحب ایشیائی کانفرنس کی "کیرہ میٹنگوں" کی طرح اس دعوت کو بھی "کیرہ دعوت" رکھنا چاہتے تھے۔ لیکن سیاح کی جسارت دیکھئے اپنی سیاحی کے ذریعہ اس دعوت کی بھی سیاحت کر آیا۔ حرکت گو خلاف قاعدہ تھی لیکن جہاں کھانے پینے کی بات ہو وہاں پہونچنا سیاح اپنا پیدائشی حق سمجھتا ہے۔ آخر دو روٹی کمانے کے لئے ہی تو ہم سب کچھ کرتے ہیں۔

[illegible]

کابل اور افغانستان کے دیگر شہروں میں عید میلاد کی دھوم

اڈیٹر مصر کی روانگی۔ حفظان صحت کے اصولوں پر توجہ

[illegible]

صوبہ جات میں عید میلاد

[illegible]

اڈیٹر مصر کی روانگی

[illegible]

حفظان صحت سے دلچسپی

[illegible]

آسٹریلیا اور اسرائیل کے تعلقات

کینبرا ۲۸ جنوری۔ [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں۔ تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

انتخابات

شہر بہرائچ بہرائچ ۲۸ جنوری۔ الحاج خواجہ صدیق احمد شاہ صاحب رئیس کی زیر صدارت ابتدائی ممبران جمعیۃ علماء کا ایک جلسہ جامعہ عربیہ مسعودیہ نور العلوم میں برائے انتخاب جمعیۃ علماء شہر منعقد ہوا۔ جس میں مندرجہ ذیل حضرات سال رواں کے لئے عہدیداران منتخب ہوئے۔ مولوی فضل حق صاحب صدیقی مہتمم درگاہ شریف صدر۔ الحاج خواجہ صدیق احمد شاہ صاحب نائب صدر۔ منشی محمد اسمٰعیل [illegible] ناظم اعلیٰ۔ منشی محمد حسین [illegible]

حضرت مولانا حمید الدین صاحب۔ خواجہ خلیل احمد شاہ صاحب ضلع کیلئے نمائندہ منتخب ہوئے۔ اور مولانا حمید الدین صاحب خواجہ خلیل احمد شاہ صاحب۔ مولانا سلامت اللہ صاحب۔ منشی محمد علی صاحب مولوی انتقال الحق صاحب۔ منشی عبدالولی خاں صاحب۔ منشی نذیر احمد خاں صاحب۔ مولوی لسان الحق صاحب۔ منشی جلیل الدین صاحب۔ مولوی عابد علی صاحب ماسٹر جلال الدین صاحب ٹیلر۔ حافظ عبدالخالق صاحب۔ حافظ محمد بخش صاحب منشی وجیہ الدین صاحب۔ عبدالرحمان خاں صاحب ٹھیکیدار۔ حاجی محمد ظہور صاحب۔ مرزا سعادت بیگ صاحب۔ مرزا سلطان بیگ صاحب۔ الحاج مولانا احسان الحق صاحب۔ مولوی نور محمد صاحب۔ حافظ محمد نعمان صاحب۔ شیخ غلام محمود صاحب۔ حافظ عبدالعزیز صاحب مجلس عاملہ کے ممبر منتخب ہوئے۔ آخر میں جمعیۃ علماء کے مخلص کارکن چودھری شاہ محمد کی اچانک وفات پر ایک تعزیتی ریزولیوشن پاس کیا گیا۔ جلسہ حضرت مولانا سید حمید الدین صاحب کی دعا پر ختم کیا گیا۔

سمو ضلع اعظم گڑھ [illegible] جمعیۃ علماء سمو [illegible] اعظم گڑھ کے [illegible] کا اجتماع حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں مولانا عبداللطیف صاحب کے مختصر و جامع تقریر فرمانے کے بعد انتخابی کارروائی عمل میں آئی اور [illegible] ارکان منتخب ہوئے جن میں سے پانچ عہدیداران کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔ مولانا حبیب الرحمان صاحب صدر۔ مولانا عبداللطیف صاحب نائب صدر۔ مولانا محمد ایوب صاحب ناظم۔ [illegible] احمد صاحب خازن۔ بقیہ مجلس عاملہ کے ارکان ہیں۔

ضلع بلیا ۲۸ جنوری کو [illegible] صاحب کی صدارت میں مدرسہ مفتاح العلوم بلیا میں ضلع جمعیۃ کا انتخاب ہوا۔ [illegible] مولانا برکت اللہ صاحب صدر [illegible] فضل احمد صاحب ناظم۔ عبدالستار صاحب [illegible] عبدالسبحان صاحب نائب ناظم [illegible] خازن [illegible]

کریم گنج (آسام) ۲۹ دسمبر ۱۹۴۸ء کو زیر صدارت جناب [illegible] صاحب مقامی [illegible] مسجد میں کریم گنج ضلع جمعیۃ علماء کا انتخاب عمل میں آیا۔ [illegible] مولانا محمد [illegible] صدر۔ مولانا عبدالرزاق صاحب [illegible]

تحصیل چندولی ضلع بنارس جمعیۃ علماء تحصیل چندولی کی ایک عام میٹنگ بمقام [illegible] منعقد ہوئی جس میں مندرجہ ذیل عہدیداران منتخب کئے گئے۔ حکیم عبدالسلام صاحب صدر۔ مولوی سراج الحق صاحب [illegible] عبدالرحمن صاحب نائب صدر۔ حاجی عبدالرزاق صاحب ناظم۔ [illegible] خازن [illegible]

نہسارہ [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت جمعیۃ کا پتہ نمبر [illegible] ضرور دیں۔ [illegible] دفتر جمعیۃ علماء [illegible]

مراسلہ

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

منشی رکن الدین ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ناظم نشر و اشاعت منشی عثمان علی خاں خازن منتخب ہوئے۔

مرادآباد میں غلہ کی گرانی

جناب مکرم تسلیم

یہاں پر غلہ کی گرانی دن بدن بڑھتی جارہی ہے اور آج گندم کا بھاؤ ایک روپیہ فی سیر ہوگیا ہے حکومت یوپی اس گرانی اور بلیک مارکٹنگ کی روک تھام کے لئے کچھ نہیں کر رہی اور اسکی وجہ سے غریبوں کو بہت پریشانیوں کا سامنا ہو رہا ہے۔ بعض گھروں میں تو بعض اوقات فاقہ بھی ہو جاتے ہیں۔

آج انگریزی عہد حکومت اور آزادی کے دور میں کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا۔ میں آپ کے اخبار کے ذریعہ حکومت یوپی کی اس طرف فوری توجہ کا خواستگار ہوں۔

(عبدالرشید صدیقی ———— مرادآباد)

[illegible] میں مظفر آباد کے بے نوا [illegible] آپکی امداد اور توجہ کے مستحق ہیں

[illegible] ۲۹ جنوری۔ سیکرٹری صاحب جنرل ریلیف کمیٹی [illegible] دہلی تحریر فرماتے ہیں۔ کہ علاقہ ریاست کی موجودہ حالت سے غالباً تمام اخبار بین طبقہ واقف ہوگا۔ بار بار اخبارات کے ذریعہ سے وہاں کی صورت حال ظاہر ہوتی رہی ہے۔ نیز جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے بھی بار بار حالات کے اپنے اپنے انداز کی حالت اور ان کی امداد کے متعلق اعلان ہوتا رہا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ آج جمعیۃ علماء کی مساعی جمیلہ سے وہاں کے اکثر مظلوم اپنی [illegible] واپس آچکے ہیں۔ [illegible] اس وقت ان تباہ شدہ بستیوں کی [illegible] سردی میں آسمان کے سایہ تلے بے یار و مددگار پڑے ہوئے ہیں [illegible] جمعیۃ علماء کے علاوہ اور دوسری ہمدردی [illegible] لیکن اب بھی وہ اہل خیر حضرات کی پوری توجہ کے مستحق ہیں۔ [illegible] اپیل ہے کہ جلد از جلد ان کی طرف متوجہ ہو کر امداد کریں۔ [illegible] جمعیۃ علماء ہند کی معرفت سے دیا جائے۔

انجمن اسلامیہ ریاست جھابوہ کا انتخاب صدارت

[illegible]

چاند پور میں انجمن اتحاد و ترقی کا قیام

[illegible]

برطانیہ کو اپنے صنعتی ڈھانچہ میں تبدیلی کیلئے تیار رہنا چاہئے

سر اسٹیفورڈ کرپس کی برطانوی دار العوام میں تقریر

لندن ۲۸ جنوری (رائٹر) برطانیہ کے وزیر مالیات سر اسٹیفورڈ کرپس نے کل برطانوی دار العوام میں کہا کہ برطانیہ کو اپنے صنعتی ڈھانچہ میں زبردست تبدیلی کر لینے کے لئے تیار رہنا چاہئے تاکہ یورپین اقتصادی تعاون کے پروگرام میں فٹ ہو سکے۔

سر کرپس نے کہا کہ یورپ کی بحالی کے پروگرام پر نظر ثانی کرنی چاہئے اگر اس کے اجزائے ترکیبی کو [illegible] کرنی پڑیں تو وہ بتدریج آہستہ آہستہ کی جائیں گی۔ [illegible] اقتصادیات پر گفتگو کرتے ہوئے سر کرپس انگلو امریکن اقتصادی تعاون کے معاہدہ کی شرائط کے بارے میں بھی بڑی مفصل تقریر کر رہے تھے۔

آپ نے کہا کہ جو ملک یورپ میں اقتصادی طور پر مضبوط ہیں انہوں نے اپنے کمزور ساتھیوں کی مالی امداد کا وعدہ کر لیا ہے۔ اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ امریکہ سے [illegible] مالک کی امداد کے سلسلے میں [illegible] جائیں۔

برطانوی وزیر مالیات نے کہا کہ برطانیہ کا پانچ سالہ جنگ سے قبل زمانہ کے ایک تہائی برآمد بڑھانا چاہئے اور برآمد میں [illegible] سامنے ہیں جن کو [illegible] ایسا یقین ہے کہ [illegible] بنا دیں گی۔

جمعیۃ علماء کے تحت باشندگان امروہہ کا احتجاج

غلہ کی گرانی پر اظہار تشویش

امروہہ (بذریعہ ڈاک) باشندگان امروہہ کی پریشانی اور مطالبے سے متاثر ہو کر جمعیۃ علماء امروہہ کی طرف سے اعلان کیا گیا کہ غلے کی گرانی حد سے زیادہ بڑھتی جا رہی ہے۔ باشندگان امروہہ پریشان ہیں لہذا عیدگاہ کے میدان میں جلسہ عام کیا جائے گا اور حکومت یوپی سے مطالبہ کیا جائے گا کہ غلے کی گرانی کے متعلق مناسب اقدام کرے۔ حافظ فقیر اللہ صاحب کی صدارت میں [illegible] مولوی عبدالرحمن صاحب رضوی ناظم جمعیۃ علماء امروہہ نے ایک مختصر جامع تقریر غلہ کی گرانی کے متعلق کی اور ایک ریزولیوشن پیش کیا جس کی تائید حکیم نور حسن صاحب اور مفتی حشمت اللہ صاحب [illegible] نے کی۔ حاضرین جلسہ نے بلند آواز سے ریزولیوشن کو منظور فرمایا اور مطالبہ کیا کہ جلد از جلد [illegible] وزیر اعظم یوپی اور وزیر خوراک یوپی کو روانہ کر دی جائے۔

ڈربن میں ہندوستانیوں پر اکا دکا حملے اور ان کی دکانوں کا بائیکاٹ

ملان کے گرگوں کی شیطانی حرکتیں ابھی تک جاری ہیں

ڈربن [illegible] ہندوستانیوں پر [illegible] حملے [illegible] ڈربن کی [illegible] ہندوستانیوں کی دکانوں کا بائیکاٹ [illegible]

[illegible] اطلاع یہ ہے کہ ڈربن میں [illegible] کے افریقیوں نے ہندوستانی دوکانوں کا بائیکاٹ کیا ہے اس سے ہندوستانی دوکانداروں کی تجارت ۵۰ فیصدی کم ہوگئی ہے۔ سازشیں ان لوگوں کا بائیکاٹ کر رہے ہیں [illegible] کی ایک ہندوستانی علاقہ سرکاری حکمہ [illegible] کو اناج کی بڑی مقدار میں سپلائی کرتا ہے۔ جہاں سے سرکاری نقیبوں نے افریقیوں کو اناج دیا جاتا ہے حکومت کے عہدیدار نے کہا کہ افریقی عوام سرکاری گوداموں کی سرپرستی کرنا چاہتے ہیں۔ اور ہندوستانیوں سے مکمل علیحدگی کے خواہاں ہیں۔

تجارت برآمد کی مشاورتی کونسل کا جلسہ

دہلی ۳۰ جنوری۔ توقع ہے کہ تجارت درآمد کی مشاورتی کونسل کی پہلی میٹنگ تو نومبر ۱۹۴۸ء میں سرکار کی مسٹر سی نیوگی وزیر تجارت کے زیر صدارت ۱۹ فروری کو منعقد ہوگی۔ اور اہم معاملات پر غور کرے گی۔

جاجموؤ میں کانگریس کا قیام

جاجمؤ ۲۷ جنوری (بذریعہ ڈاک) جاجمؤ جہاں دس ہزار سے زائد آبادی ہے آج تک یہاں کانگریس کا کوئی دفتر نہ تھا۔ [illegible] منڈل کانگریس کمیٹی کے صدر شری دھرم پال سنگھ جی کی صدارت میں کانگریس کمیٹی کا انتخاب کر کے دفتر قائم کر دیا [illegible]

[illegible] اس جلسہ میں سب سے پہلے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کی گئی۔ [illegible]

راستہ بند کرنیوالوں کیخلاف مہم

دہلی ۳۰ جنوری۔ پولیس نے بتایا ہے کہ راستہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف مہم شروع کر دی ہے اس سلسلے میں آج پولیس نے اجمیری گیٹ سے لیکر نیا بازار کے سرے تک راستہ روکنے کے الزام میں کئی اشخاص کا چالان کیا۔ [illegible]

محلہ قبرستان میں ادبی مشاعرہ

[illegible]

۲۳۵ اشخاص کیلئے ملازمت کا انتظام

دہلی ۳۰ جنوری۔ اسپیشل ایمپلائمنٹ بیورو نے آخری دسمبر تک ۲۳۵ اعلیٰ تعلیم یافتہ شرنارتھیوں [illegible] کا انتظام کیا۔ ان کی تعداد میں وکیل، ڈاکٹر، پروفیسر، اسکول ماسٹر، اخبار نویس، انجینئر، ماہرین فن عمارت، اکاؤنٹنٹ، ماہرین اعداد و شمار، تجارت، اقتصادیات اور سائنس کے گریجویٹ، ماہرین حیوانیات، علم جراثیم کے ماہرین، فیکٹریوں کے منیجر، تکنیکی اور علمی لیاقت رکھنے والے اور انتظامی تجربہ رکھنے والے اشخاص شامل ہیں۔ اس تعداد میں سے ۲۵ اشخاص میں کوئی ۳۳ عورتیں شامل ہیں۔

مجلس عاملہ زرعی تحقیقاتی کونسل کا اجلاس

نئی دہلی ۳۰ جنوری۔ انڈین زرعی تحقیقاتی کونسل کی مجلس انتظامیہ کا اجلاس ۳۱ جنوری اور یکم فروری کو نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔ [illegible] جس میں تمام وزراء زراعت [illegible]

اسی لاکھ جرمن مغربی جرمنی میں داخل ہوگئے

برلن ۲۸ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ چند سالوں کے دوران میں پولینڈ، زیکوسلواکیہ اور یورپ کے دوسرے حصوں سے اسی لاکھ جرمن مغربی جرمنی میں داخل ہو چکے ہیں۔ برطانوی اور امریکی اور فرانسیسی مقبوضہ جرمنی میں اس وقت ۵۰۰۰۰۰ جرمن پناہ گزین ہیں۔ [illegible]

مصری اور یہودی نمائندے روڈس پہنچ گئے

روڈس ۲۸ جنوری۔ مصر اور یہودیوں کے درمیان عارضی صلح کا [illegible]

سامان جنگ کی تیاری میں امریکہ روس کی برابری نہیں کرسکتا

امریکن فضائی اسٹاف کے سابق افسر اعلیٰ ایکر کی تقریر

لاس اینجلز ۲۰ جنوری (رائٹر) امریکہ کے زمانہ جنگ کے فضائی اسٹاف کے افسر اعلیٰ لفٹننٹ جنرل ایکر نے کہا "امریکہ میں روس کا پانچواں کالم موجود ہے اور یہ پانچواں کالم دنیا بھر کے پانچویں کالموں میں سب سے زیادہ مضبوط اور سب سے بڑا ہے۔"

انہوں نے کہا۔ امریکنوں کے اخلاق کو خراب کرنے کے لئے اس سے زیادہ کثرت کے ساتھ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے جتنا کہ چین میں خرچ کیا گیا۔ انہوں نے کہا روس میں سامان جنگ تیار کرنے کی بڑی اہلیت ہے۔

امریکہ میں ہفتہ میں پانچ دن یکم ۴ گھنٹے روزانہ کام کر کے ۱۴ کروڑ کی آبادی کے لئے روس کے برابر سامان جنگ تیار کرنا مشکل ہے جہاں اٹھارہ کروڑ انسان ہفتہ میں چھ دن اور پندرہ گھنٹے روز کام کرتے ہیں۔

ہمیں جنگ کا ایک اور پلان تیار رکھنے کی ضرورت ہے ہمیں عظیم الشان فضائی طاقت سخت کافی بری اور بحری فوج درکار ہے۔ علاوہ ازیں ہم کو بہترین اور سابقہ جنگ کے مقابلہ میں زیادہ تربیت یافتہ لیڈروں کی بھی ضرورت ہے۔

ہندوستان حکومت شرق اردن کو تسلیم کرلے گا

لندن ۲۸ جنوری۔ شرق اردن کے ایک اتالیق وزیر اعظم توفیق پاشا نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ ہندوستان جلدی ہی حکومت شرق اردن کو تسلیم کرے گا مسٹر توفیق پاشا امریکہ کا دورہ کرنے کے بعد واپس شرق اردن جا رہے ہیں آپ شاہ عبداللہ کے نام پنڈت نہرو کا ایک پیغام بھی ساتھ لے جا رہے ہیں۔ آپ نے اس بات کے متعلق اظہار لاعلمی کیا کہ اس پیغام میں کیا لکھا ہے۔

غیر سرکاری حیثیت سے بات چیت کرتے ہوئے آپ نے ان خبروں کی تائید کی کہ شاید امریکہ اس ہفتہ میں حکومت شرق اردن کو تسلیم کرلے۔ (گلوب)

مولانا محفوظ الرحمن صاحب

پارلیمنٹری سکریٹری کا معائنہ

کانپور ۔ (بذریعہ ڈاک) مولانا محفوظ الرحمن صاحب [illegible] معائنہ میں لکھتے ہیں کہ

آج مجھ کو سعادت ہوئی مولانا ظفر محمد صاحب [illegible] کی طلب پر جمعیۃ علماء کانپور کے دفتر میں حاضر ہوا۔ جمعیت کا تحریری کارگزاریوں کی فائلیں بھی دیکھیں حساب کے رجسٹروں پر بھی ایک نظر ڈالی۔ مجھے یہ ظاہر کرتے ہوئے بڑی مسرت ہوتی ہے کہ عام دفاتر کے برخلاف یہاں بہت باقاعدگی ہے۔ رجسٹر صاف اور سرفائل شکیک ہے۔ [illegible] حضرت عبدالعلی بابا مذکور کو توجہ دلائی کہ تحریک ترجمہ قرآن جمعیت کی طرف سے شہر میں شروع کی جائے۔ حضرت محترم نے اس پر بڑی مسرت ظاہر کی اس مبارک کام کو شروع کرنے کے بہت آمادگی دکھلائی اللہ حضرت بابا صاحب قبلہ کو ان کے منہاج بزرگی کی عمر عطا فرمائے۔ تاکہ موجودہ ظلمات دہر میں سکندری کی رہنمائی فرماتے رہیں۔

فیروزآباد کے مزدوروں کی پکار

فیروزآباد (بذریعہ ڈاک) منشی [illegible] نے ایک اپیل مزدوروں اور حکومت سے کی ہے کہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے۔ ایک سال ہمارے دولت مند [illegible] کو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد سے ایسی امید تھی ہم مزدور استفادہ کریں گے [illegible] اور امید پیدا ہوا تھا ہم مزدوروں کا خیال کرنے لگے کارخانہ [illegible] کے دور میں بھی ہر غریب مزدوروں سے ۱۲-۱۲ گھنٹے کام لیتے ہیں [illegible] کہ آج کل کی گرانی میں ہم غریبوں کا [illegible] مزدور ہیں [illegible] غیر [illegible] کہ حکومت ہماری حالت سنبھالنے کی تدبیر کرے اور ہم ہندو مسلم سوال درمیان سے ہٹا دیں ہم سب غریب مزدور ہیں کہ جلد فیروزآباد کے مزدوروں کی حالت سنبھالے جس سے وہ کچھ کر سکیں۔

سلیمانی طلبا کے وظائف

سلیمانی برادری کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انجمن سلیمانیہ اور سلیمانی طلبہ کی جماعت سلیمانی اسٹوڈنٹس فیڈریشن نے جو حکومت یوپی سے درخواست کی تھی کہ اس برادری کے طلباء کو بھی وظائف دئیے جائیں۔ حکومت نے اس کو منظور فرمالیا ہے۔ اور حضور مولانا محفوظ الرحمن صاحب پارلیمنٹری سکریٹری نے از راہ شفقت ارشاد فرمایا ہے کہ سلیمانی طلباء کی درخواستیں دی جائیں۔ لہذا پورے سلیمانی برادری کے طالب علموں کو فوراً اپنی درخواستیں مع اپنے مقامات نام معہ کلاس اسکول مجھے ارسال کر دیں۔

وحید اسلم سلیمانی۔ جنرل سکریٹری آل انڈیا سلیمانی اسٹوڈنٹس فیڈریشن۔ مغل پورہ دوم۔ مرادآباد

حضرت شفیق جونپوری کو صدمۂ عظیم

یوپی کے مشہور خوش فکر شاعر حضرت شفیق جونپوری کے اکلوتے نوجوان اور ہونہار صاحبزادے عزیزی صلاح الدین [illegible] سال دو ماہ کی عمر میں [illegible] ۲۸ سال کی عمر [illegible] انا للہ وانا الیہ راجعون

پیام ادب کا تعزیتی جلسہ

بنارس (بذریعہ ڈاک) ۲۳ جنوری۔ انجمن پیام ادب کی ایک مجلس [illegible] کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ [illegible] شعرائے کرام نے خراج عقیدت پیش کیا اور دو منٹ کی خاموشی کے بعد ایک قرارداد منظور ہوئی۔

حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنیکا مسئلہ

لندن ۲۸ جنوری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آئندہ چند دنوں کے دوران میں حکومت برطانیہ کو فلسطین کے اسرائیل ہندوستان پاکستان اور آسٹریلیا کی طرف سے جواب موصول ہو جائے گا۔ [illegible] حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنے [illegible]

انجمن طبیہ بنارس کا احتجاج

بنارس (بذریعہ ڈاک) انجمن طبیہ نے ایک قرارداد پاس کی ہے کہ [illegible] اجلاس حکومت یوپی کے اس فیصلہ پر صدائے احتجاج بلند کرتا ہے جو اس نے طبیبوں اور ویدوں کے رجسٹریشن کے سلسلے میں [illegible]

اردو مجلس امروہہ کا تعزیتی جلسہ

امروہہ (بذریعہ ڈاک) اردو مجلس کی مجلس عاملہ کا جلسہ [illegible] مرحوم کی وفات پر حسرت آیات پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور ان کی وفات کو ایک ریزولیوشن میں ہندوستان کا بالخصوص اہل ادب کا ناقابل تلافی نقصان کہا گیا۔

یورپ کے یہودیوں کی بابت

پناہ گزینوں کے عالمی ادارہ کی تجویز

جنیوا ۲۱ جنوری (رائٹر) خیال کیا جاتا ہے کہ برطانیہ نے پناہ گزینوں کے بین الاقوامی ادارہ کی اس تجویز کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے کہ یورپ کے [illegible] یہودیوں کی [illegible]

مشرق بعید کمیشن کو نظر انداز کیا جارہا ہے

امریکہ پر واشنگٹن کے روسی سفیر کا الزام

واشنگٹن ۲۹ جنوری (رائٹر) امریکہ میں روسی سفیر الکزنڈر پانیوشکن نے امریکہ پر جاپان کی انتظامیات کے سلسلہ میں مشرق بعید کمیشن کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ [illegible]

دار السلطنت

۲۹ جنوری

عین موقعہ پر چور گرفتار

اسٹیشن پر ایک سپاہی کا اسٹ کیس لے کر بھاگنے کی کوشش کرتا ہوا ایک نوجوان آدمی گرفتار کر لیا گیا۔ سپاہی ریل کے انتظار میں کھڑا تھا۔ چور کو پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

دہلی کی عدالتوں میں

مسٹر رام پرکاش بھگت کی عدالت میں آج کل آئرن کرٹین فلم کی نمائش پر مظاہرہ کرنے والوں کا مقدمہ پھر پیش ہوا۔ وکلائے صفائی نے اپنی دلائل کا بیان ختم کر دیا مقدمہ پھر کے لئے ملتوی کر دیا گیا جب فیصلہ سنایا جائے گا۔

دیوان رام سروپ مجسٹریٹ درجہ اول نے آج ایک شخص کو اس جرم میں ایک سال کی سزائے قید کا حکم سنایا کہ اس نے اپنے [illegible] کو چھری کی [illegible] سے زخمی کر دیا۔

مسٹر مہر پرکاش بھٹ نے چار اشخاص کو جائز شراب رکھنے کے الزام میں ۲۵ روپئے سے ۵۰ روپئے جرمانہ تک کی سزا دی گئی۔

اسی عدالت سے ایک دھوبی کو اس جرم میں ۶ ماہ کی قید سخت کی سزا دی گئی کہ اس نے اپنے ایک مالک کی گھڑی رکھ لی [illegible]

قلی سامان لیکر بھاگ گیا

دہلی ریلوے اسٹیشن کا ایک قلی ایک مسافر کا سامان لے کر بھاگ گیا۔ سامان کی الیت کا اندازہ ساڑھے چار ہزار روپئے لگایا جاتا ہے پولیس کو اطلاع دیدی گئی ہے۔

چار ہزار نئے ٹیلیفون

سال رواں میں دہلی میں چار ہزار نئے ٹیلیفون لگائے جائینگے اس طرح ٹیلیفون کی تعداد تیرہ ہزار ہو جائے گی۔ اگلے تین ماہ میں دو سو ٹیلیفون فی ماہ کے حساب سے لگائے جائیں گے۔

گاندھی جی کے مجسمہ کی نقاب کشائی

دہلی کے اقتصادیات کے اسکول میں گاندھی جی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کی رسم مسٹر گاڈگل وزیر تعمیرات نے ادا کی۔ گاندھی جی اقتصادیات کے اصولوں پر روشنی ڈالی۔ یہ تقریب کل شام کو عمل میں آئی تھی۔

دھوکہ دہی کی واردات

ایک شخص نے دھوکہ دہی کی ایک واردات کی اطلاع پولیس کو دی۔ ایک شخص نے ظاہر کرتے ہوئے اس کو ٹرین کا ٹکٹ دکھایا کہ [illegible] اس کے [illegible] میں لگا کر اس کا ٹکٹ اپنے ٹکٹ سے بدل لیا اور بعد میں بڑے کا ٹکٹ [illegible] گاندھی نے اس کی یہ حرکت دیکھ لی اور اس کو حوالہ پولیس کر دیا۔

یوپی اور بہار کے حکام کی کانفرنس

سرحدی جرائم کی روک تھام پر گفت و شنید

لکھنؤ ۲۸ جنوری۔ یوپی اور بہار کے حکام کی ایک کانفرنس سرحدی جرائم کی روک تھام کے لئے [illegible] میں منعقد ہوئی [illegible] دونوں صوبوں کے سرحدی اضلاع میں ہونے والے جرائم کا سدباب کیا جائے۔ یوپی کے انسپکٹر جنرل پولیس [illegible] اضلاع اعظم گڑھ، گورکھپور، غازی پور، بلیا، دیوریا اور کلکٹر بنارس [illegible] شریک ہوئے [illegible]

لیڈی ماؤنٹ بیٹن آرہی ہیں

دہلی ۲۹ جنوری۔ [illegible] لیڈی ماؤنٹ بیٹن بذریعہ ہوائی جہاز لندن سے دہلی آرہی ہیں وہ پنڈت نہرو کی مہمان ہوں گی۔ ان کے استقبال کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ خیال ہے کہ وہ پنڈت نہرو کی دعوت پر ہندوستان آرہی ہیں [illegible] چار ہفتے ہندوستان میں قیام کریں گی اور شاید [illegible] بھی جائیں گی۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی غلہ مارکیٹ

گوار سفید ۰-۸-۱۱۔ چھلکا چنا ۰-۲۴۔ مسور ۰-۱۵۔ تارا میرا ۰-۸-۱۸۔ سرسوں ۰-۲۶۔ تل سفید ۰-۳۳۔ نمک کھیرا ۰-۸-۰-۵۔ کھل سرسوں ۰-۹۔ تیل سرسوں ۰-۹۱۔ تیل مونگ پھلی ۰-۶۱۔ تیل گرد ۰-۸۳۔ باردانہ لال دھاری ۰-۱۱۷۔ کالی دھاری ۰-۱۴۲۔ گڑ ۰-۱۱۔ شکر ۰-۱۲۔ ستی ۰-۵۲۔ مونگ ۰-۲۰۔ اُڑد ۰-۹۔ کھانڈ ۰-۲۹۔ مونگ پھلی ۰-۸-۱۹

دہلی کا بازار صرافہ

سونا پانسہ ۰-۱۱۸۔ سونا بھٹو ۰-۱۱۸۔ ستارا ۰-۱۱۱۔ پونڈ ۰-۲-۷۵۔ چاندی ۰-۵-۱۸

دہلی کا کریانہ مارکیٹ

کشمکش ۰/۵۱۔ آلو بخارا ۰/۷۰ تا ۹۰۔ چلغوزہ کچا ۰/۸۵۔ لیپ ۰/۲/۵۔ کالی مرچ ۰/۱۵۲۔ دار چینی ۳/۳۶۔ لونگ ۰/۴۶۔ بادام گرل کاغذی ۰/۵۳۔ کاغذی ۰/۹۰۔ زیرہ سفید ۰/۵۷ تا ۹/۰۔ کاسنک ڈلا ۳۱/۲/۰۔ تیل ۳۶/۰۔ تیل ۸۵/۰ روپے

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گرد کرچین ۰/۵۷۔ تیل مونگ پھلی ۰/۶۱۔ کاسٹک ڈلا ۰/۳۱۔ تیل ارنڈی ۰/۵۲۔ تیل لہرہ ۰/۶۲۔ سنک ۰/۳۸

چندوسی مارکیٹ

گندم ۰/۰/۲۷۔ چنے ۰/۱۵۔ اُڑد ۴/۱۸۔ دال اڑد ۰/۲۶۔ مونگ ۱۲/۱۸۔ السی ۲/۲۰۔ تیل السی ۱۲/۸۔ کھل السی ۰/۸۰۔ گڑ ۸/۱۱۔ سرسوں ۰/۲۸۔ بنولہ دیسی ۰/۱۵۔ کھانڈ دیسی ۳/۱ تا ۳۲/۔ روئی کانٹھیں ۰/۴ تا ۰/۴۲۔ روئی لوہے ۰/۳۳/۸۔ آلو ۰/۱۲

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ۲۹۔ ۲۴۔ چنا ۸۔ ۱۴۔ جو ۱۲۔ ۱۵۔ بجھڑ ۱۴۔ مکی ۸۔ ۱۵۔ باجرا ۲۔ ۱۶۔ جوار ۱۲۔ گوار ۱۱۔ ۸۔ مٹر ۱۰۔ ۱۲۔ ارہر ۲۔ ۱۳۔ اڑد ۱۸۔ مونگ ۲۱۔ ۲۰۔ مسور ۱۵۔ ۱۶ [illegible]

کانپور مارکیٹ

چاندی ریدی ۱۰۵۔ چاندی تیار ۱۰۵۔ سونا پانسہ ۱۱۶۔ سونا پالم ریدی ۱۱۸ [illegible]

بمبئی مارکیٹ

چاندی تیار ۱۲۰۔ سونا تیار ۱۱۸۔ اشرفی [illegible]۔ روئی [illegible]

ہند اور افغانستان کے مابین تجارتی گفت و شنید

افغان تجارتی ڈیلی گیشن آج نئی دہلی پہونچ رہا ہے

نئی دہلی ۲۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کا ایک تجارتی وفد آج نئی دہلی پہونچ رہا ہے۔ وفد دونوں ملکوں کے مابین دوست نو تجارتی معاہدے کے متعلق آخری بات چیت اور معاہدے کا مسودہ تیار کرنے میں امداد دے گا۔ اس کے علاوہ ہندوستان سے افغانستان کے لئے مزید کپڑا حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔

مزید پتہ چلا ہے کہ افغانستان ہندسے ہر سال ۵ کروڑ گز کپڑا درآمد کرنا چاہتا ہے اس وقت وہ ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ گز کپڑا حاصل کر رہا ہے اور اس کی کل ضرورت ۱۰ کروڑ گز ہے۔ کہا جاتا ہے کہ نئی مشکلات کے باوجود ہند افغانستان کے لئے کپڑے کے کوٹے میں اس سال ایک کروڑ گز کا اضافہ کرے گا اور پھر آہستہ آہستہ کوٹہ بڑھایا جائے گا۔ اس کے عوض افغانستان کپڑے کی پیداوار بڑھانے میں ہند کی امداد کرنے کے لئے مکانات خام اشیا مہیا کیا کرے گا اس سلسلے میں ہند سے چار آدمیوں کا ایک تجارتی وفد گذشتہ اکتوبر میں افغانستان گیا تھا۔ اور افغانستان کو اپنا وفد ہند بھیجنے کی دعوت دے آیا تھا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ وفد کے ساتھ افغانستان کے خشک پھلوں کی ہندمیں درآمد پر محصول وغیرہ کے بارے میں بات چیت کی جائے گی۔

مزید اطلاع ملی ہے کہ افغانستان ہندوستان سے کپڑے کی بجائے دیگر اشیا بھی منگائے گا (اے پی)

افریقہ کے لئے "ہولی ووڈ"

لندن ۲۸ جنوری۔ اگر دس نوجوان برطانوی فلم سازوں کی کوششیں کامیاب ہوگئیں تو عنقریب افریقہ میں اسٹوڈیو قائم ہو جائے گا۔ یہ نوجوان مشرقی افریقہ کو جا رہے اور افریقہ کے باشندوں کو فلمیں بنانے کا کام سکھائیں گے یہ فلمیں مقامی زبان میں تیار کی جائیں گی۔ اور انہوں ان مقامی باشندوں کو جنہوں نے سینما کا کبھی نام بھی نہیں سنا دکھائی جائیں گی۔ یہ سب کچھ افریقہ کے باشندوں کو تعلیم دینے کے سلسلے میں جو سکیم تیار کی گئی ہے کا ایک حصہ ہے۔ (گلوب)

پانی کا بھی راشن ہوگیا

احمدآباد ۲۸ جنوری ضلع احمد آباد کے قحط زدہ علاقہ بھل میں جو اس خطہ زمین میں سب سے زیادہ گندم پیدا کرنے والا اور زرخیزی کے لئے مشہور ہے پینے کے پانی کا راشن کر دیا گیا۔ پانی فی گیلن فی روز فی کس کے حساب سے دیا جا رہا ہے۔

سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ اس علاقہ کے آٹھ دیہات راشننگ کی اسکیم کے ماتحت ہیں اور لوگوں کو جلد ہی کسی دوسری جگہ جانا پڑے گا۔ (اے پی)

پاکستان پلاننگ بورڈ کی میٹنگ

کراچی ۲۹ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان پلاننگ ایڈوائزری کمیٹی کی پہلی میٹنگ وزیر اعظم پاکستان جس کے چیئرمین ہیں اور ڈاکٹر نذیر احمد سیکرٹری یکم فروری کو منعقد ہوگی بورڈ میں صوبائی اور مرکزی وزراء اور سیکرٹری پاکستان میں شامل ہونے والی ریاستوں کے نمائندے تاجر دل کارخانہ داروں اور بنکوں کے نمائندے شامل ہیں۔

بورڈ کا کام پاکستان کے تمام علاقوں میں تمام اسکیموں پر یک وقت اور باقاعدہ عمل درآمد کرنا حکومت کو مشورہ دینا تمام اسکیموں کی ترقی اور عملی کارروائی پر نظر رکھنا اور حکومت کو باخبر کرنا عوام کے سامنے لانا اور ان کا تعاون حاصل کرنا ہوگا۔

جوا کھیلتے ہوئے میونسپل کمشنر گرفتار

مرادآباد ۲۸ جنوری۔ ایک میونسپل کمشنر مع اپنے ۲۲ ساتھیوں کے جوا کھیلتے ہوئے جواریوں کے ایک اڈہ سے گرفتار ہوا۔ موقع پر پولیس نے بارہ سو روپے بھی برآمد کئے گرفتار شدگان کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا جس نے ہر شخص پر چالیس چالیس روپے جرمانہ کیا۔

رائل سورن کی واپسی

لندن ۲۸ جنوری۔ میں ہزار ٹن وزنی جنگی جہاز رائل سورن جو جنگ کے زمانہ میں روس کو عارضی استعمال کے لئے دیا تھا آج مرمنسک کی بندرگاہ سے لنگر اٹھائے گا یہ جہاز روس اب برطانیہ کو واپس کر رہا ہے۔

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھائیے

برص اور کوڑھ کا مکمل علاج

درویشی رجسٹرڈ ایک کامل دوائی کا مجرب نسخہ ہے۔ برص کوڑھ سنبھری کا جادو اثر علاج ہے سالہا سال کے پرانے مریض اس سے ابتک سیکڑوں کی تعداد میں صحت یاب ہو چکے ہیں اس کا اثر اکیس روز میں قطعی طور پر ظاہر ہوتا ہے چار سے ۶ ماہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے دریافت طلب امور کیلئے ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی نمبر ۶ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

بلا استاد ہندی سکھانیوالی کتاب

معلم ہندی

دہلی کے مشہور طبیب جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب نے اس کتاب میں ہندی سیکھنے کے اس قدر آسان اور عام فہم طریقے بیان کئے ہیں کہ اردو جاننے والے اصحاب چند روز میں ہی بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتے ہیں ملک کے نامور ہندو مسلم سکھ عالموں نے اس کتاب پر بہترین خیالات کا اظہار کیا ہے قیمت فی کتاب دس آنہ۔ پانچ کتب کے خریداروں کو محصول ڈاک معاف۔ ۵ کتب کے خریداروں کو ۲۵ فی صدی اور کمیشن کت خریداروں کو ۳۳ فی صدی کمیشن دیا جاتا ہے۔ نسخہ طلب کر تم پیشگی ارسال کی جائے۔ محصول علاوہ ہوگا

ملنے کا پتہ

جنرل منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس ۱۵۲۸ دہلی

دنیا کا شہنشاہ

آجکل روپیہ ہی دنیا کا شہنشاہ اور دیوتا ہے۔ روپیہ بہر زمانہ حسینوں کو پھنسانے والا ہے۔ غریب سے دنیا نفرت کرتی اور اس کی خوبیاں بھی عیب بن جاتی ہیں اپنے مالی حالات کو بہتر بنانے کے لئے نئے کاروبار کرنے یا موجودہ کاروبار کو بڑھانے کے لئے ماہنامہ روز گار مطالعہ کریں۔ اس کا ہر ایک مضمون ایک ہزاروں روپیہ کا فائدہ پہنچا سکتا اور آپ کی قسمت بدل سکتا ہے گذشتہ بارہ سال سے ہزاروں تعلیم یافتہ اسکے مطالعہ سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ سالانہ چندہ چار روپیہ۔ نمونہ مفت۔

رسالہ روزگار (5) نئی دہلی

بے مثل گولیاں

عرق النساء بار یا ٹکن کا درد انسان کو اپاہج اور بیکار کر دیتا ہے اور تمام ریاحی درد اور بواسیر بادی کے لئے اکسیر ہیں۔ بے شمار مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ قیمت پورا کورس ۴۰ روز کے لئے چھ روپے بذریعہ وی پی ۔

نگینہ فارمیسی نگینہ ضلع بجنور۔ یوپی

ذرا سوچ.... کر جواب دیجئے

[illegible] اسلامی کتابیں [illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند [illegible] دواخانہ ہے۔ مجھ کو اس کی پیٹنٹ مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو معالجہ کرنے کی بارہا نوبت آئی [illegible] مجربات ہیں۔ [illegible] حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا انصاری دہلوی وغیرہ [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ضرورت مند حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر جلیہ [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

جوہر ذیابطیس [illegible]

روغن تریاقی [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

حب جریان [illegible]

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ۔ دیوبند ضلع سہارنپور۔ یوپی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ،، ،، ،، ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ،، ،، ،، ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

نئے پروگرام نے شہر بھر میں تہلکہ مچادیا۔ تمام آئٹم نئے رنگ نئے انداز میں

وائٹ وے سرکس

پریڈ گراؤنڈ۔ نزد لال قلعہ

روزانہ ۳ بجے اور ۹ بجے

اتوار کو خاص سپیشل شو ۱۲ بجے دوپہر

(BESTANSO) [illegible]

WHITE WAY
CIRCUS

نوٹ: [illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۲ ربیع الثانی ۱۳۶۸ ہجری مطابق ۲ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

نیویارک میں گاندھی جی کی برسی

پروفیسر وسیرو تھام کی تقریر

نیویارک۔ ۳۱ جنوری۔ پروفیسر وسیرو تھام نے یہاں گاندھی جی کی برسی کے سلسلہ میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا اگر گاندھی جی کا دور قومی تھا تو پنڈت نہرو کا دور بین الاقوامی ہے۔ بین الاقوامی سیاست میں ہندوستان کی اہمیت بڑھتی جا رہی ہے۔ جنوب مشرقی ایشیا کی نگاہیں ہند کی (باقی دوسری طرف)

(نیویارک میں گاندھی جی کی برسی کا بقیہ)

طرف ہیں ما لیفیا تاریخ کے حساب سے پرانی ہو سکتی ہے لیکن ہماری روح جوان ہے اسی میں نئی زندگی ہے۔ دنیا کی کوئی طاقت اس کو غلام نہیں رکھ سکتی۔ وہ عنقریب وہ مقام حاصل کرنے والا ہے جو قسمت نے اس کے لئے مقدر کیا ہے۔ پروفیسر صاحب نے یہ تقریر یونین تھیولوجیکل میں کی۔ جس میں سامعین حاضرہ کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مہاتما گاندھی کے بعد سے ہندوستان کے حالات کا جائزہ لیا اور اس پر تبصرہ کیا۔

چینی عوام نے حکومت سے بغاوت کر دی کمیونسٹوں سے علیحدہ صلح کی گفت وشنید

کمیونسٹوں کی طرف سے عوامی وفد کا پرتپاک استقبال

شنگھائی نانکنگ علاقہ کیلئے علیحدہ صلح کا معاہدہ

شنگھائی ۱ فروری۔ چین کے عوام کی طرف سے ایک وفد کمیونسٹوں سے صلح کی گفت وشنید کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے کمیونسٹ لیڈر جنرل یہہ چن ینگ نے اس وفد کے استقبال کے لئے چند لوگوں کو بھیجا ہے۔

سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ کمیونسٹ اس بات کو پسند کریں گے کہ عوام کے نمائندوں سے صلح کی گفت وشنید کریں۔ حکومت کے نمائندوں سے گفت وشنید کرنے کو پسند نہیں کریں گے۔ کمیونسٹوں کے ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ وہ نانکنگ کے لئے ایک علیحدہ صلح کا معاہدہ تیار کر رہے ہیں جس میں بڑے شہروں کے لئے ایک نمونہ ہوگا جو کمیونسٹ حکومت کے ماتحت ہوں گے۔

روس کی طرف سے امریکہ برطانیہ اور فرانس کو امن کی پیشکش

مارشل اسٹالن صدر ٹرومین سے ملاقات کرنے کو تیار ہیں

امریکہ کے سیاسی حلقے اس کو بھی شرارت ہی کہہ رہے ہیں

ماسکو ۳۱ جنوری۔ مارشل اسٹالن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ روس امریکہ کے ساتھ جنگ کو غیر قانونی قرار دینے کے لئے تیار ہے۔ مارشل نے یہ بھی کہا کہ ایک معاہدہ مرتب کرنے کے لئے صدر ٹرومین سے ملاقات کرنے کو تیار ہوں۔

اسٹالن: فطرتاً روس کو اس کے لئے تیار ہونا چاہئے کہ وہ امریکہ کے ساتھ تمام ان اقدامات میں تعاون کرے جو امن اور تدریجی غیر مسلح ہونے کی پالیسی پر مبنی ہوں۔

سوال: اگر امریکہ، برطانیہ اور فرانس اس پر تیار ہو جائیں کہ وہ مغربی جرمنی کی حکومت کے قیام کو ملتوی کر دیں تو کیا روس مغربی جرمنی اور برلن کے درمیان آمد و رفت اور رسل و رسائل پر سے پابندی اٹھانے کو تیار ہو جائے گا۔

اگرتالہ میں مظاہرین پر پولیس کی فائرنگ

کلکرانی کو رہا کر دیا گیا

جوناگڈھ کا نیا منتظم

ہمیں مہاتما گاندھی کے اصولوں پر چلنا چاہئے

ہند اور دنیا بھر میں گاندھی جی کی برسی کی تفصیلات

دہلی ۳۰ جنوری۔ کل گاندھی جی کی پہلی برسی کے موقع پر ہندوستان کے طول و عرض میں خاص پروگرام کیا گیا۔ بازاروں میں ہڑتال رہی جلوس نکلے جلسے کئے گئے اور گاندھی جی کے دل پسند بھجن گائے گئے۔

پٹنہ — **کلکتہ** — **ٹرچی** — **شملہ** — **دہلی** — **حیدرآباد** — **امرتسر**

حکومت پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گی

محکمہ خارجہ کی طرف سے پریس نوٹ میں اعلان

کراچی ۳۱ جنوری۔ حکومت پاکستان کے خیال میں حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنا ...

ریاست بھوپال کی سیاست کی نئی کروٹ۔ کانگریسی وزارت نے استعفیٰ دے دیا

نواب بھوپال کے نام وزیر اعظم پنڈت چتر نرائن کا خط

ریاست میں امن وشانتی کی فضا پیدا کرنے کا اعلان

بھوپال کانگرس کمیٹی کے خلاف مدھیہ بھارت کانگرس کا فیصلہ

نیویارک اور واشنگٹن میں گاندھی جی کی یادگار

گاندھی جی کی برسی کے موقع پر مسٹر جے ... کا اعلان

بیسین میں فوج اور کرین باغیوں میں دست بدست جنگ

شہر کا بیشتر حصہ آگ کی نذر۔ کرین لیڈروں اور وزیر اعظم میں ملاقات

کمیونسٹ حکومت چین کو مرعوب کرنا چاہتے ہیں

صدر چین کا نمائندہ کمیونسٹوں کا جواب لیکر آگیا

لکھنؤ یونیورسٹی کی سیمین جوبلی کی شاندار تقریب

پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کو اعزازی ڈگریاں

گورنر یوپی مسز نائیڈو کے دلچسپ اشارات

لکھنؤ ۲۹ جنوری۔ لکھنؤ یونیورسٹی کے ایک خاص کنووکیشن میں یونیورسٹی کی سیمین جوبلی منائی گئی اجتماع میں ہزاروں سے زیادہ آدمی شامل تھے۔ ہندوستان اور غیر ملکی یونیورسٹیوں نے خاص طور پر اس جوبلی کی تقریب میں نمائندے بھیجے تھے۔

پنڈت نہرو جب کھڑے ہوئے تو پرجوش تالیوں سے آپ کا استقبال کیا گیا اور آپ کو ایک انسانیت نواز بین الاقوامی مدبر کے نام سے موسوم کیا گیا۔

کشمیر میں استصواب کے منتظم کا نام

اقوام متحدہ کے جنرل سکرٹری کی طرف سے ناموں کی فہرست

لیگ کو پھر سے زندہ کرنے کی کوشش

افغانستان کے تجارتی وفد کی آمد

ڈاکٹر دادو کی طرف سے ملایا سے ہندوستانیوں کو نکالنے کا الزام

پروفیسر ہیرلڈ لاسکی پنڈت نہرو سے یہودیوں کی حمایت کے طالب ہیں

گاندھی جی کی برسی

ٹریفک کے سپرنٹنڈنٹ کا اعلان

حیدرآباد کا پروگرام

حکومت مدراس کا اعلان

حکومت بمبئی کا فیصلہ

آل انڈیا ریڈیو کا پروگرام

مولانا آزاد کلکتہ میں

کمانڈر انچیف پونہ میں

پونہ۔ ۲۹ جنوری۔ جنرل کری اپّا پونہ آئے تو ہوائی اڈہ پر لفٹنٹ جنرل راجندر سنگھ جی اور دوسرے فوجی افسران نے ان کا استقبال کیا وہ اتوار تک پونہ میں قیام کریں گے۔

برما میں کرین باغیوں نے مشہور بندرگاہ بیسین پر قبضہ کر لیا

شمالی اور جنوبی برما کی آمد ورفت اور رسل و رسائل منقطع

بیسین میں لمبے محاذ پر خونخوار جنگ

رنگون ۲۹ جنوری۔ حکومت برما کے ایک نمائندے نے کہا ہے کہ کرین قبیلے کے باغیوں نے بندرگاہ بیسین پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ بندرگاہ رنگون سے ۹۰ میل مغرب میں ہے۔

مولانا آزاد کی تقریر

(صفحہ اول سے آگے)

فرقہ وارانہ مسئلہ

چین کی جنگ

(صفحہ اول سے آگے)

کمیونسٹوں کی والا کہ فوج

مشرقی پنجاب کے لیڈروں کے بیان

(صفحہ اول سے آگے)

انسانی زندگی میں عجیب و غریب انقلاب

۸۰ سال کا بڈھا اور ۲۰ برس کا جوان

مردانہ کورس

والاس فارمیسی (D.A) فراش خانہ دہلی

ٹیلیفون نمبر ۵۰۷۱ تار کا پتہ: کلوریم دہلی

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ

قائم شدہ ۱۹۲۳ء

آنکھوں کی تمام بیماریوں کو شفا دینے کے لئے اکسیر اعظم ہے

مفصل معلومات کے لئے "پرل کلوریم گائیڈ" مفت طلب کریں

منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ کارونیشن بلڈنگ چوک فتحپوری (A - L. J) چاندنی چوک دہلی

جائداد کے تبادلہ یا فروختگی کے لئے

سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ آپ

آزاد ہندوستان کے سیلنگ ایجنٹ لطیف احمد انصاری علیگ

سے ملئے اور یا خط وکتابت کیجئے

عزیز منزل محلہ میر کوٹ سہارنپور۔

آزاد ہندوستان فائونڈ کمپنی محلہ چوک بازوران

تبادلہ و فروختگی جائداد کیلئے

منیجر میسرز دھرمپال چڈا اینڈ سنز پراپرٹی ڈیلرز

۲۵ فتحپوری۔ دہلی (انڈیا یا پاکستان)

اگر میرے زبان ہوتی...

تو میں بتا سکتی کہ میں عورتوں کی دوست ہوں۔

لیکوشل

موہن لال کیمیکل کمپنی پوسٹ بکس ۱۴۸ دہلی

دہلی میں خالی مکانات

اور پاکستان وہندوستان کی غیر منقولہ جائداد کے تبادلے اور فروخت کے لئے ہماری خدمات حاصل کیجئے۔

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ بلیماران دہلی

گاندھی جی کا جلایا ہوا چراغ ہمیشہ روشنی دیتا رہے گا

باپو کی پہلی برسی پر ہندوستان اور دنیا کے بڑے آدمیوں کے پیغام

دہلی ۳۰ جنوری۔ [illegible] کی برسی کے موقعہ پر نہ صرف مملکت کے طول و عرض سے بلکہ بیرونی ممالک سے بھی پیغام [illegible] پیغام بھیجنے والوں میں [illegible] پاکستان کے وزیر خارجہ اور گورنر جنرل اور دیگر [illegible] شخصیتیں شامل ہیں۔

اس کے بعد [illegible] پیغام میں [illegible] کی بہترین شخصیت [illegible] ان کا قول [illegible]

ہند و پاکستان کے تعلقات مضبوط ہوں

گاندھی جی کی برسی پر ظفر اللہ کا پیغام

دہلی۔ سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان نے گاندھی جی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے۔ اگر مسٹر گاندھی کو زیادہ عرصہ زندہ رہنے کا موقعہ ملتا تو ہندوستان اور پاکستان میں زیادہ بہتر تعلقات قائم ہو جاتے۔ تمام دنیا جانتی ہے کہ تقسیم ہند کے بعد [illegible] بہتر تعلقات پیدا کرنا چاہتے تھے۔ [illegible] کی فضا پیدا کرنے [illegible] مسٹر گاندھی کی [illegible] سخت صدمہ تھا۔ ہند کے لیڈروں نے سخت مشکلات کے باوجود گذشتہ سال گاندھی جی کے طریقوں پر چلنے کی کوشش کی ہے اور میرا یقین ہے کہ ہندوستان اور پاکستان میں اس بات کی خواہش ہے کہ جو اختلافات دونوں ممالک کے درمیان موجود ہیں ان کا تصفیہ ہو جائے اور دوستانہ تعلقات قائم ہوں۔ دونوں ممالک اپنے اور دوسری مملکت کے عوام کی خوشحالی کے لئے [illegible] تعاون کر سکیں۔

مسٹر منگل داس پکواسا گورنر [illegible] مسٹر منگل داس پکواسا نے پیغام میں کہا ہے۔ اگر ہند کو آزادی قائم رکھنی ہے تو اس مقصد کے لئے گاندھی جی کا دکھایا ہوا راستہ ہی اختیار کرنا ضروری ہے۔

مسٹر آر۔ آر۔ دیواکر [illegible] تاریخ کا عجیب واقعہ ہے کہ گاندھی جی ابھی اپنے پیروؤں کے ہاتھوں ہلاک ہوئے۔ انہوں نے ہمیں پیغام [illegible] آج ہمارے درمیان نہیں لیکن نوع انسان کی محبت اور [illegible]

مسٹر کھیر بمبئی میں ایک بیان میں مسٹر کھیر نے کہا ہے۔ گاندھی جی کی تعلیمات میں سب سے زیادہ اہمیت سچائی، عدم تشدد اور محبت کی ہے۔ [illegible]

مسٹر مہتاب اڑیسہ کے وزیر اعظم مسٹر ہرے کرشن مہتاب نے ایک نشری تقریر میں کہا۔ گاندھی جی [illegible] ان کی عظمت اور [illegible] کا صحیح فیصلہ کریں گی۔

میجر جنرل چودھری میجر جنرل چودھری فوجی گورنر جنرل نے ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے کہا گاندھی جی کو بہترین خراج تحسین یہی ہے کہ ان کی تعلیمات کو ہم سامنے رکھیں [illegible] سچائی اور عدم تشدد کے [illegible] کوشش کریں۔ آخری فتح حق کی ہوگی۔

جان ڈی کری مسٹر جان ڈی کری نے گاندھی جی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا۔ [illegible]

نواب زین یار جنگ نواب صاحب نے کہا [illegible] ایک عظیم شخصیت کو خراج [illegible]

گاندھی جی کا مشن محبت تھا اسے پورا کیجئے

گورنر جنرل اور دوسرے رہنماؤں کے خیالات

الہ آباد ۳۱ جنوری۔ ہم نے آنجہانی کی چتا کو آسمان کی طرف جاتے دیکھا ہے [illegible] ہمارے [illegible] آسمان کی طرف دیکھتے [illegible]

اس مضمون کے الفاظ آج کے ہر [illegible] شائع ہوا ہے۔

مسٹر راج گوپال آچاریہ نے مزید لکھا ہے کہ ۱۹۴۷ء کا اختتام تھا کہ ہندوستان کو آزادی نصیب ہوئی لیکن بیاز ادی اپنے ساتھ ان کے افسوسناک واقعات کو بھی لائی جن سے ان کے دماغ پر چوٹ لگی۔ اس چوٹ کو وہ برداشت کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ [illegible]

گاندھی جی نے اپنے آخری [illegible] سچائی، عدم تشدد، بے لوثی وغیرہ سب ٹیکنیکل الفاظ ہیں۔ ان کا اصل معنی یہ ہے کہ سب کے ساتھ محبت ہو۔ [illegible]

ہمارا فرض

[illegible]

مسٹر منگل داس پکواسا گورنر سی پی و برار لکھتے ہیں۔ "اگر ہندوستان چاہتا ہے کہ اپنی آزادی کو برقرار رکھے تو اسے برقرار رکھنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے جسے ہمیں مہاتما گاندھی نے دکھایا تھا۔ اب یہ ہمارا کام ہے کیا ہم اپنی آزادی کو قائم رکھنے کے لئے اس سیدھے اور سچے راستے پر چلتے ہیں یا ادھر ادھر بھٹکتے ہیں۔" (اپ)

مسٹر ترویدی [illegible]

ڈاکٹر بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے کہا ایک سال [illegible] کی موت واقع ہوئی [illegible]

کے جی دت [illegible]

سورن سنگھ سردار سورن سنگھ [illegible]

پرتھوی سنگھ آزاد [illegible]

سفیر سیلون کا پیغام

سیلون کے سفیر نے [illegible] کہا۔ ہند [illegible] ڈھائی ہزار سال قبل اس سرزمین میں گوتم بدھ پیدا ہوئے۔ ان کی تعلیمات [illegible]

ہندوستان امن آزادی اور اتحاد کا علمبردار ہے

جو ملک کی ترقی کی راہ میں حائل ہیں وہ ملک کے دشمن ہیں پنڈت نہرو کی نشری تقریر

نئی دہلی ۳۱ جنوری۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے گذشتہ شب آل انڈیا ریڈیو دہلی سے قوم کے نام ایک پیغام نشر کرتے ہوئے ایک ولولہ انگیز اپیل کی کہ وہ اپنی آنکھیں اور کان کھولیں۔ دلوں کو ٹٹولیں۔ اور مہاتما گاندھی سے عقیدت مندی کے ساتھ سوچیں۔ کہ وہ زندگی بھر کس چیز کے [illegible] اور ہم سے کیا چاہتے تھے۔

ہم دنیا کی قوموں سے یہ کہتے ہیں کہ ہمارا تم سے کوئی جھگڑا نہیں ہم تم سے آزادی اور لوگوں کی بہبودی کے لئے دوستی اور تعاون چاہتے ہیں ہم کسی کو غلام بنانا یا کسی پر فوقیت حاصل کرنا نہیں چاہتے۔ لیکن اپنی آزادی کی حفاظت اپنی پوری قوت کے ساتھ کریں گے۔

[illegible] پنڈت نہرو نے کہا [illegible]

آپ نے کہا۔ آج شام آپ لوگوں نے شہروں قصبات اور دیہات میں اس پیغام کو دوبارہ سنا ہوگا۔ اس پیغام پر عمل کرنے کی کبھی سے زیادہ جبکہ دنیا نفاق اور پھوٹ میں مبتلا ہے ضرورت نہ تھی۔ دنیا نے کئی بار مسائل کو طاقت کے بل بوتے پر حل کرنے کی کوشش کی مگر ہر بار ناکام رہی۔

آج وقت ہے کہ ہم اپنے تلخ تجربہ سے سبق لیں کہ ہم کبھی بھی سوائے اس کے کہ ہمیں خود کو اور ہماری آزادی کو خطرہ نہ ہو مسائل کو طاقت اور تشدد کے ذریعہ حل کرنے کی کوشش نہ کریں گے اور ہندوستان اور دنیا سے نفرت و تشدد کی تمام برائیوں کو مٹا کر پر امن اور شاندار راہ سے آزادی اور سچائی کی بے لوث خدمت کر کے ہندوستان کے تمام لوگوں میں خیر سگالی کا جذبہ پیدا کر کے طبقہ وارانہ امتیازات پیدائش کی بنا پر ذات پات اور مذہب کی تفریق کو مٹا دیں گے۔

ہمیں ان لوگوں کی طرف محبت کا ہاتھ بڑھا کر ان کی محبت حاصل کرنی ہے جو ہمارے خلاف برا جذبہ رکھتے ہیں ہمارا دنیا کی قوموں سے کوئی جھگڑا نہیں۔ ہم کسی پر چھا جانا یا کسی پر کوئی سبقت حاصل کرنا نہیں چاہتے لیکن ہم اپنی آزادی کا تحفظ بھی پوری قوت سے کریں گے۔ [illegible] ہمارا پیغام [illegible] سچائی کی قوت ہے اور سچائی ایک دن دنیا میں پھیل جائے گی۔

اس خیال اور عہد کے ساتھ آج ہمیں اپنے قائد اور آقا کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہیئے کہ جو آج ہمیں چھوڑ گیا ہے لیکن پھر بھی ہمارے ساتھ ہے ہمیں اپنے آپ کو اس کا اہل اپنی مادر وطن ہندوستان کا اہل بنانا چاہیئے جس خدمت کے لئے ہم آج پھر عہد کر رہے ہیں۔

پنڈت نہرو نے حکومت کے ایک سال کے کام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے ایک سال میں بہت کچھ کیا ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔ دوسرے ملک و قوم کا پورا تعاون حکومت کو حاصل ہو اور یکجہتی کے ساتھ قدم اٹھایا جائے تو بہت جلد اور بہت کچھ ہو سکتا ہے ملک میں زبردست قوت اور اس کو بروئے کار لانے کے لئے سخت جانفشانی کی ضرورت ہے۔

آخر میں پنڈت نہرو نے کہا کہ ایک طرف کچھ لوگ نیا ہند تعمیر کرنے میں لگے ہوئے ہیں دوسری طرف کچھ لوگ ان کی راہ میں حائل ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو ہندوستان کی ترقی کی راہ میں حائل ہے وہ ہندوستان کا دشمن ہے۔ [illegible] اپنے فرائض ادا کرتے ہیں وہ خود بخود حقوق حاصل کر لیتے ہیں [illegible] ہمیں ایک نیا ہند بنانا ہے اگر ہم مل جل کر کام کریں تو جلد اس کو حاصل کر لیں گے۔

فرقہ وارانہ نفرت کا خاتمہ کرو

آچاریہ نریندر دیو کی اپیل

لکھنؤ ۳۰ جنوری۔ سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے آچاریہ نریندر دیو نے کہا کہ اگر ہم گاندھی جی کی یاد میں آنسو بہاتے رہیں گے اور بڑے بڑے الفاظ کہتے رہیں گے تو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا جب تک کہ ہم ان کے اصولوں کی پیروی نہ کریں اور فرقہ وارانہ نفرت کا خاتمہ نہ کریں۔

انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کی شہادت سے فرقہ پرستی کا خاتمہ نہیں ہوا ہے۔ اور اگر ہم نے اسے دوبارہ سر اٹھانے کی اجازت دی تو ہم تباہ و برباد ہو جائیں گے۔

آخر میں آچاریہ جی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گاندھی جی کے اصولوں پر چل کر اپنے مطالبات حاصل کریں۔

ہندوستانی قوم نے گاندھی جی کو قتل کیا

کلکتہ میں آچاریہ کرپلانی کی تقریر

کلکتہ ۳۰ جنوری۔ آچاریہ کرپلانی نے آج شام کو آل انڈیا ریڈیو [illegible] گاندھی جی کی برسی کے سلسلہ میں منعقدہ ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی قوم کو گاندھی جی کے قتل کا ذمہ دار ٹھہرایا اور کہا گاندھی جی عظیم ہستی تھے اور ہم ان کی عظمت میں شریک تھے۔ گاندھی جی شہید اس طرح ہوئے [illegible] ان کی عظمت میں ہمارا بھی حصہ تھا اور سچ تو یہ ہے [illegible] ہندوستانی نے گاندھی جی کو ہلاک کیا۔ تاریخ میں لکھا جائے گا کہ ہم سب نے اپنے عظیم پیغمبر کو ہلاک کیا۔

لندن میں گاندھی جی کی برسی کی تقریب

انڈین ہائی کمشنر مسٹر مینن کا خراج عقیدت

لندن ۳۰ جنوری۔ انڈیا ہاؤس میں ہندوستانی باشندوں نے گاندھی جی کی پہلی برسی منائی۔ انڈین ہائی کمشنر مسٹر مینن نے [illegible] سے کام نہیں چلے گا۔ [illegible] اس کا خیال رکھنا چاہیئے کہ گاندھی جی کی شخصیت [illegible]

ہندوستان کے پاس گاندھی جی کی دولت ہے۔ ہندوستان نے دنیا کو بتا دیا کہ کیسے ایک آزاد قوم انسانیت کی تعمیر کر سکتی ہے۔ اور یہ چیز تاریخ میں ہمیشہ باقی رہے گی اور جہاں تک ہندوستان اس اصول پر عمل کرتا رہے گا [illegible] گاندھی جی کی تعلیم پر عمل کرنا ہماری زندگی کا مقصد ہونا چاہیئے۔

[illegible] انڈیا لیگ کی طرف سے مہاتما گاندھی کی زندگی پر ایک نظم بھی پڑھی گئی۔

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)

تین ہزار روپیہ کے انعامات

تاریخ — مشہور لاہور

نوٹ۔ انعام کی رقم حبیب بنک لمیٹڈ لاہور میں جمع کر دی گئی ہے۔

داخلہ کی آخری تاریخ ۱۱ فروری ۱۹۴۹ء

پہلا انعام صحیح حل پر ایک ہزار روپیہ

دوسرا انعام (ایک غلطی) [illegible]

تیسرا انعام (دو غلطی) [illegible]

[illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۳ [illegible] روڈ لاہور

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے۔

یونین ہوٹل بلیماران دہلی

(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

ذرا سوچ ... کر جواب دیجئے

[illegible]

اسلامی کتابیں [illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں

مجھے تعجب ہے کہ آپ ابھی تک کسی پریشانی میں مبتلا ہیں جبکہ آپ کے شہر میں ایک عجیب و غریب دوا ہے جس کو آپ استعمال کرتے ہی [illegible] تکلیف کو بھول جائیں گے یہ ایک نایاب بہت معمولی قیمت دوا ہے۔ M.S. [illegible]

محمد سلیم الدین ولد عبد الحکیم جراح فراشخانہ دہلی

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

[illegible]

ہوٹل

پروپرائٹر [illegible] اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۲ فروری ۱۹۴۹ء

جمہوریۂ پاکستان

پاکستان کے ہائی کمشنر مقیم دہلی نے ایک ملاقات کے دوران میں بڑا انقلاب انگیز بیان دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) پاکستان کی حکومت ایک جمہوری حکومت ہے اس کی بنیاد مذہب پر نہیں رکھی گئی ہے۔

(۲) قانون شریعت کا اطلاق صرف مسلمانوں پر ہوگا، غیر مسلموں پر اس کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔

(۳) پاکستان نے اقلیتوں سے مساوی سلوک کرنے کی گارنٹی دی ہے اور اس نے عزم کر لیا ہے کہ وہ اقلیتوں کے شہری حقوق کی حفاظت کرے، حکومت اقلیتوں کے ان قابل افراد کو ملازم رکھنے کے لئے تیار ہے جو پاکستان میں رہنے اور اس کی خدمت کرنے کے لئے تیار ہوں، اور اب بھی پاکستان کے کئی حصوں میں ہندو سرکاری ملازم ہیں اور مشرقی پاکستان میں اقلیتوں کے لئے تیس فیصدی ملازمتیں مخصوص کرنے کی پالیسی کی گئی ہے۔

(۴) تقسیم کے بعد ناخوشگوار حالات کی وجہ سے جو تلخی پیدا ہو گئی ہے پاکستان اسے دور کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔

(۵) پاکستان ایسے حالات پیدا کرنے کے لئے تیار ہے کہ دونوں طرف سے پناہ گزین اپنے اپنے گھروں کو واپس جا سکیں، اگرچہ اس راہ میں بڑی مشکلات حائل ہیں لیکن ان کا حل تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

(۶) مستقبل قریب میں ہند اور پاکستان کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع ہونا چاہیئے۔

(۷) پاکستان، ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے!

اس بیان سے پاکستان کی ذہنی تبدیلی کا جو ثبوت ملتا ہے ہمیں اس کا خیر مقدم کرنا چاہیئے، معلوم ہوتا ہے کہ لاکھوں انسانوں کے قتل عام، ہزاروں عورتوں کی آبروریزی اور اربوں روپے کی جائداد و املاک کے اتلاف کے بعد اب پاکستان کو صحیح زاویہ نگاہ سے حالات کے جائزہ کا موقعہ ملا ہے، اور اسے محسوس ہوا ہے کہ منافرت، اختلاف اور دشمنی کی فضا کو اب بدل جانا چاہیئے کیونکہ جن واقعات نے تلخی پیدا کی ہے وہ تو ہو چکے اب اس کے سوا چارہ نہیں کہ دونوں میں تعاون و اشتراک ہو اور دونوں ایک دوسرے کی ضرورت کو سمجھ کر ایک دوسرے کے فائدہ کے لئے قدم اٹھائیں اور تلافی مافات کے لئے کوئی آسان راہ پیدا کریں!

اس اعلان کا اہم پہلو یہ ہے کہ پاکستان کو بالکل ایک جمہوری اور غیر مذہبی حکومت قرار دیا گیا ہے، یعنی اب پاکستان اسلامی اسٹیٹ نہیں رہا اور قبل اس کے کہ وہ اسلامی اسٹیٹ بنتا اسے غیر اسلامی بنا دیا گیا ہے [illegible] کے جو صرف مسلمانوں ہی تک محدود رہیں گے غیر مسلموں سے ان کا کوئی تعلق نہ ہوگا! ہندوستانی لیڈروں نے کئی بار کہا تھا کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کی واپسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ایسی مذہبی اسٹیٹ غیر مسلموں کو کبھی برداشت نہیں کر سکتی، اگر پاکستان چاہتا ہے کہ اقلیتوں کو واپس بلائے اور ان کے ساتھ انصاف اور مساوات کا سلوک کرے تو اس کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ اسلامی اسٹیٹ کے بجائے جمہوری اسٹیٹ کا اعلان کرے! اس مطالبہ کے جواب میں پاکستانی ہائی کمشنر کا اعلان ہے کہ پاکستان تو ایک غیر مذہبی اسٹیٹ ہے جو جمہوریت کی بنیاد پر قائم کی گئی ہے لہذا غیر مسلموں کو اس سے کوئی اندیشہ نہ ہونا چاہیئے، اب پاکستان میں غیر مسلموں کے حقوق کا پورا تحفظ ہوگا اور ان کی واپسی کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

کاش پاکستان کے لیڈر اسلامی اسٹیٹ کا [illegible] اور صاف کہہ دیتے کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے حقوق سب سے زیادہ محفوظ رہ سکتے ہیں اور اسلام ہی وہ مذہب ہے جس نے انصاف، رواداری، مساوات اور [illegible] نسل، ذات، قوم [illegible] اور قبائلی امتیازات کو جرم اور معصیت قرار دیا لیکن ہم نالائق جو اسلام کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہیں اور اسلام کا نام محض اپنے اغراض کے لئے استعمال کرتے رہے ہیں اس قابل کہاں کہ پاکستان کو اسلامی اسٹیٹ بنائیں اور اسلام کے صالح نظام اور اس کے اخلاقی اور معاشرتی قوانین کی الجھنوں میں پھنسیں، لہذا یقین کر لینا چاہیئے کہ ہم پاکستان کو مذہب کی بنیاد پر قائم نہیں کریں گے اس لئے نہیں کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا بلکہ اس لئے کہ ہم اپنے نظام زندگی کو اسلام کے تابع بنانا نہیں چاہتے کیونکہ اسلام تو شاہی میں فقیری سکھاتا ہے اور اس میں ان عیش پرستیوں اور رنگ رلیوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں جن سے آج ہمارے شبستانوں کی رونق قائم ہے، اگر یقین کیجئے کہ معاملہ طول نہ کھینچتا اور آج یہ کہہ کر کہ پاکستان اسلامی اسٹیٹ نہیں ہے اسلامی نظام پر غیر اسلامی نظام کی برتری کا اعتراف نہ کیا جاتا، جب ایک شخص کہتا ہے کہ اسلامی اسٹیٹ غیر مسلموں کے لئے روادار نہیں بن سکتی اگر غیر مسلموں کے لئے پاکستان میں گنجائش نکالنی ہے تو پہلے اسے غیر اسلامی غیر مذہبی اور جمہوری قرار دو اور اس کے جواب میں یہ کہا جائے کہ ہم نے آپ کی بات مان لی اور اب سے پاکستان کو غیر مذہبی اور جمہوری اسٹیٹ قرار دیا جاتا ہے تو اس کا صاف مطلب یہ ہوا کہ [illegible] انصاف اور مساوات کا سلوک ہو سکتا ہے، لہذا اس بے انصافی کی تلافی کے لئے اسلام کو ایک دروازہ سے نکال کر دو، دروازہ غیر مسلموں کے لئے کھولا گیا ہے، کہنا یہ چاہیئے کہ کس کمبخت نے اسلامی اسٹیٹ قائم کیا ہے؟ اگر اسلامی اسٹیٹ قائم کرنے کا خیال ہوتا تو تقسیم سے پہلے اور اس کے بعد غیر اسلامی حرکات کا ارتکاب ہی کیوں کیا جاتا! کیا اسلامی اسٹیٹ غیر اسلامی حرکات کا مظاہرہ کر کے قائم کی جاتی ہے؟ ہماری حرکات ہی اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اسلامی اسٹیٹ قائم نہیں کر سکتے، لہذا جو لوگ پاکستان کو مذہبی اسٹیٹ سمجھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں اور جو لوگ کہتے ہیں کہ صحیح اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے ساتھ انصاف نہیں ہو سکتا وہ حد سے زیادہ بد اندیش، جاہل اور بدسگال ہیں، کاش ہم اسلامی اسٹیٹ قائم کرنے کے قابل ہوتے اور بتاتے کہ یہ اسٹیٹ غیر مسلموں کے لئے کتنی بڑی نعمت اور رحمت ہو سکتی ہے لیکن چونکہ پاکستان کو اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں اس لئے ہمیں یہ اعلان کرنے میں بھی کوئی باک نہیں کہ وہ ایک غیر مذہبی اور جمہوری اسٹیٹ ہے!

ہم نے پاکستان کی اسلامی اسٹیٹ کو نہ پہلے پسند کیا اور نہ اب کرتے ہیں کیونکہ پاکستان بنانے والوں کا غیر اسلامی مزاج کبھی اسلامی اسٹیٹ نہیں بنا سکتا! اب جو کہا جا رہا ہے کہ پاکستان غیر مذہبی اور اسلامی اسٹیٹ ہے اور اس کا بین السطور یہ ہے کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے حقوق محفوظ نہیں رہ سکتے تو ہم اس مفہوم کو بھی جہالت اور گستاخی پر محمول کرتے ہیں!

یہ اعلان ہماری آرزوؤں کی تکمیل ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ مساویانہ اور عادلانہ سلوک ہوگا پاکستان دونوں طرف کے پناہ گزینوں کی واپسی کے لئے مناسب حالات پیدا کرنے کی کوشش کریگا، دونوں کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت شروع ہو اور پہلے کی طرح پورے ملک کی وحدت کا احساس زندہ ہو جائے لیکن جائدادوں کے تبادلہ کا نیا معاہدہ آبادی کے تبادلہ کو مستقل بنا دے گا اور گاندھی جی کی یہ آرزو خاک میں مل جائے گی کہ ہندو مسلمان اپنی اپنی جگہوں کو واپس جائیں اور غیر فطری تبادلہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا جائے بہرحال پاکستان کی ذہنی تبدیلی [illegible] مستقبل کے لئے [illegible] خیر سگالی کے جذبات ترقی کرتے [illegible] اور جس مقصد کے لئے گاندھی جی نے قربانی دی تھی وہ جلد سے جلد حاصل ہو جائے۔

اچھی باتیں

ومن آیاتہ۔ تا۔ تنتشرون۔

(پ ۲۱ ع ۶)

خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے
کہ اس نے تمکو مٹی سے پیدا کیا ہے، پھر تم مٹی
بن بنا کر چلتے پھرتے انسان بن گئے۔

تمام انسانوں کی اصل خواہ کسی نسل سے ہوں مٹی ہے۔ مٹی سے غلہ پھل ترکاری پیدا ہوتے ہیں انسان انہیں کھاتا ہے اور ان سے تخم بنتا ہے تخم سے بچہ پیدا ہوتا ہے تو گویا پھر پھر کر مٹی ہی انسان کی پیدائش کا سبب قرار پائی مٹی سے پیدائش کا ذکر اس لئے فرمایا تاکہ انسان اپنی اصل کو یاد رکھے اور تمام انسانوں کو اپنا بھائی سمجھے انسان کی پیدائش بھی خدا کی زبردست نشانی ہے ناک کے چاند میں کیسے کیسے کمالات رکھدیئے گئے ہیں اسی چاند میں کائنات کی ساری قوتیں مخفی ہیں جنہیں اگر انسان چاہے تو انسانیت کے لئے مفید بنا سکتا ہے۔

لوگوں کو اپنی شکایات جائز اور آئینی ذرائع سے پیش کرنی چاہئیں

کلکتہ سے روانہ ہونے سے پیشتر مولانا آزاد کا حکومت اور عوام کو مشورہ

کلکتہ ۳۰ جنوری۔ حکومت ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد نے ہفتہ کے دن یہاں سے روانہ ہوتے وقت ایک بیان میں کہا کہ حکومت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ ایک قومی حکومت ہے اور اسے عوام کی مرضی پر دھیان دینا چاہیئے کہ عوام کو یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ ان کی حکومت ہے اور اس اعتبار سے ان کی ہمدردی اور تعاون کی مستحق ہے۔

مولانا نے کہا کہ ہندوستان کو اس وقت جو گوناگوں مسائل درپیش ہیں انہیں حل کرنے کے لئے عوام اور حکومت کے درمیان مناسب مفاہمت اور تعاون ضروری ہے۔ مولانا [illegible] مقصد مرکزی گورنمنٹ کے بعض تعلیمی اداروں کے نظم ونسق سے متعلق تھا۔

انہوں نے بنگال کیبنٹ صوبائی کانگرس کمیٹی نمائندوں اور مختلف الخیال عوامی کارکنان سے عام سیاسی صورت حال پر بات چیت کی۔ آپ نے کہا کہ اس بات چیت سے مجھے یقین ہو گیا ہے کہ حکومت کتنی ہی ہر دلعزیز کیوں نہ ہو عوام کے ساتھ اس کا رابطہ رکھنا یا صرف سرکاری ذرائع سے اس کی رہنمائی کرنا ناممکن ہے۔ حال ہی میں جو افسوسناک واقعات ہوئے ہیں ان سے میرا یہ یقین پختہ ہو گیا ہے کہ عوام کے ساتھ رابطہ نہ رکھنے کی صورت میں عوام حکومت کبھی اپنے فرائض کو تسلی بخش طریقے پر حل نہیں کر سکتی۔ چنانچہ مجھے معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ مغربی بنگال صوبائی کانگرس کمیٹی نے عوام کے ساتھ قریبی تعلق پیدا کرنے کے لئے [illegible] کارکن حکومت کو اس کام میں مدد دیں گے۔

میں عوام پر بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ان کی بعض شکایتیں اس قسم کی ہیں کہ دنیا کی کوئی حکومت بھی انہیں فوراً دور نہیں کر سکتی۔ غذا، کپڑے کی قلت اور رہائش کی شکایات سب سے بڑے مسائل ہیں جو دنیا میں عام ہیں اور ان کے حل کرنے میں کئی سال لگ جائیں گے۔ ان مسائل کو فوراً حل کرنے کے لئے حکومت پر دباؤ ڈالنا ان لوگوں کے ہاتھوں میں کھیلنے کے مترادف ہوگا جو اپنے اجتماعی اغراض کی تکمیل کے لئے ملک میں افراتفری پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ لوگوں کو حکومت کے سامنے اپنی شکایات جائز اور آئینی ذرائع سے پیش کرنی چاہئیں کوئی بھی دوسرا ذریعہ اختیار کیا جائے تو اکثر اوقات مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے۔ چنانچہ میں عوام سے اپیل کروں گا کہ وہ اپنے مطالبات میں زیادہ حقیقت پسندانہ نظریہ رکھیں اور حکومت سے کہوں گا کہ وہ عوامی شکایتوں کی اچھائی برائی کے متعلق اندازہ لگائے اور موجودہ حالات میں ان کو زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک دور کرنے کی کوشش کریں۔ حکومت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ ایک قومی حکومت ہے، چنانچہ اسے عوام کی مرضی پر دھیان دینا پڑے گا اور عوام کو یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ ان کی حکومت ہے اور اس اعتبار سے ان کی ہمدردی اور تعاون کی مستحق ہے۔

عوام میں تبدیلی

اسٹیٹسمین کا نامہ نگار رقمطراز ہے کہ مولانا آزاد نے جمعہ کے روز محمد علی پارک میں تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں سے اس بات کے لئے زور دیا کہ وہ مستقبل سے مایوس نہ ہو جائیں وہ صرف زندہ ہی نہیں رہے [illegible] کوئی طاقت ان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ مولانا نے کہا کہ حال ہی میں دو مختلف سیفٹی ایکٹ کے قانون کو اپنے ہاتھ میں لیا ہے حکومت نے اس کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے واسطے سخت اقدام کیا۔ عوام ابھی تک جنگی ہیں کوئی ہمدردی ظاہر نہیں کی۔ اور اس سے اس تبدیلی کا پتہ چلتا ہے جو ہندوستان نے کی ہے۔

اس سے قبل مولانا آزاد نے جادوپور انجینیئرنگ کالج کے طلبا کے سامنے تقریر کی اور کہا کہ آزاد ہندوستان میں ٹیکنیکل تعلیم کی بڑی اہمیت ہے۔ آپ نے اس امر کا ذکر کیا کہ حکومت اس درسگاہ کی کافی امداد کرے گی جو تقسیم بنگال کی پرانی اسکیم کے باعث وجود میں آئی تھی اور اس لئے پھولنے پھلنے میں امداد دے گی جو ایک قومی تحریک کی یادگار ہے۔ ڈاکٹر بی سی رائے وزیر اعظم بنگال بھی مولانا آزاد کے ہمراہ تھے جب مولانا اس کالج میں آئے۔ مولانا آزاد [illegible] دیکھا۔ مولانا آزاد نے مغربی بنگال اسمبلی کے پورٹیکو میں گاندھی جی کی تصویر کی نقاب کشائی کرتے ہوئے کہا دنیا کی تاریخ میں [illegible] ایک آدمی اور اس سے ایک شخص کی کوئی مثال نہیں [illegible] قوم کو زندہ کر دیا ہو۔ مولانا آزاد نے کہا ہم کو گاندھی جی کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارنی چاہیئے۔

قوم کا چراغ

مہاتما گاندھی جو رات کی تاریکیوں میں ہمت کا چراغ روشن کرتے رہے اور جنہوں نے قوم کی کشتی کو منجدھار سے نکال کر نجات پر لگایا، آج ہمارے اندر موجود نہیں ہیں۔ وہ گذشتہ سال ۳۰ جنوری کو ہم سے جدا کر دیئے گئے اور اس سینہ میں جو محبت سے معمور تھا گولی پیوست کر دی گئی، آپ کی زندگی شمع ہدایت تھی اور آپ کی موت راہ نجات ثابت ہوئی!

رنج اس بات کا ہے کہ آج سب ہی مہاتما کی پیروی کا دم بھرتے ہیں اور سب ہی کہتے ہیں کہ ہمیں آپ کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنا چاہیئے، مگر ہم سب آپ کی پیروی سے منہ موڑ چکے ہیں اور اپنے آپ کو سب کچھ ثابت کرنے کے لئے آپ کی ہڈیوں کو فروخت کر رہے ہیں، آج کوئی نہیں، جو آپ کی راہ پر چلے اور اس چراغ کو روشن رکھے جس میں محبت، انصاف اور ہمدردی کا روغن ڈالا گیا تھا دنیا جھوٹی اور مکار ہے وہ ایک مہاتما کو بھی اپنے نفع کے لئے استعمال کرنے سے نہیں چوکتی!

آج ہم آزاد ہیں ہمارا مستقبل روشن ہے اور ہمارا باغ بہار آور ہے، مگر یہ سب کچھ اسی ہستی کا صدقہ ہے جس کا نام ہماری زبانوں پر ہے، اور دل اس کی عقیدت سے محروم ہیں، تیس جنوری کا دن دنیا کو ہمیشہ یاد رہے گا لیکن اگر ہم نے اس راہ پر قدم نہ رکھا جو بانی نے ہمارے لئے بنائی تھی تو یہ تذکار دیا اور دیئے [illegible] وہ جس کا نام [illegible] ملامت کریگا۔

سیر...و...سیاحت

انگریز کو گئے ہوئے دو سال ہونے کو آئے لیکن آج بھی جب اس کی یاد آ جاتی ہے تو بے اختیار دل بھر آتا ہے۔

اللہ اللہ کیا شان تھی۔ کیا متانت تھی، پیار کے زمانے میں بچے بچے سے پیار ٹپکتی پڑتی ہے لیکن انگریز کے زمانہ میں گوشہ گوشہ سے متانت اور سنجیدگی کا ترشح ہوتا تھا۔ آپ یہ نہ سمجھیں کہ ہم خدانخواستہ انگریز کی تعریف کر رہے ہیں لیکن نقل کفر کفر نباشد پر عمل کرتے ہوئے واقعہ کو واقعہ کی حیثیت سے بیان کر رہے ہیں۔

ہاں تو ذرا انگریز کے زمانہ کا مقابلہ آج سے کیجئے تو آپ کو محسوس ہوگا کہ آج ہر چیز مذاق اور مسخرا پن ہو گئی ہے۔ [illegible]

کہ کسی یونیورسٹی کی نظر پڑ جائے اور وہ کوئی ڈگری دے جائے یہ بڑی مشکل سے یہ نوبت آتی تھی۔ اور جب ایسا اتفاق ہوتا تو یہ ایک "نیشنل" واقعہ ہو جاتا تھا تو دنیا کی نظریں اس پر اٹھ جاتی تھیں۔ اس کے علم و فضل کے چرچے ہوتے۔ اعزازی پارٹیاں ہوتی تھیں۔ دعوتیں اڑتی تھیں۔ غرض ہمالیہ سے لے کر راس کماری تک اور بلوچستان سے لے کر آسام تک اس کی قابلیت کا سکہ چلتا تھا۔

لیکن آج ہماری یونیورسٹیوں کی دریادلی کی بدولت ڈگریاں دینے کا تماشا۔

مرگ انبوہ جشنے دارد

کے مصداق ہو گیا ہے۔ ایک دوست کا اس پر اعتراض ہے کہ یونیورسٹیوں کا قصور نہیں بلکہ قصور ان لائق، عالم اور فاضلوں کا ہے [illegible]

[illegible]

واقعہ کچھ بھی ہو لیکن اس رفتار کو دیکھتے ہوئے یہ اندیشہ ضرور پیدا ہو گیا ہے کہ اگر یہی صورت حال رہی تو سڑکوں پر جھاڑو دینے والے جنگی، موٹر چلانے والے ڈرائیور، اسٹیشنوں پر اسباب اٹھانے والے قلی اور سب سے بڑھ کر سکریٹریٹ کے ملازم گروپ میں متعین چپراسی یا تو ڈاکٹر آف لا ہوں گے یا ہر ڈاکٹر آف لٹریچر۔ (اشرف)

[illegible]

یہی زمانہ ہے آن کا مقام اسٹ

کے مصداق یونیورسٹیاں کب کسی سے پیچھے رہنے والی تھیں۔ [illegible]

ایک وہ بھی زمانہ تھا جب یورپ آج [illegible]

تاریخ انسانی کا اہم ترین واقعہ

۱۲ ربیع الاول وہ مبارک دن ہے جب رسول اکرم علیہ الصلوۃ والسلام اس دنیا میں تشریف لائے، جو کل جہاں کے لئے رحمت [illegible]

قضا و قدر نے اس کے لئے مقرر رکھی تھی۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس جامع تھی آپ نے اعلان عام کیا کہ انسان انسان میں کوئی فرق نہیں، نہ گورے کو کالے پر فوقیت ہے اور نہ سرخ کو پیلے پر، نسب ایک ہی آدم کی اولاد ہیں اور سب کا خالق بھی ایک ہی ہے۔ اچھا وہ ہے جس کے اعمال اچھے ہیں، [illegible]

[illegible]

آپ جب دنیا میں تشریف لائے تو انسانیت نسلی امتیازات، قومی افتراق اور مذہبی تعصبات میں گرفتار تھی آپ نے ان تمام زنجیروں سے انسان کو آزاد کر دیا اور اس بات کا اعلان کیا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بزرگ وہ ہے جو تقوی اور پرہیزگاری کا حامل ہے، اور تقوی محض زبان سے کچھ کلمات کہہ دینے کا نام نہیں، بلکہ یہ عبادت ہے اعمال خیر سے، اور اعمال خیر وہ ہیں جنہیں ساری دنیا اعمال خیر کہتی ہے۔

آپ جب پیدا ہوئے تو مکہ تمام عرب کا مذہبی مرکز تھا، جہاں عرب کے کونے کونے سے زائرین آتے، اور خانہ کعبہ میں اپنی عقیدت و خلوص کے پھول چڑھاتے۔ لیکن خود اہل مکہ کا یہ حال تھا کہ انہوں نے مذہب کو ذریعہ تجارت بنا رکھا تھا۔ [illegible] جہالت میں مبتلا رکھتے تھے۔ آپ نے اس کے خلاف جہاد کیا [illegible] ایک اللہ کو مانیں اور اسی کی زندگیاں کر اس کے احکام کے مطابق چلائیں۔

آپ نے خاندانی تعصبات کو ختم کیا [illegible] اور مذہب کا اصل مقصد لوگوں کو صحیح [illegible]

کہ یہ ہے کہ دین میں محض ایمان کی [illegible] اور محض زبان [illegible] بلکہ اس کی تکمیل عمل [illegible] اور ایمان کے ساتھ اعمال صالحہ بھی ضروری ہیں۔

آپ جب اس دنیا میں تشریف لائے تو عرب مختلف قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے جن میں سے ہر قبیلہ کے مختلف خاندان آپس میں دست و گریباں رہا کرتے، اور پھر جزیرہ عرب کے مختلف حصوں پر غیر قومیں قابض تھیں، جو عربوں کو ذلیل کرتے اور انہیں اپنے سے کم تر سمجھتے تھے آپ نے عربوں کو ایک رشتہ میں جوڑ دیا، اور جب آپ کا انتقال ہوا تو سرزمین عرب کا ایک چپہ بھی ایسا نہ تھا جس پر کسی دوسرے کا قبضہ ہو۔ [illegible]

آپ کی بدولت وہ شہنشاہیتیں ختم ہوئیں، حکمران طبقے مسند اقتدار سے اترے، عوام کو آزادی ملی وہ نئی زندگی سے آشنا ہوئے، اور تاریخ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔

آپ جب دنیا میں آئے تو ہر مذہب مذہبی طبقوں کا اجارہ بنا ہوا تھا، وہ سیاسی حکمرانوں کے ساتھ مل کر عوام کو لوٹتے کھسوٹتے اور انہیں مذہب کے نام سے بادشاہوں کا مطیع و فرمانبردار بناتے۔

آپ نے مذہب کو اس کا صحیح مقام بخشا، اور اسے ذریعہ بنایا بندوں اور خدا تعالی کے درمیان بلا واسطہ تعلق کا اور زندگی کو بہتر کرنے اور اخلاق کو درست کرنے کا۔ اسلام نہ صرف عوام کی سیاسی آزادی کا پیغام تھا، بلکہ اس کی وجہ سے مذہبی تصورات و اعمال کی اصلاح ہوئی، اور دنیا کو زندگی کا بہترین نظام ملا۔

آپ سے پہلے تہذیب و تمدن اور علوم و فنون ایک خاص طبقے کی میراث بن کر رہ گئے تھے۔ اس نے ان میں زندگی کی حرارت تھی اور نہ انسانیت کے لئے کوئی مفید چیز، وہ ایک ایسی لاش کی طرح تھے جس میں جان نہ ہو۔ [illegible] علوم و فنون اور تہذیب و تمدن میں پھر سے زندگی آئی، اور عوام کو بھی ان کی نعمتوں سے بہرہ ور ہونے کا موقعہ ملا۔ [illegible]

گاندھی جی کا جلایا ہوا چراغ ہمیشہ روشنی دیتا رہے گا

باپو کی پہلی برسی پر ہند اور دنیا کے بڑے آدمیوں کے پیغام

دہلی ۔ ۱۳۰ جنوری ۔ مہاتما گاندھی کی پہلی برسی کے موقعہ پر نہ صرف مملکت کے طول و عرض سے بلکہ بیرونی ممالک سے بھی پیغامات موصول ہوئے ہیں ۔ پیغام بھیجنے والوں میں انڈونیشیا اور تھائی لینڈ ، پاکستان کے وزیر خارجہ اور گورنر جنرل اور دیگر ممتاز شخصیتیں شامل ہیں ۔

امریکی سفیر مسٹر ہنڈرسن نے اپنے پیغام میں کہا ہے ۔ مہاتما گاندھی جی کی افسوسناک وفات کی پہلی برسی پر دنیا کی ایک عظیم ترین شخصیت کو خراج تحسین ادا کرنا ضروری ہے آج دنیا بھر کے لوگ ان کے ہم ملکوں کے ساتھ ان کو خراج تحسین ادا کرنے میں شریک ہوں گے ۔

اس موقعہ پر میں اس یادگار دعا کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو اب سے ایک سال قبل [illegible] ان کی بہترین یادگار یہی ہو سکتی ہے کہ ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا عہد کیا جائے ۔

مسٹر منگل داس پکواسا سی پی کے گورنر مسٹر منگل داس پکواسا نے ہریجن میں ایک مضمون لکھا ہے ۔ اگر ہند کو اپنی آزادی قائم رکھنی ہے تو اس مقصد کے لئے گاندھی جی کا دکھایا ہوا راستہ ہی اس کی واحد صورت ہے ۔

مسٹر آر ۔ آر ۔ دیواکر یہ تاریخ کا عجیب واقعہ ہے کہ سقراط اور حضرت مسیح کی طرح گاندھی جی بھی اپنے پیروؤں کے ہاتھوں ہلاک ہوئے انہوں نے بھی [illegible] پیغام [illegible] آج ہمارے [illegible] ان کا پیغام ہماری رہنمائی کے لئے [illegible]

مسٹر کھیر ہریجن ہی ایک مضمون میں مسٹر کھیر نے لکھا ہے ۔ گاندھی جی کی نظروں میں خلوص کی سب سے زیادہ اہمیت تھی ۔ سچائی خاموشی اور محبت سچائی کا دوسرا رخ تھا ۔ رہنمائی کے لئے انہوں نے کوئی نیا چراغ روشن نہیں کیا بلکہ پرانے چراغ میں تیل ڈال دیا اور کمزور کو اتنا طاقتور بنا دیا کہ وہ مشعل میں ضم ہو گیا وہ چراغ اب بھی روشن ہے اور آنے والی نسلوں کی رہنمائی کرتا رہیگا ۔

مسٹر مہتاب مسٹر ہری کرشن مہتاب وزیر اعظم اڑیسہ نے ایک نشری تقریر میں کہا گاندھی جی اتنے عظیم تھے کہ ہمارے تصور سے بھی باہر ہے ان کی عظمت اور بڑھے گی آنے والی نسلیں ان کی عظمت کا صحیح فیصلہ کریں گی ۔

میجر جنرل چودھری میجر جنرل چودھری حیدرآباد کے فوجی گورنر جنرل نے ریڈیو سے تقریر کرتے ہوئے کہا گاندھی جی کو بہتر خراج تحسین یہی ہے کہ ان کی تعلیمات کو ہم سامنے رکھیں نتائج کی پروا کئے بغیر اتحاد ، سچائی اور عدم تشدد کے لئے کوششیں کریں ۔ آخری فتح حق کی ہوگی ۔

جان ڈسی کرنی مسٹر جان ڈسی کرنی نے گاندھی جی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ۔ دوسروں کے ساتھ میں بھی ان کے ماتم میں شریک ہوں ۔ ان کو ہم سے جدا ہوئے ایک سال ہو گیا ہے لیکن ان کا [illegible] اور پیغام باقی ہے [illegible] ان اصولوں پر عمل کرنے [illegible] دنیا میں امن قائم [illegible]

نواب زین یار جنگ نواب صاحب نے کہا گاندھی جی کی پہلی برسی پر میں اس عظیم شخصیت کو بڑے احترام کے ساتھ خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ۔ ہمیں ان کی تعلیمات کو پیش نظر رکھنا چاہئے تاکہ ہم اس عظیم الشان ترکہ کے اہل ثابت ہوں ۔ ان کی یاد ہمیشہ ہماری رہنمائی کرے ۔

ہند و پاکستان کے تعلقات مضبوط ہوں

گاندھی جی کی برسی پر ظفر اللہ کا پیغام

دہلی ۔ ۳۰ جنوری ۔ سر ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان نے گاندھی جی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے :- اگر مسٹر گاندھی کچھ زیادہ عرصہ زندہ رہتے تو ہندوستان اور پاکستان میں زیادہ جلد بہتر تعلقات قائم ہو جاتے ۔ تمام دنیا واقف ہے کہ تقسیم ہند کے [illegible] تھے ۔ انھوں نے اپنا وقت ہند میں مسلمانوں کیلئے حفاظت اور امن کی فضا پیدا کرنے میں صرف کیا کہ وہ بلا خوف و خطر ہند کے وفادار شہریوں کی حیثیت سے رہ سکیں ۔ مسٹر گاندھی کی دردناک موت کی طرح پاکستان کیلئے بھی سخت صدمہ تھی ۔ ہند کے لیڈروں نے سخت مشکلات کے باوجود گذشتہ سال گاندھی جی کے طریقوں پر چلنے کی کوشش کی ہے اور بہت لوگوں کو یہ دیکھ کر خوشی ہوئی ہے کہ ہند اور پاکستان میں اس بات کی خواہش ہے کہ جو اختلافات دونوں ممالک کے درمیان موجود ہیں ۔ پرامن طریقے سے ان کا تصفیہ ہو جائے ۔ اور دوستانہ تعلقات قائم ہو جائیں بلکہ مضبوط ہو جائیں اور دونوں ممالک اپنے اور دوسری مملکت کے عوام کی خوشحالی کے لئے آپس میں تعاون کر سکیں ۔

[illegible]

ڈاکٹر بھارگوا وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے کہا ایک سال قبل ایک گمراہ نوجوان کے ہاتھوں گاندھی جی کی موت واقع ہوئی اس وقت ہم کو ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی ۔ اپنی ذاتی مثال اور اعلیٰ اصولوں سے وہ ملک میں انقلاب لانے کا باعث ہوئے ۔ [illegible] نے اندھیرے سے اجالے کی طرف غلامی سے آزادی کی طرف ہماری رہنمائی کی ۔ گاندھی جی نے صداقت اور خلوص کا پیغام دیا ۔ آج ہماری زندگی ان اصولوں سے خالی ہے ہم کو یہ اصول اپنے اندر پیدا کرنے چاہئیں ۔ صوبہ کا انتظام بہتر بنانے کے لئے ہم کو رشوت کو ختم کرنا چاہئے ۔

کے ۔ جی ۔ دت مسٹر کے ۔ جی دت نے کہا وہ امن کے پیغمبر تھے ۔ وہ انسانیت کے لیڈر تھے ۔ انہوں نے جنگ سے تنگ آئی ہوئی دنیا میں آسمانی بادشاہت قائم کرنے کی کوشش کی ۔ بدھ اور مسیح کی طرح انہوں نے مسرت اور خوشی کا راستہ دکھایا ۔

سورن سنگھ سردار سورن سنگھ مشہور سکھ لیڈر نے کہا [illegible] سچائی اور عدم تشدد کے پیغام سے زبردست غیر ملکی حکومت کو ہلا دیا جو صدیوں سے ہندوستان کی سرزمین میں مستحکم تھی ۔ انہوں نے زندگی بھر غریبوں کی حالت بہتر بنانے کی کوشش کی ۔ وہ تمام فرقوں کے اتحاد میں کامیاب ہوئے ۔ انہوں نے اپنے مقصد کے لئے جان دیکر اپنی زندگی کی عظمت کو حاصل کیا ۔

پرتھوی سنگھ آزاد سردار پرتھوی سنگھ آزاد نے کہا بدھ اور مسیح کی موت کے بعد [illegible] جنہیں خدا نے بھیجا تھا ۔

سفیر سیلون کا پیغام

سیلون کے سفیر نے اس موقعہ پر کہا ۔ ہندوستان رشیوں کی جائے پیدائش ہے ۔ ڈھائی ہزار سال قبل اس سرزمین میں گوتم بدھ پیدا ہوئے ۔ ان کی تعلیمات دور دور تک پھیل گئیں اور [illegible]

کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں

مجھے تعجب ہے کہ آپ ابھی تک اتنی پریشانی میں مبتلا ہیں جبکہ آپ کے شہر میں ایک عجیب و غریب دوا ہے جس کو آپ استعمال کرتے ہی کچھ عرصہ کے بعد آپ اپنے دکھ تکلیف کو بھول جائیں گے یہ ایک نایاب بہت معمولی قیمت دوا ہے ۔ ایم ۔ ڈی ۔ ایس ۔ ایم خارش مرہم " یہ مرہم خارش کھجلی چلے ہوئے زخم وغیرہ کیلئے ۹۹ فیصدی فائدہ مند ثابت ہوا ہے [illegible] آرام ہو جائے گا ۔

محمد سلیم الدین ولد عبد الحکیم جراح فراشخانہ دہلی

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

یہ خدمات جواہر ہوٹل والے ہی پوری کر سکتے ہیں جہاں آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ ، کوفتہ ، آلو گوشت ، کھیر ، گردہ ، بریانی ، سیخ کباب ، پھل ، سبزی ، چپاتی ، قیمہ ، چائے ، انڈا ، کیک وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں ۔

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے ۔

جواہر ہوٹل

پرچہ باشر(؟) شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

گاندھی جی کا مشن محبت تھا اُسے پورا کیجئے

گورنر جنرل اور دوسرے رہنماؤں کے خیالات

احمد آباد ۔ ۳۰ جنوری ۔ میں نے آتش بازی کی چرخی کو آسمان کی طرف جلتے دیکھا ہے جو ستاروں کے درمیان جگمگاتی ہے اور ان کے درمیان غائب ہو جاتی ہے ہم اس وقت کچھ دیر کے لئے آسمان کی طرف دیکھتے رہتے ہیں لیکن وہ سب کچھ [illegible] ہو کر رہ جاتا ہے ۔ اسی طرح باپو غائب ہو گئے ۔ وہ آج سے بارہ مہینے قبل [illegible] اور ہمیں آسمان کی طرف دیکھتا چھوڑ کر غائب ہو گئے ۔ اب ہم وہاں سیاہ دھبے دیکھتے ہیں [illegible] اور روشنی دیکھی تھی ۔ یہ ہے مسٹر راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل ہند کے اس مضمون کے الفاظ جو آج ہریجن اخبار میں شائع ہوا ہے ۔

مسٹر راج گوپال آچاریہ نے مزید لکھا ہے کہ ۱۹۴۷ء کا انقسام [illegible] ہندوستان کو آزادی نصیب ہوئی لیکن یہ آزادی اپنے ساتھ ان افسوسناک واقعات کو بھی لائی جن سے باپو کے دماغ پر چوٹ لگی ۔ اس چوٹ کو وہ برداشت کرنے کے لئے تیار نہ تھے [illegible]

یوں تو گزشتہ ۲۸ سال سے کانگریس جنگ میں ان کے ساتھ کام کرنے کا افتخار حاصل رہا ان کی طرف سے دل میں بے حد محبت تھی لیکن [illegible] کے آخری مہینوں میں یہ محبت اپنی انتہا کو پہنچ گئی ۔ انہوں نے ایک [illegible] کیا تم میرے خیالات سے اتفاق کرتے ہو ؟ کیا تم محبت پر یقین رکھتے ہو ؟ میں نے بلا کسی جھجک کے فوراً جواب دیا ۔ اس کے علاوہ اور کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے ۔ " ہاں ایسا ہی ہے " ، مہاتما جی نے خوش ہو کر کہا جب میں ان کے خیالات سے اتفاق کرتا تھا تو بہت خوش ہوتے تھے ۔

[illegible]

پھر گاندھی جی سچائی اور عدم تشدد کا پیغام لیکر ظاہر ہوئے انہوں نے اس قوم کو زندگی بخشی اور عدم تشدد کے طریقہ سے ہند کی آزادی حاصل کر لی ۔ سیاسی آزادی کروڑوں کی خوشحالی کے لئے ابتدائی قدم تھا ۔ ابھی یہ کام پورا نہ ہوا تھا کہ وہ ہمارے درمیان سے اٹھا لئے گئے ۔ ان کی تعلیمات باقی رہیں اور زیادہ مضبوط ہو گئیں گاندھی جی کو خراج تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ ان کی تعلیمات پر عمل درآمد ہے ۔

مہاتما جی نے اپنے مضمون میں آگے چل کر لکھا ہے کیا ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں ؟ اگر رکھتے ہیں تو ہمیں اس کے اندر محبت کے سوا اور کوئی چیز نظر نہیں آنی چاہئے ۔ ہمیں سکھایا گیا ہے کہ ہر جاندار کے اندر خدا رہتا ہے اور وہاں اپنا مسکن بناتا ہے اگر یہ صحیح ہے تو اس کا یہ مطلب ہے کہ جب ہم ہمدردی ، مہربانی اور محبت کو کسی شکل میں بھی دیکھتے ہیں تو خدا کو دیکھتے ہیں ۔ اور جب محبت غائب ہوتی ہے تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ خدا کے خلاف دروازہ بند کر دیا گیا ہے ۔

ہمیں چاہئے کہ ہم محبت میں خدا کو دیکھیں اس کے بعد ہی بہتری ہوگی خواہ ہمیں کتنی ہی مشکلات کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے ۔ عدم تشدد ، سول نافرمانی وغیرہ سب ٹیکنیکل الفاظ ہیں ۔ ماحصل یہ ہے کہ سب کے ساتھ محبت ہو ۔ پریم ہمارے اندر خدا کا اوتار ہے [illegible] ہمارے الفاظ ، خیالات اور کام سب پریم میں ڈوبے ہوئے ہوں ۔ اسی قسم کے کام ہی باپو کی اصلی شرادھ کی تقریب ہیں ۔

ہمارا فرض مسٹر بی ۔ جی کھیر وزیر اعظم بمبئی نے " میری پرارتھنا " کے عنوان کے تحت لکھا ہے " ہندوستانی قوم [illegible] اور باپو کی اس پہلی سالگرہ کے موقع پر ہمارا فرض ہے کہ ہم انہیں اپنا خراج عقیدت پیش کریں اور [illegible] لہذا ہمیں دعا کرنی چاہئے کہ (۱) ان کا مشن کامیاب ہو اور (۲) خدا ہمارے اندر اس مشن کو پورا کرنے کے لئے جذبہ پیدا کرے ۔

مسٹر منگل داس پکواسا گورنر سی پی ذیل میں لکھتے ہیں :- " اگر ہندوستان چاہتا ہے کہ اپنی آزادی کو برقرار رکھے تو اسے برقرار رکھنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے جسے مہاتما گاندھی نے دکھایا تھا ۔ اب یہ ہمارا کام ہے کہ ہم اپنی آزادی کو قائم رکھنے کے لئے اس سیدھے راستے پر چلتے ہیں یا ادھر اُدھر بھٹکتے ہیں ۔ (اپ)

لندن میں گاندھی جی کی برسی کی تقریب

انڈین ہائی کمشنر مسٹر مینن کا خراج عقیدت

لندن ۔ ۱۳۰ جنوری ۔ انڈیا ہاؤس میں ہندوستانی باشندوں نے گاندھی جی کی پہلی برسی منائی ۔ انڈین ہائی کمشنر مسٹر مینن نے کہا اس موقع پر محض وعظ و نصیحت سے کام نہیں چلے گا ۔ یہ باعث افسوس ہوگا اگر اس موقع کو محض رسمی مقصد بنا دیا جائے ۔ اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ گاندھی جی کی شخصیت محض ایک یادگار بن کر نہ رہ جائے ۔

ہندوستان کے پاس گاندھی جی کی دولت یہ ہے کہ ہندوستان نے دنیا کو بتا دیا کہ ایک آزاد قوم انسانیت کی تعمیر کر سکتی ہے ۔ اور یہ چیز تاریخ میں ہمیشہ باقی رہے گی اور جہاں تک ہندوستان اس اصول پر عمل کرتا رہے گا [illegible] گاندھی جی کی تعلیم پر عمل کرنا انسانی زندگی کا مقصد ہونا چاہئے ۔

جلسہ [illegible] ہندوستانی موجود تھے [illegible] انڈیا ہاؤس کی لائبریری میں ہوا جہاں گاندھی جی کی تصویر [illegible] کے بعد گاندھی جی کا پسندیدہ بھجن گایا گیا ۔ اس کے بعد قومی ترانہ گایا گیا ۔

انڈیا لیگ کی طرف سے مہاتما گاندھی کی زندگی پر ایک فلم بھی دکھایا گیا ۔

ہمارے اپنے ملک اور بقیہ دنیا میں بہت سے ہیرو ہیں جن کی زندگی عمل اور [illegible] جدوجہد کی یادگار [illegible] پتھر اور مرمر کے مجسموں کی شکل میں موجود ہیں ۔

گاندھی جی کے برابر کسی دوسرے شخص نے انسانی دلوں پر اتنا اثر نہیں کیا ۔ انھوں نے انسانیت کو اجاگر کیا ۔ انسانوں کے دلوں کو بے خوف بنا دیا [illegible] ادارہ نہیں تھا ۔ عام طور پر لوگ ان کے ساتھ نہیں [illegible] کوئی طاقت نہیں تھی [illegible] نتائج کا اندیشہ نہیں تھا [illegible] لوگوں کو کوئی دھمکی نہیں تھی ۔ نوجوان خیالات کا [illegible] نہیں کر سکتے ہوں ۔ صرف ایک زبردست مثال تھی اور یہی ہمارے لئے موجود ہے ۔

دہلی کا سفر کرو اور اپنی صحت کا خیال رکھو

آپ کی خدمت کے لئے نیا ہوٹل جاری کیا ہے جس میں بہترین کھانا اور رہائش کا انتظام کیا گیا ہے ۔ صداقت کا امتحان کیجئے ۔

یونین ہوٹل بلیماران دہلی

(حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

ذرا سوچ ... کر جواب دیجئے

[illegible]

اسلامی کتابیں [illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پبلکیشنز دہلی

ہندوستان امن آزادی اور اتحاد کا علمبردار ہے

جو ملک کی ترقی کی راہ میں حائل ہیں وہ ملک کے دشمن ہیں پنڈت نہرو کی نشری تقریر

نئی دہلی ۔ ۳۱ جنوری ۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے گذشتہ شب آل انڈیا ریڈیو دہلی سے قوم کے نام ایک پیغام نشر کرتے ہوئے ایک ولولہ انگیز اپیل کی کہ وہ اپنی آنکھیں اور کان کھولیں ۔ دلوں کو ٹٹولیں ۔ اور مہاتما گاندھی سے عقیدت مندی کے ساتھ سوچیں ۔ کہ وہ زندگی بھر کس چیز کے لئے [illegible] اور ہم سے کیا چاہتے تھے ۔

ہم دنیا کی قوموں سے یہ کہتے ہیں کہ ہمارا تم سے کوئی جھگڑا نہیں ہم تم سے آزادی اور لوگوں کی بہبودی کے لئے دوستی اور تعاون چاہتے ہیں ۔ ہم کسی کو غلام بنانا یا کسی پر فوقیت حاصل کرنا نہیں چاہتے ۔ لیکن اپنی آزادی کی حفاظت بھی پوری قوت کے ساتھ کریں گے ۔

لوگوں کو یاد دلاتے ہوئے کہ ایک سال پیشتر [illegible] ہو گئی تھی اور ہم سب پر تاریکی مسلط ہو گئی تھی پنڈت نہرو نے کہا ۔ میں آج پھر قوم کو مخاطب کرتے ہوئے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم نے اور آپ نے اس بدنصیب سال کا بار اپنے شانوں پر اٹھایا تھا یہ روشنی بجھی نہیں بلکہ پہلے سے زیادہ روشن ہوگی اور ہمارے قابل احترام لیڈر کا پیغام ہمارے کانوں میں گونجتا اور رہنمائی کرتا رہا لیکن پھر بھی ہم میں سے بعض [illegible] نے اپنے کان اس پیغام سے بند کر لئے لیکن آج ہمیں اپنی آنکھیں اور کان کھول کر اپنے دلوں کو ٹٹولنا چاہئے اور پوری عقیدت مندی کے ساتھ یہ سوچنا چاہئے کہ وہ زندگی بھر کس چیز کے لئے رہے اور ہم سے کیا چاہتے تھے ۔

آپ نے کہا ۔ آج شام آپ لوگوں نے شہروں قصبات اور دیہات میں اس پیغام کو دوبارہ سنا ہوگا اس پیغام پر عمل کرنے کی اس سے زیادہ جبکہ دنیا نفاق اور پھوٹ میں مبتلا ہے ضرورت نہ تھی ۔ دنیا نے کئی بار مسائل کو طاقت کے بل بوتے پر حل کرنے کی کوشش کی مگر ہر بار ناکام رہی ۔ آج وقت ہے کہ ہم اپنے تلخ تجربہ سے سبق لیں [illegible] مسائل کو طاقت اور تشدد سے حل کرنے کی کوشش نہ کریں گے اور ہندوستان اور دنیا سے نفرت و تشدد کی تمام برائیوں کو مٹا کر پرامن [illegible] کی راہ سے آزادی اور سچائی کی بے لوث خدمت کرتے ہندوستان کے تمام لوگوں میں خیر سگالی کا جذبہ پیدا کرنے طبقہ وار امتیازات پیدائش کی بنا پر ذات پات اور مذہب کی تفریق کو مٹا دیں گے ۔

ہمیں ان لوگوں کی طرف بھی دوستی کا ہاتھ بڑھانا [illegible] کی محبت حاصل کرنی ہے جو ہمارے خلاف برا جذبہ رکھتے ہیں [illegible]

ہندوستان کی حکومت نے ایک سال میں بہت کچھ کیا ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ ابھی بہت کچھ ہونا ہے اگر ملک و قوم کا پورا تعاون حکومت کو حاصل ہو اور یکجہتی کے ساتھ قدم اٹھایا جائے تو بہت جلد اور بہت کچھ ہو سکتا ہے ملک میں زبردست قوت ہے اور اس کو بروئے کار لانے کے لئے سخت جانفشانی کی ضرورت ہے ۔

آخر میں پنڈت نہرو نے کہا کہ ایک طرف کچھ لوگ نیا ہند تعمیر کرنے میں لگے ہوئے ہیں اور دوسری طرف کچھ لوگ ان کی راہ میں حائل ہیں ، میں سمجھتا ہوں کہ جو ہندوستان کی ترقی کی راہ میں حائل ہے وہ ہندوستان کا دشمن ہے ۔ فی الحال ہمیں حقوق کو بھول کر اپنا فرض ادا کرنا چاہئے جو اپنا فرض ادا کرتے ہیں وہ خود بخود حقوق حاصل کر لیتے ہیں یاد رہے کہ حقوق فرائض کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں ۔ ہمیں ایک نیا ہند بنانا ہے اگر ہم مل کر کام کریں تو بلا شبہ اسکو حاصل کر لیں گے ۔

فرقہ وارانہ نفرت کا خاتمہ کرو

آچاریہ نریندر دیو کی اپیل

لکھنؤ ۔ ۳۰ جنوری ۔ سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے آچاریہ نریندر دیو نے کہا کہ اگر ہم گاندھی جی کی یاد میں آنسو بہاتے رہیں گے اور بڑے بڑے الفاظ کہتے رہیں گے تو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا جب تک کہ ہم ان کے آدرشوں [illegible] اور فرقہ وارانہ نفرت کا خاتمہ نہ کریں ۔

انھوں نے کہا کہ گاندھی جی کی شہادت سے فرقہ پرستی کا خیال ذہن سے نکل گیا ہے ۔ اور اگر ہم نے اس فرقہ کو دوبارہ سر اٹھانے کی اجازت دی تو ہم تباہ و برباد ہو جائیں گے ۔

آخر میں آپ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گاندھی جی کے اصولوں پر چل کر اپنے مطالبات منوائیں ۔

[illegible]

[illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)

تین ہزار روپیہ کے انعامات

نوٹ ۔ انعام کی رقم حبیب بینک لمیٹڈ لاہور برانچ میں جمع کر دی گئی ہے ۔

داخلہ کی آخری تاریخ [illegible] فروری ۱۹۴۹ء

پہلا انعام ۔ صحیح حل ۔ دو ہزار روپیہ

دوسرا انعام (ایک غلطی) ساڑھے پانچ سو روپیہ

تیسرا انعام (دو غلطی) ساڑھے تین سو روپیہ

چوتھا انعام سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو سو روپیہ



معمہ حل کرنے کی ترکیب خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پُر کریں ۔ اشارات :- (۱) محبوب سے [illegible] (۲) [illegible] (۳) جو کسی وقت بھی نقصان کا باعث ہو سکتا ہے ۔ (۴) قابل قدر ہیں وہ لوگ جو ضرورت مند کی [illegible] (۵) اس سے گھبرا جانا بھی بزدلی کی نشانی ہے ۔ (۶) انسان اکثر اس سے دھوکا کھا جاتا ہے ۔ (۷) بعض لوگ [illegible] (۸) [illegible] (۹) انسان کی زندگی کو برقرار رکھنے کے لئے ایک ضروری عنصر ۔

[illegible]

مشہور اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۳ [illegible] پی ۔ ٹی روڈ لاہور

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۲ فروری ۱۹۴۹ء

جمہوریہ پاکستان

پاکستان کے ہائی کمشنر مقیم دہلی نے ایک ملاقات کے دوران میں بڑا انقلاب انگیز بیان دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) پاکستان کی حکومت ایک جمہوری حکومت ہے اس کی بنیاد مذہب پر نہیں رکھی گئی ہے ۔

(۲) قانون شریعت کا اطلاق صرف مسلمانوں پر ہوگا ، غیر مسلموں پر اس کا اطلاق نہیں ہو سکتا ۔

(۳) پاکستان نے اقلیتوں سے مساوی سلوک کرنے کی گارنٹی دی ہے اور اس نے عزم کر لیا ہے کہ وہ اقلیتوں کے شہری حقوق کی حفاظت کرے ، حکومت اقلیتوں کے ان قابل افراد کو ملازم رکھنے کے لئے تیار ہے جو پاکستان میں رہنے اور اس کی خدمت کرنے کے لئے تیار ہوں ، اور اب بھی پاکستان کے کئی حصوں میں ہندو سرکاری ملازم ہیں اور مشرقی پاکستان میں اقلیتوں کے لئے تیس فیصدی ملازمتیں مخصوص کرنے کی سفارش کی گئی ہے ۔

(۴) تقسیم کے بعد ناخوشگوار حالات کی وجہ سے جو تلخی پیدا ہو گئی ہے پاکستان اسے دور کرنے کی خواہش رکھتا ہے ۔

(۵) پاکستان ایسے حالات پیدا کرنے کے لئے تیار ہے کہ دونوں طرف سے پناہ گزین اپنے اپنے گھروں کو واپس جا سکیں [illegible] ہیں لیکن ان کا حل تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔

(۶) مستقبل قریب میں ہند اور پاکستان کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع ہونا چاہئے ۔

(۷) پاکستان ، ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے !

اس بیان سے پاکستان کی ذہنی تبدیلی کا جو ثبوت ملتا ہے ہمیں اس کا خیر مقدم کرنا چاہئے ، معلوم ہوتا ہے کہ لاکھوں انسانوں کے قتل عام ، ہزاروں عورتوں کی آبروریزی اور اربوں روپے کی جائداد و املاک کے اتلاف کے بعد اب پاکستان کو صحیح زاویہ نگاہ سے حالات کے جائزہ کا موقعہ ملا ہے ، اور اسے محسوس ہوا ہے کہ منافرت ، اختلاف اور دشمنی کی فضا کو اب بدل جانا چاہئے کیونکہ جن واقعات نے تلخی پیدا کی ہے وہ تو ہو چکے اب اس کے سوا چارہ نہیں کہ دو ملتوں میں تعاون و اشتراک ہو اور دونوں ایک دوسرے کی ضرورت کو سمجھ کر ایک دوسرے کے فائدہ کے لئے قدم اٹھائیں اور تلافی مافات کے لئے کوئی آسان راہ پیدا کریں !

اس اعلان کا اہم پہلو یہ ہے کہ پاکستان کو پہلی مرتبہ ایک جمہوری اور غیر مذہبی حکومت قرار دیا گیا ہے ، یعنی اب پاکستان اسلامی اسٹیٹ نہیں رہا ، اور قبل اس کے کہ وہ اسلامی اسٹیٹ بنتا اسے غیر اسلامی بنا دیا گیا ہے ! البتہ اس میں صرف مسلمانوں کے لئے شرعی قوانین جاری ہو سکیں گے ، جو صرف مسلمانوں ہی تک محدود رہیں گے غیر مسلموں کا ان سے کوئی تعلق نہ ہوگا ! ہندوستانی لیڈروں نے بار بار کہا تھا کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کی واپسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ایسی مذہبی اسٹیٹ غیر مسلموں کو کبھی برداشت نہیں کر سکتی ، اگر پاکستان چاہتا ہے کہ اقلیتوں کو واپس بلائے اور ان کے ساتھ انصاف اور مساوات کا سلوک کرے تو اس کا پہلا کام یہ ہے کہ وہ اسلامی اسٹیٹ کے بجائے جمہوری اسٹیٹ کا اعلان کرے ! اس مطالبہ کے جواب میں پاکستان ہائی کمشنر کا اعلان ہے کہ پاکستان تو ایک غیر مذہبی اسٹیٹ ہے جو جمہوریت کی بنیاد پر قائم کی گئی ہے لہذا غیر مسلموں کو اس سے کوئی اندیشہ نہ ہونا چاہئے ، اب پاکستان میں غیر مسلموں کے حقوق کا پورا تحفظ ہوگا اور ان کی واپسی کا خیر مقدم کیا جائے گا ۔

کاش پاکستان کے لیڈر اسلامی اسٹیٹ کا ڈھنڈورہ پیٹنے [illegible] صاف کہدیتے کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے حقوق سب سے زیادہ محفوظ رہ سکتے ہیں اور اسلام ہی سب سے انصاف ، رواداری ، مساوات اور [illegible] نسل ، ذات ، قوم [illegible] اور قبائلی امتیازات کو جرم اور معصیت قرار دیا لیکن ہم نالائق جو اسلام کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہیں اور اسلام کا نام محض اپنے اغراض کے لئے استعمال کرتے رہے ہیں اس قابل کہاں کہ پاکستان کو اسلامی اسٹیٹ بنائیں اور اسلام کے صالح نظام اور اس کے اخلاقی اور معاشرتی قوانین کی الجھنوں میں پھنسیں ، ہندو یقین کر لینا چاہئے کہ ہم پاکستان کو مذہب کی بنیاد پر قائم نہیں کریں گے ، اس لئے نہیں کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا بلکہ اس لئے کہ ہم اپنے نظام زندگی کو اسلام کے تابع بنانا نہیں چاہتے کیونکہ اسلام تو شاہی میں فقیری سکھاتا ہے ، اور اس میں ان عیش پرستیوں اور رنگ رلیوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے جن سے آج ہمارے شبستانوں کی رونق قائم ہے ! تو یقین کیجئے کہ معاملہ طول نہ کھینچتا اور آج یہ کہہ کر کہ پاکستان اسلامی اسٹیٹ نہیں ہے اسلامی نظام پر غیر اسلامی نظام کی برتری کا اعتراف نہ کیا جاتا ! جب ایک شخص کہتا ہے کہ اسلامی اسٹیٹ غیر مسلموں کے لئے روادار نہیں بن سکتی اگر غیر مسلموں کے لئے پاکستان میں گنجائش نکالنی ہے تو پہلے اسے غیر اسلامی غیر مذہبی اور جمہوری قرار دو اور اسکے جواب میں یہ کہا جائے کہ ہم نے آپ کی بات مان لی اور اب سے پاکستان کو غیر مذہبی اور جمہوری اسٹیٹ قرار دیا [illegible] اسلامی نظام حکومت نہ تو جمہوری ہے اور نہ اس میں غیر مسلموں کیساتھ انصاف اور مساوات کا سلوک ہو سکتا ہے ، لہذا اس بے انصافی کی تلافی کے لئے اسلام کو ایک دروازہ سے نکال کر دوسرا دروازہ غیر مسلموں کے لئے کھولا گیا ہے ! کہنا یہ چاہئے کہ کس کمبخت نے اسلامی اسٹیٹ قائم کیا ہے ؟ اگر اسلامی اسٹیٹ قائم کرنے کا خیال ہوتا تو تقسیم سے پہلے اور اس کے بعد غیر اسلامی حرکات کا ارتکاب ہی کیوں کیا جاتا ! کیا اسلامی اسٹیٹ غیر اسلامی حرکات کا مظاہرہ کر کے قائم کی جاتی ہے ؟ ہماری حرکات ہی اس بات کی دلیل ہیں کہ ہم اسلامی اسٹیٹ قائم نہیں کر سکتے ، لہذا جو لوگ پاکستان کو مذہبی اسٹیٹ سمجھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں اور جو لوگ کہتے ہیں کہ صحیح اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے ساتھ انصاف نہیں ہو سکتا وہ سب سے زیادہ [illegible] کاش ہم اسلامی اسٹیٹ قائم کرنے کے قابل ہوتے اور بتاتے کہ یہ اسٹیٹ غیر مسلموں کے لئے کتنی بڑی نعمت اور رحمت ہو سکتی ہے لیکن چونکہ پاکستان کو اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں اس لئے ہمیں یہ اعلان کرنے میں بھی کوئی باک نہیں کہ وہ ایک غیر مذہبی اور جمہوری اسٹیٹ ہے !

ہم نے پاکستان کی اسلامی اسٹیٹ کو نہ پہلے تسلیم کیا اور نہ اب کرتے ہیں کیونکہ پاکستان بنانے والوں کا غیر اسلامی مزاج کبھی اسے اسلامی اسٹیٹ نہیں بنا سکتا ! اب جو یہ کہا جا رہا ہے کہ پاکستان غیر مذہبی اور اسلامی اسٹیٹ ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ اسلامی اسٹیٹ میں غیر مسلموں کے حقوق محفوظ نہیں رہ سکتے تو ہم اس مفہوم کو بھی جہالت اور گستاخی پر محمول کرتے ہیں !

یہ اعلان ہماری آرزوؤں کی تکمیل ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ مساویانہ اور عادلانہ سلوک ہوگا پاکستان دونوں طرف کے پناہ گزینوں کی واپسی کے لئے مناسب حالات پیدا کرنے کی کوشش کریگا ، دونوں کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت شروع ہو اور پہلے کی طرح پورے ملک کی وحدت کا احساس زندہ ہو جائے لیکن جائدادوں کے تبادلہ کا معاہدہ آبادی کے تبادلہ کو مستقل بنا دے گا اور گاندھی جی کی یہ آرزو خاک میں مل جائے گی کہ ہندو مسلمان اپنی اپنی جگہوں کو واپس جائیں اور غیر فطری تبادلہ ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا جائے ۔

بہرحال پاکستان کی ذہنی تبدیلی بہت خوشگوار اور امید افزا اور مستقبل کیلئے نیک فال ہے اگر [illegible] جذبات ترقی کرتے [illegible] گاندھی جی نے قربانی دی تھی [illegible] جلد سے جلد حاصل ہو جائے ۔

اچھی باتیں

وَمِنْ آيَاتِهِ ... تَنْتَشِرُونَ

(پ ۲۱ ع ۶)

خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ اس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا ، پھر تم مٹی بن بنا کر چلتے پھرتے انسان بن گئے ۔

تمام انسانوں کی اصل خواہ کسی نسل سے ہوں مٹی ہے مٹی سے غلہ پھل ترکاری پیدا ہوتے ہیں انسان انہیں کھاتا ہے اور ان سے تخم بنتا ہے تخم سے بچہ پیدا ہوتا ہے تو گویا ہر پھر کر مٹی ہی انسان کی پیدائش کا سبب قرار پائی مٹی سے پیدائش کا ذکر اس لئے فرمایا تاکہ ہر انسان اپنی اصل کو یاد رکھے اور تمام انسانوں کو اپنا بھائی سمجھے انسان کی پیدائش بھی خدا کی زبردست نشانی ہے خاک کے پتلہ میں کیسے کیسے کمالات رکھدیئے گئے ہیں اس پتلہ میں کائنات کی ساری قوتیں مخفی ہیں جنہیں اگر انسان چاہے تو انسانیت کے لئے مفید بنا سکتا ہے ۔

لوگوں کو اپنی شکایات جائز اور آئینی ذرائع سے پیش کرنی چاہئیں

کلکتہ سے روانہ ہونے سے پیشتر مولانا آزاد کا حکومت اور عوام کو مشورہ

کلکتہ ۔ ۱۳۰ جنوری ۔ حکومت ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد نے ہفتہ کے دن یہاں سے روانہ ہوتے وقت ایک بیان میں کہا کہ حکومت کو یاد رکھنا چاہئے کہ وہ ایک قومی حکومت ہے اور اسے عوام کی مرضی پر دھیان دینا پڑے گا اور عوام کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ ان کی حکومت ہے اور اس اعتبار سے ان کی ہمدردی اور تعاون کی مستحق ہے ۔

مولانا نے کہا کہ ہندوستان کو اس وقت جو گوناگوں مسائل درپیش ہیں انہیں حل کرنے کے لئے عوام اور حکومت کے درمیان مناسب مفاہمت اور تعاون ضروری ہے ۔ مولانا آزاد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اگرچہ ان کے کلکتہ آنے کا ابتدائی مقصد مرکزی گورنمنٹ کے بعض تعلیمی اداروں کے نظم و نسق سے متعلق تھا ۔

انہوں نے بنگال کیبنٹ صوبائی کانگریس کمیٹی کے نمائندوں اور مختلف الخیال عوامی کارکنان سے عام سیاسی صورت حال پر بات چیت کی ، آپ نے کہا کہ اس بات چیت سے مجھے یقین ہو گیا ہے کہ حکومت کتنی ہی ہر دلعزیز کیوں نہ ہو عوام کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنا یا صرف سرکاری ذرائع سے [illegible] حال ہی میں جو افسوسناک واقعات ہوئے ہیں ، ان سے میرا یقین پختہ ہو گیا ہے کہ عوام کے ساتھ رابطہ نہ رکھنے کی صورت میں عوامی حکومت کبھی اپنے فرائض کی تکمیل بخش طریقے پر عمل نہیں کر سکتی ۔ چنانچہ مجھے یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ مغربی بنگال صوبائی کانگریس کمیٹی نے عوام کے ساتھ قریبی تعلق پیدا کرنے کے لئے [illegible]

میں عوام پر بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ان کی بعض شکایتیں اس قسم کی ہیں کہ دنیا کی کوئی حکومت بھی انہیں فوراً دور نہیں کر سکتی ۔ غذا ، کپڑے کی قلت اور رہائش کی مشکلات سب سے بڑے مسائل ہیں جو دنیا میں عام ہیں اور ان کے حل کرنے میں کئی سال لگ جائیں گے ۔ مسائل کو فوراً حل کرنے کے لئے حکومت پر دباؤ ڈالنا لوگوں کے ہاتھوں میں کھیلنے کے مترادف ہوگا جو اپنے اغراض کی تکمیل کرنے [illegible] کوئی بھی دوسرا ذریعہ اختیار کیا جائے تو اکثر اوقات مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے ۔ چنانچہ میں عوام سے اپیل کروں گا کہ وہ اپنے مطالبات میں زیادہ حقیقت پسندانہ نظریہ رکھیں اور حکومت سے کہوں گا کہ وہ عوامی شکایتوں کی اچھائی برائی کے [illegible] اندازہ لگائے اور [illegible] حالات میں ان کو زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک دور کرنے کی کوشش کریں ۔ حکومت کو یاد رکھنا چاہئے کہ وہ ایک قومی حکومت ہے ، چنانچہ اسے عوام کی مرضی پر دھیان دینا پڑے گا اور عوام کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ ان کی حکومت ہے اور اس اعتبار سے ان کی [illegible]

عوام میں تبدیلی

[illegible] مولانا آزاد نے جمعہ کے روز محمد علی پارک میں تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں پر اس بات کے لئے زور دیا کہ وہ مستقبل سے مایوس نہ ہو جائیں وہ صرف ترقی پسند رہیں اگر انہوں نے ایسا کر لیا تو پھر کرہ زمین پر کوئی طاقت ان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی ۔ مولانا نے کہا کہ حال ہی میں [illegible] قانون کو اپنے ہاتھ میں لے لیا تھا حکومت نے اس کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کے واسطے سخت اقدام کیا ۔ عوام نے بھی [illegible] سے کوئی ہمدردی ظاہر نہیں کی ، اور اس سے اس تبدیلی کا پتہ چلتا ہے جو ہندوستان نے کی ہے ۔

اس سے قبل مولانا آزاد نے جادوپور انجینئرنگ کالج کے طلباء کے سامنے تقریر کی اور کہا کہ آزاد ہندوستان میں ٹیکنیکل تعلیم کی بڑی اہمیت ہے ۔ آپ نے امید ظاہر کی کہ حکومت اس درسگاہ کی کافی امداد کرے گی جو تقسیم بنگال کی پرانی اسکیم کے باعث وجود میں آئی تھی اور اس کے پھلنے پھولنے میں امداد دے گی جو ایک قومی تحریک کی یادگار ہے ۔

ڈاکٹر بی سی رائے وزیر اعظم بنگال بھی مولانا آزاد کے ہمراہ تھے جب مولانا اس کالج میں آئے ۔ مولانا آزاد وکٹوریہ میموریل بھی گئے ، اور اس کی بعض گیلریوں کو بھی دیکھا ۔ مولانا آزاد نے مغربی بنگال اسمبلی کے [illegible] میں گاندھی جی کی تصویر کی نقاب کشائی کی [illegible] دنیا کی تاریخ میں اس ایک آدمی [illegible] کوئی مثال نہیں ملتی جس نے اس قدر قلیل عرصہ میں ایک قوم کو [illegible] مولانا آزاد نے کہا ہم کو گاندھی جی کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارنی چاہئے ۔

قوم کا چراغ

مہاتما گاندھی جو تاریکیوں میں ہمت کا چراغ روشن کئے رہے اور جنہوں نے قوم کی کشتی کو منجدھار سے نکال کر نجات پر لگایا ، آج ہمارے اندر موجود نہیں ہیں ، وہ گذشتہ سال ۳۰ جنوری کو ہم سے جدا کر دئیے گئے اور اس سینہ میں جو محبت سے معمور تھا گولی پیوست کر دی گئی ، آپ کی زندگی شمع ہدایت تھی اور آپ کی موت راہ نجات ثابت ہوئی ! رنج اس بات کا ہے کہ آج سب ہی مہاتما کی پیروی کا دم بھرتے ہیں اور سب ہی کہتے ہیں کہ ہمیں آپ کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنا چاہئے ، مگر ہم سب آپ کی پیروی سے منہ موڑ چکے ہیں اور اپنے آپ کو سب کچھ ثابت کرنے کے لئے آپ کی ہڈیوں کو فروخت کر رہے ہیں ، آج کوئی نہیں ، جو آپ کی راہ پر چلے اور اس چراغ کو روشن رکھے جس میں محبت ، انصاف اور ہمدردی کا روغن ڈالا گیا تھا دنیا جھوٹی اور مکار ہے وہ ایک مہاتما کو بھی اپنے لئے استعمال کرنے سے نہیں چوکتی !

آج ہم آزاد ہیں ہمارا مستقبل روشن ہے اور ہمارا باغ بار آور ہے ، مگر یہ سب کچھ اسی ہستی کا صدقہ ہے جس کا نام ہماری زبانوں پر ہے ، اور دل اس کی عقیدت سے [illegible] لیکن اگر ہم نے اس راہ پر قدم نہ رکھا [illegible] نے ہمارے لئے بنائی تھی تو [illegible]

سیر ...... و ...... سیاحت

انگریز کو گئے ہوئے دو سال ہونے کو آئے لیکن آج بھی جب اس کی یاد آجاتی ہے تو بے اختیار دل بھر آتا ہے ۔

اللہ اللہ کیا شان تھی ۔ کیا متانت تھی بہار کے زمانے میں باغ کے چپے چپے سے بہار پھوٹی پڑتی ہے لیکن انگریز کے زمانے میں گوشے گوشے سے متانت اور سنجیدگی کا ترشح ہوتا تھا ۔ آپ یہ نہ سمجھیں کہ ہم خدانخواستہ انگریز کی تعریف کر رہے ہیں لیکن " نقل کفر کفر نہ باشد " پر عمل کرتے ہوئے واقعہ کو واقعہ کی حیثیت سے بیان کر رہے ہیں ۔

ہاں تو ذرا انگریز کے زمانہ کا مقابلہ آج سے کیجئے تو آپ کو محسوس ہوگا کہ آج ہر چیز مذاق اور مسخراپن ہی ہو کر رہ گئی ہے [illegible] بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ کے مصداق [illegible] تشریح کی روشنی میں جب سب مسخرے ہی مسخرے ہوں تو پھر [illegible]

" ایں خانہ ہمہ آفتاب است "

کے مصداق یونیورسٹیاں کب کسی سے پیچھے رہنے والی تھیں [illegible] ڈگری کے خزانے لٹا دیئے ۔

ایک وہ بھی زمانہ تھا جب یار لوگ اسی دھن میں رہا کرتے تھے کہ کوئی ایسا جیتا جادو کر بیٹھیں کہ کسی یونیورسٹی کی نظر پڑ جائے اور وہ کوئی ڈگری دے جائے ۔ مگر بڑی مشکل سے یہ نوبت آتی تھی ۔ اور جب ایسا ایک آدھ " ناشدنی " واقعہ ہو جاتا تھا تو دنیا کی نظریں اس پر اٹھ جاتی تھیں ۔ اس کے علم و فضل کے چرچے ہوتے ۔ اخباری پرچیاں ہوتیں ۔ دعوتیں اڑتی تھیں ۔ غرض ہمالیہ سے لے کر راس کماری تک اور بلوچستان سے لے کر آسام تک اس کی قابلیت کا سکہ چلتا تھا ۔

لیکن آج ہماری یونیورسٹیوں کی دریادلی کی بدولت ڈگریاں دینے کا تماشا

مرگ انبوہ جشنے دارد

کے مصداق ہو گیا ہے ۔ ایک دوست کا اس پر اعتراض ہے کہ یونیورسٹیوں کا قصور نہیں بلکہ قصور ان لائق عالموں اور فاضلوں کا ہے جو برسات کے مینڈکوں کی طرح ابل پڑے ہیں [illegible]

واقعہ کچھ بھی ہو لیکن اس رفتار کو دیکھتے ہوئے یہ اندیشہ ضرور پیدا ہو گیا ہے کہ اگر یہی صورت حال رہی تو سڑکوں پر جھاڑو دینے والے بھنگی ، موٹر چلانے والے ڈرائیور ، اسٹیشنوں پر اسباب اٹھانے والے قلی اور سب سے بڑھ کر سکرٹریٹ کے غلام گردش میں متعین چپراسی یا تو ڈاکٹر آف لاز ہوں گے یا پھر ڈاکٹر آف لٹریچر ۔ (اشرف)

تاریخ انسانی کا اہم ترین واقعہ

۱۲ ربیع الاول وہ مبارک دن ہے جب رسول اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس دنیا میں تشریف لائے ، جو کل جہاں کے لئے رحمت تھے ، جن سے تاریخ کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا اور انسانیت نے اپنے کھوئے ہوئے [illegible] سے حاصل کیا اور زندگی پھر اسی راہ پر چلنے کے قابل ہو گئی جو قضا و قدر نے اس کے لئے مقرر رکھی تھی ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس حامل تھی اس پیغام کی کہ انسان انسان میں کوئی فرق نہیں ہے گورے کو کالے پر امتیاز نہیں اور نہ سرخ کو پیلے پر ، سب ایک ہی آدم کی اولاد ہیں اور سب کا خالق بھی ایک ہی ہے ، اچھا وہ ہے جس کے اعمال اچھے ہیں [illegible]

[illegible] کرتا ہے ، نہ کہ ان میں اختلافات پیدا کرتا ، اور مذہب محض زبان اور دل تک محدود نہیں ، بلکہ اس کی نجات اس عمل ہی سے ہے ۔ اور ایمان کے ساتھ اعمال صالح بھی ضروری ہیں ۔

آپ جب اس دنیا میں تشریف لائے تو عرب مختلف قبیلوں میں بٹے ہوئے تھے جن میں سے ہر قبیلہ کے مختلف خاندان آپس میں دست و گریبان رہا کرتے ، اور ادھر جزیرہ عرب کے مختلف حصوں پر غیر قابض تھے ، جو عربوں کو ذلیل کرتے ، اور انہیں اپنے سے کم تر سمجھتے تھے ، آپ نے بکھرے ہوئے عربوں کو ایک وحدت میں بدل دیا ، اور جب آپ کا انتقال ہوا تو سرزمین عرب کا آدھا حصہ بھی ایسا نہ تھا جس پر کسی دوسرے کا قبضہ ہو [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگاکر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قایم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کراکر روانہ کریں۔ (ادارہ)

بیٹر میں امدادی کمیٹی اور جمعیۃ علماء کا قیام

۲۸ جنوری کو حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور مولانا سید احمد صاحب رکن جمعیۃ علماء حیدرآباد بیٹر پہنچے۔ [illegible] ملاقات کی ۲۹ جنوری کی شام کو پانچ بجے بمبئی مسافر خانہ میں ہندو مسلمانوں کے مشترک اجتماع میں ہر دو صاحبان نے موجودہ حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے آپس کے میل ملاپ [illegible] امداد کی طرف فوری طور پر توجہ دلائی۔ جناب پرشوتم راؤ صاحب سکریٹری کانگریس کمیٹی اور مستقیم الدین صاحب قیصر کو بطور کنوینر منتخب کیا گیا۔ [illegible] باتفاق آراء ایک عارضی کمیٹی منتخب کی گئی۔ جو جمعیۃ علماء [illegible] قایم کرے گی۔ اور اس کے اراکین اور عہدیداران کا انتخاب کرے گی۔

اراکین وفد ۳۰ جنوری کی صبح کو بیٹر سے واپس ہوکر [illegible] ہیں۔

مظفر نگر

حسب ذیل حضرات مظفر نگر کی جمعیۃ علماء حلقہ نمبر ۲ کی مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے ہیں۔

جناب حافظ احسان احمد صاحب۔ ڈاکٹر رحمن خاں صاحب چودھری گھسا صاحب۔ منشی محمد لقمان صاحب۔ سید محمد شاکر صاحب زیدی۔ ماسٹر محمود خاں صاحب۔ حافظ شبیر احمد صاحب۔ حافظ عبدالحمید صاحب سرمہ والے۔ ماسٹر محمد صدیق صاحب۔ عبدالمجید صاحب۔ ماسٹر کرامت اللہ صاحب۔ حافظ اشرف خاں صاحب۔ شیخ محمد امین صاحب [illegible] صاحب۔ حکیم اسد اللہ صاحب انصاری۔

جالاواڑ

منشی محمد شریف صاحب کی زیر قیادت ایک وفد جمعیۃ علماء راجستھان جالاواڑ میں آیا اور چند روز کی جد و جہد کے بعد یہاں پر جمعیۃ علماء کی شاخ قایم کرکے اس کا الحاق صوبہ کی جمعیۃ علماء سے کردیا گیا۔ منشی وزیر محمد صاحب وکیل صدر۔ حافظ محمد ایوب خاں وکیل ناظم۔ منشی نسیم الدین صاحب وکیل نائب ناظم۔ مولوی عبدالواحد خاں نائب ناظم۔ محمد حسنین صاحب شہر کوتوال خازن مقرر ہوئے۔

سانحہ ارتحال

بڑے رنج و حسرت و افسوس کے ساتھ مشتہر کیا جاتا ہے کہ مولانا مسعود الرحمن صاحب قاسمی۔ صدر جمعیۃ علماء ڈھاکہ و نائب ناظم صوبہ بہار کے والد بزرگوار جناب حاجی شیخ [illegible] صاحب [illegible] طویل علالت کے بعد بتاریخ ۲۴ جنوری ایک بجے رات کو اس دار فانی سے رحلت فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم پکے اسلام دوست اور اسوۂ رسول کے دلدادہ تھے آپ کا دل علماء و فضلاء کی محبت سے لبریز تھا۔ بیس پچیس برس سے تلاوت قرآن کا شوق اتنا بڑھ گیا تھا کہ دن رات کا اکثر حصہ بے پناہ مصروفیتوں کے باوجود اسی میں گذرتا۔ اللہ انھیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

حضرت مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی کا جالندھر میں ورود

حضرت مولانا عبدالماجد صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی جو کہ ایک ہفتہ پیشتر سے خود لدھیانہ میں مقاصد جمعیۃ علماء کی تبلیغ فرما رہے تھے اور عظیم الشان اجتماعات میں تقریریں کررہے تھے۔ ۳۰ جنوری کی شام کو جالندھر تشریف لائے۔ آپ ۳ جنوری کی شام کو جالندھر سے بمبئی کے لئے روانہ ہوجائیں گے۔ اور مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ایم ایل اے اور مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کے ساتھ صوبہ بمبئی کا دورہ کریں گے۔

انتخابات

[illegible]

مسئلہ فلسطین کے حل میں ایشیائی اتحاد موثر ثابت ہوگا

عرب ہائی کمیٹی کے نمائندے مسٹر عیسیٰ نخلہ کی تقریر

نئی دہلی ۔ ۳۰ جنوری ۔ کل فلسطین کی عرب ہائی کمیٹی کے نمائندہ مسٹر عیسیٰ نخلہ نے ایک پریس کانفرنس میں فلسطین کے بارے میں عرب نقطہ نظر کو پیش کیا۔ فلسطین کے تمام واقعات کا ذکر کرنے کے بعد انہوں نے کہا عرب تقسیم فلسطین پر کسی طرح راضی نہ ہوں گے انہوں نے کہا اس مشکل مسئلہ کو حل کرنے کے صرف دو طریقے ہیں ایک تو پر امن اور جمہوری طریقہ اور دوسرے جنگ۔ انہوں نے کہا عرب دونوں طریقوں کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی امید ظاہر کی کہ اپریل میں جب مسئلہ فلسطین پر جنرل اسمبلی دوبارہ غور کرے گی تو ایشیائی اقوام کی یک جہتی اور اتحاد بہت مفید ثابت ہوگا۔

مسٹر عیسیٰ نے روس پر الزام لگایا کہ وہ یہودیوں کی ایسے وقت میں امداد کررہا ہے جب کہ مجلس اقوام فلسطین کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ روس نے مشرق وسطیٰ میں گڑبڑ پیدا کرنے کی نیت سے اسرائیل کی حکومت کو تسلیم کرلیا ہے اور اپنے حلیف ممالک سے بھی اسے تسلیم کرایا ہے۔ روس اور اس کے حلیف ممالک نے جن میں چیکوسلواکیہ بھی شامل ہے یہودیوں کو ہتھیار گولہ بارود اور ہوائی جہاز [illegible] روسی کو گرفتار کیا گیا ہے اور روس کے ایجنٹ سارے مشرق وسطیٰ میں پھیلا دئے گئے ہیں۔

امریکہ کا قابل اعتراض رویہ

انھوں نے امریکہ پر بھی الزام لگایا کہ اس نے یہودیوں کی اسٹیٹ [illegible]

یہودیوں کے وحشیانہ مظالم

انہوں نے کہا جن علاقوں میں یہودی اسٹیٹ بنانے کی تجویز پیش کی تھی وہاں بھی یہودی صرف پانچ لاکھ تھے اور عربوں کو اس علاقہ میں بھی اکثریت حاصل تھی۔ اس مسئلہ پر قابو پانے کے لئے یہودیوں نے وحشیانہ مظالم شروع کردئے اور نازی جرمنی میں ان کے ساتھ جو سلوک کیا جاتا تھا انھوں نے عربوں پر اس سے بھی [illegible] اور اس وقت ساڑھے سات لاکھ عرب اپنے گھر بار سے نکل کر بے خانماں اور انتہائی مصیبت کے عالم میں زندگی بسر کررہے ہیں۔ اپریل میں مجلس اقوام کی جنرل اسمبلی کا اجلاس ہوگا اور اس کے سامنے مصالحتی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جائے گی یہ کمیٹی امریکہ فرانس اور ترکی پر مشتمل ہے اور اس نے اپنا کام شروع کردیا ہے اس سوال کے جواب میں کہ عرب لیگ کو مجلس اقوام پر اعتماد ہے۔ مسٹر عیسیٰ نے کہا کہ عربوں کو مجلس اقوام کی زیادہ سے زیادہ ہمدردی کی تائید حاصل ہورہی ہے۔ پہلے یہودیوں کو کافی ہمدردی حاصل تھی لیکن ان کے وحشیانہ مظالم کے پیش نظر اب ہمدردی کو ٹھکرا بیٹھے ہیں ایشیائی ممالک ابھی وہاں موجود ہیں اور ہمیں مجلس اقوام پر اس وقت تک اعتماد ہے جب تک کہ ہم بالکل مایوس نہیں ہو جاتے ہم اس مسئلہ کو پرامن ذرائع سے حل کرنا چاہتے ہیں۔

عربوں کی طاقت

ان سے سوال کیا گیا کہ اگر مجلس اقوام انصاف نہ کرسکی تو کیا عربوں کے اتنی طاقت ہے کہ وہ یہودیوں کے خلاف جنگ کرسکیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ یہ کون کہتا ہے کہ ہمارے پاس طاقت نہیں ہے صرف ایک عرب ملک اتنی طاقت رکھتا ہے کہ وہ یہودیوں کو نیست و نابود کردے ہمارے پاس اسلحہ ہیں اور آدمی بھی ہیں لیکن اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ ہماری طاقت کم ہے تب بھی ہم اینٹوں اور پتھروں سے لڑیں گے خواہ جنگ دس سال یا بیس سال لگ جائیں اور خواہ سو سال لگ جائیں۔ ہم آخر تک لڑیں گے۔ سوال کے جواب میں کہ جمہوری حل سے عربوں کا کیا مطلب ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ کی بنیاد جمہوریت کے مسلم اصولوں پر ہونی چاہئے اور اس میں اقلیتوں کے لئے منصفانہ جمہوری حقوق کی حفاظت بھی شامل ہونی چاہئے۔ (نامہ نگار)

بڑے شہروں کو تبادلہ جائداد سے مستثنیٰ کردیا جائے

تبادلہ جائداد کی اسکیم میں مہاتما گاندھی کی خواہش کو نظر انداز نہ کیا جائے

دہلی ۔ ۳۱ جنوری ۔ مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے رکن مولانا فقیہہ الدین صاحب نے تبادلہ جائداد اور فروخت کے معاہدہ کے بارے میں ایک بیان میں توجہ دلائی ہے کہ معاہدے کے مطابق یکم فروری ۴۹ء سے ہند و پاک کے درمیان جائدادوں کا تبادلہ اور خرید و فروخت شروع ہوجائے گی۔ اس موقعہ پر مولانا نے ایک بیان کے ذریعہ ہند اور پاکستان کے باشندوں [illegible] فرض یاد دلاتے ہوئے کہا ہے۔

"دنیا اس حقیقت سے واقف ہے کہ ہمارے مخلص رہنما گاندھی جی کی آخر وقت تک یہی خواہش اور اسکیم تھی کہ محبت اور آشتی کی ایک عام فضا پیدا کرکے دونوں ملکوں کے باشندوں کو واپس اپنے اپنے گھروں میں بسایا جائے اور باہمی عداوت و نفرت کے داغ دھو دئے جائیں اس میں شک نہیں کہ دونوں حکومتوں اور ان کے باشندوں کی بہتری اور کامیابی کے لئے اس سے اچھی کوئی راہ نہیں۔ ہم ہزار اسکیمیں بنائیں مگر کامیاب وہی اسکیم ہوگی جسے گاندھی جی کے مقدس ہاتھوں نے ترتیب دیا اور اس پر اپنے خلوص کی مہر لگائی۔ [illegible] گاندھی جی کی برسی منائی جارہی ہے کیا بہتر نہ ہوگا کہ ہم سب [illegible] گاندھی جی کی خواہش کا احترام کریں۔

ہند اور پاکستان نے حال ہی میں تبادلہ جائداد کے بارے میں جو سمجھوتہ کیا ہے اس اعتبار سے اس کی قدر کرنی چاہئے کہ یہ سمجھوتہ دونوں حکومتوں کی جانب سے صلح جوئی اور دوستی کی اسپرٹ میں ہوا ہے۔ لیکن اس سمجھوتہ کے پس منظر اور دور رس نتائج پر غور کرنا بھی ضروری ہے۔ یہ یقینی ہے کہ اگر آج ہند اور پاکستان کے باشندوں نے عام طور پر جائدادوں کا تبادلہ کرلیا تو پھر گاندھی جی کی اس اسکیم کو پورا کرنے کے لئے کوئی اور وقت نہیں آئیگا جو ملک کے دونوں حصوں کی پائیدار اور دائمی فلاح اور خوشحالی کی ضامن ہے۔

جائداد کے عام تبادلہ کے بعد تمام مہاجر اور پناہ گزین ہمیشہ کے لئے اپنے وطن سے دور اور اپنی آبائی ملکیت سے محروم ہوجائیں گے اور یہ چیز آج کے حالات میں خواہ کتنی ہی خوشنما ہو لیکن نتائج کے اعتبار سے گاندھی جی کی اسکیم کے مقابلہ میں بہتر نہ ہوگی۔ بہرحال ان حقیقتوں کی روشنی میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ تبادلہ جائداد کی اسکیم میں کم از کم دونوں مملکتوں کے بڑے بڑے شہروں کو مستثنیٰ رکھا جائے اور خرید و فروخت کرنے والے بھائی ملک کی تعمیر و ترقی کی خاطر اگر شہری جائداد کا تبادلہ اور خرید و فروخت نہ کریں تو بھی گاندھی جی کے مشن کو پورا کرنے کے لئے ایک راستہ کھلا رہ جائیگا۔ اور یقیناً آہستہ آہستہ کا راستہ یہی ہوگا۔

میں اس سلسلہ میں مسٹر محمد اسمٰعیل ہائی کمشنر پاکستان متعینہ ہندوستان کے اس بیان کا خیر مقدم کرتا ہوں جو انہوں نے حال ہی میں پریس کے نمائندوں کو دیا ہے۔ موصوف کے بیان میں کافی حد تک یہ چیز آجاتی ہے میری اپیل ہے کہ دونوں حکومتوں کو اپنی جگہ اور خاص طور سے ہند و پاکستان کو اپنی جگہ سنجیدگی کے ساتھ اس پہلو پر غور کرنا چاہئے۔"

پاکستان کے گورنر جنرل کا پیام

دہلی ۔ ۳۰ جنوری ۔ قاتل کے ظالم ہاتھ سے ایک عظیم ترین فرزند کی زندگی کے خاتمہ کو ایک سال ہوتا ہے۔ ان کی زندگی نہ صرف اپنے ملک بلکہ دنیا بھر کی خدمت کے لئے وقف تھی۔ ان الفاظ میں گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے گاندھی جی کو خراج تحسین ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا آج کی دنیا میں جو گذشتہ عالمگیر جنگوں کی تباہی کو بھول چکی ہے اور جہاں اب بھی تشدد کا دور دورہ ہے۔ گاندھی جی کے عدم تشدد کے اصول کا ذکر اچھا ہوگا۔ قول و فعل سے تشدد کو ختم کرکے ہم محفوظ دنیا کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔

دنیا گاندھی جی کی تعلیمات کو قبول کرے

انسٹائن اور تھامس مان کا پیغام

واشنگٹن ۲۹ جنوری ۔ پروفیسر انسٹائن نے دنیا بھر سے اپیل کی [illegible] سے پہلے وہ گاندھی جی کی تعلیمات کو اپنی بنیادی پالیسی بنالیں۔ پروفیسر انسٹائن اور تھامس مان نے دنیا بھر کے امن پسندوں کی کانفرنس کو [illegible] یہ پیغام بھیجا ہے۔

پروفیسر انسٹائن نے اپنے پیغام میں لکھا ہے۔ ہند کے اس کانفرنس طلب کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ گاندھی جی کے خیالات سے ان کی قوم بہت متاثر ہوئی ہے ظلم کی طاقتوں کا مقابلہ ظلم کی طاقتوں سے زیادہ تک نہیں کیا جاسکتا ان کا مقابلہ صرف عدم تعاون ہی سے کیا جاسکتا ہے۔ گاندھی جی نے سمجھ لیا تھا کہ دنیا کو [illegible] کے چکر سے نجات دلانے کا صرف یہی راستہ ہے ہم کو اس بات کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے کہ تباہی سے نکلنے سے قبل دنیا گاندھی جی کی تعلیمات کو اپنی بنیادی پالیسی بنائے۔ تھامس مان نے بھی اسی قسم کا پیغام دیا۔

برطانیہ اور چار دوسرے ممالک نے اسرائیل کو تسلیم کرلیا

لنڈن ۳۰ جنوری۔ برطانیہ، بلجیم، ہالینڈ، لکسمبرگ اور نیوزی لینڈ نے واقعاتی حیثیت سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اسی طرح حکومت اسرائیل کو تسلیم کرنے والی حکومتوں کی تعداد ۱۳ ہوگئی ہے۔

اوسلو کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ناروے، سویڈن، ڈنمارک اور آئس لینڈ بھی اسرائیل کو تسلیم کرلیں گے۔ آسٹریلیا پہلے ہی اسرائیل کو تسلیم کرچکا ہے۔ ایک برطانوی ترجمان نے کہا کہ اسرائیل کو پوری طرح تسلیم کرنے کے [illegible] فلسطین کے تازہ واقعات کے پیش نظر غور کیا جائیگا۔ لنڈن میں مسٹر بیون نے اس خبر کی تردید کی کہ [illegible] اسرائیل کو تسلیم کرلیا ہے۔

انڈونیشیا کا خراج عقیدت

دہلی ۳۱ جنوری ۔ انڈونیشی دفتر اطلاعات نے مندرجہ ذیل بیان میں گاندھی جی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ گذشتہ سال آج ہی کے دن دنیا گاندھی جی کے وجود سے محروم ہوگئی۔ انڈونیشی عوام کو اس خبر سے سخت صدمہ ہوا تھا کیونکہ ہم نے گاندھی جی سے بہت کچھ سیکھا تھا اور ان کو اپنا محبوب لیڈر سمجھتے تھے۔ [illegible]

وزیر اعظم برما کا تار

[illegible]

سری نگر میں آتشزدگی

سری نگر ۳۰ جنوری ۔ گذشتہ شب سری نگر میں پولو گراؤنڈ کے مغرب میں آگ لگنے سے دو درجن دوکانیں [illegible] جل کر راکھ ہوگئے۔ نقصان کا اندازہ تین لاکھ لگایا گیا ہے۔ ابھی تک کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

تاریخ انسانی کا اہم واقعہ

(بقیہ صفحہ ۳ سے آگے)

[illegible]

اٹاوہ کی خبریں

(از نامہ نگار خصوصی)

[illegible]

نیتا جی کا یوم پیدائش

[illegible]

یکہ یونین کا قیام

[illegible]

صوبہ موٹر آپریٹرس کانفرنس

[illegible]

یوم آزادی

[illegible]

آنریبل وزیر اعظم یوپی کی آمد

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ...... -/-/۳ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... -/-/۲ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مینیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی بلیماران

دار السلطنت

۳۱ جنوری ۱۹۴۹ء

سنگھ کا گرو دہلی جیل میں

راشٹریہ سیوک سنگھ کے گرو ایم ایس گولوالکر کو جو کہ سیونی جیل میں نظر بند تھے اب دہلی ڈسٹرکٹ جیل میں لایا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر گولوالکر سنگھ کے دوسرے لیڈروں سے دہلی جیل میں ملاقات کریں گے اور حکومت ہند کی ان شرائط پر غور کریں گے جنہیں قبول کرنے پر سنگھ پر سے پابندی ہٹائی جا سکتی ہے۔ امید ہے کہ اس سلسلہ میں جلد ہی کوئی فیصلہ ہوجائیگا۔

عظیم الشان مشاعرہ

آج رات کو ۹ بجے اجمل روڈ [illegible] زیر اہتمام ایک عظیم الشان مشاعرہ بعنوان مہاتما گاندھی اردو پارک (جامع مسجد) منعقد کیا جارہا ہے جس میں نامور شعراء شریک ہورہے ہیں۔ امید ہے آپ بھی تشریف لاکر اس مشاعرہ کو عزت بخشیں گے نیز کارکنان مشاعرہ کو شکر گذاری کا موقعہ دیں گے۔

بزم سخن کا ہفتہ واری مشاعرہ

مہاتما گاندھی کی روح سے خطاب

دہلی ۳۱ جنوری ۔ بزم سخن دہلی [illegible] کا ہفتہ واری مشاعرہ [illegible] حافظ رحمت الٰہی صاحب [illegible] منعقد ہوا جس میں مہاتما گاندھی کی زندگی [illegible] قطعات نظمیں اور غزلیں پیش کیں۔ [illegible] نے گاندھی جی کی روح کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے حاضرین کو اپنے کلام سے نوازا۔ [illegible]

علی گڑھ یونیورسٹی میں جلسہ

علی گڑھ ۳۰ جنوری ۔ کل علی گڑھ یونیورسٹی کے طلباء کا ایک جلسہ گاندھی جی کی برسی کے سلسلہ میں ہوا۔ [illegible] مسٹر عبدالمجید خواجہ نے گاندھی جی کی تعلیمات اور زندگی پر روشنی ڈالی۔

ناروے کی شمالی دفاعی لائن مضبوط کردی گئی

تعلیمی مرکز جامعہ، قصاب پورہ میں ۵ فروری ۱۹۴۹ء کو "یوم گاندھی" منایا جائے گا اس کا پروگرام یہ ہے:۔

پہلی نشست ۴ بجے سے ۶ بجے شام (۱) نظم شاکر صاحب (۲) تعارف مہتمم مرکز (۳) تقریر پنڈت سندر لال جی

دوسری نشست ۶ بجے سے ۹ بجے شب تک (۱) نظم شاطر صاحب (۲) تقریر منشی گوپی ناتھ صاحب امن (۳) تقریر مولانا حفظ الرحمن صاحب (۴) تقریر مولانا حبیب الرحمن صاحب

تعلیمی مرکز جامعہ باڑہ ہندو راؤ میں ۷ فروری ۱۹۴۹ء کو "یوم گاندھی" منایا جائے گا۔

(۱) صفائی ۹ سے ۱۱ بجے تک (۲) ہاتھ کا کام دھونا کاتنا وغیرہ ۲ بجے (۳) اچھوت بچوں کی دستکاری اور تعلیمی حلقے کا افتتاح از پروفیسر مجیب ۳ بجے (۴) عام جلسہ اور تقسیم انعامات ۴ بجے (۵) پیار تھنا سبھا ۵ بجے

تعلیمی مرکز جامعہ، پہاڑی بھوجلہ میں ۸ فروری ۱۹۴۹ء

(۱) صفائی (۲) گاندھی جی کی زندگی اور تعلیمات پر لکچر از مرکز (۳) نمائش جس کے ذریعے گاندھی جی کی زندگی اور تعلیمات تصویروں میں دکھائی جائیں گی۔

گرمیوں میں ٹھنڈا پانی

مسافروں کے لئے ٹھنڈے پانی کی فراہمی کا انتظام کرنے کے لئے دہلی کے بڑے ریلوے اسٹیشن پر پانی ٹھنڈا کرنے کی [illegible] اور مسافروں کو بہت معمولی قیمت پر فراہم کیا جایا کرے گا۔ اگر تجربہ کامیاب ہوا تو مشرقی پنجاب ریلوے کے دوسرے اسٹیشنوں پر بھی ایسی مشینیں لگائی جائیں گی۔

پنڈت نہرو کو سپاسنامہ

۵ فروری کو دہلی کی دیہاتی آبادی کی جانب سے پنڈت نہرو کو سپاسنامہ پیش کیا جائیگا۔ یہ تقریب صوبہ کانگریس کے زیر اہتمام نریلہ میں گاندھی سیوا آشرم نے منعقد کی ادا کی جائے گی۔ وزیراعظم نریلہ کی بھنگی بستی کا بھی دورہ کریں گے۔

ضلع نمبر ۵ کے ممبران کو اطلاع

کنوینر سب کمیٹی انتخابات ممبر سازی ضلع نمبر ۵ محمد خورشید علی مطلع کرتے ہیں کہ ضلع نمبر ۵ کے ابتدائی ممبروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا رجسٹر ممبرسے مکان نمبر ۱۴۴۹ قاقہ بگلی بھوجلہ احاطہ کالے صاحب میں آ کر دیکھ سکتے ہیں تاکہ اگر [illegible] نام درج کرا سکیں۔

۲ فروری [illegible]

تار اور ڈاک کے چالیس ہزار ملازمین ہڑتال کر رہے ہیں
مہنگائی بھتہ اور تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ

دہلی ۲ فروری ۔ معلوم ہوا ہے کہ تار اور ڈاک کے ملازمین کی یونین نے تمام ہندوستان میں ۴۰ ہزار ملازمین کو ۱۰ فروری کو ہڑتال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ کیونکہ ابھی تک ان ملازمین کا اضافہ مہنگائی اور تنخواہوں کے بڑھنے کے اسکیل کا مطالبہ پورا نہیں ہوا ہے۔

پوسٹ مین یونین کے ۲ ہزار ممبر ہیں اس نے بھی یہی فیصلہ کیا ہے کہ ہڑتال کی جائے۔ ان لوگوں کا مطالبہ ہے کہ تنخواہ کمیشن کی سفارش کے مطابق تیس روپے مہنگائی بھتہ میں اضافہ کیا جائے۔ حکومت نے دس روپے کے اضافہ کی منظوری دی ہے لیکن اس کو مسترد کر دیا گیا ہے ان کا یہ مطالبہ بھی ہے کہ کام کے اوقات میں کمی کی جائے اور دو سال قبل جن لوگوں کو عارضی رکھا گیا تھا ان کو مستقل کیا جائے ۱۹۴۶ء سے لے کر اس وقت تک کسی شخص کو مستقل نہیں کیا گیا۔

ان ملازمین کی یونین کے سکریٹری نے شادرام پر کاش نے کہا کہ ہم حکومت کے اس عذر کو تسلیم نہیں کرتے کہ مہنگائی کے بھتہ میں اضافہ سے افراط زر میں اضافہ ہوگا کیونکہ ان ملازموں کی تنخواہوں پر کنٹرول سے روکا جا سکتا ہے مگر مزدوروں کو ناکارہ بنا کر [illegible] اس اعتراض کا بھی جواب دیا کہ [illegible]

سندھ کے وزیر خوراک کی وفات

کراچی یکم فروری ۔ حکومت سندھ کے وزیر خوراک اور سول سپلائی [illegible] محمد اعظم کی اچانک حرکت قلب بند ہو جانے سے وفات ہو گئی۔ گذشتہ دنوں سے انہیں دل کی بیماری تھی۔

ہند پارلیمنٹ نے دو بل چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیئے
سر سپرو و سر اکبر حیدری وغیرہ کی موت پر ایوان کی طرف سے اظہار تعزیت

دہلی ۲ فروری ۔ کل اسمبلی کا بجٹ سیشن شروع ہوا۔ اسمبلی نے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے پیشہ کا بل چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔ اس کے علاوہ بعض قسم کی زرعی جائداد کے تبادلے سے پہلے ٹیکسوں کی ادائیگی کا بل بھی چیدہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ اس سلسلہ میں پہلے ہی سے ایک آرڈیننس جاری ہے لیکن اس کی میعاد ۷ فروری کو ختم ہو رہی ہے۔ وزیر خزانہ جنہوں نے یہ بل پیش کیا تھا [illegible] بل کو چیدہ کمیٹی کے سپرد کئے جانے پر تیار ہو گئے۔ بعض ممبروں نے کہا کہ اس بل کو ترک کر دیا جائے کیونکہ اس سے بڑی مشکلات پیدا ہو جائیں گی مسٹر [illegible] نے کہا اسمبلی کے اگست کے سیشن میں [illegible] کر کے ترک کر دیا جائے گا۔

سرمایہ پر نفع کی حد و مقدار تقسیم کرنے کے لئے [illegible] نفع اور اشتمراک سرمایہ کے بارے میں فیصلہ کی سفارش [illegible] وزیر تجارت مسٹر نیوگی نے دوسرا بل پیش کیا جس کا مقصد مرکزی حکومت کے زیر نگرانی چائے کی صنعت کی ترقی کے لئے اقدامات کی سفارش کی گئی ہے۔

ہند کی چائے کمیٹی

اس بل کے ماتحت ہند کی چائے کمیٹی کے قیام اور ملک میں پیدا شدہ یا ہند سے برآمد کی ہوئی چائے پر کنٹرول کے لئے انڈین ٹی کمیٹی (ہند کی چائے کمیٹی) قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ کمیٹی ٹی مارکیٹ ایکسپینشن بورڈ کی بجائے کام کرے [illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

ڈاکٹر متھائی کا جواب

وزیر خزانہ ڈاکٹر متھائی نے کہا یہ اقدام اس وقت ضروری ہے کیونکہ ان لوگوں کی وجہ سے ملک کی آمدنی میں کمی ہو رہی ہے جو ہند چھوڑنے کی غرض سے اپنی جائداد وغیرہ فروخت کر کے ممالک غیر جا کر بسنا چاہتے ہیں۔ بل میں جو دو دفعات ہیں ایک جائداد منقولہ کی بابت دوسرا زرعی زمینوں کی بابت ہے۔ اس وقت کسی تبادلہ کی رجسٹری نہیں ہوسکتی جب تک کہ ٹیکس واجب نہ ہونے کا سرٹیفیکیٹ نہ مل جائے اسمبلی میں کل سات بل پیش کئے گئے ڈاکٹر متھائی نے ایک بل پیش کیا جس کی رو سے کمپنیوں میں لگائے ہوئے [illegible]

پاکستان کو اپنا وطن سمجھ کر اس کی تعمیر و ترقی میں حصہ لو
مشرقی بنگال کے غیر مسلموں کو خواجہ ناظم الدین کا مشورہ، انکی واپسی پر اظہار مسرت

ڈھاکہ ۲ فروری ۔ پاکستان آپ کا بھی اسی طرح وطن ہے جس طرح پر مسلمانوں کا ہے کچھ ضروری وہ ایک ذہنی تبدیلی ہے جو اس برصغیر کی تقسیم اور دو خود مختار مملکتوں کے وجود میں آنے سے سیاسی ڈھانچے میں پیدا ہوئی ہے۔ یہ الفاظ پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے کل سپیر بیان ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔ آپ نے اقلیتی فرقہ کے لوگوں کو دعوت دی کہ وہ آگے بڑھ کر ایک پاکستانی کی حیثیت سے مملکت کی تعمیر میں حصہ لیں۔

خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل مقرر ہونے کے بعد مشرقی بنگال میں پہلی تقریر کر رہے تھے۔ آپ نے کہا کہ باہمی مشکلات کو باہمی حل کر سکتے ہیں جیسا کہ متحدہ طور پر ان کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

آپ نے کہا کہ حکومت پاکستان ہرگز یہ نہیں چاہتی کہ وہ اپنے گھروں کو چھوڑ کر یہاں سے چلے جائیں [illegible] مشرقی بنگال کے مسلمانوں کی [illegible] ان کے غیر مسلم بھائی مشرقی پاکستان سے جائیں بلکہ وہ یہ چاہتے ہیں کہ وہ یہاں رہ کر پاکستان کی ترقی میں اپنا مناسب حصہ لیں۔ گورنر جنرل پاکستان نے مشرقی بنگال سے ہندوؤں کے انخلاء کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں اس کے اسباب میں جانا نہیں چاہتا تفصیلات میں پڑنا چاہتا ہوں۔ اگرچہ بعض اخبارات نے اس کو بہت بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہے مگر مجھے اس بات پر مسرت ہے۔ کہ اب یہ بحث مباحثہ ختم ہو گیا ہے اور یہ کہ اب قابل تعریف تبدیلی پیدا ہوئی ہے۔ اور جو لوگ چلے گئے تھے وہ اب اپنے مادر وطن کو واپس آ رہے ہیں۔

ایک مہربان مالک

لندن یکم فروری ۔ [illegible] جو پہلے شملہ میں رہتی تھی اور لیڈی اکین کی بیوہ ہے ۳۴ [illegible] اپنے رشتے داروں کے سرحد کے لئے تین سو روپے اور اپنے تین سرحد کے چوڑے ہیں اپنے باقی نوکروں کو جن کی مدت ملازمت پانچ سال سے زیادہ ہے دو سو روپے اور ایک سال سے زیادہ ملازمت کرنے والوں کو سو روپے دینے کی وصیت کی گئی ہے۔

دہلی میں سات گرفتاریاں

دہلی ۲ فروری ۔ کل دہلی میں ۷ گرفتاریاں عمل میں آئیں دو آدمی کل تین بجے انڈیا روڈ سول لائنز اور کناٹ پلیس سے گرفتار کئے گئے۔ یہ اپنی جائے رہائش اور پیشہ کے متعلق کچھ نہ بتا سکے ان میں سے ایک شخص موٹر میں بیٹھا ہوا تھا۔ گرفتاری کا دوسرا واقعہ پہاڑ گنج میں پیش آیا۔ یہاں ایک شخص کی موٹر سے مٹی کے تیل کے ۸ ٹین برآمد ہوئے تھے۔ اس کے گھر سے تیل کے ۸ ٹین اور ملے۔ اس سلسلہ میں دو شخص حراست میں لے لئے گئے۔

چاندنی چوک سے تین گرفتاریوں کی اطلاع ملی ہے ان لوگوں نے فرضی چیک بنا کر بنک سے سات ہزار روپیہ اڑالئے تھے۔ پولیس کی تحقیقات سے مشتبہ لوگوں کا سراغ مل گیا اور ان کو گرفتار کر لیا گیا۔

۸۴۰ چاقو چرالئے

دہلی کے ایک گودام سے بہت کافی سامان جس میں برطانوی ساخت کے ۸۴۰ چاقو بھی شامل ہیں چرالئے گئے۔ سبزی منڈی مقیم پورہ سے پانچ سو روپے کا سامان ایک مکان سے چوری کئے جانے کی اطلاع ملی ہے۔ تین آدمی جن کی بابت معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے سات ہزار روپیہ جوا بد کر رکھے تھے پولیس نے گرفتار کر لئے ہیں۔

ایک جیب کترا گرفتار

قطب روڈ پر ایک شخص دوسرے آدمی کی جیب کاٹتا ہوا گرفتار ہوا دوسرے [illegible] اور رجسٹری کاغذات بائیں کرنے کے جرم میں ایک اور گرفتار کیا گیا۔ [illegible] کے الزام میں [illegible] گرفتار کیا گیا [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کا بازار صرافہ

[illegible]

دہلی تیل مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بمبئی کے بھاؤ

[illegible]

> # توجہ طلب
>
> دفتری و انتظامی امور سے متعلقہ خطوط میں کوئی ایسی بات نہ لکھیے جس کا تعلق ادارہ تحریر سے ہو۔ اشاعت طلب مضامین خبریں اور مراسلات وغیرہ اڈیٹر کے نام علیحدہ بھیجیے۔ ورنہ اس کی بروقت و مناسب تعمیل کی ذمہ داری ادارے پر نہ ہوگی۔
>
> منی آرڈر کوپن پر اپنا نام اور پورا پتہ خوشخط اور صاف حروف میں لکھیے اور ساتھ ہی یہ بھی تحریر کیجیے کہ روپیہ آپ کس مد میں بھیج رہے ہیں۔
>
> **عبدالوحید صدیقی**
>
> جنرل منیجر ادارۃ الجمعیۃ دہلی

> # آپ کیوں محروم ہیں؟
>
> جبکہ
>
> بہت سے مشتہرین حضرات الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت اور کاروبار کو دن دونی رات چوگنی ترقی دے رہے ہیں۔ اور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آپ بھی فائدہ اٹھائیے
>
> **منیجر اشتہارات**

> ## سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات
>
> **خدا کی باتیں**
>
> تقریباً ۱۰۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ۔ قیمت دو روپیہ بارہ آنے صرف
>
> **رسول کی باتیں**
>
> توحید، رسالت، قرآن اور دنیا وغیرہ بہت سے عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف
>
> **جنت کی کنجی**
>
> ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف۔
>
> **دوزخ کا کھٹکا**
>
> ۴۰۰ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنیوالوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے قیمت دو روپیہ صرف
>
> **الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان۔ دہلی**

> ## حضرت امام حسین کس لئے شہید کیے گئے
>
> [illegible]
>
> [illegible] گلی [illegible] دریوالان دہلی

> ## کیوں صاحب آپ اتنے کیوں اداس ہیں
>
> [illegible]
>
> محمد سلیم الدین ولد عبدالحکیم جراح فراش خانہ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۰۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۵ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۵ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۹ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اعلان

پبلک کی خدمت میں التماس ہے کہ میری سابقہ ڈسپنسری جو بارہ ٹوٹی صدر بازار میں واقع تھی اور جس کا ٹیلیفون نمبر ۵۱۹ تھا۔ یہ ٹیلیفون نیشنل نرسنگ ہوم واقعہ صدر تھانہ روڈ میں تبدیل ہوگیا ہے۔ اور اس کا نمبر اب ۵۰۱۲ ہے۔

ڈاکٹر زیڈ۔ احمد (جبین)
مالک نیشنل نرسنگ ہوم صدر تھانہ روڈ دہلی

پاکستان نے برما کی سرحد بند کردی

ڈھاکہ ۳ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے مشرقی بنگال کی برما کی سرحد کو سربمہر کردیا ہے۔ یہ اقدام دونوں طرف سے غلط اور ناجائز طریقہ پر داخل ہونے والوں کی روک تھام کے لئے کیا گیا ہے۔ اگرچہ علاقہ کی پوری طرح پر حفاظت کرنا اور چوکیدار رکھنا پہاڑی علاقہ ہونے اور دریائے آف کے درمیان میں آجانے کے باعث مشکل ہے۔ مشرقی بنگال سے ملحقہ علاقہ اراکان کی آبادی کی اکثریت مسلمان ہے اور وہاں سے پناہ گزین آرہے ہیں۔ جو لوگ آرہے ہیں ان کو طبی امداد دی جارہی ہے۔

امریکہ نے مارشل اسٹالن کی پیشکش ٹھکرادی صلح کے سمجھوتہ پر گفتگو کرنے سے انکار

جس مسئلہ کا تعلق سب قوموں سے ہو اس پر دو طاقتوں کی گفتگو مناسب نہیں

سکریٹری آف اسٹیٹ مسٹر آچیسن کی روسی پالیسی پر سخت نکتہ چینی

واشنگٹن ۳ فروری۔ امریکہ کے وزیر آف اسٹیٹ مسٹر ڈین آچیسن نے مارشل اسٹالن کی اس پیشکش کو مسترد کر دیا ہے کہ مارشل اسٹالن اور صدر ٹرومین کے درمیان صلح کے سمجھوتہ پر کسی قسم کی گفتگو کی جائے۔ مسٹر آچیسن نے اپنی ہفتہ واری پریس کانفرنس میں کہا کہ امریکہ کسی ایسے معاملہ پر جس کا براہ راست دوسری قوموں سے تعلق ہو دو قوموں کی گفتگو کے لئے تیار نہیں ہوگا۔ ضروری ہے کہ وہ قومیں بھی اس میں شریک ہوں۔ آپ نے کہا جوں ہی برلن کی ناکہ بندی ختم کردی جائے گی مغرب کی تین طاقتیں جرمنی یا کسی دوسرے معاملہ پر گفتگو کرنے کے لئے تیار ہیں۔

[illegible]

مصر اور اسرائیل دونوں نے ڈاکٹر بنچ کی تجاویز کا جواب دیدیا

روڈس کی گفت و شنید میں تعطل پیدا ہونے کا خدشہ

روڈس ۳ فروری۔ ڈاکٹر رالف بنچ قائم مقام ثالث جو یہاں اسرائیلی اور مصری نمائندوں کی کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں حکومت مصر کی طرف سے موصول شدہ اس جواب پر غور کر رہے ہیں [illegible]

[illegible]

ہانگ کانگ کے دفاع کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی

برطانوی پارلیمنٹ میں وزیر دفاع مسٹر الگزنڈر کا بیان

[illegible]

ابھی فلسطین کی آخری لڑائی شروع نہیں ہوئی

کراچی میں عرب لیگ کے سابق نمائندہ عیسی النخلی کا بیان

[illegible]

فلسطین کا مسئلہ ابھی حل نہیں ہوا

[illegible]

پولیس کی ہڑتال

[illegible]

سینٹرل آرڈیننس ڈپو میں آگ

[illegible]

انسین میں جلتے ہوئے مکانوں کا دھواں رنگون سے نظر آرہا ہے

شہر پر قبضہ کے بعد باغیوں کی دہشت سے لوگوں کا فرار

[illegible]

انسین میں کرین باغیوں کا مضبوط اڈہ

پیرو میں چالیس کرین ہلاک

[illegible]

ہندوستانی اور افریقی لیڈروں میں گفتگو

[illegible]

نانکنگ اور شنگھائی کے درمیان کمیونسٹوں کی نقل و حرکت شروع ہوگئی

ٹاٹا چین اور کیانگین میں زبردست جنگ توپخانہ کا استعمال

[illegible]

برلن کی جوابی ناکہ بندی

[illegible]

شیخ الہند جنتری ۱۹۴۹ء

[illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر شیخ الہند جنتری۔ گوشہ ادب ۲۰ حویلی اعظم خاں دہلی

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

راجپوتانہ کے تمام والیان ریاست یا مہاراجستھان میں شامل ہونے کے لئے تیار ہوگئے

مہاراجہ جے پور مہاراج پرمکھ اور مہاراجہ میواڑ مہاراج پرمکھ ہوں گے

[illegible]

امرتسر میں سنگھیوں کو سزائیں

[illegible]

~~حیدرآباد میں جاگیرداری کا خاتمہ~~

[illegible]

گاندھی میموریل فنڈ

[illegible]

گاندھی جی کی پوجا کرنا اور ان کے اصولوں کو نہ ماننا سخت ناانصافی ہے

پٹنہ میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر رام راجیہ کی وضاحت

پٹنہ یکم فروری۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے یہاں ایک جلسہ عام میں رام راجیہ کی وضاحت فرمائی۔ آپ نے کہا کہ مختلف طبقوں کے لوگ یہ سوچ رہے ہیں کہ ملک کے اندر کس طرح کی حکومت قائم ہونی چاہئے۔ جاگیردار اور سرمایہ دار اپنا راج قائم کرنا چاہتے ہیں اور راجہ لوگوں کی خواہش ہے کہ ان کی اپنی پسند کا راج قائم ہو۔ اگر ان دونوں طبقوں میں سے کوئی بھی طبقہ کامیاب ہوگیا تو اس سے عوام سخت مصیبتوں میں پھنس جائیں گے اور یہ راج اس راج سے مختلف ہوگا جس کا تخیل مہاتما گاندھی کے سامنے تھا۔

[illegible]

سنگھ کے متعلق حکومت کی پالیسی

سردار پٹیل اس ہفتہ بیان دیں گے

نئی دہلی یکم فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ اس ہفتہ نائب وزیر اعظم سردار پٹیل ہند پارلیمنٹ میں راشٹریہ سنگھ کے متعلق حکومت ہند کی پالیسی کے متعلق ایک تفصیلی بیان دیں گے۔ [illegible]

تامل ناڈ کانگریس کی تحریک

[illegible]

مشرقی اور مغربی پنجاب میں ریلوں کی آمد و رفت کی تجویز کا خیر مقدم

دونوں ملکوں کے عوام کے باہمی تعلقات کے بہتر ہونے کی توقع

دہلی ۲ فروری۔ دہلی میں عوام کی رائے اس تجویز کی حمایت کررہی ہے کہ مشرقی اور مغربی پنجاب کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت شروع کردی جائے۔ مسلمان، ہندو، سکھ تمام فرقوں کے لوگوں کا خیال ہے کہ دونوں ملکوں کی حکومتوں کو جلد از جلد عوام کے اس مطالبہ کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ دونوں پنجابوں کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت شروع کردی جائے۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان [illegible]

[illegible]

ڈاکٹر رائے کے اندازہ میں ۱۲ لاکھ ہندو مشرقی بنگال سے آچکے ہیں

بین المملکتی کانفرنس کے بعد پھر اعداد و شمار کا پرچار شروع ہوگیا

[illegible]

گرفتار شدگان کو جلد از جلد رہا کیا جائے گا

نواب صاحب بھوپال کا فرمان

[illegible]

تین لاکھ کھڈیوں کا کپڑا اور اور لوگ پاکستان بھیجا جاسکتا ہے

ہند پارلیمنٹ

[illegible]

وزیر دفاع کا بل

[illegible]

گورنری راج کے قیام پر مغربی پنجاب مسلم لیگ کی شدید نکتہ چینی

یہ اقدام غیر جمہوری اور مسلم لیگ کو بدنام کرنے والا ہے!

لاہور ۲ فروری۔ کل مغربی پنجاب مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے اپنے اجلاس میں ایک طویل ریزولیوشن پاس کیا ہے جس میں مغربی پنجاب میں گورنری راج قائم کرنے کے فیصلہ پر مرکزی حکومت کی مذمت کی گئی ہے۔

[illegible]

سکھوں کے وفد کی ملاقات

[illegible]

سالے بہنوئی نیوزی لینڈ میں پناہ لیں گے

[illegible]

جائیدادوں کا تبادلہ

[illegible]

اسٹیٹو ہاؤس ایجنسی امرتسر سے رجوع کریں

(صفحہ اول کالم ۲ سے آگے)

[illegible]

در دمندانہ اپیل

[illegible]

مندر میں ہریجنوں کا داخلہ

[illegible]

پولیس کے اختیارات میں توسیع کی جائے

[illegible]

ڈاسنہ اسٹیشن کے مقدمہ کے تمام ملزموں کو بری کردیا گیا

جج کی نظر میں پولیس شہادتیں فراہم کرنے میں ناکام رہی

[illegible]

جیل پور سے سنگھی طلباء کی رہائی

[illegible]

کشمیر میں سلک کی صنعت

ترقی دینے کے لئے حکومت کا اقدام

[illegible]

ستارہ چھاپ بیڑی

بڑھیا تمباکو اچھے کاریگروں سے تیار کرائی جاتی ہے یہی خوبی ہے جو ہر شخص "ستارہ چھاپ" بیڑی پسند کرتا ہے۔

[illegible] منیجر کاریخانہ [illegible] باڑہ ہندو راؤ دہلی

ہند پارلیمنٹ میں سوالات:

ایک سال میں ریل کے ۲۱ حادثے۔ تھرڈ کلاس کے نئے ڈبے بن رہے ہیں

لوہے اور فولاد کی مزید درآمد ۴ لاکھ ۶۶ ہزار مزید زمین زیر کاشت

نئی دہلی ۴ فروری کل ہند پارلیمنٹ میں مسٹر گوپال سوامی آئنگر وزیر ریلوے نے کہا کہ ۔۔۔ سوالات کا جواب دیتے ہوئے ۔۔۔ سال جون اور دسمبر کے درمیان پاسنجر گاڑیوں کو ۲۱ حادثے پیش آئے اور دس مال گاڑیوں کے حادثے ہوئے۔ ان حادثات میں ۲۶ آدمی مارے گئے اور ۔۔۔ آدمی زخمی ہوئے۔ انجن اور ریل گاڑیوں کے ڈبوں کو جو نقصان ہوا اس کا اندازہ ۱۶ لاکھ ۹۶ ہزار روپیہ ہے۔ ہر حادثہ کی تحقیقات ہو رہی ہے اور اس بات کی احتیاط کی گئی ہے کہ آئندہ اس قسم کے حادثات نہ ہوں۔

مسٹر گوپال سوامی آئنگر نے ایک اور سوال کے جواب میں بتایا ۔۔۔ ابھی ریلوے کا کام شروع نہیں ہوا ہے۔ البتہ سروے مکمل ہو چکا ہے۔

تھرڈ کلاس کے ڈبے

پنڈت ٹھاکر داس بھارگو کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر گوپال سوامی آئنگر نے کہا کہ مارچ ۱۹۵۰ء تک تھرڈ کلاس کے نئے ڈبوں کی تکمیل کا امکان ہے ۔۔۔

ساری گاڑیوں کے ہر سال بننے والے نئے ڈبوں کی ضرورت ۔۔۔ ان کی تعداد ۳۸۰ ہے ۔۔۔

گنگا کا پل

مسٹر آئنگر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۔۔۔ میں دریائے گنگا پر ایک پل کی تعمیر کے سوال پر حکومت ہند غور کر رہی ہے۔

وقت تک کپڑے کی پیداوار میں کچھ زیادہ اضافہ ۔۔۔

وزیر خوراک نے بتایا کہ خریف کی فصل کے لئے حالات امید افزا نہیں ہیں گزشتہ سال ستمبر کے مہینے میں یو پی اور بہار کے اندر سخت سیلاب کی وجہ سے جوار اور مکئی کی فصلوں کو سخت نقصان پہنچا ۔۔۔ ربیع کی فصل کے لئے موسمی حالات بہت اچھے ہیں لیکن اس وقت بارش کی سخت ضرورت ہے۔

نئی دہلی ۳ فروری کل پارلیمنٹ میں وزیر رسل و رسائل آنریبل مسٹر این گوپال سوامی آئنگر نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء تک مشرقی پنجاب سے ۔۔۔ ہزار نو سو تیس بچے اور عورتیں برآمد کئے گئے ۔۔۔ مغربی پنجاب سے گیارہ ہزار ۔۔۔

نئی اسکیم جس کے مطابق ہند اور پاکستان نے اپنے اپنے علاقوں میں مغویہ عورتوں اور بچوں کو برآمد کرنے کی ذمہ داری سنبھالی ہے اب زیر عمل ہے۔

ہندوستان اور پاکستان کی مشترکہ مشاورتی کمیٹی

نئی دہلی ۳ فروری۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ۔۔۔ کے معاہدے کے مطابق ۔۔۔ ایک مشترکہ مشاورتی کمیٹی مقرر کی گئی تھی ۔۔۔ حکومت ہند نے ۔۔۔ لیکن حکومت پاکستان نے ۔۔۔ اس کمیٹی کا اجلاس ۔۔۔ کراچی میں منعقد کی۔

مسٹر ۔۔۔ ایم مستانہ نے اطلاع ۔۔۔

غلہ کی پیداوار

وزیر زراعت ۔۔۔ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۱۹۴۷ء میں ۔۔۔ ۶۶ ہزار ۔۔۔ ایکڑ زمین زیر کاشت لائی گئی ۔۔۔

پاکستان میں ہندوؤں سے سلوک

ہندو پنچایت کا اعلان

سبی ۳ فروری۔ ضلع کے تقریباً تین ہزار ہندو باشندوں کی نمائندہ جماعت ہندو پنچایت کے چند سرکردہ ممبروں نے ۔۔۔ حکومت کی طرف سے ۔۔۔ کے ساتھ ۔۔۔ سلوک پر انتہائی اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔۔۔

ٹیلیفون کا کیس

لوہے اور فولاد کی درآمد

سوت کی تیاری

قائد اعظم فنڈ کے ٹکٹ مسترد

ہند پارلیمنٹ میں ٹیرف ایکٹ کا ترمیمی بل پاس کر دیا گیا

پبلک کمپنیوں کے منافع کی تقسیم کو محدود کرنیکے بل پر بحث

نئی دہلی ۳ فروری ہند پارلیمنٹ میں دو دن کی بحث کے بعد انڈین ٹیرف ایکٹ کا دوسرا ترمیمی بل پاس ہو گیا۔ ممبران میں اس بات پر وسیع اختلاف تھا کہ آیا بین الاقوامی تجارتی معاہدے میں شامل رہنا ہند کے مفاد میں ہے!

وزیر تجارت مسٹر کے سی نیوگی نے بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ ہند کے لئے جتنا آج سود مند ہے اتنا اس وقت نہیں تھا جب طے کیا گیا تھا اور بات چیت امریکن حکومت کے ایما پر کی گئی تھی۔ ہند پہلے صرف خام مال برآمد کرنے والا ملک تھا مگر اب تیار شدہ مال بھیجنے کی پوزیشن اختیار کر رہا ہے ۔۔۔

یہ ہے کہ جن ممالک کے ساتھ بین الاقوامی معاہدہ کے مطابق سمجھوتہ کیا گیا ہے انہیں تجارتی رعایات دی جائیں اور باہمی مفاد کے تجارتی رکاوٹیں اڑا دی جائیں۔

آپ نے مزید کہا کہ ہند کے لئے دنیا کے تجارتی میدان میں علیحدگی کی پالیسی اختیار کرنا درست نہیں ۔۔۔

معاہدے میں شامل ہو جائے لیکن اس سمجھوتے میں شامل ہونے والے ہندوستانی ڈیلیگیشن کو ہدایت کر دی گئی تھی کہ ہند کے خاص مفاد کا خیال رکھے ۔۔۔ ڈیلیگیشن نے ہند کے مفاد کے لئے ۔۔۔ ترمیم کرائی تھیں اور آخری فیصلہ ہمارا ہی ہوا۔

پبلک کمپنیوں کے منافع کا بل

ڈاکٹر جان متھائی نے پبلک کمپنیوں کے منافع کی تقسیم کو محدود کرنے کے لئے بل پیش کیا۔ آپ نے بتایا کہ ۹ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو ایک آرڈی ننس اس سلسلہ میں جاری ہوا تھا۔ اور اب اس آرڈی ننس کی میعاد دسمبر ۱۹۵۰ء کے خاتمہ تک بڑھانا مقصود ہے۔

آپ نے کہا کہ بل پیش کرنے کا مطلب ۔۔۔

معاہدے کی تاریخ

معاہدے کی تاریخ بیان کرتے ہوئے آپ نے بتایا کہ ۱۹۴۶ء میں امریکن حکومت نے تجارت اور ملازمتوں کو وسعت دینے کے لئے ایک اسکیم تیار کی تھی اور اس اسکیم کو دوسرے ممالک میں بھیجا ۔۔۔

مسٹر سدھوا نے ۔۔۔ پروفیسر رنگا نے ۔۔۔ کی کارروائی ملتوی ہوا۔

یوپی میں کپڑا بنانے کی ملوں میں ہڑتال نہیں ہوگی

عارضی طور سے دس فیصدی اجرت بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا

کانپور ۳ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ یوپی کی ملوں میں ہڑتال ہونے والی تھی وہ حکومت ۔۔۔ اور مزدوروں کے نمائندوں کی ۔۔۔

ہندی لیڈر افریقہ جائیں

استادوں کی برطرفی کے احکام

جمعیت کے وفد نے حیدرآباد کا دورہ کر کے ریلیف کمیٹیاں قائم کیں

اور حکام سے مل کر شکایات دور کرانیکی کوشش کی مولانا اسمٰعیل سنبھلی کی تقریر

حیدرآباد ۔۔۔ (بذریعہ ڈاک) جامع مسجد سکندرآباد میں مرکزی جمعیت علمائے ہند کے رکن مولانا مقبول احمد کی صدارت میں ایک جلسہ عام بعد نماز جمعہ منعقد ہوا۔ ابتدا میں صدر جلسہ نے مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ایم۔ ایل۔ اے یوپی رکن جمعیۃ العلماء ہند کے تعارف کراتے ہوئے جمعیت علماء کی تاریخی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جمعیت کی بنیاد شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن نے ۱۹۱۵ء میں ڈالی۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں علماء نے سختیاں جھیلیں۔ شیخ الہند اور مولانا حسین احمد مدنی کو جزیرہ مالٹا میں بقید رکھا۔ ہزاروں جمعیت کے اراکین نے قید و بند کی مصیبتیں برداشت کیں اور ملک کی آزادی میں کانگریس سے کہیں زیادہ جمعیت علماء کا حصہ رہا ہے۔

مولانا اسمٰعیل جو سنبھل ضلع مرادآباد کی جمعیت کے ایک سرگرم رکن ہیں۔ تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ایک عرصہ سے اس گہوارۂ علوم و فنون میں حاضر ہونے کا مقصد بھی تھا لیکن موجودہ ملاقات ہماری حاضری یہاں ایسے وقت ہوئی ہے جبکہ ہمارے سامنے دردناک واقعات ہیں جن کے بیان کرنے کی طاقت نہیں۔ جمعیت علمائے ہند کے ارکان قدر نے ذمہ داران حکومت اور ارباب کانگریس سے مل کر آپ کی مصیبتوں کو کم کرنے کی بہت کچھ کوشش کی ہے لیکن مصیبتیں اس قدر بڑی ہیں کہ ہماری خدمات نمایاں نہیں ہو سکیں۔ جمعیت کے وفد نے کئی اضلاع کا دورہ کر کے کئی مقامات پر مرکزی ریلیف کمیٹی حیدرآباد کی شاخیں قائم کیں۔ اگر ہم اپنی مدد کر سکیں تو پھر دوسروں کی ۔۔۔

قحط زدہ علاقوں کی خراب حالت

گجرات کانگریس کے سکرٹری کا بیان

احمدآباد ۲ فروری۔ گجرات صوبہ کانگریس کمیٹی کے سکرٹری مسٹر ٹاکور بھائی پٹیل نے حال ہی میں ایک بیان دیا ہے جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ گجرات کے جن علاقوں میں قحط کے آثار پائے جاتے ہیں وہاں کی حالت دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے ایک طرف پانی کی قلت ہے اور دوسری طرف مویشیوں کے لئے چارہ کی سخت کمی ہے۔

مسٹر ٹاکور نے کہا ہے کہ مقامی طور پر گھاس لگانے کی کوششیں جاری ہیں۔ لیکن جب تک چارہ کی درآمدی مقدار زیادہ نہ ہوگی اس وقت تک مویشی بڑی تعداد میں مرتے رہیں گے۔

تین سو روپے میں مکان

حکومت مدراس کی اسکیم

مدراس ۲ فروری۔ حکومت مدراس کے ہاؤسنگ ڈیپارٹمنٹ کے وزیر ڈاکٹر ۔۔۔ نے بتایا کہ حکومت مدراس ایک اسکیم تیار کر رہی ہے ۔۔۔

اسرائیلی حکومت اور صلح کی موجودہ گفت و شنید

آگرہ کے باشندوں کی شکایات

پاکستان جانے کے لئے سکونتی سرٹیفکیٹ نہیں ملتے

پاکستان میں سیکورٹی پریس

کراچی ۳ فروری۔ ۔۔۔ پاکستان اور لندن کی ۔۔۔ کمپنی کے درمیان ایک معاہدہ ۔۔۔ کراچی میں سیکورٹی پریس قائم کرنے ۔۔۔

عرب یا سٹوئی فیڈریشن قائم کرنیکا سوال

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

مشہور و معروف

وائٹ وے سرکس

روزانہ ۳ بجے اور ۹ بجے شام اتوار و تعطیل ۲ بجے دوپہر

سدھائے ہوئے جنگلی جانور۔ حیرت انگیز ہوائی جھولے کے کرتب۔ ۔۔۔

WHITE WAY
CIRCUS

آئیے اور ملاحظہ فرمائیے

قائم شدہ ۱۹۳۷ء

برائے تبادلہ جائداد

اوقات ۱۰ تا ۶ بجے

معقول انتظام جائداد کی مکمل تفصیل بھیجکر ہماری خدمات حاصل فرمائیں

یونیورسل پراپرٹی ڈیلرز

۳۰ ریگل بلڈنگ۔ کناٹ پلیس نئی دہلی

معرفت نیو ورلڈ سٹور لوئر بازار

پاپولر پراپرٹی ڈیلرز ۳ بسنت روڈ لاہور

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۵ فروری سنہ ۱۹۴۹ء

نجات کی راہ

ہندوستان کے مسلمان اپنے آپ کو اور اسلام کو کس طرح بچا سکتے ہیں؟ اپنی اور اپنے وطن کی خدمات کس طرح انجام دے سکتے ہیں؟ اپنے اور اپنے بھائیوں کے مستقبل کو کس طرح روشن کر سکتے ہیں؟ بظاہر یہ سوالات بہت معمولی ہیں اور اس قابل ہیں کہ مسکرا کر ٹال دیئے جائیں اور یہ کہہ کر منہ پھیر لیا جائے کہ یہ تو روز روز کی باتیں ہیں، واعظین ایسی ہی باتیں کہہ کر عوام پر اثر جمایا کرتے ہیں اور اخبارات ان ہی باتوں کو اچھال کر جذبات سے اپیل کیا کرتے ہیں، لیکن اگر آپ کو اسلام سے محبت ہے اور آپ کا ایمان ہے کہ آج بھی ہر مرض کا علاج اسلام ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ واقعی آپ ماضی کے امانتدار اور مستقبل کے محافظ بنیں، تو آپ کو ... ان سوالات پر غور کر کے انکا جواب دینا ہوگا اور جواب دینے والوں کی باتوں کو کان لگا کر سننا ہوگا! ہم نے ابتک جو نقصان اٹھایا ہے اس کا ایک بڑا سبب یہ بھی ہے کہ ہم نے ہر بڑی بات کو چھوٹی اور چھوٹی کو بڑی سمجھا، فروعات کو اصولوں پر ترجیح دی اور جانی بوجھی حقیقتوں سے چشم پوشی کر کے مزخرفات اور خوش فہمیوں کا شکار ہو گئے کتنی بڑی اور اہم باتیں ہمارے سامنے آئیں مگر ہم نے ان کا وزن محسوس نہ کیا اور خواہشات کی پیروی میں کہیں سے کہیں نکل گئے، مگر اب ہمیں یہ پرانی عادت ترک کر دینی چاہیے اور ان باتوں پر متوجہ ہو جانا چاہیے جن سے ہماری زندگی کا ہیولیٰ تیار ہوتا ہے اور جو ہماری توانائی کے سرچشمے ہیں۔

مسلمانوں کو پہلے بھی یہ بات بتائی گئی مگر انہوں نے سمجھنے کی کوشش نہ کی مگر اب انہیں اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ہم اسلام کی پیروی کر کے ہی دنیا کے لئے مفید بن سکتے ہیں اور اسلام کے ذریعہ ہی انسانوں کے دلوں پر قبضہ جما سکتے ہیں اگر سچائی تینوں زمانوں میں قائم رہتی ہے اور وہ حالات کے ساتھ نہیں بدلتی تو اس سچائی کو تسلیم کرو کہ اسلام تمہیں کسی وقت بھی دھوکہ نہیں دے گا، اس نے ذمہ لیا ہے کہ وہ تمہیں زندہ رکھے گا تمہیں آگے بڑھائے گا، تمہیں توانائی بخشے گا اور تمہاری آبرو کی حفاظت کرے گا، اگر یہ بات سچی ہے تو اسے عہد اول ہی میں نہیں آج بھی سچا ہونا چاہیے اور ہمیں مان لینا چاہیے کہ اسلام کی ذمہ داریاں برحق ہیں اور اس کے وعدے سچے ہیں، مسلمانوں نے اپنی حفاظت کے لئے ہر نسخہ کو آزما کر دیکھ لیا مگر نکبت اور بربادی سے نہ بچے، آؤ اب ہم اسلام کی تشخیص سے بھی فائدہ اٹھائیں اور اس کے نسخہ کو آزما کر دیکھیں، تم سمجھتے ہو کہ دوسروں کو تمہارے اسلام سے دشمنی ہے اور تمہیں مسلمان ہونے کی سزا مل رہی ہے، لیکن یہ بات غلط اور بے بنیاد ہے اور واقعہ یہ ہے کہ اگر تم آج اسلام کی صراط مستقیم پر گامزن ہو جاؤ اور اپنے عمل سے اسلام پر شہادت دو تو تم دوسروں کی نظر میں محبوبوں کے محبوب قرار پاؤ گے، دنیا تم سے محبت کرے گی، ہر انسان تمہیں معزز و محترم سمجھے گا، ہر ملک تمہاری راہ میں آنکھیں بچھانے پر مجبور ہوگا اور تم ہی ہر گروہ اور ہر طبقہ میں منظور نظر قرار پاؤ گے، پس اگر تمہیں اپنی حفاظت کرنی ہے تو اسلام کی پناہ میں آؤ، اگر اپنے ملک کی خدمت کرنی ہے تو اسلام کو مشعل ہدایت بناؤ، اگر انسانیت کو تباہی اور بربادی سے بچانا ہے تو اسلام کی رسی کو مضبوط پکڑو ۔۔۔

انصاف ہے، سچائی ہے، زندگی ہے، عمل ہے، امن ہے اور انسانی تمدن کا مکمل ہیولیٰ ہے، کیا دوسروں کو اسلام کی ان خصوصیات سے دشمنی ہے؟ کیا دنیا محبت اور انصاف کی بھوکی نہیں! یہ خیال چھوڑ دو کہ دوسروں کی نظروں میں ہمارا مسلمان ہونا ہی جرم ہے اگر تم قرآن کے معیار پر پکے اور حقیقی مسلمان ہوتے تو کبھی مجرم نہ بنتے کیونکہ اسلام اتنا کمزور نہیں ہے کہ تمہیں مجرم بننے دے اور تمہاری آبرو کو خاک میں ملتا دیکھے، دوسروں کو تمہاری جہالت اور تنگ نظری سے دشمنی ہے، تمہاری پستی اور عزت سے دشمنی ہے تمہارے ابتذال اور کردار سے دشمنی ہے تمہاری ... بے عملی اور جمود سے دشمنی ہے، تمہاری بد دیانتی اور خیانت سے دشمنی ہے، تمہاری تنگ مزاجی اور عیش پرستی سے دشمنی ہے، تمہاری بد خلقی اور بد چلنی سے دشمنی ہے، تمہاری کوتاہ اندیشی اور حماقت سے دشمنی ہے! جب تم عورتوں کا اغوا کرو گے اور بچوں پر ہاتھ اٹھاؤ گے تو تم سے کون محبت کرے گا اور کون تمہیں دوست سمجھے گا، تم نے غلطی سے سمجھ لیا کہ دوسرے لوگ تم سے تمہارے مسلمان ہونے کی وجہ سے دشمنی کرتے ہیں مگر ایسا نہیں ہے، اگر تمہاری زندگی کا نقشہ یہ ہوتا کہ

”نیکی اور بدی کا درجہ برابر نہیں ہو سکتا برائی کا جواب اچھائی کے ساتھ دو، اس طرز عمل کے بعد تم دیکھو گے کہ تمہارا جانی دشمن بھی دلی دوست بن جائے گا، مگر یاد رکھو اس بلند مقام پر وہی شخص پہنچ سکتا ہے جو نفس کو قابو میں لائے اور جسے بلند خیالی کا اعلیٰ درجہ ملا ہو (قرآن پ ۲۴ ع ۱۹)“

اگر تمہارے کردار کا نقشہ یہ ہوتا کہ

”کسی قوم کی دشمنی تمہیں بے انصافی پر آمادہ نہ کرے ہمیشہ عدل و انصاف سے کام لو کیونکہ عدل ہی پرہیزگاری سے قریب تر ہے (قرآن پ ۶ ع ۲)“

اگر تمہاری تعمیر کی بنیاد یہ ہوتی کہ

”مسلمان ہمیشہ برائی کو بھلائی سے دور کرتے ہیں (قرآن پ ۲۰)“

تو تم ہی بتاؤ کہ تم سے کون دشمنی کرتا، آج دنیا کا بڑے سے بڑا مصلح اور فلسفی زیادہ سے زیادہ وہی کہہ سکتا ہے جو قرآن کریم نے کہا، گورنر جنرل راجگوپال آچاریہ نے روز گورنمنٹ ہاؤس میں جو تقریر کی اس میں فرمایا

”گاندھی جی نے ہمیں جو راہ دکھائی ہے اسی میں ہماری عظمت پوشیدہ ہے، اگر ایک شخص تم سے نفرت کرتا ہے تو تم نفرت سے جواب نہ دو بلکہ اس کیساتھ محبت کرنے کی کوشش کرو نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ خود تم سے محبت کرنے لگے گا، دوسروں کے عیوب کی پیروی مت کرو بلکہ ایسے کام کرو جو خود بخود دکھائی دے جائیں گے“

پس تم قرآنی زندگی اختیار کرو، قرآن خود تمہاری عزت بڑھائے گا، تم اسلام کے حقوق ادا کرو اسلام تمہارے حقوق کی ضمانت دے گا، تم اپنے آپ کو، اسلام کو، وطن کو، انسانیت اور انسانی تمدن کو اسلام کی راہوں پر چل کر بربادی سے بچا سکتے ہو، تم اپنا فرض ادا کرو اور دوسروں کو اپنا ہم کرنے دو ۔۔۔ اور دنیا تمہارے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے ۔۔۔ مسکرا کر اپنی سپر ۔۔۔

اسلام محبت ہے، کشش ہے، رواداری ہے

افغانستان کے غیر مسلم

ہندوستانی غیر مسلم ۔۔۔ ایک ملاقات کے دوران میں افغانستان کی اقلیتوں ۔۔۔

ایسی اقلیتوں کی تعداد چالیس ہزار کے قریب ہے، امن و امان کے ساتھ ۔۔۔ ہیں اور انہیں شہریت اور آزادی کے وہی حقوق حاصل ہیں جو افغانیوں کو حاصل ہیں، کابل میں سات گوردوارے اور بہت سے مندر ہیں جن میں آزادی کے ساتھ مذہبی رسوم ادا ہوتی ہیں، یہ تمام غیر مسلم پورے اہتمام اور انتظام کے ساتھ اپنے تہوار مناتے ہیں۔

دہلی کا ایک اخبار اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ دنیا کی کسی مسلم حکومت میں غیر مسلموں کو مذہبی آزادی حاصل نہیں ہے لیکن جب وہ یہ دیکھے گا کہ افغانستان جیسے پسماندہ ملک میں بھی غیر مسلموں کو شہری حقوق حاصل ہیں اور وہ پوری خوشحالی اور آزادی کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں تو وہ دل مسوس کر رہ جائیگا کیا ہے افغانستان میں غیر مسلموں کو یہ آزادی اور خوشحالی! مگر ایسے ۔۔۔ اخبارات کو ہمت تو دینی چاہیے اور مسلمانوں کو بدنام کرنے کا سلسلہ برابر جاری رکھنا چاہیے، ایک ہزار سال سے یورپ کے پادری اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تعصب اور نفرت پھیلاتے رہے ہیں ۔۔۔

چھوت چھات

مگر ہمتوں کے قوانین ہیں ۔۔۔ حکومت ہند نے چھوت چھات کو جرم قرار دیا ہے ۔۔۔

ابتدائی تعلیم کا مسئلہ

(از شاہ معین الدین احمد صاحب ندوی)

قوموں کی تعمیر و تشکیل میں تعلیم کو سب سے زیادہ دخل ہے ۔۔۔

اچھی باتیں

ومن ایاتہ ۔ تا ۔ یسمعون (پ ۲۱ ع ۶)

یہ بھی خدا کی نشانی ہے کہ تم رات کو آرام کرتے ہو اور دن کو خدا کے فضل کی تلاش میں نکلتے ہو، سننے والوں کے لئے یہ نشانیاں بھی کچھ کم عبرت انگیز نہیں ہیں۔

خدا نے رات بنائی آرام کے لئے تاکہ تھکا ماندہ انسان اپنی تھکاوٹ دور کرے اور دوسرے روز کے لئے نئی توانائی حاصل کرلے اور دن بنایا ہے کھانے کمانے اور روزی تلاش کرنے کے لئے تاکہ کاروبار میں تعاون کی شکل پیدا ہو اور ذہنوں کو ترقی کرنے کا موقعہ ملے جو لوگ معاشی تگ و دو کو دنیا داری بتاتے ہیں وہ اس آیت پر غور کریں ارشاد ہے کہ پیٹ بھرنے کے لئے کوشش کرنا اور تجارت، زراعت، سیاحت اور مزدوری کر کے کچھ کمانا خدا کا فضل ہے، دولت ہوگی تو ہم اپنا وقار قائم کرسکیں گے اور دوسروں کو بھی دے سکیں گے۔ دولت نہ ہوگی تو عزت خاک میں ملے گی اور فقیروں سے دنیا بھر جائے گی، پس کماؤ، دولت جمع کرو اور اچھی سے اچھی چیزیں استعمال میں لاؤ لیکن حقوق کو نظر انداز نہ کرو۔

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

پچھلی انٹر ڈومینین کانفرنس کے بعد سے ہند اور پاکستان کے تعلقات میں کچھ بہتری سی نظر آتی ہے ۔ یہ بہتری پہلے تو بیانات سے چلی تھی پھر لیڈر جو پہلے ایسے معلوم ہوتے تھے کہ آگ برسانے والے بم میں فلیتہ لگا رہے ہیں، کچھ ایسے بیانات دینے لگے کہ ان سے دوستی کی خوشبو آنے لگی اور اب یہ بہتری کچھ تجارتی چیزوں سے آگے بڑھ رہی ہے

پاکستان نے اعلان کیا کہ ہندوستان بلا کسی روک ٹوک کے پاکستان سے انڈے، مرغی، فرشی فروش، میوہ جات خشک و خام، پیاز لہسن وغیرہ منگا سکتا ہے ۔۔۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ پاکستان نے یہ قدم انٹر ڈومینین میں ہونے والے سمجھوتہ کی روشنی میں اٹھایا ہے ۔۔۔

کو زیادہ تر خوراک کی ضرورت ہے اور پاکستان کو کپڑے کی ۔۔۔ کی ضرورت نہیں پڑ سکتی ہے ۔۔۔ اور دوست بن سکتے ہیں۔

کہتے ہیں گھر کھیر تو ابھی بھی کھیر ۔۔۔ ہند اور پاکستان ایک دوسرے کو خوب کرتے تھے تو ہمسایوں کی ۔۔۔

اور یہ بھی بڑی خوشی کی بات ہے کہ اگر پاکستان نے دوستانہ قدم اٹھایا تو ہند بھی اس سے پیچھے نہیں رہا اور اس نے ۔۔۔ کو کپڑا ۔۔۔ پاکستان بھیجنے کی اجازت دیدی ہے ۔۔۔

خدا معلوم ان کا کون بیان صحیح ہے ۔۔۔

برطانیہ برما کو ہتھیار سپلائی کر رہا ہے

برمی وزیر اعظم کی جانب سے شکریہ

رنگون ۳ فروری۔ برما کے وزیر اعظم تھاکن نو نے برمی پارلیمنٹ کے اجلاس میں برما کی موجودہ صورت حالات پر تبصرہ کیا۔ ۔۔۔

جنوبی افریقہ کے حادثات پر بے چینی۔ ملان سے ایسے واقعات کے انسداد کی اپیل

ڈربن میں فسادزدگان کے لئے امدادی اقدامات

ہند پارلیمنٹ میں وزیر اعظم پنڈت نہرو کا بیان

نئی دہلی ۳ فروری۔ کل پارلیمنٹ میں ایک بیان میں پنڈت نہرو نے ڈربن کے فسادات پر روشنی ڈالی۔ پنڈت نہرو نے جانی اور مالی نقصانات کے اعداد و شمار پیش کئے۔ ہندوستانیوں اور افریقیوں کے تعلقات زیادہ خراب ہونے سے روکنے کی تدبیروں کا ذکر کیا۔ انہوں نے مقامی گروہوں کے تعلقات کی خرابی پر حکومت ہند کی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا اگرچہ حکومت کو سمندر پار کے ہندوستانیوں کی سلامتی کا بڑا خیال ہے لیکن حکومت ہند کسی ایسے انتظام سے ہمدردی نہیں رکھ سکتی جو افریقیوں کی ترقی دوسروں کے ملک میں روکنے کا باعث ہو۔ پنڈت جی نے کہا۔

صاحب صدر کی اجازت سے میں جنوبی افریقہ کے شہر ڈربن کے ان فسادات کے بارے میں مختصر سا بیان دینا چاہتا ہوں۔ جو ایشیائیوں اور افریقیوں میں نسلی منافرت کی بنا پر ہوا تھا۔ معزز اراکین نے اخبارات میں ان رنجیدہ واقعات کی خبریں پڑھی ہوں گی۔ حکومت ہند نے اس سلسلہ میں جو پریس نوٹ [illegible] میں ان اعداد کا حوالہ دیا ہے ان کو نقل کرتا ہوں۔ جنوبی افریقہ کی یونین کے وزیر اعظم نے بیان کیا ہے کہ ان فسادات میں ۵۳ ہندوستانی مارے گئے اور [illegible] زخمی ہوئے۔ [illegible] افریقی ہلاک ہوئے اور ایک ہزار پچاس کے قریب [illegible] اور ایک یورپین ہلاک ہوا اور [illegible] کے زخم آئے۔ جنوبی افریقہ میں ہندوستانی ہائی کمشنر کے سکریٹری جو اس وقت کیپ ٹاؤن میں تھے اس واقعہ کی خبر سنتے ہی ڈربن کے لئے روانہ ہو گئے جب وہ پہنچے تو یہ فسادات جاری تھے انہوں نے وہاں پہنچ کر کچھ تحقیقات کی اور اس کے بعد کیپ ٹاؤن واپس چلے گئے اس کے بعد ۲۵ جنوری کو ڈربن گئے اور [illegible] فروری تک وہیں رہے۔ اس دوران میں انہوں نے فساد کے علاقوں اور پناہ گزینوں کے کیمپوں کو دیکھا اور نٹال انڈین کانگریس کے لیڈروں سے بھی بات چیت کی اور نٹال کے ایڈمنسٹریٹر، ڈربن کے [illegible] اور سرکاری و غیر سرکاری اصحاب سے بھی ملاقاتیں کیں۔

ڈیڑھ سو سکونتی مکانات تباہ

ہند کے وزیر اعظم نے کہا۔ انہوں نے اطلاع دی ہے کہ ہندوستانیوں کی ملکیت سکونتی مکانات اور دوکانوں کا کافی نقصان ہوا ہے۔ تقریباً ڈیڑھ سو سکونتی مکانات اور ۵۸ دوکانیں [illegible] اور بہت سی [illegible] اندازے کے مطابق تین لاکھ پونڈ کی قیمت کا نقصان ہوا ہے۔

ایک وقت تقریباً [illegible] ہزار ہندوستانی پناہ گزینوں کے کیمپ میں مقیم تھے اور جن کی حالت بھی [illegible] تھی۔

ڈربن کی موجودہ حالت

ہندوستانیوں کے نقصانات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین سو ہندوستانیوں کے خاندان جن میں دو ہزار افراد تھے اور جن کے گھر جل کر خاک ہو گئے تھے۔ سات ہندوستانی سکولوں میں جمع ہو گئے۔ ان اسکولوں کو پناہ گزینوں کے کیمپ کی حیثیت سے تسلیم کر لیا گیا تھا۔ ایک ہفتہ کے بعد ان اسکولوں کا کھلنا ملتوی کر دیا گیا۔ اب سات فروری کو کھلیں گے۔ اس دوران میں ان لوگوں کے لئے عارضی پناہ گاہوں کا انتظام کیا جا رہا ہے کیونکہ ان کے مستقل سکونت کے لئے انتظام کرنے میں عرصہ لگے گا۔ ان لوگوں کو کھانا [illegible] سے پہنچایا جا رہا ہے۔ ان کیمپوں کا انتظام ہندوستانی والنٹیئر کیمپوں کے سپرد ہے۔ [illegible] باقی لوگ اپنے اپنے ٹوٹے ہوئے گھروں میں واپس آ گئے ہیں۔ ان کی تعداد [illegible] ہوگی۔ ان کے علاوہ ایک ہزار آدمی ایک سابق [illegible] میں مقیم ہیں۔ [illegible] ان لوگوں کو روشنی بھی پہنچایا جا رہا ہے۔

زندگی معمول پر آ رہی ہے

پنڈت نہرو نے کہا اگرچہ ابھی تک کھچاؤ کی کیفیت پائی جاتی ہے لیکن دوکانیں کھل گئی ہیں اور ڈربن کی زندگی معمول پر آ رہی ہے۔ نٹال ریلیف فنڈ میں ایک [illegible] ہزار پونڈ کی رقم پہنچ چکی ہے۔ جس میں زیادہ تر ہندوستانیوں کا عطیہ ہے۔ [illegible]

کمیشن کا تقرر

حکومت [illegible] نے ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا ہے اس کے تین رکن ہیں ان کے نام حسب ذیل ہیں مسٹر جسٹس ایف [illegible] وان ہیوڈ (چیئرمین) جوہانسبرگ کے چیف مجسٹریٹ مسٹر [illegible] اور ڈربن کے چیف مجسٹریٹ مسٹر ایچ ایف [illegible] کمیشن جلدی کام شروع کر دے گا۔ [illegible] کمیشن ان امور کی تحقیقات کرے گا۔

فسادات کے اسباب

جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں اور افریقیوں کے درمیان اچانک جو تعلقات خراب ہوئے ہیں اس سے حکومت ہند کو بڑی تشویش ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ پرامن تعلقات کسی ایک دن میں خراب نہیں ہو سکتے اور یقیناً اس کے اسباب اور وجوہات بھی ہیں۔ بہرحال جنوبی افریقہ کی حکومت نے ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کر دیا ہے جو فسادات کی وجوہات اور دوسری تفصیلات کے متعلق تحقیقات کریگا۔ اسلئے حکومت ہند مناسب سمجھتی ہے کہ وہ ان فسادات کی وجوہات یا تفصیلات کے متعلق کوئی رائے زنی نہ کرے۔

ملان کے نام پیغام

پنڈت نہرو نے بیان جاری رکھتے ہوئے کہا میں نے جنوبی افریقہ کے وزیر اعظم کو پیغام دیتے ہوئے یہ امید ظاہر کی تھی کہ تحقیقاتی کمیشن نہ صرف ان فسادات کی بنیادی وجوہات معلوم کرے گا بلکہ یونین گورنمنٹ اس کا بھی انتظام کرے گی کہ آئندہ اس قسم کے واقعات نہ ہوں۔

میں نے اپنے پیغام میں یہ بھی کہا تھا کہ ہم جنوبی افریقہ میں ہائی کمشنر کے سکریٹری کو یہ ہدایت کر رہے ہیں کہ وہ ہندوستانی اور جنوبی افریقہ کی آبادی کے دوسرے فرقوں میں دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ ڈاکٹر ملان نے مجھے اس پیغام کا جواب بھیجا۔ اس میں انہوں نے کہا کہ آپ نے سکریٹری کو جو ہدایات بھیجی ہیں وہ میں نے دیکھ لیں اور جو معلومات ہمارے پاس ہیں وہ ہم شائع کر رہے ہیں۔

ہندوستانیوں اور افریقیوں میں دوستانہ تعلقات

پنڈت جی نے کہا جنوبی افریقہ ہی میں نہیں بلکہ افریقہ کے پورے براعظم میں حکومت ہند کا یہ رویہ رہا ہے کہ ہندوستانیوں اور افریقیوں میں گہری دوستی پیدا کی جائے اگرچہ ہمیں سمندر پار کے ہندوستانیوں کی سلامتی کا بڑا خیال ہے لیکن حکومت ہند کسی ایسے انتظام سے ہمدردی نہیں رکھتی جو افریقیوں کی ترقی [illegible]

[illegible] پنڈت نہرو نے آخر میں [illegible] حکومت ہند نے جنوبی افریقہ میں ہندوستانی ہائی کمشنر کے سکریٹری کو [illegible] امداد کے لئے پچاس ہزار روپیہ [illegible] دیا ہے [illegible] ضرورت [illegible] مزید رقم بھی ارسال کی جائے گی۔ یہ امداد [illegible] ضرورت مند کو دی جائے گی اور اسے کسی خاص فرقہ تک محدود نہ کیا جائے گا۔

ہمیں گاندھی جی کے اصولوں کو ملحوظ رکھنا چاہئے

جمعیت علماء مدراس کا بیان

مدراس [illegible] ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء مدراس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مہاتما جی کی موت کے ناگوار حادثہ کو ایک سال ہو گیا۔ آج سے ایک سال پہلے ایک ہندوستان دشمن [illegible] نوجوان نے دنیا کے اس عظیم الشان رہنما اور عدم تشدد کے داعی کو تشدد کا نشانہ بنا دیا تھا۔ آج ہم مہاتما جی کی برسی منا رہے ہیں اور اس دردناک حادثہ کی یاد میں خون کے آنسو رو رہے ہیں۔ مہاتما جی نے اپنی زندگی امن آزادی اور ہندو مسلم اتحاد کے لئے وقف کر دی تھی وہ زندگی بھر اس مقصد کے لئے کام کرتے رہے اور اپنے مقاصد کے لئے انہوں نے اپنی جان دے دی۔ ہمیں آج ان کی برسی منانے وقت ان کے اصول زندگی کو ملحوظ رکھنا چاہئے اور ان کے بتلائے ہوئے راستہ پر چلنے کا عہد کرنا چاہئے۔

اغوا شدگان کی بازیابی کا آرڈیننس

دہلی ۲ فروری۔ ہند کے گورنر جنرل نے پاکستان سے معاہدے کے باعث اغوا شدگان کے متعلق ایک آرڈیننس جاری کیا ہے۔ اس کی رو سے صوبائی حکومتوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ بازیافتہ اغوا شدگان کو رکھنے کے لئے کیمپ کھولیں۔ پولیس کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ جہاں چاہے بغیر وارنٹ کے گھس کر اغوا شدگان کی بازیابی کے لئے تلاشی لے سکتی ہے۔

اگر کسی بازیافتہ شخص کے متعلق کوئی شبہ ہوگا تو اس کا معاملہ مرکزی حکومت کے مقرر کردہ ٹریبونل کو سپرد کیا جا سکتا ہے۔ اس آرڈیننس کے اجراء کے بعد سے اغوا شدگان کے متعلق جو مقدمات ہائی کورٹ یا مجسٹریٹوں کے روبرو التوا میں ہیں وہ ختم کر دیئے جائیں گے۔

مراد آباد جمعیۃ علماء وارڈ نمبر ۳ کی جانب سے مظلومین کی امداد

جمعیۃ علماء وارڈ [illegible] شہر مراد آباد کی جانب سے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے حسب ذیل کپڑے دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی کو بذریعہ جناب شیخ سراج الدین خاں صاحب صدر جمعیۃ علماء وارڈ نمبر ۳ موصول ہوئے ہیں۔ صدر صاحب موصوف اور معطیان کرام کو حق تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

صدری گرم کلاں	۳۰ عدد
صدری گرم خورد	۵ عدد
پاجامہ سوتی کلاں	۲۴ عدد
پاجامہ سوتی خورد	۶ عدد
کرتہ سوتی کلاں	۲۴ عدد
کرتہ سوتی خورد	۶ عدد
	۹۵

صوبہ بمبئی میں بڑودہ اور کولھاپور کا انضمام

مسٹر مرارجی ڈیسائی کا ایک پریس کانفرنس میں اعلان

بمبئی ۳ فروری۔ بمبئی کے ہوم منسٹر مسٹر مرارجی ڈیسائی نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ریاست بڑودہ صوبہ بمبئی میں ضم کر دی جائے گی۔ [illegible] حکومت سے گفت و شنید ہو رہی ہے۔ کولہاپور کے متعلق [illegible] صوبہ بمبئی میں ضم کر دیا جائے گا۔ حکومت ہند نے ریاست کا انتظام تو پہلے ہی سنبھال لیا ہے۔ اب صرف اس اختیار کو صوبہ کو منتقل کرنا باقی ہے۔ مہاراجہ کولہاپور کو گیارہ لاکھ روپیہ سالانہ دیا جائے گا۔ مہاراجہ دہلی گئے ہیں تاکہ ریاستی حکومت کے افسران سے اپنی جائداد کے متعلق گفتگو کریں۔

اس انضمام کو ریاست کے [illegible] نے پسند کیا ہے [illegible]

[illegible]

ہندوستان کا تیسرا بڑا صوبہ

ان دونوں ریاستوں کے انضمام کے بعد صوبہ بمبئی رقبہ کے لحاظ سے ہندوستان کا تیسرا صوبہ اور آبادی کے لحاظ سے چوتھا صوبہ ہو جائے گا۔ اس وقت سی پی اور برار سب سے بڑا صوبہ ہے۔ اس کا رقبہ ۱۱۱۳۳۱ مربع میل ہے۔ مدراس دوسرے نمبر پر ہے [illegible]

بنگال کا دوسرا امدادی [illegible]

ممتاز شہریوں کا مشترکہ بیان

[illegible] بلیک ورکر اور مشہور لیڈر [illegible] سابق اسمبلی شامل ہیں۔ انہوں نے حکومت سے تمام لوگوں کی رہائی کی اپیل کی ہے اور اس بات کی اپیل کی ہے کہ جن لوگوں کے خلاف مقدمے چلائے گئے ہیں ان کو واپس لے لیا جائے۔

انضمام کی خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے [illegible] وزیر اعظم نے کہا اب جب کہ مہاراجہ نے یہ بات تسلیم کر لی ہے تو سارا جھگڑا ختم ہو گیا ہے۔

سرزنا یا [illegible] صدر کولہاپور ضلع کانگریس نے اس امر کو خوش گوار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب ہم سب کو گزشتہ واقعات بھلا دینے چاہئیں۔ اور حکومت بمبئی کے ساتھ تعاون کر کے عوام کی حالت کو بہتر بنانا چاہئے۔

تارا گڑھ میں مہاتما جی کی برسی کا جلسہ

اجمیر ۔ ۳۱ جنوری [illegible] تارا گڑھ جہاں حضرت امیر سید حسین خنگ سوار کی درگاہ واقع ہے جو عام طور پر درگاہ میراں صاحب کے نام سے مشہور ہے یہاں کی انجمن جعفریہ سادات تارا گڑھ کا ایک جلسہ ۳۰ جنوری ۱۹۴۹ء کو بروز اتوار بوقت شب بمقام دفتر انجمن زیر صدارت سید عاشق حسین صاحب خادم درگاہ و کلرک لوکو [illegible] آفس اجمیر مہاتما جی کی سالانہ برسی کی یادگار میں منعقد ہوا جس میں [illegible] تعزیتی تجویز [illegible] کی گئی۔

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں

تقریباً ۱۸۰ احادیث قدسیہ عام فہم اردو زبان میں ترجمہ

قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں

توحید، رسالت، قرآن اور قیامت وغیرہ بیس عنوانات کے تحت ان سے متعلق احادیث کا ترجمہ۔ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی

ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا

۸۸۴ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنے والوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے۔ قیمت دو روپیہ [illegible] صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جہاں جماعتیں ابھی تک قائم نہیں ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء جودھ پور کا جلسہ عام

جمعیۃ علماء جودھ پور کا ایک جلسہ عام مزدور میدان واقع سوجتی گیٹ میں بعد نماز عشاء زیر صدارت مولانا حکیم محمد ابراہیم خاں صاحب صمصامی صدر جمعیۃ علماء جودھ پور منعقد ہوا۔ جس میں تقریباً ۵ ہزار ہندو مسلمان موجود تھے جلسہ کی کارروائی تلاوت قرآن مجید سے شروع ہوئی۔ صمصام الحق صاحب قریشی نے مولانا حافظ عبدالشکور صاحب بہاری صدر جمعیۃ علماء اجمیر و ممبر کانگریس کمیٹی بہار و اڑیسہ کا تعارف کرایا۔ شاہ شمس الدین صاحب ارغوانی صدر کانگریس [illegible] نے اپنی مختصر تقریر میں مسلمانوں کو اپنے مذہبی حقوق کی حفاظت کے لئے جمعیۃ اور سیاسی حقوق کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں کانگریس کے ممبر بننے کی اپیل کی۔

مولانا عبدالشکور صاحب نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک تقریر کی جس میں انہوں نے بتلایا کہ اکابرین جمعیۃ نے کانگریس کے ساتھ مل جل کر جو خدمات ملک کو آزاد کرانے میں انجام دی ہیں وہ آپکو بخوبی معلوم ہوں گی سینکڑوں برادران اور خصوصاً سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خان نے آزادی کی جدوجہد میں جو قربانیاں اور مصائب برداشت کئے اور اب پاکستان حکومت کے جو مظالم ان پر ڈھائے جا رہے ہیں۔ ان کا بھی تذکرہ کیا مسلم لیگ کے دو قومی نظریہ اور ملک کی تقسیم کے تباہ کن نتائج پر مفصل روشنی ڈالی۔ نہرو سرکار کو مضبوط بنانے اور مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمعیۃ اور کانگریس کے ممبر بننے کی پرزور اپیل کی۔

آخر میں شری [illegible] جی نے مولانا عبدالشکور صاحب کی تقریر کی بہت تعریف کی اور کہا کہ مولانا نے جمعیۃ و کانگریس کے متعلق جو تفصیلات بیان کی ہیں۔ وہ اس قدر کافی ہیں کہ اس سے زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں رہی۔ انھوں نے مقامی کانگریسی نیتاؤں کی تعریف کی اور پبلک سے اپنی حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی۔ نیز گاندھی میموریل فنڈ کیلئے خاص کر مسلمانوں سے اپیل کی۔

پرگنہ کیرانہ

گنجانا صاحب انصاری [illegible] منتظمہ کمیٹی مقرر ہوئے۔ اراکین حلقہ کمیٹی پرگنہ کیرانہ نے بالاتفاق رائے سے مندرجہ ذیل عہدیداروں کا انتخاب کیا۔ مولوی مسیح الزماں صاحب کیرانہ صدر۔ حکیم ریاض احمد صاحب کیرانہ، حکیم ریاض احمد صاحب کیرانہ، چودھری عنایت الدین صاحب کیرانہ، چودھری شاہ دین جھنگلا، چودھری غیاث الدین صاحب [illegible] نائب صدر۔ مولوی [illegible] صاحب کیرانہ ناظم اعلیٰ۔ منشی رشید احمد کیرانہ۔ منشی عتیق احمد کیرانہ۔ منشی مقصود احمد کیرانہ نائب ناظم۔ مولوی مسیح الزماں کیرانہ خزانچی۔

قصبہ شاملی

مندرجہ ذیل انتخاب جمعیۃ علماء قصبہ شاملی تحصیل کیرانہ ضلع مظفر نگر عمل میں آیا۔ حافظ عبداللہ تاجر چوب صدر۔ حافظ عبدالحمید صاحب [illegible] نائب صدر۔ منشی مقصود حسن [illegible] ناظم اعلیٰ۔ عبدالحکیم قریشی [illegible] نظام الدین [illegible] نائب ناظم۔

موضع کیٹری

حافظ عبدالسلام صاحب امام مسجد صدر۔ [illegible] نائب صدر۔ منشی جلال الدین ناظم اعلیٰ۔ محمد اکرام نائب ناظم۔ حافظ عبدالسلام خازن۔ نمائندہ حلقہ کمیٹی [illegible] عبدالواسع خاں صاحب

انجمن طبیہ کا احتجاجی جلسہ

حکومت یوپی سے مطالبات

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) انجمن طبیہ مراد آباد نے اپنے ایک اجلاس میں حسب ذیل تجاویز پاس کی ہیں۔

یہ اجلاس بورڈ آف انڈین میڈیسن کی سب کمیٹی کی اس تجویز پر تشویش کا اظہار کرتا ہے جس میں کمیٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ ویدک اور یونانی کو ملا کر ایک کر دیا جائے اور اس کا نام آیورویدک طریقہ علاج رکھا جائے۔ یہ اجلاس حکومت سے پرزور درخواست کرتا ہے کہ کمیٹی کی ایسی کوئی سفارش براہ کرم منظور نہ کی جائے۔

یہ اجلاس حکومت یوپی کے اس آرڈر کے خلاف کہ یوپی انڈین میڈیسن ایکٹ کے مطابق ویدوں و حکیموں کے رجسٹریشن کیلئے دس سال کی پریکٹس کی شرط لگا دی ہے پرزور احتجاج کرتا ہے۔ اس لئے کہ اس قید سے ہزاروں حکیم اور وید جو اپنے پیشہ میں کافی شہرت و مہارت رکھتے ہیں۔ رجسٹری کے حقوق سے محروم ہو جائیں گے۔ لہذا یہ اجلاس حکومت یوپی سے درخواست کرتا ہے کہ براہ کرم رجسٹریشن کیلئے حکیموں اور ویدوں کی پریکٹس کی مدت [illegible] سال رکھی جاوے۔

یہ اجلاس حکومت یوپی کے اس فیصلہ کے خلاف اپنی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے صدائے احتجاج بلند کرتا ہے جو انہوں نے رجسٹریشن کے سلسلے میں انجمن طبیہ کو دیئے گئے حقوق کو واپس لے لیا ہے۔ رجسٹریشن کے اہم کام کو [illegible] کو پامال کرنے کے لئے [illegible]

عرب نمائندے مسٹر جناح کے مزار پر

کراچی ۲ فروری۔ ڈاکٹر ناظم القدسی اور مسٹر محمد علی علوبہ پاشا اپنے سکریٹریوں کے ایشیائی کانفرنس سے اپنے گھروں کو واپس جاتے ہوئے کراچی اترے اور انہوں نے مسٹر جناح مرحوم کے مزار پر حاضر ہو کر فاتحہ پڑھی۔ ان لوگوں نے ایشیائی کانفرنس میں بالترتیب شام اور عراق کی نمائندگی کی تھی۔

سوئٹزرلینڈ میں گاندھی جی کی برسی

جنیوا ۲ فروری — رائٹر

مغربی سوئٹزرلینڈ میں مقیم ہندوستانیوں اور سوئٹزرلینڈ کے باشندوں نے پرسوں گاندھی جی کی پہلی برسی میں حصہ لیا۔ مسٹر دھیرج لال ڈیسائی جو سوئٹزرلینڈ میں ہندوستانی وزیر ہیں انہوں نے اس موقعہ پر ایک تقریر میں گاندھی جی کے اصولوں کی اہمیت بیان کی۔ [illegible] گاندھی جی کی [illegible] کا ذکر کیا۔

نئی دہلی میں چائے کانفرنس ہوگی

کراچی ۲ فروری۔ اس ماہ میں نئی دہلی میں سکریٹریٹ کے درجہ پر ایک چائے کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس میں ہندوستان، پاکستان [illegible] کے نمائندے [illegible] اور چائے کی ترقی کے [illegible] غور کریں گے۔

اس کانفرنس میں [illegible]

جمعیۃ علماء حلقہ تھانہ گولموری کی شاخ

جمعیۃ علماء ہند کی حلقہ کانفرنس جمشید پور میں ہوئی۔ اس کانفرنس کا بہت ہی اچھا اثر باشندگان جمشید پور اور بالخصوص مسلمانان جمشید پور پر پڑا۔ کانفرنس نے ہندو مسلم سکھ اتحاد کو اور بھی زیادہ مستحکم بنا دیا۔ کانفرنس کے بعد جہاں شہری زندگی نہایت ہی پرامن بن گئی۔ وہاں مسلمانوں میں بھی [illegible] اور بیداری کا جذبہ کار فرما نظر آنے لگا۔

جمعیۃ علماء نے اپنا کام زور و شور سے شروع کیا۔ اسی سلسلے میں ۲۳ جنوری کو تھانہ گولموری کے ایک [illegible] میں جناب فیروز خاں صاحب کے مکان پر جمعیۃ علماء کی ایک میٹنگ ہوئی۔ [illegible] حلقہ تھانہ گولموری میں جو جمشید پور کا سب سے بڑا مسلم اکثریت کا علاقہ ہے جمعیۃ علماء کی ایک شاخ منظم [illegible] جلسہ کی صدارت جناب فیروز خاں صاحب نے [illegible] جمعیۃ کے اغراض و مقاصد کو بیان کیا [illegible] گولموری کے عہدیداروں کا انتخاب ہوا۔

جناب فیروز خاں صاحب صدر۔ ڈاکٹر حکیم عبدالعزیز خاں صاحب نائب صدر۔ مولانا عبداللہ سراج صاحب ناظم اعلیٰ۔ سید عنایت اللہ حسین صاحب ناظم۔ عبدالرؤف صاحب نائب ناظم۔ اسمعیل صاحب خازن۔ انتخاب کے بعد [illegible] جمعیۃ کی میٹنگیں ہو چکی ہیں۔ [illegible] نے جمعیۃ کے پیغام کو بڑی فراخدلی سے اپنایا ہے۔

انتخابات

شکوہ آباد شکوہ آباد مولانا محمد یعقوب صاحب کی صدارت میں ایک انتخابی جلسہ منعقد ہوا جس میں بالاتفاق سال رواں کے لئے ذیل کے عہدیدار چنے گئے۔ الحاج مولانا شاہ قمر الہدیٰ فریدی صدر۔ منشی عبدالعزیز خاں میونسپل کمشنر نائب صدر۔ منشی عبدالرحیم اختر انصاری میونسپل کمشنر ناظم۔ منشی [illegible] خازن

کیرانہ شہر صدر مولوی مسیح الزماں صاحب نائب صدر حکیم ریاض احمد صاحب چودھری عنایت الدین [illegible] ناظم اعلیٰ مولوی احمد حسن صاحب نائب ناظم منشی عتیق احمد منشی رشید احمد صاحب خازن مولوی مسیح الزماں صاحب [illegible] حافظ ہدایت اللہ [illegible] حافظ نور احمد [illegible]

دار السلطنت

۳ فروری ۱۹۴۹ء

بھوک ہڑتال کی دھمکی

دہلی ڈسٹرکٹ جیل کے چار کمیونسٹ اسیروں نے بھوک ہڑتال کا نوٹس دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے اگر ۷ فروری تک ان کے مطالبات منظور نہ ہوئے تو وہ بھوک ہڑتال کر دیں گے۔ ان کے نام ہیں مسٹر جیا دھن شرما، ڈاکٹر مدن گوپال اور مسٹر عبدالحئی۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر ایم، بی راؤ ایڈیٹر پیوپلز ایج نے بھی جو اس وقت جیل میں ہیں ان کی ہمدردی میں بھوک ہڑتال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ان کے مطالبات میں اپنے اور خاندان کے لئے الاؤنس، جیل میں سہولیات، گرم کپڑے، صابن وغیرہ اور سونے کے لئے چارپائی اور کتابوں اور اخبارات کے دیئے جانے کے مطالبات شامل ہیں۔

چوکیدار کی مرمت کر دی

[illegible] پر کچھ لوگوں نے ایک چوکیدار کی مرمت کر دی۔ چوکیدار لوگوں کو ایک [illegible] فروخت کرنے سے روک رہا تھا۔ چوکیدار امداد کے لئے چلایا تو کچھ آدمی جمع ہو گئے اور مارنے والوں کو پولیس کے سپرد کر دیا گیا۔

جامع مسجد [illegible] کا ایک شخص [illegible] مفرور ہے اس کو ہر شام [illegible] حاضری دکھلانی ہوتی تھی وہ کئی دن سے نہیں آیا اس سے شبہ ہوتا ہے کہ وہ فرار ہو گیا۔

عورت ہلاک لڑکی زخمی

گزشتہ شب مہرولی میں ایک شرنارتھی عورت گولی لگنے سے ہلاک ہو گئی۔ اور اس کی لڑکی شدید زخمی ہوئی۔ یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب ڈاکوؤں نے اس کے مکان پر حملہ کیا۔ دیوار پھاند کر ڈاکو ایک کمرے میں داخل ہوئے۔ لڑکی جو اس کمرے میں سو رہی تھی جاگ اٹھی اور مدد کے لئے چلانے لگی۔ ایک ڈاکو نے گولی چلائی جس سے وہ زخمی ہو گئی۔ اس کی ماں مدد کے لئے دوڑی۔ لیکن گولی لگنے سے ہلاک ہو گئی۔ اس کے بعد ڈاکو بھاگ نکلے۔ ابھی پولیس کے پہنچنے سے پہلے ہی وہ غائب ہو گئے۔

سی آئی ڈی کا ملازم گرفتار

سی آئی ڈی کے [illegible] ملازم [illegible] سامان [illegible] کرنے کے الزام میں گرفتار [illegible] اور مسروقہ سامان [illegible] مزید گرفتاریوں کی توقع ہے۔

بیس دوکاندار گرفتار

[illegible] پولیس نے [illegible] چھاپہ مار کر بیس شرنارتھی دوکانداروں کو گرفتار کر لیا۔ جو کلاتھ کنٹرول آرڈر کی خلاف ورزی میں کپڑا فروخت کر رہے تھے۔ پولیس نے تمام علاقہ کا محاصرہ کر لیا اور یہ محاصرہ اس وقت تک جاری رہا جب تک کہ خلاف ورزی کرنے والے سب دوکاندار گرفتار نہ ہو گئے [illegible]

سپاہی کو دھوکا دینے کی کوشش

پرسوں دہلی [illegible] اسٹیشن پر ایک نوجوان شخص کو [illegible] گرفتار کر لیا گیا۔ [illegible]

بچوں کا میلا

۹ فروری کو [illegible] بجے سے [illegible] بجے تک ارون اسٹیڈیم [illegible] میں بچوں کا ایک میلا ہوگا۔ بچوں کی دلچسپی کے مختلف کھیل دکھائے جائیں گے۔ [illegible] ٹکٹ کے ذریعہ ہوگا۔ بچوں کے کھانے پینے کی چیزوں کا بھی انتظام ہوگا۔ میلا کی آمدنی [illegible] امداد میں صرف ہوگی۔

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible] مجسٹریٹ درجہ اول نے [illegible] سزا [illegible]

دہلی میونسپلٹی کے پانچ ممبروں نے حلف دیا

آج دہلی میونسپلٹی کے پانچ نامزد ممبران نے جن کو چیف کمشنر نے ان ممبران کی جگہ نامزد کیا ہے۔ جو کہ پاکستان جا چکے ہیں۔ کمیٹی کی ہفتہ وار میٹنگ میں بدھ کے روز حلف لیا۔ ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے صدارت کی۔

جنہوں نے حلف لیا ان کے نام یہ ہیں مسٹر جیٹھا نند۔ اور مسٹر [illegible] مغربی پاکستان کے شرنارتھی تین مقامی قوم پرور مسلمان سید محمد جعفری مولانا محمد سعید اور ڈاکٹر تاج الدین کمیٹی نے ایک ریزولیوشن کے ذریعہ اپنے اسسٹنٹ سکریٹریوں کے اختیارات میں اضافہ کیا۔ چیف کمشنر دہلی نے میونسپلٹی کی پچھلی ہدایات کو منسوخ کر کے اب نامزد و منتخب شدہ ممبران کی تعداد دو سوم مقرر کر دی ہے۔

تازہ اعلان کے بموجب بیس ممبران مختلف وارڈوں سے منتخب کئے جائیں گے۔ آٹھ ان حلقوں پر مقرر کئے جائیں گے جو [illegible] سے پاکستان چلے جانے کے باعث خالی ہو گئے ہیں [illegible] مخصوص حلقوں کو نمائندگی دی جائے گی۔ پنجاب چیمبرز آف کامرس دہلی [illegible] انجمن [illegible] فیکٹریوں کے مالکوں کا نمائندہ۔ سات ممبر گورنمنٹ مقرر کرے گی۔

راجستھان میں ۴۰ ہزار شرنارتھیوں کی آبادکاری

دہلی ۳ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ اس فیصلہ کی بنا پر کہ راجستھان میں ۴۰ ہزار شرنارتھی آباد کئے جائیں دہلی اور مشرقی پنجاب کے شرنارتھی آباد کئے جائیں گے۔ دہلی اور مشرقی پنجاب کے شرنارتھی کیمپوں کے شرنارتھیوں کو فائدہ پہونچے گا۔ ان کی آبادکاری پر حکومت کا دو کروڑ روپیہ صرف ہوگا۔

گاندھی میموریل فنڈ

دہلی ۳ فروری۔ انڈسٹریل کمیٹی گاندھی میموریل فنڈ میں ۳۰ جنوری کو ختم ہونے والے عرصہ میں ۵-۱۲-۳۹۹۸۲۸۹۱ روپیہ وصول ہوئے ہیں۔

کمیٹی نے بیس ہزار سے زائد روپیہ دینے والوں کے ناموں کی ایک فہرست شائع کر دی ہے۔

دہلی میں فصلوں کی خرابی

سرمائی بارش نہ ہونے کا نتیجہ

دہلی ۲ فروری۔ امسال سرمائی بارش کے نہ ہونے کی وجہ سے صوبہ دہلی میں غذائی فصلوں کو نقصان پہونچا ہے خاص طور پر مہرولی اور نجف گڑھ کے علاقوں میں جہاں نہروں سے آبپاشی نہیں ہوتی۔ نریلا اور ناگلوئی کے نہری علاقوں میں بھی فصلوں کی حالت تسلی بخش نہیں ہے یکم نومبر ۱۹۴۸ء سے ۳۰ جنوری ۱۹۴۹ء تک کل بارش صرف [illegible] انچ ہوئی ہے جبکہ معتدل مقدار [illegible] ہے۔ غیر نہری علاقوں میں غذائی فصلوں کا ۵۰ فی صدی حصہ خشک سالی سے اثر پذیر ہوا ہے اگر مزید [illegible] تک اچھی بارش نہ ہوئی تو فصلوں کی حالت اور زیادہ خراب ہو جائے گی اور شدید قلت کے حالات پیدا ہو جائیں گے۔

صوبہ دہلی کی غذائی ضرورتوں کا بیشتر حصہ مشرقی پنجاب کے [illegible] علاقوں سے [illegible]

[illegible]

فصلوں کی خرابی کی وجہ سے دہلی کے دیہات میں غذائی اجناس کی قیمت بڑھتی جا رہی ہے۔ نجف گڑھ میں گندم کی قیمت پچھلے سال اگست کے ۱۸ روپیہ فی من کے مقابلے ۲۰ روپیہ فی من ہو گئی ہے۔

چوری کی وارداتیں

[illegible] اطلاع ملی ہے کہ [illegible] اسکول کی عمارت سے [illegible] روپے کی مالیت کا سامان چلا گیا [illegible] ایک من چاول اور [illegible] دال [illegible] ہوا ہے۔

ہندوستان اور افغانستان کے درمیان تجارتی سمجھوتہ

نئی دہلی ۲ فروری۔ آج پھر افغانستان اور ہندوستان کے درمیان تجارتی گفت و شنید جاری رہی معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند حکومت افغانستان کو دس لاکھ کا سامان مشینری دے گی۔ علاوہ ازیں حکومت ہند کے انجینیروں کی نگرانی میں براستہ قندھار و ہرات ہوائی اڈے تعمیر کئے جائیں گے۔ افغانستان اس کے بدلے حکومت ہند کو کھالیں، اون، میوہ جات اور دیگر تجارتی سہولیات دے گی۔ آج کے اجلاس میں شری [illegible] جو کہ گزشتہ نومبر میں افغانستان میں ہندوستان کا تجارتی مشن لے کر گئے تھے۔ اجلاس میں شرکت کی۔ اب حکومت ہند اور افغانستان کو پاکستان سے راستہ دینے کی سہولیات کا معاملہ حتمی نظر ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ہر دو ممالک کے نمائندے اس بارے میں حکومت پاکستان سے بات چیت کریں گے۔

متبادلہ جائداد پر اعتراضات

پاکستان کے وزیر داخلہ کا بیان

کراچی ۲ فروری۔ پاکستان کے وزیر داخلہ خواجہ شہاب الدین نے اپنی پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ پاکستان گورنمنٹ نے کراچی کی [illegible] کانفرنس میں پیش کردہ اپنی اس تجویز سے پیچھے قدم نہیں ہٹایا کہ ہجرت کی آخری تاریخ کے طور پر [illegible] مارچ ۱۹۴۸ء مقرر کی جانی چاہئے۔ خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ اس سوال پر حکومت پاکستان غور کر رہی ہے اور عنقریب فیصلے کا اعلان کر دیا جائے گا۔ جائداد مہاجرین کے سمجھوتہ کا اطلاق ہند کے چند مخصوص علاقوں پر کئے جانے کے خلاف چودھری خلیق الزماں کی نکتہ چینی کی طرف توجہ دلائے جانے پر خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ ہم نے جو بھی طرز عمل اختیار کیا ہے وہ ہمارے خیال میں ان مسلمانوں کی کثیر تعداد کے مفاد میں ہے جو ہندوستان میں رہ گئے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ انہیں ڈاکٹر گوکل چند نارنگ کے اس بیان پر افسوس ہے جس میں انہوں نے مہاجرین کی جائدادوں کی فروختگی پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا ہے۔ [illegible] خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ یہ بیان معاہدے کی سپرٹ کے خلاف ہے اور پاکستان گورنمنٹ نے حکومت ہند سے اس کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

عراق اور شرق اردن میں فلسطین کے مسئلہ پر گفت و شنید

امان ۲ فروری۔ عراق اور شرق اردن کی [illegible] میل لمبی سرحد کے کسی مقام پر [illegible] شرق اردن کے شاہ عبداللہ [illegible] عراق کے [illegible] گفت و شنید ہوئی [illegible]

[illegible] فلسطین کے ۲۵۰۰۰ عربوں کے مسئلہ [illegible] کانفرنس [illegible] فلسطین کے مسئلہ کے حل [illegible] (گلوب)

یہودیوں کی [illegible]

کوپن ہیگن ۲ فروری۔ [illegible] ایک جہاز [illegible] کی خرابی کی وجہ سے کوپن ہیگن بندرگاہ میں [illegible] اس کی منزل مقصود [illegible] خیال کیا جاتا ہے کہ وہ فلسطین جانا چاہتے ہیں۔ (گلوب)

ڈاکٹر گھوش کی مشرقی بنگال سے واپسی

کلکتہ ۳ فروری۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر پی سی گھوش آج ابھی مشرقی بنگال کے دورہ سے واپس آئے ہیں۔ ایک بیان میں کہا ہے کہ [illegible] اچھے تاثرات سے [illegible] خواجہ ناظم الدین [illegible] وزیر اعظم [illegible] کر دیا ہے۔

پاکستان میں اچھوتوں کو وظائف

کراچی ۲ فروری۔ ۱۹۴۸ء - ۴۹ء کے سال میں شیڈولڈ کاسٹ کے ۱۳۸ طلباء کو جن میں عورتیں بھی شامل ہیں ۴۰۰۰ روپیہ بطور وظیفہ دیا گیا ہے۔

ڈنمارک بھی اسرائیل کو تسلیم کر لیگا

لندن ۳۰ جنوری۔ کل سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت ڈنمارک نے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ڈنمارک اسرائیل کو تسلیم کرنے والا [illegible] ملک ہے۔ جنوبی امریکہ اور [illegible] حکومتوں نے اسرائیل کو تسلیم کر لیا ہے۔ (پیہ ۔ ٹ ۔ ا ۔ رائٹر)

نئی ایجاد

[illegible] مردانہ کمزوری [illegible]

ولاس فارمیسی (۵۰۸) فراشخانہ دہلی

ہند اور پاکستان کے تعلقات

خواجہ ناظم الدین کی تقریر

ڈھاکہ ۲ فروری۔ خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے یہاں کل شام کو ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کشمیر میں جنگ بند ہو جانے سے ہند اور پاکستان میں تعاون کا ایک نیا دور شروع ہو گیا ہے انہوں نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ جب کشمیر میں ایسی صورت حالات پیدا ہو جائے گی کہ لوگ [illegible] پاکستان یا ہند میں شامل ہونے کا فیصلہ کر سکیں گے انہوں نے کہا دونوں ملکوں میں تعاون کا نیا باب بہت خوش آئند ہے مجھے یقین ہے بین الاقوامی میدان میں بھی دونوں مملکتیں ایک دوسرے سے تعاون کریں گی۔

کوریا مجلس اقوام کا ممبر بننا چاہتا ہے

لیک سکسس ۳ فروری۔ جمہوریہ کوریا نے کل مجلس متحدہ اقوام کی ممبر شپ کے لئے درخواست دی ہے

قائم مقام وزیر خارجہ [illegible] نے مجلس متحدہ اقوام کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگوی لی کو ایک خط میں لکھا ہے کہ جنوبی کوریا کے امریکی مقبوضہ علاقہ کی جمہوری حکومت کو گزشتہ اگست سے جب سے وہ قائم ہوئی ہے امریکہ، چین، فلپائن اور برطانیہ نے تسلیم کر لیا ہے۔ اس لئے کوریا کو مجلس متحدہ اقوام کا ممبر بنانے سے ایشیا کے [illegible] امن کا کام اور مستحکم ہو جائے گا۔

کناٹ سرکس میں موتی مسجد کھل گئی

کناٹ سرکس نئی دہلی کی موتی مسجد جو فسادات کے بعد سے بند تھی۔ نئی دہلی آنے جانے والے مسلمانوں کی تکلیف کو دیکھتے ہوئے اب کھول دی گئی ہے۔ اور وہاں باقاعدہ نمازیں ہونے لگی ہیں جناب قاری محمد ادریس صاحب امامت کے فرائض انجام دیتے ہیں۔

بزم مشاعرہ

[illegible] فروری [illegible] کلب کے زیر اہتمام ۱۲ فروری بوقت ۸ بجے شب [illegible] ٹاؤن ہال میں ایک غیر طرحی مشاعرہ منعقد ہوگا۔ مشاعرہ کی صدارت منشی [illegible] کریں گے۔

سوفٹ کوک کا راشن کم ہو گیا

[illegible]

پنجاب میل کو حادثہ میں مسافر زخمی

نئی دہلی ۳ فروری [illegible] ریلوے نے [illegible] اطلاع دی ہے کہ یکم فروری کو رات کے تقریباً [illegible] بجے [illegible] سیکشن پر [illegible] اسٹیشنوں کے درمیان آنے والی ۲ اپ پنجاب میل کا انجن اور اگلے [illegible] ڈبے پٹری سے اتر گئے۔

اس حادثہ میں تین مسافروں کو جن میں دو فوجی افسر بھی شامل [illegible] معمولی چوٹیں آئیں [illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] ٹریفک [illegible] بحال [illegible]

[illegible]

جنوبی افریقہ کے انتخابات۔ ڈاکٹر ملان کا نسلی پالیسی کا نعرہ

جوہانسبرگ ۲ فروری۔ (رائٹر) ڈاکٹر ڈی ایف ملان جنوبی افریقہ کے وزیر اعظم نے اعلان کیا ہے کہ وہ صوبائی کونسلوں کے انتخابات میں رائے دہندگان سے اپنی کامیابی کی امید رکھیں گے تاکہ وہ نسلی علیحدگی کی پالیسی پر عمل درآمد کر سکیں۔ اس اعلان سے ۹ مارچ کو شروع ہونے والے انتخابات کو بڑی اہمیت حاصل ہو گئی ہے۔

یونین کی ۱۷۱ نشستوں کے لئے ۳۰۲ امیدوار نامزد کئے گئے ہیں۔ وزیر خزانہ "ہیونگا" کی افریکانڈر پارٹی نے اعلان کیا ہے کہ داخلی مناقشات کے پیش نظر وہ اس سال انتخاب میں حصہ نہیں لے گی۔ ملان کی پارٹی کو اپنی پوزیشن کے استحکام کے لئے اسی پارٹی کی حمایت پر بھروسہ رکھنا پڑتا ہے۔ یہ جھگڑا نشستوں کے بارے میں ہو گیا ہے یہ کونسلیں لوکل باڈیز کی حیثیت رکھتی ہیں پراونشل کونسل کے توڑے جانے پر گزشتہ سال جنرل اسمٹس کی پارٹی نے صوبہ نٹال اور کیپ کے صوبہ میں اکثریت حاصل کی تھی۔ ۳۰ انتخابی علاقوں میں [illegible] بلا مقابلہ کامیاب ہو جائیں گے۔ کیپ کے صوبہ میں یونائیٹڈ پارٹی کے بارہ امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہوں گے اور نیشنلسٹ پارٹی کے پانچ امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہوں گے ٹرانسوال میں یونائیٹڈ پارٹی کے ۴، نمائندہ نیشنلسٹ پارٹی کے ۲ نمائندے بلا مقابلہ چنے جائیں گے۔ [illegible] اسٹیٹ کی دو نشستیں بلا مقابلہ نیشنلسٹ پارٹی کو ملیں گی۔ ان انتخابات سے ڈاکٹر ملان کی عوامی حمایت کا اندازہ ہو سکے گا۔

مصری حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش

قاہرہ ۲ فروری۔ مصری حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش کا مصری پولیس نے انکشاف کیا ہے۔ اس سازش کے متعلق جو دستاویزات برآمد ہوئی ہیں ان میں قاہرہ پر دھاوا وغیرہ کی تفاصیل درج ہیں۔ اس سازش کا پتہ پولیس کو تب چلا جب اس نے صوبہ بھر میں اخوان المسلمین کے تمام دفاتر پر چھاپہ مارا۔ وزیر اعظم نقراشی پاشا کا قتل اور سرکاری وکیل کی رہائش گاہ کو بم سے اڑا دینے کے واقعات اس سازش کے جز ہیں شبہ کیا گیا ہے کہ اس میں اخوان المسلمین کا ہاتھ تھا۔ صوبائی مراکز سے پولیس کو بہت سا اسلحہ وغیرہ ملا ہے جو غالباً فلسطین کے عربوں کے لئے اکٹھا کیا گیا تھا۔ قاہرہ پر دھاوا صوبائی مراکز سے جوابات موصول ہونے پر کیا جانا تھا۔

شیخ حسن البنا نے تمام سرکاری دفاتر [illegible]

[illegible] (گلوب)

مسافروں کو تنگ کرنے والے قلی

بمبئی ۳ فروری۔ لائسنس کے بغیر کام کرنے والے قلی [illegible] اسٹیشنوں پر مسافروں کو پریشان کرتے ہیں۔ اس سوال پر غور کرنے کے لئے بمبئی کے ہوم منسٹر مسٹر مرارجی ڈیسائی اور جی۔ آئی۔ پی ریلوے اور بی۔ بی۔ اینڈ سی۔ آئی ریلوے کے پولیس افسروں کے درمیان بات چیت ہوئی۔ [illegible] ریلوے پولیس اس بدعت کو ختم کرنے کیلئے سخت قدم اٹھا رہی ہے لائسنس کے بغیر کام کرنے والے ان قلیوں کو [illegible] انہیں گرفتار کرنے کے لئے سپیشل پولیس افسر مقرر کئے گئے ہیں گزشتہ ہفتہ بمبئی سنٹرل اور وکٹوریہ ٹرمینس ریلوے اسٹیشنوں پر اس قسم کے ۲۰۰ قلی گرفتار کئے گئے۔ ان پر جرمانہ کیا گیا۔ (گلوب)

پاکستان انکم ٹیکس ایکٹ کا نفاذ

کراچی ۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ سوائے مشرقی بنگال کے جہاں پر مدت متعینہ ۱۵ اپریل تک بڑھا دی گئی ہے پاکستان انکم ٹیکس ایکٹ باقی پاکستان میں ۱۵ فروری سے نافذ ہو جائیگا۔ اس قانون کی رو سے غیر پاکستانی باشندوں کو ٹیکس سے معافی کی دفعہ اڑا دی گئی ہے۔ اس میں آسٹریلیا اور امریکہ کے ٹیکس کے قانون کی طرز پر دفعات شامل کی گئی ہیں۔

بہت سوچ بچار کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے چونکہ دونوں بنگالوں میں بہت گہرے تعلقات ہیں لہذا اس قانون کا نفاذ دو ماہ کے لئے ملتوی کر دیا جائے کیونکہ پاکستان کے دوسرے حصوں کے حالات مختلف ہیں۔ یہ امر یقینی ہے کہ مشرقی بنگال میں مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی کھلا بازار [illegible] - ہنڈا بازار [illegible] - سونا -/۱۱۷ - باردانہ جیٹ ۰/۸ - ۱۰۲ - اپریل -/۱۱۲ - گرد حاضر ۱۵/۸ - ۱۰/- دھنیا [illegible] کھلا بازار [illegible] - ہنڈا بازار ۹/۱۰/۰ - ۱۱ - آسامی [illegible] ۴ من - شکر [illegible] - کھانڈ ۳۰/۸ - کھانڈ سار [illegible] - ۲۸ - سرسوں -/۲۴ - [illegible] کھلا بازار ۲۱ - ہنڈا بازار ۹/۱۲/۲۱ - تیل -/۱۵ - کھل ۷/۱۴ - تارا میرا -/۲۱ - مونگ پھلی ۱۶/۸ - مونگ ۲۰/۸ - مسور -/۱۲ - مٹر ۱۲/۱۲ - [illegible] ۱۳/۷ - ۱۰/- گندم -/۲۶ - چنے ۱۲/۸ - جو ۱۶/۸ - مکی ۱۵/۸ - باجرہ -/۱۲ - جوار ۱۴/۸

رہتک مارکیٹ

گڑ چوسیرا ۹/۴ - پنسیرا ۱۰/۸ - کھرپا پاڑ [illegible] - شکر ۱۱/- تا ۱۳/- چینی [illegible] مونگ [illegible] - ارد -/۲۰ - [illegible] میتھی [illegible] گوارا [illegible] [illegible]

چندوسی مارکیٹ

گندم -/۲۶ - چنے ۱۵/۱۲ - ارہر -/۱۸ - دال ارد -/۲۰ - مونگ ۱۸/۱۲ - السی -/۲۶ - تیل السی [illegible] - کھل السی -/۸ - سرسوں -/۲۸ - گڑ [illegible] - بنولہ دیسی -/۱۵ - دیسی کھانڈ ۲۱ تا ۲۲ [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

کالی نمک [illegible] - نمک کھیوڑہ [illegible]

دہلی ہنیاری مارکیٹ

کنفوسین کلاں [illegible] - کنفوسین خورد [illegible] - [illegible] - چھتری کی درجن [illegible] - بالٹی کا ہینڈل [illegible] - ہینڈل [illegible] - پنسلی برگ تلوار ملاکہ [illegible] پیچھے والا [illegible] - لوٹی والا [illegible] - ہوائی باجہ [illegible] (ہزار) ۳ روپے۔

دہلی صرافہ مارکیٹ

چاندی حاضر -/۸/۰ - [illegible] - سکہ -/۱۶۵ - چاندی نیا وعدہ [illegible] - سونا پانسہ [illegible] - سونا وعدہ [illegible] - سونا جیوڑ -/۱۱۷ روپے۔

سونے چاندی کے بھاؤ

بمبئی چاندی [illegible] سونا [illegible]

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

توجہ طلب

(دفتری انتظامی امور سے متعلق خط و کتابت) کوئی ایسی بات نہ لکھئے جس کا تعلق ادارہ تحریر سے ہو۔ اشاعت طلب مضامین، خبریں اور مراسلات وغیرہ ایڈیٹر کے نام علیحدہ بھیجئے۔ ورنہ اسکی بروقت تعمیل کی ذمہ داری ادارہ پر نہ ہوگی۔

منی آرڈر کوپن پر اپنا نام اور پورا پتہ خوشخط اور صاف حروف میں لکھئے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی تحریر کیجئے کہ روپیہ آپ کس مد میں بھیج رہے ہیں۔

عبدالوحید صدیقی
جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

آپ کیوں محروم ہیں؟

جبکہ بہت سے مشتہرین حضرات الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھا رہے ہیں آپ بھی اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

منیجر اشتہارات

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۷ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۶ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۰ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲/ آنے

سوراشٹر کا بمبئی میں ادغام

(راجکوٹ ۴ فروری) حکومت سوراشٹر کے ترجمان نے بتایا کہ سوراشٹر یونین کے بمبئی میں ادغام ہونے کا فی الحال کوئی امکان نہیں ہے سوراشٹر گورنمنٹ یا مقامی کانگریس اس سوال پر کوئی غور نہیں کر رہی اس نے یہ بھی بتایا کہ دہلی میں ۸ فروری کو جو ہونے والی کانفرنس میں بھی اس قسم کی کسی چیز پر غور نہیں کیا جائیگا۔

اس نے یہ بھی بتایا کہ جس سے بڑودہ کے بمبئی میں ادغام ہونے کا اعلان ہوا ہے اس وقت سے سوراشٹر کے وزراء سے اس قسم کے سوالات بہت سے دریافت کئے جا رہے ہیں مگر ان سے یہ اپیل کر رہا ہوں کہ وہ اس نازک موقع پر فضول قیاسات اور توہمات میں مبتلا نہ ہوں۔

ڈاکٹر پلا سے امریکی نمائندہ کی ملاقات

واشنگٹن ۳ فروری۔ انڈونیشیا میں اقوام متحدہ کی مصالحتی کمیٹی میں امریکہ کے نمائندہ مسٹر مرلے کوچران نے آج ڈاکٹر پلا سے مشورہ کیا۔ ڈاکٹر پلا مصالحتی کمیٹی میں انڈونیشی وفد کے لیڈر ہیں مسٹر کوچران انڈونیشیا میں کمیشن کے آسٹریلیائی اور بلجیئن ممبروں کے پاس پہنچنے سے پہلے یہاں ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ عنقریب وہ برسلز اور کینبرا بھی جائیں گے جہاں وہ بلجیم کے وزیر اعظم پال ہنری اسپاک اور ہالینڈ کے وزیر اعظم ولیم ڈریس اور ان کے وزیر خارجہ سے ملاقات کریں گے۔

اسرائیل کو تسلیم کرنا یہودیوں کی فوج گردی کی ہمت افزائی کرنا ہے

مختلف حکومتوں کے نام حکومت مصر کا احتجاجی نوٹ!

شرق اردن کے شاہ عبداللہ اور عراقی لیڈروں کے مابین کانفرنس

قاہرہ ۴ فروری۔ مصری دفتر خارجہ نے وہ احتجاجی نوٹ شائع کر دیا ہے جو اسرائیل کو تسلیم کرنے والے ممالک کے نام بھیجا گیا ہے۔ اس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنا یہودیوں کی فوج گردی اور عربوں کے حقوق کو غصب کرنے کی ہمت افزائی ہے۔ [illegible]

پہلی مشترک کانفرنس

روڈس ۴ فروری۔ [illegible] حلقوں سے اطلاع ملی ہے کہ مصری اور اسرائیلی نمائندوں کی پہلی مشترکہ [illegible] کانفرنس آج [illegible]

کرین باغیوں نے ان سین سے پسپا ہونا شروع کر دیا

ان سین میں چاول کی فیکٹریوں کو نذر آتش کر دیا۔ آگ ابھی تک روشن ہے

رنگون ۴ فروری۔ [illegible]

تبادلہ خیالات

وفد کی پنڈت نہرو سے ملاقات

[illegible]

ڈاکٹر ملان نہرو کو جواب دینگے

[illegible]

پیکنگ میں مسٹر پنڈت کے اعزاز میں دعوت

[illegible]

فلسطین کے ثالث کا عربوں اور یہودیوں میں صلح کیلئے نیا اقدام

ڈاکٹر بنچ نے مصر کے ہمراہ چھ اور عرب ممالک کو مدعو کر لیا

روڈس ۴ فروری (ریسٹر) مجلس اقوام متحدہ کے قائم مقام ثالث نے کل اس بات کی تصدیق کر دی کہ انہوں نے مصر کے ہمراہ اسرائیل کے ساتھ صلح کی گفت و شنید کرنے کے لئے چھ اور عرب ممالک کو مدعو کیا ہے اسرائیل نے ان سب کے ساتھ صلح کی بات چیت کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ [illegible]

ناظم اعلیٰ کی واپسی

دہلی ۵ فروری۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند جو صوبہ بہار کے دورہ پر تشریف لے گئے تھے کل دہلی واپس تشریف لے آئے۔

شاہ عبداللہ کی واپسی

[illegible]

امریکی پالیسی سے برطانیہ کا اتفاق

[illegible]

برطانوی گنی میں ہندوستانی کو سزا

[illegible]

مصالحتی کمیشن کا اجلاس

[illegible]

صدر ٹرومین نے سکریٹری آف اسٹیٹ کے بیان کی تصدیق کر دی

مارشل اسٹالن سے ملاقات نہیں ہو سکتی

[illegible]

ایرانی طلبا کا مظاہرہ

طہران ۴ فروری۔ ایرانی طلبا نے آج مجلس (ایرانی پارلیمنٹ) کے سامنے مظاہرہ کیا اور مطالبہ کیا کہ اینگلو ایرانین آئل کمپنی کی مراعات اور ایران میں برطانوی سامراج کی ریشہ دوانیوں کا خاتمہ کر دیا جائے۔

ملوں میں کام بند ہو جائیگا

احمد آباد ۴ فروری۔ [illegible]

بورڈ آف ٹریڈ کے سابق پارلیمنٹری سکریٹری جان بلچر کا استعفیٰ

برطانوی پارلیمنٹ میں لانسکی ٹریبونل پر بحث

لندن ۴ فروری۔ [illegible]

لنکا میں آزادی کی سالگرہ

کولمبو ۴ فروری۔ [illegible]

شنگھائی میں برطانوی تباہ کن جہاز جمع ہونے لگے

صلح کی گفتگو کرنے والے چینی وفد کو پیکنگ میں اترنے کی اجازت نہیں ملی

[illegible]

متسیہ یونین کے وزراء کی سبکی

[illegible]

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا

ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے

ناگ ہیر ڈائی کمپنی
صدر بازار دہلی

مارشل اسٹالن کی طرف سے صدر ٹرومین کو ملاقات کی دعوت

لیکن مسٹر ٹرومین صرف واشنگٹن ہی میں مل سکتے ہیں

پیرس ۳ فروری۔ آج مارشل اسٹالن نے صدر ٹرومین کو ملاقات کی دعوت دی ہے۔ [illegible]

مسٹر لی سکریٹری جنرل کی تجویز

[illegible]

فرانس کی طرف سے پیشکش

[illegible]

کشمیر میں استصواب کا منتظم

ناموں کی فہرست بھیجدی گئی

[illegible]

کشمیر کے فوجی مشاہدین کی روانگی

ممبران کمیشن کل کراچی پہنچ رہے ہیں

[illegible]

مشرق وسطیٰ کے ممالک کا دفاع

امریکہ کے دفتر خارجہ کی تردید

[illegible]

جمشید پور میں منشی احمد دین کی گرفتاری

[illegible]

ڈچوں نے انڈونیسی عالموں کو قتل کر دیا

[illegible]

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا دورہ

[illegible]

جے پور میں شرنارتھیوں کیلئے بستیاں

حکومت ہند ایک کروڑ قرضہ دے گی

[illegible]

حکومت ہند رفتہ رفتہ کنٹرول ختم کرنے سے مکمل کنٹرول کی طرف

اکتوبر تک مکمل راشننگ کرنے کیلئے صوبوں اور ریاستوں کو ہدایت

نئی دہلی ۳ فروری۔ حکومت ہند کی خوراک کی پالیسی بالکل الٹ پلٹ ہو گئی ہے یعنی رفتہ رفتہ کنٹرول اٹھانے سے مکمل کنٹرول کی پالیسی ہو گئی ہے صوبائی اور ریاستی حکومتوں کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ اکتوبر تک اس پالیسی کی تکمیل کر دیں۔ [illegible] [redacted] [illegible]

ناموافق حالات

[illegible]

انڈونیشیا میں گوریلا دستوں کی سرگرمیاں

جمہوری حکومت کی طرف سے فوجوں کو جنگ جاری رکھنے کی ہدایت

[illegible]

مشرقی بنگال سے ہجرت

ڈاکٹر رائے کے بیان کی تصحیح

[illegible]

باڑہ ہندو راؤ میں جلسہ سیرت

مولانا حبیب الرحمن تقریر فرمائینگے

[illegible]

فوجیوں کے نام پیغام

[illegible]

ماسکو میں شمالی کوریا کا سفیر

[illegible]

حکومت ڈچ جھکنے لگی

[illegible]

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

[illegible]

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

مارشیس سے گزرنے والے ڈچ طیاروں پر پابندی لگانے سے انکار

پارلیمنٹ میں مسٹر بیون کا بین الاقوامی اصولوں کی خلاف ورزی کا عذر

لندن ۳ فروری۔ [illegible] [redacted] [illegible]

نوجوانوں کی حلقہ بندی کا پروگرام

کانگریس کمیٹیوں کو سرکلر

[illegible] [redacted] [illegible]

بڑودہ کے ادغام پر مسرت

ڈاکٹر جیوراج مہتہ کی تقریر

[illegible]

حیدرآباد میں کرفیو میں توسیع

[illegible]

ٹرومین اسٹالن ملاقات کے متعلق

موسیو لی کی تجویز

[illegible]

اسٹرانگ کا دورہ انڈونیشیا

[illegible]

سرحد مسلم لیگ کا سابق لیڈر گرفتار

[illegible]

ہندی اور گورمکھی کا مسئلہ

مشرقی پنجاب کا فارمولا

[illegible]

روس کو ناروے کا جواب

غیر ملکیوں کو اڈے نہیں دئے جائینگے

[illegible]

صوبہ سرحد کا نیا گورنر

ملک فیروز خاں نون کو بنایا جائیگا

[illegible]

کشمیر میں استصواب کے متعلق شیخ عبداللہ کا بیان

[illegible]

لندن اور پیرس کے سفارتخانوں پر نکتہ چینیوں کا جواب

ہند پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو کا بیان

نئی دہلی ۳ر فروری۔ پنڈت نہرو نے آج پارلیمنٹ میں تفصیل کے ساتھ ان نکتہ چینیوں کا جواب دیا جو لندن کے دفتر ہائی کمشنر اور پیرس کے سفارتخانہ کے کام پر کی جاتی ہیں۔ انڈیا ہاؤس کے متعلق انہوں نے کہا کہ پہلا اعتراض یہ ہے کہ اس میں ۱۵۰ سے ۲۰۰ تک وہ انگریز ملازم ہیں جو ہندوستان کی اندرونی ملازمتوں کو چھوڑ گئے۔ کیونکہ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد وہ ملازمت کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ انگلستان میں حکومت ہند کا ایجنٹ خرید کیا انگریز ہے جو اس کے ساتھ ایک کمپنی کا بھی جس کا نام ہندوستانی ہے ڈائرکٹر ہے۔ تیسرا اعتراض یہ ہے کہ ہندوستانی طلبا کو انگلینڈ اور براعظم یورپ کے دوسرے حصوں میں ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے بہت کم آسانیاں دی گئی ہیں۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ یہ سب الزامات گمراہ کن اور غلط ہیں۔ اسی میں کوئی شک نہیں کہ ہائی کمشنر کے اسٹاف میں ۱۵۰ اور ۲۰۵ کے [illegible] انگریزوں نے اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ہندوستان سے ملازمت چھوڑ دی وہ حکومت ہند کے ملازم ہیں۔ ان میں سے بہت سے لوگ عرصہ دراز سے مستقل سروس میں ہیں۔ ان کو محض نسلی بنا پر علیحدہ کرنا ٹھیک نہیں۔

وزیر اعظم نے فرمایا کہ حکومت کی پالیسی ہے کہ بیرونی ممالک میں ہندوستانی سفارتخانوں میں ہندوستانی رکھے جائیں۔ لندن میں بھی ایسا ہی کیا جا رہا ہے۔ اگست ۱۹۴۷ء سے انڈیا ہاؤس میں ہندوستانی ملازمین کی تعداد دوگنی ہو گئی ہے۔ انہوں نے تردید کیا کہ انگلینڈ میں خرید کرنے والا ایجنٹ بھی انگریز ہے۔ ڈائرکٹر جنرل آف اسٹورز کے ذریعہ خریدی جاتی ہیں جو کہ ہندوستانی ہے۔

ہندوستانی طلبا کو تعلیمی امداد کے [illegible] کے متعلق الزامات کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت نہرو نے فرمایا کہ [illegible] حکومت کی جانب سے [illegible] کی امداد دی جاتی ہے۔ [illegible] کے آنے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ [illegible]

اگست ۱۹۴۷ء [illegible] تک ۵۰۵ [illegible] طلبا کی امداد کی گئی۔

پیرس کے سفارتخانہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیرس میں ہندوستانی سفارتخانہ کا سب افسر انچارج ایک غیر ہندوستانی ہے [illegible] پیرس کے سفارتخانہ میں اسٹاف اور جگہ کی کمی ہے ہم اس کو پورا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ چونکہ ایک سال ہی ہوا ہے اور تربیت یافتہ اشخاص کی کمی ہے اس لئے ابھی تک دوسرے سفارتخانوں کا سا کام نہیں کر سکتے۔ تاہم بیرونی ممالک میں ہمارے سفارتخانے اچھی طرح کام کر رہے ہیں۔

پنڈت نہرو نے کہا [illegible] لیکن ان سرکاری ملازمین کی مذمت کرنے سے جو وفاداری کے ساتھ [illegible] ہندوستان کی کوئی خدمت نہ ہو سکے گی۔

آپ نے فرمایا کہ پیرس میں ہندوستانی سفارتخانہ کا [illegible] کے کام سے کوئی واسطہ نہیں ہے [illegible]

[illegible]

فیروزآباد میں ٹورنامنٹ

فیروزآباد ۳ر فروری [illegible] اسلامیہ ہائی اسکول [illegible]

ڈچوں کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

ہیگ ۳ر فروری۔ کل حکومت ہالینڈ نے ایک اعلان کیا [illegible]

راجستھان اعظم کے قیام کے سلسلہ میں گفت و شنید شروع ہو گئی

نئی دہلی میں ریاستی دیوان اور ریاستی محکمہ کے افسروں کی کانفرنس

نئی دہلی ۳ر فروری۔ بڑی راجپوتانہ یونین کے قیام کے سلسلہ میں آج یہاں کانفرنس شروع ہو گئی۔ یہ یونین جے پور، جودھپور، بیکانیر، جیسلمیر اور متسیہ یونین کے چند علاقوں پر مشتمل ہوگی۔ حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کے افسران کے علاوہ اس کانفرنس میں مختلف ریاستوں کے دیوان اور ریاستوں کے کانگریسی لیڈر شریک ہیں۔ امید ہے کہ یہ کانفرنس دو ہفتہ تک جاری رہے گی۔

مختلف ریاستوں کے حکمرانوں کی کانفرنس ہفتہ کو ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس میں وظائف اور دیگر مراعات کا جو اس وقت حکمرانوں کو دی جا رہی ہیں۔ سوال زیر بحث لایا جائے گا۔ ۱۱ر فروری کو حکمرانوں، ریاستوں کے کانگریسی لیڈروں اور وزیر اعظم میں ایک کانفرنس منعقد ہوگی۔ جس میں تمام متعلق [illegible] غور کیا جائے گا۔

[illegible] متسیہ یونین کے حکمرانوں کی ایک کانفرنس ہوگی۔ بھرت پور، الور، دھولپور اور کرولی کے حکمرانوں اور وزیر اعظم اپنی ریاستوں کے مستقبل کے سوال کو زیر غور لایا گیا ہے۔ بھرت پور، الور اور دھولپور و کرولی ریاستوں کا [illegible] یونین میں شامل ہونے کے امکان میں الور اور کرولی [illegible] میں مدغم ہونے کے حق میں ہے۔ (ایگلورب)

حیدرآباد میں ۹ زخمی اور پچاس گرفتار

مسٹر ٹی پرکاشم رپورٹ تیار کر رہے ہیں

حیدرآباد ۳ر فروری۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ [illegible]

[illegible] کردی گئی ہے اور ۵ر فروری تک پانچ یا پانچ سے زیادہ افراد کا اجتماع اور ہتھیار لیکر چلنے پر پابندی بھی عائد کر دی گئی ہے۔

مدراس کے سابق وزیر اعظم مسٹر ٹی پرکاشم نے جو پرسوں حیدرآباد سے واپس آئے ہیں ایک بیان میں بتایا ہے کہ وہ وزیر اعظم نائب وزیر اعظم اور فوجی گورنر کو حالیہ فسادات کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ روانہ کر رہے ہیں [illegible]

مہابھارت کے زمانے کے شہر کی جگہ تعمیر

اتوار کو پنڈت نہرو سنگ بنیاد رکھیں گے

میرٹھ ۳ر فروری۔ پنڈت نہرو [illegible] ہستناپور [illegible] سنگ بنیاد رکھیں گے [illegible]

یوپی ایگریکلچرل بورڈ کا اجلاس

لکھنؤ ۳ر فروری (ایسوسی ایٹڈ پریس) کل کونسل ہاؤس میں ایگریکلچر بورڈ یوپی کا ایک جلسہ بورڈ کے چیرمین ڈاکٹر سمپورنانند کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں صوبہ میں زراعت کی ترقی کے متعلق بہت سے سوالوں پر غور کیا گیا۔ ان سوالوں میں [illegible] ٹریکٹر کا استعمال، اضلاع کی زمینوں کا جائزہ، کھاد، چارہ اور تقاوی کی آسانیاں وغیرہ شامل ہیں۔ میٹنگ میں ڈائرکٹر ایگریکلچر سے درخواست کی گئی کہ وہ ان مسائل کو حل کرنے کے لئے اسکیمیں تیار کریں۔ [illegible]

[illegible]

قاسم رضوی کی حالت بہتر ہے

پونا ۳ر فروری۔ کل جنوبی کمان کے ہیڈ کوارٹر سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ قاسم رضوی کی حالت اب بہت بہتر ہے [illegible]

مغربی پاکستان جانیوالوں کی تعداد آنیوالوں سے زیادہ ہے

دوبارہ واپسی کا سوال صرف تبادلہ آبادی سے ہو سکتا ہے جو فی الحال ناممکن ہے

(ہند پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو کا بیان)

نئی دہلی ۳ر فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں سوالات کے وقت زیادہ حصہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے شرنارتھیوں کی آبادکاری جائدادوں کے معاوضے کے بارے میں سوالات میں گذرا اور یہ مطالبہ کیا گیا کہ حکومت پاکستان ان کو واپس بلائے اس پر وزیر اعظم پنڈت نہرو نے حکومت کی پالیسی کے بارے میں ایک واضح بیان دیا۔

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے کہا کہ جہاں تک مغربی پاکستان کا سوال ہے اس میں اس بات کا امکان نہیں ہے کہ غیر مسلم کثیر تعداد میں اپنے گھروں کو واپس جا سکیں۔ دونوں جانب سے ہجرت کرنے والوں کی تعداد بہت کافی ہے اور اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ مغربی پاکستان سے آنے والوں کی بہ نسبت مغربی پاکستان جانے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ لہذا اس سوال پر صرف تبادلہ آبادی کی بنیاد پر ہی غور کیا جا سکتا ہے جو کہ فی الحال ناممکن ہے۔

"اس انتظام سے" وزیر اعظم نے آگے چل کر کہا "زیادہ جگہ اور زمین نکل آئے گی۔ دونوں طرف مہاجرین کی ایک کثیر تعداد ہے اور دونوں حکومتوں کو اسی مسئلہ کا سامنا ہے۔ جہاں تک مغربی بنگال کے پناہ گزینوں کا سوال ہے حکومت ہند ان کے واپس جانے کے لئے ان کی ہمت افزائی کر رہی ہے۔

حکومت ہند ان کو مجبور نہیں کر سکتی لیکن مشرقی بنگال کی حکومت نے یقین دلایا ہے کہ وہ ہندوؤں کی واپسی کا خیر مقدم کرے گی۔ [illegible] مشکل ہے کہ وہاں حالات کس حد تک بہتر ہوئے ہیں۔ پنڈت نہرو نے کہا لیکن اس بات کا یقین ہے کہ وہاں حالات بہتر ہو گئے ہیں۔

مغربی پاکستان سے بھی مسلمانوں کو ہندوستان آتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ اگرچہ حکومت ہند نے اس کا خیر مقدم کیا لیکن وہ یہ سمجھتی ہے کہ یہ یک طرفہ نہ ہونی چاہئے یہاں [illegible] یہ پابندی ضروری تھی۔

ایک ممبر نے اس بات کی طرف اشارہ کیا جو کبھی سردار پٹیل نے کہی تھی کہ شرنارتھیوں کی آبادکاری کیلئے پاکستان سے مزید جگہ مانگی جائے۔ اس پر پنڈت نہرو نے کہا کہ حکومت نے اس قسم کا کوئی مطالبہ پیش نہیں کیا اور [illegible]

کیمپ معاہدہ میں یہ شرط شامل ہے کہ فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے کے تمام واقعات پر [illegible] کراچی اور دہلی میں وزارتی سطح پر غور کیا جائے گا۔ [illegible] نظر آتے ہیں کہ معاہدہ پر مشرقی بنگال میں عمل درآمد ہو رہا ہے [illegible] اپنے گھروں کو بھی واپس جاتے دیکھے گئے ہیں۔

وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ نے بتایا کہ ابھی تقریباً ۲ لاکھ شرنارتھی کیمپوں میں ہیں اور وہ مفت راشن حاصل کر رہے ہیں۔ حکومت نے مفت راشن سپلائی بند کرنے اور کیمپوں کو ورکنگ سنٹروں میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آپ نے بتایا کہ اب تک ۱۹ لاکھ دیہاتی اور دس لاکھ تیرہ ہزار شہری شرنارتھی آباد کئے جا چکے ہیں۔

فرانسیسی مقبوضات

دوسرا مسئلہ جس پر بہت سے سوالات کئے گئے ہندوستان کے فرانسیسی مقبوضات کا تھا جس میں دریافت کیا گیا تھا کہ فرانسیسی بستیوں میں جو انتخابات ہوئے کیا وہ آخری اور فیصلہ کن تھے۔ پنڈت نہرو نے جواب دیا کہ وہ میونسپلٹی کے انتخابات تھے اور استصواب رائے عامہ کے بارے میں گفت و شنید سے طے کیا جائے گا۔ جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے یہ بتا دیا گیا ہے کہ استصواب رائے کے وقت ہندوستان کے مشاہدین موجود رہیں گے اور ظاہر طور پر اس سے کوئی انکار نہیں کیا گیا ہے اور عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ مشاہدین موجود رہیں گے۔

فرانس کے وزیر خارجہ سے گفت و شنید کے بارے میں پنڈت نہرو نے کہا کہ پیرس میں ان کی گفت و شنید استصواب رائے کے بارے میں نہیں بلکہ میونسپل انتخابات کے بارے میں ہوئی تھی [illegible]

مہاجرین کی جائداد

مہاجرین کی جائداد کے بارے میں بہت سے سوالات دریافت کئے گئے [illegible]

اپوزیشن لیڈر بھاگ گیا

بوڈاپسٹ ۳ر فروری۔ ہنگری کی پارلیمنٹ کے [illegible]

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا

[illegible]

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑیوالان دہلی

اشتہار نیلام

[illegible]

ماہنامہ بانو دہلی کی شاندار پیشکش

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

حسین کشیدہ کاری

۲۷۶ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر حاصل کرنے کیلئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے۔ سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سال نامہ

سالانہ قیمت صرف پانچ روپے

خاص نمبر حاصل کرنے کیلئے آج ہی خریدار بن جائیے۔

ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے

پتہ صرف

"منیجر رسالہ بانو دہلی" لکھئے

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور [illegible] جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵ء)

طلا نمبر ۲

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵ء)

تصدیق

آپ کی جیون دوا [illegible] واقعی [illegible] ثابت ہوئی۔ [illegible]

ملنے کا پتہ۔ دلی دوا گھر نور گنج۔ دہلی

خواتین اسلام

اس کتاب میں صحابی عورتوں کے دلیرانہ اور بہادرانہ کارنامے جمع کئے گئے ہیں۔ جو انھوں نے جنگ کے میدانوں میں انجام دیئے۔ تیروں کی بوچھاڑیں اور نیزوں اور تلواروں کے سائبانوں میں زخمیوں کو اسلحہ اور پانی پلایا۔ دشمن کے بہادر جوانوں سے مقابلہ کیا اور ان کے چھکے چھڑا دیئے [illegible] جان بیان کیا ہے کہ کتاب [illegible] جا سکتا۔ اس کو پڑھ کر اپنی بچیوں کے مستقبل کو شاندار بنائیے۔ قیمت صرف [illegible]

[illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں

تقریباً ۱۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ

قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف۔

رسول کی باتیں

توحید، رسالت، قرآن، اور قیامت وغیرہ بیس عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ۔ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی

ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے۔ قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا

۸۸۴ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنیوالوں کو خدا کے غضب کا ڈر دلایا ہے۔ قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۶ر فروری ۱۹۴۹ء

غیر مذہبی حکومت

دہلی سے پاکستان کے ہائی کمشنر محمد اسمٰعیل صاحب نے جو بیان شائع کیا تھا اس نے پاکستان میں ایک ہلچل پیدا کر دی ہے، اور اس پر سخت الفاظ میں نکتہ چینی کی جا رہی ہے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ ایک تو پاکستان کی حکومت مذہبی نہیں ہے، دوم پاکستان میں اقلیتوں اور غیر مسلموں کے شہری، مذہبی اور سیاسی حقوق پورے طور پر محفوظ ہیں۔ پاکستان اپنی اقلیتوں سے انصاف اور مساوات کا سلوک کرنا چاہتا ہے اور اس کی نظر میں مسلم اور غیر مسلم کے درمیان کوئی امتیاز نہیں ہے۔ پاکستان کے اخبارات نے بیان کے دوسرے جز سے تو اتفاق کیا ہے مگر پہلے جز کو ۔۔۔۔ پاکستان کی طے شدہ پالیسی سے مختلف بتایا ہے اس پر سخت تنقید کی ہے۔

ہم نے پاکستانی ہائی کمشنر کے بیان کا تجزیہ کرتے ہوئے عرض کیا تھا کہ ہم اقلیتوں کے بارے میں اس بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں اور ہمارے نزدیک یہی مناسب ہے کہ پاکستان کی بنیاد مذہب نہ ہو کیونکہ جن لوگوں نے پاکستان بنایا تھا یا جو لوگ اب پاکستان کو چلا رہے ہیں ان کا مزاج غیر اسلامی ہے، اور غیر اسلامی مزاج اسلامی حکومت قائم نہیں کر سکتا۔ البتہ ہمیں ہائی کمشنر کے انداز بیان سے شبہ ہوا اور ہم نے اسے پسند نہیں کیا، یعنی ایک طرف تو انہوں نے یہ کہا کہ پاکستان کی بنیاد مذہب پر نہیں ہے، ساتھ ہی یہ فرمایا کہ پاکستان میں ہر غیر مسلم اور ہر اقلیت کے ساتھ انصاف ہوگا اور ان کے جملہ حقوق کی حفاظت کی جائے گی، تو مطلب یہ ہوا کہ چونکہ اسلام اقلیتوں کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا اس لئے پاکستان کو غیر مذہبی بنانا پڑا تاکہ غیر مسلموں کے ساتھ انصاف ہو اور ایک غیر مذہبی حکومت ان کے حقوق کا تحفظ کر سکے۔ حالانکہ یہ تصور قطعی بے بنیاد ہے، اور معاملہ اس کے برعکس ہے اسلام غیر مسلموں کے ساتھ جس انسانی سلوک کا حکم دیتا ہے اور جس طرح اس نے ان کے حقوق کی حفاظت کی ہے، اس میں دنیا کی کوئی جمہوری اور غیر مذہبی حکومت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی، لہذا یہ مفہوم تو غلط ہوا کہ غیر مسلموں کو صرف غیر مذہبی حکومت ہی راس آ سکتی ہے، اور ان کے حقوق اسلامی حکومت کی بہ نسبت جمہوری حکومت میں زیادہ محفوظ رہ سکتے ہیں، اب سوال یہ ہے کہ ہائی کمشنر صاحب نے کہنا کیا چاہا تھا؟ [illegible] اسلامی حکومت میں غیر مسلموں کو سب سے زیادہ خوشحالی اور ترقی حاصل ہو سکتی ہے اور اس میں ان کے حقوق سب سے زیادہ محفوظ ہو سکتے ہیں، مگر پاکستان اندر ایسی صلاحیت نہیں ہے کہ غیر اسلامی کردار اور مزاج کے ساتھ اسلامی حکومت قائم کر سکے اور اسلام کو رسوا کرنے کے بعد دوسروں کو اسلامی حکومت میں رہنے کی دعوت دے، فی الحال یہی ہو سکتا ہے کہ اپنی نالائقی کا اعتراف کرتے ہوئے صاف صاف کہہ دیا جائے کہ پاکستان مذہبی حکومت نہیں ہے ایک جمہوری حکومت ہے اور جمہوری حکومت میں اقلیتوں کے ساتھ جو رعایت ہو سکتی ہے اس کے پیش نظر پاکستان غیر مسلموں کے ساتھ پورا پورا انصاف کرے گا اور اس میں ان کے حقوق کی پوری حفاظت کی جائے گی، ہمیں افسوس ہے کہ ہم اسلامی حکومت قائم کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے ورنہ ہم غیر مسلموں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہونچاتے اب تو ہمارے پاس صرف جمہوریت اور غیر مذہبی حکومت ہے اور جمہوریت کے جو تقاضے ہیں ہم فی الحال ان ہی کو پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔

اگر اعلان کا انداز یہ ہوتا تو وہ یقیناً واقعہ کے مطابق ہوتا، ایک طرف پاکستان غیر مذہبی حکومت بن جاتا دوسری طرف یہ شبہ بھی نہ رہتا کہ اسلام میں غیر مسلموں کے ساتھ بدسلوکی ہوتی ہے یا وہ جمہوریت کی عین مخالف سمت میں واقع ہوا ہے۔ بہرحال ذرا اس سلسلہ میں پاکستانی اخبارات کی بھی سنئے۔ معاصر "ڈان" [illegible] اپنے افتتاحیہ میں لکھتا ہے

"انہوں نے یہ عجیب بات بھی کہدی کہ پاکستان کی حکومت ایک جمہوری لادینی ریاست ہوگی جس میں تمام فرقوں اور قوموں کے ساتھ عدل و انصاف کا سلوک کیا جائے گا اور رنگ و نسل اور عقیدہ کی بنا پر کسی قسم کا امتیاز نہیں برتا جائے گا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر محمد اسمٰعیل یورپی مورخوں اور مستشرقوں کے اس پروپیگنڈہ کا شکار ہیں کہ اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کے ساتھ بدسلوکی ہوتی ہے اور ان کیساتھ صرف اختلاف عقیدہ کی بنا پر امتیاز روا رکھا جاتا ہے اور وہ بھی اس غلط خیال میں مبتلا ہیں کہ اسلامی ریاست عدل و انصاف اور مساوات و برابری کا نظام قائم نہیں کرتی، بلکہ ظلم و بے انصافی اور جنبہ داری کو رواج دیتی ہے اور صرف لادینی جمہوری حکومت ہی عدل و انصاف کی ضامن ہے"

ایک دوسرا معاصر اپنے اداریہ میں لکھتا ہے "اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت پاکستان ہر شخص کے ساتھ بلا امتیاز مذہب و نسل مساویانہ سلوک کے لئے مکلف ہے لیکن اس لئے مکلف ہے کہ وہ ایک اسلامی مملکت ہے اور اسلام نے تمام بندگان خدا کے ساتھ بہترین سلوک، خاص کر ذمیوں کے ساتھ بہترین فیاضانہ سلوک کا حکم دیا ہے، یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ پاکستان اسلامی نہیں ہے بلکہ لامذہب جمہوری حکومت ہے اور یہ کہنا سو فیصدی گمراہی ہے کہ لامذہب ڈیموکریسی ہی تمام لوگوں کے ساتھ انصاف اور مساویانہ مواقع فراہم کر سکتی ہے"

ایک تیسرا اخبار اس بات پر جز بز ہے کہ پاکستان کو غیر مذہبی جمہوری حکومت کیوں بتایا گیا جو شاید پاکستان کی گذشتہ غیر اسلامی حرکتوں پر نادم ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی کوئی دل بھاتی تو جیہہ کرے چنانچہ لکھتا ہے "کاش پاکستان میں اسلامی قوانین رائج ہوتے اس وقت ہم دنیا کو بتا سکتے کہ اسلامی حکومت کس طرح [illegible] جن کے ہندوستان میں جب عالم ذبح کئے جا رہے تھے ہم اسلامی قوانین کی رو سے یہاں کے ایک ہندو یا سکھ کا بال بھی بیکا نہ ہونے دیتے لیکن افسوس کا موقع ہے یہاں غیر اسلامی قوانین نافذ تھے اور اقلیتوں کے ساتھ خواہ اس قدر ظلم نہ کیا گیا ہو جتنا ہندوستان میں مسلمانوں کے ساتھ کیا گیا لیکن اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہاں کی اقلیتوں سے رواداری کا سلوک نہیں کیا گیا جس کا اسلام ہم سے متقاضی ہے"

اگر پاکستان ایک غیر مسلم کی جان بچانے کے لئے دس ہزار مسلمانوں کو قربان کر دیتا تو آج وہ فخر کر سکتا تھا کہ اسلامی اسٹیٹ کا مطالبہ کر سکتا تھا، مگر اس نے غیر اسلامی کردار کا مظاہرہ کر کے اپنا یہ حق کھو دیا ہے، بہتر یہی ہے کہ جب تک افراد کی زندگی اسلامی سانچوں میں نہ ڈھل جائے اور پاکستان بنانے والوں میں اسلامی مزاج پیدا نہ ہو جائے اس وقت تک پاکستان کو اسلامی اسٹیٹ نہ بنایا جائے، آخر اس تاویل کے کیا معنی کہ مسلمانوں نے پنجاب میں جو کچھ کیا وہ اس لئے کہ وہاں غیر اسلامی قوانین نافذ تھے، غیر اسلامی قوانین کی موجودگی میں ایک مسلمان نماز پڑھ سکتا ہے، روزہ رکھ سکتا ہے مگر ایک انسانی جان کی حفاظت نہیں کر سکتا کیا اسلام کی یہی تعلیم ہے کہ جہاں اسلامی قوانین نافذ نہ ہوں وہاں غیر مسلموں کی گردنیں مار دی جائیں، ان کی عورتوں کو چھین لیا جائے، ان کے املاک غصب کر لی جائیں، غیر اسلامی قوانین کی موجودگی میں [illegible]

[illegible] کی تحریک کیوں کامیاب نہیں ہوئی

اچھی کھیتی [illegible] غذائی پالیسی پر سخت نکتہ چینی

[illegible] حالات پر بحث شروع ہوئی تھی۔ یہ بحث آج بھی جاری [illegible] کامیاب نہ ہونے کی وجہ معلوم کرنے کے لئے ایک [illegible] قبل مسٹر رہن کمار چودھری اپنی یہ قرارداد [illegible] مردم شماری کے جلنے کا مطالبہ [illegible] صحیح اعداد و شمار معلوم [illegible]

بل اتبع۔ تا۔ نصرین (پ ۲۱)

جو لوگ ظلم کرتے ہیں وہ علم کے بغیر اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں پس جن لوگوں کو خدا گمراہ پائے انہیں کون راہ راست پر لگا سکتا ہے ایسے لوگوں کا تو کوئی بھی مددگار نہیں!

یہاں ایک اصولی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے یعنی جب انسان اپنی خواہشات کا بندہ بن جاتا ہے اور علم و عقل کے بجائے جذبات کے پیچھے دوڑنے لگتا ہے تو پھر اس سے ظلم کا صدور ہوتا ہے، وہ خدا کی مخلوق پر ظلم کرتا ہے اور بے گناہوں کو ستا کر اپنے جذبات کو تسکین دیتا ہے، اس کا علاج یہ ہے کہ انسان خواہشات کی پیروی کے بجائے علم و عقل کی رہنمائی قبول کرے اور خدا کی ہدایت کو اپنا دستور العمل بنائے خالی علم و عقل بھی انسان کی رہنمائی نہیں کر سکتا، یورپ علم و عقل کا مخزن ہے، مگر دنیا کی بربادیاں بھی اسی کی لائی ہوئی ہیں، پس ضروری ہے کہ انسان عقل کے چراغ میں ہدایت الٰہی کا روغن ڈالے اور اس کی روشنی میں انسانوں کے حقوق کو پہچانے، یہی ایک علاج ہے جس سے ہر قسم کے مظالم کا انسداد ہو سکتا ہے۔

ٹنڈن جی کا نیا مشغلہ!

یوم آزادی کے سلسلہ میں ۲۶ر جنوری کو امین الدولہ پارک لکھنؤ میں ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کے صدر اور یوپی اسمبلی کے اسپیکر شری پرشوتم داس ٹنڈن جی نے یوم آزادی کی اہمیت اور اس کی شاندار تاریخ پر روشنی ڈالنے کے بجائے جمعیۃ العلماء کے لیڈروں پر خوب دل کھول کر تبرا بازی کی، اس سلسلہ میں انہوں نے کہا کہ:

"جمعیۃ العلماء کے لیڈر فرقہ پرست ہیں اور وہ لیڈر مسلمانوں کو فرقہ وارانہ لائنوں پر متحد کر کے اردو زبان کے نام پر جھگڑا کھڑا کرتے ہیں ان کا یہ طریقہ بالکل ایسا ہی ہے جو مسلم لیگ کا تھا، جمعیۃ العلماء کے لیڈروں کو نہایت صاف الفاظ میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کی سرگرمیوں کو آزاد ہندوستان میں برداشت نہیں کیا جا سکتا"

ٹنڈن جی ہمارا ج ہمیں معاف کریں گے اگر ہم یہ عرض کریں کہ انہوں نے یہ خوبیوں کو جمعیۃ کے لیڈروں میں دیکھنے کی کوشش کی ہے وہ ان ہی میں نہیں بلکہ انہوں نے اپنی روش سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ مہاتما گاندھی کی تعلیمات اور ان کے [illegible] تھا کہ اس [illegible] کا نتیجہ ہے جو مختلف فرقوں کے [illegible] کے ادھیکار [illegible] تو یقیناً ان کے دل میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں کی جگہ ہوتی، وہ ہندوستان کی غیر مذہبی جمہوری حکومت میں ہر فرقہ کے مذہبی، تعلیمی اور تمدنی مطالبات کی حمایت میں سینہ سپر ہو کر اپنا مقصد حیات تصور کرتے مگر ہمیں افسوس ہے کہ انہوں نے اپنا طریقہ کار بدل کر دکھا دیا ہے [illegible] اور ہمیں یہ کہنا پڑا کہ وہ مہاسبھائیوں اور راشٹریہ سیوک سنگھ کے پرچارکوں کی آزادی کے لئے پیش بہا قربانیاں کی ہیں، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کی ہیں اور پولیس کی لاٹھیاں کھائی ہیں ایسے [illegible] ہرگز تسلیم نہیں کر سکتا، اور خصوصیت کے ساتھ ایسی صورت میں جب کہ جمعیۃ کے اراکین نہیں متعدد مرتبہ اپنی حب الوطنی اور قوم پروری کا ثبوت دے چکے ہیں۔

[illegible] کسی مخصوص فرقہ کو اقتدار حاصل نہ ہو، اگر جمعیۃ کے لیڈران کا یہ "جرم" ایک ایسا جرم ہے جس کی بنا پر انہیں "فرقہ پرور" کہا جا سکتا ہے تو انہیں یہ جرم اقبال ہے اور صرف اقبال ہی نہیں بلکہ انہیں اس پر فخر ہے [illegible]

مختلف فرقوں کے مذہبی، تمدنی اور معاشرتی حقوق کو مکمل آزادی دینے کا جہاں تک تعلق ہے اس کا وعدہ نہ صرف کانگریس کے کراچی رزولیشن میں کیا جا چکا ہے بلکہ ہندوستانی دستور ساز اسمبلی نے بھی غیر مبہم الفاظ میں اس وعدہ کی تجدید کرتے ہوئے یہ اعلان کر دیا ہے کہ ہندوستان میں کسی خاص مذہب کی نہیں بلکہ ایک غیر مذہبی جمہوری حکومت قائم کی جائے گی [illegible] اگر جمعیۃ العلماء اور اس کے لیڈران مسلمانوں کے مذہبی، تمدنی اور تعلیمی حقوق کے تحفظ کا مطالبہ کرتے ہیں تو اس [illegible] ملک میں فرقہ وارانہ منافرت پیدا کرنے کے لئے نہیں ہوتے البتہ دو لوگ حکومت کی راہ میں دشواریاں ضرور پیدا کر رہے ہیں جو کسی خاص فرقہ کی تہذیب، تمدن اور زبان کو ملک پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔

ٹنڈن جی نے اپنی تقریر میں جمعیۃ العلماء اور اس کے لیڈروں کا [illegible]

برما!

کیا برما بھی کیمونسٹوں کے قبضہ میں چلا جائے گا، کیا چین اور برما کا انقلاب ایک ہی وقت میں پایۂ تکمیل کو پہونچے گا، حالات کی شہادت یہی ہے کہ برما کی موجودہ حکومت لب دم ہے، اور کرین کی بغاوت کامیاب ہونے والی ہے وزیر اعظم برما نے تو یہاں تک کہدیا ہے کہ وہ کرین قبیلہ کے لئے ایک الگ اسٹیٹ قائم کرنے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ وہ کسی باہر کی حکومت میں مدغم نہ ہوں، اس پیشکش سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ برمی انقلاب کا درجہ حرارت کیا ہے اور موجودہ گورنمنٹ کا کیا حشر ہونے والا ہے! حیرت ہے کہ یہ لوگ ہندوستان سے جدا ہو گئے اور انگریز نے اس کی جائے اپنے استحصال کو نہ چھوڑا، مگر اب برما میں کرین اسٹیٹ کے قیام کے سوال پر [illegible] جا رہا ہے، لیکن کمیونسٹ انقلاب اس تقسیم کا قائل نہیں ہے وہ پورے ملک سے خطاب کر رہا ہے اور اس کا یہ خطاب کارگر ہو رہا ہے، ہندوستان سے تو وزیر اعظم برما کا جانے والا اس کی التوا کی بڑی وجہ یہی ہے کہ وہاں کے حالات کا کوئی اعتبار نہیں ہے، جب تک وہاں کی سیاست کا کوئی معیار قائم نہ ہو جائے ہماری گورنمنٹ کے لئے انتظار کرنا ہی مناسب ہے۔

افریقہ کا فساد!

پنڈت جواہر لال نہرو، وزیر اعظم نے ہند پارلیمنٹ میں جنوبی افریقہ کے فساد پر بیان دیتے ہوئے کہا ہندوستانی ہائی کمشنر کے سکریٹری نے ڈربن پہونچکر جو اعداد و شمار جمع کئے ہیں وہ قابل غور ہیں، ڈربن کے فساد میں ہندوستانیوں کے ڈھائی سو مکانات اور تریپن دوکانیں برباد کر دی گئیں اور اس بربادی میں تین لاکھ پونڈ کا نقصان ہوا، انتشار اور تباہی کا اندازہ لگانے کے لئے یہی کافی ہے کہ اس وقت بیس ہزار ہندوستانی کیمپوں میں پڑے ہیں جنہیں ہندوستانیوں کی طرف سے امداد پہنچائی جا رہی ہے، ڈاکٹر ملان کے ایک ہی اشارہ کی ضرورت ہے کیا ہو گیا، اگر جنوبی افریقہ کے باشندے اپنا کام کرتے رہے تو ہندوستانیوں کا مستقبل محفوظ نہیں رہ سکتا، دیسی باشندے بغیر ہندوستانیوں سے ہمدردی نہیں ہو سکتی اور جنہیں مراعات کا لالچ دے کر ہر وقت اکسایا جا سکتا ہے، ہندوستانیوں کے لئے ہمیشہ خطرہ بنے رہیں گے اگر ہندوستان نے اس خطرہ پر قابو پانے کی کوئی تدبیر نکال لی تو یہ اس کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا۔

متھرا میں مہاتما گاندھی کی برسی

متھرا ۳۰ر جنوری (اندیا لیڈر) آج مہاتما گاندھی کی برسی آج دن کے ۱۰ بجے سے چار بجے تک مقامی مسلمانوں نے بڑے اہتمام کے ساتھ منائی سید عبدالغنی صاحب رفیقی صدر جمعیۃ نے جلسہ کی صدارت کی جس میں ڈاکٹر شہاب، آفتاب شاہ، سرالیع، شفاندری، سردار مان سنگھ گیانی اور راجی داس گپتا نے تقریریں کیں۔

مسٹر [illegible] جمیل اندی، ادیب، شفقت محمود [illegible] قمر (خورد) نے "باپو" کے عنوان پر نظمیں [illegible]

[illegible] کانگریس کے جلوس میں شرکت کی [illegible] جب اس وقت سے وہ گویا ہندی والوں سے ڈسٹرکٹ بورڈ کے [illegible] اجلاس میں کہیں پنڈت [illegible] کہا کہ جو لوگ ہندوستانی کے مقابلہ میں ہندی ہندی پکار رہے ہیں انہیں صحیح وقت پر صحیح اور منصفانہ جواب دوں گا۔ بس وہ دن [illegible] آج کا دن کہ سیٹھ جی کی راتوں کی نیند حرام ہو گئی ہے اگرچہ ابھی صحیح وقت آنے میں مہینوں پڑے ہیں۔

سیٹھ جی کا کمال یہ ہے کہ وہ جہاں جاتے ہیں ایک ہی بات کہتے ہیں۔ مگر یہ بڑی حول کی بات ہے آج معدودی دنیا میں سیٹھ جی کا دم غنیمت ہے کہ وہ سیٹھ جی ہوتے ہوئے "دو رنگی" نہیں رکھتے۔ وہ صرف ایک رنگ کے آدمی ہیں

[illegible] کہتے ہیں کہ ہندی [illegible] نہیں ہے کے جھگڑنے میں مہاتما [illegible] کوئی ایسی بات نہیں میٹھا میٹھا ہپ دنیا کی عادت ہے ۔۔۔ وہ دنیا کے خلاف گئے۔ سب لوگ اپنے اپنے مطلب کی باتیں لے کر گاندھی جی کا نام لیتے ہیں سیٹھ جی اس پر کیوں عمل نہ کریں؟

پنڈت نہرو اور ان کے وزیر اگر اپنی ترقی کی اسکیموں کو چھوڑ کر صرف ایک بات پکڑ لیں کہ بس ہندی ہندی تو پیڑا پار ہو جائے ۔۔۔ ہندوستان ہمیشہ سونے کی چڑیا رہا ہے ۔۔۔ اور اب بھی ہے [illegible] تو سیٹھ جی کا خزانہ جا کر دیکھ لو پتہ نہیں کل کارخانے اور فیکٹریاں قائم کر کے پنڈت نہرو اور ان کے ساتھی کیوں کوٹھوں کو چڑیا بنانے کے پیچھے دوڑ رہے ہیں۔ اس سے زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ چند بھوکوں کو روٹی ملنے لگے گی لیکن اگر سب کو پیٹ بھر کر روٹی مل گئی تو سیٹھوں کو کون پوچھے گا سیٹھ جب سیٹھ نہ رہیں گے تو وزیر لوگوں کی دعوتیں کون کرے گا۔

اتنا ہی ہے کہ کوئی شخص اس کے خلاف جانے کی ہمت نہیں کر سکتا۔ ہماری رائے ہے پنڈت نہرو پر [illegible] کو عوام کو ہندی کے پھندوں میں لگا دیا جائے کہ وہ اپنا اصل کام بھول جائیں ۔۔۔ ورنہ روٹی کا سوال بڑھا ٹیڑھا ہے جب اس کا طوفان اٹھے گا تو سب کو بہا لے جائے گا۔ [illegible] زبان کھا اور تہذیب کے جھگڑوں میں پھنس جائیں گے تو سرمایہ کی ترقی سے متعلق اور سرمایہ داروں کی سرمایہ داری بچ جائے گی ۔۔۔ شاید یہی سیٹھ جی کا بھی مقصد ہے۔

[illegible]

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۹ر جنوری ۱۹۴۹ء میں وزارت امداد و بحالیات کا ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس میں صوبہ دہلی کی ان جائدادوں کی تفصیل ہے جن پر کسٹوڈین نے قبضہ کر لیا ہے۔

نمبر سلسلہ	مکان نمبر	جائے وقوع	حقوق جو کسٹوڈین کو ملے
۱۶۷	[illegible]	[illegible]	حقوق ملکیت [illegible]
۱۶۸	[illegible] ملکیت محمد لطیف قریشی	[illegible]	صرف کرایہ [illegible] مشتری [illegible]
۱۶۹	کوہ نور سیل پریس حکیم سید انور علی	شام لال [illegible]	صرف کرایہ داری مع مشتری
۴۳۵۳	XVI/۲۰۵	[illegible] گلی	[illegible]
۴۳۵۴	XVI/۵۸۶	محمد حسین روڈ	"
۴۳۵۵	۱۴۰۳۹	ڈور والا	"
۴۳۵۶	XIV/۱۴۲۸-۶۹		"
۴۳۵۷	XIV/۱۴۶۳	مسجد روڈ	"
۴۳۵۸	۱۱۳۳۷	باغ راؤجی	"
۴۳۵۹	[illegible]	[illegible]	"
	[illegible]	[illegible]	کرایہ داری
		[illegible]	ملکیت

کسی کو آزاد ہندوستان میں برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے جواب میں اس کے سوا ہم اور کیا عرض کر سکتے ہیں گے۔

[illegible]

(باقی صفحہ ۷ پر)

لندن اور پیرس کے سفارتخانوں پر نکتہ چینیوں کا جواب

ہند پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو کا بیان

نئی دہلی ۳ر فروری۔ پنڈت نہرو نے آج پارلیمنٹ میں تفصیل کے ساتھ ان نکتہ چینیوں کا جواب دیا جو لندن کے دفتر ہائی کمشنر اور پیرس کے سفارتخانہ کے کام پر کی جاتی ہیں۔ انڈیا ہاؤس کے متعلق انہوں نے کہا کہ پہلا اعتراض یہ ہے کہ اس میں ۱۵۰ سے ۲۷۵ تک انگریز ملازم ہیں جو ہندوستان کے [illegible] کیونکہ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد وہ ملازمت کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ انگلستان میں حکومت ہند کا ایجنٹ خرید کیا انگریز ہے جو اس کے ساتھ ایک کمپنی کا بھی کام ہندوستانی ہے ڈائرکٹر بھی ہے۔ تیسرا اعتراض یہ ہے کہ ہندوستانی طلبا کو انگلینڈ اور براعظم یورپ کے دوسرے حصوں میں ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے بہت کم آسانیاں دی گئی ہیں۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ یہ سب الزامات گمراہ کن اور غلط ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ ہائی کمشنر کے اسٹاف میں ۱۵۰ اور ۲۷۵ کے درمیان ملازمین انگریز ہیں لیکن ان میں سے کوئی شخص بھی ان افسروں میں سے نہیں ہے جنہوں نے اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ہندوستان سے ملازمت [illegible] وہ حکومت ہند کے ملازم [illegible] ہیں۔ ان کا اسٹاف علیحدہ کرنا ٹھیک نہیں۔

وزیر اعظم نے فرمایا کہ حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ بیرونی ممالک میں ہندوستانی سفارتخانوں میں ہندوستانی رکھے جائیں۔ لندن میں بھی ایسا ہی کیا جا رہا ہے۔ اگست ۱۹۴۷ء سے انڈیا ہاؤس میں ہندوستانی ملازمین کی تعداد دوگنی ہو گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ یہ الزام بھی غلط ہے کہ انگلینڈ میں خرید کرنے والا افسر بھی انگریز ہے۔ ڈائرکٹر جنرل آف اسٹورز کے ذریعہ خرید کی جاتی ہیں۔ جو کہ ہندوستانی ہے۔

ہندوستانی طلبا کو نظر انداز کئے جانے کے متعلق الزامات کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت نہرو نے فرمایا کہ یہ الزامات بھی بے بنیاد ہیں حکومت کی جانب سے بھیجے ہوئے اور پرائیویٹ طلبا کو ہر قسم کی امداد دی جاتی ہے۔ [illegible]

اگست ۱۹۴۷ء سے [illegible] ۱۹۴۸ء تک ۱۵۰۹ طلبا کی امداد کی گئی۔

یہ کہنا کہ پیرس میں ہندوستانی سفارتخانہ میں [illegible] ایک غیر ہندوستانی ہے غلط ہے وہ ہندوستانی ہے۔ پیرس میں ہندوستانی سفارتخانہ میں اسٹاف اور جگہ کی کمی ہے ہم اس کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

چونکہ ایک سال ہی ہوا ہے اور تربیت یافتہ اشخاص کی کمی ہے [illegible] قائم نہیں کر سکے۔ تاہم بیرونی ممالک میں ہمارے سفارتخانے اچھی طرح کام کر رہے ہیں۔

پنڈت نہرو نے کہا۔ میں جائز تنقید کا خیر مقدم کرتا ہوں لیکن ان سرکاری ملازمین کی مذمت کرنے سے جو دیانتداری کے ساتھ ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں ان ملازمین کا اخلاق گر جائے گا۔ اور ہندوستان کی کوئی خدمت نہ ہو سکے گی۔

آپ نے فرمایا کہ پیرس میں ہندوستانی سفارتخانہ کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے کام سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ جنرل اسمبلی میں ہندوستان کی طرف سے جو ڈیلیگیشن گیا تھا وہ اس کام کے لئے ذمہ دار تھا۔ اور جنرل اسمبلی اور اس کی کمیٹیوں میں شرکت حق ہندوستانی ڈیلیگیشن کے ممبروں کو حاصل تھا [illegible] کیم دسمبر ۱۹۴۸ء کو ہندوستانی ڈیلیگیشن کی طرف سے [illegible]

فیروزآباد میں ٹورنامنٹ

فیروزآباد [illegible] اسلامیہ ہائی سکینڈری اسکول میں ہاکی اور والی بال کے شاندار ٹورنامنٹ ۹ر جنوری ۱۹۴۹ء کو بحسن و خوبی ختم ہو گئے۔ اٹاوہ، مین پوری، سکندرہ راؤ، ٹونڈلہ، شکوہ آباد، ہاتھرس اور علی گڑھ کی متعدد ٹیموں نے اپنی شرکت سے ٹورنامنٹ کی رونق کو دوبالا کیا [illegible] اسلامیہ ہائی اسکول علیگڈھ کو دے دی گئی۔

ڈچوں کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

ہیگ ۳ر فروری۔ کل حکومت ہالینڈ کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ غیر ملکی اخبارات کی اس اطلاع میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ ڈچ پالیسی میں انقلابی تبدیلی ہوئی ہے بیان میں کہا گیا ہے خبر میں جیسا کہ بیان کیا گیا ہے ڈچوں نے مجلس تحفظ کے خلاف ایک سینہ گردی کی پالیسی اختیار کر لی ہے غلط ہے۔

[illegible] انڈونیشیا کے حلقوں میں نہیں بلکہ پاکستان اور انڈونیشیا کے تمام ڈچ حلقوں میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

راجستھان اعظم کے قیام کے سلسلہ میں گفت و شنید شروع ہو گئی

نئی دہلی میں ریاستی دیوان اور ریاستی محکمہ کے افسروں کی کانفرنس

نئی دہلی ۳ر فروری۔ گریٹر راجستھان یونین کے قیام کے سلسلہ میں آج یہاں کانفرنس شروع ہو گئی۔ یہ یونین بیکانیر، جودھپور، جیسلمیر اور متسیہ یونین کے چند علاقوں پر مشتمل ہو گی۔ حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کے افسران کے علاوہ اس کانفرنس میں مختلف ریاستوں کے دیوان اور ریاستوں کے کانگریسی لیڈر شریک ہیں۔ امید ہے کہ یہ کانفرنس دو ہفتہ تک جاری رہے گی۔

مختلف ریاستوں کے حکمرانوں کی کانفرنس ہفتہ کو ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس میں وظائف اور دیگر مراعات کا [illegible] اس وقت حکمرانوں کو دی جا رہی ہیں۔ سوال زیر بحث لایا جائے گا۔

۱۰ر فروری کو حکمرانوں، ریاستوں کے کانگریسی لیڈروں اور وزیر اعظم میں ایک کانفرنس منعقد ہو گی۔ جس میں تمام متعلقہ مسائل پر غور کیا جائے گا۔

۱۳ر فروری کو متسیہ یونین کے حکمرانوں کی ایک کانفرنس ہو گی۔ بھرت پور، الور، دھولپور اور کرولی کے حکمرانوں [illegible] لایا گیا ہے بھرت پور اور دھولپور کی ریاستوں کا بڑی راجپوتانہ یونین میں شامل ہونے کا امکان ہے اور کرولی یو پی میں مدغم ہونے کے حق میں ہے۔ (گلوب)

جیدرآباد میں ۲۵ زخمی اور پچاس گرفتار

سٹرلی پر کاشم رپورٹ تیار کر رہے ہیں

حیدرآباد ۴ر فروری۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ۳۰ر جنوری کو حیدرآباد میں جو فسادات ہوئے تھے اس میں تین آدمی مارے گئے۔ اور ۲۵ زخمی ہوئے [illegible]

[illegible] اور حیدرآباد سے واپس آئے ہیں۔ ایک بیان میں بتایا ہے کہ وہ وزیر اعظم نائب وزیر اعظم اور فوجی گورنر کو حالیہ فسادات کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ روانہ کر رہے ہیں

مہابھارت کے زمانے کے شہر کی جدید تعمیر

انوار کو پنڈت نہرو سنگ بنیاد رکھینگے

میرٹھ ۴ر فروری۔ پنڈت نہرو ۸ر فروری کو یہاں [illegible] کا سنگ بنیاد رکھیں گے اس کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں اس موقع پر پنڈت پنت کے علاوہ اسمبلی اور پارلیمنٹ کے ممبر بھی شریک ہوں گے۔ [illegible]

یو پی ایگریکلچرل بورڈ کا اجلاس

لکھنؤ ۴ر فروری (ابتدائی ڈاک) کل کونسل ہاؤس میں ایگریکلچرل بورڈ یو پی کا ایک جلسہ بورڈ کے چیئرمین [illegible] کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں صوبہ میں زراعت کی ترقی کے متعلق بہت سے سوالوں پر غور کیا گیا۔ ان مسائل میں زرعی پیداوار کی سائنٹیفک [illegible] آبپاشی، بیکار زمینوں کا استعمال، اضلاع کی زمینوں کا جائزہ، کھاد اور [illegible] کی آسانیاں وغیرہ شامل ہیں۔ [illegible]

قاسم رضوی کی حالت بہتر ہے

پونا ۳ر فروری۔ کل جنوبی [illegible] کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ قاسم رضوی کی حالت اب بہتر ہے [illegible] درجہ حرارت معمول پر ہے اور جو ورم [illegible] وہ بھی کم ہو رہی ہے۔

[illegible]

مغربی پاکستان جانیوالوں کی تعداد آنیوالوں سے زیادہ ہے

دوبارہ واپسی کا سوال صرف تبادلہ آبادی سے ہو سکتا ہے جو فی الحال ناممکن ہے

(ہند پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو کا بیان)

نئی دہلی ۳ر فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں سوالات کے وقت زیادہ حصہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے شرنارتھیوں کی آبادکاری اور جائدادوں کے معاوضہ کے بارے میں سوالات میں گذرا اور یہ مطالبہ کیا گیا کہ حکومت پاکستان ان کو واپس بلائے اس پر وزیر اعظم پنڈت نہرو نے حکومت کی پالیسی کے بارے میں ایک واضح بیان دیا۔

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے کہا کہ جہاں تک مغربی پاکستان کا سوال ہے اس میں اس بات کا امکان نہیں ہے کہ غیر مسلم کثیر تعداد میں اپنے گھروں کو واپس جا سکیں۔ دونوں جانب سے ہجرت کرنے والوں کی تعداد بہت کافی ہے اور اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ مغربی پاکستان سے آنے والوں کی بہ نسبت مغربی پاکستان کو جانے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا اس سوال پر صرف تبادلہ آبادی کی بنیاد پر ہی غور کیا جا سکتا ہے جو کہ فی الحال ناممکن ہے۔

"اس انتظام سے" وزیر اعظم نے آگے چل کر کہا "زیادہ جگہ اور زمین نکل آئے گی۔ دونوں طرف مہاجرین کی ایک کثیر تعداد ہے اور دونوں حکومتوں کو اسی مسئلہ کا سامنا ہے۔ جہاں تک مغربی بنگال کے پناہ گزینوں کا سوال ہے حکومت ہند ان کے واپس جانے کے لئے ان کی ہمت افزائی کر رہی ہے۔

حکومت ہند ان کو مجبور نہیں کر سکتی لیکن مشرقی بنگال کی حکومت نے یقین دلایا ہے کہ وہ ہندوؤں کی واپسی کا خیر مقدم کرے گی۔ یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ وہاں حالات کس حد تک بہتر ہوئے ہیں۔ پنڈت نہرو نے کہا لیکن اس بات کا یقین ہے کہ وہاں حالات بہتر ہو گئے ہیں۔

مغربی پاکستان سے بھی مسلمانوں کو ہندوستان آتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ اگرچہ حکومت ہند نے ان کا خیر مقدم کیا لیکن وہ یہ سمجھتی ہے کہ یہ یکطرفہ نہ ہونی چاہئے یہاں کوئی جگہ نہیں ہے اس لئے یہ پابندی ضروری تھی۔

ایک ممبر نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ کبھی سردار پٹیل نے کہا تھا کہ شرنارتھیوں کی آبادکاری کے لئے پاکستان سے مزید جگہ مانگی جائے۔ اس پر پنڈت نہرو نے کہا کہ حکومت نے اس قسم کا کوئی مطالبہ پیش نہیں کیا اور نہ کبھی اس کو اس قابل سمجھا گیا۔ اس قسم کی تجاویز اس صورت میں پیش کی گئیں کہ اگر کچھ چیزیں جوں کی توں چلتی رہیں تو بہت مشکل ہو جائے گی۔

لیکن معاہدہ میں یہ شرط شامل ہے کہ فیصلوں پر عمل درآمد نہ ہونے کے تمام واقعات پر بارہ بارہ ماہ کراچی اور دہلی میں وزارتی سطح پر غور کیا جایا کرے گا۔ اس بات کے آثار نظر آتے ہیں کہ معاہدہ پر مشرقی بنگال میں عمل در آمد ہو رہا ہے وہاں نہ صرف شرنارتھیوں کی آمد بند ہو گئی ہے۔ بلکہ کچھ لوگ اپنے گھروں کو بھی واپس جاتے دیکھے گئے ہیں۔

وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ نے بتایا کہ ابھی تقریباً [illegible] لاکھ شرنارتھی کیمپوں میں ہیں اور وہ مفت راشن حاصل کر رہے ہیں۔ حکومت نے مفت راشن سپلائی بند کرنے اور کیمپوں کو ورکنگ سینٹروں میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آپ نے بتایا کہ اب تک [illegible] ۱۹ لاکھ دیہاتی اور دس لاکھ تیرہ ہزار شہری شرنارتھی آباد کئے جا چکے ہیں۔

فرانسیسی مقبوضات

دوسرا مسئلہ جس پر بہت سے سوالات کئے گئے ہندوستان کے فرانسیسی مقبوضات کا تھا جبکہ یہ دریافت کیا گیا تھا کہ فرانسیسی بستیوں میں جو انتخابات ہونے والے ہیں کیا وہ آخری اور فیصلہ کن تھے۔ پنڈت نہرو نے جواب دیا کہ میونسپلٹی کے انتخابات تھے اور استصواب رائے عامہ کے بارے میں گفت و شنید سے طے کیا جائے گا۔ جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے یہ بتا دیا گیا ہے کہ استصواب کے وقت ہندوستان کے مشاہدین موجود رہیں گے اور ظاہر طور پر اس سے کوئی انکار نہیں کیا گیا ہے اور عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ مشاہدین موجود رہیں گے۔

فرانس کے وزیر خارجہ سے گفت و شنید کے بارے میں پنڈت نہرو نے کہا کہ پیرس میں ان کی گفت و شنید استصواب رائے کے بارے میں نہیں بلکہ میونسپل انتخابات کے بارے میں ہوئی تھی جو اس وقت ہو رہے تھے۔ اور اس میں انہوں نے منظور کر لیا تھا کہ مشاہدین موجود رہیں گے لیکن بعد ازاں انہوں نے فرانس کی کابینہ سے مشورہ کر کے حکومت ہند کو مطلع کیا کہ وہ مشاہدین کی موجودگی کی اجازت نہیں دے سکتے۔

مہاجرین کی جائداد

مہاجرین کی جائداد کے بارے میں بہت سے سوالات دریافت کئے گئے۔ مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے کہا کہ معاہدہ میں اس قسم کی کوئی دفعہ نہیں ہے کہ اگر فیصلہ کو عملی جامہ نہ پہنایا جائے۔ معاہدہ پر دونوں حکومتوں کی طرف سے بطور خوشی کے بعد دستخط کئے گئے ہیں اور یہ توقع ہے کہ اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

اپوزیشن لیڈر بھاگ گیا

بوڈاپسٹ ۳ر فروری۔ ہنگری کی پارلیمنٹ کے لیڈر مسٹر بارکوسی بھاگ کر زیورچ پہنچ گئے ہیں۔ آپ نے ایک بیان میں کہا کہ ہنگری کی حکومت نے اس کی سمال ہولڈرز پارٹی کے ممبران کو کہا کہ یا تو وہ ان میں جذب ہو جائیں اور غربت کی زندگی بسر کریں ورنہ رسوا کئے جائیں گے۔

حضرت امام حسین کوس نے شہید کیا

حضرت امام حسین کے متعلق [illegible] ہر مسلمان کے لئے [illegible]

قیمت شہید اعظم [illegible]

نام مولانا ابو الکلام آزاد [illegible]

غبار خاطر مولانا آزاد [illegible]

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان۔ دہلی

اشتہار نیلام

نیشنل ٹریڈنگ مارٹ بڑا بازار کشمیری گیٹ میں ہفتہ وار نیلام ہر اتوار کو ہوتا ہے جس میں [illegible] کا فرنیچر، دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑے، جوتے، مشینیں وغیرہ مختلف قسم کا گھریلو سامان فروخت ہوتا ہے جو صاحب اپنا فالتو سامان اچھی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں ہماری خدمات حاصل کریں۔

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور اسی قسم کی قیمتی چیزیں اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے

طلا نمبر ۲

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق

آپ کی جیون دوا پولس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوئی۔ (دستخط) حکیم رام سروپ [illegible]

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر نور گنج۔ دہلی

ماہنامہ "بانو" دہلی کی شاندار پیش کش

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

حسین کشیدہ کاری

۲۷۶ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر حاصل کرنے کیلئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے۔ سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سال نامہ

سالانہ قیمت صرف پانچ روپے

خاص نمبر حاصل کرنے کیلئے آج ہی خریدار بن جائیے۔

ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے

پتہ صرف

"منیجر رسالہ بانو دہلی" لکھئے

خواتین اسلام

اس کتاب میں صحابی عورتوں کے وہ دلیرانہ اور بہادرانہ کارنامے جمع کئے گئے ہیں۔ جو انہوں نے جنگ کے میدانوں میں انجام دیئے۔ تیروں کی بوچھاڑوں اور نیزوں اور تلواروں کے سایوں میں زخمیوں کو اسلحہ لا دیتیں۔ ان کو پانی پلاتیں۔ دشمن کے بہادر جوانوں سے مقابلہ کیا اور ان کے چھکے چھڑا دیئے۔ ان واقعات کو نرالے اور دلکش انداز میں بیان کیا ہے کہ کتاب چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ اس کو پڑھ کر اپنی بچیوں کے مستقبل کو شاندار بنائیے۔ قیمت صرف [illegible]

[illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام بنگش دہلی

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں

تقریباً ۱۸۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں

توحید، رسالت، قرآن، اور قیامت وغیرہ بیس عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی

ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا

۱۸۰۰ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنیوالوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۶ر فروری سنہ ۱۹۴۹ء

غیر مذہبی حکومت

دہلی سے پاکستان کے ہائی کمشنر محمد اسماعیل صاحب نے جو بیان شائع کیا تھا اس نے پاکستان میں ایک ہلچل پیدا کر دی ہے، اور اس پر سخت الفاظ میں نکتہ چینی کی جا رہی ہے آپ نے فرمایا تھا کہ ایک تو پاکستان کی حکومت مذہبی نہیں ہے، دوم پاکستان میں اقلیتوں اور غیر مسلموں کے شہری، مذہبی اور سیاسی حقوق پورے طور پر محفوظ ہیں پاکستان اپنی اقلیتوں سے انصاف اور مساوات کا سلوک کرنا چاہتا ہے اور اس کی نظر میں مسلم اور غیر مسلم کے درمیان کوئی امتیاز نہیں ہے، پاکستان کے اخبارات نے بیان کے دوسرے جزو سے تو اتفاق کیا ہے مگر پہلے جزو کو پاکستان کی طے شدہ پالیسی سے مختلف بتایا ہے اور اس پر سخت تنقید کی ہے۔

ہم نے پاکستانی ہائی کمشنر کے بیان کا تجزیہ کرتے ہوئے عرض کیا تھا کہ ہم اقلیتوں کے بارے میں اس بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں لیکن ہمارے نزدیک یہی سب ہے کہ پاکستان کی بنیاد مذہب نہ ہو کیونکہ جن لوگوں نے پاکستان بنایا تھا یا جو لوگ اب پاکستان کو چلا رہے ہیں ان کا مزاج غیر اسلامی ہے، اور غیر اسلامی مزاج [illegible]

ریاست ہوگی جس میں تمام فرقوں اور قوموں کے ساتھ عدل و انصاف کا سلوک کیا جائے گا اور رنگ و نسل اور عقیدہ کی بنا پر کسی قسم کا امتیاز نہیں برتا جائے گا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر محمد اسماعیل یورپ کے مورخوں اور مستشرقوں کے اس پروپیگنڈہ کا شکار ہیں کہ اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کے ساتھ بدسلوکی ہوتی ہے اور ان کے ساتھ صرف اختلاف عقیدہ کی بنا پر امتیاز روا رکھا جاتا ہے اور وہ بھی اس غلط خیال میں مبتلا ہیں کہ اسلامی ریاست عدل و انصاف اور مساوات و برابری کا نظام قائم نہیں کرتی، بلکہ ظلم و بے انصافی اور جنبہ داری کو رواج دیتی ہے اور صرف لادینی جمہوری حکومت ہی عدل و انصاف کی ضامن ہے۔

ایک دوسرا اخبار اپنے اداریہ میں لکھتا ہے "اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت پاکستان ہر شخص کے ساتھ بلا امتیاز مذہب و نسل مساویانہ سلوک کے لئے مکلف ہے لیکن اس لئے مکلف ہے کہ وہ ایک اسلامی مملکت ہے اور اسلام میں تمام بندگان خدا کے ساتھ حسن سلوک، خاص کر کے ذمیوں کے ساتھ بہترین رواداری کا حکم دیا ہے، یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ پاکستان اسلامی نہیں بلکہ لامذہب جمہوری حکومت ہے اور یہ کہنا سو فیصدی گمراہی ہے کہ لامذہب ڈیموکریسی ہی تمام لوگوں کے ساتھ انصاف اور مساویانہ مواقع فراہم کر سکتی ہے۔"

ایک تیسرا اخبار بھی اس بات پر برہم ہے کہ پاکستان کو غیر مذہبی جمہوری حکومت کیوں بتایا گیا مگر شہنشاہی پاکستان کی گذشتہ غیر اسلامی حرکتوں پر نادم بھی ہے اور چاہتا ہے کہ اس کو کوئی دل بہلاتی تو بہتر کرے چنانچہ لکھتا ہے "کاش پاکستان میں اسلامی قوانین نافذ ہوتے اس وقت ہم دنیا کو بتا سکتے کہ ہمارا [illegible] اس کے ہندوستان میں جا کے [illegible]

[illegible]

ہندوستان کی اقلیتوں کے ساتھ اسلام غیر مسلموں کے ساتھ جس انسانی سلوک کا حکم دیتا ہے اور جس طرح اس نے ان کے حقوق کی حفاظت کی ہے، اس میں دنیا کی کوئی جمہوری اور غیر مذہبی حکومت اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی، لہٰذا یہ مفہوم تو غلط ہوا کہ اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت صرف غیر مذہبی حکومت ہی میں ہو سکتی ہے، اور ان کے حقوق اسلامی حکومت کی بہ نسبت جمہوری حکومت میں زیادہ محفوظ رہ سکتے ہیں، اب سوال یہ ہے کہ ہائی کمشنر صاحب کو کہنا کیا چاہئے تھا [illegible]

[illegible]

اگر پاکستان ایک غیر مسلم کی جان بچانے کے لئے اس ہزار مسلمانوں کو قربان کر دیتا تو آج وہ فخر کے ساتھ اسلامی اسٹیٹ کا مطالبہ کر سکتا تھا، مگر اس نے غیر اسلامی کردار کا مظاہرہ کر کے اپنا حق کھو دیا ہے، بہتر یہی ہے کہ جب تک افراد کی زندگی اسلامی سانچوں میں نہ ڈھل جائے اور پاکستان بنانے والوں میں اسلامی مزاج پیدا نہ ہو جائے اس وقت تک پاکستان کو اسلامی اسٹیٹ نہ بنایا جائے، [illegible]

[illegible] پاکستان کی حکومت ایک جمہوری ملک ہے [illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

اور ہمیشہ ایک ہی رنگ میں رہا کرتے ہیں۔ ہندی ہندی اور بس ہندی ان کا یہی ایک "رنگ" ہے ان کے خیال میں ہندوستان کے "تیس کروڑ" ہندو ہندی کے علاوہ اور کوئی زبان نہیں بولتے۔

جس طرح سیٹھ جی گجرات اور بمبئی کا دورہ کرنے کے بعد اس بات سے مطمئن ہو گئے ہیں کہ بس "دونوں میں زبان سب کی ہندی" اسی طرح حال ہی میں جے پرکاش نرائن نے اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ جنوب میں دراوڑی لوگ "ہندی مردہ باد" کے نعرے لگاتے ہیں۔ دونوں میں سے کون صحیح ہے اس کا فیصلہ ہم اپنی "سیر و سیاحت" کی کے لئے ملتوی کرتے ہیں۔ لیکن ہمارا خیال ہے سیٹھ جی کا خیال صحیح ہے۔ اول یہ کہ وہ سیٹھ جی ہیں۔ کوئی سیٹھ آج کل جھوٹ نہیں بول سکتا اور خاص کر وہ سیٹھ جو اپنے آپ کو کانگریسی بھی کہتا ہو۔ دوم وہ گاندھی جی کے چیلے ہیں۔ آپ پوچھ سکتے ہیں پھر وہ "کہیں کیسے ہیں کہ ہندی ہندوستانی (اردو) کا کوئی سوال نہیں" کے جھگڑے میں جاتا ہی کو [illegible] گر یہ کوئی ایسی بات نہیں۔ میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو کی پوری دنیا کی عادت ہے۔ وہ دنیا کے خلاف نہیں گئے سب لوگ اپنے اپنے مطلب کی باتیں لے کر گاندھی جی کا نام لیتے ہیں سیٹھ جی اس پر کیوں عمل نہ کریں؟

پنڈت نہرو اور حکومت کے دوسرے وزیروں کو اس بات کی فکر ہے کہ ملک جلد از جلد ترقی کرے، ملک کی پیداوار میں اضافہ ہو، نئے نئے کارخانے کھلیں کل پرزے مشین اور لوہا فولاد تیار ہو تاکہ ہندوستان غیر ملکوں کا محتاج نہ رہے لیکن سیٹھ گووند داس کو اس بات کی فکر ہے کہ دوسری چیزیں جائیں جہنم میں صرف ایک ہندی زبان میں ترقی ہو اور صرف یہی زبان ہندوستان کی قومی زبان بنائی جائے۔

یوں تو سیٹھ جی کو ہندی کی بہت دن سے فکر تھی لیکن جب سے جے پور کا اجلاس ہوا ہے اس وقت سے وہ گویا ہندی کے غم میں گھلے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں کہیں پنڈت نہرو نے یہ کہہ دیا کہ جو لوگ ہندوستانی کے مقابلہ میں ہندی ہندی پکار رہے ہیں انہیں صحیح وقت پر صحیح لفظ منہ توڑ جواب دوں گا۔ اس وہ دن ہے اور آج کا دن سیٹھ جی کی راتوں کی نیند حرام ہو گئی ہے اگرچہ ابھی صحیح وقت نہیں آیا ہے [illegible]

سیٹھ جی کا کمال یہ ہے کہ وہ جہاں جاتے ہیں ایک ہی بات کہتے ہیں۔ مگر یہ بڑی خوبی کی بات ہے آج دورنگی دنیا میں سیٹھ جی کا دم غنیمت ہے کہ وہ سیٹھ جی جیسے نہیں "دورنگی" نہیں رکھتے۔ وہ صرف ایک رنگ کے آدمی ہیں

پنڈت نہرو اور ان کے وزیر اگر اپنی ترقی کی اسکیموں کو چھوڑ کر صرف ایک بات پڑ لیں کہ بس ہندی تو بیڑا پار ہو جائے۔ ہندوستان جیسا سونے کی چڑیا ہے اور اب بھی ہے۔ [illegible]

[illegible]

بات یہی ہے کہ کوئی شخص اس کے خلاف جانے کی ہمت نہیں کر سکتا۔ ہماری رائے ہے پنڈت نہرو غور کریں ہی وقت ہے کہ عوام کو ایسے دھندوں میں لگا دیا جائے کہ وہ اپنا اصل کام بھول جائیں۔ ورنہ روٹی کا سوال بڑھتا ہی جا رہا ہے [illegible]

[illegible]

ہندوستان سلامت کے لئے تجویز زبانی

(باقی صفحہ ۴ پر)

اچھی باتیں

بل اتبع ۔ تا ۔ ناصرین (پ ۲۱ع۶)

جو لوگ ظلم کرتے ہیں وہ علم کے بغیر اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں پس جن لوگوں کو خدا گمراہ پائے انہیں کون راہ راست پر لگا سکتا ہے ایسے لوگوں کا تو کوئی بھی مددگار نہیں!

یہاں ایک اصولی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے یعنی جب انسان اپنی خواہشات کا بندہ بن جاتا ہے اور علم و عقل کے بجائے جذبات کے پیچھے دوڑنے لگتا ہے تو پھر اس سے ظلم کا صدور ہوتا ہے، وہ خدا کی مخلوق پر ظلم کرتا ہے اور بے گناہوں کو ستا کر اپنے جذبات کو تسکین دیتا ہے، اس کا علاج یہ ہے کہ انسان خواہشات کی پیروی کے بجائے علم و عقل کی رہنمائی قبول کرے اور خدا کی ہدایت کو اپنا دستور العمل بنائے خالی علم و عقل بھی انسان کی رہنمائی نہیں کر سکتا، یورپ علم و عقل کا مخزن ہے، مگر دنیا کی بربادیاں بھی اسی کی لائی ہوئی ہیں، پس ضروری ہے کہ انسان عقل کے چراغ میں ہدایت الٰہی کا روغن ڈالے اور اس کی روشنی میں انسانوں کے حقوق کو پہچانے، یہی ایک علاج ہے جس سے ہر قسم کے مظالم کا انسداد ہو سکتا ہے۔

ٹنڈن جی کا نیا مشغلہ!

یوم آزادی کے سلسلہ میں ۲۶ر جنوری کو امین آباد پارک لکھنؤ میں ایک عظیم الشان جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے یو پی پراونشل کانگریس کمیٹی کے صدر اور یو پی اسمبلی کے اسپیکر شری پرشوتم داس ٹنڈن جی نے یوم آزادی کی اہمیت [illegible] پر روشنی ڈالنے کے بجائے جمعیۃ العلماء کے لیڈروں پر جی بھر کر دل کھول کر تبرہ بازی کی۔ اس سلسلہ میں انہوں نے فرمایا کہ:

"جمعیۃ العلماء کے لیڈر فرقہ پرست ہیں اور وہ مسلمانوں کو فرقہ وارانہ لائنوں پر متحد کر رہے ہیں اور اسی طرح [illegible] مسلم لیگ [illegible] جمعیۃ العلماء کے لیڈروں کو یہ [illegible] صاف الفاظ میں بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کی سرگرمیوں کو آزاد ہندوستان میں برداشت نہیں کیا جا سکتا۔"

ٹنڈن جی جو راج میں معاف کریں گے اگر ہم یہ عرض کریں کہ انہوں نے اپنی خوبیوں کو جمعیۃ کے لیڈروں پر چسپاں کرنے کی کوشش کی ہے، [illegible]

[illegible]

کسی مخصوص فرقہ کو اقتدار حاصل نہ ہو۔ اگر جمعیۃ کے لیڈران کا یہی جرم ہے تو ایک ایسا جرم ہے جس کی سزا ہم "نہیں" فرقہ پرور، کہا جا سکتا ہے تو نہیں اپنے جرم کا اقبال ہے اور صرف اقبال ہی نہیں بلکہ "نہیں" اس پر فخر ہے کہ یہ جرم "ان" سے سرزد ہوا ہے وہ ملک کی آزادی کو استحکام پیدا کرنے کے قوم کی طاقت میں مزید اضافہ کا سبب بنے گا۔ جہاں تک زبان کے مسئلہ کا تعلق ہے یقیناً جمعیۃ العلماء کے لیڈر اس زبان کے حامی ہیں جس کے حامی گاندھی جی زبردست حامی تھے [illegible] پنڈت جواہر لال نہرو آج بھی [illegible]

[illegible]

مختلف فرقوں کے مذہبی، تہذیبی اور معاشرتی حقوق کو محفوظ [illegible]

[illegible]

برما!

کیا برما بھی کمیونسٹوں کے قبضہ میں چلا جائے گا، کیا چین اور برما کا انقلاب ایک ہی وقت میں تکمیل کو پہنچے گا، حالات کی شہادت یہی ہے کہ برما کی موجودہ حکومت اب دم بہ دم [illegible] کی بغاوت کا میاب ہونے والی ہے وزیر اعظم برما نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ وہ کرین قبیلہ کے لئے ایک الگ اسٹیٹ قائم کرنے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ وہ کسی باہر کی حکومت میں مدغم نہ ہو اس پیشکش سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ برما کی موجودہ گورنمنٹ کا کیا حشر ہونے والا ہے! [illegible]

[illegible]

افریقہ کا فساد!

پنڈت جواہر لال نہرو، وزیر اعظم نے ہند پارلیمنٹ میں جنوبی افریقہ کے فساد پر بیان دیتے ہوئے کہا ہندوستانی ہائی کمشنر کے سکریٹری نے ڈربن پہنچ کر جو اعداد و شمار جمع کئے ہیں وہ قابل غور ہیں، ڈربن کے فساد میں ہندوستانیوں کے ڈھائی سو مکانات اور تریپن دکانیں برباد کر دی گئیں اور اس بربادی میں تین لاکھ پونڈ کا نقصان ہوا۔ [illegible] انتشار اور تباہی کا اندازہ لگانے کے لئے یہی کافی ہے کہ اس وقت بیس ہزار ہندوستانی کیمپوں میں پڑے ہوئے ہیں جنہیں ہندوستانیوں کی طرف سے امداد پہنچائی جا رہی ہے، ڈاکٹر ملان کے ایک ہی اشارہ سے کیا سے کیا ہو گیا، [illegible]

[illegible]

انڈونیشن یوتھ آرگنائزیشن

نئی دہلی ۔ ۴ فروری ۔ انڈونیشین یوتھ آرگنائزیشن نے جنوب مشرقی ایشیائی کانفرنس میں حصہ لینے والے ملکوں کی یوتھ آرگنائزیشنوں کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ ان ملکوں کے عوام اور حکومتوں نے جس طرح انڈونیشیا کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے اس کے لئے انڈونیشین یوتھ آرگنائزیشن ان کا شکریہ ادا کرتی ہے۔

امریکی بحری جہاز سنگٹاؤ کی بندرگاہ کو خالی کر رہے ہیں

شنگھائی ۔ ۴ فروری ۔ معلوم ہوا ہے کہ امریکی بحری جہاز شمالی چین میں سنگٹاؤ کی بندرگاہ کو خالی کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں امریکہ کے سرکاری حلقوں کی خاموشی کے باوجود یہ خیال کیا جاتا ہے کہ امریکی بحری جہاز ۱۰ فروری تک اس بندرگاہ کو خالی کر دیں گے۔ کچھ عرصہ پیشتر یہ سکیم اس لئے تیار کی گئی تھی تاکہ ان امریکی جہازوں کو [illegible] چین میں نئی حکومت کمیونسٹوں کی ہوگی۔ (گلوب)

برطانوی پارلیمنٹ کے ممبر مسٹر باٹملے ہندوستان آئیں گے

لندن ۔ ۴ فروری ۔ سمندر پار ملکوں کے ساتھ برطانوی تجارت کے محکمے کے سیکرٹری و پارلیمنٹ کے ممبر مسٹر اے جی باٹملے آج بذریعہ ہوائی جہاز ہندوستان اور پاکستان کا دورہ کرنے کے لئے جا رہے ہیں۔ آپ تجارتی امور کے متعلق حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ آپ کے اس دورے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ برطانیہ ان دونوں ملکوں کے ساتھ تجارت کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ آپ سنیچر وار کو کراچی پہنچ جائیں گے اور خیال کیا جاتا ہے کہ تین ہفتوں کے بعد واپس لندن پہنچیں گے۔ (گلوب)

دریائے یانگسی کے شمالی کنارے پر کمیونسٹ فوجیں

نانکنگ ۔ ۴ فروری ۔ معلوم ہوا ہے کہ دریائے یانگسی کے شمالی کنارے پر کمیونسٹ فوجیں اپنے مورچوں کو مضبوط بنانے میں مصروف ہیں۔ دریائے یانگسی کے پار نانکنگ کے بالمقابل پوکو کے شہر کے گرد کمیونسٹوں نے گھیرا ڈال رکھا ہے۔ (گلوب)

مغربی برلن کو ضروری اشیاء کی سپلائی

برلن ۔ ۴ فروری ۔ روس کی طرف سے برلن کی ناکہ بندی کے باعث برطانوی اور امریکی ہوائی جہاز مغربی برلن کو ضروری اشیاء سپلائی کرنے کے کام میں مصروف ہیں۔ ماہ جنوری میں ان ہوائی جہازوں نے [illegible] ٹن وزنی ضروری اشیاء مغربی برلن پہنچائیں۔

امروہہ میں گاندھی جی کی برسی

امروہہ ۳۰ جنوری (بذریعہ ڈاک) امروہہ نگر کانگریس کمیٹی نے مہاتما جی کی برسی بڑے شاندار طریقہ پر منائی۔ صبح چھ بجے دفتر کانگریس سے پربھات پھیری [illegible] ہڑتال رہی۔

پٹیالہ یونین کانگریس کا اجلاس

پٹیالہ ۴ فروری ۔ [illegible] ۲۹ جنوری [illegible] اجلاس میں [illegible] کا مطالبہ کیا گیا تھا۔

گونڈہ میں یتیم خانہ بنانے کا فیصلہ

گونڈہ ۳۰ جنوری (بذریعہ ڈاک) آج زیر صدارت جناب مولانا [illegible] صاحب ایک جلسہ عام میں مندرجہ ذیل تجویز باتفاق رائے منظور ہوئی۔ مسلمانان گونڈہ (اور قرب و جوار) کا یہ نمائندہ اجلاس طے کرتا ہے کہ یتیموں کی پرورش اور تعلیم کے واسطے ایک یتیم خانہ کا قیام عمل میں لایا جائے۔ اجلاس کی عام ذمہ داری [illegible] کے ذمہ رہے۔ یہ اجلاس طے کرتا ہے کہ یتیم خانہ کی ایک کمیٹی [illegible] جلد سے جلد ایک اجلاس کر کے عہدہ داران منتخب کرے۔

عراق شام اور شرق اردن کا اتحاد

بیروت ۳ فروری ۔ لبنان کے اخبار [illegible] نے اپنی ۲ فروری کی اشاعت میں اس بات کی تجویز کی ہے کہ عراق شام اور شرق اردن ایک متحدہ بادشاہت بنائیں جس کے بادشاہ عراق کے ۱۳ سالہ شاہ فیصل ہوں۔ شاہ فیصل اس وقت انگلستان میں زیر تعلیم ہیں۔ بیروت کے سیاسی حلقوں نے اس تجویز کی کھلم کھلا حمایت کی۔

ڈربن کے تین اور زخمی ہلاک

ڈربن ۳ فروری ۔ آج اعلان کیا گیا کہ حالیہ فسادات میں ایک ہندوستانی اور دو افریقیوں کے مرنے سے سرکاری طور پر مرنے والوں کی تعداد ۱۴۲ تک پہنچ گئی۔

صدر کانگریس کو اعزازی ڈگری

والٹائر ۳ فروری ۔ اطلاع ملی ہے کہ آندھرا یونیورسٹی صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ کو ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری دے گی۔ ۱۰ مارچ کو خصوصی کانووکیشن ہوگا جس میں یہ ڈگری دی جائیگی۔

برطانیہ کا مالی مشن

لندن ۴ فروری ۔ مسٹر آرتھر بوٹملی جو ہند و پاکستان سے سمندر پار کی تجارت کے سکریٹری ہیں کے ہند اور پاکستان کے سفر سے لندن کے تجارتی حلقوں میں بڑی دلچسپی پیدا ہو گئی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ برطانیہ کا مالیاتی مشن بھی اسی وقت [illegible] سے دہلی پہنچے گا۔ امید ہے یہ مشن اگلے دو تین دن میں دہلی پہنچ جائیگا۔ اور کم سے کم یہاں دو ہفتے ٹھہرے گا۔

بیگم غضنفر علی کا انتقال

لاہور ۳ فروری ۔ بیگم غضنفر علی کا انتقال ہو گیا۔ وہ بہت عرصے سے بیمار تھیں۔ مسٹر غضنفر علی خاں ایران اور عراق میں پاکستان کے سفیر ہیں۔

آٹھ ہزار کان کنوں کی ہڑتال

بنگلور ۴ فروری ۔ کولار کی سونے کی کانوں میں دو کانوں میں کام کرنے والوں نے ہڑتال کر دی ہے ہڑتالیوں کی تعداد کم و بیش آٹھ ہزار ہے باقی دو کانوں میں جن میں کم و بیش اٹھارہ ہزار مزدور کام کرتے ہیں حسب معمول کام ہو رہا ہے۔ ہڑتال کا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ کولار گولڈ فیلڈ کی کانوں میں کام کرنے والوں کی تنخواہوں میں اضافہ کی بابت کمیشن نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔

سوشلسٹ کارکن نظر بند

۳ فروری ۔ دہلی سوشلسٹ پارٹی کے ایک سرگرم کارکن اور انجینئرنگ مزدور یونین کے آفس انچارج کامریڈ [illegible] سنگھ کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ معلوم ہوا ہے انہیں پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ [illegible] کے تحت نظر بند کر دیا گیا ہے۔

مغربی جرمنی میں نئی قسم کے نوٹ

برلن ۳ فروری ۔ ٹامس ڈی لارو کی برطانوی فرم مغربی جرمنی کے لئے [illegible] نوٹ چھاپ رہی ہے [illegible] جرمنی میں جاری ہو جائیں گے۔ (گلوب)

مسٹر زمن کی روانگی ملتوی

[illegible] ۴ فروری ۔ [illegible] نے اپنی روانگی ملتوی کر دی [illegible]

رام پور میں نیشنل سٹوڈنٹ فیڈریشن کا جلسہ

رام پور ۳۰ جنوری ۔ مقامی طلباء کا ایک جلسہ عام منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں خاص طور پر جناب اسلام نبی صاحب جنرل سکریٹری مراد آباد کو اور جناب ڈاکٹر مشتاق نبی صاحب پروپگنڈہ سکریٹری مراد آباد کو خاص طور پر بلایا گیا تھا۔ جلسہ کا مقصد مہاتما گاندھی کے اصولوں کا پرچار کرنا اور ان کا جو مشن تھا اس کو کامیاب بنانا تھا۔

(بقیہ صفحہ ۳)

کے لئے فراموش نہیں کر سکتا [illegible] نے ہندوستان کی قومی حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے [illegible] تحریک ستیاگرہ شروع کی تھی [illegible] آج تک ایک لفظ نہیں کہا [illegible] کانگریس کے صدر کی حیثیت سے ان کا یہ انتہائی ضروری فرض تھا۔ اس فرض ناشناسی کی ساری ذمہ داری [illegible] پر ہے [illegible] (الجمعیۃ)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

مولانا شاہد فاخری صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کا اہم اعلان

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مولانا شاہد میاں فاخری صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آج فروری کی پہلی ہو گئی۔ مجلس عاملہ صوبہ کی استدعا پر آل انڈیا جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی نے لکھنؤ میں مرکزی جمعیۃ علماء (انڈین یونین) کا سالانہ اجلاس کرنا منظور کر لیا ہے۔ اور یہ اجلاس مارچ کے آخر یا اپریل کے شروع میں ہوگا۔ انڈین یونین کے آزاد ہونے کے بعد سے جمعیۃ علماء کے سیاسی کام [illegible] تکمیل ہو چکی۔ اب جمعیۃ نے اپنا پارلیمنٹری فرض کا ترک کر دیا ہے۔ سادہ صاف الفاظ میں طے کر دیا ہے کہ ملک میں جہاں تک سیاسی کاموں کا تعلق ہے اس کو کسی بنیج سے فرقہ وارانہ اصول پر چلانا اقوام ہند کے لئے مضر ہوگا۔ تمام الیکشن اشتراک سے ہوں گے (جیسا کہ جمعیۃ نے اپنی تیس سالہ جد و جہد آزادی میں مطالبہ کیا تھا) لہٰذا اس کے لئے سب کی مشترکہ جد و جہد ہی ملک کی فضا کو سازگار بنا سکتی ہے۔ اب اس بات کی حاجت ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کے سامنے مسلمانوں کی اقتصادی، مذہبی، معاشرتی زندگی کو سنوارنے کا سب سے اہم اور مقدس فریضہ ہے۔ جہاں تک ملک کے اندر امن و امان کے قیام کا تعلق ہے ظاہر ہے کہ اس کے بغیر کوئی مذہبی زندگی کا پروگرام بھی نہیں چل سکتا۔ اس سلسلہ میں جمعیۃ کے کارکنان اپنی ہر ممکن کوشش [illegible]

[illegible] مسلمانان صوبہ یوپی [illegible] ان کے اندر اتباع رسول کریم کا جذبہ پیدا کرنا ان کو صحیح معنوں میں مسلمان بنانا جمعیۃ کے ذمہ ہے۔ اسی لئے ہم نے اس صوبہ اور اس کے صدر مقام کو سالانہ اجلاس کے لئے منتخب کیا ہے۔ بعض فرقہ وارانہ اخبارات نے ہمارے متعلق بہت سی غلط فہمیاں پیدا کرنی شروع کر دی ہیں لہٰذا ہماری یہ بھی خواہش ہے کہ جمعیۃ کے جلسہ کو ہر طبقہ قریب سے دیکھے اور سمجھے کہ یہ جماعت ملک میں امن و امان کی کس قدر خواہش رکھتی ہے اور تمام اقوام میں حقیقی اتحاد کو کس قدر پیار کرتی ہے۔ یہ اجلاس اس لئے بہت اہم ہوگا۔ وقت کم ہے اور کام بہت ہے میں صوبہ یوپی اور خصوصاً لکھنؤ کے مسلمانوں سے استدعا کرتا ہوں کہ وہ مخلصانہ اور زیادہ سے زیادہ امداد کر کے اس اجلاس کو کامیاب بنائیں۔ مجلس استقبالیہ کی فیس رکنیت [illegible] صوبہ کی ماتحت شاخیں [illegible] انتخابات جلد کر لیں [illegible] ہو جائیں۔

جمعیۃ علماء امیٹھی کا اعلان

[illegible]

انتخاب کی رپورٹ [illegible] مولانا عبد الوحید صاحب [illegible] ۲۳ جنوری کو [illegible] ملتوی کر دیا گیا ہے [illegible] کا انتظار کرنا چاہئے [illegible]

ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور کا اجلاس

سہارنپور ۔ ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور کی مجلس منتظمہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا محمد عثمان صاحب تلاوت کلام اللہ سے افتتاح پذیر ہوا۔ اس اجلاس میں ضلع جمعیۃ علماء کی چاروں تحصیلوں کے نمائندگان شریک تھے۔ اس اجلاس کا ایجنڈا آٹھ مدات پر مشتمل تھا۔ کارروائی انتخاب عہدہ داران و ارکان صوبہ مولانا دار حسن صاحب عثمانی نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کی نگرانی میں ہوئی باقی تمام کارروائی مولانا محمد عثمان صاحب کی صدارت میں انجام کو پہونچی۔ سب سے پہلے ناظم اعلیٰ نے سال گذشتہ کی کارگذاری کی رپورٹ پڑھ کر سنائی جس کی کاپیاں ممبران کو تقسیم کر دی گئی تھیں۔ انتظامیہ جلسہ کی سابقہ کارروائیاں پڑھ کر سنائی گئیں انکی اور حسابات سال گذشتہ کی منظوری دی گئی۔ صدارت کے لئے مولانا محمد عثمان صاحب عثمانی اور نظامت علیا کے لئے مولانا محمد ایوب صاحب انصاری کے اسمائے گرامی بالاتفاق منظور کئے گئے۔ دوسرے عہدہ داران [illegible] کے تعین کا اختیار صاحب صدر اور ناظم اعلیٰ صاحب کو دیدیا گیا [illegible] انتخاب کر کے اعلان کر دیں۔ صوبہ کے لئے ۱۵ ممبر منتخب ہوئے [illegible] ناموں کی فہرست بالاتفاق منظور کی گئی جس میں [illegible] حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی دامت برکاتہم اور شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحب، مولانا حافظ عبد اللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر علوم اور جناب مولانا سید احمد صاحب مفتی مدرسہ مظاہر علوم کے اسمائے گرامی ہیں۔ باقی کا اختیار صدر ضلع کو دیا گیا کہ وہ پرگنہ وار [illegible] ناموں کا اعلان فرما دیں۔ مجلس عاملہ کے انتخاب کا حق بھی صاحب صدر ہی کو سونپ دیا گیا۔ بارہ ہزار تین سو تیس روپیہ تیرہ آنہ تین پائی کا میزانیہ برائے سال ۱۹۴۹ء منظور کیا گیا۔

جمعیۃ علماء بہار کی صوبائی کانفرنس

یکم و دوم مارچ ۱۹۴۹ء بروز سہ شنبہ و چہار شنبہ بمقام چترا ضلع ہزاری باغ زیر صدارت مجاہد ملت خطیب امت حضرت مولانا حفظ الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی صوبائی کانفرنس منعقد ہوگی۔

[illegible] بمبئی میں ارکان جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کا جلسہ

۲ جنوری کو بعد نماز عشاء ارکان جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کا ایک جلسہ زیر صدارت مولانا عبد العزیز صاحب بہاری منعقد ہوا۔ مولانا عبد الباری صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے [illegible]

آج ۱۲ بجے حضرت مولانا مولوی محمد اسمٰعیل صاحب رکن اسمبلی صوبہ یوپی حیدر آباد سے بمبئی تشریف لے آئے ہیں اور دفتر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی واقع [illegible] بلڈنگ میں قیام فرما ہیں۔ امید ہے کہ کل تک مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند بھی بمبئی تشریف لے آئیں گے۔

اہل گودھرا کی خواہش پر آج ایک وفد جس میں حضرت مولانا عبد العزیز صاحب صدر جمعیۃ علماء بمبئی اور جناب حافظ علی بہادر صاحب، مولانا عبد الماجد صاحب بی ایم ایل اے گودھرا جا رہے ہیں ایک روز قیام فرما کر واپس بمبئی تشریف لائیں گے۔ سراج الدین احمد انچارج دفتر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی

جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کے فیصلے

مجلس عاملہ نے اپنے جلسے میں تخمینی بجٹ مبلغ ایک ہزار روپیہ برائے سال رواں منظور کیا۔ اور ایک ریزولیوشن کے ذریعہ جمعیۃ علماء صوبہ کے اعلان بحوالہ الجمعیۃ ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء پر سب کمیٹی بنائی جائے۔ اور یوپی گورنمنٹ کے سرکلر [illegible] ۱۹۴۸ء بنام ڈائرکٹر محکمہ تعلیمات کو [illegible] پر بھی غور کیا۔ ایک دوسرے ریزولیوشن کے ذریعہ [illegible] کی حفاظت اور اس کی عملی صورت [illegible] ایک سب کمیٹی مرتب کرنے پر بھی غور کیا [illegible] خازن کو روپیہ کو بینک میں رکھنے اور صدارت کرنے میں محدود اختیارات دینے پر بھی غور کیا۔ مجلس عاملہ نے اس تجویز کو بھی سامنے رکھا کہ آئندہ سے روپیہ کی آمد و رفت کا حساب [illegible] سیونگ بینک سے متعلق کر دیا جائے۔

"جمعیۃ ہائے ضلع بلند شہر متوجہ ہوں"

مکرر توجہ دلائی جاتی ہے کہ جمعیۃ ہائے ضلع بلند شہر اپنے دفتری نظام کو چلانے اور جمعیتی پروگرام کو سمجھنے کے لئے جمعیۃ علماء کے ترجمان روزنامہ الجمعیۃ لازمی طور پر جاری کرانا شروع کر دیں اور ہر دفتر میں "الجمعیۃ" کا مکمل فائل محفوظ رکھا جائے۔

توجہ دلائی جاتی ہے کہ جمعیۃ ہائے ضلع بلند شہر اپنے دفتری نظام میں تمام رجسٹر ممبران عام و تجاویز و حسابات وغیرہ مع اندراجات کے ساتھ مکمل کر لیں چونکہ صاحب ضلع عنقریب حسابات دیکھنے اور جانچ کرنے کے لئے ضلع کا دورہ شروع کریں گے۔

جعفر آباد میں جمعیۃ علماء کا قیام

اورنگ آباد ۔ ۲۹ جنوری ۔ جمعیۃ علماء ہند کے دستور کے موقعہ پر قصبہ جعفر آباد تعلقہ بھوکردن ضلع اورنگ آباد میں جمعیۃ علماء ہند کی شاخ قائم کی گئی ہے یہ شاخ رلیف کمیٹی کا کام بھی انجام دیگی۔ میر ہاشم علی قادری صدر، مولوی شیخ اللہ خاں صاحب نائب صدر، مولوی عبد المنان صاحب معتمد، مولوی شیخ بہادر صاحب نائب معتمد اور جناب سید محمد عباس صاحب خازن منتخب ہوئے ہیں۔

گذشتہ سال ہند نے برطانیہ سے دس کروڑ کا سامان خریدا

بمبئی میں برطانیہ کے تجارتی کمشنر کا انکشاف

بمبئی ۳ فروری ۔ برطانیہ اور ہند کی ۱۹۴۸ء کی تجارت کے اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں طرف سے برآمد کی مقدار بہت بڑھ گئی ہے لیکن سال کے آخر میں ہند کی برآمد کی مقدار میں خفیف سی کمی ہوئی ہے۔

یہ خبر بمبئی میں برطانیہ کے تجارتی کمشنر جان [illegible] نے ایک پریس کانفرنس میں دی۔ گذشتہ سال کے مطابق اس سال بھی برطانیہ کی برآمدی تجارت ہندوستان سے زیادہ ہوئی۔ برطانیہ سے جو کچھ برآمد کیا گیا اس کا ساتواں حصہ ہندوستان میں آیا۔ کسی دوسرے ایک ملک کو جو سامان برآمد کیا گیا ہے۔ یہ اندازاً اس کا دوگنا ہے ۱۹۴۸ء کے پہلے چھ ماہ میں برطانیہ نے ہند کو تین کروڑ نوے لاکھ کا سامان بھیجا۔ دوسری ششماہی میں برآمد کی تعداد بڑھ گئی۔ اندازہ ہے کہ ۱۹۴۸ء میں برطانیہ نے ہند کو دس کروڑ کا سامان بھیجا۔ زمانہ جنگ کے بعد سے ہند برطانوی مشینری کا سب سے بڑا خریدار رہا ہے۔ ہند نے تین کروڑ چالیس لاکھ کی مشینیں خریدی ہیں۔

مشینوں میں کپڑا سینے کی مشینیں سب سے زیادہ درآمد کی گئی ہیں۔

طبی ایسوسی ایشن پھلور کا جلسہ

آیورویدک یونانی طبی ایسوسی ایشن کا ایک جلسہ [illegible] گورنمنٹ یو۔پی کے اس امر کا شکریہ ادا کیا گیا ہے جو کہ یو۔پی گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible] طبیہ کالج کے رفیوجی سند یافتگان حاذق الحکما اور ماہر طب و جراحت کو یو۔پی کے یونانی شفاخانوں میں بطور حکیم ملازم رکھا جائے اور ان کی امداد فرمانے کا اعلان کیا ہے۔

تیز رفتار طیارہ

نیویارک ۳ فروری ۔ ہوائی جہاز تیار کرنے والی کارپوریشن کے صدر مسٹر لارنس نے ایک بیان کے دوران میں اشارہ کیا کہ امریکہ کی ایک فرم نے [illegible] میل فی گھنٹہ پرواز کرنے والا نئی قسم کا طیارہ تیار کیا ہے۔ (گلوب)

اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کے سلسلے میں حکومت ہند کے رویہ کی تعریف

ہند مسلم لیگ کی قرارداد

مدراس ۔ ۳ فروری ۔ ہندوستان کی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا جلسہ کل اور پرسوں یہاں ہوا۔ اجلاس میں ہندوستان کی سیاسی صورت حالات انڈونیشیا اور فلسطین پر غور کیا گیا۔

ایک ریزولیوشن کے ذریعہ مجلس عاملہ نے حکومت ہند کے طرز عمل پر جو اس نے ریاست اسرائیل کے تسلیم کرنے کے بارے میں اختیار کیا اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا۔ مجلس عاملہ نے وزیر اعظم پنڈت نہرو کو ان اقدامات کے لئے مبارکباد بھی دی جو انہوں نے جمہوریہ انڈونیشیا کی حمایت میں اٹھائے ہیں۔ ورکنگ کمیٹی نے جداگانہ حلقہ ہائے انتخاب کے مطالبہ کی پھر حمایت کی اور دستور ساز اسمبلی سے اس بات کی بھی درخواست کی کہ اقلیتوں کے لئے جداگانہ حلقہ ہائے انتخاب کے مطالبہ کو منظور کر کے ان کے ساتھ انصاف کرے۔ مجلس عاملہ نے ایک دوسری قرارداد کے ذریعہ ان عظیم مشکلات کا ذکر کیا جو ہندی باشندوں کو جو تجارت کی غرض سے اور دوسرے کاموں کے لئے پاکستان گئے تھے اور اب واپس آکر ہند میں بسنا چاہتے ہیں۔ اس نے مرکزی حکومت سے اس بات کی بھی درخواست کی کہ ان کو سند [illegible] دیا جائے۔ اگر وہ واپسی کی خواہش ظاہر کریں۔ مجلس عاملہ نے صوبجات کے مویشیوں کے ذبیحہ پر پابندی کے طرز عمل کی مذمت کی اور حکومت پر زور دیا کہ کم سے کم ایسے جانور کے ذبیحہ پر سے پابندی ہٹا لی جائے جن سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا جا سکے۔

کمیٹی نے کیرالا مسلم لیگ فیڈریشن بنانے کی تجویز منظور کر لی جو مسلم لیگ مالابار اور ٹراونکور اور کوچین کی ریاستی مسلم لیگوں اور ان سے ملحقہ جماعتوں پر مشتمل ہوگا اس مقصد کے لئے منصوبہ بنانے کے لئے ایک سب کمیٹی بھی بنائی گئی۔ ورکنگ کمیٹی نے قائد اعظم محمد علی جناح کی وفات پر رنج و افسوس کا بھی اظہار کیا۔ (اے پی)

سنگھ اور کمیونسٹوں کے متعلق پالیسی

دہلی ۔ ۲ فروری ۔ دہلی کے نیم سرکاری حلقوں میں کہا جاتا ہے کہ سردار پٹیل اسی ہفتہ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے قیدیوں کی رہائی کے بارے میں اعلان کریں گے۔ لیکن اس اعلان میں پابندی اٹھانے کا کوئی ذکر نہیں ہوگا اس لئے کہ اس کے متعلق صرف صوبوں اور ریاستوں کے وزراء اعظم کی کانفرنس ہی کوئی فیصلہ کرے گی۔

سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ چین کی مخدوش حالت برما اور ملایا میں خوفناک بغاوت اور بنگال میں کمیونسٹوں کی سرگرمیوں سے پیدا شدہ حالات کے پیش نظر حکومت کوئی موثر پروگرام بنائے گی۔

فلسطین کے عرب پناہ گزین

اقوام متحدہ کے افسر کا بیان

لیک سکسیس ۔ ۳ فروری ۔ [illegible] پروفیسر [illegible] ڈاج نے جو اقوام متحدہ کی طرف سے فلسطین کے عرب پناہ گزینوں کی بابت کام کر رہے ہیں، کہا کہ سات لاکھ عرب پناہ گزینوں کا بڑا حصہ یہودیوں کی دہشت انگیزیوں کی وجہ سے اپنے گھروں سے نکلا ہے۔ پروفیسر ڈاج جو بیروت کی امریکن یونیورسٹی کے صدر ہیں۔ ایک پریس کانفرنس میں یہ کہا کہ یہ اطلاعات کہ عرب اپنے لیڈروں کے کہنے سے اپنے گھروں کو چھوڑ کر آئے ہیں ناقابل اعتبار ہیں کیونکہ ان کو فلسطین میں رہنے اور اپنی اکثریت قائم رکھنے میں ہر قسم کا فائدہ تھا۔

آپ کیوں محروم ہیں؟
جبکہ
بہت سے مشتہرین حضرات روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اور اپنی تجارت کو فروغ دے رہے ہیں
مینیجر اشتہارات

توجہ طلب

دفتری و انتظامی امور سے متعلق خطوط میں کوئی ایسی بات نہ لکھیے جس کا تعلق ادارہ تحریر سے ہو۔ اشاعت طلب مضامین، خبریں اور مراسلات وغیرہ ایڈیٹر کے نام علیحدہ بھیجئے۔ ورنہ ان کی بر وقت اور مناسب تعمیل کی ذمہ داری ادارے پر نہ ہوگی۔ منی آرڈر کوپن پر اپنا نام اور پورا پتہ خوشخط اور صاف صاف لکھئے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی تحریر کیجئے کہ روپیہ کس مد میں بھیجا جا رہا ہے۔

عبد الوحید صدیقی
جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

گووند داس کا وہی پرانا راگ

ناگپور ۳ فروری ۔ سیٹھ گووند داس صدر آل انڈیا ہندی ساہتیہ سمیلن نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ہندی اور گجرات کے دورہ کے بعد میں پوری طرح مطمئن ہو گیا ہوں کہ صرف ہندی ہی ایک ایسی زبان ہے کہ ہندوستان میں عام طور پر بولی جاتی ہے اور اسی لئے ہندی ہی کو ہند کی قومی زبان بنانا چاہئے۔ سیٹھ جی نے اپنی اس بات کو دہرایا کہ ہندوستانی کے حامیوں کو ہندی ہندوستانی کے جھگڑے میں مہاتما گاندھی کے نام کو استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

کلکتہ میں مولانا آزاد کو پارٹی

الجمعیۃ کی کسی گذشتہ اشاعت میں ایجنسی کی معرفت موصول شدہ خبر شائع ہوئی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ کلکتہ میں مولانا آزاد کو محمڈن سپورٹنگ کلب کی جانب سے دعوت چائے دی گئی۔

جمعیۃ علماء کلکتہ کی جانب سے خبر کی تصحیح کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ دراصل محمڈن اسپورٹنگ گراؤنڈ میں جمعیۃ علماء کلکتہ اور انجمن اتحاد و ترقی کی جانب دعوت چائے دی گئی تھی۔

برطانیہ اور سیلون کی گفتگو

لندن ۳ فروری ۔ [illegible] برطانیہ اور سیلون کے درمیان مالی معاملات [illegible] اعلان کیا جائے گا۔

دار السلطنت

۴ فروری

دھوکہ باز سادھو گرفتار

ایک فرضی سادھو کے ایک شخص کو لوٹنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ یہ سادھو نئی دہلی میں ایک سڑک پر بیٹھا ہوا تھا کہ اس نے ایک راہ چلتے نوجوان کو بلایا اور اس سے بیڑی مانگی۔ اس طرح اس کو باتوں میں لگا کر اس کو ایک سفید پوڈر کھانے کو دے دیا۔ سفوف کھاتے ہی اس نوجوان کا سر چکرانے لگا کہ وہ بیہوش ہو گیا۔ سادھو جی اس کی جیب سے ۱۱ روپیہ لے کر فرار ہو گیا۔ کچھ دن بعد اس نوجوان نے ان سادھو جی کو ارون ہسپتال کے قریب بیٹھا دیکھا تو پہچان لیا۔ اور اپنے ایک دوست کی مدد سے تھانہ پہنچا دیا۔

سب انسپکٹر معطل

تین سب انسپکٹر اور ایک انسپکٹر کو جو انفورسمنٹ برانچ سے تعلق رکھتے ہیں رشوت لینے کے الزام میں معطل کر دیا گیا ہے۔ انفورسمنٹ اسٹاف میں اس وقت ۱۵ اسسٹنٹ ۹ انسپکٹر ایک وکیل اور ایک چیف انسپکٹر شامل ہیں محکمہ کی جدید تنظیم زیر غور ہے۔

مقامی پولیس نے تین دھوکہ بازوں کو گرفتار کیا ہے جو ساہوکاروں کو پیتل کے زیورات سونے کے کہہ کر فروخت کیا کرتے تھے۔

۳ فروری کو ختم ہونے والے پندرہ دنوں میں دہلی پولیس نے مختلف علاقوں سے ۴۲ جواریوں کو گرفتار کیا ہے۔ ۹ گرفتاریاں [illegible] عمل میں آئی ہیں۔

ایک لاکھ کا کپڑا برآمد

دہلی ریلوے پولیس نے صدر بازار کے ایک مکان کے تہہ خانہ سے ایک لاکھ روپیہ کا کپڑا برآمد کیا ہے۔ یہ وہ کپڑا ہے جو ۱۹ جنوری کو دہلی کے مال گودام سے چرایا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں کچھ گرفتاریاں بھی ہوئی ہیں۔ پولیس نے اس سے پہلے بھی چھاپہ مار کر کچھ کپڑا برآمد کیا تھا۔

شاعر کے مکان میں چوری

اطلاع ملی ہے کہ حوض قاضی کے علاقہ میں مسٹر فکر ندوی مشہور اردو شاعر کے مکان میں چور گھس گئے۔ اور تقریباً گیارہ سو روپے کے زیورات اور کپڑے چرا کر فرار ہو گئے۔ فکر صاحب کسی مشاعرہ میں گئے ہوئے تھے۔ گھر کا بڑا دروازہ کھلا رکھا گیا تھا۔

چوری کی وارداتیں!

مسٹر مہابیر تیاگی ممبر دستور ساز اسمبلی کے ایک نوکر کا کچھ سامان ان کے کمرے سے چرا لیا گیا مسٹر رگھوناتھ سنگھ نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ جب وہ اپنی دکان میں سوئے ہوئے تھے تو کسی نے ان کی جیب سے بٹوہ چرا لیا جس میں ۵۰۵ روپے کے نوٹ تھے۔

محلہ بھوانی داس فیض بازار سے اطلاع ملی ہے کہ ایک شخص ایک دوسرے آدمی کے کانوں سے طلائی بالیاں نوچ کر فرار ہو گیا پولیس کو اطلاع دیدی گئی ہے۔

دھوکہ دہی کی وارداتیں

ایک عورت کی چالاکی اور ذہانت کی وجہ سے چاندنی چوک سے تین دھوکہ بازوں کی گرفتاری کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس گروہ کے لوگ ہاتھ کی صفائی کے کرتبوں سے سونے کی خرید و فروخت کرنے والوں کو دھوکا دیا کرتے تھے۔ ایک عورت جو کچھ سونا فروخت کرنے آئی تھی اس کو کچھ شبہ ہوا اور اس نے شور مچا دیا۔ پولیس جو قریب ہی موجود تھی موقع پر پہونچ گئی۔ ایک عورت جس پر یہ شبہ ہے کہ اس نے ایک مرد کو ۳ ہزار روپیہ کا دھوکا دیا کرنال سے گرفتار کی گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک دکاندار کو پیتل کے مال کو سونے کے کہہ کر فروخت کر دیئے تھے۔

جامعہ ملیہ کو راجہ جی کا عطیہ

راجہ جی گورنر جنرل ہند نے جامعہ ملیہ کے تعلیم و ترقی کے شعبہ کو ۵ ہزار روپیہ کا عطیہ دیا ہے۔ پنڈت نہرو نے بھی ایک ہزار روپیہ کا عطیہ دیا ہے۔ اور ایک ہزار روپیہ کا عطیہ پنڈت نہرو نے بھی دیا ہے۔ اور ایک خط میں بچوں اور نوجوانوں کی اخلاقی حالت درست کرنے کے سلسلہ میں جامعہ کی سرگرمیوں کی تعریف کی ہے۔ یہ روپیہ انہی کاموں میں صرف کیا جائے گا۔

مکان میں بند کر دیا

بمبئی سے ایک نوجوان لڑکی کو ملازمت دلانے کے بہانے سے دہلی لانے اور مکان میں بند رکھنے کا الزام ایک نوجوان آدمی اسکی بہن وغیرہ پر لگایا گیا ہے یہ لڑکی جس کا نام کیتی ہے سکندر آباد حیدر آباد کی رہنے والی ہے اور ملازمت کی تلاش میں بمبئی گئی تھی۔ وہاں یہ نوجوان آدمی جس کا نام جان ہے اور اس کی بہن وغیرہ ملازمت دلانے کے بہانہ اس کو دہلی لے آئے اور مسیانی گنج میں ایک مکان میں رکھا اور لڑکی پر زور دیا کہ جان سے شادی کرے اس کے انکار کرنے پر اس کو مکان میں بند رکھا۔ ایک رات اسکو زبردستی جان کے کمرے میں دھکیل کر باہر سے دروازہ بند کر دیا گیا۔ لڑکی کے چیخنے چلانے اور مدد کے لئے پکارنے پر مسٹر [illegible] نے آ کر اس کو بچایا۔

بسنت کا میلہ

کل مقامی آبادی نے خاص کر شرنارتھی ہندو اور سکھوں نے بسنت کا میلہ منایا۔ عورتوں نے زرد ساڑھیاں یا دوپٹے پہنے۔ مردوں نے زرد پگڑیاں باندھیں۔ بسنت موسم گرما کے آغاز کی علامت ہے۔ تقریباً بارہ مختلف معبدوں میں مذہبی رسمیں ادا کی گئیں۔ بنگالیوں نے بھی اس موقع پر سرسوتی کی پوجا کی۔

مزدور لیڈروں کا جلسہ

مزدوروں کو گاندھی جی کے اصولوں کے مطابق منظم کرنے کے لئے مشورہ کرنے کے لئے ہندوستان کلب میں دہلی کے مزدور لیڈروں کا ایک جلسہ ہفتہ کو ۱ بجے منعقد ہوگا۔

[illegible] یکم فروری (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کے رقبہ کے ایک شخص نے [illegible] کانگریس زرعی اصلاحی کمیٹی کو یہ صلاح دی ہے کہ صوبہ میں بیلوں کی بجائے زراعت کے کاموں میں ہاتھیوں کا استعمال کیا جائے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ زمینداری ختم ہو جانے کے امکانات اور زمینوں کی اصلاح کی وجہ سے ہاتھیوں کی وقعت کم ہو گئی ہے اور لوگوں نے انہیں فروخت کرنا شروع کر دیا ہے۔

زائد غلہ پیدا کرو کی تحریک کیوں کامیاب نہیں ہوئی

پارلیمنٹ میں حکومت کی غذائی پالیسی پر سخت نکتہ چینی

نئی دہلی ۔ ۴ فروری ۔ ہند پارلیمنٹ میں کل ملک کی غذائی صورت حالات پر بحث شروع ہوئی تھی۔ یہ بحث آج بھی جاری رہی۔ کل ڈاکٹر ایم ایم داس نے ایک قرارداد پیش کی کہ زائد غلہ اگاؤ کی تحریک کامیاب نہ ہونے کی وجہ معلوم کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو حالت کو بہتر بنانے کے لئے اپنی سفارشات پیش کرے۔ اس سے قبل مسٹر [illegible] کمار چودھری نے اپنی یہ قرارداد واپس لے لی جس میں مشرقی پنجاب آسام اور مغربی بنگال میں آئندہ عام انتخابات سے قبل مردم شماری کئے جانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ یہ قرارداد انہوں نے سردار پٹیل کی اس یقین دہانی کے بعد واپس لی کہ حلقوں کی تقسیم صحیح اعداد و شمار معلوم کرنے کے بعد ہوگی۔ اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی۔

غذائی پالیسی میں ناکامی

اس کے بعد مسٹر منموہن داس نے ایک قرارداد پیش کی کہ حکومت کو ایک کمیٹی قائم کرنی چاہئے جو زائد غلہ اگاؤ کی تحریک کا کامیاب نہ ہونے کی تحقیقات کرے۔

مسٹر سدھوا نے ایک ترمیم پیش کی [illegible] جو صرف چاول کھاتے ہیں۔ مسٹر سدھوا نے اس بات کی شکایت کی کہ صحیح اعداد و شمار پیش نہیں کئے جاتے۔ آپ نے [illegible] بیان دینے پر زور دیا آپ نے کہا کہ حکومت کو صاف کہنا چاہئے کہ ۱۹۵۰ء یا ۱۹۵۱ء کے بعد باہر سے غلہ نہیں منگایا جائے گا۔ اس سے غلہ کی پیداوار میں اضافہ ہو جائے گا۔

قرارداد پر بہت سے دوسرے ممبروں نے ترمیمات پیش کی ہیں ان میں پنڈت ٹھاکر داس، مسٹر رنگا، [illegible] اور مسٹر ستیا نارائن کے نام شامل ہیں۔

غذائی صورت حالات

مسٹر رام داس دولت رام وزیر خوراک نے قرارداد پر تقریر کرتے ہوئے کہا [illegible] موجودہ صورت حال میں ہندوستان کے اقتصادی مفاد اور اس کی صنعتی ترقی کے مفاد کے لئے لازمی ہے کہ ہم زراعت کی ترقی پر اپنے تمام وسائل کو مرکوز کریں اگر زراعتی دولت میں اضافہ نہیں ہوا تو دوسرے ذرائع میں کوئی ترقی نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ درآمد شدہ اناج کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں جو نقصان ہوتا ہے وہ ناگزیر ہے۔ لیکن اسے کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ (باقی صفحہ ۷ پر)

الیکشن کی فہرستیں

سردار پٹیل نے کہا کہ انتخابی فہرستیں تیار کرنے کی ہدایات صوبوں کو گذشتہ مارچ میں دے دی گئی تھیں۔ بعض صوبوں میں فہرستیں تیار ہو چکی ہیں ان اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ بالغ آبادی ۱۹۴۱ء کی آبادی کا نصف ہے اور اس حساب سے فرقہ وارانہ اعداد نکالے جا سکتے ہیں۔ سردار پٹیل نے [illegible] نئے انتخابات کے انتظامات کرتے ہوئے دہلی کو بھی ملحوظ رکھا جائے گا۔ نئے آئین کے نفاذ کے بعد جلد از جلد انتخابات عمل میں لائے جائیں گے اور اسی وجہ سے ان تین صوبوں میں مردم شماری ابھی نہیں کرائی جا سکتی۔

مسٹر چودھری کی قرارداد واپس لی جانے سے قبل مسٹر دیشبندھو گپتا نے اس امر پر [illegible] ڈالی کہ شرنارتھیوں کی آمد کی وجہ سے دہلی کی آبادی بھی بہت بڑھ گئی ہے۔ آپ نے اس بات پر زور دیا کہ نائب وزیر اعظم کو دہلی کا معاملہ بھی پیش نظر رکھنا چاہئے۔ سردار پٹیل نے کہا کہ دہلی کا معاملہ ان کے پیش نظر ہے۔

مسٹر سدھوا نے تجویز کیا کہ مردم شماری کرنے والے حکام کو شرنارتھیوں کا خیال بھی ذہن میں رکھنا چاہئے جن کے پاس پنجابیوں اور بنگالیوں کے برعکس رہنے کے لئے گھر نہیں ہیں۔ نائب وزیر اعظم نے قہقہے کے درمیان کہا کہ اب ہندوستان میں سندھ کا کوئی صوبہ نہیں ہے اگرچہ مجھے مسٹر سدھوا سے بہت زیادہ ہمدردی ہے۔

متھرا میں مہاتما گاندھی کی برسی

متھرا ۔ ۳۰ جنوری (بذریعہ ڈاک) مہاتما گاندھی کی برسی آج دن کے ۲ بجے سے چار بجے تک مقامی مسلمانوں نے بڑے اہتمام کے ساتھ منائی۔ سید عبد الغنی صاحب رفیقی صدر جمعیۃ نے جلسہ کی صدارت کی جس میں ڈاکٹر [illegible] سردار مان سنگھ گیانی اور رامی داس گیانی نے تقریریں کیں۔

مومن، قمر، ریکیل، جمیل آفندی، ادیب، تبسم، محمود، نفیس، [illegible] مظفر، قمر خورد نے باپو کے عنوان پر نظمیں پڑھیں۔ بعد کو سب لوگوں نے کانگریس کے جلوس میں شرکت کی۔ اور شب کو کوی سمیلن اور مشاعرہ میں جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے انتظام میں ہوئے تھے شریک ہوئے۔ کوتا پڑھنے والوں سے شاعروں کی تعداد چار گنا زیادہ تھی۔ لیکن وقت کی بات کہ [illegible] کو پڑھنے کا موقع نہیں دیا گیا۔

پہل کون ادا کرے؟

لدھیانہ ۴ فروری ۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب [illegible] پٹرول کے ایک بل کے بارے میں [illegible] یہ سوال پیدا ہو گیا ہے کہ یہ بل کون ادا کرے؟ بل صرف ۴۰ روپے کا ہے۔ ڈاکٹر بھارگو گذشتہ اپریل میں دورہ پر یہاں آئے تھے۔ ان کی کار میں کچھ پٹرول ڈلوایا گیا [illegible] کانگریس کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ ایسا ہی کیا گیا اب صدر کانگریس نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ رقم چندہ سے جمع کر کے دی جائے۔

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۹ جنوری ۱۹۴۹ء میں وزارت امداد و بحالیات کا ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس میں صوبہ دہلی کی ان جائیدادوں کی تفصیل ہے جن پر کسٹوڈین نے قبضہ کر لیا ہے۔

نمبر سلسلہ	مکان نمبر	جائے وقوع	حقوق جو کسٹوڈین کو ملے
۱۶۷	سلطان احمد سید محمد پسران حاجی [illegible]	[illegible] باغ [illegible]	حقوق ملکیت [illegible]
۱۶۸	استاد انجینئرنگ [illegible]	[illegible]	صرف کرایہ [illegible]
	ملکیت محمد یوسف قریشی	[illegible]	[illegible]
۱۶۹	طوفان میل پریس	شام لال [illegible]	صرف کرایہ داری
	ملکیت سید انور علی	[illegible]	[illegible]
۴۲۵۳	XVI/۴۰۵	قرول باغ [illegible] گلی	دونوں
۴۲۵۴	XVI/۵۸۶	محمد حسین روڈ	"
۴۲۵۵	XVI/[illegible]	ڈور والا	"
۴۲۵۶	XVI/۱۳۲۸-۲۹	"	"
۴۲۵۷	XVI/۱۳۲۳	مسجد روڈ	"
۴۲۵۸	XVI/۱۲۳۲	باغ راؤجی	"
۴۲۵۹	XVI/۱۲۳۷ [illegible] مقابل	[illegible]	"
۴۲۶۰	XVI/۱۱	[illegible] روڈ	"
۴۲۶۱	XVI/۲۲۲۳-۳۱	[illegible] روڈ	کرایہ داری
۴۲۶۲	XVI/۲۲۵۱	[illegible]	"
۴۲۶۳	XVI/۲۲۵۳	"	ملکیت
۴۲۶۴	XVI/۲۲۹۰		"
۴۲۶۵	XVI/۲۲۹۱		"
۴۲۶۶	[illegible] بلڈنگ	سنت نگر	دونوں
۴۲۶۷	XVI/۸۰۰	نمبر ۱ نائی والا	"
۴۲۶۸	XVI/۸۱۰	لطیفی لین	"
۴۲۶۹	XVI/۸۱۲	"	"
۴۲۷۰	XVI/۸۲۶	کوچہ اللہ دیا	"
۴۲۷۱	XVI/۹۶۲	نمبر ۱۰ نائی والا	"
۴۲۷۲	XVI/۹۹۱	نمبر ۱۰ نائی والا	"
۴۲۷۳	XVI/۱۰۰۳	ایچ ایس روڈ	"
۴۲۷۴	XVI/۱۰۰۳-۴	نمبر ۱۴ نائی والا	"
۴۲۷۵	XVI/۱۰۳۱	نمبر ۱۴ نائی والا	"
۴۲۷۶	XVI/۱۰۳۶	نمبر ۱۴ نائی والا	کرایہ داری
۴۲۷۷	XVI/۱۰۴۲	نمبر ۳ نائی والا	دونوں
۴۲۷۸	XVI/۱۰۵۹	نمبر ۱ نائی والا	کرایہ داری
۴۲۷۹	XVI/۱۰۶۳	[illegible]	دونوں
۴۲۸۰	XVI/۱۰۶۵	"	"
۴۲۸۱	XVI/۱۰۹۲	نمبر ۷ نائی والا	کرایہ داری
۴۲۸۲	XVI/۱۱۳۳	نمبر ۷ نائی والا	"
۴۲۸۳	XVI/۱۱۸۳	نمبر ۴ نائی والا	"
۴۲۸۴	XVI/۱۱۹۷	نمبر ۳ نائی والا	دونوں
۴۲۸۵	XVI/۱۱۵۸	"	"
۴۲۸۶	XVI/۱۱۹۹		"
۴۲۸۷	XVI/۱۲۰۹	نمبر ۳ نائی والا	"
۴۲۸۸	XVI/۱۲۳۵	نمبر ۱ نائی والا	کرایہ داری
۴۲۸۹	XVI/۱۲۵۵	نمبر ۱۹ نائی والا	"
۴۲۹۰	XVI/۱۲۵۸	"	دونوں
۴۲۹۱	XVI/۱۲۶۲		"
۴۲۹۲	XVI/۱۲۹۲	نمبر ۳ نائی والا	[illegible]
۴۲۹۳	XVI/۱۲۹۴	چھپر والا کنواں	[illegible]
۴۲۹۴	XVI/۱۳۰۱	نمبر ۱ نائی والا	کرایہ داری
۴۲۹۵	XVI/۱۳۱۳	نمبر ۲۱ نائی والا	دونوں
۴۲۹۶	XVI/۱۳۲۴	چھپر والا کنواں	"
۴۲۹۷	XVI/۱۳۳۳	نمبر ۳ نائی والا	"
۴۲۹۸	XVI/۱۳۳۸	نمبر ۲ نائی والا	"
۴۲۹۹	XVI/۱۳۳۹	نمبر ۲۶ نائی والا	"
۴۳۰۰	XVI/۱۳۶۸	نمبر ۲ نائی والا	"
۴۳۰۱	XVI/۱۵۱۱	نمبر ۳ نائی والا	"
۴۳۰۲	XVI/۱۵۲۹	ایچ ایس روڈ	کرایہ داری
۴۳۰۳	XVI/۱۵۳۱	"	دونوں
۴۳۰۴	XVI/۱۵۴۲	نمبر ۳۳ نائی والا	"
۴۳۰۵	XVI/۱۵۵۰		"
۴۳۰۶	XVI/۱۵۵۵		"
۴۳۰۷	XVI/۱۵۶۳	"	"
۴۳۰۸	XVI/۱۵۶۵	"	"
۴۳۰۹	XVI/۱۵۶۰		"
۴۳۱۰	XVI/۱۵۷۱	"	"
۴۳۱۱	XVI/۱۵۸۴	نمبر ۳۳ نائی والا	"
۴۳۱۲	XVI/۱۵۸۷	نمبر ۳۵ نائی والا	"
۴۳۱۳	XVI/۱۵۹۱	"	"
۴۳۱۴	XVI/۱۶۰۲	نمبر ۳۲ نائی والا	"
۴۳۱۵	XVI/۱۶۰۵	نمبر ۳۵ نائی والا	"
۴۳۱۶	XVI/۱۶۰۸		

[illegible]

کونسی مشکل ہے جو آسان نہیں ہو سکتی

کتاب انکشاف غیبی معروف الحب من موہنی ہر حصہ (رجسٹرڈ)

اگر آپ کو دنیا کی خواستگاری ہے تو دنیا کی مرادیں بر آئیں گی، اور اگر خدا کی طلب مقصود ہے تو ساری خدائی ہاتھ آ جائے گی۔ آپ سچ جانئے کہ یہ کتاب ایک دُرِ مکنون اور سرِ مخزون ہے۔ آپ کو اپنے دینی و دنیوی مطالب حاصل کرنے ہیں تو آپ اسے ضرور ملاحظہ فرمائیے۔ اس میں بڑے بڑے انبیاء پاک جیسے حضرت عیسیٰ کی مسیحائی و حضرت سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی معجز نمائی کامل و اکمل صحابہ و ائمہ مثل سیدنا حضرت علیؓ و حسنینؓ اور اولیاء اللہ میں حضرت غوث پاک محبوب سبحانی شاہ عبد القادر جیلانی، حضرت محی الدین ابن عربی، حضرت محمد امام غزالی، حضرت امام رازی، حضرت خواجہ معین الدین اجمیری، حضرت بدیع الدین المدار مکن پوری، حضرت شیخ احمد بن علی بونی، حضرت غوث گوالیاری وغیرہم نے جن ربانی خزانوں کو کھولا ہے وہ درج کیا ہے، اور اپنے استاد حکیم حاذق و مرشد صادق چشتی و قادری نقشبندی سہروردی اویسی احمدی [illegible] ساکن مکہ معظمہ کے تصرفات و عملیات جلالی و جمالی جڑی بوٹی جواہرات سنگی و کانی سفلی زبان والوں کی سیف زبانی سیوڑوں و جادوگروں کی جادوگری کا بھی انکشاف کیا ہے۔

حصہ اول میں مراد پوری ہونے کی شرائط ضروری، ہر ایک دعا کی مستجاب دن رات کی ساعت وغیرہ، مطلب خیر و شر کی آسانی، ظاہر و باطن کی صفائی، خدا تک رسائی، زیارت نبویؐ، دنیا کی کامیابی، الہام ربانی، ولی اللہ ہونے کی انکشافی، عشق حقیقی، عشق مجازی، عشق شہوانی، بازاری حسینوں کی بے وفائی، ہر ایک معشوق عاشق کے پاؤں دھو دھو پیتی، عملیات علوی میں کیوں دیری، سفلی کی زود اثری، میاں بیوی میں اتفاق باہمی، عورت کی اپنے خاوند سے رضامندی، سوکنوں کی آپس میں خوش خوئی، مردوں کی غیر عورتوں سے جدائی، عورت مرد کو زنا کاری سے باز رکھنی، خواہش شہوانی بستہ ہو جاتی، نافرمانوں کی طلبی، ہر مشکلات کی مشکل کشائی، حکمرانوں کی حاجت روائی، فرماں رواؤں کی رضامندی [illegible]

[illegible] دوسرا حصہ [illegible] تیسرا حصہ قلمی کتاب مقصود الطالبین فارسی کا اردو ترجمہ [illegible] قیمت تینوں حصوں کی دو روپے آٹھ آنے (۲/۸)

ضروری اطلاع ۔ اگست ۱۹۴۷ء میں ریاست الور کی بدامنی میں کتب خانہ شفاء الامراض تجارہ کا تمام اسٹاک تباہ و برباد ہو گیا۔ شائقین کے بے حد اصرار پر جس قدر جلد ہو سکا اخراجات اور پریشانیوں کا خیال کئے بغیر جیسا اور جس قیمت پر کاغذ مل سکا خرید کر کتاب بڑا تیار کرائی ہے چونکہ لاگت بہت ہی زیادہ پڑ گئی اس لئے مجبوراً قیمت دو روپے آٹھ آنے کرنی پڑی۔

ملنے کا پتہ

دواخانہ شفاء الامراض محلہ جہانگیر آباد جنسی بھوپال
حکیم قاضی سید محمد کرم حسین تجاروی، مچھلی والان ۔ دہلی
منظور احمد، مکتبہ مشرقیہ ۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۹

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۷ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۷ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۱ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اعلان

کرم فرما حضرات کی خدمت میں اطلاعاً عرض ہے کہ میرے ٹیلیفون کا نمبر ۱۲، ۵ ہے۔ جس پر مجھے یاد فرماسکتے ہیں۔

ڈاکٹر آر۔ ایس۔ مدان
نیشنل نرسنگ ہوم صدر تھانہ روڈ
دہلی

کامیابی کی ہرممکن کوشش کرینگے

ہالینڈ کے وزیر خارجہ کا بیان

ہیگ ۵ فروری۔ ڈاکٹر اسٹکر نے جو ہالینڈ کے وزیر امور خارجہ ہیں بحث پر بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا انڈونیشیا میں کامیاب ہونے کی ہرممکن کوشش کی جائے گی [illegible] ہالینڈ [illegible] کو [illegible] (اے۔ پی)

طہران یونیورسٹی میں ایران کے بادشاہ پر قاتلانہ حملہ

شاہ رضا شاہ زخمی ہوگئے۔ مارشل لا کا نفاذ

حملہ آور موقع پر گرفتار کرلیا گیا

طہران ۵ فروری۔ شاہ ایران شاہ محمد رضا پہلوی پر کل شام ایک شخص نے گولی چلائی جس سے وہ معمولی طور پر زخمی ہوگئے بیان کیا جاتا ہے کہ حملہ آور ایک اخبار نویس ہے اس کا نام [illegible] ہے۔ فائرنگ کے بعد ہجوم فوراً حملہ آور پر ٹوٹ پڑا اور اس کو زخمی حالت میں اسپتال پہنچایا گیا۔

فائرنگ کے فوراً بعد وزیر اعظم کے دفتر سے ایک کمیونک جاری کیا گیا جس میں بتایا گیا کہ یہ گولیاں جو قریب سے چلائی گئی تھیں ان سے بادشاہ کے ہونٹ اور کندھے پر معمولی سے زخم آئے۔

کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ قریب کے اسپتال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد شاہ ایران اپنے محل کو واپس آگئے۔

کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ شاہ ایران یونیورسٹی میں طلبا میں انعام تقسیم کرنے اور سالگرہ کے جشن کا افتتاح کرنے گئے تھے۔ [illegible]

[illegible] مظاہرہ کیا تھا اور برطانیہ کے بنک اور تیل کی کمپنی کو بند کرنے اور تیل کی رعایتوں کی واپسی کا مطالبہ کیا تھا۔

ماسکو ریڈیو کی اطلاع مظہر ہے کہ ایران کی مجلس وزراء نے طہران میں مارشل لا نافذ کردیا۔

جنوبی کوریا پر حملہ

ماسکو ۵ فروری۔ روس کی سرکاری نیوز ایجنسی نے شمالی کوریا کے مقام پیانگ یانگ سے اطلاع دی ہے کہ جنوبی کوریا کی پولیس کی دو کمپنیوں نے شمالی کوریا پر حملہ کیا ہے اور دو دیہات پر قبضہ کرلیا ہے [illegible] شمالی کوریا کی پولیس نے جواب میں فائرنگ کی اور پیچھے ہٹ گئی۔ [illegible] امریکن افسروں نے [illegible] کی تردید کی [illegible] (اے۔ پی)

ہندو پاکستان کو اٹلی کا تجارتی وفد

[illegible] ۵ فروری۔ اٹلی کے سابق وزیر خزانہ [illegible] کی سرکردگی میں ایک مشن تجارتی امور کی بابت گفتگو کرنے کے لئے کراچی اور نئی دہلی کو روانہ ہوگیا ہے۔ اس وفد میں [illegible] تاجروں، بینکروں اور کارخانہ داروں کے نمائندے شامل ہیں۔ [illegible]

وزیر اعظم سیلون کی تقریر

کولمبو ۵ فروری [illegible] وزیر اعظم سیلون نے [illegible]

جداگانہ انتخابات کے مطالبہ کی مذمت

خان بہادر مولی دینا کا بیان

پونہ ۵ فروری۔ خان بہادر مولی دینا صدر [illegible] نے ایک بیان میں مسلم لیگ کے جداگانہ انتخاب کے مطالبہ کی سخت مذمت کی۔ انہوں نے کہا انڈین یونین کے مسلمان مسلم لیگ اس فرقہ وارانہ سیاسی نظام کو [illegible] نہیں رکھتے۔ [illegible] انہوں نے مسلم لیگ کے لیڈروں سے اپیل کی ہے کہ مسلم فرقہ کو زیادہ پریشان نہ کریں [illegible] (اے پی)

برما میں باغی ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ جنوب کی طرف بڑھنے لگے

باغیوں کے مورچوں پر سرکاری توپخانہ کی گولہ باری

رنگون ۵ فروری۔ تازہ اطلاعات [illegible] سرکاری [illegible] نے ان سین میں کرین باغیوں کے مورچوں پر گولہ باری کی۔ سرکاری اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ کرین باغیوں کا جنہوں نے سرکاری مورچوں کے گھیرا [illegible] کی کوشش کی سخت نقصان ہوا۔ [illegible] نے جنگلوں میں جاکر پناہ لی ہے۔

ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ ان سین کے جیل خانہ کے قریب [illegible] کرین باغیوں نے ۱۴۰۰ قیدیوں کو رہا کرالیا [illegible] انگریز کپتان [illegible] شامل ہے [illegible]

[illegible] ۱۰۵ میل [illegible]

شریعت کے تحت وراثتی معاملات طے ہوں

مدراس اسمبلی میں غیر سرکاری بل

مدراس ۵ فروری۔ مدراس اسمبلی نے آج وہ غیر سرکاری بل ایک سلیکٹ کمیٹی کے سپرد کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ صوبائی مسلمانوں کے زراعتی زمینوں، رسیدوں اور وراثت کے معاملات میں شریعت یا مسلمانوں کے پرسنل لا کے ماتحت عمل کیا جائے [illegible]

ناروے نے بھی اسرائیل کو تسلیم کرلیا

اوسلو ۵ فروری۔ ناروے کے وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ ناروے کی حکومت نے اسرائیل کو ایک آزاد [illegible] تسلیم کرلیا ہے۔ (اے۔ پی)

حضر موت کے قحط زدگان کی امداد

لندن ۵ فروری۔ برطانوی [illegible] نے اطلاع [illegible]

جرمنی میں مغربی طاقتوں کا روس کے خلاف جوابی اقدام

روسی علاقے سے سامان کے ٹریفک پر پابندی لگادی گئی

برلن ۵ فروری۔ برطانیہ اور امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ جرمنی کے ذومی اور سوویٹ زون کے علاقوں کے درمیان اتوار کے دن نصف شب سے ہر قسم کے سامان کا ٹریفک بند ہو جائیگا۔

ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یورپ کے ہمسایہ ممالک سے آنے والے ٹریفک پر اثر پڑیگا۔ سواری گاڑیوں [illegible] پابندی سے مستثنیٰ رہے گا [illegible]

سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدام ان پابندیوں کے نتیجے کے طور پر اٹھایا گیا ہے جو روس کے مقبوضہ علاقہ میں ٹریفک پر لگی ہوئی ہیں۔

کلکتہ ۴ فروری [illegible]

[illegible]

یونان کے باغیوں نے جنرل گوس کو اپنا نیا لیڈر چن لیا

ایتھنز ۵ فروری۔ باغیوں کے ریڈیو کی اطلاع ہے کہ جنرل مارکوس کو جو یونان کے گوریلا سپاہیوں کے لیڈر ہیں کمیونسٹ پارٹی نے ان کو عہدہ سے برطرف کردیا ہے۔ [illegible]

وارسا ۵ فروری۔ پولینڈ کی حکومت نے سرکاری طور پر اعلان کیا کہ تمام ملک میں خفیہ پولیس نے [illegible]

دریائے یانگسی میں کمیونسٹ جہازوں پر زبردست بمباری

کمیونسٹ صلح وفد کی گفتگو کیلئے تیار ہیں۔ وفد کے دو ممبر مستعفی ہوگئے

نانکنگ ۵ فروری [illegible]

مصری اور یہودی نمائندوں میں بہت کم اختلاف باقی رہ گیا

قائم مقام ثالث ڈاکٹر بنچ کا بیان

روڈس ۵ فروری [illegible]

یروشلم کو بین الاقوامی بنانے کی تجویز ختم

چہار طاقتی کانفرنس میں مارشل اسٹالن کی شرکت کا امکان

روسی حلقوں میں صدر ٹرومین کے جواب پر چہ میگوئیاں

ماسکو ——— (پریس ٹرسٹ) ——— ۵ فروری

کل یہاں پر باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ شاید مارشل اسٹالن چہار طاقتی کانفرنس میں حصہ لے سکیں۔ اس کانفرنس میں اگر یہ ہوئی تو صدر ٹرومین مسٹر ایٹلی اور فرانس کے وزیر اعظم موسیو کوئیلی شریک ہوں گے۔ اس پر یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ امریکہ تنہا ایسے معاملات پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں ہے جن کا تعلق دوسری قوموں سے بھی ہو۔ [illegible]

[illegible]

کمیشن کے ممبر پُر امید ہیں

کراچی ۵ فروری [illegible]

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے — منو فیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

پارلیمنٹ میں بین الملکتی سمجھوتہ اور جائدادوں کے متعلق سوالات

مشرقی پاکستان سے آئے ہوئے ہندو واپس جانے لگے مسٹر سکسینہ کا بیان

نئی دہلی ۴ فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں بین الملکتی سمجھوتہ سے پیدا شدہ صورت حالات کے متعلق سوالات کا جواب دیتے ہوئے مسٹر گوپال سوامی آئنگر نے مسٹر آر کے سدھوا (سندھی) کو مطلع کیا کہ کانفرنس میں ان لوگوں کو جو پاکستان جانے کا ٹیکس ادا کرتے ہوئے پرمٹ کے بغیر [illegible] اور جو ہند سے پاکستان کے سفر پر جائیں گرفتاری سے مستثنیٰ قرار دینے کے سوال پر کچھ زیادہ غور نہیں کیا گیا۔

آپ نے کہا کہ معلوم ہے کہ ۵ دسمبر کو معاہدہ پر دستخط ہونے کے بعد حکومت پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ کوئی شخص اس وقت تک پاکستان نہیں جائے گا جب تک کہ اس کے [illegible]

[redacted]

[illegible] مسٹر گوپال سوامی نے کہا کہ یہ معاملہ لیا ہے جو پاکستان جانے والے لوگوں کے جذبات سے تعلق رکھتا ہے۔

[illegible]

مشرقی بنگال سے شرنارتھیوں کا انخلا

امداد و بحالیات کے وزیر موہن لال سکسینہ نے فرمایا کہ تقریباً ۱۵ لاکھ شرنارتھی مشرقی پاکستان سے ہندوستان آئے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

ہند پارلیمنٹ

(بقیہ صفحہ پانچ)

غذائی قلت کے اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیر غذا نے بتایا کہ تقسیم کے بعد ہندوستان کو آبادی کے ۸۰ فیصدی حصے کو چاول پیدا کرنے والے علاقے سے ۶۹ فیصدی کو غذا پہنچانی پڑتی ہے جبکہ گندم کی پیداوار ۸۰ فیصدی آبادی کے مقابلے پر صرف ۷۰ فیصدی رہ گئی۔

وزیر غذا نے بہتر زراعتی مشینری کی ضرورت پر زور دیا اور آخر میں ممبروں سے اپیل کی کہ زراعت کو ملک کی اقتصادیات میں مناسب درجہ دینے کے لئے [illegible]

[redacted]

[illegible]

ہینڈلوم کپڑے کی برآمد

وزیر صنعت کا پارلیمنٹ میں بیان

دہلی ۴ فروری۔ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible]

[illegible]

تعلیمی مرکز قصاب پورہ میں

گاندھی جی کی برسی

تعلیمی مرکز جامعہ قصاب پورہ کی جانب سے باپو کی یاد میں ایک غیر معمولی جلسہ ہوگا جس میں باپو جی کے اصول (آدرش)، ان کی تعلیمات اور ان کی زندگی کے حالات پر تقریریں ہوں گی۔

۶ فروری ۱۹۴۹ء ساڑھے چار بجے سے چھ بجے شام تک تقریریں۔

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

۱۵ فروری تک کشمیر سے قبائلیوں کا انخلا بالکل مکمل ہو جائے گا

حکومت پاکستان کو ان کی بیکاری اور معاشی حالت کے بارے میں تشویش

راولپنڈی ——— (۴) ——— فروری

اسٹیٹس مین کا نمائندہ خصوصی مقیم پاکستان رقم طراز ہے کہ آزاد کشمیر کے علاقہ سے قبائلیوں کا انخلاء بغیر کسی حادثہ کے عمل میں آرہا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ ۱۵ فروری تک ان کا انخلاء مکمل ہو جائے گا۔

تقریباً ہر روز قبائلیوں کی پارٹیاں کشمیر کے پہاڑوں سے لاری یا ریل گاڑیوں سے آرہی ہیں اور ان کو ان کے گھروں کو لاری یا ریل کے ذریعہ بھیج دیا جاتا ہے اور ایک جینڈ ان کو رخصت کرنے کے لئے بجتا ہے۔ اکثر پارٹیاں آنے کے فوراً بعد ہی روانہ کردی جاتی ہیں لیکن بعض کو درخواست پر رات گزار کر اگلے روز روانہ کردیا جاتا ہے۔

[illegible]

[redacted]

[illegible]

قبائلیوں کا رد عمل

[illegible]

"آزادی کے تحفظ کے لئے مضبوط فوج کی ضرورت ہے"

روٹری کلب کے جلسہ میں کمانڈر انچیف کی تقریر

دہلی ۴ فروری۔ جنرل کری آپا نے جو ہند کی افواج کے کمانڈر انچیف ہیں روٹری کلب کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے جارحانہ حملوں کے لئے نہیں بلکہ ملک کے دفاع کے لئے مضبوط فوج کے قیام پر زور دیا۔ انہوں نے کہا۔ زبردست اور مضبوط فوج کی تعمیر میں دو اہم عناصر ہوتے ہیں۔ اچھے افسر اور صنعتی پیداوار تاکہ فوج غیر ملکی سپلائی سے بے نیاز ہو جائے۔

جنرل کری آپا نے اس بات پر زور دیا کہ اب اور قابل اشخاص کو فوج کا افسر ہونا چاہیئے انہوں نے کہا جدید جنگ کے لئے اچھی صحت اور اعلیٰ تعلیم اور سمجھ بوجھ رکھنے والے اشخاص کی ضرورت ہے۔ ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ قومی فوج کو اس قسم کے افسر مل سکیں۔ جنرل کری آپا نے ہندی فوج میں سلیکشن بورڈ کے مقررہ امتحانات کو بہت سے افراد نے پاس نہیں کیا ہے انہوں نے کہا لیکن اس کی تلافی ہو سکتی ہے کیونکہ اسکول کا زمانہ ایسا ہے جبکہ اس کمی پر غالب آیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے فوج کے لئے بہترین آدمی حاصل کرنے کے لئے صرف وطن پرستی کا جذبہ ہی کافی نہیں۔ فوج میں شمولیت کے عام سپاہیوں اور افسروں کے لئے کوئی دوسری کشش بھی ہونی چاہیئے اگر سپاہی کے پیشہ کو پرکشش بنانا عوام کا کام ہے۔

[illegible]

پیر گولڑہ شریف سے گاندھی پیس مشن کے ممبروں کی ملاقات

دہلی ۴ فروری [illegible]

جمعیۃ کے سالانہ انتخابات

دہلی ۴ فروری۔ جناب محمد جعفری صاحب افسر انتخابات جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے حسب ذیل اضلاع کی مجالس منتظمہ کے ارکان کا بلا مقابلہ انتخاب ہو جانے کا اعلان کیا ہے۔

ضلع نمبر ۱ کشمیری دروازہ (۱۱ ارکان) ضلع نمبر ۲ [illegible] حبش خاں (۲۱ ارکان) ضلع نمبر ۴ کوچہ رحمان [illegible] کلاں (۲۱ ارکان) ضلع نمبر ۷ [illegible] (۱۳ ارکان) ضلع نمبر ۸ محلہ پہاڑی (۱۵ ارکان) ضلع نمبر ۹ کوچہ چیلاں و جامع مسجد وغیرہ (۲۱ ارکان) ضلع نمبر ۱۲ [illegible] (۴۰ ارکان) اور بستی نظام الدین (۲۱ ارکان)

[illegible]

آزاد لائبریری امروہہ کیجانب سے مشاعرہ

[illegible]

مشرقی پنجاب کی لسانی پالیسی کی مخالفت

مشرقی پنجاب ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی کا جلسہ

انبالہ ۴ فروری [illegible]

حافظ ابراہیم کی صدارت میں مشاعرہ

لکھنؤ یکم فروری (بذریعہ ڈاک) ہفتہ کی رات میں لکھنؤ کی مرکزی ادبی انجمن بہار ادب کا ایک غیر معمولی جلسہ اور مخصوص مشاعرہ [illegible]

[redacted]

[illegible]

کپڑے کی چور بازاری کرنیوالا گرفتار

لکھنؤ یکم فروری (بذریعہ ڈاک) [illegible]

ٹریفک پولیس کا علیحدہ دستہ بنانے کیلئے

یوپی پولیس کمیٹی کی سفارشات

لکھنؤ یکم فروری۔ یوپی میں پولیس کی تنظیم کمیٹی [illegible]

سیلون کا یوم آزادی

مسٹر اٹیلی کا پیغام

لندن ۴ فروری۔ سیلون کی آزادی کی پہلی سالگرہ کے سلسلہ میں [illegible]

اولاد — آنکھوں کا نور پیارا بچہ چاہیئے — اولاد اپنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہیئے [illegible] لیڈی ڈاکٹر کوچہ ۲ ج ستیہ وتی [illegible] فون ۶۸۵۵

خط و کتابت کرتے وقت پتہ صاف تحریر کیجئے

لڑکی گم ہوگئی [illegible]

محبوب آپکا غلام [illegible] عملیات تسخیر القلوب — قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ علاوہ محصول — افضل بکڈپو نمبر ۱۲۵۳ بھوجلہ پہاڑی دہلی

مرادآباد کے ہمدردان ہمدرد کو اطلاع [illegible]

لڑتے کیوں ہو — دوکاندار کو آہستہ سمجھاؤ کہ اصلی ستارہ چھاپ بیڑی دینا — میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

عربی مدرس کی ضرورت [illegible]

تبادلہ جائداد [illegible] یونیورسل پراپرٹی ڈیلرز — ۴۳ ریگل بلڈنگ کناٹ پلیس نئی دہلی

خضاب جرمنی سرتاج — بالوں کو سیاہ کرنے والا ہر جگہ ملتا ہے [illegible]

ہند کابینہ مسئلہ خوراک پر ایک اونچی سطح کی کانفرنس میں غور کریگی

پالیمنٹ میں وزیر خوراک کا اعلان

حکومت کی غذائی پالیسی پر مزید بحث ۔ ممبران کی سخت نکتہ چینی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۵ فروری ۔ کل شام ملک کی غذائی صورت حالات پر بحث ختم ہوگئی ۔ دو روزہ بحث کا جواب [redacted] بحث کے بعد یہ امر واضح ہوگیا ہے کہ غذا کے مسئلہ کو حل کرنے اور پیداوار کو بڑھانے کے لئے سب سے زیادہ محکموں کے باہمی اشتراک و تعاون کی ضرورت ہے ۔

وزیر خوراک نے کہا کہ حکومت کو امید ہے کہ وہ بہت جلد پوری صورت حالات پر اونچی سطح پر غور کرے گی اور اس بات کی کوشش کرے گی کہ خوراک کے مسئلہ کو جلد از جلد حل کرنے کے لئے کوئی قدم اٹھایا جائے ۔ [illegible] ممبروں کی مداخلت کا جواب دیتے ہوئے وزیر خوراک نے بتایا کہ [illegible] کابینہ کی کمیٹی غور کرے گی ۔

ایک آواز ۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس معاملہ پر اونچی سطح سے نہیں بلکہ سب سے اونچی سطح سے غور کیا جائے ۔

دوسری آواز ۔ [illegible] سب سے اونچی سطح سے غور کریں گے ۔ جس وقت وزیر خوراک نے ممبران سے اپنی قرار داد واپس لینے کی اپیل کی تو ان کی تقریر کے دوران میں متواتر مداخلت کی گئی ۔

ڈاکٹر مونجن داس اور مسٹر سدھوا صاحبان کی قرار دادوں پر غذائی بحث شروع ہوئی تھی ۔ دونوں نے اپنی قرار دادیں واپس لے لیں ۔ اجلاس پیر کے دن کے لئے ملتوی ہوگیا ۔

بحث کے دوران میں مسٹر فرینک اینتھونی اور مسٹر نظیر الدین احمد نے یہ کہتے ہوئے کہ غذا کے مسئلہ نے ہنگامی صورت اختیار کر لی ہے اس بات پر زور دیا کہ نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کو اس محکمہ کا چارج لے لینا چاہیئے ۔

اس سے قبل پارلیمنٹ نے بچوں کی شادیوں کی روک تھام کے ایکٹ سے متعلق پنڈت ٹھاکر داس بھارگو کے بل پر چیدہ کمیٹی کی پیش ہونے کے التوا کو منظور کر لیا اور اس کے بعد [illegible] زراعت سے متعلق غیر سرکاری قرار داد پر بحث ہوئی ۔

غذائی بحث

مسٹر [illegible] نے غذائی بحث میں حصہ لیتے ہوئے اس امر کی شکایت کی کہ خوراک کا مسئلہ حل کرنے کے سلسلہ میں کوئی خاص قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ آپ نے کہا کہ یہ کہنے سے کیا فائدہ کہ صوبائی حکومتوں کی طرف سے تعاون نہیں ہو رہا کیا ملک میں ہر جگہ کانگریس کی حکومت نہیں ہے ؟ آج پنڈت نہرو ملک کے بے تاج بادشاہ ہیں اور سردار پٹیل ان کے نائب ۔ وہ جو کچھ منہ سے نکالیں گے کوئی اس کے خلاف نہیں جاسکتا ۔

کنٹرولوں کی ضرورت نہیں

پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے اس بات سے اتفاق نہیں کیا کہ غذا کی پیداوار بڑھانے کے لئے کوئی الگ کمیٹی بنائی جائے ۔ اس سے اور زیادہ خرچ بڑھ جائے گا ۔ آپ نے تجویز کیا کہ ہر ضلع میں ایک کمشنر ترقی ہونا چاہیئے جسے وہی اختیارات حاصل ہوں جو ایک ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو حاصل ہوتے ہیں تمام [illegible] تحصیلدار اور ذیلی افسر اسی کمشنر کے ماتحت ہوں ۔

آپ نے کہا میں نہیں سمجھتا کہ اب غذائی اجناس پر کنٹرول کی ضرورت ہے اس لئے کہ میرے خیال میں اب ملک کے اندر غلہ کی کمی نہیں ہے حقیقت یہ ہے کہ گذشتہ [illegible] سال سے ہندوستان اپنی ضرورت سے زیادہ غلہ پیدا کر رہا ہے ۔ غلہ کی قلت کی اصل وجہ خراب انتظام ہے ۔ اگر صوبائی وزراء خوراک اور مرکزی حکومت کے وزیر خوراک کے درمیان اشتراک و تعاون ہو تو میں سمجھتا ہوں خوراک کا مسئلہ باآسانی حل ہو سکتا ہے ۔

غلہ اگاؤ کی مہم

پنڈت کنزرو نے ایک پارلیمنٹری کمیٹی کے قیام کی ضرورت پر زور دیا جو زیادہ غلہ اگاؤ کی مہم کی ناکامی کی وجوہ تلاش کرے ۔ آپ نے کہا کہ یہ مہم گذشتہ چھ سال سے جاری ہے لیکن اس کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا ۔ آپ نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کو ایسی مشینری قائم کرنی چاہیئے کہ حکومت اور کسانوں کے درمیان اعتماد پیدا ہو ۔ پنڈت کنزرو نے وزیر خوراک کے اس بیان کا ذکر کیا جو انہوں نے جمعرات کے دن دیا تھا [illegible] غذائی پیداوار کے مسئلہ کو دوسری تمام چیزوں کے مقابلہ میں ترجیح دی جائے گی [illegible]

بیگم اعزاز رسول

بیگم اعزاز رسول نے کہا کہ جس ملک میں اکثریت [illegible]

تدبیر عمل میں لائی جائے ۔ حکومت "زیادہ غلہ اگاؤ" کی مہم پر کافی رقم خرچ کر رہی ہے لیکن اس کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا ۔ حکومت کو غلہ کی کمی دور کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ کرنا چاہیئے ۔ جو روپیہ باہر سے غلہ منگانے پر خرچ کیا جاتا ہے ۔ اسے زرعی آلات خریدنے پر صرف کیا جا سکتا ہے ۔

مسٹر روہنی کمار چودھری نے غلہ کی حصولی کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی کی ۔ اور کہا کہ کسانوں کو غلہ کی جو قیمتیں دی جاتی ہیں ان میں کسی قسم کی کمی نہیں ہونی چاہیئے ۔ آسام میں ہم نے دیکھا کہ کسانوں کو جب قیمتیں کم ملیں تو انہوں نے کاشت میں دلچسپی چھوڑ دی اور جب بھی انہیں زیادہ قیمتیں ملیں تو وہ کھیتوں میں پہنچ گئے ۔

[illegible]

انڈیا ایکٹ میں ترمیم

مسٹر [illegible] نے کہا کہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں اس قسم کی ترمیم کی جا سکتی ہے کہ مرکز کو زیادہ اختیارات مل جائیں ۔ گائے کے گوبر کو لکڑی کی جگہ جلانے سے روکا جا سکتا ہے اور جو روپیہ ہم غیر ممالک سے کھاد پر خرچ کرتے ہیں اس کی جگہ اس گوبر کو استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ ملک کے اندر چاولوں کے مل بند کئے جا سکتے ہیں اور ہاتھ سے نکالے ہوئے چاول کے طریقہ کی ہمت افزائی کی جا سکتی ہے اس سے خوراک میں اضافہ ہوگا ۔

قیمتیں مقرر کردی جائیں

مسٹر [illegible] ناتھ برمن نے اس بات پر زور دیا کہ دھان اور دوسرے اناج کی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم قیمتیں مقرر کردی جائیں ۔

مسٹر دیشمکھ نے کہا کہ جو امداد مختلف صوبوں کو دی جاتی ہے اسے دیکھنا چاہیئے آیا یہ امداد صحیح طور پر خرچ کی جا رہی ہے یا نہیں ۔ جہاں کہیں اس امداد کا غلط استعمال ہو رہا ہے امداد بند کردی جائے ۔

مسٹر دیپ نرائن سنگھ نے مسٹر دیشمکھ کی تجویز کی [illegible] جو انہوں نے جمعرات کے دن پیش کی تھی کہ مرکز اور صوبوں میں ترقی کے بورڈ بنائے جائیں اور مرکزی بورڈ کے چیئرمین وزیر اعظم اور وزیر خوراک [illegible] ماتحت ہوں ۔

مسٹر نظیر الدین اور مسٹر فرینک انتھونی نے تجویز پیش کی کہ چونکہ خوراک کا مسئلہ بہت اہم ہے اس لئے وزیر اعظم یا نائب وزیر اعظم کو انچارج ہونا چاہیئے ۔ مسئلہ خوراک ایک ہنگامی شکل اختیار کر گیا ہے اور [illegible] کو سخت خطرہ لاحق ہو گیا ہے ۔

وزیر خوراک کا جواب

وزیر خوراک نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ دوران بحث میں مختلف [illegible]

کانفرنس میں ان امور پر نظر رکھا جائے گا ۔ ڈاکٹر مونجن داس اور مسٹر سدھوا نے اپنی قرار دادیں واپس لے لیں اور اجلاس پیر کے دن کے لئے ملتوی ہوگیا ۔

بچوں کی رہائی کیلئے روپے کا مطالبہ

لکھنؤ ۔ ۴ فروری ۔ فرخ آباد کی آمدہ ایک اطلاع ہے کہ ایک گروہ نے وہاں کے ہم عمر تین لڑکوں کو جن کی عمریں [illegible] پندرہ سال کی بتائی جاتی ہیں اغوا کر لیا ہے [redacted] [illegible] ایک خنک کا لڑکا ہے ۔ اغوا کرنے والوں نے انہیں اس بات کا نوٹس دیا ہے کہ وہ بالترتیب دو ہزار ، ایک ہزار اور پانچ سو روپے ایک ہفتے کے اندر ایک مقررہ مقام پر بھیج دیں ۔ اس وقت ان کے لڑکوں کو چھوڑا جائے گا ۔ ورنہ انہیں ہلاک کر دیا جائے گا کہا جاتا ہے کہ یہ گروہ گریز سنگھ کا ہے ۔ جسے ابھی کچھ دن ہوئے گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ہے ۔ کیونکہ اس گروہ کا یہ طریقہ رہا تھا کہ وہ لوگوں کو اغوا کر کے ان سے مطالبہ کیا کرتا تھا اور چونکہ ان لوگوں نے گریز سنگھ وغیرہ کی گرفتاری میں کافی مدد کی تھی اس لئے اب اسی گروہ کے بچے کھچے لوگوں نے یہ حرکت کی ہے ۔

دو کھیلوں کی ممانعت

لکھنؤ ۔ ۴ فروری ۔ یو ۔ پی حکومت نے صوبہ بھر میں دو کھیلوں کی قطعی ممانعت کردی ہے ایک "ادکی" اور دوسرا "تمبولا" کھیل ہے جس کے متعلق بتایا گیا ہے کہ اس میں انسان کی سمجھ بوجھ کا کام نہیں ہوتا بلکہ اس کا بالکل تقدیر اور اتفاق سے تعلق ہوتا ہے لکھنؤ کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک حکم جاری کیا ہے ۔ کہ جو لوگ کھیل کھیلتے ہوئے پائے جائیں گے انہیں قانون تعزیرات ہند کے ماتحت چھ ماہ قید سخت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں ایک ساتھ دی جائیں گی ۔

نیویارک ۔ ۴ فروری ۔ امریکہ کے جزیرہ [illegible] پر دنیا کی سب سے پراثر ایٹم کو پاش پاش کرنے والی چیز تیار کی جا رہی ہے ۔ یہ گذشتہ ایٹم پھاڑنے والی چیزوں سے دس گنی زیادہ پراثر ہے ۔ یہ ذرات کو اتنے زور سے پھاڑے گا کہ اس کا مقابلہ صرف پراسرار کاسمک شعاعوں کی زبردست طاقتوں سے ہی کیا جا سکتا ہے یہ مختلف قسم کے سالموں کو پاش پاش کر سکے گا اور ماہر طبیعات ان کے اجزا کے راز کا انکشاف کر سکیں گے ۔ اور [illegible] طرح ایٹمی طبیعات کا ایک نیا باب کھل جائے گا ۔ اس ایٹم پاش مشین کا نام [illegible] رکھا گیا ہے ۔ کیونکہ وہ کاسمک شعاعوں [illegible] رکھتا ہے ۔

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

کولاپور یکم مارچ کو بمبئی صوبہ میں مدغم ہوجائے گی

مشرقی پنجاب اسٹیٹس یونین کے راج پرمکھ کے خلاف شکایات

نئی دہلی ۴ فروری ۔ آج ہند پارلیمنٹ میں [illegible] کے سوال کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے بتایا کہ کولاپور سرکار کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس [illegible] کی بابت مناسب کارروائی کرے جو ریاست کے گذشتہ سال کے [illegible] کی تحقیقات کے لئے [illegible] جب آپ سے یہ پوچھا گیا کہ اس تحقیقات کے پیش نظر کولاپور یکم مارچ کو بمبئی صوبہ میں مدغم ہو رہا ہے ۔ مناسب کارروائی کون کرے گا ۔ سردار پٹیل نے بتایا کہ میرے لئے یہ کہنا مشکل ہے کہ حکومت بمبئی اس سلسلہ میں کیا کرے گی ۔ [redacted] سردار پٹیل نے بتایا کہ حکومت [illegible] مشرقی پنجاب [illegible] درخواست موصول ہوئی ہے کہ مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے راج پرمکھ کو مشرقی پنجاب کے سیاسیات اور معاملات میں مداخلت سے روکا جائے ۔

آپ نے بتایا کہ ہم نے راج پرمکھ کی توجہ اس شکایت کی طرف مبذول کرائی ہے ۔ آپ نے مزید بتایا کہ راج پرمکھ کی طرف سے بھی شکایت موصول ہوئی ہے کہ مشرقی پنجاب کی حکومت یونین کے کام میں مداخلت کر رہی ہے ۔ بہرحال دونوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے حدود اختیار میں رہیں [illegible]

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جان متھائی [illegible] نے بتایا کہ اگرچہ پاکستان کے ذمے [illegible] ۱۹۵۲ [illegible] پاکستان [illegible] سالانہ قسطوں میں ہندوستانی روپے میں ادا کرے گا ۔

سرکاری وظیفے

وزیر تعلیم مولانا آزاد نے بتایا کہ اس وقت حکومت کے خرچ پر ۴۰۰ طالب علم انگلستان میں تعلیم پا رہے ہیں اور ان سب نے ان کورسوں میں داخلہ حاصل کر لیا ہے جن کے لئے انہیں بھیجا گیا تھا ۔

وزیر تعلیم نے مزید بتایا کہ اب تک اعلیٰ تعلیم کے لئے سرکاری وظیفہ پر [illegible] طلبا باہر بھیجے گئے ہیں [illegible] مرکزی حکومت کی طرف سے جانے والے طلباء میں سے ۲۱۶ واپس آچکے ہیں ۔ اور ۶۵ کو کام پر لگا دیا گیا ہے یا انتخاب سے پہلے ملاقات کے لئے طلب کیا گیا ہے ۔

انہوں نے بتایا کہ حکومت ہند صوبوں اور مرکزی علاقوں میں مجلس تعلیم کی سرگرمیوں میں ارتباط رکھنے کے لئے ماہرین کا ایک بورڈ قائم کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے ۔ مختلف ملکوں میں تعلیم بالغان کے مسئلہ کا مطالعہ کرنے کے لئے ماہرین بھیجنے کے سوال پر بھی اس بورڈ سے مشورہ کیا جائے گا ۔

وزیر تعلیم نے مزید بتایا کہ ۱۹۴۹-۵۰ کے بجٹ کے تخمینوں میں دہلی یونیورسٹی میں ٹیکنالوجی کا انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کے لئے ایک لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ منظور کیا گیا ہے ۔

مولانا آزاد نے بتایا کہ روس میں ہندوستانی طالب علم نہیں بھیجے گئے کیونکہ [illegible] کی اطلاعات کے مطابق اس ملک میں مناسب سہولتیں نہیں مل سکی ہیں ۔

ریڈیو کی ترقی

[illegible] کی عارضی مشاورتی کونسل نے ہند میں ریڈیو کی ترقی کے لئے ایک آٹھ سالہ منصوبے کی منظوری دی ہے ۔ جس کے مطابق ۹ نئے ٹرانسمیٹر لگائے جائیں گے ۔ اور دہلی ، بمبئی ، مدراس اور کلکتہ میں بہت طاقت کے ٹرانسمیٹر نصب کئے جائیں گے ۔ کٹک ، شیلانگ ، گوہاٹی ، ناگپور اور الہ آباد میں [illegible] اسٹیشن کھول دیئے گئے ہیں جبکہ اس ماہ کے آخر تک آگرہ اور جون میں جالندھر کا پائلٹ اسٹیشن کام شروع کر دے گا ۔

چین میں تیل کے کنوئیں

لندن ۴ فروری ۔ چین میں تیل کے کنوئیں کھود نکالے گئے ہیں اور [illegible] کامیابی ہوگی تو تیل کی درآمد غیر ممالک سے بہت کم ہو جائے گی ۔ چین کی [illegible] کمپنی یہ کام کر رہی ہے ۔ اس وقت دو اور تین لاکھ کے درمیان [illegible] ممالک سے سالانہ تیل کی درآمد کی جاتی ہے ۔ (گلوب)

کراچی ۵ فروری ۔ معلوم ہوا ہے کہ دو اور ڈپٹی منسٹروں کا عنقریب تقرر عمل میں آئے گا ان میں سے ایک وزارت [illegible] اور ایک ذاتی خارجہ سے متعلق ہوگا ۔ (اے پی پی)

بمبئی میں مولانا محمد میاں کا ورود

مصیبت زدگان کی امداد اور آبادکاری

حیدرآباد ۔ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء [illegible] کے ناظم مولانا محمد میاں کی قیادت میں [illegible] بن عبد المجیب صاحب کے مکان پر قیام کیا ۔ شام کو قیام گاہ پر [illegible] اجتماع ہوا جس میں ارکان [illegible] کے علاوہ [illegible] کانگریس کمیٹی [illegible] حکومت اور کانگریس [illegible] جمعیۃ علماء [illegible] داخل ہوں لیکن [illegible] حکومت کی طرف سے [illegible] ان لوگوں کی امداد [illegible] اور [illegible] مولوی [illegible] صاحب وکیل اور مولوی [illegible] کا اضافہ کیا گیا ۔

امید ہے کہ یہ کمیٹی جلد مصیبت زدگان کی امداد اور آبادکاری کے لئے سعی کرے گی ۔

کشمیر میں مقامی لوگوں کی آبادکاری میں ہندی فوجوں کا حصہ

سپاہیوں نے پناہ گزینوں کو اپنے راشن میں شریک کیا اور کپڑے دیئے

سری نگر ۴ فروری ۔ چونکہ ہندوستانی فوجوں نے حملہ آوروں کو پیچھے دھکیل دیا ہے اور بہت سے علاقے حاصل کر لئے ہیں اس لئے ہزاروں لوگوں کی جن میں زیادہ تر مسلمان ہیں آبادکاری اور بحالی کا اہم مسئلہ پیدا ہوگیا ہے ۔

ہندوستانی فوجوں نے پونچھ کے دس ماہ کے محاصرہ کے دوران تقریباً بارہ ہزار پناہ گزینوں کے لئے خوراک اور کپڑوں کا انتظام کیا جو ان کے پاس پناہ گزین تھے ۔ جب رسد کی حالت نازک ہوگئی تو سپاہیوں نے پناہ گزینوں کو خود اپنے راشن میں شریک کر لیا [illegible] اٹھاسکیں ۔

آخری دو ماہ کے عرصہ میں فوج نے تقریباً پچاس ہزار آدمیوں کو راجوری اور مینڈھر کے علاقہ میں آباد کیا ہے ۔ حالات کے خوشگوار ہو جانے پر کئی ہزار باشندے دوبارہ مینڈھر اور سوران کی وادیوں میں واپس آگئے ہیں ہندوستانی فوج نے ان کی حفاظت کی اور انہیں اپنے گھروں میں آباد ہونے میں مدد دی ۔

پونچھ کے [illegible] علاقہ اور ضلع ریاسی سے بے گھر ہوئے دس ہزار ہندو اور مسلمان اس علاقے کے آباد ہو جانے پر اپنے اپنے گاؤں میں واپس آگئے ہیں ہندوستانی فوجوں نے ان کی ضروریات کو پورا کیا ۔ ان کو اپنے گاؤں میں آباد ہونے میں امداد دی نیز انہیں بیج اور امداد بھی فراہم کی ۔

اس سرکش ابتدائی دور میں جبکہ حملہ آور ریاست کے شمال اور جنوب میں گھس آئے تھے اور لوٹ مار ، قتل ، غارت گری کا دور دورہ تھا ۔ اس وقت ہندوستانی فوجوں نے اس علاقے کے [illegible] پناہ گزینوں کی مدد کی ۔ اور ان کے کھانے ، رہائش اور خوراک وغیرہ کا انتظام کیا ۔ ہندوستانی فوجوں نے انہیں پناہ گزینوں کے عارضی کیمپوں میں ٹھہرایا ۔ اور فوجی ٹرکوں کے ذریعہ جموں اور کشمیر کے پناہ گزینوں کے مرکزی کیمپوں میں پہنچایا ۔ ان کیمپوں کا انتظام سول انتظامات کے تحت میں جانے سے پہلے تک ہندوستانی فوجیں ہی کرتی رہیں ۔

جموں اور کشمیر کے پناہ گزینوں کے لئے [illegible] جو ملک کے دوسرے حصوں میں [illegible] چلائی ۔ گذشتہ اکتوبر میں ریاست کے سرمائی کیمپوں کے لئے تین ٹن اور اس کے بعد ہی بعد مزید دو ٹن کپڑے روانہ کئے گئے ۔ [illegible] ہندوستانی سپاہیوں نے اپنے راشن میں سے ۳ ہزار پونڈ گیہوں اور [illegible] ہزار پونڈ دالیں اکٹھی کر کے پناہ گزینوں میں تقسیم کیں جس کے لئے ریاست کے وزیر بحالی نے اپنی طرف سے اور لوگوں کی طرف سے شکریہ ادا کیا ۔

فوج کے طبی محکمہ نے بارہمولا ، [illegible] اور سری نگر میں [illegible] مرکز ہی قائم کئے [illegible] راجوری کے علاقہ میں گھر گھر پھر کر انسداد ہیضہ [illegible] انتظام [illegible] اور دیہات کے غریب اور نادار لوگوں کو [illegible] تقسیم کی ۔

کمیونزم سے ہندوستان کو خطرہ بڑھتا جارہا ہے

سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کی تنبیہہ

نئی دہلی ۔ ۴ فروری ۔ مشہور سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے ایک انٹرویو کے دوران میں ایشیا میں کمیونزم کے خطرہ کے خلاف وارننگ دی ہے ۔ آپ نے کہا کمیونسٹ خانہ جنگی اور ڈکٹیٹرشپ کے حامی ہیں اور وہ روس کی تقلید کرتے ہیں ۔ کمیونزم کا جو [illegible] صرف جمہوری سوشلسٹ سوسائٹی اور سوشلزم کے ذریعہ صحیح معنوں میں آزادی [illegible] ہو سکتی ہے ۔

آپ نے مزید کہا ۔ چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی کا اثر ایشیا کے تمام ملکوں پر پڑا [illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کمیونسٹ [illegible] میں داخل ہو گئے ہیں [illegible] کی سرگرمیوں کا اضافہ ہو رہا ہے [illegible] ان حالات سے ہندوستان کے لئے زبردست خطرہ پیدا ہو گیا ہے ۔

ہندوستان کے لوگوں میں بڑی بے چینی پائی جاتی ہے [illegible] اس بے چینی کو دور کر کے سوشلسٹ سوسائٹی قائم نہیں کریں گے تو ہندوستان کی سوشلسٹ پارٹی [illegible] اپنے جذبات کا اظہار کرے ۔ [illegible] کمیونسٹ موجودہ حکومت کا تختہ الٹ کر برسر اقتدار آجائیں ۔ [illegible]

کمیونزم کا دائرہ بڑھ رہا ہے ۔ جمہوریت پسند سوشلسٹوں کو کمیونزم کے خلاف جدوجہد جاری رکھنی چاہیئے ۔

ریاست اسکیم کا مستقبل

نئی دہلی ۴ فروری ۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاست [illegible] کا ایک وفد آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر اور دیگر کانگریسی لیڈروں سے گفت و شنید کیلئے عنقریب نئی دہلی آرہا ہے ۔ اس وفد کے لیڈر ریاست کی کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر [illegible] ہوں گے اور یہ وفد ریاست میں ذمہ دار حکومت کے قیام کے سلسلے میں بات چیت کریگا ۔

نیز یہ بھی پتہ چلا ہے کہ [illegible] ذمہ دار حکومت کے قیام اور ریاست کی [illegible] کے سلسلہ میں مطالبات پیش کریگا ۔

[illegible] دوسری ریاستوں کی طرح [illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)

تار کا پتہ مشہور لاہور

تین ہزار روپیہ کے نقد انعامات

نوٹ ۔ انعامات تین غلطیوں تک دیئے جائیں گے

داخلہ کی آخری تاریخ ۲۳ فروری ۱۹۴۹ء

پہلا انعام ۔ دو ہزار روپیہ (صحیح حل)
دوسرا انعام ۔ پانچ سو روپیہ (ایک غلطی)
تیسرا انعام ۔ تین سو روپیہ (دو غلطی)
چوتھا انعام ۔ ایک سو روپیہ (تین غلطی)
پانچواں انعام ۔ سب سے زیادہ حل بھیجنے والے کو ایک سو روپیہ

معمہ حل کرنے کی ترکیب ۔ خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پر کریں ۔

۱	ا	ے	و		ھ
۲		ے	ک		
۳		ر	ٹ	ل	
۴		س	م		
۵	ش	ر	ک		ت
۶	ص	ل			
۷		ف	ر	ت	
۸		ر	ج		
۹	ش			ب	

اشارات :- (۱) عبدالرزاق کو اس کی ہمیشہ حاجت رہتی ہے ۔ (۲) والدین کو ــــ لڑکے کی بہت حاجت ہوتی ہے (۳) ہندوستان کی کمپنیوں میں سے ایک مشہور ہندوستانی کمپنی ۔ (۴) ــــ کی بدولت کی ہی آکر عزت ہوتی ہے ۔ (۵) [illegible] (۶) آجکل کے عاشق مزاج لوگ معشوق کے ــــ کا بہت زیادہ خیال رکھتے ہیں ۔ (۷) انسانی زندگی میں اس کا نمایاں درجہ ہے ۔ (۸) محمود غزنوی نے ہندوستانی راجاؤں کے ــــ سے کافی فائدہ اٹھایا ۔ (۹) شہزادے کے کلام میں اس کا جابجا تذکرہ ملتا ہے ۔

فیس داخلہ ۔ [illegible] ہندوستان کی پوسٹل آرڈر اور ٹکٹیں قبول نہیں کی جائیں گی ۔ [illegible]

شرائط ۔ [illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۳ ۔ دی ۔ جی ۔ ٹی ۔ روڈ ۔ لاہور

(مشہور پبلسٹی ۳ ۔ لیٹن روڈ لاہور نے شائع کیا)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۷ ، فروری ۱۹۴۹ء

شرمناک الزام

آٹھ دسمبر ۱۹۴۸ء کو دستور ساز اسمبلی نے یہ قرار داد منظور کی کہ ہندوستان کے ہر طبقہ کو اپنے کلچر اور زبان کی حفاظت کا حق حاصل ہوگا ۔ یعنی اگر ہندوستان کا کوئی طبقہ اپنے کلچر ، تمدن اور زبان کی حفاظت کے لئے کوئی تدبیر اختیار کرے گا تو اسے نہ تو باغی قرار دیا جائے گا اور نہ وہ قانون کی نظر میں فرقہ پرست قرار پائے گا ۔ جمہوری حکومت میں ہر گروہ کو اپنی تہذیب و زبان کی حفاظت کے لئے اجازت ہوگی اور اس کام کے انجام دینے پر اسے کسی قسم کا الزام نہیں دیا جائیگا ۔

مرکز کے فیصلے کے بعد یو پی کی گورنر مسز سروجنی نائیڈو نے الہ آباد میں سات جنوری ۱۹۴۹ء کو تعلیمی مشاورتی کمیٹی کے اجتماع میں فرمایا ۔

" اردو زبان ہندو مسلمان کے مشترک میل جول کا نتیجہ ہے اور اس کی قدر و قیمت دونوں نے سرانجام دی ہے مسلمانوں کو ہرگز خوف زدہ نہ کرنا چاہیئے کہ اردو کو جو ان کی مادری زبان ہے مٹا دیا جائے گا یا اس کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کی جائے گی ۔ ماہرین تعلیم کو چاہیئے کہ وہ ملک کو یہ پیغام دیں کہ ہندوستان کے کسی کلچر کو تباہ نہیں کیا جائے گا ۔"

(ہندوستان ٹائمز ۔ انڈین نیوز کرانیکل ۸ جنوری ۴۹ء)

مہاتما گاندھی نے بھی یہی کہا ، گورنر جنرل راج گوپال آچاریہ اور وزیر اعظم پنڈت نہرو نے بھی یہی کہا ، آچاریہ کرپلانی اور صدر کانگریس سیتا رامیہ نے بھی یہی کہا ... ونوبا بھاوے اور [illegible] نے بھی یہی کہا اور کانگریس کے دوسرے ذمہ دار لیڈروں اور وزیروں کی طرف سے بھی یہی اعلان ہوا ، مگر ہم ان کے نام سے کوئی فائدہ اٹھانا نہیں چاہتے ، ہمارے سامنے دستور ساز اسمبلی کا فیصلہ ہے اور یو پی کے گورنر کا اعلان ہے جو ہمارے لئے مشعل راہ ہے ۔ ہمیں افسوس ہے کہ بابو پرشوتم داس ، ٹنڈن اپنی گلفشانیوں سے باز نہیں آتے اور اب تو آپ اس قدر آگے بڑھ گئے ہیں کہ دلآزاری ، غلط بیانی اور اشتعال انگیزی سے بھی نہیں چوکتے اور جمعیۃ علماء کا نام لے کر منہ آنے لگے ہیں ، آپ نے یوم آزادی کی تقریب پر لکھنؤ کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا

" جمعیۃ علماء فرقہ پرست جماعت ہے کیونکہ وہ زبان اور تہذیب کے [illegible] متحد کرنا چاہتی ہے ، اگر وہ باز نہ آئی تو اس کی حرکتوں کو برداشت نہیں کیا جائیگا "

سب سے پہلے ہم نہایت ادب کے ساتھ عرض کریں گے کہ جناب ہمیں قوم پرستی کا سبق نہ دیں اور اپنی حد سے آگے نہ بڑھیں ، جمعیۃ علماء وہ ہے جس نے بڑے بڑوں کو ایسے نازک اوقات میں قوم پروری اور وطن دوستی کا سبق دیا ہے جب کہ اس کا نام لینا بھی آسان نہ تھا یہ تو ہم بتائیں گے کہ قوم پروری کیا ہے اور فرقہ پرستی اور قوم پرستی کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے ؟ خدا کی شان ہے کہ بات بات پر [illegible] ہونے والے ہمیں قوم پروری کا سبق دینے اٹھے ہیں اور انہیں بھی یہ حوصلہ ہوا ہے کہ جمعیۃ علماء کے منہ آئیں اور اسے قوم پرستی کی نشاندہی کریں ! جمعیۃ علماء یا [illegible] کسی سے رحم کی درخواست نہیں کرتے کسی سے بھیک نہیں مانگتے کسی کی دعوت میں نہیں آتے ، ان کا ایک مستقل مقام ہے [illegible] اور وہ خود شناسی کے ساتھ دوسروں کو بھی خوب پہچانتے ہیں ، اگر واقعی کسی کے پاس ان کی فرقہ پرستی کا ثبوت موجود ہے تو وہ میدان میں آئے اور انہیں فرقہ پرست ثابت کرے ہم خود حیران ہیں کہ جس جماعت نے [illegible] ہوکر اور جنگ آزادی میں [illegible] کانگریس [illegible]

کیا اور بزرگ ہماری اس حیرانی کو دور فرمائیں اور قوم پرستوں میں فرقہ پرستوں کو بے نقاب کریں !

یہ بات واضح ہے کہ محترم ٹنڈن جی کے خیالات سے کانگریس ہائی کمان اور کانگریسی حکومت کو کوئی تعلق نہیں ، انہیں معلوم ہے کہ جمعیۃ علماء کی پوزیشن کیا ہے اور انہیں تعاون و اشتراک کے اس رشتہ کو کس طرح نباہنا چاہیئے ، جو شخص اس قسم کے ناگفتہ خیالات کا کوئی حصہ بھی حکومت کی طرف منسوب کرتا ہے وہ اپنے ساتھ ظلم کرتا ہے حکومت کے ساتھ انصاف نہیں کر سکتا ، ٹنڈن جی یا اسی خیال کے دوسرے بزرگ صرف اپنے نقطہ نظر کی ترجمانی کرتے ہیں جس سے حکومت اور کانگریس کا دامن بالکل پاک ہے ، ہمیں افسوس ہے کہ یہ لوگ ہمیشہ سے غیر کانگریسی ذہنیت کے مالک رہے ہیں اور آج بھی وہ ایسی ہی باتیں کرتے ہیں جو کانگریس کے آئیڈیل میں فٹ نہیں بیٹھتیں یہ صحیح ہے کہ جمعیۃ علماء سے اختلاف رائے کوئی جرم نہیں ہے لیکن ثبوت اور دلیل کے بغیر اس پر الزام لگانا بھی مردانگی کو زیب نہیں دے سکتا اگر جمعیۃ علماء میں کوئی نقص ہے تو اسے ثابت کرنا چاہیئے اور [illegible]

جمعیۃ علماء نے کونسا جرم کیا ؟

ٹنڈن جی کو پریشانی لاحق ہو رہی ہے ! کیا یہی جرم ہے کہ جمعیۃ علماء زبان اور تمدن کے مسئلہ پر مسلمانوں کو متحد کر رہی ہے ؟ مگر یہ تو دستور ساز اسمبلی سے پوچھئے کہ اس نے کلچر اور زبان کی حفاظت کا حق دیکر ہر گروہ کو فرقہ پرست ، بنایا ، یا مسز نائیڈو سے دریافت کرو جنہوں نے مسلمانوں کو یہ یقین دلا کر ان کا کلچر اور زبان محفوظ رہے گا ، ٹنڈن جی کے فلسفہ [illegible] فرقہ پرستی بہت بری چیز ہے مگر وہ لوگ قوم پروروں کے امام اور پیشرو ہیں انہیں محض اختلاف رائے کی بنا پر فرقہ پرست قرار دینا بھی بہت بڑا ظلم ہے ؟

جہاں تک مسلمانوں کی تہذیب اور کلچر کا تعلق ہے وہ ستارہ مریخ سے نہیں آئی وہ اسی ہندوستان کی پیداوار ہے اور اسے اسی ملک میں پھلنے پھولنے کا موقع ملا ہے ، بلکہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ ایک ہزار سال میں [illegible] کے میل جول سے پیدا ہوئی ہے البتہ اسلامی فکر اور نقطہ نظر کے باعث اس میں کچھ ایسی خصوصیات پیدا ہوگئی ہیں جو اپنی جگہ ممتاز ہیں مگر وہ دوسری تہذیبوں سے متصادم نہیں ہوتیں [illegible] ٹنڈن جی تاج محل جامع مسجد دہلی ، سیکری [illegible] ہمایوں اور صفدر جنگ کے مقبرہ [illegible] یہ سب مسلم تہذیب کے شاہکار اور فرقہ پرستی کا سرچشمہ ہیں ؟

آخر ان کے نزدیک وہ ایک تہذیب کونسی ہے جسے وہ فروغ دینا چاہتے ہیں ؟ کیا بنگال اور پنجاب کی تہذیب ایک ہے ؟ کیا یو پی اور مدراس کے کلچر میں کوئی مماثلت ہے ؟ کیا سندھ اور سی پی کے ہندو ایک ہی تہذیب کی پیداوار ہیں ؟ اگر وہ [illegible] ایک تہذیب پیدا نہیں کر سکے تو مسلم تہذیب جو ہندوستان ہی کی پیداوار ہے ، ان کی آنکھوں میں کیوں کھٹکتی ہے اور اس کی حفاظت کرنے والوں کو کس منطق کی بنیاد پر فرقہ پرست قرار دے رہے ہیں ؟ اگر ایک زبان سے مشترک زبان اور ایک کلچر سے مشترک کلچر مراد ہے تو ہمیں اس سے اختلاف نہیں لیکن اگر کلچر سے مراد ہندو کلچر اور زبان سے مراد ہندی زبان ہے تو ہم اسے فرقہ پرستی سمجھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہندوستان اس فرقہ پرستی کا شکار نہ ہو اور مشترک زبان اور تہذیب کی جگہ کسی خاص فرقے کی زبان اور تہذیب [illegible] اگر [illegible] کی زبان کو قوم پرستی کا معیار قرار دیا گیا [illegible] ہندوستان میں [illegible]

اچھی باتیں!

فاقم وجھک ۔ تا ۔ لا یعلمون

(پ ۲۱ ع ۶)

تم اس دین کی طرف اپنا رخ کرو جس میں ذرا بھی کجی اور ٹیڑھا پن نہیں ہے ، اور یہی دین فطری دین ہے جس کا بیج انسان کی فطرت میں بویا گیا ہے ، اللہ کے فعل تخلیق میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ، یہی دین قائم رہنے والا ہے لیکن اکثر لوگوں پر یہ حقیقت پوشیدہ ہے ۔

اللہ تعالیٰ جس طریق عمل کی دعوت دیتا ہے وہ دین حنیف ہے یعنی ایسا دین جس میں دورخی نہیں ہے جو افراط و تفریط سے پاک ہے اور جو انتہا پسندی اور رجعت پسندی کی درمیانی راہ ہے ، یہ دین مصنوعی نہیں ہے ۔ بلکہ فطری ہے کیونکہ جس طرح خدا کے افعال (کائنات) فطری ہوتے ہیں اسی طرح اس کے قول (ہدایت اور دین) کو بھی فطری ہونا چاہیئے اور یہ ایسا فطری دین ہے جس کی چمک اور رمق انسانی فطرت میں رکھی گئی ہے ۔ یہ بھی یاد رکھو کہ خدا کے کاموں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اور فطرت کی یکسانیت ہی سے اس کی عظمت کا پتہ چلتا ہے یہی دین قائم رہے گا اور اسی کے ماننے والوں کو بقا کی دولت حاصل ہوگی !

پھر وہی جداگانیت

ہندوستانی سیاست کا مار آستین جداگانہ انتخاب خدا خدا کر کے ختم ہوا ہے جس کے بعد فرقہ پرست جماعتوں کی موت یقینی ہے لیکن حیرت ہے انڈین یونین مسلم لیگ کی سخت جانی پر کہ وہ ابھی تک جداگانہ انتخاب کا خواب دیکھ رہی ہے اور جس سپولئے نے ہندوستان کی فضا کو مسموم کیا ہے اسے پھر آستین میں پالنا چاہتی ہے ۔ مدراس میں انڈین یونین مسلم لیگ کی مجلس عاملہ میں پھر اپنے اس عقیدہ کا اعادہ کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کے لئے جداگانہ انتخاب ہونا چاہیئے ۔ جس ملک میں سیاسی اقلیتوں کا تصور ہی محال ہوگیا ہو اس میں مسلمانوں کے لئے علیحدہ انتخاب کا مطالبہ کرنا مسلمانوں کے ساتھ دوستی نہیں سخت درجہ کی دشمنی ہے ۔ حکومت نے فرقہ پرست جماعتوں کو نیم کشتہ سانپ کی طرح [illegible] کر دیا جائے ۔ [illegible] جب تک اس سانپ میں حرکت باقی رہے گی مشترک سیاست میں کبھی [illegible] پیدا نہیں ہو سکتی ۔

بنانا چاہیئے لیکن جب تک کانگریس برسر اقتدار ہے اور اس کی جمہوری پالیسی پورے ملک پر کار فرما ہے [illegible] اسٹیٹ کا خواب پورا نہیں ہو سکتا ۔

(باقی)

بچھڑی عورتیں

ہندوستان کے گورنر جنرل نے [illegible] اور بچھڑی ہوئی عورتوں کی بازیابی کے سلسلہ میں ایک آرڈیننس نافذ کیا ہے جس کی رو سے حکام کو ایسے اختیارات حاصل ہوں گے جنہیں وہ عورتوں کی بازیابی کے لئے استعمال کر سکتے ہیں ، پاکستان کی گورنمنٹ نے بھی اس سلسلہ میں موثر حرکت شروع کی ہے اور دونوں حکومتیں چاہتی ہیں کہ بچھڑی ہوئی عورتیں پھر سے اپنے گھروں میں بسیں اور یہ داغ دونوں کی پیشانی سے دور ہو ۔

گویا دونوں حکومتوں کا یہ اقدام انکے اخلاق اور شرافت کی کسوٹی ہے ، مگر یہ کسوٹی کام نہیں دیگی جب تک عوام اور حکام کے ضمیر کو بیدار نہ کیا جائے عوام کی اخلاقی حس اور حکام کی فرض شناسی ہی بے گناہ عورتوں کی کشتی ابھر سکتی ہے ، اگر حکومت کو عوام اور حکام کا تعاون حاصل نہ ہوا تو قانون کا زور دو ہی قدم پر جا کر ختم ہو جائے گا اور بچھڑی ہوئی عورتیں کبھی اپنے آشیانوں کو آباد نہ کر سکیں گی ۔

[illegible] اس سال یو پی [illegible] کانفرنس کا اجلاس [illegible] منعقد ہوگا [illegible]

مشترک حالت کیلئے مشترک لائحہ عمل تیار کرو

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا حیدرآباد کے عوام کو مشورہ

ضروری عرضداشت

حیدرآباد دکن ۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند لکھتے ہیں : ۔ [illegible] نظام آباد [illegible] اورنگ زیب عالمگیر [illegible] ہے ۔ میں نے نظام آباد کے بعد نانڈیڑ ، ہنگولی ، جالنہ [illegible] ضلع اورنگ آباد کے جن مقامات مثلاً [illegible] کاغذی پورہ ، خلد آباد ، دولت آباد وغیرہ کا دورہ کیا ۔ اس سفر میں [illegible] صدر جمعیۃ علماء [illegible] ضلع نظام آباد [illegible]

[illegible] مسلمانوں نے [illegible] کانگریس کمیٹی [illegible] سے تعاون حاصل کیا [illegible] ریلیف کمیٹی [illegible] ہندو اور مسلمانوں کے مشترک جلسوں میں تقریریں [illegible] سے ملاقات کر کے ضروری [illegible] اس دفعہ [illegible] خوش آمدید کیا گیا ۔ مسلمانوں نے [illegible] کانگریس کے کارکن حضرات نے [illegible] ہمارے مشن کو پاشن قرار دیا ۔ اور فراخ دلی سے ہمارے کام میں امداد کی ۔ ان تمام افراد اور تمام اداروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں ۔ امن ، محبت اشتراک اور تعاون باہمی کا پروگرام ہمارے سامنے ہے [illegible] اس پر عمل کیا جائے گا اور امن صلح پسندی کی بہترین بنیادوں پر [illegible] کی [illegible] مستحکم تعمیر قائم کی جائے گی ۔ [illegible] ریاست کے [illegible] اضلاع میں نہیں پہنچ سکا ۔ اب کام جمعیۃ علماء حیدرآباد اور [illegible] ریلیف کمیٹی کے ذمہ ہے کہ وہ اصلاع کا دورہ کر کے تباہ شدہ [illegible] کی امداد اور آبادکاری کا اہم فرض انجام دے ۔ [illegible] جمعیۃ علماء کا [illegible] ایک مشترک ریلیف کمیٹی قائم کر دی ہے ۔ حضرت مولانا [illegible] صاحب کریم نگر کا دورہ فرما چکے ہیں ۔ امید ہے کہ ان اضلاع کی کمیٹیوں کے ارکان اپنا فرض منصبی کے انجام دیں گے ۔

اضلاع دیہات میں خوشی کا زیادہ سامان موجود نہیں ہے لیکن عوام کے دکھ اور درد سے تعلق رکھنے والا ہر ایک دل ان اطراف میں [illegible] انقلاب پولیس ایکشن کا شوکت سے آیا ہے ۔ لاکھوں انسانوں کا دکھ اور درد فا انقلاب کا منتظر تھا اور آج لاکھوں زخم خوردہ دل دست انقلاب کا شکوہ کر رہے ہیں قحط کی غارتگری مصیبت بالائے مصیبت ہے جس نے غارت شدہ [illegible] کی زندگی کو جہنم بنا دیا ہے مسلمان طبقہ نے حکام سے غیر مانوس ہے اور [illegible] اوہام و تشکیک میں مبتلا ہے [illegible] مسلمان اس سیاست کے منہدم آثار پر ماتم کر رہے ہیں اور [illegible] کانگریس کمیٹی [illegible] مسلمانوں کو سیاسی یا معاشی [illegible] کے لئے جداگانہ تنظیم کا مشورہ دے رہے ہیں وہ ان کو دوبارہ تباہی کی خندق میں دھکیل رہے ہیں [illegible] ان کا فرض ہے کہ اس قسم کی غلطیوں سے مسلمانوں کی خستگی اور پراگندگی میں اضافہ نہ کریں اگر ہو سکے تو کچھ زخموں کے اندمال کی کوشش کریں ۔ [illegible] کہ بہت جلد [illegible] مسلمانوں کے خیالات کو منتشر نہ کیا جائے ۔ اگر ملکی اور سیاسی مسائل پر اشتراک عمل ضروری ہے تو اس میں [illegible] کے کوئی معنی نہیں [illegible]

سیر .... و .... سیاحت

سیاح کے قلم سے

ڈیڑھ مہینہ پہلے ہم نے جس کام کے لئے بسم اللہ پڑھی تھی ۔ الحمد للہ شکر ہے وہ کام پورا ہوگیا یعنی کہ دستوری اسمبلی کی طرح قانونی اسمبلی کا کام [illegible] ۔ [illegible] کہ نہیں ہوتا اگر اس میں آپ حضرات کی دعاؤں کا بھی دخل ہے ۔ [illegible] معلوم کئے بغیر کہ آپ نے ہماری کامیابی کے لئے دعا کی تھی یا نہیں ہم آپ کے شکرگزار رہتے ہیں ۔ اور ہاں چیف کمشنر صاحب اور پولیس افسروں کے علاوہ بھی جنہوں نے ہمیں سی آئی ڈی میں بھیجنے کی بجائے ڈائرکٹ اسمبلی میں پہنچایا ۔ خدا جزائے خیر دے اب آپ روز قانونی اسمبلی کی تازہ تازہ خبریں پڑھ سکیں گے اور اس کے ساتھ ہی اچھی اچھی باتیں بھی ۔

آج کل اسمبلی میں مسئلہ خوراک پر بحث ہو رہی ہے ۔ بڑی ہی اہم بحث ہے ۔ اگر یہ بحث نہ ہو تو لوگ بھوکوں مر جائیں ۔ اس لئے کہ بحث کرنے والے ہماروں کا پیٹ بھرنے کے لئے ایسی ایسی ترکیبیں بتاتے ہیں کہ لقمان حکیم بھی اگر قبر سے نکل آئیں تو دنگ رہ جائیں ۔

مسٹر سدھوا کی ترکیب یہ ہے کہ جن ہوٹلوں ، ریسٹورانوں [illegible] مہمانوں کو گوشت ملتا ہے انہیں چاول نہ دیا جائے [illegible]

شاید آپ جانتے ہوں ، ہر بنگالی مچھلی چاول کے ساتھ کھاتا ہے ۔ مچھلی گرم ہے اور چاول ٹھنڈا ۔ جب ٹھنڈا گرم ملتا ہے تو معتدل بنتا ہے ۔ خالی مچھلی کھاؤ تو گرمی اور خالی چاول کھاؤ تو نزلہ ۔ غرض کہ دونوں صورت میں نقصان ۔ [illegible] اس نئی ترکیب کو بنگالی کیسے برداشت کر سکتا تھا ۔ [illegible] سدھوا صاحب سے بولے کیا آپ نے کبھی مچھلی کے ساتھ چاولوں کا مزہ چکھا ہے ۔ سدھوا صاحب بولے وہ دن گذر گئے ۔ شاید سندھ (پاکستان) میں چھوڑ آئے ۔ جب پیٹ بھر خوب کھاتا تھا مگر میرا منشا تو صرف یہ ہے کہ قومی مفاد کے لئے سب کو قربانی کرنی چاہیئے ۔

بیشک [illegible] ختم کرنے کے لئے قربانی کی ضرورت ہے ۔ مگر سدھوا صاحب نے جو ترکیب بتائی [illegible]

[illegible]

سدھوا صاحب کو چاہیئے اپنے وعدوں کے مطابق [illegible] آگے [illegible]

سیام میں گڑبڑ کا خطرہ

[illegible]

مہاتما گاندھی میموریل ہال کاشی میں جلسہ

[illegible]

تعلیم ، ثقافت اور مساجد کی تنظیم جیسے مذہبی اور دینی مسائل سے بھی غافل نہ رہنا چاہیئے [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوش خط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں۔ تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کی قراردادیں

سہارنپور (نامہ نگار) گزشتہ ایام میں جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور نے اپنے ایک اجلاس میں چند تجاویز پاس کی تھیں۔ ایک تجویز میں مسلمانان ضلع کی موجودہ حالات کا جائزہ لیتے ہوئے [illegible] کہ ان کو [illegible] اور تمام مسلمانوں سے [illegible] اس تجویز میں فرقہ وارانہ ذہنیت کی مذمت کی گئی ہے اور اس ذہنیت کو ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ایک سنگ گراں بتایا ہے۔ ایک تجویز میں افسران کے اس رویہ پر افسوس کیا گیا ہے جو انہوں نے عید الضحیٰ کے موقعہ پر دیوبند میں اختیار کیا۔ اور اس سلسلہ میں حکومت کے اقدامات کو ناکافی قرار دیتے ہوئے [illegible] کیا گیا۔ ایک اور تجویز میں اس تقریر کی مذمت کی گئی ہے جو انہوں نے صوبہ یوپی کے ہوم منسٹر کی [illegible] سہارنپور کے موقعہ پر کی تھی اس تجویز میں حضرت مولانا [illegible] مسلمانوں پر الزام تراشی کے متعلق کہا گیا ہے۔ کہ کانگریس کے پلیٹ فارم سے اس قسم کی تقریر نہ صرف جمعیۃ علماء کے لئے توہین کا سبب ہے بلکہ کانگریس کا بھی اس سے گراوٹ اظہار ہوتی ہے اس تجویز کے ایک پیرا میں صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر اور ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر سے تادیبی کارروائی کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ دو تعزیتی تجویزیں صدارت کی جانب سے پیش ہو کر منظور ہوئیں۔ ایک میں مسٹر عبد اللہ بریلوی اور دوسری میں سر تیج بہادر سپرو کی وفات پر اظہار تعزیت کیا گیا ہے۔

ایک تجویز میں حکیم اکرام الحق صاحب سابق ناظم اعلیٰ کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔ ایک اور تجویز میں مسلمانان ضلع سے درخواست کی گئی ہے کہ جب تک کسی مبلغ یا درکر کے پاس ضلع جمعیۃ کے دفتر کا تصدیق نامہ نہ ہو اس وقت تک ضلع جمعیۃ کے نام پر کوئی چندہ یا کسی قسم کی کوئی رقم ہرگز نہ دی جائے۔

گیورائی میں جمعیۃ علماء کا قیام

بیٹر ۲۹ جنوری۔ جمعیۃ علماء کا وفد جمعیت علماء [illegible] کے معتمد مولانا محمد میاں کی قیادت میں ضلع بیٹر کا دورہ کیا۔ اور اس ضلع کے کئی مقامات پر جمعیۃ کی شاخیں قائم کیں گیورائی تعلقہ بیٹر میں مولانا ابو المقصود انصاری کی صدارت میں بعد نماز جمعہ قیام جمعیۃ کے سلسلہ میں اجتماع عام ہوا۔ جمعیت علماء حیدرآباد کے معتمد مولانا عبد السبحان نے [illegible] ملکی و معاشی مسائل میں مشترکہ پلیٹ فارم اور اپنے مخصوص ملی مفادات کے سلسلہ میں جمعیت کے قیام کی ضرورت کا اظہار فرمایا چنانچہ ان کی شاخ قائم کی گئی۔ یہ شاخ رلیف کا کام بھی کرے گی۔ اس جمعیۃ کے صدر مولانا سید داؤد اور مولوی حفیظ الدین صاحب معتمد منتخب ہوئے۔

پدوپیٹ میں جمعیت علماء کا قیام

[illegible] جمعیت علماء کا قیام عمل میں [illegible] عثمانی صدر، [illegible] صاحب سکریٹری [illegible] صاحب اسسٹنٹ سکریٹری۔ محی الدین صاحب خازن۔

ماتحت جمعیۃ ہائے ضلع نینی تال متوجہ ہوں

ہلدوانی ۲ فروری۔ [illegible] اخبارات کے ذریعہ معلوم ہو چکا ہے کہ صوبہ جمعیۃ کی کانفرنس، بریلی میں [illegible] مارچ ۱۹۵۰ء کو منعقد ہو رہی ہے اور مسلمان اس امر سے متفق ہوں گے کہ اس نازک دور میں مسلمانوں کی دینی، تعلیمی، اور ملی مہمات کے لئے لائحہ عمل مرتب کرنے کی اہل صرف جمعیۃ علماء ہے۔ لہٰذا باشندگان ضلع کو لازم ہے کہ پورے جوش و ولولے کے ساتھ اس جلسہ میں شرکت کریں خاص کر کانفرنس کی روداد کو [illegible] اور علماء کرام کے خیالات سے استفادہ کریں۔ اور ماتحت جمعیتیں منتخبہ کمیٹی کے ممبر بنانے کی خاص طور سے کوشش کریں اور اپنے علاقہ میں اس کانفرنس کے مقاصد سے عوام کو باخبر رکھیں۔

انتخابات

مدرسہ قاسمیہ عربیہ بلند شہر ۱۴ جنوری۔ زیر صدارت صوفی [illegible] مصطفیٰ صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کا ایک انتخابی جلسہ مدرسہ قاسمیہ عربیہ منعقد ہوا جس میں حاجی مصطفیٰ خاں صاحب صدر۔ محمد فتح خاں صاحب نائب صدر۔ مولوی محمد ایوب خاں صاحب مہتمم۔ مولانا حشمت علی صاحب نائب مہتمم۔ منشی ظہور حسن صاحب خازن منشی عبد الوحید صاحب محاسب منتخب کئے گئے۔

شہر گیا [illegible] جنوری۔ عام ممبران جمعیۃ علماء شہر گیا کا ایک عام جلسہ [illegible] جس میں ۲۲ ارکان مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء شہر گیا کے منتخب ہوئے۔ مجلس منتظمہ کے جلسہ میں [illegible]

گنج گیا میں

گنج گیا میں ہوا جس میں مولانا مقصود عالم صاحب صدر و مولانا حکیم قاری محمد حنیف صاحب ناظم منتخب ہوئے۔ دیگر ارکان جمعیۃ علماء ضلع گیا کی مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ مولانا ابو محمد صاحب فردوسی۔ مولانا حافظ عبد اللطیف خواجہ عنایت اللہ۔ قاری فخر الدین۔ ڈاکٹر [illegible] عالم قاضی ٹھاکر [illegible] منظور احمد ایم۔ اے۔ حضرت مولانا [illegible] محمد احسن حسین۔

قصبہ جھنجانہ جمعیت علماء قصبہ جھنجانہ تحصیل کیرانہ ضلع مظفر نگر کے لئے

حکیم مولوی انوار احمد صاحب صدر۔ حاجی حافظ ضمیر احمد صاحب نائب صدر۔ ناظم اعلیٰ منشی نسیم احمد صاحب۔ خزانچی منشی احمد صاحب منتخب ہوئے۔ اور مولوی نظر الحسن۔ مولوی احمد سعید منشی احمد مسعود۔ حافظ انصار احمد۔ حکیم اظہر حسن۔ پیرجی شفیق احمد حاجی ضمیر احمد۔ حافظ نیاز احمد۔ منشی انوار احمد۔ آفتاب احمد۔ منشی ظہیر الحسن۔ اراکین مجلس منتظمہ مقرر ہوئے۔

گڑھی بختہ جمعیت علماء گڑھی بختہ پرگنہ جھنجانہ تحصیل کیرانہ ضلع مظفر نگر کے لئے صدر مولوی علی [illegible] صاحب [illegible] حافظ ظہیر احمد۔ نائب [illegible] حافظ محمد مستقیم حافظ ظہیر احمد۔ عبد الرحمن خاں۔ طیب حسن۔ لطیف صاحب۔ سبحان صاحب۔ رمضان صاحب انصاری۔ ابراہیم صاحب۔ رمضانی صاحب شیخ قریشی مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے۔

ضلع جالون ۲۹ جنوری۔ ایک جلسہ بمقام کالپی [illegible] زیر صدارت جناب شیخ محمد صاحب زیر صدارت جناب وحید اللہ صاحب انصاری منعقد ہوا جس میں حسب ذیل عہدہ داروں کا انتخاب عمل میں آیا۔

(۱) جناب رضوان الرحمن (جالون) صدر (۲) شیخ کریم بخش (کونچ) نائب صدر (۳) عبد الستار صاحب (اوری) اور (۴) محمد عاشق (اوری) نائب صدر (۵) جناب مولا بخش (اوری) ناظم اعلیٰ (۶) مظفر علی شاہ صاحب (کونچ) ناظم (۷) حافظ الطاف حسین صاحب (اوری) ناظم (۸) عبد العزیز انصاری (اوری) مہتمم سکرٹری (۹) الٰہی بخش صاحب (اوری) خازن منتخب ہوئے۔

لنکا کا یوم آزادی

کولمبو ۴ فروری۔ آج لنکا اپنی آزادی کی پہلی سالگرہ منا رہا ہے۔ اس موقع پر ایک دن تقریبات کا پروگرام بنایا گیا ہے۔ اس میں آزادی کا رنگ بہت نمایاں رکھا گیا۔ نوجوانوں کی ہر جماعت اطراف سے کر [illegible] ہزاروں باہر سے آنے والے پہلے ہی وارد ہو چکے ہیں۔ ہندوستانی ہائی کمشنر [illegible] [illegible] تمام تقریبات میں [illegible] لنکا کے [illegible] کانگریس کا جھنڈا [illegible] ایچ ایم آئی اسٹیٹ [illegible] تقریبات میں حصہ لینے کے لئے کولمبو پہنچ گیا ہے۔

حیدرآباد کے مزید علاقوں میں کرفیو

حیدرآباد ۳ فروری۔ [illegible] کے علاقوں میں صورت حالات ابھی تک نارمل نہ ہونے کی وجہ سے یکم فروری سے ۹ فروری تک کے لئے اطراف بلدہ کے ضلع مجسٹریٹ نے ان علاقوں میں شام کے ۷ بجے سے صبح کے ۶ بجے تک کرفیو لگا دیا تھا ان علاقوں میں اسلحہ لے کر باہر نکلنا یا کسی [illegible] غیر قانونی قرار دیا گیا۔ [illegible] جان و مال لوٹے گئے [illegible]

مسٹر بیون سے سوویٹ سفیر کی ملاقات

لندن ۴ فروری۔ گزشتہ رات اسٹاک ہالم سے واپسی کے بعد سوویٹ کے سفیر نے دفتر خارجہ میں برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون سے ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے کہ اس ملاقات کے دوران میں مجوزہ معاہدہ (شمالی اٹلانٹک پیکٹ) کو زیر بحث لایا گیا۔ حکومت سوویٹ کو اس معاہدہ پر سخت اعتراض ہے۔ ناروے میں [illegible] کے وزیر خارجہ مسٹر لانگے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت ناروے کو شمالی اٹلانٹک پیکٹ کے متعلق [illegible] نہیں دی گئی۔ [illegible] (رائٹر)

جمعیت علماء ہند کی جانب سے مصیبت زدگان میوات کی امداد

دہلی ۴ فروری۔ مولانا محمد رفیق صاحب ودھپوری ناظم جمعیت علماء صوبہ دہلی نے حال ہی میوات میں دورہ کرکے میواتیوں کو جمعیت علماء ہند کی جانب سے جو امدادی سامان بہم پہنچایا اس کے بارے میں پوری رپورٹ درج ذیل ہے۔

جمعیت علماء ہند کی جانب سے میں جو تھی مرتبہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۴۹ء کو میوات پہنچا۔ ایک ٹرک بھر کر سامان پہنچ چکا تھا۔ یہ ٹرک صاحب نے حسب ذیل سامان تھا۔

لحاف ۵۵۔ کمبل ۲۰۔ روئی کی گٹھریاں ۴۵۔ اونی گرم کوٹ ۲۵۔ کپڑے کے تھان ۸۔ اونی کنٹوپ ۱۲ مذکورہ بالا سب سامان بھرت پور، الور اور گوڑ گانوہ کے تباہ شدہ مسلمانوں کو تقسیم کیا گیا جو حسب ذیل مواضعات سے آئے ہوئے تھے۔

ریاست الور

تحصیل الور۔ نواری [illegible] دعب۔ اندھاکا۔ مونگسپ کا۔ [illegible] سنا۔ سلال پور۔ فاری رائے پور۔ داگرونپور۔ ببیلا۔ کولائی۔

تحصیل کشن گڑھ۔ ڈوم گڑھ۔ داتا۔ مولوٹکا۔

تحصیل رام گڑھ۔ اوڈپر۔ پائنچ۔ موریے۔ تحصیل [illegible] مودیا۔ لورے کا

تحصیل تجارہ۔ گوالدہ۔ شاہ پور۔ بیلی۔ بلاس پور۔

ریاست بھرت پور۔ تحصیل پہاڑی۔ [illegible] کاما۔ نگر۔ ضلع گوڑ گانوہ۔ تحصیل نوح۔ مالپ۔ فیروز پور جھرکہ۔ روہیڑکا۔ مسیولا۔ [illegible] تحصیل فیروز پور جھرکا۔ [illegible] کٹ سیکا۔

[illegible]

۲۳۔ جنوری کو نوح سے فیروز پور ہوتا ہوا الور پہنچا۔ اور شام کو وہ ہیں سے الور سے چل کر رات کو میں تجارہ پہنچ گیا۔ میرے ہمراہ مسٹر امتہ السلام اور رام دیا بابو بہاری کے علاوہ ۴ افراد اور تھے۔ ہم نے گھاسی رام جی صدر کانگریس کمیٹی تجارہ کے دولت خانے پر قیام کیا۔ صبح کو لحاف کمبل وغیرہ کی تقسیم سے فارغ ہو کر تجارہ کا گشت کیا اور لوگوں سے حالات معلوم کئے۔ میں نے جس ہندو بھائی سے معلوم کیا کہ یہاں تمہارا کاروبار کیسا ہے تو اس نے یہی جواب دیا کہ یہاں بالکل کاروبار نہیں۔ ہم لوگ دن بھر مکھیاں جھلا کرتے ہیں ہمارا کاروبار اور تجارہ کی رونق میو قوم کے دم سے تھی۔ اور اب وہ یہاں ہے نہیں۔ کچھ ہندو تجارہ چھوڑ کر چلے گئے ہیں جو باقی رہ گئے ہیں وہ اس امید پر رہ گئے ہیں کہ اب میو قوم کو بسایا جائے گا۔ تو ہمارا تجارہ پھر دلیسا ہی ہو جائے گا اور ہمارا روبار خوب چلے گا۔ وہاں کے ہندو بھائی میو قوم کے نہ ہونے سے اتنے پریشان ہیں کہ اگر مہندو دو دنگی شکل میں جہاں ہم مقیم تھے۔ وہاں آئے۔ اور انہوں نے کہا کہ تم بہت جلد تجارہ میں میو لوگوں کو آباد کراؤ ورنہ ہم بھی تجارہ چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

میں نے دو گھنٹے تک چل پھر کر تجارہ کی عمارات اور دکانیں وغیرہ بھی دیکھیں کچھ مسجدیں بھی ٹوٹی پھوٹی نظر [illegible] سجدیں اپلے [illegible] ہوئے تھے۔ افسوس ہے کہ ریاست نے خدا کے پوجنے کی جگہ کا بھی احترام نہیں کیا جو مسلمان ریاست کے قصبات میں بس رہے ہیں۔ ان کو مذہبی آزادی بھی نہیں ہے جس سے وہ اذان دے کر نماز کو بلاخوف و خطر پڑھ سکیں۔

ریاستی گورنمنٹ سے میری درخواست ہے کہ وہ گورنمنٹ آف انڈیا کے نقش قدم پر چلے جس طرح حکومت ہند کو عبادت خانوں کے احترام کا خیال ہے کہ اس نے بہت سی مساجد خالی کرا لیں اور ٹوٹی پھوٹی مساجد کی تعمیر کا کام بھی دھیرے دھیرے ہونے لگا ہے۔

ہندوستان میں جہاں جہاں بھی مسلمان بسے ہوئے ہیں انہیں اذان دینے اور نماز پڑھنے کی پوری آزادی ہے۔ مجھے امید ہے کہ ریاست الور کی گورنمنٹ میری درخواست کو منظور فرمائے گی اور یہ تمام خامیاں دور کرنے کے لئے جلد سے جلد ایسا اہتمام و انتظام کرے گی کہ جس کے باعث ریاست الور اور اس کے مواضعات میں مسلمان بسکر رہ سکے گا اور کوئی اس کو زبردستی اور ڈرا دھمکا کر شرمندہ نہ کر سکے گا۔ اور ان کو مذہبی آزادی پوری حاصل ہو جائے گی۔

میں آخر میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے اپنے پورے تعاون سے میرے اس مشکل کام کو آسان کیا ہے خصوصاً مسٹر امتہ السلام اور شری رام دیا بابو بہاری کا شکر گذار ہوں کہ آپ میرے شریک کار بھی رہے اور آپ نے سنٹرل ریلیف کمیٹی کا ٹرک ہم اس کام کے لئے مرحمت فرمایا۔

سونے کے تمغہ کے بدلے میں چرچل ہالینڈ کی تعریف کرنے لگے

لندن ۴ فروری۔ برطانیہ کے زمانہ جنگ کے وزیر اعظم مسٹر ونسٹن چرچل نے ہالینڈ اور برطانیہ کی پبلک زندگی کے ۴ ٹھوس ایڈروں کے اجتماع میں کہا کہ ہالینڈ انڈونیشیا کی ترقی کو نا کام اور اشتراکیت کے ہاتھوں تباہ ہونے سے بچانے کے لئے جد و جہد کر رہا ہے۔ مسٹر چرچل لندن کے گلڈ ہال میں تقریر کر رہے تھے جہاں ہالینڈ کی طرف سے انہیں امن کے لئے کام کرنے کے سلسلہ میں سونے کا تمغہ دیا گیا۔

مسٹر چرچل نے کہا کہ مغربی طاقتوں کی یونین متحدہ یورپ کے قیام کی طرف ایک اہم قدم ہے [illegible] ذریعہ یورپ کو [illegible] حاصل کر [illegible]

مسٹر چرچل نے مزید کہا کہ امن قائم رکھنے کے لئے علاقائی تنظیم لازمی ہے اور اس قسم کی تنظیم مختلف شکلوں میں معرض وجود میں آ رہی ہے۔ ضرورت اس چیز کی ہے کہ مغربی طاقتوں کے اس بار امریکہ میں زیادہ مضبوطی کا ثبوت دیا جائے۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

پھاٹک نواب دوجانہ میں جلسہ

دہلی ۴ فروری:۔ بدھ کے روز شام کے ۷ بجے نواب دوجانہ ہاؤس نزد جامع مسجد میں ایک مختصر میٹنگ زیر صدارت مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ العلماء دہلی منعقد ہوئی۔ دوجانہ ہاؤس ہندو مسلمان معززین سے بھرا تھا۔ سندھ، بلوچستان، سرحد، پنجاب کے ذمہ دار و معزز صاحبان تشریف فرما تھے جن میں ڈاکٹر سیف الدین کچلو، ودیان منگل سین سرحدی کیپٹن دلیپ راج [illegible] جلسہ میں مولانا احمد سعید صاحب ڈاکٹر سیف الدین کچلو اور ودیان منگل سین سرحدی سابق آنریری مجسٹریٹ سرحد نے تقاریر کیں۔ جلسہ میں مہاتما گاندھی اور مہاشہ [illegible] کی زندگی کے مختلف پہلو میجک لینٹرن سے دکھائے گئے ہر جلسہ مولانا احمد سعید صاحب اور ڈاکٹر [illegible] کنگ پر یزیڈنٹ پارٹی شن سفر اور ڈونے بلا یا تھا۔

گاندھی ہفتہ کا چوتھا دن

۲ فروری کو بچوں کی برادری جامعہ ملیہ [illegible] زندگی پر نظم خوانی کا کامیاب مقابلہ رہا۔ بچوں نے بڑے ذوق و شوق کے ساتھ دلچسپی کا اظہار کیا نظموں کے ختم ہو جانے پر جناب قیصر صاحب مہتمم بچوں کی برادری نے بچوں کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے مقابلہ کا نتیجہ سنایا۔

شریک مقابلہ ہونے والے بچوں میں سے سولنا [illegible] [illegible] کی طرف سے انعام [illegible] تلک کے دو بچے۔ محمد یونس۔ محمد اقبال دوسرے نمبر پر آئے اور جس [illegible] کا پروگرام ختم ہوا کل اس کی صفائی کا پروگرام ہے۔

مسٹر سری پرکاش کی آمد

نئی دہلی ۴ فروری۔ پاکستان میں مقیم ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر سری پرکاش کو آسام کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ [illegible]

لنکا میں ربڑ کی صنعت کی ترقی کی اسکیم

کولمبو ۴ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت لنکا لنکا میں ربڑ کی صنعت کو زندہ رکھنے کے لئے ۔ اسنیٹ فی پونڈ کے حساب سے امداد دینے کی اسکیم پر غور کر رہی ہے آج کل ایک پونڈ ربڑ کی قیمت تقریباً ۵۲ سینٹ ہے اگر یہ قیمت زیادہ عرصہ تک جاری رہی تو لنکا میں ربڑ کی قیمت آدھی رہ جائے گی۔ اگر حکومت لنکا نے ربڑ کی صنعت کو بچانے کے لئے مدد دینے کی مذکورہ بالا اسکیم پر غور کیا تو اسے دو کروڑ روپے سالانہ خرچ کرنے پڑیں گے۔ (ٹگوب)

یہودیوں کے خلاف جرمن نہیں لڑے

لیک سکسس ۴ فروری۔ برطانیہ نے روس کی طرف سے لگائے گئے ان الزامات کی تردید کردی ہے کہ وسط مشرق میں یہودیوں کے خلاف لڑنے کے لئے جرمن جنگی قیدی بھرتی کئے گئے تھے۔ سکیورٹی کونسل میں حصہ لینے والے برطانوی ڈیلیگیشن نے اس سلسلہ میں روس کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وسط مشرق میں صرف ۵۵ جرمن ٹیکنیکل امور کا کام کر رہے ہیں اور انہیں زبردستی بھرتی نہیں کیا۔ (ٹگوب)

مراسلات

(ادارہ کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

تصویروں کے سامنے پوجا

جناب ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم۔

گذارش ہے کہ میں آپ کو اپنے اسکول کے ایک واقعہ کی اطلاع کر رہا ہوں براہ کرم اسے بجنسہ اپنے اخبار میں شائع کرکے شکریہ کا موقع دیں۔

میں آئی۔ اے۔ ایم ہائر سکنڈری اسکول، آنا پور (ضلع الہ آباد) کے دسویں درجہ کا ایک معمولی طالب العلم ہوں۔ میرے اسکول کے پرنسپل جناب بی ایل صاحب سریواستوا ایم۔ اے نے یہ اعلان کیا ہے کہ جو شخص فلیگ پریئر FLAG PRAYER اور جے ہند نہ کرے گا۔ اسے نکال دیا جائے گا یہی نہیں بلکہ ایک کمرے میں دیوتاؤں کی تصویریں بھی ہیں جن کے سامنے پرارتھنا کرنا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ ایک غیر مذہبی حکومت میں اس قسم کی چیزیں حیرت انگیز ہیں اور پھر لطف یہ کہ پرنسپل صاحب صرف ان ہی چیزوں کو نیشنل ہونے کی علامت سمجھتے ہیں اور ان کے خیال میں اس سے محبت بڑھتی ہے۔ مگر میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جب ایک شخص کو کسی کام کے لئے مجبور کیا جائیگا تو اس کے دل میں جذبات محبت کیسے نمایاں ہوں گے میرے خیال میں یہ ایسی ہی گمراہی ہے جیسی نمرود اور فرعون کے زمانے میں پھیلائی گئی تھی۔

یہ امر اور زیادہ افسوسناک ہے کہ دو درجہ کے کل اسلامی لڑکوں کو فلیگ پریئر نہ کرنے کی صورت میں اسکول سے نکال دیا گیا ہے۔ اب جب تک کہ انہیں اسکول میں حاضری دینے کی اجازت نہ دی جائے لڑکے حاضری بھی نہیں دے سکتے۔ امتحان کی تاریخ سر پر آ پہنچی ہے۔ کیا ارباب اختیار اس طرف توجہ کریں گے۔ والسلام

محمود حسن متعلم درجہ دہم۔ ڈاکخانہ آنا پور (الہ آباد)

کھدی کا کام کرنیوالوں کی فریاد

جناب مکرم۔ تسلیم

ضلع مظفر نگر میں کپڑا بننے والے تباہ برباد ہو رہے ہیں جس کی اصل وجہ یہ ہے کہ کنٹرول کے سوت کی قیمت اسی قدر گراں ہے کہ اس کو خرید کر اور کپڑا تیار کرکے بازار میں فروخت کرنے میں مزدوری کا ملنا تو درکنار بلکہ کچھ گھر سے ہی دینا پڑتا ہے اور بازار میں کھدر کی خرید و فروخت بالکل بند ہے جس سے اور زیادہ بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ ہم حکومت سے گذارش کرتے ہیں کہ جلد از جلد توجہ فرما کر سوت کی قیمت گذشتہ کنٹرول سے بھی کم کرکے اور کھدر کی خرید فروخت کے ذرائع نکال کر ہزاروں گھرانوں کو فاقہ کشی کا شکار ہونے سے بچائے۔ (جنرل سیکرٹری)

مظفر نگر ڈسٹرکٹ ویورس کو اپریٹیو یونین لمیٹڈ

یوپی میں جمعیۃ علماء کی مقبولیت

للتپور ۲ فروری۔ صوبجات متحدہ میں اس سال جمعیۃ علماء کا کام بڑی تیزی سے ہوا اسال گذشتہ صوبہ کے صرف تہائی اضلاع میں جمعیت کی شاخیں قائم تھیں مگر اس سال سارے صوبہ میں جمعیت کی شاخوں کا جال بچھ چکا ہے اور [illegible] میں ۵۳ ہزار اور پیر [illegible] ہزار ممبر سازی ہو گئی ہے۔ عام طور پر جمعیت کے کاموں سے عوام میں دلچسپی بھی پیدا ہو گئی ہے۔

چندوسی میں گاندھی جی کی برسی

چندوسی ۳۱ جنوری۔ صوبہ متحدہ جمعیت العلماء کی ہدایت کے مطابق چندوسی جمعیت العلماء کا جلسہ ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۵۰ کو ٹاؤن ہال میں جناب مولانا حکیم اقبال احمد صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں جناب مولانا ابو مسعود صاحب قمر سنبھلی نے مہاتما جی کی خدمات، خوبیاں اور تعلیم بیان کی اور لوگوں کو ہدایت کی کہ سچائی سے کام لیں محبت و اتحاد اور میل جول پھیلائیں اور اپنی حکومت کو ہر طرح مضبوط کریں۔ اسی طرح مقامی جمعیت نے مہاتما جی کی خدمت میں اظہار عقیدت پیش کیا۔

علاوہ اس کے مقامی کانگریس کی طرف سے بھی عظیم الشان جلوس نکلا۔ اور گاندھی گنگا پر عظیم الشان جلسہ ہوا۔ جس میں شری لچھمی چند جی صدر شری جگدیش۔ شری دیانند گپت، شری رتن لال جین، شری سدھ دید اور مولانا قمر سنبھلی صاحب وغیرہ نے اپنی تقریروں میں اظہار عقیدت کیا اور لوگوں کو مہاتما جی کی بتلائی باتوں پر چلنے اور اپنی حکومت کو مضبوط کرنے کی ہدایت کی۔ صبح کانگریسی حضرات نے ہریجنوں کے یہاں صفائی کی۔ جلوس و جلسہ میں ہندو مسلمان سکھ اور عیسائی سب شریک تھے۔ (نامہ نگار)

مدرسہ پاوٹی کی پنچایت

۷ جنوری کو پاوٹی کلاں پوسٹ جھنجھانہ ضلع مظفر نگر میں مدرسے کی حساب فہمی اور اصلاح و ترقی کے متعلق ایک اہم پنچایت منعقد ہوئی۔ مہتمم مدرسہ قاری رستم علی صاحب۔ ساکن ٹیلو کھیڑ ڈاکخانہ لمبھیڑہ ضلع میرٹھ کو ان کی بدعنوانیوں کی بنا پر مدرسے سے علیحدہ کیا گیا۔ اب وہ مدرسے کوئی تعلق نہیں رکھ سکیں گے اور نہ کسی علاقہ میں اس مدرسے کے نام سے چندہ لے سکیں گے۔ آئندہ کے لئے ایک کمیٹی مجلس عاملہ کے نام سے مقرر کر دی گئی جو موضع پاوٹی کلاں اور دیگر مختلف مقامات کے باشندگان پر مشتمل ہے۔ یہ کمیٹی مدرسے کے حساب کتاب تعلیم و ترقی اور ہر چیز کو پوری ذمے داری سے رکھے گی۔ (ممبران مجلس عاملہ)

مظفر پور (بہار) کے لوگ متوجہ ہوں

ایک لڑکی جس کی عمر تقریباً چودہ پندرہ سال ہے پولیس سے میں نے ضمانت پر لی ہوئی ہے۔ جس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ لڑکی اغوا شدہ ہے۔ وہ لڑکی اپنے آپ کو قصبہ موتی ہاری ضلع مظفر پور صوبہ بہار کی بتلاتی ہے لڑکی کا نام مستقیمہ ہے اور اپنے والد کا نام محمد عزیز وغیرہ بتلاتی ہے جو بازار جیتہ قصبہ موتی ہاری میں کوئلہ کا کام کرتے تھے۔ لڑکی ایک اپنے بہنوئی کا نام علی جان بتلاتی ہے جو کہ موضع آم گولا ضلع مظفر پور صوبہ بہار میں رہتا ہے۔ ایک ماموں اپنے گاؤں اپنی قصبہ موتی ہاری کے رہنے والے کا نام شیخ شبراتی بتلاتی ہے جو محلہ خدا نگر میں رہتا ہے۔ ہم نے چند خطوط روانہ کئے مگر ابھی آج ۱۸ روز کے بعد کوئی جواب نہیں ملا۔ لڑکی مندرجہ ذیل پتہ پر ہے۔

(حافظ سعید احمد۔ محلہ اشرف علی قصبہ گنگوہ، ضلع سہارنپور)

اسلحہ کا ذخیرہ ملا

حیدرآباد ۳ فروری۔ آج بہت کافی ہتھیار برآمد ہوئے جب کانگریسی کارکنوں نے تلنگانہ کی ۴۹ رائفلیں، برچھے کے ۵۵ سرے اور بہت سی تلواریں موسیٰ ندی سے برآمد کیں بعد میں اسلحہ پولیس کے حوالے کر دیے گئے۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے

مضامین و خبریں کاغذ کے ایک طرف لکھئے

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ	۳/-/- روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ	۲/-/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دار السلطنت

۵ فروری

نواب بھوپال دہلی کو

اطلاع ملی ہے کہ عنقریب دہلی آ رہے ہیں وہ بھوپال کے ادغام کے بارہ میں بات چیت کریں گے۔ ابھی یہ فیصلہ نہیں ہوا کہ بھوپال کسی میں ضم کیا جائے گا یا وہ صوبہ بھارت ہیں۔

جامعہ ملیہ کو عطیہ

کل کے پرچہ میں راجہ جی کا جامعہ ملیہ کو عطیہ کے عنوان سے جو خبر شائع ہوئی تھی اس میں پنڈت نہرو کے عطیہ کی رقم غلطی سے ایک ہزار شائع ہو گئی۔ پنڈت جی نے دس ہزار روپے دئے ہیں۔ ناظرین تصحیح کر لیں۔

۱۵ ہزار روپیہ کا دھوکہ

اطلاع ملی ہے کہ دہلی کی ایک فرم ہمدردان کی ایک فرم کو ۱۵ ہزار روپے کا دھوکہ دیا۔ واقعات اس طرح بتائے جاتے ہیں کہ کچھ سامان کے لئے پندرہ ہزار روپے کی ایک ہنڈی ہمدردان کو دی گئی ہمدردان کی فرم نے اس ہنڈی کے روپے ادا کر دیے لیکن ہنڈی کا مال نہیں پہنچا تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا کہ ہنڈی جعلی ہے اور کوئی مال نہیں بھیجا گیا۔

چپراسی کی مرمت کردی

اینٹوں کے ایک ٹھیکیدار کے خلاف الزام لگایا گیا ہے کہ ان سے ایک سرکاری ملازم کی اس کی ڈیوٹی کے موقع پر ہتک کی۔ کہا گیا ہے کہ ٹھیکیدار کسی کام سے دہلی راشننگ کے دفتر میں گیا اور اپنی سائیکل ایک افسر کے کمرے کے سامنے رکھ دی چپراسی نے اس پر اعتراض کیا جس پر ٹھیکیدار اور اس نے ساتھیوں نے چپراسی کو مارا پولیس میں رپورٹ درج کرا دی گئی ہے۔

قید سخت کی سزا

پولیس نے گول مارکیٹ کے قریب ایک شخص کو شبہہ کی بنا پر گرفتار کیا۔ بعد میں پتہ چلا وہ پہلے سے سزا یافتہ مجرم ہے مسٹر [illegible] مجسٹریٹ درجہ اول نے مہندر نامی ایک شخص کو چوری کرنے کے جرم میں چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

ہاکروں کیلئے رہائش وغیرہ کا انتظام

نئی دہلی ۴ فروری۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ مہاجرین ہاکروں کے لئے دہلی اور نئی دہلی میں کوئی علیحدہ مارکیٹ تعمیر کی جائے۔ جہاں وہ تجارت وغیرہ کر سکیں اور نیز ان کے لئے مکانات بھی تعمیر کئے جائیں گے۔

سرکاری حلقوں کے مطابق تقریباً ۵۰۰ ہاکر دہلی اور نئی دہلی میں مقیم ہیں۔ اور ان میں سے ۱۵ اسد کے قریب نئی دہلی میں ہیں ان مہاجرین نے تقریباً پانچ ہزار اسٹال وغیرہ بغیر نقشہ پاس کرائے تعمیر کئے ہوئے ہیں۔ اگست ۱۹۵۰ء کے بعد جو اسٹال وغیرہ تعمیر کئے گئے وہ گرا دیئے جائیں گے۔

امپیریل واٹرہ میں ٹیکنیکل ٹریننگ وغیرہ کے مراکز تقریباً تین گنی بڑھا دئیے گئے ہیں۔ عنقریب ۹۱۰۰ مہاجرین کو بسانے کا کام عنقریب حکومت ہاتھ میں لے رہی ہے سب سے پہلے تقریباً بارہ ہزار مہاجرین کے لئے مارچ ۱۹۵۰ء میں مکانات وغیرہ مہیا کئے جائیں گے۔ (نگلوب)

پولیس لائن میں چوری

اطلاع ملی ہے کہ نئی دہلی پولیس لائن کا ایک سپاہی جب [illegible] اس کا بکس ٹوٹا ہوا [illegible] کپڑے وغیرہ چرائے گئے ہیں۔

پولیس کا ایک ریٹائرڈ سب انسپکٹر پولیس جو اپنا سامان ایک دوسرے صاحب کے سپرد کرکے چلا گیا تھا جب واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ وہ صاحب اس کا سامان لے کر فرار ہو گئے ہیں جس میں نقدی کے علاوہ ۳۰۰ روپے کے [illegible] اس کا مسلمان تھے۔

سائیکل سوار زخمی

علی پور روڈ پر ایک نوجوان سائیکل سوار کی ٹکر لگنے سے منہ کے بل گر گیا خیال ہے کہ اس کی ٹکر کسی بھاری ٹرک سے ہوئی تھی۔

چاندی کا سامان چوری

چاندی کا مختلف سامان جس کا وزن دو تولے بتایا جاتا ہے گلی سنگیاں کے ایک مکان سے چوری ہو گیا۔ چا۔ آئی پی ریلوے کے گودام میں رکھی ہوئی ، انولا دی، چادروں کی چوری کی اطلاع ملی ہے۔

تیار پور کے ایک سرکاری گودام سے پانچسو روپے کے زیورات چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

شریک حیات کا فرار

دہلی کے ایک ملازم نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کی بیوی دوسرے شخص کے ساتھ نقد اور سات سو روپے کا سامان [illegible] فرار ہو گئی۔

عین موقع پر گرفتار

کل گاڑی کے ایک ڈبے کی مہر توڑتا ہوا ایک شخص گرفتار ہوا۔ اور حوالہ پولیس کیا گیا۔ یہ ڈبہ ریلوے یارڈ میں کھڑا تھا۔ ایک نوجوان آدمی جس نے ریلوے پارسل آفس سے ایک پارسل لے کر بھاگنے کی کوشش کی پکڑا گیا اور پولیس کے سپرد کیا گیا۔

چلتی ٹرین میں چوری

جمعرات کو فرنٹیئر میل ایکسپریس دہلی آیا تھا اس کے ایک ڈبے کی مہر ٹوٹی ہوئی پائی گئی۔ اطلاع ملی ہے کہ کچھ سامان چرا لیا گیا ہے۔

کالکا میل میں سفر کرنے والے ایک سنترانارتھی کا ایک بکس چوری ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ اس بکس میں ایک ہزار روپے کے زیورات تھے۔

دہلی کے ایک تاجر کے دو ہزار روپے کے سامان کے پارسل بھیجے گئے تھے اطلاع ملی ہے کہ راستہ میں ان پارسلوں سے کچھ سامان نکال لیا۔

سنگھی طالب علم رہا

دہلی ایڈمنسٹریشن کے اس فیصلہ کے مطابق کہ چار سو سنگھی طالب علموں کو رہا کر دیا جائے ایک سو بارہ طالب علموں کا پہلا جتھہ کل ڈسٹرکٹ جیل سے رہا کر دیا گیا۔ باقی طالب علم جو دہلی کے علاوہ دوسرے صوبجات کی جیلوں میں ہیں دو تین دن میں رہا ہو جائیں گے۔

جیب کتروں کی گرفتاریاں

گول مارکیٹ کے بس اسٹینڈ پر ایک جیب کترے کو ایک مسافر کا بٹوہ نکالتے ہوئے گرفتار کیا گیا

فتح پوری میں ایک سرکاری ملازم کی جیب سے سو روپے اس کا شناختی کارڈ اور دوسرے کاغذات چرا لئے۔

راجہ رام نامی ایک شخص کو ۶ تولہ چرس رکھنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔

دوکان کا تالہ توڑ دیا

سبزی منڈی میں ایک دوکان کا تالہ توڑ کر ۵۰۰ روپے کا سامان چرا لینے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ قرول باغ سے بھی ایسی ہی ایک اطلاع ملی ہے جہاں سے تیار لباس کرگے سو روپے [illegible] ایک دوکان کا تالہ توڑ کر ۵۰۰ روپے لے کر چل دیئے گئے۔

گاندھی گراؤنڈ میں جلسہ

صوبہ کانگریس کے زیر اہتمام اتوار کو چار بجے گاندھی گراؤنڈ میں ایک جلسہ ہو گا جس میں سردار پرتاپ سنگھ کیرنی گیانی گورمکھ سنگھ مسافر اور ڈاکٹر سینا سنگھ وغیرہ تقریر کریں گے۔

ہند اور پاکستان کے موسم اور فصلوں کا حال

موسم کا حال

دہلی ۴ فروری۔ دسمبر کے شروع سے جنوب مشرقی مدراس کے شمالی ساحل پر بارش کم ہوئی ہے مغربی یوپی مشرقی پنجاب، مشرقی راجپوتانہ، مدھیہ بھارت بھوپال، میسور اور مالابار میں کہیں کہیں بارش کے چھینٹے پڑے ہیں آسام اور مغربی راجپوتانہ میں بارش زیادہ ہوئی ہے باقی اور کسی جگہ بارش نہیں ہوئی۔

فصلوں کی حالت

آسام اور ضلع مان بھوم کے علاوہ تمام بہار میں کھڑی فصلوں کا اندازہ اچھا ہے مشرقی پنجاب کے نہری علاقوں میں فصلوں کی حالت اوسط سے اچھی بتائی جاتی ہے اور غیر نہری علاقوں میں اوسط سے کم ہے۔ یوپی میں بارش کی سخت ضرورت ہے مدراس میں فصلوں کی حالت اطمینان بخش ہے مغربی سی پی اور برار میں ربیع کی فصلوں کی حالت اچھی بیان کی جاتی ہے اگرچہ گندم کی فصل میں کہیں کہیں کیڑا لگ گیا ہے حیدرآباد میں فصلوں کو بارش کی کمی کیڑے دل اور فصلوں کی بیماریوں سے نقصان پہنچا ہے۔ مدراس کے دو تین اضلاع کے علاوہ عام طور پر فصلوں کی حالت تسلی بخش ہے اس صوبہ کے بعض دوسری کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔

میسور میں فصلوں کی حالت تسلی بخش ہے۔ کورگ، ٹراونکور اور کوچین میں بھی فصلوں کی حالت تسلی بخش ہے پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین میں پیاز بونے کا کام شروع ہو چکا ہے بمبئی کے علاقوں میں گنے اور سبزیاں بوئی جا رہی ہیں۔ بمبئی میں ربیع کی فصلوں کے لئے تیاریاں شروع ہو چکی ہے۔ بہار میں اگہنی کے چاول کی فصل کی کٹائی تقریباً مکمل ہو چکی ہے مشرقی پنجاب میں تورا یا اور گنے سے رس نکالنے کا کام جاری ہے سی پی میں خریف کی فصل سے دانا نکالنے کا کام جاری ہے سی پی کے بعض اضلاع میں کپاس چننے کا کام شروع ہو چکا ہے۔ اس صوبہ کے زمیندار گنے سے رس نکالنے اور تور اور جوار کی فصلیں کھلیان کرنے کے کام میں مصروف ہیں۔ دکن اور کرناٹک میں دالوں اور دوسری فصلوں کے کھلیان کرنے کا کام جاری ہے بمبئی کے بعض اضلاع میں بھی تمباکو اور کپاس جمع کرنے اور گنا بیلنے کا کام شروع ہو چکا ہے میسور کے بعض اضلاع میں ابھی خریف کی فصلوں کے کھلیان کرنے کا کام جاری ہے۔

پاکستان میں موسم اور فصلوں کا حال

دسمبر کے شروع سے سندھ بلوچستان اور مشرقی پاکستان میں عموماً معمول سے کم بارش ہوئی ہے مغربی پنجاب اور صوبہ سرحد میں معمول سے زائد بارش ہوئی ہے۔ پاکستان کی حکومت نے چاول کی پہلی پیشگوئی میں ۱۹۴۹ء۔ ۱۹۵۰ء میں چاول کا زیر کاشت رقبہ ۲۰۲۵۵۰۰۰ ایکڑ ظاہر کیا گیا ہے گذشتہ سال ۲۰۲۲۹۰۰۰ ایکڑ کا اندازہ لگایا گیا تھا۔ یعنی زیر کاشت میں ۱۲ فیصدی کا اضافہ ہے فصل کی حالت اوسط ہے۔ صرف مغربی پنجاب میں سیلاب سے نقصان پہنچا ہے۔

پیر صاحب گولڑہ شریف دہلی اور اجمیر کی زیارت گاہوں میں

شرنارتھیوں کی طرف سے پرتپاک خیر مقدم

دہلی ۵ فروری۔ جمعرات کو دلی [illegible] گولڑہ شریف پاکستان کے [illegible] نے کہا۔ مجھے اس وقت بڑی خوشی ہوئی جب ہندوستان اور پاکستان کے سب بچے کھچے لوگ اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جائیں۔

پیر صاحب پہلے پاکستانی پیر ہیں جنہوں نے دہلی اور اجمیر کی زیارت گاہوں کی زیارت کی ہے۔ ان کے ساتھ ان کے بہت سے مرید بھی تھے۔ دہلی سے روانہ ہونے سے پہلے وہ راج گھاٹ بھی گئے۔ انہوں نے ہندو سکھ دوستوں سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان کی اجمیر شریف کی درگاہ میں شرکت کی ہے۔ ان کا دہلی اور اجمیر میں جس طرح استقبال کیا گیا اس کے لئے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا دونوں ملکوں میں رواداری کے جذبات ابھر رہے ہیں۔

وہ اپنے مخصوص سرحدی انداز کا لباس پہنے ہوئے تھے [illegible] ہندو سکھ مذہبی رہنماؤں کے دوست ہیں۔ ہوائی اڈہ پر ان کا ان مذہبی رہنماؤں اور ان کے نمائندوں نے استقبال کیا یہاں کچھ عرصہ وہ سردار تارا سنگھ ناداری کے مہمان رہے سردار صاحب نے پیر صاحب کے قدم رنجہ فرمانے کو اپنی عزت افزائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا پیر صاحب نے راولپنڈی میں ہندو سکھ خاندانوں کی جس طرح مدد کی ہے یہ اس کے لئے اظہار تشکر ہے۔ پیر صاحب کے مرید کربلا شریف، عراق، پاکستان اور ہندوستان میں ہیں۔ پاکستانی اقلیتیں ان کی بہت عزت کرتی ہیں ہندوستان کے ہندو ان کا بہت احترام کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے ہی ان مذہبی رہنماؤں [illegible] اور اجمیر صاحب [illegible] ہندوؤں اور سکھوں کی خواہ [illegible] کی حفاظت کی۔

راشن کے دفتر پر دھاوا

اطلاع ملی ہے کہ دو شرنارتھیوں نے روڈ و دلاں کیمپ کے ایندھن کے راشن کے دفتر پر دھاوا بول دیا، تین بوریاں ایندھن کی جو وہاں پڑی ہوا تھا اٹھا کر لے گئے۔

حد بندی کے جھگڑوں کا ٹریبونل

ہند نے نمائندہ مقرر کر دیا

نئی دہلی ۴ فروری۔ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ۱۴ دسمبر کے معاہدہ کے مطابق مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب کے درمیان اور مشرقی بنگال اور مغربی بنگال کے درمیان حد بندی سے متعلق جھگڑوں کا فیصلہ کرنے کے لئے ایک مشترکہ ٹریبونل مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے مدراس ہائی کورٹ کے ایک ریٹائرڈ جج مسٹر چندر شیکھر آئر کو اس ٹریبونل میں ہندوستان کا نمائندہ مقرر کیا ہے۔ یہ ٹریبونل تین نمائندوں پر مشتمل ہوگا۔ ایک نمائندہ ہندوستان کا اور ایک پاکستان کا ہوگا۔ تیسرے نمائندے کا انتخاب دونوں حکومتیں مل کر کریں گی۔ پاکستان نے ابھی تک اس ٹریبونل میں اپنا نمائندہ مقرر نہیں کیا۔

من چلا مسافر

ایک نوجوان آدمی جس نے نوولٹی سنیما کے قریب سے ایک تانگہ کرایہ پر لیا [illegible] گرفتار کر لیا گیا۔ اس نے تانگہ والے کو کرایہ دیے بغیر [illegible] پولیس کو [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکٹ

تیل گرہ ۳/۵۵۔ تیل السی ۵۱/۱۰۔ تیل مونگ پھلی ۴۲/-۔ کاسٹک ڈلا ۳۱/۸۔ کاسٹک ۲۱۵/۱/۱۰۔ تیل مہوہ ۲۲/-۔ تیل ارنڈی ۵۳/-۔ تیل سرسوں ۶۱/-۔ کاسٹک پی ۳۶/۴۔ سوڈا چاند ۲۸/۴۔ شارسی لال اینڈ برادرز پھاٹک حبش خاں دھلی

دہلی صرافہ مارکیٹ

دہلی ۴ فروری۔ چاندی حاضر ۱۸۰/۸۔ نیبا بازار ۱۸۲/۸۔ چاندی گنی ۱۸۳/۸۔ چاندی سکہ ۱۹۵/۸۔ سونا پانسہ ۱۱۲/-۔ وعدہ ۱۱۲/-۔ شورن ۱۱۲/۹۔ روا ۱۱۲/۱۲۔ پونڈ ۷۴/۱۲۔

دہلی غلہ مارکیٹ

گوار سفید ۱۱/۸/-۔ چھلکا ۱۴/۸/-۔ چنے ۳/۴۔ مونگ ۱۸/۸ تا ۲۲/-۔ اڑد ۱۲/- تا ۱۴/۸۔ مسور ۱۴/۴۔ مٹر ۱۲/- تا ۱۳/-۔ لوبیا سفید ۱۸/۸ تا ۲۰/۴۔ تارا میرا ۱۴/-۔ مونگ پھلی ۱۹/-۔ چنولہ دکھنی ۱۴/۸۔ جوار ۱۴/-۔ لوبیا ۱۸/-۔ ۱۹/- تل سفید ۳۳/۸۔ تلکٹ ۲۵/۸۔ کھل سرسوں ۸/- تا ۹/۸۔ کھل بنولہ ۹/-۔ بار دانہ لال دھاری ۱۱۵/-۔ [illegible]

دہلی منیاری مارکٹ

نیل فی درجن [illegible] بحساب نمبر ۴۰۔ ۳/۸/- روپے۔ نمبر ۲۰۰۔ ۳/۱۲/-۔ نمبر ۴۰۰۔ ۵/-/- روپے۔ بوٹ پالش فی درجن۔ طوطا مارکہ ۳/۱/- روپے کوبرا مارکہ ۲/۸/- روپے کیوی کلاں ۲/۸/-۔ کیوی خورد ۹/۱۲/- روپے۔ کوبرا بوتل ۹/۱۲/-۔ چیری بلاسم ۱۲/۶/-۔ درجن۔ متفرق منیاری فی درجن۔ کراؤن ناتش ۱/۱۰/۴۔ سیچکاری کانچ ۳/۴/-۔ روپے۔ بوتل آر کس کلاں ۳/۱۲/-۔ بوتل آر کس خورد ۲/۴/- روپے۔ پیاسوڈا بی ۱۱/۱۲۔ سوڈا مکس ۱۱/۱۲/-۔ اسپیشل ۷/-/- روپے۔

چندوسی مارکیٹ

گندم ۳۶/۴/-۔ چنے ۱۲/-۔ ارد ۱۸/۴۔ دال ارد ۲۰/-۔ مونگ ۱۸/۱۲۔ السی ۱۷/۱۲۔ تیل ۲۶/-۔ [illegible] گڑ نیا [illegible] روئی گٹھیں ۶/۴/-۔ ۴۲/-۔ روئی بورے ۸/۴۔ ۳۲/۸۔ ۶/۸ روپے۔

ہاپوڑ مارکیٹ کے نرخ

چاندی دھڑ کیلا بازار ۱۸۱/۱۰۔ سبزہ بازار ۱۸۱/۸۔ سونا ۱۱۲/-۔ بار دانہ جیت ۱۰۴/-۔ اپریل ۱۱۲/-۔ گڑ حاضر ۱۲/۱۰۔ چاکن کھلا بازار ۱۰/۱۵/۳۔ سبز بازار ۱۱/۹/-۔ سا کھ کھلا بازار ۹/۱۱۔ [illegible] آسدن ۵۰ من۔ شکر ۸/۱۱۔ شور گر ۳۰/-۔ کھنڈ ساری ۱۸/۱۰۔ سرسوں ۲۲/۸۔ جیٹھ کھلا [illegible] [illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ پر تبصرہ

آج کی مارکیٹ مضبوط رہی۔ گندم کی قیمتوں میں کمی کے کوئی آثار نہیں۔ البتہ کچھ اضافہ ہوا ہے۔ دوسرے اناج کی قیمت میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوئی۔ مغربی یوپی کے تقریباً تمام اہم مراکز کی حالت ایسی ہی ہے۔ چاول کی زیادہ مانگ نہیں پر بک رہا ہے لیکن سرکار کو کنٹرول نرخوں پر چاول خریدنے میں بھاری کامیابی ہوئی۔ ہذا خیال ہے کہ ربیع کے اناج کے حصول میں بھی کوئی دقت نہیں ہوگی دالوں کی مارکیٹ بھی مضبوط رہی۔ مٹر گذشتہ ہفتہ کی نسبت قدرے تیز رہا ہے تازہ ترین نرخ یہ ہیں۔ [illegible]

بازار خارش

بازار خارش رہا اور قیمتوں میں کمی بیشی نہیں ہوئی قیمت [illegible] سرسوں مارکیٹ پہلے مضبوط رہی لیکن بعد میں کچھ فرق آیا۔ جیٹھ کے سودے ہوئے ہیں۔ آج ۲۱۰۸ کے سودے [illegible] [illegible]

صرافہ مارکیٹ بھی تیز رہی۔ اس وقت کے بھاؤ [illegible]

حکومت مغربی بنگال نے انٹر ڈومینین فیصلوں پر عملدرآمد شروع کر دیا

ہند اور پاکستان کے درمیان کانفرنس کے فیصلوں کی وضاحت اور افسروں کو حکم

کلکتہ ۵ فروری (اپ) کل حکومت مغربی بنگال نے ایک پریس نوٹ شائع کیا دسمبر میں دہلی میں منعقدہ انٹر ڈومینین کانفرنس اور جنوری کے شروع میں ڈھاکہ میں منعقدہ مشرقی اور مغربی بنگال کے سکریٹریوں کی کانفرنس میں فیصلے ہوئے تھے۔ ان کی وضاحت کی ہے۔

پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اب دونوں حکومتوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اقلیتوں کی شکایات اور تکالیف دور کرنے کے لئے جلد اور فوری قدم اٹھائے جائیں اور ایسے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جو اقلیتوں کی شکایات دور کرنے میں کوتاہی کریں۔ اسی چیز کو پیش نظر رکھتے ہوئے حکومت مغربی بنگال نے اپنے حکام کو سخت اور مناسب ہدایات جاری کر دی ہیں۔

پریس نوٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اخبارات میں ایک مملکت میں دوسری مملکت کے خلاف پروپیگنڈا روکنے کے لئے سختی سے مطالبہ کیا گیا۔ اور اس کو تسلیم کیا گیا۔ اور پریس سے تعاون کی اپیل کی گئی۔

یہ بھی طے کیا کہ ایک بین الملکتی اطلاعاتی مشاورتی کمیٹی مقرر کی جائے جس میں دونوں حکومتوں کا ایک ایک وزیر دو دو افسر اور بہار اخبار کی نمائندے شامل ہوں۔

یہ کمیٹی مہینہ میں کم از کم ایک بار اپنا اجلاس کرے گی اور پریس کی سرگرمیوں پر نظر ڈالے گی جن میں کتابیں، پمفلٹوں، فلموں، نشریات اور دیگر مطبوعات پر نظر ڈالے گی۔

پریس نوٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ بھی طے کیا گیا ہے کہ اقلیتیں اپنی [illegible] کی دیکھ بھال کر سکنے والے لوگوں اور اپنے [illegible] پنڈت بڑا بیرنل یا مسٹر [illegible] کا [illegible]

مزید بسلسلہ فسادات افریقہ

لندن ۴ فروری۔ جنوبی افریقہ کے ہسنیفر نے بیان [illegible] خطرہ کا اظہار کیا کہ ڈربن کے حالیہ فسادات افریقہ میں زبردست ملی کشمکش دور کا پیش خیمہ ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک نسل پرستی کا مسئلہ ان کو دیکھا جائے ان کا خطرہ باقی رہے گا انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں یورپ سے براعظم میں کارروائی پوری جائے انہوں نے کہا ہندوستانی مہاجرین پر پابندی لگائی جا سکے اور کبھی کبھی ہندوستانیوں کو ہندوستان واپس بھیجے جانے کا مطالبہ کیا۔

غریبوں کے لئے مفت قانونی مشورہ

نئی دہلی ۴ فروری۔ آل انڈیا پیپلز لیگ [illegible] لمیٹڈ (ترقی پسند وکلاء کی ایسوسی ایشن) نے غریبوں کو مفت قانونی مشورہ دینے کے لئے دہلی میں ایک امدادی بورڈ بھی قائم کیا ہے ہندوستان میں اپنی قسم کا پہلا بیورو ہے یہ بیورو ان تمام کارکنوں اور دوسرے اشخاص کو مفت قانونی مشورہ دے گا جو قانونی مشورہ حاصل کرنے کی طاقت نہیں رکھتے ان اشخاص کو مفت قانونی مشورہ حاصل کرنے کی سہولت نہیں دی جائے گی جن پر فرقہ وارانہ سرگرمیوں میں حصہ لینے رشوت لینے یا چوری وغیرہ کا الزام لگایا گیا ہو۔

حیدرآباد کے دو مخالف کانگریسی گروپ

مصالحت کی بات چیت کٹ جائیگی

[illegible] ۳ فروری۔ حیدرآباد کانگریس کے مخالف گروپوں میں [illegible] سلسلہ گفتگو منقطع ہو گیا [illegible] [illegible]

[illegible] سردار پٹیل ایک دو دن میں اس بارے میں اپنے قطعی فیصلہ کا اعلان کرنے والے ہیں۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ خوشخط لکھیں

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف پندرہ بیس یوم میں ہی بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتے ہیں قیمت فی کتاب مع محصول ایک روپیہ پانچ کتابوں کی قیمت مع محصول تین روپے دو آنے ہے۔

لب المجربات

شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب طبیب علم دہلی کے ذاتی اور خاندانی مجربات کا لاجواب اور بیش بہا ذخیرہ ہے تقریباً سب ہی بیماریوں کے صدہا بار کے آزمودہ اور سریع الاثر نسخے بلا کم و کاست درج کئے گئے ہیں [illegible] عام فہم تشریح علامات [illegible]

پتہ:- منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں

تقریباً ۱۱۰۰ احادیث قدسیہ عام فہم اردو زبان میں ترجمہ

قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں

توحید رسالت، قرآن اور قیامت وغیرہ بیس عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی

ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جنمیں جنت کی بشارت دی گئی ہے

قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا

۸۸۴ ایسی احادیث کا ترجمہ جنمیں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنیوالوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے قیمت ۲ روپے صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۲ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

عوام کیلئے فورٹ ولیم کی سیر کی آزادی

کلکتہ ۶ فروری۔ ہندوستان کی تاریخ میں ایک مشہور مقام فورٹ ولیم کلکتہ میں ۱۹۰ سال کے بعد عام لوگوں کو داخلہ کی اجازت دے دی گئی ہے۔ اس اجازت سے فائدہ اٹھا کر کل ہزاروں مردوں عورتوں اور بچوں نے اس مشہور قلعہ کی سیر کی۔ یہ قلعہ اب تک پردہ راز میں مستور رہا تھا لیکن کل عسکری حکام نے [illegible] کے آغاز میں اس کے دروازوں کو عوام کے لئے کھول دیا ہے۔

جوہانسبرگ ۷ فروری۔ [illegible] برطانیہ کی اقتصادی [illegible] افریقہ [illegible] (اے پی ۔ اے)

مصریوں اور یہودیوں میں صلح کی گفت و شنید کی بنیادوں پر اتفاق

قاہرہ میں عرب ممالک کے مشورے شرق اردن کو شریک نہیں کیا گیا

روڈس میں اسرائیلی اور مصری فوجی افسران کی اہم کانفرنس

روڈس ۸ فروری (ایسوسی ایٹڈ پریس)

یہاں باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اسرائیلی اور مصری وفد کے نمائندے ابھی متفق ہو گئے ہیں جس کو بنیاد بنا کر مغربی فلسطین کے بارے میں صلح کی گفت و شنید شروع ہوگی۔ [illegible]

پس ماندہ ایشیائی ممالک کی ترقی کیلئے پروگرام

اقتصادی اور سماجی کونسل کے آٹھویں اجلاس میں غور کیا جائیگا

لیک سکیس ۸ فروری۔ [illegible]

مصری حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش

اسلحہ اور بارود برآمد ہوا

قاہرہ ۸ فروری۔ آج یہاں معلوم ہوا ہے کہ مصری پولیس نے دہشت پسندی کی سرگرمیوں کی روک تھام کی غرض سے [illegible]

مسٹر تمیز الدین خاں جیل میں

ڈھاکہ ۷ فروری۔ پاکستان اسمبلی کے صدر مسٹر تمیز الدین خاں نے ڈھاکہ کی مرکزی جیل میں [illegible]

روس کی جانب سے ناروے کو ایک دوسرے پر حملہ نہ کرنے کی پیش کش

معاہدۂ اٹلانٹک جنگ کی تیاریوں کا پیش خیمہ ہے

قیام امن کی جدوجہد کیلئے دعوت اور معاہدہ پر شدید نکتہ چینی

ماسکو ۸ فروری۔ [illegible]

غیر جارحانہ معاہدے بیکار ہو چکے ہیں

لندن ۸ فروری۔ [illegible]

عرب ممالک کے مشورے

عمان کی اطلاع

شام کے وزیراعظم کا بیان

پارلیمنٹ میں سوالات:

تین سو انجن امریکہ سے ہندوستان آ رہے ہیں

گجرات، سوراشٹرا اور اجمیر مارواڑ میں قحط

نئی دہلی ۸ فروری۔ آج دستور ساز اسمبلی میں مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے [illegible]

بامن گھاٹی (اڑیسہ) میں آدی باسیوں نے گڑبڑ مچانی شروع کر دی

حکومت اڑیسہ نے فوجی پولیس تعینات کر دی۔ آدی باسی لیڈر گرفتار

[illegible]

گاندھی جی کے قتل کی سازش

دو مفرور ملزم گرفتار

[illegible]

چینی حکومت آخری وقت تک مقابلہ کرے گی!

غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈالنے کے لئے تیار نہیں

وزیراعظم چین کا اعلان

کینٹن ۷ فروری۔ چین کے وزیراعظم ڈاکٹر سن فو نے اعلان کیا ہے کہ حکومت کسی حال میں بھی غیر مشروط اطاعت کیشی پر رضا مند نہیں ہو سکتی۔ اگر کمیونسٹ مناسب اور مساوی شرائط پر مفاہمت کے لئے تیار نہیں ہیں تو چین کی قومی حکومت آخری لمحہ تک جنگ جاری رکھے گی۔ حکومت تحریری جنگ کو حوالہ کر دینے ایسی شرائط کو کسی صورت میں بھی منظور نہیں کر سکتی۔

ڈاکٹر سن فو نے اپنے موجودہ منصب پر [illegible]

ڈاکٹر سن فو نے ان افواہوں کی تردید بھی کی ہے کہ چین کے باشندوں کے مختلف طبقات میں اختلاف رائے موجود ہے یا قائم مقام صدر لی سنگ جین نے انہیں علیحدہ کر دینے کی دھمکی دی ہے۔ انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا ہے کہ ابھی تک حکومت کا صدر مقام نان کنگ ہی ہے لیکن دفاتر کو کینٹن منتقل کر دیا گیا ہے۔

آج کابینہ کا ایک اجلاس نان کنگ میں منعقد ہوگا کیونکہ اٹھارہ وزرا میں سے اس وقت نان کنگ میں بارہ وزرا موجود ہیں۔

حکومت کے طیاروں نے کل نان کنگ اور شنگھائی کی طرف بڑھتی ہوئی کمیونسٹ افواج پر ایسے اشتہارات پھینکے ہیں جن کا عنوان یہ ہے کہ — آپ جنگ کرنے پر کیوں مصر ہیں؟ — ان اشتہارات میں زیریں دریائے یانگ زی کی وادی میں رہنے والے باشندوں سے [illegible] اور ان میں کمیونسٹوں کو انتباہ کیا گیا ہے کہ [illegible]

کومن تانگ کے نقصانات کا اندازہ

لندن ۷ فروری۔ گذشتہ شب کو ماسکو ریڈیو نے چینی کمیونسٹوں کے ایک اعلان کو نشر کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گذشتہ ڈیڑھ سال کے عرصہ میں کومن تانگ کے ۴۵ لاکھ سپاہیوں کو جنگ کی بدولت کسی نہ کسی نقصان پہنچا ہے۔ ان میں سے بیشتر [illegible] ۲۲۹۳۰۰۰ سپاہیوں اور افسروں کو گرفتار کیا ہے جن میں ۷۹ جنرل [illegible]

راجکوٹ میں ہڑتال ختم

راجکوٹ ۷ فروری۔ [illegible]

انسانوں کی آبادی کے بعد مکانوں کا تبادلہ

ہند اور پاکستان کا عجیب و غریب فیصلہ

(حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی)

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد دونوں ڈومینیوں میں جو کچھ ہوا اور دونوں ملکوں کے باشندوں نے اپنے اپنے اخلاق کا جو مظاہرہ کیا وہ محتاج بیان نہیں [illegible]

سندھ میں عارضی حکومت کا قیام۔ وزیراعظم پیر الہی بخش کا استعفیٰ

جی ایم سید کی انتخابی عذر داری کا شاخسانہ۔ پیر صاحب اسمبلی کے بھی ممبر نہیں رہے

کراچی ۵ فروری۔ کل گورنمنٹ ہاؤس سے ایک کمیونک شائع کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ٹریبونل کی تحقیقات پر جو قاضی محمد اکبر کے خلاف مسٹر جی ایم سید کی پٹیشن پر بنایا گیا تھا [illegible]

عارضی حکومت

ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کا بیان ہے کہ [illegible]

مصری اور اسرائیلی نمائندوں کی بات چیت شروع ہو گئی

دوسری عرب حکومتوں کی طرف سے ابھی جوابات موصول نہیں ہوئے

روڈس ۸ فروری۔ [illegible]

یہ لڑکا کس کا ہے؟

مولوی عبداللطیف صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ [illegible]

پاکستان کی جانب سے صلح کی پابندی

چھ ہفتہ تک عمل درآمد ممکن نہیں!

راولپنڈی ۵ فروری۔ پاکستانی فوجوں کے ہیڈکوارٹر کا خیال ہے کہ چھ ہفتہ تک باقاعدہ طور پر کشمیر میں عارضی صلح کا اعلان نہ کیا جا سکے گا [illegible]

متسیہ یونین کو صوبہ یوپی کے اندر مدغم کیا جائے

یونین کے عوام کا پرزور مطالبہ۔ الور کے جلسہ میں تقریریں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[illegible]

پاکستان کی موجودہ مالی حالت اطمینان بخش ہے

پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ کے اجلاس میں صنعتی ترقی کے بارے میں غور و خوض

کراچی ۵ فروری۔ کل یہاں پر پاکستان پلاننگ کمیٹی کا سہ روزہ اجلاس ختم ہو گیا۔ اس میں موجودہ ٹیکسوں کے طریقوں کو اس بات کا ذمہ دار بتایا کہ اس کی وجہ سے صنعتی ترقی کے لئے سرمایہ نہیں لگایا جا رہا ہے۔ مزدوروں کے نمائندوں کی جانب سے اس بات کا یقین دلایا گیا کہ مزدور پاکستان کی مضبوطی اور ترقی کے لئے پوری طرح پر تعاون کریں گے۔

[illegible]

پاکستان میں کوئلہ

نواب بھوپال دلی آ رہے ہیں

ادغام کے سلسلہ میں بات چیت کرینگے

پاکستان میں برطانیہ کا وزیر

میوات پنچایت کی طرف سے

مہاتما جی کو خراج عقیدت

کیا آپ جانتے ہیں

ضرورت ہے

[illegible]

انڈو پاکستان پراپرٹی ایجنٹس

۳۰ پریم ہاؤس۔ کناٹ پلیس

نیو دہلی

فون نمبر ۷۴۸۸

انڈیا اور پاکستان میں ہمارے دفاتر ہیں۔ اور دونوں ڈومینینوں میں تعلقات رکھتے ہیں۔ جائداد کی فروخت۔ خرید۔ باہم تبادلہ۔ منتقل کرنا وغیرہ کا کام ہمارے سپرد کیجئے۔ [illegible]

اردو ہندی ٹیچر

مصنفہ جناب لکشمی چند داس ایم اے

[illegible]

بھارت پستک بھنڈار

۱۴/۶ جی بی روڈ۔ دہلی

لانڈری کھولیں

[illegible]

رسالہ روزگار (5) نئی دہلی

نئی ایجاد

[illegible]

ہندی سیکھو

[illegible]

فرینڈز ہاؤس (۷) اجمل خاں روڈ۔ قرول باغ دہلی

نظام حیدرآباد نے اپنی صرفِ خاص کو حکومت کے حوالے کر دیا

ایک پریس کانفرنس میں فوجی گورنر کا اعلان

لائق علی وزارت کے ممبروں کے خلاف انفرادی طور پر مقدمات چلیں گے

کمیونسٹوں کو ختم کرنے کے لئے برابر کارروائی کی جارہی ہے

حیدرآباد ۷ فروری۔ ایک پریس کانفرنس میں حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری نے اعلان کیا کہ نظام اپنی نجی جاگیر جسے صرفِ خاص کہا جاتا ہے حکومت کے حوالے کرنے کے لئے رضامند ہو گئے ہیں۔ فوجی گورنر نے کانفرنس میں نظام کا فرمان پڑھ کر سنایا جس میں کہا گیا ہے کہ اور انہوں نے اس مطلب کا ایک فرمان جاری کر دیا ہے جس میں نظام صاحب لکھتے ہیں کہ چونکہ زمانہ بدل گیا ہے اور صرفِ خاص میں نظم و نسق کی ضروریات کے پیشِ نظر اور ساری ریاست میں ایک سا بندوبست کرنے کے لئے میں نے کچھ ایسا انتظام کیا ہے کہ صرفِ خاص کا کنٹرول بھی اسی ریاست کے ہاتھ میں دے دیا ہے جیسے دیوانی کا ہی حصہ ہو۔ فرمان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ صرفِ خاص کے نظم و نسق میں جو لوگ ملازم ہیں وہ بدستور ملازم رہیں گے۔

نظام کو کیا ملے گا؟ اس بارے میں ملٹری گورنر نے کچھ نہیں بتایا لیکن صرفِ خاص کی آمدنی کا اندازہ تین کروڑ روپیہ سالانہ ہے اور دیوانی انتظام میں آنے کے بعد اس کی آمدنی میں اور اضافہ کا امکان ہے۔

جنرل چودھری نے بتایا کہ ریاست میں جاگیروں اور ... کے انتظامات میں تبدیلیاں کرنے کے ...

بارِ یسال کانگریس کمیٹی کا گورنر جنرل پاکستان کو کھادی اور چرخہ کا تحفہ

ترقی و تعاون کیلئے گورنر جنرل کی اپیل اور تقسیم کے بعد تقسیم کو منصوبہ کا اُٹھا

باریسال ۷ فروری۔ کل خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے یہاں پر تیسرے پہر ایک سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے ضلع کے لوگوں کو خوشگوار تعلقات رکھنے پر مبارکباد دی۔ بعض معاملات میں مسلم لیگ اور کانگریس کا تعاون و اشتراک مستقبل کے لئے نیک فال ہے آپ نے کہا کہ آپ سب پاکستانی ہیں اور آپ کو اپنے ملک کی ترقی میں باہمی تعاون سے ایک اہم پارٹ ادا کرنا ہے۔

آپ نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے وسیع قدرتی ذرائع کے پیشِ نظر ... جس طبقہ سے وہ تعلق رکھتا ہے اور جو کچھ وہ کاروبار، تجربہ، تجارت وغیرہ ...

سے غلہ منگایا جائے اور کراچی سے باقاعدہ جہازرانی کے یہاں پہنچنے کا انتظام کیا جائے اس کے بعد باہر سے آنے والے اور مقامی چاولوں سے حکومت اس بات کی امید رکھتی ہے کہ باقاعدہ سپلائی ہوتی رہے گی اور وہ ہفتوں کے ...

خواجہ ناظم الدین نے کہا کہ اس بات کی پوری کوشش کی جارہی ہے کہ چٹاگانگ کی بندرگاہ کو ترقی دی جائے لیکن اس میں بعض مشکلات حائل ہیں۔ ...

حضرت یسوع مسیح کے مقدمہ پر دوبارہ غور کیا جائے گا

ڈچ پادری کی اسرائیل سے درخواست

یروشلم ۶ فروری۔ ایک ڈچ پادری نے جس نے اسرائیل کے چیف جسٹس کو درخواست دی ہے کہ حضرت یسوع مسیح کا مقدمہ دوبارہ شروع کیا جائے یہ تجویز کیا ہے کہ یہودیوں کے ۷۰ مذہبی رہنماؤں پر مشتمل ٹریبونل "سنہڈرین" نے مسیح کو سزائے موت دی تھی۔ اس تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے یہودی پادری ڈاکٹر ہرزنگ نے کہا ہے کہ یسوع مسیح کو سزائے موت دینے والے رومن تھے نہ کہ یہودی۔ آپ نے مزید کہا ہے کہ رومن گورنر پونٹیس پائلیٹ جس نے حضرت یسوع مسیح کو صلیب پر چڑھانے کا حکم دیا تھا یہودی قانون کی حد سے باہر ہے۔

ابھی تک اسرائیلی سپریم کورٹ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا اور ڈچ پادری کی طرف سے مزید شہادت کا انتظار کیا جارہا ہے۔

قاسم رضوی کی حالت خراب ہو گئی

پونہ ۷ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ سید قاسم رضوی پر مرض کا ہلکا حملہ پھر ہوا تکلیف اور حرارت بھی بڑھ گئی۔ آپریشن سے وہ اب بھی انکار کر رہے ہیں قاسم رضوی کو التہاب زائدہ کی شکایت ہے۔

المونڈہ میں بھی برف پڑی

المونڈہ ۷ فروری۔ ... اس سال کی پہلی برف باری ہوئی۔ ... پہاڑیوں میں لگاتار تین دن تک بارش ہوئی۔ ...

مسوری میں اولہ اور برف

مسوری ۷ فروری۔ اولہ باری کے بعد رات کو مسوری میں ۲ انچ برف پڑی ...

مشترکہ کابینہ کا امکان نہیں

ٹوکیو ۷ فروری۔ جاپان کے وزیر اعظم شگیرو یوشیدا نے ڈیموکریٹک لیڈر مسٹر ... سے ملنے سے انکار کر دیا اس طرح جاپان میں مشترکہ وزارت بننے کے امکانات ختم ہو گئے۔

پاکستان کی اقلیتیں وہی رسم الخط سیکھ سکتی ہیں جس میں ان کی مذہبی کتابیں ہیں

تعلیمی مشاورتی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کے وزیر تعلیم کی تقریر

کراچی ۷ فروری۔ پاکستان کے وزیر تعلیم مسٹر فضل الرحمٰن نے تعلیمی مشاورتی بورڈ کے دوسرے اجلاس میں اس بات کا اعادہ کیا جو انہوں نے پاکستان تعلیمی کانفرنس کے موقع پر کہی تھی۔ آپ نے کہا کہ پاکستان کے نظام تعلیم کو اسلامی فلسفے سے فیض حاصل کرنا چاہیئے جو عالمگیر بھائی چارہ، انصاف اور مساوات کے اصولوں پر مبنی ہے۔ آپ نے کہا کہ ہم نے پاکستان کی جدوجہد اس لئے کی تھی کہ ہم سب کے لئے مساوات حاصل کر سکیں۔ اسلام دنیا کے لئے عالمگیر اخوت اور مساوات کا پیغام لایا ہے۔

رسم الخط کا مسئلہ

مسٹر رحمان نے رسم الخط کی پیچیدگیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں مسلمانوں کے لئے ...

آپ نے کہا کہ ہماری آبادی کا تقریباً دس فیصدی طبقہ تعلیم یافتہ ہے۔ باقی نوے فیصدی کے لئے یہ بات کوئی معنی نہیں رکھتی کہ رسم الخط عربی ہے یا کیا۔ البتہ ... تعلیم زیادہ پھیلے گی اگر رسم الخط آسان اور سادہ ہوگا۔

... جرمن کلچر اور برتری حاصل کی اور مشرقی تہذیب و تمدن تاریکی میں پڑ گیا۔ ان مشکلات پر قابو پانے کے لئے سب سے پہلا کام تو یہ کیا جانا ہے کہ ہم نصاب تعلیم کو بدل دیں ورنہ تمام زبانی باتیں بیکار رہیں گی۔

آپ نے کہا کہ یہ بات بہت ضروری ہے کہ دنیا کے پس منظر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ہند اور پاکستان کے برصغیر کی تاریخ از سرِ نو مرتب کی جائے۔ ایک قومی تاریخ کی ترتیب کے لئے یہ ضروری ہے کہ بہترین ماہرین تاریخ کی خدمات حاصل کی جائیں اور وہ مرکزی حکومت کی زیر نگرانی تاریخ مرتب کریں۔

تل ابیب میں برطانوی سفیر

لندن ۷ فروری۔ برطانوی دفتر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ کے اسرائیل کو عارضی طور پر تسلیم کرنے کے بعد برطانیہ کے تل ابیب کے سفیر مسٹر ... کے بطور تل ابیب میں برطانوی نمائندہ مقرر کیا گیا ہے۔ ...

کانگریس کا سپاسنامہ

پاکستان لیبر کانفرنس

شملہ میں زبردست برف باری

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

یہ خدمات جواہر ہوٹل والے ہی پوری کر سکتے ہیں۔ جہاں آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیر، گردہ، بریانی، مال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، پائے، انڈا، کیک وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔
بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے
جواہر ہوٹل
پروپرائٹر شیخ اللہ دا لا۔ بازار جامع مسجد دہلی

AMICOTONIC
امیکوٹانک
کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
نامردی، لاغریٔ جسم، کمزوریٔ دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے
امیکوطلاء
ملنے کا پتہ:- این اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مرادآباد کے ہمدردانِ ہمدرد کو اطلاع
ناظم ایجنسی ہمدرد دواخانہ دہلی
محلہ مفتی، بالمقابل عبدالسلام گرلز اسکول
مرادآباد

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں
جیون
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے
طلا نمبر ۲۰
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہر پیدا ہو جاتی ہے اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے
تصدیق
آپ کی جیون ہر مایوس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوئی۔
حکیم رام سروپ از کسرتپور (بجنور)
ملنے کا پتہ:- دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۹ فروری سنہ ۱۹۴۹ء

ایک زبان ایک کلچر

ہم گزشتہ اشاعت میں ٹنڈن جی کے اس الزام کی حقیقت واضح کر چکے ہیں کہ چونکہ جمعیۃ علماء زبان اور کلچر کے مسئلہ پر مسلمانوں کو متحد کرنا چاہتی ہے، اس لئے وہ فرقہ پرست ہے، حالانکہ اول تو دستور ساز اسمبلی سے ہر طبقہ کو اپنے تمدن اور زبان کی حفاظت کا حق حاصل ہو چکا ہے، دوم جہاں تک ایک زبان اور ایک کلچر کا تعلق ہے جمعیۃ علماء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں، زبان ایک ہو مگر مشترک تہذیب ایک ہو مگر ملی جلی، کیونکہ ایک ہزار سال کے میل جول نے ہندو مسلمانوں کے علوم و فنون، افکار و خیالات، رسوم و عوائد، زبان اور رہن سہن کے طور و طریق کو اس طرح آپس میں گوندھ دیا ہے کہ انہیں کوئی جدا کرنا چاہے بھی تو نہیں کر سکتا، اور آج جس چیز کا نام ہندوستانی تہذیب اور ہندوستانی زبان ہے اس سے مراد وہی مشترک ورثہ ہے جسے ہندو مسلمان کے عنوان فکر اور نقطۂ نظر کا مرکب اور ان کی مشترک مساعی کا خلاصہ کہنا چاہیئے۔ افسوس ہے کہ ٹنڈن جی نے جمعیۃ علماء پر ثبوت کے بغیر ہی الزام لگا دیا، اور یہ نہ سوچا کہ وہ اس انداز فکر کو اختیار کر کے اپنے اوپر ظلم اور دوسروں کے ساتھ ناانصافی کر رہے ہیں۔

چونکہ ٹنڈن جی کا الزام جمعیۃ علماء کے خلاف ایک ناروا جسارت ہے اس لئے لکھنؤ کے معاصرین نے اس پر خاص طور سے اپنی توجہ مبذول کی معاصر تنویر نے اس پر ...

جمعیۃ علماء تھی! کیا آپ جمعیۃ علماء کی قربانیوں اور سرفروشیوں سے بے خبر ہیں؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جمعیۃ علماء مقدور بھر دو قومی نظریہ کے مہلکات اور نتائج سے مسلمانوں کو آگاہ کرتی رہی ہے؟ اگر وہ باخبر ہیں تو انہیں سمجھنا چاہیئے کہ جمعیۃ علماء کی یہی پوزیشن ہے جس پر ہمیں اور ٹنڈن جی کو فخر کرنا چاہیئے، اگر کوئی شخص کانگریس کو فرقہ پرست بتانے لگے تو کیا کانگریس کے لئے ضروری ہو جائے گا کہ وہ اپنی پوزیشن صاف کرنے میں لگ جائے! ٹنڈن جی ایک نہیں ہزار بار جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست قرار دیں اور بے ثبوت جو چاہیں کہیں جمعیۃ علماء کو اتنی مہلت کہاں کہ وہ خواہ مخواہ کی اُلجھنوں میں پھنسے اور ٹنڈن جی سے ذہنی کشتی اور مناظرہ بازی کی طرح ڈالے۔

معاصر محترم کا یہ کہنا سر آنکھوں پر کہ جمعیۃ علماء یہ بات بھی صاف کر دے کہ "ٹنڈن جی کی طرح وہ ہمیشہ اس بات کو مانتی چلی آئی ہے کہ ہندوستان کا کلچر اپنی رنگارنگی کے باوجود ہمیشہ ایک رہا ہے۔" ہم فی الحال اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتے کہ کلچر کسے کہتے ہیں وہ کس نقطۂ نظر کا نتیجہ ہوتا ہے، اس کے عملی مظاہر کیا ہیں اور اسلام میں تہذیبی اجزا کو اپنانے اور اس پر اپنا رنگ چڑھانے کی کس حد تک قابلیت ہے مسلمانوں نے دوسروں کے کلچر پر کیا اثر ڈالا ہے ہم اصولاً اس بات سے متفق ہیں کہ ہندوستان کا مشترک کلچر اور مشترک زبان ہونی چاہیئے، جمعیۃ علماء نے کبھی نہیں ...

... کس طرح صاف کرے، جمعیۃ علماء ٹنڈن جی جیسے بزرگوں کی خیمہ برداری کے لئے پیدا نہیں ہوئی اور نہ اس کے لئے یہ زیبا ہے کہ وہ خواہ مخواہ دوسروں کی ناز برداری کرے! کیا ٹنڈن جی جمعیۃ علماء کی تاریخ سے واقف نہیں؟ کیا وہ نہیں جانتے کہ دس سال تک جس جماعت نے مسلم فرقہ پرستی کا مقابلہ کیا وہ ...

... کہا جاتا ہے کہ اپنی صفائی پیش کرے اور ٹنڈن جی کے ارشاد کی لاج رکھ لے؟ نہیں، امید ہے کہ محترم ٹنڈن جی آئندہ اپنے بلند دماغ کی پگڈنڈی کو ہموار کرنے کی ضرور کوشش کریں گے اور ثبوت کے بغیر کوئی بات منہ سے نکال کر ہمیں شرمندہ ہونے کا موقع نہ دیں گے۔

اچھی باتیں

منیبین الیہ۔ تا۔ فرحون۔
(پ ۲۱ ع ۷)

گناہوں سے تائب ہو کر اللہ کی طرف رجوع کرو اور تقویٰ پیدا کرو اور نماز سے غافل مت ہو اور مشرک نہ بنو اور ان لوگوں کی راہ اختیار نہ کرو جنہوں نے دین میں تفریق پیدا کر دی اور گروہ بندی میں پڑ گئے، اور بات تو یہ ہے کہ ہر گروہ اپنی جگہ مگن ہے۔

دنیا کا وہ کونسا درس ہے جو ان آیات میں نہیں دیا گیا؟ بری باتوں سے پرہیز کر کے خدا کی طرف رجوع کرو۔ وہی کارساز بگڑی کو بنائے گا۔ اور اسی کی جناب سے عمل اور حرکت کی توفیق نصیب ہوگی خدا کی طرف رجوع کرنے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہارے اندر تقویٰ کی روح پیدا ہو جائے گی اور تمہارے عمل میں ایسا نکھار پیدا ہو جائیگا کہ لوگ تمہاری طرف کھنچنے لگیں گے مگر اس رجوع اور تقویٰ کی علامت نماز ہے نماز سے غافل مت رہو یہی چیز تمہارا بیڑا پار لگائے گی اور شرک سے بچتے رہو کیونکہ اسلام شرک کے خلاف ایک کھلا چیلنج ہے اور دیکھو دین الٰہی میں گروہ بندی کا فتنہ کھڑا کر کے دین میں تفریق پیدا نہ کرنا ورنہ تم اپنی پارٹی بازی میں مست ہو کر رہ جاؤ گے اور دین کی روح گم ہو جائے گی مسلمان سن رہے ہیں کہ ارشاد الٰہی کیا ہے۔

گاندھی جی کا مقدمہ قتل

جمعرات کو فیصلہ سنایا جائے گا

دہلی ۷ فروری۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ جمعرات ۱۰ فروری کو ساڑھے گیارہ بجے لال قلعہ میں گاندھی جی کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنایا جائے گا۔ عدالت میں صرف وہ لوگ جا سکیں گے جن کے پاس پاس ہوں گے۔ پاس والے ... اپنی نشست پر پہونچ جانا چاہیئے۔ اس کے بعد کسی کو بھی آنے نہ دیا جائیگا۔ تمام لوگوں کی تلاشی لی جائے گی۔ کسی شخص کو فوٹو کیمرہ نہیں لانے دیا جائے گا۔ عورتوں کو اپنے پرس اپنے ساتھ نہیں لانے چاہئیں۔

یوپی میں چمڑے کے تاجروں کو پریشانی

لکھنؤ ۵ فروری (بذریعہ ڈاک) یوپی میں کچے چمڑے کا کام کرنے والے پریشانی میں مبتلا ہیں۔ سیل ٹیکس سے تو اسے مستثنیٰ رکھا گیا ہے لیکن اس استثنیٰ کے لئے ایک لیسنس حاصل کرنے کی وجہ سے انہیں کافی دقتیں ہو رہی ہیں۔ ...

آل انڈیا جمعیۃ علماء کا سالانہ اجلاس

صدر جمعیۃ علماء یوپی کی اپیل

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مولانا شاہد فاخری صدر جمعیۃ علماء یوپی تحریر فرماتے ہیں کہ آل انڈیا جمعیۃ علماء کا سالانہ اجلاس ... مارچ کے آخر یا اپریل کے شروع میں لکھنؤ میں ہوگا ...

اسرائیل کا قافلہ

حکومت مصر اور اسرائیل کے درمیان روڈس میں صلح پر بات چیت ہو رہی ہے اگرچہ ابھی اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا متحدہ اقوام کے ثالث ڈاکٹر بنچ نے چھ عرب ریاستوں سے درخواست کی ہے کہ وہ اس گفت و شنید میں حصہ لیں اور صلح کی شرائط کو پایۂ تکمیل تک پہنچائیں شام اور لبنان نے اس دعوت کو منظور کر لیا ہے امید ہے کہ باقی ریاستیں بھی منظور کر لیں گی، لوگ سمجھتے ہیں کہ اگر روڈس کی یہ کانفرنس کامیاب ہو گئی تو عرب اور اسرائیل میں جنگ نہیں ہوگی مگر یہ خیال صحیح نہیں ہے، جناب اور کانفرنسوں کی مستقل مصیبت عربوں کے سر آپڑی ہے، آئندہ وہ اسی میں اُلجھے رہیں گے کہ کانفرنسوں پر کانفرنسیں کریں اور جنگ دپیکار کی مصیبت مول لیں، روس اسرائیل کو شہ دیتا رہے گا تاکہ مشرق وسطیٰ سے امریکن اقتدار اٹھ جائے، امریکہ اسرائیل کو امداد دے گا کہ وہ روس کے نفوذ کو آگے نہ بڑھنے دے، نتیجہ یہ ہوگا کہ عرب اور ان کی ریاستیں چکی کے دو پاٹوں میں پستی رہیں گی اور اسرائیل کے نت نئے مطالبات انہیں ہوش میں نہ آنے دیں گے، کانفرنسیں منعقد ہوں یا جنگ چھڑے اسرائیل کا قافلہ چلتا رہے گا۔

فلسطین کے چار اہم مسائل

عمان ۷ فروری۔ فلسطین کے لئے اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کا ہیڈکوارٹر توقع ہے کہ جزیرہ روڈس میں بنایا جائے گا ... ڈاکٹر بنچ کی زیر صدارت معاہدۂ امن ہو سکتا ہے لیکن اس امید افزا ماحول میں امریکہ کو بھولنا چاہیئے کہ ... چار اہم مسائل کا حل کیا جانا ضروری ہے (۱) یروشلم کا مستقبل (۲) ۵۰۰۰۰۰ عرب پناہ گزینوں کی واپسی اور ان کا پھر سے بسایا جانا۔ ان پناہ گزینوں میں سے بیشتر کے شہر اور قصبے یہودیوں کے قبضہ میں ہیں۔ جہاں وہ یورپ سے آنے والے یہودیوں کو بسانے کی تجویز کر رہے ہیں (۳) عرب اور یہودی سرحدوں کا مقرر کیا جانا اور (۴) نجب کا مستقبل، اس شہر پر آجکل اقوام متحدہ کے احکام کے باوجود یہودیوں کا قبضہ ہے۔

شاہ ایران کو حادثہ

تودے پارٹی کے کسی ممبر نے شاہ ایران پر گولی چلائی مگر وہ بال بال بچ گئے، حکومت ایران کو یقین ہے کہ اس حادثہ میں کمیونسٹوں کا ہاتھ ہے، کیونکہ یہ پارٹی روس کے ہاتھوں میں کھیل رہی ہے، اس حادثہ سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ایران میں کمیونزم کی رفتار کیا ہے، اور وہاں انقلاب کی تیاریاں کس نہج پر ہو رہی ہیں، اگرچہ اس حادثہ کے بعد تودے پارٹی کو خلاف قانون قرار دیدیا گیا ہے مگر یہ اصل مرض کا کوئی مؤثر علاج نہیں، علاج یہ ہے کہ حکومت ایران اپنے مسائل کو اپنے ماحول میں سوچے اور عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے اپنی معاشی حالت پر نظر ثانی کرے، روس ایران کا پڑوسی ہے جو تیل کی سرزمین میں امریکن اقتدار کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے، اگر ایران کو کچھ دنوں اور امریکہ کی سرپرستی حاصل رہی تو خدا معلوم کیسے کیسے انقلاب رونما ہوں گے، اگر ایران کو کسی بڑے انقلاب سے بچنا ہے تو اس کا کام یہ ہے کہ اپنی سرزمین سے امریکن اثرات کو زائل کرے اور اپنے ماحول کو اپنا دوست بنائے، عوام کی مشکلات کو حل کرنا اور زندگی کے وسائل کو عام کر دینا ہی ہر انقلاب کا مؤثر علاج ہو سکتا ہے۔

مکتوب لندن

تقسیم فلسطین ـ اسرائیل کا قیام ـ عربوں کی پھوٹ

برطانیہ کی سازش ـ اقوام متحدہ کا فریب

(ہمارے نامہ نگار خصوصی چودھری اکبر خاں کے قلم سے)

جانتے ہیں اس بت بے پیر کے مکر و فریب
حیف کہ جور و ستم پھر بھی ترا منظور رہے

موجودہ صدی کے آغاز میں جرمنی نے اس قدر سیاسی اور اقتصادی قوت حاصل کر لی تھی کہ اس کا شمار بڑی طاقتوں میں ہونے لگا۔ سلطنت عثمانیہ اپنی زندگی کی ٹمٹماتی شمع کی بقا کے لئے ایک عرصہ سے برطانیہ کی مرہون منت تھی جرمنی کے زیر اثر ہونی شروع ہوئی قیصر ولیم ثانی کی گرمجوشیاں بین الاقوامی سیاست میں رنگ لانے لگیں۔ برلن نے باب عالی سے استنبول سے بصرہ تک ریلوے بنانے کی اجازت حاصل کر لی۔ انگلستان کو اپنی سلطنت اور خاص کر ہندوستان کو قبضہ میں رکھنے کا فکر دامنگیر ہوا۔ حکومت برطانیہ نے ترقی پذیر جرمن قوم سے سمجھوتہ کرنے کی ہر چند کوشش کی۔ مگر اس امر میں کچھ کامیابی نظر نہ آئی۔ یہاں تک کہ کمزور پرتگال کے افریقی مقبوضات کو قیصر کے جارحانہ منصوبوں پر بھینٹ چڑھانے تک کی سازش کی گئی ...

محاذ پر یہودی سپاہیوں نے ایشیائی حملہ آوروں کو پیچھے ہٹا دیا۔ یہی عراقیوں پر گذری۔ المختصر اسرائیلی فوجوں نے اکیلے اکیلے عرب ملکوں پر اپنی طاقت سکہ بٹھا کر ان کو گفت و شنید پر مجبور کر دیا۔

فلسطینی مہم سے یہ واضح ہو چکا ہے کہ اسرائیل عرب ممالک سے کہیں زیادہ طاقتور ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کی پشت پر دنیا کی متمول یہودی قوم ہے جو اسے روپیہ اور طرح طرح کے سامان ضروریات کی مدد دیتی رہی ہے ...

بین الاقوامی بنک مشن کے ممبر یوپی میں

لکھنؤ ۵ فروری (بذریعہ ڈاک) آجکل بین الاقوامی بنک مشن کی ایک ممبر مسٹر ایس پی کرافٹ یوپی کا دورہ کر رہے ہیں تاکہ یہاں کے صنعتی زراعتی اور رفاہی حالات سے واقفیت حاصل کریں۔ مسٹر کرافٹ پرسوں ہوائی جہاز کے ذریعہ دہلی سے لکھنؤ آئے اور کل کانپور گئے وہاں سے وہ اتوار کی صبح کو کلکتہ روانہ ہو جائیں گے۔ لکھنؤ میں آپنے وزیر اعظم پنڈت پنتھ سے ملاقات کی اس کے علاوہ مسٹر کرافٹ نے مسٹر گوپال کرشنا فنانس سکریٹری مسٹر بھگوان سہائے فوڈ کمشنر اور مسٹر ... سے زراعت سے بھی تبادلہ خیالات کیا۔ یہ مشن ہندوستان میں حکومت ہند کے اس تجویز کے ماتحت آیا ہوا ہے جو اس نے یوپی کی ترقیات کے منصوبوں کے لئے بین الاقوامی بنک سے قرضہ کے لئے کی ہے تاکہ یوپی کی صحیح حالات کا اندازہ لگائے۔ (ان س)

جانسی میں گاندھی جی کی برسی

۳۰ جنوری۔ بوقت ۷ بجے شب جمعیت علماء جانسی کا تعزیتی جلسہ مہاتما گاندھی کی برسی کے سلسلہ میں منعقد ہوا جس میں مرحوم کے حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے مہاتما جی کے پروگرام کو کامیاب بنانے کی غرض سے ہندو مسلم اتفاق پر زور دیا گیا اور امن سلامتی کے ساتھ رہنے کی تلقین کی ...

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم ہدایات خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کا وفد گودھرے میں

بمبئی ۴ فروری (بذریعہ ڈاک) مسلمانان گودھرا کی خواہش پر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی جانب سے ایک وفد گودھرے گیا۔ وفد میں جناب مولانا عبدالعزیز صاحب بہاری، مولانا عبدالواحد صاحب دہلوی، جناب حافظ علی بہادر صاحب شریک تھے۔ ۳۰ جنوری کی صبح کو یہ وفد گودھرے پہونچا اسٹیشن پر جناب مولانا مدنی صاحب اور دیگر معززین شہر نے وفد کا استقبال کیا ارکان وفد [illegible] مکانات خاک کا ڈھیر بنے پڑے ہیں اس میں ہندو اور مسلمانوں کے بھی [illegible]۔ وفد نے مقامی کانگریس کمیٹی کے سکریٹری اور ضلع کانگریس کمیٹی کے صدر اور سکریٹری سے ملاقات کی اور تبادلۂ خیالات کیا ہندو اور مسلمانوں کے آئندہ تعلقات کو خوشگوار بنانے پر غور کیا گیا۔ دوپہر کے بعد سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس سے ملاقات کی سارا گودھرا ان کی تعریف کر رہا تھا۔ نہایت نیک سیرت اور مسلمانوں کے ہمدرد ہیں اس وقت جو مسلمان معمولی تعداد میں وہاں ہیں وہ ان کے حسن سلوک کا نتیجہ ہے [illegible] ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] سے ملاقات کی یہ بھی نہایت تپاک کے ساتھ ملے اور مسلمانوں کی جائز شکایات پر غور کرنے کا وعدہ فرمایا رات کو ۹ بجے ایک عام جلسہ منعقد ہوا جس میں مولانا مدنی صاحب نے ارکان وفد کا تعارف کرایا [illegible] اس کے بعد مولانا عبدالواحد صاحب نے ایک مبسوط تقریر فرمائی مسلمانوں کو باہمی اتحاد اور اعتماد [illegible] کے ساتھ آئندہ کے لئے ان کو بتایا کہ آپ کے لئے نہایت ضروری ہے کہ آپ کانگریس کے ممبر بنیں اور اپنے مذہبی امور کے لئے جمعیۃ علماء کے حلقہ بگوش ہوں آپ کے بعد حافظ علی بہادر صاحب اور مولانا عبدالعزیز صاحب نے تقاریر فرمائیں اسی رات کو یہ وفد واپس بمبئی آ گیا ہے۔

انتخابات

ضلع گیا

۲۴ جنوری کو مدرسہ انوار العلوم گیا کے وسیع ہال میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع گیا کا جلسہ ہوا جس میں ضلع کے مختلف تھانوں سے منتخب ارکان نے جمعیۃ علماء ضلع گیا کے لئے حضرت مولانا الحاج حافظ عبدالکریم صاحب دامت برکاتہم کو بلا مقابلہ صدر منتخب کیا اور جناب ڈاکٹر منظور احمد صاحب ایم۔ اے جمعیۃ علماء ضلع گیا کے لئے ناظم منتخب [illegible] حضرت مولانا ابو محمد صاحب [illegible] خطیب جامع مسجد [illegible] ڈاکٹر منظور احمد صاحب مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ بہار کے رکن منتخب ہوئے۔

پرگنہ جھنجھانہ

جمعیۃ علماء حلقہ کمیٹی پرگنہ جھنجھانہ تحصیل کیرانہ ضلع مظفر نگر کا انتخاب حسب ذیل [illegible]

تھانہ بھون

[illegible]

حسن پور لوہاری

[illegible]

جلال آباد ضلع مظفر نگر

[illegible]

مولوی عابد حسین صاحب۔ محمد مشتاق علی خان صاحب ناظم اعلیٰ، نیاز علی خان صاحب۔ نائب ناظم [illegible] خزانچی وسعت علی خان صاحب منتخب ہوئے۔ اور منشی ابراہیم۔ حافظ عبدالرشید احمد۔ محمد یسین۔ چودھری عصمت اللہ۔ چودھری سعداللہ۔ حاجی شمس الدین۔ حافظ ظہور احمد۔ عبدالحمید صاحب۔ حافظ اللہ دیا کو مجلس منتظمہ کے لئے منتخب کیا گیا۔

حلقہ کمیٹی تھانہ بھون

جمعیۃ علماء حلقہ کمیٹی پرگنہ [illegible] ضلع مظفر نگر کا انتخاب ہوا اور بالاتفاق رائے حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ مولوی عابد حسین جلال آبادی صدر، نائب صدر مولوی اظہار الحسن تھانہ بھون۔ ناظم اعلیٰ حفیظ الرحمن تھانہ بھون۔ نائب ناظم مسٹر ظہیر احمد، خزانچی بابو عبدالغفور صاحب منتخب ہوئے۔ اور منشی احمد بخش صاحب مظفر نگری، عبداللہ خان صاحب حسن پور لوہاری، حافظ حمیدالدین صاحب تھانہ بھون، محمد مشتاق علی خان صاحب جلال آباد کو نمائندگان برائے ضلع منتخب کیا گیا۔

محبوب الٰہی کا سالانہ عرس مبارک

حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی کا سالانہ عرس مبارک [illegible] فروری [illegible] منعقد ہوگا۔ چونکہ دہلی میں بالکل امن امان ہے لہٰذا عقیدت مند حضرات سے التماس ہے کہ عرس مبارک میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے سعادت دارین حاصل فرمائیں۔ ایام عرس میں سالکین اور فقراء کے واسطے لنگر کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ (پیرزادہ) محمد حسین نظامی درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی دہلی۔

بلیک مارکیٹیروں کی گرفتاری

[illegible] (بذریعہ ڈاک) ۱۳ جنوری ۱۹۴۹ء [illegible] ڈی جی ٹیل کے بلیک مارکیٹیروں کو [illegible] اور سپاہیوں نے عین موقع پر گرفتار کر لیا۔ گرفتار شدگان کی تعداد ۱۸ بتلائی جاتی ہے کانگریس منڈل کمیٹی کے ایک رکن کا نام خاص طور سے قابل ذکر ہے۔

صدر جمعیۃ علماء رانی ساگر توجہ فرمائیں

[illegible]

ہند کے بحری بیڑے میں توسیع

وائس ایڈمرل پیری کا بیان

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی کانفرنس ۲۸ فروری و یکم مارچ کو ہوگی

صدر مجلس استقبالیہ کا بیان

چھپرا (بذریعہ ڈاک) محمد رحمت اللہ صاحب صدر مجلس استقبالیہ جمعیۃ علماء صوبہ بہار مطلع فرماتے ہیں کہ جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی شاندار کانفرنس چھپرا ضلع سارن [illegible] باغ میں حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی صدارت میں ہو رہی ہے اس کی تاریخوں کے متعلق لوگوں میں کچھ غلط فہمیاں پھیل گئی ہیں۔ مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس بنارس کے موقع پر صدر محترم اور حضرت شیخ مدظلہ نے اجلاس کی تاریخیں ۲۶-۲۷ فروری متعین فرمائی تھیں جس کا اعلان اخبارات میں کر دیا گیا۔ مگر چونکہ یہی تاریخیں بہار کانگریس کمیٹی کی پولیٹیکل کانفرنس کی بھی طے ہو گئیں۔ اس لئے تصادم سے بچتے ہوئے جمعیۃ کانفرنس کی تاریخیں ۲۸ فروری و یکم مارچ [illegible] اس کا اعلان بھی اخباروں اور پوسٹر و اشتہارات کے ذریعہ کر دیا گیا۔ لیکن بعض اخباروں میں اور بعض خطوط میں یہ خبر پڑھ کر سخت حیرت ہوئی کہ کانفرنس کی تاریخیں پہلی، دوسری مارچ متعین ہوئی ہیں۔ ان متضاد و مختلف خبروں سے لوگوں میں اجلاس کی تاریخوں کے متعلق بہت غلط فہمیاں پھیل گئی ہیں اور لوگ شک و شبہ میں پڑ گئے ہیں۔ ۲۷ جنوری کو صدر اجلاس حضرت ناظم اعلیٰ صاحب جمعیۃ علماء ہند بہار کے دورے پر پٹنہ تشریف لائے تو پٹنہ جنکشن (اسٹیشن) پر مجلس استقبالیہ کے نمائندگان اور صوبائی جمعیۃ کے ناظم اعلیٰ مولانا نوراللہ صاحب نے صدر محترم سے تفصیلی گفتگو تاریخوں کے متعلق [illegible] (مندرجہ بالا بیان سے) اجلاس کی صحیح تاریخوں کا لوگوں کو علم ہو جائے گا۔ اور پچھلی غلط فہمیاں دور ہو جائیں گی۔

امریکہ میں بیکاری کی لہر

واشنگٹن ۵ فروری۔ امریکہ میں بیکاروں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ گذشتہ ماہ میں ۳ لاکھ مزدور اور بیکار ہو گئے ہیں۔ جنگ کے بعد یہ پہلی دفعہ اتنے مزدور بیکار ہوئے ہیں۔ اس وقت امریکہ میں بیکار مزدوروں کی تعداد [illegible] لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ صدر ٹرومین کے اقتصادی ماہر ڈاکٹر [illegible] نے کہا کہ ان اعداد و شمار سے [illegible] کیونکہ تجارت میں کسی قسم کی کوئی تخفیف نہیں ہوئی۔ (گلوب)

رود بار انگلستان کے نیچے سرنگ بنانے کی اسکیم

پیرس ۵ فروری۔ فرانس کے محکمہ رفاہ عامہ کے وزیر ایم [illegible] اگلے ہفتہ لندن آئیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانوی وزراء آپ کے ساتھ رود بار انگلستان کے نیچے ایک سرنگ بنانے کی اسکیم پر بات چیت کریں گے۔ اس اسکیم کو عملی جامہ پہنانے پر ۵۷ کروڑ روپے خرچ ہوں گے اور [illegible] ایٹم بم سے بھی کوئی نقصان نہیں پہنچ سکے گا۔ اس سرنگ کے خاکے پر برطانیہ و فرانس کی پارلیمنٹری کمیٹی گذشتہ ایک سال سے غور کر رہی ہے اس کے مطابق [illegible] کے درمیان رود بار سے ۲۰۰ فٹ نیچے ۲۵ میل لمبی سرنگ تیار کی جائے گی۔ ایک سرکردہ فرانسیسی افسر نے امید ظاہر کی ہے [illegible] برطانوی وزراء کے ساتھ بات چیت کریں گے لیکن پیرس میں برطانوی سفارتخانے نے اس کے متعلق لاعلمی ظاہر کی ہے۔ برطانیہ و فرانس کی پارلیمنٹری کمیٹی نے اس سرنگ کے جس خاکہ پر غور کیا ہے اس کے مطابق سرنگ کے فرش کے دونوں طرف بجلی کے ذریعہ ریل چلائی جائے گی۔ (گلوب)

اصول رائے دہی اور حلقہ ہائے انتخاب کے بارے میں کمیٹی کا تقرر

مغربی پنجاب میں جدید انتخاب کے بارے میں گورنر کا بیان

رسول کریم کی سیرت کا مطالعہ کس لئے کیا جائے [illegible]

[illegible] سیرت جو اہمیت رکھتی ہے وہ کسی تفصیل کی محتاج نہیں۔ اصول فقہ کی کتابوں میں یہ امر مسلمہ ہے کہ آنحضرت کے ہر قول کی طرح آپ کا ہر فعل بھی قانونی حقیقت رکھتا ہے و سنت نبوی سے ہی واجبات مستحبات، مباحات، مکروہات وغیرہ قائم ہوتے ہیں مسلمانوں کی زندگی اس وقت اسلامی کہلاتی ہے جب وہ قرآن مجید کے احکام کے مطابق ہو اور قرآن کریم نے متعدد موقعوں پر سنت نبوی کی قانونی حیثیت کو تسلیم کیا ہے۔

ما آتکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا [illegible]

وافعال اور آپ کا پیش کیا ہوا دین ابتک محفوظ و موجود ہیں اور زبان حال سے غیر مسلموں کو دین کی دعوت دیتے رہتے ہیں جو آنحضرت نے اپنی زندگی میں اپنی زبان سے دی تھی۔ کیا کوئی سنجیدہ مزاج غیر مسلم سیرت نبوی کا مطالعہ کئے بغیر اس کو بیکار یا بے فائدہ اور غیر ضروری قرار دے سکتا ہے [illegible]

اسلام کا اصل الاصول یہ ہے۔ فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ (یعنی دنیا میں اچھے رہو اور آخرت میں بھی) دیکھنا یہ ہے کہ دنیاوی معاملات میں آنحضرت کی سیرت اور طرز زندگی ہمارے لئے کیا سبق رکھتی ہے۔

دنیا میں بڑے لوگوں کی کمی نہیں رہی ہے لیکن اگر ہم مثلاً سکندر اعظم اور نپولین کو لیں تو ان کی زندگی صرف ایک سپہ سالار جنگ اور فاتح کے لئے مفید مواد مطالعہ کے لئے پیش کر سکتی ہے۔ عمر صرف ایک شاعر تھا۔ افلاطون اور ارسطو صرف حکیم و فلسفی تھے۔ زندگی کے دوسرے شعبوں میں ان کی کوئی شہرت نہیں [illegible]

[illegible]

مذہب و خیالات کا کوئی امتیاز حائل نہ ہوگا، نیز حکومت اقلیتوں کی حفاظت کے لئے زیادہ سے زیادہ توجہ دے گی اور ان کے کسی حق کو تلف ہونے نہیں دیا جائے گا، خدا کرے کہ پاکستان میں عدل اور مساوات کا دور دورہ ہو، اور ہندو مسلمان یکجان دو قالب ہو کر رہیں، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ انصاف اور مساوات کا کوئی معیار مقرر ہو جائے اور آئندہ پاکستان کو بار بار اعلان کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ ہمارے خیال میں حسن سلوک مساوات، جمہوریت اور رواداری کا سب سے بڑا معیار خود اقلیتوں کی شہادت ہے، یعنی اقلیتوں کے ساتھ اتنا بہتر اور اچھا سلوک ہو کہ وہ خود اس پر گواہ بن جائیں اور اپنے ہمدردوں سے کہدیں کہ اب انہیں کسی ہمدردی کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ انہیں ایک ایسی نعمت مل گئی ہے جو تمام نعمتوں پر فائق ہے اور جس نے محبت اور انسانیت کے نام سے ٹوٹے دلوں کو جوڑ کر ہر قسم کی خلش دور کر دی ہے!

ایک نئی اپچ

اگر یہ اطلاع صحیح ہے کہ ہندوستان کے ہائی کمشنر مقیم کراچی [illegible]

[illegible] کا حق ہے تو کسی غیر مسلم کو گاندھی جی یا کسی دوسرے مجسمے پر کیا پابندی کا حق بدرجہ اولیٰ حاصل ہونا چاہیئے لیکن جس حرکت کو پاکستان کی طرف منسوب کیا گیا ہے ہمیں اس کی تصدیق کا انتظار کرنا چاہیئے۔

انجمن اتحاد و ترقی مراد آباد کا انتخاب

مراد آباد ۱۰ بذریعہ ڈاک / انجمن اتحاد ترقی مراد آباد کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر مولانا عبد السلام صاحب رئیس اعظم مراد آباد۔ نائب صدر لالہ جگت سرن صاحب سابق جنرل سکریٹری کانگریس کمیٹی و مولانا سید محمد قاسم صاحب مراد آبادی۔ جنرل سکریٹری وکیل شناق حسین صاحب فاروقی۔ نائب سکریٹری عبد الحمید صاحب و سید افسر [illegible] خزانچی حاجی اسمٰعیل صاحب اور پروپیگنڈا سکریٹری مولانا عتیق الرحمن صاحب۔

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

سیٹھ گوبند داس ان ہندی پرچارکوں میں سے ہیں جنہیں اردو کو تو خیر چھوڑیئے ہندوستانی زبان سے بھی [illegible] بغض ہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ تقریروں اور تحریروں کے علاوہ وہ عام گفتگو میں روزانہ کیا بلکہ ہر وقت ہندوستانی بولتے ہیں۔ گر اس کے باوجود کہتے ہیں کہ اس ہندوستان کے اندر ہندوستانی کا وجود نہیں۔

پارلیمنٹ میں مسٹر کیشوراؤ نے وزیر تعلیم مولانا آزاد سے کہیں یہ سوال کردیا کہ کیا یونسکو (اقوام متحدہ کی اقتصادی و معاشی کمیٹی) نے ہندوستان کی کسی زبان کو سرکاری طور پر تسلیم کیا ہے۔ مولانا آزاد نے جب بتایا کہ جی ہاں انہوں نے ہندوستانی زبان کو [illegible]

[illegible] ہیں۔ بعض اوقات انسان اپنے جذبات میں خود اپنے وجود ہی کو بھول جاتا ہے اور اگر یہ زبان کا معاملہ ہے ہندوستان کے اندر رہتے ہوئے "ہندوستانی" کے وجود کو بھول جانا کوئی تعجب کی بات نہیں۔

اور سنئے سیٹھ جی مولانا آزاد سے ایک دوسرا سوال پوچھ بیٹھے کہ کیا حکومت کو ٹیچر کنونشن کی اس قرارداد کی خبر ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یونیورسٹیوں کے اندر دیوناگری رسم الخط والی ہندی زبان میں تعلیم دی جائے ۔۔۔ اور جب مولانا آزاد نے مطلع کردیا کہ حکومت کو سب کچھ خبر ہے اور اس نے یہ معاملہ ایک بورڈ کے سپرد کردیا ہے جس کی رپورٹ موصول ہونے پر کوئی قدم اٹھایا جائے گا تو سیٹھ جی نے ایک یہ سوال اور کیا کہ یہ رپورٹ کب تک تیار ہوجائے گی؟ ۔۔۔ مولانا نے برجستہ طور پر جواب دیا تو مہینہ میں ۔۔۔ [illegible]

[illegible] واکر کھڑا کردیا جائے ۔۔۔ ہمارے خیال میں سیٹھ جی کو کوئی منتر پڑھنا چاہیئے شاید اب سے [illegible]

ریویو

سالنامہ معمار دہلی

[illegible]

سالنامہ میں قلمی اور دیگر مضامین کی تصاویر کے علاوہ بعض کار آمد مضامین بھی ہیں مثلاً وزیر اعظم پنڈت نہرو کا مضمون "آدرش جوڑی" مس سرہ زالسار ابحانی کا مضمون "میری بہن" ابن حسن صاحب کا "کستوربا" انور صاحب دہلوی کا مضمون [illegible]

[illegible] سالنامہ دفتر معمار دہلی۔

"زنانہ امراض کا علاج"

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوتی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

نصیر آباد میں جمعیۃ علماء کا سال اول

نصیر آباد کے باشندگان میں سے تیس سال دو ماہ میں صرف یک تا آلحاج حضرت مولانا سید داؤد علی صاحب کا جمعیۃ علماء میں شامل ہے جمعیۃ علماء نصیر آباد کا یہ سال اول ہے اور مسلمانان نصیر آباد نے نصیر آباد جمعیۃ علماء کا ناظم مجھ حقیر کو منتخب کیا جبکہ یہ احقر ایک ناقص اور مبتدی ہے جو کچھ خدمات جمعیۃ علماء نصیر آباد کی اس حقیر سے ہوئیں وہ خاطر خواہ نہیں ہیں۔ معذوری کے علاوہ [illegible] عہد جدید میں مالی [illegible] کا افسوس ہے

انتظامیہ کمیٹی کے ممبران ذیل کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے مولانا محمد الدین صاحب عبدالجبار صاحب۔ احمد خاں صاحب۔ عبدالکریم صاحب۔ عبدالغفور صاحب۔ عبدالشکور صاحب۔ خورشید علی صاحب۔ فضل مستری صاحب قاضی محمد الیاس صاحب بابو احمد الدین صاحب بابو عبدالشکور خاں صاحب آئندہ تعداد کے لحاظ سے ان حضرات کے اسماء گرامی درج کروں گا حسب ذیل حضرات مستقل کمیٹی کے ممبران ہیں سیٹھ نور محمد صاحب سیٹھ مولا بخش صاحب عبدالمجید صاحب عبدالصمد صاحب۔ محمد ابراہیم صاحب۔ عبدالوہاب صاحب۔ عبدالغنی صاحب۔ عبدالرحمن صاحب عظیم اللہ صاحب نفیس کریم صاحب۔ نظیر صاحب خورشید محمد صاحب۔

سال اول میں ابتدائی ممبران کی تعداد [illegible] سال آئندہ ان دو کروں میں کام کرنے کی امید پیدا ہو گئی ہے اگر گرمجوشی سے کام انجام دے سکیں۔ اس ادارہ کے لئے مہما مقامی حیثیت سے جناب مولانا محمد الدین صاحب نے عملی اور تقریری حصہ لیا سلامت علی ناظم جمعیۃ علماء

ڈونگرپور میں جمعیۃ کا قیام

حضرت مولانا مفتی محمد شریف صاحب و جناب مولانا محمد شفیق خاں صاحب پر مشتمل جمعیۃ علماء ٹونک کا جو وفد ہو رہا ہے یہ جمعیۃ کی شاخیں قائم کرنے راجستھان کے مختلف اضلاع کا دورہ کر رہا ہے۔ یہاں پہنچا اور ایک ہفتہ قیام کیا۔ ۲۰ ربیع الاول کو درسہ سیرت کمیٹی میں مسلمانان شہر کا ایک عام جلسہ منعقد ہوا جس میں حضرات مذکور نے حالات حاضرہ پر تبصرہ فرماتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند دہلی کے تحت ٹونک میں جمعیۃ علماء کا قیام و صوبہ کے ہر ضلع و مقام پر اس کی شاخوں کے قیام نیز ان تمام کا ٹونک و دہلی کی جمعیۃ کے ساتھ الحاق کے فوائد پر روشنی ڈالی۔ چنانچہ یہاں بھی جمعیۃ کی شاخ قائم کرنا منظور کیا متفقہ طور پر حسب ذیل عہدیداروں کا انتخاب عمل میں آیا۔ منشی محمد شمشیر خاں صاحب جنرل سکریٹری صدر نائب صدر منشی محمد حسن خاں ریٹائرڈ کورٹ انسپکٹر ماسٹر محمد عمر خاں۔ جوائنٹ سکریٹری سیٹھ نور محمد سوداگر ظروف۔ خازن شیخ محمد سلیمان صاحب۔ ادارہ ہٰذا کا باقاعدہ الحاق جمعیۃ ٹونک سے کرا دیا گیا ہے۔

انتخابات

سورت [illegible] جمعیۃ علماء سورت شہر اور ضلع عہدیداروں کا انتخاب جناب حسن علی ہال والے کے مکان واقع گھانچی سیری کوارٹر میں عمل میں آیا۔ انتخاب کے نگران جناب ابراہیم جیوا صاحب [illegible] صدر۔ نقی سید مہدی حسن صاحب نائب صدر محسن بھائی خضوری۔ جناب ابراہیم محمد جیوا ناظم اعلیٰ جناب حسن علی کے تل والا۔ ناظم محمد میاں نائب ناظم حسن الدین چکی والا خازن [illegible] عبدالحمید زردی والا منتخب ہوئے۔ اور ممبران منتظمہ محمد حبیب صاحب جناب حکیم حافظ غلام محمد چھی والا حکیم احمد میاں حکیم فخرالدین عثمانی زمین آزاد عبداللہ میاں جونے والے عبدالنعیم صاحب واحدی۔ باقر علی صاحب عبدالصمد صاحب گول انداز غلام حسین زرادار ضلع منتخب ہوئے جمعیۃ علماء کے ارکان مع عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ صدر نقی سید مہدی حسن۔ نائب صدر ڈاکٹر [illegible] جماتی ناظم اعلیٰ نور میاں حسین میاں سیٹھ نائب ناظم محمد میاں خزانچی حکیم حاجی حافظ غلام محمد صاحب چھی والا [illegible] کمیٹی کا انتخاب [illegible]

ناگپور [illegible] سیرت منعقد ہوا ہے ۲ بجے سہ پہر بمقام مسلم لائبریری میں جمعیۃ علماء کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں جدید انتخاب شہر و ضلع ناگپور جمعیۃ علماء عمل میں آیا جس کے عہدیداران اور اراکین کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔ مولانا حکیم محمد صاحب نیاز ی صدر منشی محمد اقارہ صاحب نائب صدر۔ عبدالحق عارف ناظم اعلیٰ عبدالمجید صاحب انصاری نائب ناظم۔ محمد حنیف صاحب نائب [illegible] ممبران منتظمہ مولوی سید ابوالحسن [illegible]

مولانا جان محمد صاحب فاضل دیوبند۔ جنید عالم صاحب ماسٹر شیخ چاند صاحب۔ محمد رفیق اللہ صاحب۔ حافظ قاری خلیل احمد۔ حاجی عبدالقادر۔ حافظ عبدالشکور۔ عبدالمجید لیڈر رسپیٹ محمد الشیر۔ محمد حفیظ الدین۔ محمد حنیف صاحب خاتم۔ عبدالرحیم صاحب آنت۔ الٰہی بخش صاحب بہ ذن رسیل الیاس سید عبدالغفور صاحب (راجپنی) محمد فاروق صاحب محمد آن صاحب (راجپنی) عبدالغفور صاحب (راجنی)

ضلع بھاگلپور

۲۹ جنوری کو [illegible]

ضلع بھاگلپور کی مجلس منتظمہ کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت جناب مفتی محمد طلال صاحب منعقد ہوا سب سے پہلے صدر محترم نے مولانا انوار الحق صاحب اور مولوی عبدالحکیم صاحب اور دوسرے ہمدردان جمعیۃ کی وفات سے متعلق تعزیت کی تجویز پیش فرمائی۔ بعدازاں ضلع جمعیۃ کے جدید عہدیداروں کے انتخاب کی کارروائی شروع ہوئی اور متفقہ طور سے حسب ذیل حضرات ضلع جمعیۃ کے عہدیداران منتخب کئے گئے۔ مجلس منتظمہ نے ۱۵ حضرات پر مشتمل مجلس عاملہ بنانے کا اختیار جناب صدر کو دیا اجلاس میں فتنہ ارتداد نیت کے انسداد اور وقف کے سلسلے میں تجاویز پاس ہوئیں نیز صوبائی اجلاس کو کامیاب کرنے کے متعلق بھی تجویز پاس ہوئی۔

[illegible] منتخب ہوئے۔ صدر جناب [illegible] ارکان منتخب کئے گئے۔ مولانا نعمت اللہ صاحب حاجی محمد ایوب۔ مولانا عبدالحمید۔ مولانا محمد شمس الدین مولانا محمد اسحاق۔ مسٹر محمد علی امام۔

ٹھاکردوارہ

۱۳ جنوری کو جمعیۃ علماء قصبہ ٹھاکردوارہ ضلع مرادآباد کی منتظمہ کمیٹی کا انتخاب [illegible]

حضرت مولانا محمد شاہ صاحب ناظم اعلیٰ ضلع مرادآباد کی سرکردگی میں عمل میں آیا۔ انتخاب ممبران منتظمہ کمیٹی مع عہدیداران کے مندرجہ ذیل ہے۔ قاری محمد ابراہیم صدر۔ منشی نعمت اللہ نائب صدر حشمت علی صاحب ناظم اعلیٰ حکیم نظیر احمد صاحب نائب ناظم کالے خاں صاحب برادر خزانچی اور مجلس منتظمہ کے لئے ٹھیکیدار عبداللہ صاحب۔ منشی عبدالحمید۔ حافظ عبدالوحید عثمان علی خاں۔ منشی احمد حسین۔ چودھری ابراہیم۔ مستری عبدالحق۔ حافظ خدا بخش (خطیب) حافظ خدا بخش معدنچی ٹھیکیدار عبدالحق۔ چودھری خدا بخش چودھری عبدالمجید چودھری محمد اسحاق۔ عبدالعزیز مستری عبداللطیف ماسٹر محمد ابراہیم منشی جمال الدین مستری عبدالواحد حکیم محمد ذکریا حاجی احمد حسین۔ عبدالرزاق۔ حافظ نذیر احمد عبدالعزیز۔ اشفاق حسین۔ عبدالحمید صاحب منتخب ہوئے۔

پیپراکنک

حضرت مولانا ابوالاخلاق احمد صاحب قاسمی ناظم انتخاب کی نگرانی میں [illegible] ضلع دلور ہاجمعیۃ علماء کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا اور ۲۸ ممبران پر مشتمل مجلس منتظمہ بھی مرتب ہوئی۔ صدر حاجی الٰہی بخش صاحب نائب صدر منشی دین صاحب ناظم اعلیٰ مولوی محمد ابراہیم صاحب۔ نائب ناظم مولوی عبدالغفور صاحب۔ خزانچی جناب محمد سلیمان صاحب۔ نمایندگان ضلع منشی دین صاحب و مولوی محمد ابراہیم صاحب منتخب ہوئے۔

صوبہ مالوہ کا انتخابی اجلاس

صوبہ مالوہ (مدھیہ بھارت) میں جگہ جگہ جمعیۃ علماء کی شاخیں قائم ہو چکی ہیں۔ اور صوبائی جمعیۃ کے اراکین بھی منتخب ہو چکے تھے۔ چنانچہ حسب ہدایت عالی جناب صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ مہیو چھاؤنی کی باقاعدہ تشکیل اور عہدیداران کے انتخاب کے لئے جمعیۃ علماء صوبہ کا اجلاس شہر اوجین (مالوہ) میں بتاریخ ۱۹ و ۲۰ فروری ۱۹۴۹ء روز شنبہ و یکشنبہ منعقد ہو رہا ہے اس لئے اراکین حضرات جو صوبائی جمعیۃ کے لئے منتخب ہو چکے ہوں۔ نیز وہ سرگرم کارکن حضرات جو جمعیۃ سے دلچسپی رکھتے ہوں۔ اس اجلاس میں شرکت فرما کر کارروائی میں حصہ لیں۔ اور تشریف آوری کی تاریخ و وقت سے کم از کم ایک ہفتہ قبل مطلع فرمائیں۔ تاکہ انتظام میں سہولت ہو۔

(نوٹ) اجلاس میں ووٹ کا حق صرف ان حضرات کو ہوگا جو جمعیۃ علماء [illegible] منتخب ہوئے ہوں۔ محمد یعقوب ناظم نشر و اشاعت جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ مہو چھاؤنی

امن کو برباد کرنے والی جماعتوں کو ختم کر دینا چاہیئے

جنرل سکریٹری سٹی کانگرس کمیٹی لکھنؤ کا بیان

مسٹر بشن بہاری بنرجی جنرل سکریٹری سٹی کانگرس کمیٹی نے کل شام کو سول لبرٹیز لیگ کے جلسہ میں جو تصادم ہوا اس کے متعلق ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ سن کر افسوس ہوا کہ بعض ذمہ دار کانگرسیوں کو جنہوں نے پنڈت نہرو پر عاید کردہ الزام کے خلاف احتجاج کرنا چاہا زدوکوب کیا گیا آپ نے کہا کہ یہ میٹنگ نام نہاد سول لبرٹیز لیگ کے زیر اہتمام سٹی مسلم لیگ کے سابق سکریٹری مسٹر نفیل عباس کاظمی کی صدارت میں ہو رہی تھی جو مفسد انہ والنٹیروں کو ان کانگرسیوں کے خلاف اکسانے اور حملہ کرانے کے ذمہ دار ہیں۔ آپ نے کہا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ سول لبرٹیز لیگ جو عوام کے جمہوری حقوق کی حامی بنتی ہے۔ کانگرسیوں کا اس جلسہ میں کیوں نہیں برداشت کر سکی

مسٹر بنرجی نے عوام سے اور خصوصاً شرنارتھیوں سے درخواست کی کہ وہ ایسی جماعتوں سے علیحدہ رہیں جن کا واحد کام عوام کو گمراہ کرنا ہے۔ آپ نے کہا کہ اس نازک دور میں جب کہ ہر شہری کو اپنے ملک کی مدد کرنا چاہئیے یہ جماعتیں اپنے سیاسی مقاصد کے لئے امن کو برباد کرنا چاہتی ہیں۔ ہمیں چاہئیے کہ ہم ایسے عناصر کو ختم کر دیں۔ اسی سلسلہ میں ان کانگرسی لیڈروں نے بھی بیانات دئیے ہیں جن کے کارکنوں کو سید کاظمی کی تقریر کے خلاف احتجاج کرنے پر زدوکوب کیا تھا۔ (اے-پی-آئی)

امین الدولہ پارک میں سول لبرٹیز لیگ کے ایک جلسہ میں جو اس نے لیگ کا جمہوری حقوق کا ہفتہ منانے کے لئے منعقد کیا تھا کانگرس کے کچھ والنٹیروں اور کمیونسٹ والنٹیروں میں تصادم ہوا اور کمیونسٹ والنٹیروں نے لیگ کے خلاف مظاہرہ کرنے والوں کو جلسہ سے نکال دیا۔ سول لبرٹیز لیگ کی خواتین والنٹیروں نے مجمع کو روکا اور امن قائم کیا۔ جلسہ میں پنڈت نہرو کی ان تقریروں کی جو انہوں نے لکھنؤ میں کی مذمت کی گئی۔ ساتھ ہی حال ہی میں طلباء وادر درسین کے ایک جلوس پر پولیس کے بے تحاشا لاٹھی چارج کرنے اور سینیر کو دس نابالغوں کو گرفتار کرنے کی مذمت کی گئی جلسہ میں کئی تجاویز پاس کی گئیں جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ایسے قوانین کو منسوخ کر دیا جائے جن کی وجہ سے عدالت میں حقوق [illegible] کر دیا جائے جن کی وجہ سے عدالت میں حقوق کا تذکرہ نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے علاوہ ان تمام لوگوں کو رہا کر دیا جائے جنہیں ان قوانین کے ماتحت گرفتار کیا گیا ہے۔ شہری آزادی کی قیمت گھٹائی جائے۔ یوپی اسمبلی مسودہ کو تسلیم کیا جائے اور اسٹرائکوں کو دوبارہ بحال کر کے جمہوری طریقے اختیار کئے جائیں۔ ایک تجویز میں آل انڈیا ریلوے مین فیڈریشن کے مطالبات کی حمایت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ پولیس نے طلباء درسین اور لکھنؤ کے نابالغوں کے خلاف جو مقدمات قائم کئے ہیں ان کو واپس لیا جائے۔

مویشیوں کی پرورش اور افزائش نسل کے مسائل

نئی دہلی ۹ فروری۔ زراعت اور مویشیوں کی پرورش کے بورڈ کے شعبہ پرورش مویشیان کا آٹھواں اجلاس ۲۲ سے ۲۳ فروری ۱۹۴۹ء تک میسور میں ہوگا۔ سردار داتار سنگھ نائب صدر ہندوستانی زراعتی تحقیقاتی کونسل اس اجلاس کی صدارت کریں گے۔

ہز ہائی نس مہاراجہ میسور اس اجلاس کا افتتاح کریں گے جو ۲۱ اور ۲۲ فروری کو منعقد ہوگا۔ ہند کی تقسیم کے بعد اس شعبہ کا یہ پہلا اجلاس ہوگا۔ اس اجلاس میں اس امر پر غور کیا جائے گا کہ گائے بھینس وغیرہ کی اعلیٰ نسل کے دودھ دینے مویشی جو کثرت سے مہیا نہیں ہو سکتے ان کی کمی کس طرح پوری کی جا سکتی ہے۔ اس قسم کی اعلیٰ نسلوں کے دودھ دینے والے مویشیوں کی باقاعدہ سپلائی حاصل کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ گذشتہ اجلاس سے پہلے مویشیوں کی امراض کے بارے میں تحقیقات کرنے والے افسروں کی دوسری کانفرنس ہوگی۔ نیز مویشیوں کی صحت مویشیوں کے گلے۔ ڈائریکٹوں کے کام۔ اور تعلیمی کاموں کی مختلف کمیٹیوں کے اجلاس ہوں گے۔

جانسی میں جلسہ سیرت

[illegible] جلسہ سیرت منعقد کیا جاوے اور مندرجہ ذیل علماء کو مدعو کیا جائے۔ جناب مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم جنرل سکریٹری (۲) جناب ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری (۳) جناب مولانا ابو خضر محمد صاحب کا نپوری۔ تعلیمی سب کمیٹی کا قیام کیا گیا جس کے ارکان حسب ذیل ہیں (۱) محمد نصرت اللہ خانصاحب کنوینر (۲) حافظ [illegible] صاحب ایڈیٹر اخبار بیدار جھانسی (۳) جناب نیاز [illegible] شیخ خدا بخش صاحب (۵) سیٹھ نظیر خانصاحب (۶) چودھری [illegible] صاحب (۷) دلدار خانصاحب میونسپل کمشنر

مرادآباد میں تبلیغی جماعت کی سرگرمیاں

مرادآباد کی ایک عظیم الشان تبلیغی جماعت ۲۴ فروری کو بوقت ایک بجے کی ٹرین سے زیر سرکردگی مولانا محمد حیات انصاری کی سرکردگی میں دہلی روانہ ہوگی جس کی تیاریاں بڑی تیزی سے ہو رہی ہیں۔

ریاست بیکانیر کے ملازمین کی عام ہڑتال

بیکانیر ۹ فروری۔ بیکانیر ریاست کے تمام ملازمین نے جن میں سکرٹریٹ کے ادنیٰ ملازم بھی شامل ہیں کل سے عام ہڑتال کر دی ہے اور مختلف اضلاع سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہڑتال ہر جگہ کامیاب ہوئی ہے ریاستی ملازمین کی یونین کے صدر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر تنخواہوں اور گرانی [illegible] جاری رہے گی۔

ہندستانی نائب قونصل کا اظہار ہمدردی

زاہدان ۸ فروری (ڈاک) آج ۵۱ ہندستانی نائب قونصل نے اپنی طرف سے اور یہاں کے بسنے والے ہندستانیوں کی جانب سے گورنر جنرل کو شاہ ایران پر حملے کے سلسلہ میں ہمدردی کا اظہار کیا اور شاہ ایران کی معجزانہ سلامتی پر [illegible] کی تقسیم کے لئے ایک رقم پیش کی۔

تحقیقاتی کمیٹی کی طرف سے سوالنامہ کا اجرا

نئی دہلی ۹ فروری۔ درگاہ خواجہ صاحب اجمیر کی اصلاحات کی رپورٹ تیار کرنے کے لئے حکومت ہند نے گذشتہ نومبر میں ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کی تھی۔ اس کمیٹی کی طرف سے ایک جامع سوالنامہ جاری کیا گیا ہے جس میں درگاہ کے نظم و نسق کی اصلاح کے لئے عام لوگوں کو اپنی رائے اور تجاویز بھیجنے کے لئے کہا گیا ہے۔ اس کمیٹی میں حسب ذیل اشخاص ہیں:-

الٰہ آباد ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس غلام حسن۔ صدر بیگم ہیبت (ریاست حیدرآباد) کے سرہد یامین خاں اور نواب محمود یار جنگ ارکان کمیٹی کے دریافت طلب مسائل میں درگاہ کے وقف کے نظم و نسق کی تحقیقات اور مجموعی طور پر درگاہ کے عقیدت مندوں کے مفاد اور درگاہ کے تحفظ کے لئے ضروری سفارشات کرنا شامل ہیں۔ کمیٹی کے ارکان نے حال ہی میں اجمیر کا دورہ کیا اور درگاہ سے دلچسپی رکھنے والے اداروں اور لوگوں سے بات چیت کی۔

اس سوالنامہ میں کمیٹی کے ارکان نے درگاہ کے نظم و نسق کے مختلف پہلوؤں پر لوگوں کی رائے طلب کرتے ہوئے پوچھا ہے کہ آیا درگاہ کمیٹی کی طرف سے درگاہ کے وقف کا انتظام تسلی بخش ہے کہ آیا ۲۵ ارکان (سوہر اور مقامی) کی درگاہ کمیٹی بہ لحاظ کن اور ٹھیک طرح سے کام کرنے کے قابل ہے اور کیا کمیٹی کے آئین میں کوئی تبدیلی کرنا ضروری ہے۔ درگاہ کے خدام اور نذر تقسیم کے متعلق بھی کچھ سوال پوچھے گئے ہیں۔

درگاہ کے نظم و نسق سے خاص واقفیت رکھنے والے کسی ایک یا سب سوالوں پر الگ یادداشتیں بھیج سکتے ہیں یادداشت کے فارم حسب ذیل پتہ سے منگوائے جا سکتے ہیں۔ سکریٹری درگاہ خواجہ صاحب اجمیر تحقیقاتی کمیٹی۔ بہار کیسلز روڈ لکھنؤ۔ سوالنامے کے جوابات کمیٹی کے سکریٹری کو ۱۰ مارچ ۱۹۴۹ء تک پہنچ جانے چاہئیں

دس ڈاکوؤں کو سزائے قید

لکھنؤ ۱۰ فروری (ڈاک) لکھنؤ سیشن جج کی عدالت سے ڈاکوؤں کے ایک گروہ کے دس افراد کو مختلف دفعات کے ماتحت ۴ سال سے لیکر ۲۴ سال تک کی سزائے قید بامشقت کا حکم دیا گیا ان ڈاکوؤں کو پولیس کی ایک جماعت نے چودھری مہابیر سنگھ سرکل انسپکٹر اور مسٹر ہیرالال سنگھ انچارج کی قیادت میں انہیں گرفتار کرنے گئی تھی۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے مقابلہ کے بعد گرفتار کیا گیا تھا ایک ڈاکو نے اس میں سے خود ہی خودکشی کر لی تھی اس جماعت کے متعلق پولیس کو اطلاع ملی کہ وہ ایک جنگل میں ڈکیتی کے لئے چھپا ہوا ہے پولیس نے وہاں تلاش کی لیکن وہ نہ مل سکے اس کے بعد چند افراد کو ایک ریلوے اسٹیشن جاتے ہوئے اس گروہ کے چند آدمیوں کو پکڑا اس کے بعد معلوم ہوا کہ گروہ کا سرغنہ معہ اپنی جماعت کے ایک مکان میں موجود ہے پولیس نے مکان کا محاصرہ کیا اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک مسلسل ڈاکوؤں اور پولیس میں گولی سے مقابلہ ہوتا رہا اور انہوں نے یہاں سے بھی بھاگ جانے کی کوشش کی مگر پولیس نے انہیں پکڑ لیا پولیس نے ڈاکوؤں کو ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا لیکن جب گروہ نے اس کی پرواہ نہیں کی تو مکان کی چھت کاٹ کر اس کے اندر آگ جلا کر اوپر سے ڈالی گئی اس وقت ڈاکوؤں نے خود کو حوالے کیا اس کے سرغنہ نے وہیں خودکشی کر لی (اے-پی)

رشوت ستانی میں کانسٹبل معطل

لکھنؤ ۸ فروری (ڈاک) بتایا جاتا ہے کہ رشوت ستانی کے الزام میں برلی اور لکھنؤ کے دو کانسٹیبلوں کو اور سیتاپور کے ایک کانسٹبل کو برخاست کر دیا گیا رشوت ستانی کے الزام میں ایک سب انسپکٹر ایک ہیڈ کانسٹبل اور ایک کانسٹبل کو معطل بھی کیا گیا ہے اور ایک کانسٹبل کو غلط رپورٹ لکھنے کے سلسلہ میں رشوت لینے پر گرفتار کیا گیا ہے۔ (اے-پی)

سیرت النبی کا مطالعہ

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible] شریف لے گئے تو آپ کے ساتھ ڈیڑھ لاکھ مسلمان تھے جو ملک کے ہر حصہ سے آئے تھے۔ آنحضرت نے دنیا میں جو دین پیش فرمایا اس نے اپنے لئے خود جگہ پیدا کر لی چین میں کبھی اسلامی حکومت قائم نہیں ہوئی مگر چین کے کروڑوں مسلمان اور ہندوستان کے روز افزوں نومسلم اس بات کا کافی ثبوت ہیں کہ اسلام کی اندرونی کشش کتنی ہے وہ آپ ہی تھے کہ تعصبات سے بھری دنیا میں برملا فرمایا کہ نسل رنگ یا زبان سے کسی انسان کو دوسرے پر کوئی فوقیت بالکل نہیں۔ حقیقی فضیلت نیکوکاری اور خدا ترسی ہے۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (خدا کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو) آپ نے اسلام کے اصول پر جس زور سے عمل کرایا اس کا نتیجہ ہے کہ تمام پست قومیں ان کو اپنی نجات کا واحد ذریعہ سمجھتی رہی ہیں۔ آنحضرت کی زندگی کے دو پہلو ہیں اور آپ کی جامع شخصیت ایک بادشاہ، ایک فقیر، ایک معلم اور ایک مجاہد ایک فاتح اور ایک مدبر۔ ایک قانون ساز اور ایک فصیح و بلیغ ادیب غرض ہر قسم کے لوگوں کے لئے سبق آموز اور قابل تقلید مثالیں [illegible]

اگر ہم مسلمان والدین سے پیدا نہ بھی ہوتے تو محمد الرسول اللہ صلعم کی سیرت اور سوانح مبارک پڑھنے پر ان کو اپنا ہادی اور مقتدا بنا لیتا۔

مسلمانو! اگر تم چاہتے ہو کہ دنیا کی سربلندیاں اور آخرت کی فیروزمندیوں کو حاصل کرو یہاں خدا کا خلیفہ اور وہاں جنت کے وارث بن کر رہو تو اٹھو اپنے پیشوائے اعظم سرور دو عالم کی مقدس تعلیم اور اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا شروع کر دو۔ اس سے تم نے سب کچھ پایا تھا اور اسی راہ پر ہو تو تم کو سب کچھ مل سکتی ہے۔

مراسلات

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

حکومت یوپی توجہ کرے

جناب کرم تسلیم۔ قصبہ ریہڑ ضلع بجنور کے آس پاس کی سڑکوں کے بارے میں متعدد مراسلے اخبارات میں شائع کرائے جا چکے ہیں۔ چنانچہ سٹرک سے ریہڑ تک کچھ ٹکڑے میں مٹی بھی پڑ چکی ہے۔ ابھی چھ میل کے فاصلہ میں اب بھی بہت سا حصہ مٹی پڑنے سے رہ گیا ہے۔

حکومت یوپی کو اس طرف توجہ دلائی گئی ہے میٹیریل کی مجبوریاں سامنے رکھی ہیں نیز دہلی لکھنؤ اور دیگر بڑے بڑے شہروں میں سینما اور فیکٹریاں تعمیر ہو رہی ہیں آخر کار ان کو سمنٹ لوہا وغیرہ کہاں سے ملتا ہے؟ نتیجہ کے طور پر معلوم ہوا کہ یہ میٹیریل پبلک کی ضروری کاموں کی بجائے "بلیک مارکٹ" یا مذہبی بہتوں کے ہاتھوں فروخت ہوتا ہے جو علاقہ ریلوے لائن کے قریب ہیں مثلاً ٹھاکردوارہ ضلع مرادآباد سے جو سڑک رام نگر کاشی پور ہو کر جا رہی ہے اس پر پل وغیرہ بنائے جا چکے ہیں اور سڑک وغیرہ بھی لگایا جا چکا ہے اب بجری ڈالی جا رہی ہے۔ حالانکہ سٹرک سے افضل گڑھ اور ریہڑ ہو کر جو سٹرک کاشی پور کو گئی ہے پہلے اس کا پختہ ہونا ضروری تھا تاکہ پبلک کی تکالیف دور ہو جائیں۔ مرادآباد سے رام نگر تک پہلے ہی اوٹی ریلوے لائن جاتی ہے اسی لئے اس سڑک کو پہلے بنانے سے پبلک کو کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچے گا۔

اس علاقہ کے تمام باشندگان امید کرتے ہیں کہ منسٹر صاحب اس معاملہ پر کافی غور فرمائیں بلکہ اس میں منڈل کانگرس کمیٹی قائم پور گڑھی اور منڈل کانگرس کمیٹی سے بھی ضرور مشورہ لیں گے تاکہ پبلک کی تکالیفات دلکا یا ہے کا تہ چل سکے۔

حکیم سعید الدین احمد قریشی ساکن قصبہ ریہڑ ضلع بجنور

اینٹوں کے لئے بھی پرمٹ

کرمی ایڈیٹر صاحب تسلیم۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

کیا میں حکومت کی توجہ ضلع بجنور کے حکام دقت کی طرف منعطف کروں جن کے حسن انتظام سے پبلک نالاں اور غریب اور مزدور طبقہ بے چین ہے۔ پہلے یہاں گورنمنٹ کی طرف سے مکان کے الاٹمنٹ کا حکم نافذ ہوا۔ سپلائی انسپکٹر صاحب کی لاپرواہی اور اسٹاف کی سرد مہری سے خلق خدا چلا اٹھی۔ اگر تحقیقات کیجائیے تو سب معاملات دیرینہ ہنوز التوا میں ہی ہوں گے۔ ہزاروں ٹکرا ٹکرا کر پریشان ہو گئے لیکن مکان کا صحیح الاٹمنٹ کسی شریف النفس انسان کو میسر نہ ہو سکا۔ غرض یہ مکان کا سوال معمہ لاینحل بنا ہوا ہے کہ اگر کسی مکان کا الاٹمنٹ کرانا ہو تو اپنے سارے کاموں پر پانی پھیر کر سپلائی دفتر کی حاضری کا معمول بنائیے تو ممکن ہے کہ اس کا نمبر چھ مہینہ میں آ جاوے۔ وثوق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اب مزید براں یہ سننے میں آیا ہے کہ ماہ جنوری ۱۹۴۹ء سے اینٹوں پر کنٹرول کا حکم نافذ کر دیا گیا ہے کہ بغیر پرمٹ سپلائی انسپکٹر صاحب موصوف اینٹ کی خرید و فروخت بالکل بند ہے جس سے بھٹے داروں کی قسمت کا ستارہ گردش میں آ گیا لیکن بیچارے معمار اور مزدور جن کی روزی مزدوری پر گذر اوقات ہے کیا کہا کر زندگی گذاریں۔ ان آفات ناگہانی سے گلو خلاصی کا بھی کوئی حل ہے

اب طلب والے ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں اور منتظر ہیں کہ کب پرمٹ آوے۔ اور کب کنٹرول کی شرح معلوم ہو اور کب قیمتیں کریں۔ انسانیت معاش سے تنگ ہے اور خود غرضی اپنا کام کر رہی ہے

ارکان حکومت سے مودبانہ درخواست ہے کہ وہ اس مزدور کشی کا صحیح حل نکالیں اور غریبوں کی فریاد سنیں اور اینٹ پر سے کنٹرول کو ختم کرنے کی فوری تدابیر اختیار کریں جس سے مزدور طبقہ کو اس نازک دور میں فاقہ کشی کی نوبت نہ آ سکے ورنہ اس کی تمام تر ذمہ داری افسران بالا پر عائد ہوگی۔ (سلیک چند نجیب آباد)

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھایئے

سحبان الہند حضرت مولٰنا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں تقریباً ۱۰۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں توحید رسالت، قرآن قیامت وغیرہ عنوانات کے تحت ان سے متعلق احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا ۱۸۸۴ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی اکرم صلعم نے اعمال خبیثہ کرنے والوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۱۹ جنوری ۱۹۴۹ء میں وزارت امداد و بحالیات کا ایک اعلان شائع کیا گیا ہے۔ جن میں صوبہ دہلی کی ان جائدادوں کی تفصیل ہے جن پر کسٹوڈین نے قبضہ لے لیا ہے۔

—(۵)—

سلسلہ نمبر	نمبر مکان	محلہ	حقوق جو کسٹوڈین نے [illegible]
۴۵۲۳	۱۱۵۲۰	لائبریری روڈ	کرایہ داری
۴۵۲۴	۱۱۵۲۱	"	"
۴۵۲۵	۱۱۵۲۲/۱۱۵۲۳	"	"
۴۵۲۶	۱۱۵۳۴	"	"
۴۵۲۷	۱۱۵۳۵	[illegible]	"
۴۵۲۸	۱۱۵۳۶	"	"
۴۵۲۹	۱۱۵۳۷	"	"
۴۵۳۰	۱۱۵۳۸	"	"
۴۵۳۱	۱۱۵۳۹	"	"
۴۵۳۲	۱۱۵۴۰	"	"
۴۵۳۳	۱۱۵۴۱	"	"
۴۵۳۴	۱۱۵۴۲	"	"
۴۵۳۵	۱۱۵۴۳	"	"
۴۵۳۶	۱۱۵۴۴	"	"
۴۵۳۷	۱۱۵۴۶	"	"
۴۵۳۸	۱۱۵۴۸	"	"
۴۵۳۹	۱۱۵۴۶/۴۹	"	"
۴۵۴۰	۱۱۵۵۰	"	"
۴۵۴۱	۱۱۵۵۱	"	"
۴۵۴۲	۱۱۵۵۲	"	"
۴۵۴۳	۱۱۵۵۲A	"	"
۴۵۴۴	۱۱۵۸۰A	"	"
۴۵۴۵	۱۱۵۸۱	[illegible]	"
۴۵۴۶	۱۱۵۸۲	"	"
۴۵۴۷	[illegible]	"	"
۴۵۴۸	۱۱۵۸۳	لائبریری روڈ [illegible]	دونوں
۴۵۴۹	۱۱۵۸۴	"	کرایہ داری
۴۵۵۰	۱۱۵۸۹	"	"
۴۵۵۱	۱۱۵۹۰	"	"
۴۵۵۲	۱۱۵۹۲	"	"
۴۵۵۳	۱۱۶۱۲	[illegible]	"
۴۵۵۴	۱۱۶۱۶	"	"
۴۵۵۵	۱۱۶۱۸	"	"
۴۵۵۶	۱۱۶۱۹	"	"
۴۵۵۷	۱۱۶۲۰	"	"
۴۵۵۸	۱۱۶۲۲	"	"
۴۵۵۹	۱۱۶۲۳	"	"
۴۵۶۰	۱۱۶۲۵	"	"
۴۵۶۱	۱۱۶۲۹	"	"
۴۵۶۲	۱۱۶۳۱	لائبریری روڈ	"
۴۵۶۳	۱۱۶۴۴	"	"
۴۵۶۴	۶۹۲۳	[illegible]	دونوں
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

دارالسلطنت

دن دہاڑے ڈاکہ

چند ڈاکو ریوالور اور پستول اور چھریوں سے مسلح تھے محلہ ہندو سبزی منڈی سپاہی کے ایک آفیسر کے مکان واقع سول لائن میں گھس گئے اور عورتوں سے زیورات وغیرہ اتار دینے کے لئے کہا۔ عورتوں کا شور سن کر پڑوسی مدد کو پہنچ گئے جنہیں دیکھ کر ڈاکو فرار ہو گئے۔

کلرک کے خلاف غبن کا الزام

دہلی پولیس نے ہندو راؤ ہسپتال کے ایک کلرک کو غبن کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کلرک کو ہسپتال کی طرف سے سات ہزار روپیہ ریزرو بنک آف انڈیا میں جمع کرانے کی غرض سے دئیے گئے تھے جو کلرک نے خود ہضم کر لئے۔

نقلی ریڈیو انسپکٹر گرفتار

پولیس نے ایبری بازار دہلی سے ایک شخص کو گرفتار کر لیا جو ۵۵ تعزیرات ہند کے ماتحت بعض آدمیوں کو یہ کہہ کر اپنے آپ کو ریڈیو انسپکٹر ظاہر کرتا تھا کہ ریڈیو لائسنس چیک کرنا ہے

دہلی کی عدالتوں میں

لالہ کشن چند مجسٹریٹ درجہ اول دہلی نے کل ہر زمان علی ایک ڈرائیور ساکن گولا ماری کو الزام میں کہ اس نے ایک انگوٹھی چرائی تھی، چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔ ملزمان کے خلاف یہ الزام تھا کہ انہوں نے ایک بنگلہ سے جس میں ۲۲۰۰ روپیہ کی مالیت کا سامان تھا، چرالیا۔

ایک اور شخص کو ڈاکہ زنی کے الزام میں چھ مہینے تین مہینہ قید کی سزا دی۔ مجرم نے ۱۷ روپیہ کی چوری کی تھی اور اس کا اس نے اقبال عدالت کے سامنے کیا۔

دہلی ڈسٹرکٹ جیل میں آوارہ گردی کے الزام میں کافی ایسے ملزمان نظر بند ہیں جن کے مقدمات پچھلے چھ ماہ سے عدالت میں فیصل نہیں ہوئے۔ تمام مسئلہ میں سیشن جج دہلی نے ڈسٹرکٹ جیل کا معائنہ کر کے تمام مجسٹریٹوں کو حکم دیا ہے کہ وہ آوارہ گردی کے ملزمان کے مقدمات کا تصفیہ [illegible] اپنے کام میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔

دہلی کے لئے نئی بسیں

دہلی ٹرانسپورٹ سروس نے پبلک کو ٹرانسپورٹ کی مزید سہولتیں فراہم کرنے کے لئے بمبئی سے بسیں منگوانے کا انتظام کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ۱۵ اپریل میں ۲۰ نئی بسیں دہلی کی مختلف سڑکوں پر چلنی شروع ہو جائیں گی۔ اس وقت بسوں کی تعداد ۱۰۰ ہو جاتی ہے مقامی طلبا اور دوسرے اداروں کے نمائندوں کی ایک مشاورتی کمیٹی بنائی گئی ہے۔ جس کا جلسہ ۱۸ فروری کے آخری ہفتہ میں ہوگا۔

فوجی لاری چرالی

ایک فوجی لاری کے چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی [illegible] اور دوسرے دیہات کی طرف [illegible] پولیس میں اطلاع دیدی گئی۔

دریبہ کلاں کی ایک دکان میں طلائی زیورات خریدنے کے بہانے ایک شخص داخل ہوا اور طلائی زیورات کا ایک بکس لے کر چلتا بنا۔ دکاندار نے پولیس میں رپورٹ درج کرا دی ہے۔

[illegible] ایک شخص کے مکان سے پانچ سو روپیہ کے کپڑے اور زیورات چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

رائفل لے بھاگا

ایک اعلیٰ درجہ کی امریکن رائفل اور بلیٹ کے چوری کئے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ رائفل ایک فولادی بکس میں رکھی ہوئی تھی۔ چور بکس کو توڑ کر رائفل لے اڑا [illegible] چرا لیا گیا تھا۔

ایک لڑکا بس سے ایک سوٹ کیس چرا کر بھاگ رہا تھا [illegible] کی اطلاع پولیس کو دیدی گئی۔

دہلی ریلوے اسٹیشن پر پہنچنے پر ایک مسافر کو معلوم ہوا کہ اس کی لاری کا ایک [illegible] روپیہ کے زیورات اور کپڑے سے بھرا ہوا ٹرنک غائب ہو گیا ہے

دہلی پولیس سات سائیکل چوروں [illegible]

ایک دن میں تین حادثے

کل دہلی میں تین حادثے ہوئے جن میں تین آدمی زخمی ہوئے۔ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ایک موٹر نے دہلی گیٹ کے قریب بچہ آیا جس کو ایک ٹھیلہ والا ایک موٹر کے نیچے آ کر سخت زخمی ہوا۔ ٹرک والا تیزی سے غائب ہو گیا ٹرک کا نمبر بھی نوٹ نہیں کیا جا سکا۔ برلا مندر کے قریب ایک موٹر سائیکل سوار فوجی ٹرک سے زخمی ہوا۔ دہلی چھاؤنی میں ایک سائیکل سوار زخمی ہوا۔

مولانا آزاد افتتاح کریں گے

۱۱ فروری سے ۱۳ فروری تک دہلی میں کھلاڑیوں کا کل ہند مقابلہ ہو رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر تعلیم مولانا آزاد اس کا افتتاح کریں گے یہ مقابلہ اروِن اسٹیڈیم میں ہوگا۔

میاں بیوی لٹ گئے

کل دہلی میں ایک میاں بیوی کے لٹنے کی اطلاع ملی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ گربچن پور ہاؤس میں سبزی منڈی کے ایک حاجب کی بیوی گلشن کے پاس ایک واقف کار رسولال آیا۔ اور اسے بہکا کر لے گیا کہ وہ اسے ایک جھنجھی دیگا اور چونکہ عورت بیچاری کے پاس روپیہ نہیں تھا اس لئے اس کے چاندی کے زیورات چھپا لئے اور ان کو تین آدمیوں کے حوالے کر گیا۔ جب یہ چاروں زینہ پہنچے تو عورت کو معلوم ہوا کہ رسولال نے ان تین آدمیوں کے ہاتھ اسے ۳۰۰ روپیہ کے عوض فروخت کر دیا ہے اس کے اگلے روز اس کا خاوند تلاش میں وہاں آپہنچا جسکو دونوں میاں بیوی کو زد و کوب کیا گیا اور ۵۰۰ روپیہ ان سے وصول کر لینے کے بعد انہیں چھوڑ دیا۔

۱۷ لاکھ کا خسارہ

کل شام دہلی میونسپل کمیٹی نے اپنی ہفت روزہ میٹنگ میں سال گذشتہ کا دہرایا ہوا بجٹ پیش کر دیا دہرائے ہوئے بجٹ میں ستر لاکھ روپیہ کا خسارہ ہے یہ خسارہ لاجپت رائے مارکیٹ کی تعمیر اور دیگر وجوہات کی بنا پر ہوا ہے لیکن اگلے سال کے لئے امید کی جاتی ہے کہ محصول چنگی میں لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوگا۔ اس کے علاوہ ہاؤس ٹیکس اور دیگر ٹیکسوں میں بھی اضافہ کے سوال پر غور ہو رہا ہے۔

طلباء کو شراب فروخت کرنا ممنوع

صوبہ دہلی میں طلباء یا ۲۵ سال سے کم عمر کے لوگوں کو کسی قسم کی شراب فروخت کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ یہ تبدریج منشیات کا ایک قدم ہے اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والوں کو ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا تین سال سزا ہوگی۔ نیز کشمیری گیٹ کی دیسی شراب کی دکان اٹھا کر شہر سے باہر لے جائی جائے گی۔ نریلہ اور نجف گڑھ وغیرہ کے دیہات میں افیون اور بھنگ کی دکانیں بند کر دی جائیں گی۔ دیگر بندشوں پر یکم اپریل سے عمل ہوگا۔

کشن گنج میں جلسہ

۵ فروری کو ۸ بجے شب کشن گنج [illegible]

ہندکو ڈیل کا ہندستانی ترجمہ

دہلی ۹ فروری۔ ہندو کوڈ بل کا ہندستانی ترجمہ [illegible] اردو اور ہندی دونوں طرح کے رسم الخط میں منیجر پبلیکیشنز سرکار سیول لائنز دہلی سے خریدا جا سکتا ہے۔

بازاروں کے بھاؤ

چندوسی مارکیٹ

گندم ۲۴/- ۔ چنے ۱۶/- ۔ اڑد ۱۹/- ۔ [illegible] مونگ ۱۸/۱۲/- [illegible] تیل سرسوں ۵۰/۱۲/- [illegible] گڑ ۱۲/۸ ۔ [illegible] دیسی ۱۵/- ۔ [illegible] کانیں [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی [illegible] سونا [illegible] گڑ [illegible] شکر [illegible]

ہندستان میں جہاز سازی کا نیا کارخانہ

نئی دہلی ۸ فروری معلوم ہوا ہے کہ مشہور برطانوی فرم میسرز جان براؤن آف سکاٹ لینڈ نے ہندوستان میں جہاز سازی کا ایک نیا کارخانہ قائم کرنے کے سلسلے میں مدد دینے کی پیشکش کی ہے [illegible]

پولیس کی امداد سے انخلاء

کچھ شرنارتھی (فرول باغ) کے سرکاری کوارٹروں میں زبردستی داخل ہو گئے تھے پولیس کی امداد سے ان کو نکال دیا گیا

ہڑتال کا نوٹس

مشرقی پنجاب ریلوے ورکرز یونین نے مشرقی پنجاب [illegible] کو نوٹس دیا ہے [illegible] ہڑتال کر دینے کی دھمکی دی ہے۔

بیکار مت بیٹھو

[illegible] انڈین گلستان ادب [illegible]

ہیجانی عورت

روک تھام

[illegible]

"اب کشمیر میں صرف ۲۰۴ قبائلی رہ گئے ہیں"

جنگ بند کرنیکے سمجھوتہ کی پابندی پر پاکستان کے کمانڈر انچیف کا بیان

راولپنڈی ۹ فروری۔ پاکستان کے کمانڈر انچیف جنرل سر ڈگلس گریسی نے کل ایک ملاقات میں بتایا کہ "ان کو یقین ہے کہ اگر کشمیر میں جنگ بند ہونے کے بعد امن قائم رہا تو دونوں ملکوں میں تعلقات اور بہتر ہو جائیں گے۔ سپاہی بھی جنگ کے تو کے اتنے ہی خواہاں ہیں جتنے دوسرے لوگ"

انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے زیر کمان کا تعلق ہے وہ جنگ بند کرنے کے سمجھوتہ پر عملدرآمد کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ کہ پاکستانی دستوں کے قبائلیوں کا کوئی رجحان نہ تھا اس لئے یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ انہوں نے اس بات کا بھی یقین ظاہر کیا کہ وہ استصواب کے متعلق بھی فیصلہ ہوگا اسی پر قائم رہیں گے۔

پروگرام کے مطابق انخلا

جنرل گریسی پاکستان کے کمانڈر انچیف نے کہا ہے کہ اب یہی ہے کہ قبائلیوں کے انخلا کا کام دو فروری تک پورا ہو جائے گا۔ [illegible] اس وقت صرف ۲۰۴ قبائلی ہیں جن کا انخلا [illegible] کے جاری ہونے کے وقت تھا ان کی تعداد ۲ تا ۸ ہزار قبائلی تھے۔ جنگ بند ہونے کے بعد محاذ کی دونوں جانب فوجیں اپنی جگہ پر جم گئے اور ایک بریگیڈ جسے محاذ پر بھیجا جانا تھا اسے روک دیا گیا اب اقوام متحدہ کے مشاہدین کا انتظار ہے تاکہ وہ دیکھیں کہ جنگ بند کرنے کے سمجھوتے پر عمل ہو رہا ہے۔

جنگ بند کرنے کے سلسلہ میں شرائط کی کسی قسم کی دشواری نہیں ہوئی۔ فوجیوں کے آپس میں ملنے جلنے کے بارے انہوں نے کہا یہ بات اچھی ہے کہ دونوں طرف کے سپاہی ایک دوسرے سے ملیں اس سے سمجھوتہ میں مدد ملے گی انہوں نے ایسی مثالیں دیں کہ ایسے سپاہی جو تقسیم سے پہلے ساتھ رہتے تھے ان دنوں ایک دوسرے سے [illegible] کرتے ہیں۔ [illegible]

امریکہ میں غیر ملکی طلباء

نیویارک ۹ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ اس وقت امریکہ میں تقریباً ۲۶ ہزار غیر ملکی طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں [illegible]

پوپ کو ہنگری کی پیشکش

[illegible]

برطانوی ریڈیو ماہر

لندن ۹ فروری۔ [illegible] اس سے پہلے "آپ آپکو" ریڈیو [illegible] کے منیجر تھے۔ نئی کمپنی کا نام [illegible] رکھا گیا ہے اور اس کا ہیڈ آفس بمبئی میں ہوگا۔

دہلی میں عظیم تر راجستھان کے قیام کے سلسلے میں گفت و شنید

حکمرانوں اور کانگریس مینوں کے الگ الگ جلسے

نئی دہلی ۱۱ فروری۔ راجستھان کے لیڈروں کے مابین جو آج کل نئی دہلی میں راجستھان اعظم کے قیام کے سلسلے میں آئے ہوئے ہیں آج گفت و شنید جاری رہی۔ جب کہ حکمرانوں کا اجتماع میکاسیز ہاؤس میں ہوا۔ راجپوتانہ کانگرس اور کانگرس کمیٹی کے ممبروں کے الگ جلسے [illegible] ہوئے۔ اگرچہ بہت سے سوالات حل ہو گئے ہیں لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ تمام گفت و شنید بہت اچھے طریقہ پر چل رہی ہے۔

[illegible]

شاہ ایران پر قاتلانہ حملہ

"اسکاٹسمین" کا تبصرہ

لندن ۹ فروری۔ اسکاٹسمین کے نامہ نگار کے مطابق شاہ ایران پر قاتلانہ حملہ [illegible]

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

باہر کے حضرات جو ہوٹل والے ہی پورے کر سکتے ہیں۔ جہاں آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے شاہی قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیری، زردہ، بریانی، شیرمال، کلیجی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چاٹ، انڈے، کیک، مکھن وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے۔

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں

- روزانہ الجمعیۃ پہنچ رہا ہے۔ اور لاکھوں آدمی پڑھ رہے ہیں۔
- بہت سے مشتہرین حضرات اس نادر موقع سے فائدہ اٹھا رہے ہیں

آپ کیوں محروم ہیں!

- آپ بھی روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

منیجر اشتہارات الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار - مورخہ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۳ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۶ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

انڈونیشیا میں ڈچوں نے مجلس تحفظ کے حکم کے خلاف بمباری شروع کر دی

سماٹرا میں کئی مقامات پر فوجیں اتاریں اور بمباری کی

جمہوری لیڈروں کو ابھی تک رہا نہیں کیا۔ انڈونیشین نمائندہ کا انکشاف

لیک سکسیس (پریس ٹرسٹ) ۱۲ فروری۔ جمہوری انڈونیشیا کے نمائندے ڈاکٹر سوبنڈریو نے ... الزام لگایا ہے ...

برما میں تمام ہوائی کمپنیوں نے کام بند کر دیا۔ باغیوں سے زبردست جنگ

ہڑتالیوں کے مظاہرے حکومت کے خلاف نعرے اور گرفتاریاں

روڈس کانفرنس میں تعطل جاری ہے، ڈاکٹر بنچ کی کوششیں بے سود رہیں

عراق نے فلسطین کا مقبوضہ علاقہ شرق اردن کے حوالے کرنا منظور کر لیا

لندن ۱۲ فروری (پریس ٹرسٹ)

معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کے ثالث ڈاکٹر رالف بنچ آج اسرائیلی اور مصری نمائندوں سے علیحدہ علیحدہ بات چیت کر رہے ہیں ...

مزید یہودیوں کی فلسطین کو روانگی

آدمی بکسوں پر پھر فائرنگ

مظاہرین میں سے ایک زخمی

ترکی کی عرب ریاستوں کو حفاظتی پیشکش

مصر کے عربی اخبارات کا انکشاف

قاہرہ ۱۱ فروری۔ قاہرہ کے مشہور عربی اخبارات الاہرام اور المصری ...

ڈچوں کی اقتصادی ناکہ بندی اور سفارتی تعلقات کا انقطاع

نیویارک میں ڈاکٹر سومترو کا انکشاف

ڈچ کابینہ مستعفی ہو جائے گی؟ انڈونیشیا کے بارے میں زبردست اختلاف رائے

پارلیمنٹ میں جمہوری لیڈروں کی رہائی کے بارے میں وضاحت کا مطالبہ

ایشیائی اتحاد سے ڈچ شہنشاہیت کے ایوان میں زلزلہ

افغانستان کے جرنلسٹ کو ہند کلکتہ کی جانب سے دعوت

۲۸ جاپانیوں کو سزائے موت

امریکن ہوابازوں کو ہلاک کرنے کا شاخسانہ

ہند پارلیمنٹ میں ہند اور پاکستان میں ہونے والے معاہدہ کا ذکر

برما جانے والے ہندوستانی وفد کی روانگی ملتوی ہوگئی

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

برطانوی حکومت کے خلاف مسٹر چرچل ملامت کی قرارداد پیش کریں گے

بجٹ کے ضمنی اندازوں پر دوران بحث میں مسٹر چرچل کی نکتہ چینیاں

لندن ۱۱ فروری۔ مسٹر چرچل نے دارالعوام کو بتایا کہ حزب مخالف ... حکومت کے خلاف ملامت ...

پانچ ٹیکسیاں پکڑی گئیں

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے۔ ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

مئی تک پاکستان کے تمام غذائی مسائل حل ہو جائیں گے

ہند کو فاضل اناج ارسال کئے جانے کا بھی امکان ہے

پاکستان کے وزیر خوراک پیرزادہ عبدالستار کا بیان

کراچی ۱۰ فروری

پاکستان کا غذائی مسئلہ اگلی مئی میں حل ہو جائے گا۔ ایک ملاقات میں پاکستان کے وزیر غذا پیرزادہ عبدالستار نے اس خیال کا، اور اس بارے میں اپنے کامل یقین کا اظہار کیا۔

چینی کا اسٹاک

گندم کی قیمت میں اضافہ

مغربی پنجاب میں گورنری راج کے طول پکڑنے کا امکان

نئے انتخابات تک صوبہ کا انتظام گورنر کے ہاتھ میں رہے گا

ڈچ ترجمان کی تردید

گاندھی جی کے مقدمہ کی روداد

بقیہ صفحہ ۲

شنگھائی سے صلح کے وفد کی روانگی ملتوی ہوگئی

دریائے یلنگسی میں سرکاری گن بوٹوں کا حفاظتی گشت

مزدوروں کی نئی عالمی تنظیم

جل جواہر کو شدید نقصان

عبدالقیوم صاحب کہاں ہیں؟

بمبئی میں خوفناک آتشزدگی

دو نامور مصریوں کی موت

اقوام متحدہ اور انڈونیشیا

ڈاکٹر ایوٹ کی تقریر

کانگریسیوں کے خلاف تادیبی کاروائی

بقیہ کالم چھ

ہند اور لنکا کے درمیان جہاز سروس کا افتتاح

مسٹر راجگوپال اچاریہ گورنر جنرل کی تقریر

یوپی میں ہڑتال کی وبا

مغربی پنجاب کے راشن میں اضافہ

افغانی روپیہ کی قیمت گر رہی ہے

اسٹاپ پریس

ٹیلیفون نمبر ۵۰۷۱
تار کا پتہ کلوریم دہلی
پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ
قائم شدہ ۱۹۲۳ء

خلاصہ سرٹیفکیٹ نمبر 4/6082/2

جناب ڈاکٹر سید عبدالعلی صاحب ایم بی ریٹائرڈ ہاؤس سرجن میڈیکل کالج کلکتہ حال مالدہ بنگال
میں آپ کی ایجاد کردہ دوائی پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ کا استعمال کر رہا ہوں اور اسے نہایت مفید پا رہا ہوں۔ ... ارسال کریں۔

فوائد: سوائے پیدائشی اندھے کے آنکھوں کی تمام بیماریوں کو شفا دیتی ہے۔ اچھی آنکھوں میں ڈالنے سے آنکھوں میں کبھی کوئی بیماری پیدا نہ ہوگی۔ باریک اور کثرت سے کام کرنے والوں کی آنکھوں کیلئے آب حیات ہے۔ مفصل معلومات کیلئے ضرورتمند صاحبان پرل کلوریم گائیڈ مفت طلب کریں۔

قیمتیں: پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ سپیشل پوٹنسی بارہ روپیہ بارہ آنے۔ نارمل پوٹنسی بڑی شیشی پانچ روپیہ چار آنے۔ چھوٹی شیشی دو روپیہ بارہ آنے۔ علاوہ محصول ڈاک خرچ پیکنگ۔ پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ دوائی ہوگا۔
اپنے شہر کے انگریزی دوافروشوں سے طلب کریں یا پتہ ذیل سے منگوائیں۔
منیجر پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ کارونیشن بلڈنگ فتحپوری چاندنی چوک دہلی

آپ بھی نوجوان بن سکتے ہیں؟
ولاس فارمیسی (D.A) فراشخانہ دہلی

صنعت حرفت کے پوشیدہ راز یعنی دولت کمانے کے ڈھنگ
صنعت حرفت کے متعلق اپنی شان کی نرالی کتاب ہے۔ ...
۹۰ صفحات کی کتاب۔ قیمت صرف ۲ روپے
گلستان پبلشنگ ہاؤس۔ بازار سرکی والان دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۳ فروری ۱۹۴۹ء

ہمارا معاشی بحران

آج کل اگر آپ چھوٹے بچوں سے یہ کہیں کہ جنگ سے پہلے ۱۹۳۲ء تک ایک پیسہ کی مونگ پھلی آدھ پاؤ آتی تھی، کھوپرا ایک پیسہ کا ایک چھٹانک آتا تھا، ربڑ کی گیند تین پیسہ میں آتی تھی، گھی ایک روپیہ کا سیر بھر اور آٹا سولہ سیر آتا تھا تو وہ ہنس دے گا، اور کبھی یاد نہ کرے گا

ہے کہ سی۔ آئی۔ ڈی کا پورا لاؤ لشکر بھی اس کا سراغ نہیں لگا سکتا!

ہندوستانی باشندوں کی بہتری اس میں ہے کہ وہ حالات سے مطابقت پیدا کریں اور یقین کرلیں کہ انہیں تھوڑے پر قناعت کرکے محنت زیادہ کرنی پڑیگی زبان کے چٹخاروں کو چھوڑنا پڑے گا اور معاشی بحالی

ہم سب کا بیڑا پار ہے!

آمدنی کے اعتبار سے سرمایہ داروں کو چھوڑ کر ہم افراد کو تین حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں (۱) بیروزگار۔ (۲) مزدور۔ (۳) ملازمت پیشہ۔ بے روزگاروں کے لئے کام مہیا کرنا حکومت کا فرض ہے اور کوئی حکومت پنپ نہیں سکتی اگر وہ سب کے لئے ضروریات زندگی فراہم نہ کرے، چونکہ بیروزگاری کا کوئی بحث نہیں ہوتا اس لئے اس پر معاشی اعتبار سے کوئی بحث نہیں کیجا سکتی، اب جہاں تک مزدوروں کا تعلق ہے ان کی آمدنی میں مصارف کی نسبت خاصہ اضافہ ہوا ہے اور نسبتاً اس طبقہ کی حالت ملازمت

وہ لوگ جو عوام سے لین دین کا رابطہ رکھتے ہیں اور جنہیں رشوت ستانی میں ہاتھ رنگنے کا موقعہ ملتا ہے سوان کا تو کہنا ہی کیا، وہ حقیر تنخواہ کو کوئی حیثیت نہیں دیتے اور اوپر کی آمدنی سے گلچھرے اڑاتے ہیں سرمایہ والوں کے بعد بھی ایک ایسا طبقہ ہے جس پر گرانی کے اس زمانہ میں ہُن برس رہا ہے اور جو دست بدعا ہے کہ ملک کا معاشی بحران بدستور قائم رہے اور عوام کی حماقت اور مجبوریوں سے ان کی مٹھی گرم ہو! البتہ وہ ملازم جن کی سرکاری خدمات سے عوام کو کوئی تعلق نہیں، مثلاً انجن ڈرائیور، کارخانوں کے مزدور علمی اور فنی تحقیقات کے ماہرین وغیرہ سب سے زیادہ گھاٹے میں ہیں، محدود تنخواہ، اشیا کی گرانی خرچ کی تنگی اور مستقبل سے بے اطمینانی، لہذا ان کی شکایت بجا اور ان کی حالت قابل رحم!

اور چند چیزوں کی خریداری میں ہی دس روپے صرف ہوگئے! لیکن ہمیں گرانی اور کمیابی پر [illegible] اور نہ گذشتہ زمانہ کو یاد کرکے سرد آہیں بھرنی چاہئیں زمانہ کبھی کسی کا ساتھ نہیں دیتا، ہر شخص کو زمانہ ہی کا ساتھ دینا پڑتا ہے ارزانی کا زمانہ ارزانی کے ساتھ گیا اب تو زمانے کا دوسرا ہی رنگ ہے جسے اضافی طور پر گرانی کا زمانہ سمجھ لیجئے۔

جو شخص خیال کرتا ہے کہ گذشتہ زمانہ ایک سال میں لوٹ آئے گا وہ خام خیالیوں میں مبتلا ہے ہمیں یقین کرلینا چاہیئے کہ بحالی کا زمانہ ابھی دور ہے۔

میں ہمارا معیار زندگی ڈھل رہا ہے، وہ بہت عرصہ تک باقی رہے گا، اور ہمیں گرانی اور کمیابی سے مدتوں تک دوچار ہونا پڑے گا۔ اگر مشکلات کا مقابلہ ناگزیر ہے تو ہمیں زندگی کو ہموار بنانا چاہیئے، ہمیں ایسی عادت ڈالنی چاہیئے کہ یہ زندگی ہنسی خوشی گذر جائے اور ہم حالات سے مطابقت پیدا کرلیں، کامیاب زندگی بھی وہی ہے جو حالات کے سانچوں میں ڈھلتی رہے اور مشکلات ہماری روح کے لئے بار ثابت نہ ہوں۔

اس معاملہ میں ہم یورپ خصوصاً انگلستان کے باشندوں کی جرأت اور حوصلہ کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے، انگریز قوم نے نہ صرف جنگ کی مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کیا بلکہ اس کے نتائج مابعد کو بھی ہنسی خوشی برداشت کرلیا! جس قوم کے افراد نے شاہانہ زندگی گذاری تھی [illegible]

آج معاشی بحران کا خندہ پیشانی سے خیر مقدم [illegible]

اچھی باتیں!

وما آتیتم۔ تا۔ المضعفون (پ۲۱ ع۷)

تم جو لوگوں کو سود دیتے ہو تاکہ ان کے مال میں بڑھوتری ہو، تو دنیا میں تو ایسا ہو جائیگا مگر خدا کے ہاں ایسے مال کی کوئی قیمت نہیں لیکن اس کے مقابلہ میں تم جو صرف رضائے الٰہی کے لئے زکوٰۃ نکالتے ہو اس میں یقیناً.... بڑھوتری ہوگی۔

اسلام نے سود کا انسداد کرکے نظام زکوٰۃ کو قائم کیا ہے۔ سود نے کیا؟ غربا کے مال کو سود کے کانٹے سے کھینچا اور سینکڑوں کو تباہ کرکے ایک بڑا مہاجن پیدا کردیا! آج سائنس اور معاشیات کی دنیا میں سود کی تباہ کاریوں کو تسلیم کرلیا گیا ہے مگر اسلام اس لعنت کا انسداد اس وقت کرچکا ہے جب کہ دنیا اس کے مضرات سے واقف بھی نہ ہوئی تھی! اسلام کہتا ہے کہ اگر غریبوں کی امداد کرنی ہے تو انہیں قرض حسنہ دو اور ان کی مجبوریوں سے فائدہ مت اٹھاؤ، غربا کی دستگیری کے لئے نظام زکوٰۃ کو قائم کرو یعنی اپنے روپے میں سے ڈھائی فیصد [illegible] حالت کو متوازن رکھے گا، اسلام کی اس تعلیم کی قدر وہی لوگ کرسکتے ہیں، جنہوں نے نظام سرمایہ داری اور اس کے نتائج کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔

دنیا کی اخلاقی منصوبہ بندی

(مولانا ابوصالح اصلاحی)

پاکستان کا وجود دراصل مسلمانوں کے اخلاقی شعور کا نتیجہ ہے، ہم مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اخلاق اور دنیا کے معاملات و مسائل میں گہرا تعلق ہے۔ بے اخلاق سیاست، بد اخلاق معیشت، بے اخلاق معاشرت انسانیت کے مقدس چہرے پر بدنما داغ ہیں۔ ہمارے نزدیک اخلاقی قدریں جس طرح انفرادی زندگی کی پاکیزگی اور صحت کے لئے ضروری ہیں۔ اسی طرح سٹیٹ اور [illegible] بین الاقوامی تعلقات کی پاکیزگی اور نفاست کے لئے بھی ناگزیر ہیں۔

سیر... دنیا

(دنیا کے کالم سے)

خبر آئی ہے کہ شمالی بہار میں جنگلی جانوروں نے حضرت انسان کو پریشان کر رکھا ہے — ان پریشان کرنے والوں میں خصوصیت کے ساتھ ہرن اور نیل گائے کے نام قابل ذکر ہیں۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ صرف [illegible] ضلع میں دو ہزار ایکڑ زمین میں پانچ سے دس ہزار من غلہ برباد ہوا — اس بربادی کو روکنے کے لئے حکومت بہار نے شکاریوں کا ایک دستہ تیار کیا ہے جسے کثیر تعداد میں کارتوس دئے جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ شکاریوں کو صرف کارتوس ہی نہیں بلکہ ہر جانور کے پیچھے مبلغ دو روپیہ [illegible] بھی دئے جائیں گے تاکہ ان کی ہمت افزائی ہو اور وہ زیادہ سے زیادہ خون میں اپنے ہاتھ رنگیں — گذشتہ دو سال سے وہ بندوق پر بندوق رکھ کر بیٹھے ہوئے

اگر پولیس چاہتی تو مہاتما گاندھی کے حادثۂ قتل کو روکا جاسکتا تھا

مہاتما جی کو قتل کرنے کی سازش ثابت ہوگئی

اسپیشل جج مسٹر آتما چرن کا فیصلہ

دہلی ۱۰ فروری۔ مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کا سپیشل جج مسٹر آتما چرن نے [illegible]

کسٹوڈین کے قبضہ میں آئی ہوئی جائیدادوں کا کیس

آج ہی درج کرادیجئے

(سکریٹری قانونی امدادی کمیٹی)

گاندھی جی کے مقدمۂ قتل پر پانچ لاکھ روپے صرف ہوئے

مقدمہ کی کارروائی لندن میں کتابی صورت میں چھپ رہی ہے

دہلی ۱۱ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ گاندھی جی کے مقدمۂ قتل پر ۵ لاکھ روپیہ صرف ہوا ہے۔ [illegible]

مولانا سعید احمد اکبرآبادی ذیابیطس میں مبتلا

دو سیکرٹریوں کا اخراج

بوڈاپسٹ ۱۱ فروری۔ ہنگری نے امریکی سفارت خانے کے دو سیکرٹریوں کو ملک سے [illegible]

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون

طلا نمبر ۲۰

تصدیق

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دھلی

ماہنامہ بانو دہلی کی شاندار پیش کش
فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
حسین کشیدہ کاری
۷۲ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے۔ سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سالنامہ
سالانہ قیمت صرف پانچ روپے ۵/-
خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے
ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے
پتہ صرف
منیجر رسالہ بانو دہلی
لکھئے

محبوب آپ کا غلام

[illegible]
افضل بک ڈپو نمبر ۱۲۵۳ بلیو جالا پہاڑی دہلی

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خاں کا ہوٹل
طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر۔ صنوبر ہوٹل ۔۔۔ نمبر ۱۰۹ ۔۔۔ فراشخانہ دہلی

خواتین اسلام

اس کتاب میں صحابی عورتوں کے وہ دلیرانہ اور بہادرانہ کارنامے جمع کئے گئے ہیں [illegible]
ادارہ تبلیغ اسلام۔ پل بنگش دہلی

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیوں کہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی تک قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جمعیت سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

انتخابات

قصبہ سیوہارہ ضلع بجنور

۶ فروری کو ایک بجے دن سے شیخ الحدیث حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب مراد آباد سے قصبہ سیوہارہ میں تشریف فرما ہوئے اور آپ کی ہی زیر صدارت جمعیۃ علماء کا انتخاب عمل میں آیا جس کے عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ حکیم خلیل الرحمان صاحب صدر۔ حکیم شریف احمد حکیم احمد اختر [redacted] حافظ جمیل الرحمٰن نائب ناظم منشی عبد الصمد صاحب نائب ناظم۔ صوفی مقصود علی صاحب خزانچی۔ اور حافظ الطاف حسین منشی عبد الشکور۔ حافظ الرحمٰن۔ حافظ عبد السلام۔ حافظ عبد الرزاق۔ منشی حکیم اختر۔ منشی عبد الحق۔ منشی زین العابدین منشی مولانا فرید الدین۔ چودھری رونق حسین۔ فضل حق [illegible] زبیر احمد صاحب۔ مولوی حبیب الرحمان صاحب ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ چیرمین پبلک ورکس بورڈ۔ منشی اختر جمیل الرحمان مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے۔ اور مولوی حبیب الرحمان صاحب ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ اور منشی اختر جمیل صاحب کو ضلع کے لئے نمائندہ منتخب کیا گیا۔

راج نانڈگاؤں

۲۴ جنوری کو بصدارت جناب حکیم سید محمد اشرف صاحب جمعیۃ کا جلسہ بغرض انتخاب عہدیداران و قیام شاخ جمعیۃ علماء راج نانڈگاؤں صوبہ سی۔ پی منعقد ہوا۔ اسمائے گرامی عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ مولانا محمد عبد الخالق صدر۔ مولانا حکیم سید محمد اشرف نائب صدر۔ سید عبد الحفیظ سکریٹری۔ جناب [illegible] بہادر صاحب نائب سکریٹری۔ جناب کیکا بھائی محمد علی صاحب خازن مقرر ہوئے۔

ضلع فیض آباد

۵ فروری کو ضلع جمعیۃ علماء فیض آباد کے اراکین انتظامیہ کا ایک انتخابی اجلاس زیر صدارت مولانا علیم اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ کنز العلوم ٹانڈہ دفتر ضلع جمعیۃ علماء شہر فیض آباد میں منعقد ہوا۔ شروع میں مولانا وکیل الدین صاحب قائم مقام صدر ضلع جمعیۃ علماء فیض آباد نے سابق صدر جناب مولانا سید محمد نصیر صاحب کی خدمات جلیلہ اور موصوف کی رہنمائی میں ضلع جمعیۃ علماء کے سال گذشتہ کے نمایاں کارناموں اور تنظیم پر ایک اجمالی تبصرہ فرمایا۔ اس کے بعد دو تجویزیں بالاتفاق پاس کی گئیں پہلی تجویز میں پرانے رفیق کار شیخ غلام حسن صاحب کے بڑے لڑکے حافظ مسعود احمد صاحب مرحوم کی وفات پر دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا تھا۔ دوسری تجویز میں پرانے صدر محترم مولانا سید محمد نصیر صاحب کی مجبوریوں کی بنا پر عدم شرکت پر اظہار افسوس کیا گیا تھا۔ بعد ازاں حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ صدر مولانا وکیل الدین صاحب ٹانڈہ۔ نائبین صدر۔ مولانا سید محمد نصیر صاحب مولانا مختار احمد صاحب قدوائی۔ مولانا نور محمد صاحب مولانا احمد میاں انصاری صاحب۔ مرزا احمد بیگ صاحب ناظم حکیم احمد اللہ خاں صاحب قاسمی فیض آباد۔ نائبین ناظم مولوی اسحاق صاحب قدوائی۔ مولوی ظہور الحق صاحب حکیم مرتضیٰ حسن صاحب صدیقی۔ مولوی عبد العزیز صاحب سہرور۔ خازن منشی اشتیاق احمد صاحب فیض آباد۔ محاسب مولانا علیم اللہ صاحب صدر مدرس مدرسہ کنز العلوم ٹانڈہ۔

ضلع بجنور

۱۰ جنوری کو [illegible] جمعیۃ علماء ضلع بجنور کا انتخابی اجلاس زیر صدارت مفتی خورشید [illegible] نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع ایک بجے تک جاری رہا [illegible] حسب ذیل انتخاب عہدیداران عمل میں آیا۔ صدر مولانا حامد الانصاری غازی ایڈیٹر مدینہ۔ نائب صدر مولوی ظہیر عالم [illegible] وکیل [illegible] انتظار حسین بی۔ اے۔ ناظم اعلیٰ مفتی خورشید عالم [illegible] نائب ناظم مولانا سید احمد رضا و مولانا مرغوب الرحمٰن خازن منشی محمد شفیع صاحب [illegible] دفتر جمعیۃ علماء ضلع بجنور [illegible]

موضع چیتوڑہ ضلع مظفر نگر

۲۶ جنوری کو [illegible] نے جمعیۃ علماء کا انتخاب کیا۔ عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ چودھری [illegible] صاحب صدر [illegible] صاحب نائب صدر۔ شیخ غلام محمد انصاری ناظم اعلیٰ۔ انوار صاحب نائب ناظم۔ [illegible]

قصبہ بھالی ضلع [illegible]

[illegible]

کے سلسلہ میں ۶ جنوری کو جامع مسجد میں عام جلسہ ہوا جس میں مجلس منتظمہ اور عہدیداروں کا انتخاب ہوا۔ مولانا ابو البیان محمد زکی صاحب فاروقی صدر۔ مولانا محمد عظیم صاحب نائب صدر۔ مولانا جمال الدین ناظم اعلیٰ۔ مولانا محمد یونس صاحب نائب ناظم۔ محمد علی صاحب خازن منتخب ہوئے اور مجلس منتظمہ کے لئے بیس اشخاص کا انتخاب عمل میں آیا۔

گورکھپور

۲۳ جنوری کے جلسے میں شہر جمعیۃ علماء گورکھپور کے حسب ذیل حضرات عہدیدار [redacted] ابو الکلام صاحب صدر۔ عبد الغنی خاں مختار نائب صدر اول۔ شیخ مصطفیٰ حسین وکیل نائب صدر دوم۔ ڈاکٹر سید محمود احمد صاحب قادری ناظم۔ محمد احمد صاحب نائب ناظم اول۔ محمد شکور صاحب نائب ناظم دوم۔ خلیل اللہ خاں صاحب خزانچی۔

پورقاضی ضلع مظفر نگر

قصبہ پورقاضی میں جمعیۃ علماء کے لئے حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب ہوا ہے۔ مولوی سید احمد صاحب صدر۔ عبد الرحیم خاں صاحب نائب صدر تنظیم احمد کاظمی ناظم۔ محمد اسحاق صاحب نائب ناظم۔ مولوی عبد الرشید صاحب خازن۔

حلقہ پرگنہ پورچھپار

ملا ابراہیم صاحب صدر۔ حکیم تقی احمد صاحب نائب صدر۔ [illegible] منشی غلام رسول نائب ناظم۔ مشتاق احمد صاحب خازن۔ ممبران حلقہ پورقاضی و چھپار حسب ذیل ہیں۔ تنظیم احمد کاظمی۔ حکیم تقی احمد صاحب۔ عرفان الحسن صاحب چودھری شادی محمد صاحب۔ ابراہیم صاحب۔

[redacted]

عبد الباسط صاحب۔ ناظم اعلیٰ احمد علی خاں۔ نائبین۔ محمد حسین صاحب۔ مقصود امین صاحب۔ خزانچی حافظ عبد القدیر۔ محاسب مولانا عبد الاحد۔ نیز سترہ ممبران کی مجلس منتظمہ چنی گئی۔

جمعیۃ علماء گورکھپور کے زیر اہتمام گاندھی جی کی برسی

۱۔ صدر منشی محمد علی (۲) محمد شرف الدین صاحب نائب صدر (۳) منشی عبدالحمید صاحب مدرس مدرسہ پرائمری موضع بٹالہ ناظم (۴) بنیاد خان صاحب نائب ناظم (۵) محمد شریف صاحب خازن مقرر ہوئے۔ مجلس منتظمہ کے لئے (۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) کلیم علی صاحب (۴) الیاس علی صاحب (۶) نذیر احمد صاحب (۷) شبیر احمد صاحب (۸) سعید احمد صاحب (۹) مشتاق احمد صاحب (۱۰) عبدالرحمن صاحب (۱۱) غلام [illegible] (۱۲) عبدالغفور صاحب (۱۳) علی احمد صاحب (۱۴) منشی خان صاحب (۱۵) شفیع الدین صاحب منتخب کئے گئے۔

فیض آباد

حسب ذیل حضرات جمعیۃ علماء فیض آباد کے عہدہ داران منتخب ہوئے ہیں۔ مولوی وکیل الدین، حکیم احمد اللہ خانصاحب قاسمی، مرزا احمد بیگ، مولوی مختار احمد قدوائی، مولانا نور محمد، مولانا سید محمد نصیر صاحب اور مندرجہ ذیل حضرات اراکین مجلس عاملہ کے لئے منتخب ہوئے: مولوی وکیل الدین، حکیم احمد اللہ خاں صاحب، مولانا علیم اللہ صاحب، مولوی مختار احمد صاحب قدوائی، مولانا سید محمد نصیر، مولانا فرمحمد خانصاحب، مولانا احمد میاں صاحب انصاری، مولوی اسحاق صاحب قدوائی، مولوی ظہور الحق، حکیم مرتضیٰ [illegible] مولوی عبدالحق، مولوی مقبول احمد صدیقی، قاضی محمد علیم، حافظ عبدالستار، شیخ غلام حسن، مولوی نذیر احمد، خلیل احمد خانصاحب، منشی امانت حسین، حاجی اسد اللہ قدوائی وکیل، مولوی کرامت اللہ صاحب، مرزا احمد بیگ صاحب۔

ضلع گورکھپور

۲۹ جنوری کو ضلع جمعیت العلماء گورکھپور کے حسب ذیل عہدیداران [illegible] مولانا رشید اللہ صاحب [illegible]

افغانستان کا خبرنامہ

پارلیمنٹ کے انتخاب کے ابتدائی انتظامات۔ ظاہر شاہ کا خصوصی فرمان۔ کابل میونسپلٹی کی کارگزاری۔ آبپاشی کے نظام میں توسیع۔ افریقی ہندوستانیوں سے ہمدردی ایشیائی کانفرنس کی اہمیت

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

افغانستان میں ان دنوں ملک کی داخلی زندگی سے تعلق رکھنے والا سب سے اہم واقعہ جو پیش آیا وہ اراکین پارلیمنٹ کے انتخاب کا اعلان ہے۔ یوں تو وزیر اعظم کا دورہ اور شاہ کے حضور میں کابل میونسپلٹی کے صدر کی طلبی بھی اہم واقعات ہیں لیکن نئے انتخاب کے اعلان کی اہمیت ان سب سے زیادہ ہے۔

جہاں تک بین الاقوامی واقعات کا تعلق ہے افغانستان کے سیاسی [redacted] ایشیائی کانفرنس اور جنوبی افریقہ کی اقلیتوں [illegible]

افغانستان کی پارلیمنٹ کے انتخابات کا زمانہ قریب آگیا ہے۔ جنوری کے آخر میں اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ فرمانروائے افغانستان کی مہر سے مزین ایک فرمان جاری کیا گیا جس میں نئے حلقہ ہائے انتخاب، اراکین کی تعداد انتخاب اور رائے دہی کی شرائط نیز عذر داریوں کی شرطوں کا ذکر تھا۔

ممبران کی تعداد

اس میں بتایا گیا ہے کہ پارلیمنٹ کے لئے ۱۷۱ اراکین کا انتخاب ہوگا اور مختلف صوبوں سے مندرجہ ذیل تعداد میں اراکین لئے جائیں گے۔

صوبہ کابل	۳۸ اراکین
صوبہ قندھار	۲۴ اراکین
صوبہ ہرات	۲۳ اراکین
صوبہ مزار شریف	۱۲ اراکین
صوبہ قطغن	[illegible] اراکین
مشرقی صوبہ	۲۱ اراکین
جنوبی صوبہ	۱۳ اراکین
صوبہ بدخشاں	۷ اراکین
ریاست فراہ	۴ اراکین
ریاست میمنہ	۶ اراکین
خانہ بدوش قبیلے	۶ اراکین
کل تعداد	۱۷۱ اراکین

بعض اہم باتیں

شہر کابل سے دو باقی تمام حلقہ ہائے انتخاب سے ایک ایک امیدوار منتخب کیا جائے گا۔ انتخاب بلا واسطہ ہوں گے اور ہر شخص کو ایک ہی رائے دینے کا حق حاصل ہوگا۔ خانہ بدوش قبیلے بھی اپنا ایک ایک نمائندہ منتخب کریں گے۔ جب کل اراکین کی تعداد کی دو تہائی منتخب ہوکر دارالسلطنت کابل میں پہنچ جائے گی تو پارلیمنٹ کا افتتاح عمل میں آئیگا پارلیمنٹ کا کورم کل اراکین کی تعداد کا ۲/۳ ہوگا جلسوں کی قانونی حیثیت حاصل ہونے کے لئے اراکین کی اس قدر تعداد کا جلسہ میں موجود ہونا ضروری ہوگا۔ سیاہ و رکنیت تین سال ہوگی۔

اخبارات کا تبصرہ

انتخابات کو ہر جگہ اہمیت دی جاتی ہے اس لئے افغانستان کے اخبارات کا اس امر کو اہمیت دینا قدرتی بات ہے۔ اصلاح (کابل) نے لکھا ہے کہ اب ہمیں اپنے نمائندوں کا انتخاب کرنا ہے تاکہ وہ ہماری خواہشات اور مطالبات کو ملک کی پارلیمنٹ میں پیش کر سکیں۔ یہ اخبار آگے چل کر لکھتا ہے کہ یوں تو کسی کام میں سستی اور بے پروائی برتنا اچھا نہیں ہوتا لیکن انتخابات جیسے اہم کاموں میں سستی اور بے پروائی سے کام لینا ایسی غلطی ہے جس کی کبھی تلافی نہیں ہو سکتی ہمیں چاہئے پارلیمنٹ میں ایسے نمائندے بھیجیں جو ہر لحاظ سے بہتر اور اپنا جواب آپ ہی ہوں۔

وزیر اعظم کا دورہ

افغانستان کے وزیر اعظم کا دورہ اس دوران میں جاری رہا انہوں نے فرخار تالقان بغلان کے دورہ میں زنجیر سڑکوں اور پلوں وغیرہ کا معائنہ کیا۔ عوام کی شکایتوں کو غور سے سنا اور ان کے دور کرنے کی ہدایات دیں۔ ہر جگہ لوگوں نے گرم جوشی سے آپ کا استقبال کیا۔

سرحدی نشان بندی

جنوری کے آخری نصف کے شروع میں وزارت داخلہ کی طرف سے ان لوگوں کو انعامات اور سندیں دی گئیں جنہوں نے حال ہی میں افغانستان اور روس کی غیر واضح درمیانی سرحد پر حد بندی اور نشانات لگانے کا کام انجام دیا تھا۔

کابل میونسپلٹی کے صدر کی باریابی

اماہ گذشتہ کے وسط میں اعلیٰ حضرت شاہ افغانستان نے کابل میونسپلٹی کے صدر کو شرف باریابی بخشا۔ میونسپلٹی امور کی بابت معلومات حاصل کیں۔ بعض کاموں پر اظہار پسندیدگی اور خوشنودی کیا بعض امور کے بارے میں مناسب ہدایات دیں کمشنر میونسپلٹی آپ نے میونسپلٹی کی کارگزاری پر اظہار [illegible]

آبپاشی کے نظام کی توسیع

شاید پہلے بتایا جا چکا ہے کہ کچھ عرصہ ہوا افغانستان کے مختلف علاقوں کی آب پاشی کے ذرائع کو وسعت دینے کے لئے ماہر انجینئروں کی ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی۔ اب اس کمیٹی نے افغانستان کے مشرقی صوبہ کی آب پاشی کی اسکیم کے بارے میں اپنی رپورٹ شائع کر دی ہے۔ اس اسکیم کی رو سے دریائے لوگر، دریائے پنج شیر، دریائے غوربند، دریائے کابل، دریائے لغمان، دریائے کنڑ اور دریائے سرخ رود کے مختلف مقامات پر ہائیڈرو الیکٹرک بند اور نہریں کھودی جائیں گی۔ ان نہروں کی بدولت کابل اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں ایک لاکھ بیس ہزار جریب اراضی [illegible] اسی طرح سیلاب اور سروبی کے مقام پر ہائیڈرو الیکٹرک بند بنائے جائیں گے۔ جن میں سب سے پہلے سروبی کے بند کا کام شروع ہوگا اور اس کے ذریعہ دریائے کابل کا پانی مشرقی صوبے کے سارے بنجر علاقوں کو سیراب کرے گا۔

حفظان صحت پر توجہ

افغانستان میں نرسوں اور دائیوں کی بہت کمی ہے۔ کچھ عرصہ گذرا دائی وغیرہ کا کام سکھانے کے لئے ایک اسکول کھولا گیا تھا لیکن اس میں داخل ہونے والیوں کی تعداد بہت کم تھی آبادی کا نصف حصہ عورتوں اور بچوں پر مشتمل ہے ان کی صحت کی دیکھ بھال کے لئے افغانستان میں موجود دائیوں اور نرسوں کی تعداد بالکل ناکافی ہے۔ گذشتہ سال وزارت تعلیم نے اس امر کی طرف خصوصی توجہ کی اور گذشتہ سالوں کی نسبت زیادہ طالبعلم آئے۔

اس بارہ میں عوام میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے طالبات کو شروع سے وظیفہ دیا جاتا ہے۔ وظیفہ کی مقدار سال بسال بڑھتی رہتی ہے۔ تعلیم کے آخری سال میں حکومت ضروری لباس اور ادویات بھی مفت دیتی ہے فارغ التحصیل عورتوں کو فوراً ملازم رکھ لیا جاتا ہے۔

جنوبی افریقہ کے ہندوستانی

جنوبی افریقہ کی ہندوستانی اقلیتوں کا مسئلہ بہت عرصہ سے دنیا بھر کے لئے پریشانی کا سبب بنا ہوا ہے کیونکہ جنوبی افریقہ کی حکومت اپنی قلمرو میں رہنے والے ہندوستانیوں کو دوسروں کے برابر حقوق نہیں دیتی۔ ان الفاظ میں کابل کے اخبار اصلاح نے جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کی حالت پر تبصرہ کیا ہے۔ اس موضوع پر اخبار نے خاص طویل اداریہ لکھا۔ اصلاح نے لکھا ہے آج جب کہ دنیا سے کلونیلزم اور نسل پرستی ختم ہو چکی ہے جنوبی افریقہ کی یہ غیر انسانی حرکات بنی نوع آدم کی نفرت کا باعث ہیں۔ آگے چل کر اس اخبار نے لکھا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے وسیع خطہ کی تہذیب کسی سے کم نہیں۔ [illegible] لیکن ان سب باتوں کے باوجود ان سے نسبت رکھنے والی اقلیتوں سے اچھوتوں کا سا سلوک اور ان کا قتل عام عجیب سی بات ہے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصول کے مطابق ان لوگوں کی حمایت کی جانی چاہئے اور اقلیتوں کو ان کے حقوق ملنے چاہئیں۔

ایشیائی کانفرنس

انڈونیشیا کے بارے میں نئی دہلی میں ایشیائی اقوام کی جو کانفرنس ہوئی تھی افغانستان کے اخبارات میں اس کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ [illegible] انڈونیشیا سے عام ہمدردی کا اظہار کیا گیا ایشیائی کانفرنس کے فیصلوں کی حمایت کی گئی کانفرنس میں افغانی نمائندہ کی تقریر کو بھی جلی سرخیوں کے ساتھ شائع کیا گیا۔

کچھ کے قحط زدہ علاقوں کو سات لاکھ من چارہ

پانچ لاکھ مویشیوں کو موت کے چنگل سے چھڑانے کی اہم کوشش

نئی دہلی ۱۱ فروری۔ کچھ کے علاقوں میں چارہ کے قحط کو دور کرنے کے لئے سرکاری کوششوں کی پیروی میں وزارت زراعت نے کاٹھیاواڑ بھوپال سے سات لاکھ من خشک گھاس خریدنے کا انتظام کیا ہے۔ ۱۵ فروری تک اس گھاس کے ساتھ ذیلہ روانہ کر دیئے جائیں گے۔ [illegible] کمپنی نے حکومت کو ایک اسٹیمر بلاکسی معاوضہ کے پیش کیا ہے جو بمبئی سے کچھ کی بندرگاہوں کو خشک گھاس لے جائے گا۔ وزارت زراعت نے شکریہ کے ساتھ یہ پیشکش قبول کر لی ہے۔

اندازہ لگایا گیا ہے کہ کچھ کے قحط زدہ علاقوں کو آئندہ پانچ ماہ کے دوران ۷ لاکھ من چارے کی ضرورت پڑے گی۔ اب جو سات لاکھ من گھاس بھیجی جا رہی ہے اس سے چارہ کی قلت کافی حد تک دور ہو جائے گی باقی مقدار کو جلد از جلد حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کچھ کے قحط زدہ علاقوں میں کل پانچ لاکھ راس مویشی ہیں ان میں سے ۵۰ فیصدی جو بہترین مویشی ہیں وہ امراء کی ملکیت تھے وہ ان علاقوں سے دوسرے علاقوں میں بھیجے جا چکے ہیں باقی ۵۰ فیصدی غریب لوگوں کی ملکیت ہیں جنہیں کم سے کم نرخوں پر چارہ مہیا کرنا پڑتا ہے۔

صوبہ سی پی اور بھوپال سے سرکاری طور پر چارہ خریدا جا رہا ہے اس کو کچھ میں پہنچانے کے بعد ان ۳۳ ہجرا پور کے ذریعہ لوگوں میں تقسیم کیا جائیگا جو اس وقت وہاں کام کر رہے ہیں۔ سب سرکار کے افسر [illegible] کی عام نگرانی کے تحت وہاں چارہ تقسیم کرنے کا کام کر رہے ہیں۔ ان علاقوں میں خاص طور پر [illegible] ہے تاکہ چارہ کی قلت کی وجہ سے مویشیوں کے کمزور ہو جانے سے وبائی امراض پھیلنے کا سد باب کیا جائے کیونکہ خدشہ ہے کہ اس وقت مختلف بیماریاں پھیل جانے کا احتمال ہے۔ بیماریوں سے بچاؤ اور ٹیکہ کرنے کا کام سرعت سے کیا جا رہا ہے۔

یونسکو میں سیلون کی شمولیت کا مسئلہ

پولینڈ کے نمائندے کی مخالفت فیصلہ ملتوی

لیک سکسس ۱۱ فروری۔ اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل نے آج یونسکو میں سیلون کی شمولیت کے مسئلہ پر فیصلہ کو ۲۴ گھنٹے کے لئے ملتوی کر دیا۔ ہند اور برطانیہ نے ایک مشترکہ قرارداد میں سیلون کی شمولیت کی سفارش کی تھی۔

اس میں کہا گیا تھا کہ سیلون مکمل طور پر آزاد اور خود مختار ریاست ہے اور اس جماعت کے دستور پر عمل درآمد کرنے کی اہل ہے۔ پولینڈ کے نمائندے نے کہا کہ وہ اس قرارداد کے خلاف رائے دیں گے کیونکہ اس میں کہا گیا ہے کہ سیلون خود مختار امن پسند اور یونسکو کے آئین کی شرائط پر عمل کرنے کے قابل ہے۔ اس نے کہا کہ کونسل اس مسئلہ پر فیصلہ کر رہی ہے جس کے مطلب نہیں کئے گئے ہیں۔ اس نے کہا مشترکہ قرارداد کی کسی مقصد کے تحت پیش کی گئی ہے۔ اس نے کہا وہ یہ قرارداد کو منظور کرینگے جس میں سیلون کی آزادی کا ذکر نہ ہو۔ برطانوی نمائندے نے یہ بات مان لی کیونکہ وہ اس بارے میں بحث اور تنازعہ سے بچنا چاہتا تھا۔

چار بڑی طاقتوں کے نائب وزرائے خارجہ میں اختلاف رائے

آسٹریا کی بابت معاہدۂ امن کی بات چیت

لندن ۱۱ فروری۔ چار بڑوں کے وزرائے اعظم کے نائبوں نے کل آسٹریا کی بابت معاہدہ صلح کی گفت و شنید کے دوران میں اس بات پر اتفاق رائے کیا کہ یوگوسلاویہ کی سرحد اور تاوان جنگ کے مسئلہ کو ملتوی کر دیا جائے۔ لیکن بعد میں ان کے مابین اس مسئلہ پر پردہ آپس میں اڑ پڑے۔

روسی نمائندہ جارج زروبن نے کہا کہ ان امور کے بارے میں یوگوسلاویہ کے نمائندے کے خیالات سنے جائیں۔ برطانیہ اور امریکہ کے نمائندوں نے کہا کہ وہ یوگوسلاویہ کے نقطہ نظر سے مناسب موقع پر گفت و شنید کریں گے۔ گفتگو زیادہ تر اس بارے میں ہوتی کہ تاوان جنگ کی ہر بڑی طاقت کو کتنا اختیاری ہو سٹرجوری [illegible] روس کا ایک مشن موجود ہے۔ روس کی خواہش ہے کہ یہ مشن معاہدہ کے بعد بھی موجود رہے۔

عورت اور مرد آزاد خریدار ہیں تو پھر کیا حیات کے جو ڑ دیں ہیں۔ فارم نکاح کا سوال پیدا ہوتا ہے۔

پھر اس نظریہ اخلاق کا سب سے بڑا کارنامہ ہے کہ وہ یہ ہے آسانی نہیں مہرارسال کے تجربہ کے بعد اس کو مرتب کیا گیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا انسانیت کا تجربہ ختم ہو چکا ہے کہ ہمارے معلمین اخلاق ایک جدید نظریۂ اخلاق وضع فرما رہے ہیں۔ [illegible] کے دنیا کی تاریخ کا سارا ریکارڈ موجود ہے کیا یہ واقعہ ہے کہ دنیا کے پہلے کی بہ نسبت آج مسرت اور خوشی سے زیادہ لطف اندوز ہے۔ [illegible] جواب عنایت فرمائیں گے۔ (آفاق لاہور)

منصوبہ بندی

(صفحہ ۳ سے آگے)

[illegible] نظریۂ اخلاق کا مقصد انسانوں کے لئے حصول مسرت کا حصول ہے۔ [illegible]

فوجی افسر بھاگ نکلے

ٹریسٹ ۱۱ فروری۔ [illegible] یوگوسلاویہ کے آٹھ فوجی افسر بھی شامل تھے۔ ان فوجی افسروں نے بھاگ نکلنے کی کوشش کی۔ ان میں سے تین افسر اٹلی پہنچ گئے۔ لیکن باقی افسروں کے متعلق ابھی تک کچھ پتہ نہیں چل سکا اس واقعہ کے بعد یوگوسلاویہ کے فوجی حکام زیادہ چوکنا ہو گئے ہیں اور سرحد پر گشت کرنے والے سپاہیوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں

روزنامہ الجمعیۃ پہنچ رہا ہے۔ اور لاکھوں آدمی پڑھ رہے ہیں

بہت سے مشتہرین حضرات اس نادر موقع سے فائدہ اٹھا رہے ہیں

آپ کیوں محروم ہیں

آپ بھی روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

منیجر اشتہارات الجمعیۃ دہلی

مہاجرین فلسطین کی حالت زار

طاعون پھیلنے کا خطرہ

جنیوا ۱۱ فروری۔ گو اس وقت تک فلسطین کے عرب مہاجرین میں جو مختلف عرب ریاستوں کے کیمپوں میں پڑے ہیں کوئی خطرناک وبا پھیلنے کے سلسلہ میں اطلاع موصول نہیں ہوئی لیکن ڈر ہے کہ کہیں ملیریا وغیرہ کی وبا پھوٹ نہ پڑے کیونکہ اس کے آثار ظاہر ہو چکے ہیں۔ اس بات کا انکشاف دنیا کی فیڈریشن آف ریڈ کراس نے آج کیا۔ اس وبا کی روک تھام کے سلسلہ میں سوئزرلینڈ کے ڈاکٹر گوٹیئس کا مؤقف ایک اسکیم مرتب کی ہے اور وبا پھیلنے پر اس پر عمل درآمد کیا جائیگا۔

سیر و تفریح کے لئے تقریباً ۸ لاکھ لوگ

برطانیہ آئیں گے

لندن ۱۲ فروری۔ برطانیہ کو امید ہے کہ اس سال ۸ لاکھ سے زیادہ لوگ اپنی چھٹیاں برطانیہ میں گذاریں گے۔ یہ اندازہ مسٹر الگزانڈر میکسول کا ہے جو برطانوی تفریح بورڈ کے چیئرمین ہیں۔ مسٹر الگزانڈر امریکہ کا دورہ کرکے حال ہی میں لندن واپس لوٹے ہیں وہ امریکہ کے تمام بڑے بڑے شہروں میں گئے اور [illegible] ہے کہ اس سال امریکہ سے ایک لاکھ ۳۵ ہزار لوگ برطانیہ آئیں گے۔

دنیا کے دوسرے ممالک سے آنے والوں کی تعداد شامل کرکے برطانیہ نے ۸ لاکھ ۷۵ ہزار اشخاص کی آمد کا اندازہ لگایا ہے۔ (لندن پریس سروس)

کلکتہ ۱۱ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت مغربی بنگال [illegible] انڈین ٹی ایسوسی ایشن کی ایک میٹنگ [illegible]

کلکتہ ۱۱ فروری۔ کلکتہ میونسپلٹی نے اپنے بجٹ میں [illegible] دس ہزار روپیہ کی رقم [illegible]

جاپان میں روسی جاسوسوں کے دلیرانہ کارنامے

۳۲-۱۹۴۱ء کی درمیانی مدت کے تمام سرکاری راز روس پہنچا دیئے

واشنگٹن ۱۱ فروری۔ جاپان میں جنرل میکارتھر کے ہیڈکوارٹروں سے ۳۲ ہزار الفاظ پر مشتمل ایک رپورٹ موصول ہوئی ہے جس میں زمانہ قبل از جنگ میں جاپان میں کام کرنے والے روسی جاسوسوں کی سرگرمیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

اس گروہ کا لیڈر رچرڈ سورج نامی ایک شخص تھا جو جرمنی میں پیدا ہوا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو نازی ظاہر کرتے ہوئے ۱۹۳۳ء سے ۱۹۴۱ء تک جاپانی کیبنٹ اور ٹوکیو میں جرمن سفارت خانے کے راز معلوم کئے۔ اس نے یہ راز حکومت روس تک پہنچائے اور روس کے فوجی حکام نے اس کی رپورٹ کے مطابق مشرق بعید میں اپنی فوجی پوزیشنوں کے نقشے تیار کئے۔ آخر کار وہ پکڑا گیا اور ۱۹۴۴ء میں جاپانیوں نے اسے پھانسی پر لٹکا دیا۔ روسی جاسوسوں کے اس گروہ میں دو امریکن بھی شامل تھے۔ ان میں سے ایک کا نام مسٹر گنتر شٹین اور دوسرے کا مسٹر سمیڈلے تھا۔ مسٹر شٹین برطانیہ کا اور مسٹر سمیڈلے امریکہ کا باشندہ تھا۔ جاپان کی کمیونسٹ پارٹی کی موجودہ مرکزی کمیٹی کے ممبر اسی گروہ کے ساتھ وابستہ تھے لیکن ان کو اس کے دل میں اس گروہ سے تعلق رکھنے والی ایک عورت کے خلاف کینہ تھا۔ اس رپورٹ میں یہ بھی درج ہے کہ مسٹر شٹین اور مسٹر سمیڈلے ابھی تک خفیہ طور پر اپنے کام میں مشغول ہیں۔

مسٹر شٹین اور مسٹر سمیڈلے نے ان الزامات کی تردید کی ہے۔ مسٹر سمیڈلے نے جنرل میکارتھر کی رپورٹ میں لگائے گئے الزامات کو جھوٹ پر مبنی قرار دیا ہے اور جنرل میکارتھر پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ سیاسی مقاصد کے پیش نظر اس قسم کے الزامات لگا رہے ہیں۔

چٹاگانگ میں بجلی کی ترقی کی اسکیم

کراچی ۱۲ فروری۔ حکومت پاکستان نے ہنگری کی ایک فرم کو ہدایت کی ہے کہ وہ مشرقی پاکستان کے بندرگاہ چٹاگانگ کے علاقے میں کارنافلی ہائیڈرو الیکٹرک اسکیم کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ تیار کرے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ جب اسکیم کے مطابق بند تیار ہو جائے گا تو اس سے ۴۰ ہزار کلو واٹ بجلی پیدا ہوگی جو چٹاگانگ کے صنعتی علاقہ کے لئے کافی ہوگی اور سیلاب وغیرہ کی روک تھام کرکے جہاز رانی میں بھی آسانی پیدا ہو سکے گی جو دریا کارنافلی میں ہوتی ہے۔

بہار میں ابتدائی تعلیم مفت ملے گی

پٹنہ ۱۲ فروری۔ بہار کے وزیر اعظم مسٹر سری کرشن سنہا نے کل ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا ہے کہ حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ابتدائی تعلیم بالکل مفت دی جائے گی۔ صوبہ میں تقریباً ۲۲ ہزار پرائمری اسکول ہیں۔

مسٹر سنہا نے یہ بھی بتایا کہ حکومت نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ غیر سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافہ کر دیا جائے۔ اس طرح پر حکومت کو ۰۰۰،۰۰ ۱۰ روپیہ کا سالانہ خرچ مزید برداشت کرنا ہوگا۔

اقوام متحدہ کے ثالث کاؤنٹ برناڈوٹ کے قاتل رہا کر دیئے جائیں گے

اسرائیل کی طرف سے قیدیوں کی عام رہائی کا شرارت انگیز اعلان

تل ابیب ۱۲ فروری۔ یہودیوں کی خلاف قانون دہشت انگیز جماعت اسٹرن گینگ کے لیڈر کو آٹھ سال قید کی سزا ملتے ہی اسرائیل کی اسٹیٹ کونسل نے قیدیوں کی عام معافی کا اعلان کر دیا اور اسرائیل کے جیل خانوں کے تمام قیدیوں کو رہا کر دیا صرف وہ لوگ جنہیں عمر قید یا موت کی سزا دی گئی ہے جیلوں میں رہ گئے۔ عکہ کی عدالت نے اسٹرن گینگ کے لیڈر اور اس کے ساتھی کو پانچ سال قید کی سزا دی ہے۔ گذشتہ ستمبر میں کاؤنٹ برناڈوٹ کے قتل کے سلسلہ میں دہشت انگیزی کا مقدمہ چلایا اور ان کو سزا دی۔

ججوں نے یہ بھی کہا کہ وہ دونوں کو رہا کرنے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ وہ ایک عہد نامہ پر دستخط کریں کہ آئندہ خفیہ اور دہشت پسندانہ سرگرمیوں میں حصہ نہیں لیں گے اور دو سال کے لئے پولیس کی نگرانی قبول کرلیں گے۔ لیکن اسٹرن گینگ کے لیڈر نے جس کا نام لین ہے رائٹر کو بتایا کہ اگر پولیس کی نگرانی کی شرط باقی رہی تو وہ اور اس کا ساتھی مشروط عہد نامہ پر دستخط نہیں کریں گے۔

وزیر اعظم بن گورین نے ریاستی کونسل میں عام معافی کا بل پیش کرتے ہوئے کہا دستور ساز اسمبلی کو اقتدار منتقل کرنے سے قبل اسٹیٹ کونسل کا یہ آخری کام ہے۔ کل ۲۰۹ قیدیوں میں سے جن کو سزائیں دی جا چکی ہیں یا جن کے خلاف مقدمہ چلنے والا ہے ۱۴۷ مجرموں کو عام معافی مل سکے گی۔

حکومت اسرائیل کا یہ اقدام کافی تعجب کا باعث ہوا اگرچہ بہت سے مبصرین کو اس بات کا یقین تھا کہ عام معافی کا اعلان کرکے ملزمین کو رہا کر دیا جائے گا تاکہ دستور ساز اسمبلی میں حصہ لے سکیں جس کا اس کو امید تھی لیکن اس بات کا یقین نہ تھا کہ سیاسی اور اخلاقی ہر طرح کے قیدیوں کو سال کے قانون کا اطلاق ہوگا۔

پاکستان میں امونیم سلفیٹ کی تیاری

کراچی ۱۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان زراعتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ایک پلانٹ قائم کر رہی ہے جو ہر سال کم از کم پچاس ہزار ٹن امونیم سلفیٹ تیار کر سکے۔

اس سلسلہ میں کسی کیمیاوی کارخانہ داروں کے نمائندوں سے اس سلسلہ میں بات چیت ہوئی ہے۔ خیال ہے کہ یہ پلانٹ مغربی پنجاب میں قائم کیا جائیگا۔

اچھوتوں کا مندروں میں داخلہ

ہندوؤں کا احتجاج مجسٹریٹ کے امتناعی احکام

بڑودہ ۱۲ فروری۔ ددارکا اور جیات بڑودہ (ک) میں واقع کا ٹھیا واڑ کے مندروں میں ہریجنوں کے داخلہ کو روکنے کے لئے ہندوؤں نے جو تحریک شروع کی ہے اس سلسلہ میں عام امن میں خلل پڑنے کے روکنے کے لئے اوکھا منڈل کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک نوٹیفکیشن کے ذریعہ سڑکوں، گلیوں یا مندروں میں پانچ یا پانچ سے زیادہ آدمیوں کا جمع ہونا ممنوع قرار دیا ہے۔ اس حکم کا اطلاق دوارکا اور بیٹ کی میونسپلٹی کی حدود میں ہوگا۔

مصر میں غیر ملکی باشندے

قاہرہ ۱۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ، امریکہ اور عرب ملکوں کی حکومتوں کی طرف سے حکومت مصر کے محکمۂ خارجہ کو کچھ تجاویز بھیجی گئی ہیں جن میں مصر میں رہنے والے ان ملکوں کے باشندوں اور ان ملکوں میں رہنے والے مصری باشندوں کے ساتھ سلوک کے متعلق معاہدہ کرنے کا ذکر کیا گیا ہے۔ حکومت مصر ان تجاویز پر غور کر رہی ہے۔

سوویٹ روس کے ساتھ ہند کا معاہدہ

کابل ۱۲ فروری۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے سوویٹ روس کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے جس کی رو سے ہند پانچ ہزار ٹن چائے اور ایک ہزار ٹن ارنڈی کے تیل کے بدلے میں روس سے ۲۰ ہزار ٹن گندم حاصل کرے گا۔ اس کے علاوہ ہند بیس ہزار ٹن روسی گندم خریدے گا۔

جولائی ۱۹۴۸ء میں روس کے ساتھ ساتھ غلہ کے متعلق جو پہلا معاہدہ ہوا تھا اس کے ماتحت ہند نے روس سے پچاس ہزار ٹن گندم حاصل کرکے اس کے بدلے میں اسے پانچ ہزار ٹن چائے دی تھی۔

گندم کی کاشت میں اضافہ

کراچی ۱۲ فروری۔ پاکستان کے بعض حصوں میں اس سال گندم کی کاشت کے علاقہ میں ۱/۲ ۱ فیصدی کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے اسباب یہ ہیں کہ موسم سازگار رہا اور [illegible] مغربی پنجاب اور سندھ میں بارش اور سیلاب سے [illegible]

پاکستان گورنر جنرل کا پیام

کراچی ۱۲ فروری۔ پاکستان کے گورنر جنرل نے مسٹر ایٹلی کو پاکستان میں امریکی سفیر کی موت پر جو تار تعزیت کا بھیجا تھا اب اس کا جواب موصول ہو گیا ہے۔ انہوں نے گورنر جنرل پاکستان کا شکریہ ادا [illegible]

دار السلطنت

۱۲ فروری ۱۹۵۲ء

چپراسی کے چھرا گھونپ دیا

گذشتہ شام چھتہ لال میاں میں چپراسی کی سلور ہوٹل ٹرسٹ کے ایک چپراسی کو زدو کوب کیا۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے پہ ایسٹ اینڈ تیل گراف آفس کے ایک چپراسی کو کل ڈسٹرکٹ بلجرتیلی فون کے چپراسی نے چھرا گھونپ دیا اور اسے ہسپتال پہنچایا گیا۔

مولانا شفیق الرحمان صاحب کی تقریر

صوبہ کانگریس کمیٹی کی طرف سے ہیڈن گھب سیں ہونے والے سٹیل کے سرکل میں کل ۹ فروری کی شام کو جا مع مسجد اور کانگریس کے پرانے سرگرم اور خاموش کارکن مولانا شفیق الرحمان نے ”بنیادی تعلیم“ اور تعلیم بالغان کے عنوان پر ایک مؤثر تقریر کی۔ مولانا نے بتایا کہ بنیادی تعلیم کے پروگرام پر اب تک وارد ہا اور بہار میں تجربہ کیا جا چکا ہے اور بیٹروں کا میاب ثابت ہوا ہے اور میری رائے میں دوسرے مقامات پر بھی یہ کامیاب ہو سکتا ہے آپ نے تعلیم بالغان پر بہت زور دیا اور اس میں جو مشکلات پیش آ رہی ہیں ان کو بتلایا۔ آپ نے کہا کہ ہمارے کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہو گیا ہے۔ ایسی حالت میں اگر وہ تعلیم سے ناواقف ہوں گے تو ان کے ووٹ کے استعمال سے ملک کو فائدہ کے بجائے نقصان پہنچے گا۔

کوئلے اور کوک کی قیمتیں

ڈائرکٹر ڈسٹنگ اینڈ سپلائیز نے ایک پریس نوٹ میں کوئلے اور کوک کی مندرجہ ذیل قیمتیں مقرر کی ہیں۔

سوفٹ کوک فی ٹرک میں ایک روپیہ بارہ آنہ پرچون میں۔ ۹-۲-۲ بارڈ کوک فی ٹرک میں ۲-۴-۲ پرچون میں۔ ۱۱-۲ سٹیم کول فی ٹرک میں۔ ۱-۲-۰ پرچون میں ۱۳-۱ اسٹیم کول نمبرہ فی ٹرک میں۔ ۷-۰-۱ پرچون میں۔ ۱۴-۱ لکڑی کا کوئلہ سوکھا فی ٹرک میں ۱۴-۴-۷ پرچون میں ۷ لکڑی کا کوئلہ فی ٹرک میں ۶-۵-۴ پرچون میں۔ ۸-۴ لکڑی کا کوئلہ گیلا فی ٹرک میں ۶-۴-۳ پرچون میں۔ ۰-۴

دو اشخاص گرفتار

گذشتہ شام کرسنٹ سیزپی پولیس نے جنیابل سے دو اشخاص کو گرفتار کیا ہے جو سائیکل کی ٹیوبوں میں شراب بھر کر دہلی لا رہے تھے معلوم ہوا ہے کہ ان اشخاص نے اپنی قمیصوں کے نیچے شراب بھری ٹیوبیں باندھ رکھی تھیں۔

چپراسی یونین کا جلسہ

صوبہ دہلی چپراسی یونین کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت جناب لطیف کارگی امرت بزم محل میں منعقد ہوا۔ صوبہ دہلی کے ہزاروں ورکروں نے کم تنخواہ والے ملازمین کی مشکلات پر غور کیا کہ حکومت، بنکوں، انشورنس کمپنیوں، پرائیویٹ اداروں سے کم از کم پچپن روپے بنیادی تنخواہ کا مطالبہ کیا گیا۔ مسٹر دھرم نرائن کو صدر اور دیگر عہدیداران کا انتخاب کیا گیا نیز تمام بنکوں انشورنس کمپنیوں سے چپراسیوں کی تنخواہوں پر [illegible] فیصلہ کیا گیا۔

جلسے جلوس پر پابندی

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دہلی نے دہلی چھاؤنی اور دہلی کینٹ کے دیہاتی علاقہ میں جلسے جلوس پر پابندی کے حکم کی میعاد مزید ایک ماہ کے لئے بڑھا دی ہے۔

عظیم الشان مشاعرہ

حضرت عابد شاہ جہاں پوری و شمیم صاحب رسالی کی کوشش سے ادبی دنیا کی ایک عظیم الشان مشاعرہ ۱۷ فروری بروز اتوار [illegible] منعقد ہوگا جس میں حضرت مولانا حسرت موہانی صاحب، حضرت بسمل شاہجہاں پوری، حضرت اختر شیرانی، نسیم صاحب، جناب اختر مظفر نگری، جوہر صاحب (دہلی)، حضرت مولانا ماہر القادری، حضرت انجم اکبر آبادی اور علیم حسین ظفر [illegible] کی شرکت کی امید ہے۔

مولانا آزاد نے افتتاح کیا

کل شام تعمیر جامع مسجد ہزار کے مجمع میں مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم نے [illegible] افتتاح کیا [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گری ۔/- تیل سرسوں [illegible] ۲۱/- کاسک ڈلا ۳۱/۲ بکاسک ۱،۵،۱ ۱۵/- تیل السی ۱۵/۔ تیل ارنڈی ۵/۔ کاسک تیل ۲۵/۔ بنولہ سلائیٹ ۔/۔

دہلی کریانہ مارکیٹ

کالی مرچ ۱۵۷/۔ دارچینی ۳۶/۔ زنگی ۔/۔ ہلدی بمبئی ۔/۔ صابن نمک ۔/۔ بادام گول ۔/۔ ۵۳/۔ کاغذی ۹۵/۔ کرنگ ۔/۔ کشمش ۵۷/۔ کار بابئی ۵۶/۔ [illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی خالص ۱۸۷ روپیہ ۔ [illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

چاندی حاضر ۱۸۷ روپے۔ چاندی دلہ ۱۸۳ روپے ۹ آنے۔ چاندی سکہ ۱۲۵ روپے ۱۲ آنے۔ چاندی گری ۱۸۵ روپیہ۔ سونا پاسہ ۱۱۸ روپیہ ۸ آنے۔ سونا دھڑہ ۱۱۷ روپیہ ۱۰ آنے ۱۱۷ روپے ۸ آنے سونا ۱۱۷ روپیہ ۴ آنے پونڈ ۸۵ روپیہ۔

غیاری مارکیٹ دہلی

[illegible]

میونسپلٹی میں غبن

میونسپل کمیٹی میں ۳ ہزار روپے کے غبن کی خبر موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ خزانہ پر ایک شخص نے ٹیکس وصول کرکے اس کو خزانہ میں نہیں جمع کرایا۔ اس بارہ میں بعض میونسپل ملازمین پر شبہ کیا جا رہا ہے۔ [illegible]

جواری گرفتار

کمپنی باغ سے پانچ جواری عین موقع پر گرفتار کر لئے گئے۔

چاندنی چوک میں ایک شخص [illegible] کو گرفتار کر لیا گیا۔

سید نظیر حسن نامی ایک شخص [illegible] گرفتار کر لیا گیا۔

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۹ جنوری ۱۹۵۲ء میں وزارت امداد و بحالیات کا ایک اعلان شائع کیا گیا ہے جس میں دہلی کی ان جائدادوں کی تفصیل ہے جن پر کسٹوڈین نے قبضہ لیا ہے۔

(۷)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	محلہ	حقوق جو کسٹوڈین کو ہیں
۴۲۵۰	۲۲۲۴۴	[illegible]	کرایہ داری
۴۲۵۸	۲۹۵		
۴۲۵۹	۲۹۱۸		
۴۲۶۰	۲۹۸		مالک
۴۲۶۱	۲۹۹		کرایہ داری
۴۲۶۲	۲۹۹B		ملکیت
۴۲۶۳	۵۰۱		دونوں
۴۲۶۴	۵۰۳		
۴۲۶۵	۵۰۴		
۴۲۶۶	۵۰۵A		ملکیت
۴۲۶۷	۵۰۶		
۴۲۶۸	۵۰۸		کرایہ داری
۴۲۶۹	۵۰۹		ملکیت
۴۲۷۰	۵۱۰		دونوں
۴۲۷۱	۵۱۶		
۴۲۷۲	۵۱۸		ملکیت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

عرس حضرت نظام الدین

چیف کمشنر نے اعلان کیا ہے کہ عرس حضرت نظام الدین کی مقامی تعطیل ۱۰ فروری کے بجائے ستر فروری کو ہوگی۔

ٹیکسیوں کے کرائے

ارکان دہلی کی تمام ٹیکسیوں میں میٹر لگا دیئے جائیں گے جن کے کرایہ میں اضافہ ہو جائے گا۔ پہلے میل کے لئے جو روپیہ ۸ آنے ہوں گے اور دوسرے میل کے حساب سے [illegible] دہلی میں جو ٹیکسیاں ہیں ان میں میٹر لگ چکے ہیں مزید بیس ٹیکسیوں میں چند دنوں میں میٹر لگ جائیں گے۔ اگلے چند ہفتوں میں جلدی یہاں پہنچ جائیں گے۔ آج کل دہلی میں کل ۵۰۰ ٹیکسیاں ہیں امید ہے کہ میٹر لگنے کے بعد بہت کم ہو جائیں گے۔

جھنڈا لہرانے کے قواعد

وزارت داخلہ نے سرکاری جھنڈا لہرانے کی بابت کچھ قوانین مقرر کئے ہیں ان کی رو سے اسمبلی کے اسپیکر اور ان کے علاوہ مرکزی حکومت کے منسٹر اور ڈپٹی منسٹر [illegible] جھنڈا لہرا سکیں گے [illegible] کی اجازت ہوگی۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۴۴۲۵	۲۱۰۳		ملکیت
۴۴۲۶	۲۱۰۳/۱۳		
۴۴۲۷	۲۷۹۳		
۴۴۲۸	۲۷۹۸		
۴۴۲۹	۲۷۹۸		دونوں
۴۴۳۰	۲۷۹۹		
۴۴۳۱	۲۸۰۰		ملکیت
۴۴۳۲	۲۸۰۱		
۴۴۳۳	۲۸۰۲		
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

Daily Aljamiat
Delhi

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۱۶ ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۶ فروری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنہ

شنگھائی میں صلح کی کانفرنس

شنگھائی ۱۴ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ ۲۰ صحافی اور ... نمائندوں کی ایک کانفرنس ہو رہی ہے جس میں چین میں امن قائم کرنے اور کمیونسٹوں سے صلح کی شرائط پر غور کیا جائے گا۔ امن کمیشن کے رہنما پروفیسر چو چنگ سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ ایک جلسہ عام میں تقریر میں اپنے مشن کے نتائج بتائیں لیکن ابھی یہ نہیں معلوم کہ وہ تقریر کریں گے یا نہیں۔

ایران سے روس کا احتجاج

ماسکو ۱۴ فروری۔ روس کی سرکاری نیوز ایجنسی تاس کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ روس نے ایران سے ان الزامات کے خلاف احتجاج کیا ہے جو روس کے ایران کے داخلی معاملات میں مداخلت کے سلسلہ میں لگائے گئے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں روس کے سفیر متعینہ ایران نے ایران کے وزیر خارجہ سے ملاقات بھی کی ہے۔

عرب ممالک نے یہودیوں سے عارضی صلح کی شرائط پیش کر دیں

روڈس میں مصر اور اسرائیل کانفرنس میں تعطل

مصری نجب کے علاقے سے دستبردار ہونے کیلئے تیار نہیں

روڈس ۱۴ فروری۔ ا۔پ۔ مجلس اقوام متحدہ کے ایک افسر نے اسرائیل اور یہودیوں کی اس کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے جو ایک ماہ سے جاری ہے کہا کہ کانفرنس میں ایک خاص بات پیدا ہو گئی ہے کہ گفت و شنید ایک ہفتہ سے تعطل میں پڑی ہے اور دونوں پارٹیوں میں سے کوئی بھی پارٹی نہ تو کوئی تجویز پیش کرتی ہے اور نہ تعطل کو تسلیم کرتی ہے۔

شمالی چین کے ایک شہر میں سخت فتنہ و فساد

مفلس عوام نے دکانوں اور مکانات کو لوٹ لیا

پولیس کا تمام رات بے رحمانہ فائرنگ

امریکہ نے جاپان سے فوجیں ہٹانے سے انکار کر دیا

جاپان کے سیاسی حلقوں میں اس انکار سے اظہار تعجب

عراق میں بھی اخوت المسلمین کے ممبر گرفتار

ایک جنگی مجرم کی رہائی

ایک کشتی کو بچا لیا گیا

فرانسیسی جہاز کی اطلاع

عربوں کی شرائط

ایران کو روس کے خلاف مورچہ بنایا جا رہا ہے

ایک روسی اخبار کا امریکہ پر الزام

جنگ کشمیر میں تقریباً دو ہزار اشخاص ہلاک اور چار ہزار مجروح ہوئے

ریاست حیدرآباد میں پولیس ایکشن کا روپیہ وصول کرنے کا مطالبہ۔ اسمبلی میں سوال و جواب

آگ لگنے کا واقعہ

۱۲ ہلاک ۳۰ زخمی

پنڈت نہرو کا مضمون

مسئلہ زبان پر پنڈت جواہر لال نہرو کا ایک مضمون صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے۔

لبنان میں مزدوروں کی حالت بہتر بنانے کا بل

سماجی انقلاب پیدا کرنے کی توقع۔ حکومت کا نیا اقدام

۱۴ قیدی نکل بھاگے

روڈس کانفرنس کیلئے مشرق اردن کا وفد

پولیس کی حفاظت میں شیخ حسن البنا کی تدفین

اخوت المسلمین کے لیڈر کا افسوسناک انجام

ملایا میں سات دہشت انگیز ہلاک

سفرنامہ شیخ الہند

ملنے کا پتہ: گوشہ ادب سے حویلی اعظم خاں دہلی

اگر تاریخ کے صحیح واقعات ہمارے سامنے آ جائیں تو ہندوؤں مسلمانوں اور سکھوں کے تعلقات بڑے خوشگوار ہو جائیں

انگریزوں نے ہمیں تاریخ کے صرف سیاہ دھبے دکھائے ہیں

گرو تیغ بہادر اور گرو گوبند سنگھ کے قتل کے صحیح واقعات کیا تھے؟

رام پور میں پنڈت سندر لال کی زبردست تاریخی تقریر

(از نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[redacted]

گرو تیغ بہادر سنگھ صاحب کا قتل

گرو گوبند سنگھ جی کا قتل

گرو گوبند کو کہاں پناہ ملی

بچے قتل ہوئے یا زندہ دیواروں میں چنوائے گئے؟

وسیع تر راجستھان کیلئے راج پرمکھ سے گفت و شنید

مسٹر کچھ معاہدے کا مسودہ لے کر اودے پور روانہ ہو گئے

پنڈت نہرو کا بیان

(بقیہ صفحہ اول)

اصل پوزیشن

رسم الخط

گاندھی جی کی برسی کے سلسلہ میں جلوس اور جلسہ

راج گھاٹ پر سردار پٹیل تقریر کریں گے

ڈاکٹر المین ویلنٹائن کا بیان

محلہ کشن گنج میں جلسہ

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

خصوصی مجربات

اکسیر جلد

اکسیر کامل

جوہر ذیابیطس

روغن برقی

تریاق اعظم

حب جریان

مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی تحریر فرماتے ہیں

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یو۔پی)

معلم ہندی

لب المجربات

منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

آزاد نرسری کا اعلان

اردو ہندی ٹیچر

مصنفہ جناب لکشمی چند پاس ایم اے

بھارت پستک بھنڈار ۴/۱۴ جی۔ بی۔ روڈ دہلی

یونین ہوٹل

دہلی کا سفر کرو

صداقت کا امتحان کیجئے۔

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

منیجر صنوبر ہوٹل نمبر ۱۰۹ فراش خانہ دہلی

ملک کی غذائی حالت پر ہند پارلیمنٹ میں سخت اظہار تشویش

وزیر خوراک پر تنقیدوں کی بوچھار

کل کنٹرول کی اہمیت اور ضرورت کا احساس

نئی دہلی ۱۶ فروری۔ ہند پارلیمنٹ میں ... وزیر خوراک شری جے رام داس دولت رام نے یہ اعلان کیا تھا کہ ملک کی غذائی حالت کے متعلق ... لیکن ابھی تک اس ... کے پورا ہونے کی کوئی علامت نہیں پائی جاتی۔ [illegible]

کئی ممبروں کا خیال ہے کہ اس قسم کے کنٹرولوں کی شدید ضرورت ہے۔ اگر ایک کنٹرول کیا گیا تو اس سے وزیر اعظم یا ... وزیر اعظم یا دونوں کا اشتراک بوجھ بڑھ جائیگا اور یہ صورت حال اس وقت تک قائم رہے گی، جب تک کہ کنٹرول کی پوری طور پر جانچ کرکے اس میں اہم تبدیلیاں نہ کی جائیں۔ [illegible]

گذشتہ سال وزیر خوراک نے ملک کو یقین دلایا تھا کہ ملک کی غذائی حالت نہ صرف قابل اطمینان ہے بلکہ بہتر ہو رہی ہے۔ [illegible]

حکومت میں جانے کے بعد کانگریسیوں میں انقلابی جذبہ ختم ہوگیا ہے

ریاستوں کی یونینوں کی تشکیل پر بیگم آصف علی کی نکتہ چینی

فیروز پور ۱۴ فروری۔ سوشلسٹ لیڈر مسز ارونا آصف علی نے ... ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کی آزادی کے ساتھ یہ خیال تھا کہ ریاستیں ... معدوم ہو جائیں گی۔ مگر حکومت ہند کی ریاستی وزارت نے ان کی یونین بنا کر ایک غلط قدم اٹھایا ہے۔ [redacted] [illegible]

... ہیں۔ کانگریسی حکومتوں پر سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے بیگم آصف علی نے کہا کہ حکومت کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد کانگریسی طاقت کے نشے میں مخمور ہو گئے ہیں۔ ان کے دل و دماغ بدل گئے ہیں۔ وہ اپنے اصولوں سے ہٹ گئے ہیں اور لاکھوں غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ نہیں کر رہے ہیں۔ [redacted] [illegible]

مشرقی بنگال میں اقلیت کی حالت

غیر سرکاری وفد کے ذریعہ تحقیقات کی تجویز

کلکتہ ۱۴ فروری۔ [redacted] ... نے کہا کہ مشرقی بنگال میں اقلیت کے مسئلہ کا صحیح حل یہی ہے ... [redacted] [illegible]

حیدرآباد ۱۴ فروری۔ اگلے روز یہاں دن دہاڑے رہزنی کی واردات دیکھنے میں آئی۔ جب کہ امپیریل بینک آف انڈیا حیدرآباد کی برانچ میں ... [illegible]

"مسلم برادرہڈ" کے لیڈر کا قتل

مصر میں تحریک دہشت پسندی کا اندیشہ

قاہرہ ۱۴ فروری۔ ... مسلم برادرہڈ کے لیڈر شیخ حسن البنا کے قتل سے مصر میں دہشت پسندی کی ایک نئی تحریک شروع ہونے کا اندیشہ کیا جا رہا ہے۔ [illegible]

مشرقی بنگال کے مزید شہروں میں راشننگ

ڈھاکہ ۱۴ فروری۔ کل مشرقی بنگال کے وزیر رسد سید افضل نے ایک پریس کانفرنس میں مشرقی بنگال کے کچھ مزید شہروں میں راشننگ کے نفاذ کا اعلان کیا ہے۔ [illegible]

ممبروں کا تعجب

پارلیمنٹ کے ممبروں کا خیال ہے کہ وزیر خوراک کے یہ بیانات اعتماد پیدا کرنے کے لئے تھے لیکن ان کو اس پر تعجب ہے کہ اصل صورت حال سے حکومت بھی واقف نہیں تھی۔ [illegible]

مکانات کے انخلاء کا نوٹس

[illegible]

نیپلز اور روم کی یونیورسٹیوں میں اردو زبان کی تعلیم دی جاتی ہے

پاکستان میں مقیم اطالوی تجارتی وفد کے جنرل سکریٹری کا بیان

کراچی ۱۴ فروری۔ حکومت پاکستان اور اطالیہ کے اکنامک مشن کے درمیان آج بات چیت شروع ہو رہی ہے۔ حکومت پاکستان نے تین کمیٹیاں تجارتی، صنعتی، اقتصادی (جس میں بینکنگ اور انشورنس بھی شامل ہیں) بنائی ہیں جو علی الترتیب مسٹر الیس اے حسینی، ڈاکٹر نذیر احمد اور مسٹر عبد القادر کی قیادت میں اطالوی وفد سے بات چیت کریں گی۔ [illegible]

سردار پٹیل کے نام پر گجرات میں ایک شہر کا افتتاح

افتتاح کے موقعہ پر پنڈت جواہر لال کی تقریر

آنند (گجرات) ۱۳ فروری۔ آج گجرات کے دیہاتیوں کے مجمع میں ... پنڈت جواہر لال نہرو نے ... [illegible]

فلسطینی مہاجرین کیلئے پاکستان کا عطیہ

کراچی ۱۳ فروری۔ حکومت پاکستان نے فلسطین کے عرب مہاجرین کے لئے ایک لاکھ روپیہ کا عطیہ دیا ہے۔

اس بات کا انتظام کیا جا رہا ہے کہ یہ روپیہ فلسطین کے مہاجرین کے لئے مجلس متحدہ اقوام کے ریلیف فنڈ کے ڈائرکٹر کو دے دیا جائے۔

یوپی کی آنریری عدالتوں کا اسٹاف

آگرہ ۱۴ فروری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یوپی کی تمام آنریری عدالتوں کا عارضی اسٹاف منتقل کر دیا جائے گا۔

اس فیصلہ کا اثر تقریباً ... ملازموں پر پڑے گا۔ یہ ملازمین گذشتہ ... سے عارضی چلے آتے ہیں۔ جب برطانوی حکومت نے ہندوستان میں آنریری عدالتیں قائم کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس

بمبئی ۱۴ فروری۔ تازہ ترین اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے ممبروں کی تعداد ... [illegible]

کشمیر میں اقوام متحدہ کے مشاہدین کے ہیڈکوارٹر

جموں ۱۳ فروری۔ جنرل ڈلوی اور ان کے ... مشاہدین نے ہندوستان کی سمت اپنا فوجی کنٹرول ہیڈکوارٹر بنا لیا ہے۔ [illegible]

بمبئی پولیس نے سازش کا پتہ چلایا

آٹھ اشخاص گرفتار، اسلحہ برآمد

بمبئی ۱۴ فروری۔ ... [illegible]

پاکستان کو بیس لاکھ کی پیش کش

کراچی ... [illegible]

AMICOTONIC
امیکوٹانک
کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے۔
[illegible]
امیکو طلاء
[illegible]
ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ۔

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں
جیون رجسٹرڈ
رگوں میں نیا خون۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ [illegible]
طلاء نمبر ۲۰۰
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ اور عضو کی ساری خرابیاں ایک ایک کرکے دور ہو جاتی ہیں قیمت فی شیشی پانچ روپے (صر)
تصدیق
[illegible]
ملنے کا پتہ:۔ دلی دواگھر۔ نور گنج۔ دہلی

قرآن مجید
پارے قاعدے تاجرانہ نرخ پر
ملنے کا پتہ
ناشران مولوی عاشق الٰہی اور عبد الحمید تاجران
اسلامک سنٹرل بک ڈپو جامع مسجد دہلی

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد ڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۶ فروری ۱۹۴۹ء

شہری تربیت

ہندوستان کے عوام نوے فیصدی ناخواندہ اور غیر تربیت یافتہ ہیں اور دماغ کے اعتبار سے اس قدر پیچھے ہیں کہ جمہوریت کی ذمہ داریوں اور شہریت کے تقاضوں کو برداشت نہیں کر سکتے، جمہوریت اور ناخواندگی، جمہوریت اور جہالت، جمہوریت اور بے تربیتی، بالکل متضاد چیزیں ہیں، جمہوریت کے لئے ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو اس کے بار کو بھی سنبھال سکیں اور اس کے منشاء کو سمجھ کر اپنی زندگی کو جمہوری بنا سکیں! بھلا ایسے ملک میں جمہوریت کس طرح پروان چڑھ سکتی ہے جس کے باشندوں پر افواہوں کی حکومت ہو، جو ہر لودی بات کو ماننے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہوں، اگر اتفاق سے ہمارے ملک میں جمہوریت قائم ہوگئی ہے تو حکومت کا فرض ہے کہ عوام کو جمہوری بنانے اور انہیں تربیت دینے کے مؤثر طریقے اختیار کرے، حکومت کے پاس ایسے ذرائع موجود ہیں جنہیں اگر کام میں لایا جائے تو عوام کو جمہوریت [illegible]

وہ کسی پر پوشیدہ نہیں، رشوت ستانی حد سے بڑھی ہوئی ہے، کوئی محکمہ ایسا نہیں جس کا عوام سے واسطہ ہو اور رشوتیں نہ لیتا ہو، ملازمین میں فرائض سے غفلت عام ہے، افسروں کی ایذا رسانی اور بد اخلاقی ایک مشہور بات ہے، حاجت مندوں کو پریشان کرنا، دو منٹ کے کام کے لئے ہفتوں لگا دینا، کچھ لے کر بھی کچھ نہ کرنا، عوام کی خدمت کے بجائے ان کی راہ میں مشکلات حائل کرنا، بات بات پر بگڑنا اور رعب جمانا ایسے واقعات ہیں جن کا مشاہدہ ہر جگہ کیا جا سکتا ہے؟

اگر حکومت چاہے تو ریڈیو کے ذریعہ ان باتوں کیخلاف پر زور آواز بلند کر سکتی ہے، دن میں دو دفعہ ان برائیوں کے خلاف بولنے سے رائے عامہ بیدار ہوگی اور اس کا اثر رشوت لینے والوں سے زیادہ دینے والوں پر پڑے گا مثلاً اگر بڑے بڑے مرکزی اسٹیشنوں پر ... مائکروفون لگا دیئے جائیں اور ریڈیو سے یہ اعلان [illegible]

غیر طبقاتی سماج

[illegible]

اچھی باتیں

من کفر - تا - یمہدون (پ۲۱ ع ۴)

جو شخص کفر و انکار کی راہ اختیار کرتا ہے وہ خود اس کا ذمہ دار ہے اور جو شخص نیک عملی کی زندگی اختیار کرتا ہے وہ اس کا فائدہ خود ہی اٹھائے گا۔

اسلام نے کس قدر رواداری اور سیر چشمی کی تعلیم دی ہے؟ جو شخص اسلام کے خلاف راہ اختیار کرتا ہے وہ اپنی فطرت پر ظلم کرتا ہے اور اس کا نتیجہ بھی وہ خود ہی بھگتے گا، کسی کو کیا حق ہے کہ زور زبردستی سے اس کو اسکی راہ سے ہٹائے اور رائے کی آزادی کو سلب کرے؟ جزا اور سزا کی بنیاد ہی اختیار اور آزادی ہے اگر یہی چیز سلب کرلی گئی تو مذہب کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے، اس کے مقابلہ میں جو شخص نیک عملی کی زندگی اختیار کرتا ہے تو وہ کسی پر احسان نہیں کرتا، اپنا فرض ادا کرتا ہے اور اس کی جزا بھی اسی کو ملے گی یہاں سے یہ بھی ثابت ہوا کہ زید کی نیکی بدی کسی دوسرے پر لادی نہیں جائے گی جو کرے گا اسی کو بھرنا ہوگا۔

ڈاک کے نئے ٹکٹوں پر قدیم ہندوستانی عظمت کی تصویریں

نئی دہلی ۱۴ فروری۔ ڈاک کے سولہ نئے ٹکٹوں پر ہندوستان کی آرٹ کی یادگاروں کی تصویریں شائع کی گئی ہیں۔ ان ٹکٹوں کے رنگ اور تصویروں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

ایک پیسے کا ٹکٹ۔ ہلکا نیلا اس پر اجنتا کی ایک تصویر ہے جس میں ایک ہاتھی کو کنول کے پھول سے کھیلتے دکھایا گیا ہے۔ [illegible]

صنعت کاروں سے

پنڈت جواہر لال نے اپنی تقریر میں کارخانہ داروں اور پونجی پتیوں کو مخاطب کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا

”بڑے کارخانہ داروں اور دوسرے صنعت کاروں نے نفع خوری سے بہت کمایا ہے۔ انہوں نے حالات کی نزاکت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خوب جیبیں گرم کی ہیں، میں انہیں نصیحت کرتا ہوں کہ وہ اپنا نقطہ نگاہ بدلیں اور بدلتے ہوئے حالات کا ساتھ دینے کی کوشش کریں“۔

حالانکہ پنڈت جی، زرداروں کی نفسیات سے خوب واقف ہیں اگر ان پر کوئی نصیحت کارگر ہوتی تو وہ کبھی کے بدل گئے ہوتے [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے وفد کی بمبئی میں پذیرائی

[illegible]

ہندوستان میں زبان کا مسئلہ

(از پنڈت جواہر لال نہرو)

ہندوستان کی قومی زبان کے مسئلہ کو جو اہمیت حاصل ہے اس کے پیش نظر امید ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو کے مسلسل مضمون کو ناظرین الجمعیۃ دلچسپی سے پڑھیں گے۔ اس مضمون کا ابتدائی حصہ سابقہ اشاعت میں درج کیا جا چکا ہے — (مدیر)

میں یہ مضمون وزیر اعظم کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک مصنف کی حیثیت سے اور ایک ایسے آدمی کی حیثیت سے لکھ رہا ہوں جسے زبان کے مسئلہ سے گہری دلچسپی ہے۔ اس مسئلہ سے میری دلچسپی کی وجہ اس کے سیاسی اور بدقسمتی سے فرقہ وارانہ پہلو نہیں۔ لیکن ان سے کہیں زیادہ اہمیت اس مسئلہ کے دوسرے ثقافتی پہلوؤں کو حاصل ہے۔ اگرچہ میں کسی زبان کا ماہر نہیں ہوں لیکن زبان کے حسن اس کے جملوں کی موسیقی اور الفاظ کی ... [illegible]

زبان میں پیچیدگی

[illegible]

شاندار بیان

[illegible]

آپ اپنے دل ٹٹولیں کہ گاندھی جی کو کیوں قتل کیا گیا تھا

آج پچھلے واقعات بھول کر بھائیوں کی طرح رہنا چاہیے سردار پٹیل کی تقریر

دہلی ۱۳ فروری۔ کل مہاتما گاندھی کے پھول بہانے (استھی وسرجن) کی رسم منائی گئی۔ شہر میں ایک زبردست جلوس رام لیلا گراؤنڈ سے نکل کر مختلف بازاروں سے گذرتا ہوا راج گھاٹ پر ختم ہوا وہاں ایک جلسہ ہوا جس میں سردار پٹیل نے تقریر کی۔

سردار پٹیل نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم تمام کو مذہب ذات اصول اور اعتقاد کے اختلافات بھلا کر بھائیوں کی طرح رہنا چاہیے اور ہر آدمی کو بے خوف ہوکر چلنا چاہیے۔ آج سے ایک سال قبل مہاتما گاندھی کی استھیاں تربینی میں بہائی گئی تھیں اور اسی سال ہندوستان کے سارے مقدس دریاؤں میں ان کی استھیوں کو بہایا گیا تھا۔ لوگوں کو چاہیے کہ جن باتوں کا مہاتما گاندھی پرچار کرتے رہے ہیں وہ ان سے سبق حاصل کریں اور [illegible] ہوتی ہے جتنی ان کے جانے کے بعد لیکن مہاتما گاندھی کی زندگی میں ان کی عزت ان کی تعلیمات کے سبب ہوئی۔ اور مرجانے کے بعد ان کی عظمت کے سبب۔ مہاتما گاندھی کو ایک ایسے مرحلہ پر ہم سے چھین لیا گیا ہے جبکہ نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام دنیا کو ان کی ضرورت تھی۔ مگر مہاتما گاندھی اپنی کتابوں کی صورت میں تمام دنیا کے لئے اپنا پیغام چھوڑ گئے ہیں۔ مہاتما گاندھی کا اثر نہ صرف ان لوگوں پر ہوا۔ جو ان سے ملتے جلتے رہے تھے بلکہ ان لاکھوں کروڑوں لوگوں پر بھی جو کبھی ان سے ملے نہیں تھے۔ گاندھی جی جسم کے نہایت دبلے پتلے تھے۔ مگر ان کی آواز طاقتور تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ گاندھی جی کی زندگی کا اصول سچائی پر تھا۔ ملک کے حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا۔ کہ ملک اس وقت نہایت ہی نازک دور سے گذر رہا ہے۔ بہت لوگوں کو ملک کی صحیح طاقت کا احساس نہیں ہے۔ گاندھی جی کے قتل کے زمانہ سے لے کر اس وقت حالات میں کافی کچھ سدھار ہو چکا ہے۔ لیکن میں محسوس [illegible] جب تک لوگ ایک دوسرے پر اعتبار کرنا نہیں سیکھتے وہ گاندھی جی کی خواہشات کو عملی جامہ نہیں پہنا سکتے۔ ہندوستان سے انگریزی راج ختم ہو چکا ہے۔ اب لوگوں کو گاندھی جی کے راستہ پر چلنا چاہیے۔

آپ نے لوگوں سے کہا کہ آپ اپنے دل ٹٹول کر دیکھیں کہ گاندھی جی کو کیوں قتل کیا گیا تھا۔ اور انہیں اس تعلق میں اپنی غلطی تسلیم کرنی پڑے گی۔ آج ہمیں پچھلے واقعات کو بھول جانا چاہیے۔ اور ہندو سکھوں عیسائیوں اور مسلمانوں کو مل کر بھائیوں کی طرح رہنا چاہیے اور ہندوستان کو اپنا گھر سمجھنا چاہیے۔

کوئی زبان قانون یا سیاسی دباؤ سے عوام کی زبان نہیں بن جاتی

جس کو عوام الناس نہ سمجھ سکیں وہ عوام کی زبان نہیں احمد آباد میں پنڈت نہرو کی تقریر

احمد آباد ۱۲ فروری۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو نے آج احمد آباد کے گجراتی ودیا پیٹھ میں تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کی قومی زبان کے موضوع پر اپنے خیالات ظاہر کئے۔ آپ نے کہا کہ اگر زبان کو عوام کے کیرکٹر کا عکس بنانا مقصود ہے تو کوئی زبان قانون یا سیاسی دباؤ سے عوام کی زبان نہیں بن جاتی اور نہ ترقی کر سکتی ہے اور جس زبان کو عوام الناس نہ سمجھ سکیں وہ قومی زبان نہیں بن سکتی۔

قومی زبان بناتے وقت دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے ایک یہ کہ ادبا اور مصنفین نئے الفاظ کو قبول کرنے کے تعصب سے کام نہ لیں اور دوسرے یہ کہ مشترکہ اور بین الاقوامی الفاظ کے ذخیرہ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے انگریزی اسی طریقے پر ترقی کرکے اتنی مالا مال ہوئی ہے۔

پنڈت نہرو آج احمد آباد میں کافی مصروف رہے آپ نے سابرمتی آشرم میں جاکر کہا کہ یہ ایک مقدس جگہ ہے اور وہ ایک یاتری کی حیثیت سے وہاں آئے ہیں۔ پنڈت نہرو دس سال کے بعد پہلی مرتبہ احمد آباد گئے ہیں پنڈت جی کی دوسری مصروفیتوں میں شہریوں اور مقامی بورڈ کے سپاسنامے ستا ٹیکسٹائل عجائب گھر کا معائنہ کرنا اور مزدور نمائندوں سے ملاقات شامل ہیں۔

احمد آباد میں پنڈت نہرو کا شاندار استقبال کیا گیا ہزاروں مرد و عورتیں ان کے درشنوں کے لئے ہوائی اڈے سے شہر تک چھ میل راستے پر دو رویہ صف باندھے کھڑے تھے۔

گائے کے علاوہ دیگر مویشیوں کے ذبیحہ پر پابندی کا مسئلہ

لوکل سیلف ڈپارٹمنٹ کا مبینہ سرکلر

الورہ ۱۲ فروری۔ لوکل سیلف گورنمنٹ کے سکریٹری کا بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ذبیحہ گاؤ کی مخالفت کی حکومت کی پالیسی کی وضاحت کے سلسلہ میں [illegible] کو ایک سرکلر بھیجا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ جب کہ گائے اور اس کی نسل کا تحفظ کئی اسباب کی بنا پر ضروری ہے دوسرے جانوروں کے تحفظ پر صرف اقتصادی نقطہ نظر سے غور کیا جانا چاہیے۔ چنانچہ ایسا ضمنی قانون جس میں گائے اور اس کی نسل کی ذبیحہ کی مخالفت کی گئی ہو باقی رہنے دیا جا سکتا ہے لیکن ایسا ضمنی قانون جس میں بھینسے بکری کی ذبیحہ کی مخالفت کی گئی ہو اس میں ترمیم کی جائے یا اس کو منسوخ کیا جائے۔ [illegible] کی مخالفت کرسکتا ہے لیکن اس قسم کی پابندیاں اس وقت عائد ہوسکتی ہیں۔ جب کوئی بورڈ اس قسم کی خواہش کا اظہار کرے۔ (اے۔ پی)

امریکہ کی حفاظتی پالیسی میں تبدیلی کا امکان

واشنگٹن ۱۳ فروری۔ یہ خیال ظاہر کیا جاتا ہے کہ زمانہ جنگ کے دوران میں امریکی فوجوں کے کمانڈر جنرل آئزن ہاور [illegible] کا امکان ہے [illegible] (گلوب)

پناہ گزینوں کے لئے ایک نیا شہر

نئی دہلی ۱۳ فروری۔ حکومت بمبئی نے پناہ گزینوں کو مکان مہیا کرنے کے لئے جو سکیم تیار کی ہے اسے مرکزی حکومت نے منظور کرلیا ہے اس کے مطابق بمبئی سے ۳۰ میل کے فاصلہ پر کلیان کے مقام پر ایک لاکھ پناہ گزینوں کو آباد کرنے کے لئے ایک نیا شہر تعمیر کیا جائے گا۔ اس پر پہلے ۲ کروڑ روپے خرچ ہوں گے [illegible] (گلوب)

چین میں قوم پرست فوجوں نے ایک شہر پر دوبارہ قبضہ کرلیا

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپکے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچہ ...... -/-/۳ روپیہ فی انچہ کالم
پچاس انچہ سے زیادہ ...... -/-/۲ روپیہ فی انچہ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچہ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے
منیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ۔ بلیماران دہلی

یوپی میں گاؤں پنچایت کے انتخابات کیلئے دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

زمیندار پارٹی اور کانگرس پارٹی میں زبردست کشمکش

لکھنؤ ۱۲ فروری (بذریعہ ڈاک) یوپی کی عوامی حکومت نے اس جمہوری حکومت کے دور میں سب سے پہلا جو انقلابی قدم دیہات کی پنچایت قائم کرنے کے لئے اٹھایا تھا اس کی ابتدا آج سے صوبے کے اضلاع میں گاؤں پنچایت کے انتخابات سے ہو رہی ہے اس صوبہ میں ۱۱۲۰۰۰ گاؤں میں ۲۲۵۰۰۰۰۰ بالغ رائے دہندگان آباد ہیں جو آج اپنے ووٹ کو پہلی مرتبہ استعمال کریں گے۔ ان گاؤں کو ۳۵ ہزار گاؤں سبھاؤں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان سبھاؤں کی عاملہ پنچایتیں ہوں گی جن کی ممبری ۳۰ سے ۵۱ تک ہے ۳۰۵ گاؤں سبھاؤں میں ایک پنچایتی عدالت ہوگی جس میں ہر سبھا کی طرف سے پانچ پانچ نمائندے ہوں گے گاؤں سبھا سال [illegible] بعد اور دوسری فصل ربیع کے فوراً بعد فصل خریف کے بعد جو میٹنگ ہوگی اس میں بجٹ بنایا جائیگا اور ربیع کے بعد جو میٹنگ ہوگی اس میں گذشتہ سال کے حسابات پیش کیا جائے گا ہر گاؤں سبھاؤں کو زمینیں حاصل کرنے ان کا انتظام کرنے جائدادوں کے تبادلے اور ہر قسم کے کنٹریکٹ میں داخل ہونے کا اختیار ہوگا۔ پنچایتوں کے یہ انتخابات مشترکہ انتخاب کے طریقہ پر ہو رہے ہیں اقلیت اور اکثریت والے فرقوں میں آبادی کے تناسب کے اعتبار سے ان کی نشستوں کا تناسب رکھا گیا ہے جہاں کہیں پست اقوام ہیں اس سبھا کے حلقہ میں ان کی آبادی کے اعتبار سے انہیں بھی نشستیں دی گئی ہیں لیکن انتظام صرف اسی انتخاب کے لئے کیا گیا ہے۔ آئندہ کے متعلق صوبائی مجلس فیصلہ کرے گی۔ گاؤں سبھاؤں کے انتخابات کے سلسلہ میں چونکہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اتنا بڑا انتخاب جس میں عوام کے کروڑوں رائے دہندگان بیک وقت حصہ لیں گے کسی نقص امن کا بھی حامل ہو سکتا ہے۔ اس لئے دفعہ ۱۴۴ کا بھی نفاذ کردیا گیا ہے۔ لکھنؤ میں ۱۵ سے انتخابات شروع ہو رہے ہیں لکھنؤ کی تین تحصیلوں لکھنؤ موہن لال گنج اور ملیح آباد میں کئی مقامات پر نقص امن کا [illegible] دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ کر دیا گیا ہے اور ملیح آباد میں زمیندار پارٹی اور کانگریس پارٹی کے درمیان چونکہ ایک زبردست کشمکش انتخابات کے سلسلہ میں پیدا ہوگئی ہے اس لئے وہاں دونوں پارٹیوں کے ۲۱ افراد پر دفعہ ۱۰۷ کا نوٹس تعمیل کر دیا گیا ہے اور انہیں حکم دیا گیا ہے کہ وہ دو دو ہزار کی ضمانت اور مچلکہ حفظ امن رہنے کے لئے داخل کریں۔ (ا س)

انتقال اقتدار کی ڈچوں کی شرطیں

انڈونیشی لیڈر ڈاکٹر مراس کا بیان

[illegible] آپ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جب تک جمہوری حکومت بحال نہ ہو اور جمہوری حکومت کے ماتحت جو علاقہ تھا وہ پھر اس کے سپرد نہ کر دیا جائے تب تک انڈونیشیا کا مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔ ڈچ حکام نے اس سوال کے وسطی انڈونیشیا کو اختیارات سونپنے اور انتقال اختیارات کے بعد کچھ اختیارات اپنے قبضہ میں رکھنے کے متعلق جو تجویز تیار کی ہے اس سے کئی لوگوں کو غلط فہمی ہوسکتی ہے۔ اس بات کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے کہ اس کے ساتھ ہی ڈچ حکام یہ کہتے ہیں کہ اب انڈونیشین ری پبلک کا وجود ہی ختم ہوگیا ہے۔ مشروط طور پر انتقال اختیارات کی اس تجویز کے نتائج کو اچھی طرح سمجھنے کی ضرورت ہے۔

ری پبلکن حکومت یا انڈونیشیا کی کوئی بھی آئندہ حکومت اس بات کو منظور نہیں کرسکتی کہ انتقال اختیارات کے بعد بھی غیر ملکی فوجیں انڈونیشیا میں موجود رہیں۔ مجلس تحفظ کے ریزولیوشن کے مطابق یہ ضروری ہے کہ جمہوری حکومت کو بحال کیا جائے اور فوجی کاروائی شروع ہونے سے پہلے جو علاقہ اس کے ماتحت تھا وہ اسے واپس کیا جائے۔ گلوب

اچھوتوں کو داخلہ کی اجازت نہیں

بنارس ۱۴ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ سنسکرت [illegible] مسٹر جگجیون رام اس تقریب کی صدارت کریں گے۔

مسٹر جگجیون رام اچھوت ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ پرنسپل نے تقریب کا انتظام کرنے والوں سے کہا کہ ہریجنوں کو سنسکرت مہا ودیالیہ بلڈنگ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں۔

گورنر مغربی پنجاب لائل پور میں

لاہور ۱۲ فروری۔ گورنر مغربی پنجاب نے صورت حالات کا بچشم خود معائنہ کرنے کے لئے لائل پور کا سہ روزہ دورہ شروع کر دیا ہے گورنر ریسٹ ہاؤس میں ان کا پرجوش استقبال کیا گیا۔ پولیس کے دستہ نے سلامی دی تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ٹھہر کر انہوں نے مہاجرین کو بسانے کے انتظامات کا معائنہ کیا۔ گورنر کو بتایا گیا کہ لائل پور سے جتنے غیر مسلم گئے تھے ان سے تین گنے مسلمان بسائے گئے ہیں ۱۹۴۰۰۰ غیر مسلم گئے تھے اور ۴۷۵۳۶۲ مسلمان بسائے گئے ہیں۔ گورنر نے مہاجرین سے لائل پور میں بات چیت کی اور ان کی شکایتوں کو سنا۔

ہندوستان میں زبان کا مسئلہ

بقیہ صفحہ ۳

اصلاح کی سنسکرت کی نسبت ہندی اور قدیم پہلوی ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہیں۔ اس نے ان دونوں میں کس حد تک تطبیق و تصادم کا ہونا بہت مطلب ہے۔ لیکن اس سے ہماری زبان کی مدح یا ہماری نسلی خصوصیات کو کوئی صدمہ نہیں پہنچا بہرحال ماضی کی چند صدیوں اور عوام کے ذہن نے ہماری موجودہ زندگی کو ڈھالا ہے اور تاریخ نے جو عمل کیا ہے اس کو ختم کرنا یقیناً حماقت اور بے معنی ہے۔ ثقافتی نقطہ نگاہ سے ایسی کوشش اور رجعت قہقری کا یہ مطلب ہوگا کہ ہم سے ہمارا ثقافتی سرمایہ چھین لیا جائے۔ اس کا یہ مطلب ہوگا کہ ہم اپنے آپ کو تہی دست کرلیں ہمیں تو اپنے ثقافتی سرمایہ کو بڑھانا چاہیے اور ہر اس چیز کو جو ہمارا اس میں اضافہ کرنے والی ہو قبول کرنا چاہیے۔ چنانچہ ہم نے اب تک جو کچھ اپنا یا جذب کرلیا ہے اسے اب الگ کرنے کی کوشش ہر نقطہ نگاہ سے غلط ہے۔

اگر ان امور کو پیش نظر رکھا جائے تو ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ جب کل ہند زبان کو ہم ترقی دینا چاہیں اسے لچکدار اور جامع ہونا چاہیے۔ اور گذشتہ زمانوں میں جو ثقافتی خصوصیات اس میں مدغم ہو چکی ہیں انہیں قائم رہنا چاہیے۔ اسے لازمی طور پر علما کے ایک مخصوص طبقہ کی نہیں بلکہ عوام کی زبان ہونا چاہیے۔ اسے با اقتدار اور پرقوت ہونا چاہیے۔ اور سلطنت، صنعت و حرفت اور تصنیف کی ہر کوشش کو واضح ہونا چاہیے۔ یقیناً اس کی بنیاد اور بہت حد تک اس کی ترکیب سنسکرت سے ہوگی۔ لیکن یہ دوسرے وسائل سے جن میں خاص طور پر فارسی انگریزی اور دوسری غیر ملکی زبانیں بھی شامل ہیں۔ ان گنت لفظ جملے اور خیالات کو بھی اپنائے گی۔ جہاں تک اصطلاحات کا تعلق ہے ہمیں اولاً ہر اس لفظ کو منظور کرلینا چاہیے جسے قبول عام کی سند مل چکی ہو۔ رہا نئے الفاظ بنانے کا معاملہ تو اس میں عوام کے استعمال اور سمجھ کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔ اور اصطلاح سازی کے وقت ہمیں اس کل عالمی زبان سے آنکھیں بند نہیں کرلینی چاہیئں جو اس وقت پھیل پھول رہی ہے۔

مناسب طریقہ

مناسب یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی تین ہزار کے قریب ایسے مشہور و متعارف بنیادی الفاظ چن لئے جائیں جن کو لوگ عام طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ان میں ایسے ہم معنی الفاظ بھی شامل ہو سکتے ہیں جو عوام کی زبان پر چڑھے ہوئے ہوں۔ یہ ایک ایسا بنیادی ذخیرہ الفاظ ہو جس کا علم ہر اس آدمی کو ہونا چاہیے جو کل ہند زبان جاننا چاہتا ہے۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ مذکورہ بالا اصولوں کے مطابق اصطلاحی الفاظ کی ایک فہرست بھی مرتب کی جائے۔ اس موقع پر میں ضرور کہوں گا کہ اصطلاحات کے لئے جتنے الفاظ آج کل استعمال کئے جارہے ہیں وہ بے حد بھاری اور دراصل بے معنی ہیں۔ ان الفاظ کا نہ کوئی پس منظر ہے اور نہ تاریخ۔ مجھے تو یہ لفظ بڑے ڈراؤنے معلوم ہوتے ہیں۔

اگر یہ دو فہرستیں تیار کر لی جائیں تو پھر باقی کام زبان کے قدرتی ارتقا پر چھوڑا جا سکتا ہے۔ کسی طرز تحریر پر کوئی ایسی قدغن اور پابندی نہ لگائی جائے جیسے خالص ادبی ہندی یا اردو لکھا جا سکے تعلیم کی اشاعت اور ناظرین کی تعداد میں اضافہ کے ساتھ ساتھ مصنفین اور مقررین دونوں اس سے اثرانداز ہوتے جائیں گے۔ اور میری رائے میں رفتہ رفتہ بلا کسی بیرونی دباؤ کے ایک حسین اور پرقوت زبان بنتی اور بڑھتی جائے گی۔

یہ حیرت انگیز بات ہے کہ ہم زبان کے متعلق تو اس قدر بحث و تمحیص میں پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ہمارے پاس ایک بھی اچھی لغات نہیں ہے۔ دنیا کی کسی دوسری اعلیٰ زبان پر نظر ڈالئے تو معلوم ہوگا اس میں لغات اور انسائیکلوپیڈیا کس قدر جلد موجود ہیں۔ ہماری زبان کی کسوٹی کچھ اس قسم کی ہے جیسی کہ مطالعہ کے کمرے یا مدرسہ کی درسی کتب میں کام آتی ہے۔ ہماری ڈکشنری اسکول کے طلبا کے لئے بھی نہیں۔ اس لئے سب سے پہلا قدم جو اس سلسلہ میں اٹھانا چاہیے وہ یہ ہے کہ سنسکرت اور دوسری جدید زبانوں کی عالمانہ اور مبسوط ڈکشنریاں تیار کی جائیں۔

جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ ...... زبان کا اصلی مواد اہمیت رکھتا ہے۔ اس کا نام نہیں۔ چنانچہ اس زبان کا جو اصل ہے اور الفاظ آجکل جس طرح استعمال ہو رہے ہیں اس کے پیش نظر اسے ہندوستانی کے نام سے پکارنا زیادہ صحیح ہے۔

رسم الخط کا مسئلہ

رہا رسم الخط کا سوال تو یہ ظاہر ہے کہ ناگری لکھاوٹ غالب رہے گی۔ لیکن میں چونکہ ثقافتی اور سیاسی نقطہ نگاہ سے الگ تھلگ رہنے کے اصول کو غلط سمجھتا ہوں اس لئے میرے خیال میں جہاں ضروری ہو اردو رسم الخط کو تسلیم کیا جائے اور اسے سکھایا جائے۔ ہم سب لوگوں کو دو دو لکھاوٹیں سیکھنے کے لئے نہیں کہہ سکتے۔ یہ تو بہت بڑا بوجھ بن جائے گا۔ لیکن دستاویزات اور دوسرے کاغذات کی تحریر کے لئے خاص کر اور جہاں طلبا کی مناسب تعداد چاہے وہاں اسکولوں میں تعلیم کے لئے اردو رسم الخط تسلیم کیا جائے۔

یہ ہمارا اس عام لسانی پالیسی کے مطابق ہے جس کا کانگریس اور مجلس دستور ساز دونوں نے اعلان کیا ہے۔ یعنی ہر ایک بچہ کو ابتدائی تعلیم اس کی مادری زبان میں دی جائے۔ بشرطیکہ کسی علاقہ ایسے طالب علموں کی اتنی تعداد ہو کہ یہ تعلیم قابل عمل ہو۔ چنانچہ بمبئی کلکتہ یا دلی میں اگر ایک [illegible] بچوں کی کافی تعداد ہو تو انہیں ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کا موقعہ ملنا چاہیے۔ اگر ہندوستان کے کسی حصہ میں ایسے بچوں کی کافی تعداد ہو جن کے گھر کی زبان اردو ہے تو انہیں صوبائی زبان کے علاوہ اردو رسم الخط سکھانے کا بھی انتظام کیا جانا چاہیے۔ یہ اصول تسلیم کیا جا چکا ہے اور جس قدر جلد ممکن ہو اس پر عمل درآمد کرنا مناسب ہے۔ اس وقت بہت سی مشکلات درپیش ہیں خاص کر ان مقامات پر جہاں دو صوبوں کی سرحدیں ملتی ہیں۔ ان سرحدوں کی دونوں طرف دو دو زبانیں بولنے والے لوگ بستے ہیں ان علاقوں میں اور دوسرے مقامات کی نسبت یہ بہت ضروری ہے کہ تعلیم مادری زبان میں ہو۔

رومن رسم الخط

میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے لئے بڑے پیمانہ پر رومن حروف اختیار کرنا ممکن نہیں لیکن یہ بات ہمیں ضرور سوچنی چاہیے کہ فوج میں رومن رسم الخط کا استعمال نہایت کامیاب رہا ہے۔ اس رسم الخط کی تعلیم میں بڑی آسانی پائی گئی ہے اور فوج میں ایک حد تک یہ ذریعہ اتحاد ثابت ہوا ہے۔ اس لئے یہ مناسب ہوگا کہ رومن رسم الخط کے امکانات کی چھان بین کی جائے اور جہاں مناسب ہو استعمال کیا جائے۔

میں نے مضمون کے آغاز میں لکھا تھا کہ میں ایک مصنف کی حیثیت سے لکھ رہا ہوں۔ اس لئے کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ میں مصنفین اور خاص کر کے ہندی اور اردو مصنفین سے بھی ایک بات کہوں۔

مصنفین کی حالت

مجھے یہ دیکھ کر بڑی کوفت ہوتی ہے کہ ہمارے بعض بڑے اچھے مصنفین جن کا مستقبل روشن ہے ناشرین کے ہاتھوں تنگ ہیں اور بعض اوقات مصنفین کی پست حالی سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ [illegible] لیکن حقیقی جوہر رکھنے والے مصنفین کے لئے مستقبل نہیں۔ میں ایسے ناشروں کو جانتا ہوں جنہوں نے ہندی کتابوں کے کاپی رائٹ کوڑیوں کے مول لئے کیونکہ بیچارہ مصنف تنگدستی کے ہاتھوں مجبور تھا۔ ان ناشرین نے ان کتابوں سے بہت سا روپیہ کمایا لیکن مصنف بے طرح فاقہ کرتا رہا۔ میرے خیال میں یہ بڑی خطرناک بات ہے۔ لہذا میں ناشرین سے اپیل کروں گا کہ وہ مصنفوں سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں۔ ناشرین صرف اس وقت پنپ سکتے ہیں جب کہ مصنف بھی خوشحال ہوں۔ [illegible] نقطہ نگاہ سے یہ انتہائی [illegible] ہے کہ مصنفین کا گلا گھونٹا جائے یا انہیں قابل قدر کام کرنے سے روک دیا جائے لیکن قومی نقطہ نگاہ سے یہ مسئلہ اور بھی اہم ہے اور یہ قوم کا فرض ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کرے کہ صلاحیت رکھنے والے مصنفین کو اچھا کام کرنے کا موقع ملے۔

کھانڈ کی قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ

دال چند نگر ۱۲ فروری۔ سردار داتار سنگھ نائب صدر ہندوستانی زرعی تحقیقاتی کونسل نے آج یہاں مرکزی ہندوستانی گنا کمیٹی کے سالانہ اجلاس کی صدارت کے فرائض سر انجام دئے۔ آپ نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا۔ کہ کھانڈ کی موجودہ قیمتیں دنیا بھر کے دیگر ممالک کی قیمتوں سے دگنی ہیں اور جب تک کھانڈ کی قیمتوں کو گھٹا کر انہیں دنیا کے دیگر ممالک کی قیمتوں کے برابر نہ کر دے یہ غیرملکی مقابلہ کی تاب نہیں لا سکیگا۔

صوبائی حکومتوں نے پانچ سالہ ترقی کی جو اسکیمیں شروع کر رکھی ہیں اگر ان پر عمل کیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ گنے اور کھانڈ کی پیداوار میں اضافہ ہوگا [illegible] لاکھ ٹن سالانہ پیداوار کرنے کا منصوبہ کیا گیا ہے وہ دو ڈھائی برس میں مکمل ہو جائیگا۔

آپ کیوں محروم ہیں
جبکہ
بہت سے مشتہرین حضرات
الجمعیۃ میں اشتہار دے کر
فائدہ اٹھا رہے ہیں۔
آپ بھی اشتہار دے کر
اپنی تجارت کو فروغ دیجیے
منیجر اشتہارات الجمعیۃ

دار السلطنت

دہلی میں چوری کی وارداتیں

دہلی کے مختلف حصوں سے چوریوں کی وارداتوں کی اطلاع ملی ہے۔ ایک عورت جمنا پر نہانے گئی تھی اور اپنی نقدی اور زیورات جن کی مالیت ۳۰۰ روپیہ تھی۔ گھاٹ پر رکھ چھوڑے تھے وہ نہا رہی تھی کہ کسی نے چپکے سے اس کی نقدی اور زیورات اڑا لئے۔

آزاد مارکیٹ میں چار اشخاص نے دن دہاڑے [illegible] لاجپت رائے مارکیٹ میں ایک دوکان سے ساڑھیاں چرائی گئیں۔ چاندنی چوک سے دو اشخاص گرفتار کئے گئے جو ایک جوہری سے نقدی چھیننے کی کوشش کر رہے تھے۔ کناٹ پلیس میں ایک شخص نے کپڑا اڑا کر بھاگنے کی کوشش کی لیکن گرفتار کرلیا گیا۔

راشن کے قوانین کی خلاف ورزی

محکمہ راشننگ اینڈ سول سپلائز کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ پچھلے پندرہ روز میں کنٹرول آرڈر کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں ۱۹۱ اشخاص پر مقدمات چلائے گئے اور ۱۰۸ اشخاص کو مختلف سزائیں ہوئیں اہم مقدمات کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا۔

مشاعرہ بزم سخن

بزم سخن دہلی احاطہ کالے صاحب کا طرحی مشاعرہ جس کی صدارت مولانا محمد عثمان صاحب فارقلیط نے فرمائی انتہائی کامیاب مشاعرہ ہوا مشاعرہ میں ہر قوم کے افراد کافی تعداد میں شریک تھے اس مشاعرہ میں مندرجہ ذیل شعرا حضرات نے حصہ لیا۔

رفیع احمد صاحب قریشی۔ زبیر صاحب۔ افروز صاحب عشر صاحب۔ تنویر صاحب۔ فلک صاحب۔ جوہر صاحب۔ تاباں صاحب۔ عزیز وارثی صاحب۔ بگلا صاحب۔ زاہد عیسیٰ صاحب واصف دہلوی صاحب وغیرہ۔

اجلاس بزم کا آئندہ طرحی مشاعرہ ماہ مارچ ۴۹ء کے پہلے اتوار کو حسب ذیل مصرعہ طرح پر منعقد ہوگا۔

چمن چھوٹا مگر چھوٹے نہیں ہیں آشیاں اب تک

اور دوسرا مشاعرہ ماہ مارچ ۴۹ء کے دوسرے اتوار کو ذیل کے مصرعہ طرح پر ہوگا۔

رقص پر رقص کئے جا دل آزار طلب

(حاجی رحمت الٰہی بانی بزم سخن دہلی)

چوری چاقو زنی اور اغوا کی وارداتیں

ایک ضعیفہ بڑھیا کی بابت اطلاع ملی ہے کہ اس کو پیتل کا ایک ٹکڑا دے کر اس کی طلائی چوڑیاں دھوکہ سے اتار لیں۔ کہا جاتا ہے کہ وہ مٹھائی پل کے قریب اسے ایک نوجوان ملا اور اس کو پیتل کا ایک ٹکڑا دکھا کر کہنے لگا کہ مجھے یہ سونا ملا ہے میں اس میں سے تم کو بھی حصہ دینا چاہتا ہوں۔ پھر اس نے اس کی طلائی چوڑیاں لے لیں اور اس کو پیتل کا وہ ٹکڑا دے دیا۔

[illegible] ۵۰۰ روپیہ کے زیورات چوری ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

[illegible] ایک شخص [illegible] گرفتار کیا گیا ہے [illegible] اغوا کرنے کی کوشش کی۔

[illegible]

والدین سے اپیل

آپ کو اپنی اس لاعلمی پر ضرور افسوس ہوگا کہ آپ کے گھر کی نفیس ترین دولت معقول حفاظت سے محروم ہے ہم نے آپ کی اس پریشانی کے ازالہ کا معقول انتظام کیا ہوا ہے آپ اطمینان فرمائیں۔ آپ کے لخت جگر آپ کی امیدوں کے مرکز آپ کے خاندان کے بناؤ اور بگاڑ کے موجب بچے بہترین روحانی اور عملی تعلیم پا کر [illegible] دہلی میں حاصل کرکے کامل انسان بن سکتے ہیں [illegible]

([illegible])

پھر بساؤ کانفرنس کا ملک کے طول و عرض میں خیر مقدم

کانفرنس کے بساؤ کے انتظام کیلئے کارکنوں نے اپنی خدمات پیش کردیں

دہلی ۱۳ فروری۔ پھر بساؤ کانفرنس کا دہلی کے مختلف حلقوں میں کافی حد تک چرچا ہو رہا ہے۔ سنا گیا ہے کہ کانفرنس کے ذمہ دار حضرات نے خان عبد القیوم خان وزیر اعظم سرحد کو لکھا ہے کہ وہ خان عبد الغفار خان [illegible] کانفرنس میں شرکت اور سہولت بہم پہنچائیں۔

معلوم ہوا ہے [illegible] کے کئی لیڈران [illegible] سیاسی کارکنان اور دوسرے کئی حضرات [illegible] کے بعد دعوت منظور کرکے اپنی شرکت کی اطلاع کانفرنس کو دیدی ہے۔

[illegible] کانفرنس پاکستان کے ذمہ دار وزراء کو کئی تار دئیے ہیں کہ وہ کانفرنس میں شرکت کرنے والوں کو آمد و رفت کی سہولت بہم پہنچائیں۔

پھر بساؤ کانفرنس کے سلسلہ میں کل مسٹر [illegible] حکیم محمد یعقوب [illegible] نے [illegible] دہلی کا دورہ کیا۔ [illegible] سے ملاقات کی جن حلقہ سے کانفرنس کے بارے میں ہمدردی اور تعاون کا اظہار کیا گیا۔ [illegible] کانفرنس کے متعلق [illegible] کانفرنس کی [illegible]

کانفرنس کی رپورٹ

معلوم ہوا ہے کہ پھر بساؤ کانفرنس کی رپورٹ شائع ہوگئی ہے اور ہندوستان، پاکستان کے گوشہ گوشہ میں بھیجی گئی ہے۔ اس میں گزشتہ کانفرنس کی روداد اور آئندہ ہونے والی کانفرنس کا پروگرام درج ہے اس کا ملک کے گوشہ گوشہ میں خیر مقدم ہوا ہے کئی مخلص قومی کارکنوں نے اپنی خدمات کانفرنس کے انتظامات کے سلسلہ میں پیش کردی ہیں۔ کانفرنس کے سلسلہ میں کافی زور شور سے کام ہو رہا ہے۔

چوہدری عبد الستار صاحب سکریٹری استقبالیہ نے ڈیلیگیٹس کے طعام و قیام کا انتظام اپنے ذمہ لیا ہے۔ اور اس سلسلہ میں انتظامات بھی شروع کر دئے ہیں۔ مولانا خلیل اللہ پانی پتی، حکیم محمد یعقوب، مولانا تقی الدین صاحب، شری [illegible] بھی کافی دلچسپی سے حصہ لے رہے ہیں۔

مولانا عبد الغنی کا بیان

۲۶، ۲۷ فروری کو فراشخانہ دہلی میں ہونے والی کانفرنس کے متعلق مولانا عبد الغنی صاحب نے فرمایا کہ پاکستان اور ہندیونین کے بڑے بڑے وزراء سے گفتگو ہو رہی ہے۔ مولانا نے مزید فرمایا کہ پاکستان میں سردار عبد الرب نشتر، میاں افتخار الدین اور دیگر وزراء کو تاریں دی گئی ہیں۔

میں تمام ان حضرات سے اپیل کرتا ہوں جو اس کانفرنس سے دلچسپی رکھتے ہیں [illegible] مولانا خلیل اللہ صاحب پانی پتی [illegible] فراشخانہ دہلی کو [illegible] کریں۔ ہم ان کی تجاویز کی دل سے قدر کریں گے۔

بین الملکی کانفرنس

دہلی ۱۳ فروری۔ آل انڈیا [illegible] بورڈ کے سکریٹری گیانی تارا سنگھ اور حکیم سیف الدین نے اخبارات کے لئے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے۔

آل انڈیا [illegible] بورڈ نے مارچ کے چوتھے ہفتہ میں مشرقی پنجاب کے شہر کرنال میں ایک انٹر ڈومینین کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کانفرنس میں ملک کی تقسیم سے پیدا شدہ تلخی اور کشیدگی کو دور کرنے کے لئے ٹھوس اور عملی تجاویز تیار کی جائیں گی اور ہندوستان و پاکستان کے درمیان خوشگوار حالات پیدا کرنے اور فرقہ وارانہ رفاقت اور امن پیدا کرنے کی غرض سے مشترکہ راہ عمل تلاش کی جائیں گی۔

تعلیمی و تہذیبی مرکز کا افتتاح

دریا گنج میں [illegible] بین الاقوامی تعلیمی و تہذیبی مرکز کا افتتاح کرتے ہوئے پروفیسر ہمایوں کبیر نے دنیا بھر کی قوموں کے باہمی تعلقات خوشگوار بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

مقدمہ قتل کے مجرموں کی اپیل

نئی دہلی ۱۳ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ میں صفائی کی طرف سے جو وکیل پیش ہوئے تھے ان کے درمیان صلاح مشورہ کے نتیجہ میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ [illegible] اس امر کا امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ [illegible] ہائی کورٹ [illegible] بحث کریں گے۔ [illegible] عدالت میں ملزموں کے خلاف ثابت ہو چکی ہے۔

بنارس ریاستی پولیس کا لاٹھی چارج

۸ اشخاص گرفتار کرلئے گئے

بنارس ۱۴ فروری۔ ریاست بنارس کی پولیس نے دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرنے والے ایک جلوس پر ہلکا لاٹھی چارج کیا اور انہیں منتشر کر دیا۔ یہ تحریک ریاست کو یوپی میں مدغم کرنے کے سلسلہ میں جاری ہے۔ اس سلسلہ میں آٹھ اشخاص کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

پٹیالہ کی حکومت کے خلاف مورچہ

اکالی دل کا مبینہ فیصلہ

امرت سر ۱۴ فروری۔ معتبر ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ اکالی دل نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible] ۱۸ فروری کو دہلی میں ہونے والی اکالی کانفرنس پر جو پابندی لگائی ہے اس کی خلاف ورزی کی جائے۔ [illegible] پٹیالہ اور مشرقی پنجاب [illegible] کے خلاف مورچہ [illegible]

قاسم رضوی کہاں ہیں؟

سفر حیدرآباد کی تصدیق

حیدرآباد ۱۴ فروری۔ سابق رضاکار لیڈر سید قاسم رضوی کو تین دن ہوئے خصوصی طیارہ میں حیدرآباد لایا گیا اور پھر ایک نامعلوم مقام پر پہنچا دیا گیا۔ انہیں حیدرآباد کیوں لایا گیا اور وہ یہاں کیا کریں گے۔ اس بارے میں ابھی کچھ معلوم نہ ہو سکا۔

[illegible] شعیب اللہ خاں کے قتل کے سلسلہ میں [illegible] قاسم رضوی کو [illegible] حیدرآباد لایا گیا [illegible] قاسم رضوی اب شہر حیدرآباد میں نہیں ہیں [illegible] شعیب اللہ خاں کے قتل کے مقدمہ کی تحقیقات [illegible] دہلی سے پرسوں حیدرآباد پہنچے۔

پاکستان نے مصر کیلئے پٹسن میں اضافہ کردیا

ڈھاکہ ۱۳ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے جنوری سے جون [illegible] تک کیلئے پہلی ششماہی میں مصر کیلئے پٹسن کا کوٹہ پانچسو ٹن سے بڑھاکر پندرہ سو ٹن کر دیا ہے اس میں پانچسو ٹن وہ پٹسن بھی شامل ہے جو گذشتہ سال جولائی سے دسمبر تک کے عرصہ میں مصر جانے سے رہ گئی تھی۔

[illegible]

بہار میں ریلوے حادثہ

۱۲ ہلاک اور نو زخمی ہوئے

پٹنہ ۱۳ فروری۔ آج ای۔ آئی۔ آر ریلوے پر [illegible] ریلوے سٹیشن کے قریب [illegible] سولہ آدمی ہلاک اور [illegible] شدید طور پر زخمی ہوئے۔ [illegible]

مدراس میں رکشا چلانے پر پابندی

مدراس ۱۴ فروری۔ مدراس سرکار نے پولیس ایکٹ [illegible] میں ایک ترمیم کے ذریعہ اعلان کیا ہے کہ ۱۸ برس سے کم عمر کا کوئی شخص [illegible] رکشا نہیں کھینچ سکتا۔ اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والے کو [illegible] کی سزا دی جا سکے گی۔

صوبہ جات کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

عزت نگر [illegible] کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ بریلی سٹی اور عزت نگر کے درمیان چلتی ٹرین میں افیم چوری کرنے کے الزام میں چار اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔

عزت نگر کی ایک دوسری اطلاع مظہر ہے کہ [illegible] سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ایک مکان پر چھاپہ مار کر ایک سٹین گن اور کچھ کارتوس برآمد کئے۔

مراد نگر کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایک مقامی شوگر کمپنی کے اسسٹنٹ منیجر نے ایک ۱۳ سالہ [illegible] لڑکی کو اغوا کرلیا ہے۔

شاہجہانپور کی اطلاع مظہر ہے کہ چوروں کے گروہ سے تعلق رکھنے والے دس اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔ یہ گروہ شہر میں کئی چوریوں کے لئے ذمہ دار ہے۔

شاہجہانپور کے شرنارتھیوں نے ۱۵ ممبروں پر مشتمل ایک مجلس عاملہ کی تشکیل کی ہے۔

ناگ پور کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ [illegible] کو ایک ۵ سالہ لڑکی کو بے عزت کرنے کے جرم میں ۵۰ روپیہ جرمانہ یا ایک ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

ناگ پور کی ایک دوسری اطلاع مظہر ہے کہ چاول اور مونگ پھلی کو بلا اجازت برآمد کرنے کے جرم میں [illegible] اور شام لال کو [illegible] روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔

لدھیانہ کی اطلاعات مظہر ہیں کہ امرتسر سے غیر قانونی طور پر لدھیانہ لے جاتے ہوئے کپڑے کے سو بنڈل جن کی قیمت دس ہزار روپیہ ہوتی ہے پکڑے گئے۔

لدھیانہ سے [illegible] کستوری لال نامی ایک شخص کو [illegible] فروخت کرنے کے الزام میں [illegible] جرمانہ کیا گیا۔

لدھیانہ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر پولیس کو مارنے کے مبینہ الزام میں چار اشخاص کو ۶ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی ہے۔

مرشدآباد میں مسلح ڈاکہ پڑنے کی اطلاع ملی ہے۔ ڈاکو تین ہزار روپیہ کا سامان لے کر فرار ہوگئے۔

اقبالی بیان کیلئے دواؤں کا استعمال

لندن ۱۴ فروری۔ دو ماہرین دستاویزات لاسلو سلنر اور اس کی بیوی آسٹریا کے امریکی مقبوضہ علاقہ میں سالبرگ کے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ ہنگری کی خفیہ پولیس نے کارڈینل منڈزینٹی کے خلاف مقدمہ کے دوران [illegible] انہوں نے یہ دعوی کیا ہے کہ [illegible] موجود ہے کہ کارڈینل منڈزینٹی سے اقبالیہ بیان لینے کے لئے خاص قسم کی دوائیاں استعمال کی گئیں۔ وہ اپنے ساتھ کچھ ایسے فوٹو لائے ہیں جن کا امریکی افسر معائنہ کر رہے ہیں۔ یہ فوٹو ان دستاویزات کی ہیں جنہیں استغاثہ نے مقدمہ ثابت کرنے کیلئے استعمال کیا تھا۔ بوڈاپسٹ میں امریکی نائب قونصل مسٹر [illegible] کو ہنگری سے نکال دیا ہے اور آپ [illegible] پہنچ گئے ہیں۔ آپ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہنگری کے ۹۵ فیصدی باشندے اس بات پر افسوس کر رہے ہیں [illegible] کرکے یقیناً خاص قسم کی دوائیاں استعمال کی گئیں (گلوب)

بھوپال کے مستعفی وزیر کا برت

اور ایک نوجوان کا روزہ

بھوپال (بذریعہ ڈاک) بھوپال کے ایک وزیر اعظم پنڈت چتر نرائن مالویہ جنہوں نے وزارت سے استعفیٰ دیدیا ہے اور ۱۱ فروری سے ۲۱ دن کا برت رکھے ہوئے ہیں ان کی حالت دن بدن تشویشناک بتائی جاتی ہے ہزاروں کی تعداد میں آدمی روزانہ ان کے پاس پہونچتے ہیں اور برت توڑنے کی درخواست کرتے ہیں۔ لیکن پنڈت مالویہ کا کہنا ہے کہ میں نے تزکیہ نفس کے لئے یہ برت رکھا ہے۔ کسی سے کوئی شکایت اور مطالبہ نہیں ہے جس طرح [illegible] عبادت اور پبلک کی خدمت میں گزاری ہیں اسی طرح یہ بقیہ گیارہ دن بھی پورے ہو جائیں گے۔ مالویہ جی کے اتباع اور ہمدردی میں ایک مسلم نوجوان مسٹر تدبیر رحمانی نے بھی روزہ رکھنا شروع کر دیا ہے اور برت کے ختم ہونے تک پان بیڑی سگریٹ ترک کرنے کا عہد کیا ہے۔

کراچی ۱۴ فروری۔ خواجہ شہاب الدین نے اسلامیہ کالج کراچی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہمارے تعلیمی ادارے ملازمتوں کے لئے صرف کلرک پیدا کرتے رہے تو ہمارا مستقبل تاریک ہوگا۔ انہوں نے ڈسپلن کی اہمیت بتائی اور کہا کہ تعلیم کا صحیح مقصد [illegible] چاہیے۔

مارکیٹ رپورٹ

ہاپوڑ

ہاپوڑ ۱۳ فروری۔ اس ہفتہ یوپی کے تقریباً تمام بازاروں میں گیہوں کی قیمت میں مزید اضافہ ہوا۔ اس اضافہ میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے [illegible] کے ساتھ اولے باری نے جس سے فصلوں کو سخت نقصان پہنچا اسی وجہ سے اناج کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اناج کی قیمتوں میں اضافہ کے دوسرے اسباب تاجروں کے پاس اسٹاک کی کمی اور حکومت کا راشن کے وعدوں کو پورا نہ کر سکنا ہے۔

فصل ربیع کی تیاری اور بازار میں آنے تک اناج کی قیمت کم ہونے کا امکان نہیں۔ حال ہی میں صوبائی وزراء کی ایک اہم کانفرنس ہوئی جس میں غذا حاصل کرنے کے طریقوں پر غور کیا گیا اور اہم فیصلے کئے گئے۔ دالوں کی قیمتیں حسب سابق رہیں۔ مٹر اور ارہر کی قیمتوں میں کچھ اضافہ ہوا۔ مونگ اور مسور کی قیمتیں قائم رہیں ارہر اور مٹر کی فصلوں کو اولوں سے نقصان پہنچا۔

گڑ اور شکر

گڑ اور شکر کی قیمتیں کافی بڑھ گئیں۔ [illegible] قیمتیں مزید بڑھنے کی توقع ہے۔

تلہن

[illegible] تلہن کی قیمتوں میں کچھ اضافہ ہوا۔ مونگ پھلی کی قیمت بھی کچھ بڑھی۔ [illegible] قائم رہا۔

دہلی

اس ہفتہ دہلی کا بازار بہت مندہ رہا قیمتوں کے اتار چڑھاؤ میں کوئی خاص فرق نہیں رہا۔ معمولی طور پر قیمتیں گر گئیں۔

[illegible]

عرب ریاستوں میں طبی تعلیم

بغداد ۱۴ فروری۔ عراق کے میڈیکل کالج کے [illegible] عرب ریاستوں کے طلبا کو طبی تعلیم دینے کے سلسلہ میں ایک اسکیم بتائی ہے۔ [illegible]

ایک ہزار مکان جلادیے

رنگون ۱۳ فروری۔ حکومت برما کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ جنوبی برما میں مولمین کے قریب باغیوں اور سرکاری فوجوں کے درمیان زبردست جنگ ہو رہی ہے۔ ۷۰ باغی ہلاک ہوگئے۔ [illegible] میں ایک ہزار مکانات جلا دئے گئے۔ اور ریلوے کا بہت بڑا ذخیرہ جلا دیا گیا۔ رنگون سے تقریباً ۵۰ میل پیگو کے قریب چالیس کمیونسٹ باغی مارے گئے۔ [illegible] سرکاری ہوائی جہازوں نے باغیوں پر بمباری کی تھی۔

فلسطین عرب ریلیف فنڈ

لندن ۱۳ فروری۔ یہاں ایک نیا فلسطین عرب ریلیف فنڈ جاری کیا گیا ہے جس کے بانی آرچ بشپ آف کنٹربری ہیں۔ اور سرپرستوں میں [illegible] لندن کے کارڈینل آرچ بشپ ہیں۔

فنڈ کے لئے [illegible] (گلوب)

ریلوے ملازموں کی ہڑتال

[illegible] کا فیصلہ

[illegible]

بجلی کے انجینیروں کی کانفرنس

[illegible]

ہندوستان واپس آنے کی دعوت

[illegible]

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب [illegible] کی تالیفات

خدا کی باتیں
تقریباً ۱۸۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ۔
قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں
توحید، رسالت، قرآن، قیامت [illegible] عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث
قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی
ایک ہزار سے زائد ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے
قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا
۴۸۸ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں نبی کریم صلعم نے اعمال بد کرنے والوں کو خدا کے غضب سے ڈرایا ہے۔ قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۱۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۷ فروری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۹ | بذریعہ ہوائی جہاز فی پرچہ ۲ آنہ

بہاولپور کی سرحد پر حملہ

بہاولپور ۱۵ فروری یہاں موصول شدہ اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ ۱۵ اور ۱۶ فروری کے درمیان سکھوں کی ایک پارٹی نے جو آتشیں ہتھیاروں سے مسلح تھی ... کے گاؤں پر حملہ کیا ... ایک کو ہلاک اور ایک کو زخمی کر دیا ... بعد وہ ... مویشی اٹھا کر فرار ہو گئے۔ (اے پی)

کشمیر کمیشن کے ممبروں کی حکومت ہند کے نمایندوں سے ملاقات

کمیشن کی ۱۳ اگست والی تجویز پر اہم تبادلہ خیال

منتظم استصواب مقرر کرنے کیلئے ناموں کی نئی فہرست

نئی دہلی ۱۶ فروری کشمیر کمیشن اور ہندوستانی حکومت کے نمایندوں کے درمیان کل مسئلہ کشمیر کے متعلق گفت و شنید ہوئی۔ گذشتہ ہفتہ کو اعلان کیا گیا تھا کہ عارضی صلح پر عمل کرنے کے متعلق اس گفت و شنید کے دوران پر حکومت ہند کے نقطہ نظر کی وضاحت کی جائے گی۔

لیکن گفت و شنید کے بعد یہ معلوم ہوا کہ ... ۱۳ اگست کی تجویز کے متعلق تبادلہ خیال ہوا ... کانفرنس صرف ۴۵ منٹ جاری رہی ...

... کمیشن نے کشمیر اور جموں کے پناہ گزینوں کے متعلق ریڈ کراس کے نمایندوں کے بیانات سنے۔

ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ منتظم استصواب کے نام کے انتخاب کے لئے ہند اور پاکستان کو ایک نئی فہرست پیش کی جائے گی۔ پاکستان نے پہلی فہرست کو نامنظور کر دیا ہے۔ ... ہند اور پاکستان دونوں ملکوں کی منظوری سے مقرر ہو سکیگا ... حکومت ہند کے خیالات کا ابھی تک علم نہیں ہو سکا ہے۔

پریس نوٹ

کشمیر کمیشن کی طرف سے ... پریس نوٹ شائع ہوا ہے ...

ہند اور پاکستان نے تین لاکھ سے زائد برطانوی سائیکل خریدے

لندن ... ۱۶ فروری ... ہندوستان اور پاکستان ... برطانوی سائیکلوں کے سب سے بڑے خریدار ہیں ...

کارڈینل مندس زینتی کا مقدمہ

پوپ کا زبردست احتجاج

ویٹیکن سٹی ۱۵ فروری ... آسٹریا کے ... کارڈینل مندس زینتی کے خلاف غداری کا الزام ... ہنگری کی حکومت کو ایک احتجاجی خط لکھا ہے اور ان کو ہنگری کی اس کارروائی پر سخت افسوس اور صدمہ ہے۔

کمیونسٹوں نے دریائے یانگسی پار کرنا شروع کر دیا

وقت قریب میں نانکنگ پر زبردست حملہ کی توقع

شنگہائی ۱۵ فروری ... اطلاع ملی ہے ... کمیونسٹ دریائے یانگسی کو عبور کر کے ... چین کے ... علاقہ میں ... قدم جما رہے ہیں ...

فوجی مشاہدین کا خیال ہے کہ کمیونسٹ ... دریا کو پار کر کے حملہ کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔ نانکنگ کی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نانکنگ ... ۔

باغیوں اور فوج میں تصادم

سنگاپور ۱۵ فروری گذشتہ اتوار کو ملایا کی ... فوجی دستوں اور باغیوں کے درمیان ... تصادم ہوا ... ۔

فرانسیسی کیمپ میں بم

سائیگون ۱۵ فروری گذشتہ شب جب سائیگوں کے فرانسیسی فوج کے ایک کیمپ میں بم پھینکا گیا تو ایک آدمی زخمی ہوا۔ اسی ضلع کے ایک اور فوجی کیمپ میں بھی تین بم پھینکے گئے لیکن کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔

دمشق ۱۵ فروری شام کے وزیر اعظم نے اس امر کی اطلاع کی تردید کی ہے کہ پانچ عرب ملکوں ... گفت و شنید ... ۔

پاکستان جانے والے اشخاص پر مزید پابندیاں

ہند کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم پاکستان کا اہم پریس نوٹ

لاہور ۱۵ فروری ہند کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم پاکستان نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ پاکستان کے حکام ... حال ہی میں اعلان کیا ہے ... پاکستان کا رخ کرتے ہیں ... اجازت نہیں دی جائے گی ...

ہندی کیا کریں

... (۱) ایسے لوگ جو پاکستان کی سرزمین سے ... (Through Tickets) ... پاکستان میں ان کے قیام کی مدت ۱۵ دن سے زیادہ نہ ہو ...

... پاکستان میں ۱۵ دن سے زیادہ عرصہ ... سفر پر روانہ ہونے سے کافی پہلے درخواست دیں۔

مغربی سماٹرا میں ڈچ فوجوں نے بغاوت کر دی

گوریلا دستوں کی زبردست جارحانہ سرگرمیاں

... ۱۵ فروری ... جمہوریہ انڈونیشیا کے ... مغربی سماٹرا ... ڈچ سپاہیوں نے بغاوت کر دی ...

ہالینڈ کی طرف سے تردید

... ڈچ حکومت ... اس خبر کی کوئی اصلیت نہیں۔

شنگھائی کے ۹۰۰ یہودیوں کا ایک اور قافلہ فلسطین پہنچ گیا

... ۱۵ فروری آج ... شنگھائی سے فلسطین ... اسرائیل ... ۔

ریل گاڑی کے پٹری سے اترنے کا حادثہ

۲۸ ہلاک اور ۳۰ زخمی

... ۱۵ فروری ... ایکسپریس گاڑی کے پٹری سے اترنے سے ۲۸ آدمی ہلاک ... ۳۰ ... زخمی ...

فوری انتقال اقتدار اور مئی تک ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کا قیام

مسئلہ انڈونیشیا کے حل کیلئے ڈچ کابینہ کا نیا پلان

مشورہ اور ہدایت کیلئے ڈاکٹر بیل کی طلبی

ہیگ ۱۵ فروری ڈاکٹر بیل جو انڈونیشیا میں ہالینڈ کی حکومت کے ... ہیں ... ہالینڈ روانہ ہو گئے ... ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کے قیام کی کوشش ...

ہیگ کے سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ ... انڈونیشیا کی موجودہ صورت حالات کے متعلق ... ڈاکٹر بیل ... ۔

(باقی پرنٹ میں)

ماہ مارچ میں مزدوروں کی عام ہڑتال کا خطرہ

مزدوروں کے فیصلوں سے سرکاری حلقوں میں اضطراب

نئی دہلی ۱۵ فروری موجودہ علامات اس امر کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ ماہ مارچ میں ہندوستان کے مزدوروں میں ایک عام اضطراب پھیل جائے گا ... ریلوے ملازمین نے حکومت کو ۹ مارچ سے ہڑتال کرنے کا نوٹس دے دیا ہے ...

(باقی صفحہ ۴ پر)

خوراک کی قلت کے باوجود حکومت ہند ملک میں کمی نہ آنے دیگی

غلہ کی درآمد کے باعث پوزیشن محفوظ ہے سرکاری ترجمان کا بیان

نئی دہلی ۱۶ فروری کل ... خوراک کے ایک ترجمان نے ... یقین دلایا ہے کہ باوجود یکہ ملک میں ... خوراک کی کمی ہے حکومت خوراک کی قلت پیدا نہ ہونے دیگی۔

[redacted]

پاکستان کی زراعتی ترقی کے امکانات

لاہور ... فروری۔ اقوام متحدہ کے ... ڈائرکٹر جنرل مسٹر ... نے کہا کہ اگر پاکستان کو ... مشینیں مل سکیں تو بہت کافی غلہ پیدا کیا جا سکتا ہے ...

[redacted]

... معلوم ہوا ہے کہ وہ ... فروری کو کراچی سے ... روانہ ہو جائیں گے۔

پاکستان کے آزاد کشمیر میں غربت کے لرزہ خیز نظارے

اٹھارہ ماہ کی جنگ کے برے اور تباہ کن اثرات

راولپنڈی ... فروری ... آزاد کشمیر ... پاکستان ... ۔

[redacted]

ہڑتالوں سے افراط زر اور دوسری مشکلات میں اضافہ ہو جائیگا

یہ حربہ بضرورت وقت ہی استعمال کیا جائے مزدوروں کو پنڈت نہرو کا مشورہ

احمد آباد ——— (۱۴) ——— فروری

"نعرے نہ عوام کو کوئی ٹھوس فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ زیادہ دولت پیدا کر سکتے ہیں۔ زیادہ پیدا کرنے کے لئے لوگوں کو زیادہ محنت کرنی چاہئے" یہ الفاظ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے احمد آباد ٹیکسٹائل ایسوسی ایشن کے ورکروں کی میٹنگ میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ اب تک وہ سوراج سوراج پکارتے رہے ہیں اگر اس سوراج میں لوگوں کی اقتصادی حالت ٹھیک نہ ہو تو یہ سوراج بے معنی چیز ہو جائے گی۔ اب جب کہ سیاسی آزادی حاصل ہو گئی ہے ہماری توجہ اقتصادی آزادی کے حصول کی طرف مرکوز ہونی چاہئے۔

[redacted]

پنڈت نہرو نے کہا کہ آج امریکہ میں معیار زندگی بہت بلند ہے ...

... ہڑتالوں سے افراط زر اور دوسری مشکلات میں اضافہ ہوگا۔

آئرلینڈ کی اٹلانٹک پیکٹ میں شمولیت

وزیر اعظم جان کاسٹیلو کی شرطیں

ڈبلن ۱۴ فروری ... حلقوں کے بیان کے مطابق آئرلینڈ کی حکومت ... ۔

کانفرنس میں تعطل

(صفحہ اول کالم اول سے آگے)

گمشدہ کی تلاش

... دہلی ... ۔

زہریلی چائے سے تین ہلاک

کلکتہ ۱۴ فروری ... زہریلی چائے ... ہلاک ہو گئے ...

فرانسیسی وزیر انصاف کا استعفیٰ

پیرس ۱۴ فروری ... فرانس کے وزیر انصاف ... ۔

گوہر اس سردار پٹیل کی مجسمہ کی نقاب کشائی کی تجویزی پنڈت نہرو کا خراج عقیدت

ہندوستان میں ہر قیمت پر غیر مذہبی حکومت کو برقرار رکھنے کا عزم

اس سے قبل پنڈت نہرو نے سردار پٹیل کا مجسمہ بے نقاب کرتے ہوئے اس ... کی ... ۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ ... سردار پٹیل ... آزادی ...

سردار پٹیل مدراس کو

مدراس ۱۴ فروری۔ سردار پٹیل ۲۲ فروری کو مدراس جائیں گے اور ۲ روز قیام کے بعد وہ وہاں سے حیدرآباد جائیں گے۔ مدراس میں وہ کانگریس کی ... ۔

برطانیہ میں ضمنی انتخابات

قدامت پسندوں کی کامیابی کی امید

لندن ۱۴ فروری ... ضمنی انتخابات ... ۔

متسیہ یونین کے مستقبل پر دہلی میں گفت و شنید

یونین کو یوپی یا بڑے راجستھان میں ضم کرنے کی اسکیم

دہلی ۱۴ فروری۔ آج ... دہلی میں متسیہ یونین کے مستقبل کے متعلق والیان ریاست سے گفت و شنید ہوئی ...

مشرقی بنگال میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی

خواجہ ناظم الدین کا اظہار مسرت

ڈھاکہ ... فروری ... خواجہ ناظم الدین ... مشرقی بنگال ... ۔

ہالوڑ میرٹھ سڑک پر حادثہ

پانچ اشخاص ہلاک اور چار مجروح

میرٹھ ۱۴ فروری۔ کل دوپہر ... پانچ اشخاص ہلاک ... ۔

رنگون میں ہزاروں پناہ گزینوں کی آمد

کلکتہ ۱۴ فروری۔ رنگون سے ... ۔

کانہ ... سیوادار ... ۔

ضرورت کلرک

... اردو اور انگریزی ... دفتر میں کام کر سکے ...

منشی ... آستانہ ... جامع مسجد دہلی

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

یہ خدمات جواہر ہوٹل ... جہاں آپ کو بہترین لذیذ ... کھانے ...

بہترین انتظام ہے ... ایک بار ... کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا۔ بازار جامع مسجد دہلی

یونین ہوٹل دہلی کا سفر کرو

بیماران دہلی میں قیام کرو جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے۔ صداقت کا امتحان کیجئے

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

کیوں حضرات آپ اتنے کیوں اداس ہیں

... ایس۔ ایم خارش مرہم ...

محمد سلیم الدین ولد عبدالحکیم جراح فراشخانہ دہلی

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

مینیجر صنوبر ہوٹل ——— نمبر ۱۰۹ ——— فراش خانہ دہلی

ہند پارلیمنٹ میں سوالات:

سرحد پاکستان چھ سو حملے۔ ملک میں ۸۰ فی صدی ناخواندگی

ریاستوں کو صوبوں کے معیار پر لانے کی کوشش ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ

نئی دہلی ۱۵ فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل نے بتایا کہ ۲ کروڑ ۳۰ لاکھ ۳۰ ہزار روپیہ کشمیر کی امداد پر صرف کیا گیا ہے۔ اس میں پٹھان کوٹ جموں روڈ کی تعمیر کا خرچ بھی شامل ہے۔

عام ریاستی مسئلہ پر سردار پٹیل نے بتایا کہ نئے معاہدوں میں ایک شق اس مطلب کی رکھی جا رہی ہے کہ ریاستیں اپنے آپ کو صوبوں کے معیار پر لا سکیں گی۔

سردار پٹیل نے کہا کہ حکومت ریاستوں اور صوبوں کو ایک [illegible]

[illegible]

سرحدی حملے

[illegible] ہندوستان کی شرقی اور مغربی سرحدوں [illegible] کے حملوں کی تفصیلات بتائیں [illegible] ۲۳۲ حملے کئے گئے [illegible] لاکھ روپیہ کا نقصان اور [illegible] ہوئی۔ اس کے علاوہ سات عورتوں کو زبردستی اغوا کر کے لے جایا گیا ہے۔

فنانس منسٹر نے بتایا کہ انکم ٹیکس، سپر ٹیکس، اور کارپوریشن ٹیکسوں کی مقدار [illegible] کروڑ روپیہ کی رقم بقایا ہے۔ فنانس منسٹر نے بتایا کہ بقایا ٹیکس کا سبب یہ ہے کہ اپیلوں، ٹیکس دینے والوں کی ہجرت اور پرائیویٹ کمپنیوں کے دیوالیہ ہوجانے وغیرہ کی وجہ سے ٹیکسوں کی وصولیابی ملتوی ہوگئی انھوں نے انکم ٹیکس دیپارٹمنٹ کو نوری طور پر مضبوط بنانے کی ایک اسکیم تیار کی ہے۔ اور انھیں امید ہے کہ وہ اس مسئلہ کا سامنا کرنے کے لئے اسٹاف کو کافی مضبوط بنا سکیں گے۔ دسمبر سے اپریل تک کل وصولیابی ۱۵ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے تھی۔

ڈاکٹر متھائی نے بتایا کہ ۱۳ ٹیکس دہندگان پاکستان کو ہجرت کرگئے ہیں۔ ان پر تقریباً ۳ کروڑ ۸ لاکھ روپیہ واجب ہے۔ ہند اور پاکستان کے درمیان اس معاملے میں ایک معاہدہ [illegible]

[illegible] اور تقریباً ۲ میں وصول کرنے کی کوششیں کی گئیں لیکن یہ امکانات [illegible]

ملک میں ناخواندگی

وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد نے بتایا کہ ملک میں ناخواندگی کی شرح [illegible] فیصدی صوبوں میں [illegible]

[illegible] تعلیم دینے کے انتظامات ہیں

سردار پٹیل نے بتایا کہ [illegible]

[illegible]

سکھوں کے متعلق پالیسی!

سردار پٹیل نے بتایا کہ [illegible]

[illegible]

غیر ملکی سرمایہ

فنانس منسٹر نے بتایا کہ ہندوستان میں لگے ہوئے برطانوی اور دوسرے غیر ملکی سرمایہ کی مقدار کے صحیح اعداد و شمار دستیاب نہیں ہوسکے ہیں۔ ریزرو بنک آف انڈیا اس وقت ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ اور غیر ملکوں میں ہندوستانی سرمایہ کا تخمینہ لگانے میں مصروف ہے جو عنقریب مکمل ہوجائے گا۔

وزیر صحت راجکماری امرت کور نے بتایا کہ دہلی میں ایک فیکٹری قائم کرنے کے انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں جو ہر سال ۵ ہزار پہلے سے تیار شدہ مکانات بنائے گی یہ ۱۹۴۹ء کے آخر تک [illegible] تیار ہوجائیں گے [illegible] تیار کا سلسلہ [illegible] کے وسط سے شروع ہوجائے گی۔ موجودہ خیال یہ ہے کہ اس طرح تیار کئے جانے والے مکانات شرنارتھیوں غریبوں اور حکومت کی نوکری میں مزدوروں کے لئے ہوں گے۔

ہند پارلیمنٹ میں بنکنگ بل پر مزید بحث

حات اور دفعات منظور کرلی گئیں۔ وزیر صنعت و حرفت کا بل

نئی دہلی ۱۵ فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں وزیر صنعت و حرفت ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے ایک بل پیش کیا جس کا مقصد [illegible] میں ترمیم کرنا ہے [illegible]

[illegible]

کے نائب وزیر خزانہ نے بحث کے دوران ترمیم [illegible] نے دفعہ ۱۲ میں پروفیسر شاہ کی ایک ترمیم منظور کرلی جس کا مطلب [illegible] وزیر صنعت ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے ایک نیا بل پیش کیا جس کا مقصد [illegible] ترمیم کرنا تھا۔ اس ترمیم کا مقصد انڈین [illegible] کو ناقابل [illegible] دینا ہے۔

غلہ کی قیمتوں میں کوئی کمی نہیں ہوئی

پارلیمنٹ میں ڈاکٹر جان متھائی کا بیان

نئی دہلی ۱۵ فروری۔ فنانس منسٹر مسٹر جان متھائی نے کل پارلیمنٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ ۶ ماہ میں ہندوستان میں غلہ کی قیمتوں میں کوئی قابل ذکر کمی نہیں ہوئی انھوں نے کہا کہ خوراک کی قیمتوں میں کمی ہو رہی ہے لیکن غلہ کی قیمت قریب قریب مستقر ہے اور آئندہ فصل ربیع تک غلہ کی قیمت میں کمی کا امکان بھی نہیں۔

جہاں تک سرکاری اعداد و شمار کا تعلق ہے تمام ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے۔ البتہ جوتوں اور بناسپتی گھی کی قیمتیں کم نہیں ہوئیں۔ لیکن اگست ۱۹۴۸ء کے مقابلہ میں قیمتیں اب بھی زیادہ ہیں۔

برما سے امریکنوں کا انخلا

رنگون ۱۵ فروری۔ امریکہ سفارت خانہ نے اس امر کا اعلان کیا کہ اگر برما میں قومی حالت زیادہ خراب ہوگئی تو امریکن باشندوں کو ایک ہوائی جہاز کے ذریعہ برما سے نکالا جائے گا [illegible]

وہ لوگ بھی اسمبلی کی زبان سمجھنے سے قاصر ہیں جن کی مادری زبان ہندی ہے (سردار ہری سنگھ)

زبان وہ ہونی چاہیئے جو عام دیہاتی بھی سمجھ سکے (ڈاکٹر محمود)

بہار اسمبلی میں مسئلہ زبان پر دلچسپ بحث و مباحثہ

پٹنہ (اے پ) ۱۵ فروری

کل بہار اسمبلی میں بجٹ سیشن کے دوران میں بجٹ کے [illegible] مطالبہ پر جو جنرل ایڈمنسٹریشن کے عنوان کے ماتحت تھا بڑی گرما گرم اور دلچسپ بحث ہوئی مولوی [illegible] کی جانب سے پیش کردہ تحریک تخفیف پر ہوئی اور ہندی زبان نہ سمجھنے کے باعث پیدا شدہ مشکلات کے باعث بڑی دلچسپی رہی، اس بحث میں بہار کے وزیر ترقیات ڈاکٹر سید محمود سردار ہری سنگھ اور متعدد ممبران نے بحث میں حصہ لیا اور آسان ہندی کی حمایت کی جو سب با آسانی سمجھ سکیں۔

ڈیماکریٹک پارٹی کے ممبر مولوی [illegible] صاحب نے کہا کہ حکومت نے ہندی زبان کو سرکاری قرار دیا لیکن ممبران کو زبان سیکھنے کے لئے کافی وقت نہیں کہ وہ زبان سیکھ کر اسمبلی کے بحث مباحثہ میں حصہ لے سکیں [illegible]

سردار ہری سنگھ (کانگریس) نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی میں جو ہندی استعمال کی جاتی ہے وہ سب کے لئے قابل فہم ہونی چاہئے اور اسمبلی میں ایک [illegible]

کہ اس بات کو چھپانے میں کوئی فائدہ نہیں ہے کہ وہ ممبران بھی جن کی مادری زبان ہندی ہے اسمبلی کی زبان کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔

ڈاکٹر سید محمود:۔ وزیر ترقیات نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ ہندی کے حامی رہے ہیں اور اس زمانہ میں بھی جب انگریزی سرکاری زبان تھی تو وہ انگریزی کے علاوہ دوسری ہی زبان کو پسند کرتے تھے لیکن وہ بھی اس زبان کو سمجھنے میں دقت محسوس کر رہے ہیں جو آج کل اس میں استعمال ہوتی ہے زبان اس قدر عام فہم ہونی چاہیئے کہ اسے ایک عام دیہاتی بھی سمجھ سکے جو زبان میں اسمبلی کے دوسرے ممبران بولتے ہیں وہ اسمبلی کی زبان ہونی چاہیے۔ سائنٹفک ٹیکنیکل یا فنی اصطلاحات کو اسی اونچی ہندی میں تبدیل کیا جائے کہ جو کوئی دوسرا نہیں سمجھ سکتا ایسے انگریزی الفاظ جو عام طور پر سمجھے جاتے ہیں ان کو نہ بدلا جائے۔ (باقی صفحہ ۳ پر)

ہندوستان کی خوراکی حالت قابل اطمینان

محکمہ خوراک کے ایک نمائندہ کا بیان

دہلی ۱۵ فروری۔ مرکزی حکومت کے محکمۂ خوراک کے ایک نمائندہ نے ایک بیان میں کہا کہ اگرچہ گجرات، سوراشٹر اور بڑودہ وغیرہ میں فصل خراب ہوئی ہے مگر پھر بھی ملک کے کسی حصہ میں غلہ کی کمی محسوس ہونے نہیں دی جائے گی۔

جہاں تک غلہ کی درآمد کا سوال ہے مرکزی حکومت کی پوزیشن اس سال ۱۵ فروری میں بہت بہتر ہے اس سال ہندوستان کو چالیس لاکھ ٹن غلہ کی ضرورت ہے اور اس کو پوری مقدار کو حاصل کرنے کے لئے انتظامات مکمل کئے جاچکے ہیں۔

نمائندہ نے کہا کہ یہ خیال کرکے کہ صوبوں اور ریاستوں کو جلد از جلد خود کفیل ہو جانا چاہئیے۔ مرکزی حکومت کی ذمہ داری کو کم نہیں کرتا ہے حکومت ہند بہر حال عوام کو خوراک بہم پہنچانے کی ذمہ دار رہے گی۔

دنیا میں اسی وقت امن قائم ہوسکتا ہے جب اسلامی تعلیمات پر عمل کیا جائے

رام پور کے جلسہ سیرت میں علمائے کرام کی حقیقت افروز تقریریں

رام پور ۵ بذریعہ ڈاک۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کسی خاص زمانہ یا کسی خاص ملک یا قوم سے تعلق نہیں رکھتیں بلکہ تمام دنیا اور ہر زمانے کے لئے ہیں ہر شخص مسلمان ہوسکتا ہے لیکن صحیح معنوں میں مسلمان بہت کم ہیں سیاسی اقتصادی اور ملکی امن اسی وقت قائم ہوسکتا ہے جب دنیا بھر کے سچے مسلمان متحد ہوکر اسلام کے اصلی اصولوں کی تبلیغ کریں۔ یہ ہے اُن تقریروں کا خلاصہ جو سیرت النبی کے عظیم الشان جلسہ میں مولانا حبیب الرحمٰن، مولانا حفظ الرحمٰن، پنڈت سندر لال نیز شاہجہاں پور بریلی اور مراد آباد کے دوسرے علمائے کرام نے کیں۔

یہ جلسے ۱۰ فروری سے ۱۳ فروری تک جاری رہے۔ [illegible]

[illegible] ہندو مسلمان دونوں فرقوں کے افراد شامل تھے۔

۱۱ فروری کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں قریباً سو ہزار افراد موجود تھے، مولانا ابوالقاسم صاحب شاہ جہاں پوری اور مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی نے سیرت رسول اکرم (صلعم) اور اسلام پر تقریریں فرمائیں ۔۔۔ ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب بھی ۱۱ فروری کو تشریف لائے تھے مگر موصوف نے تقریر نہ فرمائی جس کا تمام اہل رامپور کو بے حد اشتیاق تھا اور افسوس رہا۔

ان جلسوں کے سلسلہ میں رام پور کانگریس کی جانب سے بھی ایک جلسہ اسی پنڈال میں منعقد ہوا جو اس کی تاریخ میں پہلا عظیم الشان جلسہ تھا۔ جو قریباً ساڑھے تین گھنٹہ جاری رہا۔

یہ جلسہ تمام اہل رامپور کی جانب سے ہوا تھا، اسکولوں میں منعقد ہوئے۔ رام پور کی تاریخ میں یہ پہلا اجتماع تھا جو اس قدر عظیم الشان طور پر عمل میں آیا۔ جلسوں کا نظم پنڈال کی موزونیت یہ سب کچھ قابل تحسین تھی۔

اہل رامپور نے اکابرین ملک کی تقریریں جس سکون دلجوئی سے سنیں وہ اپنے پیارے نبی (صلعم) سے ان کی عقیدت و محبت کا روشن ثبوت ہے۔

شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی، مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی، پنڈت سندر لال صاحب، مولانا حفظ الرحمٰن صاحب سیوہاروی، مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی وغیرہ کے علاوہ مولانا عبدالحق صاحب مدنی، مولانا وجیہ الدین خاں صاحب رام پوری، محمد اسلم خاں صاحب اسپیکر رام پور اسمبلی نے بصیرت افروز [illegible]

یونان کے معزول [illegible] کمیونسٹ لیڈر پر ماسکو میں مقدمہ چلایا جائے گا

یوگوسلاویہ کو [illegible] یونان میں کمیونسٹوں کی [illegible]

ڈربن میں گرفتاریاں

ڈربن ۱۵ فروری۔ [illegible] کو گرفتار کیا گیا [illegible]

[illegible] ایک ہندوستانی بھی [illegible] ہندوستانیوں کے دو مکانات نسلوں کی نذر ہوگئے۔

تین افریقیوں نے شکایت کی کہ ہندوستانیوں نے ان پر حملہ کیا۔ یہ حملہ کیبر باتر میں ہوا جہاں پہلے بھی فسادات ہوچکے تھے۔

لیڈی ماؤنٹ بیٹن آگئیں

بمبئی ۱۵ فروری۔ کل ہندوستان میں ماؤنٹ بیٹن ہند [illegible] ہوائی جہاز اپنی لڑکی لیڈی پامیلا ماؤنٹ بیٹن کے ہمراہ بمبئی پہنچ گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ حکومت ہند کی دعوت پر ایک ماہ کے لئے ہندوستان کے دورہ پر آئی ہیں۔

ایتھنز ۱۵ فروری۔ [illegible] ناسی مقام پر [illegible] کو زبردست شکست [illegible] ہے کہ یوگوسلاویہ کو منقطع کرنے کی کمیونسٹ سازش [illegible] ہوگئی ہے۔ گوریلوں کی چار ہزار فوج نے [illegible] پر حملہ کیا مگر سرکاری فوجوں نے جوابی حملہ کیا اور گوریلوں کو پسپا کردیا جس میں ان کا کافی جانی و مالی نقصان ہوا علاوہ ازیں بہت سے قید ہوئے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ اس حملے سے کمیونسٹوں کا منشاء یہ تھا کہ مقدونیہ کو یونان سے علیحدہ کردیا جائے اور وہاں ایک کامن فارم (?) قائم کردیا جائے۔ اس کا مقصد یہ تھا یوگوسلاویہ کو مخالف اور کامن فارم کی ہمنوا ریاستوں سے گھیرے میں لینے کی کوشش ہے وہ مکمل ہوجائے کیونکہ اس طرح پورہ جنوب سے بھی گھر جاتی۔ کہا جاتا ہے کہ یونان کے کمیونسٹوں میں سے مٹیو کے ہمنوا پہلے ہی نکال دئے گئے ہیں کہا جاتا ہے کہ انھیں کے معزول لیڈر جنرل، مارکوس کو بلغاریوں نے گرفتار کرلیا ہے اور اس پر مقدمہ چلانے کے لئے اسے ماسکو لے گئے ہیں۔

صدر ٹرومین پنڈت نہرو کو واشنگٹن مدعو کر رہے ہیں

لندن ۱۵ فروری۔ واشنگٹن سے ڈیلی میل کا نامہ نگار رقم طراز ہے کہ صدر ٹرومین ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو واشنگٹن مدعو کر رہے ہیں۔ نامہ نگار نے دعوت کا مقصد یہ بتایا ہے کہ صدر ٹرومین پنڈت نہرو سے ہندوستان کو جو کمیونسٹ خطرہ ہے اس کے بارے میں ہندوستان کے دفاع احتیاطی اقدامات کے سلسلے میں گفت و شنید کریں گے۔

نامہ نگار مذکور نے یہ بھی لکھا ہے کہ افغانستان میں مقیم مسٹر [illegible] کو گفت و شنید کے لئے واشنگٹن طلب کیا گیا ہے۔ نامہ نگار کا کہنا ہے کہ افغانستان کی شمالی سرحد کے قریب تاشقند اور ترکستان میں جو روس کا ایک ایٹامک پلانٹ ہے وہ عنقریب افغانستان کے ذریعہ منظر عام پر آجائے گا۔ خیال ہے کہ روس افغانستان سے اس پلانٹ کے متعلق تحفظ کے لئے مطالبہ کرے گا۔ (ٹگلوب)

نیز کسی ایک پر حملہ دوسرے دو ملکوں پر حملہ خیال کیا جائے گا اور تینوں ملک مشترکہ طور پر حملہ آور کا مقابلہ کریں گے۔ اگر تینوں ملکوں پر حملہ ہوا تو اس صورت میں وہ بیرونی امداد حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

کمیونسٹوں پر مقدمہ

بغداد ۱۶ فروری۔ عراقی وزیر اعظم جنرل نوری السعید پاشا نے کل پارلیمنٹ میں اعلان کیا کہ ۱۲۰ کمیونسٹوں پر جلدی مقدمہ چلایا جانے والا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ کمیونسٹوں کی بعض تخریبی سرگرمیوں پر مقدمہ چلایا جائے گا۔

ڈنمارک ناروے اور سویڈن کا مشترکہ دفاع

تینوں ملکوں میں اسکیم پر اتفاق رائے ہوگیا

کوپن ہیگن ۱۵ فروری۔ ڈنمارک وزیر خارجہ نے گزشتہ رات ایک بیان میں کہا کہ اسکینڈے نیویا دفاعی اسکیم کے پانچ نکات پر ڈنمارک، ناروے اور سویڈن متفق ہوگئے ہیں۔

سویڈن کی طرف سے حال ہی میں جو فوجی امداد کی پیش کش کی گئی ہے اس سے ایک نئی صورت حال پیدا ہوگئی ہے۔ اس وقت ۱۲ امریکی صحافی ڈنمارک کا دورہ کر رہے ہیں۔ ان کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے وزیر خارجہ مذکور نے کہا کہ اس اتفاق رائے ہونے سے اسکینڈے نیویا کے ممالک کی حفاظت کا زیادہ یقین پیدا ہوگیا ہے۔

کچھ عرصہ سے مذکورہ بالا تینوں ملکوں کے درمیان مشترکہ دفاع کے سلسلہ پر گفت و شنید ہو رہی تھی لیکن مشترکہ دفاع کی پوری اسکیم پر اتفاق رائے نہیں ہوسکا۔ البتہ پانچ اصولی باتوں پر تینوں ملک متفق ہوگئے ہیں۔ اگر کسی ملک پر حملہ ہوا تو وہ اپنی پوری طاقت سے اس کی مدافعت کرے گا۔

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف چند روز میں ہی بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہوجاتے ہیں۔ قیمت فی کتاب مع محصول ایک روپیہ پانچ آنے کی قیمت مع محصول تین روپے دو آنے ہے۔

لب المجربات

شفاء الملک حکیم محمد حسن خاں صاحب طبیب اعظم دہلی کے ذاتی اور خاندانی مجربات کا لاجواب اور بے مثل ذخیرہ ہے تقریباً سب ہی بیماریوں کے صدہا بار کے آزمودہ نسخہ جات [illegible] طریقۂ علاج [illegible] بیان کیا گیا ہے سائز [illegible] صفحات ۳۰۴ قیمت رعایتی مع محصول تین روپے [illegible]

پتہ:۔ منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

آپ کیوں محروم ہیں!

جبکہ بہت سے مشتہرین حضرات روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ آپ بھی روزانہ اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

منیجر اشتہارات الجمعیۃ دہلی

ماہنامہ "بانو" دہلی کی شاندار پیش کش

فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب

حسین کشیدہ کاری

۲۷۶ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سالنامہ

سالانہ قیمت صرف پانچ روپے

خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے

ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے

پتہ صرف

منیجر رسالہ "بانو" دہلی لکھئے

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۷ فروری سنہ ۱۹۴۹ء

زبان کا مسئلہ

حکومت ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے زبان کے مسئلہ پر فلالوجی کے اصول و لسانیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک نہایت ہی بصیرت افروز مضمون شائع کیا ہے [illegible] میں آپ نے یہ حقیقت واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ زبان کو سیاسی اغراض کے لئے استعمال ہونا چاہیئے کیونکہ علم ایک طبقہ کی نہیں تمام طبقات کی اغراض پوری کرتا ہے اور وہ ایک ایسا ورثہ ہے جس کی حفاظت ہم سب کو ملکر کرنی چاہیئے۔ پنڈت جی کے بیان کو سمجھنے کے لئے ہمیں زبانوں کے فطری ارتقاء اور قدرتی رفتار پر غور کرنا چاہیئے، زبان خواہ کوئی ہو، نہ تو زبردستی قبول کیجا سکتی ہے اور نہ زبردستی قبول کرائی جاسکتی ہے، زبان کے اندر خود ایسا حسن ایسی نزاکت ایسی لچک ہونی چاہیئے جو آسان سے آسان الفاظ میں ذہن کے مطالب کو دوسروں تک پہونچا دے اور دوسروں کے مطالب کو ذہن از خود اخذ کرلے، جس زبان میں داد و ستد کی صلاحیت ہوگی وہ اپنے لوچ سے اپنا دائرہ خود وسیع کرے گی اور اپنا لوہا خود منوالے گی، اگر کسی جگہ کئی زبانیں بولی جاتی ہوں تو آپ کا فرض ہے کہ انہیں آزاد کردیں اور اپنے ماحول میں پرورش ہونے دیں، جو زبان الفاظ و معانی کو روانی کے ساتھ قبول کرے گی اور دوسری زبانوں کے علمی الفاظ کو اپنے اندر رچالے گی وہ یقیناً آگے بڑھے گی، زبانوں پر چڑھے گی، ترقی کرے گی اور تاریخی عمل کے ساتھ دوسری زبانوں پر چھا جائے گی اور یہ فطری رفتار ہی اس بات کا ثبوت ہوگی کہ وہ ایک زندہ ترقی پذیر اور مہذب زبان ہے اور اسی کو حق ہے کہ ملک اور قوم کی قومی زبان بنے اور اپنے سانچوں میں کثرت کے خیالات کو ڈھالے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے مضمون کی ابتدا ہی کیسی پیاری بات کہی ہے کہ زبان، انسانوں کے کیرکٹر کو ڈھالتی ہے، کیونکہ زبان ایک طرح سے افکار و خیالات کا آئینہ ہوتی ہے، اگر آئینہ صاف ہے تو اس کے عکس میں بھی صفائی ہوگی اور یہ صفائی خیالات پر عکس ڈالکر انسانی کیرکٹر کو متاثر کرے گی، آپ نے فرمایا اگر جس زبان کے شائستہ الفاظ میں اظہار خیال ہوگا وہ زبان قوت فکری کو چمکائے گی اور لوگوں کو باضابطہ اور باقاعدہ سوچنا سکھادے گی (الفاظ کی ژولیدگی اور الجھاؤ سے عمل اور کردار میں بھی الجھاؤ پیدا ہوجاتا ہے، لہذا زبان ایسی ہونی چاہیئے جس میں بناوٹ اور زبردستی نہ ہو بلکہ ایسی رواں دواں ہو گویا آبشار اپنے سرچشمہ سے ابل ابل کر اور اس کی رفتار ہر دل اترتے آزاد ہے!

پنڈت جی نے زندہ اور ترقی پذیر زبان کے لئے یہ بات ضروری قرار دی ہے کہ اس میں جذب و انفعال کی صلاحیت موجود ہو اور وہ اس قدر رواں ہو کہ دوسری زبانوں کے بہترین اور حسین الفاظ کو اپنے اندر شامل کرلے آپ نے فرمایا

"ان دنوں انگریزی کے مشہور و متعارف الفاظ کا ترجمہ کرنے کی جو کوشش کیجا رہی ہے وہ بڑی عجیب اور نرالی ہے اگر یہ انداز تعلیم رہا تو اس طرح اظہار خیال کے ایک نازک اور لطیف طریقہ کا گلا گھونٹ دیا جائے گا ...... ایسے الفاظ بے حد بنیادی ادبی معنی ہیں ان کا نہ تو کوئی پس منظر ہے اور نہ کوئی تاریخ، مجھے تو یہ الفاظ بڑے ڈراؤنے معلوم ہوتے ہیں"

آج کل ہندی اور سنسکرت زبان کے احیاء اور ترقی کے لئے، ضروری سمجھا گیا ہے کہ جدید سائنس کی مشہور مصطلحات کی جگہ ہندی مصطلحات گھڑ لی جائیں۔ مثلاً ریل [illegible] سائکل [illegible] وغیرہ حالانکہ یہ زبان کی کوئی خدمت نہیں بلکہ ایک طرح سے اس کی لطافت کا [illegible] انگریزی زبان کو دیکھئے جو آج بین الاقوامی زبان کی حیثیت سے ساری دنیا میں اظہار خیال کا ذریعہ ہے اس کے باوجود اس کی تمام علمی اصطلاحات یونانی زبان سے ماخوذ ہیں انگریزی کو یونانی زبان سے استفادہ کرنے میں کبھی شرم محسوس نہیں ہوئی کیونکہ زبان کو کسی زبان سے شرم محسوس نہیں ہوتی اس نے نہ صرف یونانی زبان کی ... اکثر مصطلحات کو اپنے اندر جذب کیا بلکہ عربی زبان کے تقریباً ڈھائی ہزار الفاظ کو بھی اپنی آنکھوں پر بٹھایا اور ان الفاظ کو اپنی زبان کا جز بنا لیا، جن میں ادائے مطالب کی صلاحیت موجود تھی، سیاروں کے اکثر انگریزی نام، عربی زبان سے ماخوذ ہیں، دواؤں کے ناموں کو بھی انگریزی نے اپنایا، علمی اصطلاحات کو بھی اخذ کرنے سے گریز نہیں کیا، انگریزی کے الفاظ کوفن (کفن) کیروان (کاروان) الجبرا، الکیمی (الکیمیا) ریس (راکس) ارسنال (دارالصناعہ) اور ان جیسے سینکڑوں الفاظ عربی زبان سے آئے اور انگریزی ادب میں اس طرح رچ گئے کہ ناواقف عربی اور انگریزی میں تمیز ہی نہیں کرسکتے، لہذا ہندی نوازوں کی یہ کوشش کہ ماچس اور انجن تک کو طلاق دیدی جائے، ایک بھونڈی قسم کی ... تنگ نظری ہے، اور پھر فارسی اور عربی کے مشہور و متعارف الفاظ کو نکالدینے کی مہم تو ایک ایسی نازیبا حرکت ہے جسے فلالوجی کبھی معاف نہیں کرسکتی، چنانچہ اس سلسلہ میں پنڈت جی کا ارشاد ہے کہ

"گذشتہ صدیوں میں فارسی بات نے ہماری صوبائی زبانوں خصوصاً ہندوستانی زبان کے ارتقاء میں بڑا حصہ لیا ہے اور اس نے ہمارے انداز فکر پر بہت حد تک اثر ڈالا ہے، اور اس سے ہمیں بڑا فائدہ پہونچا ہے، یہ بات بھی نہ بھولنی چاہیئے کہ کوئی زبان فارسی سے زیادہ سنسکرت کے قریب نہیں ہے یعنی ویدک سنسکرت اور پہلوی (قدیم فارسی) ایک دوسرے سے قریب ہیں"

پھر اس سے نتیجہ نکالا ہے کہ

"ماضی کی چند صدیوں اور عوام کے رہن سہن نے ہماری زندگی کو جس انداز میں ڈھالا ہے اور تاریخ نے جو عمل کیا ہے اس کو ختم کرنا یقیناً حماقت ہے"

پنڈت جی نے یہ کہہ کر کہ سنسکرت ہماری کتنی ہی عظیم الشان زبان کیوں نہ ہو اور ہم میں اسے ترقی دینے کی خواہش کتنی ہی شدید کیوں نہ ہو پھر بھی وہ ایک زندہ زبان نہیں بن سکتی، اور اس حقیقت کا اظہار کرکے کہ کل ہند کی زبان "ہندوستانی" ہی ہوسکتی ہے، رسم الخط کے متعلق فرمایا کہ

"ظاہر ہے کہ ناگری لکھاوٹ غالب رہے گی لیکن تہذیبی اور سیاسی نقطۂ نظر سے الگ تھلگ رہنا غلط ہے اس لئے جہاں جہاں ضرورت ہو وہاں اردو رسم خط کی بھی تعلیم کیا جائے اور اس کی تعلیم دیجائے، دونوں رسم خط نہ صرف ہندوستانی دستاویزات اور دوسرے کاغذات کی تحریر کے لئے اور جہاں طلباء کی مناسب تعداد ہو وہاں اسکولوں میں تعلیم کے لئے اردو رسم خط کو تسلیم کرلینا چاہیئے، یہ وہ پالیسی ہے جس کا اعلان مجلس دستور ساز اور کانگریس دونوں نے کیا ہے اور جس قدر جلد ہوسکے اس پر عمل کرنا مناسب ہے"

بات بالکل صاف ہوگئی ہے، امید ہے کہ حکومت کانگریس اور ملک کی اکثریت جلد سے جلد پنڈت جی کے [illegible] کے مطابق زبان کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کریں گی اور زبان کے مسئلہ کو ہندوستان کے کسی گوشہ میں سیاسی اغراض کے لئے استعمال کرنے کی ناروا جسارت نہیں کیجائے گی۔

غیر مذہبی حکومت!

پنڈت جواہر لال نہرو نے گودھرا میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہماری حکومت غیر مذہبی ہے اور اس کی اس پوزیشن کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا! آپ نے یہ بھی بتایا کہ غیر مذہبی حکومت کا مفہوم لیا ہے؟ لا مذہبی حکومت کا مطلب صرف یہ ہے کہ اس کے باشندوں کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی اور ہر شخص کو اختیار ہوگا کہ وہ جس عقیدہ کو چاہے مانے اور جس کو نہ چاہے نہ مانے، یہ مطلب نہیں کہ غیر مذہبی حکومت کے باشندے لا مذہب اور خدا کے منکر ہوں گے۔ آج دنیا تسلیم کرچکی ہے کہ مذہب اور عقیدہ کی آزادی سیاست کی بنیاد ہے اور جو حکومت اس آزادی کو تسلیم نہیں کرتی وہ حکومت نہیں ہے، چند خر دماغ وحشیوں کی ٹولی ہے۔

ایک ایسی حکومت جو ہر انسان کو مذہب اور عقیدہ کی آزادی عطا کرتی ہو اور خود مذہب کے معاملہ میں غیر جانبدار ہو، سب سے بڑی مذہبی حکومت ہے، کیونکہ وہ کسی ایک مذہب کا نہیں تمام مذاہب کا احترام کرتی ہے، لیکن چونکہ لا مذہبی حکومت کی اصطلاح گمراہ کن ہے اور اسے ناجائز طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے اسلئے یہی بہتر ہے کہ غیر جانبدار حکومت، غیر مذہبی قرار پائے اور اس کی غیر جانبداری ہر مذہب کو [illegible] کا موقع دے۔

الزام نمبر ۲

معاصر قومی آواز میں سالک رام ٹنڈن ایم ایل اے کی طرف سے "جمعیۃ علماء کے لیڈروں سے اپیل" شائع ہوئی ہے جس میں آپ فرماتے ہیں کہ "یہ بات قابل حیرت ہے کہ اس ملک کے کچھ لیڈر جمعیۃ علماء کے [illegible] اور ان سے فرقہ دارانہ سیاست پر عمل [illegible] میں آپ سے درخواست کرتے ہیں [illegible] ممبروں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ علیحدگی کی سیاست کو چھوڑ دیں"۔ ٹنڈن صاحب نے تو یہ الزام لگایا تھا کہ جمعیۃ علماء تہذیب اور زبان کے مسئلہ پر مسلمانوں کو متحد کر رہی ہے، مگر ٹنڈن نمبر ۲ کا ارشاد ہے کہ جمعیۃ علماء کے کچھ لیڈر فرقہ دارانہ سیاست پر عمل کر رہے ہیں، اگر ترقی کی رفتار یہی رہی تو کوئی ٹنڈن نمبر ۳ یہ فرمائیں گے کہ جمعیۃ کے کچھ ممبر ... حکومت کے خلاف بغاوت پھیلا رہے ہیں! سالک رام ٹنڈن صاحب اگر عقل و نقل کی پابندیوں سے آزاد نہیں ہوئے تو انہیں چاہیئے کہ جمعیۃ علماء کے کچھ لیڈروں کی علیحدہ سیاست کا ثبوت پیش فرمائیں ورنہ تسلیم کریں کہ بعض ہندو لیڈروں کی نظر میں جمعیۃ علماء کا غیر سیاسی وجود کانٹے کی طرح کھٹک رہا ہے اور وہ نہیں چاہتے کہ ملک میں اس جماعت کا اعتماد اور اقتدار قائم ہو اور وہ مسلمانوں کے غیر سیاسی امور میں سربراہ کار کی حیثیت سے [illegible] انجام دے! ترکیب بہت خوب ہے کہ جمعیۃ علماء کے خلاف مسلسل پروپیگنڈہ کرو تاکہ لوگوں کی توجہ ہندو مہاسبھا اور سیوک سنگھ کی طرف سے ہٹ جائے اور جمعیۃ علماء کے وقار و اعتماد کو گھٹانے کا راستہ صاف ہوجائے مگر کسر یہ ہے کہ ان فرقہ پرستوں نے جمعیۃ کے خلاف دو چار ثبوت مہیا نہیں کئے، بلکہ بار بار کے پروپیگنڈہ سے ثبوت کے بغیر ہی کام نکالنا چاہتے ہیں!

اچھی باتیں

ولقد ارسلنا۔ تا۔ مومنین (پ ۲۱ ع ۷)

اے نبی ہم نے آپ سے پہلے اپنے رسولوں کو نشانیاں دے کر ان کی قوم کی طرف بھیجا لیکن قوم کے لوگوں نے نہ مانا پس ہم نے مجرموں کو پکڑا، مگر یاد رکھو مومنوں کی امداد و اعانت ہم نے اپنے اوپر فرض کرلی ہے۔

اللہ کے رسول حق کی نشانیاں لے کر اپنی قوم کیطرف آئے، یعنی دین اور مذہب کے اختلاف سے قومیت نہیں بدل جاتی، جو رسول اپنی قوم میں بھیجے گئے ان کی قومیت کا رشتہ اختلاف مذہب کے باوجود قائم رہا، لیکن قومیت برائی بھلائی کا معیار نہیں ان کا معیار تو انسان کا عمل ہے پس اگر ہمارا حقیقی بھائی برا ہے تو وہ غیر ہے اگر غیر بھلا اور نیک ہے تو وہ اپنوں کا اپنا ہے یعنی انسان کو قومیت کی بنیاد پر نہیں، بلکہ نیکی اور بدی کی بنیاد پر تقسیم ہونا چاہیئے آخر میں فرمایا کہ ایمان اور عمل صالح ہونا شرط ہے ہم نیک کرداروں کی ضرور نصرت فرمائیں گے اور ان کو ظلم سہنے کے لئے کبھی اکیلا نہ چھوڑا جائے گا۔

ہند کے محکمہ آثار قدیمہ کی مختصر تاریخ

(امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد)

آثار قدیمہ کے مرکزی مشاورتی بورڈ کا پہلا جلسہ [illegible] مولانا ابوالکلام آزاد [illegible]

مولانا ابوالکلام آزاد نے بورڈ کے اراکین کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا:

[illegible]

حفاظت اور ماضی کی تحقیق و تفتیش کی ذمہ داری حکومت ہند نے درحقیقت پہلی مرتبہ لارڈ کرزن کی تحریک پر ۱۹۰۲ء میں لی [illegible] حفاظت آثار قدیمہ کا قانون پاس کیا گیا [illegible] میں آگیا۔

موجودہ کام

گذشتہ پچاس برسوں میں [illegible]

[illegible]

مستقبل کا لائحہ عمل

جنگ کے دنوں میں [illegible]

[illegible]

ہندوستان میں آثار قدیمہ کی تحقیق کی ابتدا

[illegible]

[illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

پہنچے وہاں مہاراجہ ہری سنگھ (کشمیر) کا 'اپ مان' (بے عزتی) ہوگیا اور آپ کو خبر ہی نہیں --- کتنا بڑا 'اپ مان' ہے کہ شیخ عبداللہ کہتے ہیں کہ کشمیر کو بچانا ہے تو مہاراجہ کو معزول کردو۔ مہاراجہ ہری سنگھ اور معزول! کتنی بڑی بے انصافی ہے یہ احسان کا بدلہ ہے! بس کچھ نہ پوچھو یہ کلجگ ہے کلجگ!

مہاراجہ کا یہ کتنا بڑا احسان ہے ہم پر اور ہمارے ہندوستان پر کہ وہ پاکستان میں شریک نہ ہوئے۔ جیسے وہ سری نگر سے بھاگ کر جموں آگئے تھے ویسے ہی نواب جوناگڑھ کی طرح اپنی 'عزیز رعایا' کو داغ مفارقت دے جاتے تو آپ ان کا کیا بگاڑ لیتے۔ لیکن نہیں وہ ہندوستان کی آن پر مرمٹے اور کلچ کی لاج رکھ لی اس کے باوجود آپ انھیں معزول کرنا چاہتے ہیں!

آپ شاید کہیں کہ یہ مہاراجہ نہیں کشمیر نیشنل کانفرنس کی کوششیں تھیں، کشمیری عوام تھے اور ہندوستانی فوجیں تھیں جنھوں نے کشمیر کو بچایا لیکن یہ آپ کی بھول ہے۔ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ صرف بندوقوں اور رائفلوں سے یہ کشمیر کی جنگ لڑی گئی ہے حضرت مولٰی کی دعا کچھ کشمیر کی [illegible] جنگ پر اثر ہوئی تھی اور جس نے کہ لڑنے والوں کے درجہ حرارت کو نقطۂ انجماد پر پہنچنے سے بچایا!

چھوڑئیے اس 'احسان عظیم' کو کشمیر مہاراجہ کے باپ دادا کی جاگیر ہے۔ ۷۵ لاکھ میں انگریزوں سے خرید کیا اب شیخ عبداللہ یا ان کی نیشنل کانفرنس کو کیا حق ہے کہ وہ مہاراجہ سے ان کے مصرف خاص کو چھینیں۔ یہ صرف خاص خدا کی دین ہے --- دنیا کا کوئی قانون انھیں ان کے مصرف خاص سے نہیں نکال سکتا۔ ہری سنگھ کی قسمت میں 'تاج' ہے اور کشمیر کے لوگوں کی قسمت میں فقر و فاقہ۔ تقدیر کے ان لکھوں کو آپ مٹانا چاہتے ہیں۔

سب سے بڑا ظلم یہ کہ شیخ عبداللہ نے مہاراجہ ہری سنگھ کو معزول کرنے کا مطالبہ کرکے کشمیر کی اقلیت کے 'زخموں' پر نمک پاشی کی --- آپ کو شاید ان 'زخموں' کا پتہ نہ تھا۔ مہاشہ کرشن سے جاکر پوچھئے [illegible]

[illegible]

شیخ صاحب نے در اصل معزولی کا نام لکر بڑا "اپ" کیا ہے [illegible] جب پہلے مہاشہ کرشن کے حضور میں سلام بولیں اور پھر مہاراجہ ہری سنگھ کے چرنوں میں "سیس نوائیں" اور "کہیں" کہ مہاراج بڑا پاپ ہوا مجھ سے میں نے معزولی کا نام لیا۔ معاف کردو آپ ہی ہمارے ان داتا ہیں۔

ڈوگرا راج میں ہمارا پیٹ بھرا ہو یا نہ بھرا ہو مگر ہمیں خدا کی خدائی سمجھنے کا بڑا موقع ملا ہے [illegible]

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیوں کہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

اجلاس جمعیۃ علماء صوبہ وسط ہند

وسط ہند کے مشہور مرکزی مقام اوجین میں صوبائی جمعیۃ کا اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا محمود احمد صاحب مظلہ مفتی مالوہ ۱۹، ۲۰ فروری ۱۹۵۰ء کو منعقد ہو رہا ہے جس میں صوبہ بھارت جمعیۃ علماء کی جملہ شاخوں کے عہدیدار ڈیلیگیٹ، سرگرم کارکن، صوبہ بھارت اسمبلی کے ممبر اور سربرآوردہ مہمان ایک جگہ جمع ہو کر مالوہ کے مسلمانوں کی نئی تنظیم کا عملی ثبوت پیش کریں گے۔

اجلاس کی کاروائی میں حصہ لینے اور [illegible] حضرات کو خصوصی دعوت دی گئی ہے ان میں آچاریہ ونوبا بھاوے جانشین مہاتما گاندھی، عالی مرتبت ڈاکٹر سید محمود وزیر بہار گورنمنٹ اور جناب پنڈت سندر لال جی سکریٹری [illegible] کلچر سوسائٹی الٰہ آباد کے نام قابل ذکر ہیں۔ کھلے اجلاس میں شرکت کے لئے عام لوگوں کو مدعو کیا جاتا ہے

جمعیۃ علماء ہند کا وفد مالیگاؤں میں

مالیگاؤں (بذریعہ ڈاک) ۵ فروری کو جمعیۃ علماء ہند کا وفد مالیگاؤں پہونچا شام تک کارکنان جمعیۃ علماء مالیگاؤں سے مسائل حاضرہ پر تبادلۂ خیالات کیا بعد نماز عشاء [illegible] مالیگاؤں پر زیر صدارت حضرت مولانا محمد نقی صاحب جمعیۃ علماء ضلع ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں مولانا عبد الواجد صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے حالات حاضرہ اور مسلمانوں کو آئندہ کیا کرنا چاہئے پر مدلل تبصرہ فرمایا۔ مولانا کے بعد جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ایم ایل اے صوبہ بمبئی نے فاضلانہ انداز میں مسلمانوں کو بتایا کہ مسلمانوں کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ کانگریس کے ممبر بن کر موجودہ حکومت کو قوی تر بنائیں۔ اور اس سے مسلمانوں کے مستقبل کو بڑا فائدہ پہونچے گا۔

آپ نے کہا مذہبی اصلاح اور ترقی کے لئے جمعیۃ علماء کی ممبری [illegible] نے مسلمانوں سے اپیل فرمائی کہ وہ ان حالات کے پیش نظر جمعیۃ علماء کی مالی امداد فرما کر اسکے بڑھتے ہوئے کاموں میں [illegible] رات کو سردی زیادہ تھی جلسہ [illegible] ختم ہوا وفد آج دھولیہ جا رہا ہے

ضلع آرہ

۲۰ جنوری بمقام رانی ساگر ضلع جمعیۃ کے انتخاب کے سلسلے میں مولانا عبد الرشید صاحب بھوجپوری نے ایک نہایت بصیرت افروز تقریر کی۔ اس کے بعد حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ صدر مولانا عبد الرشید صاحب رانی ساگری نائب صدر وکیل محمد حفیظ صاحب آرہ ناظم مولانا عبد الرشید صاحب بھوجپوری نائب ناظم محمد اسرائیل ڈمراؤں خازن عبد المجید صاحب بھوجپوری۔

آرہ ٹاؤن

۲۲ جنوری جمعیۃ علماء آرہ ٹاؤن کا انتخاب ہوا عہدیداران کے نام حسب ذیل ہیں۔ صدر وکیل محمد [illegible] عالم صاحب ناظم حکیم یوسف صاحب نائب [illegible] ابراہیم صاحب۔

ڈمراؤں میں جمعیۃ کا قیام

۲۵ جنوری کو ڈمراؤں ڈسٹرکٹ آرہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ عہدیداروں کے نام حسب ذیل ہیں۔ صدر جناب عبد السبحان صاحب۔ نائب صدر عبد الرزاق خاں صاحب ناظم محمد سلیمان صاحب بیڑی مرچنٹ نائب ناظم ڈاکٹر محمد طیب خاں۔ خازن شیخ اطہر صاحب۔

ہیرو گنج میں جمعیۃ کی شاخ

۲۳ جنوری کو ہیرو گنج کے جلسہ میں جمعیۃ کی شاخ قائم کی گئی اور حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ صدر جناب حافظ ظہور عالم۔ نائب صدر۔ جناب حبیب صاحب۔ ناظم مولوی شہزادہ صاحب۔ نائب ناظم [illegible] خازن جناب احمد میاں صاحب

مختصر تاریخ

(صفحہ ۳ سے آگے)

یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ہند اپنی پوری کوشش کرے گی آپ بھی حکومت کو مشورہ دیجئے کہ محدود وسائل کے پیش نظر کس طرح بہتر سے بہتر کام کیا جا سکتا ہے۔

پاکستان کے سفیر مسٹر ایس اے نقوی نے جو تقریر کی اس کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔ مسٹر نقوی نے کہا مجھے اس جلسہ میں شرکت سے بڑی مسرت ہوئی تقسیم ہند سے پہلے میں بھی اس محکمہ میں تھا اور اب میں حکومت پاکستان کے نمائندہ کی حیثیت سے شریک ہوا ہوں۔ [illegible]

[illegible]

انتخابات

دہلی ضلع نمبر ۹

۱۲ فروری بروز جمعہ [illegible] بجے شب دفتر برہان میں زیر نگرانی سید محمود جعفری صاحب افسر انتخاب جمعیۃ علماء صوبہ دہلی [illegible] کی جمعیۃ علماء کے عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا جو حسب ذیل ہیں۔ صدر حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی نائبین صدر مولانا محمد سعید صاحب مولانا سید محمد فاروق صاحب۔ ناظم مولوی عبد اللطیف صاحب۔ نائبین ناظم حکیم عبد الشکور صاحب [illegible] انصاری صاحب۔ خازن مولوی [illegible] الرحمٰن صاحب

(نوٹ) یہ ضلع کوچہ چیلان۔ کلاں محل۔ کوچہ فولاد خاں [illegible] بازار [illegible] حویلی اعظم خاں۔ [illegible] دفتر کی تلاش ہے [illegible]

ضلع نمبر ۱

[illegible] فروری بروز بدھ [illegible] بجے مدرسہ عبد الرب میں زیر نگرانی فیاض علی صاحب [illegible] جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۱ کشمیری گیٹ کے حسب ذیل عہدیداروں کا انتخاب عمل میں آیا۔ صدر مولانا محمد رفیع صاحب نائب صدر حافظ عبد الشکور۔ ناظم اعلیٰ شیخ بدر الدین صاحب انصاری۔ نائب ناظم عبد العزیز صدیقی۔ خازن شیخ حسیب اللہ انصاری۔

ضلع نمبر ۸

[illegible] فروری کو ساڑھے آٹھ بجے شب [illegible] جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۸ دہلی کی جنرل مجلس منتظمہ کا جلسہ اتحاد منزل میں زیر نگرانی افسر انتخاب جناب شیخ عبد الحق صاحب [illegible] منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد حافظ فضل حسین صاحب ناظم اعلیٰ نے گذشتہ دو سال کی رپورٹ پیش کی۔ اس کے بعد حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔ صدر حضرت مولانا مفتی محمد ضیاء الحق دہلوی۔ نائب صدر حافظ محمد سلیم اور محمد مرزا صاحب۔ ناظم اعلیٰ حافظ فضل حسین۔ نائب ناظم نعمت اللہ الیاس۔ منشی محمد صدیق قریشی خازن [illegible] محمد سلیم صاحب۔

حیدرآباد کا بیس کروڑ کا قرضہ بالکل جائز تھا

ہند کا اقدام ناجائز ہے۔ وزیر خزانہ پاکستان کا بیان

کراچی ۱۵ فروری۔ پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے کل پارلیمنٹ میں کہا کہ حکومت پاکستان اور حیدرآباد میں بیس کروڑ کے قرضہ کا جو معاملہ ہوا تھا وہ بالکل جائز تھا۔ وہ دو ایسی حکومتوں کے درمیان ہوا تھا جو اس قسم کے معاملات طے کرنے میں آزاد اور خود مختار تھیں اور سرکاری طور پر اس کی تصدیق کی گئی تھی۔

حکومت ہند نے اسمبلی میں جو کاروائی کی وہ معاہدے کی خلاف ورزی تھی اور پاکستان کے خلاف غیر دوستانہ اقدام تھا۔ انہوں نے کہا ہم نے ہر مرحلہ پر ہند سے احتجاج کیا حکومت ہند کی کاروائی غیر دانشمندانہ اور بے احتیاطی پر مبنی ہے اور یہ اقدام ہند کے مفاد میں بھی نہیں ہے۔ [illegible] کہا اس بات میں شک نہیں کیا جا سکتا کہ نظام نے روپیہ پوری آزادی سے نہیں دیا جس کی بات بیان کیا جاتا ہے کہ اس میں انہوں نے حکومت ہند سے کہا کہ یہ قرض اس کی رضامندی [illegible]

[illegible] ایک مختصر و قفے کے سوال کے جواب میں دیا۔

۴۸۹۰ پرمٹ جاری ہوئے

دہلی ۱۴ فروری۔ ہائی کمشنر پاکستان کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ۱۸ اکتوبر سے ۳۱ دسمبر تک کی مدت میں پاکستان جانے کے ہر قسم کے پرمٹ جو جاری کئے گئے ان کی مجموعی تعداد ۴۸۹۰ ہے ان پرمٹوں کا [illegible] برانداز ہوا۔

شنگھائی۔ ۱۳ فروری۔ روسی حکام اور چینی کی وزارت خارجہ کے درمیان صوبہ سنکیانگ کے معدنی ذرائع کے استعمال پر گفت و شنید ہو رہی ہے۔ [illegible]

کانفرنس جمعیۃ علماء بہار کو کامیاب بنانیکے لئے

مولانا اعظمی کی اہم اپیل!

چھپرا (بذریعہ ڈاک) مولانا عبد الحمید اعظمی دکن مرکزیہ جمعیۃ علماء بہار کے صوبائی اجلاس چھپرا کو کامیاب بنانے کے لئے صوبے کے ہمدردان جمعیۃ اور مسلمانان بہار کے نام ایک اپیل جاری کی ہے [illegible]

[illegible] کو جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا شاندار اور تاریخی اجلاس حضرت مولانا محمد حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی صدارت میں ہو رہا ہے۔ یہ اجلاس ملک کی آزادی کی نعمت سے مالامال ہونے کے بعد بہار میں جمعیۃ کا پہلا صوبائی اجلاس ہے جہاں مسلمانان بہار کو اپنے مذہب و تعلیم اور تمدن و معاشرت کے متعلق بہت سے اہم اور دور رس فیصلے کرنے ہیں اس لئے مسلمانان بہار سے پر زور اپیل کروں گا کہ وہ اس اہم اور تاریخی اجلاس میں شریک ہو کر اپنی مذہبی اور اخلاقی زندگی کے متعلق علماء حق اور قائدین ملت کے قیمتی خیالات سے فائدہ اٹھائیں [illegible]

اسی طرح میں ہمدردان جمعیۃ سے بھی اپیل کروں گا کہ وہ اس اہم اجلاس کی شاندار کامیابی کے لئے مجلس استقبالیہ کا ہاتھ بٹائیں۔ رقوم فراہم کریں۔ انتظامات کے لئے اپنا کچھ وقت بھی صرف کریں۔ اضلاع کی جمعیتیں اپنے ہونہار، جفاکش اور خدمت گذار رضاکاروں کو جو بلا وردی کے ہونگے بھیج کر مجلس استقبالیہ کا ہاتھ بٹائیں۔ گو ہر حالت میں رضاکاروں کے بھیجنے میں مجلس استقبالیہ کی منظوری اور اجازت ضروری ہوگی۔ مجلس استقبالیہ رضاکاروں کے صرف قیام و طعام کی ذمہ دار ہوگی۔

ملک اقلیتوں سے انصاف کرکے مضبوط بن سکتا ہے

کشمیر نیشنل کانفرنس کے لیڈر چودھری محمد شفیع کی تقریر

حیدرآباد ۱۵ فروری۔ کشمیر نیشنل کانفرنس کے لیڈر چودھری محمد شفیع نے یہاں ایک پارٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر تمام ملک جس میں حیدرآباد اور کشمیر بھی شامل ہیں گاندھی جی کے راستے پر چلے تو ہند بڑا ملک بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا گاندھی جی کے اصولوں پر عدم تشدد اور اقلیتوں سے انصاف کرنے ہی سے قوم ایک زبردست طاقت بن سکتی ہے

[illegible] نے کشمیر کی جد و جہد کا مختصر حال بیان کیا [illegible] فرقہ پرستی کا نام نہیں [illegible] حیثیت سے کام کر رہا ہے [illegible] ایسے واقعات سے بچا جائے۔

برطانیہ اناج پیدا کرنے کے لئے سنٹرل کوئنس لینڈ (آسٹریلیا) میں ۵۰ ہزار ایکڑ اراضی زیر کاشت لیگا اسی طرح آسٹریلیا میں سمندر پار کی برطانوی انجمن خوراک کے پاس زیر کاشت زمین ۳ لاکھ ۱۴ ہزار ایکڑ ہو جائے گی۔

بنگال میں جامع مسجد کی نقل

ڈھاکہ ۱۲ فروری۔ خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے اپنے مشرقی بنگال کے دورہ میں باغیر ہاٹ میں ایک مسجد کا سنگ بنیاد رکھا جو دہلی کی جامع مسجد کے نمونہ پر تیار کی جا رہی ہے اس پر ۱۳ لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔ اس میں آٹھ سو نمازی آ سکیں گے۔ اس کی تعمیر میں جو روپیہ صرف ہوگا وہ پولیس کے افسروں اور باقرگنج کے عوام نے باہم چندہ سے جمع کیا ہے۔

روس کا امریکہ اور برطانیہ پر الزام

ماسکو ۱۳ فروری۔ ایک روسی اخبار پراودا نے امریکہ اور برطانیہ پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ وہ مجلس تحفظ میں روس کی تخفیف اسلحہ اور ایٹم پر کنٹرول کی تجویز کو نامنظور ہونے دینے کے لئے قانونی موشگافیاں نکال رہے ہیں۔ اور وہ کیوں جیسے حربے استعمال کر رہے ہیں

اخبار نے یہ بھی لکھا ہے کہ امریکہ اور برطانیہ کے نمائندوں کو صاف طور پر کہہ دینا چاہئے کہ وہ اس تجویز کو قبول کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

برطانیہ کی مختصر مگر دلچسپ خبریں

لندن (بذریعہ بحری تار) روس نے برطانوی حکومت اور برطانوی باشندوں کو کلیہ ۱۲ ارب پونڈ قرضہ دینا ہے۔ یہ قرض قبل از جنگ کی تجارت کے سلسلہ میں ہے۔ روس کی کئی مقبوضہ ریاستوں نے برطانیہ کو قبل از جنگ کا ۹ کروڑ پونڈ قرض ادا کرنا ہے۔

گذشتہ سال میں لندن میں کل ۳۰۰ سلح ڈکیتیوں کی اطلاع ملی۔ گذشتہ برس یہ تعداد ۵۰۸ تھی۔ ڈکیتیوں کے سلسلہ میں گذشتہ برس کے مقابلہ میں ۲۳ فیصدی زیادہ گرفتاریاں ہوئیں۔

ظاہر ہے کہ ہند اور پاکستان میں بہت سی چیزیں مشترک ہیں اور بہت عرصہ تک ہماری تاریخ ایک رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ میں ان کے سب اماکین کی نیابت کر رہا ہوں اگرچہ میں مسٹر نقوی اپنی حکومت اور اپنے محکمہ کی طرف سے [illegible] کا پیغام پہنچا دیں

ڈاکٹر آر سدیم۔ [illegible] کی خدمات حاصل کی ہیں۔ آپ کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ ملکی اور غیر ملکی عمارتوں کے بارے میں [illegible] مکمل ہو چکی ہیں۔

یہ کہنا بھی ضروری ہے کہ پاکستان کے محکمہ آثار قدیمہ میں کام کرنے والے لوگ اپنے ان قدیم ساتھیوں کو نہیں بھولے ہیں جو اب محکمہ آثار قدیمہ میں کام کرتے ہیں اور ہمیں جب وقت بھی ضرورت پڑی ہم ان کا تعاون حاصل کریں گے خود ہماری خدمات بھی ہندوستان کے محکمہ آثار قدیمہ کے لئے حاضر ہیں۔

تقریر کے شروع میں مسٹر نقوی نے حکومت ہند کی دعوت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اظہار دوستی کے ایسے مواقع یقیناً دونوں ملکوں میں اخوت اور محبت پیدا کریں گے۔ میں سیاستداں نہیں ہوں لیکن آثار قدیمہ کے ایک طالب علم کی حیثیت سے اتنا ضرور کہوں گا کہ

اگر ہم نے الگ الگ ہو کر زندگی کا مطالعہ شروع کیا تو انسانی اور ثقافتی تاریخ کی تعمیر اور تجدید کا کام ختم ہو جائیگا

وزارت تعلیم کے سکریٹری ڈاکٹر تارا چند نے اس جلسہ میں جو تقریر کی اس کا خلاصہ درج ذیل ہے

ڈاکٹر تارا چند نے کہا کہ پاکستان کے نمائندے نے جو تقریر کی ہے اسے ہم نے بڑی مسرت سے سنا پاکستان میں جو تاریخی عمارتیں ہیں ان کا ہماری تاریخ سے گہرا تعلق ہے کہ ہمیں ان کی حفاظت کے متعلق بڑی تشویش تھی اس لئے ہمیں مسٹر نقوی کی زبانی یہ سن کر بڑی خوشی ہوئی کہ ان کا اچھا انتظام کیا جا رہا ہے۔ بے شک ہند اور پاکستان کے تعلقات بہتر سے بہتر ہونے چاہئیں اور دونوں حکومتوں کو تعاون سے کام کرنا چاہئے

ایڈیٹر کے نام خطوط

(ایڈیٹر کا نامہ نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں)

تعمیر نو

محترمی تسلیم

انسانی زندگی کے ہر شعبہ میں نہایت تیزی کے ساتھ تبدیلیاں آ رہی ہیں جس طرح موسم خزاں کے بعد درختوں میں نئے پتے آتے ہیں نئی نئی کونپلیں پھوٹتی ہیں کسی طرح آج سماج کا پرانا ڈھانچہ کھوکھلا ہو کر گر رہا ہے۔ اور نیا چولا وقت اسے پہنا رہا ہے۔ حاکم و محکوم کے پرانے تصورات کا نام نشان مٹ چکا ہے۔ ارسطو اور افلاطون کی قائم کی ہوئی قدریں جو صدیوں کام دیتی رہیں آج بہلائی جا چکی ہیں لیکن یہاں اس نئی عمارت کی تعمیر میں نئی قدریں اور نئے نظریئے کام کر رہے ہیں۔ وہاں پرانی سچائیاں بھی ابھر رہی ہیں اور اس تعمیر نو میں ایک ضروری حصہ ادا کر رہی ہیں یہ وہ سچائیاں ہیں جن پر ہر زمانہ مہر تصدیق لگا چکا ہے اور یہ زندگی کے اصول ہیں جن کی دعوت داعیان مذاہب نے مختلف زبانوں میں دی۔ آج اس ترقی کے نئے دور میں انسان قومیت و وطنیت کی محدود جغرافیائی حد بندیوں کو تنگ نظریوں کا نتیجہ محسوس کرتے ہوئے اس تمیز کو مٹانے کے درپے ہے۔ نہ صرف یہ بلکہ تمیز رنگ و نسل کے خلاف ایک جہاد جاری ہے اور اس تحریک کی کامیابی یقینی ہے جو طاقت یا قوت اس دور میں تنگ نظریوں پر قائم رہنے کی کوشش کرے گی وہ پاش پاش ہو جائیگی

دوسری بات جو اس دور میں خصوصیت سے نمایاں ہو رہی ہے۔ وہ تشدد اور نفرت کے خلاف جہاد اور اس کی بجائے محبت اور اہنسا کے ناقابل شکست عمل سے نئی عمارت کی بنیاد رکھنا۔ اس اصول کو صرف انفرادی بلکہ قومی زندگی میں نمایاں کرکے اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔ یکتا یہ ہے کہ اس خطے کے انسان اس نئی تعمیر کے معمار ہیں گے جو ملک اور قوم انسانی برادری کے اصول کو اپنا کر عدم تشدد اور محبت کے اخلاقی ہتھیار کو استعمال کرنے میں کامیاب ہوگی وہی تمام دنیا کے انسانوں کی رہبری اور رہنمائی کرے گی۔ آج ہندوستان کی زمین اس کے لئے زرخیز ہے لیکن آزادی کے بعد ہمارے ملک کی آبادی کا بیشتر حصہ تنگ نظری کا شکار ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اگر ہم سنبھل گئے اور ہندوستان کے بوڑھے جوان اور بچے بلند نظر، وسیع القلب ہو کر سیدھے رستے پر چلنے لگے تو یقیناً اس دور نو کی تعمیر کا معمار ہندوستان ہوگا۔ لیکن دوسروں کو راہ دکھاتے سے پہلے ہندوستان کے فرزند خود اس پر عمل کریں۔ آج ہم آزاد ہو چکے ہیں لیکن ہمارے ملک کی اکثریت چھوت چھات کی لعنت عظیم میں بری طرح گرفتار ہے اور اس کی بنا پر ایک فرقہ بن گیا ہے۔ اگر ہم ہندوستان کے نئے آئین میں چھوت چھات جرم قرار دیا گیا ہے۔ لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ زہر ہمارے ملک کے باشندوں کے دماغوں سے بالکل نکل جائے۔ بہتر یہ ہے کہ ہم اقتصادی اور اخلاقی قدروں کو پہچان کر تعمیر نو کے رہبر بنیں ورنہ انقلاب آواز دے رہا ہے۔

کس و بیکس پھر بگیرد روزگار

دل پو دنیا در نہ بند و ہوشیار

آنچہ دیدی برقرار خود نماند

آنچہ بینی ہم نماند برقرار

(میر مشتاق احمد دہلی)

"وزیر اعظم پنڈت نہرو کے نام"

جناب مکرم۔ تسلیم

میں آپ کے اخبار کے ذریعہ سے اپنے وزیر اعظم کی خدمت میں کچھ عرض کرنے کی جرات کر رہی ہوں جو ہماری سامراج کی چالبازیوں سے ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کا اعتبار کھو بیٹھے۔ دونوں کے دلوں کا دلوں میں منافرت کا بیج بو دیا گیا تھا وہ بار آور ہوا۔ جیسا کہ اس کا نتیجہ تقسیم کی صورت میں نمایاں ہوا۔ ہندوستان کی تقسیم ہوئی۔ انسانوں کی تقسیم ہوئی۔ قیدیوں کی تقسیم ہوئی۔ یہاں تک کہ لاشوں کی بھی تقسیم ہوئی۔ معزز وزیر اعظم!! آپکا یہ دلکش فیصلہ کہ جاندار اور بے جان ہونا چاہئے۔ ایک انتہائی تکلیف دہ فیصلہ ہے۔ کیا آپ کو نہیں معلوم ہندوستان و پاکستان کے مابین وابستہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کے دلوں پر کیا کیفیت ہے۔ میں تو ایک مری چیز ہے کہ بنیادی آبادی سے یہ نتیجہ ہوا ہے کہ کسی کی ماں ہندوستان میں ہے اور بیٹا پاکستان میں!! کسی کی بہن پاکستان ہے تو بھائی ہندوستان میں۔ ان بچھڑے ہوئے لوگوں پر کیا بیت رہی ہے۔ میرے قلم میں طاقت نہیں کہ بیان کروں کہ اس تقسیم نے ہماری زندگیاں تباہ کر دیں۔ سکون مفقود ہو گیا عورتیں مردوں کی نسبت زیادہ رقیق القلب ہوتی ہیں اس لئے ہماری [illegible]

جرمنی دو حصوں میں تقسیم ہو جائیگا

برلن ۱۳ فروری۔ جرمنی کے واقعات اب اس سیاسی مرحلہ پر پہنچ چکے ہیں۔ جہاں انگلستان روسی اور مغربی ممالک میں فیصلہ ہو تا نہیں ہے۔ یہاں یہ فیصلہ یقینی سمجھا جاتا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جرمنی دو حصوں میں بٹ جائیگا جن میں علیحدہ علیحدہ حکومتیں ہوں گی۔

مشرقی جرمنی میں روس کا اقتدار ہوگا اور مغربی جرمنی میں تین بڑی مغربی طاقتوں کا اقتدار ہوگا۔ یہ صاف صاف بیان ہے کہ برطانیہ اور امریکہ نے مصمم ارادہ کر لیا ہے کہ روس کے ساتھ مجھوتے کے متعلق کوئی بات چیت آئندہ نہیں کی جائیگی تاکہ ہندی کی دھمکی کی بھی مطلق پرواہ نہیں کی جائے گی۔

برطانوی اور امریکی حکومتیں اپنی طے شدہ اسکیم پر کار فرما رہیں گی لیکن روس کے نئے سمجھوتہ کی گفت و شنید کا دروازہ کھلا رکھا گیا ہے۔ یہ گفت و شنید شروع کی جائے گی جب روس اس کی درخواست کرے گا۔ (گلوب)

بیرونی ممالک سے کپاس کی درآمد کے لائسنس

دہلی ۱۳ فروری۔ وزارت تجارت کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ راسٹر لنگ اور آسانی دستیاب ہونے والے سکوں کے علاقہ سے ۱٫۱/۸ انچ اور اس سے بڑے ریشے کی کپاس کی درآمد کے لئے حکومت ہند نے آزاد لائسنس جاری کئے ہیں۔ لیکن مسٹر الطاف حسین [illegible] ہے کہ جو کپاس برآمد کی جائے گی اسے مقیناً کارخانوں کو باس فروخت کیا جائیگا جو ریاست میں مشرقی افریقہ میں اور سوڈان کی روئی بنا رہے ہیں۔

حکومت ہند نے اس خیال سے کہ کپاس آسانی سے دستیاب ہو کارخانوں کو ہاتھ قبل از فروخت کی سفارش کی ہے۔ چنانچہ اب یہ لائسنس ڈپٹی چیف کنٹرولر آف امپورٹس بمبئی سے آسانی سے مل سکیں گے۔ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے کپاس کی درآمد کے لائسنس گذشتہ اعلان کے مطابق جاری کئے جائیں گے۔ بشرطیکہ اصل خریدار کے ثبوت پیش کئے جائیں۔

عراقی وفد کی آمد

کولمبو ۱۳ فروری۔ عراق کا ایک تجارتی وفد ہندوستان کا دورہ کرے گا۔ یہ وفد عراق کی کھجور کے تاجروں کی انجمن کے ڈائرکٹر جنرل سید عبد اللہ القاسم، سید جاوید وغیرہ پر مشتمل ہوگا۔ یہ وفد ہندوستان، سیلون، پاکستان، ہندوستان وغیرہ کا دورہ کرکے کا اور ان ملکوں کو کھجوروں کی خوراک کے سلسلہ میں اہمیت سے آگاہ کرے گا اور کھجوروں کی تجارت زیادہ کرنے پر زور دے گا۔ (گلوب)

جنرل آئزن ہوور کے تقرر پر پٹھانوں کا خیال

واشنگٹن ۱۴ فروری۔ امریکہ کے سرکاری حلقوں میں جنرل آئزن ہوور کو صدر ٹرومین کے عارضی فوجی مشیر مقرر کئے جانے کے متعلق یہ خیال ہے کہ امریکہ کے فوجی لیڈروں میں جو کشمکش ہے اسے ختم کرنے کے لئے آپکا تقرر عمل میں لایا گیا ہے۔

گو سرکاری حلقے بالکل خاموش ہیں لیکن یہ امید کی جاتی ہے کہ جنرل آئزن ہوور کو صرف آٹھ ہفتوں کے لئے بلایا گیا ہے تاکہ آپ اس اہم کام کو سر انجام دیں اور بحری و بری افسران میں جو رسہ کشی ہو رہی ہے اسے ختم کریں۔ دوسرا یہ کہ بحر الکاہل میں اور بحر اوقیانوس کی حفاظت کے سلسلہ میں حکومت امریکہ کیا اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ اور تیسرا یہ کہ بحر الکاہل ہی کی حفاظت کے سلسلہ میں مغربی اقوام کو کتنا اسلحہ دیا جائے۔

تیسرے سوال پر امریکہ کے فوجی افسران اعلیٰ میں سے زیادہ کشمکش ہو رہی ہے۔

جلیں پر اس کا اثر حد سے زیادہ ہے جو ہستیاں بالکل فنا ہو چکیں ان کے لئے تو قدرت نے خود صبر دیدیا ہے کوئی پاکستان میں بیمار ہے تو یہاں اس عزیز تڑپ رہے ہیں۔ کوئی یہاں جاں بلب ہے تو وہاں کے لوگ پریشان حیات تنگ ہو رہا ہے۔ وابستہ بندہ پرمٹ کی قید۔ ہوائی جہاز کے لئے روپیہ کہاں سے لائیں۔ پرمٹ کی مشکلات پر کس طرح حاوی ہوا جائے اور کس طرح ایک ہفتہ کی کوشش کے بعد کوئی پہنچے بھی تو کیا دیکھتا ہے کہ مریض منزل مقصود تک پہنچ گیا ہے اور صرف اس کا تابوت رہ گیا ہے۔ اس لئے ایک مرتبہ سوچئے پھر غور کیجئے اور آنے جانے کی اجازت دیجئے۔ وابستہ کھول دیجئے۔ پرمٹ سسٹم کی مشکلات کو دور کر دیجئے ہندو مسلمانوں میں اتحاد۔ رواداری پیدا کرنے کا سب سے بہتر یہی طریقہ ہے۔

(شہزادی بیگم۔ رام پور اسٹیٹ)

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

ہر قسم کی

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف لکھئے

(منیجر)

دار السلطنت

مولانا لقاء اللہ پانی پتی کی آمد

معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی پانی پتی آج پانی پت سے دہلی تشریف لے آئے ہیں۔ اور مدرسہ تعلیم القرآن محلہ چوڑی والان گلی [illegible] دہلی میں قیام فرمائیں۔

شیخ عبد اللہ دہلی کو

شیخ عبد اللہ وزیر اعظم جموں و کشمیر علی گڑھ جاتے ہوئے ۱۷ فروری کو دہلی پہنچیں گے۔ علی گڑھ میں وہ کونوکیشن میں شرکت کریں گے

رام جھیل کرنچہ میں چوری

موضع جھیل کرنجہ کے ایک مکان سے ڈاکو تقریباً دو ہزار روپے کے زیورات چرا لے گئے۔

پیدائش و اموات

دہلی کی میونسپل حدود میں پچھلے ہفتہ میں ۳۸۵ پیدائشیں ہوئیں اور ۱۹۱ اموات۔ اموات کی [illegible] وجوہات بخار اور [illegible] تھیں۔

چلتی ٹرین میں چور گرفتار

ایک نوجوان آدمی جس نے ایک زنانہ ڈبہ میں چلتی ٹرین میں چوری کی تھی کشن گنج اور دہلی ریلوے اسٹیشن کے درمیان اسکو کانسٹبل نے گرفتار کیا اور گرفتار کر لیا گیا۔ اس شخص نے جب گاڑی کشن گنج سے روانہ ہوئی تو زنانہ ڈبہ میں ایک عورت کا سامان لوٹ اور چلتی گاڑی سے کود گیا۔ عورت نے زنجیر کھینچ لی اور گاڑی کو روک لیا اس آدمی کو تعاقب کرکے پکڑ لیا گیا۔

موٹر سے زخمی

کیمپ کالج کا ایک شخص [illegible] زخمی ہو گیا [illegible]

بچہ کی لاش ملی

دہلی ریلوے اسٹیشن کی حدود سے ایک نوزائیدہ بچہ کی لاش ملی ہے۔ لاش کے قریب کوئی خون وغیرہ نہیں ملے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

مختلف الزاموں میں گرفتار

[illegible]

یہ سامان کس کا ہے

۱۳ فروری کو رام چندر ایک بیوپاری [illegible] سے محمد قاسم مزدور سے اپنا خالی کچھ سامان اٹھوا کر کھاری باؤلی سے چلنے کے لئے کیا۔ مگر بازار میں رش کی وجہ سے مزدور الگ ہو گیا۔ چار روز تک مزدور نے بوری وغیرہ چھوڑ کر مالک مکان کو تلاش کرنے میں صرف کئے لیکن کچھ پتہ نہ چلا۔ اب مجبور ہو کر یہ سامان مولانا نور الدین صاحب کے یہاں امانت رکھ دیا گیا ہے۔ جن کا ہو وہ ان کے پتہ سے لے لیں

" مولانا نور الدین بہاری محلہ نیاریاں گنج چیکرس دہلی

محمد قاسم مزدور کی دیانت و امانت انتہائی قابل ستائش ہے کہ باوجود مفلس ہونے کے اس نے ذریعہ معاش کو چار روز تک چھوڑے رکھا اور امانت کو اس کے مالک تک پہنچانے کے لئے سرگرداں و پریشاں رہا۔ نئے ہندوستان کی شان دار تعمیر ایسے ہی بلند کردار ہندوستانیوں کی محتاج ہے

(نامہ نگار)

گھڑی فروش کی دکان لوٹ لی

چاندنی چوک میں گھڑیوں کی مرمت کرنے والے ایک شخص کی دوکان میں چوروں نے گھس جانے اور گھڑیاں چرا لینے کی اطلاع [illegible] ہے جب دکاندار صبح دکان پر پہنچا تو چوری کا پتہ چلا۔

چوری کی وارداتیں

سوم بتیاں ملکر بھاگتا ہوا گلزاری لال نامی ایک شخص سرائے حافظ بنہ کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔

کوچہ نٹوں سے ایک چور گرفتار کیا گیا جو ایک مکان میں گھس گیا تھا۔

دہلی گیٹ کے باہر پاور ہاؤس سے کوئلہ چراتے ہوئے دو آدمی گرفتار کئے گئے۔

باغ کڑے خاں سبزی منڈی میں ناک [illegible] موجود گی میں چور گھر میں داخل ہوئے اور [illegible] کو زخمی کر دیا۔

گھنٹہ گھر سے ملوک رام نامی ایک جیب کترا گرفتار کیا گیا ہے۔

[illegible] لیڈی ہارڈنگ روڈ پر ایک شخص گرفتار کیا گیا ہے جو ایک سائیکل فروخت کرنے کی کوشش کر رہا تھا جو اسے دہلی چھاؤنی کے ایک دکاندار سے چرائی تھی۔

اپیل نامنظور

مشروعات ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے پرتاب سنگھ ایک ملازم سلطان سنگھ کی اپیل مسترد کر دی جس کو تقریباً پانچ ہزار روپیہ کا غبن کرنے کے الزام میں جو سزا ہوئی تھی اس کے خلاف اپیل کی تھی۔

ایک قابل اعتراض پوسٹر شائع کرنے کے الزام میں مسٹر عبد الحق فاروقی مالک فاروقی پریس کو جو سزا ئے قید دی گئی تھی مسٹر فرددن نے ان کی اپیل کے جواب میں سزا ئے قید کے فیصلہ کو بحال رکھا۔

[illegible]

قہوہ خانوں کو شراب کے لائسنس

[illegible]

[illegible]

مقدمۂ قتل کے ملزمان کی اپیل

گاندھی جی کے قاتل ناتھو رام گوڈسے اور [illegible] سے پوربی پنجاب ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی ہے۔ [illegible] سے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے صحت کے جرم کی بنا پر سزائے موت کے خلاف نہیں ہے بلکہ پیش جج کے اس فیصلہ کے خلاف ہے کہ ناتھو رام گوڈسے نے قتل کرنے کی سازش کی اور گو کہ وہ اس سازش میں شامل تھا۔ ناتھو رام گوڈسے نے یہ درخواست بھی کی ہے کہ اسے پھر کیس میں خود وکالت پیش کرنے کی سہولیات دی جائیں۔ مقدمہ کے دیگر ملزمان اپنے [illegible] گوپال گوڈسے اور ڈاکٹر پرچورے نے بھی آج حکام جیل کی وساطت سے اپنی اپنی اپیل پوربی پنجاب ہائیکورٹ کو بھیجدی ہے۔ شنکر کستیا کی اپیل دائر کرنے کا معاملہ حکومت خود ملزم کے ساتھ مشورہ سے کرے گی۔

اکالی قانون شکنی کرینگے

نئی دہلی میں امرتسر سے جو اطلاعات پہونچی ہیں ان میں بتایا گیا ہے کہ دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اکالی کانفرنس پر جو پابندی عائد کی تھی شرومنی اکالی دل نے اس پابندی کو توڑنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یہ کانفرنس دہلی میں ۱۷ اور ۱۸ فروری کو بلائی جا رہی ہے۔ شرومنی اکالی دل نے شرومنی ریاستی اکالی دل کو پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستی یونین کی عبوری حکومت کے خلاف [illegible] اکالی دل کو بھی اجازت دیدی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اکالی دل کے اس فیصلہ کا حکومت دہلی پر کوئی اثر نہیں ہوا اور وہ اکالی دل کو دہلی میں کسی جگہ کسی قسم کی سیاسی کانفرنس کی اجازت دینے کے لئے تیار نہیں۔ حال ہی میں اکالی لیڈر ماسٹر تارا سنگھ نے جس قسم کی فرقہ وارانہ اشتعال انگیز تقریریں کی ہیں ان کے پیش نظر دہلی کے حکام نے امن و امان کو خطرہ میں ڈالنے کے لئے تیار نہیں۔ اگرچہ ابھی ماسٹر تارا سنگھ کے داخلہ پر کوئی پابندی نہیں لیکن حکام انہیں امن کو خراب کرنے یا قانون کو توڑنے کی بھی اجازت نہیں دیں گے۔

سفیروں کی بستی

گذشتہ روز سلیسٹ [illegible] نو [illegible] ڈاکٹر ایل این حسانی کی صدارت میں ہوئی جس میں [illegible] بستی بنانے کے بجائے یہ منظور کیا گیا کہ [illegible] کے جنوب مغرب میں ڈیویلپمنٹ کی ایک اسکیم [illegible] منظوری کی تھی۔ [illegible]

عظیم راجستھان کی گفت و شنید ملتوی

دہلی ۱۵ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ عظیم راجستھان چاہئے متعلق جو گفت و شنید کل ہونے والی تھی مہاراج پرمکھ [illegible] کے باعث ملتوی کر دی گئی [illegible]

افریقیوں پر پولیس کی فائرنگ

ایک ہلاک ۱۰ دو زخمی

[illegible]

بازار روئی کے بھاؤ

بازار مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بنیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہندو پاکستان کا کرکٹ میچ

[illegible]

محکمہ ڈاک کے ملازمین نے ہڑتال ملتوی کرنیکا فیصلہ کر دیا!

حکومت بڑے بڑے مطالبات منظور کرنے پر رضامند ہو گئی

نئی دہلی ۱۴ فروری۔ آل انڈیا پوسٹمین و لوئر گریڈ اسٹاف یونین کی ایگزیکٹو کونسل نے آج اپنے اجلاس میں فیصلہ کر دیا ہے کہ عام ہڑتال کرنے کے فیصلہ کو ملتوی کر دیا جائے۔ ایگزیکٹو کونسل نے یہ قدم وزیر رسل و رسائل مسٹر رفیع احمد قدوائی سے طویل بات چیت کے بعد اٹھایا ہے۔ یاد رہے کہ حال ہی میں اس یونین نے ملک بھر کے ملازمین کی جنرل کونسل میں ہڑتال کے حق میں فیصلہ دیا گیا تھا۔

ہڑتال کو ملتوی رکھنے کا فیصلہ اس امر کے پیش نظر کیا گیا ہے کہ وزیر رسل و رسائل نے کونسل کو یقین دلایا ہے کہ یونین کی طرف سے پیش کردہ محکمہ ڈاک اور تار کے ورکروں کے بڑے بڑے مطالبات منظور کر لئے جائیں گے۔ چنانچہ حکومت نے اکسپرٹ کمیٹی کی رپورٹ کو بلا تاخیر شائع کرنا اور ورکروں کی تنخواہوں کے معیار پر جس قدر جلد ممکن ہو اقتصادی حالات اجازت دیں نظر ثانی کرنا منظور کر لیا ہے۔

کونسل نے جو ادخاص میں متفق ایک تجویز منظور کر دی ہے کہ حکومت کی طرف سے منظور کردہ مطالبات کو عملی جامہ پہنانے کے سلسلہ میں مزید گفت و شنید جاری رکھنے کی سٹرجے بکاش نرائن اور مسٹر دوالوی لیں گے یہ کمیٹی حکومت سے اپنی بات چیت کے متعلق رپورٹ آئندہ جون میں یوپی میں منعقد ہونے والی یونین کی آل انڈیا کانفرنس میں پیش کرے گی۔ کونسل کے ترجمانوں کا خیال ہے کہ اس امر کے پیش نظر کہ حکومت نے تمام بڑے بڑے مطالبات کو منظور کر لیا ہے۔ آل انڈیا کانفرنس بھی ہڑتال نہ کرنے کے حق میں فیصلہ دیدیگی جو کونسل نے حکومت کی موجودہ مشکلات کے پیش نظر کیا ہے۔ البتہ کونسل نے [illegible] ریلوے کی طرح پوسٹل کے ملازمین کو یقین دلایا گیا ہے کہ اگر کونسل کو میمورنڈم کے جواب [illegible] پہلے ہی دیا جا چکا ہے۔ اور کہ حکومت ملازمین کو گرانی کا الاؤنس اور عارضی الاؤنس دینے کے سوال پر بھی غور کر رہی ہے۔

یہ اصل ہٹلر ہے یا نقل

برلن ۱۳ فروری۔ کل برلن کے برطانیہ کا ماتحت حاصل کردہ اخبار سوزیل ڈیموکریٹ نے [illegible]

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی

مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے جو کو اس کی بعض مرکبات کے استعمال کرنے اور دیگر کو معائنہ کرانے کی بار ہا نوبت آئی [illegible]

[illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر دواخانہ ہے [illegible]

خصوصی مجربات

اکسیر جلد [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

جوہر ذیابیطس [illegible]

روغن بیضہ [illegible]

حب جریان [illegible]

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب مدظلہ کی تالیفات

خدا کی باتیں

تقریباً ۱۸۰۰ احادیث قدسیہ کا عام فہم اردو زبان میں ترجمہ

قیمت دو روپیہ بارہ آنہ صرف

رسول کی باتیں

توحید رسالت، قرآن، قیامت وغیرہ عنوانات کے تحت ان سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ قیمت دو روپیہ چار آنہ صرف

جنت کی کنجی

ایک ہزار سے زیادہ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں جنت کی بشارت دی گئی ہے قیمت تین روپیہ چار آنہ صرف

دوزخ کا کھٹکا

۸۸۰ ایسی احادیث کا ترجمہ جن میں بعض اعمال خبیثہ کرنے والوں کو خدا سے ڈرایا ہے قیمت دو روپیہ صرف

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹۰

THE DAILY
AL JAMIAT
DELHI

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۱۹ ربیع الثانی سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۸ فروری سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

لاہور ۱۶ فروری۔ حکومت مغربی پنجاب نے ایک پریس کمیونک جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ گورنر جنرل مغربی پنجاب نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی ہے۔ شیخ فیض محمد اسپیکر مغربی پنجاب اس کے چیئرمین اور ... نذیر احمد خاں ممبر پاکستان مجلس دستور ساز اور میر غلام بھیک نیرنگ سابق ایم ایل اے ... اس کمیٹی کے رکن ہوں گے۔

یہ کمیٹی اس بات کی تحقیقات کرے گی کہ صوبہ میں کس طرح ... انتخابات ... [illegible]

جاوا اور سماٹرا پر انڈونیشیا کی جمہوری فوجوں کا قبضہ ہے

ڈچ فوجیں ابھی تک جارحانہ کارروائی کر رہی ہیں

آسٹریلیا میں انڈونیشی نمائندے ڈاکٹر عثمان کا انکشاف

کینبرا ۱۷ فروری — جمہوری انڈونیشیا کے نمائندے ڈاکٹر عثمان نے پریس کانفرنس ... کہا کہ جاوا اور سماٹرا سے جو اطلاعات جمہوری ذرائع سے آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جمہوری فوجیں ... [illegible]

[illegible]

حیدرآباد کے جاگیرداروں کا مطالبہ

حیدرآباد ۱۶ فروری۔ حیدرآباد کے جاگیرداروں نے ... فوجی ایڈمنسٹریشن کی جاگیرداری ختم کرنے کی تجویز ... [illegible] جاگیرداروں کے انجمن کے سکریٹری نے بتایا کہ جاگیردار حکومت سے تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔ جاگیرداروں نے اپنے مطالبات پیش کرنے کے لئے ایک وفد منتخب کر لیا ہے۔ [illegible]

امرتسر ۱۶ فروری۔ [illegible] پنجاب کی حکومت نے ... طالب علموں ... کا فیصلہ کر دیا ہے۔ اس نے امرتسر جیل سے ایسے ۲۶ طالب علموں کو رہا کر دیا۔

قبائلیوں کی واپسی

[illegible] ... واپسی اگلے ہیں۔

ملایا اور انڈونیشیا سے

فوجوں کی واپسی کا مطالبہ

لندن ۱۷ فروری۔ [illegible] کانگریس نے ... ملایا سے برطانوی فوجوں کے انخلا کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس نے اپنے قرارداد میں ... [illegible] (اے پی)

برما کی سرکاری فوجوں نے ان سین پر دوبارہ قبضہ کر لیا

برما کے تمام شہروں میں تار کا سلسلہ منقطع۔ رنگون تین شہروں کی ملا ہوا

رنگون ۱۷ فروری (اے پی) — [illegible] کیمونک میں اعلان کیا گیا ہے کہ ۱۳ روز کی جنگ کے بعد سرکاری فوجوں نے ان سین پر کرین باغیوں سے قبضہ کر لیا ہے۔ یہ شہر رنگون سے دس میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ کمیونک میں کہا گیا ہے کہ کرین باغی شمال مغرب کی طرف پسپا ہو گئے ہیں اور سرکاری فوجیں ان کا تعاقب کر رہی ہیں۔

کمیونک میں مزید کہا گیا ہے کہ رنگون اور ان سین ... کے مقام پر ... ایک زبردست حملہ کیا گیا اور کرین باغیوں کو پسپا ہونا پڑا۔

کل ایک سرکاری اطلاع میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ان سین سے ۱۱ میل شمال مغرب میں ... کے مقام پر چار سو سے زیادہ کرین باغیوں کی جمعیت پر حملہ کیا اور زبردست جانی نقصان پہنچایا۔

رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ بہت سے قیدی بھی پکڑے گئے جن میں بہت سے افسران شامل ہیں اور ان گرفتار شدگان میں سے بیشتر فوج سے بھاگے ہوئے ہیں۔ ان کے پاس سے کافی اسلحہ بھی پکڑا گیا۔

برما گورنمنٹ نے کل حسب ذیل اعلان کیا ہے۔

[illegible] ... کرین باغیوں کی ... مشترکہ کوشش کو ناکام بنا دیا۔ دونوں شہر رنگون سے چالیس میل جنوب مغرب کی جانب ضلع ... میں ہیں۔ کیمونک میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ باغیوں کا زبردست جانی نقصان ہوا ہے۔

حکومت برما نے کل جنوب میں ناسرم ... کے علاوہ تمام ملک میں تار کا سلسلہ منقطع کر دیا ہے۔ سرکاری ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ بارانی مقامات میں تاروں کا سلسلہ باغیوں کی زبردست سرگرمیوں کے باعث بند کر دیا گیا ہے۔ فی الحال رنگون کے جنوب کے تین شہروں سے تار کا سلسلہ باقی ہے جن کے نام ... [illegible]

ہانگ کانگ کے دفاع کی زبردست تیاریاں

ہزاروں آدمیوں کی بھرتی

ہانگ کانگ ۱۶ فروری۔ ہانگ کانگ کے گورنر جنرل ... جزیرہ کے دفاع کی بھرتی کی اپیل ... اور مقامی باشندے بھرتی کے مرکز میں جمع ہو گئے ... حکام کی توقعات سے کہیں زیادہ رہی۔ حکام کو توقع ہے کہ وہ چار ہزار رنگروٹ ہنگامی حالت میں جزیرہ کے دفاع کے لئے بھرتی کر سکیں گے۔

ہوائی اڈہ کھول دیا گیا

رنگون ۱۷ فروری۔ [illegible] سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ رنگون سے ... میل دور ... کا ہوائی اڈہ اب مسافروں کے ہوائی جہازوں کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ یہ اڈہ کچھ عرصہ سے باغیوں کی سرگرمی کی وجہ سے بند کر دیا گیا تھا۔

شام تک جاپان میں نئی وزارت بن جائیگی

ٹوکیو ۱۷ فروری۔ مسٹر شیگیرو یوشیدا جاپان کے دوبارہ وزیر اعظم منتخب ہو گئے ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ ... [illegible] پارٹی نے اعلان کیا کہ ان کی پارٹی مجوزہ مشترکہ وزارت میں شامل نہیں ہوگی۔ [illegible]

ایرانی حکومت کی طرف سے روس کو اہم یادداشت

شاہ ایران کے قتل کی کوشش پر پارلیمنٹ میں بیان

طہران ۱۶ فروری۔ حکومت ایران نے روسی سفارت خانہ کو اطلاع دی ہے کہ ایرانی پارلیمنٹ میں شاہ ایران کے قتل کی کوشش پر جو بیان دیا گیا ہے وہ ایرانی حکومت کا نقطہ نظر ہے ... قاتل کے خیالات ... اس کی ڈائری میں درج تھے۔

حکومت ایران کو ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ روسی سفارت خانہ کے سامنے اپنی پوزیشن کو صاف کرے۔ شاہ ایران پر جس شخص نے فائر کیا تھا ... [illegible]

قاتل کے پاس سے ایک ڈائری برآمد ہوئی ہے جس میں درج ہے کہ ایران کے ... [illegible]

کل جو یادداشت روسی سفارت خانہ کو پیش کی گئی ہے اس میں ... پارلیمنٹ کے بیان کی وضاحت کر دی گئی ہے ... [illegible]

روس سے سفارتی تعلقات ٹوٹ جانے کا امکان

لندن ۱۷ فروری۔ [illegible]

[illegible] ... کر رہے ہیں۔

[illegible] (اے پی)

ہنگری اور یوگوسلاویہ میں اعصابی جنگ شروع ہو گئی

دونوں ممالک کی ایکدوسرے پر الزام تراشیاں

یوگوسلاویہ سے سات اہم مسائل کے بارے میں جواب طلبی

بوڈاپسٹ ۱۶ فروری — [illegible]

(۳) یوگوسلاویہ نے گذشتہ سال ... [illegible]

(۴) ... [illegible]

(۵) ... [illegible]

(۶) ... [illegible]

(۷) ہنگری کے طیاروں کو یوگوسلاویہ کے علاقوں پر خواہ مخواہ طویل پرواز کرنے کے لئے مجبور کیا جاتا ہے۔

طلبا پر کنٹرول کیلئے پولیس کی طلبی

امرتسر ۱۶ فروری۔ خالصہ کالج کے پرنسپل کو طلبا پر کنٹرول رکھنے کے لئے پولیس کو طلب کرنا پڑا۔ کیونکہ انہوں نے ... امتحان ... سے انکار کر دیا تھا ... [illegible]

چائے کا ذائقہ معلوم کرنیکی غرض سے پاکستان اور لنکا کے سفیروں کی دعوت

لندن ۱۷ فروری۔ چائے کا ذائقہ جانچنے کی ایک تقریب میں دوسرے سفیروں کے ساتھ ہند، پاکستان اور لنکا کے سفیر ... [illegible]

مشرقی پاکستان میں اقلیتوں کی حفاظت

ڈھاکہ ۱۷ فروری۔ مشرقی بنگال کی حکومت کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ مشرقی پاکستان کی اقلیتوں کی حفاظت اور ان میں اعتماد پیدا کرنے کے لئے ان کے صوبائی اور ضلع ... بورڈ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

یہ بورڈ اقلیتوں کی شکایات کو فوراً متعلقہ حکام کے علم میں لائیں گے اور اس کی نگرانی کریں گے کہ ان شکایات کو فوراً دور کیا جاتا ہے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کی یادگار

الہ آباد ۱۷ فروری۔ [illegible] ... ابوالکلام آزاد ... [illegible]

لاہور سے ہندو سکھ پاگلوں کی آمد

شملہ ۱۶ فروری۔ لاہور کے پاگل خانہ سے ۳۳۲ ہندو اور سکھ امرتسر پہنچ گئے ہیں ... [illegible]

گورنر بمبئی اورنگ آباد میں

اورنگ آباد ۱۶ فروری۔ گورنر بمبئی معہ اپنی بیوی کے ... [illegible]

سری پرکاش گوہاٹی پہنچ گئے

گوہاٹی ۱۶ فروری۔ آسام کے نامزد گورنر مسٹر سری پرکاش کل ... ہوائی جہاز سے ... پہنچے ... [illegible]

سردار پٹیل میسور کو

دہلی ۱۷ فروری۔ سردار پٹیل ۲۲ فروری کو ریاست میسور جائیں گے اور ایک دن وہاں قیام کرنے کے دوسرے دن بنگلور آئیں گے اور ۲۵ فروری کو بنگلور سے حیدرآباد کو روانہ ہو جائیں گے۔

ٹینس کی گیند پر جھگڑا

کراچی ۱۶ فروری۔ [illegible]

[illegible]

برما میں مقیم ہندوستانی مراجعت وطن کے لئے بیقرار ہیں

رنگون ۱۷ فروری۔ کل ایک ... ہندوستانیوں نے ... [illegible]

برطانوی پارلیمنٹ میں برما انڈونیشیا پر سوالات

حکومت برطانیہ برما کی حکومت کو ہتھیار سپلائی کر رہی ہے

لندن ۱۵ فروری۔ کل برطانوی پارلیمنٹ میں ممبر پارٹی کے ایک ممبر ... [illegible]

[illegible]

بہار اسمبلی

(بقیہ صفحہ ۳)

بہار اسمبلی کے اسپیکر نے بحث میں مداخلت کرتے ہوئے ... [illegible]

کوریا اور اقوام متحدہ کی ممبری

لیک سکسیس ۱۵ فروری۔ شمالی کوریا کی جمہوری حکومت نے اقوام متحدہ کی ممبری کی درخواست پیش کی ہے ... [illegible]

ہانگ کانگ میں داخلی گڑبڑ اور سرحد پر جھگڑوں کا امکان

نو آبادی کی حفاظت کیلئے تقریباً پانچ ہزار افراد کی بھرتی

ہانگ کانگ ۱۶ فروری۔ [illegible]

عام ہڑتال کا خطرہ

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

دو ہزار سال کے بعد یہودیوں کی پہلی دستور ساز اسمبلی کا اجلاس

برطانیہ امریکہ اور فرانس کے سفیروں نے شرکت نہیں کی

بیت المقدس ۱۵ فروری۔ دو ہزار سال کی طویل مدت میں یہودیوں کی پہلی دستور ساز اسمبلی کا اجلاس بیت المقدس میں شروع ہوا۔ اجلاس کا افتتاح اسرائیل کے عارضی صدر ڈاکٹر ... وائزمین نے کیا۔

[illegible]

آئزن پر کرین باغیوں کا قبضہ

[illegible]

پاکستان اور ایران کے یہودی

اقوام متحدہ میں یہودیوں کی شکایت

لیک سکسیس ۱۵ فروری۔ [illegible]

راج پرمکھوں کی کانفرنس

[illegible]

جھاجھا دینا پور سکشن پر ہلاک ہونیوالوں و مجروحین کی تعداد

[illegible]

برطانوی وزیر خارجہ کی روس کے خلاف ترکی کو یقین دہانی

امریکہ اور برطانیہ سے ترکی دوستی کی تصدیق۔ بیون نجم الدین ملاقات کا نتیجہ

لندن ۱۵ فروری (رائٹر)

معلوم ہوا ہے کہ ترکی کو آج برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون نے ترکی کے وزیر خارجہ مسٹر نجم الدین صادق کو آج یہ اطمینان دلایا ہے کہ ... [illegible]

[illegible]

آسٹریلیا میں ناجائز اسلحہ کی برآمد

[illegible]

برطانیہ امریکہ اور فرانس نے اسرائیلی اسمبلی میں شرکت سے انکار کر دیا

یروشلم میں اجلاس منعقد کرنے کے خلاف ان ممالک کا احتجاج

لندن ۱۵ فروری (اے پی)

کل برطانوی دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے اس بات کی تصدیق کر دی کہ ... [illegible]

دہلی میں پھر لساؤ کانفرنس کی تیاریاں

کامیابی کے لئے مسلم لیڈروں کی سرگرمیاں

دہلی ۱۵ فروری۔ [illegible]

اٹلانٹک چارٹر کے متعلق برطانوی وزیر کا بیان

لندن ۱۵ فروری۔ [illegible]

مشرقی بنگال کی طرف سے ۵ کروڑ روپیہ کا مطالبہ

ڈھاکہ ۱۵ فروری۔ [illegible]

ضرورت کلرک

[illegible]

منیجر رسالہ آستانہ ... نزد ڈاک خانہ جامع مسجد دہلی

آزادی کے مجاہد

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب ...

حیات شیخ الہند

[illegible]

قومی کتاب گھر دیوبند یوپی

وہ بنڈل تھا

یہ لیبل ہے اور کس طرح بتاؤں کہ یہ اصلی بیڑی ستارہ چھاپ ہے جو سمجھدار آدمی پیتے ہیں۔

میسرز ... ایم حنیف ... دہلی

حکم امتناعی در حالیکہ جائداد غیر منقولہ ...

بعدالت جناب ... بہادر

[illegible]

اشتہار

بذریعہ اس اشتہار کے اطلاع دی جاتی ہے کہ ... [illegible]

مسماۃ ... فاطمہ دختر شیخ ... برمکان محمد اختر حسن ... وکیل

عدالت دیوانی مرادآباد

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

منیجر صنوبر ہوٹل — نمبر ۱۰۹ — فراش خانہ دہلی

ہند پارلیمنٹ میں وزیر ٹرانسپورٹ نے ریلوے بجٹ پیش کردیا

نو کروڑ چوالیس لاکھ روپیہ کی بچت کا تخمینہ

کرایہ اور محصول میں کوئی فرق نہیں پڑے گا

تیسرے درجہ کے مسافروں کو مزید سہولیات دینے کا وعدہ

انکو ختم کیا اس سے ریلوں میں کام کرنے والوں مزدوروں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا ان کی قوت خرید تو بڑھ جائے گی لیکن ... یہ اسباب کا ضرورت ہے کہ قوم کا ہر فرد ... اور قربانی سے کام لے ... یقین ہے کہ ریلوے مزدور ایسے لوگوں کے دھوکے میں نہیں آئیں گے جو ٹریڈ یونین کے نام پر فائدہ کی خاطر ناجائز طور پر گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

رشوت ستانی کے خلاف مہم

نئی گروپ بندی اور جدید تنظیم

مال کی نقل و حمل

مزدوروں کے مطالبات

ہند پارلیمنٹ میں بنکنگ بل

مزید دفعات کی منظوری

نئی دہلی۔ ۱۰ رفروری۔ آج پارلیمنٹ نے وزیر خزانہ کی تحریک پر پبلک کمپنیوں کے منافع کی تقسیم پر پابندیوں کے بل پر سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد ...

(ا۔پ)

بجٹ ایک نظر میں

(۱۹۴۹-۵۰)

مجموعی آمدنی — ۲ ارب ۱۰ کروڑ روپیہ

مجموعی خرچ — ایک ارب ۲۰ کروڑ ۱۲ لاکھ

بچت — ۹ کروڑ ۴۴ لاکھ

(۱۹۴۸-۴۹)

نظرثانی شدہ مجموعی آمدنی — ۲ ارب ۴ کروڑ ۵ لاکھ روپیہ

بجت — ۵ کروڑ ۸۳ لاکھ

سر راما راؤ کی دعوت

نئی دہلی۔ امریکہ میں ہند کے سفیر سر بینیگال راما راؤ اور لیڈی راما راؤ کو پاکستان کے سفیر مرزا ابوالحسن اصفہانی اور میڈم اصفہانی نے ایک الوداعی پارٹی دی۔

ڈھائی لاکھ روپے غائب

روسی برلن سے ہیڈ کوارٹر تبدیل کرینگے

برلن ۱۰ رفروری۔ برطانیہ سوشلسٹ ... اخبار نے نقل کیا ہے کہ روسی فوجی حکام برلن کے مضافات کارلس ہورسٹ سے ... منتقل ہونے کی تیاری کر رہے ہیں۔

روس اسّی لاکھ سے زیادہ قیدیوں سے جبریہ محنت کراتا ہے

امریکی نمائندہ کا مجلس متحدہ اقوام کی سماجی کونسل سے تحقیقات کا مطالبہ

لیک سکسس ۱۰ رفروری (ا۔پ)

کل امریکہ نے روس پر یہ الزام لگایا کہ اس کے لیبر کیمپوں میں ۸۰ لاکھ سے ایک کروڑ ۴۰ لاکھ کے درمیان غلام ہیں لہٰذا مجلس متحدہ اقوام کی اقتصادی اور سماجی مجلس مرکز اس سلسلہ میں جانبدارانہ تحقیقات کرانی چاہئے۔ امریکی نمائندہ مسٹر تھراپ نے کہا کہ اس سلسلہ میں کافی معلومات ہوئی ہیں جنہیں ہم ... شامل کر سکتے ہیں ... اس الزام کی تائید کرتے ہیں کہ سوویٹ یونین کے ... جبریہ محنت مزدوری کرائی جاتی ہے۔

مسٹر تھراپ نے کہا کہ گذشتہ اکتوبر میں روسی ڈپلومیٹ ... نے اس بات کو تسلیم کیا تھا ... مزدوروں کے اصلاحی کیمپ ... کی تعداد نہیں بتائی۔

اس کے بعد مسٹر تھراپ نے حسب ذیل سوالات دریافت کئے:

(۱) ان کیمپوں میں مقید لوگ کن جرائم کے مرتکب ہیں؟

(۲) انکی کس طرح پر اصلاح کی جاتی ہے؟

(۴) کیا ان کو باہر کے لوگوں سے خط و کتابت کی اجازت دی جاتی ہے؟

(۵) کیا قیدیوں کے خاندانوں کے تمام افراد کی بھی اصلاح کی جاتی ہے؟

(۶) ان کیمپوں میں مرنے والوں کی تعداد کیا ہے؟

مسٹر تھراپ نے کہا کہ ان میں سے کسی ایک سوال کا بھی روس جواب نہ دے سکے گا۔ اس کے بعد کونسل کا اجلاس اگلے دن کے لئے ملتوی ہوگیا۔

یمن اور برطانیہ میں تجارتی معاہدہ

لندن میں آج کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ... یمن ... کے مابین تجارتی تعلقات کے قیام کے سلسلہ میں ... گفتگو ... ہے ... برطانیہ کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کرنے کے متعلق خواہش ظاہر کی تھی ... قائم کیا جائے۔ (گلوب)

فلسطین کے مصیبت زدگان کی امداد

لندن ۱۰ رفروری۔ اسی ہزار عرب ... جو اس وقت ... برطانیہ کے محکمہ فضائیہ کے طیارے انہیں خوراک وغیرہ مہیا کر رہے ہیں ... تاکہ ... کی تباہ و بربادی سے بچ جائیں ... (گلوب)

انڈونیشیا کو چاول کی سپلائی

سنگاپور ۱۰ رفروری۔ ری پبلکن حکومت ...

بین الاقوامی انجمن نے یہ کوٹہ ری پبلکن حکومت کو دیا تھا۔ لیکن چاول کی یہ مقدار انہیں سپلائی نہیں کی جاسکتی۔ کیونکہ ری پبلکن حکومت کی قلمرو میں کوئی بندرگاہ نہیں رہا تھی بین الاقوامی انجمن نے بھی اس وقت اس سلسلہ میں کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ حکومت سیام نے چاول کی یہ مقدار انڈونیشیا کی حکومت کو سپلائی کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

شمالی افریقہ میں ہوائی اڈہ کی تلاش

سنگاپور میں پانچ ہزار اشخاص بیکار

لندن ۱۰ رفروری۔ اس وقت سنگاپور میں تقریباً پانچ ہزار ملاح وغیرہ بیکار ہیں جن کی وجہ سے حکومت کو بڑی پریشانی ہو رہی ہے ... (گلوب)

بھٹنڈہ جیل میں ۲۱۰ قیدیوں کیلئے صرف بیس کمبل

پٹیالہ۔ ۱۰ رفروری ... بھٹنڈہ جیل ... اس جیل میں ۲۱۰ قیدی ہیں۔ جبکہ ان کے لئے صرف ۲۰ کمبل ہیں ...

حکومت پاکستان نے اسلامی ممالک کی کانفرنس سے لاتعلقی کا اظہار کردیا

کراچی ۱۰ رفروری۔ حکومت پاکستان کی وزارت امور خارجہ ... حسب ذیل پریس نوٹ شائع کیا ہے۔

حکومت پاکستان کی توجہ اخبارات کی ایک خبر کی طرف ... کرائی گئی ہے ... کراچی میں ایک کانفرنس ... جس میں تمام اسلامی ممالک کے نمائندے شریک ہونگے ... حکومت پاکستان ... اس کانفرنس ... سے کوئی تعلق نہیں ہے ...

مسٹر بیون برلن جائیں گے

یونین ہوٹل

دہلی کا سفر کرو

بلیماران دہلی میں قیام کرو جہاں بہترین کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے۔

صداقت کا امتحان کیجئے

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۰ رفروری سنہ ۱۹۴۹ء

جمہوریت کی تجربہ گاہیں

ڈیماکریسی، جمہوریت، کے معنی ہیں عوام کی حکومت عوام کے ذریعہ، عوام کے فائدہ کے لئے یہ سیاسی جمہوریت ہے سرمایہ پرستانہ جمہوریت کا مطلب ہے، سرمایہ داروں کی حکومت سرمایہ داروں کے ذریعہ، سرمایہ داروں کے فائدہ کے لئے، ایک تیسری جمہوریت بھی ہے جسے نسلی جمہوریت کہا جاتا ہے، یعنی سفید فاموں کی حکومت، سفید فاموں کے ذریعہ، سفید فاموں کے فائدہ کے لئے! آپ دنیا کے سیاسی نظاموں پر ایک نظر ڈالئے، خالص سیاسی جمہوریت آپکو کہیں نظر نہ آئے گی، کسی جگہ سیاسی، نسلی اور سرمایہ دارانہ جمہوریتیں بیک وقت ... کسی مقام پر سیاسی اور نسلی جمہوریتوں کا اجتماع ہوگا، کہیں سیاسی اور سرمایہ دارانہ جمہوریتیں یکجا نظر آئیں گی، ایک ایسی حکومت جسے ہم انسانوں کی حکومت، انسانوں کے ذریعہ اور انسانوں کے فائدہ کے لئے، کہہ سکیں کہیں نظر نہ آئے گی، کسی جگہ مزدوروں کی حکومت مزدوروں کے ذریعہ اور مزدوروں کے فائدہ کے لئے، بھی قائم نظر آئے گی مگر ایسی حکومت جو صرف انسانوں کی ہو، انسانوں کے ذریعہ حکومت کرتی ہو، اور انسانیت کی بھلائی کے لئے، ہو، اس کائنات میں بے نام و نشان ہے!

آپ امریکہ پر نظر ڈالئے، اسے اگر ہم جمہوریت اور حقوق کا گہوارہ ... لیکن عوام سے مراد سرمایہ دار اور سفید لوگ ہیں، یعنی یہ ایک ایسی جمہوریت ہے جو بیک وقت سیاسی بھی ہے اور نسلی اور سرمایہ دارانہ بھی! چنانچہ وہاں امریکہ کے قدیم باشندوں کو جنہیں حبشی کہتے ہیں، شہری اور سیاسی حقوق حاصل نہیں ہیں، نہ تو انتخابات میں حق رائے دہی کا استعمال کر سکتے ہیں، نہ ان پر فوجی ملازمت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں حتی کہ انہیں عام پارکوں، اسکولوں، ہوٹلوں اور ریل کے ڈبوں کو بھی استعمال کرنے کی اجازت نہیں اور نہ وہ وہاں کے عام شہری قوانین سے کوئی فائدہ اٹھا سکتے ہیں! کوکلکس کلان KU.KLUX.KLAN کی بے ... پناہی کا یہ حال ہے کہ وہاں سفید باشندے حبشی باشندوں کو ہر قسم کی سزا دینے کا اختیار رکھتے ہیں، آئے دن سفید باشندوں کے ہاتھوں حبشیوں کو زندہ جلا دینے کے واقعات پیش آتے رہتے ہیں اور ان پر لنچنگ LYNCHING ...

ہندوستان کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ یہ قدیم زمانہ سے ذات پات، چھوت چھات، نسلی امتیاز اور انسانی تفریق کا گہوارہ رہا ہے تو یہ کوئی نئی بات نہ ہوگی آزادی کے بعد ہمارا حکومت نے محسوس کر لیا کہ ... انسانیت کے اس دور میں نسلی منافرت کا درخت بار آور نہ ہونا چاہئے، ورنہ ملک کی جمہوریت خاک میں مل جائے گی چنانچہ دستور ساز اسمبلی میں چھوت چھات کے خلاف قانون منظور کیا گیا اور صوبائی حکومتوں نے اسے مٹانے کیلئے قدم اٹھایا، لیکن وہ رواج اور عادت جو مذہب کے سہارے فطرت بن گئی ہو اس کے دانت قانون کی ضربوں سے نہیں ٹوٹ سکتے، قانون زیادہ سے زیادہ یہی تو کر سکے گا کہ ایک اچھوت کو کسی برہمن کے ہوٹل میں گھسا دے اس پر مندروں اور کنوؤں کے دروازے کھول دے لیکن وہ یہ نہیں کر سکتا کہ ایک برہمن کو ایک اچھوت حلوائی کی دوکان سے مٹھائی لینے پر مجبور کرے یا ایک ادنیٰ ذات کے ہندو کو ایک اعلیٰ ذات کا ہندو اپنی لڑکی دینے پر مجبور ہو جائے! چھوت چھات کو دور کرنے کے لئے حکومت نے جو انسانیت نواز پالیسی اختیار کی ہے اس کی موجودگی میں بنارس کی یہ اطلاع حیرت سے پڑھی جائے گی کہ سنسکرت ... ہندو یونیورسٹی کے پرنسپل صاحب نے ... انکار کر دیا کہ وہاں جو جلسہ ہوگا اس کی صدارت مسٹر جگ جیون رام وزیر لیبر حکومت ہند فرمائیں گے اور چونکہ جگ جیون رام صاحب ہریجن ہیں اسلئے پرنسپل صاحب نے صاف کہہ دیا کہ سنسکرت مہا ودیالہ کی عمارت میں ایک ہریجن کو داخلہ کی اجازت نہیں دیجا سکتی۔

ذات پات اور نسل کے امتیازات نے ہندوستان کو اس قدر نقصان پہونچایا ہے جس کا روشن خیال ہندو بھی ادراک کئے بغیر نہیں رہ سکتے، جات پات توڑک منڈل کے پریذیڈنٹ مسٹر سنت رام کو آخر کہنا ہی پڑا کہ "آپس کے کھان پان اور بیاہ شادی کے معاملہ میں ہندوؤں کی مختلف ذاتیں ... پڑیا کر ...

بہت جلد ہوش آیا

اچھی باتیں

فانظر الی آثار۔ تا۔ قدیر (پ ۲۱ ع ۸)

ذرا خدا کی رحمتوں کی نشانیوں پر تو نظر ڈالو کہ وہ مردہ زمین کو کس طرح زندہ کر دیتا ہے اور اسی میں اس بات کا ثبوت ہے کہ خدا مردوں کو بھی زندہ کر دے گا اور وہ اپنے چاہنے اور کرنے پر پورا قادر ہے۔

قرآن کا یہ اسلوب ہے کہ وہ پہلے مادی چیزوں کا بیان کرتا ہے اور پھر ان سے روحانیات پر استدلال کرتا ہے فرمایا کہ جب زمین بالکل مردہ ہوجاتی ہے اور لوگ سمجھتے ہیں زمین نشوونما سے بالکل محروم ہو چکی ہے تو بادلوں سے پانی برستا ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ زمین جو خاک اڑا رہی تھی گلزار اور سبزہ زار بن جاتی ہے ... سے اس کے اعمال کی بازپرس کرے؟ یقیناً خدا قادر ہے اور جب قادر ہے تو ہر انسان کو سوچ لینا چاہیے کہ اسکا حساب و کتاب ٹھیک ہے یا نہیں؟

ہند پارلیمنٹ میں سوالات:

صنعت و حرفت کی ترقی کیلئے حکومت ہند کا اقدام

ریڈیو وغیرہ اب ہندوستان ہی میں تیار ہوا کریں گے

نئی دہلی ۱۰ رفروری۔ آج ہند پارلیمنٹ میں خوراک اور صنعت و حرفت کے سلسلہ میں متعدد سوالات کئے گئے ... وزیر خوراک نے مسٹر ... کے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت ان چیزوں کو ملک کے اندر تیار کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ آپ سے جب سوال کیا گیا کہ ... ترکاریاں جو ہندوستان میں تیار ہوتی ہیں وہ سستے داموں میں فروخت ہوتی ہیں تو اس کا جواب وزیر خوراک نے دیا۔ وزیر خوراک نے مزید بتایا کہ ۱۹۴۸ء میں ... ۶۵۰ ٹن ترکاریاں جن کی قیمت ۱۱ لاکھ ہے ... منظور کیا گیا۔

کشمیر کمیشن

کشمیر کمیشن نے پاکستانی لیڈروں سے ملاقات کی اور اب وہ ہندوستانی لیڈروں سے گفتگو کر رہا ہے ...

رشوت کا معاملہ

کنٹرول پالیسی

ایران کا مستقبل

مسلمان ہرگز نہ گھبرائیں مصائب کے بادل ایکدن ضرور چھٹ جائینگے

پورنیہ کے دورے میں مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی ولولہ انگیز تقریر

پورنیہ ۱۰ رفروری (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند شہر پورنیہ میں تشریف لائے آپ نے اسی دن ۲ گھنٹہ ۵۵ منٹ تک پورنیہ ٹاؤن ہال میں جمعیۃ علماء کے ایک عظیم الشان جلسے میں تقریر فرمائی۔ جمعیۃ کے جلسے کے علاوہ رات کو سیرت رسولؐ کے ایک جلسہ میں بھی آپ نے زبردست تقریر فرمائی۔ ۲۹ رجنوری کی صبح کو مولانا بانسی (ضلع پورنیہ) تشریف لے گئے یہاں بھی جمعیۃ کی طرف سے جلسہ کا انتظام تھا۔ یہاں مولانا نے ایک مختصر مگر جامع تقریر فرمائی پھر اسی دن ۴ بجے کشن گنج (ضلع پورنیہ) میں جمعیۃ کے جلسہ میں مولانا نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی (رات کو کشن گنج کے ... جلسہ سیرت میں مولانا نے تقریر فرمائی۔

۳۰ رجنوری کو ... میں ایک جلسہ جمعیۃ علماء کی طرف سے منعقد ہوا ... لوگ بہت کافی تعداد میں شریک ہوئے ... یہاں کا جلسہ تمام جلسوں سے زیادہ شاندار رہا اس جلسہ میں مولانا نے بہت ہی پرجوش تقریر فرمائی (یہاں بھی شب کو مولانا نے سیرت پر ایک بے مثال تقریر فرمائی)

حضرت مولانا کا دورہ نہایت ہی کامیاب رہا جلسوں میں مسلمانوں کے علاوہ ہندو بھی کافی تعداد میں شریک ہوتے سب لوگوں نے مولانا کی تقریر سے کافی اثر لیا حضرت مولانا نے اپنے دورے میں مسلمانوں کو جو اہم اور ضروری ہدایات دیں ہیں ان کو اختصار کے ساتھ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

جمعیۃ کا فارمولا

اس کے مقابلہ میں جمعیۃ کا فارمولا تھا کہ کیبنٹ مشن پلان ... کی شکست ... اور کوئی تجویز مسلمانوں کے متعلق زیر بحث آئے تو اگر مسلمانوں کی اکثریت ... کہدے کہ یہ قانون ہمارے مذہب کے لئے مضر ہے تو یہ قانون ہی نہیں بن سکتا۔

مولانا آزاد کی صدارت کے طفیل ... مسلم لیگ نے اس نظریہ کی مخالفت کی۔ اور اس کو ناکام کردیا۔

بغیر خونریزی کے بھی پاکستان بن سکتا تھا

بزدلی کو دور کرو

پاکستان ہم کو کیسے جتایا

جمعیۃ کے ساتھ تعاون

کیا پاکستان اسلامی حکومت ہے

فرقہ پرستی کی جالبازی

مسلمان سمجھ کو جماعتیں

(باقی صفحہ ۴ پر)

(باقی صفحہ ۷ پر)

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ اگر غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ بوشاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

کانفرنس جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا پنڈال جمعیۃ نگر سے موسوم کیا گیا

چترا بذریعہ ڈاک۔ جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی کانفرنس جو چترا ضلع ہزاری باغ میں ۲۸ فروری و یکم مارچ ۱۹۴۹ء کو ہو رہی ہے [illegible] کی مجلس استقبالیہ نے جمعیۃ نگر [redacted] سے موسوم کیا ہے۔

مجلس استقبالیہ کے فیصلہ کے مطابق پنڈال کمیٹی سرگرم جمعیۃ نگر میں پچاس ہزار نشستوں کے انتظامات میں [illegible] سے بہت مصروف ہو گئی ہے لیکن پنڈال کی تشکیل میں [illegible] پیدا کی جائے جمعیۃ نگر میں داخل ہونے والے دروازے کا نام مدنی گیٹ رکھا گیا ہے۔

صوبہ یوپی کی جمعیتوں کے نام سرکلر نمبر ۹

جمعیۃ علماء صوبہ کی درخواست پر جمعیۃ علماء ہند نے اپنا سالانہ اجلاس لکھنؤ میں کرنے کا فیصلہ [illegible]

[illegible] اجلاس اہم ترین ہوگا [illegible] اور صوبہ متحدہ کی سابق روایات کے مطابق [illegible] ہے ہم یہ فرض اور صوبہ جمعیۃ کا یہ فرض تمام اضلاع کی اجتماعی کوششوں سے ہی پورا ہو سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء صوبہ نے اضلاع کے لئے ایک رقم مقرر کر دی ہے۔ آپ کے ضلع سے اس سلسلہ میں رقم فراہم ہونی چاہئے۔ لہذا جناب سے اور جناب کے ذریعہ تمام جمعیۃ علماء ضلع اور ان کی شاخوں سے استدعا ہے کہ وہ اس رقم کو جلد از جلد فراہم کر کے دفتر صوبہ کو بھیج دیں۔ یہ رقم ۵ مارچ تک دفتر صوبہ میں پہنچ جانا چاہئے۔ اگر اس رقم سے زیادہ فراہم ہونا ممکن ہو اور اس سلسلہ میں کسی کا آپ کے یہاں پہنچنا ضروری ہو تو دفتر کو لکھئے۔

(مولانا) شاہد فاخری صدر صوبہ جمعیۃ علماء مولانا محمد قاسم ناظم اعلیٰ)

مجلس منتظمہ صوبہ دہلی

جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ کے لئے ضلع وار حسب ذیل ارکان منتخب ہوئے۔

ضلع نمبر ۱ کشمیری دروازہ مولانا محمد رفیع صاحب عبدالعزیز صاحب [illegible]

بدرالدین صاحب انصاری حکیم الدین صاحب انصاری۔ عقیل الرحمان صاحب۔ رفیق احمد رحمانی صاحب۔

ضلع نمبر ۲ پھاٹک حبش خاں محمد ادریس صاحب [illegible]

عتیق الرحمان صاحب۔ محمد احمد صاحب [illegible] قاری شریف احمد صاحب۔ عبدالرشید صاحب۔ محمد رشید علی صاحب بی۔ اے۔ شوکت حسین صاحب نسیم احمد صاحب۔ محمد یوسف صاحب۔ شیخ احمد صدیق صاحب۔ بابو محمد مستقیم صاحب۔ شیخ محمد اسلام صاحب۔ مولوی محمد ادریس صاحب۔ حاجی عبدالکریم صاحب۔

ضلع نمبر ۳-۴ کوچہ رائمان محمد شفیع صاحب [illegible]

ضلع نمبر ۷ کلاں مسجد حکیم محمد عظیم صاحب جامعی حافظ عبدالرحمان صاحب

ضلع نمبر ۸ بھوجلہ پہاڑی حکیم محمد عبدالحفیظ صاحب محمد مرزا صاحب عبدالمجید

صاحب۔ محمد اسحاق صاحب سلطان مرزا صاحب۔ عبدالسلام صاحب [redacted] [illegible] محمد صدیق صاحب [illegible] رفیق عزیز بیگ صاحب۔ انوار احمد صاحب۔ برکت حسن صاحب۔ نورالحق صاحب۔ محمد رفیق قریشی بی۔ اے۔ [illegible] منشی محمد صدیق [illegible]

صاحب۔ سید محمد ادریس [illegible] ریاض الدین صاحب [illegible] ظہیرالدین صاحب [illegible] عبدالرحمان [illegible]

[illegible]

مولانا عبدالرحمن صاحب [illegible] مولانا عبداللطیف صاحب۔ مفتی محمد عتیق الرحمان صاحب۔ مولانا سید محمد فاروق صاحب۔ حکیم عبدالشکور صاحب۔

ضلع نمبر ۱۱ بارہ ہندو راؤ حاجی عبدالجلیل صاحب [illegible] سوت والے۔

رحیم بخش صاحب۔ منظور حسین قاسمی صاحب۔ حافظ محمد عثمان صاحب۔ حکیم محمد اسمٰعیل صاحب۔ حکیم عبدالجلیل صاحب۔

ضلع نمبر ۱۲ قصاب پورہ وغیرہ خواجہ عبداللہ [illegible] عبدالکریم [illegible]

صاحب۔ غیاث الدین صاحب۔ محمد جمیل صاحب۔ محمد اشفاق صاحب۔ [illegible] صاحب۔ حافظ عبدالحمید صاحب۔ امیر بخش صاحب۔ فخرالدین صاحب۔ ابن احمد بخش صاحب۔ حسام الدین صاحب۔ حافظ بشیرالدین صاحب۔ ابوالحسن صاحب۔ فخرالدین صاحب۔ ابن محمد الدین صاحب۔ محمد نذیر صاحب۔ شفیق الدین صاحب۔ ماسٹر [illegible] صاحب۔ [illegible] محمد حنیف صاحب۔ حافظ غیاث الدین صاحب۔ مولوی نور محمد صاحب۔ عبدالخالق صاحب۔ شیخ علاؤالدین صاحب۔ مولانا عبدالرحیم صاحب۔ شمس الدین صاحب۔ ڈاکٹر تاج الدین صاحب۔ حافظ علی محمد صاحب۔ اسلام الدین صاحب۔ محمد امین صاحب۔

بستی نظام الدین دہلی [illegible]

[illegible]

ضلع مہرولی [illegible]

ضلع نمبر ۷ کا انتخاب [illegible]

[illegible]

مراسلات

(اڈیٹر کا مراسلہ نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی کے پولیس افسران کی خدمت میں گزارش

دہلی سبزی منڈی میں بہت پرانا اور بڑا قبرستان ہے اس میں ایک مسجد بھی ہے اور مسجد کے متصل ایک بڑا کمرہ ہے جس میں جنازہ کی نماز ہوا کرتی تھی۔

فساد کے بعد سے آج تک اس قبرستان کے دروازے مسلمانوں پر بند ہیں۔ قبرستان میں جتنی کچی پکی قبریں تھیں اور ان پر جتنے بھی کتبے تھے سب ٹوٹے پڑے ہیں۔ قبریں اب گڑھوں کی صورت میں ہیں جن میں صبح شام وہاں کے رہنے والے پاخانہ پیشاب کرتے [redacted] [illegible] کمرہ جہاں نماز جنازہ ہوا کرتی تھی وہ کمرہ شرنارتھیوں کا گھر بنا ہوا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ سر ظفر اللہ نے یہ بیان ایک غیر ملکی نامہ نگار کو [illegible] پاکستان کے تعلقات کے بارے میں دیا۔ بعض عرب ممالک کے اور پاکستان کے تعلقات کے بارے میں وزیر خارجہ نے حسب ذیل بیانات دیئے۔ [illegible] یہودی ریاست اسرائیل کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا پاکستانی حکومت اسرائیل کو کبھی تسلیم نہیں کرے گی [illegible] انڈونیشیا کی بابت سر ظفر اللہ نے بتایا کہ پاکستان کی خواہش ہے کہ ان تمام محکوم ممالک میں غیر ملکی اقتدار کا خاتمہ ہو جائے جہاں کے لوگ اپنے معاملات کا انتظام خود کرنا چاہتے ہیں۔

امریکن سکریٹری کا استعفیٰ

واشنگٹن ۲۱ فروری۔ کل رات اعلان کیا گیا ہے کہ امریکن فوج کے نائب سکریٹری میجر جنرل ولیم ڈریپر ۲۸ فروری کو استعفیٰ دیدینگے۔ انہوں نے صدر امریکہ کو ایک خط میں لکھا ہے کہ وہ اب نجی زندگی گذارنا چاہتے ہیں۔

ہالی وڈ میں بم کے دھماکے

ہالی وڈ ۱۹ فروری۔ ڈائنامیٹ سے بھری ہوئی ایک لاری کے پکڑے جانے پر پولیس کو پتہ چلا ہے کہ شہر کو اڑا دینے کی سازش کی گئی ہے۔ [illegible]

ریلوے ملازمین سے ۹ مارچ کو ہڑتال نہ کرنے کی اپیل

انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کی تجویز

دہلی ۲۱ فروری۔ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس [illegible] منعقد ہوا جس میں ریلوے مزدوروں سے اپیل کی گئی کہ وہ کمیونسٹوں کی مجوزہ ۹ مارچ کی ہڑتال میں حصہ نہ لیں [illegible] اجلاس میں ریلوے مزدوروں کو یقین دلایا گیا کہ کمیٹی ان کی تمام شکایات کو دور کرنے کی انتہائی کوشش کرے گی۔ مسٹر ہری ہر ناتھ شاستری نے اجلاس کی صدارت کی۔

پاکستان کا نیا ہوائی افسر

کراچی ۲۱ فروری۔ وزارت دفاع کے ایک [illegible] پاکستان ہوائی فوج کا چارج ایر وائس مارشل [illegible]

مصر کے نئے وزیر اعظم کو تین بار قتل کرنیکی سازش کی گئی

خفیہ سوسائیٹیوں کے ذریعہ حکومت کا تختہ الٹنے کی کوشش

قاہرہ ۲۱ فروری۔ [illegible]

ویٹ نام میں فوجی کارروائی

حکومت فرانس کا اعلان

سیگاؤں ۲۱ فروری۔ [illegible]

بھرا ہوا ریوالور برآمد ہوا

[illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر صنوبر ہوٹل —— نمبر ۱۰۹ —— فراش خانہ دہلی

ماہنامہ "بانو" دہلی کی شاندار پیشکش
فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
حسین کشیدہ کاری
۷۶ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر
حاصل کرنے کے لئے آج ہی سالانہ خریدار بن جایئے۔
سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش
کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک
سال نامہ
سالانہ قیمت صرف پانچ روپے
خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جایئے
ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے
پتہ صرف
منیجر رسالہ "بانو" دہلی لکھئے

یونین ہوٹل
دہلی کا سفر کرو
بلیماران دہلی میں قیام کرو۔ جہاں رہائش
کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے
صداقت کا امتحان کیجئے
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۳ فروری ۱۹۴۹ء

جلاوطنوں کی واپسی

اس ضرورت کا عام طور پر احساس کیا جارہا ہے کہ مہاتما گاندھی کی اسکیم کے مطابق آبادی کا پھر از سرِ نو مبادلہ ہو، مشرقی پنجاب سے ہندو اور سکھ جائیں اور مغربی پنجاب سے مسلمان آکر آباد ہوں، اگر گاندھی جی کی اسکیم کو شروع ہی میں مان لیا جاتا تو گرم گھاؤ میں یہ سب کچھ ہو جاتا اور مشرقی اور مغربی پنجاب میں آمد و رفت پھر شروع ہو جاتی مگر گھاؤ ٹھنڈا پڑ گیا ہے، مہاجرین اور شرنارتھی بہت بڑی حد تک آباد ہو گئے ہیں، واپسی کی توقعات بھی سرد پڑ گئی ہیں اور پھر از سرِ نو مبادلہ کی راہ میں کچھ ایسی مشکلات بھی حائل ہیں جنہیں آسانی سے دور نہیں کیا جا سکتا۔ اب جو حضرات نیک دلی اور ہمدردی کے ساتھ یہ چاہتے ہیں کہ جلاوطن لوگ پھر سے آبائی وطن کو آباد کریں اور اپنے اپنے گھروں میں آکر بسیں انہیں اس مسئلہ کے تمام زیریں اور بالائی پہلوؤں پر بڑی احتیاط کے ساتھ غور کرنا ہوگا اور کوئی آخری فیصلہ کرنے سے پہلے سوچنا ہوگا کہ واپسی کا امکان کس حد تک ہے اور موجودہ فضا میں خود مہاجرین اور شرنارتھی اس کا کس حد تک خیر مقدم کریں گے۔

جو لوگ مشرقی پنجاب سے گئے اور مغربی پنجاب سے آئے ان کی نسبت یہ خیال کرنا بہت بڑی غلطی ہے کہ ان کی آمد و رفت مبادلہ آبادی کے سلسلہ میں تھی، در واقعی انکا آنا اور جانا تبادلہ کے معنوں میں تھا، یہ تبادلہ ہرگز نہیں تھا یہ جان بچانے اور سر چھپانے کی ایک مہم تھی جس کا نہ کوئی ضابطہ [illegible] مغربی پنجاب میں ہندو و مسلمانوں کا [illegible] خونریزی اور بربریت میں جو لوگ موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے ان کا تو ذکر ہی کیا، لیکن جو لوگ جان بچا کر بھاگے اور ہندوستان اور پاکستان میں پہونچ گئے، ان کے علم میں بھی نہ تھا کہ اس طرح انکا تبادلہ ہو رہا ہے وہ تو قتل و تباہی سے بچنے کے لئے بھاگے اور گرتے پڑتے اپنے ٹھکانوں پر پہونچ گئے ورنہ... انہیں یہ معلوم نہ تھا کہ وہ کہاں جا رہے ہیں، کیوں جا رہے ہیں، کیا چھوڑے جا رہے ہیں اور کیا ساتھ لئے جا رہے ہیں، اس ہیبتناک صورت حال کو آبادی کے تبادلہ سے موسوم کرنا انصاف نہیں ہے، ظلم کو چھپانے اور... تبادلہ کے مقدس نام سے خود چھپنے کی ایک ترکیب ہے جو حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح چند ہی ماہ میں ایک کروڑ انسان ادھر سے ادھر کر دیئے گئے اسی طرح چند ماہ میں نہیں تو چند سالوں میں واپسی کی تکمیل بھی... ہو جائے گی، وہ یقیناً غلطی کر رہے ہیں، اگر واقعی مغربی اور مشرقی پنجاب میں دوبارہ ہندو و مسلمانوں کو بسانا ہے تو [illegible] بسانے کی اہمیت کو ملحوظ رکھنا چاہیئے، دوبارہ بسانے کے کچھ اصول ہوں گے، کچھ شرائط ہوں گی کوئی نظام اور ضابطہ ہوگا اور نظام اور ضابطہ کا سوال اٹھتے ہی یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہندو و مسلمانوں کی واپسی جلدی نہیں ہوگی بلکہ پہلے فضا تیار کرنی ہوگی۔ [illegible] کا انتظام کرنا ہوگا [illegible] کرنا پڑے گا، حکومتوں کو راضی کرکے معاملات طے کرنے ہوں گے اور اقلیتوں کی جان و مال، مذہب اور زبان تہذیب و رسوم کے تحفظ کی آخری اور عملی گارنٹی دینی ہوگی، ابھی تو یہ حال ہے کہ جو لوگ جہاں ہیں غیر مطمئن حالت میں ہیں اور چاہتے ہیں کہ اگر دوسری ذہنیں ہیں کوئی ٹھکانا مل جائے تو آبائی وطن کو خیرباد کہہ کر رخصت ہو جائیں، مشرقی بنگال کے ہندوؤں کو بڑی مشکلوں سے روکا گیا ہے، ہندوستان کے مسلمان پریشان ہیں اس لئے دل کی دھڑکن کے ساتھ جہاں ہیں وہیں پڑے ہوئے ہیں، اگر کہیں ان کو بھی ہجرت کا موقعہ ملجائے تو شاید وہ بھی رخت سفر باندھنے کے لئے تیار ہو جائیں گے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہاں کے رہنے میں مسلمانوں کے لئے مشکلات ہیں، مشکل کوئی نہیں، گذشتہ فسادات کے تصور سے انہیں جماؤ اور اطمینان حاصل نہیں، جوں جوں وقت گذرتا جائے گا اور حکومت کی غیر مذہبی حیثیت کے آثار و نتائج سامنے آئیں گے، اضطراب اور ہراس خود بخود دور ہوتا چلا جائے گا، کہنا صرف یہ ہے کہ جب یہیں کے لوگوں کو قرار اور جماؤ حاصل نہیں تو از سرِ نو واپسی کا کام اتنا آسان نہیں جتنا کہ سمجھا گیا ہے واپسی ہو سکتی ہے مگر مطلوبہ شرائط کی تکمیل کے بعد اور جو لوگ اس فرض کو انجام دیں گے وہ یقیناً کسی نہ کسی وقت کامیاب بھی ہو سکیں گے!

ہمیں یہ دیکھ کر افسوس ہوا کہ دہلی میں جو کانفرنس پھر بساؤ کے نام سے منعقد ہو رہی ہے اس کی مخالفت پاکستانی اخبارات میں شروع کر دی گئی ہے اور یہ صاف صاف کہا جا رہا ہے کہ جو لوگ مر پٹ کر پاکستان آئے ہیں وہ کبھی ہندوستان واپس جانے کے لئے تیار نہ ہوں گے اور جب وہی لوگ نہ آئیں گے تو ان کی جگہ یہاں سے کون جائے گا، ہمارے خیال میں پاکستانی اخبارات کی یہ روش بنیادی طور پر غلط ہے، بہت سے لوگ یہاں آنے اور یہاں سے جانے کے لئے تیار ہیں، بشرطیکہ ان کے تحفظ کی گارنٹی دیجائے، مہاجرین اور شرنارتھیوں کی طرف [illegible] چاہیے، ممکن ہے کہ جو بات ہم کو ناممکن نظر آرہی ہے وہ جلاوطنوں کی بلند ہمتی اور عزیمت سے ممکن ہو جائے اور جلدی نہ سہی آہستہ آہستہ واپسی کا سلسلہ شروع ہونے لگے، اس لئے ہمارے خیال میں پھر بساؤ کی تحریک کی مخالفت سیاسی اور اخلاقی نقطہ نگاہ سے مناسب نہیں ہے، ہمیں اس تحریک کی حمایت کرنی چاہیے اور اس امید پر کرنی چاہیے کہ شاید جذبات کا بہاؤ پھر راہ راست پر آجائے اور وطن کی محبت ہر مشکل کو قابو میں کر لے۔

ہمارے خیال میں پھر بساؤ کی تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے، ضروری ہے کہ پشاور اور دہلی کے درمیان ٹرینوں کی آمد و رفت کا سلسلہ شروع کر دیا جائے اگر ایسا کر دیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگ اپنے طور پر مشرقی اور مغربی پنجاب جائیں گے اپنے پڑوسیوں سے ملیں گے، واپسی کے مسئلہ پر تبادلہ خیال کریں گے اور یہ دیکھیں گے کہ ان کے لئے پڑوسیوں کے دلوں میں کس حد تک گنجائش ہے اگر آپس کے میل جول سے کوئی ایسی صورت نکل آئی کہ تھوڑے تھوڑے لوگ آکر بسنا شروع ہو گئے تو بسنے کی یہ فطری رفتار بہت زیادہ موثر اور مفید ثابت ہوگی اور ایک پڑوسی دوسرے پڑوسی کو خود ہی دعوت دے گا کہ بھئی یہاں چلے آؤ تمہیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی، اگر یہ بنیاد قائم ہوگئی تو دلوں میں خود بخود گنجائش نکلتی چلی آئے گی اور جس کو واپس ہونا ہوگا وہ خود اس کے لئے راہ پیدا کرے گا، اور پھر ایک وقت ایسا بھی آسکتا ہے کہ... دونوں طرف کے لوگوں کی آغوش کھل جائے اور آمد و رفت کے ساتھ ساتھ دوبارہ بسنے کی عام دعوت دی جانے لگے، ہمارے خیال میں مشرقی اور مغربی پنجاب کو ٹرینوں سے مربوط کرنا ضروری ہے، اس طریقے سے ہم اندازہ لگا سکیں گے کہ آنے اور جانے والے اپنے دوبارہ بسنے کا مسئلہ کس طرح حل کرتے ہیں!

کشمیر کی تقسیم

پاکستانی سفیر مسٹر اصفہانی کا واشنگٹن سے اعلان

کہا ہے کہ پاکستان کشمیر کی تقسیم کو کبھی منظور نہیں کرے گا اور استصواب رائے صرف اس صورت میں ہوگا کہ پورے کشمیر کی وحدۃ کو تسلیم کر لیا جائے گا، آدھا تیتر آدھا بٹیر پاکستان کو کسی صورت میں منظور نہ ہوگا، سردار ابراہیم بھی کچھ اسی قسم کا اعلان کر چکے ہیں مگر پاکستان کے اخبارات ان اعلانات پر یقین کرنے کے لئے تیار نہیں وہ کہتے ہیں کہ کانگریس نے ہندوستان کی تقسیم کی مخالفت پوری قوت سے کی مگر آخر میں تقسیم منظور کر لی گئی۔ مسٹر جناح نے پنجاب اور بنگال کی تقسیم کی مخالفت میں ایڑی چوٹی کا زور لگایا مگر عین وقت پر یہ تقسیم بھی [illegible] کیا اعتبار ہے ان اعلانات کا کہ کشمیر تقسیم نہ ہوگا [illegible] تو وہی جاتا ہے جس کی نظر میں مستقبل حال سے زیادہ مختلف نہیں ہے۔

گرفتاری!

ریلوے اور ڈاکخانہ کی مجوزہ ہڑتالوں کے پیش نظر حکومت ہند نے ملک کے گوشہ گوشہ سے کمیونسٹ لیڈروں کو گرفتار کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری [illegible] ہمارے خیال میں اس نازک دور میں ہڑتالوں کا ہونا ہندوستان کے لئے بہت ہی مضر ہوگا [illegible]

اچھی باتیں

واتبع ... تعلمون (پ ۲۱ ع ۱۱)

تم ان لوگوں کی راہ اختیار کرو جو ہماری طرف رجوع کرتے ہیں پھر تم ہماری طرف ہی لوٹائے جاؤگے اور ہم تمہیں بتائیں گے کہ کیا کرتے رہے

عام لوگ ہمیشہ بڑوں کے تابع ہوتے ہیں اور ان بڑوں کو لیڈر، زمیندار، سرمایہ دار، وزیر، داروغہ، ماسٹر وغیرہ کہتے ہیں عوام کی باگ ڈور انہی بڑوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور غریب لوگ ان ہی کے اشاروں پر چلتے ہیں قرآن کا ارشاد ہے کہ تم بھی بڑوں کی اطاعت کرو مگر بڑوں سے مراد نہ زمیندار ہیں نہ سرمایہ دار نہ سیاسی اور معاشی لیڈر ہیں نہ ماسٹر اور کلکٹر بلکہ وہ لوگ ہیں جن کی زندگی اور موت خدا کے لئے ہے اور جنہوں نے اپنے وجود کو خدا کی رضا کے لئے وقف کر دیا ہے یہ خدا ترس لوگ محض خدا کے لئے عوام کی رہنمائی کرتے ہیں اور انسانوں کی خدمت کا کوئی معاوضہ نہیں لیتے دنیا کے لیڈر اور بڑے لوگ جو محض اپنی قوم کے اغراض مدنظر رکھتے ہیں کبھی عوام کی مخلصانہ خدمت نہیں کر سکتے ہیں نہیں چاہیے کہ انبیاء اور خدا ترس لوگوں کو اپنا لیڈر بناؤ اور ان کی پیروی پر فخر محسوس کرو۔ ورنہ دنیا کے بڑے لوگ تمہیں تباہ کر دیں گے اور تم ان کے ہاتھ میں کھلونا بنے رہو گے۔

حق دار کو حق دو

اردو کو مٹانا خودکشی کے مرادف ہوگا

(از جناب [illegible] سینی بی اے منشی فاضل [illegible])

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں ہے کہ اردو زبان کو ہندوؤں، سکھوں اور مسلمانوں نے اپنی مشترکہ کوششوں سے پروان چڑھایا ہے۔ یہ زبان ہمارے تمدنی اور معاشرتی اتحاد کا ایک حسین رشتہ ہے، اسے مٹانا تہذیبی خودکشی کے برابر ہوگا۔ اردو ادب میں ہر قوم اور کلچر کی نمائندگی کی گئی ہے۔ اس کا ادب کافی ترقی یافتہ ہے۔ اور تمام بڑے ملکوں کے بلند ادب کے مقابلہ میں رکھا جا سکتا ہے۔ بلکہ اس کی غزل اور دیگر اصناف سخن میں سوز و ساز کچھ ایسی دعوت اور کیفیت مضمر ہے جسے دنیا کی اور کوئی زبان پیدا نہ کر سکی۔ اور خاص ہے کہ کسی ملک کی عظمت کا اندازہ صرف اس کے ماضی کی فرسودہ دولت سے نہیں لگایا جاتا، بلکہ اس کے موجودہ علم و ادب سے ہوتا ہے۔ اور اسی سے کسی قوم کے ذہنی، روحانی اور مدنی ارتقا کا پتہ چلتا ہے۔ جسے دیکھ کر ہم فیصلہ کر سکتے ہیں کہ فلاں قوم انسانی عروج کے کس زینہ پر ہے۔

آزاد ہند کا جزو لاینفک

اردو کی بنیاد سے ہندوستان کے ماضی و حال ہی میں بلکہ مستقبل [illegible]

تمام ایشیائی نہیں بلکہ بعض یورپین ممالک بھی آشنا ہیں۔ اسے صرف مسلمانوں کی زبان کہنا اپنی فرقہ واریت کا ثبوت ڈھونڈ نکالنے کے مرادف ہے

اردو صرف مسلمانوں کی زبان نہیں

مسلمانوں ہی کی کیسے ہو سکتی ہے جس کو ترقی دینے میں ہزاروں ہندو اور سکھوں نے حصہ لیا ہو جس کے ادیبوں میں ایک بڑی تعداد ہندوؤں اور سکھوں کی ہو۔ آپ اردو زبان کی تاریخ کی ورق گردانی کیجئے، اس میں آپ کو ہزاروں ہندو اور سکھ ادیب و شعرا ملیں گے۔ جن کی تصانیف میں آپ سارے ہندوستان کے دل کی دھڑکنیں پائیں گے۔ [illegible]

اردو میں دیگر مذاہب کا لٹریچر

[illegible]

تحریک آزادی میں اردو کا حصہ

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

مکتوب لندن:-

چین میں کمیونسٹ فتوحات کا پس منظر

(چودھری اکبر خان [illegible] نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[illegible]

جنوب مشرقی ایشیا کے جوانوں کی کانفرنس

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کے نوجوانوں کی ایک کانفرنس [illegible] پاکستان، سیلون، برما، ملایا، شام، [illegible]

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

صوبہ جمعیۃ کا انتخاب

حسب ذیل عہدیدار ضلع وار منتخب ہوئے جن کی توثیق کا اعلان افسر انتخاب جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی جانب سے کیا گیا ہے۔

ضلع نمبر ۱ مولانا محمد رفیع صاحب صدر۔ حافظ عبد الشکور صاحب نائب صدر۔ عبد الرحیم انصاری صاحب ناظم اعلیٰ۔ عبد العزیز صاحب سوزنی ناظم۔ شیخ حسیب اللہ صاحب خازن۔

ضلع نمبر ۲ شیخ محمد صدیق صاحب صدر [illegible] نائب صدر۔ شیخ محمد اسلام صاحب ناظم اعلیٰ۔ محمد شفیق صاحب دہلوی۔ شریف احمد صاحب ناظم۔ نور احمد صاحب سوداگر خازن۔

ضلع نمبر ۳ حاجی انوار الحق صاحب صدر۔ محمد شفیع صاحب دہلوی۔ معز الدین صاحب نائب صدر۔ سید مسعود الحسن صاحب ناظم اعلیٰ۔ محمد عارفین صاحب ناظم۔ مصباح الدین صاحب خازن۔

ضلع نمبر ۴ مولوی نقیب الدین صاحب صدر۔ حاجی محمد نسیم صاحب و حاجی ظہیر الدین [illegible]

ضلع نمبر ۵ [illegible]

ضلع نمبر ۶ [illegible]

ضلع نمبر ۷ [illegible]

ضلع نمبر ۸ [illegible]

ضلع نمبر ۹ [illegible]

ضلع نمبر ۱۰ [illegible]

ضلع نمبر ۱۱ [illegible]

ضلع نمبر ۱۲ [illegible]

بستی نظام الدین [illegible]

مہرولی [illegible]

کانگرس ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ

[illegible]

نئی قسم کی پرنٹنگ مشین

عربی حروف کو جوڑنے کا نیا طریقہ

لندن۔ بذریعہ بحری تار۔ برطانیہ نے ایک نئی قسم کی پرنٹنگ مشین تیار کی ہے جو کئی خوبیوں کی حامل ہے۔ یہ تیز رفتار ہے اور اس میں "فیڈنگ" کا کام بھی خود بخود ہوتا ہے۔ اس مشین کی نمائش اولمپیا۔ لندن میں برطانوی صنعتی نمائش کے موقعہ پر کی جائے گی۔ یہ نمائش ۲ مئی سے شروع ہو رہی ہے۔

نیز عربی حروف کو مشین کی مدد سے جوڑنے (کمپوز) [illegible] نمائش میں کیا جائے گا۔ یہ طریقہ تمام پرانے طریقوں کے مقابلہ میں نہایت کم خرچ اور تیز رفتار ہوگا۔ اس نمائش میں نقش کے پرستاروں کی دلچسپی کا بھی کافی سامان موجود ہوگا۔ ٹیکسٹائل کے شعبہ میں سوتی اور اونی کپڑوں کے جدید ڈیزائنوں کی نمائش ہوگی۔ [illegible]

مسلم کانفرنس کیلئے قرار دادیں

[illegible]

پاکستان اور یوگوسلاویہ میں تجارتی معاہدہ

[illegible]

کشمیری گیٹ میں چوریوں کی واردات

جنرل سکریٹری ضلع کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ نے مطلع کیا ہے کہ "علاقہ کشمیری گیٹ میں اس زمانہ بڑھتی ہوئی چوریوں کی واردات کو دیکھتے ہوئے دس بجے رات سے صبح تک کانگریس والنٹیر [illegible] علاقہ میں گشت کرتے ہیں۔ اور دوسرے لوگ بھی ساتھ رہتے ہیں۔ لہذا میں عام جنتا سے اپیل کرتا ہوں کہ پولس کے بھروسے لوگوں پر بے فکر نہ ہو جائیں بلکہ ان کو بھی اپنی بیداری کا ثبوت دینا چاہئے۔ اپنی دکان اور مکان کی حفاظت کریں۔ اپنی گلی کوچوں میں گشت کریں۔ جو بھائی ہمیں اپنی خدمات پیش کرنا چاہیں وہ ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ سے کوئی مدد چاہیں تو دفتر کانگریس کمیٹی بڑے بازار میں اطلاع دیں۔

جزائر لنکادیپ میں فوجی اڈوں کی تعمیر

نئی دہلی ۲۰ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند جزائر لنکادیپ میں فوجی اڈے تعمیر کروائے گی۔ یہ جزائر مالابار کے ساحل سے تقریباً ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہیں۔ محکمہ دفاع ان جزائر میں ہوائی اور بحری اڈے تعمیر کروانے کی اسکیم پر غور کر رہا ہے [illegible] (گلوب)

روس میں اسلحہ تیار کرنیکے نئے کارخانے

لندن ۲۰ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ روس میں یورال کے پہاڑوں کے پیچھے محفوظ علاقوں میں اسلحہ تیار کرنے کے نئے کارخانے قائم کئے گئے ہیں اور اس مقصد کے لئے زیکو سلواکیہ سے ۳ ہزار ماہر اسلحہ ساز روس بھیجے جائیں گے۔

یہ گیشتہ آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ زیکوسلواکیہ کے وزیر اعظم مسٹر [illegible] کی رہنمائی میں ایک وفد ماسکو گیا تھا۔ [illegible]

پراونشل افسر ٹریننگ کیمپ

[illegible]

یو۔پی میں ڈیڑھ ہزار کمیٹیاں

[illegible]

لبستی کے مدرسین معطل

[illegible]

اخبارات کو حکم

[illegible]

حکومت نیپال کی درخواست

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت نیپال عنقریب صحت کی عالمی انجمن اور یونسکو کی رکنیت کے لئے درخواست دیگا۔ نیپال ایشیا اور مشرق بعید کے اقتصادی کمیشن کا ممبر پہلے ہی سے ہے۔

ماضی میں جو کچھ ہوا اُس کو بھلا دو اور بھائیوں کی طرح رہو

خواجہ صاحب کی درگاہ میں راجہ جی کی تقریر

اجمیر ۱۹ فروری۔ میں آپ کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ میرے لئے ہر مندر ہر مسجد اور ہر گرجا برابر کا مقدس ہے آئیے ماضی میں جو کچھ ہوا ہم اس کو بھلا دیں اور بھائی بھائی بن کر رہیں صرف اسی وقت ہم بڑی قوم بن سکتے ہیں۔ اس سرزمین پر جتنا تمہارا حق ہے اتنا ہی میرا حق ہے۔ میں یہ بات یوں ہی نہیں کہہ رہا بلکہ تمہارے دل کی موجودگی میں کہہ رہا ہوں۔ راجہ جی نے یہ الفاظ درگاہ خواجہ صاحب میں ایک عظیم مجمع میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

راجہ جی جب درگاہ خواجہ صاحب میں تشریف لائے تو درگاہ کے خدام کی طرف سے ان کو ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ ایک پگڑی۔ تلواریں۔ ایک کمان۔ ایک ڈھال اور بعض اور سامان بھی ان کو بطور تحفہ دیا گیا۔ راجہ جی نے اپنی تقریر میں ان تحفوں کے لئے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ راجہ جی میو کالج میں تقسیم انعامات کے سلسلہ میں اجمیر تشریف لائے تھے۔

میو کالج میں تقریر

راجہ جی نے میو کالج میں تقریر کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت [illegible] تعلیم کا [illegible] ہے۔ ہم کو سیاسی اور بین الاقوامی الجھنوں سے اتنی پریشانی نہیں ہوئی جتنی تعلیم کے مسائل سے انہوں نے کہا کہ ملک کی زبانوں اور مختلف مذاہب کی موجودگی سے بہت پیچیدہ ہو گیا ہے۔ میو کالج کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا اگر وہ کسی طرح ہند کے تمام بچوں اور بچیوں کے لئے ایسے مدارس کا انتظام کر سکیں تو بڑے خوش ہوں۔ انہوں نے بچوں کو نصیحتیں کیں اور کالج کے اسٹاف کو مبارکباد دی اور اس کا شکریہ ادا کیا۔ اس سے پہلے کالج کے پرنسپل نے رپورٹ پڑھ کر سنائی اور مہاراجہ جے پور کالج کی طرف سے [illegible]

> **ڈربن میں پھر فساد**
>
> ڈربن ۲۰ فروری۔ ایک حادثہ کے بعد جس میں ایک افریقی عورت زخمی ہو گئی تھی افریقیوں نے ایک ہندوستانی بس پر حملہ کر دیا۔ ایمبیکری کے نزدیک ایک بس پر پتھر برسائے گئے۔ پولیس نے فوراً مداخلت کی اور بعض افریقیوں کو گرفتار کر لیا۔ تین ہندوستانی اسپتال پہنچائے گئے۔

ڈچ کمپنی کی نئی سروس

ہیگ ۱۸ فروری۔ سرکاری طور پر اطلاع ملی ہے کہ نفائی پروازی ڈچ کمپنی کے ایل ایم ایمسٹرڈم اور بٹاویا کے درمیان ۲۸ فروری سے نئی سروس جاری کرے گی۔ طیارہ ہفتہ میں تین مرتبہ روانہ ہوا کریں گے۔ ہندوستان پاکستان اور سیلون نے ڈچ کمپنی پر پابندی لگائی ہے یہ سروس ۲۳ دسمبر ۱۹۴۸ء کو بند ہو گئی تھی۔ طیارے ایمسٹرڈم سے روانہ ہو کر مذکورہ ممالک میں سے ہو کر نہیں گزریں گے۔ ڈاکٹر ہل اسی سروس کو انڈونیشیا [illegible]

یروشلم میں یہودی نو جوانوں کا حملہ

[illegible]

کوہاپور کا ملبہ میں ادغام

[illegible]

دنیا میں کوئلے کی پیداوار

لندن ۲۰ فروری:۔ دنیا میں کوئلے کی پیداوار کے متعلق اتحادی قوموں کی کمیٹی کی رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ یورپ میں اب کوئلے کی کمی نہیں رہی لیکن یورپ میں لکڑی کی قلت کا مسئلہ ابھی کچھ عرصہ تک حل نہیں ہو سکے گا۔ (گلوب)

حقدار کو حق دو!

(بقیہ صفحہ سوم)

کی پھانسی اجلیانوالہ باغ کا پرالم نظارہ اخلافت تحریک اہلی اور دوسری سول نافرمانی ۱۹۲۱ء کا قانون ۱۹۳۲ء کی تحریک۔ لیڈروں کی گرفتاری۔ بہار اور کوئٹہ کے زلزلے۔ بنگال کا قحط کرپس مشن اور آزاد ہند فوج اور اس کے کارنامے۔ جہازراں نو [illegible] مزدوروں کسانوں کی تحریکیں۔ آزاد کشمیر اور حیدرآباد اور ملک کے عوام کی جدوجہد ہندو مسلم فسادات اتحاد وغارت ہجرت باپو کی شہادت جیسے سب واقعات آپ اردو ادب میں دیکھ سکتے ہیں۔ یہی ہمارے ملک کی ساتھی رہی ہے کیا ہم اتنے ہی احسان فراموش ہیں کہ ہم اردو زبان کی تمام خدمات نظر انداز کر کے اس پر "غیر ملکی زبان" کا لیبل لگا دیں۔ اور اس کو ملک بدر کر دیں۔

مقدس ورثہ

وہ زبان جو ہمیں اپنے آبا و اجداد سے ایک مقدس ترکہ کی حیثیت سے ملی ہے جس کی آغوش میں ہماری مشترکہ تہذیب نے جنم لیا ہے اور جس کے واسطے سے ہمارا رہن سہن اور بہنا لوڈنا ایک ہے جس نے معاشرت کے سب حجاب اٹھا دیئے ہیں۔ اردو زبان فرقہ داریت اور رجعت پسندی کے خلاف ایک جہاد عظیم کرتی رہی ہے۔ اور کل عالم کو امن و آشتی کا پیغام دے رہی ہے کیا ہماری حکومت پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا کہ وہ اردو جیسی عالم فہم اور ہر دلعزیز زبان کو قومی زبان قرار دیکر ہندوستان کے غیر مذہبی اسٹیٹ ہونے کا ثبوت دے۔ [illegible]

تنبیہ

[illegible]

مکتوب لندن

(صفحہ سوم سے آگے)

[illegible]

ممکن ہے کہ اس گفت و شنید کے دوران میں اپنی پوزیشن کو مضبوط بنانے کے لئے یہود اپنی فوجی طاقت کا مظاہرہ کریں۔ (گلوب)

یونانی باغی لیڈر ہلاک

ایتھنز ۱۹ فروری۔ گرفتار شدہ باغیوں کے بیانات کے مطابق یونان کا باغی لیڈر جنرل مارکوس ہلاک ہو چکا ہے اور ایک آدمی جس کا نام گوسس ہے اس کی جگہ جا چکا ہے۔ کا افسر اعلیٰ بن گیا ہے۔ گوسس یونانی کمیونسٹوں کے سیاسی بیورو کا ممبر ہے۔ یونانی فوج کے افسر اعلیٰ نے پتہ چلایا ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے گوریلا فوج کے تمام احکام گوسس کے نام سے جاری کئے جاتے ہیں جب کہ پہلے مارکوس کے نام سے جاری کئے جاتے تھے۔ اس ماہ کے شروع میں مارکوس کے تمام اختیارات سے سبکدوش کر دیا گیا تھا۔

ناروے کے وزیر خارجہ کی تقریر

اوسلو ۲۰ فروری۔ ناروے کے وزیر خارجہ ڈاکٹر لانگے نے ناروے کی لیبر پارٹی کی ایک کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ناروے کو ان قوموں کے ساتھ ملنا چاہیئے جو اس وقت مجوزہ اٹلانٹک پیکٹ کا مسودہ تیار کر رہی ہیں۔ (گلوب)

برطانوی فوجیں جاپان میں رہیں گی

ملبورن ۲۰ فروری۔ جنرل رابرٹسن نے جو جاپان میں دولت مشترکہ کی افواج کے کمانڈر انچیف ہیں آج ایک پیام میں اپنے سپاہیوں سے کہا ہے کہ جاپان میں برطانوی فوجوں کا کام ختم نہیں ہوا۔ اس پیام میں کہا گیا ہے کہ اب دولت مشترکہ کی تمام افواج کی نمائندگی کی ذمہ داری آسٹریلیا کی فوجوں پر آن پڑے گی ان افواج نے جاپانیوں کی نظروں میں دولت مشترکہ کی افواج کا وقار بڑھا دیا ہے۔

[illegible] جیسے کہ اقوام [illegible] ہمیشہ سے ایسا ہی اثر ہوتا ہے [illegible] مفاد کے لئے [illegible] جاپان میں [illegible] ان کو سیاسی۔ اقتصادی۔ سوشل اور روحانی لحاظ سے معیار زندگی بڑھا کر مزدوروں اور کسانوں کا راج قائم کریں یہ مراد کہ چیانگ کائی شیک ساختہ ہو۔ [illegible]

چینی فوجی کو گولی ماردی

شنگھائی ۱۹ فروری۔ کل رات ایک چینی سپاہی کو ایک تھیٹر کے باہر پولیس نے عوام کے روبرو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ فوجیوں میں ڈسپلن قائم رکھنے کی خاطر اتنی سخت سزا دی گئی ہے۔

واقعات اس طرح سے بیان کئے جاتے ہیں کہ چند فوجیوں نے تھیٹر میں زبردستی گھسنے کی کوشش کی۔ فوجیوں نے دکھنے والوں کو مجروح کر دیا اور سب اندر چلے گئے۔ پولیس کو اطلاع دی گئی ہے تمام فوجی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ ان میں سے لیڈر کو گولی سے اڑا دینے کا حکم دیا گیا تھا تاکہ دوسرے اس سے سبق سیکھیں۔ (گلوب)

جنگی جہاز ڈبو دیئے گئے

شنگھائی ۱۹ فروری۔ جو سرکاری جنگی جہاز کیمونسٹ علاقہ کی طرف جا رہے تھے اور جنہوں نے واپس آنے سے انکار کر دیا تھا۔ ان کو سرکاری ہوائی بیڑے نے ڈبو دیا یہ اسلحہ اور بارود سے بھرا ہوا تھا اور اسے ڈوب کر دیا ہے۔

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد و جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لیکر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

قیمت ہر دو حصہ تین روپیہ بارہ آنہ

پتہ:۔ الجمعیت بک ڈپو

محلہ قاسم جان دہلی

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھایئے

دار السلطنت

سنار کے ہاں ڈاکہ

بازار سیتارام میں ایک سنار کی دوکان میں سے سوا چار سو روپے کی چاندی چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ دریا گنج کے ایک کالج سے بلب چراتا ہوا ایک شخص [illegible] موقعہ پر گرفتار ہوا۔

بابر روڈ پر ایک کوارٹر سے ضروری سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

مالک پریس کے خلاف مقدمہ

سبزی منڈی پولیس نے مسٹر [illegible] کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے کیونکہ انہوں نے سول سپلائز ڈیپارٹمنٹ کی اجازت کے بغیر پریس جاری کر دیا تھا۔

اغوا کنندہ گرفتار

اطلاع ملی ہے کہ کوچہ [illegible] دہلی سے ایک نوجوان لڑکی کو عیش و عشرت کی زندگی گذارنے کا دھوکہ دے کر اغوا کرنے والے لوگ بلند شہر میں گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

مسروقہ سامان کی واپسی

صدر بازار کے ایک مالک کو اس کے مسروقہ سامان کی واپسی کی دلچسپ اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک آدمی نے ایک مکان کا تالہ توڑ کر دروازہ کھولا اور ایک بھلی والے کو بلا کر قیمتی سامان سمیٹ لیا [illegible]

دوکانداروں کے خلاف مقدمہ

[illegible]

ہاؤسنگ سفرز بورڈ کا جلسہ

[illegible]

راشن کارڈ

[illegible] (دفتر)

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

قرولباغ میں یوم اجمل کی تقریب

دہلی ۱۹ فروری۔ کل صبح قرولباغ میں طبیہ کالج کی عمارت میں یوم اجمل کے سلسلہ میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر امداد و بحالیات نے حکیم اجمل خاں کو خراج عقیدت پیش کیا اور عوام سے اپیل کی کہ فرقہ پرستی کو ترک کر دیں اور حکیم اجمل خاں مرحوم کی روش کی پیروی کریں۔ یہ جلسہ جس کو طبیہ کالج کے طلباء نے طلب کیا تھا اس کی صدارت سیٹھ گوبند داس ممبر دستور ساز اسمبلی نے کی۔ انھوں نے طبیبوں اور ڈاکٹروں سے اس بات کی بھی اپیل کی کہ وہ نفع پرستی کی ہوس کو کم کر دیں اور انسانیت کی خدمت کریں انھوں نے حکیم اجمل خان صاحب مرحوم سے اپنے دیرینہ تعلقات کا ذکر کیا۔ مسٹر سکسینہ نے حکومت ہند کی نکتہ چینی کی عادت کی مذمت کی۔ انھوں نے حکومت ہند کی اہم خدمات کا بھی ذکر کیا۔ انھوں نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ حکومت آیورویدک طریقہ علاج کو زیادہ سے زیادہ رواج دینے کی کوشش کر رہی ہے۔

انھوں نے کہا کہ اگر حکومت اس ادارہ کو اس کی سابق روایات اور شان کو واپس دلانا چاہتی ہے۔ پنڈت نہرو اور راجکماری امرت کور کے بیانات بھی پڑھ کر سنائے گئے وہ بعض راجکماری امرت کور اس جلسہ میں علالت کے سبب تشریف نہ لا سکیں۔

مشاعرہ

بزم حکیم احاطہ کالے صاحب بازار بلیماران دہلی کا [illegible] دوراں مشاعرہ زیر صدارت حکیم فضل الدین صاحب سابق پریسیڈنٹ ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی لاہور مورخہ ۲۰ فروری ۱۹۴۹ء بروز [illegible] ایک شب انتہائی کامیاب مشاعرہ ہوا۔ اس مرتبہ [illegible] کر دیا گیا۔ [illegible]

ہم نے اسلامی اصولوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے پاکستان کا مطالبہ کیا تھا

مسٹر لیاقت علی خاں کی تقریر — (بقیہ صفحہ اول)

انہوں نے پاکستان کے قیام سے لیکر اب تک کے واقعات کا اعادہ کیا اور بتایا کہ ملک کے دفاع کے لئے کیا کیا قدم اٹھائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس کی خواہش رکھتے ہیں لیکن باعزت امن۔ مجھے بے عزتی پر امن نہیں چاہئے۔

لیاقت علی خاں نے کہا کہ ہم کسی پر حملہ کرنا نہیں چاہتے لیکن ہماری دفاعی تیاریاں اس قدر مکمل ہونا چاہیئے کہ ہم ہر بیرونی خطرہ کا مقابلہ کر سکیں۔ مجھے یہ کہتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ آج ہماری دفاعی فوجوں کی وہ حالت ہے جس پر پاکستان فخر کر سکتا ہے۔

اگرچہ ابھی تک ہندوستان نے ہم کو اسلحہ وغیرہ ہمارا پورا حصہ ادا نہیں کیا ہے پھر بھی پاکستان کی اس وقت جو پوزیشن ہے وہ قابل اطمینان ہے۔ جلد ہی ملک میں ایک اسلحہ کا کارخانہ کھول دیا جانے والا ہے جس کے لئے مشینوں کا آرڈر دیا جا چکا ہے اور جگہ کا انتخاب ہو چکا ہے۔ کاکول میں فوجی تربیت کا ایک اسکول پہلے سے ہی موجود ہے۔ اور دوسرا جلد ہی کھولا جانے والا ہے۔

بری فوج کی طرح بحری فوج میں بھی ہمارے پاس افسران کی کافی تعداد نہیں [illegible] ہمارے پاس مہارت کی بڑی کمی تھی۔

کراچی میں تربیت اور انتظام کے لئے ایک بحری ہیڈکوارٹر قائم کر دیا گیا ہے اور ساتھ ہی ایک مشترکہ اسکول بھی کھول دیا گیا ہے۔ گنری اسکول۔ بجلی کا اسکول۔ راڈر اسکول۔ سگنل اسکول تارپیڈو اور [illegible] کا اسکول قائم کر دیئے گئے ہیں۔

ہوائی فوج

تقسیم کے بعد پاکستان کو ایک ہوائی اسکواڈرن ملا تھا اس وقت یہیں بتا سکتا کہ پاکستان کی ہوائی فوج کی طاقت [illegible]

علاقوں سے حکومت نے تمام فوج واپس بلالی ہے۔ کیونکہ حکومت کا ایمان وہ نہیں کہ وہ قبائلیوں کو فوجی طاقت سے اپنے ساتھ وابستہ رکھے ہم اور وہ اسلامی اخوت کے رشتہ میں بندھے ہوئے ہیں۔ آدمیوں کی قلت کی وجہ سے صرف ۹ غیر ملکوں میں سفارتخانے قائم کئے جا سکے ہیں لیکن بہت جلد امید ہے کہ چار یا پانچ سفارتخانے اور قائم کر دئے جائیں گے۔

فلسطین

فلسطین کے متعلق لیاقت علی خاں نے کہا کہ فلسطین عربوں کا ہے اور اس کے مسئلہ کو سلجھانے کے لئے وہاں استصواب رائے عامہ ہونا چاہیئے۔

وزیر اعظم نے پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں کی تعریف کی اور کہا کہ انھوں نے پاکستان کی خارجی پالیسی کو بہت اچھی طرح نبھایا۔

انڈونیشیا

انڈونیشیا کے متعلق انھوں نے کہا کہ پاکستان ہر طرح انڈونیشیا کی امداد کرنے کو تیار ہے تاکہ وہ آزادی حاصل کرے اسی طرح پاکستان افغانستان کے ساتھ بھی دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا ہے پاکستان کا مقصد تمام دنیا میں امن قائم رکھنا ہے۔ پاکستان کے تعلقات برما اور لنکا دونوں کے ساتھ دوستانہ ہیں۔

صنعتی ترقی

پاکستان کی صنعتی ترقی کے متعلق وزیر اعظم نے کہا کہ ۶ سال کی ایک اسکیم تیار کی گئی ہے اور حکومت بہت سی اسکیمیں تیار کر رہی ہے افراط زر کو روکنے کے لئے ورآمد پر کنٹرول کر دیا گیا ہے۔

تعلیم

پاکستان کی تعلیمی پالیسی کے متعلق انھوں نے کہا کہ تمام مسلمان بچوں کے لئے مذہبی تعلیم ضروری ہوگی۔ [illegible]

ریاستوں کی پوزیشن

[illegible]

مالی پوزیشن

[illegible]

خارجی پالیسی

[illegible]

سرحد کا مسئلہ

سرحدی علاقوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ قبائلی [illegible]

جگجیون رام کو سنسکرت ہال ہندو یونیورسٹی میں داخل نہیں ہونے دیا گیا

یہ ہریجنوں کی توہین ہے۔ ہریجن لیگ کے سکریٹری کا بیان

نئی دہلی ۲۰ فروری۔ لیبر منسٹر شری جگجیون رام کے ساتھ بنارس ہندو یونیورسٹی نے جو سلوک کیا اس کے خلاف شری گلشن داس جنرل سکریٹری آل انڈیا ہریجن لیگ نے پرزور پروٹسٹ کا اظہار کیا ہے۔ آپ نے کہا کہ پرنسپل کی یہ حرکت کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کی جا سکتی۔ آپ نے حکومت سے زبردست اپیل کی ہے کہ پرنسپل کے خلاف کارروائی کرے۔ کوئی ہندوستانی محض ذات پات یا مذہب کی بنا پر ہال میں داخل نہیں ہو سکتا۔ یہ امر کسی قدر قابل افسوس ہے کہ آپ نے کہا کہ ایسے اقدامات حکومت ہند کا کھلا توہین ہیں۔ اور جبکہ صوبائی حکومت کے پاس کردہ سوشل برائیوں کے انسداد کے قانون کی علانیہ خلاف ورزی کی جاری ہے تو ہریجن اسکی قیمت امید کر سکتے ہیں۔ آخر میں آپ نے کہا کہ شری جگجیون رام کے یونیورسٹی کے سنسکرت ہال میں داخلہ کی ممانعت کرنے سے انہوں نے نہ صرف پورے ہندوستان کے ہریجنوں کی توہین کی ہے بلکہ تمام ملک کی توہین کی ہے۔ یہ توہین کسی صورت میں برداشت نہیں کی جا سکتی۔ سلسلہ میں مجوزہ دلایت میں اپنے سرور مقصد کے حصول کی خاطر ہریجن ستیہ گرہ کرنے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

[illegible] کیا ہے اور اس کے مقاصد کیا ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ میں ان دعووں کو عقیدہ مانتا ہوں جو ہم نے حصول پاکستان کے سلسلہ میں رائے دہندوں سے کئے تھے۔ ہم نے پاکستان کا مطالبہ اس لئے کیا تھا کہ ہم اپنی قسمت کو اسلامی اصول کے مطابق بنا سکیں اور ایسی جماعت کے طریقہ پر جو اسلامی اصولوں کو عملی جامہ پہنانے جو دنیا میں بہترین اصول ہیں۔

اس کیلئے جب یہ بات گزر چکی ہے کہ اب بھی بہت سی مشکلات ہمارے راستے میں پیدا ہو گئیں۔ سر لیاقت علی خاں نے کہا کہ اب صرف قرار دادیں پاس کرنے کا وقت چلا گیا۔ اب تو پوری قوم کی تعمیر کی ضرورت ہے۔ آج مسلم لیگ کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے اب جبکہ پاکستان [illegible]

ہندی سائنس دان آسٹریلیا میں

ڈارون ۱۹ فروری۔ حکومت آسٹریلیا کی دعوت پر چار ہندوستانی سائنس دان آسٹریلیا پہونچ گئے ہیں تاکہ وہاں سائنس کی ترقیوں کا مطالعہ کر سکیں۔

چپراسی کی ضرورت

دفتر الجمعیۃ کے لئے ایک ایسے چپراسی کی ضرورت ہے جو دہلی کے مختلف محلوں سے واقف ہو۔ سائیکل چلانا جانتا ہو [illegible] سائیکل ہو تو [illegible]

امیدوار اوقات دفتر میں ذیل کے پتہ پر خود ملاقات کریں۔

جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان بلیماران۔ دہلی

ہماری تعلیم

حضرات صحابہ کرام و تابعین کے علمی درسگاہیں اور علمی مجلسیں دلچسپ حکایات اور کمالات معتبر کتابوں سے اخذ کرکے اس کتاب میں تحریر کئے گئے ہیں اس کے بعض عنوانات یہ ہیں۔ (۱) علم کی غرض (۲) جاہل اور عالم کا فرق (۳) جہالت سے خطرہ (۴) طالب علموں کی چار قسمیں۔ امام بخاری اور امام مسلم۔ امام ابو حنیفہ اور امام مالک کے علمی کمالات اور برجستہ جوابات وغیرہ وغیرہ۔ قیمت ۸/۔ میری نماز قیمت ۸/۔ مسلمان بیوی قیمت ۶/۔ اسلام کا اصلاحی پروگرام قیمت ۱۲/۔ خواتین اسلام قیمت ۱۲/۔ جنت کا ٹکٹ قیمت ۱۲/۔ خدا کی جنت قیمت ۱۳/۔ حکایات صحابہ قیمت ۸/۔ اور دو حاشیہ والا بہشتی زیور حصہ اول و دوم باقی زیر طبع ہیں۔

ملنے کا پتہ

ادارہ تبلیغ اسلام پی گنگش دہلی

جوانی کو ایکدم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون (رجسٹرڈ)

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی ٹکیہ پندرہ روپے (صہ)

طلا نمبر ۲۰

اس کے لگانے سے ہر رگ میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (صر)

تصدیق

آپ کی جیون دوا جیسی کہ ہے واقعی جیون [illegible] حکیم رام سروپ اڈوکیٹ (دھولپور)

ملنے کا پتہ:۔ دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

آپ کیوں محروم ہیں؟

جبکہ

اکثر مشتہرین حضرات روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔

● آپ بھی روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے اور فائدہ اُٹھایئے۔

منیجر اشتہارات

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی۔ لاہور۔ راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے۔ سینما۔ ہوٹل۔ خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر بھی مطلوب ہیں۔

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

تحریر قتل کا الزام خلفاء سے رہنماؤں کے لئے جنگ کربلا کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے۔ امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں مکمل تاریخی حالات قلم بند کئے ہیں قیمت شہید اعظم معاصرہ حسین (۱۴) سوانح مولانا ابو الکلام آزاد مرتبہ آصف علی گورنر (۳) غبار خاطر مولانا آزاد کی بیش تصنیف عہد روپے انگلش ٹیچر۔ ہندی ٹیچر۔ بغدادی قاعدہ ۸۔۲ (اردو ہندی انگریزی سیکھنے) پیارے سات روپے سیکڑہ۔ محصول ڈاک کا علاوہ۔

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑیوالان۔ دہلی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

AMICO-TONIC

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ دماغ کو گاڑھا کرتی ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت پہونچاتی ہے بھوک بڑھاتا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرنا اس دوا کی خاص صفت ہے اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے۔ دوران سر، حافظ کی کمزوری، اختلاج قلب اعصابی سستی وغیرہ رفع ہو جاتی ہے۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے، مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ مرد و زن دونوں کے لئے ہر موسم میں یکساں مفید ہے۔ زندگی کا پورا لطف حاصل ہوتا ہے۔ **قیمت:۔** فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنے، تین شیشیاں نو روپے۔ علاوہ محصول ڈاک

امیکو طلاء یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے۔ سائنس کے جدید اصول پر تیار کیا گیا ہے۔ حکمت قدیم اور سائنس جدید کی معلومات کا نچوڑ ہے۔ تمام خرابیاں اور کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ طلاء نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نہ چھالا پڑتا ہے نہ جلن ہوتی ہے یہ دوا کریم کی شکل میں ہے۔ **قیمت:۔** فی شیشی تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ

رجسٹرڈ ڈلی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات۔ مورخہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۴ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۵ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

جارج ششم کی صحت بہتر ہے

دیہی قیام گاہ سے لندن کو واپسی

لندن ۲۲ فروری۔ شاہ جارج ششم اور ملکہ الزبتھ جمعرات کو سنڈرنگھم سے بکنگھم پیلس واپس آجائیں گے۔ شاہ جارج ۲۸ جنوری سے اپنی دیہی قیام گاہ سنڈرنگھم میں آرام فرما رہے تھے اب ان کی صحت پہلے سے بہت بہتر ہے۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ دیہی قیام گاہ میں آنے سے ان کی صحت پر بہت اچھا اثر پڑا ہے سال رواں میں ملاقاتوں کا پہلا جشن ۔۔۔ کے دوران میں بادشاہ سلامت برابر بیٹھے رہیں گے (اے پ)

قرضہ واپس کرنے کے لئے شرنارتھیوں کو نوٹس

امرتسر ۲۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ ۔۔۔ نے ۱۹۰ شرنارتھیوں کو نوٹس دیا ہے کہ وہ قرضوں کو واپس کریں جو ان کو دئے گئے تھے کیونکہ ان میں سے اکثر نے قرضوں کو صحیح طور پر استعمال نہیں کیا۔ بعض نے تو اپنے ذاتی مصارف میں استعمال کیا ہے اور بعض نے ۔۔۔ کے کاموں کے لئے استعمال کیا ہے۔

بھوپال کو ایک علیحدہ صوبہ بنا کر مرکزی حکومت کے تحت میں دیدیا جائیگا؟

آخری گفتگو کرنے کیلئے مسٹر مینن بھوپال پہونچ گئے

سمجھوتہ کا مسودہ تیار ہوگیا۔ گفت و شنید تین روز تک جاری رہیگی

بھوپال ۲۲ فروری۔ ریاستی محکمہ کے مشیر مسٹر وی۔ پی۔ مینن آج کسی وقت نواب بھوپال سے گفتگو کرنے کے لئے یہاں پہونچ رہے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ اس بار قطعی طور پر ایک فیصلہ کن بات چیت ہوگی جو تین روز تک جاری رہے گی۔

باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ گفت و شنید سمجھوتہ کے ایک مسودہ کی بنیاد پر ہوگی جو ریاستی محکمہ نے اس گفت و شنید کے لئے تیار کیا ہے جو گذشتہ ماہ کے مسٹر مینن اور نواب بھوپال کے مابین ہوئی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ اس امر کی قیاس آرائیاں بھی ہورہی ہیں کہ نواب صاحب ریاست کو مرکز کے نظم و نسق میں دیدیں گے۔

مصر اور اسرائیل کے مابین گفت و شنید ختم ہوگئی

عنقریب شرق اردن کے ساتھ بات چیت شروع ہوجائیگی

لبنان کی طرف سے ابھی تک قائم مقام ثالث کو جواب نہیں دیا گیا

حیفہ ۲۲ فروری

روڈس کی آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ مصر اور اسرائیل کے مابین عارضی صلحنامہ پر آج دستخط ہوگئے اس سے قبل کی اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ مصر اور اسرائیل کے درمیان صلح کی جو گفت و شنید ہورہی تھی وہ آج ختم ہوگئی آخری لمحہ مسودہ صلح میں بعض ترمیمیں ہوئیں جو منظور کی گئیں۔ امریکی وفد کے ایک ممبر کرنل اسٹیبل شیری اس مسودہ کو لے کر بذریعہ ہوائی جہاز قاہرہ گئے ہیں جو منگل یا بدھ تک واپس آجائیں گے اس وقت معاہدہ پر سرکاری طور پر دستخط ہوجائیں گے۔ اس خبر کے بعد حیفہ کی اس اطلاع کی تردید ہوجاتی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ آج اس عارضی صلحنامہ پر دستخط ہوگئے۔

وسطی برما میں کرین باغیوں کی زبردست کامیابی

تین اہم شہروں اور فوجی ہیڈ کوارٹر پر قبضہ

۱۰۰ ہندوستانیوں کی آئرن سے مراجعت

عالمی صحت کے بورڈ کا فیصلہ

روس اور اس کے ساتھیوں سے اپیل

عرب لیگ کے چارٹر میں اہم تبدیلیاں

کمیونزم کے خلاف محاذ بنانے کی کوشش

پلیگ سے آٹھ ہلاک

تارا سنگھ کی گرفتاری پر

سکھوں کی بے نیازی۔ معمولی احتجاج

ہند میں نیا برمی سفیر

ہندوستان میں کمیونسٹوں کیخلاف حکومت کا ہمہ گیر اقدام

اس وقت تک ملک کے طول و عرض میں ایک ہزار کمیونسٹ گرفتار ہوچکے ہیں

ویٹ نام میں بھی کمیونسٹ زور پکڑنے لگے۔ فرانس کے سامنے ہرگز ہتھیار نہیں ڈالیں گے

بادشاہ کی واپسی کے بعد بھی جنگ جاری رہیگی

کمیونسٹ لیڈر ہوچی منہ کا سنسنی خیز اعلان

ناروے میں حفاظتی انتظامات

صدر کانگریس اکولہ میں

پٹیالہ میں دفعہ ۱۴۴

انڈونیشیا کے متعلق نئی اسکیم

ڈچ حکومت کی ایک اور چال

نیا سالینڈ کی اسمبلی کی ہندوستانی ممبر

ملایا سے برطانوی فوجیں واپس بلالو

لندن میں طالبعلموں اور سپاہیوں کی ماؤں کا مظاہرہ اور مطالبہ

وارسا کے برطانوی سفارت خانہ کا زخمی افسر چل بسا

ESTD. 1925

Daily + Weekly

Aljamiat

Delhi

23.2.49.

PHONE 5855

چین کی وزارت میں متوقع تبدیلیاں

جنرل ہو ینگ چن کے وزیر اعظم بننے کا امکان

حیدرآباد کانگریس کے مخالف گروپوں کا سمجھوتہ

سوامی راما نند تیرتھ کا مجلس منتظمہ سے مشورہ

حیدرآباد ۲۱ فروری۔ سردار پٹیل کے آنے میں اب صرف پانچ دن رہ گئے ہیں اور ریاستی کانگریس اس بات کی کوشش کررہی ہے کہ اپنے اختلافات ختم کردے۔ سوامی [redacted]

ہڑتال کا نوٹس واپس لیا جائے

بمبئی کے ملازمین ڈاک کی سفارش

[redacted]

مولانا آزاد کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

پاکستان میں مسلم لیگ کی تنظیم

ٹاٹے یوان میں طیاروں کے ذریعہ رسد رسانی

ایک افسوسناک واقعہ

انجمن طیبہ کا سالانہ اجلاس

ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری کیخلاف یوم احتجاج

اکالی سیاسی کانفرنس کا فیصلہ

جمعیۃ علماء بہار کی قرار دادیں

پھر سیاسی کانفرنس کا خیرمقدم

اہل بریلی سے اپیل

اکالیوں کی واپسی

شیخ الاسلام مولانا حسین احمد ضلع بجنور میں

نگینہ اسٹیشن پر استقبال

رسم الخط

مزدوروں کی بے چینی کے اصلی اسباب دور کئے جائیں

لکھنؤ میں آچاریہ نریندر دیو کی تقریر

کانگریس کے مشہور لیڈر مغربی بنگال کے وزیر داخلہ کی موت

جنازہ میں وزرا اور سرکاری افسران کی شرکت

بقیہ کالم چھ

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

بہترین اور عمدہ ۔۔۔ جہاں آپ کو بہترین لذیذ اور سادہ کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیر، زردہ، بریانی، اسٹو، مچھلی، سبزی، چاپ، قیمہ، چائے، انڈا، کیک وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہوسکتے ہیں۔

بہترین انتظام ہے ایکبار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

مصفی اعظم خون صاف کرنیکی بہترین دوا

نیا موسم آتے ہی انسانی صحت میں تغیر شروع ہوجاتا ہے۔ ۔۔۔

مصفی اعظم اسی واسطے ایجاد کی گئی ہے ۔۔۔

قیمت فی شیشی ۔۔۔

ہمدم دواخانہ بکس نمبر ۔۔۔ لال کنواں دہلی

ابھی ہند اور پاکستان کے مابین ریل کا راستہ کھولنے کا وقت نہیں آیا

ہند پارلیمنٹ میں ریلوے منسٹر کا بیان

بجٹ پر عام بحث ختم ہوگئی۔ مسافروں کی مشکلات دور کرنیکا وعدہ

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ ہند پارلیمنٹ میں ریلوے بجٹ کی دو روزہ بحث کل شام ختم ہوگئی۔ مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے بحث کا جواب دیتے ہوئے [illegible] مسافروں کی مشکلات دور کرنے کے لئے تمام اقدام کئے جائیں گے۔

[illegible]

ریلوے انتظامات سے بے چینی

[illegible]

مسٹر ستانام کی تقریر

[illegible]

آواز سے تیز رفتار طیارہ

واشنگٹن ۲۲ فروری۔ [illegible]

ہندوستانی کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

برطانوی اخبارات کے تاثرات

لندن ۱۲ فروری۔ ہندوستان میں ہڑتالوں اور تخریبی سرگرمیوں کو روکنے کے لئے کمیونسٹوں کو گرفتار کرنے کے متعلق حکومت نے جو قدم اٹھایا ہے [illegible]

سکھوں کی خفیہ سرگرمیاں

بمبئی ۲۱ فروری۔ [illegible]

بہار میں نئے ٹیکس

بجٹ میں ۸ کروڑ کی بچت

پٹنہ ۲۲ فروری۔ [illegible]

ایک گاڑی میں مسلح ڈاکہ

[illegible]

تقسیم کشمیر و فلسطین کی مخالفت

پاکستان مسلم لیگ کونسل کا اجلاس

کراچی ۲۲ فروری۔ پاکستان مسلم لیگ کی کونسل کی ایک تجویز میں کشمیر کی تقسیم کی شدید مخالفت کی گئی ہے اور ایک غیر جانبدار استصواب رائے عامہ پسند کیا گیا ہے۔ ایک دوسری تجویز میں فلسطین کی تقسیم کی مخالفت کی گئی ہے۔

[illegible]

بمبئی کے ڈاک و تار کے ملازمین ہڑتال کرنا نہیں چاہتے

بمبئی ۲۲ فروری۔ ڈاک اور تار کے ملازمین کی یونین [illegible]

حیدرآباد کانگریس کے اختلافات

سردار پٹیل کی مداخلت کا امکان

حیدرآباد ۲۲ فروری۔ [illegible]

درگاہ شریف خواجہ صاحب اور مندروں کا یکساں احترام کرو

فیضان قدرت کے بغیر کوئی کام نہیں چل سکتا۔ گورنر جنرل کی اجمیر میں تقریر

اجمیر ۲۱ فروری۔ میونسپل کمیٹی کی جانب سے پیش کئے گئے ایک سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے ہند کے گورنر جنرل مسٹر راج گوپال آچاریہ نے کہا کہ تمام شہروں میں آبادی کی زیادتی اور روپیہ کی کمی کا مسئلہ درپیش ہے [illegible]

آگے چل کر گورنر جنرل نے کہا کہ درگاہ شریف خواجہ صاحب اور مندروں دونوں کی برابر عزت اور احترام [illegible]

مدرسین کی تنخواہوں میں اضافہ

لکھنؤ ۲۲ فروری۔ [illegible]

نائب صدر آل انڈیا ہندو مہاسبھا

ناگپور میں سردار پٹیل سے ملے

مدراس ۲۲ فروری۔ [illegible]

عرس عارف رح

[illegible]

اٹلی سے ۲۰ ہزار ٹن چاول کی خرید

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ [illegible]

پاکستان مسلم لیگ کا اصلاحی قدم

قبائلیوں اور جاگیرداروں کے متعلق اہم تجویز

کراچی ۲۲ فروری۔ پاکستان مسلم لیگ کونسل کا سہ روزہ اجلاس ختم ہوگیا۔ [illegible]

پٹنہ میں سوشلسٹ کانفرنس

پٹنہ ۲۳ فروری۔ [illegible]

کانپور و الہ آباد میں کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

فارموسا میں بغاوت کا خطرہ

چیانگ کے لڑکے کو قتل کی دھمکی

[illegible]

اندور کے کارخانوں کی ہڑتال

مدھیہ بھارت حکومت کا کمیونکے

گوالیار ۲۲ فروری۔ مدھیہ بھارت حکومت کی طرف سے [illegible]

اندور میں گرفتاریاں

اندور ۲۲ فروری۔ [illegible]

روڈیشیا کیلئے ہندوستانی مزدور

[illegible]

حکومت بولیویا کا تختہ الٹنے کی سازش

لندن ۲۱ فروری۔ [illegible]

بسیں چلانے سے ۳۱ لاکھ کا فائدہ

[illegible]

عراق کے کمیونسٹ لیڈر کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا

[illegible]

معلم ہندی

[illegible]

لب المجربات

[illegible]

منیجر شفاء المطب پوسٹ بکس نمبر ۳ دہلی

تجارتی آگاہی

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے مشہور و معروف تیار کردہ اشیاء

(۱) کوہ نور خضاب ۵۷ (۲) تبت سنو وغیرہ

جو ہمارے رجسٹرڈ شدہ مارکہ ہیں اور جن کے ہم واحد مالک ہیں۔ ان کی نقل چالاک لوگ تیار کرکے پبلک کو دھوکا دے رہے ہیں لہذا بیوپاریوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم اپنے کسی نمائندہ یا ایجنٹ کی معرفت بغیر کسی بیوپاری کے آرڈر کے اپنا تیار کردہ مال حاضر ڈیلیوری فروخت نہیں کرتے۔ تمام مال جو ہمارے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے وہ حسب معمول ہم سیدھا خریدار کو روانہ کرتے ہیں۔ لہذا وہ کوئی ایسا نقلی مال کسی ایجنٹ سے حاضر ڈیلیوری پر نہ خریدا کریں۔

اس کے علاوہ بذریعہ نوٹس ہذا یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص نقلی و بناوٹی مال بناتا ہوا یا فروخت کرتا ہوا یا کسی کے پاس فروختگی کے لئے ایسا مال پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ سخت سے سخت قانونی کاروائی دیوانی یا فوجداری یا ہر دو کی جاوے گی و نیز ہمارے ہر قسم کے ہرجانہ کا وہ ذمہ دار ہوگا۔

منیجر کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

نوٹ:۔ اگر کوئی شخص ایسا مال فروخت کرنے کی غرض سے آپکو ملے تو اسکی اطلاع براہ مہربانی فوراً ہمکو دیں جس سے آپ و پبلک دونوں کا فائدہ ہے۔

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

منیجر صنوبر ہوٹل — نمبر ۱۰۹ — فراش خانہ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۴ فروری سنہ ۱۹۴۹ء

دیسی طریقہ علاج

دیسی طریقہ علاج - طب اور ویدک - کے متعلق چوپڑہ کمیٹی کی رپورٹ دو ضخیم جلدوں میں شائع ہوگئی ہے جس میں دیسی علاج کی اہمیت واضح کرتے ہوئے چند ایسی سفارشات پیش کی گئی ہیں، جو مفید بھی ہیں اور عمل کے لحاظ سے مشکل بھی۔ اگر ان سفارشات کو عملی جامہ پہنایا گیا تو بلاشبہ دیسی طریق علاج کی اہمیت اور افادیت بہت بڑھ جائے گی لیکن انہیں بروئے کار لانا بظاہر مشکل معلوم ہوتا ہے اور ان سے فائدہ اٹھانا بھی اتنا آسان نہیں ہے جتنا کہ رپورٹ کے مرتبین نے سمجھا ہے۔

رپورٹ میں یہ بات تسلیم کرلی گئی ہے کہ دیسی طب ایک مدت سے جامد پڑی ہے اور اسے سائنٹیفک خطوط پر ترقی دینے کا کبھی ارادہ نہیں کیا گیا لیکن پھر بھی وہ اس قدر مقبول ہے کہ ہندوستان کے بے شمار وید اور طبیب اپنے طریقوں سے عوام کی خدمت کررہے ہیں اور ان کے طریق علاج کو عوام کی حمایت حاصل ہے، ہمارے خیال میں دیسی طریق علاج کی ہمت افزائی علم اور فن کی بہت بڑی خدمت ہوگی بشرطیکہ اس میں ایک ایسا ذوق پیدا کیا جائے جو جدید تحقیقات کو اپنے اندر سمو سکے۔ مغربی طریق علاج سرتاسر سائنٹیفک اصولوں پر مبنی ہے اور اس میں تجربہ اور مشاہدہ کو بہت زیادہ دخل ہے، جراثیم کی دریافت، شعاعوں کے ذریعہ داخلی امراض کا مشاہدہ ایکس رے کی ایجاد، سرجری اور عمل جراحی کی کامیاب تنظیم اور [illegible] سے اعتراف کرنا چاہئے، لیکن ساتھ ہی ہمیں یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ علم و تحقیق کسی خاص قوم اور ملک کا ورثہ نہیں ہے ہمارا فرض ہے کہ مغربی طریق علاج کو زیادہ سے زیادہ موثر اور مفید بنانے اور مغربی سائنس کی امداد کرنے کے لئے، دیسی طریق علاج پر نظر ثانی کریں اور اس کے نقائص کو دور کرکے اس میں ان عناصر کو بڑھائیں جو امراض کی تشخیص اور علاج کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید ثابت ہوں۔

چوپڑہ کمیٹی نے اس مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے پر زور سفارش کی ہے کہ مغربی اور دیسی علاج کو ایک خاص طریقہ میں سمو کر ایک ترکیبی طریقہ اختیار کیا جائے اور دونوں کے امتزاج سے طریق علاج کو سہل اور موثر بنایا جائے، اس اقدام کے لئے ضروری ہے کہ

(۱) دونوں طریقوں کے نصاب کو اس ڈھنگ پر ملایا جائے کہ ایک طریقہ کی خامیاں دوسرے طریقہ کی خوبیوں سے بدل جائیں۔

(۲) دونوں طریقوں کی تعلیم دینے کے لئے ایک ہی معلم ہو تاکہ طلباء متحدہ نظریہ قائم کرسکیں۔

(۳) تحقیقات کے حلقوں میں ہندوستانی اور مغربی طب کے ماہر ساتھ ساتھ کام کریں، [illegible]

(۴) طبی کالجوں میں دونوں طب کی تعلیم کا انتظام ہو، [illegible]

[illegible] کی طبی اصطلاحات پر عبور حاصل کرنا ہوگا، اس کے بعد ڈاکٹری، طب، اور ویدک طریق علاج سیکھنا ہوگا، اس طرح طلباء ہر طب میں کچھ نہ کچھ شد بد تو حاصل کرسکیں گے کسی طب میں درجہ اختصاص حاصل نہ کرسکیں گے چہ جائیکہ وہ تینوں طریق علاج کے اسپیشلسٹ قرار پائیں اور مغربی اور دیسی طبیبوں کے ذریعہ ایک ماہر خصوصی کی حیثیت سے کام کرسکیں، آسان اور ممکن صورت یہ تھی کہ تشخیص اور علاج کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا، پہلی فہرست ان امراض کی ہوتی جو موسم اور حالات کے مطابق عام ہیں، اس میں امتزاج اور ترکیب کے اصولوں پر مشترک تعلیم ہوتی، دوسری فہرست ان امراض کی ہوتی جنہیں عام طور پر پیچیدہ سمجھا جاتا ہے اور جن پر قابو پانے کے لئے بڑی مہارت اور بڑے تجربہ کی ضرورت ہے، ایسے امراض کی تعلیم مشترک نہ ہو بلکہ ڈاکٹر اسے مغربی طب کے طریقہ پر حاصل کریں، طبیب یونانی طریقوں سے ان پر غالب آئیں اور وید آیورویدک طریقوں سے ان میں مہارت پیدا کریں، ہر طبیب اپنے اپنے دائرہ میں درجہ اختصاص حاصل کرے اور وہ اپنے فن کا ماہر تسلیم کیا جائے ورنہ ترکیبی طریق علاج سے طلباء کسی شعبہ میں بھی مہارت حاصل نہ کرسکیں گے اور چوپڑہ کمیٹی کا مقصد کبھی حاصل نہ ہوگا۔

ہمارے خیال میں موجودہ طریق علاج کو سہل بنانے سے پہلے علاج کے نئے طریقوں کا اہتمام کرنا بہت بڑی بنیادی غلطی ہے۔ [illegible] ضرورت اس بات کی ہے کہ موجودہ طریق علاج کو ارزاں اور عام کیا جائے اور اس سے پبلک کو زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کا موقعہ دیا جائے، اس وقت حال یہ ہے کہ دیہات و قصبات میں موسمی امراض - ہیضہ، طاعون، چیچک، نمونیا، کالی کھانسی، ام الصبیان - پر قابو پانے کا کوئی انتظام نہیں، اچھے ڈاکٹر وقت پر نہیں ملتے اور مریض بھی امداد نہ ملنے پر موت کا شکار ہوجاتا ہے یہی حال نسوانی امراض (gynaecology) کا ہے کہ تجربہ کار دائیوں اور سرجنوں کے نہ ملنے کی وجہ سے بے شمار عورتیں لقمہ اجل بن جاتی ہیں اور حکومت کے محکمہ حفظان صحت کو ان کی کانوں کان خبر نہیں ہوتی [illegible]

غلہ کی گرانی

معلوم ہوا ہے کہ یوپی کے اکثر شہروں میں گیہوں [illegible]

محبت کی پینگیں

بہت خوشی اور مسرت کی بات ہے کہ ہند اور پاکستان میں تعلقات خوشگوار ہورہے ہیں [illegible]

اچھی باتیں

یا بنی اقم الصلوٰۃ … (پ ۲۱ ع ۱۱)

حضرت لقمان نے اپنے فرزند کو نصیحت کرتے ہوئے کہا اے میرے بیٹے! نماز کو قائم کر، اچھی باتوں کو پھیلا، اور بری باتوں کو روک اور جب تم پر کوئی افتاد پڑ جائے تو اس پر صبر کر، اور یاد رکھو صبر و تحمل انسانی زندگی کا سب سے بڑا شاہکار ہے۔

پہلے حکم دیا کہ نماز قائم کرو۔ پھر فرمایا کہ اچھی باتوں کو پھیلاؤ اور برائیوں کو روکو مطلب یہ ہوا کہ نماز پڑھنے والا نہ صرف خود ہی نیک کردار بنے اور برائیوں سے بچے بلکہ دوسروں کو بھی برائیوں سے بچائے اور نیک بنائے یہی مسلمان کی زندگی کا مشن ہے کہ وہ بھلائیوں کو پھیلائے اور برائیوں کو دور کرنے کے لئے پیدا ہوا ہے۔ نہ اسلئے کہ خود برائیوں کا سرچشمہ بن جائے اور اپنے کردار سے اسلام کو بدنام کرے۔ پھر فرمایا کہ کسی افتاد پر ایک مومن کو صبر کرنا چاہئے۔ مگر صبر کی طاقت بہت بھلائی اختیار کرنے سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ یہ بھی فرمایا کہ صبر کامیابی کا جوہر اور زندگی کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ جو لوگ حوصلہ کے بلند ہونگے ان کے لئے تمام مشکلیں آسان کردی جائیں گی۔

جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے مصیبت زدگان میوات کی امداد

اور پھر تیوپرا اور گوڑگانوہ کے مزید تینتالیس مواضعات میں ضرورتمندوں کی امداد

مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی طرف سے [illegible]

ریاست الور [illegible]

تحصیل کشن گڑھ [illegible]

ریاست بھرت پور [illegible]

ضلع گوڑگانوہ [illegible]

تحصیل فیروزپور جھرکہ [illegible]

گورنر جنرل درگاہ اجمیر میں

خدام درگاہ کی طرف سے سپاسنامہ

[illegible]

ہند اور پاکستان کے مسلمان اسلامی سیرت پر چل کر آج بھی کامیاب زندگی بسر کرسکتے ہیں

علیگڑھ کے جلسہ سیرت میں مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کا ارشاد

دہلی ۲۱ فروری۔ مجلس اسلامیان علی گڑھ یونیورسٹی اور جناب ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب وائس چانسلر یونیورسٹی کی دعوت پر حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی ۱۹ فروری کو علی گڑھ پہونچے جہاں آپ نے ۸ بجے شب سیرت کے جلسہ میں برجستہ تقریر فرمائی۔ مولانا کی یہ تقریر وہ بصیرت افروز تقریر ہے جو آج کے حالات میں ہند اور پاکستان کے مسلمانوں کو بہترین مسلمانانہ زندگی کا راستہ دکھلاتی ہے۔ مسلمانان علی گڑھ مولانا کی اس تقریر سے بہت متاثر ہوئے۔ تقریر کرتے ہوئے مولانا نے فرمایا۔

مسلمانوں کے لئے اس وقت ضروری ہے کہ وہ آں حضرت صلعم کی سیرت کا بہت غور سے مطالعہ کریں۔ سیرت کے دو حصے ہیں، ایک مکی اور ایک مدنی۔ انبیاء علیہم السلام اور ان کے خاص متبعین کی یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ جب ان کے پاس کسی قسم کے مادی وسائل، قانون کی حمایت اور پبلک کی عامہ ہمدردی نہیں ہوتی وہ ایسے وقت میں بھی کلمۃ الحق اور سچائی کی بات پوری دلیری اور صفائی کے ساتھ کہتے ہیں [illegible]

مسلمانوں کی اصلاح فرقہ پرستی نہیں ہے

[illegible]

دیوار گرنے سے تین ہلاک

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے مجھے ہوئے فارم پر خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم مجھے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ایسی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر مطابق کریں (ادارہ)

ضلع جمعیۃ علماء کا وفد جوالاپور میں

جوالاپور ۱۸ فروری (بذریعہ ڈاک) ناظم جمعیۃ علماء جوالاپور تحریر فرماتے ہیں کہ حسب تجویز مجلس عاملہ ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور کا ایک وفد جو مولانا محمد ایوب صاحب اعظمی ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ خواجہ ... صاحب اور قاضی رشید احمد صاحب پر مشتمل تھا، ۱۵ کو جوالاپور پہنچا۔ موٹر اسٹینڈ پر مسلمانوں کے ایک مجمع نے استقبال کیا۔ جوالاپور اور ملحقہ دیہات میں مسلمانوں کو ... کے دوران وفد نے ان کی شکایات سنیں۔ [illegible]

[illegible] تحریری طور پر شکایات مرتب کر کے ناظم جمعیۃ علماء جوالاپور کی وساطت سے ضلع کے دفتر میں بھیجنے کی ہدایت کی۔ افغان سے شاستری جی صدر کانگریس جوالاپور موجود تھے۔ [illegible] ملاقات کی اور مسلمانوں اور ہندوؤں کی مشترکہ کمیٹی بنانے کے امکانات پر بات چیت ہوئی۔

بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں ایک عام جلسہ ہوا۔ جس میں ناظم جمعیۃ علماء جوالاپور نے ارکان وفد کا خیر مقدم کیا۔ تینوں حضرات نے مسلمانوں سے خطاب کیا۔ صبر و استقامت کی تلقین کی اور مسلمانوں کو یقین دلایا کہ وہ جن مشکلات سے گذر رہے ہیں ضلع جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کو اس کا پورا پورا احساس ہے اور وہ اس سلسلہ میں سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔ [illegible] ہدایات دیں۔ تقریباً ۵ بجے ارکان وفد مراجعت فرماتے سہارنپور ہوئے۔

مجلس عاملہ ضلع جمعیۃ علماء مظفرنگر کی تشکیل

جلسہ مجلس منتظمہ ضلع منعقدہ ۱۳ جنوری ... نے مجلس عاملہ و عہدیداران کے انتخاب کا حق صدر محترم حضرت مولانا جمیل احمد صاحب کو دے دیا تھا۔ صدر محترم نے مندرجہ ذیل حضرات کے اسم گرامی کا اعلان کیا ہے۔

نائب صدر۔ حکیم مولوی عبد الوہاب صاحب (کشرہ) حکیم مولانا عبد الشکور صاحب (پوپری) مولوی غریب الحسن صاحب مظفرنگر۔ ناظم اعلیٰ۔ مولانا قمر التوحید صاحب مظفرنگر۔ ناظم دفتر۔ مولوی قمر الہدیٰ صاحب ناظم مالیات حکیم شہاب الدین احمد صاحب۔ ممبران:۔ مولوی منظور احسن الحجازی صاحب مولوی مجتبیٰ صاحب وکیل حکیم مولوی سالم صاحب صدری مولوی ... صاحب رحمانی۔ ڈاکٹر مغفور احمد صاحب الحجازی۔ حافظ عبد الصمد صاحب۔ مولوی اظہار الحق صاحب (مظفرنگر) حافظ مجیب الرحمن صاحب (صدر تھانہ) ماسٹر اقبال خاں صاحب (کشرہ) شاہ محمد رفیق صاحب ... مولوی صغیر احمد صاحب (کشرہ) مولوی حبیب احمد صاحب ... حکیم مولوی ... صاحب ... حافظ محمد اسمٰعیل صاحب (...) مولوی سلیمان صاحب ... مولانا محمد سلیمان صاحب ... مولانا عبد الحی صاحب ... حکیم حافظ ابوبکر صاحب ... مولوی عبد الحق صاحب ... مولوی عبد الحق صاحب ... شاہ محمد اسمٰعیل صاحب، ابو عبد الغفار صاحب (کشرہ) صوبائی مجلس منتظمہ کے لئے ... صدر، ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء نے مندرجہ ذیل اسماء گرامی کا اعلان کیا ہے۔

(۱) مولوی قمر الہدیٰ صاحب (ناظم دفتر) (۲) ڈاکٹر اکرام احمد صاحب ... (کشرہ)

ضلع بھاگلپور جناب مولانا عبد المجید صاحب (صدر) جناب مولانا محمد اسحاق صاحب (نائب صدر) جناب مولانا محمد شمس الدین صاحب (ناظم اعلیٰ) جناب مولانا عبد الرحمن صاحب، نائب ناظم جناب مولانا محمد عبد الغفار صاحب۔ نائب ناظم جناب ... ماسٹر محمد علی امام صاحب۔ خازن۔

قنوج صدر۔ سید عبد الوحید صاحب نائب صدر۔ شیخ ڈاکٹر حسین صاحب شیخ عبد الحق صاحب محمد مشتاق صاحب، حکیم محمد اسد الحق صاحب جنرل سکریٹری۔ حکیم حافظ سید محمد یوسف صاحب سکریٹری۔ خزانچی مولوی محمد رمضان صاحب مولوی عبد الحی خاں صاحب۔ ہیڈ ممبر سکریٹری۔ ... حسین خادم۔ عبد الصمد صاحب۔

جمعیۃ علماء ضلع پرتاب گڈھ کا انتخاب

کونسل نے جمعیۃ علماء ضلع پرتاب گڈھ کے صدر اور ناظم کا انتخاب کرنے کے بعد ضلع جمعیۃ کی سالانہ رپورٹ بحث کے بعد منظور کی۔ ایک تجویز کے ذریعہ کونسل نے طے کیا ہے کہ اپریل کے مہینہ میں جمعیۃ کانفرنس کی جائے۔ اس میں مسلمانوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے سرمایہ فراہم کریں۔

منتخب عہدہ داروں کے اسماء گرامی

(۱) سید محمد ذکی ... صدر (۲) جناب عزیز احمد ... (۳) جناب مولانا منیر احمد صاحب، نائب صدر (۴) جناب مولانا صفات اللہ صاحب ناظم اعلیٰ (۵) جناب محمد ابراہیم صاحب نائب ناظم (۶) جناب ماسٹر علی محمد صاحب نائب ناظم (۷) جناب سید محمد عباس صاحب۔ خازن۔

بمبئی جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کے سالانہ اجلاس منعقدہ ۱۳ فروری ۱۹۴۹ء میں صوبہ بمبئی کی جانب سے حسب ذیل اراکین مرکزیہ اور صدر مرکزیہ کا انتخاب عمل میں آیا۔

اسمائے گرامی اراکین مرکزیہ

(۱) جناب مولانا محمد عثمان صاحب مالیگاؤں (۲) جناب حکیم اعظمی صاحب (۳) جناب مولانا عبد العزیز صاحب ... (۴) جناب ... صاحب ... مالیگاؤں (۵) جناب مولانا محمد ... صاحب مالیگاؤں (۶) جناب مولانا محمود الرحمن صاحب (۷) جناب مولانا عبد الرحیم صاحب ... (۸) جناب حافظ علی بہادر صاحب (۹) جناب افضل حسین صاحب، باندرہ (۱۰) جناب محمد بیگ صاحب جغتائی (۱۱) جناب محمد طاہر صاحب انصاری (۱۲) جناب مولانا سیف اللہ صاحب (۱۳) جناب محمد عثمان صاحب ... (۱۴) جناب عبد الکریم صاحب شولاپور (۱۵) جناب ماسٹر عبد الرحمن صاحب مالیگاؤں (۱۶) جناب محمد رمضان عبد الستار صاحب ... جناب مولانا دوست محمد صاحب۔ اور مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی صدارت کے لئے جناب حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی دامت برکاتہم کا اسم گرامی بالاتفاق پورے جوش کے ساتھ منظور کیا گیا۔

مفلوک الحال میوؤں کی زیادہ سے زیادہ مدد کرو

کرانہ میں مولانا رفیق کی تقریر

کرانہ (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے گذشتہ شب جمعہ کو جامع مسجد میں تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کو ارشادات نبوی پر عمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ وہ دنیا میں بھی کامیاب ہوں اور آخرت میں بھی کامرانی نصیب ہو جائے۔ مولانا نے اپنی تقریر میں میوات کا ذکر کیا اور کہا کہ جمعیۃ علماء ہند نے میوات کے اجڑے ہوئے مصیبت زدگان کی امداد کے لئے پورے انہماک سے کام لیا ہے اور یہ کام ابھی جاری ہے۔ مولانا نے عام مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ میوات کے مسلمانوں کی امداد کی طرف توجہ فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ عطیات جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں ارسال کریں۔ مولانا نے مسلمانوں کو یہ بھی نصیحت کی کہ وہ اخبار "الجمعیۃ" کو اپنے یہاں زیادہ سے زیادہ جاری کرائیں۔ تاکہ آپ کو جماعتی اور ملکی حالات سے آگاہی ہو سکے۔

انجمن طبیہ کا احتجاج

بریلی ۱۸ فروری۔ انجمن طبیہ بریلی کی طرف سے قواعد رجسٹریشن کے خلاف احتجاج انجمن طبیہ بریلی کا جلسہ ۲۰ جنوری ۱۹۴۹ء کو جناب حکیم اشفاق الحسن صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں حکومت یوپی کے حکیموں کے رجسٹریشن کے متعلق نئے بنائے ہوئے قواعد کے خلاف سخت احتجاج کیا گیا۔

حکیم اشفاق الحسن صاحب صدر حکیم عبد الوحید صاحب نائب صدر، حکیم امین الدین احمد صاحب سکریٹری حکیم سعید احمد صاحب نائب سکریٹری، مندرجہ ذیل حضرات انجمن کی مجلس انتظامیہ کے ممبر ہیں۔ حکیم شہاب الدین احمد صاحب حکیم اصغر حسین خاں صاحب حکیم مختار احمد صاحب حکیم عبد الرشید صاحب حکیم عبد المجید صاحب حکیم خلیل اللہ خاں صاحب حکیم عبد الجلیل خاں صاحب اور ہم عہدیداران۔

پیکن میں فوجیوں نے آٹے کی بوریوں پر قبضہ کرلیا

شنگھائی ۲۱ فروری۔ پیکن میں کمیونسٹوں نے مارشل کے امدادی پروگرام کو چلانے والی کمیٹی کے گودام میں جو ایک قونصل خانہ میں واقع تھا آٹے کی بوریوں پر قبضہ کر لیا۔ کمیٹی نے پہلے آٹے کی بوریاں کمیونسٹوں کو دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن ... فوجیوں اور سیاسی کارکنوں کو ... کیا جائے۔

اس غیر قانونی قبضہ پر اس کمیٹی کے شمالی چین کے نمائندے مسٹر ... نے کمیونسٹوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی ہے۔ دو لاکھ فوجیوں کو خوراک مہیا کرنے کے سلسلہ میں شنگھائی کے ... [illegible]

نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کمیونسٹ ... نے ... دس لاکھ ... کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہر ... کو ... بغیر کسی نقصان کے کمیونسٹوں کے سپرد کر دیا جائے۔ (رائٹر)

صرف خاص کا انتظام سنبھال لیا

حیدرآباد ۲۲ فروری۔ فوجی گورنر کا اعلان مظہر ہے کہ نظام کے صرف خاص کا انتظام حکومت حیدرآباد نے ... سے سنبھال لیا ہے۔

چترا میں "جمعیۃ نگر" اور "باب مدنی" کی شاندار تیاریاں

چترا (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی شاندار کانفرنس جو چترا ضلع ہزاری باغ میں ۲۸ فروری و یکم مارچ ۱۹۴۹ء کو ہو رہی ہے۔ اس کے انتظامات میں مجلس استقبالیہ کے کارکن اور دوسرے ہمدرد حضرات بڑی تیزی سے سرگرم عمل ہیں۔ مجلس استقبالیہ نے انتظامات پر قابو پانے کے لئے انتظامی امور کے تمام شعبے الگ الگ کر دیئے ہیں اور ہر ایک شعبہ کے علیحدہ علیحدہ انچارج اور نگران مقرر کئے گئے ہیں۔ کانفرنس کی "پنڈال کمیٹی" نے کانفرنس کے شاندار اور وسیع پنڈال کو "جمعیۃ نگر" سے موسوم کیا ہے اور اس میں داخل ہونے والے دروازے کا نام "باب مدنی" رکھا گیا ہے۔ مولوی محمد اسحاق صاحب کنوینر پنڈال کمیٹی اپنے رفقاء کے ساتھ "جمعیۃ نگر" کی تیاری اور اس کی زیب و آرائش کے لئے ... ایک جماعت کے ساتھ بڑی مستعدی سے سرگرم عمل ہیں۔

"جمعیۃ نگر" کی ابتدا "مدنی گیٹ" سے ہوگی اور اس کے آخری حصہ پر ڈائس ہوگا جہاں وارثان علم نبوت اور رہنمایان جمعیۃ علماء اور دوسرے معززین رونق افروز ہوں گے۔ "مدنی گیٹ" ڈائس کے درمیان وسط پنڈال میں جو صاف، ستھری اور خوش نما سڑک نکالی گئی ہے اس کو حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب کے نام پر "حفظ الرحمن روڈ" سے موسوم کیا گیا ہے۔ جن کی دکھلائی اور بتلائی ہوئی صاف اور سیدھی راہ پر چل کر مسلمان ہند اپنے مستقبل کو سنوار سکتے ہیں۔ جو مسلمانان بہار کی خوش قسمتی سے اس شاندار کانفرنس کی صدارت فرما رہے ہیں۔

چھ ارب گولیاں تیار ہوئیں

لندن ۲۰ فروری۔ ... آرڈی ننس فیکٹری سے متعلق ... ایک کتاب شائع ہوئی ہے ... کہ جنگ کے زمانہ میں ... آرڈی ننس فیکٹریوں نے ... چھ ارب ... کے چالیس لاکھ ... [illegible]

منیلا (فلپائن) کا عجیب و غریب شاندار آدمی

اس نوے سالہ بڈھے کے تیرہ بچے اور لاتعداد پوتے پوتیاں ہیں

منیلا ۲۰ فروری۔ اس شخص کے ساتھ ندرت کی ستم ظریفی یہ ہے کہ اس کی بائیں کنپٹی پر پانچ انچ کا ایک سینگ نکل آیا ہے۔ اس شخص کی عمر ستر سال کی ہے۔ بیکول کے علاقہ کا دورہ کرنے والے اخبار نویس اس امر کا اعتبار نہ کر سکے۔ اخبار نویس ہی کیا بلکہ اس پارٹی میں جس کا ایک عضو اخبار نویس تھے ... اس علاقہ ... کوئی بھی اس امر کو سچ نہ سمجھ سکا۔

لیکن جب اس پارٹی کے افراد لگاسپی کے اسپتال گئے اور اس عجوبہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تو ان کو یقین کرنا پڑا۔ لیکن اسپتال کے ڈاکٹر ... نے کسی ذی ... کو فوٹو نہیں لینے دیا۔ صدر کوئی رینوعی ڈاکٹر کو سمجھا بجھا ... اس بات پر آمادہ نہ کر سکا کہ اس کے مریض کی دو تصویریں لی جا سکیں۔ ڈاکٹر ... نے کہا کہ طب کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے اور وہ اس کا ایک سائنسی "عجوبہ" کی حیثیت سے مطالعہ کر رہا ہے۔ اس شخص کی عمر ستر سال کی ہے بعض لوگ کہتے ہیں وہ نوے سال کا ہے یہ آدمی جو اپنا نام بتانے سے انکار کرتا ہے کہتا ہے کہ اس کے تیرہ بچے ہیں اور لاتعداد پوتے پوتیاں ہیں جن کی تعداد اسے یاد بھی نہیں رہ سکتا۔

ڈاکٹر ... کا کہنا ہے کہ اس بڈھے کو چند دن قبل اس کے رشتہ دار اسپتال میں لائے تھے۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ اس بڈھے کے رشتہ داروں کے قول کے مطابق سینگ ایک سال سے نکلنا شروع ہوا ہے۔ وہ کچھ اور تفصیلات بیان نہ کر سکے۔ یہ سینگ اپنی جڑ کے قریب ... موٹا ہے مڑا ہوا اور گاؤ دم ہے مگر نوک کند ہے اس میں کسی قسم کی حس نہیں ہے اور یہ کھردرا ہے۔ پتھر کی طرح نظر آتا ہے اور یہ پیچھے کی طرف مڑ کر تھوڑی تک پہنچ گیا ہے۔

سندیلہ میں طبی کانفرنس

حکیم سید مشتاق احمد کی صدارتی تقریر

سندیلہ (بذریعہ ڈاک) پچھلے دنوں اطباء ضلع ہردوئی کی ایک طبی کانفرنس سندیلہ میں حکیم سید مشتاق احمد صاحب کی صدارت میں ہوئی جس میں حسب ذیل تقریر صدارت کی گئی۔

موجودہ زمانہ میں اگر ہم نے اپنی تنظیم نہ کی تو ہماری آواز کہیں نہیں سنی جا سکتی آپ نے فن میں لاکھ قابل ہوں اور خلق خدا کی خدمت کتنے ہی ایثار کے ساتھ کیوں نہ کریں جب تک آپ متحد ہو کر اپنی آواز بلند نہ کریں گے ان حقوق سے محروم رہیں گے جو آپ کو آزاد ہندوستان میں یقیناً ملنے چاہئیں۔ آزاد ہندوستان میں دیسی طبوں کو ملکی طب کا درجہ جلد سے جلد حاصل ہونا چاہئے تھا لیکن افسوس ہے کہ اس سلسلہ میں بعض حلقوں کی طرف سے تنگ نظری کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے اور آپ کی طب کے مستقل وجود ہی سے انکار کرتے ہوئے اطباء کی شاخ قرار دیا جا رہا ہے آپ کا فرض ہے کہ متحد ہو کر اس طرز عمل کے خلاف احتجاج کریں۔ اور رائے عامہ کو اپنا ہم خیال بنائیں۔ اطباء کے رجسٹریشن کے بارے میں گورنمنٹ نے جو نئے قواعد بنائے ہیں ان سے آپ کو شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے کیونکہ آپ کی رجسٹری کے درخواستوں پر غور کرنے والی کمیٹی میں ایسے اشخاص کو شامل کیا گیا ہے جو غیر ملکی طب یعنی ایلوپیتھک سے تعلق رکھتے اور اسے ہمیشہ سے تعصب رکھتے ہیں ان خلاف انصاف قواعد کے متعلق اطباء اور ویدوں میں ایک ہیجان ہو رہا ہے اور آپ کے ضلع کی انجمن نے بھی اس سلسلہ میں طلبہ کر کے احتجاج کیا ہے حکومت کو اور سالی کی ہے آپ کی اس حق طلبی اور دوسری حق طلبیوں کا اثر اسی وقت ہو سکتا ہے جب آپ باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اپنا ہر کام متحدہ طور پر کریں۔ انجمن طبیہ یوپی آپ کی مرکزی جماعت کی حیثیت رکھتی ہے اس کو مضبوط اور اس کی آواز کو موثر بنانا تمام آپ ہی کے ہاتھ میں ہے اس کا سالانہ اجلاس ۲۷ فروری کو لکھنؤ میں ہو رہا ہے اس میں آپ کے مستقبل کے اہم مسائل پر غور کر کے راہ عمل متعین کی جائیگی اس میں آپ سب صاحبان شرکت کیجئے اور اسے ہر لحاظ سے کامیاب بنائیے سندیلہ اور لکھنؤ میں فاصلہ کچھ بھی نہیں۔ اس لئے میں آج خاص طور سے آپ کو اس میں شرکت کی دعوت دے رہا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس جلسہ میں زیادہ سے زیادہ شریک ہوں گے۔

آخر میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ اس موقع پر جمع ہوئے اور مجھے صدارت کی عزت بخشی خدائے تعالیٰ مجھے اور آپ سب کو اس فن شریف کی مخلصانہ خدمت کی توفیق دے۔

ٹریڈ کمشنروں کا تقرر

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ حکومت برما ہندوستان کے تجارتی مراکز میں اپنے تجارتی کمشنر مقرر کر رہی ہے تاکہ برما اور ہندوستان میں تجارتی تعلقات اور بھی وسیع ہو جائیں۔

مالدار چور

لندن ۲۱ فروری۔ برطانیہ میں ایک ... سالہ ... پر چوری کے الزام میں مقدمہ چلایا گیا ہے۔ پولیس کے بیان کے مطابق گذشتہ ... سالوں میں اس ملزم نے تقریباً ... ۳۳ ... روپیہ کا مال چوری کیا اور اس میں چوری کے مال کی فروخت سے جو روپیہ کمایا گیا وہ بہت کم ہے۔ پولیس کے پاس ایک کتاب تھی جس میں ان اشخاص کے نام درج تھے جن کے ہاں اس نے چوری کی تھی۔ اس کاپی میں زیادہ تر فلم ایکٹروں کے نام درج تھے۔ جس سے یہ ظاہر ہے کہ اسے فلم ایکٹروں کی چوری کرنے کا اشتیاق تھا۔ اس کاپی میں چارلی چپلن، ڈارتھی ... وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ (گلوب)

سوشلسٹوں کا جلسہ

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) ۲۰ فروری کو ... میں سوشلسٹوں کا جلسہ ہوا جس میں مقررین نے لیبر لیڈروں کی بھوک ہڑتال سے اظہار ہمدردی کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ جلد سے جلد مزدوروں کے مطالبات مان لئے جاویں۔

چوری کی وارداتوں میں اضافہ

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) آج کل چوری کی وارداتوں میں کافی اضافہ ہو گیا۔ چنانچہ مقامی پولیس نے ہر حلقہ کے مکھیا سے کہا ہے کہ وہ اہل حلقہ کے تعاون سے رات کے پہرہ کا انتظام کریں۔

امریکی بحری بیڑے کی مشق

واشنگٹن ۲۱ فروری۔ امریکی بحری بیڑہ ایک سو جہاز جنوب کی طرف روانہ ہو گئے یہ جہاز سالانہ بحری مشق میں حصہ لیں گے۔ امریکہ کے بڑے بڑے جنگی جہاز اس میں حصہ لیں گے۔

بحری ہیڈ کوارٹر اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ اگر ان پر صحیح معنوں میں ایٹم گرایا جائے تو ان میں سے کتنے بچ جاتے۔ تقریباً پینتیس ہزار بحری، ہوائی اور بری فوج کے افراد ان مشقوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ برطانوی ساحلی بیڑے کے ایڈمرل سسر ... برطانیہ کی طرف سے ان امریکی مشقوں میں شریک ہوں گے۔ (گلوب)

اعظم گڈھ میں اتحاد کانفرنس

اعظم گڈھ (بذریعہ ڈاک) ۵۔۶ مارچ ۱۹۴۹ء بمقام ... ضلع اعظم گڈھ میں بہت بڑے پیمانے پر اتحاد کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس کا افتتاح حکومت ہند کے وزیر رسل و رسائل جناب رفیع احمد صاحب قدوائی اور صدارت جناب بابا راگھو داس ایم ایل اے فرمائیں گے۔ اور علاوہ دیگر حضرات کے حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی شرکت کی پوری توقع ہے۔ کانفرنس کی استقبالیہ کمیٹی نے نہایت گرمجوشی سے کام شروع کر دیا ہے مہمانوں کو دعوت نامہ جاری کئے جا چکے ہیں۔ پبلک کو ہر طرح کی سہولت بہم پہنچانے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں کانفرنس کا پنڈال ریلوے اسٹیشن کے قریب نہایت وسیع و شاندار پیمانے پر تیار کیا جا رہا ہے۔ اتنے بڑے پیمانے پر اس حلقہ میں اپنی شان کی پہلی کانفرنس ہوگی۔

مشرقی بنگال کے لئے کوئلہ!

ڈھاکہ ۲۲ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی بنگال کو ہند کی طرف سے پچاس ہزار ٹن کوئلہ دیا جانے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ ان میں سے ابھی صرف ۵۰۰ ۱۲ ٹن کوئلہ دیا گیا ہے باقی تعداد موصول ہونے کی توقع ہے۔

کلکتہ میں پولیس کا فائرنگ

کلکتہ ۲۲ فروری۔ ... ایک مجمع کے قابو سے باہر ہو جانے پر پولیس کو گولیاں چلانی پڑیں فائرنگ سے کئی عورتیں بھی مجروح ہوئیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کمیونسٹوں کی گرفتاری کے سلسلہ میں اس گاؤں میں پولیس کچھ لوگوں کی تلاش کر رہی تھی لیکن جب دیہاتیوں نے پولیس پر لاٹھیوں اور اینٹوں سے حملہ کیا تو پولیس نے گولیاں چلانی شروع کر دیں۔

امریکہ کا انڈر سکریٹری مستعفی

واشنگٹن ۲۲ فروری۔ میجر جنرل ولیم ایچ ڈریپر امریکہ کی بری فوج کے محکمہ کے انڈر سکریٹری ۲۸ فروری کو مستعفی ہو جائیں گے۔ صدر ٹرومین کو ایک خط میں انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ وہ ریٹائر ہونا چاہتے ہیں۔

ڈنمارک اٹلانٹک پیکٹ میں شامل ہو جائیگا؟

کوپن ہیگن ۲۱ فروری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مجوزہ اٹلانٹک پیکٹ میں شمولیت کے سلسلہ میں حکومت ڈنمارک جلدی ہی ابتدائی قدم اٹھائے گی۔ اگرچہ ڈنمارک کی پارلیمنٹ کی امور خارجہ کی کمیٹی کے چیرمین ایم ... نے جلد بازی میں کوئی قدم اٹھانے کے خلاف تنبیہ کی ہے۔ تاہم معتبر حلقوں میں یہ خیال ظاہر کیا جا رہا ہے کہ حکومت ڈنمارک اپنے ملک کی حفاظت کے نقطہ نظر سے اٹلانٹک پیکٹ میں شمولیت ... [illegible]

شنگھائی میں آتشزدگی

شنگھائی ۲۲ فروری۔ ... شنگھائی میں آتشزدگی کے سبب گذشتہ شب جھونپڑیوں کی سینکڑوں ... جل گئیں اور پانچ ہزار چینی بے گھر ہو گئے۔ پانی کی سپلائی کافی نہ ہونے کی وجہ سے فائر بریگیڈ والوں کو سخت مشکل پیش آئی۔

ہاتھی کی زد میں آ کر ہلاک

ڈگا نگ (آسام) اطلاع ملی ہے کہ چند اشخاص ایک جنگلی ہاتھی کی جھپٹ میں آ کر ہلاک ہو گئے اور ایک شخص شدید زخمی ہوا۔ ... اس ہاتھی کو ہلاک کرنے کے ... [illegible]

پاکستان میں ہند کا ہائی کمشنر

جالندھر ۲۲ فروری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ دیوان رام لال مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے ریٹائر جج مسٹر سری پرکاش کی جگہ پاکستان میں ہند کے ہائی کمشنر مقرر کئے جائیں گے۔ عنقریب سرکاری اعلان ہونے کی توقع ہے۔

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھایئے۔

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کا رہین منت ہے جو سب سے پہلے آزادی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد و جماعت سے پہلے آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

علماء حق

انہی مردان حق آگاہ و حق پژوہ کی مکمل تاریخ ہے۔ قیمت ... روپیہ ... آنہ

کتب خانہ ... جمعیۃ ... دہلی

دار السلطنت

۲۲ فروری [illegible]

جلسہ منتظمہ کمیٹی جمعیۃ علماء ضلع

۱۸ فروری کو جمعیۃ علماء ضلع ... کی منتظمہ کمیٹی کا جلسہ زیر صدارت مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی صدر جمعیۃ علماء ضلع ... منعقد ہوا۔ جلسہ میں حسب ذیل کارروائی ہوئی۔ ضلع کی منتظمہ کے لئے نو ممبر نامزد کئے گئے۔ جو حسب ذیل ہیں (۱) میر اشتیاق حسین خلہ بنیاریاں (۲) حکیم حافظ محمد جمیل صاحب قادری (۳) مسٹر محمد اسمٰعیل صاحب قریشی (۴) پیرجی معراج الدین (۵) مسٹر محمد اسلم کوچہ پنڈت (۶) شیخ سلیم الدین صاحب (۷) نصیر الدین صاحب (۸) شیخ عبد العلیم صاحب گلی شاہ تارہ (۹) شیخ سراج الدین صاحب مہدی

طے کیا گیا کہ ضلع کی طرف سے ضلع میں کسی مناسب مقام پر ایک شاندار تبلیغی اجلاس منعقد کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ مقامی علماء کے علاوہ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب خاص طور پر اس اجلاس میں خطاب فرمائیں اس کے لئے ایک سب کمیٹی تجویز کی گئی۔ آخر میں ایک تجویز پاس کی گئی جس میں مولانا محمد سعید صاحب، نواب سلطان یار خاں صاحب، سید محمد جعفری صاحب اور ڈاکٹر تاج الدین صاحب کو میونسپل کمشنری کے لئے نامزد ہونے پر مبارکباد دی گئی اور اس امید کا اظہار کیا گیا کہ یہ حضرات بلا امتیاز اہالیان دہلی کی صحیح نمائندگی کریں گے۔

کانگریسی ڈاک تقسیم کریں گے

مولانا نور الدین احمد رحمانی صدر ضلع کانگریس کمیٹی قصبہ شہر دہلی نے مندرجہ ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے۔

محکمہ ڈاک کے ملازمین کے فیصلہ کے مطابق ... مارچ کو عام ہڑتال کے خطرہ کے پیش نظر ضلع کانگریس کمیٹی قصبہ شہر اپنے حلقہ میں ڈاک تقسیم کرنے کا انتظام کر رہی ہے۔ کام میں سہولت پیدا کرنے کے لئے ضلع کو کئی حلقوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اگر ڈاک وقت پر پہنچائی جا سکے ... کے علاوہ میں عوام سے بھی پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس سلسلہ میں اپنی خدمات پیش کر کے ہمارا ہاتھ بٹائیں۔ اس اہم فریضہ کو آسانی کے ساتھ پورا کیا جا سکے جو حضرات اپنی خدمات کے لئے اپنا وقت دینا چاہیں وہ ضلع کانگریس کے دفتر میں تشریف لا کر اپنا نام لکھا دیں تاکہ ان کو جلد سے جلد ٹریننگ دی جائے۔ اس سلسلہ میں منشی رسل و رسائل ... مسٹر شیخ احمد ... ریسپٹ اسٹرجنل کو طلب کیا گیا ... (بقیہ ... کشمیری گیٹ)

جلسوں اور جلوسوں پر پابندی

دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے مزید ایک ماہ کے لئے جلسوں اور جلوسوں مظاہروں یا سڑکوں اور پبلک عمارتوں میں پانچ یا پانچ سے زائد اشخاص کے اجتماع کی مخالفت کر دی ہے۔ اس حکم کا اطلاق دہلی شاہدرہ میونسپلٹی اور لال قلعہ و سول لائنز ... یا کینٹونمنٹ کے علاقوں میں نافذ کیا گیا ہے۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک پریس نوٹ میں کہا ہے کہ آتشیں اسلحہ ڈانگا لاٹھی کلہاڑی بھالے یا دوسرے سامان کے استعمال پر بھی جن کو بطور ہتھیار کے استعمال کیا جا سکے پابندی لگا دی گئی ہے۔ لیکن اس حکم کا اطلاق شادی یا غمی یا مذہبی جلوسوں پر نہیں ہوگا جن کی حکام نے اجازت دے دی ہو نہ اس کا اطلاق کسی سرکاری ملازم پر ہوتا ہے جو اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہو۔ ہیڈ کانسٹیبل سے اونچے درجہ کے ہر پولیس افسر کو دہلی کے مندرجہ بالا علاقوں میں داخل ہونے والی لاریوں اور ان کے سازوں کی تلاشی کے اختیارات بھی دے دیئے گئے ہیں۔

انٹر پراونشل ہاکی

انٹر پراونشل ہاکی میچ میں حصہ لینے کے لئے سترہ ٹیموں کے آنے کی خبر ملی ہے پہلا میچ ہفتہ سے نیشنل ... گراؤنڈ میں شروع ہوگا۔ پہلا موقعہ ہے کہ یہ ٹورنامنٹ دہلی میں ہو رہا ہے۔ بہت سے اولمپک کھلاڑی بھی کھیل میں حصہ لیں گے۔

پہلا میچ ہفتہ کو ۳ بجے شام فوجیوں کی ٹیم ... آرمی (الیون) اور ... کی ٹیم میں ہوگا۔ جنرل کریپا ٹورنامنٹ ... کا افتتاح کریں گے۔

نئی دہلی میونسپلٹی کے صدر مستعفی ہوگئے

مسٹر شام لال آہوجہ نے نئی دہلی میونسپل کمیٹی کی صدارت سے استعفا دیدیا ہے۔ ان کی جگہ مسٹر راجیشور دیال ڈپٹی کمشنر کو مقرر کیا گیا ہے۔ خیال ہے کہ نئے صدر آج کمیٹی کی میٹنگ میں اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔

مسٹر شام لال آہوجہ کے مستعفی ہونے کی وجوہ معلوم نہیں ہو سکیں ... اگلے دو سال تک ... [illegible]

محکمہ ڈاک و تار کے ملازموں کو طبی امداد بہم پہنچانے کی اسکیم

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ محکمہ ڈاک و تار کے ڈائرکٹر مسٹر جوشی نے محکمہ ڈاک و تار کے ڈیڑھ لاکھ ملازموں کو طبی امداد بہم پہنچانے کے لئے ایک اسکیم تیار کی ہے۔ اس اسکیم کو منظوری کے لئے حکومت ہند کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ حال ہی میں محکمہ مذکور کے کچھ ملازموں کی طرف سے ہڑتال کرنے کی دھمکی دی گئی ہے۔ اس اسکیم کے مطابق ہر ایک ملازم ایک مہینے میں ایک روپیہ چندہ دیگا اور سرکار کی مدد سے تمام ملک میں ڈسپنسریاں کھولی جائیں گی۔ ایمرجنسی میں کام نہیں بڑھانے کے لئے ڈاکٹر کا انتظام کیا جائے گا اس کے علاوہ حکومت موجودہ ڈسپنسریاں اور پرائیویٹ ڈاکٹروں کی مدد کرے گی تاکہ وہ ان ملازموں کی فیملی کے ممبروں کا علاج کر سکیں۔ (گلوب)

چوری کی وارداتیں

چاندنی چوک صرافہ بازار میں ایک شخص زیورات فروخت کرتا ہوا گرفتار ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ مالک مکان بیمار ہو کر اسپتال چلا گیا تھا اور مکان کی چابیاں اپنے نوکر کو دے گیا تھا۔ نوکر نے اس کے پیچھے امانت میں خیانت کی اور زیورات اڑا لئے۔

قرول باغ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک ڈاکٹر اندر کمرہ میں ایک مریض کو دیکھ رہا تھا کہ کسی نے پیچھے سے آ کر اس کا کیش بکس چرا لیا اور فرار ہو گیا۔

وزارت داخلہ کے افسر کے ہاں چوری

وزارت داخلہ کے جوائنٹ سکریٹری نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ کسی شخص نے اس کے بنگلہ سے اس کی کار کا سامان چرا لیا چوری کے وقت کار اس کے بنگلہ میں پرسیس روڈ پر کھڑی ہوئی تھی۔

گیارہ سائیکلیں غائب

گذشتہ دو دن میں دہلی کے مختلف علاقوں سے گیارہ سائیکلیں چوری ہوگئی ہیں۔ سائیکلیں مشرقی پنجاب ریلوے کے دفتر یونیورسٹی، صدر بازار، ... کناٹ پلیس چاندنی چوک بازار اور کشمیری گیٹ سے چرائی گئیں۔

ایک کلینک جو نئی بستی تیمور نگر میں ایک مکان میں ... کی مرمت کے لئے گیا تھا کچھ قیمتی سامان لے کر فرار ہو گیا۔

ٹریفک کی خلاف ورزی کرنے والے گرفتار

[illegible] کیا۔ ان میں زیادہ تر موٹر چلانے والے تھے اور ... لنگ پکن روڈ پر تیز رفتاری سے موٹر چلانے کے الزام میں پکڑے گئے تھے۔ چونکہ سائیکل چلانے والوں نے پولیس کے انتباہ کی پرواہ نہیں کی اس لئے نئی دہلی میں اس مقصد کے لئے پولیس کو موٹر ٹرک استعمال کرنے پڑے تاکہ ایک سائیکل پر دو سواروں کو پکڑا جا سکے۔ اس سے ایسے کافی لوگوں کو چالان کیا جا تا تھا مگر لوگوں نے غلط نام بتائے اور ایسے سات سو چالان دہلی کورٹ میں پڑے ہیں گذشتہ سال اس سلسلہ میں سات لاکھ روپیہ بطور جرمانہ وصول کیا گیا تھا۔

ٹکٹ چرانے کی کوشش

شکور بستی ریلوے اسٹیشن پر راجندر ناتھ نامی ایک شخص بکنگ کلرک کی الماری توڑتے ہوئے عین موقعہ پر گرفتار ہوا۔

سبزی منڈی میں گذشتہ شب ایک دوکان کا تالا توڑ کر ۱۵۰ روپے اڑا لئے گئے۔

قرول باغ میں ایک مکان سے پانچ ہزار روپے کے زیورات چرالئے گئے۔

چاندنی چوک اور فتحپوری بازار سے دہلی پولس نے مزید ... کو گرفتار کیا ہے۔

شراب کی ناجائز درآمد

شراب کو ناجائز طور پر دہلی لانے کی ایک کوشش کی گئی جو کہ سرائے روہیلہ کے اسٹیشن پر ناکام بنا دی گئی۔ ٹرین سے ایک شخص اترا اس کے پاس ایک سائیکل کے ... تھے جن میں دس بوتل شراب تھی۔ پولیس کو شبہ ہوا اس لئے اسے پکڑ لیا۔

سکندر روڈ پر حادثہ

اتوار کے روز نئی دہلی میں سکندر روڈ پر ایک ... ہندوستانی فوج کے افسر اور اس کی بیوی کو ... ایک موٹر سائیکل پر سوار تھے حادثہ پیش آیا ایک موٹر کار ان سے ٹکرا گئی اور حادثہ کے بعد بھی نہیں رکی۔ دونوں میاں بیوی کے سخت چوٹیں آئی ہیں۔

دہلی میں چھوٹے بچوں کا مستقبل

تعلیم کی بجائے معمولی پیسوں پر ملازمت

دہلی میں بچوں سے کام لینے کی وبا دن بدن بڑھتی جا رہی ہے ان بچوں میں زیادہ تر بے شعور ہیں کمانے والی کی ایک دوکان میں ایک سات سالہ بچے نے بتایا کہ اس کو صبح کو دوکان کی صفائی سیڑیوں کے جھاڑنے پونچھنے کے کام سے شروع کرنا پڑتا ہے اور پھر گاہکوں کی امداد کرنی ہوتی ہے جس میں اس کو تقریباً چودہ گھنٹہ کام کرنا پڑتا ہے اور کل نو روپیہ ماہوار اور کھانا ملتا ہے جب اس سے یہ دریافت کیا کہ کیا وہ اسکول جانے کو تیار ہے تو اس نے رضامندی کا اظہار کیا مگر جب دوکاندار سے دریافت کیا گیا کہ کیا وہ ایسا کر سکتا ہے کہ اس سے کچھ وقت کام لے اور کچھ وقت اس کو اسکول جانے دے تو اس نے اس تجویز پر تعجب کا اظہار کیا اس نے کہا کہ یہ نہیں ہو سکتا کہ میں آپ کو آٹھ روپیہ ماہوار اور کھانا بھی دوں اور تمام کام نہ لوں۔

ایک دوسری چیز بھیک مانگنے والوں کا پیشہ ہے جس میں بے شمار چھوٹے چھوٹے بچے ملیں گے ایک جنوبی ہندوستان کی رہنے والی چھوٹی سی لڑکی نے ٹوٹی پھوٹی ہندوستانی میں بتایا کہ وہ بچہ کو جنہوں نے پاکستان کو دینے والوں میں مانگنا شروع کرتی ہے اور سارے شہر میں مانگتی ہے

تیسرا کام جس میں بچے عموماً نظر آتے ہیں وہ سائیکل کی دوکانیں ہیں جب پردہ بچے پنچر بھی لگاتے ہیں اور دن بھر میں دو چار ... سائیکلوں میں ہوا بھرتے ہیں لیکن صرف آٹھ آنے روز کماتے ہیں۔

اس کے لیے اخبار فروخت کرنے کا کام ہے یہ ذرا منافع بخش ہے اس میں اگر وہ آٹھ کا بیان ... کا اور ۲۵ شام کو فروخت کرتا ہے تو تقریباً بارہ گھنٹوں میں دس آنے کما لیتا ہے یہ کام بھی عموماً چھوٹے چھوٹے بچے کرتے نظر آتے ہیں۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

ہاپوڑ ۲۱ فروری۔ چاندی وعدہ کھلا بازار ... [illegible]

گندم ... چنے ... جو ... [illegible]

دہلی مارکیٹ

چاندی حاضر ... چاندی کری ... [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

چوکر ... مونگ ... ارہر سفید ... ہلدی ... تل سفید ... کھل بنولہ ... باردانہ ... کالی دال ... کھریا ... [illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھایئے

صدر چین کو کمیونسٹوں سے صلح کی پوری امید ہے

کنٹین پہنچ کر صدر کا اہم بیان

کنٹین ۲۱ فروری۔ چین کے صدر جنرل لی نے کنٹین پہنچ کر ایک بیان میں کہا کہ مجھے پورا یقین ہے کہ چین میں امن قائم ہو کر رہے گا۔ صدر نے یہ بھی کہا کہ اس نازک موقع پر جب کہ قوم ایک انتہائی مصیبت میں مبتلا ہے۔ چینی ... پارٹی اور گروپ کو عوام کی امن کی خواہش کے سامنے سر جھکا دینا چاہئے۔ امن کے خلاف ہر کوشش کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ عوام اس کی مذمت کریں گے اور کامیابی حاصل نہیں ہو سکے گی مجھے امید ہے کہ عوام کا ہر طبقہ حصول امن میں حکومت کی پوری امداد کرے گا۔

صدر ... نے ... ہوائی جہاز نانکنگ سے کنٹین آنے کے فوراً بعد انہوں نے وزیر اعظم ... کے ساتھ کھانا کھایا۔ صدر نے یہ بھی کہا کہ چین کے بڑے بڑے شہروں کا دورہ کریں گے اور پارلیمنٹ کی اس درخواست پر بھی غور کریں گے کہ وزیر اعظم اور کابینہ کو نانکنگ واپس جانا چاہیے کمیونسٹوں سے از سر نو صلح کی گفت و شنید کا آغاز کرنا چاہیے۔

معلوم ہوا ہے کہ ... کمیونسٹوں نے محاصرہ کر لیا ہے اور چینی حکومت ہوائی جہازوں کے ذریعہ وہاں خوراک پہنچا رہی ہے۔ اب ہوائی جہازوں کی تعداد میں اضافہ کر دیا جائے گا اور ... ہوائی جہاز روزانہ ... پہنچا کریں گے ... اور ادویات ... [illegible]

پروفیسر رنگا مدراس میں

مدراس ۲۲ فروری۔ پروفیسر رنگا ممبر کانگریس ورکنگ کمیٹی کل شب مدراس پہونچے۔ وہ دہلی سے اس خصوصی طیارہ میں آئے ہیں جس میں نائب وزیر اعظم ہند اس پہونچے ہیں۔ مدراس سے دستور ساز اسمبلی کے بعض ممبران نے ان کو حکومت ہند کے نائب وزیر مقرر کئے جانے کی مبینہ خبر پر مبارکباد پیش کی لیکن انہوں نے مبارکباد قبول کرنے سے انکار کر دیا اور ... کہا کہ ان کو اس تقرر کی کوئی خبر نہیں۔

پنڈت مالویہ نے برت کھول دیا

جبل پور ۲۲ فروری۔ پنڈت چندر ... مالویہ جو مشہور کانگریسی لیڈر ہیں نے کل صبح اپنا ۲۱ روزہ برت کھول دیا۔ یہ برت انہوں نے اپنی نفسی اصلاح کے لئے رکھا تھا۔ ... [illegible] ... دو نا خلمی ہی کے ... کام جاری رکھیں گے جو ہندوستان کی ... آرزوؤں کے حصول کا واحد ذریعہ ہے۔ (اے پ)

صفائی کیلئے مہم

اتوار کے روز دہلی میں دہلی کے شہریوں کی ایک انجمن کے ممبروں نے صفائی کی مہم شروع کی انہوں نے گلیوں کوچوں کی صفائی کی اور لوگوں میں اشتہارات تقسیم کئے۔

مسٹر کے سنتانم کا دورہ

نئی دہلی ۱۸ فروری۔ محکمہ ریلوے و ٹرانسپورٹ کے منسٹر آف اسٹیٹ مسٹر کے سنتانم ایسٹ پنجاب ریلوے کا دورہ کرنے کے لئے ۲۴ فروری کی رات کو نئی دہلی سے روانہ ہو جائیں گے۔ آپ کے اس دورہ کا پروگرام ... میں مکمل ہوگا۔ آپ اس دوران میں امرتسر ... جالندھر فیروزپور ... جائیں گے ... ملاقات کریں گے۔ مسٹر سنتانم ۲۸ فروری کو واپس نئی دہلی پہونچ جائیں گے۔ (گلوب)

مصری اخبار نویسوں کے وفد کی آمد

نئی دہلی ۲۱ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ مصری اخبار نویسوں کا ایک وفد جلد ہی حکومت ہند کی دعوت پر ہندوستان آئے گا۔

ایک دلچسپ شکایت

قرول باغ کے ایک شخص نے اپنے سسر کرم چند کے خلاف الزام لگایا ہے کہ اس نے اس کی بیوی کو زبردستی روک رکھا ہے۔ اس شخص نے کہا کہ میں نے کرم چند کی لڑکی سے گذشتہ دسمبر میں سول میرج ایکٹ کے ماتحت شادی کی تھی۔ لیکن اب کرم چند لڑکی کو میرے گھر نہیں آنے دیتا۔

ایک درجن کمیونسٹ گرفتار

دہلی پولس نے گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں ایک درجن سے زیادہ کمیونسٹوں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار شدہ کمیونسٹوں میں ایک عورت بھی شامل ہے۔ ایک درجن کمیونسٹوں کی گرفتاری کے لئے مزید وارنٹ جاری کئے گئے ہیں۔

محکمہ ٹیلی فون میں ملازم لڑکیاں گرفتار

دو لوکل زنانہ ٹیلی فون آپریٹروں کو جن کے نام مس ... اور مس ... ہیں۔ ملازمین ٹیلی فون کی ہڑتال کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا گیا۔ یہ دونوں لڑکیاں ایکسچینج میں ملازم تھیں۔ حکام نے دہلی اور نئی دہلی کی ایکسچینجوں پر حفاظت کے زبردست انتظامات کر دیئے ہیں۔

دہلی ڈسٹرکٹ ... یونین کے عہدہ داروں نے ... [illegible]

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے۔ مجھ کو اس کی پیٹنٹ مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کی بارہا نوبت آئی۔ اس کے مجربات سے مریضوں کو بہت زیادہ فائدہ پہنچا ہے ہندوستان کے مشہور اطبا حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا انصاری دہلوی وغیرہ اور دیگر اکابر علمائے دیوبند اور دوسرے نامور حضرات نے اس کی بارہا تصدیق فرمائی ہے۔ اورنگ زیبی زخم اور دیگر جلدی امراض ... خصوصی دوا ہے جس سے بہت زیادہ نفع لوگوں کو پہونچا ہے میں نے پہلے بھی اس دواخانہ کی کامیابی کی تصدیق کی تھی اور اب بھی ضرورت مند حضرات کو توجہ دلاتا ہوں کہ دواخانہ کی مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں۔

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیمی معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے۔ میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں، ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ضرورتمند حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر کامل جگر اور معدہ کی اصلاح کے لئے نہایت مفید اور زود اثر ہے۔ جگر کی سختی ورم ... [illegible]

جوہر ذیابیطس اس لاعلاج مرض کا کامیاب علاج ہے بڑی خوبی یہ ہے کہ معدہ زائد شکر چھوڑنی ہی بند کر دیتا ہے اور ساتھ ہی معدہ کی بھی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ساحلی علاقوں میں اس کا بکثرت استعمال جاری ہے قیمت فی شیشی چھ روپے ... [illegible]

روغن تریاقی ... [illegible] ... کو بغیر تکلیف کے ... بہت کامیاب ہے دوسرے پرانے زخموں کو بھی بہت مفید ہے۔ بواسیر کے مریض اس کی ساتھ اکسیر کامل کا استعمال ضرور کریں، تاکہ مکمل صحت ہو جائے۔ قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے

حب جریان یہ گولیاں جریان اور نزلہ کے لئے بہت زود اثر ہیں۔ بڑی خوبی یہ ہے کہ قبض نہیں کرتیں بلکہ قبض کو رفع کرتی ہیں مثانہ کی کمزوری کو دور کر کے امساک دائمی پیدا کرتی ہیں اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہیں۔ مقوی اعصاب ہیں۔ قیمت فی درجن ایک روپیہ آٹھ آنے۔ پورا کورس ۴۸ گولیاں

اکسیر جلد جلدی امراض کے لئے یہ اکسیری دوا ہے۔ چنبل اور نگ زیبی وغیرہ پرانے زخموں کو بغیر کسی تکلیف کے صاف کر دیتی ہے اور چہرے کے داغ دھبے کیل مہاسے ... کو روشن اور خوش نما بنا دیتی ہے ... خون جاری ہو جاتا ہے ... اور زخم بھی بھر آتا ہے۔ ہر گھر میں ضرور اس کی ایک شیشی رکھنی چاہئے۔ عورتوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔ مولانا سعید الوحید صاحب صدیقی ایڈیٹر روزنامہ الجمعیۃ دہلی تحریر فرماتے ہیں" میں نے اکسیر جلد کی تعریف سن کر اسے خود استعمال کیا واقعی اسم با مسمیٰ پایا جلدی امراض کے لئے نہایت مفید زود اثر اور سہل الاستعمال ہے سیال عرق کی صورت میں یہ خوشبودار دوا فوراً ہی جلد میں جذب ہو جاتی ہے اس کے فوائد لگاتے ہی ظاہر ہونے لگتے ہیں جلد کی صفائی اور خوش نمائی کے لئے بھی عمدہ لوشن ہے، قیمت فی شیشی کلاں دو روپے آٹھ آنے۔ خورد ... باہر سے منگانے والوں کو بڑی شیشی منگانی چاہئے۔

تریاق الرحم سیلان رحم سیلان لیکوریا کے لئے واقعی اکسیر ہے بہت جلد اثر دکھاتی ہے سہل الاستعمال ہے ہر قسم کے نقصان سے پاک۔ اس کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہندا اور بیرون ہند میں بیس سال سے جاری ہے لیکن آج تک ناکام نہیں ہوئی گردہ اور مثانہ کو بھی صاف کرنے میں بہت مفید ہے قیمت فی شیشی چالیس خوراک چار روپے جو اکثر ایک مریضہ کو کافی ہوتی ہے

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

لفافیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۰

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

يد الله على الجماعة

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۶ | بذریعہ ہوائی جہاز علاوہ ... آنے

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس
اپریل میں کرنول میں ہوگا

مدراس ۲۳ فروری۔ آندھرا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں جو پروفیسر این جی رنگا کی صدارت میں ہوا فیصلہ ہوا کہ اپریل میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس کرنول میں ہونا چاہیے۔ اجلاس کے لئے پہلے گنٹور کا مقام تجویز کیا گیا تھا لیکن چونکہ وہاں پانی کی قلت ہے اس لئے اب اس فیصلہ کو بدل دیا گیا۔

گاندھی جی کے قاتل کی اپیل
اپریل میں سماعت ہوگی

شملہ ۲۳ فروری۔ ناتھورام گوڈسے اور دوسرے ملزموں کی طرف سے اپیل کی درخواست مشرقی پنجاب کے ہائی کورٹ کو موصول ہو گئی ہے۔ توقع ہے کہ اپریل ... میں اپیل کی سماعت ...

روڈس کانفرنس کے ناکام ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو گیا

قاہرہ سے مصری ڈیلی گیشن کی واپسی کا انتظار
حکومت سعودی عربیہ بھی گفتگو کرنے کے لئے تیار ہو گئی

روڈس ۲۳ فروری:۔ فلسطین کے متعلق مصر اور اسرائیل کے مابین عارضی سمجھوتہ پر دستخطوں کو اس وقت تک کے لئے روک دیا گیا ہے جب تک کہ مصری نمائندے اپنی حکومت سے مشورہ کرنے کے بعد قاہرہ سے واپس نہ آجائیں۔ مصری ڈیلی گیشن کے لیڈر آج کسی وقت یہاں پہنچ رہے ہیں۔

اسرائیلی ڈیلی گیشن کے قائد ڈاکٹر والٹر ایٹان نے کہا ... سمجھوتہ کا مسودہ تیار ہو چکا ہے ... اسرائیلی حکومت نے ... مصری ڈیلی گیشن ... کانفرنس کا میابی کے ساتھ ختم ہو جائیگی ...

معلوم ہوا ہے کہ اسرائیل اور شرق اردن کی گفت و شنید ... یہودی گفت و شنید ... شروع ہو جائیگی۔

سعودی عربیہ کا جواب

ایک باخبر حلقے سے آج معلوم ہوا ہے کہ سعودی عربیہ کی طرف سے اس دعوت نامہ کا جواب دے دیا گیا ہے۔ ...

کیپ ٹاؤن ۲۳ فروری۔ وزیر اعظم جنوبی افریقہ نے کل اسمبلی میں بتایا کہ اکتوبر کی لندن کانفرنس کی گفتگو کا حال بتانا پبلک مفاد میں نہیں ہے آپ نے کہا کہ دولت مشترکہ کانفرنس کے فیصلوں کو جب عملی جامہ پہنایا جائے گا تو وہ مفاد عامہ کے لئے ... ہوگا۔

انڈونیشیا میں ڈچوں اور جمہوری فوجوں کے درمیان جنگ جاری ہے
جمہوری فوجوں کی حالت بہتر۔ خفیہ ریڈیو اسٹیشن پر جمہوری لیڈر کی تقریر

بٹاویہ ۲۳ فروری۔ کل ایک خفیہ جمہوری ریڈیو اسٹیشن سے ... ڈچوں اور جمہوری فوجوں ... لڑائی ...

نفرت پھیلانے والوں کے خلاف سخت کاروائی ہوگی
وزیر اعظم مشرقی پنجاب کا بیان

شملہ ۲۳ فروری۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے کہا کہ جو سرکاری ملازم ... نفرت کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں ان کو برطرف کر دیا جائے گا۔ وزیر اعظم اخبار نویسوں کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ ...

افریقیوں کو یورپینوں پر اعتماد نہیں رہا
مسٹر مورس کا تحقیقاتی کمیشن کے سامنے بیان

ڈربن ۲۳ فروری۔ ... تحقیقاتی کمیشن کے سامنے بیان دیتے ہوئے کہا ...

لندن میں ہندوستانی ہائی کمشنر کی تقریر

فلسطین میں شرق اردن کی فوجی حکومت ختم
عراقی حکومت کے فیصلہ کے بعد اعلان کی توقع

بیروت ۲۳ فروری۔ ... فلسطین ... شرق اردن ... فوجی حکومت کو ختم کر دیا ... عراقی حکومت ...

ایک شخص ہلاک سترہ زخمی
ریل کے چلتے ڈبہ سے کودنے کا نتیجہ

راج پرمکھوں کی کانفرنس

جنوبی امریکہ کے ہزارہا ہندوستانیوں کی خانماں ویرانی
نسلی منافرت کا اندوہناک نتیجہ — از نامہ نگار خصوصی

ایر انڈیا کے ملازمین کی ہڑتال
ہوائی کمپنیوں کے ملازمین کی انجمن کی دھمکی

بمبئی ۲۳ فروری۔ ...

یروشلم میں یہودی اسمبلی کے اجلاس پر حکومت شام کا احتجاج

دمشق ۲۳ فروری۔ ... حکومت شام ... یروشلم میں اسرائیلی ... احتجاج ... (اپ۔ رائٹر)

کرین باغیوں نے میمیو پر قبضہ کر لیا

چینی حکومت کی فوجیں شانسی کے دو اہم شہر چھوڑ کر بھاگ گئیں
صدر چین اب بھی مصالحت کی گفت و شنید میں مصروف ہیں

۹ مارچ کی مجوزہ ہڑتال کی مخالفت
پوسٹل اینڈ آر ایم ایس یونین کا اعلان

کلکتہ ۲۳ فروری۔ ...

انخلا کنندگان کی جائداد سے متعلق ایکٹ کا اطلاق پورے ہندوستان پر ہوگا
عنقریب اعلان کی توقع ہے!

ہوڑہ اسٹیشن میں کانسٹبل پر حملہ
حملہ آور رائفل چھین کر فرار ہو گیا

لنکا کا نیا گورنر جنرل

ESTD. 1925
Daily Aljamiat Delhi
الجمعیۃ
PHONE 5855
24-2-49

وزیر اعظم چین اور صدر میں کمیونسٹوں سے صلح پر سخت اختلاف
صدر کا وزیر اعظم کو انتباہ۔ وزیر اعظم کے استعفے کا امکان

نانکنگ ۲۳ فروری۔ ... وزیر اعظم ڈاکٹر سن فو ... کمیونسٹوں کے ...

وزیر اعظم کو انتباہ

پاکستان میں صنعتی ترقی کا میدان بہت وسیع ہے
اقوام متحدہ کے روزگار سے متعلق سوالنامہ کا پاکستان کی طرف سے جواب

لیک سکسس ۲۳ فروری۔ اقوام متحدہ کی ممبر حکومتوں کو ان کے ملک میں روزگار کی حالت کے متعلق جو سوالنامہ بھیجا گیا تھا ...

[redacted]

ترقی کی اسکیمیں

شہری آزادی کے بغیر ہماری آزادی بے معنی ہو جاتی ہے
ہنگامی قوانین کے ناجائز استعمال پر مسٹر جے پرکاش کی نکتہ چینی

پٹنہ ۲۲ فروری۔ سوشلسٹ پارٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر جے پرکاش نارائن نے کل شام پریس کانفرنس میں ...

[redacted]

[redacted]

فیروز پور میں فوجی میلہ

سکہ کی نئی ہوئی دونیاں
لاہور میں دکاندار لینے سے انکار کرتے ہیں

[redacted]

امریکہ سے سر راما راؤ کی روانگی

گوالیار میں راج پرمکھ کانفرنس

یونان کے کمیونسٹوں کو مشورہ

احمد آباد میونسپلٹی کا الیکشن

اُدے شنکر لندن میں

مصر و اسرائیل میں گفت و شنید
(صفحہ اول سے آگے)

دہلی میں سکھوں کا یوم شہادت ختم
اکالی جتھے واپس جا رہے ہیں

اکالی دل کا بیان

پارلیمنٹ میں مسٹر شنکر راؤ کی موت پر تعزیت
ایوان ایک منٹ تک خاموش کھڑا رہا

گیہوں کی قیمتوں میں اضافہ

پانچ ہزار (۵۰۰۰) روپیہ کے نقد انعامات

"پزل"

ماڈل ٹاؤن

داخلہ کی آخری تاریخ ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء

پہلا انعام ۔ تین ہزار روپیہ
دوسرا انعام ۔ گیارہ سو روپیہ
تیسرا انعام ۔ سات سو روپیہ

فیس داخلہ

شرائط

آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۲ (ڈی) ماڈل ٹاؤن (لاہور)

پانچ ہزار روپیہ کے نقد انعامات تقسیم کر دیئے گئے

آسان اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۱۱ ماڈل ٹاؤن (لاہور) کا شاندار نتیجہ

ستارہ چھاپ بیٹری

بڑھیا تمباکو اچھے کاریگروں سے تیار کرائی جاتی ہے یہی خوبی ہے کہ ہر شخص ستارہ چھاپ بیٹری پسند کرتا ہے

میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

ہند پارلیمنٹ میں ریلوے کی بدانتظامیوں اور ریلوے افسروں کی رشوت خوریوں کا ذکر

ریلوے منسٹر کی طرف سے سخت کارروائی کرنے کا وعدہ

بعض ممبروں کے خیال میں صرف ہٹلر کے طریقوں سے ہی رشوت ستانی ختم ہو سکتی ہے

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ [illegible]

مسٹر [illegible] کی شکایت

[illegible]

ہٹلر کا طریقہ

[illegible]

عرب پناہ گزینوں کی ناگفتہ بہ حالت

لندن ۲۲ فروری۔ [illegible]

سوا دو لاکھ روپیہ کا چندہ

پٹیالہ ۲۳ فروری۔ [illegible]

لدھیانہ میں سکھ جلوس پر اشک آور گیس

لدھیانہ ۲۳ فروری۔ [illegible]

سوراج [illegible] لیکن لوگوں کے دلوں کے دروازے بند ہیں

ہندو مسلم اتحاد ہی سے سچا سوراج مل سکتا ہے (سردار پٹیل)

مدراس ۲۳ فروری۔ آج سردار ولبھ بھائی پٹیل نے [illegible]

ڈاک و تار کے ملازمین کی ہڑتال

یونین کے جنرل سکریٹری کی گرفتاری

مدراس ۲۳ فروری۔ ڈاک و تار کے ملازمین کی کل ہند یونین کے جنرل سکریٹری مسٹر اوم پرکاش گپتا [illegible]

فرانس کی کمیونسٹ پارٹی سے ممبران کا اخراج

کان کنوں کی ناکام ہڑتال کا شاخسانہ

پیرس ۲۲ فروری۔ [illegible]

ریلوے ملازمین ہڑتال نہ کریں

ای۔ آئی۔ آر یونین کی اپیل

[illegible]

برطانوی بحری بیڑے کے اخراجات

لندن ۲۲ فروری۔ [illegible]

[illegible] اضلاع میں فوجی تربیت

[illegible]

انڈونیشیا گوریلا سپاہیوں کی سرگرمیوں کے تسلی بخش نتائج

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ انڈونیشین آفس کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے [illegible]

شعیب اللہ کے قتل کا مقدمہ

۷ مارچ تک کے لئے ملتوی

حیدرآباد دکن ۲۴ فروری۔ [illegible]

حیدرآباد کانگریس کے اختلافات

مخالف گروپوں کے لیڈروں کی مشورت

حیدرآباد ۲۳ فروری۔ [illegible]

وزیراعظم چین اور کمن ٹانگ لیڈروں کو خودکشی کا مشورہ

نانکنگ ۲۲ فروری۔ [illegible]

ریاست حیدرآباد کی فوج میں تخفیف

صرف دس ہزار فوج رکھی جائے گی

حیدرآباد ۲۳ فروری۔ [illegible]

چودھری - [illegible] ملاقات

حیدرآباد ۲۳ فروری۔ [illegible]

انجمن طبیہ ضلع اٹاوہ کا چناؤ

اٹاوہ [illegible]

کمیونسٹوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ

[illegible]

ماسٹر تارا سنگھ پر نکتہ چینی

مشرقی پنجاب کے سکھ لیڈر کا بیان

[illegible]

سیلون کا نیا گورنر جنرل

لندن ۲۳ فروری۔ [illegible]

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون (رجسٹرڈ)
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپیہ (۱۵ روپے)

طلا نمبر ۲
اس کے لگانے سے رگوں میں گرم خون دوڑنے لگتا ہے نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (عمر)

تصدیق
آپ کی جیون دوا بڑی کسی کے لئے واقعی جیون ثابت ہوئی
[illegible] (بجنور)

ملنے کا پتہ دلی دواگھر۔ نور گنج۔ دھلی

یونین ہوٹل
دہلی کا سفر کرو
بلیماران دہلی میں قیام کرو جہاں باعث کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے
صداقت کا امتحان کیجئے
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر صنوبر ہوٹل ——— نمبر ۱۰۹ ——— فراش خانہ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۵ فروری ۱۹۴۹ء

بڑوں کی باتیں

بڑا انسان ہمیشہ بڑی باتوں پر توجہ دیتا ہے اور چھوٹی باتوں کو نظر انداز کر دیتا ہے، بڑا آدمی یہ نہیں دیکھتا کہ چھوٹی باتوں میں دخل دینے سے اسے کتنا فائدہ ہوگا، بلکہ وہ یہ دیکھے گا کہ یہ مداخلت کس حد تک اس کی شان کے مناسب ہے اور معمولی باتوں میں سر کھپانے سے اسکی وضعداری اور عظمت کو کس قدر نقصان پہونچ سکتا ہے! بعض دفعہ بڑی باتوں پر توجہ دینے سے اتنا نقصان نہیں پہونچتا جتنا نقصان چھوٹی باتوں کو اہمیت دینے سے پہونچ جاتا ہے جھگڑا اور اختلاف ہمیشہ چھوٹی باتوں سے پیدا ہوتا ہے اور چھوٹی باتوں کے ساتھ بڑی باتیں خود بخود چلی آتی ہیں [illegible] پیدا ہوتا ہے کہ باتوں اور شکایتوں کا انبار لگ جاتا ہے اور تل سے بیل بننے میں کوئی دیر نہیں لگتی۔ آج دنیا میں جن لوگوں کو بڑا سمجھا جاتا ہے، اگر ان کی بڑائی کا تجزیہ کر کے دیکھئے تو وہ بہت ہی چھوٹے نظر آئیں گے، بڑائی کا معیار بڑی طاقت ہے مگر جب بڑی طاقت والے سے کوئی غلطی ہوگی تو وہ بھی بڑی ہوگی لیکن لوگوں نے یہ غلط سمجھا ہے کہ بڑائی کا معیار طاقت ہے، دنیا کے بڑے بڑے ظالم طاقتور ہی گذرے ہیں اور ان کی طاقتوں ہی نے بڑوں کو چھوٹا اور چھوٹوں کو بڑا بنایا ہے، ظاہر ہے کہ یہ طاقت کا غلط استعمال تھا اور جو انسان بڑا ہوگا وہ اپنی طاقت کا کبھی غلط استعمال نہیں کرے گا۔

دنیا میں بڑے بڑے لوگ بھی موجود ہیں لیکن اگر [illegible]

پچھلے، پارلیمنٹ میں سوال و جواب ہوئے اور بات کا بتنگڑ بن گیا، اگر چند روسی عورتیں باہر چلی ہی جاتیں تو کیا غضب ہو جاتا؟ مگر نہیں، چھوٹی باتوں سے جھگڑے پیدا کرنا بھی سیاست کی شان اور آن کے لئے ضروری ہو گیا ہے! کچھ ہی عرصہ ہوا کہ روس کی فٹ بال ٹیم انگلستان گئی مگر برٹش گورنمنٹ ان کی خاطر مدارات سے پہلو تہی اختیار کی اور اتنی سی بات پر خوب احتجاج ہوا کتنی چھوٹی بات ہے مگر بڑے انگلستان کو مزہ ہی اس میں آتا ہے کہ بات سے بات پیدا کرے اور آ بیل مجھے مار کی مثال صادق کر دکھائے۔

ہنگری میں کیتھولک چرچ کے کارڈینال منڈزنٹی کو ایک معمولی بات پر جو کرنسی کے سلسلہ میں تھی عمر قید کی سزا دیدی گئی، حالانکہ حالات کی نزاکت کے پیش نظر وہ چار ہفتہ کی سزا کافی تھی مگر وہ بڑا ہی کیا جو چھوٹی باتوں کو اچھال کر دنیا میں نام پیدا نہ کرے اور حکومتوں کے ایوانوں میں زلزلہ نہ ڈالے، چنانچہ کارڈینال موصوف کی اس سزا یابی پر انگلستان اور امریکہ دونوں چراغ پا ہیں، روم کے عصمت مآب پاپائے اعظم بھی اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر چکے ہیں اور دنیا کے ہر گوشہ کے کیتھولک چرچ اسے اہمیت دے کر زمین و آسمان کے قلابے ملا رہے ہیں، ہنگری کے لئے مناسب تھا کہ کیتھولک [illegible]

اچھی باتیں

ولا تصعر خدك . تا فخور (پ ۲۱)

تم منہ پھیلا کر لوگوں سے بات مت کرو اور زمین پر اکڑ کر چلو کیونکہ اللہ تعالیٰ اکڑ کر چلنے والوں اور فریب کاروں کو پسند نہیں کرتا۔

اس آیت میں سوسائٹی میں مل جل کر رہنے کا طریقہ بتایا گیا ہے اور ان باتوں سے روکا گیا ہے جن سے لوگوں میں چشمک پیدا ہو اور غرور و گھمنڈ کا مظاہرہ ہونے لگے فرمایا کہ تم منہ بنا کر، گال پھلا کر اور تیوریاں چڑھا کر کبھی کسی سے گفتگو مت کرو۔ یہ طریقہ شریفوں کا نہیں رذیلوں اور اوچھے لوگوں کا ہے بڑے بننا چاہتے ہو تو خندہ پیشانی سے ملو اور چلو تو اس طرح کہ لوگ تمہاری سلامت روی اور وقار کے قائل ہو جائیں۔ ایک عاجز اور ناتواں بندہ جو ایک معمولی بیماری سے بھی اپنے آپ کو نہیں بچا سکتا اگر اکڑفوں کرنے لگے تو یہ اور کسی کو بھی پسند نہ آئے گی اور نہ خدا ہی اس انداز کو پسند کرے گا۔

ایک سوویٹ جمہوریہ کی مجلس اعلیٰ

(ایم۔ دوبیچ)

سوویٹ سوشلسٹ جمہوریتوں کے وفاق (U.S.S.R.) میں جو ۱۶ جمہوریتیں شامل ہیں ان میں سے ہر ایک خود مختار ہے ہر جمہوریہ کی اپنی آزاد حکومت قائم ہے اور تمام اختیارات اس کے ہاتھ میں ہیں، سوا ان کے جو اس نے خود اپنے مفاد کے پیش نظر رضاکارانہ طور پر مرکزی وفاق کے سپرد کر رکھے ہیں۔

وفاق میں شامل ہونے والی ہر جمہوریہ کا اپنا اعلیٰ ترین ریاستی ادارہ – جمہوریہ کی مجلس اعلیٰ – اپنی حکومت، وزارتیں اور عدالت عالیہ ہیں۔

[illegible]

پنجاب اور بنگال کے مزید پندرہ شہروں میں راشننگ [illegible]

ہند میں ممالک غیر سے ۲۵ لاکھ ٹن غلہ کی درآمد

نئی دہلی ۲۴ فروری۔ [illegible]

مشرقی بنگال میں خوراک کی قیمتیں

[illegible]

غیر ممالک سے اناج کی درآمد

[illegible]

بمبئی اور مشرقی پنجاب کی غذائی حالت

[illegible]

بہار میں پبلک سیفٹی ایکٹ

[illegible]

ایک جوڈیشیل افسر [illegible]

[illegible]

پھلواری کانفرنس کی کامیابی میں ملک ملت اور عوام کی بھلائی مضمر ہے

مولوی عبدالغنی صاحب ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا بیان

[illegible]

پاکستان کو خیرسگالی وفد کی روانگی

[illegible]

آنریبل وزیراعظم سے شکایت

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی سرگرمیاں
مضافات بمبئی کو وفود کی روانگی

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی نے نئے انتخابات کے لئے تنظیم جمعیۃ کے سلسلے میں سب سے پہلا پروگرام مضافات بمبئی میں وفود کے دورہ کا رکھا ہے جو تفصیل ذیل تین حصوں میں منقسم ہو کر عنقریب ہفتہ عشرہ میں دورہ شروع کر دیگا۔ جن جن مقامات کے حضرات دعوت دینا چاہتے ہیں۔ انہیں چاہئے کہ وہ فوراً دفتر سے خط و کتابت کر کے اپنے یہاں کے وقت کا تعین کرا لیں۔

پہلا وفد جس میں جناب مولانا احمد خان صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی اور جناب مولانا محمد [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع مالیگاؤں اور جناب عبدالکریم صاحب بھیونڈی والا ہوں گے۔ یہ وفد شولاپور، بارسی، بیجاپور، ہبلی، بیلگام، کولہاپور وغیرہ دورہ کرے گا۔

دوسرا وفد جس میں جناب حافظ علی بہادر خان صاحب اور جناب محمد اسلام انصاری صاحب اور جناب محمد عثمان نشتر صاحب ہوں گے۔ یہ وفد پونا، ستارا، جلگاؤں، ناسک وغیرہ کا دورہ کرے گا۔

تیسرا وفد جس میں جناب مولانا عبدالرحیم صاحب قاسمی اور جناب افضل خان صاحب اور جناب محمود شاکر صاحب ہوں گے۔ یہ وفد ضلع رتناگیری، کولابہ، ریاست جنجیرہ کا دورہ کرے گا۔

ضلع دیوریا میں جمعیۃ کی ممبرسازی

جناب مولانا اشتیاق احمد صاحب نعمانی رکن ضلع جمعیۃ علماء دیوریا نے ۹ جنوری سے ۲۹ فروری [illegible] تک منہاں گنج، سمریا بازار، دھرمپور، گھوریا، شاہ پور، اسوہ، سرفرہاں، [illegible]، لچھمی پور، کربلا، کچھار، بدل پٹی، گورکھپتیا، رام نگر، ٹکوپیا، پچھوکھیا و دیگر مقامات پر دورہ کر کے ممبرسازی کی مہم کو سر کیا۔ ہر جگہ شاندار جلسے کر کے تقریریں کیں جن میں ارشاد فرمایا۔ سیاسی اغراض کے حصول کیلئے مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ کانگریس کے ممبر بنکر موجودہ حکومت کے بازو کو قوی کریں اور جمہوریت کے دستور داری تقاضوں سے کافی فیصد لیں۔ اور مذہبی اصلاح و ترقی کیلئے جمعیۃ علماء کی ممبری قبول کر کے اسکی جماعتی تجاویز پر عمل پیرا ہوں۔ اور ہندو مسلم اتحاد کیلئے پوری کوشش کریں۔ الحمد للہ مولانا موصوف کا دورہ بہت کامیاب رہا اور مسلمانوں نے ہر جگہ لبیک کہا اور ممبر بنے۔

بستی میں کانفرنس

جمعیۃ علماء ضلع بستی کی عظیم الشان کانفرنس کو بمقام مرکز اسلامیہ عربیہ اوجھیرہ منعقد ہوئی جس میں ہندوستان کے اکابر امت و زعمائے ملت نے شرکت فرما کر دس ہزار انسانوں کے سامنے جمعیۃ علماء ہند کے اصول اور ضوابط کو پیش فرماتے ہوئے عوام الناس سے جمعیۃ علماء ہند اور انڈین نیشنل کانگریس کو مضبوط بنانے کی اپیل کی۔ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کی صدارت میں مجلس عاملہ کا اجلاس ہوا جس میں اور دیگر ضروری امور کے طے ہو چکنے کے بعد کارکن جمعیۃ کے مطابق تنظیم کرنے کے سلسلہ میں حسب ذیل حضرات کا انتخاب عمل میں آیا۔ مولانا حافظ زین العابدین صاحب [illegible]، مولانا ہدایت علی صاحب ناظم [illegible]، مولوی عبدالرؤف صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع بستی، جناب اصغر علی صاحب [illegible]، جناب عبدالسبحان صاحب [illegible]۔ یہ کانفرنس اپنی نوعیت کے اعتبار سے ضلع بستی کی پہلی کانفرنس تھی۔

اس کانفرنس کے سلسلہ میں انجمن طبیہ ضلع بستی کے بورڈ نے تقریباً ۲۵ رضا کار بلانٹیر مہیا کئے [illegible] جناب حکیم سید سعادت علی صاحب ڈی۔ آئی۔ ایم۔ ایس، جناب حکیم منظور احمد صاحب بی۔ آئی۔ ایم۔ ایس، جناب حکیم مقبول احمد صاحب ڈی۔ آئی۔ ایم۔ ایس، جناب حکیم محمد الیاس صاحب، جناب حکیم محمد صدیق صاحب، جناب حکیم واجد علی صاحب۔

انتخابات

سرگرمی جمعیۃ کا بیا [illegible] انتخاب عمل میں لایا گیا۔ اور مندرجہ ذیل حضرات بالاتفاق رائے منتخب کئے گئے۔ [illegible] صدر [illegible] نائب صدر [illegible] ناظم اعلیٰ [illegible] نائب ناظم [illegible] اور حسب ذیل ارکین مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے۔

الٰہی بخش صاحب رامی، سید ریاض علی صاحب، شیخ [illegible] صاحب، ماسٹر عبدالمجید صاحب، حافظ محمد رضا صاحب، عبدالشکور صاحب نشتر سلامی ساگری، چودھری شیخ چھوٹو صاحب، بابو محمد حسین صاحب، عبدالستار صاحب۔

ماندر ضلع مونگیر حسب سرکلر جمعیۃ علماء بہار اعلان عام کے بعد زیر نگرانی صدر جمعیۃ علماء صوبہ بہار موضع ماندر ضلع مونگیر میں جمعیۃ علماء ہند کی شاخ کا قیام عمل میں آیا حسب ذیل حضرات عہدہ دار اور ارکان منتخب ہوئے۔ خلیفہ واجد علی صاحب صدر۔ [illegible] مولوی ابوالخیر عبدالمنان صاحب [illegible] ناظم اور حافظ ریاض صاحب [illegible]۔ مولوی شجاعت حسین صاحب، قاضی علی محمد صاحب، منشی محمد ریاض صاحب، مولانا عبدالصمد رحمانی، مولوی مبارک کریم صاحب، مولوی انیس الدین صاحب، حکیم حافظ معین الدین صاحب کو مجلس منتظمہ میں منتخب کیا گیا۔

کرنیل گنج کرنیل گنج ضلع گونڈہ کا ایک انتخابی جلسہ منعقد ہوا جس میں مجلس عاملہ کے اراکین ممبران حسب ذیل عہدیداران کا سالانہ انتخاب عمل میں لایا گیا۔ صدر مولوی نذیر احمد صاحب۔ نائب صدر منشی نور کریم صاحب۔ نائب صدر مسٹر محمد علی صاحب۔ ناظم اعلیٰ چودھری محمد فاروق صاحب، ناظم تعلیم۔ نائب ناظم منشی عبدالصمد صاحب قریشی، ناظم نشر و اشاعت منشی محمد اسمٰعیل صاحب ٹھیکیدار، خزانچی شیخ رجب علی صاحب۔ عبدالمنان صاحب نے اپنی مختصر تقریر میں جمعیۃ علماء کی تنظیم و ترقی پر توجہ دلائی۔

قصبہ بھاؤں جمعیۃ علماء قصبہ بھاؤں کا انتخاب عمل میں آیا۔ جو حسب ذیل ہے۔ حکیم مولوی دیدار حسین صاحب صدر۔ سید محمد طاہر صاحب زمیندار نائب صدر۔ ڈاکٹر شیخ کبیر احمد پیارے ایم۔ ایم۔ سی۔ آئی۔ ایڈ۔ ایم۔ بی۔ بی ناظم۔ سید امتیاز علی صاحب مکھیا قصبہ بھاؤں نائب ناظم۔ سید اصغر علی صاحب ٹھیکیدار (پی۔ ڈبلیو۔ ڈی) خزانچی۔ ان کے علاوہ ضلع مجلس منتظمہ کی رکنیت کے لئے ڈاکٹر شیخ کبیر احمد پیارے کو منتخب کیا گیا۔

حلقہ ارباب فکر کانپور کا اجلاس

حلقہ ارباب فکر کا پندرہ روزہ اجلاس جمعیۃ ہال میں زیر صدارت سردار راجونت سنگھ رانا منعقد ہوا۔ پروگرام کے تحت احمد پاشا نے اپنا مقالہ ادب میں ابہام سنایا جس پر کافی دیر تک مباحثہ اور تنقید ہوئی اس کے بعد بابو گنگادھر نامہ فرحت نے اپنی نظم سنائی اسکے بعد حلقہ کا سالانہ انتخاب ہوا جنرل سکریٹری نیفق مراد۔ جوائنٹ سکریٹری سردار راجونت سنگھ رانا۔ پروپیگنڈہ سکریٹری ڈاکٹر ابو اسحاق۔ مجلس منتظمہ کیلئے علاوہ عہدہ داران کے آفس بیرر کے ارکین مختار رشاد اور گنگادھر نامہ فرحت وکیل منتخب ہوئے۔ آخر میں ایک اپیل ایڈیٹر علی سردار جعفری کی گرفتاری کے خلاف پاس کی گئی جسے نیفق مراد نے پیش کیا اور رشاد نے تائید کی۔

اٹاوہ کی خبریں
(نامہ نگار خصوصی)

انجمن مڈل سکول کی نازک حالت

انجمن ہدایت الاسلام مڈل اسکول کی ٹیچروں کی تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے استعفیٰ دے رہے ہیں اس وقت تک اپر پرائمری تعلیم دینے والے چار مدرس استعفیٰ دیکر جا چکے ہیں اب صرف دو ٹیچر باقی ہیں حالانکہ طلبہ کی تعداد ڈھائی سو کے قریب ہے مڈل کلاس امتحانات میں صرف چار ماہ ہیں اگر یہی حالت رہی تو طلبا کو سخت نقصان پہنچے گا۔ کہنے کو تو اسکول کی مینیجنگ کمیٹی بھی ہے لیکن تقریباً تین سال سے کوئی جلسہ نہیں ہوا

مسٹر احمد حسین انسپکٹر پولیس کا کارنامہ

[illegible] تین رائفل اور کارتوس غائب ہو گئیں۔ اور کوئی پتہ نہ چلتا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس مین پوری نے ایک ڈکیتی کے سلسلے میں تفتیش مسٹر احمد حسین انسپکٹر کے سپرد کی انسپکٹر موصوف نے اس تفتیش کے سلسلے میں وہ تینوں رائفلیں بھی برآمد کر لیں۔

چیرمین صاحب سنبھل کی یادداشت

سنبھل (بذریعہ ڈاک) مسٹر علی حسین خان چیرمین میونسپل بورڈ سنبھل نے حسب ذیل یادداشت افسران متعلقہ کو بھیجی ہے اگست ۱۹۴۸ء کے طوفانی سیلاب سے سنبھل مراد آباد کی سڑک قطعی تباہ ہو گئی۔ اور فیروزپور کی ندی کا ریلوے پل بہہ جانے کی وجہ سے ریل بھی بند ہو گئی۔ باوجود اس کے کہ متعدد مرتبہ اس کی افسران بالا و حکومت یوپی کو توجہ دلائی گئی۔ مگر اب تک نہ ریل سنبھل جاری ہوئی اور نہ سڑک ہی درست ہوئی۔ یہی دو راستے ضلع کے ہیڈکوارٹر اور باہر کی دنیا سے تعلق قائم کرنے کے تھے۔ اور یہی ناگفتہ بہ حالت میں پڑے ہوئے ہیں۔ سنبھل کی عام جنتا کو اس سے بہت زیادہ تکلیف ہے کاروبار ٹھپ ہیں۔ اس گرانی کے زمانہ میں ذرائع آمد و رفت کے خراب ہو جانے کی وجہ سے روزانہ کی زندگی کی استعمال کی چیزیں اور بھی زیادہ مہنگی ہو گئی ہیں اور بورڈ کی مالیات پر بھی اس کا بڑا اثر پڑا ہے۔

اب یہ معلوم ہوا کہ جنرل منیجر ای۔ آئی۔ آر کی یہ رائے ہے کہ راجہ کے سہسوان سے سنبھل تک کی ریل کے [illegible] اگر ایسا ہو گیا تو گرانی وغیرہ کی مشکلات کے علاوہ سنبھل ایک گاؤں کی حیثیت اختیار کرے گا اور کم از کم ترقی کے راستے سے بہت پیچھے ہٹ جائے گا۔

بورڈ سے گزارش کروں گا کہ وہ میری یادداشت پر غور کرتے ہوئے حکومت مرکزی و صوبائی سے اپیل کرے گا کہ حکام ضلع کو سخت ہدایات دی جائیں کہ وہ سڑک پختہ اور ریلوے پل کو جلد از جلد درست کرائیں تاکہ پبلک کو اطمینان اور آرام حاصل ہو اور جنرل منیجر ای۔ آئی۔ آر کو ہدایت کی جائے کہ اگر کوئی ایسی تجویز ان کے سامنے ہے تو وہ فوراً ترک کر دی جائے۔ اسی میں پبلک کی بھلائی اور شہر سنبھل کی بہتری ہے۔

کراچی میں زنانہ پولیس
وزیر داخلہ کا پاک پارلیمنٹ میں انکشاف

کراچی ۲۳ فروری۔ پاکستان کے وزیر صنعت مسٹر فضل الرحمان نے پاک پارلیمنٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں کوئلے کے ذرائع کے اندازہ کے لئے لندن کی ایک فرم کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ فرم کی طرف سے ٹیکنیکل ماہرین کی ایک جماعت جنوری کے پہلے ہفتہ میں پاکستان آ گئی ہے اور اس نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ کام ختم ہونے کے بعد یہ ماہرین ایک رپورٹ پیش کریں گے۔

ایک دوسرے سوال کا جواب دیتے ہوئے پاکستان کے وزیر خارجہ خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ کراچی میں زنانہ پولیس تیار کر لی گئی ہے اس وقت چار عورتیں بھرتی کی گئی ہیں مزید عورتیں اور بھرتی کی جائیں گی۔

ایک اور سوال کے جواب میں وزیر صنعت نے بتایا کہ پاکستان میں بجلی کے بلب بن سکتے ہیں۔ نیز ڈیزل انجن اور سگریٹ بھی پاکستان میں تیار ہو سکتے ہیں۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

طب یونانی کے فروغ کے لئے اقدام

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) حکیم سید احمد طبیب و جنرل سکریٹری یوپی طبی سوسائٹی تحریر فرماتے ہیں کہ یونانی طب غلامی کے زمانے میں غلاموں کا علم بن کر رہ گئی تھی اطبا کی جدوجہد نہیں بلکہ حقیقتاً طب کا اعجاز تھا کہ یونانی طب نہ صرف زندہ رہی بلکہ اپنی دیرینہ شان و شوکت کو بھی اسی شان کے ساتھ قائم رکھا۔ آزادی کے اس دور میں بھی طب کے تحفظ و بقا کا اہم مسئلہ پیش نظر ہے۔ چنانچہ اس کام کو انجام دینے کے لئے ایک سوسائٹی بنائی گئی ہے۔

اس نے طے کیا گیا ہے کہ کم از کم تین طبیب روزانہ بعد مغرب جمع ہو کر بیرونی مریضوں کے لئے متفقہ طور پر تشخیص و تجویز کیا کریں۔ ابھی یہ سلسلہ ابتدائی منزل میں ہے۔ لیکن قدردانوں اور قدر و منزلت کے رجحان سے اندازہ ہوتا ہے کہ بہت بڑے گا اور مقبول ہوگا اس وقت اوسطاً آٹھ خط روزانہ آتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ جو خط آتے ہیں کل ان کے جوابات مع نسخوں کے [illegible] دردمندانہ مشورہ دیا جاتا ہے گا اور نسخہ بھیجدیا جائے گا یا معاوضہ کا ذکر ہی فضول ہے جواب کے لئے ٹکٹ تک کی ضرورت نہیں۔ جناب حکیم سید علی اکبر صاحب آزاد اس سوسائٹی کے صدر ہیں۔ متعدد طبی کتب کے مصنف اور اونچے درجے کے طبی جرنلسٹ کی حیثیت سے ہندوستان کے تمام طبیبوں میں ممدوح کو ممتاز درجہ حاصل ہے۔

آسٹریلیا کے اون کا کارخانہ بند نہیں

سڈنی ۲۲ فروری کا چونکہ روس نے آسٹریلیائی اون [illegible] آسٹریلیا کے [illegible] بدولت کمیونسٹ [illegible] اس لئے کہتے ہیں کہ ہم اون کی سپلائی میں کارخانوں کو وقت محسوس ہو رہی ہے۔ ایک کارخانہ نے اسی ہفتہ اپنے ہی مزدوروں کو برطرف کر دیا۔ چونکہ آسٹریلیا میں اون سے تیار کردہ اشیا پر کنٹرول ہے اس لئے کارخانہ دار نہیں چاہتے کہ اون ارزاں نرخوں پر خریدیں کیونکہ اس طریقہ سے زبردست نقصان ہوگا۔

گذشتہ سات ماہ میں آسٹریلیا نے ۱۲۰۴۴۹ مالیت کی ۵۶۰۳۹۳ اون فروخت کی جو گذشتہ سال کی فروخت سے ۱۱۸ فی صدی زائد ہے۔

انجمن طبیہ یوپی کا سالانہ اجلاس عام

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) ۲۶ فروری بروز اتوار ۹ بجے دن گنگا پرشاد میموریل ہال لکھنؤ میں انجمن طبیہ یوپی کا سالانہ اجلاس آنریبل ڈاکٹر سر سیتا رام پریسیڈنٹ لیجسلیٹو کونسل یوپی کی صدارت میں ہوگا۔ جس میں ہندوستان کے مشاہیر اطبا اور رہنمایان قوم جو فن طب سے خاص دلچسپی رکھتے ہیں شرکت کریں گے اور ان اہم مسائل پر غور کریں گے جو طب کے بقا، تحفظ اور ترقی کے لئے موجودہ حالات میں [illegible]

امروہہ میں لازمی تعلیم

امروہہ (بذریعہ ڈاک) ایک جلسہ زیر صدارت جناب سید ناظم حسین صاحب رئیس و چیرمین پولیس ملازمہ قاضی زادہ امروہہ میں اس لازمی تعلیم کی تبلیغ کے سلسلہ میں منعقد ہوا جو اکتوبر ۱۹۴۸ء سے منجانب میونسپل بورڈ امروہہ جاری ہو چکی ہے اور جس کے تحت نو اسکول جدید کھولے گئے ہیں جلسہ میں مدرسین کی کثیر تعداد کے علاوہ حلقہ قاضی زادہ اور شہر کے معزز حضرات بھی شامل تھے۔ طلبا کی پریڈ اور تعلیمی نظموں کے بعد منشی بابو رام صاحب ہیڈ ماسٹر مدرسہ قاضی زادہ امروہہ نے جلسہ کی غرض و غایت پر روشنی ڈالی۔ مسٹر جگدیش پرشاد صاحب لالہ رام شنکر صاحب میونسپل کمشنر بابو بالگوبند پرشاد جی نے تعلیم کے بارے میں تقاریر فرمائیں آخر میں جناب سید مسیح حسن صاحب سپرنٹنڈنٹ تعلیم نے جلسہ کی کامیابی پر اظہار خوشی فرماتے ہوئے ہیڈ ماسٹر صاحب مدرسہ قاضی زادہ کی تعلیمی خدمات اور مساعی کو سراہا۔

امداد مصیبت زدگان

دہلی ۱۲ فروری حکیم سید شاہد علی صاحب وائس چیرمین میونسپل بورڈ سوائی مادھو پور کی معرفت حسب ذیل حضرات نے امداد مصیبت زدگان کے لئے ۱۲ روپے دفتر جمعیۃ علماء ہند کو روانہ کئے ہیں۔ فجزاہم اللہ خیر الجزاء

جناب حافظ عبدالرزاق صاحب ۸ر جناب ملا مظفر حسین صاحب ۸ر جناب محمد حسین صاحب ۴ر جناب قمرالدین صاحب عمر جناب اللہ بندہ صاحب ۲ر جناب اللہ نور جی صاحب ۸ر جناب کلن صاحب ۴ر جناب اللہ بندہ صاحب ۴ر جناب منشی نذیر حسین صاحب ۸ر جناب سلامت خان صاحب عمر جناب محمد اسحاق صاحب ۲ر جناب گلاب جی صاحب ۲ر جناب اللہ نور صاحب ۴ر جناب یاسین خان صاحب ۸ر جناب مستری عبدالحمید خان صاحب عمر جناب لئیق احمد صاحب ۸ر جناب فخرالدین صاحب ۸ر جناب قاضی سمیع اللہ صاحب عمر جناب منشی سلامت علی صاحب عمر جناب بابو ریاض علی صاحب عمر جناب اختر علی صاحب عمر جناب اہلیہ حافظ صفدر علی صاحب ۴ر جناب اہلیہ منشی ضمیر علی صاحب ۴ر جناب منشی محمود خان صاحب ۸ر جناب منشی امیر خان صاحب ۸ر جناب ماسٹر فروغ احمد صاحب عمر جناب منشی نذیر خان صاحب ۸ر جناب قاضی عبدالحفیظ صاحب عمر جناب سید سردار احمد صاحب عمر جناب حکیم بشیرالدین صاحب وکیل ۸ر جناب بیوہ جناب حامد علی صاحب وکیل مرحوم ۸ر جناب اسمٰعیل صاحب نیلگر عمر جناب حاجی جمال صاحب ۴ر جناب نورالدین صاحب ۴ر جناب مصطفیٰ لوہار ٹونک والے ۸ر جناب سید قاسم علی صاحب تانگہ والا ۱۲ر کل میزان ۱۲ روپے

(انچارج جمعیۃ)

۲ فروری میں۔ اطبا کی تنظیم اور ان کی آواز کو موثر بنانے کی عملی تدابیر اور ان کے حقوق کی حفاظت پر غور ہوگا۔ آزادی ہند کے بعد دیسی طبوں کو ملکی طب بنانے کی جو جدوجہد جاری ہے اس کے سلسلہ میں یہ اجلاس خاص اہمیت رکھتا ہے صوبے کے تمام اطبا اور ہمدردان فن سے امید ہے کہ وہ اس اجلاس میں شریک ہوں اور [illegible] سے اس کو کامیاب بنانے میں مدد دیں۔

شیخ التجوید جامعہ عربیہ حیدرآباد
مولانا محمد عبدالمعبود کا انتقال

حیدرآباد دکن (بذریعہ ڈاک) مسلمانان ہند و پاکستان میں بالعموم اور حلقہ علماء و مشائخ میں بالخصوص یہ خبر نہایت غم و الم کے ساتھ سنی جائے گی کہ حضرت مولانا مولوی قاری شاہ سید محمد عبدالمعبود صاحب قادری رہانی جبلپوری شیخ التجوید جامعہ عربیہ اسلامیہ نے حیدرآباد دکن میں مورخہ ۱۰ ربیع الثانی انتقال فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ عصر کے وقت آپکا جنازہ مبارکہ مسجد ساجدہ کمان سے لیا گیا جہاں علماء و مشائخ اور مسلمانوں کے اجتماع کثیر میں شیخ الاسلام دکن حضرت علامہ الحاج السید محمد بادشاہ حسینی صاحب قادری مدظلہ العالی نے نماز جنازہ پڑھائی اور بعد نماز عصر روضۂ قادری حسینی میں بصد احترام دفن کئے گئے۔

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

گرانی اور کمیونزم

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم

ایک طرف تو ہندوستان کے اردگرد کمیونسٹ پھیلے ہوئے ہیں دوسری طرف ہمارے ملک میں دن بدن گرانی بڑھ رہی ہے اور اس گرانی سے لوگوں میں جو بے اطمینانی پھیل رہی ہے اس سے فائدہ اٹھا کر کمیونسٹ عوام کو حکومت کے خلاف ابھار رہے ہیں لہذا اس بات کی ضرورت ہے کہ ملک میں گرانی کا خاتمہ کیا جائے۔ خواہ ضروریات زندگی کا کنٹرول کیا جائے یا جو بھی صورت ممکن ہو۔ اگر یہ سلسلہ یونہی رہا تو کمیونزم ترقی کر جائے گا اور کمیونسٹوں کے خلاف محض تشدد و جبر سے کوئی کام نہیں چلے گا۔

حبیب اللہ خاں — غازی آباد

ہینڈلوم اور حکومت کی ناکارہ پالیسی

مکرمی ایڈیٹر صاحب تسلیم آپ کے اخبار الجمعیۃ اور دوسرے اخبار مثلاً ہندوستان ٹائمز وغیرہ میں حکومت کا کھڈیوں کے کپڑے کے متعلق حالیہ بیان پڑھا اس سے پہلے بھی بہت سے بیانات شائع ہوئے ہیں۔ حکومت کی تشہیری پروپیگنڈہ اس پالیسی کا نتیجہ [illegible] ملوں کو ملکی کپڑا سپلائی کرنے کے لئے ہی حکومت کے معاہدے [illegible] کی کھڈیوں کا [illegible] کرنا پڑا جس سے کئی ہزار کھڈیوں کے کھڈی والے کا رہا ہے۔ لیکن کرگھہ کے بنائے ہوئے موٹے قسم کے کپڑے پر آتی کپڑا [illegible] کو رضا مندی کی حد سے باہر نہیں جا سکتا۔ اور کہنے کو یہ سب حکومت کی ناکارہ پالیسی کے باعث ہو رہا ہے۔

ہر شخص جانتا ہے کہ کھڈی کے کپڑے کی پیداوار کا دار و مدار ملوں کے کتے ہوئے سوت پر منحصر ہے اور مل مالکان نے ہمیشہ اس خیال کو مد نظر رکھا کہ اگر انہوں نے سستا سوت کرگھہ کے واسطے سپلائی کیا تو کرگھے سے سوت سستا کپڑا بنائیگا اور یہ سستا کپڑا مل کے بنائے ہوئے کپڑے کے مقابلہ پر مارکیٹ میں سستا فروخت ہوگا — چنانچہ ملوں نے ایک طرف اپنے یہاں کے کتے ہوئے سوت کے دام من مانے بڑھا دئیے دوسری طرف سوت کی پیداوار حکومت کو کم دکھائی اور زائد پیداوار کو چور دروازہ سے باہر بلیک مارکیٹ میں فروخت کرنا شروع کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دس پونڈ وزنی معمولی سوت کے بنڈل کی قیمت مل مالکان بیس اور تیس روپیہ وصول کرنے لگے۔

ملوں کی اس لوٹ کھسوٹ کی طرف جب حکومت کو توجہ دلائی گئی تو حکومت نے اعلان کیا کہ کپڑے اور سوت پر کنٹرول رکھا جائے گا — بڑی بے چینی کے ساتھ گورنمنٹ کے کنٹرول کا انتظار کیا۔ سوت پر کنٹرول ہو گیا! مگر جو قیمتیں مقرر کیں وہ بدستور پہلے کی طرح رہیں — فرق صرف اتنا ہوا کہ جو قیمت مل کے مالک کنٹرول سے پہلے وصول کیا کرتے تھے وہ اب گورنمنٹ کی منظوری سے جائز قرار دیدی گئی۔

موجودہ گرانی اور بے روزگاری ان دو آفتوں سے خاص طور سے کرگھہ پر کام کرنے والے مزدوروں کو جن کی تعداد ہندوستان میں آٹھ کروڑ انسانوں پر مشتمل ہے واسطہ پڑ رہا ہے — ایسے نازک حالات میں حکومت کو چاہئیے کہ کرگھہ پر کام کرنے والے پیشہ وروں کی مشکلات جلد سے جلد دور کرے جس کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ مل کے بنے ہوئے سوت کی بڑھی ہوئی قیمت کو نیچا گرانا اور قیمت Normal Price مقرر کرے اور ملوں کے کپڑے کو ہر اس ملک کی مارکیٹ میں مستقل طور سے بلا روک ٹوک جانے کی اجازت دے جہاں قیمت اچھی ملتی ہو خواہ وہ پاکستان ہی کیوں نہ ہو اور آئندہ حکومت دوسرے ملکوں کو مل کا کپڑا سپلائی کرنے کے معاہدوں کے ساتھ کھڈی کے تیار شدہ کپڑے کی سپلائی کا مناسب مقدار RATIO میں طے کیا کرے۔

اختر عالم — مظفر نگر

ضروری گذارش

دہلی میں چار پانچ سال سے ایمپلائی ایکٹ (ملازم ایکٹ) نافذ ہے۔ لیکن اس ایکٹ کے نافذ ہونے سے پرائیویٹ فرموں کے ملازمین کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ کیونکہ اس ایکٹ پر عمل درآمد کرانے والے انسپکٹر انتہائی نااہل اور بے عمل ثابت ہوئے۔ ہم انتہائی افسوس کے ساتھ اس امر کا اظہار کرتے ہیں کہ دہلی کے بڑے بڑے بازاروں میں جو فرمیں ہیں وہ حکومت کے قانون کا قطعی احترام نہیں کرتیں جس کی وجہ سے عام طور پر ملازمین کی صحت پر برا اثر پڑ رہا ہے اور ان میں کافی بے چینی پائی جاتی ہے۔

حالات کا شدید تقاضہ ہے کہ دہلی حکومت ایمپلائی ایکٹ پر عمل درآمد کرانے کی پوری پوری کوشش کرے۔ اگر قانون کا احترام ہو باقی رہے اور غریب ملازمین کی

(باقی کالم ۶ پر)

(بقیہ کالم چہارم)

پریشانیوں میں بھی کمی ہو۔ امید ہے کہ حکومت کا محکمہ لیبر اس جانب فوری توجہ دیگی اور ہمیں شکر گذاری کا موقع مرحمت فرمائیگی۔

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ...... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم
الفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

دار السلطنت
۲۳ فروری ۱۹۴۹ء

شیخ عبداللہ سے میواتی لیڈروں کی ملاقات
وزیر اعظم سے میوات کے دورہ کی درخواست

۲۳ فروری ۱۹۴۹ء کو دس بجے دن وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں مولانا محمد ابراہیم صاحب و مولوی رحیم الدین صاحب و حافظ محمد اسمٰعیل صاحب شریک تھے۔ وفد نے شیخ صاحب کو الور، بھرت پور و ضلع گوڑگانوہ کے مفصل حالات بتائے۔ خصوصاً تھانہ پونا ہانہ کی پولیس زیادتیاں شیخ صاحب کو بتلائیں۔ وفد نے شیخ صاحب سے میوات کے دورہ کے متعلق درخواست کی۔ صاحب موصوف نے بخشی غلام محمد صاحب نائب وزیر اعظم کے دورہ کے متعلق فرمایا۔ موصوف نے اپنی عدیم الفرصتی کا اظہار فرمایا۔ شیخ صاحب نے میوات کے حالات کی بہتری کی ہمدردی کو سنا اور اپنی امداد دینے کا وعدہ فرمایا۔

نئی سڑک پر مسجد کا افتتاح

محمد سلیم صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ مسجد حوض والی نئی سڑک کھل گئی ہے۔ اور نماز باجماعت ہوتی ہے۔ نئی سڑک سے گذرنے والے نمازی ضرور تشریف لائیں

سترھویں بخیریت انجام پائی

حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی کا سالانہ عرس مورخہ ۱۵ فروری سے ۱۹ فروری تک بڑی شان و شوکت سے انجام پایا حکومت نے ہر طرح سے مدد کی۔ زائرین بھی سال گزشتہ کی نسبت بہت زیادہ تعداد میں شریک ہوئے۔ اندازہ کیا جاتا ہے کہ اس مرتبہ تقریباً ۱۵ ہزار اشخاص نے شرکت کی۔ پیرزادوں کی نظامی صدر جالیشنی کی شاخ منزل میں بھی قوالی کا محفل بہت کامیاب رہی۔ مہمانوں [illegible] سندھ سلم کیمپ میں ٹھہرایا گیا۔ [illegible] روشنی، [illegible] پولیس کے انتظامات بھی معقول اور تسلی بخش تھے۔

رکاب گنج اکالی کانفرنس میں تقریریں
سیاسی تقریروں کے خلاف کارروائی

دہلی کے ڈپٹی کمشنر مسٹر رندھیر سنگھ والیا نے اخباری نمائندوں کو بتایا ہے کہ حکومت ان اکالی مقررین کے خلاف کارروائی کرنے پر غور کر رہی ہے جنہوں نے گوردوارہ رکاب گنج میں [illegible] اکالی کانفرنس کے دوران تقریریں کی تھیں کیونکہ یہ [illegible] حکومت کی پابندی کے خلاف [illegible] نے وہاں تقریریں کیں ان لوگوں نے قانون شکنی کی ہے لیکن جن لوگوں نے صرف مذہبی موضوع پر تقریریں کی ہیں ان کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھایا جائے گا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اکثر تقریریں اشتعال انگیز تھیں اور ان میں تشدد کا پروپیگنڈا کیا گیا تھا۔ بیرونی مقامات سے آئے ہوئے اکالی گرفتار کئے گئے۔ اس وقت تک کل ۱۳۷ اکالی جو گرفتار کئے جا چکے ہیں رکاب گنج گوردوارہ کے قریب سے پولیس اور فوج کا کیمپ ہٹا لیا گیا ہے۔

آتش زدگی کی وارداتیں

کل پہاڑ گنج کی ایک منڈی، حیاری ڈھیرج اور دلی گیٹ دروازہ پر آتش زدگی کی وارداتیں ہوئیں۔ [illegible] آگ لگی اس کا نقصان بھی زیادہ نہیں ہوا۔ [illegible]

اسٹیشنوں پر چوریاں

[illegible]

دہلی میں افیون کے خلاف مہم

محکمہ آبکاری دہلی نے حکومت ہند کی نشہ بندی کی پالیسی کے تحت یہ طے کیا ہے کہ یکم اپریل تک افیون کی چار دکانیں ایک کشمیری گیٹ اور تین دیہاتی علاقہ میں بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ [illegible] غازی آباد کے افیون کے کارخانہ سے جو افیون دہلی آتی ہے [illegible]

ڈاکہ اور چوری کی وارداتیں

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ چاندنی مارکیٹ

چاندی کھلا دعدہ ۱۸۱ روپے۔ بند ۱۸۲ روپے ۴ آنے۔ سونا ۱۱۲۰۸ باؤد چیت ۱۰۷ روپے۔ اپریل ۱۱۷ روپے۔ گڑ حاضر ۱۷ روپے ۶ آنے۔ چاکن کھلا ۱۲ روپے ۱۲ آنے بند ۱۲ روپے ۱۲ آنے۔ پاؤلی۔ بیساکھ ۱۳ روپے ۶ آنے ۶ پائی۔ بند ۱۳ روپے ۱۰ آنے۔ آمدنی ۵۰۰ من۔ شکر ۱۸ روپے ۲ آنے۔ کھانڈ ۳۰ روپے ۱۰ آنے۔ کھنڈسار ۲۰ روپے سے ۳۰ روپے ۱۲ آنے۔ سرسوں ۲۲ روپے ۱۲ آنے۔ مینجھ کھلا ۲۲ روپے ۸ آنے بند ۲۲ روپے ۱۲ آنے۔ تیل ۶۵ روپے۔ مکھل ۶ روپے آنے۔ تارامیرا ۲۱ روپے۔ مونگ پھلی ۱۸ روپے۔ بنولہ ۱۸ روپے ۱۲ آنے۔ مٹر ۱۲ روپے ۱۲ آنے۔ جینھی ۱۱ روپے۔ آسر ۱۳ روپے ۸ آنے۔ گیہوں ۲۱ روپے ۱۴ آنے۔ چنے ۱۲ روپے۔ جو ۱۸ روپے۔ باجرہ ۱۲ روپے۔ چنے ۱۲ روپے ۱۴ آنے۔ [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

شکر گندم ۸ روپے۔ مونگ ۲۳ روپے۔ ۲۰ روپے۔ اڑد ۱۷ روپے۔ مٹر ۱۲ روپے۔ ۱۵ روپے۔ لوبیا سفید ۳۲ روپے۔ دال مسور ۱۸ روپے۔ بسر سول ۲۵ روپے۔ ۲۶ روپے۔ تارامیرا ۱۸ روپے۔ کھل سرسوں ۸ روپے۔ کھل بنولہ ۸ روپے۔ تیل سرسوں ۷۰ روپے۔ تیل مونگ پھلی ۷۰ روپے۔ تیل السی ۶۲ روپے۔ بادام [illegible] ۱۸۵ روپے۔ لال دھاری ۱۸۵ روپے۔ گڑ کھر پا ۱۳ روپے۔ ۱۴ روپے۔ شکر ۱۳ روپے۔ ۱۴ روپے۔

دہلی بازار صرافہ

چاندی حاضر ۱۸۱ روپے۔ چاندی دعدہ ۱۸۲ روپے ۴ آنے۔ چاندی گدی ۱۸۵ روپے۔ چاندی سکہ ۱۹۶ روپے ۳ آنے۔ سونا پالسہ ۱۱۱ روپے ۱۲ آنے۔ دعدہ ۱۱۵ روپے ۱۲ آنے۔ رواہ ۱۱۷ روپے ۸ آنے۔ گنی ۱۷ روپے ۲ آنے۔ پونڈ ۵۵ روپے ۸ آنے۔

دہلی مینا مارکیٹ

[illegible]

میکسم پاؤڈرنی درجن

[illegible]

[illegible] قریب ایک شخص کو برچھی لگی۔ یہ شخص لدھیانہ سے دہلی آیا تھا اور کیمپ میں کسی شخص سے ملنا چاہتا تھا۔ راستہ میں اسے دو آدمی ملے انہوں نے کہا ہم بھی کنگز وے کیمپ جا رہے ہیں۔ جب وہ تنہائی کی جگہ پہنچے تو انہوں نے اس کو لوٹ لیا۔ [illegible]

دہلی کے ایک گاؤں سے پولیس کو ایک شخص نے اطلاع دی ہے کہ ایک جھوٹا الزام لگا کر کچھ جاٹوں نے اس کو لاٹھیوں سے مارا۔

ریلوے کے ملازموں نے دو آدمیوں کو جنہوں نے ریل کی لائن کراس کی تھی اچھی طرح زدوکوب کیا۔

شاہ گنج سے پولیس نے دو جواری گرفتار کئے۔

چائے کی پتیوں کی درآمد کے لائسنس کا نیا طریقہ

حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ غیر ممالک سے چائے کی پتیوں اور ان کے جوڑ منگوانے کیلئے آئندہ نئی دہلی میں درآمد کے چیف کنٹرولر سے لائسنس لینے ہوں گے جن پتیوں کے نیچے الومنیم کی چادر لگی ہو ان پر یہ شرط عاید نہیں ہوگی لیکن جن پتیوں میں الومنیم لگا ہو ان پر یہ شرط عاید ہوگی۔ آجکل ان اشیاء کے لائسنس کلکتہ میں درآمد کے ڈپٹی چیف کنٹرولر اور بندرگاہوں کے امپورٹ کنٹرولروں سے لینے پڑتے ہیں۔ سال رواں کی چھماہی کے عرصہ میں ان اشیاء کے منگوانے والوں کو اب اپنی درخواستیں چیف کنٹرولر آف امپورٹس نئی دہلی کے پتہ پر بھیجنی چاہئیں۔

حکومت ہند نے فرانس کرنسی کے علاقوں سے درآمد کیلئے مندرجہ ذیل اشیا کو کھلے عام لائسنس نمبر ۱۹ میں شامل کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے موٹروں کے لئے بجلی کے لیمپ، ایک چوتھائی ہارس پاور سے کم ضرورت والی مشینیں بننے کی مشینیں اور ان کے پرزے۔ ٹیبلٹ، زعفران، پتھر، پانسگ مرمر کی اشیا، موٹریں اور تیس ہارس پاور سے زیادہ کی بجلی پیدا کرنیوالی مشینیں۔ ایسی بیٹریاں جو موٹر گاڑیوں میں استعمال نہ ہوتی ہوں۔ سامان میں بیٹریوں کے شیل بھی شامل نہیں۔ حکومت ہند کے ۲۲ فروری کے غیر معمولی گزٹ میں ان فیصلوں کے عمل درآمد کی اطلاع شائع کر دی گئی ہے۔

مسلم گارڈس کا وفد

گذشتہ ۱۷ فروری کو مسلمان سپیشل گارڈس کا ایک وفد بسرکردگی جناب شہاب الدین گارڈ مسٹر رام لال ویاس ڈپٹی کمشنر مہند اجبار صدر ضلع کانگریس کمیٹی سے ملا جس نے ۱۹ سپیشلوں کا ایک میمورنڈم پیش کیا جس میں کہا گیا تھا کہ ہم مسلمان گارڈس تیس سال سے دہلی کے ہوٹلوں میں کام کر رہے تھے فرقہ وارانہ فسادات کے بعد چند گارڈس نے اپنی یونین بنا کر ہمارا بائیکاٹ کر دیا ہم اس وقت بے روزگار ہیں ہوٹل کے مالکوں کو ہم سے کوئی شکایت نہیں ہمارا قدیم روزگار ہم کو دلایا جائے۔ صدر ضلع کانگریس کمیٹی مسٹر ماڈے ان کے خیالات کو ہمدردی سے سنا اور ان کو اطمینان دلایا۔

نئی دہلی میونسپلٹی کی کارروائی

نئی دہلی میونسپل کمیٹی کے ہفتہ واری جلسہ میں نئے صدر مسٹر شنکر دیالی نے حلف وفاداری نہیں لیا کیونکہ پنجاب پولیس ایکٹ کی دفعہ ۳۷ میں ترمیم کے متعلق اطلاع نہیں آئی تاکہ وہ پہلے حلف وفاداری کے بجائے نیا حلف وفاداری لے سکیں جلسہ تین گھنٹے تک ہوتا رہا۔

چونکہ ابتدائی مدوں پر غور کرنے میں زیادہ وقت لگ گیا اس لئے کناٹ پلیس کے دو ریسٹورانٹوں کو شراب کے لائسنس دینے اور شراب بندی کے متعلق نئی دہلی میونسپل کمیٹی کی پالیسی پر غور کرنا ملتوی کر دیا۔

الیکٹریکل انجینئر کے تقرر پر بحث شروع ہوئی کمیٹی کے [illegible] الیکٹریکل انجینئر کے کام کو دو حصوں میں تقسیم کیا [illegible] چنانچہ صدر کو اس امر کا اختیار دیا جائے۔ اور یہ یاد دہانی و زارت سے گفت و شنید کر کے مناسب شخص حاصل کریں۔ [illegible] الیکٹریکل انجینئر کے کام کو جانچنے کی تجویز کی جانچ پڑتال کرے گی۔

انبائے قدیم جامعہ طبیہ کی ورکنگ کمیٹی کا جلسہ

حکیم محمد اسمٰعیل صاحب جعفری [illegible] دہلی کی اطلاع [illegible] انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کی ورکنگ کمیٹی کا جلسہ [illegible] حکیم [illegible] جلسہ منعقدہ ۳ جنوری ۱۹۴۹ء کی روداد اور ماہ دسمبر ۱۹۴۸ء تا ماہ جنوری ۱۹۴۹ء کے حساب آمد و خرچ کا گوشوارہ پیش ہو کر منظور ہوا۔ [illegible] ۱۳ مارچ ۱۹۴۹ء قرار پائی [illegible] جامعہ طبیہ دہلی کو پاکستان [illegible] جلسہ کو اراکین انجمن نے پاس کیا۔ [illegible] جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

دہلی میں پانی کی فراہمی
آبادی کے اضافہ کے باعث تخفیف

دہلی میں آبادی کے ایکدم بڑھ کر ۱۵ لاکھ تک پہنچ جانے کے باعث اور پانی کی صرف ۳ کروڑ بیس لاکھ گیلن کی فراہمی کے باعث تخفیف کر کے فی کس ۲۰ گیلن روزانہ کے حساب سے فراہمی کا بندوبست کیا جائے گا۔ ماقبل جنگ یہ کوٹہ ۲۵ گیلن فی کس تھا۔

پاکستان اسمبلی میں مذہبی اور غیر مذہبی حکومت پر دلچسپ بحث
پروفیسر راج کمار کی تجویز پر سردار عبدالرب نشتر کا جواب

کراچی ۲۳ فروری۔ پاکستان دستور ساز اسمبلی میں پروفیسر راج کمار چکرورتی کی تجویز پر [illegible] بحث ہوئی [illegible] کی یہ تجویز تھی کہ طلبہ کے مفاد کے لئے یہ ضروری ہے کہ حکومت فرقہ وارانہ جماعتوں کی سیاسی سرگرمیوں کی روک تھام کرے۔

پروفیسر صاحب نے اپنی تجویز کی تائید میں پر اثر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں کہ فرقہ وارانہ جماعتیں اپنے فرقہ کی مذہبی، تہذیبی اور تعلیمی ضرورتوں کے لئے کام کریں۔ لیکن اس قسم کی ضرورتیں صرف ایک فرقہ تک محدود ہونی چاہئیں [illegible] لیکن مشکل یہ ہے کہ فرقہ وارانہ جماعتیں سیاست میں حصہ لے رہی ہیں۔ حکومت کے لئے مشکل اور خطرہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب ایک جماعت ابھرتے حکومت کی اپنی پالیسی پر چلانا چاہتی ہے اس صورت میں حکومت اپنے نقطہ نظر اور پالیسی میں فرقہ پرست ہو جاتی ہے۔ پاکستان میں بھی اس وقت یہی صورت حال ہے۔ یہ قابل تعریف صورت حال نہیں۔

سوئٹزرلینڈ، کناڈا اور روس کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان ملکوں میں مختلف فرقوں اور جماعتوں کے باوجود یکساں قومی حکومتیں قائم ہیں صرف مشترکہ جغرافیہ اور مشترکہ اقتصادی مفاد نے یہ صورت حال پیدا کی ہے۔ اسی لئے کوئی وجہ نہیں کہ پاکستان کے مذاہب کے لوگ ایک قوم نہ بنیں۔

انہوں نے ملک کے لیڈروں کے سامنے جو مسلم لیگ کے لیڈر بھی ہیں یہ تجویز پیش کی کہ ان کو اس پر غور کرنا چاہئیے کہ مسلم لیگ کا نام پاکستانی قومی لیگ رکھدیا جائے۔ اس طرح اس کے دروازے ہر فرقہ کے لوگوں کے لئے کھول دئے جائیں اور اس کو ایک فرقہ وارانہ جماعت سے بدل کر قومی جماعت [illegible] پیدا نہیں ہوگی [illegible] یہ کہ پاکستان ایک مسلم حکومت بننے والی ہے بہت ہی [illegible] پھیل گیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ پاکستان ایک دنیوی حکومت ہوگا یا دینی حکومت۔ حکومت کے یہ معنی ہوں گے کہ مسلمانوں کی حکومت مسلمانوں کے لئے۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان کی بنیاد مساوات اور جمہوریت کے اعلیٰ اصولوں پر ہوگی۔

غذائی حالت

اسمبلی میں مسٹر ذکی الدین کے سوالات کے نوٹس پر ایک طویل بحث [illegible] ہوگئی۔ مسٹر نورالامین وزیر اعظم مشرقی بنگال [illegible] مرکزی حکومت پر ڈالنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے مرکزی حکومت پر یہ الزام عائد کیا کہ وہ ان کے صوبہ میں ڈنڈا ہوا چاول زبردستی بھیجا رہی ہے۔

وزیر خوراک مسٹر پیرزادہ عبدالستار نے اس بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مشرقی بنگال کی حکومت کو اپنی داخلی حالت کا اندازہ نہیں۔ انہوں نے ایک اور سوال کے جواب میں مطالبات اور خسارہ کے فرق کا تشریح کی۔

مشرقی بنگال کے ایک ممبر نے کہا کہ غلہ حاصل کرنے کے لئے جو عملہ مقرر کیا گیا ہے وہ ناکام رہا ہے وزیر اعظم نے اس الزام کی تردید نہیں کی۔ جس سے اس کے بیچ مینوں پر روشنی پڑتی ہے مسٹر پیرزادہ نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ مشرقی بنگال کے دیہاتی علاقہ میں چاول کی قیمت کنٹرول کی قیمت سے زیادہ ہو گئی ہے جہاں تک اس کے [illegible] وغیرہ کا تعلق ہے مرکزی حکومت اس کی تحقیقات کر رہی ہے اور یہ جلسہ ہی غذائی ماہرین کا ایک وفد مقرر کیا جانے والا ہے جو مشرقی بنگال جا کر تحقیقات کرکے مرکزی حکومت کو رپورٹ پیش کرے گا۔

[illegible] تمام ضروریات پوری کر دی جائیں گی۔

سردار عبدالرب نشتر نے پروفیسر [illegible]

میرٹھ کالج میں مسٹر گاڈگل کی تقریر

میرٹھ ۲۳ فروری۔ میرٹھ کالج کے طلبا کے سامنے تقریر کرتے ہوئے تعمیرات کی وزارت کے وزیر مسٹر این وی گاڈگل نے کہا کہ مستقبل قریب میں ہندوستان میں خوراک اور کپڑے کی کوئی کمی نہ رہے گی۔ کیونکہ ہندوستان میں بجلی کی قوت میں اضافہ ہو جائے گا۔ اور ہر ایک گاؤں میں ہر ایک جھونپڑا بجلی کی روشنی سے منور ہو جائے گا۔ آپ نے کہا کہ اگر ہم وہ کچھ حاصل نہ کر سکیں جو کچھ ہم چاہتے ہیں تو یہ ہمارا قصور ہوگا۔ آپ نے کہا کہ طلبا و آزادی کے ملنے سے جو تبدیلی ہوئی ہے اس کا احساس کرنا چاہئے۔ اور یہ ایک ہتھیار ہمارے ہاتھ میں ہے کہ جس سے ہم زندگی کے تمام شعبوں میں ترقی کر سکتے ہیں۔

جے پرکاش نرائن کے الزام کا جواب

کلکتہ ۲۳ فروری۔ کل مسٹر جے پرکاش نرائن نے کل پٹنہ میں کہا تھا کہ جو کمیونسٹ گرفتار ہوئے ہیں ان میں ان یونینوں کے ممبران بھی ہیں جن کا انڈین یونین سے ملازمین فیڈریشن سے الحاق رکھتی ہیں۔ مسٹر شنکر سانی کے اس الزام کا جواب دیتے ہوئے ایک سرکاری ترجمان نے کہا کہ جہاں تک پی اینڈ ٹی ملازمین کا تعلق ہے یہ سمجھا جاتا ہے کہ پوسٹل اور ٹیلی گراف یونینوں کا کوئی ممبر ان گرفتار شدگان میں نہیں ہے۔

فیروزپور میں دفعہ نمبر ۱۴۴

فیروزپور ۲۳ فروری۔ [illegible] پانچ یا پانچ سے زیادہ آدمیوں کا اجتماع، جلسے اور جلوس ایک ماہ کے لئے ممنوع قرار دیئے گئے ہیں۔ مذہبی اجتماع اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

بھیمن مزدوروں میں کمپ تقسیم کر دیئے

[illegible]

برطانیہ فرانس سے اناج خریدیگا

[illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانیوالے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان
باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے چلتا ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے۔
تفصیلات کے لئے لکھئے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
نمبر ۱۶ بینکشال اسٹریٹ بمبئی

اگر آپ کے شہر میں
روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے
تو ایجنٹ سے مطالبہ کیجئے وہ جلد سے جلد ایجنسی حاصل کرے۔ اور اپنے حلقۂ اثر میں توسیع اشاعت کی سعی فرمائیے۔
مینیجر الجمعیۃ دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟
[illegible] کا الزام غلط ہے ہر مسلمان کے لئے جنگ کربلا کے صحیح حالات سے واقفیت ہونا ضروری ہے امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں مکمل تاریخی حالات قلمبند کئے ہیں قیمت شہید اعظم معہ سوانح حسین چودہ آنہ ۱۴ر
مولانا ابوالکلام آزاد [illegible]
غبار خاطر مولانا آزاد کی نئی تصنیف [illegible]
[illegible]
مینیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان دہلی

ہماری تعلیم
حضرات صحابہ کرام و تابعین کی علمی درسگاہیں اور علمی مجالس دلچسپ حکایات اور ان کے کمالات معتبر کتابوں سے اخذ کر کے اس کتاب میں تحریر کئے گئے ہیں اس کے بعض عنوانات یہ ہیں علم کی غرض، جاہل اور عالم کا فرق، جہالت سے خطرہ، طالب علموں کی مجاہدانہ محنتیں۔ امام بخاری، امام مسلم، امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے علمی کمالات اور مجتہدانہ جوابات وغیرہ قیمت عمر
میری نماز قیمت عمر مسلمان بیوی قیمت ۴ر اسلام کا اصلاحی پروگرام قیمت ۱۲ر خواتین اسلام قیمت ۸ر جنت کا تحفہ قیمت ۱۲ر خدا کی جنت قیمت ۱۲ر حکایات صحابہ قیمت ۸ر اردو حاشیہ والا بہشتی زیور حصہ اول و دوم [illegible]
ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۲۷ ربیع الثانی ۶۸ھ مطابق ۲۶ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۷ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲/۱ آنے

بھوپال کے مستقبل کا فیصلہ

اہم گفت وشنید کا دوسرا دن

بھوپال ۲۳ فروری۔ کل بھوپال میں ریاست کے مستقبل کے متعلق گفت وشنید کا دوسرا دور جسے نازک اور فیصلہ کن کہا جاسکتا ہے شروع ہوگیا۔

ڈاکٹر بیل واپس انڈونیشیا کو

ایمسٹرڈم ۲۳ فروری۔ انڈونیشیا کے ڈچ ہائی کمشنر ڈاکٹر بیل جو ہالینڈ انڈونیشیا کے معاملہ پر حکومت سے مشورہ کرنے آئے ہوئے تھے، واپس بٹاویا کو بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہوگئے۔ ہوائی اڈہ پر ان کو وزیر اعظم ڈریس اور کابینہ کے دوسرے ممبروں نے الوداع کہا۔

اقتدار اعلیٰ کو ختم کرنے کیلئے جو چیلنج بھی دیا جائے گا حکومت اسکا پوری قوت سے مقابلہ کریگی

ہند پارلیمنٹ میں کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کے متعلق اہم سوال

وزیر محنت نے سرکاری پالیسی کی تشریح کردی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۴ فروری۔ حکومت کے اقتدار کو ختم کرنے کے لئے جو چیلنج بھی دیا جائے گا حکومت اس کا پوری قوت کے ساتھ مقابلہ کریگی مزدور انجمنوں کو اپنی مناسب سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت ہے لیکن قومی مفاد کے خلاف جو بھی کوشش کی جائے گی۔ اسے برداشت نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہ ہے وہ جواب جو آج ہند پارلیمنٹ میں وزیر محنت کی طرف سے اس سوال کے جواب میں دیا گیا کہ حکومت صنعتی سبھاؤں میں کمیونسٹوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے کس پالیسی پر عمل کرنا چاہتی ہے۔

دہلی میں خالی مکانات

سندھ سے آنے والے غیر مسلم

ہند پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر بحث شروع ہوگئی

بحث کو التوا کرنے کے لئے قدامت پسند ممبروں کی کوشش ناکام

عرب ممالک کا فیصلہ

مصریوں اور یہودیوں میں صلح کے معاہدہ پر آج دستخط ہوجائیں گے

حکومت مصر نے معاہدہ پر اپنی منظوری دے دی

ایک اور اہم ریلوے اسٹیشن پر کیرن باغیوں کا قبضہ

برما کے تیل کے علاقوں سے غیر ملکیوں کا انخلا

ہفتہ کو انڈونیشیا کے آئین کا اعلان ہوگا

چینی وزیر اعظم کو علیحدہ کردیا جائے گا

کابینہ میں شدید اختلافات۔ صدر کی کوششیں ناکام

ملک کے طول و عرض میں کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

پونچھ کے باشندوں کیلئے نمک کی روانگی

آباد کاری کے لئے دو لاکھ روپیہ منظور

ہندو کوڈ بل کے خلاف کانفرنس

پولیس والے کمیونسٹوں سے ہوشیار رہیں

بمبئی کے وزیر اعظم کا پولیس کو مشورہ

کشمیر کمیشن کے اجلاس میں معاہدہ صلح اور استصواب کی شرطوں پر غور

اراکین کمیشن کی پنڈت نہرو کی طرف سے دعوت اور شیخ عبداللہ سے ملاقات

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

PHONE 5855

Delhi. 25. 2. 1949.

کشمیر میں منتظم استصواب کیلئے ناموں کی نئی فہرست

کمیشن کا اجلاس۔ کمانڈروں سے صلاح و مشورہ

یوسف مہر علی منتخب ہوگئے

ملازمین ہڑتال سے واپس آ رہے ہیں

ویٹ نام کے قوم پرستوں اور چین کے کمیونسٹوں میں ساز باز

ٹائمز لندن کو ویٹ نام کے وفد کا تردیدی مکتوب

ہندوستان میں برما کا نیا سفیر

اراکین جمعیۃ علما صوبہ دہلی کے نام

(ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

اس وقت صنعتوں کو قومی بنانا ناممکن ہے

مدراس میں سردار پٹیل کی تقریر تاجروں سے تعاون کی اپیل

ہمارا اخلاق پست ہوچکا ہے

لیبر کی صورت حال

چین کے بعد ہند کو کمیونزم کے خلاف اڈہ بنانے کے منصوبے

انڈیا لیگ کے صدر جے جے سنگھ کی تقریر

جبلپور شرنارتھی کیمپ میں آتشزدگی

محکمہ ڈاک و تار کے ملازموں کی گرفتاری

جنوبی ہند کی سونے کی کانوں میں ہڑتال کا ۲۳واں دن

مزدوروں کے مظاہرے اور گرفتاریاں لیڈروں کی اپیل بے اثر رہی

بنگلور ۲۳ فروری۔ کولار کی سونے کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی ہڑتال جو یکم فروری کو شروع ہوئی تھی اب تک جاری ہے۔ اب یہ خیال غلط ثابت ہوگیا کہ مزدوروں کی بڑی تعداد ہڑتال کے حق میں نہیں ہے اور وہ جلد کام پر واپس جائیں گے۔ چاروں کانوں میں جن سے تقریباً دو لاکھ تولے سونا سالانہ نکلتا بند ہے۔

اغوا شدہ خاتون کی برآمدگی

ایک شاکر صاحب کا قابل تقلید جذبہ

(نامہ نگار)

غیر مذہبی ریاست کے مطلب کی توضیح

بنارس میں رادھا کرشنن کی تقریر

سردار پٹیل کو اعزازی ڈگری

ڈاکٹر ملان ہندوستانیوں کے خلاف نفرت پھیلا رہے ہیں

کیپ ٹاؤن انڈین کانگریس کے صدر کا بیان

ہند اور پاکستان میں ریلوں کی آمد و رفت

پاکستان کے سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں کے تاثرات

مدراس میں آتشزدگی

سمن بغرض انفصال مقدمہ

ماہ نامہ فردوس

یہ دنیا دوزخ تو بن ہی گئی ہے اگر آپ اپنی زندگی میں سکھ چین اور امن و اطمینان چاہتے ہیں اور آپ کی دلی تمنا ہے کہ آپ کی دنیا جنت کا نمونہ بن جائے تو ہم پڑھئے ... ماہ نامہ فردوس آپ کی اس ضرورت کو پورا کرتا ہے۔

سالانہ چندہ تین روپیہ بارہ آنہ

منیجر ماہنامہ فردوس قائم گنج ضلع فرخ آباد یوپی

پیام صحت

رجسٹرڈ

جلد اول ... جلد دوم

ہندوستانی سرمایہ کو بچانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم ہندوستانی کمپنی کی اشیاء استعمال کریں

انڈین ٹی کمپنی کی خالص ہندوستانی چائے

انڈین ٹی

استعمال کریں

ایجنسی کے لئے لکھیں:- منیجر انڈین ٹی کمپنی۔ کوچہ پنڈت۔ دہلی

یہ کہنا صحیح نہیں کہ ہندو پاکستان کے درمیان آمدورفت کے سلسلہ میں کوئی سیاسی رکاوٹ موجود ہے

بہت سے لوگوں کی بہ حفاظت آمدورفت جاری ہے

ہند میں پاکستان کے ہائی کمشنر مسٹر اسمٰعیل کا بیان

نئی دہلی ۲۴ فروری - نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمشنر مسٹر محمد اسمٰعیل نے نمائندہ گلوب کے ساتھ ایک انٹرویو کے دوران مسٹر گوپال سوامی آینگر کے اس بیان کو خوش آمدید کہا، کہ حکومت ہند کو ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ریلوں کی آمدورفت شروع کرنے کی تجویز کے ساتھ پوری ہمدردی ہے - آپ نے مزید کہا کہ مسٹر آینگر کا یہ بیان بڑی اہمیت رکھتا ہے اور مجھے یقین ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے لوگ اسے خوش آمدید کہیں گے - اب جبکہ یہ اصول تسلیم کر لیا گیا ہے تو دونوں ملکوں کے درمیان ریلوں کی آمدورفت کا سلسلہ شروع کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہئیے -

مسٹر اسمٰعیل نے ریلوے منسٹر مسٹر آینگر کے بیان کے اس حصہ سے اظہار اختلاف کیا ہے کہ ریلوں کی آمدورفت [redacted] پاکستان اور ہندوستان کے درمیان بہت سے لوگوں کی آمدورفت جاری ہے اور انہیں بحفاظت اپنے ملک میں واپس پہنچنے کے متعلق کسی قسم کا شک نہیں ہوتا - آج سے صرف دو ہفتہ پیشتر مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے یہ اعلان کیا تھا کہ مسلمان مشرقی پنجاب میں آزادی کے ساتھ آ جا سکتے ہیں - ان حالات میں [illegible] دونوں ملکوں کے درمیان ریلوں کی آمدورفت کا سلسلہ فوراً شروع کر دیا جانا چاہئیے - یہ درست ہے کہ ان گاڑیوں کے ساتھ مسلح گارڈ کا انتظام ہونا چاہئیے لیکن اس میں کوئی دقت پیش نہیں آسکتی -

دونوں ملکوں کے درمیان ریلوں کی آمدورفت شروع کرنے کیلئے انجن کی تبدیلی اور محصول وغیرہ کا فیصلہ آسانی کے ساتھ کیا جا سکتا ہے -

آخر میں مسٹر اسمٰعیل نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے میں اس امر کا یقین دلاتا ہوں کہ ہم دونوں ملکوں کے درمیان ریلوں کی آمدورفت کا سلسلہ شروع کرنے کو خوش آمدید کہیں گے - (گلوب)

ہند چینی کو باؤدائی کی واپسی

سیاسی مسائل کا [redacted]

پیرس ۲۴ فروری - فرانس کے وزیر نو آبادیات مسٹر کوسٹے فلورٹ نے آج ایک بیان میں بتایا کہ ہند چینی کے سابق شہنشاہ باؤدائی اگلے ماہ واپس اپنے ملک میں چلے جائیں گے - باؤدائی گذشتہ تین سالوں سے اپنے ملک سے باہر گھوم رہا ہے - وزیر نو آبادیات نے بتایا کہ باؤدائی سے ملاقات کی ہے اور تقریباً تمام نکات پر ان کا سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ (گلوب)

نیشنلسٹ سکھوں کا فیصلہ

الزامات کی تردید

سورت کے قوم پرور رہنما کا انتقال

کشمیر کمیشن جموں و کشمیر کے مہاجرین کو بسانے کا انتظام کرے گا

پاکستان پارلیمنٹ میں مسٹر مشتاق احمد گورمانی کا انکشاف !

کراچی ۲۴ فروری - کل پاکستان کی مجلس دستور ساز میں بتایا گیا کہ وزیر مسٹر مشتاق احمد گورمانی نے بتایا کہ جموں اور کشمیر سے پانچ لاکھ مسلم پناہ گزین مغربی پنجاب میں آئے ہوئے ہیں جن میں سے چار لاکھ کو مفت راشن دیا جاتا ہے - مسٹر مشتاق احمد نے یہ انکشاف پاکستان پارلیمنٹ میں مسٹر نور احمد کے ایک سوال کے جواب میں کیا - آپ نے یہ بھی بتایا کہ ان پناہ گزینوں پر چالیس لاکھ روپیہ ماہوار خرچ ہو رہا ہے -

مسٹر گورمانی نے ایک اور سوال کے جواب میں بتایا کہ کشمیر کمیشن اور استصواب کا منتظم ان لوگوں کو واپس آبائی گھروں میں بسانے کے بارے میں انتظامات کرے گا -

ہند چینی کے سابق بادشاہ سے گفت و شنید کی کامیابی کی امید نہیں

پیرس ۲۴ فروری - اگرچہ سرکاری حلقوں کو یقین ہے کہ ہند چینی کے متعلق حکومت فرانس کی پالیسی کامیاب ہوگی [redacted]

مسلم برادرہڈ کا خفیہ براڈکاسٹنگ سٹیشن

قاہرہ ۲۳ فروری - مصر کے ایک اخبار نے اطلاع دی ہے کہ مصری پولیس نے مسلم برادرہڈ کا ایک خفیہ براڈکاسٹنگ سٹیشن برقبضہ کر لیا ہے -

ہند پارلیمنٹ نے ریلوے بجٹ کے تمام مطالبات زر منظور کرلئے

ریلوے بورڈ کے ممبروں پر نکتہ چینی - آینگر کا پرزور جواب

نئی دہلی ۲۴ فروری - کل پارلیمنٹ میں ریلوے بجٹ پر بحث کے سلسلے میں جوابی تقریر کرتے ہوئے وزیر ریلوے مسٹر گوپال سوامی آینگر نے ریلوے بورڈ کے افسروں کی حمایت میں بہت موثر اور زور دار تقریر کی - ریلوے کے متعلق تمام مطالبات پر رائے شماری ہونے کے بعد جو منظور ہو گئے -

کانگریسیوں کو اختلافات دور کرکے ملک کو مستحکم بنانا چاہئیے

مجلس قانون ساز کے کانگریسیوں کے جلسہ میں سردار پٹیل کی تقریر

سکھوں کو چاہئیے گمراہ کن راستہ اختیار نہ کریں

مسٹر بلدیو سنگھ کی اپیل

ماسٹر تارا سنگھ کا خطبۂ صدارت

امرتسر کے جلسہ میں پڑھا گیا

ماسٹر تارا سنگھ سے ریوالور کی برآمدگی

اڑیسہ کرشک سنگھ کا صدر گرفتار

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)

تین ہزار روپیہ کے نقد انعامات

داخلہ کی آخری تاریخ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

پہلا انعام	دو ہزار روپیہ	(صحیح حل)
دوسرا انعام	پانچ سو روپیہ	(ایک غلطی)
تیسرا انعام	تین سو روپیہ	(دو غلطی)
چوتھا انعام	ایک سو روپیہ	(تین غلطی)



مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۵ (ڈی) جی ٹی روڈ - لاہور

مصفی اعظم خون صاف کرنے کی بہترین دوا

ہمدم دواخانہ لال کنواں دہلی

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

طعام و قیام کا بہترین انتظام ہے

منیجر: صنوبر ہوٹل — نمبر ۱۰۹ — فراش خانہ دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

۲۶ فروری ۱۹۴۹ء

ایشیا کیلئے خطرہ

اس وقت دنیا میں سب سے بڑا مسئلہ کمیونزم اور اس کا پھیلاؤ ہے کیونکہ مشرق و مغرب اس کی لپیٹ میں آچکے ہیں اور اس کے تصور سے بڑی بڑی حکومتوں کو ہراساں اور پریشان کر رکھا ہے چین، برما، ملایا، انڈونیشیا کو چھوڑیئے، دنیا کے دونوں سروں تک کمیونزم ہی کی ہوا چل رہی ہے اور ہر جگہ اسی خطرہ کا شدت کے ساتھ احساس کیا جارہا ہے، خطرہ سب کے سامنے ہے مگر کوشش ہو رہی ہے کہ شاید یہ خطرہ ٹل جائے اور کمیونزم کے خلاف ایک متحدہ محاذ بنانے میں کامیاب ہو جائیں، ایک وقت تھا کہ ہم کمیونزم کے فلسفہ پر غور کیا کرتے تھے، اور یہ بتایا کرتے تھے کہ اس میں کس قدر برائیاں اور کس قدر بھلائیاں ہیں اور اسے قبول کرنے سے انسانی معاشرہ پر کیا اثر پڑ سکتا ہے، مگر آج ان بحثوں میں پڑنا فضول ہے اب تو ہمارے لئے دو ہی راہیں ہیں یعنی کمیونزم کو قبول کریں یا اس کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو جائیں مقابلہ بھی ہو تو کس طرح اور اسے شکست بھی دیجائے تو کونسا طریق کار اختیار کرے؟ جو لوگ کمیونزم کے مخالف ہیں، وہ صرف مخالفت ہی کرنا چاہتے ہیں یہ نہیں چاہتے کہ عوام کے سامنے اس کا بدل پیش کریں اور دنیا کو سینہ پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ ہمارا سیاسی اور معاشی نظام جمہور کے نقطۂ نظر سے بہتر ہے، اور کمیونزم میں کچھ ایسی خوبیاں ہیں جو ہمارے نظام میں موجود نہیں ہیں! کسی بادشاہ نے ایک دفعہ لکیر کھینچ کر اپنے وزیر سے کہا تھا کہ اسے ہاتھ لگائے بغیر چھوٹا کر دو، ہاتھ بھی نہ لگے اور لکیر چھوٹی پڑ جائے! بڑا مشکل مطالبہ تھا مگر وزیر بھی اپنی دانشوری میں مشہور تھا، اس نے ایک اور لکیر کے برابر بڑی لکیر کھینچ کر کہا کہ دیکھئے آپ کی لکیر چھوٹی ہو گئی، مطلب یہ کہ جب تم کسی نظام کا مقابلہ کرنا چاہو تو اس کے مقابلہ میں اس سے بہتر نظام رکھ دو، پہلا نظام خود ہی چھوٹا پڑ جائے گا اور تمہارا نظام جمہور کو اپیل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

مشرقی یورپ کمیونزم کے چنگل میں ہے، مشرق بعید نے بھی اس کے سامنے گردن جھکا دی ہے، مشرق قریب میں بھی ابتدا ہو چکی ہے، اب رہا مشرق وسطی جو صرف مسلمانوں سے مخصوص سمجھا جاتا ہے، سو مصر، عراق، شام کے تازہ حالات سے اس کا چہرہ بھی بے نقاب ہو جاتا ہے، مصر میں وزیر اعظم نقراشی پاشا اور پولیس کے کمانڈر سلیم علی پاشا قتل کر دیئے گئے، موجودہ وزیر اعظم عبدالہادی پاشا کو تین بار قتل کرنے کی کوشش کی گئی، سرکاری عمارتوں، غیر ملکی سفارتخانوں، بنکوں اور تجارتی اداروں پر بمباری کی گئی اور ابھی تک مصر میں دہشت زدگی اور تشدد کی لہر چل رہی ہے، مصری پولیس نے کئی خفیہ جماعتوں کا پتہ لگایا ہے، اسلحہ کے ذخائر اور مادہ آتشگیر سے لدی ہوئی جیپ کاریں [illegible] ہے، مصری حکام کا خیال ہے کہ کمیونسٹ، مصر کی انتہا پسند جماعتوں کا نقاب اوڑھ کر حکومت کا تختہ الٹنے کی تیاریاں کر رہے ہیں!

مصر کے بعد عراق اور شام میں بھی کمیونسٹ تحریک کی لہریں دوڑ رہی ہیں، حلب اور دمشق میں کمیونسٹوں کی ہمدردی میں مظاہرے ہو رہے ہیں، عراق میں چند کمیونسٹوں کو پھانسی دیئے جانے پر غم و غصہ کا اظہار کیا جارہا ہے، اگرچہ وزیر اعظم مصر ابراہیم عبدالہادی پاشا نے مارشل پلان کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ یورپ اور ایشیا کے دوسرے حصوں کو جس قدر کمیونزم سے خطرہ ہے اتنا خطرہ مشرق وسطی کو نہیں ہے، لیکن عقائد اور ذہن کے اختلافات سے نفس خطرہ پر کوئی اثر نہیں پڑ سکتا اگر آج مشرق وسطی کو خطرہ کم ہے تو کیا ضمانت ہے کہ کل بھی یہ خطرہ کم ہی رہے گا اور اس کی رفتار تیز نہ ہوگی؟

امریکہ اور برطانیہ مشرق کو ملا کر کمیونزم کے خلاف ایک مؤثر محاذ قائم کرنا چاہتے ہیں اور مارشل پلان کے ذریعہ ان ممالک کی مدد کر رہے ہیں جو فوجی اعتبار سے کمزور ہیں لیکن جہاں تک مشرق وسطی کا تعلق ہے وزیر اعظم مصر نے یونائٹیڈ پریس آف امریکہ کو بیان دیتے ہوئے صاف کہدیا ہے کہ بڑی طاقتوں پر چھوٹی طاقتوں کو بھروسہ نہیں رہا ہے اور ان کے مسلسل خلف عہد نے ان کی ساکھ اڑا کر ختم کر ڈالی ہے، برطانیہ مصر پر فوجی قبضہ رکھنے پر بضد ہے اور سوڈان کو مصر سے علیحدہ کرکے ایک نئے السٹر کی بنیاد ڈالنا چاہتا ہے، امریکہ نے چلتے چلاتے صیہونیت کی حمایت کی اور فلسطین کو اجنبی باغیوں کے حوالہ کر دیا، ان حالات میں [illegible] کوئی مؤثر مقابلہ کیا جاسکتا ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ مصر، عراق اور شام کے عرب مغرب کی ان چالاکیوں کا جواب کمیونزم کے ہتھیاروں سے دینا چاہتے ہیں اور اسی لئے یہ تحریک وہاں زور پکڑ رہی ہے!

سوال یہ ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کن کن چیزوں سے کمیونزم کا مقابلہ کریں گے؟ مقابلہ ضرور ہونا چاہئیے مگر اس طرح نہیں کہ دماغوں پر کمیونزم کا ہوا تو سوار ہو جائے لیکن اس کا کوئی بدل پیش نہ کیا جائے فی الحال کمیونزم کا بدل یہ ہے کہ ملک کی گرانی جلد سے جلد دور ہو، چور بازاری اور ذخیرہ اندوزی کا خاتمہ ہو، مزدوروں کو مطمئن کرنے کی سبیل نکالی جاتے اور عوام کو باور کرایا جائے کہ ہندوستان اور پاکستان کے پاس کمیونزم کا بدل موجود ہے اور ان میں اتنی صلاحیت ہے کہ ملک کے اقتصادی بحران پر قابو پا کر ایک ایسی صحت مند اور زندگی بخش فضا پیدا کر دیں جس میں غریب سے غریب بھی اطمینان کا سانس لے سکے! خالی شور مچانا اور خطرہ کی گھنٹی بجاتے رہنا [illegible] کمیونزم بہت سخت جان ہے اور اس کا مقابلہ [illegible] دوسروں کو دور کرکے ہی کیا جاسکتا ہے۔

اچھی باتیں

واقصد - تا - الحمیر (پ ۲۱ ع ۱۱)

اپنی چال ڈھال میں میانہ روی اختیار کرو اور اپنی آواز کو پست رکھو، کیا تمہیں گدھے کی آواز بری نہیں لگتی؟

فرمایا کہ رفتار و گفتار میں اعتدال اور وقار کو ملحوظ رکھو ایسی حرکت نہ کرو کہ تمہارا اوچھا پن ظاہر ہونے لگے اور لوگ تمہیں اپنی نظروں سے گرادیں نیز جب بولو گدھے کی طرح آواز مت نکالو - آہستہ بولو میٹھا بول بولو اور فضول باتوں سے بچو، کیونکہ انسان کی قابلیت کا اندازہ ہمیشہ گفتگو اور چال ڈھال سے ہوا کرتا ہے اور ذہن کی خرابی کردار پر اثر انداز ہوتی ہے تم خود تو گدھے کی آواز کو ناپسند کرتے ہو مگر زور زور سے بول کر اپنی حماقت پر نہیں شرماتے! پس تمہاری رفتار و گفتار ایسی ہونی چاہیئے جس میں معنویت اور جوہر ہو اور جو تمہاری شان کو دوبالا کرے!

مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند کا وفد صوبہ اڑیسہ کا دورہ کرکے واپس آگیا

مسلمانان اڑیسہ جمعیۃ علماء کی قیادت میں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی ۲۳ فروری - مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند نے اپنے اجلاس میں یہ طے کیا تھا کہ صوبہ اڑیسہ میں جمعیۃ علماء کی توسیع و اشاعت کے لئے مرکزیہ جمعیۃ کا ایک وفد دورہ کرے - چنانچہ اس فیصلہ کے مطابق ایک وفد جس میں حضرت مولانا قاضی احمد حسین صاحب اور مسٹر منظور احسن اعجازی صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ بہار شریک تھے ۵ فروری کو کٹک پہنچا جو صوبہ اڑیسہ کا صدر مقام ہے -

ایران میں ہندوستانی ایسوسی ایشن کا قیام

پولیس کارروائی ختم ہوگئی

سرابایا ۲۴ فروری - ڈچ نیوز ایجنسی انیتا نے خبر دی ہے کہ ڈچ حکومت کا بحری بیڑہ اب معمول کے مطابق کام کرے گا - کیونکہ اب پولیس کارروائی ختم ہوگئی ہے -

اٹاوہ موٹر یونین کی انتظامیہ کمیٹی

برلن کی ہوائی آمدورفت کا ریکارڈ

ترجمہ قرآن اور مسلمانوں کا فرض

(از پمفلٹ نمبر ۲ شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند)

صورت حال

تحریک ترجمہ قرآن

کام کی صورت

عربی تعلیم آسان بنانے کی ضرورت

(باقی صفحہ ۴ پر)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو جماعتیں ابھی نئی قائم ہوتی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

حضرت مولانا حفظ الرحمن بجنور میں

جمعیۃ علماء شہر کی جانب سے ٹی پارٹی

بجنور۔ بذریعہ ڈاک ۱۲ فروری کو بسلسلہ شرکت اجلاس جمعیۃ علماء ضلع بجنور حضرت مولانا حفظ الرحمان ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند یہاں تشریف لائے۔ مولانا حامد الانصاری غازی صدر و مفتی خورشید عالم جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع بجنور اور دوسرے اراکین جمعیۃ علماء نے آپ کا استقبال کیا۔ چونکہ موصوف کی طبیعت ناساز تھی اس لئے آپ نے جلسہ عام میں تقریر کرنے سے معذوری ظاہر فرمائی لیکن [illegible] بجے سے ایک گھنٹہ چالیس منٹ تقریر فرمائی۔ اس کے بعد آپ مولانا مسیت اللہ صاحب رئیس بجنور کے مکان پر ہونے والے اجلاس جمعیۃ علماء ضلع بجنور میں شریک ہوئے جو نہایت خوشگوار فضا میں ۲ بجے رات تک جاری رہا۔ موصوف اجلاس جمعیۃ علماء ضلع بجنور میں ایک مختصر اور جامع تقریر کے ذریعہ کارکنان جمعیۃ علماء ضلع اور تمام [illegible] کارکنوں کو فرقہ وارانہ سیاسی کشمکش اور پاور پالیٹکس سے علیحدہ رہ کر محض مذہبی و اخلاقی امور میں خدمات پیش کرنے کی تلقین فرمائی۔ علی الصباح جمعیۃ علماء ضلع کی جانب سے دی ہوئی ایک چائے پارٹی میں شرکت فرمائی جس میں ضلع [illegible]

الٰہی بخش جائنٹ سکریٹری مستری صفدر احمد صاحب ماسٹر نے ممبر سازی کا کام سرگرمی سے شروع کر دیا ہے۔

جہانسی میں حضرت مولانا ابو الوفا صاحب کی سیرت پر تقریر

جہانسی جمعیۃ علماء کی طرف سے جلسہ سیرت ہوا جس میں حضرت مولانا ابو الوفا صاحب شاہجہانپوری نے سیرت رسول پر نہایت پر اثر تقریریں کیں جلسہ دو روز ہوا۔

انتخابات

ضلع دیوریا

دفتر ضلع جمعیۃ علماء دیوریا میں ۱۷ فروری کو مولانا سید محمد نصیر صاحب [illegible] انتخاب کی نگرانی میں ضلع جمعیۃ کے عہدیداران [illegible] کا انتخاب نمائندگان ضلع جمعیۃ نے کیا۔ [illegible]

[illegible]

ولید پور

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ پنجاب کا سالانہ اجلاس

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا وفد مدراس میں

[illegible]

سیتن کے نزدیک گھمسان کی جنگ

[illegible] (گلوب)

برطانوی باشندے بذریعہ طیارہ رنگون سے نکالے جائیں گے

[illegible] (گلوب)

سابق چیف جج کا انتقال

[illegible]

وفد جمعیۃ علماء ٹونک کی سرگرمیاں

[illegible]

برما سے ہندوستانیوں اور انگریزوں کا انخلا

دونوں ملکوں کے سفارت خانے انتظام کر رہے ہیں

رنگون ۲۳ فروری۔ سیتن کے ایک ہزار ہندوستانی باشندوں نے ہندوستانی سفارت خانے سے اپیل کی ہے کہ ان کو ہندوستان واپس بھیجنے کا انتظام کیا جائے۔ سفارت خانہ کے ایک نمائندہ نے کہا ہے کہ جب کیرن باغیوں نے ضلع پر قبضہ کیا تھا تو یہ ہندوستانی بے گھر ہو گئے تھے، وہاں کا تمام مال و اسباب بھی ضائع ہو گیا تھا۔

سفارت خانہ کی طرف سے جلد از جلد ان لوگوں کو ہندوستان واپس بھیجنے کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ وسطی برما کے علاقوں سے (۴۰) انگریز عورتوں اور بچوں کو خاص ہوائی جہازوں کے ذریعہ نکالا جا رہا ہے۔ ایک برما آئل کمپنی کے آدمی نے کہا کہ برطانوی ملازمین تیل کی جگہوں پر مزید احکام تک قائم رہیں گے۔ لیکن ان کے بیوی بچوں کو نکال کر رنگون لایا جائیگا اور وہاں سے انگلستان بھیج دیا جائیگا۔ منڈالے سے ۵۰ میل دور مراٹی اڈہ پر کیرن باغیوں نے قبضہ کر لیا ہے اور حکومت کی فوجیں اس پر دوبارہ قبضہ کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہیں [illegible]

انجمن طبیہ کا سالانہ اجلاس

لکھنؤ۔ بذریعہ ڈاک۔ انجمن طبیہ یوپی کے سالانہ اجلاس کی مجلس استقبالیہ کا ایک اہم جلسہ چودھری حیدر حسین بیرسٹر صدر مجلس استقبالیہ کی کوٹھی پر منعقد ہوا۔ جس میں طے پایا کہ ڈیلیگیٹوں کے قیام اور طعام کا مناسب انتظام کیا جائے اس سلسلہ میں ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے۔ فیس ڈیلیگیٹوں سے ایک روپیہ مقرر کی گئی ہے اس کمیٹی کی عام ممبری کی فیس پانچ روپے اجلاس میں عام داخلہ پاس کے ذریعہ ہوگا جس کی کوئی فیس نہ ہوگی یہ پاس دفتر انجمن طبیہ یوپی کنٹونمنٹ روڈ لکھنؤ سے حاصل کئے جا سکیں گے۔

کانپور ۲۳ فروری۔ یوپی کے ایران تجارت میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی نے [illegible]

ترجمۂ قرآن اور مسلمانوں کا فرض

(صفحہ سے آگے)

کے حلقے قائم ہو جائیں گے۔ اور اگر ہر حلقہ میں دس دس پندرہ پندرہ آدمیوں نے بھی شرکت کر کے فائدہ اٹھایا تو سال بھر میں ہزاروں عربی کے جاننے والے اور قرآن پاک کا ترجمہ خود کر لینے والے پیدا ہو جائیں گے۔ نیز اس سے جو روحانی اور اسلامی طاقت حاصل ہوگی اس کا اندازہ بھی نہیں کیا جا سکتا ہے ان میں بہت سے ایسے بھی ہوں گے کہ جن میں ایک ایک کا قرآن پاک کے ترجمے اور عربی کی تعلیم کی طرف متوجہ ہو جانا ہزاروں مسلمانوں کو اس طرف کھینچ لانے کا سبب بن سکے گا۔ پس اس طرح اگر عربی سے یہ تعلق اور ترجمہ قرآن کا یہ شوق پیدا ہو گیا تو لازمی طور پر ہمارے عربی مدارس اور علماء کا وزن اور قیمت زیادہ ہوگی۔

کیسے پڑھایا جائے

اب اس دور میں الگ سے جن علماء کرام نے اس سلسلہ میں بہت کچھ کام کر ڈالا ہے۔ ایسی کتابیں چھپ چکی ہیں کہ جن کے ذریعہ اس تحریک کو کامیاب بنایا جا سکتا ہے ادارہ تعلیمات اسلام امین آباد لکھنؤ کی طرف سے کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ مولانا سراج الحق صاحب [illegible] اس سلسلہ میں کتاب لکھی ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں سب سے زیادہ قابل ذکر کتاب حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible] کی مفتاح القرآن ہے۔ حضرت مولانا صاحب موصوف نے سالہا سال کے تجربہ کے بعد یہ کتاب خاص طور سے اسی غرض سے لکھی ہے کہ بہت کم مدت میں صرفی و نحوی معلومات کے ساتھ ہی ساتھ قرآن پاک کے ترجمہ کرنے کی استعداد پیدا کر لیں۔ اور اسی طرح بہت سی کتابیں ہوں گی اور اگر یہ تحریک مقبول ہو جائے تو بہت سی اچھی اچھی تالیف کی جائیں گی۔ ضرورت ہے کہ موجودہ کتابوں سے سر دست فائدہ اٹھایا جائے۔

یہ انتظام بھی ہو سکتا ہے کہ اس قسم کی تمام کتابیں یہاں جمع کر لی جائیں اور جہاں جہاں جن کتابوں کی ضرورت ہو انہیں روانہ کیا جائے

آخری گذارش

لہٰذا درخواست ہے کہ علماء جلد از جلد اس طرف متوجہ ہوں۔ خصوصاً جمعیۃ علماء کی تمام شاخیں اور تمام عربی مدارس اس تحریک کو اپنے ضروری کاموں کا ایک جزو بنا لیں۔

آپ سے یہ بھی استدعا ہے کہ آپ جہاں بھی حلقۂ ترجمۂ قرآن قائم کریں اس کی اطلاع اس دفتر کو ضرور دیں۔ تاکہ ہم آپ کی دینی خدمتوں سے واقف ہو سکیں۔ اور ہر قسم کے مشورہ [illegible] اس نہایت عظیم الشان مبارک کام میں آپ کا ہاتھ بٹا سکیں۔ [illegible] ناظم شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند [illegible] سے کرنی چاہئے۔

بین المملکتی کانفرنس میں سردار بلدیو سنگھ بھی شرکت کرینگے

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ [illegible]

زیورات اور قیمتی کپڑے غائب

[illegible]

دہلی میں سارے ہندوستان کی گئوشالہ کانفرنس

[illegible]

دفتر احرار میں آتشزدگی

[illegible]

نوزائیدہ بچہ ملا

[illegible]

تلاش گمشدگان

[illegible]

گارڈوں کا احتجاجی برت

[illegible]

ساؤتھ انڈین ریلوے یونین نے ہڑتال کا نوٹس دیدیا

[illegible]

اپنا قومی فرض ادا کیجئے
اور
روزنامہ الجمعیۃ و ہفت روزہ الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی سعی فرمایئے۔ (منیجر)

ہندوستان کی آزادی
[illegible]
قیمت [illegible]
جمعیۃ بک ڈپو [illegible] دہلی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ...... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے
منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دار السلطنت

دہلی ٹرانسپورٹ سروس میں اصلاح

کل گورنر اس کے ایک سوال کے جواب میں [illegible] ٹرانسپورٹ [illegible] کے [illegible] مسٹر [illegible] نے بتایا کہ دہلی ٹرانسپورٹ سروس کے نظم و نسق کے لئے حکومت کی طرف سے ایک کارپوریشن بنائے جانے کی تجویز ہے۔ اس کارپوریشن کا نام دہلی ٹرانسپورٹ اتھارٹی ہوگا اس سلسلہ میں ضروری قانون سازی کے لئے اقدام کئے جا رہے ہیں۔ مسٹر [illegible] نے بتایا کہ حکومت نے جی۔ این۔ آئی۔ ٹی کمپنی کے منتظموں سے سو نئی گاڑیاں لی تھیں۔ یہ گاڑیاں ابھی تک نہیں چلائی گئیں۔ ان کے علاوہ حکومت کو ۷۰ نئی گاڑیاں موصول ہو جائیں گی۔

دہلی ٹرانسپورٹ سروس کو بہتر بنانے کے لئے حسب ذیل امور پر مزید عمل کیا جا رہا ہے۔ (۱) بس ٹھہرنے کی جگہوں پر پناہ گاہیں اور قطار باندھنے کی ٹھہروں کی تعمیر (۲) بس کے کرایہ میں مناسب تبدیلی۔ (۳) گاڑیوں کی باقاعدہ صفائی کے لئے ضروری سہولتیں۔ (۴) گاڑیوں کی دیکھ بھال اور مرمت وغیرہ کے لئے ورکشاپ کی بہتر سہولتیں۔ (۵) گاڑیوں میں [illegible] کا انتظام۔ (۶) شہر اور قصبوں کی بستیوں اور شہر کے نواحی علاقوں سے رابطہ کے لئے راستوں کا اہتمام۔

چوری کے واقعات

لال مندر مقابل لال قلعہ کے پیچھے [illegible] لائسنس چرس فروخت کرتے ہوئے رام سنگھ نامی ایک شخص گرفتار کیا گیا۔

آرام باغ پہاڑ گنج سے مالک مکان کی عدم موجودگی میں ایک کوارٹر سے [illegible] روپے کا سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

گلی تیلیان سے ساڑھے سات سو روپے کا سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

بہادر گڑھ میں تین ہزار روپے کا کپڑا چرا لیا گیا۔

گاندھی منڈپ نمائش

دہلی کی پبلک گاندھی منڈپ نمائش میں بہت دلچسپی لے رہی ہے۔ نمائش میں ہر روز نئی تصویروں وغیرہ کا اضافہ ہو رہا ہے۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نمائش کی [illegible] تیار کرا رہی ہے۔ [illegible]

اکالیوں کی گرفتاری کے وارنٹ

دہلی ۲۴ فروری معلوم ہوا ہے کہ گوردوارہ رکاب گنج میں [illegible] تقریریں کرنے والے اکالی لیڈروں کے خلاف کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ دہلی کے حکام نے ۳۹ سرکردہ لیڈروں کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں [illegible]

دہلی میں مکمل شراب بندی

[illegible]

کانگریسی کا مرن برت

[illegible]

خودکشی کر لی

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

اپوڈ مارکیٹ

[illegible]

دہلی صرافہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

تپ دق کے علاج کا آسان طریقہ

[illegible]

پانچ کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کا جلسہ

[illegible]

اضافہ آبادی خوراک کی قلت کا سبب

[illegible]

سائیکلوں کے بارے میں نیا فیصلہ

دہلی میونسپل کمیٹی کا اجلاس

دہلی میونسپل کمیٹی نے کل اپنی میٹنگ میں ڈاکٹر شراف کے آنکھوں کے خیراتی ہسپتال میں ان مریضوں سے ایک آنہ یومیہ فیس لینے کی اجازت دی جو ہسپتال میں نہیں رہتے اور جو وہاں رہتے ہیں ان سے دس روز کی فیس پانچ روپیہ سے بڑھا کر پندرہ روپیہ کرنے کی اجازت دیدی۔ اور ہسپتال کی ماہانہ گرانٹ چودہ سو روپے سے بڑھا کر دو ہزار روپے کر دی۔ لالہ بھیم چند جین اور مسٹر [illegible] نے فیس لینے کی مخالفت کی۔

خان بہادر عبد اللہ، بابا بچتر سنگھ، حاجی محمد صدیق ملتانی، مسٹر شرجیت شرما، مسٹر راج نراین کھنہ اور مسٹر اگروال نے حمایت کی۔ تجویز پر ووٹ لئے گئے اور پاس کر دی گئی۔

سائیکل قانون کے بارے میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ دس سے [illegible] برس عمر کے بچے کو سائیکل چلانے کی اجازت دی جائے۔ اور دو سے زیادہ سائیکل سواروں کو بیک وقت ایک قطار میں چلنے کی اجازت نہ دی جائے۔

خان بہادر عبد اللہ اور مسٹر راج نراین کھنہ کو دہلی امپرومنٹ ٹرسٹ میں دہلی میونسپل کمیٹی کی نمائندگی کے لئے منتخب کیا گیا۔

عظیم الشان مشاعرہ

مورخہ ۲۵ فروری بروز جمعہ بوقت ۸ بجے شام زیر صدارت جناب کنور مہندر سنگھ بیدی سحر [illegible] منعقد ہونا قرار پایا ہے۔ شعرائے کرام جن کے اسماء گرامی قابل ذکر ہیں۔ یسین شاہجہانپوری۔ علامہ اختر صاحب مظفر نگری۔ [illegible] ادیب کامل صاحب دہلوی۔ گوپی چند صاحب امن۔ حکیم خلیل الرحمان صاحب [illegible]۔ [illegible] صاحب دیوبندی۔ [illegible] صاحب امید۔ اختر صاحب رضوانی۔ شاکر صاحب۔ شاطر صاحب۔ رضوان صاحب الہ آبادی

ٹریفک کی خلاف ورزی میں جرمانے

دو لاکھ روپیہ وصول ہوا

دہلی ۲۳ فروری۔ انسپکٹر جنرل پولیس نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ [illegible] ٹریفک کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے والوں سے تقریباً ۱۸ گنا زیادہ جرمانہ وصول ہوا [illegible] ٹریفک کی خلاف ورزی کرنے والوں سے صرف ۱۱۴۴۹ روپے وصول ہوئے تھے [illegible]

لاؤڈ اسپیکروں کے پرمٹ منسوخ

[illegible]

آسٹریلیا کا غلہ سب سے سستا ہے

[illegible]

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے
چشمہ دیا جاتا ہے

ڈربن کے فسادات کی تحقیقات

ایک پادری صاحب کی لغو بیانی

ڈربن ۲۳ فروری۔ کل تحقیقاتی عدالت کے روبرو بیان دیتے ہوئے [illegible] پادری نے کہا کہ جب تک حکومت ہندوستانیوں کے ساتھ ترجیحی برتاؤ کرتی رہے گی اس وقت تک کوئی مصالحت دونوں کے درمیان نہ ہو سکے گی۔ [illegible]

چینی کمیونسٹوں کی کامیابیاں

نانکنگ ۲۳ فروری۔ کمیونسٹوں کا پراپیگنڈا کرنے کے لئے یہاں سے انگریزی میں ایک اخبار شائع ہوتا ہے۔ اس اخبار میں شائع شدہ ایک مضمون میں چین میں کمیونسٹ فوجوں کی فتوحات کو [illegible] قرار دیا گیا ہے۔ [illegible] گذشتہ ڈھائی سال کے دوران میں چینی کمیونسٹوں کی فوجی سرگرمیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ عوام کی جمہوری حکومت چین کے وسیع علاقے میں اپنا اقتدار قائم کرنے میں کامیاب ہو گئی ہے۔ (گلوب)

تار کے ذریعے شادی

لڑکی ڈنمارک میں لڑکا جاوا میں

[illegible]

بندروں کو مارنے کے لئے

تیرہ ہزار روپیہ خرچ کرنیکا فیصلہ

[illegible]

برطانوی باشندوں کو وسط برما سے نکالنے کا فیصلہ

[illegible]

عظیم الشان مشاعرہ

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

بیچاری عورت
[illegible]

فقیر ایپی اور پاکستانی پولیس میں تصادم

چھ قبائلی ہلاک ہو گئے

پشاور ۲۳ فروری۔ میراں شاہ کے نزدیک تحصیل پل پر قبائلیوں کے مشتعل اور مسلح ہجوم اور پاکستانی پولیس میں زبردست تصادم کی اطلاع آئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس تصادم میں چھ قبائلی ہلاک ہوئے [illegible] ایک پاکستانی سپاہی زخمی ہو گیا۔ [illegible] قبائلیوں پر مشین گنوں سے گولی چلائی گئی۔ [illegible] گروہ کے ساتھ فقیر ایپی کا متعلق ملا عبید شاہ بھی تھا۔ [illegible]

شیخ عبد اللہ کی علیگڑھ میں تقریر

علیگڑھ ۲۳ فروری۔ وزیر اعظم کشمیر شیخ عبد اللہ نے [illegible] کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ بعض طبقوں میں اس قسم کا خیال پایا جاتا ہے کہ چونکہ کشمیری مسلمان [illegible] طور پر پاکستان کے حق میں ووٹ دیں گے۔ اور خود [illegible] کی طرح دوسری طرف ہو جائیں گے۔ یہ خیال سراسر غلط ہے۔ شیخ عبد اللہ نے کہا کہ کشمیریوں نے قبائلیوں کے حملہ کے دوران پاکستان کی مسلح فوجوں کے ہاتھوں ناقابل بیان مظالم اٹھائے ہیں۔ اور انہیں معلوم ہے کہ وہ صرف ایک غیر مذہبی جمہوریت میں ہی ترقی کر سکتے ہیں۔ [illegible]

نیپال کانگریس کے کارکنوں کو سزائیں

[illegible]

کوچین اور ٹراونکور کا ادغام

[illegible]

ریلیں بجلی سے چلائی جائیں گی!

[illegible]

جی آئی پی ریلوے یونین نے اسٹرائک نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا

[illegible]

میرٹھ میں مسٹر گیڈگل کی تقریر

[illegible]

پیام صحت
[illegible]

روزنامہ و ہفت روزہ
الجمعیۃ
کا
مطالعہ فرما کر اپنا قومی فرض ادا کیجئے
(منیجر)

رجسٹرڈ ڈی — نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵ — تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۲۸ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۷ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ۲ آنے

لاہور ۲۴ فروری۔ حال ہی میں مہاجرین نے سابقہ کرایہ ادا کرنے کی جو تحریک چلائی تھی [illegible] بارآور ہوئی۔ اب اُن کو ۱۵ اگست [illegible] میں فیصدی کرایہ ادا کرنا ہوگا۔

دوسرا قدم یہ ہے کہ محکمہ کسٹوڈین اور محکمہ بحالیات کو یکجا کر دیا گیا ہے تاکہ آبادکاری کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا جائے۔

ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے [illegible]

کشمیری پناہ گزینوں کا مسئلہ

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ ریاستی منسٹری میں ایک سپیشل محکمہ قائم کیا گیا ہے جس کا تعلق کشمیر کے پناہ گزینوں کی واپسی اور انہیں دوبارہ آباد کرنے کے مسئلے سے ہوگا۔ [illegible]

ڈربن میں فوجوں کو تیار رہنے کا حکم دیدیا گیا پھر ہندوستانیوں کے قتل عام کا خطرہ

افریقی غنڈے اسپیشل ٹرینوں میں ڈربن آرہے ہیں

ریلوں سے ہندوستانیوں کو باہر پھینکا جارہا ہے!!

ڈربن ۲۵ فروری۔ آج ڈربن کے تمام علاقے میں بحری اور فوجی دستوں کو فوری کارروائی کے لئے تیار رہنے کا حکم دے دیا گیا۔ بیرونی علاقوں سے بھی ڈربن میں مزید امدادی پولیس لائی جارہی ہے۔ افریقیوں کے ہندوستانیوں پر حملہ کا شدید خطرہ ہے۔

[illegible]

خطرناک صورت حالات

[illegible]

مسافروں پر حملہ

[illegible]

شکایات موصول ہوئی ہیں کہ یوپی میں مادری زبان میں تعلیم نہیں دی جارہی

ہند پارلیمنٹ میں وزیر تعلیم مولانا آزاد کا بیان

حیدرآباد میں چار ہزار کمیونسٹ گرفتار کئے جاچکے ہیں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ آج ہند پارلیمنٹ میں مولانا حسرت موہانی کے ایک ضمنی سوال کے جواب میں وزیر تعلیم مولانا آزاد نے بتایا کہ حکومت کو صوبہ یوپی سے اس امر کی شکایات موصول ہوئی ہیں کہ وہاں بچوں کو مادری زبان میں تعلیم نہیں دی جارہی۔ مولانا آزاد نے بتایا کہ صوبہ بہار سے بھی اس قسم کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔

[illegible]

(باقی صفحہ پر)

پونچھ کے علاقہ میں دوبارہ آبادکاری

[illegible]

انبالہ میں کمیونسٹوں کی گرفتاری

انبالہ ۲۵ فروری۔ یہاں ۸ کمیونسٹ گرفتار کئے گئے ہیں۔ یہ سب کے سب ریلوے ملازمین ہیں۔ (اے۔پ)

باغیوں کے مقبوضہ شہر میمیو میں خوفناک جنگ

انسین میں بھی سرکاری فوجوں اور باغیوں میں سخت لڑائی ہو رہی ہے

[illegible]

حکومت سیام کا تختہ الٹنے کی سازش کا انکشاف

بحری فوج کے افسر گرفتار۔ سیام کے طول و عرض میں مارشل لا

بنکاک ۲۵ فروری۔ [illegible]

ایشیا کی ترقی میں اقوام متحدہ کو پوری امداد کرنا چاہئیے

ایشیا صرف کچا مال فراہم کرنیکی سرزمین ہی نہیں

بلکہ اس کو اب ہر ممکن ترقی بھی کرنا ہے

اقتصادی اور سماجی کونسل میں ہندی نمائندے کی تقریر

[illegible]

(باقی صفحہ پر)

عورت اور مرد کے مساوی حقوق

حکومت حیدرآباد کا نیا فیصلہ

[illegible]

یہودیوں اور مصریوں میں صلح کے معاہدہ پر دستخط ہوگئے

اب دونوں ملکوں کی فوجیں ایک دوسرے کے خلاف جنگ نہیں کریں گی

[illegible]

(معاہدہ کی تفصیل صفحہ پر ملاحظہ کیجئے)

ترکی میں فوجی قوت کا مظاہرہ

[illegible]

پھر لیساؤ کانفرنس ۲۶ فروری سے شروع ہو رہی ہے

[illegible]

جنوبی کوریا اور اقوام متحدہ کی کمیٹی

روس کے ویٹو استعمال کرنے کا خطرہ

[illegible]

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے۔ ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ روزانہ
Delhi 26-2-49
PHONE 5855

کمیونسٹوں کو کانگریس میں شامل ہونے کی پیش کش

سکھوں اور راشٹریہ سیوک سنگھیوں کو انتباہ

مدراس کے ۲ لاکھ انسانوں کے سامنے سردار پٹیل کی تقریر

مدراس ۲۴ فروری۔ آج آئی لینڈ گراؤنڈ میں دو لاکھ انسانوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ہم اس وقت تک آزادی کے فائدے نہیں اٹھا سکتے جب تک متحد نہ ہوں اور حکومت کے ساتھ تعاون نہ کریں۔

[illegible]

ڈاکٹر ایوٹ پنڈت نہرو سے ملنے ہندوستان آرہے ہیں

آسٹریلیا اور ہندوستان کے مشترکہ معاملات پر گفتگو

[illegible]

اٹلانٹک پیکٹ اور مارشل پلان امریکہ کو دیوالیہ کر رہا ہے

ایوان امور خارجہ کی کمیٹی میں مسٹر ہنری ولیس کا بیان

واشنگٹن ۲۴ فروری۔ مسٹر ہنری ولیس نے غیر ملکی معاملات کے ایوان کی کمیٹی کو بتایا کہ مجوزہ مارشل پلان اور شمالی اٹلانٹک کا دفاعی پیکٹ جنگ اور دیوالیہ کو دعوت دے رہے ہیں۔ [illegible]

[redacted]

مسٹر ستیا رام کے متعلق اطلاع

[illegible]

حکومت فرانس اور سابق شاہ انام باؤدائی میں سمجھوتہ ہو گیا

فرانس کی قومی اسمبلی میں سمجھوتہ کی شرائط پر ۱۱ مارچ کو بحث ہوگی

پیرس ۲۴ فروری۔ [illegible]

فن لینڈ کی حکومت کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ

برسر اقتدار پارٹی شدید جدوجہد کے بعد دو ووٹوں کی اکثریت حاصل کر سکی

[illegible]

چینی کابینہ میں اختلافات

[illegible]

ہمیں اپنی تمام قوتیں عوام کی بہبودی پر صرف کرنی چاہئیں

پنڈت نہرو کی انجینیروں کی کانفرنس میں تقریر

نئی دہلی ۲۴ فروری۔ [illegible]

ماسٹر تارا سنگھ کی مذمت

مشرقی پنجاب کے وزیر بحالیات کا بیان

جالندھر ۲۴ فروری۔ [illegible]

طاقت کا ذریعہ

[illegible]

پاکستانی قافلوں کو ہندوستانی علاقہ سے گذرنے کی اجازت

قافلے اسلحہ اور گولہ بارود نہیں لے جاسکتے

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

[illegible] جواہر ہوٹل [illegible] قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیری، گردہ، بریانی، شیرمال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چاٹ، انڈا، کیک وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

کرین باغیوں کا قبضہ

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

کشمیر کمیشن

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

ریگستان نجب پر پوری طرح یہودیوں کا کنٹرول رہے گا

مصر اور اسرائیل کے عارضی صلحنامہ کی تفصیل

فلوجہ کے علاقہ کو دونوں ملکوں کی فوجیں خالی کردیں گی

روڈس ۲۵ فروری۔ فلسطین کی جنگ کے بعد کل یہودیوں اور مصریوں میں التوائے جنگ کا معاہدہ ہوگیا۔ یہ معاہدہ ۱۲ دفعات پر مشتمل ہے [illegible]

فلسطین میں مستقل امن کے قیام اور امن [illegible] کی فوجی کارروائی کی بابت [illegible] اصولوں کی جن پر التوائے جنگ کی شرائط میں دونوں پارٹیاں پوری طرح عمل درآمد کریں گی تصدیق کی جاتی ہے۔

۱۔ دونوں پارٹیاں مسئلہ فلسطین کے تصفیہ کے [illegible] فوجی طاقت سے کام نہ لینے کے [illegible]

[redacted]

۲۔ [illegible]

[illegible] کی مدت تک ہی کارآمد ہوگی۔

اسرائیل کی فوجوں کی واپسی

سمجھوتہ کے شرائط نامہ کی باقی دفعات کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

دفعہ ۶ اس دفعہ میں اسرائیل کی فوجوں کی واپسی کا ذکر کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ ان شرائط کا اطلاق صرف مغربی [redacted] اسرائیل کی فوجوں کی واپسی کی شرائط اس وقت نافذ ہوں گی جب ایک تیسری پارٹی کی فوجیں اس وقت اس علاقہ پر موجود ہیں سمجھوتہ ہوجائے۔ مغربی اور مشرقی محاذوں کے علاقوں کا تعین اقوام متحدہ کا چیف آف اسٹاف کرے گا۔ جو التوائے جنگ کے معاہدہ پر عمل درآمد کا ذمہ دار ہوگا۔

حفاظتی محاذ کے علاقہ میں دونوں پارٹیوں کی فوجیں صرف اتنی تعداد میں رہیں گی [illegible]

[illegible]

دفعہ ۸ میں دونوں طرف کے تمام قیدیوں کا تبادلہ شامل ہے۔ تبادلہ مجلس متحدہ اقوام کی نگرانی میں معاہدہ پر دستخط کے دس روز کے اندر شروع ہوگا۔

[illegible]

معصری فوجوں کی واپسی

[illegible]

چھوٹی صنعتوں کی ترقی کی مہم

لکھنؤ ۲۴ فروری۔ چھوٹی چھوٹی صنعتوں کو ترقی دینے کے لئے حکومت یوپی نے ایک یورپین مسٹر پال تلکو کو ممبر مقرر کیا ہے جو کل ہی لندن سے لکھنؤ آگئے ہیں۔ مسٹر تلکو قفل سازی کی صنعت کی تعلیم دیں گے۔ مسٹر تلکو یہاں سے علی گڑھ جائیں گے جہاں پر انگلینڈ سے قفل سازی کی مشینیں آنیوالی ہیں مسٹر تلکو نے حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ اس صنعت کو امداد باہمی کی اصول پر منظم کیا جائے۔

سندھ کے سابق وزیر اعظم کو دو سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانے کی سزا

کراچی ۲۵ فروری۔ سندھ کے سابق وزیر اعظم مسٹر ایم اے کھوڑو کے خلاف تحقیقات کے بعد فیصلہ سنا دیا گیا ہے آپ کو دو جرموں [redacted] اپنے [illegible] میں رکھے گئے تھے۔ دونوں سزائیں ایک ساتھ شروع ہوں گی۔

یاد رہے مسٹر کھوڑو کو ۲۶ اپریل ۱۹۴۸ء کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں بدعنوانی اور نظم و نسق میں بدانتظامیاں پیدا کردینے کے الزام میں وزارت عظمیٰ کے منصب سے برطرف کیا گیا تھا۔ یہ برطرفی براہ راست گورنر جنرل پاکستان کے حکم کے تحت عمل میں آئی۔ مسٹر کھوڑو ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو سندھ کے وزیر اعظم بنے تھے۔ (اے پی آئی)

چوری کے الزام میں کانسٹبل کو سزا

لدھیانہ ۲۵ فروری۔ ضلع لدھیانہ کے موضع [illegible] کے ایک کانسٹبل کو [illegible]

لدھیانہ کے سکھ بچوں کا جلوس

لدھیانہ ۲۵ فروری تقریباً سو سکھ بچوں نے [illegible] امتناعی احکامات کی خلاف ورزی میں ایک جلوس نکالا۔ پولیس بعض بچوں کو تھانے لے گئی۔ شہر میں صورت حال قابو میں ہے۔ اہم ناکوں پر پولیس متعین کردی گئی ہے۔

انجمن طلبیہ کا اجلاس

لکھنؤ ۲۴ فروری۔ حکیم عبدالحسیب صاحب دریابادی صدر انجمن طلبیہ یوپی نے اعلان کیا ہے کہ انجمن طلبیہ یوپی کا سالانہ اجلاس ۲۰ فروری کو ہورہا ہے۔ [illegible]

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا عزم مدراس

نئی دہلی ۲۴ فروری۔ [illegible]

شام سے گندم کی درآمد

دمشق ۲۴ فروری۔ [illegible]

کینیڈا میں تیل کے نئے کنوئیں

[illegible]

برطانوی یونیورسٹیوں میں

ہندوستانی اور پاکستانی طلبا کا داخلہ

لندن ۲۴ فروری:۔ خیال کیا جاتا ہے کہ برطانوی یونیورسٹیوں میں داخلہ کے متعلق جو کم از کم معیار مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس کا اثر ہندوستان اور پاکستان کے طالب علموں پر نہیں پڑے گا۔ پنڈت ایم۔ ایس سندرم نے ہندوستان کے تعلیمی حکام کی طرف سے ایک بیان میں کہا ہے کہ برطانوی یونیورسٹیوں میں داخلہ کے نئے قواعد کا ہندوستانی طالب علموں پر کوئی اثر نہیں پڑے گا کیونکہ ہندوستان میں امتحان کا معیار یہاں کے معیار کے برابر ہے، البتہ جگہ کی کمی کے باعث میڈیکل سکولوں میں داخلہ کے متعلق دقت پیش آرہی ہے۔ (گلوب)

انڈیا لیگ کے حامیوں کی تعداد کم ہوجائیگی

لندن ۲۴ فروری۔ خیال کیا جاتا ہے کہ برطانیہ میں آئندہ عام انتخابات کے نتیجہ کے طور پر لندن کی مشہور انجمن انڈیا لیگ کی حمایت کرنے والے ممبران پارلیمنٹ کی تعداد کم ہوجائے گی۔ مسٹر زلاکس انڈیا لیگ کی پارلیمنٹری کمیٹی کے ممبر ہیں اور خیال کیا جاتا ہے کہ آئندہ انتخابات میں آپ کو لیبر پارٹی کی طرف سے امیدوار کھڑا نہیں کیا جائیگا۔ انڈیا لیگ کی اگزیکیٹو کمیٹی کے ایک ممبر مسٹر پلاٹس کو پہلے ہی لیبر پارٹی سے نکالا [illegible] آف کا منزکے اندر یا باہر انڈیا لیگ کی خدمت کرتے رہیں گے۔ (گلوب)

شام میں سوشلسٹ نظام قائم کیا جائیگا

قاہرہ ۲۴ فروری۔ لبنان اور شام میں سپلائی کمیشن کے جنرل سکرٹری سید ضمیر الانبائی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شام سوشلسٹ طرز حکومت کی طرف قدم اٹھا رہا ہے یہ نظام برطانیہ کے سوشلسٹ نظام کی طرح ہوگا۔ شام نے اس قسم کا نظام قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اور شام میں اب یہی نظام نافذ کیا جائے گا۔ [illegible]

ہندو کوڈ بل کی تحریک پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر امبیدکر کی اہم تقریر

سیٹھ گوبند داس کی طرف سے قدامت پسند ہندوؤں کی حمایت

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ کل ہند پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر امبیدکر وزیر قانون نے دو گھنٹے تک تقریر کی۔ انھوں نے اپنی تقریر میں ابتدائی طور پر بل کی ان خصوصیتوں کا ذکر کیا جنھیں سلیکٹ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں شامل کیا ہے اور جن کا تعلق شادی طلاق گود لینے نابالغوں کی سرپرستی وغیرہ معاملات سے تھا۔

ڈاکٹر امبیدکر نے اپنی تقریر میں بتایا کہ سلیکٹ کمیٹی نے بل میں دو نئی دفعات کا اضافہ کرنے کی سفارش کی ہے جن میں میاں بیوی کے تعلقات کی دوبارہ بحالی طلاق لینے کے حق وراثت کو۔ گود لینے والی بیوہ ماں کے حقوق جائداد مشترکہ رہنے والے باپ ماں کو گود دینے کا حق۔ باپ کی جائداد میں بیٹی کا برابر حق۔ استری دھن اور جائداد پر عورت کا مطلق حق کی شرائط قرار دی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ ہندو سماج میں ایک وقت میں ایک سے زیادہ شادیاں نہ کرنے کے اصول اور طلاق لینے کا حق بھی تسلیم کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر امبیدکر نے کہا کہ یہ بل ہندو سماج میں کوئی انقلابی یا بنیادی تبدیلی نہیں کرتا اور اس لحاظ سے اس کو ہندو سماج کو درہم برہم کرنے والا اقدام نہیں کہا جاسکتا بل کا مقصد اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہ ہندو سسٹم کے جو طریقے دقیانوسی ہوچکے ہیں۔ ان کو درست کیا جائے۔

ڈاکٹر امبیدکر کی تقریر کے بعد کئی ترمیمیں پیش کی گئیں جن میں بل کو واپس لینے ملتوی کرنے کے مطالبات کئے گئے کل شام تک ترمیمیں تھیں۔

جن میں سے دس ترمیمیں پیش نہیں کی گئی تین کو منظور کردیا گیا اور باقی تین ترمیموں کی جو مسٹر نذیر احمد نے پیش کیں۔ پیش کرنے کی اجازت دی گئی۔ بحث کے دوران میں سیٹھ گوبند داس نے ہندی زبان میں تقریر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس بل پر موجودہ وقت بحث کرنے کا کوئی موقعہ نہیں لہٰذا اسے ملتوی کردینا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ اس وقت یہ بل پارلیمنٹ میں رکھا جانا اچت نہیں۔ نئے چناؤ کے بعد اس بل کو پارلیمنٹ میں رکھا جائے۔ ابھی تک ہمارا دودھان بھی مکمل نہیں ہوا۔ ودھان مکمل ہونے کے بعد اس بل کو پارلیمنٹ میں لایا جائے اس کی کئی دفعات ایسی ہیں جن سے ہندو سوسائٹی درہم برہم ہوجائے گی۔ میں جات پات توڑنے کے حق میں ہوں لیکن میں طلاق کے سخت خلاف ہوں۔

ایک ممبر۔ طلاق کے لئے کوئی ہندی کا شبد بتلائے

(قہقہہ)

میں لڑکی کے حصہ کی مخالفت نہیں کرتا لیکن لڑکی کو لڑکے کے برابر ہی ادھیکار ہونا چاہیے۔ لیکن سسرال کی جائداد پر۔ باپ کی جائداد پر نہیں۔

ایک ممبر۔ جس کا سسر نہ ہو۔

مسٹر سیٹھ۔ وہ پتی کی جائداد پر ادھیکار رکھیگی

ایک ممبر۔ جو عورت برہمچاری رہنا چاہے اور عمر بھر شادی نہ کرے۔ (قہقہے)

مسٹر کرپلانی نے بل کے حق میں تقریر کرتے ہوئے بل کو رائے عامہ کے لئے مشتہر کرنے کی مخالفت کی۔ اور کہا اس بل کو اب بھی ملتوی کردیا گیا۔ تو عورتوں کے ساتھ سخت ناانصافی ہوگی۔ بحث آج بھی جاری رہے گی۔

صوبہ جمعیۃ علماء یوپی کی کانفرنس

لکھنؤ ۲۴ فروری۔ دفتر جمعیۃ علماء یوپی سے صوبائی جمعیت کی سالانہ کانفرنس کے سلسلہ میں ایجنڈا جاری کردیا گیا ہے یہ اجلاس ۷ مارچ کو بریلی میں منعقد ہورہا ہے ایجنڈا کی اہم دفعہ دستور العمل صوبہ میں ترمیم ہے اس وقت تک ۲۰۰ دعوت نامے جاری کئے جاچکے ہیں۔ (ان س)

ہردوئی میں غیر قانونی جلسہ

لکھنؤ ۲۴ فروری۔ ہردوئی کی اطلاع ہے کہ ۱۹ فروری کو بہارام سنگھ پارک ہردوئی میں غیر قانونی جلسہ ہوا [illegible] کو گرفتار کرلیا گیا [illegible] (ان س)

ہندواد پاکستان میں بہتر تعلقات

اخبارات سے حکومت یوپی کی اپیل

لکھنؤ ۲۵ فروری۔ حکومت یوپی نے اپنے پریس نوٹ میں دونوں ڈومینینوں کے درمیان عوام اور اخبارات دونوں کو اس بات پر توجہ دلاتے ہوئے کہا ہے کہ [illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
طعام وقیام کا بہترین انتظام ہے
منیجر صنوبر ہوٹل — نمبر ۱۰۹۰ — فراش خانہ دہلی

جوانی کو ایک دم واپس لے آنے والی دو چیزیں

جیون (رجسٹرڈ)
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جاتی جوانی ایک دم واپس لے آتی ہے سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں [illegible]

طلا نمبر ۲۰
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کرکے دور ہوجاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (صرف)

تصدیق
آپ کا جیون ہر مایوس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوتی ہے [illegible]

ملنے کا پتہ دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

ماہنامہ "بانو" دہلی کی شاندار پیشکش
فن کشیدہ کاری پر ایک مکمل کتاب
حسین کشیدہ کاری
۷۲ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں چھپا ہوا یہ خاص نمبر
حاصل کرنے کے لئے آج ہی سالانہ خریدار بن جائیے۔
سال کے دوران میں دو خاص نمبر اور دس عام نمبر پیش
کئے جاتے ہیں۔ ایک حسین کشیدہ کاری نمبر اور ایک سالنامہ
سالانہ قیمت صرف پانچ روپے
خاص نمبر حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے
ایجنٹوں کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے
پتہ صرف
منیجر رسالہ "بانو" دہلی کو لکھئے

یونین ہوٹل
دہلی کا سفر کرو
بلیماران دہلی میں قیام کرو جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے
صداقت کا امتحان کیجئے
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۷ فروری ۱۹۴۹ء

ہماری سیاست

اس میں شک نہیں کہ اس وقت دنیا کی سیاست بے ایمانی اور خود غرضی پر چل رہی ہے۔ آج دنیا کے کسی گوشہ میں ایسی حکومت نہیں جس کا مقصد انسانیت کی خدمت اور انسانوں کی بھلائی ہو، ہر سیاست اور ہر حکومت کسی نہ کسی چکر میں گرفتار ہے کہیں رنگ و نسل کا نظریہ کارفرما ہے کہیں جارحانہ قوم پرستی کی حرارت ہے، کسی نے وطنیت کی دیوار کھڑی کرکے نفرت کا بیج بو رکھا ہے اور پھر کہیں جمہوریت ہے کہیں ڈکٹیٹرشپ ہے، کہیں امپیریلزم ہے کہیں کمیونزم اور سوشلزم ہے، اگر حقیقت کی نگاہ سے دیکھو تو نہ کہیں "ازم" ہے اور نہ "شپ" ہے بلکہ خود غرضی اور نفس پرستی ہے، بے ایمانی اور بد دیانتی ہے، خویش پروری اور اقتدار پسندی ہے اور اس انسانیت کا کہیں پتہ نہیں جس کی بقا اور ترقی کے لئے مختلف نظام قایم ہیں اور جن کا نام لے کر سیاست کی رونق بڑھائی جارہی ہے۔

یہ سب کچھ سہی اور یہ بھی درست کہ بے ایمانی کے اس دور میں کسی ایماندار کا جینا مشکل ہوگیا ہے، لیکن ان خرابیوں سے گھبرا کر سیاسی زندگی سے کنارہ کش ہوجانا بھی عقلمندی نہیں ہے، آخر انسان سیاست سے الگ ہوکر کہاں جائے؟ قدم قدم پر سیاست کی جھاڑی آڑے آئے گی اور دامن الجھا لے گی! کہنے کو تو سیاست کا ایک محدود دائرہ ہے اور اس کا مقصد امن و قانون کا تحفظ اور شہری حقوق کی نگرانی ہے، اور یہی کہا بھی جاتا ہے کہ سیاست کو مذہب سے کوئی تعلق نہیں، نجی معاملات سے کوئی واسطہ نہیں، انسان اپنی زندگی کی چند شرائط کی تعیین کرکے اپنے معاملات کا آپ انصرام کرسکتا ہے اور اپنے بھلے برے کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو کام میں لاسکتا ہے، لیکن اگر آپ سیاست کا جائزہ لیں تو اس میں آپ کو اپنی زندگی کا پورا نقشہ نظر آئے گا، وہ بیک وقت آپ کی سیاست پر بھی حاوی ہے اور مذہب پر بھی، اس نے زندگی کے ہر شعبہ کو اپنے دائرہ میں لے رکھا ہے اور امن و قانون اور حقوق کو اس قدر وسعت دیدی ہے کہ آپ کے نجی خیالات اور ذاتی ادارے تک اس میں آجاتے ہیں، تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں مختصر یہ کہ آج کل کی سیاست ہماری زندگی کا پورا نقشہ ہے [illegible]

[illegible] سیاست [illegible] نہیں کرسکتی اور سیاست ہی اس کا کام تمام کرکے چھوڑے گی، لیکن اس سیاست [illegible]

اس جگہ ہم خصوصیت سے مسلمانوں کا ذکر کرنا چاہتے ہیں، اس لئے کہ وہ بہت پسماندہ ہیں اور ان کی پسماندگی دوسروں کو کمزور کرنے کا موجب ہورہی ہے، مسلمانوں نے سیاست کے معنی یہ سمجھے ہیں کہ دنیا کے حوادث کو اخبارات میں پڑھ لیا اور حکومتوں کے اعلانات پر نظر ڈال لی یا بغیر کسی آئیڈیل اور نصب العین کے چلتے پھرتے مسائل کو زیر بحث لے آئے اور چند دوستوں میں بیٹھ کر تفریح کے طور پر ان پر بحث شروع کردی! مگر یہ سیاست نہیں ہے ہرزہ سرائی اور دماغی انتشار ہے، وقت گزارنے کے لئے کسی مسئلہ پر بات چیت کو سیاست نہیں کہتے۔

سیاست کے لئے چند شرطیں ہیں مثلاً

(۱) کسی گروہ کا ایک نصب العین ہو اور وہ اپنے مسائل کو سیاست میں [illegible] تعلق پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

(۲) اس کی نظر تیز ہو اور وہ کسی بات کو سنتا نظر ہی نظر میں افواہ اور واقعہ کے درمیان تمیز کرلے اور اسکی ذہنی بیداری ہر قسم کی افواہوں کو [illegible] کرکے انکار کردے

(۳) اس کا ذہنی مزاج شائستہ ہو، استقلال [illegible] صائب ہو، اس کی قوت فیصلہ زندہ ہو اور [illegible] کرنے کا ملکہ رکھتا ہو۔

(۴) [illegible]

اچھی باتیں!

ومن الناس - تا - منیر (پ ۲ ع ۱۲)

کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ کے بارے میں علم کے بغیر جھگڑتے ہیں اور جھگڑا کرتے وقت نہ تو ان کے پاس کوئی ہدایت ہوتی ہے اور نہ کسی روشن اور مدلل کتاب کی کوئی شہادت۔

مادہ پرستی کے اس زمانہ میں لوگ خدا کو بھلا بیٹھے ہیں، بہت سے لوگ خدا کے وجود ہی سے منکر ہیں اور بہت سے مذبذب ہیں اور کہتے ہیں کہ خبر نہیں خدا ہے بھی یا نہیں! اور بہت سے ایسے ہیں جو زبان سے تو خدا کا اقرار کرتے ہیں مگر عمل سے اس اقرار کی تکذیب کرتے ہیں اگر غور سے دیکھو گے تو یہ تینوں قسمیں خدا سے باغی ہیں یہاں فرمایا کہ انسان کا علم محدود ہے اور اس کی رسائی صرف مظاہر تک ہے حقائق تک نہیں ہے اسکے باوجود وہ خدا کے بارے میں شک کرتا ہے اور خداپرستوں سے جھگڑنے لگتا ہے، نہ تو اس کا علم ہی وسیع ہے اور نہ اس کے پاس کوئی ہدایت یعنی عقلی دلیل ہے اور نہ کسی مستند کتاب کی شہادت ہی موجود ہے اس تہی مائگی کے باوصف وہ اپنی جہالت سے خدا کا انکار کرتا ہے اور نہیں سوچتا کہ جس طرح گھڑی کا نظام اس کے انجنیر کی شہادت دیتا ہے اسی طرح کائنات کا نظام کائنات کے بنانے والے کا نشان بتاتا ہے۔

حقائق کی روشنی میں مستقبل کا پروگرام بنایئے

مسلمانان مدراس سے اپیل

(از حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

جمعیۃ علماء ہند کا وفد ۱۰ فروری کو مدراس پہونچا۔ مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی ممبر وفد نے چند روز مدراس میں قیام فرماکر چند تقریریں کیں۔ ایک پبلک میٹنگ میں مجھے بھی اظہار خیال کا موقعہ ملا۔ یہاں کے بہت سے حضرات سے نجی ملاقاتیں بھی ہوئیں۔

ہم نے مدراس میں بہت سی عجیب چیزیں دیکھیں اور سب سے زیادہ عجیب یہ کہ یہاں اب بھی کچھ مسلمان ہیں جو جداگانہ انتخاب کا خواب دیکھ رہے ہیں۔ جمعیۃ علماء نے جداگانہ انتخاب کو کبھی پسند نہیں کیا۔ یہ برطانوی ڈپلومیسی کا بویا ہوا ایک بیج تھا۔ جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ تفرقہ ڈال کر برطانوی حکومت کو باقی رکھا جائے۔ اس تخم خبیث نے اُن دو فرقوں کے درمیان دشمنی اور عداوت پیدا کردی جو صدہا سال سے ہندوستان کی سرزمین میں شیر و شکر ہو کے رہنے کے عادی تھے۔ جداگانہ انتخاب ہی نے ہندوستان میں اکثریت اور اقلیت کا سوال پیدا کرکے اکثریت میں بلندی اور برتری کا غرور پیدا کیا۔ اور اقلیت کے دماغوں میں بے اعتمادی، پستی اور خوف و ہراس کی پرورش کی جس کے نتیجہ میں دو قومی نظریہ نے جنم لیا اور ہندوستان کے بٹوارہ کا سوال پیدا ہوا۔

[illegible] زیادہ آبادی بے خانماں ہوگئی ہے۔

جداگانہ انتخاب کا سب سے زیادہ نقصان مسلمانوں کو پہونچا کیونکہ [illegible] کی تقسیم کے ساتھ ان کی اکثریت بھی کٹ کر الگ ہوگئی۔ جو اقلیت انڈین یونین میں رہ گئی وہ خود کو بے بس اور لاچار محسوس کررہی ہے۔

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے ہندوستان آزاد ہوچکا ہے اور "تفرقہ ڈالو اور حکومت کرو" کے بجائے [illegible] اور حکومت کرو" کا نظریہ جمہوریت ہند کا بنیادی اصول بن چکا ہے۔ اب انڈین یونین جداگانہ انتخاب [illegible] اپنے بنیادی اصول کے خلاف [illegible]

[illegible]

جائے تاکہ یہ دونوں مطالبے ملک کے مسلمات میں داخل ہوچکے ہیں۔

جمعیۃ علماء کی ضرورت

[illegible]

مذہب ہی امن کی گارنٹی ہے سائنس اور پالٹکس علاج نہیں

ہماری مشکلات غیر اخلاقی انگریزی تعلیم کا تحفہ ہیں شیخ الاسلام کی تقریر

[illegible]

مسلمانوں پر یہ اصل اس وقت ہونا چاہیے تھا جب وہ آزادی کی جد و جہد کے لئے جمعیۃ علماء کی طرف دیکھتے تھے اور جمعیۃ علماء نہیں کانگریس کے پلیٹ فارم پر لاکر سیاست کرتی تھی کہ کانگریس ہندوؤں کی جماعت نہیں ہے! مگر یہ اس وقت نہ ہوا۔ اب ہورہا ہے جبکہ جمعیۃ علماء پارلیمنٹری سیاست سے علیحدگی اختیار کرچکی اور اس نے اعلان کردیا کہ مسلمان سیاست کے لئے کانگریس میں شریک ہوں۔ [illegible]

دار العلوم دیوبند میں افغان جنرل مسٹر عبدالرؤف کا پیغام

طلباء سرحد و بلوچستان کی جانب سے پٹھانستان کے حصول کیلئے امداد کا مطالبہ

[illegible]

(باقی صفحہ پر)

زبردستی

[illegible]

تلخ حقیقت

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

کاغذی پورہ میں جمعیۃ علماء کا وفد

مولانا محمد میاں کی قیادت میں جمعیۃ علماء کا وفد اورنگ آباد کے تعلقوں کا دورہ کرتے ہوئے کاغذی پورہ میں پہنچا۔ وفد کو معلوم ہوا کہ یہاں تقریباً ایک ہزار کاغذ ساز ہیں لیکن ان کا کام انقلاب کی نذر ہو گیا ہے۔ موجودہ گرانی اور بیکاری کی وجہ سے یہ لوگ بادل ناخواستہ ترک وطن پر مجبور ہو رہے ہیں۔ ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ان کی اقتصادی بدحالی کی جانب حکومت اور کانگریس کو متوجہ کیا ہے [illegible] وعدہ کیا ہے کہ حکومت سے توقع کی جاتی ہے کہ اپنی توجہ سے انھیں ناقدرشناسی سے بچائیگی (دکن نیوز)

بیرام پیٹ میں ارکان وفد کی تقریریں

بروز شنبہ جامع مسجد بیرام پیٹ میں جلسہ ہوا جس میں مولانا عبدالماجد صاحب ناظم جمعیۃ علماء دہلی نے حالات حاضرہ پر تبصرہ فرمایا۔ اور اس انقلاب کے دور میں مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ اگر واقعی وہ اپنے مذہب سے کچھ محبت رکھتے ہیں تو ان کا فرض ہے کہ اس دور میں جمعیۃ علماء ہند کی تنظیم قبول کریں۔ کیونکہ اسی کے پلیٹ فارم سے آپ کی تہذیب آپ کا مذہب اور آپ کا کلچر محفوظ رہ سکتا ہے مولانا کے بعد مولانا عبدالعظیم صاحب نے تامل زبان میں تقریر فرمائی اور بعد ازاں حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ایک مفصل تقریر فرمائی۔ ہندوستان میں انگریز کیونکر آئے۔ اور ان کا طرز حکومت کیا رہا اور آئندہ ہمارا طریقہ کار کیا ہونا چاہئیے۔ جمعیۃ علماء ہند کی مذہبی اور سیاسی خدمات کا شمار کرایا۔ آپکی تقریر سے عوام وخواص نے بڑی دلچسپی لی جلسے کے بڑے بڑے آدمیوں نے جمعیۃ کی خدمات کا اعتراف کیا اور بااثر حضرات نے جمعیۃ کو ترقی دینے اور اس کے کاموں کو آگے بڑھانے کی غرض سے آمادگی ظاہر کی ارکان وفد آج شام کو مدراس کے ایک عام جلسے میں تقریر فرمائیں گے۔

انتخابات

ذیل میں جمعیۃ علماء ضلع و شہر بریلی اور اسکی ماتحت شاخوں کے انتخابات درج کئے جاتے ہیں۔

ضلع بریلی مولانا ریاست حسین صاحب صدر۔ مولانا محمد احمد صاحب۔ حکیم حسن اختر صاحب۔ محمد سرور صاحب وکیل نائب صدر۔ حافظ عبدالشہید خاں ناظم اعلیٰ مولوی افہام احمد صاحب ناظم۔ منشی ادریس صاحب نائب ناظم ڈاکٹر محمد احمد صاحب ناظم دفتر۔ حافظ رشید احمد صاحب خزانچی۔ سید محمد تقیت صاحب محاسب۔ عبدالحمید خاں نشرواشاعت۔ اور نمائندگان صوبہ مولانا ریاست حسین صاحب حافظ عبدالشہید خاں صاحب۔

شہر بریلی مولانا ریاست حسن صاحب صدر حکیم حسن اختر صاحب۔ محمد سرور صاحب وکیل نائب صدر۔ ڈاکٹر محمد احمد صاحب ناظم اعلیٰ۔ عبدالحمید خاں ناظم۔ منظور احمد صاحب وکیل نائب ناظم۔ معین اشرف صاحب خزانچی۔ بشیر احمد خاں ناظم نشرواشاعت۔

سلون مولانا محمد عمر صاحب صدر۔ مولوی خلیل احمد صاحب ناظم اعلیٰ۔ حکیم [illegible] صاحب ناظم۔ مولوی خورشید حسن صاحب خزانچی۔

جائس عبدالرشید صاحب انصاری صدر۔ عبدالوہاب صاحب انصاری نائب صدر۔ رشید احمد خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ ماسٹر عبدالوہاب صاحب ناظم۔ محمد شفیع خاں نائب ناظم۔ عبدالخالق صاحب خزانچی۔

نصیر آباد حافظ نذیر احمد صاحب صدر۔ حاجی محمد حامد خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ حافظ برکت اللہ صاحب ناظم۔ عبدالصمد صاحب نائب ناظم۔ محمد یعقوب صاحب ناظم دفتر۔ لال محمد صاحب خزانچی۔

پرشدے پور مولوی شرافت اللہ صاحب صدر محمد ایوب خاں صاحب حکیم عبدالعزیز صاحب نائب صدر۔ سید اصغر حسین صاحب ناظم اعلیٰ۔ [illegible] خاں صاحب ناظم [illegible] صاحب نائب ناظم [illegible] صاحب ناظم دفتر۔ شیخ عباداللہ صاحب خزانچی۔

سنگھ پور علی شیر خاں صاحب صدر۔ محمد اسحاق صاحب نائب صدر۔ لال دین صاحب ناظم اعلیٰ۔ عباس خاں صاحب ناظم۔ عالم صاحب نائب ناظم محمد خاں صاحب خزانچی۔

موہن گنج محمد نبی خاں صاحب صدر۔ بچو خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ بچو خاں صاحب خزانچی۔

مہراج گنج عبدالشکور صاحب صدر۔ عبدالکریم صاحب [illegible]

نائب صدر۔ حسین علی شاہ صاحب ناظم اعلیٰ۔ بشیر احمد صاحب ناظم۔ نفیر محمد صاحب خزانچی۔

بہرے مئو محمد حسن خاں صاحب صدر۔ محمد آفاق خاں صاحب نائب صدر۔ محبوب علی خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ نثار علی خاں صاحب ناظم۔ حبیب احمد خاں صاحب نائب ناظم۔ مشتاق احمد خاں صاحب خزانچی۔

پھلواں سرا علی رضا خاں صاحب صدر۔ یٰسین خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ منشی گل میر صاحب ناظم۔ مختار احمد خاں صاحب نائب ناظم۔ ممتاز احمد خاں صاحب خزانچی۔

[illegible] محمد اسمٰعیل صاحب نائب صدر۔ لال محمد قریشی ناظم اعلیٰ ظہور احمد صاحب ناظم۔ دین محمد [illegible] خزانچی۔

اسہن جگت پور [illegible] خاں صاحب صدر۔ [illegible] خاں صاحب نائب صدر۔ [illegible] خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ بہادر خاں صاحب خزانچی۔

راہی عبدالواحد خاں صاحب صدر۔ محمد قاسم خاں صاحب۔ شیخ بہادر خاں صاحب نائب صدر۔ [illegible] ناظم اعلیٰ۔ مرزا فرید بیگ صاحب ناظم۔ عبدالرؤف خاں صاحب نائب ناظم۔ عبدالعزیز خاں صاحب ناظم دفتر۔ اصغر خاں صاحب خزانچی۔

بھاؤں مولوی عبدالحسین صاحب صدر۔ سید محمد [illegible] نائب صدر۔ [illegible] سید افضال علی صاحب ناظم سید اصغر علی صاحب خزانچی۔

دلمئو چودھری [illegible] صاحب صدر۔ [illegible] نائب صدر۔ مہدی حسن صاحب ناظم اعلیٰ سید محمد صاحب ناظم۔ مہدی حسن صاحب خزانچی۔

ادے پور ماسٹر سبحان بیگ صاحب صدر۔ عبدالرحیم خاں صاحب۔ عبدالعزیز خاں صاحب نائب صدر محمد خاں صاحب ناظم اعلیٰ۔ محمد بشیر خاں صاحب ناظم۔ محمد یوسف خاں صاحب نائب ناظم۔ عبدالحکیم خاں صاحب خزانچی۔

قصبہ تلہر مولانا محمد اسحاق صاحب شبلی ایس۔ ایم [illegible] کی طرف سے ریٹرننگ افیسر مقرر ہوکر اور ضلع جمعیۃ کی طرف سے جناب مولوی محمد شریف صاحب اور جناب مولوی انوار احمد صاحب ناظم اعلیٰ ضلع تلہر تشریف لائے۔ اور دوسرے دن ان حضرات کی نگرانی میں متفقہ طور پر جمعیۃ کا انتخاب عمل میں آیا۔ اور حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے۔ مولوی سید حبیب احمد صاحب حسنی صدر۔ شیخ محمد محمود حسین صاحب قریشی نائب صدر مولوی عبدالستار صاحب ناظم اعلیٰ۔ محمد عرفان علی صاحب انصاری نائب ناظم۔ عصمت اللہ صاحب خازن۔

ارکان مجلس عاملہ حسب ذیل منتخب ہوئے ہیں مولوی سید حبیب احمد صاحب حسنی۔ شیخ محمد محمود حسین صاحب قریشی مولوی عبدالستار صاحب محمد عرفان علی صاحب انصاری عصمت اللہ صاحب عرف چھوٹے۔ منشی جعفر علی خاں صاحب مولوی محمد اسمٰعیل صاحب صدیقی۔ [illegible] منشی کشور علی خاں صاحب۔ چودھری محمد شفیع صاحب قریشی ماسٹر علی جان صاحب۔ [illegible] صاحب انصاری۔ اکرام اللہ صاحب۔ [illegible] منشی اختر محمد خاں صاحب حکیم سید امین میاں صاحب منشی حبیب اللہ صاحب انصاری۔ خادم حسین صاحب جلال الدین صاحب انصاری۔ حافظ محمد ابراہیم صاحب۔

شمس آباد منشی حبیب اللہ خاں صاحب افسر انتخاب کی زیر صدارت ممبران عام جمعیۃ علماء شمس آباد کا جلسہ جامع شاہی کوٹ میں منعقد ہوا اور نئے سال کے لئے حسب ذیل جدید انتخاب عمل میں آیا۔ صدر۔ محمد اصغر خاں صاحب نائب صدر۔ ملا عبدالعزیز صاحب۔ جنرل سکریٹری سید مسعود علی صاحب سکریٹری حافظ نجم الدین صاحب۔ سکریٹری محمد نصیر خاں صاحب اسکے علاوہ گیارہ اراکین کی مجلس منتظمہ بنائی گئی۔ اور ۱۲ نمائندے ضلع کے لئے منتخب کئے گئے۔

اخوان المسلمین کے دو اور ممبر گرفتار

قاہرہ ۲۴ فروری۔ کل رات مصر کے نائب وزیر داخلہ مسٹر عبدالرحمن انور نے اس بات کی تصدیق کردی کہ قاہرہ کے ایک نواحی علاقہ میں خلاف قانون جماعت اخوان المسلمین کا خفیہ ریڈیو گھر پکڑا گیا ہے۔ اس ریڈیو گھر سے نشریات جاری تھیں۔ بجلی ایک انسپکٹر کے کھمبے سے لی گئی تھی [illegible] اخوان کے ممبر ابھی تک [illegible] (رائٹر)

ریاست حیدرآباد کے ضلع نالگنڈہ سے ایک ہزار کمیونسٹوں کی گرفتاری

پولیس اور فوج کمیونسٹوں کا صفایا کر رہی ہے سول ایڈمنسٹریٹر کا بیان

دہلی ۲۴ فروری

حیدرآباد سے موصول شدہ مسٹر بی۔ جوگا سول ایڈمنسٹریٹر کے ایک پیغام میں بتایا گیا ہے کہ ضلع نالگنڈہ سے جو کمیونسٹ گرفتار کئے گئے ہیں ان کی تعداد ایک ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ ان میں سے بعض کمیونسٹوں کو نیک چلنی کی ضمانت دینے پر رہا کیا گیا ہے۔ مسٹر جوگا نے بتایا ہے کہ اندرونی علاقہ کے دیہات میں پولیس اور فوج نے چھاپے مار کر کمیونسٹوں کو گرفتار کیا ہے۔

آپ نے بتایا ہے کہ ایک تحصیل پولیس نے گودی [illegible] کے گاؤں پر چھاپہ مارا اور دو گھنٹہ تک پولیس اور کمیونسٹوں میں گولی چلتی رہی جس میں پولیس نے دو آدمیوں کو ہلاک کیا جن میں ان کا لیڈر [illegible] شامل ہے۔ کچھ دوسرے زخمی ہوئے۔ پولیس نے کچھ بندوقیں برآمد کیں اور کچھ کمیونسٹ گرفتار کئے۔

ورنگل کے علاقہ میں جو کہ ریاست کے مغرب میں واقع ہے کمیونسٹوں کا مکمل صفایا کردیا گیا ہے۔ اس علاقہ میں [illegible] علاقہ پر پولیس نے قبضہ کرلیا ہے۔

اس کے بعد سے کمیونسٹ اندرونی اضلاع میں جنگل کے نزدیک پہنچ گئے ہیں تاکہ وہاں جنگل میں ان کو پناہ مل سکے۔ [illegible] دیکھا جب تک ایک ایک کمیونسٹ کا صفایا نہیں کردیا جاتا۔

مولانا شاہد فاخری کو ایک صدمہ

مولانا شاہد فاخری کے برادر عم ڈاکٹر سید شاہ قدسی فاخری ابن حضرت مولانا سید حبیب اللہ صاحب ۱۹ فروری کو [illegible] کے قریب اس جہان فانی سے کوچ کرگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قدسی صاحب مرحوم [illegible] سال کے تھے اور مولانا کے حقیقی بھتیجے تھے مرحوم کو [illegible] سال کے عرصہ [illegible] دورہ پڑا سفر سے لوٹ کر ۱۰ فروری کو مولانا آج تیسری مرتبہ [illegible] میں مبتلا پایا۔ اس مرتبہ مرحوم بہت زیادہ پریشان تھے [illegible] مولانا نے فوراً پولیس کو اطلاع دی سب انسپکٹر [illegible] معلوم ہوا کہ مرحوم نے دماغ کی خرابی کی وجہ سے خودکشی کی۔ مرحوم [illegible] جمعیۃ علماء کے بڑے فدائی تھے [illegible] ادارہ الجمعیۃ حضرت مولانا کے اس غم میں پوری طرح شریک ہے اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہے۔

کمیونسٹوں کے خلاف شکایت

بیروت ۲۲ فروری۔ بندرگاہ میں کام کرنے والے مزدوروں نے شکایت کی ہے کہ [illegible] ان کے ساتھی کمیونسٹوں نے [illegible] اور نیز انہوں نے مزدوروں میں گڑبڑ پیدا کردی ہے۔

عراق سے باجرہ کی درآمد

لندن ۲۲ فروری۔ آج سرکاری طور پر اعلان کیا گیا کہ حکومت عراق حکومت ہند کو تیس ہزار ٹن باجرہ مہیا کریگی [illegible] اقتصادی محکمہ کے ڈائرکٹر جنرل نے کہا [illegible] اس کے علاوہ عراق [illegible] کھجوریں [illegible] سپلائی کرسکتا ہے۔ (گلوب)

مسلمانان جے پور سے اپیل

جے پور (بذریعہ ڈاک) رضی الدین رضا صاحب منیجر ہمدرد دواخانہ جے پور نے ایک اپیل مسلمانان جے پور سے کی ہے جس میں کہا ہے کہ موجودہ دور کشمکش میں [illegible] مسلمان کا فرض ہے کہ اس اخبار کا مستقل خریدار بن کر اپنی [illegible] الجمعیۃ کی امداد کرے۔

آنریبل وزیر ترقیات یوپی کی تقریر

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) گورنمنٹ یوپی نے ترقی دیہات کے پروگرام [illegible] اسکیم کے تحت ضلع اٹاوہ میں علاقہ مہیوہ کے ۴۲ مواضعات بطور تجربہ منتخب کئے ہیں جہاں امریکی ماہرین کی نگرانی میں کام ہو رہا ہے۔ گذشتہ جمعہ کو آنریبل وزیر ترقیات مسٹر کیشو دیو مالویہ نے بمقام مہیوہ تقریر کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ نے یہاں کے ۴۲ گاؤں میں جو اسکیم شروع کی ہے اگر اس میں کامیابی ہوئی تو اسی اسکیم کو صوبہ کے دوسرے حصوں میں بھی پھیلایا جاسکے گا ہمارا مقصد یہ ہے کہ گاؤں کے رہنے والے مزدور و کسان سب مل کر اپنے گاؤں کا سدھار کریں اور اسے ایسی ترقی دیں کہ نمونے کا گاؤں بن جائے۔ (نامہ نگار)

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ...... -/-/۳ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... -/-/۲ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کیلئے لکھئے
منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

افغان جرنلسٹ کو سپاسنامہ

(بقیہ صفحہ تین)

اسی وجہ سے ہیں۔ ایک یہ کہ انھوں نے جنگ آزادی میں کانگریس کا ساتھ دیا تھا دوسرا یہ کہ وہ اپنے آپکو اسی طرح آزاد دیکھنا چاہتے ہیں جس طرح افغانستان اور دوسرے آزاد ممالک ہیں ملک کے فرقہ وارانہ فسادات میں بھی جب کہ پنجاب وغیرہ ہندوستان میں ہندو مسلمان ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے [illegible] محسوس کرتے تھے۔ سرحد کے غیور پٹھان و بلوچوں کا دامن ہر قسم کے دھبے سے پاک رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج سرحد کے ہندو سکھ اپنے آپ کو پٹھان کہتے ہیں۔ فخر محسوس کرتے ہیں۔ اور اپنے وطن کو واپس جانے کے لئے بے چین ہیں۔ لیکن آزادی کے بعد سرحدی پٹھانوں پر اقتدار کی خواہش کے بندوں نے جو مظالم روا رکھے ہیں اس سے بیرونی دنیا بے خبر ہے۔

ہم آپکے سامنے نہایت مختصر طور پر اپنی داستان غم پیش کرتے ہیں۔

ہمارے رہنمایان قوم جس طرح کے سامراجی حکومت کے دور میں اس کے جبر و استبداد کے شکار تھے اسی طرح آج [illegible] کی زندگی گذار رہے ہیں۔ اور ہمارے بابائے قوم فخر افغان خان عبدالغفار خاں آزادی کے رہنما سابق وزیر اعظم سرحد ڈاکٹر خان صاحب عبدالصمد خاں صاحب [illegible] بلوچستان قاضی عطاء اللہ صاحب و مولانا سید گل بادشاہ صدر جمعیۃ علماء سرحد اور دیگر خدائی خدمتگار علماء [illegible] اور بہت سے جلاوطنی کی زندگی گذار رہے ہیں [illegible] مثال کے طور پر [illegible] جناب مولانا محمد اکبر خان صاحب آپ کے سامنے موجود ہیں۔ [illegible] ایک ایسی داستان ہے کہ جس کے سنانے میں کافی وقت کی ضرورت ہے۔ لیکن کیا کریں بقول علامہ اقبال مرحوم کے

"قصۂ درد سناتے ہیں کہ مجبور ہیں ہم"

ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ جس طرح آپ ہندوستان کی سیاست کا مطالعہ کر رہے ہیں اسی طرح صوبہ سرحد کی [illegible] آپ مطالعہ کریں۔ ہمارے خدائی خدمتگار کا آج سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ وہ اسلامی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی قوم کے ملک کا [illegible] آزاد دیکھنا چاہتے ہیں۔ بالفاظ دیگر پٹھان اور بلوچ اپنے لئے آزاد پٹھانستان کے متمنی ہیں۔ اصولاً ان کا حق بھی ہے اس آزاد پٹھانستان کے قیام کے لئے ہم مولانا محمد اکبر صاحب سے بھی درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی مساعی کو اس طرف مبذول کریں۔ اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ ہماری تمام ہمدردیاں ان کے ساتھ وابستہ ہیں جس کے حصول کے لئے ہمارے رہنمائے ملت اور بہت سے افراد جیل کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ آپ سے ہماری درخواست ہے کہ ہم اور آپ ایک ہی زمین کے مالک ہیں ہم دونوں ایک ہی قوم کے فرد ہیں۔ اور ہماری ایک ہی زبان ہے اور دونوں ایک ہی ملی روایات رکھتے ہیں آج ہم ظالموں کے پنجے میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اور آپ آزاد و خود مختار حکومت کے مالک ہیں۔ ہم آپ کے واسطے سے آپ اور آپ کی حکومت سے قیام پٹھانستان کے خواہشمند ہیں ہمیں خدا کی ذات سے پوری امید ہے کہ وہ ہم کو ان تمام مشکلات سے نجات دے گا اور آخرکار خدائے عزوجل کی مدد سے ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے جو کہ اس وقت ہمارا نصب العین ہے یعنی آزاد پٹھانستان ہم تمام طلبا پٹھانستان و بلوچستان آپ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہ آپ نے ہماری ان معروضات کو غور سے سنا امید ہے کہ آپ کی حکومت ہماری [illegible] امداد کرے گی۔

ضلع نینی تال میں اردو

شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء کی مساعی کا نتیجہ

نینی تال (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند کے شعبہ تعلیمات نے اردو اور مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے متعلق جو کوششیں جاری کر رکھی ہیں اس کا ہر جگہ نہایت خوشگوار اثر ہو رہا ہے۔

چنانچہ تازہ اطلاعات سے معلوم ہوا کہ جناب مولانا حکیم اللہ صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع نینی تال نے شعبہ تعلیمات کے پمفلٹ کے مطابق ایک سب کمیٹی بنائی اور اس کا ایک وفد جناب چیرمین صاحب ڈسٹرکٹ بورڈ نینی تال کی خدمت میں لے گئے اور اردو کو داخل نصاب رکھنے کی درخواست کی اس پر انصاف پسند چیرمین نے حکم جاری فرمایا کہ تمام مدارس اور اسکولوں میں ہندی کے ساتھ ہی ساتھ اردو کی تعلیم بھی باقاعدہ جاری رکھی جائے۔

شعبہ تعلیمات جناب چیرمین صاحب موصوف کو اس فیصلہ پر مبارکباد پیش کرتا ہے وہیں دیگر اضلاع کی جمعیتوں سے استدعا کرتا ہے کہ وہ بھی اسی طرح کوشش کریں اور اردو کو داخل نصاب کرانے کا انتظام کریں۔

عنقریب آنریبل وزیر تعلیم صاحب سے ایک وفد ملنے والا ہے اس لئے جہاں کہیں زیادہ دقتیں ہوں ہم کو اطلاع دی جائے کہ ہم ان کو بھی پیش کرسکیں۔

عبدالقیوم ندوی انچارج شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء
(گورکن روڈ لکھنؤ)

وزیر اعظم ہندوستان کی آمد کی امید

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ ترقی دیہات کے سلسلہ میں قصبہ مہیوہ کے جن ۴۲ مواضعات میں کام ہو رہا ہے اسے دیکھنے کے لئے آنریبل وزیر اعظم ہندوستان پنڈت جواہر لال نہرو بھی تشریف لانے والے ہیں۔

گورکھپور کے مذہبی مدارس کا مطالبہ

گورکھپور (بذریعہ ڈاک) گورکھپور کے مذہبی مدارس کے منتظمین و رہنمایان شہر کا ایک اہم اجتماع زیر صدارت جناب حکیم وجیہ الدین صاحب انجمن اسلامیہ گورکھپور میں طے ہوا اور اس اجتماع میں حسب ذیل تجویز بالاتفاق رائے سے منظور ہوئی۔

مذہبی مدارس میں پڑھنے والے طلبہ کو کمپلسری ایجوکیشن کے سلسلہ میں پرائمری اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے جس سے مذہبی تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے۔ لہٰذا یہ اجتماع میونسپل بورڈ کے مقامی حکام کے اس رویہ پر بے چینی کا اظہار کرتا ہے اور حکومت یوپی سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مذہبی مدارس میں پڑھنے والے طلبہ کو پرائمری اسکولوں کی جبری حاضری سے مستثنیٰ قرار دے۔

ہندوستانی نلکیشن جاپان جا رہے ہیں

نئی دہلی ۲۳ فروری۔ حکومت ہند تربیت حاصل کرنے کے لئے چند نلکیشن جاپان بھیج رہی ہے [illegible] وغیرہ کے کارخانوں میں ٹریننگ حاصل کریں گے۔

شاہی محکمہ فضائیہ کے اخراجات

لندن ۲۳ فروری۔ گذشتہ سال سے اس سال شاہی محکمہ فضائیہ کے اخراجات [illegible] ۲۲۹۶۸۵ [illegible] ہوائی بیڑوں کو دئے جائیں گے۔

مشرقی پاکستان میں کمیونسٹ تحریک

صدر مشرقی بنگال مسلم لیگ کا بیان

کراچی ۲۴ فروری۔ مشرقی بنگال کی صوبائی مسلم لیگ کے صدر مولانا اکرم خاں نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ اس [illegible] پاکستان میں کمیونزم کے پھیلاؤ کا کوئی خطرہ نہیں [illegible] خوراک کی قلت کی وجہ سے تھوڑی سی گڑبڑ ہے لیکن حالات کمیونزم کے نشوونما کے لئے موافق نہیں ہیں جب خوراک کا مسئلہ حل ہوجائے گا تو مجھے پورا یقین ہے کہ کمیونزم خود بخود ختم ہو جائیگا [illegible] عوام کی حالت کو بہتر بنانا چاہئے اور یہی کمیونزم کے خاتمہ کا صحیح جواب ہے۔

بحیرہ روم کا حفاظتی پیکٹ

لندن ۲۴ فروری۔ مصر کے وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اٹلانٹک پیکٹ کی لائنوں پر بحیرہ روم کے پیکٹ کی تجویز پر [illegible] لیکن اس سلسلہ میں احتیاط لازمی ہے [illegible] امن کے خلاف بھی ایک بلاک کھڑا ہو جائے۔ (گلوب)

ملایا کیلئے کمک کی ضرورت نہیں

لندن ۲۴ فروری۔ نوآبادیات کے وزیر نے آج [illegible] تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ملایا کی افواج میں اضافہ نہیں کیا جائے گا [illegible] مزید کمک کی وہاں ضرورت نہیں ڈاکوؤں کی سرگرمیاں بہت مدھم ہوگئی ہیں [illegible] (گلوب)

صوبہ سرحد اور عورتوں کی تعلیم

کراچی ۲۴ فروری۔ سرحد میں عورتوں میں تعلیم کے فروغ کے سلسلہ میں حکومت پاکستان نے سال رواں میں [illegible] روپیہ صرف کرنا منظور کیا ہے۔ (گلوب)

نمائش بلند شہر میں شاندار مشاعرہ

۱۸ فروری۔ نمائش بلند شہر [illegible] زیر صدارت کیپٹن [illegible] منعقد ہوا جس میں علاوہ مقامی اور مضافات ضلع کے بیرونی شعراء نے بھی حصہ لیا [illegible] ملسیانی [illegible] دہلوی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں جن کے [illegible] کلام سے مشاعرہ جاگ اٹھا [illegible] ادبی محفل قائم رہی۔ [illegible] امسال ۱۶ فروری سے شروع ہوئی ہے۔

مضامین کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط [illegible] (ادارہ)

دارالسلطنت

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ

۲۶ ر ۲۷ فروری ۱۹۴۹ء (ہفتہ۔ اتوار) چار بجے شام کو مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ ہوگا جس میں حسب ذیل ایجنڈے کے مطابق کارروائی ہوگی۔

ایجنڈا ۔ ۲۶ فروری — انتخاب ارکان (کوآپشن)
۲۷ فروری — انتخاب ارکان مرکزیہ
انتخاب عہدہ داران

ایجنڈا براہ راست اراکین کے نام جاری کر دیا گیا ہے امید ہے کہ جملہ اراکین شرکت فرما کر ممنون فرمائیں گے۔

عظیم الشان جلسہ

آج بعد [illegible] محلہ فراشخانہ برمکان [illegible] ملک میں امن۔ اتحاد آپس کے تعلقات خوشگوار رکھنے (آزادی کو برقرار رکھنے کے [illegible]) کے عنوان پر حسب ذیل حضرات تقریر کریں گے۔

(۱) جناب سیف الدین صاحب کچلو [illegible] صدر پنجاب پراونشل کانگریس کمیٹی۔

(۲) جناب مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی۔

(۳) جناب [illegible] سنگھ [illegible] سرحدی [illegible]

مولانا [illegible] جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع دہلی۔

ناجائز شراب برآمد

سرائے روہیلہ کے اسٹیشن پر ایک ریلوے مسافر کو گرفتار کیا گیا جس کے پاس موٹر کے ایک ٹیوب میں شراب بھری ہوئی تھی

[illegible] ایک شخص کو تین ماہ قید سخت کی سزا دی۔ یہ شخص [illegible] سائیکل کے ٹیوب میں شراب بھر کر لا رہا تھا۔

دھوکہ دہی اور چوری کی وارداتیں

پہاڑ گنج میں ایک دوکان سے سامان خریدتے ہوئے خریدار کی جیب کٹ گئی جیب میں [illegible] سو روپے کے نوٹ تھے۔

قطب روڈ پر ایک شرنارتھی کی جھونپڑی سے ایک ٹرنک غائب ہو گیا جس میں تقریباً [illegible] ہزار روپے کے زیورات اور کپڑے تھے۔

نواب گنج کے ایک شخص عبدالغفور کے مکان کا تالا توڑ کر ۶۰۰ روپیہ کا سامان چرا لیا کرم چند نامی ایک شخص نے [illegible] زیورات لے کر فرار ہونا چاہا۔ لیکن اس کا ساتھی پکڑا گیا اور حوالہ پولیس کیا گیا۔

پولیس کو اطلاع دی گئی ہے کہ سوہن لال نامی ایک شخص کپڑے اور زیورات کے دو ٹرنک لے کر فرار ہو گیا۔

راج گھاٹ پر مویشیوں کی نمائش

۲۷ فروری سے ۱۴ مارچ تک راج گھاٹ پر مویشیوں کی نمائش ہوگی نمائش کا افتتاح [illegible] کریں گے۔ اس میں مختلف قسم کے مویشی رکھے جائیں گے۔ سردار [illegible] ۱۴ مارچ کو انعامات تقسیم کریں گے۔

چنا باہر بھیجنے کی ناکام کوشش

دہلی سے ۸۰ بورے چنا باہر بھیجنے کی کوشش دہلی پولیس کی ہوشیاری سے ناکام ہو گئی۔ دہلی پولیس نے [illegible] موضع پر چھاپہ مارا اور چنے کی [illegible] کے ذریعہ دریا کے اس پار پہونچایا جا رہا تھا [illegible] برآمد کرلیا۔

ایک لاش ملی

نئی دہلی [illegible] کے درمیان [illegible] روڈ کے قریب ایک نوجوان آدمی کی لاش دستیاب ہوئی۔ اس کے بدن پر بہت سے زخم تھے [illegible] معلوم نہ ہوسکے۔

جنوبی ہندوستان کے لوگوں کو ہندی سیکھنا چاہیے

میسور میں عوام کو سردار پٹیل کا مشورہ

میسور ۲۵ فروری۔ سردار پٹیل کا ایک استقبالیہ [illegible] سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے نائب وزیر اعظم نے کہا کہ میں بارہ سال قبل بھی میسور آیا تھا اس وقت سے لیکر اب تک بہت سی تبدیلیاں ہو چکی ہیں۔ ہندوستان کی ریاستوں کا مسئلہ حل ہوچکا ہے والیان ریاست نے شدید حب الوطنی اور بہت ہی عمدہ اسپرٹ کا ثبوت دیا ہے جس سے ان کا [illegible] ممکن ہوگیا

لیکن آزادی کے ساتھ ہم رام راج قائم [illegible] گاندھی جی [illegible] عوام کو چاہئے کہ وہ گاندھی جی کے مقاصد کے مطابق [illegible] کی کوشش کریں۔

ہندوستان کو بہت قدر خوراک کی ضرورت ہے [illegible] باہر سے خوراک داخل کرنے پر [illegible] ہمیں چاہئے کہ تمام [illegible] زمین کو کام میں لائیں اور ملک کو خود کفیل بنائیں۔

گاندھی جی کی [illegible] تھی کہ ہندوستان کی پارلیمنٹ ہندی [illegible] کاروبار کرے اس لئے جنوبی ہندوستان کے لوگوں کو ہندی سیکھنا چاہیے۔

[illegible] ٹاؤن ہال کے سامنے گاندھی اسٹیچو کی بنیاد ڈالتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ یہ نشانی ہمیشہ عوام کو گاندھی جی کے راستہ کی یاد دلاتی رہے گی۔

برت توڑ دیا

کانگریسی لیڈروں کی مداخلت اور چیف کمشنر کی یقین دہانی پر مرن برت کے پانچویں دن [illegible] دہلی کانگریس کے کارکن چودھری بہاری لال نے اپنا برت کھول لیا۔

بجلی کا ناجائز استعمال

بجلی کا ناجائز استعمال روکنے کے لئے بجلی کمپنی کے حکام نے شہر کے مختلف علاقوں پر چھاپے مارنے شروع کردیئے ہیں۔ ایسی ایک پارٹی نے [illegible] راؤ اور [illegible] گنج میں چھاپہ مارا۔

پارسل نیلام ہوں گے

نئی دہلی۔ دہلی گڈس [illegible] میں ۲۳ فروری کو ۱۸۹۸۲ پارسل پڑے تھے۔ آج کل میں بمبئی سے پارسل لے کر ایک مال گاڑی پہونچنے والی ہے اس کے بعد پارسلوں کی تعداد میں اور اضافہ ہو جائیگا [illegible] حکام نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر [illegible] دن کے اندر پارسل نہ اٹھائے گئے تو پارسل نیلام کردئیے جائیں گے۔

ثالث کے چھرا گھونپ دیا

آپس میں لڑنے والے دو گروہوں میں صلح کرنے کے سلسلہ میں ایک ثالث کے چھرا گھونپے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہا جاتا ہے کہ گربچن سنگھ نامی ایک شخص نے برف خانہ سبزی منڈی کے قریب دو گروہوں کو آپس میں لڑتے ہوئے پایا انھوں نے مداخلت کی [illegible] دوسرے دن جب وہ گذر رہا تھا تو ستیارام نامی ایک شخص نے اس کو روکا اور کل لڑائی بند کرانے کے سلسلے میں اسے برا بھلا کہا۔ اس پر ان دونوں میں لڑائی شروع ہوگئی اور ستیارام نے اس کے [illegible] چھرا گھونپ دیا۔ [illegible]

نیکی کا بدلہ!

[illegible] چوری کرلی۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ مولابخش نامی ایک شخص نے خلیل نامی ایک لڑکے کو اپنے ہاں پناہ دی۔ [illegible] کچھ دن اس کے ہاں رہا۔ ایک دن جب مولابخش لڑکے کو دوکان پر چھوڑ کر کہیں گیا۔ تو لڑکے نے [illegible] روپے نقد اور [illegible] کے زیورات چرائے اور فرار ہوگیا جب وہ رات کو آیا تو لڑکے کو دوکان پر نہ پایا۔ پولیس کو اطلاع دی گئی [illegible] تحقیقات کر رہی ہے۔

دوکان لوٹ لی

اجمل خاں روڈ پر [illegible] کی دوکان [illegible] دروازہ توڑ کر رات ہی رات میں سب سامان چرا لیا گیا۔

وکیل پورہ سے اطلاع ملی ہے کہ رات کو [illegible] نامی کے مکان سے کپڑے اور زیورات چرائے گئے۔

[illegible] کے علاقہ سے ایک ہوٹل کے بیرے کا تمام سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

ایک [illegible] نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کی عدم موجودگی میں کسی نے اس کے مکان پر قبضہ کرلیا۔ اور تمام سامان باہر پھینک دیا پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

دہلی میں اجتماعی کاشت

[illegible] کے جنوب میں [illegible] دو میل کے فاصلے پر چار سو ایکڑ زمین میں اجتماعی کاشت کا تجربہ کیا گیا ہے یہ تجربہ ہندوستان میں پہلی بار کیا گیا ہے اور بہت کامیاب ثابت ہو رہا ہے۔ گذشتہ جولائی سے ۳۵ شرنارتھی اس زمین میں کام کر رہے ہیں پہلے وہ کنگزوے شرنارتھی کیمپ میں [illegible] تھے۔ [illegible] جب ان کو [illegible] زمین ملی تو انہوں نے ایک کوآپریٹو سوسائٹی بنائی اور اس کا نام [illegible] رکھا [illegible] ٹریکٹروں سے ہل چلائے [illegible] ڈیری فارم [illegible] پونڈ روزانہ دودھ سپلائی [illegible]

ڈرائیور گرفتار

بلا اجازت چاول دہلی میں لانے کی پاداش میں ایک ڈرائیور کو گرفتار کرلیا گیا۔ یہ ڈرائیور روہتک روڈ کے چونگی خانے پر گرفتار کیا گیا اس کے پاس سے چاول کے ۱۳ بورے برآمد ہوئے وہ یہ سامان انبالہ سے لا رہا تھا۔

ڈاکٹر کو لوٹ لیا

ایک ڈاکٹر کی نقدی کا بٹوہ جس میں ستر روپے تھے ایک مریض نے لوٹ لیا۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ [illegible] روشن پورہ میں ایک شخص ڈاکٹر [illegible] کے پاس آیا اور [illegible] لگانے کی دوا مانگی۔ ڈاکٹر دوا لینے اندر گئے [illegible] اس نے ڈاکٹر کے کوٹ سے اس کا بٹوہ نکال لیا۔ ڈاکٹر کا کوٹ کرسی پر لٹکا ہوا تھا اس نے دوا کی قیمت ادا کی اور جلدی سے غائب ہوگیا بعد میں جب ڈاکٹر نے کسی ضرورت سے اپنے کوٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالا تو اس کو چوری کا پتہ چلا۔

چوری کے پراسرار واقعات

گذشتہ پندرہ دن کے اندر روشن دان کے ذریعہ مکان میں داخل ہونے اور چوری کرنے کا تیسرا واقعہ نئی دہلی میں پیش آیا

پہلا واقعہ سیٹھ سدرشن کے مکان واقع [illegible] روڈ میں پیش آیا تھا سیٹھ سدرشن مشرقی پنجاب اسمبلی کے چیف [illegible] تھے۔

دوسرا واقعہ سکریٹریٹ کے [illegible] بلاک کے قریب ایک ہوٹل میں پیش آیا۔ تیسرا واقعہ جو گذشتہ منگل کو پیش آیا وہ بھی ایک روشن دان کے ذریعہ [illegible] چار سو روپے کا سامان [illegible] پولیس [illegible] تحقیقات کر رہی ہے۔

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible]

سورن سنگھ نامی ایک جیب کترے کو جس نے ایک [illegible] کی جیب سے ۵۲ روپے نکال لئے تھے۔ [illegible] ماہ قید سخت کی سزا دی ایک اور جیب کترے کو مسٹر وید پرکاش کپور نے ۱۸ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

تانگہ والوں پر جرمانہ!

کل شہر کے مختلف مقامات پر ڈپٹی سکریٹری اور [illegible] کیرج اسٹاف نے اچانک چھاپے مارے تاکہ دیکھیں کہ تانگے والے کرایہ زیادہ نہیں لیتے۔ تانگہ والوں کی ایک تعداد [illegible] جرمانہ یا تنبیہہ کی گئی۔

آرٹ کی نمائش کا افتتاح

کل شام ڈاکٹر تاراچند سکریٹری وزارت تعلیم نے پولیٹکنک کی صنعتی نمائش کا افتتاح کیا اور آرٹ کی اہمیت پر ایک مفصل تقریر کی۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی وعدہ کھلا بازار [illegible] بند بازار [illegible]
سونا [illegible] بارونہ [illegible] اپریل [illegible]
گڑ کھانڈ [illegible]

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ [illegible] روپے [illegible]
سونا رواں [illegible]
چاندی [illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

جنرل ڈلوائے کی پاکستان کے کمانڈر انچیف سے ملاقات

دہلی ۲۵ فروری۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کا اجلاس جمعرات کے دن شام کو دو گھنٹے تک ہوا۔ اور اجلاس پیر تک ملتوی کردیا گیا۔ پیر کے دن کشمیر کمیشن کے فوجی مشیر جنرل ڈلوائے کشمیر میں عارضی صلح کے متعلق پاکستان کے کمانڈر انچیف سے اپنی گفتگو کی رپورٹ پیش کریں گے۔

کل کے اجلاس میں کمیشن نے بعض رسمی معاملات پر بحث کی۔ کل جنرل ڈلوائے دہلی سے راولپنڈی چلے گئے ہیں اور آج واپس آجائیں گے اس کے بعد وہ ہندوستان کے کمانڈر انچیف سے ملاقات کر کے عارضی صلح کی تفصیلات پر تبادلہ خیالات کریں گے۔

مقبرہ ہمایوں کے نزدیک نرسری

ایک سرکاری نرسری کا جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستان کی سب سے بڑی نرسری ہے جمعرات کے روز حکومت ہند کے [illegible] کے وزیر مسٹر گاڈگل نے افتتاح کیا۔ نرسری پانچ ایکڑ زمین میں قائم کی گئی ہے [illegible]

میاں محمد رفیع کا انتقال

[illegible] اسمبلی کے سابق سکریٹری میاں محمد رفیع جمعرات ۲۴ فروری کو [illegible] سال کی عمر میں انتقال کرگئے جمعہ [illegible] فروری کو ان کے آبائی قبرستان [illegible] باغبانپورہ میں دفن کردیا گیا۔

میاں محمد رفیع میاں سر محمد شفیع مرحوم کے صاحبزادے تھے۔ آکسفورڈ میں تعلیم پائی [illegible] جسٹس میاں شاہ دین کی دختر اصغری خانم سے شادی ہوئی۔

[illegible] حکومت ہند کے [illegible] سکریٹری مقرر ہوئے [illegible] اپنے عہدے سے ریٹائر ہوئے تھے۔

دو اشخاص گرفتار

پولیس نے دو اشخاص [illegible] کو [illegible] کانفرنس میں قابل اعتراض [illegible] کے الزام میں گرفتار کرلیا ہے۔

راجہ بودھ کو ایک گارڈ نے

محل میں گولی مار کر زخمی کردیا

کلکتہ ۲۴ فروری۔ راجہ صاحب بودھ کو ان کے محل پر ایک پولیس گارڈ نے گولی مار کر سخت زخمی کردیا۔ وہ علاج کے لئے کلکتہ آئے ہیں جب اخباری نامہ نگاروں نے ان سے ملاقات کی تو وہ لیٹے ہوئے تھے۔ انہوں نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ رات کے وقت [illegible]

[illegible]

ڈاکٹر سود رسنو کی تقریر

[illegible]

آل پاکستان خواتین ایسوسی ایشن

کراچی کی عورتوں کا اہم فیصلہ

کراچی ۲۴ فروری۔ آل پاکستان خواتین کانفرنس کا اجلاس بیگم لیاقت علی خاں کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ ایک آل پاکستان خواتین ایسوسی ایشن قائم کی جائے جو ملک کے ہر فرقہ کی خواتین کی بہبود اور بھلائی کی نگرانی کرے۔

ٹاؤن کانگریس کمیٹی کیرانہ

کیرانہ ٹاؤن کانگریس کمیٹی کا انتخاب زیر صدارت حکیم محمود حسن صاحب عمل میں آیا اور حسب ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔

[illegible]

ہندوستان کے ساتھ

عرب ممالک اب معاہدہ کرنا چاہتے ہیں

لندن ۲۵ فروری۔ ڈیلی گرافک میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ عرب لیگ فوجی معاہدہ کرنے کے لئے [illegible]

خضاب جرمنی سرتاج
[illegible]
المشتہر
تاج ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار
[illegible] دہلی

تبادلہ جائداد
اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں، کارخانے، سینما، ہوٹل، خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر بھی مطلوب ہیں۔
پاکستان پراپرٹی ایکسچینج
آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار۔ دہلی

حیدرآباد میں سردار پٹیل کا پروگرام

عثمانیہ یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر آف لاء کی ڈگری

حیدرآباد ۲۵ فروری۔ سردار پٹیل بنگلور سے ۲۶ فروری کی صبح کو حیدرآباد پہونچیں گے۔ ہوائی اڈہ پر فوجی گورنر اور دوسرے ریاستی افسران ان کا استقبال کریں گے۔ وہ فوجی گورنر کے مہمان کے طور پر بلارم ریزیڈنسی میں قیام کریں گے

شام کو شاہ منزل میں ان کے اعزاز میں چائے کی دعوت دی جائے گی۔ وہ عثمانیہ یونیورسٹی کے کنووکیشن میں شرکت کریں گے۔ یونیورسٹی کی طرف سے ان کو ڈاکٹر آف لاء کی اعزازی ڈگری دی جائے گی اتوار کے دن صبح کو وہ شہر حیدرآباد میں نکلیں گے۔ شام کے وقت وہ ایک جلسہ عام میں تقریر کریں گے۔ اور دوسرے دن ناگپور کے ذریعہ ہوائی جہاز دہلی روانہ ہو جائیں گے وہ ریاستی کانگریس کے دونوں گروپوں کے خاص ممبروں سے بھی ملاقات کریں گے۔

مغربی بنگال کا بجٹ پیش ہوگیا

دو کروڑ ۳۳ لاکھ کا خسارہ رہے گا

کلکتہ ۲۵ فروری۔ مغربی بنگال کے وزیر مالیات [illegible] نے مغربی بنگال کا بجٹ پیش کرتے ہوئے [illegible] کروڑ ۳۳ لاکھ کا خسارہ دکھایا ہے۔

خسارہ میں سے ایک کروڑ [illegible] گیارہ لاکھ [illegible] پورا ہو جائیگا اور ایک کروڑ ۲۲ لاکھ باقی رہے گا

آپ نے بتایا کہ زرعی اور [illegible] ٹیکس سے [illegible]

وزیرستان [illegible] کی ہلاکت

[illegible]

خوراک لیجانے [illegible] قافلے

[illegible]

لبنان کے کمیونسٹ لیڈر نے خودکشی کی

[illegible]

اشتہار نیلام
[illegible]

طب ہومیوپیتھی کی مکمل و نایاب تصنیف
پیام صحت
مشتمل بر دو جلد
جلد اول [illegible]
جلد دوم [illegible]
ہومیوپیتھک میڈیکل ہال چھاؤنی [illegible]

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر: ۵۰۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ فروری ۱۹۴۹ء | نمبر ۴۹ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ آنے

اشتہار کیلئے
جگہ خالی ہے

بھوپال میں
الجمعیۃ روزنامہ و ہفت روزہ
حکمت اللہ صاحب نیجر حکمت یونانی یحیٰی
صدر ڈاکخانہ بھوپال سے حاصل
کریں ۔ مینجر الجمعیۃ دہلی

دہلی میں پھر بساؤ کانفرنس کا دو روزہ اجلاس شروع ہوگیا

ملک کے طول و عرض سے پانسو سے زائد ممبروں کی شرکت

قومی اور مہاجر حلقوں میں کانفرنس کی کامیابی پر اظہار اطمینان

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دہلی ۲۶ فروری: آج یہاں حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کی صدارت میں پھر بساؤ کانفرنس کا دو روزہ اجلاس شروع ہوگیا۔ [illegible]

بیت المقدس کسی حالت میں اسرائیل کے حوالہ نہیں کیا جائیگا

فلسطین کے بارے میں اخباری نمائندہ کو شاہ عبداللہ کا بیان

عرب پناہ گزینوں کی واپسی اور "مغرب نواز" برطانیہ سے تعلقات کا ذکر

(باقی صفحہ ۷ پر)

برما کی فوجوں نے میمیو پر دوبارہ قبضہ کرلیا

مانڈلے کے جنوب میں باغیوں سے سخت جنگ

برما سے ہندوستانی پناہ گزینوں کا فوری انخلا

چینی فوجیں سیان کو خالی کررہی ہیں

ہوائی جہازوں کے ذریعہ فوجوں کی واپسی!

ہندوستان کی غیر ملکوں سے تجارت

یورپ کے اٹھارہ ملکوں سے تجارتی گفت و شنید

چرچل ماضی کے بھیانک تصورات سے نکل کر خوشگوار مستقبل کی طرف جارہے ہیں

سرخ خطرہ کے باعث اخوت کے جذبہ سے متحدہ یورپ کی تعمیر کا خواب

برسلز ۔ (پ ۔ ٹ) ۔ ۲۷ فروری

برما کی خطرناک صورت حالات دہلی میں ۵ ممالک کی کانفرنس

برما کو فوجی امداد یا خانہ جنگی میں مداخلت کی پیشکش

ملایا کے ہندوستانیوں کا حق شہریت

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے
منوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

پھر بساؤ کانفرنس میں پیش ہونے والی ایک اہم تجویز

مسودہ تجویز

چاہے وہ کتنی ہی نیک نیت با اثر اور طاقتور کیوں نہ ہو ۔ اتنا کام عوام کی پوری امداد کے بغیر کامیاب نہیں ہوسکتی ۔

ملایا میں برطانوی فوج کم نہیں کی جائیگی!

لارڈ لسٹوول کی دارالامراء میں یقین دہانی

اسرائیل نے لبنان سے گفت گو کرنا ملتوی کردیا

ہاشمی اور مصری اختلافات کا افسوسناک شاخسانہ

ہندی پارلیمنٹ

جی آئی پی کے ۵۰۰ گارڈ کا برت

چینی کمیونسٹ لیڈروں سے صلح کی گفتگو شروع ہوگئی

شنگھائی کا غیر جماعتی وفد کمیونسٹوں کے دارالخلافہ پہنچ گیا

اخبارات اور نشر و اشاعت کی آزادی کی تحقیقات کیلئے مجلس اقوام کا اقدام

امریکہ کی مخالفت کے باوجود ۲۱ ممالک کی کمیٹی بنانے کا فیصلہ

ریلوے ملازمین کی ہڑتال

کمیونسٹ پارٹی کی حمایت کا اعلان

ایرانڈیا کے ملازمین کی شرائط

کام پر واپس آنے کی رضامندی

حیدرآباد کانگرس کے صدر کا استعفیٰ

صلح کی گفتگو

اطالوی وفد کی آمد

سامان خوراک کا پاکستانی قافلہ

سپاہی سے رائفل چھین لیا گیا

پھر بساؤ کانفرنس کا پروگرام

لازمی جسمانی تربیت

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟
منیجر شاہی کتب خانہ ۔ دہلی

اولاد
آنکھوں کا نور پیارا بچہ چاہیئے

اولاد
اتنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہیئے

لیڈی ڈاکٹر کوبراج ستیہ وتی
چاندنی چوک دہلی

کانفرنس کا مقصد دونوں ملکوں کے عوام میں سچی محبت قائم کرنا ہے

پھر بساؤ کانفرنس میں مولانا حبیب الرحمان کا خطبہ صدارت

دہلی ۲۰ فروری۔ پھر بساؤ کانفرنس میں جس کا اجلاس آج ۱۰ بجے شروع ہوا حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی نے حسب ذیل خطبہ صدارت پڑھا:

اے تمام دنیا کے پالنہار! تیری زمین پر انسان گناہ اور ظلم کی زندگی بسر کر رہے ہیں تو اپنی رحمت سے ہمیں نیکی اور رحم کی زندگی گزارنے کی توفیق عنایت فرما!

اور اُن تمام بندوں پر تیری رحمت اور سلام ہو جنہوں نے ہمیشہ ظلم کو انصاف کے ساتھ اور گناہ کو نیکی سے [illegible] کوشش کی۔

دوستو!

کانگریس کی بنیاد اس سچائی پر رکھی گئی تھی کہ ہندوستان کے مختلف مذاہب [redacted] آہستہ آہستہ آزادی کی منزل کی طرف قدم بڑھائیں جس کے حصول کی راہ مذہبی [illegible] غیر فرقہ وارانہ ہوگی۔

کانگریس کے بننے کے بعد میرے بزرگوں نے اس میں شرکت کی، اور کانگریس میں شرکت کے لئے مسلمانوں کو [illegible] نہیں دیا بلکہ اس کے لئے فتویٰ بھی دیا جو "نصرۃ الابرار" کے نام سے شائع ہو چکا ہے جس میں ہندوستان کے پانچ سو علماء کے دستخط ہیں۔ میرا گھرانہ اس وقت سے کانگریسی ہے جب سے کانگریس بنی ہے نہیں بلکہ کانگریس کے بنانے اور اس کو ترقی دینے میں ہمارا پورا پورا حصہ ہے جوں جوں کانگریس آگے بڑھتی رہی میرا اور میرے خاندان کا ذہن اس کے ساتھ ترقی کرتا گیا جہاں تک گاندھی جی نے ۱۹۱۹ء میں کانگریس میں ایک نئی روح پھونک دی [illegible] آزاد کرایا جا سکتا ہے۔ [illegible] انصاف اور رحم کے ساتھ ایسی حکومت کے خواہاں تھے جو مذہب کی بنیاد پر نہیں بلکہ محبت اور سچائی اور انسانیت کی بنیاد پر بنائی جائے۔ انگریزی حکومت اور اس کے بے شمار ہوا خواہوں نے کانگریس اور اس کے ساتھیوں کے مقصد کو ناکام کرنے کے لئے ملک میں فرقہ وارانہ تحریکیں شروع کرا دیں۔ یہ تحریکیں اتنی زیادہ پھیلائی گئیں کہ اچھے سے اچھے نیک دل آدمی بھی اس میں بہہ گئے۔ میں ان فرقہ وارانہ تحریکوں اور اشخاص کے ذکر کو غیر مفید سمجھتا ہوں۔

انگریزی سیاست

انگریزی سیاست نے آزادی دینے سے پورے ایک سال پہلے کلکتہ، نواکھالی اور بہار، راولپنڈی وغیرہ کے فسادات کرا کر ہندوستان میں ہر شخص اور ہر ملت کو ایک دوسرے سے دشمن بنا دیا۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو جس وقت ہم آزادی کا دن منا رہے تھے اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے جا رہے تھے ٹھیک اس وقت مشرقی پنجاب میں اور مغربی پنجاب میں انسانی خون کی ہولی کھیلی جا رہی تھی۔ لوٹ مار اور بچے قتل ہو رہے تھے معصوم اور بے گناہ عورتوں کو اغوا کیا جا رہا تھا۔ اس خون ریزی کا کون ذمہ دار ہے؟ میرے نزدیک اس کی ذمہ داری صرف انگریزی سیاست پر ہے [illegible]

گاندھی جی کے "پھر بسانے" کے مشن کو زندہ کیا جائے۔ چنانچہ بمبئی بنائی گئی اور ۵-۲ مارچ ۱۹۴۸ء کو پھر بساؤ کانفرنس کا عام اجلاس بلایا گیا۔ اس کانفرنس میں مشرقی پنجاب کے کانگریسی دوست اور مغربی پنجاب کے پناہ گزین کانگریسی اور ملک کے بہت سے ذمہ دار حضرات شریک ہوئے اس کانفرنس میں جو تجویزیں منظور ہوئیں۔ اور سال گذشتہ کی تمام کارروائی جو مطبوعہ صورت میں آپ حضرات تک پہنچ چکی ہے، اس وقت ان تجویزوں کو ترغیب کی نظر سے دیکھا گیا تھا مگر وقت اور حالات کے تقاضے ان تجویزوں کو عمل میں لانے کے لئے لوگوں کو آمادہ کر رہے ہیں [redacted] کی جاری ہیں۔ اگر یہ اپنے اپنے گھروں میں بسنے کے لئے [illegible] اگر پرمٹ منسوخ ہو جائیں اور ریلیں دونوں طرف چلنے لگیں اور دونوں حکومتیں آنے جانے والوں کو امن کا اطمینان دلا دیں تو میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ باقی معاملات خصوصاً جائداد کا معاملہ پناہ گزین آپس میں خود طے کر لیں گے اور خود بخود اپنے گھروں میں بس جائیں گے۔

یہ کانفرنس جو بلائی گئی ہے جس میں آپ نے تشریف لانے کی زحمت گوارا فرمائی ہے اس کا حقیقی مقصد یہ ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے عوام میں ایک سچی محبت اور سچی دوستی کا جذبہ پیدا کیا جائے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ "پھر بسانے" کا کام صرف حکومتوں کا کام ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ حکومتوں کی [illegible] گاندھی جی اور کانگریس کی یہ خواہش رہی کہ جھگڑا دلوں کو چھوڑ کر عقل، محبت اور پیار سے ختم کیا جائے حکومتوں کا خوف اور دباؤ اس میں شامل نہ ہو۔

مخالفین کون ہیں

دونوں طرف کے کچھ لوگوں اور اخبارات نے جن کی تعداد بہت کم ہے اس کانفرنس کی مخالفت کی ہے اور "پھر بسانے" کے کام کو انہوں نے ناممکن بتایا ہے۔ اس میں تین طرح کے لوگ ہیں:

(۱) وہ لوگ جنہوں نے دونوں طرف بہترین جائداد دوں پر قبضہ کر رکھا ہے اور اپنے گھروں میں کوئی ایسی چیز چھوڑ کر نہیں گئے جن کو ہندوستان و پاکستان میں مل گئی ہیں۔

(۲) کچھ وہ لوگ ہیں جنہوں نے دونوں طرف تحریر اور تقریر سے فرقہ وارانہ جذبات میں کھلے طور پر آگ لگائی ہے اور اب تک آگ لگا رہے ہیں ان کے دلوں میں اپنی واپسی کے لئے اپنے اس گناہ کی وجہ سے دہشت ہے۔

(۳) زیادہ لوگ ہیں جو مصائب کی وجہ سے مایوس ہو چکے ہیں۔

لیکن ان کے علاوہ پاکستان اور ہندوستان کی عام اکثریت نے اس کانفرنس کا استقبال کیا ہے اگر وہ ہزاروں خطوط جو اس سلسلے میں پاکستان اور ہندوستان کی طرف سے آئے ہیں شائع کئے جائیں تو ان لوگوں کے چہرے سے جو [illegible] کی تاریخ ہی ہل سکتی ہے۔

دونوں ریاستیں ادب شریف اور ... [illegible] ... اگر ہم صدق دل سے یہ چاہتے ہیں کہ دونوں اپنے اپنے گھروں میں بسیں تو اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم کھلے الفاظ کو ... [illegible] ... جائیں کہ کس نے کیا کیا ہے اور کتنا کیا ہے دونوں طرف کے اجتماعات اور ذمہ دار لوگ ایک دوسری حکومتوں اور عوام پر الزام لگا رہے ہیں۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک کے اخبارات جنہوں نے زندگی کو زہر آلود کرنا چاہا ہے۔

میں ان دوستوں کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا، جنہوں نے "پھر بسانے" کے سلسلے میں بہترین بیانات دیئے، [illegible] اسمعیل صاحب ہائی کمشنر پاکستان مقیم دہلی، ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر اعظم مشرقی پنجاب، ... [illegible] ... مبارک ساغر [illegible] پریم بھیم سین سچر ایم۔ ایل۔ اے ... [illegible]

مجھے یقین ہے کہ یہ اصحاب ہمارے "پھر بساؤ" کام میں ہماری پوری پوری امداد کریں گے۔ پاکستان کے ذمہ دار حضرات کے جو خطوط اس کانفرنس کے سلسلہ میں موصول ہوئے ہیں ان میں انہوں نے اس کانفرنس کے کام اور مقاصد کی بہت تعریف کی ہے اور خوشی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے اس کانفرنس میں شرکت کرنے سے انکار نہیں کیا البتہ وہ اپنی بعض مجبوریوں کی بنا پر اس وقت شرکت نہ کر سکے۔

بیرونی حضرات

پاکستان اور ہندوستان کے باشندوں کو سمجھ لینا چاہیئے کہ اب [illegible]

پھر بساؤ کمیٹی

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد جب فسادات ترقی کر گئے تو مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب کے لوگوں کو مجبوراً اپنے گھروں کو چھوڑنا پڑا۔ ایک کروڑ سے زیادہ انسان اپنے گھروں سے بے گھر ہو گئے اور ستمبر ۱۹۴۷ء میں جب مجھے [illegible] گاندھی جی [illegible] ... جنوری ۱۹۴۸ء میں جب دہلی [illegible] ... ہے کہ دونوں حکومتیں اپنے اپنے گھروں میں بسانا ... [illegible]

موازنہ

(از جناب فیض لدھیانوی)

۱۹۴۷ء کی فتنہ انگیزیوں پر ایک غیر جانبدارانہ تبصرہ

مصائب کی فراوانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے قیامت کی پریشانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
ہوئے خانماں برباد ہندو کیا مسلماں بھی ملال خانہ ویرانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
گھروں کی یاد نے بیتاب کر رکھا ہے دونوں کو وفا کی اشک افشانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
کوئی ان میں مہاجر بن گیا شرنارتھی کوئی زبردستی کی مہمانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
پیام خودکشی لیکر یہ کیسا انقلاب آیا
[redacted] ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
درندوں کی طرح باہم الجھ کر مر گئے لاکھوں اب ان کی مرثیہ خوانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
ہزاروں اپنی بربادی پہ صبح و شام روتے ہیں خراش درد پنہانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
سمجھتے ہیں کہ جو ہونا تھا وہ ہو کر رہا پھر بھی خیال دولت فانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
پرائی عورتیں دونوں طرف زیر حراست ہیں در عصمت کی ارزانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
بدی آخر بدی ہے بیش و کم کی بحث جانے دو
بہر حالت ستم رانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
یہ سب کہنے کی باتیں ہیں کہ ہم آزاد ہو بیٹھے ابھی بیداد کا بانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
ابھی کیا اسی کا نام آزادی ہے دنیا میں غریبی بھوک عریانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
کشاکش کا یہ عالم ہے کہ مرتے ہیں نہ جیتے ہیں الم افزا گرانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
جدھر دیکھو تسلط ہے فقط سرمایہ داروں کا غریبوں کا لہو پانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
مبارک شوق ہے جشن بہاراں باغباں لیکن
گلوں کی چاک دامانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
اسے تم دین کی خدمت کہو یا دھرم کی سیوا جنوں کی فتنہ سامانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
خدا معلوم کیا مقصد ہے اس خود فریبی پر لبوں پر لفظ قربانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
تعصب کی بنا پر آج نعرے خواہ کچھ بھی ہوں مگر احساس نادانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
فرنگی کی سیاسی چال نے دھوکہ دیا ایسا برابر کی پشیمانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے
کہاں تک فیض کوئی طول دے افسانۂ غم کو
غرض توہین انسانی ادھر بھی ہے ادھر بھی ہے

ہندوستان کی سیاست کا ایک درخشندہ ستارہ افق مصر میں غروب ہو گیا

قاہرہ میں ہندوستانی سفیر ڈاکٹر سید حسین نے داعی اجل کو لبیک کہا

(ادارہ) الجمعیت انتہائی حزن و ملال کے ساتھ قاہرہ میں ہندوستانی سفیر ڈاکٹر سید حسین کے انتقال پر ملال کا اعلان کرتا ہے۔ آپ نے کل صبح دس بج کر چالیس منٹ پر حرکت قلب بند ہونے کے باعث ایک یونانی ہسپتال [illegible] میں انتقال کیا۔ آپ کی عمر اس وقت ساٹھ سال کی تھی آپ گذشتہ سال [illegible] میں ہندوستان کے پہلے سفیر کی حیثیت سے مصر گئے تھے۔

آپ نے ... [illegible] ... کی ضرورت محسوس کی گئی۔ حکومت مصر نے آپ کے جنازہ کی شایان شان ... سے تدفین کا حکم دیا ہے اور آج آپ کو سپرد خاک کر دیا جائے گا۔

ڈاکٹر سید حسین نے اپنی زندگی کا آغاز ایک اخبار نویس کی حیثیت سے کیا۔ اور ان چند ہونہار نوجوانوں میں سے تھے جو بمبئی کرانیکل کے مسٹر ہارنیمن کے گرد جمع ہو گئے تھے۔ لیکن پنڈت موتی لال نہرو نے آپ کو اپنے اخبار انڈی پینڈنٹ کا ایڈیٹر بنا دیا ... [illegible] ... لیکن اس پرچہ کے ساتھ آپ کی وابستگی بہت ہی مختصر ثابت ہوئی کیونکہ حالات کی مجبوریوں سے آپ کو اچانک امریکہ جانا پڑا۔

ڈاکٹر سید حسین نے عوام میں شہرت و مقبولیت ۱۹۲۰ء میں حاصل کی جب آپ نے امرتسر کانگریس میں لارڈ چیمسفورڈ ... [illegible] ... خلافت میں بڑی سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔

قومی جدوجہد میں حصہ

کانگریس کے ساتھ [illegible] ... ہر کانگریس کا ... امریکہ میں ربع صدی کے قیام میں ... ہندوستانی مقاصد کی اشاعت کرتے رہے، آپ نے امریکہ کا (فلاڈلفیا) ... میں آزادیٔ ہند ... پروفیسر کی حیثیت سے لیکچر دیئے ... امریکہ ... ہندوستان کی ... [illegible]

گاندھی جی — بطور سیاستدان، نامی ہے۔ جواہر لال ... بہت معروف ہے۔

آپ ۱۹۴۶ء میں ہندوستان واپس آئے اور اس کے بعد سے ہندوستان میں برابر قومی جدوجہد میں نمایاں حصہ لیتے رہے۔ آپ یہاں آنے کے بعد اپنی لیکچروں ریڈیو سے تقریروں کا سلسلہ جاری رکھا اور اکثر بین الاقوامی مسائل پر تقاریر نشر کیں۔ آپ نے آخری تقریر ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو مصری براڈکاسٹنگ سروس سے کی تھی جس میں گاندھی جی کی تعلیمات کا ہندوستانی پر اثر اور بین الاقوامی سیاسیات سے تعلق کے بارے میں کہا۔ آپ کی تقریر کے آخری الفاظ تاریخی الفاظ تھے "آنے والا زمانہ گاندھی جی کے حیرت انگیز کارناموں کا ... ہوگا"۔ — محبت، تقریر اور امن کی جنگ ... [illegible]

ڈاکٹر سید حسین نے ... [illegible] ... جہاں ہندوستان میں آپ نے ایک صحافی کی حیثیت سے کامیابی حاصل کی وہاں امریکہ میں آپ نے ایک لیکچرار کی حیثیت سے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ بین الاقوامی سیاسیات ... [illegible] ... سفیر منتخب کرنے میں مناسبت ... آپ نے اپنی زندگی کی ... [illegible] ... مصر میں ... [illegible] ... ہندوستان ایک نمایاں سیاستدان ایک مفکر اور ایک ادیب سے محروم ہو گیا۔

اقلیتوں کو مساوی حقوق ملنے چاہئیں

سردار پٹیل کی بنگلور میں تقریر

بنگلور ۲۷ فروری۔ نائب وزیر اعظم ہندوستان سردار پٹیل نے اپنے ایک گھنٹہ کی تقریر میں ملک کے سیاسی، اقتصادی اور سماجی حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو چاہیئے کہ وہ ایسے حالات پیدا کریں، تمام اقلیتوں کو ملک کی ترقی میں حصہ لینے کے مساوی مواقع حاصل ہوں۔ ان میں ہندوستان کے اینگلو انڈین بھی شامل ہیں۔

شہر بنگلور اور آسٹین کی میونسپلٹیوں کی طرف سے ان کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا گیا تھا۔ انہوں نے اس سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی صنعتی پالیسی یہ ہے کہ ملک کے خاص خاص صنعتوں کو منافع خوروں کے ہاتھوں میں نہیں جانے دیگی لیکن جہاں تک دوسری صنعتوں کا تعلق ہے ان کو قومی بنانے کی کوئی ضرورت نہیں۔

سردار صاحب نے مزدوروں کو مشورہ دیا کہ وہ ہڑتالیں نہ کریں۔ بلکہ اپنے تعاون سے زیادہ سے زیادہ پیدا کرنے کی کوشش کریں کیونکہ ملک اس وقت بہت ہی نازک دور سے گذر رہا ہے۔

انہوں نے عوام کے اس رجحان کی مذمت کی کہ وہ فرقہ وارانہ اختیار چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کا نتیجہ تباہی کی صورت میں ظاہر ہوگا۔

چھوت چھات کے متعلق انہوں نے کہا کہ یہ غلطی ہے [illegible] کو بھول کر انسانوں کے درمیان امتیاز کو مٹانا چاہیئے۔

آگرہ جیل میں سکھوں اور جیل کے اسٹاف میں تصادم

اینٹوں اور لاٹھیوں کا استعمال۔ ۹۱ اشخاص زخمی

آگرہ ۲۸ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ آگرہ سنٹرل جیل میں حال ہی میں جو تصادم ہوا تھا اس میں جیل کے ۹۰ سکھ قیدی اور ۱ افسر زخمی ہوئے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ گڑبڑ اس وقت شروع ہوئی جب سکھوں نے اپنے بعض مطالبات پورے نہ ہونے کے باعث بارکوں میں جانے سے انکار کر دیا۔

دوسرے روز جب اسسٹنٹ جیلر شرارتی بارکیں کھلوانے گئے تو سکھ قیدیوں نے ان پر حملہ کیا اس پر دونوں پارٹیوں میں ایک دوسرے پر پتھر برسانے ... [illegible] ... اس پر جیل کے حفاظتی گارڈ نے لاٹھیوں سے ... [illegible] ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فوراً موقع پر پہنچ کر ... [illegible] ... سکھوں کو بارکوں میں بند کیا۔ زخمیوں میں سے چار اسپتال پہنچائے گئے ... [illegible]

ڈاک کے ملازمین کا احتجاج

تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ

لاہور ۲۶ فروری۔ کم تنخواہ والے لاہور کے ڈاک کے ملازمین موجودہ گرانی وغیرہ کی وجہ سے ... [illegible] اور اپنی تنخواہوں میں اضافہ چاہتے ہیں۔ ... [illegible] ایک جلوس ترتیب دیا جس نے شہر کی سڑکوں پر گشت لگایا۔ ... [illegible] "ملازمین"۔

شہر کے بہت سے ڈاکیے اس جلوس میں شامل ہو گئے ... [illegible] ... حکام کو ... [illegible] ... فوری اقدام کرنا چاہیئے۔

کناڈا سے سوا لکھوں کی [illegible]

اٹلانٹک ڈیکوڈا ۲۶ فروری۔ یہاں پر تیار کیا گیا ہے کہ اس سال کناڈا سے ... [illegible] ... ایک سو انجن بھیجے گا ... [illegible] ... جہاز ... [illegible] ... کناڈا میں ان انجنوں کے ... [illegible]

اسرائیل کی اقوام متحدہ کی ممبری کی درخواست

لیک سکسیس ۲۶ فروری۔ ... [illegible] ... اسرائیل نے اقوام متحدہ کی ممبری کی درخواست دی ہے ... [illegible]

انڈونیشیا کے لوگ

چینیوں سے نفرت نہیں کرتے

لندن ۲۵ فروری۔ لندن میں انڈونیشیا کے دفتر اطلاعات نے ... [illegible] ... کی طرف سے اس مطلب کے بیانات جاری کئے جا رہے ہیں کہ انڈونیشیا کے کچھ حصوں میں انڈونیشین عوام چینیوں پر ظلم کر رہے ہیں یہ بیانات بالکل غلط ہیں ... [illegible] ... کے لوگوں اور چینیوں کے درمیان نفرت نہیں پائی جاتی۔ (رائٹر)

مسز پنڈت امریکہ میں سفیر

نئی دہلی ۲۶ فروری۔ غالباً اس فیصلہ کی تصدیق ہو گئی ہے کہ مسز پنڈت کو امریکہ میں سفیر مقرر کیا جائے گا جس ... [illegible]

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۸ فروری ۱۹۴۹ء

ملکی صنعتوں کا انجام

سردار پٹیل نے کلکتہ میں جو تازہ تقریر فرمائی ہے وہ چونکہ موجودہ حالات کے لئے ایک فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے۔ اس لئے ہمیں اس پر بڑی احتیاط اور ہمدردی کے ساتھ غور کرنا چاہیئے۔ سردار پٹیل زمانہ کے حالات سے پوری طرح باخبر ہیں بین الاقوامی پیچیدگیوں پر کافی عبور رکھتے ہیں ملک کے اقتصادی بحران اور سرکاری ملازموں کے میلان سے بھی آگاہ ہیں، پیش آنے والے حالات کا بھی کافی اندازہ رکھتے ہیں اس لئے آپ نے جو تقریر فرمائی ہے اسے ہم خالی جذبات پر محمول نہیں کر سکتے، نہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ بے اندازہ ہے اور اس میں ذمہ داری کے احساس کی پرواہ نہیں کی گئی ہے، کیونکہ جو شخص دنیا کے حالات اور ملک کی افتاد سے پوری طرح باخبر ہو وہ کوئی ایسی بات منہ سے نہیں نکال سکتا جس میں واقعات کے تسلسل اور ربط کی رعایت نہ رکھی گئی ہو اور جو کچھ ہی روز بعد اپنا وزن کھو بیٹھے۔ سردار صاحب نے مزدور لیڈر شپ کی گمراہ کن رہنمائی کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا

"ہندوستان میں جو کچھ ہو رہا ہے تم دیکھ رہے ہو، تمہیں معلوم ہے کہ ملایا، چین اور برما میں کیا ہو رہا ہے، یہ ممالک ہماری سرحد پر واقع ہیں، ان حالات میں حکومت کا فرض [illegible] پر نگاہ رکھے تاکہ وہ کوئی امن شکن کارروائی نہ کرنے پائیں [illegible] ملک میں صنعت و حرفت [illegible] بھی محفوظ رہ سکیں۔"

ظاہر ہے کہ آج دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ مزدور اور سرمایہ داری کی جنگ ہے اور دنیا خود بخود دو کیمپوں میں تقسیم ہو رہی ہے، ایک کیمپ غریب مزدوروں کا ہے جو دنیا کا کام چلانے کے بعد محسوس کرتا ہے کہ خود اس کا کام نہیں چلتا اور اس کی محنت دوسروں کی جیبوں میں جا رہی ہے، دوسرا کیمپ سرمایہ پرستوں کارخانہ داروں، جاگیرداروں اور مہاجنوں کا ہے جو قوم کے سرمایہ و محنت پر کالا ناگ بن کر بیٹھے ہوئے ہیں اور جنہوں نے وقت کے واقعات سے ابھی تک کوئی سبق نہیں سیکھا ایک طرف انتہائی غربت اور افلاس ہے دوسری طرف جارحانہ امارت اور سرداری ہے، ایک طبقہ اپنی محنت کا پورا معاوضہ مانگتا ہے، دوسرا طبقہ سرمایہ کی منصفانہ تقسیم پر بھی آمادہ نہیں ہوتا چاہے کہ مساویانہ تقسیم، اس کش مکش نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اور اس کا آغاز پوری قوت کے ساتھ ہندوستان اور پاکستان میں ہونے والا ہے، چین، برما، اور ملایا کا حوالہ دے کر سردار صاحب نے دس بیس کہے ہیں، اب دیکھنا یہ ہے کہ اس سلسلہ میں آپ کی تجویز کیا ہے اور آپ اپنے ملک کو اس کش مکش سے بچانے کے لئے کیا کرنا چاہتے ہیں۔

سردار صاحب نے پہلی بات تو یہ فرمائی کہ کارخانہ دار لوگ ان کی باتوں کو غور سے سنیں یعنی وہ نفع خوری کی عادت سے باز آئیں اور خدمت کو اپنا نصب العین قرار دے کر ملک کی تعمیر جدید میں دیانتداری سے حکومت کے ساتھ تعاون کریں، دوسری بات آپ نے صنعتی پالیسی کی وضاحت میں یہ فرمائی کہ حکومت فی الحال ملک کی صنعت و حرفت کو قومی بنانے کے لئے تیار نہیں ہے کیونکہ اس کے پاس اس پالیسی کو چلانے کے لئے کافی ذرائع موجود نہیں ہیں، آپ یہاں تک فرما گئے کہ جو شخص صنعتوں کو قومی بنانے کی بات کرتا ہے وہ دراصل اپنی لیڈر شپ کو چمکانا چاہتا ہے، [illegible] ایسی لیڈر شپ کو پسند نہیں کرتا۔ جہاں تک صنعت کاروں کو مخاطب کرنے کا تعلق ہے، یہ ظاہر ہے کہ ان کی فطرت کبھی نہیں بدل سکتی یہ لوگ تو بچوں کی طرح اپنے سرمایہ کی حفاظت [illegible] لیتے ہیں اور انقلاب کی آمد آمد ہے اور ان کے کان بھی کھڑے نہیں ہوتے، ایسے لوگ جب سردار صاحب کی نصیحت گوش گذار کریں گے تو انہیں ہنسی آئے گی کہ آپ ابتک کارخانہ داروں کے مزاج کو شناخت نہ کر سکے۔ یہ صحیح ہے جان توم سے صنعت کار اور کارخانہ دار کہا جاتا ہے ایسی نرم نرم باتوں کو کب خاطر میں لاتی ہے کہ نفع خوری کی عادت ترک کر دے اور بے غرض خدمت کو اپنا نصب العین بنائے، وہ نیش عقرب ہی کیا جو اپنے ارادہ سے نیش زنی ترک کر دے اور محض وعظ و ارشاد سے متاثر ہو کر معاشیات کا سانچہ ہی بدل ڈالے!

البتہ ان کارخانہ داروں نے حکومت کی صنعتی پالیسی کو بڑے غور کے ساتھ چار چار کانوں سے سنا ہوگا کہ حکومت میں ملک کی صنعتوں کو قومی بنانے کی اہلیت ہی نہیں ہے اور جو لوگ اس خبط میں مبتلا ہیں وہ لیڈر شپ کے چکر میں ہیں! ہم سردار صاحب کے خلوص اور نیک نیتی پر کوئی شبہ نہیں کرتے البتہ یہ ضرور عرض کریں گے کہ وہ صنعت کاروں اور زرپرستوں کی گمراہ کن تاویلوں سے کسی حد تک متاثر ہیں اور زمانہ کے خلاف بات کہہ کر یہ سمجھ رہے ہیں کہ انہوں نے وقت اور محل کی کوئی بات کہہ دی اور صرف اپنی پالیسی کا اظہار کر کے کمیونزم کے سیلاب میں سد سکندری حائل کر دی!

جہاں تک زمانہ کی رفتار کا تعلق ہے اس وقت ہم دو ہی باتیں کر سکتے ہیں، اگر ہم نہیں چاہتے کہ ملک کی معاشیات [illegible] سیاست میں اتنی طاقت ہے کہ اپنی بات منوا سکے تو [illegible] خاموش رہنے والوں کو [illegible] مشکلات کا سامنا ہوگا یا پھر عمل کا اعلان کرنا ہوگا کہ ملک کی صنعتیں اور ملک کے وسائل قومی ملکیت ہیں کیونکہ ہم میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ زمانہ کی ٹکر سے سکیر اور ہواؤں کا رخ بدل ڈالیں، لیکن کہا یہ جا رہا ہے کہ حکومت میں صنعتوں کو قومی بنانے کی صلاحیت نہیں ہے گر ایسا کہنا صحیح نہیں ہو سکتا، صلاحیتیں آسمان سے نہیں گرا کرتیں، ارادہ کے بعد یہ جوہر خود پیدا ہو جایا کرتا ہے، اگر ارادہ یہ ہے کہ ذرائع پیداوار کو قومی بنایا جائے تو وہ یقیناً قومی بن جائیں گے اور راہ کی مشکلات خود بخود دور ہوتی چلی جائیں گی، اگر ارادہ نہیں ہے تو کسی چیز کا قومی بنانا کیا انسان اٹھ کر دو قدم بھی حرکت نہیں کر سکتا اگر کسی نے کہہ دیا کہ اگر آپ میں نہیں ہے تو یہ صلاحیت ہمارے اندر موجود ہے اس لئے ہمارے لئے جگہ خالی کر دو اور قدرت خدا کا تماشا دیکھو، تو ہم اس کا کیا جواب دے سکیں گے؟

شاید سردار صاحب کا مطلب یہ ہے کہ اگر صنعت کار اور کارخانہ دار اپنے اندر بے غرضانہ خدمات کا جذبہ پیدا کر لیں اور نفع خوری سے باز آ جائیں تو پھر ملک کی صنعتوں کو قومی بنانے کی ضرورت ہی لاحق نہ ہوگی، لیکن اس نقطہ کا صنعتی اہلیت سے کیا تعلق ہے، اس کا کیا بھی کس طرح درست ہوگا؟ چین، ملایا، برما، وسط مشرق کے جدید حالات جن سرمایہ داروں کی آنکھیں نہ کھول سکے وہ سردار صاحب کی خواہش کو پورا کرنے کے لئے اپنی نیش زنی سے کس طرح باز آ سکتے ہیں، فرض کیجئے کہ صنعت کاروں کی خود غرضی قائم رہی تو کیا پھر بھی قومی بنانے کے سوال کو لیڈر شپ کی خواہش پر محمول کیا جائے گا؟

ہمارا مطلب یہ ہے کہ معاشی بحران کا سیلاب باہر سے آ رہا ہے، اسے ہندوستان کی سرحد پر روکنا ضرور چاہیئے، لیکن اسے روکنے کا طریقہ کیا ہے؟ اس پر ہم سب کو مشورہ کرنا چاہیئے، کیونکہ ہمارے نزدیک اس نازک وقت میں یہ کہنا کہ صنعتوں کو قومی نہیں بنایا جائیگا کمیونزم کے لئے ایک زبردست دعوت ہے کیونکہ ہمیشہ اس قسم کے اعلانات نے [illegible] عمل کے لئے میدان تیار کیا ہے اور اسی طرح کی انتہا پسندی سے کمیونزم کے شعلے بلند ہوئے ہیں، ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ ہمارا ملک کمیونزم کا شکار نہ ہو مگر یہ نہیں چاہتے کہ یہاں طبقہ داری سماج کا وجود باقی رہے اور مزدور روٹی کے لئے ترستا اور امیر خزانوں کے لئے مرتا رہے۔

خاتمہ بالشر

آخر نو ماہ کی جنگ کے بعد اسرائیل اور حکومت مصر میں صلح ہو گئی اور ایک معاہدہ معرض وجود میں آ گیا جس کی رو سے اسرائیلی حکومت کو مصر نے سرکاری طور پر تسلیم کر لیا، یہ معاہدہ [illegible] ہوا ہے، عراق شاید کوئی دوسرا معاہدہ کرے گا شام کوئی نئی راہ پیدا کرے گا۔ شرق اردن کوئی اور تاریخ لائے گا، یعنی عربوں کے اختلاف نے عربوں کو مارا اور یہودی خدائی قہر بن کر ان کے سروں پر مسلط ہو گئے، ہمیں اس معاہدہ پر افسوس نہیں، ہمیں جنگ کے خاتمہ کا ملال نہیں، ملال اور افسوس اس بات کا ہے کہ عرب ریاستوں کے نمائندوں نے سمندر میں غرق ہو کر جان کیوں نہ دی اور وہ کس طرح راضی ہو گئے کہ یہود کے درمیان ذلیل و خوار ہو کر رہیں اور اپنے اقتدار اور تاریخی عظمت کو شکست و نامرادی کی گہری قبر میں دفن کر ڈالیں! خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ ان عربوں پر برطانیہ اور امریکہ نے کیا جادو چلایا کہ انہوں نے ناگوں کو اپنی آستین میں جگہ دیدی اور ذلت و نامرادی کے داغ سے اپنا منہ کالا کیا! اس معاہدہ صلح کی حقیقت کیا ہے اور اس کے نتائج کیا ہوں گے، اس پر ہم آئندہ تبصرہ کریں گے۔

کسر باقی ہے؟

ڈربن میں ہندوستانیوں کا قتل عام ہوا، گورے باشندوں کی پیاس ابھی تک نہیں بجھی ہے چنانچہ ہندوستانیوں کی بسوں پر حملے شروع ہو گئے ہیں اور ریل گاڑیوں سے انہیں باہر گرایا جا رہا ہے، حکومت نے فوج اور پولیس کو تیار رہنے کا حکم دیا ہے کیونکہ "حالات خطرناک ہیں"، اگر ہندوستانیوں پر دوبارہ حملہ کی اسکیم کارگر ہوئی تو ان کا نام و نشان تک مٹ جائے گا اور حکومت سوائے تحقیقاتی کمیٹیوں میں شہادت دینے کے اور کچھ نہ کر سکے گی! معلوم ایسا ہوتا ہے کہ جنوبی افریقہ، برما، جنوبی امریکہ، آسٹریلیا سے ہندوستانیوں کو ختم اور جلا وطن کرنے کی کوئی زبردست اسکیم ہے جسے جلد سے جلد بروئے کار لایا جائے گا، قرائن بتاتے ہیں کہ ہندوستانی ان ممالک میں زیادہ عرصہ تک نہ رہ سکیں گے، کیا ہندوستان و پاکستان مل کر جنوبی افریقہ کو کوئی آخری الٹی میٹم نہیں دے سکتے؟

لکھنؤ ۲۸ فروری۔ [illegible] مظفر نگری ساکن [illegible] آفاق [illegible] مسلم [illegible] کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے۔ (ا۔ ن۔ س)

اچھی باتیں

واذا قیل۔ تا۔ السعیر (پ ۲۱)

جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس چیز کی پیروی کرو جسے خدا نے نازل کیا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اپنے بڑوں کی پیروی کریں گے، کیا اگر شیطان انہیں عذاب کی طرف بلائے تو وہ اسے بھی لبیک کہیں گے؟

دنیا میں استخوان فروش یعنی بزرگوں کی ہڈیاں بیچنے والوں کی کمی نہیں بات بات میں کہتے ہیں کہ ہم تو اپنے باپ دادوں کی ریت و رسم کو کبھی نہیں چھوڑیں گے اور ان ہی کے نقش قدم پر چلیں گے حالانکہ یہ لوگ کسی کے پیرو نہیں نفس اور خواہش کے پیرو ہیں مگر بڑوں کو آڑ بناتے ہیں اگر وہ واقعی باپ دادوں کے پیرو ہیں تو کیا ان سے غلطی نہیں ہوسکتی؟ بڑوں کی اچھی باتوں کو ماننا تو ضروری ہے لیکن ان کی غلطیوں کو ماننا اور اس پر فخر کرنا عقل اور انسانیت کی توہین ہے۔ پس انسان کو چاہیئے خدا کے قانون کو جو بے خطا ہے مانے اور اسکی دعوت دینے والوں کی پیروی کرے کیونکہ سچائی کا معیار باپ دادا نہیں ہیں خدا کی وحی! عقل سلیم ہے اس آیت سے معلوم ہوا کہ اسلام قدامت پرستی کے خلاف ایک زبردست اور کامیاب بغاوت ہے۔

مرکز تعلیم امروہہ کا اعلان

امروہہ۔ تعلیم بالغان کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ پڑھے لکھے کاروباری لڑکوں کے لئے رات کا اسکول کھول دیا گیا ہے۔ وقت ۷ بجے تا ۹ بجے رات۔ [illegible] تعلیمی سال [illegible] حنفی جمعیتہ

کم قیمت والا ٹیلیفون سیٹ

لندن ۲۵ فروری۔ برطانیہ کی ایک کمپنی نے ٹیلیفون کا سیٹ تیار کیا ہے جس کی قیمت صرف چھ صدر پیسے کے قریب ہوگی۔ برطانیہ میں اس سیٹ کی قیمت زیادہ ہے لیکن غیر ممالک کو یہ کم قیمت پر فراہم کیا جائیگا۔ اس قسم کے سیٹ فرم کے کارخانہ میں تیار کئے جا رہے ہیں۔

سوئٹزرلینڈ کی زبانیں

(از:- جارج فیلیوڈر)

انسان کی گفتگو ایک ذریعہ ہے سلطنت سے لیکن پھر بھی کچھ بے وقوف آدمیوں نے اس کو جھگڑے کا سبب بنا لیا ہے۔

لیکن یہ بات شاید تعجب خیز معلوم ہوگی کہ سوئٹزرلینڈ جہاں مختلف زبانیں موجود ہیں۔ تاریخ کے لسانی جھگڑوں سے بچا ہوا ہے وہ ہمیشہ اس اصول کی کہ کسی قوم کی بقا میں [illegible] ہے کوئی اتنا چھوٹا ملک جس میں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہوں موجود نہیں ہے۔ [illegible] ہمیں سوچنا چاہیئے کہ کیوں؟ اس لئے کہ سوئٹزرلینڈ نے زبان کو مستند علامت سے نہیں، بلکہ ابہام و تفہیم اور قدرتی طور پر حل کرنے کی کوشش کی ہے۔

سوئٹزرلینڈ کے ۴۲ لاکھ باشندوں میں سے ۷۲ فیصدی جرمن بولتے ہیں، ۲۰ فیصدی فرانسیسی ۵ فیصدی اطالوی اور ایک فی صدی رومانش بولتے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ کے باشندے دونوں کے اس اختلاف میں دلچسپی لیتے ہیں۔ کیونکہ ان کے خیال میں یہ زندگی میں قدرت پیدا کرتی ہے [illegible]

علماء کا ذوق

عام طور سے [illegible] یہ تمام زبانیں [illegible]

یہ ہی بھی اس قدر مصروف نہیں ہے جتنے کہ ہم کے دلائل ہیں کا مقصد صرف جنگ کو کوشش کرنا تھا۔ [illegible] قانون کی دفعہ [illegible] جرمن، فرانسیسی، اطالوی اور رومانش [illegible]

اقلیتوں کیلئے انصاف

[illegible]

بہرحال رومانش زبان ہے جو صرف ۱ فیصدی بولی جاتی ہے۔ لیکن سوئٹزرلینڈ اس چھوٹی سی زبان کو بھی زندہ رکھنے میں کتنی دلچسپی لیتا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ [illegible]

اس چھوٹے سے غیر جانبدار ملک نے یہ ثابت کر دیا ہے [illegible] اور سوئٹزرلینڈ اس کی زندہ مثال ہے۔

جمعیۃ علماء کی تاریخ اس کی شاہد ہے کہ وہ مسلمانوں کی خدمت کر سکتی ہے

صوبہ بہار کی کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے سرکردہ شہریوں کی اپیل

پٹنہ (بذریعہ ڈاک) چھپرا (بہار) میں جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی جو کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اس کے سلسلہ میں [illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا اجلاس بمقام چھپرا ضلع ہزاری باغ ۳۰ فروری و یکم مارچ ۱۹۴۹ء کو منعقد ہو رہا ہے۔ مختلف اسباب کی بنا پر یہ اجلاس بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ حصول آزادی کے بعد علماء اور قوم پرور مسلمانوں کا یہ پہلا اجتماع ہے۔ انڈین یونین ایک سیکولر اسٹیٹ ہے۔ اسی ریاست کا وجود ہی [illegible] جمعیۃ علماء کی ذمہ داریاں [illegible] کل ہند مسلم کانفرنس کا [illegible] حضرت مولانا ابو الکلام آزاد [illegible]

ان حقائق کی روشنی میں ہم بہار کے مسلمانوں سے استدعا کرتے ہیں کہ وہ [illegible] کانفرنس کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائیں اور اس میں شریک ہو کر مسلمانوں کی فلاح و بہبود کی راہیں سوچیں۔

یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ ہندوستان میں جمعیۃ علماء [illegible] جمعیۃ علماء کی شاندار تاریخ اس کی شاہد ہے [illegible]

مولانا حبیب الرحمن ساگر تشریف لیجائیں گے

ساگر (بذریعہ ڈاک) ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ساگر تحریر فرماتے ہیں کہ یہ امر ہمارے لئے موجب مسرت ہے کہ [illegible] کی تبلیغ کی خاطر مجلس تنظیم و جمعیۃ علماء ساگر کے باہمی تعاون و اہتمام سے [illegible] مارچ ۱۹۴۹ء کو [illegible] حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی تقریر فرمائیں گے [illegible]

پٹیالہ یونین کے ۵ اضلاع میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

پٹیالہ ۲۳ فروری (بذریعہ ڈاک)۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت پٹیالہ یونین نے [illegible] (ا۔ پ۔ س)

اشتعال انگیز تقریر کرنے پر دو شخص گرفتار

پٹیالہ ۲۲ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ [illegible] (ا۔ پ۔ س)

مکانات کی تعمیر میں لندن کا ریکارڈ

لندن (بذریعہ ڈاک) [illegible] نے ایک نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ مکانات کی تعمیر میں لندن دنیا کے تمام دارالحکومتوں کے مقابلہ میں پیش پیش ہے۔ [illegible]

ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور اور اُس کی ماتحت شاخیں سنہ ۱۹۴۹ء میں

جمعیۃ علماء گنبد پوڑہ

حافظ عبد الستار صاحب صدر
صوفی محمد شفیع صاحب نائب صدر
منشی ظفر احمد صاحب ناظم اعلیٰ
حکیم عبد الحکیم ناظم
علی حسن صاحب خازن
غلام محمد صاحب ناظم نشر و اشاعت
حافظ سعید احمد صاحب نائب ناظم
ارکان منتظمہ:- شرف الدین صاحب۔ منشی علی حسن صاحب
حاجی عظیم الدین صاحب
منشی محمد ابراہیم صاحب
شمس الدین صاحب
حافظ رحمت اللہ صاحب
حبیب اللہ صاحب
گلشیر خاں صاحب
عمر بخش صاحب
امراؤ حسن صاحب
محمد قاسم خاں صاحب
بشیر احمد صاحب
[redacted]
منشی شوکت علی صاحب
منشی رشید احمد صاحب
محمود خاں صاحب
محمود علی خاں صاحب
رفیق احمد صاحب
کرامت علی صاحب
محفوظ علی صاحب
منشی حشمت علی صاحب
امام الدین صاحب
بابو مشتاق احمد صاحب
حکیم الطاف احمد صاحب
منشی الطاف احمد صاحب نمائندہ ضلع۔

شیخ عبد الرحمن صاحب
زندہ حسن صاحب
بابو محمد ابراہیم صاحب
مولوی محمد یامین صاحب عطار
رحمت خاں صاحب
چودھری سرفراز احمد صاحب
وزیر احمد صاحب
بابو محمد یوسف صاحب نمائندگان ضلع

جمعیۃ علماء کوڑی کھیڑہ

مولوی محمد رحیم الدین صاحب صدر
میاں جی بشیر احمد صاحب نائب صدر
منشی نذیر احمد صاحب ناظم اعلیٰ
حافظ محمد یاسین صاحب نائب ناظم
چودھری شریف احمد صاحب پسر امام الدین خازن
ارکان منتظمہ:- حافظ بشیر احمد صاحب
میاں جی محمد یامین صاحب
حافظ نظام الدین صاحب
چودھری محمد اسمٰعیل صاحب
میاں جی امانت علی خاں صاحب
منشی معقود علی صاحب
[redacted]
امام الدین صاحب
مولوی محمد رحیم الدین صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء جگہتہ نجیب

حاجی فضل الرحمن صاحب صدر
بابو محمد اسمٰعیل صاحب نائب صدر
مولوی احمد جان صاحب ناظم اعلیٰ
منشی طیب احمد صاحب نائب ناظم
ملا رفیق احمد صاحب خازن
ارکان منتظمہ:- چودھری خدا بخش صاحب
حافظ عزیز الحق صاحب
شمس الدین صاحب
حاجی محمد ابراہیم صاحب
جان محمد صاحب
محمد یوسف صاحب
مولوی احمد جان صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء محمود پور

پیر جی سہراب حسن صاحب صدر
منشی مختار احمد صاحب نائب صدر
منشی منظور احمد صاحب ناظم اعلیٰ
مقصود عالم صاحب معشوق فاروقی ناظم
منشی ابو الطاہر محمد بخش صاحب خازن
مستری عبد الرحیم بخش صاحب سکریٹری
ارکان منتظمہ:- محمود عالم صاحب
عبد الرحیم صاحب عرف پٹھان
مقبول احمد صاحب عرف بدھو
عبد الحسن صاحب عرف چھوٹا
محمد عمر صاحب
عبد اللطیف صاحب
بدھان ولی محمد صاحب
بارو چودھری ولد خدا بخش صاحب
قمر حسین ولد مولا بخش صاحب
پیر جی سہراب حسین صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء ناںوتہ

حافظ عبد العلام صاحب صدر
سمیع اللہ خاں صاحب نائب صدر
منشی محمد فضل صاحب ناظم
منشی احتشام علی خاں صاحب نائب ناظم
حافظ خلیل احمد صاحب خازن
ارکان منتظمہ:- حکیم محمد احمد
سید زوار حسین صاحب
منشی عبد الحفیظ صاحب
امام الدین صاحب
مقصود احمد صاحب
رحیم الدین صاحب
بشیر احمد خاں صاحب
بھکو صاحب
اللہ رکھا خاں صاحب
منشی محمد یسین صاحب
مبارک علی خاں صاحب
اشرف خاں صاحب
مقصود علی خاں صاحب
چودھری معشوق صاحب
علی شیر خاں صاحب
دوست محمد خاں صاحب
علی شیر خاں صاحب
منشی محمد فضل صاحب
چودھری جنگو صاحب
اللہ دیا صاحب قصاب
حکیم محمد احمد صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء ہنجورہ

عبد الرزاق پسر علی بخش صدر
شمس الدین پسر رسولا نائب صدر
میاں جی ہدایت اللہ صاحب ناظم اعلیٰ
حافظ عبد الحمید صاحب ناظم
مشتاق احمد صاحب خازن
ارکان منتظمہ:- چودھری ملنگا صاحب
محمد ہاشم پسر عبد الکریم صاحب
محمد شفیع کھیا
محمد ابراہیم
محمد یوسف پسر فت
حافظ شبیر احمد صاحب
میاں جی ہدایت اللہ صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء بھیڑہ بیگم پور

میاں جی عبد الکریم صاحب صدر
حافظ عابد حسن صاحب نائب صدر
خورشید احمد ناظم اعلیٰ
حافظ محمد اسمٰعیل صاحب نائب ناظم
ملا اشرف الدین صاحب خازن
ارکان منتظمہ:- رحمت اللہ صاحب
حبیب اللہ صاحب
فرزند علی صاحب
فقیر محمد صاحب
میاں جی شریف احمد صاحب
منور علی صاحب
عبد المجید صاحب
نور محمد صاحب
بندو حسن صاحب
حافظ عبد المجید صاحب
صندل صاحب
ملا عبد الرشید صاحب
شیر محمد خاں صاحب
محمد اسمٰعیل صاحب

جمعیۃ علماء النذ بھورہ

مقصود علی خاں صاحب صدر
امداد خاں صاحب نائب صدر
حافظ محمود حسن صاحب ناظم اعلیٰ
منشی عبد الرحیم صاحب نائب ناظم
ملاں حسین بخش صاحب خازن ۔ ارکان منتظمہ:- شریف خاں صاحب
حکیم عبد اللطیف صاحب
نور محمد صاحب
ولی محمد صاحب
بشیر احمد صاحب
جھنڈو صاحب
عبد المجید صاحب
منشی مقصود حسن صاحب نمائندہ ضلع

ارکان منتظمہ:- حسن صاحب
محمد شفیع خاں صاحب
حاجی ظہور احمد صاحب
فضلا ولد احمد حسن صاحب
غلام نبی صاحب
اختر حسین صاحب
محمد صدیق صاحب
عبد السمیع صاحب

جمعیۃ علماء بوکن پور

رفیق احمد پسر الٰہی بخش صدر
محمد اسمٰعیل پسر حسنو نائب صدر
اختر حسین پسر محمد ہاشم سکریٹری
طفیل احمد پسر محمد اسحاق نائب سکریٹری
محمد صدیق پسر امام الدین خازن
ارکان منتظمہ:- اللہ دیا پسر قلندر بخش۔ خیراتی پسر محمد بخش انصاری
محمد یسین نمبردار
ہاشم پسر الٰہی بخش
عمرہ پسر ولی محمد
محمد حسین پسر امانت علی
بشیر احمد پسر محمد حسین
رفیق احمد صاحب نمائندہ ضلع۔

جمعیۃ علماء دہانوہ

جھنڈو خاں صاحب صدر
محمد ہاشم خاں صاحب ناظم
ارکان منتظمہ:- حسین خاں صاحب
بندو خاں صاحب
علی نواز خاں صاحب
محمد جعفر خاں صاحب
غفور خاں صاحب
غفور خاں صاحب پسر ہاکو
جعفر خاں صاحب
فرزند علی خاں صاحب
بندو خاں صاحب
چاندو خاں
نور محمد خاں
بارو صاحب
گیندا
عبد المجید صاحب
جان محمد صاحب
فقیر محمد صاحب
چودھری حافظ عبد الحمید صاحب نمائندہ ضلع

جمعیۃ علماء بہجوڑ

منشی بھورا صاحب صدر
شبیر محمد صاحب نائب صدر
حکیم ولی محمد صاحب ناظم اعلیٰ
نیک محمد صاحب نائب ناظم
محمد یسین صاحب خزانچی۔
ارکان منتظمہ۔ نصیر الدین صاحب
کمال الدین صاحب
مغیث الدین صاحب
دوست محمد صاحب
نور محمد صاحب
نذیر احمد صاحب
محمد یوسف صاحب
رشید احمد صاحب

عہدیداران و ارکان مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور

مولانا محمد عثمان صاحب۔ محلہ ابو المعالی دیوبند۔ صدر
حکیم محمد اکرام الحق صاحب محلہ جیل تلہ رامپور منہاران۔ نائب صدر
الحاج وددو علی خاں صاحب وائس پریزیڈنٹ ڈسٹرکٹ بورڈ کیلا شیپورہ
محمد ایوب انصاری محلہ قاضی قصبہ گنگوہ۔ ناظم اعلیٰ
مولانا سلطان الحق صاحب ناظم کتبخانہ دار العلوم دیوبند۔ ناظم
خان امید علی خاں صاحب کھیڑہ افغان ڈاکخانہ خاص ضلع سہارنپور نائب ناظم
مولانا محمد عقیل صاحب جاجوہ ڈاکخانہ کھیڑہ افغان
خواجہ اطہر حسن صاحب محلہ شاہ ولایت سہارنپور
صاحبزادہ مولانا محمد اسعد صاحب مدنی منزل دار العلوم دیوبند
مولوی محمد یامین صاحب عطار۔ قصبہ بہیٹ ضلع سہارنپور
خان محمد یامین خاں صاحب قصبہ تیترون ضلع سہارنپور
مولانا عبد الرؤف صاحب محلہ سوت مدرسہ رحمانیہ روڑکی ضلع سہارنپور
راؤ شوکت علی خاں صاحب شوکت سکروڑہ ضلع سہارنپور
مولانا محمود احمد صاحب کل۔ دار العلوم دیوبند
مولانا اسعد حسن صاحب عثمانی۔ متصل جامع مسجد دیوبند

جمعیۃ علماء شہر سہارنپور کے انتخابات ابھی تک نہیں ہوئے بعد میں شائع ہوں گے

مبلغین کی ضرورت

جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور کو چار مبلغین کی ضرورت ہے مناسب تنخواہ دی جائیگی جو حضرات خواہشمند ہوں ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء سہارنپور کے پتہ پر درخواستیں بھیجیں جس میں اپنی اہلیت، تعلیم اور اگر پہلے تبلیغی خدمات انجام دے چکے ہوں اس کی تفصیل اور کم سے کم جس مشاہرہ پر خدمات انجام دے سکتے ہوں اس کی تعیین تحریر فرمائیں۔

عقیل احمد صدیقی آفس سکریٹری ضلع جمعیۃ علماء سہارنپور

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

پرنام بٹ (صوبہ مدراس) میں

وفد جمعیۃ علماء کی تشریف آوری

پرنام بٹ ۲۰ فروری (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا محمد میاں صاحب امیر وفد کی تشریف آوری بروز جمعہ بتاریخ ۱۰ فروری کو ہوئی حضرت موصوف نے پہلے مقامی جمعیۃ کے حالات کا جائزہ لیا۔ اور ضروری ہدایات سے عہدیداران جمعیۃ کو مستفید فرمایا۔ بعد نماز جمعہ جامع مسجد چوک میں آپ نے نہایت موثر انداز میں "ولا تہنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مومنین" کی تشریح کرتے ہوئے ایک بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ دوران تقریر میں آپ نے علماء حق کے کارناموں [illegible] اثر لیا۔ بعد نماز مغرب خاص طور پر اراکین مجلس عاملہ جمعیۃ علماء پرنامبٹ کو خطاب فرمایا۔ دوسرے دن بروز شنبہ بعد نماز فجر حضرت موصوف نے درس قرآن کے ضمن میں بنی اسرائیل کے عروج و زوال کے اسباب بیان کرتے ہوئے ایک اصولی بات جس کا درس قرآن کے سلسلہ میں محفوظ رکھنا بہت ہی ضروری ہے بیان فرمائی کہ حق تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو اپنی خاص نعمتوں سے ممتاز فرمایا تھا اور سالہا سال تک نبوت اور خلافت و بادشاہت جیسی نعمتیں اور عزتیں ان کے ساتھ وابستہ رہیں مگر جب ان کے اعمال بد، اخلاق و ذہنیت میں تبدیلی واقع ہوئی تو ان چیزوں کو بنی اسرائیل کی طرف سے پھیر کر اللہ تعالیٰ نے [illegible] کا اعلان فرمایا اور انسانوں پر واضح کر دیا کہ قوموں کی زندگی [illegible] ان کا دور ختم ہو گیا۔

پھر اسی دن بعد نماز مغرب مولانا عبدالماجد صاحب کا وعظ ہوا پھر ترشناپلی کے سید عبدالعظیم صاحب نے تامل زبان میں تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کو جمعیۃ کی طرف دعوت دی اور مختصر طور پر جمعیۃ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ہندوستان کے اندر جمعیۃ علماء کے سوا کوئی جماعت مذہبی معاشی و تعلیمی حقوق کے تحفظ کے لئے مفید اور کامیاب نہیں ہو سکتی۔ نماز عشاء کے لئے جلسہ برخاست ہوا اور بعد نماز عشاء حضرت مولانا محمد میاں صاحب نے نہایت موثر انداز میں حاضرین کو خطاب فرمایا۔ علماء حق کے کارنامے۔ خانگی سیاست۔ ہندکی جنگ آزادی کے سلسلہ میں مسلمانوں کا حصہ، فرقہ وارانہ سیاست کے انجام کا تباہی کی صورت میں ظہور پذیر ہونا۔ ہندوستانی یونین میں بسنے والے مسلمانوں کا فریضہ اور طرز عمل کیا ہو۔ مسلمانوں کو سیاست کے مشترک پلیٹ فارم کی طرف لوٹنے اور سیاسی فرقہ وارانہ جماعتوں کو ختم کر دینے کی ضرورت وغیرہ پر سیر حاصل بحث کرکے اغراض جمعیۃ علماء کو وضاحت سے بیان فرمایا اور آخر میں مسلمانوں کو شرکت کی دعوت دی۔ جہاں تک پرنامبٹ کا تعلق ہے کامیاب رہا۔

چونکہ مدراس کا جلسہ ۲۰ فروری کو مقرر ہو چکا تھا اس لئے وفد ۲۰ فروری کی صبح کو مدراس روانہ ہو گیا۔

جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس کیلئے

ضلع جمعیۃ دیوریا کی امدادی اپیل

لکھنؤ میں اسال [illegible] اپریل میں جمعیۃ علماء ہند کا عظیم الشان سالانہ اجلاس منعقد ہو گا جس کے امدادی رقوم کیلئے اپیل کی گئی ہے اور ہر ضلع کا کوٹہ مقرر کر دیا گیا ہے جلسہ موجودہ حالات میں بہت ہی اہم ہے اور اس کی کامیابی پر مسلمانوں کی قسمتیں وابستہ ہیں اس اجلاس کے اخراجات کا تخمینہ پچاس ہزار روپیہ کیا گیا ہے جسے صرف ہمارے صوبہ کو پورا کرنا ہے ہمارے ضلع سے پانچ سو روپے کی امداد طلب کی گئی ہے اس کو پورا کرنا ہمارے ضلع کا فرض ہے لہٰذا ضلع جمعیۃ علماء دیوریا کی استدعا اپنی تمام شاخوں سے ہے کہ وہ ۵۰ - ۶ مارچ تک اپنے اپنے حلقہ سے فراہم کرکے ارسال کریں تاکہ اجلاس کی کامیابی کی توقع ہو امید ہے اجلاس کی اہمیت کے پیش نظر تمام شاخوں کے عہدیداران و ذمہ داران اپنی پوری توجہ اس پر مبذول کریں گے۔ (مولانا) محمد ابوبکر صدر ضلع جمعیۃ علماء۔ دیوریا

کارنیور میں جلسہ تعزیت

ڈاکٹر سید شاہ قدسی مرحوم کے افسوسناک سانحہ کی اخبارات کے ذریعہ اطلاع ملتے ہی جمعیۃ کے ذمہ داروں اور کارکنان کا ایک فوری اجتماع ہوا جس میں ذیل کا تعزیتی ریزولیوشن پاس کیا گیا جس میں ڈاکٹر صاحب کے دردناک حادثہ پر اپنے ملال رنج و ملال کا اظہار کیا اور پسماندگان کی خدمت میں دلی جذبات ہمدردی پیش کئے۔

انتخابات

جودھ پور ناظم [illegible] اللہ خان صاحب عرف پیارے میاں کا

مصر اور اسرائیل کا سمجھوتہ

برطانوی دفتر خارجہ کے تاثرات

لندن ۲۵ فروری۔ برطانیہ کے دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے مصر اور اسرائیل کے سمجھوتے پر تبصرہ کرتے ہوئے مصر کا اسرائیل کو رعایتیں دینے پر خاص طور سے خوشی کا اظہار کیا مصر کے یہ رعایتیں دینے سے ہی دونوں حکومتوں میں التوائے جنگ کا سمجھوتہ ممکن ہو سکا ہے۔

شرق اردن اور اسرائیل کی گفت و شنید میں خاص شکل بیت المقدس کے مستقبل کے بارے میں پیش آئے گی کیونکہ شرق اردن کی حکومت بیت المقدس پر سے قبضہ ہٹانے کے لئے کبھی تیار نہ ہو گی۔ اور اسرائیل بھی بیت المقدس کے جدید شہر سے دست برداری کے لئے آمادہ نہ ہو گی۔

یوپی اسمبلی میں تحریک التوا

لکھنؤ ۲۳ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ ۲۶ فروری کو جبکہ یوپی اسمبلی کا اجلاس شروع ہونے والا ہے اسی روز ایوان کے سامنے بجٹ سیشن کے موقعہ پر [illegible] کے سلسلہ میں بحث کے لئے ایک تحریک التوائی جا رہی ہے یہ تحریک ایوان کے باہر پروفیسر شکسینہ کے حامیوں نے تیار کی ہے۔ [illegible] سے نہیں اٹھائی جائے گی کیونکہ یہ پارٹی کے ضابطہ کے خلاف ہے چنانچہ اس تحریک کو پیش کرنے کے لئے مسٹر اے بی لینتھم کا نام لیا جا رہا ہے جو ایک اینگلو انڈین ممبر یوپی اسمبلی ہیں۔ (ا ۔ ن ۔ س)

مغربی پنجاب میں عام انتخابات

تحقیقاتی کمیٹی نے سوالنامہ جاری کر دیا

[illegible]

کمیٹی کے چیرمین اور اسمبلی کے اسپیکر شیخ فیض احمد نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ گورنر کی یہ رائے ہے کہ جلد جلد انتخابات کرائے جائیں۔

اس میں اہم بات یہ ہے کہ مہاجرین کو اسمبلی میں نمائندگی بلحاظ آبادی دی جائے یا کس طرح یا بالکل نہ ان کے تناسب سے دی جائے۔

ڈاک و تار کے ملازمین کی ہڑتال

مسٹر جوشی نے کچھ کہنے سے انکار کر دیا

مدراس ۲۵ فروری مسٹر ایم این جوشی صدر مرکزی کونسل ڈاک و تار ملازمین یونین جو یہاں آج شام یہاں پہونچے۔ انہوں نے ملازمین کی اعلیٰ کونسل کے اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے اس قرار داد کی بابت کچھ کہنے سے انکار کر دیا جو مدراس کے ڈاک و تار کے ملازمین کی صوبائی کونسل میں ہڑتال ترک کرنے کی مہم کے سلسلہ میں پیش کی گئی ہے مسٹر جوشی نے کہا وہ اس وقت تک کچھ نہیں کہہ سکتے جب تک کہ اعلیٰ کونسل اسٹرائیک کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کر دے۔ (اپ)

جن کو ریلوے اسٹیشنوں پر کھانے پینے کی چیزیں بیچنے کا تجربہ رہا ہو اور جو پہلے کھانا وغیرہ مہیا کرنے کے ٹھیکیدار رہ چکے ہوں گے۔ یہ ٹھیکے ایسے شرنارتھی ٹھیکیداروں کو ان ریلوے اسٹیشنوں کے لئے دیئے جائیں گے جن کے نزدیک انہوں نے سکونت اختیار کر لی ہو گی

ایڈیٹر کے نام خطوط

ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں

پھریسا کانفرنس

محترمی۔ تسلیم۔

دہلی میں ۲۶، ۲۷ فروری کو جو کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اس سے سب فرقوں کے لوگوں میں کافی دلچسپی پائی جاتی ہے اس کانفرنس کو چاہیئے کہ دونوں حکومتوں پر زور دیا کہ مہاجرین کو واپس جانے کی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ پرمٹ سسٹم ختم کیا جائے اور ریلیں چلائی جائیں

سید اظہر علی   مسرسی۔ مخدوم پور

مکرمی محترمی! السلام علیکم۔

ہمیں امید ہے کہ دوبارہ آبادکاری کے لئے جو کانفرنس دہلی میں منعقد ہو رہی ہے وہ ہندو مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان اتحاد کا سنگ بنیاد ثابت ہو گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ دونوں طرف کی حکومتیں نیک نیتی کے [illegible] آبائی گھروں میں واپس جا کر آباد ہو جائیں کیونکہ فطری طور پر ہر شخص کو اپنے آبائی وطن سے محبت ہے اگر ایسا ہو سکا تو دونوں حکومتوں کے تعلقات اور زیادہ خوشگوار ہو جائیں گے۔

(ابو سعید) محمد ابراہیم امام مسجد سیرانی۔ دہلی

انڈو پاکستان کانفرنس

جناب ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم۔

عنقریب دہلی میں ایک کانفرنس دوبارہ آبادکاری کے سلسلہ میں ہو رہی ہے جس کا مقصد ہند اور پاکستان کے [illegible] کانفرنس سے [illegible] ہندوستان میں رہتے ہوئے خاندان بے گھر اور ملازمت سے علیحدہ ہو گئے ہیں ان کے لئے بھی اس کانفرنس میں کچھ کرے ان میں ادنیٰ درجے کے مسلمان ملازمین خاص طور پر قابل ذکر ہیں جنہوں نے حکومت ہند کے مطالبہ پر عارضی طور پر پاکستان کے لئے رکھا تھا مگر وقت معینہ کے اندر واپس آگئے تھے۔ مگر پھر بھی ان کو ملازمت سے علیحدہ کر دیا گیا

(حکیم ابوالکلام صدیقی۔ صدر جمعیۃ [illegible] گورکھپور)

ہندوستانی سائنسدانوں کے اعزاز میں پارٹی

کینبرا ۲۵ فروری۔ آسٹریلیا میں مقیم ہندوستان کے ہائی کمشنر نے ہندوستانی سائنسدانوں کو جو اس وقت آسٹریلیا کے دورہ پر ہیں ایک پارٹی میں مدعو کیا جو آسٹریلیا کے وزیر اعظم ڈاکٹر ایواٹ کے اعزاز میں دی گئی تھی [illegible] مہمانوں نے اس پارٹی میں شرکت کی۔ (گلوب)

برطانوی انجینیر کی نظربندی

لندن ۲۵ فروری۔ آج برطانوی انجینیر جو کسی جہاز میں ملازم ہیں یہاں پہنچے۔ آپ نے اخبارات کے نمائندوں کو بتایا کہ انہیں تین دن کے لئے ڈینزنگ کی بندرگاہ کی جیل میں پولینڈ کی پولیس نے نظر بند رکھا اور اس عرصہ میں آپ کے اوپر طرح طرح کے سوالات کئے گئے۔ آپ نے تین دن متواتر جیل میں کھڑے رہ کر گذارے کیونکہ دیوار کے ساتھ سہارا لینا ہاں داخل جرم تصور کیا جاتا ہے۔ (گلوب)

مکتی فوج کے لیڈر کا اظہار خیال

لندن ۲۶ فروری۔ ہندوستان، پاکستان اور سیلون کے تین ماہ کے دورہ کے خاتمہ پر مکتی فوج کے لیڈر جنرل ارسبورن نے ایک پیغام میں کہا کہ تینوں ممالک کے لیڈر بڑی دلیری اور بہادری سے اہم مسائل کے حل کی جستجو کر رہے ہیں اور انہوں نے تہیہ کر لیا ہے کہ ہم مل جل کر پر امن زندگی بسر کریں۔ میری آنکھوں نے جو کچھ ان ممالک میں دیکھا اور جو کچھ بڑے بڑے افسران اعلیٰ نے کہا ہے۔ ان کی روشنی میں میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ مکتی فوج کی خدمات کو دنیا کے ہر حصہ میں سراہا جائیگا۔

پاکستان کے حصہ کا سامان

آرڈی ننس کی روانگی!

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علیخاں نے آل پاکستان مسلم لیگ کونسل کے افتتاحی اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہند کے آرڈی ننس اسٹوروں میں پاکستان کا جو حصہ ہے ہند نے اسے اب تک پاکستان کے حوالے نہیں کیا اس حوالے کرنے میں غلط فہمی پیدا ہونے کا احتمال ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہند نے اس وقت تک پاکستان کے حصے کے اسٹوروں میں سے نصف سے زیادہ پاکستان کے حوالے کر دیئے ہیں۔ پاکستان کا جو سامان باقی رہ گیا ہے وہ بھی بھیج دیا جاتا لیکن پاکستان نے قیمت کی ادائیگی کے طریقہ پر اعتراض کیا اس لئے اس سامان کی روانگی روک دی گئی۔

مصری تیل کی برآمد میں مشکلات

قاہرہ ۲۵ فروری۔ مصر کی تیل کی کمپنیوں اور حکومت میں تنازعہ ہو گیا ہے کیونکہ تیل کی کمپنیاں غیر ممالک کو کروڈ آئل بھیجنا چاہتی ہیں لیکن حکومت یہ چاہتی ہے کہ کروڈ آئل پہلے یہاں صاف کیا جائے اور مصر کی ضروریات پوری کرنے کے بعد باقیماندہ تیل غیر ممالک کو بھیجا جائے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ کتنی مضحکہ خیز بات ہے کہ مصر غیر ممالک کو کروڈ آئل خرید کرتا ہے۔ جب کہ مصر میں تیل نکالنے والی کمپنیاں کروڈ آئل غیر ممالک کو بھیجتی ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ تیل کی دو بڑی کمپنیاں سکونی ویکیوم آئل کمپنی اور اسٹینڈرڈ آئل کمپنی آئندہ اور کروڈ آئل نکالنے کا ارادہ نہیں رکھتیں۔

سکونی آئل کمپنی کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لیکن کمپنی کیوں کروڈ آئل کو صاف کرنے کے سلسلہ میں ۰۰۰۰۰۰ پونڈ مزید صرف کرے کیونکہ اس کا فائدہ تو صرف مصری حکومت کو ہے۔ (گلوب)

وزیر خارجہ ناروے کا بیان

اوسلو ۲۵ فروری:۔ کل ناروے کی پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ مسٹر لانگے نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ ناروے اٹلانٹک پیکٹ کی گفت و شنید میں شمولیت کرے گا۔ لندن اور واشنگٹن میں اس سلسلہ میں جو گفت و شنید ہوئی تھی اس سے آپ کو یقین ہو گیا ہے کہ پیکٹ کا مقصد صرف امن قائم رکھنا ہے۔ اگر دنیا میں امن قائم رکھنے کی ضرورت ہے تو مغربی ممالک کی جمہوریت پسند حکومتوں کو آپس میں تعاون کرنا چاہئیے۔ (گلوب)

اٹاوہ کی خبریں

(از نامہ نگار خصوصی)

انجمن ہدایت الاسلام مڈل اسکول کا جلسہ

اٹاوہ۔ انجمن ہدایت الاسلام مڈل اسکول کے ٹرسٹیوں کا جلسہ چار سال کے بعد ہوا۔ جن ممبران نے شرکت کی ان میں مولوی فدا حسین صاحب ایڈیٹر صاحب اخبار مومن نے اعتراض کیا کہ یہ جلسہ خلاف قانون ہے جب نہ کوئی ٹرسٹی ہے اور نہ مینیجنگ کمیٹی۔ از سر نو بورڈ آف ٹرسٹیز کا انتخاب کیا جائے تب فیصلہ کیا گیا کہ جو لوگ یکم مارچ تک سلیقہ پچیس روپیہ چندہ ادا کر دیں گے۔ ان کو حق رائے دہی حاصل ہو گا۔ ۸ مارچ کو ایک میٹنگ ہو گی۔ اور دستور العمل اسکول کے مطابق آئندہ بورڈ کا انتخاب ہو گا۔ شہر میں سید غریب الحسن صاحب موجودہ آنریری سکریٹری کی جانب سے ایک اشتہار کے ذریعہ اعلان کیا گیا ہے۔

پنچایت کے الیکشن میں سوشلسٹوں کو شکست

اٹاوہ۔ پنچایت کے انتخابات ۱۱ فروری سے شروع ہوئے اس وقت تک جو اطلاعات ملی ہیں ان سے یہی پتہ چلا ہے کہ انتخابات کانگریس کے ساتھ رہے۔ سوشلسٹوں نے جہاں بھی حصہ لیا انہیں ناکامی ہوئی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سب ڈویژنل مجسٹریٹ بڑی مستعدی سے کام لے رہے ہیں

سوشلسٹوں میں شدید اختلاف

معلوم ہوا ہے کہ یہاں سوشلسٹ لیڈران میں آپس میں شدید اختلاف ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے پارٹی کمزور ہوتی جا رہی ہے

کانگریسی امیدوار بلامقابلہ کامیاب

قصبہ کشکار تحصیل بھرتنا کی جنرل سیٹ پر ڈسٹرکٹ بورڈ پر شری گلاب سنگھ شکلا بلامقابلہ منتخب ہوئے۔

دفتر اخبار "جنمت" کی تلاشی

سٹی مجسٹریٹ مسٹر بھٹناگر نے پولیس کی جمعیت کے ساتھ اخبار جنمت اور کمیونسٹ دفاتر کی تلاشی لی۔ کوئی قابل اعتراض چیز برآمد نہیں ہوئی۔ البتہ کچھ کتابیں اور کاغذات کو سربمہر کر دیا گیا۔

پرتکلف دعوت

اٹاوہ کے مشہور کانگریسی لیڈر شری کشن لال جین نے اپنی بہن کی شادی کے سلسلہ میں حاکمین شہر و افسران ضلع کو نہایت پرتکلف دعوت دی۔ ہندو مسلمان سب شریک تھے۔

جمعیۃ العلماء کے انتخاب میں تاخیر

اٹاوہ۔ باوجودیکہ ممبر سازی ہو چکی ہے لیکن ہنوز انتخاب کی نوبت نہیں آئی دو مرتبہ تاریخیں مقرر ہو چکیں۔

اعلیٰ خدمات سرانجام دینے والوں کو تقسیم اسناد

پونچھ میں شاندار دربار

سری نگر ۲۶ فروری:۔ پونچھ میں ۲۴ فروری کو کمانڈر جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل آتما سنگھ نے ایک دربار کیا جس میں ہزار لوگ شامل ہوئے یہ لوگ مرد و زن اس دربار میں شرکت کے لئے آئے تھے۔

دربار میں شمولیت کرنے والے زیادہ مسلمان تھے جنرل آفیسر کمانڈنگ ایک شاندار جلوس میں وہاں شرکت کے لئے آئے۔ جیپ سے اتر کر انہوں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا حاضرین نے بڑے جوش و خروش سے نعرے لگائے۔ میجر جنرل آتما سنگھ ایک اونچی شامیانے میں بیٹھے ان کے ایک طرف آئی فوجی عہدیدار بیٹھے اور دوسری طرف جاگیردار کے حاضرین فوجی عہدیداروں میں بریگیڈیئر سردار سنگھ بریگیڈیئر یدو ناتھ سنگھ اور اقوام متحدہ کے مشاہدین بھی شامل تھے۔

جنرل آتما سنگھ نے اپنی تقریر میں ہندی فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ انھوں نے کہا ہندوستانی فوج کی موجودگی سے کشمیر یوں کو بہت سے مادی اور اقتصادی فوائد پہنچے ہیں۔ ان تمام فائدوں کی غرض میں صرف ان کی محبت اور خدمت کی خواہش ہے۔ انتشار و فساد کے دنوں میں جن لوگوں نے قابل قدر کام کیا ہے انہیں اسناد عطا کی گئیں۔ پونچھ سے سلسلہ قائم ہونے کے بعد گاؤں کے ممبر داروں نے ہندوستانی فوج کو بڑی امداد پہنچائی ہے ان کے تعاون کی وجہ سے دشمن کا بہت سا ہتھیار اور گولہ بارود پتہ لگایا جا سکا اور مغوی عورتوں کو پھر واپس لایا جا سکا جن سے مذہب تبدیل کیا گیا ہے ان کو بھی [illegible] معلوم ہوا ہے کہ جب حملہ آور اس علاقہ سے گئے تو

ہندوستانی فوج کے دستوں نے اپنے کیمپوں میں مردوں اور عورتوں کو دیکھا جو فاقہ اور اضطراب کی وجہ سے بیمار تھے فوجی کمانڈر نے فوراً ان کی طبی امداد کا بندوبست کیا اور ریاست کی حکومت نے جن کے علاقے سے واپس آنے والے شرنارتھیوں کی آبادکاری کا انتظام کیا [illegible] جنگل کر دو [illegible] دوسری رسد پہنچائی۔

مشرقی پنجاب میں بجلی کی اسکیم

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ معلوم ہوا ہے کہ امریکن فرم کے انجنیر حکومت ہند سے بات چیت کرنے کے لئے آج کل دہلی پہنچے ہوئے ہیں۔ یہ گفتگو مشرقی پنجاب میں اکر ولروم کے سرمایہ سے دو بجلی گھر اور کچھ سب اسٹیشن نانگل پراجیکٹ کے سلسلہ میں ہو گی۔

اس اسکیم کے ماتحت دہلی کو فائدہ پہنچانے کے علاوہ مشرقی پنجاب کے ۶۰ قصبات کو فائدہ پہنچیگا۔ اس میں پٹیالہ یونین اور ہماچل پردیش بھی شامل ہے۔ ۶ اہم سب اسٹیشن قائم کئے جائیں گے۔

برخوردار ممتاز کی تلاش

برخوردار ممتاز عمر ۱۴ سال پرسوں کے دن شام کے وقت سے کشن گنج فیض بخش حوض قاضی سے گم ہے لڑکی بہن بھائیوں کا نام جانتی ہے اور اردو بولتی ہے صرف ایک سفید قمیص پہنی رکھی ہے اگر کسی صاحب کو بلی ہو یا معلوم ہو تو محمد ادریس کشن گنج فیض بخش حوض قاضی پہنچائیں۔

روزنامہ

و

هفت روزہ

الجمعیۃ

کا

مطالعہ فرما کر اپنا قومی فرض

ادا کیجیے!

(مینیجر)

دارالسلطنت

۲۶ فروری [illegible]

سائیکل سوار زخمی

کل صبح گول ڈاکخانہ آفس کے قریب دہلی ٹرانسپورٹ سروس کی ایک بس کی زد میں آکر ایک سائیکل سوار سخت زخمی ہو گیا۔ بس گرفتے کی ایک اور واردات ڈسٹرکٹ جیل کے قریب ہوئی۔ بتایا گیا ہے کہ کار جو نہایت تیزی سے آ رہی تھی ایک اور لاری گاڑی سے ٹکرا گئی اور کار کسی کا ڈرائیور سخت زخمی ہوا۔

راجہ جی کے محل میں چوری

کھڑکیوں کے دو پردے اور بجلی کے تین چار بلب گورنر جنرل راجہ جی کے محل سے چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ پولیس اس سلسلہ میں سرگرمی سے تحقیقات کر رہی ہے

زیورات لے کر نوکر فرار ہو گیا

اکبر خان کی عدم موجودگی میں ایک نوکر۔ ۵۰ روپے کے زیورات اور قیمتی کپڑے لے کر بھاگ گیا۔ نوکر نے گھر کی کے کوٹے ہوئے شیشے میں سے ہاتھ ڈالکر کمرہ کی چٹخنی کھولی اور زیورات نکال لئے۔

ایک دوسرے شخص نے اطلاع دی ہے کہ اس کا نوکر زیورات اور نقدی کے علاوہ ریڈیو سیٹ بھی ساتھ لے کر چلتا بنا۔

ناگلوئی میں چوری

ناگلوئی سے اطلاع ملی ہے کہ دو شخصوں میں کپڑے اور قیمتی کاغذات تھے۔ کواڑ دروازہ کھلا رہ جانے سے رات کو کوئی مکان میں گھس کر نکال لے گیا۔

پہاڑ گنج میں ایک شخص سرکاری نل پر نہا رہا تھا کہ کسی نے اس کے کپڑے چرا لئے۔ اس کی جیب میں چالیس روپے کے نوٹ تھے۔

چھوٹا دروازہ میں ریلوے گوداموں سے اطلاع ملی ہے کہ ایک گوادم میں چور گھسے اور نقدی کپڑے اور دوسرا سامان اٹھا لے گئے۔

ریلوے اسٹیشن پر چوری

[illegible] ریلوے اسٹیشن پر بعض سید ساما نوں نے یانی کے نل کاٹ لئے

سیمنٹ کی ۴۵ بوریاں جو بہادر گڑھ لے جائی جا رہی تھیں پولیس نے برآمد کی ہیں اور ان کے ساتھ تین شخص ان کو گرفتار کیا ہے کیونکہ ان کے پاس پرمٹ نہ تھے۔

ملکہ باغ میں گرفتاری

ملکہ باغ میں شادی لال نامی ایک شخص کی گرفتاری عمل میں آئی اس کے پاس سے پستول اور کارتوس برآمد ہوئی۔

سڑکیں چوڑی کی جائیں گی

نئی دہلی مہا دہلی کی توسیع کی کمیٹی نے اپنے ایک جلسہ میں سڑکوں کو چوڑا کرنے اور ان کے ساتھ سائیکلوں کے لئے خصوصی راستے بنانے پر غور کیا۔ کمیٹی نے پی ڈبلیو ڈی کے ایک تجویز پیش کی جس کے ذریعہ سڑکوں کو بہتر بنانے کے لئے حسن پور میڈیکل روڈ، اور پرسا روڈ کو ایک سڑک کے ذریعہ ملانے کی سفارش کی گئی تیس ہزاری اور کیلپ روڈ کے پلوں کو چوڑا کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی [illegible] سرکاری روڈ، لال ڈرائیو روڈ، سرکلر روڈ، نظامین روڈ اور بعض دوسری سڑکوں [illegible]

گاؤں میں جھگڑا

[illegible]

کل لاجپت رائے مارکیٹ میں دکانداروں کی دو پارٹیوں میں باہمی تصادم ہوا جس میں ایک درجن اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے موقعہ پر آکر صورت حالات پر قابو پا لیا۔ اور ۱۶ اشخاص کو گرفتار کر لیا۔ جھگڑا ایک دکاندار کے اپنے دکان کے باہر سائیکل کیس رکھنے اور دوسرے کے اعتراض کرنے پر شروع ہوا۔ پولیس پہرہ پر لگا دی گئی ہے۔

نوجوان آدمی گرفتار

متھرا روڈ پر ایک نوجوان آدمی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں مہلک اسلحہ کے بغیر پایا اور گرفتار ہوا۔ دو اشخاص فیروزالدین شراب کی بوتلیں رکھنے کے الزام میں گرفتار کئے گئے۔

باڑہ ہندو راؤ سے پانچ جواری گرفتار کئے گئے

بازاروں کی بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی دھڑا کھلا بازار ۱۸۳/- ۱۸۳/- بند بازار ۱۸۳/۸/- سونا ۱۸۷/۸/- ۔ بار دانہ چیت ۱۶/- ۔ اپریل ۱۱۸/- گڑ حاضر ۱۲/۱۲/- ۔ بھاگن کھلا بازار ۱۳/۶/- ۔ بند بازار ۱۳/- ۔ بیساکھ کھلا بازار ۱۴/۲/۰ ۔ بند بازار ۲/۳/۷ آمد ۲۵۰۰ من شکر ۔ ۱۳/- ۔ کھنڈ ساری ۲۹/- ۔ تار ۳۶/- ۔ شکر گڑ ۳۰/۴/- ۔ سرسوں ۲۴/۶/- دانہ چینہ ۲۲/۲/۶ ۔ تیل ۸/۵/- ۔ کھل ۸/۴/- ۔ تارا میرا ۳۱/-/- ۔ مونگ پھلی ۱۹/۸/- ۔ بنولہ ۱۵/- مرچ ۱۳/۴/- ۔ چنا ۱۱/۰/- ۔ ارہر ۱۲/۸/- ۔ گندم ۱۹/۴/- جو ۱۶/-/- ۔ باجرہ ۱۸/-/- ۔ جوار ۱۷/- ۱۶/-/-

دہلی منیاری مارکیٹ

استرا ولایتی فی درجن بنگال ۱۰۵ - ۱۰۰ ۔ جرمنی ۱۲۰ -

ماچس ولایتی فی درجن ۔ کراؤن ۱۰/۴/- ۔ ادونس ۲۰/۸/- ۔ مغل ۱۵/-/- ۔ بائیسکل ۱۹/-/- ۔ روپے ۔ اپریل ۱۸/- ۔ برکلے ۱۰/-/- ۔ روپے ۔

کوٹ پٹیں فی گروس ۔ نلی سیاہ کناری ۲/۸/- روپے ۔ نلی سادہ ۳/۲/- روپے ۔ سادہ ۲/۸/- ۔

دہلی صرافہ مارکیٹ

چاندی حاضر ۱۸۶/- ۔ دانہ ۱۸۵/۱۰/- ۔ گنی ۱۸۵/- سکہ ۱۲۶/- ۔ سونا حاضر ۱۱۷/۸/- ۔ سونا دانہ ۱۱۶/۴/- ۔ گنی ۱۱۲/۲/- ۔ پونڈ ۸۲/- ۔ [illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

کالی مرچ ۱۹۲/- ۔ ہلدی ۳۶/- ۔ لونگ ۹۰/- ۔ [illegible] ۹۱/- ۔ زیرہ سفید ۸۰/- ۔ گولے ۔ ۶۵/- ۔ کوڑی ۶۵/- ۔ تیل گڑ ۸۲/- تیل السی ۵۲/- ۔ تیل مہوہ ۶۲/۸/- ۔ پتی ۳۴/۸/- ۔ کاسٹک ۔ [illegible] ۲۰/۱/- روپے ۔

مٹی کا تیل نہیں ملے گا

ڈپٹی کنٹرولر سول سپلائز کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ تیل کے اسٹاک کی حالت بہت خراب ہونے کے باعث ماہ فروری کا مٹی کے تیل کا کوٹا ٹکٹ ہولڈروں کو نہیں دیا جا سکیگا۔

کپڑے اور زیورات کی چوریاں

[illegible] اور کپڑے چوری ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں بازار سیتا رام کے ایک شخص نے اطلاع دی ہے کہ اس کے مکان سے ۱۱ ہزار روپے کے زیورات اور کپڑے چرا لئے گئے۔

گاندھی گراؤنڈ مارکیٹ میں ایک دکان سے ساڑھے چار ہزار روپے نقد اور زیورات کی صورت میں چرا لئے گئے۔

موتی باغ سبزی منڈی میں ایک مکان کا تالا توڑ کر چور ڈیڑھ ہزار کی مالیت کے کپڑے اور زیورات چرا لئے۔

کلکتہ میں مصری قونصل خانہ

نئی دہلی ۲۶ فروری:۔ معلوم ہوا ہے کہ مصری سفارت خانے نے جلدی ہی ایک قونصل خانہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں اضافہ کیا جا سکے۔ ہندوستان مصر سے جو [illegible] کیا جاتا ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ حکومت ہند سے سفیر [illegible] کی بات چیت کرنے کے لئے مصر سے ایک وفد جلدی ہی یہاں آئے گا۔ (گلوب)

مسئلہ میوات کے ساتھ وزیر اعظم کشمیر اور نائب وزیر اعظم کشمیر کی دلچسپی

میواتی پنچایت کے لیڈروں کی ملاقاتیں

دہلی ۲۶ فروری۔ سنٹرل میواتی پنچایت کے کارکنان رونا شیخ عبداللہ صاحب اور بخشی غلام محمد صاحب سے مل رہے ہیں۔ مورخہ ۲۵ فروری ساڑھے چار بجے دن وزیر اعظم اور نائب وزیر اعظم کشمیر سے کافی دیر تک گفتگو ہوئی۔ بخشی غلام محمد صاحب اراکین وفد کو اپنے ساتھ لے کر پنڈت جواہر لال نہرو کے پاس گئے اور جا کر گھنٹہ تک بخشی صاحب نے ارکان حکومت سے میوات کے بسانے کے سلسلہ میں بات چیت کی۔

معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو کے سکریٹری مسٹر کاچرو کو خاص طور سے میوات کا کام سپرد کیا گیا ہے امید ہے کہ مسٹر کاچرو جلد ہی میوات کا دورہ کریں گے اراکین وفد میں جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی حکیم الدین صاحب کے نام قابل ذکر ہیں۔ (نامہ نگار)

ریلوے اسٹیشنوں کے اسٹال اور ریفریشمنٹ روم

شرنارتھی ٹھیکیداروں کو ترجیح دی جائے گی

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ ریلوے اسٹیشنوں پر کھانا مہیا کرنے اور ریفریشمنٹ روم چلانے کیلئے جو ٹھیکے دئیے جاتے ہیں ہندوستان کی سرکاری ریلوے پر یہ ٹھیکے دیتے ہوئے ان شرنارتھیوں کو ترجیح دی جائے گی جن کو ریلوے اسٹیشنوں پر کھانے پینے کی چیزیں بیچنے کا تجربہ ہو گا اور جو پہلے کھانا وغیرہ مہیا کرنے کے ٹھیکیدار رہ چکے ہوں گے یہ ٹھیکے ایسے شرنارتھی ٹھیکیداروں کو ان ریلوے اسٹیشنوں کیلئے دئیے جائیں گے جن کے نزدیک انہوں نے سکونت اختیار کی ہو۔

مرکزی مشاورتی کونسل نے سفارش کی تھی کہ چھوٹے ریلوے اسٹیشنوں پر ریفریشمنٹ روم چلانے اور اسٹال کے ٹھیکے [illegible] مقابلے لوگوں کو جن میں شرنارتھی بھی شامل ہوں لیتے جائیں گے۔ ریلوے بورڈ نے [illegible] ریلوے اسٹیشنوں کے ٹھیکے مشہور فرموں اور لیے لیے ٹھیکیداروں کو دیئے جائیں۔ مذکورہ بالا فیصلہ انہی سفارشات کی بنا پر کیا گیا ہے۔ (گلوب)

تلاش گمشدگان

عبدالغفور صاحب ولد رمضان محمد حجام ساکن الور، سید عبدالکفیل سے ان کے خاندان کے حسب ذیل افراد گذشتہ فسادات مئی ۱۹۴۷ء میں بہادر گڑھ دہلی سے بچھڑ کر لاپتہ ہو گئے۔ اس وقت سے آج تک ایک کو دوسرے کی کوئی خبر نہیں ہے کہ کون کہاں ہے؟ اور کس پر کیا گذری؟ گمشدگان کے نام یہ ہیں۔

- ۱۔ عبدالرحیم ولد عبدالغفور حجام عمر ۳۰ سال
- ۲۔ اختری اہلیہ عبدالرحیم عمر ۳۰ سال (گود میں شیر خوار بچہ) (۳) جمیلہ بنت عبدالغفور عمر ۱۱ سال (عبدالرحیم کی ہمشیرہ) (۴) سرداراں بنت عبدالرحیم عمر ۹ سال (۵) بنت عبدالرحیم عمر ۳ سال۔

یہ سب الور محلہ سید کی گھیل بیرون دہلی دروازہ کے رہنے والے ہیں۔

صوبائی اور ریاستی جمعیۃ علماء کی شاخوں کے کارکنان حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر یہ مل جائیں کسی صوبہ یا کسی ریاست میں ہوں تو چند روز کے بعد ان کی خیریت اور حالات سے مجھے فی الفور مطلع فرما کر اخوت اسلامیہ کا مظاہرہ فرمائیں۔ اگر یہ لوگ پاکستان پہونچ گئے ہوں تو پاکستان کی انجمن مہاجرین الور اور پاکستان میں موجودہ مسلمانان الور سے اپیل ہے کہ وہ ان مظلوم افراد کے متعلق بالاعلان نام پتہ لگا کر مجھے مطلع فرمائیں۔

(سید نشیر حسین اختر درگاہ قدم رسول [illegible] سلیم سا بھا پور [illegible])

ولندیزیوں نے چینیوں کے مکانات جلا دئیے

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ انڈونیشین انفرمیشن سروس کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ انڈونیشیا میں ڈچ سپاہی چینیوں کے مکانات جلا رہے ہیں اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ چینیوں نے اپنی دکانیں کھولنے سے انکار کر دیا ہے۔ ڈچ حکام کو یہ شک ہے کہ چینی ری پبلکن گوریلا سپاہیوں کی امداد کر رہے ہیں۔

اعلان مذکورہ میں مزید بتایا گیا ہے کہ سولو در جوگا کے علاقے میں ڈچ سپاہیوں نے [illegible] تباہ کر دئیے ہیں۔ ڈچ ہوائی جہازوں نے جو کچھ گولہ باری کی (جنوب) طرف وزوسری کے مقام پر بمباری کی جس کے باعث کئی اشخاص ہلاک ہو گئے۔ اب لوگوں نے اس شہر کو خالی کر دیا ہے۔

۱۹ فروری کو ڈچ فوجیں تین اطراف سے [illegible] کی طرف بڑھیں۔ ڈچ ہوائی جہازوں کی بمباری کے باعث کئی شہری ہلاک ہوئے۔ ایک اور اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ گرانگمپٹ کے مقام پر لڑائی کے دوران میں ۶ ڈچ سپاہی مارے گئے اور ان کے اسلحہ پر ری پبلکن سپاہیوں نے قبضہ کر لیا۔ (گلوب)

انجمن طلبہ یوپی کا سالانہ اجلاس

[illegible]

انصاری اسٹوڈنٹس انسٹی ٹیوٹ کا

انتخابی جلسہ

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) انصاری اسٹوڈنٹس انسٹی ٹیوٹ بھاگلپور کا عام اجلاس انسٹی ٹیوٹ ہال چمپا نگر میں زیر صدارت مسٹر عبدالاحد صاحب مختار منعقد ہوا۔ علاوہ ممبران انسٹی ٹیوٹ کے مدعوین حضرات نے بھی بڑے جوش کے ساتھ شرکت فرمائی۔ حاضرین جلسہ کو انسٹی ٹیوٹ کی اہمیت بتلائی گئی۔ تمام لوگوں نے انسٹی ٹیوٹ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے ساتھ بڑی ہمدردی ظاہر کی۔ انسٹی ٹیوٹ کے عہدہ داران کا مندرجہ ذیل انتخاب بالاتفاق رائے عمل میں آیا۔

(۱) مولانا محمد اسحٰق صاحب صدر (۲) [illegible] لطیف الرحمٰن صاحب نائب صدر (۳) [illegible] صاحب نائب صدر (۴) مسٹر عبدالاحد صاحب [illegible] [illegible] صاحب خزانچی۔

دہام پور میں مشاعرہ

دہامپور۔ ۲۰ فروری (بذریعہ ڈاک) ٹاؤن ہال دہامپور میں زیر صدارت جناب سید [illegible] لال صاحب چیرمین میونسپل بورڈ دہامپور بزم اردو معلیٰ دہام پور کی زیر سرپرستی ضلع بجنور کے شعرا کا ایک عظیم الشان اجتماع ہوا [illegible]

یوپی کے زمین داروں کی کانفرنس

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر مزید بحث

بعض ممبروں کی طرف سے بل کو ملتوی کرنیکا مطالبہ

نئی دہلی ۲۵ فروری۔ کل ہندو کوڈ بل پر پارلیمنٹ میں بحث جاری رہی اور مذہبی اور عالمی دونوں گروپوں نے وید اور شاستروں کے حوالے دیئے۔ پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے پہلے خالص اردو اور پھر انگریزی زبان میں پورے زور سے اپنی مخالفانہ تقریر کی اور کہا اگر اس بل کو بلیغ تفویت بخشیں۔ تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ پوری ہندو سوسائٹی اس بل کے خلاف بغاوت کر دے گی

پنڈت بھارگو نے جب بل کو دوبارہ چیدہ کمیٹی کے پاس بھیجنے کی تجویز پیش کی تو ان کی تقریر میں مداخلت کی گئی۔ پنڈت بھارگو نے بل کو اس وقت تک ملتوی کرنے پر بھی زور دیا جب تک کہ [illegible] پنڈت بھارگو نے کہا کہ [illegible] لیکن ہندو سوسائٹی کے لئے اس بل میں جو اصلاحات پیش کی گئی ہیں وہ ناکافی ہیں ان لوگوں کا خیال ہے [illegible] [illegible]

[illegible]

مسٹر تمیز کا صاحب کی طرف سے حمایت

[illegible]

کرنسی نوٹ کی گردش میں اضافہ

نئی دہلی ۲۶ فروری۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۱۸ فروری کو ختم ہونے والے ہفتے میں کرنسی نوٹوں کی گردش میں [illegible] کروڑ کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ حکومت کی افراط زر کو روکنے کی کوششوں میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔ کل [illegible] کروڑ کے نوٹ چل رہے ہیں [illegible]

نیپال کی اقوام متحدہ کی ممبری کی درخواست

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر اور ملک کی زیر دست شخصیتوں کا مصدقہ دواخانہ ہے میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں میں امید کرتا ہوں کہ عموماً حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر جلد [illegible]

تریاق الجہم [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

جوہر ذیابیطس اس کا علاج مرض کا کامیاب علاج ہے بڑی خوبی یہ ہے کہ معدہ زائد شکر پیدا کرنی ہی بند کر دیتا ہے اور ساتھ ہی معدہ کی بھی اصلاح ہو جاتی ہے اصلاحی ملاقوں میں اس کا بکثرت استعمال جاری ہے قیمت فی شیشی چھ روپیہ جس میں اڑتالیس خوراک ہوتی ہیں۔

روغن تریاقی [illegible] کامیاب ہے دوسرے پرانے زخموں کو بھی بہت مفید ہے [illegible] استعمال ضرور کریں تاکہ مکمل صحت ہو جائے۔ قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنہ۔

حب جریان یہ گولیاں جریان اور رزلہ کیلئے بہت زود اثر ہیں بڑی خوبی یہ ہے کہ قبض نہیں کرتیں بلکہ قبض کو دفع کرتی ہیں جتنا کی کمزوری کو دور کرکے اس کا کی پیدا کرتی ہیں اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہیں۔ مقوی اعصاب ہیں قیمت فی درجن ایک روپیہ آٹھ آنہ پورا کورس چالیس گولیاں۔

المشتہر

مینیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف پندرہ یوم میں بلا استاد ہندی لکھنا اور پڑھنا سیکھ جاتے ہیں قیمت فی کتاب معہ محصول ایک روپیہ پانچ کتابوں کی قیمت معہ محصول تین روپے دو آنہ (۳/۲)

لب المجربات

شفاء الملک حکیم ذوالفقار حسن خان صاحب طبیب اعظم دہلی کے ذاتی اور خاندانی مجربات کا لاجواب ذخیرہ جس سے تقریباً سب ہی بیماریوں کے صد ہا بار کے آزمودہ اور سریع التاثیر نسخے بلا کم و کاست درج کئے گئے ہیں ہر مرض کی عام فہم تشریح علامات اور صحیح علاج بیان کیا گیا ہے سائز ۱۸×۲۲ صفحات ۲۳۲ قیمت رعایتی معہ محصول تین روپے دو آنے فہرست ادویات معہ جنتری سنہ ۱۹۴۹ء بالکل مفت منگوائیے۔

پتہ

مینیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

مصفی اعظم

خون صاف کرنے کی بہترین دوا

بنا موسم آتے ہی انسانی صحت میں تغیر شروع ہو جاتا ہے اور خون اس موسم میں خاص طور پر متاثر ہوتا ہے اور اس سلسلے میں پھنسیاں نکلنے لگتی ہیں طبیعت گری گری رہتی ہے پہلے زمانہ میں جب کام کرتا تھا۔ لوگ جلاب لیتے تھے لیکن آج کل لوگوں کو اتنی فرصت کہاں کہ وہ جلاب لیکر گھر میں پڑے رہیں مصفی اعظم اسی واسطے ایجاد کی گئی ہے کہ لوگوں کو جلاب نہ لینے پڑیں اس کے استعمال کرنے سے تمام جلدی بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں اور خون بھی صاف ہو جاتا ہے آپ بھی اس سے محروم نہ رہیئے۔ قیمت فی شیشی [illegible] ایک شیشہ

ہمدم دواخانہ بکس ۶۰ لال کنواں دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰
قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ یکم جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۵۰ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ آنے

مشرقی بنگال ریلوے مزدوروں کی ہڑتال

ڈھاکہ ۲۸ فروری۔ مشرقی بنگال ریلوے مزدوروں کی یونین نے حکومت کو نوٹس دیا ہے کہ وہ ۸ مارچ اور ۹ مارچ کی درمیانی شب سے ہڑتال کرے گی۔ ان مزدوروں کے مطالبات میں مزدوری میں اضافہ، بھتہ مہنگائی اور تخفیف کو بند کرنا ہے ان کے کل مطالبات ۲۱ ہیں۔

شرق اردن کے وفد کی روانگی ملتوی

عمان ۲۸ فروری۔ شرق اردن کا جو وفد اسرائیل کے نمائندوں سے گفت و شنید کے لئے روڈس جانے والا تھا اس نے موسم کی خرابی سے اپنا سفر ملتوی کر دیا ہے۔ امید ہے آج دوپہر کو یہ وفد روانہ ہوگا۔ کرنل احمد صادق جعفری اس کے لیڈر ہیں۔ (ویسٹ۔ رائٹر)

حکومت ہند ملک میں دہشت پسندی کی اجازت نہیں دے سکتی

کمیونسٹوں کے زیر اثر ریلوے ملازمین کی ہڑتال پر سخت اقدام کیا جائیگا

اسمبلی میں پنڈت جواہر لال نہرو کا کمیونسٹوں کے متعلق اہم بیان

نئی دہلی ۲۸ فروری۔ آج ہند پارلیمنٹ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے ہندوستان کے اندر کمیونسٹ پارٹی کے متعلق ایک اہم بیان دیا ان کے بیان کے بعد ممبران کی طرف سے متعدد سوالات کئے گئے۔ مثلاً کمیونسٹوں کو کہاں سے ہتھیار مل رہے ہیں۔ کمیونسٹ پارٹی کن کن صوبوں میں خلاف قانون قرار دی گئی ہے۔ ... حکومت ہند نے کیا قدم اٹھایا ہے اور یہ کہ ریاست حیدرآباد میں کمیونسٹوں نے ریاستی کانگریس کے کئی آدمیوں کو قتل کیا ہے۔ پنڈت نہرو نے ان سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ جنگ کے بعد ہتھیار حاصل کرنے کے مختلف طریقے ایجاد ہو گئے ہیں ان کے ذریعہ انہیں ہتھیار مل رہے ہیں۔ کمیونسٹ صرف صوبہ بنگال میں خلاف قانون ہے۔ حکومت ہند کے خیال میں بڑی طرف سے کمیونزم کے پنپنے کا خطرہ نہیں ہے۔ پنڈت نہرو نے بتایا کہ ریاست حیدرآباد میں کمیونسٹوں نے تین سو سے زائد کانگریسیوں کو قتل کیا۔

پنڈت نہرو کا جواب

پنڈت جی نے کہا کہ میں ایوان کی اجازت سے مختصر طور پر کمیونسٹوں سے متعلق سوالات کا جواب دیتا ہوں جو آپ کی دلچسپی کا باعث ہوگا۔

مغربی پاکستان اور سندھ کے درمیان ریلوے لائن کھلنے کا سوال

کلکتہ کے ہوائی اڈہ پر حملے کے بعد سرحد کے ایک گاؤں پر حملہ

۲ گھنٹہ تک مسلسل لڑائی - ۲۵ حملہ آور گرفتار

ہوائی اڈہ پر حملہ

بنکاک میں بحری اور بری فوج میں تصادم ریڈیو پر باغیوں کا قبضہ

شہر میں ٹینکوں اور توپوں سے گولہ باری

برما کانفرنس میں سیام پر بھی غور کیا جائے گا

برما کی خانہ جنگی میں تیس ہزار اشخاص ہلاک ہو چکے ہیں

دہشت انگیزی ختم کرنے کیلئے وزیر اعظم تھاکن نو کی اپیل

۳۶ بم برآمد

یکم مارچ کو ریاست کولہاپور کا انضمام

وزیر اعظم بمبئی تقریب انضمام انجام دینگے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat
الجمعیۃ روزانہ
PHONE 5855

Delhi 28.2.49

کانگریس کی اخلاقی پستی پر سردار پٹیل کی نکتہ چینی

بنگلور کے کانگریسی رضا کاروں کے جلسہ میں تقریر

بنگلور ۲۶ فروری۔ میسور سے آ کر سردار پٹیل نے کانگریسیوں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کانگریسیوں کو اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو پورے طور پر محسوس کرنا چاہئے اس وقت عوام کی واقعی ضرورتیں خوراک اور کپڑا ہیں۔ اگر صاحب اقتدار عوام کی یہ بنیادی ضرورتیں پوری نہیں کر سکتے تو وہ عوام کو خوش نہیں رکھ سکتے اور ان کے لئے سوراج کے کوئی معنی نہیں ہوتے۔

گاندھی جی کے متعلق سردار پٹیل نے کہا کہ یہ بدقسمتی ہے کہ آزادی حاصل ہونے کے فوراً بعد ہی وہ ہم سے چھوٹ گئے اور خاص طور پر اس وقت جب کہ ہمیں ان کی سخت ضرورت تھی۔ آج پریشان دنیا کو ان کے عقل مند رخ کی حاجت تھی۔

فرقہ داریت

پاکستان میں عربی رسم الخط

وزارت تعلیم کے ایک نمائندے کا بیان

کراچی ۲۶ فروری۔ وزارت تعلیم کے ایک نمائندہ نے کہا کہ پاکستان میں عام طور پر یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ اردو رسم الخط ...

ڈاک اور تار کے مزدوروں نے ہڑتال موقوف کر دی

مطالبات منوانے کے لئے دوسرے ذرائع اختیار کئے جائینگے

مدراس ۲۶ فروری۔ آل انڈیا ڈاک اور تار کے ملازمین کی یونین کی کونسل نے گذشتہ شب کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہڑتال کا وہ نوٹس جو یکم فروری کو دیا گیا تھا واپس لے لیا جائے اور اپنے مطالبات کو منوانے کے لئے دوسرے طریقے اختیار کئے جائیں۔ اجلاس ... بحث کے بعد یہ فیصلہ ہوا۔

کونسل کے ۵۰ ممبروں میں سے ... ممبروں نے بحث میں حصہ لیا۔ بعض ممبر چونکہ گرفتار ہیں اس لئے اجلاس میں شامل نہیں ہو سکے۔

... سخت غلطی کی ہے۔ اجلاس سے قبل ان لیڈروں کی گرفتاری سے صحیح فیصلہ کرنے میں مشکلات پیدا ہو گئیں لیکن اب چونکہ ہڑتال کو موقوف کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے اس لئے امید ہے کہ حکومت ان لیڈروں اور یونین کے ممبروں کو رہا کر دے گی۔

شکایات جائز ہیں

بمبئی کے ہڑتالی گارڈ

ریلوے حکام کی تنبیہ

اسرائیل اور شرق اردن کا تعاون

"پرانے دوست" کا ذکر خیر

سائنسداں بننے کی کوشش

ایک طالب علم جل کر مر گیا

شاہ عبداللہ کا بیان

بیت المقدس کا مستقبل

عرب پناہ گزینوں کا مسئلہ

یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد ڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے
چشمہ دیا جاتا ہے

بیچاری عورت
روک تھام

دس ہزار روپیہ مفت انعام
امرتسر میں سونا تین روپے تولہ
ضروری نوٹ
ملنے کا پتہ:- نیو گولڈ سپلائی کمپنی (A-D) حلقہ نمبر ۱۲ - امرتسر

مسلمان مالکان مہاجرین جائداد کو اطلاع
آپ کراچی، سندھ کے بڑے شہروں میں اور لاہور، ملتان، لائل پور، راولپنڈی وغیرہ میں دکانیں، مکانات، فیکٹریاں ہماری معرفت آسانی سے تبدیل کرا سکتے ہیں۔
محمد احمد قریشی اینڈ کمپنی ایجنٹس انڈیا ماہر قیمت جائداد ہوسٹا بلڈنگ وکٹوریہ سٹریٹ کراچی

تجارتی آگاہی
ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ہماری مشہور و معروف تیار کردہ اشیاء
(۱) کوہ نور خضاب (۲) تبت سنو وغیرہ
جو ہمارے رجسٹرڈ شدہ مارکہ ہیں اور جن کے ہم واحد مالک ہیں ان کی نقل چالاک لوگ تیار کرکے پبلک کو دھوکا دے رہے ہیں لہذا بیوپاریوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم اپنے کسی نمائندہ یا ایجنٹ کی معرفت بغیر کسی بیوپاری کے آرڈر کے اپنا تیار کردہ مال حاضر ڈیلیوری فروخت نہیں کرتے۔ تمام مال جو ہمارے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے وہ حسب معمول ہم سیدھا خریداروں کو روانہ کرتے ہیں۔ لہذا کوئی ایسا نقلی مال کسی ایجنٹ سے حاضر ڈیلیوری پر نہ خریدیں۔
اس کے علاوہ بذریعہ نوٹس ہذا یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص نقلی و بناوٹی مال بناتا ہوا یا فروخت کرتا ہوا یا کسی کے پاس فروختگی کے لئے ایسا مال پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ سخت سے سخت قانونی کاروائی دیوانی یا فوجداری یا ہر دو کی جاوے گی و نیز ہمارے ہر قسم کے ہرجانہ کا وہ ذمہ دار ہوگا
مینجر کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی
نوٹ۔ اگر کوئی شخص ایسا مال فروخت کرنے کی غرض سے آپکو ملے تو اسکی اطلاع براہ مہربانی فوراً ہمکو دیں جس سے آپ ہر ممکنہ نوکا فائدہ ہو۔

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)
تین ہزار روپیہ کے نقد انعامات
داخلہ کی آخری تاریخ ۱۰ مارچ ۱۹۴۹ء
پہلا انعام
دوسرا انعام
تیسرا انعام
چوتھا انعام
پانچواں انعام
معمہ حل کرنیکی ترکیب
اشارات
فیس داخلہ
شرائط
مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۵ (اے۔ ڈی) جی۔ ٹی روڈ لاہور

پہاڑی بندر - مردانہ طاقت پیدا کرنیوالی بوٹی پہچانتے ہیں
پہاڑی بوٹی
جسے ایک پہاڑی سادھو لنگور کی مدد سے حاصل کیا۔

ری جوینٹن کورس
آیورویدک دواخانہ کلاں محل عیش باغ (ذ - A) دہلی

مشہور پبلسٹی ۳ نسبت روڈ لاہور کی معرفت شائع ہوا

ہندوپاکستان کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کیلئے دہلی کانفرنس کی تجاویز

ریلوں کی آمدورفت جاری کرنے اور پرمٹ سسٹم ختم کرنیکا مطالبہ

دو روزہ پھرباڈ کانفرنس کی کارروائی

دہلی ۲۰ فروری - متحدہ پاکستان کے مہاجرین کو ان کے اپنے گھروں میں واپس بسانے کے لئے جو کانفرنس ہفتہ کے روز یہاں پر مشرقی پنجاب کی انجمن اتحاد و ترقی کے دفتر واقع جامع مسجد میں شروع ہوئی دو دن تک جاری رہکر گزشتہ شب ختم ہوگئی۔ کانفرنس نے [illegible] کو ان کے گھروں میں واپس بسانے کے بارے میں ایک رزولیوشن (اسی صفحہ پر درج ہے) پاس کیا۔ کانفرنس میں تقریباً [illegible] نے شرکت کی جن میں پاکستان کے ڈیلیگیٹ بھی تھے۔

کانفرنس کے پہلے اجلاس کا آغاز مولانا حبیب الرحمن کے خطبہ صدارت سے ہوا۔ [illegible] نے پاکستان کے ہائی کمشنر [illegible]

[illegible]

کانفرنس میں جن لوگوں نے شرکت کی ان میں [illegible] سیتا رامیہ صدر کانگریس، پاکستان کے حاجی محمد خان، [illegible] ایم ایل اے مشرقی پنجاب، مولانا حفظ الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، [illegible] قاضی محمد احمد کاظمی، [illegible] قابل ذکر ہیں۔

پنڈت سندرلال نے رزولیوشن پیش کرتے ہوئے ابتدائی صدق دل کے ساتھ ہند اور پاکستان کی حکومتوں [illegible]

[illegible]

صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے کانفرنس سے [illegible] کہا کہ اگر مہاجرین پھر اپنے گھروں میں واپس بس جائیں تو یہ بہت بڑا کام ہوگا [illegible]

مشرقی پاکستان کی اقلیت [illegible] بلاک کے سکریٹری مسٹر [illegible] نے تقریر کرتے ہوئے ملک کی تقسیم اور اس کے بعد کے نتائج، کشمیر کی جنگ اور اس کے بعد ہونے پر روشنی ڈالتے ہوئے ان تمام چیزوں کو اینگلو امریکن سازشوں کا نتیجہ قرار دیا۔

حاجی محمد خان صاحب (پاکستان) نے پاکستان کے آئین پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا جو آئین بنے گا اس میں غیر مسلموں اور اقلیتوں کو وہی حقوق حاصل ہوں گے جو ایک سیکولر اسٹیٹ میں اقلیتوں کو حاصل ہوتے ہیں [illegible]

[illegible]

عربوں کے لئے انڈونیشی امداد

سنگاپور ۲۰ فروری - قاہرہ میں عرب دفتر اطلاعات کے ڈائرکٹر [illegible] نے فلسطین کے عربوں کی امداد کے لئے پچاس ہزار پونڈ چندہ جمع کیا ہے انہوں نے سنگاپور میں بتایا کہ عرب مسلمانوں نے ہی نہیں بلکہ دوسرے مذاہب کے لوگوں نے بھی چندہ دیا۔ انہوں نے چینی باشندوں کی سخاوت کا بھی ذکر کیا۔ بالی کے ہندوؤں نے بھی چندہ دیا ہے۔

مسلمانوں کو دوسرے فرقوں سے اتحاد کا مشورہ

عثمانیہ یونیورسٹی میں سردار پٹیل کی تقریر

حیدرآباد ۲۰ فروری - سردار پٹیل نے عثمانیہ یونیورسٹی کے کنووکیشن میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہندوستان کے چار کروڑ مسلمان دوسرے فرقوں کے ساتھ متحد [illegible]

یونیورسٹی کے چانسلر میجر جنرل چودھری نے سردار پٹیل کو ڈاکٹر آف لاکی اعزازی ڈگری عطا کی۔

سردار صاحب نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں ماضی پر [illegible] ڈال دینا چاہئے اور ہر شخص کو ہندوستان کو عظیم ملک بنانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ہم سب یہیں پیدا ہوئے ہیں، ہندوستان ہمارا ہے اور ہمیں یہیں مرنا ہے۔ ہمیں مہاتما گاندھی کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے۔

طالب علموں اور ان کے استادوں پر آزاد ہندوستان کے آئندہ باشندوں کی تربیت کے ذمہ دار ہیں۔ بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ طالب علموں پر ملک کی مستقبل کی [illegible]

[illegible]

ہندوستان کی خدمت میں مجھے اپنے آپ کو ایک سپاہی تصور کرتا ہوں اور میں مرتے وقت تک سپاہی ہی رہوں گا۔ میری دعا ہے کہ اگر میں اس خدمت کے راستہ سے ہٹ جاؤں تو مجھے موت آجائے۔

طالب علموں کو مشورہ دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ انہیں ساری زندگی صحیح راستہ پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے صحیح راستہ تعمیر اور ترقی کا ہے۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ طالب علم تخریبی راستوں کی طرف مائل نظر آتے ہیں۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر علی یاور جنگ نے صدر پٹیل کی ان خدمات کا ذکر کیا جو انہوں نے ملک کے لئے انجام دی ہیں۔

قوم پرور سکھوں کا مشورہ

۲ر مارچ کو یوم احتجاج نہ منایا جائے

کل نئی دہلی میں آل انڈیا اسکوڈ شلسٹ پارٹی کی ایگزیکٹیو کمیٹی نے جس کا جلسہ سردار [illegible] سنگھ کی صدارت میں ہوا تھا ایک اپیل شائع کی ہے جس میں اکالی پارٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ ۲ مارچ کو منائے جانے والے یوم احتجاج کو ملتوی کر دیا جائے۔

[illegible]

پاکستان کیلئے علاقائی فوج

کراچی ۲۰ فروری - کل پاکستان پارلیمنٹ میں وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت پاکستان نے ایک علاقائی فوج بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

انہوں نے کہا حکومت فوج میں کسی قسم کے غیر وفادار عنصر کو برداشت نہ کرے گی انہوں نے کہا حکومت یہ توقع رکھتی ہے کہ سب افراد اپنے بال بچوں کو پاکستان میں رکھیں گے مسٹر نظام الرحمن نے بتایا کراچی میں پلاسٹک فیکٹری نصب کرنے کی تجاویز زیر غور ہیں۔

لاہور ۲۸ فروری - معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی ایک کرکٹ ٹیم [illegible] مارچ کو [illegible] سیلون جائے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے سکریٹری مسٹر [illegible] ٹیم کے ساتھ منیجر کی حیثیت سے جائیں گے۔ اندازہ ہے کہ یہ ٹیم ۲۰ مارچ کو روانہ ہو جائے گی۔

بعض انڈونیشی لیڈروں کو رہا کر دیا گیا

۱۲ر مارچ کو انڈونیشیا میں گول میز کانفرنس

بٹاویہ ۲۸ فروری - ڈچ نیو کیبنٹ نے انڈونیشیا سے اطلاع دی ہے کہ ڈچ فوجی حکام نے کچھ انڈونیشی قیدی لیڈروں کو رہا کر دیا ہے۔

ڈچ حکومت ۱۲ مارچ سے ایک گول میز کانفرنس منعقد کر رہی ہے جس کے متعلق ہیگ میں کہا گیا ہے کہ اس کانفرنس میں جمہوری لیڈروں کو شامل کرنے اور ان کا تعاون حاصل کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی۔ ڈاکٹر سوئیکارنو کو بھی اس کانفرنس میں مدعو کیا جائے گا۔

[illegible]

جمہوری لیڈروں کو یہ آزادی حاصل ہوگی کہ وہ چاہیں تو اس کانفرنس میں شرکت کریں [illegible] انڈونیشیا کے فیڈرل گروپ کے متعلق خیال ہے کہ وہ مجوزہ فیڈرل حکومت میں شریک ہو اور یواین او کا ممبر بن کر اس میں ہمیشہ شرکت کرے گا۔

باخبر حلقوں کی اطلاع کے مطابق [illegible]

علیگڈھ میں گرفتاریاں

علیگڈھ - ۲ فروری - ڈاکٹر مرزا ممتاز صدر اسٹوڈنٹس فیڈریشن، مسٹر عبدالحق سکریٹری، مسٹر [illegible] جائنٹ سکریٹری، [illegible] خلیل الرحمن [illegible] انجمن ترقی پسند مصنفین کیمونسٹوں کی اجتماعی گرفتاری کے سلسلہ میں گرفتار کر لئے گئے۔ (نامہ نگار)

فرانسیسی ہائی کمشنر کی روانگی

ہند چینی کی موجودہ صورت حال پر غور

سیگاؤں ۲۸ فروری - ہند چینی کے فرانسیسی ہائی کمشنر اپنی حکومت سے بعض اہم مشورے کرنے کے لئے فرانسیسی حکام کو ہند چینی کی صحیح صورت حال سے مطلع کرنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو گئے۔

آزادی کی راہ میں کانٹے پیدا کرنیکے باوجود آفتاب آزادی طلوع ہو گیا

انگریزی سیاست نے ہمارے ہی ملک کے افراد کو ہمارے خلاف کھڑا کیا

بہار کانفرنس میں مولانا حفظ الرحمن کا خطبہ صدارت

پٹنہ - (ضلع ہزاری باغ) گزشتہ تیس سال میں ہر چند کوشش کی گئی کہ ملک آزاد نہ ہو اور آقایان فرنگ کا سایہ سروں پر قائم رہے لیکن ان کوششوں کے باوجود سرزمین ہند پر آزادی کا آفتاب طلوع ہوا اور ہم سب کو حریت و استقلال کی دولت ملی یہ الفاظ جمعیۃ علمائے ہند کے ناظم اعلیٰ مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے جمعیۃ علماء صوبہ بہار کی سالانہ کانفرنس میں اپنے خطبہ صدارت میں فرمائے۔

اس کانفرنس میں شرکت کے لئے دہلی سے جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن کے علاوہ مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی اور اخبار الجمعیۃ کے جنرل منیجر مولانا عبدالرحیم صاحب صدیقی بھی تشریف لائے تھے۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء [illegible] دہلی سے گیا پہنچے تھے [illegible] جمعیۃ علماء کانفرنس کی صدارت کے بعد بہار سے واپسی میں حضرت مولانا سلطان پور ضلع جمعیۃ علماء کانفرنس میں شرکت فرمائیں گے اور ۲ر مارچ تک دہلی واپس تشریف لے آئیں گے۔

حضرت مولانا نے خطبہ شروع کرتے ہوئے کہا - میں آپ سے پہلے بانیان جلسہ کی اس عزت افزائی کے لئے ممنون و شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اس اجلاس کا صدر منتخب کر کے بخشی ہے اگرچہ کثرت کار کے باعث مجھے مہلت نہ تھی کہ اس بار کو قبول کرتا لیکن احباب اور [illegible]

[illegible]

اگر اظہار تشکر کو رواداری کے رسمی پیرایہ میں ادا نہ کیا جائے تو میں اس کانفرنس کے منتظمین کا ادراک کی وساطت سے آپ سب حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

حضرات علماء و حاضرین جلسہ - گزشتہ تیس سال میں ہر چند کوشش کی گئی کہ ملک آزاد نہ ہو اور آقایان فرنگ کا سایہ سروں پر قائم رہے لیکن ان کوششوں کے باوجود سرزمین ہند پر آزادی کا آفتاب طلوع ہوا اور ہم سب کو حریت و استقلال کی دولت ملی۔

کہا جاتا ہے کہ عدم تشدد اور سچائی کے اصولوں سے آزادی نہیں مل سکتی [illegible] کسی ملک کی اتنی بڑی آبادی کو جتنی ہندوستان کی ہے آزادی ملی ہو [illegible] اسی طرح کی دوسری انجمنوں کے ذریعہ آزادی اور آزادی پسندوں کی شدید مخالفت کی گئی اور انگریزی سیاست نے ہمارے ہی ملک کے افراد کو ہمارے خلاف کھڑا کیا لیکن جب اس ترکیب سے بھی کام نہ چلا اور آزادی کا جوش بڑھتا ہی رہا [illegible]

[illegible]

فارقلیط صاحب کی علالت

گزشتہ چار روز سے حضرت مولانا محمد عثمان صاحب فارقلیط بخار اور نزلہ زکام میں مبتلا ہیں ڈاکٹر نے مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے۔ دعا کیجئے کہ حضرت مولانا جلد صحت یاب ہوں۔ ملاقاتی حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ چونکہ حضرت مولانا کو مکمل آرام کی ضرورت ہے اس لئے حتی الامکان ملاقات سے گریز فرمایا جائے۔ مدیر معاون

ڈم ڈم کی بندرگاہ پر کمیونسٹوں کا حملہ

حکومت ہند سخت اقدام کرے گی

نئی دہلی ۲۸ فروری - ڈم ڈم کے ہوائی اڈہ پر مسلح حملہ آوروں کی گولیوں کی وجہ سے [illegible] علاقہ ان کو کمیونسٹوں کی خطرناک سرگرمیوں سے تعبیر کرتے ہیں ان حلقوں کا کہنا ہے کہ کمیونسٹوں نے اس طرح اپنے مقاصد کی تکمیل کی کوشش کی ہے جو حکومت کی عام ہدایات سے بہت پست ہوگئی تھی۔ اگرچہ پولیس کی بے خبری میں ایسا ہوا ہے اور اسی نوعیت کے چھاپے مارے گئے ہیں جیسے پولیس پر مارے گئے ہیں لیکن حکومت اس احتمال سے بے خبر نہ تھی کمیونسٹوں نے ہفتہ کا دن اس لئے خاص طور پر مقرر کیا کہ اس دن ضلع کی پولیس کیمپوں میں مصروف رہتی ہے۔ لیکن پولیس سپرنٹنڈنٹ نے بڑی تیزی سے پولیس کو بلا لیا۔ حملہ آوروں کا تعاقب شروع کر دیا۔ حکام کا خیال ہے کہ صورت حالات پر پورا قابو ہے اور کمیونسٹ بھاگ رہے ہیں الہ آباد اور حیدرآباد میں بھی پولیس کمیونسٹوں کے مرکز سے کمیونسٹ فرار ہو رہے ہیں۔ بنگال اور آسام کی صورت حالات پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔

تازہ اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ کلکتہ سے امدادی پولیس ڈم ڈم پہنچ گئی ہے اور اہم مقاموں پر تعینات کر دی گئی ہے کلکتہ کے اطراف میں بھی اسی قسم کے اقدامات اختیار کئے جا رہے ہیں۔ ٹیلیفون سروس جو خراب کر دی گئی تھی اب ٹھیک ہو گئی ہے اور باقاعدہ کام کر رہی ہے۔

کل کی اطلاع مظہر ہے کہ ڈم ڈم کے ہوائی اڈہ اسلحہ فیکٹری اور برٹش انجینئرنگ فرم میسرز جیسپ لمیٹڈ کی ورکشاپ پر مسلح دہشت پسند گروہوں نے بیک وقت حملے کئے۔ یہ حملے تقریباً گیارہ بجے اور ۲ بجے بعد دوپہر کے درمیان کئے گئے۔ ان مسلح گروہوں نے ڈم ڈم سے چار میل دور گاڑیوں اور ریلوں پر [illegible] حملے کئے [illegible] ان حملوں میں پانچ اشخاص جن میں دو پولیس کے سپاہی بھی شامل ہیں ہلاک ہوئے اور سات اشخاص زخمی ہوئے جیسپ فیکٹری پر بھی بم پھینکے گئے۔ اس فرم کے پانچ افسران لاپتہ ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک افسر کو چھرا گھونپ دیا گیا۔ مغربی بنگال کے ایک کمیونیک میں بتایا گیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کی سرگردگی میں پولیس حملہ آوروں کے تعاقب میں جا پہنچی۔ ملزمین کو گرفتار کرنے کے لئے سرگرم کوشش کی جا رہی ہے۔

کمیونیک میں مزید بتایا گیا ہے کہ حملہ دوپہر کے وقت ہوا۔ جبکہ تقریباً ایک درجن مسلح نوجوان دو ٹیکسیوں میں بیٹھ کر ہوائی اڈہ پر پہنچے۔ دروازہ میں داخل ہوتے ہی انہوں نے ڈیوٹی پر تعینات پہرہ داروں پر متعدد دستی بم پھینکے بموں کے پھٹنے سے پیدا شدہ افراتفری کے دوران حملہ کر دیا گیا۔ سونا چاندی لوٹ لینے کے علاوہ حملہ آوروں نے پہرہ داروں سے جن کی تعداد سات تھی۔ رائفلیں بھی چھین لیں۔ اور فرار ہو گئے۔ حملے کے بعد کچھ جلوس بھی نکالے گئے۔ جن میں قابل اعتراض تقریریں کی گئیں۔ اور کچھ لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔ جس میں لوگوں کو تشدد پر اکسایا گیا۔ کلکتہ اور قرب و جوار کی بستیوں میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے۔

نیپالی کیمونسٹوں سے اسلحہ ملا

راکسول ۲۸ فروری - [illegible] کارآمد بیرت نگر کے ایک کیمونسٹ کے مکان سے بڑا ذخیرہ ملا ہے معلوم ہوا ہے کہ چند دن ہوئے کہ نیپالی پولیس کو اطلاع ملی کہ [illegible] کیمونسٹوں کی ایک جماعت موجود ہے۔ پولیس نے اس اطلاع پر [illegible] کاغذات ملے [illegible] نیپالی کیمونسٹوں کی تنظیم کے لئے ذمہ دار ہے۔ اس کا صدر مقام راکسول ہے جو نیپال کی سرحد کے قریب ہندوستانی علاقہ میں واقع ہے۔ ان کاغذات سے کشمنڈو میں سرگرم کیمونسٹوں کی موجودگی بھی ظاہر ہوتی ہے یہ اطلاع ملنے پر پولیس کو گرفتاری کی بہت بڑی مقدار کا پتہ چلانے میں بھی آسانی ہوگی۔ حکومت ہند نیپال کے کانگریس کارکنوں پر جو ہند میں سرگرم عمل ہیں کڑی نگاہ رکھ رہی ہے۔

مسلمان مہاجرین مالکان جائداد کو اطلاع

آپ کراچی، سندھ کے بڑے شہروں میں اور لاہور، ملتان، لائلپور، راولپنڈی وغیرہ میں دوکانیں، مکانات، فیکٹریاں ہماری معرفت آسانی سے تبدیل کرا سکتے ہیں۔

محمد احمد قریشی اینڈ کمپنی ایجنٹس اینڈ ماہر قیمت جائداد موتی بلڈنگ وڈ سٹریٹ کراچی

AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکوٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ [illegible] پیدا کرتا ہے۔ [illegible] قیمت: [illegible] تین روپے چار آنہ [illegible] تین شیشیاں نو روپے (للعہ) علاوہ محصول ڈاک۔

امیکو طلاء [illegible] قیمت فی شیشی تین روپے چار آنہ تین شیشیاں نو روپے (للعہ)

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ: امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

دہلی کا سفر کرو

یونین ہوٹل

بلیماران دہلی میں قیام کرو، جہاں رہائش اور کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے

صداقت کا امتحان کیجئے

مالک: حاجی محمد یونس اینڈ برادرز

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

کلکتہ کا افسوسناک حادثہ

کلکتہ سے چند مسلح نوجوانوں کے ہوائی اڈہ اور گولہ بارود فیکٹری پر حملے کی اطلاع موصول ہوئی ہے، یہ اطلاع یقیناً افسوسناک ہے۔ اس طرح براہ راست تخریبی سرگرمیوں کو اختیار کر لینا کسی ملک کے لئے نیک فال نہیں ہو سکتی، آج ہمارے سامنے برما کی مثال موجود ہے، جہاں حصول آزادی کے بعد ہی طاقت کی رسہ کشی شروع ہوگئی اور مکمل استحکام جو آزادی کے بعد کسی ملک کے باشندوں کا مقصد اول ہونا چاہئے تھا پس پشت جا پڑا، یہ بات تو باعث مسرت ہے کہ ابھی تک ہندوستان کو ایسی صورت حال سے دوچار نہیں ہونا پڑا ہے لیکن کلکتہ کا واقعہ اور اسی قسم کے دوسرے واقعات یہ اشارہ ضرور کر رہے ہیں کہ عوام کے ایک طبقہ کی ذہنیت کن لائنوں پر تشکیل ہو رہی ہے!

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس واقعہ کی براہ راست ذمہ داری کیمونسٹوں پر عائد ہوتی ہے، کلکتہ کے واقعات کی کڑیاں تلنگانہ، دکن، اور برما کے واقعات سے ملتی ہیں اور شاید کیمونسٹ دنیا، اور ملایا کی طرح ہندوستان کو بھی خانہ جنگی کا شکار بنا دینا چاہتے ہیں۔ [illegible]

حکومت خواہ وہ سرمایہ دارانہ ہو، فاشسٹ ہو یا اور کوئی، اس قسم کی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دے سکتی اور ہرگز اس کو گوارا نہیں کیا جا سکتا کہ پارٹیاں یا افراد اپنے سیاسی مقاصد کے لئے دہشت پسندی کو اختیار کریں۔ کیمونسٹوں کے متعلق حکومت ہند کی پالیسی واضح ہے جس کو چند الفاظ میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ سرزمین ہند پر کیمونزم کو ایک دہشت پسند تحریک کی صورت میں زندہ رہنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، ہاں البتہ یہ کیمونسٹ اگر صلح و آشتی کا راستہ اختیار کر کے اپنے عقائد اور نظریات کا پرچار کریں تو امن پسندی کی حد تک محدود رکھیں تو ان کے راستہ میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ پنڈت جواہر لال نہرو اور سردار پٹیل متعدد مرتبہ کیمونسٹوں کی دہشت پسندیوں کی مذمت کر کے ان کو نہایت معقول مشورہ دے چکے ہیں، حکومت بھی اپنی اسی پالیسی کے مطابق ان سرگرمیوں کے انسداد کے لئے ہر ضروری اقدام کر رہی ہے لیکن اس کے باوجود اس قسم کے واقعات کا ہونا اس سے مطالبہ کرتا ہے کہ ہم اپنے نقطۂ نظر کو بدلیں، ہر واقعہ کو محض وقتی ظاہری علامات سے جانچنے اور صحیح اسباب و علل کا کھوج نہ لگانے کی بجائے کوئی تدبیر کریں۔

زندگی اس قدر آسان نہیں جتنی کہ سمجھی گئی ہے، ہر واقعہ اپنی سیاسی قدروں کے علاوہ نفسیاتی قدریں بھی رکھتا ہے [illegible]

[illegible]

حکومت نے اس وقت تک ان سرگرمیوں کو روکنے کے لئے جو کچھ کیا وہ بالکل مناسب ہے، اس کو یہی کرنا چاہئے تھا، اور یہی کرنا چاہئے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں ان معاشی مشکلات پر بھی نظر ڈالتے رہنا چاہئے جو عوام کی زندگی کو جہنم بنائے ہوئے ہیں اور جن سے نجات حاصل کرنے کے لئے لوگ باہمی پریشانی کے باعث غلط راستہ اختیار کر بیٹھتے ہیں۔

ہم اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ ہندوستان کو آزاد ہوئے تقریباً دو سال ہو چکے ہیں لیکن ملک کا افلاس آج بھی ویسا ہی ہے جیسا پہلے تھا، عوام انہیں مصائب کا آج بھی شکار ہیں جن کے چنگل میں وہ پہلے بھی پھنسے ہوئے تھے، ان کا معیار زندگی آج بھی اتنا ہی پست ہے جتنا پہلے تھا، سرمایہ داروں کی اقتصادی لوٹ کھسوٹ آج بھی اسی طرح قائم ہے اور عوام کا اضطراب آج بھی اسی طرح موجود ہے۔

اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا ہے کہ کسی قوم کی کایا پلٹ کرنے کے لئے وقت کی ضرورت ہے، زندگی کو ایک دم تبدیل نہیں کیا جا سکتا، ہوائی قلعے تعمیر کر لینا تو چند سکنڈ کی بات ہے، لیکن حقیقی قلعے بنانے کے لئے مہینے اور سال درکار ہوتے ہیں [illegible]

[illegible]

ڈاکٹر سید حسین کا انتقال

[illegible] ڈاکٹر سید حسین کی اچانک [illegible]

نیا عراق

عراق کو تقریباً سو سال کے بعد سنہ ۱۹۲۱ء میں اپنی قسمت کا آپ مالک بنا۔ اور فرمانروائے حجاز شاہ حسین مرحوم کے فرزند شاہ فیصل اول مرحوم مسند نشین ہوئے، جنہوں نے عراق کی ترقی و خوشحالی کے لئے زبردست جدوجہد کی اور جن کی رہنمائی میں عربوں کی نشاۃ ثانیہ شروع ہوئی۔ عراق کو سنہ ۱۹۳۲ء میں مکمل آزادی حاصل ہوئی۔ اور وہ جمعیت اقوام کا ممبر بن گیا سنہ ۱۹۳۳ء میں شاہ فیصل اول رحلت کر گئے۔ جس سے ہر ایک عرب کو صدمہ پہنچا کیونکہ نہ صرف وہ عراق کے فرمانروا تھے بلکہ دنیائے عرب کے لیڈر بھی تھے۔

تاریخ

شاہ فیصل اول کے بعد ان کے فرزند شاہ غازی مرحوم ۲۱ سال کی عمر میں تخت پر بیٹھے۔ وہ نہایت جوشیلے اور سرگرم ہونے کے علاوہ ایک اچھے کھلاڑی اور سپاہی بھی تھے ان کی شادی ان کے چچا شاہ علی مرحوم کی صاحبزادی ہر میجسٹی ملکہ عالیہ سے ہوئی۔ ان کی وفات کے بعد ان کے فرزند ہز میجسٹی شاہ فیصل ثانی تخت نشین ہوئے جن کی عمر اس وقت چار سال کی تھی۔ اور شاہ علی مرحوم کے فرزند ہز رائل ہائی نس شہزادہ عبدالالہ نائب سلطنت اور کراؤن پرنس منتخب کئے گئے۔

شہزادہ عبدالالہ سنہ ۱۹۱۳ء میں پیدا ہوئے اور وکٹوریہ کالج اسکندریہ میں تعلیم حاصل کی آپ نے نہایت نازک دور میں قوم کی رہنمائی کی ہے اور اب بھی بڑی دانائی اور دور اندیشی کے ساتھ رہنمائی کر رہے ہیں، آپ نے فلسطین کے عربوں کی حمایت کے سلسلہ میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں، اور دنیائے عرب آپ کا احترام کرتی ہے عراق کا رقبہ ۱۱۶۰۰۰ مربع میل اور موجودہ آبادی ۵۰ لاکھ ہے۔ عربوں اور کردوں کی اکثریت ہے۔ زمین زرخیز ہے عراق میں موسم سرما میں سخت سردی پڑتی ہے اور موسم گرما میں بھی بعض مقامات میں ٹھنڈا رہتا ہے۔

دارالسلطنت بغداد کی آبادی ۶ لاکھ کی ہے۔ دوسرے خاص شہر بصرہ، موصل، کرکوک، کربلا وغیرہ۔

سیاسیات

حکومت اسلامی دستوری پارلیمنٹری اور جمہوری ہے۔ بادشاہ ریاست کا فرمانروا ہے اور مجلس قانون ساز دو ایوانوں پر مشتمل ہے سینٹ اور ایوان مندوبین عراق کی سیاسی ترقی سنہ ۱۹۲۱ء سے شروع ہوئی۔ برطانیہ کے ساتھ عراق کا پہلا معاہدہ سنہ ۱۹۲۲ء میں ہوا۔ لیکن اس سے عراق آزادی محدود ہو گئی۔

عراق نے شاہ فیصل مرحوم کی دانشمندانہ رہنمائی میں جدوجہد جاری رکھی اور سنہ ۱۹۳۰ء عراق اور برطانیہ کے درمیان معاہدہ ہوگیا۔ عراق نے دوسری سلطنتوں کے ساتھ تعلقات قائم کئے۔ بالخصوص سعودی عرب، شرق اردن، ترکی، افغانستان اور ایران کے درمیان معاہدے ہوئے۔

عمرانی حالت

اقتصادی میدان میں عراق کا مقصد ہے تنظیم کی جدوجہد کی جائے۔ ہم اسلامی روایات اور بلند ثقافت کو تمام نئی مشنری کی ترقی کرنا چاہتے ہیں۔

عراق کا انحصار زیادہ تر زراعت پر ہے، اس لئے ہم زندگی کے طریقوں کو ترقی دینے کی کوشش کر رہے ہیں، مجالس اعانت باہمی کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے سرکیں اور ریلیں بنائی جا رہی ہیں اور ان کی توسیع کی جا رہی ہے۔ حفظان صحت کے ادارے روز افزوں ترقی کر رہے ہیں۔ [illegible]

میں حکومت نے تعلیم پر ۳۲۶۰۰۰۰ دینار صرف کئے یعنی آمدنی کا ۱۰ء۲ فی صدی حصہ نجی اسکولوں کو مالی امداد دی جاتی ہے۔ اعلیٰ تعلیم کا بندوبست عراق میں بھی ہے۔ اور طلبا بیرونی یونیورسٹیوں میں بھی بھیجے جاتے ہیں عراق کی خواتین برابر ترقی کر رہی ہیں۔ اور ان کے تعلیم کے لئے جا رہے ہیں عراق کے اسکولوں میں ۴۰ ہزار لڑکیاں ہیں اور مختلف کالجوں میں بھی لڑکیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں ہز میجسٹی والدہ شاہ تعلیمی اداروں اور نسوانی مجالس سے خاص طور پر دلچسپی رکھتی ہیں۔

معاشی امور

عراق کی مالی حالت مستحکم ہے تیل کی کمپنیاں مقررہ رائلٹی ادا کرتی ہیں ملک زبردست زراعتی اور اقتصادی صلاحیتیں رکھتا ہے اور اس کی تجارت و صنعت برابر ترقی کر رہی ہے آمدنی کا ۱۰ فی صدی حصہ دفاع پر اور باقی صحت، تعلیم، آبپاشی اور دوسرے ضروری کاموں پر صرف کیا جاتا ہے دوسرے بینکوں کے علاوہ مالی استحکام کے لئے سرکاری بینک بھی کام کر رہے ہیں، زراعت و صنعت کو ترقی دینے کیلئے عراق انتہائی کوشش کر رہا ہے۔

عراقی ریلوے لائنوں کے علاوہ جن کی لمبائی ۱۵۵۵ میل سے زیادہ ہے۔ عراقی فضائی کمپنیاں ہوائی جہازوں کی سروسیں بھی چلائی جا رہی ہیں۔ بصرہ کی بحری اور فضائی بندرگاہیں تجارت اور ٹرانسپورٹ کے لئے گرانقدر خدمات انجام دے رہی ہیں۔

اٹلی کے کیمونسٹ روس کے حق میں لڑیں گے

روم ۲۰ فروری - اطالوی کیمونسٹوں کے ایک نمائندے نے کہا ہے کہ اگر روسی فوجیں کسی وقت اٹلی میں داخل ہوں تو اطالوی کیمونسٹ ان کے حق میں لڑیں گے۔

فرانسیسی کیمونسٹوں کے خلاف کارروائی

پیرس ۲۰ فروری - سیز ردار کونسل نے کیمونسٹ اخبار کے دفتر پر چھاپہ مارا ہے اور سرکردہ کیمونسٹوں کو گرفتار کیا تھا حکومت فرانس نے ان کے خلاف مقدمہ چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ (رائٹر)

ملایا کی حکومت نازی ہتھکنڈوں سے کام لے رہی ہے

لندن میں صدر ٹرانسوال انڈین کانگریس ڈاکٹر دادو کا بیان

لندن ۲۸ فروری - ڈاکٹر یوسف دادو صدر ٹرانسوال انڈین کانگریس نے یہاں جمعہ کو تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی افریقہ میں ملان کی حکومت آج جبر و تشدد اختیار کر رہی ہے۔ وہ اس طرز عمل سے بہت مشابہ ہے [illegible] ڈاکٹر یوسف دادو آج کل لندن میں [illegible]

[illegible]

دہلی کی عرب کانفرنس

پاکستان حصہ نہیں لے گا

کراچی ۲۰ فروری - [illegible] وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ پاکستان نئی دہلی کی عرب کانفرنس کے لئے کوئی نمائندہ نہیں بھیجے گا۔ [illegible]

[illegible]

کشمیر کے استصواب رائے کا ناظم

لیک سکسیس ۲۸ فروری - اقوام متحدہ کے جنرل سکرٹری مسٹر ٹریگولی نے استصواب رائے کے انتظامات کی [illegible] کشمیر کے [illegible] کا اعلان [illegible]

انڈونیشی لیڈر رہا کئے جائیں گے

بٹاویہ ۲۸ فروری - [illegible] انڈونیشیا کے اسیر لیڈروں کو رہا کر دیا جائے گا۔ [illegible]

برما کو ۲ کروڑ روپیہ قرض

لندن ۲۰ فروری - سفیر متعدد ذرائع اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ برما کو ۲ کروڑ روپیہ قرض دینے کے سوال پر غور کر رہی ہے [illegible]

کانڈیلہ کانگریس کمیٹی کے عہدیداران

کانڈیلہ (ضلع مظفرنگر) ڈاکٹر حکیم محمد الحسن صاحب [illegible] کانگریس کمیٹی کے عہدیداران کا انتخاب اتفاق رائے سے ہوا۔ [illegible]

پناہ گزینوں کو ان کے وطن سے دور بسانے کی کوشش غیر فطری ہے

تمام پناہ گزین اپنے وطن واپس جانے کیلئے بے چین ہیں

پھرلباڈ کانفرنس کی قرارداد

دہلی ۲۰ فروری - پھرلباڈ کانفرنس کی وہ قرارداد حسب ذیل ہے جو پناہ گزینوں کو ان کے اپنے پہلے گھروں میں بسانے کے سلسلہ میں منظور کی گئی۔

(۱) مارچ سنہ ۱۹۴۷ء میں امن کانفرنس کا دہلی میں جو پہلا اجلاس ہوا تھا اس سے اب تک فرقہ وارانہ فضا میں جو سدھار ہوا ہے۔ اور پناہ گزینوں کے بسانے کے کام میں جو کچھ ترقی ہوئی ہے اس پر یہ کانفرنس اپنی تسلی اور اطمینان کا اظہار کرتی ہے یہ کانفرنس ان لگاتار کوششوں کی بھی قدر کرتی ہے جو ہند اور پاکستان کی حکومتوں نے آپس کی بے اعتباری اور دشمنی کو ختم کرنے اور امن و امان کی فضا پیدا کرنے کے لئے کی ہیں۔

(۲) پھر بھی یہ کانفرنس اس بات پر سخت افسوس ظاہر کرتی ہے [illegible]

[illegible]

انہیں کسی چیز سے اتنی خوشی نہیں ہو سکتی جتنی یہ جانکر کہ وہ امن و آشتی کے ساتھ اپنے گھروں میں واپس جا سکتے ہیں [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں [illegible] ت کے پیچھے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ [illegible] چھپے ہوئے نہ ہوں۔ تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں (ادارہ)

جمعیۃ علماء مالیگاؤں کی اپیل

جمعیۃ علماء شہر مالیگاؤں نے چند تجاویز شعبہ مدارس اور تعلیم بالغان کے سلسلہ میں منظور کی ہیں۔ اور اس کے لئے ایک سب کمیٹی بنائی گئی ہے سب کمیٹی کے ارکان یہ حضرات ہیں۔ مولوی محمد الیاس صاحب صدر۔ حافظ محمد یوسف صاحب۔ مولوی عبد المجید انصاری۔ جمعیۃ مسلمانان مالیگاؤں سے پرزور اپیل ہے کہ سب کمیٹی کے [redacted] زندگی کے [illegible] کا فرض ہے کہ دینی تعلیم کے حاصل کرنے سے ذرا بھی غفلت نہ برتیں ورنہ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ ہمارا انجام کیا ہو۔

گرسہائے گنج میں جلسہ

موضع [illegible] ڈاک تحصیل چھبرامئو ضلع فرخ آباد میں جمعیۃ علماء حلقہ گرسہائے گنج کا جلسہ زیر صدارت منشی نیاز احمد نائب صدر ضلع جمعیۃ علماء منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا سید ابو البیان صاحب صدر ضلع و نیز حضرت مولانا بشارت علی صاحب نائب صدر ضلع جمعیۃ علماء نے جمعیۃ کے پروگرام پر تقریریں فرمائیں۔

سرکل نیدڑو

جمعیۃ علماء سرکل نیدڑو تحصیل امام پور ضلع بجنور کے ۲۳ ممبران مجلس منتظمہ منتخب ہوئے۔ حسب ذیل عہدہ داران کا انتخاب ہوا۔ صدر جناب حکیم سید حامد علی صاحب [illegible]۔ نائب صدر جناب حافظ عبد الوحید صاحب۔ نائب صدر منشی عبد الغنی صاحب۔ ناظم رضا الرحمن صاحب۔ نائب ناظم منشی چھوٹے خاں صاحب۔

جمعیۃ علماء ضلع سنگھ بھوم

جلسہ جمشید پور

ایک بجے دن کو برائے انتخابات ضلع عہدیداران ارکان ضلع کی مجلس ہوئی۔ اور بہ اتفاق رائے جناب خازن صاحب فیروز خان کو ضلع سنگھ بھوم کے لئے صدر منتخب کیا گیا اور ارکان مجلس نے جناب صدر کو اختیار دے دیا کہ باقی عہدیداران کو وہ خود منتخب کر لیں۔ جناب صدر فیروز خاں کی تحریک اور ابو عبد الحلیم و محمد یسین خاں کی تائید میں مہاتما جی کی یاد میں ایک ریزولیوشن پاس کیا گیا۔

تھانہ ساکچی

آزاد ہند دواخانہ ساکچی میں ارکان تھانہ کا انتخاب عہدہ داران کے لئے اجلاس ہوا سیٹھ [illegible] بخش انصاری صاحب صدر تھے۔ عہدیداران ذیل بہ اتفاق رائے منتخب ہوئے۔ صدر عالیجناب حکیم مولانا شکر اللہ صاحب نائب صدر جناب محمد پاشا۔ نائب صدر منشی محمد تسلیم صاحب ناظم اعلیٰ حکیم محمد یسین خاں۔ نائب ناظم جناب محمد [illegible] صاحب۔ خازن جناب ابو عبد الحلیم صاحب۔ دعا خیر پر جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

چمپارن

شاہی جمعیۃ علماء چمپارن کا جلسہ زیر صدارت الحاج حضرت مولانا [illegible] احمد صاحب منعقد ہوا جو بہ اتفاق رائے مولانا موصوف جمعیۃ علماء چمپارن کے صدر منتخب ہوئے اس کے بعد ضلع جمعیۃ کی کابینہ کے متعلق متعدد تجاویز پیش ہوئیں اور ان پر بحث کے بعد تجویز پاس ہوئی کہ ضلع چمپارن کی مجلس منتظمہ صدر محترم کو اختیار دیتی ہے کہ وہ خود ضلع جمعیۃ کی کابینہ مرتب فرمائیں اور اس کے بعد جلسہ ختم ہو گیا۔ صدر محترم نے حسب ذیل حضرات پر مشتمل ضلع جمعیۃ کی کابینہ مرتب فرمائی۔ اراکین مولانا [illegible] احمد صاحب مولانا ابو سعید صاحب [illegible] مولانا مسعود الرحمن صاحب [illegible] مولانا محمد حسین صاحب [illegible] حافظ مولوی محمد عثمان صاحب مولوی ابو البرکات صاحب [illegible] مولوی صدیق صاحب [illegible] حافظ محمد عالم صاحب۔ [illegible] مولوی محمد خاں صاحب [illegible] حکیم احمد حبیب الرحمن صاحب [illegible] ڈاکٹر احمد صاحب [illegible] ضلع جمعیۃ کے عہدیداران حسب ذیل ہیں۔ [illegible]

ناظم اعلیٰ، حکیم احمد حبیب الرحمن صاحب اور حافظ محمد عالم صاحب نائب ناظم۔ ڈاکٹر احمد صاحب خازن ضلع جمعیۃ کے مکاتب کا انتخاب بعد میں ہوگا۔ صدر محترم نے ضلع جمعیۃ کی طرف سے حسب ذیل ممبران پر مشتمل تعلیمی کمیٹی کا تقرر فرمایا ہے۔ حافظ محمد شان صاحب جنیا، مولوی عبد الباری صاحب بھوسکاری، اسمٰعیل صاحب [illegible] مونگیاری، مولوی مسعود الرحمن صاحب [illegible] حکیم محمد حبیب الرحمن صاحب [illegible] عبد الرؤف صاحب۔ [redacted] عزیز احمد

مجلس منتظمہ ضلع [illegible] کا جلسہ

۲۲ فروری کو ۷ بجے شب دفتر ضلع [illegible] میں مجلس منتظمہ کی ایک ضروری میٹنگ منعقد ہوئی۔ تلاوت کلام مجید کے بعد ناظم اعلیٰ نے گذشتہ کارروائی پڑھ کر سنائی اور منظور ہوئی۔ ضلع میں تعمیری پروگرام کو چلانے کے لئے سب کمیٹیاں بنائی گئیں جو کہ علیحدہ اپنی رپورٹ ضلع کو پیش کریں گی۔

(۱) ایک سب کمیٹی برائے قیام لائبریری۔ شیخ عبد المجید صاحب، منشی مشرف خاں صاحب اور کنوینر محمد رفیق صاحب بی اے مقرر ہوئے۔

(۲) تعلیمی سب کمیٹی۔ منشی مشرف خاں صاحب [illegible] مجید احمد صاحب۔ رفیق الرحمن صاحب۔ کنوینر منشی مشرف خاں صاحب۔

(۳) مالیاتی سب کمیٹی۔ محمد ادریس صاحب جعفری۔ محمد صدیق صاحب ٹھیکیدار۔ بدر الدین صاحب بجاج صاحب۔ محمد ابراہیم صاحب عبد العزیز صاحب اور محمد مرزا صاحب کنوینر مقرر ہوئے۔

آئین ساز سب کمیٹی۔ منشی محمد سلیم الدین صاحب۔ محمد صدیق صاحب قریشی۔ حکیم عبد الحفیظ صاحب۔ مولوی عبد السلام صاحب کنوینر محمد سلیم صاحب مقرر ہوئے۔

انعام سب کمیٹی۔ منشی مشرف خاں صاحب۔ رفیق الرحمن صاحب۔ نعمت اللہ انیس کنوینر مقرر ہوئے۔

اس کے بعد سال رواں کے لئے ۱۰۰۰/ روپے کا بجٹ پیش ہو کر منظور ہوا۔ اور ایک تجویز کے ذریعہ مولانا محمد سعید صاحب۔ سلطان یار خاں۔ سید محمد جعفری صاحب۔ ڈاکٹر تاج الدین قریشی کو میونسپل کمیٹی کا ممبر نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کی گئی اور توقع کی گئی کہ یہ اصحاب پورے طور پر ملک و ملت کی خدمت انجام دے سکیں گے۔ جلسہ بخیر و خوبی ۱۱ بجے ختم ہوا۔

آدا پور چمپارن

بمقام کیمپ زیر صدارت مولانا حافظ عبد العزیز صاحب [illegible] جمعیۃ علماء آدا پور کا انتخابی اجلاس ہوا۔ شروع میں [illegible] صاحب نے جمعیۃ علماء کی ضرورت پر مختصر سی تقریر کی۔ بعدہٗ حسب ذیل عہدہ داروں کا انتخاب اتفاق رائے سے ہوا۔

مولوی محمد سلمان صاحب صدر۔ حافظ محمد [illegible] صاحب نائب صدر۔ حافظ سعید الرحمن ناظم۔ شیخ عبد الستار صاحب نائب ناظم۔ حافظ عبد الکریم صاحب خازن۔ مولانا شاہ محمد صاحب۔ مولانا نیک محمد صاحب۔ محمد صلاح الدین صاحب۔ مولوی لعل محمد صاحب۔ شیخ امیر حمزہ صاحب۔ شیخ عبد السبحان صاحب۔ محمد فرحت حسین صاحب۔ مولوی محمد یسین صاحب۔ شیخ عبد الغفور صاحب۔ محمد شفیع احمد صاحب۔ مجلس منتظمہ کے رکن منتخب ہوئے۔

ضلع پورنیہ کا انتخابات

جامع مسجد کشنہار میں جمعیۃ علماء ضلع پورنیہ کا سالانہ انتخابی اجلاس زیر صدارت مولانا بہاؤ الدین صاحب سابق صدر ضلع جمعیۃ علماء منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع کے مختلف حلقوں سے ۳۰ نمائندوں نے شرکت کی اس میں مرکزی و صوبائی جمعیۃ علماء کی ہدایت کے مطابق باضابطہ حسب ذیل انتخابات عمل میں آئے۔ (۱) صدر مولانا بہاؤ الدین صاحب (۲) نائب صدر مولانا عبد الرزاق صاحب اور ڈاکٹر مظفر حسین صاحب (۳) ناظم اعلیٰ محمد صلیح صاحب (۴) نائب ناظم مولانا عبد الغفور صاحب [illegible] علاوہ صدر۔ حکیم الٰہی بخش صاحب اور [illegible] حکیم محمد یوسف [illegible] مسٹر مشہود الدین صاحب کٹیہار [illegible] مولانا [illegible] حسین صاحب۔ مجلس منتظمہ ضلع جمعیۃ علماء کے تقریباً [illegible] ارکان میں سے علاوہ عہدیداران کے ذیل کے گیارہ

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

کانگریسی کارکنوں کا فرض

محترم ایڈیٹر صاحب

وطنیشی سامراج کے ہندوستان سے جانے کے بعد اس نکمے عنصر نے جو آزادی کی جدوجہد میں عوامی مفاد کے خلاف کام کرتا رہا ہے اپنے کو پشیمان محسوس کیا۔ رجعت پسند۔ فرقہ پرست اور مذہبی عناصر نے ہندوستان کے مزدور عوام کو مذہب کا واسطہ دے کر سیاسی سماجی اور اقتصادی طور پر لوٹنے کے لئے متحد ہو گئے۔ انہوں نے ملک میں بحران پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اور ہر ممکن ذریعے سے کانگریس کے خلاف پروپیگنڈہ کیا۔ پنجاب کے حالیہ تمام عناصر کا گروہ تھا اس میں نمایاں حصہ لیا۔ راشٹریتا کے قتل نے اس عنصر کو مجبور کیا کہ وہ اپنے طریقہ کار کو بدلے [redacted] پرست اور جنتا کی بھلائی چاہنے والے بن گئے۔ یہ لوگ کانگریسی کارکنوں کے نزدیک تھے۔ ظاہرا طور پر تو یہ انکی قربانیوں کی تعریف کرتے تھے۔ مگر حقیقت میں ان کی پیٹھ میں چھرا گھونپتے تھے۔ جدوجہد آزادی کے سپاہیوں نے اپنی سادہ لوحی اور فراخ دلی کے کارن انہیں آغوش میں لیا۔ اس امید کے ساتھ کہ تبدیل شدہ نظریہ انہیں اصلی تبدیلی لانے کا موجب ہوگا۔

بدقسمتی سے یہ مطلب پورا نہیں ہوا۔ اور اب یقینی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ تعلق کارکنوں میں اخلاقی گراوٹ کا موجب بنا ہے۔ کانگریسی کارکن اپنی سستی کے کارن اس عنصر کے ہاتھوں [illegible] بنتے جا رہے ہیں۔ عوام جنہیں کانگریس سے [illegible]

تنظیمی جماعت کو مرکز [illegible] بنا دی ہیں کارکنوں کو خواہ وہ دوسری نجیوں میں ہوں یا جماعت میں ہیں۔ اپنے دلوں کو اچھی طرح ٹٹولنا چاہیے اور آزادی کے حصول کے بعد جو کچھ انہوں نے کیا اور کہا اس کا جائزہ لینا چاہیے۔ زندگی کے ہر پہلو میں اخلاقی نے ہندوستان دنیا بھر کی نظروں میں باعزت بنایا۔ کانگریس ہمیشہ ہندوستانی عوام کی سیاسی سماجی اور اقتصادی نجات کے لئے لڑی ہے۔ اس کا اصول سنسار بھر میں امن کا قیام رہا ہے۔

کیا سیاسی۔ سماجی اور اقتصادی نجات حاصل ہو گئی ہے؟ جواب منفی ملتا ہے۔

سیاسی طور پر آزاد ہونے کے بعد اقتصادی طور پر لوٹنے والوں کو بھی کھلی چھٹی مل گئی ہے اور اگر بہت جلد انہیں یہ احساس نہ کرایا گیا کہ ان کے مفاد عوام کے مفاد کے تابع ہیں تو ہندوستان میں حالات کے مزید خراب ہونے کا اندیشہ ہے جس مہاپرش کے خواب کا ہندوستان ابھی ہم کو تعمیر کرنا ہے۔ کانگریسی کارکنوں اور لیڈروں کو حالات کی نزاکت کا احساس کرنا چاہیے سیوا اور قربانی کا بلند اصول ہمارا اصول ہونا چاہیے۔ ذاتی مفاد و جھگڑے ہمارے چلن میں خرابی کا موجب نہیں بننے چاہئیں۔

سادہ لوح عوام کے نام پر میری تمام کانگریسی کارکنوں سے درخواست ہے کہ وہ موقعہ کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے اٹھیں اور ہندوستان کو خوشحال دیش بنانے کے لئے جدوجہد کریں۔

[illegible] منتخب کئے گئے

مولانا منور حسین صاحب مولانا عبد الرزاق صاحب مولانا محمد قربان صاحب مولانا عبد الحکیم صاحب مولانا بشیر احمد صاحب قاسمی۔ ڈاکٹر عزیز الدین صاحب۔ ڈاکٹر مظفر حسین صاحب۔ منشی محمد یوسف صاحب۔ منشی نعیم الدین صاحب۔ منشی منصور الرحمن صاحب۔ منشی کریم الدین صاحب

جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ کے لئے حضرات ذیل نمائندگان منتخب ہوئے۔ مولانا منور حسین صاحب، مولانا بہاؤ الدین، مولانا عبد الرزاق، مولانا محمد قربان صاحب۔ حکیم محمد یوسف صاحب۔ مولانا عبد الحکیم صاحب۔ [illegible] صاحب۔ مسٹر انیس الرحمن صاحب، منشی کریم الدین صاحب

ضلع آگرہ

دفتر جمعیۃ علماء فیروز آباد میں جمعیۃ علماء آگرہ کے ۱۲۲ ارکان کا جلسہ ہوا جس میں باتفاق رائے ذیل کے عہدہ داران کا انتخاب ہوا۔ مولانا اخلاق حسین صاحب صدر۔ ممتاز محمد خان صاحب نائب صدر۔ منشی تصدق حسین صاحب ناظم اعلیٰ۔ مرزا محمد یونس بیگ صاحب نائب ناظم۔ حاجی نظیر الدین صاحب خازن۔ شفاعت احمد صاحب نائب خازن۔ اسی جلسہ میں نمائندہ صوبہ کے لئے منتخب ہوئے۔ مولانا اخلاق حسین، سید ضیاء الحق صاحب۔ حاجی [illegible] صاحب۔ حاجی ندا حسین صاحب۔ منشی محمد ممتاز صاحب۔ حاجی [illegible] صاحب۔ حاجی محمد سلیم صاحب۔ منشی تصدق حسین صاحب

[illegible] بھی نہیں [illegible] ہمارا [illegible]

(مسٹر [illegible] ایڈوکیٹ ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی)

چیئرمین میونسپل بورڈ نجیب آباد توجہ کریں

محترمی۔ تسلیم۔

میں اکثر نجیب آباد جاتا رہتا ہوں۔ نجیب آباد سے جو پختہ سڑک زنانہ اسپتال کے قریب سے ہوتی ہوئی بانس منڈی کو جاتی ہے ایک عرصہ سے نہایت خراب حالت میں پڑی ہوئی ہے نجیب آباد کے احباب سے جب میں نے اس کے متعلق دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ عرصہ ۸ سال سے اس سڑک کی مرمت نہیں ہوئی اور بابا چیئرمین صاحب نجیب آباد کو توجہ دلائی گئی لیکن انہوں نے باوجود وعدہ کرنے کے مرمت کی طرف دھیان نہیں دیا۔ اس سڑک کے ذریعہ ٹھیکدار لوگ کافی تعداد میں بذریعہ بیل گاڑی اور موٹر وغیرہ بن سے بانس وغیرہ لاتے ہیں اور بورڈ کو کافی آمدنی ان کے ذریعہ ہوتی ہے۔ ان لوگوں کو بھی سخت تکلیف ہے سڑک میں ایک فٹ گہرے غار [redacted] کوئی چھپتی ہے اور اکثر لاریاں الٹ بھی گئی ہیں۔ ٹھیکداروں نے بھی چیئرمین صاحب کو بارہا اس طرف توجہ دلائی ہے لیکن آج تک کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ میں امید کرتا ہوں کہ [illegible] اس پر [illegible] کریں گے۔

(آفتاب عالم خاں میونسپل کمشنر امروہہ)

سہارنپور میں جھگڑا

محترمی۔ تسلیم۔

[illegible] ایک [illegible] جھگڑے کے متعلق [illegible] جس غلط اور گمراہ کن طریقہ پر شائع کیا گیا ہے وہ اخبار کی بے خبری اور غیر ذمہ دارانہ روش کا بہت ہی افسوسناک مظاہرہ ہے۔ یہ جھگڑا دو نوجوانوں میں ہوا جو بدقسمتی سے ایک ہندو اور دوسرا مسلمان تھا۔ ایک نے دوسرے کو زخمی کر دیا۔ ایک سال پہلے بھی ان دونوں میں لڑائی ہو چکی ہے اس وقت اس کے برعکس دوسرے نے پہلے کو زخمی کر دیا تھا دونوں مرتبہ جھگڑے کی بنیاد ایک ہی تھی جو ذاتی اور انفرادی معاملہ سے تعلق رکھتی ہے مگر شرارت پسندوں نے اس واقعہ کو غیر معمولی اہمیت دے کر فرقہ وارانہ جھگڑا بنانے کی کوشش کی اور بعض ذمہ دار غیر مسلموں نے اپنے خاص مقاصد کے پیش نظر اس کی عملی طور پر حوصلہ افزائی کی۔ میں اس قسم کے فتنہ پردازوں کی پوری قوت کے ساتھ مذمت کرتا ہوں اور جو غلط باتیں اس سلسلہ میں پھیلائی جا رہی ہیں ان کی پوری ذمہ داری کے ساتھ تردید کرتا ہوں۔ میں نے تمام واقعات حکام بالا کے گوش گذار کر دیئے ہیں۔

(حکیم سعید احمد۔ نائب صدر شرقی وارڈ کانگریس کمیٹی سہارنپور)

اطباء بستی کا اجلاس

بستی۔ (بذریعہ ڈاک) اطبائے ضلع بستی کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کے دور دراز مقام کے اطباء کرام نے شرکت [illegible] اور باتفاق آراء حسب ذیل قرارداد [illegible]

(۱) انجمن طبیہ ضلع بستی اس امر کو ضروری خیال کرتی ہے کہ ہر تحصیل میں ایک ذی استعداد طبیب اپنے حلقہ کا پروپیگنڈا سکریٹری مقرر کیا جائے تاکہ کام کرنے میں آسانی ہو۔ (۲) انجمن ہذا اطباء ضلع سے درخواست کرتی ہے کہ جملہ اطباء انجمن ہذا کے ممبر بن کر فن طب کو ترقی دیں۔ (۳) انجمن ہذا درخواست کرتی ہے کہ طبی (لائبریری) اور یونانی سرکاری دواخانہ کے لئے داخلے دے اور امداد فرمائیں۔ (۴) انجمن ان اطباء کے لئے جدوجہد کرے گی جو اب تک کسی وجہ سے رجسٹرڈ نہیں ہو سکے ہیں۔ (۵) انجمن ہذا کو معلوم ہوا ہے کہ بعض جگہ کے ہیلتھ آفیسر اطباء کو ایسی ادویہ کے استعمال کرنے پر پابندی عائد کرتے ہیں جن کا استعمال یونانی اور ایلوپیتھک میں مشترک ہے۔ لہٰذا یہ اجلاس حکومت سے درخواست ہے کہ اس قسم کی حرکت سے ان کو باز رکھا جائے۔ (۶) یہ اجلاس اس امر پر انتہائی غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے کہ بعض جگہ صاحب اختیار حضرات ایسے اطباء کو جو فن میں کافی مہارت رکھتے ہیں [illegible]

(بقیہ کالم ۶)

اقوام متحدہ کی اقتصادی و سماجی کونسل میں اہم قرارداد منظور ہو گئی

روس اور مغربی ممالک کی ایک دوسرے پر شدید نکتہ چینی

لیک سکسس ۲۸ فروری۔ اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل کے جلسہ میں روسی نمائندے نے مسٹر کرسٹوفر میو کی کل کی تقریر کو "مجنونانہ" قرار دیا۔ مسٹر کرسٹوفر میو حکومت برطانیہ کے معاملات خارجہ کے انڈر سکریٹری ہیں مسٹر میو نے روس کو چیلنج دیا تھا کہ وہ اہم اعداد و شمار شائع کرے جس طرح دوسرے ممالک شائع کرتے ہیں۔ انہوں نے روس اور پولینڈ پر یہ بھی الزام لگایا کہ وہ یوگوسلاویہ کے خلاف سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے اقتصادی دباؤ ڈال رہے ہیں۔

روسی نمائندے نے کہا کہ روس میں بے کاری مطلق نہیں ہے اس لئے اعداد و شمار کی اشاعت کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے مسٹر میو کی تقریر کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ مجنونانہ تقریر تھی۔ انہوں نے روس پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی اور کونسل کی توجہ دوسرے امور کی طرف مبذول کرانی چاہی۔ روسی نمائندے نے کہا۔

مسٹر تساریکن روسی نمائندے نے برطانیہ پر سخت الزامات لگائے اور کہا برطانیہ میں مزدوروں کی حالت زیادہ خراب ہو گئی ہے۔ اور سرمایہ دارانہ اقتصادیات کو زوال کا سامنا ہے۔ ان تمام واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سوشلسٹ نظام سرمایہ دارانہ نظام سے بہتر ہے۔

پولینڈ کے نمائندے [illegible] نمائندے کے بعد تقریر کی۔ اگرچہ اس نے اپنی تقریر میں برطانیہ پر الزامات نہیں لگائے لیکن یہ کہا کہ ہم امریکہ کی حکومت پر الزام لگاتے ہیں کہ وہ مشرقی یورپ کی جانب واشنگٹن پر پابندی لگا کر اقتصادی جنگ شروع کر رہی ہے۔

اس کے بعد کونسل نے ایک برطانوی قرارداد منظور کر لی جس میں تمام ممالک سے کہا گیا تھا کہ وہ اقوام متحدہ کو اقتصادی اور سماجی اعداد و شمار سے مطلع کریں۔ روس بالروسیا اور پولینڈ نے ووٹ نہیں دیئے۔

سوئٹزرلینڈ میں پناہ گزینوں کا کیمپ

جنیوا، ۲۸ فروری۔ ہنگری۔ زیکوسلاویکیہ رومانیہ پولینڈ اور یوگوسلاویہ سے سینکڑوں اشخاص ہر ہفتہ بھاگ کر سوئٹزرلینڈ میں پناہ لے رہے ہیں سال میں زیادہ تر کیتھولک شامل ہیں۔ حکومت سوئٹزرلینڈ ان ہزاروں پناہ گزینوں کے لئے کیمپ کھولنے کے سوال پر غور کر رہی ہے۔ [illegible] چند ہفتوں کے دوران میں سوئٹزرلینڈ میں مشرقی یورپ سے آنیوالے تین ہزار پناہ گزینوں کی رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ (گلوب)

حکومت صوبجات متحدہ متوجہ ہو

کیرانہ (بذریعہ ڈاک) ضلع مظفر نگر کے کالاؤں کا ایک خاص جلسہ قصبہ کیرانہ ضلع مظفر نگر یوپی میں بصدارت حکیم شجاعت علی خاں خاندانی معالج چیف منعقد ہوا جس میں ایک رزولیوشن کے ذریعہ حکومت یوپی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کالا کانفرنس کھالان منعقدہ لکھنؤ کے سالا لبات کو جلد از جلد پورا کرے۔ جلسہ نے لکھنؤ کانفرنس کی حمایت کرتے ہوئے انہیں اپنے جائز مطالبات بتلائے ہیں۔

حیدرآباد کے اختلافات رفع کرانے کیلئے مسٹر مینن حیدرآباد پہنچ گئے

حیدرآباد۔ (اے پ) ۲۶ فروری۔ حکومت ہند کی ریاستی وزارت کے مشیر مسٹر وی پی مینن کل شام بذریعہ ہوائی جہاز یہاں پہنچے حاکم بیٹ کے ہوائی اڈہ پر حیدرآباد کی متوازی کانگریس کے صدر مسٹر جناردھن راؤ دیسائی اور ان کے دو ساتھیوں مسٹر رام کرشنا راؤ اور مسٹر کاشی ناتھ وید یا نے آپ کا استقبال کیا۔ مسٹر مینن پولو رام دیو یا نسی میں فوجی گورنر کے مہمان ہیں اور سردار پٹیل کے حیدرآباد آنے تک یہاں قیام کریں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ مسٹر مینن ریاستی کانگریس کے دونوں گروہوں کو متفق کرنے اور ان کے اختلافات کو ختم کرنے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی معاونت کریں گے تاکہ مسٹر ڈیسائی اور سوامی رامانند کے گروہوں کو دہلی کے حالیہ معاہدے کے مطابق ایک کل ریاستی کانگریس کے ماتحت لایا جا سکے۔

سوامی رامانند تیرتھ کی ورکنگ کمیٹی کے دو ممبران ڈاکٹر جی۔ ایس ملکوٹ اور مسٹر دگمبر راؤ بندو جی کل شام مسٹر مینن سے ملے۔ خیال ہے کہ سوامی رامانند استعفٰی [illegible] اور ورکنگ کمیٹی توڑنے کی تازہ پیشکش پر بھی غور کر کل حیدرآباد کا نگریس کا صدر منتخب کرنے کا مطالبہ کیا گیا انہوں نے مسٹر مینن کو تازہ ترین صورت حال سے بھی باخبر کیا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مسٹر مینن مسٹر ڈیسائی کے گروہ کے نمائندوں سے مل کر ان کا نظریہ بھی معلوم کرنے کی کوشش کریں گے۔

(باقی کالم ۲ کے نیچے)

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے!

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ .... ۳/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ .... ۲/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کیلئے لکھیے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دارالسلطنت

۲۸ فروری [illegible]

مولانا فقیہہ الدین کو مبارکباد

دہلی ۲۸ فروری۔ کل رات جامع مسجد نئی دہلی میں احباب کا اجتماع ہوا مولانا فقیہہ الدین کے اعزاز میں ہوا جس میں موصوف کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا ناظم منتخب ہونے پر مبارکباد دی گئی۔ اس اجتماع کا اہتمام قاری محمد الیاس صاحب امام جامع مسجد نئی دہلی کی طرف سے کیا گیا تھا۔

جیب کتری عورتیں گرفتار

اطلاع ملی ہے کہ ریلوے اسٹیشن کے قریب بعض جیب کترا عورتوں نے ایک دوسری عورت کی جو بس میں سوار ہو رہی تھی، جیب کتر لی جب وہ عورت بس میں بیٹھی تو اس کو معلوم ہوا کہ کسی نے اس کی جیب کاٹ لی۔ اس کی جیب میں تیس روپے اور کچھ اہم کاغذات تھے جب اس کو اس واقعہ کا علم ہوا اس نے کچھ اشخاص کی مدد سے ان عورتوں کا تعاقب کیا جو کمپنی باغ کی طرف جا رہی تھیں۔ ان میں سے پانچ عورتیں تو حوالہ پولیس کر دی گئیں چھٹی عورت فرار ہو گئی۔ یہ سب عورتیں شاہ گنج آگرہ کی رہنے والی ہیں۔

چوری اور گرفتاری کے واقعات

ایک نوجوان لڑکا جو کل دریا گنج میں ایک شخص سے ملنے گیا تھا اس نے اس شخص کے کمرے سے ۱۱۸ روپے نقد ایک پارکر قلم اور پنسل چرالی اور فرار ہو گیا۔

موری گیٹ کے ایک ریسٹوران میں شراب پینے پر ہوٹل والے اور اس کے گاہکوں کو گرفتار کر لیا گیا

جامع مسجد ٹرام کے ایک مسافر کی ایک خوش پوش نوجوان نے جیب کتر لی اور فرار ہو گیا۔

قرول باغ میں ایک شخص ہری چند کے مکان میں چور گھس گئے۔ تقریباً پانسو روپیہ کے کپڑے اور نقدی لے گئے۔

پولیس نے شاہراہ عام پر جوا کھیلتے ہوئے گیارہ اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔

صدر بازار پولیس نے گردھاری نامی ایک شخص کو بلا لائسنس چرس رکھنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔

ڈاکٹر سید حسین کا ماتم

کل نئی دہلی میونسپل کمیٹی کے ہنگامی جلسہ میں ڈاکٹر سید حسین کی مصر میں افسوسناک موت پر اظہار ماتم کیا گیا۔ مسٹر رامیشور دیال کمیٹی کے نئے صدر نے جو گذشتہ جلسہ میں اپنے عہدے کا حلف نہ اٹھا سکے تھے اپنے عہدہ کا حلف اٹھایا۔

ایم این رائے کا بیان

مسٹر ایم این رائے نے کل شام کو ایک ملاقات میں ان افواہوں کو غلط اور بے بنیاد قرار دیا جو ان کے سوشلسٹ پارٹی میں شمولیت کے بارے میں پھیلی ہوئی ہیں۔ انھوں نے کہا اگر ہندوستان میں جمہوریت کو ترقی کرنی ہے تو اسے پارٹی بازی سے بلند رہنا چاہیے۔ انھوں نے کہا سیاسی پارٹیاں الکشن جیتنے کے لئے ناممکن وعدے کر رہی ہیں جمہوریت کے لئے لوگوں کی تعلیم ضروری ہے۔

افلاطون کے اس مقولہ کا حوالہ دیتے ہوئے انھوں نے کہا آج ہر جمہوریت کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ عوام میں اسے لوگ پیدا ہوں جو خود حکومت کرنے کا فیصلہ کر سکیں [illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا اجلاس

دہلی ۲۸ فروری۔ ۲۶ اور ۲۷ فروری کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا اجلاس انتخاب عہدیداران کے سلسلہ میں منعقد ہوا ۲۶ فروری کے اجلاس میں صوبہ دہلی کے [illegible] ارکان بلا مقابلہ اور آخری تین ارکان کثرت رائے سے ارکان اعزازی منتخب ہوئے۔

(۱) حضرت علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب مدظلہ (۲) مسٹر لال احمد صاحب زبیری (۳) سید محمد جعفری صاحب (۴) مولانا نور الدین صاحب بہاری (۵) مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی (۶) حکیم خلیل الرحمن صاحب (۷) مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی (۸) مولانا محمد عثمان صاحب فارقلیط (۹) مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی (۱۰) مولوی سید انیس الحسن صاحب۔

۲۷ تاریخ کے اجلاس میں عہدے داران کا انتخاب ہوا جس میں جناب الحاج حضرت مولانا احمد سعید صاحب کو صدر مولانا ضیاء الحق صاحب اور مسٹر لال احمد زبیری کو نائب صدر اتفاق رائے سے منتخب کیا گیا ناظم اعلیٰ کے عہدے کے لئے مولانا اخلاق حسین اور مولوی فقیہہ الدین صاحب کا نام پیش ہوا۔ مگر موخر الذکر نے واپس لے لیا۔ اس لئے مولانا اخلاق حسین صاحب بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ ناظم کے عہدے کے لئے مولوی فقیہہ الدین صاحب مولانا محمد رفیق صاحب دہلی اور [illegible]

نسادات کی تحقیقات کا بائیکاٹ

کیپ ٹاؤن ۲۸ فروری۔ فیلڈ مارشل اسمٹس نے اعلان کیا ہے کہ طلان کی پارٹی کی نسلی امتیاز کی پالیسی سے اختلاف رائے کی بنا پر ان کی یونائیٹڈ پارٹی مقامی باشندوں سے متعلق تحقیقاتی کمیشن کی کارروائی میں حصہ نہیں لے سکتی۔

یوپی اسمبلی کا بجٹ سیشن

کمیونسٹ پارٹی خلاف قانون

لکھنؤ ۲۸ فروری۔ یوپی اسمبلی کا بجٹ سیشن کل شروع ہوا پنڈت پنت نے اضافی مطالبات منظوری کے لئے پیش کئے اور ایوان سے درخواست کی کہ یوپی کے تحفظ امن عامہ کے قانون کو مزید ایک سال کے لئے جاری رکھنے کی منظوری دے اس ایکٹ سے پولیس کو بڑے وسیع اختیارات حاصل ہو گئے تھے۔ مسٹر لال بہادر شاستری نے وزیر اعظم کے رزولیوشن کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کمیونسٹ اپنے موجودہ رویہ پر مصر رہے اور انہوں نے دہشت انگیزی جاری رکھی تو حکومت کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا کہ ان کو خلاف قانون قرار دے دے۔

بڑودہ میں رشوت ستانیوں کا انسداد

بڑودہ ۲۸ فروری۔ حکومت بڑودہ نے ریاست میں رشوت ستانیوں اور دوسری بد انتظامیوں کے انسداد کی ایک مہم شروع کر دی ہے شکایت کرنے والوں کی درخواستوں پر معاملات کی تحقیق ہوتی ہے اور مجرمین کو سزا دی جاتی ہے۔ اس سلسلہ میں ۸ پولیس افسران کو برطرف کر دیا گیا ایک کے درجے کو کم کر دیا گیا۔ اور ایک افسر کی تنخواہ میں کمی کر دی گئی۔ دوسرے افسروں کے خلاف بھی اقدام کیا گیا۔ ۵ کو علیحدہ کر دیا گیا ۶ کو معطل کر دیا گیا۔ ایک کا تنزل کیا گیا اور بقیہ پر مقدمات چلائے جا رہے ہیں۔

مشرقی بنگال کے پناہ گزین

قریب کے صوبوں میں بسائے جائینگے

کلکتہ ۲۸ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ کل مغربی بنگال کی سکریٹریٹ میں مشرقی بنگال کے ۱۵ لاکھ پناہ گزینوں کو بسانے کے بارے میں اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں حصہ لینے والوں میں ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی ہند کی مرکزی حکومت کے وزیر صنعت مسٹر خورشید [illegible] مغربی بنگال کے وزیر اعظم اور دوسرے لوگ شامل تھے [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ دس لاکھ پناہ گزین مغربی بنگال میں باقی بہار، اڑیسہ اور آسام میں نیز کوچ بہار اور تری پورہ کی ریاستوں میں بسائے جائیں گے۔

مویشیوں کی نمائش کا افتتاح

دہلی ۲۸ فروری۔ کل راج گھاٹ پر مویشیوں کی کل ہند آٹھویں نمائش شروع ہوئی اس میں ۱۲ صوبوں کے ۵۰۰ مویشیوں نے حصہ لیا۔ مسٹر رام داس دولت رام نے نمائش کا افتتاح کیا۔ نمائش میں روسی اور چینی سفیر بھی موجود تھے۔ مسٹر دولت رام نے اپنی افتتاحی تقریر میں مویشیوں کی نسلوں کی اصلاح پر زور دیا۔ سردار اوتر سنگھ نائب صدر کل ہند نمائش مویشیوں نے دزیر خوراک کا استقبال کیا۔ اس کے ساتھ مرغیوں کی نمائش بھی کی جائے گی۔ نمائش کے کام میں [illegible] اور ۹۹ کپ انعام دیں گے۔

عراق میں سترہ گرفتاریاں

بغداد ۲۸ فروری۔ عراقی سیاسی پولیس نے [illegible] زائد ایسے اشخاص کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے عراقی فوج میں کمیونسٹ اور دوسرا ادب کا پروپیگنڈا کیا تھا گرفتار شدگان کو فوجی عدالتوں میں پیش کیا جائے گا۔

مولوی رفیق صاحب رحمانی کا نام پیش ہوا اور اتفاق سے عبد اول الذکر دونوں حضرات کثرت رائے سے منتخب ہو گئے اس کے بعد مرکز کے لئے ۲۱ اشخاص کا انتخاب ہوا جس میں ۱۶ باتفاق رائے اور ۵ کثرت رائے سے منتخب ہو گئے۔

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

[illegible] کا الزام غلط ہے ہر مسلمان کے لئے جنگ کربلا کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں مکمل تاریخی حالات قلم بند کئے ہیں قیمت شہید اعظم مع اسوۂ حسین صرف چار آنے (۱۴) سوانح مولانا ابو الکلام مولفہ مرزا صفدر علی گورنر چار آنے۔ ضیاء خاطر مولانا آزاد کی بے مثل تصنیف مجلد روپیہ انگلش [illegible] ایک روپیہ (۳) شہدی [illegible] ایک روپیہ (مع انقلابی قاعدے [illegible]) [illegible]

پتہ: منیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان دہلی

جہانگیر کے مقبرہ کو راوی سے محفوظ رکھنے کیلئے تین لاکھ روپے کی اسکیم

۲۰ مارچ تک ایک عظیم نہر تیار کرنے اور بند بنانے کا منصوبہ

لاہور ۲۸ فروری۔ لاہور میں دریائے راوی سے جہانگیر کے مقبرہ اور شاہدرہ کے گاؤں کو محفوظ رکھنے کا کام زور شور سے جاری ہے۔ اس سلسلہ تین لاکھ روپے کی ایک اسکیم بنائی گئی ہے جس سے مزدور مشینیں اور بوجھ اٹھانے والے مویشی اس بارہ میں سب ہی سے کام لیا جا رہا ہے یہ اسکیم بارش شروع ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جانی چاہیے کل سے زمین کھودنے کی مشینوں کے علاوہ ایک ہزار مزدور بھی ۳۰۰ فٹ لمبی نہر کھودنے کے کام میں مصروف ہیں تاکہ دریا پہاڑ کا رخ بدلا جا سکے۔ اپنا پرانا راستہ بدل کر دریائے راوی شاہدرہ اور مقبرہ کے بہت قریب سے بہ رہا ہے شاہدرہ کی دیوار کا ایک حصہ چند سال قبل جب دریائے راوی نے اپنا رخ بدلا تو خراب ہو گیا تھا۔ جب یہ نہر جاری ہو جائے گی تو دریا کا پانی اس میں چھوڑ دیا جائے گا۔ اگرچہ یہ کام بہت مشکل ہے لیکن مسٹر قریشی کو جو اس کام کے انچارج ہیں اس بات کا یقین ہے کہ اسی طرح شاہدرہ جہانگیر کا مقبرہ اور اعظم جاہ کا مقبرہ وغیرہ محفوظ ہو جائے گا۔ جب نہر مکمل ہو جائے گی اور گاڑی کے اردگرد کا بند بھی مکمل ہو جائے گا اور ریلوے پل کے بندکی توسیع بھی کر دی جائے گی تو مقبرہ سے ہمیشہ کے لئے خطرہ دور ہو جائے گا۔ اس نہر کی تیاری میں زمین کھودنے کی پانچ مشینیں لگی ہوئی ہیں۔ نہر کی تیاری کا کام ۲۰ مارچ تک مکمل ہو جانا ہے۔ مغل بادشاہوں کے مقبروں میں جہانگیر کا مقبرہ بہت زیادہ مشہور ہے۔ دور ہی سے اس کے سفید مینار دکھائی دیتے ہیں مقبرہ کے باغ جو بہت اچھی حالت میں ہیں لاہور کے باشندوں کی تفریح گاہ ہیں۔

حیدرآباد کانگریس کے باہمی اختلافات

سردار پٹیل کے پہنچتے ہی طے ہو گئے

حیدرآباد ۲۸ فروری۔ حیدرآباد کانگریس کے دونوں مخالف گروپوں کے لیڈروں نے سردار پٹیل سے ملاقات کر کے ان کو مطلع کیا ہے کہ مخالف گروپوں میں باہمی گفت و شنید سے تمام معاملات طے پا گئے ہیں۔

سوامی تیرتھ نے سردار پٹیل سے ملاقات کر کے اپنی مجلس عاملہ میں تبدیلیوں کے متعلق ان سے مشورہ کیا۔

پناہ گزینوں کے مطالبات

سردار پٹیل کو ایک یادداشت

بنگلور ۲۸ فروری۔ سردار پٹیل کے دورہ کے موقع پر پاکستان سے آئے ہوئے دسمبر اور سندھی پناہ گزینوں نے ان کی خدمت میں ایک یادداشت پیش کی جس میں [illegible] کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ یادداشت میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ ان لوگوں کو ریاست میسور کا باشندہ مقیم کر لیا جائے اور ان کو ملازمتیں دی جائیں۔ نیز پناہ گزیں افسر مقرر کیا جائے۔

ایلورہ میں مولانا محمد میاں کی تقریر

ایلورہ ۲۳ فروری۔ (بذریعہ ڈاک) گذشتہ دنوں چوک مسجد میں قاضی میر بدل علی صاحب کے زیر صدارت ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا عبد الماجد صاحب نے جمعیۃ علماء ہند کی ضرورت و اہمیت، اس کے اغراض و مقاصد اور اس کی خدمات پر نہایت موثر و دلنشین انداز میں تقریریں کیں حاضرین پر خاطر خواہ اثر ہوا۔ (نامہ نگار)

شرق اردن اور مصر کے تعلقات

لندن ۲۰ فروری۔ خیال ہے کہ شرق اردن اور اسرائیل حکومت کے مابین سمجھوتہ کی گفت و شنید عنقریب شروع ہوگی۔ اور جلد ہی ختم ہو جائے گی۔ چونکہ مصری حکومت اور اسرائیلی حکومت کے مابین معاہدہ طے ہو چکا ہے اس لئے [illegible] قاہرہ اور عمان میں آثار پائے جاتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ممالک کے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں [illegible] ہے۔ شرق اردن اور مصری افواج اس جانب ہیں اور اس سے عرب لیگ کی پوزیشن [illegible]

ڈاکٹر سید حسین کی وفات حسرت آیات

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا بیان

مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہندوستان کے لائق فرزند ڈاکٹر سید حسین کے حادثہ وفات کی اندوہناک خبر جمعیۃ علماء ہند کے حلقوں میں انتہائی رنج و غم کے ساتھ سنی گئی۔ مارچ ۱۹۴۸ء میں آپ ہندوستان کے سفیر کی حیثیت سے مصر بھیجے گئے تھے۔ وہاں آپ نے اپنے فرائض کو احسن و خوبی اور قابلیت کے ساتھ انجام دیا اور ہندوستان و مصر کے تعلقات کو زیادہ خوشگوار و مستحکم بنانے میں اتنی نمایاں خدمات انجام دیں کہ حکومت ہند نے آپ کو پورے مشرق وسطیٰ کی سفارت کے منصب جلیل پر فائز کر دیا۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم ایک اعلیٰ درجہ کے اخبار نویس ادیب مورخ اور مفکر ہونے کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی سیاست پر نہایت گہری نظر رکھتے تھے اور موجودہ بحرانی دور میں ہندوستان ان جیسے مبصر اور مدبر کی خدمات کا بہت زیادہ ضرورتمند تھا۔ ان کی وفات سے ہندوستان کی علمی اور سیاسی دنیا میں جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ مشکل ہی سے پر ہو سکیگا۔ ہمیں اور جمعیۃ کی جماعت کو ان کے انتقال سے سخت صدمہ پہونچا ہے۔ حق تعالیٰ ان کی روح کو اطمینان اور راحت نصیب کرے۔

مولانا آزاد کی دہلی پولی ٹیکنیک میں تقریر

ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد نے ۲۸ فروری کو دہلی پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوشن کی سالانہ تقریب میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پولی ٹیکنک کا جلد ہی دہلی یونیورسٹی کے ساتھ الحاق کر دیا جائیگا۔ مولانا آزاد نے کہا کہ یہ ایک ایسا ٹیکنیکل ادارہ ہے جو بہترین خدمات انجام دے رہا ہے لیکن اس کے لئے زیادہ جگہ اور زیادہ آلات وغیرہ کی ضرورت ہے۔ حکومت اس سے پوری طرح باخبر ہے اور کوشش کی جائیگی کہ یہ کمی پوری کر دی جائے۔

مدراس میں احتیاطی تدابیر

مدراس [illegible] کے دفتروں پر [illegible] ریلوے کے بڑے بڑے پلوں پر [illegible] کی حفاظت مدراس نے معطل کر دی ہے۔ ان [illegible] پر صرف وہی لوگ جا سکیں گے جن کے پاس سرکاری [illegible]

مسلمانوں کو رسول اکرم اور صحابہ کرام کے طریقوں پر چلنا چاہیے

متھرا میں جلسہ سیرت النبی مولانا عبد الحلیم صدیقی اور مولانا قاسمی کی تقریریں

متھرا (بذریعہ ڈاک) ممبر کو حاجی سید متھرا میں جمعیۃ علماء متھرا کی طرف سے ایک عظیم الشان جلسہ سیرت النبی جناب عبد الغنی صاحب رفیقی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول کریم کے بعد مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی نے ایک مبسوط تقریر فرمائی۔ آپ نے مسلمانوں کو پیروی رسول کریم کی تلقین کرتے ہوئے سیرت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور اپنے مخصوص انداز میں رسول کریم کی صداقت اور فضیلت پر عارفانہ قرآنی ثبوت پیش فرمائے آپ نے اس بات پر بہت زور دیا کہ مسلمانوں کو وہ صاف اور سیدھا طریقہ اختیار کرنا چاہیے جس پر رسول اللہ اور صحابہ کرام نے عمل کیا وہ تمام غیر مستند اور رسوم اور اعمال جن پر ہم اپنے آباؤ اجداد کی تقلید میں عامل ہیں ہماری زندگی کو اسلام کے راستے سے دور کا رہے ہیں۔

مولانا موصوف کے بعد مولانا اخلاق حسین قاسمی نے جمعیۃ علماء کے موجودہ مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا ہمارے سارے پیشرو علماء نے اپ کو فنا کر کے راستہ ہموار کیا ہے۔ مسٹر لیبیا نے لندن میں ہندوستانی علماء کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کو تباہی سے بچانے کا طریقہ صرف یہ ہے کہ دنیا اخلاقی اور روحانی قدروں کو اپنانے۔ اخلاق کی تعمیر جمعیۃ علماء کا مشن ہے۔ جمعیۃ علماء ہند وستان کو اخلاقی گراوٹ کے راستے پر دیکھنا نہیں چاہتی۔ آپ نے گاندھی جی کی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا جمعیۃ علماء نے کوئی نیا راستہ اختیار نہیں کیا ہے وہ گاندھی جی کے مشن کی تکمیل چاہتی ہے لوگ جمعیۃ علماء کو فرقہ وارانہ خطوں پر کام کرنے کا الزام دیتے ہیں مگر ہمارے سامنے گاندھی جی کی مثال موجود ہے۔ اگر گاندھی جی اخلاق انتقام و فراخدلی اور سچائی کے بلند اصولوں کی تعلیم دینے کی وجہ سے اتنے بڑے مہم قرار دیئے جا سکتے تھے کہ انہیں گولی کا نشانہ بنا دیا گیا تو ہمیں اس راستہ کے تمام خطرات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اسے طے کرنا ہے۔ اور ہندوستان کا اخلاقی وقار بلند کرنا ہے۔ مولانا قاسمی نے کمیونزم کے بڑھتے ہوئے سیلاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اس فتنہ کا مقابلہ صرف گاندھی جی کے اصولوں سے ہو سکتا ہے۔ جو تمام مذاہب کے مسلمہ اور بنیادی حقائق ہیں۔ آخر میں آپ نے مولانا حفظ الرحمن صاحب کی طرف سے یہ پیغام دیا کہ مسلمان ہر کسی کا خوف دہراس اپنے دل سے نکال دیں۔ اسلام میں ایسی ہی کفر ہے۔ ہر مسلمان سچے دل سے ساتھ اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں حصہ لے۔ یہی اسلام کے بے مثال اصول صداقت و مساوات پر عمل کر کے اپنی زندگی سے پیدا ہوتا ہے کر دینا چاہیے کہ ہم ملک کے اہم ترین عنصر ہیں اور ہمیں ملک کی ترقی اور خدمت کے کاموں میں نظر انداز کرنا ملک کا ناقابل تلافی نقصان کرنا ہے۔

مسٹر سکسینہ نے برت توڑ دیا

لکھنؤ ۲۸ فروری۔ مسٹر شبن لال سکسینہ ممبر دستور ساز اسمبلی اور ان کے تین دوسرے ساتھیوں نے جو ۱۲ فروری سے حکومت یوپی کے مبینہ خلاف مزدور طرز عمل پر بطور احتجاج برت رکھے ہوئے تھے گذشتہ شب مسٹر شنکر راؤ دیو کی درخواست پر اپنا برت توڑ دیا مسٹر شنکر راؤ دیو نے خط میں لکھا تھا تم اپنا برت توڑ دو اور اپنے مطالبات صدر کانگریس کے سامنے پیش کر دو۔

اسرائیل اور مصر کا سمجھوتہ ہمت افزا ہے

مسٹر ٹرگوے لی کا بیان

لیک سکسس ۲۶ فروری۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگوے لی نے کل مصر اور اسرائیل کے التوائے جنگ کے سمجھوتہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا۔ [illegible] اقوام متحدہ کی کمان میں اب تک کسی قسم کی فوج نہیں ہے لیکن یہ کمی دنیا کے [illegible] اس کا [illegible] نہیں ہے [illegible] جو دنیا میں امن کے خواہاں ہیں انہیں اس سے سبق حاصل کرنا چاہیے جو روڈز میں پہلے کونٹ برناڈوٹ اور بعد میں مسٹر رالف بنچ کے ذریعے حاصل کیا گیا ہے۔

ایر انڈیا کی ہڑتال ختم ہو گئی

بمبئی ۲۸ فروری۔ ایر انڈیا لمیٹڈ کی [illegible] یونین نے اپنے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایک ہفتہ پرانی ہڑتال کو ختم کر دیا جائے اس فیصلے سے تمام ملازمین کو آگاہ کر دیا گیا ہے اور ان کو کام پر واپس آنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

یورپ میں بیروزگاری میں اضافہ

بین الاقوامی لیبر آفس کی رپورٹ

جنیوا ۲۸ فروری۔ جنیوا کے بین الاقوامی لیبر آفس نے ہفتہ کے روز رپورٹ دی ہے کہ فرانس بلجیم۔ ڈنمارک فن لینڈ۔ اور سوئٹزرلینڈ میں بیروزگاروں کی تعداد میں ۱۹۴۹ء کے آخری مہینوں میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔ لیکن جاپان میں بیروزگاری ان ملکوں کے مقابلہ میں کم ہے۔

جنگ کشمیر کے قیدیوں کا تبادلہ

نئی دہلی ۲۸ فروری۔ اطلاع ملی ہے کہ حکومت ہند و پاکستان کے فوجی افسران اعلیٰ میں قیدیوں کے تبادلے کے بارے میں ایک سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ قیدیوں کا تبادلہ عنقریب جلد ہی جموں کے کسی مناسب مقام پر عمل میں آئے گا۔ قیدی افراد جو جنگ کشمیر کے سلسلہ میں گرفتار ہوئے تھے اس وقت ہند کے پاس، پاکستان کے پاس ان کی کل تعداد [illegible] ہے جبکہ پاکستان کے پاس ہندوستانی فوجوں کے قیدیوں کی تعداد [illegible] ہے۔ (گلوب)

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد و جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

انہی مردان حق و آگاہ حق پژوہ کی مکمل تاریخ ہے

قیمت ہر دو حصہ [illegible]

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون رجسٹرڈ

رگوں میں نیا خون پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵/-)

طلا نمبر ۲

اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک دم دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵/-)

تصدیق

آپ کا جیون جوانی واپس کے لئے واقعی جیون ثابت ہوا۔ [illegible] (لکھنؤ)

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی — فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات - مورخہ ۲ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۳ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۵۱ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ آنہ

سن فو کی نانکنگ کو واپسی

نان کنگ - یکم مارچ - ڈاکٹر سن فو وزیر اعظم چین کل کینٹن سے نان کنگ واپس پہنچ گئے - وہ چینی حکومت کے صدر کو کمیونسٹوں سے صلح کی گفت و شنید کرنے میں مدد دیں گے - خیال کیا جاتا ہے کہ صدر نے ان کو صلح کے بارے میں کمیونسٹوں کے طرز عمل سے مطلع کر دیا تھا - خیال ہے کہ اب پی پنگ میں چند روز کے اندر اندر صلح کی تجویزوں پر گفت و شنید کی جائے گی۔

سردار پٹیل ناگ پور میں

ناگپور یکم مارچ - سردار پٹیل نائب وزیر اعظم ہندوستان مسٹر وی پی مینن اور اپنے اسٹاف کے ہمراہ حیدرآباد سے ناگپور پہونچ گئے - رات انھوں نے گورنمنٹ ہاؤس میں گذاری - آج وہ دہلی آ جائیں گے

سرمایہ داروں اور تاجروں نے وزیر خزانہ کے بجٹ کی تعریف کرنا شروع کر دی

کارڈ اور ضروریات کی چیزوں پر ٹیکس بڑھنے سے غریب طبقہ میں مایوسی کی لہر

ہندوستان کے مختلف سرکردہ لوگوں کے بجٹ پر تبصرے!

پارلیمنٹ کے ممبروں کی رائیں

کلکتہ کے سرمایہ داروں کی طرف سے تعریف

ایک پروفیسر صاحب کی رائے

(باقی صفحہ ۲ پر)

پاکستان کا سال نو کا بجٹ، غریب طبقہ کو امداد

ہندوستان سے غیر ضروری مال کی درآمد پر محصول میں اضافہ

کراچی - یکم مارچ - مسٹر غلام محمد وزیر خزانہ پاکستان نے دوسرے سال کا اضافی بجٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ...

(باقی صفحہ ۲ پر)

چین کے کمیونسٹ لیڈر ماؤزے تنگ جلد از جلد صلح کرنا چاہتے ہیں

پیپنگ سے صلح کے وفد کی واپسی - نانکنگ میں صلح ہو جانے کی توقعات

(پریس ٹرسٹ) یکم مارچ

چین کے وزیر اعظم ڈاکٹر سن فو نانکنگ سے کینٹن واپس آ گئے ہیں ...

(باقی صفحہ ۲ پر)

سیام میں حکومت اور باغیوں میں صلح ہو گئی

حکومت نے ایک مفاہمتی کمیشن مقرر کر دیا

فلسطین میں التوائے جنگ کا معاہدہ

اسرائیل اور لبنان کے وفدوں میں گفتگو

(باقی صفحہ ۲ پر)

نظام اور پٹیل ملاقات

نظام سے ریاست کی شمولیت کے متعلق کوئی گفتگو نہیں ہوئی

حیدرآباد کے فوجی گورنر کا پریس کانفرنس میں اعلان

ڈم ڈم رجلہ - ۵ گرفتاریاں

خلاف قانون جلسہ

پولیس نے منتشر کر دیا

ڈاک اور تار کے ملازمین کی ہڑتال

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ

پائینیر ایر لائن آف پاکستان

شنبہ (منگل) — اور — جمعہ (شکروار)

دہلی - ڈھاکہ ... آمد ۴۰-۹ صبح روانگی ۴۵-۹ صبح

جمعرات (ویروار) — اور — یکشنبہ (اتوار)

دہلی - کراچی ... آمد ۲-۰ بعد دوپہر - روانگی ۱۵-۳ بعد دوپہر

شرح کرایہ و اسباب

دہلی / ڈھاکہ -/۲۰۰ روپیہ - اسباب زائد از ۴۴ پونڈ ۱/۲/- فی پونڈ

دہلی / کراچی -/۱۵۰ روپیہ -/۱۴ فی پونڈ

کھانا - کھانا بمطابق اوقات دوران سفر مہیا کیا جاتا ہے۔

پرمٹ - ایسے تمام مسافران کیلئے جن کے پاس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ علاقہ کا No Objection Certificate (نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ) ہو کمپنی خود پرمٹ برائے آمد پاکستان حاصل کر کے مہیا کرنا دلیست کرتی ہے

مزید معلومات و بکنگ کیلئے:-

کمرہ نمبر 4 ڈیوکو ریسٹورنٹ - کناٹ پلیس نیو دہلی

ORIENT AIRWAYS LTD.

CONNAUGHT CIRCUS NEW DELHI

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے ★ حیات شیخ الہند ★ تاریخ الاسلام مکمل (بچوں کیلئے) ★ حکایات صحابہ، قومی کتاب گھر دیوبند یو پی

فہرست مفت طلب فرمائیے۔

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 2.3.49.

PHONE 5855

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

آزاد ہندوستان میں اسکولوں کو اہم پارٹ ادا کرنا ہے

سندھیا اسکول کی ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر مولانا آزاد کی تقریر

گوالیار - ۲۸ فروری - اسکول ایک ایسی لیبوریٹری ہے جہاں پر کسی ملک کے مستقبل کے شہری تیار ہوتے ہیں لہذا ملک کا دارومدار ان لیبوریٹریوں پر منحصر ہے۔ یہ الفاظ وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد نے سندھیا اسکول گوالیار کی ڈائمنڈ جوبلی کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہے۔ مولانا آزاد نے سرکاری اسکولوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سندھیا اسکول جیسا ادارہ جو اکیڈمک کاموں میں صحت اور تندرستی کی انجمنوں اور تخلیقی سرگرمیوں پر یکساں اور برابر کا زور دیتا ہے ہندوستان کے لئے اس عبوری دور میں بہت مفید ہوگا۔

روایات کا امتزاج

برما پر دہلی میں دولت مشترکہ کی کانفرنس

برما کے نمائندے کانفرنس میں شریک نہیں ہوں گے

رنگون ۲۸ فروری - دہلی میں برما پر جو کانفرنس ہو رہی ہے اس میں برما کے نمائندے شریک نہیں ہوں گے البتہ اگر ضرورت محسوس ہوئی تو بعد کو برما کے نمائندے سفارت خانہ کی طرف سے مقرر کر دیے جائیں گے۔ برما نے حکومت برطانیہ سے مالی امداد کی درخواست کی تھی لیکن حکومت نے اس درخواست کو نامنظور کر دیا۔ خیال ہے کہ دہلی کی کانفرنس میں اس صورت حال پر بھی غور کیا جائے گا۔

آسٹریلیا کے نمائندے ڈاکٹر ایوٹ دہلی پہنچ گئے

[redacted]

مسٹر چرچل کے خلاف کمیونسٹوں کا مظاہرہ

چرچل مردہ باد کے نعرے

[redacted]

ہفتہ واری مشاعرہ

[redacted]

پیشہ ور جرنلسٹوں کا اجتماع

ایران میں عام انتخابات

ریاست کی انتظامی حالت کو درست کرنے کیلئے امن و امان پہلی شرط ہے!

ریاست میں فرقہ وارانہ اتحاد کی پرزور اپیل

کمیونسٹوں کے زہر کو پھیلنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی

حیدرآباد کے ایک جلسہ عام میں سردار پٹیل کی تقریر

کمیونسٹوں کو انتباہ

ریاست کا مستقبل

فرقہ وارانہ اتحاد

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ و مشاورتی کمیٹی کا اہم اجلاس

غیر مدعو حضرات شرکت کی زحمت نہ فرمائیں - مولانا حفظ الرحمن کا بیان

کمیونزم کے خطرہ کے پیش نظر ہند، پاکستان ایک دوسرے کے قریب آ رہے ہیں

برطانیہ کے اٹارنی جنرل مسٹر شاکراس کی تقریر

پٹیالہ میں سکھ عورتوں کا جلوس

اسرائیل اور شرق اردن میں قیدیوں کا تبادلہ

سوراشٹر میں میونسپلٹیاں اور پنچایتیں

ہند پارلیمنٹ

(صفحہ اول سے آگے)

فرانسیسی ہائی کمشنر کی روانگی

بدایوں میں فرقہ وارانہ فساد

بدایوں ۲۸ فروری - بدایوں میں فرقہ وارانہ فساد ہو گیا جس میں ۱۵ اشخاص ہلاک اور ۳۰ زخمی ہوئے۔

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے

یہ ضرورت جواہر ہوٹل والے ہی پوری کر سکتے ہیں۔ جہاں آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو، گوشت، کھیری، گردہ، بریانی، شیرمال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چائے، انڈا، کیک وغیرہ اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے!

جواہر ہوٹل - پروپرائٹر شیخ اللہ دتا بازار جامع مسجد دہلی

وزیر خزانہ نے بجٹ کے خسارہ کو نئے ٹیکس لگا کر پورا کرلیا!

نئے سال کے لئے اپنی تجاویز پیش کرتے ہوئے وزیر مالیات مسٹر جان متھائی نے ...

کارڈ اور لفافہ کی قیمتوں میں اضافہ لیکن سرمایہ داروں کے سپر ٹیکس میں کمی

کپڑے، چینی، چھالیہ اور پٹرول پر چنگی کی ڈیوٹی بڑھادی گئی

سال آئندہ ۴۵ لاکھ روپے کی متوقع بچت

دہلی یکم مارچ۔ وزیر خزانہ ڈاکٹر جان متھائی نے کل شام پارلیمنٹ میں سال آئندہ کا بجٹ پیش کردیا۔ بجٹ میں آمدنی کے نئے ذرائع یہ تجویز کئے گئے ہیں۔ ڈاک کی شرح میں اضافہ، ...

نئے ٹیکسوں کے نتیجہ کے طور پر ۵۰-۱۹۴۹ء کے بجٹ میں ۴۵ لاکھ کی بچت ہوگی۔ ... آمدنی کا اندازہ ۳ ارب ۲۲ کروڑ ۹۸ لاکھ کیا گیا ہے۔ اور مصارف ۳ ارب ۲۲ کروڑ ۵۳ لاکھ۔ ...

وزیر خزانہ کی تقریر

خاص خاص باتیں

وزیر خزانہ ڈاکٹر جان متھائی نے کہا ملک کے سامنے اس وقت بڑا مسئلہ افراط زر کا ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روپیہ کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے کیا کیا احتیاط کی گئی ہیں۔

خوراک کی کمی کی وجہ سے ابھی تک تشویش ہے چنانچہ اس سال ... لاکھ ٹن اناج باہر سے منگایا گیا۔

بجٹ ایک نظر میں

	بعد از نظر ثانی	بجٹ
آمدنی	۳ ارب ۳۸ کروڑ ۳۳ لاکھ	۳ ارب ۲۲ کروڑ ۹۸ لاکھ
اخراجات	۳ ارب ۳۹ کروڑ ۸۷ لاکھ	۳ ارب ۲۲ کروڑ ۵۳ لاکھ
خسارہ	ایک کروڑ ۵۵ لاکھ	......
بچت (نئے ٹیکس لگانے کے بعد)	....	۴۵ لاکھ

ٹیکسوں میں کمی

محصول میں اضافہ

مرکزی ایکسائز کے محصول میں اضافہ

اقتصادی کمیٹی

بجٹ کا آخری ...

پاکستان کا بجٹ:

ماضی کے اختلافات کو بھول جاؤ اور عوام کی فلاح کے کام کرو

پاکستان کے وزیر خزانہ کی ہندو پاکستان سے اپیل

(باقی صفحہ اول)

پاکستان کا بجٹ

آمدنی	...
خرچ	ایک ارب ... کروڑ ... لاکھ روپیہ
بچت	چھ لاکھ روپیہ

خطرناک صورت حالات

سال گذشتہ کے سیاسی اور اقتصادی واقعات پر تبصرہ کرتے ہوئے مسٹر غلام محمد نے کہا تقسیم ہند کے نتائج نے پاکستان کو خطرناک صورت حالات سے دوچار کر دیا تھا لیکن جس طرح پاکستان کے عوام نے ان مشکلات کا مقابلہ کیا وہ ان کی ہمت اور اولوالعزمی کا اور ان کے اپنے مستقبل پر بھروسہ کرنے کا نمایاں ثبوت ہے۔

بقیہ کالم چھ

سی پی کے بجٹ میں بیس لاکھ روپے کی بچت!

"بانو" دہلی کے حسین کشیدہ کاری نمبر پر
ہندوستان کے مشہور اور کثیر الاشاعت
ماہنامہ آستانہ دہلی کی رائے
حسین کشیدہ کاری
ماہنامہ "بانو" کو جاری ہوئے کچھ زیادہ عرصہ نہیں گذرا لیکن جس تیزی کے ساتھ یہ ماہنامہ ہندوستانی و پاکستانی خواتین میں مقبول ہوا ہے وہ ایک معجزہ سے کم نہیں ...
منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھئے

یونیورسل اپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد ڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

پھر بساؤ کانفرنس

"پھر بساؤ کانفرنس" دو روز جاری رہنے کے بعد ختم ہوگئی۔ اس کانفرنس کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستان اور پاکستان کی مملکتوں میں ایسی فضا پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کہ پناہ گزین اور شرنارتھی اپنے اپنے آبائی گھروں میں جا کر آباد ہو سکیں۔ کانفرنس نے ایک قرارداد منظور کی ہے ... اس کی خاص خاص باتیں یہ ہیں:

(۱) پناہ گزینوں کو ان کے وطن سے دور نئی جگہوں پر بسانے کی کوشش غلط اور غیر قدرتی ہے۔

(۲) پناہ گزینیں اپنے اپنے آبائی گھروں کو جانے کے ...

ان سے لوگوں کے دماغوں میں اسلام کی ایک ایسی تصویر بن گئی ہے کہ جب اس کا نام آتا ہے تو وہ اس سے بدکنے لگتے ہیں۔ لیکن آج کا ہمارا موضوع اسلامی شرعی نظام کے حسن و قبح پر بحث کرنا نہیں ہے ...

جمعیۃ علماء کسی دور میں اتحاد اور مشترکہ پلیٹ فارم کی ضرورت سے منحرف نہیں ہوئی

سیاسیات ہند کے گذشتہ تیس سالہ دور پر بصیرت افروز تبصرہ

تقسیم۔ اُس کے نتائج۔ تحریک آزادی اور جمعیۃ علماء کی موجودہ پالیسی کی وضاحت

چھپرا کانفرنس میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن کا خطبہ صدارت

چھپرا کانفرنس (صوبہ بہار) میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے خطبہ صدارت دیا۔ اُس کا کچھ حصہ گذشتہ اشاعت میں درج کیا جا چکا ہے باقی خطبہ درج ذیل ہے۔

دو قومی نظریہ کی ابتدا

محترم بزرگو! یہ عجیب بات ہے کہ جس دو قومی نظریہ کا مطالبہ پاکستانیوں کی طرف سے ہوا اس کی ابتدا بہت پہلے بھائی پرمانند کے ایک مضمون سے ہوئی جو انہوں نے قوم پرستی کا چولا اتار اور فرقہ پرستی کا نقاب ڈال کر خاص فرقہ پرستانہ نقطہ نظر سے لکھا تھا، اس میں آپ نے صراحت کے ساتھ یہ کہا کہ ہندوستان میں ہندو مسلم مسئلہ کا حل اسی وقت ہو سکتا ہے کہ انہیں دو قومیں تصور کرکے ملک کو ہندو انڈیا اور مسلمان انڈیا میں تقسیم کر دیا جائے۔ ...

جرم عظیم

حکومت کی قابل تحسین روش

ہمارے لئے یہ امر موجب اطمینان و مسرت ہے کہ ہماری حکومت اور انڈین نیشنل کانگریس دونوں مہاتما جی کے بتائے ہوئے راستہ پر مضبوطی اور حوصلہ مندی کے ساتھ گامزن ہیں اور وہ فیصلہ کر چکی ہیں کہ فرقہ وارانہ کسی حال میں برداشت نہ کریں گی ...

سیکولر اسٹیٹ کا مقصد

مہاتما گاندھی کی یاد

باقی صفحہ ۴ پر

بقیہ خطبۂ صدارت

صفحہ ۳ سے آگے

اتحاد اور مشترک انتخاب پر زور دیا اور اسی کے لئے کام کیا۔ یہی جمعیۃ کی تاریخ میں کوئی دور ایسا نہیں بتایا جا سکتا۔ جس میں وہ اپنے اس نظریے سے منحرف ہوئی ہو۔ لیکن چونکہ ملک میں فرقہ وارانہ لائنوں پر جداگانہ انتخاب کا طریقہ رائج تھا اس لئے جمعیۃ علماء مجبور تھی کہ کانگریس کے محاذ کو مضبوط بنانے اور رجعت پسندوں کی طاقت کو کمزور کرنے کے لئے ان جداگانہ انتخابات میں جس کے خلاف اس نے ہمیشہ آواز بلند کی مجبوراً حصہ لے چنانچہ اس نے بالواسطہ یا بلا واسطہ ان انتخابات میں حصہ لیا اور زیادہ سے زیادہ کوشش کی کہ ایسے مسلمان امیدواروں کو کامیاب کرائے جو وطن کی آزادی کے دلدادہ اور رجعت پسندی کے خلاف ہوں لیکن اب کہ ملک آزاد ہو چکا ہے خواہ تقسیم ہو کر ہی سہی، اور ہماری وطنی حکومت اور اس کی دستور ساز اسمبلی نے جداگانہ طریقۂ انتخاب کی لعنت کو ختم کر دیا ہے۔ جمعیۃ علماء کے لئے اپنی [illegible] پیدا ہو گئے ہیں چنانچہ اس نے ان حالات کے پیدا ہوتے ہی [illegible] اعلان کر دیا۔ کہ اب چونکہ جداگانہ انتخاب کا طریقہ ختم ہو چکا ہے اس لئے فرقہ وارانہ لائنوں پر کسی سیاسی تنظیم کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ اب مسلمانوں کو [illegible]

زیر صدارت استاذ العلماء حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ اس کمیشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ کر کے ایوان حکومت میں ہلچل ڈال دی۔ اور پھر کانگریس اور جمعیۃ دونوں کی مشترک جدوجہد سے ہندوستان کے طول و عرض میں سائمن کمیشن کا کامیاب بائیکاٹ کیا گیا۔

جنگ آزادی

جمعیۃ علماء ہند روز اول ہی سے ہندوستان کی کامل آزادی کو اپنا نصب العین قرار دے چکی تھی۔ اور شروع ہی سے وطنی تحریکات میں کانگریس کے دوش بدوش مصروف جدوجہد تھی۔ لیکن جب ۱۹۳۰ء میں کانگریس نے بھی مکمل آزادی کی تجویز منظور کر لی۔ اور دونوں جماعتوں کی منزل آزادی ایک ہی ہو گئی تو ضروری ہو گیا کہ جنگ آزادی کے محاذ کو زیادہ سے زیادہ مضبوط بنایا جائے۔ اس لئے جمعیۃ نے امروہہ کے تاریخی اجلاس میں ہر قسم کی رکاوٹوں کے باوجود فیصلہ کر دیا کہ مسلمان [illegible] جوش و خروش سے حصہ لیں اور خود ایک [illegible] ۱۹۳۰ء سے ۱۹۴۷ء تک آزادی کے محاذ جنگ پر کانگریس کے دوش بدوش ناقابل فراموش جانی قربانیاں پیش کیں۔ اور تاریخ ہند کے صفحات کبھی مٹ نہ سکنے والے سنہرے نقوش ثبت کر دئے کہ ہندوستان کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کا حصہ کسی دوسرے برادران وطن سے کم نہیں [illegible]

غیر مذہبی حکومت

حضرات! ہمارے لئے یہ امر موجب اطمینان و مسرت ہے کہ ہماری وطنی حکومت اور کانگریس دونوں نے یہ فیصلہ کر لیا ہے۔ کہ خواہ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ ہندوستان میں ہر حال سیکولر ڈیموکریٹک اسٹیٹ (غیر مذہبی جمہوری ریاست) رہے گی اور اس میں تمام مذاہب کے پیرؤں سے مساویانہ سلوک کیا جائیگا۔ حکومت ہر مرحلہ پر [illegible]

تاریک دور کا خاتمہ

حضرات! بدقسمتی سے ہندوستان ایک ایسے دور سے گذرا ہے [illegible]

ایک غلط فہمی کا ازالہ

[illegible]

پروگرام

سامعین کرام! جمعیۃ علماء کو سیاسی سرگرمیوں سے الگ کر لینے اور اس کے دائرہ کار کو صرف مذہبی، تعلیمی، تہذیبی، اصلاحی اور ثقافتی امور تک محدود کر دینے کے بعد یہ سوال [illegible] کہ جمعیۃ کا لائحۂ عمل کیا ہو گا [illegible] حالات اور ضروری دینی و سماجی کی انجمنوں اور مصروفیات نے تفصیلات کی طرف متوجہ ہونے کا [illegible] لیکن میں آپ حضرات کو اطمینان دلاتا ہوں کہ عنقریب جمعیۃ علماء ہند کا جو اجلاس منعقد ہونے والا ہے اس میں نئے حالات کے مطابق تفصیلی پروگرام آپ کے سامنے پیش کر دیا جائیگا اور امید ہے کہ وہ پروگرام ہماری تمام ضروریات کے مطابق ہو گا۔

شاہ وارث حسن صاحب کی فاتحہ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا شاہ سید وارث حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ [illegible]

شرق اردن اسٹرلنگ بلاک میں

عمان ۲۸ فروری معلوم ہوا ہے کہ اگست کے شروع میں حکومت شرق اردن اسٹرلنگ بلاک میں شامل ہو جائیگی [illegible]

برطانوی بحریہ میں جدید قسم کے جہاز کا اضافہ

[illegible]

پولیس اور دیہاتیوں میں تصادم

پانچ اشخاص ہلاک دس زخمی

کلکتہ ۲۸ فروری [illegible]

جام نگر کا ہوائی اڈہ

حکومت ہند کے قبضہ میں آگیا

[illegible]

مصر میں ڈیڑھ ہزار سیاسی قیدی

قاہرہ ۲ فروری [illegible]

کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کی اپیل

[illegible]

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد و جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

علماء حق

از

سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ

انہی مردان حق آگاہ دحق پژوہ کی مکمل تاریخ ہے

پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

چوری کی چھ وارداتیں

پنڈارہ روڈ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک شخص نے ایک کوٹھی پر جا کر بیگم صاحبہ سے کہا کہ صاحب نے ریڈیو ٹھیک کرنے کے لئے بھیجا ہے اور مجھے ریڈیو دیدو اس بہانے سے ریڈیو لے کر فرار ہو گیا۔

باغ دیوار فتحپوری میں چوروں نے چائے کے ایک اسٹال میں گھس کر کپڑے برتن اور دوسری چیزیں چرا لیں

بارہ کھمبا روڈ پر ایک کوارٹر سے کپڑوں اور زیورات وغیرہ کی چوری کی اطلاع موصول ہوئی ہے

محلہ نبی کریم میں ایک مکان کا دروازہ توڑ کر زیورات چوری ہونے کی خبر ملی ہے۔ زیورات کے علاوہ کپڑے وغیرہ بھی چرائے گئے۔

کناٹ پلیس کی ایک بڑی دوکان کا ملازم کچھ قیمتی سامان لے کر فرار ہو گیا۔

دلیپ راج نامی ایک شخص کی جیب کچہری میں کاٹ لی گئی جیب میں تقریباً دو سو روپے اور ایک طلائی انگوٹھی تھی

ایک سال کی سزا

لوڈرل نامی ایک شخص کو بے احتیاطی سے موٹر چلانے کے جرم میں ایک سال قید اور دو سو روپیہ جرمانہ یا مزید تین ماہ قید کی سزا دی گئی۔ [illegible]

ہڑتال پسند نہیں کرتے

[illegible]

چور پکڑا گیا

[illegible]

متولی صاحب درگاہ خواجہ غریب نواز کی آمد

[illegible]

پولیس کا چھاپہ

[illegible]

مجلس عاملہ ادبی سوسائٹی کا انتخاب

[illegible]

آچاریہ نریندر دیو ہندی کی حمایت میں

[illegible]

پاکستان میں ہند کا نیا ہائی کمشنر

ڈاکٹر سیتا رام کا تقرر

نئی دہلی یکم مارچ۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ [illegible] ڈاکٹر سیتا رام کو پاکستان میں ہند کا نیا ہائی کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ [illegible]

نیپال کا ہند میں ادغام

ریاستی لیڈروں کی پٹنہ میں تقریر

[illegible]

ٹریڈ یونین وفد کی پٹیل سے ملاقات

[illegible]

کانگریس ہائی کمانڈ کو جمعیۃ دشمنی کا نوٹس لینا چاہیئے

معاصر "قومی آواز" کا مصنوعی دیش بھگتوں کو زبردست انتباہ

لکھنؤ یکم مارچ۔ جمعیۃ علماء کے خلاف پریس اور پلیٹ فارم سے فرقہ پرستی کا جو نیا پروپیگنڈہ شروع ہوا ہے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے معاصر "قومی آواز" لکھنؤ اپنی ۱۹ فروری کی اشاعت میں رقم طراز ہے کہ [illegible]

ہند کی نئی بین الاقوامی فضائی بندرگاہ

[illegible]

مصری کابینہ میں تبدیلیاں

[illegible]

کانگریس کے ویٹرن سوشلسٹ لیڈر کی تنقید

مسٹر اشوک مہتا کی مدراس میں تقریر

مدراس یکم مارچ۔ مدراس سوشلسٹ پارٹی کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے سوشلسٹ لیڈر مسٹر اشوک مہتا نے کہا کہ [illegible]

بدایوں میں ۴۸ گھنٹہ کا کرفیو

[illegible]

شمالی نجب کا علاقہ

مصری فوجوں نے خالی کر دیا

[illegible]

مارشل گریزیانی کے خلاف مقدمہ

[illegible]

شادیوں کو آسان طلاق کو مشکل بنایا جائے ہندو کوڈ بل پر بحث

[illegible]

سعودی عرب یہودیوں سے کوئی گفت و شنید نہیں کرے گا

[illegible]

سگریٹ کھانے کا دلچسپ مقابلہ

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

[illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

[illegible]

خصوصی مجربات

اکسیر جگر [illegible]

تریاق اعظم [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

روغن مقوی دماغ [illegible]

روغن تریاقی [illegible]

حب جریان [illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

معلم ہندی

[illegible]

لب المجربات

[illegible]

منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد لکھیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں [illegible]

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل اردو بازار دہلی

جنت کا ٹکٹ

[illegible] قیمت ۱۲ آنے

خدا کی جنت

[illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

Daily
ESTD. 1925
Aljamiat
Delhi
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
قائم شدہ
رجسٹرڈ ڈی
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی
فون نمبر ۵۰۵۵
قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/
جلد ۳۱
دہلی یوم جمعہ مورخہ ۳ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۴ مارچ ۱۹۴۹ء
نمبر ۵۲
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲½ آنہ

یوپی کی گورنر مسز سروجنی نائیڈو حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کر گئیں

گورنر جنرل، وزیر اعظم اور دوسرے لیڈر لکھنؤ پہونچ گئے

شہر کی تمام دوکانیں بند۔ اخبارات نے ضمیمے نکالدیئے

ہم نہایت افسوس کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ آج (۲ مارچ ۱۹۴۹ء) [illegible] بند ہوجانے سے لکھنؤ میں انتقال کر گئیں۔ ان کی لڑکی مس پدما نائیڈو، ان کے پرائیویٹ سکریٹری اور فوجی سکریٹری انتقال کے وقت الہ آباد میں تھے گورنر جنرل، وزیر اعظم، ڈاکٹر کاٹجو اور یوپی کے وزیر اعظم پنڈت پنت کو بذریعہ فون انتقال کی خبر الہ آباد پہونچائی گئی۔ جہاں وہ اس وقت بیگم آزاد رنگ کے افتتاح کے سلسلہ میں موجود تھے۔

گورنمنٹ ہاؤس میں تحقیقات کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ مسز نیڈو شب کو ۱۱ بجے سوئیں اور تین بجے تک اچھی طرح سوتی رہیں جبکہ انہیں سخت کھانسی اٹھی اور حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کر گئیں۔

مسز سروجنی کے انتقال کی خبر سن کر گورنر جنرل، وزیر اعظم [illegible] دوسرے حضرات صبح آٹھ بجے الہ آباد سے لکھنؤ پہنچ گئے

مسز نائیڈو کی موت ملک اور خواتین کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے

آزادی ہند کی مشعل بردار کی رحلت پر ملک کے طول و عرض میں ماتم

مدراس میں ماتم

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اظہار افسوس

ملک کو ناقابل تلافی نقصان

صدر ہندو مہاسبھا کا بیان

بلبل ہند

دہلی میں ماتم

آزاد ہند میں پہلی خاتون

چین میں ۷۷ شہروں پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہوگیا

کمیونسٹ فوجیں یانگ تسی کو پار کر کے نانکنگ کی طرف بڑھ رہی ہیں

غریب پناہ گزینوں کے مسئلہ پر غور ہونے لگا

اسرائیل اور لبنان و شرق اردن میں التوائے جنگ کی گفتگو

اجلاس دو گھنٹہ جاری رہا۔ ارض مقدس میں پائدار امن کی توقع

سہروردی پاکستان اسمبلی کے ممبر نہیں رہے

ایرانی دستور میں تبدیلیاں

دستور ساز اسمبلی کی تشکیل کے متعلق شاہ کا اعلان

پاکستان تنخواہ کمیشن کی سفارشات

ماسکو میں امریکی سفیر کو کشمیر میں ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا جائیگا

تقرر کے بارے میں عنقریب سرکاری طور پر اعلان ہو جائے گا

پاکستان نے مسٹر سیتارام کا تقرر منظور کرلیا

Daily + Weekly
ESTD. 1925
Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
PHONE 5855
Delhi. 3.3.49

یوپی کے بجٹ میں پندرہ لاکھ کی بچت مہنگائی الاؤنس میں اضافہ

زمینداری کے خاتمہ کیلئے فنڈ کا قیام صنعتی اور زراعتی ترقی کی اسکیمیں

مہنگائی الاؤنس کی شرح

برما کی صورت حال پر غور کرنیکے لئے دہلی میں کانفرنس

حکومت برما اور باغیوں میں مفاہمت کرانیکی کوشش

حکومت سیام اور باغیوں میں صلح

(صفحہ اول سے آگے)

مانڈلے کے قریب کرین باغیوں کی پسپائی

وسطی برما کے فوجی ہیڈ کوارٹر میں خوفناک جنگ

رنگون یکم مارچ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ کرین باغی جنھوں نے حکومت کے خلاف بغاوت کر رکھی ہے۔ مانڈلے سے ۷ میل جنوب میں مائی تنگ کے مقام پر پسپا [illegible]

ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری کے خلاف

سکھ عورتوں کا احتجاجی جلوس

پٹیالہ یکم مارچ۔ ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری اور جلوس پر پابندی کے خلاف ۵۰۰ سکھ عورتوں نے ایک احتجاجی جلوس نکالا۔ ان کو منتشر کرنے کی کوششیں ناکام رہیں۔ اس پر آنسو گیس استعمال کی گئی اور جلوس منتشر ہوگیا۔ پانچ سکھ طالبات کو بھی اس سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔

مسوری کے ڈاک و تار کے ملازمین

بجٹ پر تبصرہ

(از صفحہ اول کالم ۲)

موٹر سائیکلوں کی چوریاں

پانچ مل کھل گئے

جمہوری انڈونیشیا کے لیڈر ڈچ تجاویز کو منظور نہ کریں گے

نئی ڈچ تجاویز پر ڈاکٹر رویم اور ڈاکٹر پالر کا اظہار خیال

مغربی پنجاب میں پناہ گزینوں کو آباد کرنے کی اسکیم

کارخانوں اور مکانوں پر قبضہ کی تصدیق

یورپ کی پارلیمنٹ بنانے اور جرمنی کو شمولیت کی دعوت دینے کا اعلان

بروسلز میں یورپی ممالک کے نمائندوں کے اہم فیصلے

چین کے کمیونسٹ لیڈر صلح چاہتے ہیں

(صفحہ اول سے آگے)

انڈونیشی وفاقی لیڈروں نے ہیگ کانفرنس میں شرکت کا فیصلہ کرلیا

جمہوری لیڈر آج بانکا میں شرکت کے بارے میں غور کررہے ہیں

ایر انڈیا کے ملازمین کی ہڑتال ختم

بمبئی کے میونسپل انتخابات

پاکستان صلح کے معاہدے پر عمل کر رہا ہے

کرنل ڈلوالے نے کمیشن کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کردی

حیدرآباد کانگریس کی نئی مجلس عاملہ

ستارہ چھاپ بیڑی

بڑھیا تمباکو اچھے کاریگروں سے تیار کرائی جاتی ہے

یہی خوبی ہے جو ہر شخص ستارہ چھاپ بیڑی پسند کرتا ہے۔

براہ کرم آفس

میسرز کالے خاں ایم حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

نوٹس

مبلغ دس روپے انعام

محمد صدیق ولد خدا بخش ساکن گڑھ فراش خانہ دہلی

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

ہندوستان نے جاپانی جنگی مجرموں کو معاف کرنے کی سفارش کی تھی

دہلی ہی ہندوستان کا دارالحکومت رہے گا۔ عظیم تر دہلی کی اسکیم

نئی دہلی ۲ مارچ۔ ہند پارلیمنٹ میں ڈاکٹر بی سی کیسکر نائب وزیر خارجہ نے ایک سوال کے جواب میں اس امر کا انکشاف کیا کہ حکومت ہند نے مناسب وقت پر اس امر کی تجویز کی تھی کہ جنرل توجو (سابق وزیر اعظم جاپان) اور ان کے ساتھیوں کو جو سزائیں دی گئی تھیں انہیں معاف کرنے کے سوال پر غور کیا جائے۔ مسٹر کامتھ نے جن کے سوال پر یہ جواب دیا گیا تھا۔ مزید دریافت کیا کہ نائب وزیر کو اس سے واقف ہیں۔ کہ بعض جنگی مجرم جنہوں نے ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم گرائے اور دوسرے وہ مجرم جو جنگ کے تحت بیٹھے ذمہ دار ہیں صاف بچ کر نکل گئے۔ ڈپٹی اسپیکر مسٹر اننتا سایانم آینگر نے جو اجلاس کی صدارت کر رہے تھے اس سوال کی اجازت نہیں دی۔

ڈاکٹر کیسکر نے بتایا کہ ٹوکیو میں بین الاقوامی عدالت میں ہندوستانی جج کی رائے یہ تھی کہ جنرل توجو اور ان کے دوسرے ساتھیوں کو چھوڑ دیا جائے۔ ہندوستانی جج کی رائے میں وہ لوگ مجرم نہیں تھے اور اسی لئے حکومت ہند نے ایک مناسب وقت پر اتحادی سپریم کمانڈر سے درخواست کی تھی کہ ان لوگوں کی سزا [illegible]

مسٹر آر کے سدھوا: ہماری نمائندگی کا کیا جواب موصول ہوا۔

ڈاکٹر کیسکر: حکومت ہند اور دوسری حکومتوں کی استدعا پر غور کیا گیا لیکن ان لوگوں کی اپیلیں مسترد کر دی گئیں۔

مسٹر ہیچ پار دھیا: اس حقیقت کے پیش نظر کہ ہندوستان نے جنگ میں عدم شرکت کا اعلان کر دیا تھا حکومت ہند نے بین الاقوامی عدالت میں ہندوستانی جج بھیجنے کا کیوں فیصلہ کیا۔

ڈاکٹر کیسکر: ٹریبونل میں شرکت کو میں نہیں سمجھتا کہ وہ جنگ میں شرکت کے مترادف ہے۔

لالہ دیش بندھو گپتا: کیا یہ حقیقت ہے کہ ہندوستانی جج کے فیصلہ کی مناسب طور پر تشہیر نہیں کی گئی۔

[illegible]

وزیر تعمیرات مسٹر گاڈگل نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ حکومت کی دانست ہے کہ دہلی ہندوستان کا دار الحکومت رہے گا اور نئی دارالحکومت بنانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ [illegible]

وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ دہلی اعظم کی ایک اسکیم زیر غور ہے۔ [illegible] پر ۲۳ ہزار روپیہ صرف ہوگا۔

مسٹر شیکھ: کیا یہ صحیح ہے کہ ناسک کے قریب دوسرا دار الحکومت تعمیر کرنے کی اسکیم زیر غور ہے۔

مسٹر گاڈگل: جی نہیں۔

ایک تحریری جواب میں مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات نے بتایا کہ مشرقی بنگال سے آنے والے مہاجرین پر ایک کروڑ ۲۲ لاکھ ۶۵ ہزار روپیہ کی رقم خرچ کی گئی ہے۔

مشرقی پنجاب کے لئے

ہر ماہ کپڑے کی نو ہزار گانٹھیں

شملہ ۲ مارچ۔ سول سپلائی کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ کپڑے کے حصول اور تقسیم کی حالت صوبہ میں نہایت [illegible] اس نے کہا کہ صوبہ نے اپنے مقررہ کوٹہ کے علاوہ کئی پیشگی کوٹے بھی حاصل کئے ہیں جونکہ ملوں میں کپڑے کی مقدار بہت بڑھ گئی تھی اور ٹیکسٹائل کمشنر اسٹاک کو جلد از جلد خالی کرنا چاہتا ہے۔ اس کا فائدہ مشرقی پنجاب کو اٹھانے کا موقع مل گیا۔ چونکہ مارکیٹ میں عام کپڑا مل جاتا ہے اس لئے راشن ڈپوؤں پر مانگ بہت کم ہو گئی ہے۔ دسمبر ۱۹۴۷ء تک مشرقی پنجاب کو ہر ماہ ۹۰۰۰ ہزار گانٹھیں ہر ماہ ملتا رہا مگر جنوری سے یہ کوٹہ کم ہو کر ۶۵۰۰ گانٹھیں رہ گیا ہے۔

ایک عورت کو زندہ جلا دیا

[illegible] ہے باہر لے جایا گیا اور کاشن پر ڈال دیا گیا۔ اس کے بعد ایک گیا ٹھیکہ لوہا گرم کر کے اس کے بدن کو داغا گیا۔ اس کی چیخیں سن کر [illegible] جائے واردات پر پہنچ گئے اور پولیس کو تمام واقعہ کی اطلاع دی لیکن قبل اس کے کہ وہ عورت کوئی بیان دے سکے زخموں کی شدت سے ہلاک ہو گئی۔

انگلینڈ اور ہالینڈ میں طوفان

لندن یکم مارچ۔ آج انگلینڈ میں بڑے زور کی آندھی آئی بجلی کی لائنیں ٹوٹ گئیں۔ درخت اکھڑ گئے اور ساحل کے شہروں پر بھاری سیلاب آ گیا اور ایک جہاز جنوبی انگلینڈ میں ڈوب گیا۔ لیکن بعد میں اسے نکال لیا گیا۔ ہالینڈ میں بھی بھاری طوفان آیا جو ۹۰ میل گھنٹہ کی رفتار سے چلتا رہا۔

مغربی پنجاب میں گیہوں کی قیمتیں کم ہو گئیں

لاہور ۲ مارچ۔ مغربی پنجاب میں قیمتوں کے کم ہونے اور فصل کے اچھے ہونے کی امید کے باعث غلہ ذخیرہ بازی کرنے والوں کی سخت مشکل آ رہی ہے اس پر باہر سے کافی غلہ آنے کی وجہ سے کافی اثر پڑا ہے جو کہ حال ہی میں حکومت پاکستان نے منگایا ہے۔

حکومت نے صوبائی گورنمنٹ کو ایک روپیہ فی من کم کرنے [illegible] اور کمی ہو جائے گی۔

مغربی پنجاب میں طبی سہولتیں

ہسپتالوں کے انسپکٹر جنرل کا بیان

لاہور یکم مارچ۔ مغربی پنجاب کے انسپکٹر جنرل ہسپتال نے ایک بیان میں ان الزامات کو غلط بتایا ہے کہ صوبہ میں طبی تعلیم اور طبی سہولتوں کا معقول انتظام نہیں ہے۔ آپ نے بتایا کہ اس میں شک نہیں کہ تقسیم سے قبل پروفیسر غیر مسلم تھے مگر طبی تعلیم کی حالت اس قدر خراب نہیں ہے جتنا کہ بعض اخبارات میں پیش کی گئی ہے۔ اور دوسرے اسٹاف میں بھی مسلمان رکھ لئے گئے ہیں۔

ہندوستان اور چلی میں سیاسی تعلقات

نئی دہلی ۲ مارچ۔ حکومت چلی اور حکومت ہند نے سفیروں کے تبادلہ کا فیصلہ کیا ہے تاکہ موجودہ سیاسی دوستانہ تعلقات جو دونوں حکومتوں میں قائم ہیں اور بھی گہرے بنائے جائیں۔

حیفہ میں کروڈ آئل صاف کیا جائیگا

لندن یکم مارچ۔ اس خبر کی ابھی تک تصدیق نہیں ہوئی کہ آیا ایک یا دو ہفتہ کے اندر ایک تیل کمپنی کروڈ آئل صاف کرنے کا کام حیفہ میں شروع کر رہی ہے کیونکہ اس کمپنی کا انگلش حکومت سے اس ضمن میں سمجھوتہ ہو چکا ہے۔ اطلاع کے مطابق کروڈ آئل عراق سے حیفہ لایا جائے گا۔ توقع ہے کہ ہر سال ۵۰۰۰۰۰ ٹن کروڈ آئل صاف کیا جائے گا۔

الہ آباد یونیورسٹی کے طلبا کا مظاہرہ

الہ آباد یکم مارچ۔ کل جب یونیورسٹی کورٹ کی میٹنگ ہو رہی تھی تو یونیورسٹی کے طلبا نے موسم گرما میں دو ماہ کی چھٹیوں کے دوران میں ہوسٹل کی فیس لینے کے خلاف احتجاج کیا۔

گذشتہ سال تک یونیورسٹی صرف دس ماہ کے ہوسٹل اور ٹیوشن فیس لیتی رہی ہے۔

یونین ہوٹل
دہلی کا سفر کرو
بلی ماران دہلی میں قیام کرو جہاں
رہائش دکھانے کا معقول انتظام ہے
صداقت کا امتحان کیجئے
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

ہندو کوڈ بل ہندو سماج کی جڑوں پر کلہاڑا چلانے کی ایک کوشش ہے

ہند پارلیمنٹ میں ایک قدامت پسند ہندو ممبر کی تقریر

نئی دہلی ۲ مارچ۔ ہند پارلیمنٹ میں کل ہندو کوڈ بل پر گرما گرم بحث کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا لیکن بحث ابھی ختم ہوتی نظر نہیں آتی ۵۰ ممبر ابھی تک بل کی حمایت کرتے ہوئے بحث میں حصہ لینے کے موقع کا بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں۔ اب غالباً اس بل پر بحث ۱۴ مارچ کو دوبارہ شروع ہوگی۔ آج پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہوگا۔ تاکہ بجٹ کے ممبر عام بجٹ پر اچھی طرح سے غور کر سکیں بجٹ پر بحث پرسوں شروع ہوگی۔ آج بحث کے دوران شریمتی درگا بائی نے کہا کہ ہندو کوڈ بل ملک میں سماجی اصلاح کی کوشش میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ پرانے شاستروں اور سمرتیوں نے عورتوں اور مردوں کے برابر رتبہ کو تسلیم کیا تھا لیکن بعد میں عورتوں کو حق مساوات سے محروم کر دیا گیا۔

ایک شادی کے اصول کا ذکر کرتے ہوئے شریمتی درگا [illegible] ہندو اسلام قبول کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں گے۔ یہ جواب ہے کہ اگر ایک شادی کے اصول کو قانونی طور پر نافذ نہ کیا گیا تو بیت کی ہندو عورتیں عیسائیت قبول کرنے پر مجبور ہو جائیں گی۔ شریمتی درگا بائی نے مزید کہا کہ باپ کی جائداد میں بیٹی کا حق ناقابل انکار ہے اس کو اس حق سے محروم رکھنا انصاف کا خون کرنا ہے۔ شوہر کی جائداد میں سے حصہ دینے کی تجویز عورتوں کے لئے ناقابل قبول ہے۔

آپ نے کہا کہ ہندو قانون کو صاف اور واضح کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام مرد اور عورتیں اپنے حقوق و مراعات کو سمجھ سکیں۔ اور اپنی ذمہ داریوں کو پورا کر سکیں۔ [illegible]

بل کی مذمت

[illegible] حقوق پر حکومت کی طرف سے چھاپہ کے مترادف ہے ہندو دھرم ایک ہزار سال سے زائد کے بدیشی راج کے باوجود سدیوں کے امتحان میں پورا اترا ہے۔ لہٰذا مجوزہ بل کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ شادی اور وراثت وغیرہ کے لئے تمام ہندوؤں کے لئے ایک جیسا قانون تیار کر کے وزیر قانون ہندو سماج کی جڑوں پر کلہاڑا چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

مجوزہ بل ہندو کوڈ نہیں ہے اس میں ہندو دھرم اور ہندو خیالات کی سپرٹ نہیں ہے بلکہ اکثر سرے سے دوسرے سرے تک اس میں انتہائی نفرت کام کر رہی ہے۔ طلاق زاویہ نگاہ کے بالکل خلاف ہے۔ دنیا میں طلاق کے رواج نے کسی دیش میں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا اس لئے اسی کو اس بل پر غور کرنے کا قانوناً اور اخلاقاً کوئی حق نہیں پہنچتا۔

مسٹر گیڈگل کی طرف سے حمایت

وزیر تعمیرات مسٹر این وی گیڈگل نے بل کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ شوہر اور بیوی کے تعلقات کی بنا پر ستی اور رشتوں کی بل ختم نہیں ہوگی۔ ڈاکٹر امبیدکر کا بھی سو خورشیدوں کے ساتھ مقابلہ کیا جا سکتا ہے اپنے صوبہ کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر گیڈگل نے کہا کہ ہمارے ہاں ۹۵ فیصدی میں رواج کے طور پر طلاق کی رسم چلی آ رہی ہے۔ اگر ایک شادی حقیقی خوشی کا سرچشمہ نہیں تو اس حالت کو ختم کرنا اور کوئی راہ نکالنا ایک سماجی فرض ہے۔

مسٹر نذیر الدین احمد کی تقریر

مسٹر گیڈگل کے بعد مسٹر نذیر الدین احمد (مغربی بنگال) نے تحریک پر تقریر کرتے ہوئے کہا [illegible] مغربی بنگال

برطانیہ برما کو ۲ کروڑ پونڈ قرض دیگا

لندن کے برمی حلقوں کی امید

لندن ۲ مارچ۔ لندن کے برمی سرکاری حلقوں میں یہ امید کی جا رہی ہے کہ برما کو برطانیہ سے ۲ کروڑ پونڈ قرض مل جائے گا۔ اس وقت ہندوستان اور ملایا کو برما کے چاول کی سخت ضرورت ہے اور اس رقم کو برما کے بچت کے چاول کو برآمد کرنے میں استعمال کیا جائے گا۔

[illegible] اس رقم کو ان تیس ہزار پناہ گزینوں کی امداد پر بھی صرف کیا جائے گا جو ملک کے مختلف حصوں سے بھاگ کر رنگون پہنچ گئے ہیں۔

برمیوں کو توقع ہے کہ حکومت برطانیہ چند روز میں کوئی مناسب فیصلہ اس قرضہ کے متعلق کر دیگی۔ لیکن ٹریژری کے سرکاری حلقوں کا کہنا ہے کہ برطانیہ کے پاس تو روپیہ ہے نہیں البتہ اگر برما کو قرض دینا ہے تو دولت مشترکہ کے دوسرے ممالک سے سکتے ہیں جو اس وقت دہلی میں برما کی صورت حال پر غور کر رہے ہیں مثلاً ہندوستان، لنکا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ۔

فلم ایکٹریس کے خلاف قتل کا مقدمہ

[illegible] گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا ہے اس پر اپنے تین ساتھیوں کی مدد سے نادکرلی؟ سب انسپکٹر کو ہلاک کرنے کا الزام ہے۔ کستوری کے وکیل نے کہا وہ بیمار ہے اور پونے سے بمبئی نہیں آ سکتی نیز یہ کہ جب ہائی کورٹ نے اس کو ضمانت پر رہا کیا تو وہ اس سے بمبئی سے چلے جانے کے لئے پولیس کی طرف سے کہا گیا کہ اس پر قتل کا الزام ہے اور اسے ہر وقت گرفتار کیا جا سکتا ہے۔

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی دو چیزیں
جیون رجسٹرڈ
رگوں میں نیا خون پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے (۱۵)
طلا نمبر ۲۰
اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے (۵)
تصدیق
آپ کا جیون دوا ایسی کسے واقعی جیون ثابت ہوئی
حکیم رام سروپ۔ ادکر پور (بجنور)
ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر نور گنج۔ دہلی

ڈاکٹر سیتارام کو پاکستان میں ہائی کمشنر مقرر کر دیا گیا

ہند اور پاکستان کے تعلقات پر ڈاکٹر صاحب کا بیان

لکھنؤ ۲ مارچ۔ ڈاکٹر سیتارام کو ہندوستان کی طرف سے پاکستان میں ہائی کمشنر مقرر کیا گیا ہے وہ آج لکھنؤ سے دہلی گئے ہیں۔ وہ دو تین دن کے بعد پھر لکھنؤ واپس جائیں گے اور ان کو مجلس قانون ساز کے ممبروں کی طرف سے ایک الوداعی پارٹی دی جائیگی۔

ڈاکٹر سیتارام نے لکھنؤ میں اپنی زندگی کے ۲۵ سال گذارے ہیں۔ اس عرصہ میں وہ زیادہ مجلس قانون ساز کے صدر رہے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب سنسکرت اور فارسی کے عالم ہیں ان کی عمر ۶۴ سال ہے اور ان کا حلقہ احباب بہت وسیع ہے۔ ان کے زیادہ تر دوست اس وقت پاکستان میں ہیں۔ وہ بنگالی بھی جانتے ہیں اور اس میں گفتگو بھی کر سکتے ہیں۔ پاکستان جانے پر انھوں نے اظہار مسرت کیا اور کہا کہ میں اپنے پرانے دوستوں سے ملاقات کر سکوں گا۔

وہ کچھ عرصہ کے لئے کانگریس کے ممبر بھی رہے ہیں لیکن ۱۹۲۰ء میں انھوں نے اس پارٹی سے اپنا تعلق قطع کیا اور پھر کسی سیاسی جماعت میں شمولیت نہیں کی وہ ۲۳ سال تک مجلس قانون ساز کے صدر رہے ہیں ان کی رائے میں مجلس قانون ساز کے صدر کو کسی سیاسی پارٹی کا ممبر نہیں ہونا چاہئے۔

انھوں نے ایک نامہ نگار کو ملاقات کے دوران میں بتایا کہ مجھے امید ہے کہ ہند اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات بہتر ہو سکتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ میں ان تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کروں گا۔ کیونکہ دونوں ملکوں کا مفاد اسی میں ہے کہ اختلافات باہمی طور پر دوستانہ طریقے سے طے ہو جائیں۔

انھوں نے کہا کہ تھوڑا عرصہ قبل پاکستان اور ہندوستان ایک ہی تھے ہم پاکستان کی بہتری چاہتے ہیں۔ اور اس کی پوری پوری امداد کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان کو بھی یہی رویہ اختیار کرنا چاہئے۔

مجھے امید ہے کہ اگر دونوں ملکوں میں یہی اسپرٹ رہی تو تعلقات زیادہ مستقل اور مستحکم ہو جائیں گے۔ اس وقت سب سے زیادہ جس چیز کی ضرورت ہے کہ مفاہمت پر زیادہ زور دیا جائے اور اختلافات کو مٹانے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے۔ انسانی زندگی میں اختلافات تو پیدا ہوتے ہی ہیں لیکن ان کو اس طرح سے حل ہونا چاہئے کہ سب کا فائدہ قائم رہے اور کسی کو نقصان نہ ہو۔

پاکستان کے لئے ایک رسم الخط

بنگالی کے حامیوں کی شدید مخالفت

ڈھاکہ ۲ مارچ۔ پاکستان کے تعلیمی مشاورتی بورڈ کی عالیہ سفارشات سے جس میں سفارش کی گئی ہے کہ پاکستان کی تمام علاقائی زبانوں کے لئے ایک ہی رسم الخط ہونا چاہئے، بہت ہی پیچیدگی پیدا ہو گئی ہے کہ آیا بنگالی کے لئے عربی رسم الخط مفید اور مناسب ہوگا یا نہیں؟

مسلمانوں کا ایک طبقہ اس کے حق میں ہے، اس کے حق میں جو دلائل ہیں سب سے زیادہ یہی جانی ہے کہ اس صورت سے جہالت کو جلدی دور کیا جا سکتا ہے کیونکہ عربی قرآن کی زبان ہے اور دین کی وجہ عوام سے آسانی اور اہمیت رکھتی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس صورت میں دوسرے اسلامی ملکوں سے بھی تعلقات کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ بعض بنگالی الفاظ عربی کردار رکھتے ہیں۔

جو لوگ اس کی مخالفت کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ اس طرح سے ہم بنگالی رسم الخط کو کھو دیں گے اور وہ بنگالی ادب جس میں مسلمانوں کا بہت بڑا حصہ رہا ہے ان سے ضائع ہو جائے گا۔ وہ کہتے ہیں کہ جہاں تک رسم الخط کا تعلق ہے اور اس کے ذریعہ اسلامی ممالک سے اتحاد وہ کوئی معنی نہیں رکھتا کیونکہ یورپ میں باوجودیکہ ایک ہی رسم الخط ہے لیکن کبھی بھی وہاں مکمل اتحاد نہیں رہا۔

خواجہ ناظم الدین دورہ پر!

پشاور ۲ مارچ۔ کل پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین بذریعہ ہوائی جہاز کراچی سے صوبہ سرحد میں رسالپور پہنچے۔ آپ ریاست دیر اور سوات کا دورہ کریں گے جو کہ ملاکنڈ ایجنسی کے اس پار واقع ہیں۔

رسالپور میں سرحد کے گورنر سر امبروز ڈنڈاس وزیر اعظم مسٹر عبد القیوم نواب زادہ سعید اللہ خاں قبائل کے پولیٹیکل ریزیڈنٹ اور ہوائی افسران نے استقبال کیا۔

خواجہ ناظم الدین گورنر کے ہمراہ چکدرہ گئے جہاں دیر کے نواب مرزا شاہ جہان خاں نے استقبالیہ کا انتظام کیا تھا۔ گورنر جنرل رات کو [illegible] میں گزاریں گے اور کل سوات جائیں گے۔

ترکی میں پاکستانی سفیر کا تقرر

لاہور ۲ مارچ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ میاں بشیر احمد کو جو لاہور کے مشہور ماہنامہ ہمایوں کے ایڈیٹر ہیں ترکی میں پاکستان کا سفیر مقرر کیا جائے گا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ میاں بشیر احمد لیاقت اور ملک فیروز خان نون کو دیکھ لیا کرتا ہے؟ ان سفیروں نے عہدے پیش کئے گئے تھے لیکن انھوں نے اپنے صوبہ کی خدمت کرنا پسند کیا۔

مہاراجہ بڑودہ کا گھوڑ دوڑ کا شوق

لندن یکم مارچ۔ مہاراجہ بڑودہ نے کل یہاں پہنچنے کے بعد ایک بیان میں کہا کہ آپ گھوڑ دوڑ کے مقابلہ کا ارادہ نہیں رکھتے اور نہ ہی ان گھوڑوں کو فروخت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں بلکہ ان گھوڑوں کو برطانیہ میں ٹریننگ دلا رہا ہے۔ (رائٹر)

ڈم ڈم پر حملے کے سلسلہ میں مزید گرفتاریاں

گرفتار شدگان کی تعداد اسی تک پہونچ گئی!

انقلابی کمیونسٹ پارٹی کا ان واقعات سے بے تعلقی کا اظہار!

کلکتہ ۲ مارچ۔ ہفتہ کے دن ڈم ڈم اور بشیر ہاٹ علاقوں پر جو ہوائی حملے ہوئے تھے، ان کے سلسلے میں ۳۲ مزید افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ دو گرفتاریاں بشیر ہاٹ سے چھ میل دور دریائے اچھمتی پر ہوئیں جو مغربی بنگال اور مشرقی پاکستان کو جدا کرتی ہیں۔ ۵ افراد مشرقی پاکستان میں گرفتار ہوئے جو سرحد پار کر گئے تھے۔

ہندوستان کی انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے لیڈروں مسٹر سرنیدر ناتھ ٹیگور وغیرہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ان کی پارٹی کا ان واقعات سے کوئی تعلق نہیں جو ڈم ڈم ہوائی اڈہ اور بشیر ہاٹ کے علاقوں میں ہوئے۔ انہوں نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ ان واقعات کو پارٹی کی طرف منسوب کیا جا رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ عام طور پر یہ کہا جا رہا ہے کہ پارٹی کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے جو اس قسم کے واقعات کی حمایت کرتا ہے لیکن گذشتہ مئی میں دوران میں جو کانفرنس ہوئی تھی۔ اس میں اس پالیسی کو مسترد کر دیا گیا تھا۔ اور ان لوگوں کو جو اس پالیسی کی حمایت میں تھے پارٹی سے نکال دیا گیا تھا یہ لوگ بھی ہندوستان کی انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے نام سے ہوائی حرکات میں استعمال کرتے رہے شاید اسی وجہ سے کلکتہ کے ان واقعات کو اس پارٹی کی طرف سے منسوب کیا جا رہا ہے۔

ہماری رائے یہ ہے کہ اس قسم کے واقعات سے کوئی سیاسی مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ہم نے ہمیشہ عوام کو اس قسم کی سرگرمیوں سے منع کیا ہے۔

مسٹر ادیچی حیدر آباد اور مدراس کے دورہ کے بعد کل سہ پہر تجارت الی واپس پہونچ گئے۔

کیا آپ کی جلد "خارش پروف" ہے؟
۹۹ فی صدی اصحاب کھانے کی بد عادات میں مبتلا ہیں۔ یہ عادات خراب خون اور غیر تندرست جلد کی وجہ ہوتی ہے۔
آپ کی جلد آپکے اندرونی اعضاء کا لباس ہے۔ کپڑا لباس کی طرح جلد کو بھی صاف اور بے داغ رکھنا ضروری نہیں ہے؟
ہمدرد کی صافی خون کو پاک صاف کر کے خارش، ایکزیما، داغ، دھبے مہاسے اور داد وغیرہ جلدی امراض کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔
قیمت فی شیشی ایک روپیہ
صافی سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف
ہمدرد
ہمدرد دواخانہ لیبوریٹریز

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۴ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

نئے سال کا بجٹ

حکومت ہند کے وزیر خزانہ ڈاکٹر جان متھائی نے سنہ ۱۹۴۹ء کا پارلیمنٹ میں جو بجٹ پیش کیا وہ ایک کاروباری بجٹ ہے۔ اور انہیں اس اعتبار سے تو مبارکباد نہیں دی جا سکتی کہ وہ آزاد ہندکی اقتصادی تعمیر و ترقی کا کوئی غیر معمولی بجٹ ہے۔ لیکن اس اعتبار سے انہیں مبارکباد ضرور دی جا سکتی ہے کہ انہوں نے ہند کی اقتصادی زندگی میں ایک توازن قائم کرنے کی کوشش کی ہے اور نئے مالی سال کی [illegible] مجموعی طور پر شاید یہ نتیجہ بھی ہو کہ افراط زر کی صورت کم ہو اور اشیاء کی قیمتیں بھی پہلے کے مقابلہ میں [illegible] ڈاکٹر جان متھائی کے متعلق ایک سیاسی حلقہ کا یہ خیال تھا کہ وہ معاشیین کے اس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جو انتہا پسند یا انقلاب پسند سمجھا جاتا ہے یا جس کا جھکاؤ "بائیں بازو" کی معاشیات کی جانب ہے، اس کے مقابلہ میں پچھلے دنوں کلکتہ میں انہوں نے جو تقریر کی، اس کا مطلب ایک گروہ نے یہ سمجھا کہ وہ چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں، اور افراط زر کی لعنت ختم کرنی نہیں چاہتے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سرمایہ دار اور کارخانہ دار کی نفع بازی، ختم نہیں ہوگی، یہ غلط فہمی اس حد تک بڑھی کہ ہند کے گورنر جنرل مسٹر راجگوپال اچاریہ کو ایک تردیدی بیان دینا پڑا، موجودہ بجٹ کی تجاویز کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ نہ تو اپنے معاشی نظریوں میں انتہا پسند واقع ہوئے ہیں، نہ سرمایہ داروں اور کارخانہ داروں کی ضرورت سے زیادہ حوصلہ افزائی کرنا چاہتے ہیں، دوسرے لفظوں میں انہوں نے توازن کی ایک راہ اختیار کی ہے، اور دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا کی معاشی حالت ہو گئی ہے اس کے پیش نظر ہندوستان کے کسی دور اندیش وزیر خزانہ کا کام یہی تھا کہ وہ توازن قائم رکھنے کی کوشش کرے اور ملک کی معاشی زندگی میں وہ بحران نہ پیدا ہونے دے جس سے اگر ایک طرف امریکہ اور برطانیہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں، تو دوسری طرف روس اور کمیونسٹ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، موجودہ بجٹ کی یہ خصوصیت شاید ہمارے پیش نظر رہنی چاہئے کہ ڈاکٹر متھائی کا بجٹ غالباً اس لئے بھی اہم ہے کہ وہ مستقبل کے ہندوستان کی اقتصادی تعمیر ٹھوس بنیادوں پر کرنی چاہتے ہیں اور آنے والے ہندوستان کا وزیر خزانہ اپنے پیشرو [illegible]

[illegible]

مکتوب لندن:

روس اور امریکہ میں کشمکش

مغربی یورپ کا مجوزہ فیڈریشن

از - چودھری اکبر خاں صاحب

زمانہ سلف کی تہذیبوں میں ایک یونانی بھی تھی جس کا شہرہ عالم میں پھیل گیا اور جو دنیا کے لئے ایک مشعل بن کر رہ گئی۔ اسیریا۔ بابل۔ اور قدیم مصر تباہ ہو چکے اور اپنے ساتھ اپنی تہذیب کو دفن کر چکے تھے۔ [illegible] ایام میں اہل یونان علوم و فنون میں اپنے ہمعصروں سے بڑھ چڑھ کر تھے یونانی فلسفہ دان گہرے خیالات اور بعید طرازیوں میں آسمان کی سیر کرتے تھے۔ ساتھ ہی ساتھ اہل یونان کسی کو اپنا ہم پلہ نہ سمجھتے تھے گویا کہ آریہ نسل کی [illegible]

اہل یونان نے ترکی خلافت سے نجات پائی مگر مغربی سامراجیوں نے خانہ ستراط پر ملوکیت ٹھونس دی۔ اہل یونان کی بجائے ایک جرمن شہزادے کو تخت پر بٹھا دیا۔ اہل یونان پر سرمایہ داری کا ایک نیا سلسلہ عمل میں آ گیا۔

گذشتہ جنگ میں نازیوں نے اتحادی فوجوں کو بھگا کر یونان میں اپنا تسلط قائم کیا۔ با وجود جرمن جنگجوؤں کے یونانی محب الوطن حتی الوسع گوریلا بازی سے اپنے حریف کا مقابلہ کرتے تھے ہر ممکن طریقے سے دشمن کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ بالآخر جرمنی کی شکست پر برطانیہ نے [illegible] بادشاہ کو لا بٹھایا۔ [illegible] برطانیہ نے زبردستی سرمایہ دار حکومت کا جوا اہل یونان کی گردن میں پھر سے ڈالا جس نے دیش بھگتوں پر مقدمے چلانے شروع کر دیئے اور جرمنی کے گرگوں [illegible]

[illegible]

اردو زبان کا مستقبل

رامپور میں پروفیسر فراق کی تقریر

رامپور ۲۰ فروری۔ [illegible]

مولوی مہیش پرشاد جی کی [illegible]

[illegible] آل انڈیا مشاعرہ زیر اہتمام کتب خانہ اسلامیہ بنارس [illegible] زیر صدارت بنارس ہندو یونیورسٹی کے شعبہ اردو فارسی کے صدر جناب مولوی مہیش پرشاد جی نے فرمائی۔ اس مشاعرہ میں تقریباً ۳۰ بیرونی شعراء نے شرکت فرمائی جن میں حضرت جگر، حضرات فراق گورکھپوری، حضرت روش صدیقی، حضرت بہزاد، حضرت شفیق جونپوری قابل ذکر ہیں۔ بیرونی شعراء کے علاوہ مقامی شعراء میں حضرت مسلم، حضرت قمر، حضرت نذیر، حضرت انور وغیرہ نے بھی شرکت فرمائی۔

حضرت جگر نے لائبریری کی عمارت فنڈ کے سلسلہ میں مبلغ سو روپے نقد عطا فرمایا۔ حضرت فراق نے [illegible] روپیہ کی کتابیں عطا فرمائیں۔ اس کے علاوہ دیگر شعراء نے بھی اپنی تصانیف سے لائبریری کو نوازا۔ آخر میں صاحب صدر نے اپنی صدارتی تقریر میں کتب خانوں کی ضرورت پر زور دیا اور پبلک سے اپیل کی کہ وہ اس لائبریری کی دل کھول کر امداد کریں۔ ۳ بجے شب یہ مشاعرہ بحسن و خوبی کے ساتھ ختم ہوا۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کے روانہ کریں۔ (ادارہ)

مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی پذیرائی

باشندگان کانپور اس خبر کو نہایت مسرت کے ساتھ پڑھیں گے کہ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و نائب صدر صوبہ کانگریس کمیٹی یوپی مارچ کے پہلے ہفتہ میں کانپور تشریف لا رہے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

قصبہ بڈھانہ ضلع مظفرنگر

[illegible]

شہر کانپور

[illegible]

جمعیۃ علماء اندھرا کا قیام

[illegible]

صوبہ دہلی کے ارکان مرکزیہ

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کا اہم اعلان

[illegible] اس سلسلہ میں حضرت ناظم اعلیٰ نے اعلان کیا ہے کہ تمام مطالبات ۱۵ مارچ تک دفتر صوبہ میں پہنچ جانے چاہئیں۔ ورنہ وہ ضلع صوبہ کے انتخاب میں شامل نہ ہو سکیں گے۔

ضلع نمبر ۳ دہلی

[illegible]

ضلع نمبر ۲ دہلی

[illegible] تلاوت قرآن مجید سے زیر صدارت جناب حکیم محمد عظیم صاحب جامعی منعقد ہوا۔ جس میں ضلع کی تنظیم کے جلسہ ۱۰ فروری ۱۹۴۹ء کے انتخاب عہدیداران کی کارروائی کی تصدیق کی گئی۔ [illegible]

ایران میں عام انتخابات

[illegible] جاری کیا ہے جس میں اسمبلی کے نئے انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ یہ انتخابات جولائی میں شروع ہوں گے۔ ایرانی آئین کے مطابق انتخابات شروع ہونے سے قبل [illegible] ضروری ہے۔ (رائٹر)

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

حکومت یوپی توجہ کرے

مکرما! سلام مسنون

ہر شخص کے ہاتھوں سے نکل کر حکومت کی باگ ڈور عوام کے لیڈروں کے ہاتھ میں آگئی۔ لیکن انگریزی روح حکومت کے ہر شعبہ میں موجود ہے۔ ان افسران اور حاکموں کے طرز عمل پر تو افسوس نہیں جو سامراجی زمانہ کی یادگار رہ گئے ہیں۔ شکایت اگر ہے تو قوم کے ان رہنماؤں اور جنتا کے نمائندوں سے ہے جو وزیروں کی صورت میں حکومت کے محکموں کے نگراں اور مختار کل ہیں۔

حال ہی میں ہمارے صوبہ کے صحت اور سول سپلائی کے وزیر سہارنپور میں آئے۔ ان کی آمد کا اصلی منشا تو معلوم نہیں۔ مگر سنا ہے کہ اس دورہ میں عوام کی شکایات سننے کا پروگرام بھی تھا۔ خیال تو نیک تھا اگر عام اعلان کرکے دکھی اور پریشان عوام کو بتلانے کا موقعہ دیا جاتا کہ سرکاری ہسپتالوں کا اعداد [illegible] کی کیا حالت ہے۔ راشننگ کے محکمہ میں رشوت خوری، دوست نوازی، نیز غیر قانونی حرکات کتنی دلیری کے ساتھ جاری ہیں۔ خصوصاً جب سے مکانات اور دوکانات کا مسئلہ اس محکمہ کے سپرد ہوا۔ دکھی شرنارتھی نہیں بلکہ شہر کی جنتا بھی بہت پریشان ہے۔ حکام بالا بھی غلط فیصلوں کو اسی لئے نظر انداز کرتے ہیں۔ ہمارے وزیر صاحب کے آنے کی عوام کو خبر بھی نہ ہوئی۔ شہر کے حکام کے علاوہ چند قریبی الفکر سے تعلق رکھنے والے خاص خاص لوگوں نے ملاقات کی اور ذاتی تعلقات اور مفاد کے پیش نظر جو چاہا گوش گذار کردیا۔

(ستیہ پال۔ سہارنپور)

پھر لساڑ کانفرنس

محترم ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم

[illegible] پھر لساڑ کانفرنس کا دو روزہ اجلاس [illegible] ختم ہوگیا۔ خدا کا شکر ہے کہ کانفرنس کے حالات [illegible] ظاہر ہوتے ہیں۔ لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ [illegible] اور اجتماعات [illegible] کی ضرورت ہے۔ [illegible] کانفرنس اور اجلاس [illegible] ایک بڑا عنصر شامل رہا۔ ضرورت ہے کہ حکومت ہند اور پاکستان ان مشوروں پر عمل کرے۔

(اے۔ ایم۔ فاروقی۔ دہلی)

بجنور میں اتحاد و ترقی کا عظیم الشان جلسہ

اتحاد و ترقی کی جانب سے اعجاز علی ہال میں ایک عظیم الشان جلسہ ہوا۔ جب مولانا حامد الانصاری غازی ایڈیٹر مدینہ نے صدارت فرمائی۔ جلسہ میں علاقہ کے معتد بہ ہندو و مسلمان شریک ہوئے۔ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نائب صدر یوپی کانگریس کمیٹی نے ہندو مسلم اتحاد پر ایک موثر تقریر فرمائی۔ مولانا نے فرقہ واریت کے خلاف بولتے ہوئے فرمایا کہ اب حکومت اور کانگریس فرقہ واریت کو ایک منٹ کے لئے برداشت نہیں کرے گی۔ [illegible] دعا پر جلسہ ختم ہوگیا۔

کولہاپور کا بمبئی میں ادغام

کولہاپور ۲ مارچ۔ کل ریاست کولہاپور کا بمبئی میں ادغام عمل میں آگیا ہے۔ اس موقعہ پر جو رسم ادا کی گئی اس کا افتتاح کرتے ہوئے مسٹر کھیر وزیر اعظم بمبئی نے کہا اس تاریخی موقعہ پر مجھے تین سو سال پہلے کا واقعہ یاد آتا ہے جب شیواجی نے عظیم الشان مرہٹہ سلطنت کی بنیاد رکھی۔ شیواجی کی قائم کردہ مرہٹہ ریاست کی آخری یادگار کولہاپور ہے۔ مسٹر کھیر نے ریاست کے حکمران کو بھی اس لئے مبارکباد دی کہ وہ اپنی ریاست کے ادغام کے لئے تیار ہوگئے۔

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب ساگر نہیں جارہے ہیں

دہلی ۳ مارچ۔ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی ۱۰ مارچ کو ساگر (سی پی) تشریف لے جانے والے تھے اب وہ ان تاریخوں میں ساگر نہیں جارہے ہیں چونکہ دہلی میں ۱۳ مارچ کو ورکنگ کمیٹی جمعیۃ علماء ہند کا ایک اہم اجلاس ہونے والا ہے اور مولانا اس میں شرکت فرمائیں گے۔ ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کے بعد مولانا دوسری تاریخیں ساگر کے لئے مقرر فرما کر اعلان فرمائیں گے۔

دو فرانسیسی افسروں کیخلاف جاسوسی کا الزام

پیرس یکم مارچ۔ فرانس کے وزیر دفاع نے یہ اعلان کیا ہے کہ دو فرانسیسی افسر گرفتار کئے گئے ہیں جن کے خلاف جاسوسی کے الزام میں فوجی ٹریبونل کے سامنے مقدمہ چلایا جائے گا۔ ان میں سے ایک افسر کمیونسٹ پارٹی کا ممبر ہے اور اس نے یہ بات تسلیم کرلی ہے کہ اس نے ایک غیر ملکی حکومت کو ضروری کاغذات مہیا کئے تھے۔ دوسرا افسر فرانس کی یو۔ ایس۔ ایس۔ آر کی ایک انجمن کا ممبر ہے۔ (گلوب)

ڈنمارک بھی اٹلانٹک پیکٹ میں شامل ہوگا

لندن یکم مارچ۔ ڈنمارک کی سوشلسٹ پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی نے حکومت ڈنمارک کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ ڈنمارک کی حفاظت کے لئے جو قدم مناسب سمجھے اٹھائے۔ یہ فیصلہ ۹۴ ووٹوں کی حمایت اور ایک ووٹ کی مخالفت سے کیا گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب لیا جارہا ہے کہ ڈنمارک بھی اٹلانٹک پیکٹ میں شامل ہونے کے متعلق ناروے کی پیروی کرے گا۔ (گلوب)

فلسطین میں یہودی فوجوں کی نقل و حرکت

(دان) یکم مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ عرب لیجن کا ایک ہوائی جہاز کل عقبہ میں اتحادی قوموں کے فرانسیسی آبزرور کو یہ اطلاع دینے کے لئے روانہ ہوا کہ عقبہ سے ۳۰ میل شمال مغرب کی طرف فلسطین کی سرحد کے نزدیک یہودی فوجی دستے کو جنوب کی طرف جاتے ہوئے دیکھا گیا ہے اس میں کم از کم ۳۰ زرہ پوش شامل ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگر یہودی فوجیں شرق اردن کے علاقہ میں داخل ہوں تو برطانیہ اور شرق اردن کے درمیان طے شدہ معاہدہ کے مطابق برطانوی فوجیں حرکت میں آسکتی ہیں۔ (گلوب)

انڈونیشیا کے دفتر کا اعلان

[illegible] ان جمہوریت اتحادی کمیشن کے زیر سرکردگی [illegible] (گلوب)

امریکہ کی طرف سے برطانیہ کی امداد

واشنگٹن یکم مارچ۔ امریکہ سینٹ کی امور خارجہ کی کمیٹی کے چیرمین نے کہا ہے کہ برطانوی محکمہ خارجہ کے نائب سکریٹری کے حال ہی کے بیان کے نتیجہ کے طور پر امریکہ کی طرف سے برطانیہ کو دی جارہی مدد میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جانے کی۔ آپ نے مزید کہا ہے کہ حکومت برطانیہ اپنی پوزیشن کو بحال کرسکتی ہے لیکن اس کے باوجود اسے بیرونی امداد کی ضرورت ہے۔ (گلوب)

جنوبی افریقہ سے سونے کی ناجائز برآمد

کیپ ٹاؤن یکم مارچ۔ حکومت جنوبی افریقہ کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ جنوبی افریقہ سے کافی مقدار میں سونا اور جواہرات ناجائز طور پر باہر بھیجے جارہے ہیں کیونکہ غیر ملکی منڈیوں میں ان کی قیمت بہت زیادہ ہے۔ اس کی روک تھام کے لئے حکومت نے زیورات کے بیوپاریوں کو بہت کم تعداد میں سونا سپلائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (گلوب)

ہنگری میں کیتھولک پادریوں سے بدسلوکی

روم یکم مارچ۔ ہنگری سے آمدہ اطلاعات ظاہر کرتی ہیں کہ ہنگری میں کیتھولک پادریوں کو تنگ کیا جارہا ہے۔ حکومت ہنگری نے چار کیتھولک پادریوں سے یہ درخواست کی ہے کہ وہ اپنے عہدوں سے مستعفی ہوجائیں۔ یہ چاروں پادری کارڈینل مائنڈزنٹی کے گہرے دوست تھے۔ ان پادریوں نے حکومت کی اس درخواست کو قبول کرنے سے انکار کردیا ہے۔ (گلوب)

نیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس

سری نگر یکم مارچ۔ شیخ عبداللہ وزیر اعظم جموں و کشمیر نے اعلان کیا کہ اگلے ماہ مئی میں جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کا اجلاس ہوگا جس میں کشمیر کے مستقبل کے بارے میں بہت اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ انہوں نے کارکنوں سے اپیل کی کہ اپریل تک ممبروں کی بھرتی کا کام ختم کریں۔

تین کمیونسٹ گرفتار

شولاپور ۲ مارچ۔ تین حیدرآبادی کمیونسٹ جو ضلع نلگنڈہ سے یہاں آئے تھے ان کو شولاپور کی پولیس نے گرفتار کرلیا اور مقامی جیل میں بند کردیا۔

روزانہ اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

حیدرآباد کے پناہ گزینوں کو بسایا جارہا ہے

میجر جنرل چودھری کا بیان

حیدرآباد، یکم مارچ۔ فوجی گورنر میجر جنرل چودھری نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ سردار پٹیل اور نظام میں حیدرآباد کو ہندیونین میں شامل کرنے کے لئے کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔ یہ بات چیت عام نوعیت کی تھی۔ آپ نے کہا کہ سردار پٹیل کی کوششوں سے کانگریس کے دونوں گروپوں میں سمجھوتہ ہوگیا ہے۔ ایک اور سوال کے جواب میں کہا کہ ہندو اور مسلمان دونوں اپنے اپنے فرقہ کے پناہ گزینوں کو دوبارہ آباد کرنے کا کام کررہے ہیں، لیڈروں کی بیرخی کی وجہ سے یہ کام تیزی سے نہیں ہو رہا۔ ریاستی پولیس کے حوصلے گرے ہوئے ہیں۔

ورنگل اور نلگنڈہ میں ریاستی پولیس کی قوت یا تو کمیونسٹوں کی مدد کرتی رہی ہے یا ان کے خلاف کارروائی نہیں کرتی رہی، اس لئے ہمیں ہندوستانی پولیس بھرتی کرنی پڑی ہے۔ ریاستی فوج کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا، کہ اس فوج کی تعداد کم کی جارہی ہے، ان کا کمانڈر جنرل اور دس میرے ماتحت کام کررہا ہے، عرب رجمنٹ کو توڑ دیا گیا ہے اور عرب سپاہیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے۔

یوپی کے زمین داروں کی کانفرنس

لکھنؤ۔ (بذریعہ ڈاک) سہارنپور، مظفر نگر اور ڈیرہ دون کے ضلعوں کے زمینداروں کی ایک کانفرنس ۱۶ مارچ کو منعقد ہورہی ہے جس میں مجوزہ زمینداری کمیٹی کی رپورٹ پر بحث ہوگی۔

برما سے کئے ہوئے فوجی معاہدہ کو توڑا نہیں جائیگا

برما کی خانہ جنگی کی بابت برطانوی پالیسی سے اختلاف

برٹش گورنمنٹ برما گورنمنٹ کو مشورہ دے گی کہ وہ کیرنوں کو سیلف گورنمنٹ دے۔ مسٹر مکنیل نے اس سوال کا جواب نہیں دیا۔

لندن یکم مارچ۔ کل دارالعوام میں برطانیہ کے [illegible] کے وزیر مسٹر مکنیل نے بتایا کہ برطانوی حکومت برما کے ساتھ کئے ہوئے اس معاہدہ کو توڑنا نہیں چاہتی جس میں برطانوی حکومت نے برما کو ہتھیاروں کے ذخیرے کے لئے سہولتیں دینے کا وعدہ کیا ہے۔

ایک کنزرویٹو ممبر مسٹر ڈونر نے پوچھا کہ کیا کیرن باشندوں کی زمانہ جنگ کی خدمات کو پیش نظر [illegible]

مسٹر مکنیل نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ برٹش گورنمنٹ یہ فوجی معاہدہ منسوخ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی۔ یہ معاہدہ تین سال کے لئے ہے اور اس کے بعد کوئی بھی فریق ایک سال کا نوٹس دے کر منسوخ کرسکتا ہے۔ برما گورنمنٹ کو جو ہتھیار دیئے جائیں گے۔ ان کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں لگائی جاسکتی۔ مسٹر ڈونر نے پوچھا کہ کیا برٹش گورنمنٹ کیرنوں کی وفاداری کا کوئی خیال نہیں رکھے گی۔ اس پر مسٹر مکنیل نے جواب دیا کہ برطانیہ کی [illegible] کا سب کو علم ہے لیکن برطانیہ اس طرح ایک زبردست ذمہ داری سے پہلو تہی نہیں کرنا چاہتا۔ اس پر ایک ممبر نے کہا کیا فرقہ وارانہ لڑائی کے لئے اسلحہ پہنچانا معاہدہ کے مطابق ہے۔ اس پر مسٹر مکنیل نے جواب دیا۔ یہ امر [illegible] کہ برطانوی باشندے کیرنوں کو بغاوت کے لئے اکسا رہے ہیں اور انہیں ہتھیار پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں اور کیا مسٹر مکنیل ان انگریزوں کی سرگرمیوں کی مذمت نہ کریں گے۔

انڈی پنڈنٹ ممبر مسٹر ڈی [illegible] پسن نے کہا کہ کیا

کمیونسٹوں کی تازہ شرارت

لکھنؤ ۲ مارچ۔ حکومت یوپی کے اعلیٰ افسروں کو شبہ ہے کہ کمیونسٹوں نے وزیر اعظم یوپی کی بجٹ کی تقریر میں جعل سازی کی اور اس کے کچھ حصہ میں تحریف اور ترمیم کردی۔ وزیر اعظم پنت کی تقریر جس طرح اخبارات میں شائع ہوئی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت نے ان [illegible] کو جو [illegible] کی اجازت سے زراعت کے کام میں مصروف ہیں [illegible] کا ٹھیکہ ۱۲ روپے ایکڑ دینے کا فیصلہ کیا ہے جب کہ حکومت نے صرف ۱۲ روپے منظور کئے ہیں۔

کل ایک سرکاری ترجمان نے کہا کہ ان اعداد کا بدل جانا چھاپے کی غلطی کا سبب نہیں ہوسکتا اور اس لئے حکومت اس بارے میں باقاعدہ تحقیقات کررہی ہے۔

مرکز تعلیم امروہہ کا اعلان

امروہہ۔ (بذریعہ ڈاک) تعلیم بالغان کے سلسلہ میں زیادہ عمر کے پڑھنے لکھنے کاروباری لوگوں کے لئے رات کا اسکول کھول دیا ہے۔ وقت ۷ بجے [illegible] رات۔ شرنارتھیوں کو تعلیمی سامان مفت دیا جائے گا۔

بغداد ۲۸ فروری۔ مصر کی سیاسی پولیس نے ۲۰ سے زائد ایسے اشخاص کو گرفتار کیا ہے جنہوں نے مصری فوج میں کمیونسٹ اور دوسری قسم کا پروپیگنڈا کرنا چاہا۔ گرفتار شدگان کو جلد ہی فوجی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ (گلوب)

دار السلطنت

ڈاکٹر سید حسین کی وفات

ناظم عمومی جمعیۃ علماء کا اظہار افسوس

دہلی ۲ مارچ۔ مصر میں ہندوستان کے پہلے سفیر ڈاکٹر سید حسین کی ناگہانی وفات پر جمعیۃ علماء ہند دہلی کے ناظم مولانا [illegible] نے حسب ذیل الفاظ میں اظہار تعزیت کیا ہے۔ ڈاکٹر سید حسین کی ناگہانی وفات کی خبر سن کر دل کو سخت صدمہ ہوا۔ ڈاکٹر صاحب کی وفات تمام ہندوستان کے لئے باعث رنج ہے وہ ہندوستان کے ان لائق فرزندوں میں سے تھے جن پر ہندوستان کی تاریخ ہمیشہ فخر کرے گی۔ آزاد ہندوستان کی تعمیر و ترقی کے لئے ان کی خدمات کبھی بھلائی نہ جاسکیں گی وہ آزاد ہند کے بڑے معماروں میں سے ایک تھے۔

وطن کے لئے انہوں نے جو مصیبتیں برداشت کیں وہ تمام ہندوستانیوں پر ایک گراں بار احسان کا درجہ رکھتی ہیں۔ خداوند تعالیٰ مرحوم کو ان کے احسانات کی جزا دے اور اپنی بخشش سے نوازے۔

خود کشی کی کوشش

اپنی بیوی کے انکار پر کہ وہ اس کا کہنا نہیں مانتی ایک نوجوان آدمی کے افیم کھاکر خودکشی کرنے کی کوشش کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ یہ شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایک شرنارتھی کیمپ میں ایک خیمہ میں رہتا تھا۔ بعد میں اسے کسی دوسرے خیمے میں منتقل کیا گیا۔ اس نے اپنی بیوی سے درخواست کی کہ وہاں آکر اس کا کہا مانا کرے لیکن اس کی بیوی نے ایسا کرنے سے انکار کردیا اسی شخص نے اس بات کا برا مانا اور افیم کھاکر خودکشی کرنے کی کوشش کی لیکن بات کا پتہ چل گیا۔ اور اسے ہسپتال پہنچادیا گیا۔ پولیس نے خودکشی کے الزام میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔

گاندھی نگر میں چوری

گاندھی نگر میں مسٹر کستوری لال کے مکان سے ۲ ہزار روپے کے زیورات اور قیمتی کپڑے چوری ہوگئے۔

معلوم ہوا ہے کہ وہ بازار گئے ہوئے تھے اور ان کی بیوی خرید و فروخت کے لئے گئی تھیں کہ چور موقعہ پاکر اپنا کام کرگئے واپسی پر مسٹر کستوری لال نے ٹرنک ٹوٹا ہوا پایا۔ پولیس کو اطلاع دیدی گئی ہے جو تحقیقات کررہی ہے۔

پیدائش و اموات

۲۶ فروری کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران میں دہلی میں ۹۸ پیدائش اور ۱۲۰ اموات ہوئیں۔ مرنے والوں میں سے ایک چیچک سے ۳۳ بخار سے ۲ پیچش و اسہال سے ۴۴ سانس کی بیماری سے ایک زخموں سے اور ۳۹ دیگر وجوہات سے مرے۔ مرنے والوں میں ۳۲ بچے شامل ہیں جن کی عمر ایک سال سے کم تھی۔

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور مارشیس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانیوالے جہازوں کا بیڑا بمبئی سے

عدن، پورٹ، سوڈان، جدہ، اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے۔ اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کرسکیں گے

تفصیلات کے لئے لکھئے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

نمبر ۱۶ بینک اسٹریٹ بمبئی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچہ .... -/-/۳ روپیہ فی انچہ کالم

پچاس انچہ سے زیادہ .... -/-/۲ روپیہ فی انچہ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچہ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ بلیماران دہلی



ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

علمائے حق

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

اکالیوں کا یوم احتجاج

اکالیوں کے یوم احتجاج کے سلسلہ میں جس کی بابت اعلان کیا گیا تھا کہ وہ آج منایا جائے گا۔ پولیس نے کافی انتظامات کئے تھے اور مختلف مجسٹریٹ بھی ڈیوٹی پر تھے۔ سکھ لیڈروں نے اپنے ہم مذہبوں سے اپیل کی ہے کہ حکومت سے متصادم نہ ہوں اور قومی لیڈروں پر سکھ مسئلہ کے حل کے بارے میں پورا پورا اعتماد رکھیں۔

ممبر دستور ساز اسمبلی کے بنگلہ میں چوری

اطلاع ملی ہے کہ مسٹر کرشن [illegible] ممبر دستور ساز اسمبلی کے بنگلہ میں جو نئی دہلی میں ہے چوری ہوگئی۔ پیر کی شب کو چور گھس پڑے۔ اور دو سائیکلیں اور کچھ کپڑے اٹھا کر لے گئے۔ بعد میں ایک دوسرے بنگلہ میں پڑی ہوئی ایک سائیکل ملی۔ باقی اشیاء کا کوئی پتہ نہیں مل سکا۔

چوروں اور جواریوں کی گرفتاریاں

فیض باغ کے علاقہ میں ایک قبرستان سے جوا کھیلتے ہوئے ۱۵ آدمی گرفتار کئے گئے۔

چیلا دروازہ سے سٹہ کھیلتے ہوئے دو اشخاص گرفتار ہوئے۔

حویلی حیدر قلی میں ایک شخص دوسرے شخص کی جیب میں سے روپیہ نکالتا ہوا پکڑا گیا اور حوالہ پولیس کیا گیا۔

تقو نالی میں ایک شخص گرفتار ہوا جس کے پاس سے ایک لمبا چاقو برآمد ہوا۔ پولیس نے قانون اسلحہ کے ماتحت اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

کشن گنج سے چرس رکھنے کے الزام میں [illegible] ایک شخص گرفتار کیا گیا۔

طالب علموں کو لوٹ لیا

دیوان ہال کی تیسری منزل میں بعض لوگوں نے دو طالب علموں کے اقامتی کمرہ کا تالا توڑا اور ۱۰۴ روپے نقد اور بعض دوسری اشیاء چرالیں۔

باڑہ کشن گنج سے اطلاع ملی ہے کہ ایک پارچہ فروش اپنی دکان بند کرکے کھانا کھانے گیا جب آیا تو تالا ٹوٹا ہوا پایا [illegible] روپے سے زائد کا کپڑا غائب پایا۔

[illegible] کے نزدیک واقع ریلوے کوارٹروں سے اطلاع ملی ہے کہ ایک کوارٹر کے رہنے والوں کی عدم موجودگی میں اس کوارٹر میں چوری ہوگئی تین سو روپے سے زائد کے کپڑے وغیرہ چور لے گئے۔

[illegible]

نئی دہلی میونسپلٹی کی کارروائی

نئی دہلی میونسپلٹی نے کل ایک جلسہ میں ایک قرارداد منظور کی کہ مقامی حکومت آئندہ کسی کو شراب کی فروخت کا لائسنس نہ دے اور حکومت شراب بندی کی پالیسی کے تحت مکمل شراب بندی کی کوشش کرے۔ گذشتہ جلسہ کی کارروائی کی منظوری پر مختصر بحث ہوئی۔

دہلی میونسپلٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ عارضی [illegible] سے ایک روپیہ سے چھ روپیہ فٹ تک وصول کیا جائے۔ صدر نے کہا کہ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا تھا کہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ناجائز قبضوں کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اور چیف کمشنر کی یہ خواہش ہے۔ کہ آئندہ بلا اجازت کوئی تعمیر عمل میں نہ آئے۔

ٹاؤن ہال کے لان میں کمیٹی نے گاندھی جی کا مجسمہ لگانے کی تجویز پر بھی غور کیا۔ صدر نے تجویز کی کہ وار میموریل کی عمارت پر گاندھی جی کا مجسمہ نصب کیا جائے۔

مکانوں کے نئے نمبر

دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ مکانوں کے نمبروں کی بہت سی پلیٹیں خراب ہوگئی ہیں۔ [illegible] یہ نمبر ۱۹۵۱ء کی مردم شماری میں بھی استعمال کئے جائیں گے امید ہے کہ تمام لوگ ان پلیٹوں کو اچھی حالت میں رکھیں گے ہندوستان کے مردم شماری ایکٹ کی رو سے ہر شخص پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ان نمبروں کو کسی طرح سے ضائع نہ کرے۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی وعدہ کھلا بازار ۱۰۵/۱۰/- بند بازار ۱۰۶/۲/- سونا ۱۱۶/۸ باردانہ جٹ ۱۰۸/- [illegible] ۱۲/- [illegible] آٹا من [illegible] شکر ۱۳/۱۰/- کھانڈ ساری ۳۰ تا ۳۱/- کھانڈ ۳۳/۱۲/- سرسوں ۲۲/۸ [illegible] ۲۵/۸ تیل ۶۵/- کھل ۸/۸ تارامیرا ۲۱/- مونگ ۱۹/۸ بنولہ ۱۵/- مٹر ۱۲/- ارہر ۱۳/- گندم ۲۶/- چنے ۱۵/۸ جو ۱۶/۸/- مکی ۱۶/- باجرہ ۱۶/۴ روپے۔

دہلی منیاری مارکیٹ

بلیڈ [illegible] [illegible] ۳/۱۴/- [illegible] ۱۰/۸/- [illegible] [illegible] روپے۔

دہلی غلہ مارکیٹ

چوکر گندم ۸/۸/- چھلکا [illegible] ۹/۸/- [illegible] ۱۹/- [illegible] ۲۳ تا ۲۶/- [illegible] تیل سرسوں ۶۳/- تیل [illegible] ۶۲/- نمک کھیوڑہ ۹/۸/- [illegible] ۱۵/- روپے۔

دہلی کریانہ مارکیٹ

کالی مرچ ۱۹۲/- لونگ [illegible] کشمش ۵۷/- بادام پشاوری ۹۳/- کاغذی ۱۰۴/- چھوہارے ۳۵/- ہلدی [illegible] ۵۵ کاسنک [illegible] ۳۰/- سوڈا [illegible] ۲/- تیل [illegible] ۶۲/- ارنڈی ۵۲/- روپے۔

دہلی کی عدالتوں میں

بال کرشن نامی ایک شخص کو سائیکلوں کی چوری کے سلسلہ میں نئی دہلی کے ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نے ایک سال قید سخت کی سزا دی۔ ملزم نے ۱۷ ستمبر کو مدن لال کی سائیکل چرائی تھی۔ ایک دوسرے مقدمہ میں بھی اس کو ایک سال قید بامشقت [illegible]

[illegible] ایک سائیکل چرانے اور اس کو ۱۰۰ روپے میں فروخت کرنے کے الزام میں ایک سال کی سزائے قید دی گئی۔

رشوت ستانی کا انسداد

دہلی میونسپلٹی کے سیکرٹری اور ڈپٹی سیکرٹری نے ۲۸ فروری کی رات کو بھیس بدلکر مختلف محصول چنگیوں کا معائنہ کیا۔ اور ایک شخص کو رشوت لیتے ہوئے دیکھا۔ اس معاملہ میں کارروائی کی جارہی ہے عوام سے رشوت ستانی کے انسداد کیلئے میونسپل حکام سے تعاون کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نئی دہلی نے بھارت ایرویز کے اسسٹنٹ ٹریفک آفیسر کو ۱۳۰ روپے غبن کرنے کے الزام میں چھ ماہ قید سخت اور ۱۳۰ روپے جرمانہ کیا۔ [illegible] ملزموں کا الزام ثابت نہ ہونے پر بری کردیا گیا۔

عین موقعہ پر گرفتار

[illegible] میں ایک چور دکان کا تالا توڑتا ہوا گرفتار ہوا۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ دکان کا تالا توڑ رہا تھا کہ مالک دکان آنکلا۔ چور نے بھاگنے کی کوشش کی مگر مالک دکان نے اسے دوڑ کر پکڑ لیا۔ بعد میں چور پولیس کے حوالہ کردیا گیا۔

[illegible] میں ایک سوتے ہوئے شخص کے تکیہ کے نیچے سے اس کی واسکٹ چرانے کی کوشش کرتا ہوا ایک شخص گرفتار ہوا۔ واسکٹ میں بہت کافی نقدی تھی۔

تیلی واڑہ شاہدرہ سے اطلاع ملی ہے کہ کسی شخص نے رام چند نامی ایک شخص کے مکان کا تالا توڑ کر کپڑے اور زیورات چرالئے۔ مسروقہ سامان کی مالیت کا اندازہ چھ سو روپے لگایا جاتا ہے۔

مولانا آزاد الہ آباد کو

ہز ایکسیلینسی گورنر جنرل اور پنڈت نہرو وزیر اعظم کل صبح دہلی سے بذریعہ طیارہ روانہ ہوکر الہ آباد پہونچ گئے۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور لیڈی پامیلا ماؤنٹ بیٹن بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ مولانا آزاد وزیر تعلیم و ڈاکٹر جوراج مہتہ بھی وزیر تعلیم کے طیارہ میں الہ آباد تشریف لے گئے۔

تحفظ اوقاف اہل حدیث

تحفظ اوقاف اہل حدیث کی ایک معمولی میٹنگ میں مندرجہ ذیل تجاویز متفقہ طور پر طے پائی تھیں۔

(۱) شہر دہلی کو اوقاف کے تحفظ کے لئے تین حلقوں میں تقسیم کیا جائے۔

(۲) ہر حلقہ سے بہ مشورہ جماعت ایک ماتحت کمیٹی منتخب کی جائے جو سات افراد پر مشتمل ہو اور

(۳) جماعتی جلسۂ عام سے ایک نگران کمیٹی جو مرکزی درجہ کی ہو منتخب ہو۔

چنانچہ جلسۂ عام کے انعقاد کے بعد مندرجہ ذیل عہدیداران و ممبران برائے نگران کمیٹی منتخب ہوئے۔

جناب حاجی عبدالکریم صاحب ملتانی صدر۔ جناب شیخ محمد صدیق صاحب کراچی والے ناظم اور جناب حاجی محمد صالح صاحب [illegible] حاجی علی جان صاحب خازن۔ دیگر ممبران جناب مولانا مولوی تقریظ احمد صاحب و جناب منشی عبدالمالک صاحب

متفقہ طور پر طے پایا کہ جناب چیف کمشنر صاحب اور ناظم اعلیٰ سنی مجلس اوقاف کو اس انتخاب کی اطلاع کردی جائے۔ اور مزید گذارش کی جائے کہ اہل حدیث اوقاف میں مداخلت سے اجتناب کریں۔ (ناظم)

ضلع متھرا سے اغوا شدہ لڑکیوں کی برآمدگی

کلکٹر متھرا کا قابل تعریف رویہ

دہلی ۲ مارچ۔ مولوی انیس الحسن صاحب نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے کہ ہز ایکسیلینسی گورنر جنرل آف انڈین یونین کے ۳۱ جنوری ۱۹۴۹ء والے آرڈیننس کے بعد ہندوستان میں اغوا شدہ خواتین کی برآمدگی کی مہم پھر شروع کردی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند کے وہ کارکن بھی برابر مصروف ہیں جن کو گورنمنٹ آف انڈیا کی جانب سے برآمدگی خواتین کے لئے اجازت حاصل ہے معلوم ہوا تھا کہ ضلع گوڑگانوہ کی بعض مسلم خواتین جو کہ فسادات کے دنوں میں اغوا کرلی گئی تھیں ضلع متھرا کے بعض دیہات میں موجود ہیں۔ چنانچہ ان کی برآمدگی کے لئے حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند کے حکم پر میں ۲۸ فروری کو متھرا پہونچا اور مسٹر اگروال کلکٹر ضلع متھرا سے ملا اور اپنے آنے کا مقصد ان سے ظاہر کیا۔ موصوف بڑے اخلاق اور ہمدردی کے ساتھ پیش آئے اور انہوں نے اس مقصد کے لئے مجھے اپنے پورے تعاون کا یقین دلایا۔ گفتگو کے دوران [illegible] ان کی ذہنیت بہت صاف ہے۔

کلکٹر صاحب موصوف نے ان خواتین کی برآمدگی کے لئے ایک ارجنٹ آرڈر دیا جس کو لے کر میں ڈی۔ ایس۔ پی متھرا مسٹر جگناتھ سنگھ سے رات کے آٹھ بجے ملا۔ ڈی۔ ایس۔ پی صاحب اسی وقت کچھ دیہات کا گشت کرکے سفر سے واپس آئے تھے اور تھکے ہوئے نظر آتے تھے۔ اس کے باوجود انہوں نے فوراً ہی مجھے ملاقات کا موقعہ دیا اور میری گذارش پر ہمدردی کے ساتھ توجہ فرمائی۔ میں شکر گذار ہوں کہ انہوں نے مجھے [illegible] فرض کے انجام دینے [illegible] آغا محمد حسن صاحب سب انسپکٹر پولیس متھرا نے اس موقعہ پر جس دلیری اور جانفشانی کے ساتھ کام کیا ہے اس کا بہت قدر دان ہوں۔

ڈاکٹر ایواٹ گاندھی جی کی سمادھ پر

آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایواٹ نے راج گھاٹ میں گاندھی جی کی سمادھ پر پھول چڑھائے۔ آپ کے ہمراہ آسٹریلیا کے ہائی کمشنر [illegible] بھی تھے۔

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

شمر پر قتل کا الزام غلط ہے۔ ہر مسلمان کے لئے جنگ کربلا کے صحیح حالات سے واقف ہونا ضروری ہے۔ امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں مکمل تاریخی حالات قلم بند کئے ہیں۔ قیمت شہید اعظم مع اسوۂ حسین صرف چودہ آنے (۱۴) سوانح مولانا ابوالکلام مؤلفہ مسٹر آصف علی گورنر چار آنے (۴) غبار خاطر مولانا آزاد کی بے مثل تصنیف چھ روپے انگلش لیکچر ایک روپیہ (عہ) [illegible] ایک روپیہ (عہ) [illegible] ملنے کا پتہ۔

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑی والان دہلی

مسلمان مالکان مہاجرین جائداد کو اطلاع

آپ کراچی، سندھ کے بڑے شہروں میں اور لاہور، ملتان، لائل پور، راولپنڈی وغیرہ میں کانیں، مکانات، فیکٹریاں ہماری معرفت آسانی سے تبدیل کراسکتے ہیں

محمد احمد قریشی اینڈ کمپنی ایجنٹس اینڈ ماہر قیمت جائداد، موہٹا بلڈنگ وکٹوریہ اسٹریٹ کراچی

پٹ سن کی اشیاء کی برآمد

نئی دہلی ۲ مارچ۔ چند اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی کہ پٹ سن کی اشیاء کی برآمد سپین کو کی جارہی ہے جو جنوبی افریقہ کو بھیجی جائینگی۔ اصلیت یہ ہے کہ حکومت سپین نے غیر مشروط طور پر یہ یقین دلایا ہے کہ یہ اشیاء جو پرمٹ سسٹم پر حاصل کی جارہی ہیں کسی حالت میں سپین سے جنوبی افریقہ کو نہیں بھیجی جائینگی۔ (گلوب)

تین خطرناک حادثے

کل رات سکندرا روڈ پر ایک موٹر کی ایک موٹر سائیکل اور ایک تانگہ سے ٹکر ہوگئی موٹر اور تانگہ کی سواریوں کے سخت چوٹ آئی۔ لیکن موٹر ڈرائیور موٹر کو لے کر فرار ہوگیا زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا گیا۔

نکلسن اسکوائر میں ایک تین سالہ بچہ بھی ایک ایسے ہی حادثہ میں شدید زخمی ہوا۔

تیسرا حادثہ نئی دہلی میں فائر بریگیڈ بلڈنگ کے پاس ہوا جہاں ایک بس تانگہ سے ٹکراگئی تانگہ چور چور ہوگیا۔ اور ڈرائیور سخت زخمی ہوا۔

طبی تعلیم کا مفت انتظام

[illegible] اپنی مراسلاتی تعلیم کو صرف ایک ماہ کے لئے مفت جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ اگر آپ طبیب [illegible] علم الادویہ کی معلومات چاہتے ہیں تو جواب ذیل پتہ پر اپنا نام درج رجسٹر کرائیے۔ اور ایک ماہ کے اندر اسباق کی تکمیل کیجئے۔ سپرنٹنڈنٹ [illegible] ایجوکیشنل ہوم ۳۱ راہ اندرکوٹ۔ میرٹھ شہر

ڈچوں کی درخواست منظور

ہیگ یکم مارچ۔ اطلاع ملی ہے کہ انڈونیشیا کے حامیوں نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ ڈچ حکومت کی وہ درخواست منظور کرلی جائے جس میں [illegible] ہیگ آکر گول میز کانفرنس میں شرکت کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

الہ آباد یونیورسٹی کے نئے وائس چانسلر

الہ آباد یکم مارچ۔ ڈاکٹر ڈی۔ پی [illegible] تین سال کے لئے الہ آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر منتخب ہوگئے۔ انتخاب یونیورسٹی کورٹ کے ایک جلسہ میں جو ۲۸ فروری کو ہوا تھا عمل میں آیا تھا۔

کشمیری پناہ گزینوں کی امداد

کپڑا اور خوراک بھیجا جارہا ہے

نئی دہلی ۲ مارچ۔ جموں اور کشمیر سے مسلمان پناہ گزینوں کے لئے ہندوستانی ہوائی جہاز [illegible] سامان لے جاتے ہیں اور وہاں سے لاریوں کے ذریعہ بھیج دیا جاتا ہے۔ جہاں لاریاں نہیں جاسکتیں وہاں قلیوں کے ذریعہ سامان پہنچایا جاتا ہے۔

[illegible] پھر سے بحال کردئے گئے

رنگون ۲ مارچ۔ حکومت برما کی سخت ہدایات کے باوجود کام پر واپس نہ آنے والے ہندوستانیوں کو ملازمت سے برطرف کئے جانے کے احکامات واپس لے لئے گئے ہیں اور تقریباً ۵۰۰ ہندوستانیوں نے ۲۸ فروری سے سرکاری دفاتر میں کام کرنا شروع کردیا ہے۔

اگرچہ برما کے سرکاری محکموں میں کام کرنے والے ملازمین کی یونین کی ہڑتال سے [illegible] جن کی کوششوں سے بالآخر حکومت برما نے اپنا حکم واپس لے لیا۔ محکموں کے اعلیٰ افسروں نے زبانی طور پر ہندوستانیوں سے کام پر واپس آجانے کے لئے کہا۔ ان ملازمین کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اگر حکومت برما اپنا حکم واپس نہ لیتی تو [illegible] ہندوستانیوں کو [illegible] کردئے گئے تھے۔

مغربی بنگال اسمبلی کا بجٹ سیشن

مسلح حملوں کا ذکر۔ وزیر اعظم کا جواب

کلکتہ ۲ مارچ۔ مغربی بنگال کی مجلس قانون ساز کا بجٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈم ڈم پر مسلح حملہ کا بھی ذکر ہوا۔ وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے نے کہا کہ تحقیقات کے مکمل ہوجانے کے بعد حکومت ان واقعات پر کوئی بیان دینے کے قابل ہوسکے گی۔

کشمیر کمیشن کا نیا چیرمین

نئی دہلی ۲ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کے نمائندہ مسٹر [illegible] کو کشمیر کمیشن کا چیرمین مقرر کردیا گیا ہے۔ کل کمیشن کا ایک گھنٹہ تک اجلاس منعقد ہوا۔ آئندہ اجلاس جمعرات کے دن منعقد ہوگا۔

لیڈروں اور کانگریسیوں پر

مسٹر جے پرکاش کی نکتہ چینی

پٹنہ یکم مارچ۔ کل شام کو ایک عام پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نارائن نے کانگریس والوں کی پالیسی کی مذمت کی۔ [illegible]

مشرقی پنجاب اسمبلی کا بجٹ سیشن

شملہ یکم مارچ۔ اب تک مشرقی پنجاب اسمبلی کے اسپیکر نے ۲۱ ریزولیوشن اور ۴۵ سوالات ۷ مارچ کو ہونے والے بجٹ سیشن کے لئے منظور کئے ہیں۔

[illegible] ایک سردار رتن سنگھ طالب نے ایک ڈاکٹر پرکاش کور [illegible] یہ ریزولیوشن زمینوں اور [illegible] کی آبادکاری کے متعلق ہیں۔

معزز مہمان!

الہ آباد ۲ مارچ۔ الہ آباد ریڈیو اسٹیشن کے افتتاح کے سلسلہ میں ایک دلچسپ اطلاع موصول ہوئی ہے کہا جاتا ہے کہ اس موقعہ کے لئے جن معززین کو مدعو کیا گیا ان میں ایک پنڈت [illegible] معلوم ہوا کہ ان کے انتقال کو آٹھ سال ہوچکے ہیں۔

پاکستان میں فیڈرل جمہوری دستور

وزیر اعظم اسمبلی میں تجویز پیش کریں گے

بمبئی ۲ مارچ۔ ریڈیو پاکستان کی طرف سے اعلان ہوا ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں پارلیمنٹ میں ایک ایسا ریزولیوشن پیش کرنے والے ہیں جس میں پاکستان کے لئے فیڈرل جمہوری دستور تجویز کیا گیا ہے۔ ریڈیو نے یہ بھی کہا ہے کہ اس کی بنیاد اسلامی اصولوں پر ہوگی۔ جس میں اقلیتوں اور پست طبقوں کے حقوق کی پوری پوری ضمانت دی جائے گی۔

بنکاک میں امن ہوگیا

فوجیں واپس آگئیں

بنکاک ۲ مارچ۔ بنکاک میں باغیوں اور حکومت میں [illegible] حکومت کے خلاف بغاوت کردی تھی۔ اور [illegible] فوج میں شدید تصادم ہوگیا تھا۔ لیکن کل دونوں کے درمیان صلح ہوگئی۔ [illegible] واپس آگئے ہیں۔

بنگال کے پوسٹمینوں کا فیصلہ

کلکتہ یکم مارچ۔ بنگال کی پوسٹ اینڈ ٹیلی گراف ورکرز یونین کے نائب صدر ڈاکٹر [illegible] بوس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بنگال کی شاخ کا ہڑتال کے بارے میں فیصلہ بدستور قائم ہے۔ جب تک یونین کے لیڈروں کو رہا نہ کیا جائے، دفتر کھولے اور کونسل کا اجلاس منعقد کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ آپ نے کہا کہ آئینی طور پر سپریم کونسل کے ۹ مارچ کو ہڑتال کرنے کے فیصلہ کی تصدیق کرے اور بنگال کا [illegible] کونسل کا اجلاس طلب کیا ہے۔

پاکستان میں کمیونزم کا خطرہ

غیاث الدین پٹھان کا بیان

کراچی ۱ مارچ۔ کل مسٹر غیاث الدین پٹھان [illegible] پاکستان مسلم لیگ و ممبر پاکستان دستور ساز اسمبلی نے ایک بیان میں حکومت پاکستان اور پاکستان مسلم لیگ کو کمیونزم کے روز افزوں فتنہ سے خبردار کیا ہے انہوں نے کہا مشرقی بنگال کمیونسٹوں کا مرکز بن گیا ہے جہاں [illegible] حکومت کے خلاف [illegible] پروپیگنڈہ کررہے ہیں ان کے خلاف فوری اور زبردست اقدام کی ضرورت ہے [illegible] کرنے اور صورت حال کو بہتر بنانے کی اپیل کی۔ (اے پ)

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اٹلانٹک کے دفاع کا معاہدہ

امریکہ کے دفتر خارجہ میں اہم گفت و شنید

واشنگٹن ۲ مارچ۔ سات ممالک کے نمائندوں کا جلسہ کل امریکہ کے وزارت خارجہ کے دفتر میں ہوا۔ تاکہ شمالی اٹلانٹک کے دفاع کے معاہدہ کا مسودہ تیار کیا جاسکے۔ یہ امید بھی کہ مسودہ آج رات تک تیار ہوجائے گا لیکن یقینی نہیں ہے۔ امریکہ وزیر خارجہ مسٹر ڈین ایچسن کے ساتھ شمالی اٹلانٹک کے ممالک جن میں برطانیہ کناڈا فرانس بلجیم ہالینڈ اور لکسمبرگ شامل ہیں گفتگو کررہے ہیں۔ یہ معاہدہ [illegible] دستخط ہوجانے کے بعد ممبر ممالک کے لئے جن میں امریکہ بھی شامل ہے یہ بات ضروری قرار دیگا کہ جب بھی معاہدہ پر دستخط کرنے والے کسی ملک پر حملہ ہو تو تمام ممالک اس کو اپنے پر حملہ سمجھیں اور حملہ آور کے خلاف اقدام کریں۔

مشرقی پنجاب کیلئے تکلے

شملہ ۲ مارچ۔ حکومت ہندوستان [illegible] مشرقی پنجاب کے لئے ۲۶۵۰۸ تکلے [illegible] حکومت مشرقی پنجاب کو دے رہی ہے کہ کپاس کا کام کرنے والوں میں تقسیم کردیئے جائیں۔

حکومت مشرقی پنجاب نے [illegible] قائم کرنے والوں سے درخواستیں طلب کی ہیں تاکہ ان کے نام الاٹمنٹ کیا جاسکے۔

سویڈن خطرہ کے منہ میں

[illegible]

رضا انٹر کالج میں تقسیم انعامات

نواب صاحب رامپور کی تقریر

رامپور ۲ مارچ۔ رضا انٹر کالج اور ریاست رامپور کے جسمانی تربیت کے شعبہ کا تقسیم انعامات کا جلسہ نواب صاحب رامپور کی صدارت میں منعقد ہوا۔

رضا انٹر کالج کے پرنسپل نے کالج اور ریاست رامپور کے جسمانی تربیت کے شعبہ کی کارگزاریوں کی رپورٹ [illegible] پسندیدگی کا اظہار کیا۔ نواب صاحب نے اپنی تقریر میں [illegible] کا احساس پیدا کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ نواب صاحب نے وزیر تعلیم کو اس بات کی بھی ہدایت کی کہ انٹر میڈیٹ کالج کو ڈگری کالج بنانے کے لئے ایک منصوبہ تیار کریں۔ تقسیم انعامات و تقسیم اسناد کے علاوہ اس موقعہ پر [illegible] کامیاب رہی۔

پاکستان برما کانفرنس میں شریک ہوگا

کراچی ۲ مارچ۔ پاکستان نے گذشتہ رات اعلان کیا ہے کہ وہ دہلی میں منعقد ہونے والی برما کانفرنس میں حصہ لے گا۔

[illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

[illegible]

مرکز تعلیم کا قیام

جمعیۃ العلماء ضلع [illegible] کے تعمیری پروگرام کے ماتحت تعلیم بالغان کے سلسلہ میں [illegible] پر مرکز تعلیم کے نام سے ایک اسکول کھول دیا گیا ہے۔ یہ اسکول تقریباً دو ماہ سے کھلا ہوا ہے۔ اس میں اب تک چالیس آدمی اپنے نام لکھا چکے ہیں اور وہ لوگ برابر روزانہ آتے ہیں اور تعلیم سے دلچسپی لیتے ہیں۔ اسکول شام کو ساڑھے سات سے رات کے ۹ بجے تک کھلا رہتا ہے۔

علاقہ میں جن لوگوں کو پڑھنے لکھنے کا شوق ہے انکو چاہیے کہ اسکول میں داخل ہوکر جلد سے جلد پڑھ [illegible] جائیں۔

(ناظم ڈاکٹر جبار قریشی)

الہ آباد کے کملا نہرو ہسپتال میں بیگم آزاد کے نام پر ایک نیا ونگ

گورنر جنرل کے ہاتھوں افتتاح کی شاندار تقریب

اسپتال میں نیا اضافہ

کملا نہرو کو خراج تحسین

پنڈت نہرو نے قرضہ دیا

قبرستانوں میں بھی رشوت ستانی

چندہ کے لئے اپیل

مزدوروں کی حالت معلوم کیجائے

سماجی کونسل میں روسی ممبر کا مطالبہ

ریاست کولہاپور صوبہ بمبئی میں ضم کردی گئی

وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیر نے تقریب انضمام انجام دی

کولہاپور ۲ مارچ ۔ کل سرکاری طور پر ریاست کولہاپور کو صوبہ بمبئی میں مدغم کردیا گیا وزیر اعظم بمبئی نے انضمام کی تقریب ادا کی اور افواج کی سلامی لی۔ کولہاپور دکن کی آخری مرہٹہ ریاست تھی۔ دکن کی ان ریاستوں کا مجموعی رقبہ جو صوبہ بمبئی میں شامل ہوا ہے، ۱۰۸۸۰ مربع میل ہے جس کی آبادی ۲۰ لاکھ ہے۔

ریاست کولہاپور کا رقبہ ۳۲۳۰ مربع میل تھا، اور اس کی آبادی ۱۲ لاکھ تھی۔ مال گذاری ایک کروڑ ۲۸ لاکھ سالانہ تھی

تمام ریاست کو بشمول جاگیرات صوبہ بمبئی میں ایک حکم کے ذریعہ مدغم کردیا گیا۔ حکومت بمبئی کے حکم کے تحت کیپٹن نمبالکر کو ریاست کے علاقہ کا چیف منتظم اور مسٹر پی بی پاٹل اور راؤ صاحب گلاب راؤ [illegible] کو منتظمین مقرر کیا گیا ہے یہ دونوں منتظمین چیف منتظم کے ماتحت کام کریں گے۔

کل اس موقع پر تمام ریاست میں تعطیل رہی۔ وزیر [redacted] میں سو سال قبل شیواجی نے عظیم مرہٹہ سلطنت کی بنیاد ڈالی تھی۔

وزیر اعظم مسٹر کھیر نے والی کولہاپور کے تدبر کی تعریف کی اور کہا کہ انہوں نے اپنی ریاست کو مدغم کرکے بہت بڑی قربانی کی ہے۔ ان کو یقین دلایا کہ حکومت ہند نے ان سے جو معاہدہ کیا ہے اس پر پوری طرح عمل کیا جائے گا۔ ریاست کے عوام جمہوری اور ذمہ دار حکومت کے فوائد سے متمتع ہوں گے۔ صوبائی مجلس قانون ساز میں ان کی مناسب نمائندگی ہوگی۔ اور ریاست کے مستقل ملازموں کو صوبائی حکومت میں حتی الامکان لے لیا جائے گا۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ کولہاپور میں جو عارضی انتظامات کئے گئے ہیں ان کو جلد از جلد ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ یہاں بھی بمبئی کے ایک ضلع کی طرح انتظام ہوسکے۔ [redacted] کوشش کریں گے اور ان کے علاقوں کو صوبہ کے دوسرے علاقوں کی سطح پر لانے کی پوری کوشش کریں گے۔ اس موقع پر اظہار مسرت کے طور پر اعلان کیا کہ ریاست کی مال گذاری میں سے [illegible] فی صدی معاف کیا جاتا ہے۔ نیز بعض قیدیوں کو رہا کیا جاتا ہے۔ اور بعض کی مدت سزا میں کمی کی جاتی ہے۔

ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان تجارتی اور سیاسی تعلقات

آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایوٹ کا پریس کانفرنس میں اعلان

انڈونیشیا پر ڈچ حکومت ایک گول میز کانفرنس بلا رہی ہے

کیا جمہوری لیڈر اس کانفرنس میں شریک ہونگے؟

بٹاویہ ۲ مارچ ۔ انڈونیشیا کے ڈچ کمشنر ڈاکٹر بیل نے ایک بیان میں کہا ہے کہ انڈونیشیا گول میز کانفرنس جمہوری لیڈروں کی شرکت کے بغیر ہی منعقد ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ہیگ سے جمہوری لیڈروں کو جو دعوت نامہ بھیجا گیا تھا ابھی تک اس کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ ڈاکٹر پی کوئٹ نے اطلاع دی ہے کہ ان کی [illegible] نیکا میں جمہوری لیڈروں سے ملاقات غیر اطمینان بخش نہیں تھی۔ جمہوری لیڈروں کی درخواست کے مطابق اس گفت وشنید کو ظاہر نہیں کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر بیل نے کہا کہ جمہوری لیڈروں کے احساسات کا تعلق ان کے گول میز کانفرنس کے دعوت نامہ کو قبول کرنے یا نہ کرنے سے نہیں ہے۔

ڈچ کی طرف سے اس گول میز کانفرنس میں شرکت کے لئے [illegible] تمام ممبر ہونگے اور یہ [illegible] ۱۲ مارچ کو ہیگ سے روانہ ہوجائے گا۔ ڈچ حکومت نے [illegible] کرنے کے مقصد سے یہ کانفرنس طلب کی ہے۔ جس کو پوری نمائندہ حکومت دی جائے گی۔ ابتدائی حکومت میں انتقال اختیار جولائی [illegible] میں رکھا گیا ہے۔

ڈاکٹر بیل نے کہا کہ فیڈرل انڈونیشیا اسی طرح آزاد حکومت ہوگی جس طرح ڈچ حکومت ہے۔ [illegible] کو انتقال اختیار ممکن ہے۔

گول میز کانفرنس میں ہی اس کا فیصلہ ہوگا کہ آیا انڈونیشیا میں فیڈرل حکومت قائم کی جاتی ہے یا اس کو فوراً اختیارات منتقل کردیئے جاتے ہیں۔

ڈچ ہوائی جہازوں پر ہندوستان کی طرف سے عائد کردہ پابندی کے متعلق انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ہندوستان اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے گی۔

گول میز کانفرنس میں شرکت پر مائل کرنے کیلئے انڈونیشیا کے فیڈرل لیڈر ڈاکٹر [illegible] سے گفتگو کے لئے جزیرہ بنکا جا رہے ہیں۔

ڈچ انڈونیشیا میں امن چاہتے ہیں

کناڈا کے ڈچ سفیر کا بیان

اٹاوہ ۲ مارچ ۔ کناڈا کے ڈچ سفیر نے ایک بیان میں کہا کہ ڈچ حکومت انڈونیشیا کو اس طرح چھوڑنا چاہتی ہے کہ وہاں امن قائم رہے اور بدنظمی نہ پھیل جائے۔

ملک کے طول وعرض میں ماتم

(بقیہ صفحہ اول کالم نمبر ۳)

مسز جیا کار کا بیان

سروجنی "غیر فانی" ہیں

امریکی نمائندے تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب میں

مسز نائیڈو کا انتقال

(بقیہ صفحہ اول کالم ۳)

حافظ محمد ابراہیم صاحب

عبد المجید صاحب

حاضر مال
انٹرنیشنل
ٹرک بسیں
INTERNATIONAL
سول ڈسٹری بیوٹرز
دہلی گیرج لمیٹڈ نیو دہلی

اسٹاپ پریس

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی
فون نمبر ۵۸۵۵
قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۔ مورخہ ۴ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۵ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۵۳ | بذریعہ ہوائی جہاز [illegible]

پناہ گزینوں کیلئے مکانات

۳۷۷۶ مکانات تعمیر ہوچکے ہیں

شملہ ۳ مارچ ۔ پناہ گزینوں کو آباد کرنے کی سکیم کے ماتحت حکومت مشرقی پنجاب نے اس وقت تک ۳۷۷۶ مکانات مکمل کرلئے ہیں۔ یہ مکانات ۲۰ ماڈل قصبوں میں بنائے گئے ہیں۔ اسکیم کے ماتحت کل ۴ ہزار مکان بنائے جائیں گے۔ اس وقت ۲۶۹۳ مکانات فروخت کردئے گئے ہیں۔

کراچی ۲۸ فروری ۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ جو دہلی کی ایشیائی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے ہندوستان آئے ہوئے تھے۔ کراچی پہنچ گئے ہیں۔ وہ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں سے دہلی کی ہر کانفرنس کے متعلق گفتگو کریں گے۔ ڈاکٹر ایوٹ کراچی سے لندن جائیں گے۔

سرمایہ داروں نے بھی ملکی سیاسیات اور اقتصادیات پر اپنے خیالات کا اظہار کردیا

کم کام اور زیادہ اجرت سے اقتصادی ڈھانچہ تباہ ہوجائیگا

چیمبر آف کامرس کے اجلاس میں لالہ جی مہوترا کا صدارتی ایڈریس

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۳ مارچ ۔ آج نئی دہلی میں فیڈریشن آف انڈین چیمبر آف کامرس کا سالانہ اجلاس شروع ہوگیا۔ [illegible]

مالدار بہت حساس ہیں!

اگر رہنے کو گھر اور کھانے کو غلہ نہ ملے تو سب کمیونسٹ ہوجائیں گے

پاکستان کے بجٹ پر مسٹر چکرورتی لیڈر حزب مخالف کی نکتہ چینی

سرحد پر میل ملاپ کے مناظر

بھوپال میں کمیونسٹ تحریک

۲۷ افراد کی گرفتاریاں

بنگلور کے قریب فسادات

۴ اشخاص ہلاک ۔ ۳۳ زخمی

مانڈلے کے قریب خونناک جنگ

استنبول میں دھماکہ

کولار کی کانوں میں ۲۰ روزہ اسٹرائک ختم ہوگئی

امن وامان قائم کرنے کیلئے مختلف حفاظتی تدابیر

بہار میں گرفتاریاں

حکومت سویڈن روس کے احتجاج کو نامنظور کردیگی

سویڈن کے دفتر خارجہ کے ترجمان کا اعلان

حکومت جودھپور نے چھوٹی لائن کو دوبارہ جاری کرنا منظور کرلیا

جودھپور اور پاکستان کے درمیان اب کوئی تنازعہ باقی نہیں!

کمیونسٹ فوجیں دریائے یانگ تسی تک پہنچ گئیں

نانکنگ اور شنگھائی کے علاقہ پر چند روز میں حملہ کی توقع

کلکتہ کے حملے میں گرفتار شدگان کی شناخت

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ۔ ہر جگہ ملتا ہے

ملک کے طول و عرض میں مسز نائیڈو کی موت پر ماتم

لکھنؤ میں آخری رسومات کی ادائیگی کے وقت رقت انگیز منظر

گورنر جنرل۔ وزیر اعظم اور دوسرے لیڈر شریک ہوئے

لکھنؤ ۳ مارچ۔ کل گورنر یوپی مسز سروجنی نائیڈو کی آخری رسومات ادا کی گئیں۔ ان کا انتقال حرکت قلب بند ہو جانے سے ہوا۔ [illegible] گورنمنٹ ہاؤس سے روانہ ہوا۔ [illegible] یوپی کے وزیر اعظم [illegible] ہندوستان کے گورنر جنرل [illegible] لیڈی ماؤنٹ بیٹن اور لیڈی پاٹیالہ [illegible]

مسز نائیڈو کے صاحبزادے [illegible] ہوائی جہاز سے آگئے تھے۔ [illegible] پنڈت پنت سامنے [illegible] نوج اور ساہی نوج [illegible]

[illegible] پولیس کے پیچھے مرد عورت اور بچے جنازہ دیکھنے کے لئے موجود تھے۔

جب جنازہ دریائے گومتی کے کنارے یونیورسٹی کے کھیل کے میدان میں آہستہ آہستہ داخل ہوا تھا تو ہزاروں مرد اور عورت پُر الم چہرے لئے جنازہ کو دیکھ رہے تھے۔ جب جنازہ گذر رہا تھا تو عوام جوش عقیدت سے پھولوں کی بارش کر رہے تھے۔

یونیورسٹی کے کھیل کے میدان میں لاش کو جلانے کا انتظام کیا گیا تھا، وہاں ایک چبوترہ بنایا گیا تھا۔ اور تقریباً سہ پہر ۴ بجے سے پہلے ہی وہاں پہنچ گئے تھے۔ جنازہ ساڑھے پانچ بجے کے قریب میدان میں پہنچا۔ اس وقت عوام کی تعداد ۵۰ ہزار سے زیادہ ہو گئی تھی۔

مرحومہ کی لاش کو ہندو رسم و رواج کے مطابق [illegible] پر رکھا گیا۔ [illegible] پولیس اور فوج کے افسران کے ساتھ [illegible] لگا دیا گیا اور [illegible] ہزاروں انسان چتا کے چاروں طرف خاموشی سے کھڑے ہوئے تھے۔ جب چتا سے شعلے بلند ہونا شروع ہوئے تو عوام کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

[illegible]

جب کہ چتا میں آگ جل رہی تھی گورنر جنرل ہند مسٹر راجگوپال آچاریہ نے ایک مختصر تقریر کی۔ انہوں نے کہا۔

بہنو اور بھائیو! یہ میرا نہایت ہی ناخوشگوار فرض ہے کہ میں اس وقت آپ کے سامنے چند الفاظ ادا کروں۔ [illegible]

[illegible]

بچوں کو فروخت کرنیوالی عورت

نئی دہلی ۳ مارچ۔ گذشتہ دنوں یہاں تقریباً [illegible] بچوں کو فروخت کرنے والی عورت کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ [illegible]

ڈیرہ غازی خاں بلوچستان میں شامل ہوگا

[illegible]

ایک عظیم خاتون

حکومت ہند کا خراج عقیدت

گورنر جنرل نے آج شام سویرے لکھنؤ میں صوبہ متحدہ کی گورنر ہز ایکسیلنسی مسز سروجنی نائیڈو کے انتقال کی خبر کو بہت ہی رنج و ملال سے سنا۔

اس ملک سیاست اور سماجی زندگی میں مرحومہ کی خدمات کو منضبط تحریر میں لانا بہت دشوار امر ہے۔ ایک ممتاز مقرر ایک بہت بڑی شاعرہ ایک ایسی ہستی جسے مدبر ہونے کی غیر معمولی قوت اور خوش طبعی کا شعور عطا کیا گیا تھا وہ اپنی زندگی حقیقی عیش و آرام اور ادب جس سے مرحومہ کا جدید گاؤ تھا۔ [illegible] لیکن جب آزادی کی جدوجہد کے لئے مہاتما گاندھی کی آواز اس کے کانوں میں پہنچی تو مرحومہ نے بلا کسی پس و پیش کے ان تمام صلاحیتوں کو اسی مقصد کیلئے وقف کر دیا۔ [illegible]

[illegible]

مدنی منزل مالیگاؤں کا مخصوص اجلاس

[illegible]

کراچی میں
روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ
مسلم نیوز ایجنسی اسٹال ۱۲
پشن مارکیٹ سے طلب فرمائیں
منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

لندن میں مسز سروجنی نائیڈو کا ماتم

انڈیا ہاؤس کا پرچم سرنگون کر دیا گیا

لندن ۳ مارچ۔ کل لندن میں مسز سروجنی نائیڈو کی موت پر ماتم کیا گیا۔ سیاسی اور ادبی غرض کہ ہر حلقہ کی طرف سے آپ کو خراج تحسین ادا کیا گیا ماتم میں ہزاروں ایسے اشخاص تھے جن کو کبھی آپ کو دیکھنے یا ملنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ انڈیا ہاؤس میں آج پرچم سرنگون کر دیا گیا جس سے اس بات کی تصدیق ہوتی تھی کہ ملک کی نامور دختر کا انتقال ہو گیا ہے۔ انڈیا ہاؤس میں [illegible] اظہار افسوس کے پیغام [illegible] کی طرف سے بذریعہ تار برقی اظہار افسوس حکومت ہند تک پہنچایا گیا۔

آج شام کو انڈیا ہاؤس کی لائبریری میں ایک ماتمی جلسہ ہوگا جس میں متعدد اصحاب خیالات کا اظہار کریں گے ہندوستان کے ہائی کمشنر مسٹر مینن اور دیگر نامور برطانوی معززین [illegible] خراج تحسین ادا کریں گے۔ آج کے لندن کے اخبارات میں پہلے صفحہ پر جلی الفاظ میں یہ خبر شائع کی گئی

نواب سالار جنگ کا انتقال

حیدرآباد ۳ مارچ۔ نواب سالار جنگ جو حیدرآباد کے بڑے جاگیرداروں میں سے تھے کل شام حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گئے ان کا انتقال اپنے مکان پر ۶۰ سال کی عمر میں ہوا [redacted] تقرری عمل میں آئی تھی۔ نواب سالار جنگ سنہ ۱۹۱۲ء تک حیدرآباد کے وزیر اعظم رہے۔ ان کے ماتم میں آج تمام سرکاری ادارے بند ہیں۔

ڈاکٹر گوپی چند علیل ہیں

لاہور ۳ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کی طبیعت ناساز ہے آج جو دہاں پر ایک حادثہ پیش آیا تھا۔

[illegible]

سندھ کا مشہور ڈاکو مارا گیا

حیدرآباد (سندھ) [illegible] سندھ کا مشہور ڈاکو [illegible]

امرتسر میں دو سکھ پارٹیوں میں تصادم۔ کئی اشخاص زخمی

اب مکمل امن ہے اور صورت حالات قابو میں ہے!

امرتسر ۳ مارچ۔ کل دوپہر سرائے گرو رام داس کے باہر اکالیوں اور جتھے دار [illegible] سنگھ کے ساتھیوں میں تصادم ہو گیا جس میں دو اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے سرائے کے باہر مجتمع لوگوں کو منتشر کرنے کے لئے تین مرتبہ رلانے والی گیس چھوڑی۔ مجمع نے پولیس پر سنگ باری کی جس سے ایک سب انسپکٹر اور دو کانسٹیبل زخمی ہوئے۔ فوج طلب کر لی گئی۔ امرتسر کے اہم ناکوں پر تعینات کر دی گئی۔ سکھوں کی دکانیں بہت بند رہیں۔

ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع مظہر ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری کے خلاف یوم احتجاج کے سلسلہ میں ان مخالف سکھ گروہوں میں تصادم ہو گیا جو شری دربار صاحب کمیٹی کے دفتر کے سامنے جمع ہوئے تھے۔ ایک موقع پر مجمع قابو سے باہر ہو گیا۔ تو ایک سپاہی کو اپنی حفاظت کے سلسلہ میں گولی چلانی پڑی۔ مجمع نے اس وقت پولیس پر دو بم پھینکے اور سپاہیوں پر کرپانوں سے حملہ کرنے کی کوشش کی تھی شام کے چھ بجے سے صبح کے چھ بجے تک کرفیو لگا دیا گیا ہے۔

[illegible]

بجے تک امرتسر میونسپلٹی اور چھہراٹہ کے علاقہ میں کرفیو لگا دیا گیا۔ اب مکمل امن ہے اور صورت حالات پوری طرح قابو میں ہے۔

پٹیالہ میں ہڑتال

پٹیالہ کی اطلاع مظہر ہے کہ کل وہاں سکھوں نے مکمل ہڑتال رکھی سکھوں نے امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں ایک جلوس نکالا۔ جلوس پُرامن [illegible] کر اشک آور گیس سے اسے منتشر کر دیا گیا۔

جالندھر میں امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں تین اکالی سکھوں نے ایک جلوس نکالا اور گرفتار کر لئے گئے۔ بعض سکھوں نے دوکانیں بند رکھیں۔ پولیس اہم ناکوں پر تعینات رہی۔ انبالہ کے سکھ طلباء نے کل ہڑتال کر دی۔

دہلی میں گرفتاریاں

دہلی میں کل تین اکالی گرفتار ہوئے۔ یہ گرفتاریاں اکالیوں کے یوم احتجاج کے سلسلہ میں عمل میں آئیں۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں جلوس نکالنے کی کوشش کی تھی بعض علاقوں میں سکھوں نے اپنی دوکانیں بند رکھیں پولیس کی نگرانی اور گشت دن بھر جاری رہا

سیام میں سخت سنسر بنکاک میں امن

بنکاک ۳ مارچ۔ اگرچہ بنکاک میں خاموشی طاری تھی۔ [illegible] حکومت نے مقامی اخبارات پر سخت سنسر نافذ کر دیا ہے۔ انگریزی زبان کے اخبار بنکاک پوسٹ نے اپنے ناظرین سے معذرت کی ہے [illegible]

جرمنی کے لیبر ماہرین کا دورہ

ڈسلڈورف ۳ مارچ۔ گیارہ اشخاص پر مشتمل جرمنی کے لیبر ماہرین کا وفد [illegible] برطانیہ [illegible]

مغربی بنگال کیلئے رضاکارانہ فوج

کلکتہ ۳ مارچ۔ مغربی بنگال کی حکومت نے ہدایت کی ہے کہ مغربی سرحد کے علاقوں میں امن و امان قائم کرنے کے لئے رضاکاروں کی ایک فوج تیار کی جائے۔

مسز نائیڈو کی موت نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی نقصان ہے

مختلف لوگوں کی طرف سے تعزیتی پیغامات

دہلی ۳ مارچ۔ ہندوستان کے طول و عرض میں مسز سروجنی نائیڈو کے انتقال کی خبر نہایت حزن و ملال کے ساتھ سنی گئی۔ اور جیسے کل کی اشاعت میں بتایا جا چکا ہے۔ دارالسلطنت کے اندر تمام مرکزی اور صوبائی دفتر بند رہے اور جھنڈے سرنگوں کر دیئے گئے۔ جمعرات کے دن پنڈت جواہر لال نہرو [illegible] کا پروگرام منسوخ کر دیا گیا ہے۔ [illegible] ہندوستان کے گورنر جنرل [illegible] ہماری ہر دلعزیز [illegible] تصور کرتی تھی [illegible] ہندوستان اور بیرونی ممالک میں [illegible] آج ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گئی ہیں۔

بمبئی لیجسلیچر کے دونوں ایوان [illegible] ملتوی ہو گئے [illegible] مسز سروجنی نائیڈو کو خراج تحسین ادا کیا گیا۔

[illegible] کے انتقال کی خبر [illegible]

شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر

سری نگر۔ شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم جموں و کشمیر نے مس پدماجا نائیڈو کو ایک تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے جس میں مسز سروجنی نائیڈو گورنر یوپی کی موت پر کشمیری عوام کی طرف سے اور خود شیخ عبداللہ کی طرف سے اظہار تاسف کیا گیا ہے۔

مسٹر منی لال گاندھی

جو مہاتما گاندھی کے لڑکے اور جنوبی افریقہ میں انڈین اوپینین کے ایڈیٹر ہیں انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارے خاندان سے مسز نائیڈو کا خاص تعلق رہا ہے اس لحاظ سے ان کی موت ہمارا ذاتی نقصان ہے۔ ہندوستانی خواتین کی نمائندہ کی حیثیت سے انہوں نے تمام دنیا میں ہندوستان کا نام بلند کیا۔

مسٹر منگل داس پکواسا

گورنر سی پی نے اپنے پیغام میں جو انہوں نے یوپی کے گورنر کے فوجی سکریٹری کے نام ارسال کیا ہے مسز نائیڈو کے انتقال پر سخت حزن و ملال کا اظہار کیا ہے۔

سر سرت چندر بوس، مسٹر سری پرکاش گورنر آسام، ڈاکٹر کاٹجو گورنر مغربی بنگال، وزیر اعظم مغربی بنگال، ڈاکٹر بی سی رائے، مہاراجہ جام نگر، [illegible] نام وزیر خزانہ حکومت ہند نے مسز نائیڈو کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔

نظام حیدرآباد کا اظہار افسوس

حیدرآباد ۳ مارچ۔ مسز نائیڈو کے انتقال کے سلسلہ میں نظام حیدرآباد نے [illegible] ایک تعزیتی خط لکھا ہے جس میں کہا ہے کہ وہ کل صبح مسز نائیڈو کے انتقال کی خبر سن کر سخت صدمہ ہوا۔ اور یہ کہ وہ مسز نائیڈو کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہیں نظام کو لکھنؤ سے [illegible] ہم کو معلوم ہوا کہ ہماری پیاری امان [illegible] سخت افسوس ہوا۔ ہند کا ایک لیڈر [illegible] رخصت ہو گیا [illegible] قلبی اظہار ہمدردی قبول ہو۔

کمیونسٹ اخبارات پر پابندی

بمبئی ۳ مارچ۔ حکومت بمبئی نے صوبہ بمبئی کے پبلک سیفٹی آرڈیننس کے ماتحت اخبار پیپلز ایج (انگریزی)، لوک لہر (مراٹھی)، جنتا یگ (گجراتی)، نئی زندگی (اردو) [illegible] کی اشاعت ممنوع قرار دی ہے [illegible]

اسی قسم کا ایک حکم بمبئی میں [illegible] پریس کے نگراں [illegible] ۲۹ مارچ سنہ ۴۹ء تک کوئی اخبار نہ چھاپیں۔

راجہ جی نے مزید کہا کہ ہمارا سب سے سخت امتحان کیا ہے [illegible] ہم اپنے دل و دماغ کو صاف اور درست رکھیں۔

جو کام سروجنی نائیڈو کر سکتی تھیں وہ کوئی نہیں کر سکتا۔ اب ہمارا فرض ہے کہ ہم اس خلا کو پُر کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں۔ [illegible] آخر میں آپ نے کہا کہ ہمیں تنگ نظری کو ترک کر کے فراخدلی سے کام لینا چاہئے۔

سردار پٹیل کا پیغام

ہندوستان کے نائب وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل نے اپنے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھے مسز سروجنی نائیڈو کے انتقال کی خبر سنکر بہت افسوس ہوا [illegible]

لیڈی ماؤنٹ بیٹن

نے کہا کہ مسز نائیڈو میری والدہ، میرے خاوند اور خود میری گہری دوست تھیں۔ ان کی موت صرف قومی نقصان ہی نہیں بلکہ ایک بین الاقوامی نقصان ہے۔

ڈاکٹر پرفلا چندر گھوش کا بیان

کانگریس کمیٹی کے ایک ممتاز رکن ڈاکٹر پرفلا چندر گھوش نے کلکتہ میں بیان دیتے ہوئے کہا مسز سروجنی نائیڈو کی اچانک موت سے ہندوستان کی سیاسی فضا سے خوشگوار اثر جاتا رہا۔ ہندوستانی حیات کے اندر اس ممتاز و برتر ہستی نے بے مثال عظمت حاصل کر لی تھی۔ [illegible]

صدر مومن کانفرنس کا تعزیت نامہ

مسٹر عبدالقیوم صدر آل انڈیا مومن کانفرنس، وزیر امور عامہ [illegible] مسز نائیڈو کی وفات پر حسب ذیل بیان دیا۔ ہندوستان کی عندلیب رخصت ہو گئی۔ [illegible]

مسٹر کے ایم منشی

سابق ایجنٹ جنرل حیدرآباد نے اپنے پیغام میں کہا کہ مسز سروجنی نائیڈو کی موت ملک کا ایک زبردست نقصان ہے۔

مسٹر اے کے خان

جو مغربی بنگال اسمبلی میں اپوزیشن پارٹی (مسلم لیگ) کے صدر ہیں انہوں نے کہا مسز نائیڈو کے انتقال کی خبر سنکر مجھے سخت صدمہ پہنچا [illegible]

مسٹر سہروردی

[illegible] نے کہا۔

سروجنی نائیڈو ایک عظیم ترین کی ابتدا تھیں۔ ان کی موت سے جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ کسی طرح بھی پُر نہیں ہو سکتا۔ ہندوستان مسز نائیڈو کے وجود سے گونجتا رہے گا وہ مشرق اور مغرب کے لوگوں کے جذبہ کا نمونہ تھیں [illegible]

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۴ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات

کشمیر کی لڑائی بند ہونے کے بعد ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات خوشگوار ہو رہے ہیں۔ اور ہم اپنے ملک کی سیاست خارجہ کے ضروری تقاضوں کے پیش نظر چاہتے ہیں کہ اس کے تعلقات نہ صرف پاکستان بلکہ ساری دنیا سے اچھے ہوں، یہاں پاکستان کے اچھے یا برے ہونے کا سوال نہیں ہے، بلکہ آزاد ہندوستان کے ان مخصوص مقاصد و عزائم کا ہے، جن کے لئے وہ دنیا کی قوموں میں آج ممتاز سمجھا جاتا ہے۔ اور یہ بات عجیب ہوگی کہ ہندوستان کے تعلقات خارجہ دوسرے ملکوں سے تو اچھے ہوں، لیکن پڑوسی ملکوں سے اچھے نہ ہوں۔

ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے ابتک جو کچھ ہو سکا ہے، وہ اگرچہ بہت اہم ہے لیکن اسے ہم ابھی "ابتدائی قدم" سمجھتے ہیں اور سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا دونوں دولتین کے تعلقات ہمیشہ اچھے رہیں گے؟ یا ان میں کم سے کم کچھ دنوں کے لئے استحکام پیدا ہو سکے گا؟ بہت بڑا اختلافی مسئلہ کشمیر کا تھا، کسی حد تک یہ مسئلہ ضرور حل ہوا ہے، لیکن ابھی بہت سے مرحلے طے ہونا باقی ہیں، مثلاً عارضی صلح کی شرطیں ابھی باقاعدہ طے نہیں پائیں، استصواب رائے عامہ کی تفصیلات ابھی طے نہیں پائیں اور ان معاملوں کا تعلق چونکہ صرف حکومتوں یا حکومتوں کے وزراء سے نہیں بلکہ عوام سے بھی ہے، اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ اختلافی مسائل بعنوان احسن طے پا جائیں۔

ہم اس سلسلہ میں حکومت پاکستان سے زیادہ حکومت ہند سے درخواست کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنی مشکلات پر فوراً قابو پائے۔ اس کی مشکلات لاینحل نہیں ہیں لیکن حل طلب ضرور ہیں، یہ ظاہر ہے کہ حکومت ہند اگر کشمیر کی فوجی تسخیر چاہتی، تو یہ بات زیادہ مشکل نہ تھی اور "لڑائی بند" کرنے کی اسے ضرورت محسوس ہوتی لیکن لڑائی بند کرنے کا مطلب ہی یہ ہے کہ ہندوستان کی جمہوری حکومت کشمیری عوام کے "قلوب کی تسخیر" چاہتی ہے، اور کشمیر کا اصل مسئلہ یہی ہے کہ اس پر محض فوجی قبضہ کرنے کے بجائے عوام کی تائید و حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے، اس لئے حکومت ہند کے لئے آج معاملہ کے اس پہلو پر غور کرنا بیحد ضروری ہے کہ کشمیر کے عوام کیا چاہتے ہیں اور کشمیر و جموں میں شیخ عبداللہ کی حکومت کے ہاتھ کس طرح مضبوط کئے جائیں، اس مقصد کے لئے ظاہر ہے کہ جموں و کشمیر میں فرقہ پرست اور افتراق انگیز عناصر کو سر اٹھانے کا موقع نہیں دیا جا سکتا، حیدرآباد سے اگر جاگیرداری نظام ختم کیا جا سکتا ہے، تو کشمیر کے متعلق بھی سوچنا ہے کہ کیا ہوگا؟ کشمیر اور کشمیری جاگیرداروں اور زمینداروں کی کیا حیثیت ہوگی، مہاراجہ کشمیر عوامی و جمہوری تحریکوں سے کس حد تک مطابقت پیدا کر سکیں گے، فوج کا انتظام کیا ہوگا کشمیر عملاً اور اصلاً ہندوستان کا حلیف اور دوست کس طرح بن سکے گا؟ اگر یہ معاملات طے پا گئے تو ہمیں یقین ہے کہ حکومت ہند کشمیری عوام کا دل جیت سکے گی، اور جب یہ ہوگا تو ہمیں دیکھنا ہے کہ پاکستان اور حکومت پاکستان کی روش کیا ہوگی، اور دونوں دولتین کے تعلقات آج جس حد تک خوشگوار سمجھے جاتے ہیں کل بھی اسی حد تک خوشگوار سمجھے جا سکتے ہیں یا نہیں؟ ہماری آرزو ہے کہ دولتین کے تعلقات ہمیشہ اچھے رہیں، غالباً یہی وجہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ بدترین حالات میں بھی ہندوستان اور پاکستان مفاہمت کی راہ ترک نہ کریں۔

جہاں تک عوام کا تعلق ہے، شرنارتھیوں اور مہاجرین کے پھر سے بساؤ کا سوال بیحد اہم ہے، مہاجرین کے معاملات سے ہمیں ہمدردی ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ وہ پاکستان میں اچھی زندگی بسر کریں لیکن ایک انسان کی حیثیت سے ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم شرنارتھی بھائیوں کے مستقبل سے پوری دلچسپی لیں اور ہندوستان میں ان کا مخلصانہ برادرانہ خیر مقدم کریں اس سلسلہ میں دہلی میں "پھر بساؤ کانفرنس" نے ایک اہم قدم اٹھایا ہے اور ہمیں امید ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات میں استحکام پیدا کرنے کے لئے یہ کانفرنس راہ کی مشکلات کے باوجود اہم خدمات انجام دے گی لیکن ہم جانتے ہیں کہ ہندوستان سے لاکھوں شرنارتھیوں کو پاکستان سے جانے اور پاکستان سے لاکھوں مہاجرین کو ہندوستان سے آنے میں گونا گوں مشکلات پیش آئیں گی، ملک کی تقسیم کے بعد ہندوستان اور پاکستان میں مختلف طبقات کی مختلف اغراض پیدا ہو گئی ہیں، شرنارتھیوں اور مہاجرین کا ایک گروہ ایسا بھی ہے جو پاکستان اور ہندوستان میں اقتصادی معاشی، اور سیاسی فائدے حاصل کر چکا ہے، وہ دولتین کی روزمرہ کی سیاست میں دخیل ہو چکا ہے اور اپنی کاروباری زندگی میں من مانے فائدے اٹھا رہا ہے، یہ گروہ اپنے آبائی گھروں میں پھر سے بسنا پسند نہیں کرے گا، جہاں تک عوام کا تعلق ہے وہ اس آرزو کے باوجود کہ اپنے آبائی وطن سے ٹوٹے ہوئے رشتے جوڑیں یہ چاہیں گے کہ دونوں دولتین ان کی جان و مال کی حفاظت کریں، اس صورت حال سے ارباب غرض... دونوں ڈومنینوں میں فائدہ اٹھائیں گے اور وہ سازگار فضا پیدا نہ ہونے دیں گے جو دونوں ڈومنینوں کے تعلقات میں استواری کی گرہیں لگانے کے لئے ضروری ہے، چنانچہ ہم نے دیکھا ہے کہ پاکستان کے بعض اخبارات "پھر بساؤ" کانفرنس کی مخالفت بھی کرنے لگے ہیں اور ہندوستان میں بھی بعض اخبارات ان کے سُر سے سُر ملانے لگے ہیں، اور ان اخبارات میں وہ اخبارات نمایاں ہیں جو مہاجر اور شرنارتھی کہے جا سکتے ہیں۔

جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے، حالات کے اندازہ کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین اور حکومت پاکستان کے بعض ذمہ دار وزراء ماضی کی تلخ یاد بھلانی چاہتے ہیں اور ہندوستان سے اچھے تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں لیکن وہ جوشیلے اخبارات اور ان عوام سے ڈرتے ہیں جو اخبارات کی غلط سلط رہنمائی قبول کرنے کے لئے آمادہ رہتے ہیں، انہوں نے جہاں کوئی اچھی بات کہی، اخبارات تنبیہ کا لوٹا اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں کئے کرائے پر پانی پھیر دیتے ہیں، ہندوستان میں اگرچہ حالت وہ نہیں ہے جو پاکستان میں ہے اور حکومت ہند کے وزراء میں ان لوگوں کی کمی نہیں جو غیر ذمہ دار اخبارات کی غیر ذمہ دارانہ تحریروں کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں، پھر بھی وہ رائے عامہ کے تقاضوں کا پاس کرنے کسی حد تک آمادہ ہو جاتے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نیک ارادے عمل کا جامہ نہیں پہنتے۔

ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہندوستان، پاکستان کی خوشنودی مزاج حاصل کرنے کے لئے بے چین ہو، لیکن اگر یہ صحیح ہے کہ ملک کی تقسیم بحالات موجودہ ایک "امر مسلم" بن چکی ہے، اور پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کا یہ ارشاد صحیح ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے لئے اچھا یہی ہے کہ وہ الگ الگ رہیں، تو دونوں ڈومنینوں کے تعلقات کی تین ہی صورتیں ہو سکتی ہیں، جنگ، امن یا سمجھوتہ۔ کشمیر کی لڑائی بند ہونے کے بعد واقعات کی رفتار یہ ہے کہ ہندوستان جنگ نہیں چاہتا، اور اگر دفعتاً امن کی صحیح فضا پیدا کرنا ممکن نہ ہو تو کم سے کم اتنا تو ہو سکتا ہے کہ دونوں ڈومنین سمجھوتے اور مفاہمت کی زندگی بسر کریں، پاکستان کی معقول یا نامعقول روش کا، لازمی طور سے ہندوستان پر پڑتا ہے اور جب ہم واقعات کی دنیا میں رہتے ہیں تو اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ پاکستان کی روش کا بالواسطہ یا بلاواسطہ اثر ہندوستان کی عام روش پر بھی پڑتا ہے، لیکن ہماری آرزو یہ ہے کہ ہندوستان اس سلسلہ میں زیادہ ذمہ داری کا ثبوت دے، اور واقعات کے نشیب و فراز کا زیادہ پاس کرے، ہندوستان کی بڑائی اور عظمت کا پیمانہ صرف یہی نہیں ہے کہ وہ کس حد تک...

یورپ کی جدید قومیت

(مولانا ابوالکلام آزاد)

قومیت اپنے سادہ معنوں میں اگرچہ پہلے سے موجود تھی لیکن موجودہ زمانے میں "قومیت" کے لفظ سے جن اجتماعی عقائد و جذبات کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے۔ یہ در اصل یورپ کے نئے عہد تمدن کی پیداوار ہے۔ اس کی پیدائش انسانی آزادی و حقوق کی حفاظت کے لئے ہوئی تھی۔ لیکن اب انسان کی آزادی و حقوق کے لئے یہی چیز سب سے بڑی مصیبت بن گئی ہے۔

ازمنہ وسطیٰ کے بعد جب یورپ نے کروٹ بدلی اور نئے تمدن کی نشو و نما شروع ہوئی تو اس کے ساتھ ساتھ ایک نئی قسم کی اجتماعی زندگی بھی نشو و نما پانے لگی۔ یہ وہ وقت تھا جب ایک طرف علم اور آزادی کی روح تمام یورپ میں پھیل رہی تھی۔ دوسری طرف شخصی حکومتوں کا استبداد اور اجنبی تسلط کا ظلم اپنی تمام برائی روائیوں پر مضبوطی کے ساتھ قائم تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ایک نئی کشمکش شروع ہو گئی۔ ایک طرف شاہی تاج و تخت اور اس کے غیر محدود دعوے تھے دوسری طرف علم و آزادی کے پیدا کئے ہوئے نئے اصول اور نئے ولولے تھے تاج و تخت کے مقابلے میں جب عوام کے جذبات آزادی جوش میں آئے تو خود بخود ایک نہایت موثر اور طاقتور لفظ وجود میں آ گیا۔ یہ لفظ پہلے سے موجود تھا لیکن اس کے ساحرانہ معانی جو لوگوں کو معلوم نہ تھے، اب ہر شخص کے سامنے آ گئے۔ یہ لفظ "قوم" تھا اور یہ انکشاف قوم بنے یعنی قومیت کا انکشاف تھا۔

اس وقت تک اقوام کا اعتقاد یہ تھا کہ طاقت کا مرکز شاہی تاج و تخت ہے اب طاقت کا نیا مرکز نمودار ہو گیا۔ جو خود ان کے اندر پوشیدہ تھا۔ مگر اب تک بے خبر تھی کہ یہ قوم اور قوم ہونے کی طاقت تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ یکایک صورت حال میں ایک عظیم الشان انقلاب ہو گیا۔ یعنی رعیت کی جگہ قومیت نے لے لی اب عوام رعیت نہ تھے قوم تھے، جب تک وہ رعیت تھے ساری قوت شاہی اور شاہنشاہیت میں مرتکز تھی اب وہ قوم ہو گئے تو ساری قوت انہی میں سمٹ آئی ہے صرف اتنی تبدیلی نے دنیا کی اجتماعی زندگی کا پورا نقشہ بدل دیا۔

یورپ کی جدید قومیت کے عناصر انسانی آزادی و حقوق کے مبادی سے حاصل کئے گئے تھے اس کا ظہور ہجوم کے لئے نہیں بلکہ دفاع کے لئے ہوا تھا۔ یہ در اصل پورے معنوں میں دفاعی قومیت تھی جو شاہی استبداد اور اجنبی تسلط کے مقابلہ کے لئے وجود میں آئی تھی۔ ایک طرف مظلوم اور پامال رعایا تھی۔ ایک طرف جابر شاہی اور امیروں کے ظلم و ستم کے مقابلے میں جو حق کا علم بلند کئے۔ دوسری طرف کمزور قوموں نے سنبھالا لیا اور اجنبی حکمرانی کا مقابلہ کرنے کے لئے مرکز قومیت پر اپنی منتشر قوتیں جمع کر لیں۔ لیکن اس کے بعد کیا ہوا؟ کیا انسانی آزادی و حقوق کے تمام اصول جہان قومیتوں کا ایک خمیر تھے دنیا میں قائم ہو گئے؟ کیا امریکہ کے اعلان آزادی اور انقلاب فرانس کے اعلان حقوق انسانی کے مبادیات نے دنیا کی تمام قوموں کے لئے حق و آزادی کی نعمت مہیا کر دی؟ کیا وحشی طاقت کی جگہ حق کا اور استبداد کی جگہ آزادی کا دعوی تسلیم کر لیا گیا؟

دنیا نے حیرت و دہشت کے ساتھ دیکھا کہ ان میں سے کوئی بات بھی نہیں ہوئی۔ وہی قومیں جو انسان کے انفرادی و قومی حقوق کی حفاظت اور دفاع کے لئے وجود میں آئی تھیں [illegible] ان کی اساس قومیت سے جارحانہ قومیت کی شکل میں ابھرا، جماعتی تنگ نظری و خود غرضی اور قومی برتری و استبداد کے تمام جذبات ابھر آئے اور انسانی آزادی و حقوق کے مبادیات و اصول ان ہی کے لئے رہ گئے کہ ہر قوم صرف اپنے لئے ان کا نفاذ چاہے اور اپنے سوا سب کو ان سے محروم دیکھے۔

ضرورت تھا کہ اس حالت کا رد عمل پیدا ہو، چنانچہ یہ قومیت کا "معجزانہ علاج" اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ اب دنیا کا نفس پسند مزاج زیادہ عرصہ تک اس کا تحمل نہیں ہو سکتا۔

انیسویں صدی ابھی ختم نہیں ہوئی تھی کہ اس کے آثار شروع ہو گئے سوسائٹی کے نچلے طبقوں نے دیکھا کہ آزادی اور مساوات کی ابتک جتنی ضمانتیں ملی ہیں سب کے بعد حقیقی آزادی [illegible]

درتری کی یہ ترکی بہ ترکی جواب دے سکتا ہے، بلکہ اس کی حقیقت کا پیمانہ گاندھی جی کا پیمانہ اس کے عوام کا سیاسی شعور، اور اس کے لیڈروں کی فراست اور تدبر ہے، بہرحال ہندوستان اگر ایک لمحہ کے لئے اس حقیقت پر غور کرے تو اچھا ہوگا کہ پاکستان کے مسلم لیگیوں میں بھی آج ایک چھوٹا سا گروہ (جو علانیہ ابھی میدان عمل میں آنے کی جرأت نہیں کر سکتا) ایسا پیدا ہو چکا ہے جو مسائل پر اس نظر سے غور نہیں کرتا جو دو سال پہلے ان کی عادت اور نظر بن چکی تھی، اور اگر اس گروہ کو ہندوستان والوں کی اخلاقی مدد مل سکے تو وہ شاید جہت ہندی فرقہ پرستی اور افتراق انگیزی کا زیادہ ہمت اور حوصلے کے ساتھ مقابلہ کر سکے۔

جمعیۃ علماء ہند کا آیندہ پروگرام کیا ہونا چاہئے

(از جناب مولانا حبیب الرحمان صاحب لدھیانوی)

جن علماء اور عام مسلمانوں نے پوری ڈیڑھ صدی سے ہندوستان کی آزادی اور ہندو مسلم یگانگت کے لئے انتھک کوشش کی تھی انہوں نے سنہ ۱۹۱۹ء میں جمعیۃ علماء کے نام سے ایک باقاعدہ جماعت بنائی۔ اس جماعت نے ہندوستان کی آزادی اور تمام اہل ہند میں یگانگت پیدا کرنے کے لئے جو کوششیں جاری رکھیں وہ سنہرے حروف سے لکھنے کے قابل ہیں۔

شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب مرحوم مولانا عبدالباری صاحب فرنگی محلی، مولانا عبداللہ صاحب سندھی مرحوم، امام الہند مولانا ابوالکلام صاحب آزاد، مولانا سجاد صاحب مرحوم بہاری۔ علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اور ان کے ہزاروں ساتھیوں نے جو مصیبتیں اٹھائی ہیں اور جو تکالیف برداشت کیں وہ کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہیں یہ وہ جماعت ہے جس پر فرقہ پرستی کا کوئی دھبہ اس کے مخالف بھی نہیں لگا سکے بلکہ فرقہ پرست لوگ ہمیشہ جمعیۃ علماء کو طعن کا نشانہ بناتے رہے۔ اب جب کہ ملک آزاد ہو گیا اور اب پھر جمعیۃ علماء نے تمام سیاسیات سے علیحدگی اختیار کر لی۔ [illegible] کہ آزادی حاصل ہونے کے بعد سیاسیات میں رہنا فرقہ پرستی ختم ہو گی۔ اس لئے ضروری ہے کہ جمعیۃ علماء بالخصوص مسلمانوں کے سامنے ایسا پروگرام رکھے جس سے پاکستان مضبوط ہو اور جس کے ذریعہ ملک میں [illegible]

[illegible]

(۱) ہر مسلمان ملکہ ہر انسان میں خدا اور اللہ تعالیٰ کی محبت تقویٰ اور پرہیزگاری نیز انسانی ہمدردی پیدا کرنا۔

(۲) قرآن اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تعلیم دی ہے کہ تمام انسان خدا تعالیٰ کے عیال ہیں ہر انسان کے دل میں اس کا عملی احساس پیدا کرنا۔

(۳) مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ انسانی معاشرے میں مساویانہ زندگی بسر کرنے کی کوشش کریں کیونکہ اسلام ہی دنیا میں انسانیت کا وہ مذہب ہے جس نے اعلان کیا کہ سب انسان برابر ہیں۔ [illegible]

(۴) [illegible]

(۵) [illegible]

[illegible]

(۱۲) اس کام کے لئے ہندوستان کی صحیح تاریخ مرتب کی جائے۔ [illegible] جمعیۃ علماء کی طرف سے شائع کی جائیں تاکہ وہ فرقہ جو انگریزوں نے غلط تاریخ پڑھا کر پیدا کر دی دور کی جائے۔

(۱۳) اس قسم کے تاریخی ٹریکٹ شائع کرنے کے لئے جمعیۃ علماء ایک کمیٹی بنائے [illegible]

(۱۴) مسلمان اپنے تمام مدارس میں [illegible] ہندو اردو زبان اور رسم الخط کے ساتھ ساتھ [illegible] ہندی کو بھی لازمی پڑھائیں۔

(۱۵) جمعیۃ علماء تمام قومی [illegible] کو کوشش کرنی چاہئے کہ وہ ہر گاؤں میں [illegible] کا انتظام کریں۔ [illegible]

[illegible]

مسز سروجنی نائیڈو کی موت سے ملک کو زبردست نقصان پہنچا ہے

پروفیسر رنگا کا بیان

نئی دہلی ۳ مارچ۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر پروفیسر این جی رنگا نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مسز سروجنی کی موت سے ہندوستان آزادی کے سب سے بڑے علمبردار کی خدمات سے محروم ہو گیا ہے اور دنیا میں ایک بہترین مقررہ کی کمی ہو گئی ہے۔ مسز سروجنی نائیڈو کی شیریں بیانی نے ہندوستانیوں کے دلوں میں جوش پیدا کیا تھا۔ [illegible] آپ کی بیرون ملک [illegible] نسل آپ کی مرہون منت ہے

پروفیسر رنگا نے مزید کہا ہے کہ مسز نائیڈو ہماری ایک مہربان لیڈر اور دوست تھیں۔ گذشتہ ایشیائی کانفرنس میں آپ نے جو تقریریں کی تھیں وہ ایک مثال ہیں وہ ایشیا کے لوگوں کے دلوں میں جوش پیدا کرتی رہیں گی۔

آئین ساز اسمبلی کی ممبر مسز درگا بائی نے مسز سروجنی نائیڈو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ہندوستان کی عورتوں کو آپ کے کارناموں پر فخر ہے۔ (گلوب)

ہوزری کی برآمد کیلئے آسانیاں

دہلی ۳ مارچ۔ حکومت ہند کی وزارت تجارت کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ ہوزری کی رسد اب قلت نہیں رہی ہے اس لئے حکومت نے غیر ممالک کو سامان بھیجنے کے بارے میں کچھ آسانیاں دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ برآمد کے لائسنس کے لئے موزہ بنیان وغیرہ کا نمائندہ اداروں جب ذیل افسروں کو لکھیں۔ ڈپٹی چیف کنٹرولر آف امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس بمبئی۔ ڈپٹی چیف کنٹرولر ایکسپورٹس کلکتہ اور ایکسپورٹس ٹریڈ کنٹرولر مدراس اور ایکسپورٹ ٹریڈ کنٹرولر امرتسر۔ یہی افسر ضابطہ کی تفصیلی کی اطلاع دیں گے۔

بین المملکتی پریس مشاورتی کمیٹی

کراچی ۳ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ بین المملکتی پریس مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ یہاں ۵ مارچ کو منعقد ہوگی۔ پاکستان کے محکمہ اطلاعات کے وزیر خواجہ شہاب الدین اس میٹنگ میں شامل ہونے والے پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ اس میٹنگ میں شامل ہونے والے پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ اس میٹنگ میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان طے شدہ مختلف معاہدوں کے متعلق دونوں ملکوں کے اخبارات کے رویہ پر غور کیا جائے گا۔

اس میٹنگ میں شامل ہونے والے ہندوستانی وفد کی قیادت ہندوستان کے مشرقی پنجاب سٹیٹ مسٹر آر آر دیواکر کریں گے۔ (گلوب)

نظام کو تخت سے اتار دیا جائے

حیدرآباد کے اچھوتوں کا مطالبہ

حیدرآباد ۳ مارچ۔ [illegible] اچھوت لیڈر مسٹر [illegible] سردار پٹیل سے ملاقات کی تو کہا نظام کو تخت سے اتار دیا جائے۔ اس وفد نے اس سلسلہ میں ایک عرضداشت بھی پیش کی۔ انہوں نے یہ بھی درخواست کی کہ لسانی بنیادوں پر ریاست کے ٹکڑے کرنے کے بجائے اور اس کو قریب کے علاقوں میں ضم کر کے لسانی صوبہ جات کی تشکیل کر دی جائے۔ [illegible]

باندہ میں ایک مشاورتی جلسہ

یوپی میں انجمن تحفظ اردو کے قیام پر غور

[illegible] انجمن بزم ادب باندہ کی دعوت پر ایک مشاورتی جلسہ [illegible] جس میں مسٹر حسن نظامی جنرل سکریٹری انجمن تحفظ اردو [illegible] مقصود بخش صاحب [illegible] مولانا [illegible] محمد حنیف جالسی۔ مظفر تہیری۔ غنی الہ آبادی [illegible] وغیرہ شریک ہوئے جلسہ [illegible]

[illegible]

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے عہدہ دار یا ذمہ دار اصحاب دستخط اور مہر کر کے بھیجا کریں۔ [illegible] ورنہ ایسی خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ [illegible] وہ اپنی خبریں [illegible] سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

مدراس میں جمعیۃ علماء ہند کو فروغ کی مساعی

[illegible]

رام لکھی سنگھ چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ جونپور۔ مولوی عبدالحمید خاں۔ [illegible] پریسیڈنٹ ڈسٹرکٹ بورڈ [illegible] شہر کانگریس کمیٹی [illegible] جنرل سکریٹری مولانا محمد قاسم صاحب۔ مولانا [illegible] شہر کوتوال [illegible]

ضلعی [redacted] کمیٹی کا قیام

[illegible] ضلع جمعیۃ علماء کا اجلاس میں طے ہوا۔ کہ مسلمانوں کے حق تعلیمی امداد کی تحصیل حفاظت اور قیام مکاتب کیلئے جمعیۃ کی غرض سے حسب ذیل اصحاب پر مشتمل ایک سب کمیٹی مقرر کی جاتی ہے۔ مولانا غلام مصطفےٰ صاحب کنوینر، مولوی محمد کریم صاحب۔ شیخ اسعد الزماں صاحب۔ نواب [illegible] خاں صاحب۔ جناب محمد عباس خاں صاحب۔

قانونی امدادی کمیٹی جو مسلمانوں کے تمدنی و شہری حقوق کی حفاظت کے لئے بنائی گئی۔ مولوی محمد کریم صاحب [illegible] محمد عاشق اکبرآبادی۔ نواب علی شیر خاں صاحب۔

دیولی میں جمعیۃ علماء ضلع گوڑگانوہ کی مجلس منتظمہ کا اجلاس

[illegible]

دوسری تجویز میں مسلمان میوات سے پر زور اپیل کی گئی کہ [illegible] کے احترام اور وقت کی ضرورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے ذبیحہ گاؤ کو بند کر دیں اور حکومت کے ساتھ [illegible] کے درست کرنے میں مکمل تعاون کریں۔

تیسری تجویز میں دہلی سنٹرل میواتی پنچایت کے عہدیداروں کے انتخاب کو بنظر استحسان دیکھا گیا [illegible] نے جمعیۃ علماء کی تاریخ پر اجمالی تبصرہ کرتے ہوئے ملک سے فرقہ وارانہ رجحانات کے ختم کرنے کی اپیل کی۔

انتخابات

ضلع بستی زیر صدارت حضرت مولانا محمد قاسم صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ یوپی جمعیۃ علماء ضلع بستی کا انتخاب عمل میں آیا ۔۔ ارکان ضلع میں سے [illegible] حاضر تھے جن میں اتفاق رائے سے حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب ہوا۔ مولانا [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء بستی۔ مولانا [illegible] صاحب نائب صدر۔ مولانا حکیم عبداللطیف صاحب ناظم [illegible] مولانا عبدالوہاب صاحب ناظم اعلیٰ۔ مولانا نصیرالدین صاحب نائب ناظم۔ مولانا شفیق الرحمان نائب ناظم۔ حافظ [illegible] صاحب خزانچی۔ [illegible]

[illegible] مولانا عبدالواحد صاحب صدر۔ مولانا [illegible] صاحب ناظم اعلیٰ۔

[illegible] مولانا [illegible] صدر۔ مولانا محمد ایوب صاحب ناظم اعلیٰ۔

اوکھیڑہ:۔ مولانا زین العابدین صدر۔ مولانا شفیق الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ۔

جوری۔ [illegible] مولانا جمال الدین ناظم اعلیٰ۔

چھپیا چتونہ: مولانا علیم الشہید صدر۔ مولانا عبدالمجید ناظم اعلیٰ۔

[illegible] حافظ محمد مصطفےٰ صدر۔ مولانا مقیم الدین ناظم اعلیٰ۔

[illegible] عبدالغفور صدر۔ مولانا [illegible] ناظم اعلیٰ۔

بہادرپور۔ احمد علی صاحب صدر۔ مولانا حکیم مقبول احمد صاحب ناظم اعلیٰ۔

[illegible]

آرہ ٹاؤن انتخاب عہدیداران و اراکین جمعیۃ علماء [illegible]

جامع مسجد [illegible]

[illegible]

ضلع نینی تال کی ماتحت جمعیتوں کی کارگزاری

[illegible]

دفتر شہر جمعیۃ علماء جونپور کا افتتاح

[illegible]

سہارنپور کی خبریں

ضلع سہارنپور میں پنچایت انتخابات

سہارنپور۔ (بذریعہ ڈاک) ضلع بھر میں پنچایتوں کے انتخابات پر سکون ختم ہوگئے۔ الیکشن کے دنوں میں بڑا جوش و خروش پایا جاتا تھا۔ کانگریس کی طرف سے شری تیلورام پر صدر ضلع کانگریس اور شری پریم ناتھ کنوینر کسان کمیٹی نے ضلع کا دورہ کیا اور لوگوں کو اچھے آدمی پنچایتوں میں منتخب کرنے کی تلقین کی۔ کانگریس نے اپنی ٹکٹ میں کسی شخص کو ٹکٹ نہ دینے کا فیصلہ کر دیا تھا۔ ضلع بھر میں انتخاب سے ایک نئی زندگی پیدا ہوگئی اور زیادہ تر مقامات پر وہ لوگ کامیاب ہوتے جو مزدور طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ چند جگہوں پر زمینداروں یا بڑے کسانوں نے اپنی ہار ہوتے دیکھ کر مزدوروں کے اوپر حملہ کئے۔ چنانچہ [redacted] نے پنچایت میں اپنی اقلیت دیکھ کر اور ایک چھوٹی برادری اور مزدور طبقے کے امیدوار کو پریذیڈنٹ ہوتا دیکھ کر لاٹھیوں سے حملہ کر دیا۔ جس میں پانچ ہری جن۔ ایک ویشیں ایک برہمن کے سخت چوٹیں آئیں جن کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ تقریباً چودہ گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ یہ جھگڑا انتخاب آفیسر کی موجودگی میں ہوا جس کی وجہ سے وہاں انتخاب بھی نہ ہو سکا۔ اس کے علاوہ موضع [illegible] کی کامیابی پر وہاں کے راجپوت کاشتکاروں اور زمینداروں نے ہریجنوں کا بائیکاٹ کر دیا۔ اور ان کو کنوئیں و تالاب سے پانی اور [illegible]

[illegible] اونچی ذات کے کاشتکاروں اور زمینداروں کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ جس میں ایسی ایک کام کرنے والی کمیٹی بنانے پر غور کیا گیا۔ حاضری کی کمی کی وجہ سے یہ میٹنگ آئندہ [illegible] مارچ کو منعقد ہونی قرار پائی ہے۔

سہارنپور جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا نیا انتخاب

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) تلک لائبریری میں ڈسٹرکٹ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا سالانہ انتخاب ہوا ان کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ شری کنہیالال پربھاکر صدر۔ شری الیک چند بھارتی شری سنگل کرن جین وائس پریذیڈنٹ۔ شری شردھ کمار جنرل سکریٹری۔ آڈیٹر شری بخشی رام الفت منتخب ہوئے۔ اس کے بعد ڈاکٹر سید حسین کی بے وقت موت پر اظہار افسوس کیا گیا۔ ایک دوسرے رزولیوشن کے ذریعہ مقامی نامہ نگاروں کے مراسلات کو سنسر کئے جانے کی مذمت کی گئی۔

مجسٹریٹ پر جوتا دے مارا

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) ریلوے مجسٹریٹ شری دیشپال چند کی عدالت میں ایک ملزم کے خلاف زیر دفعہ ۱۰۹ مقدمہ چل رہا تھا۔ مجسٹریٹ نے جب سزا کا فیصلہ سنایا تو ملزم نے [illegible] ایک مجسٹریٹ پر جوتا پھینکا جو ان کے [illegible] جا کر گرا۔ ملزم کے خلاف عدالت کے سلسلہ میں دفعہ ۳۲۸، ۳۳۵، ۳۳۳ تعزیرات ہند کے ماتحت چالان کر کے جیل بھیج دیا گیا۔

> **حادثہ جانکاہ**
>
> گنگوہ ضلع سہارنپور سے اطلاع ملی ہے کہ حضرت مولانا حکیم حاجی حافظ محمد یعقوب صاحب انصاری یکم مارچ کو بوقت صبح تین بجے عالم فانی سے عالم جاودانی کو رخصت ہوگئے ہیں۔
>
> انا للہ وانا الیہ راجعون

جناب مولوی حکیم محمد یوسف صاحب ناظم اعلیٰ۔ جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب ناظم۔ جناب محمد شرف الدین صاحب خازن منتخب ہوئے۔ اور جناب حکیم عبدالرحمان صاحب جناب حافظ علی حسین صاحب۔ جناب مولوی محمد یوسف صاحب جناب مولوی محمد رضا صاحب۔ جناب مولوی شاہ محمد معین الدین صاحب۔ جناب حافظ امانت اللہ صاحب۔ جناب شاہ محمد معین الدین صاحب۔ جناب محمد صنیف صاحب۔ جناب محمد [illegible] صاحب الفاری۔ جناب محمد ہاشم صاحب اراکین منتظمہ مقرر ہوئے۔

پیلی کوٹھی بنارس [illegible] نگرانی میں جمعیۃ علماء پیلی کوٹھی آزاد پورہ جیت پورہ کوتوالی کی مجلس منتظمہ کے اہم ارکین کا انتخاب ہوا۔ اور حسب ذیل حضرات عہدیدار منتخب کیا گیا۔ مولانا عبدالقیوم صاحب صدر۔ مولانا عبدالسعید صاحب نائب صدر۔ مولوی عبدالعزیز صاحب نائب صدر۔ مولوی محمد الٰہی صاحب ناظم۔ محمد حنیف صاحب الفاری نائب ناظم۔ محمد نورالدین صاحب الفاری۔

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

جائدادوں کا معاہدہ

جناب مکرم۔ تسلیم۔

میں نے ہند اور پاکستان کے درمیان جائدادوں کے معاہدے کو بڑی دلچسپی کے ساتھ پڑھا۔ اس سلسلہ میں یہ بات قابل غور ہے کہ وسیع پیمانہ پر ہند اور پاکستان کے درمیان جائدادوں کا تبادلہ یا فروخت دونوں ملکوں کے تعلقات پر کوئی اچھا اثر نہیں ڈالیں گے۔

اس سوال کو چھوڑ دیجئے کہ اس کے بعد ہند اور پاکستان کے مہاجروں، مسجدوں اور گوردواروں کی کیا حالت ہوگی۔ اس کا نتیجہ براہ راست طور پر یہ پیدا ہوگا کہ ہند اور پاکستان کے باشندے دو دشمن کیمپوں میں [redacted] مملکت کے اصل باشندے تھے ان کے دلوں میں اس کے خلاف جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ اور یہ دونوں حکومتوں کے لئے غیر مفید ہوگا۔

اس لئے میں حکومت سے یہ اپیل کروں گا کہ وہ اس معاہدہ پر نظر ثانی کرے اور لوگوں کے دلوں میں اپنے آبائی وطن کو واپس جانے کا جو جذبہ ہے اس کو بے رحمی سے نہ کچلے اور جائدادوں کی فروخت روکدے۔

(عبدالتواب خیری ایم۔ اے۔ دہلی)

حکومت یوپی متوجہ ہو

[illegible] کسی کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ تو اس کے کفن اور دوسری ضروری چیزیں مہیا کرنے میں بہت مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ اس قسم کی ایکسپا دوکانیں اسپیشل طور پر نامزد فرماوے جو اس روز بھی کھلی رہا کریں۔

(محمد اسلام بنی۔ مراد آباد)

پروفیسر این جی رنگا کی نئی سوسائٹی

نئی دہلی ۲ مارچ۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر پروفیسر این۔ جی۔ رنگا نے ایک نئی سوسائٹی قائم کی ہے۔ اس کا نام فارن ریلیشنز سوسائٹی ہے۔

یہ سوسائٹی بین الاقوامی سیاسیات میں مختلف ملکوں کے سامنے گاندھی جی کا نظریہ پیش کرے گی۔ اس کے علاوہ انسانی حقوق کی حفاظت اور ہندوستان کے لوگوں کی طرف سے دوسرے ملکوں کو دوستانہ وفد بھیجنا اس سوسائٹی کے مقاصد میں شامل ہے اس طرح مختلف ملکوں کے درمیان دوستانہ تعلقات پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ سوسائٹی مذکور کے زیر اہتمام ایک میگزین شائع کیا جائے گا جس کا نام فارن ریلیشنز ہوگا۔ سوسائٹی کی آئندہ میٹنگ ۷ مارچ کو منعقد ہوگی۔ (گلوب)

سہ روزہ کوثر اور روزنامہ تسنیم لاہور

جنہیں پنجاب کی رخصت ہونے والی بزمانہ وزارت نے چھ ماہ کے لئے بند کر دیا تھا۔ بجرم حق کا زمانہ ختم ہونے کے بعد ۲۸ فروری سے جاری ہو رہے ہیں۔ اسلامی انقلاب کے ان بے باک داعیوں کا مقصد حیات تمام نوع انسانی کو اسلام کی دعوت دینا۔ مسلمانان پاکستان کی زندگیوں کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنا۔ پاکستان میں اسلامی نظام قائم کرنے کی جدوجہد کی حمایت کرنا اور ملک و ملت کو اللہ کی بندگی کی طرف بلانا ہے یہ اخبار اسلامی افکار و تعلیمات کی دعوت کے ساتھ تازہ ترین خبروں کا بھی مرقع ہوں گے۔ ایک مسلمان کی ذہنی، روحانی، علمی اور اخباری ضرورتوں کے لئے ان اخبارات کا مطالعہ کافی ہوگا۔ ان اخبارات کو اپنے مقامی ایجنٹ سے طلب کیجئے یا براہ راست دفتر کو لکھ کر مستقل خریدار بن جایئے۔ قیمت سہ روزہ کوثر سالانہ ۱۲ روپے ششماہی ۷ روپے فی پرچہ ۲ آنہ۔ قیمت روزانہ تسنیم۔ سالانہ ۳۶ روپے ششماہی ۱۹ روپے سہ ماہی [illegible] فی پرچہ ۲ آنہ منیجر جامعہ سہ روزہ کوثر کرشن نگر لاہور اور منیجر روزنامہ تسنیم گوالمنڈی لاہور۔

ماہ جنوری میں ڈہائی ہزار اشخاص ملازم رکھائے

حکومت ہند کی روزگار کی تبادلہ گاہوں کا کارنامہ

دہلی ۲ مارچ ماہ جنوری ۱۹۴۹ء میں ۱۲۴۳۳ اشخاص نے روزگار کی تبادلہ گاہوں کے وسیلہ سے روزگار حاصل کیا جب کہ گذشتہ مہینے میں ایسے لوگوں کی تعداد ۱۲۱۷۳ تھی اس طرح سے روزگار پانے والوں کی کل تعداد جب سے کہ روزگار دلانے کی تعلیم جاری ہے ۷۷۶۷۷۷ ہو جاتی ہے۔ مدراس، مغربی بنگال اور یوپی کے صوبوں کے علاوہ تمام حلقوں میں روزگار سے لگانے کے کام میں اضافہ ہوا اور صوبہ متحدہ تو گذشتہ مہینے کے مقابلہ میں اب ۱۹۷۲ افراد کے اضافہ کا باعث سب سے ممتاز رہا۔

اس مہینے کی کارگذاری کی نمایاں خصوصیت ان ۱۷۲ اعلیٰ تعلیم یافتہ شرنارتھیوں کو روزگار سے لگانا ہے جن کا نام اسپیشل ایمپلائمنٹ بیورو میں اندراج کرایا تھا سیکنڈری ٹرینیوں نے فنی کاریگروں اور رہائی دی ہے۔ لوگوں کی نسبت علی الترتیب ۱۰۔ ۲۲۔ اور ۳۰ فی صدی ہے۔ دسمبر ۱۹۴۸ء میں ۱۵۱۹ عورتوں کے روزگار کا انتظام کیا گیا جب کہ اس ماہ ۱۵۸۰ عورتوں کو روزگار سے لگایا گیا۔

جنوری ۱۹۴۹ء میں ۵۵۵۲ افراد کو جن میں ۲۱۱۳ شرنارتھی بھی شامل ہیں تربیت کے لئے منتخب کر کے ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت کے مرکزوں میں لگا دیا گیا۔

سوتی اور ریشمی کپڑا تیار کرنیکا کارخانہ

کراچی ۲ مارچ:۔ معلوم ہوا ہے کہ سوتی اور ریشمی کپڑا تیار کرنے والے ایک مشہور امریکی کارخانہ کے منتظمین نے اس کارخانے کی مشینری حکومت پاکستان پاس فروخت کرنے کی پیشکش کی ہے۔ اس کارخانہ میں تقریباً ۳۰ لاکھ گز کپڑا تیار کیا جاتا ہے اس کی قیمت ۶۶ لاکھ روپے ہے۔ (گلوب)

افیون کا راشن

کٹک ۲ مارچ:۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت اڑیسہ اپنے صوبے میں افیون کی کھپت کو ۲۰ فی صدی کم کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اور افیون کھانے والے اشخاص کے نام درج کر کے انہیں راشن کارڈوں پر افیون سپلائی کی جائے گی۔ دوا ساز تیار کرنے کے لئے بھی افیون مہیا کی جائے گی۔ (گلوب)

وائرلیس آپریٹروں کا امتحان

دہلی ۲ مارچ:۔ ڈائرکٹر جنرل محکمہ ڈاک و تار کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ ریڈیو ٹیلیگراف آپریٹروں اور ریڈیو ٹیلیفون آپریٹروں کا (سرٹیفکیٹ آف کمپیٹنسی) سند صلاحیت دینے کے لئے ۲۱ اپریل سے تحریری امتحان شروع ہوگا۔ بمبئی کے سینٹ زیویرز کالج میں ہوگا۔

ہندستان میں تپ دق سے پانچ لاکھ اشخاص سالانہ ہلاک ہوتے ہیں

مدراس ۲ مارچ۔ تپ دق کے خلاف تحقیقات کرنے والی کمیٹی نے بتایا کہ ۵۰ فی صدی طلباء کے تپ دق روکنے کے ٹیکے لگانے ضروری ہیں۔ اقوام متحدہ کے ڈاکٹروں کی ٹیم نے ایک ہزار طلبا کا طبی معائنہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان میں سے ۵۰ فی صد طلبا کو تپ دق کے ٹیکے لگائے جانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا باقی آدھے طلباء پر کسی نہ کسی وقت تپ دق کا حملہ ہو چکا ہے اور اب ان کو ٹیکے لگوانے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان کے بدن میں تپ دق کے مقابلہ کی طاقت موجود ہے۔

انہوں نے کہا کہ ابھی تک کوئی ایسی بات دیکھنے میں نہیں آئی کہ کسی شخص کو تپ دق کا ٹیکہ لگنے سے بیماری ہوگئی ہو۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں ایک کروڑ اشخاص کے تپ دق کا ٹیکہ لگایا جا چکا ہے۔ گذشتہ تین سال میں اقوام متحدہ کی طرف سے ۵ لاکھ بچوں کا تپ دق کی روک تھام کے سلسلہ میں معائنہ کیا گیا۔ اور ۳۰ لاکھ بچوں کے ٹیکے لگائے گئے۔ ہندمیں پانچ لاکھ افراد سالانہ تپ دق سے مرتے ہیں تپ دق کے مریضوں کی سالانہ مرنے والوں کی تعداد کم کرنے ایک لاکھ ہو جاتی ہے۔

مراد آباد میں انجمن اتحاد ترقی کا قیام

انجمن اتحاد ترقی ضلع مراد آباد کا قیام و انتخاب عمل میں آیا تفصیل انتخاب حسب ذیل ہے۔

صدر جناب بابو رام سرن داس جی ایم ایل اے۔ نائب صدر جناب سی ایچ دیوی صاحب چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ مراد آباد اور جناب چودہری ظفریاب خاں صاحب وائس چیرمین مراد آباد۔ سکریٹری مولانا مقصود احمد صاحب تحکا۔ ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ مراد آباد۔ جوائنٹ سکریٹری جناب رام شنکر صاحب گاندھی چیرمین پبلک ورکس کمیٹی ڈسٹرکٹ بورڈ۔

[illegible] انتخاب کی منظوری انجمن اتحاد و ترقی صوبہ یوپی سے سکریٹری کو حاصل ہوچکی ہے۔

اسپین کیلئے ہندستانی پٹ سن کی اشیا

دہلی ۲ مارچ۔ کچھ اخباروں میں یہ خبر چھپی ہے کہ ہندوستان سے پٹ سن کی اشیاء کے جو جہاز اسپین بھیجے جا رہے تھے ان میں سے کچھ اسپین کی بجائے جنوبی افریقہ بھیجے جائیں گے۔ کیونکہ پہلے وقت اسپین ہندستان سے ایسی اشیاء نہیں منگوا رہا ہے۔

ہند سرکار نے اس خبر کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسپین کے قنصل نے پہلے اس فرمائش کی تصدیق کی اور اس کے لئے ان اشیاء کی برآمد کی اجازت دی گئی حکومت اسپین کے متعلقہ محکمے کی طرف سے ہند سرکار کو یہ کہا جا چکا ہے کہ ان اشیاء کو کسی دوسرے ملک کو برآمد نہیں کرے گا۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۔۔۔۔۔۔ ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۔۔۔۔۔ ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دار السلطنت

کانگریس کمیٹی نمبر ۶ کا ماتمی جلسہ

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۶ کا ماتمی جلسہ شام کے چھ بجے کانگریس کمیٹی کے دفتر واقع کٹرہ نیل میں ہوا۔ سرجنی نائیڈو کی موت پر اظہار افسوس کی قرارداد منظور کی گئی۔ خدا سے دعا کی گئی کہ ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

قومی بچت کا پندواڑہ

صوبہ دہلی میں قومی بچت کے دو ہفتہ کا آغاز ہو چکا ہے۔ دہلی کے افسر انتخابات آنریبل جان متھائی نے ایک بیان میں اس بات پر زور دیا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ روپیہ بچانے کی عادت ڈالیں۔ انہوں نے کہا:۔

اس ملک میں ۱۹۳۳ء کے آخر میں چھوٹی رقوم کی بچت کی تجویز کا آغاز ہوا تھا اس کا مقصد یہ تھا کہ تھوڑی آمدنی والے لوگ حتی المقدور زیادہ سے زیادہ رقم بچائیں اور کرنسی کے پھیلاؤ کو روکا جائے۔ آج اس تحریک کو پانچ سال ہوگئے ہیں اس کے نتائج بڑے حوصلہ افزا رہے ہیں۔ یہ اسکیم لوگوں میں کفایت اور بچت کی عادت ڈالتی ہے۔ چنانچہ یہ پندرہ روزہ قومی بچت کے پروگرام کا اہتمام کرنے والوں کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ لگائے جانے والے روپے کی نسبت تھوڑی بچت کرنے والوں کی تعداد کو بڑھایا جائے۔ یہ ایک سماجی اور عوامی حرکت ہے مجھے امید ہے کہ لوگ اس سے تعاون کریں گے اور اس سال دہلی کے لوگ گذشتہ سال سے دو گنا روپیہ لگائیں گے۔

فارمیسی ایکٹ کا نفاذ

اطلاع ملی ہے کہ دہلی۔ اجمیر اور مارواڑ میں فارمیسی ایکٹ نافذ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے اس کے ماتحت ایک فارمیسی کونسل بنائی جائے گی اور چیف کمشنر سے کہا جائے گا کہ ایک رجسٹر تیار کریں جس میں سب دوا فروشوں کے نام درج کئے جائیں۔

اخبار نویس کو نقصان

ایک امریکی اخبار نویس نے جو سول لائنز کے ایک ہوٹل میں ٹھہرا ہوا ہے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کا قیمتی کیمرہ چوری ہو گیا ہے۔

بزم خواتین کا اجلاس

بزم خواتین بہادر گڑھ ملا کا ایک جلسہ یکم مارچ کو تین بجے دن زیر صدارت قمر جہاں بیگم اتحاد منزل میں منعقد ہوا جلسہ میں دو تجویزیں پاس کی گئیں جس میں مولانا سید اخلاق حسین قاسمی کو جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے ناظم اعلیٰ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی گئی اور یہ امید ظاہر کی گئی کہ مولانا قاسمی موجودہ نازک دور میں جمعیۃ علماء کے تعمیری۔ اصلاحی اور تنظیمی مقاصد کے لئے نہایت مفید ثابت ہوں گے۔

دوسری تجویز میں دہلی میونسپل کمیٹی کے آٹھ نامزد ممبران کو ان کے انتخاب پر مبارکباد دی گئی خصوصا مولانا محمد سعید صاحب دہلوی کو جنہوں نے نہایت کامیابی کے ساتھ حیرانی کے دن میں اپنے گھروں میں گھر کر جنگ آزادی کو کامیابی پر پہنچایا۔

اسکاؤٹ کیمپ

دہلی کی ہوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے ۲۵ فروری سے یکم اپریل تک منتو پارک کے نزدیک کیمپ لگایا [illegible] لیا۔ پنڈت نہرو نے اس موقعہ پر بچوں کو ایک پیغام بھیج دیا۔

ریڑھی چلانے پر پابندی

دہلی میونسپلٹی نے چاندنی چوک نئی سڑک چاوڑی بازار۔ کھاری باؤلی۔ صدر بازار اور پہاڑ گنج کے علاقوں میں ریڑھی چلانے کی ممانعت کر دی ہے۔

مل مزدوروں کے مطالبات

مقامی حکام کی مداخلت کی وجہ سے دہلی کلاتھ مل کے چھ ہزار مزدوروں نے ہڑتال کرنی ملتوی کر دی۔ ان کے مطالبات ثالثی بورڈ کے سپرد کر دیئے گئے۔

اسٹیشن پر شکایتوں کا رجسٹر

ریلوے حکام نے فیصلہ کیا ہے کہ اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر کے کمرہ میں شکایتوں کا ایک رجسٹر رکھا جائے جس میں پبلک ریلوے ملازموں کے علاوہ ریلوے سینٹ روم کے ملازمین وغیرہ کے خلاف شکایات لکھی جا سکیں۔

ہندوستانی انجینیروں کا وفد امریکہ جائے گا

سڑکوں کی بہتر تعمیر کی اسکیم

نئی دہلی ۲ مارچ ہند سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے سڑکوں کے انجینیروں کی ایک پارٹی کو امریکہ بھیجا جائے۔ جہاں وہ ماہرین کی انجینئرنگ کے جدید طریقوں کی وسیع واقفیت اور تربیت حاصل کریں گے۔

اس پارٹی کے سردار مسٹر ڈی پی نیر سپرنٹنڈنگ انجینئر محکمہ تعمیر عامہ حکومت (پیپلی) پنجاب حلقہ انبالہ ہوں گے اس پارٹی میں دیگر لائق اصحاب شامل ہوں گے جن سے امریکی صوبائی اور ریاستی حکومتوں کے تعاون کے ساتھ سڑکوں کے ماہر انجینئروں کی صلاحیتیں بڑھانے کے لئے جو تجویز تیار کی تھی یہ وفد اسی سلسلہ میں جا رہا ہے امریکی حکومت نے اس سلسلہ میں بڑی مہربانی کا سلوک کیا ہے ایسا پہلا وفد ۱۹۴۶ء میں اور دوسرا وفد ۱۹۴۷ء میں گیا۔ سال گذشتہ کوئی وفد نہیں جا سکا امریکی لوگوں کے نصف اخراجات حکومت ہند برداشت کرے گی۔ سرکاری وفد جس کی نیابت کر رہا ہوگا۔

کناٹ سرکس کے شرنارتھی

پٹریوں سے اٹھنے کیلئے تیار نہیں

نئی دہلی میونسپلٹی کے حلقہ کے ذمہ داران اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ پٹریوں پر بیٹھنے والوں اور خوانچہ فروشوں کو کس طرح ہٹایا جائے۔ کیونکہ گذشتہ سال کی تمام کوششیں ناکام رہی تھیں۔ جہاں کہیں بھی پہلے سوداگر ہوا کرتے ہوئے پھل اور پکے ہوئے کھانے بھی عام طور پر سڑک اور کوچے کے موڑ پر پھیلے عام فروخت ہوتے نظر آتے ہیں۔ ان دو ہزار سے دو دکان شرنارتھیوں میں سے اکثر کناٹ سرکس سے اٹھنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

۱۳ موٹر سائکلیں برآمد

پارلیمنٹ پولیس اسٹیشن نے گذشتہ پندرہ دن میں چالیس مقدمات کی تحقیقات کی۔ انہوں نے موٹر سائیکل چوروں کے ایک گروہ کا پتہ لگایا اور اس سلسلہ میں تین اشخاص کو گرفتار کیا گیا ان کے تین ساتھی ابھی روپوش ہیں۔ پولیس نے تیرہ سروقہ موٹر سائکلیں بھی برآمد کیں۔ بچوں کے کھیلنے کی بیس سائیکلیں بھی برآمد ہوئیں۔

تعزیتی جلسہ

[illegible] کے زیر اہتمام سروجنی نائیڈو کی موت پر ایک تعزیتی جلسہ ہوا جلسہ میں جناب شفیق الرحمن صاحب قدوائی نے مرحومہ کی زندگی پر مختصر مگر جامع تقریر فرمائی۔

بعد ازاں ایک تجویز کے ذریعہ حاضرین جلسہ نے مرحومہ کی قومی و ملکی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے اس ناگہانی موت پر غم کا اظہار کیا مرحومہ جیسی مخلص اور قوم پرست لیڈر کی سخت ضرورت تھی اپنے دلی رنج کا اظہار کیا۔ خدا مرحومہ کی آتما کو شانتی بخشے اور جملہ متعلقین کو صبر کی توفیق عطا (مد)

چاولوں کی ناجائز درآمد

آزاد پور بیریر پر ایک پولیس کی تلاشی پر لاریوں کے نیچے چھپی ہوئی کافی بوریاں برآمد ہوئی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ بیوپاری اسی طرح دہلی میں چاولوں کی ناجائز درآمد کرتے ہیں۔ مقدمہ [illegible] کر لیا گیا ہے۔

دہلی میونسپلٹی نے سکشن ۱۳ دہلی پنجاب [illegible] کے ماتحت پانچ دکانداروں پر ناپیٹی گھی استعمال کرنے کے الزام میں پچاس پچاس روپے جرمانہ کیا۔

ہمارے اخبار کا گاندھی نمبر

حافظ محمد ابراہیم شائع کرائیں گے

[illegible] حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر یو پی اور [illegible] عبدالمجید صاحب خواجہ ایم۔ اے [illegible] مرکز جامعہ [illegible] دونوں عزیزوں نے [illegible] کاموں کی تعریف کی۔ ہمارے اخبار کو بہت پسند فرمایا۔ جناب حافظ محمد ابراہیم صاحب نے ہمارے اخبار کے گاندھی نمبر کو اپنے ذاتی خرچ پر شائع کرنے کا وعدہ فرمایا ہے

عبدالرحمن سباعی مہتمم

پولیس کے نئے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ

اطلاع ملی ہے کہ مسٹر اے وی اے [illegible] نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کا عہدہ سنبھال لیا ہے اور ملک۔ بال کرشن سنہر میں منتقل کر دیئے گئے ہیں۔

چھ ہزار کے نوٹ جل گئے

دہلی ۲ مارچ۔ [illegible] میں ایک ٹھیکیدار کے مکان میں زبردست آگ لگ گئی جس سے ۶ ہزار روپے کے کرنسی نوٹ جل گئے اور دس بارہ ہزار روپے کی مالیت کی اشیاء جل کر راکھ ہوگئی۔ [illegible]

بنگلور کے قریب تصادم میں تین ہلاک

بنگلور ۲ مارچ یہاں سے ۵۵ میل کے فاصلہ پر کولار میں ایک تصادم میں تین آدمی پولیس کے شدید چوٹیں آنے کے بعد انتقال ہوگیا۔ ان میں ایک پولیس جمعدار بھی تھا۔

حکومت میسور کے چیف سکریٹری نے بتایا۔ علاوہ ازیں پولیس سب انسپکٹر کے چہرا گھونپ دیا جس کی حالت نازک ہے کئی جھونپڑیوں کو آگ لگا دی گئی اور مال و اسباب لوٹ لیا۔ تازہ ترین اطلاعات کے بموجب حالات پر قابو پا لیا گیا۔

کشمیر میں منتظم استصواب

نئی دہلی ۴ مارچ۔ سرکاری حلقوں کے مطابق اس اطلاع میں کوئی صداقت نہیں کہ جنرل بیٹل اسمتھ کو کشمیر میں منتظم استصواب مقرر کیا جائے گا۔

کشمیر میں زبان اور رسم الخط

سری نگر ۲ مارچ کشمیر کے تعلیمی افسران کی ایک کانفرنس محمد طیب شاہ اسد اللہ انسپکٹر مدارس کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں کشمیری زبان کو اسکولوں میں ذریعہ تعلیم بنانے کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔

کانفرنس میں اس بات کا انکشاف کیا گیا کہ کشمیری زبان کے لئے فارسی رسم الخط اختیار کیا جائے گا اور اس میں کچھ ضروری ردو بدل کر لی جائے گی جس کا نقشہ سری نگر کے امر سنگھ کالج کے پروفیسر تو شہ خانی نے پیش کیا ہے۔

بڑے مباحثہ کے بعد تین ذیلی کمیٹیاں بنائی گئیں جو اس سلسلہ میں مالی معاملات اساتذہ اور تعلیمی اداروں کے بارے میں غور کریں گی۔

دہلی میونسپل کمیٹی کی کارروائی

بدھ کے روز میونسپلٹی کی میٹنگ میں میونسپل پلاٹ پر مکانوں کی تعمیر کے سلسلے میں وقت کے تعین پر بحث کی گئی اور معاملہ کو فائننس کمیٹی کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ تعمیر اشکا سامان فراہم نہ ہونے اور مشکلات کے باعث وقت اسور مارچ تک بڑھا دیا گیا۔ کمیٹی نے قیدیوں کی امدادی سوسائٹی کو دو سو روپے امداد دینے کا فیصلہ کیا۔ اور جو امداد سکریٹری نے مانگی تھی اس سے انکار کر دیا۔

گرجا میں چوری

دہلی کے نزدیک ایک گاؤں کھیڑا خورد کے ایک گرجا سے کچھ سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بابر روڈ کالونی میں ایک کار کی بیٹری چرائی گئی۔

سافٹ کوک کے کوٹہ میں اضافہ

دہلی کے ڈائرکٹر سول سپلائز کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ ہیڈ نیلی کو سافٹ کوک کا جو کوٹہ دیا جاتا تھا۔ اس میں یکم مارچ سے اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اب پندرہ سیر فی آدمی کی بجائے بیس سیر فی آدمی سافٹ کوک لے گا۔

مغربی پنجاب میں گندم اور چنے کی فصل

لاہور ۳ مارچ۔ مغربی پنجاب کے محکمہ زراعت نے فصل کی حالت کے متعلق [illegible] کے مطابق [illegible] گندم بوئی گئی اس کا رقبہ ۷۹۰۱۹۰۰ ایکڑ ہے۔ جو گذشتہ سال کے رقبے سے پانچ فی صدی زیادہ ہے۔ ۱۰ فیصدی کے پہلے پندرہ دنوں میں جو بارش ہوئی تھی اس سے فصل کو فائدہ پہنچا ہے۔ فصل کی حالت اچھی ہے۔

[illegible] ۱۹۴۸ء میں جتنی زمین پر چنے بوئے گئے تھے اس کا رقبہ تقریباً ۲۶۶۱۰۰۰ ایکڑ ہے۔ یہ رقبہ پچھلے سال کے رقبے سے [illegible] چنے کی فصل کی حالت بھی اچھی ہے۔

اردو کہاں نہیں پڑھائی جاتی

یو۔پی کے وزیر تعلیم کی لاعلمی

لکھنؤ یکم مارچ۔ آج یوپی اسمبلی میں سوالوں کے وقت جواب دیتے ہوئے وزیر خوراک مسٹر گپتا نے بتایا کہ صوبہ میں سالانہ ۶۰ ہزار ٹن بناسپتی خرچ میں آتا ہے۔ اور صوبہ کے چار ملوں کی پیداوار تین ہزار ٹن سالانہ ہے۔

مسٹر محمود علی خاں کے ایک سوال کے جواب میں وزیر تعلیم مسٹر سمپورنانند نے بتایا کہ ان کو اس سلسلہ میں کوئی معلومات نہیں ہیں کہ بعض جگہوں پر اردو پڑھانے کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ جہاں کہیں مطالبہ کیا گیا وہاں اردو پڑھانے کا انتظام کر دیا گیا ہے۔

وزیر پولیس مسٹر لال بہادر شاستری نے بتایا کہ ایک ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس تین سپرنٹنڈنٹ پولیس ۱۳ انسپکٹر ۹۷ سب انسپکٹر ۱۸۰ ہیڈ کانسٹبل اور ۹۹۲ سپاہی پاکستان گئے ہیں۔

یوپی میں احتیاطی تدابیر

لکھنؤ ۳ مارچ۔ کل ۱۰ سے تمام استعفادات پرچوں میں مزدوروں سے ۹ مارچ کے جنرل اسٹرائک میں شریک ہونے اور مزدوروں کو گرفتار کرانے والوں کو دھمکی دی گئی تھی۔ پولیس نے قبضہ کر لیا۔ یوپی میں گرفتار شدگان کی تعداد ۰۰۵ تک پہنچ گئی ہے۔ تمام ڈاک خانوں تار گھروں وغیرہ میں احتیاطی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں۔

امتحان کے پرچوں کا جواب

یوپی میں ہندی میں دیا جائے گا

الہ آباد ۲ مارچ:۔ ہائی اسکول کے بورڈ آف ایجوکیشن (امتحانات) نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ۱۹۵۳ء سے ہائی اسکول کے امتحان میں پرچوں کا جواب دینے کے لئے صرف ہندی زبان ہی کو ذریعہ بنایا جائے۔

بورڈ کے چیرمین کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ ہندی میں ان اداروں کو جو سہولتیں دینا چاہے دے سکتا ہے۔

یوپی کا قائم مقام گورنر

لکھنؤ۔ ۳ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر جسٹس بدھو سنگھ چیف جسٹس الہ آباد ہائی کورٹ کو یوپی کا قائم مقام گورنر مقرر کیا گیا ہے۔ ان کی جگہ مسٹر جسٹس محمد ولی اللہ الہ آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کا کام کریں گے۔

سرمایہ داروں کی نظر میں حکومت ہند کی پالیسی

دہلی ۳ مارچ۔ یہاں پر ہندوستان کے چیمبر آف کامرس کے فیڈریشن کا جو اجلاس آج اور کل ہو رہا ہے حکومت ہند کی ٹیکس کی پالیسی۔ خوراک۔ صنعت۔ درآمد اور برآمد کی پالیسی پر غور کرے گی۔

جو قرار داد کل زیر غور تھی اور آج پیش کی جانے گی اس میں حکومت کو سرمایہ کے منافع پر ٹیکس منسوخ کرنے پر مبارکباد دی گئی ہے۔ ٹیکس کے بارے میں کمی کرنے کے لئے وزیر مالیات کی خواہش کے مطابق یہ توقع ظاہر کی گئی ہے کہ سپر ٹیکس اور آمدنی میں بطور علامت کچھ تخفیف کی جائے گی۔

وزیر صنعت کی پالیسی میں حکومت ہند کی صنعتی پالیسی کے پیچھے اطمینان کیا گیا ہے کہ اس نے اس مسئلہ پر حقیقت پسندانہ نظر سے رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی ہے۔

فلسطین پر صلح کی مزید گفت و شنید

شرق اردن اور اسرائیل کے وفد رہوڈس پہونچ گئے

رہوڈس ۳ مارچ۔ حکومت اسرائیل اور شرق اردن کے درمیان جزیرہ رہوڈس میں مصالحتی گفتگو شروع ہوگئی سب سے پہلے ڈاکٹر رالف بنچ نے شرق اردن اور اسرائیل کے وفد کے ممبران سے انفرادی طور پر گفتگو کی۔

حکومت اسرائیل کا وفد آج قبل ازیں رہوڈس آگیا اور شرق اردن کا وفد کل آچکا تھا۔ ڈاکٹر بنچ نے دونوں وفد کے ممبروں کے مشورے سے گفتگو کا ایجنڈا تیار کیا۔ کل دونوں وفد کے درمیان باقاعدہ گفت و شنید شروع ہو جائے گی۔ لبنان اور اسرائیل کی سرحد پر لبنان اور اسرائیل کے فوجی طاقات جو ہوئی جس کو اقوام متحدہ کی طرف سے عارضی صلح کا مسودہ دیدیا گیا۔ اسرائیلی وفد نے اقوام متحدہ کے نمائندے سے نئی طور پر بھی گفتگو کی۔

عرب پناہ گزینوں کا مسئلہ

بیت المقدس ۳ مارچ۔ اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن نے تمام عرب ریاستوں کو سوائے مصر کے دعوت دی ہے کہ وہ اس سے عرب پناہ گزینوں کے مسئلہ پر گفت و شنید کریں۔ یہ گفتگو بیروت میں ۲۱ مارچ سے شروع ہوگی۔ کمیشن کے امریکی ممبر مسٹر مارک اتھیرج نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ اگر ممکن ہوا تو گفت و شنید میں فلسطین کے دوسرے مسائل کو بھی شامل کر لیا جائے گا۔ دعوت نامے مصر، سعودی عرب، شام، لبنان، عراق اور شرق اردن کو بھیجے گئے ہیں۔

داخلی ضرورت کیلئے تقریباً ۹ ہزار ٹن غلہ کی درآمد

صوبجات اور ریاستوں کی غذائی حالت پر ہفتہ واری تبصرہ

نئی دہلی ۳ مارچ۔ حکومت ہند کے محکمہ اطلاعات نے خوراک کے متعلق جو تازہ ترین اطلاعات شائع کی ہیں اس میں بتایا گیا ہے کہ اس سال امریکہ میں مکئی کی فصل اتنی اچھی ہوئی ہے کہ ایسی آج تک پہلے کبھی نہیں ہوئی۔ کینیڈا میں بھی گیہوں کی پیداوار میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

وزیر خوراک نے مدراس پارلیمنٹ میں ایک بیان میں کہا یونین میں یہ توقع ظاہر کی ہے کہ چاول کی پیداوار گذشتہ سال کی بہ نسبت بہتر ہوگی۔ جہاں جہاں خشک سالی اور بعض جگہ سیلاب سے بنگال میں وقت پر بارشوں کی وجہ سے فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔

ہندیونین میں چنے کی پیداوار

یکم اکتوبر ۱۹۴۸ء سے عام لوگوں کو ایک سے دوسرے صوبے کو چنے بھیجنے کی ممانعت کر دی گئی تھی۔ صرف ایک صوبہ کی حکومت ہی دوسرے صوبے کو چنے بھیج یا منگوا سکتی ہے۔ سال ۱۹۴۷-۱۹۴۸ء میں ہندیونین میں چنے کی کل پیداوار ۳۳ لاکھ ۸۹ ہزار ٹن ہوئی تھی۔ سب سے زیادہ ۱۰ لاکھ ۴۳ ہزار ٹن چنے یوپی میں پیدا ہوئے مشرقی پنجاب میں آٹھ لاکھ دو ہزار ٹن بہار میں۔ چار لاکھ پچیس ہزار ٹن بمبئی میں اور بیار میں دو لاکھ ستائیس ہزار ٹن چنے پیدا ہوتے باقی سب صوبوں اور ریاستوں میں چنے کی پیداوار ایک لاکھ ٹن سے کم ہی رہی مشرقی پنجاب اور پٹیالہ کی ریاستی یونین نے جس قدر مقدار چنے کی اپنی ضرورت سے زائد قرار دی تھی۔ اسے مرکزی وزارت خوراک نے بمبئی مدراس۔ حیدرآباد۔ بڑودہ اور کچھ کے لئے الاٹ کر دیا ہے۔

غیر ممالک سے اناج کی درآمد

۲۶ فروری ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران میں اناج کی حسب ذیل مقدار غیر ممالک سے ہندمیں درآمد کی گئی۔ گندم پینتالیس ہزار چار سو ٹن چاول بستائیس ہزار تین سو ٹن جو پانچ ہزار ایک سو ٹن۔ جوار باجرہ پانچ سو ٹن یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے لیکر ہفتہ مذکورہ کے اختتام تک غیر ممالک سے کل درآمد حسب ذیل ہے۔ گندم تین لاکھ اڑتیس ہزار چار سو ٹن چاول چودہ لاکھ ایک سو ٹن۔ جو ایک لاکھ تینتالیس ہزار آٹھ سو ٹن۔ میلو ایک لاکھ انیس ہزار ٹن۔

صوبجات کی غذائی خبریں

حکومت بہار نے بنگال کا خریف [illegible] دس ہزار ایکڑ بیکار پڑی آراضی کو زیر کاشت لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت کاشتکاروں سے چالیس روپے فی ایکڑ کے حساب سے بیکار پڑی ہوئی زمین کو زیر کاشت لانے کا خرچہ وصول کرے گی۔ پورنیا ضلع کو ٹریکٹروں کا ایک دستہ بھیجا جائیگا ہزاری باغ اور گیا کے علاوہ میں بھی ٹریکٹروں سے کھیتی باڑی کی جائے گی۔

مسٹر آر کے پاٹل وزیر خوراک سی پی نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ حکومت خوراک کی راشن بندی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ حکومت سی پی اس سال مزید ساٹھ ہزار ایکڑ آراضی کو آباد کرے گی۔ صوبائی حکومت نے کسی ایک فرد کی خوراک خرید و فروخت کی مقدار میں حد سے کم کر دی ہے۔ ایک وقت اناج کی خوراک خریدنے کی مقدار کا اس من سے گھٹا کر من کر دیا ہے۔

اناج کی قیمت کم کرنیکی کوششیں

صوبہ یوپی کی حکومت نے امدادی راشن کی دکانوں کی شاخیں صوبہ کے ۲۵ شہروں میں جاری کر دی ہے تو قع ہے کہ اس اقدام سے خوراک کی قیمتوں کا چڑھاؤ رک جائے گا اور عوام کو خوراک حاصل کرنے میں آسانی ہوگی۔ صوبائی حکومت نے اس اقدام کی کامیابی کے لئے مرکز سے دس ہزار ٹن چنے اور چالیس ہزار ٹن گندم طلب کی ہے امید ہے کہ یہ اناج جلد ہی اس صوبہ کو غیر ملکی درآمد سے مل جائیں گے۔ اس اسکیم سے پچاس لاکھ اشخاص مستفید ہوں گے۔

مغربی بنگال کی حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو سندر بن کے علاقہ کو فوراً ترقی کے امکانات پر غور کرے گی۔ تاکہ اس علاقہ میں خوراک کی پیداوار [illegible]

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی بیش بہا قربانیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی بدولت مردوں کے ہم قدم [illegible] صرف جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی ساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

انہی مردان حق و آگاہ حق پژوہ کی مکمل تاریخ ہے

قیمت ہر دو حصہ

دس روپے بارہ آنہ (عہ۱۰)

پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دس ہزار روپے نقد انعام

امرتسر میں سونا تین ۳ روپے تولہ

جو کوئی نیچے لکھی ہوئی باتوں کو غلط ثابت کرے گا اسے دس ہزار روپے نقد انعام دیا جائے گا جس گھر میں یہ سونا گیا وہاں سے دو بارہ سہ بارہ فرمائش آئی۔ لالہ منشی رام جی کا ٹھاکر جیت دھرم سالہ سے لکھتے ہیں کہ آپ کا سونا امریکن نیو گولڈ بارہ تولہ کا پارسل ملا یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ نیو گولڈ امریکن اور اصلی سونے میں کوئی فرق نہیں۔ آپ نے اس نئی چیز کو تیار کر کے دنیا کی ایک بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے۔ بارہ تولہ سونا بذریعہ وی پی ڈاک اور بھیج دیں۔ دس بہن اور بھی آرڈر دیا جائے گا۔ یہ سونا کسوٹی پر اصلی سونے کا رنگ دیتا ہے۔ اصلی سونے کی طرح کاٹا اور گھسا دیا جاتا ہے۔ ہر قسم کے زیورات بنائے جا سکتے ہیں جو بڑے بڑے ہوشیار صراف بھی مشکل سے پہچان سکتے ہیں نمونہ کے لئے قیمت صرف تین روپے ۳/۰/۰ سونی تولہ تین تولے کی قیمت آٹھ روپے (۸/۰/۰) چھ تولے کی قیمت پندرہ روپے (۱۵/۰/۰) اور بارہ تولہ کی اٹھائیس روپے (۲۸/۰/۰)

ضروری نوٹ ہر تولہ کے خریدار کو دو عدد فیشن انگوٹھی مفت دی جائے گی۔ چھ تولے کے خریدار کو دو عدد فیشن انگوٹھی، ایک جوڑی کانٹے اور ایک جوڑی چوڑیاں مفت دی جائے گی۔ بارہ تولے کے خریدار کو ایک لاکٹ معہ دو چوڑیاں اور دو فیشن انگوٹھی اور ایک جوڑی کانٹے۔ ٹھگ فریب معاف۔ مال پسند نہ ہونے پر قیمت واپس کی جاتی ہے جلدی منگوائیں۔ ورنہ یہ موقع ہاتھ سے نکل جائیگا۔

ملنے کا پتہ نیو گولڈ سپلائی کمپنی (A.D) حلقہ نمبر ۱۲۔ امرتسر

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
یداللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
فون نمبر ۵۱۵۵
تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۵ جمادی الاول سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۶ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۵۴ | بذریعہ ہوائی ڈاک

کشمیر کمیشن کا اجلاس

دہلی ۴ مارچ۔ جمعرات کے دن کشمیر کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عارضی صلح کے متعلق بعض اختلافی معاملات پر غور کیا گیا۔ مسودہ صلح تیار کرنے کے لئے کمیشن نے دو آدمیوں کی جو کمیٹی مقرر کی ہے وہ اس ماہ کے وسط میں آزاد کشمیر کے علاقہ کے دورہ پر جائے گی۔

کمیشن کے فوجی مشیر نے ہندوستان اور پاکستان کے کمانڈر انچیف سے مزید ملاقاتیں کی لیکن کمیٹی مذکور علیحدہ بھی دونوں ملکوں کے فوجی نمائندوں سے مشورہ کرے گی۔ یہ مشورے مسودے کو آخری صورت دینے سے قبل ہوں گے۔

برطانیہ کا دفاعی پروگرام

پارلیمنٹ نے منظور کر لیا

یہودیوں اور عقبہ میں تقسیم۔ انگریزی فوج میں تصادم کا خطرہ پیدا ہوگیا

یہودی فوجوں کی بندرگاہ کی طرف نقل و حرکت

انگریزی فوجوں کو یہودیوں سے ٹکر لینے کا حکم دیدیا گیا

بیروت ۴ مارچ۔ اطلاع ملی ہے کہ یہودی فوجوں کی ٹکڑیوں کی نقل و حرکت جنوب مغربی مشرقی اردن میں عقبہ کی بندرگاہ کی طرف شروع ہوگئی ہے جہاں انگریزی فوجوں کا کنٹرول ہے۔ بتایا گیا ہے کہ وہ لشکر رجمنٹ کی پہلی بٹالین کے مورچوں سے صرف بیس میل کے فاصلہ پر ہیں۔ اس وقت فوجی حالت یہ ہے کہ شمال کی جانب سے خلیج عقبہ تک آنے والے تمام راستوں پر عقبہ میں متعین برطانوی فوجوں کا کنٹرول ہے۔ برطانوی فوج کو حکم دیا گیا ہے کہ فلسطین کی طرف سے فوجی نقل و حرکت شروع ہو تو اس کی سخت مزاحمت کی جائے۔

صورت حالات کی تحقیقات کرنے کے لئے اقوام متحدہ کا ایک اسپیشل ہوائی جہاز عمان سے عقبہ کے لئے روانہ ہوگیا ہے۔ شرق اردن کے اس بندرگاہ میں اقوام متحدہ کے مستقل نمائندے موجود ہیں جن کے لیڈر امریکی فوج کے کرنل ٹی جی ڈیوڈسن ہیں۔

خاص رکاوٹ

کراچی ۴ مارچ۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایوٹ نے دوران قیام کراچی میں وزیر اعظم پاکستان لیاقت علی خاں اور وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں دونوں ملکوں کے مشترکہ معاملات پر گفتگو ہوئی۔

پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے منصوبہ بنایا جائے

اقوام متحدہ سے ہندوستانی نمائندہ مسٹر سین کا مطالبہ

بنکاک کی لڑائی کی اطلاعات

حکام متعلقہ تردید یا تائید نہیں کرتے

برطانوی پارلیمنٹ میں کلکتہ کے واقعہ کی گونج

یورپینوں کی ہلاکت پر اہم سوال و جواب

پولیس کو ہدایات

"مسز نائیڈو کے کارنامے زرین الفاظ میں لکھے جائینگے"

نواب بھوپال کا خراج تحسین

حیدرآباد کانگریس کے اختلافات ختم

مخالف گروپ کے لیڈر کا بیان

ہند پارلیمنٹ میں بجٹ پر سخت تنقید۔ وزیر خزانہ پر اعتراضات کی بھرمار

یہ غریبوں کا بجٹ نہیں۔ محاصل میں اضافہ غیر ضروری ہے

پنڈت کنزرو اور پروفیسر شاہ کی تنقیدی تقریریں

افراط زر کا علاج

برطانیہ کی دفاعی تیاریاں

وزیر دفاع کا پارلیمنٹ میں بیان

برما برطانوی دولت مشترکہ میں شریک نہیں ہوگا

حکومت برما کے ایک نمائندے کا بیان

ڈاکٹر ایوٹ روم میں

روم ۴ مارچ۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایوٹ کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز روم پہنچ گئے وہ یہاں سے لندن جائیں گے۔

ایک سال کے بعد مغویہ بیوی مل گئی

پاکستان اور جاپان کی تجارت

مولانا حفظ الرحمن کی واپسی

یوپی کے نئے گورنر نے حلف اٹھایا

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے۔ ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے حیات شیخ الہند ۔ تاریخ الاسلام مکمل ۔ حکایات صحابہ (بچوں کیلئے) ۔ فہرست مفت طلب فرمایئے قومی کتاب گھر دیوبند یوپی

ESTD. 1925
Daily + Weekly
Aljamiat
الجمعیۃ
PHONE 5855
Delhi 5.3.49.

پسندیدہ ترین اور عزیز ترین ساتھی بھی رخصت ہوگیا

پنڈت نہرو کا لکھنؤ ریڈیو سے مسز نائیڈو کو خراج تحسین

لکھنؤ ۳ مارچ "ہماری نسل کے سالار اور ہمراہی جدا ہو گئے۔ پرانے دوست اور عزیز رفقا اٹھ گئے، اور اب ان میں سے محبوب ترین شخصیت چل بسی۔ میرا دل اور میری روح پژمردہ ہوگئی" لکھنؤ ریڈیو سے پنڈت نہرو نے مسز نائیڈو کو ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

پنڈت نہرو نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا: اگرچہ مسز سروجنی دیوی کی طاقت ختم ہوگئی لیکن ان کی روح برقرار رہی۔ اس ملک کے بسنے والو! کیا تم میں بھی یہی جذبہ ہے کہ مشعل اٹھاؤ اور اس کو بلند رکھو۔ خدا ہم کو بھی یہی جذبہ عطا کرے تاکہ ہم ہندوستان کو وہ سب کچھ دے سکیں جو اس نے دیا۔

مسز نائیڈو کو خراج تحسین

مسز کملا دیوی کا بیان

لکھنؤ ۳ مارچ۔ مسز کملا دیوی چٹوپادھیائے نے مسز سروجنی نائیڈو کی موت پر ان کو خراج تحسین ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ یادگار رہیں گی۔ وہ ہمیشہ ہماری رہنمائی اس راستہ پر کرتی رہیں گی جس پر وہ خود چل رہی تھیں۔

اندور میں مسز نائیڈو کا ماتم

تمام شہر میں مکمل ہڑتال

ساگر میں مسز نائیڈو کا ماتم

شہر میں مکمل ہڑتال

کلکتہ اسٹاک ایکسچینج بند

مجلس قانون ساز کا اجلاس تعزیت

یوپی کے قائم مقام گورنر

مسز نائیڈو کی موت ایک ناقابل برداشت صدمہ ہے

پنڈت پنت وزیر اعظم یوپی کا اظہار افسوس

مسز نائیڈو کی وفات پر تعزیت

اتوار کے قتل و غارت کے متعلق بنکاک میں کمیشن کا تقرر

واقعہ کے اسباب پر سیاسی حلقوں میں ابھی تک خاموشی ہے

بنکاک ۳ مارچ (پریس ٹرسٹ)

گذشتہ اتوار کو بنکاک میں بحری اور بری فوجوں میں اختلاف کے باعث جو خون خرابہ ہوا تھا اس کو طے کرنے کے لئے بنکاک کے علاقہ کے نئے مقرر شدہ فوجی کمانڈر میجر جنرل سیریسی نے چھ اشخاص پر مشتمل ایک کمیشن مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اسرائیل اور مصر کے معاہدہ پر عمل درآمد کیلئے کمیشن کا تقرر

حیفہ میں پریس کانفرنس میں جنرل ولیم ریلے کا بیان

مسٹر غلام محمد کی پریس کانفرنس

مسٹر چکرورتی کی تقریر بقیہ صفحہ اول

ہندوستان میں پھلوں کی درآمد

جنوبی افریقہ کی نسلی پالیسی دولت مشترکہ کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے

ٹرانسوال انڈین کانگریس کے صدر ڈاکٹر دادو کا انتباہ

جوہانسبرگ ۲ مارچ۔ ٹرانسوال انڈین کانگریس کے صدر ڈاکٹر دادو نے ایک بیان میں یہ انتباہ دیا ہے کہ اگر جنوبی افریقہ کی حکومت کی نسلی پالیسی اسی طرح جاری رہی تو دولت مشترکہ کے تعلقات میں خطرناک صورت حال پیدا ہو جائیگی۔

ریلوے ملازمین ہڑتال نہیں کرینگے

مسٹر جے پرکاش نرائن کا یقین

کلکتہ ۳ مارچ۔ آل انڈیا ریلوے ملازمین فیڈریشن کے صدر اور سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے ایک پریس کانفرنس میں اپنی اس قطعی رائے کا اظہار کیا کہ ریلوے ملازمین ہڑتال نہیں کریں گے۔

لیکن انہوں نے کہا کہ حکومت اس معاملہ میں سمجھ سے کام نہیں لے رہی۔ ہڑتال کو روکنے میں فیڈریشن صرف پروپیگنڈے سے حکومت کی حمایت کر سکتی ہے۔ پولیس کے اقدام میں ہم حکومت کی کوئی مدد نہیں کر سکتے۔

اڑیسہ کا سنہ ۵۰-۱۹۴۹ء کا بجٹ

۴ لاکھ کے قریب بچت

ہڑتال ختم

شولاپور میں گرفتاریاں

مدراس میں گرفتاریاں

ڈاکٹر ایوٹ کراچی میں

ہٹلر کا وزیر مال رہا کر دیا گیا

برما میں کرین باغیوں کی بغاوت

برطانیہ کے اشارہ پر ہوئی ہے

آپ کی صحت خوراک پر منحصر ہے
بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے
جواہر ہوٹل
پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد

ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت
پان کھلاتے وقت
وٹن کیمیکل کمپنی

افغانستان کا خبرنامہ

کراچی اور لندن سے افغانی سفیروں کی خصت پر واپسی

بین الاقوامی معاملات میں افغانیوں کی دلچسپی ۔ افغان عالم کو اعزاز

…شاہ محمود خاں فاتح کابل سفیر کبیر افغانستان متعینہ پاکستان بھی لیکر کابل پہونچ گئے ۔ ان کا شایان شان طریق پر استقبال کیا گیا ۔ استقبال … موقعہ پر کابینہ کے اراکین اور بڑے بڑے سول اور فوجی حکام بھی موجود تھے ۔ عام پبلک بھی بہت بڑی تعداد میں حاضر تھی ۔

فاتح کابل کے ہمراہ جناب شیخ محمد خان صاحب بھی تشریف لائے ہیں جو لندن میں افغانستان کے سفیر ہیں ۔ کابل پہونچ کر وہ تقریبات میں شریک ہوگئے ۔

معلوم ہوا ہے دونوں سفیروں کے اعزاز میں تقریبات میں دعوت طعام دی گئی جس میں کابینہ کے تمام اراکین بھی شریک تھے ۔

ایک عالم کو اعزاز

ایک اور قابل ذکر واقعہ … یہ ہے کہ افغانستان کی مشہور علم دوست ہستی اور فاضل اجل آقائے احمد علی خاں کہزاد کو افغانستان کی تہذیبی اور کلچرل خدمات انجام دینے پر … فرانس کی علوم مشرقی کی اکادمی … [illegible]

… سے بھی ایسی ہی ڈگری مل چکی ہے ۔

بین الاقوامی معاملات

انڈونیشیا کے تازہ واقعات اور حکومت ہالینڈ کی طرف سے انڈونیشی لیڈروں کی رہائی کے اعلان کا ذکر کرتے ہوئے "اصلاح" کابل نے لکھا ہے کہ

"اب جبکہ حکومت ہالینڈ اپنے رویہ پر پشیمان ہوئی ہے اور اس نے صحیح راستہ پر قدم اٹھایا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ تمام ممالک کا اعتماد پھر سے حاصل کرے ۔ اور ان لیڈروں کو ان کا سابق مقام عنایت کرے" ۔

نیز اٹلانٹک پیکٹ … [illegible] … دلچسپی کا اظہار کیا گیا ۔

کشمیر کے متعلق پاکستان اور ہند میں کوئی خفیہ معاہدہ نہیں ہوا

حکومت پاکستان کی طرف سے تردید

لاہور ۳ مارچ ۔ پاکستان گورنمنٹ کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ ریاست جموں وکشمیر کی تقسیم پر پاکستان اور ہند کے درمیان کوئی خفیہ معاہدہ نہیں ہوا ہے ۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ بعض اخباروں میں وقتاً فوقتاً اس قسم کے بیانات شایع ہوئے ہیں جن میں الزام لگایا گیا ہے کہ دونوں حکومتوں میں کشمیر کو تقسیم کرنے پر سمجھوتہ ہو گیا ہے ۔ … [illegible]

… پریس کے تمام حصوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اس قسم کی قیاس آرائیوں سے اجتناب کریں جو غیر مناسب یا غیر حق بجانب ہونے کے علاوہ غیر وطن دوستانہ بھی تھا ۔

مسز سروجنی نائیڈو کی رحلت

پاکستانی لیڈروں کے تعزیتی پیغامات

کراچی ۳ مارچ ۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے … [illegible]

پٹیالہ میں اشتعال انگیز تقریریں

علیحدہ ہوم لینڈ بنانے کے منصوبے

پٹیالہ ۳ مارچ ۔ … [illegible] … صدارت میں جلسہ کیا جس میں اشتعال انگیز تقریریں کی گئیں ۔ … [illegible]

بانو دہلی کے حسین کشیدہ کاری نمبر پر

ہندوستان کے مشہور اور کثیر الاشاعت ماہنامہ "آستانہ" دہلی کی رائے

ماہنامہ "بانو" دہلی کا دوسرا خاص نمبر

حسین کشیدہ کاری

… [illegible]

ملنے کا پتہ

منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی

کافی ہے

مصری اخبار نویس ہند آ رہے ہیں

نئی دہلی ۳ مارچ ۔ … مصری اخبار نویسوں کی ایک پارٹی … [illegible]

پاکستان جانے والے صرف پچاس روپے تک اپنے ساتھ لے جا سکیں گے

ہند و پاکستان کے مابین کرنسی نوٹ لے جانے کی ممانعت

حکومت ہند نے ایک اعلان جاری کیا جس کی رو سے پاکستان سے ہند میں گورنمنٹ آف انڈیا کے ایک ایک روپے کے کرنسی نوٹ درآمد کرنے کی ممانعت کر دی گئی ہے ۔ دوسرا اعلان ریزرو بنک آف انڈیا نے جاری کیا ہے جس کی رو سے گورنمنٹ آف انڈیا اور ریزرو بنک آف انڈیا کے کرنسی نوٹ پاکستان لے جانے کی ممانعت کر دی گئی ہے ۔ پاکستان کے سفر پر جانے والے صرف پچاس روپے تک اپنے ساتھ لے جا سکیں گے ۔

گورنمنٹ آف انڈیا کے ایک ایک روپے کے کرنسی نوٹ جو پاکستان میں چل رہے ہیں ان کی ادائیگی کے لئے پاکستان گورنمنٹ ذمہ دار ہے ۔ حکومت ہند نہیں ۔ پاکستان میں گورنمنٹ آف انڈیا اور ریزرو بنک آف انڈیا کے کرنسی نوٹ ۳۰ ستمبر ۱۹۴۸ء سے چالو نہیں رہے ۔ اس لئے پاکستان میں ادائیگی کرنے کے لئے نوٹ ساتھ لے جانا غیر ضروری ہے لہذا پاکستان جانے والے اشخاص کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اگر ان کے پاس ہندوستانی نوٹ ہیں تو وہ انہیں بنکوں کے ذریعہ پاکستانی نوٹوں میں تبدیل کریں ۔

یوگوسلاویہ کے مطالبات کی حمایت

لندن ۔ ۳ مارچ ۔ آسٹریا کے مستقبل معاہدہ امن طے کرنے کے لئے لندن میں چار طاقتوں کے نمائندوں کی جو کانفرنس جاری ہے اس میں تقریر کرتے ہوئے روسی نمائندے نے کہا کہ یوگوسلاویہ نے آسٹریا کے جس علاقہ کا مطالبہ کیا ہے روس اس کی مکمل طور پر حمایت کرتا ہے ۔ برطانوی نمائندے نے کہا کہ برطانیہ نے کبھی بھی آسٹریا کے سرحدوں میں تبدیلی کرنے کے مطالبہ کی حمایت نہیں کی اور وہ اب بھی اسی پوزیشن پر قائم ہے ۔ (گلوب)

رضاکاروں کے ستائے ہوئے لوگوں کو … [illegible] … جارہی ہے

نئی دہلی ۳ مارچ ۔ آج پارلیمنٹ میں سوالات کے وقت سردار پٹیل نے بتایا کہ ریاست حیدرآباد کے ان مستحق لوگوں کو مالی امداد دی جارہی ہے ۔ جو رضاکاروں کے مظالم کا شکار ہوئے ۔ حکومت حیدرآباد بھی ایسے لوگوں کو پھر سے بسا رہی ہے ۔ استصواب رائے کے سلسلہ میں ریاست کشمیر کے رفیوجیوں کو پھر سے ریاست میں بھیجنے اور آباد کرنے کے سوال پر حکومت غور کر رہی ہے ۔ … [illegible]

عربوں کو واپس آنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

فلسطین کے یہودیوں کا اعلان

یروشلم ۳ مارچ ۔ فلسطین کے یہودیوں نے کل رات یہ اعلان کیا ہے کہ جو عرب جن کی تعداد سات لاکھ پچاس ہزار کے لگ بھگ ہے ۔ فلسطین پر یہودی حملہ کی وجہ سے بے خانماں ہوگئے تھے کو اپنے گھروں میں پھر سے آباد ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔

یہودیوں کا کہنا ہے کہ اس طرح سے پھر فرقہ وارانہ جھگڑا شروع ہو جائے گا اس کے علاوہ ان کے گھروں میں مستقل طور پر آباد ہونے والے یہودی جو غیر ممالک سے یہاں آئے ہیں بے گھر ہو جائیں گے ۔ اسرائیل حکومت کے خیال کے مطابق اس مسئلہ کا صحیح حل یہی ہے کہ وہ جہاں بھاگ کر گئے تھے وہیں آباد ہو جائیں اور جو یہودی اس وقت عرب ریاستوں میں آباد ہیں انہیں فلسطین بھیج دیا جائے ۔

اس اعلان سے مشرق وسطی کے ان مالدار یہودیوں کو بہت صدمہ پہنچا ہے جنہوں نے عرب ملکوں میں کافی جائداد غیر منقولہ خرید کی ہوئی ہے ۔ اور ان کے لئے اب فلسطین جانا ناممکن ہے ۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس وقت دو لاکھ یہودی عراق میں ۔ دس ہزار مصر میں اور بیس ہزار شام ولبنان میں آباد ہیں ۔ (گلوب)

ہمدردان جمعیۃ علماء متوجہ ہوں

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں ایک مضمون جمعیۃ علماء کا آئندہ پروگرام کیا ہونا چاہئے کے عنوان سے شائع ہوا ہے جو لوگ اس سے متفق ہوں وہ ۱۲ مارچ تک اپنی رائے سے مجھے میرے پتہ پر مطلع کریں ۔

(مولانا) حبیب الرحمن لدھیانوی پنشن والوں کی کوٹھی کوچہ رحمن دہلی

استانبول میں دھماکہ

بیس افراد ہلاک ہوئے

استانبول ۳ مارچ ۔ اخباری اطلاعات کے مطابق ایک فوجی کارخانہ میں دھماکہ ہونے پر بیس مزدور ہلاک اور بہت سے زخمی ہوئے ۔ یہ دھماکہ کل استانبول کے قریب ہوا تھا جس کے مقام پر امدادی پارٹیاں اب تک کارخانہ کے کھنڈروں میں دبی ہوئی لاشیں … [illegible] … جاری ہے ۔

ایک ضروری تصحیح

الجمعیۃ کی ۳ مارچ کی اشاعت میں جمعیۃ علماء کے متعلق … [illegible] … ایک اقتباس پیش کیا گیا تھا ۔ قارئین کرام تصحیح فرمالیں … [illegible]

شیخ عبداللہ کا وادی کشمیر میں طوفانی دورہ

استصواب رائے عامہ اور ریاست کی شمولیت پر اظہار رائے

سری نگر ۳ مارچ ۔ ہندوستان نے کشمیر کے معاملہ میں جو قدم اٹھایا وہ بالکل مناسب اور ضروری تھا ۔ … [illegible] … گزشتہ دو دنوں کے اندر شیخ محمد عبداللہ نے وادی کشمیر کا ایک طوفانی دورہ کیا اور تقریباً نصف درجن مقامات پر مجمع عام کو خطاب کیا ۔ … [illegible]

سرحدی تجارت پر پابندی

امرتسر ۳ مارچ ۔ جب سے واہگہ پر تجارتی پرمٹ کا نفاذ ہوا ہے سرحدی تجارت … [illegible] … کا تجارتی پرمٹ نافذ کیا جا رہا ہے ۔ … [illegible]

روزانہ اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

یونین ہوٹل

دہلی کا سفر کرو

بیماران دہلی میں قیام کرو جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے

صداقت کا امتحان کیجئے

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

مسلمان مالکان مہاجرین جائداد کو اطلاع

آپ کراچی، سندھ کے بڑے شہروں میں اور لاہور، ملتان، لائلپور، راولپنڈی وغیرہ میں دکانیں مکانات فیکٹریاں ہماری معرفت آسانی سے تبدیل کرا سکتے ہیں ۔

محمد احمد قریشی اینڈ کمپنی ایجنٹس اینڈ ماہر قیمت جائداد ۔ موہٹا بلڈنگ ۔ ڈسٹرکٹ کراچی

یونیورسل اپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

رجسٹرڈ ک خانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

خاک کے خطرناک ایٹم
صافی
سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف
ہر جگہ ملتی ہے
ہمدرد
ہمدرد دواخانہ لیبارٹریز دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

… [illegible] … حالات سے واقف ہونا ضروری ہے امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے مخصوص انداز میں مکمل تاریخی حالات قلمبند کئے ہیں ۔ … [illegible]

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑیوالان دہلی

اشتہار نیلام

نیشنل اوکشن مارٹ بڑا بازار کشمیری گیٹ میں ہر ہفتہ وار نیلام ہر اتوار کو ہوتا ہے ۔ جس میں ہر قسم کا اعلیٰ قسم کا فرنیچر، دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑے، جوتے، مشینیں، دیگر مختلف قسم کا گھریو سامان فروخت ہوتا ہے ۔ جو صاحب اپنا فالتو سامان اچھی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں ہماری خدمات حاصل کریں ۔

نئی شمع

پندرہ روزہ لاہور

نئی شمع لاہور (پندرہ روزہ) افق ادب پر عنقریب اپنی پوری رعنائیوں سے جلوہ گر ہو رہا ہے معتقدر اہل قلم سے درخواست ہے کہ اپنے جواہر پاروں سے نئی شمع کی دلچسپیوں میں اضافہ کریں ۔ اس میں ادبی ۔ فلمی اور سوشل مضامین بھیجکر نئی شمع کو قابل قدر بنائیں ۔ معیاری مضامین کو مناسب انعام بھی دیا جائیگا ۔ اہل قلم جلد توجہ فرمائیں ۔ تاکہ یہ جلدی ہی پبلک کی خدمت میں پیش ہو سکے ۔ شعراء کرام اپنا کلام بھیجیں ۔

منیجر "نئی شمع" جی ٹی روڈ ۔ لاہور

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۶ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

کمیونسٹ

کلکتہ کے افسوسناک حادثہ پر ہم اس سے پہلے اپنی رائے ظاہر کر چکے ہیں ، اس کے بعد وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کا وہ بیان بھی آیا ، جو انہوں نے پچھلے دنوں پارلیمنٹ میں دیا ، اس معاملہ پر غور کرنے کا ایک عنوان تو یہ ہے کہ حکومت ملک کی کسی سیاسی جماعت کو دہشت پھیلانے کی اجازت نہیں دے سکتی ، لیکن اس کے ساتھ ساتھ … [illegible]

… کر سکے ، ہندوستان کا یہ سب سے بڑا کارنامہ ہے کہ اسنے برٹش سامراج کی اینٹ سے اینٹ بجادی ، اور جو کام بین الاقوامی انقلاب کا حامی ہونے کے باوجود ، روس سے نہ ہو سکا ، ہندوستان نے کر دکھایا ، اور یہ اتنا شاندار کارنامہ ہے کہ روس کو اس کا اعتراف کرنا چاہئے آج کمیونسٹ ایشیائی ملکوں میں … [illegible]

تعصب ایک روگ ہے !

(از جناب مظہر الرحمن صاحب پھلجڑیوی)

کسی ملک میں تعصب کا وجود اس ملک کی تباہی قوموں اور نسلوں کی بربادی کے لئے کافی ہوتا ہے ۔ یہ ہمارے بھائی وہ حکومت کی پالیسی تھی ۔ اس اصول کو پوری طرح غور وفکر کے بعد انھوں نے منصوبہ طے کیا اور اس ذریعہ سے بڑی مدت تک نہایت کامیابی اور سہولیت کے ساتھ ہم پر حکومت کی ۔ صرف یہی نہیں بلکہ ایک مدت کے لئے ہمارے دل ودماغ میں تعصب کے زہر آلود جراثیم چھوڑ گئے ۔ یہی وجہ ہے آزادی حاصل کرنے کے باوجود بھی ہمیں آزادی کے صحیح مفہوم سے واقف ہونے اور اس کے فوائد سے مستفید ہونے کا موقعہ نہیں ملا اس لئے کہ تعصبات ہمارے خمیر وسرشت بن گئے ہیں ۔

شکر ہے کہ اب ہندوستان آزاد ہے ۔ ہندوستانیوں کو اپنے اچھی اور بری چیزوں کو پرکھتے ہوئے آگے بڑھنا اور آزاد ممالک کے ساتھ چلنا ہے لیکن ہندوستان کی غریب جاہل مفلس قوم ، ذہنی امراض میں مبتلا اس قابل نہیں کہ آزاد ملکوں کے ساتھ چل سکے ۔ تعلیم صنعت و حرفت تجارت ، معاشی ، سیاسی ، سماجی ، اقتصادی اعتبار سے ہم پسماندہ ہیں … [illegible]

معاشرہ میں شامل ہونا چاہئے بلکہ اس کی بجائے اپنی ذمہ داری اور دیانتداری کو اپنا شعار بنایا جائے ۔ خدمت خلق ایثار و خلوص کے جذبہ کو ترقی دی جائے ۔ یہ صفات ہمارے پیش نظر رہیں ، ہماری منزل مقصود ہوں ، ہماری کوششوں کا مرکز ہو ۔ … [illegible]

تعصب کی قسمیں

درحقیقت تعصب ایک روگ ہے اور اس کی بہت سی قسمیں اور نام ہیں ۔ … [illegible]

سوویٹ تاجکستان کی صحافت

تاجک سوویٹ سوشلسٹ جمہوریہ میں متعدد چھاپے خانے اور اشاعت گھر ہیں یہ کسی کی انفرادی حیثیت سے ملکیت نہیں ہیں ، کہ ان سے منافع کمایا جائے ، بلکہ یہ سب کچھ مجموعی طور پر عوام کی ملکیت ہیں ۔ اسی لئے تاجک صحافت عوام کی جمہوری صحافت ہے ۔ اور یہ صحافت آزاد اشتراکی نظام کو مستحکم کرنے اور قوموں کی آپس کی دوستی امن وآشتی کے مفاد پورے کرنے کی خدمات انجام دیتی ہے ۔

آج کل جمہوریہ میں ۳۴ روزنامے شائع ہوتے ہیں جن کی مجموعی اشاعت ڈھائی لاکھ سے زیادہ ہے ان کے علاوہ بڑے بڑے کارخانوں ، اداروں کی پنچایتوں اور سائنسی انجمنوں کی جانب سے سینکڑوں سہ روزہ اور ہفت روزہ جرائد شائع کئے جاتے ہیں ، روزناموں میں سے ۲ جمہوریہ کے مرکزی اخبار ہیں ، ۱ علاقہ دار ، ۵۹ اضلاعی اخبار ہیں تمام جرائد میں سے تقریباً ۹۰ فی صدی تاجک زبان میں شائع ہوتے ہیں ۔ … [illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا نیا آئین

ساتویں سالانہ کنونشن میں غور وخوض

نئی دہلی ۳ مارچ ۔ سوشلسٹ پارٹی آف انڈیا کی ساتویں سالانہ کنونشن پٹنہ میں ۶ مارچ کو منعقد ہوگی جس میں سوشلسٹ پارٹی کے نئے آئین کے مسودہ پر بحث کی جائے گی ۔ اس آئین کے مطابق برطانوی لیبر پارٹی کی لائنوں پر سوشلسٹ پارٹی کی دوبارہ تنظیم کی جائے گی ۔

علاوہ ازیں نئے آئین کے مطابق پارٹی کا ممبر بننے کے لئے پہلے کی سی پابندیاں نہیں لگائی جائیں گی ۔ ۱۸ سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہر شخص پارٹی کا ممبر بن سکے گا بشرطیکہ وہ پارٹی کی پالیسی اور پروگرام کو تسلیم کرتا ہو ۔ … [illegible]

امروہہ کے ایک خادم قوم کا انتقال

امروہہ ۲۳ فروری … [illegible] … جمعیۃ علماء کے پرانے ہمدرد … حاجی قطب الدین خاں صاحب … [illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا مدنی کا حالات حاضرہ پر تبصرہ

مدرسہ اسلامیہ عربیہ دھام پور کے جلسہ عام میں تقریر

دھام پور … [illegible] … حضرت مدنی کی تشریف آوری ہوئی … [illegible]

حکیم مولوی حامد حسن صاحب انصاری نے قاری … صاحب کا تعارف جامع الفاظ میں کرایا ۔ … [illegible]

دھام پور میں تعلیم بالغان

… [illegible]

دنیا کے گرد بلا توقف پرواز

… [illegible]

عثمانیہ یونیورسٹی کی طرف سے مسز نائیڈو کی موت پر اظہار تعزیت

حیدرآباد ۶ مارچ۔ عثمانیہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلباء کے ایک جلسہ میں جس کی صدارت وائس چانسلر نواب علی یار جنگ نے کی۔ ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں مسز سروجنی نائیڈو کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا گیا۔ قرارداد میں مسز نائیڈو کو حیدرآباد کا سب سے بڑا شہری اور ہندوستان اور دنیا کے سب سے بڑے شہریوں میں سے ایک کہا گیا۔

اس سے قبل نواب علی یار جنگ صاحب نے کہا کہ مسز نائیڈو نے دماغی اور جسمانی ہر دو لحاظ سے ... ایک نسل اور دوسری نسل کے درمیان پل کا کام کیا ... ایک جلسہ میں منعقد ہوا جس میں مسز نائیڈو کی موت پر اظہار تعزیت کیا گیا۔

حکومت حیدرآباد

حکومت حیدرآباد نے جنرل ایم جی نائیڈو کے نام ایک تعزیتی پیغام بھیجا ہے کہ حکومت حیدرآباد مسز نائیڈو کی اچانک وفات پر آپ کے رنج و غم میں شریک ہے آپ کی حیثیت ادبی اور سیاسی دونوں میں ... ہے آپ کی وفات سے ہندوستان اور حیدرآباد کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

پاکستان کی ... سے محروم ہو گیا اور وہ ہندوستانی عوام کی آزادی اور ترقی کی دلدادہ تھیں ... انہوں نے ... ہندوستان کی ... ہمیشہ کوشش کرتی رہیں ... لیکن بدقسمتی سے یہ پروگرام پورا نہیں ہوا ... ان کے ... ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔

مسز نائیڈو کو خراج تحسین
اندھرا کانگریس لیڈر کا بیان

گنٹور ... مارچ۔ اندھرا کانگریس کے لیڈر ...

[redacted]

... پاکستان کی ... ان کی موت ناقابل ...

وزیر اعظم اڑیسہ کا اظہار رنج

[redacted]

کٹک ۶ مارچ۔ اڑیسہ کے وزیر اعظم نے مسز نائیڈو کی موت پر ... کہا کہ وہ ... زیادہ ... سیاست میں ...

اسٹالن اور ٹرومین کے درمیان ملاقات ہونی چاہیے

پیرس ۶ مارچ۔ فرانسیسی اسمبلی کے امور خارجہ کے کمیشن نے یہ تجویز ۱۹ ووٹوں کی حمایت اور ۱۰ ووٹوں کی مخالفت سے منظور کر لی ہے کہ حکومت فرانس ... کمیشن نے طویل بحث کے بعد اس تجویز پر اسے سفارش کی کہ حکومت فرانس کو پیرس میں مارشل اسٹالن اور پریسیڈنٹ ٹرومین کے درمیان ملاقات کرانے کے لئے قدم اٹھانا چاہیے۔

لندن ۳ مارچ لندن میں مقیم ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر کرشنا مینن نے ہندوستان کے گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ کے نام مندرجہ ذیل ... بھیجا ہے۔ ... ہندوستانی ... خدمت ... انہوں نے ...

مصری کابینہ میں مزید تبدیلیاں بلا قلمدان پانچ وزیر مقرر

لندن ۶ مارچ۔ قاہرہ کے نامہ نگار مقیم ... کے بیان کے مطابق مصری کابینہ میں مزید تبدیلیاں عمل میں آئی ہیں وزیر تعلیم عبد الرزاق سنہوری پاشا کو نسل آف اسٹیٹ ... وزیر تعلیم بنائے گئے ہیں ... السنافی بے بلا قلمدان وزارت کے وزیر بنائے گئے ہیں۔ کابینہ میں پہلے ہی سے پانچ بلا قلمدان کے وزیر ہیں ... صابری پاشا کی وزارت میں ... کا اظہار کیا ہے۔

اس سے قبل اطلاع ملی تھی کہ سعد سیف النصر بے وزیر مواصلات نے استعفیٰ دیدیا ہے اور ان کی جگہ وزیر خارجہ ... پاشا وزیر مواصلات بنائے گئے ہیں اور احمد خشبہ پاشا جو نقراشی پاشا کی کابینہ میں وزیر خارجہ تھے ... دوبارہ وزیر خارجہ مقرر ہوئے ہیں۔

کراچی ۳ مارچ۔ سندھ اسمبلی کی مسلم لیگ پارٹی کی میٹنگ ... مارچ کو منعقد ہو گی۔

معلوم ہوا ہے کہ اس میٹنگ میں سندھ اسمبلی کے ... پارٹی کی طرف سے اسمبلی کے ... کا فیصلہ کیا جائے گا۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

الجمعیۃ روزانہ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ دہلی

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

حکومت یو پی کو نیک مشورہ

جناب مکرم۔ تسلیم۔

ہندوستان میں ہماری حکومت کی ہمہ تن جدوجہد و بہتر تدابیر کے باوجود غذائی حالت روز بروز گرتی جا رہی ہے جس سے عوام غربا مزدور اور متوسط طبقہ بہت زیادہ پریشان ہے اور اکثر شرفاء سفید پوش اپنے گھر کے اکثر افراد فاقوں کی نوبتیں پہنچ گئی ہیں۔ محدود آمدنی قلیل سرمایہ والے کب تک اس گرانی کو برداشت کر سکتے ہیں۔ اب یہ منزل بڑی کٹھن و دشوار گذار ہو رہی ہے جس سے قومی حکومت کے مخالفوں اور جاہ پرستوں کو ایسے لوگوں پر ڈورے ڈالنے بہکانے بھڑکانے اور پروپیگنڈا کرنے کا اچھا خاصا موقع مل رہا ہے اور ملک مخالف گروہوں کے اثرات و تعداد روز بروز بڑھتی نظر آ رہی ہے۔ ظاہر حکومت پورا احساس رکھتے ہوئے غذائی بدنظمی کی اصلاح

[redacted]

... پریشان ہے۔

یو پی حکومت نے علاوہ سابقہ راشننگ سسٹم کے بیالیس دو کانوں کے راشننگ کے اضافے کا اعلان کیا ہے جو ضلع ضلع میں قائم کی جائے گی اور قصبات و دیہات محروم رہیں گے۔ اس تجویز سے حکومت کے بجٹ پر ۵۱ ہزار ... روپیہ ... اور عوام غربا ... اور اس کی آگ بھڑکے گی اس لئے مناسب یہ ہے کہ اس گرانی کو دور کرنے کے لئے ہر شہر قصبہ دیہات میں ... حکومت ... اگر ... خاطر ...

حکیم ... (دہام پور)

ہندوستان اور کمیونزم

محترم ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔

ہندوستان میں اب کمیونزم خطرے کا احساس دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ ابھی (دم دم کلکتہ) کے ہوائی اڈے پر کئے گئے حملے نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ کمیونسٹ حکومت سے چھوٹی موٹی ٹکر لینے میں کوئی خطرہ محسوس نہیں کرتے اور وہ اپنے تشدد سے حکومت کے دل میں اپنی دہشت اور طاقت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ ... تشدد اور خونریزی انتہائی قابل نفرت ہے۔ اگرچہ کمیونسٹ کانگریس کے دشمن ہیں ... غریب عوام کے لئے فلاح و بہبود کے لئے بھوکے مزدور کی روٹی اور کپڑے کے لئے سرمایہ داروں سے ٹکر لیں تو اچھا ہے لیکن اس صورت میں جیسا کہ کمیونسٹ اپنی کاروائیوں اور خونریزی سے دہشت پھیلا کر کر رہے ہیں۔ ہمارے ملک کے لئے تباہی کا پیش خیمہ ہے جس کے ثبوت میں چین اور برما کی صورت حال ہمارے سامنے ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ حکومت اس عظیم خطرے کا سدباب کرنے میں کوشاں ہے۔ لیکن ان جرائم کو ختم کرنے کی طرف متوجہ نہیں جو اس مرض کا اصل سبب ہیں اور وہ جرائم ہیں بھوک، افلاس، معاشی بحران، سرمایہ دار کا غریب عوام اور مزدور پر ظلم اور ناروا سختی اگر حکومت ان ٹھوس حقیقتوں کی طرف توجہ دے تو موجودہ محبوب لیڈروں کی موجودگی میں ہندوستان کو کبھی بھی کمیونزم کا خطرہ لاحق نہ ہو۔

(اے۔ ایم۔ فاروقی۔ دہلی)

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جنہوں نے ہر قسم کے خطرات کا مقابلہ کیا ... آزادی کا سورج طلوع ہوا

علمائے حق

قیمت ... روپیہ ... آنہ

سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

انہی مردان حق آگاہ و حق پژوہ کی مکمل تاریخ ہے۔

جمعیۃ بک ایجنسی گلی قاسم جان دہلی

بنگلور میں ٹیلی فون فیکٹری
۳ لاکھ آلے تیار کیا کرے گی

نئی دہلی ۴ مارچ۔ ہندوستان کی آٹو میٹک ٹیلیفون اینڈ الیکٹرک کمپنی کے دو انجینیر اور ایک مستری آج کل بنگلور میں ٹیلی فون کے سرکاری کارخانے میں کام کر رہے ہیں ان کے ساتھ حکومت کے محکمہ ڈاک و تار کے ایک انجینیر بھی کام کر رہے ہیں جنہوں نے چھ ماہ تک کمپنی کے ورکشاپ میں تربیل میں کام کیا ہے۔ چھ لڑکیاں بھی بنگلور فیکٹری میں کام سیکھ رہی ہیں۔ جو مشینری سے ہندوستان کو جو حصہ ملا وہ ٹیلی فون کے کام کرنے کی مشینری ہے۔ کچھ مشینری ڈیڑھ درجن میں ہندوستانی کارخانوں سے خریدی گئی ہے۔ دوسری مشینری برطانیہ سے منگوائی جا رہی ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ اس فیکٹری کے ہر سال ۱۳ لاکھ ٹیلی فون کے آلہ جات تیار ہوا کریں گے۔ (اے۔ پی)

شرنارتھیوں کی آبادکاری
یو پی میں ۱۳ ہزار بسائے جائینگے

نئی دہلی ۴ مارچ۔ حکومت ہند نے یو پی کی نئی کالونی

[redacted]

کو منظور کر لیا ہے۔ ان میں سے ایک علاقہ گنگا کھادر کا میرٹھ کے ضلع میں ہے اور دوسرا ضلع نینی تال میں ترائی کا علاقہ ہے ان دونوں تجاویز کے ماتحت ۱۳ ہزار شرنارتھی یا دو ہزار چھ سو خاندان آباد کئے جائیں گے اور ان کی آبادکاری پر ایک کروڑ ۴۶ لاکھ اکتیس ہزار روپیہ خرچ آئیگا گنگا کھادر کے علاقے میں ایک ہزار ساٹھ سو پچاس خاندان اور ترائی کے علاقہ میں ساڑھے آٹھ سو خاندان آباد کئے جائیں گے ان اخراجات میں مکانات کی تعمیر اور اراضی کی آبپاشی کی نالیوں نہری اصلاح ٹریکٹر اور ٹریکٹروں کی مرمت صحت کے انتظامات نئے سڑکوں کی تعمیر اور پرانی سڑکوں کی ... کے اخراجات ... حکومت ہند ان اسکیموں ... کے نقصانات کا نصف برداشت کرنے پر رضامند ہو گئی ہے۔

پاکستان کے بجٹ پر رائے زنی

کراچی ۳ مارچ۔ صوبہ سرحد کے سابق وزیر اعظم سردار اورنگ زیب خاں نے پاکستان کے بجٹ پر رائے زنی کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے زمینداروں کو فائدہ پہنچانے والا بجٹ پیش کیا ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں پاکستان کا کریڈٹ قائم ہے ... آپ نے مزید کہا کہ پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد کی مالی معاملات میں بڑی مہارت رکھتے ہیں ... (اگلوب)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوتی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

وفد جمعیۃ علماء ہند الیور صوبہ مدراس میں

ارکان وفد مدراس شہر سے فارغ ہو کر الیور پہونچے جو کہ اندھرا کا مرکزی مقام ہے پہنچتے ہی شہر میں جلسہ کا اعلان ہوا اور بعد نماز عصر چوک والی مسجد میں جناب قاضی صاحب کی صدارت میں جلسہ منعقد ہوا شہر کے علماء اور عمائدین اور مساجد کے ائمہ اور متولی صاحبان کے علاوہ دوسرا شہر نے بڑی خوشی سے حصہ لیا حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے وفد کی آمد جمعیۃ کی تنظیم اور دراس کے اغراض مقاصد کو واضح طور پر سمجھایا۔ آپ کے بعد حضرت مولانا عبد الماجد صاحب نے مذہب کی ضرورت اور تنظیم کے فوائد اور علماء ہند کی خدمات پر روشنی ڈالی۔ مولانا کے انداز بیان کا حاضرین پر گہرا اثر ہوا۔ باتفاق رائے جملہ حضرات نے فرمایا کہ انشاء اللہ اس ڈسٹرکٹ میں ہر مقام پر دفاتر قائم کر دیئے جاویں گے اور جمعیۃ کی شاخیں کھولی جائیں گی۔ اور صوبہ کو اور مرکز کو مطلع کر دیا جاوے گا۔ آپ دونوں حضرات کم از کم دو ہفتہ کے لئے ضرور تشریف لائیں۔ ارکان وفد نے وعدہ فرمایا کہ عنقریب حاضر ہوں گے۔ اس کے بعد ارکان وفد بمبئی کے لئے روانہ ہو گئے۔ جہاں سے وفد گجرات کے دورہ پر جائے گا۔

جمعیۃ علماء احمد آباد کا انتخاب

جمعیۃ علماء احمد آباد کی مجلس منتظمہ کا انتخاب ۷ مارچ ۱۹۴۹ء بروز پنجشنبہ (اتوار) کو ایسے دن سے ۲ بجے دن تک ہوگا۔ یہ انتخاب ... کے میدان میں ہوگا۔ ان تمام حضرات سے جنہوں نے جمعیۃ علماء کی ممبری قبول کر کے چار آنہ فیس ممبری ادا کی ہے درخواست ہے کہ وہ وقت معینہ پر تشریف لا کر مناسب امیدواروں کے لئے اپنی رائے پیش فرما دیں۔

اسی روز شام تک کامیاب ممبران کے اسماء گرامی کا اعلان ہو جائے گا۔ ۹ بجے شب نو منتخب کامیاب ممبران کا اجلاس ... ہال ... میں ہوگا جمعیۃ علماء احمد آباد کے انتخاب حضرت مولانا عبد الماجد صاحب کی زیر نگرانی ہوں گے۔

صوبہ یو۔ پی کا اہم سرکلر

جمعیۃ علماء صوبہ یو پی کی منتظمہ کا اجلاس ۱۸ مارچ کو بریلی میں ہو رہا ہے۔ جن اضلاع سے ارکین کے نام آ چکے ہیں۔ ان کے نام دعوت نامہ روانہ کر دیا گیا ہے۔ جن حضرات کے نام دعوت نامے ... پاس موصول نہیں ہوئے ہیں۔ اور وہ صوبہ کے انتخاب میں آ چکے ہیں یا ۱۷ مارچ سے پہلے آ جائیں وہ ۱۸ مارچ کو ضرور بریلی پہنچ جائیں اور اس اعلان کو دعوت نامہ تصور کریں۔ امید ہے کہ ایسے تمام حضرات بریلی پہنچ کر مجلس منتظمہ کی کاروائی میں حصہ لیں گے۔

حلقہ ہائے شہر کانپور کا انتخاب

قلی بازار وارڈ صدر مولانا ضیاء الحق صاحب۔ نائب صدر قاری امداد اللہ صاحب نائب صدر حافظ عبد الحمید صاحب۔ ناظم محمد شفیق صاحب۔ خازن ڈاکٹر افتخار احمد صاحب نمائندگان شہر قاری امداد اللہ صاحب۔ مولانا ظفر الدین صاحب۔ مولانا اظہار صاحب۔ ممبران مجلس انتظامیہ اکیس۔

وارڈ ہمایوں باغ صدر شمیم احمد صاحب نائب صدر حافظ ... صاحب۔ ناظم ... صاحب۔ خازن منشی اظہر حسین صاحب۔ نمائندگان شہر شمیم احمد صاحب۔ ... حسین صاحب۔ قاضی افتخار احمد صاحب۔ قاضی ... صاحب۔ عبد الرشید صاحب ممبران مجلس انتظامیہ اکیس۔

انور گنج وارڈ صدر مولانا اسمعیل ذبیح صاحب بڑاوی نائب صدر مولانا عبد الباقی صاحب۔ محمد وحید صاحب۔ خازن رجب علی صاحب۔ ناظم محمد یوسف صاحب نمائندگان شہر۔ مولانا عبد الباقی صاحب۔ محمد وحید صاحب۔ محمد یوسف صاحب۔ مولانا اسمعیل صاحب ذبیح بڑاوی۔ ممبران مجلس انتظامیہ پندرہ۔

نئی سڑک وارڈ صدر مولوی نبی احمد صاحب ... نائب صدر مولانا قاضی احمد حسین ... مولانا عبد السمیع صاحب۔ ناظم مولوی ارشد حسن صاحب۔ خازن محمد ابراہیم صاحب۔ نمائندگان شہر۔ مولوی نبی احمد صاحب ... مولوی عنایت احمد ... قاضی محمد علی صاحب۔ امانت اللہ صاحب۔ مولوی ... احمد صاحب۔ ممبران مجلس انتظامیہ اکتالیس۔

طلاق محل وارڈ صدر حمید المظفر صاحب۔ نائب صدر عبد السلام خاں صاحب نائب صدر عبد الرزاق صاحب۔ ناظم آفاق حسین صاحب۔ خازن حاجی قیام الدین صاحب۔ نمائندگان شہر حمید المظفر صاحب ... صاحب۔ آفاق حسین انصاری عبد الشکور صاحب عبد السلام صاحب۔ ... ممبران مجلس انتظامیہ اکتالیس۔

بانس منڈی وارڈ صدر حافظ عبد الشکور صاحب۔

نائب صدر شیخ ابرار الحق صاحب نائب صدر۔ حافظ عبد القیوم صاحب ناظم حامد سعید صاحب۔ خازن منشی محمد اسحق صاحب نمائندگان شہر مولانا حافظ خضر محمد صاحب بہاری۔ لیاقت حسین صاحب بہاری۔ حافظ عبد الشکور صاحب۔ حافظ عبد القیوم صاحب۔ حامد سعید صاحب۔ محمد علیم خان صاحب۔ محمد امین صاحب۔ ممبران مجلس انتظامیہ بیس۔

ٹپکا پور وارڈ صدر بابو لئیق احمد صاحب۔ نائب صدر سراج الحسن صاحب و حاجی ... نائب صدر رحیم بخش صاحب۔ ناظم محمد رفیق صاحب۔ نمائندگان شہر بابو لئیق احمد صاحب۔ مشہود الحسن صاحب۔ بندے حسن ... بابو عبد الحق صاحب ممبران مجلس انتظامیہ اکیس۔

بابو پورہ وارڈ صدر عبد القادر صاحب ... نائب صدر عبد الحق صاحب۔ ناظم ڈاکٹر محمد ... صاحب۔ خازن منشی عظیم اللہ صاحب۔ نمائندگان شہر ماسٹر عبد العزیز صاحب۔ حاجی عبد الغفار صاحب۔ عبد الحق صاحب۔ عبد الستار صاحب۔ ممبران مجلس انتظامیہ اکیس۔

پوپری (مظفرپور)

زیر صدارت جناب مولانا عبد العزیز صاحب ناظم جمعیۃ علماء پوپری کے مجلس علماء کی ایک ہنگامی میٹنگ ہوئی۔ مولانا احمد سعید صاحب پاکستان نے مولوی شفیع داؤدی مرحوم کے حالات زندگی پر تفصیلی تقریر فرمائی۔ بعدہ حبیب احمد صدیقی کامل نے مسٹر عبد اللہ بریلوی اور سراج بہادر جیسے کے خدمات ملی و ملکی کو بیان فرمایا۔ اس کے بعد دو تعزیتی قرار دادیں متفقہ طور پر پاس ہوئیں۔

گجرات میں جمعیت کے وفد کا پروگرام

... آپ کو یہ بخوبی معلوم ہے کہ جمعیت علماء مرکزیہ کی طرف سے ایک وفد صوبہ گجرات کا دورہ کرے گا وہ وفد ۲۷ فروری ۱۹۴۹ء کو احمد آباد پہنچ ... حسب ذیل ہے۔ ...

۴ مارچ جمعہ سورت ضلع کھیڑا ... ۵ مارچ ... کھیڑا سے ... ۷ کی صبح تک ... احمد آباد پہنچ جائیگا جہاں انتخاب کی نگرانی کرے گا۔

ضلع سورت کے دورہ کا پروگرام

۸ مارچ ۱۹۴۹ء کی صبح تک سورت ... ۹ مارچ ... اجلاس عام ... ۱۰ مارچ ... ۱۱ مارچ ... ۱۲ مارچ علی پور (تعلقہ ...) ۱۳ مارچ صوبہ سی پی کیلئے روانگی۔ وفد میں حسب ذیل حضرات شامل ہوں گے۔ وفد کے لیڈر مولانا سید میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی۔ (۲) مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی۔ (۳) حاجی گلزار خاں صاحب کونسلر احمد آباد (۴) جناب رونق صاحب (۵) حکیم بشیر الدین زنگی۔

کاسگنج ضلع ایٹہ
انتخاب مجلس منتظمہ

جمعیۃ علماء کاسگنج کا جلسہ زیر صدارت جناب مولانا حکیم عباس خاں صاحب ہوا کل تعداد مجلس منتظمہ کاسگنج ... ممبران مجلس کے لئے حسب ذیل عہدہ داران منتخب ہوئے۔

صدر حکیم مولانا عباس خاں صاحب۔ نائب صدر چودھری مہدی حسن صاحب قریشی (ناظم) مولانا مولوی محمد فاضل صدیقی (فاضل دیوبند) نائب ناظم ... خازن ... احمد حسین انصاری ممبر میونسپل بورڈ کاسگنج۔

ضلع ایٹہ کے مجلس منتظمہ کے ممبران ... چودھری مہدی حسن صاحب قریشی نائب صدر جمعیۃ علماء کاسگنج ... زیر صدارت جناب مولانا حکیم عباس خاں صاحب ... منعقد ہوا۔ جس میں باتفاق آراء صدر مقام کاسگنج ضلع ایٹہ قرار پایا۔

عہدہ داران ضلع جمعیۃ علماء حسب ذیل منتخب ہوئے۔ (۱) صدر ضلع جمعیۃ علماء حکیم مولانا عباس احمد خاں صاحب۔ (۲) نائب صدر ضلع جمعیۃ علماء محمد شفیع صاحب انصاری (گنج ڈنڈوارہ) (۳) ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء مولانا مولوی محمد فاضل صاحب صدیقی (فاضل دیوبند) (۴) نائب ناظم ضلع ... قریشی ... میونسپل بورڈ کاسگنج ... اقبال حسین صاحب مختار ... تحصیل کاسگنج ضلع ایٹہ کا انتخاب عمل میں آیا۔

مسٹر یشپال کی رہائی کا مطالبہ

میرٹھ ... بذریعہ ... انجمن ترقی پسند مصنفین میرٹھ کے ایک جلسہ میں ہندی کے ممتاز ادیب مسٹر یشپال کی گرفتاری ... یو پی سرکار کی سخت مذمت کی گئی اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

دار السلطنت

مسز نائیڈو کی وفات پر
ناظم اعلیٰ دہلی جمعیۃ علماء کا بیان

دہلی۔ ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی مولانا اخلاق حسین قاسمی نے مسز نائیڈو کی اچانک موت پر حسب ذیل تعزیتی بیان دیا ہے۔ مسز نائیڈو نہ صرف ایک بہترین سیاست داں ایک شیریں بیان خطیبہ اور شاعرہ تھیں بلکہ وہ عورت ہوتے ہوئے بھی نہایت صاف دل و دماغ کی مالک تھیں اور محبت و انصاف اور اخلاق و روحانیت کے عالمگیر اصولوں پر ان کا ایمان تھا گویا مذہب کے مشن کی حقیقی روح تھی۔ اس لئے ایسے نازک وقت میں جب کہ مادہ پرستوں کے جبر و تشدد سے گھبرائی ہوئی دنیا اخلاق اور روحانیت سچائی اور محبت کی بنیاد پر نئی دنیا تعمیر کرنے کے لئے بے چین نظر آ رہی ہے مرحومہ کا دنیا سے اٹھ جانا ایک ایسا حادثہ جانکاہ ہے جس پر جتنا بھی ماتم کیا جائے کم ہے۔

امانت میں خیانت کی وارداتیں

ایک سرکاری ملازم کی بابت الزام لگایا گیا ہے کہ اس نے ۱۲۶۰ روپے اڑائے۔ کہا گیا ہے کہ اس نے سرکاری بلوں پر افسران اعلیٰ سے دستخط کرا کر بلوں میں ترمیمیں کیں اور منظور شدہ رقموں سے زائد روپے وصول کر کے خورد برد کر دیئے۔ معلوم ہوا ہے کہ کلرک مذکور روپوش ہے۔

چاندنی چوک بازار سے بھی ایک ایسے ہی کیس کی اطلاع موصول ہوئی ہے جس کے ایک تاجر نے پولیس کو اطلاع کیا ہے کہ ... کچھ شک ہوا اس پر اس نے حساب کی پڑتال شروع کی تو دس ہزار روپے کا غبن نکلا۔ لیکن ابھی حساب کی پڑتال جاری ہے اور مزید غبن نکلنے کا اندیشہ ہے۔

آتشزدگی اور جیب کترنے کی وارداتیں

حوض قاضی کے ایک مکان سے تقریباً سوا دو ہزار روپے کی نقدی اور زیورات چوری ہو گئے۔

چاندنی چوک میں ایک راہگیر کی جیب سے ایک بٹوہ چرا لیا گیا جس میں ۲۰ روپے تھے۔

بازار سیتارام میں ایک تانگہ سے تقریباً ڈیڑھ ہزار روپے کے زیورات چوری ہو گئے۔

سبزی منڈی میں ایک شرنارتھی کی دوکان جل گئی۔ کچھ نقصان بھی ہوا۔

ایک ہزار روپے کا کپڑا چوری

قرولباغ میں ایک دھوبی کے یہاں ڈاکہ پڑنے ... ایک ہزار روپے کے کپڑے چوری ہو جانے کی اطلاع ملی ہے ... اس نے ... کپڑے کی گٹھری باندھ کر رکھی تھی صبح کو جب بیدار ہوا تو کپڑے غائب تھے پولیس کو اطلاع کر دی گئی ہے جو تحقیقات کر رہی ہے۔

تالا توڑ دیا

حوض قاضی کے علاقہ میں ایک دوکان کا تالا توڑ کر رات کو چوروں نے بہت کافی سامان چرا لیا۔

پچکوئیاں روڈ کے ایک بنگلہ سے تین سو روپیہ کی مالیت کے برتن زیورات اور پارچہ جات چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے یہ واقعہ رات کو پیش آیا۔ گھر والے سو رہے تھے اور چور گھر کا صفایا کر گئے۔

رہزنی کی وارداتیں

گذشتہ ... دہلی میں رہزنی کی دو وارداتیں ہوئیں ایک واردات نجف گڑھ روڈ پر ہوئی ... ایک راہگیر کو ... اور اس سے ... روپے چھین لئے۔

دوسری واردات ... پر ... ریلوے اسٹیشن سے ... ایک شخص ... بیٹھ کر قرولباغ کے لئے روانہ ہوئے راستہ میں ایک سافر نے ... اور ... چھین لی۔

ایک شخص گرفتار

دہلی سی آئی ڈی نے کل شام اردو بازار سے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے جس کے قبضہ سے دو ہزار اشتہار برآمد ہوئے ہیں۔ ... ریلوے ورکروں کو ہڑتال کرنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

نائب وزیر اعظم کشمیر کی آمد

مسٹر غلام محمد بخشی نائب وزیر اعظم کشمیر بذریعہ ہوائی جہاز دہلی ہوچکے۔

ریوالور چوری ہو گیا

لدھوڈ کے ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ رس کے ٹرنک سے اس کا لائسنس والا ریوالور چوری ہو گیا ہے۔ ایک سپاہی کو ... اسے ... دیاں ... گرفتار کر لیا گیا۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی کھلا بازار ۱۶۷ روپے ... بند بازار ۱۶۵/۰ روپے ... آنے سونا ... روپے ... آنے بازار چیت ۱۰۸ روپے اپریل ۱۱۹ روپے گڑ تیار ۱۳ روپے ... آنے ... کھلا بازار ۱۴ روپے ۱۴ آنے ۹ پائی بند بازار ۱۴ روپے ۱۲ آنے ۶ پائی۔ آٹا ... ۳ ہزار من شکر ۱۲ روپے۔ کھنڈسالی ۴ روپے سے ۱۳ روپے۔ کپاس ۳۰ روپے ۱۲ آنے سے ... روپے ۸ آنے جیٹھ کھلا بازار ۱۴ روپے ۱۳ آنے ۶ پائی۔ بند بازار ۲۲ روپے ... آنے۔ مونگ ... ۱۰ روپے ... آنے ... ۱۵ روپے مسور ۱۳ روپے جیٹھ ۱۱ روپے ۱۲ آنے ارہر ۱۳ روپے۔ جیٹھ ۱۱ روپے ۱۲ آنے گندم ۱۶ روپے ۲ پائی۔ جو ۵ روپے ۱۲ آنے جو ۱۱ روپیہ۔ باجرہ ۱۲ روپے ۴ آنے جوار ۱۲ روپے اڑد ۱۹ روپے مونگ ۲۰ روپے مسور ۱۲ روپے۔

تیل مارکٹ دہلی

تیل ہیرہ ۔/۸/۹۳ دیسی ۔/۱۲/۸۵ ارنڈی ۔/۔/۵۲ تیل مونگ پھلی ۔/۲/۷۵ تیل گولہ ۔/۔/۹۲ کاسک ۲۹/۸

کریانہ مارکیٹ

کشمکش ۵۱/۷ آلو بخارا ۵۵ روپے سے ۷۵ روپے بادام گری ۱۶۳ روپے بادام ۵۲/۸ روپے کاغذی ۴۴/۱۲ چھوہارے ۔/۱۴/ ... روپے دھنیا ۔/۱۵/ ... روپے سونف ۱۷ سے ۲۶ روپے زیرہ سیاہ ۸۰ روپے۔

صرافہ مارکیٹ

چاندی تیار ۱۸۷ روپے ... آنے۔ چاندی ... ۱۸۷ روپے ... چاندی سکہ ... سونا ... ۱۱۱ روپے ... آنے ... ۱۱۱ روپے ... آنے ... ۱۱۷ روپے ... آنے ...

غلہ مارکیٹ دہلی

باجرہ ۱۹ روپے لوبیا سفید ۲۱ روپے ... ۱۱ روپے مونگ ۱۸ روپے ۲۳ روپے مصری ۱۹ روپے سرسوں ۱۵ روپے ۱۳ روپے ... ۱۱ روپے چنا ... گندم ۱۲ روپے ۳ آنے ... ۷ روپے ۲ آنے مونگ پھلی ۲۳ روپے نمک ... ۶ روپے ... آنے ... ۵ روپے دال مونگ ۲۲ روپے ... ۱۳ روپے دال مسور ۱۹ روپے۔ کھل سرسوں ۸ روپے ۲ آنے کھل بنولہ ۸ روپے ۱۲ آنے توریا ۲۳ روپے تیل سرسوں ۶۲ روپے مونگ پھلی تیل ۶۳ روپے تیل السی ۵۴ روپے شکر ۱۱ روپے گڑ ... ۱۳ روپے ... ۸ آنے گھی ... ۱۴ روپے ...

دہلی میں صنعتی عجائب گھر

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند جلد ہی دہلی یونیورسٹی کے نزدیک ایک صنعتی عجائب گھر تعمیر کرائے گی۔ اس عجائب گھر میں مختلف صنعتی اشیاء دکھائی جائیں گی۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ اس عجائب گھر قائم کیا جائیگا جس میں مختلف دوائیوں میں کام آنے والی جڑی بوٹیاں دکھائی جائیں گی۔

کوڑیا پل پر گرفتاریاں

برتنوں میں شراب کو منتقل روکنے کی پولیس نے جو مہم شروع کی ہے اس سلسلہ میں بارہ ٹوٹی اور کوڑیا پل کے علاقہ سے قواعد کی خلاف ورزی میں سات اشخاص گرفتار کئے گئے۔

متولی صاحب درگاہ غریب نواز کی روانگی

جناب ... صاحب متولی درگاہ خواجہ غریب نواز ... دہلی سے ... اجمیر ... مزید قیام سے معذوری ظاہر کرتے ہوئے آئندہ دہلی آنے کا وعدہ کیا ہے ... صاحب موصوف ... کو روانہ ہو گئے۔

متھرا روڈ پر حادثہ

انبالہ ... ایک ٹرک متھرا روڈ پر ایک بڑھیا سے ٹکرا گیا۔ گھوڑا فوراً ہلاک ہو گیا۔ ریڑھی والا اور اس کا ایک لڑکا زخمی ہو گئے۔ اور اسی ٹرک کی ایک سائیکل سے ٹکر ہوئی لیکن سائیکل سوار بال بال بچ گیا۔ دوسرا حادثہ لال قلعہ کے قریب ہوا جس میں ایک حوالدار میجر مخالف سمت سے آنے ہوئے ٹرک سے سائیکل ٹکرا جانے سے شدید زخمی ہوا۔ ایک دوسرا شخص جو حوالدار میجر کے ساتھ اس کی موٹر سائیکل پر سفر کر رہا تھا بال بال بچ گیا۔

کناٹ پلیس میں ایک سائیکل سوار پیچھے سے آتی ہوئی موٹر کی ٹکر سے سخت زخمی ہوا۔

پولیس لائن کے قریب پولیس کی لاری سے ایک سائیکل سوار زخمی ہو گیا ... سائیکل ... ہو گئی۔

پناہ گزینوں کو پھر سے بسائے جانے کا کام
حالات کا جائزہ لینے کے لئے وفود دورہ کریں گے

نئی دہلی ۴ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کی مشترکہ پھر سے بسانے والی کمیٹی کا ایک وفد جو اشخاص پر مشتمل ہے حالات کا جائزہ لینے کے لئے مغربی پاکستان جا رہا ہے اور دوسرا وفد مشرقی پنجاب کے دورہ کے لئے جا رہا ہے تاکہ پناہ گزینوں کو پھر سے اپنے گھروں میں بسانے کے سلسلے میں ان کے نظریات معلوم کر سکیں۔ اسپیشل کمیٹی کا اجلاس ۱۳ مارچ کو دہلی میں منعقد ہو رہا ہے اور اس میں جیسے ... مغربی پاکستان بھیجنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں اگلے ماہ ایک کانفرنس کراچی میں منعقد ہو گی۔

ہندو کوڈ بل کی مخالفت

بدھ کے روز آل انڈیا ہندو کوڈ کمیٹی میں ہندو کوڈ بل پر سخت نکتہ چینی کی گئی۔

مقررین نے کہا کہ کوڈ کا مسودہ منکا شرہ کے قانون کے خلاف ہے۔ کوڈ میں ایسے اصولوں کو شامل کیا گیا ہے کہ جو نہ صرف ہندو سماج کے خلاف ہیں بلکہ اس کے لئے سخت مضرت رساں ثابت ہیں۔

عورتوں نے اپنی تقریریں کہا کہ یہ بل نہایت قابل اعتراض ہے کیونکہ اس میں ایسی چیزیں شامل کی گئی ہیں جو ہندو اصولوں کے منافی ہیں۔ مثلاً نکاح ثانی فسخ اور طلاق وغیرہ۔

غبن کا الزام

دہلی پولیس نے وزارتی محکمہ کے ایک خزانچی مسٹر اپ ... ساجرت کے خلاف زیر دفعہ ۴۰۹ تعزیرات ہند مقدمہ درج کیا ہے۔ مسٹر ساجرت پر محکمہ کے ۱۲۷۰ روپے غبن کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ملزم مفرور ہے۔

ریلوے ملازم گرفتار

ریلوے پولیس نے اسٹیشن سے ایک ریلوے ملازم کو رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا ہے ایک اور شخص کو جو خود کو آسمانی ظاہر کر کے لوگوں سے ... وصول کر رہا تھا گرفتار کر لیا گیا ہے۔

مسافر کو لوٹ لیا

دہلی ہرا بیجڑا دہلی ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر کو مٹھائی میں نشہ آور دوا کھلا کر لوٹنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ مسافر کے بے ہوش ہونے پر اس کا بکس چرا لیا گیا۔

اغواکنندگان گرفتار

دہلی ۴ مارچ۔ چاندنی چوک دہلی سے ایک شخص گرفتار ہوا ہے جو ایک ... لڑکی کو لے گیا ہے اس کا طلائی نیکلس اتار رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے اس لڑکی کو اغوا کیا تھا اسے تنہائی کی جگہ لے گیا اور اس کا گلوبند اتارنے کی کوشش کی۔

ایک شخص جسے چوری کے الزام میں گرفتار کیا تھا تلاشی لینے پر اس کے پاس سے چرس کی بڑی مقدار برآمد ہوئی۔ اس پر اس کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

مشرقی پنجاب ریلوے کے رشوت ستانی روکنے کے اسٹاف نے ایک کلرک کو بیس روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے بلکہ باغ میں جوا کھیلتے ہوئے پانچ اشخاص کو گرفتار کیا گیا۔

اراملا ریلوے اسٹیشن پر ایک ریلوے ملازم گرفتار ہوا ہے اس کے قبضہ سے مسروقہ مال برآمد ہوا ہے۔

حوض قاضی سے ایک شخص گرفتار ہوا ہے جس کے قبضہ سے دس تولہ چرس برآمد ہوئی ہے۔

دنیا کے امن پسندوں کی کانفرنس

نئی دہلی ۳ مارچ۔ آئندہ موسم بہار میں نیویارک میں دنیا کے امن پسندوں کی ایک کانفرنس منعقد ہو گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ڈاکٹر البرٹ آئنسٹائن، ڈاکٹر ... کیتھرائن ... پیرسن آف جرمنی اور ... بھی اس کانفرنس میں شامل ہوں گے۔ یہ اصحاب بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں۔ (گلوب)

گاؤں گاؤں نمائش مویشیان کی تجویز

نئی دہلی ۴ مارچ۔ راج گھاٹ دہلی میں جو کل ہند نمائش مویشیاں ہو رہی ہے اس میں مویشیوں کی نسل کشی کرنے والوں کی دوسری کل ہند کانفرنس کا تین روزہ اجلاس آج ختم ہو گیا اس کانفرنس میں بمبئی، یو پی، مشرقی پنجاب، مدراس، میسور، کورگ، حیدرآباد، اسام، مدھیہ بھارت، اڑیسہ، ... کشمیر اور ٹراونکور کے نمائندے شامل ہوئے اور فیصلہ کیا کہ ہندوستان بھر میں مویشیوں کی نمائش منعقد کرنے کے لئے ایک ادارہ قائم کیا جائے جس کا کام ہو گا کہ گاؤں کے لئے ہر سال نمائش منعقد کرے۔ ... آئندہ اجلاس کی ۳۰ تاریخ ... کے لئے ملتوی کر دی گئی ہے۔

میونسپلٹی کی ماتمی قرارداد

دہلی ۴ مارچ۔ دہلی میونسپلٹی کی منعقدہ میٹنگ میں یو پی کی گورنر مسز سروجنی نائیڈو کے سوگ میں ایک ماتمی قرارداد پیش کی گئی ہے۔ ممبران کمیٹی نے دست خاموش کھڑے ہو کر ... اس کے بعد ... کے لئے اجلاس ملتوی ہو گیا۔

سوشل ... پر مکانات تعمیر کرنے کی میعاد بڑھانے کی تجویز پر ممبران میں گرما گرم بحث ہوئی مسٹر ... نے کہا کہ جب مرمت مکانات کی قلت محسوس کی جا رہی ہے اور شرنارتھی برسات اور سردی کا شکار ہو رہے ہیں۔ ... ان پلاٹوں پر مکان تعمیر نہ کرنا اخلاقی جرم ہے۔ مسٹر شام ... نے ... کی حمایت کی۔

... فیصلہ کیا گیا ... کمیٹی ... کے سپرد کر دیا جائے اور میعاد نہ بڑھائی جائے۔

نوکر زیورات لے کر فرار ہو گیا

نئی دہلی سے اطلاع ملی ہے کہ چمن لال نامی ایک شخص کا نوکر نقدی اور زیورات لے کر فرار ہو گیا۔ چند دن ہوئے اسے ملازم رکھا گیا تھا۔

پہاڑ گنج کیمپ میں ایک شرنارتھی کے دو ٹرنک چوری ہو گئے جن میں نوے روپیہ نقد اور کچھ کپڑے تھے۔

... لال قلعہ ... اسٹریٹ ... ہونے کی اطلاع ملی ہے ... دوکانوں میں ... پانچ ...

نوٹ۔ دور دراز کے بیماروں کے لئے خوبصورت موقع

کثیر تعداد میں تشریف لا کر فائدہ اٹھائیے

مودی نگر میں

مورخہ ۵ / ۶ مارچ ۱۹۴۹ء کو

۲۳۳ واں عظیم الشان خیراتی کیمپ

آنکھوں کی بیماری کا مفت علاج

233nd. Blind Relief Camp.

مودی نگر میں سنیچر اور اتوار بتاریخ ۵ / ۶ مارچ ۱۹۴۹ء کو

سنت پرمانند تیر سدھارک سنگھ دہلی کی نگرانی میں

امراض چشم کے ماہر ڈاکٹروں کے ذریعہ موتیا بند، ناخونہ، پڑوال وغیرہ خوفناک امراض چشم کا مفت علاج ہوگا۔ ڈاکٹر صاحب بیماروں کو دیکھ کر جو آپریشن کے قابل ہوں گے ان کا آپریشن کریں گے۔ دوائی والوں کو دوا دیں گے اور باقی کو مناسب مشورہ دیں گے۔ تمام بیماروں کو ٹھیک وقت پر پہونچ جانا چاہئے۔ بیماروں کو دس بارہ دن قیام کرنا پڑے گا۔ عورتیں سر دھو کر آئیں۔

چونکہ ایسا موقع بار بار نہیں آتا ہے اس لئے سب سے گذارش ہے کہ بیمار رہبر بانی کر کے زیادہ سے زیادہ تعداد میں آئیں اور سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

(نوٹ) پیدائشی اندھے اور جن کی آنکھ والے آنے کی تکلیف نہ کریں۔

اس کیمپ کا خرچ و انتظام بانی بہار ... گوبند ... مینیجنگ ڈائرکٹر مودی شوگر ملز لمیٹڈ کی طرف سے ہوگا۔

برما میں ہندوستانی بالکل محفوظ ہیں

نئی دہلی ۳ مارچ۔ برما سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ وہاں کی خانہ جنگی میں ہندوستانیوں کو غیر جانبدار تصور کیا جا رہا ہے۔ اس لئے انہیں کسی قسم کی اذیت نہیں دی جاتی اور وہ بالکل محفوظ ہیں۔

حکومت ہند کے سرکاری اعلان میں مزید کہا گیا کہ ~~...~~ مانڈلے میں بالکل محفوظ ہیں چونکہ برما کے ساتھ ڈاک کا سلسلہ عارضی طور پر کٹ چکا ہے اس لئے چٹھیوں وغیرہ میں تاخیر لازمی ہے۔ (گلوب)

امریکہ اور شرق اردن میں سفارتی تعلقات قائم ہو گئے

عمان ۴ مارچ۔ شرق اردن اور امریکہ میں عنقریب سیاسی تعلقات قائم ہو جائیں گے۔ امید ہے کہ شرق اردن جلد ہی واشنگٹن میں اپنا سفارت خانہ قائم کر دے گا اور سفیر بھی مقرر کرے گا۔ (گلوب)

لیگ کے ممبران میں اختلافات

قاہرہ ۳ مارچ۔ عرب لیگ کے ممبران میں اختلافات ہونے کی وجہ سے امید نہیں لیگ کا اجلاس ۱۳ مارچ کے آخر میں بلایا گیا تھا منعقد ہو۔

مصر جو اب لیگ کی پالیسی پر گامزن ہیں کے خیال کے مطابق اس اجلاس کی ضرورت نہیں۔ شام اجلاس منعقد کے جانے کے حق میں ہے۔ شرق اردن اور ایران بھی لیگ کے اجلاس کے حق میں ہیں تاکہ فلسطین کے مسئلہ پر عرب ممالک مجموعی طور پر ایک پالیسی پر گامزن ہوں۔

ایک باخبر مصری شخصیت نے کہا کہ اگر کونسل کا اجلاس ہوا تو وہ بے سود ہی ہوگا ... عرب ... کوئی ... نہیں ... جب تک ... پالیسی پر گامزن نہیں ہے۔ (گلوب)

تمام پرائیویٹ زمینوں پر قبضہ

لندن ۳ مارچ۔ بخارسٹ ریڈیو سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حکومت رومانیہ نے تمام زمینوں پر قبضہ کر لیا ہے گی جو زمینداروں کے پرائیویٹ قبضہ میں ہیں۔ روس کے باہر رومانیہ پہلا ایسا ملک ہے جہاں یہ قدم اٹھایا جا رہا ہے۔

اٹلانٹک پیکٹ کے متعلق آخری بات چیت

واشنگٹن ۳ مارچ۔ امریکی وزیر خارجہ نے ایک اعلان میں بتایا ہے کہ مجوزہ اٹلانٹک پیکٹ سے متعلقہ گفت و شنید میں حصہ لینے مختلف ملکوں کے نمائندوں کی ... میٹنگ ... کو منعقد ہو گی۔ اس معاہدے کا مسودہ ... (گلوب)

نیلگری کا مستقبل

مدراس ۴ مارچ۔ کل مدراس اسمبلی میں نیلگری کے مستقبل کے بارے میں ایک سوال پوچھا گیا کہ کیا حکومت مدراس حکومت ہند پر زور دے گی کہ وہ نیلگری کو مرکزی حکومت کے

[redacted]

جا سکے۔ ایوان کے لیڈر مسٹر گوپال نے کہا اس بارے میں گذشتہ جون میں پنڈت نہرو کی توجہ دلائی گئی تھی ان کے تاثرات کا اب تک انتظار ہے۔ اس سے قبل مسٹر گوپال ریڈی نے کہا کہ عظیم اخراجات کے پیش نظر حکومت نے سکریٹیریٹ کو گرمیوں میں اوٹاکمنڈ لے جانا ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا ہے۔

دھام پور میں ماتم

دھام پور ۴ مارچ۔ دھام پور میں بھی یو پی کی سابق گورنر کے احترام میں ہڑتال رہی۔ عام جلسہ میں ایک تعزیتی قرارداد منظور کی گئی جس میں کہا گیا کہ حضرت ہم ایک لیڈر سے محروم ہو گئے۔ بلکہ ایک ایسی شاعرہ کو بھی کھو بیٹھے جو مشرق اور مغرب کو قریب لاتی اور ہندو مسلم اتحاد کی حامی تھی۔

کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر چھاپہ

سورت ۴ مارچ۔ ضلع سورت کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر پولیس نے چھاپہ مارا ... اور ... کی تلاشی لی گئی ... کاغذات ... (گلوب)

دو کمیونسٹ گرفتار

بنارس ۴ مارچ۔ پولیس نے مغل سرائے ریلوے اسٹیشن پر دو کمیونسٹوں کو گرفتار کر لیا ... جب وہ ... سے بچنے کی کوشش کر رہے تھے۔ پولیس نے ... اہم مقامات پر سخت نگرانی کر رکھی ہے۔

بغاوت کے الزام میں پھانسی

ایتھنز ۳ مارچ۔ کل یونان کی جنگی عدالت نے پانچ طلباء کو جن میں ایک لڑکی بھی شامل ہے بغاوت کے الزام میں پھانسی کی سزا دی گئی۔ رحم کی درخواست پر اب ایک کونسل غور کرے گی۔

چار تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لئے

رشتہ کی ضرورت ہے

لڑکیوں کا صرف تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے۔ خط و کتابت ... راز رہے گی

معرفت عمران خاں سوداگر بازار قافلہ ٹونک

تبادلہ جائیداد

اگر آپ اپنی جائیداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائیداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں یا اپنی جائیداد کی فہرست بھیجیں ... خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر ...

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

عرس شریف مخدوم داتا میر شاہ عالم رح

واقع موضع وزیر آباد

نزد بینگالی کوارٹرز دہلی

عرس شریف مخدوم داتا میر شاہ عالم رح ۷۔ ۸ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۸ و ۹ مارچ ۱۹۴۹ء ... ہوگا ... محفل سماع ...

علیم الدین سجادہ نشین عرف ... ایڈوکیٹ ...

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون رجسٹرڈ

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں قیمت فی شیشی پندرہ روپے (محصول ...)

طلا نمبر ۲

ماسکو کے سیاسی نامہ نگار کی اطلاع ہے کہ اس کے تین اسباب ہو سکتے ہیں۔ روس کی خارجہ پالیسی میں تبدیلی (۲) مالوٹوف روس کی کلیبی وزیر کا نائب صدر مقرر کیا جانا (۳) ماسکو کا خیال ہے کہ وزارت خارجہ میں اب کسی اعلیٰ تجربہ کار ہوشیار اور چست انسان کی ضرورت نہیں رہی کیونکہ مغربی ممالک سے بین الاقوامی کانفرنسوں کا مرحلہ ختم ہو چکا ہے۔ اس بات کا یقین کیا جاتا ہے کہ مالوٹوف کے خلاف کوئی شکایت یا الزام نہیں ہے کیونکہ وہ اب تک نائب وزیر اعظم کے عہدہ پر برقرار ہیں۔

مالوٹوف کے سبکدوش کئے جانے کے ساتھ غیر ملکی تجارت کے [illegible]

انگریزی مصری تعلقات

قاہرہ ۸ مارچ۔ مصر کے نئے وزیر اعظم [illegible] پاشا نے ایک انٹرویو کے دوران میں کہا کہ مجھے برطانیہ کے ساتھ سمجھوتہ ہو جانے پر بڑی توقع ہے اور اسی طرح دیگر مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔

انگریزی مصری اختلافات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا ہم برطانیہ سے تمام اہم مسائل کے حل میں کامیاب ہو جائیں گے۔ [illegible]

مراسلات

(۱) روزانہ لکھتے وقت صرف ایڈیٹر روزنامہ یا ہفتہ وار الجمعیۃ لکھئے۔

(۲) صرف ذاتی خطوط پر ایڈیٹر کا نام لکھا جائے

(۳) ہفتہ وار اور روزنامہ کی ڈاک علیحدہ علیحدہ بھیجی جائے۔

(۴) ایجنسی، ترسیل زر، خریداری اور اشتہارات وغیرہ کے خطوط منیجر کے نام ہونے چاہئیں۔

(۵) مضامین اور اخبار میں شائع ہونے والے مراسلات صرف ایڈیٹر کے نام بھیجے جائیں۔

(۶) [illegible]

(۷) بے ربط اور طویل مراسلات ضائع کر دیئے جاتے ہیں۔

کے عہدیدار منتخب کئے گئے اور صدر کو یہ اختیار دیا گیا کہ وہ اپنی مجلس عاملہ خود منتخب کریں۔ [illegible]

برطانوی پارلیمنٹ کو بم سے اڑا دینے کی دھمکی

لندن ۸ مارچ۔ [illegible]

لونی پنچایت کا انتخاب

لونی تحصیل غازی آباد میں پنچایت کا انتخاب ہوا۔ [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے وفد کا استقبال

(بقیہ صفحہ [illegible])

جناب علی بھائی پٹیل صاحب، ولن والے نیز ضلع [illegible] جمعیۃ کے ناظم جناب مولوی عبدالرحیم [illegible] صاحب و جناب مولوی غلام محمد صاحب مہتمم تعلیم الاسلام آنند وغیرہ سے ملاقات و گفتگو کرتے ہوئے مہمانوں کے ہمراہ دعوت میں شریک رہے۔

بعد عشا فوراً ۹ بجے جناب وکیل رسول خاں صاحب کے مکان پر جو مسجد سے قریب ہی ہے دوبارہ عمائدین شہر کا اجتماع ہوا جس میں مذکورہ بالا نائب دیوان صاحبان شہر کی کانگریس کمیٹی کے صدر جناب [illegible] وغیرہ مجلس عاملہ کے اراکین اور ہندو مسلم سربرآوردہ حضرات اور جمعیۃ علماء کے نمائندے شریک رہے۔

حضرت مولانا محمد میاں صاحب نے علماء حق کے [illegible] دور کا مختصر تذکرہ کرتے ہوئے ملک کی آزادی [illegible] کی قربانیاں بیان فرمائیں، اور جمعیۃ علماء کی ضرورت اور اس کی پالیسی پر روشنی ڈالی۔ دوران گفتگو میں بعض سوالات کا تسلی بخش جواب دیا [illegible]

[illegible]

ہے۔ انگریزوں سے پہلے بھی شمالی سندھ اور جنوبی سندھ کے درمیان جنگ ہوتی رہی گروہ سیاسی اور ملک گیری کی جنگ ہوتی تھی۔ ایسی قومی لڑائی کبھی نہیں ہوئی۔

حکومت ہند نے قومی فسادات کی ایک جزء جدا گانہ [illegible] کو ختم کر دیا مگر غلط تاریخ باقی ہے [illegible] جلد سے جلد نابود کر کے قوم و ملک کے سامنے صحیح تاریخ پیش کرنی چاہئے۔ مولانا کی تقریر کے بعد شہر بڑودہ نیز بعض دیگر ماتحت جمعیتوں۔ ولن جمعیۃ۔ موسالی جمعیۃ وغیرہ کی جانب سے مرکزی جمعیۃ کے لئے مبلغ تین سو روپیہ کی امدادی رقم مولانا کی خدمت میں پیش کی گئی۔ بصد شکریہ اور دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

کانگریس کمیٹی کے بعض اراکین نے مولانا سے درخواست کی کہ آپ کل ٹھہر جائیں تو ہم کانگریس کمیٹی کی طرف سے آپ کو دعوت دیں اور ہندوؤں کا بھی ایک عام جلسہ کریں، جس میں آپ تقریر فرمائیں۔ مولانا نے پروگرام میں گنجائش نہ ہونے کی معذرت کی اور موقعہ ملنے پر دوبارہ آنے کی آمادگی ظاہر کی۔

قیام گاہ پر پھر بعض دیگر معزز حضرات کا مجمع ہو گیا۔ شیعہ۔ روافض۔ مہدویوں کی جمعیۃ علماء میں شرکت [illegible] امور کی گفتگو ہوتی رہی۔ ایک بجے تک یہ سلسلہ رہا۔

صبح کو پھر کارکنان جمعیۃ کا خصوصی اجتماع ہوا۔ تعلیم، قضاء، اوقاف، اور جمعیۃ کے سیاست سے علیحدگی وغیرہ اہم مسائل پر گفتگو رہی۔ دس بجے قیام گاہ سے روانہ ہو کر اسٹیشن پہنچے۔ ایکسپریس بھرو چ کو روانہ ہوئے ٹرین چھوٹنے کے بعد جناب مولانا محمد صدیق صاحب [illegible] ڈاکٹر فخر الدین صاحب۔ نواب سید معز الدین صاحب وغیرہ حضرات لوٹ آئے۔

[illegible] کا حملہ

نقیر اپی کا حملہ

[illegible] ۸ مارچ۔ پاکستانی فوج کے ایک ترجمان نے اعلان کیا ہے کہ نقیر اپی کے حامیوں نے [illegible] کی سرحد پر واقع [illegible]

جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کی آبادی

[illegible] ۸ مارچ۔ جنوبی افریقہ کے وزیر داخلہ [illegible]

ہندوستان کی آزادی

ان مجاہدین حریت کی پیش قدمیوں کی مرہون منت ہے جو اپنے عزم آہنی کی ٹھوکروں سے ہر قسم کے خطرات کو روندتے ہوئے ہر فرد و جماعت سے پہلے جہاد آزادی کے میدان میں کود پڑے اور جن کی مساعی کا سہارا لے کر ہندوستان پر آزادی کا سورج طلوع ہوا۔

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب مدظلہ

قیمت ہر دو حصہ دس روپیہ بارہ آنہ

پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ بکڈپو دہلی

گلی قاسم جان دہلی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس ... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس سے زیادہ ... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھیے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ بلیماران دہلی

دارالسلطنت

ڈاکٹر ذاکر حسین کی روانگی

ڈاکٹر ذاکر حسین وائس چانسلر علیگڈھ یونیورسٹی آج بذریعہ طیارہ بمبئی روانہ ہو جائیں گے۔

نجف گڈھ میں صحتی مرکز کا افتتاح

راجکماری امرت کور وزیر صحت نے نجف گڈھ میں صحتی مرکز کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے ایک تقریر کی اور کہا ہندوستانی دیہات کو بہت عرصہ تک نظرانداز کیا جاتا رہا ہے

ہندوستانی تاریخ میں یہ ایک نمایاں واقعہ ہے اور امید ہے کہ جلد ہی ایسے مرکز بہت بڑی تعداد میں قائم ہوں گے۔ اس موقعہ پر لیڈی ماؤنٹ بیٹن یا میلا [illegible] کے سفیر کی بیوی اور برطانوی نمائندوں کے علاوہ وزارت صحت کی عالمی انجمن کے وفد کے اراکین اور مقامی دیہات کے باشندے تھے۔ ابتداء میں اس مرکز میں چھ بستر اور ایک زنانہ اور ایک مردانہ ڈاکٹر ہوگا لیکن اس کی جلدی توسیع کر دی جائے گی

اسی مرکز سے زچگی کے موقعہ پر بھی امداد بچوں کی دیکھ بھال اور سرکاری دیکھ بھال کا انتظام کیا گیا ہے۔

بزم سخن کا طرحی مشاعرہ

بزم سخن دہلی کا ماہانہ طرحی مشاعرہ اتوار کی شب کو منعقد ہوا۔ جناب مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ ندوۃ المصنفین نے صدارت فرمائی۔ مشاعرہ میں ہر قوم کے افراد کافی تعداد میں موجود تھے۔ صدر مشاعرہ نے اپنی مختصر سی تقریر میں مشاعروں کی اہمیت اور زبان کی خوبی بیان کی اور بتایا کہ آزادی کے بعد شعراء کے فرائض کیا ہیں۔ مفتی صاحب ایک ضروری کام سے تشریف لے گئے اور ان کے بعد جناب بیلا لال صاحب جوہری رئیس دہلی نے مشاعرہ کی صدارت فرمائی مشاعرہ تقریباً ایک بجے بخیر و خوبی ختم ہوا۔

گئو رکھشا کانفرنس میں تقاریر

گائے کشی کو ممنوع قرار دینے کا مطالبہ

گئو رکھشا کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے ڈاکٹر [illegible] نے کہا کہ ہمارے ملک میں مویشی سب سے زیادہ اہم ہیں [illegible]

میونسپلٹی کے مالی معاملات کی تحقیقات کی تجویز

دہلی میونسپلٹی کے مالی معاملات کی جانچ اور تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی قائم کرنے کی تجویز کمیٹی سے زیادہ معزز ممبر [illegible]

جمعیۃ علماء ضلع ۶ کی مجلس عاملہ

[illegible]

مزید راستوں پر بسیں چلینگی

دہلی ٹرانسپورٹ سروس نے حکام کو ایک نیا سلسلہ کیا ہے جس میں مزید راستوں پر بسیں چلانے [illegible]

مصر کے چھ مشہور اخبار نویس نئی دہلی پہنچ گئے

ممتاز ہستیوں سے ملاقات اور تاریخی مقامات کے دورہ کا پروگرام

دہلی ۸ مارچ۔ چھ مصری اخبار نویسوں کا وفد نئی دہلی پہنچ گیا یہ قاہرہ سے بذریعہ طیارہ آیا ہے۔ اس وفد میں چھ نامور مصری اخبار نویس شامل ہیں۔ صاحب ابوالفتح [illegible] سے تعلق رکھتے ہیں۔ ذکریا شیر [illegible] اخبار الاہرام کے نمائندہ ہیں قاسم اخبار المصری صالح عبدالمجید اخبار [illegible] الجدیدہ المسائیہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ عبدالحمید الجدیدی مصر کے ریڈیو اور اخبار [illegible] کے نمائندہ ہیں۔ احسان عبدالقدوس ایک ہفتہ وار کے مالک اور ایڈیٹر ہیں۔

ہوائی اڈے پر مصری سفارت کے نمائندوں نے اور وزارت خارجہ کے افسروں نے ان کا استقبال کیا۔ ان کا قیام کانسٹی ٹیوشن ہاؤس میں رہے گا۔ چار پانچ دن تک وہ یہاں ٹھہریں گے۔ اور وزیر تعلیم مولانا آزاد وزیر صحت سے ملاقات کریں گے۔ وہ دہلی کی تاریخی عمارتوں کا دورہ بھی کریں گے۔ جامعہ ملیہ بھی جائیں گے۔ دہلی کے قیام کے بعد وہ دو تاریخی شہروں کا دورہ کریں گے۔ اور آگرہ علیگڈھ جمشید پور کلکتہ شانتی نکیتن۔ مدراس۔ حیدرآباد۔ وارده جائیں گے اور بمبئی بھی جائیں گے اور کشمیر کی بھی سیر کریں گے۔ ہند میں ان کا قیام تقریباً ایک ماہ رہے گا۔

دہلی کے جرنلسٹوں کی طرف سے دعوت

مصری اخبار نویسوں کا جو دستہ ہند آیا ہے کل شام انڈین پریس ایسوسی ایشن نے ان کو دعوت دی۔ مسٹر امرت ناتھ [illegible] اور [illegible] ظاہر کی کہ آئندہ بھی ایسے وفد آتے جاتے رہیں گے۔ مصری وفد کے رکن مسٹر قاسم نے میزبانوں کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ مصری اخبار نویسوں کی ایک پارٹی جلد ہی مصر کا دورہ کرے گی۔

انہوں نے کہا ہندوستان بہت خوش قسمت ہے کہ اسے جواہر لال نہرو اور پنڈت نہرو جیسے لیڈر ملے۔ مصری ہندوستان کی بابت بہت کچھ جانتے ہیں۔ مسلمان نے ہندوستان کی جنگ آزادی کا اچھی طرح مطالعہ کیا ہے۔ مہاتما گاندھی۔ پنڈت نہرو اور ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور کے ناموں سے وہاں بہت سے لوگ واقف ہیں۔ مصری ہندی اخبارات کے ذریعہ دونوں ممالک کے تعلقات اور زیادہ گہرے ہو جائیں گے۔ ابھی تک مصری مغرب کی طرف دیکھتے رہے ہیں۔ لیکن اب وہ مشرق کی طرف دیکھنا شروع کر دیا ہے۔ جب بھی مشرق کا خیال کرتے ہیں ان کے ذہن میں ہندوستان کا نام فوراً آتا ہے۔ مصری وفد نے لال قلعہ۔ قطب مینار کے علاوہ دوسرے اہم مقامات کی بھی سیر کی۔ شام کو وہ راج گھاٹ پہنچے۔ جہاں انہوں نے پھول چڑھائے۔

آج پنڈت نہرو کو انہیں مکان پر دعوت دیں گے

جنرل کری آپا کی تقریر

ہندوستان اسکاؤٹس کی سالانہ میٹنگ میں [illegible]

ہندو کوڈ بل کی زبردست مخالفت

ہفتہ کے روز آل انڈیا ہندو کوڈ بل کانفرنس [illegible]

مصری اخبار نویسوں کو دعوت

جمعیۃ علماء کی طرف سے مصری اخبار نویسوں کو ۱۰ مارچ کو امپیریل ہوٹل میں ایک شاندار استقبالیہ دعوت دی جارہی ہے۔ اس موقعہ پر مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر اور مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کے علاوہ اڈیٹر اخبار الجمعیۃ مولانا محمد عثمان صاحب فارقلیط اور اسٹاف کے دوسرے اراکین بھی شامل ہوں گے۔ یقین کیا جاتا ہے۔ مولانا ابوالکلام صاحب آزاد وزیر تعلیم اور دہلی کے دوسرے سربرآوردہ حضرات بھی دعوت میں شرکت فرمائیں۔

بات کہ ہندو کلچر کی وہ روایات جن کو توڑنے کے لئے غیر ملکی حکمرانوں کو بھی جرأت نہیں ہوئی۔ آج اپنی قومی حکومت ان کو ختم کر رہی ہے۔ [illegible] ہندو سماج کے لئے مضرت رساں ہے۔

مسٹر بھرت واج نے کہا کہ طلاق کا اصول مان لینے کے بعد عورت اور مرد دونوں کے لئے بآسانی اپنے تعلقات منقطع کرنے اور دوسرے رشتے استوار کرنے میں آسانی ہو جائے گی۔ لیکن ان کے بچوں کا کیا ہوگا وہ غریب تو آج جائیداد سے بھی محروم ہو جائیں گے [illegible]

جمعیۃ علماء علاقہ ۹ کا جلسہ

کل شام ۷ بجے دفتر جمعیۃ (اردو بازار) میں جمعیۃ علماء علاقہ ۹ کا ایک جلسہ مولانا محمد فاروق صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں علاقہ میں جمعیۃ علماء کے کام کو فروغ دینے کے بارے میں حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب نے جو تجاویز پیش کیں وہ متفقہ طور پر منظور ہوئیں۔ بعد ازاں حسب ذیل دو تجاویز قرار داد منظور ہوئیں۔

(۱) جمعیۃ علماء علاقہ ۹ کا یہ جلسہ [illegible]

اس وقت کانگریسی ہی کانگریس سے غداری کر رہے ہیں

سردار پٹیل کی کانگریسی ورکروں کو تنبیہ ضبط و تنظیم کی اپیل

[illegible] انتباہ کیا کہ ہر کانگریس مین کا فرض ہے کہ وہ کمیونزم اور فرقہ پرستی سے ملک کو بچائے اور اس کی حفاظت کرے۔ سردار پٹیل نے کہا کہ ہم نے پہلے ہی سے اختلافات کئے ہیں، ان کے نتائج آپ نے دیکھ لئے۔ اور تقسیم کا مزہ بھی چکھ لیا۔ اب ان غلطیوں کو نہ دہراؤ، جو مزید تقسیم کا باعث بنیں۔ آپ نے مزید کہا کہ کانگریسی مینوں میں اختلافات اور ڈسپلن کے فقدان کا حلاوں کے مویل پر بھی اثر پڑے گا۔

اپنی تقریر کے شروع میں ہی سردار پٹیل نے کہا کہ میں اس صوبہ کے متعلق بہت کچھ سن چکا ہوں۔ اور میں آپ لوگوں کو بر وقت مشورہ دینا چاہتا ہوں۔ اس صوبہ کے عوام بہت محنتی اور نیک ہیں، انہوں نے بے شمار قربانیاں کی ہیں اور پھر بھی کانگریس میں آج کا اتحاد و یک جہتی قائم ہے۔ میرے خیال میں کسی صوبے نے بھی اتنی قربانی نہیں کی جس قدر پنجاب نے۔ جو کانگریسی ورکر یہاں موجود ہیں اس لحاظ سے خوش قسمت ہیں کہ انہیں ان لوگوں میں کام کرنے کا موقع نصیب ہوا ہے۔ اگر کانگریس پارٹی بازی میں پھنسے رہے تو عوام بے چارے پریشان ہو جائیں گے۔ اگر کانگریسی ان کی خدمت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں اس نازک دور میں اپنے تمام اختلافات کو بھلا کر متحد ہو کر صوبہ کی رہنمائی کرنی ہوگی۔

وزارت میں گروہ بندی

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ آپ میں سے بہت سے شاید اس امر کے خواہاں ہوں گے کہ میں وزارت کے متعلق بھی چند الفاظ کہوں، کیا وزارت کے ممبروں میں مکمل اتفاق رائے ہے؟ اگر پارٹی ممبران ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں عہدوں اور وزارتوں کے لالچ کو چھوڑ دینا ہوگا۔

سردار پٹیل نے بعض فرقوں کی جماعتوں وغیرہ کے متعلق مطالبات کا ذکر کرتے ہوئے [illegible]

تین خطرے

[illegible]

ہو کر رونا چاہئے کمیونسٹوں نے برمی کیبنٹ کو قتل کیا اور جاپان ہی میں ہر قسم کا تشدد کیا۔ یہ آنے والے واقعات کا پیش خیمہ ہیں۔

سنگھ کا ذکر

[illegible]

یہ باتیں کو حکومت کے خلاف بار بار الزامات لگانے سے احتراز کرنا چاہئے [illegible]

اسرائیل کی درخواست

مجلس تحفظ نے منظور کر لی

لیک سکسیس ۵ مارچ۔ اطلاع ملی ہے کہ اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ نے کل رات کثرت رائے سے [illegible] اسرائیل کی اقوام متحدہ کی رکنیت حاصل کرنے کی درخواست کو منظور کر لیا ہے۔ نو ممالک نے رکنیت کے حق میں اور ایک نے رکنیت کے خلاف ووٹ دیا۔ برطانیہ نے حق یا مخالفت میں ووٹ دینے سے گریز کیا۔

[illegible] ووٹ دیا وہ مصر ہے۔ امریکہ۔ روس۔ فرانس۔ چین۔ یوکرائن۔ کینیڈا۔ ارجنٹائن نے اسرائیل کی حمایت میں ووٹ دیا۔ اب مجلس تحفظ اسرائیل کی درخواست کو جنرل اسمبلی کے پاس بھیجے گی۔

جے پور کے طلباء کی ہڑتال

جے پور ۸ مارچ۔ جے پور کالج کے تمام طلباء نے کل سوائے میڈیکل کالج کے طلباء کے ہڑتال کی۔ [illegible]

"پنتھ خطرہ میں ہے" کا نعرہ جھوٹا ہے

بیسن میں مہاراجہ پٹیالہ کی تقریر

[illegible]

حکومت کے ساتھ تعاون کرو

سردار بلدیو سنگھ کی سکھوں سے اپیل

[illegible]

مسٹر اٹیلی جرمنی میں

[illegible]

برطانیہ اور مغربی علاقوں کے درمیان اقتصادی اور [illegible]

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں، کارخانے، سینما، ہوٹل، خالی دکانات واجبی نقد قیمت پر بھی مطلوب ہیں۔

پاکستان پراپرٹی اکسچینج

آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

علاقہ کیلئے

نکاح خوانی

[illegible] صاحب نکاح خواں [illegible] پاکستان چلے گئے ہیں [illegible] ہذا علاقہ کیلئے [illegible] صاحب نکاح خواں مقرر کئے گئے ہیں۔ [illegible]

قاضی مولوی ابن حسن کھڑکی فراش خانہ [illegible] دہلی

حضرت امام حسین کو کس نے شہید کیا؟

[illegible]

منیجر شاہی کتب خانہ چوڑیوالان دہلی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکوٹانک

AMicoTONIC

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے:۔

امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے۔ [illegible]

قیمت:۔ [illegible]

امیکو طلاء [illegible]

مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۹ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۵۷ | بذریعہ ہوائی ڈاک [illegible] آنہ

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

سیکورٹی ایکٹ میں توسیع

کلکتہ ۸ مارچ - مغربی بنگال کا سیکورٹی ایکٹ ۱۴ مارچ کو ختم ہو [illegible] اب اس کی مدت میں ایک سال کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ صوبائی مجلس قانون ساز نے کل صبح کے اجلاس میں اس ترمیم کو منظور کر لیا ہے۔

حکومت ۹ مارچ کی ہڑتال کا مقابلہ کرنے کو تیار ہو گئی

کمیونسٹوں کو لاقانونیت اور دہشت پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائیگی

فوج اور پولیس کے انتظامات - مسلح دستوں کا گشت

نئی دہلی ۸ مارچ - ۹ مارچ کو منعقد ہونے والی ریلوے ڈاک اور تار کے ملازمین کی جو ہڑتال ہونے والی ہے اس سلسلہ میں حکومت نے چند احتیاطی [illegible]

[illegible]

بارک پور میں دفعہ ۱۴۴

[illegible]

سی پی میں ۹ مارچ کے لئے انتظامات

[illegible]

وزیر اعظم برطانیہ لندن کو واپس

[illegible]

مانڈلے کے شمال میں شدید جنگ کیرنوں کا جوابی حملہ

میمو سے برطانوی باشندوں کے انخلا کے انتظامات

رنگون ۸ مارچ - گذشتہ شب کے [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء کی طرف سے مصری وفد کو پارٹی

۹ مارچ ۱۹۴۹ کو چار بجے شام مصری پریس ڈیلیگیشن کے اعزاز میں جمعیۃ علماء ہند دہلی کی جانب سے امپیریل ہوٹل میں پارٹی دی جا رہی ہے۔ شرکت کے لئے مقامی حضرات کی خدمت میں دعوتی خطوط بھیجے گئے ہیں۔ براہ کرم مدعوئین حضرات دعوتی خطوط اپنے ساتھ لائیں اور جن کے پاس دعوتی کارڈ نہیں پہنچا وہ تشریف لانے کی زحمت گوارا نہ فرمائیں۔

حسام الدین فاروقی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مسٹر لیاقت علیخاں نے حکومت پاکستان کے بنیادی مقاصد کی قرارداد پیش کر دی

حکومت کی تشکیل آزادی اور حریت کی بنیادوں پر ہوگی

اقلیتوں کو وزیر اعظم پاکستان کی یقین دہانی

کراچی ۸ مارچ - کل پاکستان دستور ساز اسمبلی کے جلسہ میں پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے حکومت پاکستان کے بنیادی مقاصد کی قرارداد پیش کر دی [illegible]

مزید سترہ اشیاء بلا لائسنس پاکستان جا سکیں گی

حکومت ہند کی وزارت تجارت کا اہم پریس نوٹ

دہلی ۸ مارچ - گذشتہ شب اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible]

[illegible]

نیپال میں عوامی حکومت کے قیام کا مطالبہ

نیپال کانگرس کی طرف سے عوام کو جدوجہد کیلئے تیار رہنے کا حکم

دربھنگہ ۸ مارچ - نیپالی نیشنل کانگرس [illegible]

جنرل چیانگ کائی شیک نے چین چھوڑنے سے انکار کر دیا

حکومت کی طرف سے دیا ہوا الٹی میٹم مسترد کر دیا گیا

[illegible]

اجلاس جمعیۃ کو کامیاب بنائیں

[illegible]

اسرائیل و لبنان میں آج معاہدہ ہو جائیگا

[illegible]

روس پر حملہ کرنیوالے کے خلاف محاذ

ہندوستانی کمیونسٹ پارٹی کا اعلان

[illegible]

ویٹ نام کابینہ کی نئی تشکیل

[illegible]

نہر سویز کمپنی اور مصر میں معاہدہ

[illegible]

ہندوستانیوں اور افریقیوں میں فساد ہوتے ہوتے رہ گیا

ایک غلط اطلاع نے افریقیوں میں اشتعال پیدا کر دیا

ڈربن ۸ مارچ - ہندوستانیوں اور افریقیوں کے درمیان فساد کا اندیشہ [illegible]

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے حیات شیخ الہند، تاریخ الاسلام مکمل (بچوں کیلئے) حکایات صحابہ
فہرست مفت طلب فرمائیے
قومی کتاب گھر دیوبند یو.پی

[illegible]

ESTD. 1925
Daily + Weekly
Aljamiat
PHONE 5855
Delhi 9.3.49

برما کی بغاوت میں مداخلت کا سوال پنڈت نہرو کی توضیحات

پریس کانفرنس میں وزیر اعظم ہندوستان کے جوابات

نئی دہلی ۸ مارچ - ایک پریس کانفرنس میں پنڈت نہرو وزیر اعظم نے اس اطلاع کی تصدیق کی کہ ان کو صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے امریکہ آنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے صدر امریکہ کو جواب دیا ہے کہ وہ دعوت نامہ کو منظور کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

کمیونسٹ

[illegible]

مالٹوف کی علیحدگی

[illegible]

انڈونیشیا

[illegible]

پیسفک معاہدہ

[illegible]

جنوبی افریقہ کے ہندوستانی

[illegible]

خوراک

[illegible]

پاکستان

[illegible]

جمعیت مرکزیہ کی صدارت کے لئے یوپی سے حضرت شیخ الاسلام کے نام کی سفارش

یوپی کے عہدیداران کا بالاتفاق انتخاب مولانا بشیر احمد صدر منتخب ہو گئے

بریلی ۸ مارچ - کل جمعیۃ علمائے صوبہ یوپی کا انتخابی جلسہ مسلم انٹر کالج بریلی میں شروع ہوا۔ سب سے پہلے قاری مختار احمد نے قرآن پاک کی تلاوت کی۔ اس کے بعد مولانا شاہد فاخری نے اپنی صدارتی تقریر میں جمعیۃ کے آئندہ پروگرام پر روشنی ڈالی۔ ان کے بعد انتخابی پروگرام اس طرح شروع ہوا کہ مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمان صاحب نے ایک تجویز پیش کی کہ عہدیداروں کی ایک لسٹ ہاؤس کے سامنے پیش کر دی جائے۔ اگر وہ لسٹ ہاؤس منظور کر لیتا ہے تو پھر ووٹنگ کی ضرورت نہ ہوگی۔ اور انتخاب متفقہ ہو جائے گا۔ ہاؤس اور صاحب صدر نے اس بات کی منظوری دے دی کہ لسٹ پیش کر دی جائے چنانچہ مولانا حامد الانصاری غازی نے مندرجہ ذیل عہدے داروں کی لسٹ پیش کر دی۔

[illegible]

نظام کو تخت سے اتار دیا جائے

حیدرآباد کے ہریجنوں کا مطالبہ

[illegible]

ڈاکٹر ایواٹ اور مسٹر ایٹلی کی ملاقات

[illegible]

امریکہ کے دفاع کو مضبوط بنانے کا اقدام

ملکی کانگریس کے سامنے صدر کی تجویزیں

واشنگٹن ۸ مارچ - صدر ٹرومین نے امریکی کانگریس سے یہ مطالبہ کیا ہے [illegible]

اسرائیل اور عربی ممالک کی گفتگو میں تعطل

رالف بنچ کے بہترین نائب [illegible]

[illegible]

مسز سروجنی نائیڈو کی استھیاں دہلی پہنچ گئیں

آج دریائے جمنا میں بہائی جائیں گی

[illegible]

بمبئی میں تعزیتی جلسہ

[illegible]

مغربی پنجاب میں صنعتی بحران

[illegible]

حیدرآباد میں طاعون

۱۳۰ افراد ہلاک ہو گئے

[illegible]

مغربی بنگال سکیورٹی ایکٹ

[illegible]

دنیا کا ایک عجوبہ

[illegible]

مشرقی بنگال سے ایک ماہ تک سرسوں کے تیل کی کھلی تجارت ہو سکیگی

ماچس اور لالٹینیں بھی مدت معینہ تک بلا اجازت بھیجی جا سکیں گی

نئی دہلی ۸ مارچ - ایک سرکاری پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے [illegible]

[illegible]

ملان گورنمنٹ کو بیرونی دنیا کا اعتماد حاصل نہیں (جنرل اسمٹس)

جنوبی افریقہ کی پارلیمنٹ کا اجلاس صوبائی انتخابات کے لئے ملتوی

[illegible]

خواجہ ناظم الدین سوات کے دورہ پر

[illegible]

نانکنگ پر حملہ کی تیاریاں تین لاکھ کمیونسٹ فوج

صلح کی گفت وشنید کے کامیاب مراحل

[illegible]

مسٹر رادھا رمن کی تقریر

[illegible]

دس ہزار روپے مفت انعام

امرتسر میں سونا تین روپئے تولہ

[illegible]

نیو گولڈ سپلائی کمپنی (A.D) حلقہ نمبر ۲۲ امرتسر

صابن بنانا سیکھیں

[illegible]

رسالہ روزگار (۵) نئی دہلی

بھوپال میں
روزنامہ و ہفت روزہ
الجمعیۃ
حکمت اللہ صاحب منیجر حکمت نیوز ایجنسی
منڈی ڈاکخانہ بھوپال سے طلب کریں

بمبئی میں مشتبہ اشخاص کو گولی مارنے کا حکم دیدیا گیا

ریلوے کی مجوزہ ہڑتال کے سلسلہ میں پیش بندیاں کلکتہ میں پولیس اور فوج کا پہرہ

بمبئی ۸ مارچ - حکومت بمبئی نے پولیس کو حکم دیا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی سرکاری جائداد میں دخل اندازی یا تخریب کرتا ہوا دکھائی دے یا کوئی شخص کسی اہم دفتر یا تنصیبات کے قریب مشتبہ حالت میں گھومتا ہوا پایا جائے تو اسے فوراً وہیں گولی مار دی جائے۔ یہ حکم اس سلسلہ کے خطرے کے پیش نظر دیا گیا ہے جو ریلوے مزدوروں کی ہڑتال [illegible] ۹ مارچ سے کر رہے ہیں۔ بی بی اینڈ سی آئی اور جی آئی پی ریلوے لائنوں پر حفاظتی انتظامات بہت سخت کر دیئے گئے ہیں۔

بی بی اینڈ سی آئی ریلوے مینز یونین نے جس کے ممبروں کی تعداد چند ہزار کے قریب ہے، اراکین کو ۹ مارچ کو ہڑتال کرنے کا نوٹس تعمیل کیا تھا، اس یونین نے اور جی آئی پی ریلوے مینز یونین کے ایک طبقہ نے کلکتہ میں ہونے والی کانفرنس کے فیصلوں کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔

بی آئی پی نیشنل ریلوے ورکرز یونین کی ورکنگ کمیٹی نے ریلوے ورکروں کو اس بات پر متنبہ کیا ہے کہ وہ غیر ذمہ دار عناصر کے پروپیگنڈے سے گمراہ نہیں ہونے۔ یونین کے صدر مسٹر عابد علی جعفر بھائی نے کہا ہے کہ کمیٹی نے جی آئی پی ریلوے [illegible]

گرفتاریاں۔ بمبئی میں سی آئی ڈی کی اسپیشل برانچ نے [illegible] یونین کے دفتر پر چھاپہ مارا اور [illegible] اشخاص کو گرفتار کیا۔

کلکتہ میں احتیاطی انتظامات

کلکتہ کی خبر ہے کہ وہاں سخت احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی ہیں اور ریلوے کے اہم مرکزوں پر پولیس اور فوج کے دستے متعین کر دیئے گئے ہیں۔ اور پولیس اور فوج کے گشت کے انتظامات بھی کئے گئے ہیں۔ ۹ اور ۱۰ مارچ کو اسکول بند رہیں گے اور محکمہ تعلیم کی طرف سے تنبیہ کی گئی ہے کہ اس روز تمام طلبا گھروں پر رہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی کی کلاسیں بھی بند رہیں گی لیکن یونیورسٹی کے امتحانات برابر جاری رہیں گے۔ کل پولیس نے ایک درجن سے زیادہ مقامات کی تلاشیاں لیں اور دس اشخاص کو پولیس ہیڈ کوارٹر لے جایا گیا۔ ان میں کچھ کو حراست میں لے لیا گیا۔ خلاف قانون لٹریچر پر بھی پولیس نے قبضہ کیا ہے۔

بنگال پراونشل [illegible] ریلوے مزدوروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہڑتال میں کوئی حصہ نہ لیں۔ اور ہڑتال کی کوشش کو ناکام بنا دیں۔ (ا۔پ)

ڈم ڈم پر حملہ کے سلسلہ میں گرفتاریاں

ضمانت کی درخواست مسترد کر دی گئی

کلکتہ ۸ مارچ - ۲۶ فروری کو ڈم ڈم اور [illegible] پر حملوں کے سلسلہ میں چودہ اشخاص کو گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کو پولیس حوالات میں ۱۲ مارچ تک رکھنے کی اجازت حاصل کر لی گئی ہے۔ چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے ان کی ضمانت کی درخواستیں نامنظور کر دی ہیں۔

ان کی ضمانت کی درخواستوں سے پولیس نے اختلاف کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک ان حملوں کی تحقیقات جاری ہے گرفتار شدگان ہندوستان کی کمیونسٹ اور انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے ممبران ہیں اور اس موقعہ پر ان کی رہائی سے ملکی تحفظ پر اثر پڑے گا۔

عدالت برخاست ہونے سے قبل ایک ملزم نے شکایت کی کہ ہمیں وہ آسانیاں بھی نہیں دی گئیں جن کی قانون نے اجازت دی ہے اگر ہمیں ضمانت پر رہا نہیں کیا جاتا تو ہمیں جیل کی حوالات میں بھیجدیا جائے۔

مجسٹریٹ نے جواب دیا کہ قانون کے مطابق ان کو تمام آسانیاں دینے کے احکام جاری کر دیئے گئے ہیں۔ حال ہی میں نو اور اشخاص کو گرفتار کیا گیا ہے ان میں ایک لڑکی بھی ہے [illegible] رہا کر دیا گیا اور بقیہ کو پولیس حوالات میں ۱۲ مارچ تک رکھنے کی اجازت دیدی گئی۔

طالب علم لڑکیوں کی بھوک ہڑتال

[illegible] ۸ مارچ - میڈیکل کالج کی تین طالب علم لڑکیوں اور دو لڑکوں نے ۲ مارچ سے وزیر تعلیم کے مکان کے سامنے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ ان کا مطالبہ ہے کہ حکومت ان کے مطالبات منظور کرے۔

ماسکو میں ذاتی تبدیلیوں پر تبصرہ

پیرس، ۸ مارچ - ایک سابق روسی افسر مسٹر وکٹر کرونشکو نے ماسکو میں ذاتی تبدیلیوں پر تبصرہ کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اس رد و بدل کے نتیجہ کے طور پر برطانیہ اور امریکہ کے ساتھ روس کے تعلقات زیادہ کشیدہ ہو جائیں گے۔ مسٹر وکٹر کرونشکو ان دنوں پیرس میں ہیں۔ آپ نے مزید کہا ہے کہ دنیا کے مختلف حصوں میں سیاسی اقتدار حاصل کرنے کے لئے کمیونسٹ پارٹیاں اپنی جدوجہد تیز کر دیں گی۔ تمام کمیونسٹ پارٹیوں کا خیال ہے کہ مغربی طاقتوں اور روس کے درمیان امن قائم رکھنا ممکن نہیں ہے ماسکو میں ذاتی تبدیلیوں کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ مارشل اسٹالن کے کیمپ [illegible]

مارشل سمٹس کے حامیوں پر پتھر پھینکے گئے

جوہانسبرگ، ۸ مارچ - جنوبی افریقہ کی صوبائی کونسلوں کے انتخابات کے سلسلے میں منعقدہ ایک جلسے میں ڈاکٹر ملان کی پارٹی کے آدمیوں نے مارشل سمٹس کے حامیوں پر پتھر پھینکے جوہانسبرگ سے ڈیلی ایکسپریس کے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ مارشل سمٹس کے حامیوں پر پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق حملہ کیا گیا۔ مارشل سمٹس کے ساتھیوں پر [illegible]

سیام میں کمیونسٹوں کا مقابلہ کرنے کی تیاریاں

بنکاک ۸ مارچ - ممکن ہے کہ چین کی طرف سے کمیونسٹ آسام پر حملہ کریں اور سیام کے کمیونسٹ ان حملہ آوروں کی امداد کریں۔ لئے سیام میں اس قسم کی صورت حالات کا مقابلہ کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

سیام کے وزیر اعظم مارشل سنگرام نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا ہے کہ حال ہی میں سیام کے فوجی مجری سپاہیوں کے دستے چینی جو اتری ہوئی تھی وہ کمیونسٹوں کے دھکے دھکے سے آ گئے تھے اس لئے اب وہ اپنی فوجیں پیچھے ہٹا رہے ہیں۔

کمیونسٹوں نے یہ غلط اعلان کیا تھا کہ سیام میں کمیونسٹ گورنمنٹ قائم ہو گئی ہے۔ یہ بھی اعلان کیا گیا تھا کہ ڈاکٹر جیام کو سیام کا نیا وزیر اعظم مقرر کیا گیا ہے۔ مارشل سنگرام نے مزید بتایا کہ ڈاکٹر جیام کا باغیوں کے ساتھ کوئی تعلق نہیں تھا۔ وہ آزاد سیامی تحریک کے لیڈر پریڈی بنامنگ پر الزام لگاتے ہیں۔

مارشل سنگرام نے مزید کہا کہ ان کی اطلاعات کے مطابق چینی کمیونسٹ سیام [illegible] کے کمیونسٹوں کو روپیہ اور اسلحہ سپلائی کر رہے ہیں۔ آپ نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اگر چینی کمیونسٹوں کا لیڈر ماؤ سی تنگ چین کے جھگڑے سے فارغ ہو گیا تو وہ سیام پر حملہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ مارشل سنگرام نے سیام کے [illegible] ہزار سپاہیوں کو جدید فوجی ہتھیاروں اور ہوائی جہازوں [illegible] ہوائی جہازوں سے مسلح کرنے کی تجاویز بنائی گئی ہیں۔ (گلاب)

سوئٹزرلینڈ کی حالت بدتر

[illegible] ۸ مارچ - سوئٹزرلینڈ میں [illegible] کی حالت بدتر ہوتی جا رہی ہے [illegible] بارش وغیرہ نہیں ہوئی [illegible]

سوئٹزرلینڈ میں بجلی [illegible] بارش کی قلت کی وجہ سے [illegible] بجلی پیدا کی نہیں کی جا سکتی [illegible]

ماسکو ۸ مارچ - روس کی سپریم سوویٹ کا [illegible] کریملن میں جمعرات کے دن شروع ہو گا۔ ملک کے ہر حصے سے تقریباً ایک ہزار سے زیادہ نمائندے [illegible] اجلاس میں شریک ہوں گے۔

ایک ڈومینین سے دوسری ڈومینین میں سمن کی تعمیل ہو سکے گی

ہند اور پاکستان کے درمیان معاہدے کے بارے میں مسٹر منڈل کا انکشاف

کراچی ۸ مارچ - کل ایک سوال کے جواب میں پاکستان کے وزیر مواصلات سردار عبدالرب نشتر نے مسٹر نور احمد کو بتایا کہ ۸ اور ۹ [illegible] کی درمیانی شب ایسٹ بنگال ریلوے کے منیجر کو اسٹرائیک کا نوٹس دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ نوٹس ایک غیر تسلیم شدہ انجمن نے جس کا نام ایسٹ بنگال ریل روڈ ورکرز یونین ہے دیا ہے انہوں نے بتایا کہ اس ریلوے پر جو تین تسلیم شدہ یونینیں ہیں ان کا اس میں کوئی ہاتھ نہیں ہے اور نہ وہ اس میں فریک ہیں۔

[illegible]

آسٹریلیا کے کمیونسٹ لیڈر پر مقدمہ چلایا جائیگا

[illegible]

اقوام متحدہ کے کمیشن کی ہند کے نمائندوں سے ملاقات

نئی دہلی ۸ مارچ - اقوام متحدہ کے کمیشن [illegible]

نایاب جامعہ علمیہ میں تقسیم انعامات

۵ مارچ کی شب کو نایاب جامعہ علمیہ حویلی حسام الدین حیدر [illegible] دہلی میں بچوں کا تعلیمی انعامی مقابلہ ہوا بچوں نے مختلف مضامین نظمیں اور لطیفے پڑھے۔ کامیاب طلبا کو انعامات تقسیم کرتے وقت صدر جلسہ مولانا سید امین الحسن صاحب نے تقریر [illegible]

بچوں کی تعلیمی کیفیت دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اساتذہ نے محنت اور خوش اسلوبی سے [illegible]

پاکستان اسمبلی میں بنیادی مقاصد کی قرارداد

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

[illegible]

وزیر اعظم کی تقریر

[illegible]

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف چند دن میں [illegible]

منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

لب المجربات

[illegible]

پتہ:- منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

طلاق کے لئے

نکاح خواں

[illegible] ضرورت مند حضرات نکاح خوانی کے لئے قاضی مولوی ابن حسن کھڑکی فراش خانہ گلی مسجد انار والی دہلی کے پاس تشریف لائیں

ڈاکٹری نسخہ کے مطابق ہر قسم کے

چشمے تیار ہوتے ہیں

یونیورسل آپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ عینک

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ دہلی

جنت کا ٹکٹ

آپ بغیر ٹکٹ ریل کا سفر نہیں کر سکتے۔ تو بغیر ٹکٹ جنت میں کیوں کر [illegible] اس کتاب سے آپ کو معلوم ہوگا۔ کہ ساری عمر کے گناہ کیسے صاف ہو سکتے ہیں [illegible] اگر آپ کے پاس جنت کا ٹکٹ نہیں ہے۔ تو آج ہی منگا لیجئے۔ قیمت:- بارہ آنہ (۱۲)

خدا کی جنت

جنت کی کہانی نبی کی زبانی۔ کیا آپ دنیا میں جنت دیکھنا چاہتے ہیں۔ کیا آپ جنت کے باغات کی سیر کے متمنی ہیں کیا آپ جنت کا بازار دیکھکر خوش ہونا چاہتے ہیں۔ کیا آپ جنت کی نہروں [illegible] بخشا جانا چاہتے ہیں۔ قیمت:- بارہ آنہ (۱۲) [illegible]

ادارہ تبلیغ اسلام پل بنگش دہلی

ضرورت ہے

ریاست وقف نواب محمد عظمت علی خاں صاحب مرحوم واقعہ مظفر نگر کی جائداد کے انتظام کیلئے ایک دیانتدار مسلمان منیجر کی جو قانون داں ہونے کے علاوہ انتظام زمینداری کا تجربہ رکھتا ہو پنشن یافتہ ڈپٹی کلکٹر تحصیلدار اسپیشل یا اسسٹنٹ اسپیشل منیجر کورٹ آف وارڈس کا رہا ہو۔ تنخواہ معہ الاونس مبلغ دو سو روپیہ ماہانہ اور قیام کیلئے دفتر ریاست بلا معاوضہ ہوگا۔ درخواست بذریعہ رجسٹری ۲۰ مارچ [illegible]

نیاز مند آفس سپرنٹنڈنٹ ریاست وقف مظفر نگر

ضرورت ہے

ایک ایسی سند یافتہ ادیب یا بی جو ایف اے اور ہائی اسکول کی طالبات کو فارسی پڑھا سکے۔ تنخواہ حسب لیاقت قیام کا انتظام اسکول کی عمارت میں ہو سکتا ہے۔

محمد عبدالسلام منیجر عبدالسلام گرلز ہائر سیکنڈری اسکول مرادآباد

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۰ مارچ ۱۹۴۹ء

پنڈت نہرو کی صاف گوئی!

ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کامرس فیڈریشن کے سالانہ اجلاس میں جو تقریر کی اسے ہم "صاف گوئی" سے تعبیر کرتے ہیں، اور ہمارے خیال میں ان کی تقریر اگر ایک طرف ان سرمایہ داروں اور کارخانہ داروں کو ایک مسکت جواب ہے جو ان کے اقتصادی نظریوں کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، تو دوسری طرف وہ ان لوگوں کے لئے بھی ایک زبردست انتباہ ہے جو انہیں مزدوروں، کسانوں اور عوام کا دشمن ثابت کرنے پر ایڑی چوٹی کا زور صرف فرما رہے ہیں، ایک یہ ہے کہ پنڈت نہرو نے اپنی تقریر میں دل اور دماغ کھولنے کی کوشش کی اور کارخانہ داروں اور تاجروں کی بھری سبھا میں انہوں نے کھری کھری باتیں کہیں جو انہیں کا مخصوص حصہ تھیں، ان اخباروں کو جو سیٹھ برلا اور دوسرے سرمایہ داروں کی ترجمانی کا شرف رکھتے ہیں، پنڈت جی کی صاف گوئی اچھی نہ لگی، اور انہوں نے بیانات لکھ دیا کہ پنڈت جی نے اگر کارخانہ داروں کی [illegible]

اور درخشاں ہوگا۔" کارخانہ داروں کو مخاطب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ایک بار پھر فرمایا

"کارخانہ دار خطرناک حد تک نازک مزاج واقع ہوا ہے، ایک غلط لفظ یا ایک غلط نقرہ۔۔۔ اس کا مزاج بگاڑ دینے اور اس کا درجۂ حرارت گھٹا دینے یا بڑھا دینے کیلئے کافی ہے، اور اس کا مزاج، یا جسم، یا روح جس قدر نازک اور حساس ہوا واقع ہوئی ہے، اس سے بہت زیادہ اس کی جیب نازک اور حساس واقع ہوئی ہے"

پنڈت جی نے کہا کہ کلکتہ یا دوسرے مقامات پر جو کچھ ہوا اس سے مزدوروں کا تعلق نہ جوڑیئے۔۔۔ ہندوستان کے مزدور بڑے اچھے لوگ ہیں، کبھی کبھی انہیں جوش آ جاتا ہے، اور وہ گمراہ ہو جاتے ہیں لیکن اگر غیر [illegible] طور پر ان سے نمٹنے کی کوشش کیجائے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ ملک کی قسمت سنوارنے میں وہ [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

(وقان - تا - حکیم - پ ۲۱ - ۱۳)

اگر دنیا کے تمام درختوں کی قلمیں بنائی جائیں
اور سمندر کو سیاہی میں تبدیل کر دیا جائے
اور ایک سمندر کیا، سات اور سمندروں
کی روشنائی بنائی جائے اور ان سے خدا
کی تعریف لکھی جائے تو سمندروں کی سیاہی
ختم ہو جائے گی، مگر اللہ کی خوبیاں ختم نہ ہونگی
بے شک اللہ غالب بھی ہے اور حکمت والا بھی

دنیا میں جو کچھ ہے صفات الٰہی کا پرتو ہے جسطرح خدا کی ذات لامحدود ہے اسیطرح اس کی صفات بھی لامحدود ہیں، لامحدود صفات کو لکھنے کے لئے خواہ سات سمندروں کی روشنائی بنائی جائے پھر بھی سمندر محدود ہی رہیں گے اور محدود چیز سے لامحدود کا شمار نہیں ہو سکیگا، یہاں انسان کے دل میں صفات الٰہی کا تصور عجیب انداز سے بٹھایا گیا ہے اور مقصد یہ ہے کہ انسان جب تک دنیا میں رہے خدائی کمالات کا مظہر بنے اور منشار تخلیق کو پایہ تکمیل تک پہونچائے۔

سرور عالم کا اصلی کارنامہ

گذشتہ سے پیوستہ

من کان یومن باللّٰہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ ومن کان یومن باللّٰہ والیوم الآخر [illegible]

روزہ رکھا یا خیرات کی اس نے خدائی میں لوگوں کو شریک کیا۔

[illegible]

ان المفلس من امتی من یاتی یوم القیمۃ بصلوۃ وصیام وزکوۃ ویاتی قد شتم ھذا وقذف ھذا واکل مال ھذا وسفک دم ھذا وضرب ھذا فیعطی ھذا من حسناتہ وھذا من حسناتہ فان فنیت حسناتہ قبل ان یقضی ما علیہ اخذ من خطایاھم فطرحت علیہ ثم طرح فی النار

[illegible]

سیر دنیا ۔۔۔۔۔۔۔۔ سیاحت

دیہاتی کے قلم سے

دنیا میں مویشیوں کی نمائش تھی۔ انعامات تقسیم ہوئے اور پنجرا پولوں اور گئو شالاؤں سے دلچسپی رکھنے والوں کو نئی نئی ہدایتیں بھی دی گئیں۔ خیال تھا چوپایوں کی بہتری اور ان کی دودھ دینے کی طاقت کو بڑھانے کے سوال پر غور ہوگا وہاں بھینسوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جائے گا کیونکہ گائے کی طرح بھینس بھی دودھ دینے والا جانور ہے بلکہ یوں کہئے کہ زیادہ تر بھینس ہی ہماری ضرورت پوری کرتی ہے۔ مثلاً دہلی میں جو آج دودھ کی ریل پیل نظر آتی ہے وہ زیادہ تر بھینس کا کمال ہے اور یاد رکھئے کہ گائے جتنا پانی سپلائی کرتی ہے کہ اس سے دودھ والے بھی خوب سیراب ہوتے ہیں۔

[illegible]

کا انتظام کیا جائے۔

آپ کی تجویز ہے کہ پنجرا پولوں اور گئو شالاؤں کے ساتھ ساتھ "گئو سیاسدن" بھی قائم کئے جائیں جن کا کام یہ ہو کہ وہ بیکار اور دودھ نہ دینے والی گایوں کی دیکھ بھال کریں اور ان کے بے دردانہ انتظام کریں۔ اس سے سیٹھ جی کے بیان کی سی حقیقت ہو جائے گی یعنی کہ سب گائیں اپنی موت مریں گی۔

[illegible]

ایم گرومائیکو نائب وزیر خارجہ بنا دیئے گئے

ماسکو ۸ مارچ - گذشتہ شب روس کی سرکاری نیوز ایجنسی تاس نے اعلان کیا ہے کہ روس کی مجلس وزراء نے ایم اندرے گرومائیکو کو معاملات خارجہ کا نائب وزیر مقرر کیا ہے۔ ایم گرومائیکو کا تقرر ایم ویشنسکی کی جگہ ہوا ہے جن کا وزیر خارجہ بنائے جانے کا اعلان پہلے ہی کیا جا چکا ہے۔ ایم ویشنسکی کی طرح ایم گرومائیکو بھی [illegible]

[illegible]

[illegible]ی تعلیم کا انتظام بچوں کی مادری زبان میں ہونا چاہیئے

[illegible]ومت صوبہ بہار سے چھپرا جمعیۃ کانفرنس کا اہم مطالبہ

چھپرا (بہار) گذشتہ ۲۸ فروری اور یکم مارچ کو صوبائی جمعیۃ کانفرنس منعقد ہوئی۔ چھپرا ایک دور افتادہ مقام ہے [illegible] سواریوں کی دشواری بھی تھی مگر پھر بھی حسب سابق کے علاوہ بہار کے تمام اضلاع سے تین ہزار کے قریب [illegible] کے لئے آئے۔ اضلاع سے منتخب نمائندگان کی تعداد دو ہزار کے قریب تھی۔ باہر سے آنے والے وزیٹرز [illegible] قسم کا جذبہ اور مستقبل کی جستجو جو مسلمانوں کی آئندہ کی مخصوص حالات کا پتہ دیتی ہے جس کی طرف اکابرین [illegible] بھی طرح رہنمائی کی سامعین اپنے اندر ایک عزم اور مستقبل کی روشنی لے گئے۔ اسلام اور اس کے ثقافتی ذمہ داریاں [illegible] جلسے کے بلند اور با ہمت منصوبے بنا کر لوگ لوٹے۔

[illegible] صوبے سے آنے والے مقتدر حضرات میں حضرت [illegible] مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی ناظم [illegible] مولانا ابو الوفا شاہجہانپوری مولانا [illegible] مولانا عبد الوحید فاروقی پھلواری مولانا محمد قاسم [illegible]

[illegible] ایک وسیع پنڈال میں ہوا جس کو ایک خوبصورت [illegible] جلسہ میں شرکا کی تعداد دس ہزار [illegible]

گئی ہے۔ چونکہ ماہرین تعلیم کا اس پر اتفاق ہے کہ بچوں کی تعلیم ان کی مادری زبان میں ہونی چاہیئے اور گذشتہ زمانہ میں بھی [illegible] زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے پر ہندوستان میں کافی احتجاج بھی ہوتا رہا ہے۔ ہماری آزاد حکومت کی پالیسی کا جہاں تک تعلق ہے وہ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند اور مولانا ابو الکلام آزاد وزیر تعلیم ہند کے بیانات سے ظاہر ہے۔ ان حضرات نے یہ بات صاف صاف کہہ دی [illegible] مادری زبان [illegible]

علیہ جن کی مادری زبان اردو اور رسم الخط بھی [illegible] جاتی ہے اتنی تعداد میں جمع ہو جائیں کہ ان کے لئے اردو رسم الخط میں تعلیم کا نظم کیا جا سکے تو حکام متعلقہ ان کی تعلیم کا اردو میں انتظام کریں گے۔ ظاہر ہے ان حالات میں جمعیۃ علمائے بہار کو یقین ہے کہ بہار کی حکومت کی بھی یہی پالیسی ہونی چاہیئے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بہار میں سلیبس کمیٹی نے ابتدائی تعلیم کے نصاب کو منظور کرتے وقت اس اصول کو نظر انداز کردیا ہے جس کی وجہ سے اردو رسم الخط میں کوئی کتاب نہیں چھپ سکی ہے۔ جمعیۃ علماء کے خیال میں سلیبس کمیٹی کی [illegible] ہے اور صوبائی حکومت کو چاہیئے کہ وہ [illegible] اس کی اصلاح کر دے۔ یہ جلسہ صوبائی حکومت سے اس امر کی پرزور سفارش کرتا ہے۔ یہ قرارداد مولانا ریاست علی ندوی نے پیش کی۔ اور مولوی یونس مبلغ امارت نے تائید کی۔

سرمایہ

ایک قرارداد میں مسلمانان صوبہ بہار سے عموماً اور ارکان و حامیان جمعیۃ سے خصوصاً التماس کی گئی کہ وہ جمعیۃ علماء صوبہ بہار کے لئے ایک مستقل سرمایہ کی فراہمی کے لئے پرجوش کوشش کریں اور زیادہ سے زیادہ چار ماہ کے اندر پچاس ہزار روپیہ کا مستقل سرمایہ فراہم کریں اور اگر اس کوشش میں صوبائی مجلس منتظمہ کی مدد درکار ہو تو ناظم صوبہ سے معاونت طلب کریں۔

ایک قرارداد میں صدر اجلاس حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، شیخ الہند مولانا مدنی دوسرے علماء، مقررین و لیڈران، صدر مجلس استقبالیہ و اراکین مجلس استقبالیہ رضاکاران اور دوسرے اراکین و ہمدردوں کا شکریہ ادا کیا گیا کہ انہوں نے اجلاس میں شرکت کرنے کی تکلیف گوارا کی۔

[illegible] اجلاس میں جمعیۃ علماء کے مقتدر و مخلص [illegible] اور زیادہ ولولہ پیدا کرنے والی تقاریر کیں [illegible] صاحب کا خطبہ صدارت بھی کافی اہم تھا [illegible] جلسے بھی کافی کامیاب اور کامیاب رہے [illegible] جمعیۃ علمائے صوبہ بہار کا انتخاب عمل میں آیا [illegible] مولانا عبد الصمد صاحب رحمانی و مولانا سید [illegible] صدر و سکریٹری متفقہ طور سے منتخب [illegible] کی منظوری کیلئے اجلاسوں میں [illegible]

[illegible] متعدد قرار دادیں منظور کی گئیں۔ پہلی [illegible] سید حسین سفیر ہند متعینہ مصر و مشرق [illegible] پر دلی صدمہ و غم کیا گیا اور ان کی مغفرت [illegible] دوسری قرارداد میں صوبہ بہار کے [illegible] اپیل کی گئی کہ وہ جمعیۃ علماء میں شریک [illegible] دینی تعلیم، تحفظ اوقاف، دینی ثقافت و [illegible] اور ان کے تحفظ و بقا کے لئے جمعیۃ [illegible] ضروری ہے۔ یہ قرارداد مولوی [illegible] نے پیش کی اور مولوی فیروز خاں صاحب [illegible] تائید کی۔

فرقہ وارانہ سیاست

[illegible]

اٹاوہ کی خبریں

چاقو سے حملہ

وردھانگوں میں ایک لڑکی کے اغوا کرنے کے سلسلہ میں تنازعہ تھا۔ لڑکی کے عزیز نے اس شخص پر جس پر لڑکی کے اغوا کرنے کا الزام ہے سر بازار چاقو سے حملہ کیا جاتا ہے کہ حملہ آور نے پے درپے کئی حملے کئے۔ زخمی اسپتال داخل ہے۔ پولیس مصروف تحقیقات ہے۔

ہزاکسلنسی سروجنی نائیڈو کا ماتم

جیسے ہی یو۔ پی کی گورنر ہزاکسلنسی سروجنی نائیڈو کی وفات کا اعلان ہوا، تمام سرکاری دفاتر، تعلیم گاہیں بند کر دی گئیں۔ شہر میں مکمل ہڑتال رہی اور ہر شخص پر ہزاکسلنسی کی بے وفات کا اثر تھا۔ سول بار ایسوسی ایشن اور اسلامیہ کالج وغیرہ [illegible] تعزیتی جلسے ہوئے۔ سرکاری عمارتوں پر [illegible] نیچے کر دیئے گئے۔

موٹر یونین کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

اٹاوہ ۔ ۷ مارچ ۔ بابو اشرفی لال گپتا جنرل سکریٹری موٹر یونین و ممبر ورکنگ کمیٹی آل موٹر یونین کانگریس نے بتایا ہے کہ بتاریخ یکم مارچ ۱۹۴۹ء کو آل انڈیا موٹر یونین کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کا ایک جلسہ بمقام دہلی زیر صدارت مسٹر [illegible] ہوا [illegible] کے کام کی جانچ کے لئے ایک ایڈ ہاک کمیٹی مقرر کی جائے [illegible] مطالبہ کیا گیا کہ موٹر پرمٹ پر سٹیرنگ کے صحیح ساتھیوں کو ایڈ ہاک کمیٹی کے روبرو اپنا معاملہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

بچھراؤں میں مسز سروجنی نائیڈو کا ماتم

کانگریس کمیٹی بچھراؤں کے زیر اہتمام ہزاکسلنسی مسز سروجنی نائیڈو کے انتقال کی خبر پر شہر میں مکمل ہڑتال ہوئی۔ اور شام کو ایک عام جلسہ ہوا جس میں گوراج سنگھ، برج راج، مولانا فضل الرحمن صاحبان نے تقاریر فرمائیں اور ہمدردی و تعزیت کیا۔ بعد کو صدر جلسہ مولانا عبد اللہ صاحب نے مرثیہ پڑھ کر سنایا اور ایک تجویز تعزیت جلسہ نے بہ اتفاق منظور کی۔

سوشلسٹ پارٹی سے استعفے

اٹاوہ ۔ ریذر لعیر ڈی اکٹر ضلع سوشلسٹ پارٹی کی تنظیمی پالیسی سے اختلاف کی بناء پر مسٹر عنایت رضا رضوی نے ضلع سوشلسٹ پارٹی [illegible]

پونا اسکول کے ۳۰۰ کیڈٹوں کی کامیابی

پونا ۸ مارچ ۔ آنیبرو ٹریننگ اسکول پونا سے چار ماہ کی سخت تربیت حاصل کرنے کے بعد ۳۰۰ کیڈٹ پاس ہوئے ہیں۔ یہ کیڈٹ اب باقاعدہ طور پر ہندوستانی کمیشن یافتہ افسر بننے سے پہلے فوج کے مختلف شعبوں میں خاص مہارت کی مزید تربیت حاصل کریں گے۔ ۵ مارچ کو ایک قابل دید رخصتی پریڈ ہوئی جس میں لیفٹیننٹ جنرل ایس ایم سری ناگیش جنرل آفیسر کمانڈنگ کو سلامی دی گئی۔ کیڈٹوں نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس موقعہ پر لفٹننٹ جنرل سری ناگیش نے بھی تقریر کی۔

ہر قسم کی خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیے ۔ منیجر

بانو دہلی کے حسین کشیدہ کاری نمبر پر

ہندوستان کے مشہور اور کثیر الاشاعت [illegible] اسٹانہ دہلی کی رائے

ماہنامہ بانو دہلی کا دوسرا خاص نمبر

حسین کشیدہ کاری

"ماہنامہ بانو" کو جاری ہوئے کچھ زیادہ عرصہ نہیں گزرا لیکن غیر معمولی تیزی کے ساتھ یہ ماہنامہ ہندوستانی و پاکستانی خواتین میں [illegible] ۔ اس خاص نمبر کا نام ادارہ بانو کی طرف سے حسین کشیدہ کاری [illegible] ادارہ بانو نے حسین کشیدہ کاری نمبر پیش کرکے ایک جدت کی ہے [illegible] آرٹ پیپر پر ہے۔ قیمت فی پرچہ دو روپے آٹھ آنے ہے جو بہت سستی ہے پانچ روپے سالانہ خریداروں کو یہ نمبر ادارہ کی طرف سے مفت پیش کیا جاتا ہے۔ منگانے کا پتہ:-

منیجر ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچہ ...۔/۳/۔ روپیہ فی انچہ کالم

پچاس انچہ سے زیادہ...۔/۲/۔ روپیہ فی انچہ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچہ کالم

سنیما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھیئے

منیجر اشتہارات روزانہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

جمعیۃ علماء کا وفد کنتھاریہ ضلع بھروچ میں

کنتھاریہ (بھروچ) جمعیۃ علماء ہند کا وفد زیر سرکردگی مولانا سید محمد میاں صاحب یہاں وارد ہوا۔ گاڑی کی جانب سے وفد کا شاندار استقبال کیا گیا۔ شام کو چار بجے ضلع کانگریس کے صدر اور سرکردہ لیڈروں نیز میونسپل صدر کے جانب سے چائے کی دعوت دی گئی۔ جس میں وفد کا تعارف اور ہندو مسلم میل ملاپ کے متعلق گفت و شنید ہوئی۔ وفد کے ہمراہ گجرات جمعیۃ علماء کی ایڈ ہاک کمیٹی کے ممبر اور صوبہ گجرات کے مرکزی مقام احمد آباد کی شہر کانگریس کمیٹی کے صدر جناب [illegible] صاحب بھی تشریف لائے تھے۔

شب کو ۹ بجے جناب غلام رسول قریشی صاحب کے زیر صدارت جلسہ ہوا جس میں تلاوت قرآن اور نظم کے بعد سب سے پہلے مولانا سید محمد میاں صاحب اور دیگر اراکین کا تعارف صدر جمعیۃ علماء ضلع بھروچ کی جانب سے کیا گیا۔ جلسہ میں مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی رکن وفد کے علاوہ شہر بھروچ کی میونسپل صدر اور ضلع کے مشہور کانگریسی لیڈر چھوٹو لال صاحب نیز اور گرد کے دیہات اور شہر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مولانا سید محمد میاں صاحب نے [illegible] تقریر کرتے ہوئے بتلایا کہ جمعیۃ [illegible] طرح سے حصہ لیا [illegible] تاریخی واقعات کی روشنی میں نصاب تعلیم میں سے ہندو مسلم منافرت کے موجب اور من گھڑت تاریخی کتابوں کو بدلنے کی ضرورت پر خاص زور دیا۔ اس کے بعد چھوٹو لال صاحب نے جمعیۃ علماء کے متعلق فرمایا میں اس جماعت کو پہلے سے ہی جانتا ہوں اس کی خدمات بیش بہا ہیں اس لئے مسلمانوں کو اس میں شریک ہونا چاہیئے اور جلسے جلوس کے بجائے ٹھوس عملی پروگرام پر عمل پیرا ہونے کی اپیل کی۔ بعد ازاں جناب موتی لال زین صاحب بھروچ میونسپل کمیٹی کے صدر صاحب نے پچھلے تلخ اور ناخوشگوار دور کو بھول کر مستقبل کی فکر کرنے پر زور دیا۔ آخر میں مولانا عبد الماجد صاحب دہلوی نے اپنے مخصوص انداز میں پر اثر اور پر مغز تقریر فرمائی اور دوسرے روز صبح کو مجلس میں کچھ سوالات کے جواب دیتے ہوئے مولانا عبد الماجد صاحب نے طریقہ کار اور تعلیم وغیرہ کے متعلق ضروری نصیحتیں فرمائیں۔ اور وفد یہاں کا دی (بھروچ) کے لئے صبح نو بجے روانہ ہوگیا۔

کارکنان کانپور متوجہ ہوں

گذشتہ چند دنوں میں جب سے عوام کو علم ہوا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند نے مسلمانوں کے مذہبی، اقتصادی، معاشرتی و تمدنی اصلاح کا بیڑا اٹھایا ہے شہری جمعیۃ کے دفتر میں ایسی پریشان کن درخواستیں آرہی ہیں کہ ان کا ایک لمحہ کیلئے نظر انداز کرنا ناممکن ہے۔ اس اقتصادی بدحالی کے دور میں ہر لمحہ انقلابات رونما ہو رہے ہیں کارکنان جمعیۃ عوام کو متنبہ کرتے ہیں کہ قومی [illegible] کو مستقل [illegible] کے اعلان [illegible] کو دور کرنے میں پورا پورا ہاتھ بٹانا ضروری ہے جہاں تک [illegible] جمعیۃ کے کارکنوں کا تعلق ہے وہ لوگ حالات پر گہری نظر رکھتے ہوئے اس بات کا یقین رکھتے ہیں۔ کہ حسب ذیل شعبہ جات کا قیام اشد ضروری ہے

امداد دینی مدارس و نیز نئے مکاتب کا قیام تاکہ بچوں کو دینی تعلیم دی جاسکے۔

شعبہ مساجد مرمت و ضروری انتظامی اصلاح۔ اس سلسلے میں یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ تقریباً گیارہ مساجد شہر میں ایسی حالت میں ہیں جہاں مؤذن کا انتظام ہے اور نہ نماز کا بعض مساجد تقریباً ہیں جو ابھی تک نامکمل ہیں۔ متولیان و مہتمم کی کافی آمدنی ہوتے ہوئے بھی مساجد کا انتظام نہیں کرتے ہیں۔

امداد تعلیم و بیوگان دارد کیلئیوں کے ذریعہ ممکن امدادی تیار کرائی جائیں گی تاکہ بروقت ضروری امداد دی جاسکے۔

گھریلو صنعتوں کا قیام اقتصادی بدحالی کو کم کرنے اور غریب پردہ نشین عورتوں کی امداد کے لئے۔

تعلیم بالغان کا دفتر حلقہ جات میں انتظام جس سے عام جہالت دور ہو سکے۔

دار الاستفتاء کا قیام جہاں احکام اسلامی دریافت کئے جاسکیں۔

تعلیم القرآن ترجمہ و فہم قرآن کی تحریک۔

اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ان امور کے انجام کے لئے کافی دوڑ دھوپ اور معقول سرمایہ ضروری ہے لہذا جمعیۃ شہر کا نپور نے ایک آنہ فنڈ کے قیام کا فیصلہ کیا ہے جس میں ہر بالغ شخص سے ایک آنہ ماہوار لیا جائے گا [illegible] جا رہے ہیں۔ مہر گھر پر ایک مقدس صندل مقرر کیا جائیگا

اور دصول شدہ رقوم حلقہ کے ناظمان کی معرفت شہری جمعیۃ کو بیت المال میں جمع کی جائیں گی۔ تاکہ حسابات بیباق صاف رہے۔ آپ حضرات سے درخواست ہے کہ اس نیک کام میں جمعیۃ سے پورا پورا تعاون کرکے ثواب دارین حاصل کیجئے اور کارکنان کو شکریہ کا موقع عنایت فرمادیں۔

دہرہ دون

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء شہر دہرہ دون کا ایک جلسہ زیر صدارت جناب مولانا الحاج راشد حسن صاحب عثمانی بوقت ۸ بجے منعقد ہوا۔ جس میں حسب ذیل حضرات عہدیداران منتخب ہوئے۔ صدر دعیت علی خاں صاحب۔ نائب صدر بابو محمد ابراہیم صاحب ناظم اعلیٰ مولوی حکمت اللہ صاحب اور سید وقیر حسین رضوی نائبین ناظم عبد المجید صاحب انصاری اور خلیل خاں صاحب پروپیگنڈا سکریٹری منشی امیر اللہ صاحب۔ خازن حکیم رفعت حسین صاحب فاروقی۔

قصبہ کانیواڑہ

قصبہ کانیواڑہ میں جمعیۃ علماء کی عارضی جمعیۃ قائم کی گئی ہے جس کی مجلس منتظمہ کے ممبر حسب ذیل عہدیداران واراکین منتخب کئے گئے ہیں۔ صدر جناب حبیب الرحمان صاحب ٹھیکیدار کانیواڑہ۔ نائب صدر جناب عبد الرحمان خاں صاحب مالگذار کانیواڑہ۔ ناظم جناب محمد یسین خاں صاحب ریگز مرچنٹ کانیواڑہ۔ نائب ناظم جناب عبد اللہ خاں صاحب چرم مرچنٹ کانیواڑہ اور اراکین منتظمہ میں کلیم الرحمن صاحب ہیڈ ماسٹر۔ عبد المتین خاں صاحب مالگذار۔ حبیب اللہ خاں صاحب چرم مرچنٹ۔ اعظم خاں صاحب۔ حاجی عمر خاں صاحب۔ عبد اللہ خاں صاحب۔ محمد یحیٰ خاں صاحب۔ نصر اللہ خاں صاحب۔ عبد العزیز صاحب محمد یونس خاں صاحب۔ عبد الستار خاں صاحب۔ نبی داد خاں صاحب۔ عبد المجید صاحب ہیڈ ماسٹر۔ عبد القدوس صاحب محمد عثمان خاں صاحب۔ خلیل اللہ صاحب۔ محمد سفیان خاں صاحب مالگذار۔ فضل الرحمان صاحب فارسٹ کنٹریکٹر۔ حافظ عبد الرزاق خاں صاحب۔ محمد عمر خاں صاحب۔ حاجی عبد التواب خاں صاحب۔ عبد العلیم خاں صاحب محمد فاروق خاں

دار السلطنت

۹ مارچ ۱۹۴۹ء

قبرستان کمیٹی کا انتخاب

قبرستان جھنجیاں واقع بارہ ہندو راؤ کی انتظامی حالت خراب ہوجانے کے پیش نظر پرسوں بارہ ہندو راؤ محلہ شیخان احاطہ کدارا گلی وزیراں نئی بستی اور چھپنی کے مسلمانوں کا ایک جلسہ فرشی چیلاب لاہبریری میں ہوا اور قبرستان کی دیکھ بھال اور انتظام کے لئے کثرت رائے سے گیارہ اصحاب کی ایک کمیٹی بنائی گئی۔ کمیٹی کے سکریٹری شیخ عبد الغفار صاحب مقرر کئے گئے۔ امید ہے اب قبرستان کا انتظام اور عام حالت درست ہو جائے گی۔

عورت پر چاقو سے حملہ

تغلق روڈ کے ایک سرونٹس کوارٹر میں ایک عورت پر چاقو سے حملہ کیا گیا۔ حملہ آور فرار ہوگیا۔ حملہ کا سبب معلوم نہ ہوسکا۔

قرولباغ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک عورت نے ایک لڑکے کو اپنے بھائی کو مارنے سے منع کیا۔ اس پر اس لڑکے کے باپ، بھائی اور ایک دوسرے شخص نے اس عورت کو مارا پیٹا۔ پولیس میں رپورٹ درج کرادی گئی ہے۔

انکم ٹیکس افسر کو لوٹ لیا گیا

ایک انکم ٹیکس افسر نے پولیس کو مطلع کیا ہے کہ اس کا [illegible] زیورات اور نقدی لے کر فرار ہوگیا

اتوار کو کشن لال نامی ایک شخص دوکان کا تالا توڑ رہا تھا۔ گرفتار ہوا۔ دوسرے دوکانداروں نے اس کو دیکھ لیا اور پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا۔ (بقیہ خبریں صفحہ ۵ پر)

بھوپال میں

روزنامہ دہلی سہ روزہ

الجمعیۃ

حکمت اللہ صاحب

[illegible] کیمپ ہاؤس [illegible] احمدآباد بھوپال سے طلب کیجئے

پنڈت نہرو کی مصری وفد کو دعوت

اتوار کے دن شام کو پنڈت کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے مصری اخبار نویسوں کے وفد کو چائے پر مدعو کیا تھا۔ مدعو ہونے والوں میں مسٹر گیارہ جو منزل گیسٹ ہاؤس میں ٹھہرے ہیں وزیر کی بیگم [illegible] لغتی و نعیم تمام ان کے سفارت خانے کا [illegible] بھی شامل تھے۔ کل صبح مصری جرنلسٹوں کے وفد نے وزارت اطلاعات کی تیار کردہ فلموں کا بھی معائنہ کیا۔ شام کو انھوں نے گورنمنٹ ہاؤس میں آرٹ کی نمائش دیکھی اور جامعہ ملیہ گئے جہاں شیخ الجامعہ پروفیسر محمد مجیب صاحب نے انہیں تمام شعبوں کی سیر کرائی۔ بعد میں چائے سے ان کی وفد کی تواضع کی گئی۔

چینی کیساتھ کھاد بھی فروخت ہو رہی ہے

کل پارلیمنٹ میں لالہ دیش بندھو گپتا نے خوراک میں ملاوٹ کے مسئلہ پر ایک ضمنی سوال دریافت کیا کہ کیا وزیر صحت کو یہ معلوم ہے دہلی کے بازاروں میں سپر فاسفیٹ (کھاد) چینی میں ملا کر کھلم کھلا فروخت ہو رہی ہے۔

اکالیوں کے خلاف مقدمہ

مشرقی پنجاب سے [illegible] اکالیوں کو گوردوارہ رکاب گنج میں ہونے والی خلاف قانون کانفرنس میں حصہ لینے کے سلسلہ میں گرفتار کرکے دہلی لایا گیا [illegible] ماسٹر تارا سنگھ [illegible] کے خلاف [illegible] مقدمہ [illegible] فردجرم لگائی گئی ہے۔ [illegible] اکالیوں کی درخواست ضمانت منظور کرکے انہیں ایک ایک ہزار روپے کی ضمانت اور اتنے کا مچلکہ لیا گیا لیکن باقی دس اکالیوں کو جن میں سردار اجیت سنگھ سابق وزیر مشرقی پنجاب [illegible] بھی شامل ہیں ضمانت کی درخواست نامنظور کردی گئی۔

دہلی چھاؤنی میں پارک کا افتتاح

کل شام دہلی چھاؤنی میں مغربی کمان کے کمانڈر انچیف لفٹننٹ جنرل ایس ایم شری ناگیش نے ایک پارک کا افتتاح کیا۔ یہ پارک ان ہی کے نام سے منسوب کیا گیا تھا۔

جنرل شری ناگیش نے کنٹونمنٹ بورڈ کا شکریہ ادا کیا، کہ انہوں نے صحت افزا مقام پر پارک بنایا ہے۔ آپ نے کہا کہ اب بچوں کو تعلیم دینے کے طریقوں میں انقلابی تبدیلیاں ہوچکی ہیں۔ اور بچوں کو تفریحی طریقوں سے تعلیم دینے کا طریقہ دن بدن مقبول عام ہو رہا ہے۔

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible] جرم میں سندر ناتھ نامی ایک شخص کو چھ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ اسی عدالت سے دیوی دین نامی ایک شخص کو ریلوے کا [illegible] رکھنے کے جرم میں ایک سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

دیوان نشانتی لال آنند کی عدالت میں کل مسٹر [illegible] ایئر ٹرانسپورٹ لائسنسنگ بورڈ کا مقدمہ شروع ہوا [illegible] الزام ہے کہ انہوں نے بعض لوگوں سے ایک موٹر [illegible] کے بدلے ہوائی جہاز کا لائسنس دیا۔

پولیس نے وکیل صفائی کی عدالت میں گورنر جنرل اور مرکزی حکومت کا اجازت نامہ پیش کیا۔ عدالت نے ان کی درخواست منظور کرلی اور نئے سمن وغیرہ جاری کرانے [illegible]

[illegible]

ملازمت سے سبکدوشی پر فاقہ مرگ

امداد و بحالیات کے شعبہ کے دفتر کے سات ملازمین نے [illegible] سے تعلق رکھتی ہے کہ انہیں ملازمت سے [illegible] دیگر دفاتر میں جگہ دینے کا ابھی تک کوئی اعلان نہیں ہوا تو وہ ۱۶ مارچ سے فاقہ مرگ شروع کر دیں گے۔ یہ نوٹس امداد و بحالیات کے کمشنر کے نام ملازموں کو جن میں کیمپوں میں کام کرنے والا اسٹاف بھی شامل ہے دیئے گئے تھے۔ ملازموں نے [illegible] میں ایک جلسہ کرکے حکام پر زور دیا کہ ان کو ملازمتیں دلائی جائیں اور جب تک ملازمتیں نہ ملیں موجودہ تنخواہوں کا ۵۰ فی صدی بطور امداد ادا کیا جائے [illegible] جن کو ملازمت نہ ملے ان کو پنشنیں دی جائیں۔

گھریلو ملازموں کے چال چلن کی تصدیق

ڈائرکٹر جنرل پولیس نے ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے کہ خانگی ملازم رکھتے وقت انسپکٹر جنرل پولیس کے دفتر سے ان کی تصدیق کرالی جائے۔ انھوں نے کہا اس طرح پولیس کے ساتھ تعاون کرنے سے جرائم کی انسداد میں مدد مل سکتی ہے۔

دہلی کو ایک خوبصورت بین الاقوامی شہر بنانے کی تجویز

امسال کئی سال کے بعد دہلی میونسپل کمیٹی کا بجٹ متوازن ہوگا

دہلی ۸ مارچ ۔ کئی سال کے بعد امسال دہلی میونسپل کمیٹی کا بجٹ متوازن ہوگا یہ انکشاف دہلی میونسپل کمیٹی کے سکرٹری مسٹر [illegible] نے کل شام ایک پریس کانفرنس میں کیا ہے کہ

دہلی بین الاقوامی شہرت حاصل کر رہا ہے۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ ایک خوبصورت شہر بنایا جائے جس پر ہندوستان فخر کر سکے۔ اس کی ترقی کے لئے ہم نے کئی سکیمیں مرتب کی ہیں کمیٹی سے رشوت ستانی کا قلع قمع کرنے کے لئے جو چیکنگ مشنات مقرر کیا گیا تھا اس نے چالیس افسران کمیٹی کے خلاف مقدمات چلائے گئے ہیں۔ ان میں سے ۴۰ افسروں کو موقوف اور بارہ کو معطل اور [illegible] برطرف کئے گئے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں آپ نے بتایا کہ پانی کے محفوظ کرنے کے لئے امریکہ میں مشینوں کے منگانے کا آرڈر دیا گیا تھا لیکن اگلے سال مشینیں آنے کی امید ہے۔ اس سے پانی کے قحط کا اندیشہ دور ہو جائے گا۔ اس وقت ہم انہیں [illegible] پانی تعداد نہ حاصل کر رہے ہیں جب کہ شہر بہت پھیل رہا ہے اس لئے عام چاہیئے کہ لوگ پانی کو احتیاط سے استعمال کریں۔

حقیقت سرحد اسمبلی میں ۵۰ ممبر تھے ان میں سے بارہ غیر مسلم تھے ۱۱ غیر مسلم ہند چلے گئے ہیں اور ایوان کے ارکین کی تعداد ۳۹ رہ گئی ہے۔ لالہ کرم لال جو سرحد اسمبلی کے واحد ہندو ممبر ہیں سرکاری پارٹی کی تائید کرتے ہیں جو سات ارکین برسر اقتدار پارٹی سے علیحدہ ہوئے ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ سردار اسد جان خان، نواب آف ٹانک۔ پیر صاحب زکوڑی شریف۔ سلطان حسن علی خاں آف بوٹی راجہ۔ سردار خان اباب، مسٹر محمد شریف پارلیمنٹری سکریٹری اور میاں شرف شاہ۔ ایوان میں حزب مخالف کی عدم موجودگی اور وزارتی پارٹی کے اپنی تجویزیں واپس لینے سے ۱۹۴۹ء کا بجٹ چند منٹوں میں پاس ہو گیا۔

وزیراعظم کا بیان

وزیراعظم سرحد خان عبدالقیوم خاں نے آج کے واقعات پر ایک بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے افسوس ہے کہ وہ پارٹی جو ایک ہم آہنگی سے کام کر رہی تھی تقسیم ہو گئی۔ اور ایک اقلیت اس سے علیحدہ ہو گئی۔

سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے وزیراعظم نے کہا اس صوبہ میں جاگیرداروں کا ایک گروہ ایسا ہے جو یہ محسوس کرتا ہے کہ کیونکہ انہوں نے پاکستان کے قیام کے لئے تھوڑا بہت کام کیا ہے۔ اس لئے ان کی خدمات کا معاوضہ ملنا چاہیے۔ وہ اس بات کے حامی ہیں کہ کسی قسم کی تبدیلی نہ ہو انہوں نے ارادہ کر لیا ہے کہ غریبوں کا معیار زندگی بلند کرنے اور ہمدردی سے کام کیا جائے گا۔ وہ اس میں رکاوٹ ڈالیں گے۔

حمایت کی قیمت

مسلم لیگ اسمبلی پارٹی اپنے اصولوں کو ترک کر کے ان کی حمایت حاصل کرنا نہیں چاہتی۔ اس نے عوام کی بھلائی کے لئے رفتہ رفتہ بعض اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور اس نے پکا ارادہ کر لیا ہے کہ وہ ان باتوں پر برابر عمل در آمد جاری رکھے گی جن کا عوام مطالبہ کرتے ہیں۔ اصلاح کی ہر کوشش کی اس کو شریعت کے خلاف بتا کر یہ لوگ مخالفت کرتے ہیں۔ ہر تعلیم یافتہ مسلمان جانتا ہے کہ غریبوں کے ساتھ انصاف کرنے کی کوئی کوشش شریعت کے خلاف نہیں ہو سکتی۔ ہم نے پہلے ہی اس بات پر اپنی رضا مندی کا اعلان کر دیا ہے کہ اسمبلی کی منظوری سے قبل ہم اسے پاکستان بھر کے علماء کی جمعیۃ میں منظوری کے لئے پیش کر دیں گے۔ رات گئے مسلم لیگ سے علیحدہ ہونے والے اراکین نے ایک اعلان جاری کیا جس میں کہا گیا ہے کہ انہوں نے اسپیکر کے فیصلہ کو قبول کر لیا ہے اور جمعرات کے اجلاس میں وہ حزب مخالف کی بنچوں پر بیٹھیں گے۔

پنجاب کیلئے نئے لیڈروں کی ضرورت ہے

آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں کا بیان

لاہور ۱۶ مارچ۔ آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر [illegible]

جب ان سے مغربی پنجاب کی سیاسی الجھن کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ یہ بہتر ہوگا کہ نئے انتخابات میں مسلم لیگی لیڈر منتخب ہوں۔ لیکن اس سے قبل صوبائی مسلم لیگ کی تمام پارٹیوں کو اپنے اختلافات دور کر کے ایسی فضا پیدا کرنی چاہیے کہ یہ منتخبہ لیڈر آزادی سے اپنے فرائض انجام دے سکیں نیز انہیں عوام کا تعاون حاصل ہو سکے۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے چودھری خلیق الزماں نے کہا کہ اگر اس صوبے میں انتخابات میں مسلم لیگ کے نمائندے ناکام ہوئے تو پاکستان کی مسلم لیگ میں سخت جمود پیدا ہو جائیگا بہرحال صورت حال کچھ بھی ہو لیکن یہ واقعہ ہے کہ مغربی پنجاب کی لیگ ہی یہاں کی لیڈر شپ سنبھال سکتی ہے باہر سے کسی لیڈر شپ کو عائد نہیں کیا جا سکتا۔

جب سوال کیا گیا کہ کیا نئے لیڈروں کے انتخاب سے مغربی پنجاب کی سیاست کا مسئلہ حل ہو جائے گا تو اس کے جواب میں کہا کہ عوام کا خیال ہے کہ نئے لیڈر کو ہونا چاہیے مسلم لیگ کو عوام کے ان احساسات سے باخبر ہونا ضروری ہے [illegible]

نے کہا کہ میں کہہ چکا ہوں کہ مغربی پنجاب پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ میں لیگ کو مضبوط بنانا چاہتا ہوں کہ ہمارا باہمی انتشار دور ہو جائے اگر صوبائی مسلم لیگ نئے لیڈروں کا انتخاب کریں تو میں ان کا خیر مقدم کروں گا۔ میں بہرصورت ان لیڈروں میں اتفاق رائے ہو یا نہ ہو صوبائی لیگ کونسل کا اجلاس طلب کروں گا۔

جب ان سے پروگرام کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے قوم کے لیڈر کی حیثیت سے جواب دیا کہ پاکستان مسلم لیگ کے اجلاس میں جو پروگرام کے متعلق کچھ بتایا ہے۔ اور کہہ دیا ہے کہ اقتصادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے تاکہ ان کی اقتصادی حالت کو درست کیا جائے خاص طور پر زمین کا معاملہ کرنے کے لئے اس قسم کی تبدیلیوں کی اشد ضرورت ہے کیونکہ میرا یہ یقین ہے کہ پاکستان کے سامنے اس وقت سب سے زیادہ اہم مسئلہ یہی ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ اس قسم کی تبدیلیاں کو دو جہ بہ درجہ ہونا چاہیے۔ مثال کے طور پر سندھ کے کاشتکاروں کو زمین کے حقوق ملنے چاہئیں۔ اسی طرح کے معاملات دوسرے صوبوں میں بھی [illegible]

[illegible] جاگیرداری کی [illegible] اور اس معاملہ کو پاکستان مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کے سپرد کر دیا [illegible]

جب پنجاب میں تمام [illegible] پاکستان میں مغربی پنجاب کی اہمیت بتاتے ہوئے [illegible] انتخابات جلد از جلد ہونے چاہئیں۔ میرے خیال میں انتخابات ۸ یا ۹ ماہ تک ہونے چاہئیں۔

چودھری صاحب نے کہا میں ایک ایسی اسمبلی کی حمایت [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

کمیونزم کی طاقتوں کے خلاف ہندوستان دیوار کی شکل میں کھڑا ہے

ہندوستان سے آئندہ تعلقات کے بارے میں برطانوی لیڈروں کے خیالات

لندن ۱۶ مارچ۔ لندن کے سرکاری حلقوں کی خاموشی کے باوجود یہ کہنا درست ہوگا کہ کامن ویلتھ کے ملکوں کو جو برطانوی خاکہ بھیجے گئے ہیں انہیں علاقہ داری معاہدہ کے تعلق کسی قسم کی ہدایات نہیں دی گئیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ان [illegible] ہے۔ [illegible]

یہ بات واضح طور پر بیان کی جا سکتی ہے کہ برطانوی وزیر اعظم مسٹر ایٹلی اور ان کے ساتھی یہ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان نہ صرف دستور ساز اسمبلی میں ہندوستان کو ری پبلک قرار دینے کا جو ریزولیوشن پاس ہوا ہے اور وہ ہندوستان کے متعلق پوری یقین رکھتے ہیں۔ یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ ہندوستان جمہوری ریاست ہوتے ہوئے بھی دولت مشترکہ کے ساتھ تعلق قائم رکھ سکتا ہے۔ دولت مشترکہ کے وزراء اعظموں کی کانفرنس منعقد کرنے کا خیال جنوب مشرقی ایشیا میں تیزی سے بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر پیدا ہوا ہے۔ اس خطے میں ہندوستان کمیونزم کی طاقتوں کے خلاف دیوار کی شکل میں کھڑا ہے۔ ہندوستان اس سوال کو بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ (اکرم)

امرتلی کے قریب شہاب ثاقب کی ٹکر

زلزلے کیطرح جھٹکے محسوس ہوئے

راجکوٹ ۱۶ مارچ۔ راجکوٹ سے ۱۰۰ میل کے فاصلہ پر امرتلی میں جو ریاست بڑودہ کا ایک حصہ ہے زلزلہ کی طرح چند ہلکے جھٹکے محسوس ہوئے۔ یہ جھٹکے گذشتہ رات آٹھ بجے کے قریب ایک شہاب ثاقب کے ٹکرانے سے پیدا ہوئے تھے۔ ۲۵ میل کے حلقہ میں ایک زور کی آواز بھی سنائی دی۔ کولابہ یونیورسٹی سے کہا گیا ہے کہ یہ ایک شہاب ثاقب ہو سکتا ہے جو امرتلی کے قریب زمین کے پاس سے ٹکرا گیا ہوگا کوئی دو سال قبل دھنوکے مقام پر اسی قسم کا ایک واقعہ پیش آیا تھا۔

شرنارتھیوں کو امداد رک گئی

امرتسر ۱۶ مارچ۔ جب سے مشرقی پنجاب کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ شرنارتھیوں کو اس وقت تک قرض نہ دیا جائے گا جب تک کہ وہ امداد باہمی کی سوسائٹیاں نہ بنائیں۔ اس وقت سے اب تک کوئی قرض نہ مل سکا۔ شرنارتھیوں کے ایک وفد نے حکومت کو بتایا ہے کہ کوئی تجربہ نہ ہونے اور چیزوں پر اعتماد نہ ہونے کے باعث شرنارتھی امداد باہمی کی انجمنیں نہیں بنا سکتے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ افراد کو قرض دینے کا رواج پھر شروع کیا جائے۔

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانے والے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے۔ اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے۔

تفصیلات کے لئے لکھئے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

نمبر ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

کیا آپ کی جلد "خارش پروف" ہے؟

۹۹ فی صدی اصحاب کھانے کی بد عادت میں مبتلا ہیں۔ یہ عادت خراب خون اور عفونت درست جلد کی وجہ سے ہوتی ہے۔

اپنی جلد آپ کے اندرونی اعضا کا لباس ہے۔ کیا لباس کی طرح جلد کو بھی صاف اور بے داغ رکھنا ضروری نہیں ہے

ہمدرد کی صافی خون کو پاک صاف کر کے خارش، پھنسیاں، داد، پھوڑے، مہاسے اور داد وغیرہ جلدی امراض کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

رسالہ جلد اور خون کی دیکھ بھال مفت طلب فرمایئے

صافی سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف

ہمدرد دواخانہ [illegible]

یونین ہوٹل

دہلی کا سفر کرو

بلیماران دہلی میں قیام کرو۔ جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے

صداقت کا امتحان کیجئے

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۸ مارچ ۱۹۴۹ء

نازک خیالیاں!

پنڈت جواہر لال نہرو میں ایک بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ ہر معاملہ میں گاندھی جی کی ہدایات کو ملحوظ رکھتے ہیں اور سچی بات کہنے میں کسی کی پروا نہیں کرتے، دراصل بڑوں کی بڑائی کا راز ہی یہ ہے کہ وہ زمانہ سازی پر سچائی کو مقدم رکھتے ہیں، اور سچائی کی اہمیت کے سامنے کسی چیز کی اہمیت محسوس نہیں کرتے، کچھ دن ہوئے کہ زبان کے بارے میں آپ نے اپنے مفصل خیالات ظاہر کئے تھے اور راہ وہی اختیار کی تھی جسے گاندھی جی نے پسند فرمایا تھا، اور جس پر وہ خود آخر تک گامزن رہے، پنڈت نہرو نے اپنے مضمون میں دو باتوں کی وضاحت فرمائی تھی ایک یہ کہ ہندوستان کی قومی زبان کا نام ہندوستانی ہونا چاہیئے، دوم یہ کہ دیوناگری کے بعد اردو رسم الخط کو بھی ملک میں جگہ ملنی چاہیئے، یہ دونوں باتیں وہی ہیں جنہیں شہید وطن مہاتما گاندھی ہمارے ذہنوں میں بٹھاتے رہے اور انہیں قبول کرنے کے لئے ملک کو تیار کرتے رہے، ہندوستانی زبان سے ان کی مراد ایک ایسی زبان سے تھی جو سہل اور عام فہم ہو اور جس میں سنسکرت اور عربی فارسی کے ثقیل اور علمی الفاظ۔۔۔ استعمال نہ کئے گئے ہوں، اور جس کا رسم الخط دیوناگری اور فارسی ہو، گویا آپ کا مقصد ہندی اور اردو کا ملاپ تھا، آسان زبان جو شمالی ہند میں ہندو مسلمانوں کی عام زبان ہے اور رسم الخط ناگری اور اردو، کیونکہ جس طرح ہندی ہندوستانیوں کی زبان ہے اسی طرح اردو بھی ہندو مسلمانوں کی مشترک زبان ہے، ان دونوں کے ملاپ سے اتحاد کی جو شکل بنتی ہے اسے آپ نے ہندوستانی زبان کا نام دیا جس میں دیوناگری اور اردو دونوں رسم الخط بھی شامل ہیں، پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے مضمون میں ان ہی خیالات کی تجدید اور حمایت کی تھی اور اسی مقصد کے لئے آپ نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا تھا۔

ہمیں یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ سی پی کے وزیر اعظم پنڈت روی شنکر شکلا کو پنڈت جواہر لال نہرو کے یہ خیالات پسند نہ آئے، چنانچہ آپ نے ان کے خلاف ایک طویل مضمون لکھا ہے، مگر شاید وہ بھول گئے کہ وہ پنڈت نہرو کو نہیں بلکہ مہاتما گاندھی کو جواب دے رہے ہیں، اور وزیر اعظم ہند کو نہیں بلکہ گاندھی جی کو غلط اندیشی، اور انتہا پسند اور قومیت متحدہ کا منافی قرار دے رہے ہیں! شکلا صاحب نے اس بات کو ثابت کرنے کے لئے بڑا زور لگایا ہے کہ ہندوستانی کوئی زبان نہیں اور معلومات کا یہ حال ہے کہ [illegible] اس کی نفی میں [illegible] رہے ہیں حالانکہ وہ [illegible] بھی دے سکتے تھے، اگر ہندوستانی کوئی زبان نہیں تو سمجھ میں نہیں آتا کہ ان دونوں نے اپنے بے پناہ علم [illegible] یہ لوگ چاہتے تو بڑی آسانی سے گاندھی جی کو زبان کی اس گمراہی سے بچا سکتے تھے، مگر جب گاندھی جی ہمارے درمیان نہ رہے تو آج ملک کو یاد کرایا جا رہا ہے کہ ہندوستانی کوئی زبان نہیں! مطلب یہ کہ گاندھی جی ہندوستانی زبان کی حمایت کر کے پوری قوم اور ملک کو گمراہ کرتے رہے، ہمیں چاہیئے کہ گاندھی جی کے نقش قدم پر چلیں اور آپ کی شاہراہوں پر قدم ماریں لیکن۔۔۔ ہندوستانی زبان کے وجود کو کبھی تسلیم نہ کریں اور اس بارے میں نہ گاندھی جی کی پروا کریں نہ پنڈت نہرو، راجگوپال آچاریہ، مسز نائیڈو، سیتا رامیہ اور دوسرے بزرگوں کی، کیونکہ مخالفت کرنے کا یہی وقت ہے اور یہی علم کی سب سے بڑی خدمت کہ ہندوستانی کوئی زبان نہیں۔

[illegible] حمایت، اردو رسم الخط کی مخالفت بڑی سختی کے ساتھ کی ہے، آپ کا ارشاد ہے کہ اردو رسم الخط کی حمایت کے معنی یہ ہیں کہ ہم چور دروازے سے دو قومی نظریہ کو داخل ہونے کی اجازت دیں اور قومیت متحدہ کی بنیادوں کو ڈائنامیٹ لگائیں! کہاں رسم الخط اور کہاں دو قومی نظریہ! افسوس ہے کہ اس بارے میں آکسفورڈ ڈکشنری بھی شکلا صاحب کا ساتھ نہیں دے سکتی یہ تو ایسی ہی بات ہوئی کہ دیوناگری رسم الخط سے نسل پرستی اور چھوت چھات نکلی ہے، اگر چھوت چھات اور نسلی امتیازات کو ختم کرنا ہے تو دیوناگری رسم الخط کو ہرگز قبول نہ کرنا چاہیئے!

حیرت کی بات ہے کہ لاکھوں ہندو بے شمار قوم پرور مسلمان سیکڑوں لیڈر اور اخبار نویس جو اردو رسم الخط کو استعمال کرتے ہیں سب کے سب دو قومی نظریہ کے حامی قرار پائے، ہندوؤں کے اردو اخبارات بھی اس الزام سے نہ بچے، گاندھی جی دونوں رسم الخط کے حامی تھے لہٰذا وہ بھی دو قومی نظریہ کے حامی ٹھہرے! مولانا ابوالکلام آزاد جو اردو زبان کے امام اور سلطان ہیں وہ بھی گویا اردو رسم الخط کے پردہ میں ٹو نیشن تھیوری کو فروغ دیتے رہے حالانکہ جہاں تک دو قومی نظریہ کا تعلق ہے اس کا براہ راست تعلق ذات پات اور چھوت چھات سے ہے، نسل پرستی اور چھوت چھات کی گود میں دو قومی نظریہ نے پرورش پائی، مگر اس کا الزام اردو رسم خط [illegible] پنجاب کے ایک کمہار اور بھنگی سے اپنے آپ کو دور سمجھتا ہے، بنگال کا برہمن پنجابی برہمن سے زیادہ قریب ہے، پردیس کے بھنگی اور نائی سے اسکا کوئی رشتہ نہیں، جب آپس میں یہ حال ہے تو مسلمانوں کا تو ذکر ہی کیا!

پنڈت شکلا لسانیات کی پوری طاقت کے ساتھ ارشاد فرماتے ہیں کہ

> در ہم فرقہ واریت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ایک قومی زبان اور ایک قومی رسم خط کی بنیادوں پر ایک مضبوط قوم کی تعمیر کریں، ہندوستان میں دو قومی زبانوں کے لئے دو رسم خط تسلیم کرنا رجعت پسندی ہے، ہم اردو کی جگہ صرف دیوناگری رسم خط کو ہندوستان کا قومی رسم خط بنانا چاہتے ہیں۔

ہمیں اس تنگ نظری اور عدم رواداری سے گھبرانا نہیں چاہیئے، یہ نظریہ بہت جلد دور ہونے والا ہے۔ [illegible] بین الاقوامی نقطہ نظر کی تشکیل کے بعد خود ایک ایسی صورت حال پیدا ہو جائے گی جو زیادہ فیاضانہ اور رواداری ہوگی اور دنیا کے تجربات ہمیں خود سیدھی راہ پر لگا دیں گے۔

پنڈت شکلا اور ان کے ہم خیالوں کو ابھی ہمسر ممالک سے بہت کچھ سیکھنا ہے، سوئٹزرلینڈ کی مثال ہمارے سامنے ہے جہاں کی آبادی کل ۴۵ لاکھ افراد پر مشتمل ہے، وہاں جرمنی زبان بولنے والوں کی تعداد ۷۳ فیصدی، فرانسیسی بولنے والوں کی تعداد ۲۱ فیصدی، اطالین بولنے والوں کی تعداد پانچ فیصدی اور رومانش بولنے والوں کی تعداد ایک فیصدی ہے، یہ چاروں زبانیں سوئٹزرلینڈ کی قومی زبانیں اور رومانش کو چھوڑ کر تینوں زبانیں سرکاری زبانیں ہیں، نیشنل کونسل اور کونسل آف اسٹیٹ میں ہر شخص ان زبانوں میں سے کسی ایک زبان کو استعمال کر سکتا ہے۔ سپریم کورٹ میں ہر باشندے کو حق ہے کہ وہ ان زبانوں میں سے جس زبان کو چاہے۔۔۔ استعمال کرے [illegible] زبانوں کو استعمال کیا جاتا ہے اور اقلیتوں کی زبانوں کا یہاں تک خیال رکھا گیا ہے کہ ان سب کے لیے ریڈیو وقف کر دیئے گئے ہیں، تین ریڈیو اسٹیشنوں پر جرمنی زبان میں، دو اسٹیشنوں پر فرانسیسی زبان میں اور ایک اسٹیشن پر اطالین زبان میں خبریں اور تمام پروگرام نشر ہوتے ہیں حد یہ کہ جو پہاڑی لوگ رومانش بولتے ہیں اور جن کی تعداد ایک فیصدی ہے ان کے لئے بھی ریڈیو اسٹیشنوں پر نشر و اشاعت کا علیحدہ پروگرام مقرر ہے، لیکن سی پی کے ذمہ دار وزیر اعظم مسٹر شکلا کی قوت شامہ اس بلا کی تیز ہے کہ انہیں اردو رسم خط میں فرقہ پرستی کی بو آتی ہے اور وہ دو قومی زبانیں اور دو رسم خطوں کو رجعت پسندی قرار دے رہے ہیں، اسی لئے ہم نے کہا کہ ابھی ہمیں دنیا سے بہت کچھ سیکھنا ہے خصوصاً ایک ایسے ملک کو جو نسل پرستی چھوت چھات اور ذات پات کے لئے شہرۂ آفاق ہے اور جس کی ڈکشنری میں رواداری، انصاف اور مسالمت کے الفاظ حال ہی میں داخل ہوئے ہیں کیا مسٹر شکلا جارج تھرک کے اس مضمون کو جو سوئزرلینڈ کی زبانوں پر شائع ہوا ہے غور سے ملاحظہ کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں گے؟

برما کی تقسیم

آخر کار حکومت برما کو تسلیم کرنا پڑا کہ ایک علیحدہ کیرن اسٹیٹ قائم [illegible] کا احترام کیا جائے [illegible] پالیسی یہاں بھی ہر رہے کار آئی۔ آج دنیا وحدت سے کثرت کی طرف جا رہی ہے، ادھر جہاں دیکھو تقسیم ہی تقسیم ہے، ہندوستان تقسیم ہوا، فلسطین کے ٹکڑے ہوئے، مصر اور سوڈان کا حشر بھی یہی ہونے والا ہے، کشمیر کی زبان سے بھی کچھ ایسا ہی سننے میں آ رہا ہے۔ کیرن قبیلہ اگرچہ کمیونسٹ نہیں ہے لیکن اسے کمیونسٹوں کی حمایت ضرور حاصل ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ تقسیم بے سود رہے گی اور کمیونسٹ ہی کو برما کا فیصلہ کریں گے، اس کے بعد چین سے رشتہ قائم ہو کر ہندوستان کو بھی اپنا نشانہ بنایا جائے گا۔ شاید دنیا وحدت سے گھبرا گئی ہے اور ضرورت ہے کہ تقسیم کا تجربہ بھی کر لیا جائے!

سرخ پوشوں کی گرفتاری

صوبہ سرحد میں ضلع ہزارہ کے بہت سے سرخ پوش اور خدائی خدمتگار گرفتار کرلئے گئے۔ یہ کہا گیا ہے کہ سرخ پوش حکومت ہند کو اطلاعات بہم پہنچاتے ہیں اور وہاں سے ان کے لئے روپیہ آتا ہے اور سازش یہ ہے کہ وزیر اعظم صوبہ سرحد کو قتل کر دیا جائے! الزام بہت سخت ہے، آخر بہتان کی بھی ایک حد ہونی چاہیئے، حکومت سرحد کا فرض ہے کہ وہ اپنے دعویٰ کو دلائل سے ثابت کرے اور اس کے لئے ناقابل تردید ثبوت بہم پہنچائے کسی جماعت اور کسی حکومت پر سازش کا الزام لگانا اور اقدام قتل جیسے سنگین جرم کو اس کی طرف منسوب کرنا بچوں کا کھیل نہیں ہے اب جانتے ہیں کہ خدائی خدمتگار وہ جماعت ہے جس نے خدمت خلق کو اپنا نصب العین قرار دے رکھا ہے کبھی اس جماعت کا ارتکاب نہیں کر سکتے کہ وہ حکومت ہند سے روپیہ لیں اور وزیر اعظم کو قتل کرنے کی اسکیم بنائیں، اگر خدائی خدمتگاروں پر یہ الزام لگایا جا سکتا ہے تو صاف ظاہر ہے کہ سرحد میں کسی شریف انسان کی عزت محفوظ نہیں رہ سکتی! خان عبدالقیوم خاں جو اپنی وزارت کو برقرار رکھنے کے لئے آئے دن کھیل کھیلتے رہتے ہیں، خدائی خدمتگاروں کے لئے وبال جان بنے ہوئے ہیں۔ خان بابا اور ان کے تمام ساتھیوں کو جیل میں بند کر کے اب یہ نیا الزام تراشا گیا ہے کہ وہ قتل کی سازش کر رہے ہیں۔ خان عبدالقیوم خان کو اگر اپنی وزارت قائم رکھنی ہے تو اس کے اور بھی طریقے ہو سکتے ہیں۔ یہ کیا ضروری ہے کہ خدائی خدمتگاروں کو پردہ بنایا جائے اور ان سے اپنی وزارت کی قیمت وصول کی جائے!

اچھی باتیں

ولما رأ المؤمنون۔ تا۔ تسلیما (پ ۲۱)

جب مومنوں نے مخالف جتھوں کو دیکھا تو بولے کہ خدا نے ہم سے یہی وعدہ کیا تھا اور خدا کے وعدے سچے ہیں اور ان میں اس نازک وقت میں بھی تسلیم و رضا اور ایمان کا نور چمک اٹھا۔

یہاں یہ بات بتائی گئی ہے کہ مومن سخت سے سخت موقع پر بھی بے قابو نہیں ہوتا، اور دشمنوں کی فوج کو دیکھ کر نہیں گھبراتا بلکہ کہتا ہے کہ خدا نے تو ہم سے ایسے ہی وعدے کئے ہیں اور یہ فرمایا ہے کہ تمہیں سخت سے سخت موقع پر آزمایا جائے گا، بجائے اسکے کہ مومن گلہ شکوہ پر اتر آئے اس کا ایمان و ایقان اور مضبوط ہو جاتا ہے اور وہ مصیبتوں کو دیکھ کر فوراً سمجھ لیتا ہے کہ یہ ہمارے لئے ابتلا ہے اور اس ابتلا کی خبر پہلے ہی دیدی گئی ہے، گویا ایمان سان پر چڑھ کر اور زیادہ چمک اٹھتا ہے اور مومن گھبرانے کے بجائے اطمینان اور سکون محسوس کرتا ہے، وہ ایمان ہی کیا جو خود غرض ہو اور جو بیٹھے کو تڑپ کرنے اور کر دے کو ٹھوک دے۔

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

ایک معاصر نے اس بات پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ پنجاب اسمبلی (مشرقی پنجاب) میں ممبروں نے بجٹ سیشن میں زیادہ تقریریں نہیں کیں اور صرف دس ممبروں کی تقریروں کے بعد اجلاس ختم ہو گیا۔۔۔ حالانکہ مرکزی اسمبلی میں پنجاب سے آنے والے ممبروں کی حالت یہ ہے کہ وہ اگرچہ لالہ لاجپت رائے (آنجہانی) نہیں بن سکتے لیکن ہر مسئلہ پر کچھ نہ کچھ رائے کا اظہار ضرور کر دیتے ہیں۔

مثلاً مسٹر بھوپندر سنگھ ان سگریٹ یا تمباکو نوشی کے نقصانات بتانے کے لئے کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے، یہی حال گیانی گرمکھ سنگھ مسافر کا بھی ہے کہ اردو، ہندی اور پنجابی کے کمپیچر کے ساتھ وہ ایوان کے اندر اچھی خاصی دلچسپی پیدا کر دیتے ہیں۔۔۔ اور ہریانے کے چودھری رنبیر سنگھ کی حالت کو یہ ہے کہ وہ ہر وقت گویا بولنے کے لئے تیار بیٹھے رہتے ہیں۔۔۔ ایک سے زیادہ بار ایوان کو یہ معلوم ہو چکا ہے کہ انہیں گیہوں چنے کے بھاؤ ایسے از بر ہیں جیسے کسی کو شاہنامہ یاد ہو۔

اور پھر اسمبلی کے ممبروں کو بھی چھوڑیئے پنجاب کے سب ہی لوگ قوت گویائی میں مشہور ہیں۔ اور قوت گویائی ہی میں کیا بس یوں کہیئے وہ سب ہی معاملات میں مشہور ہیں۔ حد یہ کہ اگرچہ انگریزوں نے اپنے ڈیرے سب سے پہلے مدراس اور بنگال میں ڈالے لیکن ان کی "تہذیب" کا سب سے زیادہ فائدہ پنجاب ہی کے لوگوں نے اٹھایا حال ہی میں جب ہندو کوڈ بل پیش ہوا تو پنڈت ٹھاکر داس یہاں تک کہہ گئے کہ اس بل سے پنجاب کے لوگوں کی مترقی پر اثر پڑے گا۔۔۔ گویا ہندو عورت کو جتنے حقوق ہندو کوڈ بل کے تحت دئے جانے تجویز کئے گئے ہیں اس سے زیادہ پنجاب کی خواتین کو پہلے ہی حق ملے ہوئے ہیں۔

ان سب "ترقیوں" کے وجود پنجاب اسمبلی کے ممبروں کا تقریروں میں "شرافت" نہ کرنا یقیناً تعجب انگیز ہے۔ اور اسی لئے معاصر کے تعجب پر ہمیں کوئی تعجب نہیں۔ لیکن اسد میں تعجب نہ کیجئے۔ مشرقی پنجاب میں آج کل وزارت کی چلتی چل رہی ہے۔ معلوم ہوتا ہے سب ممبروں کی نظریں ادھر ہی جمی ہوئی ہیں۔ اب ان کی جانیں بلا۔۔۔ کہ بجٹ سے کسی کو نقصان پہونچتا ہے یا فائدہ انھیں تو وزارت چاہئے۔

مغربی پنجاب میں جب وزارت ٹوٹی اور دفعہ ۹۲ نے جنم لیا ہمارا ماتھا اسی وقت ٹھنکا تھا۔۔۔ جو مغربی پنجاب میں ہو مشرقی پنجاب میں نہ ہو حیرت انگیز بات ہے۔۔۔ گاڑی چلی مگر چلتے چلتے رہ گئی اور معاملہ بس اس حد تک رہ سکا کہ بلی ۹۲ صرف اپنی شکل دکھا کے غائب ہو گئیں۔۔۔ اب وہ دن ہے آج کا دن کہ ان سرنو تشکیل وزارت کی باتیں چل رہی ہیں۔ اور ڈاکٹر بھارگو صاحب اپنے جوڑ توڑ کے نئے دلائل دیتے ہیں۔۔۔ چلئے کچھ نہ کچھ تو مغربی پنجاب کی پیروی ہونی چاہئے آخر مشرقی پنجاب کے لوگ مغربی پنجاب والوں سے کسی کام میں پیچھے تھوڑا ہی ہیں۔۔۔ دیکھیں کہ کس کروٹ اونٹ بیٹھتا ہے۔۔۔ اور سچ جی اس اونٹ پر بیٹھتے ہیں یا نہیں۔

برما

کہ ہندوستان میں جو آزادی کی تحریک زور پکڑ رہی تھی اس کو برما سے الگ رکھا جائے۔ چنانچہ برطانوی سامراج نے یوں تو اُسے الگ کر دیا مگر معاشی نقطۂ نگاہ سے وہ ہندوستان کے ریزرو بنک سے بندھا رہا اور ۱۹۳۷ء کی اسکیم کا اسے کوئی فائدہ نہ ہوا۔

جب دوسری جنگ عظیم چھڑی تو برما خطرہ میں گھر گیا اور اس وقت ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۰ء کو برما کی [illegible] [illegible] جنرل آنگ سان کے زیر قیادت برما کے نوجوان جمع ہونے لگے۔ اس تحریک کا نام مخالف سامراجی عوامی آزادی کی تحریک تھا۔ جنرل آنگ سان اس تحریک کے روح رواں تھے جب برما پر جاپان کا قبضہ ہو گیا۔ اس وقت یہ تحریک موجود تھی اور اس نے برما کو بہت سے خطروں سے بچایا تھا جب تک جاپانی تھے اس وقت تک اس تحریک میں کوئی بھی دراڑ نہیں تھی، اس لئے کہ جاپان کی مخالفت کی حد تک سب متفق تھے مگر جاپان کے نکل جانے کے بعد مستقبل کے پروگرام پر اتحاد نہیں تھے کوئی روس کے نمونہ پر ایک سوویٹ قائم کرنا چاہتا تھا کوئی برطانیہ کے ساتھ تعاون کرنا چاہتا تھا اس کی وجہ سے جھگڑے شروع ہو گئے اور سب سے پہلے ۱۹۴۶ء میں کمیونسٹ اس مورچہ سے نکال دئے گئے ان کا مخالف فاسسٹ تحریک کے رہنماؤں سے برابر اختلاف رہا کیونکہ اس کے رہنما برطانیہ کے ساتھ سمجھوتے پر اعتماد رکھتے ہیں اس لئے جو اندرونی اختلافات تھے وہ منظر عام پر آ گئے۔ جنرل آنگ سان کے برطانیہ کی ٹیالی ہوئی جنرل اسمبلی کا رکن بنا قبول کر لیا۔ جنرل آنگ سان نے دوسری تنظیموں کی جانب سے پیش ہونے والی [illegible] کو مسترد کر دی تھی۔ اس وقت ایسی حالت پیدا ہو گئی کہ کمیونسٹوں کو اس مورچہ سے نکال دیا جائے [illegible] برما کی آزادی کی ایک اہم تاریخ تھی کہ برطانیہ نے

برما ایک زرعی ملک ہے، چاول یہاں کی سب سے بڑی پیداوار ہے اور یہاں کے باشندوں کی خاص غذا ہے۔ دو تہائی زمین میں چاول ہوتا ہے۔ برما میں تیل بھی خوب نکلتا ہے [illegible] برما ایک بہت بڑی طاقت بن سکتا ہے۔ یہاں کوئلہ اور چاندی کی کانیں بھی ہیں۔ [illegible] برما پر حکومت کرتا رہا۔ مگر اس [illegible] برما کی پہلی لڑائی کے بعد برطانیہ نے ارکان اور تناسرم سال ۱۸۲۶ء برما کی دوسری بڑی جنگ کے بعد پیگو پر قبضہ کر لیا۔ اسی طرح نصف برما ان کے قبضے میں آ گیا۔ جس وقت ۱۸۸۵ء میں ہندوستان میں کانگریس قائم ہو رہی تھی۔ اس وقت برما کی تیسری جنگ چھڑی اور پورا برما ان کے قبضہ میں آ گیا۔ انگریزوں نے راجہ تھاوی کو گدی سے اتار دیا۔

۱۹۳۷ء میں برما کو ہندوستان سے الگ کر دیا گیا۔ اس وقت یہ دلیل پیش کی گئی کہ برما ایک الگ ملک ہے لہٰذا الگ ہونا چاہیئے۔ مگر اس اقدام کا اصلی مقصد یہ تھا

[illegible] کیا [illegible] ان کی دونوں کی جماعت کے ساتھ تعاون [illegible] کرنا چاہتے ہیں [illegible]

[illegible] سب سے پہلے [illegible] کیرن قبیلے کے پاس کتنے ہتھیار بند لوگ تھے۔ برما میں لال جھنڈے والے کرانتی دل ہیں ان کے پاس تقریباً چار ہزار مسلح فوج ہے۔ سفید جھنڈے والے کمیونسٹوں کے پاس ۵ ہزار مسلح فوج ہے۔ ایک اور تحریک پیپلز والنٹیر آرگنائزیشن ہے۔ اس کے پاس تین ہزار فوج تھی مگر اس کے بعد ان کی تعداد میں اور اضافہ ہوا ہے۔ سیاسی پارٹیوں کی بات ہوئی۔ کئی مذہبی تحریکیں اور ان کی اپنی فوجیں بھی ہیں کیرن نامی قبیلے کے پاس پانچ ہزار مسلح فوج ہے۔ اس وقت کیرن اور برمیوں کے مابین لڑائی جاری ہے جس کے بارے میں کیرن کہتا ہے [illegible]

[illegible] جون ۱۹۴۷ء میں برطانیہ برما کی جانب سے بھیجا ہوا ایک نمائندہ وفد پہنچا اور برطانیہ نے اس کا اچھا استقبال کیا اس وقت تک برما برطانیہ کے تحت تھا اور برما میں سر ہیوبرٹ رینس گورنر بنے ہوئے تھے مگر پھر جنرل آنگ سان کے بغیر ایک قدم بھی نہیں چل سکتے تھے وہ ایک برائے نام گورنر تھے۔ ابھی تھاکن نو کی قیادت میں یہ وفد لندن سے واپس آیا تھا کہ اور وہ اپنی رپورٹ بھی نہیں دے پایا تھا کہ ۱۹ جولائی ۱۹۴۷ء کو آنگ سان اور ان کے چھ اور ساتھی کونسل چیمبر کے اندر مار دیئے گئے۔ یو سا کے زیر قیادت یہ سازش ہوئی تھی۔ بعد میں بڑی مشکل سے یو سا گرفتار ہوا۔ اس کی گرفتاری کے وقت سخت لڑائی ہوئی دونوں طرف سے بہت سی مشین گنیں چلیں۔ بعد میں ان لوگوں کو پھانسی کی سزا دی گئی۔

(باقی صفحہ ۴ پر)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتبر اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

بدایوں میں فساد کس طرح ہوا

مولانا شاہد فاخری کی رپورٹ

بریلی ۱۵ مارچ۔ بریلی جمعیۃ علماء صوبہ کی کمیٹی نے مولانا شاہد فاخری صاحب قائم مقام صدر جمعیۃ صوبہ اور مولانا علی علی فاروقی کو بدایوں کے فسادات کے سلسلہ میں تحقیقات کرنے کیلئے متعین کیا۔ مولانا شاہد فاخری مولانا علی کے ساتھ ۹ مارچ کو [redacted] جمعیۃ بدایوں کے مکان پر مسلمانان بدایوں کے مختلف طبقہ کے لوگوں سے ملاقات کی۔ بیانات لئے نیز بعض موقع فساد کا معائنہ کیا۔ مختصر واقعہ یہ ہے کہ ۲۶ فروری کو ۳ بجے سہ پہر کے وقت ایک ہندو دکاندار اور مسلم خریدار سے چھ پیسے کے لئے تکرار ہوگئی جس میں ایک لاٹھی چلی خریدار بھاگ کر جانے لگا کہ راستے میں [illegible] نے اسے پکڑ لیا۔ مجمع ہوگیا۔ مسلمان بہت پیٹا گیا ایک دوسرے مسلمان نے معزز بن کر بچانے کی کوشش کی وہ بھی زخمی ہوا۔ اور اس کے بعد [illegible] نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا پانچ مسلمان زخمی ہوئے تین دوکانیں جلیں کئی زخمی ہوئے [illegible] پولیس نے ایک گھنٹہ کے اندر قابو پالیا فساد رک گیا مگر مسلمانوں میں بہت خوف و ہراس طاری ہے۔ [illegible] کے خلاف ہندو مسلم سنجیدہ طبقہ میں سخت نفرت پھیل گئی ہے سنجیدہ اور امن پسند باشندگان شہر نقل مکانی کے خواہش مند ہیں اور ایک بڑے طبقہ میں امید کی جاتی ہے کہ [illegible] کو سخت سزائیں دی جائیں گی [illegible] پر تعزیری ٹیکس لگایا جائیگا مگر اس سلسلہ میں یوپی گورنمنٹ نے کوئی خاص کارروائی نہیں کی ہے۔ مولانا صاحب ۲۰ مارچ تک اپنی تحقیقاتی رپورٹ صدر جمعیۃ صوبہ کے روبرو پیش کردیں گے۔

تعزیتی جلسے

سہارنپور میں جمعیۃ علماء شہر سہارنپور کا ایک جلسہ زیر صدارت حاجی محمد یسین صاحب منعقد ہوا جس میں سید نانیکے دادا ڈاکٹر سید حسین اور حکیم محمد یعقوب گنگوہی کی وفات پر تعزیتی قرارداد منظور کی گئیں۔

اسی قسم کے جلسے جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر۔ اجمیر شریف۔ پونچھ ضلع مظفر نگر اور جمعیۃ علماء حلقہ [illegible] کی جانب سے منعقد ہوئے جن میں اسی قسم کی قرار دادیں پاس ہوئیں۔

اجین میں جلسہ صدر صوبہ مالوہ کی تقریر

[illegible]

نائب صدر جمعیۃ علماء راجستان کا بیان

[illegible]

دارالافتاء کا باقاعدہ افتتاح دفتر جمعیۃ میں عنقریب جناب مولانا مولوی حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی۔ صدر جمعیۃ علماء راجستان کی دہلی سے واپسی پر عمل میں آجائیگا مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ براہ راست استفتا جمعیۃ علماء ٹونک کے دفتر میں ناظم اعلیٰ مولوی سید قاضی الاسلام صاحب کے پاس بھیجتے رہیں ان کو فوراً جوابات دیئے جاتے رہیں گے۔

جمعیۃ علماء مدن پور (ضلع دیوریا) کا جدید انتخاب [redacted] باتفاق آراء منتخب ہوئے۔ صدر مولوی الطاف حسین صاحب۔ نائب صدر شیخ سردار صاحب۔ ناظم حافظ زین العابدین صاحب۔ نائب ناظم شیخ معین اللہ صاحب۔ خزانچی شیخ نوازش علی صاحب۔ مجلس انتظامیہ کے لئے شیخ ابوبکر صاحب۔ شیخ امیر حمزہ صاحب۔ شیخ بدر تقی صاحب۔ منشی نظام الدین صاحب۔ حافظ عبدالرحیم صاحب۔ شیخ رمضان صاحب۔ شیخ حبیب اللہ صاحب۔ منشی محمد تقی خاں صاحب۔ مولوی سید اقبال احمد صاحب۔ حافظ ظہیر احمد صاحب جلیل میاں۔ حکیم احمد صاحب انصاری۔ اسرار احمد شفیق صاحب منتخب کئے گئے۔

ہندوستانی مڈل اسکول کے امتحان

اعلیٰ ریاضی کے پرچے سے طلباء کی مایوسی

مراد آباد [illegible] ہندوستانی مڈل اسکول کے امتحان [illegible] ہوا ہے۔ اس میں اعلیٰ ریاضی کا پرچہ بہت مشکل آیا ہے۔ خصوصاً الجبرے کے سوالات تو کورس سے باہر تھے اساتذہ کا کہنا ہے کہ گذشتہ دس سالوں میں کبھی اتنا مشکل پرچہ نہیں آیا اور پرچہ بناتے وقت طلباء کی استعداد کا قطعی خیال نہیں رکھا گیا۔

حضرت شیخ مظفر نگر تشریف لیجائینگے

مظفر نگر [illegible] مدرسہ قاسم العلوم کا سالانہ جلسہ ۱۹-۲۰ مارچ کو ہو رہا ہے شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی اس جلسہ میں تشریف لا رہے ہیں۔

دولت مشترکہ کے ممالک کی کانفرنس

وائٹ ہال کی پراسرار خاموشی

لندن ۱۵ مارچ۔ [illegible] کانفرنس کی تجویز پر وائٹ ہال کی [illegible]

[illegible]

جاسوسی کے الزام میں گرفتار

[illegible]

اٹلانٹک پیکٹ پر دلی کمیونسٹوں کا احتجاج

[illegible]

بحرالکاہل کا دفاعی پیکٹ

آسٹریلیا کے اخبار کے تاثرات

لندن ۱۶ مارچ۔ ایوننگ نیوز کا نامہ نگار مقیم برن سے رقمطراز ہے کہ کھلی آسٹریلیا بحرالکاہل کی دفاع کے سلسلہ میں معاہدہ کا میاب ہے اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ چونکہ ہندوستان قطعی طور پر آزاد ہوا چاہتا ہے اس لئے وہ اٹلانٹک کی لائنوں پر بحرالکاہل کی دفاع کے سلسلہ میں معاہدہ چاہتا ہے اس نامہ نگار نے مزید لکھا کہ پیکٹ صرف ان ممالک کا بھی نہیں ہوگا جو انگریزی زبان بولتے ہیں بلکہ اس پیکٹ میں دوسری زبانیں بولنے والے ممالک بھی اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ (گلوب)

میری بیوی چرالی گئی

اقوام متحدہ سے حبشی کی فریاد

لیک سکسس ۱۶ مارچ۔ اتحادی قوموں کی کمیٹی کی دستاویز [redacted] بھی داخل ہوگیا۔ کونسل سے مغربی افریقہ کے ایک شخص کی شکایت شائع کی ہے کہ دوسری جنگ عظیم کے دوران میں جب وہ آزاد فرانسیسی دستوں کے ساتھ لڑ رہا تھا۔ ایک فرانسیسی نے اس کی بیوی چرالی اس کے پاس وکیلوں کو دینے کے لئے رقم نہیں ہے۔ اس لئے وہ اب اتحادی قوموں کے پاس فریاد لے کر آیا ہے۔

انسان دوستی کی علمبردار کی بے وقت موت

[illegible] کی وفات پر اسمبلی کا اظہار تعزیت

[illegible]

زاہدان میں سفارتخانے کا قیام

کراچی ۱۶ مارچ۔ زاہدان ایران میں پاکستان کے سفارت خانے کا قیام عمل میں آیا۔ [illegible]

برما

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible]

آئس لینڈ امریکہ کو فوجی اڈے نہیں دیگا

واشنگٹن ۱۴ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈنمارک اور آئس لینڈ کی حکومتوں کو اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط کرنے کی دعوت دی گئی ہے اور آئرلینڈ کے لئے بھی اس پیکٹ میں شامل ہونے کے لئے راستہ کھلا ہے۔

آئس لینڈ کا وزیر خارجہ امریکی وزیر خارجہ کے ساتھ بات کرنے کے لئے یہاں پہنچ گیا ہے۔ اس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکومت آئس لینڈ زمانہ امن میں امریکہ کو فوجی اڈے نہیں دے گی۔ اٹلانٹک پیکٹ میں ڈنمارک کی شمولیت سے گرین لینڈ میں امریکی ہوائی اڈوں کا مسئلہ حل ہو جائیگا۔ آئس لینڈ میں فوجی اڈوں کے ساتھ ہی ان ہوائی اڈوں کو اٹلانٹک کی حفاظت کے لئے ضروری خیال کیا جاتا ہے۔ (گلوب)

مسلم لیگ میں اقلیتوں کو نمائندگی دیجائے

[redacted]

لاہور ۱۵ مارچ۔ مغربی پنجاب [illegible] کے صدر نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ میں اقلیتوں کو کسی نہ کسی قسم کی نمائندگی ضرور ملنی چاہئے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ کی مختلف کونسلوں میں اقلیتوں کے نمائندوں کو نامزد کیا جائے تاکہ لیگ اقلیتوں کے نقطہ نظر سے واقف رہے۔

سوئزرلینڈ اور ہندوستان

تجارتی گفت و شنید شروع ہوگئی

[illegible]

گورکھپور کے قریب ریل کا حادثہ

۲۲ زخمی اور دو ہلاک

گورکھپور ۱۶ مارچ۔ [illegible] کے قریب ریل کا حادثہ ہوا [illegible] ۲۲ مسافر زخمی ہوئے [illegible]

بادشاہ خان اور خدائی خدمتگاروں کیساتھ غیر جمہوری سلوک پر احتجاج

پٹھانوں کی قابل فخر خدمات کا اعتراف سوشلسٹ پارٹی آف انڈیا کی اہم قرارداد

پٹنہ ۱۶ مارچ

حال ہی میں پٹنہ میں ہندوستان کی سوشلسٹ پارٹی کا ساتواں اجلاس منعقد ہوا تھا جس میں بہت سے اہم رزولیوشن پاس کئے گئے تھے ایک رزولیوشن خدائی خدمتگاروں کے بارے میں بھی تھا۔ اور اس میں حکومت پاکستان کے خلاف خدائی خدمتگاروں سے برتاؤ پر احتجاج کیا ہے۔ رزولیوشن درج ذیل ہے۔

ہند اور پاکستان کے تعلقات کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشلسٹ کانفرنس حکومت پاکستان کی خدائی خدمتگاروں کو دبانے والی پالیسی کے خلاف احتجاج کرتی ہے۔ کانفرنس دستاویز میں [illegible] امن اور عدم تشدد کے حامی اور مجسم [illegible] ہے گناہ ہلاک ہونے پر اظہار افسوس کرتی ہے اور مجروحین کے پسماندگان سے دلی ہمدردی رکھتی ہے۔

یہ کانفرنس افسوس کے ساتھ محسوس کرتی ہے کہ سینکڑوں خدائی خدمتگار جنہوں نے استقلال وطن کے لئے جدوجہد کی جیلوں میں سڑ رہے ہیں اور اس برتاؤ کے خلاف پر زور احتجاج کرتی ہے جو ان کے لیڈر ڈاکٹر خان صاحب اور خان عبدالغفار خاں بھی شامل ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو بہترین انسان کی حیثیت سے پیش کیا اور اپنی زندگیوں کو آزادی۔ جمہوریت اور انسانوں کی ترقی کے لئے وقف کیا۔

خان عبدالغفار خاں سے جو عدم تشدد کے علمبردار اور انسانیت کے دوست ہیں زیادہ موزوں کوئی شخص ہند اور پاکستان کے لوگوں کے دوستانہ تعلقات کو مضبوط کرنے کے لئے نہیں ہو سکتا۔ اس بات کی صدق دل سے امید کی جاتی ہے کہ حکومت پاکستان خدائی خدمتگاروں کے جمہوری حقوق کا خیال کرے گی اور ایسے لوگوں کو رہا کر دے گی جو قید میں یا نظربند ہیں۔ یہ کانفرنس صوبہ سرحد کے پٹھانوں کو یقین دلاتی ہے کہ ہندوستان کے لوگ جنگ آزادی میں خان [illegible] کی مدبرانہ قیادت کو [illegible] کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔

گاندھی میموریل فنڈ کے لئے

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی اپیل

بمبئی ۱۵ مارچ۔ دستور ساز اسمبلی کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ گاندھی نیشنل میموریل فنڈ میں دل کھول کر جلد چندہ دیں۔ [illegible]

[illegible]

جاپان میں دوبارہ ہوائی سروس

حکومت آسٹریلیا مخالف ہے

کینبرا ۱۵ مارچ۔ دولت مشترکہ کی حکومت کے ایک ترجمان نے کہا کہ حکومت آسٹریلیا جاپانی ہوائی کمپنی کے دوبارہ قیام کی سخت مخالفت کرے گی [illegible] کہا گیا تھا کہ امریکہ شاید جاپان کو ہوائی سروس شروع کرنے کی اجازت دیدے۔ انہوں نے کہا کہ جرمنی نے جمہوریت کو نقصان ہوائی بازی کے ذریعہ پہنچایا ہے۔

برطانیہ کو ۹ کروڑ ڈالر کی امداد

واشنگٹن ۱۵ مارچ۔ امریکی سینیٹ کی خارجی تعلقات کی کمیٹی نے ۱۹۴۹-۵۰ء کے لئے برطانیہ کو مارشل پلان امداد کے ماتحت ۹ کروڑ ڈالر دینا منظور کر لیا ہے۔

برطانیہ کے سب سے بڑے خریدار

لندن [illegible] ہندوستان اور پاکستان نے سب سے زیادہ [illegible]

سہارنپور کی خبریں

(۱۳ مارچ بذریعہ ڈاک)

ڈاکٹر راجندر پرشاد مہاتما گاندھی فنڈ کے سلسلہ میں ۱۷ اپریل کو سہارنپور تشریف لا رہے ہیں آپ کے خیر مقدم کے لئے کانگریس کی طرف سے زبردست تیاریاں ہو رہی ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کل میونسپل بورڈ کا بجٹ اجلاس ہونے والا تھا۔ خواجہ اطہر حسین صدر ستی کانگریس کے اعتراضات موصول ہونے پر بورڈ میں زبردست ہلچل پیدا ہوگئی اور اجلاس بجٹ کی کارروائی کے ملتوی کر دیا گیا۔ لیکن بورڈ کے اس طرح اجلاس ختم کرنے پر طرح طرح کی چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔

[illegible] کے قریب ایک بڑھیا ریلوے لائن کو عبور کر رہی تھی کہ وہ ٹرین کے نیچے آ کر بری طرح کٹ گئی۔

ضلع کانگریس کے ممبران نے پچھلے دنوں ناسو [illegible] کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پاس کرنے کا نوٹس دیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] اجلاس بلانے کو تیار نظر نہیں آتے۔ چنانچہ آج ضلع کے نوٹس دینے والے ممبران کی ایک خاص میٹنگ ہوئی جس میں ماسٹر [illegible] کی صدارت سے برطرف کرنے کے متعلق خود میٹنگ کی تاریخ مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

درگاہ اجمیر کمیٹی کا سوال نامہ

دہلی ۱۵ مارچ۔ ایک ماہنامہ رسالہ آستانہ کے دفتر میں محمد حسن صاحب فاروقی مدیر آستانہ کی صدارت میں ایک اجتماع ہوا جس میں درگاہ خواجہ اجمیر شریف کی تحقیقاتی کمیٹی کے سوال نامہ پر غور کیا گیا اور ایک قرارداد کے ذریعہ [illegible] قدیم غریب نواز کے حقوق اور قدیم مراسم کے خلاف ہونے پر [illegible] گیا۔ نیز تحقیقاتی کمیٹی درگاہ خواجہ صاحب کے چیئرمین صاحب سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ اس پر نظر ثانی کریں۔

پرمٹوں کی میعاد میں توسیع

کراچی ۱۶ مارچ۔ حکومت پاکستان کا ایک کمیونک مظہر ہے کہ اس سال جنوری اور فروری میں ہندوستان کو سیمنٹ بھیجنے کے جو پرمٹ جاری کئے گئے تھے ان کی میعاد ۱۵ اپریل تک بڑھا دی گئی ہے۔

جودھپور میں پاکستانی افسر کی آمد

کراچی ۱۶ مارچ۔ حکومت پاکستان کے ایک نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ بعض اخبارات میں جو خبر شائع ہوئی ہے کہ سندھ جودھپور ریلوے کھولنے کی گفت و شنید کے لئے پاکستانی افسر جودھپور پہنچے ہیں۔ وہ غلط ہے اس مقصد کے لئے کوئی پاکستانی افسر جودھپور نہیں گیا۔ [illegible]

ڈاکٹر سیتارام قائداعظم کے مزار پر

کراچی ۱۶ مارچ۔ پاکستان میں ہند کے نئے ہائی کمشنر ڈاکٹر سیتارام قائداعظم کے مزار پر تشریف لے گئے اور انہوں نے پھول چڑھائے۔ [illegible] ذاتی دوست تھے۔ [illegible] ہائی کمشنر [illegible] اور پاکستانی افسر [illegible] تھے۔

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ...... ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/-/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دارالسلطنت

۱۶ فروری

شرمناک حرکتیں

میر مشتاق احمد صاحب سوشلسٹ لیڈر نے کل ہولی کے سلسلہ میں دہلی میں جو شرمناک حرکتیں ہوئیں ان پر سخت تنقید کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے:

"ہولی کا موسمی تہوار دہلی میں دھوم دھام سے منایا گیا۔ ان تہواروں کا اکثر مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ باگ باہمی میل جول محبت اور ملاپ بڑھائیں اور مجموعی حیثیت سے خوشیاں منائیں تاکہ لوگوں میں یکجہتی پیدا ہو۔ آج صبح دس بجے کے قریب مسٹر سی بی گپتا میرے دوست آئے اور انہوں نے چندن اور گلال میرے ماتھے پر لگا کر موسم بہار کی مبارکباد دی۔ میں نے بھی ان کا خیر مقدم کیا۔ لیکن ہمارے ملک میں ایسے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جو ہر چیز کی شکل بگاڑ کر ایسے موقعوں پر بدمزگی پیدا کرتے ہیں جس سے اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ اگر شکل بگاڑنے پر اکتفا کریں تو غنیمت ہے اس میں گراوٹ کی باتوں پر اتر آتے ہیں اور شرمناک حرکتیں کرتے ہیں۔ لوگوں کے گلوں میں جوتوں کے ہار پہنانا، ان کی داڑھیاں نوچنا گلال اور ٹیسو کے پھولوں کی بجائے رنگ اور کیچڑ گھول کر لوگوں پر پھینکنا، جیبوں کی تلاشیاں لے کر ان کے روپے پیسے چھیننا، نہ تو یہ دھرم ہے اور نہ کسی آزاد قوم کی تہذیب اور تمدن۔ یہ تو انتہائی گراوٹ کی باتیں ہیں۔ اس معاملہ میں حکومت کی پالیسی واضح ہے۔ وہ گری ہوئی حرکات کے سخت خلاف ہے لیکن فرض تو ایسے لوگوں کا ہے کہ وہ اپنی ان مجنونانہ حرکتوں پر غور کریں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آزاد ہندوستان کا ایک ایک فرد اس قسم کی ناروا حرکتوں کی مذمت کرے گا۔"

پنڈت نہرو کو میر مشتاق کا تار

ہولی کے دن غنڈہ گردی پر احتجاج

دہلی ۱۱ مارچ۔ سوشلسٹ لیڈر میر مشتاق احمد نے ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو ایک تار بھیجا ہے۔ جس میں ہولی کے دن کی بعض غنڈہ گردی کے واقعات کی طرف توجہ دلائی ہے۔ [illegible] بازار میں سرِ بازار سلمان عورتوں کی [illegible] کیا ان کی توجہ اس کی طرف کرائی گئی ہے۔ [illegible] میر مشتاق احمد

امن اور اتحاد کیلئے جلسہ

پارلیمنٹری بورڈ کے جنرل سکرٹری صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ امن اور اتحاد کے رشتہ کو مضبوط بنانے کے لئے اتوار ۲۰ مارچ کو شام ۵ بجے جمعیۃ علماء ہند کے دفتر جامع مسجد کے بازار میں ایک اہم اور عظیم الشان جلسہ ہوگا اس جلسہ میں مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی و ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو تقریر فرمائیں گے۔ [illegible]

بھوک ہڑتالیوں کی نازک حالت

ان آٹھ شرنارتھیوں میں سے ایک کی حالت نازک بتائی جاتی ہے جنہوں نے دہلی کے گلکس میں بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے ابھی تک شرنارتھیوں کے مطالبات کا جواب نہیں دیا ہے [illegible]

مجلس منتظمہ علاقہ نمبر ۹ کا اہم اجلاس

[illegible] جمعیۃ علماء [illegible] مولانا عتیق الرحمن صاحب [illegible]

کرنل حبیب الرحمن کی طرف سے شکریہ

کرنل حبیب الرحمن صاحب نے ایک بیان میں ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے ان کی [illegible] پر ہمدردی کے پیغامات اور رسائل بھیجے ہیں۔

گاندھی یادگار فنڈ

امرتسر ۱۶ مارچ۔ [illegible]

مغربی پنجاب میں معیاری کپاس کی پیداوار کیلئے سرکاری تدبیر

لاہور ۱۷ مارچ۔ حکومت مغربی پنجاب نے ایک کپاس کنٹرول ایکٹ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو ایک دو روز میں نافذ کر دیا جائے گا۔ اس ایکٹ میں کہا گیا ہے کہ مطلوبہ قسم کی کپاس کی کاشت ان علاقوں میں کی جائے جو اس کے لئے موافق ہیں۔ اور اس کپاس کو عام کپاس سے علیحدہ رکھنے کے لئے [illegible] کی کمیٹیاں بنائی جائیں۔

یہ اقدام مغربی پنجاب کی کپاس کو محفوظ رکھنے کے لئے کیا جا رہا ہے۔ ممالک غیر سے جو مغربی پنجاب کی کپاس کے خاص طور پر خریدار ہیں شکایات آ رہی ہیں کہ مغربی پنجاب کی کپاس کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے۔

حکومت نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ کافی مقدار میں کپاس کا بیج خریدا جائے اور کاشت کرنے والوں کو حکومت احتیاطاً کر کے صحیح بیج فراہم کرے۔ یہ بیج محکمہ زراعت کے غیر سرکاری ایجنٹوں کی معرفت فروخت کیا جائے گا۔ اس قسم کا بیج فروخت کرنے والی ایجنسیاں تمام صوبہ میں پھیلی ہوئی ہیں۔ زمینداروں کو اسی بیج کی کاشت کرنی ہوگی جو وہ سرکاری ایجنسیوں سے خریدیں گے۔ اگر ان کے پاس مجوزہ علاقوں میں کاشت کے لئے مطلوبہ بیج نہ ہو تو وہ زراعت کے افسر سے سرٹیفکیٹ حاصل کرکے اسی کی کاشت کر سکتے ہیں۔

سردار محمد ابراہیم کے استعفیٰ سے

سری نگر میں عدم دلچسپی کا اظہار

لاہور ۱۶ مارچ۔ انگریزی روزنامہ "سول اینڈ ملٹری گزٹ" کا نامہ نگار خصوصی سری نگر سے رقمطراز ہے کہ سردار محمد ابراہیم خان صدر حکومت آزاد کشمیر کے استعفیٰ کی خبر سے یہاں کے سیاسی حلقوں نے کوئی دلچسپی نہیں لی۔ سری نگر میں پہلے ہی سے اطلاعات موصول ہو چکی تھیں کہ "ابراہیم پارٹی" اور "عباس پارٹی" [illegible] کا کھیل ہو رہا ہے اور یہ خبر یقینی خیال کی جا رہی تھی کہ سردار ابراہیم کو چودھری غلام عباس کے راستے سے ہٹنا ہوگا۔ چودھری غلام عباس (صدر مسلم کانفرنس) ابراہیم گروپ کے کام سے غیر مطمئن تھے کشمیر میں عارضی صلح ہو جانے کے بعد اس تبدیلی کا اور بھی امکان نظر آتا تھا، اور سردار ابراہیم کے حالیہ استعفیٰ سے ان خیالات کی تصدیق ہوگئی۔

نامہ نگار مذکور آگے چل کر لکھتا ہے "حالانکہ سری نگر میں بہت کم لوگوں کا یہ خیال ہے کہ آزاد حکومت ایک باقاعدہ حکومت کی طرح ہے اور وہ کشمیر میں پاکستان کے زیر اثر علاقوں میں کام انجام دے رہی ہے۔ لیکن اس خیال کو بھی [illegible] کے نامہ نگار مسٹر بروک نے بے نقاب کر دیا جبکہ انہوں نے کشمیر کے دونوں حصوں کا معائنہ کرنے کے بعد ایک مضمون کے اندر لکھا کہ مظفر آباد میں کوئی شخص سردار ابراہیم کے نام تک سے واقف نہیں۔ لیکن یہاں عام طور پر یہ رائے دی جاتی ہے کہ چودھری عباس کی سرکردگی میں آزاد کشمیر حکومت کی از سر نو تشکیل ہونی چاہئے چودھری غلام عباس کشمیر کی سیاست میں چھائے ہوئے ہیں اور سردار محمد ابراہیم صاحب کی شخصیت تو بالکل اجنبی شمار کی جاتی ہے۔"

رامپور میں یوپی کے وزیروں کی آمد

رامپور ۱۶ مارچ۔ یوپی کے دو وزیر آنریبل حافظ محمد ابراہیم اور آنریبل [illegible] احمد شیروانی دو روز دورہ پر یہاں پہنچے ہیں۔ [illegible] انہوں نے رامپور [illegible] کمپنی کی ورکشاپ کا معائنہ کیا۔ ایک ملاقات میں انہوں نے بتایا کہ یہ ورکشاپ ملک کے اس حصہ میں سب سے زیادہ بڑا ہے اور اس میں ہر قسم کی مشینری بھی موجود ہے۔ انہوں نے مختلف شعبوں اور کارخانوں میں کام ہوتے دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور نواب صاحب رامپور کو ریاست کے صنعتی ترقی پر مبارکباد دی [illegible] میں بھی تشریف لے گئے۔

جلسہ تقسیم اسناد جامعہ اردو

علی گڑھ [illegible] جلسہ تقسیم اسناد جامعہ اردو ۱۳ مارچ کو بصدارت جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خان صاحب شیخ الجامعہ منعقد ہوا۔ [illegible]

[illegible]

اجمیر میں جاگیرداروں کی کانفرنس

اجمیر ۱۵ مارچ۔ سید یوسف علی شاہ کی رہائش گاہ پر نواب محمد عمر خاں جاگیردار [illegible] کی صدارت میں جاگیرداروں کی ایک کانفرنس ہوئی اس کانفرنس میں اجمیر میرواڑہ کے چیف کمشنر کی ایڈوائزری کونسل کی جاگیرداری کو ختم کرنے کی سفارشات پر غور کیا گیا۔

[illegible]

اس بات پر زور دیا گیا کہ حکومت سے جاگیرداری ختم نہ کرنے کے لئے دور دیا جائے۔

چودھری خلیق الزماں کا بیان

بقیہ صفحہ ۳

[illegible] ہند اور پاکستان کے اتحاد کا تذکرہ کرتے ہوئے چودھری صاحب نے کہا کہ حکومت پاکستان اس مقصد کو حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے [illegible] دونوں ملکوں کے درمیان دائمی دوستی نہیں ہو سکتی [illegible]

اٹلانٹک معاہدے پر ۴ اپریل کو واشنگٹن میں دستخط ہوجائیں گے

لندن ۱۶ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ اٹلانٹک معاہدے پر ۴ اپریل کو واشنگٹن میں دستخط ہو جائیں گے۔ [illegible]

اطالیہ میں معاہدہ اوقیانوس کیخلاف مظاہرے

پولیس کی احتیاطی تدابیر

روم ۱۶ مارچ۔ کل رات اطالیہ کے بڑے تجارتی مرکز میلان میں بجز ادتیا [illegible] کے معاہدہ میں اطالیہ کے شامل ہونے کے خلاف مظاہرے کرنیوالوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرلی تھیں۔

ایک دوسرے تجارتی مرکز ٹورن میں ۲۰ ہزار انسانوں نے اس معاہدہ میں اطالیہ کے شامل ہونے کے خلاف مظاہرہ کیا سینیٹ کے ایک کمیونسٹ ممبر نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر بارلیمنٹ کو عوام کی رائے کے سامنے جھکنا پڑے گا۔

نیپلیس میں مظاہرین کی وجہ سے عوام اور پولیس میں تصادم ہو گیا جس میں نیدرہ افراد زخمی ہوئے دو پولیس کانسٹیبل بھی زخمی ہوئے۔ ایک پولیس کانسٹیبل کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا گیا اور ایک پولیس افسر کو زدوکوب کیا گیا آخرکار پولیس نے مجمع پر قابو پالیا اور اسکو منتشر کر دیا متعدد لوگوں کو گرفتار کرلیا گیا۔

پارلیمنٹ میں دوران بحث میں کمیونسٹ ممبروں نے اس معاہدہ پر شدید حملے کئے اور مذمت کی۔

اٹلانٹک پیکٹ کا مسودہ

بلجیم نے منظور کرلیا

لندن ۱۵ مارچ۔ توقع کی جاتی ہے کہ برسلز معاہدہ کے پانچ ملکوں کی مشاورتی کونسل کا دو روزہ اجلاس آج ختم ہو جائے گا۔ جس کے بعد ایک سرکاری اعلان جاری ہونے کی توقع کی جا رہی ہے۔

کانفرنس میں پانچوں ملکوں کے وزرائے خارجہ اور ان کے اقتصادی اور سیاسی مشیروں نے حصہ لیا۔ بیان کیا گیا ہے کہ کانفرنس میں سب سے اہم سوال یہ تھا کہ مجوزہ اٹلانٹک پیکٹ پر اگلے ماہ کے آغاز میں واشنگٹن میں دستخط ہونے والے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی کانفرنس میں کونسل آف یورپ کے مسودہ پر بھی غور کیا گیا۔

ورسلز [illegible] بلجیم نے اٹلانٹک پیکٹ کا مسودہ منظور کرلیا ہے۔ اور وزیر خارجہ اسپاک پیکٹ پر دستخط کرنے کے لئے آئندہ دنوں واشنگٹن جانے والے ہیں۔

کلکتہ میں زمین دوز ریل کی اسکیم

کلکتہ ۱۵ مارچ۔ مغربی بنگال گورنمنٹ ایک تحقیقاتی کمیشن مقرر کر رہی ہے۔ جو کلکتہ شہر میں زمین دوز ریل کی اسکیم پر رپورٹ تیار کرے گی۔ کمیشن میں دو فرانسیسی ماہرین شامل ہوں گے اور وہ اپنا کام شروع کر دیں گے۔ کمیشن زمین کی گہرائی کی تحقیقات کرنے کے علاوہ اسکیم کی لاگت کا تخمینہ لگائے گا۔

لنکا میں ہندوستانیوں کے حقوق شہریت کا معاملہ

کولمبو ۱۵ مارچ۔ لنکا کے وزیر اعظم نے لنکا کے محکمہ امور داخلہ کے ڈائرکٹر کو اختیار دیا ہے کہ وہ لنکا کی شہریت کا حق دینے کا کام شروع کریں جو ہندوستانیوں اور پاکستانیوں کے شہری حقوق کے متعلق پاس کیا ہے۔ [illegible] لنکا میں ہندوستانیوں کے نام رجسٹر کرنے کا کام جلد ہی شروع ہو جائے گا۔

سیلون سول سروس کے ایک اعلیٰ افسر کو اس مقصد کے لئے کمشنر مقرر کیا جائے گا۔ اور اسے یہ اختیارات دیئے جائیں گے جو کسی ڈسٹرکٹ جج کو دیئے جاتے ہیں۔ (گلوب)

ایٹمک قوت سے چلنے والے انجن

[illegible] ۱۵ مارچ۔ [illegible] امریکن طلباء [illegible] ایٹمک قوت سے چلنے والے انجن تیار کرنے [illegible] (گلوب)

لندن اور سنگاپور کے درمیان سلسلہ ٹیلیفون

[illegible] ۱۵ مارچ۔ [illegible] لندن اور سنگاپور کے درمیان ٹیلیفون کا سلسلہ قائم ہو جائے گا۔ (گلوب)

ہریجنوں کیلئے مندر کھول دیا گیا

کولہاپور کے انضمام کے بعد پہلا قدم

[illegible]

جودھپور سندھ ریلوے سروس

بحال کرنے کی کوئی بات چیت نہیں ہوئی

کراچی ۱۵ مارچ۔ پاکستان کے ہائی کمشنر [illegible] اس امر کی تردید کی ہے کہ پاکستان کے سرکاری افسروں کی [illegible] جودھپور سندھ ریلوے سروس کو دوبارہ شروع کرنے کے لئے [illegible]

ہٹلر زندہ ہے

اشتہارات تقسیم کرنیپر ایک عورت گرفتار

ڈسلڈورف ۱۵ مارچ۔ آج یہاں ایک سال عمر سارا [illegible] نامی ایک عورت نے اخباری نمائندوں کو ہٹلر کا سلام کیا اس نے یہ تسلیم کیا کہ اس نے ایسے اشتہارات تقسیم کئے ہیں جن میں یہ درج ہے کہ ہٹلر ابھی زندہ ہے اور پھر وہ زبردست طاقت کے ساتھ نمودار ہوگا۔ یہ عورت برطانیہ کی شہری ہے لیکن فرانس میں پیدا ہوئی تھی۔ اس عورت نے عدالت کو بتایا کہ وہ گذشتہ سال کے آخر میں لندن سے جرمنی واپس گئی تھی اس نے گرفتاری سے پہلے اس نے ہٹلر کے زندہ ہونے کے متعلق ہزاروں اشتہارات تقسیم کئے۔ اس کا کیس اگلے ہفتے برطانوی فوجی عدالت کے سامنے پیش ہوگا۔ سابق نازی خفیہ پولیس کے ایک سپاہی کو [illegible] قید سخت کی سزا دی گئی ہے اس نے بھی گذشتہ ہفتے کے دوران میں اس قسم کے اشتہارات تقسیم کئے تھے۔ [illegible] (گلوب)

روس اور لنکا کے درمیان تجارت

کولمبو ۱۵ مارچ۔ روس لنکا کے ساتھ تجارت کے سلسلہ میں بات چیت کر رہا ہے۔ [illegible] اس کے عوض وہ لنکا کو گندم کھاد اور مشینری سپلائی کرنے کے لئے تیار ہے۔ (گلوب)

فلسطین میں نازک حالات پیدا ہونے کا اندیشہ

لندن ۱۵ مارچ۔ عمان سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ عقبہ کے نواحی علاقے میں حال ہی میں جو واقعات ہوئے ہیں ان کی وجہ سے شدید کشیدگی پیدا ہوگئی ہے۔ ایک نامہ نگار نے بیان کیا ہے کہ فلسطین میں جلدی ہی نازک حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ [illegible]

کے ایلیٹ کے ساحلی علاقے پر یہودیوں کے قبضہ کی تصدیق کرتے ہوئے یہودی اخبارات نے لکھا ہے کہ یہودیوں نے خون بہائے بغیر یہ فتح حاصل کی ہے۔ [illegible]

آسام مسلم لیگ کا سابق صدر گرفتار

مفرت رساں سرگرمیوں کا الزام

شیلانگ ۱۶ مارچ۔ [illegible] آسام مسلم لیگ کے سابق صدر [illegible] گرفتار کر لیا گیا ہے۔ [illegible]

جائدادوں کے تبادلہ یا فروخت کے لئے

بہترین طریقہ یہ ہے کہ دہلی امپروومنٹ ٹرسٹ کے آفیشل سیلنگ ایجنٹ مسٹر یوسف بی۔ اے (جامعی) سے ملئے یا خط و کتابت کیجئے

گھر کا پتہ: شمسی کاٹیج چوڑی والان دہلی

دفتر کا پتہ: ملتانی بلڈنگ قطب روڈ دہلی

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول

اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء کے جہاد آزادی سے لے کر تحریک دارالعلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جد و جہد کی ہے ۱۶۵ عنوانات اور ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد مع خوبصورت گرد پوش تین روپے چار آنے علاوہ محصولڈاک

حصہ دوم

اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اسلامیان ہند کے لئے قیام امن و اتحاد کیلئے انتھک کوششیں کی ہیں ان کا مفصل تذکرہ درج ہے صفحات ۳۷۶ قیمت مجلد مع خوشنما ڈسٹ کور ساڑھے تین روپے آٹھ آنہ علاوہ محصولڈاک

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

ہاپوڑ میں

روزنامہ و ہفت روزہ

الجمعیۃ

عبدالحفیظ احسان صاحب

نیوز ایجنٹ سے خریدیئے

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۱۸ جمادی الاول ۶۸ھ مطابق ۱۹ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۵ | بذریعہ ہوائی ڈاک

وزیر اعظم سرحد کے قتل کی سازش!

حزب مخالف کا ایک ممبر گرفتار

پشاور ۱۷ مارچ۔ وزیر اعظم سرحد کے قتل کی سازش کے سلسلہ میں یہاں سرخ پوش جماعت کے آٹھ ممبر گرفتار کرلئے گئے۔ گرفتار شدگان میں حزب مخالف کا ایک ممبر بھی شامل ہے مزید گرفتاریوں کی توقع ہے۔

برطانیہ اور فرانس کا روس کو نوٹ

لندن ۱۷ مارچ۔ حکومت برطانیہ اور فرانس نے ماسکو کو ایک نوٹ ارسال کیا ہے جس میں حکومت روس سے کہا گیا ہے کہ وہ جرمنی کے روسی علاقہ میں جرمن قیدیوں کے معائنہ کے لئے اقوام متحدہ کے ایک انسپکٹر کو اجازت دے۔ روس پر یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ اس نے ابھی تک ان قیدیوں کو ان کے وطن میں واپس نہیں کیا ہے۔

اقوام متحدہ نے اپنی علیحدہ فوج تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا

مشاہدین اور دوسرے اسٹاف کی حفاظت کا اہم سوال

فلسطین میں مشاہدین کے قتل سے اقوام متحدہ کو ہوش آگیا

امریکہ نے برلن کا مسئلہ حل نہیں ہونے دیا

روس، برطانیہ اور فرانس ایک تجویز پر متفق ہوگئے تھے

ملایا کی حالت ابھی تک نازک ہے

برطانوی دارالعوام میں انکشاف

آسٹریلیا کی دفاعی پوزیشن کے بارے میں اہم اعلان کی توقع

ایوان نمائندگان میں وزیر اعظم کا حزب مخالف کے ڈپٹی لیڈر کو جواب

مجلس تحفظ کے بعض اراکین نے ڈچوں کے ساتھ سازباز کرلی ہے

سابقہ قرارداد کو بیکار کرنے کی کوشش کیجارہی ہے

انڈونیشیا پر یوکرین اور آسٹریلیا کے نمائندوں کی تقریریں

ہڑتال کے خلاف احتیاطی تدابیر جاری رہیں گی

مرکزی حکومت کا فیصلہ۔ صوبائی حکومتوں کو اطلاع

راشٹریہ سیوک سنگھ کی فرقہ واریت سے توبہ؟

اپنا دستور سردار پٹیل کے سامنے پیش کردیا

آسام ریلوے پر حادثہ

(باقی صفحہ ۶ پر)

کمیونسٹوں نے مانڈلے پر مکمل قبضہ کرلیا

حکومت برما کے ایک کمیونکے کا اعلان

وزیر اعظم برما باغیوں سے گفتگو کریں گے

کمیونسٹ حکومت چین کو جلد ہی الٹی میٹم دینے والے ہیں

حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش کا انکشاف

یہودیوں کی طرف سے شرق اردن پر خلاف ورزی کا الزام

شرق اردن کی فوجوں نے آگے بڑھ کر چوکیاں قائم کردی ہیں

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہی ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925 Daily Aljamiat Delhi 18.3.49 PHONE 5855

فوجی سامان کی پیداوار اور فراہمی میں اضافہ کیلئے کانفرنس

لندن میں مغربی یونین کی مجلس مشاورت کا دو روزہ اجلاس

صوبائی اور ماتحت جمعیتوں کے انتخابات سے متعلق نزاعات

مجلس عاملہ کے مقرر کردہ ٹریبونل کے فیصلے

جمعیۃ علماء مراد آباد

لنکا سے ہوائی راستہ

وزیر مواصلات کا بیان

کمیونزم کے خطرہ کے پیش نظر بحرالکاہل کے دفاع کو مستحکم کرو

لارڈ لسٹوویل کا آسٹریلوی کابینہ کو انتباہ

جامعہ کے تعلیمی مرکزوں میں

لیڈی نائی کی تشریف آوری

آسٹریلیا کی بڑھتی ہوئی آبادی

اغوا شدہ بچوں کو فوجی تربیت

بنکاک کی سڑکوں پر پولیس کی ناکہ بندی

کراچی میں بین الملی اطلاعاتی کانفرنس

دہلی سمجھوتہ پر عمل کرنے پر غور

برطانیہ میں کپڑے کا راشن ختم

دارالعلوم میں مسٹر ولسن کا اعلان

شہنشاہ برطانیہ کی صحت

مسٹر بیون کی امریکہ میں آمد

مسروقہ اشیاء برآمد

دہلی میں ہولی

(صفحہ اول سے آگے)

حیدرآباد میں سونے کی کان

ایک کھدائی کا کام شروع ہوجائیگا!

تین گھنٹہ کی بحث

مشرق و مغرب میں شدید اور بنیادی اختلافات ہیں

مجلس اقوام متحدہ میں ان کو دور کرنے کی طاقت ہے موسیو لی کا بیان

سر راما راؤ کا بیان

(صفحہ اول سے آگے)

رقبہ آبادی

اٹلانٹک پیکٹ اور مارشل امداد

کمیونزم

ہندوستان اور امریکہ کے تجارتی تعلقات

کمیونسٹ گرفتار۔ اسلحہ برآمد

پاک ایئر لمیٹڈ
روزمرہ مقررہ سروس
دہلی تا کراچی
لاہور
اوقات
دہلی۔ کراچی
روانگی دہلی ۵-۳۰ بجے شام
آمد کراچی ۹-۴۰ بجے رات
دہلی۔ لاہور
روانگی دہلی ۱۰-۱۲ بجے دوپہر
آمد لاہور ۲-۰ بجے شام
کرایہ جات
دہلی۔ کراچی سنگل ۱۵۰/۰ روپیہ واپسی ۲۸۵/۰ روپے
دہلی۔ لاہور سنگل ۶۶/۰ روپیہ واپسی ۱۲۶/۰ روپے
مزید تفصیلات کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر لکھئے
لوکل ایجنٹس:۔ ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگز۔ کناٹ سرکس
نئی دہلی
ٹیلیفون ۸۳۰۸ ٹیلیگرام ایئر ٹیکسیز

INTERNATIONAL

حاضر مال
انٹرنیشنل ٹرکس بسیں
سول ڈسٹری بیوٹرز
دہلی گیراج لمیٹڈ نیو دہلی

ضرورت استانی
... ایک خوشخط ٹرینڈ، دی تجربہ کار استانی کی ضرورت ہے
... تنخواہ ساٹھ روپے ماہوار
درخواست خود اپنے ہاتھ سے تحریر کرنی ہوگی
... معرفت دی ... کمپنی بازار فتحپوری دہلی

ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت یاد رکھیں
پان کھلاتے وقت
قیمت فی شیشی ۸/ علاوہ محصولڈاک
ڈلٹن کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ سہارنپور یوپی

علاج بچگی و پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر شرما جی بی ڈی دہلی
سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

رجسٹرڈ ڈی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۱۸ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۹ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۵ | بذریعہ ہوائی ڈاک [illegible]

برطانیہ اور فرانس کا روس کو نوٹ

لندن ۱۷ مارچ۔ حکومت برطانیہ اور فرانس نے ماسکو کو ایک نوٹ ارسال کیا ہے جس میں حکومت روس سے کہا گیا ہے کہ وہ جرمنی کے روسی علاقہ میں جرمن قیدیوں کے معائنہ کے لئے اقوام متحدہ کے ایک انسپکٹر کو اجازت دے۔ روس پر یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ اس نے ابھی تک لاکھ قیدیوں کو ان کے وطن میں واپس نہیں کیا ہے۔

وزیر اعظم سرحد کے قتل کی سازش!

حزب مخالف کا ایک ممبر گرفتار

پشاور ۱۷ مارچ۔ وزیر اعظم سرحد کے قتل کی سازش کے سلسلہ میں یہاں سرخپوش جماعت کے آٹھ ممبر گرفتار کر لئے گئے۔ گرفتار شدگان میں حزب مخالف کا ایک ممبر بھی شامل ہے مزید گرفتاریوں کی توقع ہے۔

اقوام متحدہ نے اپنی علیحدہ فوج تیار کرنے کا فیصلہ کر لیا

مشاہدین اور دوسرے اسٹاف کی حفاظت کا اہم سوال

فلسطین میں مشاہدین کے قتل سے اقوام متحدہ کو ہوش آ گیا

امریکہ نے برلن کا مسئلہ حل نہیں ہونے دیا

روس، برطانیہ اور فرانس ایک تجویز پر متفق ہو گئے تھے

آسٹریلیا کی دفاعی پوزیشن کے بارے میں اہم اعلان کی توقع

ایوان نمائندگان میں وزیر اعظم کا حزب مخالف کے ڈپٹی لیڈر کو جواب

ملایا کی حالت ابھی تک نازک ہے

برطانوی دارالعوام میں انکشاف

کمیونسٹوں نے مانڈلے پر مکمل قبضہ کر لیا

حکومت برما کے ایک کمیونک کا اعلان

وزیر اعظم برما باغیوں سے گفتگو کریں گے

کمیونسٹ حکومت چین کو جلد ہی الٹی میٹم دینے والے ہیں

حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش کا انکشاف

مجلس تحفظ کے بعض ارکین نے ڈچوں کے ساتھ ساز باز کر لی ہے

سابقہ قرارداد کو بیکار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

انڈونیشیا پر یوکرین اور آسٹریلیا کے نمائندوں کی تقریریں

ہڑتال کے خلاف احتیاطی تدابیر جاری رہیں گی

مرکزی حکومت کا فیصلہ، صوبائی حکومتوں کو اطلاع

یہودیوں کی طرف سے شرق اردن کے خلاف ورزی کا الزام

شرق اردن کی فوجوں نے آگے بڑھ کر چوکیاں قائم کر دی ہیں

آسام ریلوے پر حادثہ

راشٹریہ سیوک سنگھ کی فرقہ واریت سے توبہ؟

اپنا دستور سردار پٹیل کے سامنے پیش کر دیا

(باقی صفحہ ۶ پر)

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 18.3.49

PHONE 5855

فوجی سامان کی پیداوار اور فراہمی میں اضافہ کیلئے کانفرنس

لندن میں مغربی یونین کی مجلس مشاورت کا دو روزہ اجلاس

صوبائی اور ماتحت جمعیتوں کے انتخابات سے متعلق نزاعات

مجلس عاملہ کے مقرر کردہ ٹریبونل کے فیصلے

جمعیۃ علماء مراد آباد

کمیونزم کے خطرہ کے پیش نظر بحرالکاہل کے دفاع کو مستحکم کرو

لارڈ لسٹوویل کا آسٹریلوی کابینہ کو انتباہ

جامعہ کے تعلیمی مرکزوں میں

لیڈی نائی کی تشریف آوری

لنکا سے ہوائی راستہ

وزیر مواصلات کا بیان

ہیگ

کیپ ٹاؤن

تین گھنٹہ کی بحث

آسٹریلیا کی بڑھتی ہوئی آبادی

شہنشاہ برطانیہ کی صحت

مسٹر بیون کی امریکہ میں آمد

مسروقہ اشیاء برآمد

دہلی میں ہولی

(صفحہ اول سے آگے)

حیدرآباد میں سونے کی کان

ایک کھدائی کا کام شروع ہو جائیگا!

مشرق و مغرب میں شدید اور بنیادی اختلافات ہیں

مجلس اقوام متحدہ میں ان کو دور کرنے کی طاقت ہے موسیو لی کا بیان

(پریس ٹرسٹ) ۱۷ مارچ

مجلس اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل موسیو ٹریگولی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر مشرقی اور مغربی ممالک کی قوموں میں دشمنی اور رنجشیں جاری رہیں تو اس کا نتیجہ ایک ایسی جنگ کی صورت میں رونما ہوگا جو اس تہذیب کو بالکل فنا کے گھاٹ اتار دے گا جو کہ آج ہمارے سامنے موجود ہے۔

سر راما راؤ کا بیان

(صفحہ اول سے آگے)

رقبہ آبادی

اٹلانٹک پیکٹ اور مارشل امداد

ہند اور امریکہ کے تجارتی تعلقات

کمیونزم

اغوا شدہ بچوں کو فوجی تربیت

بنکاک کی سڑکوں پر پولیس کی ناکہ بندی

کراچی میں بین الملی اطلاعاتی کانفرنس

دہلی سمجھوتہ پر عمل کرنے پر غور

کمیونسٹ گرفتار اسلحہ برآمد

برطانیہ میں کپڑے کا راشن ختم

دارالعلوم میں مسٹر ولسن کا اعلان

پاک ایئر لمیٹڈ

روزمرہ مقررہ سروس

دہلی تا کراچی / لاہور

اوقات

دہلی۔کراچی

روانگی دہلی ۳۰-۵ بجے شام

آمد کراچی ۴۰-۹ بجے رات

دہلی۔لاہور

روانگی دہلی ۱۰-۱۲ بجے دوپہر

آمد لاہور ۰۰-۲ بجے شام

کرایہ جات

دہلی۔کراچی سنگل ۱۵۰/۰ روپیہ واپسی ۲۸۵/۰ روپے

دہلی۔لاہور سنگل ۶۶/۰ روپیہ واپسی ۱۲۶/۰ روپے

مزید تفصیلات کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر لکھئے

لوکل ایجنٹس: ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ، کناٹ سرکس

ٹیلیفون ۸۳۰۰۸ نئی دہلی ٹیلیگرام [illegible]



سول ڈسٹری بیوٹر

دہلی گیراج لمیٹڈ نیو دہلی

ضرورت استانی

امینیہ مسلم گرلز اسکول بلیماران دہلی کیلئے ایک تجربہ کار استانی کی ضرورت ہے۔ تنخواہ ساٹھ روپے ماہوار۔ درخواست خود اپنے ہاتھ سے تحریر کر کے بھیجیں۔

ممتاز الدین سکریٹری امینیہ مسلم گرلز اسکول معرفت ولسن کیمیکل کمپنی بازار فتحپوری دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما بجلی روڈ دہلی

سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

ہر دلعزیز پان بہار

پان کھاتے وقت یاد رکھیں اور پان کھلاتے وقت

قیمت فی شیشی علاوہ محصول ڈاک

ولسن کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ سہارنپور یو پی

ہندوستان کی آزادی کے بعد جمعیۃ العلماء ہند کا آئندہ پروگرام کیا ہوگا

مسلمانوں کی تعلیم اور معاشرتی اصلاحوں کا کام

حضرت مولانا آزاد وزیر تعلیم کی تقریر کا بقیہ

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس مشاورت کے اجلاس میں امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیمات نے تقریر فرمائی تھی اس کا کچھ حصہ الجمعیۃ مورخہ ۱۸ مارچ میں دیدیا گیا ہے۔ جس میں آپنے فرمایا تھا کہ ہندوستان کی آزادی کے بعد ہمارا سیاسی رول ختم ہو چکا ہے اب ہمیں زندگی کے دوسرے شعبوں کی ترقی اور اصلاح کی جانب متوجہ ہونا چاہئے۔ آپنے یہ بھی فرمایا تھا کہ حکومت ہند کا مزاج قطعاً جمہوری ہے جس میں ہر مذہب اور ہر فرقہ کے افراد کے لئے بڑھنے، ترقی کرنے اور قومی ذمہ داریاں سنبھالنے کے مساوی مواقع موجود ہیں۔ لیکن ہمیں یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ اب ہندوستان کی سیاست میں فرقہ واریت کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔ فرقہ واریت کے جو خوفناک نتائج ہم دیکھ چکے ہیں ان کے بعد اس عنصر کو قائم نہیں رہنے دیا جا سکتا —— آج حضرت مولانا کی تقریر کا باقی حصہ دیا جا رہا ہے۔

مولانا آزاد نے مزید فرمایا!

تو ان مبادیات کی روشنی میں یہ چیز صاف ہو جاتی ...

... کو محسوس کرے لیکن اس کا سررشتہ کار غیر سرکاری اداروں کے ہاتھ میں ہو۔

... محروم رکھا۔ اور آج پھر ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ مذہبی تعلیم کا رواج ہو۔

چنانچہ انگلستان کی پارلیمنٹ نے ۱۹۴۴ء میں اس کی شدید ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے مذہبی تعلیم کو پھر جاری کرا دیا ہے۔ لیکن وہاں بھی اس کی ذمہ داری حکومت نے نہیں لی، بلکہ چرچ کو سپرد کی گئی ہے اور چرچ نے اسکول جا بجا قائم کئے ہیں۔ سرکاری اسکولوں میں ہفتہ کا ایک دن مذہبیات کے لئے مخصوص ہے۔

میں نے جہاں تک غور کیا ہے ہندوستان کے لئے بھی اس سے بہتر کوئی صورت نہیں کہ حکومت مذہبی تعلیم کی ضرورت ...

جلد ہی ہندوستان کا مالی نقشہ بدل جائیگا آیندہ ماہ سے غلہ سستا ہونے لگیگا

روسی وزارتوں کی جدید تنظیم اور نئے محکموں کا قیام

تین اعلیٰ عہدہ داران کو برطرف بھی کر دیا گیا

لندن ۱۰ مارچ۔ روس کی مختلف وزارتوں اور محکموں میں عظیم الشان تبدیلیوں کی خبر کل ماسکو ریڈیو سے سنائی گئی۔ ریڈیو نے بتایا کہ روس کی مجلس اعلیٰ کے ایک جلسہ میں جس میں ایک ہزار اشخاص نے شرکت کی تھی مختلف وزارتوں کے ادغام اور نئے محکموں کی تشکیل کا فیصلہ کیا۔ یہ مجلس اعلیٰ کا پانچواں سیشن تھا

نئے انتظامات کے تحت وزارت ذخیرہ جات اور اس قسم کی ایک اور وزارت کو ملا کر ایک وزارت بنا دی گئی ہے اس طرح کاغذ سازی اور جنگلات کی وزارتوں کو ملا کر ایک وزارت بنا دی گئی ہے اسی طرح دوسری مختلف وزارتوں کو ملا کر سات مختلف وزارتیں بنائی گئی ہیں۔

... ہے ایک دوسری وزارت بالکل ختم کر دی گئی ہے روس کے نئے وزیروں کے نام اور عہدے یہ ہیں۔

روسی بلاک کو مضبوط کرنیکی تحریک

ماسکو میں کمیونسٹ ممالک کی کانفرنس

لندن ۱۷ مارچ۔ جوں جوں اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط کرنے کی تاریخ نزدیک آرہی ہے۔ ماسکو میں کمیونسٹ لیڈروں کی کانفرنسیں منعقد ہو رہی ہیں افواہ پھیل رہی ہے کہ ماہ فروری کے آخر میں ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس کے بعد مولوٹوف اور دوسرے اصحاب کی تبدیلیوں کا اعلان کیا گیا تھا۔

ان ممالک سے یہاں کمیونسٹ حکومتوں میں جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ان کانفرنسوں میں جو فیصلہ کیا گیا ہے وہ روسی بلاک کو مضبوط بنانے کے متعلق کیا گیا ہے ...

ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ لگانیکی بابت سرکاری پالیسی کا اعلان

پارلیمنٹ نے وزیر مالیات کے مطالبات زر منظور کر لئے

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ ڈاکٹر جان متھائی نے ہند پارلیمنٹ میں بجٹ پر بحث کے دوران میں اپنے مطالبات زر پیش کرتے ہوئے ہند میں غیر ملکی سرمایہ لگائے جانے کی بابت حکومت کی پالیسی کا اعلان کیا۔ انھوں نے کہا اس سیشن کے ختم ہونے سے قبل وزیر اعظم اس بارہ میں ایک بیان دیں گے۔ لیکن اب وہ وقت آگیا ہے کہ پارلیمنٹ کے اراکین اس مسئلہ کی طرف خصوصی توجہ کریں۔ جس کا ملک کی ترقی کے منصوبوں سے گہرا تعلق ہے۔

اب یہ بات ظاہر ہو گئی ہے کہ ہند کو ممالک خارجہ سے قرض لینا ہوگا اور یہ بالکل فطری امر ہے کہ وہ امریکہ سے مشینوں کی خرید کے لئے روپیہ لے۔ ہند کے اسٹرلنگ بیلنس کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا برطانوی حمایت کی درخواست ... تاکہ اسٹرلنگ کی حالت کو بہتر بنایا جا سکے۔ انھوں نے کہا اس وقت ہندوستان کو بہت کم ڈالر ملتے ہیں۔

انھوں نے بتایا بین الاقوامی بنک سے قرضہ لینے پر ...

ڈاکٹر متھائی نے کہا کہ دوسرے ملکوں میں غلے کی پیداوار میں اضافہ ہونے سے غلے کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں خصوصاً امریکہ میں غلے کی قیمت یقینی طور پر کم ہونے والی ہے۔ ...

قیمتوں میں کمی

... مصارف زندگی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ تاہم قیمتوں کو فوراً ...

... آخر میں ڈومینین پارلیمنٹ نے وزارت مالیات کے مطالبات زر منظور کر لئے ... میں حکومت کی پالیسی پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔

اسرائیل نے عراق کے خلاف پروپیگنڈے کی مہم شروع کر دی

معاہدہ کی خلاف ورزی اور یہودی کاشتکاروں کو ستانے کا الزام

بیت المقدس ۱۷ مارچ۔ یہودی کہہ رہے ہیں کہ عراقی فوجیں نابلس کے علاقہ میں اپنی اہم چوکیاں بدوؤں کے سپرد کر رہے ہیں اور انہوں نے اس کے خلاف ثالث ڈاکٹر بنچ کو ایک زبردست پروٹسٹ نوٹ بھیجا ہے۔ یہودیوں کا یہ کہنا ہے کہ عراقی اس لئے یہ کر رہے ہیں تاکہ صلح کی گفت و شنید شروع ہونے سے پہلے عراق کے ہاتھ مضبوط ہو جائیں۔ یہودی ترجمان نے کہا کہ یہ تبادلہ عارضی صلح کے معاہدہ کی خلاف ورزی ہے۔

یہودی ترجمان نے کل ایک بیان میں کہا کہ تاجرہ اور بیت المقدس کے مابین جو علاقہ ہے۔ اس میں عرب یہودی دیہاتیوں کو تنگ کر رہے ہیں۔ اور ان کے مویشی وغیرہ چھین کر لے جاتے ہیں۔ ...

یوگوسلاوی ملیشیا کی ٹریسٹ میں داخل ہونے کیلئے بغاوت

لندن ۱۷ مارچ۔ ٹائمز کا نامہ نگار مقیم ٹریسٹ رقم طراز ہے کہ ...

یہ معلوم ہوا ہے کہ ترتیم میں مقیم یوگوسلاوی ملیشیا نے ٹریسٹ میں داخل ہونے کے لئے بغاوت کر دی ہے۔

سوشلسٹ پارٹی کی مجلس عاملہ کا جلسہ

ناگ پور ۱۷ مارچ۔ آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی کی نئی ایگزیکٹو کا اجلاس ۲۰ مارچ سے ناگپور میں منعقد ہوگا ...

یہودی نجب کے تمام علاقہ پر قبضہ کرنیکی کوشش کریں گے

فلسطین کے حالات پر وزیر اعظم شرق اردن کا بیان

عمان ۱۶ مارچ ...

دولت مشترکہ کے ممالک کی نئی ذمہ داریوں کی تشریح

آسٹریلوی ہائی کمشنر کی اوٹاوا میں تقریر

لندن ۱۷ مارچ۔ اوٹاوا میں مقیم آسٹریلین ہائی کمشنر مسٹر فورڈ نے ایشیاٹک سوسائٹی میں تقریر کرتے ہوئے دولت مشترکہ کے بدلی ہوئی صورت کا ذکر کیا اور کہا کہ جنگ سے قبل برطانیہ کے کندھوں پر بحر الکاہل اور بحرہ ہند میں حفاظت کرنے کا ایک بڑا بوجھ تھا مگر جنگ ختم ہونے کے بعد اس میں تبدیلی پیدا ہو گئی اور آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ جنہوں نے جنگ کے دوران میں ایک نئی طاقت حاصل کر لی تھی ان ذمہ داریوں کو سنبھال لیا۔

جے پور میں ہولی پر فساد

بنارس میں بھی فساد

بنارس ۱۷ مارچ۔ ہولی کے دن رنگ پھینکنے کے سلسلے میں یہاں بعض نہایت معمولی قسم کے جھگڑے ہوئے جن میں پانچ آدمی زخمی ہوئے۔

گوریلا گروہوں کا صفایا

بنکاک میں فائرنگ

سوڈان کا سال نو کا بجٹ

بلغاریہ رومانیہ اور ہنگری پر معاہدات کی خلاف ورزی کا الزام

مسافر گاڑی پٹڑی سے اتر گئی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۹ مارچ ۱۹۴۹ء

جمعیۃ علماء اور مسلمانوں کا مستقبل

ہم جب کبھی جمعیۃ علماء ہند اور اس کے حالیہ موقف پر غور کریں اور اس کے فرائض اور واجبات کا جائزہ لیں تو ہمیں سب سے پہلے دو باتوں پر پوری احتیاط کے ساتھ غور کر لینا چاہئے اگر ہم ان باتوں پر غور نہیں کریں گے اور جمعیۃ علماء کو اس کے ماحول میں سمجھنے کے لئے تیار نہ ہوں گے تو ہم بہت سی غلط فہمیوں اور غلط اندیشیوں کا شکار ہو جائیں گے اور اس طرح ہم جمعیۃ علماء اور ہند یونین دونوں کے ساتھ ناانصافی کے مرتکب ہونگے!

پہلی بات یہ ہے کہ ہماری حکومت غیر مذہبی، غیر فرقہ وار اور جمہوری ہے، جب ہم یہ سمجھ لیں گے کہ ہند یونین کی بنیاد ڈیماکریسی یا جمہوریت ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ ...، ہر قسم کی ... پالیسی ہے، جس میں یہاں کے تمام باشندوں کا درجہ ایک ہے اور تمام طبقے قانون کی نظر میں ایک ہیں گویا حکومت ہند کے نظام میں مذاہب کے خانے موجود نہیں ہیں ہر مذہب اپنی جگہ آزاد ہے مگر حکومت کسی خاص مذہب کی طرفدار اور حامی نہیں ہے، اس کلیہ کا نتیجہ یہ نکلا کہ حکومت کے مناصب تمام لوگوں کے لئے عام ہیں حتی کہ ایک مسلمان، ایک عیسائی، ایک سکھ اپنی قابلیت اور صلاحیت کار کے مطابق ہند یونین کا پریذیڈنٹ بھی بن سکتا ہے اور وہ تمام ذمہ داریاں اس پر ڈالی جا سکتی ہیں جو ہند یونین کے کسی بڑے سے بڑے ہندو پر ڈالی جا سکتی ہیں۔ اس راہ میں مذہب و عقیدہ اور ذات و نسل کا کوئی امتیاز نہیں، ہند یونین کا شہری ہونا شرط ہے، پھر حکومت کا ہر دروازہ اس پر کھلا ہوا ہے۔

حق ہے کہ وہ اپنے مذہب اور تمدن کو فروغ دے اور اسے مذہبی، فکری، نظریاتی اور تمدنی اجزا کو اپنی مرضی کے مطابق تشکیل دے، مسلمان کو اپنے مذہب سے شرمند ہونے کی ضرورت نہیں ہے وہ اپنے مذہب پر اسی طرح فخر کر سکتا ہے جس طرح کسی ہندو اور عیسائی کو اپنے مذہب پر فخر کرنے کا حق حاصل ہے۔

جب آپ یہ بات سمجھ لیں گے کہ ہند یونین غیر مذہبی اور جمہوری ہے، اس میں فرقہ واریت کے لئے کوئی گنجائش نہیں، اس میں ہر طبقہ کو مذہب اور تہذیب کی کامل آزادی حاصل ہے تو اب اس روشنی میں آپ کے لئے جمعیۃ علماء کا سمجھنا آسان ہوگا، جمعیۃ علماء کا اعلان ہے کہ اس کا سیاسیات سے کوئی تعلق نہیں وہ فرقہ وارانہ سیاست سے ہمیشہ الگ رہی ہے اور آیندہ بھی الگ رہے گی، اس کے نزدیک قومی اور جمہوری حکومت میں فرقہ وارانہ سیاست کے کوئی معنے نہیں، انتخاب مشترک ہوگا اور یہ حماقت ہوگی اگر کوئی جماعت اب بھی اپنی ... فرقہ واریت کو قائم رکھے۔

البتہ جمعیۃ کا میدان عمل مذہب، تمدن اور تعلیم ہوگا، وہ مسلمانوں میں مذہبی شعور پیدا کرے گی مسلمانوں کے تمدن، مسلمانوں کے علوم و فنون اور مسلمانوں کی فکری صلاحیتوں کو ترقی دے گی، مسلمانوں کی زندگی میں جو تضاد پیدا ہو گیا ہے اسے دور کرے گی۔

مسلمانوں کی اخلاقی اور روحانی زندگی کو سنوارے گی اور مسلمانوں کو قرآنی مسلمان بنا کر انہیں عملی مسلمان بنائے گی! سیاست کا کاروبار ختم ہوا، غلامی کی گھڑیاں بیت گئیں، آزادی کا آفتاب طلوع ہو گیا، لہٰذا اس کیساتھ ...

اچھی باتیں

واذکرن - تا خبیرا (پ ۲۲ ع ۹)

تمہارے گھروں میں اللہ کی آیات اور حکمت کی جو تلاوت ہوتی ہے اسے یاد کرو بیشک اللہ تعالیٰ لطیف بھی ہے اور خبردار بھی۔

یہاں عورتوں سے خطاب کیا گیا ہے کہ وہ اپنے گھروں کے اندر اللہ کی آیات پر غور کریں اور قرآن کی حکمتوں کو سوچیں۔ کیونکہ قرآن پر جس قدر زیادہ غور ہوگا اسیقدر عمل کو تحریک ہوگی، عورتوں کو خصوصیت کے ساتھ اس لئے مخاطب کیا گیا ہے کہ ان کی گود میں بچوں کو تربیت ملتی ہے اور ان کی نسلیں اسی اسکول میں تعلیم حاصل کرتی ہیں اگر عورتوں میں کتاب الٰہی کا ... عورتوں کی اصلاح ضروری ہے کیونکہ امت کا بننا بگڑنا ان کے ہاتھ میں ہے۔

جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں حضرت مولانا محمد میاں کی تقریر

گلشن ڈابھیل میں مولانا حفظ الرحمان صاحب کی آبیاری کا بہ خلوص اعتراف

ڈابھیل (بذریعہ ڈاک) وفد جمعیۃ علماء ہند زیر قیادت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند احمد آباد و بڑودہ سے فارغ ہو کر ضلع سورت ... لاجپور میں جلسے ہوئے۔ لاجپور کا اجلاس اپنے موثرانہ انداز کا نہایت اہم اجلاس تھا۔ اسکی اہمیت اس سے ظاہر ہے کہ اس سے قبل نواب بیجین کے زمانے میں سیاسی آدمیوں کا داخلہ تک منع تھا۔ لاجپور میں لاؤڈ اسپیکر کا انتظام تھا اطراف و جوانب سے ہزاروں آدمی شریک ہوئے اور نہایت سکون سے دو بجے رات تک جلسے میں شریک رہے۔ صدر اجلاس مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوری استاد جامعہ اسلامیہ ڈابھیل نے اپنی صدارتی تقریر میں اراکین وفد کے تعارف کے بعد جمعیۃ اور اس کے مقاصد کی اہمیت اور علماء ہند کے کارناموں پر رقت انگیز بیان فرمایا بعد میں مولانا محمد میاں صاحب نے سوا گھنٹہ موثر انداز میں تقریر فرمائی۔ آپ کے بعد مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی نے اپنے مخصوص انداز میں جلسے پر تقریر فرمائی۔ آپ کے بعد مفتی گجرات مولانا مہدی حسن صاحب نے مختصر مگر جامع تقریر فرمائی اور جلسہ برخاست ہوا۔

۹ مارچ کی صبح کو لاجپور سے وفد ڈابھیل آیا۔ جامعہ اسلامیہ کے مدرسین طلباء اور قصبہ کے اطراف و جوانب کے مسلمانوں نے نعرہ تکبیر اور جمعیۃ علماء زندہ باد کے نعروں سے شاندار استقبال کیا۔ چونکہ ڈابھیل کے لئے وقت بہت کم تھا اس لئے چائے کے بعد فوراً ہی جامعہ میں اجلاس عام حضرت مولانا مفتی مہدی حسن مفتی گجرات کی صدارت میں شروع ہوا۔ رئیس وفد مولانا محمد میاں صاحب نے عام مسلمانوں اور طلباء کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ آج میں جامعہ اسلامیہ ڈابھیل میں آکر ایک دیرینہ تمنا کو پورا ہوتے دیکھ رہا ہوں۔ مدت سے میرا ذاتی اشتیاق تھا کہ جامعہ کو دیکھوں کیونکہ یہ جامعہ ہندوستان کا ایک اہم جامعہ ہے جسے علماء دیوبند اور میرے اساتذہ نے قائم کیا ہے۔ آج بھی میرے احباب بلکہ میرے بزرگوں میں سے مولانا محمد یوسف صاحب بنوری مدرس و تدریس میں مشغول ہیں میرے رفیق خاص و محترم بزرگ مولانا حفظ الرحمان صاحب مدظلہ العالی نے اس گلشن کی آبیاری میں نمایاں حصہ لیا ہے ...

کہ میں یہاں پر وقت نکال کر کئی دن تک قیام کروں۔

مولانا نے جمعیۃ علماء ہند کی موجودہ پالیسی پر روشنی ڈالی اور وضاحت کے ساتھ انڈین یونین کے مسلمانوں کی موجودہ ملی زندگی اور ان کے مستقبل پر تقریر فرمائی۔ آپ کے بعد مولانا عبدالماجد صاحب دہلوی نے طلباء کو خصوصاً اور عوام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ یہی طلباء ہیں جن کے ہاتھوں میں اسلام کی مسلمانوں کی بلکہ ہندوستان کی باگ ڈور ہے اگر یہی طلباء اپنے ذہنی احساسات کو بلند اور بلند تر رکھیں اور قوم و ملت کی خدمت کا تہیہ کر لیں تو ان کا مستقبل روشن ہے۔ ... مولانا نے فرمایا کہ موجودہ نصاب تعلیم فرسودہ ہو چلا ہے اس میں تبدیلی کی سخت ضرورت ہے ...

جلسے میں شریک ہونے والے مشاہیر گجرات کے اسماء یہ ہیں مولانا محمد علی صاحب ... مولانا احمد ... نائب صدر جمعیۃ علماء بڑودہ ... ناظم جمعیۃ علماء ... قابل ذکر ہیں۔

بھوپال میں بھائی چارہ سوسائٹی کا قیام

... آزادی کے استقلال اور ملک کو مضبوط و خوشحال بنانے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے کہ تمام فرقوں میں باہم اتحاد پیدا کیا جائے ...

قرآن حکیم کا بین الاقوامی اصول

(از ... الدین اصلاحی)

... ان اللہ بالناس لرؤف الرحیم ... یقیناً اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت شفیق نہایت مہربان ہے ...

یا ایہا الذین آمنوا لا یسخر قوم من قوم عسیٰ ان یکونوا خیرا منہم ولا نساء من نساء عسیٰ ان یکن خیرا منہن ولا تلمزوا انفسکم ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم یتب فاولئک ھم الظالمون۔

... ان آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی شخص کے ساتھ بدون افراط و تفریط کے وہ معاملہ کرنا جس کا وہ مستحق ہے عدل و انصاف کی ترازو اسی صحیح اور برابر ہونی چاہئے ...

اخبارات کا فرض

... انٹرڈومینین تعلقات کو خوشگوار بنانے کے لئے اپنے حسن و اخلاق اور معاملہ فہمی کو کام میں لائیں، ہمارے خیال میں دولتین کے تعلقات کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار اور مضبوط ہونا چاہئے اور یہ کام اخبارات ہی انجام دے سکتے ہیں کہ وہ اپنے زاویہ نگاہ کو بدلیں اور عوام کی ذہنیت کو ہموار کریں، اس سلسلہ میں ہم حکومت پاکستان کو لاہور کے اخبار "الاصلاح" ... (انگریزی ایڈیشن) کی طرف توجہ دلائیں گے اس اخبار نے اپنی حالیہ اشاعت میں گاندھی جی اور پنڈت جواہرلال نہرو کی نسبت سخت اور سست الفاظ استعمال کئے ہیں اور مسلمانوں کو مشتعل کرنے کی کوشش کی ہے ہم علامہ مشرقی کے مزاج سے واقف ہیں لیکن حکومت پاکستان کو بھی ایسے اخبارات سے باز پرس کرنی چاہئے تاکہ دولتین کے تعلقات میں تلخی پیدا نہ ہو اور خدا نخواستہ جو فضا پیدا ہوئی ہے وہ خراب ہونے پائے۔ ہندوستان کے مسلمانوں کا بھلا اسی میں ہے کہ پاکستان کے اخبارات خیالات کے اظہار میں محتاط رہیں اور ناگوار تنقید کو خیرباد کہدیں۔

شرمناک

یہ دیکھ کر ہماری گردنیں مارے شرم کے جھک گئیں کہ دہلی میں ہولی کے تہوار پر چند ذلیل عناصر نے بہت ہی جونڈے طریقہ سے اپنی پست کرداری اور غنڈہ گردی کا ثبوت دیا اور دہلی کی شاندار روایات کو اپنے حیوانی جذبہ سے داغ لگایا، غیر مسلموں پر پوری بے باکی سے رنگ چھڑکنا ...

دھماکے سے پھٹ جانے والے ریڈیو

نیویارک ۱۷ مارچ۔ کل نیویارک میں ... امریکی بحری فوج نے عوام کو اس خطرے سے آگاہ کر دیا ہے ... ریڈیو سیٹ خریدے گئے ہیں جو فوجی افسران نے حال ہی میں نیلام کئے ہیں کیونکہ یہ ریڈیو سیٹ دھماکے سے پھٹ جائیں گے جب ان کو چالو کیا جائے گا۔ ...

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر معتمد اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

ضلع نمبر ۹ دہلی کی مجلس عاملہ

مولانا سید فاروق صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۹ نے اپنی مجلس عاملہ کے لئے مندرجہ ذیل حضرات کو نامزد کیا ہے۔ مولانا سید فاروق صاحب۔ مولانا محمد سعید صاحب۔ حکیم ابرار احمد صاحب۔ مولانا عبد اللطیف صاحب۔ حکیم عبد الشکور صاحب۔ ناظر صاحب انصاری۔ مولانا حفیظ الرحمن واصف۔ مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی۔ نیاز علی صاحب ہاشمی سید محمد صاحب جعفری۔ سید ریحان الحسن صاحب

[redacted] اپیل

بہرائچ شہر کی جمعیۃ علماء کے ناظم محمد اسمٰعیل صاحب نے مسلمانان بہرائچ سے اپیل کی ہے۔ اس انقلابی دور میں جمعیۃ علماء کا ایک عظیم الشان تاریخی اجلاس یوپی کے دار السلطنت لکھنؤ میں صوبائی جمعیۃ کی دعوت پر اپریل میں منعقد ہو رہا ہے جس کو کامیاب بنانے کے لئے کارکنان جمعیۃ انتھک کوششوں میں مصروف ہیں اور اب جبکہ جمعیۃ سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر کے صرف مسلمانوں میں مذہبی تعلیمی اقتصادی اور معاشی پروگرام کے لئے جد و جہد کر رہی ہے۔ ضرورت ہے کہ مسلمان جمعیۃ کی دعوت پر لبیک کہہ کر آگے قدم بڑھائیں۔ لہٰذا میں اس اہم ترین دور میں ہندوستانی مسلمانوں سے عموماً اور مسلمانان بہرائچ سے خصوصاً اپیل کروں گا کہ وہ ملت کے مفاد کو پیش نظر رکھ کر لکھنؤ کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے مالی امداد دے کر دلی دوستی اور احساس ملی کا ثبوت دیں۔

ضلع مظفر پور کانفرنس

مجلس عاملہ ضلع جمعیۃ علماء مظفر پور نے ضلع کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کرتے ہوئے تھانہ جمعیۃ علماء پوپری کی دعوت منظور کی اور اس کانفرنس کے سلسلہ میں کارکنان ضلع کا ایک وفد جس میں حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند حضرت مولانا نور اللہ صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء بہار سے ملا اور شرکت کی درخواست کی۔ ناظم اعلیٰ صوبہ بہار [illegible] تاریخ تعین کی استدعا کی گئی۔ ناظم اعلیٰ نے کارکنان ضلع کو کانفرنس کی سرگرمیاں شروع کرنے کی اجازت دیتے ہوئے تاریخ کا تعین صحیح طور پر دہلی سے واپسی پر رکھا۔ کارکنان تھانہ جمعیۃ علماء پوپری نے نہایت سرگرمی کے ساتھ کام شروع کر دیا ہے۔ اس کانفرنس میں جناب حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کے علاوہ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب حضرت مولانا عبد العزیز صاحب بہاری صدر جمعیۃ علماء صوبہ بہار حضرت مولانا ابو المحاسن [illegible] حضرت مولانا احمد [illegible] صاحب [illegible] کی شرکت کی استدعا [redacted] [illegible] صوبہ بہار کی شرکت کی امید کی جا رہی ہے۔

تحصیل پڈرونہ جمعیۃ علماء کی تنظیمی سرگرمیاں

مولانا احسان احمد صاحب کارکن ضلع جمعیۃ علماء دیوریا ایک ہفتہ سے تحصیل کے اطراف میں مسلسل تنظیمی تقریریں فرما رہے ہیں بالخصوص مقامات بھٹولیا۔ خان کا ڈیرہ سکھر نیا۔ جگنیا۔ بھٹیا چاہیں آپ کی تقریروں کا مسلمانوں کی اخلاقی حالت پر بہت اچھا اثر پڑا۔ [illegible] جمعیۃ کا قیام عمل میں آیا حسب ذیل عہدیداران کا انتخاب ہوا۔ مولوی محمد یٰسین صاحب صدر۔ محمد ابراہیم صاحب قریشی نائب صدر۔ محمد ادریس حسن صاحب ناظم۔ [illegible] ماسٹر نائب ناظم ظہیر الحق صاحب نائب ناظم۔ حاجی محمد شبلی صاحب خزانچی۔ [illegible]

[illegible]

کمیونسٹوں اور یہودیوں کے تعلقات خراب ہونے لگے

تل ابیب ۱۶ مارچ ۔ گزشتہ چند دنوں سے یہودیوں اور کمیونسٹوں کے تعلقات خراب ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ کل اسرائیلی وزیر خارجہ کے ترجمان نے ان سات یہودیوں [illegible] جنہیں ملک کے اندر گڑبڑ پھیلانے کے الزام میں [illegible] کی خفیہ پولیس نے گرفتار کیا ہے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] معلوم ہوتی ہے۔

اس ترجمان نے مزید کہا کہ اس الزام کو ثابت کرنے کے لئے رومانیہ کی حکومت کے پاس کوئی شہادت نہیں اور باوجود ان وعدوں کے ان میں سے چار کو ابھی تک رہا نہیں کیا گیا۔ یہودیوں کا [illegible] انجمن کو غیر قانونی قرار دے جانے اور انجمن کے دفاتر اور کلب پر چھاپہ مارنے کے بعد گرفتار کیا گیا ہے۔

پچھلے دنوں میں [illegible] کمیونسٹ حکومتوں میں یہودیوں [illegible] یہودیوں کی اس انجمن کے خلاف [illegible] جاری کی گئی تھی [illegible] سے جو اطلاع موصول ہوئی ہے اس میں یہ درج ہے کہ سات یہودی جو عنقریب فلسطین جانے والے تھے [illegible] [redacted] [illegible] ہوا ہے۔ (اگلوب)

لدھیانہ ہائی کورٹ لیجانے کا مطالبہ

لدھیانہ ۱۶ مارچ ۔ لدھیانہ بار ایسوسی ایشن نے کل ایک قرارداد میں مطالبہ کیا کہ مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کو شملہ سے منتقل کیا جائے جو مرکزی مقام ہے اور جہاں ہر قسم کی سہولتیں میسر ہیں۔

چنگی لگانے پر ستیہ گرہ

پولیس کے فائرنگ سے دس زخمی

بھاگلپور ۱۶ مارچ ۔ ضلع بھاگلپور میں [illegible]

کہا جاتا ہے کہ ایک ہزار ستیہ گرہیوں نے جو [illegible] کے علاقہ کی طرف جا رہے تھے پولیس کا حکم ماننے سے انکار کر دیا۔ اس پر پولیس نے فائرنگ کی جس کے نتیجہ میں دس سے زائد اشخاص زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں ایک کانگریسی بھی شامل ہے۔ دس کانگریسی گرفتار کر لئے گئے۔

معاہدہ اوقیانوس پر ہالینڈ کی منظوری

حکومت ہالینڈ کا سرکاری اعلان

ہیگ ۱۶ مارچ ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ہالینڈ کی حکومت نے معاہدہ اوقیانوس کے مسودہ کو منظور کر لیا ہے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں ہوا ہے کہ ہالینڈ کی طرف سے معاہدہ پر کون دستخط کرے گا۔

اگر انڈونیشیا کی گول میز کانفرنس منعقد ہونے والی ہوئی تو وزیر خارجہ مسٹر اسٹکر معاہدہ پر دستخط کرنے کے لئے واشنگٹن نہیں جا سکیں گے۔

نواب صدر یار جنگ بہادر کا استعفا

علیگڑھ (بذریعہ ڈاک) آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس نے نواب صدر یار جنگ بہادر کے استعفے پر ایک ریزولیوشن ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے پاس کیا ہے۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی مجلس عاملہ کے ارکان کا یہ جلسہ نہایت افسوس کے ساتھ محسوس کرتا ہے کہ نواب صدر یار جنگ بہادر ڈاکٹر حاجی مولانا محمد حبیب الرحمن خاں صاحب شروانی آنریری سکریٹری کانفرنس نے اپنے عہدہ سے جو استعفا دیا ہے۔ وہ بغرض فیصلہ کانفرنس مجلس منتظمہ کے ارکان کی خدمت میں بھیجا جائے۔

مجلس عاملہ کا یہ اجلاس اس امر کا اعتراف کرتا ہے کہ نواب صدر یار جنگ بہادر نے اپنے زمانہ آنریری سکریٹری شپ میں کانفرنس اور علیگڑھ تحریک کی بہت قیمتی خدمات انجام دی ہیں۔ یہ نواب صاحب ہی کی باوقار و ہر دلعزیز [redacted] شہروں اور صوبوں کے دار الحکومتوں میں کانفرنس کے نہایت کامیاب و شاندار اجلاس بار بار منعقد ہوئے اور یہ بھی ممدوح کی شخصیت کا اثر تھا کہ مشاہیر ملک ان اجلاسوں میں شریک ہوتے اور بہت سے ماہرین تعلیم اور آل انڈیا حیثیت رکھنے والے لیڈروں نے ان اجلاسوں کی صدارت قبول فرمائی۔

مندرجہ بالا تجویز میں جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب صدر اجلاس پیش ہو کر بالاتفاق منظور ہوئی۔

مسٹر احمد واحد صاحب خیری رکن مجلس کی تحریک پر یہ بھی قرار پایا کہ جناب نواب صدر یار جنگ [illegible] کی قابل قدر علمی تعلیمی اور قومی خدمات کی یادگار کے طور پر صدر دفتر کانفرنس [illegible]

کسان لیڈر کی تقریر

پٹنہ ۱۶ مارچ ۔ سوامی سہجانند سرسوتی مشہور کسان لیڈر نے بہار کی صوبائی یونائیٹڈ کسان کانگریس میں تقریر کرتے ہوئے کہا ہندوستان نے ابھی پوری آزادی حاصل نہیں کی۔ برسر اقتدار طبقہ صنعتوں کو قومی بنانے کے خلاف ہے اور ان کے بجٹ سے بھی سرمایہ داری کی حمایت ظاہر ہوتی ہے۔

ریل کے دو ڈبے جل گئے

جبل پور ۱۶ مارچ ۔ ڈاؤن گرانڈ ٹرنک ایکسپریس کے دو ڈبوں میں ۱۲ مارچ کو بھوپال اور [illegible] کے درمیان آگ لگ گئی اور گاڑیاں پوری طرح جل گئیں کوئی زخمی نہیں ہوا۔ ایک اور پیغام میں کہا گیا ہے کہ ایک چھکڑا [illegible] ایک بیل [illegible] رانی پور کے درمیان ریل کے نیچے آ گیا۔

لندن ۱۵ مارچ ۔ ڈیلی ٹیلیگراف کے نامہ نگار نے سنٹرل نیشنل آرگنائزیشن آف آرٹ قائم کرنے کے فیصلہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہندوستان میں سب سے پہلے "قومی ناچ" قائم کرنے کی تجویز پیش کی جانی چاہئے

پٹیالہ یونین کی عدالتوں میں گاندھی ٹوپی پر پابندی

پابندی کے خلاف عورتیں ستیہ گرہ کریں گی

پٹیالہ (بذریعہ ڈاک) ۱۳ مارچ ۔ مشرقی پنجاب کی مشہور لیڈی کانگریسی ورکر بی بی امر کور نے پریس کے نام ایک بیان میں پٹیالہ یونین میں عدالتوں میں وکلا و ملازمین کے گاندھی ٹوپی کے پہننے پر عائد شدہ پابندیوں کی مذمت کی ہے اور یونین گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان ہتک آمیز پابندیوں کو فوراً منسوخ کیا جائے کیونکہ عوام کی شہری آزادی کے منافی ہیں۔

آخر میں آپ نے پٹیالہ یونین کی حکومت کو انتباہ کیا ہے کہ اگر یہ پابندیاں دور نہ کی گئیں تو صوبہ کی عورتوں کو سخت قدم اٹھانا پڑے گا جو ستیہ گرہ تک ہو سکتا ہے۔ اور اس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پٹیالہ پر ہوگی۔ (ب۔ ن۔ س)

برنالہ کے ایک گاؤں میں زمینداروں کی فرعون مزاجی

پٹیالہ ۱۴ مارچ (بذریعہ ڈاک) [illegible] ضلع برنالہ کے ہریجنوں کے وفد نے گیانی ذیل سنگھ وزیر مال سے ملاقات کی اور انہیں بتایا کہ گاؤں کے زمینداروں نے ہریجنوں کے مرگھٹ پر جو تین سو سال سے ان کے قبضہ میں تھا جبری قبضہ کر لیا ہے۔ پچھلے ہفتہ گاؤں کے ایک ہریجن کی موت ہو گئی۔ زمینداروں نے اس کی لاش کی مرگھٹ میں آخری رسوم ادا نہ ہونے دیں اور دو دن تک متواتر لاش سڑتی رہی۔ بعد میں پولیس نے شارع عام پر رسوم ادا کرائیں۔ انہوں نے وزیر موصوف سے فوری تحقیقات کا مطالبہ کیا اور کہا کہ ان کے ساتھ انصاف کرایا جائے۔

پٹیالہ یونین کے شرنارتھی کیمپ توڑ دیئے جاویں گے

پٹیالہ (بذریعہ ڈاک) ۱۴ مارچ ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پٹیالہ اس اسکیم پر غور کر رہی ہے کہ شرنارتھی کیمپوں کو توڑ دیا جائے اور دو سو عورتوں، اور یتیم بچوں کے لئے خاص خاص مقامات پر آشرم کھولے جائیں۔ اس مقصد کے لئے سنگرور کے مقام پر ایک آشرم کھول دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ شریمتی رامیشوری نہرو ان آشرموں کی تنظیم میں بیحد دلچسپی لے رہی ہیں۔ (ب ن س)

بلاسپور کانگریس کا مطالبہ

پٹیالہ (بذریعہ ڈاک) ۱۴ مارچ ۔ بلاسپور ریاستی کانگریس کمیٹی کے زیر اہتمام ایک پبلک جلسہ ہوا۔ ڈاکٹر لیفٹیننٹ سنگھ پہار صدر ہماچل پردیش پرادیشک کانگریس کمیٹی نے صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تہذیب، تمدن اور زبان کے لحاظ سے بلاسپور ہماچل پردیش کا ایک حصہ ہے اور اسے اس صوبہ میں ملنا ہی پڑے گا۔ آپ نے ریاستوں کے صوبوں یا یونینوں میں ادغام پر روشنی ڈالی اور کہا کہ بلاسپور کے لوگوں کی خواہشات کو بہت زیادہ دیر تک نہیں ٹالا جا سکے گا۔ (ب۔ ن۔ س)

مراسلات

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

نہ تیل نہ بجلی

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم

آج کل دہلی میں تیل کی جس قدر قلت ہے اتنی شاید کبھی نہ ہوئی تھی۔ پرمٹ سے مٹی کا جو تیل ایک بوتل فی یونٹ کے حساب سے ملتا تھا پہلے تو وہ ایک بوتل سے پون بوتل ہوا اور اب وہ پون بوتل بھی ابھی تک نہیں ملی مگر اس کے باوجود تیل کی چور بازاری جاری ہے اور تیل دس آنے سے لے کر چودہ آنے بوتل کے حساب سے مل رہا ہے۔

تیل کی اس قلت سے ہر طبقہ کے لوگوں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ایک طرف تو تیل ملنا بند ہو گیا دوسری طرف بجلی کی فراہمی کا بھی کوئی معقول انتظام نہیں ہے اور کوئی ممکن صورت نظر نہیں آتی کہ کنکشن مل سکے۔ حکومت کو چاہئے کہ اگر تیل کی فراہمی میں کچھ مشکلات ہیں تو کم از کم بجلی کے کنکشن دینے کا انتظام کیا جائے۔

(اعجاز انصاری ——— دہلی)

غریبوں کی دلی

جناب مکرم سلام مسنون

آزاد ہندوستان کی راجدھانی میں غریبوں کے محلے گلی کوچوں میں صفائی وغیرہ کی جو حالت ہے میونسپلٹی میں رشوت خوری اور میونسپل حکام کی کام سے جو بے اعتنائی آزادی سے پہلے تھی وہ آج بھی ہے بلکہ اس سے کسی قدر زیادہ ہی ہے۔

دہلی دو حصوں میں تقسیم ہے فصیل کے اس پار غریبوں کی دلی ہے اور اس پار امیروں سرمایہ داروں کی دلی ہے۔ غریبوں کی دلی میں گلی کوچوں میں صفائی کی جو حالت ہے۔ اس کا بیان چند سطروں میں ناممکن ہے آٹھ آٹھ روز تک گلیوں سے گندگی اور غلاظت نہیں اٹھائی جاتی۔ میونسپل کمشنر اور ہیلتھ آفیسر تو ان علاقوں کا دورہ نہیں کرتے اور اگر کبھی کرتے ہیں تو پہلے ہی سے اس کی اطلاع کر دی جاتی ہے [illegible]

میونسپلٹی کے تمام محکموں میں کھلم کھلا رشوت خوری ہو رہی ہے [illegible] کوئی سیدھے منہ سے بات نہیں کرتا۔ دکانداروں کی دکان کا ذرا سا تختہ یا کوئی حصہ اگر باہر کو نکلا ہوا مل جاتا ہے تو میونسپلٹی کے حکام ان سے رشوت لے کر [illegible] بنا دیتے ہیں۔

(میر مشتاق احمد ——— دہلی)

کشمیری گیٹ میں راشن دفتر

محترمی تسلیم

ہمارے علاقہ کشمیری گیٹ سرکل [illegible]

[illegible]

وزیر ریلوے سے ملاقات

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ۔۔۔۔۔۔ ۳/-/- روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ۔۔۔۔۔۔ ۲/۸/- روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے۔
منیجر سیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

کشمیر میں شمال کے پہاڑی علاقوں کے مستقبل کا سوال

عارضی صلح کی لائن پر مزید گفتگو عنقریب شروع ہوگی

نئی دہلی ۱۸ مارچ ۔ [illegible] کشمیر میں عارضی صلح کی لائن کے دوسرے حصہ پر عنقریب غور کیا جائے گا۔ [illegible]

[illegible]

مدراس میں مصری جرنلسٹوں کی آمد

ہند اور مصر میں دوستانہ تعلقات پیدا کرنے کا مقصد

مدراس ۱۶ مارچ ۔ مصری جرنلسٹوں کا وفد کل شام کو کلکتہ سے بذریعہ ہوائی جہاز مدراس پہنچ گیا۔ [illegible] ہندوستان آنے کا مقصد ہندوستان اور مصر کے درمیان دوستانہ تعلقات پیدا کرنا ہے۔ [illegible]

[illegible]

پنڈت نہرو کے خریدے ہوئے ٹریکٹر برطانیہ سے بمبئی پہنچ گئے

بمبئی ۱۵ مارچ ۔ [illegible]

[illegible]

سامان کی تلاشی کے واقعات

[illegible]

[illegible] کی اطلاعات کی تردید

[illegible]

دار السلطنت

۱۷ مارچ [illegible]

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ۹ کا اہم اجلاس

الجمعیۃ کی گزشتہ اشاعت میں مجلس منتظمہ علاقہ ۹ دہلی کی مجلس منتظمہ کے اجلاس کا اعلان غلطی سے جمعہ کے متعلق شائع ہو گیا۔ ارکان منتظمہ نوٹ فرما لیں کہ اجلاس اتوار کے دن ۹ بجے منعقد ہوگا جس میں حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب مجلس مشاورت کی روشنی میں ارکان منتظمہ کو آئندہ کے متعلق ہدایات دیں گے۔ اجلاس دفتر [illegible] اردو بازار میں منعقد ہوگا۔

کنگز وے کیمپ میں بھوک ہڑتال

کنگز وے کیمپ میں جو عارضی اسٹاف شرنارتھیوں میں سے ملازم ہے اس میں کچھ اور غالباً ہفتہ سے بھوک ہڑتال کر دیں گے۔

اسٹاف کے [illegible] ممبران کو [illegible] ملازمت ختم ہونے کا نوٹس دیا گیا ہے یہ مطالبہ ہے کہ ان کو اور کسی نوکری میں کھپایا جائے۔ ہفتہ کے روز صرف دو آدمی بھوک ہڑتال کریں گے اور باقی بعد ازاں شامل ہو جائیں گے۔

کیمپ کے آٹھ اور شرنارتھیوں نے جو جمعہ سے [illegible] بھوک ہڑتال [illegible] شروع کر دیا۔

بس میں عورتیں کنڈکٹر

دہلی کی بسوں میں عورتوں کو کنڈکٹر کے کام کی ٹریننگ دی جا رہی ہے ان کے ساتھ مرد کنڈکٹر بھی کام کر رہے ہیں اور جب وہ مہارت حاصل کر لیں گی تو ان کو کنڈکٹر مقرر کر دیا جائے گا۔ مدراس میں عورتوں کو پہلے ہی کنڈکٹر مقرر کیا جا چکا ہے اور وہ اچھا کام کر رہی ہیں دہلی میں یہ عورتیں زیادہ تر پناہ گزین ہوں گی۔

دہلی میونسپلٹی کا اجلاس

کل دہلی میونسپلٹی کے اجلاس میں [illegible]

[illegible]

کانسٹبل کی معطلی

پولیس لائن سے ایک کانسٹبل کی گرفتاری اور معطلی کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ [illegible]

ہمایوں کیمپ میں بھوک ہڑتال

[illegible]

لڑکا کار کے نیچے کچلا گیا

[illegible]

جلانے کی لکڑی کے نرخ

ڈپٹی کمشنر سول سپلائی دہلی نے جلانے کی لکڑی کے مندرجہ ذیل نرخ مقرر کئے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

ہند کی راجدھانی میں ہولی پر چھچھورا پن

مولانا محمد عثمان صاحب جنرل سکریٹری مومن کانفرنس نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے۔

"دہلی ہی کیا ہندوستان بھر میں ہولی کے تہوار پر قدیم زمانے سے خوشی منائی جاتی ہے لیکن اس مرتبہ بعض ہولی منانے والوں کی شان ہی نرالی تھی۔ آزاد ملک کی راجدھانی میں پوری طرح آزادی کا مظاہرہ عمل میں آیا۔ گویا انسانیت شرافت اور اخلاق سے بھی آزادی حاصل کر لی گئی۔ شاہراہ عام پر رنگ برسایا گیا تانگے اور ٹریموں پر رنگ کی بارش کی گئی۔ بازار میں سے کسی شریف آدمی کا گزرنا ممکن نہ رہا۔ جہاں ہمیشہ غیر ہندو پر رنگ کی بوند پڑ جانے کی احتیاط برتی جاتی تھی، وہاں اب مسلمانوں کو زبردستی پکڑ پکڑ کر چہروں اور داڑھیوں میں رنگ بھرا گیا مسلمان برقعہ پوش عورتوں کے زبردستی منہ کھول کر چہرے رنگے گئے۔ یہ تمام [illegible] حوض قاضی کے سامنے چاوڑی بازار میں ہوتا رہا۔ معلوم ہوتا تھا کہ آج شہر پر غنڈوں کا راج ہے جو تہوار کے پردے میں مسلمانوں کے جذبات کو مجروح اور ان کو رسوا کر رہے ہیں

ہم شہریوں کو بھی غور کرنا چاہئے کہ آزادی نے ہم پر بڑی ذمہ داریاں عائد کی ہیں۔ تہوار کی خوشی میں آپے سے باہر ہو جانا اور دوسروں کی توہین و اہانت کرنا ہماری نااہلی، کم ظرفی اور بد اخلاقی گراوٹ کا ثبوت ہے۔ اور ان افعال سے ہم دنیا والوں کی نظروں میں ذلیل اور رسوا ہو جائیں گے۔"

چیف کمشنر کی پریس کانفرنس

دہلی کے چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد نے کل ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ [illegible]

چیف کمشنر نے بتایا کہ [illegible] روپے کو اپریشن سوسائٹیوں کو بطور قرضہ دیا گیا ہے۔ اور انفرادی طور پر [illegible] ۴۵۳۱۲۵ روپے اسکولوں میں ۱۷۶۵۳۵ روپے دیئے جا چکے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

کامرس منسٹری کا ایک ملازم گرفتار

پولیس نے پرسوں رات قطب خیابان کے احاطہ میں چھاپہ مار کر کامرس منسٹری کے [illegible] گرفتار کر لیا۔

[illegible]

کانگریس اسمبلی پارٹی کی میٹنگ

[illegible]

نوزائیدہ بچے کی لاش

[illegible]

چاول پکانے کا طریقہ

محکمہ سول سپلائز نے ایک پریس نوٹ میں سیام کے چاول کو پکانے کے چار ترکیبیں بتائی ہیں۔

پہلا طریقہ: [illegible]

دوسرا طریقہ: [illegible]

تیسرا طریقہ: [illegible]

چوتھا طریقہ: [illegible]

ہند سے تیل اور تلہن کی برآمد کا مسئلہ

نئی دہلی ۱۸ مارچ ۔ ہندوستانی تلہن کمیٹی کا چوتھا سالانہ عام اجلاس اور اس کی مختلف سب کمیٹیوں کے اجلاس ۲۱ مارچ سے ۲۶ مارچ تک نئی دہلی میں منعقد ہوں گے [illegible]

[illegible]

ہندوستانی بینکوں کیلئے مراعات

نئی دہلی ۱۸ مارچ ۔ حکومت ہند نے ایک اعلان جاری کیا ہے۔ جس کی رو سے بینکنگ کمپنیز ایکٹ ۱۹۴۹ء کے قواعد [illegible] سے کچھ مستثنیات کی اجازت دی گئی ہے۔ [illegible]

بڑودہ میں پانی کی قلت

بڑودہ ۱۷ مارچ ۔ پانی کی قلت دور کرنے کے لئے حکومت بڑودہ نے [illegible] کنوؤں کی تعمیر اور [illegible] کی مرمت کا حکم دیا ہے۔ [illegible]

پوسٹ مین کو سزا

[illegible]

حکومت مصر کے بجٹ کے اعداد و شمار

تعلیم اور صحت کے لئے ۱۵ کروڑ روپیہ

قاہرہ ۱۸ مارچ ۔ [illegible]

جٹ قسم کے ہوائی جہازوں میں اضافہ

[illegible]

بازار اور بھاؤ

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

منڈی مارکیٹ دہلی

[illegible]

بمبئی مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ہندی وفد

حکومت ہند کی طرف سے ناموں کا اعلان کر دیا گیا

دہلی ۱۸ مارچ ۔ حکومت ہند کی طرف سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں جو نیویارک میں منعقد ہوگا۔ مندرجہ ذیل افراد کا وفد مقرر کیا گیا ہے۔

نمائندے: مسٹر ایم سی ستیلواڈ (لیڈر) سردار ایچ ایس ملک ہائی کمشنر متعینہ کناڈا۔ مسٹر بی شیوراؤ۔ ایم ایل اے اور [illegible]

متبادل نمائندے: مسٹر آر۔ آر۔ سکسینہ قونصل جنرل متعینہ نیویارک۔ [illegible] سکریٹری وزارت خارجہ۔ یہ وفد کے سکریٹری جنرل بھی ہوں گے۔

افسر رابطہ: واشنگٹن کے ہندوستانی سفارت خانہ کے مسٹر ایم گوپال مینن افسر رابطہ ہوں گے۔

سکریٹری: وزارت خارجہ کے انڈر سکریٹری مسٹر بی۔ این [illegible] وفد کے سکریٹری ہوں گے۔

انبالہ میں سکھوں کی کانفرنس

اتحاد مقاصد پیدا کرنے پر غور

انبالہ ۱۸ مارچ ۔ سکھوں کے سیاسی نقطہ نظر میں اشتراک اور اتحاد مقاصد پیدا کرنے کے لئے مشرقی پنجاب اور ہندوستان کے تمام حصوں کے سکھ اداروں کے صدروں کی ایک اہم کانفرنس انبالہ میں [illegible] اپریل کو ہونے والی ہے۔

اقوام متحدہ میں پاکستان کا وفد

سر ظفر اللہ خاں قیادت کریں گے

کراچی ۱۷ مارچ ۔ سر محمد ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان اپریل کے آخر میں اپنے وفد کے ہمراہ لیک سکسس روانہ ہو جائیں گے جہاں آپ پاکستان کی طرف سے مجلس اقوام متحدہ میں نمائندگی کے فرائض انجام دیں گے۔ کراچی سے روانہ ہونے سے قبل وہ مسٹر لیاقت علی خاں سے بھی ملاقات کریں گے جو اب آسٹریلیا کے دورہ سے واپس آ رہے ہیں۔

لارڈ لسٹوویل کے پروگرام میں تبدیلی

[illegible]

گاندھی فنڈ میں مل مالکوں کا چندہ

کلکتہ ۱۸ مارچ ۔ بنگال میں [illegible] ملوں کے مالکان نے اب تک گاندھی نیشنل میموریل فنڈ میں تقریباً [illegible] لاکھ روپے چندہ دیا ہے۔

بادشاہ اچھے ہو رہے ہیں

لندن ۱۸ مارچ ۔ بکنگھم پیلس کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ آپریشن کے بعد بادشاہ کی حالت برابر بہتر ہو رہی ہے۔ [illegible]

ڈربن کے فسادات کا ہندوستانیوں پر الزام

[illegible]

[illegible] پریس کو آزادی کا یقین دلایا گیا

[illegible]

شمالی کوریا کے وفد کی دعوت

[illegible]

علماء حق
از سید ملت حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول
اس حصہ میں ان تمام علماء اُمت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء کے جہاد آزادی سے لے کر تحریک دار العلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جد و جہد کی یہ حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۳۰۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد مع خوبصورت گرد پوش تین روپے چار آنے۔ علاوہ محصول ڈاک

حصہ دوم
اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لیکر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن و اتحاد کے لئے انتھک کوشش کی ہے ان کا مفصل تذکرہ درج ہے صفحات ۳۷۶ قیمت مجلد مع خوشنما ڈسٹ کور سات روپے آٹھ آنہ۔ علاوہ محصول ڈاک

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
نمبر ۹۷ جنڈ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵
تار کا پتہ، "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار، مورخہ ۱۹ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۰ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۶ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۱ آنے

ہندوستان پاکستان کے درمیان
سفر و مال کی بکنگ کا ذریعہ
گپتا بروز کارپوریشن ہوٹل فتحپوری
چاندنی چوک دہلی

چین کے ایک اور شہر پر حملہ کیلئے کمیونسٹوں کا اجتماع

نان کنگ ۱۸ مارچ (پریس ٹرسٹ) چنگ کیانگ سے جو اطلاعات یہاں موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ نانکنگ سے تیس میل کے فاصلہ پر یا چنگ پر جو دریائے یانگ ٹسی پر واقع ہے حملہ کرنے کے لئے بھیجے جو رہے ہیں۔

کل جب رائیٹر کا ایک نامہ نگار اس شہر میں پہونچا تو اس نے دیکھا کہ کمیونسٹوں اور سرکاری فوجوں کے درمیان جو جھڑپیں پرسوں شروع ہوئی تھیں وہ آج بھی جاری ہیں۔ اور کمیونسٹ فوجیں یا چنگ سے چار میل کے فاصلہ پر ٹانا چنگ میں جمع ہو رہی ہیں۔

فلسطین میں صورت حال نازک ہو گئی برطانیہ نے مزید فوجیں بھیج دیں

عقبہ کے قریب یہودی فوجوں نے اپنے مورچے قایم کر لئے

فلسطین کی جنگ کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی

عام صلح کا کوئی امکان نہیں۔ یہودی فوجی افسر کا بیان

عمان ۱۸ مارچ۔ ایک شخص نے جو کل ہی عقبہ سے یہاں پہونچا ہے یہ بتایا کہ کل صبح سے مزید برطانوی فوجیں شرق اردن کی بندرگاہ پر اتر رہی ہیں۔ یہاں اس اطلاع کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ بغداد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کل کامل شمعون بے نے بتایا کہ عرب ممالک کے صدر مقاموں میں انھوں نے جو گفتگو کی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ فلسطین کی دوسری جنگ جلد شروع ہو جائیگی۔ اور اسے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔

ادھر تل ابیب میں قائم مقام ثالث ڈاکٹر رالف بنچ نے اعلان کیا ہے کہ ان کو اقوام متحدہ کے نمائندہ مقیم تل ابیب نے اطلاع دی ہے کہ عقبہ کے قریب ام الرشرش کے مقام پر اسرائیلی فوجیں متعین کر دی گئی ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اسرائیلی علاقوں میں شرق اردن کی فوجیں موجود نہیں ہیں اور اس علاقہ میں کسی قسم کی لڑائی نہیں ہوئی ہے۔

ڈاکٹر بنچ نے بتایا کہ ان کو عمان سے اطلاع ملی ہے کہ اسرائیلی فوجوں نے بحیرہ مردار کے مغربی ساحل پر اپنی چوکیاں قایم کر لی ہیں۔ ڈاکٹر بنچ نے یہ بھی بتایا کہ انھوں نے اقوام متحدہ کے مشاہدین کو ہدایت کر دی ہے کہ وہ فوراً اس علاقہ میں پہنچ جائیں اور تحقیقات کے بعد حالات سے اطلاع دیں۔

کرنے پر جو بات چیت جاری تھی وہ عارضی طور پر ملتوی کر دی گئی ہے۔ لیکن محاذ جنگ کے علاقہ میں فوجوں میں کمی کرنے پر بات چیت ہو رہی ہے۔ دونوں حکومتوں نے اصولی طور پر یہ بات تسلیم کر لی ہے کہ وہ اس علاقہ میں اپنی فوجوں کی تعداد کم کر دیں۔

ضروری اطلاع برائے ریلوے ملازمان

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی ہوم منسٹری نے ایک سرکلر کے ذریعہ ریلوے کے جنرل منیجروں کو مطلع کیا ہے کہ محض پولیس کی سی آئی ڈی رپورٹ پر کہ پاکستان کا آپشن دینے یا عارضی طور پر پاکستان جا کر واپس آنے سے ان ریلوے ملازمان کے چال چلن یا وفاداری پر شبہ ہے ملازمت سے برطرف نہ کئے جائیں۔ اور جو برطرف کر دئے گئے ہیں وہ اپنی جگہ پر واپس لئے جائیں۔ لہٰذا ان ریلوے ملازمان کو جو عارضی طور پر پاکستان جا کر واپس ہونے یا عارضی طور پر پاکستان کا آپشن دینے کی بنا پر ملازمت سے ہٹا دئے گئے ہیں وہ فوراً اپنی ریلوے کے جنرل منیجر یا محکمہ کے اعلیٰ افسر سے اپنی واپسی کے متعلق درخواست کریں۔ دفتر سالنگاں

تھاکن نو کا پر اسرار دورہ

رنگون ۱۸ مارچ۔ برما کے وزیر اعظم مسٹر تھاکن نو شمالی برما بذریعہ ہوائی جہاز گئے ہیں یہ مقام مانڈلے سے ۶۰ میل مغرب میں واقع ہے ان کے وہاں جانے کی وجہ نہیں معلوم ہو سکی۔

دولت مشترکہ کے وزراء اعظموں کی کانفرنس؟

جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونسٹوں کے خلاف اقدام

بندرگاہ سوٹو کے کمانڈر نے حکومت چین سے بغاوت کر دی

تمام فوجی اور شہری افسروں کو گرفتار کر لیا گیا

ہانگ کانگ ۱۸ مارچ۔ ایک چینی اخبار نے اطلاع دی ہے کہ ہانگ کانگ سے ۱۵۰ میل شمال مشرق میں بندرگاہ سوٹو کے کمانڈر نے چینی حکومت سے بغاوت کر کے بندرگاہ مذکور پر قبضہ کر لیا ہے اور تمام فوجی اور شہری افسروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔

ایک گاؤں میں پولس کی فائرنگ

محکمہ سی آئی ڈی میں بھی کمیونسٹ موجود ہیں

بہار کے وزیر مال کا اسمبلی میں بیان

لیگ کے جلسہ میں خلیق الزماں کیخلاف نعرے

برما کی فوجوں نے باغیوں کیخلاف زبردست کاروائی شروع کر دی

مسکرین باغیوں نے حکومت کی پیش کش کو ٹھکرا دیا

اٹلانٹک پیکٹ میں اٹلی کی شمولیت کے سلسلہ پارلیمنٹ میں مخالف پارٹیوں میں تصادم

روم میں ایک گھنٹہ کی عام ہڑتال۔ دو مظاہرین بھی ہلاک

ہندوستان کا ہر شخص صرف ایک شادی کر سکتا ہے

مذہب، اخلاق اور تہذیب کی کانفرنس کا فیصلہ

جودھپور سکریٹریٹ پر مظاہرہ

سوا شخص گرفتار

مدراس کلکتہ میل حادثہ سے بچ گیا

برطانوی نمائندہ کا دولت مشترکہ کے دار السلطنتوں کا پر اسرار سفر

کراچی کے بعد کولمبو اور پھر نئی دہلی میں گفت و شنید کی جائیگی

بمبئی ۱۸ مارچ (اے پ)۔ برطانیہ کے انڈر سکریٹری مسٹر پیٹرک گارڈن نے مسٹر ایٹلی کے ان چار خاص نمائندوں میں سے ایک ہیں جو آج کل دولت مشترکہ کے دار الحکومتوں میں گفت و شنید کر رہے ہیں۔ کراچی سے کولمبو جاتے ہوئے یہاں پہونچے۔ آپ کی آمد کا مقصد کمیونزم کے پھیلنے کی روک تھام وغیرہ سے تعلق نہیں رکھتا۔ بلکہ دولت مشترکہ کے وزراء اعظم کی کانفرنس سے پیدا شدہ مسائل پر گفت و شنید کرنا ہے۔ (باقی صفحہ ۴ پر)

ہوائی جہازوں کے ذریعہ تمام ڈاک یکم اپریل سے بھیجی جائے گی

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اپریل سے تمام فرسٹ کلاس ڈاک بذریعہ ہوائی جہاز بھیجی جایا کرے گی اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے حیات شیخ الہند ۲/ تاریخ الاسلام مکمل ۴/ (بچوں کیلئے) حکایات صحابہ ۸/
فہرست مفت طلب فرمایئے
قومی کتاب گھر دیوبند یو پی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
Delhi 19.3.49.
PHONE 5855

برما میں ہندوستانی محفوظ ہیں لیکن انکی امداد نہیں کی جا سکتی

برما کے ہندوستانی سفارتخانہ کے ترجمان کا اعلان

غیر منقولہ جائداد کے تبادلہ کی ایجنسیوں کی منظوری کیلئے بورڈ کا تقرر

کوئی ایجنسی ۲ فیصدی سے زیادہ معاوضہ لینے کی حقدار نہ ہو گی

دہلی ۱۷ مارچ۔ حکومت ہند کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ حکومت ہند نے جائداد کی فروخت اور تبادلہ کی نجی ایجنسیوں کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نے ایک بورڈ مقرر کیا ہے جو ان تمام ایجنسیوں کی درخواستوں پر غور کرے گا جو پرائیوٹ ایجنسیوں کی طرف سے اس مقصد کے لئے موصول ہوں گی۔

گزشتہ سال صرف ۱ کروڑ ۲۶ لاکھ روپیہ کی موٹریں اور موٹر سائکلیں درآمد کی گئیں

آبپاشی کے دو بڑے پراجکٹوں سے چالیس ایکڑ زمین سیراب ہو سکیگی

صوبجات کو مٹی کے تیل کی سپلائی بڑھا دی جائیگی۔ ہند پارلیمنٹ میں سوالات

اغوا شدگان کی برآمد

ہڑتالوں کی تعداد

معدنی ذخائر

مٹی کے تیل کی فراہمی

مشرق و مغرب میں اچھے تعلقات پیدا کرنیکی ضرورت

رائٹر کے خیر سگالی وفد کے اعزاز میں ڈنر اور ٹی پارٹی

عرب لیگ اور عراق کا احتجاج

ڈچوں کے ساتھ ساز باز

(صفحہ اول سے آگے)

فلپائن کے نمائندہ کی تقریر

بھوپال کے مستقبل کا فیصلہ

نواب صاحب کی علالت سے تاخیر ہو گئی

اسپین کو معاہدہ اوقیانوس میں شامل کرنے کا کوئی امکان نہیں

پرتگال، ڈنمارک اور اٹلی بھی میثاق اوقیانوس پر دستخط کرینگے

واشنگٹن ۱۷ مارچ (اے پ)۔ یورپ کے سیاسی حلقوں نے یہاں پر اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ پرتگال، اٹلی، ڈنمارک اور آئس لینڈ وقت پر ممبر بن جائیں گے اور میثاق اوقیانوس پر بھی دستخط کر دیں گے۔ اس معاہدہ پر اپریل کے پہلے ہفتہ میں دستخط ہوں گے۔

بڑودہ کو بمبئی میں مدغم کرنیکا مسئلہ

وزیر اعظم بڑودہ کا بیان

میاں ممتاز دولتانہ نے صوبائی مسلم لیگ کی صدارت سے استعفیٰ دیدیا

مغربی پنجاب کی سیاست میں ایک نیا انقلاب

بحر الکاہل کی دفاعی کا پیکٹ

اخبارات کی طرف سے حمایت

سفید جھوٹ
ہم سفید جھوٹ نہیں بولتے۔ رسالہ روز گار ۵ نئی دہلی

کرشنا برانڈ بناسپتی اور بیلچہ مارکہ کیمیاوی کھاد
بھگوانداس چند موہن اینڈ کمپنی معرفت مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی

مصفی اعظم
خون صاف کرنے کی بہترین دوا
ہمدم دواخانہ بکس ۴۶ لال کنواں دہلی

گوڈائیر کا ربڑ کا پٹہ
Good year Rubber Belting
ہم گوڈائیر کے بنائے ہوئے ربڑ کے پٹہ کے لئے تمام یوپی صوبہ دہلی، مشرقی پنجاب، راجپوتانہ اور تمام ہندوستانی ریاستوں کے لئے سول ایجنٹ ہیں۔
مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی | مل سٹور کمپنی ریلوے روڈ پوسٹ بکس نمبر ۴۸ سہارنپور | مل سٹور کمپنی لاٹوش روڈ پوسٹ بکس نمبر ۲۴۸ کانپور

ان کا مستقبل آپ کے خون سے وابستہ ہے
SAFI
صافی
ہمدرد

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

نمبر ۹۷ جرس ڈ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵

تار کا پتہ: "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار۔ مورخہ ۱۹ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۰ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۶ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۱ آنے

ہندوستان
پاکستان
کے درمیان
سفر و مال کی بکنگ کا ذریعہ
گپتا برادرز کارونیشن ہوٹل فتحپوری
چاندنی چوک دہلی

چین کے ایک اور شہر پر حملہ کیلئے کیمونسٹوں کا اجتماع

نانکنگ ۱۸ مارچ (ر) یونائیٹڈ پریس... اطلاعات یہاں موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ نانکنگ سے تیس میل کے فاصلہ پر یانچنگ پر جو دریائے یانگسی پر واقع ہے حملہ کرنے کے لئے کمیونسٹ فوجیں جمع ہو رہی ہیں۔ کل جب رائیٹر کا ایک نامہ نگار اس شہر میں پہونچا تو اس نے دیکھا کہ کمیونسٹوں اور سرکاری فوجوں کے درمیان جو جھڑپیں پرسوں شروع ہوئی تھیں وہ آج بھی جاری ہیں۔ اور کمیونسٹ فوجیں یانچنگ سے چار میل کے فاصلہ پر نانا چنگ میں جمع ہو رہی ہیں۔

فلسطین میں صورت حال نازک ہوگئی برطانیہ نے مزید فوجیں بھیجدیں

عقبہ کے قریب یہودی فوجوں نے اپنے مورچے قایم کرلئے

فلسطین کی جنگ کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی

عام صلح کا کوئی امکان نہیں۔ یہودی فوجی افسر کا بیان

عمان ۱۸ مارچ (ر) ایک شخص نے جو کل ہی عقبہ سے یہاں پہونچا ہے یہ بتایا کہ کل صبح سے مزید برطانوی فوجیں شرق اردن کی بندرگاہ پر اتر رہی ہیں۔ یہاں اس اطلاع کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے — بغداد کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کل کامل شمعون بے نے بتایا کہ عرب ممالک کے صدر مقاموں میں انھوں نے جو گفتگو کی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ فلسطین کی دوسری جنگ جلد شروع ہوجائیگی۔ اور اسے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔

ادھر روڈس میں قائم مقام ثالث ڈاکٹر رالف بنچ نے اعلان کیا ہے کہ ان کو اقوام متحدہ کے نمائندہ مقیم تل ابیب نے اطلاع دی ہے کہ عقبہ کے قریب ام الرشرش کے مقام پر اسرائیلی فوجیں متعین کردی گئی ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ اسرائیلی علاقوں میں شرق اردن کی فوجیں موجود نہیں ہیں اور اس علاقہ میں کسی قسم کی لڑائی نہیں ہوئی ہے۔

ڈاکٹر بنچ نے بتایا کہ ان کو عمان سے اطلاع ملی ہے کہ اسرائیلی فوجوں نے بحیرہ مردار کے مغربی ساحل پر اپنی چوکیاں قایم کرلی ہیں۔ ڈاکٹر بنچ نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے اقوام متحدہ کے مشاہدین کو ہدایت کردی ہے کہ وہ فوراً اس علاقہ میں پہنچ جائیں اور تحقیقات کے بعد حالات سے اطلاع دیں۔ روڈس کی ایک اور اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل اور شرق اردن کے وفدین التوائے جنگ کی لائن مقرر کرنے پر جو بات چیت جاری تھی وہ عارضی طور پر ملتوی کردی گئی ہے۔ لیکن محاذ جنگ کے علاقہ میں فوجوں میں کمی کرنے پر بات چیت ہو رہی ہے۔ دونوں حکومتوں نے اصولی طور پر یہ بات تسلیم کرلی ہے کہ وہ اس علاقہ میں اپنی فوجوں کی تعداد کم کردیں۔ انہوں نے تین افراد پر مشتمل ایک سب کمیٹی بھی مقرر کردی ہے جو اس بارے میں کام کر رہی ہے [illegible]

ضروری اطلاع برائے ریلوے ملازمان

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی ہوم منسٹری نے ایک سرکلر کے ذریعہ ملازمین کے جنرل منیجروں کو واضح کیا ہے کہ [illegible] پاکستان کا آپشن دینے یا عارضی طور پر پاکستان جاکر واپس آنے سے ان ریلوے ملازمان کے جانے والے [illegible] ملازمت سے برطرف کردیئے گئے ہیں وہ اپنی جگہ پر واپس لئے جائیں۔ لہٰذا ان ریلوے ملازمان کو جو عارضی طور پر پاکستان جاکر واپس ہوئے ہیں یا عارضی طور پر پاکستان کا آپشن دینے کی بنا پر ملازمت سے ہٹادیئے گئے ہیں وہ فوراً اپنی ریلوے کے جنرل منیجر یا محکمہ کے اعلیٰ افسر سے اپنی بحالی کے متعلق درخواست کریں۔ (نامہ نگار)

تھاکن نو کا پراسرار دورہ

رنگون ۱۸ مارچ۔ برما کے وزیر اعظم مسٹر تھاکن نو شویبو کو بذریعہ ہوائی جہاز گئے ہیں یہ مقام مانڈلے سے ۶۰ میل مغرب میں واقع ہے ان کے وہاں جانے کی وجہ نہیں معلوم ہوسکی۔

ایک گاؤں میں پولس کا فائرنگ

[illegible]

محکمہ سی آئی ڈی میں بھی کیمونسٹ داخل ہیں

بہار کے وزیر مال کا اسمبلی میں بیان

[illegible]

لیگ کے جلسہ میں خلیق الزماں کیخلاف نعرے

کراچی ۱۸ مارچ [illegible]

دولت مشترکہ کے وزراء اعظموں کی کانفرنس؟

جنوب مشرقی ایشیا میں کیمونسٹوں کے خلاف اقدام

لندن ۱۸ مارچ (ر) [illegible]

برمائی فوجوں نے باغیوں کیخلاف زبردست کاروائی شروع کردی

کیرین باغیوں نے حکومت کی پیشکش کو ٹھکرا دیا

رنگون ۱۸ مارچ۔ [illegible]

بندرگاہ سوٹو کے کمانڈر نے حکومت چین سے بغاوت کردی

تمام فوجی اور شہری افسروں کو گرفتار کرلیا گیا

ہانگ کانگ ۱۸ مارچ۔ ایک چینی اخبار نے اطلاع دی ہے کہ ہانگ کانگ سے ۱۷۵ میل شمال مشرق میں بندرگاہ سوٹو کے کمانڈر نے چینی حکومت سے بغاوت کرکے بندرگاہ مذکور پر قبضہ کرلیا ہے اور ممتاز فوجی اور شہری افسران کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔

کمانڈر مذکور نے پہلے افسران کو ایک دعوت دی، اور [illegible] یہ نہیں معلوم کہ وہ کمانڈر بندرگاہ کو محض لوٹنا چاہتا ہے یا کمیونسٹوں کے لئے راستہ صاف کر رہا ہے۔ [illegible]

اٹلانٹک پیکٹ میں اٹلی کی شمولیت کے مسئلہ پارلیمنٹ میں مخالف پارٹیوں میں تصادم

روم میں ایک گھنٹہ کی عام ہڑتال۔ دو مظاہرین زخمی ایک ہلاک

روم ۱۸ مارچ۔ [illegible]

ہندوستان کا ہر شخص صرف ایک شادی کرسکتا ہے

مذہب، اخلاق اور تہذیب کی کانفرنس کا فیصلہ

کلکتہ ۱۸ مارچ۔ مذہب، اخلاق اور تہذیب کی ایک کانفرنس نے اپنے اجلاس کے دوسرے دن میں ایک قرار داد پاس کی جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ایک سے زیادہ شادیوں کو ختم کردیا جائے اور شادی بیاہ وراثت کے بارے میں ملک کے تمام فرقوں کے لئے یکساں قوانین بنائے جائیں۔ اس کانفرنس میں ایک قرار داد منظور کی گئی جس میں کہا گیا تھا کہ ہندوستانی مذہب و تہذیب کی ایک یونیورسٹی قائم کی جائے۔ بنیادی تعلیم کی نظرثانی کا بھی مطالبہ کیا گیا۔

جودھپور سکریٹریٹ پر مظاہرہ

سو اشخاص گرفتار

[illegible]

مدراس کلکتہ میل حادثہ سے بچ گیا

مدراس ۱۸ مارچ (اے پ) بی ڈبلیو اے کی دو ڈاک کی بروقت ہوشیاری سے شمالی مشرقی ریلوے لائن پر کلکتہ مدراس میل کو ایک خطرناک حادثہ سے بچالیا۔ [illegible]

برطانوی نمائندہ کا دولت مشترکہ کے دارالسلطنتوں میں ایئر اسفر

کراچی کے بعد کولمبو اور پھر نئی دہلی میں گفت و شنید کی جائیگی

بمبئی (اے پ) ۱۸ مارچ

برطانیہ کے انڈر سکریٹری مسٹر پیٹرک گارڈن واکر نے مسٹر ایٹلی کے ان چار ذاتی نمائندوں میں سے ایک ہیں جو آجکل دولت مشترکہ کے دارالحکومتوں میں گفت و شنید کر رہے ہیں۔ کراچی سے کولمبو جاتے ہوئے یہاں پہونچے۔ آپ کی آمد کا مقصد کیمونزم کے پھیلنے کی روک تھام وغیرہ سے تعلق نہیں رکھتا۔ بلکہ دولت مشترکہ کے وزراء اعظم کی کانفرنس سے پیدا شدہ مسائل پر گفت و شنید کرنا ہے۔

(باقی صفحہ ۸ پر)

ہوائی جہازوں کے ذریعہ تمام ڈاک

یکم اپریل سے بھیجی جائے گی

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ [illegible]

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے حیات شیخ الہند، تاریخ الاسلام مکمل (بچوں کیلئے) حکایات صحابہ قومی کتاب گھر دیوبند یوپی

فہرست مفت طلب فرمایئے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 19.3.49.

PHONE 5855

غیر منقولہ جائداد کے تبادلہ کی ایجنسیوں کی منظوری کیلئے بورڈ کا تقرر

کوئی ایجنسی ۲ فیصدی سے زیادہ معاوضہ لینے کی حقدار نہ ہوگی

دہلی ۱۷ مارچ۔ حکومت ہند کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ حکومت ہند نے جائداد کی فروخت اور تبادلہ کی نجی ایجنسیوں کو تسلیم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ حکومت نے ایک بورڈ مقرر کیا ہے کہ جو ان تمام ایجنسیوں کی درخواستوں پر غور کرے گا جو پرائیویٹ ایجنسیوں کی طرف سے اس مقصد کے لئے موصول ہوں گی۔ اس بورڈ کی سفارشات کے بعد ایجنسیوں کو سرکاری طور پر منظور کیا جائے گا۔ اس قسم کی جو ایجنسیاں سرکاری منظوری حاصل کرنا چاہیں ان کو وزارت بحالیات میں درخواست دینی چاہئے۔

کسی ایجنسی کو تسلیم کرنے سے قبل حکومت ہند حسب ذیل امور کے بارے میں تحقیقات کرے گی۔ (۱) جائداد کی خرید و فروخت کے کام کا سابقہ تجربہ (۲) پاکستان میں اچھا رسوخ و تعلقات (۳) کسی منظور شدہ بنک سے ۲۵ ہزار روپے کی ضمانت۔ حکومت ہند کے مقرر افسران ایجنسیوں کے حساب چیک کرسکیں گے۔ ایجنسی کو حکومت ہند کے مقرر افسر کے پاس ہر پندرہ دن کے بعد اپنے گزشتہ پندرہ دن کے حسابات پیش کرنے ہوں گے۔ حکومت ہند ان ایجنسیوں کے متعلق ہر قسم کی شکایات کی جانچ تحقیقات بھی کریگی۔ کوئی ایجنسی دو فی صدی سے زیادہ معاوضہ نہیں لے سکیگی۔

انخلا کنندگان سے اور کسی قسم کے اخراجات وصول نہیں کئے جائیں گے۔ خیال ہے کہ مختلف ایجنسیوں کے سپرد مختلف علاقے کئے جائیں گے۔ اس لئے درخواست دینے وقت ایجنسیوں کو یہ بھی لکھنا چاہیے کہ وہ کن علاقوں میں کاروبار کرنا چاہتی ہیں۔ ایسے علاقوں کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ [illegible]

لاہور۔ تحصیل (۵) سیالکوٹ۔ گوجرانوالہ۔ لاہور صدر سرکل (۲۰) (۶) پشاور۔ مردان۔ ہزارہ (۷) کوہاٹ بنوں۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔

ڈچوں کے ساتھ ساز باز

(صفحہ اول سے آگے)

انڈونیشیا کی حیثیت متعین کرنے کے لئے ایک ابتدائی کانفرنس کی جائے۔ اس طرح ہم ڈچ گول میز کانفرنس کی کامیابی کا ایک موقعہ پیدا کرسکیں گے۔ مسٹر سنڈرسے کی مظالم روکنے کی تجویز صرف انڈونیشیا ہی سے متعلق نہ تھی بلکہ اس کا اطلاق تمام لڑائیوں پر ہوتا تھا۔ انہوں نے کہا مظالم روکنے کے لئے ہم جو کچھ کرسکتے ہیں وہ ہم کو کرنا چاہیئے۔ فرانسیسی نمائندہ نے بھی کناڈا کی تجویز کی حمایت کی [illegible]

فلپائن کے نمائندہ کی تقریر

[illegible]

بھوپال کے مستقبل کا فیصلہ

نواب صاحب کی علالت سے تاخیر ہوگئی

بھوپال ۱۸ مارچ۔ [illegible]

گزشتہ سال صرف ۱ کروڑ ۲۶ لاکھ روپیہ کی موٹریں اور سائیکلیں درآمد کی گئیں

آبپاشی کے دو بڑے پراجکٹوں سے چالیس ایکڑ زمین سیراب ہو سکیگی

صوبجات کو مٹی کے تیل کی سپلائی بڑھادی جائیگی۔ ہند پارلیمنٹ میں سوالات

نئی دہلی ۱۸ مارچ۔ کل ہند پارلیمنٹ میں سوالات کے وقفہ میں مختلف وزراء نے روس سے تجارتی اور دوستانہ معاہدہ، بنگال سے انخلاء، مٹی کے تیل کی سپلائی، ملک میں معدنی اشیاء کے ذخائر کی بابت سوالات کے [illegible]

ہڑتالوں کی تعداد

[illegible]

مٹی کے تیل کی فراہمی

[illegible]

عرب لیگ اور عراق کا احتجاج

لیک سکسس ۱۷ مارچ۔ عرب لیگ اور عراق دونوں نے اقوام متحدہ سے شکایت کی ہے کہ فلسطین میں یہودی علاقہ سے ایک ہزار کے قریب عرب شہریوں کو زبردستی نکال دیا گیا ہے اور ان پر فائرنگ بھی کیا گیا۔

برما میں ہندوستانی محفوظ ہیں لیکن انکی امداد نہیں کی جاسکتی

برما کے ہندوستانی سفارتخانہ کے ترجمان کا اعلان

رنگون ۱۷ مارچ۔ ہندی سفارتخانہ کے ایک ترجمان نے آج ان مشکلات کا ذکر کیا جو دو لاکھ ہندوستانیوں کو جو برما کے باغیوں کے مقبوضہ علاقوں میں گھرے ہوئے ہیں امداد پہنچانے میں حائل ہیں۔ ڈاک و تار کا انتظام خراب ہوجانے سے سفارت خانہ ان سے رابطہ قائم نہیں رکھ سکا۔ یہ ہندوستانی رنگون سے مانڈلے تک کے علاقہ میں پھیلے ہوئے ہیں آمد و رفت کے دریائی بری اور ہوائی راستوں کی خرابی کی وجہ سے اس بات کا بھی امکان نہیں رہا ہے کہ ان کو رنگون لایا جاسکے اور کسی طرح ان کی امداد کی جاسکے۔ سرکاری ذرائع آمد و رفت سے معلوم ہوا ہے کہ وہ اچھی طرح اور محفوظ ہیں۔ ان میں سے بہت سے لڑائی شروع ہونے سے قبل بڑے بڑے شہروں میں پہنچ گئے تھے جہاں انہوں نے پناہ لے رکھی ہے ان کی تعداد کی کثرت کی وجہ سے ان کو گھر اب پہنچانا ممکن نہیں رہا ہے۔ اس ترجمان نے بتایا کہ سفارت خانہ کو اس بارے میں تشویش ہے اور صورت حالات کا بغور مطالعہ کر رہا ہے۔

~~مشرق و مغرب میں اچھے تعلقات پیدا کرنیکی ضرورت~~

راشٹر کے خیرسگالی وفد کے اعزاز میں ڈنر اور ٹی پارٹی

مدراس ۱۸ مارچ۔ راشٹر کے خیرسگالی وفد کے لیڈر لارڈ لینڈن نے تقریر کرتے ہوئے کہا، وفد یہاں جس مقصد کے لئے آیا ہے وہ یہ ہے [illegible]

بڑودہ کو بمبئی میں ضم کرنیکا مسئلہ

وزیر اعظم بڑودہ کا بیان

[illegible]

اسپین کو معاہدہ اوقیانوس میں شامل کرنے کا کوئی امکان نہیں

پرتگال، ڈنمارک اور اٹلی بھی میثاق اوقیانوس پر دستخط کرینگے

واشنگٹن ۱۸ مارچ (اے پ) یورپ کے سیاسی حلقوں نے یہاں اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ پرتگال، اٹلی، ڈنمارک اور آئس لینڈ وقت پر میثاق اوقیانوس پر بھی دستخط کردیں گے۔ اس معاہدہ پر اپریل کے پہلے ہفتہ میں یہیں دستخط ہوں گے۔ [illegible]

میاں ممتاز دولتانہ نے صوبائی مسلم لیگ کی صدارت سے استعفیٰ دیدیا

مغربی پنجاب کی سیاست میں ایک نیا انقلاب

[illegible]

بحر الکاہل کی دفاعی کا پیکٹ

اخبارات کی طرف سے حمایت

[illegible]

سفید جھوٹ

[illegible]

رسالہ روزگار (5) نئی دہلی

کرشنا برانڈ بنا سپتی اور بلیچہ مارکہ کیمیاوی کھاد

ہمارے دہلی سٹاک میں کرشنا برانڈ بناسپتی گھی ۳۵ پونڈ ٹینوں میں ہر وقت موجود ہے۔ [illegible] میں بہت مقبول ہو رہا ہے۔ [illegible] بلیچہ مارکہ کیمیاوی کھاد بھی سٹاک میں موجود ہے۔ [illegible]

بھگونداس چند موہن اینڈ کمپنی معرفت مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی

ان کا مستقبل آپکے خون سے وابستہ ہے

اگر آپکا خون صاف ہو اور جلد تندرست اور خوش نما ہو تو اس کا اثر آپکے بچوں کی صحت اور خوبصورتی پر بھی پڑتا ہے۔ اپنے خون اور اپنی جلد کی حفاظت کیجئے۔ صافی خون کو اندرون جسم کی تمام گندیوں سے صاف کرکے [illegible] خارش پھوڑے پھنسیوں [illegible] امراض سے نجات دلاتی ہے۔ قیمت فی شیشی [illegible] رسالہ جلد اور خون کی دیکھ بھال مفت منگائیے

صافی خون بھی صاف جلد بھی صاف

ہمدرد

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

مصفی اعظم

خون صاف کرنے کی بہترین دوا

[illegible]

ہمدم دواخانہ بخش عبدالکنواں دہلی

گوڈائیر کا ربڑ کا پٹہ

Good year Rubber Belting

ہم گوڈائیر کے بنائے ہوئے ربڑ کے پٹے کے لئے تمام یوپی، صوبہ دہلی، مشرقی پنجاب، راجپوتانہ اور تمام ہندوستانی ریاستوں کے لئے سول ایجنٹ ہیں۔

گوڈائیر کا پٹہ ہر کارخانہ میں پہنچانے کے لئے ہم ہر شہر میں اپنے ڈیلر مقرر کر رہے ہیں۔ جن کو معقول کمیشن دیا جا رہا ہے۔ اپنی ضروریات کے لئے آرڈر ہمارے نزدیکی دفتر کو دے کر مشکور فرمائیں۔

مل سٹور کمپنی
نیا بازار
دہلی

مل سٹور کمپنی ریلوے روڈ
پوسٹ بکس نمبر ۴۸
سہارنپور

مل سٹور کمپنی لاٹوش روڈ
پوسٹ بکس نمبر ۲۴۸
کانپور

جبتک مسلمان ملک کے وفادار ہیں انکی جان و مال اور مذہب کی پوری حفاظت کی جائیگی

سردار پٹیل کی مسلمانوں کو یقین دہانی۔ وزارت کے کارناموں پر تبصرہ

داخلی اور وزارتی امور کی ریاستوں کے مطالبات زر منظور

دہلی ۱۸ مارچ۔ انڈین پارلیمنٹ میں وزارت داخلہ اور وزارت ریاست کے مطالبات زر پیش کرتے ہوئے سردار پٹیل نے ایک تقریر کی جس میں ہندوستان کے انتظامی حالات پر روشنی ڈالی۔ وزارت داخلہ کے کاموں پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے فوجوں کے ان کارناموں کی بڑی تعریف کی جو انہوں نے انتقال اقتدار کے بعد ہندی مشکلات کو دور کرنے میں انجام دئے ہیں ۱۹۴۷ء کی گڑبڑ اور غیر یقینی زمانہ کی نسبت آج ملک کی حالت بہتر ہے۔ ملک کو فرقہ وارانہ انجمنوں سے جو خطرہ تھا اب وہ ختم ہو چکا ہے اور اب حکومت کمیونسٹوں کے مقابلہ کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا عوام کو شہری آزادی سے محروم کرنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کمیونسٹ بھی پرامن طور پر اپنے خیالات کے پرچار کیلئے آزاد ہیں لیکن حکومت ان کو تشدد اور بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دے سکتی۔

مسلمانوں کا ذکر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا انہوں نے ملک میں کوئی گڑبڑ پیدا کرنے کی کوشش نہیں کی ساتھیوں نے مسلمانوں کو حفاظت کا یقین بھی دلایا۔ [redacted] کرنے میں [illegible] ہنگامی حالات کے مقابلہ کے لئے ان کی ضرورت ہے صورت حالات بہتر ہونے پر ان اختیارات سے کم کام لیا جائے گا۔

سردار پٹیل نے کہا کہ جہاں تک ملک کے اندرونی امن اور تحفظ کا تعلق ہے اب اسے کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں انہوں نے انکشاف کیا کہ ۵ فروری تک ۱۹۱ کمیونسٹ اور ۱۰۳ اشخاص فرقہ وارانہ سرگرمیوں کے سلسلہ میں گرفتار کئے گئے۔ کمیونسٹوں کا ذکر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا ہم کمیونزم کے بنیادی اصولوں کو ختم کرنا نہیں چاہتے۔ ہمارا جھگڑا صرف ان کے طریق کار سے ہے [illegible] کے ساتھ دیا ہے۔ [illegible]

ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری

ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری اور اکالی تحریک کا ذکر کرتے ہوئے [redacted] ان کا مہذب دنیا میں کوئی [illegible] کر لی تھی۔ اس کے بعد سکھوں کے ایک فرقہ نے گمراہ ہو کر فضول اور [illegible] سرگرمیوں پر چلنا شروع کیا جن کے ترجمان ماسٹر تارا سنگھ تھے [illegible] جب اکالیوں کی تشدد آمیز سرگرمیوں سے دہلی کا امن بھی خطرہ میں پڑ گیا تو حکومت کو کارروائی کرنی پڑی۔ ماسٹر تارا سنگھ کی رہائی پر مجھ سے زیادہ خوشی کسی کو نہ ہوگی۔ مگر یہ ان کے پیرووں کے ہاتھ میں ہے۔

مسلمانوں کا مکمل تحفظ

مسلمانوں کا ذکر کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم نے کہا ان کی پرانی جماعتوں مسلم لیگ اور مسلم نیشنل گارڈ کی کہیں کہیں سرگرمیوں کے علاوہ مسلمانوں نے مجموعی طور پر امن قائم رکھا ہے اور نئی وفاداری کے ساتھ حکومت پذیر ہو گئے ہیں میرے خیال میں ان کے لئے اچھا ہوگا [illegible] کو بھلا دیں۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ جب تک وہ وفادار رہیں گے۔ ان کی جان مال اور مذہب کا حکومت ہر ممکن تحفظ کریں گی۔ اس کا سب سے بہتر ثبوت وہ طرز عمل ہے جو ہم نے دہلی میں اختیار کیا۔ جو مسلمان پاکستان چلے گئے تھے ان کے مکانات ہم نے خالی رکھے۔ جبکہ [illegible] ان شرنارتھی موجود تھے۔ [illegible] پاکستان سے یکطرفہ آمد و رفت اور مسلمانوں کی واپسی اس بات کا کھلا ہوا ثبوت ہے فوجی اور سول ملازمتوں میں اعلیٰ ملازمتوں میں ان کو برابر کا حصہ دیا جا رہا ہے۔ اس طرح گاندھی جی نے جس مقصد کے لئے جان دی اور جس مقصد کے لئے انہوں نے کوشش کی وہ پورا ہو چکا ہے۔

مکمل اور غیر مشروط وفاداری

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا اس سب کے لئے حکومت مسلمانوں سے صرف اسی چیز کا مطالبہ کرتی ہے جو دوسرے فرقوں سے چاہتی ہے۔ یعنی ریاست کے ساتھ مکمل اور غیر مشروط وفاداری۔ مجھے یقین ہے کہ مسلم فرقہ جتنی جلدی اس نئی وفاداری سے وہ مطابقت پیدا کرے گا اکثریت بھی اس کا اتنا ہی بہتر اثر لے گی [illegible] ساتھ اتنا ہی بہتر برتاؤ کیا جائے گا۔

راشٹریہ سنگھ

اندرونی تحفظ کا ذکر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ اس گڑبڑ کا مقابلہ کرنے کی ذمہ داری پولیس پر ہونی چاہیے اور فوج کو بیرونی معاملات کے لئے وقف رکھنا چاہیے۔ ملک میں فرقہ پرستی نے جو گڑبڑ پیدا کی تھی اس کے لئے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ ہی زیادہ تر ذمہ دار ہے۔ اگر سنگھ ہندو دھرم کو زندہ کرنا چاہتا ہے تو کرے۔ مگر سنگھ کو تشدد اور غیر قانونی سرگرمیوں کو اپنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ہم اس بات کو بھی نہیں بھلا سکتے کہ اگرچہ وہ کسی طرح بھی تو جزوی طور پر سنگھ کی سرگرمیوں نے وہ نفسیاتی ماحول پیدا کیا جس میں گاندھی جی قتل کئے گئے۔ اگر حکومت فرقہ وارانہ تشدد کو روکنے میں کوئی کارروائی نہ کرتی تو ایسے حالات پیدا ہو جاتے کہ ملک کا وجود ہی خطرہ میں پڑ جاتا۔ یہ بات بار بار واضح کی جا چکی ہے کہ سنگھ آئینی طریقوں سے کام کرے۔ سنگھ کا آخری جواب نام نہاد ستیہ گرہ کی شکل میں ملا۔ اب سنگھ کے لیڈروں کے ہاتھ میں ہے کہ وہ سنگھ کی سرگرمیوں کو قانون کے دائرے میں لے آئیں۔

(باقی صفحہ ۵ پر)


اپنے خون اور جلد کی حفاظت کیجئے صافی سے
SAFI
صافی سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف
ہمدرد
ہر جگہ ملتی ہے

خون کی صفائی کے بغیر جلد کی تن درستی اور خوش نمائی ناممکن ہے۔ اور جلد کی تن درستی کا تصور بھی اگزیما، خارش، پھوڑے، پھنسیوں، داغ، جھائیاں، مہاسے وغیرہ جلدی امراض کی موجودگی میں نہیں کیا جا سکتا۔ جلد اور خون کے امراض سے نجات حاصل کرنے کے لئے آپ کو اور آپ کے بال بچوں کو بھی مشہور عالم صافی کی ضرورت ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ
رسالہ "جلد اور خون کی دیکھ بھال" مفت طلب فرمائیے

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

سہارنپور جنوبی وارڈ کانگریس کا جلسہ

فساد کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ

سہارنپور ۱۸ مارچ ۵ بجے شام [illegible] سکرٹری کانگریس کمیٹی جنوبی وارڈ زیر صدارت [illegible] کانگریس کمیٹی جنوبی وارڈ کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں علاوہ ممبران کے شہر کے اہم در کرز نے بھی شرکت کی۔ شہر کی موجودہ صورت حال پر غور کرنے کے بعد ایک تجویز پاس کی گئی اور حکومت یوپی سے مطالبہ کیا گیا کہ اگر موجودہ فساد پولس افسران کی غلطی سے ہوا ہے تو ایک غیر جانبدارانہ کمیٹی کے ذریعہ جلد سے جلد تحقیقات کی جائے اور ان کا تدارک کیا جائے۔

مغربی جاوا میں گوریلوں کے حملے

بٹاویا، ۱۸ مارچ۔ [redacted] گوریلوں نے ایک پوری طرح مسلح دستے نے جن کی کمان ایک جاپانی کر رہا تھا مغربی جاوا کے شہر بوئٹین زورگ سے چار میل کے فاصلہ پر ایک پوری طرح مسلح چوکی پر حملہ کر کے محافظوں کو فرار ہونے پر مجبور کر دیا اور [illegible] ہلاک ہوا۔ اس کے بعد گوریلوں نے محافظوں کی بارکوں کو آگ لگا دی۔

دوسرے گوریلا دستوں کے جن کی تعداد پانچ سو تک بتائی جاتی ہے مغربی جاوا کے فیڈرل ریاست پاسندان میں حملوں کی اطلاعات ملی ہیں [illegible] نے ان قابو کرنے کی جو کوششیں کی تھیں ان کو سابق انڈونیشی فوج کے سپاہیوں نے [illegible] ناکام بنا دیا۔

کارڈینل کا مقدمہ اقوام متحدہ کے سامنے

[illegible] کارڈینل [illegible] کے مقدمہ [illegible] اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ایجنڈے میں شامل کیا ہے۔ یہ مقدمہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعہ ایک کے ضمن کے تحت شامل ایجنڈا کیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ بلا تخصیص مذہب، نسل، رنگ وغیرہ کے انسانی حقوق کی حفاظت کی جائیگی۔

چین میں چاولوں کی قلت

شنگھائی ۱۸ مارچ۔ چینی وزارت معاشیات کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ چین میں چاولوں کی قلت کو دور کرنے کے لئے اور [illegible] کی سخت کمی کا مقابلہ کرنے کو حکومت برما، سیام اور ہندچینی سے [illegible] کروڑ [illegible] لاکھ پونڈ چاول خریدنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے [illegible] لاکھ پونڈ سے زیادہ چاول تو محض شنگھائی اور کانٹن کے علاقہ کے لئے چاہئیں۔

لاہور کے لیگی حلقوں میں سیاسی سرگرمیاں

دولتانہ کے استعفے سے نئی صورت حال

لاہور ۱۸ مارچ۔ اس وقت لاہور میں زیادہ سے زیادہ سیاسی سرگرمیوں کا ثبوت مل رہا ہے لیکن اس کے باوجود مغربی پنجاب کا سیاسی عقدہ لاینحل بنا ہوا ہے۔ صوبائی لیگ کی صدارت سے میاں ممتاز دولتانہ کے استعفے نے سیاسی جماعتوں میں ایک انتشار سا پیدا کر دیا ہے اور سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گیا ہے کل شام پنجاب کے سابق وزیر اعظم خان افتخار حسین خان اور سابقہ کابینہ کے دوسرے وزیروں اور میاں ممتاز دولتانہ نے چوہدری خلیق الزماں سے ملاقات کی اور دیر تک سیاست عامہ اور بحران سے تبادلہ خیال کیا۔ نواب ممدوٹ نے ایک نامہ نگار کو بتایا کہ صدر لیگ سے ان کی گفتگو محض رسمی تھی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ گذشتہ چند ماہ میں پنجاب کے لیگی حلقوں میں جو سازشیں ہو رہی ہیں ان سے علیحدہ ہو جانا ہی بہتر تھا۔

انھوں نے صوبائی مسلم لیگ کی صدارت سے میاں ممتاز دولتانہ [redacted] انکار کر دیا۔ صرف اتنا کہا کہ اس وقت خاموش رہنا اور حالات اور واقعات کا مشاہدہ کرتے رہنا ہی بہتر ہوگا انھوں نے کہا کہ ہمیں انتظار کرنا چاہیے۔ کہ واقعات کیا رنگ لاتے ہیں۔

شام کے وقت چودہری خلیق الزماں نے گورنر پاک پنجاب سر فرانسس موڈی سے بھی طویل ملاقات کی۔ چودہری صاحب نے ایک نامہ نگار کو بتایا کہ ابھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس بحث کا کیا انجام ہوا۔ امید ہے کہ اس سے کشیدگی کم ہوگی۔ لیکن یہ توقع ہے کہ حالات سدھر جائیں گے انھوں نے اس اطلاع کی تردید کی۔ انھوں نے میاں ممتاز دولتانہ کو استعفیٰ دینے پر مائل کیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ یہ اطلاع محض شرارت سے بھری ہوئی ہے۔

ہند اور پاکستان میں تجارتی کانفرنس

مال کی آمد و رفت کے محصول پر غور

کراچی ۱۸ مارچ۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان و پاکستان کے درمیان ایک دوسرے ملک کے مال پر محصول عائد کرنے کے متعلق ایک اہم کانفرنس اوائل اپریل میں منعقد ہوگی۔

پاکستان کے وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں کہا تھا۔ کہ وہ ہندوستان سے آنے والے مال پر اسی لئے محصول عائد کر رہے ہیں کہ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان کے مال پر پورا محصول عائد کر دیا جائے لیکن اب صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے اور دونوں ملکوں کے تجارتی معاملات کو سدھارنے کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان ایک کانفرنس ہو رہی ہے

سندھ کے افسران مہاجرین کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کر رہے

بہت سے مہاجرین مغربی پنجاب واپس چلے گئے۔ مبارک علی شاہ کا بیان

حیدرآباد (سندھ) ۱۸ مارچ۔ حکومت پاکستان کی وزارت مہاجرین کے ایک افسر کو جو آجکل یہاں پر ایک [illegible] کی آبادکاری کے بارے میں حالات دریافت کرنے کے لئے آیا ہوا ہے۔ مہاجرین کے لیڈر علامہ سید مبارک علی شاہ نے بتایا کہ سندھ گورنمنٹ کے حکام کا آبادکاری کا کام بالکل غیر اطمینان بخش ہے۔

آپ نے کہا کہ حکومت پاکستان اور حکومت سندھ کو مہاجرین کی آبادکاری کے مسئلہ کو سب سے زیادہ اہمیت دینی چاہیے۔ آپ نے بتایا کہ مہاجرین سے اچھا سلوک نہیں کیا گیا ہے۔ بہت سے مغربی پنجاب کو واپس ہو گئے ہیں آپ نے کہا کہ جب تک مہاجرین کو سندھ اسمبلی، میونسپلٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں میں مناسب نمائندگی نہیں دی جائیگی اور حکومت سندھ اور پاکستان زیادہ کوشش نہ کریں گی۔ اس وقت تک مہاجرین کی حالت بہتر نہ ہوگی۔

انہوں نے بتایا کہ سندھ میں مہاجرین کو سب سے بڑی دقت یہ ہے کہ ہندوستان و پاکستان کے درمیان نکاسیوں کی جائداد کے بارے میں معاہدہ ہو جانے کے باعث مکانوں اور دکانوں سے محروم ہو گئے ہیں۔

مغربی پنجاب کے افسران آبادکاری کی کانفرنس

گورنر کا چہار نکاتی پروگرام

لاہور ۱۸ مارچ۔ افسران آبادکاری کی دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی نے چار باتوں پر زور دیا۔ اول تو یہ کہ وہ مہاجرین کے دلوں میں یہ بات ذہن نشین کرا دیں کہ ان کو جہاں آباد کر دیا جائیگا اور جو زمین ان کو کاشت کیلئے دی جائیں گی وہ ان کو ان کی مرضی کے بغیر علیحدہ نہیں کیا جائے گا۔ دوسرے یہ کہ اس معاملہ میں نا قابل کی تفریق نہ کی جائے [illegible] افسران کو جو ہدایات کی گئی ہیں [illegible] کیا جائے۔

تیسرے یہ کام فوراً شروع کر دیا جائے تاکہ لوگوں کو یہ اطمینان ہو جائے کہ ان کا کام ہو رہا ہے۔ اور ان کا سر بھی جلد ہی آ جائیگا۔ چوتھے یہ کہ آپ لوگ بڑے صبر و برداشت اور جانفشانی سے کام کریں اور یہ سمجھ کر کریں کہ یہاں جو لوگ آئے ہیں وہ اجڑ کر آئے ہیں اور بڑی مصیبتیں برداشت کی ہیں ان کے جذبات کو ٹھیس نہ لگے۔

دھوکے باز کو سزا

لاہور (بذریعہ ڈاک) لاہور مجسٹریٹ اے [illegible] نے [illegible] چھیپے نے [illegible] تاج الدین اور عبدالغنی کو ایک ایک سال قید بامشقت اور دو دو سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ملزمان نے خود کو بیرسٹر ظاہر کر کے ایک بوڑھی عورت سے سونے کی دو بالیاں اور ایک انگوٹھی اڑا لی تھیں۔ [illegible] کہا گیا ہے کہ اس کی بالیاں اور ایک انگوٹھی تاکہ وہ [illegible] ملزمان کے پاس تھیں ان کو [illegible] کی وجہ سے وہ ان کو دے رہا [illegible] عورت نے کہا [illegible] پولیس کو دیدی۔

بھاول پور میں مسلم لیگ

لاہور ۱۸ مارچ۔ مخدوم زادہ حسن محمود کنوینر بھاولپور مسلم لیگ نے چودھری خلیق الزماں صدر آل پاکستان مسلم لیگ سے ملاقات کی۔ اور ان سے بہت سے امور کے متعلق گفتگو کی [illegible] مسلم لیگ پر الزام عائد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان میں سے بہت سے الزامات بے بنیاد ہیں۔ [illegible] چودھری خلیق الزماں نے [illegible]

آزادی کی جدوجہد کرنیوالوں کا معاوضہ

ٹروینڈرم ۱۸ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ آزادی کی جنگ میں شریک ہونے والوں کو معاوضہ دلانے کا سوال کانگریس کے زیر غور ہے۔ پہلا قدم اس سلسلہ میں اٹھایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ کانگریس کارکنوں کو جرمانہ کیا گیا تھا اس کے منسوخی کے احکام جاری کئے گئے ہیں (گلوب)

قیامت کا انتظار!

برلن ۱۸ مارچ۔ جنوب مغربی جرمنی کے گرجا گھروں میں بہت سے لوگوں نے عبادات میں رات بسر کی کیونکہ ان کو خیال تھا کہ اگلا روز قیامت کا ہے۔ اس ایک گروہ نے جو اپنے آپ کو مقدس پیغمبر کا قاصد بتاتے ہیں اعلان کیا کہ کل ساتھ گیارہ بجے تمام دنیا ختم ہو جائیگی۔ اس گروہ کے ممبر گھر گھر کہتے رہے کہ اس قیامت کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ آج اس گروہ کے ممبران نے خوراک اور اخبار لینے بند کر دئے (گلوب)

یونان میں کمیونسٹ مزاحمت کا خاتمہ

ایتھنز ۱۸ مارچ۔ سرکاری حلقوں کے مطابق یونان میں کمیونسٹوں کی مزاحمت ختم ہو گئی ہے۔ سرکاری فوجوں کو گریلا جنگ کی وجہ سے حکومت کو بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے، ایک دستہ نے کمیونسٹوں کی ناکہ بندی کر لی اور اس سے انہیں نکال اور نہ ہی خوراک بہم پہنچ سکی۔ گوریلوں کی سرگرمیاں ختم ہو چکی ہیں لیکن فوجیں دستہ دستہ یہاں موجود ہیں تاکہ جو پہاڑوں میں چھپے ہوئے ہیں اپنے آپ کو از سر نو منظم نہ کر سکیں۔ (گلوب)

اطالوی کمیونسٹوں کیلئے اسلحہ

لندن ۱۸ مارچ۔ شمالی اٹلی میں جو ہوائی جہاز دندناتے پھرتے ہیں ان کے متعلق کسی قسم کی تحقیقات کی جا رہی ہیں ایک تو یہ ہے کہ وہ کمیونسٹوں کو اسلحہ اور بارود مہیا کرتے ہیں کیونکہ انہی مقامات سے پولیس کو اسلحہ وغیرہ ملے ہیں۔ (گلوب)

دارالعوام میں ملایا پر سوالات

لندن ۱۸ مارچ۔ کل دارالعوام میں ملایا میں زیادتی کے بارے میں وزیر نو آبادیات مسٹر کریچ جونز نے جواب کا حوالہ دیا۔ جو کہ انہوں نے ۱۶ مارچ کو دیا تھا مسٹر کریچ جونز نے بتایا تھا کہ ملایا میں برطانوی ہائی کمشنر نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ایک ایسی حالات کو ختم کرنے کے لئے جس بات کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ دہشت پسندی کرنے والوں کے نفاذ کو روکا جائے۔ کرچین نے کہا [illegible] کی امداد یا معلومات کریں۔ کنزرویٹو ممبر مسٹر [illegible] نے دریافت کیا کہ [illegible] پولیس کی برائی بجانبہ وغیرہ کی ضروریات کو پورا کیا گیا ہے۔ مسٹر [illegible] نے جواب دیا کر دیا گیا ہے۔

یونین ہوٹل
دہلی کا سفر کرو
بلیماران دہلی میں قیام کرو۔ جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے
صداقت کا امتحان کیجئے
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

گوڈائیر کا ربڑ کا پٹہ
Good year Rubber Belting
ہم گوڈائیر کے بنائے ہوئے ربڑ کے پٹے کے لئے تمام یوپی، صوبہ دہلی، مشرقی پنجاب، راجپوتانہ، اور تمام ہندوستانی ریاستوں کے لئے سول ایجنٹ ہیں۔
گوڈائیر کا پٹہ ہر کارخانہ میں پہونچانے کے لئے ہم ہر بڑے شہر میں اپنے ڈیلر مقرر کر رہے ہیں۔ جن کو معقول کمیشن دیا جا رہا ہے۔ اپنی ضروریات کے لئے آرڈر ہمارے نزدیکی دفتر کو دے کر مشکور فرمائیں۔
مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی
مل سٹور کمپنی ریلوے روڈ پوسٹ بکس نمبر ۴۸ سہارنپور
مل سٹور کمپنی لاٹوش روڈ پوسٹ بکس نمبر ۲۴۸ کانپور

اردو صحافت کے محسن اعظم
ہندوستان کے بے خوف اخبار نویس اور سردار دیوان سنگھ مفتون ایڈیٹر ریاست دہلی کے کبھی نہ بھولنے والے مضامین کا دو سو چھپن صفحات کا مجموعہ کتابی صورت میں
ناقابل فراموش
ناقابل فراموش نہ کوئی ادبی کتاب ہے اور نہ افسانہ ہے بلکہ سردار صاحب موصوف کے وہ ذاتی مشاہدات ہیں جو افسانے سے زیادہ دلچسپ ادبی کتاب سے زیادہ جاذب توجہ ہیں۔ یہ امر واقعہ ہے کہ مفتون صاحب نے اپنی آپ بیتی کو اس قدر دلکش اور موثر انداز میں پیش کیا ہے کہ کتاب کو شروع کرنے کے بعد چھوڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کتاب کے اوراق میں ہم کو انسانی فطرتوں کے نمونے بھی دکھائی دیتے ہیں اور ایسے حیرت انگیز واقعات بھی جو بہت سے انسانوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہو سکتے ہیں ان واقعات کو پڑھنے کے بعد انسان عمل کی راہ اختیار کرتا ہے بزدل بہادر بنتا ہے۔ اور کمزور ارادے والوں کو اس کتاب نے مضبوط ارادے کا مالک بنا دیا ہے۔
کتابی سائز خوبصورت سہ رنگہ سرورق
قیمت:۔ دو روپے آٹھ آنے -/2/8 علاوہ محصول ڈاک
ملنے کا پتہ
ریجنٹ نیوز ایجنسی نئی سڑک دہلی
نوٹ:۔ کتاب فروش حضرات اس کتاب کے ٹائیٹل کا نمونہ منگا کر پہلے دیکھ لیں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳۰ مارچ ۱۹۴۹ء

ہمارا جرم!

افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم لوگ غیر ضروری باتوں کو تو اہمیت دیتے ہیں لیکن ضروری باتوں کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ زندگی کے ہر شعبہ میں ذہن کی یہ کوتاہی نظر آتی ہے۔ ہم قدم قدم پر اس بے اصولی کو کام میں لاتے ہیں اور کبھی متنبہ نہیں ہوتے کہ ہم کیا کر رہے ہیں اور ہمارا ذہن کس طرف بہتا چلا جا رہا ہے۔ اصول پر فروع کو ترجیح دینا کام کی باتوں کو فضول باتوں پر قربان کر دینا مچھروں کو چھاننا اور اونٹوں کو نگل جانا ہماری عادت میں داخل ہو گیا ہے اور یہ عادت دماغوں میں اس قدر رچ گئی ہے کہ ہم اس غیر متوازن غلطی سے کوئی اذیت محسوس نہیں کرتے۔ آپ آج چور بازاری سے بہت پریشان ہیں، ذخیرہ اندوزی سے سخت نالاں ہیں، رشوت ستانی پر بہت برافروختہ ہیں لیکن کبھی یہ نہیں سوچتے کہ یہ خرابیاں سوسائٹی کے اندر کیوں پیدا ہوئیں اور کن باتوں پر توجہ کرنے سے ان کی اصلاح ہو سکتی ہے! رشوت ستانی کا رونا رونے والے اخلاق کی اجتماعی خرابی پر کبھی متاسف نہیں ہوتے اور کبھی اپنے آپ کو با اخلاق بنانے کی کوشش نہیں کرتے ہم اتنا جانتے ہیں کہ جس شخص نے ہم سے رشوت لی اس نے بہت برا کیا لیکن جو شخص رشوت لیتا ہے وہ خوش ہے کہ وہ دوسرے رشوت خوروں سے پیچھے نہیں رہا۔ اور کچھ نہ کچھ رقم جمع کر کے گھر لے آیا، لیکن اگر ہم یہ سوچیں کہ جس بداخلاقی نے ایک سرکاری ملازم کو رشوت لینے پر مجبور کیا وہ کم و بیش ہم سب میں موجود ہے اور ہم کو ملکر بداخلاقی کو ترک کر دینا چاہیے تو اجتماعی اخلاق کی بحالی سے رشوت خوری، ذخیرہ اندوزی، چور بازاری وغیرہ بداخلاقیاں بہت جلد ختم ہو سکتی ہیں۔ ایک شخص رشوت لیتا ہے، دوسرا بلا ٹکٹ سفر کرتا ہے، تیسرا جھوٹ بول کر پرمٹ حاصل کرتا ہے چوتھا جیب کتر کر رقم کما لیتا ہے، اب بتائیے ان جرائم پیشہ لوگوں میں اخلاق کے اعتبار سے کیا فرق ہے؟!

غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ حصول زر کے سلسلہ میں جس قدر بھی بداخلاقیاں ہیں ان کی جڑ خود غرضی ہے، خود غرضی کو آگے چلانے کے لئے بد دیانتی سے کام لیا جاتا ہے، اور خود غرضی اور بد دیانتی مل کر وہ ستم ڈھاتی ہے جس کا توڑنا حکومت کے بس سے باہر ہے۔ ذرا انگلیوں پر شمار کر کے بتائیے کہ کتنے لوگ خود غرضی اور بد دیانتی سے بچے ہوئے ہیں؟ یہ بداخلاقی اس قدر عام ہو چکی ہے کہ مشکل ہی سے کوئی بچا ہوا نظر آئے گا، اب یہ خود غرضی اور بد دیانتی مختلف اشخاص میں مختلف شکلیں اختیار کرتی ہے، سرکاری ملازموں کو رشوت خور بناتی ہے، سیٹھوں کو سود خوری پر آمادہ کرتی ہے، تاجروں میں چور بازاری کا روپ بھرتی ہے، زمینداروں کو ذخیرہ اندوزی پر ابھارتی ہے، فاقہ زدوں کو چور اور ڈاکو بناتی ہے، عوام کے لئے ایسا میدان تیار کرتی ہے جس میں جھوٹ، دغا، دھوکہ، وعدہ خلافی، نامردی، الزام تراشی، قتل وغیرہ رذائل کی کاشت آسانی کیساتھ چل سکے۔

خود غرضی اور بد دیانتی کا تجزیہ کرنے سے معلوم ہوگا کہ سوسائٹی کا ضمیر حد درجہ خراب ہو چکا ہے، اور سوسائٹی کا اجتماعی مزاج زندگی کے ہر شعبہ کو خراب کر رہا ہے! آپ بد دیانتی اور بے ایمانی کی اس قسم کا نشان بتائیے جسے ہم سب کا تعاون حاصل نہ ہو اور جسے متفقہ طور پر پوری سوسائٹی ملامت کرتی ہو؟ اگر سرکاری ملازم رشوت کے بغیر بات نہیں کرتے تو وہ یقیناً انسانیت کے دشمن اور سوسائٹی کے مجرم ہیں لیکن ان لوگوں کے متعلق کیا کہیں گے جو کام نکالنے کے لئے رشوتیں دیتے ہیں اور اپنے آرام کے لئے قوم کے مجرموں کو پالتے ہیں! چور بازاری کرنے والوں کو کون اچھا بتاتا ہے؟ وہ اس قابل ہیں کہ انہیں گولی مار دی جائے۔ لیکن وہ لوگ بھی معصوم نہیں ہیں جو کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے پیسہ کا خیال نہیں کرتے اور دگنی اور چوگنی قیمت دے کر مال کو قبضہ میں کر لینا چاہتے ہیں! ذخیرہ اندوزی آج ختم ہو سکتی ہے اگر ہم عزم کر لیں کہ تکلیفیں اٹھا لیں گے، حوائج اور ضروریات کو بالائے طاق رکھ دیں گے مگر غلہ زیادہ قیمت پر حاصل نہیں کریں گے! رشوت نہ دینے سے اگر کام نہیں ہوں گے اگر ہوں گے تو تاخیر سے ہوں گے، یا مرضی کے مطابق نہ ہوں گے۔ لیکن رشوت خوروں کو سزا ابھی مل جائے گی اور وہ جب دیکھیں گے کہ لوگ مرنے مارنے کے لئے تیار ہیں مگر رشوت دینے کے لئے تیار نہیں ہیں تو وہ اس خیال کو چھوڑ دیں گے اور وہ جو کام رشوتوں سے انجام دیا کرتے تھے اسے اپنا فرض سمجھ کر خوشی کے ساتھ انجام دیں گے اور کچھ روز کے بعد دیانتداری اور فرض شناسی کا کچھ ایسا معیار قایم ہو جائے گا کہ خود ملازموں کو رشوت کے تصور سے گھن آنے لگے گی اور ان کا ضمیر خود اس پر ملامت کرنے لگے گا۔

انسان آرام اور فائدہ چاہتا ہے اور اس کے لئے وہ ایسی جماعتیں پیدا کرتا ہے جو جرایم پیشہ خود غرض بد دیانت اور فرض ناشناس ہوں، گویا سوسائٹی کا اجتماعی مزاج آپس کے تعاون سے بداخلاقی پیدا کرتا ہے اور جب بداخلاقیوں کی کثرت ہو جاتی ہے تو وہ کہتا ہے کہ قدم قدم پر رشوت ستانی ہے، بات بات میں خود غرضی ہے، جگہ جگہ لوٹ کھسوٹ ہے! ہم ریلوے اسٹیشن پر جاتے ہیں ہماری خود غرضی اور آرام طلبی متقاضی ہوتی ہے کہ ہمیں سب سے پہلے ٹکٹ مل جائے اور سب سے پہلے ہمارا سامان بک ہو جائے اس مقصد کے لئے ہم رشوت خوری کی تحریک کرتے ہیں، بابو صاحب کے ہاتھ پر لجاجت اور خوشامد کے ساتھ ایک روپیہ رکھ دیتے ہیں اور کامیاب ہو جاتے ہیں، اس سلسلہ میں ریل کا بابو اور مسافر دونوں مجرم ہیں، اور دونوں کے تعاون سے رشوت خوری کے جرم کو فروغ ملا ہے اگر ہم اتنی بات سمجھ لیتے کہ خواہ ٹکٹ سب سے آخر میں ملے اور خواہ ٹرین ہاتھ سے نکل جائے لیکن ایک زبردست برائی کو دور کرنے کے لئے ہمیں یہ قربانی گوارا کرنی چاہیے تو ہم سوسائٹی کو بہت جلد رشوت ستانی کی برائی سے نجات دلا سکتے ہیں۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ پوری سوسائٹی مجرم ہے اور اس کے جرم نے خدمت کے لئے بے انتہا مشکلات پیدا کر رکھی ہیں، اب نہ تو چور بازاری ختم ہوتی ہے، نہ رشوت ستانی کا انسداد ہوتا ہے اور نہ ذخیرہ اندوزی بند ہوتی ہے، خود غرضی اور بد دیانتی پھیلتی جا رہی ہے اور حکومت اپنے تمام ہتھیاروں اور تدبیروں کے باوجود اس کے سامنے لاچار ہے!

پس سوسائٹی کے ضمیر کو بیدار کرو، خود غرضی اور بد دیانتی کو ایثار، خدمت اور دیانتداری میں بدلدو اور پھر چور بازاری ذخیرہ اندوزی اور رشوت ستانی سے کہدو کہ وہ ہمارے دائرہ سے باہر نکل جائیں۔

بچھڑی ہوئی عورتیں

ہندوستان کی پارلیمنٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے گوپال سوامی آئنگر نے بتایا کہ پاکستان سے پانچ ہزار چھ سو اکتیس عورتیں اور بچے برآمد ہوئے اور نو ہزار نو سو اکتیس عورتیں اور بچے ہندوستان سے پاکستان بھیجے گئے۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ پاکستان سے جو عورتیں ہندوستان بھیجی گئیں ان میں زیادہ تعداد معمر عورتوں کی ہے، ہمارے خیال میں اغوا شدہ عورتوں اور بچوں کے معاملہ میں ناپ تول درست نہیں یہ تو انسانی فرض ہے کہ ہندوستان اور پاکستان بچھڑی ہوئی عورتوں کو برآمد کریں اور انہیں ان کے گھروں میں پہنچائیں، اگر اس معاملہ میں پاکستان کی طرف سے کوتاہی ہوئی ہے تو اب اس کی تلافی ہونی چاہیے، کیونکہ پاکستان، اللہ تعالیٰ کی حاکمیت تسلیم کر چکا ہے اور خدا کی حاکمیت کا تقاضہ ہے کہ پاکستان اسلام اور انسانیت کی خاطر مسلمانوں کو پرہیزگار اور با اخلاق بنائے اور بچھڑی عورتوں کو خدا کے خوف سے انکے ورثا کے حوالہ کر دے۔ اگر خدا کی حاکمیت میں بھی بے گناہ عورتوں پر ترس نہ کھایا گیا اور خدا کے نام سے دلوں میں رحم و کرم اور انصاف کے جذبات پیدا نہ ہوئے تو یہ خدا کی حاکمیت کا بہت ہی نامنصفانہ اور مضحکہ خیز استعمال ہوگا۔

اطمینان بخش

ہندوستانی پارلیمنٹ میں مسٹر موہن لال سکسینہ کے سوال کے جواب میں ایک گورنمنٹ [illegible] نے بتایا کہ مشرقی بنگال سے غیر مسلموں کا انخلا گذشتہ ستمبر سے بند ہے اور جو لوگ مغربی بنگال میں چلے آئے ہیں وہ اب مشرقی بنگال کو واپس ہو رہے ہیں! معلوم ہوتا ہے کہ حالات کی سازگاری ترقی پذیر ہے اور مشرقی بنگال کی اقلیتوں میں اعتماد بحال ہوتا جا رہا ہے، اب جبکہ حکومت پاکستان نے قرارداد مقاصد کے ذریعہ اقلیتوں کو برابری کے حقوق، انصاف و مساوات جان و مال، مذہبی اور تہذیبی آزادی کا یقین دلایا ہے تو اسکا فرض ہو جاتا ہے کہ خدا کے نام کی لاج رکھے اور اسلامی حکومت پر آنچ نہ آنے دے، پاکستان نے خدا اور اسلام کے نام پر اقلیتوں سے جو وعدے کئے ہیں ان کا تقاضہ ہے کہ پاکستان ان کی حفاظت میں اپنے آپکو مٹا دے اور ایک فرد کو مطمئن کرنے کے لئے اپنے بڑا ایثار کرے، اگر اس نے اپنے اس فرض کو انجام دیا تو اس میں اسی کا بھلا ہوگا اور یہی چیز اس کے استحکام کا باعث ہوگی۔

بحیرہ روم کا بلاک بنانے کی کوشش

ترکی کے وزیر خارجہ کے تاثرات

انقرہ، ۱۸ مارچ۔ ترکی کے وزیر خارجہ نجم الدین صادق نے جب بحیرہ روم کا بلاک بنانے کے سلسلہ میں ابتدائی گفت و شنید [illegible] ان کے تاثرات کی اہمیت [illegible] کہا ہوا ہے کہ اس سے زیادہ اہم حصہ کی حفاظت کے لئے جو بھی معاہدہ کیا جائے گا ترکی کے مفاد کے مطابق ہوگا۔ وزیر خارجہ حال ہی میں لندن سے یہاں آئے ہیں۔ انھوں نے برطانیہ اور فرانس کے وزراء خارجہ سے گفتگو پر اظہار اطمینان کیا ہے۔

عالمگیر جنگ چھڑ جانے کے کوئی امکان نہیں

لندن ۱۸ مارچ۔ [illegible] جنگ چھڑ جانے کے متعلق جو افواہیں پھیلی ہوئی ہیں ان کا ذکر کرتے ہوئے برطانوی حکومت [illegible] کے نائب سکریٹری مسٹر [illegible] نے کہا [illegible] افواہیں [illegible] (گلوب)

جٹ قسم کے ہوائی جہاز تیار کرنیکی تجویز

سڈنی ۱۸ مارچ۔ آسٹریلیا کی دفاع کے سلسلہ میں ہوائی جہازوں کی صنعت و حرفت کی اہم توسیع کی جا رہی ہے۔ رولز رائس کے دونوں کارخانوں میں عنقریب ہوائی جہاز تیار کئے جائیں گے، ان کمپنی نے ہوائی جہاز تیار کرنے والی کمپنی کے لئے [illegible] ہزار روپیہ اطمینان کے تعمیرات خرید کر لئے ہیں۔ کارپوریشن کے پاس پہلے ہی جٹ اور دوسری قسم کے ہوائی جہاز تیار کرنے کا لائسنس حاصل ہے۔ آسٹریلیا کے فکری سے بھی اضافہ کیا جا رہا ہے۔ (گلوب)

پولیس کی از سر نو تنظیم

ترچنا پلی ۱۸ مارچ۔ دفاع کے سلسلہ میں [illegible] پولیس کے محکمہ کی از سر نو تنظیم کی جا رہی ہے جس کا انکشاف صوبائی ممبروں کی کانفرنس میں مدراس کے [illegible] صوبائی ممبروں کو ہوا ہے اس میں اس محکمات کی تنظیم پر غور کرنے کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔

حاضرین میں سے کسی صاحب نے [illegible] اگر مدراس اور بمبئی میں جنگ چھڑ گئی تو حیدرآباد کے علاقہ ایسا ہو کہ جس پر کسی کی حکومت نہیں ہو گی۔ (گلوب)

مدراس اسمبلی کے ممبران کو سہولتیں

بلا قمیص کا لباس پہننے کی اجازت

مدراس ۱۸ مارچ۔ [illegible] اسمبلی میں اور [illegible] اسپیکر [illegible] ممبران کو بلا قمیص لباس پہننے کی اجازت [illegible] (گلوب)

۲ لاکھ روپے روز کے سگریٹ

لاہور تمباکو نوشی پر عظیم مصارف

لاہور ۱۸ مارچ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ لاہور میں روزانہ ۲ لاکھ روپے کے سگریٹ خریدے اور صرف کئے جاتے ہیں اس عظیم رقم کے اس سے بہتر مصرف ہو سکتے ہیں مثلاً کسی امدادی فنڈ میں دئے جا سکتے ہیں۔ لاہور کے بہت سے اشخاص اس بات پر سخت پریشان ہیں اور اس برائی پر قابو پانے کے طریقے سوچ رہے ہیں۔

لاہور کی آبادی جو اس وقت ۱۴ لاکھ سے زیادہ ہے اگر اس روپیہ کو اس آبادی پر پھیلایا جائے تو ہر شخص کے حصہ میں ۲ آنہ روزانہ آتے ہیں۔

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

قرآن حکیم کا بین الاقوامی اصول

حکم نہ ہوتا تو آپ علماء اور زعماء ملت سے مشورہ فرماتے اور جب کسی رائے پر متحد ہو جاتے تو اسی کے مطابق کرتے اور حضرت عمرؓ کی سیرت میں بھی یہ بات ملتی ہے۔ چنانچہ صاحب روح المعانی نے جو روایت احمد نقل فرمایا ہے کہ آنحضرت صلعم نے ابو بکر و عمرؓ کے متعلق فرمایا کہ تم دونوں کسی مشورہ پر متفق ہو جاؤ تو میں اس کے خلاف نہ کروں [illegible] یہ بات اساس اور بنیاد ہی حکومت اور سیاست کی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کثرت رائے کا ضابطہ محض بے اصل و بنیاد نہیں [illegible] تو عزم کثرت رائے کے خلاف نہ ہوا ہوگا۔

کم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله (بقرہ) ترجمہ: بارہا تھوڑی جماعت غالب ہوئی ہے بڑی جماعت پر اللہ کے حکم سے۔

ويوم حنين اذ اعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئا (توبہ) اور حنین کے دن جب خوش ہوئے تم اپنی کثرت پر پھر وہ کام نہ آئی۔

[illegible]

اس طریقہ سے نفرت و عداوت کی خلیج روز بروز وسیع ہوتی رہتی ہے اور قلوب میں اس قدر بعد پیدا ہو جاتا ہے کہ صلح اور باہمی الفت کی کوئی امید باقی نہیں رہتی۔ آپ نے انہیں باتوں سے روکا گیا ہے غرض اسی طرح انقلاب و شقاق کی [illegible] [illegible]

(۵) وشاورهم في الامر فاذا عزمت فتوكل على الله (آل عمران) ترجمہ: اور ان سے کام میں مشورہ لے پھر جب قصد کر چکا تو اس کام کو تو پھر بھروسہ کر اللہ پر۔

(۶) والذين استجابوا لربهم واقاموا الصلوة وامرهم شورى بينهم (شوریٰ) اور جنہوں نے حکم مانا اپنے رب کا اور قائم کی نماز اور کام کرتے ہیں مشورہ سے آپس کے۔

[illegible]

فلسطین میں دوبارہ جنگ ناگزیر ہے اور جلد شروع ہو جائیگی

عرب اپنی فوجیں مجتمع کر رہے ہیں — عرب لیڈر کا بیان

بغداد ۱۸ مارچ۔ [illegible] کامل شمعون بیت المقدس کی عرب مجلس اعلیٰ کے لبنانی صدر ہیں۔ کل ایک ملاقات میں بتایا کہ انھوں نے عرب ممالک کے دارالسلطنتوں میں جو گفتگو کی ہے اس سے ان کو اس بات کا یقین ہو گیا ہے کہ فلسطین کی دوسری جنگ ناگزیر ہے اور جلد شروع ہو جائیگی۔

مسٹر شمعون نے جو بیت المقدس کے مستقبل کے بارے میں گفت و شنید کر رہے ہیں اب کہ عمان بیروت اور دمشق کا دورہ کر چکے ہیں۔ انھوں نے عرب حکمرانوں کو معلوم ہو گیا ہے کہ اسرائیل کو اب تک جو سیاسی اور فوجی کامیابیاں ہوئی ہیں۔ ان سے ان کا دل نہیں بھرا اور صرف یہ توسیع چاہتے ہیں۔ مجھے یقین ہے عرب اپنی طاقت کو مجتمع کر رہے ہیں اور جلد ہی فلسطین کی آزادی کی جنگ شروع کر دیں گے۔

کانفرنس کی تیاری ہو رہی ہے۔ جس میں ہندوستان کے ممتاز علماء اور ناموری ہستیاں ہندو مسلمان رہنماؤں کو مدعو کیا گیا ہے جن میں پنڈت سندر لال، مولانا حفظ الرحمٰن جنرل سیکریٹری جمعیۃ علماء ہند، جناب منظر علی سوختہ [illegible] اور مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی کی شرکت کی امید کی جاتی ہے۔ استقبالیہ کمیٹی کے پریزیڈنٹ جناب نواب محی الدین صاحب رئیس منتخب ہوئے ہیں۔ صدر جناب پنڈت [illegible] جنرل سیکرٹری [illegible] انتظامات متعلقہ کے [illegible] مولانا مولوی محمد عبد الرحمٰن صاحب صدر جمعیۃ درگ، جناب عبد الکریم صاحب، جناب خان نسیم خان صاحب، منشی عبد الغفور صاحب دورہ فرما رہے ہیں۔ امید ہے کہ کارکنان کی کوششیں اور جمعیت ہر طرح کانفرنس کو کامیاب بنا دیں گی۔

سی پی میں اتحاد و ترقی کانفرنس

حافظ جمیل احمد خاں سکریٹری کانفرنس اتحاد و ترقی نے حسب ذیل بیان دیا ہے۔

صوبہ سی پی و چھتیس گڑھ کے لئے باعث افتخار ہے کہ اپریل کے آخری ہفتہ میں بمقام درگ [illegible]

اچھی باتیں

ان المسلمین۔ تا۔ عظیما (پ ۲۲)

اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں مومن مردوں اور مومنہ عورتوں، عبادت گذار مردوں اور عبادت گذار عورتوں، سچ بولنے والے مردوں اور سچ بولنے والی عورتوں، صبر کرنے والے مردوں اور صبر کرنے والی عورتوں، پرہیزگار مردوں اور پرہیزگار عورتوں، صدقہ کرنے والے مردوں اور صدقہ کرنے والی عورتوں، روزہ رکھنے والے مردوں اور روزہ رکھنے والی عورتوں شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے مردوں اور شرمگاہ کی حفاظت کرنے والی عورتوں اور ذکر الٰہی میں مشغول رہنے والے مردوں اور ذکر الٰہی میں مشغول رہنے والی عورتوں کے لئے مغفرت اور بہت بڑا اجر تیار کیا ہے۔

اس آیۂ کریمہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ اسلام میں مرد اور عورت کو ترقی کرنے کے لئے مساوی مواقع حاصل ہیں ایک عورت بھی مرد کی طرح اخلاق فاضلہ پیدا کر کے خدا رسیدہ ہو سکتی ہے اور حصول کمالات میں عورت اور مرد کا کوئی امتیاز قایم نہیں کیا گیا ہے۔ اسلام کا یہ وہ اعلان ہے جس نے عورت کی اخلاقی اور اعزازی برتری کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ ادارہ

ڈاکٹر پٹابھی کو سپاسنامہ

گذشتہ دنوں جب صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیا [illegible] تشریف لے گئے۔ تو جمعیۃ علماء [illegible] کی جانب سے صدر کانگریس کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا تھا جس میں صدر موصوف کی آمد پر اظہار مسرت اور ان کی خدمات ملکی و قومی کا اعتراف کرتے ہوئے ان کو مبارکباد دی گئی تھی۔

کیا۔ وفد نے عوام پر جمعیۃ کی موجودہ پوزیشن اور راہ عمل واضح کی۔ نیز فرقہ وارانہ اتحاد کی ضرورت کی تلقین کی۔ خاص طور پر مسلمانوں کو [illegible] مفید اور تعمیری کاموں کی طرف توجہ دلائی گئی۔ اس دورہ کے نتیجے میں سولہ ماتحت جمعیتیں قائم ہوئیں اور لوگ کثیر تعداد میں ممبر بنے۔

گونڈہ اور بہرائچ میں تعزیتی جلسہ

جمعیۃ علماء شہر بہرائچ کی مجلس عاملہ کا تعزیتی اجلاس [illegible] مولوی فضل حق صاحب صدیقی [illegible] منعقد ہوا۔ حضرت مولانا سلامت اللہ صاحب [illegible] مولوی فضل حق صاحب صدیقی نے [illegible] گورنر یوپی [illegible] ڈاکٹر سید حسین ہندوستانی سفیر برائے مصر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مختصر تقریر کے دوران میں دونوں کی زندگی پر روشنی ڈالی۔ آخر میں ایک تعزیتی رزولیوشن بالاتفاق رائے پاس ہوا۔

[illegible]

[illegible] کی رپورٹ

جلسہ سالانہ انتخاب مرکزی جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ منعقدہ ۱۰ مارچ ۱۹۴۹ء بمقام شاہی مسجد اجین ناظم جمعیۃ علماء صوبہ نے جو رپورٹ پڑھی اس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

ملت کی بقاء کے لئے صوبہ مالوہ میں جمعیۃ علماء ہند کی شاخ زیر سرکردگی مولانا مفتی محمود احمد صاحب [illegible] قائم کی گئی۔ اس جمعیۃ نے پہلا کام یہ کیا کہ بہار کے مصیبت زدگان کو قریب چھ سو روپے کی رقم بھیجی [illegible] میں زیر صدارت شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی [illegible] کی تجاویز پر مسلمانوں کو عمل پیرا ہونے کے لئے کہا جاتا ہے۔ مرکزی جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ کے ماتحت حسب ذیل [illegible] قائم ہو چکی ہیں۔

[illegible]

سالگرامی پی

[illegible]

رائے بریلی کے وفد کا دورہ

[illegible]

کشمیر میں التوائے جنگ کی لائن کی تکمیل پر جلد بات چیت ہوگی

کمیشن کے آج کے اجلاس میں اہم مسائل پر غور و خوض!

نئی دہلی ۱۷ مارچ۔ آج اقوام متحدہ کے ہند پاکستان کمیشن کا [illegible] اجلاس ہوا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ لفٹننٹ جنرل ڈیلوائے کمیشن کے فوجی مشیر جلد ہی ہند و پاکستان کے فوجی نمائندوں سے ملاقات کریں گے۔ ہفتہ کو مناور سے پتھوال اور کیرن تک التوائے جنگ کی لائن [illegible] دونوں حکومتیں منظور کر چکی ہیں۔ اب کیرن کے مشرق میں التوائے جنگ کی لائن کے بارے میں گفت و شنید ہوگی۔ یہ لائن کیرن کے مشرق میں [illegible] کے اونچے اونچے پہاڑوں سے گذرے گی۔

اے پی آئی کی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ منور سے پتھوال اور کیرن تک جانے والی التوائے جنگ کی لائن کے بارے میں کارروائی کے لئے دونوں حکومتوں نے اپنے اپنے متعلقہ کمانڈروں کو احکام جاری کر دیئے ہیں ابھی یہ معلوم نہ ہو سکا کہ سمجھوتہ کمیٹی کو معاہدہ کی تیاری میں کتنا وقت لگے گا کیونکہ نئی نئی سیاسی پیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں۔

دہلی سوشلسٹ پارٹی کی اپیل

آج کل دہلی میونسپل کمیٹی کے ووٹر بنائے جا رہے ہیں مگر کئی علاقے ایسے ہیں جہاں بہت سے لوگ ابھی تک کسی نہ کسی وجہ سے ووٹر نہیں بن سکے۔ [illegible] ایسے تمام لوگ جو ابھی تک ووٹر نہیں بن سکے وہ شام کو ۶ بجے سے ۸ بجے تک علاقہ صدر سوشلسٹ پارٹی کے دفتر باڑہ ہندو راؤ [illegible] آکر اپنے نام درج کرائیں

میثاق اوقیانوس کیخلاف اطالیہ کے کمیونسٹوں کی کوششیں

پارلیمنٹ میں تحریک التواء کی ناکامی میثاق کیخلاف پارٹی منشور کی اشاعت

[illegible]

دولت مشترکہ کے باہمی مشورے

کمیونزم کا اندیشہ نہیں۔ کراچی میں بیان

کراچی ۱۸ مارچ۔ مسٹر پیٹرک گورڈن واکر جو برطانیہ کی طرف سے دولت مشترکہ کے بعض ممالک کا دورہ کر رہے ہیں ایک بیان میں کہا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ کمیونزم کے پھیلنے کی وجہ سے یہ باہمی مشورے شروع ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ برطانیہ کے نمائندے دولت مشترکہ کے ممالک سے بعض ان مسائل کے متعلق گفت و شنید کر رہے ہیں جو وزرائے اعظم کی لندن والی کانفرنس سے پیدا ہوگئے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ باہمی طور پر مشورہ کرنے کا یہ طریقہ زیادہ بہتر ہے کہ تاروں کے بجائے نمائندوں کو بھیجا جائے۔ اس طرح ایک دوسرے کا نقطہ نظر زیادہ واضح ہو سکتا ہے۔

مشرقی بنگال کے آرڈیننس

ڈھاکہ ۱۷ مارچ۔ کل رات مشرقی بنگال کی اسمبلی نے [illegible] گھنٹے کی بحث کے بعد ایک آرڈیننس پاس کیا جس کی رو سے بعض ایسے آرڈیننس جو پہلے سے نافذ ہیں ان کی چھ ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے اور اگر ضرورت پڑی تو مزید چھ ماہ کے لئے توسیع کر دی جائیگی۔ ان میں ایک سپیشل پاورز ایکٹ بھی ہے۔

[illegible]

دارالسلطنت

۱۸ مارچ ۱۹۴۹ء

سُنار نے لُوٹ لیا!

سبزی منڈی کے علاقہ میں چندراول کے رہنے والے ایک شخص کو دھوکہ دیکر اس سے ۱۳ تولہ چاندی کے زیورات چھین لئے گئے۔ معلوم ہوا اس شخص نے ٹھیک کرنے کے لئے یہ زیور ایک سنار کو منگل کی شام کو دیئے تھے۔ سنار دن بھر چاندی گلا کر اس کی اینٹ تیار کرتا رہا اور شام کو وہ اینٹ اس کے حوالہ کر دی اور کہا کہ اس اینٹ سے دوسرے دن زیور تیار کرے گا۔ لیکن اس شخص کو بعد میں معلوم ہوا کہ یہ اینٹ چاندی کی نہ تھی بلکہ کسی اور کم قیمت دھات کی تھی۔

مہمان روپیہ لے کر فرار ہوگئے

اطلاع ملی ہے کناری بازار دریبہ کے ایک شخص کے ہاں دو مہمان آئے۔ رات کو وہ سو رہے تھے صبح کو جو میزبان بیدار ہوا تو اس نے مہمانوں اور قیمتی زیورات اور پارچہ جات کو غائب پایا۔ پولیس کے پاس رپورٹ درج کرا دی گئی ہے۔

تانگہ ڈرائیور فرار ہوگیا

پہاڑ گنج سے اطلاع ملی ہے کہ ایک تانگہ والا اپنے مالک کا نقد روپیہ زیورات اور قیمتی کپڑے لے کر فرار ہوگیا پہاڑ گنج کے تھانہ میں اطلاع دی گئی ہے پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

ساڑھے چار سو روپے چرا لئے

سبزی منڈی سے اطلاع ملی ہے کہ گھنٹہ گھر کے قریب کی ایک دوکان میں چور گھس گئے اور مختلف سامان اٹھا کر لے گئے۔ مسروقہ سامان کی مالیت کا اندازہ ساڑھے چار سو روپے کیا جاتا ہے۔

مسافر لٹ گیا

اجمیری گیٹ کے بس سٹینڈ پر ایک دلچسپ ڈکیتی ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک مسافر نے اپنا سامان بس کی چھت پر رکھا۔ [illegible] سامان کا جائزہ لیا تو ایک ٹرنک غائب تھا۔ اس نے اسی وقت پولیس میں رپورٹ درج کرا دی۔

بلا لائسنس شراب برآمد

کرتار سنگھ نامی ایک شخص کو بلا اجازت شراب کی چار بوتلیں اپنے پاس رکھنے کے الزام میں پولیس نے گرفتار کیا ہے۔ یہ گرفتاری پہاڑ گنج سے عمل میں آئی ہے اسی قسم کی ایک اور گرفتاری بھی عمل میں آئی ہے ایک شخص بلا لائسنس شراب بیچتے ہوئے گرفتار ہوا ہے

اخبار نویسوں کا وفد واپس

ہندی اخبار نویسوں کا جو وفد مسٹر آر آر دیواکر کی سرکردگی میں [illegible] کراچی گیا تھا کل شام کو دہلی واپس آگیا۔ اس وفد نے کراچی میں پاکستانی حکام سے بات چیت کی تھی۔

کالکاجی کیمپ میں بھوک ہڑتال

اطلاع ملی ہے کہ کالکاجی کیمپ کے شرنارتھیوں نے جن کی تعداد ۱۴۰۰ ہے کنگس وے کیمپ کے بھوک ہڑتالیوں کی ہمدردی میں آج ایک روزہ بھوک ہڑتال کا فیصلہ کیا ہے۔

کنگس وے کیمپ میں جوابی فاقہ کشی

معلوم ہوا ہے سیالکوٹ کے ایک شرنارتھی نے کنگس وے کیمپ کے بھوک ہڑتالیوں کے خلاف بطور احتجاج فاقہ کشی [illegible]

(باقی خبریں صفحہ ۵ ملاحظہ فرمائیے)

قاہرہ میں عرب لیگ کا ہنگامی اجلاس

فلسطین کی صورت حال پر ازسرنو غور و خوض

[illegible]

حلقہ نمبر ۷ میرٹھ

[illegible]

مغربی برلن میں جلد ہی نئی کرنسی رائج ہوگی

برلن کی مغربی اسمبلی کے چیئرمین کا اعلان

[illegible]

بلغاریہ میں مذہبی اداروں پر پابندی

مانچسٹر گارجین کے مضمون نگار [illegible]

مصر کے نوجوانوں کو گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنا چاہئے

مغربی لیڈر احمد حسین کا ولولہ انگیز بیان

لندن ۱۸ مارچ۔ مصر کے نوجوانوں کو [illegible] احمد حسین نے لندن میں [illegible] گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنا چاہئے [illegible]

اٹاوہ کی خبریں

[illegible]

آگرہ میں سینما بینوں پر [illegible]

[illegible]

انارکلی میں گدھے کی شاندار برات

پاکستان میں بے فکروں کے شغل

[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ...... ۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

پچاس سے زیادہ ...... ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

مینیجر سیغۂ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

شراب کے اشتہارات

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ تمام سرکاری مطبوعات میں شراب اور دوسری نشہ آور چیزوں کے اشتہارات نہ دیئے جائیں۔ یہ فیصلہ بھی حکومت کے شراب بندی کے فیصلہ کے مطابق ہے۔ اس معاملہ پر تمام صوبوں کی وزارتوں سے مشورہ کیا گیا تھا اور سب نے اس سے اتفاق رائے کیا تھا۔

ہسپتال میں ایک لڑکے کا انتقال

نئی دہلی میں ہولی کے موقعہ پر ایک تصادم میں ایک لڑکا زخمی ہوا تھا جسے ہسپتال میں داخل کر دیا گیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ وہ لڑکا کل صبح ہسپتال میں چل بسا

چھرے بازی سے تین زخمی

شام چاندنی چوک فوارہ کے دو سینماؤں [illegible] اور جوبلی کے باہر لوگوں میں ٹکٹ لیتے وقت جھگڑا ہو گیا جس کے نتیجے کے طور پر چھرے بازی کی تین وارداتیں ہوئیں جن میں تین اشخاص زخمی ہوئے۔ پولیس نے اس سلسلے میں چند اشخاص کو گرفتار کر لیا ہے۔

بھوک ہڑتال ختم کردی

آج رات ۹ بجے کنگز وے کیمپ کے بھوک ہڑتالیوں نے بھوک ہڑتال ترک کر دی۔ اس سے پیشتر یہ حکم ہوگیا تھا کہ اگر بھوک ہڑتال ترک نہ کی تو انھیں ہسپتال پہنچا دیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے ان کو یقین دلایا ہے کہ انفرادی طور پر [illegible] ان کی شکایات پر ہمدردانہ طور پر غور کیا جائے گا۔

چار گھڑیاں اڑالیں

[illegible] روڈ سے ایک دوکاندار نے رپورٹ درج کرائی ہے کہ ایک شخص اس کی دکان پر آیا اور اس نے کہا ایک خاتون نے گھڑیاں دیکھنے کے لئے منگائی ہیں۔ چنانچہ اس دوکاندار نے اپنے نوکر کو چار گھڑیاں دے کر اس کے ساتھ روانہ کر دیا۔ کچھ دور چل کر یہ شخص ایک بلڈنگ میں داخل ہوا اور نوکر سے گھڑیاں لے کر اسے سیڑھیوں پر انتظار کرنے کے لئے کہا اور دوسرے دروازے سے نکل کر چمپت ہوگیا۔

کوئینز روڈ پر دو زخمی

کل کوئینز روڈ پر [illegible] کے پاس قرض کا روپیہ مانگنے گئے لیکن اس نے روپیہ دینے سے انکار کر دیا [illegible]

چوری کی وارداتیں

کل ڈائریکٹر جنرل [illegible] نئی دہلی سے کوئی شخص ۹۲۰ روپے کے کرنسی نوٹ چرا کر لے گیا۔ اسی طرح پالم کے ہوائی اڈے پر [illegible] ۷۶۰ روپے چوری ہو گئے

چرس بیچنے والا گرفتار

کل شام پولیس نے [illegible] ایک شخص کو چرس بیچنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ [illegible]

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملئے۔ [illegible] کارخانے، سینما، ہوٹل، خالی مکانات [illegible] مطلوب ہیں۔

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آصف علی ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں اجتماع

سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحب نے حسب ذیل بیان غرض اشاعت دیا ہے۔

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے دفتر میں اتوار کے روز شام کو جو اجتماع ہو رہا ہے وہ کوئی عام اجتماع نہیں ہے بلکہ ڈاکٹر کچلو صاحب نے اور میں نے چند مخصوص حضرات کو مدعو کیا ہے تاکہ پارٹیشن سفر بورڈ کی حرکات سے ان کو آگاہ کیا جائے۔ اور آئندہ کے لئے کوئی ایسا لائحہ عمل تجویز کیا جائے جس سے بورڈ کے کام کو آگے بڑھایا جا سکے۔ اور بورڈ کو ایسی مضبوط بنیادوں پر قائم کیا جا سکے جو ہندوستان کے تمام فرقوں کو باہم متحد کرنے میں آسانی ہو۔ اس اجتماع میں صرف وہی لوگ تشریف لائیں جن کی خدمت میں دعوت نامہ بھیجا گیا ہے۔

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۲ کی میٹنگ

ضلع کانگریس کمیٹی کشمیری گیٹ کی ایک میٹنگ زیر صدارت جناب مولانا رفیق احمد صاحب رحمانی ہوئی۔ جس میں متعدد تجاویز پاس ہوئیں۔ پہلی تجویز میں مسز نائیڈو، ڈاکٹر سید حسین، سر تیج بہادر سپرو [illegible] کی وفات پر اظہار تعزیت کیا گیا تھا۔

دوسری تجویز میں علاقہ میں [illegible] پر تشویش اور حکام بالا کو اس طرف فوری توجہ دلائی گئی۔

تیسری میں علاقہ میں راشن کا دفتر نہ ہونے سے عوام کی دقت کو محسوس کرتے ہوئے محکمہ راشننگ سے مطالبہ کیا کہ علاقہ میں جلد سے جلد دفتر قائم کیا جائے۔ اور علاقہ میں پنچایتیں قائم کرنے کے نقشہ پر غور کیا گیا۔

۶۸۰ فٹ تار غائب

کل رات [illegible] سٹیشن سے کسی نے وائرلیس کے ۶۸۰ فٹ لمبے تار چرا لئے

ہندو کالج کے طلباء کی ہڑتال

کل ہندو کالج کے سوا سو طلباء نے بطور احتجاج ہڑتال کر دی۔ [illegible]

موٹر کاروں کی درآمد پر پابندی

[illegible]

پیٹنٹ ادویات کی فروخت پر پابندی

[illegible]

کشمیر نیشنل کانفرنس کی کنونشن

[illegible]

ہندوستان میں فرانسیسی علاقوں کی میونسپل کمیٹیوں کے ممبروں کی کانفرنس

[illegible]

اشتہار نیلام

[illegible]

دہلی میں اولہ

کل شب دہلی میں رات کے سات بجے کے قریب اولے پڑے۔ اولے تقریباً ۳ منٹ تک آتے رہے۔ اس بات کا خطرہ ہے کہ بے وقت اولے پڑنے سے فصلوں کو نقصان پہنچے گا۔ ابھی دو ایک دن تک مطلع ابر آلود رہے گا۔ شاید ہلکی سی بارش بھی ہو۔

آزاد لائبریری مئو کا سالانہ انتخاب

آزاد لائبریری مئو کا سالانہ اجلاس زیر صدارت جناب مولانا مولوی بشیر الدین صاحب قاسمی منعقد ہوا۔ جس میں مندرجہ ذیل ریزولیوشن و عہدیداران کا انتخاب بکثرت آراء عمل میں لایا گیا۔ جناب مولانا مولوی عبدالباقی صاحب صدر، جناب مولوی بشیر الدین صاحب نائب صدر۔ جناب مولوی مختار احمد صاحب [illegible] جنرل سکرٹری و مولوی عبدالمنان فائق نائب سکرٹری۔ جناب مولوی فیض الرحمن صاحب فیض سعیدی نائب سکرٹری۔ جناب شیخ محمد صاحب خازن۔ جناب مولوی کلیم اللہ صاحب ممبر خاص وجناب ایم عبدالستار صاحب ممبر خاص وجناب شیخ جمال الدین صاحب خاص منتخب ہوئے۔

یہ طے پایا کہ جلد از جلد [illegible] اسکول کا قیام عمل میں لایا جائے۔ جس میں اردو ہندی کی تعلیم لازمی قرار دی جائے۔

جلسہ مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع [illegible]

۱۸ مارچ۔ [illegible] جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کی مجلس عاملہ کا جلسہ بعض ضروری امور پر غور کرنے کے لئے دفتر جمعیۃ علماء بازار [illegible] میں منعقد ہوگا ممبران کے نام اطلاع جاری کر دی گئی ہے امید ہے کہ ممبران وقت پر تشریف لے آئینگے

ریل پٹڑی سے اتر گئی

دہلی ۱۸ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ آسام ریلوے پر امین گنج اور گولک گنج کے درمیان منگل کے دن ریلوے لائن پر [illegible] کی ایک بہت بڑی تعداد نے گاڑی کو پٹڑی سے اتار دیا۔ انجن دو ڈبے اور [illegible] گاڑی پٹڑی سے اتر گئی لیکن کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

لارڈ لیٹن دہلی میں

دہلی ۱۸ مارچ۔ [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی تیل مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

مینیاری مارکیٹ دہلی

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل کی تقریر

بقیہ صفحہ ۲

پولیس میں اضافہ

شخصی آزادی کا ذکر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ مرکزی [illegible] علاقوں کی پولیس میں کافی اضافہ کیا گیا ہے تاکہ امن بحال رکھنے کے لئے فوج کی مدد لینے کی ضرورت نہ پڑے۔ میں ہاؤس کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ اب دیش کو کسی قسم کی اندرونی گڑبڑ کا خطرہ نہیں ہے۔ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد [illegible] ایک طوفان سا اٹھ کھڑا ہوا جس میں سب سے زیادہ المناک واقعہ دیش کے باپو کا قتل تھا۔ اس کے بعد سنگھ اور کمیونسٹوں نے ملک کے امن کو چیلنج کیا اور جب تک ملک میں امن نہ ہو حکومت دوسرے کاموں کی طرف توجہ نہیں دے سکتی۔

مجھے پوری امید ہے کہ حکومت نے جو احتیاطی تدابیر اختیار کی ہیں اور جو اقدامات کئے ہیں ہاؤس ان میں حکومت کا ساتھ دے گا۔ جس وقت حالات درست ہو گئے یہ پابندیاں اٹھا لی جائیں گی۔

سرونٹس کا ذکر

سرونٹس کا ذکر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ ہم ان سے اچھا کام تبھی لے سکتے ہیں جبکہ ہم ان [illegible] کو سمجھیں اور ان کے کام کی تعریف کریں۔ ہمیں ان پر نکتہ چینی کرنے کا پورا حق ہے۔ مگر آخر وہ بھی انسان ہیں [illegible]

بجٹ کا جواب

[illegible]

کی ضرورت ہے۔

سردار پٹیل نے کہا کہ [illegible] جو لوگ اس وقت ریاستوں یا یونینوں میں برسر اقتدار ہیں ان کی انتظامیہ [illegible] تجربہ کی کمی ہے لیکن میں نے انہیں یونین مرتب کرتے وقت واضح طور پر بتا دیا تھا کہ اگر [illegible] متعلقہ صوبہ جات میں مدغم ہونے کے سوا کوئی چارہ نہ رہے گا مجھے یقین ہے کہ تمام یونینیں اور ریاستیں ان امور کو ملحوظ رکھے ہوئے ہیں۔

سردار پٹیل نے کہا کہ ان میں سے بیشتر اشخاص ہمارے پرانے ساتھی ہیں لیکن جیل کے ساتھی ہونا قوم کی تعمیر کے ساتھی ہونے سے مختلف ہے۔ اگر ان لوگوں نے میری نصیحتوں پر عمل نہ کیا تو آئندہ انتخابات میں وہ کہیں کے نہ رہیں گے۔

پٹیالہ یونین کا ذکر

[illegible]

حیدرآباد کے ملازم

[illegible]

مجلس تحفظ کا ذکر

[illegible]

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون رجسٹرڈ

[illegible] جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر، اور قیمتی جواہرات اسکے خاص اجزا ہیں [illegible]

طلا نمبر ۲۰۰

اس کے لگتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں [illegible]

تصدیق

[illegible]

دہلی دوا گھر نور گنج دہلی

پراپرٹی واسطے تبادلہ

رفیوجی صاحبان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کراچی جائداد کی تفصیل جناب ضیا صاحب پراپرٹی ڈیلر مالک آزاد بھارت لینڈ کارپوریشن کمپنی بازار مٹیا محل جامع مسجد دہلی کو بھیجکر ان کی خدمات حاصل کریں۔

المشتہر: سردار جواہر سنگھ ریٹائرڈ چیف جج صوبہ سرحد

بیڑی نمبر ۵۵۱ رجسٹرڈ

خالص تمباکو اور اچھے کاریگران سے تیار کرائی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ ہر شخص اس کو پسند کرتا ہے اور انعام حاصل کرتا ہے۔

ہر شہر اور قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

میسرز یوپی بیڑی فیکٹری امروہہ یوپی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

اٹلانٹک پیکٹ اور ٹرومین

کی ویسٹ ۱۸ مارچ۔ صدر ٹرومین نے آج ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ اٹلانٹک پیکٹ کو ان کی پوری منظوری حاصل ہے۔ صدر ٹرومین یہاں آرام کی غرض سے آئے ہوئے ہیں۔ (اے پی)

ایم پانیکر کی دہلی میں طلبی

نانکنگ ۱۸ مارچ۔ ہندی سفیر ایم پانیکر کو حکومت ہند نے دہلی میں اہم گفت و شنید کے لئے فوری طور سے طلب کیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ گفتگو چین کی موجودہ صورت حالات پر ہوگی۔ ۲۰ مارچ کو ہندوستان روانہ ہو جائینگے اور خیال ہے کہ ہند میں ۲۳ مارچ تک قیام کریں گے۔ (پ۔ٹ)

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۰ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۱ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۷ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲½ آنے

بحر الکاہل کے سابق امریکی کمانڈر اڈمرل چسٹر نمٹز کشمیر میں استصواب رائے کے منتظم ہونگے

کل تک اقوام متحدہ کے دفتر سے سرکاری طور پر اعلان کر دیا جائیگا

"آزاد کشمیر" سے پاکستانی افواج کی واپسی کا مطالبہ

لیک سکسیس ۱۹ مارچ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ بحر الکاہل کے سابق امریکی کمانڈر اڈمرل چسٹر نمٹز کو کشمیر میں استصواب رائے کا ناظم مقرر کیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ ناظمین استصواب کے ناموں کی جو فہرست زیر غور ہے اس میں سب سے اوپر انہی کا نام ہے۔ بہرحال اقوام متحدہ کے افسران کا خیال ہے کہ ناظم کے تقرر کے بارے میں کل تک اعلان کر دیا جائے گا۔

یمن میں امام یمن کے پرانے دشمنوں نے بغاوت کر دی

ممالک غیر سے یمن کے تمام نمائندوں کی اچانک مراجعت

دمشق ۱۹ مارچ (پ۔ٹ)

کل یہاں کے صبح کو شائع ہونے والے روزنامہ الناس نے باخبر حلقوں کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یمن میں نئی گڑبڑ پیدا ہو گئی ہے۔ اخبار مذکور کا کہنا ہے کہ یمن کے ممالک غیر میں تمام نمائندے سوائے اس نمائندے کے جو عرب لیگ کی گفت و شنید میں شریک ہے، بڑی عجلت سے یمن کو روانہ ہو گئے ہیں۔

ماندلے پر ہوائی جہازوں کی شدید بمباری

حکومتی فوجوں کا باغیوں کے خلاف جوابی حملہ

رنگون ۱۹ مارچ۔ ماندلے میں حکومت برما کی فوجوں نے کرین باغیوں کے خلاف جوابی اقدام شروع کر دیا ہے۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سہارنپور کے لئے روانہ ہوگئے

۱۳ دفعات پر مشتمل معاہدہ اوقیانوس شائع ہو گیا

معاہدہ پر ۴ اپریل کو واشنگٹن میں دستخط ہو جائیں گے

برما کا لاپتہ ہوائی جہاز سمندر میں گرنے کی اطلاع

روس اور یورپ کی فوجی طاقت

امریکی حلقوں میں اظہار اطمینان

عقبہ میں مقیم برطانوی فوجوں سے اسرائیل کو خطرہ

اپنی فوجیں کم کرنے سے قبل برطانوی فوج کے ارادے معلوم کرنا چاہئیے

ملازمین کو ہڑتال کرنے کا حق نہیں

ٹریڈ یونین ایکٹ میں ترمیم

اقوام متحدہ کے دو مشاہد زخمی

صدر ٹرومین کی پریس کانفرنس

پاکستانی فوجوں کے انخلاء کا مطالبہ

آزاد بلوورز (ہوا دینے والا پنکھا)
برائے
۱۔ گیس پلانٹس — آٹو موبائیلز
۲۔ سناروں کے واسطے — دھات پگھلانے کیلئے
۳۔ گھریلو کاموں کے لئے — کوک، سافٹ کوک اور کوئلہ جلانے کیلئے
نرخنامہ طلب کریں
آزاد فیکٹری مینوفیکچررز
مسجد تھور خاں دہلی

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے
مینوفیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ضرورت ہے چند ایسے کینویسرز کی جو تنخواہ یا کمیشن پر کام کر سکتے ہوں اور پریس کے کام سے کافی تجربہ رکھتے ہوں۔ منیجر نیو کیپٹل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب زیدہ دہلی

اردو، ہندی، انگریزی اور لائن و ہاف ٹون بلاکوں کی بہترین دیدہ زیب چھپائی کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔ منیجر نیو کیپٹل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب زیدہ دہلی

1925 Daily Aljamiat Delhi 20.3.49. PHONE 5855

روزانہ الجمعیۃ

ہندوستان کی بری اور بحری فوج کو جدید لائنوں پر منظم کیا جائیگا

پارلیمنٹ میں وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ کا بیان

سیام کی بغاوت میں "تیسرے عنصر" کا ہاتھ تھا

باغیوں کو کچلنے کے لئے حکومت سیام کے اقدامات۔ وزیر اعظم کا بیان

بنکاک ۱۸ مارچ۔ مارشل پیبل سنگرام وزیر اعظم سیام نے کل ایک ملاقات میں بتایا کہ سیام کے "تیسرے عنصر" کو ختم کرنے کے لئے جیسے افواہیں پھیلا کر سیام کی بری اور بحری افواج میں تصادم کرایا تھا، اقدامات کر لئے گئے ہیں۔

سرحد کے سرخ پوشوں سے حکومت ہند کا کوئی تعلق نہیں

وزیر سرحد کے عائد کردہ الزام کا جواب

نئی دہلی ۱۸ مارچ

کل نئی دہلی میں سرکاری طور پر ایک اعلان کیا گیا ہے جس میں ضلع ہزارہ صوبہ سرحد کے سرخ پوشوں کی وزیر اعظم سرحد کو قتل کرنے کی مبینہ سازش سے پرزور الفاظ میں لاتعلقی ظاہر کی گئی ہے۔

کشمیر کا مستقبل

کشمیر کے بارے میں پالیسی

ضمنی انتخاب میں لیبر پارٹی کی کامیابی

کان پور میں طاعون

کانپور ۱۸ مارچ۔ گذشتہ ۱۵ روز میں شہر کے مختلف حصوں میں چوبیس آدمی طاعون میں مبتلا ہو چکے ہیں جن میں سے دس ہلاک ہو گئے۔

اسرائیل امریکہ سے قرض لے گا

دس کروڑ ڈالر کی منظوری

شام اور یہودیوں کی گفتگوئے مصالحت

شامی حکومت نے اصول تسلیم کر لیا

چیکو سلوواکیہ کے سفیر کا استعفیٰ

نواب سالار جنگ کی جائداد

حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کر دی

اٹلانٹک پیکٹ اور ترکی

بغداد میں سفارتخانہ قائم کیا جائیگا

ڈیڑھ سال میں ۵۳۸ ریاستوں کو ملایا گیا

ریاستی محکمہ کی ریاستوں کے متعلق رپورٹ

برطانوی نمائندہ کا پراسرار سفر

آج معاہدہ اوقیانوس کا مسودہ شائع کر دیا جائے گا

برطانوی دارالعوام میں معاہدہ پر بیان

وزیر اعظم بنگال کا فسادات کلکتہ پر بیان

اولاد
آنکھوں کا نور
پیارا بچہ چاہیئے

اولاد
اتنی ہی کافی ہے
اور نہیں چاہیئے
لیڈی ڈاکٹر کویراج ستیہ وتی چاندنی چوک دہلی
فون ۶۸۵۵

کرشنا برانڈ بناسپتی اور بلیچ مارکہ کیمیاوی کھاد
بھگوانداس چندموہن اینڈ کمپنی معرفت مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے سرگودھا کے مشہور
دانتوں کے ڈاکٹر بالی
فتحپوری دہلی

ضرورت استانی

بال بہار
کمزور بچوں کی طاقت بڑھانیوالی مشہور دوا
بال بہار فارمیسی (A-J-D) دہلی

دل افروز
دل افروز فارمیسی

خضاب جرمنی سرتاج

ہر دلعزیز پان بہار
نمونہ مفت
پان کھاتے وقت
پان کھلاتے وقت
قیمت فی شیشی

نئے دستور پر ایک سرسری نظر

(از جناب سید امین الرحمٰن صاحب ایڈیٹر نئی زندگی)

ہندوستان کا دستور کیسا بننا چاہئے؟ اس کا نہایت سہل اور آسان جواب یہ ہے کہ جیسا ہندوستان ہے ویسا ہی بننا چاہئے۔ یعنی ہندوستان کا دستور بہت اچھا بنانے کی کوشش نہ کرنی چاہئے۔ کیونکہ کوئی دستور قوم سے آگے نہیں ہو سکتا۔ اگر وہ آگے اور بلند ہوگا تو قوم اسے کھینچ کر نیچے یعنی اپنی سطح پر لے آئے گی۔ اور اگر دستور قوم سے پیچھے ہوگا تو قوم اسے اٹھا کر پھینک دے گی اور خود اس سے آگے بڑھ جائے گی۔ دنیا کے سارے انقلابات اس کی شہادت دیتے ہیں۔ لہٰذا ہندوستان کا جو دستور بنے وہ ہمارا عکس یعنی ہماری سمجھ کے مطابق ہو اور ہماری ضروریات اور ماحول کے مطابق ہو ورنہ وہ کامیاب نہ ہوگا۔

جمہوریت

ہمارے نئے دستور کی جو سب سے اہم خصوصیت ہے وہ یہ ہے کہ یہ دستور جمہوری (DEMOCRATIC) ہوگا اور ہندوستان ایک جمہوریہ (REPUBLIC) ہوگا جس میں ہر بالغ کو رائے دینے کا حق ہوگا۔

اس سلسلے میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ جمہوریت ...

لیکن

اتنا ہی نہیں اس ملک میں صحیح جمہوریت کا اس وقت تک نفاذ نہیں ہو سکتا جب تک اقتصادی نابرابری جاری ہے۔ یعنی سیٹھ برلا کا بھی ایک ہی ووٹ ہے جتنا ایک تانگے والے کے پاس ہے لیکن برلا سیٹھ ایک لاکھ ووٹوں کے خریدنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ سرمایہ دار بڑے بڑے اخبار نکالتے ہیں اور عوام پر اثر ڈالتے ہیں۔ ہماری دستور ساز اسمبلی نے ہر بالغ کو ووٹ کا حق دے کر سیاسی آزادی تو دے دی لیکن اسے اقتصادی آزادی نہیں دی۔ اور اقتصادی دولت اس کے پاس نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس وہ ان سرمایہ داروں کو بھی حق دیتا ہے ... لیسے بھوکے اور ننگے انسانوں کا گروہ کس طرح اپنی رائے آزادانہ طور پر استعمال کر سکتا ہے۔

غرضیکہ ہندوستان میں اس وقت تک صحیح جمہوریت قائم نہیں ہو سکتی جب تک ...

(۱) مذہبی فرقہ بندی ختم نہ ہو

(۲) اقتصادی نابرابری ختم نہ ہو

حلقہ نونہالان ادب شاہجہانپور کا اجلاس

صدر کانگریس مدراس میں

اچھی باتیں

(وماکان ۔ تا ۔ مبینا ۔ پ ۲۲ ع ۲)

کسی مومن مرد اور کسی مومنہ عورت کو یہ حق نہیں کہ جب خدا اور اس کا رسول کسی معاملہ کا فیصلہ کر دیں تو وہ چون وچرا کر سکیں اور انہیں کوئی اختیار باقی رہ جائے، جو شخص خدا اور اسکے رسول کی نافرمانی کرے گا وہ کھلی گمراہی کا مرتکب ہوگا۔

اگر ہم ایک کلب کے ممبر ہوتے ہوئے کلب کے قواعد ضوابط کی خلاف ورزی نہیں کر سکتے۔ اگر ہم کسی حکومت کو تسلیم کرکے اس کے فیصلوں سے انحراف نہیں کر سکتے تو ہمارے لئے یہ کس طرح جائز ہوگا کہ اسلام کے ممبر بن کر خدا اور رسول کے فیصلوں سے انحراف کریں اور ہمیں ان کے فیصلوں کے بعد بھی کوئی اختیار باقی رہ جائے؟ خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کا وبال کھلی گمراہی ہے یعنی دین اور دنیا کی تباہی، زندگی کی ذلت اور رسوائی اور آج ہم اس کی صداقت کا مشاہدہ کر رہے ہیں!

جمعیت علماء اخلاق وانسانیت کی معلم ہے

(مفتی خورشید عالم شمسی بجنور)

آج عالم انسانیت جس ارزندگی اور دہشیانہ ذہن وفکر سے گھرا ہے اور انسان مرکز انسانیت سے جس قدر دور ہٹ چکا ہے وہ ہم سب پر روشن ہے ... وہ ایک طرف پاگل پن کی سرحد پر ہے اور دوسری طرف اپنی طاقتی سیاست کرتے رہنے ... امن اور انسانیت ...

... تصدیق کرتا ہے۔ بھر اپنے لانے والے کے کردار اور اپنی بے مثال تمدنی گہرائیوں کے باعث انسانی زندگی کے ہر قریب و بعید شعبے کی رہنمائی کرتا ہے۔ اس کتاب دستور کا نام قرآن یعنی خدا کا آخری فرمان ہے۔ قرآن کسی انسان سے اپنی حفاظت کا طالب نہیں ...

دیس نکالا!

سندھ اسمبلی کا ہنڈ ڈپٹی سپیکر

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۲۱ر مارچ ۱۹۴۹ء

دفاعی منطقے اور ہندوستان

سوال یہ ہے کہ کیا امریکہ اور یورپ کو کسی طرف سے حملے کا خطرہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ انہیں یہ خطرہ محسوس ہو رہا ہے کہ ان کا خیال ہے کہ کسی نہ کسی وقت ان کا روس سے ضرور جنگ ہوگی یا اگر جنگ نہ ہوگی تو یورپ اور ایشیا کو کمیونزم کے سیلاب سے بچانا ضروری ہوگا، روس کے اس خطرہ کے پیش نظر امریکہ اور برطانیہ نے اتحاد کی دیواریں کھڑی کرنے میں کمال کر دکھایا ہے اور یہ کام اس قدر تیزی سے ہو رہا ہے گویا تیسری جنگ کا بگل بجنے ہی والا ہے اور روس تلا بیٹھا ہے کہ ایشیا اور یورپ پر حملہ کر دے یا ہر جگہ مقامی کمیونسٹوں کو ابھار کر داخلی انقلاب برپا کرا دے! امریکہ اور برطانیہ چاہتے ہیں کہ قبل اس کے کہ کوئی ایسا نازک وقت آئے ایشیا اور یورپ کو تعاون واشتراک اور مشترک دفاع کے لئے تیار ہو جانا چاہیے، چنانچہ انہوں نے ہر جگہ یونینوں اور پیکٹوں کا ایک انبار لگا دیا ہے، مغربی یونین اٹلانٹک یونین، پیسفک یونین، بحر روم یونین، کونسل آف یورپ کے ناموں سے منتشر اجزا کو جمع کرنے اور دفاعی مورچوں کو مضبوط بنانے کی مہم زور وشور سے جاری ہے اٹلانٹک یونین میں امریکہ، کناڈا، برطانیہ، فرانس، ہالینڈ بلجیم، ناروے اور لیگزمبرگ شامل ہو چکے ہیں، بحر الکاہل یونین میں غالباً امریکہ، کناڈا، برطانیہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، ہندوستان وغیرہ شامل ہونگے۔

امریکہ اور برطانیہ چاہتے ہیں کہ یورپ اور ایشیا میں اسپائر ڈیفنس زون قایم کر دیئے جائیں یعنی وہ دفاعی منطقے جو دفاع اور تحفظ کی ذمہ داریوں کو خود برداشت کریں، لیکن تعاون واشتراک اور امداد باہمی کے اصول کو ...

... کی خواہش رکھتے ہیں کہ جوگ جاگرتا کی ری پبلکن گورنمنٹ خود مختار بن کر اپنے معاملات کا انصرام کرے، یہی حال انڈو چائنا کا ہے کہ اس پر فرانس کا کابوس سوار ہے۔ آسٹریلیا اپنی نسلی پالیسی کی وجہ سے مردود ہو چکا ہے، اور ایشیا میں اس کے خلاف سخت نفرت پھیلی ہوئی ہے اب غور کرنے کی بات ہے کہ ایک طرف تو بحر الکاہل کی یونین بن رہی ہے اور اسے دفاعی منطقوں میں تقسیم کیا جا رہا ہے، دوسری طرف انڈونیشیا اور انڈو چائنا کو سفید باشندوں کے پنجہ میں رکھنے کی کوشش کی جاری ہے اور وہاں کے بے گناہ باشندوں کا قتل عام ہو رہا ہے اگر کوئی کشتی تضاد کے سمندر میں چل سکتی ہے تو یقیناً بحر الکاہل کی دفاعی تشکیل بھی کامیاب ہو سکے گی اگر نہیں چل سکتی تو حفظ دفاع سے پہلے اس تضاد کو دور کرنا پڑے گا، کیونکہ آزادی اور غلامی کے درمیان دفاع کے لئے کوئی راہ نہیں نکل سکتی، یہ راہ اسی وقت نکلے گی کہ بحر الکاہل کی سیاست آزاد ہو، انڈونیشیا اور انڈو چائنا سے ہالینڈ اور فرانس کو دیس نکالا دے۔

بحر الکاہل یونین میں جہاں تک ہندوستان کی شمولیت کا تعلق ہے ہمیں پورا بھروسہ ہے کہ نہرو گورنمنٹ اس کی پیچیدگیوں کا صحیح ادراک کرے گی اور جب تک یہ تضاد دور نہ ہو جائے وہ دفاعی منطقوں کی تشکیل میں کوئی دلچسپی نہ لے گی، ہندوستان انڈونیشیا کے معاملہ میں اپنی پالیسی واضح کر چکا ہے اور وہ پالیسی اور اس کے ...

افسوسناک

جونا گڈھ کا انضمام مکمل ہوگیا

ریاستی کابینہ کا اجلاس۔ محکمات کو ختم کرنے کا فیصلہ

جونا گڈھ ۱۹ مارچ۔ سوراشٹر کابینہ کا اجلاس جونا گڈھ میں منعقد ہوا، جس میں جونا گڈھ کو کامل طور پر سوراشٹر یونین میں شامل کر دینے کے ذرائع پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ریاست کے مختلف محکموں کو خاص طور پر سوراشٹر کے محکمات میں شامل کرنے پر غور کیا گیا۔

جونا گڈھ کا رقبہ ۳۳۰۰ مربع میل ہے اور اس کی آبادی ساڑھے چھ لاکھ کے قریب ہے آمدنی تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپیہ سالانہ ہے۔

خیال ہے کہ سوراشٹر میں شامل ہونے کے بعد ریاست کو ایک علیحدہ ضلع قرار دیدیا جائے گا۔ جونا گڈھ ہندوستانی شیروں کا گھر ہے۔ وہاں کے جنگلات میں ۳۰۰ سے زیادہ شیر پائے جاتے ہیں۔

۲۶ اگست ۱۹۴۷ء کو نواب مہابت خان والی ریاست نے ریاست کو پاکستان میں شامل کیا جس سے ریاست سے تقریباً دولاکھ افراد چلے گئے۔ اس کے خلاف نئی دہلی حکومت نے ... اور ۲۵ ستمبر ۱۹۴۷ء کو بمبئی میں ایک عارضی حکومت ... کی گئی جس کے مسٹر سملداس گاندھی اس عارضی حکومت کے صدر قرار پائے۔ نو اکتوبر ...

ریاستوں میں ترقی کی رفتار

ریاستی محکمہ کی رپورٹ

دہلی ۱۹ مارچ۔ حکومت ہند نے ریاستی محکمہ کی ایک رپورٹ میں ان ترقیوں کا ذکر کیا ہے جو ریاستوں میں ہوئی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریاستوں میں آبپاشی کے ذریعہ زمین کو زرخیز بنانے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے۔ ... معدنی ذرائع کی تحقیقات کی جا رہی ہے اور ان کے استعمال پر بھی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ صنعتی طور پر ریاستیں ترقی کر سکیں۔ نیز ریاستوں کے ان علاقوں میں جو ہندوستان کی سرحد پر واقع ہیں خاطرخواہ انتظامات کر دیئے گئے ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ان تمام ریاستوں کی ذمہ داری مرکزی حکومت پر عاید ہوئی ہے۔ ... جو براہ راست مرکز کے ماتحت آ گئی ہیں ان پر مرکز کی حکومت ہوگی۔ اور وہ ریاستیں جو صوبوں کے ساتھ شامل ہوئی ہیں مرکز ان کا اس وقت تک ذمہ دار ہے گا ... مسائل قابل اطمینان طریقے سے طے ...

ریاست بڑودہ کے انضمام کا مسئلہ

مفتی اعظم سعودی عرب میں

... سعودی عرب میں رہائش اختیار کریں گے۔

جاوا کی اقتصادی حالت خراب ہو رہی ہے باغات اور کارخانے بند پڑے ہیں

جمہوری گوریلا دستوں نے ڈچوں کا ناک میں دم کر دیا ہے!

لندن ۱۹ مارچ۔ انڈونیشیا سے جو اطلاعات بذریعہ انڈونیشی حلقوں کے مشتہر کی گئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ انڈونیشیا میں ریپبلکن افواج نے ولندیزوں کا ناک میں دم کر دیا ہے۔

ایک ترجمان نے گلوب کے نمائندے کو بتایا کہ جاوا میں اقتصادی حالت بدتر ہو گئی ہے۔ اور کوئی چینی تمباکو وغیرہ کا کارخانہ کام نہیں کر رہا۔ تمام بڑے بڑے شہروں کے کارخانے ریپبلکن افواج نے پچھلے سال جنگ کی پسپائی کے وقت تباہ وبرباد کر دیئے ہیں۔

ہندوستان کے مالی معاملات پر نظرثانی دہلی میں کی جائے گی۔ جبکہ ریزرو بینک آف انڈیا مذکورہ بالا فنڈ اور حکومت ہند کے نمائندوں کی باہمی کانفرنس منعقد ہوگی۔

کل اعلان کیا گیا ہے کہ مالی معاملات کے ڈائرکٹر مسٹر ... اور دوسرے تین افسران آف ہندوستان ...

مشرقی پنجاب کا دارالخلافہ

میثاق اوقیانوس پر نوشون کی رائے

مصر بھی قرض لینے لگا

قاہرہ ۱۹ مارچ۔ مصری حکومت اور بین الاقوامی بنک کے نمائندوں میں گفت وشنید شروع ہو گئی۔ معلوم ہوا ہے کہ مصر کے محکمہ ریلوے نے بنک کو ایک اسکیم پیش کی ہے جس پر چھبیس کروڑ روپیہ صرف ہوگا۔ اور بنک کو اس سلسلہ میں قرضہ کے لئے استدعا کی گئی ہے۔ بنک کے نمائندے صنعتی اداروں اور آبپاشی کی اسکیموں کا معائنہ کر رہے ہیں۔ (گلوب)

... کی حکومت نے ولندیزیوں کے صلاح مشورہ سے ری پبلکن حکومت سے راہ رابطہ پیدا کیا ہے تاکہ کمیٹی کی گفت وشنید شروع کی جا سکے۔ ان اطلاعات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ولندیزیوں کا اخلاق دن بدن پست ہو رہا ہے۔ اور خاص کر اس وقت سے جب کہ گھمسان کی جنگ کے بعد ریپبلکن افواج نے جوجا پر قبضہ کیا ہے۔ (گلوب)

بین الاقوامی مالی فنڈ کا مشن

۲۷ مارچ کو ہندوستان آ رہا ہے

واشنگٹن ۱۹ مارچ۔ بین الاقوامی مالی فنڈ اور ...

بچوں کی طاقت بڑھانیوالی مشہور دوا

بال بہار

اس کے استعمال سے بچوں کی ہڈی مضبوط ہوتی ہے۔ دانت خوبصورت مضبوط نکلتے ہیں۔ دبلا پتلا بدن بھر کر سڈول ہو جاتا ہے

سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں

بال بہار فارمیسی دہلی

رنگون سے مزید پناہ گزینوں کی آمد

بہاولپور میں ۴۰ ہزار پناہ گزین بسائے جائینگے

بہاولپور ۱۸ مارچ۔ اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان بہاولپور میں چالیس ہزار پناہ گزینوں کو بسا رہی ہے۔ یہ اسی نہر کے ادھر گرد بسائے جائیں گے جو دریائے ستلج سے نئی نکالی گئی ہے۔ حکومت اس علاقہ میں کنٹرول نرخ پر غلہ اور چارہ کے فروخت کا انتظام کرے گی۔

ٹراونکور کی فیکٹری میں ایک لاکھ ٹائر سالانہ تیار ہوا کریں گے

[redacted]

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

دہلی ۱۸ مارچ۔ کل ہند پارلیمنٹ میں ... ٹائر تیار کرنے کی فیکٹری اور اسپتال وغیرہ کی بابت سوالات کئے گئے۔ ڈاکٹر شیام پرشاد ...

مادری زبان میں تعلیم کے بارے میں صوبجات مرکزی حکومت کی سفارشات پر عمل نہیں کر رہے ہیں

صورت حال کی وضاحت کیلئے صوبائی نمائندوں کی کانفرنس بلائی جائیگی

بجٹ پر بحث کے دوران میں وزیر تعلیم مولانا آزاد کی تقریر

دہلی ۱۸ مارچ۔ کل پارلیمنٹ میں سوا چار گھنٹے کے اندر اندر صحت تعلیم تحقیقات اور نقل وحمل کی وزارتوں کی سرگرمیوں پر بحث کی گئی اور ان کے مطالبات زر منظور کئے گئے۔ راجکماری امرت کور وزیر صحت نے چند معترضین کے اعتراضات کا جواب دیا اور ہندوستان کے صحتی مسائل پر زیادہ توجہ کرنے کی سرگرم اپیل کی۔

مولانا آزاد وزیر تعلیم نے تعلیم کے لئے روپیہ کی کمی کی سخت شکایت کی، اور ایوان سے اپیل کی کہ تعلیم کے لئے زیادہ روپیہ دلائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم کو ایک کلچر ایک زبان اور ایک ملک رکھنا ہے تو ہمارے تصورات بھی ایک ہونے چاہئیں اور وہ ہمارے قدیم تصورات ...

[redacted]

تعلیم نسواں

سونا بنانے والا ماہر

سونا بنانے والا ماہر

... ہمارے پوشیدہ ... طریقہ ...

قیمت ... روپیہ

پتہ: ... دہلی

کرشنا برانڈ بناسپتی اور بیلچہ مارکہ کیمیاوی کھاد

ہمارے ویاپار اسٹاک میں کرشنا برانڈ بناسپتی گھی، ۳۰ پونڈ کے ٹینوں میں بند موجود ہے گرانی کے سلسلے مارکیٹ میں بہت مقبول ہو رہا ہے۔ اپنی ضروریات کے لئے خود تشریف لاویں۔

بیلچہ مارکہ کیمیاوی کھاد بھی اسٹاک میں موجود ہے اس سے زمین سے چار گنا پیداوار بڑھ جاتی ہے۔ زمینداروں، کاشتکاروں کے لئے سنہری موقع ہے اس سے فائدہ اٹھائیں۔

بھگوانداس چندر موہن اینڈ کمپنی معرفت مل اسٹور کمپنی نیا بازار دہلی

گوڈائیر کا ربڑ کا پٹہ

Good year Rubber Belting

ہر قسم کی مشینری کے لئے ... دہلی، مشرقی پنجاب، راجپوتانہ اور تمام ہندوستانی ریاستوں کے لئے سول ایجنٹ ہیں۔

... مل اسٹور کمپنی ... لالہ ... روڈ پوسٹ بکس نمبر ۳ سہارنپور

مل اسٹور کمپنی ... روڈ پوسٹ بکس نمبر ۲۴۰ ... کانپور

مل اسٹور کمپنی نیا بازار دہلی

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاف خوشخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

مجلس منتظمہ نمبر ۹ دہلی کا اجلاس

ارکان مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء علاقہ نمبر ۹ دہلی کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مجلس منتظمہ کا جو اجلاس اتوار کو ۴ بجے شام دفتر برہان میں ہونا تھا۔ اب منگل پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ چونکہ حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمان صاحب مظفر نگر تشریف لے جا رہے ہیں۔ اب اجلاس منگل کے روز ۴ بجے شام دفتر برہان اردو بازار میں منعقد ہوگا۔

انتخابات

[illegible] (ضلع بلیا) کی جانب سے ایک جلسہ تعزیت زیر صدارت جناب حکیم ابوالحیا محمد رفیق صاحب [illegible] منعقد ہوا جس میں جمعیۃ کے اراکین کے علاوہ موضع کے دیگر اکابرین نے بھی نمایاں حصہ لیا حاضرین جلسہ کی تعداد کافی تھی۔ صدر موصوف نے ایک مختصر تقریر میں مسٹر سروجنی نائیڈو کی ملک کی خدمات اور ان کی قابلیت کا تذکرہ کیا۔ جو انہوں نے اردو اور ملک کی آزادی کے لئے [illegible] برداشت کیں۔ اس کے بعد ایک تعزیتی تجویز بالاتفاق پاس کی گئی۔

دہرہ دون کا ایک جلسہ دفتر جمعیۃ علماء میں زیر صدارت جناب مولوی کریم بخش صاحب منعقد ہوا جلسے کی کارروائی تلاوت قرآن مجید سے شروع ہوئی سید توقیر حسین صاحب رضوی سابق ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع و شہر دہرہ دون نے سالانہ رپورٹ پیش فرمائی۔ بعد ازاں عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا حکیم رفعت حسین فاروقی صدر۔ قاری محمد عرفان صاحب نائب صدر۔ ظہور احمد صاحب انصاری ناظم اعلیٰ سید توقیر حسین صاحب رضوی نائب ناظم و خازن۔ [illegible] انصاری [illegible] سکریٹری [illegible] رضوی آفس سکریٹری علاوہ ازیں [illegible] صوبہ منتخب ہوئے حکیم رفعت حسین صاحب فاروقی قاری محمد عرفان صاحب رامپور ضلع دہرہ دون۔ ظہور احمد صاحب انصاری۔ سید توقیر حسین صاحب رضوی۔ ملا [illegible] صاحب [illegible] ضلع دہرہ دون۔

سنبھل پرگنہ بمقام [illegible] جناب مولوی [illegible] الدین صاحب کی قیام گاہ پر زیر صدارت حضرت مولانا رمضان علی صاحب ناظم مجلس منتظمہ ضلع سنبھل پرگنہ کا اجلاس منعقد ہوا جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا صدر صاحب نے ایک تعزیتی تجویز پیش کی۔ [illegible] جناب مولانا اصغر حسین صاحب مرحوم صدر [illegible] جمعیۃ علماء [illegible] کی قومی خدمات کو جامع الفاظ میں بیان فرمایا۔ اس کے بعد [illegible] انتخاب [illegible] سید علی صاحب کو ناظم منتخب کیا گیا۔ [illegible] عبدالمجید صاحب [illegible] جناب مولوی محی الدین صاحب [illegible] اسکول [illegible] جناب مولوی شہاب الدین صاحب [illegible] رئیس [illegible] کو صوبائی مجلس منتظمہ کے لئے نامزد کیا گیا۔

ضلع بہرائچ [illegible] زیر صدارت مولانا حمید الدین صاحب جمعیۃ علماء ضلع کا انتخابی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈاک [illegible] کی وجہ سے اراکین کا ایک بڑا حصہ شریک نہ ہو سکا جیسا کہ حضرات شریک ہو سکے۔ ناظم اعلیٰ مولانا سلامت اللہ نے اپنی رپورٹ میں [illegible] کی آمد و خرچ کا حساب پیش کیا۔ اس کے بعد عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔ صدر شیخ الحدیث مولانا حمید الدین صاحب نائب صدر [illegible] صاحب۔ ناظم اعلیٰ مولانا سلامت اللہ صاحب۔ ناظم محمد افضال الحق [illegible] اور مولانا محمد نعمان بیگ صاحب خازن مولانا محمد نعمان صاحب متفقہ طور پر منتخب ہوئے اراکین صوبہ۔ مولانا حمید الدین۔ خواجہ خلیل احمد شاہ مولانا سلامت اللہ حکیم ظہیر الدین صاحب

جنوبی افریقہ کے قرضہ کی ادائیگی

کیپ ٹاؤن ۱۸ مارچ۔ جنوبی افریقہ کے قرضہ کی ادائیگی برطانیہ نے شروع کر دی ہے۔ برطانیہ جنوبی افریقہ کا دس کروڑ چالیس لاکھ روپے کا قرضدار ہے۔ چونکہ افریقہ کے سونے کے ذخیرہ میں کمی واقع ہو گئی ہے اس لئے افریقہ نے قرضہ کی ادائیگی کے لئے زور دیا تھا۔ گذشتہ ہفتہ میں برطانیہ چھ کروڑ پچاس لاکھ روپیہ افریقہ کو ادا کیا۔ (گلوب)

گرین لینڈ میں فوجی اڈے

گرین ہیگن ۱۸ مارچ۔ اٹلانٹک پیکٹ پر گفت و شنید کے خاتمہ پر جب ڈنمارک کے وزیر خارجہ واپس ڈنمارک پہنچے تو انہوں نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ واشنگٹن میں کوئی ایسی تجویز زیر غور نہیں لائی گئی جس میں اس بات پر امریکہ نے زور دیا کہ اپنی گرین لینڈ میں مزید فوجی اڈے قائم کرنے کی اجازت دی جائے۔ (گلوب)

بحر مردار کے ساحل پر اسرائیلی فوجیں

طیاروں سے سامان رسد کی بہم رسانی

عمان ۱۸ مارچ۔ بحر مردار کے مغربی ساحل پر یہودی فوجیں اتر پڑی ہیں۔ کل تقریباً دو صد یہودی سپاہی [illegible] کی پہاڑی کے دامن میں خندقیں کھود رہے تھے یہ سپاہی کشتیوں کے ذریعہ یہاں پہنچے۔ اور انہیں خوراک وغیرہ ہوائی طیاروں سے گرائی جاتی ہے یہودیوں نے کئی ایک بدوؤں کو گرفتار کر لیا ہے اور انہیں خندقیں کھودنے کے لئے مجبور کیا۔ شرق اردن کی حکومت نے اقوام متحدہ کے ثالث ڈاکٹر بنچ کو اس کی اطلاع دے دی ہے۔ [illegible] علاقہ کے اندر واقع ہے۔ لڑائی کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ خیال کیا جاتا ہے یہ فوجیں اس لئے یہاں اتاری گئی ہیں تاکہ بحر مردار کے وسیع ذرائع پر دعویٰ کیا جا سکے۔ (گلوب)

ترکی اور یونان کو امریکی امداد

صدر ٹرومین کا کانگریس میں بیان

واشنگٹن ۱۸ مارچ۔ صدر ٹرومین نے کانگریس کے اجلاس میں یونان اور ترکی کو مالی امداد کے پروگرام پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یونان کے گوریلا دستے بہت بےرحم ہیں اور [illegible] یونان کی فوجوں کو [illegible] ترکی کے متعلق [illegible] کہا اگرچہ اس کو مزید امداد جاری ہے پھر بھی ابھی بہت کچھ درکار ہے۔

سائبیریا میں روسی افواج کی نقل و حرکت

فوجی مبصرین کی خیال آرائیاں

واشنگٹن ۱۸ مارچ۔ [illegible] سے جو اطلاعات یہاں موصول ہوئی ہیں [illegible] سائبیریا میں [illegible] روسی افواج [illegible] مورچے [illegible] احکام [illegible] گذشتہ عالمگیر جنگ میں شریک ہوا تھا [illegible] حفاظت کو [illegible] فوجی مبصروں کا خیال ہے [illegible] کی وجہ سے اب روس کو کوئی خطرہ نہیں [illegible] امریکہ کے [illegible] (گلوب)

مصری برطانوی گفت و شنید

قاہرہ ۱۸ مارچ۔ مصر کے نائب وزیر خزانہ عبدالجلیل نے ایک انٹرویو میں کہا۔ لندن سے آمدہ اطلاعات سے یہ پایا جاتا ہے کہ برطانیہ مصری نقطہ نظر کے ساتھ [illegible] آپ نے کہا عنقریب یہ گفت و شنید شروع ہوگی [illegible] سوڈان [illegible] کا سبب تھا۔ (گلوب)

"تلاش گم شدہ"

۱۹ فروری ۱۹۴۹ء کو ایک عورت مسمی [illegible] ساکنہ ضلع جھنگ [illegible] نے ایک لڑکی مسمی ساجدہ کو جس کی عمر ۱۸ سال پستہ قد ناک چپٹی رنگ گورا۔ داہنی آنکھ کے اوپر ایک چوٹ کا نشان ہے۔ بھوپال سے اغوا کر لیا ہے۔ جن صاحب کو معلوم ہو مندرجہ ذیل پتہ پر مطلع فرما کر شکر گزاری کا موقعہ دیں۔
مولوی محمد اسمٰعیل۔ معرفت قاسم خاں [illegible]
ریاست بھوپال [illegible] ابراہیم پورہ

۱۶ سالہ بچہ نے خودکشی کر لی

ہنٹن۔ (مغربی ورجینیا امریکہ) ۱۸ مارچ۔ اسکینڈی اسکول کے دو طالب علموں نے جن کے نام ارنسٹ اسمتھ (۱۶ سالہ) لڑکا اور الائس کریب (۱۴ سالہ لڑکی) ہیں پیر کو اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی کر لی واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ یہ دو لڑکی کے گھر سے کچھ ٹھہرنے کے بعد وہ لڑکا اپنے گھر روانہ ہوا اور لڑکی کو باورچی خانے سے ہو کر چھوڑ نے گئی۔ باہر جاتے ہوئے انہوں نے ایک بندوق بھی اٹھالی کچھ دیر بعد ایک فائر کی آواز سنائی دی تو لڑکی کی ماں دوڑ کر مکان کے عقبی حصہ میں پہونچی اور دیکھا کہ لڑکی نے بھی اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی کر لی ہے۔ مرتے مرتے اس لڑکی نے بتایا کہ وہ ارنسٹ سے شادی کرنا چاہتی تھی لیکن وہ اس لئے شادی نہ کر سکی کہ وہ بیکار تھا۔

سڈنی کاٹن کے خلاف مقدمہ

کراچی۔ ۱۸ مارچ۔ کراچی کی عدالت نے ایک آسٹریلوی ہوا باز سڈنی کاٹن اور تاجر کو حکم دیا ہے کہ وہ ایک بس کی قیمت ادا کرے جو اس نے ایک تاجر سے خریدی تھی [illegible] سڈنی کاٹن کے خلاف تاجر [illegible] مقدمہ میں کہا گیا تھا کہ سڈنی کاٹن نے بس خریدی لیکن جعلی چیک دیا۔

مومن لائبریری ناتھ نگر کا سالانہ اجلاس

مومن لائبریری ناتھ نگر بھاگلپور کا پانچواں سالانہ اجلاس بمقام جوگ ناتھ نگر بتاریخ ۲۶، ۲۷ مارچ ۱۹۴۹ء زیر صدارت زعیم الانصار عالیجناب مسٹر محمد رضا الرحمٰن صاحب صدر صوبائی مومن کانفرنس پٹنہ بڑی شان سے منعقد ہو رہا ہے۔

اس عظیم الشان اجلاس میں آزادی قوم کی اہم ضرورتیں پیش کی جائیں گی۔ ملک و ملت کی بہترین صورتیں واضح کی جائیں گی۔

اس اجلاس میں شرکت کے لئے صوبہ بہار اور اطراف یو پی کے دیگر صوبوں سے حسب ذیل علمائے کرام اور رہنمائے ملت ناتھ نگر تشریف لا رہے ہیں۔

زعیم الانصار عالیجناب مسٹر محمد رضا الرحمٰن صاحب۔ جناب قاری محمد عثمان صاحب، مولانا محمد اسحاق صاحب بنارسی، مولانا عتیق الرحمٰن صاحب آروی، حضرت مولانا اسعد [illegible] ابوالفرح صاحب، بابو [illegible] سابق وزیر [illegible] مولانا سید شاہ نذر عالم نکھنوی۔ صدر صاحب ضلع کانگریس کمیٹی [illegible]

میک آرتھر ریٹائر نہیں ہوئے

ٹوکیو ۱۸ مارچ۔ جنرل ڈگلس میک آرتھر نے جاپان میں اقوام متحدہ کی فوجوں کے اعلیٰ کمانڈر ہیں آج ان افواہوں کی تردید کی کہ وہ عنقریب ریٹائر ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا [illegible] معاہدہ پر دستخط ہونے تک [illegible] اگر ان کا کمیس [illegible] اخبارات سے الگ [illegible]

جاپان سے اشیاء کی درآمد

دہلی ۱۸ مارچ۔ عام لوگوں کی اطلاع کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ جاپان سے اشیاء منگوانے کے سلسلے میں کھلے عام لائسنس نمبر ۳ کی میعاد ۱۳ مارچ ۱۹۴۹ء تک ہے۔ اس میعاد میں کوئی توسیع نہیں کی جائے گی۔ چونکہ ڈاک کے معقول کا انتظام تسلی بخش نہیں۔ اس لئے کھلے عام لائسنس کے ماتحت اشیاء کی درآمد کے لئے پندرہ دن کی رعایت بھی نہیں دی جائے گی۔ ہندوستان کے تاجروں کو اپنے جاپانی تاجروں کو یہ اطلاع دے دینی چاہئے کہ ہندوستانی بندرگاہ پر کوئی ایسا مال وصول نہیں کیا جائے گا جو ۱۳ مارچ کے بعد یہاں پہنچے۔ عام لائسنس کی تنسیخ کا اعلان ۱۸ مارچ کے غیر معمولی گزٹ میں کیا جا چکا ہے۔

غیر ممالک کو کپاس بھیجنے پر پابندی

دہلی ۱۸ مارچ۔ پچھلے کچھ عرصہ اور درحقیقت ملک کی تقسیم ہو جانے کے وقت سے ہندوستان میں کپاس کی فراہمی دن بدن خراب ہوتی رہی ہے۔ اس لئے وقتاً فوقتاً [illegible] کپاس کی ان اقسام پر پابندیاں عائد کی گئیں جو غیر ممالک کو بھیجی جا سکتی ہیں اب حالت اور خراب ہو گئی ہے چھوٹے ریشے کی کپاس جو پہلے ہندوستانی کارخانوں میں استعمال نہیں ہوتی تھی وہ بھی اب کپاس کی قلت کی وجہ سے استعمال کی جا رہی ہے۔ اس صورت کو مد نظر رکھتے ہوئے ہند سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ کپاس کی برآمد کے لئے کوئی لائسنس نہیں دیا جائے گا۔

مالیگاؤں میں قوالی کی وبا

محمد [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع ناسک نے حسب ذیل بیان برائے اشاعت دیا ہے۔ برادران ملت کچھ روز سے مالیگاؤں میں قوالی کی وبا پھیل رہی ہے۔ افسوس یہ ہے کہ دیندار طبقہ بھی اس میں غیر معمولی شوق و ذوق سے شریک ہو رہا ہے [illegible] روپیہ [illegible] پانچ اور دس روپے تک چندہ [illegible] اپنی حلال کمائی کو اس طرح بے دھڑک حرام میں صرف کر رہے ہیں۔

میں خصوصیت کے ساتھ نیا پورہ و موتی تالاب کے بعض ان دوستوں سے کہوں گا کہ جنہوں نے باوجود اکابرین دیوبند سے انتساب و عقیدت کے قوالی غیر معمولی اہتمام سے کرائی کہ وہ صدق دل سے اللہ سے توبہ کریں۔

محمد شریف اور عبدالرشید کہاں ہیں

لالہ موہن داس صاحب کے پاس پاکستان سے ان کے ایک مسلمان دوست کا خط آیا ہے کہ ان کے دو عزیز محمد شریف ولد بابو محمد امین کلرک [illegible] اور عبدالرشید ولد مستری عبدالرحمٰن متصل تالاب [illegible] لاپتہ ہیں اور معلوم ہوا ہے کہ وہ کہیں دہلی میں ہیں اگر وہ دہلی میں ہیں تو تعلیمی مرکز جامعہ میری والا باغ پل بنگش میں آکر ملیں تاکہ ان کے والدین کو پتہ دیا جا سکے۔

مراسلات

اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں۔

دہلی کے ہاؤس ٹیکس میں اضافہ

جناب مکرم تسلیم۔ میں اپنے میونسپل کمشنروں کے اس جذبہ کی تو قدر کرتا ہوں کہ وہ میونسپل کمیٹی کی مالی حالت کو مستحکم اور مضبوط بنانا چاہتے ہیں لیکن یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ ہاؤس ٹیکس کو سوا چھ فیصدی سے بڑھا کر دس فیصدی کرنا بھی دہلی کے شہریوں کے لئے پیغام اجل سے کم نہیں۔ گذشتہ تین سال کے اندر ہاؤس ٹیکس دگنا اور واٹر ٹیکس ۱۵ روپے سے ۳۶ روپے تک پہنچ گیا ہے اور ٹیکس دینے والوں میں اب مزید اضافہ برداشت کرنے کی سکت باقی نہیں۔ میں ذیل میں ایک نقشہ پیش کرتا ہوں اگر دہلی میونسپلٹی اختیار کرے تو اس کی آمدنی میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے اور شہر کے بہت سے لوگوں پر سے بار بھی ہٹ جائے گی

کرایہ سو سالانہ آمدنی	ہاؤس ٹیکس
پہلے ایک ہزار روپے	کچھ نہیں
ایک ہزار سے دو ہزار تک	-/-/۲ فی روپیہ
دو ہزار " ۵ "	-/۱/۲ "
۵ ہزار " ۱۰ "	-/۲/- "
۱۰ ہزار " ۱۵ "	-/۳/- "
۲۵ " ۵۰ "	-/۴/- "
۵۰ " سے ایک لاکھ تک	-/۶/- "
ایک لاکھ سے اوپر	-/۸/- "

عبدالتواب فیری۔ ایم۔ اے۔ دہلی

یو پی کی پنچایتیں

جناب اڈیٹر صاحب السلام علیکم

صوبہ یو پی کی دیہات پنچایت اسکیم کے متعلق تحصیلداروں کے ذریعہ اسٹیشنگ آفیسروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ عدالتی پنچایت کے پانچوں ارکان ہندی تعلیم یافتہ ہونے ضروری ہیں۔ اگر کوئی رکن ہندی پڑھا ہوا نہیں ہے تو وہ عدالتی پنچایت کا پنچ نہیں بن سکتا۔ جب یہ سوال کیا گیا کہ اگر کسی گاؤں میں ہندی تعلیم یافتہ نہ ہوں تو کیا کیا جائے اس پر تحصیلدار صاحب غازی آباد نے حکم فرمایا ہے کہ اس گاؤں میں پنچایتی عدالت کے پنچ نہیں بن سکتا۔

یہ چیز نہایت پریشان کن اور ایک جمہوری طریق کار میں غیر جمہوری پیوند ہے۔ یہاں پر تمام مسلم آبادی کے دیہات میں ہندی پڑھا ہوا نہیں پایا جاتا لہٰذا تمام مسلمان جمہوریت کے اس فائدہ سے محروم رہیں گے حکومت یو پی کو چاہئے کہ وہ ہندی پڑھنے کے لئے جس کا موجودہ نسل میں ملنا دشوار ہے کچھ وقت دے۔ آئندہ نسلیں تو خود بخود ہندی پڑھی لکھی ہونگی۔ مگر اس دور کے لوگوں کو بہتر یہ ہے کہ کام چلانے دیا جائے یا کم از کم کچھ وقت ملنا چاہئے۔ عبدالرحمٰن ناظم جمعیۃ علماء [illegible]

صوبہ کانگریس کمیٹی متوجہ ہو

جناب اڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔

۱۵ مارچ کو دہلی میں ہولی کا تہوار نہایت شاندار طریقہ سے منایا گیا۔ اس موقعہ پر بعض علاقوں میں مثلاً چاوڑی بازار، حوض قاضی پر اس تہوار کو فرقہ وارانہ رنگ دیا گیا اور دوسرے فرقوں کی عورتوں اور مردوں کے ساتھ نہایت ذلت آمیز سلوک کیا گیا جو اس تہوار کی خصوصیات میں سے نہیں ہے حالانکہ ان علاقوں میں کانگریس کمیٹی، کانگریس ورکرز اور پولیس اسٹیشن موجود ہے مگر کسی نے بھی ایسی نازیبا حرکتوں سے نہیں روکا اس لئے میں صوبہ کانگریس کمیٹی سے درخواست کرتا ہوں کہ اس علاقہ کے کانگریس ورکرز اور پولیس اسٹیشن کی تفتیش کرائے تاکہ جس فرقہ کے لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک ہوا ہے ان کی چھینی دور ہو سکے۔

(محبوب علی ضیاء سکریٹری کانگریس کمیٹی سرائے [illegible] دہلی)

پوسٹ ماسٹر دہلی متوجہ ہوں

محترمی۔ تسلیم

یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ہندوستان کے دارالحکومت میں بھی ڈاک بتانے کے لئے لوگوں کو مشکلات پیش آتی ہیں۔ گذشتہ دنوں جامع مسجد پیر رام اسٹیشن کے سامنے بجلی کے کھمبے پر ہوائی ڈاک کا لیٹر بکس لگایا گیا تھا۔ جو کچھ دن ہوئے اتار دیا گیا ہے اور اس سے اس علاقہ کے لوگوں کو پریشانی ہوگئی ہے کیونکہ اس علاقہ میں اور کوئی لیٹر بکس ہوائی ڈاک کے لئے نہیں ہے۔ امید ہے کہ پوسٹ ماسٹر صاحب اس طرف توجہ فرما کر اس مشکل کو حل کریں گے۔

(ولی محمد) دہلی

ناعاقبت اندیشی

جناب اڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔

دہلی کے ایک اخبار نے اپنی اشاعت مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۴۹ء میں ایک نظم شائع کی ہے جس کا عنوان ہے ؎

آج دارث حشاہ سے کہتی ہوں میں

اس نظم کا ایک ذیل شعر نہایت دلآزار ہے ؎

بگیناہوں کے لہو سے آج رنگیں ہے چناب
نسل شیطان کے لئے سامان تکمیں ہے جناب

آج جبکہ دونوں حکومتوں کے تعلقات دن بدن خوشگوار ہوتے جا رہے ہیں یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ بعض غیر ذمہ دار اخبارات ان کو خراب کرنے کے درپے ہیں حالانکہ اخبارات کا یہ فرض ہے کہ ایسی فضا پیدا کریں کہ دونوں حکومتیں ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہوں چہ جائیکہ گڑے مردے اکھاڑ کر بدمزگی پیدا کی جائے۔

(افسر خان) مراد آباد

جنرل پوسٹ ماسٹر دہلی متوجہ ہوں

محترمی تسلیم۔ اب جب کہ ہوائی ڈاک کا سلسلہ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے اور حکومت ہند بھی معمولی ڈاک میں یہ کہہ کر اضافہ کر رہی ہے کہ خطوط کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں اور زیادہ سے زیادہ ممکن حد تک ہوائی ڈاک سے پہنچایا جائے گا۔ ضرورت ہے کہ دہلی میں ہوائی ڈاک لیٹر بکس عام طور پر لگائے جائیں اور چند علاقوں میں محدود نہ رہیں۔ میں اس لئے یہ درخواست کرتا ہوں کہ دو بارہ بندو [illegible] اور پل بنگش کے علاقہ میں ایک لیٹر بکس ضرور لگائیں۔ عبدالرشید بیری والا باغ دہلی

اردو فارسی کے مدرسوں کی ایسوسی ایشن

دیوریا۔ [illegible] ۷ مارچ آج ضلع دیوریا کے جونیئر اور سکنڈری ہائر اسکولوں کے اردو اور فارسی مدرسین کے ایک ضلع ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں آیا جس کے حسب ذیل عہدیداران منتخب ہوئے اور منجانب ایسوسی ایشن قراردادوں کی ایک ایک نقل متعلقہ اداروں کو آئندہ غور کی خدمت میں ارسال کی گئی تاکہ اپنے پورے اثرات سے کام [illegible]

جناب مولوی محمد سلیمان صاحب فارسی ٹیچر کنگ جارج انٹر کالج صدر، جناب مولوی عبدالمجید خان صاحب فارسی ٹیچر مدھو انٹر کالج کوشی نگر (نائب صدر) جناب مولوی عبداللطیف صاحب فارسی ٹیچر الیس ای ایس ہائر سکنڈری اسکول دیوریا۔ سکریٹری جناب مولوی نورالحسن صاحب پیٹھ ہائی سکنڈری اسکول (قصبہ لار) (نائب سکریٹری) جناب مولوی ابوالخیر صاحب (خزانچی)

مسز پنڈت ہند آرہی ہیں

ماسکو ۱۸ مارچ۔ مسز وجے لکشمی پنڈت ہندی سفیر متعینہ ماسکو غالباً اپریل کو اپنی لڑکی چندرلیکھا کی شادی میں شرکت کرنے کے ذریعہ طیارہ ہندوستان روانہ ہو جائیں گی مس چندرلیکھا کی شادی ۱۰ اپریل کو ہو رہی ہے مسز پنڈت نے روس کے نائب وزیر خارجہ سے ملاقات کی اور ان کو ان کے تقرر پر مبارکباد دی۔

اپریل میں میرٹھ میں انجمن تحفظ اردو کی سالانہ کانفرنس

انجمن تحفظ اردو یو پی کی سالانہ کانفرنس آخر اپریل میں میرٹھ میں ہو رہی ہے۔ ابتدائی انتظامات شروع ہو گئے ہیں۔ عارضی استقبالیہ کمیٹی بنائی گئی ہے جس کے کنوینر حکیم محمد الیاس احمد صاحب مقرر ہوئے ہیں ممبران استقبالیہ تیزی سے بنائے جا رہے ہیں

برما کے مہاجرین کی آمد

مدراس ۱۸ مارچ (پ ٹ ا) الیس الیس دیا کا نامی جہاز رنگون سے جہاز یہاں ہزار ٹن چاول لے کر پہونچا ہے اس میں برما سے ایک سو دس پناہ گزین بھی آئے ہیں جو تامل اور تیلگو علاقہ کے رہنے والے ہیں۔ یہ پناہ گزین برما میں گڑبڑ شروع ہونے کے بعد اپنے گھروں سے [illegible] کمپوں میں [illegible] سرکاری خرچ پر ان کے گھروں تک پہنچا دیا گیا ہے۔

جالندھر ۱۸ مارچ۔ تحصیل کانگریس کمیٹی نواں شہر کے زیر اہتمام کھٹکڑ کلاں میں ۲۲ اور ۲۳ مارچ کو سردار بھگت سنگھ کی برسی منائی جائے گی۔ وزیر اعظم کشمیر شیخ عبداللہ نے کانگریس سیوا دل مشرقی پنجاب کے افسر اعلیٰ انگ سردار کلبیر سنگھ کو ان کی درخواست پر مطلع کیا ہے کہ وہ بھگت سنگھ کی برسی کی تقریب میں شرکت کریں گے۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ......۳/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ......۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھیئے۔

اس روزنامہ میں اشتہار شائع کرانے سے آپ کے کاروبار میں چار چاند لگ جائیں گے

مینجر سیغۂ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دارالسلطنت

۱۹ مارچ ۱۹۴۹ء

روپے لیکر نوکر بھاگ گیا

سیر و تفریح سے واپس آکر مسٹر بی ایس اگروال نامی ایک انجینئر نے دیکھا کہ ان کا نوکر ۲۰۰ روپے نقد اور کچھ دوسرا سامان چرا کر ان کی عدم موجودگی میں گھر سے فرار ہو گیا۔

بساط خانے کا سامان چرا لیا

چیرخانہ سے ایک دکان میں چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ چور بساط خانے کا سامان اپنے ساتھ لے گئے۔ مسروقہ سامان کی مالیت کا اندازہ ڈیڑھ سو روپے کیا جاتا ہے۔

چرس فروش گرفتار

ملا کالونی [illegible] چرس بیچنے والا ایک شخص جس کا نام کشن لال ہے۔ کوٹلہ روڈ سے چرس بیچتا ہوا گرفتار کیا گیا ہے۔

تالا توڑ دیا

قطب روڈ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک برتن بیچنے والے کی دکان کا تالا توڑ کر چوروں نے بہت کافی برتن چرا لئے۔ اجمیری گیٹ سے بھی ایک مکان کا تالا توڑ کر زیورات اور عام استعمال کے برتن چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

ناجائز برآمد روکنے کی مہم

کپڑے اور غلہ کی ناجائز برآمد روکنے کے لئے پولیس نے گذشتہ پندرہ دن میں دہلی میں کئی مقامات پر چھاپے مارے جن میں چاول اور کپڑے کی بہت بڑی مقدار برآمد ہوئی اس سلسلہ میں آٹھ اشخاص گرفتار کئے گئے۔ ۱۳ اشخاص یو پی کو چنے بھیجتے ہوئے پکڑے گئے۔ [illegible] اور یو پی کی سرحد پر چھاپہ مارے گئے سامان کی [illegible] آٹھ تھیلے اور ایک ٹرک جس میں ۵۰ من [illegible] ہوا ہے۔ اطلاع ملنے پر کہ چنا کشتیوں کے ذریعہ برآمد کیا جا رہا ہے دریائی پولیس نے چھاپہ مارا اور چنے کی اسی بوریاں برآمد کیں [illegible] شاہدرہ اور سول لائن پولیس اسٹیشن کو خصوصی ہدایتیں دی گئی ہیں۔ چاول کے تین ٹرک دریا سے برآمد ہوئے۔ اس سلسلہ میں سات گرفتاریاں ہوئیں جنا کے پل پر دو ٹرک سیمنٹ کی بوریوں کے پکڑے گئے اس سلسلہ میں آٹھ اشخاص گرفتار ہوئے۔ [illegible]

پیدائش و اموات

گذشتہ ہفتہ دہلی میں ۱۴۴ پیدائش اور ۹۹ اموات ہوئیں مرنے والوں میں ۱۷ ایک سال سے کم عمر کے بچے شامل ہیں۔ اس مرتبہ چھ اموات چیچک کی بیماری سے ۳۰ بخار [illegible] پیچش اسہال ۲۸ سانس کی بیماری سے دو زخموں سے اور ۳۰ متفرق بیماریوں سے فوت ہوئے۔

۸۷ مویشی پکڑے گئے

دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ ہفتہ [illegible] ۸۷ مویشی [illegible] پنجاب جیل ایکٹ کے تحت [illegible] مقدمات چلائے گئے ہیں۔ [illegible] مویشی پکڑے گئے۔

تین ڈاکو گرفتار

[illegible] روڈ دہلی [illegible] پولیس نے [illegible] ان کے قبضہ سے پستول اور کارتوس بھی ملے ہیں۔

دہلی جیل کی توسیع

[illegible] دہلی جیل میں عنقریب ہی توسیع کا کام شروع ہو جائیگا۔ نیز اس کا درجہ ڈسٹرکٹ جیل سے سنٹرل ڈسٹرکٹ جیل میں تبدیل کر دیا جائے گا نئی اسکیم کے ماتحت ۱۵۰۰ قیدی اس میں رکھا جا سکیگا۔ موجودہ تعداد ۷۰۰ ہے۔

پہاڑ گنج میں چوری

پہاڑ گنج سے ایک شخص نے رپورٹ درج کرائی ہے کہ کل رات اس کے گھر میں چور داخل ہوگیا۔ اور [illegible] ایک ہزار روپے کے زیور اور قریباً ایک سو روپے کی نقدی لے گئے۔

سونے کی چوڑی اڑالی

محلہ چبوترہ سے ایک عورت پریم وتی نے رپورٹ درج کرائی ہے کہ ایک چوڑیوں والا اس کے مکان پر آیا اور اس کا سونے کا پڑا جس کی قیمت چار سو روپے کے قریب ہے اتار کر چوڑیاں پہنانے لگا۔ چوڑیاں پہنانے کے بعد یہ شخص چوڑیوں کے پیسے اور سونے کا چوڑا لے کر رفو چکر ہو گیا۔

ایک سیلزمین گرفتار

راجپوتانہ آئس کریم کے مالکان نے کل رام نگر میں اپنے ایک سیلزمین اودے کرشن کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ اس کے خلاف روپیہ خورد برد کرنے کا الزام ہے۔

حجامت بناتے میں لوٹ لیا

بازار ستری پورہ سے ایک شخص حکومت رائے نے اطلاع دی ہے کہ کل صبح وہ ایک حجام کی دکان پر حجامت کروانے کے لئے گیا۔ اس وقت اس کی جیب میں ایک ہزار روپے کے نوٹ تھے۔ اس نے کوٹ اتار کر کھونٹی پر لٹکا دیا۔ لیکن ایک اور شخص جو کہ اخبار پڑھ رہا تھا جیب میں سے روپے نکال کر رفو چکر ہو گیا۔

بھوپال اسٹیشن پر تحقیقات

مسٹر [illegible] این موہائی گورنمنٹ انسپکٹر ریلویز بمبئی ۱۹ مارچ کو بھوپال ریلوے اسٹیشن پر ۹ اپ ڈاؤن گرانڈ ٹرنک ایکسپریس میں ۱۲ مارچ کو بھوپال اور لکھی سیوانی ریلوے اسٹیشن کے درمیان آگ لگنے کے بارے میں تحقیقات کریں گے۔

سنگھ سے کوئی گفت و شنید نہیں

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اور راشٹریہ سنگھ کے نظر بند لیڈروں کے درمیان کوئی گفت و شنید نہیں ہو رہی۔

یہ اطلاعات کہ سنگھ کے گرو کے ساتھ [illegible] کی گفت و شنید ہو رہی ہے بے بنیاد ہے۔

مسلم فن تعمیر پر لیکچر

مسٹر سی۔ آر منگت رائے آج دہلی یونیورسٹی میں شام کو ۵ بجے میجک لالٹین کے ذریعہ آثار قدیمہ ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر این پی چکرورتی کی صدارت میں مسلم فن تعمیر پر لیکچر دیں گے۔

دہلی زنانہ لیگ کا جلسہ

دہلی زنانہ لیگ کے ماتحت سرسوتی بھون میں آج دو بجے ایک زنانہ جلسہ عام ہو رہا ہے جس میں سرلا [illegible] اور مسز کملا دیوی چٹوپادھیائے لیکچر دیں گی۔

کنگڑے کے شرنارتھیوں کی بھوک ہڑتال ختم

دہلی کنگڑہ کے شرنارتھی کیمپ کے آدمی جو بھوک ہڑتال [illegible] بھوک ہڑتال پر تھے جمعرات کی رات کو ڈپٹی کمشنر [illegible] کے یقین دلانے پر کہ ان کے جائز مطالبات پر غور کیا جائے گا۔ بھوک ہڑتال ختم کر دی۔

نہرو اور آزاد کی دلچسپ تصاویر

دہلی پولی ٹیکنیک میں جو ایک سال سے چودہ سال تک کے بچوں کی مصوری کی نمائش ہو رہی ہے اس میں دو نمونے بہت دلچسپ ہیں ایک میں پنڈت نہرو کو زبان باہر نکالتے ہوئے دکھایا گیا ہے اور دوسرے میں مولانا آزاد کو [illegible] دکھایا گیا ہے۔

ٹیکنیکل تعلیم کی اہمیت

وزارت تعلیمات کے مشیر [illegible] پروفیسر ہمایوں کبیر نے دہلی پولی ٹیکنیک ہائر سیکنڈری اسکول میں فائن آرٹس کی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ٹیکنیکل تعلیم اتنی ہی اہم ہے جتنی کہ ادبی تعلیم [illegible] ہندوستان میں کتابی پڑھائی پر بہت زور دیا جاتا رہا ہے۔ اور یہ چیز بچوں کی ذہنی ترقی میں رکاوٹ [illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

اتوار ۲۰ مارچ ۱۹۴۹ء کو شام کے ۶ بجے سوشلسٹ پارٹی دہلی کے ممبران اور ہمدردوں کا ایک جنرل اجلاس پارٹی ہیڈ کوارٹر میں ہوگا جس میں [illegible]

ڈاکٹر راجندر پرشاد کانپور میں

کانپور ۱۸ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر راجندر پرشاد [illegible]

فرانسیسی مقبوضات کے مستقبل کا فیصلہ

استصواب رائے عامہ سے ہوگا

نئی دہلی ۱۹ مارچ۔ گذشتہ چند روز میں حکومت [illegible] اور ہندوستان کے فرانسیسی مقبوضات کے افسران کے درمیان ان مقبوضات کے مستقبل کے متعلق اہم گفت و شنید ہوئی [illegible] ۲۰ مارچ کو پانڈیچری، چندر نگر، ماہی، کاریکل [illegible] کی بلدیاتی کونسلوں کا [illegible] جس میں استصواب عامہ کے لئے تاریخ مقرر کی جائیگی۔ اور اس کے طریق کار کا فیصلہ ہوگا

۱۹۴۱ء میں ہندوستان اور ان فرانسیسی مقبوضات کے درمیان کسٹم کے متعلق ایک معاہدہ ہوا تھا جو اس سال مارچ کے آخر میں ختم ہو رہا ہے اور حکومت ہند کی طرف سے کہا گیا ہے کہ اس معاہدہ کو دوبارہ برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔ اس لئے اس میں تبدیلیاں کی ضرورت ہے۔

نیز حکومت ہند کی طرف سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ یکم اپریل سے یعنی اس معاہدہ کے ختم ہونے کے بعد فرانسیسی مقبوضات کو غیر ملک تصور کیا جائے گا۔

۱۹۴۱ء کے معاہدہ کے مطابق ان مقبوضات اور ہندوستان کے درمیان آزادانہ تجارت ہوتی تھی۔ [illegible] فرانسیسی مقبوضات کے دوسرے ملکوں سے باہر مال آنے جانے پر حکومت ہند کو محصول ملتی تھی۔ اور فرانسیسی مقبوضات کو سالانہ [illegible] روپیہ سالانہ مالی امداد دی جاتی تھی۔ لیکن اب معاہدہ ختم ہو رہا ہے اس لئے یہ امداد بھی بند ہو جائے گی۔ اور فرانسیسی مقبوضات سے آنے جانے والے مال پر محصول عائد کر دیا جائیگا۔ غلہ اور کپڑے پر بھی محصول عائد ہوگا جو غیر ملکوں کے مال پر عائد ہے۔

حکومت کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ فرانسیسی مقبوضات کے ساتھ جو معاہدہ ۱۹۴۱ء میں ہوا تھا وہ یکم اپریل کو ختم ہو رہا ہے۔ یہ اطلاع غلط ہے کہ حکومت ہند فرانسیسی مقبوضات سے دوسرا تجارتی معاہدہ کرنے والی ہے۔

مسٹر روشن لیکچر دیں گے!

۲۰ مارچ بروز اتوار مسٹر ایم اصغر روشن رات کو ۸ بجے مرکز تعلیم بالغان نمبر ۱ درگاہ شاہ ترکمان گیٹ محلہ قبرستان میں "پہلے سے گھڑے ہوئے مکانوں کی ہندوستان میں ضرورت" پر لیکچر دیں گے بشیری اور اسی طرح پر تیار شدہ ہوئے مکانات کی تصاویر بھی دکھائی جائیں گی۔

ہند پارلیمنٹ

(بقیہ صفحہ ۲)

کے ذریعہ تجارت کو ترقی دینے کے امکان کی تحقیقات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

وزارت صحت کے مطالبات پر بحث

پارلیمنٹ میں آج سب سے پہلے وزارت صحت کے مطالبات پر بحث ہوئی جو ہیلتھ [illegible] مسٹر فرینک انتھونی۔ مسٹر ایچ۔ وی کامتھ۔ مس انا مسرین اور ڈاکٹر [illegible] نے حصہ لیا۔ ڈاکٹر ہندوستان کی نرسوں کی کم تنخواہ اور بری حالت کا ذکر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس پیشہ کی حوصلہ افزائی کے لئے تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے اور نرسوں کو مزید سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ مسٹر کامتھ نے اس امر پر زور دیا کہ علاج معالجے کے طریقہ کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ مس انا مسرین نے ہندوستان میں ڈاکٹروں کی قلت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے لئے ۵۰۰۰۰ ڈاکٹروں کی ضرورت ہے۔ لیکن اس وقت یہاں صرف ۴۵ ہزار ڈاکٹر ہیں۔ [illegible] ساڑھے نو ہزار [illegible] [illegible]

اکالیوں کے مقدمہ کی مزید سماعت

دہلی ۱۹ مارچ۔ کل سردار ہری کرشن سنگھ کی عدالت میں سردار جسونت سنگھ اور پانچ دوسرے اکالی لیڈروں کے خلاف پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے ماتحت جو دو الزام [illegible] ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے انتظامی احکام کی خلاف ورزی کر کے سیاسی کانفرنس منعقد کرنے کے مقدمہ کی مزید سماعت ہوئی۔

سردار سوجن سنگھ ڈسٹرکٹ انسپکٹر پولیس نئی دہلی نے کہا کہ وہ رکاب گنج گوردوارہ میں ڈیوٹی پر تھے جس وقت صبح کے چار بجے مذہبی دیوان شروع ہوا۔ اور ایک سیاسی جلسہ شروع ہوا جو مذہبی دیوان نہیں بلکہ اکالی کانفرنس کا ایک جزو تھا۔ اکالی جھنڈوں کے نیچے بہت سے رضاکار تھے جن میں سے ایک بھی اکالی رضاکار کے احاطے میں گھوم رہے تھے۔ گوردوارہ کے [illegible] دروازہ کے باہر اکالی کانفرنس کا ایک بورڈ لگا ہوا تھا۔

گواہ نے الزام لگایا کہ [illegible] اور دوسرے ملزموں نے ایسی تقریریں کیں جو سیاسی نوعیت کی تھیں۔ اس کے بعد مقدمہ ۲۲ مارچ تک ملتوی کیا گیا۔

رائٹر مشن کا ممبر زخمی ہوگیا

[illegible] ۱۸ مارچ۔ مسٹر [illegible] سے عرب نیوز ایڈیٹر مشرق [illegible] لندن کے رکن ہیں آج [illegible] ایک چھرہ پہنچ کر گرنے کے سبب ان کا ایک ہاتھ ٹوٹ گیا [illegible] انہوں نے ایک ہسپتال میں [illegible] بتایا [illegible]

تین ملکوں کا معاہدہ

دمشق ۱۹ مارچ۔ دمشق کے ایک اخبار کے مطابق شام ترکی اور عراق کی حکومتوں میں ایک معاہدہ ہوا ہے جس کی رو سے تینوں حکومتوں کے فوجی افسران ایک دوسرے سے باہمی صلاح مشورہ کر سکیں گے۔ اور سرحدی علاقوں میں جرائم کرنے والوں کی نقل و حرکت کی نگہداشت کر سکیں گے۔ (گلوب)

وسط مشرق کے لئے صدر ٹرومین کی اسکیم

دمشق ۱۹ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ امریکہ نے شام کو اس اسکیم سے جو صدر ٹرومین نے وسط مشرق کے لئے تیار کی ہے، مطلع کر دیا ہے۔ (گلوب)

چرچل امریکہ جارہے ہیں

ساؤتھمپٹن ۱۸ مارچ۔ مسٹر چرچل آج جہاں سے بذریعہ کوئین الزبتھ (بحری جہاز) امریکہ روانہ ہو رہے ہیں جہاں وہ تین چار ہفتہ قیام کریں گے مسٹر چرچل ۳۱ مارچ کو میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ میں تقریر کریں گے۔ اور صدر ٹرومین بھی اسی انسٹی ٹیوٹ میں اس کے دوسرے روز تقریر کریں گے خیال کیا جاتا ہے کہ صدر ٹرومین مسٹر چرچل کی تقریر سنیں گے۔

مسٹر چرچل بھی اپنے شوہر کے ہمراہ جا رہی ہیں۔ مسٹر چرچل اسی دوران میں مسٹر برنارڈ بروچ کے ہاں قیام کریں گے جس سے آپ اس وقت بھی ملے تھے جب کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے امریکہ گئے تھے۔

آپ میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ میں ہی ٹی وی [illegible] رہے اور احساسات پر تقریر کریں گے۔ [illegible]

ہندوستان اور چیکوسلواکیہ

میں تجارتی تعلقات

نئی دہلی ۱۹ مارچ۔ امید ہے کہ ہندوستان اور چیکوسلواکیہ کے نمائندوں میں جو تجارتی گفت و شنید جاری ہے وہ کامیابی سے منزل مقصود پر پہنچ جائے گی۔ اس تجارتی معاہدہ کی رو سے چیکوسلواکیہ سال رواں میں دو کروڑ ساٹھ لاکھ روپے کی مالیت کا مشینری ہندوستان کو سپلائی کرے گا تاکہ وہ اپنی صنعت و حرفت کو فروغ دے سکے [illegible] کے علاوہ ایک ایگریکلچرل پیکیٹ پر بھی عن قریب دستخط کئے جائیں گے۔ (گلوب)

کسٹم کی پابندیاں دور کر دی گئیں

حکومت سوراشٹر کا آرڈیننس

راج کوٹ ۱۹ مارچ۔ حکومت سوراشٹر نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کی رو سے سوراشٹر اور ریاست جونا گڑھ کے درمیان کسٹم کی پابندیوں کو دور کر دیا گیا ہے کیونکہ ریاست جونا گڑھ اب سوراشٹر کا ایک جزو ہو گئی ہے۔ حالت سوراشٹر کی پابندیاں بہت کم اور روئی طور پر ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے درمیان کسٹم کی تمام پابندیاں دور کر دی گئی ہیں۔

ایشیائی ممالک کی فیڈریشن کا اجلاس

سنگاپور ۱۸ مارچ۔ ایشیائی ممالک کی ممبر فیڈریشن کا آئندہ اجلاس [illegible] شمولیت کے لئے امریکہ کی ورکنگ ممبر فیڈریشن کے نمائندے ہندوستان تشریف لا رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کانفرنس میں ایشیائی ممالک کے مزدوروں، کمیونزم سے بچاؤ کا مسئلہ زیر بحث لایا جائے گا۔ (گلوب)

کلکتہ پوسٹ آفس میں بم

کلکتہ ۱۹ مارچ۔ آج کلکتہ کے جنرل پوسٹ آفس [illegible] میں ایک بم پھٹا جس سے تین اشخاص معمولی طور پر زخمی ہوئے۔ (پ ٹ ا)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی حاضر ۱۷۴ روپے ۱۲ آنے بند بازار ۱۰۵ روپے سونا ۱۲۰ روپیہ بمطابق چیت ۱۰۰۰ روپے اپیل ۸۰ ۱۴۳ گڑ حاضر ۱۴ ۱۲ میانہ کھیلا بازار ۷ ۱۳ بند بازار ۶ ۸ ۱۳ روپے۔ بجائن ۱۱ ۱۱ آملہ ۱۰۰۰ من کھانڈ [illegible] ۳۲ گنجینہ ساری ۲/۰ ۱۰۰۰ ۳۹ شکر ۱۲۰ ۱۲ اسرحلہ ۸ ۲۵ روپے روہ صبح ۱۱ ۲۶ تارا میرا ۲۲ تیل ۹۹ ۷ کھل ۹ رنگ پھلی ۱۳ ۴ ۱۳ ۱۵ ترشہ [illegible] ۱۲ جسنجیہ وعدہ کھیلا بانات ۱۲ ۱۱ سندبازار ۳ ۱۲۔ گندم ۲۴ چنے ۸ ۱۲ جو ۸ ۱۲ مکی [illegible] باجرہ [illegible] جوار [illegible] ۱۵ روپے

بمبئی مارکیٹ

سوتی نمبر ۱ لال ٹکٹ ۸۲ ۱۰ نمبر ۸۰ [illegible] لال ٹکٹ ۸۰ ۱۲ روپے۔ سینٹل پیلی کرسی مچھ پیلو بغیر ربڑ امریکن ۲/۸/۰ ۷/۸/۰ ربڑ والی ۱۲/۸/۰ روپے گردن سیاں ڈنک بلیو بلیک ۳ ۵ ۳ دازمن اگ بلیو بلیک ۳/۵/۰ کیوی پالش ڈبی خورد ۳ ۰ ۳ زلی کلاں [illegible] ۸ ۵ ہیرمن سنو ۱۵/۰ [illegible]

چندوسی مارکیٹ

گندم ۲۰ روپے چنا ۱۳ روپے [illegible] ارد [illegible] روپے مونگ ۲۰ روپے السی [illegible] روپے۔ السی کھل [illegible] تیل ۵۳ روپے ۲ آنے سرسوں ۳۰ روپے گڑ [illegible] روپے کھانڈ دیسی [illegible] روپے۔ [illegible] ۴۴ روپے بورہ ۳۹ روپے [illegible]

دہلی بازار صرافہ

چاندی تیاری ۵۱ روپے۔ چاندی وعدہ [illegible] چاندی گدی ۱۶۹ روپے چاندی سکہ ۱۶۰ روپے ۸ آنے سونا پاسہ [illegible] روپے ۱۲ آنے [illegible]

مٹیاری مارکیٹ دہلی

[illegible] الف ایل سنڈیکس [illegible] ۱۲ آنے سوئیس ڈ نوپ ایک روپیہ۔ [illegible] چوڑا کلاں [illegible] روپے [illegible] چاول ایک روپیہ ۴ آنے [illegible] برنگ پھول دار ۴ روپے۔ انگلش ۴ روپیہ

غلہ مارکیٹ دہلی

گوار سفید [illegible] روپے مونگ ۲۰ روپے سے ۲۳ روپے اردد [illegible] روپے سے ۱۹ روپے رنگ پھلی ۲۰ روپے سے ۲۲ روپے۔ تیل سرسوں [illegible] کالی چنا ۲۳ روپے

[illegible] روپے [illegible] سوپ [illegible] امریکن ۲۹ روپے [illegible] آنے [illegible] ۲۵ روپے۔

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی بمبئی [illegible] ہلدی [illegible] گوند [illegible] کیوڑہ [illegible] بادام کاغذی ۱۵۵ بادام گری [illegible] بادام کاغذی [illegible] الائچی [illegible] دارچینی [illegible] لال [illegible] زیرہ سفید [illegible] مرچ کالی [illegible] [illegible]

تیل مارکیٹ دہلی

تیل [illegible] مونگ پھلی [illegible] تیل [illegible] کاسٹک [illegible]

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات چندرہ یوم میں بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی کتاب مع محصول ایک روپیہ پانچ کتابوں کی قیمت مع محصول تین روپے دو آنے (۳/۲)

لب التجربات

شفاء الملک حکیم [illegible] خاں صاحب الطبیب اعظم دہلی کے ذاتی اور خاندانی مجربات کا لاجواب اور بے مثل ذخیرہ ہے تقریباً سب ہی بیماریوں کے صدہا بارہا کے آزمودہ اور سریع التاثیر نسخے [illegible] ہر مرض کی عام فہم تشریح علامات اور صحیح علاج بیان کیا گیا ہے۔ سائز [illegible] صفحات ۲۲۲ قیمت رعایتی مع محصول تین روپے [illegible] فہرست ادویات مع جنتری ۱۹۴۹ء بالکل مفت منگائیے۔

پتہ:۔ مینیجر شاہی مطب پوسٹ بکس نمبر ۱۲ دہلی

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ ناظم جمعیت علماء ہند

حصہ اول

اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء جہاد آزادی سے لے کر تحریک دارالعلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جد و جہد کی ہے حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۴۰۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد مع خوبصورت گرد پوش تین روپیہ چار آنہ علاوہ محصول ڈاک

حصہ دوم

اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملکی تعمیرات و ترقی کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں۔ ان کا مفصل تذکرہ درج ہے۔ صفحات ۲۷۶ قیمت مجلد مع خوشنما ڈسٹ کور [illegible] علاوہ محصول ڈاک

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسمجان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ۔ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ۔ مورخہ ۲۲ جمادی الاول سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۸ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۱ آنے

برطانیہ میں دلچسپ کھلونے

انڈے دینے والی ترقی

[illegible]

بمبئی سے فلسطین کے لئے

ستر یہودیوں کی روانگی

[illegible]

شرق اردن کے شاہ عبداللہ کی طرف سے برطانیہ سے مزید امداد کے لئے درخواست

ریگستان نجب کے علاقہ میں یہودیوں کے اچانک حملے

اسرائیل اور لبنان کے مابین سمجھوتہ ہو گیا

لندن - ۲۱ مارچ - لیبر پارٹی کے اخبار ڈیلی ہیرالڈ کی ایک اطلاع کے مطابق جو اس کے نامہ نگار نے عمان سے ارسال کی ہے شاہ عبداللہ والی شرق اردن نے باضابطہ طور پر حکومت برطانیہ سے ریگستان نجب [illegible] کے دفاع کے لئے فوجی امداد طلب کی ہے۔ امداد یہودیوں کے [illegible] اچانک حملے کے بعد طلب کی گئی ہے۔ ڈیلی ہیرالڈ کے نامہ نگار نے مزید بتایا کہ عمان میں یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ اس درخواست کو لندن بھیجے جانے سے قبل عمان میں برطانوی سفارت خانے نے اس کی تصدیق کی۔

[illegible]

آٹھ لاکھ عرب پناہ گزینوں کا مسئلہ حل کرنے کیلئے بیروت میں اہم کانفرنس

سات عرب ممالک کے نمائندے بیروت میں پہنچ گئے

[illegible]

پولیس کی غفلت سے جو نقصانات ہوئے حکومت کو اس کی فوراً تلافی کرنی چاہئے

سہارنپور کے فساد کے متعلق حضرت مولانا بشیر احمد کی رپورٹ

دہلی ——— (۲۱) ——— مارچ

[illegible]

برما میں مغربی ساحل پر باغیوں نے سرگرمیاں تیز کر دیں

سرکاری توپخانہ کی کریئوں پر زبردست گولہ باری اور باغیوں کا شدید نقصان

[illegible]

کیرن باغی چند دن میں رنگون پر قبضہ کر لیں گے

فوری امداد نہ ملی تو حکومت چند دن میں ہتھیار ڈال دے گی

[illegible]

چین کے سرکاری طیاروں نے کمیونسٹوں کا گودام اڑا دیا

دریائے یانگسی کے شمال میں کمیونسٹوں کے شدید حملوں کا خطرہ

کومنتانگ میں اختلافات سے وزارت سازی میں تاخیر

[illegible]

فرانسیسی مقبوضات کا مستقبل

[illegible]

وزارت سازی کی گفت و شنید

[illegible]

لندن میں فسطائیت کے حامیوں اور کمیونسٹوں کے ہنگاموں میں تصادم

دست بدست جنگ موٹروں پر پتھراؤ اور پولیس کی راہ میں رکاوٹیں

[illegible]

ہم ہند و پاکستان کی دوستی کو دوسرے ممالک کی دوستی پر ترجیح دیتے ہیں

حیدرآباد میں مصری اخبار نویسوں کے وفد کا بیان

[illegible]

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا دورہ

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

PHONE 5855

Delhi 21.3.49.

برطانیہ نے شرق اردن کی مالی امداد میں پچیس لاکھ کا اضافہ کر دیا

عقبہ میں اسرائیلی فوجیں برطانوی فوجوں کے بالمقابل پہنچ گئیں

[illegible]

اٹلانٹک پیکٹ پر روس کی جوابی کاروائی

کریملن میں روس کے فوجی افسران کی معنی خیز کانفرنس

حکومت روس نئے حفاظتی اقدامات کریگی

[illegible]

معاہدۂ اوقیانوس کسی ملک کیخلاف اقدام نہیں

اقوام متحدہ بین الاقوامی امن قایم رکھنے میں ناکام رہی

معاہدہ مذکور پر برطانوی وزیر خارجہ کا تبصرہ

[illegible]

روس میں سوشلزم کی عمارت مکمل ہو گئی

کمیونسٹ پارٹی کے اخبار پراودا کا بیان

[illegible]

ہندو اور پاکستان کی کسٹم کانفرنس

[illegible]

پروانہ راہداری کی سہولتیں

حکومت پاکستان کا نیا فیصلہ

کراچی ۱۹ مارچ: - پاکستان آنے جانے کے لئے پروانہ راہداری کے قواعد میں بعض ترمیمیں ہو جانے سے کئی سہولتیں ہو گئی ہیں۔ [illegible]

کشمیر میں استصواب

(بقیہ صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

لیاقت علی خاں کی جاگیر

کورٹ آف وارڈس کے سپرد

[illegible]

مزید مشاہدین کی آمد

[illegible]

معاہدۂ اوقیانوس کی توضیحات

امریکی وزیر خارجہ کی پریس کانفرنس

[illegible]

دفعہ ۹ - ایک کونسل قائم کی جاتی ہے جس میں تمام ملکوں کے نمائندے شامل ہوں گے۔ جو اس معاہدہ پر عمل کرنے کے طریقوں پر غور کرے گی۔ [illegible]

دفعہ ۱۳ - دس سال بعد اس کے بعد کسی ممبر ملک کی خواہش یا درخواست پر اس معاہدہ پر [illegible] نظر ثانی ہو سکے گی۔

[illegible]

BLEACHO

Whitens Rs. 2 Black Skin

اسٹینو ہاؤس ایجنسی امرتسر

اٹلی نے اٹلانٹک پیکٹ منظور کر لیا

[illegible]

پاک ایئر لمیٹڈ

روزمرہ مقررہ سروس

دہلی تا کراچی | لاہور

اوقات

دہلی - کراچی

روانگی دہلی ۵-۳۰ بجے شام

آمد کراچی ۹-۴۰ بجے رات

دہلی - لاہور

روانگی دہلی ۱۰-۱۲ بجے دوپہر

آمد لاہور ۲-۰۰ بجے شام

کرایہ جات

دہلی - کراچی - سنگل ۱۵۰/۰ روپیہ واپسی ۲۸۵/۰ روپے

دہلی - لاہور - سنگل ۶۶/۰ روپیہ واپسی ۱۲۶/۰ روپے

مزید تفصیلات کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر لکھئے

لوکل ایجنٹس: - ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ، کناٹ سرکس

ٹیلیفون ۸۳۰۸ نئی دہلی ٹیلیگرام: ایئر ٹیکسیز

معاہدہ کے پہلے سال ہی میں ۵۰ لاکھ ڈالر کے اسلحہ آئیں گے

یورپ کے ممالک کو امریکی امداد کے بارے میں مسٹر شومان کا بیان

[illegible]

حیدرآباد میں طاعون

[illegible]

آسٹریا کو خود مختار علاقہ قرار دیا جائے

[illegible]

میکسیکو اور گوئٹے مالا کے مطالبات

[illegible]

اٹلانٹک پیکٹ پر نکتہ چینی

[illegible]

شملہ میں برف باری

[illegible]

روس کو سوئیڈن کا سخت جواب

روسی الزامات کی مکمل تردید

[illegible]

بنگلور کی سونے کی کانوں کا اسٹرائک

[illegible]

سیام سے چاول کی درآمد

[illegible]

گمشدہ کی تلاش

[illegible]

افغانستان کا خبرنامہ:

پاکستان کے فقیر ایپی کے ساتھیوں پر بمباری کرنے پر افغانوں کا احتجاج

کابل کے مشہور اخبار اصلاح کی حکومت پاکستان کو تنبیہ

مارچ کے شروع میں پاکستانیوں نے فقیر ایپی اور ان کے ساتھیوں پر جو بمباری کی تھی اس پر کابل کے اخبار اصلاح نے اپنے غم و غصہ کا اظہار کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ آنے والی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت پاکستان نے آزاد قبیلوں پر پھر بمباری کی [illegible] سینکڑوں افغان بھائی ہلاک ہوئے۔ ان کے مکانات تباہ ہوئے اور مال و دولت برباد ہوا

بے گناہ لوگوں پر یہ بمباری اخلاق، قانون اور انسانیت کے خلاف ہے لیکن اس وجہ سے اور زیادہ بری ہے کہ حکومت پاکستان نے یہ بمباری اس وقت کی جبکہ حاجی میرزا علی خاں عرف فقیر ایپی نے پاکستان کو ایک مصالحتی وفد روانہ کیا تھا۔ فقیر ایپی کے اس فعل سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ پاکستان سے دوستی رکھنے کا آرزو مند تھا۔ [illegible] بمباری کیسوں کی گئی جبکہ ضرورت اس بات کی تھی کہ فقیر صاحب کا ہاتھ تھام کر دوستی اور محبت کے رشتے کو مضبوط کیا جاتا۔

نسلی [redacted]

افغانستان آزاد قبائل سے نسلی رشتہ ہونے کی وجہ سے اس بمباری کو کبھی برداشت نہیں کر سکتا۔ اس سے پہلے بھی انگریزوں اور پاکستان نے جب کبھی آزاد قبائل پر بمباری کی حکومت افغانستان نے احتجاج کیا۔ انگریزوں کے بمباری کرنے کا نتیجہ [illegible]۔ پاکستان کی بمباری کے بھی ایسے نتائج نہیں ہونگے۔ افغان آزادی پسند اور غیرت مند [illegible]

پاکستان کو تنبیہ

سلسلہ تحریر جاری رکھتے ہوئے اخبار لکھتا ہے کہ اگر پاکستان کی واقعی یہ خواہش ہے کہ افغانوں کے ساتھ محبت کرے اور [illegible] ہوگا کہ تمام سرحد میں آگ لگ [illegible] اور ہم انہیں تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ کوئی ایسی بات نہ کریں جس کے برے نتائج نکلیں۔

بارش اور زلزلہ سے نقصانات

مارچ کے پہلے ہفتہ میں افغانستان میں زلزلہ کے جھٹکے [illegible]

ایران کے نئے سفیر کی آمد

[illegible]

کاٹھیاواڑ کے کپڑے کی برآمد

راج کوٹ ۱۸ مارچ۔ حکومت سوراشٹر نے کاٹھیاواڑ سے [illegible] کپڑا باہر لے جانے کی اجازت دے دی ہے۔ [illegible] ہوائی جہازوں اور ریلوں [illegible] کے ذریعہ بھیجا جا سکتا ہے۔ [illegible]

ایٹم ریڈیو کے ذریعہ بم پھینکے جایا کرینگے

تجربہ کے لئے امریکہ کو جگہ کی تلاش

واشنگٹن ۱۸ مارچ۔ آج امریکی ایر فورس کے ایک ترجمان نے انکشاف کیا ہے کہ امریکہ ریڈیو بموں کے تجربہ کے لئے تین ہزار میل لمبی اڑان کے لئے جگہ تلاش کر رہا ہے۔ اس سے پہلے آسٹریلیا سے خبر موصول ہوئی تھی کہ امریکہ وسطی آسٹریلیا کے علاقہ کو ایٹم کی طاقت سے اڑا دینے والے [redacted] کے تجربہ کے لئے استعمال کرنا چاہتا ہے۔

سوویٹ روس کے اخبار "ریڈ سٹار" نے برطانیہ اور کامن ویلتھ کے دیگر ممالک کے درمیان بحر الکاہل کے مجوزہ پیکٹ کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہر شخص پر واضح ہے کہ شمالی اٹلانٹک پیکٹ کی یہ مجوزہ شاخ برطانیہ اور امریکہ کی طرف سے دنیا بھر پر غلبہ پانے کے منصوبہ کی ایک اور کڑی ہے۔ دوسرے سرکاری اخبار ازوستیا نے امریکہ کی پروگریسو پارٹی کے لیڈر ہنری ویلس کی طرف سے اٹلانٹک پیکٹ کی مخالفت کو جلی عنوان سے شائع کیا ہے۔ مسٹر ویلس نے اپنے بیان میں رائے ظاہر کی ہے کہ پیکٹ سے جنگ ناگزیر ہو جائے گی اور اس حالت میں یورپ میں مغربی اکائیوں کے سہارے ڈکٹیٹر بے وقعت ثابت ہوں گے [illegible]

سویڈن میں روسی جاسوسوں کا جال

سٹاک ہالم ۱۸ مارچ۔ ایک چیکو سلواکیہ کے باشندے [illegible] گرفتاری [illegible] جاسوسی کا جال پھیلا رکھا ہے۔

ایک روسی تجارتی مشن کا نمائندہ [illegible] کشتیوں کے کارخانہ میں [illegible] کشتیاں تیار کی جا رہی تھیں۔

سویڈن نے روس کے لئے صرف دو ایسی کشتیاں تیار کی ہیں [illegible] اس کارخانہ کی سختی سے نگرانی کی جا رہی ہے۔

پاکستانی کرکٹ ٹیم کولمبو میں

کولمبو ۱۸ مارچ۔ پاکستان کرکٹ ٹیم جس کے کپتان محمد سعید ہیں [illegible] پاکستانی ٹیم ۲۲ اور ۲۳ مارچ کو لنکا الیون کے ساتھ میچ کھیلے گی۔

ہندوستان کی ایران کو مبارکباد

نئی دہلی ۲۱ مارچ۔ [illegible] شاہ ایران کو نوروز کے موقع پر [illegible] پیغام بھیجا ہے۔

برطانوی فوجیں عقبہ کو خالی نہیں کرینگی

ان کا قیام معاہدہ کی شرائط کے مطابق ہے

لندن ۲۰ مارچ۔ آج برطانوی حکومت نے صاف صاف الفاظ میں واضح کر دیا کہ یہودیوں کے مطالبہ کی مطلق پرواہ نہیں کی جائے گی۔ اور عقبہ سے نہ ہی فوجیں نکالی جائیں گی۔ اور نہ ہی ان میں تخفیف کی جائے گی۔

اگر اسرائیلی حکومت نے حفاظتی کونسل کے اس فیصلہ کی آڑ لی جس میں یہ کہا گیا تھا کہ کوئی حکومت جنگی سرحد پر اپنی فوجیں نہ بھیجے تو برطانیہ کا نقطہ نظر یہ رہے گا کہ اقوام کی انجمن کا فیصلہ فوجوں کی نقل و حرکت پر حاوی نہیں ہو سکتا۔ یہودیوں کا یہ کہنا کہ برطانوی فوجوں کی موجودگی روڈس کی صلح کی گفت و شنید میں رکاوٹ ڈال رہی ہے کوئی معنی نہیں رکھتی۔

عقبہ کی ایک اطلاع میں کہا گیا کہ برطانوی فوجوں کو حکم دیا گیا ہے کہ فوجی چوکیوں پر بلیک آؤٹ چوبیس گھنٹے رکھیں جو یہودی چوکیوں کے بالمقابل واقع ہیں۔ متحدہ اقوام کی انجمن کا ناظر یہودی چوکیوں کے معائنہ کے بعد برطانوی چوکیوں کے معائنہ کے لئے وہاں پہونچ چکا ہے۔ اور اب وہ مستقل طور پر عقبہ میں قیام کرے گا۔ (گلوب)

برطانیہ نے عرب لیجن کی سالانہ امداد میں ۲۵ لاکھ پونڈ کا اضافہ کر دیا

سرحدوں پر [redacted] میں اضافہ کی ضرورت

لندن ۲۱ مارچ۔ برطانیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ شرق اردن کے عرب لشکر کی امدادی رقم دس لاکھ پونڈ سے بڑھا کر ۳۵ لاکھ پونڈ کر دی جائے۔ اس امر کا اعلان سال آئندہ کے وزارت خارجہ کے مطالبات زر اور اخراجات کے اعداد و شمار میں کیا گیا ہے۔ اس پر بعد ہی بحث شروع ہو جائے گی۔

یہ امدادی رقم شرق اردن اور برطانیہ کے دوستانہ معاہدہ کے ماتحت دی جاتی ہے۔ اس کے ماتحت برطانیہ شاہ شرق اردن کی فوج کے اخراجات میں اپنے حصہ کی امدادی رقم ادا کرتا ہے۔ امدادی رقم کا فیصلہ ہر سال گفت و شنید سے ہوتا ہے۔

اس بات سے کہ شرق اردن کی فوج کی امدادی رقم میں اضافہ کر دیا گیا ہے سیاسی مبصرین نے یہ اندازہ لگایا ہے [illegible]

فائرنگ سے چھ دیہاتی زخمی

بنارس (بذریعہ ڈاک) ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں [illegible] میں دیہاتیوں کی دو پارٹیوں کو تصادم سے روکنے کی غرض سے پولیس کے ایک انسپکٹر کو بارہ گولیاں چلانی پڑیں۔ فائرنگ کے نتیجے میں ۱۶ آدمی زخمی ہوئے۔ [illegible] گرفتار کیا گیا [illegible]

[illegible] ۲۶ مارچ [illegible]

ہم کمیونزم کے خلاف کوئی بلاک نہیں بنا رہے

ایک برطانوی وزیر کا بیان

لنکا ۲۱ مارچ۔ مسٹر پیٹرک گورڈن واکر نائب وزیر کامن ویلتھ ریلیشنز ۱۸ مارچ کو کولمبو پہنچے۔ آپ نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ میری آمد کا مقصد نہایت خفیہ ہے۔ لیکن اس کا روس کے خلاف بلاک بنانے سے کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ کمیونزم کا خطرہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس کے لئے ہم اتنی دوڑ دھوپ شروع کریں۔ ہندوستان کے متعلق سوال کئے جانے پر آپ نے کہا کہ مجھے پنڈت جواہر لال نہرو کے ایسے کسی بیان کا علم نہیں۔ جس میں انہوں نے کہا ہو کہ ہندوستان کامن ویلتھ سے نکل جائے گا۔ میں نے کراچی میں جو بات چیت کی تھی، پاکستان کے اخبارات نے اس کا اچھا استقبال نہیں کیا۔ مشرقی بعید میں برطانیہ کی فوجوں کا کمانڈر بھی بڑے بڑے فوجی افسروں کے ساتھ اس جگہ پہنچ گیا ہے۔

جنگل بانی کی بین الاقوامی کانفرنس

نئی دہلی ۲۱ مارچ۔ بحر الکاہل کے علاقوں اور ایشیائی ملکوں کی جو بین الاقوامی کانفرنس جنگل بانی اور عمارتی لکڑی کی تجارت کے سلسلہ میں ۲۸ مارچ کو میسور میں ہونے والی ہے اس کے انعقاد کے تمام انتظامات مکمل ہو چکے ہیں۔ کانفرنس کا افتتاح غالباً حکومت کے وزیر زراعت [illegible] کریں گے۔ امید ہے کہ اس کانفرنس میں ہندوستان، برما، ملایا، نیوزی لینڈ، فلپائن، آسٹریلیا، لنکا، چین، ہند چینی، پاکستان اور سیام کے نمائندے شریک ہوں گے۔ مشرق بعید اور ایشیا کے اقتصادی کمیشن کا اور یونیسکو کا [illegible] بھی کانفرنس میں شریک ہوگا۔

فی الحال مدراس کی تقسیم نہیں ہوگی

مدراس ۲۰ مارچ۔ اسمبلی میں سوالات کے دوران [illegible]

بہار اسمبلی میں بجٹ پر بحث

پٹنہ ۲۰ مارچ۔ بہار اسمبلی میں بجٹ کے مطالبات [illegible]

بمبئی میں اسلحہ پر پابندی

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

فلسطین کے عرب پناہ گزینوں کی طرف سے معاوضہ کا مطالبہ

رملہ میں آٹھ سو عربوں کا مظاہرہ۔ چالیس افراد پر مشتمل کمیٹی کا تقرر

بیت المقدس ۲۰ مارچ۔ ساٹھ لاکھ عرب پناہ گزینوں نے اپنے مطالبات منوانے کے سلسلہ میں تحریک شروع کر دی۔ اطلاعات کے مطابق فلسطین اور شرق اردن کے پناہ گزینوں کے آٹھ سو نمائندوں کا رملہ کے مقام پر ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے یہ آواز اٹھائی کہ انہیں فوراً اپنے گھروں کو واپس لوٹ جانے کا حق حاصل ہے۔ فلسطین کے مسئلہ کا حل کچھ بھی ہو۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان کی حفاظت کی جائے۔ اور اس کے علاوہ انہیں نقصانات کا معاوضہ دیا جائے۔ اس ضمن میں چالیس افراد پر مشتمل ایک کمیٹی قائم کی گئی جو پناہ گزینوں کی نمائندگی کرے گی۔ کمیٹی کی ایگزیکیٹو نے جو قرار دادیں وہاں پاس کیں ان کی کاپیاں عرب ریاستوں اور متحدہ اقوام کی انجمن کو بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ (گلوب)

سعودی عرب اور برطانیہ کے تعلقات

قاہرہ ۲۰ مارچ۔ سعودی عرب کے سفیر شیخ حافظ وہبہ نے لندن میں ایک بیان کے دوران میں کہا کہ برطانیہ اور سعودی عرب میں آجکل تعلقات گہرے ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ [illegible] معاملات کا حل باہمی گفت و شنید سے ہو جائے گا۔ کمیونسٹوں کے خلاف عرب ریاستوں کے نظریہ پر نکتہ چینی کرتے ہوئے آپ نے کہا کیمونزم کے خلاف مذہب ایک قلعہ ہے اس لئے عرب ریاستوں میں کیمونزم کے لئے کوئی جگہ نہیں۔ آپ اگلے ہفتہ لندن واپس آ رہے ہیں۔ (گلوب)

عارضی سرکاری ملازموں کے فائدے کیلئے نئے قواعد نیم مستقل سروس کا اجرا

ہند سرکار نے سرکاری ملازموں کے لئے "نیم مستقل سروس" کا ایک نیا طریقہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس طریقہ سے عارضی ملازموں کی ایک بڑی تعداد کو فائدہ ہوگا۔ اور اپنی ملازمت کے متعلق ان میں احساس تحفظ پیدا ہوگا۔

۱۹ مارچ کے گزٹ میں سنٹرل سول سروس (عارضی سروس) کے جو قواعد ۱۹۴۹ء شائع کئے گئے ہیں۔ انہیں ملازمت کی کارکردگی اور ڈسپلن کے مفاد کے مطابق بنایا گیا ہے۔ ساتھ ہی اس عارضی عملے کا بھی خیال رکھا گیا ہے جس نے مستقل شکل میں کام کیا ہو۔

ان قواعد کے ماتحت ایک ایسا عارضی سرکاری ملازم جس کا مسلسل عرصہ ملازمت تین سال سے زیادہ ہو چکا ہو وہ نیم مستقل عہدے کے لئے حقدار ہوگا بشرطیکہ وہ عمر، اسناد، کام اور چال چلن کے لحاظ سے موزوں ہو۔ جس ملازم کے متعلق اس کے موزوں ہونے کا اعلان کر دیا جائے گا اس سے عہدہ داری، چھٹی اور ڈسپلن کے متعلق مستقل سرکاری ملازموں ایسا سلوک ہوگا۔

ایسا اعلان کسی خاص عہدے یا گریڈ کے تعلق میں کیا جائے گا۔ اگر ایک نیم مستقل ملازم کو ایک عہدے یا گریڈ سے دوسرے گریڈ یا عہدے پر تبدیل کر دیا جائے۔ تو اس سے اس کے حقوق میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

ان قواعد کے مطابق جن ملازموں کے نیم مستقل ہونے کا اعلان کر دیا جائے گا وہ ایک مخصوص تعداد تک نئی مستقل اسامیوں کے لئے توثیق حاصل کر سکیں گے۔ توثیق ہو جانے پر انہیں اس نیم مستقل سروس اور گذشتہ عارضی ملازمت کے نصف حصہ کی پنشن بھی ملے گی۔

اگر کبھی تخفیف ہوئی تو وہ حسب ذیل امور کی رقوم کے حقدار ہوں گے۔ (۱) آدھے مہینے کی تنخواہ کے برابر گریجویٹی ہر اس سال کے لئے جو نیم مستقل ملازمت میں پورا کیا گیا۔ (۲) گذشتہ عارضی ملازمت سے اگر ڈسچارج کے کوئی فوائد، جب ہیں تو وہ بھی ملیں گے

ان قواعد میں عارضی ملازموں کی میعاد اور عہدے کی بھی صاف صاف تشریح کر دی گئی۔ ایسے ملازموں کو عام طور پر سروس ختم ہونے سے ایک ماہ پیشتر ضروری اطلاع دی جائے گی

جو لوگ سندھ، صوبہ سرحد اور بلوچستان کی حکومت کے ماتحت مستقل یا عارضی ملازمت کر چکے ہیں۔ انہیں تین سال کے مسلسل عرصہ ملازمت کے مقصد کے لئے موجودہ ملازمت میں شامل کر لیا جائے گا۔ اس سے [illegible] سرکاری ملازموں کو نیم مستقل طریقے کے حقوق مل جائیں گے۔

حسب ذیل لوگوں پر ان قواعد کا اطلاق نہیں ہوگا۔ محکمہ ریلوے کے ملازم، دفاعی سروس کی مد سے اجرت لینے والا عملہ، ٹھیکے پر کام کرنے والے یا روزانہ اجرت لینے والے سرکاری ملازم۔

حکومت ہند اور سرخپوش

پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو کا بیان

نئی دہلی۔ ہفتہ کے دن ہند پارلیمنٹ میں ایک سوال کے جواب میں پنڈت نہرو وزیر اعظم نے صوبہ سرحد کے جاری کئے ہوئے اس کمیونکے کو جس میں اس نے ضلع ہزارہ میں سرخ پوش "سازش" کا انکشاف کیا ہے۔ حقائق کے بالکل منافی بتایا اور کہا کہ اس سے ہندوستان پاکستان کے تعلقات پر جو ان دنوں بہتر ہو رہے ہیں بہت برا اثر پڑنے کا امکان ہے۔ آپ نے بتایا کہ حکومت ہند نے ان الزامات کی تردید کی اور حکومت پاکستان سے اس سلسلے میں زبردست احتجاج کیا ہے۔ پنڈت نہرو نے کہا کہ وہ اس امر پر غور کر رہے ہیں کہ اس مسئلے کو انٹر ڈومینین کانفرنس میں رکھا جائے۔

پنڈت نہرو نے سرخ پوشوں کی خدمات کو سراہا اور کہا ان لیڈروں کی بے لوثی حب الوطنی اور اعلیٰ دیانتداری کی تعریف نہ صرف تمام ہندوستان بلکہ دنیا کے دوسرے حصوں میں بھی کی جاتی ہے۔ انہوں نے پر امن جدوجہد کی نہایت شاندار مثال قائم کی ہے۔ حالانکہ ان کے حالات بہت زیادہ اشتعال انگیز اور تشدد کی طرف مائل ہو گئے تھے۔ لیکن انہوں نے ایک ایسا معیار قائم کیا کہ ہندوستان کے کسی دوسرے حصہ میں اس معیار کی تقلید کی جانی کوئی آسان نہیں ہے۔ خان عبدالغفار خان نے عدم تشدد کے عقیدہ کو ہمارا [illegible] پٹھانوں کے سامنے رکھا اور ان کے رجحانات پر امن رویے میں ڈھال دیا اور ہندوستان کی تقسیم سے بد دل ہوتے ہوئے بھی انہوں نے اس کو پوری سنجیدگی اور مکمل خلوص سے تسلیم کیا۔

دہلی کا سفر کرو
بلیماران دہلی میں قیام کرو جہاں رہائش کھانے کا اعلیٰ انتظام ہے
یونین ہوٹل
صداقت کا امتحان کیجئے۔
(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرز)

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
امیکو ٹانک
Amico TONIC
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعصابی ریشہ کے لئے اکسیر ہے
امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ [illegible] قیمت:۔ فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنہ (۳؍۴) تین شیشیاں نو روپے (۹؍) علاوہ محصول ڈاک
امیکو طلاء } یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کی گئی ہے۔ حکمت قدیم اور سائنس جدید کی معلومات کا نچوڑ ہے۔ تمام خرابیاں اور کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ طلاء نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نہ چھالا پڑتا ہے نہ جلن ہوتی ہے۔ یہ دوا کریم کی شکل میں بند ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپے چار آنے (۳؍۴) تین شیشیاں نو روپے (۹؍)
مزید معلومات کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔
ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲۸ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ

تبادلہ جائداد
اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی، نیز کشمیر وغیرہ میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد سے جلد اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے، سینما، ہوٹل، خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر مطلوب ہیں
پاکستان پراپرٹی ایکسچینج
آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

گوڈ ایئر کا ربڑ کا پٹہ
Good year Rubber Belting
ہم گوڈ ایئر کے جانے بوجھے ربڑ کے پٹے کے لئے تمام یوپی، صوبہ دہلی، مشرقی پنجاب، راجپوتانہ اور تمام ہندوستانی ریاستوں کے لئے سول ایجنٹ ہیں۔
گوڈ ایئر کا پٹہ ہر کارخانہ میں پہنچانے کے لئے ہم ہر بڑے شہر میں اپنے ڈیلر مقرر کر رہے ہیں جن کو معقول کمیشن دیا جائے گا۔ اپنی ضروریات کے لئے آرڈر ہمارے نزدیک ترین دفتر کو دے کر مشکور فرمائیں۔
مل سٹور کمپنی لاٹوش روڈ پوسٹ بکس نمبر ۲۴۸ کانپور
مل سٹور کمپنی ریلوے روڈ پوسٹ بکس نمبر ۴ سہارنپور
مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۳ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء

اقتصادی مشکلات!

ہمارے لئے جہاں یہ ضروری ہے کہ اچھے اصولوں کی روشنی میں اپنے خیالات کو منظم کریں اور اچھے خیالات کی روشنی میں اپنے کردار کی تشکیل دیں، وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ اصولوں کی سچائی کو تسلیم کرتے ہوئے واقعات کو واقعات کے رنگ میں دیکھیں اور یہ معلوم کریں کہ حالات کن واقعات کا پتہ دیتے ہیں اور واقعات سے ہمیں کن حالات کا علم حاصل ہوتا ہے! ضروری نہیں کہ واقعات کی رفتار اصول کے مطابق ہو اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ اصول اور خیالات کچھ ہوتے ہیں مگر حالات کی رفتار کچھ اور ہی ہوتی ہے، اصول کہتا ہے کہ ہر انسان کے ساتھ مساوی برتاؤ ہونا چاہئے، مگر واقعات میں مساوات کا کوئی نشان نہیں ملتا، اور ان کی راہ اصول کی راہ سے مختلف ہو جاتی ہے۔ اب جو شخص صرف اصول پر نظر رکھتا ہے اور یہ نہیں دیکھتا کہ واقعات اس کے مطابق ہیں یا نہیں، واقعات کی دنیا میں نہیں خیالات کی دنیا میں رہتا ہے اور عملی دنیا میں خیالات سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتا!

ہندوستان میں متوسط طبقہ کی اقتصادی حالت کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، اسکی حالت بہت خراب ہے اور یہ خرابی مختلف خرابیوں کی دعوت دے رہی ہے اقتصادی بدحالی مذہب کو نہیں دیکھتی، اس بدحالی میں ہندو مسلمان کی کوئی تمیز نہیں، متوسط طبقہ میں جو لوگ بھی شامل ہیں خواہ وہ مسجد کے نمازی ہوں یا مندر کے پجاری وہ قریب قریب سب ہی بدحال ہیں، تاہم کچھ خارجی اثرات ایسے ہیں، جو دوسروں کی نسبت مسلمانوں کی بدحالی میں زیادہ اضافہ کر رہے ہیں اور ان کی بیروزگاری، معاشی ابتری، اور کاروباری مجبوریاں بڑھتی جا رہی ہیں، ملک کی تقسیم کے فوراً بعد یہ سوال پیدا ہوا کہ مسلمان کہاں جائیں گے جمہوریت کا تجربہ ہوا اور گاندھی جی کی قربانی سے فضا صاف ہوئی تو یہ سوال سامنے آیا کہ مسلمان کیا کریں اور کن ذرائع کو اختیار کرکے زندگی گذاریں؟

یہ صحیح ہے کہ جہاں تک متوسط طبقہ کی معاشیات کا تعلق ہے وہ ہر طبقہ اور گروہ میں عام ہے لیکن جیسا کہ کہا گیا کچھ خارجی اثرات اور ماحول کی رفتار ایسی ہے جو مسلمانوں کو زیادہ متاثر کر رہی ہے اور ان کے لئے بیروزگاری کا سوال پوری شدت سے ابھر آیا ہے، انگریزوں کے دور میں بھی مسلمان معاشی میدان میں پسماندہ تھے تعلیمی حالت بھی کچھ اچھی نہ تھی، کچھ ملازمتوں کے سہارے اور کچھ کاروبار کے سہارے جی رہے تھے، لیکن آزادی کے بعد نفرت اور دشمنی کا جو سیلاب اٹھا اس نے مسلمانوں کے معاشی ستونوں کو اپنی جگہ سے ہلا ڈالا اور وہ اپنے آپ کو بے یار و مددگار سمجھنے لگے، [illegible] مسلمان اسی انتظار میں رہے کہ جب فضا درست ہو جائے [illegible] فضا درست ہوئی تو ان کی نگاہیں معاشی گوشوں پر پڑیں [illegible] کاروبار کا یہ حال ہے کہ اس راہ میں انہیں بہت سی مشکلات پیش آ رہی ہیں اور اس کے لئے جس تعاون کی ضرورت ہے وہ ابھی تک مفقود ہے، ہمارے سامنے بہت سے ایسے واقعات ہیں کہ کچھ لوگ ایک کام کر رہے تھے لیکن ناگہانی اس کا رخ بدل دیا گیا اور جو سہولتیں انہیں میسر تھیں وہ باقی نہ رہیں، کاروبار کے لئے شہری تعاون کی ضرورت ہے، خوشدلی کی ضرورت ہے، رواداری اور بے تعصبی کی ضرورت ہے، مگر بدقسمتی سے یہ فضا اب تک بدلی ہوئی ہے اور کاروبار کی گاڑی آگے بڑھنے کا نام نہیں لیتی، ملازمتوں کا حال یہ ہے کہ مسلمان انہیں منقطع سمجھنے لگے ہیں اور یہ امید بھی نہیں رکھتے کہ عددی تناسب میں بھی انکا کوئی حق باقی رہے گا، جو لوگ ملازم ہیں وہ اپنی جگہ مطمئن نہیں کیونکہ انہیں روز اپنے دفتروں میں کچھ ناگوار باتیں سننی پڑتی ہیں اور ان کا ماحول ان کے لئے بے ہلا ہو گیا ہے، یہ صحیح ہے کہ یہ حالات عارضی ہیں چند سالوں میں جب دماغ کی چولیں اپنی اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جائیں گی اور مشترک مفادات کی اہمیت سامنے آئے گی تو امتیاز و تفریق کا جنون بھی ختم ہو جائے گا، لیکن سوال اسی عبوری دور کا ہے جس سے مسلمانوں کو اس وقت گذرنا پڑ رہا ہے، پیٹ کے لئے عارضی اور دائمی کی تفریق بے سود ہے، انسان کو چار دن بھی نہ ملے تو رشتۂ حیات باقی رکھنا مشکل ہو جائے گا، اب ہمیں سوچنا ہے کہ اس عبوری دور میں زندگی کو کس طریقے سے بسر کیا جائے اور ماحول کو کس طریقے سے سازگار بنایا جائے؟

آثار کچھ ایسے ہیں کہ ہندوستان میں کچھ دنوں کے بعد مختلف قسم کی تحریکیں زور پکڑیں گی اور مسلمان ہر تحریک کو جھانک کر دیکھے گا کہ اس میں اس کے لئے کوئی خانہ موجود ہے .... یا نہیں؟ روزگار اور بے روزگاری کا مسئلہ بالکل اندھا ہے وہ اچھے برے کو نہیں دیکھتا صرف یہ دیکھتا ہے کہ اس کی روزی کا مسئلہ کس طرح حل ہو اور اس کے ساتھ ہمدردی کرنے والے کون لوگ ہیں! اگر ہندوستان کے مسلمانوں کی معاشی زندگی کا کوئی بہتر معیار قائم نہ ہوا تو یہ صورت حال نہ صرف اکثریت کے لئے مضرت رساں ہوگی بلکہ ڈر ہے کہ کہیں مسلمان بہک کر دوسری سمت کو نہ نکل جائیں اور ان کے ضمیر کو کمیونزم اپیل نہ کرنے لگے، ہم چاہتے ہیں کہ مسلمان اپنے وطنی مزاج کو قائم رکھتے ہوئے وقت کی تحریکات سے محفوظ رہیں، مگر یہ اسی وقت ہو سکتا ہے کہ ان کا اوسط طبقہ معاشی پستی سے باہر نکلے اور ان کا معیار زندگی بلند نہ ہو تو ایک خاص درجہ سے گرنے بھی نہ پائے۔

معاشیات کا تجزیہ کرتے کرتے ہم مجبور ہوں گے کہ اسکے ڈانڈے ملک کے عام حالات سے ملا دیں اور اسے عام نقطہ نظر سے دیکھیں مگر یہ ایک اصولی بات ہے اور ہمیں اصول کے ساتھ واقعات کو بھی دیکھنا ہے اور ایسا نہ ہو کہ اصول پیچھے رہ جائیں اور واقعات آگے نکل کر اپنی راہ منتخب کریں، واقعہ یہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں کی معاشی حالت بہت خراب ہے، متوسط طبقہ بھوک سے سخت پریشان ہے، ہمیں چاہئے کہ اس مسئلہ پر ہمدردی کے ساتھ غور کریں اور اس کا کوئی مفید موثر اور قابل قبول حل نکالیں اس بارہ میں ہم حکومت سے اپیل کریں گے کہ وہ مسلمانوں کی اقتصادی رفتار کی پوری طرح ریسرچ کرے اور اس راہ کی رکاوٹوں کو دور کرکے ان لوگوں کا ہاتھ بٹائے جو اس بدحالی سے اپنی منزل کو کچھ کرنا چاہتے ہیں۔

سہارنپور کا فساد

سہارنپور کے فرقہ وارانہ فساد پر جس میں دس بارہ اشخاص ہلاک ہوئے اور بہت سی دوکانیں لوٹی گئیں، حضرت مولانا بشیر احمد صاحب بی اے ایل ایل بی صدر جمعیۃ علماء یوپی کا ایک بیان شائع ہوا ہے، بیان گو مجمل اور مختصر ہے مگر اس میں اس فساد کو "بہت ہی زیادہ قابل افسوس" بتایا گیا ہے۔ مولانا کے بیان سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ یہ فساد کسی گہری سازش کا نتیجہ تھا اور گوشت کے معاملہ کو محض بہانہ بنایا گیا تھا، سہارنپور وہ مقام ہے جس میں مسلمانوں کی کافی تعداد موجود ہے اور جو اگست کے بعد فتنہ و فساد اور نفرت و عناد کا مرکز رہ چکا ہے، حکام کا فرض تھا کہ وہ ایسے نازک موقع پر پوری ہوشیاری سے تہوار کا جائزہ لیتے اور امن کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے مگر افسوس ہے کہ حکام نے اپنی فرض شناسی کا کوئی بہتر ثبوت نہیں دیا اور بقول مولانا بشیر احمد صاحب جب فساد پر تین چار گھنٹے گذر گئے اس وقت حکام کو ہوش آیا اور انہوں نے فوج اور پولیس کے ذریعہ فساد پر قابو پانے کی کوشش کی، ہمارے خیال میں جن لوگوں نے یہ فساد برپا کیا انہوں نے ملک اور حکومت کے ساتھ غداری کی ہے حکومت پورے ہندوستان میں قیام امن کے لئے زبردست کوشش کر رہی ہے اور اس میں اسے کامیابی بھی حاصل ہوئی ہے لیکن فساد پسند عناصر حکومت کی پر امن پالیسی کو زک لگانا چاہتے ہیں، فساد کی آگ بھڑکانے اور خون خرابہ کا مظاہرہ کرکے وہ حکومت کے لئے مشکلات پیدا کرتے ہیں ملک کے اخلاق اپنی رواداری [illegible]

اسرائیل اور برطانیہ

آپ نے بہت سے کھیل دیکھے ہوں گے، لیکن اسرائیل اور برطانیہ کا کھیل کبھی نہ دیکھا ہوگا! اسی اسرائیل نے شرق اردن پر حملہ کیا، برطانیہ نے عقبہ میں اپنی فوجیں اتار دیں کیونکہ شرق اردن سے اس کا معاہدہ تھا کہ وہ بیرونی حملہ کا مقابلہ کرے گا، اور شرق اردن کو بچائے گا، اور اسرائیل نے برطانیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ عقبہ سے اپنی فوجیں ہٹائے یا ان میں تخفیف عمل میں لائے اور جب تک برطانیہ فوجوں کو نہیں ہٹائے گا اسرائیل بھی اپنی فوجوں کو نہیں ہٹائے گا! ان باتوں سے صاف ظاہر ہے کہ اسرائیل اور برطانیہ کی ملی بھگت ہے اور شرق وسطیٰ کو امریکن بلاک میں شامل کرنا ہے۔ اگر عربوں میں غیرت ہے تو وہ کہہ دیں کہ برطانیہ عقبہ سے اپنی فوجیں ہٹائے اور اسرائیل ایک آخری فیصلہ کے لئے میدان میں آ جائیں!

اچھی باتیں

یایھا النبی۔ تا۔ منیرا (پ ۲۲ ع ۳)

اے نبی! ہم نے آپ کو رسول، شاہد، مبشر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے، آپ خدا کی مخلوق کو خدا کی طرف بلانے والے ہیں، اور آپ کی روحانیت آفتاب عالمتاب کی مانند ہے۔

اس آیہ کریمہ میں پیغمبر اسلام کے مشن کو بیان کیا گیا ہے کہ آپ کس مقصد کے لئے آئے اور آپ میں کیا کیا اوصاف ودیعت کئے گئے آپ خدا کی طرف سے نبی بھی تھے رسول بھی تھے آپ کا یہ بھی کام تھا کہ نیک لوگوں کو ان کے انجام پر خوشخبری سنائیں اور بد لوگوں کو ان کے انجام سے باخبر کریں آپ کا مشن یہ تھا کہ لوگوں کو خدا کی طرف بلائیں، خدا رسیدہ لوگوں کی نو آبادی قائم کریں اور انسانیت کو خدا کی راہ پر چلائیں، آپ دنیا کے لئے سورج ہیں جس طرح سورج اپنی روشنی سے سارے عالم کو جگمگا دیتا ہے اسی طرح آپ کی تعلیم سے ساری دنیا جگمگا اٹھی، جس طرح سورج کی روشنی تمام عالم کے لئے عام ہے اسی طرح آپ کا پیغام اور آپ کی زندگی بھی تمام بنی نوع انسان کے لئے ہے یعنی اسلام کوئی نسلی مذہب نہیں، فطری مذہب ہے جس سے انسانی فطرت کی آبیاری ہوتی ہے مبارک ہیں وہ لوگ جو اسلام کو اپنی زندگی کا دستور العمل بنائیں اور دین فطرت سے تمام عالم کو روشناس کریں۔

جمعیۃ علماء راجستھان کا وفد ایک دورہ کے بعد واپس آ گیا

جا بجا ہندو مسلم تعلقات کو خوشگوار بنانے کی کوشش

دہلی ۲۰ مارچ۔ جمعیۃ علماء راجستھان یونین کے ایک وفد نے ۱۱ نومبر سنہ ۴۸ء سے ۱۸ فروری سنہ ۴۹ء تک مسلسل تین ماہ راجستھان کے علاقہ کا دورہ کیا۔ اس وفد کے لیڈر حضرت مولانا مفتی محمد شریف صاحب [illegible] تھے، ٹونک اسٹیٹ کے جناب حکیم محمد شفیع صاحب بھی وفد میں شریک تھے تین ماہ کے طویل عرصہ میں اس وفد نے راجستھان یونین کے تمام اہم مقامات کا دورہ کیا۔ واپسی کے بعد وفد کے لیڈر مولانا مفتی محمد شریف صاحب نے نامہ نگار الجمعیۃ کو بیان دیتے ہوئے کہا ہے۔

اس وفد نے کوٹہ، بوندی، کشن گڈھ، اجمیر، نصیرآباد، دیولی، [illegible] جھالاواڑ، [illegible] شاہ پورہ [illegible] وغیرہ کا دورہ کیا۔ [illegible] اجمیر، نصیرآباد، بیاورہ میں پہلے سے جمعیۃ کے دفتر قائم ہیں۔

[illegible] ریاستوں کی راجدہانی اور سامراجی حکومت کا مشہور حلقہ ہے۔ یہاں کی پبلک سامراجی حکومت سے سالہا سال سے متاثر اور حکومت پرست رہی ہے۔ عام اس سے کہ ہندو ہو یا مسلمان، یہی وجہ ہے کہ عوام کو اس وقت کانگریس اور جمہوری حکومت کے اغراض و مقاصد سے بالکل ناواقفیت ہے۔ آزادی کا مفہوم بھی غلط سمجھے ہوئے ہیں [illegible] اسی غلط فہمی کی وجہ سے اکثر مسلمانوں میں خوف و ہراس کا گہرا تسلط پایا جاتا ہے۔

وفد نے جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد کی تبلیغ کی خوف و ہراس کو دور کیا۔ ہندو مسلم کو ایک دوسرے کے قریب لا کر اتحاد و ارتباط پیدا کرنے کے لئے جلسے کئے۔ جمہوری حکومت اور کانگریس کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی [illegible] جا بجا ضلع کلکٹر اور پولیس افسران سے ملاقات کی۔ حکومت اور پبلک کے درمیان تعلقات میں خوشگواری پیدا کرنے کی سعی کی۔ [illegible]

بے جا خوف و ہراس

[illegible]

تعجب انگیز طرز عمل

[illegible]

مفتی محمد شریف۔ صدر جمعیۃ علماء راجستھان

نئے دستور پر ایک سرسری نظر

(از جناب سید انیس الرحمن صاحب ایڈیٹر نئی زندگی)

(دوسری قسط)

غرضیکہ ان الفاظ سے سوائے عام اور مجرد چیزوں کے کوئی صاف چیز نظر نہیں آتی کہ دستور ساز اسمبلی ہمیں کہاں لے جانا چاہتی ہے اور ہندوستان نے اپنا کون سا راستہ طے کیا ہے۔ اس وقت دنیا میں صاف صاف دو نظام چل رہے ہیں اور یہ دونوں نظام ایک دوسرے سے برسر پیکار ہیں۔ ایک سوشلسٹ نظام اور دوسرا سرمایہ دارانہ نظام۔ آپ کو ان دونوں نظاموں سے ایک چننا اور اپنانا ہوگا اور گومگو سے کام نہ چلے گا۔ دستور ساز اسمبلی نے جو دستور تیار کیا ہے وہ ممالک متحدہ امریکہ، کناڈا، اور انگلستان کے دستوروں کا ایک نچوڑ ہے، جس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ شاید ہمارے رہنما ان سرمایہ دار ملکوں ہی کے راستے پر چلانا چاہتے ہیں، حالانکہ ملک کی ضرورت یہ ہے کہ ہم [illegible] ایک سوشلسٹ اسٹیٹ کے قیام کے لئے کوشاں ہوں۔ جس ملک کی ۹۵ فیصدی آبادی ننگی اور بھوکی ہو اور ہر قسم کے مصائب کا شکار ہو اس ملک کا نظام سوشلسٹ نظام کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے

کسی ملک کا دستور اس ملک کے اہم مسائل کو حل کرنے کے لئے بنایا جاتا ہے اور ہندوستان کا سب سے بڑا مسئلہ انسان کی بھوک اور ناداری ہے۔ جہاں کے ۹۵ فیصدی انسان بھوکے اور ننگے ہیں۔ یہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اسی کو ہمیں سب سے پہلے حل کرنا چاہئے لیکن آزاد ہندوستان کے نئے دستور میں اسی قسم کی کوئی واضح بات نہیں کہی گئی ہے۔ حالانکہ ہندوستان کے دستور کی اولیں دفعہ یہ ہونی چاہئے تھی:۔

"آزاد ہندوستان کے ہر بالغ تندرست اور سلیم العقل باشندے کے لئے روزگار مہیا کرنا اسٹیٹ کا فرض ہوگا۔"

یہ ہے وہ گارنٹی جو اسٹیٹ کو دینی چاہئے۔ نہ صرف روس میں، بلکہ سرمایہ دار ملکوں میں بھی۔ جیسے انگلستان اور امریکہ۔ بے روزگاروں کو روزگار دینا حکومت کا فرض ہے اور بے روزگاروں کو الاؤنس (DOLE) دیا جاتا ہے لیکن ہمارے آزاد ہندوستان کی نئی جمہوری حکومت ہر بالغ ہندوستانی کے لئے کام مہیا کرنے کا ذمہ نہیں لیتی۔ آپ خواہ نیا دستور سرمایہ دارانہ ہی کیوں نہ بنائیں یا وہ فیسسٹ نظام کا ہی کیوں نہ ہو مگر اس میں اتنی دفعہ موجود ہے، تو وہ ہمارے لئے سب سے اچھا دستور ہے [illegible] نظر (GOAL) [illegible] (DEVELOPMENT) [illegible] (DEVELOPMENT) [illegible]

لسانی صوبے

عام طور پر یہ خیال تھا کہ ہندوستان کے آزاد ہو جانے کے بعد ہندوستان کے تمام صوبوں کی از سر نو تقسیم ہوگی اور تقسیم زبان کی بنا پر ہوگی۔ لیکن آزادی حاصل ہو جانے کے بعد ہمیں جو نئے تجربات حاصل ہوئے۔ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ ہندوستان کے تقریباً تمام صاحب الرائے حضرات کی رائے ایک دم بدل گئی اور وہ زبان کی بنا پر صوبوں کی تقسیم کے سراسر مخالف ہو گئے۔ کیوں مخالف ہو گئے اس کے اسباب اگر صرف دو لفظوں میں بیان کر دیئے جائیں تو وہ یہ ہے کہ ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ صوبجاتی حب الوطنی ملکی حب الوطنی کی سوت بنتی جا رہی ہے۔

ہم دیکھ رہے ہیں کہ آزادی کے بعد خاص طور پر ان دنوں ہندوستان کے مختلف صوبوں کے درمیان صوبجاتی رقابتیں زور پکڑ رہی ہیں اور صوبجاتی ذہنیت (PROVINCIALISM) کافی ترقی کر رہی ہے۔ اس خطرناک حد تک ترقی کر رہی ہے کہ اگر اس کی روک تھام وقت پر نہ کی گئی تو یہ سارے ہندوستان کو کھا کے بیٹھ جائے گی۔ فرقہ واریت کے بعد یہ دوسرا خطرناک جذبہ ہے۔ جو ایک آزاد اسٹیٹ کے قیام و بقا کی راہ میں سد راہ ہے۔

ہمارے خیال میں نئے دستور میں صوبوں کی تمام دیواروں کو توڑ کر ایک مضبوط مرکزی حکومت قائم کرنی چاہئے۔ [illegible]

دو سال بعد غلہ کی درآمد کی ضرورت نہ ہوگی

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر فائدہ اٹھائیے

سہارن پور کے فساد میں پولیس کی ناقابل معافی غفلت

فساد کے متعلق جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے صدر حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کی رپورٹ

بقیہ صفحہ اول

فساد کی ابتدا

مجھے تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ فساد کی ابتدا اس وقت ہوئی جب کہ حسب معمول ایک تانگہ گوشت اسی راستہ سے گذر رہا تھا۔ جس سے روزانہ گذرا کرتا تھا شرنارتھیوں نے اسے گھیر لیا اور کہا اس علاقہ میں اب ہندوؤں کی آبادی ہو گئی ہے۔ اس لئے ادھر سے گوشت نہیں جا سکتا۔ اس کے جواب میں ان سے کہا گیا کہ اس راستے تو روز ہی گوشت جاتا ہے لیکن جب مجمع نے تانگہ والے کے اس جواب کے باوجود اصرار جاری تو اس نے تانگہ واپس لے جانا چاہا لیکن ایسا بھی نہیں کرنے دیا گیا اور فساد شروع کر دیا یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ جو گوشت اس وقت لیجایا جا رہا تھا وہ گائے کا گوشت تھا کیونکہ مذبح میں دیسی جانور ذبح ہوتے [illegible] پاس کر رہی ہے [illegible] ہمارا سہارنپور [illegible] ہے۔ اور خود مجھ کو بھی اس وجہ سے کوئی انکار نہ تھا۔

مقتولین اور دوسرے نقصانات کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

	مقتولین	جائے قتل	تعداد
۱	گھاس والے	انبالہ روڈ	۲
۲	شبدو	کلڑ گنج	۱
۳	ابراہیم	لوہانی سرائے	۱
۴	عید و کا لڑکا	باغ میں	۱
۵	ننھو گھوسی	کھیت پر	۱
۶		موضع نہر بٹی	۱
۷	مرد	ہرن ماران	۳
۸	عورت	[illegible]	۱
۹	تانگے والا	ہسپتال کے دروازے پر	۱
		کل تعداد	۱۱

مینا بازار کی دکانیں جن کو لوٹ کر آگ لگائی گئی ان دکانداروں کے نام یہ ہیں :۔

	نام دوکاندار	نقصان
۱	محمد اسحاق محمد اقبال جنرل مرچنٹس	آگ اور لوٹ
۲	عبد الملک اسحاق جفت فروش	〃 〃
۳	عبد الغنی عبد السلام جفت فروش	〃 〃
۴	مختار احمد نہال احمد	〃 〃
۵	محمد اسحاق محمد یحییٰ جنرل مرچنٹ	〃 〃
۶	زندہ حسن محمد حسن عطر فروش	〃 〃
۷	حاجی شریف احمد برتن والے	〃 〃
۸	حاجی عبد الکریم جنرل مرچنٹ	〃 〃
۹	ماسٹر شادی برتن والے	〃 〃
۱۰	جامع مسجد کی دو دکانوں کی لوٹ مار	

کھالہ پار و ہرن ماران

۱۔ محمد عمر (دکان) دو ہزار کا نقصان ۔

۲۔ الطاف حسین خاں (دکان) ایک ہزار کا نقصان

۳۔ محمد حنیف دو ہزار کا 〃

۴۔ احمد دین دو ہزار کا 〃

۵۔ عبد الحمید پسر حاجی عبد الرشید ایک ہزار کا 〃

۶۔ مقصود حسین دکاندار پانچ سو روپیہ کا 〃

۷۔ محمد اسمٰعیل ایک ہزار روپیہ کا 〃

۸۔ عبد الوحید دودھ والا تین سو روپیہ کا 〃

دو مکان جن کو لوٹا گیا اور جلایا گیا

ان کی فہرست درج ذیل ہے :۔

۱۔ ابراہیم کا مکان لوٹا گیا ۔

۲۔ ننھو کا مکان لوٹا گیا اور جلایا گیا ۔

۳۔ رفیق احمد کا مکان 〃 〃

۴۔ عیوض 〃 〃

۵۔ یوسف 〃 〃

۶۔ نذر محمد 〃 〃

۷۔ اکبر 〃 〃

۸۔ مہدو 〃 〃

۹۔ حبیب 〃 〃

۱۰۔ عیوض 〃 〃

۱۱۔ یعقوب 〃 〃

۱۲۔ غفور 〃 〃

۱۳۔ اشتیاق 〃 〃

۱۴۔ حبیب احمد قصائی 〃 〃

دکانیں

۱۔ نالز کی دوکان جلائی اور لوٹی گئی

۲۔ نبھے خان 〃 〃

۳۔ لیاقت 〃 〃

۴۔ ابو الحسن 〃 〃

۵۔ سید حسن فوٹو گرافر دوکان لوٹی گئی

۶۔ عبد الحکیم عبد الواحد 〃 〃

۷۔ عبد الحمید جوتے والا 〃 〃

۸۔ امان چوڑی والا 〃 〃

۱۰۔ عبد الحمید بسکٹ والا 〃 〃

۱۱۔ عبد الرب چوڑی والا دوکان لوٹی گئی

۱۲۔ شریف احمد خاکی [illegible]

۱۳۔ اشتیاق احمد 〃 〃

۱۴۔ ایک شخص لوہے والا 〃 〃

ایک مسجد میں آگ لگائی گئی گھڑی اور دوسرا سامان لوٹ لیا گیا اور یہیں پر (لوہانی سرائے میں) امام دین شہید دالا لوٹا گیا اس کے پاس سات پوری گز اور خشکہ تھی۔ فساد شروع ہونے پر ابراہیم اور دوسرے سترہ مکانوں پر حملہ ہوا اور ابراہیم کو قتل کر دیا گیا جو لوگ شدید مجروح ہوئے انکے نام درج ذیل ہیں

حکومت کے لئے قابل توجہ

فساد شروع ہوتے ہی سارے شہر میں پھیل گیا اور خصوصاً ان علاقوں میں جہاں شرنارتھیوں کی آبادی زیادہ ہے فساد کی آگ زیادہ تیزی کے ساتھ پھیل گئی میرے نزدیک حکومت کے لئے یہ نکتہ بہت قابل توجہ ہے کہ ایک گوشت کے مسئلہ کو بہانہ بنا کر فساد شروع کیا گیا اور یہ فساد اوقات خیر کے بغیر شہر کے ان حصوں میں پھیل گیا جہاں شرنارتھیوں کی آبادی زیادہ ہے حکومت کو یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ ڈیڑھ سال تک ایک ساتھ رہتے سہتے اور ملنے جلنے کے باوجود انتقام کا یہ جذبہ کیوں موجود ہے؟ واقعات کے ان پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے بعد واضح ہوتا ہے کہ اس نوعیت کے واقعات کس گہری سازش کا نتیجہ ہیں جس کی تہہ تک حکومت کو پہونچنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

حکومت کو اس بات پر بھی غور کرنا چاہیئے کیونکہ اس کا بہت زیادہ شہرت ہے کہ سکھوں کا وہ طبقہ جو موجودہ حکومت کا مخالف ہے جس کی خاصی تعداد سہارنپور میں موجود ہے سہارنپور کو اپنی تحریک کا مرکز بنانا چاہتا ہے اور اس فساد کی تہہ میں بھی یہ جذبہ کار فرما ہے اس میں شک نہیں اس فساد میں کچھ غیر سکھ شرنارتھیوں نے بھی حصہ لیا لیکن اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ مقامی ہندو بجز چند کے اس ہنگامہ سے بالکل علیحدہ رہے۔ اور انھوں نے اس میں کوئی دلچسپی نہیں لی حتیٰ کہ ہنگامہ کو روکنے میں بھی کوئی مدد نہ کی میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ کوشش کریں تو اس بات کا فوری امکان ہے کہ مجرمین کی بڑی تعداد گرفتار ہو جائے اور لوٹ کا بہت سا مال بھی برآمد ہو سکتا ہے۔

پولیس کی ناقابل معافی غفلت

فساد تقریباً ۹ بجے شروع ہوا اور پولیس نے ایک بجے تک روک تھام کی کوئی کوشش نہیں کی یہ طویل وقفہ خواہ پولیس کی طرف سے نادانستہ بھی ہوا تب بھی یہ شہر کو بڑی حد تک تباہ کر دینے کیلئے بالکل کافی تھا خصوصاً لوہانی سرائے کی قریبی پولیس چوکی والوں کی یہ غفلت نظر انداز کرنے کے قابل نہیں ہے کہ ان کے سامنے تمام ہنگامے ہوتے رہے لیکن انھوں نے تین گھنٹہ تک کوئی ادنیٰ حرکت بھی نہیں کی جیرت بالائے حیرت یہ ہے کہ پولیس سپرنٹنڈنٹ کو بھی ان واقعات سے آگاہ نہیں کیا اس موقعہ پر میں پولیس سپرنٹنڈنٹ کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ان کا لڑکا مرض الموت میں مبتلا تھا لیکن جیسے ہی انہیں واقعات کی اطلاع ملی وہ فوراً بیمار لڑکے کو بیہوشی کی حالت میں چھوڑ کر اپنے فرض کی ادائیگی میں لگ گئے میرے آنے سے پہلے ہی لڑکے نے اسی حال میں جان دیدی۔

نقصانات

۱۴ و ۱۵ مارچ کی درمیانی رات تک دس لاشیں مل چکی تھیں لیکن ان لاشوں کی بار بار واپسی کا مطالبہ کرنے کے باوجود یہ لاشیں ۱۷ مارچ کو نہایت خراب حالت میں تقریباً چار دن کے بعد واپس مل سکیں

دس مزدوروں اور ایک عورت کی لاشیں مل سکیں جو دوں کی لاشوں کی شناخت ہو سکی ہے۔ کلڑ گنج میں ایک قتل کیا گیا جس کی آنکھیں بھی نکال لی گئیں۔ ۱۸ مارچ تک ۵۴ زخمیوں کا ڈاکٹری معائنہ ہو چکا ہے جن میں اکثر شدید طور پر مجروح کئے گئے ہیں۔ ایسے مجروحین کا کوئی شمار نہیں ہے جو شہر کے مختلف حصوں میں موجود ہیں لیکن انکا ڈاکٹری معائنہ نہیں ہوا ہے لوہانی سرائے کی ایک مسجد میں آگ لگادی گئی مسجد کا سامان اور گھڑی لوٹ لی گئی۔ کلڑ گنج میں ایک مسجد کے کواڑ وغیرہ توڑ دیئے گئے اور اسے لوٹ لیا گیا۔ نیا بازار کی نو دکانیں لوٹ لی گئیں اور ان میں آگ لگادی گئی۔ لوہانی سرائے کی چار دوکانیں لوٹ کر جلادی گئیں۔ اور دس دکانیں صرف لوٹی گئیں۔ امام الدین چھلے والے کے یہاں سے سات بوری گز اور خشکہ لوٹ لی گئی۔ ایک شخص مسمی محمد یوسف کو بھی لوٹا گیا صرف لوہانی سرائے میں بارہ مکان لوٹ کر جلادیئے گئے۔ ابراہیم کا مکان لوٹ کر اسے قتل کر دیا گیا۔ کھالہ پار اور ہرن ماران میں آٹھ دوکانیں لوٹ لی گئیں۔

ٹونک اور راجستھان جمیعۃ علماء کے انتخابات

جنرل سکریٹری جمیعۃ علماء راجستھان یونین کا اعلان

ٹونک ۲۱ مارچ (ڈاک) جناب مولانا سید قاضی الاسلام صاحب جنرل سکریٹری جمیعۃ علماء راجستھان یونین نے اعلان کیا ہے کہ جمیعۃ علماء ضلع ٹونک کی مجلس منتظمہ کا انتخاب یکم اپریل بروز جمعہ کو ہوگا۔

تمام ابتدائی ممبران سے استدعا ہے کہ وہ چندہ ممبری جمع دفتر جمیعۃ علماء ٹونک میں تشریف لاکر انہیں دیں نیز جمیعۃ علماء صوبہ راجستھان کا انتخاب ۳ اپریل تک مکمل ہو جانا ضروری ہے۔ راجستھان یونین کی تمام جمیعتوں سے استدعا ہے کہ وہ ۳ اپریل سے پہلے پہلے اپنی اپنی مجلس منتظمہ کا اجلاس بلاکر صوبے کے لئے اپنے نمائندگان کا انتخاب کریں اور منتخب شدہ اراکین کے اسماء اور پتے دفتر جمیعۃ علماء ٹونک کو بھیجدیں۔

دوشیزہ لڑکیوں پر ٹیکس

لندن ۱۸ مارچ۔ چونکہ الاسکا میں مردوں کے مقابلتاً عورتیں بہت کم ہیں (چالیس ہزار مرد اور بیس ہزار عورتیں) اس لئے حکومت نے ایک سو ستر روپیہ سالانہ عورتوں پر ٹیکس لگایا ہے یہ ٹیکس صرف چند لڑکیوں کو ہی ادا کرنا پڑیگا کیوں کہ اس کے نفاذ سے پہلے تقریباً تمام کی شادیاں ہو جائیں گی۔ (گلوب)

جمیعۃ علماء سنبھل کا خصوصی جلسہ

۱۹ مارچ کو زیر صدارت جناب حاجی امانت اللہ صاحب صدر جمیعۃ علماء سنبھل ایک جلسہ منعقد ہوا۔ سکریٹری صاحب نے کارروائی ماسبق پڑھکر سنائی جو منظور کی گئی۔ ازاں بعد انعقاد کانفرنس کے سلسلے میں مولانا مقصود احمد صاحب ترکی نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی اور کہا کہ اس نازک دور میں جبکہ مذہبیت کے خلاف انسان تمام حیوانیت نہایت زور و شور کے ساتھ برسر پیکار ہے نہایت ضروری ہے کہ بزرگان ملت کا ایک شاندار اجتماع ہو جس سے مذہبی و اخلاقی ابتری دور ہو سکے اور اتحاد و اتفاق کی بصیرت افروز تقاریر سے ہندو مسلم کی دوری ہو کر حقیقی اتحاد و اتفاق پیدا ہو۔ لہٰذا اپریل کے آخری ہفتے میں ضلع کانفرنس کا انعقاد ضروری سمجھتا ہوں چنانچہ حاضرین نے متفقہ طور پر طے کیا کہ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی [illegible]

(۱) بہادر احمد لساطی (۲) عبد الرحمن (۳) بھورا (۴) مستقیم احمد (۵) محمد حنیف (۶) ایک کباڑی (۷) بابو بوتا (۸) اختر حلوائی (۹) فیاض عورت (۱۰) رفیق قصائی (۱۱) محمد نعیم (۱۲) سید حسین منہار ۔

میں نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور بعض افسران پولیس سے بھی ملاقات کی انھوں نے پورا یقین دلایا کہ وہ امن قائم کرنے مجرمین کو تلاش کرنے اور لوٹ کا مال برآمد کرنے کی ہر ممکن کوشش کرینگے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ فساد کے وقت رخصت پر تھے۔ انھوں نے مجھے وثوق کے ساتھ بتایا کہ فساد کی کسی تیاری کا کوئی علم یا شبہ بھی پہلے سے نہ تھا۔

مجھے امید ہے کہ حکومت معاملات کی تہ تک پہنچنے اور مجرمین کو پوری پوری سزا دینے میں کمی نہ کرے گی اور ایسے سنگین اور امن کے زمانے میں پولیس کی ارادی یا غیر ارادی غفلت کی وجہ سے جو نقصانات ہوئے ہیں حکومت ان کی تلافی کرے گی اور نقصانات کا معاوضہ ادا کرے گی اگر ملک میں عام ہنگامہ اور فساد ہوتی تب بھی حکومت کو نقصان کی تلافی ضروری چاہیئے تھی لیکن اگر ان حالات میں حکومت نقصانات کی عمومیت کی وجہ سے تلافی کی طرف متوجہ نہ بھی ہوتی تو یہ افسوسناک قرار دیا جا سکتا لیکن موجودہ پرسکون حالات میں میں ضروری سمجھتا ہوں کہ حکومت نقصانات کا معاوضہ ضرور اور جلد ادا کرے تاکہ لوگ بیکاری سے پریشان نہ ہوں۔

چین کا نیا وزیر خارجہ

۱۹ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ نئے وزیر اعظم ہونگ جن نے نئی وزارت مرتب کر لی ہے۔ نیز یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ نے سابق چینی سفیر ننگ چانگ کو مدعو کیا ہے تاکہ آپ امور خارجہ کا چارج لیں۔

کل ہندوستان کو براڈ کاسٹ کرتے ہوئے چینی کمیونسٹوں نے کہا کہ امریکہ جنگ کی تیاریاں کر رہا ہے اور جاپان کے ساتھ گہرے تعلقات اور دوستانہ ہے نیز اس ریڈیو سے یہ بھی کہا گیا کہ مارشل موجودہ زمانے کا امن کا دشمن ہے۔ (گلوب)

ٹریسٹ میں تشویشناک حالت

کارخانوں پر فوج کا پہرہ

[illegible] ۱۹ مارچ۔ ٹریسٹ کی اطلاعات کے مطابق یوگو سلاویہ میں کمیونسٹ ایک حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ یوگو سلاویہ کی سرحد کے اندر سارا منظر گولیوں کی آواز سنائی دیتی رہی کہا جاتا ہے کہ گولیاں فوجی بگوڑوں کے حملے پسپا کرنے کے سلسلہ میں چلائی جاتی رہی ہیں۔ پچھلے چند گھنٹوں کے اندر جو پناہ گزین یہاں پہنچے ہیں ان کا کہنا ہے کہ بڈوبیزا کے گاؤں جو ٹریسٹ کی سرحد کی دوسری طرف واقع ہے میں دوگنی فوج حفاظت اور پہرہ کے سلسلہ میں کر دی گئی اور بجلی اور پانی کے کارخانوں پر بھی فوج بٹھادی گئی ہے۔ مسلح فوج سینما گھروں، ہوٹلوں وغیرہ کی چھان بین کر رہے ہیں (گلوب)

دنیا میں سب سے چھوٹے قد کی عورت

لندن ۱۸ مارچ۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ کی ایک ۲۵ سالہ عورت مس اندرکا دعویٰ ہے کہ وہ دنیا کی سب سے چھوٹے قد کی عورت ہے۔ اسکی اونچائی ۲۸ انچ ہے۔ اور وزن ۳۲ پونڈ اور وہ کریں کا عہدہ رکھتی ہے۔ کہتے ہیں عرب میں عورت سب سے کم قد والا عورت ہے۔

اس سے چھوٹے قد کی ایک عورت ملی ایڈورڈ تھی۔ جس کا قد اکیس انچ تھا۔ اور سب سے چھوٹے قد کے آدمی کا دعویٰ مرحوم [illegible] کا ہے۔ (گلوب)

اطالوی کمیونسٹوں کیلئے اسلحہ

لندن ۱۹ مارچ۔ شمالی اٹلی میں جو ہوائی جہاز رات کو پرواز کرتے ہیں ان کے متعلق کئی قسم کی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں ایک تو یہ ہے کہ وہ کمیونسٹوں کو اسلحہ اور بارود دھیا کرتے ہیں کیونکہ انہی مقامات سے پولیس کو اسلحہ وغیرہ ملے ہیں۔ گلوب

جمیعۃ العلماء ضلع گوڑگانوہ کی پہلی شاندار سالانہ کانفرنس

گوڑگانوہ ۱ آئندہ یکم اپریل بروز جمعہ بمقام موضع [illegible] ضلع گوڑگانوہ میں جمیعۃ العلماء ضلع گوڑگانوہ کی شاندار کانفرنس زیر صدارت سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب منعقد ہو رہی ہے جس میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی صدر جمیعۃ العلماء ہند و حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمیعۃ علماء ہند و پنڈت سندر لال و دیگر اکابرین ملک و ملت شرکت فرمائیں گے ۔

(۲) کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے مجلس استقبالیہ قائم کر دی گئی ہے جس کے صدر حضرت مولانا نور محمد صاحب قریشی بنائے گئے ہیں۔ ضروری معلومات کے لئے سنٹرل میواتی پنچایت کے دفتر واقع لال کنواں متصل ہمدرد دواخانہ دہلی سے خط و کتابت کی جائے۔ مجلس استقبالیہ کا دفتر قصبہ نوح میں قائم کر دیا گیا ہے۔ نیز یکم اپریل کو میوات کے کانگریسیوں کی جمعیۃ کے پنڈال میں صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے تک کانفرنس ہوگی۔ اس لئے تمام باشندگان میوات سے پر زور اپیل ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں کانفرنس میں شریک ہو کر کانفرنس کو کامیاب بنائیں بڑی خوشی اور مسرت کا مقام ہے کہ یہ ضلع گوڑگانوہ میں اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس ہے جس میں ملک کے بڑے بڑے علماء کرام اور لیڈران عظام کافی تعداد میں شریک ہو رہے ہیں۔

(۳) مجلس استقبالیہ و مجلس منتظمہ کا جلسہ ۲۶ مارچ ۱۹۴۹ء ۸ بجے شب موضع [illegible] میں ہونا قرار پایا ہے لہٰذا تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ وقت مقررہ پر پہنچکر اپنے اپنے قیمتی مشوروں سے مستفید فرمائیں۔

(مولوی عبد المنان جنرل سکریٹری مجلس استقبالیہ کانفرنس)

آزاد ملکوں میں پولیس کی دیکھ بھال

سپاہیوں کے لئے وٹامن کی گولیاں

لندن ۲۰ مارچ۔ برطانیہ کے کچھ اضلاع میں پولیس کو وٹامن کی گولیاں تقسیم کی جا رہی ہیں۔ کیونکہ ان علاقوں میں پولیس کو بھی اتنی سخت ڈیوٹی دینی پڑتی ہے جتنی کہ جنگ کے ایام میں فوجیوں اور محکمہ دفاعیہ کے ملازمین کو۔ پولیس کے ملازمین جب رات کی گشت سے واپس آتے ہیں تو وہ تر و تازہ ہوتے ہیں کہا جاتا ہے کہ یہ گولیاں پولیس کے لئے بہت مفید ثابت ہوئی ہیں اور خاص کر ان ملازمین کے لئے جنہیں رات کو بھی ڈیوٹی دینی پڑتی ہے اب ان اضلاع کے پولیس کے ملازمین کو نسبتاً کم سستی ہوتی ہے اور وہ زیادہ تازگی محسوس کرتے ہیں۔ وٹامن کی گولیاں غیر ملکی کھلاڑی بھی کھیلوں کے ایام میں استعمال کرتے ہیں۔ (گلوب)

دار السلطنت

۲۱ مارچ

سبزی منڈی میں ایک نوجوان کی لاش

سبزی منڈی کے ایک نالے میں ایک نوجوان کی لاش تیرتی ہوئی ملی ہے ۔ لاش پوسٹ مارٹم کرنے پر پتہ چلا ہے کہ اس کے سر پر تیز دھار والے ہتھیاروں کے زخم تھے ۔

ایک ڈاکیہ گرفتار

پولیس نے جمعہ کے دن ایک ڈاکیے کو جو اپنی ڈاک تقسیم نہیں کرتا تھا گرفتار کر لیا ۔

روشن آرا روڈ کے ایک باشندے نے پولیس سے شکایت کی تھی کہ اسے باقاعدہ ڈاک نہیں ملتی ۔ تحقیقات کرنے سے ۹۶ خطوط کا ایک پیکٹ اسی کے سر پر ایک نالی میں ملا ۔ اگلے دن ۱۳۲ چٹھیوں کا ایک اور پیکٹ ملا ڈاکیے کے مکان کی تلاشی لی گئی تو اس کے گھر سے اور بھی کئی چٹھیاں برآمد ہوئیں ۔

پہاڑ گنج میں ایک شخص کو ایک اسلحہ کے تحت اپنے ایک ہمسائے کو قتل کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھی [illegible]

مسلم ہیوٹ کالج میں مشاعرہ

کالج دیک ۔ ہیوٹ مسلم انٹر کالج بڑی کامیابی سے منایا گیا ۔ ۱۲ مارچ کو ایک عظیم الشان مشاعرہ منعقد ہوا جس میں ہندوستان کے مشہور و معروف شعراء جگر مراد آبادی، جوش ملیح آبادی، عرش ملسیانی، نواب جعفر علی خاں اثر لکھنوی، علامہ کیفی دہلوی، روش صدیقی، اور راہی غازی آبادی شریک ہوئے ۔ مشاعرہ کی صدارت کلکٹر میں بلندی سٹی مجسٹریٹ دہلی نے فرمائی اور اپنے کلام سے تمام سامعین کو مسرور فرمایا ۔

بقیہ خبریں صفحہ پانچ کالم اول پر

درگاہ شریف اجمیر کی تحقیقاتی کمیٹی

سوال نامہ کے خلاف جلسہ

۱۷ مارچ کو درگاہ شریف خواجہ سید نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی میں جناب پیرزادگان حضور محبوب الٰہی کا جلسہ منعقد ہوا اور ذیل کی تجویز پاس ہوئی ۔

درگاہ حضرت خواجہ صاحب اجمیر شریف کی تحقیقاتی کمیٹی کے سوالنامہ پر غور کیا گیا تو اتفاق رائے سے طے پایا کہ سوالنامہ کے ذریعہ درگاہ خواجہ صاحب کی فلاح و بہبود اور خوش انتظامی کے تخیل کو بہت کم دخل ہے۔ بلکہ اکثر سوالات حضور خواجہ غریب نواز کے دیرینہ اور صدہا سالہ مراسم اور حضرات خدام خواجہ صاحب کے دیرینہ حقوق کو پامال کرنا مقصود ہے یہ مداخلت نہ صرف درگاہ حضرت خواجہ صاحب کے مراسم اور پیرزادگان کے حقوق پر ہے ۔ بلکہ اس کا اثر تمام ہندوستان کی درگاہوں اور پیرزادگان کے قدیمانہ حقوق اور رسم و رواج کے خلاف پڑتا ہے اس لئے جناب چیئرمین صاحب درگاہ خواجہ صاحب اجمیر شریف تحقیقاتی کمیٹی سے پر زور مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس سوالنامہ پر نظر ثانی فرمادیں ورنہ ہم تمام ہندوستان کی درگاہوں کے پیرزادگان عقیدت مند ہندوستان کے مسلمانوں کو توجہ دلانے پر مجبور ہو جائیں گے ۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ...... -/۳/ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ...... -/۲/ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر سیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی،

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول

اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء جہاد آزادی سے لے کر تحریک دار العلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جدوجہد کی۔ یہ حصہ ۱۷۵ عنوانات اور ۲۰۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد مع خوب صورت گرد پوش تین روپیہ چار آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

حصہ دوم

اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور واقعات درج ہیں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن و اتحاد کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں۔ ان کا مفصل تذکرہ درج ہے۔ صفحات ۳۷۶ قیمت مجلد مع خوب صورت ڈسٹ کور ۔/۸ علاوہ محصول ڈاک۔

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

دفتر صوبہ جمعیت میں اہم اجتماع

دہلی ۲۰ مارچ کل شام کو دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں مولانا احمد سعید صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو کی طرف سے چند سرکردہ مسلمان معززین اور ممبران پارٹیشن سفرز بورڈ کو ملک میں امن اور اتحاد کے ضروری پروگرام پر غور و خوض کرنے کے لئے مدعو کیا گیا۔ مولانا احمد سعید صاحب نے اپنی تقریر میں ملک میں امن اور اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ آپ نے کہا کہ ہماری کافی عرصہ سے خواہش تھی کہ کوئی جماعت جو کہ پنجابی بھائیوں کی ایسی ہو جو اس کام کو عمل میں لائے۔ آپ کو علم ہے کہ پارٹیشن سفرز بورڈ نے آپ کے شہر دہلی میں اس نیک کام کو شروع کر رکھا ہے کئی ایک محلوں میں بورڈ کی جانب سے جلسے ہو چکے ہیں جن کا کافی اچھا اثر ہوا ہے۔ اگر آپ لوگ ان کی پوری مدد کریں تو بہت حد تک یہ پروگرام کامیاب ہو سکتا ہے اور اس سے ہم لوگوں کو کافی فائدہ ہے مولانا صاحب نے بورڈ کے کام کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم اس نیک کام میں پوری طرح آپ کے ساتھ مل کر کام کریں گے اور ہر قسم کی امداد بھی پیش کریں گے۔ مولانا صاحب نے حاضرین سے اپیل کی کہ آپ اس نیک کام میں پوری طرح حصہ لیتے ہوئے بورڈ کی امداد کیجئے اور صوبہ کے دفتر کی طرف سے تعاون پیش کی

ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو نے دوران تقریر میں فرمایا کہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ہم امن اور اتحاد کو مضبوط بنائیں تاکہ ہم پھر اسی طرح زندگی بسر کرنے کے قابل ہو جائیں۔ آپ نے خاص طور پر مسلمانوں سے کہا ہم نے بھی طرح اس پروگرام پر سوچا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ پارٹیشن سفرز بورڈ آہستہ آہستہ اپنے مشن کی کامیابی کے دروازہ تک پہنچے میں کامیاب ہو جائے گا۔

دیوان شکل سین سرحدی جنرل سکریٹری پارٹیشن سفرز بورڈ نے بورڈ کے اغراض و مقاصد پر وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس مشن میں ضرور کامیابی حاصل کرنی ہے اور فرمایا کہ پنجابی بھائیوں کی طرف سے مطمئن رہیں۔ وہ کوئی بھی ایسا فعل نہ کریں گے کہ جس سے امن و اتحاد کو دھکا لگے اور ملک میں بدامنی ہو۔

ڈاکٹر دیس راج کیم ایکٹنگ پریذیڈنٹ بورڈ نے معزز حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور خاص طور پر مولانا احمد سعید صاحب اور معزز مسلمان بھائیوں کا انہوں نے بورڈ کے مقاصد پر خاصی رغبتیں دکھائی اضافہ کیا ہے۔ کارروائی دو گھنٹہ تک رہی۔ (سکریٹری)

مجسٹریٹ کے اختیارات

دہلی میونسپلٹی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے سکریٹری مسٹر سنگل کو چیف کمشنر نے تین سال کے لئے مجسٹریٹ فرسٹ کلاس کے اختیارات دیئے ہیں۔

دہلی کے مختلف علاقوں میں چھ اشخاص کو مٹھائی وغیرہ کی تیاری میں بناسپتی گھی استعمال کرنے پر دوکان پر بناسپتی گھی کے استعمال کا نوٹس نہ لگانے پر کچاس روپیہ فی کس جرمانہ کیا گیا۔

مسٹر رام موہن نامی ایک شخص جو ایک لڑکے کے ساتھ جا رہا تھا موٹر سائیکل کی ٹکر سے شدید زخمی ہوا اور موٹر سائیکل سوار فرار ہو گیا۔

میوہ فروش کیخلاف الزامات

فیض بازار کے ایک میوہ فروش کے خلاف الزام لگایا گیا ہے کہ اس نے ایک لڑکے کو بہکایا اور لڑکا اس نے گھر سے نوٹ چرا کر منگوائے۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ فیض بازار کے ایک شخص نے جب اپنے گھر سے نوٹ غائب پائے اور تحقیقات کی تو معلوم ہوا کہ ان کے بچے نے روپے چرا کر ایک میوہ فروش کو دیئے ہیں جو اسے مفت پھل کھلایا کرتا تھا۔

رات کو ہندی پڑھیے

دہلی [illegible] ہندی پڑھنا وقت کی ضرورت ہے۔ مولانا ابو الکلام صاحب کا ارشاد ہے اردو ہندی پڑھکر ہی زندہ رکھی جا سکتی ہے اور ہندی پڑھنے کو بوجھ نہ سمجھو۔ اسی ضرورت کے پیش نظر تعلیمی مرکز جامعہ احاطہ کالے صاحب نے ہندی پڑھنے کا معقول انتظام کیا ہے۔ اس وقت تک کئی حضرات تعلیمی مرکز سے ہندی پڑھ چکے ہیں۔ اب ہندی کی کلاس یکم اپریل ۱۹۴۹ء سے پھر شروع ہو رہی ہے۔ فیس داخلہ دو روپے ماہانہ ہے۔

نوٹ :۔ اس کلاس میں چھوٹی عمر کے بچے اور اسکول کے طالب علم داخل نہ ہو سکیں گے۔ داخلہ کا وقت ۸ بجے شام سے ۱۰ بجے شب تک۔ صرف بیس طلباء داخل کئے جائیں گے

سکریٹری تعلیمی کمیٹی تعلیمی مرکز جامعہ احاطہ کالے صاحب گلی قاسم جان بلیماران دہلی۔

مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی

دہلی ۲۱ مارچ۔ حضرت مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی جو چند روز کے لئے پانی پت سے دہلی تشریف لائے ہوئے تھے۔ آج صبح پانی پت کو مراجعت فرما ہو گئے۔ مولانا اکیلے مسلمان ہیں جو پانی پت میں محض اللہ کے توکل پر مقیم ہیں اور وہاں اسلامی آثار اور مساجد کی حفاظت فرما رہے ہیں۔ مولانا موصوف الجمعیۃ کے لئے ایک اہم مضمون کی تسوید فرما رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

ہفتہ واری مشاعرہ

دہلی ۲۱ مارچ بزم سخن احاطہ کالے صاحب دہلی کا ہفتہ واری مشاعرہ حسب معمول حافظ رحمت الٰہی صاحب کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مندرجہ ذیل شعراء نے اپنا کلام پڑھکر سنایا۔

افروز صاحب دہلوی۔ خادم صاحب امروہوی، ناظر صاحب امروہوی، یاور صاحب دہلوی، امید صاحب، عاشق صاحب، پیکان صاحب دہلوی۔ پرواز صاحب، اثر صاحب دہلوی عالم صاحب، ایاز صاحب، شاد صاحب۔

آئندہ اس بزم کا طرحی مشاعرہ ۳ اپریل کی شب کو منعقد ہوگا۔ طرح یہ ہے۔

کسی دن رشک صد جنت یہی ہندوستان ہوگا

اس مشاعرہ میں دہلی اور بیرونجات کے شعراء شرکت فرمائیں گے۔ یہ مشاعرہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے نہایت ممتاز ہوگا۔ اس مشاعرہ کی صدارت فخر قوم جناب ڈاکٹر سیف الدین [illegible]

مسلح ڈاکہ کی ناکام کوشش

عین اس وقت پر جبکہ دو بجے سے چند دن [illegible] منڈی میں مسلح ڈاکو کی ایک کوشش کو ناکام بنا دیا گیا کہا جاتا ہے جس میں گھر میں ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی گئی تھی اس کے باشندے بیدار ہو جانے پر گھر کے دو آدمیوں کو خنجر سے زخمی کر کے (اور ایک فائر کر کے) مکان کے باہر جمع لوگوں کو منتشر کر کے فرار ہو گئے۔ ایک زخمی لڑکے کی حالت خطرناک بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے ڈاکوؤں کی تلاش کرتے ہوئے زبردست کوشش کی اور شام تک شبہ میں چار اشخاص کو گرفتار کر لیا۔

چاندنی چوک کے ایک دکاندار سے کسی شخص نے کچھ برتن سامان خریدا اور ایک چیک دے گیا جو جعلی تھا جب چیک سے چیک کیش نہ ہو سکا تو دکاندار کو فکر ہوئی اور تحقیقات پر معلوم ہوا کہ چیک جعلی ہے۔

علاقہ حوض قاضی سے ایک ڈاکٹر صاحب نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ان کی دکان میں چور گھس گئے اور کچھ سامان لے کر فرار ہو گئے۔ ایک دوسری دکان سے ساڑھے چار سو کا سامان چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

اپنے آپ کو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق بناؤ

لیڈی ارون کالج میں پنڈت نہرو کا ایڈریس

نئی دہلی ۲۰ مارچ ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے لیڈی ارون کالج میں کانوکیشن ایڈریس پڑھتے ہوئے آج کہا کہ ملک کے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کو ہندوستان کے بدلتے حالات کے مطابق اپنے میں موزونیت پیدا کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ محنت کرنی چاہیئے۔ آپ نے کہا کہ ملک کو اب محنت سے ہی مضبوط اور عظیم بنایا جا سکتا ہے باتوں سے نہیں پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ قوم نے آپ کو تعلیم حاصل کرنے میں مدد دی ہے۔ اور یہ سب آپ کا فرض ہے کہ اس کے جواب میں زیادہ سے زیادہ حد تک ملک اور قوم کی خدمت کر کے اپنے قرض سے سبکدوش ہونے کی کوشش کریں۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ اس وقت ملک تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے اور بہت کم لوگ بآسانی اپنے کو نئے حالات کے مطابق بنا سکیں گے۔ اس لئے لوگوں کے دلوں اور واقعات کے درمیان ایک بھاری فاصلہ پیدا ہو چکا ہے۔ جس کے نتیجے کے طور پر قوم زیر و بالا ہو سکتی ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے۔ کہ وہ بنیادی اور اصولی چیزوں کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے مزید کہا۔ کہ محنت سے آدمی کمزور نہیں ہوتا۔ لوگ مجھے آرام کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ لیکن میری حالت ان لوگوں سے زیادہ اچھی ہے۔ جو کام کے مقابلہ میں زیادہ آرام کرتے ہیں۔ آپ نے عورتوں سے کہا۔ کہ وہ شادی کے بعد سماجی خدمت کو بھول جاتی ہیں۔ انہیں شادی سے پہلے اور بعد یکساں طور پر سماجی خدمت کے لئے وقت نکالنا چاہیئے۔

آبی ذرائع کی ترقی پر بہترین مقالہ کیلئے انعام

نئی دہلی ۱۹ مارچ مرکزی آبپاشی بورڈ نے ایک تمغہ مقرر کیا ہے جو ہر سال ایک مرتبہ کسی ایسے شخص یا اشخاص کو عطا کیا جائے گا جو ہندوستان کے آبی ذرائع کی ترقی کے متعلق تحقیقات ٹیکنک، اصولی یا عملی طریقوں کے بارے میں سب سے اعلیٰ اور طبعزاد مقالہ پیش کرے گا۔ اور جس کو بورڈ کی انتظامیہ کمیٹی بہترین مقالہ خیال کرے گی۔

۱۹۴۸ء کے کام کے بارے میں مرکزی آبپاشی بورڈ کی گورننگ باڈی کمیٹی نے درخواستیں طلب کی ہیں جو ۱۵ اپریل ۱۹۴۹ء تک بورڈ کے سکریٹری کو پہنچ جانی چاہئیں جن مقالوں پر یہ تمغہ انعام دیا جائے گا۔ وہ کسی ایسے مضمون کی شکل میں ہو سکتے ہیں۔ جو مرکزی بورڈ کی تحقیقاتی کمیٹی کے سالانہ اجلاس میں پیش کیا گیا ہو یا ہندوستان کسی دوسرے انجینئرنگ ادارہ کو پیش کیا گیا ہو یا سائنس کے کسی میکینکل رسالہ یا مرکزی بورڈ کے تحقیقاتی رسالہ میں شائع ہوا ہو اگر کسی ایک سال میں موصول شدہ مقالوں میں سے کوئی بھی مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترے تو انتظامیہ کمیٹی یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ وہ اس برس انعام عطا نہ کرے۔

یوپی میں پانچ سالہ زراعتی تعلیم

لکھنؤ ۲۰ مارچ۔ کل یوپی اسمبلی میں زرعی مطالبات پر بحث شروع ہوئی یوپی (پی) زراعتی امور پر ہونے والی بحث سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ مطالبات کسی قسم کے مخالفت کے بغیر منظور ہو گئے زمیندار پارٹی اور حزب مخالف کے لیڈر خاموش رہے۔ اگرچہ وہ ہاؤس میں موجود تھے۔

وزیر زراعت مسٹر نثار احمد شیروانی نے بھی اس موقعہ پر کوئی خاص تقریر نہیں کی [illegible] ان کے جواب [illegible] زراعت سے متعلق مطالبات منظور کر دیئے۔ یوپی میں پانچ سالہ زراعتی تعلیم کے لئے بھی [illegible] اسکیم [illegible]

رامپور میونسپل بورڈ معطل

رامپور ۱۹ مارچ۔ ریاستی گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ رامپور میونسپل بورڈ کو معطل کر کے ریاست کے میونسپل قانون کی رو سے مسٹر کشور نندن کشور کو عارضی منتظم مقرر کر دیا گیا ہے اس کارروائی کی وجہ بورڈ کی بدانتظامی اور بارہ لاکھ روپیہ کی رقم کا غبن بتائی جاتی ہے لیکن کانگریسی لیڈر حکومت کے اس فیصلہ پر نکتہ چینی کر رہے ہیں۔

راج گھاٹ میں آتشزدگی

راج گھاٹ کے قریب ایک بستی میں آگ لگ جانے سے تین جھونپڑے جل گئے۔ ایک پانچ سالہ بچہ زخم آئے اور دس ہزار روپیہ کا سامان بھی جل گیا۔ فائر بریگیڈ فوراً موقعہ پر پہنچ گیا۔ اور دوسری جھونپڑیوں کو جلنے سے بچا لیا۔

کل سبزی منڈی میں بھی ایک چارہ فروش کی دکان میں آگ لگ گئی اور تقریباً پانچ سو کا نقصان ہوا۔ سبزی منڈی پولیس اور فائر بریگیڈ فوراً پہنچ گیا اور آگ کو زیادہ پھیلنے سے بچا لیا۔ آگ لگنے کا سبب معلوم نہ ہو سکا۔

آزاد سائنس بلاک کیلئے تفصیلی

کل دہلی سے دس میل کے فاصلہ پر کھیری گڑھی میں ایک تعلیمی میلہ ہوا جس میں وزارت تعلیمات کے سیکرٹری سارن [illegible] بھالیں کیمبرج نے مولانا آزاد کی جگہ بچوں میں انعامات تقسیم کئے [illegible]

عالیشان کلینڈر مولانا آزاد

یہ سہ رنگا کلینڈر امام الہند مولانا آزاد کی بڑے سائز کی خوشنما تصویر سے مزین کیا گیا ہے۔ مولانا کی مختصر سوانح بھی درج کی گئی ہے نیز شمسی و قمری دونوں تاریخیں مارچ ۱۹۵۰ء تک رکھی گئی ہیں قیمت فی عدد ۴ آنہ تاجروں کو ۲۵ فیصدی کمیشن پیشگی قیمت آنے پر محصول معاف صرف رجسٹری فیس بذمہ خریدار سیپارے رف پیپر ۷/ فی سیکڑہ، سیپارے چکنے کاغذ پر ۸/ فی سیکڑہ قاعدہ بغدادی ۲/ فی سیکڑہ دیگر تمام کتب کے لئے

شاہی کتب خانہ رجسٹرڈ چوڑیوالان دہلی کی خدمات حاصل کریں۔

ہندوستانی عورتیں مستقبل میں اہم کام انجام دینگی

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی الوداعی نشری تقریر

نئی دہلی ۲۰ مارچ۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے شام کو ایک الوداعی نشری تقریر میں کہا مجھے ہندوستان کے مستقبل کے بارے میں یقین ہے کہ وہ نہ صرف ایک بڑی قوم بنے گا۔ بلکہ اس کو ترقی بخشنے میں اور تجربے سے بھری ہوئی دنیا میں امن رہنمائی کی ایک بڑی طاقت بنے گا۔ انہوں نے کہا ہندوستان نے کافی عزم کر لیا ہے کہ جمہوریت ترقی اور معیار زندگی بلند کرنے کے راستے میں وہ کسی رکاوٹ کو برداشت نہ کرے گا۔

ہند میں اپنے چند روزہ قیام کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا ہندوستان نے گذشتہ برسوں میں جو کارنامے دکھائے اور جس طرح اس کے ساہو لیڈروں نے تمام مسائل کو حل کیا وہ قابل تعریف ہے۔ ۱۹۴۷ء کے بعد افسوسناک واقعات اور انقلاب کے بعد ایک عظیم سماجی انقلاب آرہا ہے۔ انہوں نے کہا ان کو اپنے اتنے سارے پرانے ساتھیوں سے مل کر جو ہندوستان کے مختلف سیاسی امور میں مصروف کار ہیں بڑی خوشی ہوئی۔ انہوں نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ وقت کی کمی کی وجہ سے بہت سے لوگوں سے ملاقات نہ کر سکیں۔ لیڈی ماؤنٹ بیٹن نے کہا وہ ہندوستان سے بہت اچھی یادیں اپنے ساتھ لے جائیں گی۔

دہرہ دون ۲۱ مارچ۔ دہرہ دون میں ۱۹ مارچ کو جھنڈے کا میلہ منایا گیا جھنڈے کا میلہ رام رائے نامی بزرگ کا جشن منانے کے لئے ہوتا ہے اور ہولی گذرنے کے پانچ دن بعد منایا جاتا ہے۔

انبالہ میں پلیگ سے ۱۲۲ اموات

انبالہ ۲۱ مارچ۔ انبالہ کے ضلع میں پلیگ پھیل گیا ہے۔ اب ضلع کے پلیگ زدہ دیہات کی تعداد ۶۰ ہو گئی ہے۔ گزشتہ ہفتہ ۱۶۲ اشخاص پر پلیگ کا حملہ ہوا ان میں سے ۱۲۲ کیس خطرناک تھے۔

شیخ عبد اللہ امرتسر میں

امرتسر ۲۱ مارچ۔ وزیر اعظم کشمیر شیخ عبد اللہ اپنی بیوی کے ہمراہ آج امرتسر آرہے ہیں۔ کشمیر ہاؤس میں شہر کی مختلف سیاسی جماعتوں نے ان کے استقبال کا انتظام کیا ہے۔ وہ جلیانوالہ باغ میں ایک جلسہ عام میں تقریر بھی کریں گے منگل کے دن وہ بھگت سنگھ کی برسی میں شریک ہونے کے لئے وہ جالندھر روانہ ہو جائیں گے۔ اور بدھ کے دن امرتسر واپس آجائیں گے۔

کرشنا برانڈ بناسپتی اور بلچہ مارکہ کیمیاوی کھاد

ہمارے دہلی سٹاک میں کرشنا برانڈ بناسپتی گھی ۳۷ پونڈ ٹینوں میں بکثرت موجود ہے۔ کوالٹی اعلیٰ مارکیٹ میں بہت مقبول ہو رہا ہے۔ اپنی ضروریات کے لئے خود تشریف لائیں۔

بلچہ مارکہ کیمیاوی کھاد بھی سٹاک میں موجود ہے۔ اس سے زمین سے چار گنا پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے۔ زمینداروں۔ کاشتکاروں کے لئے سنہری موقع ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

بھگوان داس جنید رموہن اینڈ کمپنی معرفت مل سٹور کمپنی نیا بازار دہلی

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے۔ مجھ کو اس کی پیٹنٹ مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کی بارہا نوبت آئی۔ اس کے مجربات سے مریضوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ ہندوستان کے مشہور اطباء حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا انصاری دہلوی وغیرہ اور دیگر اطباء نے اور دوسرے نامور حضرات نے اس کی بار بار تصدیق فرمائی ہے۔ اور بہت سے اور دیگر طبی امراض کے لئے اکسیر جلد اس دواخانہ کی خصوصی دوا ہے جس سے بہت زیادہ نفع لوگوں کو پہونچا ہے۔ میں نے پہلے بھی اس دواخانے کی کامیابی کی تصدیق کی تھی۔ اور اب بھی ضرورت مند حضرات کو توجہ دلاتا ہوں کہ دواخانہ کی مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں۔

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں:

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیمی معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا معتمد دواخانہ ہے۔ میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا رہا ہوں، ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ضرورت مند حضرات اس کی خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

اکسیر جلد — جلدی امراض کے لئے یہ اکسیری دوا ہے جنبل اور رنگ زبی وغیرہ پیدا نے والوں کو بغیر کسی تکلیف کے صاف کر دیتی ہے اور چہرے کے داغ دھبے کیل مہاسے، سیاہی [illegible] جلد کو صاف کر کے [illegible] خوش نما بنا دیتی ہے [illegible] ابھر آتا ہے۔ ہر گھر میں ضرور اس کی ایک شیشی رکھنی چاہیئے [illegible] جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی تحریر فرماتے ہیں [illegible] قیمت فی شیشی کلاں دو روپے آٹھ آنے (عہ) خورد [illegible]

روغن مقوی دماغ — مقوی دماغ ہونے کے علاوہ اس کی یہ بھی خاص صفت ہے کہ بہت قلیل مدت میں دردسر کو فوراً دور کرتا ہے۔ گرمی میں دماغ کو سرد اور سردی میں گرم رکھتا ہے [illegible] آج تک کوئی ثابت نہیں کر سکا قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے (للعہ) اور دو شیشی کے منگانے اور ڈاک کا ایک ہی صرفہ ہے۔ دو شیشی منگانے والوں کو گیارہ آنے کی کفایت ہوتی ہے۔

اکسیر کامل — [illegible] معدہ کو بہت جلد قوت دیتی ہے ہضم کی خرابی [illegible]

روغن تریاقی — [illegible] تکلیف کے ختم کرنے میں بہت کامیاب ہے۔ پرانے زخموں کو بھی مفید ہے۔ ہوا کے مریض اس کی مالش کے ساتھ اکسیر کامل کا استعمال ضرور کریں تاکہ مکمل صحت ہو جائے۔ قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے (عہ)

تریاق ارحم — سیلان الرحم لیکوریا کے لئے واقعی اکسیر ہے۔ بہت جلد شفا دکھاتی ہے [illegible] الاستعمال ہے۔ ہر قسم کے نقصان سے پاک۔ اس کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہندوستان اور بیرون ہند میں پندرہ سال سے جاری ہے کہیں آج تک ناکام نہیں ہوئی۔ گردہ و مثانہ کو بھی صاف کرنے میں بہت مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۵۰ خوراک چار روپے (للعہ) جو اکثر ایک مریضہ کے لئے کافی ہوتی ہے۔

حب جریان — رودہ اثر ہیں۔ بڑی خوبی یہ ہے کہ قبض نہیں کرتیں بلکہ قبض کو رفع کرتی ہیں۔ مثانہ کی کمزوری کو دور کر کے امساک لائق پیدا کرتی ہیں، اور جریان کی زیادتی کو روکتی ہیں۔ مقوی اعصاب ہیں قیمت فی ڈبیہ ایک روپیہ آٹھ آنے (عہ) ہر ڈبیہ میں چالیس گولیاں۔

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

ان کا مستقبل آپکے خون سے وابستہ ہے
SAFI

اگر آپکا خون صاف ہے اور جلد تندرست اور خوشنما ہے تو اس کا اثر آپکے بچوں کی صحت اور خوبصورتی پر بھی پڑتا ہے۔ اپنے خون اور اپنی جلد کی حفاظت مشہور دوا صافی سے کیجئے۔ صافی خون کو اندرون جسم کی تمام گندگیوں سے صاف کر کے خارش پھوڑے، پھنسیوں، ایگزیما، داغ دھبے، جھائیں وغیرہ جلدی امراض سے نجات دلاتی ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ رسالہ "جلد اور خون کی دیکھ بھال" مفت منگایئے

صافی سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف

ہر جگہ دستیاب ہے

ہمدرد

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون رجسٹرڈ

رگوں میں نیا خون۔ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے۔

طلا نمبر ۲۰

سونا۔ مشک۔ عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزاء ہیں۔ قیمت فی شیشی پندرہ روپے ہے اس کے لگاتے ہی رگوں میں گرم خون اور پٹھوں میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری ہی خرابیاں ایک ایک کر کے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی پانچ روپے

تصدیق

آپکی جیون سے میں مایوس ہو چکا تھا واقعی جیون تو بہت ہی مؤثر ہے

حکیم رام سروپ از کمرہ تیجور (دہلی)

ملنے کا پتہ دلی دوا گھر۔ نور گنج۔ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: ۵۸۵۵

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۲۳ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۶۹ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ آنے

اقتصادی کمیشن کے چیرمین

مسٹر راؤ مقرر کردیئے گئے

لیک سکسیس، ۲۲ مارچ۔ ہند کے نمائندہ مسٹر دی کے راؤ کو اقوام متحدہ کے اقتصادی ترقی کے کمیشن کا چیرمین منتخب کر لیا گیا۔ سات ارکان پر مشتمل یہ کمیشن ممالک کی اقتصادی ترقی کے لئے روپیہ حاصل کرنے کی غرض سے بنایا گیا تھا۔ اس کا پہلا اجلاس جولائی میں ہوگا جبکہ یہ ممالک کی ترقی کے پلان پر غور کرے گا۔

ایرانیوں کو ٹرومین کا پیغام

واشنگٹن، ۲۲ مارچ۔ کل صدر ٹرومین نے ایرانیوں کے نام ایک پیغام براڈ کاسٹ کیا جس میں کہا گیا تھا کہ ہم اس دن کے منتظر ہیں جب ہماری قوم اور آپ کی قوم کے تعلقات اور بڑھ جائیں گے۔ یہ تقریر نصف گھنٹہ کے ایک خصوصی نشری پروگرام کا حصہ تھی۔ اس پروگرام کا مقصد یہ تھا کہ روس کی پیدا کردہ غلط فہمیوں کو دور کیا جاسکے۔ دوسرے مقررین کے علاوہ ایرانی سفیر مسٹر حسین علاء نے بھی اس موقعہ پر تقریر کی۔

مجلس تحفظ میں ڈچ نمائندے کی تقریر کی دھجیاں اڑا دی گئیں

ہندوستان، پاکستان اور انڈونیشی نمائندوں کی مدلل تقریریں

ڈچ حکومت کو منہ توڑ جواب۔ فیڈرل حکومت کی قلعی کھل گئی

بیت المقدس کو بین الاقوامی شہر قرار دے دیا جائے

عرب لیگ کے لیڈروں نے تجویز منظور کر لی!!

روڈس میں مصر و اسرائیل کا معاہدہ

قاہرہ کے ایوان نمائندگان میں بحث ملتوی

فرنچ کمشنر کی تقریر پر تنقید

فرنچ کانگریس کے صدر کا بیان

بلغاریہ اور ہنگری میں بنیادی آزادی

برطانوی فوجیں سرحد کی حفاظت کیلئے شرق اردن جائیں گی

پارلیمنٹ میں برطانوی وزارت خارجہ کے عہدہ دار کا بیان

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کا اپیل

یہودیوں کو سزا دینے کیلئے ہٹلر پیدا ہونے والا ہے

(پ۔ ث)

برطانیہ نے جنگی تیاریوں کے لئے مالٹا امریکہ کے حوالے کر دیا

ماسکو ریڈیو کا انکشاف

مسٹر کے سی نیوگی کا استعفیٰ؟

مہاراجہ جودھپور کا چچا گرفتار کر لیا گیا

شہر میں مظاہرہ گرفتاریاں اور اشک آور گیس کا استعمال

کلکتہ میں مزید اسلحہ پکڑے گئے

پاکستان میں تار کا اسکول

عرب لیگ نے ایشیائی کانفرنس کو مستقل ادارہ بنانے کی منظوری دی

معاہدہ اوقیانوس کے خلاف

اطالیہ میں مظاہرہ

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے حیات شیخ الہند، تاریخ الاسلام مکمل (بچوں کے لئے) حکایات صحابہ قومی کتاب گھر دیوبند یوپی

فہرست مفت طلب فرمائیے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 23. 3. 49.

PHONE 5855

ہندوستان نے نو ماہ میں ساڑھے تین ارب کا مال باہر بھیجا!

حکومت ہند کا پریس نوٹ

مغربی پنجاب میں افیون کے استعمال پر احتجاج

مسٹر فیروز خاں نون کا بیان

پوسٹ کارڈ اور لفافہ کی قیمتیں کم نہیں ہوں گی؟

فائنس بل چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا!

نئی دہلی ۲۱ مارچ۔ آج ہند پارلیمنٹ میں فائنس بل کو ایک چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ چیدہ کمیٹی اس پر دو روز کے اندر اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

ہندو مہاسبھا کے جنرل سکریٹری

حیدرآباد دکن ۲۱ مارچ۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر وی جی دیش پانڈے انسپکٹر جنرل آف پولیس حیدرآباد نے ایک نوٹس دیا ہے جس کی رو سے ان کو حیدرآباد ریاست میں ایک ماہ کے لئے تقریر کرنے کی ممانعت کر دی گئی۔

کمیونزم اور فرقہ واریت کی مذمت

اندور میں مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

کوے کا گھونسلہ

وفد جمعیۃ کی جے پور سے واپسی

فرقہ وارانہ جھگڑے کی تفصیل

جنگ چین

(صفحہ اول سے آگے)

کمیونسٹوں کا متوقع حملہ

خوراک میں ملک کو خودکفیل بنانے کی ضرورت ہے

ایگریکلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں پنڈت نہرو کی تقریر

اقوام متحدہ کی

سماجی اور اقتصادی کونسل کا اجلاس

ظفر اللہ خاں راولپنڈی میں

سرجیمس سومویل کا انتقال

مسز نائیڈو کی یادگار

کلکتہ کے شہریوں کی تجویز

مشرقی بنگال ریلوے کی تحقیقات

پاکستان نے ایک کمیٹی مقرر کر دی

سہارنپور کے فساد پر پوری طرح قابو پا لیا گیا

(نامہ نگار خصوصی)

خان قلات کوئٹہ واپس

نواح کلکتہ میں ہولی کے موقعہ پر فساد کی تفصیلات

ایک ہلاک ۲۳ زخمی۔ وزیر اعظم مغربی بنگال کا بیان

پاکستان ریلوے کیلئے مشاورتی کمیٹیاں

افریقہ میں کمیونسٹوں کے جلسہ پر پابندیاں

مشرقی پاکستان میں ہیضہ کی شدت

ایک ہفتہ میں ۲۹۲ ہلاک

جنرل اسمبلی میں شرکت کیلئے

ہندی ڈیلی گیشن ۳۰ اپریل کو روانہ ہوگا

برطانیہ اور بحر روم کا معاہدہ

مسٹر بیون کے بیان کا لازمی نتیجہ

لیاقت علی خاں کا دورہ بہاولپور

اپنے دبلے پتلے خاوند کو پیٹ ڈالا

مسز نہرو کی ہندوستان کو واپسی

سرحد اسمبلی کا اجلاس ختم ہوگیا

خواتین کے حقوق سے متعلق

اقوام متحدہ کے کمیشن کا اجلاس

پاکستان دستور ساز اسمبلی

انجمن تنظیم ادب کا جلسہ

مصفی اعظم

خون صاف کرنے کی بہترین دوا

ہمدرد دواخانہ بکس ۶۶ لال کنواں دہلی

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۴ مارچ ۱۹۴۹ء

سات حکومتوں کا معاہدہ

معاہدہ اتلانتک جس پر سات حکومتیں اپنے دستخط ثبت کریں گی، اس کا متن شائع ہو گیا ہے، ہم بحر اوقیانوس کے ضمن میں اتلانتک پیکٹ پر اظہار خیال کر چکے ہیں اور بتا چکے ہیں کہ روس کے مقابلہ میں جس قدر بھی معاہدے ہو رہے ہیں وہ سب تضاد اور اختلاف کے حامل ہیں اور ان تضاد سے یکسر خالی جن کے لئے ان کا انعقاد عمل میں آ رہا ہے!

اس وقت یورپ جس انداز سے اپنی گروہ بندی کر رہا ہے اسکا سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہے، روس کی بین الاقوامی سیاست کا یہ قدرتی نتیجہ ہے کہ مغربی یورپ اور امریکہ اپنے چاروں طرف دفاعی منطقوں کی تشکیل دیں اور ایک سمت میں سفر کرنے کے لئے سب ایک کشتی میں سوار ہو جائیں لیکن چونکہ مرض کی تشخیص اور علاج میں کوئی قریبی تعلق نہیں ہے اور ان میں سب سے زیادہ امریکہ کو اپنا مفاد پیش نظر ہے اس لئے بیک نظر معلوم ہو سکتا ہے کہ ان معاہدات کا انجام کیا ہوگا اور اس کے ردعمل کی کیا کیا شکلیں ظہور میں آئیں گی!

معاہدہ اتلانتک پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اسنے ایک حقیقت کو ظاہر کیا ہے اور ایک حقیقت اپنی طرف سے پیدا کی ہے، انکشاف یہ ہے کہ اب مجلس متحدہ اقوام کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہی اور معاہدہ اتلانتک اس بات کا کھلا اعتراف ہے کہ متحدہ اقوام اپنے مقصد میں فیل ہو چکی ہے، عالمی امن کے قیام کی ذمہ داری متحدہ اقوام کے دوش پر ڈالی گئی تھی اور اس کی سلامتی کونسل کو امن و سلامتی کا اجارہ دار بنایا گیا تھا لیکن یورپ اور امریکہ کی سربراہ کاریوں پر مطمئن نہیں ہیں اور وہ اپنا دفاع اپنے طریق پر کرنا چاہتے ہیں، اگر متحدہ اقوام کے ذریعہ یہ مقصد حاصل ہو سکتا تو دفاعی منطقوں اور گروہ بندیوں کی نوبت نہ آتی یہ معاہدات خود اس بات پر گواہ ہیں کہ متحدہ اقوام، عالمی امن کی ذمہ داری نہیں لے سکتی، جو حکومت امن چاہتی ہے وہ خود ہی اپنے طور پر کام کرے اور اپنے بچاؤ کے لئے دوسروں کو اپنے ساتھ ملائے!

گویا معاہدہ اتلانتک نے متحدہ اقوام کی کارکردگی کا بھرم کھول دیا ہے اور عنقریب اس کا وہی حشر ہونے والا ہے جو انجمن جمعیۃ اقوام کا ہو چکا ہے۔ اب اس معاہدہ نے جو ایک نئی بات پیدا کی ہے وہ یہ ہے کہ اس کے بعد مشرقی اور مغربی یورپ دو مخالف کیمپوں میں تقسیم ہو جائے گا اور ملنے ملانے کے امکانات ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں گے جب تک اس معاہدہ کی بنیاد نہیں پڑی تھی، اختلاف کے باوجود دو کیمپوں کا تصور پیدا نہیں ہوا تھا اور معاملہ اختلاف رائے سے آگے نہیں بڑھا تھا لیکن دفاعی منطقہ کا دائرہ کھنچتے ہی یہ اختلاف رائے مسلک اور عقیدہ میں تبدیل ہو گیا ہے اور اب یورپ میں مشرق اور مغرب کے دو مورچے بن گئے ہیں، جس کے معنی یہ ہیں کہ اگر روس سے جنگ چھڑی تو مشرقی یورپ کو اپنا مورچہ بہت مضبوط اور مستحکم کرنا پڑے گا اور جنگ نہ بھی ہوئی تو بھی کرنے ہی گی، گویا جو علاج تجویز کیا گیا تھا وہ عین مرض ثابت ہوا اور جس چیز سے یورپ بچنا چاہتا تھا وہی اس کے [illegible]

اگرچہ برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون اور فرانس کے پریذیڈنٹ میسو اوریول نے اطمینان دلایا ہے کہ یہ معاہدہ جارحانہ نہیں ہے بلکہ مدافعانہ ہے، اور اس کے ذریعہ کسی پر حملہ نہیں کیا جائے گا، بلکہ دوسروں کے حملہ کو رد کیا جائے گا، لیکن روس جس کے مقابلہ پر مغربی یورپ [illegible]

معتقد ہو رہا ہے، اس تشریح کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں چنانچہ ماسکو ریڈیو سے اعلان ہوا ہے کہ اتلانتک پیکٹ کا مقصد جنگ ہے اور اس کا نشانہ روس ہے جسے کسی نہ کسی وقت کسی نہ کسی بہانہ سے دعوت جنگ دیجائے گی اور مغربی یورپ کو مشرقی یورپ کیخلاف کھڑا کیا جائے گا، گویا روس نے اس معاہدہ کو اس نظر سے دیکھا کہ اس کی مخالف طاقتیں اس کے گرد گھیرا ڈال رہی ہیں اور اس کے دبانے اور مٹانے کے لئے متحد ہو رہی ہیں، اس کا اعتراض یہ ہے کہ اتلانتک معاہدہ میں ان طاقتوں کو تو لے لیا گیا جو اتلانتک سے باہر تھیں لیکن ان طاقتوں کو باہر رکھا گیا جو اتلانتک حلقہ میں داخل ہیں، اس کا یہ مطلب ہوا کہ معاہدہ اتلانتک جغرافی حکومتوں کے لئے نہیں ہے بلکہ ان حکومتوں کے لئے ہے جو روس کی مخالف ہیں اور جو نازک اوقات میں روس کے خلاف امریکہ کی امداد کر سکتی ہیں! اس کے بعد اگر روس اس حلقہ کو توڑنے کی کوشش کرے اور اپنا علیحدہ بلاک بنا کر ردعمل کی راہ نکالے تو یہ قدرتی بات ہوگی، اور کوئی منطق اسے ایسا کرنے سے نہ روک سکے گی، روس اچھی طرح جانتا ہے کہ اگر معاہدہ اتلانتک میں ناروے اور ڈنمارک بھی شریک ہو گئے تو نہ صرف یہ کہ اس کا مغربی حصہ زد میں آجائے گا بلکہ بحیرہ بالٹک اور بحیرہ شمالی کے دروازے بھی اس پر بند ہو جائیں گے اور بحر روم یونین کی تکمیل کے بعد یہ خطرہ اور بھی زیادہ خطرناک ہو جائے گا، چنانچہ روس نے کریملن میں اپنے فوجی افسروں کو جمع کرنے کا انتظام کیا ہے اور فن لینڈ کی سرحد پر اپنے مورچے مضبوط کرنے شروع کر دیئے ہیں یعنی عمل کے بعد ردعمل، دعوی کے بعد جواب دعوی اور معاہدہ کے بعد فوجی اور جنگی تدابیر!

ہمارے خیال میں جس مقصد کے لئے معاہدۂ اتلانتک منعقد کیا گیا ہے وہ بحالات موجودہ کبھی پورا نہ ہوگا اور اس بلاک سے روس کی حکمت عملی کو کوئی نقصان پہونچے گا، جو حکومتیں معاہدہ میں شامل ہوں گی وہ روس کے اقدام کو تو روک سکیں گی، ان کمیونسٹوں کے اقدام کو نہ روک سکیں گی جو خود انہیں کے ملکوں میں پرورش پا رہے ہیں، اٹلی اور فرانس کے کمیونسٹوں نے آخر یہ اعلان کر ہی دیا کہ اگر جنگ چھڑ گئی تو وہ سرخ فوج کا خیر مقدم کریں گے!

آپ گھر کا انتظام نہیں کر سکتے اور گھر کے بھیدیو کے خلاف کوئی محاذ قایم نہیں کرتے مگر روس کے خلاف ایک زبردست بلاک بنا رہے ہیں، آخر یہ طرفہ تماشا نہیں تو کیا ہے، تمام مغربی یورپ میں ماسکو اور کریملن کے سفیر موجود ہیں اور اسٹالن کے بزدار اٹلی و فرانس میں کام کر رہے ہیں، اگر جنگ کا بگل بجا تو، روس تو بعد میں آئے گا، یہ مقامی کمیونسٹ عالم [illegible] اور معاہدہ اتلانتک ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا، کیونکہ امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ نے معاہدہ کی تشریح کرتے ہوئے کہا ہے کہ [illegible] اس کا تعلق نہ ہوگا اور ان مقابلہ کرنے کے لئے معاہدہ کی دفعہ ۵ کو کام میں نہ لایا جائے گا! روس تو آج بھی مغربی یورپ میں موجود ہے لیکن مغربی یورپ کی جرأت نہیں ہے کہ ماسکو میں قدم رکھ سکے!

اچھی باتیں

ولا تطع ۔ تا ۔ وکیلا (پ ۲۲ ع ۳)
آپ کافروں اور منافقوں کی پیروی کریں
اور ان کی ایذارسانی سے صرف نظر کریں
اور صرف اللہ پر توکل کریں، تمہاری کارسازی
کے لئے اللہ ہی کافی ہے۔

یعنی مسلمانوں کو چاہیئے کہ اگر انہیں محض مسلمان ہونے کی وجہ سے ستایا جائے تو وہ مخالفوں کی ایذارسانیوں کو خاطر میں نہ لائیں اور اپنے مسلک پر مضبوطی کے ساتھ قایم رہیں، البتہ ان کے لئے سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ وہ اسلام کے دشمنوں اور منافقوں کی پیروی کرنے لگ جائیں اور اللہ کی ہدایت سے منہ موڑ لیں وہ جب تک مسلمان ہیں انہیں اسلام ہی کی پیروی کرنی چاہیئے اور اس راہ میں جو بھی مشکلات پیش آئیں انہیں برداشت کر لینا چاہیئے، ان کا ہتھیار اللہ پر توکل ہے اور توکل یہ ہے کہ خدا نے جن اسباب کو کام میں لانے کا حکم دیا ہے ہم ان اسباب کو کام میں لائیں اور اپنی مساعی کے نتیجہ کو خدا پر چھوڑ دیں مسلمان اس آیت پر غور کریں، آج یہی آیت انہیں ہر قسم کی گمراہی سے بچا سکتی ہے۔

نئے دستور پر ایک سرسری نظر

(از جناب سید انیس الرحمن صاحب ایڈیٹر "نئی زندگی")

(تیسری قسط)

اپوزیشن یا حزب مخالف

جمہوریت کو صحیح طور پر چلانے کے لئے حزب مخالف (OPPOSITION) کی بھی ضرورت ہے۔ جس کے بغیر کوئی جمہوری حکومت نہیں چل سکتی۔ لیکن ہمارے موجودہ لیڈر آجکل اپوزیشن کو کچھ اچھی نظروں سے نہیں دیکھتے اور وہ اس بات کے مخالف ہیں کہ ہندوستان کے اندر کوئی اپوزیشن پارٹی قائم ہو۔ ان کا کہنا ہے کہ ہندوستان کی فضا کے لئے اپوزیشن مناسب نہیں بلکہ یہ یورپ کی نقالی ہے۔ کہ خواہ مخواہ کسی چیز کی مخالفت کی جائے سردار پٹیل کا یہ کہنا ہے کہ اپوزیشن کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ ابھی اس ملک کے اندر جمہوریت کا آغاز ہے اور ابھی جمہوریت ایک شیر خوار بچہ ہے۔ اس اسٹیج میں اپوزیشن پارٹی کا قیام جمہوریت کے صحیح نشوونما کے لئے نقصان دہ ہے۔ اور قومی کاز کو اس سے نقصان پہنچے گا۔ یو۔ پی کے وزیر اعظم پنڈت گووند ولبھ پنت نے بھی تقریباً انہی خیالات کا اظہار کیا ہے۔

لیکن ہماری رائے میں ان بزرگوں کے خیالات درست نہیں ہیں، ہمیں حیرت ہے کہ یہ حضرات اپوزیشن اور [illegible]

[illegible] کرتے جا رہے ہیں اور وہ کسی مخالفت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں۔ لیکن جب مخالفت برداشت نہیں ہوتی، اور اپوزیشن کی ضرورت ہی نہیں سمجھی جاتی، تو پھر جمہوریت اور ڈیموکریسی کا ڈھونگ رچانے کا کیا فائدہ اور الیکشن ہی کی کیا ضرورت ہے۔ انڈین پارلیمنٹ کے تمام ارکان کو گورنمنٹ آف انڈیا نامزد کر دیا کرے، اور ۳۵ کروڑ انسانوں کو ووٹ دینے کی زحمت سے اور گورنمنٹ کو کروڑوں روپیہ کے اخراجات کی زیر باری سے بچائے، جب انتخابات ہوں گے تو ہر قسم کے خیالات کے لوگ کھڑے ہوں گے، اور جنہیں قوم ووٹ دے گی وہ پارلیمنٹ میں پہنچیں گے اور وہاں پہنچ کر بہت ممکن ہے کہ وہ آپ کی مخالفت بھی کریں۔ اور ایک اپوزیشن پارٹی بھی بنا لیں۔ لیکن آپ کے خیال میں اپوزیشن کی ضرورت ہی نہیں، تو پھر ہمارا سوال یہ ہے کہ الیکشن کی کیا ضرورت ہے۔ اگر ہندوستان میں مخالفت برداشت نہیں کی جاتی [illegible]

لیکن خود کانگریس پر بھی ایک بڑی حد تک صوبہ دار ذہنیت پھیلانے کا الزام آتا ہے، اور اس نے بھی آج تیس سال سے لسانی صوبوں کا مطالبہ کیا ہے اور اس کی حمایت کی ہے۔ ہندوستان میں جو [illegible] صوبے تھے، لیکن کانگریس کے دستور میں [illegible] صوبے بنائے گئے اور محض زبان کی بنا پر، بمبئی کو تین صوبوں میں تقسیم کیا گیا، گجرات، مہاراشٹر اور بمبئی، سی پی کے تین صوبے بنائے گئے، ہندی سی پی، مراٹھی سی پی اور ودربھا (برار) اسی طرح مدراس کے اندر بھی تین کانگریس صوبے بنے۔ تامل ناڈ، مدراس اور آندھرا دیش۔ غرضیکہ اس طرح خود کانگریس نے لسانی صوبوں کے مطالبے کو تقویت پہنچائی۔ کانگریس کے تمام الیکشن مینی فسٹوں میں اسے تسلیم کیا گیا۔ نہرو رپورٹ کی بنیاد اس پر رکھی گئی۔ یہاں تک کہ دستور ساز اسمبلی کے افتتاح کے موقع پر بھی ۱۹۴۶ میں خود پنڈت نہرو نے اس کا اعادہ کیا۔

غرضیکہ اب کانگریس کے طرز عمل کے خلاف جو چیخ و پکار مچ رہی ہے وہ بالکل قدرتی ہے۔ کیونکہ کانگریس نے تیس چالیس سال سے جس خیال کی تبلیغ کی آج اسی خیال کی مخالفت کر رہی ہے۔ [illegible] اور بہت وقت ہے [illegible] صوبہ بندی کی مخالفت کرنی چاہیے اور اس معاملے میں [illegible] اور دستور ساز اسمبلی کی حمایت کرنی چاہیے

عرب میں امریکن ڈالر

شام کے وزیر اعظم فارس الخوری نے امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ سے ملاقات کرنے کے بعد یہ اعلان [illegible] تیار ہے اور اس کی خواہش ہے کہ امریکن ڈالر وں سے شام اور دوسرے عرب ممالک بھی مالامال ہوں! جن یورپی ممالک کو امریکہ نے مالی امداد دی ہے ان کا معاملہ عرب ممالک سے بالکل مختلف ہے عربوں کو مالی امداد دینے کا مطلب اس کے سوا کچھ نہیں کہ مصر انگریزی فوج کے گھیرے میں رہے گا۔ سوڈان کو مصر سے جدا کیا جائے گا، شام اور عراق، برطانیہ اور امریکہ کے ہوائی اڈے بنیں [illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

افسوس ہے ہولی کی مبارک باد دینے میں ذرا دیر ہو گئی۔ اصل میں قصہ یہ تھا کہ ہم اپنے ہولی ٹور پر گئے ہوئے تھے۔ اس موقع پر ہم ہمیشہ ٹور پر نکل جاتے ہیں۔ یار دوستوں کی شرارت سے بچنے کا بس یہی ایک طریقہ ہے لیکن ہمیں خیال نہ رہا کہ ہندوستان آزاد ہو چکا ہے اور اب کے "ٹور" پر نکلنا اپنے آپ کو اور زیادہ مصیبت میں ڈالنا ہے۔

یہ ہولی کیا ہے شاید آپ نہیں جانتے کہتے ہیں ملتان کے راجہ ہرنیہ کشیپ کی بہن کا نام ہولکا تھا۔ جب ہرنیہ کشیپ نے خدائی کا دعوی کیا تو اس کے بیٹے پرہلاد نے اس کی خدائی سے انکار کیا جس پر اسے طرح طرح کی تکلیفیں دی گئیں۔ کہا جاتا ہے ہولکا کو دیوتاؤں نے ایک بر دیا تھا اور وہ یہ کہ آگ اسے نہ جلا سکے گی۔ بھائی کے کہنے پر وہ پرہلاد کو گود میں لے کر ایک گرم تنور میں کود پڑی اس کا خیال تھا کہ پرہلاد جل جائے گا اور وہ زندہ نکل آئے گی لیکن وہ خود جل کر راکھ ہو گئی اور پرہلاد زندہ سلامت رہا۔ بس یہی وہ واقعہ ہے جس کی یاد میں یہ ہولی منائی جاتی ہے۔

ترقی پسند لوگ شاید اس خیال سے اتفاق نہ کریں اور کہیں کہ ہولی اس یادگار کی وجہ سے نہیں منائی جاتی بلکہ اس لئے منائی جاتی ہے کہ اس موقع پر بہار کا موسم شروع ہوتا ہے اور بہار کے موسم کی آمد کی خوشی میں رنگ رلیاں منانا اور کھیلنا کودنا ایک قدرتی بات ہے۔

جو کچھ ہو بہر حال یہ تہوار ہنسنے کودنے اور کھیلنے کا تہوار ہے۔ پرہلاد کے بچنے کی خوشی میں کھیلا کودا جائے یا موسم بہار کی آمد کی مدہوشی میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا اس لئے ہر آدمی یہ جانے بغیر کہ وہ کس لئے کھیل کود رہا ہے دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو کر کھیلتا کودتا ہے۔ [illegible] اس راہ میں کوئی قانون اور کوئی بندش بھی اسے اس کے ارادہ سے نہیں روک سکتی۔ یقین نہ آئے تو کوتوالی کے رجسٹر جا کر چیک کر لیجئے کہ "ممنوعہ دن" (دہلی میں ایک ہفتہ میں ایک دن شراب کی فروخت کرنے کی ممانعت ہے) ہونے کے باوجود دارالسلطنت ہند کے کلالوں کے کیسے مزے رہے۔

کہتے ہیں انسان دو موقعوں پر ایسا ہو جاتا ہے کہ اسے خود اپنی خبر نہیں رہتی۔ ایک اس [illegible] اور جہاں یہ دونوں "موقعے" ملیں تو پھر بے خودی اور مدہوشی کا کیا ٹھکانا۔ مگر یہ دونوں موقعے ہمیشہ حاصل تھے اس سال "آزادی" نے ایک اور "موقع" پیدا کر کے سونے پر سہاگے کا کام کیا چنانچہ لوگ اپنی ہولی میں ایسے مست ہوئے کہ یہ بھی بھول گئے کہ

وہ انسان ہیں یا کچھ اور۔ خوشی اور مستی میں ایسا ہی ہوتا ہے۔

کلکتہ میں پاخانہ کے بم پھینکے گئے۔ دہلی میں یہ "جنگی نمائش" تو نہیں ہوئی لیکن انڈے اور ٹماٹر خوب چلے۔ بعض لوگوں نے گوبر، کیچ اور گارے سے بھی اپنے دل کو ٹھنڈا کیا اور [illegible] نے اپنی خوشی کو دوسروں کی ٹوپی اچھلنے یا سر بازار ان کے کپڑے اتارنے تک محدود رکھا پھر شاید اس سے بھی آگے بڑھے مگر خوشی کا یہ سب نشہ صرف دن چڑھا اور جوں جوں شام ہولی پر اترتا گیا۔ اور دارالسلطنت پھر اصلی حالت پر لوٹ آیا۔

لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ سب معاملوں میں دارالسلطنت کی پیروی کی جائے۔ دہلی والے ہولی کی رنگ رلیاں ایک دن میں ختم کر سکتے ہیں تو کانپور کے لوگوں پر یہ فرض نہیں ہے کہ وہ بھی ایسا کریں۔ ایک دن میں نہ تو سب کو نہلایا جا سکتا ہے اور نہ کام آنے والی چیزوں کی صورتیں بگاڑی جا سکتی ہیں۔ اس کے لئے کئی دنوں کی ضرورت ہے اس لئے ہولی اور رنگ رلیاں بھی کئی روز چلیں گی۔

تاہم کانپور والے بھی دلیر نہیں کہے جا سکتے بے شک انھوں نے ہولی کھیلی۔ اور ریل گاڑیوں بسوں، تانگوں اور موٹروں کی اچھی خاصی "مرمت" کی لیکن ان کی ہولی بھی پھر نقلی ہولی ہی رہی اس لئے کہ نہ تو انھوں نے سیاح کو ہولی کھلائی اور نہ نقلی لال رنگ کے ساتھ اصلی سرخ رنگ چلا البتہ سہارنپور اور بجے پور قابل مبارکباد ہیں کہ انھوں نے یہ کمی پوری کر دی اور اصلی سرخ رنگ کی ہولی کھیل کر آزاد ہند کی "لاج" رکھ لی۔ بھلا وہ بھی کوئی تہوار ہے جس میں دس بیس آدمیوں کا خون نہ بہے۔ آخر یہ ہمارے تہوار اور ہم کس کام کی دوا۔ سال میں ایک موقع ملتا ہے اور اس ایک موقع پر بھی ہم ہاتھ پیر نہ چلائیں بڑی بزدلی ہے یہ۔

سہارنپور تو خیر ایک مرتبہ پہلے بھی تاریخ میں اپنا نام "روشن" کر چکا ہے البتہ بجے پور کا یہ پہلا موقع ہے۔ اس لئے وہ ڈبل مبارکباد کا مستحق ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مہاراجہ بجے پور بھی آزاد ہند کی لکھی جانے والی تاریخ میں اب ان کا نام لکھے سے نہیں رہے گا۔ علاوہ ازیں اب ہندوستان کی سب سے بڑی یونین کے راج پرمکھ بننے کے بعد بھی ان کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں رہی۔ ان لوگوں نے جو اصلی یا نقلی ہولی کا شکار ہوئے [illegible] صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ وہ گھبرائیں اور ان دو شعروں کو پڑھا کریں۔

دنیا بدلتی ہی رہی اور عمل بھی بچھا ہی رہا
طاقت اکثر بالی ہی رہی کمزور بچھا ہی رہا
عصیاں و تقوی میں یہاں ہر عہد میں ہے کشمکش
شیطان پھنساہی رہا ایمان بچھا ہی رہا

"اپوزیشن کو پارلیمنٹ کے اندر وقعت کے لئے جگہ دی جاتی ہے [illegible] جاتی ہے۔ اپوزیشن اور حصہ پولیس کے محکمے کو ہدایت ہوتی ہے کہ وہ اپوزیشن لیڈر کی ہر وقت حفاظت کرے۔ اور ہر بڑے قومی معاملے کا فیصلہ کرتے وقت اپوزیشن لیڈر سے مشورہ لے لیا جاتا ہے۔ لیکن ہندوستان میں اپوزیشن کی ضرورت ہی نہیں سمجھی جاتی حال میں جب پارلیمنٹ میں ہندوستان کی آزادی کا بل آیا تھا تو مسٹر اٹیلی نے [illegible]

[illegible] پہلی دفعہ [illegible] کی طرف مائل ہو جائے گی اور بہ ایک [illegible] برسر اقتدار حکومت کے کان گرم کرتا رہتا ہے اور اسے غلط راستے پر چلنے کے لئے تازیانہ لگاتا رہتا ہے۔ کچھ دنوں کے بعد حکومت میں کمزوری آ جاتی ہے۔ عوام اس سے بھی نالاں ہو جاتے ہیں اور اپوزیشن لوگ اس کو منجدھار کر دیتے ہیں۔ پھر اپوزیشن پارٹی گورنمنٹ پارٹی کی [illegible]

ہولی کی رنگ رلیاں

مغربی بنگال کے وزیر اعظم نے کنارہ کے فساد کے سلسلہ میں اعتراف کر لیا کہ فساد ہندوؤں کی بے احتیاطی سے ہوا اور جب مزاحمت کی گئی تو کئی سو ہندوؤں نے مسلمانوں پر حملہ کر کے ان کے مکانات کو نقصان پہنچایا اور وزیر اعظم نے فرمایا کہ ہولی منانے والوں نے مسلمانوں پر رنگ ڈالا اور تصادم ہونے کے بعد پولیس نے آ کر حالات پر قابو حاصل کیا، سوال یہ ہے کہ جس وقت ہولی منانے والے مسلمانوں پر رنگ ڈال رہے تھے تو پولیس کھڑی کیا کر رہی تھی یہی سوال دہلی، لکھنؤ، مراد آباد، میرٹھ، بنارس اور دوسرے شہروں کی پولیس کے متعلق بھی کیا جا سکتا ہے کہ رنگ ڈالتے وقت اس نے اپنا فرض کس طرح انجام دیا! یہ ظاہر ہوا کہ فساد کے بعد پولیس نے حالات پر قابو حاصل کیا مگر فساد کے اسباب کو روکنے کے لئے اس نے کچھ نہیں کیا! حکومت ہند سے ہمارا مطالبہ ہے کہ وہ اس منظم شرارت کی تحقیقات کرائے اور پولیس کے محکمہ سے دریافت کرے کہ عین شرارت کے موقعہ پر وہ کھڑی کیا کر رہی تھی! حیرت ہے کہ ہندوستان کے اکثر شہروں میں یہ سب کچھ ہوا، مگر پولیس کی طرف سے کسی مستعدی کا اظہار نہیں کیا گیا۔

حیدرآباد کے مسلم ملازمین کی مشکلات اور پناہ گزینوں کے مصائب

اسمبلی میں قاضی سید کریم الدین صاحب کی تقریر

نئی دہلی۔ ہند پارلیمنٹ میں ریاستی محکمہ کے مطالبات کی عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے گذشتہ ۱۸ مارچ کو جناب قاضی سید کریم الدین صاحب نے ریاست حیدرآباد کے مسلم ملازمین کی حالت پر تشویش کا اظہار کیا۔ اور کہا کہ اس میں شک نہیں کہ ریاست [illegible] حکومت ہند نے فرقہ وارانہ تحریک کو ختم کر دیا ہے [illegible]

قاضی کریم الدین صاحب نے اپنی تقریر کے آخر میں کہا میں حیدرآباد کے فوجی گورنر مسٹر چودھری کی بے غرضانہ اور مخلصانہ جذبات اور غیر فرقہ وارانہ طرز عمل کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ ان کے زبردست کیرکٹر کا نتیجہ ہے کہ حیدرآباد شہر کے مسلمان بالکل محفوظ ہیں اس کے لئے میں وزارت ریاست کو مبارکباد دیتا ہوں۔ فوجی گورنر کے غیر فرقہ وارانہ طرز عمل ہی کی بدولت ریاست حیدرآباد میں امن بحال ہو سکا ہے۔"

عنوانات:

قاضی صاحب کی پوری تقریر حسب ذیل ہے:۔

جناب ڈپٹی اسپیکر صاحب!

میں اس بات کا انتظار کرتے کرتے تھک گیا تھا کہ مجھے تقریر کرنے کی اجازت دی جائے۔ [illegible]

الکثریت کا حصہ

[illegible]

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ نظام جو حکومت کا انتظام کر رہا تھا اور جس کی اجازت اور رضامندی سے تمام علاقہ پر حکمرانی ہو رہی تھی وہ تو آج برسر اقتدار ہو اور وہ لوگ جو اس کے ماتحت تھے اور اس کے احکام کی بجا آوری میں مصروف تھے ان کو برطرف کیا جائے۔

دوسری قابل توجہ امر

[illegible]

ہندو مسلمانوں کی بحالی

[illegible]

[illegible]

دہلی میں جرائم کی تعداد میں اضافہ ہو گیا

نئی دہلی ۲۲ مارچ۔ کل سردار پٹیل نے ہند پارلیمنٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت نے لائق علی کابینہ کے تین ممبروں نواب فضل نواز جنگ، مسٹر عبدالحمید خاں اور مسٹر [illegible] لال کو رہا کرنے کا فیصلہ کیا۔ مسٹر کامتھ نے سوال کیا کہ کیا لائق علی وزارت نے حیدرآباد میں پولیس ایکشن کی تکمیل سے قبل ضروری کاغذات کو ضائع کر دیا تھا۔

سردار پٹیل: ہمیں تمام عقلمند آدمیوں سے ایسی ہی امید رکھنی چاہیئے۔ (قہقہہ)

سردار پٹیل نے مسٹر [illegible] کے سوال کے جواب میں [illegible] کی تعداد میں کافی اضافہ ہو گیا ہے۔ اضافہ صرف چوری وغیرہ کی وارداتوں میں ہوا ہے۔ قتل وغیرہ کی وارداتوں میں معتدبہ کمی واقع ہوئی ہے۔ خطرناک مجرموں کی گرفتاری کے لئے اسپیشل پولیس مقرر کر دی گئی ہے۔ رات کو پولیس کے گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ پاکستان سے آنے والے مجرموں کی فہرستیں بنائی جا رہی ہیں۔

حیدرآباد کا پروپیگنڈہ

مسٹر جابر [illegible] نے سردار پٹیل کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی کہ حیدرآباد کے حق میں پروپیگنڈہ کرنے کے عوض دہلی کے کچھ اخباری نمائندوں کو روپیہ دیا گیا تھا۔ سردار پٹیل نے اس سلسلہ میں تحقیقات کا وعدہ کیا۔ مسٹر [illegible] نے بتایا کہ ان اخبارات کو عارضی طور پر سرکاری اشتہارات دینا بند کر دیا گیا ہے۔ ان کا نام ابھی نہیں بتایا جا سکتا کیونکہ ان کے معاملہ پر غور ہو رہا ہے۔ حکومت ملک میں چھپنے والے کسی بھی اخبار یا رسالہ کو امداد نہیں دیتی۔

نقراشی پاشا کے قتل کے مقدمہ کی سماعت

قاہرہ ۲۱ مارچ۔ مصر کے سابق وزیر اعظم نقراشی پاشا کے قتل کے مقدمہ کی تحقیقات مکمل ہو چکی ہے۔ تحقیقات کے سلسلہ میں جن اشخاص کو حراست میں لیا گیا تھا قاتل کے سوا ان سب کو رہا کر دیا جائے گا۔ امید ہے کہ اس مقدمہ کی سماعت عنقریب ہی فوجی عدالت میں ہوگی۔ (گلوب)

ڈاک گاڑی پر ڈاکہ

پانچ اشخاص گرفتار

احمد آباد ۲۲ مارچ۔ ہفتہ کے دن ڈاک گاڑی پر جو ڈاکہ ڈالا گیا تھا اس سلسلہ میں احمد آباد پولیس نے پانچ آدمیوں کو گرفتار کیا ہے اس میں ایک سب انسپکٹر پولیس اور ایک کانسٹبل بھی ہیں۔ ڈاک گاڑی سے ۳۵ لاکھ روپیہ چرا لیا گیا تھا اس میں سے [illegible] ہزار روپیہ واپس مل گیا ہے۔

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف پندرہ یوم میں ہی بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتے ہیں۔ قیمت فی کتاب مع محصول ایک روپیہ۔ پانچ کتابوں کی قیمت مع محصول ڈاک تین روپیہ [illegible]

لب المجربات

[illegible]

پتہ

منیجر شاہی طب [illegible] دہلی

ٹیکسوں کی مرکزی اور صوبائی پالیسی میں کوئی یکسانیت نہیں ہے

ہند پارلیمنٹ میں بجٹ پر بحث، ممبران کی سخت نکتہ چینی

نئی دہلی ۲۲ مارچ۔ کل ہند پارلیمنٹ میں جبکہ وزیر خزانہ کی اس تحریک پر کہ فائنینس بل کو چیدہ کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے دوبارہ بحث شروع ہوئی پیچھے کی بنچوں پر بیٹھنے والے ممبروں کا دن تھا۔ مسٹر ایچ وی کامتھ نے تجویز کیا کہ کمیونزم کے خلاف مؤثر دفاع کرنے کے لئے کم از کم ملک کے کچھ علاقوں میں جبری فوجی بھرتی نافذ کی جائے اور کمیونزم کے پھیلاؤ کے اسباب کی تحقیقات کرنے کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے۔ دوسرے مقرروں نے بھی کمیونسٹ خطرہ کا خاتمہ کرنے کے لئے مختلف تجاویز پیش کیں۔

بالودام کرشن سنگھ نے کہا کہ جب تک ملک میں کنٹرول باقی رہیں گے اس وقت تک قیمتیں کم نہیں ہو سکتیں۔

پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے کہا کہ آزادی میں اضافہ صوبہ پرستی اور ذات پات کا طریقہ ان تین چیزوں کو ختم کر دینے کی ضرورت ہے۔

ڈاکٹر پنجاب راؤ دیشمکھ نے دیہاتی مدرسوں اور بنیادی تعلیم کی اسکیموں کو دھوکا قرار دیا، اور کہا کہ یہ اسکیمیں کامیاب ہونے والی نہیں۔

مسٹر جسپت رائے کپور نے پناہ گزین ٹیکس [illegible] کرسیوں کو معاوضہ دیا جائے۔

مسٹر سی۔ سبرامانیم نے کہا کہ مرکزی اور صوبائی ٹیکس پالیسیوں میں کوئی اشتراک نہیں ہے۔

مسٹر لکشمی نرائن ساہو نے کہا کہ حکومت ہند پاکستان کے ساتھ جو مفاہمت طے کر رہی ہے وہ بہت تیز ہے لیکن پاکستان کا رویہ یہ نہیں۔

مسٹر کے۔ ٹی۔ پاٹل نے کسانوں کو قرضے کے بارے سے نکالنے کے لئے سخت قدم اٹھانے پر زور دیا۔ شری تی کمسلا چودھری نے کہا کہ حکومت کو ہندوستانی [illegible]

مطابق نئے سرے سے منظم کیا جائے۔ دونوں ڈومینینوں میں مہاجرین کی جائدادوں کی فروختگی اور تبادلہ کا انتظام سرکاری سطح پر کیا جائے۔ جائدادوں کی صحیح قیمت لگانے کے لئے ایک انٹر ڈومینین بورڈ قائم کیا جائے۔ ٹیکسوں کے اثرات کی تحقیقات کے لئے ایک ریسرچ کمیٹی بنائی جائے۔ (۲) پیداوار کی مناسب قیمت متعین کرنے اور منڈیوں کے اچھے انتظامات کے لئے قانون بنایا جائے۔

صنعتی مالی کارپوریشن کی لائنوں پر ایک زراعتی مالی کارپوریشن قائم کیا جائے جو ٹریکٹر اور دوسرے زرعی اوزار [illegible] خریدنے میں امداد دے۔

ڈاکٹر متھائی نے کوئی جوابی تقریر نہیں کی اور بتایا کہ انہوں نے اپنی مالی بجٹ کی تشریح کے ایک بجٹ کی تقریر میں کر دی ہے اور ایوان اس پر بحث کر چکا ہے۔ تحریک پر آج بھی بحث جاری رہے گی۔

مشرقی پنجاب ریلوے کیلئے راجپورہ میں ورکشاپ بنایا جائے گا

دہلی۔ ۲۱ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب ریلوے [illegible] ورکشاپ کے کام کا مطالعہ کرنے آئے ہیں۔ توقع کی جاتی ہے کہ نیا ورکشاپ یورپین ممالک کے ماڈل پر تیار کیا جائے گا۔ [illegible]

سرکاری ملازموں کی تنخواہیں کم ہونا چاہئیں۔

دوران بحث میں ممبروں نے جو دوسری تجاویز پیش کیں ان میں حسب ذیل قابل ذکر ہیں۔

غیر طبقہ وارانہ سماج قائم کرنے کے لئے قدم اٹھایا جائے ملک میں امن و انتظام کی صورت حال کو عوام کی خواہشات کے [illegible]

چینی جنرل کی صدر کو اطلاع

نانکنگ ۲۲ مارچ۔ جنرل یہ [illegible] اور جنرل چانگ فاکوی بذریعہ ہوائی جہاز کینٹن سے نانکنگ آگئے ہیں۔ جنرل چانگ نے کہا کہ وہ صدر لی کو صدر مقام کوانٹنگ کے حالات کی اطلاع دینے کے لئے آئے ہیں۔ جنرل یہ نے اس اطلاع کی تردید کی کہ کوانٹنگ میں بغاوت پھوٹ پڑی ہے۔

اس برقعے کی پسندیدگی میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے

ترکی برقعے

پردہ نشین خواتین کا تحفہ!

مدیرہ "بانو" کی زیر نگرانی تیار کئے ہوئے یہ ترکی برقعے اعلی قسم کے ریشمی کریپ کے بنے ہوئے ہیں۔ ڈیزائن بٹن والا چسٹر نما اور باڈی کالر اور جھالر والی ہے۔ اوپر کے رومال گول اور چوکور ہیں! اصلی تارکشی کی بنی ہوئی آنکھوں کی جالیاں نقاب میں لگائی گئی ہیں، فی الحال کالے، سرخ، تربوزی، نیلے اور کریم کلر کے تیار کرائے گئے ہیں۔ اس برقعے کی قیمت اگر آپ گھر پر تیار کرائیں تو کم از کم ساٹھ روپے بیٹھے گی۔

دفتر "بانو" سے یہ برقعہ صرف چالیس روپے میں بھیجا جائے گا۔ محصول ڈاک علاوہ ہوگا۔ اسی ڈیزائن کے سوتی برقعے کی قیمت سولہ روپے ہوگی۔ رنگ نیلا، براؤن اور گلابی ہوگا۔

غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ یہ پیراشوٹ چھتریوں کے کپڑے کے بنے ہوئے نہیں ہیں، اپنے اطمینان کے لئے پہلے نمونہ منگا کر دیکھ لیں۔ انشاء اللہ کوئی شکایت نہ ہوگی۔ برقعہ پسند نہ آنے پر اگر اسی حالت میں بغیر استعمال کئے واپس کر دیا جائے، تو پوری قیمت مع محصول ڈاک واپس کر دی جائے گی۔

پاکستانی بہنوں کو قانونی مجبوریوں کی وجہ سے ابھی یہ برقعہ نہیں بھیجا جا سکتا۔ اس لئے نمونہ نہ منگائیں!

صرف یہ پتہ لکھ کر برقعہ طلب فرمائیے:۔

دفتر ماہنامہ "بانو" دہلی

(رسالہ "بانو" کا نمونہ مفت طلب کیجئے)

مشرقی پنجاب کی کابینہ میں توسیع نہیں ہو گی

وزیر داخلہ کی طرف سے ماسٹر تارا سنگھ کی سرگرمیوں کی مذمت

شملہ ۲۲ مارچ۔ آج مشرقی پنجاب اسمبلی میں ہوم منسٹر سردار سورن سنگھ نے اعلان کیا کہ حکومت ہر قیمت پر امن قایم رکھے گی۔ آپ نے ماسٹر تارا سنگھ کی سرگرمیوں کی مذمت کی۔

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب کیبنٹ میں توسیع کے تمام امکانات ختم ہو گئے ہیں۔ لیکن تا حال ردوبدل کا امکان باقی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے لالہ بھیم سین سچر کو اس فیصلے سے مطلع کر دیا ہے اور انہیں بتا دیا ہے کہ وہ ان کے گروپ سے ایک ممبر کو کیبنٹ میں لینے کے لئے تیار ہیں۔ اگر سچر گروپ رضامند ہو گیا تو موجودہ کیبنٹ میں سے ایک وزیر بدل دیا جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ آج اس سلسلے میں سچر گروپ کا اجلاس ہوتا رہا۔

لیکن آخری فیصلہ نہیں ہو سکا۔ آج مشرقی پنجاب اسمبلی میں جنرل ایڈمنسٹریشن کے مطالبات زیر بحث ایک تحریک تخفیف [illegible] بحث میں ممبران نے حصہ لیا اور حکومت کی پالیسی پر شدید نکتہ چینی کی۔ حکومت پر الزام لگایا گیا کہ وہ بڑے بڑے افسروں کے خلاف شکایات پر کان نہیں دھرتی۔ افسران کانگریسیوں کو بدنام کرنے کے لئے نئی کوششیں کرتے رہتے ہیں۔ اور حکومت ان سے باز پرس نہیں کرتی۔ یہی وجہ ہے کہ رشوت ستانی اور خویش پروری شب و روز بڑھ رہی ہے۔

ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے بحث کا جواب دیتے ہوئے ان تمام الزامات کی پرزور تردید کی۔ آپ نے فرمایا کہ حکومت رشوت ستانی کے انسداد کے لئے زبردست کوشش کر رہی ہے۔ [illegible] اس میں سب سے زیادہ عوام کا تعاون ضروری ہے [illegible] دربار صاحب گئے

اندر فائرنگ کا آپ نے فرمایا کہ حکومت کو دربار صاحب کی تقدیس کا پورا احترام ہے۔

سردار سورن سنگھ کی تقریر

سردار سورن سنگھ نے تقریر کرتے ہوئے ان الزامات کی تردید کی جو امن و قانون پر لگائے گئے تھے آپ کی تقریر کے دوران شریمتی ستیا دیوی نے مداخلت کرتے ہوئے کہا کہ ابھی آپ کی حکومت بچہ ہے سردار سورن سنگھ نے جواب میں کہا کہ مقام شکر ہے کہ حکومت بچہ ہے عورت نہیں اس پر شریمتی شنو دیوی نے اعتراض کیا کہ سردار سورن سنگھ نے کہا کہ آخر مائیں ہی بچوں کو راہ راست پر لا سکتی ہیں۔

ہوم منسٹر سردار سورن سنگھ نے اعلان کیا کہ حکومت صوبہ میں مضبوطی سے امن و امان قایم رکھنے کا تہیہ کئے ہوئے ہے خواہ اس کا قیام حکومت کے لئے غیر ہر دلعزیزی ہی کیوں نہ ہو آپ نے کہا کہ سنگھیوں، کمیونسٹوں اور ماسٹر تارا سنگھ کے پیروؤں کا مرکز یا کسی صوبہ میں امن و قانون کی قوتوں سے تصادم ایک ایسی بات ہے جو کہ ایک آزاد ملک کے جمہوری حالات سے مطابقت نہیں رکھتی۔ انتشار پیدا کرنے والے عناصر کو کڑا نیا انسداد ہوا کرنے کے لئے دیں۔ ڈاک اور تار کے محکموں کو ہم تار والوں پر بحث کر رہے ہیں اس اشتباہ پر دلیلیں دینا چاہیئے تقریر کو جاری رکھتے ہوئے سردار سورن سنگھ نے بیان کیا کہ حکومت نے اسلحہ کے لائسنس آزادانہ طور پر جاری کرنے کی پالیسی پر نظر ثانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ دیکھا گیا ہے کہ بعض حالتوں میں ان مراعات کا ناجائز استعمال کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر بھارگو نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ ملازمتوں میں فرقہ وارانہ تناسب کے متعلق ابھی تک کوئی آخری فیصلہ نہیں کیا۔

پاکستان نے کشمیر کمیشن کو اپنی صلح کی تجاویز بھیجدیں

آزاد کشمیر کی فوجوں کو توڑنے کے سوال پر عنقریب گفتگو ہو گی

نئی دہلی ۲۰ مارچ۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے کشمیر کی صلح کے بارے میں اتحادی کمیشن کو اپنی تجاویز بھیجدی ہیں۔ اور اب کمیشن ہند سے ایسی ہی تجاویز کا انتظار کر رہا ہے۔ جب کمیشن کے ایک ترجمان سے یہ سوال کیا گیا کہ کیا یہ صحیح ہے کہ حال ہی کمیشن ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے مطابق دونوں ملکوں کے درمیان صلح کا معاہدہ مرتب کرنے میں خاص کامیابی حاصل نہیں کر سکا تو آپ نے بتایا کہ کمیشن کا کام تسلی بخش طور پر جاری ہے اس ترجمان نے اس بارے میں کچھ بتانے سے انکار کر دیا کہ پاکستان نے خصوصاً آزاد کشمیر فوجوں کے توڑنے کے بارے میں کیا تجاویز پیش کی ہیں۔ لیکن آپ نے بتایا کہ کمیشن اس سلسلے میں جلد ہی دونوں ملکوں کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کا نیا سلسلہ شروع کر دے گا۔ آج کمیشن کی ایک مختصر سی نشست ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ کمیشن نے عارضی صلح کے فوجی اور سیاسی پہلوؤں پر حسب معمول بات چیت کی۔ نشست کی صدارت بلجیم کے مسٹر ہربرٹ وان ڈکا کرہوت نے کی۔ کمیشن کی جو سب کمیٹی چند دن قبل آزاد کشمیر میں نظم و نسق کے حالات کا جائزہ لینے گئی تھی وہ ہفتہ کو اپنی رپورٹ پیش کرنے کے لئے آ رہی ہے کشمیر میں صلح لائن کے دونوں طرف [illegible] اپنی رپورٹ پیش کرنے یہاں آئے تھے۔ وہ آج واپس جا رہے ہیں۔

ہندوستان فرقہ پرستی کے سامنے جھک گیا لیکن ہم اس کیلئے تیار نہیں ہیں

امرتسر میں شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر کی تقریر

امرتسر ۲۲ مارچ:۔ کل شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم کشمیر نے جلیانوالہ باغ میں ۵۰ ہزار کی حاضری میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کشمیر میں علاقائی ریفرنڈم نہیں ہوگا بلکہ اجتماعی ہوگا۔ آپ نے مزید کہا کہ غلط ہے کہ کشمیر کے مسلمان پاکستان کے حق میں ووٹ دیں گے، اگر ان کو پاکستان کا ساتھ دینا ہوتا تو اس وقت اچھا موقع تھا جب کہ پاکستانی فوجوں نے ریاست پر حملہ کیا۔ اور مہاراجہ بھی ہمیں چھوڑ گیا تھا۔ لیکن اس نازک دور میں ریاست کے مسلمانوں نے ریاست کو بچایا اور ہندوؤں کی بھی حفاظت کی جب ۱۹۴۷ء میں مسٹر جناح کشمیر گئے تو ہم نے ان کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا اور انھیں ناکام لوٹنا پڑا۔ آپ نے مزید کہا کہ ہندوستان فرقہ پرستی کے سامنے جھک گیا جس کی وجہ سے پاکستان بنا لیکن ہم فرقہ پرستی کے سامنے جھکنے کو تیار نہیں [illegible] اور کشمیر ہند کے ساتھ رہے گا۔ شیخ صاحب آج جالندھر جا رہے ہیں۔

لیڈی ماؤنٹ بیٹن بمبئی میں

بمبئی ۲۲ مارچ کل کاؤنٹس ماؤنٹ بیٹن لیڈی پامیلا ماؤنٹ بیٹن کے ہمراہ مالٹا جاتی ہوئی نئی دہلی سے یہاں پہنچیں۔ سانتا کروز کے ہوائی اڈہ پر لیڈی مہاراج سنگھ اہلیہ گورنر بمبئی اور وزیر اعظم بمبئی مسٹر بی جی کھیر اور برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر مسٹر گلبرٹ لیتھویٹ نے آپ کا استقبال کیا۔

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کوئی چھ ہفتہ ہوئے حکومت ہند کی دعوت پر کونسل امداد و بحالیات کا کام دیکھنے کے لئے آئی تھیں جو گذشتہ میں انہوں نے قائم کی تھی۔ اور دوران قیام بہت سے شرنارتھی مرکزوں کو دیکھا۔ دونوں ایک روز بمبئی میں قیام کریں گی اور گورنر بمبئی کی مہمان رہیں گی۔ آج شام کو وزیر اعظم [illegible] مالٹا روانہ ہو جائیں گی۔

حکومت عراق عرب لیگ سے الگ نہیں ہو رہی

قاہرہ ۲۱ مارچ۔ عراق کی عرب لیگ کے اجلاس سے غیر حاضری کے متعلق یہاں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت عراق لیگ سے علیحدگی اختیار کرلے گی۔ لیکن اس سلسلہ میں عراق کے قونصل خانے نے ایک بیان کے ذریعہ اس کی تردید کر دی۔ ان خبروں کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حکومت عراق اس اسکیم کو نافذ کرنا چاہتی ہے۔ جس میں یہ کہا گیا ہے کہ تمام [illegible] کی ایک بڑی ریاست بنائی جائے۔ جب اس اسکیم کے متعلق حکومت عراق کے نظریہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو قونصل خانے کے ایک ترجمان نے کہا کہ عرب لیگ کے اغراض و مقاصد [illegible] نمائندہ کو بتایا کہ عراق نے عرب لیگ سے علیحدگی اختیار کرنے کے سلسلہ میں کبھی ارادہ ظاہر نہیں کیا۔

میجر جنرل چودھری دہلی میں

بعض اہم معاملات پر مشورہ

سکندرآباد ۲۳ مارچ۔ حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری اور سول منتظم مسٹر ڈی۔ ایس۔ باگلے بذریعہ ہوائی جہاز دہلی کو روانہ ہو گئے۔

معلوم ہوا ہے کہ ان کو بعض اہم مشوروں کے لئے دہلی بلایا گیا ہے وہ ۲۴ مارچ کو حیدرآباد واپس چلے جائیں گے [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر جماعت کے دستخط اور مختصر آنی چاہئیں اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

وفد جمعیۃ ضلع سورت میں

سورت [illegible] جمعیۃ علماء ہند کا شورت [illegible] جامعۃ العلوم اشرفیہ میں جمعیۃ کی پالیسی کی وضاحت فرمائی۔ [illegible]

[illegible] مولانا [illegible] صاحب [illegible] جمعیۃ علماء [illegible] صاحب نے نہایت بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ سورت [illegible]

کیا کہ جن کسی کو سوالات یا اعتراضات ہوں [illegible] اجازت ہے چند منٹ کی خاموشی کے بعد یوسف انصاری [illegible] سوالات کئے۔

(۱) اگر مسلمان جمعیۃ علماء میں شریک نہ ہوئے تو کیا نقصان ہوگا؟ (۲) بعض سکولوں میں آجکل مذہبی تعلیم دی جاتی ہے اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے (۳) فرقہ پرستی مٹانے کیلئے نشستوں کے تحفظ کا اصول صحیح ہے یا نہیں؟ اس کے جواب میں ان سے کہا گیا۔

(۱) اگر مسلمان سیاسی حیثیت سے جمعیۃ میں شریک نہ ہوں تو انہیں کوئی نقصان نہیں [illegible]

(۲) سکولوں میں مذہبی تعلیم [illegible] نہیں چاہئے۔ حکومت کی مشکلات کا ہمیں علم ہے مسلمانوں کو چاہئیے کہ وہ مذہبی تعلیم کا خود ہی انتظام کریں۔ دستور ساز اسمبلی تمام مذاہب کو یہ حق دیتی ہے کہ کوئی بھی فرقہ اپنی مذہبی تعلیم کے لئے سکول اور کالج قائم کر سکتا ہے۔

(۳) جمعیۃ خود مسلمانوں کے نشستوں کے تحفظ کا [illegible] [illegible] بیٹھنے والی قوم کبھی ترقی نہیں کر سکتی۔ انسان کو چاہئیے کہ اپنی اخلاق برتری سے لیاقت، قابلیت سے ترقی حاصل کرے۔ [illegible]

راحت گڈھ

[illegible]

مولانا [illegible] چودھری احمد حسن صاحب صدر، محمد صدیق قریشی نائب صدر [illegible] [illegible]

جاپان کو کچے لوہے کی برآمد

نئی دہلی [illegible] مارچ۔ گذشتہ سال ہندوستان اور جاپان میں جو تجارتی پلان طے ہوا تھا۔ اس کے مطابق ہندوستان جاپان کو کچا لوہا بھیجنے کے لئے [illegible] [illegible]

جاپان میں ہندوستانی تاجروں کا داخلہ

نئی دہلی [illegible] مارچ۔ تجارتی اغراض کیلئے جاپان جانے والے ہندوستانیوں کی درخواستوں پر [illegible] [illegible]

ہندوستانی چائے کی مانگ

[illegible]

ٹیکسٹائل کے کارخانہ داروں کا وفد

[illegible]

بجلی کے نرخ بڑھا دیئے جائینگے

ناگپور [illegible] مارچ۔ سی۔ پی۔ کے صنعت و حرفت کے وزیر [illegible] اسمبلی میں ایک بل پیش کر رہے ہیں جس کی رو سے بجلی کے نرخ ایک آنہ فی یونٹ یکم اپریل سے بڑھا دیئے جائیں گے [illegible] (گلوب)

سی پی میں ایک اور نیا ٹیکس

[illegible]

مولانا عبدالحمید اعظمی کا دورہ

[illegible]

مدرسۃ العلوم خلیلیہ ٹونک میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سالانہ جشن

حکیم ظہیر احمد برکاتی مولانا فضائی اور ڈاکٹر پی دی جیندرا کی تقاریر

ٹونک [illegible] حسب دستور قدیم اس سال بھی سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا عظیم الشان جلسہ مدرسۃ العلوم خلیلیہ میں منعقد ہوا۔ جلسہ گاہ کو شامیانوں اور قناتوں نیز بجلی کی روشنی سے مزین و آراستہ کیا گیا تھا۔ عورتوں کے لئے خاص طور پر پردہ کا انتظام تھا۔ جلسہ میں مسلمانوں کے علاوہ معزز غیر مسلم حضرات نے بھی شرکت کی [illegible] غیر مسلم حضرات نے بھی شرکت کی [illegible] [illegible]

جلسہ زیر صدارت [illegible] صاحبزادہ [illegible] منعقد ہوا۔ [illegible] قاری امیر احمد صاحب برکاتی نے تلاوت کلام پاک فرمائی۔ [illegible]

اور کہا کہ مسلمان ہیں۔ مسلمانوں کو چاہئیے کہ وہ اپنے پیغمبر کی بتائی ہوئی باتوں پر پورے طور پر عمل کریں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک عالمگیر اخوت و مساوات کا پیغام دنیا میں لائے تھے۔ جس کی آج بڑی سخت مانگ اور [redacted]

[illegible]

مولانا فضائی نے سیرت رسول پر بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ آپ نے تقریر کے آغاز میں فرمایا کہ آج کے جلسہ سیرت میں یہ بتا دوں کہ ان جلسوں کا ٹونک میں آغاز کیونکر ہوا۔ [illegible]

[illegible]

ڈاکٹر پی وی جیندرا

[illegible]

قرآن پاک بھی اسی اللہ کی نازل کی ہوئی ایک مقدس کتاب ہے [illegible] مسلمانوں کے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے سچے پیغمبر تھے اور آپ کی تعلیمات بھی سچی تھیں۔ [illegible]

معاہدہ اوقیانوس کسی بھی حملے کے خلاف زبردست تحفظ ہے

اس کی رو سے جنگ کے شروع ہونیکا امکان ہی نہیں رہتا

معاہدہ کی توضیحات۔ امریکی نمائندے کا بیان

واشنگٹن [illegible] مارچ۔ امریکہ کے سیاسی رہنماؤں میں شمالی اوقیانوس کے تحفظ کا معاہدہ مکمل ہو چکا ہے اور اعلان ہے کہ [illegible] اس کی توقع ہے۔ اس معاہدہ کا مقصد امن عامہ کی ضمانت دینا ہے۔ یہ معاہدہ ان امور میں کار آمد ثابت ہوگا جہاں اقوام متحدہ کی کونسل تحفظ ناکام رہی ہے۔

امریکہ کے سیاسی حلقے اس کی پوری حمایت کر رہے ہیں اور اس کا یقین ہے کہ سینٹ بھی اس کو منظور کر لے گی۔ امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ نے کہا ہے کہ تمام دستخط کرنے والے اس پر متفق ہیں کہ یہ معاہدہ [illegible] امریکہ نے اپنی خارجہ پالیسی میں سب سے زیادہ اہم کام بھی انجام دیا ہے۔

[illegible]

معاہدہ کا مقصد

[illegible]

مغربی برلن سے روسی سکہ کا اخراج

امریکی، برطانوی اور فرانسیسی فوجی گورنروں کا فیصلہ

پیرس [illegible] مارچ۔ سرکاری طور پر یہ اعلان کیا گیا ہے کہ مغربی مارک (جرمنی سکہ) کو مغربی برلن کا سرکاری سکہ تسلیم کر لیا گیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

حیدر آباد۔ ۲۱ مارچ۔ مصری اخبار نویسوں کا وفد حیدر آباد پہنچ گیا ہے انہوں نے نظام سے ملاقات کی جو دس منٹ تک جاری رہی۔ وفد کے ہمراہ حیدر آباد کے فوجی گورنر بھی تھے۔

[illegible]

چھینا جھپٹی کی واردات

[illegible]

نئے دستور پر ایک سرسری نظر

بقیہ صفحہ ۳

بہر حال ہمارے لیڈر یہ خاطر جمع رکھیں کہ ہم انہیں اقتدار کی کرسی سے ۹ تاریخ تک نہیں [illegible] نہیں [illegible] دیں گے۔

اقلیتیں

جہاں تک اقلیتوں کا تعلق ہے بلا شبہ انہیں مطمئن کرنے کے لئے دستور میں ہر قسم کی رعایت رکھی گئی ہے۔ بنیادی حقوق کو تسلیم کر کے ہر شخص کو اپنے عقیدے کی پیروی اور اپنے طریق پر عبادت کرنے کی آزادی دی گئی ہے، اور اُن کے کلچر، تمدن، مقدس مقامات اور آثار کی حفاظت کا ذمہ لیا گیا ہے اور اس خیال سے کہ کہیں یہ تمام باتیں محض کاغذی نہ رہ جائیں ان کا کوئی عملی پیرایہ ہو، اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے آفیسر بھی مقرر کئے جائیں گے اور ان کا تقرر یہ سرا قتدار پارٹی نہیں، بلکہ انڈین یونین کا صدر اعظم اور صوبوں کے گورنر [illegible] کریں گے۔

انتخاب کا طریقہ بالکل مخلوط رکھا گیا ہے، جو بہت زیادہ پسندیدہ ہے۔ لیکن اقلیتوں کے لئے نشستوں کا تقرر کر دیا گیا ہے۔ اور آبادی کے لحاظ سے ہر اقلیت کے لئے تقریباً ایک لاکھ آبادی پر ایک نشست مقرر کر دی گئی ہے۔ پھر اس کے علاوہ بھی اقلیتوں کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ مزید نشستوں سے کھڑے ہوں یعنی کسی مسلم یا کرسچین سیٹ سے کوئی ہندو تو کھڑا نہ ہو سکے گا، اور ان نشستوں پر مسلمان کے درمیان، اور کرسچین کے درمیان مقابلہ ہوگا لیکن ووٹ مخلوط ہونگے۔ (باقی آئندہ)

دہلی [illegible] مارچ۔ [illegible] کمیونسٹ [illegible] پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے اس کے خلاف یہ الزام ہے کہ وہ مزدوروں [illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ...... ۲/۸/۰ روپیہ فی انچ کالم
پچاس انچ سے زیادہ ...... ۲/۰/۰ روپیہ فی انچ کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھیئے
منیجر سیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دار السلطنت

۲۳ مارچ ۱۹۴۹ء

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی روانگی

لیڈی ماؤنٹ بیٹن معہ اپنی لڑکی پامیلا ماؤنٹ بیٹن کے آج بذریعہ طیارہ بمبئی روانہ ہو گئیں وہاں سے وہ مالٹا چلی جائیں گی۔ ہوائی اڈہ پر سردار پٹیل نے ان کو خیر باد کیا پنڈت نہرو اور مس منی بین پٹیل بھی اس موقعہ پر موجود تھیں۔

کارخانہ میں چوری

حاجی محمد صدیق صاحب ساکن [illegible] کے زیورات بنانے کے ایک کارخانے کے مالک نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ان کے کارخانہ سے زیورات بنانے کے اوزار اور سامان چرا لیا گیا۔ ان سب کی مالیت تقریباً آٹھ سو روپے ہوتی ہے۔

مسافر کو لوٹ لیا

مسٹر [illegible] ایک شخص جو دہلی کی سیر کے لئے آیا ہوا تھا۔ اور یہاں [illegible] بازار میں ایک جگہ مقیم تھا۔ اور اس کا جوتی [illegible] سوٹ کیس میں اس کے کپڑے اور دوسرا سامان تھا۔

کمیونسٹ کارکن کی گرفتاری

ایک مقامی کمیونسٹ کارکن مسٹر [illegible] کو اتوار کے روز سبزی منڈی میں ایک جلسہ میں تقریر کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس جلسہ میں موصوف نے مزدوروں کو حکومت کے خلاف بھڑکایا تھا۔

دہلی کے نزدیک طغیانی کا خطرہ

دہلی ریلوے اسٹیشن سے پانچ میل کے فاصلے پر موضع جگت پور کے زمینداروں نے اس سال [illegible] کے آنے پر طغیانی کا خوف ظاہر کیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

او کھلے پر مچھلی کا شکار

عنقریب پھر اجازت ہو جائے گی!

دہلی کی مشہور مچھلی کی شکارگاہ عنقریب پھر مچھلی پکڑنے والوں کے لئے کھول دی جائے گی۔ [illegible]

اب تک یہ لائسنس حکومت یو پی جاری کرتی تھی، اور اس سے [illegible] ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی تھی۔ اب یہ لائسنس [illegible]

ہندستان میں ہیلی کاپٹر کی تیاری

کل حکومت ہند نے ایک فرانسیسی فرم سے معاہدہ کیا ہے کہ وہ ہندوستان میں [illegible] ایک رپورٹ پیش کرے۔

خیال ہے کہ یہ رپورٹ چھ ماہ میں پیش کر دی جائیگی۔ یہ بھی امید کی جاتی ہے کہ حکومت جلد ہی امریکن اور برطانوی فرموں سے بھی اسی قسم کا معاہدہ کرے گی۔ (اپ)

وزارت بحالیات میں چوری کی وارداتیں

وزارت امداد و بحالیات میں کئی مرتبہ معمولی معمولی چوریاں ہونے کے پیش نظر وزارت امداد و بحالیات کے اسسٹنٹ سکریٹری مسٹر [illegible] نے نئی دہلی پولیس میں شکایت کر دی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ چور کئی دن سے اپنے کام میں مشغول تھے آخری چیز جو انہوں نے چرائی ایک ٹیبل لیمپ تھا جو ایک افسر کی میز پر رکھا تھا۔

انفورسمنٹ پولیس کا چھاپہ

دہلی ۲۲ مارچ۔ آج ایک سب انسپکٹر انفورسمنٹ [illegible]

دہلی میں انتخابی فہرستیں

رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے ... قیمت فی شیشی ... روپیہ

طلا نمبر ۴۰

اس کے لگانے سے رگوں، پٹھوں اور ... میں نئی طاقت کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور عضو کی ساری کی خرابیاں ایک ایک کرکے دور ہوجاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی ... روپیہ

تصدیق

آپ کی جیون ... سے واقعی جیون ... [illegible]

ملنے کا پتہ:۔ دہلی دواخانہ نور گنج دہلی

رجسٹرڈ ڈی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۴ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۷۲ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۲ آنہ

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان سفر و مال کی بکنگ کا ذریعہ گپتا برادرز کارونیشن ہوٹل فتحپوری چاندنی چوک دہلی

شرق اردن کی حکومت

برن ۲۶ مارچ حکومت سوئٹزرلینڈ نے آج شرق اردن کی حکومت کو تسلیم کرلیا۔ (رائٹر)

کشمیر کے استصواب کی تیاریاں شروع ہوگئیں

کشمیر کمیشن نے سرکاری طور پر بیان شائع کردیا

کمیشن کو دونوں ملکوں میں سمجھوتہ کی پوری امید ہے

نئی دہلی ۲۷ مارچ۔ کشمیر کمیشن کے ایک بیان کے مطابق ان تیاریوں کو بتایا گیا ہے جو کشمیر میں استصواب رائے عامہ کے لئے کی جارہی ہیں۔ بیان میں سب سے پہلے آدم نمٹز کے تقرر کا ذکر کیا گیا ہے اور آخر میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ ابھی زبردست اختلافات موجود ہیں پھر بھی یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ دونوں ملکوں کی حکومتوں کے منظور کردہ اصولوں کی روشنی میں سمجھوتہ ہوجائے گا۔

بیان میں استصواب کی ضرورت پر ہندوستان اور پاکستان کی پابندیوں پر زور دیا گیا ہے۔ کیونکہ موجودہ مشکلات کے باعث استصواب کے متعلق شکوک پیدا ہوگئے تھے۔

اس سے پہلے ان تمام بیانوں میں جو کمیشن کی طرف سے شائع ہوتے تھے [illegible]

تحفظ کے صدر کو ایک خط میں تحریر کیا تھا کہ کشمیر میں امن و امان قائم ہوجانے پر وہاں کے عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ استصواب رائے عامہ کے جمہوری طریقے سے کریں گے۔ [illegible]

اسرائیل کو اقوام متحدہ کا ممبر بنالیا جائیگا

سکریٹری جنرل مسٹر ٹریگولی کا بیان

لیک سکسس ۲۶ مارچ۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹریگولی نے کل اخباری نمائندوں سے کہا کہ ان کے خیال میں اس امر کا قوی امکان ہے کہ جنرل اسمبلی کے آئندہ ہونے والے اجلاس میں اسرائیل کو اقوام متحدہ کا ممبر بنالیا جائے گا۔ مسٹر لی نے بتایا کہ خیال ہے اسمبلی کا اجلاس تقریباً چھ ہفتہ تک جاری رہے گا۔

مسٹر لی نے یہ بھی کہا کہ مجلس تحفظ نے جس نے اسرائیل کی درخواست کی تصدیق کی ہے اس سوال کو جنرل اسمبلی کے صدر ڈاکٹر ہربرٹ ایوٹ کے پاس بھیج دیا ہے۔ ڈاکٹر ایوٹ نے مجلس تحفظ کے صدر کو مطلع کیا ہے کہ وہ جلد از جلد اس سوال کو حل کریں گے۔

روڈس میں اسرائیل اور شرق اردن کی گفتگوئے مصالحت

اسرائیلی ڈیلیگیشن کا صدر مشورہ کرکے واپس آگیا

[illegible]

ملایا میں دہشت انگیزی کی وجہ سے آخر فروری تک ۲۰۰۸ ہلاک ہوئے

مرنے والوں میں دو ہندوستانی دہشت انگیز اور ۱۸ شہری بھی تھے

سنگاپور ۲۶ مارچ۔ کل کوالالمپور کے ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا کہ فروری کے آخر تک ۲۰۹ دہشت انگیز ہلاک کئے گئے [illegible]

عارضی صلح کی بات چیت

[illegible]

کمیونسٹوں نے چین میں پھر حملہ شروع کردیا

آنکنگ کے اہم فوجی مقام پر کمیونسٹوں کی شدید گولہ باری

[illegible]

انڈمان میں آبادکاری

[illegible]

برمی سفیر کی وزیر اعظم برطانیہ سے ملاقات

[illegible]

اقوام متحدہ کی تجویز پر ڈچ حکومت کا فیصلہ

حکومت ہالینڈ نے مجلس تحفظ کے سامنے سر جھکا دیا

[illegible]

حکومت چین صلح کا فارمولا تیار کرنے لگی

وزیر اعظم کے مکان پر چینی لیڈروں کی کانفرنس

نانکنگ ۲۶ مارچ۔ گذشتہ شب چینی لیڈروز وزیراعظم ہو چنگ چن کے مکان پر کابینہ کا صلح فارمولا مرتب کرنے کے لئے جمع ہوئے۔ توقع کی جاتی ہے کہ یہ فارمولا آئندہ دس روز کے اندر اندر باضابطہ گفت و شنید میں پیش کردیا جائیگا جو کمیونسٹوں سے شروع ہونیوالی ہے۔ [illegible]

ٹراونکور اور کوچین کا اتحاد

[illegible]

روس کے انتظامی امور میں ایک اور اہم تبدیلی

وزیر دفاع کو علیحدہ کرکے دوسرا شخص مقرر کردیا گیا

لندن ۲۶ مارچ۔ ماسکو ریڈیو نے اطلاع دی ہے کہ مارشل بلگانین کو وزیر دفاع کے عہدہ سے علیحدہ کردیا گیا ہے اور ان کے بجائے مارشل واسیلیوسکی کو مقرر کیا گیا ہے۔ [illegible]

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوب صورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منو فیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

اردو، ہندی، انگریزی اور لائن و ہاف ٹون یک رنگ او سہ رنگے بلاکوں کی بہترین دیدہ زیب چھپائی کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں منیجر نیو کیپیٹل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب وزیر دہلی

ضرورت ہے چند ایسے کنویسروں کی جو تنخواہ یا کمیشن پر کام کرسکتے ہوں اور پریس کے کام سے کافی تجربہ رکھتے ہوں۔ منیجر نیو کیپیٹل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب وزیر دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi 27-3-49

PHONE 5855

حکومت برما نے ایک اور شہر پر قبضہ کرلیا

مانڈلے کے علاقہ میں باغیوں کے خلاف نیا حملہ

رنگون ۲۵ مارچ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ مانڈلے سے ۹۰ میل جنوب میں میکٹیلا کے مقام پر برمی فوجوں نے دوبارہ قبضہ کرلیا ہے۔

کرین باغی تھازی اور میکٹیلا کے درمیان علاقہ میں واپس ہوگئے ہیں۔ حکومت کے ایک نمائندے نے بتایا ہے کہ حکومت نے کرین باغیوں کے خلاف مانڈلے کے علاقہ میں ایک نیا حملہ شروع کردیا ہے۔ یہ بھی دعوی کیا گیا ہے کہ اراودی کے ساحل کے ایک شہر [illegible] پر حکومت کی فوجوں نے دوبارہ قبضہ کرلیا ہے۔

برما کے ہوائی جہازوں نے مانڈلے کے اردگرد باغیوں کی پوزیشنوں پر زبردست بمباری کی۔

حکومت کے ایک نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ حکومت کرین باغیوں اور عوامی رضاکاروں سے علیحدہ علیحدہ مصروف جنگ ہے۔

"ہندو ہیضہ اور مسلمان ہیضہ"

کلکتہ ۲۵ مارچ۔ مغربی بنگال کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ کلکتہ میں پنی سلین بنانے کا کارخانہ قائم کیا جائے۔ اس امر کا انکشاف ڈاکٹر بی سی رائے نے بجٹ کی بحث کے دوران میں کیا۔ انہوں نے بتایا یہ اسکیم حکومت ہند کی منظوری کے لئے پیش کردی گئی ہے۔ اسلامی ہوسٹل کی گرانٹ کی بابت انہوں نے بتایا کہ فن طبابت میں فرقہ پرستی نہیں۔ پہلی ہندو ہیضہ اور مسلمان ہیضہ الگ الگ نہیں ہوئے۔

تین سال تک صنعتوں کی حفاظت کی جائے گی

ہند پارلیمنٹ میں وزیر تجارت مسٹر نیوگی کا بل

دہلی ۲۷ مارچ۔ آج مسٹر کے سی نیوگی نے ۱۸ صنعتوں کے تحفظ کا بل [illegible]

[redacted]

[illegible]

صوبہ دہلی کے دیہات میں مسلمانوں کی آبادی

دہلی حکومت کی مخلصانہ کوشش

(از قلم مولانا احمد سعید صاحب دہلوی)

صوبہ دہلی کے جو دیہات سے ۱۹۴۷ء کے گذشتہ فسادات کے باعث مسلمان نکل گئے تھے وہ کافی تعداد میں دوبارہ اپنے اپنے گاؤں میں بسائے جارہے ہیں۔ گورنمنٹ نے اس سلسلے میں جو مخلصانہ اور ہمدردانہ کوشش کی ہے وہ قابل ستائش ہے۔

ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے ان اجڑے ہوئے مسلمانوں کی امداد کے لئے اپنی جیب خاص سے [illegible] ہزار روپے عطا کئے تھے وہ ضرورتمندوں میں تقسیم کئے جارہے ہیں تاکہ وہ اپنے ٹوٹے پھوٹے مکانوں کو دوبارہ بسنے کے قابل بنا سکیں۔ [illegible]

[redacted]

واپس دلائی جارہی ہیں اور حکومت کی جانب سے ان کو تقاوی دی جارہی ہے تاکہ وہ اپنی زمینوں پر کاشت کرسکیں۔

تقاوی اور امدادی رقوم کی تقسیم جناب ملک [illegible] رام صاحب تحصیلدار کی نگرانی میں ہورہی ہے۔

جمعیۃ علماء کی طرف سے مولانا اخلاق حسین قاسمی صاحب اور خواجہ ہلال قطبی صاحب جناب تحصیلدار صاحب کی امداد کے لئے مقرر کئے گئے ہیں جو ان کے ہمراہ ہیں اور جناب تحصیلدار صاحب کو ضرورتمندوں کی ضرورت اور حاجت سے آگاہ کررہے ہیں۔

[redacted]

تعداد اشخاص جنھیں تقاوی دی گئی

[illegible]

تقاوی کی رقوم

[illegible]

مساجد کی مرمت کے لئے

[illegible]

چینی کمیونسٹ مئی سے قبل ہی دریائے یانگسی کو پار کرنیکی کوشش کرینگے

تین کمیونسٹ فوجیں دارالسلطنت سے صرف تیس میل کے فاصلہ پر

نانکنگ ۲۵ مارچ۔ نانکنگ کے ایک فوجی ترجمان نے کہا کہ دریائے یانگسی کے شمالی کنارے کے پاس [illegible]

ایشیا میں کمیونزم کے خلاف متحدہ سیاسی محاذ نہیں بنایا جاسکتا

امریکہ اور یورپ کے سیاسی حلقوں کی رائے

ٹوکیو ۲۵ مارچ۔ یونائیٹڈ پریس آف امریکہ کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے [illegible]

مشرق بعید کی موجودہ پوزیشن

[illegible]

مسز وجے لکشمی پنڈت امریکہ میں ہندوستانی سفیر مقرر کردی گئیں

امریکی حلقوں میں اظہار مسرت

[illegible]

مشرقی بنگال کا بجٹ سیشن

حزب مخالف کی نکتہ چینی

[illegible]

گوڈسے کی درخواست منظور

[illegible]

۱۰ اکالیوں کی رہائی

[illegible]

اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد

پاکستان کی طرف سے ناموں کا اعلان

[illegible]

بڑودہ میں کھدر کی صنعت کا مرکز

[illegible]

قدیم نباتات کی انسٹی ٹیوٹ

[illegible]

بچوں کی طاقت بڑھانیوالی مشہور دوا

بال بہار

اس کے استعمال سے بچوں کی ہڈی مضبوط ہوتی ہے۔ دانت خوبصورت مضبوط نکلتے ہیں دبلا پتلا بدن بھر کر سڈول ہوجاتا ہے۔

سب جگہ دوا فروش بیچتے ہیں

بال بہار فارمیسی دہلی

ریشمی کپڑا دس آنے گز

مشہوری کیلئے ایک ریشمی زنانہ سوٹ بالکل مفت دیا جاتا ہے

[illegible]

ریشمی کپڑے کے بیوپاری۔ رشیلا ٹریڈنگ کمپنی (A.J.D) کٹڑہ گھربت سنگھ امرتسر

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے سرگودھا کے مشہور

ڈاکٹر بالی

دانتوں کے

اولاد

آنکھوں کا نور پیارا بچہ چاہئے

اولاد

اتنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہئے

[illegible]

ستیہ وتی

چاندنی چوک دہلی فون ۶۸۵

کوٹھی ۲ بابر لین نئی دہلی فون ۸۶۴۶

تبادلہ جائداد

[illegible]

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل۔ اردو بازار دہلی

ہر دلعزیز پان بہار

نمونہ مفت

پان کھاتے وقت پان کھلاتے وقت

قیمت فی شیشی علاوہ محصول ڈاک

[illegible]

شرنارتھیوں کی امداد پر سولہ کروڑ روپیہ خرچ کیا گیا

وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ کا بیان

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ وزیر امداد بحالی مسٹر موہن لال سکسینہ کے جاری کردہ ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ ابھی تک آٹھ لاکھ سے زائد شرنارتھی کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔ ایک وقت ایسا بھی تھا کہ ملک بھر کے مختلف کیمپوں میں رہنے والے شرنارتھیوں کی تعداد دو لاکھ نوے ہزار تھی۔ اس وقت تک شرنارتھیوں کی امداد پر کل سولہ کروڑ کے قریب روپیہ خرچ کیا جا چکا ہے آگے چل کر مسٹر سکسینہ نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ بحالی کے سلسلہ میں حکومت کی کوششیں زیادہ کامیاب نہیں ہو سکی ہیں۔ کیونکہ ریلیف کیمپوں کے اندر خود غرضانہ عادات پیدا ہو گئے ہیں۔

بہرحال اب یہ ہے کہ چھ ماہ کے اندر اندر کیمپوں میں رہنے والے تمام جسمانی طور پر تندرست شرنارتھی فائدہ مند کاموں پر لگ کر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو جائیں گے۔ کیونکہ [illegible] علاوہ مختلف صوبوں اور ریاستوں میں کھولے گئے آشرموں میں پانچ ہزار لاوارث عورتیں اور بچے بھی ہیں۔ حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ ان عورتوں کو جلد از جلد اپنا گزارہ خود چلانے کے قابل بنا دیا جائے۔

مختلف صوبوں میں شرنارتھیوں کا ذکر کرتے ہوئے [illegible] فسادات اور باہر سے آئے ہوئے لوگوں کے بسائے جانے کے خلاف عام نفرت شرنارتھیوں کے بسائے جانے کے کام میں رکاوٹ ثابت ہوئے ہیں۔ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ شرنارتھی دور دراز کے شہروں اور صوبوں میں جانے کے لئے ابھی آمادہ نہیں۔

کیبنٹ کی کمیٹی

شرنارتھیوں کو پھر بسانے کے کام کو جلد کامیاب بنانے اور مرکز کی مختلف وزارتوں میں مزید تعاون پیدا کرنے کے لئے اب کیبنٹ کی ایک کمیٹی مقرر کر دی گئی ہے جس کے صدر وزیر اعظم پنڈت نہرو ہیں۔ ہر وزارت میں خاص افسر بھی مقرر کئے گئے ہیں۔ جو بحالی کے مسائل کو بلا تاخیر نمٹا سکیں۔

یہ بہت ضروری ہے کہ شرنارتھیوں کے دلوں سے ان کے مستقبل کے متعلق غیر یقینی حالت کا خاتمہ فی الفور کر دیا جائے۔ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ہر شرنارتھی خاندان کے رکن اعلیٰ کو فوراً بتا دیا جائے کہ اسے کہاں بسایا جا رہا ہے۔ اور کیا اسے ایک مکان یا مکان کی تعمیر کے لئے اپنا پلاٹ لینے کا حق ہے۔ اس وقت تک ڈیڑھ لاکھ کے قریب شرنارتھیوں کو رہائش کے لئے جگہ مہیا کر رہا ہے جہاں تک دیہاتی شرنارتھیوں کا تعلق ہے حکومت انہیں کاشت کے لئے زمینیں دینے کے علاوہ پہلی فصل تیار ہونے تک کے لئے روپیہ تقاوی دے رہی ہے شہری شرنارتھیوں کی حالت میں زمینیں اور سرمایہ تلاش کرنے کے علاوہ حکومت ہر خاندان کو ایک مکان لینے یا تعمیر کرنے میں مدد دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔

چھوڑی ہوئی جائیدادیں

جہاں تک شرنارتھیوں کی غیر منقولہ شہری جائیداد کی فروخت کا سوال ہے۔ حکومت جائیدادوں کی منصفانہ قیمت دلانے کی خواہش رکھتی ہے حکومت اس امر کا خیال رکھے گی کہ ہر دو ڈومینوں میں نکاسیوں کی جائیدادیں مناسب قیمتوں پر فروخت ہوں۔

مسٹر سکسینہ نے کہا کہ بین المملکتی کانفرنس میں جو کراچی میں ہوئی تھی ہم نے حکومت پاکستان زور دیا تھا کہ جائیداد کے تبادلہ کو حکومت کی سطح پر طے کیا جائے لیکن پاکستان نے ہماری یہ تجویز منظور نہیں کی۔ اس کے بعد ہم نے تجویز کیا کہ جائیدادوں کی خرید و فروخت اور تبادلہ کے سلسلہ میں غیر سرکاری ایجنسیوں کے علاوہ ایک سرکاری مشترکہ ایجنسی قائم کی جا سکتی ہے تو بھی پاکستان نے تسلیم نہیں کی۔ اس لئے اب ہم خود ایک ایجنسی قائم کر رہے ہیں [illegible]

نئے جہاز بنانے کا کام

عرصہ غیر معینہ کیلئے ملتوی

بمبئی ۲۵ مارچ۔ آج سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی کے مینیجنگ ڈائرکٹر مسٹر شانتی کمار مرار جی نے بتایا ہے کہ کمپنی نے وزیگاپٹم میں اپنے جہاز سازی کے یارڈ میں نئے جہاز بنانے کا کام غیر معین عرصہ کے لئے معطل کر دینے کا فیصلہ کر لیا ہے اور یارڈ کے تقریباً ساڑھے تین ہزار کاریگروں اور مزدوروں کو [illegible] دے دیا ہے۔ اس کمپنی کے بنائے ہوئے دو جہاز ”جل اوشا“ اور ”جل پربھا“ سمندر میں اتارے جا چکے ہیں۔ ”جل پرکاش“ اور ”جل [illegible]“ زیر تعمیر ہیں۔ اس وقت برطانیہ میں آٹھ ہزار ٹن کے جہاز کی تیاری پر ۴۰ لاکھ روپیہ خرچ آتا ہے۔ لیکن اس کے مقابلہ میں ہندوستان میں ایسا جہاز تقریباً ۶۵ لاکھ روپیہ میں تیار ہوتا ہے۔ کیونکہ ہندوستان میں یہ صنعت ابھی نئی ہے اور ان حالات میں ہندوستان میں بنے ہوئے جہازوں کے مالک ولایتی جہازوں کے مالکوں کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتے جب تک کمپنی کو قطعی طور پر یہ معلوم نہ ہو جائے کہ حکومت ہندوستانی جہازوں کے مالکوں کو ولایتی جہاز رانوں کے مقابلہ پر کھڑا ہونے کے [illegible] اطلاع کرتی آئی ہے [illegible] حکومت نے ابھی تک کوئی فیصلہ [illegible] کام بند کرنے پر مجبور ہو جائے گی۔ مسٹر شانتی کمار کمپنی کے جنرل منیجر مسٹر [illegible] کے ہمراہ کل دہلی آ رہے ہیں اور وزیر کامرس سے صنعت جہاز سازی سے متعلقہ مسائل پر بات چیت کر رہے ہیں۔

پنڈت نہرو مظفر پور میں

مظفر پور ۲۶ مارچ۔ پنڈت نہرو ۲ اپریل کو مظفر پور جائیں گے۔ دوران قیام میں وہ بہار صوبائی سیاسی کانفرنس کا افتتاح بھی کریں گے۔

ضلع مجسٹریٹوں سے اختیارات واپس لے لئے

لاہور ۲۶ مارچ۔ حکومت مغربی پنجاب نے ضلع مجسٹریٹوں سے غیر منقولہ جائیدادوں کے حصول کے اختیارات واپس لے لئے ہیں اب یہ اختیارات [illegible] کمشنروں کے سپرد کئے گئے ہیں [illegible]

کنٹرول ہیڈ کوارٹر کی منتقلی

جموں ۲۵ مارچ۔ [illegible]

سوراشٹر کے اساتذہ کا مطالبہ

راجکوٹ [illegible] سوراشٹر کے سکنڈری اسکول کے اساتذہ نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible]

روس نے ایران سے اپنے سفارتی تعلقات منقطع کر لئے

حکومت ایران کو بھی اپنا سفارت خانہ بند کرنے پر مجبور ہونا پڑے گا

واشنگٹن ۲۶ مارچ۔ نیم سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ روس ایران میں اپنے تینوں سفارت خانے بند کر رہا ہے پس منظر کی بنا پر یہ خبر ابھی تک ایران سے باہر نہ نکل سکی تھی۔ ڈپلومیٹک خبروں کے مطابق تبریز، مشہد اور ایران کے سفارت خانوں سے روسی سامان جانا شروع ہو گیا ہے۔ ان اطلاعات سے یہ ظاہر نہیں ہو سکا کہ روس مستقل طور پر ایران سے اپنے تعلقات منقطع کر رہا ہے۔ یہ اقدام اسی طرح عارضی ہے جو روس نے گذشتہ سال نیویارک میں ایک روسی ٹیچر کی واپسی کے بعد امریکہ کے خلاف اٹھایا تھا۔ سفارتی حلقوں میں یہ کہا جا رہا ہے کہ اگر روس نے مستقل طور پر تعلقات منقطع کر لئے تو پھر ایران کو روس کے اندر ماسکو میں اپنے واحد سفارت خانہ کو بند کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔

سیاسی حلقوں میں اس اقدام کی دو وجوہ بیان کی جا رہی ہیں۔ اول یہ کہ ایران کے امریکہ اور برطانیہ سے تعلقات ہیں۔ اور ان کے مقابلہ میں وہ روس کا ساتھ دینے کے لئے تیار نہیں۔ دوم روس غیر ممالک میں اپنے سفارت خانوں میں تخفیف کر رہا ہے۔ عام خیال ہے کہ روس کے اس اقدام سے حکومت ایران کوئی اثر نہیں لے گی۔ (دپ۔ ٹ مائٹر)

مسٹر ٹرگیو لی کا اعلان

لیک سکسس ۲۵ مارچ۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگیو لی نے ایک اعلان کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ صدر ٹرومین کی دوسری مصروفیات کی وجہ سے اقوام متحدہ کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب ملتوی کر دی گئی ہے۔ صدر ٹرومین نے واشنگٹن میں اعلان کیا تھا کہ کثرت کار کی وجہ سے وہ اس تقریب میں شرکت نہ کر سکیں۔

تخریبی کارروائیوں میں حصہ لینے والے ملازموں کو الگ کر دیا جائیگا

حکومت نے نئے قاعدے شائع کر دیئے

نئی دہلی ۲۶ مارچ۔ آج ۲۶ مارچ کو گزٹ آف انڈیا میں ایسے قواعد شائع کئے گئے ہیں جن کے ذریعہ سرکاری ملازمین کے اعتماد اور حکومت سے وفاداری پر یقین تک پہنچاتے ہوئے قومی معیار کا تحفظ مقصود ہے۔ ان کے [illegible] مرکزی حکومت کو اختیارات دے دئے گئے ہیں کہ اگر کوئی سرکاری ملازم تخریبی کارروائیوں میں حصہ لے یا ان سے اس کا تعلق [illegible]

ان قواعد کا اطلاق [illegible] ۱۹۴۹ء [illegible] ہوگا اسے وہ پنشن، معاوضہ یا [illegible] جو اسے ملازمت سے علیحدگی پر ملتا۔

لیکن ان قواعد کے مطابق کسی آدمی کو اس وقت تک الگ نہیں کیا جائے گا جب تک کہ اس کے ڈپارٹمنٹ کے ہیڈ افسر یا گورنر جنرل کو اس بات کا یقین نہ ہو جائے کہ اس آدمی کا سرکاری ملازمت میں رہنا قومی تحفظ کے مفاد کے خلاف ہے۔ جب اس قسم کی کارروائی ضروری ہو تو سرکاری ملازم کو تحریری طور پر نوٹس دیا جائیگا اور اسے اس بات کا معقول موقعہ دیا جائیگا وہ یہ وجہ پیش کرے کہ اس کے خلاف کارروائی کیوں نہ کی جائے جو صفائی پیش کرے گا اس پر آخری حکم سے قبل غور کیا جائے گا۔ یہ آخری حکم گورنر جنرل کی اجازت کے بغیر صادر نہیں کیا جائے گا۔ ان قواعد کے مطابق جو احکامات صادر کئے جائیں گے ان کے متعلق فیڈرل پبلک سروس کمیشن سے کوئی مشورہ نہیں کیا جائے گا۔

مدراس کا حیدرآباد سے مطالبہ: جان و مال کے نقصان کا اندازہ

مدراس ۲۶ مارچ۔ مدراس اسمبلی میں ایوان کے لیڈر مسٹر ریڈی نے کہا کہ حکومت مدراس نے حکومت حیدرآباد سے جان و مال کے اس نقصان کے معاوضہ کا مطالبہ کیا ہے جو پولیس اقدام سے قبل رضاکاروں کے ہاتھوں [illegible] صوبہ مدراس [illegible]

[illegible] سرحد [illegible] باشندے رضاکاروں کی زیادتیوں کا شکار ہوئے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ فی الوقت ان نقصانات کا انکشاف مفاد عامہ کے خلاف ہوگا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ اطلاع غلط ہے کہ حکومت مدراس نے مرکزی حکومت سے یہ درخواست کی تھی کہ ریاست کوچین کو صوبہ مدراس میں ضم کر دیا جائے۔

سوال:۔ کیا حکومت کو معلوم ہے کہ ٹراونکور اور کوچین کے باشندے دونوں ریاستوں کو صوبہ مدراس کے ساتھ ضم کرنے کے حق میں ہیں۔

جواب:۔ مرکزی حکومت کے زیر داخلہ دونوں ریاستوں کے عوام کی رائے سے واقف ہیں۔ اور اس سلسلہ میں ضروری اقدام کر رہے ہیں۔

دنیا کے لئے ایک عالمی حکومت

برطانوی پارلیمنٹ کے ایک رکن لیکچر دیں گے

نئی دہلی میں برطانوی دار العوام کے ایک رکن مسٹر ہینری اسبورن [illegible] پہنچ رہے ہیں۔ آپ دنیا میں فیڈرل گورنمنٹ کی تحریک کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور انگلستان عالمی حکومت کی پارلیمنٹری کمیٹی کے جنرل سکریٹری ہیں۔ ہندوستان میں مسٹر اسبورن پندرہ روزہ مختلف جگہ پر لیکچر دیں گے۔ آپ پنڈت نہرو اور دوسرے لیڈروں [illegible] پارلیمنٹ کے ممبروں کے سامنے ایک عالمی حکومت پر لیکچر دیں گے آپ اس کے بعد پاکستان جائیں گے۔

میجر جنرل چودھری کی واپسی

حیدرآباد پہنچ گئے

حیدرآباد دکن ۲۷ مارچ۔ میجر جنرل چودھری حیدرآباد کے فوجی گورنر اور سول منسٹر [illegible] کل صبح دہلی میں سہ روزہ قیام کے بعد حیدرآباد واپس پہنچ گئے۔ دہلی میں انہوں نے حکومت ہند کے رہنماؤں سے حیدرآباد کے بعض اہم انتظامی مسائل پر گفتگو کی۔ جن میں جاگیرداری اور نظام کے ذاتی اخراجات کا بھی سوال تھا۔

بھوپال کے مستقبل کا فیصلہ ہو گیا

مینن۔ نواب کامیاب گفتگو

بھوپال ۲۶ مارچ۔ حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کے [illegible] مسٹر مینن [illegible] بھوپال پہنچے [illegible] نواب صاحب سے ملاقات کی۔ دونوں میں [illegible] ملاقات ہوئی [illegible] مسٹر مینن نے کہا کہ [illegible] اور تمام معاملات پر سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ مسٹر مینن آج دہلی واپس آ رہے ہیں۔

بلجیم کی پارلیمنٹ کا اظہار افسوس

برسلز ۲۵ مارچ۔ بلجیم کی سینیٹ نے آج ہاتھ اٹھا کر ایک قرارداد منظور کی جس میں [illegible] کے اس فیصلہ پر اظہار افسوس کیا گیا ہے [illegible]

برمی فوجیں مانڈلے کے قریب پہنچ گئیں

میکنیلا میں کرین باغی محصور ہو گئے

رنگون ۲۶ مارچ۔ ایک سرکاری اطلاع میں جو یہاں پہنچی ہے بتایا گیا ہے کہ حکومت کی فوجیں امر پورہ [illegible] ہو کر شمال کی طرف بڑھتی چلی جا رہی ہے اور مانڈلے سے صرف چار میل دور رہ گئی ہیں۔ جس پر کرین باغیوں کا قبضہ ہے۔ ہوائی جہاز ان فوجوں کی حفاظت کرتے ہوئے ساتھ ساتھ پرواز کر رہے ہیں۔

مانڈلے کے جنوب میں میکنیلا کے مقام پر کرین باغی گھر گئے ہیں۔ حکومت کی فوجیں اس مقام پر دو طرف سے بڑھ رہی ہیں۔ اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ میکنیلا کے مقام سے کرین باغی [illegible] پر قبضہ کرنے کیلئے باہر نکل آئے تھے۔ لیکن حکومت کی فوجوں نے انھیں پسپا کر دیا۔ تانگو کے مقام پر برمی ہوائی جہازوں نے کرین باغی سپاہیوں کی دو گاڑیوں پر بمباری کی۔ تانگو [illegible] مقام ہے جس پر باغیوں نے ۲۷ جنوری کو قبضہ کر لیا تھا۔ حکومت کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ہوائی جہازوں نے [illegible] پر حملہ کیا [illegible] جنوب میں [illegible] کے مقام پر بھی کرین [illegible] پر زبردست حملے کئے گئے۔

امریکہ کسی اور معاہدہ میں شریک نہیں ہوگا

معاہدہ اوقیانوس کے بعد دوسرے معاہدات کی ضرورت نہیں

واشنگٹن ۲۷ مارچ۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ امریکہ اس کے لئے تیار نہیں کہ معاہدہ اوقیانوس کی تکمیل کے طور پر دوسرے علاقائی معاہدات میں شرکت کرے۔ خواہ وہ معاہدہ بحر روم کا ہو یا مشرق بعید کے ممالک کا۔

شمالی اوقیانوس کے مدبرین نے غیر مشروط طور پر یہ اعلان کر دیا ہے کہ اس معاہدہ کی امداد و تکمیل کے لئے کسی دوسرے معاہدہ کا خیال بھی نہیں ہے اور نہ کوئی اس قسم کی پلان مرتب کی گئی ہے۔ ان مدبرین کی یہ رائے ہے کہ معاہدہ اوقیانوس کے بعد کسی دوسرے معاہدوں کی ضرورت باقی نہیں رہتی کیونکہ معاہدہ کی رو سے اس قسم کی رعایت موجود ہے کہ [illegible] کے دروازے تمام دنیا کے لئے کھلے ہوئے ہیں معاہدہ مذکور کی رو سے دنیا کے کسی حصہ میں اگر ایسے حالات پیدا ہوں کہ ان کو معاہدہ اوقیانوس میں شامل ہونے والی قوموں کے لئے خطرہ کیا جائے تو ان قوموں کی کانفرنس طلب کی جا سکتی ہے۔

مسٹر سہروردی مستقل طور پر کراچی میں رہیں گے

مستقل قیام کا مقصد دونوں ملکوں میں دوستی پیدا کرنا ہے

کراچی ۱۲ مارچ۔ غیر منقسم بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر سہروردی نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ اس وقت تو میں نہیں بتا سکتا کہ میں سیاست میں مصروف ہوں گا یا نہیں۔

انہوں نے اس اطلاع کی تصدیق کر دی کہ وہ کراچی میں مستقل طور پر رہائش کے لئے آئے ہیں۔ انہوں نے کلکتہ کو مستقل چھوڑ دینے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ میں نے کلکتہ کو مستقل طور پر چھوڑ دیا ہے لیکن میں ضرورت کے مطابق کبھی کبھی وہاں جاتا رہوں گا۔

انہوں نے کہا کہ اگرچہ میں پاکستان اسمبلی کا ممبر ہوں لیکن میں کراچی اس لئے آیا ہوں کہ شاید میں یہاں مستقل قیام کر کے اپنے دو مقاصد کو پیدا کر سکوں۔ ایک تو دونوں ملکوں میں خیر سگالی کے جذبات پیدا کرنا اور دونوں فرقوں میں دوستی قائم کرانا۔

جب تک تعلقات میں کشیدگی تھی میں نے [illegible] کے لئے پوری کوشش کی۔ اور جب میں نے دیکھا کہ حالات سدھر گئے ہیں اور وہ تجویزیں جو میں نے ایک سال قبل پیش کی تھیں پھل لا رہی ہیں تو میں نے یہ بہتر جانا کہ پاکستان میں اپنے دوستوں سے [illegible] اپیل کروں کہ میں اپنے مقصد کی زیادہ بہتر خدمت کر سکتا ہوں۔

مسٹر سہروردی نے کہا کہ وہ امن چاہتے ہیں زمانہ کے گذرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کی ایک دوسرے کے ساتھ احتیاج ضروری ہوتی چلی جا رہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تقسیم سے پیدا شدہ مسائل کو باہمی اشتراک و تعاون سے حل کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کے بہت سے مسلمانوں کے تعلقات ہندوستان میں ہیں۔ اسی طرح ہندوستان کے ہندوؤں کے تعلقات پاکستان سے وابستہ ہیں۔ ان لوگوں کے مسائل دونوں حکومتوں کے [illegible] کی راہ سے پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ میں اس مسئلہ کے انسانی پہلو سے تعلق رکھتا ہوں [illegible] مقصد یہ ہے کہ میں خیر سگالی، رواداری، اعتماد اور تعاون پیدا کروں جو امن اور انسانیت کی بنیادیں ہیں۔ دونوں ملکوں کے [illegible] کے متعلق انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ ہم میں سے ہر شخص پسند کریگا کہ مختلف معاملات پر دونوں ملکوں میں سمجھوتے ہوں۔ اور ان پر پورے طور پر عمل ہو۔ میرا ایک بیان بھی اس قسم کا ہے جو پریس کو میں نے دیا ہے۔ اس میں میں نے کہا ہے کہ اگر ہندوستان اور پاکستان یہ نہیں چاہتے کہ وہ بین الاقوامی کشمکش کا شکار ہو جائیں جیسا کہ ان کے لیڈر ظاہر کرتے ہیں تو ان کے لئے یہی راستہ کھلا ہوا ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ پورا تعاون کر کے کام کریں۔ [illegible] مشترکہ دفاع تیار کریں۔ [illegible] ایک دوسرے کو شک کی نظر سے دیکھنا چھوڑ دیں۔

مسٹر سہروردی نے کہا کہ اس بیان میں میں نے جو کچھ کہا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ فوجی انتظام کو ایک کر دیا جائے۔ [illegible] کا مطلب یہ ہے کہ خارجی پالیسی کو ایک بنا دیا جائے۔ [illegible] اتحاد پیدا کر کے فوجی تیاریوں پر غیر ضروری بھاری مصارف کے حساب سے ان کو کم کیا جائے۔ اور اس رقم کو دوسری قومی ترقیوں میں لگایا جائے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ [illegible] بہت سی مشکلات پیدا ہو گئی ہیں۔ اس لئے اس پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت ہے۔ دوسرے دونوں ملکوں کے درمیان دوستانہ [illegible]

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول

اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء کے جہاد آزادی سے لے کر تحریک دار العلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جد و جہد کی۔ یہ حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۴۲۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد معہ خوبصورت گرد پوش تین روپے چار آنہ علاوہ محصول ڈاک۔

حصہ دوم

اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جمعیۃ علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن و اتحاد کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں ان کا مفصل تذکرہ درج ہے۔ صفحات ۴۷۶ قیمت مجلد مع خوبصورت گرد پوش [illegible] علاوہ محصول ڈاک

الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

حالات حاضرہ کا ناقد و نباض ہفت روزہ

”ہماری آواز“

تیرہ سال سے خدمت میں سرگرم عمل ہے۔ یہ جدید سیاسی و معلوماتی مضامین کا خزینہ پیش کرتا ہے اس کی پالیسی مستقل اور آزاد ہے۔

قیمت سالانہ پیشگی ذریعہ منی آرڈر آٹھ روپیہ۔

وی پی نہ منگائیے۔ نمونہ کے لئے ۳ کے ٹکٹ بھیجئے

منیجر ”ہماری آواز“ کان پور

کاروباری فرموں کیلئے

(۱) لندن سے مال منگوانے کے لئے لندن برطانیہ کی تجارتی ڈائرکٹری ۱۹۴۸ء (انگریزی) [illegible] مختلف پیشوں کی فرموں کے ہزاروں معتبر پتے۔ ۸/۸ روپے

(۲) ہندوستان مال کی ایجنسیاں لینے کیلئے آل انڈیا تجارتی ڈائرکٹری ۱۹۴۸ء اردو [illegible] ہر پیشہ کی ہندوستانی معتبر فرموں کے ہزاروں پتے ۲/۸ روپے

(۳) انڈین میڈیکل ڈائرکٹری (انگریزی) ڈاکٹروں، حکیموں، ویدوں اور دواساز کمپنیوں کے پتے [illegible]

(۴) دیسی انگریزی صابن بنانا سیکھنے کے لئے [illegible]

(۵) [illegible]

روزگار آفس (۵) قطب روڈ سبزی منڈی دہلی

معلم ہندی

اس کتاب کی مدد سے اردو داں حضرات صرف پندرہ یوم میں بلا استاد ہندی لکھنا اور پڑھنا سیکھ سکتے ہیں [illegible] قیمت کتاب مع محصول ایک روپیہ [illegible]

لب التجربات

شفاء الملک حکیم [illegible] خان صاحب طبیب اعظم دہلی کے ذاتی و خاندانی مجربات [illegible]

منیجر شاہی مطب پوسٹ بکس ۱۲ دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۸ مارچ ۱۹۴۹ء

خوشگوار تعلقات!

ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے انڈین کونسل آف ورلڈ افیئرز میں جہاں جنوبی افریقہ اور انڈونیشیا کے حالات پر تبصرہ فرمایا وہاں آپ نے ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات پر بھی روشنی ڈالی آپ نے کہا:

”پاکستان کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات بہتر ہو گئے ہیں اور بہتر ہوتے جا رہے ہیں مجھے اس بات میں ذرا بھی شک نہیں کہ ہند اور پاکستان کو کبھی نہ کبھی تعلقات بہتر رکھنے پڑیں گے اور ان کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے، نہیں کہہ سکتا کہ ایسا کب ہوگا لیکن یہ یقینی ہے کہ دونوں میں دوستانہ مراسم کو ترقی اور پختگی حاصل ہوگی۔ کیونکہ ان کے مفادات مشترک اور ملے جلے ہیں ابھی بہت سے مسائل کو حل کرنا باقی ہے اور میرا خیال ہے کہ انہیں آہستہ آہستہ حل کیا جائے گا۔“

یہ واقعہ ہے کہ ہند اور پاکستان کا بٹوارہ سیاسی بنیادوں پر ہوا ہے اور اس مفاہمت کے ساتھ ہوا ہے کہ تم اس حصہ کا انتظام سنبھالو، ہم اس حصہ کا انتظام سنبھالیں گے تم ہمارے انتظام میں دخل نہ دینا ہم تمہارے انتظام میں دخل نہ دیں گے، انتظامی سہولتوں کے خیال سے سیاسی بٹوارہ ہوا لیکن ملک تقسیم نہیں ہوا ملک ایک ہی رہے گا، دا گھر کی مرغ حکومتوں کو تقسیم کر سکتی ہے، ملک اور اہل ملک کو تقسیم نہیں کر سکتی، چنانچہ حکومتیں تقسیم ہو گئیں لیکن مشترک مفادات، مشترک خیالات مشترک روایات اور پشتینی تعلقات تقسیم نہیں ہوئے ہندوستان کی سلامتی، پاکستان کی سلامتی ہے اور پاکستان کی تباہی ہندوستان کی تباہی ہے، پاکستان نہ چاہے گا کہ ہندوستان پر بیرونی حملہ ہو کیونکہ بیرونی حملے سے ہند اور پاکستان برابر ہے، بیرونی یلغار ہندو مسلمان کی کوئی تمیز نہیں کرے گی، اور انقلاب کسی سرحد پر خط امتیاز نہیں کھینچے گا یہ دونوں ایک کشتی میں سوار ہیں کشتی سلامت ہے تو دونوں سلامت رہیں گے، کشتی غرق ہوگی تو دونوں غرق ہوں گے کیونکہ ہند اور پاکستان کے مفادات ملے جلے اور مشترک ہیں، اور قدرت نے دونوں کو ایک ہی رشتہ میں جکڑ رکھا ہے!

بہت ہی خوب ہے کہ ہند اور پاکستان کے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں! پہلے ہم نے تعلقات کی خوشگواری کو محسوس نہیں کیا تھا، دونوں ہی سمجھتے تھے کہ دونوں کے نزاع اور اختلاف ہی میں دونوں کی زندگی ہے مگر تجربہ سے معلوم ہوا کہ معاملہ الٹا ہے، اختلاف و نزاع دونوں کے لئے موت ہے اور اتفاق و اتحاد دونوں کے لئے زندگی ہے، گاندھی جی جو بات کہہ گئے وہ ”سچ“ ہے اور ”اٹل“ ہے، اس وقت جس قسم کی باتیں سنا کر غصہ آتا تھا مگر اب مجبور ہیں کہ ان ہی باتوں پر ایمان لائیں اور فصل پر وصل کو ترجیح دیں اور برملا اس کا اعلان بھی کر دیں!

لیکن ایک بات ہمیں یہاں ضرور سمجھ لینی چاہیے ہم جاننا چاہتے ہیں کہ ”بہتر تعلقات“ سے کیا مراد ہے؟ اگر اس سے مراد پنڈت نہرو اور مسٹر لیاقت علی خاں کے تعلقات ہیں تو ہمیں ان سے کوئی دلچسپی نہیں اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ دونوں حکومتوں کی ہوم منسٹریوں میں ہم تعاون پیدا ہو جائے اور دونوں کی وزارت خارجہ ایک دوسرے کے قریب آجائیں تو ہمیں ایسے تعلقات سے کوئی واسطہ نہ ہوگا، اگر مراد یہ ہے کہ دونوں ڈیفنس ایک ہو تو یہ انتظامی معاملہ ہے ہمیں اس سے کوئی فائدہ نہیں، اس قسم کے تعلقات تو لابدی ...... ہیں اور وہ کسی نہ کسی وقت قائم ہو ہی جائیں گے، ہم تو خوشگوار تعلقات اسکو سمجھتے ہیں کہ دونوں مقام کی اقلیتوں کو چین اور امن نصیب ہو اور ہر اقلیت دل سے یہ سمجھنے لگے کہ، ہم حکومت کے ہیں اور حکومت ہماری ہے، کسی اقلیت کو اکثریت کا خوف نہ ہو، کوئی اقلیت اپنی جگہ پر غیر مطمئن، مذبذب پریشان اور ہراساں نہ ہو، ہر جگہ کی اکثریت اپنی اقلیت کو اپنا چھوٹا بھائی سمجھے اور جب تک اسے نہ کھلائے خود بھوکی سو جائے! اقلیت اور اکثریت میں جب اس قسم کا اعتماد قائم ہو جائے گا اور وہ ایک دوسرے پر جان چھڑکنے لگیں گی، تو ان کی خیرسگالی، ان کا ربط و اتحاد ان کی محبت اور رواداری خود حکومتوں کو راہ راست پر لے آئے گی! حکومتوں کا آپس میں راہ راست پر آجانا اور اقلیت و اکثریت میں تلخی اور نفرت کا باقی رہنا، بہتر تعلقات، کی کوئی بہتر تعبیر نہیں ہو سکتی! دوسرے الفاظ میں ہند اور پاکستان کے بہتر تعلقات کی کسوٹی اکثریت اور اقلیت کا اتحاد اور تعاون ہے، اگر اقلیتوں کا فیصلہ یہ ہے کہ انہیں اکثریت کا کوئی خوف نہیں اور ان کا مستقبل ہر طرح محفوظ ہے تو یہی اس بات ثبوت ہوگا کہ ہند اور پاکستان کے تعلقات خوشگوار ہیں اور ان کے ملے جلے مفادات نے انہیں ایک دوسرے کے قریب کر دیا ہے لیکن اگر اقلیتوں کی طرف سے اس قسم کا اعلان نہیں ہوتا اور وہ ہر جگہ پریشان اور خوفزدہ ہیں تو حکومتوں کے بہتر تعلقات ہمارے کسی مرض کی دوا نہیں ہو سکتے، ایسے تعلقات کو کسی نمائش میں تو جگہ دی جا سکتی ہے، انسانی معاشرہ میں اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں نکالی جا سکتی! اگر ہندوستان کی اقلیتیں مطمئن ہیں تو مشرقی پاکستان کی اقلیتوں کو بھی مطمئن ہونا چاہیے آخر ایک ہاتھ سے تالی بجنے کا تصور کون کر سکتا ہے؟

ہند اور پاکستان میں اچھے تعلقات ضرور قائم ہونے چاہئیں لیکن ہماری کوشش یہ ہونی چاہیے کہ عوام کو بھی ان تعلقات کا احساس ہو اور وہ بھی دل سے دونوں کی دوستی کا احساس کریں، لیکن حال یہ ہے کہ ہم آزاد ہو چکے ہمیں غلامی کی ذلتوں سے چھٹکارا مل چکا اس کے باوجود ہمارے دل خوش نہیں ہیں ہر اعتبار کیا بات ہے کہ آزادی کا نام سن کر ہمیں کوئی مسرت حاصل نہیں ہوتی، ہم آزادی کے لوازمات سے ابھی تک محروم ہیں، چہرے پر اداسی دلوں میں پژمردگی، دماغوں میں انجماد! مستقبل سے مایوسی، سکون اور اطمینان غائب! یہ پتہ ہی نہیں چلتا کہ ہم آزاد ہیں، اور آزادی ہمارے لئے کوئی چیز لائی ہے، ایک بیوہ سے دریافت کرو آزادی سے اسے کیا فائدہ پہنچا؟ ایک یتیم سے پوچھو کہ آزادی نے اسے کیا چیز عطا کی! غلامی کے مصیبت زدہ آج بھی مصیبت زدہ ہیں، البتہ سرمایہ داروں کی خوشی میں فرق نہیں آیا، وہ پہلے بھی نشہ میں تھے اور آج بھی نشہ میں ہیں، رونا ان لوگوں کا ہے جو غلامی میں بھی آفت رسیدہ تھے اور آج بھی دل کے ویرانوں میں ٹھوکریں کھا رہے ہیں! اب غور کیجئے کہ اس صورت حال میں عوام کو ہند اور پاکستان کے خوشگوار تعلقات سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے، تعلقات کا مزہ اس وقت تھا کہ ہمارے دل مسرور ہوتے اور ہند و پاکستان کی دوستی پر ہماری روح وجد میں آجاتی اب تو صرف خوشگوار تعلقات ہیں، جو اگر قائم ہو گئے تو ہم اسی کو غنیمت سمجھیں گے اور اس پر ہمیں بے انتہا خوشی ہوگی!

نئی تجویز!

متحدہ اقوام کی سلامتی کونسل نے انڈونیشیا کو [illegible] کے لئے کناڈا کی یہ تجویز منظور کر لی ہے کہ [illegible] جمہوریہ کی حکومت کے قیام کی کوشش کرے اور ایک آزاد انڈونیشیا کی تشکیل کے لئے ہالینڈ کے پایہ تخت ہیگ میں ایک گول میز کانفرنس کے انعقاد کا انتظام کرے! کسقدر معصوم انداز ہے اور کس قدر [illegible] جمہوریہ حکومت کے ساتھ [illegible] سلامتی کونسل نے ہالینڈ کو حکم دیا تھا کہ وہ جنگ بند کر دے مگر ہالینڈ نے [illegible] اسی سلامتی کونسل نے [illegible] قرار داد [illegible]

اچھی باتیں

وما اموالکم ۔ تا ۔ آمنون (پ ۲۲ ع ۱)

تم اپنے مال اور اولاد کے ذریعہ ہمارا تقرب حاصل نہیں کر سکتے، ہمارا قرب ان ہی لوگوں کو حاصل ہوگا جو ایماندار ہوں گے اور ایمان کے ساتھ ان کا کردار بلند ہوگا، ایسے لوگوں کو ان کے اعمال کا دہرا اجر ملے گا اور وہ ہماری پناہ گاہ میں امن و سلامتی کے ساتھ رہیں گے۔

چونکہ اسلام نسلی جغرافیائی اور قومی مذہب نہیں ہے بلکہ وہ ایک فکری اور عملی تحریک ہے اسلئے یہ بات واضح کی گئی ہے کہ مال و دولت سے کوئی شخص بڑا نہیں بنتا، بڑا وہ ہے جس کے اعمال بڑے ہوں اور جس کا سینہ نور ایمان سے منور ہو ایک بادشاہ اگر بدکردار ہے تو خدا کے ہاں اس کی کوئی پوچھ نہیں اگر ایک فاقہ مست اور بوریہ نشین حسن عمل اور مکارم اخلاق کی دولت سے مالا مال ہے تو وہ خدا کے نزدیک بھی مکرم ہے۔ پس مال و دولت کی وجہ سے کسی کو امتیاز نہیں کردار اور نظریات کی وجہ سے ایک کو ایک پر برتری حاصل ہے خدا کے ہاں نہ خاندان کی پوچھ ہے نہ دولت حشمت کی، وہاں قدر ہے اخلاص کی اور جو مخلص ہوگا اسی کے سر پر عظمت کا تاج رکھا جائے گا۔

”اردو سے ہماری بے اعتنائی“

(از جناب شاہ معین الدین احمد صاحب ندوی)

اردو اور ہندی کے مسئلہ میں ہم بارہا اپنے خیالات ظاہر کر چکے ہیں۔ آج اس سلسلہ میں اردو کے حامیوں سے کچھ کہنا ہے ان کو اردو کے ساتھ حکومت کے طرز عمل کی شکایت بالکل بجا ہے لیکن اگر ان سے سوال کیا جائے کہ خود ان کا طرز عمل اردو کے ساتھ کیا رہا ہے اور انہوں نے اس کی کیا خدمت کی تو ان کے پاس اس کا کوئی معقول جواب نہیں ہے ہمارے ایک طبقہ کی اردو سے بے تعلقی کا یہ حال ہے کہ وہ اپنے بچوں کی اردو کی تعلیم کی جانب بھی توجہ نہیں کرتا۔ اونچے تعلیم یافتہ گھرانوں میں تو بسم اللہ ہی انگریزی سے کرائی جاتی ہے۔ ان کی تحریر و کتابت در گھر سے باہر اکثر و بیشتر گفتگو انگریزی یا ایسی زبان میں ہوتی ہے جس میں پچاس فیصدی سے زیادہ الفاظ انگریزی کے ہوتے ہیں اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اردو محض مادری زبان کی حیثیت سے تو بولنا آجاتی ہے۔ لیکن بہت سے تعلیم یافتہ اشخاص صاف اور سلیس اردو نہیں لکھ سکتے ان کو خط لکھنے میں دشواری ہوتی ہے اور املا تک میں غلطیاں کرتے ہیں اس کا مشاہدہ مغرب زدہ گھرانوں میں کیا جا سکتا ہے اور یہ پرانی داستان نہیں ہے۔ بلکہ آج بھی یہی حال ہے۔

یہ طبقہ اردو کے اخبارات، رسالوں اور کتابوں کا مطالعہ کسر شان سمجھتا ہے اور یہ عذر کیا جاتا ہے کہ ان کا معیار پست ہے اخباروں اور رسالوں کی حد تک تو یہ خیال صحیح ہے مگر اس میں بھی قصور کس کا ہے۔ ترقی اسی چیز میں ہوتی ہے جس کی مانگ ہوتی ہے ہماری قدر دانی کا یہ حال ہے کہ اچھے سے اچھے اردو اخبارات کی اشاعت دو چار ہزار سے زیادہ نہیں ہے اور رسالوں کی اشاعت تو اس سے بھی کم ہے ان کی آمدنی سے ان کے اخراجات بھی نہیں پورے ہوتے۔ [illegible]

[illegible] اردو کے اصحاب علم و قلم کی کمی نہیں ہے، لیکن ان کے پاس سرمایہ نہیں ہے، [illegible] تصنیف کی دماغ سوزی اور جانکاہی بھی برداشت کریں، طبع و اشاعت کے مصارف کا بار بھی اٹھائیں، اس پر بھی خریدار نہیں ملتے اور کتابوں کا ایک ایڈیشن ختم ہونے میں ایک عمر لگ جاتی ہے، ایسی حالت میں کسی صاحب قلم کو کیا حوصلہ ہو سکتا ہے، اگر اردو کتابوں کے مطالعہ اور ان کی خریداری کا ذوق بڑھ جائے تو چند دنوں میں انکی کمیت اور کیفیت دونوں میں نمایاں ترقی ہو جائے گی۔ آجکل اخبارات کو قوموں کے بنانے اور بگاڑنے میں بڑا دخل ہے اور ان کی ذہنی علمی اور دماغی روشنی کے لئے صالح اور مفید لٹریچر کی ضرورت ہے [illegible]

ہم اپنے ناموں اور صنعتی ترقی کے لئے ذاتی ادارے [illegible] سرمایہ سے بڑے بڑے کارخانے اور فرم کھولتے ہیں لیکن قوم کی ذہنی و دماغی تربیت و ترقی کے لئے اعلیٰ درجہ کے اخبارات نہیں نکالتے اور بلند تالیف و تصنیف کے علمی ادارے قائم نہیں کرتے جو صنعتی کارخانوں سے زیادہ ضروری ہیں اور ملک میں اس قسم کے جو ادارے قائم بھی ہیں ان کی پوری توجہ نہیں کرتے۔ حالانکہ تجارتی نقطہ نظر سے بھی ان میں سرمایہ لگانا مفید ہے۔

اس تحریر کا مقصد یہ ہے کہ اردو محض زبانی شور و غل سے زندہ نہیں رہ سکتی اور نہ حکومت کی مخالفت [illegible] اس کی ترقی کا تہیہ کر لیں اور اس کی عملی تدبیریں اختیار کریں تو کوئی طاقت اس کو دبا نہیں سکتی زبانیں حکومت کے سہارے زندہ نہیں رہتیں، ترقی یافتہ ملکوں میں بڑے بڑے اخبارات، رسالے اور علمی و تصنیفی ادارے حکومت نہیں بلکہ قوم چلاتی ہے خود ہندوستان میں ہندی اخبارات و رسالوں اور کتابوں کی اشاعت میں حکومت کی مدد کو اب تک کوئی دخل نہیں رہا ہے، اس کے باوجود بہت سے ہندی اخبارات اور رسالوں کی اشاعت دس ہزار سے لے کر تیس ہزار تک ہے۔ بنگالی زبان کے ایک پرانے مشہور اخبار آنند بازار پتریکا کی اشاعت جو صرف ایک صوبہ کی زبان ہے، پچاس ہزار تھی یہی حال ہندی کتابوں کی کثرت اشاعت کا ہے، ایسی حالت میں اردو اخبار و رسالوں اور کتابوں کی اشاعت جس کے بولنے اور سمجھنے والے سب سے زیادہ ہیں کیوں نہیں بڑھ سکتی، اس کا سبب صرف ہماری توجہی ہے اردو میں آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کی قدرتی صلاحیت ہے اگر اس کی جانب تھوڑی سی توجہ بھی کی جائے تو ہندوستان کی کوئی زبان اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی اور محض اردو سے محبت کا محض زبانی دعویٰ نہیں دیتا اور نہ اس سے کچھ حاصل ہوگا، آئندہ کسی موقعہ پر ہم اس موضوع پر تفصیلی حالات پیش کریں گے۔

سفید پالیسی

اس ہمت مردانہ کی داد دینی چاہیے کہ آسٹریلیا کی سفید پالیسی برابر جاری رہے گی! مسٹر آرتھر کالویل نے بڑے فخر سے اعلان کیا ہے کہ آسٹریلیا میں ایشیائی لوگوں کو داخلہ کی اجازت نہیں دی جائے گی کیونکہ ہم نے زندگی کے جس معیار کو بڑی مشکلوں سے حاصل کیا ہے اسے خراب کرنا نہیں چاہتے، ابھی کل ہی دنیا سے رخصت ہوئے اور نہ انہیں معلوم ہو جاتا کہ ان کے ”حقوق انسانی“ کی مٹی کس طرح پلید ہو رہی ہے! ایشیائی باشندوں کو سفید آسٹریلیا میں داخلہ کی گنجائش نہیں مگر یہی سفید فام ایشیا کے اکثر حصوں پر حکومت کر رہے ہیں، آخر اس تضاد کا بھی تو کوئی علاج ہونا چاہیے، نسلی پالیسی کو ختم کرنے کے لئے دنیا کی آنکھیں ہندوستان پر لگی ہوئی ہیں، خدا وہ دن لائے کہ ہندوستان ان سفید مجرموں پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلائے اور اس کے ذریعہ ایشیا کو سربلند ہونے کا موقعہ ملے!

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

دلی کے ٹیلی فون کی عرصہ سے حالت گم تھی دس بار ڈائل گھماؤ تو ایک بار گھنٹی بجے اور دس بار گھنٹی بجے تب ایک بار کوئی بولنے کی زحمت گوارا کرے وہ بھی رمضانی کو بلاؤ تو کلو اور کلو کو بلاؤ تو بدھو یہ حال تو لوکل سروس کا تھا — اور ٹرنک سروس تو گویا یوں سمجھئے کہ تھی ہی نہیں — ساری ساری رات ٹیلیفون کا نظارہ کرتے رہو تب بھی اسے رحم نہ آئے۔

مقام شکر ہے کہ مسٹر قدوائی نے اب اپنے بے حرارت محکمہ میں ”پنسلین“ کا انجکشن دے کر ”بے رکٹ سروس“ کا اعلان کیا ہے — اور کہا ہے کہ بس ڈائل گھماؤ اور تین منٹ کے اندر ٹرنک کال کی ہوئی حاضر — فکر نہ کیجئے ”ٹرنک کال“ بے رکٹ ہو جائے گی تو لوکل کال خود بخود اس کی پیروی کرے گی۔

ہم لوگوں کے گھروں اور دفتروں میں ٹیلی فون لگے ہیں اور ان ٹیلی فونوں میں کچھ حرارت باقی ہے انہیں اس ”بے رکٹ سروس“ پر خوش ہونا چاہیے — ہم بھی خوش ہوتے لیکن کیا کیا جائے کہ زون صاحب ہمارا عرصہ سے ضم کم ہیں اور انہیں حرارت لانے کے لئے پنسلین سے بھی بڑھ کر کسی انجکشن کی ضرورت ہے۔

مسٹر قدوائی نے اپنے محکمہ کے ڈاک منی آرڈر اور وی پی وغیرہ کے شعبوں میں کسی ”بے رکٹ سروس“ کے اجراء کا اعلان نہیں کیا حالانکہ ہمارا خیال ہے ان شعبوں میں بھی اگر پنسلین کے نہیں تو کیلشیم کے انجکشنوں کی یقیناً ضرورت ہے —

ممکن ہے ایک معاصر کی رائے کے مطابق ڈاک و تار کی سروس بے رکٹ ہی ہو لیکن راقم الحروف منی آرڈر یا وی پی کی سروس کو بے رکٹ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں — ایک وی پی کا روپیہ فروری کے شروع میں دار السلطنت کے اندر وصول کیا جاتا ہے اور اسی دار السلطنت کے اندر اس کا [illegible] ہو۔ اسے اگر آپ ”بے رکٹ سروس“ مانتے ہیں تو اس خاکسار کو بھی اسے تسلیم کرنے میں کوئی عذر نہیں —

مگر ہو سکتا ہے محکمہ ڈاک والوں نے اپنی اس سروس کو روک رکھا ہو اس بجٹ سے متاثر ہو کر کیا ہو جو حال ہی میں اقتصادی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے پارلیمنٹ میں ہوا تھا — سر ہومی مودی نے فرمایا تھا کہ شارٹ ٹرم (کم مدت کے) قرضہ جات جاری کئے جائیں اور سود زیادہ دیا جائے اس سے لوگ حکومت کے لئے اپنی تجوریاں کھول دیں گے اور حکومت کو اقتصادی مسئلہ حل کرنے میں بڑی مدد ملے گی۔

لیکن تجوریاں کھلوانا تو مشکل ہے اس لئے شاید محکمہ ڈاک نے قرضہ جات جاری کرنے کی بجائے وی پی وغیرہ کا روپیہ روک کر سرکاری خزانے میں روپیہ لانے کی داغ بیل ڈالدی — اقتصادی مسئلہ حل ہو یا نہ ہو لیکن اس ترکیب سے انفلیشن ختم کرنے کا [illegible] مطالبہ ہوگا تو دیا جائے گا لیکن ساتھ ہی ”شارٹ ٹرم“ قرضہ کا مطلب پورا ہو جائے گا — اسے کہتے ہیں چپڑی اور دو دو قرضہ بھی جاری نہ کرنا پڑا اور خزانہ میں روپیہ بھی جمع ہو گیا۔

اب کیا قدوائی صاحب نے کہ انہوں نے بے رکٹ ٹیلی فون سروس کی طرح بے رکٹ منی آرڈر یا وی پی سروس کا اعلان نہ کیا — ورنہ ہو سکتا تھا کہ ان کے محکمہ کو جو فائدہ ہو سکتا ہے وہ نہ ہوتا اور انفلیشن ختم کرنے کا جو نیک مقصد محکمہ ڈاک مفت میں حاصل کرنا چاہتا ہے اس میں اڑچن پڑ جاتی — سب سے زیادہ مبارکباد کے مستحق دلی کے پوسٹ ماسٹر صاحب ہیں کہ انہوں نے اپنے وزیر کے مشورہ کے بغیر ایک وزیرانہ اقدام کیا [illegible]

ہالینڈ اور چین کو امداد دے کے لئے

سینیٹر کونلی کی تجویز

واشنگٹن ۲۵ مارچ۔ سینیٹر کونلی نے جو امریکن سینٹ کی امور خارجہ کی کمیٹی کے چیئرمین ہیں آج بحث شروع کرتے ہوئے کہا [illegible] انہوں نے کہا [illegible] ہالینڈ کو جو امداد دی جائے گی وہ انڈونیشیا میں اس کی فوجی کارروائی میں معاون ہوگی [illegible] اطلاعات کے مطابق انڈونیشیا میں ڈچ [illegible] امداد بند کر دی گئی تھی۔

یہ بھی بتایا گیا ہے کہ انڈونیشیا کی فوجی کارروائی کے اخراجات مقامی آمدنی سے پورے ہو رہے ہیں اور ہالینڈ کے بجٹ میں ان کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی جا رہی۔ ان حالات میں ڈچوں کی امداد بند کر کے انکی بحالی کے پروگرام کو نقصان پہنچانا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ چین کے خصوصی حالات کے پیش نظر سینیٹر کونلی نے تجویز کی کہ اس کے معاملہ پر علیحدہ سے غور کیا جائے۔ انہوں نے چین کو اس وقت تک امداد دینے کی تجویز [illegible] جب تک چین کمیونسٹ خطرہ سے پاک نہ ہو جائے [illegible] ڈالر کی رقم دی جا سکے گی۔

دو لاکھ کی ضمانت

کراچی ۲۶ مارچ۔ پاکستان کے سابق [illegible] مسٹر احمد سے کراچی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دو لاکھ روپے کی ضمانت طلب کی ہے [illegible] ہوائی جہاز فروخت کرنے کے سلسلہ [illegible]

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۳ مارچ ۱۹۴۹ء میں کسٹوڈین نے انخلا کنندگان کی جن جائدادوں پر قبضہ کیا۔ ان کی تفصیل بتائی گئی ہے۔ اس فہرست میں حسب ذیل محلے شامل ہیں۔

(۴)

تفصیلات	جائے وقوع	حق جو کسٹوڈین کو ملا
(۱) مستری عبد الرحیم کی ورکشاپ	عقب کوتوالی کناری بازار	صرف کرایہ داری معہ مشین
(۲) سید کا بلا فیکٹری	شمسی بستی کھجور روڈ قرول باغ	ملکیت و کرایہ داری
(۳) رفیق الدین ورکشاپ	نائی والا قرول باغ	صرف کرایہ داری
(۴) شفیق الدین کی پھلاتی پالش فیکٹری	بارہ دری شیر افگن بلیماران	دونوں معہ بجلی و مشینری
(۵) بھولا انجینئرنگ ورکشاپ	رام باغ روڈ پل بنگش دہلی	صرف کرایہ داری
(۶) سرکار برادرز شیٹ اینڈ ٹیل ورکس	ہاتھی خانہ بہادر گڑھ روڈ	صرف وہ مشینری جو مسلمان سے خریدی
(۷) محمد مرزا محمد بیگ بٹن فیکٹری	کھاری باغ روشن آرا روڈ سبزی منڈی	دونوں معہ مشین و بجلی
(۸) مرتضیٰ خاں ورکشاپ	باڑہ ہندو راؤ	صرف اسٹیبلشمنٹ
(۹) صباح محمد بٹن فیکٹری	محلہ نشیمان باڑہ ہندو راؤ	صرف کرایہ داری
[redacted]	[redacted]	دونوں معہ مشین و بجلی
(۱۱) نصیر الدین کی کٹی مشین	بہادر گڑھ روڈ	صرف کرایہ داری معہ بجلی
(۱۲) بشیر احمد کی ڈیری فارم	پرتاپ اسٹریٹ چوا منڈی پہاڑ گنج	دونوں
(۱۳) محمد یعقوب کا کھلا پلاٹ	متصل مکان نمبر ۱۸۳۶/۶ دریا گنج	صرف کرایہ داری مع بجلی
(۱۴) جوتا کا بھٹہ ملکیت بشیر احمد خلیل الرحمن	موضع خریجی شاہدرہ دہلی	صرف ملکیت
(۱۵) جوتا کا بھٹہ سعید الرحمن	نجف گڑھ روڈ	صرف کرایہ داری
(۱۶) رمضانی اور سید کا جنرل انجینئرنگ ورکشاپ	اجمیری گیٹ	صرف کرایہ داری معہ مشین و بجلی
(۱۷) شاہ محمد العظیم فیکٹری	قطب روڈ	صرف کرایہ داری
(۱۸) خورشید علیخاں کیمپ ورکشاپ	کوچہ چیلان بی بی	دونوں مع بجلی و مشین
(۱۹) عبد الشکور پالشنگ ورکشاپ	سینگ والی گلی روئی منڈی صدر بازار	
(۲۰) [illegible] ورکس	[illegible] پہاڑ گنج	صرف ملکیت
(۲۱) عثمان اسکرو [illegible] ورکس	باڑہ ہندو راؤ	صرف سامان
(۲۲) سعید کی کٹی مشین	بہادر گڑھ روڈ	دونوں مع مشین و بجلی
(۲۳) مسلمان کی ورکشاپ	محمد حسین روڈ قرول باغ	,,
(۲۴) نور الدین پالشنگ فیکٹری	نئی بستی باڑہ ہندو راؤ	,,
(۲۵) حاجی نصیر الدین فلور مل	گندہ نالہ موری گیٹ	مشینری اور بجلی
(۲۶) مہدی حسین کی ورکشاپ	گلی ضمیر والی نواب گنج	کرایہ داری و مشین
(۲۷) ظہور دین کی کٹی مشین	بہادر گڑھ روڈ	کرایہ داری معہ مشین و بجلی
(۲۸) حافظ عثمان محمد میاں کے کھلے پلاٹ	عقب عنایت اللہ ورکشاپ دریبہ پان	صرف ملکیت
(۲۹) سلطان برادرس ٹریڈ ورکس	عبد السلام اسٹریٹ کاٹھ بازار صدر	صرف کرایہ داری معہ سامان
(۳۰) رحیم الدین لطف الرحمن کا [illegible]	عزیز گنج دہلی	صرف سامان
(۳۱) بمبئی الیکٹرک ورکس	اندر کنال روڈ سبزی منڈی	صرف کرایہ داری
(۳۲) سمیعل برادرس کاٹن ٹریڈنگ [illegible] فیکٹری	براز یان کٹرہ متصل لال	,,
(۳۳) حافظ محمد سلطان [illegible] فیکٹری	نئی بستی باڑہ ہندو راؤ	صرف کرایہ داری
(۳۴) حاجی محمد صدیق کا فلور مل	چھوٹی رام دوارہ پہاڑ گنج	نصف کرایہ و نصف مشینری میں ملکیت
(۳۵) ٹاؤن آرٹس پریس کی مشین	گنیش لال بلڈنگ روشن آرا روڈ سبزی منڈی	صرف کرایہ داری مع مشین و بجلی
(۳۶) محمد حنیف وڈ ورکنگ فیکٹری	نئی بستی باڑہ ہندو راؤ	دونوں مع مشین و بجلی
(۳۷) محمد شریف کا ایکسپریس [illegible] ورکس	کوٹز روڈ نہر سعادت خاں	صرف سامان
(۳۸) تجارتی پریس	منڈی بازار	صرف ملکیت

(کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں) تمام شد

تمباکو کی پیداوار کا جائزہ

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ ۱۹۴۹ء انڈین سنٹرل ٹوبیکو کمیٹی کا چوتھا سالانہ عام اجلاس ہندوستان زرعی تحقیق کی کونسل کے وائس چیرمین سردار داتار سنگھ کی صدارت میں ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء کو مدراس میں منعقد ہوگا۔ غالباً اس جلسہ کا افتتاح ہز ایکسلینسی گورنر مدراس کرینگے۔

کمیٹی نے جو کام گذشتہ سال کیا ہے اس کی رپورٹ پر غور کرنے کے علاوہ ایجنڈے میں چند اور اہم امور بھی شامل ہیں مثلاً تمباکو کی پیداوار کی اقتصادی جائزے کی شمالی اسکیم۔ گنتور کے مقام پر تمباکو دوبارہ خشک کرنے کی مشینوں کا انتظام تاکہ اس سے تمباکو کے کاشتکار بھی فائدہ اٹھا سکیں اور تمباکو [illegible] کے طریقے کے لئے ضلع گنتور میں مرکزوں کے قیام کے انتظامات۔ گنتور میں تمباکو کے تحقیقاتی ادارہ نے ۱۹۴۸ء تک اس سال میں جو کام کیا ہے اس کی سرکاری رپورٹ پر بھی اس جلسہ میں غور کیا جائے گا۔

پرچہ آؤٹ ہوگیا

پونہ ۲۵ مارچ۔ پونہ میں امتحان میں بیٹھنے والے طلبا کو آج جب الجبرا اور مرہٹی زبان کے نئے پرچے دئے گئے۔ تو وہ حیران رہ گئے۔ حکام کو شبہ ہوا کہ پرچے آؤٹ ہوگئے ہیں۔ اس لئے انھوں نے یہ پرچے بدل دئیے۔ اس بارہ میں تحقیقات شروع ہوگئی ہے کہ پرچے کیسے آؤٹ ہوئے۔

[illegible] محصول میں اضافہ

[illegible]

مغربی پنجاب کی موجودہ سیاست

آئندہ انتخابات کب ہوں گے؟

لاہور ۲۵ مارچ۔ اس وقت مغربی پنجاب میں آئندہ انتخاب کے متعلق مختلف چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔ عام طور پر عوام اس کے حامی ہیں کہ یہ انتخابات بالغ رائے دہندگی کے اصول پر ہوں۔

تحقیقات انتخاب کمیٹی کے چیرمین شیخ فیض محمد نے اس سلسلہ میں ایک سوالنامہ شائع کیا تھا اس کے جوابات ہر طبقہ کی طرف سے موصول ہو رہے ہیں۔ زیادہ تر جوابات میں بالغ رائے دہندگی کے اصول کی حمایت کی گئی ہے۔ بعض حلقوں میں اس طریقہ اور رائے دہندگی کے دوسرے طریقوں میں تبدیلی کی بھی خواہش ظاہر کی گئی ہے۔

سوالنامہ پر اس جوش کے ساتھ توجہ نہیں کی گئی جس کی توقع تھی۔ پھر بھی عوام کے نمائندوں کی زیادہ تعداد کی طرف سے اس کے جوابات موصول ہو چکے ہیں۔ اس صورت حال کو دیکھتے ہوئے یہ اندازہ ضرور ہوتا ہے کہ یہ انتخابات زیادہ پرجوش قسم کے نہیں ہوں گے۔

چودھری خلیق الزماں صدر آل پاکستان مسلم لیگ نے لاہور کے قیام کے دوران میں کہا تھا کہ ۱۸ مہینے میں انتخابات کا امکان ہے بشرطیکہ کوئی نامناسب صورت حال پیدا نہ ہو۔ لیکن اب امکان نظر نہیں آتا کہ اس قدر جلد انتخابات ہوسکیں۔ ہر چیز کا انحصار گورنر کے فیصلہ پر ہے۔ تحقیقاتی کمیٹی ان جوابات کا بغور معائنہ کرنے کے بعد اپنی رپورٹ مرتب کرے گی۔ اور پھر گورنر کو پیش کرے گی۔ اس کے بعد گورنر کوئی فیصلہ کریں گے۔

یہ بات باعث تعجب ہے کہ موجودہ گورنری راج عوام کے لئے قابل اطمینان ثابت ہو رہا ہے۔ اگرچہ بعض سمجھ دار حلقوں میں اس غیر جمہوری طرز حکومت کے خلاف آواز بلند ہو رہی ہے یہی حلقے اس امر کی کوشش کر رہے ہیں کہ انتخابات جلد سے جلد ہوں تاکہ اس غیر جمہوری حکومت کو ختم کرکے

مسلمانوں کے اخلاق و عادات اور کردار کی درستگی کا طریقہ

قرآن کریم کی تعلیمات کو عام کیا جائے مولانا عبد القیوم کی اپیل

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مولانا عبد القیوم صاحب ندوی ناظم شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان برائے اشاعت دیا ہے۔

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کی آزادی کے بعد جمعیۃ علماء ہند نے بمقصد [illegible] پارلیمنٹری سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلی لیکن اس کے سامنے صرف یہی منزل نہ تھی بلکہ اس سے زیادہ اہم اور شاندار منزل یہ ہے کہ مسلمانوں کو صحیح معنوں میں سچا مسلمان بنایا جائے جس کے اعمال، افعال، اخلاق و عادات اور معاملات کو دیکھ دیکھ کر اغیار اور جانی دشمن بھی اپنے ہو جائیں۔

جمعیۃ کے سامنے اب یہ سب سے بڑی اور دشوار گذار منزل ہے۔ اور اسکے لئے قافلے والے مسافروں نے فیصلہ کرلیا ہے کہ انشاءاللہ العزت کے بھروسہ پر ہر حال میں ہم کو اس [redacted] ضرورت ہے۔ دوران کے اخلاق و عادات، اعمال و کردار کو اسلاف کرام اور قرون اولیٰ اسلام کے مشابہ بنانا ہے اس کے لئے سب سے مقدم اور اہم جو تدبیر ہوسکتی ہے وہ قرآن پاک کی تعلیمات کی نشر و اشاعت اور تحریک ترجمہ قرآن کے ذریعہ مسلمانوں سے جہالت، بدینی اور گندے اخلاق و عادات کو دور کرکے اسلام اور اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے ان کی زندگی کو روشن و تاباں بنانا ہے اس لئے ہماری پرزور اپیل ہے کہ ہر درد مند اور اہل علم مسلمان اس نیک کام کے لئے فوراً کھڑا ہوجائے۔ اور سب سے پہلے ترجمہ قرآن کے حلقے قائم کرکے تعلیمات قرآن کا انتظام کرے اور جمعیۃ کے شعبہ تعلیمات لکھنؤ سے مفید مشورے طلب کرے۔ اور اس طرح جمعیۃ کے اس مقدس پروگرام کو کامیاب [redacted]

۲ اپریل کو موضع اٹاوہ میں جمعیۃ علماء ضلع گوڑگانوہ کی کانفرنس ہوگی

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صدارت فرمائینگے

گوڑگانوہ (بذریعہ ڈاک) مولوی عبد المنان صاحب ناظم [illegible] جنرل سکریٹری استقبالیہ کمیٹی نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے۔

[illegible] جدید ہندوستان کی تعمیر میں حب وطن کے جذبات [illegible] ہوئے جذبات کو کام میں لاکر وطن عزیز کے بہترین خدمت [illegible] بن سکیں۔

تمام امور کے پیش نظر جمعیۃ علماء ضلع گوڑگانوہ نے طے کیا ہے کہ جمعیۃ علماء ضلع کی ایک عام کانفرنس یکم و ۲ اپریل کو موضع اٹاوہ تحصیل نوح میں منعقد کی جائے۔

مسلمانان ضلع گوڑگانوہ کی خوش قسمتی ہے کہ سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے ازراہ نوازش اس کانفرنس کی صدارت منظور فرمائی ہے حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے شرکت کا وعدہ فرمالیا ہے۔

امروہہ جمعیۃ علماء امروہہ کا انتخاب حسب الحکم مرکزیہ زیر نگرانی جناب مولانا مولوی محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ عمل میں آیا جو حسب ذیل ہے۔ صدر حافظ تقریر اللہ صاحب۔ نائبین صدر۔ منشی معراج النبی خاں صاحب۔ سید علی خاں صاحب۔ آفتاب عالم خاں صاحب اور چودھری عبد المجید صاحب۔ ناظم اعلیٰ عبد الرحمن رضوی۔ نائبین ناظم منظور احمد صاحب۔ انعام الحق صاحب اور حشمت اللہ صاحب ظہیر۔ ناظم نشر و اشاعت حکیم سعادت اللہ صاحب۔ خزانچی منشی حشمت اللہ صاحب۔

پاکستان کا عذر گناہ اور حکومت ہند کی یقین دہانی کا خیر مقدم

عبد القیوم خاں کے الزام پر حکومت ہند کے احتجاج کا جواب

کراچی ۲۵ مارچ۔ حکومت پاکستان نے حکومت ہند سے وزیر اعظم ہند کی حالیہ تقریر کے بارے میں احتجاج کیا، کیونکہ اس تقریر سے خطرہ ہے کہ پنڈت نہرو کے اس بیان سے سرحدی پٹھانوں کی ان کی غیر قانونی حرکتوں میں کافی ہمت افزائی ہوگی۔ پنڈت نہرو نے اپنے اس تقریر میں سرحدی پٹھانوں کے ساتھ صوبہ سرحد کی حکومت کے سلوک کا ذکر کیا تھا۔

حکومت ہند نے صوبہ سرحد کے کمیونک پر جو اعتراض کیا تھا اس احتجاج کا جواب دیتے ہوئے حکومت پاکستان نے کہا ہے کیونکہ یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ حکومت ہند کا اس سازش سے کوئی تعلق تھا حکومت پاکستان نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ حکومت پاکستان کا یا صوبہ کی حکومت کا نہ تو یہ خیال ہے اور نہ انھوں نے اس کا اظہار کیا ہے کہ اس سازش میں جن پنڈت صاحب کا ذکر ہے۔ وہ ہند کے وزیر اعظم ہیں بہرحال حکومت پاکستان حکومت ہند کی اس یقین دہانی کا خیر مقدم کرتی ہے کہ اسکو اس قسم کے کسی پلاٹ کا علم نہیں اور یہ کہ دونوں حکومتوں کے تعلقات کو بہتر بنانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے جس کو برقرار رکھنے کی حکومت پاکستان بھی خواہشمند ہے۔

پاکستانی ٹیم کی کامیابی

کولمبو ۲۵ مارچ۔ کل پاکستان کی ٹیم نے لنکا کی ٹیم کے مقابلے میں پہلی اننگ میں ۲۳۱ رن بنائے اور سات کھلاڑی آؤٹ ہوگئے لنکا کی ٹیم کے ۲۹۰ رن ہوئے تھے۔

چیکوسلواکیہ کے سابق وزرا کیخلاف مقدمہ

پیراگ ۲۴ مارچ۔ چیکوسلواکیہ کے سابق تین وزرا۔ مشہور سیاستدان، اخبار نویسوں وغیرہ جن کی تعداد ستر ہے کے خلاف اگلے منگل کو حکومت کا تختہ الٹنے کے سلسلہ میں مقدمہ کی سماعت ہوگی یہ سب ملزمان مفرور قرار دئیے گئے ہیں کیونکہ تمام بھاگ کر غیر ملکوں میں بود و باش اختیار کر چکے ہیں۔

(بقیہ کالم ۲)

جمہوری طرز کی حکومت قائم کی جا سکے۔ گورنر اصلاحات نافذ کرنے میں تیزی سے کام نہیں لے رہے اور ہر اقدام سے قبل افسران متعلقہ اور غیر سرکاری لوگوں سے مشورہ لے لیتے ہیں۔

مغربی جرمنی کو جلد از جلد با اختیار حکومت بنا دیا جائے

میثاق اوقیانوس پر دستخط کرنیکے لئے روانگی سے قبل مسٹر بیون کا بیان

لندن ——— (ب۔ٹ) ——— ۲۵ مارچ

برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون گزشتہ شب میثاق اوقیانوس پر دستخط کرنے کے لئے گزشتہ شب روانہ ہوگئے۔ روانگی سے قبل مسٹر بیون نے ایک بیان دیا کہا کہ مجھے اس بات کا یقین نہیں ہے کہ مغربی جرمنی کمیونسٹ بن جائے گا۔ آپ نے اس الزام کو بھی غلط بتایا کہ مغربی طاقتیں جنگ بارد (ٹھنڈی لڑائی) کر رہی ہیں۔

مسٹر بیون نے کہا کہ فرانس نے اپنے اختلافات پر قابو پالیا، اور اطالیہ نے ایک مضبوط حکومت قائم کرلی ہے علاوہ ازیں میثاق اوقیانوس پر بھی اتفاق ہوگیا ہے۔ آپنے کہا کہ میں امریکہ میں اس مقصد سے جا رہا ہوں کہ مغرب کو متحد کروں اس لئے نہیں کہ وہ ہمارے ملک کے مفاد میں ہے بلکہ اس لئے کہ دنیا کا امن اس پر منحصر ہے۔ آپ نے کہا کہ فرانس، امریکہ اور برطانیہ مغربی جرمنی میں اختلافات پیدا کرنے کی بجائے جلد از جلد ایک با اختیار حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں۔

امریکہ اب کوئی مزید میثاق بنانے کے لئے تیار نہیں، اور نہ وہ کسی اور میثاق میں شریک ہوگا۔ واشنگٹن میں میثاق اوقیانوس میں شریک مدبرین کا خیال ہے کہ میثاق اوقیانوس کی دفعہ ۲ اس قدر واضح ہے کہ اس کے بعد کسی مزید علاقائی میثاق کی ضرورت باقی نہیں رہی ہے۔

کلکتہ ۲۵ مارچ۔ مغربی بنگال کی مجلس قانون ساز میں بجٹ پر بحث کے دوران میں وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے نے حزب مخالف کے لیڈروں کے اس الزام کی سخت تردید کی کہ حکومت کی انتظامی مشینری پر بہت زیادہ مصارف ہیں۔ بجٹ میں ۳۵۳۳۱۰۰۰ روپیہ [illegible] کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔ [illegible]

کلکتہ میں پاکستانی نوٹ بن رہے ہیں

کلکتہ ۲۵ مارچ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کلکتہ میں ایک منظم گروہ پاکستان کے ۵ اور ۱۰ روپے کے جعلی نوٹ بنا رہا ہے اور پاکستان جانے والے لوگوں کو دے رہا ہے کل [illegible] کے علاقے ایک مکان پر چھاپہ مارا اور چار اشخاص کو گرفتار کیا ان کے قبضہ سے پاکستان کے دس دس روپے کے ۲۵ جعلی نوٹ برآمد ہوئے۔ تقریباً اسی وقت پولیس نے شمالی کلکتہ کے ایک اور مقام پر چھاپہ مار کر ایک شخص کے قبضہ سے ایسے ۱۷ نوٹ برآمد کئے تھے۔ یہ شخص بھی گرفتار کر لیا گیا تھا۔

سائیکلوں اور آٹوموبائل کے کارخانے

عنقریب مدراس میں قائم ہونگے

مدراس ۲۵ مارچ۔ مسٹر سیتا راما ریڈی وزیر صنعت نے کونسل کے دوران میں اس امر کا انکشاف کیا کہ عنقریب مدراس میں آٹوموبائل کے پرزوں کو جمع کرنے کا ایک کارخانہ قائم کیا جائے گا۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ اس بات کا بھی امکان ہے کہ سائیکل بنانے کا بھی ایک کارخانہ قائم کیا جائے۔ [illegible]

پاکستان کیلئے پرمٹ

دہلی ۲۵ مارچ۔ بہت سے لوگ یہ بھی نہیں جانتے کہ شہریت کے پرمٹ کہاں سے ملتے ہیں۔ یہ پرمٹ نمبر ۱ راجپور روڈ سے ملتے ہیں یہاں سے ڈپٹی کمشنر صاحب انڈین شہریت کا سرٹیفکیٹ دیتے ہیں تاکہ پاکستان سے واپس آنے والے ہندوستان کے مستقل پرمٹ آسانی سے بن جائیں۔ دفتر والے کافی سہولت دے رہے ہیں۔ یعنی پولیس سے درخواست ملنے پر دوسرے تیسرے ہی دن درخواست کا فیصلہ ہوجاتا ہے اور وجہ معقول ہونے پر پرمٹ دیدئیے جاتے ہیں۔ درخواست و ہدایت کو تحریری اطلاع گھر پر ہی دیدی جاتی ہے موجودہ پرمٹ اسسٹنٹ صاحب پبلک سے کافی خوش اخلاقی سے پیش آتے ہیں اور ہر امکانی طریقہ سے پبلک کی امداد کرتے ہیں یہ تمام کام جناب ہرکشن سنگھ [illegible] ایم اے۔ پی۔ سی۔ ایس کے زیر نگرانی انجام دئیے جا رہے ہیں۔

بمبئی کے چالیس دیہات میں قحط

بمبئی ۲۵ مارچ۔ حکومت بمبئی نے ضلع دھارواڑ کے چالیس دیہات کو کمیابی کا علاقہ قرار دیدیا ہے امدادی کاموں کے لئے ۵۰ ہزار کی رقم منظور کردی گئی ہے اسی ہزار روپے دھارواڑ کے کلکٹر کو دیدئیے گئے ہیں تاکہ وہ دیگر امدادی کاموں میں صرف کرے ایک لاکھ روپیہ بطور تقاوی قرض دینا بھی منظور کیا گیا ہے۔

حیدرآباد کے گاؤں پر کمیونسٹوں کا حملہ

حیدرآباد ۲۵ مارچ۔ حیدرآباد سے یہ اطلاع ملی ہے کہ مسلح کمیونسٹوں کے ایک گروہ نے [illegible] کے ایک گاؤں میں خصوصی مسلح پولیس کے کیمپ پر چھاپہ مارا۔ پولیس سے تقریباً [illegible] گھنٹہ مقابلہ کیا اور پھر پہاڑوں میں بھاگ گئے۔ مقابلہ میں کسی کو نقصان نہیں پہنچا۔ یہ موضع [illegible] ضلع نلگنڈہ کے اطراف میں واقع ہے۔

سو دہشت انگیز گرفتار

بمبئی پولیس کا کارنامہ

بمبئی ۲۵ مارچ۔ دہشت پسند سرگرمیوں کو روکنے کے لئے حکومت بمبئی نے جو خصوصی پولیس مقرر کی ہے اس نے ایک ہفتہ کے اندر اندر بمبئی کے مختلف علاقوں سے سو دہشت انگیز اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کے ڈپٹی کمشنر مسٹر مراری نے بتایا کہ پولیس نے خطرناک عناصر کو ختم کرنے کے لئے جو مہم شروع کی ہے۔ یہ خصوصی پولیس اس کا ایک حصہ ہے۔ گرفتار شدگان میں ہند کی انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے افراد کے علاوہ بعض ایسے لوگ بھی شامل ہیں۔ جن کی پولیس کو ان کے نفرت انگیز جرائم کے لئے تلاش تھی۔

دار السلطنت

۲۶ مارچ

اکالیوں کا مقدمہ

سردار اجیت سنگھ سابق وزیر صوبہ سرحد اور پانچ دیگر اکالیوں کا جو مقدمہ گوردوارہ رکاب گنج میں غیر قانونی کانفرنس منعقد کرنے کے سلسلہ میں چل رہا تھا کل سردار ہرکشن سنگھ [illegible] کی عدالت میں پھر شروع ہوا وکیل صفائی نے گواہوں کی ایک فہرست پیش کی مقدمہ کی مزید سماعت ۵ اپریل تک ملتوی کردی گئی۔

پیدائش و اموات

دہلی میں گذشتہ ہفتہ ۲۱۲ پیدائش ۶۹ اموات ہوئیں۔ مرنے والوں میں ایک سال سے کم عمر کے ۴ بچے شامل ہیں۔ اس مرتبہ ایک شخص چیچک اور ایک خسرہ کی بیماری سے ۳۵ بخار سے، سانس کی بیماری سے اور ۲۶ دیگر بیماریوں سے مرے۔

دو اشخاص گرفتار

دہلی پولیس نے گذشتہ روز پیٹرول کو چور بازار میں فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پولیس نے دو ٹرک ڈرائیوروں کو دستخط شدہ نوٹ دے کر پیٹرول خریدنے کے لئے بھیجا۔ جونہی نوٹ ملزمین کو دئیے گئے پولیس نے چھاپہ مار کر ان کے قبضہ سے نوٹ برآمد کر لئے۔

تین عورتیں زخمی

کل دہلی کے مختلف علاقوں میں تصادم ہونے کی چار وارداتیں ہوئیں۔ نتیجہ میں تین عورتیں اور دو اشخاص سخت زخمی ہوئے ملکہ گنج سبزی منڈی میں ایک شخص نے کرپان سے ایک عورت اور اس کے خاوند کو سخت مجروح کر دیا۔ لوگوں نے حملہ آور کو پکڑنے کی کوشش کی۔ لیکن وہ پہاڑی کی طرف فرار ہوگیا۔ حملہ آور کے خلاف زیر دفعہ ۳۰۷ تعزیرات ہند مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

اس قسم کا ایک اور جھگڑا موضع پہلاد پور [illegible] میں ہوا جس میں ایک عورت اور ایک شخص کو گرفتار کیا گیا ہے۔ جس کے قبضہ سے ایک ناجائز تلوار اور چھرا برآمد ہوا ہے۔

قصاب پورہ میں کسٹوڈین کا نوٹس

قصاب پورہ باڑہ ہندو راؤ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک بلڈنگ میں جو کرایہ دار ہیں وہ ہمراہ مالک مکان کو کرایہ دے کر رسید حاصل کر لیتے ہیں۔ لیکن کسٹوڈین کی طرف سے ایک نوٹس آیا ہے کہ آٹھ روز [illegible] کا کرایہ ادا کریں ورنہ میعاد کے اندر مکان خالی کردیں۔

باڑہ ہندو راؤ میں چوری

۲۴ مارچ کی شب میں فضل حسین ولد مظفر حسین ساکن باڑہ ہندو راؤ محلہ شیخان گلی عطا کے یہاں چوری ہوگئی اور نقد روپیہ اور زیورات تقریباً تیس ہزار روپے کا چور لے گئے۔

باڑہ میں ایک مکان سیل کردیا گیا

باڑہ ہندو راؤ میں امین الدین کے مکان پر کسٹوڈین کے آدمی آئے اور کہا کہ ہم مکان کو سیل کریں گے۔ ان سے پوچھا کہ اس کی وجہ کیا ہے تو جواب دیا کہ یہ فیکٹری ہے اور در اصل وہ فیکٹری نہیں ہے۔

عرصہ دو سال سے امین الدین کرایہ دار [illegible] محمد اسمعیل کی جائداد میں آباد ہے کرایہ دار مذکور کے پاس رسید کرایہ کی بھی موجود ہیں مگر مکان مذکور سیل کر دیا۔

ابنائے قدیم جامعہ طبیہ سے اپیل

دہلی کی انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کی ورکنگ کمیٹی کے جلسہ منعقدہ ۱۸ فروری ۱۹۴۹ء کے فیصلہ کے مطابق کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ سے فیس رکنیت وصول کرنے کی آخری تاریخ ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء ہے لیکن ابھی تک بہت کم ابنائے قدیم کی فیس رکنیت وصول ہوئی ہے۔ لہذا کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ سے اپیل ہے کہ جلد از جلد فیس رکنیت ایک روپیہ اور اپنا موجودہ پتہ صاف لفظوں میں مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال فرما کر سند رکنیت حاصل کریں۔

حکیم محمد اسمعیل آنرری سکریٹری انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ محلہ دو گران لال کنواں دہلی۔

اسپتال سے کمیونسٹ غائب

دہلی ۲۵ مارچ۔ راجیندر سنگھ نامی مشہور کمیونسٹ جسے کچھ عرصہ ہوا گرفتار کیا گیا تھا پر اسرار طور پر [illegible] ہسپتال سے غائب ہوگیا۔ اسکو معائنہ کی غرض سے پولیس کی حفاظت میں اسپتال پہنچایا گیا تھا۔ [illegible]

دار السلطنت

۲۶ مارچ ۱۹۴۹ء

ایک کانسٹبل پر جرمانہ

ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے پر سلطان سنگھ نامی ایک کانسٹبل پر کل دہلی کے ایک مجسٹریٹ نے پچاس روپے جرمانہ کیا۔

دہلی کی عدالتوں میں

کیول ناتھ نامی ایک اچکے کو جس نے چاندنی چوک میں کوتوالی کے قریب ایک مسافر کی جیب سے فاؤنٹین پن چرا لیا تھا دہلی کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے چار ماہ قید سخت کی سزا دی۔

کل دہلی کے ایک مجسٹریٹ نے ۱۸ اشخاص کو ایک روپیہ سے دس روپیہ فی کس کے حساب سے جرمانہ کی سزا دی۔

بابو رام نامی ایک شخص کو دہلی ریلوے اسٹیشن پر جیب کترنے کے جرم میں چار ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ ملزم نے جرم کا اعتراف کرلیا تھا۔

[illegible] نامی ایک شخص جو سائیکل کے ٹیوبوں میں دیسی شراب بھر کر لے جا رہا تھا کل ایک عدالت سے چھ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی منشی نامی ایک دوسرے شخص کو اسی جرم میں ۵۰ روپے جرمانہ یا ایک ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

صحتی فلموں کی نمائش

راجکماری امرت کور وزیر صحت نے کل نئی دہلی کے ڈائرکٹر جنرل آف ہیلتھ کی بیماریوں کی بابت معلومات فراہم کرنے والی فلموں کا افتتاح کیا۔

دہلی میں دیہاتی کانفرنس

دہلی میں آج ایک دیہاتی پولیٹیکل کانفرنس مسٹر رام نرائن سنگھ ممبر کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کی زیر صدارت شروع ہو رہی ہے اس میں دہلی کے ۳۶۰ دیہات سے ایک ہزار نمائندے شریک ہو رہے ہیں۔ اس کانفرنس میں دیہات سدھار کی بہت سی اسکیموں پر غور کیا جائے گا۔ کانفرنس میں ڈاکٹر پٹابھی سیتارمیا صدر کانگریس کو بھی سپاسنامہ پیش کیا جائے گا۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب تعلیمی مرکز میں

کل صبح ۱۱ بجے محترم ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علیگڑھ تعلیمی مرکز [illegible]

آج عزیز الرحمن صاحب [illegible] تعلیمی مرکز دکھایا [illegible] بعد آپ نے [illegible] اس زمانے میں اس مرکز کے کام نے بیحد ترقی کی ہے۔ اس سے بڑی خوشی ہوئی۔

عزیز الرحمن صاحب نے جب یہ کام شروع کیا تھا تو ان کے لئے یہ ذرا نیا کام تھا۔ لیکن اب معلوم ہوتا ہے کہ انہیں اس کا خاص سلیقہ ہے اور یہ اسے بڑی خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں۔ خدا ان کی مساعی کو مشکور فرمائے۔ یہ کسی کامیابی پر مطمئن ہو کر رک نہ جائیں بلکہ برابر اپنے کام کو خوب سے خوب تر بنانے میں منہمک رہیں۔

سوشلسٹ کارکنوں کی ایک روزہ بھوک ہڑتال

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ مقامی سوشلسٹ پارٹی کے پانچ کارکن [illegible] ہمدردی ظاہر کرنے کے لئے ایک دن کی بھوک ہڑتال کریں گے۔ ان کے نام حسب ذیل ہیں۔ مسٹر مشتاق احمد، مسٹر روپ نرائن، مسٹر رام سروپ چوہان، مسٹر منموہن [illegible] [illegible] (گلوب)

کراچی میں مکانات کا راشننگ

پولینڈ کی اسکیم اختیار کی جائے گی

کراچی ۲۶ مارچ۔ حکومت کراچی کے ایک نمائندے نے کہا کہ جلد ہی کراچی میں زبردستی مکانات کا راشن ہونے والا ہے۔ اس نے کہا کہ جنگ کے بعد جو صورت پولینڈ میں اختیار کی گئی تھی وہ یہاں بھی اختیار کی جانے والی ہے جس کے باعث ہر خاندان کو اس کی ضرورت کے مطابق مکانات دیئے جائیں گے۔

امریکہ کا چارج ڈیفیر کراچی میں

لاہور ۲۶ مارچ۔ [illegible] امریکہ کے [illegible] کراچی [illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے سامنے لسانی صوبہ کا مسئلہ

دہلی ۲۶ مارچ۔ انڈین نیشنل کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کا آئندہ اجلاس ۵ اپریل کو دہلی میں ہو رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس اجلاس میں سب سے اہم ایجنڈا۔ مسئلہ لسانی صوبوں کا ہے۔ اس وقت لسانی صوبوں کی سب کمیٹی کی رپورٹ جس کے ممبر ڈاکٹر پٹابھی اور دوسرے مسٹر سردار پٹیل اور پنڈت نہرو ہیں تیار ہوجائے گی۔

اس کے علاوہ زراعتی کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں ورکنگ کمیٹی تنسیخ زمینداری اور آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے مرکز اور صوبوں میں پارلیمنٹری کاموں سے رابطہ رکھنے کے بارے میں بھی غور کرے گی۔

کمیٹی اس بات پر بھی غور کرے گی کہ ایک آل انڈیا [illegible] کی انجمن بنائی جائے۔

باہر سے آنے والا گیہوں

ہند کو اب کم قیمت ادا کرنی پڑے گی

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ ابھی حال میں واشنگٹن میں گندم کا جو بین الاقوامی معاہدہ ہوا ہے اس کی وضاحت کرتے ہوئے مرکزی وزارت خوراک کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اب ہندوستان کو ہر سال دس لاکھ ٹن گندم فراہم کرنے کا اطمینان دلایا گیا ہے اس گندم کے لئے زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم قیمتیں مقرر کر دی گئی ہیں جن کی وجہ سے ہمارے درآمد کے اخراجات میں کمی ہوگی۔ اس معاہدہ کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ اب ملک میں زیادہ چاول پیدا کرنے کے کام میں مزید توجہ مبذول کرائی جاسکے گی۔

اس معاہدہ کے مطابق ہندوستان گندم کے لئے وہی قیمت ادا کرے گا جو گندم درآمد کرنے والے دیگر ممالک ادا کریں گے۔ یہ قیمت زیادہ سے زیادہ دس روپے چھ آنے من اور کم سے کم سات روپے تین آنے ہوگی۔ گندم درآمد کرنے والے کسی بھی ملک پر یہ لازم نہیں کہ وہ متفقہ مقدار کو ضرور خریدے البتہ مقررہ کم سے کم قیمت پر مقررہ مقدار اٹھائی جاسکتی ہے۔

ترجمان نے بتایا کہ یہ معاہدہ ہندوستان کی اس نئی پالیسی کے خلاف نہیں جس کے مطابق ۱۹۵۱ء تک ہندوستان کو خود مکتفی بنانے کا پروگرام ہے۔

بلکہ یہ معاہدہ ہندوستان کی نئی پالیسی کے موافق ہے چونکہ ملک کی تقسیم کے بعد گندم پیدا کرنے والے بعض اعلیٰ علاقے پاکستان میں شامل ہوگئے ہیں اس لئے ۱۹۵۱ء کے [illegible] معاہدہ کی میعاد چار سال ہے۔ [illegible] سال میں حاصل کی جانے والی گندم کو اناج کے ایک مرکزی احتیاطی ذخیرہ کے لئے استعمال کیا جائے گا تاکہ قیمتوں کے توازن کو ٹھیک رکھا جاسکے۔ یہ سفارش ۱۹۴۳ء کی اناج کی پالیسی کمیٹی اور ۱۹۴۸ء کی [illegible] پرشوتم داس ٹنڈن نے کی تھی۔

حال ہی میں ہندوستانی پارلیمنٹ میں وزیر خوراک نے بھی اس تجویز کی حمایت کی تھی۔

مغویہ عورتوں کے متعلق آرڈیننس

نئی دہلی ۲۵ مارچ۔ کل اعلان کیا گیا کہ مغویہ اشخاص کے سلسلہ میں گزشتہ جنوری ۱۹۴۹ء میں جو آرڈیننس جاری کیا گیا تھا اسے فوری طور پر صوبہ دہلی میں بھی نافذ کر دیا گیا ہے۔ اس آرڈیننس کے تحت انتظامی افسروں کو مغویہ خواتین کی برآمدگی کے سلسلہ میں کچھ آسانیاں دی گئی ہیں۔

ہند کا فوجی وفد یورپ کو

دہلی ۲۶ مارچ۔ توقع ہے کہ اگلے ہفتہ ہندوستان کی مسلح افواج کا ایک وفد سکریٹری دفاع مسٹر پٹیل کی سرکردگی میں یورپ اور امریکہ جائے گا جس کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلح افواج کی تربیت اور ترقی کے لئے دوسرے ملکوں کے طریقوں کو دیکھا جائے۔ وفد کے تمام ممبر لندن میں جمع ہوں گے اور وہاں سے [illegible] سوئٹزرلینڈ۔ جرمنی امریکہ اور کناڈا جائیں گے۔

دہلی کے چار کپڑے کے تاجروں کی

اپیل نامنظور

شملہ ۲۶ مارچ۔ دہلی کے چار کپڑے کے تاجروں میسرز بنشیشر ناتھ، سیتا رام، اوم پرکاش اور ہزاری لال، چاندنی چوک، جن پر دہلی کلاتھ لائسنس آرڈر کے تحت مقدمہ چلایا گیا تھا مشرقی پنجاب کے چیف جسٹس نے اپیل منسوخ کر دی ہے۔ ان چاروں پر بغیر لائسنس کے راشن کا کپڑا اور ہینڈ لوم کلاتھ رکھنے کا الزام تھا۔ سیشن جج نے راشن کا کپڑا رکھنے پر [illegible] روپیہ فی کس کیا تھا اپیل پر نظر ثانی نامنظور کر دی گئی ہے۔

روس کا نیا وزیر افواج

ماسکو ۲۶ مارچ۔ ماسکو ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ مارشل بلگانن کو روس کے وزیر فوج کے عہدہ سے الگ کردیا گیا ہے اور مارشل واسلیوسکی کو وزیر فوج مقرر کردیا گیا ہے [illegible]

مسز وجے لکشمی کی ماسکو سے روانگی

ماسکو ۲۶ مارچ۔ مسز وجے لکشمی پنڈت جن کو امریکہ میں سفیر مقرر کیا گیا ہے۔ یکم اپریل کو ماسکو سے روانہ ہوجائیں گی۔

مسٹر ایڈن پشاور میں

پشاور ۲۶ مارچ۔ مسٹر ایڈن سابق برطانوی وزیر خارجہ پشاور پہنچ گئے۔ یہ پہلا موقع ہے کہ وہ پشاور آئے ہیں۔

ٹرومین نے اپنا پروگرام ملتوی کردیا

واشنگٹن ۲۵ مارچ۔ صدر ٹرومین نے آج اپنی تقریر کے تمام پروگرام دو دن کے لئے ملتوی کردئیے۔ وہ اقوام متحدہ کے دفتر کا افتتاح کرنے والے تھے۔ مگر اس تقریب کو بھی ملتوی کر دیا گیا۔ انھوں نے آج اپنی پریس کانفرنس میں بتایا کہ وہ اپنا تمام وقت اسٹیٹ کے ممبروں اور کانگریس کے نمائندوں سے گفت و شنید میں صرف کریں گے انھوں نے کہا کہ وہ ۴ اپریل کو اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط کرنے کی رسم میں حصہ لیں گے۔

پاکستان مجلس دستور ساز کی خالی نشست

ڈھاکہ ۲۶ مارچ۔ مسٹر [illegible] سہروردی کے پاکستان کی مجلس دستور ساز سے علیحدہ ہونے کے بعد جو جگہ خالی ہوئی تھی اس کے لئے مشرقی بنگال کے اسپیکر نے [illegible] نامزدگی داخل کرنے کے لئے ۵ اپریل مقرر کی ہے۔ نام واپس لینے کے لئے آخری تاریخ ۸ اپریل ہے اگر ضرورت ہوئی تو انتخاب ۱۱ اپریل کو ہوگا۔

برطانوی کمیونسٹ مظاہرے کرینگے

اٹلانٹک پیکٹ کی مخالفت کا فیصلہ

لندن ۲۶ مارچ۔ برطانوی کمیونسٹ پارٹی نے آج اپنے ممبروں کو بتایا کہ وہ اجتماعی مظاہروں کا انتظام کریں۔ یہ مظاہرے اٹلانٹک پیکٹ کے خلاف ہونگے۔ اور پارلیمنٹ کے رکن سے مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ اس کے خلاف ووٹ دے۔ ایک بیان میں انھوں نے حکومت کو تنبیہ کی کہ برطانیہ کے مزدور کبھی اس بات کے لئے تیار نہ ہوں گے کہ ان کو امریکہ کے آلہ کار کی حیثیت سے روس کی سوشلسٹ حکومت کے خلاف استعمال کیا جائے۔ اس پارٹی کی سیاسی کمیٹی نے ایک بیان میں اٹلانٹک پیکٹ کو جنگ کا معاہدہ قرار دیا۔ اور اسے جرمنی۔ اٹلی اور جاپان کے کمن ٹرن پیکٹ سے مشابہت دی۔

معاہدہ اوقیانوس پر دستخط کرنے کے لئے نمائندوں کی روانگی

لندن ۲۶ مارچ۔ چار مغربی طاقتوں کے نمائندے جہاز میں امریکہ روانہ ہوگئے ہیں تاکہ ۴ اپریل کو معاہدہ اوقیانوس پر دستخط کرسکیں۔ یہ لوگ جہاز کوئین میری میں روانہ ہوئے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ برطانیہ کے مسٹر بیون وزیر خارجہ بلجیم کے ایم اسپاک۔ ہالینڈ کے [illegible] اور لکزمبرگ کے [illegible] اور دوسری طاقتوں کے نمائندے اور فرانسیسی وزیر خارجہ مسٹر شومان [illegible] معاہدہ پر دستخط کرنے والی [illegible] امریکہ، برطانیہ، کناڈا، فرانس، ہالینڈ، لکزمبرگ اور بلجیم۔

شادی کے لئے عمر مقرر کرنے کی تجویز

مردوں کے لئے بیس عورتوں کے لئے ۱۵ سال

دہلی ۲۶ مارچ۔ پارلیمنٹ کی ایک منتخب کمیٹی نے یہ تجویز منظور کرلی ہے کہ شادی کی عمر مردوں کے لئے ۱۸ کے بجائے ۲۰ سال اور عورتوں کے لئے ۱۴ سال کی بجائے ۱۵ سال کردی جائے۔

یہ کمیٹی ٹھاکر داس بھارگو کے بل پر بچوں کی شادی کی روک تھام کے قانون میں ترمیم کرنے کے سوال پر مقرر کی گئی تھی۔ کمیٹی کا یہ خیال ہے کہ [illegible] سال سے اوپر کے مردوں کی اور ۱۸ سال سے کم عمر کی عورتوں کی شادی پر پابندی غیر ضروری ہے اور مسٹر بھارگو کی ان دونوں دفعات کو حذف کر دیا ہے۔ کمیٹی یہ بھی خیال کرتی ہے کہ شادی کی تکمیل کے لئے ضمانتی بونڈ بھرنا غیر ضروری ہے۔ ڈاکٹر بھارگو کے بل کی وہ دفعہ [illegible] جس میں ہندو سکھ، جینیوں اور مختلف ذاتوں کے لوگوں کے درمیان شادی کو جائز کرنے کا ذکر ہے [illegible] کمیٹی کی رائے ہے کہ اس کا اطلاق [illegible] پر بھی ہو۔

روزنامہ الجمعیۃ ترقی پسند اخبار ہے [illegible] اشتہار دینا کامیابی [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

چندوسی مارکیٹ

گندم ۔ ۲۴/۸/۔ چنے ۔ ۱۶/۔ [illegible]

[illegible]

دہلی مناری مارکٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی صرافہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی تیل مارکٹ

تیل گولہ ۔۔۔ ۸۲ تیل السی ۔۔۔ ۵۲ [illegible]

دہلی کریانہ مارکٹ

[illegible]

بڑودہ میں شراب بندی

[illegible] بڑودہ حکومت کے ایک نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت بڑودہ کی امتناع شراب کی پالیسی کے تحت یکم اپریل سے ۲۲ دیسی شراب کی دوکانیں اور ۶ غیر ملکی شراب کی دکانیں بند ہوجائینگی۔

انڈونیشی جمہوری حلقوں کا رویہ

بٹاویہ ۲۵ مارچ۔ مجلس تحفظ کی انڈونیشیا کے متعلق قرارداد پر انڈونیشیا کے جمہوری حلقوں میں کوئی خاص جوش نہیں پایا جاتا۔ ایک انڈونیشی نمائندے نے کہا کہ مجلس تحفظ کی منظور کردہ کناڈا کی تجویز مبہم ہے اسکی کامیابی کا انحصار حکومت کے طرز عمل پر ہے۔ لیکن مجلس تحفظ کی ۲۸ جنوری کی قرارداد [illegible] انڈونیشی اس کی حمایت کریں۔

مسٹر ایڈن کی گورنر جنرل سے ملاقات

لاہور ۲۶ مارچ۔ خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان سے ملاقات کرنے کے لئے مسٹر انتھونی ایڈن نے اپنے پروگرام میں کچھ تبدیلی کر دی ہے۔ وہ پشاور سے کراچی جانے کے بجائے آج لاہور آکر گورنر جنرل سے ملاقات کریں گے اور شام کو کراچی کے لئے روانہ ہوجائیں گے۔

خط ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مضمون نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

امروہہ جمعیۃ کا انتخاب

دیکھو غالب مجھے اس تلخ نوائی سے معاف
آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم۔

روزنامہ انصاری مورخہ ۲۴ مارچ ۱۹۴۹ء میں یہ خبر دیکھ کر انتہائی حیرت ہوئی کہ امروہہ میں باضابطہ منتخب شدہ جمعیۃ علماء کے مقابلہ میں کوئی خود ساختہ جمعیۃ علماء بروئے کار آئی ہے۔ خدا معلوم ہمارے یہ اختلافات ہمیں کہاں پہونچا کر دم لیں گے، اور کب تک ہم خدمت عوام کے مقابلہ میں اپنی نفس پرستی کو ترجیح دیتے رہیں گے۔

انتخاب کے سلسلہ میں اصل حقیقت یہ ہے کہ ایک عرصہ دراز سے حکیم آفتاب احمد خاں صاحب اور سید عبد الرحمن صاحب کے درمیان منافقات چلے آتے ہیں اور وہ پارٹی بندی کے ماتحت آکر مسلمانان امروہہ کے لئے ایک [illegible] بن رہے ہیں جس سے [illegible] ترقی کر رہی ہے۔

چنانچہ اس سے پہلے ایک انتخاب عمل میں آیا تھا [illegible] معاملہ ایک ٹریبونل کے سپرد کر دیا [illegible] فیصلہ کیا کہ انتخاب [illegible] زیر نگرانی حضرت مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء یوپی دوبارہ کیا جائے۔

حضرت مولانا محمد قاسم [illegible] مارچ کو امروہہ تشریف لائے [illegible] اور حکیم صاحب کی طرف سے مسلسل اعتراضات شروع ہوئے۔

سید عبد الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء امروہہ نے بھی انتخاب سے قبل ایک اعتراض پیش کیا جو ہمارے محترم بزرگ حاجی عبد الواحد خاں صاحب کی ذات گرامی سے متعلق تھا، اور اس اعتراض کے صحیح ہونے کی شہادت حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نے دی اور فرمایا کہ جمعیۃ کے قواعد و ضوابط کے ماتحت کسی ایسے شخص کو منتظمہ کمیٹی کا ممبر نہیں بنایا جا سکتا جو جمعیۃ کے اصول و مقاصد کا مخالف ہو۔

اس پر حکیم آفتاب خاں صاحب اور ان کے ساتھیوں نے نہایت سخت لب و لہجہ میں فرمایا کہ اگر اس جرم میں کہ وہ لیگی ہیں اور باوجود اس کے کہ ان پر عائد کردہ الزام صحیح ہے جمعیۃ کی منتظمہ کمیٹی کا ممبر نہیں رکھا جا سکتا تو ہم اقرار کرتے ہیں کہ ہم سب لیگی ہیں اور ہمیں ایسی جمعیۃ کی کوئی ضرورت نہیں۔ [illegible] حضرت مولانا نے فرمایا کہ [illegible] آپ کی مرضی ہے کہ واک آؤٹ کر جائیں یا انتخاب میں حصہ لیں۔

چنانچہ [illegible] کی حاضری میں سے [illegible] ممبر حکیم صاحب کے ساتھی تھے واک آؤٹ کرگئے۔ [illegible] ممبران کی حاضری باقی رہ گئی۔ حضرت مولانا نے حکیم فضل الرحمن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع مراد آباد کی موجودگی میں انتخاب کیا [illegible] انتظام جمعیۃ علماء سے کوئی انحراف نہیں ہے۔

(معراج النبی خاں رکن مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء امروہہ)

ہریجنوں اور جاٹوں میں تصادم

روہتک ۲۵ مارچ۔ پندرہ روز کے اندر [illegible] ضلع روہتک کے اندر جاٹ، راجپوت اور ہریجنوں کے درمیان تصادم ہوئے ہیں۔ تقریباً ۴۴ ہریجن زخمی ہوئے بارہ سے زیادہ دیہات میں ہریجنوں کا بائیکاٹ کرکے ان کو بازاروں اور کھیتوں میں جانے [illegible]

[illegible]

زنگ کا سامان پکڑا گیا

امرتسر ۲۶ مارچ۔ حکومت ہند کے محکمہ کسٹم نے ۲۰ ہزار روپیہ کا زنگ کا سامان پکڑا ہے جو پاکستان سے [illegible]

آسام میں دو لاکھ پناہ گزین بسائے جائینگے

[illegible]

امریکہ میں مسٹر چرچل کا استقبال

واشنگٹن ۲۶ مارچ۔ گذشتہ شب برطانوی سفارت خانہ میں مسٹر چرچل کو ایک استقبالیہ دعوت دی گئی جس میں انھوں نے امریکی سیاست دانوں سے بات چیت کی۔ [illegible]

مغربی پنجاب میں انتخابی سوالنامہ

[illegible]

لئے اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ،، ،، ،، تین روپیہ فی انچ ہر کالم
پچاس انچ سے زیادہ ،، ،، دو روپیہ فی انچ فی کالم
اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ فی کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مینیجر اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ

رجسٹرڈ دہلی

قائم شدہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۲۹ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۳۰ مارچ ۱۹۴۹ء | نمبر ۷۳ | بذریعہ ہوائی ڈاک

اشتہار کے لئے خالی ہے

اشتہار کے لئے خالی ہے

کشمیر کمیشن نے استصواب کے سلسلہ میں اپنا کام ختم کردیا

جے رام داس دولت رام میسور میں

میسور ۲۸ مارچ - حکومت ہند کے وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام [illegible] سے متعلق ایک کانفرنس کا افتتاح کرنے کے لئے میسور پہنچ گئے ہیں۔

اصفہان تبریز اور مشہد میں روسی سفارتخانے بند ہونے لگے

سفارتی عملہ کی واپسی پر سیاسی حلقوں کی خیال آرائیاں

خبر کی تصدیق یا تردید سے ایرانی حکومت کا انکار

طہران ۲۸ مارچ

ایران کے صوبہ جات سے جو اطلاعات یہاں موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اصفہان تبریز (؟) اور مشہد میں روسی سفارت خانے اپنا سامان باندھ رہے اور روانہ ہونے کے لئے تیار ہیں

ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ایرانی حکومت نے سرکاری طور پر اس خبر کی تصدیق یا تردید کرنے سے انکار کر دیا کہ روسی حکومت ایران میں اپنے سفارت خانے بند کر رہی ہے۔

تقریباً تین سال قبل حکومت ایران نے روس سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ ایران میں اپنی ضرورت سے زائد سفارت خانے بند کردے۔ ایران میں روس کے بارہ سفارت خانے ہیں جب کہ روس میں ایران کا صرف ایک سفارت خانہ ہے۔

روسی حکومت نے اپنے چار سفارت خانے پہلے ہی بند کر دیئے تھے لیکن اب بھی ایران میں آٹھ روسی سفارت خانے ہیں یہاں کے سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ سفارت خانے بند کرنے کا سبب اخراجات کی نسبت سے نتائج کا حاصل نہ ہونا [illegible]

ممبران کمیشن کی وزیر خارجہ پاکستان سے ملاقات

ڈاکٹر لوزانو منگل کے دن لیک سکس روانہ ہوجائیں گے

کراچی ۲۸ مارچ [illegible]

امریکہ میں خوفناک آندھی

دو شہر تباہ ہو گئے

چین میں کمیونسٹوں سے مصالحت کیلئے حکومت کا وفد جا رہا ہے

آنکنگ میں حکومت کی فوجوں نے کمیونسٹوں کو پیچھے ہٹا دیا

کلکتہ میں ستر ہزار کی چوری

گوردواروں میں سیاسی مسائل پر بحث

جنرل چودھری کا بیان

برما کے انتخابات ملتوی ہوجائیں گے

تھاکن نو کا انتباہ

مغربی طاقتوں کے فیصلہ کے خلاف

جرمن لیڈروں کا احتجاج

کشمیر کمیشن کے نمائندے کراچی میں

برطانوی دولت مشترکہ کے مستقبل کا انحصار ہندوستان کے رویہ پر ہے

دولت مشترکہ کی تمام قومیں ہندوستان کو ممبر رکھنا چاہتی ہیں

ہونے والی وزیر اعظموں کی کانفرنس مستقبل کا فیصلہ کرے گی

دوسرے ملکوں کے لئے وظیفے

گاندھی جی کے قتل کے ملزموں کی اپیل

وندھیا پردیش کی حکومت پر عدم اعتماد

بنگلور جیل کے

قیدیوں اور حکام میں تصادم

عربوں نے صلح کی مستقل گفت و شنید میں شریک ہونے سے انکار کردیا

۷ لاکھ عرب مہاجرین کی آبادکاری کا مطالبہ

جرمنی کی سرحد میں چند تبدیلیاں کردی گئیں

مغربی علاقوں کی فوجی حکومت کا اعلان

یہودیوں کی تعلیمات

Daily

Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi 28-3-49

PHONE 5855

ڈاک کے نرخوں میں اضافہ کی تصدیق کردی گئی

پارلیمنٹ میں مالی بل پر چیدہ کمیٹی کی رپورٹ

متعلیمی سب کمیٹی جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

ماتحت اضلاع کے نام سرکلر

پانچ سال کے اندر اندر یوپی میں ابتدائی تعلیم لازمی کردی جائیگی

اُستادوں کی تنخواہوں کی بابت مسٹر سمپورنانند کا اعلان

یو۔پی اسمبلی میں تعلیم اور محنت کی وزارتوں کے مطالبات زر منظور

عورت کو پھانسی دیجائیگی

ابتدائی اسکول

مڈل اسکول

آل انڈیا موسیقی اسکول

فی الحال ہندو پاکستان میں پرمٹ سسٹم کی ضرورت ہے

لاہور کی پریس کانفرنس میں ہند کے نئے ہائی کمشنر کا بیان

ڈاکٹر سیتا رام نے کہا پرمٹ سسٹم ایک ایسی برائی ہے جس کا برداشت کرنا ضروری ہے۔ لیکن امید ہے کہ وہ صورت حالات جلد پیدا ہوجائے گی جو اس کے خاتمہ کے لئے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا وہ بھی اس بات کے حامی ہیں کہ ریلیں جلد جاری کردی جائیں۔

کشمیر میں استصواب رائے

ڈاکٹر حسن کو بیان دینے کی اجازت نہیں ملی

سی پی اسمبلی کے اسپیکر کا رولنگ

ناگپور ۲۸ مارچ۔ کل سی پی اسمبلی کے اسپیکر مسٹر گپتا نے ڈاکٹر حسن سابق وزیر صحت کو اپنے استعفے کے بارے میں بیان دینے کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔

یورپ کی بجائے اپنے ملک کی طرف توجہ دیجئے

خوشنویسوں کا جلسہ

صدر ٹرومین نے ماسکو میں امریکی سفیر کا استعفیٰ منظور کرلیا

نیا سفیر ایک آزمودہ کار سپاہی ہوگا!

ہوائی کمپنیوں کو مراعات دی جارہی ہیں

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

اناج کا کنٹرول

صنعتوں کا تحفظ

مشرقی پنجاب اسمبلی میں

محکمہ بحالیات پر نکتہ چینی

بلغاریہ میں یوگوسلاویہ کے جاسوسوں کا جال

ایک شخص کو ۱۲ سال قید سخت کی سزا

جرنلسٹوں کا ماہنامہ جرنلسٹ

ڈاکٹر ڈاڈو کو لوٹنے کی سہولتیں نہیں دی جائیں گی

ملان گورنمنٹ کی ایک اور بزدلانہ حرکت

تلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

منیجر خاندانی شفاخانہ۔ لال کنواں۔ دہلی

BLEACHO

Whitens Black Skin

لاسینو ہاؤس ایجنسی امرتسر

افغانستان کا خبر نامہ:-

پشتو کے بلند مرتبہ شاعر خوشحال خان خٹک کو افغانستان کا خراج عقیدت

قبر پر لگانے کے لئے لوح مزار اور سنگین چوکھٹہ پشاور روانہ کردیا گیا

پشتو جاننے والا شاید ہی کوئی ایسا بدنصیب شخص ہو جس نے خوشحال خان خٹک کا نام نہ سنا ہو اور اس کی ...

[redacted]

آزاد قبائل پر بمباری

چیکوسلواکیہ کے سفیر کی آمد

اسپتال کا افتتاح

زلزلے سے نقصانات

برف باری

سردار نجیب اللہ خاں کی واپسی

خواجہ ناظم الدین کی تقریر پر احتجاج

مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے سولھویں سالانہ اجلاس کا ایجنڈا جاری ہوگیا

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

حضرات اراکین اور نمائندگان کی خدمت میں دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند سے سولھویں سالانہ اجلاس کے لئے ایجنڈے جاری ہوچکے ہیں جو حضرات کسی صوبائی جمعیۃ علماء کے رکن ہیں وہ مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس عام میں بحیثیت نمائندہ (ڈیلیگیٹ) شریک ہوں گے۔ ان حضرات کے پاس صوبائی جمعیۃ کے دفتر سے ایجنڈا جاری ہوگا۔

بعض صوبوں سے اب تک صوبائی جمعیتوں کے ارکان کی فہرست موصول نہیں ہوئی ہے۔ اُن کا فرض ہے کہ وہ اپنی فہرست میں اراکین مرکزی فہرست مکمل پتوں کے ساتھ دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند دہلی کو بھیجدیں۔

مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی فہرست رکنیت بلیغ تین روپیہ سالانہ ہے۔ اور نمائندگی کی فیس ایک روپیہ ہوگی۔ حضرات اراکین اور نمائندگان اپنی فیس ناظم صاحب مرکزی جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی کو جلد از جلد روانہ کردیں۔

[redacted]

اٹلی نے اٹلانٹک پیکٹ میں شمولیت

منظور کرلی

پاکستان مردم شماری

فرانسیسی ہندوستان کی اسمبلی کا اجلاس شروع ہوگیا

ہندوستان کے ساتھ کسٹم یونین ختم کردی گئی

فرانسیسی کمشنر کا افتتاح کے وقت اعلان

کسٹم یونین معاہدہ

پاکستان کو تنبیہ

مشرقی بنگال کا بجٹ

تمام مطالبات کی منظوری

۱۶ لاکھ روپے کا سونا پکڑا گیا

دو کمیونسٹ گرفتار

بے پور میں لڑکیوں کی بھوک ہڑتال

مندر پر ساسر کی دعوی کی گرفتاری

جبل پور میں پلیگ

سہارنپور کی خبریں

(از نامہ نگار الجمعیۃ)

بے گھر لوگوں کی امداد

سہارنپور کے ایک موضع میں جھگڑا

شہر میں امن ہے

پنڈت نہرو کی آمد و روانگی

مونگھیر کے نزدیک آتش زدگی

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد لکھیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں، کارخانے، سینما، ہوٹل خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر مطلوب ہیں

پاکستان پراپرٹی اکسچینج
آزاد ہند ہوٹل اردو بازار دہلی

روزانہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی دو چیزیں

جیون رجسٹرڈ
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو ایک دم واپس لے آتا ہے۔

طلا نمبر ۲۰

تصدیق

ملنے کا پتہ: دلی دوا گھر۔ فتح گنج۔ دہلی

آپ کا پرانا دوست
اشک شبنم سینٹ ورنگ شمیم ہیر آئل
شمیم اینڈ کو شاہی حنا بلڈنگ قنوج
شمیم اینڈ کو قنوج یوپی

کرشنا برانڈ بناسپتی اور بلیک مارکہ کیمیاوی کھاد

بھگوانداس چندر موہن اینڈ کمپنی خس خانہ کمپنی نیا بانس دہلی

عالیشان کلینڈر مولانا آزاد

شاہی کتب خانہ جرسیر چوڑی والان دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۳۰ مارچ سنہ ۱۹۴۹ عیسوی

تنقیحات اور جائزے

چونکہ جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس کی تاریخیں قریب آرہی ہیں اس لئے ان لوگوں کے لئے جو جمعیۃ سے اختلاف رکھتے ہیں ضروری ہوگیا ہے کہ اپنا زور شور دکھائیں اور جمعیۃ علماء کا مقابلہ کرکے اپنے لئے کوئی میدان پیدا کریں، جہاں تک اختلاف رائے کا تعلق ہے، ہر شخص کو اس کا حق حاصل ہے اور یہ کوئی جرم نہیں کہ کوئی شخص دلائل وشواہد سے اپنا برسر حق ہونا اور دوسروں کا برسر باطل ہونا ثابت کرے اور اس چیز کی دعوت دے جسے وہ اپنے نزدیک حق سمجھتا ہے، اختلاف رائے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے ...

اچھی باتیں

وما۔تا۔الرازقین (پ۲۲ ع ۱۱)

تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو وہ تمہاری یادگار رہتی ہے اور بہتر رزق دینے والا تو خدا ہی ہے۔

یعنی تم اپنی کمائی سے جو کچھ بھی خرچ کروگے وہ تمہارے لئے یادگار رہے گی اور خدا کی مخلوق اس سے فائدہ اٹھائے گی، اگر تم خرچ نہ کروگے تو تمہاری ساری کمائی اکارت جائے گی اور اس سے کسی کو فائدہ نہ ہوگا، گویا خرچ کرنا، پانا ہے اور جمع کرنا، کھونا ہے۔ جو کچھ خرچ کرجاؤ گے وہ باقی رہے گا اور جو باقی چھوڑ جاؤ گے وہ برباد ہوجائے گا، اسلام نے انفاق کی بڑی سخت تاکید کی ہے۔ اس کا بار بار ارشاد یہ ہے کہ اپنے سرمایہ کو ٹھکانے لگاؤ اور جس طرح بھی ہو اپنے مال کو نیک کاموں میں خرچ کرو۔ افسوس مسلمان بخیل تو نہیں لیکن ان کی سخاوت انفرادی ہے۔ اسلام میں انفرادی نیکی کا کوئی خاص وزن نہیں۔ نیکی وہ ہے جو اجتماعی ہو جس سے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہونچے۔

مکتوب لندن:-

"اسرائیل کے قیام کا پس منظر"

(چودھری اکبر خان صاحب مقیم لندن)

ان کی روش!

ہندی سے مراد؟

سیر ......فی...... سیاست

(سیاسیات کے مسلے سے)

کیم اپریل کی تاریخ سامنے آرہی ہے سب لوگ اس سے بچ بچ کر چل رہے ہیں اور تو اور خود ہماری کیفیت یہ ہے کہ ہر دعوت نامہ کو بار بار پڑھتے ہیں — پڑھ جاتے ہیں اور اس وقت اس کا پیچھا چھوڑتے ہیں جب یہ یقین ہوجائے کہ ہمیں جس دعوت میں بلایا جارہا ہے وہ کیم اپریل کو نہیں بلکہ کسی اور اپریل کو ہوگی۔

لیکن معلوم ہوتا ہے چین میں یہ اپریل فول کی بیماری نہیں ہے — چین کے نئے وزیراعظم ہو ینگ چن نے کمیونسٹوں سے صلح کی گفتگو کرنے کے لئے پانچ افراد پر مشتمل جو کمیشن مقرر کیا ہے وہ پیکنگ کے شہر میں کیم اپریل سے کمیونسٹوں سے بات چیت کرے گا —

مسلمانان سہارنپور کو پُرامن رہنے پر مبارکباد اور صبر کی تلقین

حضرت مولانا حفظ الرحمان صاحب کی سہارنپور میں تقریر

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) سہارنپور کے فساد پر جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ مولانا حفظ الرحمان صاحب ۹ مارچ کو سہارنپور تشریف لائے اور ان تمام مقامات کا معائنہ فرمایا کہ جہاں قتل و غارتگری، آتشزدگی کے واقعات ہونا بیان کئے جاتے ہیں۔ لوگوں کو صبر و تحمل کی تلقین کی اور لوگوں کو مبارکباد دی کہ وہ پُرامن رہے۔

اس کے بعد مولانا محترم اس مختصر میٹنگ میں تشریف لے گئے جو مولانا کی تشریف آوری کے سلسلہ میں صدر جمعیۃ علماء شہر معہ صدر کانگریس خواجہ اطہر حسن صاحب کے مکان پر منعقد کی گئی تھی جس میں شہر کے سربرآوردہ حضرات [illegible] مولانا نے مجمع کو خطاب فرمایا اور مظلوم انسانوں سے اظہار ہمدردی فرماتے ہوئے صبر و تحمل کی تلقین کی۔ مجمع سے اپیل کی کہ وہ حکومت پر اعتماد کریں۔ میں نے جو کچھ سہارنپور آکر دیکھا [illegible] میں انشاء اللہ العزیز حکومت تک پہنچاؤں گا [illegible] کوئی طاقت نہیں یہاں سے نہیں نکال سکتی۔ ہمارا عزم یہ ہونا چاہیے کہ ہمیں اسی سرزمین میں عزت و سربلندی اور حسب کے ساتھ رہنا ہے۔ اگر آپ ہمارے اس عزم میں شریک ہوں تو ہماری دعائیں اور ہماری خدمات آپ کے ساتھ ہیں اور اگر آپ کہیں جانے کا عزم رکھتے ہیں۔ اور کسی دوسرے ملک کی طرف آپ کی نگاہیں لگی ہوئی ہیں۔ تو میں آپ کی کوئی مدد نہیں کرسکتا۔ آپ کے بعد خواجہ اطہر حسن صاحب صدر کانگریس نے تقریر کی اور مسلمانوں کو ہمت و جرأت کے ساتھ جمے رہنے کے لئے فرمایا اور امن و اتحاد کی تلقین کی۔ دعا پر جلسہ ختم ہوا۔

مدرسہ اسلامیہ کٹھور میں چوری

۲۲ مارچ کی شب میں مدرسہ اسلامیہ قصبہ کٹھور [illegible] کے دفتر اور ایک متعلقہ کمرہ کا قفل توڑا گیا اور [illegible] مدرسہ کے ٹکس کا تالہ توڑ کر رجسٹر وغیرہ دیکھے گئے۔ مولوی سید علیق احمد صاحب مہتمم مدرسہ سفر میں گئے ہوئے ہیں اس لئے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ کیا کیا چیز چوری ہوئی۔ پولیس میں رپورٹ کرادی گئی ہے۔

نائب ناظم جمعیۃ علماء ہلدوانی کی جانب سے عصرانہ

ہلدوانی ۲۰ مارچ کو بعد نماز عصر قاری سید احمد صدر انجمن و نائب ناظم جمعیۃ علماء ہلدوانی کے فرزند تولد ہونے کی خوشی میں تمام اراکین جمعیۃ علماء اور دیگر معزز حضرات کو عصرانہ دیا۔ آخر میں مولانا حکیم اللہ ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع نینی تال نے حاضرین کی طرف سے قاری صاحب موصوف کو مبارکباد پیش کی اور شکریہ ادا کرتے ہوئے فرزند کے لئے صالح اور عمر درازی کی دعا کی۔

ہلدوانی میں جلسہ سیرت

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) ۲۲ مارچ کو جناب مولانا اخلاق حسین صدر جمعیۃ علماء تشریف لائے شام کو بعد نماز مغرب [illegible]

دو کمیونسٹ گرفتار

سورت ۲۹ مارچ - پرسوں سورت کی پولیس نے [illegible]

ہولی کے واقعات کی جانچ کی جائے

پنڈت سیتارام شکل کا مطالبہ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) پنڈت سیتارام شکل سابق ایم ایل اے یوپی و ممبر کانگریس کمیٹی نے ہولی کے متعلق حسب ذیل بیان دیا ہے۔

ہولی رنگ سے کھیلنا بہت اچھی چیز ہے لیکن خون اور آنسوؤں سے جو ہولی کھیلی جاتی ہے وہ تو بڑی تکلیف دہ ہو جاتی ہے۔ کیا آزادی ملنے کا یہی مطلب ہے کہ دوسرے [illegible] کانپور اور آگرہ وغیرہ میں جو واقعات ہوئے ہیں وہ اخبار پڑھنے والے اچھی طرح جانتے ہیں۔ ان کو دہراتے ہوئے شرم آتی ہے۔ اس لئے صرف اتنا لکھ کر مضمون ختم کرتا ہوں کہ اینگلو انڈینوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کے اوپر زبردستی جو رنگ ڈال کر دل دکھایا گیا ہے۔ اس کی فوراً جانچ کی جائے اور جو لوگ اس کے ذمہ دار ہیں وہ یا تو کھلے عام معافی مانگیں یا ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے۔ تاکہ آئندہ ایسی حرکت سرزد نہ ہو۔

انجمن مسلمانیہ بریلی کا جلسہ

[illegible] انتظام کر لیا [illegible] پہلے دن جلسہ [illegible] زیر صدارت ڈاکٹر صاحب موصوف منعقد ہوا جس میں علاوہ مسلمانوں اور ہندوؤں نے بھی شرکت فرمائی۔ [illegible] دوسرے روز بر مکان نیاز الدین صاحب سلطانی پرانے شہر میں جلسہ ہوا۔

حضرت بی بی زلیخا کا عرس

حضرت سلطان المشائخ خواجہ سید نظام الدین اولیا محبوب الٰہی کی والدہ ماجدہ حضرت بی بی زلیخا کا سالانہ عرس مبارک مورخہ ۲۹ - ۳۰ جمادی الاول مطابق ۳۰ - ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء کو درگاہ بی بی [illegible] واقع موضع ادھ چینی بر سڑک قطب روڈ قریب قطب مینار منعقد ہوگا۔ جملہ انتظامات عرس حسب دستور قدیم کئے گئے ہیں۔ زائرین بلا خوف و خطر عرس مبارک میں شریک ہو سکتے ہیں۔

سکریٹری مہاجر کمیٹی باڑی دھولپور گرفتار

[illegible]

ہند آزاد ہے اور کسی بلاک میں شامل نہیں ہوگا

دولت مشترکہ کی کانفرنس پر ڈاکٹر پٹابھی کا بیان

نئی دہلی ۲۷ مارچ - انڈین نیشنل کانگریس کے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے دولت مشترکہ کی کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے گلوب کے خاص نامندے کو ایک انٹرویو کے دوران میں کہا کہ ہندوستان کسی ملک کی ماتحتی میں نہیں۔ جمہوریت کی حیثیت میں اس کی طاقت ملک کے عوام پر ہے۔

سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے آپ نے کہا کہ [illegible] آزادی بحال رکھی اور اقبال بلند کرنا ہمارا فرض اولین ہے۔ [illegible] ہم نہیں اور نہ ہی ہیں اس دفاع کے متعلق کوئی خدشہ ہے۔

[illegible] گروپ میں شامل نہیں ہوئے۔ ایشیا کے جنوب مشرقی ممالک کو آزاد کرانا ہمارا فرض اولین ہے تاکہ ایشیا سرمایہ داروں کے چنگل سے آزاد ہو جائے۔ ہندوستان ہر ایک آزاد ملک سے تعلقات قائم کرنے کے لئے تیار ہے لیکن کسی کو اندرونی اور گھریلو معاملات میں مداخلت نہیں کرنے دی جائے گی۔ ہم نے دونوں کے مابین ایک درمیانہ پوزیشن اختیار کی ہے۔

کانگریس کے صدر نے مزید کہا کہ ہندوستان کو اب کسی بیرونی طوفان کا ڈر نہیں۔ ہم اپنی ٹانگوں پر مضبوطی سے کھڑے ہیں۔

[illegible] اس کا مقصد دنیا میں امن بحال رکھنا ہے۔ ہندوستان کو کسی قوم سے خطرہ نہیں اور نہ ہی وہ کسی کے خلاف ہے ہندوستان کی پالیسی کسی بلاک کے ساتھ الحاق کرنے کی نہیں۔

چین میں صلح کی بات چیت

یکم اپریل سے شروع

پیکنگ ۲۷ مارچ - کمیونسٹ ریڈیو نے پانچ اشخاص پر مشتمل ڈیلیگیشن کی تقرری کا اعلان کردیا کہ یکم اپریل کو پیکنگ میں کومن تانگ کے نمائندوں سے صلح کی بات چیت شروع کی جاسکے۔ کمیونسٹوں کے ڈیلیگیشن کے لیڈر چو این لائی ہوں گے۔ [illegible]

چیکوسلاویکیہ اور ہند میں تجارتی معاہدہ

نئی دہلی ۲۷ مارچ - معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے ۲۹ مارچ کو ہندوستان اور چیکوسلاویکیہ میں ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط ثبت کئے جائیں گے۔ ہندوستان کی طرف سے کامرس کے محکمہ کے سکریٹری [illegible] اور چیکوسلاویکیہ کی طرف سے قونصل خانہ کے انچارج [illegible] دستخط ثبت کریں گے۔ چیکوسلاویکیہ اس معاہدہ کی رو سے تجارتی مشینری اور دوسری صنعتی اشیاء مہیا کرے گا۔ اور اس کے تبادلہ میں ہندوستان پٹ سن اور مونگ پھلی کا تیل وغیرہ مہیا کرے گا۔

چیکوسلاویکیہ پہلا ملک ہے جس میں کمیونسٹ حکومت ہونے کے باوجود تجارتی معاہدہ ہو رہا ہے۔ گزشتہ سال چیکوسلاویکیہ کا ایک مشن ہندوستان کے دورہ پر آیا تھا اور اس مشینری مہیا کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

صوبہ سرحد کی ترقیات کی کمیٹی

پشاور ۲۷ مارچ - گذشتہ روز سرحد مسلم لیگ کا اجلاس ختم ہوگیا۔ کمیٹی نے ۵ افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا جو صوبہ کی ترقی کا پروگرام بنائے گی۔

یو-پی میں امتحانات ملتوی

لکھنؤ ۲۸ مارچ - مسٹر سمپورنانند وزیر تعلیم یوپی نے ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کو بتایا کہ یوپی میں ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحان ملتوی کردیئے گئے کیونکہ امتحان کے پرچوں کا انکشاف ہوگیا ہے۔ ملتوی شدہ امتحانات اپریل کے تیسرے ہفتہ میں ہوں گے۔

مغربی جرمنی کی سرحدوں میں تبدیلیاں

مغربی جرمنی کے لیڈروں کا احتجاج

برلن ۲۷ مارچ - مغربی جرمنی کی فوجی حکومتوں کی طرف سے ایک اعلان جاری کیا گیا کہ جرمنی کی سرحدیں جو ہالینڈ، بیلجیم، لکسمبرگ، سار اور فرانس سے ملی ہوئی ہیں۔ ان میں ۳۱ مقامات پر معمولی تبدیلیاں کی جائیں گی۔ جن کا ۵۲ مربع میل رقبہ اور ۱۳۵۰۰ کی آبادی پر اثر پڑے گا۔ نئی سرحدیں مقرر کرنے کے لئے کمیشن مقرر کئے جائیں گے۔ اعلان میں مزید بتایا گیا ہے کہ یہ تبدیلیاں عارضی نوعیت کی ہوں گی۔ لیکن جب آخری طور پر صلح کا سمجھوتہ ہو جائے گا۔ یہ تبدیلیاں نظم و نسق کی ضروریات کے پیش نظر ریل اور رسل و رسائل کی سہولتوں کو بہتر بنانے کی غرض سے کی گئی ہیں۔ مغربی جرمنی کے سیاست دانوں نے آج ان ہونے والی تبدیلیوں کے خلاف پروٹسٹ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ اٹلانٹک چارٹر کی شرطوں کے خلاف ہے۔ اور یک طرفہ کارروائی ہے۔

ڈاکخانے کے پارسلوں کے کرایہ میں تخفیف

نئی دہلی ۲۷ مارچ - آج حکومت ہند نے ایک پریس نوٹ میں بتایا کہ یکم اپریل سے ڈاکخانے کے پارسلوں کے کرایہ میں تخفیف کردی گئی ہے۔

آئندہ غیر رجسٹرڈ شدہ پارسلوں پر ہر آدھ سیر وزن پر دو روپے کی بجائے ایک روپیہ [illegible] لیا جائے گا۔ اس طرح سے ہوائی جہاز جانے والی ڈاک کے پہلے چالیس تولہ وزن پر [illegible] لیا جائے گا [illegible] عام پارسلوں پر [illegible] چالیس تولہ وزن پر لیا جائے گا۔ (سٹار)

کشمیر کے استصواب کی چار شرائط

مسٹر اصفہانی کا امریکہ میں بیان

سین فرانسسکو ۲۸ مارچ (د پ ث) امریکہ میں پاکستانی سفیر مسٹر اصفہانی نے کہا کہ کشمیر میں استصواب رائے کے لئے چار چیزوں کا خیال رکھا جائے۔ اول یہ کہ اس پر کوئی فوجی یا اقتصادی دباؤ نہ پڑے۔ دوسرے وہاں کے مہاجرین کو اپنے گھروں میں آباد ہونے اور آزادی سے رائے دینے کا موقع دیا جائے۔ غیر کشمیری عناصر کو وہاں سے نکالا جائے۔ چوتھے یہ کہ کشمیر کا فیصلہ ووٹوں کی اکثریت سے پورے علاقہ کا ہو کسی حصہ کا نہیں۔ اور ہم تقسیم کو ہرگز منظور نہ کریں گے۔

صدر مسلم لیگ اسمبلی کے صدر [illegible] اور دوسرے افراد کو نامزد کریں گے۔

بہار کا زرعی ٹیکس بل منظور

پٹنہ ۲۹ مارچ - صوبائی اسمبلی نے آج ۱۹۴۹ء کے لئے بہار کا مالیاتی بل منظور کردیا۔ اس کے ماتحت زرعی آمدنی کا ٹیکس چار ہزار روپے سالانہ کی آمدنی کے بجائے تین ہزار روپے کی سالانہ آمدنی والوں سے وصول کیا جائے گا۔ یکم اپریل ۱۹۴۹ء سے عملدرآمد ہوگا۔

مراسلات

(ادارہ کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

تیوہاروں میں بدمزگی

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم۔ الجمعیۃ مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۴۹ء کا ایڈیٹوریل نوٹ جس کا عنوان افسوسناک ہو نظر سے گزرا۔ اس میں شک نہیں کہ بعض مقامات پر ہونے والے [illegible] ڈالا گیا ہو لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیے اس سے بہت زیادہ تکلیف ان ہندوؤں کو پہنچی جو اس طرح پر ہولی منانا پسند نہیں کرتے۔ [illegible] کی جائیں جن پر چل کر ملک ایکتا اور [illegible] سے فیضیاب ہو سکتا ہے۔

بہاری لال چند ——— دہرادون

امتحانات کے پرچوں کی چوری

مکرمی تسلیم۔ حال ہی میں یوپی میں کچھ مقامات پر ہائی اسکول کے پرچوں کی چوری ہو گئی ہے۔ اس کے باعث یہ تجویز سننے میں آرہی ہے کہ امتحانات دوبارہ ہوں گے۔ ہائی اسکول بورڈ کو چاہیے کہ یہ معلوم کرائے کہ کہاں کہاں پرچے آؤٹ ہوئے ہیں۔ اس کے بعد انہی مقامات پر دوبارہ امتحانات ہونے چاہئیں۔ باقی دوسری جگہ کے طلباء کو اس کی سزا نہ دی جائے کیونکہ اس سے نہ صرف ان کی پریشانیوں میں اضافہ بلکہ غریب طلباء کے تو سینٹروں میں جانے کے لئے پیسے خرچ کرتے ہیں۔ کافی مشکلات پیش آئیں گی اور مالی نقصان ہوگا۔

نیاز بیگ ——— مرادآباد

پاکستان کی تجارت درآمد برآمد

کراچی ۲۸ مارچ - ان علاقوں سے جہاں ذریعہ تجارت ڈالر ہیں پاکستان کو تجارت میں [illegible] کروڑ روپے کا فائدہ ہوا۔ پاکستان نے اس قسم کے علاقوں کو ۹ کروڑ روپے کا سامان بھیجا اور صرف تین کروڑ کا سامان منگایا۔ ان علاقوں سے جہاں سے پونڈوں کے ذریعہ تجارت ہوتی ہے پاکستان نے [illegible] کروڑ پونڈ کا سامان منگایا اور [illegible] کروڑ کا سامان بھیجا اس طرح اسے سات کروڑ پونڈ کا خسارہ ہوا۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ .... ۱/۳/- روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ .... ۱/۲/- روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور مخش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر سیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

مصفّی اعظم خون صاف کرنیکی بہترین دوا

نیا موسم آتے ہی انسانی صحت میں تغیر شروع ہو جاتا ہے۔ اور خون اس موسم میں خاص طور پر متاثر ہوتا ہے۔ [illegible] اس سے پھوڑے پھنسیاں نکلنے لگتی ہیں۔ طبیعت گری گری رہتی ہے۔ [illegible] لیکن آج کل لوگوں کو اتنی فرصت کہاں [illegible] مصفی اعظم اسی واسطے ایجاد کی گئی ہے [illegible] قیمت فی شیشی [illegible]

ہمدم دواخانہ بکس نمبر ۲ لال کنواں دہلی

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول

اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں۔ جنہوں نے [illegible] جہاد آزادی سے لے کر تحریک دارالعلوم دیوبند تک وطن و ملت کی آزادی کے لئے جدوجہد کی یہ حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد مع خوب صورت گرد پوش تین روپے چار آنہ علاوہ محصول ڈاک

حصہ دوم

اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن و اتحاد کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں ان کا مفصل تذکرہ درج ہے صفحات ۲۷۰ قیمت مجلد مع خوشنما ڈسٹ کور [illegible] علاوہ محصول ڈاک

الجمعیۃ بک ڈپو، گلی قاسم جان دہلی

ایک جہاز کے ڈوبنے سے سو سے زیادہ افراد ہلاک

جہاز ایک سرنگ سے ٹکرا کر غرق ہو گیا

ہانگ کانگ ۲۸ مارچ - برٹش [illegible] چینی جہاز [illegible] کے قریب ایک دھماکے کے بعد غرق ہو جانے سے [illegible] مسافر ہلاک ہو گئے۔ [illegible]

اگر آپ کے شہر میں روزنامہ الجمعیۃ و ہفت روزہ الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے تو ایجنٹ سے مطالبہ کیجئے کہ وہ فوراً ایجنسی حاصل کرے۔ (منیجر)

دارالسلطنت

لال کنوئیں پر آتشزدگی

ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب کو لال کنوئیں پر عمارتی لکڑی کے ایک گودام میں آگ لگ گئی۔ اگر فائر بریگیڈ فوراً نہ پہنچتا تو اس بات کا خطرہ تھا کہ آگ مکانات اور دکانوں کے دوسرے گوداموں میں پہنچ جاتی۔ آگ رات کے تقریباً ۱۱ بجے لگی تھی آگ بجھانے میں دہلی اور نئی دہلی کے دس انجنوں نے حصہ لیا۔ صبح ۶ بجے آگ پر پوری طرح قابو پایا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ گودام کا مالک اس وقت دکان میں موجود نہ تھا۔ جب رات کو آگ کے شعلے نکلتے دیکھے گئے تو قریب کے ایک اور شخص نے پولیس کو فون کیا۔ آگ جلد ہی ایک دوسرے گودام میں بھی پھیل گئی۔ گھنٹوں کی سخت جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا جاسکا۔ کسی قسم کے نقصان جان کی اطلاع نہیں ملی۔ آگ لگنے کا سبب ابھی معلوم نہیں ہوسکا ہے بہت کافی نقصان ہوا۔

موٹر کے نیچے آکر ہلاک

رام چھبیلا نامی ایک آٹھ سالہ لڑکا قدسیہ باغ میں ایک موٹر کے نیچے آکر فوراً ہلاک ہوگیا۔ ڈرائیور کو فوراً حراست میں لے لیا گیا۔

بزم سخن کا مشاعرہ

بزم سخن [illegible] دہلی کا ہفتہ واری مشاعرہ کل زیر صدارت مولانا حفیظ الرحمٰن صاحب آصف دہلوی بہت کامیاب مشاعرہ ہوا۔ آئندہ اتوار ۳ اپریل ۱۹۴۹ء کو [illegible] طرحی مشاعرہ زیر صدارت ڈاکٹر [illegible] منعقد کیا جارہا ہے۔ [illegible] قافیہ - ہندوستاں، آسماں، شادماں ردیف ہوگا۔

جن حضرات کی اس مشاعرہ میں [illegible] حضرت جوش ملیح آبادی [illegible] شامل ہیں۔

چوری کی وارداتیں

گلی [illegible] کے ایک مکان سے اتوار کے دن [illegible] روپے کا سامان چوری ہوگیا۔ چوری کے وقت گھر کے لوگ چھت پر جاکر سوئے تھے۔ [illegible]

چاقو سے زخمی کردیا

[illegible]

بلا پرمٹ کپڑا بیچنے پر گرفتار

[illegible]

گاندھی منڈپ کا آخری دن

[illegible]

مسٹر سکسینہ میرٹھ میں

[illegible]

جیل میں بھوک ہڑتال

[illegible]

شہر میں افواہوں کا زور

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا اعلان

مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی سکریٹری جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے حسب ذیل اعلان جاری کیا ہے۔

دہلی میں کئی روز سے مختلف قسم کی غلط اور بے بنیاد افواہیں اڑائی جارہی ہیں اور ایک محلہ میں دوسرے محلہ کے متعلق ایسی بے حقیقت باتیں بیان کی جارہی ہیں جن کا کوئی ثبوت نہیں۔ بعض معمولی واقعات کو غیر معمولی اہمیت دے کر ایسے ڈھنگ میں پیش کیا جاتا ہے جس سے ایک فرقہ دوسرے فرقہ کے خلاف مشتعل ہو کر خلاف قانون حرکات پر مجبور ہو جائے۔

ہر شخص جانتا ہے کہ اس قسم کا پروپیگنڈا ایک منظم سازش کے ماتحت کیا جارہا ہے تاکہ لوگ خوف و ہراس میں مبتلا ہو جائیں۔ ذی ہوش امن پسند انسان کا فرض ہے کہ وہ اس قسم کی افواہوں پر ہرگز یقین نہ کرے۔ اور شرارت پسند ملاؤں کو اپنی ان مذموم حرکتوں میں کامیاب نہ ہونے دے۔

اس سلسلہ میں اگر واقعی کوئی بات کسی صاحب کے علم میں [illegible] اس کی مکمل رپورٹ دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں پہنچا دینی چاہیے۔

مولانا فقیہ الدین صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے بھی ان افواہوں کی مذمت کی ہے اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ان افواہوں پر اعتماد نہ کریں آپ نے مزید کہا کہ قانونی لحاظ سے بھی ایسی افواہیں پھیلانا جن سے عوام دہشت زدہ ہوں قابل مواخذہ جرم ہے۔

ایک لڑکا گم ہوگیا

[illegible]

گڑگاؤں میں عظیم الشان کانفرنس

[illegible]

برما کا یوم جنگ

[illegible]

مویشیوں میں پلیگ

[illegible]

بہار میں غلہ کی پیداوار میں اضافہ

[illegible]

مشرقی گوہاٹی میں خوفناک آتشزدگی

[illegible]

پاکستان کو اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگوں کی ضرورت ہے

طالب علموں کو سیاست سے علیحدہ ہو کر تعلیم کی طرف متوجہ ہو جانا چاہیے

انجمن اسلام لاہور کے جلسہ میں گورنر جنرل پاکستان کی تقریر

لاہور ۲۸ مارچ - لاہور میں انجمن اسلام کے ایک جلسہ کی صدارت کرتے ہوئے خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے اپنی تقریر میں کہا کہ پاکستان کی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ ملک کے گوشہ گوشہ میں تعلیم کو پھیلا دیا جائے۔ تاکہ ملک میں اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ پیدا ہو سکیں۔ زمانہ سابق میں مسلمان اپنی علمی حیثیت میں بہت مشہور تھے لیکن اب وہ صورت حال نہیں رہی۔ اسی لئے اس کی ضرورت ہے اور ملک کی یونیورسٹیوں اور دوسرے تعلیمی اداروں کا فرض ہے کہ وہ ملک کو علم اور سائنس کے اعتبار سے زیادہ سے زیادہ مضبوط بنائیں۔

مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی اور دوسرے افسران اور غیر سرکاری مشہور اور ممتاز لوگوں نے اجلاس میں شرکت کی۔

گورنر جنرل کو ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا جس کا جواب دیتے ہوئے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے کہا کہ ہمارے ملک کو سائنس دانوں کی بہت بڑی تعداد میں ضرورت ہے۔ اگر آپ سائنس اور علم کی ضرورت پر پورا پورا زور دیں تو اس سے یہ ظاہر ہوگا کہ آپ نے ملک کی ضرورت کو پوری طرح محسوس کرلیا ہے۔ اس امر کی بھی ضرورت ہے کہ ایک شاخ یا ایک شعبہ پر ہی اپنی توجہ کو مرکوز نہیں کیا جائے۔ بلکہ علم و فن کے تمام شعبوں کی طرف پوری پوری توجہ کرنی چاہیے علم و فن کی دوسری شاخوں میں بھی مساوی ترقی کی ضرورت ہے۔ آپ کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ آپ علم و فن کی ہر شاخ میں مساوی طور پر ترقی کریں۔

آپ نے طالب علموں کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے قیام [illegible] تعمیری دور شروع ہوگیا ہے۔ [illegible] طالب علموں کو [illegible] پوری توجہ کرنی چاہیے تاکہ جب آپ تعلیم ختم کرکے نکلیں تو آپ کے وجود سے ملک کی تعلیمی دولت میں اضافہ ہو۔ [illegible]

بھوک اور فاقہ مستی کا دور دورہ

[illegible]

علیگڑھ میں نائب وزیر خارجہ کی تقریر

[illegible]

مغویہ لڑکی برآمد

[illegible]

جسمانی تربیت کے لئے ۲۶ لاکھ روپیہ

[illegible]

مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم کی علالت

[illegible]

روس آئندہ ماہ اقوام متحدہ سے علیحدہ ہو جائے؟

برطانوی اخبارات کی قیاس آرائیاں

لندن ۲۷ مارچ - برطانیہ کے چند ایک اخبارات نے آج لکھا ہے کہ عین ممکن ہے کہ روس اور اس کے زیر سایہ ممالک آئندہ ماہ میں متحدہ اقوام سے علیحدہ ہو جائیں گے۔

ایک افواہ یہ بھی پائی جاتی ہے کہ مسٹر سٹالن اس خیال پر غور کر رہے ہیں کہ سرد جنگ میں متحدہ اقوام روس کو کیا امداد دے سکتا ہے۔ ایک اخبار نے لکھا ہے کہ روس کی یہ چال محض اٹلانٹک پیکٹ کی مخالفت کرنے کے سلسلہ میں ہے۔

مبصروں نے یہ تجزیہ کیا ہے کہ کریملین اس سوال پر [illegible] غور کرے گا۔ بین الاقوامی یونین میں رہنے سے اس کو [illegible] کوئی خاص نقصان نہیں پہنچے گا اور سوویٹ بلاک سے علیحدہ ہو جانے سے اس کا کافی فائدہ ہے جس کا تجربہ ہوچکا ہے کہ روس وغیرہ کے بغیر متحدہ اقوام اپنا کام جاری نہیں رکھ سکے۔

اکالیوں کو سزا

پٹیالہ ۲۸ مارچ - [illegible] رنجیت سنگھ سرکاری [illegible] اکالیوں کو [illegible] ایک جلوس نکالنے کے جرم میں پندرہ دن کی اور دس روپے جرمانہ کی سزا دی۔

سنگھیوں کی بھوک ہڑتال

امرتسر [illegible]

مسلم لیگ کا بدلہ جمعیۃ علماء سے لینا بڑی غلطی ہوگی

جمعیۃ علماء کی اہمیت پر سابق ایم ایل اے مسٹر سیتارام کا بیان

لکھنؤ ۲۸ مارچ - مسٹر سیتارام شکل سابق ایم ایل اے اور ممبر کانگریس کمیٹی یوپی نے [illegible] جمعیۃ علماء کے خلاف [illegible] ان حضرات کا یہ بیان پڑھ کر [illegible] جمعیۃ علماء ہند کی ضرورت باقی نہیں ہے لیکن میری گذارش ہے کہ [illegible]

شیخ الاسلام حضرت اقدس مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا

ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ [illegible] دیوبند [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

[illegible]

خصوصی مجربات

اکسیر کامل [illegible]

اکسیر جلیبہ [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

موسم گرما کا عجیب تحفہ [illegible]

روغن مقوی دماغ [illegible]

سفوف جریان [illegible]

المشتہر منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی
نمبر ۹۷

روزنامہ الجمعیۃ
اور
ہفت روزہ الجمعیۃ
میسرز اے۔ ایچ۔ وہیلر اینڈ کو کے
ہر ایک ریلوے بک اسٹال پر فروخت
ہوتا ہے

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

ایجنٹ صاحبان
نوٹ فرمالیں
دفتر کو کوئی رقم بذریعہ چیک نہ بھیجی جائے
بلکہ منی آرڈر یا ڈرافٹ سے روانہ کی جائے
عبدالوحید صدیقی
جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۸۵۵
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات۔ مورخہ ۳۰۔ جمادی الاول ۱۳۶۸ھ مطابق ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۷۴ | بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ آنے

ہندوستان نے کشمیر کے مسئلہ پر اپنی تجاویز پیش کر دیں

آزاد کشمیر کی فوجوں کو غیر مسلح کرنیکے مطالبہ کا اعادہ

کشمیر کمیشن جلد ہی اپنی تجویزوں پر غور کرنے والا ہے

نئی دہلی ۲۹ مارچ۔ ہندوستان نے اپنے سابقہ مطالبہ کا پھر اعادہ کیا ہے کہ آزاد کشمیر کی فوجوں کو جو اب پاکستان کے کنٹرول میں ہیں غیر مسلح کر دیا جائے۔ حکومت ہند نے کشمیر کے معاملہ پر عارضی صلح کی اپنی تفصیلات کشمیر کمیشن کے سامنے پیش کر دیا ہے جس پر جلد کے دن غور و خوض کیا جائے گا۔ کمیشن کے چیرمین اور نائب چیرمین دونوں اس وقت کراچی میں ہیں اور کل تک واپس نہیں آ سکیں گے۔ اسی باعث منگل کے دن متوقع کانفرنس کا اجلاس نہیں ہوگا۔

افغانستان نے پاکستان کی سرحد پر اپنی فوجیں بھیجدیں؟

افغانستان اور پاکستان کے تعلقات میں کشیدگی

ہندوستان نے برما کی سرحد پر احتیاطی تدابیر اختیار کر لیں

برما سے آنے والے ہر شخص کے متعلق تحقیقات کیجاتی ہے

ایک روسی کی گرفتاری

روس کا احتجاج امریکہ نے ٹھکرا دیا

۹ اپریل سے جنرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہو رہا ہے

دیگر امور کے علاوہ جنوبی افریقہ کے مسئلہ پر بھی غور کیا جائیگا

۱۔ طالوی نو آبادیات کا مسئلہ۔
۲۔ جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے برتاؤ۔
۳۔ جنرل فرانکو کے اسپین کی حالت۔
۴۔ اطلاعات کی آزادی۔

لندن میں ظفر اللہ سے ملاقات

یونان میں گوریلا جنگ

حکومتی فوجوں کا زبردست حملہ

شرق اردن کی برطانیہ سے امدادی درخواست کی تصدیق

برطانوی محکمہ خارجہ کے ایک نمائندے کا بیان

لندن ۲۹ مارچ۔ برطانوی وزارت خارجہ کے ایک نمائندے نے کل رات سرکاری طور پر اس اطلاع کی تصدیق کر دی کہ شرق اردن نے اپنی ہوائی فوج کو تیار کرنے کے لئے برطانیہ سے ہوائی امداد طلب کی ہے۔ یہ درخواست چند ماہ قبل وصول ہوئی تھی اور اب تک اس پر غور کیا جا رہا ہے۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ یہ امداد پائلٹ کی تربیت کے متعلق ہوگی۔ سامان وغیرہ کی فراہمی کی نہیں ہوگی۔

موسم گرما میں ایران کی ترقی کے ہفت سالہ منصوبے پر عمل در آمد شروع ہو جائے گا

غیر ملکی مشیروں نے ابتدائی رپورٹ کی تیاریاں شروع کر دیں

ملک کے اندرونی علاقوں کا سروے شروع ہو گیا

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں لندن کانفرنس میں شریک نہیں ہونگے

مجلس تحفظ کے اجلاس میں روسی نمائندے کا مطالبہ

جوکجاکارتا کی تباہی کی مکرر تحقیق کی جائے

۴۰ ہندوستانی واپس کئے گئے

جنوبی افریقہ کے وزیر داخلہ کا اظہار خیال

سی پی اسمبلی کانگریس پارٹی کا انتخاب

اقوام متحدہ کے کمیشن میں عورتوں کے درجہ پر بحث

امریکی نمائندہ کا روس پر الزام

اپنے ذہن کی اسلامی تربیت کیلئے دیکھئے
حیات شیخ الہند۔ تاریخ الاسلام مکمل (بچوں کیلئے) حکایات صحابہ
فہرست مفت طلب فرمایئے
قومی کتاب گھر دیوبند یو۔ پی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi 30-3-49
5855

فرقہ وارانہ فسادات نے ہمیں غیروں کی نظروں میں رسوا کر دیا ہے

سہارنپور میں مولانا حبیب الرحمن کی اتحاد کیلئے اپیل

—— نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ ——

حیدر آباد کے فوجی گورنر کے بھائی کی افسوسناک ہلاکت

ہوائی جہاز کے دریائے ہگلی میں گرنے کا حادثہ

حیدر آباد فوج کے بریگیڈیر حبیب احمد کا کورٹ مارشل

سدنی کاٹن کے ایک آدمی کے قتل میں اعانت کا الزام

اردو سٹوڈیو سنگاپور کو

[redacted]

پاکستانی مسلمانوں کے خطوط

[redacted]

[redacted]

حیدر آباد میں کمیونسٹوں کو ختم کرنے کیلئے نئی اسکیم

ایک پریس کانفرنس میں میجر جنرل چودھری کا اعلان

مجرموں کے ساتھ ساتھ کچھ بے گناہ بھی پکڑے جاسکیں گے

کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

پاکستان کے ایک اخبار کی

ناظم جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے تردید

پولیس والوں سے

بنیادی اصولوں کی کمیٹی کا اجلاس

عربوں کا انکار

(صفحہ اول سے آگے)

شنگھائی میں ریلیں ٹکرا گئیں

تین اشخاص ہلاک اور دس زخمی

ہونے والی وزرائے اعظموں کی کانفرنس

(صفحہ اول سے آگے)

ڈاکٹر نائیکر کو پاسپورٹ سے انکار

قاضی اکرام الحق صاحب کو صدمہ

یہودیوں اور عربوں میں قیدیوں کا تبادلہ

۱۴۳ عرب قیدیوں کو بھیج دیا گیا

کمیونسٹ اور سرمایہ دار ساتھ رہ سکتے ہیں؟

مسٹر ہنری ویلیس کا ارشاد

سر گارڈن والکر دہلی میں

بریلی سوشلسٹ پارٹی کے دفتر کی تلاشی

برطانوی کوئلہ کی کانوں میں

یورینیم کی دریافت

پاکستان یونسکو کا ممبر ہو گیا

ویٹنامی گوریلوں کے مقابلہ کیلئے فرانسیسی فوج بھیجی پڑی

گوریلوں نے تھائی کے علاقے سے فرانسیسیوں کو نکالنے کا منصوبہ بنا لیا

ڈاکٹر روئیم اقوام متحدہ کے

وفد سے ملاقات کریں گے

رجسٹرڈ
"یوٹروک"
ٹریڈ مارک
عورتوں کے پوشیدہ امراض کیلئے سو فیصدی کامیاب دوا

پینے کیلئے ۲۴ خوراک دوا اور ۲۴ ٹیبلیٹس
قیمت پانچ روپے علاوہ محصولڈاک
ملنے کا پتہ
دی ینگ فارمیسی
کٹرہ نیل دہلی
مکمل کورس

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء

انصاف کا جنازہ

مجلس اقوام متحدہ کی کونسل میں ہالینڈ اور انڈونیشیا کا جو معاملہ چل رہا ہے اس سے ناظرین کرام واقف ہوں گے۔ ہمیں یہ کہتے ہوئے ندامت ہوتی ہے کہ سلامتی کونسل نے ہالینڈ کی خاطر اپنے فیصلوں سے انحراف کیا اور ولندیزی حکومت کے سامنے بار بار سر جھکانے کا ریکارڈ توڑ دیا ہے! ہالینڈ کی وہ حکومت جو کل نوے لاکھ آبادی پر حکمراں ہے، اس ملک کو تگنی کا ناچ نچا رہی ہے جس کی آبادی سات کروڑ سے زائد ہے، زیادہ افسوس سلامتی کونسل پر ہے جو بار بار ہالینڈ کے سامنے جھکتی ہے، بار بار فیصلہ کرتی ہے اور بار بار توڑتی ہے۔ ہالینڈ کے توہین آمیز سلوک کو دیکھتی ہے اور چپ سادھ جاتی ہے اگر ہالینڈ اس کی تجویز نہیں مانتا تو کونسل کوئی ایکشن نہیں لیتی کوئی بازپرس نہیں کرتی بلکہ جس طرح بچوں کو بہلایا جاتا ہے اور ان کی ضد پوری کی جاتی ہے وہ ایک تجویز کے بعد دوسری اور دوسری تجویز کے بعد تیسری پیش کر دیتی ہے، اور زبان حال سے کہتی ہے کہ بچے۔ اگر یہ بات نہیں مانتے تو یہ مان لو، اچھا اگر یہ نہیں کرسکتے، تو یہ ہلکا سا کام انجام دے لو! سلامتی کونسل نے اپنی جانبداری بلکہ بے ایمانی سے یہ ثابت کردیا ہے کہ وہ ہالینڈ کی [illegible] ضروری نہیں کہ ہالینڈ اس کے احکام کی تعمیل کرے بلکہ یہ ضروری ہے کہ خود سلامتی کونسل اس کی مرضی کے محور پر گھومے! سلامتی کونسل نے ۲۸ جنوری ۱۹۴۹ء کو جو تجویز منظور کی تھی اس کا مفاد یہ تھا کہ (۱) ہالینڈ فوراً جنگ بند کردے (۲) جوگجاکرتا میں جمہوری حکومت کو دوبارہ قائم ہونے کا موقعہ دے (۳) اور تمام جمہوری لیڈروں کو غیر مشروط طور پر رہا کردے۔ افسوس ہالینڈ نے اس فیصلہ کی دھجیاں اڑا دیں اور تینوں باتوں میں سے ایک بات پر بھی عمل کر کے نہیں دکھایا۔ زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ متحدہ اقوام نے ہالینڈ کی بغاوت اور خلاف ورزی پر کوئی احتجاج نہیں کیا۔ اور یہ بھی محسوس نہیں کیا کہ دنیا اس کے متعلق کیا رائے قائم کرے گی اور اس کی ساکھ کو کس قدر نقصان پہونچے گا! یہی وقت تھا کہ متحدہ اقوام اپنے چارٹر کی دفعہ ۴۱ کے مطابق ہالینڈ کے خلاف معاشی پابندیاں عائد کرتی خارجی تعلقات توڑنے کے لئے قدم اٹھاتی اور فوجی طاقت استعمال کرنے کی دھمکی دیتی بلکہ استعمال کر کے دکھاتی، لیکن چاپلوسی کی بھی حد ہوگئی، وہ ہالینڈ کی بغاوت کو دیکھ رہی ہے اور [illegible] بھی نہیں کہتی کہ برخوردار! ہوش میں آؤ، اور وجہ بتاؤ کہ تم نے ۲۸ جنوری کے فیصلہ کو کیوں ٹھکرایا اور یہاں کس منہ سے آنے کی جرأت کی! اس کے بجائے سلامتی کونسل نے ایک اور تجویز پیش کی ہے یعنی اگر تم یہ بات نہیں مانتے تو چلو یہ ہلکی سی بات تو ضرور ہی مان لو، تم بڑے ٹھہرے ہمارا بگڑتا ہی کیا ہے اگر ایک تجویز کے بعد دوسری تجویز پیش کرتے رہیں۔ ہم تو آپ کی نازبرداری کو باعث فخر و سعادت سمجھتے ہیں! چنانچہ سلامتی کونسل کے سامنے کناڈا نے ایک اور تجویز پیش کی اور اس نے فوراً منظور کرلی یعنی انڈونیشیا کمیشن انڈونیشین فیڈریشن کی تشکیل کے لئے ہیگ میں ایک گول میز کانفرنس منعقد کرے اور جوگجاکرتا میں جمہوری حکومت کے قیام کے امکانات کو زیر بحث لائے! اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ سلامتی کونسل کو اپنے فیصلے کے خلاف فیصلہ دینے میں کوئی شرم محسوس نہیں ہوئی اور اس کے لئے ضروری نہیں کہ وہ ہالینڈ سے دریافت کرے کہ اس نے جمہوری لیڈروں کو کیوں رہا نہیں کیا، جوگجاکرتا میں جمہوری حکومت کیوں قائم نہیں کی، ڈچ فوجوں کو انڈونیشیا سے کیوں نہیں نکالا؟

انڈونیشیا کی بحث میں مختلف ممالک کے ممبروں کا رویہ بھی بہت دلچسپ رہا، سوائے ہندوستان کے جس کے نمائندہ نے کناڈا کے ریزولیوشن کو مکمل [illegible] اور نہ سلامتی کونسل کو سرزنش کی کہ وہ کیوں ہالینڈ کی انگلیوں پر ناچ رہا ہے اور یہ کھیل کب تک جاری رہے گا؟ سلامتی کونسل میں امریکہ اور برطانیہ کی چلتی ہے لیکن وہ ہالینڈ کے خلاف بولنے کی جرأت نہیں کرسکتے کیوں کہ انھوں نے اسے معاہدہ اٹلانٹک میں شامل کرلیا ہے اور اس معاہدہ کا تقاضہ ہے کہ کوئی ممبر اس کے خلاف نہ بولے اور اس کی ستم رانیوں کو خاموشی کے ساتھ دیکھتا رہے! دنیا میں ظلم ہے۔ عدوان ہے۔ زیادتی ہے جانبداری ہے، ہر حکومت چاہتی ہے کہ دوسرا اس کے ساتھ انصاف کرے مگر وہ خود دوسروں کے ساتھ انصاف کرنا نہیں چاہتی!

مجلس متحدہ اقوام کے متعلق یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ وہ گذشتہ جمعیۃ اقوام کی جانشین ہے اور بعض ممبروں نے اسے اپنے مقاصد کا آلہ کار بنالیا ہے، [illegible] روز کی ہوا ہے۔ وقت آرہا ہے کہ اس کی بھی ہنڈیا پھوٹے گی اور اس کا انجام جمعیۃ اقوام سے بھی زیادہ خوفناک اور عبرتناک ہوگا اور اس کے ممبروں کے ہاتھوں ہی اسے نامرادی کی گہری قبر میں دفن کیا جائے گا۔

روس اور جنگ

روس کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ اس کے حامی یورپ اور امریکہ میں موجود ہیں یہ لوگ اپنے آپ کو چھپاتے نہیں بلکہ روس کی حمایت میں مظاہرے کرتے ہیں اور علی الاعلان کہتے ہیں کہ جنگ کی صورت میں وہ روس کا ساتھ دیں گے! نیویارک میں عالمی امن کے لئے جو کلچرل اور سائنٹفک کانفرنس منعقد ہوئی اس میں انگلستان کے فلسفی مسٹر [illegible] ڈن نے اعلان کیا کہ اگر تیسری جنگ ہوئی تو برطانیہ پوری دلچسپی کے ساتھ اس طرح روس کی مخالفت نہیں کرے گا جس طرح اس نے جرمنی کی مخالفت کی تھی، کیونکہ برطانیہ کے مزدور امریکہ کی بہ نسبت روس سے زیادہ دوستی رکھتے ہیں! سوال یہ ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ اور اہل برطانیہ کس لئے روس کو پسند کرتے ہیں؟ صحیح ہے روس میں آزادی نہیں، روس نے ذہنی ترقیوں کو مسدود کر رکھا ہے۔ لیکن [illegible] ہے کہ وہاں ہر شخص کے لئے روٹی موجود ہے، اگر یورپ اور امریکہ بھی اس مسئلہ کو حل کرلیں اور عوام کو مطمئن کردیں تو [illegible] تیسری جنگ [illegible]۔

غلط بے بنیاد!

افسوس ہے کہ پاکستان نے اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کو تسلیم کیا لیکن اس کے احکام سے کوئی [illegible] رکھا۔ اسلام کا پہلا تقاضا یہ ہے کہ ایک مسلمان برائیوں کو مٹائے ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑے، اور محبت کی مجلس کو عام کردے، مسلمان کا یہ کام نہیں کہ جھوٹ بول کر، الزام لگا کر اور سچائی کو بالائے طاق رکھ کر نفرت اور تعصب کو فروغ دے اور جڑے ہوئے دلوں کو توڑنے کی کوشش کرے! کس قدر ندامت کی بات ہے کہ پاکستان خدا کی حاکمیت کا اقرار کرکے شیطان کو تخت پر بٹھائے اور خدا کے نام [illegible] گوارا کرے! آخر یہ حکومت الٰہیہ کی کونسی قسم ہے کہ کراچی کا ایک اخبار جمعیۃ علماء کے [illegible] دو حکومتوں کے تعلقات کو خراب کرے [illegible] مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند اور مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی [illegible]

اچھی باتیں

قل انما ۔ تا ۔ شدید ۔ (پ ۲۲ ع ۱۲)

کہہ دو میں تمہیں صرف ایک نصیحت کرتا ہوں کہ تم دو دو اور ایک ایک مل کر خدا کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور پھر غور کرو جس شخص نے تمہارے ساتھ زندگی گزاری ہے وہ مجنون تو نہیں ہے؟ وہ تو تم لوگوں کو عذاب سے خبردار کرنے والا ہے جو نہایت ہی شدید ہے۔

جو لوگ پیغمبر کو جھٹلاتے تھے انھیں کہا گیا کہ تم آنکھیں بند کرکے ایمان نہ لاؤ بلکہ انفرادی اور اجتماعی طور پر خوب غور کرو، خوب پرکھ کر دیکھو، خوب جانچ کر آپ مجنون تو نہیں ہیں؟ کیا وہ شخص جو دنیا کو بہترین قانون دینے والا ہے اور جس نے عرب جیسے ملک کی اصلاح کی اور جس کے چال چلن اور اخلاق پر کبھی شبہ نہیں کیا گیا مجنون ہوسکتا ہے؟ غور کرو، پھر غور کرو اور دیکھو کہ تمہارا ضمیر کیا فیصلہ کرتا ہے۔ اور اس پیغمبر کے کاموں سے کیا ظاہر ہوتا ہے! اس آیت سے معلوم ہوا کہ اسلام کی دعوت فکر اور تعقل کی دعوت ہے۔ وہ ایک فکری تحریک ہے اور وہ انسانی فکر کو مخاطب کرکے حق و باطل کا فیصلہ کرنا چاہتا ہے مسلمان کا کام یہ ہے کہ وہ ہر بات میں غور و فکر کرے اور جس بات کو مانے ٹھوک بجا کر مانے۔

امن کے پیامی

(از جناب ریاست علی ندوی)

مدینہ میں مختلف نسلوں اور مذہبوں کے لوگ آباد تھے۔ اسلام کے داعی نے ان مختلف ملت رکھنے والوں میں باہمی وحدت پیدا کرنی چاہی یہ وحدت "وطنی قومیت" ہی کا قائم ہوسکتا تھا۔ چنانچہ آبادی کے مختلف فرقوں کے درمیان آپ نے معاہدہ کیا جس کے ذریعہ سب ایک رشتہ میں منسلک ہوگئے اس تاریخی معاہدہ کے دفعات یہ ہیں۔

۱۔ یہ تحریر محمد النبی کی جانب سے مسلمانوں کے درمیان جو قریشی یا یثرب کے رہنے والے ہیں اور ان لوگوں کے ساتھ ہے جو مسلمانوں کے ساتھ ہوں [illegible]

۲۔ یہ کہ سب لوگ ایک ہی قوم کے سمجھے جائیں گے (امۃ واحدۃ)

۳۔ بنی عوف کے یہودی مسلمانوں کے ساتھ ایک قوم ہیں۔

۴۔ جو کوئی ان معاہدہ کرنے والوں میں سے کسی سے جنگ کرے گا دوسرے اس کی مدد کریں گے۔

۵۔ باہمی تعلقات آپس کی خیر سگالی، خیر اندیشی پر ہوں گے، نہ کہ شر اور گناہ پر۔

۶۔ مظلوم کی مدد و نصرت کی جائے گی۔

۷۔ علاقہ میں کشت و خون کرنا معاہدہ والوں پر حرام ہوگا۔

اسی طرح جہینہ اور بنی ضمرہ [illegible] قبائل میں بھی وسعت دی گئی اور قبائل کی خانہ جنگی کو روکنے میں بڑی مدد ملی۔ دوسری طرف امن و امان کے برقرار رہتے ہوئے مسلمانوں کو حق کے پیام کو پھیلانے کا موقع ملا۔ اس طرح توقع تھی کہ خون کا ایک قطرہ بھی بہائے بغیر خونخوار عرب اپنی خونخواری کو بھول جائے گا، اور اسلام کا صلح کا جو پیام عرب کو دیا گیا ہے۔ وہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک قبول کرلیا جائے گا۔

لیکن دوسری طرف قریش مسلمانوں کو چھوڑتے نہیں اور دعوت محمدی کو اس آسانی سے مقبول ہوتے دیکھ کر ضبط نہ کرسکے اور اسلام اور داعی اسلام کے خلاف اپنی سازشوں میں مصروف ہوگئے اور مدینہ والوں کو دھمکیاں دینے لگے کہ تم نے ہمارے بھاگے ہوؤں کو اپنے یہاں پناہ دے رکھی ہے۔ تم انہیں نکال دو ورنہ ہم تمہارے شہر پر حملہ کردیں گے [illegible] لڑائیوں کا ایک سلسلہ جاری ہوگیا۔

ان لڑائیوں کے سلسلہ میں بھی آپ کی تعلیمات کی خوبیاں اس دور میں ظاہر ہوئیں جب دنیا تہذیب سے کچھ زیادہ آشنا نہ تھی بدر کے قیدی دو دو چار چار کر کے تقسیم کر دیئے گئے اور ارشاد ہوا کہ آرام سے ساتھ رکھے جائیں صحابہ ان قیدیوں کو کھانا کھلاتے اور خود کھجوریں کھا کر رہ جاتے۔ قیدیوں کو کپڑے دیئے اور کسی کے ساتھ کوئی انتقام لینا گوارا نہیں کیا۔ زبان مبارک پر یہ الفاظ تھے۔

رب اغفر لقومی فانہم لا یعلمون۔ خدایا! میری قوم کو بخش دے، وہ جانتے نہیں۔

اسلام میں فتح مکہ کا موقع اس کی تاریخ کے سنہرے موقعوں میں سے ایک ہے۔ اس موقع پر اسلام کے بڑے بڑے دشمنوں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ اسلام کی تاریخ کے یادگار ہی واقعات ہیں! اسلام کا سب سے بڑا دشمن ابوسفیان تھا [illegible] آپ کو قتل کرنے کی سازشیں کرنا اس کے جانے بوجھے حرکات تھے ان میں ہر فعل اس کے خون کی قیمت تھا لیکن آپ نے نہ صرف اس کو معاف کردیا بلکہ مکہ میں داخلہ کے بعد ارشاد ہوا کہ جو شخص ابوسفیان کے گھر جائے اسے قتل نہ کیا جائے۔

اس طرح اس موقعہ پر آپ نے حکم دیا۔

۱۔ جو شخص ہتھیار پھینک دے اسے قتل نہ کیا جائے۔

۲۔ جو کوئی خانہ کعبہ میں پہنچ جائے وہ قتل نہ کیا جائے۔

۳۔ بھاگنے والوں کا تعاقب نہ کیا جائے۔

۴۔ گھر میں بیٹھ رہنے والوں کو نہ چھیڑا جائے۔

۵۔ زخمی اور اسیر [illegible] وغیرہ۔

اس کے بعد آپ نے ایک تاریخی خطبہ دیا اس میں عربوں کی اس جبلی فطرت کا خاص طور پر ذکر فرمایا جو قتل و خونریزی کے ساتھ ان میں موجود تھی عرب میں اگر کوئی کسی کو قتل کر دیتا تو مقتول کے خون کا انتقام لینا خاندانی فرض سمجھا جاتا تھا۔ [illegible] ارشاد فرمایا۔

ایک خدا کے سوا اور کوئی خدا نہیں ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اس نے اپنا وعدہ سچا کیا، اس نے اپنے بندہ کی مدد کی اور تمام جتھوں کو توڑ دیا! ان تمام مفاخر اور خون بہا کے پچھلے انتقامات سب میرے قدموں کے نیچے ہیں، زمانہ جاہلیت سے جن باتوں پر تفاخر [illegible] میں سب کو مٹا دیتا ہوں اور سب سے پہلے اپنے خاندان کے خون کا دعوے اور اپنے چچا کے قرضوں کی رقم معاف کرتا ہوں۔

اے جماعت قریش! اب خدا نے جاہلیت کے غرور اور نسب کے افتخار کو مٹا دیا، تمام لوگ آدم کی نسل سے ہیں اور آدم مٹی سے بنے ہیں۔

خطبہ کے بعد آپ نے مجمع پر نظر ڈالی قریش کے بڑے بڑے جابر سردار سامنے کھڑے تھے، وہ اسلام کو مٹانے میں پیش پیش رہ چکے تھے۔ ان میں وہ لوگ بھی تھے جو آپ کو گالیاں دیا کرتے تھے راہ میں کانٹے بچھاتے تھے، تقریر کرتے وقت آپ کی ایڑیوں کو لہولہان کردیا کرتے تھے اور وہ بھی تھے جو مسلمانوں کو جلتی ہوئی ریگ پر لٹا کر ان کے سینوں پر انگارے رکھتے تھے یہ سب آپ کی نگاہ میں تھے، پوچھا:

"تمہیں معلوم ہے میں تم سے کیا معاملہ کرنے والا ہوں؟"

لوگوں نے کہا "آپ شریف بھائی ہیں اور شریف برادر زادہ"۔

پھر رحمت عالم کا ارشاد ہوا۔

"آج تم سے کوئی مواخذہ نہیں! جاؤ تم سب آزاد ہو۔" یہاں تک کہ آپ نے مہاجرین کو ان کے پچھلے مکانوں اور جائدادوں پر قبضہ کرنے سے بھی منع فرمایا! اور ہدایت کی کہ وہ ان جائدادوں سے ان کے نئے قابضوں کے حق میں دستبردار ہو جائیں۔ عفو و درگذر آپ کی شان تھی حضرت عائشہ فرماتی ہیں:

"نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی سے کوئی انتقام نہیں لیا۔"

عظیم انسان

آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ماہ ربیع الاول ۱۱ھ مطابق ماہ مئی ۶۳۲ء میں اس عالم فانی سے جدا ہوئے آپ جو عظیم الشان پیام لے کر آئے تھے اس کو نیک دل اور حقیقت شناس لوگوں نے ۲۳ سال میں [illegible] ایک مکمل شریعت، ایک متحدہ اخلاقی نظام ایک کامل قانون، ایک مکمل سلطنت، ایک عملی جماعت اور خدا پرستی، اخلاص، ایثار، تقویٰ، برادری، اتفاق اور سچائی کا ایک مجسم عہد ایک نئی زمین اور ایک نئے آسمان کے ساتھ عالم وجود میں آچکا۔

ایک عیسائی مورخ لکھتا ہے۔

"دنیا کا سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے [illegible] زندگی کے مختصر عرصہ میں ایک نئے تمدن کی بنا رکھی اور جنگ کا قانون بدل دیا"

اسلام نے نہ صرف جنگ کا قانون بدلا بلکہ اس نے تلوار کے صحیح استعمال کے موقع متعین کردیئے، عبادت گاہوں کو بچانا اس نے فرض قرار دیا، چاہے وہ مسلمانوں کی ہوں یا عیسائیوں کی، یہودیوں کی ہوں یا ہندوؤں کی ضمیر کی آزادی قائم رکھی ہے، ہر شخص کو اپنا مذہب اختیار کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ کسی کو اپنا عقیدہ تلوار کے زور سے منوانے کی اجازت نہیں دی فرمایا:

"کہدے کہ حق تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے، جو چاہے قبول کرے جو چاہے انکار کردے"

ایک دوسرے موقع پر ارشاد ہوا۔

"دین میں کوئی زبردستی نہیں! ہدایت گمراہی سے الگ ہوچکی" (البقرہ ع ۳۲)

[illegible]

ان سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے۔ (انفال ع ۵)

حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں

ہم یہ فرض آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ادا کرچکے جبکہ مسلمان کم تھے، تو انسان اپنے دین کے سبب سے فتنہ میں مبتلا کیا جاتا تھا، اس کو لوگ یا مار ڈالتے تھے یا قید کر لیتے تھے، یہاں تک کہ مسلمانوں کی تعداد بڑھ گئی اور پھر فتنہ باقی نہیں رہا (بخاری تفسیر انفال ج ۲ ص ۲۷)

اسلام میں ظلم روا نہیں۔

اگر وہ صلح کے لئے جھکیں تو تم بھی جھک جاؤ۔ (انفال)

اگر وہ تم سے کنارہ کش رہیں [illegible] اور تمہارے ساتھ صلح کی طرح ڈالیں تو اللہ نے تم کو ان پر حملہ کرنے کی کوئی راہ نہیں دی ہے۔

[illegible]

ارشاد ہوا:

آخرت میں عزت کا مقام ہم نے ان لوگوں کے لئے رکھا ہے جو زمین میں نہ اپنی برائی قائم کرنا چاہتے ہیں اور نہ فساد اور بدامنی کرنا چاہتے ہوں، عاقبت کی کامیابی خدا ترسوں کے لئے ہے۔ (القصص ع ۹)

ایک دوسری جگہ فرمایا:

"اور جب وہ حق سے پھرتا ہے تو دوڑتا ہے زمین پر فساد پھیلانے کی کوشش کرتا ہے اور کھیتوں اور نسل کو برباد کرتا ہے اور اللہ فساد پسند نہیں کرتا" (البقرہ ع ۲۵)

پھر آگے چل کر فرمایا:

"ایمان والو! امن و سلامتی میں پورے پورے داخل ہو جاؤ" (البقرہ ع ۲۶)

یہ تھا امن کا وہ پیام جس کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کے لئے لائے تھے۔ اس کے پیامی نے [illegible] دنیا کو صلح اور امن و آشتی کی طرف بلایا اور [illegible] دنیا کے گوشہ گوشہ میں پہنچایا اور امن و سلامتی کے قیام میں اپنی زندگیاں گزار دیں۔

دس سال کے بعد نیشنل پلاننگ کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کردی

۲۹ سب کمیٹیوں کی رپورٹیں ضمیموں کے طور پر شامل ہیں

دہلی ۲۸ مارچ۔ کانگریس نے دس سال قبل ۱۹۳۸ء میں نیشنل پلاننگ کمیٹی مقرر کی تھی جس نے اب یہ کام ختم کرلیا ہے اور ہفتہ کے دن آخری اجلاس میں یہ فیصلہ کیا کہ چونکہ کمیٹی کا کام ختم ہوگیا ہے اس لئے اس کو توڑ دیا جائے۔

کمیٹی کی رپورٹ صدر کانگریس اور حکومت ہند کو بھیج دی جائے گی۔ ہفتہ کے دن کے اجلاس میں اسی رپورٹ کو منظور کیا گیا ہے۔ کمیٹی نے ۲۹ سب کمیٹیاں بھی مقرر کی تھیں ان کی رپورٹیں بھی ضمیموں کے طور پر شامل کردی گئی ہیں۔ سب کمیٹیوں کی رپورٹیں ۲۶ جلدوں میں نیشنل پلاننگ کمیٹی سیریز کے نام سے شائع کی جائیں گی۔

ہفتہ کے دن اجلاس میں مندرجہ ذیل نے شرکت کی۔ پنڈت نہرو (چیرمین) [illegible] پروفیسر کے ٹی شاہ (جنرل سکریٹری) کمیٹی کی رپورٹ میں ہندوستان اور اس سے متعلق تمام مسائل شامل ہیں۔ مثلاً اقتصادیات صنعت تعلیم تجارت وغیرہ پر کمیٹی نے مفصل بحث کرکے اپنی تجویزیں پیش کی ہیں۔

برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون کی حفاظت

لندن ۳۰ مارچ۔ [illegible]

نابینوں کے لئے تفریح گاہ

لندن ۳۰ مارچ۔ نابینوں کی تفریح کے لئے [illegible] قسم کے خوشبودار پھول لگائے گئے۔ (گلوب)

مردہ زندہ دیکھا گیا

لندن ۳۰ مارچ۔ [illegible] (گلوب)

سیلون کے کمیشن کی آمد

کولمبو [illegible]

گورنر جنرل کو ۵½ ہزار تنخواہ ملے گی جس پر انکم ٹیکس نہیں لیا جائے گا

ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل کے تین بل منظور کردیئے گئے

نئی دہلی ۲۹ مارچ۔ کل پارلیمنٹ میں سردار پٹیل کے اس بل پر ایک پریشان کن بحث شروع ہوگئی جو انہوں نے گورنر جنرل کی تخفیف شدہ ۵½ ہزار کی تنخواہ کو انکم ٹیکس سے مستثنیٰ کرنے کے متعلق پیش کیا۔ نائب وزیر اعظم نے یہ بل پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ اس بل پر بحث نہ ہوگی لیکن مسٹر کامتھ نے جو ہر سوال اور ہر مسئلہ پر بولنا اپنا فرض سمجھتے ہیں بحث چھیڑ دی، جو ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔

مسٹر کامتھ نے اگرچہ بل کی حمایت کی لیکن ان الفاظ پر اعتراض کیا کہ گورنر جنرل کے عہدے کے وقار کے پیش نظر ان کی تنخواہ کو انکم ٹیکس سے مستثنیٰ رکھنا ضروری ہے۔ آپ نے کہا کہ عہدے کے وقار کا انحصار تنخواہ اور الاؤنس پر نہیں [illegible] جنگ سے پہلے صرف دو سو روپے تنخواہ لیتا تھا اور [illegible] تنخواہ نہیں لیتا تھا۔

پروفیسر شاہ نے گورنر جنرل کی تنخواہ کو ٹیکس سے بری [redacted] ادا کرتا ہے۔

دو دوسرے ممبروں سردار ہکم سنگھ اور مسٹر نظیر الدین احمد نے بھی بل کے مقصد کی مخالفت کی۔ اول الذکر نے کانگریسی ممبروں کو ان کا وہ وعدہ یاد دلایا جو انہوں نے پانچ سو روپیہ تنخواہ لینے کے متعلق کیا تھا۔

سردار پٹیل کی جوابی تقریر

بحث کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ آئین ساز اسمبلی کے اجلاس میں ہاؤس کے ممبر گورنر جنرل کی تنخواہ ۵½ ہزار روپیہ ماہانہ مقرر کرچکے ہیں۔ اگر کراچی کانگریس کے ریزولیوشن کے اصولوں پر چلنا مقصود ہے تو ممبروں کو یہ جگہ چھوڑ کر [illegible] ایسا کرنا بہت مشکل [illegible] ہے۔ گورنر جنرل کی تنخواہ کوئی [illegible] بات نہیں۔ ہاؤس چاہے تو اسے بدل سکتا ہے۔ مگر موجودہ حالات میں یہ تنخواہ مناسب اور جائز ہے۔ اگر کم میں کام چل سکتا تو موجودہ گورنر جنرل کبھی زیادہ تنخواہ نہ لیتے۔ [illegible] ہاؤس نے بغیر ترمیم کے بل پاس کردیا۔

امریکنوں و یورپینوں کا ترجیحی سلوک

ضابطہ فوجداری کے ماتحت امریکنوں و یورپینوں سے کیا جانے والا ترجیحی سلوک ختم کرنے کے متعلق بل پر تقریر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ یہ ہماری غلامی کی جیتی جاگتی نشانی ہے۔ ملک آزاد ہوچکا ہے ہر قسم کا نسلی امتیاز ختم کیا جانا چاہئے۔ جو سلوک اس ملک کے باشندوں سے ہوتا ہے وہی غیر ملکیوں سے کیا جائے گا۔ یہ بل [illegible] پاس ہوگیا۔

تیسرے بل پر بحث کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ [illegible]

[illegible] آئندہ ترقی کا کوئی پروگرام بنانا مشکل ہے۔ جہاں تک ذخیرہ کا تعلق ہے بڑے بڑے انجنوں کے نئے آرڈر دیئے جاچکے ہیں۔ ان سے بہت حد تک موجودہ بار ہلکا ہوجائے گا۔ فالتو پرزوں کے متعلق حکومت نے کمیٹی کی سفارشات [redacted] ان کمپنیوں سے بات چیت کررہے ہیں جو انجنوں کے فالتو پرزے سپلائی کرتی ہیں۔ پارلیمنٹ کا اجلاس آج کے لئے ملتوی ہوگیا۔ (اپ)

گورنر جنرل پاکستان کا نیا حکم

کراچی ۲۹ مارچ۔ گورنر جنرل پاکستان نے مرکزی کیبنٹ [illegible]

خواجہ ناظم الدین واگہ میں

لاہور ۲۹ مارچ۔ کل پاکستان کے گورنر جنرل ناظم الدین نے مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی کے ہمراہ [illegible] پاکستان کی سرحد پر واقع پاکستانی گاؤں [illegible] گئے۔ وہاں آپ نے فوجی چوکی پر فوج کو دیکھا اس کے بعد گورنر جنرل نے نہر کی کھدائی کا کام دیکھا۔ انجنیروں نے بتایا کہ تقسیم کے بعد اس علاقہ میں آبپاشی کا کام کس قدر مشکل ہوگیا تھا۔

مغربی پنجاب میں بجلی کی شرح میں اضافہ

لاہور ۲۹ مارچ۔ کل حکومت نے ایک اعلان جاری کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ یکم اپریل سے مغربی پنجاب کے تیرہ شہروں میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ ہوجائے گا جن شہروں پر اس کا اثر پڑے گا ان میں لاہور، لائل پور، قصور اور شیخوپورہ شامل ہیں۔

پاکستان کی بنیادی اصولوں کی کمیٹی کا اجلاس

کراچی ۲۹ مارچ۔ پاکستان کی مجلس دستور ساز کی [illegible]

خان قلات کراچی میں!

کراچی ۲۸ مارچ۔ خان قلات کل بذریعہ ہوائی جہاز [illegible]

مغربی پنجاب میں نیا حکم

لاہور ۲۹ مارچ۔ مغربی پنجاب کی حکومت نے [illegible]

کراچی میں سرکاری احکام پر عمل درآمد

کراچی ۲۹ مارچ۔ [illegible]

حکومت برطانیہ نے نیتاجی کا ضبط شدہ سونا واپس کردیا

ہند پارلیمنٹ میں نائب وزیر خارجہ کا انکشاف

نئی دہلی ۳۰ مارچ۔ ڈپٹی وزیر خارجہ ڈاکٹر کیسکر نے آج مسٹر کامتھ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اعلان کیا کہ حکومت کو علم ہے نیتاجی سبھاش چندر بوس انتقال کرچکے ہیں۔ مسٹر کامتھ نے حکومت کی توجہ [illegible] لندن میں شائع شدہ ایک اطلاع کی طرف دلائی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ حکومت برطانیہ سبھاش بابو کے زندہ ہونے کے متعلق اطلاعات سے بہت متوحش ہو رہی ہے۔

مسٹر کامتھ نے پوچھا کہ جب آزاد ہند فوج نے ہتھیار ڈالے اس وقت نیتاجی کے نام پر یا آزاد ہندوستان کی عبوری گورنمنٹ کے نام پر کتنا روپیہ [illegible] یا مشرقی ایشیا کے کسی دوسرے بنک میں جمع تھا۔ اور ان کی کیا مالیت تھی؟ ڈاکٹر کیسکر نے جواب دیا کہ آزاد ہند فوج کے ہتھیار ڈالتے وقت نیتاجی کی جائداد کی تفصیل کا پتہ لگانا ممکن نہیں تھا۔ [redacted] بنک میں کافی سونا جواہرات اور دوسری قیمتی اشیا تھیں اس کا کافی حصہ [illegible] لاپتہ ہوگیا۔ [illegible] آزاد ہند فوج سے تعلق رکھنے والے افسروں سے برآمد کیا گیا۔ [illegible] تین سال کے بعد موجودہ وزیر اعظم ملایا گئے۔ انہوں نے اس سلسلہ میں تحقیقات کیں۔ انہوں نے اپنے دورہ میں [illegible] کی تجویز پر اس وقت کے سپریم کمانڈر لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے ٹرسٹ کا سونا ملایا کے ہندوستانیوں کی مدد کے لئے واپس کرنا منظور کیا۔ یہ ٹرسٹ اب بھی کام کر رہا ہے اس سلسلہ میں کافی کوششوں کے باوجود اس فنڈ میں کوئی مزید رقم موصول نہیں ہوئی۔

مسٹر کامتھ کے ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر کیسکر نے بتایا۔ [illegible] لیک سکسس میں اس وقت ہندوستانی وفد میں شامل ہوں گی جبکہ جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کا جھگڑا [illegible] میں پیش ہوگا۔ آپ نے بتایا کہ شریمتی پنڈت [illegible] کمیشن میں شامل رہیں گی۔ (اپ)

کشمیر میں استصواب رائے عامہ کا مسئلہ

خواجہ شہاب الدین کا اظہار خیال

کراچی ۳۰ مارچ۔ [illegible] ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے خواجہ شہاب الدین نے کہا کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ صرف کشمیر کے عوام ہی کر سکتے ہیں، کسی دوسری جماعت کو حق حاصل نہیں کہ وہ اپنا فیصلہ دے۔ اقوام متحدہ نے [illegible] کو کشمیر میں ناظم استصواب مقرر کیا ہے۔ حکومت پاکستان کو یقین ہے کہ ان کی طرح بین الاقوامی شہرت کے آدمی اپنے فرائض نہایت قابل تعریف طریقہ پر انجام دیں گے۔

خواجہ شہاب الدین نے یہ بھی کہا کہ حکومت پاکستان شروع سے اس امر کی کوشش کررہی ہے کہ کشمیریوں کو اپنی آزادانہ رائے دینے کا موقع فراہم کیا جائے تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ کشمیری ہندوستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا پاکستان میں۔

یہ بات قابل مسرت ہے کہ پاکستان میں تجارت روز افزوں ترقی پر ہے اور دنیا کے تجارتی حلقوں میں پاکستان کی ساکھ بڑھ رہی ہے۔ [illegible] دشمنان پاکستان کے قیام [illegible] مسلمان تجارتی اہلیت نہیں رکھتے اس لئے پاکستان تنہا اپنی تجارتی ساکھ قائم نہیں کرسکے گا۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ دنیا جانتی ہے کہ مشکلات اور مخالف ماحول کے باوجود ہم نے [illegible] میں کس طرح اپنا مقام حاصل کرلیا ہے۔

سہارنپور کا حالیہ فساد

سوشلسٹ لیڈر کی طرف سے تحقیقات کا مطالبہ

دہلی ۲۹ مارچ۔ [illegible] سہارنپور کے دورہ سے واپسی پر اپنے ایک بیان میں [illegible] کہ سہارنپور کے حالیہ فساد کو ایک [illegible] اور گہری سازش سے تعبیر کیا ہے۔ میر صاحب اس لئے دورہ پر گئے تھے تاکہ وہاں کے فساد کے متعلق تحریری رپورٹ سوشلسٹ لیڈران [illegible] ڈاکٹر رام منوہر لوہیا [illegible]

[illegible]

اٹلانٹک پیکٹ پر دستخط کرنیوالے ملکوں کو اسلحہ وغیرہ مہیا کرنے کا سوال

واشنگٹن ۲۸ مارچ۔ [illegible] پہلے سال ۵۰۰ کروڑ [illegible] یورپ کے ممالک کو مہیا کرے گا [illegible] کانگریس کی منظوری [illegible]

اس میں سے [illegible] کروڑ روپیہ کا [illegible] ممالک کو سپلائی کیا جائے گا جو اٹلانٹک پیکٹ میں شامل ہیں اور [illegible] یونان، ترکی، ایران [illegible] فلپائن اور جنوبی امریکہ کی ریاستیں بھی شامل ہیں۔ [illegible] (رگلوب)

پنے کا بت چوری

۵ سو روپیہ انعام

[illegible]

عظیم راجستھان کے دار السلطنت کا معاملہ

کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کردی

نئی دہلی ۲۹ مارچ۔ عظیم راجستھان کے دار السلطنت کے انتخاب کے لئے [illegible] کمیٹی مقرر کی گئی تھی [illegible] جے پور، ادے پور اور اجمیر کے دورہ کے بعد [illegible]

مشرقی بنگال میں

ریل گاڑیوں کا حادثہ

ڈھاکہ ۲۹ مارچ۔ کل صبح [illegible] میمن سنگھ [illegible] دو مسافر ریل گاڑیوں کے درمیان تصادم ہوگیا جس میں ۵ مسافر ہلاک و ۱۵ سخت زخمی ہوئے [illegible]

رنگون ٹرف کلب پر حملہ

رنگون ۲۹ مارچ۔ گذشتہ رات [illegible] نے رنگون ٹرف کلب پر حملہ کرکے سولاکھ روپیہ چرالیا [illegible]

سوراشٹر میں نئے انجن

[illegible]

ضلع انبالہ میں پلیگ کی وارداتیں

شملہ ۲۹ مارچ ضلع انبالہ کے ڈائرکٹر پبلک ہیلتھ کو جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں، ان سے پتہ چلتا ہے کہ [illegible] مقامات پر پلیگ کا اثر ہوا جن میں سے ۲۰ مقامات اب اس سے پاک ہوگئے ہیں [illegible]

دہلی میں صوبوں اور ریاستوں کے وزراء اعظموں کی کانفرنس

سیاسی اور فرقہ وارانہ جماعتوں کی تخریبی سرگرمیوں پر غور و خوض

نئی دہلی ۲۹ مارچ۔ [illegible]

ڈیٹ منہ گوریلوں کی فتوحات سے انکار

سیگاؤں ۲۹ مارچ۔ [illegible]

ریل کے پٹری سے اترنے کا حادثہ

[illegible]

ہندوستان میں تعلیمی اسکیم

امریکن ماہر تعلیم کا مشورہ

[illegible]

علاج بجلی و پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر شرما جی بی روڈ دہلی
سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں؟

خراش ہوگئی
آپ کے گلے میں یہ خراب بیڑی پینے کا نتیجہ ہے
بڑھیا بیڑی "ستارہ چھاپ" پیا کیجئے جو گلے
اور پھیپھڑے کو خراب نہ کرے گی
[illegible] محمد حنیف باڑہ ہندو راؤ دہلی

اس برقعے کی پسندیدگی میں روز افزوں اضافہ ہورہا ہے
ترکی برقعے
پردہ نشین خواتین کا تحفہ !

مدیرہ بانو کی زیر نگرانی تیار کئے ہوئے یہ ترکی برقعے اعلیٰ قسم کے ریشمی کریب کے بنے ہوئے ہیں۔ ڈیزائن جس والا چہرہ نما اور بادامی کالر دو جھالر دار ہے۔ اوپر کے رومال گول اور چوکور ہیں اصلی تار کشی کی بنی ہوئی آنکھوں کی جالیاں نقابیں لگائی گئی ہیں فی الحال کالے سرخ، نسوزی، نیلے اور کریم کلر کے تیار کرائے گئے ہیں۔ اس برقعے کی قیمت اگر آپ گھر پر تیار کرائیں تو کم از کم ساٹھ روپے بیٹھے گی۔ دفتر بانو سے یہ برقعہ صرف چالیس روپے میں بھیجا جائے گا محصول ڈاک علاوہ ہوگا اسی ڈیزائن کے سوتی برقعے کی قیمت سولہ روپے ہوگی۔ رنگ نیلا، براؤن اور گلابی ہوگا غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں یہ پیراشوٹ چھتریوں کے کپڑے کے بنے ہوئے نہیں ہیں اپنے اطمینان کے لئے پہلے نمونہ منگا کر دیکھ لیں انشاء اللہ کوئی شکایت نہ ہوگی۔ برقعہ پسند نہ آنے پر اگر اسی حالت میں بغیر استعمال کئے واپس کردیا جائے تو پوری قیمت مع محصول ڈاک واپس کردی جائے گی۔

پاکستانی بہنوں کو قانونی مجبوریوں کی وجہ سے ابھی یہ برقعہ نہیں بھیجا جاسکتا۔ اس لئے وہ نہ منگائیں!

صرف یہ پتہ لکھ کر برقعہ طلب فرمائیے
دفتر ماہنامہ "بانو" دہلی
(رسالہ "بانو" کا نمونہ مفت طلب کیجئے)

جمعیت علماء کی خبریں

جماعتی خبریں جماعت کے چھپے ہوئے فارم پر صاحب دستخط اور مختصر آنی چاہئیں۔ اگر فارم چھپے ہوئے نہ ہوں تو جماعتی مہر لگا کر روانہ کی جائیں۔ تاکہ غلطی کا امکان باقی نہ رہے۔ بصورت دیگر خبریں شائع نہ کی جائیں گی۔ کیونکہ ایسی خبریں اکثر غیر مصدقہ اور غلط ثابت ہوتی ہیں۔ جو شاخیں ابھی نئی قائم ہوئی ہیں۔ وہ اپنی خبریں ضلع یا شہر کی جماعتوں سے تصدیق کرا کر روانہ کریں۔ (ادارہ)

مجلس عاملہ کریم گنج کا اجلاس

کریم گنج جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا دوسرا جلسہ آزاد بلکٹ فیکٹری میں منعقد ہوا۔ محترم صدر صاحب کی غیر حاضری میں نائب صدر جناب مولانا عباس علی صاحب نے صدارت فرمائی۔ دیر تک بحث و تمحیص کے بعد مجوزہ سب کمیٹیوں [redacted] ابتدائی تعلیمی نصاب منظور ہوا۔ سلسلہ اداری چند اصلاحات بھی اتفاق رائے سے پاس ہوئیں۔

کریم گنج جمعیۃ علماء کی طرف سے ضلع کی کل مساجد میں دینی مسائل کا امتحان لینے اور مسلمانوں کے لئے مسائل سیکھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ آئندہ دینی مکاتب میں منظور شدہ نصاب سے تعلیم دلانے کا بندوبست کیا جا رہا ہے اور غیر سرکاری مدارس عربیہ کو ایک ادارہ تنظیم کی ماتحتی کیلئے جمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے۔ ضلع جمعیۃ کی طرف سے مسلمانوں کی خدمت کے لئے ایک تعمیری پروگرام بنایا گیا جو حسب ذیل ہے۔ (۱) مسجد کمیٹیاں جس میں ایک صدر ایک ناظم کے علاوہ [illegible] (۲) [illegible] میں پنچایت کا قیام (۳) دینی مکاتب کی تعلیمی تنظیم اور بحالی۔ ہندو مسلم اتحاد کی تبلیغ۔

بہرائچ کے ارکان منتظمہ کے نام سرکلر

اس ضلع میں جمعیۃ کے کاموں کی اصل ذمہ داری آپ حضرات پر ہے جنہیں تحصیلوں نے اپنا نمائندہ چن کر ضلع کے کاموں کی ساری ذمہ داری سونپ دی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ یکم اپریل ۱۹۴۹ء کو بعد نماز جمعہ مدنی منزل میں ہم سب جمع ہو کر بیٹھیں۔ اور لکھنؤ میں ۱۷، ۱۸ اپریل ۱۹۴۹ء کو ہونیوالی جمعیۃ علماء ہند کی آل انڈیا کانفرنس کو کامیاب کرنے اور اپنے اس ضلع کے لئے کوئی مفید پروگرام بنا کر اس پر عمل شروع کر دیں۔ ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔

اراکین مجلس عاملہ جمعیۃ علماء صوبہ گجرات

صدر جمعیۃ علماء صوبہ گجرات نے مجلس عاملہ کے لئے

حسب ذیل حضرات کے اسماء گرامی کا اعلان کیا ہے۔ (۱) جناب سید مہدی حسن صاحب مفتی سورت (۲) منشی عیسیٰ بھائی ابراہیم ناظم اعلیٰ جمعیۃ صوبہ (۳) مولانا محمد یوسف صاحب شیخ الحدیث جامعہ ڈابھیل (۴) مولانا شمس الدین صاحب بڑودہ (۵) مولانا ابوالعرفان صاحب ندوی احمد آباد (۶) مولانا محمد صدیق صاحب بڑودہ (۷) مولانا محمد میاں صاحب سورت (۸) [redacted] (۹) مولانا [illegible] آدم صاحب (۱۰) مولانا عبید اللہ صاحب (۱۱) جناب غلام رسول قریشی صاحب ایڈیٹر ایلیا احمد آباد (۱۲) [illegible] خاں صاحب احمد آباد (۱۳) جناب حکیم محمد عظیم اللہ صاحب جودھپور والے (۱۴) مفتی احمد علی صاحب کوسلہ (۱۵) مفتی محمود قاسم صاحب (۱۶) مولانا عبدالرحیم صاحب بورسدی (۱۷) ڈاکٹر فخرالدین صاحب بڑودہ (۱۸) نور میاں حسین میاں شیخ (۱۹) احمد داؤد اسمٰعیل صاحب (۲۰) احمد بھائی ابراہیم صاحب (۲۱) حاجی بھائی حاجی سلطان جی صاحب احمد آباد۔

ضلع ساران میں سالانہ کانفرنس کامیاب رہی

[illegible]

ضلع ہردوئی میں جمعیۃ علماء کے انتخابات

جمعیۃ علماء ضلع کا انتخاب زیر صدارت جناب مولانا حاجی [illegible] صاحب تعلقدار گوپامؤ عمل میں آیا۔ صدر ضلع مولانا حکیم حافظ ضیاء الدین احمد صاحب فاضل دیوبند۔ اور مولانا عبدالصمد صاحب ناظم ضلع منتخب ہوئے اور نمائندگان صوبہ مولانا ناظم الدین احمد صاحب [illegible] مولانا محمد علیم صاحب فاضل دیوبند منتخب ہوئے۔ ماتحت جماعتوں کے انتخابات کے نتائج حسب ذیل ہیں۔

جمعیۃ علماء قصبہ پہانی [illegible]

جمعیۃ علماء قصبہ شاہ آباد جناب محمد حافظ یار خاں صاحب صدر [illegible]

صاحب مفتی ذوالفقار حسین صاحب اراکین منتظمہ کی تعداد علاوہ عہدیداران کے ۱۳ ہے۔

جمعیۃ علماء موضع بہری نواب مظفر حسین خاں صاحب صدر۔ نواب محمد نبی خاں صاحب ناظم۔ نمائندگان ضلع نواب محمد نبی خاں صاحب۔ نواب اشفاق حسین خاں صاحب۔ ممبران منتظمہ کی تعداد علاوہ عہدیداران کے ۱۳ ہے۔

قصبہ بلگرام سید مصطفیٰ حسین صاحب صدر۔ سید شاہ حسین صاحب ناظم۔ شیخ محمد نصر اللہ انصاری نمائندہ ضلع۔ اراکین منتظمہ ۱۳۔

قصبہ سانڈی منشی فرزند علیخاں صاحب صدر۔ حافظ محمد ایوب صاحب ناظم۔ نمائندگان ضلع حافظ عبدالمجید صاحب۔ شیخ لیاقت حسین صاحب۔ مولوی مرزا قاسم علی بیگ صاحب

جمعیۃ علماء قصبہ [redacted] چودھری اشفاق حسین منشی حفیظ الرحمان خاں صاحب ناظم۔ نمائندگان ضلع منشی حفیظ الرحمان خاں صاحب۔ اراکین منتظمہ ۱۲۔

قصبہ گوپامؤ حکیم حافظ قاری ناظم حسین صاحب صدر۔ مولوی سلیم اللہ صاحب ناظم۔ نمائندگان ضلع حکیم صدرالدین صاحب۔ نواب حاجی رئیس الاسلام صاحب تعداد اراکین منتظمہ ۱۳۔

ہردوئی شہر مولوی احمد اللہ صاحب صدر۔ منشی [illegible] صاحب ناظم۔ نمائندگان ضلع۔ مولانا [illegible] [illegible]

ایک اچکا گرفتار

[illegible] مارکیٹ سے ایک اچکا گرفتار ہوا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک دکاندار سے دیا سلائی کا ایک بکس خریدا اور نظر بچا کر اس کا ایک پین اٹھا کر چپکے سے سرک گیا۔ لیکن بعض لوگوں کو شبہ ہوا اور انہوں نے اس کا تعاقب کر کے اسے پکڑا اور حوالہ پولیس کر دیا۔

ایک جیب کترا پکڑا گیا

دہلی ۳۰ مارچ۔ ایک نوجوان جیب کترے کی گرفتاری کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس نے ایک راہگیر کی جیب سے بٹوہ نکالنے کی کوشش کی لیکن اسے عین موقعہ پر دیکھ لیا گیا۔ اسے بعد میں حوالہ پولیس کر دیا گیا۔

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

مزدڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان

کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

دولت مشترکہ کے وزرائے اعظم کی کانفرنس

مسٹر لیاقت علیخاں شامل نہیں ہونگے

لندن ۳۰ مارچ۔ کراچی سے جو اطلاع موصول ہوئی ہے۔ اس کے مطابق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علیخاں وزرائے اعظم کی کانفرنس میں شمولیت نہیں کر سکیں گے۔ یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ کشمیر میں استصواب رائے اور افغانستان اور پاکستان کے مابین ہونے والی کشیدگی بڑھتی چلی جا رہی ہے کی وجہ سے آپ کی موجودگی کراچی میں لازمی ہے نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ کو اس کانفرنس میں پاکستان کی طرف سے شرکت کرنے کے لئے کہا جائیگا۔ (گلوب)

پارلیمنٹری ایسوسی ایشن کا جلسہ

[redacted] پارلیمنٹری ایسوسی ایشن کی جنرل کونسل کے اجلاس کے لئے جو اٹاوہ میں منعقد ہو رہا ہے میں شمولیت کے لئے حکومت پاکستان آئین ساز اسمبلی کے صدر مسٹر تمیز الدین اور آئین ساز اسمبلی کے ممبر [illegible] ملک کو بھیج رہے ہیں۔ (گلوب)

روس اور افغانستان سے گندم پہنچ گئی

[illegible]

کونسل ہاؤس کے سامنے مظاہرہ

نئی دہلی ۲۹ مارچ کو کچھ شرنارتھیوں نے آج کونسل ہاؤس کے سامنے مظاہرہ کیا جب کہ پارلیمنٹ کا اجلاس ہو رہا تھا۔ یہ مظاہرہ ہاسپٹل کے ملازم [illegible] کے سلسلہ میں کیا گیا تھا۔ جس نے دہلی [illegible] ۵۰۰ مزدوروں کو برطرف کرنے کے خلاف بطور پروٹسٹ کی تھی۔

محلہ آرہ کشاں میں چوری

دہلی محلہ آرہ کشاں سے اطلاع ملی ہے کہ ایک دوکان میں چوری ہو گئی۔ چور تقریباً ۷۰ روپے کی مالیت کا سامان لے گئے۔

ٹرک میں سے دھکا دے دیا

[illegible]

دار السلطنت

۲۹ مارچ

مٹھائی کھلا کر لوٹ لیا

[illegible] سے اطلاع ملی ہے کہ بچوں کو مٹھائی کھانے کے لئے پیسے دے کر ایک شخص نے گھر کا سامان لوٹ لیا۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں کہ ایک عورت پڑوس میں گئی ہوئی تھی اور اس کے بچے گھر اکیلے تھے کہ ایک شخص آیا اور بچوں کو مٹھائی کھانے کے لئے پیسے دئے۔ بچے تو مٹھائی لینے کے لئے گھر سے باہر گئے اور وہ تمام قیمتی سامان لے کر چلتا بنا۔

لڑکی نے خودکشی کی کوشش کی

ایک نوجوان لڑکی نے [illegible] آگ لگا کر خودکشی کرنے کی کوشش کی۔ لڑکی کے کراہنے کی آواز سن کر پڑوسی [illegible] پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمی کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ لڑکی کے خودکشی کرنے کی کوشش کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ [illegible]

ہاؤس ٹیکس میں اضافہ

چیف کمشنر دہلی نے ۲۳ مارچ کے ایک نوٹیفکیشن میں دہلی میونسپلٹی کو ہاؤس ٹیکس میں ۶ فی صدی اضافہ کرنے کی منظوری دیدی ہے۔

ہاؤس ٹیکس میں اضافہ کرنے پر امپروومنٹ سکیم [illegible] نے ہاؤس ٹیکس میں ۱۲ فی صدی تک اضافہ کر سکتی ہے۔

ایک کمیونسٹ گرفتار

دہلی پولیس نے کرولباغ سے ایک شخص کو پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے جو دیواروں پر حکومت کے خلاف اشتعال انگیز نعرے لکھ رہا تھا۔

احرار کونسل کا جلسہ

مولانا عبداللہ فاروقی صاحب صدر احرار خدام خلق دہلی نے اعلان کیا ہے کہ ۴ اپریل ۱۹۴۹ء کو رات کے ۸ بجے دفتر احرار میں احرار خدام خلق کی جنرل کونسل کی ایک ضروری میٹنگ ہو رہی ہے جس میں کئی مسائل کے متعلق ضروری فیصلے کئے جائیں گے مہربانی کر کے ممبران کونسل تشریف لا کر کاروائی میں حصہ لیں۔

ضروری ایجنڈا

(۱) اخبار ویر بھارت میں شائع شدہ غیر منصفانہ خبر کی چھان بین (۲) اخبار انصاری میں شائع شدہ [illegible] کاروائی کی تحقیقات (۳) کارکنان احرار کے بارے میں شکایات پر غور۔

دو کانسٹبل گرفتار

دہلی پولیس نے جس ملزم کو دہلی کی ایک فرم [illegible] ہزار روپیہ چرانے کے الزام میں امرتسر سے گرفتار کیا تھا۔ اس کے بیان پر ریلوے کے دو کانسٹبلوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ملزم امرتسر کے کانسٹبلوں کی حفاظت کرتے ہوئے بھاگا۔ [illegible]

مسلح ڈکیتی

[illegible] ڈاکوؤں نے ایک سائیکل سوار کو گھیر لیا اور اسے ڈرانے کے بعد [illegible] ڈاکو اس شخص سے سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔

دو ہزار روپیہ کی چوری

قرولباغ کے ایک شخص کے مکان میں جو اپنے [illegible] کو رہ کر چلا گیا تھا۔ اس کے ایک دوست نے چوری کر لی۔ اسے اس کے پڑوسی سے کسی بہانے سے کنجی لی اور دو ہزار کا قیمتی سامان لے کر فرار ہو گیا۔

قفل توڑ دیا

گلی سنگتراشان پہاڑ گنج میں ایک مکان کا قفل توڑ کر چور دو ہزار پانسو روپے نقد چرا لے گئے۔

اگر آپ کے شہر میں

روزنامہ الجمعیۃ وہفت روزہ الجمعیۃ

کی ایجنسی نہیں ہے تو فوراً ایجنٹ

سے مطالبہ کیجئے کہ وہ فوراً ایجنسی

حاصل کرے۔

منیجر روزنامہ وہفت روزہ الجمعیۃ

دہلی

کراچی میں

روزنامہ وہفت روزہ

الجمعیۃ

اسٹال ۔ بولٹن مارکیٹ

کراچی

ان کا مستقبل آپ کے
خون سے وابستہ ہے

اگر آپکا خون صاف ہو اور جلد تندرست اور خوشنما ہو تو اس کا اثر آپکے بچوں کی صحت اور خوبصورتی پر بھی پڑتا ہے۔ اپنے خون اور اپنی جلد کی حفاظت کیجئے مشہور دواسافی سے۔ صافی خون کو مصفیٰ کرتا ہے اور جسم کی تمام گندگیوں سے صاف کر کے خارش پھوڑے پھنسیاں، ایگزیما، داغ دھبے، جھلے وغیرہ جلدی امراض سے نجات دلاتی ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ رسالہ جلد اور خون کی دیکھ بھال مفت منگائیے۔

صافی
خون بھی صاف
جلد بھی صاف
ہمدرد

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے

روزنامہ

الجمعیۃ

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپکے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ،، ،، ،، ۳ روپیہ فی انچ کالم

پچاس انچ سے زیادہ ،، ،، ۲ روپیہ فی انچ کالم

اتفاقیہ اشتہارات کیلئے تین روپیہ فی انچ کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے

منیجر سیغۂ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ

دہلی

علماء حق

از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب مدظلہ، ناظم جمعیۃ علماء ہند

حصہ اول	حصہ دوم
اس حصہ میں ان نظام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء جہاد آزادی سے لے کر تحریک دارالعلوم دیوبند تک وطن وملت کی آزادی کے لئے جدوجہد کی۔ یہ حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد معہ خوبصورت گرد پوش تین روپے چار آنہ علاوہ محصولڈاک	اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن واتحاد کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں۔ ان کا مفصل تذکرہ درج ہے۔ صفحات ۳۷۶ قیمت مجلد معہ خوبصورت ڈسٹ کور چار روپے علاوہ محصول ڈاک

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

بقیہ دار السلطنت

مغویہ عورت برآمد

پہاڑ گنج دہلی کی ایک شادی شدہ عورت جسے کچھ عرصہ ہوا بازار سیتا رام سے اغوا کر لیا گیا تھا۔ سکندر آباد پولیس اسٹیشن کے علاقہ کے ایک مکان سے برآمد ہوئی ہے۔ اس کو واپس لایا گیا ہے تین آدمی جن میں ایک عورت بھی شامل ہے اس سلسلہ میں گرفتار ہوئے ہیں۔ پریم وتی نے پولیس کو اپنے بیان میں بتایا کہ وہ کچھ عرصہ سے بیمار تھی اور وہ گنگا اشنان کر کے سپرد کرنے کا مشورہ دیا گیا تھا۔ ایک دن جب وہ اپنی ایک سہیلی کے ساتھ [illegible] آ رہی تھی تو اس کی سہیلی کی ایک واقف کار عورت ملی جس نے اس کو پان کھلایا پان کے بعد اس کو چکر آیا اور بے ہوش ہو گئی۔ جب وہ ہوش میں آئی تو اس نے اپنے آپ کو سکندر آباد کے ایک مکان میں پایا۔ دمن سنگھ نامی ایک کارکن نے اس کو بتایا کہ اس کو آٹھ سو روپے میں خریدا گیا ہے اور وہیں رہنا ہوگا۔ اس پر سخت نگرانی کی جاتی تھی لیکن وہ ایک روز ایک دوسرے کہار کے مکان پر پہنچ گئی اور وہاں سے پولیس نے آ کر اسے چھڑا لیا۔

دہلی کے پولیس افسر کو ترقی

یکم اپریل سے انسپکٹر بلدیو سنگھ [illegible] اسسٹنٹ پولیس سپرنٹنڈنٹ کو ترقی دے کر دہلی کا ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس بنا دیا گیا ہے۔ مسٹر [illegible] کی کوششوں کی بہت سی مسروقہ مال برآمد ہوا اور کئی چوروں کا پتہ چلایا گیا۔

دہلی کی عدالتوں میں

دیوان رام سروپ مجسٹریٹ درجہ اول نے آج بابولال نامی ایک شخص کو چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی۔ اس نے ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر کی جیب کتری تھی۔

درشن سنگھ اور سادھو رام کو بھی اسی عدالت سے ایک آدمی کی طلائی انگوٹھیاں چرانے کے الزام میں ایک ایک سال قید بامشقت کی سزا دی گئی۔

میاں [illegible] سنگھ مجسٹریٹ درجہ اول نے موہن سنگھ نامی ایک شخص کو تحفظ گوشوارہ میں ٹیکٹ مزدوروں کو اپنے کام پر جانے سے روکنے کے جرم میں چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی۔ مجرم کو بلاس مہتے کی سفارش کی گئی۔

شرنارتھیوں کی بحالی

ملکوٹ کے کیمپ دہلی میں رہنے والے پانسو شرنارتھی خاندانوں کو دہلی سے چار میل کے فاصلہ پر آزاد پور کی چونگی کے قریب عارضی رہائش گاہیں دیئے جائیں گے۔ پرانے قلعہ میں بیٹھے ہوئے شرنارتھیوں کو ان کی جگہ پکے کمرے دیئے جائیں گے۔ دہلی کیمپوں کے ایک ہزار بے آسرا عورتوں بچوں کو باغ جالان میں بسایا جائے گا جسے کام کاج کے مرکز میں تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۲ تولہ سونا چوری

چیلی گر پہاڑ گنج سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ایک مکان سے ۳۲ تولہ کے طلائی زیورات اور ۲۰۰ روپے کے نقرئی زیورات چوری ہو گئے۔

مرد عورتیں گرفتار

نئی سڑک سے دو عورتیں اور تین مرد اس الزام میں گرفتار کئے گئے ہیں کہ سہری پر بیٹھنے والے ایک دوکاندار کے پاس سے دو تھیلے کپڑے کے اٹھا کر چلتے بنے مگر [illegible] دوکاندار پولیس کو لے آیا [illegible] کامیاب ہو گیا۔

باغیچی علاؤالدین میں چوری

ایک ہزار روپے کی مالیت کے کپڑے اور دیگر اشیاء باغیچی علاؤالدین میں ایک مکان سے چوری ہو گئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ مالک مکان کی عدم موجودگی میں چور گھر میں داخل ہو گئے اور سامان چوری کر کے چلتے بنے۔

تین آدمی زخمی

رہتک روڈ اور اجمل خاں روڈ کے چوراہے پر ایک شخص کو آلٹی ایس کی ٹکر سے سخت زخمی ہوا۔ اس کو بے ہوشی کی حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا جہاں وہ [illegible] کانسٹیبل کے اشارہ کی پرواہ نہ کی پولیس روک کر فرار ہو گیا۔

اتفاق سے دوسرا حادثہ ہوا۔ اور ایک موٹر کار کے موڑ کاٹنے سے ٹکرا جانے سے موٹر کار میں بیٹھے ہوئے دو اشخاص شدید زخمی ہو گئے۔

چار سو روپے اینٹھ لئے

دہلی جہاں سے ایک شخص کی چار سو روپے کی رقم اینٹھ لی گئی [illegible] اور دو ٹھگ اس کے سامنے منتظر رہے اور وہ رقم لے کر غائب ہو گیا۔

پٹریوں پر بیٹھنے والوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے

[illegible] اور حکومت دہلی کو سخت تشویش۔ پانی کی قلت کا اندیشہ

دہلی ۲۹ مارچ۔ دہلی میں پٹریوں پر بیٹھنے والوں کی تعداد نازک صورت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ ایک افسر کا خیال ہے کہ پٹریوں پر بیٹھنے والوں کو جن میں بھیڑ میں اب سے بہت پہلے اٹھا دیا جانا چاہئے تھا اور ایسے قانون سے زیادہ اور کسی چیز کی بھی ضرورت نہیں۔

دلی کی آبادی اس وقت ضرورت سے زیادہ بڑھ گئی ہے اور موسم گرما میں پچھلے سال سے بھی زیادہ پانی کی قلت ہو جائے گی۔ اگر فوری طور پر کوئی قدم نہ اٹھایا گیا اور بھی بہت برا اثر پڑے گا۔ اس وقت بادجود اسکے جو کیمپوں میں رہ رہے ہیں بہت سے لوگ گلیوں میں سڑکوں پر پلوں اور دہلی کے عمومی پٹریوں پر نظر آتے ہیں۔ بہت سے شخص نے سرکاری مکانوں اور دہلی امپرومنٹ ٹرسٹ کی اراضی پر قبضہ کر رکھا ہے۔ جن کو بھی ملتا تھا [illegible]

[illegible] ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

ہوٹلوں پر سرکاری کنٹرول

پارلیمنٹ، مائینز اور پاور کے وزیر مسٹر گیڈگل نے ایک بل پیش کیا ہے جس کے ذریعہ دہلی کے پرائیوٹ ہوٹلوں کی ۲۵ فی صدی جگہ سرکاری کنٹرول میں لینا مقصود ہے۔ یہ پانچ ہوٹلوں پر اس بل کا اطلاق ہوگا۔ ان میں امپیریل، امپیریل سیسل، اسپیسل ہوٹل، میڈن ہوٹل اور [illegible] ہوٹل ہیں۔ بیان کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ اسٹیٹ سرکاری اغراض کے لئے ہاسٹل کی ضروریات پوری نہ ہونے کی بنا پر یہ بل پیش کرنے کی ضرورت پڑی۔

[illegible]

ڈاکٹر پٹابھی کو سپاسنامہ

دہلی سے دس میل پر موضع بستی دھرم پورہ میں آج کو دیہاتیوں نے صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کو سپاسنامہ پیش کیا۔ اس تقریب کا انتظام کانگریس کمیٹی نے کیا تھا۔ سپاسنامہ کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر پٹابھی نے کہا۔ انہیں کسانوں کی مشکلات کا علم ہے۔ آزادی کی مشکلات دور نہ ہو جائیں گی۔ آزادی کے بعد مسلمانوں نے دیہاتیوں سے کہا کہ اپنے حقوق کے لئے مناسب اشخاص کو منتخب کریں۔ [illegible]

سرحدی لیڈر کی [illegible] سے ملاقات

دہلی ۲۸ مارچ۔ آل انڈیا سرحدی [illegible] اور سرکردہ سرحدی لیڈر [illegible] ملاقات کی جس میں مشرقی پنجاب میں سرحدیوں کے حقوق کی حفاظت کرنے میں مشرقی پنجاب سرکار کی ناکامی کے خلاف [illegible]

کمیونسٹوں کی گرفتاری

[illegible] کمیونسٹوں کو [illegible] گرفتار کر لیا۔

جنگل بانی کی کانفرنس کے نام

پنڈت جواہر لال نہرو کا پیغام

نئی دہلی ۲۸ مارچ ۱۹۴۹ء ایشیا اور بحر الکاہل کے ملکوں کی جنگل بانی اور عمارتی لکڑی کے استعمال کے متعلق کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ اس کے نام ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے حسب ذیل پیغام بھیجا ہے۔

"چونکہ پارلیمنٹ میں میری موجودگی ضروری ہے اس لئے مجھے افسوس ہے کہ جنگل بانی اور عمارتی لکڑی کے استعمال کی کانفرنس کا افتتاح کرنے کی جو دعوت دی گئی ہے اسے قبول نہ کر سکا۔ مجھے جنگل بانی کے مسائل سے بے حد دلچسپی ہے اور جنگلات کے تحفظ کو بہت اہمیت دیتا ہوں۔

اگر دنیا کو زندگی بسر کرنے کا ایک بہتر مقام بنانا ہے تو انسانی کوششوں کو ملانا پڑے گا۔ چنانچہ تمام ممالک کے بنیادی مسائل یکساں ہیں اس لئے مجھے امید ہے کہ یہ کانفرنس جنگل بانی کے متعلق نہ صرف ہند کے علم اور تجربہ کو یکجا کرے گی بلکہ مشرقی ممالک کے جنگل بانوں کو ستی اور جنگل بانوں کے مابین رشتہ دوستی کو مضبوط کرے گی۔ اس کانفرنس میں شریک ہونے والی قوموں میں اب بھی پایا جاتا ہے استوار کرے گی۔ میں کانفرنس کی کامیابی کے لئے دعا کرتا ہوں۔"

ایک کانسٹیبل کی عدیم النظیر جرأت

ناگپور ۲۸ مارچ۔ ضلع پولس کی تاریخ میں کل ایک غیر معمولی ڈسپلن ریکارڈ کیا گیا۔ گیا پرشاد سے گورنر کو سلامی دی جبکہ ایک سانپ اس کی ٹانگوں کے گرد لپٹا ہوا تھا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کل صبح جبکہ کانسٹیبل مذکور ڈیوٹی پر تھا اسلامی اچانک اپنے آپ کو ایک سانپ کی گرفت میں پایا۔ جبکہ وہ اس سے رہائی حاصل کرنے کی کوشش میں مصروف تھا سامنے گورنر کو کار آتے دیکھا۔ اپنی مصیبت کو بھولتے ہوئے وہ سیدھا کھڑا ہو گیا اور سلامی دی۔ جب کار چلی گئی تو کانسٹیبل نے سانپ سے رہائی حاصل کرنے کی کوشش دوبارہ شروع کی جو اس کی ٹانگوں میں اسکے بازو تک لپٹ چکا تھا۔

آخر کار گیا پرشاد سانپ سے چھٹکارا پانے میں کامیاب ہو گیا۔ وہ اپنی ڈیوٹی پر قائم رہا تاوقتیکہ دوسرا آدمی اس کی جگہ آ گیا۔ اسے ہسپتال لے جایا گیا جہاں کہ اب وہ خطرہ سے باہر بیان کیا جاتا ہے۔

ناسک میں شرنارتھیوں کا مظاہرہ

ناسک ۲۸ مارچ۔ بمبئی کے جنوبی علاقہ [illegible] کے شرنارتھیوں نے ناسک کے ریلوے اسٹیشن پر [illegible] جب ایک ہزار شرنارتھیوں نے گاڑی کو گھیر لیا۔ [illegible]

مدراس کانگریس کے لیڈر کا انتخاب

مدراس ۳۰ مارچ۔ مدراس کی صوبائی کانگریس کمیٹی [illegible] لیڈر کا انتخاب کرے گی۔ [illegible]

ہندوستان میں فرانسیسی مقبوضہ علاقوں کیلئے

پاسپورٹ حاصل کرنا پڑے گا

نئی دہلی ۳۰ مارچ۔ یکم اپریل سے فرانسیسی مقبوضہ علاقوں میں داخل ہونے کے لئے [illegible] پاسپورٹ حاصل کرنا پڑے گا۔ [illegible]

تعلیم کے مرکزی مشاورتی بورڈ کا اجلاس

نئی دہلی ۲۹ مارچ۔ ایک سرکاری اعلان کے مطابق حکومت نے دستور ہند کے مرکزی تعلیم مشاورتی بورڈ [illegible] کو ہندوستان کی ریاستوں کی طرف سے تعلیم کے [illegible] بورڈ کا ساتھ ہوا ہے۔ (گلوب)

بازاروں کے بھاؤ

بازار صرافہ دہلی

چاندی تیاری ۱۰۹۔۰ چاندی دعدہ ۱۰۰

چاندی گنی ۱۰۸۔۰ چاندی سکہ ۱۰۵۔۰ [illegible]

پاسنہ [illegible]

پونڈ ۔۔ ۷۲ ۔

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

مالک ہوٹل کو پانچ سال قید سخت

میرٹھ ۲۹ مارچ۔ مسٹر موہن لال کھنہ اسسٹنٹ سیشن جج میرٹھ کی عدالت میں یہاں کے ایک ہوٹل کے مالک کو دفعہ ۳۶۶ کے ماتحت پانچ سال قید سخت اور [illegible] جرمانہ کی سزا دی گئی۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق ایک سولہ سالہ لڑکی کو ایک شخص نگینہ بیگم بریلی سے بہلا کر دہ فروخت کرنے کے لئے آئی تھی اسکو اپنے ساتھ لایا اور اپنے ہوٹل میں رکھا۔ چند دن کے بعد [illegible] لڑکی کو ملزم نے شادی کرنا چاہی اور اس لڑکی کو پولیس کے حوالہ کیا۔ ملزم نے جرم سے انکار کیا تھا۔

تعمیری کاموں کیلئے ملک کے ترقی پسند عناصر کی گول میز کانفرنس

گورنر اڑیسہ مسٹر آصف علی کی مناسب تجویز

کٹک ۲۹ مارچ۔ اڑیسہ اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر آصف علی گورنر اڑیسہ نے تجویز پیش کی کہ قومی تعمیر کے کاموں کے بارے میں ملک کے ترقی پسند عناصر کی ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے۔ اسمبلی میں اڑیسہ کے گورنر نے پر امن اور آئینی ذرائع سے کام لیکر تعمیری انقلاب پیدا کرنے کی ضرورت بیان کی اور کہا مجھے یقین ہے اگر ہندوستان میں پر امن طریقہ پر تعمیری کام نہیں ہوا تو سب کے لئے انصاف حاصل نہ ہو سکے گا۔

انہوں نے کہا وقت کا سب سے اہم تقاضا یہ ہے کہ اس وقت ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے جس میں تمام ترقی پسند عناصر شامل ہوں اس میں عوام کے مفاد کے لئے ملک کے تمام ذرائع سے فائدہ اٹھانے کے اصول اور طریقہ کار متعین کئے جائیں۔ ریاست کو "اسلامی" کی بجائے ایک سوشلسٹ [illegible] کرنے پر [illegible]

ریاست کا فرض محدود بھی ہے اور اس کا تعلق بھی [illegible] سب سے زیادہ کامیابی جس کی سب سے زیادہ کو منحصر ہے اس ملک کے تعمیری اور اخراجی عناصر کو اس طرح منظم ہونا چاہئے کہ غیر تربیت یافتہ عناصر بھی ملک کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکیں۔

چین میں صلح کی گفت وشنید کا انجام اچھا نظر نہیں آتا

کمیونسٹوں نے ایک صوبے کے بیس شہروں پر قبضہ کر لیا!

نان کنگ ۲۹ مارچ۔ نان کنگ پہنچنے والی معتبر اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ ہونان کے بیس شہروں پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو چکا ہے۔ کمیونسٹوں نے [illegible] کا محاصرہ کر لیا ہے اور دریا زرد اس صوبے کے دارالسلطنت کے دونوں طرف سو میل تک [illegible] صوبے کی سرحد کا ایک بڑا حصہ کمیونسٹوں کے کنٹرول میں آ گیا ہے۔

چین کیانگ کی رپورٹ میں بتلایا گیا ہے کہ وہاں کے حکومتی قلعہ کے مقابل دریائے یانگسی کے جنوبی ساحل سے شمالی ساحل کے اس حصہ پر جو حکومت کے قبضہ میں ہے کمیونسٹوں کا دباؤ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔

نان کنگ کے سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ جنوبی ڈیلیگیشن امن وفد کو کمیونسٹوں سے صلح کی گفت وشنید کرنے کے لئے جو اختیارات دیئے گئے ہیں ان کا نتیجہ ناکامی کی صورت میں ظاہر ہوگا۔ ان حلقوں کا خیال ہے کہ اس صورت میں یہ یقینی ہے کہ یکم مئی تک کمیونسٹوں کا زبردست حملہ شروع ہو جائے گا۔

نیشنلسٹ ذرائع بتاتے ہیں کہ امن کا وفد جمعرات کے دن پیکنگ جا رہا ہے۔ جہاں جمعہ کے دن کمیونسٹوں سے صلح کی گفت وشنید ہوگی لیکن اس کو یہ اختیار نہیں کہ وہ فوراً کوئی [illegible] حکومت کے سامنے پیش کرتے ہوں گے۔ ان حلقوں کی رائے ہے کہ اس طرح کار سے کمیونسٹ گھبرا جائیں گے اور صلح کی گفت وشنید ناکام ہو جائے گی۔

ہفتے کے دن کمیونسٹ ریڈیو نے اعلان کیا کہ صلح کی گفت وشنید کمیونسٹ ماؤزے تنگ کے ان ۸ نکات پر منحصر ہوگی۔ جن کا ۱۴ جنوری کو اعلان کیا گیا تھا۔ لیکن عام طور پر یقین کیا جا رہا ہے کہ سخت انتظامی امور پر دونوں طرف سے [illegible] یہ نہیں ضرور ہوں گی۔

باغیوں نے اسلحہ اور گولہ بارود کے زبردست ذخیروں پر قبضہ کر لیا

حکومت برما کا کمیونکے۔ مانڈلے میں لوٹ مار

رنگون ۲۹ مارچ۔ حکومت برما کے ایک کمیونکے میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] شمال مغرب میں سفید جھنڈے والے کمیونسٹوں نے [illegible] کے اسلحہ اور گولہ بارود کے ذخیرہ پر قبضہ کر لیا اور ۵۰ ہزار روپے لے بھاگے۔ سفید جماعت کے لوگوں کو اینٹی فیسسٹ لیگ سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔ اس کے بعد سفید جھنڈے والے کمیونسٹوں کے ساتھ وزیراعظم تھاکن نو کی حکومت کے خلاف بغاوت میں شریک ہو گئے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت رائل پاسپورٹ اتحاد [illegible] کے مشورہ سے مقرر کی جائے۔

آج کے کمیونکے میں بتایا گیا ہے کہ سفید جماعت والے اور طالب علم [illegible] کے انتظام میں کیرنوں کی پوری امداد کر رہے ہیں۔ جب ۲۶ مارچ کو [illegible] پر قبضہ کر لیا گیا۔

کمیونکے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ شہر میں عام طور پر لوٹ مار ہو رہی ہے۔ لوگ اپنا قیمتی سامان اور مکانات چھوڑ کر محفوظ مقام پر منتقل ہو رہے ہیں۔

بین المملکتی خیرسگالی

کراچی میں مسٹر ایڈن کا بیان

کراچی ۲۹ مارچ۔ مسٹر انتھونی ایڈن نے جو آج کل ہند اور پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں کل یہاں پر ایک بیان میں کہا ہے کہ برطانیہ میں ہر جماعت یہ چاہتی ہے کہ ہند اور پاکستان میں دونوں ملکوں کے تعلقات زیادہ خوشگوار ہونے چاہئیں۔

آپ نے کہا کہ پاکستان میں دو کروڑ دیکھ کر جس انداز میں آپ نے اپنے مسائل کو حل کرنے کی جدوجہد کی ہے۔ آپ نے پاکستان کو آزادی کی کامیابی کے دعا دی۔ آپ نے کہا کہ [illegible] دولت مشترکہ کی توسیع کا بہترین شاندار بہتات ہیں جو دنیا میں اپنا اثر رکھتی ہیں جس کی ضرورت ہے۔

مسٹر ایڈن نے کہا کہ جب میں ہندوستان میں تھا تو میں نے دیکھا کہ وہاں کے لوگ پاکستان کے ساتھ دوستی اور تعاون کا جذبہ رکھتے ہیں۔ جب میں پاکستان میں آیا ہوں تو میں نے یہاں پر بھی یہی جذبہ پایا۔ یہ جانتے ہوئے جو بات یہ ہے کہ جہاں بھائی ہیں اور ان کی حقیقت یہ ایک امید افزا بات ہے۔

اسمبلیوں کی مکمل آزادی کا مسئلہ

اسپیکروں کے اجلاس میں غور ہوگا

کلکتہ ۲۹ مارچ۔ نئی دہلی میں آئندہ ماہ مختلف اسمبلیوں کے اسپیکروں کا جو اجلاس ہو رہا ہے اس میں اسمبلیوں کو کامل آزادی دینے اور پرنسپلز کے اسپیکر کو کنٹرول سے آزاد کرنے کے مسئلے پر غور کیا جائے گا۔ اس کانفرنس میں آل انڈیا اسپیکر مغربی بنگال اسمبلی کے بھی ایک مطالبہ کی جا رہی ہے۔ یہ کانفرنس اس بات پر بھی غور کرے گی کہ کیا دستور میں کسی قسم کی تبدیلیوں کی ضرورت ہے تاکہ اسمبلی اور اس کے محکمہ پر انجینئر کنٹرول نہ رہے۔ مسٹر جاس [illegible] کو کچھ عرصہ قبل ان مختلف لوگوں کو سمجھایا تھا۔ مغربی بنگال اسمبلی نے اس بارے میں گزشتہ سال ایک کمیٹی بھی مقرر کی تھی جو اس سوال پر غور کر رہی ہے۔

ناتھورام گوڈسے کی اپیل

۲ مئی مقرر کی گئی ہے

شملہ ۲۹ مارچ۔ ناتھورام گوڈسے اور گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کے دوسرے ملزموں کی اپیل کی سماعت کی تاریخ ۲ مئی مقرر کی گئی ہے۔ یہ سماعت مشرقی پنجاب کے ہائی کورٹ میں ہوگی۔

اس مقصد کے لئے عدالت کی عمارت کا ایک کمرہ خالی کروا لیا گیا ہے۔

ذرا سوچ .... کر جواب دیجئے

[illegible]

اسلامی کتابیں

ادارہ کتاب ساتھ پل بنگش دہلی

Daily
ESTD 1925
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi-31-3-49
PHONE 3855

وزیر اعظم صوبہ سرحد مسٹر عبدالقیوم کا کوئی اصول ہی نہیں

اپنی وزارت کو بچانے کے لئے انہوں نے نا اہلوں کو عہدے دے رکھے ہیں

حزب مخالف کے لیڈر سردار سعداللہ خاں کا بیان

لاہور ۲۹ مارچ۔ سردار سعداللہ جان خان لیڈر اپوزیشن پارٹی سرحد اسمبلی نے وزیر اعظم صوبہ سرحد مسٹر عبدالقیوم خان کے جواب میں ایک بیان اخبارات کو دیا ہے جس میں انہوں نے اس بات کی تردید کی ہے کہ اسمبلی پارٹی کے ممبر ہونے والے سب کے سب جاگیر دار اور مالکان اراضی ہیں۔ بلکہ اس کے برعکس ان کے خیال میں وزارتی پارٹی کے اکثر ممبران جاگیر دار ہیں، اور ہزاروں روپیہ سالانہ کی ان کی جاگیریں ہیں۔

[illegible]

بمبئی اسمبلی میں پولیس فائرنگ پر تحریک التوا نامنظور ہوگئی

وزیر داخلہ مسٹر مرارجی ڈیسائی کی طرف سے فائرنگ کے اسباب کی وضاحت

بمبئی ۲۹ مارچ۔ کل بمبئی اسمبلی میں وہ تحریک التوا منظور نہ ہو سکی جس کے ذریعہ احمد نگر کے ایک گاؤں پر پولیس کی فائرنگ کے سلسلہ میں تحقیقات کرنا مقصود تھا۔ اس فائرنگ سے آٹھ اشخاص ہلاک ہوئے تھے۔ مزدور کسان پارٹی کے لیڈر مسٹر جادھو نے یہ تحریک پیش کی تھی۔ انہوں نے پولیس پر بلا ضرورت فائرنگ کرنے اور لوگوں کو ڈرانے دھمکانے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا عورتیں بھی فائرنگ کا شکار ہوئیں، بلکہ جس جگہ گولیاں چلائی گئیں وہ اتنی محدود تھی کہ ایک بچے کے لئے بھاگ بھی نہ سکتے تھے۔

[illegible]

دو سال میں بہار میں ضرورت سے زائد غلہ پیدا ہونے لگے گا

بجٹ پر بہار اسمبلی میں وزیر ترقیات ڈاکٹر محمود کی تقریر

[illegible]

انڈمان کے لئے

شرنارتھیوں کا دوسرا دستہ

[illegible]

مجلس تولیت میں روسی طرز عمل

لارڈ مسٹوویل کی جانب سے مذمت

[illegible]

تین ماہ قید سخت کی سزا

[illegible]

ایشیا و مشرق بعید کے اقتصادی کمیشن کا بنکاک میں اجلاس

ایجنڈا میں ترمیم کے لئے روسی تجویز مسترد ہوگئی

بنکاک ۲۹ مارچ (پ۔ ٹ)

[illegible]

دولت مشترکہ میں ہندوستان کا درجہ کیا ہوگا

پنڈت نہرو آج شام کو پارلیمنٹ میں بیان دیں گے

[illegible]

پارلیمنٹ میں سوالات

[illegible]

ملزم ناتھورام گوڈسے کی اپیل پر

ہائی کورٹ کا فیصلہ شائع کر دیا گیا

[illegible]

برگیڈیر حبیب احمد کے کورٹ مارشل کی مزید کارروائی

تین گواہوں کے مسٹر روان کے حالات کا انکشاف

[illegible]

سنگھ کے سلسلہ میں ۳۵۵ ملازمین معطل

سی پی کے وزیر داخلہ کا انکشاف

[illegible]

امریکی سپاہی کو آسٹریلیا میں

داخلہ کی اجازت نہیں ملی

[illegible]

حکومت اسرائیل کا مستقبل

کسی نہ کسی ملک میں شامل ہونا پڑیگا

[illegible]

ریلوے کے گرفتار شدہ ملازم

مسٹر ڈیسائی کا بیان

[illegible]

حیدرآباد کی غذائی صورت حالات

سوشلسٹ پارٹی کا مطالبہ

[illegible]

ضرورت ہے
کرایہ پر بڑے گوداموں و گیرج کی
حسب ذیل پتہ پر لکھئے
[illegible]

مدراس کانگریس اسمبلی پارٹی

مسٹر کمار سوامی لیڈر منتخب ہو گئے

[illegible]

اقوام متحدہ کا امداد و بحالیات کا ادارہ

[illegible]

رنگون میں صورت حال نازک ہو گئی، شام سے صبح تک کرفیو

باغیوں کے شہر کے ارد گرد جمع ہونے کی اطلاع

شہر میں پریشانی، سفید دستہ کے باغیوں سے صلح کی کوشش

[illegible]

اسرائیل یروشلم کو دار الحکومت بنائیگی

[illegible]

مسٹر چرچل بوسٹن میں

مکمل حفاظتی انتظامات

[illegible]

کمیونسٹوں سے معقول و مناسب اصولوں پر صلح کی جائے گی

چینی پارلیمنٹ میں وزیر اعظم جنرل ہو کا بیان

نان کنگ ۳۱ مارچ - چینی وزیر اعظم جنرل ہو ینگ چن نے پارلیمنٹ میں ۱۵ نکات پر مشتمل ایک بیان دیا ہے - یہ بیان بہت احتیاط سے تیار کیا گیا ہے - اس بیان کے مطابق وفد مذکورہ ملک میں پر امن اتحاد کی کوشش کے لئے مناسب اور معقول اصولوں پر کوشش کرے گا۔

ہو نے یہ بھی کہا کہ یانگ ٹسی کے جنوب میں ایک لاکھ بیس ہزار گوریلا موجود ہیں۔ نان کنگ کے علاقوں کے ۱۰ ہزار گوریلا بھی اس تعداد میں شامل ہیں۔

شاہدین اس بیان سے بہت انتشار میں مبتلا ہو گئے [illegible] خیال کیا جا رہا ہے کہ اس کا مقصد محض یہ ہے کہ وقت حاصل کر کے [illegible] وفد کی کوششوں میں رکاوٹ ڈالی جائے۔

[illegible] پارلیمنٹ کا ایک خفیہ اجلاس بھی منعقد ہوا جس میں وفد مذکور کے ممبروں سے تبادلہ خیال کیا گیا۔

بیان میں جنرل ہو نے کہا ہے کہ حکومت کو کمیونسٹوں سے تمام مسائل پر صلح کر لینی چاہئے۔ [illegible]

بادشاہ کی حالت بہتر ہے

لندن ۳۱ مارچ - بکنگھم پیلس کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ بادشاہ کی حالت بہت بہتر ہے اور برابر بہتر ہوتی جا رہی ہے آج کا بلیٹن آخری ہے - آئندہ بادشاہ کی صحت کے بارے میں کوئی بلیٹن جاری نہیں کیا جائے گا۔

مسٹر مینن ہندوستان کو

لندن ۳۱ مارچ - ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ لندن [illegible]

اٹلانٹک پیکٹ میں پرتگال کی شمولیت

[illegible]

انڈونیشیا میں ڈچ حکومت فیڈرل فوج تیار کر رہی ہے

ملک میں امن و امان کی ذمہ داری فوج سپرد کی ڈچ فوجی حکومت کے ہیڈکوارٹر کا کہنا ہے

[illegible]

مسلمانوں کی عالمی کانفرنس کے وفد کا دورہ

[illegible]

[illegible] کا اہم اجلاس

ممتاز ادیبوں اور شاعروں کی شرکت

[illegible]

انتظامی مسائل کو حل کرنے کیلئے ہند و پاکستان کی قابل تعریف کوشش

لندن میں مسٹر ایڈن سابق نائب وزیر خارجہ کی تقریر

[illegible]

جنرل زعیم کا اعلان

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

عظیم الشان مشاعرہ

[illegible]

بہار کے سوشلسٹ لیڈر کی بھوک ہڑتال

مسز ارونا آصف علی کا انتباہ

[illegible]

کپڑے کی تیاری میں اضافہ

[illegible]

اپنا اور بچوں کا خون صاف کر کے جسم کندن بنایئے
کوئیک سارسپریلہ
خوش ذائقہ اکسیر بدن
فساد خون کے تمام امراض کی بہترین مجرب اور خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے
جملہ امراض کی مسلمہ سرتاج ایجاد

یہ سو فیصدی حیرت انگیز اور کامیاب دوا ہے جو ازحد مصفی خون ہے، جمیع امراض سوداوی و بلغمی و فساد خون وبقیہ مادہ آتشک و درد مفاصل و خارش خشک و تر کے لئے بے حد مفید ہے، کھجلی خارش، داد، پھوڑے پھنسیاں، عرق النسا، جذام، گنٹھیا، گنج، مہاسہ، گرمی دانے، چھیپ اور تمام زہریلے مادہ جلدی امراض کا خاتمہ ہو کر جسم کندن بن جاتا ہے۔ ہزاروں ڈاکٹر اپنے مریضوں کو استعمال کرا کر نیک نامی اٹھا رہے ہیں، بمبئی اسمبلی کے ممبران نے بھی اس کے زود اثر اور اکسیر صفت ہونے کے شاندار سرٹیفکیٹ مرحمت فرمائے ہیں۔

قیمت فی شیشی دو روپے (۲) محصول ایک روپیہ علاوہ - لیکن تین شیشی کے خریدار کو محصول بھی معاف ہے۔

خصوصیت} یہ دوا بچوں اور بڑوں کے لئے یکساں مفید، مارکیٹ میں فائدے کے لحاظ سے سب سے ارزاں و سب سے مفید ہے۔

ہندوستان اور برٹش ایسٹ افریقہ کیلئے واحد تقسیم کنندگان

روکی فریک اینڈ کمپنی!
کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ
پشت جامع مسجد
پوسٹ بکس نمبر ۵
(اے، بی، ڈی) دہلی

مختلف وزارتوں کے ایک ارب اٹھارہ کروڑ کے ضمنی مطالبات منظور

دہلی کے پرائیویٹ پور سسٹم اور وزارت امور خارجہ کے اخراجات پر نکتہ چینی

نئی دہلی یکم اپریل۔ کل سندر پارلیمنٹ میں دو گھنٹے کے اندر اندر ایک ارب اٹھارہ کروڑ کے ضمنی مطالبات منظور کرنے کی درخواست پر سندر پارلیمنٹ کے ممبران نے اور بالخصوص ڈاکٹر گھوش اور ڈاکٹر پرتاپ سنگھ نے سختی سے احتجاج کیا۔ انھوں نے وزیر خزانہ سے دریافت کیا کہ بجٹ کے مختلف منظور شدہ رقموں سے اتنا زیادہ روپیہ پارلیمنٹ کے ممبران کی منظوری کے بغیر کیوں صرف کر لیا گیا

ڈاکٹر متھائی نے معذرت آمیز لہجہ میں جواب دیتے ہوئے کہا۔ ایوان کے سامنے ایک ارب اٹھارہ کروڑ کا جو حساب منظوری کے لئے پیش کیا گیا ہے۔ اس میں سے تقریباً اکیاسی کروڑ روپے غذائی امداد اور کشمیر اور حیدرآباد کے اخراجات شامل ہیں۔ یہ واقعات اچانک پیش آئے۔ اس لئے پیشگی منظوری نہیں لی جا سکی ایوان کو حکومت کی دشواریوں کا احساس ہونا [redacted]

آپ نے کہا کہ وہ ۲۰ کروڑ کے قریب کشمیر میں اور [illegible] کی بحالی پر خرچ کیا گیا۔ [illegible]

[illegible]

کھونے کی ضرورت ہی ہے سب آپ نے یقین دلایا کہ بہت جلد تمام سفارتخانوں کے مصارف میں تخفیف ہندوستانی ہی ہو سکے گی۔

ڈاکٹر جان متھائی وزیر مالیات نے یقین دلایا کہ دوبارہ جب ان ضمنی مطالبات کو پیش کیا جائے گا۔ تو ہاؤس کو ان پر بحث کرنے کے لئے کافی وقت دیا جائے گا۔ [illegible] [redacted]

[illegible]

پارلیمنٹ میں سوالات

برما میں ہندوستانی — لندن کانفرنس — سفارتخانوں کے مصارف — شرنارتھیوں کیلئے مکانات — ہائی کمشنروں کا درجہ

دہلی یکم اپریل۔ کل پارلیمنٹ میں برما کے متعلق سوالات کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر کیسکر نے [illegible] بتایا کہ برما میں رہنے والے ہندوستانیوں نے جن کی تعداد تقریباً [illegible] کوئی درخواست نہیں کی۔ انہوں نے بتایا کہ [illegible] ہندوستانی واپس آنے [illegible]

[illegible]

پنڈت نہرو نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ آپ کی اس تجویز کا جواب دینے کی ضرورت ہے۔

ایک اور سوال مسٹر ہامیر سنگھ نے کیا کہ کیا اس کانفرنس میں برطانیہ اور دولت مشترکہ کے ممالک کے تعلقات پر غور ہو گا؟ پنڈت نہرو نے کہا دونوں۔

[illegible]

سفارت خانوں کا خرچ

[illegible]

لندن کانفرنس

[illegible]

دولت مشترکہ سے ہند اور پاکستان کے آئندہ تعلقات

کنیڈا کے اخبارات اور عوام بڑی دلچسپی لے رہے ہیں

لندن یکم اپریل۔ گو وزرائے اعظم کی کانفرنس میں کنیڈا کے وزیر اعظم اس دفعہ شرکت نہیں کر رہے ہیں اس کے باوجود کنیڈا کے عوام اس کانفرنس کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس میں گہری دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔ اور خاص کر اس سوال پر کہ آئندہ ہندوستان اور پاکستان کے دولت مشترکہ سے کیسے اور کتنے تعلقات ہوں گے۔

مونٹریال سٹار نے اپنی اشاعت میں لکھا ہے کہ ہندوستان کی اس خواہش کو بڑی آسانی کے ساتھ رد نہیں کیا جا سکتا کیونکہ موجودہ زمانے میں ہر طرف گڑبڑ پھیلی رہی ہے آگے چل کر اس اخبار نے لکھا کہ کنیڈا کے باشندے خود یہ نہیں چاہتے کہ تاج کی حیثیت پہلے جیسی رہے لیکن وہ ہر ایسے اقدامات کا خیر مقدم کریں گے جو تمام آبادیات کو وابستہ رکھے۔ (گلوب)

اس سلسلہ میں عوام کا نقطۂ نظر بہت وسیع ہے کیونکہ معلوم ہے کہ اس ضمن میں ان ممالک کو کیا مشکلات در پیش ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ اس بات کا بھی خیر مقدم کرتے ہیں کہ ہندوستان اپنے تعلقات برطانیہ کے ساتھ مکمل طور پر منقطع کرنا نہیں چاہتا بلکہ وہ اقتصادی اور دفاعی مسائل کے سلسلہ میں اس کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کی ہند کے خلاف شکایت

[redacted] پاکستانی وفد نے کراچی اور ٹرائی کانفرنس میں [illegible] جو فراس میں منعقد ہو رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ایجنڈے میں ۱۰ نکات ایسے ہیں جن میں سے پاکستان کی ہندوستان کے خلاف یہ شکایت بھی ہے کہ ہندوستان نے ایکسچینج وغیرہ کے معاملہ میں پاکستان کے ساتھ امتیازی برتاؤ کیا ہے [illegible] امریکہ کی طرف سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ بین الاقوامی معاملات میں جرمنی اور جاپان کے ساتھ بھی امتیازی سلوک کیا جائے۔ [illegible]

کہا۔ جب ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر کیسکر نے کہا کہ بعض [redacted] وزیر محنت مسٹر جگجیون رام نے بتایا کہ بہت سی صنعتوں میں ابھی تک [illegible] کے جواب میں بتایا کہ [illegible] ایک ممبر [illegible]

ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر اسید کر نے بتایا کہ [illegible]

برما اور چین کو افیون کی ناجائز برآمد

کلکتہ میں دلچسپ مقدمہ

کلکتہ ۳۱ مارچ۔ مقامی چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ مسٹر کرمانی کی عدالت میں الہ آباد یونیورسٹی کے گریجویٹ امر ناتھ پانڈے اور ۱۹ دیگر اشخاص پر ایک مقدمہ چل رہا ہے۔ ملزمان کے خلاف الزام یہ ہے کہ وہ ایک بین الاقوامی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جو غیر ممالک کو ناجائز طریقے سے افیون سپلائی کرتا ہے۔

استغاثہ کے مطابق متعدد لوگوں نے صوبہ سے افیون اکٹھی کی اور ایک خوش پوش اینگلو انڈین لڑکی اسے ٹرنک میں چھپا کر کلکتہ لے گئی۔ ان اشخاص نے ہوائی جہاز اور ریل گاڑی کے اول درجوں میں سفر کیا۔ اور وہ درجہ اول کے ہوٹلوں میں ٹھیرے۔ جو افیون رنگون میں بھیجی گئی وہ وہاں ۱۰۰۰ روپے فی سیر کے حساب سے بکی اور چین میں اس سے بھی زیادہ قیمت پر فروخت ہوئی۔

یہ تمام کارروائی [illegible] دریافت کئے جانے سے کیا گیا تھا۔

اس تار کی نقل فرانسیسی مقبوضہ کے گورنر اور نئی دہلی میں فرانسیسی سفارتخانہ [illegible] (یو۔ پی)

ملائے شوربازار پر پابندی

پشاور یکم اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کی حکومت نے ملائے شوربازار کی زبان بندی کر دی ہے۔ یاد رہے کہ ملا صاحب مذکور گذشتہ دنوں سرہند کی زیارت کے لئے افغانستان سے آئے تھے لیکن لاہور سے ہی واپس چلے گئے تھے۔ پاکستان میں انہوں نے ہندوستان کے خلاف بہت پروپیگنڈا کیا تھا۔

چندر نگر کی کونسل کا صدائے احتجاج

چندر نگر یکم مارچ۔ چندر نگر کا نظم و نسق چلانے والی کونسل نے پنڈت جواہر لال نہرو کو ایک تار بھیجا ہے جس میں فرانسیسی حکومت کے ان احکام کے خلاف نفرت کا اظہار کیا گیا ہے، جن کی تحت میونسپل اسمبلی کا اجلاس ۳ اپریل کو طلب نہ کیا جا سکے اور رائے عامہ دریافت کرنے کی غرض سے [illegible] کرنے کے متعلق کیا گیا۔ کونسل نے پھر اپنا یہ مطالبہ دہرایا جس میں حکومت سے [illegible]

پولیس کو تفتیش کے دوران میں ظلم کرنے کا کوئی حق نہیں

گورنر جنرل پاکستان کی پاکستانی پولیس کو تنبیہ

لاہور ۳۰ مارچ۔ منٹو پارک میں پولیس اور قومی رضاکاروں کی پریڈ میں تقریر کرتے ہوئے گورنر جنرل پاکستان نے اپنی مملکت کی پولیس پر سخت نکتہ چینی کی۔ پولیس کے مظالم کا ذکر کرتے ہوئے گورنر جنرل نے کہا۔

میں پولیس پر ایک چیز پوری طرح واضح کر دینا چاہتا ہوں اور ساتھ ہی میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ پولیس کے آئی۔ جی۔ اور دوسرے اعلیٰ افسر اپنے آدمیوں پر اس چیز کو پوری طرح واضح کر دیں کہ جب پولیس کو اپنے ضمیر کے خلاف کچھ ناخوش گوار فرائض ادا کرنے پڑیں تو انہیں حکومت پر مکمل اعتماد ہونا چاہیئے۔ لیکن اگر کسی سپاہی یا افسر نے اپنے فرض کی ادائیگی میں ناجائز تشدد اور ظلم کو اختیار کیا، تو اس کو حکومت سے کسی قسم کی نرمی کی توقع نہیں کرنی چاہیئے۔

مجھے اپنے طویل تجربہ میں اکثر یہ دیکھنے کا موقع ملا ہے کہ جب کبھی پولیس پر حملہ کر دیا جاتا ہے تو پولیس اپنا انتقام صرف ملزموں تک محدود نہیں رکھتی بلکہ پورے گاؤں کو اپنے ظلم و ستم کا نشانہ بناتی ہے۔ یہ معمولی جرم نہیں ہے۔ بعض اوقات اس ناجائز اور ناشائستہ حرکت کے لئے یہ توجیہ پیش کی جاتی ہے کہ پولیس کے وقار کو برقرار رکھنے کے لئے ایسا اقدام اٹھانا ضروری ہے۔ یہ بات بالکل غلط ہے۔ ایک ظلم اور غلطی کی تلافی مزید ظلم سے نہیں ہو سکتی۔ اور وہی لوگ جو قانون اور انتظام کے محافظ ہوں اگر وہی انتقام لینے پر تل جائیں تو پھر جنہوں نے پہلے ظلم کیا تھا، ان کی غلطی فراموش کر دی جاتی ہے، اور لوگوں کے جذبات ان کی طرف مائل ہو جاتے ہیں اور عوامی احساسات پولیس کے خلاف ہو جاتے ہیں۔ خواہ پولیس پر ظلم اور تشدد کیوں نہ کیا گیا ہو۔

اسی طرح پولیس کو کبھی یہ حق نہیں پہونچتا کہ تفتیش کے دوران میں عوام پر ظلم کرے۔ اگر کوئی آدمی اسی جرم میں پکڑا گیا، تو حکومت اس سے انتہائی سخت سلوک کرے گی۔ ہم پولیس سے ظلم اور تشدد کے وجود کو ختم کرنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں اور ہم کبھی بھی ناجائز تشدد کو برداشت نہیں کریں گے۔ اور جیسے ہی پولیس ظلم و ستم کی مرتکب ہو۔ اور اعلیٰ افسروں سے تحقیق و تفتیش کے لئے کہا جائے اور وہ معاملہ پر ناجائز پردہ پوشی کی کوشش کریں تو خواہ ان کا عہدہ کتنا ہی اونچا کیوں نہ ہو ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی بلکہ نہایت سخت اور عبرتناک سلوک کیا جائے گا۔

اگر کسی اعلیٰ افسر کے ذمہ یہ فرض لگایا جائے کہ وہ کسی معاملہ کی رپورٹ پیش کرے۔ تو حکومت یہ توقع کرتی ہے کہ وہ افسر صحیح رپورٹ پیش کرے گا۔ تاکہ عوام کی طرف سے یہ مطالبہ نہ ہو کہ غیر جانبدارانہ تحقیق و تفتیش کی جائے۔

ہندوستانی ہوائی بیڑے کی سولہویں سالگرہ کی تقریب

گذشتہ کارگذاری کی تعریف اور آئندہ کے لئے منصوبہ بندی

نئی دہلی یکم اپریل۔ آج ہندوستانی ہوائی بیڑے کی سولہویں سالگرہ کی تقریب منائی جا رہی ہے سب سے پہلے ۱۹۲۸ء میں یہ خیال پیدا ہوا تھا کہ ہندوستان کی اپنی ہوائی فوج بنائی جانی چاہیئے۔ اس کے بعد ۱۹۳۲ء میں کراچی میں ہوائی فوج کا پہلا دستہ قائم کیا گیا

دوسری عالمگیر جنگ چھڑ جانے پر یہ احساس زور پکڑ گیا کہ شاید سارا ایشیا ہی اس جنگ کی لپیٹ میں آ جائے گا۔ اس لئے ہندوستانی ہوائی بیڑے کو بڑی تیزی سے ترقی دینے کے منصوبوں کو فوراً عمل جامہ پہنایا گیا، اور ۱۹۴۰ء تک بمبئی، کلکتہ، مدراس، کوچین اور کراچی میں ساحلی تحفظ کے لئے اڈے بنائے جا چکے تھے۔ ہندوستان کے تین ہزار میل لمبے ساحل کی حفاظت کرنے کا کام ان کے سپرد کیا گیا تھا۔

برما میں فوجی نقل و حرکت

[illegible] ۱۹۴۲ء [illegible] جاپان کے خلاف جنگ میں حصہ لینا شروع کیا۔ [illegible]

[illegible] چکا تھا۔ اور جدید مشینوں سے آراستہ کیا جا چکا تھا۔ ہندوستانی بیڑے کے دستوں نے چودھویں فوج کو ایمپھال سے مانڈلے اور رنگون تک پہنچنے [illegible] اراکان کی جنگ میں بھی [illegible]

شاندار کارنامے اور تجربے

اس کے علاوہ ۱۹۴۲ء اور ۱۹۴۵ء کے درمیان ہندوستانی ہوائی بیڑے کے دستوں نے بڑی کامیابی کے ساتھ [illegible]

[illegible]

تقسیم کے بعد

ہندوستان کی تقسیم ہو جانے سے شاہی ہندوستانی ہوائی بیڑے میں ایک تہائی حصہ [illegible]

کشمیر اور حیدرآباد میں

ہندوستانی ہوائی بیڑے نے کشمیر کو حملہ آوروں [illegible]

[illegible]

توسیع کے منصوبے

ہندوستانی ہوائی بیڑے کی آئندہ توسیع [illegible]

رسد رسانی کا سلسلہ حال ہی میں بڑھایا گیا ہے۔ چیدہ افسروں کو ریڈار، علمی تربیت کے لئے برطانیہ بھیجا جا رہا ہے، اور ایک خاص بھرتی کرنے کی ایجنسی قائم کی گئی ہے۔ ہوائی بیڑے کے افسروں کو تعلیم دینے کے لئے ایک اسٹاف کالج کھولا جا رہا ہے۔ [illegible] ہندوستانی ہوائی بیڑے نے پچھلے دنوں ہمارے ہی بنائے ہوئے ہوائی جہاز حاصل کئے ہیں۔ [illegible] زیادہ تیز چلنے والے ہوائی جہازوں کی مشینیں لگ رہی ہیں۔ لیکن دوسرے ممالک کے مقابلہ میں ہندوستانی ہوائی بیڑا ابھی تک بہت چھوٹا ہے۔ [illegible]

ہری جن عورت کو ہلاک کر دیا

جلپور ۳۱ مارچ۔ ایک ہری جن عورت کو بری طرح زدوکوب کیا گیا [illegible]

[illegible] (دیر بھارت)

اشتہار نیلام

نیشنل اوکشن مارٹ بازار کشمیری گیٹ میں ہفتہ وار نیلام ہر اتوار کو ہوتا ہے جس میں ہر قسم کا فرنیچر، دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑے، جوتے، مشینیں، وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ [illegible] جو صاحب اپنا فالتو سامان [illegible] فروخت کرنا چاہیں ہماری خدمات حاصل کریں۔

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کا تبادلہ دہلی، کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد سے چاہتے ہیں تو ہمیں جلد لکھیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے، بنگلے، ہوٹل، خالی مکانات۔ [illegible]

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل

اردو بازار دہلی

اس برقعے کی پسندیدگی میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے

ترکی برقعے

پردہ نشین خواتین کا تحفہ

مدیرۂ بانو کی زیر نگرانی تیار کئے ہوئے یہ ترکی برقعے اعلیٰ قسم کے ریشمی کریپ کے بنے ہوئے ہیں۔ ڈیزائن بہت دلآویز نہایت اور بادی کالر اور جھالر والی ہیں۔ اوپر کے رومال گول اور چوکور ہیں۔ اصلی تارکشی کی بنی ہوئی آنکھوں کی جالیاں نقاب میں لگائی گئی ہیں فی الحال کالے، سرخ، تربوزی، نیلے اور کریم کلر کے تیار کرائے گئے ہیں اس برقعے کی قیمت اگر آپ گھر پر تیار کرائیں تو کم از کم ساٹھ روپے بیٹھے گی۔

دفتر بانو سے یہ برقعہ صرف چالیس روپے میں بھیجا جائے گا۔ محصول ڈاک علاوہ ہوگا۔ اسی ڈیزائن کے سوتی برقعے کی قیمت سولہ روپے ہوگی۔ رنگ نیلا، براؤن اور گلابی ہوگا غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ یہ پیراشوٹ چھتریوں کے کپڑے کے بنے ہوئے نہیں ہیں۔ اپنے اطمینان کے لئے پہلے نمونہ منگا کر دیکھ لیں ان شاء اللہ کوئی شکایت نہ ہوگی برقعہ پسند نہ آئے پر اگر اسی حالت میں بغیر استعمال کے واپس کر دیا جائے تو پوری قیمت مع محصول ڈاک واپس کر دی جائے گی۔

پاکستانی بہنوں کو قانونی مجبوریوں کی وجہ سے ابھی یہ برقعہ نہیں بھیجا جا سکتا۔ اسلئے وہ نہ منگائیں

صرف یہ پتہ لکھکر برقعہ طلب فرمائیے

دفتر ماہنامہ "بانو" دہلی

(رسالہ "بانو" کا نمونہ مفت طلب کیجئے)

ضرورت ہے

کرایہ پر بڑے گوداموں وگیرج کی

حسب ذیل پتہ پر لکھیے

دی ٹاٹا آئیل ملز کمپنی لمیٹڈ (سیلز ڈیپارٹمنٹ) دہلی گیٹ دہلی

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۳ اپریل ۱۹۴۹ء

خوشامد!

خوشامد اور چاپلوسی بہت بڑی چیز ہے کیونکہ خودداری کے منافی ہے۔ جس انسان میں خودداری نہیں اس کی شرافت مشکوک ہے اور مشکوک انسان ہمیشہ ناقابل اعتماد ہوتا ہے۔ اگر آپ نفسیات سے واقف ہیں تو اس حقیقت سے ضرور واقف ہوں گے کہ خوشامد کی بنیاد ڈر اور خوف ہے خوف سے کمتری اور ذلت کا احساس پیدا ہوتا ہے اور ذلت کا احساس خوشامد میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ خوشامد اس لئے کی جاتی ہے کہ جس کو ہم بڑا سمجھتے ہیں یا جس پر ہمارا قابو نہیں چلتا وہ خوش ہو جائے اگر اس کے دل میں ہماری طرف سے کوئی اندیشہ ہو تو وہ خوشامد کے ذریعہ دور ہو جائے، اور ہم اس کی نظر میں قابل اعتماد قرار پائیں۔ خوشامد کی نفسیات پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ وہ سوسائٹی کے لئے بے انتہا مضر ہے۔ خوشامد کرنے والا کام نہیں کرتا باتوں سے کام نکالنا چاہتا ہے اور اس کا خوف اسے مجبور کرتا ہے کہ باتیں بنا کر جان بخشی کرائے اور یہ باور کرائے کہ وہ دوسروں کے رحم و کرم پر ہے!

اگر آپ خوشامدی ہیں تو اس ذلیل حرکت سے نہ صرف اپنا اعتماد کھوتے ہیں بلکہ جس کی خوشامد کرتے ہیں اسے بھی خفیف اور بے وزن بناتے ہیں۔ خوددار انسان خوشامدی نہیں ہوتا، نہ یہ چاہتا ہے کہ کوئی دوسرا اس کی خوشامد کرے کیونکہ یہ حرکت دونوں کے مزاج کا راز فاش کرتی اور دونوں کے لئے ایک ہی پیمانہ مقرر کرتی ہے، فرض کیجئے آپ زید کی خوشامد کرتے ہیں، لیکن سوچئے کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ آپ کے دل میں ڈر اور اندیشہ ہے، یہ ڈر زید سے رحم و کرم کی درخواست کرتا ہے اس کے دل میں اپنا اعتماد بٹھانا چاہتا ہے، اور اسے خوش کر کے اس کے ضرر سے بچنے کی کوشش کرتا ہے، گویا خوشامد ہی خوشامد میں آپ نے اپنے ساتھ زید کا بیڑا بھی غرق کر دیا اور اس کی اخلاقی سیرت کو داغدار بنا دیا، سوال یہ ہے کہ زید نے کب کہا تھا کہ آپ اس سے ڈرتے رہیں؟ اس نے آپ سے کب دشمنی کی کہ آپ اس سے اپنی جان بخشی کرائیں؟ اس نے کب کسی کو نقصان پہونچایا تھا کہ آپ اس سے بچنے کے لئے یہ راہ نکالیں، آپ نے خوشامد کرتے ہی زید کو خوفناک ستم شعار، خفیف العقل اور بد سیرت قرار دے دیا اور اپنی عزت کے ساتھ اس کی عزت بھی خاک میں ملا دی اگر زید سے آپ کا کوئی مطالبہ ہے تو اسے معقول ڈھنگ سے پیش کیجئے اور اپنی خودداری کو قائم رکھئے، اگر آپ زید کی کوئی بات ماننا چاہتے ہیں تو اسے معقول دلائل کی بنا پر اور معقول پیرائے میں مانئے، تاکہ ایک طرف آپ کے کیرکٹر کی مضبوطی ظاہر ہو اور دوسری طرف زید بھی فخر کرے کہ ایسے لوگوں سے اس کا پالا پڑا ہے جو سیرت کے پکے اور عقل کے سچے، عقیدہ کے پکے اور اخلاق کے سلجھے ہوئے ہیں بلکہ اپنا ایک مقام اور اپنی ایک حیثیت رکھتے ہیں اور سوسائٹی کو ان سے شرمانے کی ضرورت نہیں ہے!

انگریز نے اپنے دور میں خان بہادروں اور رائے بہادروں کا ایک جی حضوری گروہ پیدا کیا تھا جو ہر وقت اس کی خوشامد میں لگا رہتا تھا، انگریز جانتا تھا کہ یہ لوگ ذلیل اور مطلب پرست ہیں تاہم انہیں اپنے ساتھ لگائے رکھتا تھا، اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ غیر ملکی تھا اور جانتا تھا کہ غیر ملکیوں کا ساتھ اسی قسم کے ذلیل لوگ دے سکتے ہیں، لیکن اب تو نہ انگریز ہے اور نہ غیر کی حکومت، اب ہم آزاد ہیں اور اپنی حکومت کا آپ انتظام کرتے ہیں، اس لئے ہمارے ملک کو نہ جی حضوریوں کی ضرورت ہے نہ خان بہادروں اور سروں کی ہماری حکومت خوددار ہے کیونکہ ہم خوددار ہیں، ہماری حکومت بلند مرتبہ ہے کیونکہ ہم بلند مرتبہ ہیں حکومت کے اندر جس قدر بھی اوصاف ہیں وہ در اصل ہمارے اوصاف ہیں کیونکہ ہم ہی نے اپنے نمایندے مقرر کر کے اپنی حکومت ان کے حوالہ کی ہے، اگر آج بھی ہمارے اندر.... خوشامدیوں اور چاپلوسوں کا کوئی گروہ موجود ہے تو وہ اپنے آپ کو نہیں حکومت کو چاپلوس بناتا ہے اور خود احساس کمتری کا شکار نہیں ہوتا، حکومت کی کمتری اور ذلت کا مظاہرہ کرتا ہے۔

ہماری حکومت ہم سے کہتی ہے کہ حکومت کا خوف مت کرو، حکومت کو ظالم مت سمجھو، حکومت کو بے وزن قرار نہ دو۔ حکومت کے کیرکٹر پر حرف نہ لاؤ، وہ تمہاری ہے، تمہارے لئے ہے اور تمہارے صدقہ میں ہے، اگر حکومت سے کچھ کہنا ہے تو خودداری کو قائم رکھتے ہوئے صاف صاف کہو، کوئی مطالبہ کرنا ہے تو دلیری کے ساتھ کرو، کوئی بات ناپسند ہے تو صفائی سے اس کا اظہار کرو، کیونکہ اس طرح تم اپنی باتیں اپنوں ہی کو سناؤ گے، ہماری حکومت کو خان بہادروں اور چھوٹے خوشامدیوں کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ جانتی ہے آزاد ملک کی آزاد سوسائٹی میں اس کا وجود انتہائی طور پر خطرناک ہے، جہاں تک عام خوشامد کا تعلق ہے اس کی قباحت ظاہر کرنے کے لئے ہماری یہ چند سطور کافی ہیں، لیکن یہ بہت بڑی کوتاہی ہوگی اگر ہم ایک خاص طرز کی خان بہادری کو منظر عام پر نہ لائیں اور اس کے عیب و ہنر کا تجزیہ نہ کریں۔

آج بہت سے لوگوں کا پیشہ یہ ہو گیا ہے کہ وہ جمعیۃ علماء ہند کی مخالفت کر کے حکومت کی خوشامد کریں اور اس کو یہ بتائیں کہ وہ اتنے بڑے قوم پرست ہیں کہ جمعیۃ علماء بھی ان کی نظر میں قوم پرستی کے معیار پر پوری نہیں اترتی، بہت سے وہ حضرات جنہوں نے لیگ میں شامل ہو کر ملک کو تقسیم کرایا، جمعیۃ علماء کی مخالفت میں پیش پیش ہیں، صرف اس لئے کہ ان کی قوم پرستی چمکنے لگے اور حکومت ان کی گذشتہ معصیتوں کو فراموش کر دے، جس طرح ایک نو مسلم اپنی استقامت کو باور کرانے کے لئے بہت زیادہ نماز پڑھتا ہے اسی طرح یہ حضرات زیادہ سے زیادہ جمعیۃ علماء کی مخالفت کر رہے ہیں تاکہ اپنی وفاداری کا زیادہ سے زیادہ ثبوت پیش کر سکیں! انگریز ہوتا تو ایسے خان بہادروں کو گلے لگاتا لیکن ہماری آزاد گورنمنٹ کو اتنی فرصت کہاں کہ ان "نو مسلموں" سے ہاتھ ملائے اور خوشامد کی اس بدعت کو جو گہری قبر میں دفن ہو چکی ہے از سر نو سر اٹھانے کا موقع دے!

پاکستان کی اقلیتیں

پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے لاہور میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کو پاکستان کے آیندہ دستور سے خوفزدہ نہ ہونا چاہیئے یہ دستور جمہوری ہے جو اسلامی اصولوں پر تشکیل دیا گیا ہے! آپ نے مزید فرمایا کہ ہمارا دستور جو اسلامی اصولوں پر مرتب کیا گیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ اقلیتوں کے حقوق کو نظرانداز کیا جائے گا، کیونکہ اقلیتوں کی آزادی میں مداخلت خود اسلام کے خلاف ہے! اقلیتوں کو کیا چاہیئے [illegible] کی بحث سے کہ دستور کن بنیادوں پر بنا ہے انہیں تو صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ ان کے شہری، سیاسی، مذہبی اور تعلیمی حقوق محفوظ رہیں اور وہ مساوات کے اصول پر صحت مند فضا میں آبرومندانہ زندگی گذار سکیں گورنر جنرل کو معلوم ہوگا کہ اقلیتوں کے حق میں دستور اور قانون کوئی حیثیت نہیں رکھتا، اصل چیز اکثریت کا سلوک ہے اگر اکثریت کا سلوک بہتر نہیں ہے تو کوئی بہتر سے بہتر قانون بھی اقلیتوں کے لئے باعث تسکین نہیں ہو سکتا، قانون دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے اگر اکثریت کی ذہنیت نہ بدلے اور وہ اقلیتوں کی شہریت کا پورا پورا احترام نہ کرے، ضابطہ اور قانون بنانے اور اس کو بچانے کی چیز نہیں ہے اگر اکثریت اس پر عمل نہیں کرتی تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے، اگر اکثریت فراخ حوصلہ، روادار، انصاف پسند اور انسانیت نواز ہے تو پھر قانون کی کتابیں بیکار ہیں،

اچھی باتیں

افمن۔ تا۔ یشاء (پ ۲۲ ع ۱۴)

پس کیا جس شخص کو اس کے برے اعمال اچھے

کر کے دکھائے گئے اور اس نے ان کو اچھا سمجھا

(وہ کامیاب ہوگا؟) اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے

گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے

ہدایت کی توفیق سے نوازتا ہے۔

جس مریض کو اپنے مرض کا احساس ہو وہ ضرور علاج پر آمادہ ہوگا، لیکن جو مریض مرض کو عین صحت اور تندرستی سمجھ لے اس کے مرض کا کبھی علاج نہ ہوگا اسی طرح ایک بدکردار انسان اگر اپنی بدکرداری کا احساس کرے اور اس پر نادم ہو تو اس کی اصلاح کی امید باقی رہتی ہے لیکن جو بدکرداری اپنی بدکرداری کو اچھا سمجھے اس پر فخر کرے، اور اس میں بڑھتا ہی چلا جائے اس کی اصلاح کی کوئی امید باقی نہیں رہتی آج مسلمانوں کا یہی حال ہے کہ انہیں اسلام سے تو شرم آنے لگی ہے اپنی بدکرداریوں پر کوئی شرم نہیں آتی۔ بلکہ وہ الٹے اکڑتے ہیں اور برے کام کر کے سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا کر رہے ہیں! کسی سینما باز کو ٹوک کر دیکھو، کسی لاٹی اور کذاب کو شرم دلاؤ کسی بد دیانت اور دغاباز سے باز پرس کرو۔ الٹا کھانے کو آئے گا، اور بھلے آدمیوں کو مطعون کر کے گریز کی راہیں پیدا کرے گا یہ ایسا لا علاج مرض ہے جس کی دوا کسی حکیم کے پاس نہیں، پس اپنے اندر احساس پیدا کرو، اپنی کمزوریوں پر نادم ہو اور اپنی اصلاح کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔

مغربی جرمنی کے لئے فیڈرل ری پبلک پلان!

(دیکھیم اسٹینڈ)

چھ مغربی ممالک جن کی نمایندگی جرمنی کے تین مغربی علاقوں کے فوجی کمانڈر کر رہے ہیں کچھ عرصہ سے مغربی جرمنی میں ایک فیڈرل ری پبلک قائم کرنے کا بندوبست کر رہے ہیں جس کا آئین ایسا ہوگا کہ اہل جرمنی کے لئے سیلف گورنمنٹ کا ضامن بھی ہوگا اور اس سے بین الاقوامی امن کو خطرہ بھی نہ ہوگا۔ مغربی جرمنی کے اصولوں کے تحت ایسا آئین بنانے کی خاطر فوجی کمانڈروں نے جرمن لیڈروں اور عہدیداروں سے بھی مدد طلب کی اور امید ہے کہ یہ آئین چند ترمیموں کے ساتھ منظور ہو جائے گا۔ چنانچہ کافی کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان سب باتوں کا مطلب کیا ہے؟

برطانوی، فرانسیسی اور امریکی حکومتوں کو ان سب باتوں سے امید ہو گئی ہے کہ مغربی جرمنی کی تنظیم [illegible] فوجی مہم کا خواب [illegible] مغربی طاقتیں اس بات کو زیادہ پسند کرتیں۔ اگر مشرقی جرمنی بھی اسی ڈھب پر چل سکتا اور جمہوری فیڈرل نظام کی بنا پر ملک کے دو حصوں کو متحد کیا جا سکتا لیکن موجودہ حالات میں روسی منطقہ ان کوششوں کی زد میں نہیں آئے گا۔ بلکہ اس آئینی ادارہ میں برلن کو دوسرے صوبوں کے برابر رتبہ پر شامل کرنا بھی ناممکن پایا گیا ہے۔

چنانچہ جرمن پارلیمنٹری کونسل کو جس نے بون میں فیڈرل ری پبلک کی آئین ساز اسمبلی کے طور پر کام کیا، [illegible] برلن کو مغربی پارلیمنٹ میں صرف چند نمایندے بھیجنے کی اجازت دی جائے گی۔ لیکن یہ نمایندے ممبر نہیں ہوں گے۔

کونسل کو شروع میں ہی بتا دیا گیا تھا کہ ایک ایسی حکومت قائم کی جانی چاہیئے جو کہ جرمن صوبوں کو دوبارہ قائم کرے۔ اور کونسل نے بر موقعہ پر اعلان کیا کہ اس کا کام محض عارضی ہے اور جرمنوں کی طرف سے کیا جا رہا ہے جن میں اہل برلن بھی شامل ہیں جو فی الحال اس میں حصہ نہیں لے رہے ہیں۔ کونسل نے حکومت کو مضبوط کرنے اور فیڈریشن کے مختلف صوبوں کے اختیار کو قائم کرنے کی کوشش بھی کی ہے۔

تاہم خیال ہے کہ چند ماہ میں جرمنی کے ایک نئے صدر مقام پر ایک فیڈرل ری پبلک قائم ہو جائے گی جس میں ایک منتخب شدہ پریزیڈنٹ، ایک چانسلر، کیبنٹ اور دو مجالس قانون ساز ہوں گی۔ فیڈریشن کے ۱۱ صوبوں اور ان کی کاؤنٹیوں و میونسپلٹیوں میں بھی مقامی کونسلیں ہوں گی جو آزاد، ڈائرکٹ اور خفیہ رائے دہندگی کے ذریعہ منتخب ہوں گی۔

ابھی سے یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ ادارے جرمن لوگوں میں جمہوری اسپرٹ پیدا کرنے میں کس حد تک معاون ثابت ہوں گے۔ یہ ادارے مغربی جمہوری طاقتوں کی ایما پر بھی قائم ہوتے اور اہل جرمنی کی طبیعی جنگ کو لپیٹ کرنے کے سلسلہ میں بھی۔ تو اس کا نتیجہ کیا اہل جرمنی یہ سمجھنے لگیں گے کہ انہیں ان پر ٹھونسا گیا ہے؟ چانسلر اور ناری لوگ بھی دہشت کا پہلو کوشش پیدا کریں گے کہ مغرب کی جمہوری طاقتیں یہ دیکھ سکیں گی کہ اہل جرمنی کا متحدہ یورپ کا رکن بننے کے متعلق کیا رد عمل ہے۔

[illegible]

ہالینڈ کی نئی شرارت

ڈچ گورنمنٹ نے انڈونیشیا پر قبضہ رکھنے کے لئے ایک نئی تدبیر ایجاد کی ہے چنانچہ بٹاویا سے اعلان کیا گیا ہے کہ جب تک انڈونیشیا میں فیڈرل گورنمنٹ قائم نہیں ہو جاتی یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ۲۳ ہزار کی تعداد میں فیڈرل فوج تیار کی جائے جو انڈونیشیا میں قانون و امن کو برقرار رکھ سکے۔

سلامتی کونسل کی تجاویز پر عمل کرنے کا کوئی ذکر نہیں، جمہوری لیڈروں کی رہائی پر کوئی آمادگی نہیں جمہوری حکومت کے قیام کا کوئی اشارہ نہیں الٹا اعلان ہے تو یہ ہے کہ انڈونیشیا کو کچلنے اور جمہوری حکومت کو فیل کرنے کے لئے ڈچ فوج کے علاوہ فیڈرل فوج تیار کی جائے اور اس کے ذریعہ کٹھ پتلی حکومتوں کو جمہوری حکومت کے خلاف صف آرا کیا جائے، جمہوری افواج کو توڑنے کے لئے یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ اس فیڈرل فوج میں آزاد فوج کے سپاہی بھی بھرتی ہو سکتے ہیں الٹ طریقہ وہ۔ ملک کی تعمیر جدید میں اپنا پارٹ ادا کر سکیں، کیا سلامتی کونسل ہالینڈ کی اس ہٹ دھرمی کو دیکھ رہی ہے؟ کیا اس کے فیصلوں کو عملی جامہ پہنانے کا یہی طریقہ ہے؟

سیر و سیاحت

وزیر خزانہ کا بل منظور ہو گیا اور ڈاک کے نرخ جوں کے توں رہ گئے جب ان نرخوں میں اضافہ کا اعلان ہوا تھا تو ملک میں بہت شور مچا کہ غریب پر یہ ایک قسم کا ٹیکس لادا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ میں بھی تقریریں ہوئیں لیکن ساری تقریریں اور ساری مخالفت اس وقت ختم ہو گئی جب شری قدوائی نے اعلان کیا کہ ڈاک کے موجودہ نرخوں کے مطابق حکومت کو ۵۵ لاکھ روپیہ سالانہ کا نقصان ہو رہا ہے گویا کارڈوں اور لفافوں پر خرچ زیادہ آتا ہے اور وصول ہوتا ہے قیمت سے کم۔

اگر پارلیمنٹ کے ممبر [illegible] قسم کے لوگ ہوتے تو [illegible] ممکن تھا شری قدوائی کی یہ دلیل [illegible] لیکن آپ جانتے ہیں کہ آج کل پارلیمنٹ کے ممبر [illegible] انہیں پرانے اور نئے حساب کا [illegible] کے اس حساب کو سن کر [illegible] حکومت بھی تو [illegible] آپ کی ایجنسی نقصان میں نہیں چل سکتی تو حکومت کی ایجنسی کیوں نقصان میں چلے۔ تجارت آخر تجارت ہے روپیہ کی خاطر ہی تو کوئی دھندا کیا کرتے ہیں۔

اور پھر دنیا کا قاعدہ ہے کہ جتنا گڑ اتنا میٹھا۔ وہ پیسہ کا کارڈ دو پیسہ کا کام کرے گا اور تین پیسے کا کارڈ تین پیسہ کا۔ [illegible]

اخباروں میں خبر چھپی ہے کہ ایک خط کو [illegible] سے نئی دہلی پہنچنے میں پانچ ماہ سے بھی زیادہ کا وقت لگا۔ شکر کیجئے کہ اتنے دنوں میں بھی وہ دہلی پہونچ گیا۔ [illegible] ایک ہزار میل کا لمبا سفر

ہمارا خیال ہے اب ہمیں خاموشی کے ساتھ ان نرخوں کو منظور کر لینا چاہیئے۔ کم تنخواہ کا ملازم جیسے کسی نہ کسی طرح گذر بسر کرتا ہے [illegible]

[illegible]

برطانوی فضائی بیڑے کی سالگرہ

ایر مارشل کیمبل کا پیغام

نئی دہلی یکم اپریل۔ [illegible] ایر وائس مارشل اسپی کیمبل نے [illegible]

[illegible]

ملک کی پیداوار کو دوگنا کر سکتا ہے

وزیر خوراک کی تقریر

[illegible]

[illegible]

جمعیت علماء کا آئندہ پروگرام مسلمانوں کو ہندوستان کا سچا شہری اور سچا مسلمان بنانا ہے

لکھنؤ کے سالانہ اجلاس کو کامیاب بنانے کیلئے وفد کا دورہ

دار المصنفین اعظم گڈھ کی جانب سے مولانا حفظ الرحمٰن کے اعزاز میں عصرانہ

(نامہ نگار الجمعیۃ)

لکھنؤ [illegible] جمعیۃ علماء ہند کا سالانہ اجلاس جو ۸، ۹، ۱۰ اپریل کو صوبہ یوپی کے دار السلطنت لکھنؤ میں بڑے [illegible] سے ہو رہا ہے۔ اس کو کامیاب بنانے کے لئے جمعیۃ علماء ہند کا ایک وفد حضرت مولانا محمد حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی رہنمائی میں ضلع اعظم گڈھ اور بنارس کے دورہ سے واپس آیا۔ اس وفد میں حضرت ناظم اعلیٰ کے ہمراہ [illegible] ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء یوپی اور مولانا ابو الوفا [illegible] نائب صدر جمعیۃ علماء یوپی وغیرہ بھی تھے۔ [illegible]

میں مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کے اعزاز میں وفد کو عصرانہ پیش کیا گیا۔ جس میں شہر کے معززین کافی تعداد میں شریک تھے۔ پھر [illegible] اسکول کے میدان میں شہری جمعیۃ کے زیر اہتمام بہت بڑا جلسہ ہوا۔ حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے [illegible] تک بہت مبسوط تقریر جمعیۃ کے ماضی، حال اور مستقبل پر کی۔ شہری جمعیۃ نے [illegible] روپیہ کی تھیلی پیش کی۔ اور مزید [illegible] روپیہ کا وعدہ کیا۔ پھر وفد مبارکپور آیا۔ مولانا ابو الوفا [illegible] کی صدارت میں یہاں بھی جلسہ ہوا۔ [illegible]

[illegible]

اجلاس جمعیۃ کے سلسلہ میں مولانا شاہد فاخری کی ہدایات

مدعوئین اور اراکین ۱۰ اپریل تک اپنی تشریف آوری کی اطلاع دیں

[illegible]

علماء کا سالانہ اجلاس

اہل لکھنؤ سے مولانا ناصر میاں کی اپیل

لکھنؤ [illegible] حضرت مولانا ناصر میاں صاحب نے ذیل کا بیان بغرض اشاعت اخبارات کو ارسال فرمایا ہے۔ [illegible]

انجمن تحفظ اردو کی سالانہ کانفرنس

کامیاب بنانے کیلئے [illegible]

[illegible]

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

کلاتھ ہاکروں کا مطالبہ

جناب مکرم، سلام مسنون۔

ایک بار پہلے بھی الجمعیۃ کے ذریعہ حکومت یوپی کی توجہ اس طرف مبذول کرا چکا ہوں اور اب پھر [illegible] کپڑا فروخت کرنے والوں کے لائسنس منسوخ کرکے ایک بہت بڑے طبقہ کو روزی سے محروم کر دیا ہے اور اب [illegible] فکر معاش میں پریشان ہیں۔ کیونکہ ہر شہر اور قصبہ میں اس قسم کا کام کرنے والوں کی کافی تعداد موجود ہے۔ لہٰذا حکومت یوپی کو چاہئے کہ ایک بار اپنے فیصلہ پر نظرثانی کرے۔

محمد حنیف بجنوری۔ قصبہ گنگوہ ضلع سہارنپور

دہلی میں ہوائی ڈاک کا انتظام

مکرمی، تسلیم

میں پوسٹ ماسٹر جنرل دہلی کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اب جبکہ حکومت کی جانب سے کارڈ اور لفافوں کی قیمتوں میں اضافہ بھی ہو چکا ہے اور یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ ڈاک ہوائی جہاز سے بھیجی جائے گی۔ دہلی کے محکمہ ڈاک کو چاہئے کہ دہلی میں ہوائی ڈاک کے لئے لیٹر بکس وغیرہ کا انتظام بہتر طریق پر کرے۔ اس لئے میں محکمہ ڈاک سے کہوں گا کہ گلی قاسم جان اور لال کنواں کے علاقہ والوں کی سہولت کے پیش نظر ہوائی ڈاک کا ایک لیٹر بکس لگا دیا جائے۔

(ایم۔ ایس بٹلہ۔ دہلوی)

پرمٹ سسٹم

مکرمی، السلام علیکم

کئی ماہ سے یہ امید تھی کہ پرمٹ سسٹم ختم کر دیا جائے گا۔ مگر ایک حالیہ اعلان سے پتہ چلا کہ ایسا نہیں ہو رہا۔ اب جبکہ ہند اور پاکستان کے تعلقات خوشگوار ہو گئے ہیں اور دونوں طرف امن و امان ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ پرمٹ سسٹم جلد از جلد ختم کر دیا جائے چونکہ اس سے تعلقات اور زیادہ مضبوط اور بہتر ہو جائیں گے۔

(ریاست حسین)

[illegible]

دہلی میں مکانات تعمیر کرنے والوں کو

کنٹرول نرخ پر عمارتی سامان ملے گا

[illegible]

برائے اطلاع عام

گزٹ حکومت ہند مورخہ ۱۰ مارچ جس کے تحت کسٹوڈین نے صوبہ دہلی کے اندر حسب ذیل مکانات کو اپنے قبضہ میں لیا ہے۔

(۲)

سلسلہ نمبر	نمبر مکان	جائے وقوع	جو کسٹوڈین کو حق حاصل ہے	سلسلہ نمبر	نمبر مکان	جائے وقوع	جو کسٹوڈین کو حق حاصل ہے
۴۹۱۷	۴۹۹۵	فیض بازار	دونوں	۴۹۸۷	۴۸۹	منٹو لین	دونوں
۴۹۱۸	۳۹۹۸A	″	″	۴۹۸۸	۴۹۰	″	″
۴۹۱۹	۳۹۹۸	″	″	۴۹۸۹	۴۹۱	″	″
۴۹۲۰	XVI/۳۱۰	قرولباغ گلی سلطان	″	۴۹۹۰	۴۹۲	″	″
۴۹۲۱	XVI/۲۳۷	علاؤالدین سٹریٹ	″	۴۹۹۱	۴۹۳	″	″
۴۹۲۲	XVI/۲۵۴	″	کرایہ داری	۴۹۹۲	۴۹۴	″	″
۴۹۲۳	XVI/۲۶۵B	″	دونوں	۴۹۹۳	۵۰۱	″	″
۴۹۲۴	XVI/۱۰۳	شمسی لین	کرایہ داری	۴۹۹۴	۵۰۲	″	″
۴۹۲۵	XVI/۱۰۴	″	″	۴۹۹۵	۵۰۳	″	″
۴۹۲۶	XVI/۱۱۸	″	دونوں	۴۹۹۶	۵۰۵-۶	″	″
۴۹۲۷	XVI/۱۸۶	″	″	۴۹۹۷	۵۰۷	″	″
۴۹۲۸	۱۳۸۵ (۱ تا ۱۱)	بلاک ۳ گلی [illegible]	″	۴۹۹۸	۵۱۰-۱۱	″	″
۴۹۲۹	XIV/۱۳۱۸۱	ڈوری والا	″	۴۹۹۹	۵۱۲	″	″
۴۹۳۰	XIV/۱۳۲۰۵	″	ملکیت	۵۰۰۰	۵۱۳	″	″
۴۹۳۱	XIV/۱۳۳۲۶	″	″	۵۰۰۱	۵۱۴ اینڈ ۵۱۵	″	″
۴۹۳۲	XIV/۱۳۳۵۰	″	دونوں	۵۰۰۲	۵۱۶	″	″
۴۹۳۳	XIV/۱۳۳۵۰A	″	″	۵۰۰۳	۵۱۷	″	″
۴۹۳۴	XIV/۱۳۳۳۱	″	″	۵۰۰۴	۵۱۹	″	″
۴۹۳۵	XIV/۱۳۴۳۲	″	″	۵۰۰۵	۵۲۰	″	″
۴۹۳۶	XIV/۱۳۴۳۳	″	″	۵۰۰۶	۵۲۱	″	″
۴۹۳۷	XIV/۱۳۴۳۴	″	″	۵۰۰۷	۵۲۲	″	″
۴۹۳۸	XIV/۱۳۴۳۵	″	″	۵۰۰۸	۵۲۳	″	″
۴۹۳۹	XIV/۱۳۴۳۶	″	″	۵۰۰۹	۵۲۴	″	″
۴۹۴۰	XIV/۱۳۴۴۰	″	″	۵۰۱۰	۵۲۵	″	″
۴۹۴۱	XIV/۱۳۶۰۱	″	″	۵۰۱۱	۵۲۶	″	″
۴۹۴۲	XIV/۱۳۶۲۵	ڈبل پھاٹک روڈ	″	۵۰۱۲	۵۲۷	″	″
۴۹۴۳	XIV/۱۳۶۵۳	ڈوری والا	″	۵۰۱۳	۵۲۸	″	″
۴۹۴۴	XIV/۱۳۶۵۴	″	ملکیت	۵۰۱۴	۵۳۰	″	″
۴۹۴۵	XIV/۱۳۶۵۵	″	″	۵۰۱۵	۵۳۱	″	کرایہ داری
۴۹۴۶	XIV/۱۳۶۵۰	″	″	۵۰۱۶	۵۳۸	گلی [illegible] چند لال	دونوں
۴۹۴۷	XIV/۱۳۶۵۹	″	″	۵۰۱۷	۵۳۹	″	″
۴۹۴۸	XIV/۱۳۶۶۱	″	″	۵۰۱۸	۵۴۱	″	″
۴۹۴۹	XIV/۱۳۵۴۴	شیدی پورہ	″	۵۰۱۹	۵۴۳	″	″
۴۹۵۰	XIV/۱۳۵۶۱	″	دونوں	۵۰۲۰	۵۴۴	″	″
۴۹۵۱	XIV/۱۳۵۶۴	″	″	۵۰۲۱	۵۴۵	″	″
۴۹۵۲	XIV/۱۳۵۸۲	″	ملکیت	۵۰۲۲	۵۴۷	″	″
۴۹۵۳	XIV/۱۳۵۸۳	″	″	۵۰۲۳	۵۴۸	″	″
۴۹۵۴	XIV/۱۳۶۱۶-۲۳	″	دونوں	۵۰۲۴	۵۴۹	″	″
۴۹۵۵	XIV/۱۳۸۰۷	″	″	۵۰۲۵	۵۵۰	″	″
۴۹۵۶	XIV/۱۳۸۴۵A	″	ملکیت	۵۰۲۶	۵۵۱	″	″
۴۹۵۷	XIV/۱۳۸۵۳	″	دونوں	۵۰۲۷	۵۵۲	″	″
۴۹۵۸	XIV/۱۳۹۰۳	″	ملکیت	۵۰۲۸	۵۵۴	″	″
۴۹۵۹	XIV/۱۳۹۰۹-۱۰	″	″	۵۰۲۹	۵۵۵	″	″
۴۹۶۰	XIV/۱۳۹۹۹	″	دونوں	۵۰۳۰	۵۵۹	″	″
۴۹۶۱	۲۶۶۱/XI	دریا گنج کوچہ چیلاں	″	۵۰۳۱	۵۶۰	″	″
۴۹۶۲	نواب علی بلڈنگ ۵	[illegible]	ملکیت	۵۰۳۲	۵۶۱	″	″
۴۹۶۳	۱۸۱	پہاڑ گنج گلی [illegible]	دونوں	۵۰۳۳	۵۶۳	″	″
۴۹۶۴	۱۸۲	″	″	۵۰۳۴	۵۶۴	″	″
۴۹۶۵	۱۸۳	″	″	۵۰۳۵	۵۶۷-۶۸	″	″
۴۹۶۶	۱۸۴	″	″	۵۰۳۶	۵۶۹	″	″
۴۹۶۷	۱۸۵	″	″	۵۰۳۷	۵۷۰	″	″
۴۹۶۸	۱۸۶	″	″	۵۰۳۸	۵۷۲	″	″
۴۹۶۹	۱۸۷	″	″	۵۰۳۹	۵۷۳	″	″
۴۹۷۰	۱۸۸	″	″	۵۰۴۰	۵۷۷	″	″
۴۹۷۱	۱۸۹	″	″	۵۰۴۱	۵۷۸	″	″
۴۹۷۲	۱۹۰	″	″	۵۰۴۲	۵۸۰	″	″
۴۹۷۳	۲۰۴	″	″	۵۰۴۳	۵۸۲	″	″
۴۹۷۴	۲۰۵	″	″	۵۰۴۴	۵۸۳	″	″
۴۹۷۵	۲۰۹	″	″	۵۰۴۵	۵۸۴	″	″
۴۹۷۶	۳۰۸	گھی منڈی	کرایہ داری	۵۰۴۶	۵۸۵	″	″
۴۹۷۷	۳۵۵	″	دونوں	۵۰۴۷	۵۸۶	″	″
۴۹۷۸	۳۵۶	″	″	۵۰۴۸	۵۸۸	″	″
۴۹۷۹	۳۶۱	″	″	۵۰۴۹	۵۸۹	″	″
۴۹۸۰	۳۶۲	″	″	۵۰۵۰	۵۹۱-۹۳	گلی [illegible] چند لال	″
۴۹۸۱	۳۶۳	″	″	۵۰۵۱	۵۹۵	″	″
۴۹۸۲	[illegible]	″	کرایہ داری	۵۰۵۲	۵۹۶	″	″
۴۹۸۳	۳۶۲-۶۶	″	دونوں	۵۰۵۳	۵۹۷	″	″
۴۹۸۴	۴۵۵	″	″	۵۰۵۴	۵۹۸	″	″
۴۹۸۵	۴۵۸	″	″	۵۰۵۵	۵۹۹	″	″
۴۹۸۶	۴۰۶	منٹو لین	″	[illegible]			

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ..... ۳/- روپیہ فی انچ فی کالم
پچاس انچ سے زیادہ .... ۲/- روپیہ فی انچ فی کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھئے
مینیجر شعبہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

ڈاک کی نئی شرح پر عمل درآمد شروع ہو گیا

دو آنہ کا لفافہ تین پیسے کا کارڈ

نئی دہلی یکم اپریل۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ آج سے ڈاک کی نئی شرحوں پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ تمام قسم کے اندرون ملک کے لفافوں اور [illegible] کی شرح کارڈ کے لئے تین پیسے [illegible] ہو گی۔ جہاں بھی ممکن ہو گا خطوط اور کارڈ [illegible] ہوائی جہازوں کے ذریعہ لے جائے جائیں گے۔ اس لئے موجودہ اندرونی ہوائی ڈاک کی فیس ختم کر دی گئی ہے۔ اب کارڈوں یا لفافوں پر ائیر میل کا لفظ لکھنا ضروری نہیں ہے۔ [illegible]

روزگار کی تبادلہ گاہوں کی کارگزاری

فروری میں ۲۳ ہزار اشخاص ملازم رکھے گئے

نئی دہلی [illegible] مارچ۔ [illegible] اس ماہ کے دوران روزگار کی تبادلہ گاہوں سے [illegible] کام ملا۔ [illegible]

کینیڈا کے ہوائی بیڑے کی سالگرہ

ہندوستانی ہوائی بیڑے کا پیغام تہنیت

دہلی [illegible] کینیڈا کے ہوائی بیڑے کی سالگرہ کے موقع پر [illegible]

دہلی میں گرمی کا آغاز

گذشتہ ہفتہ میں دہلی کا ٹمپریچر کافی بڑھ گیا ہے۔ [illegible]

بیوی کی جستجو!

[illegible]

انجمن تحفظ اردو کے سالانہ اجلاس کے ارکان استقبالیہ کا انتخاب

[illegible]

حیدرآباد کے قریب فساد

حیدرآباد [illegible] مارچ۔ کل حیدرآباد شہر سے [illegible]

دن دہاڑے ڈاکہ

کلکتہ [illegible]

مغنیہ کو لوٹ لیا

[illegible]

کلکتہ کا جیب کترا گرفتار

[illegible]

بڈھے نے بوڑھی کو قتل کر ڈالا

[illegible]

کپڑے کے کوٹوں کی میعاد میں توسیع

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

وزیر محنت کی علالت

[illegible]

نصف لاکھ کی چوری کا مقدمہ

[illegible]

ایمپلائمنٹ کے افسر کے خلاف مقدمہ شروع

[illegible]

سائیکل چرانے پر سزا

[illegible] ایک سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible]

دو اشخاص زخمی

[illegible]

جواریوں پر جرمانہ

[illegible]

ٹیلیگراف کے چپراسی کی مرمت

[illegible]

جھوٹی رپورٹ کرانے پر گرفتار

[illegible]

تپ دق انسٹی ٹیوٹ

[illegible]

برتن لے کر بھاگ گیا

[illegible]

۱۲۵ پولے کے سگریٹ غائب

[illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

[illegible]

خوفناک آتشزدگی دو بچے جل گئے

[illegible]

ہوٹلوں میں گرانی کے خلاف تحقیقات

[illegible] ڈپٹی کمشنر کی ہدایت کے تحت ہوٹلوں میں گرانی کے خلاف تحقیقات شروع کر دی [illegible] اور تحقیقات کرتے رہے۔

دار السلطنت

کرایہ کی سائیکل فروخت کر دی

[illegible]

قتل کی سنسنی خیز واردات

[illegible]

رہزنی کی واردات

[illegible]

حکیم محمد یعقوب اجملی کی رہائی

[illegible]

سفید پانی - پرسوت - لیکوریا - سیلان الرحم کا ایک ہفتہ میں خاتمہ

سفید پانی جانے کی بیماری جوان اور حسین عورتوں کو چند دن میں بوڑھی بنا دیتی ہے بلکہ دیکھتے دیکھتے خاتمہ کر دیتی ہے۔ عورتیں شرم کے مارے گھل گھل کر مر جاتی ہیں مگر بیچاری اپنی زبان سے اس خوفناک مرض کا حال کسی سے نہیں کہتیں۔ [illegible]

انڈو جینیون کیمیکل ورکس دہلی سے "انیس مستورات"

کی ایک شیشی دو روپے چار آنہ میں وی پی کے ذریعہ منگالیں۔ محصول ڈاک اس کے علاوہ ہے۔ ہزارہا مریض عورتیں اس دوا سے صحتیاب ہو کر زندگی کا لطف اٹھا رہی ہیں۔ [illegible]

دہلی کا نامور گورنمنٹ رجسٹرڈ دواخانہ

انڈو جینیون کیمیکل ورکس نزد ڈاکخانہ جامع مسجد [illegible] دہلی

Daily
Aljamiat
ESTD. 1925
Delhi 3-4-49
PHONE 5855

مدراس میں مسٹر کمار سوامی نئی وزارت بنائیں گے

ریڈیر وزارت مستعفی ہو گئی۔ کانگریس پارٹی کے اجلاس کا فیصلہ

حکومت اسرائیل کا عرب ریاستوں پر الزام

یہودیوں سے بُرا سلوک کرنے کی شکایت

لندن۔ یکم اپریل۔ حکومت اسرائیل کے ایک نمائندے نے عرب ممالک پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ عرب یہودیوں کے ساتھ بہت بُرا سلوک کر رہے ہیں۔ اور ان کو کیمپوں میں رکھ چھوڑا ہے۔

نمائندے نے کہا کہ اسرائیل کی حکومت نے اسرائیل کے علاقہ کے عرب پناہ گزینوں کی امداد کے لئے ایک خاص کمیٹی مقرر کی ہے۔ لیکن عرب لوگ یہودیوں کے ساتھ بہت بُرا سلوک کر رہے ہیں۔

دہلی میں بین المملکتی کانفرنس

بعض اہم امور پر باہمی غور و خوض!

نئی دہلی یکم اپریل۔ ہند اور پاکستان کے درمیان جو کانفرنس دہلی میں ہو رہی ہے۔ اس کے ایجنڈے میں ۳۱ نکات ہیں۔ ان میں سے ۲۲ ہندوستان کے اور ۹ پاکستان کے تجویز کئے ہوئے ہیں۔ ان میں زیادہ تر اہم معاملات کے متعلق ہیں۔ گذشتہ سمجھوتوں پر عمل کرنے کے متعلق بہت کم ہیں۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کو کیا کرنا چاہیئے

ہندوستانی وفد کے لیڈر کا بیان

لندن۔ یکم اپریل۔ اقوام متحدہ میں ہندوستانی وفد کے لیڈر [illegible]

ہند پارلیمنٹ
صفحہ ۲ سے آگے

برما سے چاول کی برآمد میں کمی

حکومت چین کی طرف سے صلح کا وفد پیپنگ پہنچ گیا

جنرل چیانگ کائی شیک نے وفد کی کامیابی کی دعا کی

نان کنگ یکم اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ جنرل چیانگ کائی شیک نے کمیونسٹوں سے صلح کرنے جانے والے وفد کو دعائیں دی ہیں۔ اس سے توقع کی جاتی ہے کہ صدر چین جنرل لی کی امن کی کوششوں کو تقویت حاصل ہوئی ہے۔

سرنگ پھٹنے کا حادثہ

سیلون اور اسرائیلی حکومت

وزیر اعظم سیلون کی مبارکباد

گورنر کا ہوائی جہاز اترنے پر مجبور

اسکول کی چھت گرنے کا حادثہ

جاپان سے تجارت بہ آمد

انسانیت کی نجات باہمی اتحاد و اشتراک میں ہے

بوسٹن میں سابق وزیر اعظم برطانیہ مسٹر چرچل کی تقریر

اسیر مالٹا
شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب کا تذکرہ جمیل
"ذکر محمود"
سب رس کتاب گھر دیوبند (یو پی)

اعلان
ٹھیکہ باغ قبرستان
المشتہر: سکریٹریان قبرستان مذکور

اولاد
اولاد
سیتہ وتی
چاندنی چوک دہلی

بچوں کی طاقت بڑھانے والی مشہور دوا
بال بہار
اسکے استعمال سے بچوں کی ہڈی مضبوط ہوتی ہے، دانت خوبصورت مضبوط نکلتے ہیں دبلا پتلا بدن بھر کر سڈول ہو جاتا ہے۔
سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں
بال بہار فارمیسی دہلی

عینکیں۔ شیشے۔ فریم اور مصنوعی آنکھوں کے لئے سرگودھا کے مشہور
دانتوں کے ڈاکٹر
بالی
فتحپوری۔ دہلی

لستی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراویں
خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی کو یاد رکھیں
مشورہ مفت، فہرست ادویات مفت

ذرا سوچ ... کر جواب دیجئے
اسلامی کتابیں
ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

یونیورسل اپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

خضاب جرمنی ستارہ مارکہ
تاج ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج۔ دہلی

ہر دلعزیز پان بہار
نمونہ مفت
ولٹن کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ سہارنپور یوپی

رجسٹرڈ ڈی
نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی
فون نمبر ۵۸۵۵
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر۔ مورخہ ۴ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۴ اپریل ۱۹۴۹ء | نمبر ۷۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کا دورہ

دہلی ۲ اپریل۔ معلوم ہوا ہے مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند آج شام لکھنؤ تشریف لے جا رہے ہیں۔ خیال ہے وہاں سے آپ کانپور بھی تشریف لے جائیں گے اور شاید اعظم گڈھ بھی جائیں۔ حضرت مولانا کا یہ دورہ جمعیۃ کے سالانہ اجلاس کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں چار پانچ روز جاری رہے گا۔ (نامہ نگار)

موٹر لبس برائے فروخت
بیڈفورڈ ماڈل ۱۹۳۹ء، ۲۰ سیٹر۔ باڈی۔ انجن مشینری بہترین حالت میں۔ کچے روڈ کے لئے نہایت موزوں۔
المشتہر
آفتاب احمد، احمد منزل شاملی روڈ
مظفر نگر۔ یو پی

حکومت افغانستان نے پاکستان سے اپنا سفیر واپس بلا لیا

افغانستان کے وزیر اعظم اپنے عہدہ سے مستعفی ہو گئے

پاکستان اور افغانستان کی کشمکش کے نتائج

کراچی ۲ اپریل۔ افغان حکومت سے قریبی ربط رکھنے والوں نے اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ غیر مصدقہ ذرائع سے یہاں پر جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ غازی شاہ محمود وزیر اعظم افغانستان نے اپنے عہدہ سے استعفیٰ دیدیا ہے اور اپنی خدمات قوم کے لئے پیش کر دی ہیں۔ سردار علی محمد خاں وزیر خارجہ وزیر اعظم کے قائم مقام ہوں گے۔

ہند و پاکستان کی فوجی افسروں کی کانفرنس

معاہدۂ اوقیانوس صرف روس کے خلاف جارحانہ اقدام ہے

روس کا برطانیہ امریکہ اور فرانس پر الزام

فوجی افسروں کی گرفتاری

مدھیہ بھارت کے نائب وزیر اعظم کے خلاف مقدمہ

شام اور یہودی حکومت میں بات چیت

ہائیکورٹ نے مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کے ملزمین کی درخواست مسترد کر دی

عدالت میں موجود رہنے اور اپنے کیس کے وکیل مقرر کرنے کی سہولت سے انکار

شام میں نئی حکومت کا مسئلہ

پاکستانی وفد دہلی پہنچ گیا

باغیوں نے حکومت برما کے معافی نامہ کا کوئی جواب نہیں دیا

حکومت برما کی مصالحت کی تمام کوششیں ناکام رہیں

ناگپور میں سینما گھروں کی ہڑتال

ہند چینی میں فرانس کے خلاف کمیونسٹ نہیں لڑتے

گڑگاؤں میں جمعیۃ علماء کانفرنس کا دو روزہ اجلاس ختم ہو گیا

قومی اور مذہبی لیڈروں کی اتحاد پرور تقریریں

زیادہ سے زیادہ تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے کا فیصلہ

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

مغربی ممالک کے بحری بیڑوں کی جنگی مشق

شمالی نانکن میں امن بحال ہو گیا

ایشیا کے لئے مک آرتھر پلان کی تجویز

یہودی موٹر پر عربوں کا حملہ

انڈونیشی لیڈروں سے صلح کی گفت و شنید

رنگون کے تھانہ پر حملہ

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

روزانہ
دہلی
الجمعیۃ
۳ اپریل ۱۹۴۹ء

خوشامد!

خوشامد اور چاپلوسی بہت بری چیز ہے کیونکہ خودداری کے منافی ہے جس انسان میں خودداری نہیں اس کی شرافت مشکوک ہے اور مشکوک انسان ہمیشہ ناقابل اعتماد ہوتا ہے، اگر آپ نفسیات سے واقف ہیں تو اس حقیقت سے ضرور واقف ہونگے کہ خوشامد کی بنیاد ڈر اور خوف ہے خوف سے کمتری اور ذلت کا احساس پیدا ہوتا ہے اور ذلت کا احساس خوشامد میں تبدیل ہو جاتا ہے خوشامد اس لئے کیجاتی ہے کہ جس کو ہم بڑا سمجھتے ہیں یا جس پر ہمارا قابو نہیں چلتا وہ خوش ہو جائے اگر اس کے دل میں ہماری طرف سے کوئی اندیشہ ہو تو وہ خوشامد کے ذریعہ دور ہو جائے، اور ہم اس کی نظر میں قابل اعتماد قرار پائیں، خوشامد کی نفسیات پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ وہ سوسائٹی کے لئے بے انتہا مضر ہے، خوشامد کرنے والا کام نہیں کرتا باتوں سے کام نکالنا چاہتا ہے اور اس کا خوف اسے مجبور کرتا ہے کہ باتیں بنا کر جان بخشی کرائے اور یہ باور کرائے کہ وہ دوسروں کے رحم وکرم پر ہے!

اگر آپ خوشامدی ہیں تو اس ذلیل حرکت سے نہ صرف اپنا اعتماد کھوتے ہیں بلکہ جس کی خوشامد کرتے ہیں اسے بھی خفیف اور بے وزن بناتے ہیں خوددار انسان خوشامدی نہیں ہوتا، نہ یہ چاہتا ہے کہ کوئی دوسرا اس کی خوشامد کرے کیونکہ یہ حرکت دونوں کے مزاج کا راز فاش کرتی اور دونوں کے لئے ایک ہی پیمانہ مقرر کرتی ہے، فرض کیجئے آپ زید کی خوشامد کرتے ہیں لیکن سوچئے کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ آپ کے دل میں زید کا اندیشہ ہے، یہ [illegible] زید سے رحم وکرم کی درخواست کرتا ہے اس کے دل میں اپنا اعتماد بٹھانا چاہتا ہے، اور اسے خوش کرکے اس کے ضرر سے بچنے کی کوشش کرتا ہے، گویا خوشامدی خوشامد میں اپنے ساتھ زید کا بیڑا بھی غرق کر دیا اور اس کی اخلاقی سیرت کو داغدار بنا دیا، سوال یہ ہے کہ زید نے کب کہا تھا کہ آپ اس سے ڈرتے رہیں؟ اس نے آپ سے کب دشمنی کی کہ آپ اس سے اپنی جان بخشی کرائیں؟ اس نے کب کسی کو نقصان پہونچایا تھا کہ آپ اس سے بچنے کے لئے یہ راہ نکالیں، آپ نے خوشامد کرتے ہی زید کو خوفناک ستم شعار، خفیف العقل اور بدسیرت قرار دیدیا اور اپنی عزت کے ساتھ اس کی عزت بھی خاک میں ملادی اگر زید سے آپ کا کوئی مطالبہ ہے تو اسے معقول ڈھنگ سے پیش کیجئے اور اپنی خودداری کو قایم رکھئے، اگر آپ زید کی کوئی بات ماننا چاہتے ہیں تو اسے معقول [illegible] اپنی ایک حیثیت رکھتے ہیں اور سوسائٹی کو ان سے شرمانے کی ضرورت نہیں ہے!

انگریز نے اپنے دور میں خان بہادروں اور رائے بہادروں کا ایسا ہی حضوری گروہ پیدا کیا تھا جو ہر وقت اس کی خوشامد میں لگا رہتا تھا، انگریز جانتا تھا کہ یہ لوگ ذلیل اور مطلب پرست ہیں تاہم انہیں اپنے ساتھ لگائے رکھتا تھا، اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ غیر ملکی تھا اور جانتا تھا کہ غیر ملکیوں کا ساتھ اسی قسم کے ذلیل لوگ دے سکتے ہیں، لیکن اب تو نہ انگریز ہے اور نہ غیر کی حکومت، اب ہم آزاد ہیں اور اپنی حکومت کا آپ انتظام کرتے ہیں، اس لئے ہمارے ملک کو نہ جی حضوریوں کی ضرورت ہے نہ خان بہادروں اور سردوں کی ہماری حکومت خوددار ہے کیونکہ ہم خوددار ہیں، ہماری حکومت بلند مرتبہ ہے کیونکہ ہم بلند مرتبہ ہیں حکومت کے اندر جس قدر بھی اوصاف ہیں وہ در اصل ہمارے اوصاف ہیں کیونکہ ہم ہی نے اپنے نمایندے مقرر کرکے اپنی حکومت ان کے حوالہ کی ہے، اگر آج بھی ہمارے اندر خوشامدیوں اور چاپلوسوں کا کوئی گروہ موجود ہے تو وہ اپنے آپ کو نہیں حکومت کو چاپلوس بناتا ہے اور خود احساس کمتری کا شکار نہیں ہوتا، حکومت کی فرد تری اور ذلت کا مظاہرہ کرتا ہے۔

ہماری حکومت ہم سے کہتی ہے کہ حکومت کا خوف مت کرو، حکومت کو ظالم مت سمجھو، حکومت کو بے وزن قرار نہ دو، حکومت کے کیرکٹر پر حرف نہ لاؤ، وہ تمہاری ہے، تمہارے لئے ہے اور تمہارے ہی قبضہ میں ہے، اگر حکومت سے کچھ کہنا ہے تو خودداری کو قایم رکھتے ہوئے صاف صاف کہو، کوئی مطالبہ کرنا ہے تو دلیری کے ساتھ کرو، کوئی بات ناپسند ہے تو صفائی سے [illegible] کی خوشامد کرے، ہماری حکومت کو خان بہادروں اور جھوٹے خوشامدیوں کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ جانتی ہے آزاد ملک کی آزاد سوسائٹی میں اس کا وجود انتہائی طور پر خطرناک ہے، جہاں تک عام خوشامد کا تعلق ہے اس کی قباحت ظاہر کرنے کے لئے ہماری یہ چند سطور کافی ہیں، لیکن یہ بہت بڑی کوتاہی ہوگی اگر ہم ایک خاص طرز کی خان بہادری کو منظر عام پر نہ لائیں اور اس کے عیب وہنر کا تجزیہ نہ کریں۔

آج بہت سے لوگوں کا [illegible] ہو گیا ہے کہ وہ جمعیۃ علماء ہند کی مخالفت کرکے حکومت کی خوشامد کریں اور اس کو یہ بتائیں کہ ہم اس لئے سچے قوم پرست ہیں کہ جمعیۃ علماء بھی ان کی نظر میں قوم پروری کے معیار پر پوری نہیں اترتی، بہت سے وہ حضرات جنہوں نے لیگ میں شامل ہوکر ملک کو تقسیم کرایا، جمعیۃ علماء کی مخالفت میں پیش پیش ہیں، صرف اس لئے کہ ان کی قوم پرستی چمکنے لگے اور حکومت ان کی گذشتہ معصیتوں کو [illegible] کہ ان [illegible] سے ہاتھ ملائے اور خوشامد کی اس بدعت کو جو گہری قبر میں دفن ہو چکی ہے ازسر نو سر اٹھانے کا موقع دے!

پاکستان کی اقلیتیں

پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے لاہور میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتوں کو پاکستان کے آیندہ دستور سے خوفزدہ نہ ہونا چاہئے جو دستور جمہوری ہے جو اسلامی اصولوں پر تشکیل دیا گیا ہے آپ نے فرمایا کہ ہمارا دستور جو اسلامی اصولوں پر مرتب کیا گیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ اقلیتوں کے حقوق کو نظر انداز کیا جائے، کیونکہ اقلیتوں کی آزادی میں مداخلت خود اسلام کے خلاف ہے، [illegible] تو صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ ان کے شہری سیاسی مذہبی اور تعلیمی حقوق محفوظ ہیں اور وہ مساوات کے اصول پر [illegible] فضا میں آبرو مندانہ زندگی گذار سکیں گورنر جنرل کو معلوم ہوگا کہ اقلیتوں کے حق میں دستور اور قانون کوئی حیثیت نہیں رکھتا اصل چیز اکثریت کا سلوک ہے اگر اکثریت کا سلوک بہتر نہیں ہے تو کوئی بہتر سے بہتر قانون بھی اقلیتوں کے لئے باعث تسکین نہیں ہو سکتا، قانون دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے اگر اکثریت کی ذہنیت درست ہے اور وہ اقلیتوں کی شہریت کا پورا پورا احترام کرتی ہے تو [illegible] اکثریت فراخ حوصلہ، رواداری، انصاف پسند اور انسانیت نواز ہے تو پھر قانون کی کہیں [illegible] کیونکہ اس قانون اکثریت کا عمل [illegible] کیونکہ اقلیتوں سے قانون خطاب نہیں کرتا، خطاب والی وہ اکثریت ہے جو ہر جگہ اور ہر وقت اقلیتوں کی [illegible] رہتی ہے!

ہالینڈ کی نئی شرارت

[illegible] ایک نئی تدبیر ایجاد کی ہے چنانچہ ابھی یہ اعلان کیا گیا ہے کہ جب تک انڈونیشیا میں فیڈرل گورنمنٹ قایم نہیں ہو جاتی یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ۲۳ ہزار کی تعداد میں فیڈرل فوج تیار کی جائے جو انڈونیشیا میں قانون وامن کو برقرار رکھ سکے۔

سلامتی کونسل کی تجاویز پر عمل کرنے کا کوئی ذکر نہیں، جمہوری لیڈروں کی رہائی پر کوئی آمادگی نہیں جمہوری حکومت کے قیام کا کوئی اشارہ نہیں، اعلان ہے تو یہ ہے کہ انڈونیشیا کو کچلنے اور جمہوری حکومت کو فیل کرنے کے لئے ڈچ فوج کے علاوہ فیڈرل فوج تیار کیجائے اور اس کے ذریعہ کٹھ پتلی حکومتوں کو جمہوری حکومت کے خلاف صف آرا کیا جائے! جمہوری فوج کو توڑنے کے لئے یہ اعلان بھی کیا گیا ہے کہ اس فیڈرل فوج میں آزاد فوج کے سپاہی بھی بھرتی ہو سکتے ہیں [illegible] ملک کی جمہوریت میں اپنا پارٹ ادا کر سکیں، کیا سلامتی کونسل ہالینڈ کی اس ہٹ دھرمی کو دیکھ رہی ہے؟ کیا اس کے فیصلوں کو عملی جامہ پہنانے کا یہی طریقہ ہے؟

اچھی باتیں

افمن - تا - یشاء (پ ۲۲ ع ۱۴)

پس کیا جس شخص کو اس کے برے اعمال اچھے کرکے دکھائے گئے اور اس نے ان کو اچھا سمجھا (وہ کامیاب ہوگا) اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت کی توفیق سے نوازتا ہے۔

جس مریض کو اپنے مرض کا احساس ہو وہ ضرور علاج پر آمادہ ہوگا، لیکن جو مریض مرض کو عین صحت اور تندرستی سمجھ لے اس کے مرض کا کبھی علاج نہ ہوگا اسی طرح ایک بدکردار انسان اگر اپنی بدکرداری کا احساس کرے اور اس پر نادم ہو تو اس کی اصلاح کی امید باقی رہتی ہے لیکن جو بدکرداری اپنی بدکرداری کو اچھا سمجھے اس پر فخر کرے، اور اس میں بڑھتا ہی چلا جائے اس کی اصلاح کی کوئی امید باقی نہیں رہتی آج مسلمانوں کا یہی حال ہے کہ انہیں اسلام سے تو شرم آنے لگی ہے اپنی بدکرداریوں پر کوئی شرم نہیں آتی۔ بلکہ وہ الٹے اکڑتے ہیں اور برے کام کرکے سمجھتے ہیں کہ وہ اچھا کرتے ہیں! کسی سینما باز کو ٹوک کر دیکھو، کسی زانی اور کذاب کو شرم دلاؤ کسی بدذات اور دغاباز سے باز پرس کرو، الٹا کھانے کو آئے گا، اور بھلے آدمیوں کو مطعون کرکے گمراہی کی راہیں پیدا کرے گا یہ ایسا لاعلاج مرض ہے جس کی دوا کسی حکیم کے پاس نہیں، پس اپنے اندر احساس پیدا کرو، اپنی کمزوریوں پر نادم ہو اور اپنی اصلاح کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔

مغربی جرمنی کے لئے فیڈرل ری پبلک پلان!

(دکیم اسٹینڈ)

چونکہ مغربی ممالک جن کی نمایندگی جرمنی کے تین مغربی منطقوں کے فوجی کمانڈر کرتے ہیں کچھ عرصہ سے مغربی جرمنی میں ایک فیڈرل ری پبلک قائم کرنے کا بندوبست کر رہے ہیں جن کا آئین ایسا ہوگا کہ اس جرمنی کے لئے سیلف گورنمنٹ کا ضامن بھی ہوگا اور اس سے بین الاقوامی امن کو خطرہ بھی نہ ہوگا۔ مغربی جرمنی کے صوبوں کے لئے ایسا آئین بنانے کی خاطر فوجی کمانڈروں نے جرمن لیڈروں اور پارٹیوں سے بھی مدد طلب کی اور امید ہے کہ یہ آئین چند ترمیموں کے ساتھ منظور ہو جائے گا۔ چنانچہ کافی کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ سوال ہے کہ ان سب باتوں کا مطلب کیا ہے؟

برطانوی، فرانسیسی اور امریکی حکومتوں کو ان سب باتوں سے امید ہو گئی ہے کہ مغربی جرمنی کی تعلیم وتنظیم اس طور پر ہوگی کہ ایک دن [illegible] فوجی مہم کا خواب [illegible] مغربی طاقتیں اس بات کو [illegible] ازم کی بنا پر ملک کے دو حصوں کو متحد کیا جا سکے لیکن موجودہ حالات میں روسی منطقہ ان کوششوں کی زد میں نہیں آئے گا۔ بلکہ اس آئینی ادارہ میں برلن کو دوسرے ۱۱ صوبوں کے برابر رتبہ پر شامل کرنا بھی ناممکن پایا گیا ہے۔

چنانچہ جرمن پارلیمنٹری کونسل کو جس نے چند ماہ فیڈرل ری پبلک کی آئین ساز اسمبلی کے طور پر کام کیا [illegible]

تاہم خیال ہے کہ جدید ماہ میں جرمنی کے ایک جمہوری مقام پر ایک فیڈرل ری پبلک قائم ہو جائے گی جس میں ایک منتخب شدہ پریزیڈنٹ، ایک چانسلر اور کیبنٹ اور دو مجالس قانون ساز ہونگی۔ فیڈریشن کے ۱۱ صوبوں اور ان کی کاؤنٹیوں و میونسپلٹیوں میں بھی مقامی کونسلیں ہونگی جو آزاد اور ڈائرکٹ اور خفیہ رائے دہندگی کے ذریعہ منتخب ہونگی۔

ابھی سے یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ ادارے جرمن لوگوں میں جمہوری اسپرٹ پیدا کرنے میں کس حد تک معاون ثابت ہونگے۔ یہ ادارے مغربی جمہوری طاقتوں کی ایما پر بھی قائم ہوتے اور اہل جرمنی کی [illegible]

سیر و سیاحت

وزیر خزانہ کا بل منظور ہو گیا اور ڈاک کے نرخ جوں کے توں رہ گئے جب ان نرخوں میں اضافہ کا اعلان ہوا تھا تو ملک میں بہت شور مچا کہ غریب پر یہ ایک قسم کا ٹیکس لادا جا رہا ہے — پارلیمنٹ میں بھی تقریریں ہوئیں لیکن ساری تقریریں اور ساری مخالفت اس وقت ختم ہو گئی جب شری تدوائی نے اعلان کیا کہ ڈاک کے موجودہ نرخوں کے مطابق حکومت کو ۵۵ لاکھ روپیہ سالانہ کا نقصان ہو رہا ہے گویا کارڈوں اور لفافوں پر خرچ زیادہ آتا ہے اور وصول ہوتا ہے قیمت سے کم —

نیویارک ۴ اپریل ۔ آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایوٹ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کرنے کے لئے امریکہ پہونچ گئے ۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ جنرل اسمبلی کا یہ اجلاس بہت اہم ہے ۔ دنیا کی قومیں امن کی طالب ہیں اور اقوام متحدہ ہی وہ ادارہ ہے جو دنیا میں امن کی ضمانت دے سکتا ہے ۔ ۔۔۔

~~میثاق اوقیانوس کا مسودہ منظور کرلیا گیا~~

روس کے احتجاج پر وزرائے خارجہ کا مشترکہ بیان

واشنگٹن ۴ اپریل ۔ امریکہ ، برطانیہ ، فرانس ، اٹلی ، بلجیم ، ہالینڈ ، لکسمبرگ ، پرتگال ، کناڈا اور آئس لینڈ کے وزرائے خارجہ نے ۴ اپریل کو دستخط کئے جانے والے میثاق اوقیانوس کے مسودہ کو منظور کرلیا ہے ۔ ۔۔۔ اوقیانوس کے خلاف روسی احتجاج کا جواب ایک مشترکہ بیان شائع کیا ہے ۔

اطالوی نوآبادیات کا مسئلہ

مذہبی اداروں کی آمدنی کے بیجا اسراف روکنے کیلئے بل

یوپی اسمبلی کا بجٹ سیشن ختم ہوگیا ۔ آخری دن کی کارروائی

خطبہ صدارت

(صفحہ اول سے آگے)

مانڈے کمپر پر سرکاری فوجوں کا قبضہ

آسٹریلیا کے چانسلر اور اسٹرالیا کے خلاف ۔۔۔

ماہواری کا درد اور بے چینی

عورت کو ہر ماہ موت کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے

بعض عورتیں ہر ماہ موت سے کھیلتی ہیں

اپنی بے زبان عورتوں کی جان بچایئے

اگر عورت کو ایام ماہواری میں تکلیف ہوتی ہو اور درد و بے چینی کے ساتھ ایام ہوتے ہوں یا کم و بیش ہوں ۔ اور تاف نوں میں درد یا بے چینی ہو یا مہینہ میں دو بار ایام ہوتے ہوں ایسی قابل رحم عورتوں کے لئے ہندوستان کی شہرہ آفاق اور نادر و نایاب ایجاد خوش ایام ہے ۔ جس سے ہزارہا عورتیں تندرست ہوچکی ہیں !

خوش ایام رجسٹرڈ

اس جادو اثر حیرت انگیز اور سو فی صدی کامیاب اور بے ضرر دوا کے استعمال سے رکے ہوئے ایام بھی جاری ہوجاتے ہیں ۔ عورت کی تندرستی اور صحت کا دار و مدار ایام کی باقاعدگی پر ہے ۔ ۔۔۔ خوش ایام کا استعمال تندرستی خوشی و شادمانی کا پیغام ہے ۔ ۔۔۔

ہندوستان کا مشہور اور نیک نام ہر دل عزیز دواخانہ

انڈو جینوئن کیمیکل ورکس نزد ڈاکخانہ جامع مسجد (اے ۔ بی ۔ ڈی) دہلی

عربوں اور یہودیوں کی مشترکہ کانفرنس کیلئے مصالحتی کمیشن کی کوشش

کانفرنس میں شرکت کے متعلق عرب ممالک میں اختلاف

بیروت ۔ ۴ اپریل ۔ فلسطین کے مصالحتی کمیشن نے ۔۔۔

عرب ملکوں نے شام کی نئی حکومت کو تسلیم کرلیا

اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری کو باقاعدہ اطلاع دیدی گئی

دمشق ۔ ۵ اپریل ۔ ۔۔۔ عرب لیگ کے ممبر ممالک جلد ہی شام کی نئی حکومت کو تسلیم کرلیں گے ۔ ۔۔۔

مالوہ یونین کیبنٹ میں پھوٹ

سردار پٹیل کی مصالحتی کوششیں

گوالیار ۴ اپریل ۔ ۔۔۔ امید ہے کہ موجودہ صورت حال پر سردار پٹیل سے مشورہ کریں گے ۔

آسٹریلیا میں مزدور کو ۳۲۳ روپے ماہوار تنخواہ ملے گی

سڈنی ۔ ۳ اپریل ۔ ۔۔۔

قدیم علم نباتات کی انسٹی ٹیوٹ کا قیام

پنڈت نہرو نے سنگ بنیاد رکھا

لکھنؤ ۳ اپریل ۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کل شام لکھنؤ یونیورسٹی میں قدیم علم نباتات کی انسٹی ٹیوٹ کا سنگ بنیاد رکھا ۔ یہ صوبائی حکومت کی امداد سے قائم کی جا رہی ہے ۔ ۔۔۔

راجستھان کی کابینہ

۷ اپریل کو اختیارات سنبھال لیگی

شام اور یہودی گفت و شنید

روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ الجمعیۃ

میسرز اے ۔ ایچ ۔ وہیلر اینڈ کو

کے ہر ایک بکسٹال پر فروخت ہوتا ہے

شادی کیلئے لڑکی کی عمر چودہ سال سے پندرہ سال کردی گئی

ہند پارلیمنٹ میں سماجی اصلاح کے تین بلوں کی منظوری

نئی دہلی ۵ اپریل - آج ہند پارلیمنٹ نے تین غیر سرکاری بل منظور کئے - یہ بل پنڈت ٹھاکر داس بھارگو کی طرف سے پیش کئے گئے تھے، اور ان کا مقصد شادی کی اصلاحات تھا - لڑکیوں کے لئے شادی کی عمر اب ۱۴ سال سے ۱۵ سال کردی گئی ہے - لیکن لڑکوں کی عمر ۱۸ سال ہی رکھی گئی ہے - دوسرے بل کے ذریعہ ہندوؤں سکھوں جینیوں اور دوسری قوموں کے مابین شادی کو قانونی طور پر جائز قرار دے دیا گیا ہے - تیسرے بل میں اغوا کے جرائم میں لڑکی کی عمر ۱۶ سے ۱۸ اور لڑکوں کی عمر ۱۴ سے ۱۶ کردی گئی ہے -

پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے یہ ترمیم بھی پیش کی تھی کہ کمسن شادی قابل دست اندازی پولیس قرار دی جائے اور سزائے قید رکھی جائے - پنڈت بھارگو نے بحث کرتے ہوئے [illegible] [redacted]

[illegible] ایک [illegible] ۱۴ سال سے [illegible] لڑکیوں کے باہمی شادیوں کو ممنوع قرار دیا جائے لیکن [illegible] کمیٹی نے یہ رائے قائم کی کہ یہ دفعہ غیر مناسب اور ناقابل عمل ہے -

ڈاکٹر [illegible] نے لازمی سزا دئے جانے کی مخالفت کی اور کہا کہ یہ ایک اصلاحی معاملہ ہے اس کے لئے سوشل [illegible] کی سفارشات حاصل کی جانی چاہئیں اور بعد میں ان سفارشات کو اس بارے میں قانونی شکل دی جانی چاہئیے - [illegible] کو ممنوع [illegible] قابل دست اندازی پولیس قرار دیا گیا تو [illegible] لوگوں کو بہت پریشانی ہوگی - آپ نے کہا کہ یہ چیز بالکل غلط ہے کہ سماجی معاملات میں پولیس کو مداخلت کرنے کا حق دیا جائے - [illegible] پولیس کے ہاتھ [illegible] عوام مشکلات میں پڑ جائیں گے -

رقی ہے -

مسٹر گیڈگل [illegible] نے وہ قرارداد پڑھی ہے جو عام [illegible] کے ایک جلسہ میں جس کی صدارت مہاتما گاندھی نے کی منظور کی گئی ہے - اس قرارداد کے ذریعہ ہندو کوڈ بل کی [redacted]

مسٹر گیڈگل نے کہا کہ بل کو منظور کرنے سے قبل ضروری ہے کہ ایوان اس پر اچھی طرح غور کرے - ڈاکٹر بخشی ٹیک چند کی اس ترمیم کے ساتھ بل منظور کرلیا گیا کہ لڑکیوں کی شادی کی عمر ۱۴ سال سے پندرہ سال کردی جائے - لڑکوں کی شادی کی عمر [illegible] ایکٹ کے مطابق ۱۸ سال ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی -

اس کے بعد پنڈت بھارگو کا یہ بل بھی منظور کرلیا گیا کہ تعزیرات ہند میں اغوا ہونے والی لڑکیوں اور لڑکوں کی جو عمر یں رکھی گئی ہیں انہیں علی الترتیب ۱۶ سے ۱۸ اور ۱۴ سے ۱۶ کردیا جائے -

[illegible]

[illegible] کے تحت ہندوؤں سکھوں جینیوں اور مختلف قوموں کے مابین شادیوں کو جائز قرار دیا گیا ہے (اے پ)

مسز اختسا یانم

مسز اختسا یانم [illegible] نے بل کا خیر مقدم کیا اور [illegible] آپ نے کہا کہ [illegible] کی شادیاں روکنے کے لئے دیہات میں سماجی مجلسیں ہونی چاہئیں -

مسز [illegible] نے کہا پارلیمنٹ کو صرف جذبات سے متاثر ہوکر قوانین منظور نہیں کرنے چاہئیں بلکہ ضروری ہے کہ ہم زندگی کے عملی پہلو پر بھی نظر رکھیں - [illegible]

حکومت کے نظریہ کی وضاحت

[illegible]

امریکی فوج کی مشق

ہیم برگ - ۵ اپریل - (رکلوب) الیسٹر کے بعد جرمنی میں مقیم امریکی فوج وسیع پیمانہ پر فوجی مشق کرے گی - جس میں بیک وقت یا مختلف اوقات میں یورپ میں تمام امریکن یونٹ حصہ لیں گے -

فوجی مشق روسی امریکی منطقوں کی سرحد پر ہوگی کہ [illegible] جائے گی کہ دشمن کے حملوں نے زور پکڑ لیا ہے اور سرحدی جھگڑوں میں معتد بہ اضافہ ہوگیا ہے -

آسٹریلیا میں گوشت کا راشننگ ہوگا

لندن - ۵ اپریل - (رکلوب) آسٹریلیا عنقریب اپنی گھریلو [redacted] گوشت کا راشننگ کردیا جائے گا - یہ انکشاف لندن میں مقیم آسٹریلوی ہائی کمشنر نے کیا ہے -

اخباری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ ۲۶ کروڑ روپے سے ایک اسکیم تیار کی جارہی ہے جس سے برطانیہ میں گوشت [illegible] جائیگا تاکہ برطانیہ کو آسٹریلیا کا گوشت [illegible] دیا جائے -

پنڈت نہرو کا دلچسپ مذاق

لکھنؤ - ۵ اپریل - قدیم علم نباتات انسٹیٹیوٹ سے متعلقہ رسومات کے وقت پنڈت نہرو مزاحیہ موڈ میں تھے جب کہ وہ رسومات کے بعد چائے کی دعوت سے وہ رخصت ہونے والے تھے مسٹر وزیر حسن ان کی طرف گئیں اور کہا جواہر تم کہاں تھے ہم تمہیں تلاش کررہی تھی - پنڈت نہرو نے قہقہوں کے درمیان جواب دیا - تم مجھے جہاں کچھ کھانے کو ملے وہیں پاسکتی ہو -

اپنی کار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پنڈت پرشوتم داس ٹنڈن سے اپنے ساتھ جانے کی دعوت دیتے ہوئے پنڈت نہرو نے کہا " آیئے جہاشی اپنی جگہ لیجئے " اور گوند بلبھ پنت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا - پنڈت جی کار میں آپ کے لئے جگہ نہیں ہے -

نمایاں شان!

لکھنؤ - ۵ اپریل - اس لکڑی کی کرسی کا دستہ جس سے [redacted] کے ادارہ کا سنگ بنیاد رکھا - ۷ اکرو ڑ سالہ پرانے درخت کی لکڑی کا بنایا ہوا تھا - یہ درخت جنوبی امریکہ کے ملک پیناگونیا کا تھا - اسی طرح بنیاد کا پتھر بھی اپنی جگہ ایک نادر اور تاریخی چیز تھی - یہ پتھر ۶ کروڑ سال کی طویل مدت کے مختلف پتھرائے ہوئے اجسام اور چٹانوں سے ملاکر بنایا گیا تھا

مصر اور ہند باہمی بہبودی کیلئے اشتراک عمل کرسکتے ہیں

ہند سے روانہ ہوتے وقت مصری اخبار نویسوں کے وفد کا بیان

نئی دہلی ۷ اپریل - مصری صحافتی وفد کی جانب سے مسٹر قاسم گاوڈے نے اپنی روانگی کے وقت مندرجہ ذیل پیغام دیا ” ہندوستان جیسے عظیم الشان ملک سے روانہ ہوتے ہوئے ہم اس پرجوش خیر مقدم اور مہربانہ سلوک کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں - جس سے ہم اس برعظیم کے مختلف حصوں کے دورہ میں محظوظ ہوئے ہیں “

ہمارے لئے یہ عزت اور مسرت کا باعث ہے کہ ہمیں ہندوستان کے وزیر اعظم ہز اکسیلنسی پنڈت جواہر لال نہرو اور ہندوستان کے سرکاری اور غیر سرکاری ممتاز لیڈروں سے ملاقات کا موقع میسر آیا - مصر کے لوگ ہندوستان لیڈروں خصوصاً پنڈت جی کو بہت عزت اور احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں - اور ان کو نہ صرف ایک ہمسایہ ملک کے لیڈر بلکہ تمام مشرق میں آزادی کی تگ و دو کی علامت تصور کرتے رہیں -

ہمارے اس دورے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مصر اور ہندوستان ایک دوسرے کی بہبودی کے لئے ہر میدان عمل میں امکانی حد تک اشتراک عمل کرسکتے ہیں - اور ہونا بھی چاہیئے - ہمیں امید ہے کہ ہمارا یہ دورہ مصری اور ہندوستانی تعلقات کی تاریخ میں ایک امتیازی نشان ہوگا - ہندوستانی لوگ اور پریس کے نمائندے بھی ہمارے ملک کا دورہ اسی طرح سے کریں گے - اگرچہ ماضی میں ہم دونوں بیرونی وسائل سے اطلاعات حاصل کرتے تھے لیکن اب کوئی وجہ نہیں کہ ہندوستان اور مصر ان معاملات کو ایسے ہی چلنے دیں ہمیں چاہئیے کہ ایسے وقت کے وقت اطلاعات کا تبادلہ دوسرے وسائل سے کریں - اور آپس میں براہ راست رابطہ پیدا کریں -

” آیندہ موسم سرما میں ہندوستانی پریس کے نمائندوں کا استقبال کرنے میں ہمیں بہت مسرت ہوگی - اور اس وقت ہم اس مہربانہ سلوک اور فیاضی سے کسی قدر سبکدوش ہوسکیں گے - جو ہمارے ساتھ برتی گئی “

جہالت دنیا کی سب سے بری چیز ہے اور اسے مٹانا ہر انسان کا فرض ہے

بموات جمعیۃ علمار کانفرنس کی قراردادوں کی تفصیل

جمعیۃ علمار کانفرنس موضع [illegible] ضلع گوڑگانوہ میں جو مختلف قرار دادیں منظور ہوئیں ان میں سے کچھ گذشتہ سے پیوستہ اشاعت میں درج کی جاچکی ہیں - کانفرنس میں جو مزید تجاویز منظور کی گئیں وہ حسب ذیل ہیں - یہ کانفرنس سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علمار ہند کی صدارت میں منعقد ہوئی -

علمار کرام اور لیڈران ملک کا شکریہ

جمعیۃ علمار گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس اُن حضرات علمار کرام ولیڈران ملک کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے جو ملک کے دور دراز حصوں سے سفر کی زحمت گوارا کرکے اس اجڑے ہوئے علاقہ میں تشریف لائے اور یہاں کے غریب اور دیہاتی باشندوں کی دلجوئی فرمائی -

بالخصوص شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علمار ہند حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب - پنڈت سندر لال جی - اور حضرت مولانا عبد الحق صاحب مدنی - حضرت مولانا محمد میاں صاحب کا تہ دل سے شکر گذار ہے جنہوں نے اپنی بے انتہا مصروفیتوں کے باوجود یہاں تشریف لاکر یہاں کے باشندوں کو ممنون فرمایا -

محرک مولانا نور محمد صاحب - مؤید عبد الحنان صاحب -

جمعیۃ علمار ضلع گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس اُن تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتی ہے جنہوں نے کانفرنس کے کامیاب بنانے میں امداد فرمائی - بالخصوص کارکنان سنٹرل سیواتی پنچایت - ملک العلیم [illegible] - تمام بال چوکلوٹ - چودھری [illegible] - چودھری یاسین خاں ایم ایل اے - [illegible] - اور سیوات کے ان چودھری اور مولوی صاحبان کا شکر ادا کرتی ہے جنہوں نے اس کانفرنس کو کامیاب فرمایا - اور علاوہ بریں اس نازک دور میں ایک اہم ترین خدمت انجام دی -

محرک [illegible] محمد ابراہیم صاحب - مؤید مولوی [illegible] صاحب -

جمعیۃ علمار ضلع گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس عام مسلمانوں کو بالخصوص میواتی بھائیوں کو بچوں کی تعلیم کی طرف خاص طور پر توجہ دلاتی ہے - جہالت دنیا کی سب سے بری چیز ہے اس کو مٹانے کی کوشش کرنا ہر سمجھدار انسان بالخصوص ہر لکھے پڑھے مسلمان کا مذہبی اور جماعتی فرض ہے - لہذا ہر مسلمان کا فرض ہے کہ ہر ایک بچہ کو اسکولوں اور مدرسوں میں داخل کریں اور تعلیم و تعلم کے سلسلے میں تمام فرقوں سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں - جمعیۃ علمار ضلع گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس ان کوششوں کو پسند کرتی ہے جو حکومت کی طرف سے جہالت کو مٹانے کے لئے کی جارہی ہے مگر مذہبی تعلیم کی اہمیت اور ضرورت کو کسی طرح نظر انداز نہیں کرسکتی -

آج جبکہ تمام دنیا میں یہ محسوس کیا جارہا ہے کہ مادیت پرستی اور مذہب سے بے تعلقی اس وحشت و بربریت کی اصل بنیاد ہے جو گذشتہ جنگ عظیم میں دیکھی گئی یا جس نے ہندوستان کے لاکھوں انسانوں کو تباہ و برباد کیا - تو ہر امن حکومت کا جو باشندگان ملک کو با اخلاق اور مہذب دیکھنا چاہتی ہے فرض ہے کہ وہ لازمی تعلیم کے ساتھ مذہبی تعلیم کا انتظام بھی کرے - اور جب تک حکومت اپنے طور پر مذہبی تعلیم کا انتظام کرے - کم از کم ان پرائیویٹ اسکولوں اور مدرسوں کی امداد کرے اور ان کے بچوں کو لازمی تعلیم سے مستثنیٰ کرے جن میں مذہبی تعلیم کے ساتھ لازمی تعلیم کے ضروری مضامین کی تعلیم بھی دی جارہی ہے -

حکومت کی کوششوں کا شکریہ

جمعیۃ علمار ضلع گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس ان تمام کوششوں کا شکریہ ادا کرتی ہے جو حکومت کی طرف سے میواتیوں کی امداد اور دوبارہ آباد کاری کے سلسلے میں کی گئیں اور کی جارہی ہیں بالخصوص [illegible] میوڈل سڑک کی منظوری [illegible] بے روزگاران کو روزگار پر لگایا ہے اس کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے - مولانا محمد ابراہیم صاحب محرک - مولانا نور محمد صاحب مؤید -

مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت

جمعیۃ علمار ضلع گوڑگانوہ کی یہ کانفرنس دیش باپو مہاتما گاندھی کی مشفقانہ اور بزرگانہ پر خلوص ہمدردی کا تہ دل سے اعتراف کرتی ہے جو آپ نے خاص طور پر میو برادری کے ساتھ اپنی زندگی کے آخری دور تک جاری رکھی - یہ کانفرنس دیش باپو کے جانشین مسٹر ونوبھا بھاوے - پنڈت سندر لال - مسٹر سیتم [illegible] - مس مردولا سارا بھائی - مس امتہ السلام اور مرکزی جمعیۃ علمار ہند کے نائب صدر حضرت مولانا احمد سعید صاحب حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب - ناظم اعلیٰ جمعیۃ علمار ہند حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب - مولانا عبد الغنی صاحب ڈار - جنرل شاہ نواز - ٹھاکر رام دیو یادو - مودھو بیانی سکریٹری شری دلو دیا [illegible] - بابو چوہدری ہرلال صاحب وکیل گوڑگانوہ - پنڈت جیون لال صاحب ایم ایل اے - مولانا محمد نعیمی صاحب دہلوی کا شکریہ ادا کرتی ہے اور ساری برادری کی طرف سے شکریہ ادا کرتی ہے کہ ضلع گوڑگانوہ میں مسلمانوں کی آبادی کا سہرا آپ ہی حضرات کے سر ہے -

یہ کانفرنس توقع رکھتی ہے کہ ان بزرگوں اور رہنماؤں کی یہ کوششیں [illegible] آپ ہوں -

محرک مولانا عبد الحنان صاحب - مؤید مولوی [illegible] صاحب

ضلع کپورتھلہ میں زبردست ڈاکہ

کپورتھلہ ۱۳ اپریل - موضع [illegible] نامی ایک شخص کے گھر میں زبردست ڈاکہ پڑنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے - معلوم ہوا ہے کہ ڈاکو نقدی تین ہزار روپیہ کا سامان لے گئے -

ڈاکو دس ہزار روپے لے گئے

پٹیالہ ۵ اپریل - موضع [illegible] میں ڈاکوؤں کے ایک مسلح گروہ نے ایک زمیندار کے مکان پر ڈاکہ مارا اور اس کا قیمتی سامان اور نقد روپیہ چھین کر لے گئے - مسروقہ سامان کی مالیت دس ہزار روپیہ بیان کی جاتی ہے -

اغوا کنندہ گرفتار

ڈیرہ دون ۵ اپریل - تلسی داس نامی ایک شخص اس الزام میں گرفتار ہوا ہے کہ اس نے کنگس وے ریفیوجی کیمپ نئی دہلی کی ایک لڑکی کا اغوا کرلیا تھا - تلسی داس کو جیل میں بند کردیا گیا - اور لڑکی کو ڈاکٹری معائنہ کے لئے بھیج دیا گیا -

اطالیہ سے روس کا احتجاج

ماسکو ۵ اپریل - کل رات باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ روس نے اطالیہ کو ایک احتجاجی نوٹ میثاق اوقیانوس میں شامل ہونے پر بھیجا ہے لیکن ابھی تک اس نوٹ کی تفصیلات معلوم نہیں ہوئیں -

فہرست کتب

مفت طلب کیجئے

سب رس کتاب گھر دیوبند (یوپی)

کانگریس کمیٹی ضلع گوڑگانوہ کانفرنس کی تجاویز

پھر لیساؤ کانفرنس کے فیصلے کی حمایت

[illegible]

(۱) یہ کانفرنس [illegible] سید حسین صاحب سفیر مصر وحافظ محمد یعقوب صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر اظہار افسوس وتعزیت کرتی ہے - اور ان کے لئے دعا مغفرت کرتی ہے کہ پرماتما ان کی روح کو سدگی اور شانتی دیں اور ان کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتی ہے -

(۲) یہ کانفرنس پھر لیساؤ کانفرنس ہندوستان و پاکستان کے پاس شدہ ریزولیوشن کی پرزور حمایت کرتی ہے اور حکومت ہند سے پھر لیساؤ کانفرنس کی تجویز کے تحت مطالبہ کرتی ہے کہ علاقہ میوات کے وہ خاندان جو آدھے ادھر آدھے ادھر سخت پریشانی میں ہیں، انھیں فوری طور پر مستقل طور پر پرمٹ دے کر ان کے لانے کا انتظام کریں، اور انھیں اپنے گھروں میں واپس لایا جائے -

بابو چودھری ہرلال محرک چودھری محمد یاسین خاں مؤید

(۳) ضلع ہذا کے کثیر مسلمان ملازمین - ڈاکٹر و ہیڈ ماسٹر پولیس مین - پٹواری - مدرس - چپڑاسیان وغیرہ جو کہ پاکستان چلے گئے تھے اور انھوں نے ملازمت کرنے سے انکار کیا، انھوں نے از خود اپنی ڈیوٹیاں نہیں چھوڑیں - ان لوگوں کو ملازمت سے [illegible] اور [illegible] سال کا عرصہ ہوگیا - [illegible] یہ کانفرنس اس پر اظہار افسوس کرتی ہے اور گورنمنٹ مشرقی پنجاب سے سفارش کرتی ہے کہ مسلم ملازمین کو اصل جگہوں اور سابقہ گریڈ اور تنخواہوں پر مقرر کیا جائے - [illegible]

ماسٹر برکت خاں محرک

تائید کنندہ - منشی دیوی رام

(۴) یہ کانفرنس گورنمنٹ ہند مشرقی پنجاب کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ ان علاقوں میں [illegible] کا کام شروع کیا گیا - [illegible]

محرک مولوی محمد داؤد خاں - تائید کنندہ مولوی حسن خاں

(۵) یہ کانفرنس مرکزی صوبائی گورنمنٹ سے درخواست کرتی ہے کہ ضلع گوڑگانوہ ، اضلاع الور ، بھرت پور کے تمام ملکی مسلمانوں کے بچوں کے لئے ہندی کے ساتھ ابتدائی کلاس میں ہی اردو کی تعلیم کا انتظام کرے جو ہمارے پیارے دیش کی ایک مانی ہوئی زبان ہے - جس میں ہمارا بیشتر علمی و قومی لٹریچر موجود ہے -

[illegible]

(۶) یہ کانفرنس علاقے کے تمام مسلمانوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ جلد از جلد کانگریس کے ممبر ہوجائیں جو ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جس کے ہاتھوں ملک کی باگ ڈور کا رہنا ملکی آزادی کے لئے ضروری ہے -

محرک نور محمد - تائید کنندہ سکریٹری کمیٹی کانگریس [illegible]

(۷) یہ کانفرنس حکومت کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ [illegible]

انجمن بقائے ادب مراد آباد

مراد آباد - ابتدائی [illegible] انجمن بقائے ادب کے اجلاس میں جو زیر صدارت جناب حاجی سعید صاحب منعقد ہوا حسب ذیل عہدیدار منتخب ہوئے - صدر حاجی سعید احمد صاحب نائب صدر مولوی محمد قاسم صاحب جنرل سکریٹری - جناب [illegible] مراد آبادی - سکریٹری محمد علی صاحب [illegible] ناشر - جناب قوام صاحب مراد آبادی -

بھرت پور و دھولپور کا مستقبل

حکومت نے تحقیقاتی کمیٹی مقرر کردی

نئی دہلی - ۵ اپریل - ایک پریس کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ الور اور بھرت پور میں اس بات پر اتفاق ہے کہ ان کو راجستھان یونین میں ملا دیا جائے -

جہاں تک بھرت پور اور دھولپور کا تعلق ہے وہاں پر اس بات میں اختلاف رائے پایا جاتا ہے کہ آیا ان کو راجستھان میں شامل ہونا چاہئیے - یا یوپی میں -

رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے حکومت نے تین اشخاص مسٹر شنکر راؤ دیو - مسٹر [illegible] - مسٹر [illegible] پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو اس ماہ کے آخر تک اپنی رپورٹ پیش کردے گی -

الہ آباد میں راشن کی دکان پر عورتوں کا حملہ

الہ آباد ۵ اپریل - الہ آباد کی چالیس عورتوں نے راشن کی ایک دکان پر حملہ کیا - دکان پر کام کرنے والے کو مار کر دکان سے نکال دیا - انہوں نے کہا کہ دو روز سے ان کو راشن کا کوئی نہیں ملا - اور ان کے بچے بھوکے ہیں - [illegible]

ہند چینی کی سرحد پر کمیونسٹوں کے حملے

فرانسیسی فوجی ہیڈ کوارٹر کا اعلان

سیگاؤں ۵ اپریل - فرانسیسی فوجی ہیڈ کوارٹر سے اعلان کیا گیا ہے کہ ہند چینی کی سرحد پر گذشتہ ہفتہ چینی کمیونسٹوں نے حملہ کیا تھا - اور وہ ابھی اسی علاقہ میں شورش پھیلا رہے ہیں - ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ [illegible]

[illegible]

رکشا کے پیچھے لٹکنے کا نتیجہ

[illegible]

بدنظمی اور رشوت ستانی

[illegible]

مزدوروں کی پکار

ششیاں

تین ماشے کی شیشی سے لے کر چار اونس کی شیشی تک عمدہ خوبصورت مضبوط اور دوسرے کارخانوں کے مقابلے میں سستا مال روانہ کیا جاتا ہے -

بیوپاری صاحبان ایک بار ضرور فائدہ اٹھائیں - مزدوروں کی یہ فیکٹری آپ کی بہترین خادم ثابت ہوگی -

منیجر مزدور گلاس فیکٹری نینی ضلع الہ آباد

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ) نمبر ۶ کا صحیح حل

(۱) لب (۲) نام (۳) شور (۴) احسان (۵) گفتار (۶) خریدار (۷) رسم (۸) پاس (۹) چپل

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۷ر اپریل ۱۹۴۹ء

بین الاقوامی فیڈریشن

آج کل بعض مدبرین ورلڈ فیڈریشن، ورلڈ پارلیمنٹ ورلڈ یونین کی تجویز زور شور سے پیش کررہے ہیں یعنی موجودہ حکومتوں اور پارلیمنٹوں سے عالمی امن اور انسان کی خوشحالی کے لئے کچھ نہ ہوسکا بلکہ ان کی رقابتوں سے حالات اور بدتر ہوگئی اب اس کا آخری علاج یہ ہے کہ دنیا میں ایک سب سے بڑی پارلیمنٹ قائم کی جائے جو موجودہ حکومتوں کی نقل و حرکت پر قابو حاصل کرے اور حربی طاقتوں کو اپنی نگرانی میں لائے - مقصد یہ ہے کہ حکومتوں کی انفرادیت کو ختم ہونا چاہیئے اور ان پر ایک ایسے ادارہ کی نگرانی قائم ہونی چاہیئے جس کے ہاتھ میں بین الاقوامی فوج اور پولیس ہو اور جو جنگ کے حربی آلات کو اپنے کنٹرول میں رکھ سکے نہ بانس رہے گا نہ بانسری بجے گی، نہ حکومتوں کے پاس بم ایٹم بم، مشین گنیں، تحت البحر کشتیاں، تارپیڈو اور طیارے ہوں گے نہ وہ آپس میں لڑیں گی، نہ ان کی انفرادیت باقی رہے گی اور نہ وہ قادر مطلق بن کر اپنے اختیارات کا بیجا استعمال کرسکیں گی۔

انسان نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ اس کی زندگی معمول پر آجائے اور کچھ ایسے اصول اس کے ہاتھ لگ جائیں جن پر وہ نظام زندگی کو چلا سکے - انسان نے اس مقصد کے لئے عقل کے گھوڑے خوب دوڑائے اور اصلاح حال کے لئے ہر ممکن کوششیں کرکے دیکھ لیں مگر انسان کے مزاج اور سوسائٹی کے جذبات میں کوئی تغیر واقع نہیں ہوا - افراد بھی بگڑتے رہے اور جماعتیں بھی گمراہ ہوتی رہیں، حکومتوں نے وہ غضب ڈھائے کہ حیوانیت بھی مات ہوکر رہ گئی - گرچہ انسان نے سوسائٹی کی تعمیر کے لئے پارلیمنٹ اور کونسلیں بھی بنائیں، قوانین اور دستور کے انبار بھی لگائے، علم و دانش اور تہذیب و فنون کو بھی ارزاں کیا، سیاست اور مذہب کے نام پر انقلابات بھی برپا کئے اور نظام زندگی میں فٹ ہونے کے لئے بہت سے ” ازموں “ کو بھی جنم دیا مگر وہ بد سے بدتر - بدتر سے شیطان بنتا گیا اور اس کی فطرت ایسی مسخ ہوئی کہ تہذیب و تمدن کا کوئی تریاق اسے اصلی حالت پر نہ لاسکا۔

یہ وہ عہد جدید ہے جو آپ کے سامنے ہے، اسے ترقی اور روشن خیالی کا عہد کہہ لیجئے یا علوم و فنون ایجادات و اختراعات کا زمانہ کہہ لیجئے اسکے [illegible]

جمع ہوگئی ہے اور یہی وہ عہد ہے جس نے انسان پر انسانیت کو ہلاک کرنا سہل اور آسان بنادیا ہے -

مرنے والی جمعیۃ اقوام کو اسی لئے قائم کیا گیا تھا کہ کوئی طاقت بے لگام نہ ہو، مگر پہلی جنگ عظیم کے بعد دوسری جنگ عظیم ہوئی اور انسانی تدبیروں کے سامنے تقدیریت [illegible] ثابت ہوئے - دوسری جنگ سے بھی ہمارا پیٹ نہیں بھرا اس لئے تیاریاں کررہے ہیں کہ تیسری جنگ سے بھی ہمیں شرف نیاز حاصل ہو اور پچاس برس میں مرنے والی دنیا کا خاتمہ صرف دو برس میں ہوجائے - اگرچہ دنیا کی بڑی طاقتوں نے مجلس متحدہ اقوام کو عالمی امن کا ضامن بناکر بٹھایا تھا مگر نیتوں کی خرابی سے اب اسی کو جنگ کے لئے استعمال کیا جارہا ہے - غرض ہماری سیاست کی تقویم اور ہمارے معاشرہ کا قوام اس حد تک بگڑ چکا ہے کہ اب اس کی اصلاح نہ پارلیمنٹوں اور کونسلوں کے ذریعہ ہوسکتی ہے - نہ معاہدوں اور کانفرنسوں کے ذریعہ کوئی یونین، کوئی کونسل، کوئی ادارہ، اور کوئی فیڈریشن قیام امن اور اصلاح حال کا ذمہ نہیں لے سکتا - آخر مایوس ہوکر بین الاقوامی پارلیمنٹ کی تجویز کا نعرہ بلند کیا جارہا ہے یعنی ایک ایسا عالمی ادارہ جو تمام حکومتوں کی پولیس، فوج، آلات حرب اور اختیارات پر اپنا کنٹرول قائم رکھے اور جنگی کارخانوں کو اپنی نگرانی میں لے کر ہر طاقت کو مسلح کردے!

سوال یہ ہے کہ بلی کی گردن میں گھنٹی کون ڈالیگا وہ کون لوگ ہوں گے جو اس بین الاقوامی ادارہ کو وجود میں لائیں گے؟ کیا دنیا کی حکومتیں اس ادارہ کے حق میں فوج اور پولیس اور جنگی آلات سے دستبردار ہونا پسند کریں گی؟ کیا کوئی حکومت یہ چاہے گی کہ اس کا ایک بڑا آقا اس کے دروبست پر قابض ہو اور جنگ و امن کی کنجی اپنے ہاتھ میں رکھے؟ دنیا کے یہ نالائق اور گمراہ حکمران جنہوں نے لاکھوں انسانوں کے خون سے اپنی سیاست کو سینچا ہے کس طرح ... ایک بہاؤ فرشتہ اور نیکوں کے نیک بننے کی سعادت حاصل کریں گے؟ جن کے منہ کو خون لگ چکا ہو وہ پانی کے قطروں پر کس طرح قناعت کریں [illegible] [illegible]

اچھی باتیں!

لاتزر وازرۃ وزر اخرٰی (۲۲ پ ع ۱۵)

کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا تم اپنا بوجھ اٹھانے کے لئے بلاتے رہو گے قریبی رشتہ دار کو بھی اسے اٹھانے کی جرأت نہ ہوگی۔

عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح پھانسی پر چڑھ کر گناہ گاروں کا کفارہ ہوگئے بعض فاسد العقیدہ مسلمانوں کا بھی خیال ہے کہ اولیاء اللہ اور بزرگان دین انہیں بخشوا لینگے اور پیغمبر برحق کی شفاعت سے ان کا بیڑا پار ہوجائیگا شفاعت حق ہے مگر بدکاروں اور خدا کے باغیوں کے لئے کوئی شفاعت نہیں، اور یہ خیال تو سراسر باطل ہے کہ کوئی شخص کسی دوسرے کا گناہ اٹھائے گا اور نیک کو بدکار کے بدلہ میں سزا ملے گی۔ اگر بیٹے کا درد باپ کے علاج سے دور نہیں ہوسکتا، اگر باپ کی بھوک بیٹے کی شکم سیری سے دور نہیں ہوسکتی تو ایک کا گناہ دوسرے کے سر نہیں لادا جاسکتا۔ یہ عقیدہ انسان کو بدکار بنانے اور جرائم [illegible] بنانا ہے اور اس باب میں اسلام کی اصلاح یہ ہے کہ جو کرے گا وہ بھرے گا تاکہ افرادوں میں ذمہ داریوں کا احساس پیدا ہو اور ان میں بے حسی کی وبا نہ پھوٹے۔

شام کو ہندوستان سے کپڑا سپلائی کیا جائیگا

دمشق - ۴ر اپریل - معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے اس سال کی پہلی ششماہی میں دو ہزار ٹن اونی کپڑا شام کو روانہ کرنا منظور کیا ہے۔ (رکلوب)

عراق کو پٹ سن کی سپلائی

بغداد - ۴ر اپریل - حکومت ہند کے ایک اعلان میں بتایا گیا کہ اس سال عراق کو دو ہزار دو سو ٹن پٹ سن ہندوستان سے سپلائی کرا جائے گا۔ (رکلوب)

سیاست امروز

برما کا انقلاب

برما کے چھ وزیر مستعفی ہوگئے ہیں ان میں سے چار وزیر غیر سوشلسٹ ہیں اور دو عوامی رضاکار پارٹی کے پیلے بازو سے تعلق رکھتے ہیں عوامی پارٹی سوشلسٹ پارٹی سے ملحق ہوچکی ہے - ابتدا میں رضاکار پارٹی اینٹی فاشسٹ لیگ کا جس کے صدر خود تھاکن نو ہیں صرف فوجی جماعت تھی - بعد میں یہ جماعت دو گروہوں میں تقسیم ہوگئی - سفید بازو کمیونسٹوں سے مل کر بغاوت میں شامل ہوگیا اور دوسرا گروہ یعنی پیلا بازو حکومت کا وفادار رہا لیکن اب معلوم ہوتا ہے یہ پیلا بازو بھی باغی ہوگیا ہے جس کا ثبوت اس گروپ کے دو وزیروں کا مستعفی ہوجانا ہے۔

ان چھ وزیروں کے مستعفی ہوجانے کے بعد بھی تھاکن نو کی کابینہ کو وزیروں کی تعداد گیارہ باقی رہ جاتی ہے - گویا اس سے قبل ان کی وزارت سترہ وزیروں پر مشتمل تھی - ہندوستان جیسے ۳۴ کروڑ آبادی والے ملک میں صرف ۱۵ وزیر اور ایک کروڑ ستر لاکھ آبادی والے ملک میں سترہ وزیروں کا تقرر ظاہر کرتا ہے کہ برما کی حکومت کتنے گروپوں پر مشتمل ہے اور جو حکومت اتنے گروپوں پر مشتمل ہوگی وہ ظاہر ہے کبھی کامیاب نہیں کہی جاسکتی یہی وجہ ہے کہ کیرن باغیوں کی طاقت بڑھتی جارہی ہے اور جب کہ دشمنوں کے مقابل میں [illegible] [illegible] ہی نقصان کی صورت پیدا کرسکتی ہے -

اٹلانٹک پیکٹ

روس نے اٹلانٹک پیکٹ پر اپنی سخت ناراضگی کا اظہار کیا ہے اور اسے نہ صرف روس کے خلاف ایک جارحانہ اقدام سے تعبیر کیا ہے بلکہ اسے اقوام متحدہ کے چارٹر یالٹا اور پوٹسڈم کے معاہدوں کی خلاف ورزی بھی بتایا ہے -

اٹلانٹک پیکٹ پر مغرب کی تمام بڑی بڑی طاقتوں نے دستخط کئے ہیں صرف روس ہی وہ بڑی طاقت ہے جسے اس سے الگ رکھا گیا ہے - اسکا صریحاً یہی مطلب ہیکہ روس ہی کی پیکٹ کے خلاف شکوک و شبہات کا پیدا ہونا ایک قدرتی بات ہے - سوال یہ ہے کہ جب اقوام متحدہ کی انجمن پہلے ہی سے موجود ہے اور وہ پورے دنیا میں امن و امان کی ذمہ دار ہے تو اس نئے پیکٹ کی کیا ضرورت تھی - اٹلانٹک پیکٹ دراصل انجمن اقوام متحدہ کی کمزوری پر دلالت کرتا ہے اور اس سے ان شبہات کو اور تقویت حاصل ہوتی ہے کہ انجمن اقوام متحدہ بھی پرانی انجمن اقوام سے کچھ زیادہ مضبوط ثابت نہیں ہوگی -

شام اور ترکی

شام کے حالیہ انقلاب سے ترکی میں ایک خاص قسم کی بے چینی محسوس کی جارہی ہے اور اگرچہ ابھی انقلاب کی تفصیلات موصول نہیں ہوئی ہیں شام کی خبروں سے اندازہ کیا جارہا ہے لیکن عام رائے یہ ہے کہ شام میں جو کچھ ہوا وہ دوسرے عرب ممالک کے اتحاد پر اثر انداز ہونے کا ایک خطرناک مثال ہے -

عرب ممالک اور ترکی کے متعلق اس سے قبل جو خبریں موصول ہوئی تھیں ان میں بتایا گیا تھا کہ ترکی یہ محسوس کرتا ہے کہ اسرائیل اور عرب ممالک کے ابھی جھگڑے ہیں مشرق وسطیٰ کا استحکام عمل میں آسکتا ہے شاید اسی لئے ترکی نے نہ صرف فلسطینی کمیشن کی ممبری قبول کی بلکہ یہودی حکومت کو بھی تسلیم کرلیا - لیکن شام کے انقلاب نے صورت حال بالکل بدل دی ہے اور نہیں کہا جاسکتا کہ ترکی اپنے مقاصد میں کہاں تک کامیاب ہوگا - جو کچھ ہو ترکی شام کے واقعات کو بڑی دلچسپی کے ساتھ دیکھ رہا ہے اور ایک نامہ نگار کی اطلاع کے مطابق اگر ضرورت محسوس کی گئی تو ترکی شام کی سرحد پر احتیاطی اقدامات بھی اختیار کرے گا۔

باہمی اعتماد، پریم اور محبت کے باغ کو سرسبز و شاداب رکھنے کی جدوجہد

لکھنؤ کے تاریخی شہر میں جمعیۃ علمار ہند کے سالانہ اجلاس کی تیاریاں

مجلس استقبالیہ کی مسلمانان صوبہ یوپی سے اہم اپیل

لکھنؤ [illegible] مجلس استقبالیہ اجلاس عام جمعیۃ علمار ہند لکھنؤ نے حسب ذیل اعلان بغرض اشاعت روانہ کیا ہے کہ آج جب کہ آزاد ہندوستان کی جدید تعمیر کا کام شروع ہوچکا ہے - برطانوی ڈپلومیسی کی فرقہ وارانہ دیواریں ایک ایک کرکے گرائی جارہی ہیں باہمی اعتماد، پریم اور محبت کے باغ کو سرسبز اور شاداب کرکے وطن عزیز کو جنت نشان بنانے کی کوششیں ہورہی ہیں جمہوریت کی ہموار سطح پر آزادی فکر اور آزادی خیال کے ذرائع عام کئے جارہے ہیں [illegible]

اور مذہب کی حفاظت کا پروگرام معلوم کرنے کے لئے چاہتے ہیں تاکہ وہ اپنے دائرہ میں آزادی فکر اور آزادی مذہب کی دولت سے بہرہ مند ہوں [illegible]

کرنے کی دعوت دیتا ہے تاکہ مرکزی جمعیۃ علمار کے محترم اراکین اور نمائندگان ہندوستانی تہذیب کے اس قدیم گہوارہ میں جمع ہوکر اپنے وسیع تجربات، گہری واقفیت اور ایمانی فراست سے کام لے کر ملت اسلامیہ کے ان عظیم مقاصد کے لئے لائحہ عمل مرتب فرمائیں - چنانچہ آل انڈیا جمعیۃ علمار کی مجلس عاملہ کے فیصلہ کے مطابق [illegible]

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی دامت برکاتہم منعقد ہوگا اس اجلاس میں ہندوستان کے تمام اطراف سے ہزاروں علمائے کرام، رہنمایان ملت اور خادمان مذہب جمع ہوکر مسلمانوں کے مستقبل کو روشن اور ترقی پذیر بنانے کا پروگرام تیار کریں گے - لہذا ہر مسلمان اور مسلمانان اضلاع مشرقی کا بلکہ صوبہ یوپی کے ہر حصہ کے مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس اجلاس کی اہمیت کو پیش نظر رکھیں اور ہر قسم کی زیادہ سے زیادہ مالی امداد اور جانی امداد کریں تاکہ حالات کے تقاضوں کے مطابق نہایت شاندار طریقہ پر کامیاب ہو - خصوصاً یہ اجلاس علمائے کرام، رہنمایان وطن کی شرکت کے اعتبار سے ہندو مسلم اتحاد [illegible]

خودداری کا تقاضہ

پنڈت جواہر لال نہرو نے یوپی اسمبلی کے کانگریسی ممبروں اور کارکنوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے پھر اپنی اس پالیسی کا اعلان کیا ہے کہ " ہندوستان کسی بلاک میں شامل نہ ہوگا، ہندوستان جنگ کرنے کے لئے کبھی کسی حکومت سے فوجی معاہدہ نہیں کرے گا اسی طرح ہندوستان سے یہ بھی نہ ہوگا کہ وہ اٹلانٹک اور بحر الکاہل کے معاہدوں میں شریک ہو " ہندوستان کی پالیسی کا اس سے بڑھ کر صاف اور غیر مشتبہ اعلان اور کوئی نہیں ہوسکتا، ہندوستان کی شان یہی ہے کہ وہ اپنی خودداری کو قائم رکھے اور فوجی جتھہ بندیوں سے الگ رہے، ہندوستان کا پیغام امن و سلامتی ہے اور اسے اپنا یہ فرض پورا کرنا چاہیئے، ہندوستان خود دار ہے لیکن یورپ اور امریکہ اس کے قدرشناس نہیں ہیں وہ ہندوستان کو اپنی راہ پر چلانے کے لئے پورا جوڑ توڑ کررہے ہیں بہت بڑا معجزہ ہوگا اگر ہمارا ملک ان سازشوں سے بال بال بچا رہے اور ان کی چالوں کا شکار نہ ہو [illegible]

افریقہ کے ساتھ نہ صرف برطانیہ اور امریکہ کی ملی بھگت ہے بلکہ خود متحدہ اقوام کا دامن بھی جانبداری کے داغ سے پاک نہیں ہے!

انجمن اتحاد و ترقی مراد آباد کا جلسہ

مراد آباد - [illegible] ٹاؤن ہال میں ہندوستانی مسلمانوں کے سلسلہ میں جناب بابو منی [illegible] مراد آباد کی صدارت میں ایک عظیم الشان جلسہ ہوا جس میں شہر کے ہر فرقے و ہر پارٹی کے شہریوں نے بڑی دلچسپی سے حصہ لیا مولانا مقصود احمد صاحب ترکی نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا - آپ کے بعد مولانا محمد قاسم صاحب و منشی علیم الدین صاحب مراد آبادی نے اتحاد پر تقریریں کیں - بعد ازاں [illegible] مراد آباد نے تقریر کی [illegible] مراد آباد کے [illegible] یہ فخر حاصل ہے کہ انہوں نے بربریت و جنون کے عالم میں بھی ہمارا شہر ہر قسم کے فساد سے محفوظ رہا اور اب بھی یہاں کی فضا نہایت خوش گوار ہے -

آخر میں صاحب صدر نے جناب بابو منی [illegible] کی صدارتی تقریر میں فرمایا کہ کانگریسی گورنمنٹ کی بنیاد [illegible]

جنرل فرانکو کے اقتدار سنبھالنے کی سالگرہ

میڈرڈ میں فوجیوں کا زبردست مظاہرہ

میڈرڈ - ۵ر اپریل - جنرل فرانکو نے گھوڑے سوار محافظ دستے کی حفاظت میں شہر کی اہم شاہراہ پر ۱۸ ہزار مسلح فوج کی سلامی لی -

اسپین کی خانہ جنگی کے خاتمے کی اور جنرل فرانکو کے برسر اقتدار آنے کی دسویں سالگرہ تھی - اس مظاہرے سے فوج نے ظاہر کیا کہ اس کا مقصد فوج کے اتحاد طاقت اور جنرل فرانکو کے ساتھ اس کی وفاداری کا مظاہرہ کرنا تھا - جنرل فرانکو کی جماعت کے ہزاروں افراد جو کہ پہلے فوج کے ساتھ پریڈ کیا کرتے تھے اس تقریب میں نمایاں حیثیت سے دکھائی دے رہے تھے اور مجمع کے ساتھ خوشی کا اظہار کررہے تھے -

بارسلونا میں بھی مسلح فوج نے پریڈ کی لیکن چونکہ حال ہی میں دہشت پسندوں نے کئی بار حملے کئے تھے پولیس کا انتظام دگنا کردیا گیا تھا - (رکلوب)

مزدوروں کے لئے مکانات

ناگپور - ۴ر اپریل - حکومت سی پی نے مزدوروں کے لئے نئے مکانات وغیرہ تیار کرنے کے سلسلے میں ایک بورڈ قائم کیا ہے - [illegible]

مارشل ٹیٹو نے یونان کے باغیوں کی امداد کرنا بند کردیا

بلگریڈ - ۴ر اپریل - غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق مارشل ٹیٹو آہستہ آہستہ یونان کے باغیوں سے امداد واپس کھینچ رہے ہیں -

اس کا یونان کی خانہ جنگی پر بڑا گہرا اثر پڑے گا اسلحہ بارود مہیا کرنے کے علاوہ مارشل ٹیٹو باغیوں کو محفوظ جنگی معاملہ کے لئے ادویات بھی مہیا کرتا تھا -

امداد کا ہاتھ واپس کھینچ لینے کی وجہ سابق کمیونسٹ لیڈر مارکوس کی برطرفی بتائی جاتی ہے - کیونکہ اب مارشل ٹیٹو کے بہت نزدیک تھے - کامنی فارم نے یوگوسلاویہ کے خلاف جو اعصابی جنگ شروع کر رکھی ہے اسکی رفتار کوئی کمی واقع نہیں ہوئی ہے - کامنی فارم کے ایجنٹ یہ خبریں پھیلا رہے ہیں کہ روسی افواج نے البانیہ میں نقل و حرکت شروع کردی ہے -

اصلیت یہ ہے کہ روس نے گذشتہ ماہ میں وہاں فوجیوں کی ایک ہزار آدمیوں کو [illegible] مغربی فوجی مبصروں کا خیال ہے کہ [illegible] کے خلاف البانیہ کے اندر [illegible] (رکلوب)

[illegible]

برائے اطلاع عام

مشرقی پنجاب کے ایڈوکیٹ جنرل (ایڈمنسٹریشن آف ایویکوی پراپرٹی) ایکٹ ۱۹۴۸ء کی رو سے جس کا صوبہ دہلی پر اطلاق ہے، کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں کا قبضہ لے لیا ہے جس کا اعلان حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۱۹ مارچ ۱۹۴۹ء میں کیا گیا ہے۔

نمبر مسلسل	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے	نمبر مسلسل	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
۳۹۹۱	۱۲۲۶۱	ملتانی ڈھانڈہ گلی نمبر ۱	[illegible]	۴۰۶۳	۳۸/۱۲۴۴۹	گلی نمبر ۷ ملتانی ڈھانڈہ	دونوں
۳۹۹۲	۱۲۲۶۶	〃	〃	۴۰۶۴	۱۲۴۵۰	〃	〃
۳۹۹۳	۱۲۲۸۵	〃	〃	۴۰۶۵	۱۲۴۵۱ A	〃	〃
۳۹۹۵	۱۲۲۹۹	〃	〃	۴۰۶۶	۱۲۴۵۳	〃	〃
۳۹۹۶	۸/۱۲۳۰۱	〃	〃	۴۰۶۷	۱۲۴۵۴	〃	〃
۳۹۹۷	۱۲۳۳۲	گلی نمبر ۲ ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۰۶۸	۱۲۴۵۵	گلی نمبر ۸ ملتانی ڈھانڈہ	〃
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳۹۹۹	۳۹/۱۲۳۳۸	〃	〃	۴۰۷۰	۱۲۴۵۹ – B	〃	〃
۴۰۰۰	۱۲۳۵۰	〃	〃	۴۰۷۱	۱۲۴۶۱	〃	〃
۴۰۰۱	۱۲۳۵۳	〃	〃	۴۰۷۲	۸۲/۱۲۴۶۴	ملتانی ڈھانڈہ	ملکیت [illegible]
۴۰۰۲	۵۵/۱۲۳۵۴	گلی نمبر ۲	〃	۴۰۷۳	۱۲۴۶۷	〃	دونوں
۴۰۰۳	۱۲۳۵۸	ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۰۷۴	۱۲۴۶۸	〃	〃
۴۰۰۴	۱۲۳۶۰	〃	〃	۴۰۷۵	۱۲۴۶۹	〃	〃
۴۰۰۵	۱۲۳۶۲	گلی نمبر ۲	〃	۴۰۷۶	۱۲۴۷۰	〃	〃
۴۰۰۶	۶۶/۱۲۳۶۵	〃	〃	۴۰۷۷	۱۲۴۸۲	〃	〃
۴۰۰۷	۱۲۳۶۱	〃	〃	۴۰۷۸	۱۲۴۸۳	〃	〃
۴۰۰۸	۱۲۳۶۳	〃	〃	۴۰۷۹	۱۲۴۸۵	〃	〃
۴۰۰۹	۱۲۳۶۴	〃	〃	۴۰۸۰	۱۲۴۸۴	〃	〃
۴۰۱۰	۱۲۳۶۸	〃	〃	۴۰۸۱	۱۲۴۸۶	〃	〃
۴۰۱۱	۱۲۳۸۲	گلی نمبر ۳	〃	۴۰۸۲	۳۹/۱۲۴۳۲	〃	〃
۴۰۱۲	۱۲۳۸۸	〃	〃	۴۰۸۳	۱۲۴۹۴	〃	〃
۴۰۱۳	۹۲/۱۲۳۹۱	〃	〃	۴۰۸۴	۱۲۹۲۶	〃	〃
۴۰۱۴	۹۹/۱۲۳۹۳	〃	〃	۴۰۸۵	۱۲۹۲۸	〃	〃
۴۰۱۵	۱۲۴۶۰	ملتانی ڈھانڈہ گلی نمبر ۳	〃	۴۰۸۶	۱۲۸۰۱	〃	〃
۴۰۱۶	۱۲۴۶۳	〃	〃	۴۰۸۷	۵/۱۲۸۰۳	〃	〃
۴۰۱۷	۱۲۴۶۶	〃	〃	۴۰۸۸	۱۲۸۰۶	〃	دونوں ایک فلیٹ
۴۰۱۸	۱۲۴۴۵	〃	〃	۴۰۸۹	۱۶/۱۲۸۱۶	〃	دونوں
۴۰۱۹	۱۲۴۸۳	〃	〃	۴۰۹۰	۱۲۸۳۰	〃	〃
۴۰۲۰	۵۶/۱۲۴۹۰	〃	〃	۴۰۹۱	۱۲۸۳۱	〃	〃
۴۰۲۱	۶۳/۱۲۴۹۸	〃	〃	۴۰۹۲	۱/۳۴۲۹	گلی نجاریان سبزی منڈی	〃
۴۰۲۲	۳۱/۱۲۵۳۰	〃	〃	۴۰۹۳	۱۲/۳۵۰۵	〃	〃
۴۰۲۳	۱۲۵۳۲	〃	〃	۴۰۹۴	۹۵/۳۵۹۲	〃	〃
۴۰۲۴	۶۰/۱۲۵۳۹	گلی نمبر ۳ ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۰۹۵	۳۵۹۶	〃	〃
۴۰۲۵	۱۲۵۶۸	〃	〃	۴۰۹۶	۳۵۹۷	〃	〃
۴۰۲۶	۱۲۵۷۹	〃	〃	۴۰۹۷	۳۵۹۸	〃	〃
۴۰۲۷	۱۲۵۸۰	〃	〃	۴۰۹۸	۳۵۹۹	〃	〃
۴۰۲۸	۱۲۵۸۳	〃	〃	۴۰۹۹	۳۶۰۰	〃	〃
۴۰۲۹	۱۲۵۸۸	〃	〃	۴۱۰۰	۳۶۰۱	〃	〃
۴۰۳۰	۱۲۵۹۱	〃	〃	۴۱۰۱	۳۶۰۲	〃	〃
۴۰۳۱	۱۲۵۹۹	گلی نمبر ۵ ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۱۰۲	۳۶۰۳	〃	〃
۴۰۳۲	۱۲۶۰۵	〃	〃	۴۱۰۳	۳۶۰۴	〃	〃
۴۰۳۳	۱۲۶۲۵	〃	〃	۴۱۰۴	۳۶۰۶	〃	〃
۴۰۳۴	۱۲۶۲۸	〃	〃	۴۱۰۵	۳۶۱۰	〃	〃
۴۰۳۵	۱۲۶۲۳	〃	〃	۴۱۰۶	۳۶۹۳	گلی [illegible] والی	〃
۴۰۳۶	۱۲۶۳۰	〃	〃	۴۱۰۷	۳۶۹۹	آرام پورہ	〃
۴۰۳۷	۱۲۶۳۲	〃	〃	۴۱۰۸	۴۴۰۲	〃	ملکیت
۴۰۳۸	۱۲۶۳۴	〃	〃	۴۱۰۹	۴۴۰۳	〃	کرایہ داری
۴۰۳۹	۱۲۶۵۴	〃	〃	۴۱۱۰	۴۴۰۴	〃	〃
۴۰۴۰	۱۲۶۶۸	〃	〃	۴۱۱۱	۴۴۰۵	〃	〃
۴۰۴۱	۱۲۶۸۱	〃	〃	۴۱۱۲	۴۴۵۸	گلی [illegible] بازار	کرایہ داری
۴۰۴۲	۱۲۶۸۲	〃	〃	۴۱۱۳	۴۴۵۹	گلی [illegible] سبزی منڈی	دونوں
۴۰۴۳	۹۳/۱۲۶۸۹	〃	〃	۴۱۱۴	۴۴۶۳	〃	〃
۴۰۴۴	۱۲۶۹۳	〃	〃	۴۱۱۵	۴۴۸۲	〃	〃
۴۰۴۵	۱۲۶۹۵	〃	〃	۴۱۱۶	۴۴۸۵	〃	〃
۴۰۴۶	۱۲۶۹۶	〃	〃	۴۱۱۷	۴۸۳۶	[illegible] والی گلی	〃
۴۰۴۷	۱۲۷۰۰–۱۲۶۹۹	ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۱۱۸	۵۰۳۳	[illegible]	〃
۴۰۴۸	۱۲۷۰۳	ملتانی ڈھانڈہ گلی نمبر ۴	〃	۴۱۱۹	۵۰۳۴	〃	〃
۴۰۴۹	۱۲۷۰۴	〃	〃	۴۱۲۰	۵۰۳۶	〃	〃
۴۰۵۰	۱۲۷۰۵	〃	〃	۴۱۲۱	۵۰۳۸	〃	〃
۴۰۵۱	۱۲۷۰۶	〃	〃	۴۱۲۲	۵۰۴۰	〃	ملکیت
۴۰۵۲	۱۲۷۰۸	〃	〃	۴۱۲۳	۵۰۴۲	〃	دونوں
۴۰۵۳	۱۲۷۰۹	〃	〃	۴۱۲۴	۵۰۴۳	〃	〃
۴۰۵۴	۱۲۷۱۰	〃	〃	۴۱۲۵	۵۰۴۴	〃	〃
۴۰۵۵	۱۲۷۱۱	〃	〃	۴۱۲۶	۵۰۴۵	〃	〃
۴۰۵۶	۱۲۷۲۲	〃	〃	۴۱۲۷	۵۰۴۶	〃	ملکیت
۴۰۵۷	۱۲۷۲۳	〃	〃	۴۱۲۸	۵۰۴۹	〃	دونوں
۴۰۵۸	۱۲۷۲۴	〃	〃	۴۱۲۹	۵۰۵۰	〃	〃
۴۰۵۹	۱۲۷۲۸	〃	〃	۴۱۳۰	۵۰۵۱	〃	ملکیت
۴۰۶۰	۲۱/۱۲۷۳۶	گلی نمبر ۴ ملتانی ڈھانڈہ	〃	۴۱۳۱	۵۰۵۲	〃	〃
۴۰۶۱	۱۲۷۴۵	〃	〃	۴۱۳۲	۵۰۵۳	〃	دونوں
۴۰۶۲	۱۲۷۵۰	〃	〃				

کاتب صاحب کی غلطی کا ازالہ ضروری ہے (د۔ ق)

ویگلور ضلع ناندیڑ میں جمعیۃ علماء کی شاخ کا قیام

یتیموں اور مظلوموں کی امداد کیلئے مولوی نصرت الحق کی مساعی

ویگلور (بذریعہ ڈاک) مسلسل چھ ماہ کی خاموشی کے بعد ویگلور ضلع ناندیڑ کے ہردلعزیز مولوی محمد نصرت الحق قریشی نے مسلمانان ویگلور کو ایک جلسہ میں خطاب فرمایا۔ یہ جلسہ صاحب موصوف کی ہدایات پر قیام جمعیۃ علماء کے سلسلہ میں منعقد ہوا تھا۔ آپکی ہستی ہر دو فرقے کے لئے خداداد نعمت ہے۔ قیام امن کے سلسلہ میں مولوی صاحب کی جدوجہد فراموش نہیں کی جاسکتی۔ آپ نے مسلمانوں کی تباہ حالی اور بربادی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔

[illegible] پالنے اور پرورش کرنے والا ہے چھوڑ دیا۔ ہم نے اس کتاب کو جو اس مالک حقیقی نے ہمارے لئے اپنے پیغمبر محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ ہمارے پاس بھیجی۔ ایسے بھول بیٹھے کہ جیسے اس سے ہمیں کچھ تعلق ہی نہیں ہے اس رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال و اقوال سے جو ہمارے قرآن کی تفسیر ہیں منہ موڑ لیا۔ اور وہ سب کچھ کرنے لگے جو انسان کی تباہی کا باعث ہیں۔ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ زبان سے تو ہم لا الہ الا اللہ کہتے ہیں مگر عملاً بیسیوں خداؤں کی عبادت اپنا شعار بنالیا۔ جن میں سب سے بڑا خدا ہمارے نفس کی [illegible] گئے۔ [illegible] چہرہ دنیا پر گذر رہا ہے۔

بہرحال اب ہمیں اپنے سابقہ اعمال سے توبہ کرنی چاہیئے اور نہایت احتیاط سے آئندہ قدم اٹھانا چاہیئے۔ تاکہ ہم مزید تباہیوں سے بچے رہیں۔ اگر انفرادی طور پر غور کرنے بیٹھے تو ہم پورے سماج کو شاید درست نہ کرسکیں۔ اس کے لئے ہمیں اجتماعی حیثیت سے غور کرنا ہے۔ یہاں ایک پلیٹ فارم سے اپنے کام کا آغاز کرنا چاہیئے تاکہ صحیح طور سے غور و فکر ہوسکے اور راہ سے بھٹکنے نہ پائیں۔ اگر ہم اس غرض سے کوئی نئی تنظیم قائم کریں گے۔ تو اس میں ہمیں بہت سی مصیبتیں اٹھانی پڑیں گی۔ اور شاید وہ ہمارے لئے سود مند بھی نہ ہو۔ اس لئے بہتر ہے کہ ہم جمعیۃ علماء کی شاخ اپنے یہاں قائم کریں۔ اور اس پلیٹ فارم پر جمع ہوکر اپنی ملت کی قابل محترم ہستیوں کی رہنمائی میں اپنے سماج اور معاشرے کی درستی کی طرف خدا اور اس کے رسول کے احکامات کے تحت رجوع ہو جائیں۔ جمعیۃ کی شاخ کے قیام کرنے میں مولوی شبیر حسن صاحب سے عرض کروں گا۔ کہ وہ آگے بڑھیں اور مسلمانان ویگلور کو چاہیئے کہ وہ سب کے سب آپ کی قیادت کے تحت اپنی درستی میں لگ جائیں۔ مولوی صاحب قبلہ جیسے متقی رہنما کا وجود ہمارے لئے بہت ہی غنیمت ہے۔ ارکان وغیرہ کا انتخاب بھی مولوی صاحب ہی پر چھوڑ دینا چاہیئے۔ [illegible] خدمت گذار آپ کے ساتھ مشورہ میں [illegible] (تمام مسلمانوں نے اس سے اتفاق کیا)

اس ساعتوں کو دینا غرض ہے کہ اس جماعت کو سیاسی سرگرمیوں سے کوئی تعلق نہیں رہے گا۔ ملک کے بدلتے ہوئے حالات کے تحت ہم سب کو پولیس ایکشن سے پیشتر اسٹیٹ کانگریس میں شرکت کرنا چاہیئے۔ کانگریس جماعت میں کسی صاحب کو کوئی خامی نظر آرہی ہے۔ تو اسے حق ہے کہ ممبر بن کر اسکی اصلاح کرے۔ اور اس خامی کو دور کرائے۔

آخر میں اپنے مظلوم اور یتیم بچوں کی امداد کے لئے اپیل کی کہ جمعیۃ علماء کے تحت آپ ان مظلوموں کی امداد [illegible] کیلئے [illegible]

نھواپارا میں جمعیۃ علماء کا شاندار اجلاس

تاریخ ۲۴ و ۲۵ مارچ ۱۹۴۹ء نھواپارا ضلع گونڈہ میں جمعیۃ علماء کا شاندار اجلاس زیر صدارت مولوی جعفر علی صاحب نوری منعقد ہوا جس میں نھواپارا اور اس کے قرب و جوار کے تقریباً پانچ ہزار مسلمانوں نے شرکت کی جلسوں میں حضرت مولانا الحاج محمد ابراہیم صاحب فاروقی لکھنوی [illegible] بیان فرمائیں۔

مقررین نے اپنی تقریروں میں مسلمانوں کو اسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے طریقہ پر چلنے کی اور امن و سکون کی زندگی بسر کرنے کی تلقین کی۔ اور جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد بیان کرکے جمعیۃ سے وابستگی اور ہدایات کی [illegible] میں ہونے والے آل انڈیا اجلاس کو کامیاب بنانے کی بھی اپیل کی گئی۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع مونگیر کا اجلاس

مونگیر (بذریعہ ڈاک) ضلع جمعیۃ کی مجلس عاملہ کا ایک جلسہ زیر صدارت جناب مولانا منت اللہ صاحب رحمانی دفتر میں منعقد ہوا جس میں دو تجویزیں بالاتفاق طے پائیں۔ اول یہ کہ ہر ایک تھانہ، جہاں جمعیۃ کا مرکزی مقام ہے، ایک مکتب ایک ماہ کے اندر قائم کیا جائے۔ جہاں لکھنے پڑھنے کے ساتھ ساتھ [illegible] مسلمانوں کو اردو زبان قرآن شریف اسلامی مسائل اور اخلاق کی تعلیم دی جائے اور اسکی ماہانہ رپورٹ ضلع دفتر میں بھیجی جائے۔ دوسری تجویز میں مسلمانان مونگیر سے صوبہ کی جانب سے مقرر کردہ رقم پیدا کرکے اپیل کی گئی تاکہ تعلیمی اخراجات کو پورا کیا جاسکے۔

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے
روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
میں اشتہار دیجئے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائیں گے
نرخ اشتہارات
ایک تا پچاس انچ ......۔/۔/۳ روپیہ فی انچ فی کالم
پچاس انچ سے زیادہ ......۔/۔/۲ روپیہ فی انچ فی کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھیئے!
مینجر شعبہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

سہارنپور کی خبریں

(۴ اپریل بذریعہ ڈاک)

معلوم ہوا ہے کہ [illegible] نواب گنج [illegible] خانہ [illegible] اور تاڑی پی کر اس قدر مست ہوگئے کہ دونے چاقوؤں سے اپنے تیسرے نوجوان ساتھی کو گھائل کردیا۔ جو ہسپتال میں پہنچا دیا گیا۔ ملزم نے خود بخود تھانہ پہنچکر اپنے کو حوالہ پولیس کردیا ہے۔ پولیس اس واقعہ کی تحقیقات کررہی ہے۔

[illegible] کا ایک عظیم الشان جلوس [illegible] بازاروں سے نکلا۔ جلوس میں تقریباً [illegible] لیڈر شریک تھے۔

سہارنپور کے فسادات کے سلسلہ میں جن اشخاص کی ضمانت سٹی مجسٹریٹ نے عدالت سے نامنظور کردی تھی۔ ان کے کیس کو سیشن جج کی عدالت میں پیش ہونے پر سیشن جج نے تین اشخاص کو دو دو ہزار کی ضمانت پر رہائی کا حکم دیدیا ہے۔ بقایا کیس ۱۳ تاریخ کو پیش ہوں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ سہارنپور میونسپل بورڈ نے اپنے خاص اجلاس میں رزولیوشن پاس کیا ہے کہ جو ممبر متواتر تین اجلاسوں میں شریک نہیں ہونگے۔ انہیں بورڈ کی ممبری سے الگ کردیا جائے گا۔

شہر سہارنپور میں اس وقت ایک ہزار کے قریب تانگہ اور رکشا چل رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے میونسپل بورڈ نے تانگہ کی اجرت پانچ روپیہ سالانہ سے دس روپیہ اور رکشا کی تین روپیہ سے چھ روپیہ سالانہ کردیا ہے۔ جس سے تانگہ رکشا والوں میں بے چینی پائی جاتی ہے۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سٹی مجسٹریٹ کے حکم سے فسادات کے سلسلہ میں ۶۷ شرنارتھی اشخاص کا سامان قرق کرلیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ شرنارتھی اشخاص [illegible] گرفتاری کے خوف سے مفرور ہیں۔

اردو ٹریننگ کالج بند کرنے پر احتجاج

انجمن ترقی پسند مصنفین احمد آباد کی قرارداد

انجمن ترقی پسند مصنفین اردو احمد آباد کا ایک جلسہ ہوا جس میں حکومت بمبئی کی اردو دشمن پالیسی کی سخت مذمت کی گئی اور ایک رزولیوشن پاس کیا گیا جس میں کہا گیا تھا کہ حکومت بمبئی نے اردو ٹریننگ کالج احمد آباد کو بند کرنے کا جو فیصلہ کیا ہے وہ سراسر غیر جمہوری اور ناانصافی پر مبنی ہے چونکہ حکومت نے بارہا اس بات کا اعلان کیا ہے کہ ابتدائی تعلیم مادری زبان کے ذریعہ دی جائے۔ پونا کا ٹریننگ کالج تمام صوبہ کی ضروریات کے پیش نظر بہت کم سود مند ثابت ہوگا۔ چونکہ پونہ بہت دور ہے اور ساتھ ہی ساتھ اساتذہ کے لئے سہولت بخش بھی نہیں ہے۔ اس لئے اساتذہ کی بیشتر تعداد وہاں جانے سے گریز کرتی ہے۔

۶ آدمی زندہ دفن ہوگئے

برف پر پھسلنے سے حادثہ

لندن ۴ اپریل۔ کوہ آلپس پر ایک [illegible] کی پرواز کی وجہ سے پہاڑ کی چوٹی کا برف ڈھلک گیا اور آسٹریا کے چھ افراد جو برف پر سے پھسل رہے تھے برف کے نیچے دب گئے۔ یہ لوگ باویریا کی سرحد کے قریب مشق کررہے تھے۔ کہ ایک طیارہ ان کے سر سے گذرا۔ طیارے کی تیز ہوا نے پہاڑ کی چوٹی کی پگھلتی ہوئی برف کو ہلا دیا جس کی وجہ سے یہ حادثہ پیش آیا۔ حادثے سے بچ جانے والوں نے فوراً برف کھود کر [illegible] نکال لیا [illegible]

دمشق ۲ اپریل۔ [illegible] ہوائی جہاز کمپنی کا قیام ہوگا۔ [illegible] لائسنس منسوخ کردیا گیا کیونکہ حکومت کے پاس [illegible]

دار السلطنت

۵ اپریل ۱۹۴۹ء

شادی کا جھانسا دیکر لوٹ لیا

ہفتہ کی شام کو قرول باغ میں چوری کا زبردست واقعہ پیش آیا۔ ملکھی رام نامی ایک معمولی دوکاندار [illegible] سے دوکان کے لئے سامان خرید کر واپس ہو رہا تھا کہ ایک خوش پوش شخص اس کے پاس آیا اور اس سے بات چیت شروع کردی۔ یہ گفتگو ملکھی رام کی لڑکی کی شادی کے بارے میں تھی۔ اس دوران میں ملکھی رام نے محسوس کیا کہ کوئی برابر کھڑی ہوئی کار میں [illegible] وہ [illegible] رکھ رہا ہے جو وہ ابھی خرید کر لایا تھا۔ اسنے چند کو پکڑنے کی کوشش کی مگر خوش پوش نوجوان نے اپنی باتوں سے ملکھی رام کی کوششوں کو ناکام بنادیا۔ اس کے بعد خوش پوش نوجوان بھی جلدی ہی کار میں بیٹھکر فرار ہوگیا۔

رہزنی کی وارداتیں

گذشتہ شب ریڈنگ روڈ کے ایک گوردوارہ کے قریب [illegible] کی ہوئی۔ چند اشخاص نے ایک [illegible] کے گلے سے زیور اتارنے کی کوشش کی۔ عورت کی آواز سنکر گرنتھی بیدار ہوگیا۔ ڈاکوؤں کو پکڑنے کی کوشش کی۔ ڈاکوؤں نے بھی گولی چلادی اور چند [illegible] تاریکی میں غائب ہوگئے۔ ملک گنج روڈ پر کل رات تقریباً ۱۰ بجے ۷ مسلح ڈاکوؤں نے تین شرنارتھیوں کو گھیر لیا اور ان کو زد و کوب کرکے نقدی چھین لی۔ شرنارتھیوں نے چند دوسرے اشخاص کی مدد سے انہیں موقع پر پکڑ لیا۔ اسی قسم کی ایک واردات ولنگڈن ایرڈروم کے قریب ہوئی۔ تین اشخاص نے ایک شخص پر حملہ کردیا اور اس کی جیب سے ۵۰ روپئے نکال لئے۔

پنڈت نہرو کی واپسی

لکھنؤ اور مظفرنگر وغیرہ کے دورے سے فارغ ہوکر کل صبح پنڈت نہرو بخیر و عافیت نئی دہلی پہنچ گئے۔

(باقی خبریں صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے)

معاہدہ اوقیانوس اور آئرلینڈ کی تقسیم

آئرلینڈ کے وزیر خارجہ کی تشریح

ڈبلن ۲ اپریل۔ آئرلینڈ کے وزیر خارجہ امریکہ جارہے ہیں۔ انہوں نے معاہدہ اوقیانوس کی تشریح کرتے ہوئے ایک نہایت ہی مشکل سوال اٹھایا ہے۔

انہوں نے کہا کہ آئرلینڈ اس معاہدہ میں شامل ہوجاتا تو کیا معاہدہ مذکور کی رو سے شمالی آئرلینڈ کی سرحد کی حفاظت کی ضمانت حاصل ہو جاتی؟ اور کیا اس طرح آئرلینڈ کی تقسیم مستقل نہیں ہو جاتی؟

شمالی آئرلینڈ کی سرحد کی حفاظت کے معنی یہ ہوں گے کہ آئرلینڈ کی تقسیم کو تسلیم کرلیا جائے لیکن ہم نے کبھی آئرلینڈ کی تقسیم کو تسلیم نہیں کیا ہے۔

شام اور شرق اردن کی سرحد بند

شام میں فوجی انقلاب کا نتیجہ

لندن ۲ اپریل۔ [illegible] جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان کے مطابق شرق اردن اور شام کے مابین کی سرحد بند کردی گئی ہے اور ٹریفک بند ہوگیا ہے۔ سڑک پر گاڑیوں کی قطار لگ گئی ہے کیونکہ وہ شام میں داخل نہیں ہوسکتیں۔ عمان اور شام کے سرحدی شہر [illegible] کے مابین پانچ میل کا فاصلہ ہے۔ شامی سپاہی نگرانی کر رہے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ ایک شامی بریگیڈ جو ابھی فلسطین کے محاذ سے واپس آئی ہے دمشق پر ڈیرے لگائے بیٹھی ہے۔ اس بریگیڈ نے بغاوت کا جھنڈا بلند کیا تھا۔ دمشق کے ہوائی اڈے پر کوئی ہوائی جہاز نہ پرواز کرسکتا ہے اور نہ ہی اتر سکتا ہے۔ اس لئے [illegible] امریکی نگراں مسٹر [illegible] وہاں سے ابھی تک روانہ نہیں ہوسکے۔

ہاتھرس میں مشاعرہ

ہاتھرس (بذریعہ ڈاک) ۱۶ اپریل کو رات کے ۹ بجے بزم ادب ہاتھرس کے اہتمام سے میاں لال خاں [illegible] کے احاطہ میں ایک ادبی مشاعرہ ہو رہا ہے جس میں مقامی شعراء کے علاوہ بیرونجات کے شعراء بھی شریک ہوں گے۔

کرتی تھی۔

روزنامہ الجمعیۃ و ہفت روزہ الجمعیۃ
میسرز اے، ایچ ویلر اینڈ کو
کے ہر ایک بک اسٹال پر فروخت ہوتا ہے

کناٹ پلیس اور دوسرے مقامات پر چوریاں

بیگم پورہ قرول باغ میں ایک مکان میں چور گھس گئے اور تقریباً ۱۰۰۰ روپیہ کے زیورات چرا کر لے گئے۔

ایک علاقہ میں ایک ۸ سالہ لڑکی کی جو اپنے مکان کے سامنے کھیل رہی تھی۔ ایک راہگیر نے طلائی بالیاں چرالیں۔

کناٹ پلیس سے اطلاع ملی ہے کہ ایک فلیٹ کے رہنے والوں کی عدم موجودگی میں چور مکان میں گھس گئے اور تقریباً ۱۴ ہزار روپے کے زیورات لیکر فرار ہوگئے۔ چور تالا توڑکر مکان میں داخل ہوئے تھے۔

گندہ نالہ کے ایک ڈاکٹر نے اطلاع دی ہے کہ ایک مریض اس کے ۹۰۳ روپے چرا کر لے گیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب ڈاکٹر مریض کی دوا تیار کررہا تھا۔ تو مریض نے اس کے کوٹ سے بٹوہ نکال لیا جس میں ۹۰۳ روپے کے نوٹ تھے اور فرار ہوگیا۔

قرول باغ میں ایک شخص کا مکان کھولکر کسی آدمی نے مکان کا تمام سامان اور ایک ٹرنک جو مکان میں موجود تھا اڑالیا پڑوسیوں کے پوچھنے پر اس نے بتایا کہ اسی شخص نے جو اس مکان میں رہتا تھا اسکو بھیجکر سامان منگوایا ہے۔

مکان پر زبردستی قبضہ

مسٹر [illegible] نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ایک بیوہ عورت مسماۃ [illegible] نے ان کے مکان واقع سبزی منڈی پر زبردستی قبضہ کرلیا۔ اس سے قبل عدالت دیوانی کے حکم سے اس عورت سے یہ مکان خالی کرالیا گیا تھا لیکن اب اسنے دوبارہ قبضہ کرلیا (نیوز کرانیکل)

مداخلت کرنے پر گرفتاری

ایک پولیس کانسٹیبل کے کاموں میں مداخلت کرنے پر امرناتھ نامی ایک شخص کو گرفتار کیا گیا ہے کہا جاتا ہے کہ امرناتھ نے پٹری پر بیٹھکر سودا فروخت کرنے والے ایک دوکاندار کی گرفتاری میں مداخلت کی اور دوکاندار بھاگ گیا۔ اس پر امرناتھ کو گرفتار کرلیا گیا۔

"اہلحدیث" کی نشاۃ ثانیہ

الحمدللہ کہ اخبار اہلحدیث دہلی سے جاری ہوگیا ہے۔ اس کی پہلی اشاعت عید الاضحی کو ہوگی۔ کتابت اور طباعت کا کام شروع ہوگیا۔ اخبار پندرہ روزہ ہوگا اور قیمت سالانہ صرف تین روپے ہوگی۔ فی الحال مقام اشاعت دفتر اخبار محمدی باڑہ ہندو راؤ دہلی رہے گا۔

(سید تقریظ احمد سہسوانی)

دو اشخاص گرفتار

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ رائل انڈین ایئر فورس کے اسلحہ خانے سے جو حال ہی میں اسلحہ چرایا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں دو اشخاص کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ان اشخاص کے قبضہ سے تین مسروقہ سٹین گنیں بھی ملی ہیں۔ تحقیقات ابھی جاری ہے۔ مزید گرفتاریوں کا امکان ہے۔

نقلی انسپکٹر گرفتار

دہلی پولیس نے دہلی ریلوے اسٹیشن سے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ جو اپنے آپ کو سی آئی ڈی کا انسپکٹر ظاہر کرکے لوگوں کو لوٹ رہا تھا۔ [illegible] مکان دلانے کے بہانے ایک اور شخص سے ۱۰۰ روپے [illegible]

موٹر چرانے کی کوشش

[illegible] ایک شخص نے موٹر چرا کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ مگر موٹر کے مالک نے اسے موقعہ پر پکڑ لیا۔

چھرا گھونپنے کی واردات

[illegible] کے ایک بیوپاری چھنی لال نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ گذشتہ شام چار اشخاص اس کی دوکان پر آئے اور روپیہ طلب کئے۔ اس کے انکار کرنے پر ایک شخص نے اس کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا۔ حملہ آوروں میں سے ایک شخص کو موقع پر پکڑ لیا گیا اور باقی تین فرار ہوگئے۔

پرانا قلعہ کیمپ میں آتشزدگی

کل ۱۲ بجے پرانا قلعہ کیمپ کے ایک خیمہ میں جہاں کھانا پکایا جارہا تھا آگ لگ گئی۔ یہ آگ جلدی قریب کے خیموں میں لگ گئی فائر بریگیڈ فوراً موقعہ پر پہنچ گیا اور اس نے شعلوں پر قابو پالیا۔ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا لیکن برتنوں وغیرہ کو کافی نقصان پہنچا۔ تقریباً ۲۲ خیمے جل گئے۔

سائیکل چھین لی

پہاڑ گنج پولیس اسٹیشن کے حلقہ میں [illegible] واقعہ پیش آیا۔ نئی دہلی کے ایک [illegible] سے تین آدمیوں نے [illegible] ان کی سائیکل چھین لی اور قریب کی گلی میں غائب ہوگئے۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکیٹ

تیل مہوہ ۱۲۰؍ ۶۲۔ تیل السی [illegible] ۵۲۔ تیل انڈی ۵۱/۸ روپے [illegible] ۲۶ [illegible] ۲۰ روپے [illegible] بازار [illegible] دہلی۔

دہلی صرافہ مارکیٹ

چاندی [illegible] سونا [illegible] ۱۰۹/۔ [illegible] ۱۰۷/۔ [illegible] ۷۱ روپے۔

دہلی نیاری مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ۲۶/۰ [illegible] ۲۲ روپے۔ چنے ۱۲/۸ جو ۱۲/۱۲ [illegible] باجرہ ۱۲/۔ [illegible] مونگ ۱۹ [illegible] جیٹھ [illegible] گڑ ۱۳/۸ [illegible] پھاگن [illegible] سرسوں [illegible] تارامیرا [illegible] بنولہ [illegible] چاندی [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

چھلکا چنا ۱۲/۔ مونگ [illegible] سرسوں ۲۷/۔ تا ۲۹/۔ تارامیرا [illegible] تل سفید [illegible] تل کالا [illegible] مونگ پھلی [illegible] گھار [illegible] ادہر [illegible] شکر [illegible] گڑ [illegible] نمک [illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی [illegible] کالی مرچ [illegible] بادام [illegible] گری [illegible] الائچی [illegible] لونگ [illegible] دار چینی [illegible] ناریل [illegible] مرچ لال [illegible] سونف [illegible] زیرہ سفید [illegible] پوست دانہ [illegible] کتھا [illegible] سپاری [illegible] پھٹکری سفید [illegible] مہندی [illegible] روپے۔

دو دھوکہ باز گرفتار

دو خوش پوش نوجوان جنہوں نے نئی دہلی میں ایک بنک سے ۱۰ ہزار روپیہ ایک جعلی چیک کے ذریعہ وصول کرنا چاہا گرفتار کرلئے گئے۔ [illegible] اور [illegible] جب چیک کے [illegible] دونوں کو گرفتار کرلیا۔

روزنامہ الجمعیۃ کا مطالعہ کرکے مفید معلومات حاصل کیجئے جس میں روزانہ تازہ خبریں اور علمی مقالات شائع ہوتے ہیں

سائن بورڈوں سے اردو کے خارج کئے جانے پر معاصر قومی آواز کا احتجاج

قومی آواز لکھنؤ نے اپنی اشاعت مورخہ ۳ اپریل میں یوپی میں ریلوے اور دوسرے محکموں کے سائن بورڈوں سے اردو کے مٹائے جانے پر حسب ذیل الفاظ میں تبصرہ کیا ہے۔

"شمالی ریلوے کے سائن بورڈ سے اردو میں لکھے ہوئے نام کے مٹائے جانے پر جو اعتراض کیا ہے وہ برمحل ہے۔ ریلوے مرکزی حکومت کا محکمہ ہے اور مرکزی حکومت نے زبان کے مسئلہ کا ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے جس شخص نے بھی اردو میں لکھے ہوئے نام کو مٹانے کا حکم دیا ہے اُسے ایسا حکم دینے کا کوئی حق نہیں تھا کسی سائن بورڈ میں اردو کی جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہوتی تو وہ بھی قابل اعتراض ہوتا کہ پہلے سے لکھے ہوئے کو خاص طور پر مٹا دینا۔ اس سے حکم دینے والے کی اردو سے خاص عداوت ہوتی ہے۔

سوال یہ ہے کہ اردو میں لکھا ہوا نام کس کا کیا بگاڑ رہا تھا۔ سائن بورڈ لگانے کا مقصد کیا ہوتا ہے۔ یہی کہ مسافروں کو اسٹیشن کا نام معلوم کرنے میں آسانی ہو۔ کیا اس کے مٹنے سے ان مسافروں کو زحمت نہیں ہوگی جو ابھی تک ہندی نہیں سیکھ سکے ہیں۔ یوپی کے سرکاری دفاتر کے سائن بورڈوں سے اردو کو بالکل خارج کردیا گیا ہے اور اس صوبہ کی سرکاری زبان ہندی قرار پانے کے بعد افسروں کے اس حق کو کوئی چیلنج بھی نہیں کرسکتا۔ لیکن کیا اس حق کے استعمال سے ایک حد تک سائن بورڈ کا مقصد نہیں فوت ہوا۔ اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ اردو داں طبقہ ہندی نہیں سیکھنا چاہتا ہے لیکن اس ترکیب سے وہ ہندی سیکھنے پر مجبور ہو جائے گا۔ تو اس کی خام خیالی ہے۔ اردو داں طبقہ میں ہندی سیکھنے کی خواہش پوری طرح موجود ہے اور رفتہ رفتہ سیکھتا بھی جارہا ہے۔ البتہ بڑی عمر کے وہ لوگ اب تک نہیں سیکھ سکے ہیں تو محض اس وجہ سے کہ انہیں ہندی سیکھنے کی سہولتیں نہیں حاصل ہیں اگر حکومت جگہ جگہ ایسے اسکول کھول دے جہاں رات کے وقت ہندی کی مفت تعلیم دیجائے تو تمام ہندی نہ جاننے والے اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔ لیکن جب تک کوئی ایسا انتظام نہیں ہو جاتا ہے اور اردو داں سب یا ان کی اکثریت ہندی نہیں سیکھ جاتے تب تک سرکاری محکموں میں اردو کو جگہ ضرور ملنا چاہیئے۔ سائن بورڈ اور نوٹس بورڈ پر ضرور اردو بھی ہونا چاہیئے اگر کسی خیال سے نہیں تو کم سے کم انسانیت ہی کی رو سے ایسا کیا جائے کتنی تکلیف کی بات ہوتی ہے یہ دیکھنا کہ راشن کے دفتروں کے ضروری نوٹس تک صرف ہندی میں ہوتے ہیں اور ہندی کے نہ جاننے والے ان کی وجہ سے پریشان ہوتے ہیں۔ یوپی میں سرکاری زبان ہندی بیشک ہو اردو میں نوٹس لکھے جانے سے اس کی پوزیشن کو کوئی دھکا نہیں پہنچے گا۔ اور پبلک کے ایک بڑے طبقے کا کام بھی ہو جائے گا۔ کیا وجہ ہے کہ ایسا غیر مضر اور مفید کام کرنے میں حکومت [illegible] اپنے دفتروں کو مجبور کرے کہ کسی ان پڑھ کے لئے لکھ دینا یا لکھا ہوا پڑھ دینا [illegible]"

انسی لاکھ چینیوں کو قحط کا سامنا

شنگھائی ۴ اپریل۔ اعداد و شمار جمع کرنے والے سرکاری محکمہ کا بیان ہے کہ چین کے بہت بڑے علاقہ میں قحط کا زبردست خطرہ ہے اور تقریباً اسی لاکھ افراد کے بھوک سے مرجانے کا اندیشہ ہے پیداوار بالکل بند ہوگئی ہے۔ جنگ نے چین کے ½ زرخیز علاقہ کو تباہ کردیا ہے۔ دریائے یانگ سی کے جنوبی علاقہ میں جہاں چاول کثرت سے پیدا ہوتا تھا اب پیداوار میں زبردست کمی ہوگئی ہے شنگھائی میں تین ماہ کے اندر خوراک کا قحط پڑنے کا اس وقت [illegible] زیادہ ہے۔

ناروے کو روس کا نوٹ

اوسلو ۴ اپریل۔ کل روسی سفارت خانہ نے ناروے کے دفتر خارجہ کو ایک نوٹ بھیجا ہے خیال ہے کہ یہ نوٹ معاہدہ اوقیانوس میں شرکت کے خلاف ہے۔

اسٹینڈنگ فائنینس کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۵ اپریل۔ کل سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ جمعرات کے روز کونسل ہاؤس میں ڈاکٹر جان متھائی کی صدارت میں اسٹینڈنگ فائنینس کمیٹی کا اجلاس ہوگا۔

انسانی صحت پر بناسپتی کا اثر

سائنسدان کسی نتیجہ پر نہیں پہونچ سکے

نئی دہلی ۵ اپریل۔ کل پارلیمنٹ میں [illegible] کے سوال کے جواب میں [illegible] نے بتایا کہ بناسپتی گھی کے انسانی زندگی پر اثرات کے بارے میں منگلور اور عزت نگر کے سائنٹفک اداروں [illegible] تحقیقات جاری ہے۔ [illegible] انسانی صحت کے [illegible] جو تحقیقات ہوئی [illegible] نقصان [illegible] بہرحال [illegible] اس بارہ میں حکومت کا قطعی فیصلہ [illegible] جائے گا۔

سائیکل سوار بے ہوش ہوگیا

نئی بستی قرول باغ سے ایک شریف آدمی جو باڑہ ہندو راؤ کی طرف جارہا تھا ایک ٹرک کی چپیٹ میں آن کر زخمی ہوگیا۔ اس کو بے ہوشی کی حالت میں قریب کے ایک ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا۔

لڑائی کا نتیجہ

چاندنی چوک کی ایک دوکان کا دوکاندار اور اس کے پڑوسی میں لڑائی [illegible] دوکاندار کو ۱۷۰ روپے [illegible] [illegible]

خدائی خدمتگار ڈے

سوشلسٹ پارٹی جامع مسجد یونٹ کے زیر اہتمام خدائی خدمتگار ڈے بروز منگل بتاریخ ۵ اپریل منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں شام کو ۷ بجے آزاد پارک مقابل جامع مسجد دہلی ایک پبلک جلسہ ہوگا جس میں بیگم ارونا آصف علی۔ مولانا [illegible] خدائی خدمتگار۔ خان غازی کابلی۔ جناب [illegible] صاحب تقریریں فرمائیں گے۔

(آنریری سکریٹری)

روس کا ڈنمارک سے احتجاج

کوپن ہیگن ۵ اپریل۔ کل صبح کوپن ہیگن میں روسی نمائندہ نے ڈنمارک کی حکومت کو معاہدہ اوقیانوس میں شرکت کے خلاف ایک احتجاجی نوٹ بھیجا ہے۔ [illegible] محض ایک دفتری کارروائی کی حیثیت [illegible] ڈنمارک کے وقت کے [illegible] ۵۰ منٹ [illegible] وقت بہت غیر موزوں تھا۔

ڈچ عورتوں کو جنگی انعامات

ہیگ ۵ اپریل۔ برطانوی سفیر سر [illegible] ان چار عورتوں کو جن میں سے ایک انتقال کرگئی ہے۔ اور جنہوں نے گذشتہ جنگ میں قیدیوں کو بچانے کے اور دوسرے کام انجام دیئے تھے۔ [illegible] اعزاز عطا کر رہے ہیں۔ [illegible]

جب
علماء کو پھانسیاں دی گئیں!
جب علماء وطن سے نکالے گئے!
جب جیل بھیجا گیا!
جب پھانسیاں دی گئیں!
جب بے دریغ قتل کیا گیا!
جب لاشوں کو دریا میں بہایا گیا!
جب سور کی کھال میں لپیٹ کر آگ میں ڈالا گیا
جب کالے پانی بھیجا گیا!
جب جائیدادیں ضبط ہوئیں!
جب
۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی شروع ہوئی تو آپ کے ان بلند پایہ علماء نے کن کن مصائب کا سامنا کیا [illegible] تاریخی جستجو کے بعد آپ کی خدمت میں یہ علماء کی روشن تاریخ اور قربانیوں سے بھرپور پیش کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے۔
"ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء"
قیمت ایک روپیہ دو آنہ (۱/۲/۰)
"غدر کے چند علماء"
قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ (۱/۱۲/۰)
نوٹ:۔ علماء کی حق گوئی اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیے!
"علماء حق اور ان کی مظلومیت کی داستانیں"
قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ (۱/۸/۰)
ملنے کا پتہ:۔ دینی بکڈپو اردو بازار دہلی

بنک کو لوٹنے کی ناکام کوشش

بمبئی ۴ اپریل۔ یہاں ایک بنک میں ڈاکہ ڈالنے کی کوشش پولیس کی عین موقعہ پر کارروائی سے ناکام ہوگئی۔ پولیس نے پانچ اشخاص کو جدید ترین ہتھیاروں سے مسلح گرفتار کرلیا۔ پیشگی اطلاع ملنے پر پولیس والے بنک کی عمارت پر پہونچ گئے تھے۔ اور ڈاکوؤں کے گروہ کو [illegible] ہی گھیر لیا اور گرفتار کرلیا۔ تلاشی لینے پر ان کے پاس سے مختلف چیزیں اور قفل کھولنے کا سامان برآمد ہوا۔

جاگیرداروں اور کسانوں میں تصادم

ناگ پور ۴ اپریل۔ جاگیرداروں اور کسانوں کے درمیان جو [illegible] کے قیام کے وقت سے [illegible] آرہی تھی اس کے نتیجہ میں [illegible] جاگیرداروں کے [illegible] ایک شخص [illegible] چار اشخاص کی گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں۔

امریکی جمہوریت اور مساوات کا مظاہرہ

حبشیوں کے کوڑے مارے گئے!

[illegible] ۵ اپریل۔ [illegible] نے اعلان کیا کہ جن حبشیوں کو سفید فام لوگوں کے مختلف [illegible] کی شکایت پر گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کو ہفتہ کی شب کو نقاب پوش اشخاص کا ایک گروہ زبردستی اپنے ساتھ لے گیا [illegible] جنگل میں نقاب پوشوں نے ان سب کے کوڑے مارے ان کو موٹر کے اندر ڈال کر قریب کے ایک جنگل میں لے جایا گیا۔ حبشی نے بتایا کہ ۱۳ سے ۱۵ تک کوڑے مارے گئے۔ [illegible] شیرف نے بتایا کہ ان لوگوں کے اغوا کرتے وقت قریب ایک آتشی صلیب روشن تھی۔

حیدرآباد میں قانونی مشورہ کمیٹی

حیدرآباد ۵ اپریل۔ حیدرآباد کے مسلمانوں نے ایک ڈیفنس کمیٹی بنائی ہے جو ان لوگوں کو قانونی امداد دیگی۔ جو حیدرآباد کے حادثہ کے بعد گرفتار کئے گئے تھے اس کمیٹی کے صدر نواب اکبر یار جنگ بہادر ہیں اور اس میں حکومت نظام کے ایک قانونی مشیر بھی شامل ہیں۔

کمیٹی کے افتتاحی اجلاس میں حکومت سے درخواست کی گئی کہ ان لوگوں پر عام عدالتوں میں مقدمہ چلایا جائے۔ خاص عدالتوں میں نہیں۔ نیز ان کے مقدمات مختصر نہیں بلکہ [illegible] کے تحت مقدمات چلائے جائیں اور ہائیکورٹ میں اپیل کرنے کا حق دیا جائے۔

کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس

دہلی ۵ اپریل۔ آج شام دہلی میں کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس سردار پٹیل کے مکان پر ہو رہا ہے جس میں کانگریس کے [illegible] مسائل پر تبادلہ خیال ہوگا [illegible]

حکومت سوراشٹر کو قرضہ

دہلی ۵ اپریل۔ حکومت ہند نے حکومت سوراشٹر کو [illegible] لاکھ [illegible]

سری نگر ۵ اپریل۔ انڈین ریڈ کراس کی کشمیری شاخ نے پناہ گزین لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے صنعتی کلاسیں کھولنے کا انتظام کیا ہے۔

بیگم عبد اللہ نے کل ان کلاسوں کا افتتاح کیا۔

۶ اور ۷ اپریل کو راج پرمکھوں کی اہم کانفرنس

ریاستی فوج اور مالی معاملات کے مستقبل کا فیصلہ

نئی دہلی ۵ اپریل۔ ۶ اپریل کو دہلی میں تمام راج پرمکھوں کی ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے جس میں [illegible] دفاع پر مجموعی طور پر غور کیا جائے گا۔ ۷ اپریل کو کانفرنس کا دوسرا اجلاس ہوگا جس میں ریاستی یونینوں کے [illegible] شامل ہونگے اور جس میں اس امر پر غور کیا جائیگا کہ [illegible] [illegible]

ہندوستانی ریاستوں کے مالیہ کے متعلق جو تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی گئی تھی اس کے نتیجہ میں یہاں راج پرمکھوں کی یہ کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ مالیات کا دفاعی مسائل سے اس قدر گہرا تعلق ہے کہ ایک کے بغیر دوسرے پر پورے طور پر غور نہیں کیا جاسکتا۔

[illegible] سے زیادہ ریاستوں کو اپنی علیحدہ فوجیں رکھنے کا حق نہیں دیا گیا ہے۔ اس وقت جس ریاستی فوج کا مسئلہ زیر بحث ہے اس کی تعداد ۵۰ ہزار کے قریب ہے اس میں کشمیر، حیدرآباد، میسور کی فوجیں شامل نہیں کیونکہ [illegible]

شامل کر دیئے [illegible] ریاستوں کی [illegible]

(باقی صفحہ [illegible] پر دیکھئے)

کان پور
میں روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ
محمد حبیب صاحب قریشی
بر مکان محمد رمضان خلیفہ صاحب
مصری بازار سے طلب فرمائیں

علماء حق
از سید ملت حضرت مولانا محمد میاں صاحب ظلہ ناظم جمعیۃ علماء ہند
حصہ اول
اس حصہ میں ان تمام علماء امت کے مفصل حالات زندگی درج ہیں جنہوں نے ۱۸۵۷ء جہاد آزادی سے لے کر تحریک دار العلوم دیوبند تک دین و ملت کی آزادی کے لئے جدوجہد کی۔ یہ حصہ ۱۶۵ عنوانات اور ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت مجلد معہ خوبصورت گردپوش تین روپے چار آنہ علاوہ محصول ڈاک
حصہ دوم
اس حصہ میں دوسری جنگ عظیم سے لے کر مہاتما گاندھی کی قربانی تک کے تمام سیاسی حالات اور اس دوران میں جن علماء کرام نے آزادی وطن اور اس کے بعد ملک میں قیام امن و اتحاد کے لئے انتھک کوششیں کی ہیں۔ ان کا مفصل تذکرہ درج ہے صفحات ۴۳۶ قیمت مجلد معہ خوشنما ڈسٹ کور [illegible] علاوہ محصول ڈاک
الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

EST. 1925
Daily
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 7. 4. 49.
PHONE 5855

شاہ عبداللہ نے عربوں کے مفاد کو قربان کردیا

رسل و رسائل کے اہم مرکز اور پوٹاش کے قیمتی کارخانے یہودیوں کے قبضہ میں

عمان ۵ اپریل (رائٹر)۔ شرق اردن اور اسرائیل کے درمیان عارضی صلح۔ معاہدوں کی بھیجنی کو … یہ خیال ہے کہ یہودیوں نے تیسرے عرب ملک سے صلح کرنے میں کافی نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ اگرچہ شرق اردن کو … نظر انداز نہیں کی جاسکتیں۔

پریکھوں کی اہم کانفرنس

(بقیہ صفحہ ۵)

آئینی بنیاد

ہند اور پاکستان میں سمجھوتہ

پاکستانی وفد کی روانگی

معاہدہ اوقیانوس پر دستخط

(بقیہ صفحہ اول)

دھول پور اور بھرت پور کے متعلق کمیٹی

حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کا کمیونک

غلط فہمی کا ازالہ

خان قلات لیک سکس کو

مشرقی پنجاب اسمبلی میں ڈاکٹر بھارگو کی پارٹی کو شکست

وزیر اعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کردی گئی

شملہ ۵ اپریل۔ کل مشرقی پنجاب اسمبلی میں …

عدم اعتماد کی تحریک

جنیوا میں عربوں اور یہودیوں کے مابین ایک اور کانفرنس

کانفرنس میں شمولیت کے بارے میں بھی عرب متفق نہ ہوسکے

بیروت ۵ اپریل۔ فلسطین کے مصالحتی کمیشن نے اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ یورپ میں یہودیوں اور عربوں کا ایک جلسہ تبادلۂ خیالات … کے لئے منعقد کیا جائے۔ یہ خبر اقوام متحدہ کے ایک معتبر حلقے سے معلوم ہوئی ہے۔ اس نے بتایا کہ تین عرب ممالک نے اس کانفرنس میں شمولیت کے لئے رضامندی ظاہر کردی ہے۔

اہلحدیث کانفرنس کا سالانہ اجلاس

پاکستان کیخلاف کابل میں مظاہرے

فیروز پور کی سرحد پر امن

کانگڑہ ضلع میں ہیضہ

ٹراونکور اور کوچین کا انضمام

ایک کمیٹی کا قیام

کشمیر کمیشن کا اجلاس

پاکستان مسلم لیگ اور پاکستان کی ریاستی مسلم لیگ میں ٹھن گئی

ریاستی مسلم لیگ نے پاکستان مسلم لیگ سے الحاق نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا

کراچی (۵ اپریل) (اپ)

پاکستان مسلم لیگ کے دو گروہوں میں آج بات تصادم ناگزیر نظر آرہا ہے۔ یہ تصادم لیگ کے دو گروہوں میں ہوگا۔ جن میں سے ایک ان علاقوں کی مسلم لیگ کے نمائندے ہیں جو پہلے برطانوی ہند میں شامل تھے۔ دوسرا گروہ ریاستی مسلم لیگ کا ہے جو ان ریاستوں میں قائم ہے جو کہ اب پاکستان میں شامل ہوگئی ہیں۔

برما کی جمہوری پارٹی کی طرف سے باغیوں سے ہتھیار رکھدینے کی اپیل

برما کی حکومت کے لئے زبردست اور متحدہ حکومت کی ضرورت ہے

رنگون ۵ اپریل۔ برما کی جمہوری پارٹی نے آج برما کی حکومت کی حمایت کرنے کا اعلان کیا۔ …

اٹلانٹک پیکٹ پر اخبار پراودا کا تبصرہ

سلہٹ میں کوئلہ ملنے کی تصدیق

قرآنی نقش اعظم جسکو چاہو اپنا تابعدار بنالو

نامرادی کا دور ختم ہوا۔

نقش قرآنی نامرادی کے لئے دنیا میں سب سے بڑا سہارا خدائے قدوس کا ہی ہے جب ہر چہار جانب پریشانی کے آثار ہوں، کوئی خاص اہم بات کسی طرح بھی حل نہ ہوتی ہو اور اس کی طرف سے ہر وقت طبیعت پریشان ہو کوئی مونس و غمخوار نہ ہو تو خدائے عزوجل کے کلام ربانی کی مدد سے ہر مشکل کو آسانی سے حل کرلیجئے۔ خدائے بزرگ و توانا کے کلام میں بڑی عظمت ہے قطعی ممکن ہے کہ اس قرآنی نقش کی برکت سے آپ کا کام ہوجاوے جو ایک خدا رسیدہ بزرگ کا خاص عطیہ ہے۔

صوفی میاں چشتی آستانہ عالیہ قرآن منزل دہلی

ہر لعزیز پان بہار

پان کھاتے وقت
پان کھلاتے وقت

قیمت فی شیشی … علاوہ محصولڈاک
ون کیمیکل کمپنی رسٹرڈ سہارنپور یوپی

رجسٹرڈ دہلی
نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

شرح چندہ ہفت روزہ الجمعیۃ
سالانہ: ۱۲ روپے
ششماہی: ۶ روپے
فی پرچہ چار آنے (۴)
منیجر الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۸ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۸ اپریل ۱۹۴۹ء | نمبر ۸۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستانی شرفاء کے لئے
بہترین ہوٹل
سابقہ مالک اسٹار ہوٹل نے ہندوستانی شرفاء کی تکلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے نیو صدر ہوٹل کے نام سے یہ نیا ہوٹل قائم کیا ہے جس میں کشادہ کمرے۔ صفائی۔ سروس اور لذیذ کھانوں کا اہتمام کیا گیا ہے تاکہ آپ دوران قیام میں گھر کی سی راحت محسوس کرسکیں۔ ہمیں ایکمرتبہ خدمت کا موقعہ دیجئے
پروپرائٹر۔ کریم۔ دہلوی نیو صدر ہوٹل
اینڈ ریسٹورنٹ بالمقابل ہمدرد دواخانہ
لال کنواں۔ دہلی

ڈاکٹر ایوٹ کے خیال میں اقوام متحدہ نے بہت مفید اور سنہری کام کیا ہے

اگر سب قوموں کی انجمن نہ ہوتی تو اور زیادہ مشکلات پیدا ہوتیں

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں تمام ممبروں سے یکجہتی کی اپیل

فلشنگ میڈوز (نیویارک) ۶ اپریل۔ گذشتہ شب جنرل اسمبلی کے اجلاس میں افتتاحی تقریر کرتے ہوئے صدر اسمبلی ڈاکٹر ایوٹ نے اپیل کی کہ اقوام متحدہ کی انجمن اور اس کے عقیدوں کی حقیقی اور ایسی حمایت کی جائے جو خوشامد سے پاک ہو۔ …

ایران اور روس کی سرحد پر زبردست فوجی تصادم

حکومت ایران اقوام متحدہ کے سامنے شکایت لیکر جائیگی

طہران ۶ اپریل۔ سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ حکومت ایران اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ کے سامنے ایران اور روس کی سرحد پر گشتی دستوں کے درمیانی تصادم کی شکایت پیش کرے گی۔ …

اگر جنگی مجرموں کو ختم نہ کیا گیا تو کمیونسٹ فوجوں کی پیشقدمی جاری رہیگی

کمیونسٹ ریڈیو سے نیشنلسٹوں کو سخت انتباہ

برا شونسٹ پارٹی کے صدر کی گرفتاری

اطالیہ کے روسی سفارت خانے

۱۵ اپریل سے بند ہوجائیں گے

برطانوی پارلیمنٹ میں سرکاری پارٹی اور حزب مخالف کے ممبروں میں جھڑپیں

حکومت کی تجارت اور گوشت کی فراہمی کی پالیسی پر سخت نکتہ چینی

کنٹرول لگانے سے کپڑے کی پیداوار کم ہوگئی

مل مالکوں کی انجمن کے جلسہ کی کارروائی

اٹلانٹک پیکٹ پر امریکی سینٹ کی کمیٹی میں غور و خوض

۴½ گھنٹہ تک بند کمرے میں اجلاس جاری رہا

برما میں کرین باغیوں نے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دئے

کرین نیشنل یونین کے صدر نے دستخط کردیئے

اسرائیل اور شام میں گفتگوئے مصالحت شروع ہوگئی

سرحد پر دونوں ملکوں کے نمائندوں کی ملاقات

ڈاکٹر بنچ بیروت میں

ہند اور پاکستان میں بحری آمد و رفت

شام کی نئی حکومت صرف روشن خیال افراد کے اشتراک سے بنے گی

وزارت سازی کی پیشکش کرنے والوں کو کرنل زعیم کا جواب

دو ماہ میں انتقال اقتدار کا کام پورا کردیا جائے گا

دمشق ۶ اپریل۔ کرنل زعیم شام کے چیف آف اسٹاف جنہوں نے بدھ کے پرامن انقلاب میں حکومت پر قبضہ کرلیا ہے۔ پرسوں شام ایک تقریر میں بتایا کہ انہیں اس بات کی امید ہے کہ دو ماہ کے اندر اندر وہ شام میں نمائندہ جمہوری حکومت قائم کردیں گے۔ …

انڈونیشیا کی اقتصادی بحالی کی اسکیم

حکومت ہالینڈ قرض دے گی

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس آج ختم ہو جائے گا
ہندو کوڈ بل کی مزید بحث روک دی گئی

نئی دہلی ۵ اپریل۔ کل ہند پارلیمنٹ میں [illegible] پنڈت نہرو وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ حکومت ہندو کوڈ بل کی بحث کو موجودہ اجلاس میں کوئی نتیجہ خیز کرنے کی خواہش نہیں رکھتی۔ حکومت چاہتی ہے کہ موجودہ اجلاس [illegible]

[illegible]

گرما گرم بحث

[illegible]

کی مدد سے [illegible] سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔ انہیں ہندو یونین میں منظور کیا جا سکے گا۔

رات کا اجلاس

بعض غیر سرکاری ممبروں کا خیال ہے کہ پارلیمنٹ کا اجلاس ۶ تاریخ کی شب کو بھی منعقد کیا جائے گا۔ تاکہ پوری کارروائی ختم ہو سکے۔ اس وقت ایوان کے روبرو ۷ بل ہیں۔ (اے پی)

مزید ڈچ فوجوں کی جاوا کو روانگی
گوریلا جنگ میں تیزی پیدا ہو گئی

لندن ۵ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈچ فوجوں نے تازہ دم فوجوں کی مزید ڈویژنیں جاوا روانہ کر دی ہیں [illegible] کی تقریباً ایک لاکھ فوج ہے جو صرف بڑی بڑی شاہراہوں اور فوجی مراکز کی حفاظت کر سکتی ہیں۔ لیکن جنگلوں کو گوریلا سرگرمیوں سے صاف کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ غالباً اسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے مزید فوجیں روانہ کی گئی ہیں۔

بعض خبروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ مغربی جاوا میں [illegible]

سیستان میں قحط
پاکستان کی طرف سے غلہ کی پیشکش

[illegible]

بیل گاڑی کے تصادم کا واقعہ
اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر کی گرفتاری

[illegible]



تبادلہ کے پہلے ٹیکسوں کی ادائیگی کا بل

[illegible]

بھارگو اور سچر گروپوں میں حصول اقتدار کیلئے کشمکش
مشرقی پنجاب کے ایک وزیر نے استعفےٰ دے دیا!
گورنر کے حکم سے اسمبلی کا اجلاس عرصہ غیر معینہ کیلئے برخاست

شملہ ۵ اپریل۔ مشرقی پنجاب اسمبلی میں بھارگو گروپ اور سچر گروپ کی اقتدار پرستی کی بھاگ دوڑ کے نتیجہ میں گیانی کرتار سنگھ وزیر ترقیات نے استعفےٰ دے دیا۔ وزیر اعظم ڈاکٹر بھارگو نے گیانی کرتار سنگھ کا استعفےٰ منظور کر لیا ہے۔ اور آج سے وہ وزیر نہیں رہے ہیں پتہ چلا ہے کہ آپ نے پارٹی کا نیا لیڈر چنے جانے کے مطالبہ پر کل دستخط کر دیئے تھے۔ ڈاکٹر بھارگو نے گیانی صاحب کا محکمہ خود اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے علاوہ بریں چار پارلیمنٹری سکرٹریوں سردار دلیپ سنگھ کنگ، سردار پرتاپ سنگھ، سردار اجیت سنگھ اور سردار سرکردہ سنگھ کو برطرف کر دیا گیا ہے۔ گزٹ میں اعلان کر دیا گیا ہے۔ گورنر نے گیانی کرتار سنگھ کا استعفےٰ منظور کر لیا ہے۔

اسمبلی کا اجلاس برخاست

مزید اطلاع ہے کہ مشرقی پنجاب اسمبلی کا اجلاس گورنر کے حکم سے غیر معین عرصہ کے لئے برخاست کر دیا گیا ہے۔ کل جب اجلاس شروع ہوا تو مشرقی پنجاب شہری کرایہ کنٹرول ترمیمی بل پر بحث بغیر شروع ہوئی اس بل کی رو سے قرار دیا گیا ہے کہ [illegible]

اسپیکر اور چودھری کرشن گوپال میں جھڑپ

[illegible]

گورنری راج زندہ باد کے نعرے

[illegible]

مخالف گروپوں کی زبردست کنونسنگ

مخالف گروپوں میں زبردست کنونسنگ جاری ہے [illegible]

ممبروں اور مزید چار ممبروں کے مل جانے کی پوری امید ہے آج بھارگو گروپ اور اس کے حامی ممبروں کی ایک میٹنگ بھی منعقد ہوگی [illegible]

سچر صاحب اور گورنر میں ملاقات

[illegible]

بریلی کے ایک مشہور عالم کا انتقال

[illegible]

مودی نگر کے گاؤں میں جھگڑا

[illegible]

ٹراونکور اور کوچین کا انضمام

[illegible]

ہمالیہ کی چوٹی پر جانے والی پارٹی

[illegible]

مشہور اردو معمہ (رجسٹرڈ)
تین ہزار روپیہ کے نقد انعامات



پہلا انعام دو ہزار روپیہ صحیح حل
دوسرا انعام پانچ سو روپیہ ایک غلطی
تیسرا انعام تین سو روپیہ دو غلطی
چوتھا انعام دو سو روپیہ تین غلطی

[illegible]

مینیجر "نئی شمع" نمبر ۲ (اے، ڈی) جی۔ ٹی۔ روڈ۔ لاہور

افغانستان کا خبرنامہ:

پاکستان کے طرز عمل پر کابل میونسپلٹی کا احتجاج
حکومت ہند کے حسن سلوک پر تجارتی وفد کا اظہار تشکر

[illegible]

کابل میونسپلٹی نے [illegible] قبائلیوں کی آزادی کا مطالبہ کیا اور ان پر بمباری پر احتجاج کیا [illegible]

تجارتی وفد کے لیڈر کا بیان

[illegible]

انتخابات کی تیاریاں

[illegible]

پچاس ہزار روپیہ لوٹ لیا

[illegible]

زچہ خانوں کی تعداد میں اضافہ

مدراس۔ ۵ اپریل۔ با وثوق ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ حکومت مدراس کا محکمہ صحت امسال مزید زچہ خانے اور مراکز بہبود ہی اسپتال کھولنے کا ارادہ کر رہا ہے [illegible]

بلوچستان میں اصلاحات
مشاورتی کونسل کیلئے ناموں کی فہرست

[illegible]

خان قلات نے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا

[illegible]

امان اللہ خاں اور قبائلی

[illegible]

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ مشہور شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد لکھیں یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے، اسٹیشن، ہوٹل، خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر مطلوب ہیں۔

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج
از اردو ہند ہوٹل اردو بازار دہلی

دہلی مسلم ہوٹل
بازار بلیماران گلی قاسم جان

دہلی ریلوے اسٹیشن سے صرف دس منٹ کا فاصلہ
کشادہ ہوادار کمرے، پردے کا خاص انتظام۔ لذیذ
و نفیس کھانے، نرخ ارزاں، انتظام معقول۔
ملاحظہ فرما کر ممنون فرمائیں
احمد یار خاں مالک شریف ہوٹل فتحپوری

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانیوالے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے

عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے۔ اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے۔

تفصیلات کے لئے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

تبادلہ جائداد یا فروخت کے لئے

محمد یوسف بی اے (جامعہ) سرکاری ایجنٹ امپروومنٹ ٹرسٹ دہلی سے ملئے
یا خط و کتابت کیجئے
ملنے کے اوقات
شمس کالج چوڑی والان ۸ بجے صبح تا ۱ بجے۔ ملتانی بلڈنگ قطب روڈ ۳ بجے سے ۵ بجے شام
حالی پبلشنگ ہاؤس جامع مسجد
۸ بجے سے ۹ بجے شب

جیون (رجسٹرڈ)

رگوں میں نیا خون پٹھوں میں نئی طاقت
پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی
ہے۔ سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اسکے خاص اجزاء ہیں
ایک کورس پندرہ روپے
دلی دواگھر نور گنج دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۶ر اپریل سنہ ۱۹۴۹ء

مصیبت میں خدا یاد آیا

یہ بات بہت ہی زیادہ حیرت انگیز ہے کہ جو لوگ مذہب اور سیاست کے حدود مقرر کرنے میں پیش پیش رہے ہیں اور جو یہ نعرہ لگانے سے کبھی نہیں تھکے کہ سیاسیات میں مذہب کو استعمال نہ کرنا چاہیئے اور مذہب کو کوئی حق نہیں کہ سیاست میں دخل دے وہی سب سے زیادہ مذہب کا استعمال کرتے ہیں، جہاں موقعہ پیش آیا اور مصلحت کا تقاضا ہوا، سیاسی مدبرین مذہبی واعظ بننے سے گریز نہیں کرتے۔ ان کے نزدیک یہ بھی سیاست ہی ہے کہ سیاسی اغراض کے لئے مذہب کی پناہ لیجائے اور اہل مذاہب کے جذبات کو ابھار کر سیاسی مقاصد حاصل کئے جائیں ان اہل سیاست کی حالت اس درجہ زبوں ہے کہ خدا اور مذہب ان سے کوئی تعلق رکھنا نہیں چاہتا مگر وہ خدا اور مذہب کا پیچھا نہیں چھوڑتے، ان لوگوں کی سیاست کو کامیاب ہونا چاہیئے اگر یہ کامیابی خدا اور مذہب کے نام پر حاصل ہو سکتی ہے تو یہ عین سیاست ہے اور سیاست میں اس حد تک مذہب سے تعلق رکھنا ناجائز نہیں ہے۔

بات یہ ہے کہ جب تک سیاست کی کوئی مہم درپیش نہیں ہوتی، ہر سیاسی مدبر مذہب سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے اور جمہوریت کے رنگ میں نصیحت کرتا ہے کہ بھائی، سیاست میں مذہب کا کیا کام، مذہب انسان کا ایک پرائیویٹ معاملہ ہے جو چند مراسم اور عبادات تک محدود ہے لیکن سیاست کا دائرہ اس سے بالکل جدا ہے، مذہب کا کام مذہبی علماء انجام دیں اور سیاست کے کام کو اہل سیاست سنبھالیں لیکن یہی حضرات جب دیکھتے ہیں کہ خدا کے نام سے ووٹ حاصل ہو سکتے ہیں یا مذہب کے نام سے مخالف کے مقابلہ میں ایک مضبوط محاذ بنایا جا سکتا ہے تو مذہب سے کام نکالنے میں ہرگز گریز نہیں کرتے بلکہ آگے بڑھ کر مذہبی تحریکات کی قیادت فرماتے ہیں اور نہیں تو مذہب و اخلاق کی کانفرنسیں ہی منعقد کر ڈالتے ہیں۔

بلاشبہ یہ بات عجائبات سے ہے کہ آج کل قائدین سیاست بڑے ذوق اور شوق سے مذہبی کانفرنسیں منعقد کر رہے ہیں اور خدا اور مذہب کا نام لے کر اخلاق اور روحانیت کی قدروں کو اہمیت دے رہے ہیں، ایک طرف ہم ان لوگوں کو دیکھتے ہیں [illegible] لیکن سیاست [illegible] اور آج کل سب سے بڑی مصیبت رقیبانہ سیاست کی ہے جس میں خدا اور مذہب ضرور یاد آنا چاہیئے، مذہب اور سیاست کی دوئی کا فیشن اس قدر عام ہو گیا ہے کہ دنیا کی جو بھی جمہوریت ہے وہ سب سے پہلے خدا اور مذہب سے غیر جانبداری کا اظہار کرتی ہے، گویا خدا سے اپنی بے تعلقی کا اظہار جمہوریت کی [illegible] شرط ہے، لیکن جب مذہبی دنیا سے کام نکالنا ہوتا ہے تو یہ بے خدا انسان با خدا ہونے میں کوئی دیر نہیں لگاتے!

آپ یہ سنکر تعجب کریں گے کہ سنگاپور میں ملایا کے کمشنر جنرل مسٹر مالکم میکڈانلڈ کی زیر سرپرستی یکم اپریل کو ایک بین الملی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں عیسائیوں، مسلمانوں، ہندوؤں اور سکھوں اور بدھوں کے نمائندوں نے حصہ لیا اور اس بات پر پورا زور لگایا کہ دنیا میں [illegible] روحانی قدروں کو از سر نو زندہ کیا جائے، مسٹر میکڈانلڈ کی یہ تقریر بڑی دلچسپی کے ساتھ سنی گئی کہ

"وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ انسان میں روحانیت کا از سر نو احیاء ہو، ضمیر کو بیدار کیا جائے اور انسان کو اس بات کا خوگر بنایا جائے کہ وہ نہ صرف سیاسی قانون کی بلکہ خدا کے قانون کی بھی اطاعت کرے، انسان کے موجودہ مصائب کا علاج یہ ہے کہ ہم اپنا اقتصادی اور سیاسی مفادات کو اور کم و بیش ہر مادی شئے کو مذہب کا تابع بنا دیں اور روحانی قدروں کو زندگی کا ..... دستور العمل بنائیں" (سول اینڈ ملٹری گزٹ)

کہاں تو جھگڑا اس بات پر تھا کہ مذہب اور سیاست کا [illegible] بلکہ رجعت اور دقیانوسیت کہ سیاسیات اور اقتصادیات کو مذہب کے تابع ہونا چاہیئے، اور مذہب کی بالادستی کو تسلیم کئے بغیر انسانیت کے لئے نجات کی کوئی راہ نہیں! مگر یہ نہ سمجھو کہ سیاسی مدبرین اور جمہوریت کے علمبرداروں نے واقعی مذہب اور خدا سے مصالحت کر لی ہے اور وہ نیک نیتی سے مذہب کی بالادستی پر ایمان لے آئے ہیں، ایسا سمجھنا بڑی غلطی ہوگی بلکہ یہ لوگ ابن الوقت ہیں، سیاست کو بچانے اور رقیبوں کو شکست دینے کے لئے وہ خدا اور مذہب سے وہی کام نکالنا چاہتے ہیں جو کام ایٹم بم اور ڈالروں سے نکل سکتا ہے یا جس کی تکمیل کے لئے وہ آج کل مختلف ناموں سے آپس میں معاہدے کر رہے ہیں، ہرج ہی کیا ہے اگر خدا کے نام سے سیاست کی کشتی بحر ہلاکت سے ساحل نجات پر لگ جائے اور مذہب کے ذریعہ جمہوریت کا بیڑا پار ہو جائے [illegible] مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ اس ابن الوقتی کا شکار نہ ہوں وہ خدا کا شکر اس لئے نہ پڑھیں کہ اہل سیاست باخدا بن گئے ہیں بلکہ خدا پرستی کا پیغام اس لئے لیں کہ انھیں کہ یہ ان کا مذہبی مشن ہے اور اسی مشن کی تکمیل کے لئے انہیں امامت اقوام کی ذمہ داریاں سپرد کی گئی ہیں! ہمیں اہل سیاست کی دانش پر افسوس ہے کہ وہ سیاست کے لئے مذہب کا غلط استعمال کر رہے ہیں اور مارکس کے اس قول کو صحیح کر کے دکھا رہے ہیں کہ مذہب ہمیشہ ارباب سیاست کا آلہ کار رہا ہے!

شادی کابل

ہند پارلیمنٹ میں کئی بل منظور ہونے ہیں ان میں سے ایک شادی کابل بھی ہے جس کی رو سے شادی کے قابل لڑکی کی عمر ۱۵ سال اور لڑکے کی ۱۸ سال ہونی چاہیئے، [illegible] ہندوؤں، عیسائیوں اور سکھوں میں جو شادیاں ہوں انہیں جائز تسلیم کیا جائے [illegible] جو کام مذہبی علماء کو کرنا چاہیئے اسے اب پارلیمینٹ انجام دے رہی ہیں، مذہب کے لئے تو پابندی ہے کہ وہ سیاست میں دخل نہ دے مگر سیاست نے زندگی کے قدم قدم کو جکڑ رکھا ہے اور زندگی کا کوئی شعبہ نہیں جو اس کی دسترس سے باہر ہو، بات یہ ہے کہ [illegible] سیاست کو مذہب سے الگ ہو سکتی ہے اور نہ مذہب کو پرائیویٹ معاملہ کہہ کر [illegible] جا سکتا ہے، معاشرت کے شعبے آپس میں کچھ اس طرح گندھے ہوئے ہیں کہ انہیں جدا کرنا محال ہے، اگر واقعی سیاست کو سیاست کی صف میں رہنا چاہیئے تو ہند پارلیمنٹ کی ان کارروائیوں کے لئے کوئی وجہ جواز باقی نہیں رہتی، اگر وہ ان کارروائیوں کو اختیار کرنے میں حق بجانب ہے تو یہ کہنا صحیح نہ ہوگا کہ سیاست کی ایک حد ہے اور اس کا نجی معاملات سے کوئی تعلق نہیں۔

اچھی باتیں

انما۔ تا۔ مصیر (پ ۲۲ ع ۱۵)

آپ کی نصیحت ان ہی لوگوں کو کارگر ہو سکتی ہے جو اپنے رب کا خیال رکھتے ہیں، اور اسکے عذاب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں یاد رکھو جو شخص اپنے نفس کو پاک کرتا ہے وہ اپنا ہی بھلا کرتا ہے اور سب کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے۔

انسان کی روح نیکی کے تصور سے اسی وقت متاثر ہوگی جب وہ خدا کو بھی پیش نظر رکھے گا اور اس پر یقین رکھے گا کہ اس کے کام کی بازپرس ہوگی اور نیکی پر جزا اور بدی پر سزا ملے گی، جس قدر یہ تصور قوی ہوگا اسیقدر انسان میں نیکی اور بھلائی کی تحریک ہوگی اور اسی قدر وہ اپنی زندگی کو سنوارے گا اور جس کا تصور خدا کی نسبت قوی ہوگا، وہ نماز سے بھی غافل نہ ہوگا کیونکہ نماز روح کی غذا ہے اور اس کے ذریعہ بندہ کو بارگاہ الٰہی میں باریاب ہونے کا موقعہ ملتا ہے اسی کے ساتھ یہ بھی واضح فرما دیا کہ جو شخص نفس کو پاک کرتا ہے وہ اپنا فرض ادا کرتا ہے کسی پر احسان نہیں کرتا اور اسکا پھل بھی اسی کو ملے گا۔

سیر ...... و ...... سیاحت
(سیاح کے قلم سے)

دہلی کے گیا پالی تک [illegible] سے جمنا کے کنارے راج گھاٹ کے نزدیک لوگوں کا ایک تانتا بندھا ہوا ہے۔ صبح سورج نکلنے سے گیارہ بجے تک اندازہ کیا جاتا ہے کہ کوئی دس ہزار آدمی اس چشمہ کو دیکھنے آچکے ہیں جو اچانک آج صبح پہلی بار دیکھا گیا ــــ

چشمہ کا پانی سنہرا ہے تقریباً ہزار بارہ سو آدمی صبح سے اب تک اس پانی میں غسل بھی کر چکے ہیں پونے گیارہ بجے کے قریب حکومت ہند کی کانوں اور بجلی کی وزارت کے ماہرین بھی پہنچ گئے تھے وہ چشمہ کے پانی کا سائنٹفک طریقہ سے مطالعہ کر رہے ہیں ــــ پولیس کو اس کی اطلاع صبح کو آٹھ بجے ملی اور اس کے بعد سے اس نے چشمہ کو گھیرے میں لے لیا جس جگہ یہ چشمہ نمودار ہوا ہے اس کے قریب ایک گز کے اندر زمین [illegible] ـــ (ا۔ ف)

جب یہ حلقے بیٹھے رہے تو بہر نوع ہم اسے خبروں کی بجائے سیر و سیاحت میں شائع کر رہے ہیں جہاں ہر خبر ہر وقت تازہ رہتی ہے ــــ اور پھر اس چشمہ کا علم ہو گئے ہے جسے خبر کہا بھی کہا جا سکے ــــ اگر اس چشمہ ۵ اپریل فول بنایا جا سکتا ہے تو کیوں نہ بنایا جائے۔

اپریل فول اس سال بہت کم لوگوں نے منایا۔ شاید اس لئے کہ وہ منانے کا سارا جذبہ [illegible] کے موقعے پر ختم کر چکے تھے ــــ ہمیں صرف ایک دعوت نامہ یکم اپریل کا ملا کہ جوش ملیح آبادی مس گیتا بالی کو چار بجے بلا رہے ہیں ــــ حالانکہ یکم اپریل کو جوش صاحب دہلی کی بجائے کلکتہ میں پدھارے ہوئے تھے ــــ اور فرض کیجئے دہلی ہی میں ہوتے تب بھی کہاں جوش ملیح آبادی ــــ شاعر انقلاب ــــ اور کہاں مس گیتا بالی نغمے کی چڑیا۔

[illegible] ــــ اور ہم زبردستی اٹھا لئے گئے۔ [illegible] ایک صاحب نے آکر اطلاع دی کہ ہمارے گھر پر [illegible] آئی ہوئی ہے اور ہمارا سب سامان گھر سے نکال کر پھینکا جا رہا ہے ــــ ہم سمجھے کہ ہونہ ہو کسٹوڈین بہادر ہیں وہ ایسے ہی کئی اچانک حملے کر چکے ہیں ہم گھبرا کر بھاگ گئے لیکن دیکھا کہ ہم اپریل فول بنا دیئے گئے ــــ ہم نے غنیمت جانا کہ دن نزدیک نکل آیا اور ہم نے مس گیتا بالی سے ملنے کا ارادہ ترک کر دیا۔

[illegible]

(باقی صفحہ [illegible])

یہ خبر بھی اخبارات میں یکم اپریل کو شائع ہونی چاہئیے تھی لیکن افسوس اطلاع دیر سے موصول ہوئی [illegible]

عہد نامہ

آخر برطانیہ کے آنریری جنرل شاہ عبداللہ والئی شرق اردن اور اسرائیل کے مابین صلح کا عہدنامہ مرتب ہو گیا جس کی رو سے فلسطین کے بعض علاقوں کی تحدید کر دی گئی یعنی کچھ علاقے اسرائیل کو اور کچھ علاقے عربوں کو دیئے جائیں گے مصر اور لبنان سے پہلے ہی معاہدہ ہو چکا ہے، شاید ایک دو معاہدے اور ہوں گے اور اس کے بعد فلسطین کا قصہ تمام ہو جائے گا عربوں نے بار بار کہا تھا کہ اگر وہ اسرائیل سے گفتگو کریں گے تو اس کے معنے یہ ہوں گے کہ انہوں نے حکومت اسرائیل کو تسلیم کر لیا ہے لیکن اب نہ صرف گفتگوئیں ہو رہی ہیں بلکہ صلح نامے بھی مرتب ہو رہے ہیں، یعنی حکومت اسرائیل تسلیم کر لی گئی، عربوں نے کانٹے [illegible] جگہ دیدی اور امریکہ برطانیہ اور روس کی پالیسی میں قلب عرب میں جا کر رگ دبا دی تو اس کے بعد! امریکہ، یہود اور خبردار!

پیغام ترقی

یہ نظم جس میں جناب مولانا داؤد صاحب راز (منشی فاضل) مدرس دار العلوم شکراوہ ضلع گوڑگانوہ نے اکابر جمعیۃ کا خیر مقدم کرتے ہوئے میو قوم کے دلی جذبات کا صحیح نقشہ کھینچا ہے۔ میوات جمعیۃ علماء کانفرنس مقام اٹاوڑ ضلع گوڑگانوہ میں گذشتہ جمعہ کو پڑھ کر سنائی گئی تھی۔ ہم ناظرین الجمعیۃ کی دلچسپی کیلئے اس کو شائع کرتے ہیں۔

مبارک ہو فدایانِ وطن تشریف لائے ہیں
مبارک ہو بہارانِ چمن تشریف لائے ہیں
علم بردار ناموسِ وطن تشریف لائے ہیں
زہے قسمت وہ یکتائے زمن تشریف لائے ہیں
حسین احمد سے علامہ خطیب الہند [illegible] فاضل
زعیم القوم صدر انجمن تشریف لائے ہیں
خوشا اہل ہندی مسلمانوں کی جمعیت کا یہ جلسہ ہے
نہیں ہم میں کہ دل انساں یہ اس جلسے کا منشا ہے

بقیہ ہے یہ جمعیت ہماری شان ماضی کا
ملے جسکو عزیزؔ و قاسمؔ و محمودؔ سے بینا
درخشاں ہیں ابھی تک آسمان ہند کے تارے
ولی اللہ احمد اور اسمٰعیلؒ بے ہمتا
مسلم ہیں وطن کے نام پہ قربانیاں جن کی
عبید اللہؔ مرد حق حکیم اجملؔ دانا
مبارک سلسلہ ہے جس کی یہ انمول کڑیاں ہیں
سپاہی شیر دل عثمان اور آزاد مولانا
یہ ایک تاریخ ہے جس کو بھلایا جا نہیں سکتا
یہ شمع حق وہ ہے جس کو بجھایا جا نہیں سکتا

رہی جمعیت کا نصب العین ہندوستان کی آزادی
کریں ہند و مسلماں مل کے ہندوستان کی آبادی
رہی جیلوں میں اس مقصد کی خاطر آفتیں سہتیں
مٹا کر رکھ دیا آخر یہاں سے جور شدادی
نہ جادو چل سکے گا مشرق پر اب اہل مغرب کا
بہت کچھ ہو چکی ہے آجتک مشرق کی بربادی
نصیبہ جاگنے کو ہے غریبوں اور کسانوں کا
دکھاتی ہے جھلک منزل کی ہمکو صبح آزادی
بھلا ہستی یہاں پر کیا ہے دنیا کے مکینوں کی
ہلا دیتی ہیں عرش پاک کو آہیں غریبوں کی

نہ بھولا جائیگا اسم گرامی حفظ رحماں کا
یہ جلوہ ہے یہاں سب پہ ہی خورشید تاباں کا
سہارا جو دیا ہے ہمکو جمعیت کے دفتر نے
وہ نصب العین ہونا چاہیئے ہر ایک انساں کا
نہ کر سکتے ہیں ہم خدمت ہی کچھ ارکان ملت کی
نہ بدلہ ہی ہمارے پاس ان کے بار احساں کا
ہیں کانِ فنِ وطن کے چاند سندر لال جی جیسے
کہ ہر اہل وطن قائل ہو ان کے سوز پنہاں کا
ہیں اک نایاب گوہر آپ بھارت کے نگینوں میں
ہیں سندر لال باپو جی کے سچے جانشینوں میں

وطن کی ناک ہیں ہم میو [illegible] ہیں
[illegible] کرشن کی ہیں اولاد جو مشہور اقراں ہیں
رگوں میں ہے ہمارے خون [illegible] سے بہادر کا
ہوا کیا مبتلا گر آج گردش ہائے دوراں ہیں
نہ بھولے گی کبھی میوات باپو جی کی آمد کو
نہ بھولے جائینگے ہم سے جو باپو کے احساں ہیں
ہوا ہے وقت تو ہم مادر بھارت پہ مٹنے کو
رگوں میں خون [illegible]
نہ چھیڑ اے گردش قسمت ہمیں ناشاد رہنے دے
رقیبوں کے دلوں میں کچھ ہماری یاد رہنے دے

بہر صورت بڑھا دی ہیں اب ان بھارت کا
خلوص دل سے ہمکو پاس ہے قومی روایت کا
ترنگے کی ہمیں دنیا میں اونچی شان رکھنی ہے
حلف ہم نے اٹھایا ہے ترنگے کی حفاظت کا
لگا ہو گئیں ہمارے ہیں وہ باپو کی تمنائیں
بسا ہی دیں ہیں پھر اک نیا عالم شرافت کا
ہمیں رکھنا ہے مل جل کر ہی شانِ ہند کو باقی
یہ ہر ہندی کو ہے پیغام باپو کی شہادت کا
اب آؤ ہوش میں اے شمع آزادی کے پروانو
سمجھ سے کام لو اے حور آزادی کے دیوانو

ہمارا فرض ہے ہم ٹھیک انسان بن جائیں
وطن کی شان بن جائیں وطن کی آن بن جائیں
جہالت کا نہ رہنا چاہیئے نام و نشاں باقی
وطن والے وطن میں علم و فن کی کان بن جائیں
کوئی ہندو ہو یا مسلم ہو سکھ ہو یا ہو عیسائی
ہوں قالب خواہ کتنے بھی مگر یکجان بن جائیں
مثال موج دریا اپنی حرکت تیز ہو کر دیں
جلیل القدر ہو جائیں عظیم الشان بن جائیں
شراب انسیت پی لیں کہ یہ جام ترقی ہے
ترانہ راز احقر کا یہ پیغام ترقی ہے

لکھنؤ کے اجلاس میں ۴ ۱/۲ کروڑ مسلمانوں کی مذہبی معاشرتی زندگی کا پروگرام پیش کیا جائیگا

سیر و سیاحت

(بقیہ صفحہ ۲)

کہ ہم اپنے گھر کو پہنچے ہی تھے کہ [illegible] کی طرف سے کسی نے اپریل فول بنایا تھا۔

پھر ہم جلدی ہی [illegible] یکم اپریل نکل گیا۔ اگرچہ راقم الحروف کو تیرہ تاریخ تک اس کا ڈر ہے [illegible] جب پیر ہراں ہو جائے۔ دیکھئے کہ یکم اپریل اب ایک سال سے پہلے اپنی شکل نہ دکھائے۔

شمالی اٹلی میں پولیس اور کمیونسٹوں کے درمیان تصادم

روم۔ [illegible] اپریل۔ شمالی اٹلی کا [illegible]

شہر [illegible] اور پولیس کے ایک روزہ تصادم کے بعد [illegible] گذشتہ شب [illegible] دو فریق [illegible] اور مسلح دستوں نے امن قائم کیا لیکن [illegible] ایک [illegible] دوسرے شہروں کو متاثر بھی کر چکی ہے۔

فساد کرنے والوں کو غنڈوں کے نام سے پکارا جائے

سہارنپور میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر مشتاق احمد کی تقریر

[illegible] پارٹی کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان جلسہ [illegible] سوشلسٹ لیڈر مسٹر مشتاق احمد [illegible] ایک ولولہ انگیز تقریر کرتے ہوئے کہا [illegible] آزادی کے [illegible] کو ہی [illegible]

چاہتے ہیں کہ ہندوستان میں [illegible] ان کی ذمہ داری پولیس پر نہیں ہے بلکہ ہر باشندہ پر ہے جو فساد کرتے ہیں ان کو ہندو یا مسلمانوں کے نام سے نہیں بلکہ غنڈوں کے نام سے پکارنا چاہئے۔ آپ نے کہا کہ کانگریس [illegible] لیڈروں کو چھوڑ کر باقی یہ بھول گئے کہ انہوں نے کیا وعدے کئے تھے۔ وہ پرمٹ وغیرہ کے چکر میں پھنس گئے۔ آج بجٹ بنایا گیا تو سرمایہ داروں کا خیال رکھا گیا۔ [illegible]

[illegible]

بسا ون سنگھ کی تقریر [illegible] ساتھ ہمدردی کا ایک ریزولیشن بھی پاس کیا گیا۔ (نامہ نگار)

ڈچوں کے خلاف امریکی عوام میں زبردست بے چینی

انڈونیشیا کا مسئلہ حل ہونے سے قبل ہالینڈ کو امداد کی مخالفت

بٹاویہ ــــــ (رکٹوب) ــــــ ۵ اپریل

[illegible]

ڈاکٹر بنچ کا کام ختم ہو گیا

وہ امریکہ کو روانہ ہو گئے

روڈز۔ ۵ اپریل۔ ڈاکٹر بنچ یہاں سے امریکہ روانہ ہو گئے کیونکہ اسرائیل اور شرق اردن کے درمیان معاہدہ پر دستخط ہو جانے کے بعد ان کا ثالثی کام عملاً ختم ہو گیا۔

وہ امریکہ جاتے ہوئے بیروت میں اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کے ممبروں سے ملیں گے جو اس وقت عرب لیڈروں سے ملاقات کرنے میں مصروف ہیں [illegible] اور عرب معاہدہ پر دستخطوں کا کام مکمل ہو جائے گا تو وہ اپنے فرائض مصالحتی کمیشن کے سپرد کر دیں گے۔

مصالحتی کمیشن کی طرف سے عرب نمائندوں کو اسرائیل کے نمائندوں سے ملاقات کی دعوت دی گئی تھی۔ اس دعوت کے قبول کرنے کے متعلق عرب لیڈروں میں اختلاف رائے ہے۔

مشرقی جاوا میں جہاں کہ گوریلا سرگرمیاں خاص طور پر بڑھ گئی ہیں۔ [illegible] کے تمام راستے ڈچ ٹریفک کے لئے بند ہیں [illegible] ممکن بنا دیا ہے۔

ڈچوں کی پسپائی

مغربی جاوا میں کہ جہاں پر ڈچوں نے ذہنی حالت کے بہتر ہونے کا اعلان کیا ہے [illegible]

ایک انڈونیشی ترجمان نے بتایا کہ [illegible] ایک ایسی پالیسی پر عمل کر رہا ہے کہ ہر قسم کی مزاحمت کو جس میں شہریوں کے عدم تعاون اور فوجی مزاحمت کا شامل ہے [illegible]

[illegible]

آج جمعیۃ علماء کی توجہات کا مرکز بچوں کی مذہبی تعلیم ہے

جمعیۃ کے سالانہ اجلاس کو کامیاب بنانے کیلئے لکھنؤ میں محلہ وار جلسے

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند کا جو اجلاس لکھنؤ ۱۹، ۱۸، ۱۷ اپریل کو ہو رہا ہے۔ اس کو شاندار طریقہ پر کامیاب بنانے اور مسلمانان شہر لکھنؤ کو جمعیۃ کے اغراض و مقاصد سے واقف کرانے کے لئے شہر میں محلہ وار جلسے ہو رہے ہیں جس میں مسلمانان لکھنؤ جوق در جوق شریک ہوتے ہیں۔ کانفرنس کی کامیابی کے لئے ہر قسم کی اخلاقی اور مالی امداد کرتے ہیں اور نوجوان بڑے جوش و خروش سے اپنی رضاکارانہ خدمات پیش کرتے ہیں۔

۲ اپریل کو ۹ بجے شب کو محلہ حسین گنج چوراہا اور گنج میں جمعیۃ علماء کا ایک شاندار جلسہ جناب مولانا محمود الحسن صاحب [illegible] کی صدارت میں ہوا جس میں حضرت مولانا شبیر احمد صاحب [illegible] جمعیۃ علماء صوبہ یوپی [illegible] ناظم اعلیٰ [illegible]

مجلس استقبالیہ مولانا خلیل اللہ [illegible] اور مولانا عبد الحمید صاحب اعظمی شریک تھے۔

مولانا اعظمی نے [illegible] کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا [illegible] فرقہ وارانہ جمہوری حکومت اپنے بنیادی اصول کے پیش نظر ملک کے کسی فرقہ کی مذہبی تعلیم کی ذمہ داری لینے کو تیار نہیں اور ملک میں بہت جلد جبری لازمی تعلیم بھی نافذ ہونے والی ہے ایسی حالت میں [illegible] مسلمان بچوں کی مذہبی تعلیم [illegible]

سب سے پہلے [illegible] بتلاتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کی دینی اور دنیاوی ترقی کا راز اسی میں ہے کہ دنیا میں خدا کے ہو کر رہیں۔ اسلام کی تعلیمات کو اپنائیں۔ گناہوں سے توبہ کریں [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی خدمات اور اس کی بے مثال قربانیوں کا تفصیل سے ذکر کرتے ہوئے مولانا نے فرمایا علماء کی جماعت نے یہ طے کر لیا ہے کہ اب مسلمانوں کی تعلیم، تمدن اور معاشرت کی اصلاح کا کام کرینگی اور ملک کے سیاسی معاملات [illegible] لکھنؤ کا اجلاس اسی لئے ہو رہا ہے کہ [illegible] مسلمانوں کی مذہبی [illegible] اور تمدنی زندگی کی اصلاح کے لئے ایک مستقل پروگرام [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء بھاگلپور کی مجلس عاملہ کا اجلاس

[illegible]

ناظم اعلیٰ جمعیۃ نے دفتری کاموں کے متعلق مفصل طور پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں مجلس عاملہ نے غور و فکر کے بعد سات تجویزیں منظور کیں۔

وقف بورڈ کے متعلق مجلس عاملہ منعقدہ ۹ [illegible]

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء بمبئی کا اجلاس

بمبئی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی مجلس عاملہ کا جلسہ زیر صدارت جناب مولانا محمد عثمان صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی منعقد ہوا۔ اراکین حضرات کے علاوہ صوبہ کی اکثر جمعیۃ کی شاخوں کے صدور سکریٹری صاحبان و دیگر معززین شہر بھی شریک جلسہ تھے۔ ابتداء تلاوت کلام پاک سے ہوئی۔ بعدہ حکیم اعظمی صاحب ناظم اعلیٰ نے حضرت مولانا خواجہ حسن صاحب مجددی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر ایک تعزیتی تجویز پیش کی جو باتفاق رائے منظور ہوئی۔

اس کے بعد بمبئی میں ۱۲ و ۱۳ مئی کو جو صوبائی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اس کے لئے مجلس استقبالیہ کی تشکیل پر غور و فکر ہوا اور فوری طور پر اٹھارہ آدمیوں پر مشتمل ایک عبوری کمیٹی بنا دی گئی۔ جس کے کنوینر حافظ علی بہادر خاں صاحب بنائے گئے۔ اور یہ طے پایا کہ مجلس استقبالیہ کی فیس رکنیت ۱۰ روپیہ رکھی جائے۔

بعدہ مذہبی تعلیم کی ضرورت کے پیش نظر ایک تجویز پیش ہوئی کہ بمبئی میں جبکہ سادے عربی مدارس ہیں مذہبی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں۔ ایسی صورت میں اس کی ترقی کے لئے کون سی شکل اختیار کی جائے چنانچہ اس کے متعلق سات آدمیوں پر مشتمل ایک سب کمیٹی کا تقرر عمل میں آیا۔ جو اس کی ترقی کے متعلق اپنی رپورٹ مجلس عاملہ کو پیش کرے۔ اس کمیٹی کے کنوینر جناب مولانا عبد العزیز صاحب بہاری مقرر ہوئے ہیں۔

[illegible]

ضلع دیوریا میں امدادی دورے

[illegible]

سہارنپور کے فساد میں گرفتار شدگان

[illegible]

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء کلکتہ کا اجلاس

صدر جمعیۃ علماء کلکتہ کے دولت کدہ پر مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء کلکتہ کی اہم نشست ہوئی جس میں علاوہ ممبران [illegible]

[illegible]

مولانا مستفیض الرحمٰن صاحب توجہ فرمائیں

[illegible]

برائے اطلاع عام

مشرقی پنجاب کے ایکویو ٹرسٹ (ایڈمنسٹریشن آف پراپرٹی) ایکٹ ۱۹۴۷ء کی رو سے جس کا صوبہ دہلی پر بھی اطلاق ہے کسٹوڈین نے حسب ذیل جائداد کا قبضہ لے لیا ہے جس کا اعلان حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۱۹ مارچ [illegible] میں کیا گیا ہے۔

ــــــ (۴) ــــــ

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو حاصل ہے
۶۱۳۳	۵۰۵۴	قیس ہزاری	ملکیت
۶۱۳۴	۵۰۵۵	〃	〃
۶۱۳۵	۵۰۵۷	〃	دونوں
۶۱۳۶	۵۰۵۸	〃	ملکیت
۶۱۳۷	۵۰۵۹	〃	〃
۶۱۳۸	۵۰۶۶	[illegible]	دونوں
۶۱۳۹	۵۰۶۸	〃	〃
۶۱۴۰	۵۰۶۹	〃	〃
۶۱۴۱	۵۰۶۹	〃	〃
۶۱۴۲	۵۰۷۰	〃	〃
۶۱۴۳	۵۰۷۱	〃	〃
۶۱۴۴	۵۰۷۲	〃	〃
۶۱۴۵	۵۰۷۳	〃	〃
۶۱۴۶	۵۰۷۴	〃	〃
۶۱۴۷	۵۰۷۵	〃	〃
۶۱۴۸	۵۰۷۷	〃	〃
۶۱۴۹	۵۰۷۸	〃	ملکیت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

میں اشتہار دیجئے

اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ...... -/-/۳ روپیہ فی انچ فی کالم

پچاس انچ سے زیادہ .... -/-/۲ روپیہ فی انچ فی کالم

اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ فی کالم

سینما اور فحش قسم کے اشتہارات نہیں لئے جاتے

مزید تفصیلات کے لئے لکھئے۔

منیجر شعبہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دار السلطنت

[illegible] اپریل

۱۶ سو روپے غائب

پہاڑ گنج کا ایک شخص معہ اپنی بیوی کے خریداری کے لئے گیا جب دونوں میاں بیوی گھر پہنچے تو معلوم ہوا چور کھڑکی کا قفل اور دروازہ توڑ کر مکان میں داخل ہو گئے اور ۱۶ سو روپے کے زیورات لے کر فرار ہو گئے۔

زخمی کر دیا

ایک سائیکل پر جھگڑا ہو جانے سے جو ایک درزی کے بھائی نے کسی نے قرض لی تھی درزی زخمی ہو گیا۔ یہ منگسن روڈ کا واقعہ ہے جب بات زیادہ بڑھی تو دوسرے آدمی نے جو سکھ تھا درزی کی قینچی سے اسی کی گردن پر وار کیا۔ درزی زخمی ہو گیا جسے ہسپتال لے جایا گیا۔ پولیس میں رپورٹ بھی درج کرا دی گئی ہے۔

عین موقعہ پر گرفتار

روشن آرا روڈ پر ایک شخص [illegible] کی جھونپڑی سے ایک ٹرنک اٹھا کر بھاگ رہا تھا ایک شخص ایک سوئے ہوئے آدمی سے ٹکرا گیا۔ سوتا ہوا آدمی جاگ اٹھا اور اس نے چور کو پکڑ لیا۔

چوری کی وارداتیں

فیصل کے علاقوں میں رہنے والے ایک شخص [illegible] کے ۵۰۲ روپے کے زیورات اور کپڑے وغیرہ چوری ہو گئے۔

قرول باغ میں ایک مکان کا دروازہ توڑ کر چور اندر داخل ہوئے اور تقریباً سات سو روپیہ کا سامان لے کر چلتے بنے۔ [illegible] اطلاع ملی ہے کہ ایک شخص جس نے خیرات میں دی گئی رقم کا بکس اٹھا کر بھاگنا چاہا گرفتار کر لیا گیا۔

شہر میں مختلف معمولی چوریوں کی اطلاعات ملی ہیں ان میں سے پانچ ہزار روپے کا نقصان ہوا ہے۔

[illegible] کے ایک شخص [illegible] کے مکان سے ایک ہزار کے زیورات گم ہو گئے۔ دہلی ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر کا سوٹ کیس گم ہو گیا جس میں دو ہزار کے زیورات تھے۔

تین شخص زخمی

[illegible] روڈ پر ایک موٹر ایک شخص سے ٹکرا گئی اور وہ زخمی ہو گیا۔ ڈرائیور نے اپنی کار [illegible] کی طرف موڑ دی ایک دوسرا شخص جس نے کار کو تھامنا چاہا وہ بھی زخمی ہو گیا۔ ڈرائیور فرار ہو گیا۔ دونوں زخمیوں کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

جیب کترا گرفتار

ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر کی جیب کاٹتے ہوئے ایک جیب کترا گرفتار ہوا ہے۔ معلوم ہوا ہے اسے پولیس کے حوالہ کر دیا گیا۔

دو بندوقیں چوری

اطلاع ملی ہے کہ [illegible] ایک سپاہی [illegible] سے ایک رائفل اور ۱۰ کارتوس چوری ہو گئے ہیں۔

[illegible]

رشوت لینے کے الزام میں گرفتاری

[illegible]

جرائم کی روک تھام

[illegible]

ناجائز پٹرول برآمد ہوا

[illegible]

برلی میونسپلٹی کا بجٹ

[illegible]

صدر بازار کی سلم سبیل

صدر بازار دہلی کا ایک بہت اچھا تجارتی مرکز ہے۔ [illegible] ایک سلم سبیل تھی جو تقریباً چالیس سال سے گلی شکوں والی کے نکڑ پر ہے [illegible] یہ گلی شکوں والی مشہور ہے۔ دوران فساد میں اس سبیل پر ایک ریفیوجی نے قبضہ کر لیا جو اب تک برسر ہے اس کے متعلق پولیس کو با رہا درخواستیں دی گئیں۔ کسٹوڈین کو متوجہ کیا گیا۔ گذشتہ سال [illegible] لال صاحب سکریٹری پیارا ایسوسی ایشن صدر بازار خود میرے ہمراہ مہا صاحب انسپکٹر جنرل سے بھی ملے۔ اس سلسلہ میں پولیس اور کسٹوڈین کے ذمہ دار افسران موقعہ پر تشریف لائے اور جو صاحب سبیل پر قابض ہیں ان کو بہت کچھ سمجھایا مگر ہنوز روز وہ سبیل [illegible] دسمبر ۱۹۴۸ء [illegible] پولیس کے کئی مرتبہ وہاں آنے پر ریفیوجی صاحب نے اتنا کرم کیا کہ سبیل کے نصف حصہ پر [illegible] کا بورڈ لگا دیا۔ اور نصف پر ان کی شربت کی دکان ہے۔

عام مسلمانوں کی اس پانی کی تکلیف کو مد نظر رکھتے ہوئے میری درخواست پر کمال مہربانی سے حاجی محمد نسیم صاحب [illegible] نے اپنی دکان کا ایک کونہ عارضی طور پر مٹکے رکھنے کے لئے عنایت کر دیا سو اب وہاں عارضی طور پر مٹکے رکھوا دئے گئے ہیں۔

[illegible] اس طرف فوراً متوجہ ہو کر سبیل خالی کرا کر علیحدہ عبد خانی کرا کر مسلمانوں کو شکریہ کا موقعہ دیں۔

محمد الیاس سرکی والا۔ متولی اسلامی سبیل گلی شکوں والی صدر بازار دہلی۔

ایک روپیہ فی گیدڑ

دہلی کے ارد گرد [illegible] گیدڑوں کے کاٹنے کی وارداتوں سے بچنے کے لئے کتوں اور گیدڑوں کو مارنے کے لئے کہا ہے۔

نئی دہلی میونسپل کمیٹی یہ ہدایت کریگی کہ کتوں کے مالک اپنے کتوں کو زنجیروں میں رکھیں اور وہ نہیں اور سڑکوں پر [illegible] نیز پاگل کتوں کو پکڑ لیں اور اسکے علاوہ الاؤنس دیا جائے گا۔ یہ تجویز بھی ہے کہ [illegible] گیدڑوں کو [illegible]

مسز وجے لکشمی دہلی میں

دہلی ۔ ۵ اپریل۔ مسز وجے لکشمی پنڈت ماسکو سے دہلی [illegible]

ایک بار بھی ملاقات نہیں ہوئی

نئی دہلی۔ ۵ اپریل۔ مسز وجے لکشمی پنڈت آج لندن سے یہاں پہنچیں۔ کل بمبئی میں ایک انٹرویو میں آپ نے کہا کہ ہندوستان اور روس کے تعلقات گہرے دوستانہ اور خوشگوار ہیں بحال ہیں دونوں ملکوں میں تجارتی معاہدہ ہوا ہے ایک سوال میں آپ نے کہا کہ مارشل سٹالین سے میری ایک بار بھی ملاقات نہیں ہوئی۔

نئی دہلی میں آئرلینڈ کا قونصل خانہ

نئی دہلی ۵ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ آئرلینڈ [illegible]

نئی دہلی کی اسٹالوں کیلئے بجلی

نئی دہلی میونسپل کمیٹی کی سفارش

[illegible]

بڑودہ کے جنگلات میں آتشزدگی

حکومت بڑودہ کا بیان

بڑودہ ۔ [illegible] اپریل۔ حکومت بڑودہ نے ریاست کے جنگلات میں آتشزدگی کے متعلق ایک بیان میں کہا ہے کہ [illegible] سونگڑھ، ونکال اور [illegible] کے جنگلوں میں آگ لگنے سے حکومت کو بہت کم نقصان پہنچا۔ کیونکہ گھاس زیادہ جلی۔ البتہ جنگل کے ٹھیکیداروں کا نقصان [illegible] لاکھ روپیہ کے قریب ہے۔ ٹھیکیداروں نے جو عمارتی لکڑی جمع کی تھی وہ بھی آگ کی نذر ہو گئی۔ آتشزدگی کی وجہ ابھی تک نہیں معلوم ہو سکی۔ لیکن حکومت خیال کرتی ہے کہ گذشتہ سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے جنگل خشک ہو گیا تھا اور موسم گرما کی شدید گرمی اس آگ کا باعث ہوئی ہوگی۔

سوراشٹر میں تعلیمی اسکیم

۲۵ لاکھ سے زیادہ کے مصارف

راجکوٹ ۔ [illegible] اپریل۔ حکومت سوراشٹر نے ابتدائی تعلیم پر ۵۶ لاکھ ۶۰ ہزار روپیہ امسال خرچ کرنا تجویز کیا ہے۔ تعلیم بالغان اور اعلیٰ تعلیم پر ۱۰۰۶ ۲۲ ہزار روپیہ صرف کیا جائے گا۔

ابتدائی اسکولوں کے چار ہزار اساتذہ کی ضروریات پوری کرنے کے لئے ۱۵ اساتذہ کی تربیت کے کالج مقرر کئے جائیں گے گجرات اور دوسرے علاقوں میں اساتذہ کو تربیت کے لئے بھیجا جائے گا۔ ابتدائی مدارس کی عمارتوں کی تعمیر کے لئے ۵۵۰۰۰ ہزار روپیہ منظور کیا گیا ہے۔

کل سوراشٹر میں تعلیم بالغان کے ۲ سو مرکز کھولے جائیں گے۔ ۲۰۰ دار المطالعے اور ۵۰ لائبریریاں قائم کی جائیں گی۔ [illegible]

مشہور اداکار لاری چلا رہا ہے

لندن ۴ اپریل [illegible] لاری ڈرائیور ہے۔ بیس سال قبل وہ مشہور اداکار تھا۔ اور دنیا اس کے پیروں پر تھی۔ اس کا نام [illegible] خاموش فلموں کے زمانے میں یہ شخص گریٹا گاربو اور جون کرافورڈ کے ساتھ اداکاری کر چکا ہے۔ اس وقت اس کی آمدنی ۳۵۰ پونڈ فی ہفتہ تھی۔ اور شہرت میں جون گلبرٹ کے بعد اس کا دوسرا نمبر تھا۔

[illegible] کتابوں کے لئے روپے بھیجے ہیں۔

۱۹۳۱ء میں اس [illegible] کامیاب اداکاروں کی دوسری صف [illegible] خاموش اداکاروں کی طرح وہ اس بولتی فلم میں ناکام [illegible] (رکٹوب)



پیکر ناز کے

حسن کی

دل گداز کرنیں

زلف مشکیں کی مہک

محبوب شباب

گل کشمیر ہیئر آئیل

پسند کرتی ہیں

حسن اور موہنی کا سب سے بڑا عامل گل کشمیر ہیئر آئیل میں پوشیدہ ہے جسکی بھیوڑ کر نیوالی سحر آفریں مہک سے پیکر ناز مبہوت اور مسحور ہو جاتا ہے یہ ناممکن ہے کہ گل کشمیر ہیئر آئیل استعمال کرنے کے بعد محبوب کے جذبات سرد رہیں

گل کشمیر ہیئر آئیل بالوں کو چار فٹ تک بڑھاتا ہے خم دیتا ہے خوب نشو و نما کرتا ہے بالوں کو گرنے نہیں دیتا۔ جڑوں کو مضبوط، بالوں کو نرم چمکدار بناتا، گنجہ پن دور کرتا اور نئے بال پیدا کرتا ہے، اس کے نباتاتی اجزا بالوں کو سیاہ بنائے رکھتے ہیں اور سفید بالوں کو رفتہ رفتہ سیاہ کر دیتے ہیں۔ بجید مقوی دماغ ہے نزلہ ہرگز نہیں ہوتا پیکنگ اور خوبصورتی میں ولایتی تیلوں پر فوقیت رکھتا ہے۔ اس کی روح پرور مہک ہوا کے ہر جھونکے میں کبھی ہار سنگار کبھی بیلا کبھی نرگس کبھی رات کی رانی کی مہک پیدا کر کے کیف و سرور بڑھاتی ہے پاس سے گزرنیوالا خوشبو سے مست ہو کر گھوم کر دیکھنے کے لئے مجبور ہو جاتا ہے گویا تمام چمنستان کی روح ملا کر ایک نادر و نایاب مرکب تیار کیا ہے

قیمت فی شیشی تین روپے، دو شیشی پانچ روپے، محصول ایک روپیہ علاوہ لیکن تین شیشیوں کے خریدار کو محصول معاف، کل سات روپے آٹھ آنہ میں تین شیشیاں ارسال ہوں گی

تھوک بیوپاری ایجنسی کا معاملہ خط و کتابت سے طے کر سکتے ہیں

روحی فریک اینڈ کمپنی انگریزی دوا فروشان پوسٹ بکس نمبر ۴۸ پشت جامع مسجد دہلی

۲۰ ہزار عورتوں کا مظاہرہ

[illegible] اپریل۔ گذشتہ روز آسٹریا کے روسی مقبوضہ علاقہ میں آسٹریا کی سوشلسٹ پارٹی کی ۲۰ ہزار عورتوں نے جلوس نکالا اور مظاہرہ امن کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے ان جنگی قیدیوں کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا جو اب تک گرفتار ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ سب جنگی مجرمین روس کے علاقوں میں قید ہیں۔ (رکٹوب)

جاپان پھر سستا کپڑا تیار کرنے لگا

لنکا شائر کے کارخانہ داروں میں کھلبلی

لندن ۶ اپریل۔ جاپان نے کپڑے کی پیداوار میں اضافہ کی جو مہم شروع کی ہے اس سے لنکا شائر کے کارخانہ داروں میں ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ جو اعداد و شمار اس ضمن میں یہاں پہنچے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ سال رواں میں جاپان نے ۱۹۴۸ء کے مقابلہ میں زیادہ کپڑا پیدا کیا۔

گذشتہ سال کے ۶۶۳۳۰۰۰۰۰ ہزار گز کپڑے کے مقابلہ میں اس سال نو ہزار دو سو تیس لاکھ کپڑا تیار کیا۔

ماہرین کا رخیوں کے ماننے سے ترکیب سے اس پر کتنہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ جن انسران کا اس وقت جاپان پر تسلط ہے انہوں نے [illegible] کپڑے کی مزید پیداوار کی جائے اور اس کی پیداوار میں بھی اضافہ کیا جائے۔

جاپان کی کپڑے کی تجارت کو فروغ دینے سے وہ پھر اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جائے گا۔ اس لئے وہ ہر ملک کو مال سپلائی کرنے کے سلسلہ میں گفت و شنید کر رہا ہے۔ اس سال گذشتہ سال کے مقابلہ اور زیادہ مال جاپان سے غیر ممالک کو بھیجا جائے گا اور اس سے جاپان پھر جلد ہی اپنی پہلی حالت پر آ جائے گا۔

ماسٹر تارا سنگھ بنارس جیل میں

[illegible]

انگلستان کے قلعہ کو امریکہ میں لے جایا جا رہا ہے

[illegible]

کشمیر کو بچانے کے لئے نوجوانوں کا شکریہ

[illegible]

جنگ آزادی میں سوم آئیگا

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گولہ -/۲/۱۰۰ تیل السی -/۵۵/- تیل تل [illegible] کاشتکی -/۶۲ [illegible] تیل مونگ پھلی [illegible] تیل ارنڈی [illegible] کاشتکی ڈالڈا [illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

کالی مرچ [illegible] سونف [illegible] لونگ [illegible] کالا نمک [illegible] ہلدی [illegible] مرچ کالی [illegible] مرچ لال [illegible] پستہ [illegible] پوست دانہ [illegible] بادام [illegible] کشمش [illegible]

دہلی صرافہ مارکیٹ

چاندی حاضر [illegible] سونا [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

میر لائق علی کی نظربندی

حکومت حیدرآباد کا اعلان

حیدرآباد ۵ اپریل۔ حکومت حیدرآباد نے حسب ذیل اعلان کیا ہے۔ اخبارات میں اس مطلب کی افواہیں شائع ہوئی ہیں کہ سابق وزیر حیدرآباد کو میر لائق علی کو ایک کمرہ میں سخت [illegible] رکھا گیا ہے اور کھانے کے لئے بہت تھوڑی خوراک دی جاتی ہے۔

حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ انہیں ان کے بنگلہ میں نظر بند کیا گیا ہے۔ اور ان سے بہت اچھا سلوک کیا جا رہا ہے۔ جیسا کہ بعض غیر ملکی اخبار نویسوں نے امریکن اخبارات کو بتایا تھا۔

میر لائق علی کے بیوی بچے اور نوکر ان کے ساتھ رہتے ہیں اور انہیں اپنے ذاتی ڈاکٹر کی خدمات حاصل ہیں۔ کتب، رسائل اور اخبارات انہیں دئیے جاتے ہیں اور قریبی رشتہ داروں کو ملنے کی اجازت دی جاتی ہے اور وہ اپنی پسند کی غذا کافی مقدار میں لے سکتے ہیں۔

جمعیۃ کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے

جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء یوپی کا طوفانی دورہ

[illegible]

مجلس استقبالیہ اجلاس جمعیۃ کی طرف سے مہمانوں کے لئے ضروری ہدایات

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۸۵۵

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ۔ مورخہ ۹ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ اپریل ۱۹۴۹ء | نمبر ۸۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستانی شرفاء کے لئے

بہترین ہوٹل

سابقہ مالک اسٹار ہوٹل نے ہندوستانی شرفاء کی تکلیف کو مد نظر رکھتے ہوئے نیو صفدر ہوٹل کے نام سے نیا ہوٹل قائم کیا ہے۔ ایک مرتبہ خدمت کا موقعہ دیجئے۔

پروپرائٹر اے۔ کریم۔ دہلوی نیو صفدر ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ بالمقابل ہمدرد دواخانہ لال کنواں دہلی

نوٹس

اقوام متحدہ میں اطالوی نوآبادیات کی بحث شروع ہوگئی

سیاسی کمیٹی میں سر ظفر اللہ خاں کے پانچ سوالات

بتایا جائے کہ اٹلی نے نوآبادیوں کو فائدہ پہنچایا یا خود فائدہ اٹھایا

سر ہومی مودی

یوپی کے گورنر مقرر کئے گئے

نئی دہلی ۸ اپریل۔ حکومت ہند کے ایک بلیٹن میں بتایا گیا ہے کہ گورنر جنرل نے سر ہومی پی مودی کو صوبہ یوپی کا گورنر مقرر کر دیا ہے۔ مسٹر مودی اس ماہ کے آخر یا مئی کے شروع میں اپنے نئے عہدہ کو سنبھال لیں گے۔

پنڈت نہرو کشمیر کو

سرکاری فوجیں فوراً اطاعت قبول کرلیں

چینی کمیونسٹوں کا مطالبہ

شنگھائی ۸ اپریل۔ چین کے باخبر حلقوں کے بیان کے مطابق قائم مقام چینی صدر لی تسنگ جن نے نانکنگ میں غیر ملکی ڈپلومیٹوں کو بتایا کہ اس بات کی توقع ہے کہ کمیونسٹ فوجیں پندرہ دن کے اندر اندر دریائے یانگ تسی کو پار کرلیں گی ان حلقوں سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کمیونسٹوں نے سرکاری وفد کو چیلنج دیدیا ہے کہ سرکاری فوجیں فوراً اطاعت قبول کرلیں۔

حکومت برما اور کرین باغیوں میں صلح ہونے لگی

باغی لیڈر کی برما کے چیف جسٹس رنگون سے ملاقات

یونان کے ایک بہت بڑے علاقہ پر گوریلا دستوں نے قبضہ کرلیا

گوریلا دستوں کو البانیہ سے امداد مل رہی ہے

پارلیمنٹ کا اجلاس بڑھا دیا گیا

ڈاکٹر بنچ کی مسئلہ فلسطین سے بیزاری

کام ختم ہونے کے بعد وہ فلسطین کبھی نہیں آئیں گے

کمیونسٹوں نے سمجھوتہ کے لئے آخری بار اپنی صلح کی شرائط پیش کردیں

فوجوں کی غیر مشروط اطاعت اور نانکنگ اور شنگھائی کی واپسی کا مطالبہ

چینی حکومت کو آخری موقعہ۔ پیپنگ ریڈیو کا نشریہ

اسٹالین کی حکومت ختم کرنے کا مطالبہ

سہارنپور میں بم پھٹ گیا!

روس نے پولینڈ میں تین لاکھ فوج جمع کردی

مغربی ممالک پر حملہ کرنے کے لئے روسی تیاریاں

نیپال اور اقوام متحدہ کی ممبری

مجلس تحفظ میں غور و خوض

مسلم اقتصادی کانفرنس

پاکستان میں بینک

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi. 8-4-49

PHONE 5855

آزاد پارک دہلی میں خان برادران پر مظالم کیخلاف احتجاج

بادشاہ خان اور سرحد کے پٹھانوں کی خدمات کا اعتراف۔ بیگم آصف علی کی تقریر

دہلی (نامہ نگار) ۷ اپریل

کل شام آزاد پارک بالمقابل جامع مسجد دہلی سوشلسٹ پارٹی کی جانب سے ایک جلسہ "یوم خدائی خدمتگار" کے سلسلہ میں منعقد ہوا جس میں مولانا محمد اکبر خاں خدائی خدمتگار نے ایک تجویز پیش کی۔ اس تجویز میں صوبہ سرحد کے خدائی خدمتگاروں پر مظالم کی مذمت کی گئی تھی۔

تجویز میں خدائی خدمتگاروں کے رہنما خان عبدالغفار خاں کی مسلسل قید پر اظہار افسوس کیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ وہ انسانی بھائی چارہ کے علمبردار اور عدم تشدد کے حامی ہیں اور واحد شخص ہیں جو ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات کو مضبوط کر سکتے ہیں۔ ریزولیوشن میں امید ظاہر کی گئی ہے کہ حکومت پاکستان اس انجمن کے ساتھ سلوک کرنے میں جمہوری اصولوں کو اختیار کرے گی۔ ریزولیوشن میں آزاد قبائل پر بمباری کی بھی مذمت کی گئی اور یہ امید ظاہر کی گئی ہے کہ پاکستان اس مسئلہ کو حل کرنے میں جمہوری طریقہ کار اختیار کرے گا۔

ریزولیشن پر تقریر کرتے ہوئے مسز ارونا آصف علی نے تفصیل کے ساتھ جنگ آزادی میں سرحد کے غیور پٹھانوں کے کارنامہ کا ذکر کرتے ہوئے خان برادران اور خدائی خدمتگاروں کی تعریف کی جنہوں نے ہندوستان کی آزادی کے لئے بیش بہا قربانیاں کی ہیں۔ بیگم آصف علی نے کہا ہے کہ اگرچہ سیاسی رکاوٹیں حائل ہیں اور ہم پاکستان کے اندرونی معاملات میں کچھ کہنے سے قاصر ہیں۔ مگر ہم سرحد کے بہادر سپاہیوں کی اس جدوجہد اور ان قربانیوں کو فراموش نہیں کر سکتے جو انہوں نے ہماری آزادی کی جنگ میں پیش کی ہیں۔


[illegible]

بھارگو گروہ کا جلسہ مشورہ

[illegible]

وزیر اعظم لنکا کراچی میں

[illegible]

گاندھی جی کے متعلق مسٹر [illegible] کے خیالات

[illegible]

الٰہ آباد میں لڑکیوں کیلئے لازمی تعلیم

۲ لاکھ کے مصارف سے ۳۵ نئے اسکول

[illegible]

الٰہ آباد میونسپل الیکشن

[illegible]

معلم ہندی

[illegible]

لب التجربات

[illegible]

مہتمم شاہی مطبع یوسفی [illegible] دہلی

کمیونسٹوں کی طرف سے حکومت چین کو آخری مہلت

۲۰ اپریل تک شرطیں قبول کرے یا فیصلہ کرو، صلح کے ۲۴ نکات

[illegible]

دریائے یانگسی کو عبور کرنے کیلئے سرخ افواج کی پیش قدمی

[illegible]

اکاوٹ جماعتوں کا نیا مسودہ قانون

[illegible]

جمہوریہ آئر کو شاہ جارج کا پیغام

[illegible]

آئرلینڈ میں آج ریپبلک کا قیام عمل میں آرہا ہے

دارالسلطنت میں اکیس توپوں سے سلامی دی جائے گی

[illegible]

پنڈت نہرو کی مبارکباد

[illegible]

لاس بیلا میں معدنی ذخیرہ

[illegible]

نائب وزراء کا معاملہ

[illegible]

یوپی گورنر نینی تال میں

[illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی

حج ۱۹۴۹ء کیلئے جہازوں کا انتظام

مغل لائن کے مقبول عام جہازات امسال بھی رمضان المبارک سے پہلے اور رمضان المبارک کے بعد حاجیوں کی خدمت کیلئے وقف ہونگے

قبل رمضان جہازوں کی روانگی

رمضان سے قبل عاجی کرایوں پر حاجیوں کیلئے جہازوں کا انتظام کیا جائیگا

نشستیں محفوظ کرائیے

رمضان سے پہلے اور رمضان کے بعد بمبئی سے روانہ ہونے والے جہازوں کی نشستیں محفوظ کی جا رہی ہیں۔ عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بلا تاخیر اپنے نام درج کرالیں تاکہ بعد میں سعادت حج سے محروم نہ ہونا پڑے۔ جہازوں میں جگہ ملنے کی کوئی گارنٹی نہیں دی جا سکتی۔ البتہ جن حضرات کے نام ہمارے ہاں درج ہوں گے ان کو ٹکٹ پہلے دیئے جائیں گے۔

جہازوں کی صحیح تاریخوں اور کرایوں کا اعلان بعد میں ہوگا۔

حج کا سفر مغل لائن سے کیجئے

نشستیں محفوظ کرانے کے لئے لکھئے

ٹرنر مارلسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

منیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

تار کا پتہ مغل بمبئی

موسمی سمیت سے جسم کو بچانے اور گندے مادوں سے بدن کو پاک کرنے کیلئے

استعمال کیجئے

جو گرمی اور برسات میں تمام بدنی شکایات مثلاً خارش، اکھیاں، گرمی دانے، پھنسے پھوڑے وغیرہ تمام جلدی امراض کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت [illegible]

ہمدم دواخانہ دہلی

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی۔ لاہور۔ راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ہی اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے۔ سینما۔ ہوٹل۔ خالی مکان دہلی [illegible] نقد قیمت پر مطلوب ہیں

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آزاد ہند ہوٹل

اردو بازار دہلی

قرآن مجید سپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب عام شائقین کے لئے

کتب خانہ اشرفیہ

راشد کمپنی دیوبند

ترقی کا واحد راستہ قابلیت اور ذاتی کردار کی نشو و نما ہے

حضرت شیخ الہند کا خطبۂ صدارت!

(بقیہ صفحہ ۳ کالم ۶)

[illegible]

زبان اور رسم الخط

[illegible]

مذہبی تعلیم

[illegible]

صحیح تاریخ مرتب کرنا

[illegible]

مسلمان اپنا مستقبل کس طرح بنائیں؟

[redacted]

[illegible]

ويوم حنين اذ اعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئا وضاقت عليكم الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين ثم انزل الله سكينته على رسوله وعلى المؤمنين وانزل جنودا لم تروها

[illegible]

تلك امة قد خلت لها ما كسبت ولكم ما كسبتم ولا تسئلون عما كانوا يعملون

[illegible]

ان الله لا يغير ما بقوم حتى يغيروا ما بانفسهم

[illegible]

ما اصابكم من مصيبة فبما كسبت

[illegible]

وعلى الله فليتوكل المؤمنون

[illegible]

(باقی صفحہ ۵ پر)

برائے اطلاع عام

[redacted]

[illegible] کا اعلان کیا جاتا ہے۔

(۲) [illegible]

سلسلہ نمبر	نمبر مکان	جائے وقوع	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ اپریل ۱۹۴۹ء

شیخ الاسلام کے افکار عالیہ

۲

شیخ الاسلام کے خطبۂ صدارت کا وہ حصہ جو جمعیۃ علما کے پروگرام سے متعلق ہے بہت زیادہ اہم اور سب سے زیادہ [illegible]

سیاسیات سے علیحدگی کے بعد جمعیۃ علما کے پلیٹ فارم پر سیاسی مسائل پر بحث نہیں کریں گے ۔ تمام تر غرض اس بات پر غور کرنا ہوگا کہ مسلمان کس طرح انسان بنیں ، کس طرح زندہ رہیں ، کس طرح ترقی کریں ، اور کس طرح اپنے اخلاق اور خصائل پیدا کریں جو سراسر رحمت ہوں رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمۃ عامہ کا پرتو ہوں ، کس طرح ایسا کردار اختیار کریں کہ ملک کا گرانقدر سرمایہ بن جائیں ، اکثریت انہیں آنکھوں کا نور بنائے اور وطن عزیز ان کے وجود پر فخر کرے ۔ آج جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد کا لب لباب یہی ہے اس کے تمام مباحث کا موضوع ہے اور اس کے گرد اس کے تمام نظام کو گردش کرنا ہے ۔

اس سلسلہ میں آپ نے مسئلہ تعلیم کو سب سے پہلے جگہ دی ہے اور یہ واضح کیا ہے کہ گذشتہ زمانہ میں ہندوستان کے اندر مسلمانوں کی تعلیمی پوزیشن کیا تھی اور علم کی ترویج میں انہوں نے کس قدر حصہ لیا ، مذہبی تعلیم کی اہمیت پر خاص زور دیا ہے اور حکومت کو بتایا ہے کہ اگر جنگی ضروریات پر بیشمار روپیہ صرف کیا جا سکتا ہے تو مذہبی اور روحانی تربیت کے لئے تو اس سے بھی زیادہ ایثار سے کام لینے کی ضرورت ہے ۔ لیکن اگر دستور ساز اسمبلی حکومت ہند کو مذہب کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر چکی ہے تو پھر یہ کام خود مسلمانوں اور ان کی ترجمان جمعیۃ علما کا ہے کہ وہ مذہبی تعلیم کے بار کو اٹھائے اور اسے زندہ رکھنے کی سبیل نکالے ۔

یہ واقعہ ہے اور ہمیں اسے تسلیم کر لینا چاہیے کہ دنیا کو خوشحالی ، امن ، انصاف اور مساوات کی دولت صرف مذہب کی راہ سے ہی مل سکتی ہے ۔ انسان کو قدرت نے جو اخلاقی حس دی ہے اسے صرف مذہب ہی بیدار کر سکتا ہے اور ہماری اخلاقی طاقتیں ہی مادی اور شیطانی طاقتوں پر غالب آ سکتی ہیں ۔ دنیا کی دو عظیم جنگوں اور بے شمار [illegible] کے اعمال و نتائج سے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ وہ سیاست جس میں اخلاق کی قدروں کا کوئی لحاظ نہ ہو محض بے ایمانی ، شرارت اور ظلم ہے ۔ سیاست کی تلوار جب چلتی ہے تو وہ گناہ اور بے گناہ کو نہیں دیکھتی بلکہ انصاف کا خون بہاتی ، امن کی گردن کاٹتی اور خوشحالی کا بھیجا نکالتی اور مساوات کی قبر کھودتی ہے ۔ اگر تلوار کو اخلاق کی نگرانی میں نہ دیا جائے اور ظلم پر خدا ترسی اور رحمدلی کا پردہ نہ پڑا دیا جائے تو اس کا نتیجہ وہی ہوگا جس کا نظارہ ناگاساکی اور ہیروشیما میں کیا گیا اور جس پر لاکھوں بے زبان انسانی لاشوں نے شہادت دی ۔ بلاشبہ مذہب کے غلط استعمال نے بھی بہت نقصان پہونچایا ہے لیکن اس کا غلط استعمال کرنے والے بھی وہی لوگ تھے جنہوں نے ہمیشہ سیاست کا صحیح استعمال کیا اور اپنی سیاست پر مذہب کا روغن ملا ۔ سیاست نے جو طوفان بپا کئے ہیں اور اس کے نام سے جو مظالم ڈھائے گئے ہیں ان کی مذمت کرنے والا کوئی نہ ملتا اگر مذہب اور اخلاق کا وجود نہ ہوتا ۔ یہ بھی مذہب ہی کا صدقہ ہے کہ آج ہم ظلم و فساد کو شناخت کر کے اس کے خلاف فتوے لگا سکتے ہیں ، اگر اخلاق کی قدریں معدوم ہو گئی ہوتیں تو ظلم کو ظلم کہنے والا بھی کوئی نظر نہ آتا ۔

بہر حال شیخ الاسلام کے اس ارشاد کی اہمیت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ جب تک لادینی حکومت کو مذہبی تعلیم کے لئے مجبور نہ کر دیں اس بار کو خود اٹھانا [illegible]

اور اخلاق و روحانیت کے فانوس کو گل نہ ہونے دو !

حضرت شیخ الاسلام نے رسم الخط اور زبان پر [illegible] اختیار کیا ہے وہ ماہرین لسانیات کے لئے ایک دلچسپ نمونہ ہے ، ہندی کے حامیوں نے جس دلآزار طریقہ سے اردو زبان کی مخالفت کی ہے ، حضرت شیخ کے الفاظ میں اس کا شائبہ بھی نہیں پایا جاتا ۔ اس باب میں آپ کا ارشاد یہ ہے کہ کانگریس کے بنیادی حقوق اور مہاتما گاندھی کی اسکیم کے مطابق

"ہندوستانی زبان پورے ملک کی زبان ہو اور اس کا رسم الخط دیوناگری بھی ہو اور اردو بھی ، ہماری یہ خواہش اس لئے نہیں کہ اردو زبان [illegible] اسلامی ادب [illegible] ہے وہ [illegible] ہندی زبان اور ہندی رسم خط سے بھی قائم ہو سکتا ہے ، ہم ہندوستانی زبان کے اس لئے حامی ہیں کہ وہ اسی ملک کی پیداوار اور یہیں کی تہذیب کی آئینہ دار ہے ، شمالی ہند کے ہندو مسلمانوں کی مشترک زبان ہے عام طور پر پورے ملک میں بولی اور سمجھی جاتی ہے جمہور کی قدرتی رفتار کا نتیجہ ہے اس میں رد و بدل کرنا فطری رجحانات کا راستہ روکنا ہے اور اس کے فطری نشو و نما پر غیر فطری بار ڈالنا ہے جو نہ ملک کے لئے مفید ہو سکتا ہے نہ کسی فرقہ کے لئے ۔"

حضرت شیخ الاسلام نے مسلمانوں کے مستقبل پر جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے ان کا خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان پہلے اس بات کا عملی ثبوت دیں کہ ان کی ذات سے کسی فرد یا جماعت کو نقصان نہیں پہونچے گا ، وہ اپنی خدمت کی بنیاد انسانیت کو قرار دیں گے ، ان کی زندگی راستی ، انصاف پسندی ، اخلاص ، محنت کی زندگی ہوگی وہ عقلی اور شہری ترقی کے لئے ایک اہم عنصر ثابت ہوں گے ۔ اس کے بعد ان کا فرض ہوگا کہ اپنا مستقبل اپنے ہاتھوں سے بنائیں ، اللہ پر بھروسہ کے بعد اپنے اوپر اعتماد کریں ، اپنی امنگوں اور حوصلوں کو بروئے کار لائیں ، اپنی اخلاقی قوتوں کو [illegible] خوف و ہراس ، دون ہمتی ، [illegible] پریشانی ، شکوہ گری اور ماتم سرائی ، شکوک و تذبذب کو پاس تک نہ پھٹکنے دیں اور اس خام خیالی سے باز آئیں کہ ان کا کام کوئی دوسرا انجام دے گا یا وہ دوسروں کے رحم و کرم پر جی سکیں گے ۔

"یہ بات بھی فراموش نہ ہونی چاہیے کہ اسلام نے ہمارے مستقبل کو خود ہمارے کسب و عمل اور خود ہمارے کردار کے حوالہ کیا ہے اور وہ ہر موقعہ پر پوری قوت کے ساتھ دل و دماغ پر یہ بات راسخ کرتا ہے کہ اجتماعی زندگی ہو یا انفرادی زندگی انسان کا مستقبل خود اس کے کسب و عمل پر موقوف ہے ، نہ یہاں کوئی انتساب کام کرتا ہے نہ کسی دوسرے پر اعتماد سودمند ہو سکتا ہے ، قرآن کریم نے دوسروں پر اعتماد کرنے والوں کو تنبیہ کیا ہے کہ تلک امۃ قد خلت [illegible] یہ لوگ جن پر تم بھروسہ کئے ہوئے ہو گذر چکے انہوں نے اپنے کئے کا پھل پایا اور تم اپنے کئے کا پھل پاؤ گے ، گذرنے والوں کے کردار کی بابت تم سے باز پرس نہ ہوگی ۔"

یعنی اپنے مستقبل کا اندازہ خود لگاؤ ، دوسروں سے مت پوچھو کہ زندگی کے دن اور کتنے رہ گئے ہیں ، اپنا مستقبل اپنے عزم سے پوچھو اپنے اعمال [illegible] اپنے کردار اور صلاحیتوں سے پوچھو اور [illegible]

اردو اور دیوناگری رسم الخط میں ہندوستانی کو ملک کی زبان قرار دیا جائے

قوموں کی اصلاح و ترقی تعلیم پر موقوف ہے

حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا خطبۂ صدارت

آخری قسط

بادشاہوں کی رواداری

مغلوں کی سلطنت ۔ آزاد ہندوستان کے سب سے آخری خاندان کی سلطنت ہے ۔ جس کا سلسلہ کم و بیش تین سو سال تک جاری رہا اس کے بانی بابر بادشاہ نے اپنے بیٹے ہمایوں کو جو وصیت کی تھی ، اس کا یہ جملہ اس سلطنت کا بنیادی اصول تھا ۔

مسلم سلطنتوں میں غیر فرقہ واریت

جس طرح انسان کے جسم میں چار عناصر مل جل کر اتحاد و اتفاق سے کام کرتے ہیں اسی طرح مختلف مذاہب [illegible]

اس خاندان کے مشہور تاجدار سلطان عالمگیر جس کو خاص طور پر بدنام کیا گیا ہے ان کے عہد حکومت کا تذکرہ کرتے ہوئے کپتان الگزنڈر ہملٹن اپنے سفرنامہ میں شہر ٹھٹھہ کے متعلق لکھتا ہے :

"ریاست کا مسلمہ مذہب اسلام ہے لیکن گنتی میں اگر دس ہندو ہیں تو ایک مسلمان ہے ہندوؤں کے ساتھ مذہبی رواداری برتی جاتی ہے وہ اپنے برت رکھتے ہیں اور اپنے تیوہار اسی طرح مناتے ہیں [illegible] بعض مسلمان ہو جاتے ہیں ، بعض عیسائی ہو جاتے ہیں لیکن جو لوگ عیسائی ہو جاتے ہیں ان کے اخلاق شہر کے تمام لوگوں سے ابتر ہو جاتے ہیں ۔"

شہر سورت کے متعلق لکھتا ہے کہ اس شہر میں تخمیناً سو مختلف مذاہب کے لوگ رہتے ہیں لیکن ان میں کسی قسم کے جھگڑے ان کے اعتقادات و طریقۂ عبادت کے متعلق نہیں ہوتے ، ہر ایک کو پورا اختیار ہے کہ جس طریقہ سے چاہے اپنے معبود کی پرستش کرے ۔ صرف اختلاف مذہب کی بنیاد پر کسی کو تکلیف دینا اور [illegible] بالکل مفقود ہے ۔

[illegible] بادشاہوں کا یہی اصول ملازمتوں کے بارے میں بھی رہا ہے ۔ ملازمتوں کی تقسیم فرقہ یا مذہب کی بنیاد پر نہیں ہوتی تھیں بلکہ قابلیت اور اہلیت کی بنا پر ہوتی تھی ۔ اسی سلطان عالمگیر کا واقعہ ہے کہ کسی شخص نے عرضی دی کہ پارسی ملازموں کو جو تقسیم کرنے پر مقرر تھے اس علت میں برخاست کر دیا جائے کہ وہ آتش پرست ہیں اور ان کی جگہ کسی تجربہ کار مسلمان کو مقرر کیا جائے ۔ کیونکہ قرآن شریف میں آیا ہے یا ایہا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء (الآیۃ) ۔ عالمگیر نے عرضی پر لکھا مذہب کو دنیا کے کاروبار میں دخل نہیں ہے اور نہ ان معاملات میں تعصب کو جگہ مل سکتی ہے اور اس قول کی تائید میں یہ آیت نقل کی لکم دینکم ولی دین [illegible] نے کہا جو آیت عرضی نویس نے لکھی ہے اگر یہی سلطنت کا دستور العمل ہوتا تو ہم کو چاہیے تھا کہ اس ملک کے سب راجاؤں اور ان کی رعیت کو غارت کر دیتے مگر یہ کس طرح ہو سکتا تھا ۔ بادشاہی نوکریاں لوگوں کو ان کی لیاقت اور قابلیت کے مطابق ملیں گی ، اور کسی لحاظ سے نہیں مل سکتیں ۔ (ہسٹری آف اسلام مصنفہ مسٹر [illegible])

یہی عالمگیر ہے جس کے اعلیٰ حکام میں ایک کثیر تعداد معزز خاندان کے ہندوؤں کی شریک حکومت ہے ۔ حتیٰ کہ خالص مسلم آبادی کے صوبہ افغانستان کا گورنر بھی ایک ہندو راجہ جسونت سنگھ ہے ۔ اس وقت کا تذکرہ ہے جب کہ پورے ہندوستان کے اندر ایک عظیم الشان سلطنت قائم تھی ۔ ان بادشاہوں اور راجاؤں کے یہی مسلمہ اصول تھے جو اس زمانے میں جاری رہے ۔ جب ہندوستان میں طوائف الملوکی کا دور دورہ تھا نواب سراج الدولہ والی بنگال کا سپہ سالار اور دیوان اعظم موہن لال تھا ۔ پٹنہ کا حاکم رام نرائن تھا ۔ سلطان ٹیپو کا منشی [illegible] ایشیا میں شہنشاہیت میں لکھتا ہے :

"سیواجی کو متعصب اور سلطان ٹیپو کو کٹر مذہبی کہا [illegible]

ہوتا ہے لیکن جس وقت ہم نے جنوبی ہند کی ریاستوں میں دخیل ہونا شروع کیا ، اس وقت ان کے یہاں اس قسم کے مذہبی تنفر کا کہیں نام تک نہ تھا جس طرح انگلستان اور یورپ کے تقریباً سب حصوں میں [illegible] کو ناپاک اور ذلیل سمجھا جاتا تھا جب آئرلینڈ میں کوئی رومن کیتھولک نہ اپنے بزرگوں کی جاگیر کا حقدار سمجھا جاتا تھا ، نہ فوج کا افسر ہو سکتا تھا ، جب سویڈن میں سوائے لوتھر کے معتقدین اور کسی عقیدہ کا کوئی ملازم نہیں ہو سکتا تھا اس وقت ہندوستان کے اندر ان کے ہر شہر اور شاہی دربار میں ہندو مسلمان عزت حاصل کرتے سرمایہ کماتے اور ایک دوسرے سے بازی لے جانے میں آزاد تھے ۔"

ہر حال مستحق مبارکباد ہیں ہمارے ملکی رہنما اکابر کہ انہوں نے وہی اصول اختیار کیا جو وطن عزیز کے بزرگوں اور بڑوں کا اصول تھا ۔ آج اگر ہم صحیح طور پر اس اصول کو اختیار کرتے ہیں تو ہم خود اپنے اقتدار کو لازوال کر دیتے ہیں اور اپنے ملک کی عظمت کو چار چاند لگاتے ہیں ۔

سیاسیات سے علیحدگی

جمعیۃ علماء ہند ہمیشہ فرقہ واریت کو نہ صرف ملک [illegible] انتخاب کی لعنت کو ملک سے ہٹانے کے لئے مضطرب اور بیتاب رہی ہے ۔ اور جو ان جرموں کی پاداش میں ہر قسم کی اذیت تکلیف ، توہین اور ذلت برداشت کرتی رہی ہے ۔ اس نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد اپنے سب سے پچھلے اجلاس میں جس چیز کا خیر مقدم کیا ، وہ مشترک انتخاب تھا ۔ اور جس چیز سے علیحدگی کا اعلان کیا وہ سیاست تھی ۔ کیونکہ جمعیۃ علماء ہند کا سب سے اہم مقصد استخلاص وطن [illegible] وہ حاصل ہو چکا تھا ۔

اس نے انتخابات میں صرف اس حد تک حصہ لیا تھا کہ فرقہ واریت کے زہر کو جو جداگانہ انتخاب کا لازمی نتیجہ ہے [illegible] مسائل کی بجائے ملک اور اہل ملک کی اقتصادی اور سیاسی مسائل میں رہنمائی کرے جن مشکلات کا اصل مقصد ترقی ملک کی روح اور جذبات حریت و استقلال کے لئے صحیح محرک ہیں اور جو ملک کے حقیقی اور اہم مسائل ہیں ۔

اس نے گذشتہ سال کے اجلاس مرکزیہ میں اعلان کیا کہ جمعیۃ کا دائرۂ عمل آئندہ صرف مذہبی ، تمدنی اور تعلیمی حقوق و فرائض کے دائرہ میں محدود رہے گا اور جہاں تک ہندوستان کے سیاسی حالات کا تعلق ہے مسلمانوں کو غیر فرقہ وارانہ اور مشترک طریقۂ عمل کی دعوت دی جائے گی ۔ جمعیۃ علماء ہند نے یہ فیصلہ کسی مرعوبیت یا خوف و ہراس کی بنا پر نہیں کیا بلکہ آزادی اور ترقی ملک کے [illegible] نصب العین کی بنا پر یہ فیصلہ کیا جس کی بنا پر وہ ۱۵ اگست سے پہلے سالہا سال جنگ آزادی میں پیش پیش رہی تھی ۔ اس وقت وطن کو اجنبی طاقت کے تسلط سے نکالنا وقت کا سب سے اہم کام تھا اور آزادی کے بعد فرقہ واریت کو ختم کر کے متحدہ قومیت کے تصور کو پختہ کرنا اور مشترک اور متحدہ مفادات کے لئے سیاست کو کسی مشترک پلیٹ فارم کے حوالہ کر دینا وطن عزیز کی سب سے بڑی خدمت اور ملک کی سب سے بڑی ضرورت ہے ۔ لہٰذا جمعیۃ علماء ہند کا یہ مشورہ کہ جہاں تک ہندوستان کے سیاسی حالات کا تعلق ہے مسلمانوں کو غیر فرقہ وارانہ اور مشترک طریقۂ عمل کی دعوت دی جائے نہ صرف انڈین یونین میں رہنے والے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی سب سے بڑی خدمت ہے بلکہ وطن عزیز کی بھی سب سے بڑی خدمت اور اس کی تعمیر جدید کے لئے سب سے زیادہ مضبوط بنیاد ہے ۔

بہت آسان تھا کہ جمعیۃ علماء ہند سیاست کا بھی دعویٰ کرتی رہتی اور جداگانہ سیاست کے عادی کروڑوں مسلمانوں کو اپنے گرد جمع کر لیتی ، مگر یہ مسلمانوں کے حق میں خدمت نہ ہوتی اس کے حقیقی معنی یہ ہوتے کہ زہر کے پیالے کی طرف مسلمانوں کو دعوت دی جاتی ۔

ہے اور وہ [illegible] کی نمائش کر کے سم قاتل ان کے حلق کے نیچے اتارا جا رہا ہے ۔ ملک کی ایک جماعت ہرگز ایسا نہیں کر سکتی تھی کیا مشترک انتخاب کی موجودگی میں کسی اقلیت کے لئے یہ مفید ہو سکتا ہے کہ وہ سیاسی پلیٹ فارم جداگانہ بنائے ؟

سیاست کا ابجد خواں بھی اس تصور کو نقد اور [illegible] فریب قرار دے گا ۔ اقلیت کے لئے ترقی کا راستہ یہی ہے کہ وہ اپنی قابلیت اور اپنے کیرکٹر کو بروئے کار لائے اور سیاست کے میدان میں دوسرے فرقوں کے ساتھ مشترک جد و جہد کر کے اپنے کردار اور اپنی استعداد و قابلیت سے برتری حاصل کرے ۔ یہ نسخۂ کیمیائے حیات ہے ۔ اسی کے ذریعہ اقلیت زندہ رہ سکتی ہے اور اگر وہ اخلاق اور کیرکٹر کے صحیح اصول کو مستعدی کے ساتھ سنبھالے رہے ۔ تو اکثریت کے سر کا تاج اور پیشانی کا نور بن سکتی ہے ۔

کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ ۔

جمعیۃ علماء کا لائحہ عمل

برادران ملت ! سیاسیات سے علیحدگی کے بعد ہم جمعیۃ علماء کے پلیٹ فارم پر سیاسی مسائل سے بحث نہیں کریں گے ۔ ہاں ! ہمارا یہ فرض ہوگا کہ ہم یہ سوچیں کہ مسلمان کس طرح انسان بن سکتے ہیں کس طرح زندہ رہ سکتے ہیں ، کس طرح ترقی کر سکتے ہیں ؟ اور کس طرح وہ اخلاق اور ایسے فضائل پیدا کر سکتے ہیں جو سراسر رحمت ہوں ، رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت عامہ کا پرتو ہوں ؟ کس طرح ایسا کردار اختیار کر سکتے ہیں کہ ملک کا گرانقدر سرمایہ بن سکیں ، اکثریت ان کو آنکھوں کا نور سمجھے اور وطن عزیز ان کے اوپر فخر کرے ۔ آج جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد کا لب لباب یہی ہے یہی اس کے تمام مباحث کا موضوع ہے اور اسی محور کے گرد اس کے تمام نظام کو گردش کرنا ہے ۔

گذشتہ سال اجلاس بمبئی میں سیاست سے علیحدگی کا اعلان ایک تاریخی فیصلہ تھا ایک ایسی جماعت سیاست سے علیحدگی کا اعلان کر رہی تھی جو اپنی تاسیس سے سیاست کا علمبردار تھی ، میدان سیاست میں اس کی پیدائش ہوئی تھی ۔ اسی وادی کی آب و ہوا میں اس نے پرورش پائی تھی سیاست ہی کی روح تھی اور وہ ہندوستان کی انقلابی سیاست کا جزو لاینفک تھی ۔

اس اجلاس میں جمعیۃ علماء ہند کے عمل اور کام کے لئے کوئی پروگرام نہ بنایا جا سکا تھا آج جس اجلاس عام میں آپ لوگ شریک ہیں اس کا موضوع یہی ہے کہ [illegible] کے حسن و قبح صواب و خطا کو اس لائحہ عمل کے معیار پر پرکھیں ۔ آپ کی تمام کوششیں اس کو کامیاب بنانے میں مصروف ہوں اور آپ کے پلیٹ فارم پر [illegible] جو اس پروگرام کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائے ۔

جب ہم کسی اصلاحی پروگرام پر غور کریں گے تو ہمارے سامنے سب سے پہلے اور سب سے اہم تعلیم کا مسئلہ ہوگا یہ مسئلہ فی الحقیقت بہت اہم ہے کیونکہ ہر ایک قوم کی اصلاح و ترقی اسی مسئلہ کے حل کرنے پر موقوف ہوتی ہے ۔ اور خصوصیت سے ہندوستان میں [illegible] دو صد سالہ جاہلیت نواز غیر ملکی حکومت کے بعد اس مسئلہ نے بہت اہمیت حاصل کر لی ہے ۔

برطانوی عہد حکومت سے پہلے ہندوستان میں تعلیم عام تھی اور شاید ہی کوئی ہندوستانی ناخواندہ ہو [illegible] نے اپنی تاریخ میں سلطان محمد تغلق مرحوم کے زمانہ کا حال [illegible] دہلی میں ایک ہزار مدرسے تھے [illegible] یہ بہت پہلے کی بات ہے ۔ اس وقت تک یورپین سیاح ہندوستان میں نہیں پہونچے تھے سلطنت مغلیہ کے زمانہ میں یورپین سیاح ہندوستان پہونچنے شروع ہوئے ۔ ان کی شہادتیں بھی اس کی تائید کرتی ہیں ۔ چنانچہ کپتان الیگزینڈر ہملٹن اپنے سفرنامہ میں عہد عالمگیر میں تعلیم کی عمومیت بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ سندھ کے صرف شہر ٹھٹھہ میں چار سو کالج مختلف علوم و فنون کے تھے ۔

[illegible] بیان کرتا ہے کہ [illegible] ڈسٹرکٹ سکولوں سے بھرا ہوا ہے ، وہاں ہر [illegible] لڑکوں پر ایک سکول ہے ۔

یہ حالت تو شہروں کی [illegible] کے سلسلے میں پروفیسر میکس مولر نے سرکاری کاغذات کے حوالہ سے لکھا ہے :

"انگریزی عملداری سے پہلے بنگال میں اسی ہزار مدرسے تھے ، یا ہر چار سو آدمیوں کے لئے ایک مدرسہ تھا ۔" (روشن مستقبل)

نیز لڈلو نے "تاریخ برطانوی ہند" میں لکھا ہے :

"مجھے یقین ہے کہ ہندوستان کے ہر گاؤں میں جو اپنی قدیم شان اور حیثیت کو قائم رکھے ہوئے تھے عام طور پر بچے لکھ پڑھ سکتے تھے اور حساب میں ان کو خاص مہارت ہوتی تھی ، لیکن ہم نے بنگال کی طرح جہاں جہاں دیہی سسٹم فنا کر دیا ہے اس جگہ دیہی مدرسے بھی فنا ہو گئے ۔" (روشن مستقبل)

اسی طرح انڈین ریفارم سوسائٹی نے جو ۱۸۵۳ء میں انگلستان میں قائم تھی ۔ اپنے ایک رسالہ میں لکھا ہے :

"پچھلے زمانہ میں ہر موضع میں ایک مدرسہ ہوتا تھا ہم نے چونکہ دیہاتی کمیٹیوں یا پنچایتوں کو توڑ دیا ہے اس لئے ان کے ساتھ یہ مدارس بھی معدوم ہو گئے ہیں ۔ اور ہم نے ان کی جگہ کوئی چیز نہیں قائم کی ۔" (روشن مستقبل)

سر تھامس منرو برطانوی قبضے سے قبل ہندوستان کی حالت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتا ہے :

"ہندوستانیوں کا طریقہ کاشتکاری بے مثل ہے ، ان کی صنعت کاشتکاری کے معاملہ میں اعلیٰ استعداد ہے ۔ ہر قریہ میں ایسے مدارس کی موجودگی جس میں نوشت و خواند و حساب کی تعلیم ہوتی ہو ۔ ہر شخص میں مہمان نوازی اور خیرات کرنے کا مبارک جذبہ موجود ، اور سب سے زیادہ یہ کہ صنف نازک پر پورا اعتماد کیا جاتا ہو ، ان کی عزت و عصمت اور عفت کا پوری طرح لحاظ رکھا جاتا ہو ۔ یہ ایسے اوصاف ہیں جن کے ہوتے ہوئے ہم انہیں غیر مہذب اور غیر متمدن نہیں کہہ سکتے ۔ انہی صفات کی موجودگی میں ہندوستانیوں کو یورپی اقوام سے کسی طرح کمتر قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ اگر انگلستان اور ہندوستان کے درمیان تہذیب و تمدن کی تجارت کی جائے تو مجھے یقین کامل ہے کہ ہندوستان سے تمدن کی جو کچھ درآمد انگلستان میں ہوگی اس سے انگلینڈ کو بہت نفع پہنچے گا ۔" (تعلیمی [illegible])

مسلمان عہد حکومت میں خاص کر تعلیم اور [illegible] کے لحاظ سے ہندوؤں سے [illegible] علمی اعتبار سے بھی وہ فوقیت رکھتے تھے ، حتیٰ کہ کمپنی کی عملداری شروع ہونے سے سو سال بعد تک بھی ایسٹ انڈیا کمپنی کی مسلم کش پالیسی کے باوجود ان کی علمی فوقیت اور ذہنی صلاحیت ایک مسلمہ امر تھا ۔

چنانچہ بنگال سول سروس کے پنشنر ہنری ہیرنگٹن [illegible] اپنی کتاب "بغاوت ہند اور ہماری پالیسی" میں لکھتے ہیں :

"محترم ، تعلیم اور ذہنی صلاحیت کے اعتبار سے مسلمان ہندوؤں سے کہیں زیادہ فائق ہیں اور نسبتاً ہندوؤں کے سامنے [illegible] معلوم ہوتے ہیں ۔ علاوہ اس کے مسلمانوں میں انتظامی کاموں کی اہلیت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے سرکاری ملازمتیں زیادہ ان کو ملتی ہیں ۔"

سر [illegible] ہنٹر نے ۱۸۷۱ء میں جبکہ وہ سررشتۂ تعلیم کے افسر اعلیٰ تھے لکھا تھا :

"بحیثیت معلم [illegible] مسلمانوں کے ہاتھ میں [illegible] اسکولوں میں مسلمان بچوں کی بہت زیادہ [illegible] تعلیم کے پیشے پر مسلمانوں کا قبضہ ہے ۔" (روشن مستقبل)

لیکن ہندوستان کی جب حکومتیں ختم ہونے لگیں تو ان کی پہلی جانشین یعنی "ایسٹ انڈیا کمپنی" کی حکومت کو تو ہندوستانیوں کی فلاح و بہبود اور ان کی ترقی سے کوئی سروکار ہی نہ تھا بلکہ ابتداء میں وہ ہندوستانیوں کو تعلیم دینے کے سخت مخالف تھی ۔

کمپنی کے ارکان کا یہ خیال تھا کہ ہندوستانیوں کو تعلیم دینے میں ان کے اقتدار کو خطرہ ہے ۔ چنانچہ میجر جنرل [illegible] نے اپنا خطرہ ان الفاظ میں ظاہر کیا :

"ہندوستانی جونہی تعلیم یافتہ ہو جائیں گے تو تعلیم کی تاثیر سے ان کے قومی اور مذہبی تفرقے دور ہو جائیں گے جن کے ذریعہ ہم نے اس ملک کو اپنے قبضے میں رکھا ہوا ہے ، یعنی ہندو اور مسلمان ہمارے خلاف [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

اپنی دنیا آپ بنانا ، زندگی کے لئے تعاون و ہمدردی [illegible] بے بسی اور پست ہمتی کا نام تعاون نہیں ہے پس یہ سوال کہ مسلمانوں کا مستقبل کیا ہوگا [illegible] شکست خوردہ ذہنیت کی پیداوار ہے ، سوال یہ ہے

کہ مسلمان اپنا مستقبل کس طرح بنائیں ، سو اس کا جواب ان کی اپنی زندگی پر موقوف ہے اگر وہ چاہیں تو اپنا مستقبل روشن بنائیں ، چاہیں تو اپنے مستقبل کو اپنے ہاتھوں سے مسمار کر دیں ۔

دار السلطنت

دہلی

سکریٹریٹ میں چوریاں

سکریٹریٹ میں افسروں کی میزوں سے ٹائپ رائٹر اور دوسری اشیاء چوری ہونے کی کئی وارداتوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔ گذشتہ چند دنوں میں [illegible] سکریٹریوں کے قلم ان کی میزوں پر سے چوری ہو گئے ۔ نارتھ بلاک میں دو سکریٹریوں کے فاؤنٹن پن چوری ہو گئے ۔ کونسل ہاؤس میں [illegible] چوری ہوئے ۔ آل انڈیا ریڈیو سے بھی اسی قسم کی چوریوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔

بس کے حادثہ سے لڑکی ہلاک

[illegible] کے قریب ایک بس اور ایک ٹرک ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کر رہے تھے [illegible] ہلاک ہو گئی [illegible] ہسپتال پہنچا دیا گیا ۔ پولیس نے [illegible]

تانگہ اور موٹر کی ٹکر

گذشتہ شب [illegible] تانگہ کا گھوڑا دیوانہ ہو جانے سے تانگہ ایک موٹر سے ٹکرا گیا تانگہ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ۔ [illegible] شدید ضربات آئیں اور موٹر کو بھی خفیف سا نقصان پہنچا ۔ تانگہ والے کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ۔

فقیر کی لاش ملی

[illegible] کے سب اسٹیشن کے قریب [illegible] ایک فقیر کی لاش ملی ۔ ابھی اس کی موت کا سبب نہ معلوم ہو سکا ۔

مشاعرہ احاطہ کالے صاحب

[illegible]

کنگس وے کیمپ پر پولیس کا قبضہ

پولیس نے کنگس وے کیمپ کے [illegible] پر قبضہ کر لیا [illegible] اس وقت وہاں پر سو سپاہی موجود ہیں [illegible]

وی ، پی مینن بھوپال کو

دہلی ۱۰ اپریل ۔ حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کے مشیر [illegible] وی پی مینن [illegible] بھوپال [illegible]

کیرالا یونین جون میں بن جائے گی

دہلی ۱۸ اپریل ۔ توقع ہے کہ [illegible] کیرالا یونین [illegible] وجود میں آ جائے گی [illegible]

آپ کہاں ہیں ؟

[illegible]

دیہاتیوں کی حکومت سے شکایت

[illegible]

لیہہ کے لاما سرینگر میں

سرینگر ۱۸ اپریل ۔ لیہہ کے لاما [illegible]

لیاقت علی خان لندن کو

کراچی ۱۸ اپریل ۔ مسٹر لیاقت علی خان وزیر اعظم پاکستان [illegible] لندن جا رہے ہیں [illegible]

خطبۂ صدارت

(بقیہ صفحہ ۲)

[illegible]

ولی اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض [illegible]

[illegible] الذین آمنوا منکم وعملوا [illegible] فی الارض الآیۃ الذین ان مکناھم فی الارض الآیۃ ۔

[illegible]

آیات کی صحیح رہنمائی کرے ۔

محترم حاضرین ! [illegible]

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ۔ والصلوۃ والسلام علی رسولہ سید المرسلین وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ۔

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

ہندوستان کا سیاسی اتحاد سب سے زیادہ ضروری ہے

لسانی صوبہ جات کے حامیوں کو صبر کرنے کی تلقین

[illegible]

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف لکھئے

الہ آباد میں نیا ہسپتال

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

[illegible]

خصوصی مجربات

اکسیر جلد [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

مولانا عبد الوحید صاحب صدیقی [illegible]

روغن مقوی دماغ [illegible]

موسم گرما کا عجیب تحفہ سفوف نوبہار [illegible]

سفوف جریان [illegible]

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

تمام انعامات گارنٹی شدہ ہیں ۔ اور کسی بھی حالت میں کم نہیں کئے جا سکتے

مبلغ ۱۰،۰۰۰ روپیہ جیتیئے (دس ہزار)

پہلا انعام ۵،۰۰۰ روپیہ — دوسرا انعام ۲،۰۰۰ روپیہ — تیسرا انعام ۱،۰۰۰ روپیہ

فیس داخلہ ۔ ایک روپیہ [illegible]

زائد انعامات :۔ [illegible]

حل بھیجنے کی آخری تاریخ آپ کے مقام سے ۹ مئی ۱۹۴۹ء

[illegible]

	39	

قواعد اور شرائط :۔ [illegible]

THE PROGRESSIVE INDIA COMPETITIONS No 206 -
WEST MAMBALAM (DEPT. 16) THYAGARAYANAGAR - MADRAS-17

ہری مارکہ

گولہ ۔ پیچک ۔ ریل و نلکی ۔ سفید و رنگین

مشین کی سلائی میں بہترین ہیں ۔ تمام عقلمند اور سمجھدار درزی انکے استعمال کو ہمیشہ ترجیح دیتے ہیں نیز ہر قسم کے سوت گولہ و نشہ کانچ بنانے کا گولہ ہمارے یہاں تیار رہتے ہیں نرخ بہت رعایتی ہیں ۔ جملہ تفصیلات اور نرخ وغیرہ کیلئے تشریف لائیں یا خط و کتابت کریں ۔

حکیم اینڈ کمپنی ۔ صدر بازار ۔ پوسٹ آفس اسٹریٹ دہلی

قطب مینار والی سڑک پر زمین فروخت کرنے والے

محمد یوسف بی اے (جامعہ) سرکاری ایجنٹ امپروومنٹ ٹرسٹ سے ملیں یا خط و کتابت کریں

ملنے کے اوقات :۔ [illegible]

عینکیں ، شیشے ، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید و اپٹیکل کمپنی

[illegible] بازار بلیماراں دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور دانت لگوانے کیلئے

دہلی کے مشہور دندان ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن ڈینٹسٹ

بازار بلیماراں دہلی [illegible]

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۔ مورخہ ۲۱ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۹۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

جمعیۃ علمائے ہند کا سالانہ اجلاس کامیابی کیساتھ ختم ہوگیا

یوپی کے نصاب تعلیم اور فرقہ وارانہ فسادات کے متعلق اہم قراردادیں

اردو پڑھنے والوں کو اردو پڑھنے کا موقع دیا جائے

حکومت یوپی سے جنرل کونسل کا پر زور مطالبہ

آڈٹ شدہ حساب منظور اور سال آئندہ کے لئے عہدہ داروں کا انتخاب

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

دستور العمل

حضرت مولانا حفظ الرحمن نے کونسل کے روبرو سبجکٹ کمیٹی کا ترمیم شدہ دستور العمل دفعہ وار پیش کیا جو منظور کرلیا گیا۔ اس کے بعد مولانا محمد میاں صاحب نے کونسل کے سامنے سابقہ سال کی رپورٹ اور آڈٹ کیا ہوا حساب کونسل کے سامنے پیش کیا جو متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا۔

جنرل اسمبلی کا طریقہ کار

خصوصی کمیٹی کا تقرر

کمیونسٹوں نے حکومت چین کو الٹی میٹم دے دیا

صلح کی بات چیت ٹوٹنے لگی ۔ کمیونسٹ فوجوں کے تازہ حملے

مشرقی پنجاب کا وزارتی بحران بدستور جاری ہے

مرکزی پارلیمنٹ بورڈ بھی ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکا

عراق اور شام میں فوجی معاہدہ ہونے والا ہے

عرب ممالک کے اتحاد کی طرف ایک قدم دمشق میں اہم کانفرنس

لیبیا کے عرب اٹلی والوں کے لرزہ خیز مظالم کو نہیں بھول سکتے

اٹلی کی تولیت سے جھگڑے شروع ہوجائیں گے

سیاسی کمیٹی میں سابقہ اطالوی نوآبادیات پر بحث ۔ ظفر اللہ کی تقریر

آپ کی درخواست

اقوام متحدہ کے دفتر میں عبادت کا کمرہ

اچھوتوں کو مندروں میں داخلہ کی اجازت

مدراس اسمبلی نے بل منظور کرلیا

اقتصادی کمیٹی کی سفارشات

حکومت کس طرح بچت کرسکتی ہے

یوپی کا تعلیمی نصاب

سید قاسم رضوی اور ۵۵ دوسرے اشخاص کے مقدمے

پولیس نے گلبرگہ کی عدالت میں چارج شیٹ پیش کردیا

یوپی کے نئے گورنر

ضرورت ہے چند ایسے کنویسروں کی جو تنخواہ یا کمیشن پر کام کرسکتے ہوں اور پریس کے کام کا کافی تجربہ رکھتے ہوں۔ منیجر نیو کیپٹیل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب وزیر دہلی

اردو ۔ ہندی ۔ انگریزی اور لائین ہاف ٹون یکرنگ اور سہ رنگے بلاکوں کی بہترین دیدہ زیب چھپائی کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں ۔ منیجر نیو کیپٹیل پریس پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب وزیر دہلی

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi-20-4-49

PHONE 5835

الجمعیۃ

آئرلینڈ کے نام صدر ٹرومین، شاہ جارج اور مسٹر اٹیلی کے پیغامات

گورنر بہار دعوت سے واپس چلے گئے

حاضرین کی تعداد اصول سے زیادہ تھی

سیلون بھی ہندوستان سے خطرہ محسوس کرنے لگا

لندن روانگی سے قبل سینا نائک کا عجیب وغریب بیان

امریکہ کے شعبہ خارجہ پر اعتراضات

روس کے ساتھ نرم طرز عمل اختیار کرنے کا الزام

شام میں نئی کابینہ کی تشکیل

کرنل زعیم وزیر اعظم ہوئے!

دمشق ۱۸ اپریل ۔ کرنل حسنی زعیم نے انڈی پینڈنٹ پارٹی کی ایک نئی کابینہ تشکیل دے لی ہے۔ اس کابینہ میں وہ وزیر اعظم اور وزیر دفاع اور وزیر داخلہ ہیں۔ [redacted]

اجلاس جمعیۃ میں منظور ہوجانے والی تین اہم قراردادیں

مولانا حبیب الرحمن

مولانا شاہد فاخری

سندھ کا چاول

حکومت حیدرآباد کا پریس نوٹ

جبلپور میں خوفناک آتش زدگی

ستیہ گرہ کی تحریک ختم

آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے وزراء اعظم

سنگاپور سے لندن روانہ ہوگئے

ڈاکٹر ستیہ پال ڈینٹل کالج لاہور

بزم ادب سیانہ کا سالانہ مشاعرہ

ڈاکٹر فوکی چین کو روانگی

اجلاس جمعیۃ کی قراردادیں

بقیہ صفحہ اول

نکاح وطلاق کا قانون

میجر جنرل کلونت سنگھ لندن میں

سی پی میں خوراک کی قلت

بیت المقدس میں صلح کی گفت وشنید

جمعیۃ علماء ہند کے سولھویں اجلاس لکھنؤ
کے مبارک موقع پر
ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی کا
"جمعیۃ علماء ہند نمبر"
۱۷ اپریل سنہ ۱۹۴۹ء کو شائع ہوچکا ہے

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے ۸ آنے میں خریدیئے یا دفتر سے براہ راست آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگالیجئے ۔ ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت پیش کیا گیا ہے

خصوصیات

اس نمبر میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا مکمل خطبہ صدارت اجلاس لکھنؤ ۱۹۴۹ء

بعض دوسرے عنوانات

جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ ۔ اکابر جمعیۃ علماء کے حالات ۔ دنیائے اسلامی ممالک

شرح چندہ سالانہ

جنرل منیجر ۔ ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

عورتیں موت سے کھیلتی ہیں

اپنی بے زبان عورتوں کی جان بچایئے

خوش ایام رجسٹرڈ

انڈو جنیون کیمیکل ورکس نزد ڈاکخانہ جامع مسجد دہلی

اُردو عرب یا ایران سے نہیں آئی بلکہ ہندو مسلم اتحاد کا مظہر ہے

مولانا برکت اللہ نے اسوقت آزادی کی جدوجہد کی جب گاندھی جی انگریزوں کی بھگتی کر رہے تھے

اردو کو ہر قیمت پر زندہ رکھا جائیگا

اجلاس لکھنؤ میں اکابر جمعیۃ کی پرزور تقریریں

لکھنؤ ۱۹ اپریل۔ کل صبح اجلاس جمعیۃ میں بنیادی پالیسی اور جمعیۃ کے آئندہ پروگرام کے متعلق مولانا حفظ الرحمن صاحب کی طرف سے [illegible] سیاسیات سے علیحدگی کا فیصلہ کیا [illegible] مسلمانان ہند کی صحیح رہنمائی کی [illegible] سے علیحدگی کے بعد جمعیۃ کے سامنے دوسرے اہم مذہبی، ثقافتی اور تعلیمی پروگرام ہیں جن پر اب وہ عمل کرے گی۔

حضرت مولانا نے جمعیۃ علماء کی ان تمام سرگرمیوں پر سیر حاصل تبصرہ کیا جو اسنے گذشتہ ایک صدی کے زندہ دور میں انجام دیں [illegible]

[redacted]

زبان کا مسئلہ

حضرت مولانا نے زبان اردو کے مسئلہ کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ زبان اردو کے سوال کے لئے ہم اس تیج کی استعمال نہیں کریں گے [illegible] اردو زبان کو سلمانوں کی زبان ہے اور وہ عرب یا ایران سے لائی گئی ہے، بلکہ یہ ہندوستان کی ہے [illegible] ہندو مسلم اتحاد اور محبت کی یادگار ہو ہم ہر قیمت پر زندہ رکھیں گے [illegible]

مولانا احمد سعید صاحب

حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے [illegible]

[redacted]

[illegible] سیاسیات سے علیحدگی کے بعد کی مولانا نے فرمایا [illegible] حضرت مولانا نے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی کہ وہ اپنی نماز کے لئے پاکستان کی طرف [illegible]

اکثریت کیساتھ اپنے اختلافات بھول جاؤ

جمعیۃ علماء کے اجلاس میں پنڈت پنت کی تقریر

لکھنؤ ۱۸ اپریل۔ آزادی کی جدوجہد میں جمعیۃ علماء نے بھی انتہائی حصہ لیا ہے [illegible] پنڈت پنت نے اپنی تقریر میں جمعیۃ علماء کا ذکر کرتے ہوئے کہا [illegible] اردو کی بابت انہوں نے یقین دلایا کہ اگرچہ صوبہ کی زبان ہندی ہوگی "لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ جو لوگ اردو سیکھنا چاہتے ہیں انہیں اس کا موقعہ نہیں ملیگا۔ اور انہیں اس زبان میں کتابت اور اسناد لکھنے کی اجازت نہ ہوگی"

پنڈت جی نے ہندوستان کے آئین کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ایک سیکولر ڈیموکریٹک اسٹیٹ بنانا [illegible]

[redacted]

[illegible]

زبان کا مسئلہ

[illegible]

کابل میں پہلی آزاد ہند حکومت کے قیام کی کہانی

جمعیۃ کے اجلاس میں راجہ مہندر پرتاب کی تقریر

لکھنؤ ۱۹ اپریل۔ راجہ مہندر پرتاب نے ہندو مسلم اختلافات کے مسئلہ پر تقریر کرتے ہوئے اس مسئلہ کو غیر ملکیوں کا پیدا کردہ بتایا [illegible] ہندو مسلم اتحاد پر زور دیا [illegible]

آپ نے افغانستان کا ذکر کرتے ہوئے بتایا [illegible]

گاندھی جی کا ذکر

آپ نے گاندھی جی کا ذکر کرتے ہوئے کہا [illegible]

پہلی عارضی حکومت

[illegible]

اسلام کا ذکر

[illegible]

انگریزوں کی پالیسی

[illegible]

اخلاق کا فقدان

[illegible]

مشترکہ کلچر

آپ نے ہندوستانیوں کے کلچر کا ذکر کرتے ہوئے کہا [illegible]

عازمین حج بیت اللہ کو ہر امکانی سہولت مہیا کی جائے

سعودی حکومت سے جمعیۃ علماء ہند کا پرزور مطالبہ

درگاہ اجمیر شریف کے متعلق ایک انتظامی کمیٹی مقرر کرنیکی تجویز

(تفصیلی رپورٹ نامہ نگار الجمعیۃ)

لکھنؤ ۱۸ اپریل (بذریعہ ڈاک)

جمعیۃ علماء ہند کی جنرل کونسل کا اجلاس گیارہ بجے ندوۃ العلماء کے ہال میں حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کی صدارت میں تلاوت قرآن شریف سے شروع ہوا [illegible]

حجاج پر ٹیکس

عرصہ سے ہندوستان کے عازمین حجاز کے لئے یہ چیز پریشان کن رہی ہے کہ ایک طرف حکومت سعودیہ کا عائد کردہ ٹیکس حجاج کے لئے بہت گراں بار ہے اور دوسری طرف جہازران کمپنیوں کا [illegible]

اس لئے جمعیۃ علماء ہند حکومت سعودیہ اور جہازران کمپنیوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے [illegible] بیت اللہ کے لئے امکانی سہولت مہیا ہو [illegible]

درگاہ اجمیر شریف

جمعیۃ علماء ہند کا یہ اجلاس درگاہ خواجہ صاحب اجمیر شریف کے متعلق حکومت ہند کی انکوائری کمیٹی سے یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ درگاہ کے انتظامات کے لئے ایک ایسی نمائندہ کمیٹی بنانے کی سفارش کرے جس کے ارکان میں سے نصف تعداد ان ارکان کی ہو جنھیں جمعیۃ علماء ہند منتخب کرے۔

بعد دوپہر کا اجلاس

[illegible]

قرآنی نقش اعظم سے جسکو چاہو اپنا تابعدار بنالو

نامرادی کا دور ختم ہوا

نقش قرآنی نامرادی کے لئے دنیا میں سب سے بڑا سہارا خدائے قدوس کا ہے جب ہر جانب سے پریشانی کے آثار ہوں، کوئی خاص اہم بات کسی طرح بھی حل نہ ہوتی ہو اور اس کی طرف سے بددل طبیعت پریشان ہو [illegible] خدائے برتر و توانا کے کلام میں بڑی طاقت ہے [illegible] قرآنی نقش کی برکت سے آپ شادکام ہو جاتے ہیں [illegible]

لائبرٔ القضاءُ الّا بدُعاءِ الفقراءِ [illegible]

[illegible]

صوفی میاں چشتی آستانہ عالیہ قرآن منزل، دہلی ۵۶

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۴۹ء

شام ٹرکی اور برطانیہ

آف کوانٹم تھیوری (نظریہ مقادیر عنصری) اور تھیوری آف ریلیٹیویٹی (نظریہ اضافت) کو سمجھنے والے بہت کم ملیں گے لیکن یہ نہیں تو وہ لوگ جو برطانیہ اور امریکہ کی پالیسی کو سمجھیں اور اس کا تجزیہ کر کے نتیجہ سے آگاہ کریں اور وہ پالیسیاں جو لندن اور واشنگٹن سے تعلق رکھتی ہیں ان کو کوئی کیا سمجھے گا، وہ پالیسیاں اور سیاسیات بھی فوق العقل ہیں جن کا جال انڈونیشیا میں، چین میں، فلسطین میں، شام میں اور ایران میں بچھایا جا رہا ہے۔ ذرا کسی خوردبین یا دوربین کے ذریعہ اس پالیسی کا سراغ لگائیے جو اس وقت فلسطین، مشرق اردن سے شام کی طرف منتقل ہو رہی ہے اور جس کے ابھرے ہوئے نقوش شام کے تازہ فوجی انقلاب میں نظر آ رہے ہیں!

یہ گہری پالیسی ہی کا نتیجہ ہے کہ ہم بہت سے لوگ شام میں فوجی انقلاب ہونے ہی شبہ میں پڑ گئے، اور اس چکر میں رہے کہ شام کی حکومت کو کیوں معزول اور معطل کیا گیا اور فوجی افسروں نے اس پراسرار انقلاب میں اپنا پارٹ کس لئے ادا کیا؟ قائد انقلاب کرنل حسینی نے اس انقلاب کے جو اسباب اپنے مختلف بیانوں میں بتائے ہیں، ان میں ایک سبب بھی ایسا نہیں جو کسی ہوشمند کی سمجھ میں آ سکے، عورتوں کو حق رائے دہی سے سرفراز کرنا انقلاب کی کوئی وجہ موجہ نہیں سابق وزراء پر خود غرضیوں کا الزام بھی اس کو بے نقاب نہیں کرتا، البتہ ایک وجہ سمجھ میں آتی ہے جس کو ہم ڈھونڈ نکالتے، یعنی شام کا فوجی انقلاب، اور اصل ان عرب ریاستوں کے خلاف ایک احتجاج ہے جو انفرادی طور پر اسرائیل سے صلح کر کے معاہدے کر رہی ہیں، کرنل حسینی جو اس طوائف الملوکی سے بیزار ہیں اور عرب لیگ کی بے بسی کو شدت کے ساتھ محسوس کر رہے ہیں، انقلاب برپا کر کے اسرائیل سے برسر جنگ ہونا چاہتے ہیں مگر یہ شبہ فوراً زائل ہو گیا جب یہ خبر آئی کہ شام اور اسرائیل میں جنگ بند کرنے کے معاہدے پر دستخط ہو گئے ہیں اور دونوں میں عنقریب گفت و شنید ہونیوالی ہے۔

اب آگے چلئے، قائد انقلاب کرنل حسینی چاہتے ہیں کہ وہ شام کے ساتھ شرق اردن اور عراق کو شامل کر کے عظیم شام کی سلطنت قائم کریں، لیکن شاہ عبداللہ جو عظیم شام کا خواب ایک عرصہ سے دیکھ رہے ہیں، شام کے فوجی انقلاب پر کرنل حسینی کو پیغام تبریک سے سرفراز فرماتے ہیں اور یہ اعلان کرتے ہیں کہ اس انقلاب کے بعد عظیم شام کی تشکیل کا راستہ صاف ہو گیا ہے! اب آپ اندازہ لگائیے کہ شام کی سابق حکومت عظیم شام کی تحریک کی موئید تھی یا مخالف! اور موجودہ انقلاب کے ہیرو کرنل حسینی اثبات کے ساتھ ہیں یا نفی کے؟ [illegible] کرنل حسینی کا انقلاب کے اسباب کو پوشیدہ رکھنا، فوجی انقلاب سے شاہ عبداللہ کی توقعات، عظیم شام کی اسکیم سے سابق حکومت کی بے اعتنائی، جن سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ شام کے فوجی انقلاب کو عظیم شام کی اسکیم سے گہرا تعلق ہے اور اس انقلاب میں براہ راست برطانیہ کا ہاتھ ہے، ہم اس معاملہ میں برطانیہ کو کسی شبہ کی بنا پر ملوث نہیں کرتے بلکہ واقعہ ہے کہ برطانیہ، مشرق وسطیٰ میں جو کچھ کرنا چاہتا ہے شاہ عبداللہ کے ذریعہ کرتا ہے اور "شیخ عرب" امریکہ اور برطانیہ کی پالیسی کے نفاذ کا ذمہ دار ہے، فلسطین کی تقسیم اسی شخص کے تعاون سے عمل میں آئی اسرائیل حکومت کا قیام اسی ماورائے یردن کے ماورائے ایمان حکمران کی توسط سے عمل میں آیا، پھر تعجب کی کونسی بات ہے اگر شام کبیر کی برطانوی اسکیم بھی اسی غدار ایمان کے ذریعہ پایۂ تکمیل کو پہونچے!

ان واقعات پر گہری نظر ڈالنے کے بعد اس خبر کو بھی خاص اہمیت دیجئے کہ شاہ عبداللہ ترکی... پریزیڈنٹ سے ملاقات کرنے کے لئے ترکی تشریف لیجا رہے ہیں، اور کرنل حسینی انقلاب کے دو دفعہ ہی روز کہہ چکے ہیں کہ ترکی مشرق وسطیٰ کے تحفظ کی پہلی چوکی ہے ان اشارات سے کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ اور برطانیہ، عرب لیگ کو ختم کر کے ترکی کے ذریعہ مشرق وسطیٰ کی سیاسی اور جنگی تنظیم کرنا چاہتے ہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ اسرائیل کے معاملہ میں عرب ممالک عرب لیگ کے قبضہ سے نکل گئے اور انہوں نے اپنے اپنے طور پر اسرائیل سے معاملات طے کر لیے۔

بہرحال ہم ابھی اس قابل نہیں ہیں کہ شام کے فوجی انقلاب کے وجوہ و اسباب پر روشنی ڈال کر کوئی اچھا نتیجہ نکال سکیں، لیکن ایک بات یقینی ہے اور وہ یہ کہ عرب کے مسلم ممالک سیاسی، اقتصادی اور فوجی نقطۂ نظر سے ساقط الاعتبار ہیں اور مشرق وسطیٰ کی فلاح و بہبود کے پیش نظر ان پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا، جو شخص بھی عرب ریاستوں سے کسی قسم کی توقع رکھے گا وہ دھوکہ کھائے گا... انسان کتنا ہی کمزور ہو ایک قسم کی خودداری ضرور رکھتا ہے، اور افسوس ہے کہ عرب اس خودداری سے بھی محروم ہو چکے ہیں اگر عرب چاہتے تو یہود کو موت کے گھاٹ اتار سکتے تھے، مگر انہوں نے اتحاد کا گورکھ دھندا کھڑا کر کے فلسطین کی تقسیم کو منظور کیا کامیابی اور فتحمندی کی صورت میں یہود سے صلح کی اور انہیں طاقتور بننے کا موقعہ دیا، پھر اسرائیلی حکومت کے قیام پر صبر کیا اور اس کے بعد اپنے طور پر صلح کی گفت و شنید کر کے اپنی وحدت کی بیخ کنی ڈالی! بعض عربوں نے حکومت اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا ہے مگر تسلیم نہ کرنا بھی ایک فریب ہے، کیونکہ اسرائیل سے گفت و شنید اور معاہدات کا انعقاد خود بخود تسلیم کے مرادف ہے اور ترکی نے اسرائیل کو تسلیم کر کے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے! اب دیکھئے شام عظیم کی تحریک کیا گل کھلاتی ہے اور شاہ عبداللہ مشرق وسطیٰ کو کہاں جا کر غرق کرتے ہیں!

آئرلینڈ کی آزادی

اس سال آئرلینڈ کے لئے ایسٹر کی تعطیل بہت ہی مبارک ثابت ہوئی، ایسٹر اتوار کو آئرلینڈ نے [illegible] ۱۹۲۱ء [illegible] ایک مدت سے آہستہ آہستہ اپنا موقف بدل رہا تھا [illegible] اور وہ ڈومنین سے ری پبلک بن گیا۔

بڑی حیرت کی بات ہے کہ آئرلینڈ کی اس ہمدردانہ تبدیلی سے برطانیہ ناراض نہیں [illegible] کی بلکہ اس اقدام کا پرجوش خیرمقدم کیا گیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ آئرلینڈ اور انگلستان میں نسلی، مذہبی، لسانی اور تہذیبی اعتبار سے کچھ زیادہ فرق نہیں ہے، ایک ہی خاندان کے افراد میں آئینی جدائی ہوئی ہے جو ان کے قدیم نسلی رشتہ پر اثر انداز نہیں ہو سکتی، لیکن ہندوستان کا معاملہ بالکل جدا ہے، اسے دولت مشترکہ میں شامل رہنے کے لئے پورا زور لگایا جا رہا ہے۔ کیونکہ انگلستان اس کی کامل آزادی کے مضمرات سے پوری طرح آگاہ ہے تاہم آئرلینڈ کی جمہوری تبدیلی ہندوستان کے عزائم پر اثر انداز ہوگی [illegible] دولت مشترکہ کی کانفرنس [illegible]

۲۴ شرطیں

چین کی قومی حکومت کے نام کمیونسٹوں کی طرف سے صلح کے لئے ۲۴ شرطیں ارسال کر دی گئی ہیں یہ شرطیں یقیناً سخت ہوں گی کیونکہ کمیونسٹ اپنے اصولوں میں بہت سخت ہیں اور اقدام ان کے ہاتھ میں ہے، قومی حکومت کو شاید یہ توقع ہو کہ کمیونسٹ آسانی کے ساتھ گھٹنے ٹیک دیں گے اور صلح کے بعد وہ مخلوط وزارت پر راضی ہو جائینگے [illegible] فیصلہ کن حملہ کے لئے سانس لے رہے ہیں، اگر ان کی شرائط کو مان لیا گیا اور صلح ہو گئی تو [illegible] جنگ کے بعد حاصل ہو یا صلح صفائی کے ذریعہ! جہاں تک ۲۴ شرائط کا تعلق ہے وہ ابھی پبلک میں نہیں کی گئی ہیں لیکن یہ امر یقینی ہے کہ [illegible] کی طرف سے پیش کیا جا چکی ہیں۔

اچھی باتیں

وایۃ لہم۔ تا۔ یشکرون (پ ۲۳)

مردہ زمین لوگوں کے لئے کتنی بڑی نشانی ہے کہ خدا اسے زندہ کرتا ہے اور اسی سے دانے اگاتا ہے اور لوگ انہیں کھاتے ہیں اور اسی زمین میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ لہلہانے لگتے ہیں اور اسی سے شفاف پانی کے سرچشمے ابلنے لگتے ہیں پھر لوگ ان کے پھلوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور اپنی محنت کا معاوضہ وصول کرتے ہیں کیا ان نشانیوں کے بعد بھی لوگ سپاس گزار نہیں ہوتے۔

جس طرح مردہ زمین پانی کے چھینٹوں سے زندہ ہو کر غلوں اور پھلوں کے خزانے اگلنے لگتی ہے اسی طرح مردہ دل بھی روحانیت کے چھینٹوں سے زندہ ہو کر حسن عمل، نیکی اور بھلائی کا سرچشمہ بن جاتے ہیں، جو خدا مردہ زمین کو زندہ کرنے پر قادر ہے وہی خدا مردہ قوموں کو بھی زندگی عطا فرما سکتا ہے، کوئی کمزور قوم خواہ وہ کسی حد تک کیوں نہ گر جائے کبھی خدا سے مایوس نہ ہو صرف اپنے افکار اور کردار پر نظر رکھے اور اپنا فرض ادا کرتی رہے، وقت آئے گا کہ دلوں کا ہراس دور ہوگا، دماغ کو سکون ملیگا روح کو تازگی ملے گی اور پوری قوم اپنی پوری طاقت کے ساتھ اٹھ کھڑی ہوگی، اپنی بدکرداریوں سے پشیمانی، اپنے پروگرام پر یقین اپنے عمل پر تکیہ اور خدا کی ذات پر بھروسہ زندگی اور کامیابی کی کلید ہے۔

مایوسی کا کوئی موقعہ نہیں مومن کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا

مسلمانوں کو پرامید رہنے اور تعمیری کام کرنے کی تلقین

حکیم ڈاکٹر سید عبد العلی صاحب کا خطبہ استقبالیہ

علمائے کرام! اراکین جمعیۃ و معزز مہمان! میں مجلس استقبالیہ کی جانب سے اور اپنی جانب سے آپ حضرات کا خیر مقدم کرتا ہوں اور شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس گرمی میں آپ نے سفر کی زحمت گوارا کی [illegible]

جمعیۃ العلماء اور آزادی کی جدوجہد

حضرات! ہندوستانی سیاست میں غیر ملکیوں کے [illegible]

جمعیۃ کی دینی خدمات

جمعیۃ علماء جب سے قائم ہوئی تھی اس نے آزادی کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ گرانقدر دینی خدمات بھی انجام دی ہیں [illegible]

دنیا میں زندہ رہنے کے شرائط

[illegible]

تربیات تعلیمی

[illegible]

اردو کے متعلق ترمیم

[illegible]

علماء وأہل دین کی ذمہ داری

[illegible]

سیاسی قوت کی اخلاقی بنیاد

[illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

مسلمانان ہند کی مذہبی، تعلیمی، اصلاحی اور اخلاقی ترقی کیلئے جمعیۃ علماء کا پروگرام

نکاح وطلاق کے قانون کے بارے میں حکومت ہند کو یاددہانی

پیشوں کی بنیاد پر مسلمانوں میں سے اونچ نیچ ختم کرنے کا عزم

ندوۃ العلماء کے ہال میں جمعیۃ مرکزیہ کے اجلاس کی تفصیل

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء کے اجلاس میں [illegible]

اصلاح معاشرت

[illegible]

اوقاف کا مسئلہ

[illegible]

دوسرا اجلاس

[illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

اسوۂ رسول کو پیش نظر رکھ کر ہمیں اپنی اور دوسروں کی اصلاح کرنی چاہیئے

خطبہ استقبالیہ — بقیہ صفحہ ۳ کالم ۶

وقت منظم کرنے اور پورے ملک کو اس میں پوری قوت سے مشغول کر دینے کی ضرورت ہے اس جدوجہد میں مسلمانوں کو اپنا حصہ لینا بلکہ رہنمائی کا فرض ادا کرنا چاہئے۔ سائنس کی ترقیوں نے موجودہ دور میں تمام عالم کے ملکوں کو ایک دوسرے سے قریب اور مربوط کر دیا ہے۔ جس طرح ہر ایک محلے کے اندر کے رہنے والے پیچھے کے رہنے والوں کے [illegible] سے بے تعلق نہیں رہ سکتے ہیں ٹھیک اسی طرح دنیا کے ایک ملک والے دوسرے ملک والوں کی سلامتی اور تباہی سے بے تعلق نہیں رہ سکتے اس لئے ہند کی آزادی کے بعد ہمیں اپنا مقصد بلند اور نظر وسیع کرنا پڑے گا [illegible] ضرورت ہے کہ ہند کی مادی ترقی کے ساتھ ساتھ اخلاقی ترقی کی کوشش کی جائے۔ اگر تمام مادی قوتوں کے ہوتے ہوئے [redacted] ملک اس قابل ہو گا کہ دنیا کی مظلوم اقوام کو ان ظلم و ستم سے نجات دلا سکے جس میں صدیوں سے وہ گرفتار ہیں۔ حق و انصاف کی حمایت اور مظلوموں کی مدد کی ذمہ داری مسلمانوں پر سب سے زیادہ ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنی اور اہل وطن کی اخلاقی تعمیر کا دینی فریضہ سمجھتے ہوئے پوری کوشش کریں تاکہ اس بنیاد پر ہند کی مادی قوت کی تعمیر کی جا سکے اور ہند ایشیا اور افریقہ کی مظلوم اقوام کی دستگیری کا شاندار فریضہ ادا کرنے کے قابل ہو سکے۔

حضرات جو کچھ عرض کیا گیا ہے اس کا حاصل یہ ہے۔

دنیا کی مظلوم اقوام کی حمایت

(۱) اقوام عالم کی برادری میں ہند کی سربلندی اور دنیا کی مظلوم اقوام کی اعانت کے لئے ہند کی طرف سے جو جدوجہد ہو اس میں مسلمانوں کو قومی حکومت کی پوری تائید کرنی چاہئے اور جمعیۃ علماء سے جو لوگ منسلک ہیں ان میں جو سیاسی کاموں کا مذاق رکھتے ہوں انہیں کانگریس میں شریک ہو کر پوری ہمت سے اس مقصد کے لئے جدوجہد جاری رکھنا چاہئے۔

سماجی کاموں میں شرکت

(۲) [illegible] سماجی خدمت کے کاموں کی سرپرستی [illegible] وہ ابھی جاری ہیں تنگ نظری [illegible] ضرورت ہے کہ مسلمان ان کاموں اور [illegible] میں شریک ہو کر ملک کی خدمت کریں [illegible] مسلمانوں کو غیر مسلم بھائیوں کو اور غیر مسلموں کو مسلمانوں کو [illegible] سماجی خدمت میں شرکت سے یکجہتی پیدا ہوگی۔

معیار اخلاق کی بلندی

(۳) حصول آزادی کے بعد [illegible] کارکن بھی جب جاہ و مال کی آزمائشوں میں مبتلا ہو گئے ہیں اور وہ بلند [illegible] معیار قائم نہیں رہا جس کی [illegible] ملک کی اخلاقی سطح کو بلند کرنے کے لئے جدوجہد ضروری ہے۔ قرآن مجید کا درس اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک زندگی کے تفصیلی حالات مسلمانوں کے سامنے ہیں۔ ایسے مفصل ہدایت نامے سے اگر مسلمانوں نے فائدہ نہ اٹھایا تو وہ خود بھی محروم رہیں گے اور دنیا بھی محروم رہے گی۔ [illegible] نہیں پیدا ہو سکتی [illegible] عمل کرنے والوں کو دیکھنے سے پیدا ہو سکتی ہے۔ مسلمانوں کو اسلام کا نمونہ بن کر اپنے غیر مسلم بھائیوں کے سامنے آنا چاہئے۔ جو مسلمان غیر مسلموں کے ساتھ کاموں میں شریک ہوں ان پر اس کی بڑی ذمہ داری ہے کہ اپنا کردار بے داغ رکھیں اور کسی دنیاوی نفع کی امید سے کام نہ کریں اور اگر دنیاوی فوائد سامنے آ جائیں تو ان سے منہ موڑ لیں۔

مکاتب اور اسکولوں میں دینیات کا انتظام

(۴) ہند کی آزادی کے بعد جمعیۃ العلماء کا اہم ترین کام مسلمانوں کی دینی خدمت ہے۔ اس سلسلہ میں ضرورت ہے کہ بچوں کے لئے مکاتب قائم کئے جائیں۔ ان میں ضروری دنیاوی علوم کی بھی تعلیم دی جائے اور جو بچے سرکاری اسکولوں میں تعلیم پاتے ہیں ان کی دینی تعلیم کے لئے دینی کلاسوں کا انتظام کیا جائے۔ مسلمانوں کی دینی تعلیم کی ذمہ داری میں آپ کا کوئی شریک نہیں ہے یہ ذمہ داری تنہا آپ ہی کے کاندھوں پر ہے۔ ہند کی حکومت غیر مذہبی حکومت ہے وہ آپ کے بچوں کی دینی تعلیم کا انتظام نہ کرے گی۔ اب یہ آپ کا کام ہے کہ اس سے دینی تعلیم کی اجازت اور وقت لیں اور ہند کے تمام سرکاری مدارس میں تھوڑی سی دینی تعلیم کا اپنی طرف سے انتظام کریں۔ یہ کام بڑا عظیم الشان ہے [illegible] تمام مسلمانوں میں اس کی ضرورت اور اہمیت کا احساس پیدا کیا جائے اور ان کے وسائل کو اس سلسلے میں حاصل کیا جائے۔ اگر [illegible]

رہنمائی فرمائی اور مسلمانوں نے اس کے لئے عزم کر لیا تو یہ کام کچھ دشوار نہیں ورنہ دینی و اخلاقی حیثیت سے فنا ہو جانے میں کوئی شبہ نہیں ہے

بالغوں کی دینی تربیت

بچوں کی تعلیم ہی کی طرح اہم بالغوں کی دینی تربیت ہے۔ اس کی طرف بھی فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ اس جگہ تعلیم بالغان کے بجائے تربیت بالغان کا لفظ قصداً استعمال کیا گیا ہے۔ تربیت سے مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو مذہب کا جتنا علم ہے اس کو بنیاد قرار دیتے ہوئے ان میں کام شروع کیا جائے جن واجبات و فرائض کا انہیں علم ہے ان کو عمل میں لانے کا اور جن ممنوعات کا انہیں علم ہے اس سے [redacted] کی طلب ان میں پیدا کی جائے اور آخرت کا منظر ان کی نظروں کے سامنے لایا جائے۔ ان کی عادت ڈالی جائے کہ وہ جو کام کرنے لگیں تو ان کے سامنے یہ سوال آ جایا کرے کہ آیا یہ اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہو گا یا ناراضگی کا اور اس سے جنت ملے گی یا جہنم کا خطرہ ہے۔ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک ہاتھوں سے جب دین کی تکمیل ہوئی تو ہماری سوسائٹی کی مثال ایسی تھی کہ جیسے ایک زمین کا [illegible] صاف کی گئی اور اس میں باغ لگایا گیا اب ہر قسم کے خس و خاشاک سے پاک سرسبز و شاداب باغ تیار ہو گیا باغ کے مالک نے ہر ایک کو اس کا [illegible] مگر [illegible] غفلت برتی یہاں تک کہ [illegible] تمام باغ بگڑ گیا اور [illegible] خشک ہونے شروع ہوئے۔ باغ کی حفاظت کے لئے مالک نے جو حکم دیا تھا اسی قسم کا حکم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہماری سوسائٹی کو دیا تھا کہ (تم میں ایک جماعت ہونی چاہئے جو بھلائی کی طرف بلائے اور نیکیوں کا حکم کرے اور برائیوں سے روکے) جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ تم سے فرماتا ہے (نیکیوں کا حکم کرو اور برائیوں کو منع کرو اس سے پہلے کہ تم دعا کرو تو میں قبول نہ کروں اور مجھ سے سوال کرو تو میں تمہیں عطا نہ کروں اور مجھ سے مدد مانگو تو میں تمہاری مدد نہ کروں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی حکم دیا تھا کہ اگر تم میں سے کوئی بری بات دیکھے تو اس کو اپنے ہاتھ سے بدل دے اور جو یہ نہ کر سکے تو اپنی زبان سے اور جو یہ بھی نہ کر سکے تو اپنے دل سے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے) مگر ہم نے غفلت کی اور سوسائٹی میں برائیاں پھیلنے پھولنے لگیں اور بھلائیاں مرجھانے اور کمھلانے لگیں۔ اتنے زمانہ کی غفلت نے اتنا فساد پیدا کر دیا ہے کہ اصلاح کا کام بہت بڑھ گیا ہے مگر جب تک ہم یہ کام شروع نہ کریں گے اس وقت تک اللہ تعالیٰ نہ تو ہماری دعائیں قبول فرمائیگا نہ مانگنے پر ہمیں کچھ دے گا نہ مدد مانگنے پر مدد فرمائیگا [illegible] ہماری مشکل کشائی ہو سکتی ہے۔

ایک محدود حلقہ میں کچھ عرصہ سے ایسا کام کیا گیا ہے کیوں نہ جمعیۃ العلماء اپنے وسیع نظام کی مدد سے یہ کام گوشہ گوشہ میں پھیلا دے۔ اس کام کی بقا و ترقی کی شرط صرف اس قدر ہے کہ کام کا محرک ایمان و احتساب ہو اور جو کچھ کیا جائے اللہ تعالیٰ کی رضا مندی اور آخرت کے ثواب کا دھیان رکھتے ہوئے کیا جائے۔ اس رنگ میں جتنے لوگ رنگتے جائیں گے کام بڑھتا جائیگا۔

نظام قضاء و اوقاف

(۵) انگریزی حکومت کے عہد سے جمعیۃ العلماء کے حلقوں میں نظام قضا کے قیام کے لئے وقتاً فوقتاً تھوڑی بہت کوششیں ہوتی رہی ہیں آزادی کے بعد ایسے حالات پیدا ہو گئے تھے کہ اس کے لئے موقع نہ تھا اب حالات اعتدال پر آ رہے ہیں امید ہے کہ مناسب وقت پر اس دینی ضرورت کی طرف توجہ کی جائے گی۔

(۶) بعض صوبوں میں کچھ عرصہ سے وقف بورڈ قائم ہو چکے ہیں اتنے عرصہ تک کام ہونے کے بعد اس کی ضرورت ہے کہ کام کا جائزہ لیا جائے اور نئی ضرورتوں اور نئے حالات کے مطابق اس کی بہتر تنظیم کی جائے جن صوبوں یا ریاستوں کے یونینوں میں وقف بورڈ نہ ہوں وہاں قائم کرائے جائیں اور ابتدائی دینی تعلیم کے لئے اوقاف سے امداد لی جائے اور بعض اوقاف کے فرائض کہیں کہیں خلاف شرع [illegible]

دینی تعلیم کا اجراء اس وقت کا اہم ترین فریضہ ہے سرکاری مدارس میں دینی کلاسوں کے انتظام میں بھی روپیہ کی ضرورت ہوگی۔ اس کام کے لئے اوقاف سے امداد لی جائے۔

عمل کی ایمانی و اخروی بنیاد

حضرات! تمام قوتوں کا سرچشمہ ایمان ہے آخر میں پھر یہ اعلان ضروری ہے کہ جمعیۃ کے تحت جتنے کام ہوں سب کا مرکز ایمان و احتساب ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ (اپنے عمل اجر کے حساب سے کرو تو تمہارے اجر تمہیں ہو گئے ہیں) کتنے کام ہم سرانجام کرتے رہتے ہیں۔ اگر ہم ایسی عادت ڈالیں کہ یہی کام اللہ تعالیٰ کا حکم سمجھ کر اور ثواب کی نیت سے کرنے لگیں تو ان بے جان کاموں میں جان پڑ جائے اور ان اعمال کا اجر دوگنا ہو جائے اور ہمارے [redacted] طرف رخ درست کر لینے سے ہم کہاں سے کہاں پہنچ سکتے ہیں اور دنیا و آخرت میں اس سے کیسے ثمرات و نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

حضرات! ایک اور اہم امر کی طرف آپ کی توجہ منعطف کراتا ہوں ہم مسلمانان ہند کی خوش قسمتی ہے کہ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدظلہ العالی اس نازک دور میں جمعیۃ العلماء کے صدر رہے ہیں اور امسال بھی رہیں گے حضرت والا کی صدارت سے [illegible]

[illegible] اس سال پھر توقع ہے اس کو ہاتھ سے نہ جانے دیجئے

شکر کا مقام

معزز حاضرین! میں نے آپ کا بہت وقت لیا آخر میں صرف اتنا کہنا ہے کہ آپ جس حال میں ہیں وہ مستوجب حمد و شکر ہے۔ مایوسی اور اضمحلال کا کوئی موقع نہیں۔ اگر کوئی مومن ہو تو اس کو کوئی خطرہ نہیں پہنچا سکتا ہر مصیبت اس کے لئے اجر کا باعث ہوتی ہے وہ سونے کی طرح ہے کہ آگ میں ڈال دیا جائے تو اس کا میل کچیل جل جاتا ہے اور خالص سونا [illegible]

باقی صفحہ ۵ پر

مذہبی تعلیمی اصلاحی اور اخلاقی ترقی کا پروگرام

(بقیہ صفحہ ۳ کالم ۵)

مشاورت میں کی تھی۔ اسی پر عمل کریں۔

مولوی سلیمان

گجرات کے مولوی سلیمان صاحب نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ اصل تجویز میں لازمی بنیادی تعلیم کو حکومت کے قانون سے چلانے کے جو الفاظ ہیں وہ دور کئے جائیں کیونکہ اس صورت میں [illegible] پیش آئیں گی۔

مولوی عبدالرزاق (مدراس)

آپ نے تقریر شروع کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ چیز جمعیۃ علماء کی شان کے خلاف ہے کہ وہ کسی کے ڈر اور خوف سے الفاظ میں ترمیم کرے۔

مولوی عبدالحلیم صدیقی

اور جب مشکل آ پڑتی ہے تو سیاست ہی مذہب کو پکارتی اور اپنا کام اس کے سپرد کر دیتی ہے۔ اور یہ مشکل اس لئے پیش آ رہی ہے کہ خود اہل سیاست نے مذہب اور سیاست کے تعلق کو نہیں سمجھا، وہ آج تک نہ بتا سکے کہ سیاست اور مذہب کے حدود کیا ہیں، جب اپنی سیاست پر زد پڑتی دیکھی تو مذہب کو جدا کر دیا، جب مذہب سے کام نکلتا نظر آیا تو اسے آلہ کار بنا لیا، عجیب کشمکش اور الجھاؤ ہے مگر لوگ اس دشواری کو نہیں دیکھتے، مذہب اور سیاست کی بحث چھیڑ دیتے ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن سے مذہب و سیاست دونوں ہی پناہ مانگتے ہیں!

مختصر یہ کہ جہاں تک رسمی اور ملکی سیاست کا تعلق ہے جمعیۃ علماء اس سے کوئی کام لینا نہیں چاہتی اور نہ اپنے آپ کو اس کے ساتھ وابستہ رکھنا چاہتی ہے، کیونکہ اسی میں ملک اور قوم کا بھلا ہے، لیکن جہاں تک اسلامی سیاست کا تعلق ہے جمعیۃ علماء ہرگز اس کو مذہب سے جدا کرنا نہیں چاہتی اور نہ اس بات کو مان سکتی کہ اسلام اور اسلامی سیاست دو الگ الگ حقیقتیں ہیں۔

[illegible] ہم نے ان حضرات کو بھی خطاب نہیں کیا جن کا مقصد اعتراض برائے اعتراض اور نکتہ چینی برائے نکتہ چینی ہے ہمارا خطاب ہمیشہ ان لوگوں سے رہا جو کسی بات کو جاننا اور سمجھنا چاہتے ہیں اور جن کا مقصد مخالفت برائے مخالفت نہیں ہے، آج بھی ہم ایسے ہی حضرات کو بتانا چاہتے ہیں کہ جمعیۃ علماء نے مذہب کو سیاسیات سے کبھی جدا نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو سیاسی معاملات سے جدا کیا ہے، اگر کوئی جماعت سیاسیات میں حصہ نہیں لیتی تو کیا آپ یہ کہہ دیں گے کہ اس نے اسلام سے سیاست کو جدا کر دیا۔ اسلام بلاشبہ مذہب اور سیاست دونوں پر حاوی ہے کیونکہ یہی جامعیت اکمال دین اور اتمام نعمت کی بنیاد ہے، لیکن اپنی علیحدگی کو اسلام کی علیحدگی سمجھ لینا ادراک..... دستبرداری سے یہ تعبیر نکالنا کہ اب تو جمعیۃ علماء مذہب اور سیاست کو ایک ہی سمجھنا بھی خراب ایسا نہیں کہی، کوتاہ نظری اور کم فہمی کی دلیل ہے! دوسرے الفاظ میں آپ یوں سمجھئے کہ جمعیۃ علماء نے اسلامی سیاست سے دستبرداری نہیں دی ہے۔

اچھی باتیں

ان تکفروا۔ تا۔ یرضہ لکم
(پ ۲۳ ع ۱۵)

اگر تم کفران نعمت کروگے تو یاد رکھو اللہ کو تمہاری کوئی حاجت نہیں وہ تم سے بے پرواہ ہے مگر یہ بھی یاد رکھو کہ خدا اپنے بندوں کے کفر سے راضی نہیں ہے، اگر تم شکر گذار ہوگے تو یہ بات خدا کو پسند آئے گی۔

یعنی اگر انسان کفران نعمت پر اتر آتا ہے تو خدا کا کچھ نہیں بگاڑتا ہے کیونکہ خدا غنی ہے اور اسے کبھی کی نیکی سے کوئی ذاتی فائدہ نہیں البتہ یہ بات ضرور ہے کہ خدا کو کفر پسند نہیں ہے اور یہ خیال غلط ہے کہ کفر اور بدی خدا کی مرضی سے ہے، خدا کبھی بدی کو پسند نہیں کرتا، اسی لئے وہ اصلاح کے لئے اپنے رسولوں کو بھیجتا اور کتابوں کو نازل کرتا ہے بلکہ خدا کو تو شکر گذاری اور بھلائی پسند ہے اور وہ یہی چاہتا ہے کہ انسان بھلائی کی طرف آئے اور اپنے خدا کو پہچان کر اس کا شکر گذار بندہ بنے، پس انسان کو یہ سمجھ کر کہ بدی خدا ہی کرتا ہے برائی کرنے پر دلیر نہ ہونا چاہیے خدا تو بھلائی کو پسند کرتا ہے اپنا نہیں بھی بھلائی کو پسند کرنا چاہیے۔

دولت مشترکہ!

لندن کانفرنس میں ہندوستان کے سیاسی درجہ کا فیصلہ ہوگیا ہے اور خوب ہوا ہے۔ جو حضرات اس پر خوش ہو سکتے ہیں وہ خوش ہولیں، اور جن کو ناراض ہونا ہو وہ ناراض ہوجائیں مگر یہ ماننا پڑے گا کہ نسیب کے بازیگروں نے خوب ہی فیصلہ کیا ہے، اور ہندوستان نے اس سے ان کے اپنے تدبر کا خوب مظاہرہ کیا ہے!

اگر یہ صحیح ہے کہ حکومت نے ہندوستان کے مفاد کا ٹھیک ٹھیک اندازہ لیا ہے اور دوسروں کو کہا ہندوستان کے مفاد سے ہمدردی ہو سکتی ہے اور انہیں اس سے پہلے کچھ کہنے کا حق بھی حاصل ہے تو ہم عرض کریں گے کہ لندن کانفرنس میں جو کچھ ہوا وہ صرف الفاظ کا ہیر پھیر ہے۔ بلاشبہ لندن کانفرنس کا فیصلہ بڑے بڑے مدبروں نے کیا ہے اور ان کی قابلیتوں سے انکار کرنے کے مرادف ہے لیکن ہم یہ پوچھنے کا حق تو رکھتے ہیں کہ الفاظ کے ہیر پھیر میں حقیقت کیا ہے؟

[illegible]

ہندوستان میں جتنی زبانیں رائج ہیں ان میں اردو کو عظیم الشان درجہ حاصل ہے

ملک میں انقلاب پیدا کرنے والے شعراء اردو سے پیدا ہوئے ہیں

اردو نے ہندو مسلم اتحاد ہی نہیں بلکہ تمدن کی بناوٹ میں بھی حصہ لیا ہے

بہار اردو کانفرنس میں وزیر اعظم بہار کی تقریر

[illegible] ہے کئی سو سال پہلے ایک بزرگ نے اسی سرزمین پر اردو کا علم بلند کیا۔ اور ان کے ساتھ چیلوں (مریدوں) نے سرگرمی کے ساتھ اس کو ترقی دی۔ رفتہ رفتہ یہاں ادبا، شعراء اور دانش ور پیدا ہوتے رہے۔ اور اردو ہمیشہ پھلتی رہی یہی وہ سرزمین ہے جہاں بیدل اور شاد جیسے شاعر پیدا ہوئے ہیں اس تاریخ کو ترتیب دینے والے کی نا انصافیوں کو نہیں بھلایا جا سکتا۔ اور اردو کی ترویج اور ترقی کی تاریخ ترتیب دیتے وقت بہار کو نظر انداز کر جاتے ہیں حالانکہ جہاں تک اردو کی خدمت کا تعلق ہے یہ دبستان ادبیات سے کبھی پیچھے نہیں رہا ہے

[illegible]

تنقید و تبصرہ

سالنامہ آستانہ دہلی ۱۹۴۹ء

ماہنامہ آستانہ دہلی ہندوستان کا مشہور اور کثیر الاشاعت ماہنامہ ہے۔ اس کا سالنامہ ہمارے پیش نظر ہے۔ [illegible]

سیر و سیاحت

(سیاح کے قلم سے)

[illegible]

دولت مشترکہ میں رہنے سے ہند کی خود مختاری پر کوئی اثر نہیں پڑیگا

سردار پٹیل کی طرف سے لندن کانفرنس کے فیصلوں کی وضاحت

نئی دہلی ۲۹ اپریل۔ دولت مشترکہ کانفرنس کو ہندوستان ہندوستان کی قانونی حیثیت قرار دیتے ہوئے نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے کل ایک پریس کانفرنس کے ساتھ بیانات میں صورت حالات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آئندہ بھی اقوام کی اس انجمن کا نام دولت مشترکہ اقوام ہوگا۔ اور ہند بادشاہ سے وفاداری کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔ [illegible]

[illegible]

نام کی تبدیلی

[illegible]

بادشاہ کے یوم پیدائش کی چھٹی

[illegible]

مشترک مفاد کے مسائل پر ہمسایوں سے تعاون کیا جا سکتا ہے

سیلون اور ہند کے تعلقات پر سیلونی رہنما کا بیان

کولمبو ۲۹ اپریل۔ سیلون کے ایوان نمائندگان کے لیڈر مسٹر ایس۔ ڈبلیو۔ آر۔ ڈی۔ بندرا نائیکے نے جو کہ آجکل وزیر اعظم سیلون مسٹر سیناناکے کی غیر موجودگی میں ان کی بعض ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں [illegible]

انضمام ناممکن ہے

[illegible]

ہندوستان اور سیلون کے درمیان اتحاد

ڈاکٹر پٹابھی کے سابق بیان کی وضاحت

[illegible]

خفیہ معاہدہ نہیں ہوا

[illegible]

کافی سمجھدار ہیں

[illegible]

ہندوستان اور جنوبی افریقہ کا جھگڑا

کیا جنرل اسمبلی میں بحث ملتوی ہو جائے گی؟

لیک سکسس ۲۹ اپریل۔ بعض ملکوں اور خاص طور پر آسٹریلیا کے نمائندے یہ چاہتے ہیں کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا موجودہ اجلاس جلد از جلد ختم ہو جائے۔ اس لئے وہ اس پر زور دے رہے ہیں کہ جنوبی افریقہ اور اسپین کے معاملات کو جنرل اسمبلی کے آئندہ اجلاس کے لئے ملتوی کر دیئے جائیں۔ لیکن خیال یہ ہے کہ ان کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی۔

ہندوستان اور جنوبی افریقہ دونوں ملکوں کے نمائندے نہیں چاہتے کہ اس اجلاس میں جنوبی افریقہ کے خلاف ہندوستان کی شکایت پر غور نہ کیا جائے اس لئے وہ التوا کی تجویز کی مخالفت کر رہے ہیں۔

جو لوگ جنوبی افریقہ کے معاملہ پر بحث کو ملتوی کرنا چاہتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ لندن میں وزرائے اعظم کی کانفرنس میں جو خوشگوار فضا پیدا ہوئی ہے اس کا تقاضہ ہے کہ اس موقعہ پر اس تلخ جھگڑے کو نہ چھیڑا جائے۔

اسپین پر جو تجویز پیش کی گئی ہے اس میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ ۱۹۴۶ء میں اسپین سے سیاسی تعلقات رکھنے پر جو پابندی عائد کی گئی تھی، اس کو منسوخ کر دیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ برازیل اس کی تائید کرے گا لیکن توقع ہے کہ روس اس کی سختی سے مخالفت کرے گا۔

آسٹریلیا اور دوسرے نمائندوں کا یہ کہنا ہے کہ اس موقع پر جب کہ مشرق اور مغرب کے درمیان گفت و شنید کا آغاز ہونے والا ہے اس قسم کی بحثیں جن میں الزام اور جواب الزام کی صورت پیدا ہو جائے مناسب نہیں ہوگی۔ (دکلوب)

مصر میں تعلیم سے دلچسپی

قاہرہ ۲۹ اپریل۔ گذشتہ سال مصر کے یونیورسٹی اور ٹیکنیکل طلباء کی تعداد ۵ لاکھ تھی اور ۴۸ لاکھ سے زائد بالغوں نے تعلیمی کورس لیا۔ حکومت مصر کا ۱۹۴۹ء کا تعلیمی بجٹ [illegible] (مصری) پونڈ ہے جب کہ ۱۹۳۶ء کا تعلیمی بجٹ ۵۴۰۰۰ ۳۹ (مصری) پونڈ تھا اس وقت ابتدائی اسکولوں کی تعداد ہزار ہے جب کہ ۱۹۳۰ء میں ایسے اسکول صرف [illegible] تھے۔ (دکلوب)

لیگی لیڈر کا صوبے سے اخراج

شیلانگ ۲۹ اپریل۔ مولانا عبد الحمید خاں سابق صدر آسام پراونشل مسلم لیگ کو صوبہ بدر کر دیا گیا ہے۔ وضاحت کے تحت میں کہا گیا ہے یہ قدم اس لئے اٹھایا گیا تاکہ وہ کوئی ایسا قدم نہ اٹھا سکیں جو امن عامہ کے لئے مضرت رساں ہو۔ (اے۔ پی)

جمعیۃ علماء ہند کا پروگرام مسلمانوں کے شاندار مستقبل کا ضامن

بھاگلپور کے جلسہ عام میں مولانا محمد قاسم کی روح پرور تقریر

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) ۲۳ اپریل کو بعد نماز مغرب جمعیۃ علماء چمپا نگر کے زیر اہتمام جامع مسجد میں جمعیۃ علماء کا ایک شاندار جلسہ ہوا جس میں مولانا محمد قاسم ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء یوپی مولانا ابوالوفا نائب صدر جمعیۃ علماء یوپی اور مولانا عبد الحمید اور ساجد صاحب لکھنوی شریک تھے۔ تلاوت قرآن مجید اور ساجد صاحب کی نظموں کے بعد مولانا عبد الحمید صاحب نے جلسہ کا آغاز کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس لکھنؤ کی اس تجویز کا تذکرہ کیا جو جمعیۃ علماء کے موجودہ پروگرام کو پیش کرتی ہے اور جس پر عمل پیرا ہو کر ہندوستان کے مسلمان باشندے اپنے مستقبل کو شاندار بنا سکتے ہیں۔

بعد ازاں مولانا محمد قاسم صاحب نے اجلاس لکھنؤ کی اس تجویز کی تشریح کرتے ہوئے جمعیۃ علماء کی پالیسی اور اس کے پروگرام کی تفصیلات بیان کیں۔

مولانا نے فرمایا جمعیۃ علماء ہند برٹش سامراج سے شکر لینے اور وطن عزیز کی آزادی کے حصول میں بڑی شاندار خدمات اور بیش بہا قربانیوں کی حامل ہے وہ اب بدلے ہوئے حالات میں مکمل اور سیاسی مطالبات کو مشترک پلیٹ فارم کے حوالہ کرکے مسلمانوں کی مذہبی، تمدنی اور معاشرتی اصلاح کا اعلان کر چکی ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس لکھنؤ کی وہ مشہور اور معرکۃ الآرا تجویز جس کو جمعیۃ کے اغراض و مقاصد کی قرارداد کہا جاتا ہے ہندیونین کے ۴ کروڑ مسلمانوں کی مذہبی، تمدنی اور معاشرتی اصلاح کی ضامن ہے اس میں مسلمانوں کی مذہبی تعلیم، عقائد کی اصلاح، اوقاف کی تنظیم، باہمی رواداری اور انسانی بھائی چارگی کا خوشگوار اور مخلصانہ پروگرام ہے۔ آپ نے مسلمانوں کو صبر و استقامت کی تلقین کی اور فرمایا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کا خلوص اور پاکستان کے نتائج سے گھبرا اور فکرمند ہوا اور شکستہ ہو کر زندگی گذار رہا کسی حالت میں درست نہیں

ڈاکٹر ملان ہالینڈ کو روانہ ہو گئے۔ وہ جرمنی، سوئٹزرلینڈ، اٹلی بھی جا رہے ہیں۔

مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان آج شاہ جارج سے ملاقات کر رہے ہیں۔ اور دوسرے وزیر اعظم اب بھی لندن میں موجود ہیں اور وہ بھی انفرادی طور پر بادشاہ سے [illegible]

لندن سے وزیر اعظموں کی روانگی

لندن ۲۹ اپریل۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم مسٹر چارلس چیفلے لندن سے بذریعہ ہوائی جہاز آسٹریلیا روانہ ہو گئے وزرائے اعظم کی کانفرنس کے بعد سب سے پہلے وہی روانہ ہوئے ہیں [illegible]

نمونہ مفت

اگر آپ بہترین مضامین کے مطالعہ کے ساتھ ساتھ اپنی اور اپنے لواحقین کی تندرستی بھی چاہتے ہیں تو رسالہ ہومیو پیتھک ڈاکٹر کے خریدار بن جائیے۔
سالانہ چندہ دو روپے فی پرچہ تین آنہ۔ نمونہ مفت
منیجر رسالہ ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہومیو پیتھک اسپتال بالا نگرہ بنگش۔ دہلی

اشتہار نیلام

نیشنل آکشن مارٹ بنانا بازار کشمیری گیٹ دہلی
ہر ہفتہ وار نیلام ہر اتوار کو ہوتا ہے۔ جس میں ہر قسم کا اعلیٰ قسم کا فرنیچر، دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑا، جوتے وغیرہ۔ دیگر مختلف قسم کا گھریلو سامان فروخت ہوتا ہے جو صاحب اپنا فالتو سامان اچھی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں۔ ہماری خدمات حاصل کریں۔

دہلی مسلم ہوٹل

دہلی ریلوے اسٹیشن سے صرف دس منٹ کا فاصلہ کشادہ ہوادار کمرے۔ پردے کا خاص انتظام۔ لذیذ و نفیس کھانے نرخ ارزاں انتظام معقول ملاحظہ فرما کر ممنون فرمائیں

بازار بلیماران
گلی قاسم جان دہلی

احمد یار خاں
مالک شریف ہوٹل فتحپوری

یونیورسل آپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد دواخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کے لئے

کتب خانہ اشرفیہ کا پتہ
راشد کمپنی
دیوبند (یو۔پی)

خوشگوار زندگی بنانے کا اسلامی آئین

(۱) خاوند کے ذمہ بیوی کے کیا حقوق ہیں (۲) والدین اور بیوی کے حقوق میں کس کا حق زیادہ ہے (۳) مرد کو بیوی کے ساتھ کس طرح زندگی بسر کرنی چاہیے (۴) ایک مرد اپنی بیوی کے ساتھ دنیا میں کیسے جنت بنا سکتا ہے [illegible]

مسلمان خاوند [illegible]

ادارہ آفتاب رسالت بل بنگش دہلی

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی، لاہور، راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں۔ یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں۔ کارخانے، سینما، ہوٹل، خالی مکانات وغیرہ نقد قیمت پر مطلوب ہیں۔

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج
متصل ہند ہوٹل اردو بازار دہلی

حمید آپٹیکل کمپنی

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں
ہول سیل مینوفیکچرز بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی ہر قسم کی تکلیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

دار السلطنت
۲۹ اپریل

سائیکل اور دوسرے سامان کی چوریاں

کشمیری گیٹ میں پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے جو ایک مسروقہ سائیکل فروخت کر رہا تھا۔

سائیکلوں کی چوری کے سلسلہ میں پولیس میں ۷ رپورٹیں منگل کو درج کرائی گئیں۔ حکومت ہند کے ایک اسٹینو کی سائیکل گم ہو گیا۔ سائیکل ان کے مکان کے باہر تھا۔ مرکزی سکریٹریٹ سے ایک سائیکل چوری ہو گیا۔ یہ سائیکل بلاک کے اسٹینو گرافر کا تھا۔ سائیکل کو تالا لگا ہوا تھا۔

مسٹر شبن لال سکسینہ ممبر آئین ساز اسمبلی۔ لڑکوں کے اتالیق نے مسٹر سکسینہ کے بنگلہ کے احاطہ میں سائیکل رکھا۔ سائیکل کو تالا لگا ہوا تھا۔ مسٹر سکسینہ کا بنگلہ فیروز شاہ روڈ پر واقع ہے۔ لڑکوں کو پڑھانے کے بعد جب اتالیق باہر نکلے تو سائیکل کو گم پایا۔

گورنمنٹ اسکول لودی کیمپ کا ایک طالب علم امتحان دے رہا تھا۔ اسی دوران میں اس کا سائیکل گم ہو گیا۔ اس نے سائیکل کو سائیکل اسٹینڈ میں رکھا ہوا تھا۔ جب وہ امتحان دے کر باہر نکلا تو سائیکل گم تھا۔

ایک شخص نے سائیکل کو تالا لگا کر پہاڑ گنج میں ایک بنک کے سامنے رکھا جب وہ بنک میں کام سے فارغ ہونے کے بعد باہر نکلا تو گم پایا۔

ملتانی ڈھانڈہ کا ایک شخص دوست کے لئے اپنے مکان میں داخل ہوا۔ اور سائیکل مکان کے دروازے پر رکھ گیا جب باہر نکلا تو سائیکل گم تھا۔

کلکتہ کا ایک تاجر کے پاس سے جو مختصر سے دورہ کے لئے دہلی آیا ہوا تھا، ۳ ½ ہزار روپے کا سامان چرایا گیا معلوم ہوا ہے کہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ دہلی ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ روم میں مقیم تھا۔ اس کے دوست وہ سوٹ کیس لے کر فرار ہو گئے جس میں قیمتی سامان تھا۔

زخمی کر دیا

پولیس اسٹیشن حوض قاضی کے علاقہ میں ایک شخص کو اس کے ساتھی کرایہ دار نے زخمی کر دیا۔ تلاشی لینے پر ملزم کے مکان سے ایک لمبا چاقو برآمد ہوا۔ ملزم روپوش ہے۔

دہلی میں کم عمر مجرم بچوں کا مسئلہ

وزارت تعلیم نے دہلی میں کم عمر مجرم بچوں کے مسئلہ اور اس کی روک تھام کے سلسلہ میں ایک کانفرنس طلب کی ہے۔

وزارت تعلیم کے معاون مشیر پروفیسر ہمایوں کبیر کانفرنس کے صدر ہوں گے۔ اس کانفرنس میں دہلی کے حکام کے علاوہ جن میں چیف کمشنر کے چیف سکریٹری ڈائرکٹر تعلیمات کم عمر بچوں کی عدالت کے مجسٹریٹ ڈائرکٹر جنرل ہیلتھ سروسز شامل ہیں۔ دہلی کے کئی سوشل اداروں کے نمائندے بھی شامل ہوں گے۔

سنگھیوں کی رہائی

کل رات مزید ۴ سنگھی کارکن سینٹرل جیل سے رہا کر دئے گئے۔ انہیں سنگھ کی تحریک میں پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبائی حکومتیں ان سرکاری ملازموں کے معاملہ پر نظر ثانی کریں گی۔ جنہیں سنگھ کے ستیاگرہ میں حصہ لینے کے الزام میں معطل کیا گیا ہے۔

سوشل سروس کی تعلیم

صوبہ دہلی میں سوشل سروس کی تعلیم کو ترقی دینے کے لئے وزارت تعلیم نے اس میدان میں کام کرنے والی انجمنوں کی ایک کانفرنس طلب کی ہے۔ [illegible] صدر ہوں گے۔

نو انجمنوں کے نمائندوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ تعلیم بالغان کا ادارہ انجمن تعلیم و ترقی، تعلیم بالغان ایسوسی ایشن، فرینڈز سروس یونٹ، سوشل سروس لیگ، وائی ایم سی اے، دہلی پراونشل کانگریس کمیٹی اور ہندوستانی اسکاؤٹس کے نمائندے شریک ہوں گے۔

قرول باغ میں آتشزدگی

پوسا انسٹی ٹیوٹ قرول باغ میں آگ لگ جانے سے ۵۰ جھونپڑیاں جل گئیں۔

اسٹیشن پر چوریاں

گزشتہ روز دہلی ریلوے اسٹیشن پر چوریوں کی متعدد وارداتیں ہوئیں جن میں مسافروں کا سات ہزار کی مالیت کا مال اڑا لیا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی اور شاہدرہ کے درمیان [illegible] ایک شخص کی جیب سے [illegible] تقریباً ۳ ہزار روپیہ کی مالیت کا اسباب [illegible]

مسٹر رادھا رمن کی اپیل

دہلی ۳۰ اپریل۔ صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر رادھا رمن نے پبلک سے اپیل کی ہے کہ وہ گاندھی میموریل فنڈ میں زیادہ سے زیادہ چندہ دیں۔ انہوں نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ دہلی میں گاندھی میموریل فنڈ کے لئے چندہ اکٹھا کرنے کی مہم جاری ہے۔ کانگریس ورکر اور دوسرے لوگ اب تک تھوڑا چندہ اکٹھا کر چکے ہیں۔ انہوں نے ہاکرز، دکانداروں اور کاروباری وغیرہ سے کہا ہے کہ ۷ مئی اور ۳ مئی کو عام چندہ اکٹھا کرنے کی مہم شروع کی جا رہی ہے۔

وزیر صحت اٹلی جائیں گی

نئی دہلی ۳۰ اپریل۔ ہند کی وزیر صحت راجکماری امرت کور شاید عنقریب اٹلی جائیں اور صحت کی عالمی کانفرنس کے اجلاس میں حصہ لیں جو ۱۳ جون کو روم میں ہوگی۔ وہ روم میں مکانات کی تعمیر وغیرہ کے کام کا بھی مطالعہ کریں گی۔ (دگلوب)

دہلی میں پرانتیہ رکشا دل

پرسوں کے روز چیف کمشنر کی صدارت میں دہلی ایڈوائزری کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں دہلی کے لئے پرانتیہ رکشا دل کی اسکیم پر غور کیا گیا جو بعد کو منظور کر لی گئی۔

ابھی اس اسکیم کو حکومت ہند کی منظوری حاصل ہونی باقی ہے اگر وہ حاصل ہو گئی تو صوبہ کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ دو دیہاتی اور ایک شہری، تاکہ بھرتی کی جا سکے۔ بھرتی کے لئے ۱۸ سے ۴۰ سال تک کی عمر ہونی چاہئے۔ اینٹی سوشل آرگنائزیشن کے ممبر فرقہ پرست مجرم اور دہلی معاہدہ میں پاس ہونے والوں کو بھرتی نہیں کیا جائے گا۔ شہری اور دیہاتی علاقوں کے لئے انتخابی کمیٹیاں بنا دی جائیں گی۔

دہلی میونسپل کمیٹی کا اجلاس

امسال بیساکھی کے موقعہ پر چار اشخاص جمنا میں نہاتے ہوئے ڈوب گئے تھے اور چھبیس آدمیوں کو بچا لیا گیا تھا۔ اس لئے دہلی میونسپل کمیٹی نے اپنے کل کے اجلاس میں فیصلہ کیا ہے کہ اشنان کے موقعوں پر اب انتظام کرنے کا فیصلہ کیا ہے کہ اس قسم کا انتظام صبح چار بجے سے شام تک کیا جائے گا۔ اور کشتیوں کی تعداد تین سے بڑھا کر چھ کر دی جائے گی۔ اس عملہ کی وردی بھی پیراکوں کا [illegible]

سنگھ کے کارکن رہا

راشٹریہ سنگھ کے نظر بند کارکنوں کی رہائی کے سلسلہ میں حکومت نے جو بورڈ بنایا تھا۔ اس کی سفارش پر کل دہلی جیل سے ۲۳ نظر بند کارکنوں کو رہا کر دیا گیا ہے۔ انہیں سنگھ کا ستیہ گرہ ہونے سے دو روز پیشتر ان کی جائے رہائش سے گرفتار کیا گیا تھا معلوم ہوا ہے کہ دہلی جیل میں اس وقت سنگھ کے سو اسو کے قریب کارکن بند ہیں۔

اناج کے راشن میں اضافہ

دہلی کے محکمہ سول سپلائیز نے کیم مئی سے اناج کی ناجائز تجارت کی روک تھام کے لئے جو اسکیم بنائی ہے اسی سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ اناج کے چار ڈسٹری بیوٹر [illegible] ہوں گے۔ اسکیم کے بعد اناج کی ناجائز تجارت کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ [illegible] اندازاً ہفتہ کے راشن میں بھی ۵ ولی صدی اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

شاہدرہ میں قتل

شاہدرہ ریلوے اسٹیشن کے قریب ایک چالیس سالہ عورت کی لاش ملی ہے۔ جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ اسے گلا گھونٹ کر قتل کیا گیا ہے۔ پولیس نے زیر دفعہ ۳۰۲ تعزیرات ہند مقدمہ درج کر لیا ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔

مشتبہ آدمی گرفتار

وزارت محکمہ امور خارجہ کے ایک افسر نے گذشتہ شام وزارت کے گرد مشتبہ حالت میں چکر لگاتے ہوئے ایک شخص کو پکڑ کر پولیس کے حوالہ کیا۔ یہ شخص اپنے پیشہ اور سکونت کے متعلق کوئی تسلی بخش جواب نہیں دے سکا۔ حال ہی میں سنٹرل سکریٹریٹ میں چوریوں کی کئی واردات ہوئی تھیں۔

کپڑے کے دو بیوپاری پکڑے گئے

محکمہ سول سپلائیز دہلی نے آج یہاں کی مارکیٹ سے دو کپڑے کے بیوپاریوں کو بغیر پرمٹ راشن کا کپڑا بیچنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ ان کے قبضہ سے تقریباً ایک ہزار روپیہ کا کپڑا ملا ہے۔

اٹاوہ کی خبریں
(بذریعہ ڈاک)

نہایت افسوس کے ساتھ یہ خبر سنی گئی کہ تعبیہ بھیونڈ درگاہ حضرت شاہ عبد الصمد صاحب کے سجادہ نشین حضرت مولانا سید مصباح الحسن صاحب سالانہ عرس کے بعد بھیونڈ سے ترک سکونت کے لئے مجبور کر دیے گئے اور وہ مع اہل و عیال کے بچارہ ضلع بہرائچ تشریف لے گئے۔ مولانا کے ترک وطن کا سبب مسلموں کی اور بازار کی بے سکونی بیان کی جاتی ہے۔ اس واقعہ سے تمام ضلع کے مسلمان رنجیدہ ہیں اور اکثر ہندو احباب بھی متاثر ہیں۔ مولانا صاحب عنقریب حج بیت اللہ کے لئے جانے والے تھے۔

اس ضلع میں سوشل سروس کیڈٹ کور کام کر رہے ہیں امیری پور کے نو مواضعات میں جاہلوں کو تعلیم یافتہ بنا نا اور کنوؤں اور بازاروں کی صفائی کرنا۔ مکانوں کی نالیاں بنانے کا کام کر رہے ہیں۔

مسٹر گیان۔ ایس ڈی ڈسٹرکٹ افیسر سینٹ جان ایمبولینس بریگیڈ کو ہز ایکسیلینسی گورنر جنرل آف انڈیا نے آفیسر برادر کا خطاب عطا فرمایا۔

مسٹر ایم۔ جی گھوش ڈسٹرکٹ اسپلائیٹ آفیسر کا تقرر ہو گیا اور یہاں دفتر بھی کھل گیا ہے جہاں سول اور ملٹری ملازمتوں کے نام درج رجسٹر کرائے جاتے ہیں۔

ارجنٹائن میں ہند کا سفیر

نئی دہلی ۲۹ اپریل۔ حکومت ہند نے مسٹر جسٹس [illegible] ارجنٹائن میں ہندی سفیر مقرر کیا ہے۔ اس بات کا اعلان حکومت ہند کے ایک کمیونکے میں کیا گیا ہے۔ (دگلوب)

حادثے

کل صبح اجمیری گیٹ کے نزدیک دہلی [illegible] کی ایک بس کی زد میں آ کر ایک سائیکل سوار سخت زخمی ہو گیا۔ زخمی کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ گذشتہ روز کناٹ سرکس میں دو موٹروں میں ٹکر ہو گئی۔ نتیجہ میں دو اشخاص مجروح ہو گئے۔

زمیندار کا مبینہ قتل

آگرہ ۲۹ اپریل۔ حکیم لطیف الدین سابق ممبر آگرہ ڈسٹرکٹ بورڈ اور زمیندار سیکا پور کی پراسرار موت بیان کی جاتی ہے۔ [illegible] نے لاش ایک کنوئیں سے ملی۔ [illegible] خیال کیا جاتا ہے۔ [illegible] دیا پولیس نے اس سلسلہ میں کئی گرفتاریاں کی ہیں۔ (ڈگلوب)

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں

عقلمند آدمی

کہتے ہیں کہ امریکہ میں ایک شخص کو اپنی قوت شامہ پر اس قدر بھروسہ تھا کہ وہ آنکھیں بند کرکے بتلا دیتا کہ کونسا موٹر اس کے پاس سے گذر رہی ہے

وہ کس میک کی ہے۔ چنانچہ الکان فورڈ نے دھوکہ دینے کے لئے اپنے ٹرک پر اگلی پچھلی ٹین کی چادریں ڈال دیں تاکہ موٹر کی آواز دھنیوں کی کھڑکھڑاہٹ میں گم ہو جائے۔ لیکن دانا آدمی نے فوراً پہچان لیا کہ یہ فورڈ ٹرک ہے۔



اسی طرح سے ہر عقلمند آدمی خوشبو کی کشش اور خوبصورت لمبے بالوں سے فوراً اندازہ لگا لیتا ہے کہ اس حسینہ کے بال کس جادو بھرے تیل سے گوندھے گئے ہیں

بالوں کے لئے تیل
اور
کپڑوں کے لئے سینٹ

رشک منیر

لاکھوں گھروں میں روزانہ استعمال کیا جاتا ہے

رشک منیر پرفیومری کمپنی مدراس اسٹریٹ
سیکری آفس کلکتہ
برانچیں۔ دہلی۔ و۔ امرتسر

آئرلینڈ کی طرف سے پنڈت نہرو کو بے مثال اعزاز
خاص ایوان پارلیمنٹ میں خیر مقدم کیا گیا

ڈبلن ۲۹ اپریل۔ آئرلینڈ کی پارلیمنٹ نے کل پنڈت جواہر لعل نہرو وزیر اعظم ہند کا ایوان میں خیر مقدم کرکے انہیں خصوصی اعزاز بخشا۔ پنڈت جواہر لال نہرو جو اپنی طالب علمی کے زمانہ کے بعد پہلی بار صرف پانچ گھنٹے کے لئے آئرلینڈ آئے۔ انہیں پارلیمنٹ کی مہمانوں کی گیلری میں تشریف فرما تھے جبکہ آئرلینڈ کے وزیر اعظم مسٹر جان کوسٹیلو نے یہ تحریک پیش کی کہ ان کا خیر مقدم خاص ایوان کے اندر کیا جائے۔ جہاں ارکان پارلیمنٹ بیٹھتے ہیں اس تحریک کا زور کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا۔ اور مسٹر کوسٹیلو اور حزب مخالف کے لیڈر مسٹر ایمن ڈی ولیرا پنڈت جی کو اسپیکر مسٹر فرینک فاہے کی کرسی تک لے گئے۔ اور اس کے بعد پنڈت نہرو کو ہاؤس کی اگلی بنچ کی ایک نشست پر بٹھا دیا گیا۔ انہوں نے نصف گھنٹہ تک پارلیمنٹ کی کارروائی کا مشاہدہ کیا۔

اس سے قبل ہوائی میدان پر پنڈت جواہر لال نہرو کا خیر مقدم کیا گیا۔ وزیر اعظم آئرلینڈ مسٹر کوسٹیلو اور قائم مقام وزیر معاملات خارجہ ڈاکٹر نوئل براؤن ہوائی میدان پر موجود تھے۔ مسٹر ڈی ولیرا اور مسٹر فرینک آئکن نے ہوائی میدان پر حزب مخالف کی نمائندگی کی۔

پنڈت نہرو کے ساتھ ہوائی جہاز میں مسٹر گرجا شنکر باجپائی سکریٹری جنرل وزارت معاملات خارجہ ہندوستان اور مسٹر کرشنا مینن ہائی کمشنر نامزد برائے آئرلینڈ اور مسٹر جون ڈولپو جلنی آئرش ہائی کمشنر لندن موجود تھے۔

پنڈت نہرو اور ان کی پارٹی اور آئرلینڈ کے وزراء ہوائی میدان سے شیل بورن ہوٹل گئے جہاں پنڈت جی نے ڈبلن کی انڈیا لیگ، ہندوستانی اور افریقی طلبا کے نمائندوں کے سامنے تقریر کی۔

پنڈت جی نے ان سے مخاطب ہو کر کہا کہ ہندوستان کی ترقی کے بہت سے مواقع آنے والے ہیں اور ہندوستان بڑی تیزی [illegible] کے ساتھ چل رہا ہے۔ [illegible] خصوصی طور پر کہا کہ وہ ڈبلن [illegible] بعد کو آئرلینڈ کے صدر مسٹر شین او کیلی نے پنڈت جی کو فینکس پارک میں اپنی جائے رہائش پر شرف ملاقات بخشا۔ اور آئرش وزیر اعظم نے اس کے بعد پنڈت جی کو وزارت خارجہ کے ہیڈ کوارٹر میں دعوت پر مدعو کیا۔

آئرلینڈ کے نام پیغام

پنڈت جی اپنی ایک براڈ کاسٹ تقریر میں آئرلینڈ کے باشندوں کے نام ایک پیغام دیا جس میں انہوں نے فرمایا "ہندوستان میں آئرلینڈ اور آئرش باشندوں کے ساتھ بہت کچھ دوستانہ جذبات موجود ہیں۔ شاید اس لئے کہ ہندوستان اور آئرلینڈ دونوں ملکوں کی تاریخ ایک بوقلمونی تاریخ رہی ہے ہم نے ہندوستان کے اندر آئرلینڈ کے تجربہ سے بہت کچھ سبق حاصل کیا اور اسی بوقلمونی تاریخ میں آئرلینڈ کے اندر [illegible]

آئرلینڈ کے درمیان دوستی کا رشتہ [illegible] وزیر اعظم نہرو نے [illegible] روانہ ہوئے اور ہوائی میدان پر ڈاکٹر براؤن نے انہیں الوداع کہا۔

وزیر اعظم آئرلینڈ

مسٹر کوسٹیلو وزیر اعظم آئرلینڈ نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ انہوں نے پنڈت جواہر لال نہرو سے غیر رسمی طور پر بات چیت کی لیکن مسٹر کوسٹیلو نے بات چیت کی تفصیل بتانے سے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ انہوں نے لندن کی کانفرنس کے بارے میں [illegible] اور بعض ممبران پارلیمنٹ دریافت کرتے ہیں کہ [illegible] حل آئرلینڈ کے [illegible] (اے پی)

اونچی ذات کے ہندوؤں کا بائیکاٹ
سولہ گاؤں کے اچھوتوں کا فیصلہ

[illegible] اونچی ذات کے ہندوؤں اور اچھوتوں کے تعلقات کی روز افزوں خرابی کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اس گاؤں کے اچھوتوں نے اونچی ذات کے ہندوؤں کا بائیکاٹ کا فیصلہ کر دیا۔ اس اقدام کی ضرورت جاٹوں کے ہاتھوں ایک اچھوت لڑکے کے مبینہ قتل کی وجہ سے پیش آئی۔ اس نوجوان کی لاش معمولی [illegible] برآمد ہوئی تھی۔ گرام پنچایت کے انتخاب کے موقعہ پر دونوں کے تعلقات خراب ہو گئے تھے۔ اس وقت سے اچھوتوں اور اعلیٰ ذات کے ہندوؤں کے تعلقات برابر خراب ہوتے چلے گئے۔

صوبے سے اخراج

[illegible]

غیر ساجی حرکتیں کرنے پر
حیدرآباد کے دو کانگریسی گرفتار

حیدرآباد ۲۹ اپریل۔ حیدرآباد کانگریس کے [illegible] کانگریس کا سیکرٹری شامل ہے [illegible] گرفتار کیا ہے [illegible] غیر ساجی حرکتوں کے سلسلہ میں عمل میں آئی ہے۔ [illegible]

بیاسٹھ کیمونسٹ سرنگیں بن گئے

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی صرافہ بازار

[illegible]

کریانہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

دہلی اسٹاک ایکسچینج

[illegible]

میناری مارکیٹ دہلی

[illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

یوٹروک

عورتوں کی پوشیدہ امراض کے لئے تیر بہدف
وی مینرز فارمیسی
کٹرہ نیل دہلی

وزیر اعظم بہار کی تقریر
(بقیہ صفحہ تین)

[illegible] ڈاکٹر سری کرشن سنہا نے فرمایا [illegible] بولی جانے والی زبان صرف سمجھنے اور سمجھانے کے لئے ہوتی ہے۔ اس کے ذریعہ کوئی بلند مقاصد علیم خیالات نشان دار تصورات [illegible] نہیں پیش کئے جا سکتے۔ ایسی زبان حکومت کی ضروریات کو پورا نہیں کر سکتی ہے ایک زبان بنانا ہوگا۔ [illegible] بلکہ خود یہاں موجود ہے۔

[illegible]

برطانوی کامن ویلتھ کا نیا نام

لندن ۲۹ اپریل۔ [illegible] برطانوی کامن ویلتھ آف نیشنز [illegible]

[illegible]

GUL E KASHMIR
Hair Oil
پیکر ناز
کے
حسن کی
دل گداز کرنیں
زلف مشکیں کی مہک
محبوب شباب

گل کشمیر ہیئر آئل

پسند کرتی ہیں

[illegible] گل کشمیر ہیئر آئل [illegible] استعمال کرتے [illegible]

گل کشمیر ہیئر آئل بالوں کو چار فٹ تک بڑھاتا پیچ و خم دیتا ہوا خوب نشو و نما کرتا ہے۔ بالوں کو گرنے نہیں دیتا جڑوں کو مضبوط بالوں کو نرم چمکدار بناتا۔ گنجہ پن دور کرتا اور نئے بال پیدا کرتا ہے۔ اس کے نباتاتی اجزا بالوں کو سیاہ بنائے رکھتے ہیں اور سفید [illegible] رفتہ رفتہ سیاہ کر دیتے ہیں۔ بیحد مقوی دماغ ہے۔ نزلہ ہرگز نہیں ہوتا۔ پیکنگ اور خوبصورتی میں ولایتی تیلوں پر فوقیت رکھتا ہے۔ اس کی لپٹ پر دہ رچی مہک ہوا کے ہر جھونکے میں کبھی ہار سنگار کبھی بیلہ کبھی نرگس کبھی رات کی رانی کی مہک پیدا کر کے کیف و سرور بڑھاتی ہے۔ پاس سے گزرنے والا خوشبو سے مست ہو کر گھوم کر دیکھنے کے لئے مجبور ہو جاتا ہے۔ گویا تمام چمنستان کی روح ملا کر ایک نادر و نایاب مرکب تیار کیا ہے۔

قیمت فی شیشی تین روپے درجن [illegible] پانچ روپے محصول ایک روپیہ علاوہ لیکن تین شیشیوں کے خریدار کو محصول معاف۔ کل سات روپے آٹھ آنہ میں تین شیشیاں ارسال ہوں گی۔ تھوک بیوپاری ایجنسی کا معاملہ خط و کتابت سے طے کر سکتے ہیں

وی کی فریک اینڈ کمپنی انگریزی دوا فروشان پوسٹ بکس نمبر ۵۰۲
پشت جامع مسجد (اے جے ڈی) دہلی

عینکیں شیشے۔ فریم
مصنوعی آنکھیں
و
انگریزی ادویات
بالی
ایس این بالی اینڈ سنز
فتح پوری دہلی
رام دھن منیجر

جمعیۃ علماء ہند کے سولہویں اجلاس لکھنؤ کی مبارک موقع پر
ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی کا

جمعیۃ علماء ہند نمبر

۱۷ اپریل ۱۹۴۹ء کو شائع ہو چکا ہے

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے خریدیے یا دفتر سے براہ راست ۸ کے ٹکٹ بھیج کر منگائیے
ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت پیش کیا گیا ہے

خصوصیات

[illegible]

بعض دوسرے عنوانات

[illegible]

شرح چندہ سالانہ ہفت روزہ ایک سال کے لئے بارہ روپے
ہفت روزہ چھ ماہ کے لئے چھ روپے آٹھ آنے

جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
میں اشتہار دیجیے
اس سے آپ کے کاروبار کو چار چاند لگ جائینگے

نرخ اشتہارات

ایک تا پچاس انچ ... -/۳ روپیہ فی انچ فی کالم
پچاس انچ سے زیادہ ... -/۲ روپیہ فی انچ فی کالم
اتفاقیہ اشتہارات کے لئے تین روپیہ فی انچ کالم
سینما اور فحش قسم اشتہارات نہیں لئے جاتے
مزید تفصیلات کے لئے لکھیے
منیجر صیغہ اشتہارات روزانہ الجمعیۃ دہلی

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ
میسرز اے ایچ وہیلر اینڈ کو
کے ہر ایک ریلوے بک اسٹال سے خریدیے

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۱۹ اپریل ۱۹۴۹ء کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے۔

(۴)

نمبر سلسلہ	نمبر دکان	جائے وقوع	دو منزلہ یا ایک منزلہ ہے	نمبر سلسلہ	نمبر دکان	جائے وقوع	دو منزلہ یا ایک منزلہ ہے
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

رجسٹرڈ دہلی ۔ ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۳ رجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۰۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

انسانی حقوق کے کمیشن کا اجلاس

ہندی وفد کی روانگی

آگرہ اور امروہہ

کی ایجنسیوں کا مسئلہ زیر غور ہے خواہشمند حضرات ان مقامات کی ایجنسی کے لئے جلد درخواستیں بھیجیں

جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

کمیونسٹ فوجیں شنگھائی کے قریب اہم مقام کنشانگ تک پہنچ گئیں

جنوبی چین کی لڑائی نئی صورت اختیار کر گئی

کمیونسٹ فوجیں شنگھائی چھوڑ کر ہانگچو پر حملہ کرنا چاہتی ہیں

شنگھائی ۳۰ اپریل

میر لائق علی دوسرے وزرا اور سید قاسم رضوی کا مقدمہ

قرار داد جرم کی تیاریاں شروع ہو گئیں

قاہرہ کے ایک علاقہ میں گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ

نہرو کو "علیحدہ کر دیا"

برلن کی ناکہ بندی پر روسی نمائندے سے گفتگو

ہندوستان کا دولت مشترکہ میں درجہ

ڈاکٹر شہریار کی نظر میں

برطانوی پارلیمنٹ میں چین پر بحث

کلکتہ میں طلباء کے پولیس پر بم پھینکنے سے پندرہ اشخاص زخمی ہوگئے

پولیس کو مختلف مقامات پر ہجوم منتشر کرنے کیلئے گولی چلانی پڑی

نانکنگ میں کمیونسٹوں نے فوجی حکومت قائم کر دی

مدراس کے گاؤں پر حملے کا شاخسانہ

۱۴ کمیونسٹ حملہ آور گرفتار

اسرائیل اور شرق اردن کے سپاہیوں میں تصادم

حکومت برطانیہ اور چینی کمیونسٹ تعلقات قائم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے

کمیونسٹ چین میں سونے چاندی پر کنٹرول

ڈچوں اور جمہوری انڈونیشیا میں اختلافات کم ہو رہے ہیں

متحدہ اقوام کا کمیشن متنازعہ مسائل کو حل کرنے کی راہ نکالنا چاہتا ہے

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منوفیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 1-5-49

PHONE 5855

الجمعیۃ

کلکتہ میں پولیس نے پھر دو مرتبہ گولی چلادی

مجمع نے پولیس پر بم پھینکا - چودہ افراد زخمی

کلکتہ ۲۹ اپریل:- کالج اسٹریٹ پر پولیس نے دو مرتبہ ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے فائرنگ کیا جس سے ۱۴ افراد زخمی ہوئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ان زخمیوں میں ایک پولیس کلاننگ اسکواڈ کا بھی آدمی ہے۔

جب کالج اسٹریٹ کے علاقہ میں پولیس پارٹی پر ایک بم پھینکا گیا تو ۸ پولیس کے سپاہی اور ایک انسپکٹر زخمی ہوا۔

طالب علموں اور دوسرے لوگوں نے یونیورسٹی احاطہ میں ایک جلسہ کیا۔ جلسہ کے بعد وہ ایک جلوس کی صورت میں نکلے جس میں پولیس نے مداخلت کی۔ اس پر پولیس پر بم پھینکے گئے۔ اس پر پولیس نے مجمع کو منتشر کرنے کے لئے فائرنگ کیا۔

میرٹھ میں آل انڈیا ہندوستانی کانفرنس

ڈاکٹر رائے سوئٹزرلینڈ جائیں گے

اتحاد کیلئے بادشاہ خان اور شیخ عبداللہ کی کوششوں کی تعریف

سہارنپور کے کانگریس ورکرز کے سامنے پنڈت سندر لال کی تقریر

ایک گاؤں پر مسلح کمیونسٹوں کا حملہ

دو کانگریسی ہلاک کئی زخمی

ضلع فیروزپور میں مسلمانوں کی جائداد کی واپسی کے لئے کسٹوڈین سے مطالبہ

ہندوستان کے بجٹ میں اضافہ

ہند اور برطانیہ کی تجارت میں ساٹھ فی صدی کا اضافہ

نئی دہلی ۲۹ اپریل:- اس سال جنوری اور فروری میں برطانیہ نے ہندوستان کی تجارت میں ساٹھ فی صدی کا اضافہ گذشتہ سال کے مقابلہ میں ہوا۔

جلسہ انجمن اطبائے ہند صوبہ دہلی

اندور میں مزدور لیڈروں کا جلسہ

زراعتی عجائب خانہ کا قیام

نائب وزیر اعظم کا پارلیمنٹ میں بیان

مالی نقصان کے باعث پاکستان نے نشہ بندی ملتوی کر دی

سکھوں کے مطالبات کی فہرست

مشرقی پنجاب کی کابینہ کے حوالہ

کشمیر کمیشن کی طرف سے ہند اور پاکستان کو سمجھوتہ کی آخری شرائط پیش کر دی گئیں

جواب کیلئے ایک ہفتہ کی مہلت مزید گفت و شنید کیلئے کمیشن کی طرف سے سمجھوتہ کرانے کی آخری کوشش

کالم پانچ سے آگے

دولت مشترکہ میں شمولیت سے امن عالم کو تقویت پہنچے گی

لندن کانفرنس کے فیصلہ پر لیڈروں کے تبصرے

اعتدال پسند کا رد عمل

جنرل سکریٹری کانگریس کا بیان

اولاد

اسقاط کا تدارک پیارا بچہ چاہیے

اولاد

اتنی ہی کافی ہے اور نہیں چاہیے

ستیہ وتی

لیڈی ڈاکٹر کوبراج

چاندنی چوک دہلی فون ۸۶۲۶

بچوں کی طاقت بڑھانے والی مشہور دوا

بال بہار

سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں

بال بہار فارمیسی دہلی

تسلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

منیجر خاندانی شفا خانہ لال کنواں دہلی

خضاب جرمنی سرتاج مارکہ

تاج ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

ہر دلعزیز پان بہار

پان کھاتے وقت پان کھلاتے وقت

ولٹن کیمیکل کمپنی

نبی اکرم کا طریقہ عفو و درگزر رحمت و پیار صبر و تحمل اور خدمت کا طریقہ تھا

مسلمان بھی اسی پیغمبر کی امت ہیں انہیں بھی یہی جوہر دکھانے چاہئیں

اجراڑہ ضلع میرٹھ میں مولانا حفظ الرحمان اور دیگر اکابر جمعیۃ کی تقریریں

(از نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

اجراڑہ ضلع میرٹھ میں گذشتہ ۲۰ اپریل کو حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے مدرسہ اسلامیہ اجراڑہ کے سالانہ جلسہ کے موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے [illegible]

صل من قطعک واعف عمن ظلمک

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا پروگرام

[illegible]

رحمۃ للعالمین کے اخلاق

[illegible]

رحمۃ للعالمین کی امت

[illegible]

دنیا پھر آباد ہونیوالا پہلا انسان

لندن ۳۰ اپریل - علم الانسان کے ماہر ڈاکٹر رابرٹ بروم جنہیں یقین ہے کہ اگر وہ کچھ اور دن زندہ رہ گئے تو وہ نسل انسانی کی ابتداء کا عقدہ حل کرلیں گے کل یہاں پر برطانوی جیولوجیکل سوسائٹی کا ایک تمغہ وصول کرنے کے لئے آئے۔ ڈاکٹر بروم جن کی عمر اس وقت ۸۰ سال کی ہے جنوبی افریقہ کے رہنے والے ہیں۔ اور انہوں نے ٹرانسوال کے ایک غار میں ایسی ہڈیاں پائی ہیں۔ جنہیں انسان اور بن مانس کے درمیان کی کڑی بتایا جاتا ہے۔ [illegible]

بحری پارسلوں کا بیمہ - فیس شرح میں اضافہ

لندن ۳۰ اپریل - برطانیہ کی بعض جہاز ران کمپنیوں نے چینی سمندر میں بھیجے جانے والے پارسلوں کے بیمے [illegible]

روسی جاسوسوں کی گرفتاری

[illegible]

شام اور شرق اردن میں مختصری جنگ

ابھی باہمی مخالفتوں سے دل صاف نہیں ہوا

[illegible]

فلپائن کے سابق صدر کی بیوہ پر حملہ

منیلا ۳۰ اپریل - [illegible]

عراق تنہا [illegible] کریگا

[illegible]

ہندوستان کشمیر کمیشن کی تجویزیں قبول نہیں کریگا

کمیشن کی سر الطاف پر سرکاری حلقوں میں اظہار تعجب

[illegible]

برما کی سرکاری فوجوں نے مانڈلے کے نزدیک ایک اہم ریلوے مرکز پر قبضہ کرلیا

پیگو کے قریب سخت جنگ - مارشل لا نافذ کردیا گیا

رنگون ۲۹ اپریل - [illegible]

جمعیۃ الاطفال کا جلسہ

دہلی ۲۰ اپریل کو آل انڈیا جمعیۃ الاطفال کا اجلاس [illegible]

امریکن فیڈریشن آف لیبر کی

بمبئی میں شاخ قائم کی جائیگی

نئی دہلی ۳۰ اپریل - ایشیائی مزدور تنظیموں میں کمیونسٹوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کو روکنے کے لئے امریکن فیڈریشن آف لیبر نے اپنی ایک شاخ بمبئی میں کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں امریکن فیڈریشن آف لیبر کے نمائندہ مقیم یورپ [illegible] ہندوستان آنے والے ہیں۔ [illegible]

پاکستان میں ناروے کا سفیر

کراچی ۳۰ اپریل - حکومت ناروے کی طرف سے [illegible] پاکستان میں سفیر مقرر کیا گیا ہے [illegible] پاکستان آجائیں گے۔

پنڈت نہرو کی بادشاہ سے ملاقات

لندن ۳۰ اپریل - بادشاہ نے بکنگھم پیلس میں پنڈت نہرو کو شرف ملاقات بخشا۔

پنڈت نہرو نے جارج برنارڈ شا سے ان کے مکان [illegible] ملاقات کی پنڈت جی [illegible] ہوائی جہاز سے جنیوا کو روانہ ہو جائیں گے، وہ دو دن تک سوئٹزرلینڈ میں رہیں گے اور جمعرات کے دن بمبئی کو روانہ ہو جائیں گے۔ (رائٹر)

ہالینڈ کی ملکہ کو پیغام مبارکباد

دہلی ۳۰ اپریل - ہندوستان کے گورنر جنرل شری راج گوپال اچاریہ نے ہالینڈ کی ملکہ جولیانا کو ان کی سالگرہ کے موقعہ پر حسب ذیل پیغام مبارکباد ارسال کیا ہے۔

ہندوستان کی حکومت اور عوام کی طرف سے میں آپ کو آپ کی سالگرہ کے موقعہ پر مبارکباد پیش کرنے میں مسرت محسوس کرتا ہوں۔

ایکدم سے چھ بچے

بنارس ۳۰ اپریل - ریاست بنارس کے ایک گاؤں میں [illegible]

[illegible]

فوجی اور تاجر سیاست سے علیحدہ کردئیے جائینگے

سیام کا نیا دستور تیار ہوگیا

بنکاک ۳۰ اپریل - [illegible]

اپنا اور بچوں کا خون صاف کر کے جسم کندن بنایئے

کوئینک سارسپریلہ

خوش ذائقہ کندن بدن

فساد خون کے تمام امراض کی بہترین مجرب اور خون کی خرابی سے پیدا ہونے والے

جملہ امراض کی مسلمہ سرتاج ایجاد

نہایت حیرت انگیز اور کامیاب دوا ہے جو مصفی خون ہے جمیع امراض خونی دنبل و فساد خون وبقیہ مادہ آتشک و درد مفاصل و خارش خشک و تر کے لئے بیحد مفید ہے کھجلی خارش، داد، پھوڑے پھنسیاں، عرق النساء جذام، گٹھیا، نخ، مہاسہ، گرمی والے چھالے اور تمام زہریلے مادے جلدی امراض کا خاتمہ ہوکر جسم کندن بن جاتا ہے ہزارہا ڈاکٹر اپنے مریضوں کو استعمال کرا کر نیک نامی اٹھا رہے ہیں۔ بمبئی اسمبلی کے ممبران نے بھی اس کے زود اثر اور اکسیر صفت ہونے کے سرٹیفکیٹ مرحمت فرمائے ہیں۔ قیمت فی شیشی دو روپے (۲) محصول ایک روپیہ علاوہ لیکن تین شیشی کے خریدار کو محصول بھی معاف ہے۔

خصوصیت یہ دوا بچوں اور بڑوں کے لئے یکساں مفید، مارکیٹ میں فائدہ کے لحاظ سے سب سے ارزاں و سب سے مفید ہے۔

ہندوستان اور برٹش ایسٹ افریقہ کیلئے واحد تقسیم کنندگان

روکی فرینک اینڈ کمپنی!

کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ

پشت جامع مسجد

پوسٹ بکس نمبر ۵۴

(اے پی ڈی) دھلی

روزانہ

الجمعیۃ

۲ مئی ۱۹۴۹ء

زندگی کی تلخیاں!

حکومت ہند نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو تحقیقات کے بعد یہ معلوم کرے گی کہ ہندوستان کے باشندوں کی سالانہ آمدنی کا اوسط کیا ہے یعنی اوسطاً ہر شخص ایک سال میں کس قدر کماتا ہے اور محنت و تجارت کے ذریعہ کس قدر روپیہ وصول کرتا ہے معلوم نہیں کہ اس تحقیقات کا مقصد کیا ہے اور اس سے عوام کو کیا فائدہ ہوگا، اگر کوئی ایسی کمیٹی مقرر کی جاتی جو یہ معلوم کرتی کہ عوام کی بے اطمینانی، بے اعتمادی، مایوسی، پریشانی اور عسرت کا اوسط کیا ہے اور اس کی کیا وجہ ہے کہ آمدنی میں جس نسبت سے اضافہ ہوا ہے اسی نسبت سے اطمینان اور فارغ البالی کی جنس میں کمی واقع ہو رہی ہے، جس شخص کو دس روپے ماہانہ کی آمدنی ہوتی تھی اسے آج سو ڈیڑھ سو روپے ماہانہ کی آمدنی ہے لیکن اگر اس سے ایمانداری کے ساتھ پوچھو کہ کبھی تمہارے لئے دس روپے اچھے تھے یا آج کے سو روپے، اور تم دس روپے میں اطمینان اور سکون محسوس کرتے تھے یا آج کے سو روپے میں؟ تو وہ یہی جواب دے گا کہ اس زمانہ کے سو روپے سے اس زمانہ کے دس روپے اچھے تھے، آپ وہ زمانہ واپس لے آیئے اور سو روپے میں سے دس روپے ہمیں دیدیجئے اور نوے روپے آپ رکھ لیجئے، ہم بجائے آمدنی کے اضافے کے [illegible] تھا جو روح اور دماغ کو ہر وقت سرشار رکھتا تھا اور جو آج ہمارے ہاتھوں سے چھن گیا ہے، اس وقت کا حال یہ تھا کہ ایک کماتا تھا اور پانچ کھاتے تھے آج یہ حال ہے کہ چھ کے چھ کماتے ہیں مگر پورا بھی نہیں پڑتا!

روپیہ کھانے اور چبانے کی چیز نہیں ہے وہ تو اس بات کی علامت ہے کہ ہم نے کچھ محنت مزدوری کی ہے، تجارت میں کچھ کمایا ہے، لین دین سے کچھ پس انداز کیا ہے اور یہ روپیہ اس جدوجہد کا اعتراف نامہ ہے اگر کسی جگہ انسان کو کھانے پینے کے لئے کچھ نہ ملے اور دو لاکھ روپے کے نوٹ اس کی کمر سے بندھے ہوئے ہوں تو وہ سب بےکار ہیں ان دو لاکھ سے انسان اپنی جان نہیں بچا سکتا ان سے زیادہ قیمتی تو پانی کا وہ گلاس ہے جو انسان کو نئے سرے سے [illegible] دیتے ہیں اور موت کو قریب آنے نہیں دیتے، ایک ایسے کروڑپتی سے جو پیاس سے جاں بلب ہو ایک گلاس کے ایک لاکھ وصول کئے جاسکتے ہیں کیونکہ وہ گلاس پی کر اپنی جان بچا سکتا ہے ایک لاکھ کا [illegible] کوئی چیز نہیں بچا سکتا!

[illegible] فراوانی کے باوجود ان کا اوسط کیا ہے؟ پہلے انسان کو صرف روٹی اور پانی سے کام تھا شادی بیاہ اور دوسرے مصارف بھی ماحول کے مطابق تھے دو دو روٹی کے لئے اس کو بمبئی اور کلکتہ کی ہوا کھانی نہ پڑتی تھی، گھر کی چار دیواری ہی میں دودھ کی نہریں بہتی تھیں اور غلہ کے ذخیرے جمع رہتے تھے، ایک پیسہ ایک روپیہ کے برابر سمجھا جاتا تھا۔ جیب میں چار آنے ڈال کر باہر نکلے اور ضروریات کی گٹھڑی سر پر اٹھا کر گھر لے آئے۔ آج دس روپے لے کر گھر سے نکلئے اور تھیلے میں چند چیزیں ڈال کر لے آیئے، سکون، طمانیت، فراغ خاطر، دماغی راحت اور بے امیدی کا یہ حال تھا کہ ہر شخص کا چہرہ گلاب کی مانند کھلا رہتا تھا، بھوک اور عسرت کو ایک اجنبی شے سمجھ کر حیرت کا اظہار کیا جاتا تھا، لیکن آج روپیہ بہت ہے، بینکوں کی تعداد بے شمار ہے، سود در سود ہے ہر وقت جیب میں پیسے رہتے ہیں، تنخواہ ملتی ہے تو دونوں ہاتھ بھر جاتے ہیں، لیکن کہیں سینما کی لت ہے، کہیں رقص و سرود کا چسکا ہے فیشن اور تہذیب جدید کے اطوار نے آمدنی کا ایک بڑا حصہ چوس لیا ہے، ادھر عسرت و افلاس کی کثرت ہے، بے روزگاری کا دورہ ہے، مستقبل سے مایوسی ہے، چہروں پر ہوائیاں اڑ رہی ہیں، دلوں کا سکون غائب ہے، روح ہر وقت مضطرب رہتی ہے، افکار کے ہجوم نے کمر توڑ رکھی ہے، غرض زندگی وبال جان بنی ہوئی ہے اور جینے میں کوئی مزہ باقی نہیں رہا، جہاں دلوں کی ویرانی کا یہ حال ہو وہاں لوگ مستقبل سے قطعی مایوس ہیں [illegible] آمدنی کا اوسط کیا ہے!

حکومت ضرور تحقیقاتی کمیٹی مقرر کرے مگر کس کام کے لئے؟ اس بات کی تحقیقات کے لئے کہ عسرت کی جنس عام کیوں ہے؟ معاشی افکار نے دماغوں کو کیوں ماؤف کر رکھا ہے؟ فضول خرچی کی مدات کیا ہیں؟ روپیہ کو بچا کر اس سے کس طرح فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے؟ عوام کھیلوں، تماشوں، رسوم و رواج، سیر و تفریح میں آمدنی کا کتنا حصہ صرف کرتے ہیں اور اسے بچانے اور محفوظ کرنے کی تدبیر کیا ہے؟

ہمیں کھوج لگانا چاہیئے کہ پہلے دس روپے میں ایک شخص کی ضروریات پوری ہو جاتی تھیں مگر آج سو روپے میں کیوں پوری نہیں ہوتیں؟ ہندوستان نے ترقی یافتہ ممالک کی [illegible] اپنے مصارف تو بڑھا لئے ہیں لیکن ضروریات زندگی کی اہمیت محسوس نہیں کی ایک شخص اپنے بچے کے لئے پاؤ بھر دودھ تو فراہم نہیں کرتا سینما جاکر اپنی عیاشی کو سیراب کرتا ہے، ہم یہ نہیں کرتے کہ پہلے زندگی کی ضروریات پوری کریں اور بعد میں غیر ضروری چیزوں پر توجہ دیں بلکہ کرتے یہ ہیں کہ پہلے عیاشی اور فضول خرچی کا پیٹ بھرتے ہیں اسکے بعد جو بچتا ہے اس سے زندگی کی ضروریات فراہم ہوں ہم بازار میں کسی ضرورت کے لئے نہیں جاتے بلکہ بازار جاکر ضروریات پیدا کرتے ہیں!

غرض عوام کی اوسط آمدنی کا سراغ لگانا بیکار ہے، کار یہ ہے کہ ہم معاشی افکار کے اسباب معلوم کریں اور جن اسباب کو ہم دور کرسکتے ہیں انہیں دور کرنے کی کوشش کریں اور جنہیں دور نہیں کرسکتے ان کا بدل پیدا کریں اور عوام کو بتائیں کہ وہ پہلے اپنی ضروریات کی تکمیل کریں اس کے بعد کوئی اور قدم اٹھائیں، معاشی اضطراب کو دور کرنے کا مسئلہ بڑا اہم ہے اگر حکومت اس طرف توجہ دے تو اس کی یہ کوشش انسانیت کی ایک بہت بڑی خدمت ہوگی۔

مبارک فیصلہ

ہندوستان بھر میں حکومت ہند کے اس فیصلہ کا خیر مقدم کیا جائے گا جس نے کلکتہ سے جنگ پلاسی کی یادگاروں کو ہٹا دینے کا حکم صادر کردیا ہے۔ جنگ نواب سراج الدولہ اور انگریزوں کے درمیان آج سے دو سو سال پہلے ہوئی تھی جس میں برطانوی فورس کے کمانڈر رابرٹ کلائیو کو فتح حاصل ہوئی اور نواب سراج الدولہ نے شکست کھائی [illegible] ہندوستان کا عسکری اخلاق ختم ہوا اور ان کے ذریعہ ہر ہندوستانی میں احساس کمتری اور شعور پسماندگی تازہ رہے، اس لئے ہندوستان کی قومی حکومت اس توہین کو گوارا نہیں کرسکتی چنانچہ حکومت ہند نے قومی جذبات کا لحاظ کرتے ہوئے جنگ پلاسی کی ان بدنام زمانہ یادگاروں کو جو در اصل انگریز کے اقتدار کی یادگاریں ہیں، ہٹانے کا حکم دیدیا ہے، جس پر ہندوستانی قومیت کو اس کا ممنون ہونا چاہیئے، ہم حکومت ہند کو ان یادگاروں کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتے ہیں جو دہلی میں اب تک باقی ہیں۔ دہلی میں فتح گڈھ کی یادگار کو تکمیل انقلاب یا حصول آزادی کی یادگار میں تبدیل کر دینا چاہیئے، کشمیری اور موری گیٹ کے باہر نکلسن اور ملکہ کے مجسمے نصب ہیں انہیں بھی ہٹا کر کسی عجائب گھر کی زینت بنا دیا جائے، امید ہے کہ حکومت ہند اس جانب ضرور توجہ دے گی۔

امریکہ کے تخریبی ادارے

امریکہ کے اٹارنی جنرل نے ایسے ۳۶ اداروں کا پتہ لگایا ہے جن کا پروگرام تخریبی ہے ان میں ۲۳ ادارے کمیونسٹ ہیں اور سات فسطائی [illegible]

اچھی باتیں

ولا ۔ تا ۔ الصدور (پ ۲۳ ع ۱۵)

کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائیگا پھر تمہارا لوٹنا ہماری طرف ہی ہوگا اور ہم ہی بتائیں گے کہ تم کیا کچھ کرتے رہے کیونکہ خدا دلوں کی تمام باتوں کا علم رکھتا ہے۔

یہ خیال غلط ہے کہ کسی کی نیکی ہمکو مل جائیگی یا ہمارے گناہ کسی دوسرے پر ڈالدیئے جائینگے خدا کے ہاں انصاف ہے اور انصاف یہ ہے کہ جو کرے سو بھرے اور عمل کے مطابق سزا یا جزا پائے، چونکہ انسان کو جوابدہ اور ذمہ دار بنایا گیا ہے اس لئے مرنے کے بعد ہر انسان خدا ہی کی بارگاہ میں حاضر ہوگا اور اسے اپنے اعمال کے متعلق جوابدہی کرنی پڑے گی انسان کے اعمال خدا کے علم میں محفوظ رہتے ہیں اس لئے ان کے ضائع ہونے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، پس انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے آپ کو مسئول سمجھے اور آخرۃ کی بازپرس سے غافل نہ ہو!

مسلمان ریلوے ملازمین

الجمعیۃ کی کسی گذشتہ اشاعت میں مسلمان ریلوے ملازمین کے متعلق ایک خبر شائع ہوئی تھی کہ جن کو ملازمت سے برطرف کیا گیا ہے وہ اپنے افسران بالا کو درخواست دیں اس کے بعد سے ادارہ الجمعیۃ سے برابر استفسار کیا جارہا ہے کہ یہ خبر کہاں سے اور کیسے آئی بعض حضرات اپنی درخواستیں بھی ہمیں بھیج رہے ہیں۔

ایسے تمام حضرات کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان سے خط و کتابت کریں اور آئندہ اخبار الجمعیۃ کو خطوط ارسال نہ فرمائیں۔ (ایڈیٹر)

[illegible]

یوگانڈا میں کمیونسٹ ہنگامے

[illegible]

ایک پریس پر پابندی

بمبئی ۲۹ اپریل - حکومت بمبئی نے بمبئی پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت [illegible]

ہانگ کانگ میں [illegible] حکومت

[illegible]

زبان کا مسئلہ حل کرنے کیلئے وسیع النظری اور دوراندیشی سے کام لیا جائے

اردو نے ہندوستان میں نئی تہذیب نئے خیال اور قومیت کی بنیاد ڈالی ہے

(بہار اردو کانفرنس میں لیڈی انیس امام کا خطبہ)

خواتین و حضرات!

میں سب سے پہلے یہ عرض کر دینا چاہتی ہوں کہ ہمارا اجتماع کسی سیاسی تحریک یا جماعت کے زیر اثر ہے اور نہ کسی مذہبی جذبہ کا رہین منت۔ ہم صرف اس لئے جمع ہوئے ہیں کہ اس صوبہ میں حفاظت و بقائے اردو کی تدابیر پر غور کریں اور ایسی صورتیں پیدا کریں جو ہمارے صوبے میں اردو کی [illegible]

یہ ہندوستان کی سب سے بڑی دو قوموں اور دو تہذیبوں کے میل کی کڑی ہے اور ہندو مسلمان کی متفقہ کوششوں سے [illegible]

دار السلطنت

دو ہزار روپے چرا لئے

پہاڑ گنج کے ایک شخص [illegible] ایک بیگ جس میں مال تھا راستہ میں دہلی میں لوٹ لیا گیا۔ اس کی جیب سے جس میں دو ہزار روپے تھے۔ جیب کسی نے نکال لیا۔

جیب کترا گرفتار

ایک مقامی جیب کترے کو جو صدر چاندنی بازار سے [illegible] گرفتار کیا گیا ہے لیکن دوسرا [illegible] ایک ساتھی کو دینے میں کامیاب ہو گیا اور [illegible] فرار ہو گیا اور پولیس نے اسے پکڑ لیا۔

روشن آرا روڈ پر چوری

روشن آرا روڈ کی ایک [illegible] ایک درزی کی دکان کا تالا توڑ کر [illegible] چوری ہو گئے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

پہاڑ گنج کے ایک مکان میں چوری ہونے سے مالک مکان کا دو ہزار کا نقصان ہوا [illegible] نقدی اور کپڑے لے گئے۔

ٹریفک کا حادثہ

[illegible] ایک موٹر کار [illegible] سے ٹکرا گئی [illegible] کو شدید نقصان پہنچا [illegible] ایک کار [illegible] جس میں [illegible] زخمی ہو گئے۔

چاقو چل گیا

چاندنی محل [illegible] میں دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ہو گیا اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ ایک شخص نے دوسرے شخص پر چاقو سے حملہ کر دیا جس سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔

محکمہ سول سپلائز کا سب انسپکٹر گرفتار

دہلی پولیس نے محکمہ سول سپلائز کے ایک سب انسپکٹر کو [illegible] ڈپو کے مالک سے ۲۵۰ روپے رشوت لینے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مالک ڈپو نے پولیس میں اطلاع دی کہ اسے یہ انسپکٹر ناجائز طور پر تنگ کر رہا ہے اور رشوت مانگتا ہے۔ [illegible] نشان شدہ کرنسی نوٹ [illegible] کے قبضہ سے وہ نشان شدہ نوٹ برآمد کر لئے۔

مزید ہسپتال اور سکول کھولے جائیں گے

چیف کمشنر دہلی کی مشاورتی کمیٹی نے اپنے اجلاس میں دہلی میں پرائمری ہیلتھ سنٹر بنانے کی سکیم پر غور کیا [illegible] ضرورت [illegible] کی کوشش کرے گا [illegible] اتفاق اور اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کرے گا۔ کمیٹی نے دہلی میں مزید ہسپتال، ڈسپنسریاں [illegible] اور [illegible] سکول کھولنے کے ریزولیوشن کو منظور کر لیا ہے۔

ماسٹر تارا سنگھ الموڑہ لے جائے گئے

نئی دہلی ۲۹ اپریل۔ معلوم ہوا ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ [illegible] ۱۸ گھنٹے نظر بند [illegible] الموڑہ پہنچا دئے گئے [illegible]

دہلی کے باشندوں کو فوجی تربیت

دہلی ۲۹ اپریل۔ دہلی کے شہری باشندوں کو فوجی تربیت دینے کی سکیم عنقریب عمل میں آ جائے گی۔ [illegible] پروگرام میں کچھ جسمانی تربیت، اسکواڈ ڈرل، [illegible] اور ابتدائی صفائی اور تعلیم کی تعلیم شامل ہے [illegible] کی واقعی بھی لکھ دیئے جائیں گے۔

[illegible] اور گھنٹے [illegible] کھڑے ہونے کی انفرادی حیثیت کی اہمیت بھی بتائی جائے گی۔ اس کا مقصد باشندوں کو اچھے باشندے بنانا ہے۔ یہ تربیت اختیاری ہو گی [illegible] کوئی خاص عمر کی قید نہیں رکھی گئی ہے لیکن یہ ضرور کہا گیا ہے کہ ایسے ہی جسمانی حرکات کرنے کا اہتمام کیا جائے [illegible] ۱۸ سے ۴۵ سال تک کی عمر کے ہوں گے۔ لال قلعہ کے سامنے [illegible] میدان میں یہ تربیت دی جائے گی اور فوجی افسر اس کی نگرانی میں تربیت دیں گے۔ [illegible] سے یہ تربیت شروع ہو جائے گی اور [illegible] ایک گھنٹہ تربیت دی جائے گی۔ (اپ)

سینٹرل میواتی پنچایت کا جلسہ

آج بتاریخ ۲۸ اپریل بروز جمعرات دفتر سینٹرل میواتی پنچایت میں زیر صدارت جناب مولوی محمد ابراہیم صاحب ایک اہم جلسہ منعقد ہوا جلسہ میں سینٹرل کے کام کو زیادہ [illegible] کے متعلق جناب [illegible] آپ نے حاضرین [illegible] خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ میری یہ خواہش ہے کہ سینٹرل کا کام فقط دہلی میں ہی نہ ہو بلکہ ہندوستان کے ہر ضلع میں اس کی شاخیں قائم کی جائیں۔ اور ہر میو بھائی کو یہ لازم ہے کہ وہ سینٹرل کے کام کو اپنا قومی کام سمجھے اور زیادہ سے زیادہ ممبر بنائیں۔ آپ کو پیدا ہونا چاہیے ہمارے آج تک سارے معاملے فقط ہی میں گھرے ہیں۔ خصوصاً اہل علم سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اندر قومی خدمت کے انجام دینے کا جذبہ پیدا کریں۔ اور عملی میدان میں اٹھ کھڑے ہوں۔ بعد ازاں چند دوسرے حضرات نے حاضرین کو مستفیض فرمایا۔

اخیر میں جناب صدر نے تقریر فرمائی اور فرمایا کہ میں آج میوات کے بعض علاقہ کا دورہ کرتے ہوئے آپ کے [illegible] اسلام کے قریب ہو جاتی ہے اس لئے آپ حضرات سے عرض ہے کہ آپ میوات کا دورہ کریں، اور ہر جگہ مدارس اسلامیہ کو پوری جدوجہد سے ساتھ جاری کرائیں، اور ہر ادارے کو جمعیۃ علماء ہند کی زیر ہدایت چلائیں۔ ریاست الور اور بھرت پور زیادہ ضرورت ہے کہ وہاں پر جلد از جلد مدارس کھولے جائیں تاکہ وہاں کے جو لوگ فسادات سے شکستہ ہو رہے ہیں بوجہ مجبوری کے مرتد ہو گئے تھے وہ جانیں کہ مسلمان ہیں اور ہماری جمہوری حکومت انصاف پسند ہے اب آپ حضرات سے صرف یہی عرض ہے کہ آپ کوشش فرمائیں۔

(جنرل سکریٹری سینٹرل میواتی پنچایت)

پیدائش و اموات

۲۳ اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں ۲۳۳ [illegible] ۱۹۱ اموات ہوئیں [illegible] بخار سے ہلاک ہوئے ۱۲ بچے بعض دیگر سے [illegible] زخموں سے [illegible] دوسرے امراض سے ہلاک ہوئے۔

میونسپل قواعد کی خلاف ورزی

۲۳ اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۵۳ تحت اور ۷۲ اشخاص [illegible] چالان کئے گئے [illegible] دوسری خلاف ورزیوں [illegible] ۵۹ اشخاص کے خلاف کارروائی [illegible] کی گئی۔

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بیماری مارکیٹ

[illegible]

ریڈ کراس سوسائٹی کے اثاثہ میں پاکستان کا حصہ

ادائیگی کیلئے خواجہ ناظم الدین کی اپیل

کراچی ۲۹ اپریل۔ پاکستان ریڈ کراس سوسائٹی کے سالانہ جلسہ کی صدارت کرتے ہوئے خواجہ ناظم الدین نے ہندوستان کی ریڈ کراس سوسائٹی سے اپیل کی کہ وہ اثاثہ کا پورا حصہ پاکستان کو ادا کرے جس کا اتنی مدت سے وعدہ کیا گیا لیکن ابھی تک ادا نہیں کیا ہے۔

[illegible] نے کہا کہ انسانیت کا کام کرنے والی سوسائٹی کے اثاثہ کی تقسیم پر مزید غور کی ضرورت نہیں۔ پاکستان بہاولپور۔ اور [illegible] اور دوسرا ریڈ کراس سوسائٹی کا شکوہ ہے کہ انھوں نے اسکی بروقت ضرورت تھی [illegible] اسکی تاخیر ہو گئی [illegible] لیکن یہ بات مسرت ہے کہ ان [illegible] نے تباہ شدہ انسانیت کا فراخدلی سے ساتھ دیا۔ اور مصائب اور دکھ کو کم کرنے میں قیمتی خدمات انجام دیں۔ خواجہ صاحب نے اپنی تقریر میں بہاولپور ریڈ کراس سوسائٹی کا خاص طور پر ذکر کیا جسے ایک مشن پاکستان کے اس مقصد کیلئے بھیجا تھا۔

صوبائی سرگرمیاں

سوسائٹی کی صوبائی شاخوں کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے جنرل سکریٹری نے [illegible] کی خدمات کو جو پنجاب کی شاخ کی جانب سے انجام دی گئیں پیش کیا [illegible] کی بھی تعریف کی۔

مغربی پنجاب نے [illegible] کشمیر کے علاقہ میں بھیجا تھا۔ [illegible] ۹۰۰۰ بیماروں کی دیکھ بھال کی گئی [illegible] صاحب نے [illegible] کی [illegible] علاقہ میں خدمات انجام دیں [illegible]

مشرقی بنگال کی شاخ نے [illegible] اسی شاخ نے [illegible] ہمیں امید ہے کہ مشرقی بنگال کی شاخ جلد کی کو اثاثہ کا پورا حصہ ادا کر کے نیک نیتی کا ثبوت دے گی۔ مسٹر جسٹس طیب جی نے جو مجلس انتظامیہ کے چیئرمین ہیں اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ دوسرے ملکوں کی ریڈ کراس سوسائٹی کے مقابلہ میں ہمارے ملک کی ریڈ کراس سوسائٹی بہت چھوٹی ہے۔ یہ تجویز ہے کہ مستقبل قریب میں کراچی سے خیبر جانے والی سڑک پر ابتدائی مدد کی چوکیاں قائم کر دی جائیں۔ انھوں نے یہ انکشاف کیا کہ پاکستان کو ہندوستانی ریڈ کراس سے صرف ۸۰ ہزار روپیہ ملا ہے۔

چوری اور گرفتاری

بمبئی کا ایک شخص [illegible] کسٹمز [illegible] کو [illegible] کی گرفتاری [illegible] روپیہ [illegible] بازار میں [illegible] گرفتار کر لیا گیا [illegible]

[illegible]

ایجاریہ ونوبا بھاوے مدارس میں

مدراس ۳۰ اپریل [illegible] ایک تقریر کرتے ہوئے [illegible] کا اعلان [illegible] مہاتما گاندھی [illegible] [illegible]

مشرقی پاکستان کی مزدور انجمنوں کا وفد

کراچی ۳۰ اپریل۔ پاکستان کے [illegible] مسٹر [illegible] جو ۱۳ اپریل سے [illegible] مشرقی پاکستان کی مزدور انجمنوں کے اتفاق کی صدارت کر رہے ہیں [illegible] سے [illegible] کے ساتھ [illegible] [illegible] کراچی واپس آ جائیں گے۔

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھئے

ترجمان السنۃ جلد اول [illegible]

فہم قرآن [illegible] قرآن پاک کا صحیح منشاء معلوم کرنے کے لئے [illegible] قیمت [illegible]

غلامان اسلام [illegible]

حیات شیخ الاسلام [illegible]

علماء حق [illegible]

باغی ہندوستان [illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق [illegible]

مکاتیب شیخ الاسلام [illegible]

کاروان خیال [illegible]

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل [illegible]

ہمارے پیغمبر [illegible]

اسلامی تعلیمات کا مرقع [illegible]

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ [illegible]

ضروری اطلاع

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

دس ہزار روپے معقول انعام

امرتسر میں سونا تین روپے تولہ!

جو کوئی نیچے لکھی ہوئی باتوں کو غلط ثابت کرے گا اسے دس ہزار روپے نقد انعام دیا جائے گا [illegible] نیو گولڈ [illegible] تیار کر کے دنیا کی ایک بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے [illegible] ہر قسم کے زیورات بنائے جا سکتے ہیں [illegible] قیمت صرف تین روپے ۳/ فی تولہ [illegible] ضروری نوٹ [illegible]

ملنے کا پتہ:- نیو گولڈ سپلائی کمپنی (۸-D) حلقہ نمبر ۲۲ - امرتسر

کلیمی نجم نین سدھار

امراض چشم

[illegible]

بادشاہ اور ملکہ نے پنڈت نہرو کو ہوٹل کے باہر آکر رخصت کیا

[illegible]

مدھیہ بھارت کے وزیر اعظم کا استعفیٰ

کانگریس پارٹی اور راج پرمکھ نے منظور کر لیا

[illegible]

گنپتی کو جانشین کو گولی مار دی گئی

[illegible]

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کی بحث میں مسز وجے لکشمی پنڈت کی شرکت

مسز پنڈت ابھی دو تین روز نیویارک ہی میں رہیں گی

[illegible]

یورپ کی کونسل کی حیثیت مشاورتی جماعت کی سی ہوگی

لندن کی پریس کانفرنس میں اٹلی کے وزیر خارجہ کا اعلان

[illegible]

برلن کی ناکہ بندی

[illegible]

شام اور شرق اردن کی اعصابی جنگ

اب بھی باہمی مخالفتیں جاری ہیں

[illegible]

ڈچوں کی ایک اور گپ

[illegible]

دارالعوام میں اٹلانٹک پیکٹ پر بحث

[illegible]

انڈین ٹریڈ یونین کانگریس کاغذی انجمن ہو کر رہ گئی ہے

سوشلسٹوں کی پالیسی مزدور اور ملک کیلئے مضر ہے مسٹر شاستری کا خطبہ

[illegible]

سوئٹزرلینڈ میں پنڈت نہرو کے اعزاز میں دعوت

۶۰ مختلف قوموں کے نمائندوں کی شرکت

[illegible]

ہند آسٹریلیا نیوزی لینڈ کا اتحاد

[illegible]

مانچسٹر کے کارخانے اور ہندوستان کی روئی

[illegible]

مشہور اردو معمہ رجسٹرڈ نمبر ۲ کا صحیح حل
(۱) قرار (۲) سیاحت (۳) حریف (۴) ریت (۵) رنگ
(۶) خانم (۷) انتشار (۸) بلغ (۹) کم

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ بلیماران دہلی
نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے



"یوٹروک"
عورتوں کے پوشیدہ امراض کیلئے سو فیصدی کامیاب دوا
[illegible]
پینے کیلئے ۲۴ خوراک دوا اور ۲۴ ٹیبلٹس
قیمت پانچ روپے علاوہ محصولڈاک
ملنے کا پتہ وی بینز فارمیسی
کٹرہ نیل دہلی

دانتوں کی تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کیلئے
دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

عینکیں شیشے نرم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید اوپٹیکل کمپنی
بازار بلیماران دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۰ رمئی ۱۹۴۹ء

مخابرات کی آزادی!

آپ کہیں گے کہ یہ کیا کہہ دیا، لیکن یہی بات یہ ہے کہ اب ہم دنیا سے مایوس ہوتے جا رہے ہیں اور ہماری نظر میں چھوٹوں اور بڑوں کا اعتبار اٹھتا جا رہا ہے اس میں شک نہیں کہ دنیا میں مستثنیات بھی ہیں اور سب کو ایک لکڑی سے ہانکا بھی نہیں جا سکتا لیکن قانون ہمیشہ اکثریت سے بنتا ہے اور ان کی ذات سے بحث کی جاتی ہے) جب آپ جھوٹوں اور دغابازوں کی مذمت کریں گے تو یہ بات آپ کے پیش نظر ہوگی کہ اکثریت جھوٹوں اور ریاکاروں کی ہے سوا اللہ جن لوگ سچے بھی ہوتے ہیں مگر ان کی تعداد ایک تو اتنی قلیل ہوتی ہے دوسرے وہ غریب گمنام بھی ہوتے ہیں ممکن ہے کہ چھوٹے ادنیٰ حیثیت کے لوگوں میں کوئی ایماندار اور راستباز بھی نکل آئے لیکن بڑے چونکہ چھوٹے نہیں ہوتے اس لئے ان میں کسی سچے دیانتدار اور انصاف پسند کا نکلنا بہت ہی مشکل ہے اور اب تو تجربہ یہاں تک ہو گیا ہے کہ دنیا کے لوگ جتنے بڑے ہیں اتنے ہی بڑے ظالم جفا کار، سنگدل اور جھوٹے ہیں اور ہر آفت، ہر مصیبت اور ہر فساد ان ہی کی لائی ہوئی ہے اور ہر بدی اور شرارت کا آغاز ان ہی کی ذات سے ہوتا ہے خصوصاً مغرب کے بڑے اور جلیل القدر لوگ جن کی جلالت پر شاید مشرق بھی گواہ ہے اور جن کی نقالی، روشن خیالی کی دلیل سمجھی جاتی ہے۔

افسوس اس بات کا ہے کہ بڑے لوگوں کا ظاہر و باطن ایک نہیں ہوتا، وہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں، اگر وہ اپنے کہنے پر عمل کریں تو واقعہ یہ ہے کہ دنیا فردوس بریں کا نمونہ بن جائے لیکن وہ زبان سے فردوس بناتے ہیں اور عمل سے جہنم دہکاتے ہیں زبان سے کہتے ہیں کہ نسلی امتیاز کو ختم کرو اور ہر انسان کو اپنا بھائی تصور کرو مگر عمل سے نہ صرف نسلی امتیاز قائم کیا جاتا ہے بلکہ اس کا رنگ پختہ کرنے کے لئے... بے گناہوں کے گلے بھی کاٹے جاتے ہیں زبان سے انسانی حقوق کا شور اور عمل سے انسانی حقوق کا قتل عام تقریروں میں یہ زور شور کہ دنیا میں امن قائم کرو مگر ثبوت یہ کہ کوئی ایٹم بم بنا رہا ہے، کوئی پولیس ایکشن کے نام سے بستیوں کو ویران کر رہا ہے کوئی ذمہ داری کی آڑ میں اپنے حریفوں کو فنا کر رہا ہے، غرض گفتار کچھ کردار کچھ، جو کچھ منہ سے کہا جاتا اور کاغذ پر لکھا جاتا ہے عمل سے اس کی تردید کی جاتی ہے اور معاہدات تو ہوتے ہی اس لئے ہیں کہ انہیں توڑا جائے اور قول سے زیادہ عمل سے اس کی مخالفت کی جائے!

معلوم نہیں کہ دنیا اس قدر بے ایمان کیوں ہو گئی ہے کہ اس کا ظاہر و باطن ایک نہیں رہا اب جب کوئی اچھی بات کہتا ہے تو فوراً ماتھا ٹھنک جاتا ہے کہ خدا خیر کرے یہ قول اس کے کس فعل کا پیش خیمہ ہے اسی خیال کے ماتحت یہ خبر پڑھ کر ہمیں تعجب ہوا کہ جنرل اسمبلی کی سوشل کمیٹی نے مخابرات کی آزادی کے لئے ایک تجویز کا مسودہ تیار کیا ہے جس میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ ہر شخص ہر قسم کی خبر حکومت کی مداخلت کے بغیر بہم پہنچا سکے اور وہ شخص آزادی کے ساتھ نقل و حرکت کر سکے جو سچائی کی تلاش میں مصروف ہو! اس تجویز میں متعلقہ حکومتوں سے اپیل کی گئی ہے کہ اگر لوگ اخبارات، نیوز ریل، ٹیلی ویژن اور دوسرے ذرائع سے اطلاعات حاصل کرنا چاہیں تو وہ اس میں مداخلت نہ کریں اور آزادی رائے، آزادی تقریر اور آزادی تحریر کے لئے سہولتیں بہم پہنچائیں! کتنی اچھی تجویز ہے کہ اگر اس پر عمل شروع ہو جائے تو دنیا کی دو تہائی مصیبتیں ختم ہو جائیں مگر آپ یقین کیجئے کہ جو حکومتیں اس تجویز کی حمایت میں آواز بلند کریں گی وہ وہی ہوں گی جو سچائی کو دبانے کے فن میں سب سے زیادہ مہارت رکھتی ہیں اور جو جفا کاری ہی نہیں کرتیں بلکہ اپنی جفاکاریوں کو دبانے اور چھپانے میں زبردست کامیابی حاصل کر چکی ہیں، ہمارا دعویٰ ہے کہ دنیا میں کمزوروں پر جس قدر مظالم توڑے جا رہے ہیں اگر دنیا کو انکا علم ہو جائے تو مارے دہشت کے عورتوں کے حمل تک ساقط ہو جائیں یہ صحیح خبروں کو دبانے اور تقریر و تحریر کی آزادی کا گلا دبوچنے ہی کا صدقہ ہے کہ انسانوں کو کھٹمل اور مچھروں کی طرح مارا جا رہا ہے مگر عوام کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی اور یہی وہ لوگ ہیں جو سب سے زیادہ آزاد اطلاعات اور آزاد تقریر اور تحریر کی حمایت میں پیش پیش رہتے ہیں اور انتہائی منافقت کے ساتھ دوسروں کو سبق دیتے ہیں کہ تحریر و تقریر کی آزادی انسان کا پیدائشی حق ہے!

متحدہ اقوام کی سوشل کمیٹی نے کیا ہی خوب کہا ہے کہ عوام کو اخبارات کے ذریعہ صحیح اطلاعات حاصل کرنے کی پوری آزادی ہو گویا اخبارات کو صحیح اطلاعات بہم پہنچانے کی آزادی حاصل ہے! جو شخص اخبارات کی نسبت اسی قسم کی بدگمانی رکھتا ہے وہ دھوکہ میں ہے دنیا میں اس سے بڑا کوئی جھوٹ نہیں کہ اخبارات صحیح اطلاعات بہم پہنچانے میں آزاد ہیں اخبارات تو غلاموں سے بدتر اور لنگڑوں لولوں سے زیادہ قابل رحم ہیں ان پر آزادی تحریر کی تمام راہیں بند ہیں اور ان پر سچ بولنا حرام کر دیا گیا ہے! ارباب اقتدار خوب جانتے ہیں کہ جس روز اخبارات کے لئے سچ بولنے کا حق تسلیم کر لیا گیا، دنیا ایک نئی تاریخ سے روشناس ہوگی اور اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی!

خلاصہ یہ ہے کہ امن پسند دنیا بڑوں کی منافقانہ چالوں سے عاجز آچکی ہے اور یہ چاہتی ہے کہ عوام کو صحیح اطلاعات سے باخبر ہونے کی پوری آزادی ہو اور کوئی حکومت تحریر و تقریر کی آزادی میں مداخلت نہ کرے، افسوس اس بات کی اطلاع دینا ہی ہے کہ عمل اس کے خلاف ہو رہا ہے اگر اخبارات کی آزادی پر شبخون مار کر عوام کے دماغوں پر قفل ڈالے جا رہے ہیں تو وہ لوگ جو نیکیوں کے نیک ہیں دنیا میں منہ دکھانے کے قابل رہ گئے اور عوام کو احمق بنانے کا کاروبار ہاتھ سے جا رہا ہے! ہمیں ہرگز یقین نہیں کہ ہر شخص کو سننے، بولنے اور پڑھنے کی آزادی حاصل ہوگی اور صحیح اطلاعات کی اشاعت میں ارباب اقتدار دراندازی نہ ہوں گے، یہ باتیں کہنے کی ہیں کرنے کی نہیں ہیں اور جو بات کرنے کی نہ ہو اس کے کہنے میں آخر حرج ہی کیا ہے!

پھر وہی بات

یو۔ پی اسمبلی کے اسپیکر بابو پرشوتم داس ٹنڈن [illegible]

ہندوستان کی تقسیم تہذیب کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی ہے، لہٰذا تقسیم کے بعد ہندوستان میں دو تہذیبوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں، ہم اس قسم کے انحطاط [illegible]

اچھی باتیں!

والذین ۔ تا ۔ اولوا الالباب

(پ ۲۳ ع ۱۶)

جو لوگ طاغوت کی عبادت سے اجتناب کرکے اپنے اللہ کی طرف رجوع ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے خوشخبری ہے اپس میرے ان بندوں کو خوشخبری سنا دو جو باتوں کو سنکر اچھی باتوں کی اتباع کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جنہیں ہدایت کی توفیق ملتی ہے اور یہی لوگ ہیں جو عقل و دانش سے بہرہ ور ہیں۔

ہر وہ چیز طاغوت ہے جو حق کے مقابلہ پر ہو اور انسان اس کا خوف کرکے اسے اپنا مجازی خدا بنالے، فرمایا کہ خدا کی طرف رجوع کرنا تب ہی صحیح ہو سکتا ہے کہ پہلے ہر طاغوت سے رشتہ توڑ لیا جائے، چونکہ یہ کام مشکل ہے اس لئے ان لوگوں کو خوشخبری سنائی گئی ہے جو اس گھاٹی کو عبور کرتے ہیں اور ایک اللہ کے سوا ہر طاغوت سے منہ پھیرتے ہیں یہاں ان لوگوں کو بھی خوشخبری سنائی گئی ہے جو سب کچھ سنکر اچھی باتوں کو گرہ میں باندھ لیتے ہیں اور بری باتوں کو چھوڑ دیتے ہیں ایسے ہی لوگوں کو ہدایت یافتہ اور عقل و دانش سے بہرہ ور قرار دیا ہے۔

لکھنؤ کے اجلاس جمعیۃ پر طائرانہ نظر

از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

(۲)

سیکریٹری دہلی کانگرس کمیٹی

[illegible]

مولانا محی الدین

[illegible]

مولوی عبد السلام صاحب

[illegible]

ناظم صاحب مجلس علماء شیعہ

[illegible]

تحریک صدارت اور تائید

[illegible]

ملک کی ترقی اور سربلندی کیلئے ہندو مسلمانوں کو مل کر بڑھنا چاہیے

آپس کی پھوٹ انگریز کی ایجاد تھی اب اس سے بچنا چاہئے

ہندو مسلم اتحاد کے لئے حضرت شیخ الاسلام کی بصیرت افروز تقریر

[illegible]

جمعیۃ علماء کی شاندار تاریخ

[illegible]

برطانوی لوٹ کھسوٹ

[illegible]

ملک کی ترقی کے لئے اتحاد

[illegible]

جیل دجوپورکا ہفتہ وار تی مشاعرہ

[illegible] جیل [illegible] ایک [illegible] مشاعرہ منعقد ہوا جس میں [illegible]

اسرائیل کے ماہرین زراعت ہند آ رہے ہیں

نئی دہلی ۵ رمئی ۔ یہاں اطلاع ملی ہے کہ حکومت اسرائیل اپنے ماہرین زراعت کی ایک جماعت کو ہندوستان روانہ کرے گی ۔ یہ جماعت ہندوستان کی زرعی حالت کا مطالعہ کرے گی اور کاشتکاروں کو امداد باہمی کی بنیاد پر کاشت کرنے کا مشورہ دے گی جیسا کہ یہودیوں نے کبٹ کے علاقہ میں کیا ہے ۔ (مشرق وسطیٰ)

شرق اردن میں نہروں کا جال

عمان ۵ رمئی ۔ شرق اردن کے ڈائرکٹر جنرل [illegible] نے ایک ملاقات کے دوران میں بتایا کہ شرق اردن میں نہروں کا ایک جال بچھانے کا [illegible]

[redacted]

[illegible] حالت [illegible] جائے گا ۔

[illegible] نے [illegible] ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ مرکزی حکومت کی پالیسی کے تحت [illegible]

[redacted]

لکھنؤ کے اجلاس جمعیۃ پر طائرانہ نظر

(بقیہ صفحہ تین)

صدیق احمد صاحب سجادہ نشین خانقاہ رحمانیہ مونگیر، صوبہ مغربی بنگال کی جانب سے ۔ عالیجناب شیخ محمد جان صاحب ۔ ایم ۔ ایل ۔ سی ۔ بنگال ۔ صوبہ آسام کی جانب سے ۔ جناب مولانا عبدالجلیل صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ آسام ۔ صوبہ مدراس کی جانب سے عالیجناب سید رؤف پاشا صاحب (ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ مدراس) ۔ صوبہ آندھرا کی جانب سے مولانا شاہ محی الدین عبدالقادر صاحب بیابانی ۔

حیدرآباد کی جانب سے ۔ جناب ملا عبدالباسط صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء حیدرآباد ۔ (سابق ڈائرکٹر [illegible])

[redacted]

صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی ۔ صوبہ گجرات کی جانب سے حضرت مولانا سید مہدی حسن صاحب مفتی سورت و صدر جمعیۃ علماء صوبہ گجرات ۔ جناب غلام رسول صاحب قریشی ۔ نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ گجرات و صدر احمد آباد ۔ سابق [illegible]

راجستھان یونین ۔ مولانا حکیم ظہیر احمد صاحب [illegible] صدر جمعیۃ علماء ٹونک ۔ اجمیر شریف ۔ جناب صوفی [illegible] احمد صاحب دیوان درگاہ حضرت خواجہ اجمیر ۔

[illegible] مولانا محمد یٰسین صاحب [illegible]

[illegible] صاحب [illegible] انقلاب اختر [illegible] حضرت صدر کا استقبال کیا ۔

پھر شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے خطبہ صدارت ارشاد فرمایا جس کا سلسلہ ایک بجے شب تک جاری رہا ۔

پھر ناظم اعلیٰ صاحب جمعیۃ علماء ہند نے [illegible] کا ترجمہ بیان کیا اور شاعر انقلاب انور صابری کی نظم پر پہلے دن کا جلسہ عام ختم ہوا ۔

دوسرے روز تقریباً ۸ بجے شب کو اجلاس عام شروع ہوا ۔ قرأت اور نظم کے بعد آنریبل پنڈت گووند ولبھ پنت وزیر اعظم صوبہ متحدہ نے تقریباً نصف گھنٹہ تقریر فرمائی ۔ آپ کی تقریر کے بعد ہندوستان کے بلند انقلابی لیڈر جناب [illegible]

صاحب نے تقریباً ایک گھنٹہ تقریر کی ۔ پھر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی مختصر تقریر کے بعد حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے لاکھ عمل سے متعلق جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس کی منظور کردہ تجویز پیش فرماتے ہوئے اس پر مفصل اور بسیط تقریر ارشاد فرمائی جس کی تائید حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب نے ایک مختصر اور جامع تقریر میں کی ۔

تیسرے روز کے اجلاس میں جناب ڈاکٹر محمود صاحب صوبہ بہار ، جناب پنڈت سندر لال صاحب ، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ، حضرت مولانا [illegible]

[redacted]

اجلاس منعقد ہوئے ۔ اور حضرت شیخ الاسلام مدظلہ العالی کی دعا پر یہ اجلاس بخیر و خوبی ختم ہوا ۔

سہارنپور میں نیس نمبر اکٹھی گرفتار

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) اطلاع ہے کہ چھاونی کی کوٹھی کے باغ کی بہار چند پنجابیوں کو ٹھیکہ پر دی گئی ۔ اس پر چند مسرور پنجابی اس کوٹھی میں رہتے ہیں ۔ انھوں نے کچھ مداخلت کی جس کی پولیس میں اطلاع دی گئی ۔ چنانچہ کیم مئی کو اس کوٹھی میں سے اکتیس کے قریب پنجابی پکڑ کر پولیس لے گئے ۔

شاہ افغانستان ممالک غیر کو

تاشقند ۵ مئی ۔ کابل سے اس بات کا اعلان کیا گیا کہ ہز مجسٹی شاہ ظاہر شاہ عنقریب ممالک غیر کو روانہ ہو جائیں گے ۔ اور اپنی آنکھ کی بیماری کی بابت ڈاکٹروں سے مشورہ لیں گے ۔

شاہ افغانستان نے یہ فیصلہ کابینہ سے مشورہ کے بعد کیا ہے ۔ کابینہ نے اس سے پورا اتفاق رائے کیا ہے ۔

چندر نگر میں نئی حکومت

چندر نگر ۵ رمئی ۔ چندر نگر کے انتظام کی ذمہ داری ہندوستانی [illegible] ۔ یہ چاقو تبدیلیاں ایک سال کے اندر واقع ہوئی ہیں ۔

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۱۹ اپریل ۱۹۴۹ء کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے ۔

(۱۰)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	[illegible]
۹۵۸۰	۱۶۲۶	عقب کلاں مسجد	دونوں
۹۵۸۱	۱۶۲۹	"	"
۹۵۸۲	۱۸۷۳	کوچہ عبدالرحیم	"
۹۵۸۳	۲۱۰۳	[illegible]	[illegible]
۹۵۸۴	۲۰۹۲A	"	دونوں
۹۵۸۵	۱۸۸۱	کلاں مسجد	"
۹۵۸۶	۲۰۷۰	حوض مظفر خاں	"
۹۵۸۷	۱۶۶۲	[illegible] کٹرہ	"
۹۵۸۸	۱۶۵۰	گلی ڈاکٹران	[illegible]
۹۵۸۹	[illegible]	[illegible]	دونوں
۹۵۹۰	[illegible]	[illegible]	"
۹۵۹۱	[illegible]	[illegible]	"
۹۵۹۲	۱۰۴۹	"	"
۹۵۹۳	[illegible]	[illegible]	"
۹۵۹۴	۷۰۱	[illegible]	"
۹۵۹۵	۶۱۸	[illegible]	"
۹۵۹۶	۶۳۳	[illegible]	[illegible]
۹۵۹۷	۶۲۴	[illegible]	"
۹۵۹۸	۶۳۶	[illegible]	"
۹۵۹۹	۶۲۸	[illegible]	"
۹۶۰۰	۶۶۰	[illegible]	"
۹۶۰۱	۶۶۲	[illegible]	"
۹۶۰۲	۶۶۵	[illegible]	"
۹۶۰۳	۶۶۹	[illegible]	"
۹۶۰۴	۶۸۱	[illegible]	"
۹۶۰۵	۶۸۲	[illegible]	"
۹۶۰۶	۶۸۳	[illegible]	"
۹۶۰۷	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۰۸	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۰۹	۶۳۶	[illegible]	"
۹۶۱۰	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۱۱	۴۱۴	[illegible]	"
۹۶۱۲	۴۱۸	[illegible]	"
۹۶۱۳	۴۳۳	[illegible]	"
۹۶۱۴	۴۳۴	[illegible]	"
۹۶۱۵	۴۳۵	[illegible]	"
۹۶۱۶	۴۲۲/۱۳۰	[illegible]	"
۹۶۱۷	۴۳۸	[illegible]	"
۹۶۱۸	۴۲۹-A	[illegible]	"
۹۶۱۹	۴۲۲-۴۳	[illegible]	"
۹۶۲۰	۴۴۶	[illegible]	"
۹۶۲۱	۴۴۹	[illegible]	"
۹۶۲۲	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۳	۴۵۹	[illegible]	"
۹۶۲۴	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۵	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۶	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۷	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۸	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۲۹	۵۳۰	[illegible]	"
۹۶۳۰	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۳۱	۵۳۲	[illegible]	"
۹۶۳۲	۵۵۳	[illegible]	"
۹۶۳۳	۵۵۵	[illegible]	"
۹۶۳۴	۵۵/۵۵۹	[illegible]	"
۹۶۳۵	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۳۶	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۳۷	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۳۸	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۳۹	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۰	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۱	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۲	۳۰۵	[illegible]	"
۹۶۴۳	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۴	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۵	[illegible]	[illegible]	"
۹۶۴۶	[illegible]	[illegible]	"

پنڈت نہرو کے فہم و تدبر اور سیاستدانی کو خراج عقیدت

سوئٹزرلینڈ کے اخبارات میں پنڈت نہرو کا پرجوش خیر مقدم

زیورچ [illegible] (پریس ٹرسٹ) ۵ مئی

سوئٹزرلینڈ کے مشہور اخبار [illegible] نے جمعہ کے روز وزیر اعظم پنڈت نہرو کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے اخبار کے صفحہ [illegible] پر ان کی [illegible] اپنے سرزمین کا جہاں کروہ پہلی بار [illegible] تعلقات کو [illegible]

اور اصلاحات سے انقلاب لانا چاہتے ہیں اب یہ دیکھنا ہے کہ وہ ملک کی زندگی حالت بہتر بنانے کرا ور صنعت کو ترقی دینے کس طرح کامیاب ہوتے ہیں ۔

[illegible] کہا جاتا ہے کہ اس سے [illegible] سوئٹزرلینڈ کو ہند میں کیا اہمیت حاصل ہے ۔

ہمت افزا مثال

اخبار نے لکھا ہے کہ سوئٹزرلینڈ نے ہندوستان کی جنگ آزادی کو دلچسپی کے ساتھ پیش نظر رکھا اور بالآخر اس کے حصول پر خوشی منائی ۔ ہمیں جو مسرت اس سے اور بھی زیادہ ہوئی کہ ہندوستان کو اس پرانی [illegible] میں برطانوی [illegible] یہ امور پرامن طریقہ پر حاصل ہوگئی ۔ یہ ایک ہمت افزا مثال ہے کہ ہند اور برطانیہ دونوں اس معاملہ میں کس قدر ہوشیار ہیں اور حالیہ ہی میں لندن میں ہندوستان کے ری پبلک ہونے کے باوجود دولت مشترکہ میں رہنے کا جو فیصلہ تیار ہوا ہے وہ تاریخی اہمیت رکھتا ہے ۔

پنڈت نہرو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اور ان کی سوانح حیات بیان کرتے ہوئے اخبار مذکور نے کہا ہے کہ پنڈت نہرو نے اپنے ملک کے لاکھوں انسانوں کی زندگی میں اپنی کوششوں

سہارنپور میں یوم مئی

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) یوم مئی کے سلسلہ میں سوشلسٹ پارٹی کی جانب سے صبح کو شہر کے مختلف حلقوں میں پربھات پھیری کی گئی شام کو چار بجے گھنٹہ گھر سے مزدوروں کا ایک جلوس نکلا جلوس کے اختتام پر [illegible] پارک میں ایک جلسہ ہوا جس میں سوشلسٹ پارٹی کے کارکن اور مزدوروں نے تقریریں کیں ۔ نامہ نگار

سیونی میں جمعیت علماء کا قیام

سیونی (بذریعہ ڈاک) مسلمانان سیونی کا ایک جلسہ زیر صدارت عالیجناب عبدالرب خاں صاحب مالگزار کانیوالہ کے منعقد ہوا ۔ جناب مولانا متمول احمد صاحب جاؤ نے لکھنؤ کانفرنس سے واپسی پر ہندوستان کے موجودہ حالات میں مسلمانوں کو جمعیۃ کی دعوت دیتے ہوئے اور ملکی جماعت جمعیت علماء میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہوئے کانفرنس کے اغراض و مقاصد کے ساتھ ساتھ لکھنؤ کے حالات بیان فرمائے ۔

جلسہ میں بالاتفاق رائے طے پایا کہ سیونی میں جمعیت علما کی شاخ قائم کی جائے اور ممبر سازی کا کام تیزی سے شروع کیا جائے چنانچہ حسب ذیل حضرات پر مشتمل ایک کمیٹی کا قیام عمل میں آیا ۔ [illegible] ابراہیم صاحب (کھادی) [illegible] علی صاحب [illegible] خاں صاحب [illegible] عبدالسلام خاں صاحب [illegible] عبدالحکیم [illegible] عبدالنعیم [illegible] کئے گئے ۔



عقلمند آدمی

کہتے ہیں کہ امریکہ میں ایک شخص کو اپنے قوت سامعہ پر اس قدر بھروسہ تھا کہ وہ آنکھیں بند کرکے بتلا دیا کرتا کہ جو موٹر اس کے پاس سے گذر رہی ہے وہ کس میک کی ہے ۔ چنانچہ اس کا امتحان لینے کے لئے [illegible] فورڈ نے دھوکہ دینے کے لئے اپنے ٹرک پر ہلکی ہلکی ٹین کی چادریں ڈال دیں تاکہ موٹر کی آواز ٹین کی کھڑکھڑاہٹ میں گم ہو جائے ۔ لیکن دانا آدمی نے فوراً پہچان لیا کہ یہ فورڈ ٹرک ہے ۔

اسی طرح سے ہر عقلمند آدمی خوشبو کی کشش اور خوبصورت لمبے بالوں سے فوراً اندازہ لگا لیتا ہے کہ اس حسینہ کے بال کس جادو بھرے تیل سے گوندھے گئے ہیں ۔

بالوں کے لئے تیل

اور

کپڑوں کے لئے سینٹ

رشک منیر

لاکھوں گھروں میں روزانہ استعمال کیا جاتا ہے

رشک منیر پرفیومری کمپنی عذرا اسٹریٹ

سیکری ہاؤس کلکتہ

برانچیں ۔ دہلی ۔ امرتسر

تبادلہ جائداد

اگر آپ اپنی جائداد کے تبادلہ میں کراچی لاہور ۔ راولپنڈی وغیرہ شہروں میں بہترین جائداد چاہتے ہیں تو ہمیں جلد ملیں ۔ یا اپنی جائداد کی فہرست بھیجیں ۔ کارخانے بسنیا ہوٹل ۔ خالی مکانات واجبی نقد قیمت پر مطلوب ہیں ۔

پاکستان پراپرٹی ایکسچینج

آنا دھند ہوٹل اردو بازار دہلی

آپ کیوں محروم ہیں

جبکہ

بہت سے مشتہر روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔

منیجر اشتہارات

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتب

[illegible] کتب خانہ عزیزیہ [illegible] راشد کمپنی [illegible] دیوبند (یوپی)

تسلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

قیمت بعد صحت [illegible] اگر آپ اپنی جوانی تباہ کر چکے ہیں [illegible] ہری کشن لال [illegible] قیمت [illegible] فہرست ادویات مفت منگائیے

منیجر خاندانی شفاخانہ لال کنواں ۔ دہلی

خوشگوار زندگی بنانے کا اسلامی آئین

[illegible]

مسلمان خاوند [illegible] قیمت [illegible]

مسلمان بیوی [illegible] قیمت [illegible]

قرآنی قاعدہ بچوں کی تعلیم کیلئے [illegible] مفت طلب فرمائیں ۔

ادارہ آفتاب سائنٹفک فلم دہلی

گرمی کی پارٹیوں کا تحفہ

گرمی کے موسم میں گرمی کی پارٹیوں کا مشہور عالم شربت روح افزا [illegible] شربت [illegible] سے تیار کیا جاتا ہے اور گرمی کے موسم کی ہر تکلیف اور مرض کے لئے بچوں ، بوڑھوں ، عورتوں ، مردوں سب کے لئے اکسیر ہے ۔ فی بوتل دو روپے آٹھ آنے ۔

رسالہ ہمدرد گرما جس میں گرمی کے موسم میں تندرست رہنے کی تدبیریں لکھی گئی ہیں ، اردو ، ہندی اور انگریزی زبانوں میں مفت طلب فرمائیے

روح افزا

ہر جگہ ملتا ہے

ہمدرد دواخانہ لیبارٹریز دہلی

[illegible] چیف سٹاکسٹس [illegible]

دارالسلطنت

(۷ مئی ۱۹۴۹ء)

جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۶ کا ضروری جلسہ

جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۶ کی منتظمہ کمیٹی کا ضروری جلسہ ۸ مئی جمعہ کو ۹ بجے شب بمکان امیر حسن صاحب شوربے والے کٹرہ شہنشاہی قراشخانہ میں منعقد ہوگا ۔ جلسہ میں ضلع کے بعض عزیزوں کو بھی مدعو کیا گیا ہے تاکہ تعلیمی سب کمیٹی صوبہ دہلی کے سرکلر پر غور کیا جائے ۔ امید ہے کہ مدعو حضرات وقت مقررہ پر تشریف لے آئیں گے ۔ عبدالجبار سکریٹری

دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی عقب جامع مسجد دہلی

دھوبی ہڑتال کرنیوالے ہیں؟

اپنی شکایتوں کو دور کرانے کے لئے دھوبی ایک بڑا قدم اٹھانے والے ہیں ۔ وہ اپنے اپنے اقدام کا فیصلہ کرنے کے لئے گذشتہ پانچ دن سے گفت و شنید کر رہے ہیں ۔ اس بات کا انکشاف لالہ ہری چند سیکرٹری میونسپل ممبر نے میونسپلٹی کے اجلاس میں کیا ۔ کانگرسی ممبروں نے بھی اس پر تشویش کا اظہار کیا ۔ اس بات کا خطرہ ہے کہ دھوبی عام ہڑتال کر دیں ۔ دھوبیوں کے اس وقت کے جوش و خروش کا خاص سبب یہ ہے کہ میونسپل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نے ایک درجن دھوبیوں کے خلاف بلا اجازت بھٹیاں جلانے پر مقدمہ دائر کرنے کا نوٹس دے دیا ہے ۔ دھوبیوں کو اس بات کا خطرہ ہے کہ ان کو موجودہ مقامات پر بھٹیاں بنانے کا لائسنس نہیں دیا جائے گا ۔ اور اس سے ان کی آمدنی کو دھکا لگے گا ۔ (ن ۔ ک)

چوروں کے گروہ کا پتہ چل گیا

نئی دہلی کے پارلیمنٹ اسٹریٹ کے علاقہ کی پولیس چوروں کے ایک گروہ کا سراغ لگانے میں کامیاب ہو گئی ہے ۔ جو کچھ عرصے سے یہاں چوریوں میں مصروف تھا ۔ چار دوسرے چوروں کی تلاش ابھی جاری ہے ۔ مسروقہ اشیاء جو اب تک برآمد ہوئی ہیں ان میں گھڑیاں ، زیورات اور نقد روپیہ شامل ہے ۔ مسروقہ سامان کی تعداد دو ہزار سے زائد کا ہے ۔ (ن ۔ ک)

تین معمولی چوریاں

شہر میں کل معمولی چوریوں کا زور کم رہا ۔ ملتانی ڈھانڈہ میں ایک مکان کا تالہ توڑ کر روز روشن میں ایک ہزار روپے چرا لئے گئے ۔

قطب روڈ میں ایک سٹرنا رکھی اسٹال ہولڈر کے ۸ سو روپے کے زیورات اور نقد روپیہ چرا لیا گیا ۔ کوٹینا وسے نئی دہلی کے ایک فلیٹ سے آٹھ سو روپیہ چوری ہو گئے ۔ (ن ۔ ک)

عین موقعہ پر گرفتار

باغ کڑے خاں میں ایک عورت جب لوٹ کر آئی تو اس نے اپنے مکان میں ایک شخص کو دیکھا جو سامان چرا کر لے جانے والا تھا ۔ اس نے شور مچایا اور چور پکڑا گیا ۔

[illegible] ایک سائیکل چوری [illegible] کچھ دن ہوئے ایک سائیکل ایک شخص کی کھو گئی تھی ۔ آج ایک نوجوان آدمی کے پاس سے وہ سائیکل برآمد ہوئی اور اسے پکڑ کر حوالہ پولیس کیا گیا ۔ (ن ۔ ک)

جموں میں ایک فوجی افسر کی موت

جموں ۵ رمئی ۔ کشمیر میں مقیم ۲۶ ویں ڈویژن کے سیکنڈ آفیسر لفٹننٹ کرنل سی ۔ آر ۲۴ اپریل کو ایک حادثہ کے نتیجہ میں ہلاک ہو گئے ۔ ان کی عمر ۳۶ سال کی تھی وہ تیرنے کے لئے جھنگڑ کے قریب ایک مقام پر گئے جہاں ان کا سر ایک چٹان سے ٹکرا کر سخت زخمی ہو گیا ۔ ان کو فوراً بذریعہ ہوائی جہاز جموں ہسپتال لایا گیا جہاں وہ چار روز بعد ہلاک ہو گئے ۔ (اپ)

سائیکل چھین لی

پہاڑ گنج سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ایک شخص نے ایک بچے کو سائیکل سکھانے کے بہانے سے اس کی سائیکل چھین لی اور فرار ہو گیا

۳۳ اشخاص کو سزا

۳۰ اپریل کو ختم ہونے والے ہفتہ واروں میں ڈاکخانہ اور سول سپلائز کے قوانین کی خلاف ورزی کے نتیجہ میں ۳۳ اشخاص کے خلاف مقدمہ چلایا گیا ان پر دس روپے سے تین سو روپے تک جرمانہ کیا گیا ۔ جرمانہ سے کل ۱۰۶۰ روپے وصول ہوئے ۔ ۳ آدمیوں کو مختلف مدتوں کی سزائے قید دی گئی ۔

دہلی کے گلی کوچوں میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ممنوع

تعمیرات ۔ کل روز مشتہ وار میٹنگ میں دہلی میونسپلٹی نے اپنے بائی لاز میں ترمیم کرکے سڑکوں پر اور دوسرے عام مقاموں میں جو عام شاہراہوں پر ہوں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ممنوع قرار دیا ہے ۔

یہ ترمیم دہلی میونسپلٹی کے اس حکم میں کی گئی ہے جو اس سے پہلے جاری کیا گیا ہے جس میں موسم سرما میں گیارہ بجے شب سے لے کر صبح کے چار بجے تک لاؤڈ اسپیکر گراموفون ڈھول باجے وغیرہ کا استعمال ممنوع قرار دیا گیا تھا ۔

کمیٹی نے دوسرے کو تباہ کرنے کی اسکیم کے سلسلہ میں مقامی حکومت سے پچاس فی صدی روپیہ ادا کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے ۔ (۱)

مسٹر آصف علی دہلی میں

اڑیسہ کے گورنر مسٹر آصف علی گورنروں کی کانفرنس میں شرکت کے لئے کل بذریعہ ہوائی جہاز یہاں پہنچے ہوائی اڈہ پر گورنر جنرل کے فوجی سکریٹری ۔ بیگم آصف علی اور دوسرے کانگریسیوں نے استقبال کیا ۔ آپ مولانا آزاد کے یہاں قیام فرما ہیں ۔ ہفتہ کے روز گورنر جنرل ہاؤس چلے جائیں گے ۔ آپ گورنروں کی کانفرنس میں شرکت کے لئے آئے ہیں ۔ دوسرے گورنر بھی ہفتہ تک پہونچ رہے ہیں ۔ (اپ)

ملاوٹی گھی بیچنے پر جرمانہ

کھاری باؤلی کی ایک فرم کو ملاوٹی گھی فروخت کرنے پر چالیس روپے جرمانہ کی سزا دی گئی ۔ گھی کا جو نمونہ جانچ کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا اس میں ۳۳ فی صدی ملاوٹ ثابت ہوئی ۔

بلاٹکٹ سفر کرنیوالوں کیخلاف مہم

ای ۔ آئی آر ریلوے کے حکام نے بلاٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرکے فروری کے مہینے میں ان سے تقریباً ۱۳۹۸۸۳ روپے بطور جرمانہ وصول کئے ۔

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

[illegible] انسپکٹر آرڈیننس ڈپو نے ڈسٹرکٹ اور سیشن جج کی عدالت میں اس الزام سے انکار کیا کہ انھوں نے کسی کو اسلحہ فروخت کیا تھا ۔ ان پر یہ الزام تھا کہ انھوں نے گذشتہ اگست میں جگدیش سنگھ کے ہاتھ دو ناقلیں اور دیگر اسلحہ ۳۵۰۰ روپے میں فروخت کیا تھا ۔

مسٹر بلارڈ نے بتایا کہ جب انھوں نے چارج لیا تو باقاعدہ کوئی فہرست نہیں دی گئی اور جہاں تک ان کو علم ہے کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا تھا ۔ انھوں نے گرفتاری کے دن جاری کردہ گیٹ پاسوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ دراصل میگزین کے انچارج ملک دارج ہیں ۔ ملک دارج نے الزام سے انکار کیا اور کہا کہ جو اسلحہ اس کو عدالت میں دکھائے گئے ہیں وہ مسٹر بلارڈ کے حکم سے نکالے گئے تھے اور جو ۳۵ روپے گرفتاری کے وقت ان کے پاس سے نکلے وہ بلارڈ نے ان کو رکھنے کے لئے دیئے تھے جو رام سنگھ نامی ایک شخص بلارڈ کو دے گیا تھا ۔ ملک دارج نے عدالت کو بتایا کہ وہ ایک تحریری بیان دے گا ۔ دونوں ملزموں نے صفائی کے گواہ پیش کرنے سے انکار کیا اور مقدمہ ۱۱ مئی تک ملتوی ہو گیا ۔ (د)

[illegible] پاکستان دستور ساز اسمبلی کے صدر مسٹر تمیز الدین نے [illegible] ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہندوستان کی مثال کی پیروی کر سکتا ہے اور دولت مشترکہ میں بطور ایک آزاد جمہوریہ کے رہ سکتا ہے ۔

[illegible] کہا کہ [illegible] پاکستان ہندوستان کی پیروی کرے اور جمہوریہ بن کر دولت مشترکہ کی رکنیت قائم رکھے ۔ [illegible] پاکستان کو بھی آزاد جمہوریہ کے ہونے کا اعلان کر دے اور اس کے بعد بھی دولت مشترکہ کا اسی حیثیت سے ممبر رہے جس حیثیت سے ہندوستان ہے ۔

پاکستان میں کمیونزم کے متعلق انہوں نے کہا کہ مسلمان مذہبی ہوتے ہیں اس لئے کمیونزم کے پاکستان میں پھیلنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا وہ کسی ایسے نظریہ کو قبول نہیں کر سکتے جس میں خدا کو نظر انداز کر دیا گیا ہو ۔ علاوہ ازیں کمیونزم صنعتی علاقوں میں زیادہ پھیلتا ہے پاکستان ابھی اعلیٰ صنعتی ملک نہیں اس لئے ابھی وہاں کمیونزم کے پھیلنے کا اندیشہ نہیں ۔ روئٹر

جائیداد برائے تبادلہ

کراچی ۔ کوئٹہ ۔ مغربی پنجاب میں بہترین با موقعہ جائیداد دہلی ، یوپی ، مشرقی پنجاب سے تبادلہ کے لئے موجود ہے ۔ ملنے کا پتہ

صدر بازار سرائے اللہ والی

کچھ برادرس وقت شام کو ۴ بجے سے ۶ بجے تک

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل

ہائی کورٹ میں گوڈسے خود بحث کر رہا ہے!

شملہ ۵ مئی ۔ کل آپیل کے وکیل مسٹر بنرجی کی طبیعت خراب تھی اس لئے گوڈسے کو کورٹ کے سامنے وکیل مسٹر ڈانگے کے ایما پر اپیل جیٹ جاری کرنے کی اجازت دی گئی ۔

گوڈسے نے کہا کہ یہ مقدمہ ایک خاص نوعیت رکھتا ہے جس میں پھانسی کی سزا کی تصدیق ہائی کورٹ سے نہیں کی گئی ہو ۔ شاید یہ مقدمہ پنجاب میں اپنی نوعیت کا پہلا مقدمہ ہو ۔

مسٹر جسٹس اچھرو رام ۔ یہ پہلا مقدمہ نہیں ہے ۔ اس قسم کے دوسرے مقدمات بھی ہو چکے ہیں ۔

گوڈسے ۔ اس مقدمہ میں ملزموں کے خلاف سخت سنگین الزامات عائد کئے گئے اور اگرچہ انہیں گواہ پیش کرنے کا موقع دیا گیا ، لیکن انہوں نے اپنی طرف سے کوئی شہادت پیش کرنے کی بجائے ترمیم دی ۔ استغاثہ کی جانب سے ۱۴۹ گواہ پیش ہوئے ۔

گوڈسے نے کہا کہ وہ استغاثہ کی تنہا دو باتوں ہی کے ذریعہ مقدمہ کو باطل قرار دے گا ۔ گوڈسے نے کہا کہ یہ بات حیرت انگیز ہے کہ اس قسم کی سنگین سازش ۲۰ جنوری کے بعد ایک خفیہ سازش نہیں رہی تھی ۔ اور عقصہ دنیا کو اس کا علم ہو گیا تھا ۔ پروفیسر جین کو بھی اس کا علم تھا بلکہ پروفیسر جین نے مسٹر بمبئی کر کا ش کرانے کی کوشش کی اس کے اپنے الفاظ ان کو اطلاع دینے کی کوشش کی ۔ اس کے لئے انھوں نے اس کام کو الزام کرنے کی کوشش کی ۔ مگر کامیابی نہ ہوئی ۔ ابھی پروفیسر جین نے ۲۱ جنوری کو وزیر اعظم اور ہوم منسٹر بمبئی کو اس کی اطلاع دی ۔ پروفیسر جین نے اشوک مہتہ کو بھی اس کی اطلاع دی ۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ۱۲ جنوری کے بعد یعنی مہاتما گاندھی کے قتل سے ۱۸ روز قبل سازش خفیہ سازش نہیں رہی تھی ۔

بڑا بازار گوڈسے [illegible] کرتے ہوئے کہا کہ وہ مقدمہ کا ڈاک ٹیچر پر دو گولیاں چلائی جاتی تھیں لیکن یہ تو اس کو لعد میں معلوم ہوا کہ اس نے تین گولیاں چلائی ہیں ۔ گوڈسے نے کہا کہ مجھے گورکھے سنگھ نے نہیں بلکہ ایک شخص امر ناتھ نے گرفتار کیا تھا ۔

باڈگے کا بیان

باڈگے کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے گوڈسے نے کہا کہ باڈگے اسلحہ کی تجارت کرتا اور یہ کام وہ بالکل پیشہ وارانہ طریقہ پر انجام دیتا تھا ۔

مسٹر جسٹس اچھرو رام ۔ جہاں تک اس کا تعلق ہے وہ بالکل ایک پیشہ ور آدمی ہے جب وہ یہ دھندا کام کرتا تھا ، اس وقت بھی ایک تنخواہ دار تھا ۔ باڈگے کہتا ہے کہ وہ جگہ جگہ پھر کر ہتھیار بیچتا ہے لہذا یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ وہ دہلی بھی ہتھیار بیچنے گیا تھا اس کا کیریکٹر یہ ہے کہ سب سے پہلے وہ اپنی حفاظت کا سامان کرے ۔

مسٹر جسٹس کھوسلہ ۔ اس کا سرکاری گواہ بننا ہی اس کے کیریکٹر کا کافی ثبوت ہے ۔

مسٹر اچھرو رام ۔ آخر ایک اونچے کیریکٹر کا آدمی تو سرکاری گواہ نہیں بن سکتا ۔

گوڈسے ۔ میں بھی یہی کہنا چاہتا ہوں ۔ [illegible] اس سلسلہ میں گوڈسے نے باڈگے کی شہادت پیش کی ۔ گوڈسے نے کہا کہ اس کا بیان [illegible] کا اپنا بیان دیا کہ گوڈسے ۔ [illegible] بھی غلط ہے کہ انہوں نے [illegible] تھا گوڈسے نے اپنی بحث جاری رکھی ۔ [illegible] کے لئے برخاست ہوگئی ۔ (اپ)

۱۹۴۸ء میں ہندوستان کی برآمدی تجارت میں زبردست اضافہ

چار ارب دس کروڑ روپیہ کا مال برآمد کیا گیا

نئی دہلی ۷ مئی ۔ ۱۹۴۸ء میں ہندوستان کی تجارت برآمد میں قیمت کے لحاظ سے کافی ترقی ہوئی ۔ ۱۹۴۸ء میں تین ارب [illegible] کروڑ [illegible] کا مال برآمد کیا گیا تھا اس کے مقابلہ میں ۱۹۴۸ء میں ۴ ارب دس کروڑ روپیہ کا مال ہندوستان سے باہر بھیجا گیا ۔

خیال ہے کہ قیمت میں یہ اضافہ قیمتیں بڑھ جانے کی وجہ سے ہوا ہے لیکن یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ ۱۹۴۸ء کے اعداد و شمار صرف ہندوستانی یونین کی تجارت برآمد سے متعلق ہیں لیکن اس کے مقابلہ میں ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے قبل کے اعداد و شمار غیر منقسم ہندوستان سے متعلق ہیں ۔ ۱۹۴۸ء میں جن اشیاء کی برآمد ہوئی وہ حسب ذیل ہیں ۔

پٹ سن کا سامان ، سوتی کپڑا ، ٹین ، لاکھ ، ابرق ، مونگ پھلی ، السی ، ارنڈی کا تیل ۔

مسٹر گیپٹی کی پھانسی پر

صدر کانگریس مسٹر پٹابھی کا بیان

مدراس ۵ مئی ۔ گذشتہ روز [illegible] یونینوں کی فیڈریشن کے سابق صدر مسٹر گیپٹی کو [illegible] پھانسی پر [illegible]

[illegible]

ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے [illegible] پریس کے نمائندے [illegible]

کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ مسٹر گیپٹی کی پھانسی ہمیں بر وقت متنبہ کرتی ہے کہ ہمیں دولت مشترکہ کے متعلق زیادہ خوش فہمی نہیں ہونی چاہیے ۔ حکومت ہند اور ہندوستانی وزیر اعظم ڈاکٹر [illegible] نے باوجود گیپٹی کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا ہے ۔

کہ برطانوی حکام نے نوآبادیات میں ہندوستان کے نظریات کی طرف کسی بے اعتنائی کا اظہار [illegible] کہ اس بات کا [illegible] خوش ہے نہ معلوم تو اس وقت بعض اشخاص نے [illegible] گیپٹی کے پھانسی دیئے [illegible] کافی اس بات کا ثبوت [illegible]

[illegible]

شام میں شاہ فاروق کا یوم تاجپوشی

دمشق ۵ مئی ۔ ۶ مئی کو شاہ فاروق کی تاجپوشی کی سالگرہ ہے جو سرکاری طور پر پورے شام میں منائی جائے گی ۔ دمشق کی نشرگاہ صبح سے آدھی رات تک خاص پروگرام نشر کرے گی ۔ شام کے تمام شہروں اور قصبوں کو خوب سجایا جائے گا ۔ اور [illegible] شاہ فاروق کی تصویریں لگائی جائیں گی ۔ شامی اور مصری جھنڈے ایک ساتھ لہرائے جائیں گے ۔ (گارجین)

حجاز میں تبدیلیاں

لندن ۵ رمئی ۔ سعودی عرب کے سفیر مقیم لندن شیخ حافظ وہبہ نے عرب کے نامہ نگار سے کہا کہ جب کبھی میں حجاز واپس جاتا ہوں تو میں حجاز میں اور خاص طور پر جدہ میں بعض تبدیلیاں پاتا ہوں ۔ [illegible] انھوں نے کہا [illegible]

ترکی میں رام گوپال کی آمد

استنبول ۵ رمئی ۔ مشہور ہندی رقاص رام گوپال اپنے ساتھیوں کے ساتھ استنبول پہنچ گئے ہیں ۔ استنبول میں ایک ہفتہ تک اپنا کمال دکھانے کے بعد یہ لوگ انقرہ جائیں گے ۔ (اپ)

سابق وزیراعظم پی ۔ پی زخمی

پولیس ٹرین میں حملہ

[illegible] سابق وزیر اعظم [illegible] پی ۔ پی [illegible]

[illegible] حملہ آور [illegible] زخمی کر دیا گیا [illegible] تھے ۔ [illegible]

دولت مشترکہ کے ممالک میں تعاون

لندن ۶ رمئی ۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں کے بذریعہ طیارہ کراچی واپس ہونے سے قبل رات کو کہا کہ دولت مشترکہ کے ممالک میں زیادہ باہمی تعاون کی ضرورت ہے ۔ انھوں نے اس امر کی امید ظاہر کی کہ ممالک مشترکہ کے نقطہ نظر سے دولت مشترکہ کے بحران میں دنیا کی ترقی اور امن کے لئے زیادہ تعاون بڑھے گا ۔ انھوں نے کہا دولت مشترکہ کی اصل ضرورت یہ ہے کہ وہ [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

باپڑ مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

کریانہ مارکیٹ دہلی

ہلدی بمبئی ۵۲ روپے ۔ ہلدی جھوٹ ۵۲ روپے [illegible]

[illegible]

تین روز میں تین سو باغی ہلاک کر دیئے گئے

رنگون کے ستر میل شمال میں خونریز جنگ

رنگون ۶ مئی ۔ برما حکومت کی طرف سے گذشتہ شب اعلان کیا گیا کہ گذشتہ تین روز میں مسلح باغی کیرین رنگون کے ۷۰ میل شمال ڈلکر کے علاقہ میں ہلاک ہوئے ہیں ۔ باغیوں کے دستے فوجوں نے اس مقام پر حکومت کے فوجی دستوں پر حملہ کیا ۔ تمام دن کی لڑائی کے بعد پسپا کر دیئے گئے ۔ سرکاری اعلان میں [illegible] کے خلاف یہاں جمع ہو رہے ہیں ۔ جہاں سرکاری [illegible]

مشاہدین کا کہنا ہے کہ دونوں کی لڑائی سے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ باغی کس رفتار سے ہتھیار ڈالیں گے ۔

[illegible] رنگون کے جنوب میں ایسٹ کا رائل ایئر فورس کے اسپین نے شمالی چاول کے علاقوں میں باغیوں کو سخت نقصان پہنچایا ہے ۔ بتایا گیا ہے کہ بہاں بہت سی دیہات کو آگ لگا دی گئی جنوب مشرق کے ساحلی علاقہ مولمین بندرگاہ کے قریب سرکاری ہوائی جہازوں نے گاؤں کے اندر باغیوں کے اجتماعات پر بمباری کی ۔

بالائی برما میں ایک باغی لیڈر زیر حراست [illegible] باغی دوسرے [illegible] انھوں نے [illegible] میل جنوب میں سیگاؤں کے نزدیک ایک ریلوے ورکشاپ پر کیا تھا ۔ (ایسوسی ایٹڈ پریس ۔ رائٹر)

ممباسا کا ہندوستانی بینک بند

ممباسا ۶ مئی ۔ [illegible]

[illegible] مزید [illegible] بہت سے ہندوستانی [illegible] بینک [illegible]

لیاقت علیخاں کی پوپ سے ملاقات

لندن ۶ رمئی ۔ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان کل پاپائے روم سے ملاقات کریں گے ۔ وزیر اعظم پاکستان ۳ آج لندن سے روانہ ہو رہے ہیں ۔ قاہرہ ۔ بغداد ۔ اور طہران بھی جائیں گے ۔ آپ ۱۸ مئی کو کراچی پہنچیں گے ۔ (اپ ۔ رائٹر)

وزیر اعظم لنکا کا بیان

کراچی ۵ مئی ۔ لنکا کے وزیر اعظم کراچی سے کولمبو جاتے ہوئے گزرے ۔ انہوں نے ایک نامہ نگار کو بتایا کہ اس کی امید ہے کہ دولت مشترکہ کا اگلا اجلاس لنکا میں منعقد ہو ۔



مشہور اردو معمہ

تین ہزار روپیہ کے نقد انعامات

رجسٹرڈ نمبر [illegible]

ہمارا پتہ ۔ معمہ [illegible] لاہور

نوٹ ۔ انعامات تین غلطیوں تک دیئے جائیں گے

پہلا انعام ۔ دو ہزار روپیہ (صحیح حل)

دوسرا انعام ۔ پانچ سو روپیہ (ایک غلطی)

تیسرا انعام ۔ تین سو روپیہ (دو غلطی)

چوتھا انعام ۔ دو سو روپیہ (تین غلطی)

معمہ حل کرنے کی ترکیب ۔ خالی خانوں کو اشارات کی مدد سے پر کریں اشارات (۱) جو لوگ اس کی طرف سے اپنی رائے اختیار کرتے ہیں اکثر آخر کار کف افسوس ملنا پڑتا ہے (۲) حسین منظر ہو (گلانے والا) کا یہ بھی دلکش معلوم ہوتا ہے (۳) اپنے معاملات اکثر ایسی کسی نہ کسی کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے (۴) بعض امور کی کامیابی انسان کی [illegible] پر منحصر ہوتی ہے (۵) موجودہ دور میں بغیر کسی [illegible] کے ملازمت حاصل ہونا دشوار ترین ہے (۶) اگر حقیقت کی نظر سے دیکھا جائے تو ہر مذہب [illegible] راستہ پر لے جاتا ہے (۷) اس تعلیم یافتہ عورت کی زندگی کتنی تلخ ہوگی جسے [illegible] (۸) [illegible] (۹) [illegible]

[illegible]

منیجر شمع حل ۔ ڈاکخانہ جی ۔ پی ۔ او لاہور

عینکیں ، شیشے ، فریم اور مصنوعی آنکھوں کے لئے

سرگودھا کے مشہور

ڈاکٹر بالی

فتح پوری ۔ دہلی

اشتہار نیلام

[illegible] ۔ [illegible] نیلام ہوگا [illegible] تاریخ [illegible] ۔ [illegible] حاصل کریں ۔

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841 — تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۱۰ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۰۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

مسٹر سرت چندر بوس ضمنی انتخاب میں حصہ لیں گے

کلکتہ ۷ مئی۔ گزشتہ شب مسٹر سرت چندر بوس نے اعلان کیا ہے کہ وہ میونسپل کلکتہ کے جنوبی حلقے سے مغربی بنگال اسمبلی کے لئے سوشلسٹ ریپبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر انتخاب لڑیں گے۔ یہ جگہ [illegible] کے رجانے سے خالی ہوئی ہے اور ۱۲ جون کو اس کا ضمنی انتخاب ہوگا۔

مراد آباد انگریزوں یونین کونسل کا جلسہ

[illegible]

جمعیۃ علماء کے احتجاج پر رسول اکرم صلعم کی تصویر کی اشاعت ممنوع

مسلمانان ہند کے جذبات کے احترام میں حکومت بہار کا مستحسن اقدام

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا بیان

دہلی ۸ مئی۔ جمعیت علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے بہار میں شائع شدہ مڈل اتہاس نامی کتاب کے بارے میں حسب ذیل بیان دیا ہے۔

جمعیۃ علماء صوبہ بہار اور دوسری شاخوں کی جانب سے متعدد تار اور خطوط موصول ہوئے تھے کہ محکمہ تعلیم کی ٹیکسٹ بک کمیٹی نے ایک کتاب جس کا نام مڈل اتہاس ہے۔ ساتویں کلاس کے لئے منظور کی ہے۔ اس کتاب کے صفحہ ۱۹ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرضی تصویر دی گئی ہے۔ [illegible] کے لئے توہین آمیز اور ناقابل برداشت ہے۔ اس لئے محکمہ تعلیم کو فوراً توجہ دلائی جائے کہ وہ اس دلآزار فرضی تصویر کو کتاب سے خارج کردے۔

جمعیۃ علماء ہند نے اس کے متعلق وزیر اعظم وزیر تعلیمات اور پارلیمنٹری سکریٹری محکمہ تعلیم بہار ڈاکٹر سید محمود اور مسٹر عبد القیوم صاحب انصاری وزراء کو تار اور خطوط کے ذریعہ فوری طور پر توجہ دلائی۔

آج بہار کے وزیر تعلیم کے پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر احمد نور صاحب کا حسب ذیل تار موصول ہوا ہے۔

"گورنمنٹ نے رسول اکرم صلعم کی تصویر کی اشاعت ممنوع قرار دیدی ہے۔"

لیاقت علی خاں کا مشرق وسطیٰ کا دورہ

کراچی ۸ مئی۔ یہاں کے سرکاری اطلاعات کے مطابق وزیر اعظم پاکستان ابھی قاہرہ پہنچیں گے۔ وہاں تین دن قیام کرنے کے بعد وہ بغداد جائیں گے۔ [illegible]

اسپین کو اسلحہ بھیجنے پر پابندی عاید کردی جائے

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں پولینڈ کی تجویز

روس کی حمایت اور مغربی طاقتوں پر الزام

لیک سکسس ۷ مئی۔ روس نے اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں پولینڈ کی اس تجویز کی کہ اسپین کو اسلحہ بھیجنا ممنوع قرار دیدیا جائے تائید کرتے ہوئے مغربی طاقتوں پر الزام عائد کیا کہ [illegible]

شنگھائی کے دفاعی مورچوں پر کمیونسٹوں کا دباؤ بڑھ گیا

کاشنگ کے جنوب میں خوفناک ترین جنگ ہورہی ہے!

ہانگ کانگ ۸ مئی۔ کمیونسٹ فوجوں نے شنگھائی کی طرف بڑھتے ہوئے [illegible]

سیاسی کمیٹی میں کشمیر حیدرآباد اور پاکستان کے پناہ گزینوں کا ذکر

سر ظفر اللہ خاں پھر حیدرآباد کے مسئلہ کو اٹھانے لگے

مجلس تحفظ میں ایک بیان دینے کا ارادہ۔ صدر مجلس کے نام خط

لیک سکسس ۸ مئی۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے [illegible]

ابھی تک مجلس تحفظ کا کوئی اجلاس اس مقصد کے لئے متعین نہیں کیا گیا ہے۔ حیدرآباد کے سابق وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نیو یارک میں ہیں ایسی کوئی علامت موجود نہیں کہ وہ بھی مجلس تحفظ میں تقریر کرنے کی اجازت طلب کریں۔

سر ظفر اللہ خاں کی طرف سے اسرائیلی نمائندہ کی تلمیحات کا جواب

کشمیر کے سلسلے میں اقوام متحدہ کی خواہشات کا احترام کیا جائے گا؟

لیک سکسس ۷ مئی۔ [illegible]

حیدرآباد

[illegible]

پناہ گزینوں کا معاملہ

[illegible]

مسئلہ کشمیر

[illegible]

کیا چینی کمیونسٹ برمی کمیونسٹوں کی امداد کریں گے؟

ہانگ کانگ کے ایک اخبار کی اطلاع

[illegible]

بیوی اور بیٹی کو ہلاک کردیا

[illegible]

سیام کی جیل میں آٹھ سو قیدیوں کی بھوک ہڑتال

[illegible]

باؤدائی کی آمد کے خلاف مظاہرہ

[illegible]

دفتر الجمعیۃ میں ٹیلی پرنٹر کی نئی مشین کا افتتاح

دہلی ۸ مئی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے الجمعیۃ کے عملہ کی موجودگی میں اپنے دست مبارک سے ٹیلی پرنٹر کی نئی مشین کا افتتاح فرمایا۔ دفتر جمعیۃ علماء کے عملے کے ارکان اور دیگر کارکن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ نئی مشین کے نصب ہونے کے بعد الجمعیۃ میں رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی تازہ ترین خبروں کا بالکل ایسا ہی انتظام ہوگیا ہے جیسا کہ ہندوستان کے ایک اسٹینڈرڈ اخبار میں ہونا چاہئے۔ ان سروسوں اور شہروں میں اپنے خصوصی نامہ نگاروں کے علاوہ الجمعیۃ [illegible] ایجنسیوں سے بھی استفادہ حاصل کرتا ہے۔ ان انتظامات کے بعد امید ہے کہ ہم بہت جلد اس قابل ہوسکیں گے کہ ناظرین کی خدمت میں الجمعیۃ کے صبح شام کے دو ایڈیشن پیش کریں۔ (ادارہ)

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے منوفیکچررز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ESTD. 1925

Daily **Aljamiat**

الجمعیۃ

Delhi-8-5-49

PHONE 5855

دو اعزازوں میں سے صرف ایک باقی رہ سکتا ہے

مسٹر ٹنڈن کے متعلق صدر کانگریس کا فیصلہ

لکھنؤ ۷ مئی۔ [illegible]

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں اطالوی نوآبادیات پر بحث

ہندوستان کی طرف سے اجتماعی تولیت کی معقول تجویز

لیک سکسس ۷ مئی۔ ہندوستان نے اپنی تجویز [illegible]

لندن میں فوجی پریڈ کے موقع پر جنگ کے خلاف مظاہرے

عورتوں کی طرف سے "ہم امن چاہتے ہیں" کے نعرے

لندن ۷ مئی۔ [illegible]

چین کی لڑائی

بقیہ صفحہ اول کالم ۲ سے آگے

[illegible]

دو غیر معروف ہندوستانیوں کے کارنامے

[illegible]

ہٹلر کے دو کمانڈر رہا کردیئے جائیں گے

لندن ۷ مئی۔ پارلیمنٹری نائب وزیر خارجہ لارڈ ہینڈرسن نے دارالامراء میں اعلان کیا کہ ہٹلر کے دو کمانڈروں پر سے مقدمہ اٹھا لیا جائے گا۔ اور ان کو رہا کردیا جائے گا۔ [illegible]

کھیل کی خبریں

ہاکی اولمپک گیمس میں شامل ہوگئی

دہلی ۷ مئی۔ [illegible] ۱۹۵۲ء کے اولمپک گیمس کے پروگرام میں ہاکی کو شامل کرلیا گیا ہے۔ [illegible]

مسٹر ڈیمیلو کا بیان

[illegible]

پارلیمنٹ میں اعلان

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

پھاٹک حبش خاں میں مکانات کے سروے کے متعلق ایک گمراہ کن بیان

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی طرف سے تردید

دہلی ۸ مئی۔ مولانا [illegible] ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے [illegible]

دنیا میں امن کے لئے نسلی امتیاز اور استعماریت کا خاتمہ ضروری

ایشیا بیدار ہوگیا ہے اور دنیا کے معاملات میں اہمیت رکھتا ہے

سوئٹزر لینڈ میں پنڈت نہرو کی پریس کانفرنس

برن ۷ مئی۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم ہند نے کل یہاں پر ایک پریس کانفرنس میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اب سے چار پانچ [illegible]

دہلی سے لاہور پاکستان
اور پاکستان سے ہندوستان
تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت ایک طرف سے دوسری طرف مناسب اخراجات پر پہنچانے کیلئے ہماری خدمات حاصل کیجئے
دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران [illegible] دہلی

۲۴ سال سے شہرت یافتہ
بال بہار
بچوں کی طاقت بڑھانیوالی بہترین دوا ہے
سب بڑے دوافروش بیچتے ہیں
پتہ: بال بہار فارمیسی دہلی

خضاب جرمنی سرتاج مارکہ
بالوں کو سیاہ کرنیوالا گارنٹی کیساتھ ہر جگہ ملتا ہے اور ہر جگہ کیلئے ایجنٹوں کی ضرورت ہے
المشتہر تاج ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

ہر دلعزیز پان بہار
نمونہ مفت
پان کھاتے وقت [illegible]
[illegible] کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ [illegible] سہارنپور یوپی

امن عالم کے لئے مزدوروں کی خوش حالی ضروری ہے

نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے اجلاس میں سردار پٹیل کی تقریر

اندور ۸ مئی ۔ سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے کل انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے اجلاس میں کہا کہ دنیا کے امن کا انحصار مزدوروں کی خوشحالی پر ہے اور مزدوروں کی خوش حالی کا دار و مدار ہڑتال اور دوسرے اس راستہ کے اختیار کرنے پر ہے جو ہمیں مہاتما گاندھی نے دکھایا ۔ [illegible] ایک ستائش کا جملہ کہا کہ [illegible] تمام دنیا کی ٹریڈ یونینیں جلد یا بدیر یہی طریقہ اختیار کریں گی ۔

سردار پٹیل نے اشتراکیت [illegible] سب سے بڑے دشمن ہیں ۔ آپ نے کہا کہ ملک کو باہر سے خطرہ نہیں ہے بلکہ خود ہندوستان کی ان طاقتوں سے خطرہ ہے جو ملک کے اندر مزدوروں میں بے چینی پیدا کرتی ہیں ۔ ان طاقتوں سے برسر اقتدار آنے کا مطلب یہ ہوگا کہ ہندوستان بھی اسی راستہ کو اختیار کرلے ۔ [illegible]

سوشلسٹ اور کانگریس

[illegible]

سوشلسٹوں کا مظاہرہ

[illegible]

حیدرآبادی کمیونسٹوں کی حرکتیں

[illegible]

جے پور میں قفل سازی کا کارخانہ

حیدرآباد ۸ مئی ۔ جے پور سے خبر ملی ہے کہ [illegible]

گپتی کی سزائے موت پر حکومت ہند کی طرف سے احتجاج

لندن ۸ مئی ۔ انڈین ہائی کمشنر متعینہ لندن مسٹر وی کے کرشنا مینن نے کل رات حکومت برطانیہ کے سامنے ملایا میں گپتی کو پھانسی دیئے جانے پر حکومت ہند کا احتجاج پیش کر دیا ۔ مسٹر گپتی کی عمر ۳۰ سال تھی اور وہ ملایان فیڈریشن کے سابق صدر تھے ۔

[illegible]

بمبئی میں عورتوں کا مظاہرہ

پہلی بار زنانہ پولیس کا استعمال

[illegible]

مسٹر رفیع احمد قدوائی نے جنرل پوسٹ آفس کا معائنہ کیا

[illegible]

مصری ایوان نمایندگان کے صدر کو ہلاک کرنے کی کوشش

[illegible]

انبالہ میں پلیگ کا زور

[illegible]

عنقریب ریلوں میں ایک لاکھ ملازموں کی ضرورت ہوگی

برما سے آئے ہوئے ریلوے ملازم ان جگہوں پر مقرر کئے جائینگے

نئی دہلی ۸ مئی ۔ ریلوں میں جب کام کے گھنٹوں اور چھٹی اور دیگر سہولتوں پر عمل درآمد شروع ہوگا ۔ تو ہندوستان کی ریلوں میں مزید ایک لاکھ ملازموں کی ضرورت محسوس ہوگی اس طرح جو جگہیں پیدا ہونگی ۔ خیال ہے کہ ان کو برما سے آئے ہوئے ہندوستانیوں سے پر کیا جائے گا ۔ [illegible]

نئی "سڑک اعظم" کی تیاری

نئی دہلی ۸ مئی ۔ [illegible] ایک نئی سڑک اعظم بنائی جائے گی ۔ حکومت نے اس منصوبہ کو منظور کرلیا ہے ۔ [illegible]

ماسکو ریڈیو اور ہندوستانی پروگرام

بالکل ختم کردیا گیا

لندن ۸ مئی ۔ [illegible]

پنڈت نہرو آج دوپہر تک دہلی پہونچ جائیں گے

قاہرہ میں پنڈت جی نے ڈاکٹر سید حسین کے مزار پر پھول چڑھائے

[illegible]

پنڈت جی امریکہ جائیں گے

پنڈت نہرو نے قاہرہ میں اخباری نمائندوں کو بتایا کہ صدر ٹرومین کی طرف سے امریکہ آنے کی دعوت موصول ہوئی ہے جسے انہوں نے منظور کر لیا ہے ۔ [illegible]

پنڈت نہرو ڈاکٹر سید حسین کے مزار پر

[illegible]

مسٹر قدوائی کلکتہ میں

بھیس بدل کر ڈاک خانہ پہنچ گئے

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان روم میں

روم ۸ مئی ۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کل لندن سے روم پہنچ گئے ۔ (رائٹر)

پاکستان سے دریائے سندھ بھی ہجرت کر جائے گا ؟

کراچی ۸ مئی ۔ پاکستانی ماہرین کی رائے ہے کہ بیس سال کے اندر دریائے سندھ بھی ہندوستان کو ہجرت کر سکتا ہے ۔ [illegible]

حیدرآباد کے مزدوروں کی ہڑتال

[illegible]

ٹریڈ یونین کی ورلڈ فیڈریشن

مسٹر گپتی کی پھانسی پر احتجاج

[illegible]

کشمیر کمیشن کو ہندوستان کی طرف سے جواب

ایڈمرل نمٹز ابھی کشمیر نہیں آرہے

نئی دہلی ۸ مئی ۔ کشمیر کمیشن کی ایک پیش رو جماعت جلد ہی سرینگر جاکر موسم گرما کے لئے اپنے صدر مقام کا انتظام کرے گی ۔ خیال ہے کہ کمیشن اس ماہ کے آخر سے قبل کمیشن مع اپنے عملہ کے سرینگر منتقل ہو جائے گا ۔ [illegible]

عرب مسلمانوں کی امداد کی اپیل

مفتی اعظم کے ذاتی نمائندوں کی تقریر

ڈھاکہ ۸ مئی ۔ مفتی اعظم کے ذاتی نمائندے [illegible] نے فلسطین میں عربوں کی حمایت کی اپیل کرتے ہوئے کہا [illegible]

برما میں ڈیکو پر تمام رات خوفناک جنگ

باغی مانڈلے پر جدید حملے کی تیاریاں کر رہے ہیں

[illegible]

اخبار اور پمفلٹ پر پابندی

ڈھاکہ ۸ مئی ۔ مشرقی بنگال کی حکومت نے مغربی بنگال کے ایک ہفتہ وار بنگالی اخبار کا داخلہ بند کردیا ہے [illegible]

عجیب الخلقت بچہ کی پیدائش

[illegible]

آسٹریلیا میں لومڑیوں کا قتل عام

[illegible]

تحقیقات کا مطالبہ

[illegible]

حیدرآباد میں غلہ کی کمی

[illegible]

RAHAT E ROOH
famous in the world
شربت راحت روح
HAMDAM DAWAKHANA, DELHI
ہمدم دواخانہ دہلی

حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہٗ
ودیگر علماء کا مصدقہ و پسندیدہ
روغن اکسیر دماغ
[illegible]
ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

روپیہ کمانے، آمدنی بڑھانے، نئے کاروبار کرنے کے لئے قیمتی مشورہ ۔ مفت منگائیں
روزگار آفس نئی دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ
۹ مئی ۱۹۴۹ء

کانگریس کا مستقبل

ایسے کچھ آثار ایسے نظر آرہے ہیں کہ شاید کانگریس اپنا اثر اور وقار کھو دے گی اور وہ عوام کی نظروں سے گر جائے گی ، کوئی جماعت حرکت اور پروگرام کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی اگر زندہ رہے گی تو اسے اعتراضات اور نکتہ چینیوں کا نشانہ بننا پڑے گا اور وہ قوم کی بارگاہ میں جوابدہ قرار پائے گی ، بلاشبہ آزادی سے پہلے کانگریس نے عظیم الشان کام انجام دیے وطن کے لئے قربانیاں دیں ، عوام میں سیاسی شعور پیدا کیا ، جابرانہ قوانین کے مقابلہ میں تن من دھن کی بازی لگائی اپنے مطالبات کے لئے ... جیلوں کو بھرا ، ہندو مسلم اتحاد کے لئے زمین ہموار کی اور تعمیری پروگرام کے تحت کانگریس کا پیغام گاؤں گاؤں اور گھر گھر پہونچایا لیکن آزادی ملنے کے بعد کانگریس بالکل سرد پڑ گئی اور اس نے ملک کو ہی نہیں اپنے آپ کو بھی بھلا دیا ، اب نہ وہ امنگیں ہیں نہ وہ حرکت و عمل ہے ، نہ وہ قربانی اور ایثار ہے اور نہ وہ پروگرام جو آزادی کے لئے زندہ جاوید کا حکم رکھتا ہے ، اگر اسکی وجہ یہ ہے کہ کانگریس کا کام ملک کو آزاد کرانا تھا ، جب یہ مقصد حاصل ہوگیا تو اس کی ضرورت بھی باقی نہیں رہی ، اس صورت میں کانگریس کو توڑ کر تعمیری پروگرام کی تکمیل کے لئے کوئی دوسری جماعت بنائی چاہیے ، تاکہ نوخیز نوجوان تازہ امنگوں اور خون کے ساتھ ملک کو آگے بڑھائیں اور حکومت کے دوش بدوش چلکر ملک کی آزادی کو توانائی بخشیں ، اگر کانگریس کی پوزیشن یہ ہے کہ نہ تو کچھ کرتی ہے اور نہ دوسروں کے لئے جگہ خالی کرتی ہے تو یہ بڑی دھینگا مشتی ہے اور اس کی یہ روش نہ صرف اس کیلئے مضر ہوگی بلکہ حکومت کے لئے بھی مہلک ثابت ہوگی اگر آئندہ کانگریس کو شکست ہوئی تو اس میں اس کے جمود اور تعطل کو بہت بڑا دخل ہوگا ،

یہ محسوس ہو رہا ہے کہ کانگریس ورکروں میں وہ خلوص اور ایثار باقی نہیں رہا ، جس کے لئے وہ ساری دنیا میں مشہور تھے ، حتی کہ ان کے دلوں میں گاندھی جی کی عزت بھی نہیں رہی ، آزادی سے پہلے ... گاندھی جی سب کچھ تھے لیکن آزادی کے بعد ان کی اہمیت کم کردی گئی اور فسادات کے دوران میں تو اچھے اچھے کانگریسی بھی پھسل گئے اور خود ہم نے ان کو یہ کہتے سنا کہ اب اس بڈھے کو دنیا سے رخصت ہو جانا چاہئے اور اب حال یہ ہے کہ کانگریسیوں کے دل گاندھی جی کی عقیدت و محبت سے تقریباً خالی ہو گئے ہیں اور صرف اس حد تک تعلق باقی رہ گیا ہے کہ وہ یہ مانتے ہیں کہ گاندھی جی نے ہندوستان کی توانائی میں گھن لگا گئے !

شاید گاندھی جی کی سنا ہوا ہے ہٹنے کا ہی یہ نتیجہ ہے کہ عوام کو کانگریس پر اعتماد نہیں رہا اور وہ روز بروز اس سے بدگمان ہوتے جا رہے ہیں اگر ملک میں کانگریس کے مقابلہ پر دوسری پارٹیاں موجود نہ ہوتیں تو کانگریس کی اس سرد مہری کو برداشت کرلیا جاتا ، لیکن صورت حال یہ ہے کہ یہاں ہر قسم کی پارٹیاں موجود ہیں اور ان میں سوشلسٹ پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی کو خاص امتیاز حاصل ہے ان پارٹیوں میں جوش ہے ، حرکت اور زندگی ہے ، ایثار اور قربانی ہے اور ان میں ملک کی خدمت کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے ، وہ کسانوں کے پاس جاتی ہیں ، مزدوروں میں جوش پیدا کرتی ہیں ، بھلے برے حالات میں عوام کا ساتھ نباہتی ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ان کی پیشانی فرقہ واریت ، تعصب اور جانبداری کے داغ سے بالکل پاک ہے وہ ہر گروہ کو ایک نظر سے دیکھتی ہیں اور ہر جماعت کے دکھ درد میں شریک ہوتی ہیں ، اب جن لوگوں کو نام نہیں بلکہ کام پسند ہے وہ کانگریس کی طرف سے مایوس ہیں اور دوسری پارٹیوں کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں ، اگر صورت حال یہی رہی اور کانگریس نے اپنی اصلاح نہ کی تو نتیجہ یہ ہوگا کہ دوسری پارٹیوں کو مرجعیت اور مقبولیت حاصل ہو جائے گی اور کانگریس کو کوئی منہ بھی نہ لگائے گا ، کانگریس کا خلوص اور محبت اور اس کی غیر جانبداری ہمیشہ بے داغ رہی ہے لیکن افسوس ہے کہ آزادی کے بعد وہ ان داغوں سے بچی دامن نہ بچا سکی اور لوگ اسے شک و شبہ کی نظروں سے دیکھنے لگے ہیں ۔

کانگریس میں جو سب سے بڑی خامی پیدا ہوئی ہے وہ اس کا فرقہ دارانہ رجحان ہے ، نہیں دس کو چھوڑ کر نوے کانگریسی ایسے ہیں جن کی دیانت پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ، اگر ان کی سیرت اور کردار کا معیار قائم رہتا تو ہم پورے وثوق کے ساتھ کہتے ہیں کہ ہندوستان موجودہ مشکلات سے کبھی کا نکل گیا ہوتا ، [illegible] کا خوفناک مرض پیدا ہوتا ، [illegible] پھوٹتی نہ تجارت اور کاروبار کو چور بازاری کا گھن لگتا ، نہ بیاہ نگر بیوں کے سب نے میں زیادہ دشواری پیش آتی اور نہ فرقہ واریت کو ابھرنے اور مشتعل کرنے کا موقع ملتا ، کانگریس وہ کام کرتی جو حکومت سے بھی نہ ہو سکتا ، اور جس کی تکمیل فوج اور پولیس سے بھی نہ ہوتی ، لیکن ملک ان خرابیوں میں مبتلا ہے کیونکہ کانگریس جس کے اقتدار کا تخت دلوں پر بچھا ہوا تھا خود خرابیوں کا شکار ہوگئی ہے اور بجز نام کے اس کے پاس کچھ نہیں رہا ہے !

بمبئی کے ضمنی انتخاب میں کانگریسی ، سوشلسٹ اور اچھوت امیدوار کھڑے ہوئے مقابلہ بھی زبردست ہوا مگر نتیجہ یہ نکلا کہ کانگریسی امیدوار کو سب سے کم ووٹ ملے ، اچھوت کو اس سے زیادہ ملے اور سوشلسٹ امیدوار کو سب سے زیادہ ملے اور وہ کامیاب ہوگیا ، کانگریسی امیدوار کی اس ناکامی سے اگر کانگریس کی آنکھیں نہیں کھلیں تو وہ اپنا انجام سوچ لے ، جماعتوں کا اقتدار چلتی پھرتی چھاؤں ہے ، عوام ہمیشہ ایک ہی ڈگر پر نہیں چلا کرتے اور پھر قیادت اور رہنمائی کا ٹھیکہ بھی کسی خاص جماعت کو نہیں ملتا ، اگر دوسرے کام کرنے والے میدان میں آگئے تو کانگریس کے ایام نوبہار ختم ہو جائیں گے ، اور تاریخ میں صرف اس کا نقش باقی رہ جائیگا

ہم نے کانگریس کی نسبت ان خیالات کا اظہار ہمدردی سے مجبور ہو کر کیا ہے ۔ ہم نہیں چاہتے کہ کانگریس میدان سے ہٹے اور اس کے کئے کرائے پر پانی پھر جائے نہ نہ اگر ہماری نکتہ چینی تخریبی تی تو ہم اس کے انحطاط پر خوش ہوتے اور خاموش رہ کر اس کا تماشہ دیکھتے ، ہمارا کانگریس کو تباہی سے بچانا ہے لیکن اس کا انحصار زیادہ تر کانگریس کے طرز عمل پر ہے وہ چاہے تو زندہ رہ سکتی ہے نہ چاہے تو فنا ہو سکتی ہے ، خدا کی اس کائنات میں فنا اور بقا دونوں کے لئے گنجائش ہے !

ایک میان ، دو تلواریں

مسٹر لیاقت علی خان وزیر اعظم پاکستان نے اسلامک کلچرل سوسائٹی لندن میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ تو پاکستان کی دستور ساز اسمبلی ہی کرے گی کہ پاکستان بدستور دولت مشترکہ میں شامل رہے یا ہندوستان کی طرح کوئی درمیانی راہ اختیار کرے یا پھر بالکل ہی علیحدہ ہو جائے ، گویا ایک طرف تو پاکستان نے خدا کی حاکمیت کو تسلیم کیا ہے اور حکومت کو خدا کے احکام کا امین قرار دیا ہے دوسری طرف دستور ساز اسمبلی کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ پاکستان کو دولت مشترکہ میں رکھنے کا فیصلہ کرے اور تاج برطانیہ کی بالادستی پر ایمان لائے ، فرض کیجئے ، دستور ساز اسمبلی نے یہ فیصلہ کیا کہ پاکستان کو تاج برطانیہ کے ماتحت رہنا چاہیے تو یہ دو تلواریں ایک میان میں کس طرح سما سکیں گی ! ایک طرف خدا کی حاکمیت ہے دوسری طرف شاہ برطانیہ کی بالادستی ہے ، اگر خدا کی حاکمیت پر شاہ برطانیہ کی بالادستی تسلیم کی گئی تو معاذ اللہ شاہ انگلستان سب سے بڑے خدا قرار پا جائیں گے ، کہاں خدا کی حاکمیت اور کہاں تاج برطانیہ کی بالادستی معلوم نہیں خدا کی حاکمیت کو اس قدر کمزور کیوں سمجھ لیا گیا ہے کہ اسے سہارا دینے کے لئے تاج برطانیہ کی ضرورت پیش آئے اور خدا کی حاکمیت شاہ انگلستان کے اقتدار کا ضمیمہ بن کر رہ جائے ، امید ہے کہ پاکستان کی دستور ساز اسمبلی اس تضاد کا کوئی حل ضرور ڈھونڈے گی اور اس گستاخی کی مرتکب نہ ہوگی کہ خدا کی حاکمیت شاہ انگلستان کی لونڈی بنا دے اور اسلامی اسٹیٹ کو ڈاؤننگ اسٹریٹ کے تاروں پر رقص کرنے کے لئے چھوڑ دے !

قابل فخر کارنامہ

مسٹر لیاقت علی خاں نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا کہ ملک کی تقسیم کے بعد ۷۰ لاکھ مہاجرین پاکستان پہونچے مگر انہیں بہت جلد بسا دیا گیا اور اب کوئی ایک مہاجر بھی ایسا نہیں ہے جو مہاجرین کیمپ میں موجود ہو ، نیز پاکستان مالی اور اقتصادی لحاظ سے ہندوستان اور اس کے پڑوسی ممالک کی نسبت بہتر حالت میں ہے ، مہاجرین کی دوبارہ بحالی میں اگر پاکستان کو کامیابی حاصل ہوئی ہے تو اس میں اسکو کوئی کمال نہیں اسکی وجہ تو مسلمانوں کی وہ اخوت اور مساوات ہے جس نے تاریخ عالم میں حیرت انگیز کارنامے انجام دیئے ہیں ، ہندوستان میں مہاجرین کے سلسلہ میں جو کچھ حکومت ہی کو کرنا پڑا کیونکہ ہندوؤں میں عام طور پر مساوات اور بھائی چارہ کا وہ تصور نہیں ہے جو مسلمانوں میں ہے ، یہاں حکومت کو بے شمار دقتیں پیش آئیں جن پر اسے قابو حاصل کرنا پڑا ، پاکستان کو ایسی کوئی دقت پیش نہیں آئی کیونکہ مہاجرین کی مشکلات کو حل کرنے میں اسلامی مساوات نے بہت بڑی مدد دی ، رہا اقتصادی اعتبار سے پاکستان کا استحکام سو اس کے متعلق ہم اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ انگریزوں کی موجودگی میں کے مالی دشواریوں کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا

اودے پور ۷ مئی ۔ اودے پور کی گنگور سوسائٹی ۱۰ مئی سے ایک ہفتہ تک ٹیگور کی پیدائش کا جشن منائے گی ۔ اس موقعہ پر ہندوستانی دیہاتی اسکول کی ایک نمائش منعقد کی جائے گی ۔ (پ ۔ ا)

اچھی باتیں !

(الفجر ۔ تا ۔ مبین ۔ رکوع ۱۳ ع ۱۷)

جس شخص کے سینہ کو خدائے تعالیٰ اسلام کے لئے کھولدے (اسکی خوش بختی کا کیا کہنا) وہ اپنے رب کی روشنی میں آجاتا ہے ، پس افسوس ہے ان سنگدلوں پر جو خدا کے ذکر سے غافل ہیں ، اور یہی لوگ کھلی گمراہی میں مبتلا ہیں ۔

اسلام خدا کی بہت بڑی نعمت ہے جس شخص کا سینہ اسلام کے لئے کھل جائے سمجھو اسے سب کچھ مل گیا وہ گویا اپنے پروردگار کی روشنی میں آگیا اور اس پر نیکی بدی خیر و شر اور روحانیت کے اسرار منکشف ہوگئے ، اب جو لوگ خدا کے ذکر سے غافل رہتے ہیں وہ بہت ہی سنگدل ہیں جو دل خدا کی یاد سے محروم ہوں اور جنہیں روحانیت کا ایک قطرہ بھی میسر نہ ہوا ہو ان سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہو سکتا ہے ؟ اسلام کی نعمت سے وہی شخص فائدہ اٹھانے کا حق رکھتا ہے جس کو انشراح حاصل ہوگیا ہو ، اور جس کی صالح فطرت بیدار ہو گئی ہو ۔

ایشیائی اور افریقی ممالک کے ساتھ تہذیبی تعلقات کی ترقی کیلئے اقدام

ہندی یونیورسٹیوں میں غیر ملکی طلباء کو تعلیم کے لئے وظیفہ دینے کا اعلان

نئی دہلی ۸ مئی ۔ وزارت تعلیم کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ حکومت ہند نے ایشیا اور افریقہ کے ممالک کو ہندوستان کی موجودہ تعلیمی آسانیاں بہم پہونچانے کی غرض سے ان ممالک کے ساتھ رفاقت اور تہذیبی مفاہمت بڑھانے کے پیش نظر غیر ہندوستانی طلباء کو جو ایسا کرنا چاہیں ۳۰ وظیفے دینا تجویز کیا ۔

مختلف ممالک کے طلباء کے درمیان وظیفوں کی تقسیم حسب ذیل ہوگی ۔ [illegible]

پاکستان میں ایرانی سفیر

مسٹر علی ناصر کا تقرر

کراچی ۸ مئی ۔ نئے ایرانی سفیر برائے پاکستان مسٹر علی ناصر نے اب اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے ۔ وہ پہلے چین میں ایرانی سفیر تھے اور ایرانی کابینہ کے رکن بھی رہ چکے ہیں ۔ [illegible]

وادی لداخ کے بودھ

[illegible]

حیدرآباد میں یوپی کی پولس

[illegible]

پاکستان کے ایک انگریز افسر کا مقدمہ

[illegible]

شنگھائی میں بیس اشخاص کو سزائے موت

[illegible]

یوپی میں جمعیۃ علماء کا پروگرام

قصبات کیلئے مبلغین کی ضرورت

[illegible]

جمعیۃ الاطفال میرٹھ کا پروگرام

[illegible]

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

ریاست اسرائیل کی پہلی سالگرہ

[illegible]

یہودی پناہ گزین

[illegible]

مغربی یونین کے بحری بیڑے کی مشق

آٹھ دن تک جاری رہے گی

[illegible]

شکوہ آباد میں تبلیغی اجتماع

[illegible]

مدراس کے لئے زیادہ دودھ

حکومت ایک منصوبہ پر غور کررہی ہے

[illegible]

کاؤنٹ برناڈوٹ کے قاتل نہیں ملے

اسرائیل کی حکومت سویڈن سے معذرت

[illegible]

سوراشٹر کچھ اور بڑودہ کے علاقوں میں مویشیوں کے چارہ کی کمی ہو رہی ہے

[illegible]

پاکستان اور چین کیلئے اسلحہ لیجانیوالا جہاز

کسی نے عمداً آگ لگا دی

[illegible]

مراسلات

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں)

بورڈ آف انڈین میڈیسن کی توجہ کیلئے

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم۔

طلباء اور دیسی طب کے لئے جو قواعد و ضوابط پہلے وضع کئے گئے تھے ان کی پابندی کرتے ہوئے بہت سی درخواستیں بورڈ آف انڈین میڈیسن کو مختلف اضلاع سے بغرض رجسٹری گذشتہ ایام میں بھیجی گئیں۔ اس وقت تک رجسٹریشن قواعد و ضوابط کی رو سے نہیں ہوا تھا۔ [illegible]

[redacted]

[illegible]

(حکیم محمد ... فتح پوری)

محکمہ راشن اور اسپتال

کرمی۔ تسلیم

یہاں پر محکمہ راشن جو اسپتال کر رہا ہے [illegible]

پی پاڑسی علاقہ جودھپور میں جمعیۃ علماء کا قیام

مسلمانان پی پاڑسی علاقہ جودھپور کا ایک جلسہ عام زیر صدارت مولانا ابوالخیر عبدالصمد صاحب ... منعقد ہوا جس میں ... جمعیۃ علماء پی پاڑسی کا قیام عمل میں آیا اور عہدیداران و ممبران مجلس عاملہ و مجلس منتظمہ کا انتخاب بالاتفاق ہوا۔ [illegible]

حاجی محمد عمر صاحب صدر۔ مولوی علاؤالدین صاحب ناظم ... [illegible] مجلس منتظمہ کے لئے منتخب ہوئے۔

سہارنپور کے ایک گاؤں میں مسلح ڈاکہ

[redacted]

چلکانہ میں رات بارہ بجے کے قریب ایک ہولناک ڈاکہ زنی کی واردات ہوئی ... ڈاکو چودھری قطب الدین کے مکان میں داخل ہوگئے ... [illegible]

ضلع بدایوں کی طبی کانفرنس

[illegible]

حکیم افضل احمد ... منزل سکریٹری انجمن طبیہ ضلع بدایوں سکریٹری استقبالیہ کمیٹی۔

[illegible]

سوئٹزرلینڈ میں پنڈت نہرو کی پریس کانفرنس

برن ۔ ۳ مئی ۔ پنڈت نہرو نے یہاں جو پریس کانفرنس دی اسکا کچھ حصہ کل اخبار میں دیا جاچکا ہے ۔ پنڈت نے ہندوستان کی خواہش پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہندوستان کی یہ زبردست خواہش ہے کہ دنیا کے امن کے لئے کچھ کرے ۔ گذشتہ تیس سال میں ہندوستان نے مہاتما گاندھی کی نصیحت پر عمل کیا ہے کہ برطانیہ کے خلاف جدوجہد آزادی میں بھی ہم نے پرامن طریقہ اختیار کیا لہٰذا ہندوستان کا تمام پس منظر ہماری کمزوریوں اور خامیوں کے باوجود امن پر مبنی ہے ۔ جب ہم دنیا میں ایک زبردست تصادم یا جنگ کا تصور کرتے ہیں جس سے کہ ہماری اور دنیا کی ترقی عرصہ دراز کے لئے مفقود ہو جائیگی تو ہم کانپ اٹھتے ہیں ۔

یورپ میں زبردست مادی ترقی اور سائنس کی ایجادات ہوئی ہیں اور یورپ ہی زبردست جنگوں کا میدان بھی بنا ہے ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ یہ دونوں چیزیں [redacted] [illegible] دنیا کی سیاست میں اہم کردار ادا کر رہے ۔ [illegible]

ایشیا کا دور جدید

آپ نے کہا کہ لیکن کچھ اہم چیزیں پیش آ رہی ہیں ... [illegible]

افریقہ کا پارٹ

دوسرے نمبر پر اگرچہ اس وقت اس قدر نمایاں نہیں ہے لیکن بہت اہم ہے وہ افریقہ کی صورت حال ہے ۔ ہوسکتا ہے کہ اس کے بڑھنے میں کچھ عرصہ لگ جائے ۔ لیکن اس بات میں قطعاً شبہ نہیں ہوسکتا کہ افریقہ کو بھی بہت سے طریق پر دنیا کے معاملات پر اثر انداز ہونا ہے

افریقہ میں ایک مسئلہ استعماریت اور غیر ملکی لوٹ کھسوٹ کا ہے اور دوسرا نسلی ہے ۔ نسلی امتیازات خواہ کچھ ہی نوائد اور مضرات ہوں اس سلسلہ میں کچھ ہی دلائل اور نظریات ہوں مگر ایک چیز صاف ہے کہ جب تک یہ مسئلہ اطمینان بخش طریقہ پر حل نہیں ہوجاتا ہمیں تصادموں اور گڑبڑوں کا سامنا ہوتا رہے گا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اگر ہم عقل مند ہیں اور اگر افریقہ اور دوسری جگہوں پر امن ہے تو ہمیں ان سے پرہیز کرنا چاہئے ۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان میں ہم دو اصولوں پر عمل کرتے رہے ہیں ، اول یہ کہ ہر ملک آزاد ہو کوئی استعماری لوٹ کھسوٹ نہ ہو اور یہ آزاد ممالک عالمی مفاد کی خاطر اشتراک و تعاون کریں ۔

ہمیں اس بات پر بھی یقین ہے کہ دنیا کے مسائل کا اس وقت تک کوئی حل نہیں نکل سکتا جب تک پائیدار قسم کا بین الاقوامی تعاون نہ ہو ۔ ہمارا دوسرا عقیدہ یہ ہے [redacted] [illegible]

مذہبی آزادی

[illegible]

اگرچہ اکثریت ہندوؤں کی ہے لیکن ہم کسی ایک مذہب کو کوئی خاص رعایت نہیں دیتے ۔ [illegible]

پریس کانفرنس کے بعد وہ سرکس پارلیمنٹ گئے ۔ جہاں ہندوستان سوئس دوستانہ معاہدہ کی توثیق کی ۔ [illegible]

بیسویں صدی کا طبی شاہکار

دُرِّ یکتا جلد سوم

کو ہندو پاکستان کے جلیل القدر اطبائے کرام نے متفقہ طور پر بیسویں صدی کا طبی شاہکار قرار دیا ہے ۔ [illegible]

[illegible]

ملنے کا پتہ ۔ مینیجر دواخانہ آفتاب زندگی لبدا لبید حیدرآباد سندھ (پاکستان)

اُردو کا مقبول عام نیم ماہی مصوّر رسالہ

آج کل

دہلی سے ہر مہینے کی پہلی اور پندرھویں تاریخ کو شائع ہوتا ہے

آج کل کو ہندوستان کے بہترین لکھنے والوں کی قلمی اعانت کا فخر حاصل ہے ۔ بلحاظ حسن کتابت و طباعت تنوع مضامین ادبیت و افادیت آجکل ہندوستان کے بہترین رسالوں میں شمار کیا جاتا ہے ۔ رنگین سرورق اور تصویریں اس کی ظاہری زیب و زینت میں اور اضافہ کرتی ہیں ۔

آج کل ہندوستان کے دور آزادی میں نئی امنگوں اور نئے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے ۔ اس میں ہندوستانی کلچر کے متعلق مفید مقالے شائع کئے جاتے ہیں ۔ اچھے تُلے اور سلجھے ہوئے ادب کے نمونے پیش کئے جاتے ہیں ۔ سالنامہ جو ہر سال اگست میں شائع ہوا کرے گا خریداروں کو چندے ہی میں دیا جاتا ہے ۔ سالانہ چندہ نو روپے

پبلیکیشنز ڈویژن اولڈ سکریٹریٹ دہلی پوسٹ بکس ۲۰۱۱

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۱۹ اپریل ۴۹ء کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے ۔

(۱۱)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	کونسا حصہ کسٹوڈین کو حاصل ہے	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	کونسا حصہ
۹۲۴۲	۳۶۴	گلی سرس والی	دونوں	۹۲۸۱	۱۳۳۱		ملکیت
۹۲۴۷	۳۶۵	〃	〃	۹۲۸۲	۱۳۳۶	لال کنواں	دونوں
۹۲۴۸	۳۶۶	〃	〃	۹۲۸۳	۱۳۹۵	بھٹی کا کوان	[illegible]
۹۲۴۹	۳۶۷	〃	کوٹھری	۹۲۸۴	۱۳۹۸	〃	دونوں
۹۲۵۰	۳۶۸	〃	دونوں	۹۲۸۵	۱۳۹۹	〃	〃
۹۲۵۱	۳۶۹	〃	〃	۹۲۸۶	۱۵۳۲	کٹڑہ راجان	〃
۹۲۵۲	۳۸۰-۳۸۱	〃	〃	۹۲۸۷	۱۶۲۲	گلی بہرام بیگ	〃
۹۲۵۳	۶۸۰-۸۳	کوچہ حسین مرزا	〃	۹۲۸۸	۱۶۸۰	شاہ گنج	کوٹھری
۹۲۵۴	۶۸۴-۸۵	〃	〃	۹۲۸۹	۱۶۸۲	〃	〃
۹۲۵۵	[illegible]	[illegible]	〃	۹۲۹۰	۱۶۸۳	〃	دونوں
۹۲۵۶	۹۶۱	〃	〃	۹۲۹۱	۱۶۸۴	〃	[illegible]
۹۲۵۷	۱۰۲۸-۱۰۲۵	گلی بہرام بیگ	〃	۹۲۹۲	۱۶۹۲	کوچہ پنڈت	دونوں
۹۲۵۸	۱۰۹۱	قراش خانہ	〃	۹۲۹۳	۱۶۹۸	〃	〃
۹۲۵۹	۱۱۱۰	〃	کوٹھری	۹۲۹۴	۱۹۰۰	〃	〃
۹۲۶۰	۱۲۹۳	گلی بہرام بیگ	دونوں	۹۲۹۵	۱۹۰۹	〃	〃
۹۲۶۱	۱۲۹۴	〃	کوٹھری	۹۲۹۶	۱۹۱۸	〃	〃
۹۲۶۲	۱۳۰۲/۱۲۹۵	〃	〃	۹۲۹۷	۱۹۱۹	〃	〃
۹۲۶۳	۱۳۰۵	〃	〃	۹۲۹۸	۱۹۲۰	〃	〃
۹۲۶۴	۱۳۱۲	کٹڑہ خوشحال خاں	دونوں	۹۲۹۹	۱۹۲۱	〃	〃
۹۲۶۵	۱۳۱۳	〃	〃	۹۳۰۰	۱۹۲۲	〃	〃
۹۲۶۶	۱۳۱۴	〃	کوٹھری	۹۳۰۱	۱۹۶۴	〃	〃
۹۲۶۷	۱۳۱۸-۱۹	〃	〃	۹۳۰۲	۱۹۸۴	〃	〃
۹۲۶۸	۱۳۲۱/۲۲	〃	〃	۹۳۰۳	۱۹۹۵	〃	کوٹھری
۹۲۶۹	۱۳۲۸	〃	دونوں	۹۳۰۴	۲۰۰۶	〃	〃
۹۲۷۰	۱۳۳۰۸	〃	〃	۹۳۰۵	۲۰۱۵	〃	[illegible]
				۹۳۰۶	۲۰۱۶	〃	دونوں
				۹۳۰۷	۲۰۱۸	〃	〃
				۹۳۰۸	۲۰۲۵	〃	کوٹھری
				۹۳۰۹	۲۰۲۷	〃	〃
				۹۳۱۰	۲۰۳۰۸	〃	〃
				۹۳۱۱	۲۰۳۲	〃	دونوں

کتابت یا طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں (باقی)

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازراں کمپنی)

خاص حج سروس

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ امسال رمضان المبارک سے پہلے زائرین بیت اللہ کیلئے جہازوں کی روانگی کا خاص انتظام کیا گیا ہے ۔

رمضان کے بعد جہازوں میں جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جو مایوسی ہوتی ہے اسکے پیش نظر عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل جہازوں کی روانگی سے فائدہ اٹھائیں ان جہازوں میں جگہ بھی کافی ہے اور ان کا کرایہ بھی رمضان کے بعد جانیوالے جہازوں سے کم ہے ۔ جو حضرات ان سے سفر کرنا چاہتے ہوں وہ جہاز کی روانگی کی تاریخ سے کم از کم دو روز قبل بمبئی ضرور پہونچ جائیں ۔

ایس ۔ ایس ۔ اکبر ——— وزن ۴۲۴۰ ٹن

بمبئی سے ۱۸ مئی کو روانہ ہوگا

مزید برآں اُمید ہے کہ ۔

ایس ۔ ایس رضوانی ——— وزن ۵۴۴۸ ٹن

بمبئی سے ۱۰ جون ۱۹۴۹ء کے قریب روانہ ہوگا

قبل رمضان جہازوں کا رعایتی کرایہ (خوراک کے ساتھ)

بمبئی / جدہ واپسی

درجہ اول ——— ۱۱۰۵ روپے

عرشہ ڈیک ——— ۳۷۳ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس جدہ کے محاصل صفائی اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں ہے ۔ جن کی مجموعی رقم ۷۴ روپے ۲ آنے ہوتی ہے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بینک اسٹریٹ بمبئی

دار السلطنت

۶ مئی ۴۹ء

جواری گرفتار

پہاڑ گنج میں شاہراہ عام پر جوا کھیلنے کے جرم میں پولیس نے پانچ اشخاص گرفتار کئے ہیں ۔

ایک جیب کترا جسے سبزی منڈی میں ایک شخص کی جیب سے فاؤنٹن پن اڑایا تھا ۔ عین موقع پر پکڑا گیا اور حوالہ پولیس کیا گیا ۔

بیلا روڈ پر چوری

اطلاع ملی ہے کہ بیلا روڈ پر ایک شخص کے مکان میں چور گھس گئے اور بہت سا قیمتی سامان لے گئے ۔

وارڈ نمبر ۵ کے ایک کانگریسی کارکن نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ دو آدمی اسے اس کے دفتر سے لے گئے اور اس کو مارا پیٹا اور زخمی کر دیا ۔

چھ ماہ قید کی سزا

مولا بستی قرول باغ کے ایک شخص لکشمی نرائن کو مسٹر کشن چند اسپیشل مجسٹریٹ نے چھ ماہ قید سخت کی سزا دی ۔ [illegible]

ایک لڑکی غائب ہوگئی

آنند پربت قرول باغ میں اپنے باپ کے گھر سے ایک ۱۳ سالہ لڑکی غائب ہوگئی ہے ۔ اس بات کا خطرہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ کسی نے اس کو اغوا نہ کرلیا ہو ۔ (الکاف)

دھوکہ دہی کی واردات

ایک شخص نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ سبزی منڈی کے ایک شخص نے اس سے ۲۰۰ روپے اس شرط پر لئے کہ اسکو حالیہ جا رہی ہے ۲۰ سائیکلیں منگوا دے گا ۔ لیکن اس نے اب تک روپیہ واپس کے بغیر [illegible] سائیکلیں منگوا کر دی ہیں ۔

بچہ زخمی ہوگیا

شاہدرہ کے نزدیک سڑک پار کرتے ہوئے ایک کمسن بچہ ایک ٹرک کے نیچے آکر سخت مجروح ہوا ۔ بچہ کو شاہدرہ کے اسپتال میں پہونچا دیا گیا ۔

ایک دوسرا حادثہ جھنڈے والے روڈ پر پیش آیا جہاں ایک بڑھیا ایک ٹھیلے کے نیچے آکر سخت زخمی ہوگئی ۔ ٹھیلہ والا پولیس کے حوالہ کیا گیا ۔

کناٹ پلیس میں ایک موٹر اور تانگہ کی ٹکر ہوگئی ۔ تانگہ شکستہ ہوگیا اور تانگہ والا سخت زخمی ہوا ۔

گول پوسٹ آفس کے قریب سے کل دوپہر کو ایک سائیکل چوری ہوگئی ۔ [illegible]

[illegible]

گمشدہ لڑکی کی تلاش

ایک لڑکی جس کا نام جہاں آرا عمر ۹ سال رنگ گورا سفید ململ کا کرتہ پہنے ہوئے ہے ۔ کانوں میں بالیوں کا تار ہے ۔ ناک چھدی ہے ۔ کل دوپہر سے غائب ہے جن صاحب کو ملے براہ کرم ذیل کے پتوں پر مطلع کریں ۔

مکان کا پتہ ۔ عبدالستار ۔ بیری والا باغ ۔ دہلی

دوکان کا پتہ ۔ اسپیشل ہیر کٹنگ سیلون باڑہ ہندوراؤ

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوش خط تحریر کیجئے اور ہمیشہ نمبر کا حوالہ دیجئے ۔



روح افزا
گرمی کے موسم کی ہر تکلیف اور مرض کو دبانے کے لئے
Hamdard

اگریکلچرل کونسل کا کنووکیشن

وزیر خوراک کی اپیل

نئی دہلی ۶ مئی ۔ پرسوں شام زرعی تحقیق کی انڈین کونسل کے اعداد و شمار کے ٹریننگ کورسوں کے دوسرے سالانہ کانووکیشن میں طلباء کو ڈپلومے دیتے ہوئے ہندسرکار کے وزیر خوراک و زراعت آنریبل مسٹر جے رام داس دولت رام نے کہا کہ آزاد ہندکی حکومت نے سب سے بڑی ذمہ داری قبول کی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ۱۹۵۱ء تک ہندوستان کو غیر ملکی غذا کی غلامی سے نجات دلائی جائے ۔ [illegible]

نائب صدر کی رپورٹ پڑھے جانے اور دوسری ضروری کاروائی کی انجام دہی کے بعد وزیر خوراک نے کامیاب طلباء کو سرٹیفکیٹ و ڈپلومے اور انعامات تقسیم کئے ۔

پوسٹ مین کو پیٹ دیا

شاہجہاں روڈ پر ایک پوسٹ مین جب لیٹر بکس سے ڈاک نکالنے گیا تو ایک شخص نے اس سے کچھ خط مانگے ۔ پوسٹ مین کے انکار کرنے پر اسے مارا لیکن اس کا تعاقب کرکے اسے پکڑ لیا گیا اور حوالہ پولیس کر دیا گیا ۔ (ان ک)

کوٹ چھوڑ کر بھاگ گیا

نئی دہلی کی ایک مکان میں چور داخل ہوئے اور کچھ سامان چرا کر فرار ہونے کی کوشش کی لیکن لوگ جاگ اٹھے اور ان کا پیچھا کیا ۔ لیکن چور نے زور لگایا اور چھوٹ کر بھاگ گیا ۔ البتہ اس کا کوٹ جسے وہ پہنے ہوئے تھا رہ گیا ۔ (ان ک)

نیوز پیپرس ڈیلرس کانفرنس

بنگلور ۔ ۶ مئی ۔ آل انڈیا نیوز پیپر ڈیلرس کانفرنس ۱۸ مئی کو بنگلور میں منعقد ہوگی ۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ تمام انتظامات کر لئے گئے ہیں ۔ [illegible] (د ۔ پ)

[illegible] (د ۔ پ)

ایک ہاتھی کی شرارت

جونا گڑھ ۶ مئی ۔ صوبہ کیپ کے کاؤنٹی اسپتال میں ایک ہاتھی گھس پڑا جس کی وجہ سے تمام مریض گھبرا گئے ۔ ہاتھی نے مینوں اور چارپائیوں پر پڑے ہوئے کھل کھانے شروع کر دیئے ۔ اسپتال کی نرس نے پولیس کو فون کیا اور ہاتھی کو دوبارہ باہر کس والوں کے پاس پہونچا دیا گیا جہاں سے وہ بھاگ آیا تھا ۔ لیکن [illegible] (ا ۔ گ ۔ پ)

سانپوں کی زبردست تباہی

[illegible] (ا ۔ پ)

کلیمی انجن نین سُدھار

امراض چشم

[illegible]

محمد حسین مقبول حسین کمپنی کلیمی انجن نین

سدا گو کا چھاپ محلہ شاہانہ ہاپوڑ یوپی

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ۲۲ روپے ۴ آنے سے ۲۵ روپے چنے ۱۳ روپے جو ۱۳ روپے مکی ۱۳ روپے باجرہ ۱۸ روپے جوار ۱۰ روپے ۱۲ آنے سرسوں ۱۳ روپے ۱۲ آنے [illegible] ۱۳ روپے ۸ آنے ... [illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

چولکر گندم ۱۸ روپے سے ۱۹ روپے سرسوں ۲۹ روپے ... [illegible]

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گولہ ۔ ۴۷ روپے ۔ تیل ارنڈی ۔ ۱۲۰ ۔ ۱۵ ۔ [illegible]

دہلی منیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ ۱۱۶ روپے ۴ آنے سونا ... [illegible] چاندی ۱۶۲ روپے ۱۲ آنے ۔

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہرہ دون میں کانگریس کمیٹی کا جلسہ

عظیم الشان تیاریاں شروع ہوگئیں

دہرہ دون ۶ مئی ۔ یہاں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے آئندہ اجلاس کے لئے زور شور سے تیاریاں کی جا رہی ہیں ۔ استقبالیہ کمیٹی نے جس کے صدر مسٹر مہاویر تیاگی ہیں وسیع انتظامات کرنے کے لئے بہت سی کمیٹیاں مقرر کر دی ہیں ۔ اجلاس ۲۱ اور ۲۲ مئی کو فارسٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ ... [illegible]

گوڈسے سرکاری بیان میں تضاد بتانے لگا

شناخت کے طریقہ پر اعتراض

نئی دہلی ۶ مئی ۔ آج مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں ناتھو رام گوڈسے نے اپیل کے سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری گواہ کے بیان میں تضاد ہے ۔ اس بیان کی کہیں تائید نہیں ہوتی کہ ۱۵ جنوری کو آپٹے نے ایک تھیلا جس میں گن کاٹن کے دو ٹکڑے اور پانچ دستی بم تھے کرکرے کو دیا اور کہا کہ اس تھیلے کو لے کر مدن لال کے ہمراہ دہلی روانہ ہو جائے ۔ [illegible]

[illegible]

گوڈسے نے شناخت کے طریقہ پر اعتراض کیا ۔ [illegible]

سندھ میں عام تخفیف کی اسکیم

دس فی صدی کی کمی کی سفارش

کراچی ۔ ۶ مئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت سندھ کے تجارتی منیجر مسٹر ہال نے یہ تجویز کی ہے کہ حکومت سندھ کو اپنے مصارف میں دس فی صدی کی عام کمی کر دینی چاہئے ۔ [illegible]

ایک کو ایک کا بھائی کہا جا سکتا ہے!

زنجبار کی عدالت میں عجیب مقدمہ

[illegible]

فنون لطیفہ کے لئے

میسور میں قومی اکیڈمی

[illegible]

جہانو ضلع بجنور میں اجلاس جمعیت

[illegible]

پاکستانی ہائی کمشنر برلن میں

[illegible]

کشمیر کی تقسیم اور حکومت پاکستان

راولپنڈی ۶ مئی ۔ بیان کے سیاسی اور سرکاری حلقوں میں لاہور کے ایک انگریزی روزنامہ سول اینڈ ملٹری گزٹ میں شائع شدہ اس اطلاع پر بڑی ناراضگی اور تعجب کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے وزرائے اعظم کے درمیان انگلینڈ میں کشمیر کے مستقبل کے بارے میں ایک سمجھوتہ ہوگیا ہے اور یہ کہ جنگ بندی کی موجودہ لائن کی بنا پر تقسیم کی کوشش کی جائے گی ۔

پاکستان کی وزارت امور کشمیر کے جاری کردہ ایک پریس کمیونکیشن میں اس اطلاع کو نہ صرف غلط بلکہ شرارت پسندانہ قرار دیا گیا ہے ۔

[illegible]

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیئے

ترجمان السنۃ جلد اول

[illegible]

فہم قرآن

[illegible]

غلامان اسلام

[illegible]

حیات شیخ الاسلام

[illegible]

علماء حق

[illegible]

باغی ہندوستان

[illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق

مکاتیب شیخ الاسلام

[illegible]

کاروان خیال

[illegible]

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل

[illegible]

ہمارے پیغمبر

[illegible]

اسلامی تعلیمات کا مرقع

[illegible]

جمعیۃ علماء کیا ہے؟

[illegible]

ضروری اطلاع

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو ۔ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6941

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی بدھ مورخہ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۱ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۰۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ڈیزل آئل انجن

۴۰ ہورس پاور
۳۵ ہورس پاور
۲۷ ہورس پاور
۸ ہورس پاور
۴ ہورس پاور

حاضر مال دہلی گودام سے فون نمبر ۱۳۸
کے جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۴ سکول لین نیو دہلی

اقوام متحدہ کے مشاہد کی راولپنڈی سے سری نگر میں آمد

سری نگر ۹ مئی۔ لفٹننٹ جنرل مورس جو اقوام متحدہ کے مشیر ہیں یہاں تین روز کے دورہ پر کل راولپنڈی سے یہاں پہنچے اور بریگیڈیر ڈیمین سے ملاقات کی۔ بریگیڈیر ڈیمین ہندوستانی خط متارکہ پر اقوام متحدہ کے مشاہدین کے افسر اعلیٰ ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ جنرل مورس کشمیر میں ہندوستانی فوجوں کے کمانڈنگ افسر جنرل تھمیّا سے ملاقات کریں گے۔ اور ان سے التوائے جنگ سے متعلق عام صورت حالات کے بارے میں تبادلۂ خیالات کریں گے۔ (اپ)

کمیونسٹوں نے شنگھائی اور ہانگچو ریلوے لائن کے چھ اہم شہروں پر قبضہ کرلیا

شہر کی حفاظت کیلئے زبردست تیاریاں چین کی سب سے بڑی جنگ کی توقع

شنگھائی کا سقوط اب صرف چند گھنٹوں کی بات ہے

شنگھائی ۱۰ مئی۔ شنگھائی گیریسن کے گذشتہ رات کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ نیانی چنگ (TA, CHONG) کے اہم مقام پر کمیونسٹ فوجوں سے شدید لڑائی جاری ہے۔ یہ مقام سب سے زیادہ اہم ہے۔

افغانستان کے کئی شہروں میں پاکستان کے رویہ کیخلاف مزید مظاہرے

قبائلی علاقہ کے پٹھانوں کی آزادی کیلئے ہر قسم کی قربانی کرنیکا عزم

شنواری باشندوں کی طرف سے عملی اقدامات کی اجازت کی درخواست

بمبئی میں جمعیۃ علماء ہند کے زیر اہتمام عظیم الشان کانفرنس

شیخ الاسلام اور دوسرے اکابر شرکت فرمائینگے

کانپور میں یوم ۔۔۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن شرکت کرینگے

چین اور برما کی سرحد پر شدید فوجی نگرانی

کمیونسٹوں کی چین کی فتوحات کے پیش نظر احتیاطی تدابیر

حیدرآباد میں ایک نئے ضلعے کی تشکیل

سابق اطالوی مقبوضات کا مستقبل

عربوں کی نئی تجاویز

مال گاڑی پٹری سے اتر گئی

[illegible] اور دوسرے مزدور لیڈروں کی [illegible] میں احتجاج

حکومت ہند سے خارجہ پالیسی پر نظرثانی کرنے کا مطالبہ

سکھ پٹیل ملاقات

سکھوں کے مطالبہ کا معاملہ

ناگپور میں یوم شہید گنیتی

غیر مذہبی جمہوری حکومت میں فرقہ واریت کی کوئی گنجائش نہیں

کمایوں پولیٹیکل کانفرنس میں پنڈت پنت کی تقریر

(باقی صفحہ ۴ پر)

ESTD 1925 Daily Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi-9-5-49
PHONE 58

دولت مشترکہ میں پاکستان کے درجہ اور خارجہ پالیسی پر نکتہ چینی

مولانا شبیر احمد عثمانی اس کو برطانیہ کا حقارت آمیز سلوک سمجھتے ہیں

کراچی ۸ مئی (اپ) پاکستان مجلس دستور ساز کے رکن اور جمعیت علمائے اسلام کے صدر مولانا شبیر احمد عثمانی نے پاکستان کی خارجہ پالیسی پر نکتہ چینی کرتے ہوئے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس نے ہمیں برطانیہ کے خیمہ برداروں کی صف میں کھڑا کر دیا ہے۔

برطانوی دارالعوام میں نسلی امتیاز پر بحث مباحثہ

لیبر ممبران کی جانب سے جنوبی افریقہ کے رویہ کی مذمت

لندن ۸ مئی (پ ٹ) مسٹر تھامس ڈری برگ (لیبر) نے کل دارالعوام میں روزانہ کا کام ختم ہونے پر دولت مشترکہ میں نسلی تعلقات کے بارے میں ایک بحث شروع کی۔ انہوں نے حالیہ دولت مشترکہ کانفرنس کی کامیابی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے صاف طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ عملاً اور خیالی اعتبار سے سب میں برابری اور مساوات پائی جاتی ہے۔

مسٹر الگزنڈر

مسٹر سورنسن

سہارنپور کے ملوں میں کپڑے کی ۲۵ ہزار گانٹھیں جمع ہو گئیں

سہارنپور کے ایوان تجارت کی اپیل

آسٹریلیا اور ہند کی روز افزوں تجارت

ہند کو ۲۳ ۔ ۱ ۔ ۴۱ لاکھ پونڈ کا فائدہ

صوبائی حکومتوں کو فوراً زمینداری ختم کر دینا چاہیے

قیمتوں کو مساوی طور پر کم کرنے کیلئے ڈاکٹر لوہیا کا مطالبہ

پٹیالہ کی ریاستی کانگریس

انتخابات میں حصہ نہ لینے کی اپیل

دوسرا ہفتہ مئی ۱۹۴۹ء کا پروگرام

روانگی مال ہماری معرفت

دہلی کمرشل کارپوریشن بیرون گلی سوداگران
بازار بلی ماران ۔ چاندنی چوک ۔ دہلی

اقوام متحدہ میں جنوبی افریقہ کا معاملہ

مسٹر مینن کی طرف سے حکومت ہند کی تائید

عرس مبارک

انخلا کنندگان کی جائداد کی خرید و فروخت کے قوانین کی تشریح

ہند کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم پاکستان کا اہم پریس نوٹ

آل پارٹیز کا مشترکہ اہم جلسہ

یونین ملازمین ہمدرد دواخانہ

کونسل کا شاندار اجلاس

ٹیلیفون ۷۵۷۳

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ

پائنیر ایرلائن آف پاکستان

سہ شنبہ (منگل) ــ اور ــ جمعہ (شکروار)
دہلی ۔ ڈھاکہ ۔۔۔ آمد ۳۰-۸ صبح ۔ روانگی ۴۰-۹ صبح

چہارشنبہ (بدھوار) اور ہفتہ (سنیچروار)
دہلی ۔ کراچی ۔۔۔ آمد ۰-۲ بعد دوپہر ۔ روانگی ۱۵-۳ بعد دوپہر

شرح کرایہ و اسباب

دہلی / ڈھاکہ ۔/۲۰۰ روپیہ ۔ اسباب زائد از ۴۴ پونڈ ۔/۲/۱ فی پونڈ
دہلی / کراچی ۔/۱۵۰ روپیہ ۔ ۔ ۔ ۱/۴ فی پونڈ

کھانا ۔ کھانا مطابق اوقات دوران سفر مہیا کیا جاتا ہے ۔

پرمٹ ۔ ایسے تمام مسافران کے لئے جن کے پاس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ علاقہ کا NO OBJECTION CERTIFICATE (نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ) ہو کمپنی خود پرمٹ آمد پاکستان حاصل کرنے کا بندوبست کرتی ہے ۔

مزید معلومات و بکنگ کے لئے

ORIENT AIRWAYS LTD.

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ ۲ پکاڈلی ریسٹورنٹ کناٹ پلیس نیو دہلی

دی سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی لمیٹڈ

حج لائن

حج ۱۹۴۹ء

ہمارا جہاز ایس ایس جلا درگا بعد رمضان المبارک کے اندازاً ذیل کی تاریخوں میں بمبئی سے روانہ ہوگا

اندازاً ۲ اگست ۱۹۴۹ء
۲۶ اگست ۱۹۴۹ء

مقررہ تاریخ روانگی بعد میں شائع کی جائیگی

کرایہ جہاز کا بلا خوراک حسب ذیل ہوگا

پہلا درجہ ۹۳۰ روپیہ
دوسرا درجہ ۶۱۵ روپیہ
ڈیک ۳۴۰ روپیہ

سندھیا ہاؤس بلارڈ اسٹیٹ بمبئی

جوگجاکرتا میں جمہوری حکومت پھر قایم کردی جائے گی

ڈچوں اور جمہوری نمایندوں میں سمجھوتہ ہوگیا

بٹاویہ - ۹ رمئی اقوام متحدہ کے کمیشن کی زیر نگرانی ڈچ اور جمہوری وفدوں میں گذشتہ ایک ماہ سے صلح کی جو بات چیت ہو رہی تھی وہ کل کامیابی سے ختم ہوگئی ہے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ دونوں ڈیلی گیشنوں میں سیکورٹی کونسل کے ۲۳ مارچ کے ہدایت نامہ کے اہم نکات پر سمجھوتہ ہوگیا ہے، اس ہدایت نامہ کے دو اہم نکات یہ تھے کہ جوگجاکرتا میں ری پبلکن گورنمنٹ کو بحال کیا جائے اور ہیگ میں ایک گول میز کانفرنس منعقد کی جائے - معاہدہ میں یہ بھی درج ہے کہ لڑائی فوراً بند کردی جائے اور ڈچ حکام سیاسی قیدیوں کو فوری طور پر رہا کردیں - مزید معلوم ہوا ہے کہ اقوام متحدہ کے کمیشن کی نگرانی میں ڈچ اور ری پبلکن گورنمنٹ کی مشترکہ کمیٹیاں جو جوگجاکرتا میں ری پبلکن گورنمنٹ کی بحالی اور گوریلا جنگ ختم کرنے کے معاملات پر سوچ بچار کریں گی تاکہ انڈونیشیا میں جلد از جلد امن قایم کیا جا سکے - کل سمجھوتہ کے بعد نیب ڈچ ڈیلیگیٹ ڈاکٹر ایچ ڈی دان ریمین میٹنگ سے اٹھ کر آئے تو انہوں نے اخباری نمایندوں کو بتایا کہ ابھی کئی مسئلے حل کئے جانے والے ہیں میں مستقبل کے لئے نہایت پرامید ہوں، مجھے امید ہے کہ تمام معاملات پر خاطر خواہ سمجھوتہ ہو جائے گا۔ ری پبلکن ڈیلی گیشن کے لیڈر ڈاکٹر محمد روم نے کہا کہ آج جو بیان جاری کیا گیا ہے اس میں نیک خواہشات اور نیک ارادے نظر آتے ہیں لیکن ان نیک ارادوں کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں یا نہیں، مزید معلوم ہوا ہے کہ ڈچ گورنمنٹ نے یہ بات بھی مان لی ہے کہ ری پبلکن گورنمنٹ بالکل آزاد ہوگی اور اسے اپنا کام کرنے کی پوری آزادی ہوگی اور اسے انڈونیشیا میں تمام اشخاص سے مشورہ کرنے اور سلسلہ رسل و رسائل قایم کرنے میں تمام سہولتیں دی جائیں گی -

اسرائیل کے عزائم سے آنکھیں بند کرنا خود کو دھوکہ دینا ہے

اقوام متحدہ میں اسرائیل کی شمولیت کے مسئلہ پر مزید بحث

اسرائیل سے عرب علاقوں کی واپسی کا مطالبہ

یمن کے نمائندہ کی تقریر

قضا اور وقف کے متعلق کمیٹیاں

اچھی باتیں!

قل افرءیتم - تا - المتوکلون

(پ ۲۴ ع ۱)

کیا تم نہیں دیکھتے کہ جو لوگ خدا کے سوا
دوسروں کو پکارتے ہیں وہ کر کیا سکتے ہیں؟
اگر خدا کی طرف سے مجھے نقصان پہونچنے لگے
تو کیا وہ اسے دور کردیں گے؟ یا خدا کی طرف
سے رحمت نازل ہونے لگے تو کیا وہ اسے
روک دیں گے؟ کہدیجئے کہ مجھے تو صرف
اللہ ہی کافی ہے اور اسی پر بھروسہ کرنے
والے بھروسہ کرتے ہیں -

جو لوگ خدا کو چھوڑ کر دوسروں کو پکارتے ہیں خواہ وہ بت ہوں یا پیر اور ولی، مردہ ہوں یا زندہ وہ یہ نہیں سوچتے کہ آخر انہیں خدا کی خدائی میں دخل دینے کا اختیار ہی کیا ہے، کیا وہ نفع نقصان کے مالک ہیں؟ کیا وہ کسی مصیبت کو دور کر سکتے ہیں؟ یا کسی نعمت و رحمت کو روک سکتے ہیں؟ جب وہ خود ہی عاجز و ناتواں ہیں تو ان کو پکارنا حماقت نہیں تو کیا ہے؟ پیغمبر اسلام کو حکم ہوتا ہے کہ آپ اسی ذات پر بھروسہ رکھئے جو نفع و نقصان کی مالک ہے اور جس کے دست قدرت میں کائنات کی پوری مشین ہے، اسی کا دامن تقدس تھامنے سے کام ہوگا، اور وہی بگڑی کو بنائے گا۔

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ / اپریل ۱۹۴۸ء تا ۱۶ / اپریل ۱۹۴۹ء

(از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

تیار ہو جاؤ!

جنگ اور امن

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۱۱ رمئی ۱۹۴۹ء

لیگی ذہنیت کے کرشمے

قاعدہ کی بات ہے کہ یک چشم اور کانا یہی چاہتا ہے کہ دوسرے بھی کانے ہو جائیں اور ان کی ایک آنکھ پھوٹ جائے، اگر اسے یہ امید ہو کہ دوا دارو علاج معالجہ سے اس کی آنکھ درست ہو جائے گی تو وہ جد و جہد کو اپنے علاج پر مرکوز کردے گا اور اسے دوسروں کی بھلائی برائی سے کوئی سروکار نہ ہوگا، لیکن اگر وہ اپنے علاج سے مایوس ہے اور یقین رکھتا ہے کہ اس کی آنکھ درست نہ ہوگی تو پھر وہ یہی چاہے گا کہ دوسرے بھی یک چشم بن جائیں تاکہ مجھے طعنہ نہ دے سکیں اور مجھے الزام دینے کے بجائے اپنی آنکھ کی خیر منائیں یہی حال ان لوگوں کا ہے جو اخلاقی مجرم ہیں اگر کوئی چوری کا مال لے کر بھاگتا ہے اور لوگ آواز لگاتے ہیں چور کو پکڑو، چور کو پکڑو، لینا چور بھاگا جا رہا ہے تو خود بخود چور بھی بھاگتے ہوئے یہی آواز لگائے گا کہ پکڑنا چور بھاگا جا رہا ہے اور وہ یہ آواز اس لئے لگاتا ہے کہ کہیں لوگ اسے چور نہ سمجھ لیں بلکہ یہ سمجھیں کہ یہ شخص چور کو پکڑنے کی آواز لگا رہا ہے خود چور نہیں ہو سکتا، چور کوئی اور ہوگا جو آنے نکل گیا ہے اور یہ شخص دوسروں کی طرح اس کے تعاقب میں ہے، چنانچہ بعض دفعہ اس تدبیر سے بہت سے چور گرفت میں آنے سے بچ جاتے ہیں بلکہ جو پولیس میں اپنی ڈیوٹی پر ہوتا ہے وہ خود بھی آواز کے دھوکہ میں پڑ کر چور کو نہیں پکڑتا بلکہ اسی سے پوچھتا ہے کہ بھئی چور کہاں ہے؟ اور یہ چور بے آواز لگانے سے نہیں جھجکتا اور بیشتر اوقات کسی اپنے راستہ سے نکل جاتا ہے جس کے پیچ و خم سے وہ اچھی طرح واقف ہوتا ہے!

مسلم لیگ، جس نے ہندوستان میں فرقہ پرستی کی آگ لگائی، جس نے ہندو مسلم منافرت کو ہوا دی، جس نے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر پاکستان بنایا اور ملک کے دو ٹکڑے کرائے اس کے لیڈر اب اس ...

... پیدا کرو! چونکہ پاکستان تو بن ہی چکا ہے اس لئے قوم پرست بننے کے لئے جو تدبیر بھی مفید اور موثر نظر آئے اسے اختیار کر لیا جائے!

سوال یہ ہے کہ لیگی لیڈروں کو اس مقصد میں کامیابی کس طرح حاصل ہو؟ اور حکومت کو کس طرح یقین دلائیں کہ وہ اب پکے قوم پرست بن گئے ہیں؟ ...

ہندوستانیوں کو جزیرہ مدغاسکر سے نکالنے کی مہم

حکومت ہند سے فوری مداخلت کی درخواست

پونہ ۸ رمئی - مدغاسکر کی ہندوستانی بستی کے ایک تاجر مسٹر فدا علی تارا بھائی نے بیان کیا ہے کہ کل ایک ملاقات میں بتایا کہ وہاں کے حکام جزیرہ مدغاسکر سے ہندوستانیوں کو نکالنے کی باقاعدہ پالیسی پر عمل کر رہے ہیں - ہندوستانیوں کو نکالنے کی مہم پورے زور شور سے جاری ہے اور گذشتہ چار ماہ میں بیس ہزار ہندوستانی تاجر اس جزیرہ سے نکلنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔

مسٹر تارا بھائی نے کہا جن لوگوں کو جزیرہ سے نکالا گیا - انہیں ان کے اخراج کی وجہ نہیں بتائی گئی - جن لوگوں کو وہاں سے نکالا گیا ہے ان کا تمام سامان اور قیمتی چیزیں چھین لی گئیں اور پہلے جہاز سے ان کو حکومت سے نکلنے پر مجبور کردیا گیا - ان کو بارہ تیرہ سو روپے سے زیادہ لے جانے کی اجازت نہیں دی گئی -

مسٹر تارا بھائی نے انکشاف کیا کہ وہ اس سلسلہ میں پنڈت نہرو کو پہلے ہی خط لکھ چکے ہیں -

فرانس کی حکومت کا اعلان

چیانگ نے قائم مقام صدر کے

کچھ مطالبات منظور کر لئے

جنوب مشرقی ایشیا کا دفاع

ایک مشترکہ کانفرنس کا انعقاد

پنجابی صوبہ کی علیحدہ تشکیل کا مطالبہ

سکھ ڈاکٹروں اور وکیلوں کی کانفرنس

لیاقت پوپ ملاقات

جنوبی ہند میں بنیادی تعلیم کی پانچویں کل ہند کانفرنس کا افتتاح

اچاریہ ونوبا بھاوے اور ڈاکٹر ذاکر حسین کی افتتاحی و صدارتی تقریریں

تعلیم کو عام کرنے کیلئے بنیادی تعلیم کو خود کفیل بنانے کی تجویز

روس اور مغربی ممالک کی "ریڈیائی جنگ"

لندن ۹ رمئی - مغربی ممالک اور روس میں کل بعد دوپہر پھر ریڈیائی جنگ شروع ہوگئی اور برطانیہ کے بی بی سی ریڈیو کے مختلف اسٹیشنوں اور امریکہ کے ریڈیو کے ٹرانسمیٹروں سے روسی زبان میں ایک ساتھ خبریں نشر ہونی شروع ہوگئیں - یہ براڈ کاسٹ شروع ہونے کے ایک منٹ بعد ہی روس کی خبروں کو "جام" کرنے والے اسٹیشنوں نے کام شروع کردیا - برطانیہ اور امریکہ کے ریڈیو اسٹیشنوں پر غالب آنے کی کوشش کر رہے ہیں - ماسکو ریڈیو کے بہت سے داخلی اسٹیشنوں کا پروگرام بند ہوگیا ...

خوراک بچایئے اور دعوتوں میں کفایت سے کام لیجئے

قلت اناج کے خلاف جد و جہد

آل انڈیا ریڈیو سے مسٹر آر، ایل، گپتا کی تقریر

اقتدار کی ہوس ختم کردو

اندور میں سردار پٹیل کی تقریر

قلت کے خلاف جد و جہد

چار سال بعد جرمنی میں نئی حکومت

نئے قومی پرچم پر بحث مباحثہ

گورنر یو - پی نینی تال جائیں گے

یو - پی کے ڈیڑھ سو کانگریسی

کانگریس سے نکال دیئے گئے

تفریحی ٹیکسوں کے خلاف

مالکان سنیما احتجاج کریں گے

اندور مزدور کانفرنس ختم ہوگئی

کانفرنس میں ستر قرار دادیں منظور ہوئیں

اچاریہ ونوبا بھاوے کی تقریر

دنیا کا بہترین شربت روح افزا گھر بھر کے لیے گرمی کے موسم میں آرام اور لطف کا باعث ہے۔ اپنے دلفریب رنگ، خوشبو اور مزے کی وجہ سے ہندوستان سے باہر بھی مشہور ہے۔ قیمتی دوائیں، لذیذ پھلوں اور مہکتے پھولوں سے جدید سائنٹفک طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ ہر بچے بوڑھے اور جوان کے لیے ایک گلاس شربت روح افزا پی لینا سارا دن چاق چوبند اور تندرست رہنے کی قطعی ضمانت ہے۔

ہر جگہ ملتا ہے

روح افزا

۱۰۰ اور ایسی مزے دار!

ہمدرد دواخانہ لیبارٹریز دہلی

مقامی چیف اسٹاکسٹ

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کیلئے

ملنے کا پتہ
کتب خانہ اشرفیہ
راشد کمپنی دیوبند یو - پی

عینکیں شیشے فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید اوپٹیکل کمپنی

جولیس مینوفیکچرز بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور مصنوعی دانت لگوانے کیلئے دہلی کے مشہور دندان ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ

بازار بلیماران دہلی کی خدمات حاصل فرمائیے

ہندوستان میں نمک، سیمنٹ، بنولہ، چونہ، چونہ کا پتھر، جپسم وغیرہ کے خریدار

ایم عبد اللہ اینڈ کو پوسٹ بکس ۱۵۸ لاہور

کوکنگ فون ۵۵۵ تار ... عرفان بلیٹی، دی - مال - لاہور

تین سال میں شرنارتھیوں پر ۲ ارب روپیہ خرچ کیا جائیگا

مغربی پاکستان سے کل ۴۴ لاکھ تیرہ ہزار شرنارتھی آئے ہیں

دہلی ۹ مئی ۔ سرکاری ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اگلے تین سال میں حکومت ہند شرنارتھیوں کی بحالی پر دو ارب روپیہ خرچ کریگی ۔ ہوم و مردم شماری کے مطابق انڈین یونین کے مختلف صوبہ جات اور ریاستوں میں مغربی پاکستان سے آئے ہوئے شرنارتھیوں کی کل تعداد [illegible] ان میں [illegible] مرد [illegible] عورتیں اور [illegible] بچے ہیں ۔ [illegible] مغربی پنجاب سے [illegible] صوبہ سرحد سے [illegible] سندھ سے [illegible] بلوچستان سے اور [illegible] خاندان دوسرے مقامات سے آئے ہیں ۔ دہلی میں [illegible] شرنارتھی جو [illegible] گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں دہلی میں مقیم ہیں ان میں [illegible] مغربی پنجاب کے خاندان ہیں [illegible] صوبہ سرحد کے [illegible] بہاولپور کے [illegible] سندھ کے [illegible] بلوچستان کے [illegible] اور مقامات کے ہیں ۔ حکومت ہند نے اب تک شرنارتھیوں کی امداد پر [illegible] کروڑ روپیہ صرف کیا ہے [illegible] شرنارتھیوں کو [illegible] کروڑ [illegible] لاکھ روپیہ قرض دیا گیا ہے ۔ ان میں سے چار سو نے اپنا روپیہ مختلف صنعتوں میں لگایا ہے اور [illegible] نے مختلف کاموں میں ۔ ایک شرنارتھی کو جو زیادہ سے زیادہ قرضہ دیا گیا اس کی مقدار ایک لاکھ ہے ۔ (فرانڈین نیوز کرانیکل)

[illegible] کانفرنس کا انعقاد

آنریبل ڈاکٹر سید محمود صاحب وزیر صوبہ بہار صدارت فرمائینگے

[illegible] کانفرنس [illegible] ہندوستان کے مسلمانوں کی آج [illegible] ہے ۔ [illegible]

نوٹ ۔ کانفرنس کے لئے جب [illegible] کے پیغام ارسال فرمایا اور بیرون ملک کے [illegible] کانفرنس میں شرکت فرمائیں ۔ [illegible] دہلی [illegible] کانفرنس کمیٹی [illegible]

رپورٹ کارگزاری

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible]

(باقی آئندہ)

شنگھائی کے بیرونی مورچوں پر حملہ

[illegible]

دار السلطنت

دہلی

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع کا اجلاس

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع دہلی کا ایک جلسہ زیر صدارت محمد سلیم صاحب نائب صدر ضلع منعقد ہوا ۔ جس میں طے پایا کہ لائبریری کا افتتاح اسی ہفتہ کیا جائے ۔ اور افتتاح کے لئے جناب مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا حفظ الرحمن صاحب سے درخواست کی جائے اور ان سے کر تاریخ کا اعلان کر دیا جائے ۔ مدرسہ [illegible] کے بارے میں طے ہوا کہ اس کا افتتاح بھی لائبریری کے ساتھ کیا جائے ۔ مدارس کی تحقیقات کا کام تعلیمی سب کمیٹی کے سپرد کیا گیا اور کمیٹی کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی مفصل رپورٹ ایک ہفتہ میں پیش کرے ۔ سرمایہ فراہم کرنے کے لئے طے ہوا کہ مالیاتی سب کمیٹی کو ہدایت کی جائے کہ وہ اپنا کام تیزی سے جاری کرے ۔

[illegible] فیصلہ کی رو سے ضلع پانچ روپیہ کے ماہوار کے معاون فراہم کرے ۔

ڈھلائی یونین کے ممبران کو ضروری اطلاع

کل عبد العزیز صاحب صدر ڈھلائی یونین راشننگ آفیسر صاحب (نول) سے بہ حیثیت صدر ملے ۔ ملاقات کے دوران میں [illegible] صاحب نے فرمایا کہ یونین کی درخواست [illegible] کو گُڑ کا کوٹہ ترقی دیا جائے منظور کر لیا ہے [illegible]

یوم شہید

[illegible]

کل ہند جمعیۃ الاطفال کی شاخوں کا قیام

کل ہند جمعیۃ الاطفال کے صدر جناب محمد مصطفیٰ صدیقی صاحب نے ہندوستان بھر میں جمعیۃ الاطفال کی شاخیں قائم کرنے کی اپیل کی ہے ۔ [illegible]

رنگون میں ایک مندر پر حملہ

مسلح ڈاکو زیورات لے اڑے

رنگون ۹ مئی ۔ پرسوں رات مسلح ہندو [illegible] جوہرات سے مزین زیورات [illegible] لے کر بھاگ گئے ۔ (اے پی)

الجمعیۃ

[illegible]

براے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۹ اپریل ۱۹۴۸ء کے معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائداد پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے ۔

(۱۲)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
۹۴۰۴	۲۲۹۹	اجمیری گیٹ	〃
۹۴۰۵	۲۳۶۳	〃	کرایہ داری
۹۴۰۶	۱۶۸۵	شاہ گنج	〃
۹۴۰۷	۱۶۸۶ A اور B	〃	دونوں
۹۴۰۸	۱۶۸۷ A اور B	〃	〃
۹۴۰۹	۱۶۸۸-۸۹	شاہ گنج	دونوں
۹۴۱۰	۱۶۹۰-۹۱	〃	〃
۹۴۱۱	۱۶۹۲-۹۳	〃	〃
۹۴۱۲	۱۶۹۴	〃	〃
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹۴۱۴	۱۸۰۲	〃	دونوں
۹۴۱۵	۱۸۰۰ ، ۱۸۰۱ اور ۱۸۲۰	〃	〃
۹۴۱۶	۱۸۶۸		دونوں
۹۴۱۷	۱۸۶۳	کوچہ پنڈت	〃
۹۴۱۸	۱۸۶۴	〃	〃
۹۴۱۹	۱۸۶۷	〃	〃
۹۴۲۰	۱۸۶۶	〃	〃
۹۴۲۱	[illegible]	〃	〃
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹۴۲۶	۱۸۸۶	〃	ملکیت
۹۴۲۷	۱۸۸۸	〃	دونوں
۹۴۲۸	۱۸۹۱	〃	〃
۹۴۲۹	۱۸۹۲	〃	〃
۹۴۳۰	۱۸۹۳	〃	〃
۹۴۳۱	۱۸۹۴	〃	〃
۹۴۳۲	۱۸۹۵	〃	〃
۹۴۳۳	۱۸۹۶	〃	〃
۹۴۳۴	۲۴۶۳	اجمیری گیٹ وارڈ نمبر ۔ گندی گلی	ملکیت حصے دونوں
۹۴۳۵	[illegible] اور ۲۳۶۶	گلی شاہ گنج	دونوں
۹۴۳۶	۲۳۰۱	〃	کرایہ داری
۹۴۳۷	۲۴۲۸	〃	〃
۹۴۳۸	۲۴۳۲	〃	دونوں
۹۴۳۹	۲۴۳۳	〃	〃
۹۴۴۰	۲۴۴۳ B	〃	کرایہ داری
۹۴۴۱	۲۴۵۱	〃	〃
۹۴۴۲	۲۴۵۵	〃	دونوں ملکیت حصہ
۹۴۴۳	۲۴۶۲	〃	دونوں
۹۴۴۴	۲۴۶۳	〃	دونوں ملکیت حصہ
۹۴۴۵	۲۴۶۴	〃	دونوں
۹۴۴۶	۲۴۶۸	〃	〃
۹۴۴۷	۲۴۶۹	اجمیری گیٹ	〃
۹۴۴۸	۲۴۷۳	〃	〃
۹۴۴۹	۲۴۷۴	〃	〃
۹۴۵۰	۲۴۷۵	〃	〃
۹۴۵۱	۲۴۸۰ اور [illegible]	〃	〃
۹۴۵۲	۲۴۸۱	〃	〃
۹۴۵۳	۲۴۸۲	〃	کرایہ داری
۹۴۵۴	۲۴۸۹	〃	دونوں
۹۴۵۵	۲۴۸۵	〃	کرایہ داری
۹۴۵۶	۲۴۹۲	〃	〃
۹۴۵۷	۲۵۰۲	(۸) وارڈ نمبر ۷۱ گلی [illegible]	دونوں
۹۴۵۸	۲۵۱۰	〃	〃
۹۴۵۹	۲۵۱۳	〃	〃
۹۴۶۰	۲۵۲۲	بازار اجمیری گیٹ	دونوں حصہ ملکیت
۹۴۶۱	۲۵۲۳	〃	کرایہ داری
۹۴۶۲	۲۵۲۴	گلی مصطفیٰ بیگ	دونوں
۹۴۶۳	۲۵۲۶	〃	〃
۹۴۶۴	۲۵۲۸	〃	کرایہ داری
۹۴۶۵	۲۵۵۴	بازار اجمیری گیٹ	دونوں
۹۴۶۶	۲۵۵۵	〃	کرایہ داری
۹۴۶۷	۲۵۵۶	〃	دونوں
۹۴۶۸	۲۵۵۷	〃	〃
۹۴۶۹	۲۵۵۸	〃	〃
۹۴۷۰	۲۵۶۶	کوچہ پنڈت	〃
۹۴۷۱	[illegible]	〃	〃

پنڈت نہرو کی واپسی

دہلی ۸ مئی ۔ کل دوپہر پنڈت نہرو نئی دہلی واپس پہنچ گئے ہیں ۔ گورنر بمبئی اور صاحبزادی بھی ان کے ہمراہ تھیں ۔

پنڈت جی نے بتایا کہ وہ امریکہ جائیں گے ۔ انہوں نے کہا برما اور آئرلینڈ کے دولت مشترکہ میں شامل ہونے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ۔ ملایا میں ہندوستانی لیڈر [illegible] کو جو پھانسی دی گئی ہے ۔ اس پر انہوں نے واقعات کا علم نہ ہونے کے سبب تذکرہ کرنے سے انکار کر دیا ۔

پنڈت نہرو کے استقبال کے لئے کابینہ کے وزراء اور مختلف سفیر کانگریسی لیڈر اور کانگریسی سرکاری ملازم موجود تھے ۔

گاندھی میموریل فنڈ کے لئے

جمعیت علماء دلیوریا کی جد و جہد

دلیوریا (بذریعہ ڈاک) جمعہ کو جامع مسجد دلیوریا میں مولانا سید محمد نصیر صاحب نے گاندھی جی کی یادگار فنڈ کے سلسلہ میں ایک پرجوش تقریر فرمائی ۔ اسی سلسلہ میں ضلع جمعیت علماء دلیوریا کی طرف سے کافی سرگرمی کے ساتھ چندہ کرنے کا اعلان کر دیا گیا ۔

سیرت النبی صلعم کا شاندار اجلاس

بھانہ جمعیۃ علماء اررپہ ضلع پورنیہ کی مساعی جمیلہ

اررپہ کورٹ ضلع پورنیہ میں تھانہ جمعیۃ علماء اور تنظیم خانہ اسلامیہ کے زیر اہتمام سیرت النبی صلعم کا نہایت شاندار اجلاس ہوا جس میں حضرت مولانا ابو الوفا صاحب حضرت مولانا ابو القاسم صاحب مظلہم شاہجہانپوری نے شرکت فرمائی ۔ ہزاروں اشخاص نے ہر سہ اجلاس میں اول تا آخر صبر و سکون کے ساتھ بیٹھ کر بصیرت افروز تقریریں سنتے رہے ۔ پہلا اجلاس زیر صدارت منصف اول صاحب اور دوسرا اجلاس زیر صدارت بابو ہرمنس صاحب مختار اور تیسرا اجلاس زیر صدارت جناب ایس ۔ ڈی ۔ او صاحب اررپہ منعقد ہوا ۔ ہر سہ اجلاس میں مذکورہ بالا علماء کرام نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پر سیر حاصل بحث کی ۔ اور جمعیۃ علماء ہند کا نصب العین اور جدید تعمیری پروگرام کو نہایت وضاحت کے ساتھ پیش کیا ۔ ان مبرکتہ الآرا و بصیرت افروز تقریروں سے عوام میں زندگی کی نئی لہر دوڑ گئی ہے اس کے بعد مدرسہ اسلامیہ پوچی علاقہ اررپہ کے مضافات کے کثیر مجمع میں تقریریں ہوئیں ۔ مولانا بشیر قاسمی صدر تھانہ جمعیۃ علماء اررپہ کی برابر شریک رہے ۔ مدرسہ اصلاح المسلمین جوکی ہاٹ کا سالانہ جلسہ [illegible] میں اور وہاں سے [illegible] علاقہ تھانہ فاربس گنج کی دعوت پر ہر دو حضرات تشریف لے گئے وہاں بھی کامیاب تقریریں ہوئیں ۔

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیے

ترجمان السنۃ جلد اول اردو زبان میں ارشادات نبوی کا نہایت جامع مستند اور مکمل ذخیرہ ہے ۔ کتاب کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے ۔ جس کا اعراب (۲) سہل اللفظ عام فہم ترجمہ (۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ (۴) ہر کتاب کے خاتمہ پر اس کتاب کی حدیثوں کے متعلق ایک سیر حاصل بحث شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جو احادیث کی اہمیت اور فن حدیث جملہ اطراف و جوانب پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے ۔ کتاب کی خوبیاں مطالعہ سے واضح ہو سکتی ہیں ۔ بڑی تقطیع ۲۲×۲۹ ۵۹۳ صفحات قیمت دس روپے مجلد چرمی نہایت عمدہ قیمت بارہ روپے [illegible]

فہم قرآن قرآن مجید کے آسان ہونے کے معنی کیا ہیں ؟ قرآن پاک کا صحیح منشا معلوم کرنے کے لئے شارع علیہ السلام کے اقوال و افعال معلوم کرنا کیوں ضروری ہے ؟ احادیث کی تدوین کس طرح اور کب ہوئی ؟ یہ کتاب جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے رحجانات کو سامنے رکھ کر اس موضوع پر لکھی گئی ہے ۔ صفحات ۲۰۰ بڑی تقطیع قیمت دو روپے چار آنے مجلد تین روپے چار آنے

غلامان اسلام اس کتاب میں اسی سے زائد صحابہ کرام تابعین ، تبع تابعین ، فقہا و محدثین اور ارباب کشف و کرامات اور اصحاب علم و ادب کے سوانح حیات و کمالات و فضائل بڑی تحقیق و کاوش سے جمع کئے گئے ہیں ۔ جنہوں نے غلام یا آزاد کردہ غلام ہونے کے باوجود ملت کی عظیم الشان خدمات انجام دیں اور دینی ، علمی ، مذہبی اور معاشرتی کارنامے ایسے شاندار ہیں کہ ان کی غلامی پر آزادی کو بھی رشک ہوتا ہے ۔ صفحات ۴۸۸ بڑی تقطیع ۔ قیمت پانچ روپے آٹھ آنے [illegible]

حیات شیخ الاسلام شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی کی مفصل اور مبسوط سوانح عمری جس میں آپ کے قیام مدینہ طیبہ ۔ تحریکات میں شرکت ۔ اسارت مالٹا ۔ اسارت کراچی ۔ مراد آباد و نینی جیل وغیرہ کی زندگی کے حالات وغیرہ وغیرہ نہایت دلچسپ اور بصیرت افروز انداز میں بیان کئے گئے ہیں ۔ آخر میں آپ کے چند مکاتیب ہیں ۔ قیمت مجلد چار روپے

علماء حق علماء کے مجاہدانہ کارنامے ۔ ہندوستان کے انقلاب کی بہترین تاریخ ۔ اس کتاب کے مطالعہ سے گزشتہ دور کے حالات مستقبل کے علم کے ساتھ مستقبل کے لائحہ عمل بھی متعین ہو جاتا ہے ۔ قیمت جلد اول مجلد تین روپے چار آنے جلد دوم مجلد ساڑھے تین روپے آٹھ آنے [illegible]

باغی ہندوستان تحریک حریت ۱۸۵۷ء جس کو غدر کہا جاتا ہے اس کے چشم دید حالات ایک ایسے عالم کے قلم سے جو خود تحریک کے علمبردار تھے ۔ مقدمہ و کتاب میں حضرت مولانا فضل حق صاحب ۔ مولانا عبد الحق صاحب خیر آبادی اور دیگر مجاہدین کے مفصل حالات [illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق پنڈت سندر لال صاحب کی بہت مفید اور مقبول عام تصنیف ۔ قیمت صرف ۸/

مکاتیب شیخ الاسلام شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کے چند مکاتیب جو بیش بہا علمی ادبی اور تاریخی ذخیرہ ہیں ۔ ہر مسلمان کے لئے ان کا مطالعہ ضروری ہے ۔ قیمت مجلد دو روپے (۲)

کاروان خیال مولانا ابو الکلام آزاد مدظلہ العالی کی ادبیانہ تصنیف جو خطبات خاطر کی طرح اپنی اعلیٰ ادبیت میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے ۔ شائقین کے لئے نایاب تحفہ ہے ۔ قیمت صرف دو روپے آٹھ آنے (۲/۸)

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل جناب محترم سید محمد احمد صاحب کاظمی کی بہترین تصنیف جس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے ۔ قیمت دس آنے (۱۰)

ہمارے پیغمبر ابتدائی حالات کے لئے بہترین کتاب ہے ۔ جو جا بجا داخل نصاب ہے ۔ قیمت چھ آنے (۶)

اسلامی تعلیمات کا مرقع یعنی الاربعین ۔ احادیث مبارکہ اور آیات کریمہ کے ترجمہ اس کے مطالعہ سے آسانی کے ساتھ اپنی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھال سکتے ہیں ۔ قیمت صرف ۱۲/

جمعیۃ علماء کیا ہے کتاب کا مضمون اور مقصد نام سے واضح ہے ۔ جمعیۃ علماء کے ہر دو حضرات کے لئے اس کا پڑھنا ضروری ہے ۔ قیمت جلد اول چھ آنے جلد دوم [illegible]

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جب بھی کسی عربی ، فارسی ، اردو کی کتاب یا قرآن مجید و سیپارہ وغیرہ کی ضرورت ہو تو بلا تامل ہماری معرفت طلب کریں ۔ انشاء اللہ آپ کی خدمت میں بہت جلد ارسال کی جائیں گی ۔

نوٹ ۔ ایک روپیہ سے کم قیمت والی کتابیں منگانے کے لئے ٹکٹ روانہ کرکے ممنون فرمائیں ۔ محصول ڈاک ذمہ خریدار ہوگا ۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

بقیہ دار السلطنت

چوری کی متعدد وارداتیں

پولیس میں مختلف علاقوں سے معمولی چوریوں کی رپورٹ درج کرائی گئی ہے ۔ پوسا روڈ کالونی میں ایک شخص جیب لوٹ کر اپنے مکان واپس آیا تو اس نے اپنے گھر سے سات سو روپے کا سامان غائب پایا ۔

کیرال روڈ کے ایک بنگلہ کے عقبی دروازہ کو کھول کر چور اندر داخل ہوئے اور چاندی کا بنا ہوا گھر کے استعمال کا تمام سامان لے کر فرار ہو گئے ۔

بیلا روڈ میں ایک شخص کے مکان میں چور داخل ہو گئے اور نقد زیورات اور دوسرا سامان لے کر فرار ہو گئے ۔

نئی دہلی کے ایک بنگلہ کے لوگ جب صبح سو کر اٹھے تو انہوں نے اپنے بستروں سے چادریں اور کمبل وغیرہ غائب پائے ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کوئی شخص طرف چور رات کو بنگلہ کے کمپاؤنڈ میں داخل ہوئے اور یہ سب سامان لے کر فرار ہو گئے ۔

دیہی علاقے کی زمینیں

حکومت دہلی نے صوبہ دہلی کے دیہاتی علاقوں کی ان زمینوں کو جو مسلمان چھوڑ گئے ہیں صوبہ سرحد ، سندھ اور بلوچستان سے آنے والے غیر مسلم ہاریوں میں الاٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ جن لوگوں نے الاٹ منٹ کی درخواستیں دے رکھی ہیں وہ دہلی کے اسسٹنٹ ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کریں ۔ زمینوں کو الاٹ کرنے میں مزارعین کو ترجیح دی جائے گی ۔ یہ الاٹ منٹ تین سال کے لئے عارضی ہوگی ۔

ٹیگور کا یوم پیدائش

کل نئی دہلی میں ٹیگور کا یوم پیدائش منایا گیا ۔ اس سلسلہ میں ہیرڈ روڈ اور ادری روڈ پر مختلف تقریبات عمل میں آئیں ۔ ٹیگور کے گیت اور بھجن گائے گئے اور ان کے کارناموں پر تقریریں کی گئیں ۔

شراب کا لائسنس دینے کی مذمت

نئی دہلی کے ایک ریسٹوران کو شراب کا لائسنس دیئے جانے پر پبلک بڑی تعجب کا اظہار کر رہی ہے کیونکہ یہ حکومت کی امتناع شراب کی پالیسی کے خلاف ہے ۔ لالہ دیش بندھو گپتا [illegible] نائب صدر دہلی میونسپلٹی [illegible] نے اس پر اظہار افسوس کیا ہے ۔

مشاعرہ شب مہتاب

بزم سخن ۔ عالم [illegible] صاحب دہلی کا غیر طرحی مشاعرہ زیر صدارت حضرت [illegible] منعقد ہوا ۔ اب اس بزم کا طرحی مشاعرہ [illegible] منعقد کیا جا رہا ہے ۔ [illegible]

ایک عورت کی بہادری

[illegible]

کراچی میں

روزنامہ و ہفت روزہ

الجمعیۃ

مسلم نیوز ایجنسی

بولٹن مارکیٹ

سے خرید فرمائیے

سیاسی میدان میں زور آزمائی کے منصوبے

ورکنگ کمیٹی ہندو مہاسبھا کا فیصلہ

نئی دہلی ۹ مئی ۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی نے اپنی کل کی طویل نشستوں میں آٹھ نکات پر مشتمل سیاسی اور اقتصادی پروگرام منظور کر لیا ۔ اس میں اراضیات اور ہندوستان کے اندر تمام کلیدی صنعتوں کو قومی قرار دیئے جانے کی تجاویز بھی شامل ہیں اپنی مختلف قراردادوں میں ورکنگ کمیٹی نے دولت مشترکہ میں ہندوستان کی رکنیت کی مذمت کی ۔ اور حکومت ہند سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مخالف پارٹیوں پر سے تمام پابندیاں اٹھالے اور انہیں آزادانہ طور پر اظہار خیالات کی اجازت دے ۔

کمیٹی نے اپنی ایک قرارداد میں یہ بھی کہا ہے کہ جموں اور کشمیر کی ریاست میں استصواب رائے عامہ کسی طرح بھی مناسب نہیں ورکنگ کمیٹی نے اس امر کا بھی اعادہ کیا کہ وہ ایک سیاسی پارٹی کی حیثیت سے کام کرے گی ۔ تین گھنٹے کی بحث و تمحیص کے بعد جو پروگرام منظور کیا گیا اس میں دفاع اور تعلیم کے مسائل بھی شامل ہیں ۔ کمیٹی کا اجلاس آج تک کے لئے ملتوی ہو گیا ۔ (اے پی)

امرتسر میں سکھوں کا اجتماع

امرتسر ۸ مئی ۔ سکھوں کے ایک اجتماع میں ایک قرارداد کے ذریعہ اعلان کیا گیا ہے کہ سکھوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اجتماع کر سکیں اور ان تمام معاملات پر فیصلے کر سکیں جن سے سکھوں کے وجود کا تعلق ہے سکھ اپنے اس حق میں کسی قسم کی مداخلت نہیں برداشت کر سکتے ۔ کیونکہ اس طرح ان کے مذہب میں براہ راست مداخلت ہوتی ہے ۔

ایک قرارداد میں ان تمام لوگوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا گیا جو تقسیم کے نتیجہ کے طور پر بے خانماں ہو گئے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے جو تقسیم کے نتیجے کے طور پر بے خانماں ہو گئے ہیں اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ ان کو ان کی مشکلات سے نجات دلائے ۔

ایک قرارداد میں ماسٹر تارا سنگھ کی خدمت کو سراہا گیا اور ان کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا ۔ (اے ۔ م)

لداخ کے لامہ دہلی کو

پنڈت نہرو سے ملاقات کریں گے

سری نگر ۸ مئی ۔ لداخ کے بکولہ لامہ کشک بکولہ آج سری نگر سے دہلی روانہ ہو گئے ۔ دہلی میں چند روز قیام کے بعد آپ تبت جائیں گے ۔ اور کوئی چند روز ہی میں واپس آجائیں گے ۔ دہلی میں آپ سرکاری افسروں اور مرکزی کے لیڈروں سے ملاقات کریں گے اور لداخ کے مستقبل کے بارے میں ان سے بھی رائے لیں گے ۔ سری نگر میں اپنی تقریر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ ہم لداخ کو ملک میں شامل کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ نے کہا آپ پنڈت نہرو سے ملاقات کی کوشش کریں گے ۔ اور وہ ان کو لداخ آنے کی دعوت دیں گے ۔ (اے پی)

پی ڈبلیو ڈی کے ملازمین کی ہڑتال

حیدر آباد دکن ۹ مئی ۔ چیف انجینئر حیدر آباد کے ڈیڑھ سو ملازمین نے اس بنا پر ہڑتال کر دی ہے کہ حکومت نے دفتر کو ایک ایسی عمارت میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو آبادی سے بہت دور ہے ۔ (اے پی)

شملہ کی آگ کی تحقیقات

شملہ ۹ مئی ۔ مشرقی پنجاب کی حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو شملہ کے بھیانک آتشزدگی کی تحقیقات کرے گی ۔ کمیٹی کو مسٹر ایس کمار چیف انجینئر کی نگرانی میں تحقیقات شروع کرے گی ۔

سوشلسٹ لیڈر کا مطالبہ

زمینداری سسٹم فوراً ختم کیا جائے

لکھنؤ ۹ مئی ۔ ڈاکٹر رام منوہر لوہیہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگر حکومت عوام کی خوراک کو خطرہ میں دیکھنا نہیں چاہتی تو اسے چاہئے کہ زمینداری سسٹم کو فوراً ختم کر دے ۔ [illegible] سوشلسٹ لیڈر نے جو ہندوستان کسان پنچایت کے صدر ہیں مزید کہا کہ اگر حکومت دیہاتی ترقی کے لئے بیوروکریسی افسروں کے بجائے ڈسٹرکٹ پنچایتوں کے ذریعہ خرچ کرائے تو پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے ۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ یو پی حکومت غلہ وصول کرنے کی جس پالیسی پر چل رہی ہے اس سے صوبہ کی اقتصادیات پر برا اثر پڑے گا ۔ (اے پی)

کم یا زیادہ سرمایہ سے

کاروبار کے لئے مسٹر کلو خود یا چاہئے ۔ [illegible]

دارالکتب سراج منیر قریب دولت پاپلو کا نام [illegible]

بمبئی میں کمیونسٹ مظاہرین پر پولیس کا فائرنگ

تین اشخاص زخمی ہو گئے ۔ ٹریڈ یونین کانگریس کی طرف سے فائرنگ کی مذمت

بمبئی ۹ مئی ۔ آج شام پولیس کی گولی سے تین کمیونسٹوں کو زخم آئے جب کہ کمیونسٹوں نے حکم امتناعی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلوس نکالا اور پولیس پر لاٹھیوں اور تیزابی بوتلوں سے حملہ کرتے ہوئے بمبئی شہر میں گڑبڑ پیدا کر دی ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ لال باغ کے علاقہ میں کمیونسٹوں نے ایک میٹنگ کی اور اس کے بعد ایک جلوس نکالا ۔ اس وقت ۷ بجکر ۴۰ منٹ ہوئے تھے ۔ پولیس نے جلوس کو بتایا کہ حکم امتناعی کے مطابق سات بجے کے بعد کوئی جلوس نہیں نکالا جا سکتا ۔ لیکن انہوں نے منتشر ہونے سے انکار کر دیا ۔ اور ہنگامہ برپا کر دیا جس کے دوران میں انہوں نے پولیس والوں کے منہ پر تیزاب پھینکا اور پولیس پر خشت باری کی کچھ پولیس افسران کو زخم آئے ۔ اور بہت سے پولیس افسران کی تیزاب سے وردیاں جل گئیں ۔ اور ان کے جسم بھی جھلس گئے پولیس کو لاٹھیوں اور پتھروں سے بھی زخم آئے ۔ اس پر پولیس نے گولی چلا دی جس سے تین اشخاص کو زخم آئے ۔ ۴۴ اشخاص کو جن میں عورتیں بھی شامل ہیں ۔ حراست میں لے لیا گیا ہے ۔ حراست شدہ اشخاص میں سے چند ایک کی تلاشی لینے پر ان کے قبضے سے تیزاب اور چھرا بھی برآمد ہوا ۔ اب حالات نارمل بیان کئے جاتے ہیں ۔ پولیس ہوشیار ہے ۔

آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس اور نظر بندوں کی امدادی کمیٹی نے پولیس کے اقدام کی مذمت کی ہے اور تمام گرفتار شدگان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے ۔ ان کے مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے : بمبئی کی کانگریس منسٹری کی پولیس نے آج شام مزدوروں پر وحشیانہ حملہ کیا ۔ ان مزدوروں نے سرخ جھنڈے کے ساتھ بمبئی کی جیلوں میں ان نظر بندوں کے مطالبات کی حمایت میں پرامن مظاہرہ کیا جو اپنے بنیادی مطالبات کو تسلیم کرانے کے لئے بھوک ہڑتال پر ہیں ۔ بمبئی کے مزدوروں نے آج یہ ظاہر کر دیا ہے کہ وہ اپنے لیڈروں کے لئے لڑیں گے اور وہ اس حملہ کی مزاحمت کریں گے جو ان پر کیا جائے گا ۔ (اے پ)

مہاراجہ فرید کوٹ کا

دو کروڑ روپیہ ضبط کر لیا گیا

پٹیالہ ۸ مئی ۔ پٹیالہ مشرقی پنجاب ریاستی یونین کے وزیر مالیات گیانی ذیل سنگھ نے آج راجہ فرید کوٹ کے تمام مطالبات کو مسترد کر دیا ہے کہ وہ ریاستی زمینوں کے مالک اعلیٰ ہیں گیانی ذیل سنگھ نے کہا کہ انہوں نے یہ فیصلہ وزارت کی منظوری کے بعد کیا ہے آپ نے کہا کہ راجہ فرید کوٹ نے ایک بنک میں اپنے نام پر دو کروڑ روپیہ جمع کرا رکھا ہے وہ پٹیالہ یونین کی حکومت نے ضبط کر لیا ہے اور بنک کے نام حکم جاری کیا گیا ہے کہ وہ آخری فیصلہ ہونے تک راجہ کو کوئی ادائیگی نہ کرے ۔ (اے پ)

سی پی کے سوشلسٹوں کا جلسہ

ناگپور ۹ مئی ۔ بہار ۔ سی پی کے سوشلسٹوں کا ایک جلسہ ۱۱ اور ۱۲ مئی کو ناگپور میں ہوگا ۔ اس جلسہ میں آئندہ کی کارروائی کے لئے پارٹی کے پروگرام پر غور کیا جائے گا ۔

دولت مشترکہ برما کو غیر مشروط طور پر امداد دے رہی ہے

حکومت برما کا تصیری پریس لوٹ

رنگون ۹ مئی ۔ آج حکومت برما کے ایک پریس لوٹ میں بتایا گیا ہے کہ دولت مشترکہ نے برما کی جو امداد دی ہے وہ بلاکسی شرط کے ہے اور اسے دولت مشترکہ سے علیحدگی کی وجہ سے کوئی شرط نہیں رکھی گئی ہے ۔ ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ امداد کے بارے میں جو سرکاری اعلان ہوا تھا اس میں کچھ دیر ہو گئی ہے ۔ اس تاخیر کا کوئی سبب نہیں بتایا گیا ۔ لیکن باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ اعلان کے متن پر اتفاق نہیں ہو سکا ۔ جو برما سے متعلق ہے ۔ بہر حال یہ معلوم ہوا ہے کہ اعلان کی منظوری بہرہ صورت برما کی حکومت اور دولت مشترکہ کے ممالک نے دے دی ہے ۔ [illegible] (رائٹر)

یو پی بنکوں کے ملازم ہڑتال کرینگے ؟

سہارنپور ۹ مئی ۔ اطلاع ملی ہے کہ یو پی بنک ایمپلائز یونین کی طرف سے بنکوں کے ملازمین ہڑتال کرنے کے متعلق رائے لی جا رہی ہے ۔ اگر بنکوں کے ملازمین کے مطالبات کی طرف توجہ نہ دی گئی تو ہر ضلع کے بنکوں کے ملازمین ہڑتال کر دیں گے ۔ [illegible] (اے ۔ م)

سہارنپور میونسپل بورڈ پر نکتہ چینی

سہارنپور ۔ [illegible] ایک عام جلسہ میں [illegible] میونسپل بورڈ کی [illegible] نکتہ چینی کی گئی ۔ [illegible]

جنگ کے لئے تیار ہو جاؤ

عرب ممالک سے مصری اخبارات کی اپیل

قاہرہ ۹ مئی ۔ مصری اخبارات نے آج عرب ممالک سے اپیل کی ہے کہ وہ جنگ کے لئے تیار ہو جائیں کیونکہ اسرائیل فلسطین میں اپنی حدیں وسیع کر رہا ہے ۔ الفہ کے دمشق کے [illegible] نامہ نگار نے لکھا ہے کہ روسی انجینیروں اور امریکی ٹرکوں کی مدد سے اسرائیلی فلسطین میں شمال کی طرف اپنی حدوں کو بڑھا رہا ہے ۔ بارہ روز سفتہ وار اخبار الیوم نے عراق کے وزیر اعظم جنرل نوری السعید سے استعفے کا مطالبہ کیا ہے ۔ اخبار نے یہ الزام لگایا ہے کہ وہ عرب ممالک کے اتحاد کی راہ میں روڑا بنے ہیں ۔ [illegible] اخبار نے لکھا ہے کہ عرب ممالک جنگ کے لئے تیار ہو جانا چاہئے کیونکہ یہودیوں پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا ۔ آج دمشق سے باخبر حلقوں نے بتایا کہ اسرائیل نے شام اور اسرائیل کے درمیان حد بندی کے لئے جو بات چیت شروع ہونے والی ہے اس میں تمام پناہ گزینوں کو واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے [illegible] (رائٹر)

شرق اردن کی نئی وزارت

عمان ۹ مئی ۔ [illegible] وزارت کی تشکیل کی گئی ہے ۔ [illegible] (رائٹر)

شرق اردن کی فوجوں کی واپسی

تل ابیب ۹ مئی ۔ شرق اردن کی شلشت کے مغربی کنارے سے واپسی [illegible] (رائٹر)

غداری کے الزام میں بودالی کا وارنٹ

سیگاؤں ۹ مئی ۔ [illegible]

گورنروں کی کانفرنس میں مسئلہ خوراک پر غور و خوض

پنڈت نہرو نے دولت مشترکہ کانفرنس کے متعلق تاثرات پیش کئے

نئی دہلی ۹ مئی ۔ کل گورنر جنرل شری راج گوپال آچاریہ کی صدارت میں گورنمنٹ ہاؤس میں گورنروں کی کانفرنس کے دو اجلاس ہوئے جو پانچ گھنٹہ تک جاری رہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ دیگر امور کے علاوہ کانفرنس میں خوراک کی حالت پناہ گزینوں کا مسئلہ ، اور امن و قانون کی صورت حالت پر غور کیا گیا ۔ صوبائی گورنروں کے علاوہ پنڈت نہرو اور سردار پٹیل بھی کانفرنس میں شریک ہوئے ۔ پنڈت جی نے کامن ویلتھ کانفرنس کے متعلق اپنے تاثرات پیش کئے اور سردار پٹیل نے ریاستوں کے انضمام کے سلسلہ میں کام کی رفتار پر روشنی ڈالی ۔ کانفرنس کا اجلاس شام کے [illegible] بجے آج کے لئے ملتوی ہو گیا ۔

پٹیالہ یونین کی وزارت

پٹیالہ ۸ مئی ۔ پٹیالہ یونین کی موجودہ وزارت محض کٹھ پتلی حکومت ہے اور کسی کی نمائندہ نہیں ۔ [illegible]

[illegible] پٹیالہ پرجا منڈل کانگریس کا وفد شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے پٹیالہ یونین عبوری وزارت کی تشکیل کی وضاحت کی ہے [illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور عزیزی کی دواخانہ ہے جس کی بعض مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کا بارہا اتفاق ہوا ۔ اس کے تجربات سے مریضوں کو بہت فائدہ پہنچا ہے ۔ [illegible] دواخانہ کی کامیابی کی تصدیق کی تھی اور اب بھی ضرورت مند حضرات کی توجہ دلاتا ہوں کہ دواخانہ کی مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں ۔

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر دواخانہ ہے ۔ [illegible] حضرات اس کے خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے ۔

خصوصی مجربات

موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دلکشا [illegible]

روغن مقوی دماغ مقوی دماغ ہونے کے ساتھ اس کی [illegible]

اکسیر حلیلہ [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

مولانا عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر [illegible]

سفوف جریان [illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

ای کف پاؤڈر

[illegible]

نیو غریب نواز ہومیو فارمیسی سنبھل ضلع مراد آباد

رجسٹرڈ ڈی | نمبر ۹۷ | قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۱۳ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۲ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۱۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

اشتہار کیلئے جگہ خالی ہے

سیاسی کمیٹی نے اسرائیل کو اقوام متحدہ میں شامل کرنیکا فیصلہ کردیا

کمزور طاقتوں کے مقابلہ میں سامراجی ممالک کی فتح

ہند، پاکستان اور برما نے اسرائیل کے خلاف ووٹ دئے

دس لاکھ عرب پناہ گزینوں کی حالت زار پر برطانیہ کے مگرمچھ کے آنسو

لیک سکسس ۱۱ مئی - اقوام متحدہ کی چھوٹی سیاسی کمیٹی نے کل زبردست اکثریت سے اس امر کا فیصلہ کردیا کہ اسرائیل کو اقوام متحدہ کا ممبر بنالیا جائے ۳۳ ملکوں نے اس بات کے حق میں اور گیارہ نے اس کے خلاف ووٹ دئے - ۱۳ ممالک غیر جانبدار رہے۔ اس طرح اس بات کا یقین ہوگیا ہے کہ جنرل اسمبلی میں اسرائیل کے حق میں دو تہائی ووٹیں حاصل ہوجائیں گی۔

ہندوستان، پاکستان اور برما کے ممالک ان گیارہ ممالک میں شامل تھے جنھوں نے اسرائیل کی شمولیت کے خلاف ووٹ دیا۔ خلاف ووٹ دینے والے دوسرے ممالک کے نام یہ ہیں۔ مصر، ایران، عراق، لبنان، سعودی عربیہ، شام، یمن اور افغانستان۔ جن ممالک نے ووٹ نہیں دیا ان کے نام یہ ہیں۔ برطانیہ، بیلجیم، [illegible]، ڈنمارک، حبشہ، فرانس، یونان، لکسمبرگ، سیام، سویڈن، ترکی اور جنوبی افریقہ۔ اس سے قبل چھوٹی سیاسی کمیٹی نے ۱۹ کے مقابلہ میں ۲۵ ووٹوں کی اکثریت سے یہ فیصلہ کردیا کہ اقوام متحدہ میں اسرائیل کی شمولیت کے مسئلہ پر بحث و تمحیص کو آئندہ اجلاس تک کے لئے ملتوی نہ کیا جائے۔

منظور شدہ قرارداد میں اسرائیل کی ریاست کے اس اعلان کا ذکر کیا گیا ہے کہ اس نے بغیر [illegible] اقوام متحدہ کے منشور کی پابندیوں کو تسلیم کرلیا ہے [illegible]

[illegible]

آج دہلی میں یوم ظفر ہے

آج سے نوے سال قبل ۱۸۵۷ء میں ہندوستان نے بہادر شاہ ظفر کی قیادت میں پہلی جنگ آزادی لڑی اور آزادی وطن کے جذبہ سے سرشار ہوکر جام شہادت نوش کیا۔ آج اجمل ریڈنگ روم اردو بازار کی جانب سے انہی شہیدوں کی یاد میں یوم ظفر منایا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں ۵ بجے شام کو آزاد پارک میں ایک جلسہ ہوگا جس میں ہندوستان کے تاجدار کو خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔ نظمیں اور مقالے پڑھے جائیں گے۔

بس نہر میں گر گئی

۱۲۵ افراد ہلاک

قاہرہ ۱۰ مئی - قاہرہ کے جنوب میں ۵۰ میل کے فاصلہ پر [illegible] کے مقام پر [illegible] ایک بس کے گرنے سے ۱۲۵ افراد غرق ہوگئے۔ [illegible]

برما میں سرکاری فوجوں کو کمک بھیجدی گئی

باغیوں کی پسپائی اور فرار سرکاری جہازوں کی بمباری

رنگون [illegible] (ڈپلس ٹرسٹ) [illegible] گذشتہ شب ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے [illegible]

[illegible]

بمبئی میں جلسوں جلوسوں کی ممانعت

بمبئی ۱۰ مئی - بمبئی کے پولیس کمشنر نے ایک حکم نافذ کیا ہے جس کی رو سے کل سے سات دن تک [illegible] بمبئی میں جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت کردی گئی ہے۔ (اپ)

"دو جرنلوں کے درمیان بات چیت"

نئی دہلی ۱۰ مئی - لفٹنٹ جنرل [illegible] اقوام متحدہ کے فوجی مشیر نے کل ایک گھنٹہ تک [illegible]

[illegible]

کمیونسٹ فوجیں شنگھائی سے صرف پندرہ میل دور رہ گئیں

شہر کی بیرونی دفاعی لائن پر سخت خوفناک جنگ

[illegible]

ماسکو کے نئے ہندی سفیر

[illegible]

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں ہندوستان کی شاندار فتح

جنوبی افریقہ کی بحث میں ہندوستان کو پہلے تقریر کا موقع دیا گیا

ہندوستان نے اپنے معاملہ کو مدلل طریقہ پر پیش کردیا

لیک سکسس ۱۰ مئی - ہندوستانی حلقوں میں اس بات پر انتہائی اطمینان کا اظہار کیا جارہا ہے [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء کا ایک وفد بہار روانہ ہورہا ہے

نبی اکرم کی فرضی تصویر کی اشاعت کے سلسلہ میں حکومت سے گفتگو

[illegible]

چھوٹی سیاسی کمیٹی میں انڈونیشیا کا مسئلہ

بحث آج کیلئے ملتوی کردی گئی

لیک سکسس ۱۰ مئی (رپورٹ) ہند اور آسٹریلیا نے کل چھوٹی سیاسی کمیٹی میں انڈونیشیا کے معاملہ کو جنرل اسمبلی کے آئندہ اجلاس تک کیلئے ملتوی کرنے کی تجویز پیش کی۔ [illegible]

[illegible]

فارورڈ بلاک کی مجلس عاملہ کا جلسہ

کانپور ۱۰ مئی - آل انڈیا فارورڈ بلاک کی مرکزی مجلس عاملہ نے [illegible]

[illegible]

شام اور شرق اردن میں مصالحت کرانے کیلئے سعودی عرب کا اقدام

کرنل زعیم کے نام شاہ ابن سعود کا خط

قاہرہ ۱۰ مئی - شاہ ابن سعود والی حجاز نے شرق اردن اور شام کے [illegible]

[illegible]

تمام ہندوستان کیلئے ایک حکومت

[illegible]

استصواب کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 11-5-49

PHONE 5835

الجمعیۃ

سیاسی کمیٹی نے ممبروں کو اسپین سے سیاسی تعلقات رکھنے کی اجازت دیدی

چار ملکوں کی تجویز منظور، ۱۶ ملکوں نے ووٹ نہیں ڈالے

[illegible]

گورنر جنرل اور چیف کمشنر دہلی کے پیغامات خیرسگالی

عرس اجمیر شریف کے موقع پر صدر تنظیم خدام خواجہ کے نام

اجمیر شریف (بذریعہ ڈاک) ۷ مئی۔ سلطان الہند غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے موقع پر صدر جمعیۃ "تنظیم خدام خواجہ" مولانا عبد الباری معینی [illegible] نے گورنر جنرل شری چکرورتی راجگوپال آچاریہ کو عرس میں شرکت کرنے کے لئے جو دعوت نامہ بھیجا تھا [illegible]

گورنر جنرل نے تار میں لکھا ہے۔ خدا کرے کہ سب نے دل اور عقیدتمندی سے دعا کریں۔ میری نیک خواہشات آپ کے شامل حال ہیں۔ اس موقعہ پر دہلی کے چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد نے بھی جو پہلے اجمیر مارواڑ کے چیف کمشنر رہ چکے ہیں ایک پیغام بھیجا ہے۔ ترجمہ درج ذیل ہے۔

دہلی

۳۰ اپریل ۱۹۴۹ء

محب محترم مولانا عبد الباری معینی۔ درگاہ خواجہ صاحب کے عرس میں شرکت کے لئے آپ کے دعوت نامہ کا بہت بہت شکریہ۔ میری [illegible] اس عظیم تقریب میں آپ سب کے ہمراہ شریک ہوتا مگر فی الحال میری دہلی کی مصروفیات [illegible] ہیں۔ میں اس موقع پر ذاتی طور سے آپ کو خصوصاً اور دیگر زائرین عموماً اپنے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ امسال درگاہ کی تمام تقریبات اس کی روایاتی اعلیٰ شان و شوکت کے ساتھ انجام پائیں گی۔

آپ کا مخلص

(دستخط) شنکر پرشاد

پنڈت پنت کی تقریر

(صفحہ اول سے آگے)

غیر مذہبی جمہوری ریاست

[illegible]

گاؤں پنچایت

[illegible]

بہار میں سخت گرمی

[illegible] ۹ مئی۔ شہر میں زبردست گرمی پڑ رہی ہے بلند [illegible] کے بعض مقامات پر درجہ حرارت ۱۱۰ ڈگری تک پہونچ گیا ہے۔ (اپ)

مڈل اتہاس میں رسول اکرم کی تصویر پر احتجاج

قابل توجہ حکومت بہار

[illegible]

امتحانات علوم مشرقیہ یوپی کے نتائج

مولوی

ڈویژن اول - رول نمبر ۱۰ - ۱۴ - [illegible]

[illegible]

منشی

ڈویژن اول - رول نمبر [illegible]

[illegible]

کامل

[illegible]

عالم

[illegible]

فاضل

[illegible]

یونانی کمیونسٹوں کی طرف سے امن کی پیش کش

حکومت یونان قبول نہیں کرے گی

لندن ۹ مئی۔ ایتھنز سے موصول ہونے والی خبر کہ یونانی کمیونسٹ باغیوں نے نیا امن حملہ شروع کردیا ہے [illegible]

[illegible]

مجلس تحفظ میں حیدرآباد کا مسئلہ اٹھائے جانے پر

حیدرآبادی مسلم لیڈروں کے بیانات

[illegible]

مجلس اتحاد المسلمین کے سابق صدر ابو الحسن سید علی نے اعلان کیا کہ حیدرآباد کا مسئلہ حل ہوچکا ہے [illegible]

[illegible]

تجارتی آگاہی

جملہ عام کو بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع کیا جاتا ہے کہ ہمارے مشہور و معروف تیار کردہ اشیاء

(۱) کوہ نور خضاب (۲) تبت سنو وغیرہ

جو ہمارے رجسٹر شدہ مارکہ ہیں اور جن کے ہم واحد مالک ہیں۔ ان کی نقل [illegible] کر رہے ہیں لہٰذا بیوپاریوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ [illegible] ایجنٹ کی معرفت بغیر کسی بیوپاری کے آرڈر کے [illegible] حاضر ڈیلیوری فروخت نہیں کرتے۔ تمام مال جو ہمارے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے وہ حسب معمول ہم سیدھا خریدار کو روانہ کرتے ہیں لہٰذا کوئی ایسا نقلی مال کسی ایجنٹ سے حاضر ڈیلیوری پر خرید [illegible]

اس کے علاوہ بذریعہ نوٹس ہذا یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص نقلی و بناوٹی مال بناتا ہوا یا فروخت کرتا ہوا یا کسی کے پاس فروختگی کے لئے ایسا مال پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ سخت سے سخت قانونی کاروائی دیوانی یا فوجداری یا ہر دو کی جاوے گی و نیز ہمارے ہر قسم کے ہرجانہ کا وہ ذمہ دار ہوگا۔

منیجر کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

نوٹ:- اگر کوئی شخص ایسا مال فروخت کرنے کی غرض سے آپکو ملے تو اسکی اطلاع براہ مہربانی فوراً ہمکو دیں جس سے آپ اور پبلک دونوں کا فائدہ ہو۔

مسٹر گنپتی کو پھانسی دیئے جانے کی مذمت

کانگریس کے جنرل سکریٹری کا بیان

نئی دہلی ۱۰ مئی۔ کل ہند کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری [illegible]

[illegible]

بیٹے کو قتل کرنے پر عمر قید کی سزا

[illegible]

نئے دستور کے تحت سکھوں کے مطالبات

سردار پٹیل سے مشورہ

[illegible]

سوئٹزرلینڈ میں زرعی ترقی

[illegible]

اسرائیل اور اقوام متحدہ کی رکنیت

[illegible] کی شدید مخالفت

[illegible]

جواب کی مدت میں توسیع کردی گئی

کشمیر کمیشن کی طرف سے اعلان

[illegible]

[illegible]

ہندوستان کی بحث

[illegible]

ہومیوپیتھک یونیورسٹی

[illegible]

کوچین میں [illegible] کی توقع

[illegible]

طلباء نے ہڑتال ختم کردی

[illegible]

روزانہ
دہلی
الجمعیۃ
۱۲ رمئی ۱۹۴۹ء

نیا رنگ اور نیا ڈھنگ

سطور ذیل [illegible] کل کی اشاعت کا افتتاحیہ پیش نظر رکھیے ہم نے لکھا تھا کہ چور کی آواز سے لیگی لیڈروں کو بہت بڑا سبق ملا اور انہوں نے یہ پروگرام بنایا کہ قوم پرستوں کو فرقہ پرست ثابت کر دو، ایسی قوم پرستی کو وجود میں آنے دو، اگر ہمیں زیادہ سے زیادہ قوم پرست بننا ہے تو اس کی تدبیر یہی ہے کہ قوم پرستوں کو زیادہ سے زیادہ فرقہ پرست ثابت کرو یعنی وہی چور والی بات کہ اگر چوری کے الزام سے بچنا اور گرفتاری سے محفوظ رہنا ہے تو بھاگتے بھاگتے خوب شور مچاؤ کہ پکڑو، بھاگنے نہ پائے جس شدت سے تعاقب کرنے والے چور چور کا شور بلند کریں اسی شدت سے چور کو بھی چور چور کا شور بلند کرنا چاہیئے، تاکہ راہگیر اور پولیس دھوکہ میں آ جائیں اور وہ کسی موڑ پر پینترا بدل کر روپوش ہو جائے اب یہ تو طے ہوا کہ قوم پروروں کی فرقہ پرستی کا خوب ڈھول پیٹو مگر یہ طے کرنا باقی تھا کہ فرقہ پرست بتایا کسے جائے؟ کانگریس کو فرقہ پرست قرار دینا اپنی موت کو دعوت دینا ہے خدا خدا کرکے تو سانس لینا نصیب ہوا ہے ادھر کانگریس کے منہ آئے تو پانچ آنے والا پروگرام دھرا کا دھرا رہ جائے گا، اسی طرح ہندو مہاسبھا سیوک سنگھ اور اکالیوں کو بھی نشانہ نہیں بنایا جا سکتا کیونکہ وہ تو اپنی فرقہ پرستی کے لئے کافی مشہور ہو چکے ہیں اگر انہیں نشانہ بنایا گیا تو اصل مقصد حاصل نہ ہوگا کیونکہ ان کو کالا کہنا کوئی نیا انکشاف نہیں ہے، اگر مقصد حاصل کرنا ہے تو کسی ایسی جماعت کو فرقہ پرست بناؤ، جو پاکستان کی راہ میں آڑے آتی رہی ہو اور جو اس وقت بھی مسلمانوں کی واحد نمائندہ بنکر لیگی ذہنیت کے حق میں سم قاتل اور چھری کا حکم رکھتی ہو! اور وہ ہے جمعیۃ علماء ہند، بھئی نام خوب یاد آیا، ایک تو اس سے پرانی دشمنی ٹھہری، چونکہ پاکستان کی راہ میں روڑا اٹکانے والی ایک یہی جماعت تھی، دوسرے اس کا کام تمام کئے بغیر لیگی ذہنیت کے لئے کوئی راہ نہیں مل سکتی، بس سب ٹھیک ہے ایک تیر سے کئی شکار ہو جائیں گے اور پانچ آنے وصول کرنے کی راہ کھل جائے گی، یعنی جب ہم یہ کہیں گے کہ جمعیۃ علماء فرقہ پرست ہے اور آج سے نہیں ہمیشہ سے فرقہ پرست رہی ہے تو وہی چور والی بات ہم صاف بچکر نکل جائیں گے اور لوگوں کو یقین آ جائے گا کہ ہم بھی قوم پرست ہیں، اگر قوم پرست نہ ہوتے تو جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست [illegible] اس تدبیر اور ترکیب سے ہمیں جمعیۃ علماء ہند سے انتقام لینے کا موقعہ بھی مل جائے گا، اگر ہم نے اسے فرقہ پرست ثابت کر دیا تو کیا عجب ہے کہ ہمارا انتقام [illegible] اور ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائیں۔

تیسرے یہ کہ جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست ثابت کرتے ہی اس کے بعد [illegible] کانگریس کی قوم پرستی کا بھرم بھی کھل جائے گا، کانگریس نے جمعیۃ علماء کا اور جمعیۃ علماء ہند نے کانگریس کا ساتھ دیا ہے اور آزادی کی جنگ میں یہ دونوں جماعتیں مساوی حیثیت سے شریک رہی ہیں، اگر ان میں سے ایک کو فرقہ پرست ثابت کر دیا گیا تو دوسری جماعت خود بخود فرقہ پرست ثابت ہو جائیگی کیونکہ فرقہ پرست کا ساتھی بھی قاعدہ کی رو سے فرقہ پرست ہی ہوگا، مگر سہولت اسی میں ہے کہ کانگریس کو تو ہاتھ نہ لگے اور اسے ہاتھ لگانا آسان بھی نہیں ہے، اور صرف جمعیۃ علماء کو جو جمعیۃ اس کی دست و بازو رہی ہے فرقہ پرست ثابت کر دیا جائے، نتیجہ ایک ہی ہے کہ دونوں جماعتیں فرقہ پرست ثابت ہو جائیں گی، اور یہ بھی ظاہر ہو جائے گا کہ مسٹر جناح پاکستان بنانے میں حق بجانب تھے۔

آپ نے دیکھا کہ لیگی لیڈروں نے چوری کی آواز سے کیا کام لیا ہے اور ایک تیر سے کس طرح تین شکار کرنے کی تدبیر نکالی ہے، اول یہ کہ اپنی فرقہ پرستی کو اس طرح چھپایا جا سکتا ہے کہ جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست مشہور کر دیا جائے، دوم اس طریقے سے جمعیۃ علماء سے انتقام بھی لیا جا سکے گا، سوم جمعیۃ علماء کے ساتھ کانگریس کی فرقہ پرستی بھی بے نقاب ہو جائے گی اور جب جمعیۃ علماء کو پیٹ بھر کر بدنام کر لیا جائے گا تو ممکن ہے کہ لیگی لیڈروں کا اعتماد بحال ہو جائے، اور وہ الیکشن جیت کر، عہدوں پر فائز ہو کر اور حکومت میں رسوخ حاصل کرکے کوئی ایسی راہ نکال لیں کہ ہندوستان میں ایک دوسرے پاکستان کی بنیاد پڑ جائے، اور دو قوموں کی تھیوری پھر فیصلے سے باہر نکل آئے! آپ جس قدر لیگی لیڈروں کے ان پینتروں پر نظر ڈالیں گے اور یہ راز معلوم کریں گے کہ اب انہیں جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست ثابت کرنے کی کیوں سوجھی، اسی قدر آپ پر یہ حقیقت واضح ہوگی کہ وہ کانگریس اور جمعیۃ علماء [illegible] انتقام لے کر ایک دوسرے پاکستان کے لئے بنیاد تیار کرنا چاہتے ہیں، پہلا پاکستان لیگ کے نام پر، اسلام کی آڑ میں، دو قوموں کی تھیوری کے سہارے اور ہندو مسلم منافرت کو ہوا دیکر بنایا گیا تھا، اب یہ دوسرا پاکستان، قوم پرست بن کر قوم پرستوں کو فرقہ پرست قرار دے کر اور مہاسبھا اور سیوک سنگھ کی ہاں میں ہاں ملا کر بنایا جائے گا اگر اس کے لئے لیگی لیڈروں کو اسلام بھی قربان کر دینا پڑے تو وہ ہرگز دریغ نہ کریں گے اگر سنگھیوں کو خوش کرنے کی نوبت آئے تو وہ اسے بھی گوارا کریں گے۔ آپ کہیں گے کہ لیگیوں نے تو اسلام اور مسلمانوں کی خاطر پاکستان بنایا اب وہی لیگی دوسرا پاکستان بنانے کے لئے اسلام کی بنیادوں پر کس طرح کلہاڑا چلا سکتے ہیں، مگر آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ لیگی حضرات کو نہ پہلے اسلام کی پرواہ تھی اور نہ اب ہے اگر انہیں اسلام کی پرواہ ہوتی تو ہزاروں مساجد کی ویرانی اور بربادی کے اسباب پیدا نہ کرتے، ہزاروں لڑکیوں کی عصمت دری اور اغوا کے لئے زمین ہموار نہ کرتے اور بے شمار مخلوق کی ہڈیوں پر پاکستان کی بنیاد اٹھاتے! انہوں نے یہ سب کچھ اسلام کا نام لے کر کیا کیونکہ اس نام کے بغیر وہ پاکستان نہیں بنا سکتے تھے، اب اگر وہ ٹھان لیں کہ ہندوستان میں دوسرا پاکستان بنا کر چھوڑیں گے اور اس کے لئے انہیں اسلام کو قربان کرنا ہوگا، تو وہ یقیناً اپنی خواہش کی دیوی پر اسلام کی بھینٹ چڑھانے میں تامل نہ کریں گے۔ چنانچہ وہ ابھی سے اشارے کر رہے ہیں کہ اگر اسلام مٹتا ہے تو مٹ جانے دو، صرف اکثریت کو یقین آ جائے کہ ہم قوم پرست بن گئے ہیں اور ثبوت یہ کہ ہم نے جمعیۃ کو فرقہ پرست ثابت کر دیا اور اسلامی شعائر کی مخالفت میں ہم دوسروں پر بازی لے گئے! آپ کہیں گے کہ شاید ہم مبالغہ سے کام لے رہے ہیں، مگر نہیں ہمارے پیش نظر حقائق ہیں اور ہم ان حقائق پر اشاعت فردا میں روشنی ڈالیں گے۔

پتے کی بات

ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت حکومت ہند نے [illegible] دنیا کو [illegible] ایک جماعت کی کمزوری پورے ہندوستان کی کمزوری ہے [illegible] سیاسی حقوق حاصل ہوں گے اور ان کے ساتھ کوئی امتیازی برتاؤ نہ کیا جائے گا؟ دراصل جمہوریت کی اصل روح یہی ہے جس پر حکام اور عوام کو عمل کرنا چاہیئے۔ آگے چل کر ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ ہندوستان مختلف قسم کے لوگوں کا ملک ہے جو مختلف زبانیں بولتے ہیں، مختلف مذاہب کے پیرو ہیں اور مختلف زاویہ نگاہ سے سوچتے ہیں، ان کے باوجود سب کو ایک ہندوستانی کی حیثیت سے زندگی بسر کرنی چاہیئے کتنی سیدھی اور صاف بات ہے کہ متحدہ قومیت کا مطلب متحدہ وطنیت ہے، وطن سبکا ایک ہے اور وطنیت کے فرائض بھی سب پر یکساں عائد ہوتے ہیں، البتہ افکار کے سانچے قدرتی ہیں۔ زبانوں کا اختلاف فطری ہے، مذاہب کا تنوع ناگزیر ہے، جو شخص متحدہ وطنیت کے علاوہ کسی اور چیز کا مطالبہ کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ خیالات، مذاہب، اور زبانوں کے اختلافات بھی مٹ جائیں وہ گویا اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ ۳۳ کروڑ انسانوں کی شکلیں بھی ایک ہو جائیں! ڈاکٹر مکرجی کا یہ ارشاد کہ ہر ایک جماعت کی کمزوری پورے ہندوستان کی کمزوری ہے، جمہوریت کی جان ہے اور ہم بارہا اس حقیقت کو دلائل و شواہد کے ساتھ ظاہر کرکے اپیل کر چکے ہیں کہ ہندوستانی عوام جلد سے جلد اس حقیقت کو سمجھ لیں اور اس کے مطابق اپنا طرز عمل بنائیں۔

بمبئی کا جلوس

بمبئی جیل میں چند نظر بندوں نے اپنے مطالبات منوانے کے لئے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے، ان کی ہمدردی میں [illegible] سیاسی جماعتوں نے [illegible] جلوس نکالنا چاہا جس کی اجازت نہیں دی گئی، لیکن جلوس والوں نے امتناعی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جلوس نکالنے پر اصرار کیا اور اس کشمکش میں پولیس سے بھی تصادم ہوا جس پر پولیس نے گولی چلا دی اور متعدد اشخاص کو زخمی کر دیا جن میں دو تین عورتیں بھی ہیں، اس سلسلہ میں ہماری رائے یہ ہے کہ جو لوگ امتناعی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں وہ ایک بہت بڑی غلطی کے مرتکب ہوتے ہیں، ہو سکتا ہے کہ حکم امتناعی جابرانہ اور غیر منصفانہ ہو لیکن اس کے مقابلہ کی صورت یہ نہیں ہے کہ ہم خلاف ورزی کرکے پولیس کو تشدد کے لئے مجبور کر دیں، مقابلہ کا صحیح طریقہ قانون کی اطاعت اور اپنے حقوق کے لئے پرامن جنگ ہے دوسری طرف ہم حکومت سے بھی عرض کریں گے کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر اڑ کر فتنہ کا دروازہ نہ کھولے، آخر بھوک ہڑتالیوں کا اگر یہ مطالبہ تسلیم کر لیا جاتا کہ ان کے ساتھ سیاسی قیدیوں کا سا سلوک کیا جائے تو کیا ہرج ہو جاتا! ضرورت ہے کہ ایک طرف عوام کو قانون کے احترام کا خوگر بنایا جائے اور دوسری طرف حکومت بھی اپنے طرز عمل کو بدلنے کی کوشش کرے اور نرمی حسن سلوک اور دوستداری کو بنیاد کار بنائے۔

تبصرہ

تاریخ کٹھیر و روہیلکھنڈ

مصنفہ [illegible] قیمت [illegible] ملنے کا پتہ [illegible]

یہ کتاب [illegible] ستائیاں پور، بریلی، پیلی بھیت، بریلی، سنبھل، مراد آباد اور ان کے مضافات کی تاریخ عام طور پر معلوم نہیں، اس کتاب میں ان جواہر ریزوں کو تقریباً ایک سو قلمی اور مطبوعہ نسخوں سے فراہم کرکے جمع کر دیا گیا ہے۔

اس ذوق کے لئے قابل قدر چیز ہے اور بالخصوص روہیلکھنڈ کو اپنے وطن عزیز کے حالات معلوم کرنے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ [illegible] تاریخ کے آغاز سے [illegible] سیاسی اور اقتصادی حالات اس کتاب میں جمع ہو جائیں۔ [illegible] مصنف کے مندرجہ بالا پتہ پر [illegible]

اچھی باتیں

انا انزلنا ۔ تا ۔ بوکیل ۔ (پ ۲۳ ع ۱)

ہم نے آپ پر اس کتاب کو لوگوں کے لئے حق کے ساتھ نازل کیا ہے، پس جو شخص اس سے ہدایت حاصل کرتا ہے وہ اپنا ہی بھلا کرتا ہے اور جو شخص گمراہی اختیار کرتا ہے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور آپ ان لوگوں پر داروغہ بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

قرآن کریم کو کسی خاص قوم یا قبیلہ کے لئے نہیں بلکہ تمام نوع انسانی کے لئے نازل کیا گیا ہے اور اس کا خطاب کسی خاص گروہ سے نہیں بلکہ عام انسانوں سے ہے اسلئے کہ وہ حق کے ساتھ نازل کیا گیا ہے اور حق تمام انسانوں کی مشترک متاع ہے، اب جو شخص اس حق کو مانے گا وہ اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو نہ مانے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا، اسلام کسی پر زبردستی نہیں کرتا وہ تو یقین اور ایمان ہے اور یقین زبردستی سے کبھی پیدا نہیں ہوتا پس اگر کوئی شخص انکار کرتا ہے تو کرنے دیجئے، آپ کا کام حق کا پہونچانا ہے ماننا یا نہ ماننا دوسروں کا کام ہے آپ داروغہ بنا کر نہیں بھیجے گئے کہ حق کو زبردستی کسی کے اندر داخل کر دیں حق خود اپنی راہ پیدا کرے گا، بشرطیکہ پہونچانے کی ذمہ داری لیجائے۔

متحدہ ہندو مسلم کلچر کا زوال!

(از قلم :- ڈاکٹر سید محمود وزیر ترقیات بہار)

ہمیں پہلے اس بات کو اعادہ کی جو معلوم کرنی چاہیئے جس نے اس ثقافتی اور تہذیبی اتحاد کو تباہ کیا جو قرون وسطیٰ میں ہندوستان کو حاصل ہو گیا تھا۔ جداگانہ کلچر کی تحریکیں [illegible] شروع ہوئی تھیں [illegible] پیدا کر دیے تھے لیکن ایک بات صاف اور واضح ہے کہ [illegible] ہندوستان کے دو بڑے فرقوں [illegible]

ان تمدنی اختلافات نے [illegible] جب کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ ہندو اور مسلمان دونوں نے ہندی اور اردو کی ترقی میں حصہ لیا [illegible]

مذہب وجہ اختلاف نہیں

[illegible]

فرق و امتیاز کا ظہور

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

مراسلہ

یوپی کے سرکاری مدارس اور اردو

(از قاضی محمد عدیل عباسی وکیل)

جناب قاضی محمد عدیل عباسی وکیل بستی سابق ایم ایل اے یوپی کا ایک مراسلہ موصول ہوا ہے جو حسب ذیل درج ذیل ہے۔

[illegible] آپ کو معلوم ہے کہ مسٹر سمپورنانند نے ایک گورنمنٹ آرڈر جاری کیا تھا کہ پرائمری درجوں تک ذریعہ تعلیم اردو بھی ہو سکتی ہے [illegible] اردو ذریعہ تعلیم نہیں ہے ۲۸ رمارچ سنہ کو مولانا بشیر صاحب ایم ایل سی مولانا اسمٰعیل سنبھلی اور ہم نے دستخط کرکے سمپورنانند جی کو ایک مضمون بصورت خط دیا کہ قریب قریب چالیس اضلاع سے جمعیۃ علمائے صوبہ متحدہ کے دفتر میں یہ شکایت موصول ہوئی ہے کہ باوجود گورنمنٹ آرڈر کے اردو کو ذریعہ تعلیم نہیں بنایا جا رہا ہے دوسری شکایت ہم لوگوں نے یہ کی کہ اسپیشل افسر جبریہ تعلیم صوبہ یوپی نے یہ حکم جاری کیا ہے کہ مکاتب اسلامیہ و مدارس عربیہ میں جو لڑکے ۶ سال سے کم عمر کے ہیں وہ سب سرکاری اسکولوں میں آ جائیں اور وہاں جبراً انہیں ہندی کے ذریعہ تعلیم حاصل کرنی پڑے [illegible]

[illegible] اسپیشل افسر نے غور نہ کیا اور ڈائرکٹر دونوں کے احکام کو منسوخ کر دیا ہے اس سے یہ کھلا ہوا معلوم ہے کہ حکومت کے افسران حکومت کی پالیسی سے سلیقہ و روش رکھتے ہیں [illegible]

جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونسٹ نئی چالیں شروع کریں گے

مشرق بعید کے برطانوی مبصرین کو خطرہ

[illegible] مشرق بعید [illegible] کمیونسٹوں [illegible]

ضلع ورنگل میں کمیونسٹوں کی گرفتاری

حیدرآباد ۱۰ رمئی (اپ) ضلع ورنگل میں [illegible]

انکم ٹیکس پالیسی کی مخالفت

سوراشٹر کے تاجروں کی کانفرنس

راجکوٹ ۱۰ رمئی۔ مقامی تاجروں نے حکومت سوراشٹر کی انکم ٹیکس کی نئی پالیسی کے متعلق غور و خوض کیا۔ حکومت نے یکم اپریل سے انکم ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے [illegible] وزیر اعظم سے اس سلسلہ میں ملاقات کرکے [illegible] تاجر طبقہ کے رد عمل کو پیش کیا [illegible]

کشمیر میں غیر ملکی ٹورنامنٹ

[illegible] (اپ)

ڈاکٹر بیل کا استعفیٰ

[illegible]

حکومت برما کو ۲ کروڑ روپیہ کا قرضہ

رنگون ۱۰ رمئی۔ ایک ہندوستانی بنک نے برما کی حکومت کو دو کروڑ روپیہ قرض دینے کی آمادگی ظاہر کی ہے۔ اس روپیہ سے حکومت برما کلکتہ میں چاول بھرنے کی بوریاں خریدے گی۔ برما سے چاول کی برآمد کی تجارت پوری طرح حکومت برما کے قبضہ میں ہے اسی وجہ سے وہاں قیمتی چاول کی تجارت کو قومی حیثیت دی گئی تھی۔ (یوپی)

راجستھان ریلوے مزدوروں کی [illegible]

ہزاروں مزدوروں کا جلوس اور جلسہ

جے پور ۱۰ رمئی۔ جوہری بازار میں ریلوے جنید [illegible] ہزاروں مزدوروں کا ایک جلوس شہر کی بڑی بڑی سڑکوں پر سے گذرا۔ یہ جلوس [illegible] ملازمین نے یوم راجستھان ریلوے کے سلسلہ میں نکالا تھا بعد میں ایک جلسہ بھی منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور ہوئیں۔

(۱) مرکزی حکومت کو تمام راجستھان ریلوں کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہیئے۔

(۲) [illegible]

(۳) [illegible]

(۴) دوسرے صوبوں کے مزدوروں [illegible] جاری کیا جائے۔

(۵) کسی محکمہ میں اور خاص طور پر ریلوے میں راجستھان کی ریاستوں کے ادغام کے باعث تخفیف نہ کی جائے۔

(۶) حکومت [illegible] ریلوے [illegible] تسلیم کرے۔

مسز وجے لکشمی پنڈت واشنگٹن میں

واشنگٹن ۱۰ رمئی۔ ہندوستانی سفیر مسز وجے لکشمی پنڈت [illegible] اپنے عہدہ کا چارج لینے کے لئے نیویارک سے واشنگٹن پہونچ گئیں۔ ہوائی اڈہ پر ۵۰ سے زیادہ افراد نے آپ کا استقبال کیا۔ یہ اجتماع ایسے موقعہ پر ہوائی اڈہ پر سب سے بڑا تھا اس میں سفراء اور اعلیٰ افسران بھی شامل تھے۔ مسز پنڈت نے کہا کہ میں توقع رکھتی ہوں کہ ہندوستان اور امریکہ کی دوستی دنیا کے بہت سے مسائل کے حل کرنے میں امداد دے گی۔ (ا پ ۔ ش ۔ رائٹر)

مدھیہ بھارت کی دھارا سبھا

سرکاری بنچیں خالی تھیں

اندور ۱۰ رمئی۔ مسٹر رام سہائے اسپیکر دھارا سبھا [illegible] اجلاس [illegible] ملتوی کر دیا۔ [illegible] سرکاری بنچوں پر ایک بھی وزیر موجود نہیں تھا۔ [illegible] مدھیہ بھارت کا نیا لیڈر آج اپنے وزیروں کے نام پیش کر دیگا جو تین بجے سے قبل اپنے عہدہ کا حلف اٹھائے گی۔ (اپ)

سکھوں کے مطالبات کا فیصلہ مرکزی حکومت کریگی

وزیر اعظم مسٹر سچر کا پریس کانفرنس میں بیان

[illegible] مسٹر سچر نے آج ایک پریس کانفرنس میں سکھوں کے مطالبات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کیونکہ مشرقی پنجاب کی حکومت کو یہ مطالبات قابل قبول نہیں ہو سکے، لہٰذا انہیں مرکزی حکومت کے سپرد کر دیا گیا ہے۔

آپ نے بتایا کہ اس سلسلہ میں گیانی کرتار سنگھ سے ایک معاہدہ ہوا تھا کہ اختلافات کی صورت میں مرکزی حکومت کا فیصلہ تمام پارٹیوں کے لئے قابل قبول ہوگا۔

مسٹر بھیم سین سچر نے انکشاف کیا کہ سکھوں نے اسمبلیوں میں نشستوں کی تخصیص کے علاوہ جنرل سیٹوں سے انتخاب لڑنے کے حق ملازمتوں میں تخصیص، گورمکھی رسم الخط سے پنجابی کو ذریعہ تعلیم اور عدالتی [illegible] سکھوں کے مساوی حقوق دیئے جانے کے مطالبات کئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا ان میں سے زبان اور نشستوں کی تخصیص کے مسائل مرکزی حکومت کے سپرد کئے گئے ہیں کیونکہ گیانی کرتار سنگھ سے میرا ایک معاہدہ ہوا تھا کہ اگر ہم دونوں میں اختلاف رائے ہو تو اس معاملہ کو مرکز کے سپرد کر دیا جائے۔ اور طرفین مرکز کے فیصلہ کے پابند رہیں۔ مسٹر سچر نے اعلان کیا کہ مرکز کا فیصلہ اسمبلی کی تمام پارٹیوں کو قابل قبول ہوگا۔ ملازمتوں کے متعلق بھی مسٹر سچر نے کہا کہ مشرقی پنجاب مرکز کا تصفیہ کریگا اور [illegible] ملکوں کا مسئلہ آئین ساز اسمبلی حل کریگی۔

مسٹر سچر نے بتایا [illegible] زبان کے لحاظ سے الگ صوبہ بنائے جانے کے مطالبہ کا ذکر کیا گیا۔ تو آپ نے کہا کہ گیانی کرتار سنگھ کا مطالبہ الگ صوبہ کا [illegible] دونوں زبان اور رسم الخط کے مسائل کا اطمینان بخش تصفیہ چاہتے ہیں۔

سمباسیوم کی سزائے موت کے خلاف

ہندی ہائی کمشنر مسٹر مینن کا احتجاج

لندن ۱۰ رمئی۔ لندن میں ہندوستان کے ہائی کمشنر مسٹر مینن نے لارڈ لسٹوویل سے ملایا میں ایک ہندوستانی کو سزائے موت کا حکم دئے جانے پر سخت احتجاج کیا ہے۔ اس ہندوستانی کا نام سمباسیوم ہے۔

قوالا لمپور کے ایک نمائندہ نے کہا کہ اس احتجاج کو ملایا فیڈریشن کے ہائی کمشنر سر ہنری گرنے کو بھیج دیا گیا ہے۔ [illegible]

ہریجنوں کے مکانات جل گئے

[illegible] ہریجنوں کے [illegible] قریب [illegible] معہ کل سامان و غلہ کے جل کر خاک ہو گئے۔ وہاں سے کوئی درخت بھی ایسا نہیں بچا جس کے سایہ میں لو اور گرمی سے بیلوگ محفوظ رہ سکیں۔ اور تقریباً ساڑھے تین سو ہریجنوں کا کہنا ہے کہ پنچایت الیکشن کے سلسلہ میں ان کو یہ دن دیکھنے پڑے ہیں۔ چودھری گردھاری لال وزیر محکمہ ایکسائز یو پی آج وہاں تشریف لائے۔ ہریجنوں کا ایک ڈیپوٹیشن آپ سے ملا [illegible] واقعات [illegible]

گورنروں کی کانفرنس ختم

نئی دہلی ۱۰ رمئی۔ گورنروں کی دو روزہ کانفرنس دو گھنٹے کے اجلاس کے بعد کل ختم ہو گئی۔ سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ کانفرنس میں عام طور پر گورنروں کے فرائض اور اختیارات پر بحث و تمحیص ہوئی۔ (اپ)

جنوبی افریقہ کی حکومت دن بدن فسطائی ہوتی جا رہی ہے

لندن سے روانہ ہونے سے قبل مسٹر منی لال گاندھی کا بیان

ساؤتھمپٹن (انگلینڈ) ۱۰ رمئی۔ مسٹر منی لال گاندھی نے امریکہ روانہ ہونے سے قبل بتایا کہ جنوبی افریقہ کی یونین کی حکومت دن بدن زیادہ فسطائی ہوتی جا رہی ہے۔ رنگین لوگوں سے ان کی عدم رواداری دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ اب صورت حالات بہت نازک ہو گئی ہے اور نتیجہ کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے۔ مسٹر گاندھی دو ہفتہ تک امریکہ کا دورہ کریں گے اور اقوام متحدہ کے اجلاس میں ایک جرنلسٹ کی حیثیت سے شریک ہوں گے انہوں نے کہا میں صرف ایک جرنلسٹ کی حیثیت سے سفر کر سکتا ہوں اور اگر میں کسی سیاسی مشن پر آیا ہوتا تو مجھے ویزا نہیں دیا جاتا۔ مسٹر گاندھی انگریزی اخبار "انڈین اوپینین" کے ایڈیٹر ہیں جو جنوبی افریقہ کے ڈھائی لاکھ ہندوستانیوں کا اخبار ہے۔

انہوں نے کہا کہ [illegible] جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں [illegible] ان پر حال ہی میں کمیونزم کا الزام لگایا گیا ہے [illegible] انہوں نے کہا بعض لوگوں پر صرف اس لئے کمیونسٹ ہونے کا الزام لگایا گیا ہے کہ وہ حکومت کی مخالفت کرتے تھے۔ (اپ ش)

لدھیانہ میں ایک مشہور ڈاکو کی ہلاکت

پولیس سے سترہ گھنٹے تک لڑتا رہا

لدھیانہ ۹ رمئی۔ ایک اطلاع مظہر ہے کہ لدھیانہ کے نزدیک موضع رام گڑھ میں پولیس نے ۱۷ گھنٹے کے مقابلے کے بعد ایک مشہور ڈاکو تارا سنگھ کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

تارا سنگھ گنگرانہ کا باشندہ تھا اس ضمن میں واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ تارا سنگھ موضع رام گڑھ میں ایک اونچی عمارت کی بالائی منزل پر تھا، مسٹر دلیپ سنگھ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی سرکردگی میں پولیس پارٹی نے مکان کو محصور کر لیا۔ پولیس نے تارا سنگھ کو ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا۔

تارا سنگھ نے اس کے جواب میں گولی چلائی پولیس نے بھی جواب میں گولی چلائی۔ تارا سنگھ اور پولیس کے درمیان [illegible] اور وہ مر گیا اس مقابلہ میں دو کانسٹیبل بھی مر گئے اور مسٹر دلیپ سنگھ بھی زخمی ہو گئے۔ جب پولیس پارٹی واپس آئی تو لوگوں نے خراج تحسین ادا کیا اور پولیس زندہ باد کے نعرے لگائے۔ پولیس کانسٹیبلوں کی لاشوں کا جلوس نکالا گیا۔ (اپ)

لائبریریوں کا قیام

انبالہ ۱۰ رمئی۔ یہاں ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر تعلیم مشرقی پنجاب نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ میں لائبریریوں میں اضافہ ہونا چاہیئے تاکہ عوام کی مناسب تعلیم کا انتظام ہو سکے۔ انہوں نے کہا غیر منقسم پنجاب کی لائبریریوں کا کافی حصہ مشرقی پنجاب کو نہیں ملا۔ (اپ)

گوڈسے کہتا ہے کہ وہ بم پھٹنے والے دن برلا ہاؤس میں نہیں تھا

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت

شملہ ۱۰ رمئی۔ کل مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے فل بنچ کے روبرو گاندھی جی کے مقدمہ قتل کے سزا یافتگان ناتھورام گوڈسے اور اس کے [illegible] کی اپیل کی مزید سماعت ہوئی۔ گاندھی جی کے قاتل گوڈسے نے بحث جاری رکھتے ہوئے کہا کہ گوشت مہاراج نے اپنے بیان میں کہا کہ گواہ ان سے پندرہ جنوری کی شام یا سولہ جنوری کی صبح کو ملا تھا، مگر باڈگے کا بیان ہے کہ گوڈسے ۱۷ جنوری کو پونہ میں تھا، کوئی وجہ نہیں کہ گوشت مہاراج کے بیان پر کیوں یقین نہ کیا جائے۔ برلا ہاؤس کا نقشہ عدالت کو پیش کیا۔ اور کہا کہ سرجیت سنگھ ٹیکسی ڈرائیور کے علاوہ ۳ مزید شہادتیں جنہوں نے ۲۰ جنوری کو برلا ہاؤس میں میری موجودگی کا ذکر کیا ہے۔ در حقیقت میں اس دن وہاں نہ تھا شہادتوں کے بیان کے مطابق میں باڈگے اور دوسرے لوگوں کے ہمراہ برلا ہاؤس نہیں گیا۔ اس کا مطلب ہوا کہ میں الگ ٹیکسی میں برلا ہاؤس گیا، یہ ایک ایسا نکتہ ہے جس پر غور کیا جانا چاہیئے۔ [illegible] ۲۰ جنوری کو برلا ہاؤس میں موجود تھا۔ اس نے گواہوں نے کہہ دیا کہ میں ۲۰ جنوری کو بھی وہاں گیا تھا مگر ان کی یہ شہادت کوئی وزن نہیں رکھتی، کیونکہ یہ ایک قدرتی بات ہے کہ اگر میں ۲۰ جنوری کو برلا ہاؤس گیا ہوتا تو میں ۳۰ جنوری کو وہاں نہ جاتا [illegible] ۳۰ جنوری کو مجھے وہاں دیکھا تھا۔ [illegible] مگر ہم اپنا کام کرنے پہونچے تھے۔

گوڈسے نے [illegible] اگر میں ۲۰ جنوری کو برلا ہاؤس گیا ہوتا تو میں اپنے کام کے لئے کوئی اور جگہ منتخب کرتا کیونکہ میں اپنا کام کرنے سے پہلے ہی گرفتار ہو جاتا [illegible] ۳۰ جنوری کو گاندھی جی پرارتھنا سبھا میں دس منٹ دیر سے پہنچے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ [illegible] کم از کم ۲۰ منٹ پہلے وہاں تھا [illegible] ابھی گوڈسے کی بحث ختم نہیں ہوئی تھی کہ عدالت کی کارروائی آج پر ملتوی ہو گئی۔ (اپ)

بی اے کے ایک امیدوار کی گرفتاری

کلکتہ ۱۰ رمئی (اپ) کل کلکتہ یونیورسٹی میں بی اے کا امتحان دینے والے ایک امیدوار کو امتحان کے ہال میں ناجائز طریقہ اختیار کرنے پر گرفتار کیا گیا ہے۔

کہا جاتا ہے وہ امیدوار باہر سے جوابات حاصل کرکے نقل کر رہا تھا۔ [illegible] پولیس [illegible] (اپ)

لکھنؤ میں کسانوں کا مظاہرہ

لکھنؤ ۱۰ رمئی۔ سیکڑوں کسانوں نے آج لکھنؤ میں اسمبلی کے سامنے حکومت کی حصول اناج کی پالیسی کے خلاف مظاہرہ کیا۔ اس سے قبل سوشلسٹوں کے خلاف مقامی کانگریسیوں نے مظاہرہ کیا تھا۔ اور انہی سوشلسٹ نعرے لگائے تھے۔ (اپ)

پاکستان برما کی سرحد پر مزید فوج

کلکتہ ۱۰ رمئی۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے برما کی سرحد پر اور خصوصاً اراکان کی سرحد کو زیادہ مضبوط کر دیا ہے۔ یہاں پہونچنے والی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان نے یہ قدم اس لئے اٹھایا ہے کہ برما سے [illegible] عناصر پناہ لینے کے لئے مشرقی بنگال میں داخل نہ ہو سکیں۔

کلکتہ میں سخت بارش

کلکتہ ۱۰ رمئی۔ کلکتہ میں کل سے بارش شروع ہو گئی ہے۔ کل بعد دوپہر سخت بارش ہوئی اور کلکتہ کے نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا۔ بارش رات بھر ہوتی رہی۔ کلکتہ کے بعض علاقوں میں گھٹنوں گھٹنوں پانی ہو گیا۔ آج صبح بھی تقریباً تین گھنٹہ بارش ہوئی بعض علاقوں میں [illegible] ہوائی جہازوں کی روانگی میں بھی مشکلات پیدا ہو گئیں۔ لیکن آنے والے طیارے وقت پر پہونچ گئے (اپ)

ویٹ نام کی فرانسیسی فوجوں کو کمک کی روانگی

الجیریس ۱۰ رمئی۔ ویٹ نام میں لڑنے والی فرانسیسی فوجوں کی مدد کے لئے چار ہزار فرانسیسی سپاہی شمالی افریقہ کی بندرگاہ مرز الکبیر سے جہازوں میں انڈوچائنا روانہ ہو گئے۔ ایک فرانسیسی جہاز دو ہزار فرانسیسی افسروں اور سپاہیوں کو انڈوچائنا لے جا رہا ہے [illegible] روانہ ہو گیا۔

شہر کے امن میں کسی قسم کا خلل نہیں پڑنے دیا جائے گا

بمبئی کے حالیہ واقعات پر وزیر اعظم مسٹر کھیر کا اعلان

بمبئی ۱۰ رمئی۔ وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیر نے کل یہاں ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ وہ شہر کے امن میں خلل نہیں پڑنے دیں گے۔ جلوسوں کے حادثات کا ذکر کرتے ہوئے جن کی وجہ سے پولیس اور کمیونسٹوں میں تصادم ہوا انہوں نے کہا کہ [illegible] لیکن کسی ایسی حرکت کی اجازت نہیں دی جا سکتی جس سے ریاست یا پبلک خطرے میں پڑے۔

وزیر اعظم نے کمیونسٹوں کو مشورہ دیا کہ وہ آئینی طریقہ اختیار کریں، کیونکہ اس وقت غنڈہ گردی اور گڑبڑ [illegible] کیا کمیونسٹ پارٹی خلاف قانون قرار دے دی جائے گی؟ [illegible] ایسا کرنے کی ضرورت نہ ہوگی [illegible] آزادی کو محفوظ رکھنا ہے [illegible]

البانیہ کی سرحد پر باغیوں کا اجتماع

یونان میں نئے حملہ کا امکان

ایتھنز ۱۰ رمئی۔ یونان کی [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ یونان اور البانیہ کی سرحد پر باغیوں کے حملوں کا امکان ہے۔ نیز بتایا گیا ہے کہ تقریباً تین ہزار باغی [illegible]

AMICOTONIC
کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
امیکوٹانک
نامردی۔ لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے
امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ [illegible]
امیکوطلاء
[illegible]
ملنے کا پتہ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ
فہرست ادویات مفت طلب کریں

روپیہ کمانے آمدنی بڑھانے نئے کاروبار کرنے
کیلئے قیمتی مشورہ لٹریچر مفت منگوائیں۔ روزگار آفس دائی دہلی

کراچی میں
روزنامہ و ہفت روزہ
الجمعیۃ
مسلم نیوز ایجنسی
بولٹن مارکیٹ سے خریدیئے

ٹائپ رائٹر سکنڈ ھینڈ
نہایت اچھی حالت میں
برائے فروخت موجود ہے
رعایتی قیمت دو سو روپے
دفتر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان بلیماران دہلی تشریف لاکر ملاحظہ فرمائیے

روح افزا
گرمی کے موسم کی ہر تکلیف مرض دور کرنے کے لئے
Hamdard

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۲ مئی ۱۹۴۹ء

نیا رنگ اور نیا ڈھنگ

سطور ذیل میں ربط پیدا کرنے کے لئے کل کی اشاعت کا اقتباس پیش نظر رکھیئے ہم نے لکھا تھا کہ چور کی آواز سے لیگی لیڈروں کو بہت بڑا سبق ملا اور انہوں نے یہ پروگرام بنایا کہ قوم پرستوں کو فرقہ پرست ثابت کر دو، اپنی قوم پرستی خود بخود نکل آئے گی، اگر ہمیں زیادہ سے زیادہ قوم پرست بننا ہے تو اس کی تدبیر یہی ہے کہ قوم پرستوں کو زیادہ سے زیادہ فرقہ پرست ثابت کرو یعنی وہی چور والی بات کہ اگر چوری کے الزام سے بچنا اور گرفتاری سے محفوظ رہنا ہے تو جب بھاگے تو خوب شور مچاؤ کہ پکڑو، بھاگنے نہ پائے [illegible] اسی شدت سے چور کو بھی چور چور کا شور بلند کرنا چاہیئے، تاکہ راہگیر اور پولیس بھی دھوکہ میں آجائیں اور وہ کسی اور پر پینترا بدل کر روپوش ہو جائے اب یہ تو طے ہوا کہ قوم پروروں کی فرقہ پرستی کا خوب ڈھول پیٹو مگر سوال یہ تھا کہ فرقہ پرست بتایا کسے جائے؟ کانگریس کو فرقہ پرست قرار دینا اپنی موت کو دعوت دینا ہے خدا خدا کرکے تو سانس لینا نصیب ہوا ہے اگر پھر کانگریس کے منہ آئے تو پانچ آنے والا پروگرام دھرا کا دھرا رہ جائے گا، اسی طرح ہندو مہا سبھا سیوک سنگھ اور اکالیوں کو بھی نشانہ نہیں بنایا جا سکتا کیونکہ وہ تو اپنی فرقہ پرستی کے لئے کافی مشہور ہو چکے ہیں [illegible] کسی ایسی جماعت کو فرقہ پرست بناؤ جو پاکستان کی راہ میں آڑے آتی رہی ہو اور جو اس وقت بھی مسلمانوں کی واحد نمائندہ بنکر لیگی ذہنیت کے حق میں سم قاتل اور چھری کا حکم رکھتی ہو! اور وہ ہے جمعیۃ علماء ہند، بھئی نام خوب یاد آیا، ایک تو اس سے پرانی دشمنی ٹھہری، چونکہ پاکستان کی راہ میں روڑا اٹکانے والی ایک یہی جماعت تھی، دوسرے اس کا کام تمام کئے بغیر لیگی ذہنیت کے لئے کوئی راہ نہیں مل سکتی بس سب ٹھیک ہے ایک تیر سے کئی شکار ہو جائیں گے اور پانچ آنہ وصول کرنے کی راہ کھل جائے گی، یعنی جب ہم یہ کہیں گے کہ جمعیۃ علماء فرقہ پرست ہے اور آج سے نہیں ہمیشہ سے فرقہ پرست رہی ہے تو وہی چور والی بات ہم صاف بچکر نکل جائیں گے اور لوگوں کو یقین آجائے گا کہ ہم پکے قوم پرست ہیں، اگر قوم پرست نہ ہوتے تو جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست کہہ کر کیوں مطعون کرتے؟ دوم یہ کہ [illegible] ہے فرقہ پرست ثابت کر دیا جائے، نتیجہ ایک ہی ہے کہ دونوں جماعتیں فرقہ پرست ثابت ہو جائیں گی، اور یہ بھی ظاہر ہو جائے گا کہ مسٹر جناح پاکستان بنانے میں حق بجانب تھے۔

آپ نے دیکھا کہ لیگی لیڈروں نے چور کی آواز سے کیا کام لیا ہے اور ایک تیر سے کس طرح تین شکار کرنے کی تدبیر نکالی ہے، اول یہ کہ اپنی فرقہ پرستی کو اس طرح چھپایا جا سکتا ہے کہ جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست مشہور کر دیا جائے، دوم اس طریقے سے جمعیۃ علماء سے انتقام بھی لیا جا سکے گا، سوم جمعیۃ علماء کے ساتھ کانگریس کی فرقہ پرستی بھی بے نقاب ہو جائے گی اور جب جمعیۃ علماء کو پیٹ بھر کر بدنام کر لیا جائے گا تو ممکن ہے کہ لیگی لیڈروں کا اعتماد بحال ہو جائے، اور وہ الیکشن جیت کر، عہدوں پر فائز ہو کر اور حکومت میں رسوخ حاصل کرکے کوئی ایسی راہ نکال لیں کہ ہندوستان میں ایک دوسرے پاکستان کی بنیاد پڑ جائے، اور دو قوموں کی تھیوری پھر قبیلے سے باہر نکل آئے! آپ جس قدر لیگی لیڈروں کے ان پینتروں پر نظر ڈالیں گے اور یہ راز معلوم کریں گے کہ اب انہیں جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست ثابت کرنے کی کیوں سوجھی، اسی قدر آپ پر یہ حقیقت واضح ہو گی کہ وہ کانگریس اور جمعیۃ علماء سے بیک وقت انتقام لے کر ایک دوسرے پاکستان کے لئے بنیاد تیار کرنا چاہتے ہیں، پہلا پاکستان [illegible] کے سہارے اور ہندو مسلم منافرت کو ہوا دیکر بنایا گیا تھا، اب یہ دوسرا پاکستان، قوم پرست بن کر قوم پرستوں کو فرقہ پرست قرار دے کر اور مہا سبھا اور سیوک سنگھ کی ہاں میں ہاں ملا کر بنایا جائے گا اگر اس کے لئے لیگی لیڈروں کو اسلام بھی قربان کر دینا پڑے تو وہ ہرگز دریغ نہ کریں گے اگر سنگھیوں کو خوش کرنے کی نوبت آئے تو وہ اسے بھی گوارا کریں گے۔ آپ کہیں گے کہ لیگیوں نے تو اسلام اور مسلمانوں کی خاطر پاکستان بنایا اب وہی لیگی دوسرا پاکستان بنانے کے لئے اسلام کی بنیادوں پر کس طرح کلہاڑا چلا سکتے ہیں؟ مگر آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ لیگی حضرات کو نہ پہلے اسلام کی پروا تھی اور نہ اب ہے اگر انہیں اسلام کی پروا ہوتی تو ہزاروں مساجد کی ویرانی اور بربادی کے اسباب پیدا نہ کرتے، ہزاروں عورتوں کی عصمت دری اور اغوا کرنے کے لئے زمین ہموار نہ کرتے اور بے شمار مخلوق کی ہڈیوں پر پاکستان کی بنیاد نہ اٹھاتے، انہوں نے سب کچھ اسلام کا نام لے کر کیا، کیونکہ اس نام کے بغیر وہ پاکستان نہیں بنا سکتے تھے، [illegible] ہندوستان میں دوسرا پاکستان بنا کر چھوڑیں گے اور اس کے لئے انہیں اسلام کو قربان کر دینا ہوگا، تو وہ یقیناً [illegible] اسلام کی بھینٹ چڑھانے میں تامل نہ کریں گے، چنانچہ وہ ابھی سے اشارہ کر رہے ہیں کہ اگر اسلام مٹتا ہے تو مٹ جانے دو، صرف اکثریت کو یقین آ جائے کہ ہم قوم پرست بن گئے ہیں اور ثبوت یہ کہ ہم نے جمعیۃ کو فرقہ پرست ثابت کر دیا اور اسلامی شعار کی مخالفت میں ہم دوسروں پر بازی لے گئے ہیں۔ آپ کہیں گے کہ شاید ہم مبالغہ سے کام لے رہے ہیں، مگر نہیں ہمارے پیش نظر حقائق ہیں اور ہم ان حقائق پر اشاعت فردا میں روشنی ڈالیں گے۔

اچھی باتیں

انا انزلنا۔ تا۔ بوکیل۔ (پ ۲۳ ع ۱)

ہم نے آپ پر اس کتاب کو لوگوں کے لئے حق کے ساتھ نازل کیا ہے پس جو شخص اس سے ہدایت حاصل کرتا ہے وہ اپنا ہی بھلا کرتا ہے اور جو شخص گمراہی اختیار کرتا ہے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور آپ ان لوگوں پر داروغہ بنا کر نہیں بھیجے گئے۔

قرآن کریم کو کسی خاص قوم یا قبیلہ کے لئے نہیں بلکہ تمام نوع انسانی کے لئے نازل کیا گیا ہے اور اس کا خطاب کسی خاص گروہ سے نہیں بلکہ عام انسانوں سے ہے اسلئے کہ وہ حق کے ساتھ نازل کیا گیا ہے اور حق تمام انسانوں کی مشترک متاع ہے، اب جو شخص اس حق کو مانے گا وہ اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو نہ مانے گا وہ اپنا ہی نقصان کرے گا، اسلام کسی پر زبردستی نہیں کرتا، وہ تو یقین اور ایمان ہے اور یقین زبردستی سے کبھی پیدا نہیں ہوتا پس اگر کوئی شخص انکار کرتا ہے تو کرنے دیجئے، آپ کا کام حق کا پہونچانا ہے ماننا یا نہ ماننا دوسروں کا کام ہے آپ داروغہ بنا کر نہیں بھیجے گئے کہ حق کو زبردستی حلق سے اتار دیں حق خود اپنی راہ پیدا کرے گا، بشرطیکہ اسے پہونچانے کی ذمہ داری لیجائے۔

متحدہ ہندو مسلم کلچر کا زوال!

(از قلم:۔ ڈاکٹر سید محمود وزیر ترقیات بہار)

مذہب وجہ اختلاف نہیں

فرقہ دارانہ لہر

مراسلہ

یوپی کے سرکاری مدارس اور اردو

(از قاضی محمد عدیل عباسی وکیل)

بمبئی کا جلوس

تبصرہ

تاریخ کٹھیر و روہیلکھنڈ

پتہ کی بات

(باقی صفحہ ۳ پر)

جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونسٹ نئی چالیں شروع کرینگے

مشرق بعید کے برطانوی مبصرین کو خطرہ

حکومت برما کو ۲ کروڑ روپیہ کا قرضہ

راجستھان ریلوے مزدوروں کے مطالبات

ضلع ورنگل میں کمیونسٹوں کی گرفتاری

انکم ٹیکس پالیسی کی مخالفت

سوراشٹر کے تاجروں کی کانفرنس

مسز وجے لکشمی پنڈت واشنگٹن میں

مدھیہ بھارت کی دھارا سبھا

سرکاری بنچیں خالی تھیں

کشمیر میں غیر ملکی ٹورنامنٹ

ڈاکٹر بیل کا استعفےٰ

سکھوں کے مطالبات کا فیصلہ مرکزی حکومت کریگی

وزیر اعظم مسٹر سچر کا پریس کانفرنس میں بیان

سمبا سیوم کی سزائے موت کیخلاف

ہندی ہائی کمشنر مسٹر مینن کا احتجاج

ہریجنوں کے مکانات جل گئے

گورنروں کی کانفرنس ختم

جنوبی افریقہ کی حکومت دن بدن فسطائی ہوتی جارہی ہے

لندن سے روانہ ہونے سے قبل مسٹر منی لال گاندھی کا بیان

لدھیانہ میں ایک مشہور ڈاکو کی ہلاکت

پولس سے سترہ گھنٹہ تک لڑتا رہا

لائبریریوں کا قیام

گوڈسے کہتا ہے کہ بم پھٹنے والے دن برلا ہاؤس میں نہیں تھا

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت

بی اے کے ایک امیدوار کی گرفتاری

لکھنؤ میں کسانوں کا مظاہرہ

پاکستان بنگال کی سرحد پر مزید فوج

کلکتہ میں سخت بارش

کلکتہ ۹ مئی۔ کلکتہ میں کل سے بارش شروع ہوگئی ہے۔ کل بعد دوپہر سخت بارش ہوئی اور کلکتہ کے نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا۔ بارش رات بھر ہوتی رہی۔ کلکتہ کے بعض علاقوں میں گھٹنوں گھٹنوں پانی ہو گیا۔ آج صبح بھی تقریباً ایک گھنٹہ بارش ہوئی بعض علاقوں میں ٹرام سروس بند رہی۔ [illegible] (اپ)

ویٹ نام کی فرانسیسی فوجوں کو کمک کی روانگی

شہر کے امن میں کسی قسم کا خلل نہیں پڑنے دیا جائے گا

بمبئی کے حالیہ واقعات پر وزیر اعظم مسٹر کھیر کا اعلان

البانیہ کی سرحد پر باغیوں کا اجتماع

یونان میں نئے حملہ کا امکان

AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
امیکوٹانک

نامردی۔ لاغری جسم کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو طلاء

ملنے کا پتہ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ
فہرست ادویات مفت طلب کریں

روپیہ کمانے آمدنی بڑھانے نئے کاروبار کرنے کیلئے قیمتی مشورہ و لٹریچر مفت منگوائیں۔ روزگار آفس [illegible] دہلی

کراچی میں
روزنامہ و ہفت روزہ
الجمعیۃ
مسلم نیوز ایجنسی
بولٹن مارکیٹ سے خریدیے

ٹائپ رائٹر سکنڈ ہینڈ
نہایت اچھی حالت میں
برائے فروخت موجود ہے
رعایتی قیمت دو سو روپے
دفتر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان
بلیماران دہلی تشریف لاکر ملاحظہ فرمائیے

روح افزا
Hamdard

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ اپریل ۴۸ء تا ۱۶ اپریل ۴۹ء

(از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(دوسری قسط)

اجلاس بمبئی نے مدارس عربیہ کی تنظیم اور ابتدائی تعلیم کا نصاب مرتب کرنے کے لئے بھی دو کمیٹیاں بنائی تھیں۔ چونکہ ان دونوں کے ارکان بھی زیادہ تر مشترک تھے اور ان کے مقاصد بھی ایک دوسرے سے بہت قریب تھے لہٰذا ان دونوں کمیٹیوں کا مشترک اجلاس ۱۰ ذوالقعدہ ۱۳۶۷ھ ۱۶ ستمبر ۱۹۴۸ء کو طلب کیا گیا جس میں مولانا محمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء بمبئی، مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی، مولانا حافظ عبداللطیف صاحب ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور، مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، مولانا سعید احمد [illegible] ندوۃ المصنفین (دہلی) مولانا قاضی سجاد صاحب [illegible] مدرسہ فتحپوری (دہلی) مولانا قاری سعید احمد صاحب (مفتی مظاہر العلوم سہارنپور) مولانا ابوالحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ، سید محمد صاحب جعفری، مولانا شفیق الرحمن صاحب قدوائی، مولانا محمد منظور صاحب نعمانی (مدیر رسالہ الفرقان) مولانا عثمان فارقلیط، مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند اور محمد میاں نے شرکت کی۔

[illegible]

اس گفتگو کے مقصد کو کامیاب کرنے کے لئے لکھنؤ میں مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے ایک مستقل شعبہ قائم کیا گیا۔ اس کا دفتر لکھنؤ میں رکھا گیا۔ مولانا عبدالقیوم صاحب ندوی اس شعبہ کے انچارج ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند کی دوسری خدمات

اجلاس بمبئی کی تجاویز پر عملدرآمد کے علاوہ جو خدمات اس سال انجام دی گئیں ان کو تین ابواب پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

[illegible] تنظیم جمعیۃ علماء ہند (۳) صدر دفتر جمعیۃ علماء ہند سے متعلق شعبہ جات کی ترتیب و ترقی۔

امداد مصیبت زدگان

گذشتہ سال جب کہ فسادات کا طوفان کم و بیش تمام ہندوستان میں پھیلا ہوا تھا اور دہلی نواح دہلی اور صوبہ یو۔پی کے مغربی اضلاع کو خاص طور پر اس نے اپنی لپیٹ میں لے رکھا تھا [illegible]

[illegible]

(باقی آئندہ)

اوقاف مہو کے انتظامات کیلئے اخلاص و محبت سے کام کرنیکی اپیل

مولانا محمود احمد صدر جمعیت علماء صوبہ مالوہ کا بیان

مہو (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ مالوہ کے صدر مولانا محمد احمد صاحب صدیقی نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت دیا ہے۔ اوقاف مہو کے سلسلہ میں مقامی حضرات کے اطمینان کے لئے اور ان اوقاف کے متعلق جمعیت کے حالیہ اقدامات سے عوام کو باخبر کرنے کے لئے حضرت صدر صاحب صوبہ نے یہ بیان بغرض اشاعت مرحمت فرمایا ہے۔

مہو میں بحیثیات مختلف چھوٹے چھوٹے کچھ وقف ہیں جن سے ان کی انفرادی حیثیت میں کسی مفید ادارہ کا قیام متصور نہیں۔ ان سب کی آمدنی یکجا کر لی جائے تو بے شک ان سے کسی مفید ادارہ کی تشکیل میں خاصی امداد مل سکتی ہے۔ ان اوقاف کے متعلق اخبار آفتاب کی کسی قریبی اشاعت میں ایک محترم اور مخلص بھائی نصیر صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے صوبہ جمعیت کے صدر کو متوجہ کیا ہے۔ میں ان کی اس رائے سے متفق ہوں کہ ان اوقاف کو کام کا بنایا جائے۔

سب کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ یہ مسئلہ جمعیت علماء کے پیش نظر ہے اور ابتدائی کارروائی جاری ہے۔ جماعت انصار اور قبرستان اور دیگر اوقاف کے متولی صاحبان [illegible]

[illegible] الاوقاف کے متولی اور کارکن صاحبان کا حساب و کتاب پاک و صاف ہے۔ [illegible]

[illegible] کی فکر میں ہے۔ مگر خود متولی صاحبان اور تمام متعلقہ مسلمان اس میں جمعیت سے اشتراک عمل فرمائیں تو آسانی اور جلدی کی سبیل مل جائے۔ سیٹھ صاحب نے اپنی ذاتی مشغولیتوں کی وجہ سے تحریری استعفا تو بھی میرے نام بھیجا ہے جس کا فیصلہ مقامی اہل الرائے کے مشورے سے کیا جا سکے گا۔

میں مذکورۃ الصدر نصیر صاحب کو یہ خوشخبری بھی دیتا ہوں کہ سیٹھ صاحب محترم نے پچاس روپیہ ماہانہ امداد کا اس سلسلہ میں وعدہ فرمایا ہے جو مختلف اوقاف کی آمدنی کو یکجا کرنے کے بعد ملے گا۔

آخر میں مہو کے سب بھائیوں سے باہمی اخلاص و محبت کی اپیل کرتے ہوئے ملتمس ہوں کہ کسی اچھے کام کے [illegible] کے لئے صحیح عزائم اور درست اقدام کی ضرورت ہے۔

پولیس سے تصادم

امرتسر ۹ مئی۔ فوج سے بھاگے ہوئے ایک فوجی اور اس کا بھائی ضلع امرتسر میں مجیٹھا کے نزدیک پولیس کے ساتھ ایک تصادم میں ہلاک ہو گئے۔ [illegible]

[illegible]

۲۴ سالہ نوجوان دوشیزہ

بیل کا مقابلہ کرے گی

لندن ۹ مئی۔ توقع کی جاتی ہے کہ پیرس کے ہزاروں شہری پیرس کے اسپورٹس گراؤنڈ میں جمع ہو کر ایک ۲۴ سالہ عورت کو ایک بیل سے مقابلہ کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ بیل کے اسپینی نگرانوں نے ہدایت کر دی ہے کہ بیل کو ہلاک نہ کیا جائے، یا اس کی گردن میں سوئی چبھو کر اسے مشتعل نہ کیا جائے۔

بیل سے جنگ کرنے والی عورت کا نام کونچیتا کنٹریراس ہے اور وہ اسپین اور میکسیکو میں شہرت حاصل کر چکی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب کہ شمالی فرانس میں بیل سے مقابلہ کرنے کا نظارہ کیا جا رہا ہے۔ (رائٹر)

قائم مقام صدر کینٹن واپس ہوگئے

کینٹن ۹ مئی۔ چین کے قائم مقام صدر جنرل لی کو اننگ کے دارالسلطنت کی طرف سے کینٹن واپس آ گئے۔ امید کی جاتی ہے کہ انہوں نے جنرل چیانگ کائی شیک سے مزید اختیارات کا جو مطالبہ کیا تھا وہ کچھ حد تک پورا ہو گیا ہے اور انہیں کچھ صدارتی اختیارات دے دیئے گئے ہیں۔ جنرل لی نے کینٹن پہنچنے پر ایک بیان جاری کیا ہے مگر اس میں اپنے مطالبات کے جواب میں جنرل چیانگ کے جواب کے متعلق کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ انہیں ابھی تک اس بات کی امید ہے کہ کمیونسٹ طاقت کے ذریعہ چین کو پامال نہ کریں گے لیکن اگر وہ جنگ جاری رکھنے پر مصر رہے تو حکومت بھی اپنی تمام تر طاقت سے ان کا مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر اب بھی جنگ کو جاری رکھا گیا تو اس کی ذمہ داری کمیونسٹوں پر عائد ہوگی۔ (رائٹر)

پنسل کی جسامت کے ایک بم کی تلاش

لندن ۹ مئی۔ پنسل کی جسامت کے ایک بم کی تلاش کرنے کے لئے بڑے پیمانے پر (یوروشلم) میں [illegible]

[illegible]

کونسل آف یورپ میں ترکی کی شمولیت

ترکی میں اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے

[illegible]

الٰہ آباد کے لیکچراروں کا مطالبہ

الٰہ آباد ۹ مئی۔ الٰہ آباد یونیورسٹی کے لیکچراروں نے اپنے ایک جلسہ میں مطالبہ کیا کہ تنخواہ فوری طور پر مہیا پر دی جائیں جس کی تفریح یونیورسٹی کے مالی معاملات میں کی گئی ہے۔ [illegible]

یوپی کے سرکاری مدارس

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible]

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۱۹ اپریل ۴۹ء کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے۔

(۱۳)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	دونوں جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
۹۰۷۵	۲۶۰۶	گلی سپیرہ	دونوں
۹۰۷۶	۲۶۲۱ ۲۲۹۱	,,	,,
۹۰۷۷	۲۶۳۰	گلی شاہ تارا	,,
۹۰۷۸	۲۶۴۲	,,	,,
۹۰۷۹	۲۶۶۲	,,	,,
۹۰۸۰	۲۶۶۳	,,	ملکیت
۹۰۸۱	۲۶۶۵	,,	دونوں
۹۰۸۲	۲۶۶۶	,,	,,
۹۰۸۳	۲۶۶۹	,,	ملکیت اعصہ دونوں
[illegible]	[illegible]	گلی سپیرہ	دونوں
۹۰۸۵	۲۶۸۰	,,	,,
۹۰۸۶	۲۶۹۰	گلی شاہ تارا	,,
[illegible]	۲۶۹۲	شیش محل	,,
۹۰۸۸	۲۶۰۱	,,	,,
۹۰۸۹	۲۶۰۳	,,	,,
۹۰۹۰	۲۶۰۵	,,	,,
۹۰۹۱	۲۶۱۶	,,	,,
۹۰۹۲	۲۶۰۸	,,	ملکیت اعصہ دونوں
۹۰۹۳	۲۶۲۲	,,	دونوں
۹۰۹۴	۲۹۵۳	کوچہ پنڈت	,,
۹۰۹۵	۶۸۱۱	کوچہ سردار مرزا	,,
۹۰۹۶	۲۲۹۰	گلی سیسہ گران	ملکیت اعصہ
۹۰۹۷	۲۵۶۹	کوچہ پنڈت	دونوں
۹۰۹۸	۲۳۵۳	شاہ تارا	,,
۹۰۹۹	۱۹۲۲	کوچہ پنڈت	کرایہ داری
۹۱۰۰	۱۵۰۰	[illegible]	دونوں
۹۱۰۱	۱۹۸۲	[illegible]	[illegible]
۹۱۰۲	۲۳۸۲	شاہ تارا	ملکیت
۹۱۰۳	۲۵۷۵	کوچہ پنڈت	دونوں
۹۱۰۴	۲۳۵۳	شاہ تارا	,,
۹۱۰۵	۲۳۸۷	,,	,,
۹۱۰۶	۲۴۴۹	,,	,,
۹۱۰۷	۲۴۳۳	شاہ گنج	,,
۹۱۰۸	۲۴۸۳	شاہ تارا	,,
۹۱۰۹	۱۹۶۵	کوچہ پنڈت	,,
۹۱۱۰	۲۲۳۴	شاہ تارا	,,
۹۱۱۱	۱۹۹۲	کوچہ پنڈت	,,
۹۱۱۲	۱۹۹۱	,,	,,
۹۱۱۳	۲۷۵۳	شاہ تارا	,,
۹۱۱۴	۲۵۵۹	بازار اجمیری گیٹ	کرایہ داری اعصہ
۹۱۱۵	۲۶۶۱	شاہ تارا	کرایہ داری
۹۱۱۶	۱۹۵۳	کوچہ پنڈت	دونوں
۹۱۱۷	۲۰۱۳	,,	,,
۹۱۱۸	۲۰۰۶	,,	,,
۹۱۱۹	۲۰۰۹	,,	,,
۹۱۲۰	[illegible]	,,	,,
۹۱۲۱	۲۹۰۵	لال کنواں	,,
۹۱۲۲	۲۷۴۱	گلی شاہ تارا	ملکیت
۹۱۲۳	۲۰۳۱	کوچہ پنڈت	دونوں
۹۱۲۴	۲۰۰۸	,,	,,
۹۱۲۵	۲۲۶۰	شاہ تارا	,,
۹۱۲۶	[illegible]	[illegible]	,,
۹۱۲۷	۲۰۷	چتلی قبر	دونوں
۹۱۲۸	۹	,,	,,
۹۱۲۹	۹	,,	,,
۹۱۳۰	۱۰	,,	,,
۹۱۳۱	۱۲	,,	,,
۹۱۳۲	۱۳	,,	,,
۹۱۳۳	۱۵	,,	,,
۹۱۳۴	۱۶	,,	,,
۹۱۳۵	۴۳	,,	,,
۹۱۳۶	۸۰-۵۹	,,	,,
۹۱۳۷	۸۴-۸۱	,,	,,
۹۱۳۸	۸۳	,,	,,
۹۱۳۹	۸۵	,,	,,
۹۱۴۰	۹۰	,,	,,
۹۱۴۱	۱۰۳	,,	,,
۹۱۴۲	۱۰۴	,,	,,

کسٹوڈین جائداد متروکہ مسلمان کی حفاظت کی اور زیر [illegible] دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازراں کمپنی)

خاص حج سروس

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ امسال رمضان المبارک سے پہلے زائرین بیت اللہ کے لئے جہازوں کی روانگی کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ رمضان کے بعد جہازوں میں جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جو مایوسی ہوتی ہے اس کے پیش نظر عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل جہازوں کی روانگی سے فائدہ اٹھائیں۔ ان جہازوں میں جگہ بھی کافی ہے اور ان کا کرایہ بھی رمضان کے بعد جانے والے جہازوں سے کم ہے۔ جو حضرات ان سے سفر کرنا چاہتے ہوں وہ جہاز کی روانگی کی تاریخ سے کم از کم دو روز قبل بمبئی ضرور پہونچ جائیں۔

ایس۔ ایس۔ اکبر وزن ۴۰۴۳ ٹن

بمبئی سے ۸ مئی کو روانہ ہوگا

مزید برآں امید ہے کہ

ایس۔ ایس۔ رضوانی وزن ۵۴۴۸ ٹن

بمبئی سے ۱۰ جون ۱۹۴۹ء کے قریب روانہ ہوگا

قبل رمضان جہازوں کا رعایتی کرایہ (خوراک کے ساتھ)

بمبئی / جدہ واپسی

درجہ اول ۱۱۰۵ روپے

عرشہ (ڈیک) ۳۷۳ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس جدہ کے محاصل صفائی اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں ہے جن کی مجموعی رقم ۸۴ روپے ۱۲ آنے ہوتی ہے۔

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ۔ ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

دارالسلطنت

۱۰ مئی ۱۹۴۹ء

گاندھی مارکیٹ میں گرفتاریاں

چار شخص جو گاندھی مارکیٹ میں بلا اجازت راشن کا کپڑا فروخت کر رہے تھے گرفتار کر لئے گئے۔

ایک چور کو سزا

دیوان رام سرد پ مجسٹریٹ درجہ اول نے ایک ۲۵ سالہ عورت کو دہلی اسٹیشن پر ایک ریلوے کمپارٹمنٹ سے ایک سوٹ کیس چرانے کے جرم میں ایک سال کے لئے نیک چلنی کی ضمانت داخل کرنے کا حکم دیا۔

ٹیلی فون کے تار کاٹ لئے

کئی ماہ کے وقفہ کے بعد ٹیلی گراف کے تار کاٹنے کا ایک اور واقعہ پیش آیا۔ موضع رام پورہ کے قریب سے ۱۶۰ گز ٹیلی گراف کا تار چرا لیا گیا۔

دھوکہ دہی کا واقعہ

حوض قاضی کے ایک دوکاندار کو دھوکہ دے کر ایک شخص نے [illegible] ہزار روپے وصول کر لئے۔ اس [illegible] دکاندار سے وعدہ کیا تھا کہ اسے ٹرک کا سامان دلا دے گا۔

ایک کمیونسٹ کو نکال دیا

دہلی کمیونسٹ پارٹی نے اپنے ایک ممبر مسٹر آر۔ سی۔ مترا کو پارٹی سے اس لئے نکال دیا کہ انہوں نے پارٹی کے ڈسپلن کی خلاف ورزی کی تھی اور انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس میں شامل ہو گئے تھے۔

اپنی سائیکل پہچان لیجئے

پارلیمنٹ اسٹریٹ پولیس اسٹیشن کے افسران نے ۶ مسروقہ سائیکلیں برآمد کی ہیں۔ ان میں سے چار گول ڈاک خانہ میں اور دو دہلی [illegible] سے چوری ہوئی تھیں۔ ان میں سے دو سائیکلوں کے مالکوں کا پتہ نہیں چلا ہے۔ مالکین سائیکل کو چاہئے کہ پولیس اسٹیشن سے اپنی سائیکلیں لے لیں۔

ایک نوجوان زخمی

سول لائنز میں کل رات ایک نوجوان بے ہوش پایا گیا۔ [illegible] جسم کے دیگر حصوں پر بھی زخم تھے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ کسی موٹر کے نیچے آ گیا۔

چوری کی وارداتیں

دس ہزار روپے سے زیادہ کا زر نقد اور زیورات [illegible] کے مکان سے چرا لئے گئے۔ [illegible] ایک شخص نے اطلاع دی ہے کہ اس کے مکان سے ۵۰ تولے کے زیورات اور کچھ نقد روپیہ چرا لیا گیا۔

کشمیری گیٹ میں ایک مکان کا تالا توڑ کر ایک شخص ایک ہزار روپے کے زیورات لے کر فرار ہو گیا۔ [illegible]

لڑکیاں غائب ہوگئیں

اجمیری گیٹ کے ایک مکان کی ایک گیارہ سالہ لڑکی ۸ مئی سے غائب ہے۔ [illegible] اسکول نہیں آئی اور اب تک اس کا پتہ نہیں چلا۔ دریا گنج [illegible] ایک لڑکی غائب ہے۔ [illegible]

نوکر گر کر مر گیا

نئی دہلی کے ایک [illegible] دوکان کا ایک نوکر کل [illegible] سڑک پر گر گیا اور گرتے ہی مر گیا۔ [illegible]

جودھپور میں ایک فرضی جمعیۃ علماء کا قیام

ناظم صاحب مرکزی جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

دہلی ۱۱ مئی۔ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم مرکزی جمعیۃ علماء ہند نے جمعیۃ علماء جودھپور سے متعلق حسب ذیل اعلان فرمایا ہے۔

جودھپور میں مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی منظور کردہ باضابطہ جمعیۃ علماء پہلے سے قائم ہے جس کے صدر مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب مصباحی اور ناظم اعلیٰ ابوالمجید صاحب فیروزآبادی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ حال ہی میں کچھ لوگوں نے وہاں ایک فرضی جمعیۃ علماء علیحدہ قائم کی ہے اور اس کے دفتر پر جمعیۃ علماء مغربی راجستھان کے نام سے بورڈ آویزاں کیا ہے۔

انقرہ ۱۳ مئی۔ ترکی کے وزیر خارجہ نجم الدین صادق نے اعلان کیا کہ امریکہ اور ترکی کے مفاد یکساں ہیں۔ انہوں نے یہ الفاظ ایک رپورٹ میں کہے جو انہوں نے ترکی پارلیمنٹ میں اپنے امریکہ کے دورہ کے بارے میں دی تھی۔ انہوں نے ترکی کی خارجہ پالیسی پر بھی تبصرہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی اور مسٹر ڈین ایچیسن کی بہت اہم اور دوستانہ گفتگو ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ واشنگٹن کسی معاہدہ کے سلسلہ میں نہیں گئے تھے نہ اس سلسلہ میں گئے تھے کہ ترکی کو اٹلانٹک پیکٹ میں شامل کریں۔ نہ اس ارادہ سے کسی تجویز کو پیش کرنے گئے تھے۔ انہوں نے کہا ترکی اب بھی اسی بات کے حق میں ہے کہ امن کی حفاظت اور بقا کے لئے علاقائی معاہدے کئے جائیں۔ (رپ۔ ٹ)

حیدرآباد میں جاگیروں کا خاتمہ

حیدرآباد دکن ۱۳ مئی۔ حکومت ہند اور حکومت حیدرآباد کے درمیان ریاست کی جاگیروں کو ختم کرنے کے سلسلہ میں ایک کانفرنس ہوئی ... [illegible] جنرل چودھری ... [illegible]

دو ریل گاڑیوں میں تصادم

۱۵ افراد شدید زخمی

کلکتہ ۱۳ مئی۔ کلکتہ سے ۳۵ میل دور ساسن اسٹیشن پر دو گاڑیوں میں تصادم ہو جانے کے باعث ایک ریلوے ملازم اور دوسرے ۱۴ آدمی زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو جھار سوگودا میں ابتدائی طبی امداد دی گئی۔ اور ریلوے ہسپتال بھیج دیا گیا۔ ایک زخمی جھار سوگودا لاتے ہوئے ہلاک ہو گیا۔ (۴)

اسرائیل میں ممالک غیر کے یہودی

پیرس ۱۳ مئی (رپ۔ ٹ) گذشتہ سال ۱۴ مئی کو جب اسرائیل وجود میں آئی تھی آج تک ۱۰۲،۱۲ یہودی دیگر ممالک سے اسرائیل پہنچ چکے ہیں۔ یہ یہودی دنیا کے تیس ممالک سے سمندر، خشکی اور ہوائی راستوں سے آئے ہیں۔ ان میں سے اکثریت یورپ سے آئی ہے اور بعض شمالی افریقہ اور مشرق وسطیٰ کے اسلامی ممالک [illegible] پاکستان اور چین سے بھی آئے ہیں۔

[illegible]

معاہدہ اوقیانوس نے روس کو جھکنے پر مجبور کیا ہے

برطانوی پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ مسٹر بیون کا بیان

لندن ۱۳ مئی۔ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے دار العوام میں معاہدہ اوقیانوس کو منظور کر لینے کی تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ایسا اس توقع پر کیا ہے کہ ایوان، قوم اور دنیا کی تمام امن پسند قومیں اس کو منظور کر لیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس کا یقین ہے کہ معاہدہ اوقیانوس نے روس کو مجبور کیا کہ وہ جرمنی اور برلن کے متعلق اپنے رویہ پر نظر ثانی کرے۔

انہوں نے کہا کہ جب سے سان فرانسسکو میں اقوام متحدہ کی بنیاد پڑی ہے اس وقت سے ہمارے حق تنسیخ اور دوسرے طریقوں کی وجہ سے ناامیدی اور ناکامی کا متعدد مرتبہ سامنا کرنا پڑا ہے۔

سب سے پہلے مشرقی یورپ کے ملکوں کا گروپ بنا کر یورپ کو تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی۔ نئی صورت حال اس کا یقین دلاتی کہ معاہدہ اوقیانوس میں شامل ہونے والی قوموں کو تفرقہ اور منتشر نہیں کیا جا سکتا اور یہی معاہدہ آخری طور پر بھی کہ [illegible] اس کے معنی یہ نہیں کہ تحفظ عالم کے خیال کو ترک کر دیا گیا ہے نہ اس کا مقصد کسی کو دوسرے سے علیحدہ کرنا ہے بلاشبہ یہ تعمیری اقدام ہے۔ اور اس کا مقصد دفاع ذاتی ہے۔ اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے عین مطابق ہے۔

حزب مخالف کے لیڈر مسٹر چرچل نے کہا کہ مجھے مسٹر بیون کے اظہار خیالوں سے پورا اتفاق ہے۔ ہم نہایت سرگرمی سے معاہدہ اوقیانوس کا خیر مقدم کرتے ہیں [illegible] امریکہ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ اس وقت دنیا میں ایک اہم خدمت انجام دے رہا ہے۔

[illegible]

تھا صرف انگریزی بولنے والی دنیا اور یورپ کے اتحاد سے ہی انسان کو امن و ترقی نصیب ہو سکتے ہیں۔ (رائٹر)

جرمانے واپس کئے جائیں گے

[illegible]

کوچ بہار کے ادغام کا مطالبہ

کلکتہ ۱۳ مئی۔ مغربی بنگال کی صوبائی کانگریس کی مجلس انتظامیہ نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاست کوچ بہار کو مغربی بنگال کے ساتھ ملا دیا جائے۔ دونوں علاقوں کے درمیان جغرافیائی، لسانی اور تہذیبی یکسانیت دونوں علاقوں کو منظم کرنے کی طالب ہے۔ (اپ)

آسٹریلیا کا ریگستان

زرخیز کھیت بن رہا ہے

برسبین ۱۳ مئی۔ حکومت آسٹریلیا کے سائنس دانوں کی جماعت کے انقلابی تجربات نے آسٹریلیا کے مرکزی ریگستان کی ہزاروں مربع میل زمین کو زرخیز کھیتوں اور چراگاہوں میں تبدیل کر دیا ہے۔ اب تک یہ ریگستان صحرائے اعظم کی طرح بے کار تھے۔ گذشتہ روز اعلان کیا گیا کہ حکومت کے سائنس دانوں کی کونسل جنوبی آسٹریلیا کے ہزار میل طویل ریگستان پر اپنے تجربات مکمل کر رہی ہے [illegible]

[illegible]

تپدق T·B JABRI

جبری

जबरी टी बी

اور پرانے بخارات کی وہ مشہور عالم دوا جس نے ہندوستان کے کونے کونے میں ہلچل مچا دی ہے

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

(۵) آخری حالت مریض کی موت	(۴) پتلے دست آنا، بخار رہنا	(۳) پھیپھڑوں کا سکڑنا، کھانسی کی زیادتی	(۲) تھوک میں خون آنا، کھانسی کی زیادتی	(۱) ہلکا بخار، کھانسی

[illegible]

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو

[illegible]

(JABRI-JAGADHRI)

[illegible]

پتہ: ... ایل شرما اینڈ سنز میڈیسن مینوفیکچررز، جگادھری

کتابیں تاجران کتب عام شائقین کے لئے

قرآن مجید، سیپارے، ہر قسم کی اردو عربی

کتبخانہ اشرفیہ

راشد کمپنی دیوبند (یوپی)

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی

ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

پڑھنے کے لئے روزنامہ الجمعیۃ کا مطالعہ کیجئے۔ الجمعیۃ میں ان دونوں مشہور خبر رساں ایجنسیوں کے علاوہ گلوب اور دوسری خبر رساں ایجنسیوں کی فراہم کی ہوئی تازہ بہ تازہ خبریں بھی شائع ہوتی ہیں۔ الجمعیۃ کے خاص نامہ نگار بھی ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور بیرون ہند سے معتبر اور صحیح خبریں بھیجتے ہیں۔

الجمعیۃ کا روزانہ مطالعہ آپ کو دوسرے تمام اخبارات سے بے نیاز کر دیگا

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے دہلی کے مشہور دندان ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن ڈینٹسٹ

بازار بلیماران دہلی [illegible]

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید آپٹیکل کمپنی

ہول سیل مینوفیکچرر بازار بلیماران دہلی

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۱۵ مئی ۱۹۴۹ء

ہندوستان اور دولت مشترکہ!

وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے ریڈیو سے اپنی تقریر نشر کرتے ہوئے دولت مشترکہ کے فیصلہ پر روشنی ڈالی ہے اور قوم کو نصیحت فرمائی ہے کہ وہ اس فیصلہ کی روح کو سمجھے اور اسے خردہ گیری اور نکتہ چینی کا نشانہ نہ بنائے جہاں تک دولت مشترکہ اور ہندوستان کا تعلق ہے ہم بھی لندن کے فیصلہ پر کوئی نکتہ چینی نہیں کرنا چاہتے البتہ ہمیں یہ حق ضرور ہے کہ اسے سمجھنے کی کوشش کریں سمجھ میں نہ آئے تو وزیر اعظم سے پوچھیں اور اسے جان کر ماننے کی کوئی راہ نکالیں، پنڈت جی نے اپنی تقریر میں جو کچھ فرمایا اسے سمجھنے کے لئے اس فیصلہ کے پس منظر پر ایک نظر ڈال لینی چاہیئے تاکہ ہندوستان کی سابقہ اور حالیہ پوزیشن کا فرق واضح ہو جائے اور ہمیں یہ سمجھنے میں آسانی ہو کہ لندن جا کر ہمارے وزیر اعظم نے کیا چیز حاصل کی اور اس حاصل شدہ چیز کو دیکھنے اور جانچنے کا طریقہ کیا ہے۔

ہندوستان کی پہلی پوزیشن یہ تھی کہ وہ دولت مشترکہ برطانیہ کا ایک رکن تھا، شاہ انگلستان اس کے سرپرست اور دولت مشترکہ کے جملہ ارکان کے صدر تھے اور ہندوستان کی وفاداری شاہ انگلستان کے ساتھ قائم تھی، گورنر جنرل بادشاہ کا نائب اور ان کی نیابت میں حکومت کے انتظام و انصرام کا ذمہ دار تھا۔

لیکن جب ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی نے یہ طے کیا کہ ہندوستان ایک آزاد اور با اقتدار جمہوریہ ہوگا اور کسی کا حریف بن کر کسی محاذ جنگ میں شریک نہیں ہوگا اور نہ کسی ایسی پالیسی کو منظور کریگا جو اسکی آزادی کے منافی ہو تو اس فیصلہ کے بعد یہ سوال خود بخود پیدا ہوا کہ اس صورت میں ہندوستان اور تاج برطانیہ کے تعلقات کی نوعیت کیا ہو اور وہ دولت مشترکہ میں رہے تو کیونکر رہے، چونکہ ہندوستان ایک نئی طرز کی دولت بن گیا اس لئے [illegible]

کے آزاد اشتراک کی نشانی ہوں گے مگر انہیں ہندوستان میں کوئی دستوری پوزیشن حاصل نہ ہوگی، دستوری پوزیشن کا مطلب یہ ہے کہ یہاں انکا مقرر کیا ہوا گورنر جنرل نہیں رہے گا جس کے تقرر کی وہ تصدیق کیا کرتے تھے بلکہ گورنر جنرل کے بجائے ریاست کا صدر کام کرے گا اور وہی امور انجام دے گا جنہیں بادشاہ انجام دیا کرتا ہے!

ان سب باتوں کا خلاصہ یہ نکلا کہ (۱) ہندوستان بدستور دولت مشترکہ میں شامل رہے گا (۲) بادشاہ انگلستان، بادشاہ کی حیثیت سے نہیں بلکہ دولت مشترکہ کے آزاد اشتراک کے نمود اور نشانی کی حیثیت سے دولت مشترکہ کے ارکان کا سردار یا صدر رہے گا (۳) گورنر جنرل کے بجائے آزاد جمہوریہ کے لئے ایک صدر کا تقرر عمل میں آئے گا، اس سلسلہ میں ہم یہ سوال کرنا نہیں چاہتے کہ بادشاہ کے فرائض کیا ہوں گے، صدر یا سردار کی حیثیت سے وہ دولت مشترکہ پر کیا اثر ڈالیں گے وغیرہ بلکہ ہم صرف یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ ایسی نئی طرز کی دولت مشترکہ میں شرکت سے ہندوستان کا مقصد کیا ہے اور دولت مشترکہ میں ایک آزاد جمہوریہ کی اس طرح شرکت کہ بادشاہ صرف ایک نشانی کی حیثیت سے تمام ارکان کا [illegible]

[illegible] ہے جس پر دولت مشترکہ کے دوسرے ارکان چل رہے ہیں، کیونکہ دولت مشترکہ کی راہ کا نشان راہ تو یہ ہے کہ ہندوستان اس میں شریک رہے، باقی بادشاہ کو بادشاہ کی حیثیت سے مانو یا اسے آزاد اشتراک کی نمود اور نشانی قرار دیکر اپنا سردار تسلیم کرو، ایک ہی بات ہے، صرف اس رعایت کی آپ بڑی سے بڑی قیمت لگا لیجئے کہ ہندوستان کو وفاداری کے اقرار سے نجات مل گئی اور گورنر جنرل کے [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

فاذا مس الانسان ... تا ... لایعلمون

(پ ۲۴ ع ۲)

جب انسان کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو وہ ہم کو پکارتا ہے اور جب ہم اسے اپنی نعمتوں سے نوازتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ سب کچھ مجھے میری دانائی کی وجہ سے ملا ہے، حالانکہ انسان کو جو کچھ دیا جاتا ہے وہ اس کے لئے ایک آزمائش ہے لیکن اکثر لوگ حقیقت حال کا علم نہیں رکھتے۔

جب انسان پر مصیبت نازل ہوتی ہے تو خدا کو یاد کرتا ہے اور رو رو کر اس کی رحمت کا طالب ہوتا ہے لیکن جب اسے فراخی اور راحت نصیب ہوتی ہے اور عیش و آرام میں گذرنے لگتی ہے تو کہتا ہے یہ تو میری دانائی اور ہوشیاری کا صلہ ہے میں نے یوں کوشش کی، یوں بگڑتے ہوئے کام کو سنبھالا، وہاں گیا، یہاں آیا، اس تگ و دو اور چالاکی کا یہ نتیجہ ہے کہ میری حالت سدھر گئی اور عیش و آرام میں بسر ہونے لگی، حالانکہ اگر یہ شخص دانا ہوتا تو سمجھ لیتا کہ اس کی دانائی اور ہوشیاری بھی تو خدا ہی کا عطیہ ہے اگر اس کی کوششوں سے حالات بدلے تو جن قوتوں سے کوشش عمل میں لائی جاتی ہے وہ خدا ہی کا عطیہ ہوتے ہیں، پس دانا وہ ہے جو ہر حالت میں اپنے پروردگار کا شکر گذار ہو۔ اگر تنگی آئے تو صبر کرے اگر راحت آئے تو شکر بجا لائے اور ہر خوبی کو خدا ہی کی طرف منسوب کرے مال و دولت تو دراصل انسان کے کردار کی کسوٹی ہے اسی سے اس کی سیرت کا پتہ چلتا ہے اور اسی سے انسان یا تو کمال حاصل کرتا ہے یا زوال میں پڑ کر اپنی آخرت خراب کر لیتا ہے۔

متحدہ ہندو مسلم کلچر کا زوال

از قلم:- ڈاکٹر سید محمود وزیر ترقیات بہار

[illegible]

اقبال کی تعلیمات

[illegible]

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ اپریل ۱۹۴۸ء تا ۱۶ اپریل ۱۹۴۹ء

(از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(پانچویں قسط)

ستمبر ۱۹۴۸ء کے فسادات کے دوران میں بھی دہلی کی ایک ... [illegible] قانونی لیبی ... نواب ... خاں صاحب ... کام ... ان میں چند مقدمات ... کانی تعداد ... اہم کیسوں کی ... چند مقدمات دفعہ ۳۰۲ ... نواب صاحب مولانا ... صاحب ... ان کے ... نے پوری دلچسپی اور محنت سے کام کیا اور کامیابی حاصل کی۔

[illegible]

دوکانوں اور مکانات کے علاوہ مختلف قسم کی اور شکایتیں بھی مسلمانان دہلی کو پیش آتی رہتی ہیں۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب، جناب حافظ محمد نسیم صاحب اور ان کے رفقاء متعلقہ حکام متعلقہ سے ملاقات کرکے شکایتوں کے ازالہ کی کوشش کرتے ہیں۔

(ج) [illegible]

[illegible]

جنوری ۱۹۴۹ء میں [illegible]

[illegible]

(باقی آئندہ)

دارالسلطنت

۱۳ مئی

سنگھی لیڈر رہا

لالہ ہنسراج گپتا دہلی کے سنگھ کے سابق چالک جنہیں سنگھ کے ستیہ گرہ کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ کل رہا کر دیئے گئے۔

چوکیدار کی مرمت کر دی

بعض لوگ جنہوں نے دہلی کلاتھ مل میں بلا اجازت داخل ہونے کی کوشش کی جب ان کو چوکیدار نے روکا تو انھوں نے اس کو لکڑیوں سے مارا۔ اور گرفتار نہیں ہو سکے۔

چھ اشخاص گرفتار

مقامی ایکسائز پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں سے چھ اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔ ان میں سے ایک شخص ایک ریسٹوران میں شراب پیتا ہوا گرفتار کیا گیا۔ باقی لوگ بلا اجازت شراب رکھنے پر گرفتار ہوئے۔

خودکشی کرنے کی کوشش

دہلی ۱۲ مئی۔ تیلی واڑہ میں ایک ۳۰ سالہ عورت نے اپنے کپڑوں کو آگ لگا کر خودکشی کرنے کی کوشش کی۔ اس کی حالت نازک ہے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

گیہوں کی چوری

ایک تانگہ میں پانچ من گیہوں قرول باغ کے راستے سے جا رہا تھا۔ محکمہ راشننگ اینڈ سول سپلائز نے پکڑ لیا اور اس سلسلہ میں ایک آدمی کو گرفتار کر لیا۔

ایک مشتبہ شخص گرفتار

معلوم ہوا ہے کہ براڈکاسٹنگ ہاؤس کے قریب ایک بنگالی نوجوان مشتبہ حالت میں گرفتار کیا گیا۔ وہ آل انڈیا ریڈیو کے کمپاؤنڈ میں بلا کسی مقصد کے گھوم رہا تھا۔ اس سے بات چیت کرنے پر پتہ چلا کہ اس کی دماغی حالت کچھ ٹھیک نہیں ہے۔

مارنے اور لوٹنے کی وارداتیں

ایک عورت کے غیر اخلاقی زندگی گذارنے سے انکار کرنے پر نریلہ کے نزدیک موضع علی پور کی ایک عورت کو اس کے جیٹھ نے بری طرح پیٹا اور وہ زخمی ہو گئی۔ اسے اسپتال پہونچا دیا گیا۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

موضع جعفر پور سے ایک اطلاع ملی ہے کہ ایک عورت جو بھینس خریدنے کے لئے ۶۲۵ روپے لیکر جا رہی تھی دو اشخاص نے تمام روپے چھین لئے۔

ورکشاپ میں آگ لگ گئی

بستی ہرپھول سنگھ صدر بازار میں ایک سٹیل ورکشاپ میں آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ نے دو گھنٹہ کی لگاتار جد و جہد سے آگ پر قابو پالیا۔ آگ لگنے کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ بھٹی کے اوپر لکڑی کا چھپر پڑا ہوا تھا۔ بھٹی میں سے چنگاری نکل کر چھپر پر جا پڑی جس سے آگ [illegible] نقصان کا اندازہ [illegible] روپے لگایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک موٹر کار بھی جل گئی۔

خوانچہ والوں کیخلاف کارروائی

خوانچہ بیچنے والوں کے خلاف نئی دہلی میونسپل کمیٹی کی مہم شروع ہو گئی ہے۔ [illegible]

اسی قسم کی ایک مہم دہلی کمیٹی نے بھی صدر بازار میں [illegible] کرنے پر گرفتار کر لیا۔

عورت ڈوب گئی

جھیل لاکھون قرول باغ سے ایک عورت کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس اس بارے میں تحقیقات کر رہی ہے۔ [illegible] اتفاقیہ طور پر ڈوب مری۔

چوری کے واقعات

دہلی میں کچھ زیورات اور نقد روپیہ چوری ہونے کی کئی وارداتیں ہوئیں۔

دیو نگر میں ایک گھر کے لوگ جب صبح بیدار ہوئے تو انھوں نے گھر کا دروازہ کھلا پایا۔ اور تمام سامان بکھرا ہوا دیکھا۔ مسروقہ سامان میں بہت سے زیورات بھی تھے۔

محلہ نور گنج صدر بازار میں ایک مکان سے ۲۳۰۰ روپے کے زیورات چوری ہو جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

صدر بازار میں پٹری کے ایک تاجر کے ہاں سے بیڑیوں کا ایک بکس جس میں چار سو روپے کی بیڑیاں تھیں چوری ہو گیا۔

روشن آرا روڈ سبزی منڈی میں ایک کوٹھی سے زیورات اور دوسرا سامان چوری ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ مسروقہ اشیاء کی قیمت کا ابھی اندازہ نہیں لگایا جا سکا۔

آنند پربت میں ایک نائی کی دوکان سے ۵۰۰ روپے کا سامان چوری ہو گیا۔

سبزی منڈی روشن آرا روڈ کے ایک مکان سے دو ہزار کے زیورات اور نقد روپیہ چرا لئے گئے۔

سپاہی فرار ہو گیا

میرٹھ کا ایک کانسٹیبل جو ارون اسٹیڈیم میں ڈیوٹی پر تھا۔ (۷۱) کی بابت اطلاع ملی ہے کہ وہ ۹ مئی سے پولیس لائن سے غائب ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ بھاگ گیا ہے۔

ثالث کو زخمی کر دیا

دو لڑتے ہوئے اشخاص میں سمجھوتہ کرانے والے ایک شخص کو ان میں سے ایک نے پیچھے سے کرپان مار کر زخمی کر دیا۔ یہ واقعہ پہاڑ گنج کا ہے۔ پولیس میں رپورٹ درج کرا دی گئی ہے۔

جواری گرفتار کر لئے گئے

پولیس نے سبزی منڈی سے [illegible] اشخاص کو جوا کھیلنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔

ستارہ ولد پرادت کو شفیلہ چلانے والا ایک شخص بلا اجازت سفیدہ کا ذخیرہ برآمد کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

ایک آئس کریم مشین چرانے پر [illegible] نے ایک شخص کو تین ماہ قید سخت کی سزا دی۔

زیورات چھین لئے

حوض قاضی کے علاقہ میں دو آدمیوں نے ایک چار سالہ بچی کے نقرئی زیورات چھین لئے۔ پولیس نے تعاقب کرکے ان میں سے ایک کو گرفتار کر لیا لیکن دوسرا آدمی زیورات لے کر فرار ہو گیا۔

ایک عورت نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ گھنٹہ گھر کے قریب [illegible] کا سامان چرا لیا گیا۔

موسم میں خوشگوار تبدیلی

کل تقریباً ۷ بجے آندھی اور بارش کا طوفان آ جانے سے دہلی کے موسم میں نمایاں تبدیلی ہو گئی درجہ حرارت میں ۷ ڈگری کم ہو گئی۔

طوفان جنوب مشرق کی طرف سے بڑی شدت سے آیا۔ آندھی کی رفتار ۲۸ میل فی گھنٹہ تھی۔ آندھی کی شدت سے ٹریفک رک گیا۔ شام کی تفریح کے لئے جو لوگ باہر گئے ہوئے تھے وہ پناہ لینے پر مجبور ہو گئے۔ آج بھی آندھی آنے کی توقع ہے۔

بلا اجازت مکانات کی تعمیر

کل دہلی میونسپلٹی نے اپنے ہفتہ وار اجلاس میں اس بات کا فیصلہ کیا کہ بلا اجازت تعمیر کئے ہوئے مکانات کے جرمانہ کی مقدار بڑھا دی جائے۔ کوئی عمارت جو میونسپل اجازت کے بغیر بنائی جائے لیکن محکمہ بلڈنگ کے قوانین کے مطابق ہو اس پر اخراجات کا دس فیصدی جرمانہ کیا جائے گا۔ قرول باغ میں پانی کی سپلائی بڑھانے کے لئے [illegible]

بھاگتا ہوا ملزم گرفتار

کل ایک شخص نے جس کے ایک ہاتھ میں ہتھکڑی پڑی ہوئی تھی۔ نیمی بازار کے علاقہ میں [illegible] بچنے کے لئے بھاگنے کی کوشش کی لیکن پولیس نے تعاقب کرکے بعض راہگیروں کی مدد سے اسے گرفتار کر لیا۔ واقعات اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ [illegible]

مہاتما گاندھی کا مقدمۂ قتل:

گوڈسے نے اپنی بحث کو ختم کر دیا

شملہ ۱۲ مئی۔ مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے فل بنچ کے روبرو آج پچھلے روز گاندھی جی کے قاتل ناتھو رام گوڈسے نے اپنی بحث ختم کرتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے شخص کو جس کی گولی نے ہندوستان کے ایک عظیم ترین انسان کی روح کو اس کے جسم سے جدا کر دیا، رحم کی اپیل کرنے کی ضرورت نہیں۔ جب میں نے اس شخص کے تئیں کسی قسم کا رحم نہیں کیا جس کو میں نے قتل کیا تو مجھے بھی رحم کی امید رکھنے کا کوئی حق نہیں۔ میں حضور کے سامنے کھڑا ہوں۔ مگر مجھے یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ مجھے مجرم گردانا گیا ہے اور سزائے موت کا حکم دیا گیا ہے۔ مجھے اپنی سزا کے خلاف کوئی شکایت نہیں مجھے صرف سازش کے الزام کے خلاف شکایت ہے رحم کی درخواست کرنا میرے ضمیر کے خلاف ہے۔ حکومت نے اس مقدمہ پر بہت روپیہ صرف کیا ہے۔ اور بڑے بڑے آدمی اس مقدمہ سے وابستہ ہیں۔ اس مقدمے میں ملزموں کو بھاری مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ شاید یہ دنیا کی تاریخ میں پہلا مقدمہ ہے جب کہ حکومت اور ساری دنیا ایک طرف اور ملزم اور کچھ دوسرے لوگ دوسری طرف ہیں۔ اس مقدمے کا فیصلہ عدالت، پولیس اور عوام کے لئے رہنما ثابت ہوگا۔ ہم اس عدالت سے انصاف مانگ رہے ہیں۔ اور مجھے اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ جائز فیصلہ کیا جائیگا۔

گوڈسے نے بحث کا جواب دینے کا حق محفوظ رکھتے ہوئے جج صاحبان کا شکریہ ادا کیا۔ کہ انھوں نے اس کے بیان کو بڑے غور سے سنا ہے۔ اس نے مسٹر جھوپٹ کر اور دوسرے صفائی کے وکیلوں، اور مسٹر دفتری اور استغاثہ کے دیگر وکیلوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔

گوڈسے نے اس بات کے لئے اظہار افسوس کیا کہ اسے اپنے مشکل فرض کی ادائیگی میں استغاثہ، سلطانی گواہ اور گواہوں پر نکتہ چینی کرنی پڑی ہے۔ مگر وہ یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہے کہ اسے سرکاری وکیل، استغاثہ، پولیس اور وعدہ معاف گواہ کے خلاف کوئی شکایت نہیں۔ اس سے پیشتر گوڈسے نے عدالت سے کہا کہ کم از کم ایک شہادت سے میں نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ ۲۰ جنوری کو کوئی سازش نہ تھی یا تو بڈگے نے جھوٹ بولا ہے یا پولیس کا بیان غلط ہے۔ گوالیار کی شہادتوں کے گورکھ دھندے کا مقابلہ گوالیار وزارت کی موجودہ صورت حال سے کیا جا سکتا ہے۔ جس کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش کی گئی تھی۔

گوڈسے کی بحث کے بعد مدن لال اور آپٹے کے وکیل صفائی مسٹر بنرجی نے اپنی بحث شروع کی بحث ابھی جاری تھی کہ عدالت کل پر برخاست ہو گئی۔ (ا پ)

حکومت ملایا نے گنپتی کی پھانسی کیخلاف ہند کا احتجاج مسترد کر دیا

سنگاپور ۱۲ مئی۔ حکومت ملایا کے چیف سکریٹری [illegible] نے آج ایک اعلان میں مسٹر گنپتی کو پھانسی دئے جانے کے سلسلہ میں ہند کے احتجاج کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ملایا کو یقین ہے کہ گنپتی کے ساتھ انصاف کیا گیا ہے اور اس سلسلہ میں سلطان کا فیصلہ درست ہے۔ اس ملک کے نظم و نسق کی ذمہ داری فیڈریشن حکومت پر ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت ہند اس حقیقت کو نظر انداز کر رہی ہے۔ سلطان جوہر کو اپنی ایگزیکٹو کونسل کے مشورہ پر عمل کرتا ہے اور درخواست منظور یا مسترد کرنے کا پورا پورا اختیار رکھتا ہے سکریٹری آف اسٹیٹ کو کسی طور پر اس امر میں مداخلت کا حق حاصل نہیں۔ حکومت ہند کی طرف سے یہ الزام کہ ملایا حکومت عدم رواداری کی مرتکب ہوئی ہے صحیح نہیں۔ کیونکہ حکومت ملایا کے لئے کسی دوسری حکومت کو ان واقعات کی اطلاع دینا ضروری نہیں جو اس کے دائرہ عمل میں ظہور پذیر ہوئے ہوں۔ گنپتی واحد شخص نہیں بلکہ ۶۲ واں شخص ہے جسے ہنگامی قانون کے تحت پھانسی دی گئی ہے۔ حکومت نے تمام حقائق پر اچھی طرح سے غور کیا ہے اور اسے اطمینان ہے کہ اس سلسلہ میں انصاف سے کام لیا گیا ہے۔ حکومت ہند سے ہمارے دوستانہ تعلقات ہیں [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی بمبئی ـ۸ــ ۵۵ ـ ہلدی [illegible]

ہلدی مچھلی ـ ۵۲ گولہ بمبئی [illegible]

[illegible]

نرخ غلہ منڈی مارکیٹ دہلی

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

ناکہ بندی ختم ہونے پر برلن میں جرمن باشندوں کا اظہار مسرت

شہر میں چراغاں۔ جلسے۔ جلوس اور پرمسرت نعرے

برلن ۱۳ مئی۔ برلن کی ناکہ بندی ختم ہونے پر شہر آراستہ کیا گیا۔ اور جرمن باشندے ہنستے اور گاتے ہوئے سڑکوں پر گھوم رہے تھے۔ ریل گاڑیاں اور دوسری سواریاں ناکہ بندی کے دس ماہ کے بعد شہر میں آنا شروع ہو گئیں۔

نصف رات کے قبل ایک طرف سے دوسری طرف آنے جانے والوں کی تلاشی لی جاتی تھی۔ لیکن ناکہ بندی ختم ہونے کے بعد لوگ آزادانہ ایک طرف سے دوسری طرف آنا جانا شروع ہو گئے۔ [illegible]

سیلون برما میں نمائندہ مقرر کریگا

کولمبو ۱۳ مئی۔ سیلون کے ایک اخبار سیلون آبزرور کے بیان کے مطابق حکومت سیلون برما میں عنقریب ایک نمائندہ مقرر کرے گی۔ [illegible] (ا پ ش)

امروہہ میں سلمانیہ کانفرنس کا پہلا اجلاس

[illegible]

اٹاوہ میں انجمن ٹین سازان کا قیام

[illegible]

برما میں نامعلوم جہاز نے چھاتہ فوج اتار دی!

[illegible]

وی مینز فارمیسی

ڈاکٹر بالی

عینکیں۔ شیشے۔ فریم اور نظر کی آنکھوں کے لئے

فتح پوری دہلی

اشتہار نیلام

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ

بلیماران دہلی

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

مسلمانان بہار کا اجتماع عظیم

مڈل اتہاس نامی کتاب پر احتجاج

مونگیر (بذریعہ ڈاک) ایک عظیم الشان اجتماع جس میں تاریخ کی ایک کتاب جس کا نام مڈل ایجوکیشن اتہاس (ہندی ایڈیشن) ہے ذیل کی ایک تجویز متفقہ طور پر پاس کی گئی۔

مسلمانان مونگیر کا یہ نمائندہ اجتماع اس امر پر اظہار نفرت کرتا ہے کہ حکومت بہار کی ٹیکسٹ بک کمیٹی نے ایک کتاب مڈل ایجوکیشن اتہاس (ہندی ایڈیشن) کے نام سے کورس کے لئے منظور کی ہے۔ جس میں حضرت محمد صلعم کی تصویر شائع کی گئی ہے جو مسلمانوں کے مذہب کے بالکل خلاف رکھا گیا ہے۔ حکومت بہار کو توجہ دلاتا ہے کہ وہ مسلمانوں کے مذہبی جذبات کا احترام کرتے ہوئے جلد از جلد تصویر مذکور کو کتاب سے خارج کر دے۔

اٹاوہ کی اتحاد و ترقی کانفرنس

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) مئی کے آخر یا شروع جون میں اٹاوہ، فرخ آباد، مین پوری اور آگرہ کے ضلعوں کی انجمن اتحاد و ترقی کی ڈویژنل کانفرنس اٹاوہ میں منعقد کرنے کے متعلق ضلع کے ہندو مسلمانوں کی ایک میٹنگ حکیم حاذق [illegible] ہے اس سلسلہ کے آخر میں بلا رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

ہلدوانی میں ضلع جمعیۃ علماء کانفرنس

مسلمانان کمایوں سے مخلصانہ اپیل

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) مولانا عبد الحکیم صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء نے مسلمانان کمایوں سے حسب ذیل مخلصانہ اپیل کی ہے۔ اور ہندوستان کے بدلتے ہوئے حالات کے اعتبار سے خاص طور پر کمایوں ڈویژن میں کوئی کانفرنس اس وقت تک منعقد نہیں ہوئی تھی چنانچہ عوام کے پیہم اصرار کے بعد جمعیۃ علماء ہلدوانی نے یہ فیصلہ کیا کہ نینی تال ضلع جمعیۃ کانفرنس ۱۰، ۱۱ جون روز جمعرات جمعہ ہلدوانی میں منعقد کی جائے جس کی صدارت سید ملت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند فرمائیں گے اور مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے شرکت کا وعدہ فرما لیا ہے۔ مشاہیر علماء کرام اجن میں حضرت شیخ مدظلہ (بھی ہیں) کی خدمت میں دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے۔ اس لئے کمایوں ڈویژن کے مسلمانوں سے عموماً اور ضلع نینی تال کی ماتحت جمعیتوں سے خصوصاً پرزور اور مخلصانہ اپیل ہے کہ وہ اس کانفرنس کو کامیاب اور شاندار بنانے کے لئے ہر حیثیت سے امداد دیں۔

مولانا حفظ الرحمن صاحب فتحپور میں

کارکنان جمعیت کی جانب سے سپاسنامہ

فتح پور (بذریعہ ڈاک) مولانا حفظ الرحمن صاحب ۸ مئی کی شب میں بسلسلہ دورہ سرکاری تشریف لائے ۹ مئی کی صبح میں حضرت مولانا نے مدرسہ عربیہ اسلامیہ اور سکنڈری اسکول اور دوسرے مقامی اسکولوں کا معائنہ کیا اور اپنی گوناگوں مصروفیات و مشاغل کے باوجود اراکین مدرسہ و اسکول کو اپنے مفید ہدایات کے سلسلہ میں کافی وقت دیا۔ اور تعلیمی ترقی اور دینی ضروریات کی طرف متوجہ فرمایا جمعیت کے پروگرام تعلیمی کی وضاحت فرمائی۔ اور حکومت کے ساتھ تعاون پر زور دیا۔ اور فرمایا کہ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ قومی و ملی خدمت کو اپنی زندگی کا جزو بنالے۔

۹ مئی کی صبح کو اراکین جمعیۃ کی استدعا پر آپ دفتر جمعیۃ میں تشریف لائے۔ اراکین جمعیۃ نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا جس میں آپ کی خدمات قومی و ملی اور [illegible] کا اظہار تھا۔

سپاسنامہ کے جواب میں آپ نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اس وقت سب سے ضروری کام اراکین جمعیۃ کے لئے یہ ہے کہ وہ خدمت خلق کو اپنا اصول قرار دیں۔ اور اس خدمت خلق میں کسی معاوضہ و نفع کا شائبہ تک اپنے دل میں نہ لائیں۔ آخر میں آپ نے عوام سے اور بالخصوص اراکین جمعیۃ سے وصولی غلہ کی مہم میں حکومت کا ہاتھ بٹانے میں پرزور اپیل کی۔

اس اجتماع میں علاوہ اراکین جمعیۃ کے شہر کانگریس کے [illegible] اور دیگر معززین شہر بھی [illegible]

ہندو مسلم کلچر کا زوال

بقیہ صفحہ ۳

لگا۔ وہ اپنی زندگی کے آخری ایام میں جب صحت کا سایہ ان کو نظر آنے لگا تھا کہ جذبہ کی گرمی اور ولولہ قدرے ٹھنڈا ہو گیا تھا تو ان کو قوم پروری کا جذبہ پھر ایک بار عود کر آتا نظر آتا ہے۔

وہ اپنی آخری تقریروں میں وہ اپنے ہم وطن ہندوؤں سے بڑی دردمندی سے اپیل کرتا ہے کہ وہ "اپنے" اور "پرائے" کا امتیاز ختم کر دیں اگر وہ اپنے ملک کی آزادی چاہتے ہیں کیونکہ محبت ہی میں آزادی کا راز پنہاں ہے۔ اس میں انسانی حب الوطنی کا زبردست جذبہ پایا جاتا ہے مگر اس کے بین السطور ایوسی کی لہر نظر آتی ہے۔

ہند اور پاکستان

اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس چیز نے [illegible] نقصان پہنچایا۔ اقبال کی دلیل [illegible] فرقہ پرستوں کی دعوں [illegible] جب کہ ویر ساورکر، شیاما پرشاد مکرجی، ڈاکٹر مونجے اور ہندو مہاسبھا کے صدر کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ ہندوستان میں قومی نسل، مذہب اور زبان وہ ہوگی جو ہندوؤں کی ہے۔ تو مسلم لیگ کی طرف سے بڑی برہمی کے ساتھ جواب آتا ہے کہ "وہ اس ہندوستان کو ٹکڑے کرکے اس میں پاکستان بنائے گی اور جہاں تک ممکن ہوگا اس حصہ کو ہند رکھیں ہند نسل زبان اور مذہب سے آزاد رکھے گی۔"

[illegible]

اب وقت آگیا ہے کہ ہند اور پاکستان کے [illegible] کی اس رفتار کو روکیں ثقافتی اتحاد و دونوں ممالک کے بہترین سیاسی اور جل پاکستان اپنے اقتصادی مسائل کو ہندوؤں کے بغیر حل نہیں کر سکتا ہندوستان کو اپنے دفاع اور ممالک خارجہ کے لئے مسلمانوں کی خدمات [illegible]

(مترجمہ [illegible] انصاری)

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے [illegible] کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے۔

(۱۶)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	کون حصہ ہے
۹۹۶۹	۱۱۳۲	گلی سوئی والان	دونوں
۹۹۶۰	۱۱۳۵	"	"
۹۹۶۲	۱۱۳۶	"	"
۹۹۶۳	۱۱۳۰	"	"
۹۹۶۳	۱۱۵۳	"	"
۹۹۶۳	۱۱۲۶	"	"
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹۹۶۶	۱۱۴۰	"	"
۹۹۰۰	۱۱۶۱	"	"
۹۹۰۸	۱۱۶۳–۶۴	"	"
۹۹۰۹	۱۱۶۵	"	"
۹۹۱۰	۱۱۶۶	"	ملکیت
۹۹۱۱	۱۱۶۷	"	دونوں
[illegible]	۱۲۰۰	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	کون حصہ ہے
۱۰۰۰۳	۱۳۴۱	گلی پتھر والی	ملکیت
۱۰۰۰۵	۱۳۰۹–۱۳۱۶	کوچہ میر جان	کرایہ داری
۱۰۰۰۶	۱۳۱۰	چاندنی محل	"
۱۰۰۰۷	۱۳۱۳	گلی گنج میر خاں	"
۱۰۰۰۸	۱۳۱۱	"	"
۱۰۰۰۹	۱۳۱۲	"	"
۱۰۰۱۰	۱۳۱۹–۲۱	"	"
۱۰۰۱۱	۱۳۳۳	گلی سوئی والان	ملکیت
۱۰۰۱۲	۱۳۴۱B	کلیان پورہ	دونوں
۱۰۰۱۳	۱۳۴۱A	"	"
۱۰۰۱۴	۱۳۴۷A، ۱۳۴۷	"	کرایہ داری
۱۰۰۱۵	۱۳۵۲	"	دونوں
۱۰۰۱۶	۱۳۵۳	"	"
۱۰۰۱۷	۱۳۵۹	"	"
۱۰۰۱۸	۱۳۶۰	گلی گنج میر خاں	"
۱۰۰۱۹	۱۳۶۹	[illegible]	کرایہ داری
۱۰۰۲۰	۱۳۵۸	احاطہ میر ہکاری	"
۱۰۰۲۱	۱۳۵۹(A.B.C)	محمد گنڈیان	دونوں
۱۰۰۲۲	۱۳۶۱	"	"
۱۰۰۲۳	۱۳۶۳	احاطہ میر ہکاری	"
۱۰۰۲۴	۱۳۶۵	"	"
۱۰۰۲۵	۱۳۶۵A	گنج میر خاں	"
۱۰۰۲۶	۱۳۶۸	احاطہ میر ہکاری	کرایہ داری
۱۰۰۲۷	۱۳۸۰	"	"
۱۰۰۲۸	۱۳۷۱	"	دونوں
۱۰۰۲۹	۱۳۷۲	"	"
۱۰۰۳۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۰۰۳۳	۱۳۸۳	[illegible] گشت	[illegible]
۱۰۰۳۵	۱۳۸۴	"	کرایہ داری
۱۰۰۳۶	۱۳۹۴	"	"
۱۰۰۳۷	۱۳۹۵	"	دونوں

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں (باقی)

عرس شریف

اجمیر (بذریعہ ڈاک) حسب معمول حضرت مولانا صوفی حافظ محمد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ فاروقی الہ آبادی حسب معمول درگاہ حضرت غریب نواز اجمیر شریف میں منعقد ہوا۔ محفل میں جناب مولانا محمد شاہ اسرار احمد صاحب متولی درگاہ شریف و مشائخین حضرات شریف فرما تھے۔

اس موقع پر جناب مولانا محمد میاں صاحب فاروقی الہ آبادی جناب شاہ احمد میاں صاحب سجادہ نشین مولانا صاحب کی علالت کے باعث شریک عرس نہ ہو سکے۔

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھئے

ترجمان السنۃ جلد اول اردو زبان میں ارشادات نبوی کا نہایت جامع مستند اور بیش بہا ذخیرہ ہے۔ کتاب کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے۔ متن مع اعراب (۲) سہل اور عام فہم ترجمہ (۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ (۴) ہر کتاب کے خاتمہ پر اس کتاب کی حدیثوں کے متعلق ایک سیر حاصل بحث۔ شروع میں ایک مبسوط مقدمہ ہے جو احادیث کی اہمیت اور فن حدیث کے جملہ اطراف وجوانب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب کی خوبیاں مطالعہ ہی سے واضح ہو سکتی ہیں۔ بڑی تقطیع ۲۲×۲۹ صفحات ۵۹۲ قیمت دس روپے مجلد چرمی نہایت عمدہ ۱۲

فہم قرآن قرآن مجید کیسے آسان ہونے کے معنی کیا ہیں؟ قرآن پاک کا صحیح منشا معلوم کرنے کے لئے شارع علیہ السلام کے اقوال و افعال معلوم کرنا کیوں ضروری ہے۔ احادیث کی تدوین کس طرح اور کب ہوئی؟ یہ معرکۃ الآرا کتاب جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے رجحانات کو سامنے رکھ کر اسی موضوع پر لکھی گئی ہے۔ صفحات ۳۰۰ بڑی تقطیع قیمت دو روپے چار آنہ (عہ) مجلد تین روپے چار آنہ (عہ)

غلامان اسلام اس کتاب میں اسی کے قریب ان صحابہ، تابعین، تبع تابعین، فقہا، محدثین، ارباب کشف و کرامات اور اصحاب علم و ادب کے سوانح حیات اور کمالات و فضائل بڑی تحقیق و کاوش سے جمع کئے گئے ہیں۔ جنہوں نے غلام یا آزاد کردہ غلام ہونے کے باوجود ملت کی عظیم الشان خدمات انجام دیں۔ جن کے علمی، مذہبی اور اصلاحی کارنامے اسلام کی تاریخ میں [illegible] صفحات ۴۸۸ بڑی تقطیع۔ قیمت پانچ روپے آٹھ آنہ (ہے)

حیات شیخ الاسلام یعنی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی کی مفصل اور مبسوط سوانح عمری جس میں آپ کے قیام مدینہ طیبہ، تحریکات میں شرکت، اسارت مالٹا، اسارت کراچی، مراد آباد، الہ آباد، نینی جیل وغیرہ کی زندگی کے حالات وغیرہ نہایت دلچسپ اور بصیرت افروز انداز میں بیان کئے گئے ہیں۔ آخر میں آپ کے چند مکاتیب بھی۔ قیمت مجلد (عہ)

علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے۔ ہندوستان کے انقلاب کی بہترین تاریخ ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے گذشتہ دور کے حالات کے علم کے ساتھ مستقبل کے لائحہ عمل کی تعیین ہو سکتی ہے۔ قیمت جلد اول تین روپے چار آنہ (عہ) جلد دوم سات روپے آٹھ آنہ (ہے)

باغی ہندوستان تحریک حریت ۱۸۵۷ء جس کو غدر کہا جاتا ہے۔ اس کے چشم دید حالات ایک ایسے عالم کے قلم سے جو خود تحریک کا علمبردار تھا۔ مقدمہ کتاب میں حضرت مولانا فضل حق صاحب، مولانا عبد الحق صاحب خیر آبادی اور دیگر علماء خیر آباد کے مفصل حالات کا مجموعہ

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق پنڈت سندر لال صاحب کی نہایت مفید اور مقبول عام تصنیف قیمت صرف [illegible]

مکاتیب شیخ الاسلام شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کے چند مکاتیب جو مختلف علمی و سیاسی مسائل پر ہیں۔ ہر مسلمان کے لئے ان کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت مجلد دو روپے (ہے)

کاروان خیال مولانا ابو الکلام آزاد مدظلہ العالی کی ادبیات اور تصنیف جو غبار خاطر کی طرح اپنی اعلیٰ ادبیت میں امتیازی حیثیت رکھتی ہے۔ شائقین کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ قیمت صرف دو روپے آٹھ آنہ (ہے)

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل جناب محترم سید محمد احمد صاحب کاظمی کی بہترین تصنیف۔ جس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ قیمت دس آنہ (۱۰)

ہمارے پیغمبر (ابتدائی حالات کے لئے بہترین کتاب ہے۔ جو جا بجا داخل نصاب ہے) قیمت صرف چھ آنہ (۶)

اسلامی تعلیمات کا مرقع یعنی اربعین احادیث مبارکہ اور آیات کریمہ کے ترجموں کو اس انداز سے جمع کیا گیا ہے کہ ایک معمولی قابلیت کا مسلمان اس کے مطالعہ سے آسانی کے ساتھ اپنی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھال سکتا ہے۔ قیمت صرف بارہ آنہ (۱۲)

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ کتاب کا مضمون اور مقصد نام سے واضح ہے۔ جمعیۃ علماء کے ہر دفتر میں اس کا رہنا ضروری ہے۔ قیمت جلد اول بارہ آنہ جلد دوم دو روپے چار آنہ (عہ)

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جب بھی کسی عربی فارسی اردو کی درسی یا غیر درسی کتاب قرآن مجید، حمائل وغیرہ کی ضرورت ہو تو بلا تامل ہماری معرفت طلب کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ خاطر خواہ کتب حاصل کر سکیں گے۔ اور آپ کو شکایت کا موقع نہ ملے گا۔

(نوٹ) ایک روپیہ سے کم قیمت والی کتابیں منگانے کے لئے ٹکٹ روانہ کریں ورنہ آرڈر کی تعمیل نہیں ہوگی۔ وی۔ پی۔ پر آرڈر دینے والے [illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی)

خاص حج سروس

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ امسال رمضان المبارک سے پہلے زائرین بیت اللہ کیلئے جہازوں کی روانگی کا خاص انتظام کیا گیا ہے، رمضان کے بعد جہازوں میں جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جو مایوسی ہوتی ہے اس کے پیش نظر عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل جہازوں کی روانگی سے فائدہ اٹھائیں، ان جہازوں میں جگہ بھی کافی ہے اور ان کا کرایہ بھی رمضان کے بعد جانے والے جہازوں سے کم ہے، جو حضرات ان سے سفر کرنا چاہتے ہوں وہ جہاز کی روانگی کی تاریخ سے کم از کم دو روز قبل بمبئی ضرور پہونچ جائیں۔

ایس۔ ایس۔ اکبر وزن ۴۳۰۴ ٹن

بمبئی سے ۱۰ مئی کو روانہ ہوگا

خریداراں امید ہے کہ۔

ایس۔ ایس رضوانی وزن ۵۴۴۸ ٹن

بمبئی سے ۱۰ جون ۱۹۴۹ء کے قریب روانہ ہوگا۔

قبل رمضان جہاز کا رعایتی کرایہ (خوراک کے ساتھ)

بمبئی / جدہ واپسی

درجہ اول ـــ ۱۱۰۵ روپے

عرشہ (ڈیک) ـــ ۳۷۳ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ، کامران کی فیس جدہ کے محصل صفائی اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں ہے جن کی مجموعی رقم ۴۷ روپے ۱۲ آنے ہوتی ہے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

یہ تو روح افزا ہے
دوا نہیں مزیدار شربت
SO DELICIOUS & REFRESHING

تیز گرمی کا بہترین ساقی ہے۔ ایسی سخت گرمیوں میں میری صحت، میری توانائی، بس روح افزا سے قائم رہتی ہے روح افزا نے مجھے سوسائٹی میں مقبول بنانے میں بڑا حصہ لیا ہے۔ روح افزا آئس کریم بیرے باہر کے مہمانوں نے خوب کھائی تو واہ واہ۔ پارٹی گونج اٹھی۔ گرمی میں گھر بھر کو خوش رکھنے کا ایک ذریعہ میرا یہ روح افزا ہے

ہر جگہ ملتا ہے

رسالہ ہمدرد گرما جس میں گرمی کے موسم کی بیماریوں کا علاج درج ہے اردو ہندی اور انگریزی میں مفت منگائیے

ہمدرد دواخانہ لیباریٹریز، دہلی

مقامی چیف سٹاکسٹ

[illegible]

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 15-5-49
PHONE 5855

برما امداد کے باوجود دولت مشترکہ میں شریک نہیں ہوگا

حکومت برما کی طرف سے توضیحی اعلان

[illegible]

مدھیہ کانگریس کے صدر کا حکم منسوخ

[illegible]

برما کو سب سے زیادہ امداد برطانیہ دے گا

ہندوستان پاکستان اور لنکا زیادہ امداد نہیں دے سکتے

[illegible]

چیچک سے اموات

[illegible]

مفت راشن بند

[illegible]

شام کی نئی حکومت

کرنل زعیم کا اعلان

[illegible]

فوری ضرورت
لیتھو مشین پر کام کرنے والے مشین مین
کاغذ لگانے والے اور کاغذ اٹھانیوالوں
کی فوری ضرورت ہے۔ خود پریس میں آکر
معاملہ طے کریں تنخواہ حسب لیاقت
دہلی پرنٹنگ ورکس
چاوڑی بازار دہلی

حکومت ہند کی برمی باغیوں کو تنبیہ گرفتار شدہ ہندوستانیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ

تھراوادی کے علاقہ میں ہندوستانیوں کی مخدوش حالت

ہندوستان کے فوجی اٹیچی کا عملہ رنگون پہنچ گیا

[illegible] [redacted] [illegible]

جرمنی کا نیا قانون منظور ہو گیا

مغربی فوجی گورنروں کا اعلان

[illegible]

~~ڈچ حکومت نے جمہوریہ انڈونیشیا کے ساتھ سمجھوتہ منظور کرلیا~~

~~ہالینڈ کے وزیر نوآبادیات کا پارلیمنٹ میں بیان~~

[illegible]

سول ملٹری گزٹ کا داخلہ بند کیا جائے

مشرقی پنجاب کی پریس کمیٹی کا مطالبہ

[illegible]

۲۴ سال سے شہرت یافتہ
بچوں کی طاقت بڑھانیوالی
بہترین دوا ہے
بال بہار
حیدرآباد میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے
سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں
پتہ بال بہار فارمیسی دہلی

ڈربن میں پھر گڑبڑ ہو گئی ہندوستانیوں کی بسوں پر مسلسل سنگباری

ہندوستانیوں کی دوکانوں اور مکانوں کو آگ لگانے کی دھمکی

[illegible]

نیویارک میں مسز پنڈت

تعارفی کاغذات پیش کر دیئے

[illegible]

مل ملازمین کا نیا صدر

[illegible]

شنگھائی کا اندرونی دفاع پر کمیونسٹوں کی ضرب

حکومت چین نے شنگھائی خالی کرنے کا فیصلہ کرلیا

[illegible]

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کے فیصلہ پر ڈاکٹر ملان کے تاثرات

پارلیمنٹ میں وزیراعظم ملان کی پنڈت نہرو سے گفتگو کی تفصیلات

[illegible]

ریاست منی پور کا مستقبل

سوشلسٹ پارٹی کا مطالبہ

[illegible]

بنارس میں آندھی طوفان

[illegible]

تسلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ
نامردی، آتشک، سوزاک، جریان، احتلام
سرعت انزال، عورتوں کے پوشیدہ امراض
کے لئے خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی سے
خط و کتابت کریں۔ مشورہ مفت
لٹریچر مفت

قائم شدہ
رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
یداللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۱۷ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۶ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر [illegible] | قیمت فی پرچہ دو آنے

مدراس
میں روزنامہ الجمعیۃ کے لئے دیانتدار ایجنٹ
کی ضرورت ہے
ایجنٹ صاحبان
شرائط ایجنسی طلب فرمائیں
جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ
دہلی

اقلیتوں کی نشستوں کی تخصیص کا خاتمہ

مدراس کے لیگیوں کا احتجاج

[illegible]

جنوبی افریقہ کے خلاف ہندوستان کی شکایت پر جنرل اسمبلی آج بحث کرے گی

جنرل اسمبلی کے صدر ڈاکٹر ایوٹ کا اعلان

ہندوستان کی تجویز کا پورا متن شائع ہو گیا

[illegible]

انسین پر دوبارہ قبضہ کرنے کیلئے برمی فوجوں کا بڑے پیمانہ پر حملہ

باغیوں کے اجتماعات پر زبردست گولا باری کی گئی

[illegible]

رامپور اسمبلی کے سوال جواب

[illegible]

پاکستان کے رویہ پر امریکہ میں مقیم افغانوں کا احتجاج

نمائندہ انجمن کی طرف سے افغان حکومت کی مکمل حمایت کا اعلان

[illegible]

برطانیہ اور اسرائیل کے تعلقات

[illegible]

دس ویٹ نامی ہلاک

[illegible]

اطالوی نوآبادیات کے متعلق سب کمیٹی کی تجویز کی مخالفت

پاکستان اور اسرائیل کے نمائندوں کا بیان

[illegible]

کمیونسٹ فوجوں نے شنگھائی کا محاصرہ کرلیا

ہانکو پر کمیونسٹ حملہ کو پسپا کر دیا گیا

[illegible]

جنرل چیانگ کائی شیک سے پھر قیادت سنبھالنے کی درخواست

کمنتان کی سیاسی کمیٹی کا فیصلہ

[illegible]

مشاورتی کمیٹی کے فیصلہ کا اینگلو انڈین کا دری پر اثر نہیں پڑے گا

اینگلو انڈین لیڈر مسٹر فرینک انتھونی کا بیان

[illegible]

امریکہ یورپ کو فوجی امداد دیتا ہے گا

اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اعلان

[illegible]

بہار شاہی
خوشبودار بالصفا صابن و پوڈر نازک جلد کی حفاظت کے لئے اعلیٰ خاندانوں میں استعمال ہوتا ہے
ہر جگہ ملتا ہے
کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

تیراہ میں قرآن کریم کی تلاوت کے دوران میں آزاد پختونستان کا علم نصب کردیا گیا

میاں گل جان کی افغانوں سے اُٹھ کھڑے ہونے کی اپیل

افغانستان کے شہروں میں احتجاجی مظاہروں کی مزید تفصیلات

بقیہ صفحہ اول

لندن کی پریس کانفرنس میں لیاقت علی خاں نے افغانستان پر جو الزام لگائے ہے۔ افغانستان کی سرکاری نیوز ایجنسی نے [illegible] قبائیلیوں کو پاکستان کے خلاف [illegible]

میاں گل جان کا خطبہ

تیراہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ قرآن شریف کی [illegible] میاں گل جان نے ملک کی جامع مسجد میں ایک پُرجوش خطبہ دیا جس میں حکومت پاکستان کے رویہ کی مذمت کی۔ اور افغانوں سے پاکستانی تجاوزات کی مزاحمت کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔

پختونستان کا علم

تیراہ ۱۲ مئی۔ ایک اطلاع [illegible]

طلباء کا احتجاج

[illegible] پاکستان کے رویہ کے خلاف شہر میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اور وزیر اعظم سے ملاقات کی [illegible]

بڑے بڑے سرداروں کا اعلان

[illegible]

جلال آباد کے دفتر میں مظاہرہ

[illegible]

شاہ افغانستان کو پیش کر دی جائے گی۔

قندھار، گردیز، غزنی، اور ہند کے مختلف علاقوں سے بھی اسی قسم کے احتجاج کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ سے ملاقات

[illegible]

سیاسی مبصر کا بیان

[illegible]

سائرینکا کی آزادی کا اعلان

شیخ سنوسی کا بیان

قاہرہ ۱۳ مئی۔ اخبار المصری کے بن غازی کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ عنقریب شیخ سنوسی امیر سید ادریس سائرینکا کی مکمل آزادی کا اعلان کر کے اقوام متحدہ کے سامنے اس کی آزادی کو ایک طے شدہ حقیقت بنا دیں گے۔ [illegible]

ہانگ کانگ کو فوجی امداد

[illegible]

مہاتما بدھ کا جنم دن

[illegible]

قاہرہ میں ایک سڑک

ڈاکٹر سید حسین کے نام پر

نئی دہلی ۱۳ مئی۔ قاہرہ کے میونسپل علاقہ کی ایک سڑک کا نام سابق ہندوستانی مرحوم سفیر کے نام پر رکھا جائے۔ اس علاقہ میں ڈاکٹر سید حسین دفن کئے گئے تھے۔ [illegible]

سگرٹ نوشی پر پابندی!

مدراس ۱۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت مدراس نے سینما گھروں میں اور ایسے ہالوں میں جہاں ناچ اور ڈرامے کھیلے جاتے ہیں، سگرٹ پینے پر پابندی لگا دی ہے۔ تاریخ کا اعلان بعد میں ہوگا۔ اس حکم کا اطلاق مدراس میں [illegible] ہوگا۔ (ا۔ پ)

۹ ہزار میونسپل مزدوروں کی ہڑتال

بمبئی ۱۴ مئی۔ بمبئی میونسپل کارپوریشن کے ۹ ہزار مزدوروں نے کل صبح ہڑتال کر دی۔ ان کے مطالبات مزدوری میں اضافہ، کام کے اوقات میں کمی اور روزانہ مزدوری کے طریقہ کی تنسیخ ہے۔ [illegible] (ا۔ پ)

ہڑتال کرنے کے متعلق رائے

بمبئی ۱۴ مئی۔ [illegible]

حسنی زعیم سے ٹرانس عرب

پائپ لائن کمپنی کے نمائندوں کی ملاقات

دمشق ۱۴ مئی۔ شام کے وزیر اعظم کرنل حسنی زعیم نے کل ٹرانس عربین پائپ لائن کمپنی کے نمائندوں سے ملاقات کی [illegible] (ا۔ پ)

مشرقی اور مغربی بنگال کے سپاہیوں میں مسلح تصادم ہوتے ہوتے رہ گیا

مجسٹریٹ کے فیصلہ کے بعد دونوں صوبوں کے سپاہیوں نے ہاتھ ملائے

کلکتہ ۱۴ مئی۔ مشرقی اور مغربی بنگال کے سرحدی علاقوں میں راجشاہی اور مرشد آباد کے اضلاع کے درمیان میں ایسی زمینوں کی ملکیت پر جو دریا کے بیچ میں ظاہر ہو جاتی ہیں جو کشیدگی پیدا ہو گئی تھی، اب وہ بہت کم ہو گئی ہے۔ مغربی بنگال کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس بارہ میں مسلح تصادم کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا۔ اس ترجمان نے بتایا کہ دونوں صوبہ جات کے [illegible] سپاہی مقررہ وقت پر مقررہ مقامات پر ایک دوسرے سے ملے، اور انہوں نے دونوں مملکتوں میں بڑھتی ہوئی دوستی کی علامت کے طور پر ہاتھ ملائے۔ یہ دوستانہ معاملات دونوں مملکتوں کے مجسٹریٹوں کے فیصلہ کے بعد عمل میں آئی۔ ان زمینوں کے متعلق پہلے پایا کہ ان کا وہی درجہ ہوگا جو تقسیم ہند سے پہلے تھا۔ اس ترجمان نے بتایا کہ ان میں سے بعض علاقوں پر زبردستی تصرف کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔ (ا۔ پ)

۱۳ ہزار سانپوں کی ہلاکت

ماہرین حیوانات کی تحقیقات

کلکتہ ۱۴ مئی۔ ہندوستان کے چار ماہرین حیوانات بیاجین گئے، جہاں کچھ عرصہ قبل ۱۳ ہزار زہریلے سانپ مرے ہوئے پائے گئے تھے۔ حیوانات سے متعلق کتابوں میں مچھلیوں کی اتنی بڑی تعداد کی بیک وقت ہلاکت کا تو ذکر ہے لیکن سانپوں کا نہیں۔ وہ بعض زندہ سانپ پکڑ کر کلکتہ اس واقعہ کی تحقیقات کے لئے [illegible]

میں دولت مشترکہ کی کانفرنس کے نتائج سے مطمئن ہوں

بغداد اور قاہرہ میں وزیر اعظم پاکستان کا بیان

بغداد ۱۴ مئی۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے یہاں پر اعلان کیا کہ پاکستان کبھی اس قسم کی کوئی شرائط منظور نہ کرے گا جن میں جموں اور کشمیر کے مجوزہ استصواب کی آزادی پر اثر پڑے۔ [illegible]

[illegible] نامہ نگاروں کو مسٹر لیاقت علی خاں نے دنیا کے موجودہ حالات میں مشرق وسطیٰ کی اہمیت بتائی۔ [illegible]

دولت مشترکہ کی کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا: میں دولت مشترکہ کی کانفرنس کے نتائج سے مطمئن ہوں اور مجھے یقین ہے کہ اس کے آئندہ نتائج بھی اطمینان بخش ہوں گے۔ [illegible]

قاہرہ میں بیان

قاہرہ سے بغداد روانہ ہونے سے قبل [illegible]

حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ
ودیگر علماء کا مصدقہ وپسندیدہ
روغن اکسیر دماغ
[illegible]
بلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

سول اینڈ ملٹری گزٹ تین مہینے کے لئے بند کردیا گیا

کشمیر کے متعلق خبر شائع کرنے پر حکومت پاکستان کا عتاب

لاہور ۱۴ مئی۔ حکومت پاکستان نے لاہور کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ کی اشاعت آج سے تین ماہ کے لئے بند کردی ہے۔ اخبار بند کرنے کے حکم کا اعلان مغربی پنجاب کے ڈائرکٹر اطلاعات عامہ نے ایک پریس نوٹ میں کیا۔ اخبار کی اشاعت پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۵ کے ماتحت کی گئی ہے۔

اخبار پر پابندی ۵ مئی کے پرچہ میں اپنے نئی دہلی کے نامہ نگار کے حوالے سے ایک خبر شائع کرنے پر لگائی گئی ہے۔ اس خبر میں کہا گیا تھا کہ لندن میں ہند اور پاکستان کے وزراء اعظم میں کشمیر کے بارے میں کوئی فیصلہ ہو گیا ہے۔ اسی اخبار نے دوسرے صفحوں پر اداریوں میں اس خبر کی اشاعت کی معذرت کی تھی اور اس خبر کی اشاعت کو افسوسناک فروگذاشت قرار دیا تھا۔

۱۱ مئی کو اس نے اس بات کا بھی اعلان کیا تھا کہ اس نے اپنے نئی دہلی کے نامہ نگار کو جس نے یہ خبر بھیجی تھی معطل کر دیا ہے۔ نیز یہ کہ اخبار آئندہ کشمیر کے بارے میں سرکاری اعلانات یا وزیروں کے بیانات کے سوا کوئی خبر شائع نہ کرے گا۔

اخبار پر پابندی کا اعلان کرتے ہوئے پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ مغربی پنجاب کی حکومت نے مرکزی حکومت سے پوچھا تھا کہ اس خبر کے شائع کرنے پر سول اینڈ ملٹری گزٹ کے خلاف کوئی اقدام کیا جائے یا نہیں تو کیا ہو؟

مرکزی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس اخبار کی اشاعت مغربی پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت تین ماہ کے لئے بند کی جائے۔ چنانچہ اس امر کے مطابق احکام جاری کر دیئے گئے ہیں۔

اخبار کا خصوصی اڈیشن!

کل شام سول اینڈ ملٹری گزٹ کا ایک صفحہ کا خصوصی اڈیشن شائع ہوا جس میں صفحہ اول پر جلی ٹائپ میں "سول اینڈ ملٹری گزٹ کی سزایابی" کے عنوان سے ایک مضمون شائع کیا گیا تھا۔ اس میں کہا گیا تھا کہ حکومت پاکستان نے سول کو تین ماہ کے لئے سزا دی ہے۔ یہ شاید ہمارا آخری پرچہ ہے ابھی ہم پر اس حکم کی تعمیل نہیں ہوئی۔ دوستوں اور ہمدردوں کے سوا اس سزایابی کی کسی سے اپیل بھی نہیں ہو سکتی جنہوں نے اس فروگذاشت سے ناجائز فائدہ اٹھائے جانے پر ہمارے ساتھ اظہار ہمدردی کیا ہے۔ اس خبر میں قابل اعتراض باتیں [illegible] تھیں ان میں سب سے زیادہ غیر پسندیدہ خبر کی ہم نے دوسرے دن مکمل طور پر تردید کر دی تھی۔ بہت سے اخبار نویسوں کا خیال ہے کہ اس اعتذار اور توضیح سے ابتدائی غلطی کی تلافی ہو جاتی ہے۔ مرکزی حکومت کے اقدام کی ستم ظریفی یہ ہے کہ اس کی یہ کارروائی مغربی پنجاب پریس اڈوائزری کمیٹی کی [illegible] کے ایک ایسے جلسے میں پاس کئے ہوئے ریزولیوشن [illegible] جو پریس فوٹوگرافروں کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے طلب کیا گیا تھا [illegible]

مشرقی پنجاب کی مشاورتی کمیٹی کا مطالبہ

[illegible]

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

بعض اہم تجویزیں پیش ہونے والی ہیں

دہلی ۱۴ مئی۔ اگلے ہفتہ ڈیرہ دون میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہو رہا ہے جس میں بعض اہم تجویزیں پیش ہونے والی ہیں۔ ایک لندن کانفرنس کے متعلق ہوگی، دوسری جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے متعلق اور تیسری بعض تنظیمی معاملات کے متعلق۔

لندن کانفرنس کے متعلق تجویز وزیر اعظم پیش کریں گے جس میں کمیٹی سے اس کانفرنس کے فیصلوں کی تصدیق طلب کی جائے گی۔

[illegible] (ا۔ پ)

روسی اسلحہ کی البانیہ کو فراہمی

یونانی گوریلا سپاہیوں کو امداد!

ایتھنز ۱۴ مئی۔ کہا جاتا ہے کہ سامان جنگ جس میں ٹینک طیارے اور توپیں شامل ہیں جنہیں روسی اور رومانی جہاز اور طیارے لائے ہیں البانیہ میں اتارے جا رہے ہیں۔ یہ بھی خیال کیا جا رہا ہے کہ یونانی گوریلوں کے خلاف ان کے استعمال کئے جانے کا اتنا امکان نہیں ہے جتنا یوگوسلاویہ کے مارشل ٹیٹو کے خلاف ہے۔ [illegible] (رائٹر)

شاہ عبداللہ نے ترکی کا سفر ملتوی کردیا

دمشق ۱۲ مئی۔ شرق اردن کی عرب لیجن کے ایک رکن لفٹننٹ کرنل محمد سعید ابوالمعلی آج انقرہ جاتے ہوئے یہاں سے گذرے۔ انہوں نے یہ بتانے سے انکار کیا کہ وہ انقرہ کیوں جا رہے ہیں۔ [illegible] (رائٹر)

ڈاکٹر کیسکر ناگپور میں

ناگپور ۱۳ مئی۔ [illegible]

وزیر اعظم آسٹریلیا کا بیان

ہانگ کانگ ۱۴ مئی۔ آسٹریلیا کے وزیر اعظم مسٹر چیفلے نے کہا [illegible] (ا۔ پ)

ہندوستان بھر میں!
اپنی قسم کی واحد فیکٹری میں تیار کردہ
فلائنگ رانی برانڈ (رجسٹرڈ)
ست اسپغول
[illegible]

خط وکتابت کرتے وقت پتہ صاف لکھئے

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۱۶ مئی ۱۹۴۹ء

اقلیتیں اور مخلوط انتخاب

ہندوستان ہی میں نہیں تمام دنیا میں اقلیتوں کا مسئلہ بہت اہم مانا گیا ہے اور اس سلسلہ کی مشکلات کو بھی دوسری مشکلات کی صف اول میں جگہ دی گئی ہے۔ مجلس متحدہ اقوام نے جہاں اور بہت سی کمیٹیاں مقرر کر رکھی ہیں وہاں اقلیتوں کی بھی ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو اقلیتوں کے معاملات پر غور اور ان کی مشکلات کا تجزیہ کرتی ہے۔ دراصل اقلیتوں کا مسئلہ وہاں پیدا ہوگا جہاں کی اکثریت تنگ نظر اور [illegible] بخیل ہوگی۔ اکثریت کی دست درازیوں سے بچنے کے لئے اقلیتیں اپنے گرد دائرہ کھینچتی ہیں اور اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے اکثریت کے مقابلہ پر صف آرا ہو جاتی ہیں۔ اگر اکثریت کا طرز عمل فیاضانہ اور روادارانہ ہو اور اقلیتوں کو یہ احساس ہی نہ ہونے دے کہ وہ اقلیت ہیں تو اقلیت اور اکثریت کا مسئلہ سرے سے پیدا ہی نہیں ہو سکتا۔ مصر میں یہ مسئلہ بہت زور شور سے اٹھایا گیا تھا مگر اکثریت کی وسیع چشمی اور عالی ظرفی نے اسے حد سے آگے نہ بڑھنے دیا اور قبطیوں، عیسائیوں اور یہودیوں کو محسوس کرا دیا کہ ان کے حقوق اکثریت سے بھی زیادہ محفوظ ہیں اور ان کا فائدہ اس میں ہے کہ وہ اپنے آپ کو اقلیت نہ سمجھیں بلکہ اپنی قابلیت پر بھروسہ کرتے ہوئے میدان میں آئیں اور زندگی کے ہر شعبہ میں اپنی صلاحیت کا ثبوت دیں۔ چنانچہ اگر جائے تو یہ بھی معلوم نہ ہوگا کہ وہاں اقلیتیں بھی ہیں اور وہ اکثریت کو شک وشبہ کی نظر سے دیکھتی ہیں۔

دنیا کے ہر گوشہ میں کسی نہ کسی قسم کی اقلیت موجود ہے، کسی جگہ مذہبی اقلیتیں ہیں کسی مقام پر نسلی اقلیتیں ہیں اور کہیں سیاسی اقلیتیں، مگر یہ فخر صرف ہندوستان ہی کو حاصل ہے کہ یہاں دنیا بھر کی اقلیتیں جمع ہیں، مذہبی اقلیتوں میں مسلمان، عیسائی، سکھ، پارسی وغیرہ ملتیں ہیں، نسلی اقلیتوں میں اچھوت اور پسماندہ اقوام ہیں، لسانی اقلیتوں میں جنوبی ہند کی ایک خاصی بڑی تعداد شامل ہے، سیاسی اقلیتوں میں سوشلسٹ اور کمیونسٹ وغیرہ ہیں یہی حال اکثریت کا بھی ہے ہر اقلیت کے مقابلہ پر ایک اکثریت موجود ہے۔

ظاہر ہے کہ جو ملک اکثریت اور اقلیت سے بٹا ہوا ہو اسکی حکومت کس قدر پھونک پھونک کر قدم رکھتی ہوگی اور اسے اکثریت اور اقلیت کے مسائل کو حل کرنے میں کس قدر دقتیں پیش آتی ہوں گی! ہندوستان کی حکومت سمجھتی ہے کہ آزاد جمہوریت میں اقلیتوں کے مسائل کی فہرست طویل نہ ہو اور اقلیتیں اپنے معاملات کو خود ہی قابلیتوں ومصلحتوں سے سلجھا دیں، مگر اس کی کوشش کے باوجود اقلیتوں کی جھنجھٹوں سے چھٹکارا نہیں ملتا! حکومت ہند نے ۱۹۴۷ء میں ایک مجلس مشاورت اسی لئے مقرر کی تھی کہ وہ اقلیتوں کے سیاسی حقوق کا ایک نقشہ بنائے اور ان کے مطالبات کی غور وفکر کے ساتھ [illegible]

جہاں تک ہمیں یاد ہے اس کمیٹی نے سفارشات میں یہ طے کیا کہ مرکزی اور صوبائی مجالس قانون ساز کا انتخاب مخلوط ہو مگر اقلیتوں کے لئے ان کی آبادی کے تناسب سے نشستیں مخصوص کر دی جائیں۔ نشستوں کی یہ تخصیص صرف دس سال کے لئے ہو اس کے بعد معاملہ پر دوبارہ غور کر لیا جائے، اور پھر جن اقلیتوں کے لئے نشستیں مخصوص ہوں انہیں یہ حق بھی ہو کہ وہ تمام نشستوں کے لئے بھی کھڑی ہو سکیں۔ اور اقلیتوں سے مراد ہیں مسلمان، اچھوت اور عیسائی، جہاں تک سکھوں کا تعلق ہے ان کے مطالبات پر بعد میں غور کر لیا جائے۔

لیکن ۱۹۴۷ء کے حالات ۱۹۴۸ء میں بدل گئے اور ۱۹۴۹ء کے حالات نے دوسرے تقاضے پیدا کر دیئے، چنانچہ مجلس مشاورت کا جو اجلاس حال ہی میں منعقد ہوا ہے اس کی سفارشات بھی حالات کے ساتھ بدل گئی ہیں، اب اس کی سفارشات کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان کی کسی بھی مذہبی اقلیت کے لئے نشستیں مخصوص نہ کی جائیں! انتخابات مخلوط ہوں [illegible] تمام اور نشستوں کی تخصیص ختم ہو البتہ ہندو اور سکھ اچھوتوں کے لئے دس سال [illegible] نشستیں مخصوص [illegible] یا ہریجن بہت مشہور ہیں۔ سکھ اچھوتوں میں مذہبی، رام داسی، کبیر پنتھی اور سکلی گر شامل ہیں!

اچھوت ہندوؤں کی تعداد تو کروڑوں ہے سکھ اچھوتوں کی تعداد چار لاکھ کے لگ بھگ ہے، ان چار لاکھ کے لئے نشستوں کی تخصیص اس کی بین شہادت ہے کہ سکھ بھی اچھوت پن سے خالی نہیں ہیں، رہی کروڑوں اچھوت، ہمارے نزدیک ان کے لئے نشستوں کی تخصیص ہندوستان کی بدنامی کا باعث ہوگی، اور جو یہ جانتا ہوگا وہ بھی جان جائے گا کہ ہندوستان کی نسل پرستی، چھوت چھات، اعلیٰ وادنیٰ کا تصور اپنے شباب پر ہے اور ہندوستان کی اکثریت اسقدر غیر روادار ہے کہ حکومت کو ان مظلوموں کے لئے نشستیں مخصوص کرنی پڑیں۔

جہاں تک مسلمانوں اور عیسائیوں کا تعلق ہے ہمیں اس فیصلہ سے گھبرانا نہیں چاہیئے بلکہ غور کرنا چاہیئے کہ یہ فیصلہ ان کے حق میں کس حد تک مفید ہو سکتا ہے، یہ ظاہر ہے کہ اقلیتوں کے بارے میں حکومت ہند کا اب وہ نقطہ نگاہ نہیں رہا ہے جو ۱۹۴۷ء میں تھا اس لئے ہندوستان کی اقلیتوں کو بدلے ہوئے حالات کے ساتھ اپنے آپ کو بھی بدل لینا چاہیئے، البتہ اس فیصلہ کے بعد اکثریت کی ذمہ داریاں بہت بڑھ جاتی ہیں، اگر اس نے اپنا نقطہ نگاہ درست کیا اور اپنے طرز عمل سے اقلیتوں کا اعتماد حاصل کیا تو یہ فیصلہ آزاد جمہوریہ کے لئے مبارک ثابت ہوگا ورنہ پھر زمانہ بتائے گا کہ اقلیتوں کو کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا چاہیئے!۔

پھر وہی شرارت

ڈربن (جنوبی افریقہ) میں پھر ہندوستانیوں کے خلاف [illegible]

اسرائیل کی رکنیت

آخر کار متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی نے اسرائیل کو متحدہ اقوام کا رکن تسلیم کر لیا اور اس طرح فلسطین کی اسرائیلی حکومت قاعدہ اور ضابطہ میں آگئی! جس یہودی نے ارض موعود میں اسرائیلی سلطنت کے قیام کا نقشہ بنایا تھا اس کے عزم وہمت اور تدبر کی داد دینی چاہیئے کہ آخر کار وہی ہوا جو اس نے چاہا تھا! لارڈ بالفور کا اعلان کیا تھا پتھر کی لکیر تھا [illegible]

اچھی باتیں

فاصابہم سیئات ما کسبوا ... (پ ۲۴ ع ۲)

جو کچھ انہوں نے کمایا تھا اس کی وجہ سے ان پر مصیبت ٹوٹی، ان لوگوں میں سے جو بھی ظلم کرے گا اس کو اپنے کرتوتوں کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا اور وہ اپنی کسی تدبیر سے خدا کو عاجز نہ کر سکیں گے۔

فرمایا کہ مصیبتیں خواہ مخواہ نازل نہیں ہو جایا کرتیں، خود انسان ہی ایسے کام کرتا ہے جس سے مصائب کا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس پر اسی کے کئے کا وبال پڑتا ہے۔ انفرادی اعمال کے نتائج انفرادی اور اجتماعی اعمال کے نتائج اجتماعی ہوتے ہیں جب کسی گروہ کی اکثریت بگڑ جاتی ہے تو ہوا ایسی جگہ پھوٹتا ہے جہاں گمان بھی نہیں ہوتا اور جب اجتماعی معصیتوں کا پلہ بھاری ہو جاتا ہے تو سب ہی کو اس کی سزا ملتی ہے اور گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتے ہیں۔ قرآن کریم نے دوسری جگہ فرمایا کہ تم اس فتنہ سے بچو جس میں خاص وعام سب ہی مبتلا ہوتے اور خاص افراد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی۔

مسلم یونیورسٹی یونین کے نائب صدر کا خطبہ صدارت

موجودہ مقتضیات۔ ہندوستانی طلباء اور مسلم یونیورسٹی کی ضروریات پر تبصرہ

علیگڑھ (بذریعہ ڈاک) علیگڑھ مسلم یونیورسٹی یونین کی کابینہ کی تشکیل کے موقعہ پر نائب صدر مسٹر ذکی الدین احمد نے خطبہ صدارت پڑھتے ہوئے کہا۔

صدر محترم، خواتین وحضرات!

اس قسم کے موقعہ پر جس کی عزت آج مجھے حاصل ہے شکریہ کے رسمی الفاظ کا اعادہ کیا جاتا ہے لیکن میں نے قصداً اس سے گریز کیا ہے۔ [illegible]

خواتین وحضرات!

[illegible]

حصول آزادی کے بعد

[illegible]

چین کی خانہ جنگی نے چین کو ہوا کمزور [illegible] سے بھی زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ اپریل ۱۹۴۸ء تا ۱۶ اپریل ۱۹۴۹ء

(از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(چھٹی قسط)

۱۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو انڈین یونین کی طرف سے حیدر آباد کے خلاف پولیس ایکشن شروع ہوا جو صرف تین روز میں کامیابی کے ساتھ ختم ہو گیا۔ [illegible]

[illegible] جمعیۃ علماء حیدرآباد [illegible]

۵ جنوری ۱۹۴۹ء کو یہ دورہ مختصر ہو گیا، ارکان وفد واپس ہو گئے۔ [illegible] مولانا بشیر احمد صاحب ضلع کریم نگر تشریف لے گئے [illegible]

[illegible]

اس دورہ کے بعد حیدرآباد کے مسلمانوں کا تعلق جمعیۃ علماء ہند سے قائم ہو گیا۔ [illegible]

تیراہ میں قرآن کریم کی تلاوت کے دوران میں آزاد پختونستان کا علم نصب کردیا گیا

میاں گل جان کی افغانوں سے اٹھ کھڑے ہونے کی اپیل

افغانستان کے شہروں میں احتجاجی مظاہروں کی مزید تفصیلات

بقیہ صفحہ اول

لندن کی پریس کانفرنس میں لیاقت علی خاں نے افغانستان [illegible] پروپیگنڈے [illegible] افغانستان کی سرکاری [illegible]

[illegible] شاہ افغانستان کو پیش کردی جاتی ہے۔

قندھار، غزنی، [illegible] کے مختلف علاقوں سے بھی اسی قسم کے احتجاج کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ سے ملاقات

مسعودی قبیلہ کے سپہ سالار [illegible] نے اپنے قبیلے کے بڑے بڑوں کے [illegible] اعلیٰ حضرت شاہ افغانستان کے حضور میں حاضر [illegible] بادشاہ ان کے ان احساسات اور جذبات سے بہت خوش ہوئے [illegible]

سیاسی مبصر کا بیان

[illegible]

میاں گل جان کا خطبہ

[illegible]

پختونستان کا علم

[illegible] قرآن کریم کی تلاوت [illegible] پختونستان کا علم [illegible]

طلباء کا احتجاج

[illegible] پاکستان کے رویہ کے خلاف شہروں میں احتجاجی مظاہرہ [illegible]

جلال آباد کے دفتر میں مظاہرہ

[illegible]

بڑے بڑے سرداروں کا اعلان

[illegible]

قاہرہ میں ایک سٹرک ڈاکٹر سید حسین کے نام پر

نئی دہلی ۱۴ مئی - قاہرہ کے سفیری علاقہ کی سڑک کا نام سابقہ ہندوستانی مرحوم سفیر کے نام پر رکھا جائے۔ اس علاقہ میں ڈاکٹر سید حسین دفن کئے گئے تھے۔ گورنر قاہرہ کا یہ فیصلہ سید حسین کے متعلق مصریوں کے جذبات کا آئینہ ہے۔

یاد ہوگا کہ ڈاکٹر سید حسین ۲۵ فروری کو حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث وفات پاگئے تھے۔

اگرچہ وہ ہندوستانی سفیر کی حیثیت سے قاہرہ میں ایک سال سے کچھ زیادہ عرصہ تک رہے وہ اپنی شخصیت اور معاملہ فہمی کی بدولت ہندوستان اور مشرق قریب کے ممالک کے درمیان [illegible] ڈاکٹر سید حسین کی قبر پر پھول چڑھائے۔ (دائر)

سگرٹ نوشی پر پابندی!

مدراس ۱۴ مئی - معلوم ہوا ہے کہ حکومت مدراس نے سینما گھروں میں اور ایسے حالوں میں جہاں ناچ اور ڈرامے کھیلے جاتے ہیں، سگرٹ پینے پر پابندی لگادی ہے۔ تاریخ کا اعلان بعد میں ہوگا۔ اس حکم کا اطلاق مدراس میں نہیں ہوگا۔ (ا - پ)

۹ ہزار میونسپل مزدوروں کی ہڑتال

بمبئی ۱۴ مئی - بمبئی میونسپل کارپوریشن کے ۹ ہزار مزدوروں نے کل صبح ہڑتال کردی۔ ان کے مطالبات مزدوری میں اضافہ [illegible] اور تنخواہوں کی ادائیگی کے طریقہ کی تبدیلی ہے۔ میونسپل کمشنر [illegible] ہڑتال [illegible] (ا - پ)

ہڑتال کرنے کے متعلق رائے

بمبئی ۱۴ مئی - بمبئی پورٹ ٹرسٹ [illegible] مزدوروں نے [illegible] مطالبات کے لئے ہڑتال کرنے کے حق میں [illegible] (ا - پ)

حسنی زعیم سے [illegible] پائپ لائن کمپنی کے نمائندوں کی ملاقات

دمشق ۱۴ مئی - شام کے وزیر اعظم کرنل حسنی زعیم نے کل [illegible] پائپ لائن کمپنی کے نمائندوں سے ملاقات کی [illegible] اگر یہ معاہدہ [illegible] اس معاہدہ کے خلاف مظاہرے [illegible] (ا - پ)

سول اینڈ ملٹری گزٹ تین مہینے کے لئے بند کردیا گیا

کشمیر کے متعلق خبر شائع کرنے پر حکومت پاکستان کا عتاب

لاہور ۱۴ مئی - حکومت پاکستان نے لاہور کے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ کی اشاعت آج سے تین ماہ کے لئے بند کردی ہے۔ اخبار بند کرنے کے حکم کا اعلان مغربی پنجاب کے ڈائرکٹر اطلاعات عامہ نے ایک پریس نوٹ میں کیا۔ اخبار کی اشاعت پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ [illegible] کے ماتحت کی گئی ہے۔

اخبار پر پابندی ۵ مئی کے پرچہ میں اپنے نئی دہلی کے نامہ نگار کے حوالے سے ایک خبر شائع کرنے پر لگائی گئی ہے - اس خبر میں کہا گیا تھا کہ لندن میں ہند اور پاکستان کے وزرائے اعظم میں کشمیر کے بارے میں کوئی فیصلہ ہوگیا ہے۔

اسی اخبار نے دوسرے صفحہ اول پر اور پورے میں اس خبر کی اشاعت کی معذرت کی تھی اور اس خبر کی اشاعت کو افسوسناک فروگذاشت قرار دیا تھا۔

۸ مئی کو اس نے اس بات کا بھی اعلان کیا تھا کہ اس نے اپنے نئی دہلی کے نامہ نگار کو جس نے یہ خبر بھیجی تھی معطل کردیا ہے۔ [illegible] کشمیر کے بارے میں سرکاری اطلاعات یا وزیروں کے بیانات کے سوا کوئی خبر شائع نہ کرے گا۔

اخبار پر پابندی کا اعلان کرتے ہوئے پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ مغربی پنجاب کی حکومت نے مرکزی حکومت سے پوچھا تھا کہ اس خبر کے شائع کرنے پر سول اینڈ ملٹری گزٹ کے خلاف کوئی اقدام کیا جائے یا نہیں تو کیا ہو؟

مرکزی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ اس اخبار کی اشاعت مغربی پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت تین ماہ کے لئے بند کی جائے۔ چنانچہ اس کے مطابق احکام جاری کردیئے گئے ہیں۔

اخبار کا خصوصی اڈیشن!

کل شام سول اینڈ ملٹری گزٹ کا ایک خصوصی اڈیشن شائع ہوا جس میں صفحہ اول پر جلی ٹائپ میں سول اینڈ ملٹری گزٹ کی سزایابی کے عنوان سے ایک مضمون شائع کیا گیا تھا اس میں کہا گیا تھا کہ حکومت پاکستان نے سول گزٹ کو تین ماہ کے لئے سزا دے دی ہے۔ یہ شاید ہمارا آخری پرچہ ہے [illegible] ہم اس حکم کی تعمیل [illegible] دوستوں اور ہمدردوں کے سوا اس سزایابی کی کسی سے اپیل بھی نہیں [illegible]

[illegible]

مشرقی پنجاب کی مشاورتی کمیٹی کا مطالبہ

شملہ [illegible] کہ اخبارات کی مشرقی پنجاب کی صوبائی مشاورتی کمیٹی نے ایک قرارداد منظور کی جس میں سول اینڈ ملٹری گزٹ کے اپنے دہلی کے نامہ نگار کے حوالے سے کشمیر کے استصواب کی بابت خبر شائع کرنے پر اظہار [illegible] [illegible] مشرقی پنجاب میں سول اینڈ ملٹری گزٹ کا داخلہ ممنوع قرار دیدے۔

[illegible] (ا - پ)

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

بعض اہم تجویزیں پیش ہونے والی ہیں

دہلی ۱۴ مئی - اگلے ہفتہ ڈیرہ دون میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس منعقد ہورہا ہے جس میں چند اہم تجویزیں پیش ہونے والی ہیں۔ ایک لندن کانفرنس کے متعلق ہوگی، دوسری جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے متعلق اور تیسری بعض تنظیمی معاملات کے متعلق۔

لندن کانفرنس کے متعلق تجویز وزیر اعظم پیش کریں گے جس میں کمیٹی سے اس کانفرنس کے فیصلوں کی تصدیق طلب کی جائے گی۔

اس وقت اے آئی سی سی کے دفتر میں [illegible] تجویزیں موصول ہوئی ہیں [illegible] انتظامی معاملات اور لسانی صوبوں کے متعلق ہیں۔ (اپ)

روسی اسلحہ کی البانیہ کو فراہمی

یونانی گوریلا سپاہیوں کو امداد!

ایتھنز ۱۴ مئی - کہا جاتا ہے کہ سامان جنگ جس میں ٹینک طیارے اور توپیں شامل ہیں جنہیں روسی اور رومانی جہاز اور طیارے لائے ہیں البانیہ میں اتارے جا رہے ہیں۔ یہ بھی خیال کیا جارہا ہے کہ یونانی گوریلوں کے خلاف ان کے استعمال کئے جانے کا اتنا امکان نہیں ہے جتنا یوگوسلاویہ کے مارشل ٹیٹو کے خلاف ہے۔

یونانی گوریلوں کو روس کے علاوہ جرمنی کے مشرقی حصہ سے دس لاکھ مارک نقد اور [illegible] پونڈ سٹرلنگ اور ایک ہزار جوڑے جوتے بھی بھیجے گئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ فروری میں گوریلا حکومت کا ایک وفد جرمنی گیا تھا۔ اقوام متحدہ کا بلقان کمیشن یونانی حکومت کی اس رپورٹ پر غور کررہا ہے جو اس نے گوریلا باشندوں کو امداد پہنچنے کے بارے میں دی ہے۔ (گلوب)

شاہ عبداللہ نے ترکی کا سفر ملتوی کردیا

دمشق ۱۴ مئی - مشرق اردن کی عرب لیجن کے ایک رکن لفٹنٹ کرنل محمد سعید ابوالمعانی آج انقرہ جاتے ہوئے یہاں سے گزرے۔ انہوں نے بتانے سے انکار کردیا کہ وہ انقرہ کیوں جارہے ہیں۔ نامہ نگار گلوب کا خیال ہے کہ وہ شاہ عبداللہ کی طرف سے صدر ترکیہ عصمت انونو کی خدمت میں ایک پیغام لے جا رہے ہیں جس میں نہایت افسوس کے بعد ظاہر کیا گیا ہوگا کہ شاہ عبداللہ کا مجوزہ سفر ترکی موجودہ حالات کی وجہ سے ملتوی کیا جارہا ہے۔ (گلوب)

ڈاکٹر گیسکر ناگ پور میں

ناگپور ۱۴ مئی - [illegible] ڈاکٹر گیسکر [illegible] دورہ پر یہاں پہونچ گئے۔ آپ [illegible] دورہ کریں گے۔ ناگپور میں [illegible] کیمپ کے معائنہ کے بعد ڈاکٹر گیسکر [illegible] روانہ ہوجائیں گے۔ آپ [illegible] ۱۶ مئی کو دہلی واپس ہوجائیں گے۔ (اپ)

وزیر اعظم آسٹریلیا کا بیان

ہانگ کانگ ۱۴ مئی - آسٹریلیا کے وزیر اعظم مسٹر چیفلے نے بیان کیا کہ برطانیہ نے ہانگ کانگ کے دفاع کے لئے آسٹریلیا سے کسی فوجی امداد طلب نہیں کی [illegible] آسٹریلیا کے سپاہیوں کو ہانگ کانگ بھیجنے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ (اپ)

ہندوستان بھر میں!
اپنی قسم کی واحد فیکٹری میں تیار کردہ
فلائنگ رانی برانڈ (رجسٹرڈ)
ست اسپغول
[illegible]
میسرز سرن سنگھ [illegible] سدھ پور [illegible] گجرات

مشرقی اور مغربی بنگال کے سپاہیوں میں مسلح تصادم ہوتے ہوتے رہ گیا

مجسٹریٹ کے فیصلہ کے بعد دونوں صوبوں کے سپاہیوں نے ہاتھ ملائے

کلکتہ ۱۴ مئی - مشرقی اور مغربی بنگال کے سرحدی علاقوں میں راجشاہی اور مرشد آباد کے اضلاع کے درمیان میں ایسی زمینوں کی ملکیت پر جو دریا کے بیچ میں ظاہر ہو جاتی ہیں جو کشیدگی پیدا ہوگئی تھی، اب وہ بہت کم ہوگئی ہے۔ مغربی بنگال کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس بارہ میں مسلح تصادم کا خطرہ پیدا ہوگیا تھا۔

اس ترجمان نے بتایا کہ دونوں صوبہ جات کے سپاہی مقررہ وقت پر مقررہ مقامات پر ایک دوسرے سے ملے، اور انہوں نے دونوں مملکتوں میں بڑھتی ہوئی دوستی کی علامت کے طور پر ہاتھ ملائے۔ یہ دوستانہ معاملات دونوں مملکتوں کے مجسٹریٹوں کے فیصلہ کے بعد عمل میں آئے۔ ان زمینوں کے متعلق یہ طے پایا کہ ان کا وہی درجہ ہوگا جو تقسیم ہند سے پہلے تھا۔ اس ترجمان نے بتایا کہ ان میں سے بعض علاقوں پر زبردستی تصرف کا فیصلہ ہونا ابھی باقی ہے۔ (ا - پ)

۱۳ ہزار سانپوں کی ہلاکت

ماہرین حیوانات کی تحقیقات

کلکتہ ۱۴ مئی - ہندوستان کے چار ماہرین حیوانات بلیا جائیں گے۔ جہاں کچھ عرصہ قبل ۱۳ ہزار زہریلے سانپ مرے ہوئے پائے گئے تھے۔ حیوانات سے متعلق کتابوں میں مچھلیوں کی اتنی بڑی تعداد کی بہ یک وقت ہلاکت کا تو ذکر ہے لیکن سانپوں کا نہیں۔ وہ بعض زندہ سانپ پکڑ کر کلکتہ [illegible] اس واقعہ کی تحقیقات کے لئے [illegible] (ا - پ)

میں دولت مشترکہ کی کانفرنس کے نتائج سے مطمئن ہوں

بغداد اور قاہرہ میں وزیر اعظم پاکستان کا بیان

بغداد ۱۴ مئی - وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے یہاں پر اعلان کیا کہ پاکستان کبھی اس قسم کی کوئی شرائط منظور نہیں کرے گا جن میں جموں اور کشمیر کے مجوزہ استصواب کی آزادی پر اثر پڑتا ہو۔ انہوں نے کہا - اقوام متحدہ کا [illegible] کمیشن التوائے جنگ کے سمجھوتہ کی کوشش کررہا ہے۔ پاکستان کمیشن کی ہر ممکن امداد کررہا ہے اور کرتا رہے گا۔ جموں اور کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ لوگوں کی آزاد اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے سے ہوگا۔

مشرق وسطی کے متعلق پاکستان کی پالیسی کی بابت [illegible] کے نامہ نگار کو مسٹر لیاقت علی خاں نے دنیا کے موجودہ حالات میں مشرق وسطی کی اہمیت بتائی۔ انہوں نے کہا آج ممالک کمیونزم کے حامی اور مخالف ممالک میں بٹے ہوئے ہیں، خواہ وہ اسے پسند کریں یا نہیں۔ قاہرہ سے کراچی تک کے مسلم ممالک کو اہم کردار ادا کرنا ہے۔ آج کل مشرق وسطی کی سب سے بڑی طاقت ترکی ہے جس کے پیچھے [illegible] اسلامی ممالک پھیلے ہوئے ہیں۔ نہ صرف ان ممالک بلکہ دنیا بھر کے امن کے لئے ضروری ہے کہ یہ ممالک جو معاشی اور اقتصادی طور پر کمزور ہیں طاقتور اور خوش حال بن جائیں۔ مصر عالم عرب کی کنجی ہے۔ پاکستان مع اپنے آٹھ کروڑ مسلمانوں کے مشرق وسطی کے عرب اسلامی ممالک کے ساتھ ہے۔ پاکستانی عوام کے عزم کی وجہ سے پاکستان گزشتہ سال کی مشکلات سے کامیابی سے گزر گیا۔ اسی طرح مشرق وسطی میں اس بات کے سمجھنے کی ضرورت ہے کہ [illegible] اور یہ کہ خوشحال عوام ہی اصل طاقت کا باعث ہوتے ہیں۔ مغربی ممالک کا فرض ہے کہ مشرق وسطی کے ممالک کو مضبوط بنائیں۔ ان ممالک کو [illegible]

سوالات کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا۔ پاکستان کا مقصد اسلام اور مسلم اقوام کی اور عالمی امن و خوش حالی کی خدمت کرنا ہے۔

دولت مشترکہ کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا میں دولت مشترکہ کی کانفرنس کے نتائج سے مطمئن ہوں اور مجھے یقین ہے کہ اس کے آئندہ نتائج بھی اطمینان بخش ہوں گے۔

کل شام انہوں نے بغداد کی مشہور مسجد [illegible] گیلانی میں نماز ادا کی، بعد میں عراق کے ریجنٹ امیر عبدالالہ کے ساتھ لنچ کھایا۔ اس کے بعد وہ بذریعہ موٹر کربلا گئے جہاں لوگوں نے ان کا استقبال کیا۔ [illegible] انہوں نے بتایا کہ انہوں نے عراق کے ریجنٹ کو اولین فرصت میں پاکستان آنے کی دعوت دی ہے۔

قاہرہ میں بیان

قاہرہ سے بغداد روانہ ہونے سے قبل لندن ٹائمز [illegible]

[illegible] (ا - پ - ٹ - روئٹر)

سائرینیکا کی آزادی کا اعلان

شیخ سنوسی کا بیان

قاہرہ ۱۴ مئی - اخبار المصری کے بن غازی کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ شیخ سنوسی امیر سید ادریس نے سائرینیکا کی مکمل آزادی کا اعلان کرکے اقوام متحدہ کے سامنے اس کی آزادی کو ایک مسلمہ حقیقت بنا دیا ہے۔

نامہ نگار نے لکھا ہے کہ شیخ صاحب نے کہا [illegible] سائرینیکا مشرق اردن کی طرح ایک آزاد حکومت ہونا چاہئے جس کے اپنے امیر ہوں اور وہ برطانیہ سے [illegible] تعلقات رکھیں۔ (روئٹر)

ہانگ کانگ کو فوجی امداد

لیور پول [illegible] - کل لیور پول سے ایک فوجی جہاز ہانگ کانگ روانہ ہوگا جس پر [illegible] ہانگ کانگ کی کمک کے لئے بھیجا جارہا ہے۔ اسی جہاز میں دوسرے سپاہی مختلف مقامات پر اترنے کے لئے روانہ ہورہے ہیں۔

مہاتما بدھ کا جنم دن

[illegible]

حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ
و دیگر علماء کا مصدقہ و پسندیدہ
روغن اکسیر دماغ
[illegible]
ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۶ مئی سنہ ۱۹۴۹ء

اقلیتیں اور مخلوط انتخاب

ہندوستان ہی میں نہیں تمام دنیا میں اقلیتوں کا مسئلہ بہت اہم مانا گیا ہے اور اس سلسلہ کی مشکلات کو بھی دوسری متعدد مشکلات کی صف میں جگہ دی گئی ہے۔ مجلس متحدہ اقوام نے جہاں اور بہت سی کمیٹیاں مقرر کر رکھی ہیں وہاں اقلیتوں کی بھی ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو اقلیتوں کے معاملات پر غور اور ان کی مشکلات کا تجزیہ کرتی ہے۔ دراصل اقلیتوں کا مسئلہ وہاں پیدا ہوتا ہے جہاں کی اکثریت تنگ نظر اور [illegible] ہوتی ہے۔ اکثریت کی دست درازیوں سے بچنے کے لئے اقلیتیں اپنے گرد دائرہ کھینچتی ہیں اور اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے اکثریت کے مقابلہ پر صف آرا ہوجاتی ہیں۔ اگر اکثریت کا طرز عمل فیاضانہ اور روادارانہ ہو اور اقلیتوں کو یہ احساس ہی نہ ہونے دے کہ وہ اقلیت ہیں تو اقلیت اور اکثریت کا مسئلہ سرے سے پیدا ہی نہیں ہوسکتا۔ مصر میں یہ مسئلہ بہت زور شور سے اٹھایا گیا تھا مگر اکثریت کی سیر چشمی اور عالی ظرفی نے اسے حد سے آگے نہ بڑھنے دیا اور قبطیوں، عیسائیوں اور یہودیوں کو محسوس کرادیا کہ ان کے حقوق اکثریت سے بھی زیادہ محفوظ ہیں اور ان کا فائدہ اس میں ہے کہ وہ اپنے آپ کو اقلیت نہ سمجھیں بلکہ اپنی قابلیت پر بھروسہ کرتے ہوئے ہر میدان میں آگے بڑھیں اور زندگی کے ہر شعبہ میں اپنی صلاحیت کا ثبوت دیں۔ چنانچہ آج مصر جانے والے کو یہ بھی معلوم نہ ہوگا کہ وہاں اقلیتیں بھی ہیں اور وہ اکثریت کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھتی ہیں۔

دنیا کے ہر گوشے میں کسی نہ کسی قسم کی اقلیت موجود ہے، کسی جگہ مذہبی اقلیتیں ہیں کسی مقام پر نسلی اقلیتیں ہیں اور کہیں سیاسی اقلیتیں، مگر یہ فخر صرف ہندوستان ہی کو حاصل ہے کہ یہاں دنیا بھر کی اقلیتیں جمع ہیں، مذہبی اقلیتوں میں مسلمان، عیسائی، سکھ، پارسی وغیرہ ملتیں ہیں، نسلی اقلیتوں میں اچھوت اور پسماندہ اقوام ہیں، لسانی اقلیتوں میں جنوبی ہند کی ایک خاصی بڑی تعداد شامل ہے، سیاسی اقلیتوں میں سوشلسٹ اور کمیونسٹ وغیرہ ہیں یہی حال اکثریت کا بھی ہے ہر اقلیت کے مقابلہ پر ایک اکثریت موجود ہے۔

ظاہر ہے کہ جو ملک اکثریت اور اقلیت سے بٹا ہوا ہو اس کی حکومت کس قدر پھونک پھونک کر قدم رکھتی ہوگی اور اسے اکثریت اور اقلیت کے مسائل کو حل کرنے میں کس قدر دقتیں پیش آتی ہوں گی، ہندوستان کی حکومت چاہتی ہے کہ آزاد جمہوریہ میں اقلیتوں کے مسائل کی فہرست طویل نہ ہو اور اقلیتیں اپنے معاملات کو خود اپنی قابلیتوں اور صلاحیتوں کے سپرد کردیں مگر اس خواہش کے باوجود اقلیتوں کی بے چینیوں سے چھٹکارا نہیں ملتا، حکومت ہند نے ۱۹۴۷ء میں ایک مجلس مشاورت اسی لئے مقرر کی تھی کہ وہ اقلیتوں کے سیاسی حقوق کا ایک نقشہ بنائے اور ان کے مطالبات کی غور و فکر کے ساتھ چھان بین کرے۔ اس کمیٹی نے سفارشات میں یہ طے کیا کہ مرکزی اور صوبائی مجالس قانون ساز کا انتخاب مخلوط ہو مگر اقلیتوں کے لئے [illegible] آبادی کے تناسب سے نشستیں مخصوص کردی جائیں۔ نشستوں کی یہ تخصیص صرف دس سال کے لئے ہو اس کے بعد معاملہ پر دوبارہ غور کرلیا جائے، اور پھر جن اقلیتوں کے لئے نشستیں مخصوص ہوں انہیں یہ حق بھی ہو کہ وہ تمام نشستوں کے لئے بھی کھڑی ہوسکیں، اور اقلیتوں سے مراد ہیں، مسلمان اچھوت اور عیسائی، جہاں تک سکھوں کا تعلق ہے ان کے مطالبات پر بعد میں غور کرلیا جائے۔

لیکن ۱۹۴۸ء کے حالات ۱۹۴۹ء میں بدل گئے اور ۱۹۴۹ء کے حالات نے دوسرے تقاضے پیدا کردیئے چنانچہ مجلس مشاورت کا جو اجلاس حال ہی میں منعقد ہوا ہے اس کی سفارشات بھی حالات کے ساتھ بدل گئی ہیں، اب اس کی سفارشات کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان کی کسی بھی مذہبی اقلیت کے لئے نشستیں مخصوص نہ کی جائیں؛ انتخابات مخلوط ہوں، [illegible] کا قصہ تمام اور نشستوں کی تخصیص ختم ہو۔ البتہ ہندو اور سکھ اچھوتوں کے لئے دس سال تک نشستیں مخصوص رکھی جائیں۔ [illegible]

اچھوت ہندوؤں کی تعداد تو کروڑوں ہے ہاں سکھ اچھوتوں کی تعداد چار لاکھ کے لگ بھگ ہے، ان چار لاکھ کے لئے نشستوں کی تخصیص اس کی بین شہادت ہے کہ سکھ بھی اچھوت پن سے خالی نہیں ہیں، ہرکیف اچھوتوں کے لئے ہمارے نزدیک ان کے لئے نشستوں کی تخصیص ہندوستان کی بدنامی کا باعث ہوگی، اور [illegible] وہ بھی جان جائے گا کہ ہندوستان کی نسل پرستی، چھوت چھات، اعلیٰ و ادنیٰ کا تصور اپنے شباب پر ہے اور ہندوستان کی اکثریت اس قدر غیر روادار ہے کہ حکومت کو ان مظلوموں کے لئے نشستیں مخصوص کردینی پڑیں۔

جہاں تک مسلمانوں اور عیسائیوں کا تعلق ہے انہیں اس فیصلہ سے گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ غور کرنا چاہئے کہ یہ فیصلہ ان کے حق میں کس حد تک مفید ہوسکتا ہے، ظاہر ہے کہ اقلیتوں کے بارے میں حکومت ہند کا اب وہ نقطہ نگاہ نہیں رہا ہے جو ۱۹۴۸ء میں تھا۔ اس لئے ہندوستان کی اقلیتوں کو بدلے ہوئے حالات کے ساتھ اپنے آپ کو بھی بدل لینا چاہئے، البتہ اس فیصلہ کے بعد اکثریت کی ذمہ داریاں بہت بڑھ جاتی ہیں، اگر اس نے اپنا نقطہ نگاہ درست کیا اور اپنے طرز عمل سے اقلیتوں کا اعتماد حاصل کیا تو یہ فیصلہ آزاد جمہوریہ کے لئے مبارک ثابت ہوگا ورنہ پھر زمانہ بتائے گا کہ اقلیتوں کو کیا کرنا اور کیا نہیں کرنا چاہیے!

پھر وہی شرارت

ڈربن (جنوبی افریقہ) میں پھر ہندوستانیوں کے خلاف اقدام شروع ہوگیا ہے اور غالباً یہ ایک دوسرے حملہ کا پیش خیمہ ہے جس کے لئے دیسی باشندوں کو ابھارا جا رہا ہے، اطلاع یہ ہے کہ ہندوستانیوں کی بسوں اور کاروں پر دیسی باشندوں نے سنگباری کی اور انہیں راستوں پر روکا اور ان کی کھڑکیاں توڑ ڈالیں! سوال یہ ہے کہ دیسی باشندوں کو ہندوستانیوں کے خلاف کون ابھار رہا ہے؟ اگر جنوبی افریقہ کے سفید باشندے اس کے ذمہ دار نہیں ہیں تو پھر یہ بتادیا جائے کہ دیسی باشندوں کو حکومت کی [illegible] کے علی الرغم ان تازہ حملوں کی کیوں جرأت ہوئی ہے۔ اگر گذشتہ فساد کے سلسلہ میں دیسی باشندوں کو سخت اور سنگین سزائیں دی گئی ہوتیں تو انہیں دوبارہ حملہ کی جرأت نہ ہوتی، ہمارا خیال ہے کہ ہندوستان احتجاج کرتا رہے گا، متحدہ اقوام بھی اس معاملہ کو بار بار ہاتھ میں لے گی لیکن ہندوستانیوں کو خبر معلوم نہیں ہوتی، یہ شاید فیصلہ کرلیا گیا ہے کہ جنوبی افریقہ سے ہندوستانیوں کو جلا وطن کردیا جائے اور انہیں اس قدر پریشان کیا جائے کہ وہ خود ہی اپنے ملک کو خیرباد کہہ دیں! بین الاقوامی دباؤ، انصاف کا تقاضہ، متحدہ اقوام کی مداخلت سب ڈھونگ ہیں اور ہو وہی جس کی تکمیل کا ارادہ کرلیا جائے گا۔

اسرائیل کی رکنیت

آخر کار متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی نے اسرائیل کو متحدہ اقوام کا رکن تسلیم کرلیا اور اس طرح فلسطین کی اسرائیلی حکومت قاعدہ اور ضابطہ میں آگئی! جس یہودی نے ارض موعود میں اسرائیلی سلطنت کے قیام کا نقشہ بنایا تھا اس کے عزم و ہمت اور تدبر کی داد دینی چاہیئے کہ آخر کار وہی ہوا جو اس نے چاہا تھا! لارڈ بالفور کا اعلان کیا تھا پتھر کی لکیر تھا جسے کو تو ظالم کہہ گیا کہ فلسطین کو وطن الیہود بنایا جائے گا مگر دنیا کو یقین نہ آیا کہ یہ پاگل ہوش کی باتیں کر رہا ہے یا مدہوشی کی مگر دیکھ لو وہی ہوا جو اس نے کہا تھا! برطانیہ نے بھی ۲۵ سال تک عربوں کو وہ جھوٹے جھانسے، وہ فریب دیئے وہ وہ پینترے بدلے کہ [illegible] اس کے تدبر کی داد دینی پڑتی ہے، اس ظالم نے بھی کس کمال کی سیاست سیکھی ہے کہ اسی نقشہ کے مطابق اسرائیل کا تخت قلب عرب میں بچھا گیا۔ کیا مجال کہ ابتدا اور انتہا، آغاز اور انجام میں ایک انچ کا بھی فرق واقع ہوا ہو! غریب عرب جو سات حکومتیں لے بیٹھے ہیں وہ دیکھتے ہی رہ گئے اور اب تو ان کی مجال ہی کیا ہے کہ اسرائیل کی موجودگی میں کان بھی ہلا سکیں!

اچھی باتیں

فاصابہم - تا - بمعجزین (پ ۲۴ ع ۲)

جو کچھ انہوں نے کمایا تھا اس کی وجہ سے ان پر مصیبت ٹوٹی، ان لوگوں میں سے جو بھی ظلم کرے گا اس کو اپنے کرتوتوں کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا اور وہ اپنی کسی تدبیر سے خدا کو عاجز نہ کرسکیں گے۔

فرمایا: معصیتیں خواہ مخواہ نازل نہیں ہوجایا کرتیں، خود انسان ہی ایسے کام کرتا ہے جس سے مصائب کا دروازہ کھل جاتا ہے اور اس پر اسی کے کئے کا وبال پڑتا ہے۔ انفرادی اعمال کے نتائج انفرادی اور اجتماعی اعمال کے نتائج اجتماعی ہوتے ہیں۔ جب کسی گروہ کی اکثریت بگڑ جاتی ہے تو مواد ایسی جگہ پھوٹتا ہے جہاں گمان بھی نہیں ہوتا اور جب اجتماعی معصیتوں کا پلہ بھاری ہوجاتا ہے تو سب ہی کو اس کی سزا ملتی ہے اور گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتے ہیں۔ قرآن کریم نے دوسری جگہ فرمایا کہ تم اس فتنہ سے بچو جس میں خاص و عام سب ہی مبتلا ہونگے اور خاص افراد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کیجائے گی۔

مسلم یونیورسٹی یونین کے نائب صدر کا خطبہ صدارت

موجودہ مقتضیات - ہندوستانی طلبار - اور مسلم یونیورسٹی کی ضروریات پر تبصرہ

علیگڑھ (بذریعہ ڈاک) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی یونین کی کابینہ کی تشکیل کے موقعہ پر نائب صدر مسٹر [illegible] الدین نے حسب ذیل خطبہ صدارت پڑھتے ہوئے کہا۔

صدر محترم، خواتین و حضرات!

اس قسم کے موقعہ پر جس کی عزت آج مجھے حاصل ہے شکریہ کے رسمی الفاظ کا اعادہ کیا جاتا ہے لیکن میں نے قصداً اس سے گریز کیا ہے - اس لئے کہ یہ بار امانت جسے آپ حضرات نے میرے سپرد فرمایا ہے اور جسے میں نے آپ کے تعاون اور اعانت کے بھروسے پر اٹھایا ہے اتنا غیر اہم نہیں کہ شکریہ کے چند الفاظ دہرانے کے بعد ان فرائض سے جو مجھ پر عائد ہوتے ہیں سبکدوشی حاصل کروں۔

خواتین و حضرات!

اوقات حاضرہ پر روشنی ڈالتے ہوئے آپ نے کہا - انڈونیشیا کا مسئلہ اس وقت ہمارے شعور میں [illegible] حال ہی میں اس خوبصورت ملک میں جس غارتگری اور بربریت کا ثبوت دیا گیا ہے، وہ مغربی تہذیب کے جرائم کی فہرست میں ایک [illegible] اضافہ ہے۔ [illegible] ایشیائی اقوام [illegible] آج [illegible] ہماری ہمسایہ ایشیائی ممالک [illegible] اور ہم دنیا کے سامنے [illegible]

چین کی خانہ جنگی نے چین کو [illegible] سے بھی زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ [illegible] جاگیردارانہ نظام کا رد عمل ہونا لازمی تھا۔ ہر کیف اشتراکیت کو ابھرنے کا موقعہ وہاں ہی ملتا ہے، جہاں دولت کی ناساوی تقسیم ہو جہاں غربت زدوں کی تعداد امراء کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہو۔ چین بھی اسی راہ تک پہنچ چکا ہے۔ ہندوستان اور پاکستان میں بھی اس اشتراکیت کے [illegible] پھیل گئے ہیں۔

اشتراکیت کا سوال [illegible] کیا جاسکتا ہے [illegible] حکومت کو چیزوں کی قیمت سستی کرنی ہوگی [illegible] مزدوروں کی حالت بہتر بنانا ہوگی، اور تعلیم عام اور سستی کرنی ہوگی۔ میرا مقصد اشتراکیت کی طرفداری ہرگز نہیں۔ [illegible]

حصول آزادی کے بعد

[illegible] ہندوستان اور پاکستان میں [illegible] لاکھوں بے گناہ مرد اور عورتیں قتل [illegible] ہزاروں انسان بے خانماں [illegible] انسانوں پر حیات تنگ ہوگیا۔

زندگی میں گھٹن سی محسوس ہونے لگی۔ [illegible] آخر کار اس سلسلہ دراز کی تان اس دور کے قتل پر ٹوٹی [illegible] نفرت، بدلی اور بربریت کے قلعے مسمار ہوگئے لیکن [illegible] اور رجعت پسندی کی جگہ جمہوریت نوازی کا احساس ہے۔

ملک کی آزادی نے یہ چیز بالکل واضح کردی ہے کہ اب یہاں فرقہ وارانہ سیاست کی کوئی جگہ نہیں - اب یہاں جماعتیں اقتصادی بنیادوں پر قائم ہوں گی جن کا فرقہ وارانہ [illegible] سے دور کا بھی تعلق نہ ہوگا۔ [illegible] ہندوستان کے مسلمانوں نے حالات کو صحیح طور پر سمجھ لیا ہے اور قومی جماعت میں شریک ہو رہے ہیں۔ [illegible]

علی گڑھ کے طلباء ہندوستان کے دوسرے طلبہ کے ساتھ [illegible] (باقی صفحہ ۵ پر)

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ اپریل ۱۹۴۸ء تا ۱۶ اپریل ۱۹۴۹ء

(از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

(چھٹی قسط)

۱۳ ستمبر ۱۹۴۸ء کو انڈین یونین کی طرف سے حیدر آباد کے خلاف پولیس ایکشن شروع ہوا جو صرف تین روز میں کامیابی کے ساتھ ختم ہوگیا [illegible] فوراً دفتر کی طرف سے گورنر جنرل، وزیر اعظم ہند، نائب وزیر اعظم اور کیبنٹ کے دوسرے معزز اراکین کو بذریعہ تار متوجہ کیا گیا۔ پھر حضرت صدر محترم جمعیۃ علماء ہند [illegible] اور پنڈت جواہر لال نہرو صاحب وزیر اعظم [illegible] سے ملاقات [illegible]

بہر حال فوری طور پر امکانی جد و جہد کی گئی تیز کوشش کی گئی کہ کچھ وفد حیدر آباد پہنچیں [illegible]

[illegible] جو پولیس ایکشن سے پہلے برسر اقتدار تھے۔ دم بخود تھے۔ [illegible] اتحاد المسلمین [illegible] اس لئے ان کی ہمت نہیں تھی کہ وہ کوئی کام [illegible] کرسکیں۔ [illegible] دور میں وہ حضرات سامنے آئے جو جمعیۃ علماء ہند کے پرانے ہم خیال تھے۔ [illegible] اتحاد المسلمین اور رضاکاروں کی تحریک کے دور میں وہ غیر جانبدار یا خاموش رہنے پر مجبور ہوگئے تھے۔

ان حضرات نے حیدر آباد میں جمعیۃ علماء قائم کرلی اور حتی الامکان امدادی خدمات میں حصہ لینا شروع کردیا۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] حیدر آباد [illegible] مولانا بشیر احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء [illegible] مولانا نور الدین صاحب بہاری، مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی [illegible] محمد صاحب جعفری اور محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اس وفد کے ارکان منتخب کئے گئے۔ [illegible]

[illegible]

اس دورہ کے بعد حیدر آباد کے مسلمانوں کا تعلق جمعیۃ علماء ہند سے قائم ہوگیا ہے۔ اب حیدر آباد کے وفود دہلی پہنچتے ہیں اور مرکز سے اپنی ضرورتوں کے متعلق گفتگو کرتے ہیں موقع بموقع جمعیۃ علماء ہند کے خدام بھی ان کی امداد کرتے ہیں۔ [illegible] جناب مولانا عبد الباسط صاحب [illegible] صاحب [illegible] علماء حیدر آباد [illegible] کا ایک وفد دہلی پہنچا ہوا ہے۔ [illegible] اس وقت یہ تمام حضرات جمعیۃ علماء حیدر آباد کے نمائندہ اور اراکین کی حیثیت سے آپ کے ساتھ اجلاس میں شریک ہیں۔

مسلم یونیورسٹی میں نواب صاحب کا خطبۂ صدارت
بقیہ صفحہ ۳

[illegible] بھی۔ مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے ملک کے سیاسی اختلافات ہندوستان کے طلباء کے باعث شرم ہیں۔ اختلافات کو دور کرنے کی [illegible] کوشش کریں۔ [illegible]

یونیورسٹی کی اہم ضرورتیں

آپ کو یونیورسٹی کی ضرورتوں پر [illegible] مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہوتا ہے کہ حکومت کا رویہ [illegible] کی طرف [illegible] مسلم یونیورسٹی [illegible] [redacted] [illegible]

[illegible]

طلباء اور سیاست

آپ کو معلوم ہے کہ [illegible] طلباء اور اساتذہ گرفتار کر لئے گئے۔ حکومت کا یہ رویہ قابل تعجب اور قابل مذمت ہے۔ [illegible]

آئندہ پروگرام

[illegible] Youth Congress [illegible]

سہارنپور کے ایک موضع میں ڈاکہ

سہارنپور ۱۴ مئی (جمعیۃ نیوز ایجنسی) موضع [illegible] کے ایک [illegible] ڈاکہ کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ ڈاکوؤں نے جو لاٹھیوں بھالوں اور بندوقوں سے مسلح تھے موضع کے ایک پنڈت [illegible] کے مکان پر حملہ کر دیا۔ [illegible] ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔ [illegible] پولیس واقعہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔ (نامہ نگار)

سہارنپور میں اسٹالوں کا قضیہ

[redacted] میں اختلاف

سہارنپور ۱۴ مئی (جمعیۃ نیوز ایجنسی) گورنمنٹ انٹر اسکول کے سامنے کی [illegible] دکانوں کے باعث یہاں ایک زبردست جھگڑے کی شکل پیدا ہو گئی ہے۔ [illegible] (نامہ نگار)

ہند کو امریکہ سے امداد لینی چاہیے
سرداما داکر کا اظہار خیال

[illegible]

بقیہ کالم ۲

[illegible]

تجارتی میدان میں ہندوستان کو جاپان کا جانشین تسلیم کیا جا سکتا ہے
لندن کی نمائش نے ہندوستانی تجارت کے فروغ کی توقع میں اضافہ کر دیا

لندن ۱۴ مئی۔ دنیا کے اور خاص طور پر جنوبی یورپ اور لاطینی امریکہ کے تجارتی حلقے سستے قسم کا کپڑا سپلائی کرنے کے معاملے میں ہندوستان کو جاپان کا قدرتی جانشین تسلیم کرنے پر تیار ہیں۔ یہ رائے لندن میں ہونے والی برطانوی صنعتی نمائش کے ہندوستانی حلقے کے ناظم کی ہے۔ یہ صنعتی نمائش اس ہفتے ختم ہونے والی ہے۔

گذشتہ دنوں میں ہزاروں خریدوں اور غیر ملکی تاجروں نے نمائش کے ہندوستانی حلقے کا معائنہ کیا۔ اور انھوں نے پٹ سن سے تیار کی ہوئی اشیاء کو پسند کیا۔ تحقیقات سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس نمائش کے نتیجے کے طور پر ان مصنوعات کی مانگ بڑھ جائے گی۔ گو کہ نمائش کے دوران میں کوئی خاص آرڈر نہیں موصول ہوا ہے۔ تاہم تاجروں کو ہندوستانی کا [redacted]

نمائش کے فوری نتائج خواہ کچھ ہی ہوں لیکن جہاں تک ہندوستان کی سمندر پار تجارت کا تعلق ہے یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ نمائش کی وجہ سے ہندوستان کی وقعت بڑھ گئی ہے۔

ہندوستانی حلقے کے ناظم نے نامہ نگار گلوب سے کہا کہ جس چیز نے ان پر سب سے زیادہ اثر کیا وہ یہ ہے کہ نمائش میں آنے والوں کا رویہ تجارتی معلوم ہوتا تھا۔ [illegible]

مصر میں غیر ملکی باشندے
زمین نہیں خرید سکیں گے

قاہرہ ۱۳ مئی۔ گذشتہ پیر کو مصری سینیٹ میں ایک بل پیش ہوا ہے جس کے مطابق آئندہ غیر ملکی باشندے مصر میں قابل کاشت زمین نہیں خرید سکیں گے۔ [redacted] [illegible] خریدنے سے باز رکھنے کا مطالبہ کیا گیا ہے [illegible] خرید سکیں گے۔

سابق وزیراعظم اسمٰعیل صدقی پاشا نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی کمپنیوں پر پہلے ہی سے کافی پابندیاں عائد ہیں [illegible] (گلوب)

[illegible] کارکن کے خلاف مقدمہ

[illegible]

پاکستان اور مصر میں تجارتی گفت و شنید

کراچی ۱۴ مئی (اے پی پی) کل حکومت پاکستان اور مصر کے تجارتی وفد کے درمیان تجارتی معاہدہ کی گفت و شنید شروع ہوئی اور تقریباً دو گھنٹہ تک جاری رہی۔ [illegible] گفت و شنید ہفتہ کے روز شروع ہوگی اور اندازہ ہے دو ہفتہ تک جاری رہے گی۔ مصری وفد کے رہنما محمود ذکی بے ہیں اور پاکستانی وفد کی قیادت کامرس سکریٹری مسٹر [illegible] کر رہے ہیں۔

جدہ میں نئی بندرگاہ کی تیاری

قاہرہ ۱۴ مئی۔ سعودی عرب کے وزیر مالیات شیخ عبداللہ السلیمان نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ آئندہ حج کی تیاری میں جدہ میں ایک نئی بندرگاہ بھی تعمیر کی جا رہی ہے۔

اس کے علاوہ جدہ میں بڑی بڑی ہوٹلیں بھی تعمیر کی جا رہی ہیں اور جدہ سے مدینہ جانے والی شاہراہ کو بھی درست کرایا جا رہا ہے۔ (گلوب)

دمشق سے مدینہ تک ریلوے لائن

دمشق ۱۴ مئی۔ توقع کی جاتی ہے کہ شام عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں تجویز پیش کرے گا کہ دمشق سے مدینہ جانے والی ریلوے لائن کو دوبارہ جاری کیا جائے۔ (گلوب)

چار روپے زیادہ وصول کرنے پر
دو ہزار روپے جرمانہ اور ایک سال کی قید

ناگپور ۱۴ مئی۔ سی پی کے ایک کاغذ کے بیوپاری برج کشور رستوگی کو کنٹرول سے زائد قیمت پر کاغذ فروخت کرنے اور اس طرح سے چار روپے ۳ آنہ ۳ پائی زائد منافع وصول کرنے کے الزام میں یہاں کی عدالت نے ایک سال قید بامشقت اور دو ہزار روپے جرمانہ کی سزا دی۔ یہ مقدمہ ناگپور کے اینٹی کرپشن برانچ نے پیش کیا تھا۔ (گلوب)

مذہب کی طرف واپسی کی مہم

لندن ۱۴ مئی۔ آئندہ ہفتہ انگلینڈ میں زبردست مذہبی تحریک شروع ہوگی جس کی ابتدا ایک میل طویل صلیب کے مظاہرے سے کی جائے گی۔

اس جدوجہد کی قیادت لندن کے بشپ کر رہے ہیں اور اس کا مقصد زیادہ سے زیادہ لوگوں کو عیسائی عبادت گاہوں میں لانا ہے۔ یہ مظاہرہ طلباء انجام دیں گے۔

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے ۱۶ اپریل ۱۹۴۹ء کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے۔

(۱۷)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
۱۰۳۸	۱۴۹۹	بازار زنگاں گیٹ	دونوں
۱۰۳۹	۱۵۰۰	،	،
۱۰۴۰	۱۵۱۱	[illegible]	،
۱۰۴۱	۱۵۱۲	،	،
۱۰۴۲	۱۵۱۶	[illegible]	،
۱۰۴۳	۱۵۲۴	،	،
۱۰۴۴	۱۵۲۸	،	،
۱۰۴۵	۱۵۳۵	،	،
۱۰۴۶	۱۵۴۰	،	،
۱۰۴۷	۱۵۴۱	،	،
۱۰۴۸	۱۵۴۲	،	،
۱۰۴۹	۱۵۴۳	،	،
۱۰۵۰	۱۵۴۵	،	،
۱۰۵۱	۱۵۵۶	،	،
۱۰۵۲	۱۵۵۷	،	،
۱۰۵۳	۱۵۶۲	،	،
۱۰۵۴	۱۵۶۳	،	ملکیت
۱۰۵۵	۱۵۶۳ B	،	،
۱۰۵۶	۱۵۶۴	،	دونوں
۱۰۵۷	۱۵۶۵	،	،
۱۰۵۸	۱۵۶۹	[illegible]	کرایہ داری
۱۰۵۹	۱۵۷۱	[illegible]	دونوں
۱۰۶۰	۱۵۷۳	،	،
۱۰۶۱	۱۵۸۲	[illegible]	،
۱۰۶۲	۱۵۸۸	،	،
۱۰۶۳	۱۵۸۴	[illegible]	،
۱۰۶۴	۱۵۹۰	،	،
۱۰۶۵	۱۵۹۱	،	،
۱۰۶۶	۱۵۹۴	[illegible]	،
۱۰۶۷	۱۶۰۲	[illegible]	،
۱۰۶۸	۱۶۰۶	،	،
۱۰۶۹	۱۶۰۷	،	،
۱۰۷۰	۱۶۰۸	،	،
۱۰۷۱	۱۶۰۹	،	،
۱۰۷۲	۱۶۱۰	،	،
۱۰۷۳	۱۶۱۱	،	،
۱۰۷۴	۱۶۱۳	،	،
۱۰۷۵	۱۶۲۰	[illegible]	،
۱۰۷۶	۱۶۲۲	[illegible]	،
۱۰۷۷	۱۶۲۳	،	،
۱۰۷۸	۱۶۲۴	،	،
۱۰۷۹	۱۶۳۳	،	،
۱۰۸۰	۱۶۳۸	،	ملکیت
۱۰۸۱	۱۶۳۹	،	دونوں
۱۰۸۲	۱۶۴۰	،	،
۱۰۸۳	۱۶۴۵	،	،
۱۰۸۴	۱۶۴۸	،	،
۱۰۸۵	۱۶۴۹	جیلی قبر	،
۱۰۸۶	۱۶۴۹-۵۰	،	ملکیت و حصہ [illegible]
۱۰۸۷	۱۶۵۱	،	دونوں
۱۰۸۸	۱۶۶۰	گلی جہات خان	،
۱۰۸۹	۱۶۶۲	،	ملکیت و حصہ [illegible]
۱۰۹۰	۱۶۶۴	،	دونوں
۱۰۹۱	۱۶۶۵	،	،
۱۰۹۲	۱۶۶۶	،	،
۱۰۹۳	۱۶۶۸	،	،
۱۰۹۴	۱۶۶۹	،	،
۱۰۹۵	۱۶۷۰	،	،
۱۰۹۶	۱۶۷۱	،	،
۱۰۹۷	۱۶۷۲	،	،
۱۰۹۸	۱۶۷۳	،	،
۱۰۹۹	۱۶۷۴	،	،
۱۱۰۰	۱۶۷۹	جیلی قبر	،
۱۱۰۱	۳۰۵	چھتہ لال میاں	،
۱۱۰۲	۳۴۲	[illegible]	،
۱۱۰۳	۳۴۷	[illegible]	،
۱۱۰۴	۷۵۹	،	،
۱۱۰۵	۷۶۲	[illegible]	ملکیت
۱۱۰۶	۷۶۹	،	دونوں

کتابت و طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں۔ (دقی)

چاندپور میں جمعیۃ علماء کانفرنس

چاندپور (ضلع بجنور) میں ۳ و ۴ رجب ۱۳۶۸ھ کو جمعیۃ علماء کانفرنس زیر صدارت حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی منعقد ہو رہی ہے [illegible] کانفرنس کے انتظام کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے [illegible] ارکان کمیٹی حسب ذیل ہیں۔

حکیم محمد ذکی صاحب صدر جمعیۃ علماء چاندپور، حکیم سید علی اکبر صاحب نائب صدر [illegible]

کمیونسٹوں کی حمایت میں مظاہرہ

[illegible] (اے پی)

خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری اور پتہ خوشخط تحریر کریں۔

روح افزا
گرمی کے موسم کی بہترین اور مرغوب [illegible]
Hamdard

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی کا
جمعیۃ علماء ہند نمبر

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے آٹھ آنہ میں خریدیئے یا دفتر سے براہ راست آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگائیے۔
ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت پیش کیا گیا ہے

خصوصیات [illegible]

بعض دوسرے عنوانات [illegible]

شرح چندہ سالانہ
ہفت روزہ ایک سال کے لئے [illegible]
ہفت روزہ چھ ماہ کے لئے [illegible]

منیجر ادارۃ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دی سندھیا اسٹیم نیوی گیشن کمپنی لمیٹڈ
حج لائن
حج ۱۹۴۹ء

ہمارا جہاز ایس ایس جلا دُرگا بعد رمضان المبارک کے ذیل کی تاریخوں میں بمبئی سے جدہ روانہ ہوگا
مورخہ ۲ اگست ۱۹۴۹ء
مورخہ ۲۷ اگست ۱۹۴۹ء
حجاج کرام کو تاریخ روانگی سے چار روز پیشتر بمبئی پہونچ جانا چاہیئے۔

کرایہ آمد و رفت معہ خوراک

پہلا درجہ	۱۱۰۵ روپیہ
دوسرا درجہ	۶۹۰ روپیہ
ڈیک	۳۹۰ روپیہ

دیگر معلومات کے لئے ذیل کے پتہ پر خط و کتابت کی جائے

سندھیا ہاؤس۔ بلارڈ اسٹیٹ بمبئی نمبر (۱)
تار کا پتہ: جالا نانھ بمبئی

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی
ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

پڑھنے کے لئے روزنامہ الجمعیۃ کا مطالعہ کیجئے۔ الجمعیۃ میں ان دونوں مشہور خبر رساں ایجنسیوں کے علاوہ گلوب اور دوسری خبر رساں ایجنسیوں کی فراہم کی ہوئی تازہ ترین خبریں بھی شائع ہوتی ہیں۔ الجمعیۃ کے خاص نامہ نگار بھی ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور بیرون ہند سے معتبر اور صحیح خبریں بھیجتے ہیں۔
الجمعیۃ کا روزانہ مطالعہ آپ کو دوسرے تمام اخباروں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔
منیجر روزنامہ الجمعیۃ

دارالسلطنت
(۱۶ مئی ۱۹۴۹ء)

دوکاندار کو زخمی کر دیا

قرضہ ادا کرنے پر جھگڑا ہو جانے کی بنا پر بیان کیا جاتا ہے کہ صدر بازار میں ایک شخص نے ایک میوہ کے دکاندار کو زخمی کر دیا۔ (دن کی)

چوڑی اتارنے کی کوشش

ایک سترہ سالہ عورت نے جو ملکہ باغ میں اپنے مکان کے سامنے سو رہی تھی گذشتہ شب شور مچانا شروع کر دیا وہ سو رہی تھی کہ اسکو اپنے ہاتھ کے پاس کچھ آہٹ محسوس ہوئی جب وہ جاگی تو اس نے دیکھا کہ ایک نوجوان شخص اس کی چوڑیاں اتار رہا ہے اس شخص کا تعاقب کر کے اسے گرفتار کر لیا گیا۔ (دن کی)

کار ٹر شاپ میں چوری

[illegible] دہلی میں ایک کار ٹر شاپ کو جو [illegible] ہے رات کا بعض لوگوں نے توڑ ڈالا اور اس میں سے کچھ سامان چرا لیا۔ (دن کی)

منظور شدہ فلموں کی فراہمی

دہلی ۱۶ مئی۔ سینما کے مالکوں کو اطلاع دی گئی ہے کہ اب ان کے لئے اختیار ہے کہ منظور شدہ فلموں کا دکھایا جانا لازمی ہے۔ وزارت نشر و اطلاعات کے فلم ڈویژن کے بمبئی۔ مدراس۔ کلکتہ۔ لکھنؤ اور ناگپور کے پانچ علاقائی دفتروں سے ان منظور شدہ فلموں کی باقاعدہ فراہمی ۳ جون سے شروع ہو جائے گی سینما والوں کو مقررہ کرایہ پر دیئے جائیں گے۔ [illegible] منظور شدہ علاقائی دفتروں سے مختلف علاقوں کو فراہم کئے جائیں گے۔

آل پارٹیز مشترکہ پبلک جلسہ

[illegible] آل پارٹیز مشترکہ جلسہ [illegible] ڈاکٹر سیف الدین صاحب کچلو، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، دیوان منگل سین سعودی، دیوان بھگوان دیو گاندھی، ڈاکٹر دیس راج جی کپور و دیگر معزز حضرات [illegible] جلسہ میں بھاری تعداد میں شریک ہو کر گاندھی جی کے [illegible] دن پر پروگرام کو فروغ دیں۔ (آفس سکریٹری، پاکستانی سفرنامہ [illegible])

کھلی ہوئی چیزوں اور کٹے ہوئے پھلوں کی فروخت پر پابندی

دہلی میونسپل کمیٹی سالہا میونسپلٹی کی حدود میں کٹے ہوئے پھلوں کو کھانے پینے کی کھلی ہوئی چیزوں کی فروخت پر پابندی لگا دی ہے۔

[illegible]

افسران کا تقرر و تبادلہ

چیف کمشنر دہلی کے ہوم سکریٹری مسٹر ایم ایم بھاٹیہ حکومت ہند کی وزارت لیبر کے ڈپٹی سکریٹری مقرر ہو گئے ہیں۔

مسٹر پی۔ ایچ جی ولکنس رجسٹراران کی جگہ ہوم سکریٹری مقرر ہوں گے۔

چیف کمشنر کے دفتر کے سپرنٹنڈنٹ مسٹر جی کپور رجسٹرار مقرر ہوں گے۔ مسٹر ایم بی جین پرسنل سکریٹری چیف کمشنر ٹینڈر و لائسنسنگ آفیسر مقرر ہوئے ہیں۔

ماتحت اضلاع جمعیۃ توجہ کریں

تعلیمی سب کمیٹی جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے شہر دہلی اور اس کے اطراف میں مذہبی تعلیم کے متعلق رپورٹ حاصل کرنے کے لئے اضلاع کو جو ہدایات دی ہیں ان پر اضلاع فوراً توجہ دیں اور سکریٹری صاحبان تعلیمی سب کمیٹی کی طرف سے بھیجے ہوئے فارموں کی خانہ پری کر کے فوراً دفتر میں بھیج دیں تاکہ آئندہ کے لئے مذہبی تعلیم کی اشاعت کے لئے تعلیمی کمیٹی کی طرف سے کوئی مستقل پروگرام مرتب کر سکے۔

اخلاق حسین قاسمی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی۔

لڑکی کا اغوا

ایک شخص نے تھانہ کوتوالی کی پولیس میں اطلاع دی ہے کہ کوئی شخص اس کی لڑکی کو اغوا کر کے لے گیا ہے۔ لڑکی کے پاس ۲۴ تولہ سونے کے کنگن اور [illegible] روپیہ نقد اس کے پاس تھے۔

بوری میں زندہ بچے ملے

کل ہائیڈ روڈ پر ایک تانگہ سے دو زندہ بچے برآمد ہوئے جنھیں بوری میں بند کیا ہوا تھا۔ اس سلسلہ میں پتہ چلا ہے کہ ایک سائیکل سوار نے [illegible] تانگہ میں کپڑوں کے رونے اور سسکنے کی آواز سنی۔ لیکن ان میں کوئی بچہ سوار نہ تھا۔ [illegible] پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ (ہرتاپ)

دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی کا جلسہ

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ کانگریس پارٹی کے چیف وہپ [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ دستور ساز اسمبلی کے کانگریسی ارکان کا ایک جلسہ ۱۵ مئی کو شام کے پانچ بجے کانسٹی ٹیوشن ہاؤس میں ہوگا۔

شکر قند اور کیلے کی پیداوار بڑھائی جائیگی

نئی دہلی ۱۴ مئی۔ وزارت خوراک و زراعت نے اعلان کیا ہے کہ حکومت ہند نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے۔ جو خوراک کے طور پر ضمنی حیثیت سے استعمال ہو سکنے والی چیزوں مثلاً شکر قند۔ کیلے کی پیداوار بڑھانے کی بابت سوچ بچار کرے گی۔ (اے پی)

ایک دن میں ۲۵ چوریاں

دہلی کی بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ چوریوں میں بھی زیادتی ہو رہی ہے [illegible] روپیہ کے زیورات لیکر رفو چکر ہو گیا۔ [illegible]

اسی طرح مرزا حیدر رپورٹ ۲۲۵ روپیہ کے زیورات [illegible] ۲۱۰ روپیہ اور ۵۰۰ روپیہ کا سائیکل کا سامان وغیرہ کے چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

حبش خاں میں جلسہ

جمعرات کے دن پھاٹک حبش خاں میں پاکستانی مظلوم بورڈ کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جناب [illegible] کراچی والے نے صدارت کی۔ تقریر کرنے والوں میں دیوان منگل سین سعودی اور ڈاکٹر دیس راج کے نام قابل ذکر ہیں۔ [illegible] حاضرین نے جلسہ ختم کیا۔

راجستھان کا مالیہ

جے پور ۱۴ مئی۔ جے پور سٹی کانگریس کمیٹی کی طرف سے راجستھان یونین کے وزیراعظم پنڈت ہیرالال شاستری کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا گیا جس کا جواب دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام کو اپنی ذمہ داریوں کا پورا احساس کرتے ہوئے حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ [illegible] یونین کی آمدنی بارہ کروڑ روپیہ ہوگی اور خرچ ۱۸ کروڑ۔ (اے پی)

مغربی پنجاب میں یوم شراب بندی
عوام سے تعاون کی اپیل

[illegible] (اے پی)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندنا گیہوں ۱۶ روپے ۱۰ آنے بند ۱۹۲ روپے۔ آٹھ آنہ سونا ۵ ۱۱ روپے بار دانہ اسوج ۵ ۱۱۰ روپے۔ ستمبر ۱۱۰ روپے۔ گڑ خاقر ۱۸ روپے۔ گھی [illegible] کھلا ۱۱ روپے آٹھ ۱۰ پائی۔ شکر ۱۷ روپے۔ [illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

کریانہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

دہلی بیاری مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

چاندی تیاری [illegible] چاندی سکہ [illegible] سونا [illegible]

گورنر جنرل مدراس میں

مدراس ۱۴ مئی۔ گورنر جنرل ہندوستان مسٹر راجگوپال اچاریہ کل شام کو بذریعہ ہوائی جہاز مدراس پہنچے۔ ان کے ہمراہ ان کی صاحبزادی اور ان کے فوجی سکریٹری بھی تھے۔ [illegible] گورنر مدراس نے ہوائی اڈہ پر ان کا استقبال کیا۔ [illegible] (اے پی)

مہاتما گاندھی کا مقدمہ
مدن لعل کے کیبل کی بحث

شملہ ۱۳ مئی۔ آج ناتھو رام گوڈسے اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں اپنے اپیل مدن لعل کے وکیل نے اپنے دلائل کو جاری رکھا۔ [illegible]

اس کے بعد مسٹر بنرجی نے دلیل پیش کی کہ استغاثہ کے گواہوں سے یہ پتہ نہیں چلا کہ ملزموں نے کسی منظم سازش کی۔ [illegible] لگایا ہے۔

[illegible] (اے پی)

غلام عباس ریٹائر ہو گئے

سیالکوٹ ۱۳ مئی۔ چودھری غلام عباس صدر آل جموں اینڈ کشمیر مسلم کانفرنس نے کل اعلان کیا کہ وہ اپنی خرابی صحت کی بنا پر عارضی طور پر کانفرنس کی صدارت سے مستعفی ہو رہے ہیں۔ سردار [illegible] کانفرنس کے صدر کی حیثیت سے کام کریں گے۔ (اے پی)

ڈربن میں پولیس کی نگرانی

ڈربن ۱۴ مئی۔ ڈربن کے غیر یورپین علاقہ کی نگرانی پولیس کر رہی ہے [illegible]

سوز الوبر کی باہمی ملاقات

[illegible]

[illegible] کا اجتماع

[illegible]

ملایا میں ایک اور ہندوستانی کو پھانسی پر چڑھایا جائیگا

حکومت برطانیہ کا مداخلت سے انکار

لندن ۱۴ مئی۔ حکومت برطانیہ نے ملایا میں ایک ہندوستانی سباسوم کی سزائے موت کے متعلق ہندوستان کی درخواست کا جواب دے دیا ہے۔ نوآبادیات کے سکریٹری مسٹر [illegible] نے ہندوستان کو اطلاع دی ہے کہ ملایا کے حکام کو حکومت ہند [illegible] آخری فیصلہ کر سکتا ہے۔ نوآبادیات کے وزیر نے مسٹر [illegible] کو مطلع کرتے ہیں کہ وہ اپنی صورت حال سے [illegible] ۱۷ مئی کی تاریخ مقرر ہے اسے ہتھیار رکھنے کے الزام میں سزا دی گئی ہے۔

سی پی میں نظر بندوں کی بھوک ہڑتال

ناگپور ۱۴ مئی۔ گورنمنٹ [illegible] کے [illegible] نظر بند [illegible] بھوک ہڑتال جاری ہے [illegible]

صوبوں میں مزدور عدالتیں بنیں گی

[illegible]

ایشیا کی عزت کی خاطر ہندوستانی قرارداد کی حمایت کیجئے
ڈاکٹر داور کھپالیہ کی ترکی برما اور سیام کی حکومتوں سے اپیل

[illegible]

پیرزادہ عبدالستار کی تقریر

کراچی ۱۴ مئی۔ [illegible]

قلیتی بورڈ کا جلسہ

ڈھاکہ ۱۴ مئی۔ مشرقی بنگال کے اقلیتی بورڈ کا پہلا جلسہ ۱۲ مئی کو سکریٹریٹ میں ہوگا اور مسٹر [illegible] کی صدارت کریں گے۔ [illegible]

جودھپور میں کوئلہ کی دریافت

جودھپور ۱۴ مئی۔ [illegible] کوئلہ [illegible] مزید [illegible] جانچ کے لئے جودھپور بھیج دیا ہے۔

پروگرام
رنگین مال از دہلی دوشنبہ ۱۶ مئی ۱۹۴۹ء
آمد مال لاہور چہار شنبہ ۱۸ مئی ۱۹۴۹ء
اصول، عجلت اور حفاظت
دہلی کمرشل کارپوریشن بازار تیلیواڑہ دہلی

آپ بیکار ہیں؟
آمدنی کم اخراجات زیادہ ہیں تو عزت اور آمدنی بڑھانے والا تعلیق لٹریچر مفت طلب کریں۔
فرینڈ ہاؤس (۱۴۳) جھلکیاں دہلی

چین کے بحری جہاز کیونسٹوں کے پاس پہنچ گئے

[illegible]

لکھنؤ میں ڈرائیوروں کی ہڑتال
بسیں چلانے کے خلاف مظاہرہ

[illegible]

چین کا عرب علاقہ میں یہودیوں کا [illegible]

[illegible]

ہندی زبان میں تاروں کی ترسیل

[illegible]

ایڈیٹر آفاق کی معطلی

[illegible]


کلیمی انجن نین سدھار
امراض چشم
[illegible]
محمد حسن مقبول حسین کلیمی انجن نین سدھار
گوشہ جناب محلہ شاہداد [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی، نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۱۹ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ - مطابق ۱۸ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۱۵ | قیمت فی پرچہ ۲ دو آنے

ڈیزل آئل انجن

ہارس پاور ۴۰

ہارس پاور ۲۵

ہارس پاور ۲۰

ہارس پاور ۸

ہارس پاور ۴

حاضر مال دہلی گودام سے فون نمبر ۱۳۸

کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی

۲۲ اسکول لین۔ نیو دہلی

سوشلسٹوں کا مظاہرہ

[illegible]

دستور ساز اسمبلی کا آخری اجلاس شروع ہو گیا

کراچی ۱۶ مئی۔ [illegible]

دولت مشترکہ میں ہندوستان کی شمولیت کے متعلق پنڈت نہرو کا بیان

شمولیت میں خود ہندوستان ہی کا فائدہ ہے

لندن کے اعلان پر وزیر اعظم ہند کا تبصرہ

نئی دہلی ۱۶ مئی۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے آج دولت مشترکہ سے متعلق لندن کے اعلان کو ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی کے سپرد کر دیا۔ [illegible]

فرقہ وار انجمنوں کو ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کی اپیل

جمعیۃ علماء بمبئی کی سہ روزہ کانفرنس میں اہم قرار دادیں

فلسطین کے بارے میں اقوام متحدہ کے فیصلہ کی مذمت

بمبئی ۱۶ مئی (ا۔ پ) کل جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی سہ روزہ کانفرنس ختم ہو گئی۔ کانفرنس نے مسلمانان ہند سے اپیل کی ہے [illegible]

جہاز بنانے کے ۳۸ کارخانے

جاپان میں باقی رہ جائیں گے

[illegible]

کمیونسٹ فوجیں شنگھائی کے ہوائی اڈہ تک پہنچ گئیں

[illegible]

لیبیا میں عربوں کے زبردست مظاہرے

پولیس سے تصادم کئی افراد مجروح

[illegible]

آسام سے ۵۰ میل دور سخت گھمسان جنگ

مغربی برما میں باغیوں اور حکومت میں شدید تصادم

رنگون ۱۲ مئی۔ حکومت برما کے ایک کمیونکے میں بتایا گیا ہے کہ مغربی برما میں چن پہاڑیوں کے علاقہ میں باغیوں اور سرکاری فوجوں کے درمیان شدید جنگ [illegible]

مڈل اتہاس نامی کتاب میں رسول اکرمؐ کی تصویر شائع نہ ہوگی

موجودہ کتابوں میں شائع شدہ تصویر کو سادہ کاغذ سے ڈھانپ دیا جائیگا

وزیر اعظم بہار کی مفتی عتیق الرحمٰن صاحب کو یقین دہانی

(نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۱۶ مئی۔ حکومت بہار نے یقین دلایا ہے کہ وہ مسلمانان ہند کے جذبات کا پورا احترام کرتے ہوئے [illegible]

موٹر رکشا بھی تیار ہو گئی

[illegible]

اطالوی نوآبادیات کا مسئلہ آئندہ اجلاس تک ملتوی ہونے کا امکان

موجودہ قرارداد کو جنرل اسمبلی میں دو تہائی ووٹوں کی امداد حاصل نہیں

[illegible]

ٹریڈ یونین لیڈر کی گرفتاری پر احتجاج

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi-16-5-49

جائداد کی فروخت اور تبادلہ کی تصدیق کسٹوڈین کریگا

انخلا کنندگان کی جائدادوں کے بارے میں وزارت بحالیات کا پریس نوٹ

دہلی ۱۶ مئی۔ وزارت بحالیات [illegible]

مہاراشٹر کے متعلق ایک سوشلسٹ لیڈر کے خیالات

[illegible]

ریاست سوات میں لیگیوں کی گرفتاری

سرکاری حکام کی طرف سے تردید

[illegible]

لاہور کے نامور ڈینٹل سرجن ڈاکٹر بہل دہلی میں

[illegible]

پاکستان کے قومی ترانہ پر غور

[illegible]

کانپور جیل میں کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال

[illegible]

میونسپل ایسوسی ایشن کی ساتویں کانفرنس

[illegible]

دہلی سے لاہور پاکستان

اور پاکستان سے ہندوستان

تجارتی و دیگر مال و سامان بحفاظت ایک طرف سے دوسری طرف مناسب اخراجات پر پہنچانے کے لئے ہماری خدمات حاصل کیجئے

دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible]

کشمیر میں زرعی اصلاحات پر سوالنامہ

[illegible]

ایک اور انٹر ڈومینین کانفرنس

[illegible]

حیدرآباد کانگریس کا آل انڈیا کانگریس سے الحاق

مسئلہ ورکنگ کمیٹی میں پیش ہوگا

[illegible]

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں برطانیہ اطالیہ کے سمجھوتہ کو منظور کر لیا گیا

ہندوستان کی طرف سے اصولی اختلاف مسٹر سیتلواد کا بیان

جمہوریت پسند ملکوں نے مخالفت میں ووٹ دیئے

لیک سکسس ۱۴ مئی۔ یہ توقع کی جا رہی ہے کہ اطالوی نوآبادیات کے مستقبل کے [illegible]

تجارتی آگاہی

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارا مشہور و معروف تیار کردہ اشیاء

(۱) کوہ نور خضاب (۲) تبت سنو وغیرہ

جو ہمارے رجسٹر شدہ مارکہ ہیں اور جن کے ہم واحد مالک ہیں۔ ان کی نقل چالاک لوگ تیار کر کے پبلک کو دھوکا دیتے ہیں لہذا بیوپاریوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ ہم اپنے کسی نمائندہ یا ایجنٹ کی معرفت بغیر کسی بیوپاری کے آرڈر کے اپنا تیار کردہ مال حاضر ڈیلیوری فروخت نہیں کرتے۔ تمام مال جو ہمارے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے وہ حسب معمول ہم سیدھا خریداروں کو روانہ کرتے ہیں۔ لہذا وہ کوئی ایسا نقلی مال کسی ایجنٹ سے حاضر ڈیلیوری پر نہ خریدا کریں۔

اس کے علاوہ بذریعہ نوٹس ہذا یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص نقلی و بناوٹی مال بناتا ہوا یا فروخت کرتا ہوا یا کسی کے پاس فروختگی کے لئے ایسا مال پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ سخت سے سخت قانونی کاروائی دیوانی یا فوجداری یا ہر دو کی جاوے گی و نیز ہمارے ہر قسم کے ہرجانہ کا وہ ذمہ وار ہوگا

منیجر کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

نوٹ۔ اگر کوئی شخص ایسا مال فروخت کرنے کی غرض سے آپ کو ملے تو اس کی اطلاع بلا مہربانی فوراً ہم کو دیں [illegible]

سروہی کے وفد کی وزیر اعظم راجستھان اور وزیر داخلہ سے ملاقات

وزراء اور انسپکٹر جنرل پولیس کی اطمینان دہانی

[illegible]

پنڈت نہرو کی کامیابی پر سر سلطان احمد کا بیان

پٹنہ ۱۴ مئی۔ سر سلطان احمد [illegible]

لکھنؤ اسکیم

[illegible]

دو جرائم پیشہ گروہ گرفتار

بارہ ہزار کی مالیت کا سامان برآمد

[illegible]

یو۔ پی میں میونسپل انتخابات کی تیاریاں

[illegible]

پرواز کا نیا ریکارڈ

لندن سے کراچی صرف پندرہ گھنٹہ میں

[illegible]

تازہ نرخ

[illegible]

اتباع شریعت کی ایک مثال

[illegible]

بین الاقوامی خبروں کی فراہمی

جنرل اسمبلی میں ہندوستان کی تجویز

[illegible]

برلن میں چاروں طاقتوں کی کانفرنس

تجارت کے احیاء کے متعلق تبادلہ خیال

[illegible]

"الجمعیۃ" کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

"الجمعیۃ" سردست دہلی سے شام کو روانہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اب بہت جلد صبح کی اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ اگر شام کے پرچے کی مناسب تعداد طلب کرنے والے بھی ہوئے تو اخبار صبح اور شام دونوں وقت شائع ہوا کرے گا۔ اور ڈاک ایڈیشن کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ لہذا ایجنٹ صاحبان فوراً اپنی رائے سے مطلع فرمائیں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

قومیں کیرکٹر سے جیتی ہیں رحم و کرم پر زندہ نہیں رہتیں

ہم ایسا نظام حکومت چاہتے ہیں جس میں چھوٹے بڑے کی تمیز نہ ہو

بمبئی جمعیۃ علماء کانفرنس کے اجلاس کی مفصل تقریریں

بمبئی ۱۶ مئی (بذریعہ ڈاک) گذشتہ جمعرات کی شب کو جیسا کہ مطلع کیا جا چکا ہے بمبئی کی جمعیۃ علماء کانفرنس کا اجلاس آزاد نگر [illegible]

صدر مجلس استقبالیہ کی تقریر

[redacted]

[illegible]

حقیقی سوراج

یہ حقیقی سوراج ہے اور گاندھی جی یہی چاہتے تھے۔ ابھی سوراج نہیں ملا ہے بلکہ صرف سوراج لانے کے لئے راستے کھلے ہیں۔ اب ہم اپنا کام کریں گے معاشی استحصال کو منظور نہیں کریں گے۔ ہر شخص کو اس کی محنت کا پورا حق دلائیں گے۔ گاندھی جی کا اصول تھا [illegible]

مسٹر کھیر کی تقریر

خطبہ استقبالیہ کے بعد وزیر اعظم بمبئی مسٹر بی جی کھیر نے [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے تعمیری پروگرام کی تکمیل کیلئے جمعیۃ علماء یوپی کی سرگرمیاں

بریلی میں مولانا بشیر احمد کی صدارت میں

صوبائی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند کے موجودہ تعمیری پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے صوبہ یوپی جمعیۃ علماء کی تمام شاخیں ہمہ تن مصروف ہیں [illegible]

[redacted]

[illegible]

مولانا حبیب الرحمن صاحب کی تقریر

[illegible]

بمبئی کی میونسپل ملازموں کی ہڑتال کا تیسرا دن

پمپنگ اسٹیشنوں پر کام کرنے کیلئے فوج طلب کر لی گئی

بمبئی ۱۵ مئی۔ آج میونسپل ملازموں کی ہڑتال کا تیسرا دن تھا۔ بمبئی کے پانی پمپ کرنے کے اسٹیشنوں پر کام چلانے کے لئے فوج طلب کر لی گئی۔ شہر کی سڑکیں اور دوسرے مقامات گندگی اور کوڑے سے بھرے ہوئے ہیں۔ بعض مقامات پر گندہ پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے لیکن بمبئی کے شہریوں کو پانی کی سپلائی جاری ہے۔

گذشتہ شب مسٹر بورالی اور مسٹر مانے جو بمبئی کی میونسپل ملازموں کی انجمن کے نائب صدر اور جنرل سکریٹری ہیں گرفتار کر لئے گئے اس سلسلہ میں اب کل گرفتاریوں کی تعداد پچاس تک پہنچ گئی ہے۔ آج صبح میونسپل کارپوریشن کا ایک غیر سرکاری جلسہ ہوا جس میں صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔ میونسپل کمشنر نے اخبارات کو بتایا کہ آج مزید ایک ہزار ملازم کام پر واپس آ گئے ہیں۔ کام پر آنے والوں کی تعداد چار ہزار ہو گئی ہے یہ لوگ پولیس کی حفاظت میں کام کر رہے ہیں۔ ہڑتالیوں کی بجائے مزدوروں کی بھرتی کی جا رہی ہے ہڑتالیوں کی تعداد اب ۲۰ ہزار رہ گئی ہے۔ ان میں [illegible] مذبح خانوں اور صفائی کے محکموں کے ملازمین شامل ہیں۔ دوسری باتوں کے علاوہ ان کا مطالبہ ہے اجرتوں میں اضافہ اور کام کے اوقات میں کمی اور روزانہ کی اجرت پر ملازم رکھنے کے طریقہ کا خاتمہ۔ (اپ)

ساگر میں سیرت النبی صلعم کا جلسہ

حضرت مولانا حبیب الرحمن کی تقریر

ساگر (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب نے یہاں سیرت النبی کے جلسہ میں اسلامی تعلیمات پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی۔ اور بتایا کہ اسلام نے چھوت چھات اونچ نیچ اور کالے گورے کی تفریق کی سخت برائی کی۔ حضرت مولانا نے اکثریت اور اقلیت کی طرف بھی اشارہ کیا۔ اور کہا کہ اکثریت پر ظلم کرنا یا اقلیت کا ہراساں ہونا قطعی خلاف ہے ہندوستان کا ہر شہری آزاد ہے اس لئے ہر شخص کو ایک آزاد شہری کی حیثیت سے رہنے کا حق ہے خواہ وہ کسی مذہب سے تعلق رکھتا ہو۔ حضرت مولانا نے موجودہ فضا پر روشنی ڈالتے ہوئے تاریخ کے حوالے دیئے۔ اور حکومت سے ہمدردانہ تعاون کرنے کا مشورہ دیا۔ اور مسلمانوں کو مسلمان بننے کی تلقین فرمائی، حضرت مولانا نے جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد اور مذہبی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ہر مذہب و ملت اور ہر پارٹی سے تعلق رکھنے والے حضرات کو احکامات الٰہیہ سے آگاہ فرمایا، حاضرین جلسہ غیر مسلم بھائیوں نے کافی اچھا اثر لیا۔ [illegible] جامع مسجد میں مولوی انیس الرحمن صاحب نے اور [illegible] کو بعد نماز فجر مولانا حبیب الرحمن صاحب نے تقاریر فرمائیں اس جلسہ کو کامیاب بنانے والوں میں [illegible] دت صاحب ڈپٹی، عالم سنگھ سابق ایم ایل اے، ڈاکٹر پی جی [illegible]، منشی سندر لال، بابو محمد حسین، عبدالعزیز، عبدالغفور، شیخ فرید، سردار القادری، میر انور، بھائی عبدالغنی اور غلام نبی خاں صاحب بطور خاص ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں۔

میونسپل اداروں کی کانفرنس

جودھپور ۱۶ مئی۔ راجستھان کی لوکل سیلف گورنمنٹ کے وزیر [illegible] نے بیان دیا کہ راجستھان کے میونسپل اداروں کی کانفرنس [illegible] کانفرنس کا افتتاح پنڈت ہیرالال شاستری نے کیا [illegible] راجستھان یونین کی تمام میونسپلٹیوں کے صدور اور ایگزیکٹیو افسران نے جلسہ میں شرکت کی۔ (اپ)

کلکتہ کی زنانہ پولیس

ایم اے پاس افسران کا تقرر

کلکتہ ۱۶ مئی۔ زنانہ پولیس کے افسروں کا پہلا دستہ پرسوں اپنے عہدوں پر تعینات کر دیا گیا۔ اس دستہ میں کل ۲۲ عورتیں ہیں ان میں سات گریجویٹ اور ایک ایم اے ہے ان میں سے [illegible] سب انسپکٹر مقرر کی گئی ہیں اور باقی اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدوں پر تعینات ہوئی ہیں ان کو ایک سال تک تربیت دی جائے گی۔ تربیت کی مدت اسی سال یکم جون سے شروع ہوگی۔ زنانہ پولیس کی وردی سیاہ کنارے والی سفید ساری، سفید بلاؤز اور سفید ٹوپی پر مشتمل ہوگی۔ زنانہ سپاہی [illegible] کے خلاف کارروائی کیا کریں گی۔ کلکتہ پولیس میں عورتوں کے لئے ۳۰ جگہیں ہیں ان جگہوں کے لئے ۱۸۰ درخواستیں آئیں اور ان میں سے ۲۲ منتخب کی گئیں۔ (اپ)

افغانستان کے نئے وزیر تعلیم

پشاور ۱۵ مئی (اے پی پی) معلوم ہوا ہے کہ [illegible] میں افغانستان کے سابق سفیر خان عبدالحسین خان عزیز افغانستان میں وزیر تعلیمات مقرر کیا گیا ہے۔ خان عزیز خاں افغانستان کے شاہ ظاہر شاہ کے عزیز بھی ہیں۔

ڈربن میں سکون ہو گیا

ڈربن ۱۶ مئی۔ کل پولیس کے مضبوط دستے ڈربن کے غیر یورپین علاقہ میں گشت کر رہے ہیں، جہاں افریقیوں نے پرسوں ہندوستانی اسکولوں پر سنگ باری کی تھی۔ اس وقت فضا پرسکون ہے اس ہفتہ کے آخر تک گشت جاری رہے گا۔ (رائٹر)

سفارت خانوں پر بم

لندن ۱۶ مئی۔ [illegible] بلغاریہ کے سفارت خانوں کو بموں سے سخت نقصان پہنچا واقعہ کی تفصیلات کا ابھی علم نہیں ہوا۔ صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ [illegible] سفارت خانہ کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا۔ (رائٹر)

پرانے بخارات اور T.B
تپدق
جبری JABRI JAGADHRI
تپ دق کی مشہور دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ
[illegible]
اگر آپ سب طرف سے مایوس ہو چکے ہوں تو خدا کا نام لے کر ایک بار ضرور آزمائش کریں۔
تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضو ابھی سمجھو!
[illegible] (JABRI-JAGADHRI) [illegible]
[illegible] جگادھری (مشرقی پنجاب)

دی سندھیا اسٹیم نیوی گیشن کمپنی لمیٹڈ
حج لائن
حج ۱۹۴۹ء
ہمارا جہاز ایس ایس جلادرگا بعد رمضان المبارک ذیل کی تاریخوں میں بمبئی سے جدہ روانہ ہوگا
مورخہ ۲ اگست سنہ۴۹ء
مورخہ ۲۶ اگست سنہ۴۹ء
حجاج کرام کو تاریخ روانگی سے چار روز پیشتر بمبئی پہنچ جانا چاہئے۔
کرایہ آمد و رفت معہ خوراک
پہلے درجہ ۱۱۰۵ روپیہ
دوسرے درجہ ۷۹۰ روپیہ
ڈیک ۳۹۸ روپیہ
کامران کا قرنطینہ اور حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کرایہ کشتی وغیرہ جو جملہ مبلغ [illegible] روپیہ [illegible] ہوتے ہیں۔ اس کرایہ میں شامل نہیں ہیں
دیگر معلومات کے لئے ذیل کے پتہ پر خط و کتابت کی جائے
سندھیا ہاؤس۔ بلارڈ اسٹیٹ بمبئی نمبر (۱)
تار کا پتہ :- "جالاناتھ" بمبئی

قرآن مجید سپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کے لئے
ملنے کا پتہ
کتب خانہ اشرفیہ
رشید کمپنی
دیوبند یوپی

عینکیں، چشمے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید اوپٹیکل کمپنی
[illegible] بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کیلئے
دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران [illegible]

جنگ چین

ماؤسی تنگ چین کا نیا کمیونسٹ حکمراں جس نے تقریباً تیس لاکھ فوج کی مدد سے چین کے ایک تہائی حصہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ اس حصہ کی آبادی پورے چین کی نصف یعنی بیس کروڑ نفوس پر مشتمل ہے۔ چین کا یہ وہ شمالی مشرقی علاقہ ہے جو سب سے زیادہ صنعتی اور ترقی یافتہ ہے۔ چین کے بڑے بڑے شہر اور بندرگاہ اسی علاقہ میں واقع ہیں۔

ماؤسی تنگ کی فوجیں ایک طرف شنگھائی کے دفاعات پر ضرب کاری لگا رہی ہیں اور دوسری طرف وہ جنوب اور مغرب کی طرف تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ اس وقت اس کا جنگی محاذ شنگھائی کے شمال میں دریائے یانگسی کے دہانے سے شروع ہوتا ہے۔ جہاں اس نے بندرگاہ کے دفاعی گھیرے پر سخت حملہ کر رکھا ہے۔ شنگھائی جو دنیا کا پانچواں سب سے بڑا شہر ہے حقیقتاً کومنتانگ اور کمیونسٹ فوجوں کے مابین خونی جنگ کے ایک بڑے انعام کی حیثیت رکھتا ہے۔ [illegible] اسی لئے حکومت نے آخر وقت تک اس کے دفاع کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ مختلف اطراف سے تمام سرکاری فوجیں شنگھائی میں [illegible] جمع ہو گئی ہیں اور ساٹھ لاکھ باشندوں سے بھی اپیل کی گئی کہ اگر ضرورت پڑے تو شہر کو بچانے کے لئے وہ اپنی جان تک دے دیں۔

کمیونسٹ فوجوں نے شنگھائی کو اپنے محاصرے میں لے لیا ہے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ماؤسی تنگ کو جو یہاں سے سات سو میل اپنے پیکنگ کے ہیڈ کوارٹر میں بیٹھا ہوا ہے شنگھائی پر قبضہ کرنے کی زیادہ فکر نہیں ہے۔ [illegible] ہے اور وہ جہاں تک ہو پہلے جنوب اور مغرب کے دیگر صوبوں پر قبضہ کرنا چاہتا ہے اس کا آئندہ اقدام یہ ہوگا کہ چانگ کائی کی طرف صوبہ کیانگسی میں سرکاری فوجوں کو محاصرہ میں لینے کی چال چلی جائے۔ اس سے حکومت کی لاکھوں فوجیں ایک دوسرے سے کٹ جائیں گی۔

چین کے افسروں کا خیال

حکومت چین کے بعض افسروں کا خیال ہے کہ سرکاری فوجوں کی یہ شکست اور عام پسپائی بالکل ایسی ہی ہے جیسی کہ جاپانی حملہ کے وقت عمل میں آئی تھی لیکن شاید انہیں معلوم نہیں کہ اس وقت کی پسپائی اور اس وقت کی پسپائی میں بہت بڑا فرق ہے۔

اس وقت حملہ آور فوجیں غیر ملکی نہیں ہیں جن کے سلسلہ مواصلات کو دور تک پھیل جانے کے بعد ٹوٹنے کا اندیشہ ہو۔ اس کے علاوہ دفاع کرنے والی فوجوں کے عقب میں سینکڑوں میل تک گوریلا دستوں کا ایک جال بچھا ہوا ہے۔ حکومت کے خلاف اپنی کارروائیوں میں مشغول ہیں۔ کمیونسٹوں کے اندازہ کے مطابق ان گوریلا دستوں کی تعداد تیس لاکھ ہے۔

چین کے جنوبی اور ساحلی صوبہ کوانگ تنگ کے متعلق کمیونسٹوں کا کہنا ہے کہ وہاں کے بعض علاقوں میں حکومت کی مشنری کا نظم تقریباً معطل ہو چکا ہے اور وہاں سرکاری احکام پر عمل نہیں ہوتا۔ اسی طرح جنوبی چین میں ایک آزاد فوج ہے جو ماؤسی تنگ کی فوجوں سے الگ ہو کر کومنتانگ راج کو ختم کرنے کے لئے لڑ رہی ہے۔

ان حالات میں یہ کہنا کہ سرکاری فوجیں اپنی کھوئی ہوئی پوزیشن حاصل کر لیں گی۔ صحیح نہیں معلوم ہوتا۔

حقیقت یہ ہے کہ جس وقت چیانگ کائی شیک کو [illegible]

جنوبی چین کا دفاع

بیان کیا گیا ہے کہ حکومت چین کی [illegible]

اچھی باتیں

قل یعبادی۔ تا۔ الرحیم (پ ۲۴ ع ۳)

کہدو۔ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے وہ خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ تمام لغزشوں کو معاف کرنے کے لئے تیار ہے کیونکہ وہ بڑا ہی رحمت والا اور بخشنے والا ہے۔

یہ آیت زندگی کی روح ہے، اس میں بتایا گیا ہے کہ قومی اور انفرادی لغزشوں کا نتیجہ تو ضرور نکلتا ہے لیکن نتیجہ نکلنے کے بعد مایوس ہوکر نہ بیٹھ جانا چاہئے۔ انسان اپنی کمزوریوں کا احساس کرے اپنی غلطیوں پر نادم ہو اور تلافی مافات کے لئے تیار ہوجائے تو خدا بھی لغزشوں کو معاف کرنے اور گری ہوئی ملت کو اٹھانے کے لئے تیار ہے۔ بس مایوس نہ ہو کمر توڑ ہارے اور ہار کرکے نہ بیٹھ جاؤ۔ گر گر سنبھلو اور سنبھل کر دوڑو کیونکہ خدا ان ہی لوگوں کا ساتھ دیتا ہے جن میں عزم و ہمت ہو اور جو مایوسی سے کوئی رشتہ نہ رکھتے ہوں۔

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۸ مئی ۱۹۴۹ء

یہ پاکستان ہے؟

ہم سے زیادہ اس بات پر اور کون خوش ہوگا کہ حکومت پاکستان کی بنیاد اسلام ہو اور وہاں کے مسلمان صحیح معنے میں مسلمان بنجائیں کیونکہ ہمارا ایمان ہے کہ اسلام دنیا کے لئے رحمت ہے، انسانیت کے لئے رحمت ہے، اپنے پڑوسی کے لئے رحمت ہے، اپنے دوست دشمن کے لئے رحمت ہے...... ناممکن ہے کہ اسلامی حکومت ہو اور اس کے غیر مسلم شہریوں کی جان و مال عزت و آبرو، مذہب و عقائد محفوظ نہ ہوں، کوئی نظام سیاست اسلامی اصولوں پر چلایا جائے اور اس کے باشندے پکار نہ اٹھیں کہ خدا اس سلطنت کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔

بلاشبہ مسلمانوں کی اکثریت کا مطالبہ تھا کہ پاکستان بنے اور اس میں قرآنی اور اسلامی حکومت قائم ہو حکومت پاکستان نے بھی ان مسلمانوں کے آنسو پونچھنے کے لئے یہ قرارداد منظور کر لی کہ حاکمیت اور اقتدار اعلیٰ خدا ہی کے لئے مخصوص ہے اور حکومت پاکستان اس کی نیابت میں اسلامی اصولوں کی پیروی کرے گی اور مسلمانوں کو اسلامی اصولوں پر کاربند ہونے کا موقعہ دے گی، لیکن کیا واقعی مسلمان ایسی سلطنت چاہتے تھے جس کا سراپا قرآن اور اسلام ہو؟

جہاں تک واقعات کا تعلق ہے مسلمان صرف یہ چاہتے تھے کہ جس طرح وہ نام کے مسلمان ہیں اسی طرح نام کی ایک اسلامی سلطنت بھی قائم ہو اور جس طرح وہ مسلمان ہوکر غیر اسلامی زندگی بسر کرتے ہیں اسی طرح اگر اسلامی حکومت بھی اسلامی اصولوں کے نام پر غیر اسلامی اصولوں پر چلے تو کوئی مضائقہ نہیں اگر واقعی مسلمان صحیح معنے میں ایک اسلامی حکومت کا قیام چاہتے تو وہ خود بھی سچے مسلمان بننے کی کوشش کرتے اور رضاکارانہ طور پر اسلام کی تمام پابندیوں کو قبول کرکے اپنی زندگی کو شریعت حقہ کے سانچوں میں ڈھالتے، مگر ہم نے دیکھا کہ اسلامی حکومت کے مطالبہ میں شرابی اور جواری، سود خوار اور حرامکار مسلمان بھی پیش پیش تھے، آخر ایک شرابی اور رند مشرب مسلمان کو کیا حق تھا کہ وہ خود تو اسلام کا باغی بن کر زندگی بسر کرے اور حکومت کو مسلمان بنانے کا متمنی ہو؟ مگر اس نے اسلامی حکومت کا مطالبہ کیا اور صرف اس لئے کیا کہ جس انداز کا وہ مسلمان ہے اسی انداز کی اسلامی حکومت بھی ہونی چاہئے، یعنی نام کا مسلمان اور نام کی اسلامی حکومت جس طرح ہم شراب پی کر اور قمار بازی کرکے بھی مسلمان رہ سکتے ہیں اسیطرح پاکستان بھی شراب کے لائسنس جاری کرکے اور جوا بازار چلا کر اسلامی حکومت بن سکتا ہے چنانچہ پاکستان بنا، اسے اسلامی حکومت قرار دیدیا گیا لیکن نہ شرابی مسلمان نے شراب چھوڑی اور نہ پاکستان نے عملی طور پر مسلمان بننے کی زحمت اٹھائی بہرحال [illegible] پاکستان کا ہے چنانچہ لاہور کا معاصر "تسنیم" انتہائی افسوس کے ساتھ پاکستان کی اخلاقی زندگی کو بے نقاب کرتا ہوا لکھتا ہے:

"اگر غیر جانبداری سے اپنے پورے معاشرہ کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اخلاقی حیثیت سے ہم سڑ چکے ہیں ہمارے ضمیر اور قومی کردار میں غیر معمولی حد تک بگاڑ پیدا ہو چکا ہے، ہم معاشی لحاظ سے اتنے پسماندہ نہیں ہیں جس قدر اخلاقی لحاظ سے، ہمارا معیار زندگی اتنا گرا ہوا نہیں ہے جتنا کہ ہمارا کیرکٹر گر چکا ہے ہماری قومی زندگی میں مفاد پرستی، خود غرضی، استحصال بالجبر، ظلم و ستم، فتنہ و فساد، جھوٹ، فریب، اخلاقی آوارگی، جنسی انارکی کا پورا تسلط ہے، آپ سوچئے پاکستان کے قیام کے بعد سے ہم نے کونسا ایسا کام کیا جو اخلاقی لحاظ سے بلند و برتر ہو، کیا اس سے انکار کیا جا سکتا ہے کہ جب پاکستان کے مظلوم و مصیبت زدہ ستائے ہوئے مہاجرین اپنی عصمت و آبرو، جان و مال کے تحفظ کے لئے اس شمالی دیس میں آئے تو پاکستانی باشندوں نے ان کے ساتھ ظالموں جیسا سلوک کیا، کیا ان کے حقوق پر اجتماعی طور پر مقامی... مہاجرین نے ڈاکہ نہیں ڈالا، کیا ان کی عصمتوں کو اسلام زندہ باد کا نعرہ لگانے والے رضاکاروں نے چکنا چور نہیں کیا، کیا ان کے ہاتھ دگنی تگنی قیمت پر اشیاء ضرورت فروخت نہیں کی گئیں؟ کیا حکومت کے ملازمین نے ان سے رشوت نہیں لی؟ اگر یہ درست ہے تو یہ اخلاقی گراوٹ نہیں تو کیا ہے، کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ چند سکوں کی خاطر ہمارے ملک کے تاجروں اور زمینداروں نے عوام کو دانے دانے کے لئے ترسا دیا اور ملک کا سارا غلہ ایک دوسرے ملک میں پہونچا دیا تاکہ ان کی تجوریوں میں چند سکوں کا اضافہ ہوجائے، کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ہماری حکومت کے ملازمین عوام سے ظالمانہ سلوک کرتے ہیں اور عوام کی جیبوں پر مسلسل ڈاکہ ڈالتے رہتے ہیں کیا یہ درست نہیں ہے کہ غنڈے راہ چلتی عورتوں کو چھیڑتے اور ان پر فقرے چست کرتے ہیں، کیا یہ غلط ہے کہ زناکاری، عیاشی، فحاشی، بدکاری، پہلے کے لحاظ سے بڑھ گئی ہے؟ کیا غلط ہے کہ ہمارے معاشی نظام کی بنیاد ایک خطرناک خود غرضی پر مبنی ہے؟"

(۵-۵-۴۹)

ہمیں زیادہ افسوس اس حقیقت پر ہوا کہ زناکاری، عیاشی، فحاشی، بدکاری پہلے کے لحاظ سے بڑھ گئی ہے؟ اناللہ وانا الیہ راجعون، کیا اسلامی حکومت کا مطالبہ اسی لئے تھا کہ بدکاری میں اور اضافہ ہو، فحاشی میں اور ترقی ہو، عیاشی کو اور فروغ ہو؟ کیا اس بات کا انتظار ہی تھا کہ کب اسلامی حکومت بنتی ہے اور کب بدکاروں کو کھل کر کھیلنے کا موقعہ ملتا ہے، [illegible] کہ اسلام کے نام پر ذوق گناہ بڑھ رہا ہے؟ بات وہی ہے کہ اسلامی حکومت کا مطالبہ نیک نیتی پر مبنی نہ تھا بلکہ شراب پی پی کر اسلام زندہ باد کے نعرے لگائے گئے تھے، افسوس ہے کہ پاکستان کی اسلامی حکومت سے اسلام اور زیادہ بدنام ہوگا اور لوگ کہیں گے کہ جس اسلامی حکومت میں بد اخلاقی کا یہ حال ہو اس سے تو وہ غیر اسلامی حکومتیں ہی اچھی ہیں [illegible]

سول پر نزلہ

پریس کی آزادی پر شرمناک حملہ کی مثال لاہور کے سول اینڈ ملٹری گزٹ کی ہے جس پر حکومت پاکستان نے تین ماہ کے لئے بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے، واقعہ صرف اتنا ہے کہ اس اخبار نے اپنے نامہ نگار مقیم لندن کے حوالہ سے یہ خبر شائع کی کہ لندن میں ہندوستان اور پاکستان کے وزراء اعظم کے درمیان کشمیر کی تقسیم پر کوئی فیصلہ ہوگیا ہے، اس قسم کی خبریں عام طور پر اخباروں میں شائع ہوتی رہتی ہیں، اگر یہ خبر غلط تھی تو حکومت ایک پریس کمیونک کے ذریعہ اس کی تردید کر سکتی تھی، مگر اس نے پاکستانی اخبارات کی [illegible] اخبار مذکور کو تین ماہ کے لئے بند کر دیا اور ذرا شرم محسوس نہ کی کہ اس کی ظالمانہ کارروائی سے پریس کی آزادی کو کس حد تک خطرہ لاحق ہوگیا ہے اور اخبارات کو زر خرید غلام بنانے کی یہ انوکھی تدبیر کسقدر قابل مذمت ہے!

شرمناک حملہ

زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ سول اینڈ ملٹری گزٹ نے دوسرے ہی روز حکومت سے گڑگڑا کر معافی بھی مانگ لی اور اپنے نامہ نگار مقیم لندن کو بھی معطل کر دیا اور یہ بھی لکھدیا کہ وہ آئندہ کشمیر کے بارے میں سرکاری اعلانات یا وزیروں کے بیانات کے سوا کوئی اطلاع شائع نہیں کرے گا، حتیٰ کہ اس اخبار نے اپنے ڈائرکٹر کو بھی [illegible] ایک الزام جڑ دیا جس کی کوئی اصل نہیں اس کے باوجود اسے تین ماہ کے تعطل کی سنگین اور شرمناک سزا دیدی گئی۔

سب سے زیادہ قابل لعنت مغربی پنجاب پریس ایڈوائزری کمیٹی ہے جس نے مرکزی حکومت کی اخبار مذکور کے خلاف اس اقدام پر [illegible] اس ملعون کمیٹی پر اعتماد کرنا اخبار، صحافت، انسانیت اور اخبارات کی سخت توہین ہے اخبارات کا فرض ہے کہ وہ اس کے خلاف احتجاج کریں اور ادارے توڑ کر کوئی ایسی کمیٹی بنائیں جس کے ارکان حقائق پسند ہوں۔

تجارتی رقابت؟

"سول" کے تعطل کا معاشی جرم پر چھپانے والوں میں کراچی کا ڈان پیش پیش ہے [illegible] سول کے خلاف ایک منظم پارٹی بنا کر حکومت کو اس شرمناک اقدام پر مجبور کیا، دراصل یہ ایک تجارتی رقابت تھی جو بالآخر سر چڑھ کر بولی اور دوسری چیز یہ کہ وہ ایک ہندوستانی کا اخبار ہے جسے ڈان برداشت نہیں کر سکتا حالانکہ بقول ایک پاکستانی اخبار، اس ہندوستانی کے ساتھ سارے اخباروں کے مالکان کا لین دین ہوتا ہے۔

اگر سول نے غلطی کی ہے تو اسے تنبیہ کر دیجاتی کہ وہ آئندہ اس قسم کی اطلاعات کی اشاعت سے اجتناب کرے لیکن اسے [illegible] تین ماہ کے لئے معطل کر دینا کسی "اسلامی حکومت" کے لئے تو کیا کسی جمہوری حکومت کو بھی زیب نہیں دے سکتا! اب پاکستان کیلئے مناسب یہ ہے کہ وہ سول پر سے پابندی ہٹالے کیونکہ سزا کا مقصد پورا ہو چکا ہے اور وہ خود بھی وعدہ کر چکا ہے کہ آئندہ کشمیر کے سلسلہ میں حکومت کی اطلاعات کے سوا کوئی اطلاع شائع نہیں کرے گا! اگر ایسا نہیں ہوا تو ہر شریف اخبار کو اپنا انجام سوچ لینا چاہئے۔

تنقید و تبصرہ

شاہراہ دہلی

ضخامت ۸۰ صفحات، تصاویر ۸ صفحات

ایڈیٹر ساحر لدھیانوی

پبلشرز :- حالی پبلشنگ ہاؤس، اردو بازار دہلی

[illegible]

فارورڈ بلاک کا اجلاس ختم

نئے عہدہ داروں کا چناؤ

کانپور ۱۶ مئی۔ آل انڈیا فارورڈ بلاک کا [illegible] سیشن کل ختم ہوگیا [illegible] شیل بھدر یاجی، فضل الرحمن، رام ہادر مصرا [illegible] (اپ)

گمشدہ طیارے کی ناکام تلاش

کراچی ۱۶ مئی۔ پاکستان، برطانیہ، امریکہ اور ایران کے [illegible]

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علماء ہند

از ۲۸ اپریل سنہ۴۸ء تا ۱۶ اپریل سنہ۴۹ء

از قلم حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

(ساتویں قسط)

تنظیم جمعیۃ علماء ہند

مسلمانوں کی مذہبی اور تعلیمی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے جس درجہ وسیع اور باضابطہ تنظیم کی ضرورت [illegible]

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

رپورٹ کارگذاری مرکزی جمعیۃ علمائے ہند

(بقیہ صفحہ ۳)

صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے صوبہ بمبئی کے دیگر اضلاع کے ساتھ صوبہ بمبئی کا دورہ کیا اور وہاں کی صوبائی جمعیۃ کی تنظیم کو پایۂ تکمیل کیا۔ مولانا عبدالماجد صاحب کے ساتھ محمد میاں نے صوبہ مدراس اور آندھرا کا دورہ کیا۔ اور وہاں تنظیم جمعیۃ کی بنیاد قائم کی۔

بہرحال اس سال پورے انڈین یونین میں جمعیۃ کا انتظام قائم ہو چکا ہے۔ اگرچہ زیادہ مقامات میں وہ ابتدائی حالت میں ہے۔ اور اس کو حسب ضرورت [illegible] مضبوط کرنے کے لئے زیادہ جدوجہد کی ضرورت ہے۔

صیغۂ نشر و اشاعت جمعیۃ علماء ہند سے متعلق شعبے

[illegible] جاری ہوا تھا۔ [illegible] حالت قابل اطمینان نہیں تھی۔ اس سال اخبار نے بفضلہ تعالیٰ کافی ترقی کی ہے۔ اور اگرچہ مالی حالت اب بھی مضبوط نہیں مگر خدا کا شکر ہے کہ اپنے مصارف کا خود متکفل ہے۔

الجمعیۃ سہ روزہ کے ساتھ ہفتہ وار الجمعیۃ بھی جاری کر دیا گیا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کا پیغام اُن دیہات اور دور دراز قصبوں اور شہروں تک پہنچ سکے جہاں روزنامہ الجمعیۃ نہیں پہنچ سکتا۔ [illegible]

[illegible]

الجمعیۃ بکڈپو

[illegible]

سے انجام دے رہے ہیں۔

دار الافتاء

جمعیۃ علماء ہند کے صدر دفتر کے ساتھ ایک دار الافتاء کی ضرورت عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی۔ مگر کسی مناسب مفتی صاحب کی خدمات حاصل نہ ہو سکی تھیں اس لئے یہ اہم ترین شعبہ بند تھا۔ اس سال حضرت مفتی اعظم مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کے تلمیذ خاص جناب مولانا ضیاء الحق صاحب نے اس شعبہ کی خدمات اپنے ذمہ لی ہیں اور آپ کے فتاوے سے وہ حضرات مستفیض ہو رہے ہیں جو جمعیۃ علماء ہند کے دفتر میں سوالات بھیجتے ہیں۔

کتب خانہ

[illegible] کی محتاج نہیں اس سال اس کی بنیاد بھی خدا کے نام پر قائم کر دی گئی ہے اور تقریباً پانسو کتابیں بھی جمع ہو گئی ہیں۔ مگر چونکہ نہ کتب خانہ کا مناسب کوئی کمرہ ہے اور نہ ابھی تک الماریاں فراہم ہو سکی ہیں۔ لہٰذا یہ کتابیں غیر مرتب جمع ہیں۔ بہرحال یہ اہم شعبہ قائم ہو گیا ہے۔ اور اگر علم دوست اہل خیر حضرات نے توجہ فرمائی تو یہ معمولی سی بنیاد جمعیۃ علماء ہند کے شایان شان ترقی کر سکتی ہے۔ [illegible]

تعمیر فنڈ

[illegible]

سہارنپور کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

بلیک مارکیٹ کے اڈے پر چھاپہ

سہارنپور ۲ مئی۔ آج ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ [illegible] [illegible]

ملازمین ہڑتال کریں گے؟

[illegible]

پانی دودھ کے بھاؤ

[illegible]

مدرسہ فیضان القرآن سہارنپور کا جلسہ

[illegible]

نینی تال ضلع جمعیۃ علماء کانفرنس

حضرت مولانا محمد میاں صاحب صدارت فرمائیں گے

[illegible]

حاجی محمد جان صاحب کو ضروری اطلاع

[illegible]

مصری تجارتی وفد سے گفتگو

[illegible]

ہندی پروفیسر پیرگ میں لکچر دیگا

[illegible]



ناسک کے قریب اناج جمع کرنے والے سرکاری ملازموں پر دیہاتیوں کا حملہ

دس اشخاص زخمی تین اسپتال پہونچا دیئے گئے۔ ۶۲ گرفتاریاں

[illegible]

پاکستان میں بنک پر پابندی

[illegible]

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی

ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

پڑھنے کے لئے روزنامہ الجمعیۃ کا مطالعہ کیجئے۔ الجمعیۃ میں ان دونوں مشہور خبر رساں ایجنسیوں کے علاوہ گلوب اور دوسری خبر رساں ایجنسیوں کی فراہم کی ہوئی تازہ تازہ خبریں بھی شائع ہوتی ہیں۔ الجمعیۃ کے خاص نامہ نگار بھی ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور بیرون ہند سے معتبر اور صحیح خبریں بھیجتے ہیں۔ الجمعیۃ کا روزانہ مطالعہ آپ کو دوسرے تمام اخبارات سے بے نیاز کر دے گا۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے [illegible] کے غیر معمولی گزٹ میں کسٹوڈین نے حسب ذیل جائداد پر قبضہ لینے کا اعلان کیا ہے۔

(۱۸)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
١٠١٠٦	٦٦١	مفتی والان	دونوں
١٠١٠٨	٦٦٢	"	"
١٠١٠٩	٦٦٤	"	"
١٠١١٠	٦٨٠	"	"
١٠١١١	٦٨٣	"	"
١٠١١٢	٦٨٤	"	"
١٠١١٣	٦٨٦	"	دونوں
١٠١١٤	٦٨٩	"	"
١٠١١٥	[illegible]	[illegible]	"
١٠١١٦	٦٩٥	"	ملکیت
١٠١١٧	٦٩٨	"	دونوں
١٠١١٨	٧١١	تیرا بیرم خاں	"
١٠١١٩	٧١٩	چھتہ لال میاں	"
١٠١٢٠	٧٢٠	"	"
١٠١٢١	٧٢١	"	"
١٠١٢٢	٧٢٨	رکاب گنج	"
١٠١٢٣	٧٢٩	"	کرایہ داری
[illegible]	[illegible]	"	دونوں
[illegible]	[illegible]	"	"
[illegible]	٧٤٩	"	کرایہ داری
[illegible]	٧٩١	"	"
١٠١٢٨	٧٦٩-٧٩٢	"	"
١٠١٢٩	٧٩٥-٧٩٨	گنج میر خاں	ملکیت
١٠١٣٠	٧٩٩	"	کرایہ داری
١٠١٣١	٨٠٠	"	دونوں
١٠١٣٢	٨٠٢	رکاب گنج	"
١٠١٣٣	٨١٢	"	"
١٠١٣٤	٨٤١-٤٢	گنج میر خاں	"
١٠١٣٥	٨٤٥	"	"
١٠١٣٦	٨٤٨	"	"
١٠١٣٧	٨٥٠-٨٥٢	"	"
١٠١٣٨	٨٥٣ تا ٨٥٥	رکاب گنج	"
١٠١٣٩	٨٥٩	"	"
١٠١٤٠	٨٦٢	"	کرایہ داری
١٠١٤١	٨٨٥	چتلی قبر	دونوں
١٠١٤٢	٨٨٦-٨٨	گلی کوٹانہ	"
١٠١٤٣	٨٨٦-٨٩٣	چتلی قبر	"
١٠١٤٤	٨٩٩	گلی حویلی کالے خاں	"
١٠١٤٥	٩٠٢	چتلی قبر	"
١٠١٤٦	٩٠٣	"	ملکیت
١٠١٤٧	٩٠٥	"	دونوں
١٠١٤٨	٩٠٩ اور ١٧٨٥	گلی مہابت خاں	"
١٠١٤٩	٩١١	حویلی کالے خاں	"
١٠١٥٠	٩٢٠	"	"
١٠١٥١	٩٢٨	"	"
١٠١٥٢	٩٣٨	"	"
١٠١٥٣	[illegible]	چتلی قبر	کرایہ داری
١٠١٥٤	٩٤٠	"	دونوں
١٠١٥٥	٩٥٣	گلی [illegible]	"
١٠١٥٦	٩٥٢	"	"
١٠١٥٧	٩٦٨	بازار سوئی والاں	"
١٠١٥٨	٩٦٦	"	"
١٠١٥٩	٩٦٩	گلی کوٹانہ	"
١٠١٦٠	٩٨٢	"	"
١٠١٦١	٩٨٣	"	"
١٠١٦٢	٩٩٠	"	"
١٠١٦٣	٩٩٥	"	"
١٠١٦٤	٩٩٥ A	"	کرایہ داری
١٠١٦٥	٧٥٥٤	پہاڑ گنج نبی کریم	دونوں
١٠١٦٦	٧٦٩١	صیقل گراں	"
١٠١٦٧	٧٦٩٣-٩٤	نبی کریم صیقل گراں	ملکیت نصف حصہ
١٠١٦٨	٧٦٩٥	"	دونوں
١٠١٦٩	٧٨٤١	"	"
١٠١٧٠	٧٨٤٥	"	"
١٠١٧١	٧٨٦٤	نبی کریم	"
١٠١٧٢	٧٨٦٩	"	"
١٠١٧٣	٧٨٨١	"	"
١٠١٧٤	٧٨٨٢	"	"
١٠١٧٥	٧٨٨٣	"	"

[illegible] (دہلی)

نجیب آباد میں مردم شماری

نجیب آباد میں صوبائی حکومت کے حکم سے گذشتہ ہفتہ جو مردم شماری کی گئی ہے اس کی رو سے قصبہ کی آبادی [illegible] ہے جس کی تفصیل یہ ہے مسلمان [illegible] ہندو [illegible] (نامہ نگار)

نجیب آباد میں کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کا انتخاب

[illegible]

نجیب آباد ہریجن کانفرنس میں تقریریں

[illegible]

[illegible] (نامہ نگار)

کشمیر کو طبی مشن کی روانگی

لکھنؤ ۱۷ مئی۔ لکھنؤ یونیورسٹی عنقریب ایک طبی مشن کشمیر بھیجے گی۔ [illegible]

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیے

ترجمان السنہ جلد اول

اردو زبان میں ارشادات نبوی کا نہایت جامع مستند اور بے مثل ذخیرہ ہے [illegible] قیمت دس روپے [illegible]

فہم قرآن

[illegible]

غلامان اسلام

[illegible]

حیات شیخ الاسلام

[illegible]

علماء حق

[illegible]

باغی ہندوستان

[illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق

[illegible]

مکاتیب شیخ الاسلام

[illegible]

کاروان خیال

[illegible]

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل

[illegible]

ہمارے پیغمبر

[illegible]

اسلامی تعلیمات کا مرقع

[illegible]

جمعیۃ علماء کیا ہے؟

[illegible]

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جب بھی کسی عربی فارسی اور اردو کی درسی یا غیر درسی کتاب قرآن مجید و سپارے وغیرہ کی ضرورت ہو تو ہمارے ہاں سے منگائیں۔ [illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

برمی سفارت خانہ کی کار چوری

برمی سفارت خانہ کی ایک ہمپ کار [illegible] [illegible] (ا۔ ن۔ ک)

ریلوے ملازم گرفتار

[illegible]

علامہ انور صابری کی آمد

امن کمیٹی کی جانب سے دعوت چائے

[illegible]

مشاعرہ شب مہتاب

[illegible]

درجہ حرارت

[illegible]

پارٹی پالٹکس میں حصہ مسلمانوں کے مفاد کے منافی ہے

حیدرآباد کے مسلم کنونشن کا فیصلہ

حیدرآباد ۱۵ مئی۔ حیدرآباد مسلم کنونشن کی ایک اسپیشل میٹنگ گذشتہ شام ڈاکٹر سید عبداللطیف کی زیر صدارت [illegible] [illegible] (ا۔ پ)

شیخ عبداللہ اور پنڈت نہرو کی بات چیت

[illegible]

دھوکہ دہی گرفتاری اور چوری کی وارداتیں

[illegible]

جلسازوں کا گروہ گرفتار

[illegible]

انجمن خواتین کا ہفتہ واری جلسہ

[illegible]

اسپین کی پارلیمنٹ کا افتتاح ملتوی

[illegible] (ا۔ پ)

چندر نگر کا انتظام

فرانسیسی حکام پر الزام

چندر نگر ۱۶ مئی۔ چندر نگر میونسپل اسمبلی [illegible] [illegible] (ا۔ پ)

ریاست رام پور کا بجٹ

تقریباً ۱۲ لاکھ کی بچت

[illegible]

مہاتما گاندھی کی یادگاریں

ہندوستان میں جلد بھیجی جائیں گی

[illegible]

اورنگ آباد میں مزدوروں کا جلوس

[illegible] (ا۔ پ)

ایران اور تیل کی کمپنی میں معاہدہ؟

آخری فیصلہ کا عنقریب اعلان ہو جائیگا

طہران ۱۵ مئی۔ (رائٹر) ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حال ہی میں حکومت ایران اور اینگلو ایرانین آئل کمپنی کے نمائندوں کے درمیان جو گفت و شنید ہوئی تھی اس کے متعلق دونوں فریق عنقریب اپنے آخری فیصلہ سے مطلع کریں گے۔ [illegible]

جنوبی ہند میں کوئلہ کی دریافت

کلکتہ ۱۶ مئی۔ [illegible] (ا۔ پ)

شنگھائی سے برطانوی باشندوں کا انخلاء

چار ہوائی جہاز حکم کے منتظر ہیں

[illegible]

طیارہ ٹوٹ کر گر گیا

[illegible]

برمی حکومت کے لئے برطانوی گن بوٹ

[illegible] (د۔ پ)

یونان میں گوریلوں نے پھر حملہ کر دیا

[illegible]

ہنگری میں عام انتخابات

[illegible]

گورنر آسام کی روانگی

[illegible] (ا۔ پ)

بمبئی کے میئر پیرس میں

[illegible]

فوجی مشاہدین کی روانگی ملتوی

[illegible]

پاکستان کی صنعتی ترقی کیلئے اپیل

[illegible]

ہند اور مشرقی بنگال کی حکومتوں میں معاوضہ کی گفت گو

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

[illegible]

حضرت قدس مولانا الحاج قاری محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

[illegible]

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ

[illegible]

موسم گرما کا عجیب تحفہ

[illegible]

اکسیر جلد

[illegible]

اکسیر کامل

[illegible]

تریاق الرحم

[illegible]

سفوف جریان

[illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یو۔پی

AMICO'S COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا۔ شفایاب ہوئے

[illegible]

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

تعلیم و تربیت

[illegible]

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

اشتہار کیلئے
جگہ خالی ہے

فون نمبر: 6841

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

روزنامہ الجمعیۃ
چندہ سالانہ ۴۰ روپے
ششماہی ۲۰ ر
سہ ماہی ۱۱ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی جمعرات مورخہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۹ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۱۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

مجلس دستور ساز نے لندن کانفرنس کے فیصلہ کی منظوری دیدی

مولانا حسرت موہانی اور سید فقیر شاہ کی جانب سے شدید نکتہ چینی

دولت مشترکہ سے علیحدہ ہو کر ممالک غیر سے آزادانہ معاہدے کرنے کا مطالبہ

نئی دہلی ۱۷ مئی (اے۔ پی) آج ہند کی مجلس دستور ساز میں لندن کانفرنس کے فیصلہ کی توثیق کے لئے پنڈت نہرو کی پیش کردہ تحریک پر بحث شروع ہوئی [illegible] لندن کانفرنس کی کامیابی پر ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو مبارکباد [illegible]

[illegible]

باغیوں نے دو فوجی ریل گاڑیوں پر حملہ کردیا

برما کے سپاہیوں اور باغیوں میں لڑائی

رنگون ۱۷ مئی۔ حکومت برما کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ باغیوں نے [illegible]

[illegible]

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب دہلی تشریف لے آئے

دہلی ۱۷ مئی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب [illegible]

امریکی ہوائی کمپنیوں نے شنگھائی سروس بند کردی

شنگھائی ۱۷ مئی۔ کل دو امریکی ہوائی کمپنیوں نے شنگھائی کے لئے اپنی ہوائی سروس بند کرنے کا اعلان کیا ہے [illegible]

اسمبلی میں تقریر کرنے کی اجازت

صدر اسمبلی کا فیصلہ

نئی دہلی ۱۷ مئی۔ دستور ساز اسمبلی کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد کے ایک فیصلہ [illegible]

چین کا اہم شہر ہانکو بھی کمیونسٹوں نے قبضہ کرلیا

شنگھائی کو بحری جہازوں اور طیاروں کی آمد و رفت بند ہوگئی

[illegible]

بھوپال کے بعد ریاست رام پور کے مستقبل کا بھی فیصلہ ہوگیا

یکم جولائی کو حکومت ہند ریاست کا انتظام سنبھال لیگی

ریاستی محکمہ کے مشیر مسٹر مینن کا پریس کانفرنس میں اعلان

دہلی ۱۷ مئی۔ ریاستی محکمہ کے سکریٹری [illegible]

[illegible]

پنڈت کنزرو

[illegible]

مولانا حسرت موہانی

[illegible]

بٹاویہ کی گفت و شنید کامیابی کی طرف

[illegible]

برما کے انخلا کنندگان

کلکتہ ۱۷ مئی۔ [illegible]

کلکتہ میں کمیونسٹوں کی گرفتاری

کلکتہ ۱۷ مئی۔ [illegible]

ڈیڑھ ہزار ہندوستانیوں کی [illegible] آمد

[illegible]

چین کے سابق وزیر اعظم کا فرار

[illegible]

ہنگری کے انتخابات کا نتیجہ

عوامی محاذ کی مکمل اور شاندار فتح

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 18-5-49

PHONE

روس سے ایران کے قرضہ کی ادائیگی و معاہدہ پر عمل درآمد کا مطالبہ

وزیر خارجہ ایران آقائے علی اصغر حکمت کا پریس کانفرنس میں اعلان

طہران ۱۷ مئی۔ کل ایران کے وزیر خارجہ آقائے علی اصغر حکمت نے ایک پریس کانفرنس میں روس پر ایران کے سونے، چاندی اور ایرانی سکہ ریال کے قرضہ کی ادائیگی سے قاصر رہنے کا الزام لگایا۔ اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کیسپین سے مچھلیاں پکڑنے کی کمپنی کی بابت روس اور ایران میں جو معاہدہ ہوا تھا روس اس کی شرائط کو پورا نہیں کرتا ہے۔

انہوں نے روسی پریس اور ریڈیو کے مخالف ایران پروپیگنڈہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ پروپیگنڈہ دونوں ملکوں کے سیاسی و تجارتی مسائل کے حل کو حد سے زیادہ مشکل بنا رہا ہے۔ مسٹر حکمت نے بتایا کہ انہوں نے حال میں روسی حکومت سے کہا کہ وہ ایران کا زمانہ جنگ کا قرضہ ادا کر دے۔ یہ قرضہ [illegible] [illegible]

حکومت بہار کی یقین دہانی

بقیہ صفحہ اول

حکومت بہار کے پارلیمنٹری سکریٹری شاہ عمیر صاحب رکن مرکزی جمعیۃ علماء ہند بھی وفد کے ہمراہ تھے۔ وفد نے دوسرے وزراء اور ذمہ داران حکومت سے بھی ملاقات کی۔

وزیر اعظم بہار نے جمعیۃ علماء ہند کے وفد کو یقین دلایا ہے کہ مسلمانان ہند کے مذہبی جذبات کا پورا پورا احترام کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں حکومت بہار نے [illegible]

[illegible]

کشمیر کا مسئلہ سب سے زیادہ اہم ہے

کوہاٹ میں مس فاطمہ جناح کی تقریر

کوہاٹ ۱۷ مئی۔ مس فاطمہ جناح نے [illegible]

[illegible]

روسی برلن میں انتخابات

[illegible]

ہنگری کے انتخابات

عوامی محاذ کی کامیابی کی توقع

بوڈاپسٹ ۱۷ مئی۔ ہنگری کا تیسرا جنرل الکشن کل [illegible]

[illegible]

ہیرالال شاستری جودھپور میں

جودھپور ۱۷ مئی (اے پی) [illegible]

کانگرس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۱۷ مئی۔ [illegible]

جنگ چین

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

لکھنؤ میں سوشلسٹ کانفرنس

[illegible]

بنگلور میں ایڈیٹرز کانفرنس کا آٹھواں سالانہ اجلاس

نئے صدر مسٹر سری نواسم کی صدارتی تقریر

پریس کی آزادی اور حکومت اور اخبارات کے مابین تعلقات پر تبصرہ

بنگلور ۱۷ مئی۔ [illegible]

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان طہران میں

شاہ ایران سے ملاقات

طہران ۱۷ مئی۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں [illegible]

[illegible]

بوڑھے مزدور نے بھوک ہڑتال کردی

کانپور میں مزدوروں کا جلوس

[illegible]

ایڈیٹرز کانفرنس کے صدر منتخب

مدراس سے بنگلور پہونچ گئے

[illegible]

بمبئی جمعیۃ علماء کانفرنس

بقیہ صفحہ ۴

[illegible]

گوہاٹی جیل میں بھوک ہڑتال

[illegible]

متسیہ یونین راجستھان میں ضم کردی گئی

[illegible]

ہند پاکستان اور افریقہ کی گول میز کانفرنس کی تجویز منظور

جنوبی افریقہ کے جھگڑے پر جنرل اسمبلی کا فیصلہ

فلشنگ میڈوز ۱۷ مئی۔ گذشتہ رات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے فیصلہ کیا ہے کہ ہندوستان، پاکستان اور جنوبی افریقہ کو [illegible]

[illegible]

بارود سے بھری ہوئی ریلوے ٹرین

برلن کے روسی خطہ میں حادثہ

[illegible]

ڈاکٹر ایم۔ احمد
ایل، ڈی ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دندان
پائیوریا و دندان سازی
بلیماران بالائے حمید پریس۔ دہلی

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

الجمعیۃ سردست دہلی سے شام کو روانہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اب بہت جلد صبح کی اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ اگر شام کے پرچہ کی مناسب تعداد طلب کرنے والے ہوں تو اخبار صبح اور شام دونوں وقت شائع ہوا کرے گا۔ اور ڈاک ایڈیشن کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ لہٰذا ایجنٹ صاحبان فوراً اپنی رائے سے مطلع فرمائیں۔

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

ڈربن میں پھر گڑبڑ ہندوستانی بسوں پر حملے ایک کارخانہ کو آگ لگا دی گئی

مسافروں کو بسوں سے اتار کر زدوکوب کیا گیا

متاثرہ علاقہ میں پولیس کا سخت پہرہ۔ سات گرفتاریاں

ڈربن ۱۸ مئی۔ ہندوستانیوں اور افریقیوں میں ڈربن کا علاقہ کاٹو منار میں زیادہ سے زیادہ پھیل جانے پر ڈربن میں مزید سات گرفتاریاں ہوئی ہیں۔ پولیس نے اطلاع دی ہے کہ ہندوستانی بسوں پر پتھر پھینکے گئے اور افریقی مسافروں کو بسوں سے کھینچ کر اتار لیا گیا۔ ان کو پیٹا گیا۔ سنگباری کی بعض اور واردات بھی ہوئی ہیں۔

ایک ہندوستانی کارخانہ کو آگ لگا دی گئی۔ [illegible]

[redacted]

[illegible]

مولانا عبدالوحید صاحب جنرل منیجر الجمعیۃ کا ورود امروہہ

جناب مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی امروہہ تشریف لائے۔ مقامی جمعیۃ علماء کے کارکنان نے شاندار استقبال کیا۔ [illegible] (نامہ نگار)

حکومت ہند ہوائی جہاز کے کرایہ میں تخفیف کے متعلق کمیٹی مقرر کریگی

موجودہ کرایہ زیادہ ہیں وزیر رسل و رسائل مسٹر رفیع احمد قدوائی کا انکشاف

کلکتہ ۱۸ مئی (اے پ) حکومت ہند کے وزیر رسل و رسائل مسٹر رفیع احمد قدوائی نے کل یہاں اعلان کیا کہ حکومت ہند ہوائی جہاز سے مسافروں اور سامان لے جانے کے کرایہ میں تخفیف کرنے پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر رہی ہے۔

[illegible]

ویٹ نام میں فرانسیسی فوجوں کی نئی پالیسی

[illegible]

اطالیہ میں فسطائیت کا احیاء

روم ۱۷ مئی۔ [illegible]

الہ آباد میں ۷ آدمی گرفتار

[illegible]

سید قاسم رضوی کا آپریشن

حیدرآباد ۱۷ مئی۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ رضاکار لیڈر سید قاسم رضوی کا التہاب زائدہ کا آپریشن ہوا ہے۔ [illegible]

ہندی ایسوسی ایشن کو پنڈت نہرو کا عطیہ

الہ آباد ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو نے [illegible]

برطانوی کمشنر لندن کو

[illegible]

ایک کمیونسٹ کی گرفتاری پر احتجاج

حکومت پولینڈ کا برطانیہ کو نوٹ

[illegible]

ملایا کے باغیوں میں ابتری پھیل گئی

[illegible]

عرب اور اسرائیل کے درمیان گفت و شنید

اقوام متحدہ کی مصالحتی کمیٹی کا اعلان

[illegible]

روس اور امریکہ امن کے لئے کام کر سکتے ہیں

روسی نائب وزیر خارجہ کا بیان

[illegible]

بحرالکاہل کا معاہدہ اور امریکہ

سرکاری حلقوں کا اظہار خیال

[illegible]

شہری صفائی کیلئے رضاکارانہ خدمات

بمبئی کے باشندوں کا مناسب اقدام

[illegible]

محافظ خانہ کے نظم و نسق کی تربیت

[illegible]

اطالوی سوشلسٹ پارٹی کا انتشار

[illegible]

شملہ میں گوڈسے اور اس کے چھ ساتھیوں کی اپیل کی مزید سماعت

وعدہ معافی گواہ بڈگے کے بیان پر اعتراضات

شملہ ۱۸ مئی۔ کل ناتھورام گوڈسے اور دوسرے چھ مجرموں کی اپیل کی سماعت پھر شروع ہوئی۔ [illegible] وعدہ معافی گواہ بڈگے کے بیان [illegible]

[illegible]

پانچ کمیونسٹ گرفتار

فیروزپور ۱۸ مئی۔ [illegible]

نائب تحصیلدار لٹ گیا

[illegible]

مدراس میں دفعہ ۱۴۴

مدراس ۱۸ مئی۔ [illegible] (اے پ)

امریکہ کے بینکر پاکستان میں

کراچی ۱۸ مئی۔ امریکہ کے پانچ بینکروں کے نائب صدر [illegible]

انڈونیشیا میں ڈچوں کی فریب کاریاں

ایک روسی اخبار کا اعلان

ماسکو ۱۸ مئی۔ [illegible]

اسپین کے مسئلہ پر مجلس اقوام میں بحث

اہل اسپین نتائج کے منتظر ہیں

[illegible]

کرشنا مینن کسنور ڈ میں

[illegible]

ہندوستان پاکستان کو امریکہ کی امداد

[illegible]

اسپین اور اقوام متحدہ

[illegible]

کولہاپور کا مکمل ادغام

کولہاپور ۱۸ مئی۔ [illegible] (اے پ)

امن و اتحاد۔۔۔ اور ۔۔۔ وطن دوستی

سچا پیامبر

ہفت روزہ الجمعیۃ

جس میں

[illegible]

ایجنٹ صاحبان شرائط ایجنسی اور نمونہ اخبار طلب کریں

جنرل منیجر گلی قاسم جان ۔ دہلی

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی

ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

پڑھنے کے لئے روزنامہ ”الجمعیۃ“ کا مطالعہ کیجئے۔ الجمعیۃ میں ان دونوں مشہور خبر رساں ایجنسیوں کے علاوہ ”گلوب“ اور دوسری خبر رساں ایجنسیوں کی فراہم کی ہوئی تازہ بتازہ خبریں بھی شائع ہوتی ہیں۔ الجمعیۃ کے خاص نامہ نگار بھی ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور بیرون ہند سے معتبر اور صحیح خبریں بھیجتے ہیں۔

الجمعیۃ کا روزانہ مطالعہ آپ کو دوسرے تمام اخباروں سے بے نیاز کر دے گا۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

”یوٹروک“

[illegible]

دی میڈیکل فارمیسی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۹ مئی ۱۹۴۹ء

خبروں کی آزادی

مجلس متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی نے آخر بڑی رد و کد کے بعد یہ قرارداد منظور کر لی کہ خبروں کی آزادی پر کسی قسم کی پابندی عائد نہ ہو اور ہر ایجنسی ہر قسم کی صحیح خبریں آزادی کے ساتھ دنیا میں پھیلا سکے، نیز غیر ملکی نامہ نگاروں کو بھی اپنی اطلاعات بہم پہنچانے اور دوسرے ممالک تک بھیجنے کی پوری آزادی حاصل ہو اور ان کے خیالات پر کسی قسم کا احتساب قائم نہ کیا جائے! غور کرنے سے اس قرارداد کا مفہوم یہ نکلے گا کہ اب تک تو صحیح اطلاعات پر پابندیاں عائد رہی ہیں لیکن آئندہ ایسا نہ ہونا چاہئے! واقعہ تو یہی ہے کہ دنیا کی حکومتیں خبروں کی اہمیت سے سروکار نہیں رکھتیں صرف اپنی مصلحتوں کو دیکھتی ہیں، جو خبر ان کی پالیسی کے خلاف ہو اسے روک لیتی ہیں اور جس خبر سے ان کا پروپیگنڈا ہوتا ہو یا جن خبروں کی حیثیت عمومی ہو ان پر کوئی روک نہیں لگاتیں، لیکن دنیا کی کونسی حکومت خبروں کو روکنے کا الزام اپنے سر لے سکتی ہے! کیا کوئی حکومت اعتراف کرے گی کہ اس نے خبروں کے گلے پر سنسر کی چھری کبھی نہیں چلائی! یا خبر رساں ایجنسیوں کو اپنے قابو میں نہیں رکھا؟ یا صحیح اطلاع شائع کرنے والے اخبارات کو سزا نہیں دی؟ ہر حکومت یہی کہے گی کہ اس نے یہاں خبروں پر کوئی سنسر [illegible] نامہ نگاروں پر احتساب قائم نہیں کیا اس نے خبروں کی آزادی کبھی سلب نہیں کی! اور جب ساری حکومتیں ہی معصوم ہوں اور کسی ایک نے بھی اطلاعات پر پابندی نہ لگائی ہو اور نہ کوئی اس کا اعتراف کرنے کے لئے تیار ہو تو معلوم نہیں کہ جنرل اسمبلی نے یہ قرارداد کس لئے منظور کی ہے؟ اور اس کا صحیح مخاطب کون ہے؟ جو حکومتیں اپنے جرم کا ہی اعتراف نہ کرتی ہوں وہ اس قرارداد سے کیا فائدہ اٹھا سکتی ہیں اور ان پر قرارداد کی مخالفت کا الزام کون لگا سکتا ہے؟

اول تو دنیا میں کوئی خبر رساں ایجنسی ایسی نہیں جو کسی نہ کسی حکومت کے زیر اثر نہ ہو، یہ ایجنسیاں خود ہی احتیاط کرتی ہیں کہ حکومت کی منشا کے خلاف کوئی اطلاع شائع نہ ہونے دیں، صرف وہ خبریں شائع ہوں جو حکومت کے مفاد میں ہوں اور جن سے اسکو کوئی نقصان نہ پہنچے اور جب اس حکمت عملی سے بھی کام نہیں نکلتا تو حکومتیں کمیونک نکالتی ہیں اپنی [illegible] اداروں کے ذریعہ واقعات کو چھپانے اور اپنی خبریں شائع کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور دنیا کو باور کراتی ہیں کہ صرف ان ہی کی اطلاعات صحیح ہیں اور جو شخص اس کے خلاف لکھتا ہے وہ جھوٹا اور مفتری ہے۔

یہ بات ہماری سمجھ سے باہر ہے کہ صحیح اطلاعات کا کوئی صحیح معیار قائم ہو سکتا ہے یا کوئی ذریعہ ایسا بھی ہے جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ فلاں حکومت نے صحیح واقعات کو چھپایا اور بے بنیاد واقعات کو مشتہر کیا؟ ممکن ہے کہ کسی حکومت کی غلط بیانی ذرا یا کچھ مدت کے بعد ظاہر ہو جائے، لیکن جو خوفناک واقعات چھپائے جاتے ہیں انہیں منظر عام پر لانے کا طریقہ کیا ہوگا؟ فرض کیجئے کسی مقام پر کوئی حادثہ پیش آیا۔ فوج اور پولیس نے بے گناہوں کو قتل کیا، دونوں کے گھر بار لوٹے اور بستی ویران کر دی اب حکومت یا فوج کا کمانڈر حکم دیتا ہے کہ فلاں تاریخ سے فلاں تاریخ تک باہر کا کوئی شخص علاقہ میں داخل نہ ہونے پائے اور نہ کوئی مقامی اخبار منظوری کے بغیر کوئی اطلاع شائع کرے تو خبر رساں ایجنسیاں اور نامہ نگار کیا کریں گے اور انہیں کیا معلوم کہ اصلی واقعات کیا ہیں اور فوج و پولیس کے ہاتھوں آبادی پر کیا گذری ہے؟ اور پھر دنیا کو یہ کس طرح معلوم ہوگا کہ حکومت نے مظالم کو چھپانے کے لئے خبروں کو دبایا اور واقعات پر پردہ ڈالا؟ چنانچہ انڈونیشیا کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ ڈچ فوج نے سینکڑوں بے گناہوں کو گولی مار دی اور خبر رساں ایجنسیوں اور نامہ نگاروں کو کانوں کان خبر نہ ہونے دی!

دنیا میں بے گناہوں پر جس قدر مظالم توڑے جا رہے ہیں اگر انہیں چھپایا نہ جائے یا کوئی ایسا ذریعہ ہو کہ اصلی واقعات کو منظر عام پر لایا جا سکے تو یقین کیجئے کہ سنتے ہی دنیا لرز اٹھے اور بے شمار انسانوں کو غش آ جائے۔ ظلم اپنی جگہ ظلم ہے لیکن سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ ظلم کو چھپایا جائے اور سب کچھ ہونے کے بعد بھی دنیا کو کانوں کان خبر نہ ہو! دور نہ جائیے [illegible] ہو جاتے تو خبر نہیں۔ کتنوں کے کلیجے پھٹ پڑتے! سینکڑوں عربوں کو ہوائی جہازوں سے گرا کر ہلاک کیا گیا، بستی کی بستی کو میدان میں نکال کر گولی مار دی گئی، علماء و مشائخ کی لاشوں کو پھانسی کے بعد شاہراہوں پر آویزاں کیا گیا، بارہ بارہ برس کے بچوں کی صفیں باندھ کر باڑھ مار دی گئی، اب یہ واقعات تھے جو دنیا کی نظروں سے چھپائے گئے، حتی کہ اطالوی، انگلستانی اور امریکی نامہ نگاروں اور خبر رساں ایجنسیوں کو بھی تاریکی میں رکھا گیا اور انہیں معلوم تھا انہیں ہدایت کر دی گئی تھی کہ ہوا بھی نہ نکلے۔ غریب عربوں نے اگر ان مظالم پر احتجاج کیا تو دنیا کو یقین نہ آیا اور جب یقین آیا اور واقعات روشنی میں آئے تو ان کی اہمیت ختم ہو چکی تھی! چنانچہ آج برطانوی پارلیمنٹ کے [illegible] میں اعتراف کیا گیا کہ مسولینی کے دور میں طرابلس کے بیشمار عربوں کو ہوائی جہاز سے گرا کر مار ڈالا گیا، لیکن یہ واقعات ۲۹ سال بعد سننے میں آیا ورنہ اٹلی سب کچھ کرتا رہا اور برطانیہ نے سانس تک نہ لیا۔

اخبارات کی آزادی، صحیح اطلاعات کو ساری دنیا میں پھیلنے کی اجازت، لیکن یہ سب دھوکا اور فریب ہے، ایسا نہ کبھی ہوا ہے نہ ہوگا، صحیح واقعات چھپائے جاتے رہیں گے اور دنیا کو یہ بھی معلوم نہ ہوگا کہ واقعات چھپائے گئے ہیں، جھوٹے اور بے بنیاد پروپیگنڈے ہوں گے اور ریڈیو جو سب سے بڑا شیطان ہے، ظالموں کا ساتھ دیگا، بس یہی وہ اچھا ہے کہ پردہ پڑا رہے! دنیا میں ظلم و عدوان کے سوا کچھ نہیں ہے، یہ زمین جس پر ہم چلتے ہیں گناہ اور معصیت سے بھر گئی ہے اور انصاف، سچائی، رواداری، مساوات، رحمدلی، دوستداری کا بیڑا ہمیشہ کے لئے غرق ہو چکا ہے۔

سخت اور کڑا امتحان

دستور ساز اسمبلی کی ایڈوائزری کمیٹی نے اقلیتوں کے لئے نشستوں کی تخصیص کا فیصلہ ہی تمام [illegible] جماعتوں کو اجازت دے دی گئی کہ وہ دس سال تک اس رعایت سے فائدہ اٹھائیں [illegible] اچھا ہو یا برا اس کا جواب دینے والا زمانہ ہے کیونکہ کسی فیصلہ کا عیب و ہنر وقت پر ہی کھلتا ہے اور نئے حالات سے ہی نئی تبدیلی کی قدریں ظاہر ہوتی ہیں۔

یہ فیصلہ کرنے کو تو کر لیا گیا لیکن اس کے ساتھ کانگریس پر جو نازک ذمہ داریاں عائد ہوگئی ہیں، ان کا احساس بھی پوری قوت کے ساتھ ہونا چاہئے [illegible] سال بھی ہوتا رہا ہے [illegible]

اچھی باتیں

وانیبوا۔ تا۔ لاتنصرون (پ ۲۴ ۳)

اور اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اسکے وفا شعار بندے بن جاؤ، قبل اس کے کہ تم پر کوئی عذاب نازل ہو اور پھر تم کو کوئی مدد نہ مل سکے۔

یہاں عذاب الٰہی سے بچنے کا سہل نسخہ بتایا گیا ہے یعنی قبل اس کے کہ تمہاری بد اعمالیوں پر قدرت کا کوئی فیصلہ صادر ہو تم خدا کی طرف رجوع کرو خدا کی طرف رجوع کے معنے یہ ہیں کہ زندگی کا رخ بدل دو اور بدی سے ناتہ توڑ کر نیکی کے ساتھ رشتہ قائم کرو، بدی ہلاکت ہے اور نیکی نجات ہے بدی کا پھل کڑوا ہوتا ہے اور نیکی کا پھل میٹھا اگر انسان اپنی زندگی میں خدا کے تصور کو باقی رکھے اور قانون مجازات کو یقین کی گہرائیوں میں اتار لے تو پھر بدی پر نیکی غالب آ سکتی ہے اور دنیا کو اسی روز راحت محسوس ہوگی جس روز اسے بدی پر غلبہ پانے کا ملکہ حاصل ہو جائے گا۔

جمعیۃ علماء کے نئے لائحہ عمل پر وزیر داخلہ مسٹر ڈیسائی کی نکتہ چینی

زبان اور کلچر کے بارے میں مولانا حفظ الرحمن کی ولولہ انگیز تقریر

مسلمان خدا پر بھروسہ رکھیں اقلیت میں ہونے سے نہ گھبرائیں شیخ الاسلام کی تلقین

بمبئی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ العلماء کانفرنس کے اجلاس دوم میں مولانا حفظ الرحمن صاحب، مسٹر مرارجی ڈیسائی ہوم منسٹر بمبئی اور شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی کی تقریریں ہوئیں۔

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر

مولانا حفظ الرحمن صاحب نے جمعیۃ العلماء ہند کے پروگرام کی تائیدی تجویز پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ جمعیۃ نے جو طریق کار اختیار کیا ہے اس کی کافی وضاحت ہو چکی ہے۔ جمعیۃ نے گذشتہ [illegible]

ثقافتی زندگی کے لئے کچھ کرنا چاہتے ہیں۔

زبان اور کلچر

[illegible]

فی الحال امریکہ بحرالکاہل کے معاہدہ میں شمولیت کیلئے تیار نہیں

پاسفک پیکٹ کے بارے میں امریکی حلقوں کی قیاس آرائیاں

واشنگٹن ۱۷ مئی۔ واشنگٹن کے ایک حلقہ نے بتایا کہ معاہدہ بحرالکاہل کی بابت امریکہ نے صرف اتنا کیا ہے کہ اس سلسلہ میں لوگوں کے بڑھتے ہوئے جذبات کو نوٹ کر لیا ہے۔

اس میں شک نہیں کہ اگر ایسا کوئی پیکٹ بنا تو اس میں امریکہ کی شمولیت ضروری ہے لیکن اس وقت امریکہ کسی ایسے اقدام کے لئے تیار نہیں۔

معلوم ہوا ہے یہ بیان وزیر اعظم آسٹریلیا کے ایک بیان پر دیا گیا ہے [illegible]

کہا گیا ہے کہ امریکہ پہلے ہی سے بہت سی پابندیوں میں الجھا ہوا ہے [illegible]

[illegible]

مذہبی تعلیم

[illegible]

تعلیم اخوت و مساوات

[illegible]

قیام امن کی اپیل

[illegible]

فرقہ واریت کی غلط بیانی

[illegible]

بمبئی جمعیۃ علماء کانفرنس

(بقیہ صفحہ ۳)

اب سوال یہ ہے کہ انڈین یونین میں رہنے والے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیے — اور ان کی موجودہ پریشانیاں کیسے دور ہو سکتی ہیں؟

مولانا حسین احمد صاحب کی تقریر

کامن ویلتھ میں آباد ہندوستانیوں کی شہریت کا مسئلہ

لندن کے ایک اجتماع میں غور و خوض

امریکہ اور روس چاہیں تو آپس میں تعاون کر سکتے ہیں

روس کے نائب وزیر خارجہ کا بیان

سہارنپوری خبریں

(بذریعہ ڈاک)

لارڈ منٹگمری نارمنڈی پہنچنے پر

اٹلانٹک پیکٹ کے خلاف مظاہرہ

یوپی میں تین ہفتہ واروں پر پابندی

استادوں کے خلاف کارروائی

اشاعت العلوم لکھنؤ کا پانچواں عظیم الشان جلسہ

شری گوبند سہائے کو پارٹی

کل ہند مدیران جرائد کا آٹھواں اجلاس

گورنر جنرل راجگوپال اچاریہ نے افتتاح کیا

سمن واسطے قرار داد امور تنقیح طلب

آرڈر ۵ قاعدہ ۱ و ۵

نمبر مقدمہ ۔۔۔ ۱۹۴۹ء

عدالت منصفی شہر سہارنپور ضلع سہارنپور

بنام

پس ماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے امریکہ کا ۲ کروڑ ڈالر کا منصوبہ

یہ رقم صحت، زراعت، جنگلات اور تعلیم کا معیار بلند کرنے پر صرف ہوگی

کشمیر کو خوراک کی رسد

ٹیلیفون کا غیر منظور شدہ سامان

اپنے پاس رکھنا جرم ہے

حصار میں جلسوں پر پابندی

روح افزا
گرمی کے موسم کی تکلیف اور مرض دور کرنے کے لئے
Hamdard

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھئے

ترجمان السنہ جلد اول

فہم قرآن

غلامان اسلام

حیات شیخ الاسلام

علماء حق

ضروری اطلاع

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو - گلی قاسم جان دہلی

حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ

و دیگر علماء کا مصدقہ و پسندیدہ

روغن اکسیر دماغ

ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

دار السلطنت

۱۰ مئی

سائیکل سوار زخمی

ایک سائیکل سوار بہادر گڑھ کے نیچے ایک بس سے ٹکرا کر زخمی ہو گیا۔ سائیکل سوار سخت زخمی ہوا اور اس کی سائیکل بھی ٹوٹ پھوٹ گئی۔ زخمی کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔

دانتوں کے چلتے پھرتے اسپتال

چرس رکھنے پر گرفتاریاں

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۱۰۸ درجہ اور کم سے کم ۷۸ درجہ تھا۔

شرنارتھیوں کا احتجاج

شکاری کی گولی سے زخمی ہو گیا

روپیہ چھیننے کی کوشش

روس ہندوستان کو گیہوں دے گا

ٹراونکور کا نیا وزیر

کاتب کی ضرورت

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

غلہ مارکیٹ دہلی

بازار صرافہ دہلی

کریانہ مارکیٹ

دہلی بیناری مارکیٹ

دہلی بازار صرافہ

مسٹر مانک گاندھی گرفتار

ضمنی خوراک کی پیداوار کیلئے کمیٹی

ناروے کے قومی دن پر مبارکباد

پنڈت نہرو کا ناروے کے سفیر کو پیغام

روس میں ہند کا نیا سفیر

نئے مسودہ دستور میں ترمیمات

کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں لندن کے فیصلہ پر غور

کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس

لاہور میں گرمی کی شدت

پاکستان میں برمی باغیوں کا اجتماع

دولت مشترکہ میں رہنا ہند کے مفاد میں ہے

اکولہ میں ڈاکٹر کھیسکر کی تقریر

راولپنڈی میں ترقی پسند کانفرنس

مغربی یوپی کے ایوان تجارت کا جلسہ عام

اطالوی سوشلسٹ پارٹی کا انتخاب

کمیونسٹوں کے حامی برسر اقتدار آ گئے

بہار اسمبلی کے لئے نئی عمارت

آگرہ کیسریٹ بازار کی مسجد پر

سندھی شرنارتھیوں کا قبضہ

راجہ جی بنگلور پہنچ گئے

نامزد چیف کمشنر بھوپال پہنچ گئے

یوپی میں پلیگ اور ہیضہ

बहुक्म श्री हरी कृष्ण सिनहा साहब बहादुर
जज खफ़ीफ़ा सहारनपुर

समन बनाम मुद्दाअलेह बिना बर हाज़िरी असालतन बग़रज़ इनफ़िसाल मुकदमा।

(आर्डर ५, कायदा ३)

ब अदालत खफ़ीफ़ा सब जजी मुकाम सहारनपुर ज़िला सहारनपुर। मुकदमा नम्बर २६ बाबत सन १९४९ ई०

आप बतारीख ३० माह मई सन १९४९ ई० बवक्त १० बजे दिन के अदालत हज़ा में असालतन हाज़िरी दें और जवाब दिही दावे की करें।

दस्तख़त और मुहर अदालत

बहुक्म श्री हरी कृष्ण सिनहा साहब बहादुर जज खफ़ीफ़ा
सहारनपुर

समन बनाम मुद्दाअलेह बिना बर हाज़िरी असालतन बग़रज़ इनफ़िसाल मुकदमा। (आर्डर ५, कायदा ३)

ब अदालत खफ़ीफ़ा सब जजी मुकाम सहारनपुर ज़िला सहारनपुर

मुकदमा नम्बर २१ बाबत सं० १९४९

हर गाह मुद्दई ने आपके नाम एक नालिश बाबत ... के दायर की है लिहाज़ा आपको हुक्म दिया जाता है कि आप बतारीख ३०.५.४९ बवक्त दस बजे दिन के अदालत हज़ा में असालतन हाज़िर हों और जवाब दिही दावे की करें।

आपको इत्तला दी जाती है कि अगर बरोज़ मज़कूर आप हाज़िर न होंगे तो मुकदमा बग़ैर हाज़िरी आपके मसमूअ और फ़ैसल होगा।

मेरे दस्तख़त और मोहर अदालत के आज बतारीख ९ मई सन ४९ को जारी किया गया।

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

شرح چندہ روزنامہ الجمعیۃ
سالانہ ۔۔۔۔ ۴۰/
ششماہی ۔۔۔۔ ۲۰/
سہ ماہی ۔۔۔۔ ۱۱/

فون نمبر 6841

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۰ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۱۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

کلکتہ میں اسلحہ پکڑے گئے

کلکتہ ۔ پولیس نے کلکتہ ... اور ... کے بعض علاقوں میں چھاپے مارے اور چند ... گرفتاریاں عمل میں آئیں۔ تین اشخاص کلکتہ میں خلاف قانون سرگرمیوں کے الزام میں گرفتار کئے گئے (اپ)

دستور ساز اسمبلی میں مسودہ آئین ہند پر بحث شروع ہوگئی

نائب وزیر اعظم کا بل منظور ہوگیا۔ ریاست کوچ بہار میں یورپین نمائندگی ختم

آئین ملک کی قومی زبان میں بھی تیار ہوگا

صدر اسمبلی ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اعلان

نئی دہلی ۱۸ مئی۔ آج دستور ساز اسمبلی نے وہ بل منظور کر لیا جس کے تحت کوچ بہار کی مجلس قانون ساز میں یورپینوں کی نمائندگی کو ختم کر دیا گیا ہے ...

مسودہ آئین ہند کی دفعات پر بحث شروع ہونے سے قبل ... ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر دستور ساز اسمبلی نے ... ذکر کیا کہ آزاد ہندوستان کا آئین انگریزی زبان میں ... (باقی صفحہ ۶ کالم ...)

بلغاریہ میں کمیونسٹوں کی فتح

صوفیہ ۱۸ مئی۔ بلغاریہ کے ... انتخابات میں ... ووٹ حاصل ہوئے ... ۹۰ فیصدی کامیابی ہے۔ (رائٹر)

شنگھائی کی لڑائی خوفناک صورت اختیار کر گئی

کنٹین کو حکومت کمک بھیج رہی ہے

شنگھائی ۱۸ مئی۔ شنگھائی کے شمال مغرب کے مضافات میں کمیونسٹوں اور حکومت کی فوجوں کے درمیان ... لڑائی شروع ہو گئی ہے ... حکومت کے ہوائی جہاز دریائے ووسنگ کو پار کر کے ... (باقی صفحہ ۶ پر)

پردہ نشین خواتین کیلئے فوٹو غیر ضروری قرار دے دیا گیا

پرمٹ سسٹم سے متعلق حکومت ہند کے فیصلہ پر مولانا حفظ الرحمن کا بیان

دہلی ۱۸ مئی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے ... پرمٹ ... پاکستان سے ... پردہ نشین خواتین ... فوٹو ... (اپ)

اسرائیل اور شام کے درمیان گفت و شنید ناکام رہی

دونوں پارٹیاں ڈاکٹر بنچ کی تجاویز کا مطلب غلط سمجھ رہی ہیں

حیفہ ۔۔۔۔۔۔ (پریس ٹرسٹ)

تقریباً سات ہفتہ کی بے سود گفت و شنید ناکامی کے ساتھ ختم ہو گئی ...

کمیونسٹوں نے نانچنگ پر قبضہ کر لیا

کمیونسٹ ریڈیو کا اعلان

سان فرانسسکو ... کمیونسٹ ریڈیو ...

برطانیہ اور اٹلی کا معاہدہ اقوام متحدہ کی پشت میں چھرا گھونپنے کے مترادف ہے

برطانیہ نے سمجھوتہ کر کے اقوام متحدہ کے اصول کی خلاف ورزی کی ہے

جنرل اسمبلی میں سابقہ اطالوی نوآبادیات پر اہم بحث

لیک سکسس ۱۸ مئی۔ کل جنرل اسمبلی ... سابقہ اطالوی نوآبادیات ...

ایم جیکب (روس) نے کہا کہ سابق اطالوی نوآبادیات کے متعلق ... برطانیہ اور امریکہ اور اٹلی کی حکومتوں کے مابین ایک سازش ہے ...

چین غیر جانبدار

ڈاکٹر ... (چین) نے کہا کہ چین اس معاملہ میں غیر جانبدار رہے گا ...

ہانگ کانگ میں سرحدی فوج

ہانگ کانگ ... کی سرحد ... (رائٹر)

تاکن نو کے لندن جانے کے متعلق برطانوی حلقوں کا بیان

رنگون میں برطانوی اور دولت مشترکہ کے سفرا نے کام شروع کر دیا

لندن ۱۸ مئی ...

حضرت شیخ کی دیوبند کو واپسی

دہلی ۱۸ مئی۔ جمعیۃ علماء ہند کے صدر شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی سالانہ کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد بڑودہ، دہلی تشریف لائے تھے، اور دہلی سے بذریعہ فرنٹیئر میل گذشتہ شب دہلی تشریف لائے اور آج صبح ۸ بجے واپس دیوبند تشریف لے گئے۔

ESTD 1925

Daily Aljamiat

Delhi-19-5-49

PHONE

حکومت ہند پارٹی لائنوں پر نہیں چلائی جاتی

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا مختلف مسائل حاضرہ پر بیان

دہلی ۱۸ مئی۔ ... کہ سکتا ہوں کہ وزیروں اور سرکاری افسروں میں ...

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ اول

...

پروفیسر کے ۔ ٹی ۔ شاہ

...

اسٹاپ پریس

تمام صوبائی جمعیتیں اضلاع میں جمعیتیں قائم کر کے صوبائی تنظیم مکمل کریں

جمعیت علماء کے پروگرام کی تکمیل کیلئے ماتحت جمعیتوں کے نام ہدایات

دہلی ۱۸ مئی۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند ...

امپلائز ایسوسی ایشن کانپور کے خلاف امتناعی حکم کا اجرا

کانپور ۱۸ مئی۔ منصف نے ... امپلائز ایسوسی ایشن کانپور کے نام ایک حکم امتناعی جاری کیا ہے ... (اپ)

کشمیر کے معاملہ پر کانفرنس

دہلی ۱۸ مئی۔ سردار پٹیل کی رہائش گاہ پر کشمیر کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے ... پنڈت نہرو، سردار پٹیل، مولانا آزاد، شیخ عبداللہ ... شریک تھے۔

کمیونسٹوں نے چنگ ریڈیو ... پر قبضہ

کمیونسٹوں کے ... ریڈیو کا اعلان

سان فرانسسکو ۱۸ مئی ... (پ ٹ)

سندھ میں جاگیرداروں کی انجمن

حقوق کی حفاظت کیلئے ایک اقدام

حیدرآباد سندھ ۱۷ مئی۔ سندھ کے ... جاگیرداروں نے ایک جلسہ میں یہ فیصلہ کیا کہ جاگیرداروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک ایسوسی ایشن بنائی جائے ... (اپ پاکستان)

معاہدہ بٹاویا پر روس کے کمیونسٹ اخبار کی سخت نکتہ چینی

"اس معاہدہ سے انڈونیشی عوام کو بے وقوف نہیں بنایا جاسکتا"

ماسکو ۱۸ مئی۔ کمیونسٹ پارٹی کے اخبار ... نے لکھا ہے کہ انڈونیشی عوام ... (اپ)

مشرقی پاکستان کو تیل کی کھلی برآمد ممنوع

...

دہلی میں آٹھ کمیونسٹوں کی گرفتاری

دہلی ۱۸ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ ... (د۔ پ)

چندر نگر پولس کا معاملہ

ایک فرانسیسی ناظرہ کا بیان

پیرس ۱۸ مئی۔ فرانسیسی وزارت نو آبادیات ... (رائٹر)

پاکستان کی خلاف ورزیاں

...

کشمیر کیلئے ضروری سامان کی فراہمی

سری نگر ۱۸ مئی ... (اپ)

پیدائشی اندھے پن کے سوا آنکھ کی ہر بیماری کا علاج

ریڈیم آئی ڈراپس رجسٹرڈ

تندرست آنکھوں والے استعمال کریں

ریڈیم آئی ڈراپس کے استعمال سے ... آنکھوں کی ... خارش، آنکھوں سے پانی بہنا، سوزش اور آنکھ کی تمام بیماریاں ... دور ہو جاتی ہیں ۔ باریک اور کثرت سے کام کرنے والوں کو ریڈیم آئی ڈراپس کا استعمال ضرور کرنا چاہیئے تاکہ آنکھوں کی آنے والی بیماریوں سے ... محفوظ رہیں ۔ قیمت فی شیشی ...

ریڈیم کیمیکل ورکس لمیٹڈ دہلی

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

الجمعیۃ سر دست دہلی سے شام کو روانہ کیا جاتا ہے ۔ لیکن اب بہت جلد صبح کی اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے ۔ اگر شام کے پرچہ کی مناسب تعداد طلب کرنے والے بھی ہوئے تو اخبار صبح اور شام دونوں وقت شائع ہوا کرے گا ۔ اور ڈاک ایڈیشن کی تجویز بھی زیر غور ہے ۔ لہذا ایجنٹ صاحبان فوراً اپنی رائے سے مطلع فرمائیں ۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

دہلی سے لاہور پاکستان

اور پاکستان کے ہر شہر کو

تجارتی ... سامان ... پہنچانے کیلئے ...

... ٹرانسپورٹ کمپنی ...

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی کا

"جمعیۃ علماء ہند نمبر"

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے آٹھ آنہ میں خریدیے یا دفتر سے براہ راست آٹھ آنہ کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجئے ۔

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت پیش کیا گیا ہے

خصوصیات

... شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی ... کا صدارتی خطبہ ... وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو ... سردار پٹیل نائب وزیر اعظم ... کے ... پیغامات ...

بعض دوسرے عنوانات

جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ ... اسلامی ممالک ... مذہبی اور سیاسی ... مضامین ... حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کا ایک اہم مضمون ۔

شرح چندہ سالانہ ہفت روزہ ایک سال کے لئے بارہ روپے ... ششماہی ... آٹھ آنہ

منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

آپ کیوں محروم ہیں؟

جبکہ بہت سے مشتہرین روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ حاصل کر رہے ہیں آپ بھی اشتہار دیکر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۰ مئی ۱۹۴۹ء

ہندوستان اور جنوبی افریقہ

جنوبی افریقہ میں نسلی پالیسی کی بنیاد پر ہندوستانیوں کے ساتھ جو شرمناک سلوک ہو رہا ہے اس پر متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی میں خوب مباحثہ ہوا اور جانبین سے دلائل کی خوب گرما گرمی رہی، افریقہ کے نمایندہ کی کوشش یہ تھی کہ یہ معاملہ اسمبلی میں پیش ہی نہ ہو کیونکہ یہ اس کا "گھریلو اور نجی معاملہ" ہے اور گھر کے معاملات میں آخر کس نے دخل دیا ہے؟ ہندوستان کے نمایندہ نے ثابت کیا کہ اس معاملہ کا تعلق انسانیت اور بین الاقوامیت سے ہے اگر کبھی ایک جگہ کسی ایک انسان کو مشق ستم بنایا جاتا ہے تو یہ دراصل پوری انسانیت کی توہین ہے اگر کسی جگہ رنگ و نسل اور ذات پات کی بنا پر انسانوں کو دو مخالف کیمپوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تو یہ دراصل انسانیت کے پورے ڈھانچہ پر حملہ ہے اور دنیا کے ہر انسان کا فرض ہے کہ اس کے خلاف احتجاج کرے۔ نسلی امتیاز کو ختم کرے اور انسانیت کی بنیادوں کو کمزور نہ ہونے دے۔ ہندوستانی نمایندہ نے اخلاق اور انسانیت کے تقاضوں کی ہمنوائی کرتے ہوئے یہ بھی ثابت کیا کہ متحدہ اقوام کے چارٹر کی دفعہ ۱۰ اور دفعہ ۱۴ کے تحت اس قسم کے گھریلو معاملات پر بھی بحث کیجا سکتی ہے، ورنہ یوں تو ہر حکومت کوئی امتیاز ظاہر کر کے لاکھوں انسانوں کو تباہ کر سکتی ہے، اور گھریلو معاملہ کی آڑ میں اخلاق و انصاف کی گردن مروڑ سکتی ہے، جہاں تک بحث کا تعلق ہے جنوبی افریقہ کو شکست ہوئی اور مجلس متحدہ اقوام نے اس مسئلہ کو حل کرنے کی ضرورت تسلیم کر لی۔ لیکن جہاں تک ہندوستان کی قرارداد کا تعلق ہے اسے نہیں مانا گیا اور فرانس میکسیکو کی تجویز منظور کر لی گئی!

ہندوستان کی تجویز یہ تھی کہ جنوبی افریقہ میں نسلی بنیادوں پر جو مظالم ہندوستانیوں پر توڑے جا رہے ہیں ان کی تحقیقات کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے، لیکن دوسری تجویز یہ تھی کہ ہندوستان پاکستان اور جنوبی افریقہ کی حکومتیں ایک کانفرنس بلائیں جس میں زیر بحث اختلافات پر مل کر گفتگو ہو اور یہ آپس کے سمجھوتہ سے اس مشکل کا کوئی حل نکالیں، یہ دوسری تجویز جنرل اسمبلی میں منظور کر لی گئی یعنی تحقیقاتی کمیشن پر تین حکومتوں کی کانفرنس کو ترجیح دی گئی اور یہی مناسب سمجھا گیا کہ متعلقہ حکومتیں خود ایک جگہ بیٹھ کر شکایات پر غور کریں اور انہیں دور کرنے کی سبیل نکالیں!

ہمیں افسوس ہے کہ جنرل اسمبلی میں جو مباحثہ ہوا ہے اس سے یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ متحدہ اقوام کے ممبروں نے جنوبی افریقہ کے معاملہ کو ہندوستان اور پاکستان کا معاملہ سمجھا اور اسپر اس انداز میں بحث کی گویا دوسرے ممالک کو اس کے ساتھ کوئی براہ راست تعلق نہیں اور نہ انہیں ہندوستانیوں کے مسائل سے کوئی خاص دلچسپی ہے! یہی بنیادی غلطی ہے جو مجوزہ کانفرنس کی کارروائیوں پر اثر انداز ہوگی اور مسئلہ کی اہمیت کو ختم کر دے گی!

ہندوستان کے نمایندہ نے بحث کے دوران میں یہ بات واضح کر دی ہے کہ جنوبی افریقہ کی نسلی منافرت مقامی اور جغرافیائی نہیں ہے اور نہ اس کا تعلق خاص ہندوستانیوں کے ساتھ ہے، یہ مسئلہ انسانیت کا ہے، انصاف اور شرافت کا ہے، اصول اور نظریات کا ہے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ وہاں ہندوستانیوں کے ساتھ بیجا اور ناروا سلوک ہوتا ہے بلکہ اصلی معاملہ یہ ہے کہ وہاں نسل پرستی کی ملعون پالیسی کار فرما ہے اور رنگ و نسل کی بنیاد پر وہاں کے سفید، کالوں کو برباد کر رہے ہیں، بحث و اختلاف کا مرکزی نقطہ نسلی پالیسی کا اصول ہے، اگر وہاں ہندوستانیوں کے بجائے امریکنوں یا اطالویوں پر ظلم ہوتا تب بھی ہندوستان اس کے خلاف اپنی آواز بلند کرتا، مگر اتفاق یہ ہے کہ وہاں مظلوم ہندوستانی ہیں اور نسلی منافرت کا تجربہ غریب کالوں پر کیا جا رہا ہے! اگر متحدہ اقوام کے ممبر اس حقیقت کو سمجھ لیتے تو یقیناً بحث کا رنگ ہی دوسرا ہوتا، مگر انہوں نے اس مسئلہ کو ہندوستان اور پاکستان کا نجی معاملہ قرار دے کر صرف نزاع و اختلاف کی اہمیت کو گھٹانے کی کوشش کی ہے بلکہ ڈاکٹر ملان اور اسکی گورنمنٹ کو مورد الزام بنانے میں بھی تکلیف سے کام لیا ہے، اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سب کچھ ہونے کے بعد بھی ڈاکٹر ملان گوروں کے احساس برتری سے اپیل کرے گا اور یہ بات یاد کرائے گا کہ اس نے گوروں کی سیاسی اور اخلاقی برتری کو قائم رکھنے کے لئے امتیاز و تفریق کی پالیسی اختیار کی ہے اور یہ اپیل وہ ہے جس کو سفید قوموں کی ہمدردی حاصل ہو جائے گی اور نسلی منافرت کی بیخ کنی خاطر خواہ نہ ہو سکے گی۔

لیک سکسس ۲۰ مئی۔ مجلس تحفظ نے حیدر آباد کے مسئلہ پر سر محمد ظفر اللہ خاں کے بیان کی سماعت کو منگل ۲۴ مئی تک کے لئے ملتوی کر دیا۔

سر ظفر اللہ خاں کی تقریر

آٹھ لیڈروں کو سزائے موت اور نو اشخاص کو قید تنہائی کا حکم

ایران کی "تودہ پارٹی" کے لیڈروں کے مقدمہ کا فیصلہ

برطانوی دولت مشترکہ اور دوسرے ممالک

بیرن منیک روفٹ کا بیان

تاریخ انسانی کا زریں باب

وقت پر واپس نہ جانے والے تین مسلمانوں کو گرفتار کر لیا گیا

جاپان اور آسٹریلیا کے ساتھ ہوائی سروس جاری کی جائیگی

کلکتہ میں دس ہزار منی آرڈر تقسیم ہونے کیلئے پڑے ہیں قدوائی صاحب کا بیان

یونان اور البانیہ کا جھگڑا

ڈاکٹر ایوٹ کی کوشش ناکام

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
Delhi 21-5-49

اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر اپنے استعفے کس طرح پیش کرینگے

دستور ساز اسمبلی ——— بقیہ صفحہ اول

پاکستان کو سامان جنگ کی سپلائی میں فوقیت نہیں دیجاسکتی

پاکستان کے ٹوری حامیوں کو وزیر دفاع مسٹر الگزینڈر کا جواب

کمیونسٹ یانگسی پار کر کے ۲۰ شہروں پر قبضہ کر چکے ہیں

چین کے پانچ مالدار صوبے کمیونسٹوں کے ہاتھ میں ہیں

شنگھائی کے ارد گرد تمام شہروں پر کمیونسٹوں کا قبضہ

ہوائی جہازوں کی مرمت کا کارخانہ

سر محمد احمد نے معائنہ کیا

تھیوی کی سنہا سیوام سے ملاقات

کارروائی کا طریقہ

وزیر اعظم آسٹریلیا مہاجرین کی حمایت میں

ممبروں کے نااہل ہونے کی صورتیں

پروفیسر شاہ کی ترمیم مسترد

مجلس متحدہ اقوام کے اجلاس پر تبصرہ

دو مختلف ممالک کے نمائندوں کی رائے

حیدر آباد کے سابق ایجنٹ جنرل

چاول غائب ہونے لگا

ستیہ گرہیوں کو سزائے قید

کوچین اور ٹراونکور کا الحاق

وسط جون تک رپورٹ تیار ہو جائے گی

برطانیہ سے افغانستان پاکستان کی شکایت کرے گا

مالیر کوٹلہ کے ترکھانوں کی ہڑتال

بریلی کے مل مزدوروں کی ہڑتال

ملایا میں ۶۲ کو پھانسی

وزراء اور افسران کی بدعنوانیاں

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تردید

پانچ ہزار چینی پناہ گزیں

چائل میں آباد ہونا چاہتے ہیں

متسیہ یونین کا جدید منتظم

اسلامی ممالک کی تجارتی کانفرنس

راجکماری امرت کور روم جائیں گی

اراکان کے باغی مسلمان ہتھیار ڈال رہے ہیں

حکومت برما کی امن کمیٹیوں کی کامیاب سرگرمیاں

مشرقی پاکستان سے آئے ہوئے لوگوں کی مردم شماری

جنتری کیلئے ایجنٹوں کی ضرورت

گوشہ ادب، محل اعظم خاں دہلی

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

(مینیجر الجمعیۃ دہلی)

مجلس تحفظ کو حیدرآباد کے مسئلہ پر بحث کرنے کا کوئی حق نہیں ہے

مجلس کے اجلاس میں مسٹر راما راؤ کے دلائل

لیک سکسس، ۲۰ مئی۔ مجلس تحفظ نے کل حیدرآباد کے مسئلہ پر بحث شروع کر دی اور ہند و پاکستان کے نمائندوں سے کارروائی میں حصہ لینے کے لئے کہا۔ کونسل نے پہلے ہند کے نمائندہ مسٹر راؤ سے تقریر کرنے کے لئے کہا ... حکومت ہند نے پہلے بھی یہی کہا تھا اور اب بھی یہی کہتی ہے کہ حیدرآباد کو یہ مسئلہ مجلس تحفظ کے سامنے پیش کرنے کا حق نہیں۔

ملایا میں داخلہ پر پابندیاں

پرمٹ سسٹم ختم کر دیا گیا

نئی دہلی، ۲۰ مئی۔ ملایا کی فیڈرل حکومت نے ہندوستان، پاکستان اور لنکا سے ملایا جانے والوں پر پابندیوں کو زیادہ سخت کر دیا ہے۔

سکریٹری جنرل کو خط

کامیاب طالب العلم نے اپنے آپکو فیل کرانے کیلئے بھوک ہڑتال کر دی

الہ آباد کے ایک طالب علم کی جدت

الہ آباد، ۲۰ مئی۔ الہ آباد یونیورسٹی کے ایک طالب علم نے اس لئے بھوک ہڑتال کر دی کہ وہ اپنے امتحان میں فیل ہونا چاہتا تھا۔

لاہور ۱۹ مئی (اپ) خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت مغربی پنجاب کو زمینوں کی الگذاری سے ایک کروڑ روپیہ کی آمدنی ہونے کی توقع ہے۔ اور اس سلسلہ میں عنقریب مہم شروع کی جائے گی۔ تمام سیٹلمنٹ افسران کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ تمام ریکارڈ تیار کر لیں۔

فرانسس موڈی کو گجرانوالہ میں سپاسنامہ

ریلوے کی حفاظتی پولیس کو سوا فزا غیر مسلح کر دئے گئے

برما میں حکومتی فوجوں کی کامیابی

کمیونسٹوں کے قلعوں پر قبضہ کر لیا

رنگون، ۲۰ مئی۔ حکومت برما نے آج شب اعلان کیا ہے ...

ایک گاؤں پر حملہ کا شاخسانہ

۱۵۵ اشخاص گرفتار

مغربی جرمنی کا نیا آئین منظور

جاپانی پارلیمنٹ میں دھینگا مشتی

نیپال کی اقوام متحدہ کی ممبری کی درخواست

روس کی مخالفت۔ نیپال آزاد ملک نہیں

سوروج راجستھان میں کشیدگی

وزیراعظم سے متوجہ ہونے کی اپیل

ہند اور پاکستان کے ملاحوں کے خلاف

تجویز نامنظور ہوگئی

دہرہ دون میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کی تیاریاں

کانگریسی رہنماؤں کی آمد اور صدر کانگریس کے جلوس کا پروگرام

بلجیم کی پارلیمنٹ توڑ دی گئی!

T.B.

JABRI

تپدق جبری

جبری

جبری ٹی۔ بی۔

دو پرانے بخاروں کی وہ مشہور عالم دوا جس نے ہندوستان کے کونے کونے میں ہلچل مچا دی ہے۔

تپ دق خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

تپدق اور پرانے بخارات کے مریض اب بھی سمجھو

(JABRI - JAGADHRI)

پتہ: رائے صاحب کے۔ ایل۔ شرما اینڈ سنز، کیمسٹ اینڈ میکرز (۲۶) جگادھری

یوٹروک
ITEROKIN

یوٹروک

قیمت پانچ روپے ۲۴ خوراک اور ۲۴ ٹیبلٹس

وی بینز فارمیسی

کٹرہ برجیان دہلی

مکمل کورس صرف ۲۴ خوراک

قرآنی نقشہ بچوں کی تعلیم کیلئے مفت طلب فرمائیں

جنت کا ٹکٹ

خدا کی جنت

ادارہ آفتاب رسالت، بلی ماران، دہلی

قرآن مجید سیپارہ اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کیلئے

کتب خانہ اشرفیہ

راشد کمپنی دیوبند (یوپی)

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کیلئے دہلی کے مشہور دندان ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ

بازار بلی ماران کی خدمات سے فائدہ اٹھائیے

عینکیں، چشمے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید اوپٹیکل کمپنی

ہول سیل مینوفیکچررز، بازار بلی ماران دہلی

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی

ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

(مینیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی)

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۲۲ مئی سنہ ۱۹۴۹ء

پریس اور حکومت

تجربہ سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ ذہنوں کو بنانے اور بگاڑنے میں اخبارات کو بہت بڑا دخل حاصل ہے۔ اخبارات دماغوں پر بہت بڑا اثر ڈالتے ہیں اور خیالات کی تشکیل میں بہت بڑا حصہ لیتے ہیں۔ اخبارات کی سیدھی باتیں عوام کو سیدھا اور ٹیڑھی باتیں انہیں ٹیڑھا کر دیتی ہیں، گمراہی اور راست روی دونوں میں اخبارات کو بھی بہت بڑا دخل ہوتا ہے لیکن جہاں تک اثرات کا تعلق ہے ہدایت اور ضلالت کی باگ ڈور آج کل اخبارات ہی کے ہاتھ میں ہے کیونکہ ماحول وہی بناتے اور ماحول وہی پیدا کرتے ہیں۔ اگر کوئی ترقی پذیر ملک یہ چاہتا ہے کہ اس کے عوام کی صحیح رہنمائی ہو اور ان کی ذہنی اور اخلاقی حالت کا معیار معمولی درجہ سے گرنے نہ پائے تو اس کا فرض ہے کہ پہلے اخبار نویسوں کی ذہنی اور اخلاقی حالت درست کرے اور ان کے دماغ کی کجی اور ناہمواری کو دور کرنے کے لئے اخلاق اور قانون سے مدد لے، اگر ایسا نہیں ہوگا تو اخبارات کی بے راہ روی سے ملک کو اماں نہ مل سکے گی، عوام کی ذہنی بصیرت اندر ہی اندر سلب ہوتی رہے گی اور ساری آبادی جاہلی آوارگی اور بد اخلاقی میں مبتلا ہو جائے گی۔

آل انڈیا نیوز پیپر ایڈیٹرز کانفرنس کے ایک حالیہ اجلاس میں اس ضرورت کا اظہار کیا گیا ہے کہ اخبارات کے لئے کوئی ضابطہ اخلاق ہونا چاہیئے یعنی کوئی ایسا اصول ہونا چاہیئے جو اخبار نویسوں کو گمراہ نہ ہونے دے اور ان کا قلم دماغوں کی صحیح تشکیل کر سکے!

واقعی اخبارات کے لئے کوئی دستور العمل ہونا چاہیئے کیونکہ ان کی جاہلانہ غلط نویسی نے پورے ملک کا مزاج فاسد کر رکھا ہے، گذشتہ فسادات کو ہوا دینے اور بے گناہ انسانوں کا خون بہانے میں تنگ نظر فرقہ پرست اور جذباتی اخبارات نے بہت بڑا حصہ لیا ہے اور آج بھی ان کی روش یہ ہے کہ ہندوستان کی مختلف ملتیں چین سے نہ بیٹھ سکیں اور آوارہ گرد اوباشوں کی ہمت افزائی ہوتی رہے۔ اگر ان اخبارات کو خود اپنے آپ پر قابو حاصل ہوتا اور وہ کسی فرقہ کی نہیں بلکہ صرف انسانیت کی خدمت کرنا چاہتے تو اس وقت ہندوستان اور پاکستان کی حالت ہی کچھ اور ہوتی، مگر وہ بے قابو ہیں، بے لگام ہیں، بد اخلاق ہیں اور اپنا تیا پانچہ دماغ عوام کے اندر بھی اتارتے رہتے ہیں!

مصلحین چاہتے ہیں کہ عوام کی اصلاح ہو ان میں انسانیت کا جوہر چمکے ان کا کیرکٹر بلند ہو اور وہ اپنے آپ کو ملک کے لئے، قوم کے لئے، حکومت کے لئے اور انسانیت کے لئے مفید بنا سکیں لیکن ان کی ان ساری کوششوں پر صرف ایک اخبار پانی پھیر دیتا ہے اور اصلاح کا چمن اخبار کے صرف ایک [illegible] سے اجڑ جاتا ہے! اخبار نویس کو سب سے زیادہ ہمدرد، انصاف پسند، سیر چشم، راست باز، خدا ترس، خلیق اور متقی ہونا چاہیئے، مگر ملک کی بدبختی سے اکثر اخبارات کا دامن ان اوصاف سے خالی ہے اور وہ سب سے زیادہ دینی قساوت، دروغ گوئی، تنگ نظری، بد اخلاقی، جور و ستم، خود غرضی اور خود دماغی کا ثبوت مہیا کرتے رہتے ہیں اور ظاہر ہے کہ جب اخبارات کا یہ حال ہو تو عوام کی گمراہی کا کیا پوچھنا!

ہمارے خیال میں اخبار نویسوں کے لئے دو باتوں کا ہونا ضروری ہے، اول یہ کہ وہ ذہنی اعتبار سے شائستہ اور اخلاقی اعتبار سے مہذب ہوں، اس طرح کا کوئی انسان یہ نہ چاہے گا کہ وہ اخبارات کے کالموں میں فحش اور بد اخلاقی کا مظاہرہ کرے، عوام کے ذوق سلیم کو بگاڑے، ذاتیات کی سطح پر آ کر دوسروں کی آبرو خاک میں ملائے اور ذاتی مفاد پر اجتماعی مفاد کو قربان کر دے، دوم یہ کہ راست باز، راستی پسند، حقائق نواز اور منصف مزاج ہو اسلئے کہ ایسا شخص تعصب اور جانبداری سے کام نہ لے گا، اسپیشل سروسیں چلا کر جھوٹ کو فروغ نہ دے گا، حقائق کو چھپانے اور واقعات کو پلٹنے کی کوشش نہ کریگا، خبروں کو توڑنے مروڑنے سے باز رہے گا، اور سچائی کے اظہار میں وہ کسی بڑی سے بڑی طاقت سے مرعوب نہ ہوگا۔

جہانتک پریس کی آزادی کا تعلق ہے وہ اسے ضرور ملنی چاہیئے اور حق یہ ہے کہ پریس کی آزادی کا [illegible] روز اول سے ہے اور اسے وہ آزادی حاصل نہیں ہے جو اسے آزاد فضا میں حاصل ہونی چاہیئے، یہ صحیح ہے کہ پریس قانون سے آزاد نہیں ہو سکتا لیکن یہ بھی بہت بڑا ظلم ہے کہ اسے قانون کی من مانی تشریح کا پابند بنا یا جائے اور خود ہی یہ فیصلہ کر لیا جائے کہ حکومت پر نکتہ چینی گناہ ہے یا جو نکتہ چینی کی گئی ہے وہ تعمیری نہیں تخریبی ہے! زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ حکومت کی بنیاد اخلاق نہیں، وہ اخبارات کی دروغ بافیوں کو برداشت کر لیتی ہے لیکن ذرا ذرا سی نکتہ چینی کو برداشت نہیں کرتی! پھر ایک مصیبت یہ ہے کہ حکومت کچھ چاہتی ہے لیکن حکام کا نقطہ نگاہ دوسرا ہوتا ہے، حکومت کے نزدیک ایک چیز خلاف قانون نہیں لیکن وہ دوسرے لوگ جو قانون کو اپنے خیالات کی عینک سے دیکھتے ہیں وہ اس کو [illegible] گناہ اور [illegible] کو دکھانے کے لئے اسے گرفت میں لے آتے ہیں! اور اصل قانون کوئی چیز نہیں اصل قانون حکام کا مزاج اور رجحان ہے اور اخبارات ہمیشہ اسی رجحان کا شکار ہوتے ہیں! کوئی جمہوری نظام اس وقت تک نہیں چل سکتا جب تک کہ حکام کا دماغ جمہوری نہ ہو، اگر دماغ غیر جمہوری ہو تو جمہوریت کوئی [illegible] نہیں کر سکتی!

بہرحال جہاں اخبارات کے فرائض ہیں وہاں حکومت کے فرائض ہیں اور کچھ عوام کی ذمہ داریاں ہیں اور ان سب کی خانہ پری صرف اخلاق کے ذریعہ ہو سکتی ہے، اور افسوس ہے کہ یہاں سب کچھ ہے اخلاق نہیں ہیں۔

اچھی باتیں

اولم یسیروا۔ تا من واق

(پ ۲۴ ع ۸)

کیا انہوں نے زمین میں پھر کر یہ نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے لوگوں کا کیا حشر ہوا، وہ لوگ طاقت کے اعتبار سے کہیں فائق اور زبردست تھے اور زمین کے نشانات ان کی عظمت پکار رہے تھے لیکن خدا نے ان کو گناہوں کی پاداش میں پکڑا اور انہیں خدا کی گرفت سے کوئی نہ بچا سکا۔

پہلی قوموں کے حالات پڑھنے سے آپکو عبرت حاصل کرنی چاہیئے اور چل پھر کر دیکھنا چاہیئے کہ وہ قومیں جو کبھی اپنے وقت میں بے مثال جاہ و جلال کی تھیں ان کا نشان تک نہیں رہا، اور یہ کچھ اسلئے نہیں کہ انکے پاس طاقت کی کمی تھی۔ طاقت کے اعتبار سے انکا کوئی ثانی نہیں تھا اور ان کی تعمیری اور عمرانی ترقیاں اوج پر پہونچ چکی تھیں لیکن خدا کے قانون کے سامنے کس کی پیش جا سکتی ہے؟ جب ان کے گناہ بڑھ گئے اور ان کے بڑے چھوٹے خراب ہو گئے تو خدا نے انہیں ایسا پکڑا کہ ان کا نام و نشان تک مٹ گیا۔ آج بھی جو قومیں ترقی کی انتہا تک پہونچ چکی ہیں، اگر وہ معصیتوں اور بدکاریوں سے باز نہ آئیں تو انکا حشر بھی یہی ہوگا جو پچھلی قوموں کا ہوا۔

ہندوستان کا مشترک کلچر

(از جناب شاہ معین الدین احمد ندوی)

یوپی میں اردو کے متعلق شکایات

حکومت کو بلا کسی شرط کے اردو رکھنی چاہیئے

اسرائیل اور شام

قول یا عمل

مسٹر لیاقت علی خاں وزیراعظم پاکستان نے طہران (ایران) میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ...

ناقابل فہم

شام میں پائپ لائن بچھانے کی اجازت

وزارتی کونسل نے منظوری دیدی

مدرسہ اسلامیہ اجمیر کا اعلان

ہند اور پاکستان کی تجارت

پاکستان کو ہندوستان کی گرم جوشی

دہلی کی عدالتوں میں

ٹریفک کی خلاف ورزی

کل ہند کانگریس کمیٹی کے اجلاس کیلئے غیر سرکاری تجاویز کی بھرمار

کانپور ۱۹ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ کل ہند کانگریس کمیٹی کے دہرہ دون والے اجلاس کیلئے ایک سرکاری تجویز پیش کی گئی ہے جس میں ہندوستانی کمیونسٹ پارٹی کو غیر قانونی جماعت قرار دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اجلاس کے لئے جو دوسری تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ ان میں حسب ذیل مطالبات کئے گئے ہیں:۔ حیدرآباد کی فوجی حکومت کا فوری خاتمہ، [illegible] کے علاوہ بقیہ تمام چیزوں پر سے کنٹرول کا خاتمہ، ممبروں کے لئے لازم "کھادی" قرار دیا جانا۔ کانگریس کے عہدیداروں کا تازہ انتخاب۔ اور مرکزی اور صوبائی قانون ساز اسمبلی کا بالغ رائے دہندگی کی بنیاد پر تازہ انتخاب۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی تجاویز پیش [redacted] کی اور کانگریس اسمبلی پارٹی کے مشترکہ اجلاس کئے جائیں۔ اسمبلی پارٹی کے عہدیداروں کا انتخاب ہر سال ہوا کرے۔ جیسا آجکل ہوتا ہے بجائے پورے ٹرم (وزارت کی مدت) کے لئے انتخاب ہوا کرے۔ جنگ آزادی میں کام آنیوالے شہیدوں کے لئے مناسب یادگار قائم کی جائے۔ لگان کی شرح میں تخفیف کی جائے اور ہائی کمانڈ سے منظوری حاصل کئے بغیر صوبائی لیڈروں کے خلاف تجویز عدم اعتماد نہ پیش کی جائیں۔

جنوبی ہند کے ایک رکن نے ایک دلچسپ تجویز پیش کی ہے۔ انھوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کل ہند بورڈ پارٹی ڈسپلن سے آزاد رہیں اور کانگریس ان اداروں کے لئے امیدوار نامزد کرے۔

دوسری تجاویز میں آتشیں اسلحہ کے لائسنس [redacted] اور رشوت خور افسران کے خلاف سخت اقدامات کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔ (گلوب)

سال ۵۰-۱۹۴۹ء کیلئے روئی کی قیمتیں

قیمتوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا جائے گا

سال رواں (۵۰-۱۹۴۹ء) کیلئے روئی کی قیمتیں مقرر کرتے وقت ہندیہ سرکار کا ارادہ تھا کہ روئی کی آئندہ فصل کی قیمتوں پر بھی غور کیا جائیگا اور اس برس کے [illegible] روئی کی کاشت [illegible] مرکزی حکومت [illegible] ہندوستانی روئی کمیٹی [illegible] اس معاملہ پر [illegible] غور کیا جائیگا [illegible] ہندوستانی روئی کی بنیادی قیمتیں [illegible] میں کوئی اضافہ [illegible] (۵۰-۱۹۴۹) [illegible] روئی کی فصل کیلئے بھی یہی قیمتیں برقرار رکھی جائیں گی [illegible] اس وقت [illegible] اس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔

اکابرین انجمن سلیمانیہ کی بریلی میں تشریف آوری

بروز اتوار دوپہر کے طوفان میں سے بریلی میں فخر قوم محمد شفیع صاحب امروہوی صدر انجمن سلیمانیہ صوبہ بمبئی، غلام محمد صاحب امروہوی، طفیل احمد صاحب سکریٹری انجمن سلیمانیہ امروہہ، حاجی عبدالعزیز صاحب رئیس اعظم امروہہ اور محمد اسلام نبی صاحب جنرل سکریٹری [illegible] مراد آباد تشریف لائے۔ [illegible] معزز مہمانوں کا [illegible] استقبال [illegible]۔

پہلا جلسہ [illegible] منعقد ہوا [illegible] کافی تعداد میں [illegible] اکابرین کی تقریریں [illegible]

دلچسپ خبریں

گڑیا کے لئے عورت چھوڑ دی

[illegible] گڑیوں کا تماشہ دکھانے والا [illegible] جونس اپنی بیوی سے محبت کرتا تھا لیکن [illegible] گڑیا سے بھی محبت تھی۔ [illegible] معاملہ بڑھ گیا اور [illegible] جونس نے [illegible] عدالت میں [illegible] بیوی کو طلاق [illegible] جونس سے کہا [illegible] دونوں میں سے کسی ایک کو منتخب [illegible] جونس نے گڑیا کا انتخاب کیا۔ (گلوب)

میاں بیوی کے اختلافات کا نتیجہ

نیویارک ۱۹ مئی۔ نیویارک سے صبح کا ایک اخبار "ڈیلی ملارر" شائع ہونے لگا ہے۔ یہ نیویارک [illegible] اخبار ہے۔ اس اخبار کے ایڈیٹر مسٹر [illegible] نیویارک پوسٹ کے سابق ایڈیٹر [illegible] انھوں نے [illegible] اخبار سے [illegible] کی [illegible] بیوی [illegible] پالیسی کے سلسلہ میں اختلافات ہو جانے پر "نیویارک پوسٹ" سے ملازمت ترک کر دی تھی۔ (گلوب)

پیچ ہارنے پر خودکشی

[illegible] ۱۹ مئی۔ [illegible] پتنگ بازی [illegible] پیچ ہار [illegible] خودکشی [illegible] (گلوب)

پوتو جودی دوسرا جلسہ وسط شہر میں ہوا [illegible] کامیاب رہا [illegible] مسلم کے لیڈر ان کی تقریریں [illegible] حاجی امیر احمد صاحب [illegible] تمام سامعین [illegible] انجمن سلیمانیہ [illegible] فیضیاب ہوئے۔

وزیر اعظم راجستھان کی جودھپور میں آمد

جودھپور [illegible] پنڈت ہیرا لال شاستری وزیر اعظم راجستھان جب پورے جودھپور تشریف لائے تو اسٹیشن پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ جمعیۃ علماء جودھپور کے نمائندہ مسٹر ظفر حسین ایڈوکیٹ بھی استقبال کرنے والوں میں شامل تھے۔

دن کو اسٹیٹ ہاؤس میں جمعیۃ علماء جودھپور کے ایک وفد نے جس میں مسٹر محمد صمصام الحق قریشی ناظم مولوی عبد الکریم صاحب ناظم نشر و اشاعت، سیٹھ عبد الرحمن صاحب انصاری، مسٹر ظفر حسین ایڈوکیٹ، سردار شاہ خاں قادری ممبران جمعیۃ علماء شامل تھے۔ موصوف سے ملاقات کی اور جودھپور کے مسلمان [illegible] متعلق وزیر اعظم صاحب سے گفتگو کی۔ ممدوح نے ایک معاملہ میں گہری ہمدردی کا اظہار کیا اور مناسب کاروائی کرنے کا وعدہ فرمایا۔ رات کو جودھپور میونسپلٹی کی جانب سے ایک عظیم الشان جلسہ میں جو اسٹیڈیم میدان میں ہوا جس میں تقریباً پچاس ہزار کا مجمع تھا میونسپلٹی کی طرف سے ایڈریس دیا گیا نیز جمعیۃ علماء جودھپور کی جانب سے ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا اور بہت سی جماعتوں اور شہر کے لاوڈوں کی طرف سے ایڈریس پیش کئے گئے۔ وزیر اعظم صاحب نے بھی تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک ہندوستانی میں ایک پر مغز تقریر کی [illegible] جلسہ نہایت کامیاب رہا [illegible] (نامہ نگار)

تلاش گمشدہ

مندرجہ ذیل دو اشخاص عرصہ ایک ماہ چار روز سے لاپتہ ہیں۔ ان کا حلیہ حسب ذیل ہے۔ یہ لوگ بہت پریشان ہیں [illegible] پتہ نہیں [illegible]

(۱) عبوض ولد مولا بخش [illegible] سکنہ [illegible] تحصیل [illegible] ضلع [illegible] عمر تقریباً ۵۰ سال رنگ سانولہ [illegible] سادہ [illegible]

(۲) [illegible] ولد [illegible] تحصیل [illegible] ضلع گوڑگانوہ عمر تقریباً تیس سال نوجوان آدمی۔ رنگ کالا۔ معمولی ساز [illegible] قد [illegible]

گلزار احمد کی تلاش

ایک لڑکا مسمی گلزار احمد پسر شیخ حاجی علی احمد محلہ [illegible] سہارنپور [illegible] لاپتہ [illegible] عمر ۱۹ سال ہے [illegible]

صوبائی جمعیتوں کے عہدہ دار اور دفاتر

رپورٹ ختم کرنے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ صوبائی جمعیتوں کے عہدہ داروں کے اسماء گرامی، ماتحت جمعیتوں اور ابتدائی ممبران کی تعداد کی تفصیل بھی پیش کر دی جائے جو درج ذیل ہے۔

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

صدر دفتر: جامع مسجد دہلی۔ تعداد عام ممبران (۱۹۳۴۴) ماتحت شاخیں (۱۲)

صدر:۔ حضرت مولینا احمد سعید صاحب۔

نائبین صدر:۔ مولینا مفتی ضیاء الحق صاحب و مسٹر بلال احمد زبیری۔

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا اخلاق حسین صاحب قاسمی

ناظمین:۔ مولینا فقیہ الدین صاحب۔ مولینا محمد رفیق صاحب۔

[redacted]

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ (یو۔پی)

صدر دفتر:۔ گوئن روڈ لکھنؤ۔ تعداد عام ممبران (۲۴۴۴۰۴) ماتحت شاخیں (۱۵۳۰)

صدر اعلیٰ:۔ حضرت مولینا بشیر احمد صاحب

ورکنگ صدر:۔ مولینا سید [illegible] صاحب [illegible]

نائبین صدر:۔ مولینا محمد ابو الوفا صاحب۔ مولینا عبد الباری صاحب قاسمی۔ مولینا راشد حسن صاحب عثمانی۔ مولینا حکیم محمود احسن صاحب۔

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا محمد قاسم صاحب شاہجہانپوری

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ بہار

صدر دفتر:۔ پھلواری شریف پٹنہ۔ تعداد عام ممبران (۶۳۸۵۸) ماتحت شاخیں (۱۳۲)

صدر:۔ حضرت مولینا عبد الصمد صاحب رحمانی۔

ناظم اعلیٰ مولینا حکیم محمد نور اللہ صاحب۔

جمعیۃ علماء صوبہ مغربی بنگال

صدر دفتر:۔ ۱۳۳ ڈی مارکیٹ اسٹریٹ کلکتہ

تعداد عام ممبران (۲۷۰۳۳) ماتحت شاخیں (۱۳)

صدر:۔ مولینا بدل الرحمن صاحب۔ نائبین صدر خان بہادر محمد جان صاحب۔ جناب محمد اسحاق خانصاحب مسٹر حفیظ الاقبال۔

ناظم اعلیٰ:۔ ڈاکٹر حافظ محمد ضیاء الحق صاحب

ناظمین:۔ مولینا مفتی رشید احمد صاحب صدیقی۔ مولینا عبد المحیط صاحب۔ خازن:۔ جناب حاجی محمد عبد اللہ صاحب

جمعیۃ علماء صوبہ آسام

صدر دفتر:۔ بدرپور۔ ضلع کچھار۔ تعداد عام ممبران (۲۰۰۰۰) ماتحت شاخیں (۱۳)

صدر:۔ مولینا عبد النور صاحب

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا عبد الجلیل صاحب۔

جمعیۃ علماء صوبہ اڑیسہ

صدر دفتر:۔ اڈیا بازار کٹک۔ تعداد عام ممبران (۱۴۰۰) ماتحت شاخیں (۴۰)

صدر:۔ مولینا محمد برکت اللہ صاحب۔

ناظم اعلیٰ مولینا محمد اسمٰعیل صاحب۔

جمعیۃ علماء صوبہ متوسط و برار

صدر دفتر:۔ مدرسہ اسلامیہ رائے پور۔

تعداد عام ممبران (۲۶۰۰) ماتحت شاخیں (۱۰)

صدر:۔ مولینا محمد یٰسین صاحب۔

ناظم اعلیٰ:۔ مسٹر افتخار احمد صدیقی

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی (مہاراشٹر۔ کرناٹک)

صدر دفتر:۔ [illegible] بھنڈی بازار بمبئی ۳

تعداد عام ممبران (۱۳۵۰۸) ماتحت شاخیں (۱۳)

صدر:۔ مولینا محمد عثمان صاحب۔ نائبین صدر جناب حافظ علی بہادر خاں صاحب۔ مولینا عبد الرحیم صاحب ہاشمی۔ ناظم اعلیٰ:۔ مولینا حکیم فصیح اللہ صاحب اعظمی۔ ناظم:۔ مولینا مفتی محمد نقی صاحب۔

خازن:۔ مسٹر محمد حسین

جمعیۃ علماء صوبہ گجرات۔ کاٹھیاواڑ

صدر دفتر:۔ بازار [illegible] احمدآباد شہر

تعداد عام ممبران (۱۰۸۳۰) ماتحت شاخیں (۴۰)

صدر:۔ حضرت مولینا مفتی مہدی حسن صاحب

نائبین صدر:۔ مولینا شمس الدین صاحب۔ مسٹر غلام رسول قریشی

ناظم اعلیٰ:۔ جناب منشی عیسیٰ بھائی ابراہیم صاحب

ناظمین:۔ مولینا عبد الغنی صاحب حکیم محمد عظیم اللہ صاحب

خازن:۔ مسٹر غلام رسول قریشی

جمعیۃ علماء صوبہ مدراس

صدر دفتر [illegible] مدراس شہر

صدر:۔ مولینا حکیم فضل الرحمن صاحب۔

نائبین صدر:۔ مولینا عبد الحکیم صاحب۔ مولینا محی الدین صاحب بیابانی۔ مسٹر [illegible] ایڈوکیٹ

سید [illegible] شاہ صاحب

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا عبد الرزاق صاحب۔ ناظم:۔ حافظ عبد الشکور صاحب۔ خازن:۔ مولینا عبد الرزاق صاحب

جمعیۃ علماء ریاست حیدرآباد۔ دکن

صدر دفتر:۔ ادارہ شرعیہ کالی کمان حیدرآباد شہر

صدر:۔ مولینا حمید الدین صاحب قمر فاضل دیوبند

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا عبد السبحان صاحب فاضل دیوبند

جمعیۃ علماء صوبہ مشرقی پنجاب

صدر دفتر:۔ نوح ضلع گوڑگانوہ۔ تعداد عام

[redacted]

صدر:۔ حضرت مولینا [illegible] صاحب عثمانی

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا خلیل الرحمن صاحب۔

جمعیۃ علماء صوبہ راجستھان۔ یونین

صدر دفتر:۔ شفاء منزل ٹونک۔ تعداد عام ممبران (۲۰۰۳) ماتحت شاخیں (۱۸)

صدر:۔ مولینا حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا سید قاضی الاسلام صاحب۔

جمعیۃ علماء مدھیہ بھارت یونین (مالوہ)

[illegible]

خازن:۔ جناب ڈاکٹر محمد صادق صاحب۔

جمعیۃ علماء اجمیر و راجپوتانہ

صدر دفتر:۔ پھول گلی۔ اجمیر شریف۔ تعداد عام ممبران (۲۸۸۵) ماتحت شاخیں (۱۹)

صدر:۔ مولینا عبد الشکور صاحب۔

نائبین صدر:۔ مولینا محمد فضل اللہ صاحب۔ مولینا محمد دین صاحب۔

ناظم اعلیٰ:۔ بابو سید نظام الدین صاحب۔

خازن:۔ جناب سید عباس علی صاحب۔

جمعیۃ علماء متسیہ یونین (الور۔ بھرتپور وغیرہ)

صدر:۔ جناب چودھری امراؤ خاں صاحب

نائب صدر:۔ مسٹر محمد حسین بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

ناظم اعلیٰ:۔ مولینا رحیم الدین صاحب

ناظم:۔ جناب منشی مہتاب خاں صاحب۔

گندم اور ارہر کی قیمتوں میں اضافہ

مصالحوں اور تمباکو کی قیمت میں کمی

دہلی ۱۸ مئی۔ حکومت ہند کے اقتصادی مشیر [illegible] ایک تازہ اعلان میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] ختم ہونے والے ہفتہ میں اشیائے خوردنی کی تھوک قیمتوں کے انڈکس میں [illegible] فیصدی اضافہ ہوا [illegible] گندم کی قیمتوں میں [illegible] فیصدی [illegible] ارہر کی قیمتوں میں [illegible] فیصدی [illegible]

متفرق۔ مصالحوں کی قیمتوں میں چار فیصدی اور تمباکو کی قیمتوں میں [illegible] فیصدی کی ہوئی [illegible] قیمتوں میں [illegible] ہے۔

ریاستی محکمہ کا مراسلہ

حکومت حیدرآباد کے نام

حیدرآباد ۱۹ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی [illegible] ریاست ہائے متحدہ کی طرف سے حکومت حیدرآباد کے نام ایک مراسلہ ارسال کیا گیا ہے [illegible]

ایٹم کی تیاری میں کام آنیوالے سامان کی چوری پر امریکہ میں سنسنی

امریکی سراغرسانوں نے گمشدہ سامان کی تلاش شروع کر دی

نیویارک ۱۹ مئی۔ ایٹم بم کا دھماکہ خیز مادہ معلوم ضخیم "۲۳۵" غائب ہو گیا ہے اور امریکی سراغرساں اس معاملے کی تفتیش میں مصروف ہیں۔ اس واردات کی اطلاع نیویارک کے ایک اخبار "ڈیلی نیوز" نے دی تھی اور کل شب کو امریکی سراغرسانوں کے مرکز نے اس کی تصدیق کر دی۔

اخبار مذکور کا بیان ہے کہ یہ مادہ ایٹم بم کے کارخانے میں واقع اوک رج سے امریکی اٹامک انرجی کمیشن کی تجربہ گاہ واقع شکاگو کے لئے ایک بوتل میں رکھ کر بھیجا گیا تھا لیکن شکاگو پہنچنے کے دوسرے روز یہ ۵ء۱ گرام مادہ تجربہ گاہ سے غائب تھا۔ پہلے یہ سمجھا گیا کہ مادے کو کہیں رکھ دیا گیا ہوگا لیکن جب کئی دن کی تلاش کے بعد بھی یہ مادہ نہ ملا تو سراغرسانی مرکز کو اس واردات کی اطلاع دی گئی۔ اخبار مذکور لکھتا ہے "نقصان ... یا شاید چوری ... چونکہ اس میں دریافت ہوتا ہے تو یہ قومی تحفظ کے لئے زبردست خطرہ ہے۔ سائنسدانوں کو اندیشہ ہے کہ شکاگو کی تجربہ گاہ سے جو مادہ چرایا گیا ہے دنوں کے اندر یا شاید چند گھنٹوں کے اندر روس پہنچا دیا گیا ہوگا۔ سراغرساں مرکز نے اس کے علاوہ اور کچھ بتانے سے انکار کیا کہ اس نے کمیشن کو ایک رپورٹ بھیج دی ہے۔ انھوں نے اس پر تبصرہ کرنے سے بھی انکار کیا کہ اس مادہ کو برآمد کر لیا گیا ہے۔ (گلوب)

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ بہار

مومن لائبریری نائیہ نگر میں

بھاگلپور [illegible] حضرت مولانا [illegible] اللہ صاحب نے مومن لائبریری نائیہ نگر کا معائنہ فرمایا اور ایک [illegible] درج ذیل مضمون [illegible]

مولانا محمد [illegible] صاحب کی معیت میں مومن لائبریری کو دیکھنے کا موقعہ ملا۔ یہ لائبریری تقریباً پانچ سال سے قائم ہے اور مسلمانوں میں علمی ذوق پیدا کرنے میں بہت مددگار ثابت ہوئی ہے۔ لائبریری کا نظم بہت بہتر اور ممکن حد تک قاعدہ سے ہے۔ اگر عام مسلمان توجہ کریں اور اس کی ضرورت اور اہمیت کو محسوس کریں۔ تو لائبریری کے نوجوان کارکن اسکو بہت مفید بنا سکتے ہیں۔ موجودہ دور میں جبکہ تعلیم عام ہو رہی ہے علمی ترقی کے وسائل کو زیادہ سے زیادہ مہیا کریں۔ مجھے امید ہے کہ مولانا ابو الکلام? صاحب کی صدارت میں یہ لائبریری ترقی کرے گی اور مقامی مسلمان خصوصیت سے متوجہ ہوں گے۔

قاہرہ ۱۹ مئی۔ روسی پادری الیکس دمیتریف جنہیں سرگرمیوں کی بنا پر [illegible] کر دیا گیا تھا کل [illegible] جہاز سے کیلئے روانہ ہو گیا۔ مصری افسران نے اس کے پاسپورٹ میں توسیع کرنے سے انکار کر دیا۔

کو کہ الیکس ایک مغرب دوسی تھا۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ وہ اسی سفارتخانے سے مسلسل تعلقات قائم کئے ہوئے تھے جسکی وجہ سے شک پیدا ہوا۔ (گلوب)

صوبوں میں کمپوسٹ کھاد تیار کرنے کی مہم

پچھلے چار ماہ میں مشرقی پنجاب میں چالیس ہزار ٹن کھاد تیار کی گئی

کانپور [illegible] ۱۹ مئی۔ پیداوار بڑھانے کی مہم کے سلسلے میں بہت سی صوبائی حکومتوں نے شہری اور دیہاتی کوڑے کرکٹ سے مرکب کھاد تیار کرنے کی اسکیموں پر عمل شروع کر دیا ہے۔ شہری اور دیہاتی کوڑے کرکٹ سے جو لاکھوں ٹن اچھی قسم کی کھاد تیار کی جا سکتی ہے وہ ابھی تک اس لئے تیار نہیں ہوتی کہ کوڑے کرکٹ سے مرکب کھاد تیار کرنے کے انتظامات نہیں ہیں۔ اب کچھ صوبائی حکومتیں یہ کوشش کر رہی ہیں کہ کھاد کے لئے کوڑے کرکٹ سے جتنا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے اٹھایا جائے۔ ہندوستان میں قریباً چار ہزار قصبے ہیں۔ ہر قصبے میں پانچ ہزار انسانوں سے زیادہ لوگ بستے ہیں۔ اندازہ ہے کہ ان تمام قصبوں کے کوڑے کرکٹ سے اچھی قسم کی ایک کروڑ ٹن مرکب کھاد تیار کی جا سکتی ہے۔ اور یہ کھاد ہندوستان کی سالانہ پیداوار میں ڈیڑھ کروڑ سے دو کروڑ من تک اضافہ کر سکتی ہے۔ مرکب کھاد تیار کرنے کا کام صوبائی حکومت کے خاص افسروں کے ماتحت ہو رہا ہے۔

لندن ۱۹ مئی۔ امریکہ کے طبی ماہرین کے کارکنوں نے خناق کھانسی سے ایک دوا ایجاد کیا ہے جو اس کے مریض کو اس مرض سے نجات دلا سکے گی۔ یہ دریافت امریکہ کی کئی اسپتالوں کے ڈاکٹروں کی مشترکہ کوشش کا نتیجہ ہے اور دس سال کی محنت کے بعد یہ دوا اس قابل ہو سکے گی کہ لوگوں کو جنہیں اکثر ہوا ہو وہ زنطیقہ کی مصیبت سے بھی نجات مل جائے گی۔ (گلوب)

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیئے

باغی ہندوستان

ظفر تک حریت ۱۸۵۷ء کے جسکو غدر ۵۷ء کہا جاتا ہے۔ اس کے چشم دید حالات ایک عالم کے قلم سے جو خود تحریک کے علمبردار تھا۔ مقدمہ کتاب از حضرت مولانا [illegible] صاحب مولانا عبد الحق صاحب خیرآبادی اور دیگر علماء خیرآباد کے مفصل حالات کا مجموعہ [illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق — پنڈت سندر لال صاحب کی نہایت مفید اور مقبول عام تصنیف قیمت صرف [illegible]

مکاتیب شیخ الاسلام — شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کے چند مکاتیب جو بہترین علمی اور سیاسی ذخیرہ ہیں۔ ہر مسلمان کو ان کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت مجلد دو روپے (عہ)

کاروان خیال — مولانا ابو الکلام آزاد مدظلہ العالی کی ادبیانہ تصنیف جو غبار خاطر کی طرح اپنی اعلیٰ ادبیت میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ [illegible] قیمت صرف دو روپے آٹھ آنہ (عہ)

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل — جناب محترم سید محمد احمد صاحب کاظمی کی بہترین تصنیف ہے جس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ قیمت دس آنے (۱۰/)

ہمارے پیغمبر — ابتدائی حالات کے لئے بہترین کتاب ہے۔ جو بچوں کو داخل نصاب [illegible] قیمت صرف چھ آنہ (۶/)

اسلامی تعلیمات کا مرقع — یعنی اربعین احادیث مبارکہ (اوائیات) کا بہترین ترجموں کے ساتھ اسلامی انداز سے جمع کیا گیا ہے کہ ایک معمولی قابلیت کا مسلمان اس کے مطالعہ سے آسانی کے ساتھ اپنی زندگی کو اسلامی سانچہ میں ڈھال سکتا ہے۔ قیمت صرف بارہ آنہ (۱۲/)

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ — کتاب کا مضمون اور مقصد نام سے واضح ہے۔ جمعیۃ علماء کے ہر [illegible] قیمت حصہ اول چھ آنہ (۶/) حصہ دوم [illegible]

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جس کتاب کی بھی ضرورت ہو [illegible] مطلع کریں [illegible]

نوٹ۔ ایک روپیہ سے کم کی کتابیں منگانے کے لئے ٹکٹ روانہ کئے جائیں۔ [illegible]

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۲۰ [illegible] مئی

چوری اور جیب کترنے کی وارداتیں

شہر میں کئی مقامات سے معمولی چوریوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ سبزی منڈی میں ایک مکان سے چھ سو روپے کے کپڑے وغیرہ چوری ہو گئے۔

چھپر [illegible] کشمیری گیٹ میں ایک اسکول کا ماسٹر [illegible] ۵۰ روپے چرائے گئے۔ [illegible] پولیس کو اطلاع موصول ہوئی ہے کہ کسی نے موٹر ٹرک کے [illegible] ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے اس کا دروازہ توڑ کر گھیرہ چرا لیا گیا۔

چاندنی چوک [illegible] ایک شخص کے کپڑے اور دوسرا سامان چرا لیا گیا۔

سبزی منڈی میں ایک مکان میں چور گھس گئے لیکن گھر والے جاگ اٹھے اور چھت سے کود کر ان کا تعاقب کیا اور گرفتار کر لیا۔ (ان۔ک)

حضرت ابوبکر طوسی پر تقاریر

۲۰ و ۲۱ مئی ۱۹۴۹ء بروز جمعہ و شنبہ کو آپ کا عرس حسب معمول آپ کی درگاہ واقع نزد پرانا قلعہ دہلی میں ہوگا۔

۲۱ مئی ۱۹۴۹ء بروز جمعہ کو بعد نماز مغرب خاص اجتماع ہوگا جس میں علماء اعلام شرکت فرمائیں گے اور زائرین حضرات استفادہ بخشیں گے۔ حضرت علامہ اخلاق حسین صاحب دہلوی حضرت شیخ ابوبکر طوسی حیدری جنہ اللہ کے حالات زندگی پر تقاریر کریں گے۔ بعد ازاں مجلس سماع منعقد ہوگی۔ حکیم سید حسین دہلوی (انچارج) شانتی دل حضرت نظام الدین دہلی۔

کانسٹی ٹیوشن ہاؤس میں چوری

معلوم ہوا ہے کہ کانسٹی ٹیوشن ہاؤس میں مسٹر سعید اللہ کے کمرے سے ۵۰۰ روپے کا سامان چوری ہو گیا۔ دہلی چھاؤنی کے افسر کا دو ہزار روپے کا سامان جاتا رہا۔ جی ٹی روڈ کے ایک مکان سے ۹۰۰ روپے کا سامان چرا لیا گیا۔ (منوز کرانیکل)

ایک شخص دستورہ کھا کر ہلاک

ایک شخص جسے دستورہ کھلا دیا گیا اور بے ہوشی کی حالت میں اسے حوض قاضی سے اسپتال پہنچایا گیا تھا۔ اسپتال میں مر گیا۔ پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور تحقیقات کر رہی ہے۔ ابھی اس شخص کی لاش شناخت نہیں کی جا سکی ہے۔ (ان۔ک)

دہلی میں درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹ء۱۰۴ ڈگری اور کم سے کم ۵ء۸۰ درجہ تھا۔

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ ختم ہو گیا

وزارت دفاع کے محاسب کے مسٹر فرینک بلارڈ کا مقدمہ کل پھر شروع ہوا جس میں وکیل صفائی نے بحث کی اور ثابت کیا کہ دوسرے مجرم کے بیان سے بلارڈ مجرم ثابت نہیں ہوتا۔ اس مقدمہ کا فیصلہ ۲۷ مئی کو سنایا جائے گا۔

کٹے ہوئے پھلوں کے خلاف مہم

کل دہلی میونسپل کمیٹی کی [illegible] کٹے ہوئے پھلوں کی فروخت کا مسئلہ زیر بحث آیا۔ مسٹر [illegible] نے صدر کو توجہ دلائی کہ کٹے ہوئے پھلوں اور دوسری کھلی ہوئی فروخت ہونے والی اشیاء خوردنی کے خلاف مہم جاری ہے۔ [illegible] دوسرے لوگوں نے بھی [illegible] کو اس کی جانب توجہ دلائی [illegible] کھلا فروخت ہو رہا ہے۔ [illegible] کو مقررہ کرنے کی تجویز [illegible] کارروائی کی جائے گی۔

کمیٹی نے اپنے ٹریفک ہالی لازمی تبدیلی کی اور دو سائیکل سواروں کو ایک ہی طرف [illegible] پابندی لگا دی۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ ۱۰۰۔۱۱۸ چھوٹو ۰۔۴۔۱۱۸۔۱۰

[illegible] ۱۱ روپے پونڈ ۰۔۲۔۵۔۷ چاندی

[illegible] ۱۹۶ روپے

چتلی قبر میں دارالمطالعہ کا افتتاح

عرصہ دراز سے جمعیۃ علماء ضلع دہلی کے ذمہ داروں کی خواہش تھی کہ علاقہ کے باشندوں کے لئے ایک دارالمطالعہ قائم کیا جائے [illegible] حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے اس لائبریری کا افتتاح فرمایا [illegible] مولانا اخلاق حسین صاحب نے جمعیۃ علماء کے [illegible]

لائبریری کو بیرونی اور مقامی اخبارات اور رسائل کا انتظام کر لیا گیا ہے۔ اہل علاقہ کو چاہئے کہ صبح و شام اوقات مقررہ میں زیادہ سے زیادہ تشریف لا کر اس دارالمطالعہ سے فائدہ اٹھائیں۔ [illegible]

ہند اور بھوٹان کے درمیان معاہدہ

دہلی ۱۹ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ بھوٹان اور ہند کے درمیان جلد ہی ایک معاہدہ پر دستخط ہو جائیں گے۔ موجودہ صورت میں ہند کی حکومت بھوٹان کے بیرونی تعلقات پر کنٹرول کرتی ہے اور بھوٹان کے ریاستی علاقے کی [illegible] کا علاقہ [illegible] حکومت بھوٹان کی [illegible] معاہدہ کے مطابق ہندوستان اس علاقہ کو [illegible] بھوٹان کے خارجی معاملات پر اب بھی حکومت ہند کا کنٹرول ہے۔ (اپ)

مختلف مقامات پر چور گرفتار

جمنا کے پل پر سول سپلائیز انسپکٹر نے ایک چھکڑا روک کر تلاشی لی جس میں [illegible] باہر لے جایا جا رہا تھا۔ [illegible] کو گرفتار کر لیا گیا۔

انفورسمنٹ پولیس نے کانفرنس سے بھری ہوئی تین لاریاں برآمد کیں۔ انہیں بلا اجازت باہر بھیجا جا رہا تھا۔ ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا۔

ایک بچہ جو نئی سڑک پر ایک بچی کے گلے سے سونے کا زیور چھین لیا۔ پکڑ کر حوالہ پولیس کیا گیا۔ یہ بچی اپنے چچا کے ساتھ جا رہی تھی کہ بچہ نے اس کا زیور اتار لیا جب اس کا تعاقب کیا گیا تو اس نے زیور ایک دوسرے بچے کو دیدیا جو زیور لے کر بھاگ گیا۔

متھرا روڈ پر ایک چور گرفتار کیا گیا جو صبح صبح چولہا کے سامنے کپڑوں کی ایک گٹھری اپنے سر پر رکھے جا رہا تھا اس نے بتایا کہ یہ منشور ڈرکے ایک کباڑیہ سے کپڑے لایا ہے لیکن اس کا جھوٹ کھل گیا اور اسے گرفتار کر لیا گیا۔

برطانوی پارلیمنٹ کے ممبروں کو انتباہ

لندن ۱۹ مئی۔ پارلیمنٹ کے چند ممبروں کو لیبر پارٹی کی طرف سے نکال دیئے جانے کے بعد پارٹی اور پارلیمنٹ کے ممبروں کو انتباہ کیا گیا ہے کہ حکومت کے خلاف ووٹ دینے کی صورت میں [illegible] (رائٹر)

حیدرآباد میں

آٹھ کمیونسٹوں کو پھانسی کی سزا

حیدرآباد ۲۰ مئی۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ نلگنڈہ کے اسپیشل ٹریبونل نے چھ کمیونسٹوں کے مقدمہ کی سماعت کر رہا تھا ان کو ختم ہونے والے ہفتہ میں آٹھ کمیونسٹوں کو سزائے موت دی ہے۔ ان لوگوں پر لوٹ مار اور دیگر جرائم کے الزامات تھے۔ ٹریبونل نے دو اشخاص کو پانچ پانچ سال کی قید کی سزا دی اور دیگر اشخاص کو تین تین سال قید سخت کی سزا دی۔ ۱۵۰ مقدمات زیر سماعت ہیں۔ (اپ)

ایک پمفلٹ پر پابندی

حیدرآباد ۲۰ مئی۔ حیدرآباد حکومت نے [illegible] انگریزی کے ایک پمفلٹ "تحت کش اور کمیونسٹ پارٹی کے خلاف نہرو حکومت کی جنگ" کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔ مسٹر دانی ایم راؤ اور مسٹر ڈی ایم کول نے اس کتاب کو بمبئی میں چھپوایا ہے۔ (اپ)

انڈین ہسٹاریکل ریکارڈز

کمیشن میں آسامی نمائندہ

دہلی ۲۰ مئی۔ حکومت ہند نے آسام کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم مسٹر ایس سی۔ راجکھوا۔ ایم اے کو ڈاکٹر بی کے کاکتی کی جگہ انڈین ہسٹاریکل ریکارڈز کمیشن کی قیمتیات اسٹیبات کی کمیٹی میں ۳۱ مارچ ۱۹۵۰ء تک کے لئے ایسوسی ایٹ ممبر نامزد کیا ہے جب کو حکومت آسام نے نامزد کیا ہے [illegible] (اپ)

دہرہ دون میں کانگریس کمیٹی کا اجلاس

دہرہ دون ۲۰ مئی۔ کل ہند کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس ۲۱ مئی کو صبح ۸ بجے سے دوپہر تک اور آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس ۲ بجے سے ۶ بجے تک منعقد ہوگا۔ پنڈت نہرو جمعہ کے دن صبح اجلاس میں شرکت [illegible] ممکن ہے کہ کسی بیک پوائنٹ? [illegible] (اپ)

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل:

کرکرے کے وکیل کی ابھی بحث جاری ہے

شملہ ۱۹ مئی۔ آج مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں کرکرے کے وکیل مسٹر این۔ ڈی۔ ڈانگے نے اپنے دلائل کو جاری رکھا۔ آپ نے شنکر اور بیاچ? کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس نے کہا ہے کہ وہ مدن لال اور کرکرے کے ساتھ ۱۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو دہلی کے شریف ہوٹل میں رہا۔ اگر کوئی سازش ہوتی تو ملزم اسے اپنے ساتھ نہ رکھتے۔ مرینا ہوٹل کے ہیڈ بیرے کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے۔ مسٹر ڈانگے نے کہا کہ اس نے کہا ہے کہ اس نے کرکرے کو مرینا ہوٹل کے کمرہ نمبر ۴۰ میں تنکر کے ساتھ چائے پیتے دیکھا ایک بیرے کیلئے کسی ایسے شخص کو یاد رکھنا مشکل ہے جسے اس نے صرف ایک بار دیکھا ہو جبکہ ہوٹل میں روزانہ سیکڑوں لوگ چائے پیتے ہیں۔ ہوٹل کے ایک اور بیرے گوبندم نے شہادت دی ہے کہ اس نے ۲۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو کرکرے کو پولیس اور [illegible] کو مرینا ہوٹل میں دیکھا [illegible] مدن لال [illegible] پیش نہیں کیا گیا [illegible] کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر ڈانگے نے بیان کیا ہوم سکرٹری مسٹر مرار جی دیسائی اور ڈاکٹر جگدیش چندر جین مسٹر انگے سنگھ کے بیانوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان تینوں نے ایک دوسرے کے بیان کی تردید کی ہے۔

ان کے بیان کے مطابق مدن لال نے ڈاکٹر جین کو بتایا کہ جب مسٹر ساورکر سے احمد نگر میں مدن لال کی سرگرمیوں کا حال سنا تو انہوں نے مدن لال کو بلا بھیجا اور اس سے طویل بات چیت کی لیکن مرار جی دیسائی کا بیان ہے کہ پروفیسر جین نے ان سے یہ کہا کہ کرکرے مدن لال کو مسٹر ساورکر کے پاس لے گیا یہ دو بیان ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔ انگے سنگھ نے اپنے بیان میں کہا کہ مدن لال نے پروفیسر جین کو بتایا کہ اس نے اور ان کے ساتھیوں نے ایک پارٹی بنائی ہے جسے کرکرے روپیہ دے رہا ہے لیکن پروفیسر جین کا بیان ہے کہ مدن لال نے یہ باتیں ان کو اس وقت بتائی جب انگے سنگھ ان کے مکان سے جا چکا تھا۔

مسٹر ڈانگے نے کہا کہ پروفیسر جین کا بیان ناقابل اعتبار ہے۔ وہ مدن لال کانگریسی نہیں بلکہ پارٹی کا آدمی ہے اور اسے مجرم کی حرکت میں سزا بھی ہوئی تھی۔ مسٹر مرار جی دیسائی کے بیان کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر ڈانگے نے کہا کہ انہوں نے استغاثہ کی سازش کی کہانی میں اصلاح کرنے کی کوشش کی ہے۔ ڈیفنس کا خیال ہے کہ مسٹر دیسائی کو قتل کے بعد سازش کی اطلاع دی گئی۔ مسٹر ڈانگے نے اپنے دلائل ختم نہ کئے تھے کہ عدالت کا اجلاس ملتوی ہو گئی۔ (اپ)

فصل گندم کے متعلق دوسرا اندازہ

نئی دہلی ۲۰ مئی۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزارت زراعت کے شعبہ اقتصادیات اور اعداد و شمار کا بیان ہے کہ سال ۴۹-۱۹۴۸ء کے متعلق ہندیہ میں گندم کی فصل کا دوسرا اندازہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ رقبہ زیر کاشت ایک کروڑ ۲۵ لاکھ ۱۸ ہزار ایکڑ ہے۔ سال ۴۸-۱۹۴۷ء میں رقبہ زیر کاشت دو کروڑ تین لاکھ ۸۰ ہزار ایکڑ تھا۔ یعنی چھ فیصدی کی کمی واقع ہوئی ... پیداوار [illegible] بھارت۔ پٹیالہ اور دوسری پنجاب کی ریاستی یونین اور بھوپال میں ہوئی۔ اور اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ بیج بونے کے وقت موسم ناموافق تھا۔ تاہم ماحل پردیش اور یوپی میں قصبہ زیر کاشت میں قدرے اضافہ ہوا ہے۔ (ریشہ)

ضمنی انتخاب میں ملان پارٹی کی کامیابی

جوہنسبرگ ۲۰ مئی۔ ۔ پریس ٹرسٹ جنوبی افریقہ کا نیشنلسٹ پارٹی (جس کے لیڈر ڈاکٹر ملان ہیں) ہیوبرسٹ? کے کوئنسٹاؤن? حلقہ انتخاب جنگ کے ضمنی انتخاب میں نیلڈ مارشل اسمٹس کی پارٹی کے امیدوار کے مقابلہ میں سولہ ووٹوں سے کامیابی ہوئی ہے۔ یہ انتخاب فیلڈ مارشل اسمٹس کی پارٹی کے رکن کرنل کے [illegible] کے استعفے سے جگہ خالی ہونے پر ہوا تھا جنہوں نے فیلڈ مارشل اسمٹس سے اختلاف رائے پر استعفیٰ [illegible]

صوبائی کانگریس کمیٹیوں کا اجلاس

دہلی ۲۰ مئی۔ صوبائی کانگریس کمیٹیوں کے صدور اور سکریٹریوں کی سہ روزہ کانفرنس ختم ہو گئی۔ کانفرنس میں کانگریس کمیٹیوں کی اہلیت کو بڑھانے کے لئے ایک پروگرام اختیار کیا گیا۔ اجلاس میں ضبط و نظم قائم کرنے اور جوابی عورتوں کی تنظیم اور سرکردوں کے اداروں کو قائم کرنے کے متعلق غور کیا گیا۔

کانگریس کمیٹیوں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے کے متعلق بھی غور کیا گیا نیز کانگریس کے دستور کو نافذ کرنے کے طریقوں پر غور ہوا۔ اجلاس خفیہ ہوا تھا۔ (اپ)

خط ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ہماری تباہی و پستی کے اسباب

جناب کرم سلام مسنون!

آج میری نظر سے ایک رسالہ گزرا جس کے ایڈیٹر ایک مشہور [illegible] ہیں [illegible] بہ کوئی قابل اعتراض تصویر نہ تھی جیسا کہ آج کل اکثر رسائل و اخبارات کا وطیرہ ہے۔ وہ جاذب نظر بنانے کے لئے تصاویر عریاں وغیرہ دیتے ہیں [illegible] بالغرض [illegible] مغربی رسائل [illegible] کا تعلق اصلاح قوم سے تھا [illegible] مفاد اسلامی سے متعلق [illegible]

[illegible]

خدانے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

[illegible]

وہ قوم جسے تمام عالم کو تہذیب و شائستگی [illegible] اخلاق و محاسن [illegible]

[illegible]

(باقی کالم چھ پر)

(بقیہ کالم چھ)

[illegible]

(ڈی۔ ایس۔ ضیاء۔ ادریس منزل دہلی)

گھر گھر کے لئے
SO DELICIOUS & MEDICINE!

دنیا کا بہترین شربت روح افزا [illegible] میں گرمی کے موسم [illegible] عطر و جوہر کا خلاصہ [illegible] بہترین [illegible]

ہمدرد دواخانہ لیباریٹریز دہلی

روح افزا

ذائقہ اور ایسی مزہ دار!

مقامی چیف سٹاکسٹ

[illegible]

ایسی شیشے۔ کریم اور سوتی آنکھوں کے لئے [illegible] مشہور

ڈاکٹر بالی

نیچ پور? دہلی

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

نند دا کا خانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

جمعیۃ علماء نمبر

مفت حاصل کیجئے

ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کرنا ہو تو ایک سال کا چندہ بارہ روپے یا چھ ماہ کا چندہ چھ روپے [illegible] منی آرڈر سے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریدار بن جائیے [illegible] کے ٹکٹ بھیجکر منگالیجئے۔ منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی

تسلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

[illegible] شفاخانہ دلال کنواں دہلی [illegible] مشورہ مفت۔ لٹریچر مفت

اشتہار نیلام

نیشنل اوکشن مارٹ [illegible] بازار [illegible] [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۳ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

برما کی خطرناک صورت حال

سورت ۱۰ مئی - بنگون اور برما کے دوسرے مقامات سے جو خطوط یہاں آئے ہیں ان میں سخت تشویش کا ذکر کیا گیا ہے - اور عام طور پر بتایا ہے کہ یہاں جو حالت ہے اس کا ہم ذکر نہیں کر سکتے - سورت کے بہت سے لوگ برما میں تجارت کرتے ہیں - (اپ)

ڈیوے سے سات امریکی افسر ہندوستان آرہے ہیں

ٹوکیو ۲۰ مئی - جنرل [illegible] کمانڈر نے یہاں اعلان کیا کہ امریکی فوج کے سات افسروں کو یہاں سے نئی دہلی روانہ ہونے کا حکم دیا گیا ہے ...... افسران کشمیر [illegible] کی حیثیت سے کام کریں گے [illegible]

شنگھائی کی حالت سخت نازک ہوگئی شہر میں خوف و ہراس اور بے چینی

کمیونسٹوں نے اپنے محاصرہ کو اور تنگ کر دیا ایک ہوائی اڈے کیلئے خوفناک جنگ

کمیونسٹوں کی طرف سے مزید سخت حملوں کا خطرہ

شہر کے شمال میں کمیونسٹوں کے کئی حملے پسپا کر دئیے گئے

ہانگ کانگ ۲۱ مئی - دنیا کے چھٹے سب سے بڑے شہر شنگھائی کا دن بدن محاصرہ اب اپنی انتہا کو پہنچ گیا ہے ایک طرف تو کمیونسٹ اپنے محاصرہ کے دائرہ کو زیادہ سے زیادہ تنگ کرتے جا رہے ہیں - دوسری طرف خود شہر میں حالات ابتر ہو رہے ہیں [illegible]

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب آل انڈیا ریڈیو سے تقریر نشر کرینگے

دہلی ۲۱ مئی - حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند [illegible] آل انڈیا ریڈیو دہلی سے ایک تقریر نشر کریں گے [illegible] (نامہ نگار)

ناظم اعلیٰ میرٹھ تشریف لیجائیں گے

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible] (نامہ نگار)

شنگھائی میں پہلے گولے

شنگھائی ۲۱ مئی - [illegible]

چینی حکومت کے ۲۵ بحری جہاز کمیونسٹوں کے قبضہ میں چلے گئے

سان فرانسسکو ۲۱ مئی - [illegible]

دہرہ دون میں آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

دولت مشترکہ سے متعلق سرکاری قرارداد پر غور و خوض

دہرہ دون ۲۱ مئی (اپ) - آج صبح سرکٹ ہاؤس میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس شروع ہوا جس کی صدارت ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ صدر کانگریس نے کی [illegible]

کمیونسٹوں کی پیش قدمی

[illegible]

اقوام متحدہ سے خانہ جنگی میں مداخلت کی درخواست کیجائیگی

چینی پارلیمنٹ کا فیصلہ

کینٹن ۲۱ مئی - چینی پارلیمنٹ [illegible]

مشرقی یورپ اور یوگوسلاویہ

بلغراد ۲۱ مئی - [illegible]

کانگریسی غلطیوں کو ہدایت

[illegible]

حیدرآباد کی زرعی کمیٹی

حیدرآباد ۲۱ مئی - [illegible]

[illegible] کی تشکیل کا مسئلہ

[illegible]

مغربی برلن میں بارہ ہزار ریلوے مزدوروں کی ہڑتال

برلن ۲۱ مئی - [illegible]

خلیج فارس کے تیل کے ذخیرہ کا جھگڑا

حکومت ایران کا دعویٰ

لندن ۲۰ مئی - [illegible]

پاکستانی ملاح کو ہلاک کر دیا

[illegible]

بریلی میں زبردست طوفان

[illegible]

پاکستان نے ابھی تک کشمیر کمیشن کی تجاویز کا جواب نہیں دیا

کمیشن کے ممبر کراچی پہونچ رہے ہیں

ہندوستان کے جواب پر ۲۸ مئی کو غور ہوگا

کراچی ۲۱ مئی - معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی طرف سے پیش کردہ [illegible]

آزاد ہند میں اقلیتوں کی نشستوں کی تخصیص کا خاتمہ

دستور ساز اسمبلی اگلے ہفتہ اقلیتی کمیٹی کی رپورٹ پر غور کریگی

[illegible]

بہار شاہی ۱۶۱۲ خوشبودار بالصفا صابن و پوڈر نازک جلد کی حفاظت کیلئے اعلیٰ خاندانوں میں استعمال ہوتا ہے ہر جگہ ملتا ہے کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi-22-5-49

شنگھائی اور ووسنگ پر کمیونسٹوں کے محاصرہ میں شدت

بیس ہزار سپاہیوں کی حکومت سے بغاوت

شنگھائی ۲۱ مئی - [illegible]

امن اور عام معافی کا اعلان اور انتخابات کا انعقاد

یونان کے بارے میں امریکہ اور برطانیہ سے روس کے مطالبات

[illegible]

آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے اجلاس کیلئے انکار

پولیس کمشنر بمبئی کے فیصلہ پر ٹریڈ یونین لیڈر کی نکتہ چینی

بمبئی ۲۰ مئی (اپ) - [illegible]

برطانیہ اور چینی کمیونسٹوں کے تعلقات

دفتر خارجہ کے ترجمان کی تردید

لندن ۲۰ مئی - [illegible]

جرمن کمیونسٹ کی گرفتاری کا مسئلہ

پولینڈ کی طرف سے جنرل اسمبلی میں تحریک

[illegible]

حبشہ کے سفیر کی آمد

[illegible]

مصر میں اسلحہ برآمد ہوا

قاہرہ ۲۰ مئی - [illegible]

کانگریس کی موجودہ حالت

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کا بیان

دہرہ دون ۲۰ مئی - [illegible]

اون کی صنعت کو فروغ دینے کیلئے

کراچی میں کانفرنس کا انعقاد

کراچی ۲۰ مئی - [illegible]

چینی کمیونسٹوں کی حکومت

مسٹر ڈین اچسن کا بیان

واشنگٹن ۲۰ مئی - [illegible]

تامل ناڈ میں ہندی کی مخالفت

سیٹھ گووند داس کا بیان

نئی دہلی ۲۰ مئی - [illegible]

دستور ساز اسمبلی

[illegible]

حب الوطنی کا فرض

[illegible]

قاضی سید کریم الدین

[illegible]

ڈاکٹر دیش مکھ

[illegible]

ترمیم نامنظور

[illegible]

مغربی ماہرین نے وزراء خارجہ کے اجلاس کیلئے پروگرام تیار کرلیا

روہر پر روسی کنٹرول کی مخالفت

پیرس ۲۰ مئی - [illegible]

قانون سازی کا ضابطہ

[illegible]

تاوان جنگ کے معاملہ میں چین اور امریکہ کا اختلاف

مشرق بعید کمیشن میں چینی نمایندہ کا اظہار خیال

[illegible]

وزارتوں کے کام و مصارف کی جانچ

حکومت پاکستان نے ایک کمیٹی مقرر کردی

کراچی ۲۰ مئی - [illegible]

طرابلس میں امن و امان

[illegible]

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

الجمعیۃ سر دست دہلی سے شام کو روانہ کیا جاتا ہے - لیکن اب بہت جلد صبح کی اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے [illegible]

(منیجر الجمعیۃ دہلی)

۴۳ سال سے شہرت یافتہ بچوں کی طاقت بڑھانے والی بہترین دوا ہے

بال بہار

حیدرآباد میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں

پتہ بال بہار فارمیسی دہلی

خضاب جرمنی سرتاج مارکہ کہاں ہے - سفید بال کو بہت جلد سیاہ [illegible] المشتہر تاج ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار [illegible] کشن گنج دہلی

نمونہ مفت ہر دلعزیز پان بہار پان کھاتے وقت [illegible] قیمت فی شیشی [illegible] علاوہ محصولڈاک [illegible] کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ [illegible] دہلی

وسطِ برما میں کرین باغیوں نے اپنی الگ سٹیٹ کے قیام کا اعلان کردیا

مخالف لیڈروں کو فوراً پیش ہونے کا حکم

مکٹیلا پر نئے حملے شروع کردیئے گئے

رنگون ۲۱ مئی - برمی اخبارات نے اطلاع دی ہے کہ کرین باغیوں نے وسطی برما میں اپنی علیحدہ آزاد حکومت کا اعلان کردیا ہے۔ رنگون کے شمال میں ۳۰ میل کے فاصلہ پر پیانگ ملن کے کرین ہیڈ کوارٹر سے ایک مطبوعہ اعلان شائع ہوا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ ڈیکو اور تنگو کے درمیان کا علاقہ کرین حکومت میں شامل ہوگا۔

ڈیکو رنگون سے ۰۰ میل شمال میں ہے اور تنگو مزید ۳۵ میل شمال میں ہے۔ اعلان میں اس علاقے کے تمام سیاسی لیڈروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کرین حکام کو اپنی اطلاع دیں ورنہ ان کو سخت سزا دی جائیگی۔

اطلاعات میں صاف اور واضح نہیں بتایا گیا ہے۔ البتہ اتنا معلوم ہوا ہے کہ رنگون سے مانڈلے ریلوے لائن کے مشرق میں جنوبی برما کے کافی علاقہ پر کرین قابض ہیں۔ [illegible] میں بڑی اکثریت میں ہیں۔

انھوں نے گذشتہ دسمبر میں اپنی علیحدہ حکومت قائم کرنے کے لئے بغاوت کردی تھی۔ اس وقت حکومت کمیونسٹوں کے مقابلہ میں مصروف تھی۔ اس وقت سے لیکر اب تک کرین لوگوں کی بغاوت کا سلسلہ چل رہا ہے۔

برما فوج کے ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ ۰۰ کرین باغیوں نے ایک تیسری طرف سے حملہ کردیا ہے لیکن باغیوں کو پسپا کردیا گیا ان کے ۵۱ افراد ہلاک اور ۲۷ زخمی ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ مکٹیلا کے قریب گوربلا علاقہ میں اور مبہم کے ایک بحری ہوائی جہاز پر گولی چلائی گئی۔ لیکن جہاز بچ گیا اور بخیریت واپس پہنچ گیا۔

جانوں کے دیہاتی علاقے کے گاؤں پر جو باغیوں کے قبضہ میں ہیں حکومت کی فوجوں نے حملہ کیا اس کے حملہ میں حکومت کی گن بوٹوں نے فوج کی امداد کی فوجوں میں سخت جنگ ہوئی جس میں باغیوں کو سخت نقصان برداشت کرنا پڑا۔

مانگوں کے شمال میں ۳۰ میل دور حکومت کے ہوائی جہاز مورین کے قریب فوج کو سپلائی پہنچا رہے ہیں۔ ان ہوائی جہازوں پر باغیوں نے فائر کیا۔ لیکن جہازوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ (رپ ٹ رائٹر)

دولت مشترکہ میں تین نوآبادیوں کا اضافہ

مسٹر پیٹرک گورڈن واکر کا بیان

الہ آباد ۲۱ مئی - مسٹر پیٹرک گورڈن واکر سکریٹری برطانوی دولت مشترکہ تعلقات نے جو کینیڈا کا دورہ کرنے کے بعد کل بیان دیا پیشین گوئی کی کہ دولت مشترکہ میں تین نئی نوآبادیوں کا اضافہ ہوگا۔

ان تینوں نئی نوآبادیوں میں ایک کاربین کی نوآبادی ہوگی۔ جس سے وفاق کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ شمالی اور جنوبی روڈیشیا شاید دوسری نوآبادی بنے یا شاید انسیں کینیا یوگنڈا ٹانگا نیکا کے ساتھ ملاکر ایک وفاق کی شکل دیدی جائے اور جنوبی افریقہ کو نوآبادی میں ضم کردیا جائے بشرطیکہ وہاں کے لوگ اس قسم کی خواہش کا اظہار کریں۔ اور تیسری نئی نوآبادی ایشیا میں ہوگی جس میں ملایا شامل ہوگا۔ (گلوب)

ہانگ کانگ سے سپاہیوں کی بیویوں کا انخلا

پارلیمنٹ میں وزیر اعظم آسٹریلیا کا بیان

کانبرا ۲۱ مئی - وزیر اعظم آسٹریلیا نے ایوان نمائندگان کو بتایا کہ آسٹریلیا سے کہا گیا ہے جو جہازوں میں وہاں نوآبادکار لائے جاتے ہیں انہیں ہانگ کانگ کی طرف رخ کردیا جائے تاکہ وہ وہاں سے سپاہیوں کی بیوی بچوں کو لا پائے جاسکیں [illegible] آسٹریلیا کیا کر رہا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس درخواست پر وہ وزیر نوآبادکاری مسٹر کالویل سے مشورہ کر رہے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ طیارہ بردار جہاز سڈنی ہانگ کانگ کی دفاع کے لئے نہیں دیا جائیگا نہ کوئی درخواست موصول ہوئی ہے انھوں نے کہا بعض حلقوں میں ہانگ کانگ پر حملہ کا خطرہ مبالغہ آمیز ہے۔ (رپ ٹ)

کرین باغیوں سے ہتھیار ڈالنے کی اپیل

حکومت کے ہوائی جہازوں نے اشتہارات گرائے

رنگون ۲۱ مئی - اعلان کیا گیا ہے کہ اس علاقہ پر جو کرین باغیوں کے قبضہ میں ہے حکومت برما کے ہوائی جہازوں نے اشتہارات گرائے جن میں کرین باغیوں کے لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ہتھیار ڈال دیں۔

اشتہارات میں کہا گیا ہے کہ ان کے لیڈر سامراجی پالیسی تقسیم کرو اور حکومت کرو پر عمل کر رہے ہیں۔

حکومت برما نے یہ وعدہ کرلیا ہے کہ وہ کرین لوگوں کی ایک علیحدہ حکومت تسلیم کرلے گی۔ اس لئے کرین باغیوں کے پاس کوئی وجہ نہیں کہ وہ حکومت سے جنگ کریں۔

کرین باغیوں کو بتایا گیا ہے کہ دولت مشترکہ کے ممالک برما کی بغاوت کو کچلنے کے لئے فوجی اور مالی امداد دے رہے ہیں۔

برما کے اخبارات نے اطلاع دی ہے کہ وزیر اعظم برما جب کہ وسطی برما کے دورہ پر گئے تھے ایک باغی نے ان پر گولی چلادی لیکن وہ بال بال بچ گئے۔

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا مشترکہ اجلاس طلب کیا جاسکے گا

دستور ساز اسمبلی میں مزید دفعات کی منظوری

نئی دہلی ۲۰ مئی - کل دستور ساز اسمبلی کا اجلاس دفعہ ۸۷ کے بعد دفعات ۸۸، ۸۹، ۹۰ اور ۹۱ پاس کرنے کے بعد پیر کے دن شام کے ۵ بجے تک کے لئے ملتوی ہوگیا۔

دفعہ ۸۸ میں بتایا گیا ہے کہ اگر ایک بل کسی ایک ایوان نے مسترد کردیا ہو یا دوسرا ایوان نے اس بارے میں اختلاف کیا ہو کہ بل میں کیا کیا ترمیمیں کی جائیں یا دوسرے ایوان میں بل کے وصول ہونے کی تاریخ سے چھ مہینہ گذر چکے ہوں اور ایوان نے اسے منظور نہ کیا ہو تو پریذیڈنٹ اپنے ایک پیغام کے ذریعہ دونوں ایوانوں کا ایک مشترکہ اجلاس طلب کرسکتا ہے۔

ایوان نے اس دفعہ میں خود ڈاکٹر امبیدکر کی پیش کردہ دو ترمیمیں منظور کرلیں جن کے تحت دفعہ مذکور کی بعض دفعات کو معمولی طور پر تبدیل کیا گیا ہے۔

پروفیسر شبن لال سکسینہ نے اس دفعہ پر تقریر کرتے ہوئے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس کی مخالفت کی اور کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ ایوان بالا کو اس قسم کا اختیار حاصل ہو۔ ہندوستان کا آئین برطانوی آئین کے طرز پر بنایا جارہا ہے اور برطانیہ میں دارالامراء کے اختیارات بہت محدود ہیں۔

مسٹر سی شاہ (سوراشٹر) مسٹر ایس ناگپا (مدراس) نے بھی تقریریں کیں۔ اول الذکر نے ایوان بالا کو ضروری قرار دیا اور موخر الذکر نے مشترکہ اجلاس کی مخالفت کی۔

[illegible]

ایوان بالا [illegible] نے اس کے بعد دفعہ کو منظور کرلیا۔

[illegible] دفعہ ۹۱ میں کہا گیا کہ جب کوئی بل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور ہوگیا ہو تو اسے پریذیڈنٹ کے روبرو پیش کیا جائے گا اور وہ یا تو یہ اعلان کرے گا کہ وہ اسے منظور کرتا ہے یا یہ کہ وہ اسے منظور نہیں کرتا۔ (ا۔پ)

ہندسیلون تجارت کا مستقبل

کولمبو ۲۱ مئی - ہندوستانی ایوان تجارت کنڈی (سیلون) میں تقریر کرتے ہوئے ہندی تجارتی کمشنر برائے سیلون ڈاکٹر آر جی مینن نے گذشتہ سنیچر کو کہا کہ اس امر کا امکان ہے کہ ہندوستان اپنی ربڑ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے سیلون سے چاول اور ربڑ خریدے گا۔

ڈاکٹر مینن نے کہا کہ یہ توقع غلط ہے کہ ہندوستان سیلون سے چاول خریدے گا کیوں کہ وہ خود چاول کی پیداوار میں دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے انہوں نے کہا کہ ہندوستان کو ناریل کے کھوپرے (ناریل) کی ضرورت پڑتی ہے اور وہ ہر سال ۲۰ سے ۳۰ ہزار ٹن تک کھوپرا خریدتا ہے اور جوں جوں ہند کی صنعتی سرگرمیاں بڑھیں گی یہ مقدار بھی بڑھتی جائیگی۔ (گلوب)

حکومت اڑیسہ کو قرض

نئی دہلی ۲۰ مئی - حکومت ہند نے مشرقی پاکستان سے آئے ہوئے بے گھر لوگوں کی آباد کاری کے لئے پانچ لاکھ [illegible]

[illegible]

مہاراجہ میسور کے بھائی کا تقرر

مدھیہ بھارت کی وزارت

[illegible] ان کے حامیوں کو وزارت میں شامل کرنے کی گفتگو کر رہے تھے [illegible] ناکام ہوگئی۔ وہ راج پرمکھ کو اس کی اطلاع دینے جارہے ہیں۔ اس سلسلہ میں سردار پٹیل سے بھی مشورہ کیا جائے گا۔ (اپ)

کشمیر کمیشن کی شرائط کا پاکستان کی طرف سے جواب

پاکستان کابینہ کی کشمیر سب کمیٹی کے اجلاس میں غور و خوض

سری نگر ۲۰ مئی - کشمیر کمیشن کے ایک یا دو ممبر سری نگر سے کراچی جاکر حکومت پاکستان کی طرف سے اپنی پیش کردہ صلح کی شرائط کا جواب وصول کرینگے۔

پاکستان حکومت کے نمائندہ مسٹر محمد علی نے راولپنڈی میں کمیشن کے امریکن ممبر سے متعدد مرتبہ ملاقات کی۔ اور ان سے بعض معاملات کی تشریح طلب کی۔

اب چونکہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں [illegible] کمیشن کی شرائط کا جواب دیدیا جائیگا۔

سری نگر سے ایک خاص ہوائی جہاز کے ذریعہ ڈاکٹر لوزاڈ دہلی آگئے ہیں - وہ ابھی تک موسم کی خرابی کے باعث دہلی نہیں آسکے ہیں۔ ان کے آنے کے بعد نوراً کمیشن کا ایک اجلاس ہوگا۔ ابھی تک کمیشن کے سرینگر میں مدت قیام کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ کیونکہ اس کا زیادہ تر انحصار ہندوستان اور پاکستان کے جوابوں پر منحصر ہے۔ کمیشن نے اپنا ہیڈ کوارٹر راولپنڈی میں بنالیا ہے۔

پاکستان کابینہ کی کشمیر سب کمیٹی نے کمیشن کی پیش کردہ شرائط [illegible] وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے کی۔ (اپ)

حیدرآباد گڑبڑ کا سبب ہے۔

انہوں نے کہا حکومت پاکستان کو بہت زیادہ ضبط سے [illegible]

(باقی صفحہ ۵ پر)

ہند کی سرحدوں میں کوئی ریاست آزاد نہیں رہ سکتی

مسئلہ حیدرآباد پر مجلس تحفظ کی بحث اور سر ظفر اللہ کی تقریر کی تردید

حیدرآباد کو ناجائز اسلحہ کی فراہمی میں پاکستان بھی ملوث ہے

لیک سکسس ۲۱ مئی - "ہندوستان کی سرحدوں میں کوئی ریاست آزاد نہیں رہ سکتی" یہ الفاظ مسٹر بی این راؤ نے مجلس تحفظ میں ہند کے مستقل نمائندے [illegible] حیدرآباد کے مسئلہ پر ہند کی پوزیشن کی وضاحت کرتے ہوئے کہے۔ اقوام متحدہ میں پریس ٹرسٹ کے خصوصی نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ان کے اصل الفاظ یہ تھے۔ "شمال سے جنوب اور مشرق سے مغرب تک ہندی ریاستیں پھیلی ہوئی ہیں۔ اگر صرف اپنے دعوے سے آزاد ہوسکتی ہیں تو حیدرآباد اور دوسری ریاستیں ہندوستان کی آزادی کے ایکٹ کے تحت اپنی آزادی کا دعویٰ کرسکتی ہیں۔" انھوں نے کہا کہ اگر اس طرح سب ریاستیں آزاد ہوگئیں خواہ انھیں دوسرے ممالک تسلیم کریں یا نہ کریں تو ہند کا خاتمہ ہوجائے گا۔

[illegible]

مسٹر راؤ نے مجلس تحفظ کے ایجنڈے میں مسئلہ حیدرآباد کے برقرار رکھنے [illegible] ۱۰ دسمبر کو مجلس تحفظ میں کہا تھا کہ ایک ہندوستانی ریاست کشمیر کسی میں شامل ہوسکتی ہے یا آزاد رہ سکتی ہے" اور اقوام متحدہ کی رکنیت کی درخواست بھی کرسکتی ہے۔ سر ظفر اللہ نے کہا ہند و پاکستان کے تعلقات میں [illegible]

لداخ کے دوسرے وفد کی وزیر اعظم پنڈت نہرو سے ملاقات

ہندوستان سے وابستگی پر اصرار - وزیر اعظم کی اطمینان دہانی

نئی دہلی - ۲۰ مئی - لداخ سے ایک دوسرا وفد بدھ خانقاہ کے ہیڈ لاما (کوشک) کی قیادت میں نئی دہلی پہنچا ہے تاکہ حکومت ہند کو لداخ کے لوگوں کی متفقہ خواہش بتاسکیں کہ وہ ہندوستان کے ساتھ ہی رہنا چاہتے ہیں۔ وفد کے سات ارکان نے کل پنڈت نہرو سے ملاقات کی اور کہا کہ ریاست جموں و کشمیر کی یکجہتی کو جس کا کہ ان کا ملک ایک حصہ ہے پوری طرح برقرار رکھا جائے اور پوری ریاست ہندوستان کے ساتھ شامل رہے۔

انہوں نے کہا کہ ان کے ملک کی ترقی خوشحالی بہبود کا انحصار صرف ہندوستان کے ساتھ وابستگی میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وزیر اعظم نہرو نے ان کو یقین دلایا کہ ان کی انتہائی خواہش ہے کہ جموں اور کشمیر کی علاقائی یکجہتی کو برقرار رکھا جائے اور تمام ریاست کو ہندوستان میں شامل کیا جائے۔

وزیر اعظم نے ہندی فوجوں کی تعریف کی کہ انہوں نے اپنے ملک کے دفاع کے لئے کشمیر کے شمالی حصہ میں جنگ کی اور جموں اور کشمیر کا علاقہ ان سے خالی کرالیا۔

لداخ کا پہلا وفد ۹ مئی کو نئی دہلی آیا تھا اور مسٹر گوپال سوامی آئنگر سے ملا تھا جو اس وقت پنڈت نہرو کی عدم موجودگی میں وزیر خارجہ کے قائم مقام کی حیثیت سے کام کر رہے تھے۔ وفد نے مسٹر آئنگر کے سامنے بھی اسی قسم کے مطالبات رکھے تھے۔

چھ اکالی لیڈروں کی رہائی

شملہ ۲۰ مئی - چھ اکالی لیڈروں کو جن میں سردار اجیت سنگھ سابق وزیر صوبہ سرحد بھی شامل ہیں اور پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۲۱ کے ماتحت نئی دہلی میں اکالی کانفرنس میں حصہ لینے کی بنا پر گرفتار ہوئے رہائی کا حکم دیدیا ہے۔ یہ حکم مشرقی پنجاب کے چیف جسٹس [illegible]

اپیل کرنے والوں کو میجسٹریٹ کی عدالت سے چھ ماہ کی سزا ہوئی تھی جس کو سیشن جج دہلی نے اپیل کرنے پر تین ماہ کردیا۔ اب مسٹر جسٹس خانسا نے اپیل کا فیصلہ ہونے تک ان کو رہا کرنے کا حکم دیدیا ہے۔

گڑگاؤں میں فوجی اجتماع

گڑگاؤں ۲۰ مئی - سابقہ فوجی ملازمین ان کے خاندان اور ملازم فوجیوں کے مفاد کے لئے ۲۵ مئی کو گڑگاؤں میں ایک فوجی اجتماع ہوگا۔

فقیر ایپی سخت بیمار

پشاور ۲۰ مئی - یہاں جو اطلاعات پہونچی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ فقیر ایپی گذشتہ چند دنوں سے سخت بیمار ہے۔ (سرحدی)

حجتہ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ

و دیگر علماء کا مصدقہ و پسندیدہ

روغن اکسیر دماغ جو دماغ کی کمزوری اور دماغی تراوٹ کیلئے مفید ہے۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور گرتے ہوئے بالوں کو ازسرنو اگاتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ [illegible]

اکسیر دنداں [illegible]

سرمہ اکسیر چشم [illegible]

بلال قاسمی دیوبند ضلع سہارنپور

تمام انعامات گارنٹی شدہ ہیں اور کسی بھی حالت میں کم نہیں کئے جاسکتے

مقابلہ نمبر ۲۱ مبلغ 10,000 دس ہزار روپیہ جیتئے

پہلا انعام ۰۰۰ روپیہ — دوسرا انعام ۲۰۰۰ روپیہ — تیسرا انعام ۱۰۰۰ روپیہ —

فیس داخلہ - ایک روپیہ فی [illegible]

زائد انعامات - مبلغ ۵۰۰۰ روپے تمام صحیح حل بھیجنے والے پہلے دس آدمیوں کے لئے [illegible]

حل بھیجنے کی آخری تاریخ آپ کے مقام سے ۶ جون ۱۹۴۹ء ہے

1 تا 9 کے ہندسوں کو ذیل کے خانوں میں اس طرح ترتیب دیں کہ ایک ہندسہ کا استعمال صرف ایک بار ہو اور ہر ایک سطر کا ٹوٹل ۱۵ ہو [illegible] پہلا انعام تمام درست حل بھیجنے والوں کو دوسرا انعام [illegible] اور تیسرا انعام [illegible] دیا جائے گا۔ صرف انگریزی کے ہندسے استعمال کریں۔

	7/11	

قواعد اور شرائط

فیس داخلہ بذریعہ منی آرڈر یا انڈین پوسٹل آرڈر روانہ کرنا چاہئے [illegible]

آپ کا نام اور پتہ صاف اور خوشخط انگریزی میں منی آرڈر کوپن اور حل کے ہمراہ موصول ہونا ضروری ہے [illegible] اس معمہ کے تمام امورات میں دی پروگریسو انڈیا کمپٹیشن کا فیصلہ آخری سمجھا جائے گا [illegible] حل ہندوستان - پاکستان - اور سیلون کی کسی بھی جگہ سے حل بھیجنے کی آخری تاریخ تک بھیجے جاسکتے ہیں [illegible]

اپنی تمام انٹریاں اور فیس داخلہ پتہ ذیل پر ارسال کریں۔

Managing Director,
THE PROGRESSIVE INDIA
COMPETITIONS No 210
WEST MAMBALAM (DEPT-14) THYAGARAYANAGAR - MADRAS 17

طرابلس میں امن و امان

طرابلس ۲۱ مئی - معلوم ہوا ہے کہ دس دن کے زبردست مظاہروں کے بعد طرابلس میں اب بالکل امن وامان ہے اعلان کیا گیا ہے کہ ان مظاہروں میں ۵۱ اشخاص زخمی ہوئے۔ (رائٹر)

۶۰ انڈونیشی جمہوری اشخاص کی ہلاکت

جمہوری اور ڈچ فوجوں میں تصادم

بٹاویہ ۲۱ مئی - وسطی جاوا میں ضلع بلیا میں انڈونیشی جمہوری فوجوں اور ڈچ فوجوں میں ایک زبردست تصادم ہوگیا جس میں ۶۰ جمہوری افراد ہلاک ہوئے۔ معلوم ہوا ہے کہ شمالی اور وسطی جاوا میں گوریلا دستوں کی سرگرمیاں پھر شروع ہوگئی ہیں [illegible]

دہلی کا درجہ حرارت

[illegible]

شنگھائی کی بندرگاہ میں خطرہ؟

سان فرانسسکو ۲۱ مئی - مشرق بعید کی دو بڑی جہاز راں کمپنیوں - امریکن پریسیڈنٹ لائن اور پیسیفک ٹرانسپورٹ لائن نے اعلان کیا ہے کہ اب ان کے جہاز شنگھائی میں لنگر انداز نہیں ہونگے بلکہ وہ ہانگ کانگ جایا کریں گے۔ ان کمپنیوں نے یہ اقدام حفاظت کی ضمانت نہ ہونے کی وجہ سے اٹھایا ہے۔ (رپ۔ٹ رائٹر)

گھر کا حکیم

اپنی شان کی نرالی کتاب جس میں انسان کے تمام اعضاء اور ان کی بیماریوں کا علاج آیورویدک اور یونانی طریقے سے تفصیل سے درج ہے۔ جس کا تمام ڈاکٹروں، ویدوں حکیموں - گاؤں اور گھروں میں ہونا لازمی ہے۔ معمولی اردو پڑھا انسان چند دنوں میں ایک اچھا حکیم بن کر ہزاروں روپے کما کر اپنی قسمت بدل سکتے ہیں

قیمت [illegible] علاوہ ڈاک خرچ

فرید بک ڈپو (رجسٹرڈ) حکیم جی خاں روڈ دہلی

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۲۳ مئی ۱۹۴۹ء

ایشیا کیلئے خطرہ

یہ عجیب بات ہے کہ دنیا کی قومیں اپنے فائدہ کے لئے ایک چیز اختیار کرتی ہیں مگر وہی چیز کسی وقت جاکر ان کے لئے نقصان دہ بن جاتی ہے اس بات کا تو خیال بھی نہ کرنا چاہیئے کہ آجکل کی قومیں دوسروں کو فائدہ پہونچا سکتی ہیں، بھلا تنگ دلانہ قوم پرستی کب اس بات کی اجازت دے سکتی ہے کہ چاہے اپنا نقصان ہو جائے مگر دوسروں کا بھلا ہو یہی غنیمت ہے کہ ہماری قومی تنگ نظری دوسروں کے لئے فائدہ مند نہ ہو تو نقصان بھی نہ پہونچائے۔ ہاں تو ذکر یہ ہے کہ ہم ایک بات کو بڑی خوشی سے اختیار کرتے ہیں اسکو قابل فخر سمجھتے ہیں اور اسے اپنے عقیدہ کا جزو بنالیتے ہیں لیکن وقت آتا ہے کہ وہی چیز خود اپنے لئے مضر رساں بن جاتی ہے، ہٹلر نے نسلی برتری کا صور پھونکا اور جرمن جیسی ہوشیار اور بیدار قوم نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا، دوسروں نے بھی اس کی تقلید کی اور سمجھا کہ نسلی برتری واقعی کوئی ایسا جادو ہے کہ اس کا تصور ہی انسان کو بے تابو کر دیتا ہے اگر یہ فلسفہ بے جان ہوتا تو یورپ کی اتنی بڑی قوم اسے کبھی اختیار نہ کرتی لیکن یہی فلسفہ جرمن قوم کے گلے کا ہار بنا اور اسی تصور نے اس کا بیڑا غرق کرکے چھوڑا!

یہی حال یورپ کے نیشنلزم کا ہے کہ وہ اب ہماری رگ پے میں سرایت کرگیا ہے، جس نظریہ کو ہم اصطلاح میں نیشنلٹی (قومیت) کہتے ہیں وہ ہمارے لئے بری نہیں ہے کیونکہ اس سے اپنے آپ کو بھی فائدہ تو حاصل ہوتا ہے، دوسروں کو نقصان نہیں پہونچتا، لیکن جو چیز خطرناک ہے وہ نیشنلزم (قوم پرستی) ہے قوم پرستی کا مفہوم پورا نہیں ہوتا جب تک دوسروں کو نقصان نہ پہونچے نیشنلزم کے مزاج میں اقدام و ہجوم، دست درازی اور خود غرضی شامل ہے یعنی دوسروں کی تخریب پر اپنی تعمیر، دوسروں کے نقصان پر اپنا فائدہ، دوسروں کی موت پر اپنی زندگی، اس کے باوجود نیشنلزم میں وہ جادو ہے کہ آج دنیا کا کوئی ملک اس کے اثر سے محفوظ نہیں آج سیاست میں سب سے بڑی بات نیشنلزم ہے، ہر بات میں نیشنلزم، ہر تقریر میں نیشنلزم ہر نصیحت اور انتباہ میں نیشنلزم جو اس کا قائل نہیں وہ غدار ہے جو اسکو نہیں مانتا وہ غیر ملکی ہے!

لیکن نتیجہ؟ لیکن انجام؟ وہ یہ کہ یہی قابل فخر چیز انسانیت کے لئے لعنت ثابت ہورہی ہے اور مختلف قوم پرستیوں کی چکی میں انصاف، ہمدردی، بھلائی، دوستداری مروت، اخوۃ اور انسانی رشتوں کو پیسا اور کچلا جارہا ہے، نیشنلزم کے گن تو اس وقت کھلتے ہیں، جب نیشنلزم کا مقابلہ نیشنلزم سے ہو اور ایک ہی ہتھیار سے ایک دوسرے پر وار کیا جائے دوسروں کو نیشنلزم ایک بے ضرر سی چیز معلوم ہوتی ہے اور لوگ اس کی معصومیت سے دھوکہ کھاجاتے ہیں! اس نیشنلزم کی ابتدا ہمیشہ دو قوموں کے ٹکراؤ سے ہوتی ہے، لیکن اس کا خاتمہ انسانیت کی تقسیم پر ہوتا ہے یہ ... ہندی ہے، یہ ایرانی ہے! یہ مشرقی ہے یہ مغربی ہے، یہ یورپی ہے، یہ ایشیائی ہے، اس تصور کا ایک تازہ ثبوت ایشیا کے خلاف آسٹریلیا کا اقدام ہے یعنی آسٹریلیا کی فیڈرل لیبر پارٹی نے مسٹر کالویل وزیر تارکین وطن کو یہ اختیار دیدیا ہے کہ وہ ایشیائی باشندوں کو ملک بدر کرنے کے لئے جس قسم کا قانون چاہیں بنائیں اور جو مناسب قدم چاہیں اٹھائیں کہا جاتا ہے کہ اگر اس قسم کا کوئی قانون بن گیا تو ... آسٹریلیا کے ہزاروں باشندے اس کی زد میں آئیں گے اور انہیں اس ملک سے زبردستی باہر نکال دیا جائے گا!

قدرت نے جس طرح سورج، چاند، ہوا، پانی کو عام کیا ہے اسی طرح زمین کو بھی تمام انسانوں کا ورثہ قرار دیا ہے، قوموں کی مصنوعی تقسیم کے بعد زمین کو تو تقسیم نہ کیا جاتا، اگر اسکی تقسیم ناگزیر بھی تو اس کے دروازے تو ہر انسان پر کھلے رکھے جاتے لیکن نیشنلزم کے نام پر انسانوں کی تقسیم ہوئی، انسانوں نے زمین بھی تقسیم کر ڈالی اور زمین کی تقسیم کے بعد اس کے دروازے بھی بند کردیئے ... اور یہ کوشش شروع ہوگئی کہ جو لوگ پہلے سے بستے چلے آتے ہیں انہیں بھی نکالا جائے اور اس جرم میں کہ فلاں شخص ایشیا میں کیوں پیدا ہوا زمین کے ایک خاص ٹکڑے سے محروم کردیا جائے۔

نسل پرستی، وطن پرستی اور قوم پرستی ایک ہی تصور کی مختلف شکلیں ہیں، وطن پروری اپنی جگہ کوئی بری چیز نہیں، قوم پروری بھی کسی کا کچھ نہیں بگاڑتی، لیکن جب قوم پروری، ترقی کرکے قوم پرستی کا چولا بدلتی ہے اور وطن دوستی اپنی حد کو پھاند کر پرستش کے معبد میں داخل ہوتی ہے تو پھر ... انسانیت کا خانہ ویران ہوجاتا ہے اور اس کے تمام رشتے ٹوٹ جاتے ہیں! آج آسٹریلیا نیشنلزم کی تلوار سے ایشیا کی گردن کاٹ رہا ہے، کل اسکا ردعمل ہوگا اور ایشیا بھی نیشنلزم کو نیشنلزم کے خلاف استعمال کرنے پر مجبور ہوگا اور نتیجہ انسانیت کی بربادی، قوموں کی خانہ ویرانی ملکوں کا انتشار اور [illegible] کی جنگ، آپس کا قتل عام اور طبقہ واری منافرت کیا ان تجربات کے بعد بھی آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور امریکہ اپنے ایشیائی باشندوں، اپنے ہندوستانیوں اور اپنے حبشیوں کو غیر ہی سمجھتے رہیں گے؟ کیا ایشیا ان کے اس شرمناک جرم کو معاف کردیگا؟ کیا اس نیشنلزم اور ریشلزم (نسل پرستی) کے وار سے وہ اپنے آپ کو بچا سکیں گے؟

دم واپسیں

اس بات پر حیرت نہ ہونی چاہیئے کہ چین کی قومی حکومت اپنے دارالحکومت کانٹن سے بھاگ کر کسی دوسرے مقام کو دارالحکومت بنانے والی ہے، ایسا مقام یا تو چنگ کنگ ہو سکتا ہے یا جزیرہ فارموسا اور دونوں صورتوں میں یہ خرابی ہے کہ چینی حکومت بین الاقوامی دنیا سے الگ تھلگ ہوجائے گی اور اسکے لئے کسی دارالحکومت کا ہونا نہ ہونا برابر ہو جائے گا اصل بات یہ ہے کہ اب چینی حکومت کو کامیابی کی کوئی امید ... ... باقی نہیں رہی یوں تو ایک طرف کمیونسٹوں کا دباؤ بڑھ رہا ہے دوسری طرف خود قومی حکومت کی فوجیں کمیونسٹ فوجوں سے مل رہی ہیں، چنانچہ فوکین کیانگ سو اور کوان تنگ کی بیس ہزار فوجیں جنرل لی چھین کی قیادت میں کمیونسٹوں سے جاملیں! دشمن کے ہاتھوں سے شکست کھانا کوئی عیب نہیں لیکن خود اپنی فوجوں کے ہاتھوں ذلت اٹھانا بڑا عیب ہے آخر کچھ تو ہے کہ حکومت کی فوجیں اپنوں کا ساتھ چھوڑ کر غیروں کے ساتھ مل رہی ہیں؟ اور جو حکومت اپنوں کو غیر بننے سے نہیں روک سکتی وہ غیروں کے مقابلہ میں کب تک کھڑی رہ سکتی ہے؟

طرابلس!

طرابلس الغرب کے عربوں نے اس بات پر بڑی خوشی منائی ہے کہ متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی نے برطانیہ کی تجویز کو رد کردیا، تجویز یہ تھی کہ طرابلس الغرب پر دو سال برطانیہ کی تولیت قائم رہے اور ۱۹۵۱ء میں اس کی تولیت اٹلی کی طرف منتقل کردی جائے طرابلس کو دوبارہ اٹلی کی تولیت میں دینا طرابلس کی ہلاکت کا مرادف ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ طرابلس کے عرب بین الاقوامی تولیت پر راضی [illegible]

اچھی باتیں

فلما جاءھم - تا ضلل (پ ۲۴ ع ۸)

جب حضرت موسیٰ حق لے کر فرعون کے پاس پہونچے تو اس نے اور اس کے ساتھیوں نے کہا کہ اس کے ساتھیوں کے لڑکوں کو قتل کرڈالو اور انکی عورتوں کو ہاتھ نہ لگاؤ، لیکن منکروں کا مکر و فریب کبھی برومند نہیں ہوتا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک بہت بڑے پیغمبر تھے، وہ حق اور سچائی کو لے کر فرعون کے پاس جس نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھا آئے۔ بجائے اس کے کہ فرعون دعوت حق کو قبول کرتا اور غلاموں کو آزادی دیتا اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ حضرت موسیٰ کے ماننے والوں کے لڑکوں کو قتل کردو اور عورتوں کو چھوڑ دو چونکہ فوجی قوت نوجوانوں سے بنتی ہے اس لئے فرعون کو یہ تدبیر سوجھی کہ حضرت موسیٰ کو بے دست و پا کردو تاکہ ان کی فوجی قوت ٹوٹ جائے، عورتوں کو رہنے دو، کیونکہ ان سے کوئی خطرہ نہیں! ظالم اور جابر حکومتیں ہمیشہ اسی لئے قتل عام کرتی ہیں کہ حریفوں کی طاقت ٹوٹ جائے لیکن اگر حق پرست لوگ ثابت قدم رہیں تو جابر طاقتوں کا یہ فسوں بھی باطل ہوکر رہتا ہے!

قرآن حکیم ہی مسلمانوں کا سب سے قیمتی سرمایہ حیات ہے

تحریک ترجمہ قرآن کو کامیاب بناکر دنیا میں روحانی انقلاب پیدا کرو

مولانا عبدالقیوم ندوی انچارج شعبہ تعلیمات کا بیان

لکھنؤ - (بذریعہ ڈاک) تمام دنیا ایک تاریک غار میں پڑی ہوئی زندگی کی آخری سانسیں لے رہی تھی۔ کہ عرب کے ایک دور افتادہ غار سے قرآن حکیم کی نورانی کرنیں بلند ہوئیں اور انہوں نے دیکھتے ہی دیکھتے سارے افق عالم کو اپنے نور جاودانی سے روشن کردیا۔ دنیا کے مورخین حیران ہیں کہ اس کو معجزہ کہیں یا واقعہ کیا اس کی تعبیر کریں کہ وہی عرب جہاں انسانیت جرم اور نیکی گناہ تھی۔ قرآن حکیم کی تعلیمات سے ٹھیک ۲۳ سال کے اندر جو اس زمانہ کے وسائل و ذرائع کے لحاظ سے بہت ہی قلیل مدت ہے۔ صحرائے عرب کا نقشہ بدل گیا۔

اس کے اندر ایک لاکھ ۲۴ ہزار سے زائد ایسے بلند پایہ اور اولوالعزم انسان پیدا ہوچکے تھے۔ جو تقدس و بزرگی میں جبرئیل امین کے ہمسر اور عظمت و بلندی میں [illegible]

[illegible]

سب صوبوں اور ملکوں میں غلاموں کو حکومت کرنا ہو بتایا۔ خلیفہ نے یہ سن کر خدا کا شکریہ ادا کیا کہ قرآن حکیم نے انسانیت کو اس قدر بلند کردیا کہ وہ غلام جو اونٹوں سے بھی کم تر خیال کئے جاتے تھے آج ملکوں کے حاکم اور صوبوں کے گورنر ہیں۔

[illegible]

پر یہ سوال اس وقت فوراً حل ہو جاتا ہے جب ہم اس حدیث پر نظر کرتے ہیں کہ حضور نے فرمایا ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جو ایک قوم کو بلندی بخشے گا اور دوسروں کو پستی کریگا۔ (ترمذی)

جب مسلمانوں نے اس کو سینہ سے لگایا تھا تو خدا نے تمام جہان پر ان کو عزت دی تھی اور جب یہ صورت نہ رہی بلکہ ریشمی غلافوں میں باندھ کر طاقوں میں رکھدیا [illegible]

[illegible]

شرح حج ٹیکس — و کرایہ سواری

برائے ۱۳۶۸ھ

۱ - ان ممالک کے لئے جہاں حکومت کے نوٹ بطور سکہ جاری ہیں (مصری - عراقی و انگلستان کے پونڈ) ہر حاجی کو ۳۰ پونڈ جو ۳۰۰ روپیہ کے برابر ہوتے ہیں اپنے ملک کے سکوں میں ادا کرنا ہوگا - اس رقم میں حج ٹیکس، مطوف اور مطوف کے اہلکار کا حق خدمت، زمزمی و خیرات وغیرہ شامل ہیں۔ سواری کے اخراجات جن کی تفصیل ذیل میں درج ہے اس رقم میں شامل نہیں ہیں

کرایہ گاڑی — فی کس

[illegible]

۲ - ان ممالک کے لئے جہاں روپیوں کا سکہ رائج ہے

[illegible]

قیام مکہ و مدینہ - کرایہ خیمہ بسلسلہ قیام میدان عرفات و منیٰ حق الخدمت کاغذ واجبات قلیاں معین و مشخص نہیں کی گئی ہے اس کو حاجی خود اپنے اشخاص متعلقہ کو دے کر طے کرلیں۔

۱۰ - بحری جہاز، ہوائی جہاز و دیگر ٹرانسپورٹ کی کمپنیاں جو حاجیوں کو لاتی ہوں ان پر لازم ہوگا کہ وہ علاوہ کرایہ سفر ہر حاجی سے قرنطینہ کی رقم بشرح ۵ انگلستانی پونڈ - ۵ مصری پونڈ - ۵ عراقی پونڈ یا ۶۲ روپیہ ۱۲ آنہ فی کس اور بمبئی کے حساب سے ۴۶ روپیہ ۳۰ مصری پیاسٹر ۳۰۰ عراقی فلس یا افغانستانی فی کس وصول کریں اور ان رقوم کو جدہ میں حاکم متعلقہ کے حوالے کردیں۔ بیرونی آنے والے حاجیوں کو یہ رقوم سرحد پر ادا کرنا ہوگی - اور اس صورت میں جبکہ انھوں نے ان رقوم کو ان ملکوں میں جہاں سے حجاز سے وہ آرہے ہیں ادا کردیا ہو جسکا تحریری ثبوت پیش کرنا ہوگا۔

۱۱ - ہر حاجی ۱۱۰ پونڈ کے وزن تک ذاتی استعمال کا سامان اپنے ہمراہ بغیر ادائیگی محصول چنگی لا سکتے ہیں۔

۱۲ - جدہ میں دو شب سے زیادہ قیام کی صورت میں ہر حاجی کو ہر زائد شب کے قیام کیلئے بحساب ۲ ریال فی شب ادا کرنا ہوگا [illegible]

۱۳ - سفر مدینہ کے خاتمہ کے بعد [illegible]

[illegible]

بداخلاقیوں کے خلاف جہاد

[illegible]

برطانیہ کی سماجی سرگرمیاں

(ڈاکٹر [illegible] لارنس)

... جن علاقوں کی ... کی ایک کانفرنس منعقد کی ... جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ... بہتر یہ ہوگا کہ تمام برطانیہ میں اطلاع اور مشورے کے مرکز کھول دئے جائیں تاکہ عام شہری ... حالات میں صحیح اطلاعات اور مفید مشورہ دیا جاسکے۔

[redacted]

صاف ظاہر ہے کہ ان مرکزوں میں کام کرنے والے ... اسی ... کی ... برطانیہ ... اور ... ملک کی خدمت کرسکیں۔

سرمایہ جات

(بقیہ صفحہ ۳)

آسمانوں میں خدا نے فیصلہ کر دیا ہے کہ مسلمان کبھی ... نہیں ...

[redacted]

... جائیں۔ لہٰذا زیادہ سے زیادہ مسلمان اس طرف کوشش کریں اور علماء و ائمۂ مساجد کے گروہ جمع ہو جائیں اور روحانی انقلاب پیدا کر دیں۔ اور اسکی اطلاع ہم کو بھی دیں تاکہ ہم بھی ان کی خدمت میں کچھ مشورے پیش کرتے رہیں۔ والعاقبۃ للمتقین ... وھو العزیز الحکیم۔

مشرقی جرمنی میں الکشن

چالیس لاکھ جرمنوں کی مخالفت

ننگا پربت پر چڑھائی کی مہم

سہارن پور کی خبریں

ہری جن کانفرنس

سہارنپور ... ۲۲ و ۲۳ مئی کو ... ہری جن کانفرنس ہو رہی ہے ... کانفرنس کا افتتاح ... پنڈت جواہر لال نہرو اور سردار پٹیل بھی شرکت کریں گے۔

صدر ضلع کانگریس کی علیحدگی

[redacted]

ٹکٹ کلکٹروں اور مسافروں میں ہاتھا پائی

سہارنپور کے صرافوں کی لوٹ

سنگھیوں کی رہائی

سہارنپور سے مغویہ عورت کی برآمدگی

جرمن تجارتی مشن ہندوستان آئیگا

دار السلطنت

کا سنجار رکھنے پر گرفتار

جواری گرفتار

چیک کیش کرالیا

[redacted]

ایک سو روپے اڑالئے

... کو سزا

سیٹھ گوبند داس اور سپاہی کا جھگڑا

ترنگے جھنڈے کے استعمال پر تکرار

ملایا میں دہشت انگیزوں کے حملے

جیسے سیاسی آزادی حاصل کی۔ ویسے غیر ملکی غلہ سے نجات حاصل کیجئے

میرٹھ کی سیاسی کانفرنس میں وزیر خوراک کی تقریر

میرٹھ ... کی سیاسی کانفرنس میں ... ہزار کسانوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کے وزیر خوراک وزراعت آنریبل مسٹر جے رام داس دولت رام نے کہا کہ کسانوں کو وقت کی انگ پوری کرنا چاہئے ... حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ ... ۱۹۵۱ء تک ملک کو غیر ملکی اناج کی درآمد سے بے نیاز کر دیا جائے ...

... اور اس طرح ان اشیاء کی قلت دور ہو جائے گی۔ جن کی کسانوں کو ہر وقت ضرورت رہتی ہے۔

برلن میں چھوٹی ناکہ بندی کا خطرہ

جرنلسٹ یونین کا فیصلہ

سہل الحصول نئے والے ممالک سے نظر ثانی شدہ کھلا عام لائسنس



روح افزا
گرمی کے موسم کی ہر تکلیف اور مرض کی بچانے کے لیے
Hamdard

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی کا

جمعیۃ علماء ہند نمبر

اپنے شہر کے ایجنٹوں سے آٹھ آنہ میں خریدیئے۔ یا دفتر سے براہ راست آٹھ آنہ کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجیے۔

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت پیش کیا گیا ہے

خصوصیات

اس نمبر میں شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا مکمل خطبۂ صدارت اجلاس لکھنؤ ۲۹؍ ۱۹۴۹ء اور ہند کے گورنر جنرل مسٹر سی راجگوپال آچاری اور وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو اور آنریبل سردار ولبھ بھائی پٹیل نائب وزیر اعظم ہند کے پیغامات خصوصی کے فوٹو بلاک آرٹ پیپر پر دو رنگ میں شائع کئے گئے ہیں

بعض دوسری عنوانات

جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ۔ اکابر جمعیۃ علماء کے حالات۔ دنیا کے اسلامی ممالک۔ اسلامی ممالک کی موجودہ سیاست۔ ... اسلام میں آزادی کا تصور اور دلچسپ اور با موقع نظمیں۔ ... علاوہ ازیں مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کا ایک اہم مضمون۔

شرح چندہ سالانہ ہفت روزہ ایکسال کے لئے بارہ روپے ہفت روزہ چھ ماہ کے لئے چھ روپے آٹھ آنے

جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی

ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں

پڑھنے کے لئے روزنامہ الجمعیۃ کا مطالعہ کیجئے۔ الجمعیۃ میں ان دونوں مشہور خبر رساں ایجنسیوں کے علاوہ گلوب اور دوسری خبر رساں ایجنسیوں کی فراہم کی ہوئی تازہ بتازہ خبریں بھی شائع ہوتی ہیں۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی

"سیرۃ"

سید احمد شہید (قدس سرہ العزیز)

(حضرت مولانا ابو الحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ)

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت ست بر جریدۂ عالم دوام ما

... عرصے سے یہ کتاب نایاب تھی خدا کا شکر ہے کہ اس کے پانچویں ایڈیشن کی جلد اول طبع ہوگئی ہے اس مرتبہ اس کتاب میں بہت سی قلمی کتابوں، رسالوں اور خطوط سے گراں قدر معلومات کا اضافہ کیا گیا ہے ...

قیمت چار روپے (للعہ)

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بکڈپو۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی

ششر کو ہلاک کر دیا

... میں ایک افسوسناک واقعہ ہوا جبکہ ایک شخص نے اپنے سسر کو چاقو مار کر شدید طور پر زخمی کر دیا۔ ... ہسپتال پہنچایا ... اس کی بیوی ... اس شخص کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

۳۰ من دہی ضائع کر دیا گیا

قرول باغ میں جھگڑے

آنریری مجسٹریٹ

دو سپاہی اور تانگہ والا زخمی

طبی ایسوسی ایشن دہلی کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

چیچک سے ۲۶ اموات

ٹیچروں کی ضرورت

... مسلم راجپوت اسکول ... ضلع بلند شہر ...

حکومت پاکستان ہوائی سروسوں کو عنقریب قومی ملکیت بنارہی ہے

اورینٹ اور پاک ایرویز کو ملا دیا جائیگا

کراچی۔ ۲۰ مئی۔ (اے پی پی) ... معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اپنے یہاں کی ہوائی سروسوں کو قومی ملکیت بنا رہا ہے۔

دستور ساز اسمبلی میں کشمیری نمائندے

نئی دہلی ۲۱ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ دستور ساز اسمبلی میں عنقریب ریاست جموں و کشمیر کو نمائندگی دیدی جائے گی۔ ... اس کی تحریک پیش کریں۔ ... (اے ان اے)

رنگون میں بدھ راہب کو سزا

پیر مانکی شریف کی قیادت میں سرحد میں متوازی لیگ کا قیام

وزارت پر عوام کا اعتماد نہ ہونے کے باعث عام انتخابات کا مطالبہ کیا جائیگا

پشاور ۲۰ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد میں متوازی لیگ کے قیام کا فیصلہ حال ہی میں صوبے کے پانچ سو مسلم لیگی کارکنوں کی ایک کنونشن میں کیا گیا۔ کانفرنس نے اس مقصد کے لئے ایک آرگنائزنگ کمیٹی بنائی ہے جس کے صدر پیر صاحب مانکی شریف ہیں۔

برطانیہ اور آئرلینڈ کے تعلقات

نہایت ہی خطرناک صورت حال

سپاہی نے خودکشی کی کوشش کی

برما کو اسلحہ دینے سے آسٹریلیا کا انکار

بچہ کو لوٹنے کی کوشش

ضلع کانگریس کمیٹی کا پروگرام

لنکا کے فوجی مشیر سیلون پہونچ گئے

فارموسا میں مارشل لا

سائیگان میں دہشت انگیز گرفتار

تبادلہ جائداد۔ خرید و فروخت کے لئے۔ پراپرٹی گزٹ ملاحظہ کریں

منیجر پراپرٹی گزٹ، پوسٹ بکس نمبر ۳۸۹ نئی دہلی

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

دہلی غلہ مارکیٹ

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ ۱۱۷ روپے ... سونا ... ۱۱۲ روپے ... چاندی ۱۹۵ روپے ...

بریلی کے غضبناک ہاتھوں فائرنگ

کوئی زخمی یا ہلاک نہیں ہوا

یہ لوگ کہاں ہیں؟

... انیس الحسن دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھائیے۔

نئی نئی ایجنسیاں لیں

... برٹش ٹریڈ ڈائرکٹری ...

یونان کی خانہ جنگی ختم کرنے کیلئے روس کی تجاویز

امریکہ اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ غور کرینگے

لندن ۲۱ مئی۔ برطانوی وزارت خارجہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے ... یونان ... برطانیہ نے روس کو بتا دیا تھا ...

مغربی یو پی کے چیمبر آف کامرس کا افتتاح

جاپانی قیدیوں کی واپسی

روسی خبر رساں ایجنسی کا اعلان

نیوزی لینڈ مزدور فیڈریشن کا فیصلہ

عالمی مزدور فیڈریشن سے علیحدگی

مجلس تحفظ میں حیدرآباد کا مسئلہ

(بقیہ صفحہ ۳)

مہاتما گاندھی کے مقدمۂ قتل کی سماعت

گر کرے کی وکیل کی بحث جاری رہی

ڈاکٹر سونگ بروسلز میں

بوریلے بان آئین کو مسترد کر دیا

الجمعیۃ کے ایجنٹ صاحبان توجہ فرمائیں

الجمعیۃ ... شام کو روانہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اب بہت جلد صبح کی اشاعت کا انتظام کیا جا رہا ہے ... لہٰذا ایجنٹ صاحبان ... مطلع فرمائیں۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۲۶ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ولائتی

آئیل انجن

آٹے کی چکی

حاضر مال

کے جی کھوسلا اینڈ کمپنی ۲۲ سکل لین

نئی دہلی۔ فون نمبر ۷۸۵۸

گورنر جنرل کی واپسی

نئی دہلی ۲۳ مئی۔ گورنر جنرل مسٹر سی۔ راجگوپال اچاریہ ... (ا۔پ)

ایک کشتی میں آگ لگ گئی

کلکتہ ۲۳ مئی ... (ا۔پ)

برما میں کمیونسٹوں نے اپنی عوامی عدالتیں مقرر کردیں

سرمایہ داروں اور عوام کے دشمنوں کو سزائے موت

برما کے کمیونسٹوں کا رہنما ایک ہندوستانی کمیونسٹ ہے

رنگون ۲۳ مئی۔ ...

سمباسیوم کی اپیل

مظاہرین نے تیزاب اور پتھر پھینکے

کلکتہ ۲۳ مئی۔ ...

حکومت برما نے انسین پر دوبارہ قبضہ کرلیا

باغیوں کی طرف سے ایک انگریز افسر لڑ رہا ہے

رنگون ۲۳ مئی۔ ...

چین کی سرکاری فوجوں نے ایک گروہ کے کمین آدمی ہلاک کرڈالے

چین کے کمیونسٹ برما پر حملہ کرنے والے ہیں

چین کے صوبہ یونان میں کمیونسٹوں کا اجتماع

رنگون ۲۳ مئی۔ ...

برلن میں ریلوے مزدوروں کی ہڑتال نازک صورت اختیار کرگئی

ہڑتالی مزدوروں کی روسی ریلوے پولیس سے مسلح لڑائی

برلن ۲۳ مئی۔ ...

یہودی صرف عربوں کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لئے خطرہ ہیں

ایک مصری اخبار نویس سے شاہ عبداللہ کا انٹرویو

قاہرہ ۲۳ مئی۔ ...

لندن میں ریلوے ملازموں کی ہڑتال

لندن ۲۳ مئی۔ ...

امریکہ کے سابق وزیر دفاع نے ہسپتال کی کھڑکی سے کود کر خودکشی کرلی

واشنگٹن ۲۳ مئی۔ ...

کمیونسٹوں نے شنگھائی پر قبضہ کرنے کی تیاریاں مکمل کرلیں

ہانگ کانگ ۲۳ مئی۔ ...

کمیونسٹ فوجیں گیارہ دن سے شہر کا محاصرہ کئے پڑی ہیں

ووسنگ میں حکومت چین کی ۳ لاکھ فوج گھر گئی

شنگھائی ۲۳ مئی۔ ...

قبرص میں ۱۱۷ اشخاص گرفتار

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی جائداد کا مسئلہ

ESTD. 1925

Daily

Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 23-5-49

آسام میں برما سے وکٹوریا اور دوسرے مقامات کے ایک کروڑ روپے کی آمد

شمالی برما میں مزید سکے جمع ہیں

مرگھریٹا (آسام) ۲۱ مئی۔ ملکہ وکٹوریہ اور ایڈورڈ ہفتم کے دو روپیہ والے ایک کروڑ سکے جو بالائی برما میں جمع ہوگئے ہیں، ہندوستان لائے جا چکے ہیں۔ ...

بمبئی میں میونسپل ملازمین کی ہڑتال

سوشلسٹ ممبر کی تجویز مسترد کردی گئی

بمبئی ۲۰ مئی۔ آج بمبئی میونسپل کارپوریشن کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے سوشلسٹ ممبر کی اس ترمیم کو رد کردیا کہ میونسپل کمشنر کو میونسپل ہڑتالیوں کے سلسلہ میں ... مصالحت کے لئے گفت و شنید کرنی چاہئے۔ ...

ریاست حیدرآباد میں فوجی حکومت فوراً ختم کرنے کا مطالبہ

سوشلسٹ لیڈر مسٹر پرشوتم تریکم داس کی تقریر

حیدرآباد ۲۱ مئی (پریس ٹرسٹ)۔ کل سوشلسٹ پارٹی کے قائم مقام جنرل سکریٹری مسٹر پرشوتم تریکم داس نے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے کم سے کم جو کچھ کیا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ حکومت کی باگ ڈور ان کے منتخب رہنماؤں کے ہاتھوں میں دیدی جائے۔ ...

جرمنی کے متعلق چار طاقتوں میں معاہدہ کی توقع

تین مغربی وزرائے خارجہ کی اہم ملاقات

پیرس ۲۱ مئی۔ ...

آٹھ لاکھ روپیہ کی لکڑی کشمیر سے ہندوستان بھیجی گئی

سری نگر ۲۰ مئی۔ ...

ترکی پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ کی تقریر

انقرہ ۲۱ مئی۔ ...

بلجیم پاکستان کا تجارتی معاہدہ

کراچی ۲۰ مئی۔ ...

چیکوسلاواکیہ اور ہند میں معاہدہ

بلقان پر بڑی طاقتوں کی کانفرنس

برازیل کے ہندی سفیر کا استعفیٰ

اٹلی میں کمیونسٹوں کی ہڑتال

دوست کی خاطر گرفتار

جرمنی میں سیاست دانوں کی ملاقات

برطانوی افسروں کی انتہائی کوششیں ناکام رہیں

سوراشٹر یونین میں کوآپریٹو سوسائٹی کی ٹریننگ

یوپی میں بے روزگار لوگوں کیلئے مفید پیشوں کی تربیت

کشمیر میں آرٹس کی نمائش کا افتتاح

اسٹاپ پریس

پاکستان دولت مشترکہ سے الگ ہو اور تمام صوبوں کو ختم کردے

لیڈر حزب مخالف کی تجویز

ہندوستانی ڈیلیگیشن کے ممبر نیویارک سے روانہ ہوگئے

نوجوانوں کو جھگڑے پرانے کانگریسیوں کی جگہ لینی چاہئے

ڈیرہ دون میں صدر کانگریس اور جنرل سکریٹری کی تقریر

روئی کی کمی کی بنا پر احمد آباد کے مل بند ہوگئے

سرونج میں کشیدگی

ناظم جمعیۃ علماء کا تار

روس کا گیہوں ہندوستان پہنچ گیا

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس

لندن کے فیصلہ کی تصدیق کی تجویز

تجارتی آگاہی

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ہمارے مشہور و معروف تیار کردہ اشیاء

(۱) کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ (۲) تبت سنو وغیرہ

جو ہمارے رجسٹر شدہ مارکہ ہیں اور جن کے ہم واحد مالک ہیں۔ ان کی نقل چالاک لوگ تیار کرکے پبلک کو دھوکا دے رہے ہیں لہٰذا بیوپاریوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ ہم اپنے کسی نمائندہ یا ایجنٹ کی معرفت بغیر کسی بیوپاری کے آرڈر کے اپنا تیار کردہ مال حاضر ڈیلیوری فروخت نہیں کرتے۔ تمام مال جو ہمارے کارخانہ میں تیار ہوتا ہے وہ حسب معمول ہم سیدھا خریداروں کو روانہ کرتے ہیں۔ لہٰذا وہ کوئی ایسا نقلی مال کسی ایجنٹ سے حاضر ڈیلیوری پر نہ خریدا کریں۔

اس کے علاوہ بذریعہ نوٹس ہذا یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص نقلی وبناوٹی مال بناتا ہوا یا فروخت کرتا ہوا یا کسی کے پاس فروختگی کے لئے نقلیہ مال پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ سخت سے سخت قانونی کارروائی دیوانی یا فوجداری یا بر روئی جاوے گی ونیز ہمارے ہر قسم کے ہرجانہ کا وہ ذمہ دار ہوگا

منیجر کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

نوٹ۔ اگر کوئی شخص ایسا مال فروخت کرنے کی غرض سے آپکو دے تو اس کی اطلاع براہ مہربانی فوراً ہمکو دیں جس سے کہ ہم پبلک کو نقصان سے بچا سکیں۔

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۵ مئی ۱۹۴۹ء

گفتار کے غازی

ہمیں افسوس اور رنج ہے کہ بعض حلقوں میں اب بھی جمعیۃ علماء کے متعلق غلط فہمی پھیلی ہوئی ہے اور اس کی صاف اور سیدھی باتیں بھی بعض لوگوں کی سمجھ میں نہیں آرہی ہیں، کچھ لوگ تو ایسے ہیں جو جانتے سب کچھ ہیں لیکن جمعیۃ علماء کو بدنام کرنے کے لئے سیدھی باتوں کو بھی الجھانے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کی پالیسی کو دانستہ توڑ مروڑ کر پیش کرتے ہیں، ایسے حضرات کو جمعیۃ علماء سے پرانا اختلاف ہے، وہ مخالفت کو ترک کرنا نہیں چاہتے، دلائل کا رخ بدل دینا چاہتے ہیں اور اس منافقانہ طرز عمل سے ان کا مقصد یہ ہے کہ ایک طرف تو جمعیۃ علماء سے انتقام لینے کا موقع ہاتھ آجائے دوسری طرف وہ کانگریس اور حکومت کی نظروں میں بھی مقبول ہو جائیں اور ان کی گذشتہ قومیت کش پالیسی پر پردہ پڑ جائے ایسے حضرات کو اگر ہم سمجھانا بھی چاہیں تو نہیں سمجھا سکتے کیونکہ وہ خود سمجھنا نہیں چاہتے جو شخص پہلے سے سمجھے بیٹھا ہو اور جان بوجھ کر خود غرضی اور حسد کے ماتحت مخالفت کر رہا ہو اسے سمجھانا بھی [illegible] ہے، ان کا تو بس ایک ہی کام ہے [illegible]

لیکن بعض لوگ ایسے بھی ہیں جنہوں نے جمعیۃ علماء کو سمجھنے کی کوشش نہیں کی یا انہیں جمعیۃ سے واقف ہونے کا موقعہ نہیں ملا، یا وہ ایسے ماحول میں رہتے ہیں کہ دوسروں کی آنکھوں سے دیکھنے، دوسروں کے کانوں سے سننے اور دوسروں کے دماغوں سے سوچنے پر مجبور ہیں، ان میں سمجھنے کی صلاحیت موجود ہے لیکن اتفاق کی بات ہے کہ وہ نہیں سمجھے یا دوسروں کو انہیں سمجھانے کا موقعہ نہیں ملا، ہم جب کبھی کسی بات کو سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں تو ہمارا خطاب ایسے ہی لوگوں سے ہوتا ہے اور ہماری نیت یہ ہوتی ہے کہ خواہ ان کی زبان و قلم پر قابو حاصل نہ کر سکیں لیکن ان کے دلوں کو اطمینان دلائیں، ان کے شبہات کو دور کریں اور ان کی غلط فہمیوں کو چن چن کر نکال دیں، کیونکہ ہمارا مقصد قلوب کی تسکین اور دماغ کی تشفی ہے، زبانوں کو بند کرنا اور قلموں کو توڑنا ہمارا مقصد نہیں ہے!

ایک اسی بات کو لیجئے کہ جمعیۃ علماء نے سیاست سے کیوں کنارہ کشی اختیار کی؟ اگر اسلام اور سیاست دو الگ چیزیں نہیں تو اگست سے پہلے اس نے سیاست میں کیوں دخل دیا؟ لیکن یہ وہ لوگ ہیں جو نہ تو جمعیۃ علماء کو سمجھے ہیں نہ آزادی اور غلامی کے دور میں خط امتیاز کھینچنے کی زحمت اٹھاتے ہیں اور نہ نئے حالات اور نئی تبدیلیوں کے اطراف و جوانب پر غور کرنے کیلئے وقت نکالتے ہیں انتشار خیالات، زبیدہ انکار، جذباتی دلائل اور ذہنی تذبذب کا ایک سیلاب ہے جو ہر سمت سے امنڈا چلا آرہا ہے، اگر مخالفت کی ایک سمت مقرر ہو اور سمجھنے کے لئے ایک راہ متعین کرلی جائے تو ذہنی آوارگی میں بہت بڑی حد تک کمی واقع ہو سکتی ہے اور ہم اس عبوری دور میں تعمیر کے کچھ خاکے اور اجتماع عناصر کے کچھ نقشے تیار کر سکتے ہیں لیکن جہاں خیالات کا تضاد، سیاہ و سفید کا رنگ اختیار کرلے وہاں ہم کیا کر سکتے ہیں، سوائے اسکے کہ صحت نیت سمجھنے والوں کے سامنے کوئی سلجھا ہوا انداز اختیار کریں اور جو اعتراضات خلوص نیت پر مبنی ہوں ان کا تجزیہ کرکے حقیقت حال کو دو اور دو چار کی طرح واضح کرنے کی کوئی راہ نکالیں!

جمعیۃ علماء حقائق کا ساتھ تو دے سکتی ہے، افراد کے نقطۂ نظر کا ساتھ نہیں دے سکتی حقائق میں اختلاف کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہوتی لیکن نقطۂ نظر کے اختلاف اور زاویۂ نگاہ کے فرق سے [illegible] پیدا ہوتے ہیں ان پر [illegible] کرنا جمعیۃ علماء کے فرائض میں داخل نہیں، حیرت ہے کہ ایک شخص کو یہ [illegible] ہے کہ [illegible] جمعیۃ علماء کے بزرگ [illegible] ہیں اور وہ [illegible] زبان کو مقدس سمجھتے ہیں اس لئے وہ فرقہ پرست ہیں، دوسرا کہتا ہے کہ چونکہ جمعیۃ علماء مشترک تہذیب اور مشترک زبان (ہندوستانی) کی حامی ہے اس لئے وہ مسلمانوں کی نمائندہ جماعت نہیں ایک کے نزدیک جمعیۃ علماء کا جرم یہ ہے کہ وہ صرف مسلمانوں کو کیوں خطاب کرتی ہے اور کیوں اسلامی کلچر اور اسلامی تعلیم پر زور دیتی ہے، دوسرے کے نزدیک جمعیۃ علماء اس لئے قابل الزام ہے کہ وہ اسلامی اصولوں کی تبلیغ کیوں نہیں کرتی؟ اور اسلامی نظام کے قیام کے لئے کیوں اپنے آپ کو وقف نہیں کر دیتی؟ اب جمعیۃ علماء کا کام صرف یہ ہے کہ ان حضرات کے سوال کا جواب دیتی رہے، اور کسی زبردست اعجازی قوت کے ساتھ اپنے آپ کو ایسا بنائے کہ جس شخص کو سیاہی پسند ہو تو وہ سیاہ بن جائے اور جس کا نقطۂ نظر سفید ہو تو وہ اسے سفید ہی نظر آئے آخر یہ حقائق و دلائل کی کونسی دنیا ہے جس کی تبلیغ کا فرض جمعیۃ کے ان معترضین کو حاصل ہوا ہے؟

جہاں تک سیاست کا تعلق ہے سیدھی بات ہے کہ آزادی سے پہلے جمعیۃ علماء نے وطن کی آزادی کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا اور اس کے بزرگوں نے سیاست کی زمام کار اپنے ہاتھ میں لے کر مسلمانوں کو ترقی کی راہ پر ڈالا، اور یہ اس لئے کہ کہیں غلط سیاست مسلمانوں کو گمراہ نہ کر دے اور وطن کی آزادی کے بعد انہیں اس کا خمیازہ نہ بھگتنا پڑے، نیز اس لئے بھی کہ وطن کی آزادی، ملک کی ترقی اور عوام کی بہتری کے لئے ضروری ہے اور اسلام کے نقطۂ نظر سے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ نوع بشری کے ایک ایک فرد کو فائدہ پہنچائے اور اس کی مشکلات کو خواہ وہ سیاسی ہوں یا اقتصادی دور کرنے کی کوشش کرے لیکن افسوس کہ جس مقصد کے لئے علماء نے سیاست کی سربراہ کاری اختیار کی تھی وہ لیگ کی غلط رہنمائی کی وجہ سے فوت ہوگیا اور جن خطرات سے آگاہ کیا تھا وہی مسلمانوں کو پیش آئے اب بجائے اس کے کہ جمعیۃ علماء کی اصابت رائے اور دوراندیشی کی داد دی جاتی الٹا اسی سے پوچھا جا رہا ہے کہ اگست سے پہلے کی سیاست اسلامی سیاست تھی، اگر تھی تو آزادی کے بعد اس سے کیوں علیحدگی اختیار کی گئی؟ اگر نہیں تھی تو کس طرح جمعیۃ علماء نے [illegible] کی ہے کہ وہ دوسرے مسلمانوں کو سیاست میں حصہ لینے سے کیوں نہیں روکتی، حالانکہ بات صرف اتنی ہے کہ جس طرح جمعیۃ علماء نے وطن کی خاطر عوام اور انسانیت کی خدمت کیلئے اور مسلمانوں کو غلط رہنمائی سے بچانے کی غرض سے سیاست کو اپنایا تھا اسی طرح آزادی کے بعد بھی اس نے اسی مقصد کے لئے کہ وطن کی ترقی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو، عوام کو فرقہ داریت سے نقصان نہ پہونچے سیاست کے غلط استعمال سے باہمی منافرت فروغ نہ پائے اور مسلمانوں کو ایک دھکا لگنے کے بعد کوئی دوسرا دھکا نہ لگے سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلی پہلے بھی سیاست کی شرکت سے عوام اور انسانیت کا فائدہ مقصود تھا اور اب بھی سیاست کی علیحدگی سے یہی مقصود ہے! اور یہی وجہ ہے کہ جمعیۃ علماء نے عام مسلمانوں کو سیاست سے نہیں روکا اور نہ ارکان جمعیۃ کی انفرادی سیاست پر کوئی پابندی لگائی کیونکہ انفرادی طور پر سیاست میں حصہ لینے سے نہ ملک کا کوئی نقصان ہے نہ مسلمانوں کا خود حکومت کا منشا بھی یہ نہیں ہے کہ لوگ غیر فرقہ داری سیاست میں حصہ نہ لیں اگر کوئی اس قسم کا خیال رکھتا ہے تو وہ حکومت سے عدم تعاون کرتا ہے اور ملک کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالتا ہے!

البتہ یہ صحیح ہے کہ جمعیۃ علماء کے نزدیک اسلام اور سیاست [illegible]

اچھی باتیں

یقوم - تا حساب (ع ۱۰)

اے میری قوم! یہ دنیا کی زندگی تو محض فائدہ اٹھانے کے لئے ہے لیکن قرار تو آخرت کی زندگی کو حاصل ہے، جو شخص کوئی برا کام کرتا ہے اسے اس کے مطابق ہی سزا دیجائے گی اور جو عورت و مرد ایمان کی حالت میں اچھے عمل کریں گے تو انہیں بے حساب دیا جائے گا اور جنت ان کا ٹھکانا ہوگی۔

یہاں دنیا کی مطلق زندگی کی مذمت نہیں فرمائی بلکہ آخرت کی زندگی کے مقابلہ پر دنیا کی زندگی کو فانی قرار دیا گیا مطلب یہ ہے کہ پائیدار زندگی کو ناپائیدار زندگی پر ترجیح دینی چاہیے دنیا تو کمانے کی جگہ ہے جس کا پورا نتیجہ آخرت میں ملے گا، یہاں سزا اور جزا کا قانون یہ ہے کہ ایک رتی برے عمل کا بدلہ ایک رتی ہی ملے گا کیونکہ خدا کسی پر ظلم نہیں کرتا اور جو مرد اور عورتیں اچھے عمل کریں گی انہیں گن گن کر اور تول تول کر نہیں بلکہ بے حساب دیا جائے گا، کیونکہ خدا کے ہاں کسی بات کی کمی نہیں یہاں معلوم ہوا کہ اسلام نے عورت کو اچھے اعمال میں مرد کے برابر ٹھہرایا ہے اور جس طرح مرد مسئول ہے اسی طرح عورت بھی مسئول قرار دی گئی ہے اسلام عورت کو نجات اور فلاح سے نہیں روکتا اور نہ اس پر [illegible] کی راہیں بند کرتا ہے۔

مسلمانوں کی مذہبی تعلیم

ہم نے جمعیۃ علماء ہند کو اس تاریخی فیصلہ پر مبارکباد دی تھی کہ وہ سیاست کو چھوڑ کر مسلمانوں کی [illegible] اور مذہبی حقوق کی حفاظت اور ان کی مذہبی تعلیم کا کام کرے گی [illegible]

[illegible]

دیوریا کے گاؤں میں اسپتال

لکھنؤ ۲۲ مئی، حکومت نے ایک ہزار روپے کے صرف سے ضلع دیوریا کے [illegible] گاؤں [illegible] اسپتال [illegible]

تقسیم کے بغیر ملی ہوئی آزادی ہمارے اتحاد کو مضبوط کر دیتی
سہارنپور میں حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

سہارنپور ۲۰ مئی (بذریعہ ڈاک) کل رات ساڑھے نو بجے چوک [illegible] میں [illegible] مولوی عبدالحق صاحب ایڈوکیٹ سابق صدر [illegible] حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی۔

[illegible]

مسلم یونین اور مسلمان

[illegible]

تقسیم ہند اور جمعیۃ علماء

[illegible]

۱۵ اگست کے بعد لندن میں ہندوستانی سفارتخانہ قائم ہوگا
انڈیا ہاؤس کے عملہ میں تخفیف کی توقع

[illegible]

مولانا آزاد سری نگر میں

سری نگر ۲۴ مئی - مولانا ابوالکلام آزاد حکومت ہند کے وزیر تعلیم [illegible] یہاں پہونچ گئے [illegible]

جمعیۃ علماء پاکستان کا مطالبہ

[illegible]

دہرہ دون میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس ختم ہوگیا
پنڈت نہرو وزارتوں کی حمایت میں
آچاریہ کرپلانی اور دوسرے ممبروں کی طرف سے سخت تنقید

دہرہ دون ۲۳ مئی۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا خفیہ اجلاس کل پانچ گھنٹے تک منعقد ہوا - اور شام کے [illegible] بجے کاروائی ختم کی گئی۔ صرف [illegible] کمیٹی کے بعض ممبروں کو بھی اجلاس میں شرکت کی اجازت دی گئی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ اس خفیہ اجلاس کی کاروائی میں پنڈت نہرو اور آچاریہ کرپلانی کی تقریریں بہت اہم تھیں۔ پنڈت جی نے کانگریسی وزارتوں کی پوری پوری تائید کی جبکہ آچاریہ کرپلانی نے نہایت سختی سے کانگریسی وزارتوں پر تنقید کی۔

[illegible]

پریس کانفرنس

[illegible]

استصواب رائے سے قبل کشمیر میں امن ہونا ضروری ہے
پنڈت نہرو کی طرف سے ہند کے نقطۂ نظر کی مزید تائید

دہرہ دون ۲۳ مئی - کل یہاں آزاد میدان میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت نہرو نے کہا کشمیر میں استصواب رائے کیلئے امن نہایت ضروری ہے [illegible]

پاکستان کی طرف سے جنگ بند کرنے کے معاملہ کی جتنی خلاف ورزیاں ہوئی ہیں ان سے امن کی بحالی کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے - ہم لڑنا نہیں چاہتے لیکن ہم اپنی پالیسی سے انحراف بھی نہیں کر سکتے - ہم نے کسی طاقت کے آگے سر نہیں جھکایا ہے اور ہم کسی طاقت سے مرعوب نہ ہوں گے۔

[illegible]

وفات حسرت آیات

علمی حلقوں میں یہ خبر نہایت اندوہ و ملال کے ساتھ سنی جائیگی کہ حضرت مولانا سید فخر الحسن استاذ دار العلوم دیوبند کے والد ماجد نے طویل علالت کے بعد ۱۸ رجب [illegible] صبح صادق داعی اجل کو لبیک کہا۔ نماز جنازہ دارالعلوم کی مشہور عمارت نودرہ کے وسیع صحن میں ادا کی گئی [illegible] مرحوم نہایت متقی اور [illegible] ادارہ الجمعیۃ کو اس حادثہ [illegible] حضرت مولانا سید فخر الحسن صاحب [illegible] حق تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ امید ہے کہ قارئین الجمعیۃ بھی مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کریں گے۔

بچوں کا دوست

دہرہ دون ۲۳ مئی۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس کی مصروفیتوں کے باوجود پنڈت نہرو نے تفریح کا ایک طریقہ ڈھونڈ لیا۔ دولت مشترکہ کے معاہدے پر بحث کے دوران میں پنڈت جی ہال سے باہر چلے گئے اور ان بچوں کے ساتھ کھیل [illegible] کے باہر کھڑے تھے۔ پنڈت جی بچوں کو چائے کی میز پر لے گئے اور ان کو مٹھائیاں تقسیم کیں۔ بچے یہ دیکھ کر کہ وزیر اعظم ہندوستان ان کے دوست ہیں ان کے ساتھ گھل مل کر باتیں کرنے لگے۔ یاد رہے کہ پنڈت جی نے اپنی سالگرہ پر بچوں کے ساتھ آنکھ مچولی کا کھیل کھیلا تھا۔

کام کا بوجھ

دہرہ دون ۲۳ مئی - پنڈت نہرو نے یہاں ایک پبلک جلسہ میں اپنی زندگی کے اس عرصہ کی طرف اشارہ کیا جو انہوں نے نینی تال جیل میں گذارا ہے [illegible] اس جیل میں گذرے سال [illegible] بہرحال وزیر اعظم کی نسبت اس جیل کے ایک قیدی کی حیثیت سے انہیں زیادہ سکون حاصل تھا۔ (پ)

پاکستان کا جواب آنے تک ہند کا سربمہر لفافہ نہیں کھولا جائیگا
سرینگر میں کشمیر کمیشن کا اجلاس

[illegible]

جنوبی افریقہ رضامند ہو تو گول میز کانفرنس کا انتظام ہوسکتا ہے
جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے بارے میں مسٹر سیتلواد کا اہم بیان

[illegible]

ڈرائنگ کے آلات

ہمارے یہاں نہایت مضبوط اور خوشنما ڈرائنگ انسٹرومنٹ تیار کئے جاتے ہیں پرانے اوزار مرمت کرکے نئے بنا دیئے جاتے ہیں۔ آپ بھی ایک مرتبہ استعمال شدہ اوزار کو ریپئر کرا کے ہمارے کام کی پائداری اور سچائی کا امتحان کیجئے۔ ہمارا تیار کردہ مال نمونے کے مطابق نہ ہو یا اس میں کوئی خرابی ہو تو آپ بلا شبہ واپس کر سکتے ہیں۔ ضرورت کے وقت ہمیں یاد رکھئے

دیانت —— اور —— صداقت
ہمارے کاروبار کے بنیادی اصول ہیں
محمد اسحاق آزاد ڈرائنگ انسٹرومنٹ ورکس پرانی تحصیل
گلی کہاران - رڑکی - ضلع سہارنپور (یو-پی)

تپ دق اور T.B. پرانے بخارات
JABRI JAGADHRI
जबरी

تپ دق کی مشہور دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

[illegible]

تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو!!

[illegible] (JABRI JAGADHRI) [illegible]

لاجواب طبی کتابیں

(۱) جڑی بوٹیاں [illegible]

[illegible]

رسالہ روزگار (۵) [illegible] دہلی

ٹیچروں کی ضرورت

دو بی - ٹی اساتذہ اور ایک بی ٹی [illegible] کی آسامیاں خالی ہیں [illegible]

[illegible]

کیپٹن عزیز احمد خاں صاحب [illegible] مسلم راجپوت اسکول [illegible] بلند شہر [illegible]

امرت دھارا کے نقالوں پر چار کیس

کوی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما کی ایجاد امرت دھارا ایشور کی دین ہے جو نام اس نے پایا ہے کسی دیسی دوا کو حاصل نہیں ہوا اس واسطے ہر کوئی اسکو اپنے پاس یا اپنے گھر میں رکھتا ہے، اسکی مشہوری سے فائدہ اٹھانے کیواسطے کئی لوگ ملتے جلتے نام رکھ کر یا لیبل بنا کر اپنی دوائی بیچ رہے ہیں، اور عام پبلک امرت دھارا سمجھکر خرید لیتی ہے اور فائدہ ویسا نہ ہونے پر امرت دھارا بدنام ہوتی ہے۔ امرت دھارا کے خریداران کو نوٹس ہے کہ وہ زیادہ احتیاط برتا کریں اور اچھی طرح دیکھ بھال کر لیا کریں، ایک صاحب نوجیون امرت دھارا نام سے دوائی بیچ رہے تھے انکے خلاف فوجداری دیوانی مقدمات دائر ہوئے آخر ۲۳ مارچ ۱۹۴۹ء کو مدعا علیہ نے غلطی تسلیم کی ہمیشہ کیواسطے اس نام کی دوائی کو بند کر دیا، اور ایکہزار روپیہ بطور جرمانہ ادا کیا۔

اب دو کیس اور ایک ہی شخص کے خلاف چل رہے ہیں، کیونکہ اسنے اپنی دوائی کا نام ہمیش امرت دھارا اور رام امرت دھارا رکھا ہوا ہے، عدالت جو فیصلہ کرے گی ناظرین کو اطلاع دے دی جاوے گی۔

ان سے بڑھکر غضب

یہ ہو رہا ہے کہ کسی کسی بدمعاش نے سب کچھ اصل امرت دھارا کی طرح کا بنوا کر چھپوا کر دکانوں پر [illegible] بیچنا شروع کیا ہے ایسے بدمعاش ابھی پکڑے نہیں گئے جالندھر میں تین دوکانداروں کے ہاں نقلی مال برآمد ہوا ہے انکے خلاف شری چوہان صاحب مجسٹریٹ درجہ اول جالندھر کی عدالت میں فوجداری کیس چل رہا ہے، بنانیوالے یا بیچنے والے اشخاص بھی کبھی نہ کبھی پکڑے جائیں گے، دوکانداروں کو اطلاع دیجاتی ہے کہ کسی ایسے شخص سے جو آکر کہے کہ امرت دھارا بیچنے کے واسطے لایا ہوں ہرگز نہ خریدیں بلکہ اس کا نام و پورا پتہ لیکر ہم کو بھیجدیں، ہم سفری ایجنٹ کو دوائی [illegible] بیچنے کے واسطے نہیں بھیجتے [illegible]

دوستو! امرت دھارا [illegible]

المشتہر
منیجر امرت دھارا فارمیسی لمیٹیڈ، دہرہ دون

آل انڈیا کانگرس کمیٹی نے بھی معاہدہ لندن کی توثیق کردی

بیشتر ترمیمات مسترد کردی گئیں۔ مخالفت میں صرف چھ ووٹ آئے

ڈیرہ دون ۔ ۲۳ مئی ۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا اجلاس مقررہ وقت سے ۲۰ منٹ بعد شروع ہوا۔ بندے ماترم کے گیت کے بعد ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے اپنی صدارتی تقریر شروع کی۔ ڈاکٹر صاحب نے پہلے ہندوستانی میں تقریر کی اور اس کے بعد انگریزی میں۔ تقریر کے دوران میں پنڈت جواہرلال نے مداخلت کرتے ہوئے ان سے درخواست کی کہ وہ آہستہ بولیں کیونکہ ان کی آواز کی بازگشت سے شور ہوتا ہے۔ اس پر پنڈال میں قہقہہ بلند ہوا۔ صدر کانگریس کی تقریر کے دوران ایک بے قاعدگی ہوئی جب وہ پندرہ منٹ کے قریب تقریر کرچکے تو شری مہابیر تیاگی نے اٹھ کر ڈائس کے پیچھے گاندھی جی کی تصویر سے پردہ سرکا دیا۔ اس پر تالیاں بھی بجیں اور قہقہے بھی بلند ہوئے۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا یہ اجلاس ۲ بجے پورے [illegible] پہلا اجلاس تھا۔ لیڈروں میں سب سے پہلے سردار پٹیل مس منی بین پٹیل کے ہمراہ پنڈال میں داخل ہوئے۔ ڈیلیگیٹوں نے ان کا پرجوش تالیوں سے استقبال کیا۔ سردار پٹیل کے بعد پنڈت جواہرلال نہرو، ڈاکٹر راجندر پرشاد اور ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ تشریف لائے۔ ان کا بھی تالیوں سے استقبال کیا گیا۔

صدر کانگریس کی تقریر

بندے ماترم کے گیت کے بعد صدر کانگرس ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے اپنی افتتاحی تقریر کی۔ اپنی تقریر میں ڈاکٹر [illegible] کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا۔ حیدرآباد [redacted] [illegible] تعلیمی مسائل پر روشنی ڈالی۔ آپ نے فرمایا کہ اجلاس بڑے پر آشوب اور بہت سے اہم ملکی اور بین الاقوامی واقعات رونما ہوچکے ہیں جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے، اہم بین الاقوامی واقعات یہ تھے۔ پنڈت جواہرلال نہرو کا انڈونیشیا کے متعلق کانفرنس بلانا، جنوبی افریقہ کے سوال پر اقوام متحدہ میں ہندوستان کی [illegible] کامن ویلتھ کے سلسلہ میں لندن کا معاہدہ۔

آپ نے کہا کہ یہ کہنا مشکل ہے کہ اقوام متحدہ کا یہ فیصلہ جنوبی افریقہ کے سیاستدانوں کے فہم و فراست میں کس حد تک [illegible] کرے گا۔

کامن ویلتھ کے معاہدے کے سلسلہ میں ڈاکٹر صاحب [illegible] ملکوں کے درمیان دوستی [illegible]

حیدرآباد کا مسئلہ

حیدرآباد کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ حیدرآباد [illegible] کا ایک مسئلہ ہے کہ ان [illegible] حکومت کو جمہوری [illegible] کس طرح تبدیل کیا جائے اور رجعت پسند [illegible] کا کس طرح خاتمہ کیا جائے۔ جاگیرداروں اور جاگیر [illegible] سرگرمیوں کو لازمی طور پر [illegible] کہ حیدرآباد میں اس وقت [illegible] اگرچہ فرقہ وارانہ امن اور [illegible] قائم ہوگئے ہیں لیکن یہ واقعہ ہے کہ کمیونسٹوں سے جان و مال کو خطرہ موجود ہے۔ پولیس کارروائی سے اس وقت تک ۵۰ کانگرسیوں اور دوسرے لوگوں کو قتل کیا جاچکا ہے۔

کشمیر کا مسئلہ

[illegible] کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ پاکستان خود [illegible] ثابت ہوچکا ہے اس کے باوجود حکومت ہند [illegible] اپنا یہ فرض پورا کرنا پڑے گا [illegible] حفاظت کریں اور عوام کی منشا [illegible] یقین ہے کہ کشمیر کا مستقبل ہندوستان [illegible] کا آئین کشمیر کی آئین ساز اسمبلی تیار کرے گی اور یہ آئین ہندوستان میں شمولیت پر مبنی ہوگا۔ کشمیر تمام امور ہندوستان کے حوالے کرے گا۔ ڈیفنس، رسل و رسائل اور امور خارجہ اس کے علاوہ اور جو معاملہ بھی ہوگا وہ باہمی رضامندی [illegible] تقسیم کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں [illegible] اور ہم [illegible] کمیٹی چاہیے کہ ہم اس قسم کی کسی تقسیم پر رضامند نہیں ہوسکتے اور نہ جارحانہ حملہ کرنے والوں کو خوش کرنے کی بات مان سکتے ہیں۔

اقلیتوں کی نیابت

ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے آئین ساز اسمبلی کی ایڈوائزری کمیٹی کی سفارشات کا خیر مقدم کیا، جن کی رو سے ہریجنوں کے علاوہ باقی اقلیتوں کے لئے نشستوں کی تخصیص کا خاتمہ کردیا گیا۔ آپ نے قوم پرست مسلمانوں اور سکھوں کی خدمات کو سراہا جو ہمیشہ پورے زور سے نشستوں کی تخصیص کی مخالفت کرتے رہے ہیں۔

[illegible] آپ نے کہا کہ [illegible] ان پر کسی ایک روپیہ کے حساب سے خرچ ہورہا ہے ہم میں سے ہر شخص کو لازم ہے کہ وہ ہر روز خود سے یہ سوال کرے کہ اس نے پناہ گزینوں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے کیا کیا ہے۔ لاکھوں آدمیوں کی مشترکہ کوشش سے وہ کچھ ہوسکتا ہے جو حکومت بھی نہیں کرسکتی۔ آپ نے سب لوگوں سے کہا کہ وہ مہاتما گاندھی کے تعمیری پروگرام کی پیروی کریں۔ آپ نے اپنی تقریر کا خاتمہ ان الفاظ سے کیا اس وقت دنیا میں ہند کا وقار اور شہرت بہت بلند ہے۔ سچائی اور عدم تشدد کی بنیادوں کو ایک بین الاقوامی سیاست کے قیام کے لئے ساری دنیا ہمارے وزیراعظم کی طرف نگاہیں لگائے ہوئے ہے۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں ۳۹۰ میں سے ۲۳۳ ممبروں نے شرکت کی۔ بیشتر اس کے ڈاکٹر راجندر پرشاد سرکاری ریزولیشن پیش کریں صدر کانگرس نے کہا کہ کامن ویلتھ کا مسئلہ نیا نہیں اور ایک مدت سے ملک کے سامنے ہے۔

آسام کے ممبر سپیلا کا [illegible] کہ کھمبوں سے جو جھنڈے لپٹے ہوتے ہیں وہ کانگریس کے جھنڈے نہیں بلکہ سٹیٹ کے جھنڈے ہیں۔ کانگریس کے جنرل سیکرٹری نے کہا کہ یہ اعتراض نوٹ کرلیا گیا ہے۔ کل غیر سرکاری ریزولیشنوں پر غور کرنے کے لئے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا جو اجلاس ہوگا وہ خفیہ ہوگا۔

لندن کے فیصلہ کی توثیق

آل انڈیا کانگرس کمیٹی نے بھاری اکثریت سے معاہدہ کامن ویلتھ کے متعلق سرکاری ریزولیشن کو منظور کرلیا

اور ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت نہرو نے جو قدم اٹھایا ہے اس کی تصدیق کردی اس سلسلہ میں جو تین ترمیمیں پیش کی گئی تھیں وہ پانچ گھنٹے کی بحث کے بعد واپس لے لی گئیں۔ سرکاری ریزولیشن ڈاکٹر راجندر پرشاد نے پیش کیا اور پنڈت گووند بلبھ پنت نے اس کی تائید کی۔ ریزولیشن میں درج ہے کہ آل انڈیا کانگرس کمیٹی کا اجلاس اس اعلان پر غور کرنے کے بعد جو کامن ویلتھ میں ہندوستان کی شمولیت کے متعلق وزیراعظم ہند کی منظوری کے بعد لندن کانفرنس کے اختتام پر شائع ہوا ہے۔ ہندوستان کی طرف سے کئے گئے سمجھوتے کی تصدیق کرتا ہے۔ کمیٹی کا خیال ہے کہ یہ فیصلہ اس ہدایت کے مطابق ہے جو اجلاس جے پور میں خارجہ پالیسی کے متعلق دی گئی تھی اور جمہوریت ہندوستان کی کامل خودمختاری کو برقرار رکھتا ہے اور اس کے ساتھ ہی دیگر کامن ویلتھ ممالک کے ساتھ کامن ویلتھ کے نئے نظریئے کے ماتحت آزادانہ تعلق کو برقرار رکھتا ہے۔ اس طرح کسی بھی ممبر ملک کی خودمختاری اور آزادی عمل میں مداخلت نہیں ہوتی۔

[redacted] ہوئے کہا کہ معاہدہ لندن سے ہندوستان کی آزادی پر کوئی پابندی نہیں لگتی۔ نہ داخلی طور پر اور نہ خارجی طور پر۔ لندن میں کوئی خفیہ معاہدہ نہیں کیا گیا۔ اس سلسلہ میں شک کرنا وزیراعظم اور ملک کے ساتھ بے انصافی ہے۔ آپ نے اس تنقید کو بھی غلط قرار دیا کہ ہندوستان دولت مشترکہ کی ایک جماعت میں شامل ہوگیا ہے۔

پنڈت گووند بلبھ پنت وزیراعظم یوپی نے ریزولیشن کی تائید کرتے ہوئے کہا معاہدہ نے کامن ویلتھ کے تصور کو انقلابی حد تک بدل دیا ہے۔

[illegible]

صدر نے اعلان [illegible] موسول مولانا حسرت موہانی [illegible] استعمال کئے گئے ہیں۔ یہ بات ہاؤس کے وقار کے منافی ہے۔ صاحب صدر نے ۳ کے علاوہ تمام ترمیموں کو مسترد کردیا۔ مسترد شدہ ترمیموں میں ایک مسٹر شبن لال سکسینہ کی ترمیم بھی تھی جس میں مطالبہ کیا گیا تھا کہ نئی آل انڈیا کانگریس کمیٹی اور نئی پارلیمنٹ کے انتخاب تک اس مسئلہ پر غور ملتوی کیا جائے۔

پنڈت نہرو

پنڈت جواہرلال نہرو وزیراعظم ہندوستان نے بحث کا [illegible] معاہدہ لندن کے حق میں تقریر کی۔ آپ نے فرمایا کہ جمہوریت ہندوستان کو اپنی آزادی کے استحکام اور [illegible] طاقتوں کو مضبوط بنانے کے لئے [illegible] اگر ہم اقتصادی طور پر مضبوط نہ ہوسکے تو بین الاقوامی سیاست پر اثر نہ ڈال سکیں گے۔ معاہدہ لندن ہمیں اقتصادی ترقی کا موقع دیتا

ہے۔ اور اس سے قومی عزت کو کوئی گزند نہ پہنچیگا۔ آپ نے کہا کہ میں بعض ممبروں کی اس رائے سے متفق ہوں کہ آئین ساز اسمبلی سے قبل اس معاہدے پر آل انڈیا کانگرس کمیٹی کا اجلاس ہونا چاہئے تھا۔ لیکن آل انڈیا کانگرس کا اجلاس اتنی جلدی نہ بلایا جاسکا۔

بابو پرشوتم داس ٹنڈن نے بھی ریزولیشن کے حق میں تقریر کی۔ رائے شماری کے وقت صرف چھ ممبروں نے ریزولیشن کے خلاف ووٹ دیا۔

غیر سرکاری قراردادیں

دہلی کے مسٹر اوتار نارائن کے ریزولیشن کا مطالبہ ہے کہ شہیدوں کی ایک موزوں یادگار تعمیر کی جائے۔ مسٹر عبدالغنی کے ریزولیشن میں مانگ کی گئی ہے کہ ریاست حیدرآباد میں فوجی حکومت کا خاتمہ کردیا جائے۔ وزیگاپٹم کے مسٹر بگن ناتھ راؤ کا مطالبہ ہے کہ نظم و نسق کی نئی مشینری قائم کی جائے۔

مسٹر پاسو سنہا نے مطالبہ کیا ہے کہ مرکزی اور صوبجات میں فی الفور انتخابات کروائے جائیں۔ بہار کے مسٹر نندکشور نارائن نے مطالبہ کیا ہے کہ زبان کی بنا پر صوبجات [illegible] کرنے کے لئے ایک [illegible] پرسنل ایک کمیٹی مقرر کی جائے۔ مغربی بنگال کے مسٹر کرشن چندر [illegible] اس نے اپنے ریزولیشن میں کنٹرول کی پالیسی کی مذمت کی ہے۔ سب سے زیادہ تعداد میں غیر سرکاری ریزولیشن پٹنہ کے مسٹر پاسو سنہا کے ہیں جنہوں نے پورے ایک درجن ریزولیشنوں کا نوٹس دے رکھا ہے۔ دہلی کے مسٹر اوتار نارائن کے ریزولیشنوں کی تعداد سات ہے۔

جنگ آزادی میں کام آنے والوں کے

بچوں اور گھر والوں کو امداد

[illegible] معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے اب تک ملک کی جنگ آزادی میں نقصان اٹھانے والوں کی ساڑھے [illegible] ماہوار پنشن کی حیثیت سے اور ۳۶ ہزار روپیہ مختلف کام شروع کرنے کے لئے دیا ہے۔ حکومت کی امدادی اسکیموں سے اب تک ۹۰۰ اشخاص نے فائدہ اٹھایا ہے۔ ملک کی آزادی کی جدوجہد میں جن لوگوں کو جسمانی نقصان پہنچا یا اس راہ میں کام آئے حکومت نے ان کے بچوں کو امداد دی۔ (قومی آواز ۲۰۔۱۰)

شاہ عبداللہ کا سفر ترکی

قاہرہ ۲۳ مئی۔ یہاں یہ اس بات کا انکشاف کیا گیا ہے کہ شاہ عبداللہ شاہ شرق اردن ترکی جانا چاہتے [illegible] اس کا سبب [illegible] ترکی کے انکار پر شام کے وزیراعظم حسنی الزعیم نے ترکی کے صدر کو ایک خاص پیغام اور بیش قیمت تحائف روانہ کئے ہیں۔

مشرق وسطی کے بارے میں

برطانوی سفیروں کی کانفرنس

قاہرہ ۲۳ مئی معلوم ہوا ہے کہ جولائی میں مشرق وسطی کے مختلف ممالک کے برطانوی سفیروں کی ایک کانفرنس طلب کی ہے۔ دفتر خارجہ نے طلب کی ہے۔

دولت مشترکہ کے مسائل کو طے کرنے کے بعد برطانیہ مشرق وسطی کے معاملات پر زیادہ توجہ دیگا۔ اس کانفرنس میں اس اثرات پر غور کیا جائے گا جو یہودی حکومت کے قیام سے عرب ممالک پر ہوئے ہیں۔ شاید مشرق وسطی کے امداد دینے کے مارشل پلان پر بھی غور کیا جائے گا۔ عرب پناہ گزینوں کا مسئلہ بھی زیر غور آئے گا۔ عرب ممالک کے متعلق برطانوی پالیسی کی بھی تجدید کی جائے گی۔

لندن ۲۳ مئی۔ ہندوستان کا دفاعی کمیشن جو کہ آج کل سوئیزرلینڈ میں ہے اتوار کو بمبئی کے لئے روانہ ہونیوالا ہے۔ برطانیہ امریکہ اور کنیڈا کا دورہ کرتے ہوئے اس مشن نے بہت سی تازہ ترین فوجی ایجادات کا مطالعہ کیا۔ مشن نے مختلف مقامات پر یہاں کے اعلی فوجی افسران کے ساتھ گفت و شنید کی۔ برطانیہ میں مشن کے ارکان نے فیلڈ مارشل منٹگمری کے ساتھ کئی بار ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے کہ ان گفت و شنید کے دوران میں فوجی ترقی کے مستقبل کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔

ہندوستانی چیف آف دی اسٹاف میجر جنرل کانجی ساٹگھ کل برطانیہ سے سوئیزرلینڈ روانہ ہوگئے جہاں پر ہندوستانی دفاعی کمیشن کے دوسرے ارکان مقیم تھے۔ (گلوب)

جزائر لکادیپ کے باشندے

مدراس میں انضمام چاہتے ہیں

نئی دہلی ۲۲ مئی۔ جزائر لکادیپ کے باشندوں نے خواہش ظاہر کی ہے کہ ان کا وطن حکومت ہند کے صوبہ مدراس کے ساتھ ضم کردیا جائے۔

اب تک ان جزائر کے باشندوں کو غیر علاقہ کے باشندے تصور کیا جاتا ہے۔ جزائر لکادیپ ۱۴ جزائر کا مجموعہ ہے اور ساحل مالابار سے ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے ان میں سے ۹ جزیرے آباد ہیں جن کی مجموعی آبادی ۱۸ ہزار ہے۔

حال ہی میں ان باشندوں کی طرف سے ایک یادداشت حکومت ہند کے روبرو پیش کی گئی تھی جس میں مطالبہ کیا گیا تھا کہ ان جزائر کو صوبہ مدراس میں ضم کردیا جائے یہاں کی آبادی بہت پسماندہ ہے ان کا خاص پیشہ ماہیگیری اور زراعت ہے۔

مصر کی طرف سے ثالثی کی پیشکش

قاہرہ ۲۳ مئی۔ شام اور لبنان کی سرحد اب تک بند ہے۔ مصر نے اپنے سفیر مقیم بیروت سے کہا ہے کہ اس سلسلہ میں مصری ثالثی کی پیشکش کرے۔

معلوم ہوا ہے کہ اس نے بیروت میں لبنانی حکام کو مصر کی اس پیشکش سے مطلع کردیا ہے۔ دمشق جاکر کرنل حسنی الزعیم کو بھی مصری حکومت کی خواہش سے مطلع کردیا ہے۔ اس مقصد کے لئے شامی اور لبنانی ماہرین قانون کی ایک کمیٹی مقرر کرنے کی تجویز ہے جس کا فیصلہ انسا لازمی ہوگا [illegible] نے یہ بات مان لی ہے۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مد ظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیم دواخانہ ہے مجھکو اس کی پیٹنٹ مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کی بارہا نوبت آئی۔ اس کے تجربات سے مریضوں کو بہت فائدہ پہونچا ہے۔ ہندوستان کے مشہور اطبا حکیم محمد احمد خان صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبدالوہاب صاحب نابینا دہلوی وغیرہ اطبا اور دوسرے نامور حضرات نے اس کی بارہا تصدیق فرمائی ہے۔ اور رنگ زیبی زخم اور دیگر جلدی امراض کے لئے اکسیر ہے جو اس دواخانہ کی مخصوص دوا ہے جس سے بہت زیادہ نفع لوگوں کو پہونچا ہے۔ میں نے بھی اس دواخانہ کی کامیابی کی تصدیق کی تھی احباب بھی ضرورت مند حضرات کی توجہ دلاتا ہوں کہ دواخانہ کی مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں۔

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیمی معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے۔ میں خود اس کے مجربات استعمال کرتا ہوں۔ ان کے مفید ہونے میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ضرورتمند حضرات اس کے خصوصی مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ مقوی دماغ ہونے کے ساتھ اس کی چار خاص صفات ہیں کہ بہت جلد جذب ہوجاتا ہے۔ دردسر کو فوراً دور کرتا ہے۔ گرمی میں دماغ کو سرد اور سردی میں گرم رکھتا ہے۔ باوجود خوشبودار ہونے کے نزلہ نہیں کرتا۔ دماغی کام کرنے والے اس کو لگا کر بہت کام کرسکتے ہیں۔ پندرہ سال سے ایسی مجموعی صفات دوسرے تیل میں ثابت کرنے والے کے لئے پانچ سو روپے انعام شائع ہورہا ہے۔ جواب ملنا تو ہے آج تک کوئی ثابت نہیں کرسکا۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ (عہ) ایک اور دو شیشی کے پیکنگ اور ڈاک کا ایک ہی خرچہ ہے۔ چھ شیشی منگوانے والے کو گیارہ آنہ کفایت۔

اکسیر جلد جلدی امراض کے لئے اکسیر دوا ہے۔ چنبل داد رنگ زیبی وغیرہ پرانے زخموں کو بغیر کسی تکلیف کے صاف کرتی ہے اور جلد کے داغ دھبے کیل مہاسے، سیاہی بے رونقی کو صاف کرکے چہرہ کو روشن اور خوشنما بنا دیتی ہے۔ چوٹ وغیرہ سے اگر خون جاری ہو جائے تو اس کا لگانا رکھتے فوراً بند ہوجاتا ہے اور زخم بھی بھر آتا ہے۔ ہر گھر میں ضرور اس کی ایک شیشی رکھنی چاہئے۔ عورتوں کے لئے خاص تحفہ ہے۔

مولانا عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی فرماتے ہیں کہ میں نے اکسیر جلد کی تعریف سنکر اسے خود استعمال کیا۔

واقعی اسم بامسمی پایا۔ جلدی امراض کے لئے نہایت مفید زود اثر اور سہل الاستعمال ہے۔ سیال عرق کی صورت میں یہ خوشبودار دوا فوراً جلد میں جذب ہوجاتی ہے ... کے نمایاں فوائد ہیں ظاہر ہونے لگتے ہیں جلد کی صفائی اور خوشنمائی کے لئے بھی عمدہ لوشن ہے۔ قیمت فی شیشی کلاں دو روپے آٹھ آنہ خورد ۱۲ آنہ ... منگانے والوں کو بڑی شیشی منگانا چاہئے۔

موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دلکشا بے مثال قدرتی ایجاد سفوف کی شکل میں ہے۔ جو دل کی گرمی۔ گھبراہٹ۔ دھڑکن بے چینی اور اختلاج قلب کے دورہ کو فوراً دور کرتا ہے۔ سادہ شکر کے شربت میں ایک رتی حل کرنے سے نہایت خوشبودار خوشنما رنگ فرحت بخش شربت کا گلاس تیار ہوجاتا ہے جس کو پینے کے بعد دل و دماغ پرسکون ہوجاتے ہیں۔ پیاس اور تشنگی رفع ہوجاتی ہے۔ چائے۔ سوڈا۔ آئس کریم کو بہت خوشگوار بنا دیتا ہے۔ قلب کے مریض سفر کرنے والے آفس اور اداروں میں کام کرنے والے اسکول کالج میں پڑھنے والے حضرات ضرور ایک شیشی اپنے پاس رکھیں۔ ایک شیشی میں ایک سو گلاس معمولی شربت کے اور سا گلاس نہایت ہی عمدہ تیار ہوجاتے ہیں۔ قیمت فی شیشی دو روپیہ (عہ)

اکسیر کامل جگر اور معدہ کی اصلاح کے لئے نہایت مفید اور زود اثر ہے جگر کی گرمی ورم وغیرہ کو بہت جلد تحلیل کردیتی ہے۔ معدہ کی بیماریاں ہضم کی خرابی ریاح کی کثرت وغیرہ بہت جلد دور ہوجاتی ہیں۔ چہرہ روشن بیمار تندرست اور توانا ہوجاتا ہے۔ قیمت فی شیشی جس میں ۳۲ خوراک ہیں دو روپیہ آٹھ آنہ (عہ)

تریاق الرحم سیلان الرحم یعنی لیکوریا کے لئے دافع اکسیر ہے۔ بہت جلد اثر دکھاتی ہے۔ سہل الاستعمال ہے۔ ہر قسم کے نقصانات سے پاک ہے۔ اس کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہند اور بیرون ہند میں پندرہ سال سے جاری ہے کہیں آج تک ناکام نہیں ہوئی گویدہ اور مقاطر کو بھی صاف کرتی ہے بہت مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۲۰ خوراک چار روپے (للعہ) جو اکثر ایک مریضہ کے لئے کافی ہے ضرور آزمائش کرکے فائدہ اٹھائیے۔

سفوف جریان جریان نیا ہو یا پرانا اس کے استعمال سے بہت جلد صحت ہو جاتی ہے۔ پرانے سوزاک کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ مقوی اعصاب ہے۔ قبض نہیں کرتا ہر موسم میں ہر عمر والا استعمال کرسکتا ہے۔ قیمت فی ڈبیہ دو روپے آٹھ آنہ جس میں ۴۰ خوراک ہیں۔

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یو پی)

گرمی کی پارٹیوں کا تحفہ

گرمی کے دنوں میں کوئی پارٹی مشہور عالم شربت روح افزا کے بغیر کس طرح مکمل ہوسکتی ہے پارٹی کے ممتاز لوگوں کو روح افزا پیش کرنے سے میزبان کا سر فخر سے اونچا ہوجاتا ہے۔ روح افزا، مقوی دل دواؤں، تازہ پھلوں کے رسوں اور مہکتے پھولوں کی روحوں سے سائنٹی فک طریقہ پر بنایا جاتا ہے اور گرمی کے موسم کی ہر تکلیف اور مرض کے لئے بچوں، بوڑھوں، عورتوں، مردوں سب کے لئے اکسیر ہے۔ فی بوتل دو روپے آٹھ آنے

رسالہ ہمدرد گرما جس میں گرمی کے موسم میں تندرست رہنے کی تدبیریں لکھی گئی ہیں، اردو، ہندی اور انگریزی زبانوں میں مفت طلب فرمائیے۔

روح افزا

ہر جگہ ملتا ہے

ہمدرد دواخانہ لیباریٹریز دہلی

مقامی چیف سٹاکسٹ (۱) میسرز موہن اسٹور زابل خاں روڈ قرول باغ دہلی (۲) حکیم جی پی کنفکشنری چاندنی چوک (۳) کوہ ساج کپڑا [illegible] (۴) [illegible] روڈ نئی دہلی [illegible]

سیرۃ سید احمد شہید

قدس سرہ العزیز

از

حضرت مولانا ابوالحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ

حضرت شہید قدس سرہ کی پرخلوص شہادت اور قربانی اور حضرت مصنف مدظلہ العالی کی خوبی تحریر کا یہ اثر ہے کہ کتاب بار بار طبع ہوئی۔ اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگئی۔ مشتاقان مطالعہ کی طرف سے ھل من مزید کی صدا باقی رہ گئی۔

عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی خدا خدا کرکے اب یہ پانچویں ایڈیشن کی جلد اول طبع ہوسکی ہے۔ اس مرتبہ اس کتاب میں بہت سی قیمتی کتابوں۔ رسالوں اور خطوط سے گراں قدر معلومات کا اضافہ کیا گیا ہے اور مصنف کی جودت فکر نے اسے کچھ ایسا ترتیب دیا ہے کہ یہ کتاب ہی نہیں رہی بلکہ ایک تازہ تصنیف ہوگئی ہے۔ جو ظاہری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے نقش اول سے زیادہ مکمل زیادہ جامع اور زیادہ دلآویز ہے۔

اس مرتبہ سائز بڑا کردیا گیا ہے یعنی ۲۰×۲۶ طباعت اور کاغذ اعلی ہے۔ ٹائیٹل خوبصورت حضرت شہید سے متعلق دو تحریروں کے عکس اور چند مکانات اور مسجدوں کے فوٹو بھی کتاب میں شامل کردیئے گئے ہیں۔

بہت ممکن ہے ابھی مقامات اور روحانی جاذبیت کی وجہ سے یہ ایڈیشن پہلے ایڈیشنوں سے بھی کم مدت میں ختم ہوجائے اور شائقین کو بعد میں کف افسوس ملنا پڑے۔ لہذا فرمائش بھیجنے میں جلدی کرنا چاہئے قیمت چار روپے (للعہ)

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بکڈپو۔ دفتر جمعیۃ علماء گلی قاسمجان دہلی

دار السلطنت

[illegible] مئی [redacted]

سائیکل بیچتے ہوئے گرفتار

ایک نوجوان شخص سائیکل بیچتے ہوئے گرفتار کیا گیا گرفتاری اس شبہ پر عمل میں آئی کہ وہ مسروقہ سائیکل فروخت کررہا ہے۔ (ا۔ن۔ک)

لاجپت رائے مارکیٹ میں چوری

لاجپت رائے مارکیٹ میں ایک پارچہ فروش کی دکان سے ۱۴۵۰ روپیہ چوری کئے جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ (ا۔ن۔ک)

۱۴۹ مسافر گرفتار

غازی آباد کے قریب ریل کو اچانک روک کر ۱۴۹ مسافر جو بلاٹکٹ سفر کررہے تھے گرفتار کرلئے گئے۔ ان مسافروں میں ۵ عورتیں اور ۱۸ ریلوے ملازم بھی تھے۔ گرفتار شدگان کو سبزی منڈی ریلوے اسٹیشن تک لیجایا گیا جہاں ان کے مقدمات کی سماعت کرکے جرمانہ کیا گیا ان میں اٹھ ایسے مسافر بھی شامل ہیں جو ریل میں لٹک کر سفر کررہے تھے۔

جلسوں جلوسوں پر پابندی میں توسیع

دہلی کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ۲۷ مئی تک اپنے اس سابقہ حکم میں توسیع کردی ہے جس کے تحت جلسوں اور جلوسوں پر پابندی لگائی گئی تھی۔ پانچ سے زائد اشخاص کا اجتماع اسلحہ آتشیں لاٹھی کلہاڑی، بلم اور اسباب دوسرا سامان جس کو بطور ہتھیار کے استعمال کیا جاسکے لے کر چلنے پر پابندی لگادی ہے اس کا اطلاق دہلی، نئی دہلی، شاہدرہ میونسپلٹی کے علاوہ نوٹیفائیڈ ایریا کمیٹیوں کے علاقوں پر ہوتا ہے۔

مشاعرہ

[illegible] دہلی کا شعر و ادبی مشاعرہ [illegible] عمارات [illegible] منعقد ہوا جس میں دہلی و بیرون دہلی کے مشاہیر شعراء نے کافی تعداد میں شرکت کی [illegible] حضرات میں اس [illegible] مشاعرہ کی صدارت [illegible] نے کی [illegible]

انجمن خواتین کا جلسہ

دہلی ۲۳ مئی۔ انجمن خواتین احاطہ کالے صاحب کا ہفتہ وار جلسہ زیر صدارت محترمہ زاہدہ خاتون صاحبہ منعقد ہوا۔ ترجمہ کلام پاک خاتون جنت نے کیا۔ ساجدہ بیگم۔ حمیرہ فرخندہ۔ عصمت نے بچوں کی تربیت پر مقالے پڑھے۔ جلسہ کلثوم خانم کی نعت سے شروع ہوا۔ اس دفعہ جلسہ میں کمیٹی کے قریب خواتین نے شرکت کی۔ (قاضیہ توحید سکریٹری انجمن خواتین)

دہلی میں جمعرات اور جمعہ کی شب میں بارش ہوئی اور [illegible] جس سے [illegible] موسم خوشگوار ہوگیا تھا لیکن کل سے بہت سخت گرمی پڑ رہی ہے۔

یہ لڑکا کس کا ہے

ایک لڑکا عمر تقریباً چار پانچ سال ننگے سر اور ننگے پاؤں۔ ہاف آستین کی دھاری دار قمیص اور جانگیہ پہنے ہوئے [illegible] اپنا نام [illegible] بتاتا ہے۔ کل شام تقریباً ۵ بجے ایک صاحب کو اجمیری گیٹ کے باہر سڑک پر ملا ہے جن صاحب کا ہو مسجد دہلی کے دفتر [illegible] سراج الدین [illegible] کریں۔

یونین ملازمین ہمدرد دواخانہ کی

کونسل کا اجلاس

کل شام ہمدرد منزل میں یونین ملازمین ہمدرد دواخانہ کی کونسل کا اجلاس زیر صدارت حکیم سید احمد جمیل شاہ صاحب قادری منعقد ہوا۔ پچھلے جلسہ کی کارروائی منظور ہوئی۔ اور ملازمین کے مطالبات کو متولی صاحب کی خدمت میں پیش کرنے کے لئے حکیم سید احمد جمیل شاہ قادری، حکیم سید عظمت علی صاحب زیدی اور [illegible] صاحب [illegible] پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی اس کے بعد نام نہاد یونین ملازمین ہمدرد دواخانہ جات کے طریقہ کار [illegible] ایک تجویز متفقہ طور پر پاس کی گئی اور کہا گیا کہ اس نام نہاد یونین ملازمین ہمدرد دواخانہ کی نمائندگی کا کوئی حق نہیں ہے۔ [illegible] کہا گیا کہ ملازمین دواخانہ کے معاملات میں کسی بھی بیرونی مداخلت کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

اس کے بعد دستور العمل کی طباعت کا کام جوائنٹ سکرٹری کے سپرد کیا گیا اور صاحب صدر کے شکریہ کے بعد جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔ (جوائنٹ سکرٹری)

حضرت ابوبکر طوسی کا عرس

۲۰ ۔ ۲۱ ۔ مئی کو حضرت ابوبکر طوسی کے عرس کی تقریب نہایت شاندار طریقہ پر ہوئی۔ جمعہ کی نماز کے بعد سے ہی مسلمانوں نے جانا شروع کردیا۔ انصار اور رضاکاروں نے رات کو بھی کافی مسلمان خیمہ میں تھا۔ محترم محمد یونس صاحب مالک جامعہ نے طعام لنگر و خدمت پانی کا انتظام کیا۔

اس موقعہ پر ایک بات خاص قابل ذکر ہے کہ اس موقعہ پر پہلے قصبہ کے رئیس [illegible] مسلمانوں نے ہی حصہ لیا اپنی طرف سے شربت تقسیم کیا اور درگاہ کی اصلاح کرنے میں مسلمانوں کے ساتھ شریک رہے۔

عرس کی تقریب میں جناب محمد اسماعیل صاحب [illegible] شیخ عبدالحق صاحب پراچہ۔ علامہ اخلاق دہلوی نے بھی شرکت کی۔ حکیم سید حسین صاحب، لوہے والے حضرت ابوبکر طوسی کے حالات پر ایک تاریخی مقالہ پڑھا۔ مولانا اخلاق حسین قاسمی نگراں مساجد کمیٹی دہلی (اوقاف) بھی وقت پر تشریف لے گئے تھے۔ آپ نے درگاہ کی متعلقہ آراضی کو دیکھا اور درگاہ کی حفاظت اور مرمت کے سلسلہ میں منتظمین درگاہ سے بات چیت کی۔

ابھی صبح دیر تک عرس کا سلسلہ جاری رہا اور ختم کے بعد درگاہ کے انتظام و حفاظت کے لئے حسب ذیل کمیٹی بنائی گئی۔ علامہ اخلاق دہلوی، محمد اسمٰعیل صاحب، محمد یونس صاحب [illegible] اور شیخ عبدالحق صاحب پراچہ سکرٹری چنے گئے۔ (سکریٹری منتظمہ کمیٹی)

مبلغین کی روانگی

مورخہ ۲۳ مئی کو بعد نماز جمعہ مسجد فتح پوری مولانا مولوی محمد احمد صاحب صابری بغرض تبلیغ الاسلام ماریشس مع چند مبلغین کے تشریف لے جارہے ہیں جو حضرات تبلیغ کا شوق رکھتے ہیں اور زاد راہ ذاتی خرچ کرسکتے ہوں وہ بعد مغرب کی نماز جامع مسجد دہلی میں پہنچیں اور مولانا کے ہمراہ جائیں۔ مولانا محمد احمد صاحب صابری کی عدم موجودگی میں جمعہ کی نماز کے بعد جامع مسجد میں مولانا مولوی محمد فضل صاحب بیان فرمایا کریں گے۔

۶۲ سال کی عمر میں ایم اے پاس کیا

ناگپور ۲۳ مئی۔ ایک پرائیویٹ طالب علم نے اس سال ناگپور یونیورسٹی سے ۶۲ سال کی عمر میں ایم اے کا امتحان پاس کیا ہے اس طالب علم کا نام مسٹر جی جی ڈینگرا ہے آپ ۱۹۳۳ء میں سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہوئے اور وہ ایک پرائیویٹ اسکول میں ماسٹری کرنے لگے آپ نے بی اے کا امتحان ساٹھ سال کی عمر میں پاس کیا۔ (محبوب)

انجمن اقوام متحدہ افریقی مسئلہ کو اطمینان بخش طور پر حل نہیں کرسکتی

افریقہ میں یورپینوں کے آخری دن قریب آگئے ہیں

نیویارک میں انڈیا لیگ کے صدر سردار جے جے سنگھ کی تقریر

نیویارک ۲۳ مئی۔ سردار جے جے سنگھ صدر انڈیا لیگ آف امریکہ نے گزشتہ شب اپنے ایک بیان میں کہا کہ میں یقین نہیں کرتا کہ جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کے ساتھ سلوک کے مسئلہ کو اقوام متحدہ اطمینان بخش طریقہ سے حل کردیگی۔ اور میں یہ بھی نہیں سمجھتا کہ حکومت ہند اور حکومت جنوبی افریقہ دونوں آپس میں کسی اطمینان بخش طریقہ پر پہونچ جائیں گی۔

سردار جے جے سنگھ ایک ڈنر کے موقع پر بول رہے تھے۔ جس کا انتظام شہید وطن مہاتما گاندھی کے صاحبزادہ مسٹر منی لال گاندھی کے اعزاز میں کیا گیا تھا۔

سردار جے جے سنگھ نے کہا کہ میں یقین نہیں کرتا کہ افریقہ اور ہندوستان کی گفت و شنید سے کوئی مفید نتیجہ نکلے گا۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سفید قوم کے لوگ جو اس وقت جنوبی افریقہ پر حکومت کررہے ہیں جانتے ہیں کہ دس سال یا اس کے قریب کے عرصے میں جنوبی افریقہ کے دیسی باشندے اپنی آزادی کا مطالبہ کرنے والے ہیں۔

آپ نے کہا کہ جنوبی افریقہ کی حکومت نے نسلی امتیاز کی پالیسی اختیار کی ہوئی ہے وہ تنگ نظرانہ پالیسی ہے۔ اور اس پالیسی سے لازمی طور پر دیسی افریقی عوام کا مطالبہ آزادی کا زور زیادہ ہوجائے گا۔ [illegible] حاصل ہوئی۔ لیکن حکمراں طبقے بہت کم تاریخ سے سبق سیکھا کرتے ہیں۔

ہندوستانیوں کو مشورہ

سردار جے جے سنگھ نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں رہنے والے ہندوستانیوں کو میرا مشورہ یہ ہے کہ وہ اپنے ذہنی تحفظات کے بغیر جنوبی افریقہ کے عوام کے ساتھ مل جائیں۔ اس لئے کہ یہی وہ لوگ ہیں جن سے بالآخر انہیں اپنے حقوق لینے ہیں۔

سردار جے جے سنگھ نے اپنے اس خیال کا اظہار کیا کہ جونہی افریقہ کے پسماندہ لوگوں کا دنیا کے دیگر حصوں سے تعلق قائم ہوگا اور جونہی اندرون ملک میں رسل و رسائل کی آسانیاں حاصل ہو جائیں گی اور صنعتی ترقی کی اسکیمیں عمل جامہ پہن لیں گی تو پورے افریقہ میں مزدور تحریک شروع ہو جائے گی۔ سامراج کے ساتھ ساتھ یوروپین امپیریلسٹ طاقتوں کے خلاف بھی افریقی عوام میدان میں آجائیں گے۔

آپ نے کہا مجھے اس امر میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ جس طرح ایشیا سے یورپ کی سامراجی طاقتوں کا اقتدار قریب قریب ختم ہوگیا ہے آئندہ پچیس سال کے اندر اندر افریقہ سے بھی ان کا اقتدار ختم ہوجائے گا۔ (یو۔ ٹ۔ رائٹر)

نیل گایوں اور بندروں کو مارنے کی سفارش

بہار میں محکمہ زراعت کی سرگرمیاں

پٹنہ (بذریعہ ڈاک) ۱۷ مئی۔ بہار کے محکمہ زراعت کے ایکزیکٹیو کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ہارٹیکلچر کی ترقی کے کاموں کے متعلق بہت سی تجویزیں طے کی گئیں۔ صوبوں کی بہت سی جگہوں میں یتیم کے ڈالوں میں پھلوں کو تیار کرنے کا طریقہ بتلایا جائے گا جس کی بہت ضرورت ہے۔ اچھے پھلوں کے درختوں کے [illegible] نے حکومت سے سفارش کی کہ ضلع ملکی ایسے جگہ جگہ مرکز قائم کرنے چاہئیں اور حکومت سے کہا جائے کہ بندروں اور نیل گایوں کو مارنے کا سامان کیا جائے اس لئے کہ وہ کھیتوں اور باغیچوں اور درختوں کو خراب کرتے ہیں۔ کاشتکاروں کو بہترین اور عمدہ قسم کے بیج تیار اور تخم کے بیج سستے داموں میں دیئے جائیں۔ بہار ہارٹیکلچرل سوسائٹی کے مشورہ سے ایک ماہواری رسالہ یا اخبار ہندی میں نکالا جائے۔

کرناٹک یوتھ کانفرنس

بنگلور ۲۲ مئی۔ ریاست میسور کے اہم صنعتی مرکز دادا نگرے میں کرناٹک یوتھ کانفرنس کا تیسرا اجلاس ماہ جولائی میں منعقد ہوگا۔ اس کانفرنس کا افتتاح سرت چندر بوس کریں گے۔ امید ہے کانفرنس کے ساتھ ایک ثقافتی کانفرنس اور سودیشی نمائش بھی کی جائے گی۔

جموں میں زمین کی فروخت پر پابندی

سری نگر ۲۲ مئی۔ مہاراجہ کشمیر کی حکومت نے جموں کے علاقے میں ایک آرڈیننس نافذ کیا ہے جس کی رو سے وزیر مال کی اجازت کے بغیر زمینوں کا تبادلہ فروخت یا رہن ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ یہ ایک سال تک نافذ رہیگا۔ صوبہ کشمیر میں پہلے ہی سے ایسا قانون نافذ ہے۔

تقسیم کے بغیر بھی ہندوستان آزاد ہوجاتا

(بقیہ صفحہ ۳)

آپ کی تقریر کے بعد سوشلسٹ لیڈروں میں سے بعض نے [illegible] سب کہ بادلی گھر آتے ہی [illegible] مشاعرہ ہوا۔ اور نصف شب کا وقت ہوگیا تھا جس میں چند پر اثر نظمیں پڑھیں اور جلسہ نہایت کامیابی سے ختم ہوا۔ (نامہ نگار)

پنڈت نہرو سے

ٹریڈ یونین کی اپیل

بمبئی ۲۳ مئی۔ کھیت مزدوروں کی آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس نے پنڈت نہرو سے اپیل کی ہے کہ وہ ان لوگوں کی جان بچائیں جن کو حیدرآباد میں اسپیشل ٹریبونل نے سزائے موت دی ہے۔

سکرٹری نے کہا کہ ان لوگوں میں جن کو سزائے موت دی گئی ہے ایک ۱۸ سالہ طالب علم بھی [illegible] ہے۔ (ا۔پ)

چیف کمشنر کی نواب بھوپال سے ملاقات

بمبئی ۲۳ مئی۔ بھوپال کے نامزد چیف کمشنر آج ایک ہوائی جہاز کے ذریعہ بمبئی گئے اور نواب بھوپال سے ایک گھنٹہ تک ملاقات کی بعدہ میں چار گھنٹہ قیام کے بعد چیف کمشنر شام کو بھوپال واپس ہو گئے۔

نواب بھوپال ۹ جون کو پیرس کو روانہ ہونے کے لئے جارہے ہیں اور توقع ہے کہ دو ماہ کی مدت میں وہ بھوپال واپس آجائیں گے۔ یکم جون کو بھوپال چیف کمشنر کا صوبہ ہوجائے گا۔ (ا۔پ)

دولت مشترکہ میں رہنا ناممکن ہے

بمبئی ۲۳ مئی۔ ایک جماعت بنیاد سوشلسٹ لیڈر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان دولت مشترکہ میں نہیں رہ سکتا کیونکہ دولت مشترکہ کے دیگر ممالک سے اس کے ثقافتی سماجی اور سیاسی تعلقات نہیں ہیں [illegible] سیاست خصوصاً جنوبی افریقہ [illegible] ہندوستان [illegible] (ا۔پ)

تبادلہ جائداد

خواہشمند حضرات پناہ گزین گزٹ کا مطالعہ کریں

منیجر پناہ گزین گزٹ پوسٹ بکس نمبر ۳۸۹ نئی دہلی

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کیلئے

کتب خانہ اشرفیہ

رشید کمپنی دیوبند دہلی

عینکیں شیشے فریم اور مقوی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید اوپٹیکل کمپنی

ہول سیل مینوفیکچررز بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور دانت لگوانے کے لئے دہلی کے مشہور دندان ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ

بازار بلیماران کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

ادارہ "بانو" دہلی کا دوسرا اہنگامہ خیز اعلان

آئندہ پرچہ ماہ جون ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ

میں

ایک ضخیم اور شاندار سالنامہ ۱۹۴۹ء

کی صورت میں پیش کیا جائیگا

تقریباً تین سو صفحات چھپن کشیدہ کاری نمبر دو تین سو نمونے شائع کرنے کے بعد مقررہ تاریخ پر "بانو" کا سالانہ سالنامہ [illegible] اس کا اندازہ صرف وہی لوگ لگا سکتے ہیں جو کسی صورت میں اس قسم کے کاموں سے متعلق ہوں۔ تاہم ناظرین و ناظرات کی قدر دانیوں اور اعانت افزائیوں کی بدولت میں اعلان کرتی ہوں کہ گزشتہ سال کی طرح اس مرتبہ بھی تقریباً سو صفحات کا معطر اور منقش سالنامہ پیش کروں گی۔ اس میں درجنوں تصاویر بلاکوں میں شائع کی جائیں گی۔ کئی درجن معیاری افسانے اور تحریکیں واصلاحی نظمیں بھی شریک اشاعت ہوں گی۔ ملک کے اصلاح پسند طبقہ کے ایسے مضامین بھی آپ کو اس خاص نمبر میں نظر آئیں گے جن کی بدولت آپ کی اور ہماری اصلاح اور روزمرہ کی زندگی میں ایک کامیاب ترین انقلاب ہوسکتا ہے۔ طبی مشورے۔ ناقابل فراموش تقلید ہستیوں کی سوانح عمریاں۔ گلے شکوے۔ گزرے ہوئے زمانے۔ فرمائیے ہم عرض کریں گے۔ مقابلے کشیدہ کاری کے نمونے اور مزید بہت سے صفحات بھی شامل کئے جائیں گے۔

ان تمام خوبیوں کے باوجود قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے ہوگی۔ لیکن سالانہ خریداروں کو حسین کشیدہ کاری نمبر کی طرح یہ سالنامہ بھی پانچ روپے سالانہ قیمت میں ہی پیش کیا جائے گا۔ [illegible] فیس کے لئے خریداروں کو چار آنے کا وی۔پی منظور کیا جائیگا۔ تاکہ سالنامہ بحفاظت پہونچ جائے اس لئے خرچ رجسٹری کے لئے کوئی بھائی یا بہن ٹکٹ نہ بھیجیں۔ کیونکہ راستہ میں گم ہوجانے کا احتمال رہتا ہے۔ نئے خریدار صاحبان بانو کی چار آنے [illegible] کا خریدار [illegible] کیا جاسکے۔ (ادارہ بانو مفت منگا کر دیکھیں)

زینب انیسہ

مدیرہ "بانو" دہلی

پتہ صرف ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

بادشاہ ظاہر شاہ کی شکار کھیلنے والی آنکھ میں تکلیف

کابل سے واپسی پر انگریز سرجن کا بیان

کراچی ۲۲ مئی۔ مسٹر ہنری ہالینڈ جو برطانیہ کے ایک مشہور ماہر چشم سرجن ہیں اور گزشتہ ہفتہ کو بادشاہ ظاہر شاہ والی افغانستان کی آنکھ کا علاج کرنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز کابل گئے تھے۔ انہوں نے آج بیان کیا کہ بادشاہ کی آنکھ میں ایک خراب رات کی وجہ سے تکلیف ہوگئی ہے۔ سر ہنری نے جو آٹھ دوپہر بعد بذریعہ طیارہ یہاں پہنچے مزید کہا کہ میں تین بار بادشاہ ظاہر شاہ کو دیکھ چکا ہوں اور گزشتہ ہفتہ یقینی طور پر ان کی صحت میں کافی بہتری پیدا ہوگئی ہے۔ آپ نے تکلیف کی جگہ یہ بتائی کہ ان کی شکار کھیلنے والی آنکھ میں ہے اور ظاہر شاہ شکار سے بہت شوق رکھتے ہیں۔

سر ہنری نے آگے چل کر کہا کہ بادشاہ عرض خوب اچھے ہیں لیکن ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہے کہ ان کی آنکھ کلی طور پر اچھی ہوگی یا نہیں۔ بادشاہ اردو بخوبی سمجھتے ہیں دونوں نے میرے ساتھ بات چیت کے دوران میں انگریزی میں گفتگو کی۔ (اے۔ پی۔ ایس)

آتشبازی بند کرو

مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے انسداد آتشبازی کے سلسلہ میں تمام جمعیتوں کو توجہ دلائی ہے اور مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ شب برات کے موقعہ پر اسراف اور فضول خرچی سے بچیں۔ آپ نے کہا کہ یہ صرف فضول خرچی ہی نہیں ہے بلکہ اس سے ہماری سماجی اخلاقی بھی تباہ ہوجاتی ہے۔ علاوہ ازیں موجودہ حالات میں آتشبازی باہمی تعلقات کی ناخوشگواری کا موجب بھی بن سکتی ہے۔ ناظم موصوف نے اصلاح جمعیۃ علماء کو توجہ دلائی ہے کہ وہ انسداد آتشبازی کے لئے فوراً عملی قدم اٹھائیں۔

اس سلسلہ میں علماء نے پہاڑی بھوجلہ کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ان کا طرز عمل قابل تقلید ہے۔ ان حضرات نے جلسے کئے آتشبازی کی تمام دکانیں اٹھوادیں اور بچوں کو تحفت بھیجے گی۔

مجھے امید ہے کہ ہر محلہ کے ذمہ دار حضرات اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں گے اور اضلاع کی جمعیتوں کے سلسلہ میں توجہ کریں گے۔

جاپان کے لئے ہندوستانی کوئلہ

نئی دہلی ۲۳ مئی۔ وزارت تجارت کے ایک ترجمان نے آج یہاں پر بتایا کہ ہندوستان نے ماہ مئی کے لئے ۸ ہزار ٹن اور ماہ جون کے لئے ۴۳ ہزار ٹن کوئلہ جاپان کو الاٹ کیا ہے۔ اس نے بتایا کہ گزشتہ چودہ ماہ کے دوران میں ۴۰ ہزار ٹن کوئلہ جاپان روانہ کیا جاچکا ہے۔ (محبوب)

آل انڈیا کانگرس کمیٹی کا اجلاس

(بقیہ صفحہ ۲)

[illegible] کمیونسٹوں کو گرفتار کرلیا۔ ان پر الزام ہے کہ وہ مسٹر کو [illegible] ۔ میونسپل کونسل کے خلاف عظیم احتجاج کرنے کے پرانے شہر میں ہڑتال اور مظاہرہ کرانے کی کوشش کررہے تھے۔ ان کمیونسٹ لیڈروں کا کہنا ہے کہ میونسپل کونسل میں متوسط طبقہ کے مفاد کی نمائندگی نہیں ہے کیونکہ ان کمیونسٹوں نے بہت زیادہ [illegible] اور انہیں کلکتہ کے فوجی گودام سے نذر کیا ہے۔ (اے۔ پی۔ رائٹر)

۵۰ ہزار ٹن اناج جمع کرلیا گیا

لکھنؤ ۲۳ مئی۔ حکومت یو۔ پی کے ایک ترجمان نے بتایا کہ یو۔ پی میں مئی کے پہلے پندرہ دنوں میں ۵۰ ہزار ٹن غلہ اکٹھا کیا گیا یہ مقدار اتنی ہی ہے جتنی ۱۹۴۸ء میں اس مدت میں اکٹھی کی گئی تھی۔ (ا۔ پ)

کملا میں اسرائیلی حکام نے چھ کمیونسٹوں کو گرفتار کرلیا

[illegible]

[illegible] کانگریس کے سیاسی تعلقات بہت برے اثرات ہیں۔ [illegible] دونوں طرح پر ہماری رہنمائی کی جائے۔

از ادارہ الجمعیۃ

اس اشتہار سے کراچی تجارت کر کامیاب بنایئے

سند حاصل کریں

حکیم۔ ڈاکٹر۔ وید بن کر اور پریکٹس کرکے عزت سے شاندار آمدنی کمائیں۔ گھر بیٹھے دہلی کے گورنمنٹ رجسٹرڈ میڈیکل کالج سے باعزت سند گھر بیٹھ اور آسان شرائط پر حاصل کرنے کے لئے پراسپیکٹس مفت منگوائیں۔

ڈاکٹر شیو چندداس فتح آباد (حصار)

نیلام سرکاری سٹورز سوداگری

جنرل مرچنٹس کیلئے نادر تحفہ

دہلی کے علاوہ باہر کے بیوپاری مال ملاحظہ کرنے آسکتے ہیں۔ المشتہر ۲۹ مئی [illegible]

نئی لال ٹبری کرشن گورنمنٹ آکشنرز

پہاڑ گنج روڈ مورید روانہ دہلی

AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکوٹانک

نامردی۔ لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ رعشات کو گاڑھا کرتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے، جسم میں تازہ خون پیدا کرتا ہے اس دوا کی خاص صفت ہے۔ اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے۔ دوران سر، حافظہ کی کمزوری، اختلاج قلب، اعضا شکنی وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔ ہیجڑے معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے۔ مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ مرد عورت دونوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپیہ آٹھ آنہ۔ تین شیشیاں نو روپے (للعہ) علاوہ محصول ڈاک

امیکوطلا نہایت خوشبودار کامیاب دوا ہے۔ سائینس کے جدید اصول پر تیار کیا گیا ہے۔ حکمت قدیم اور سائنس جدید کی معلومات کا نچوڑ ہے۔ تمام خرابیاں اور کمزوریاں دور ہوتی ہیں۔ یہ طلا نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے [illegible] پیدا ہوجاتی ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے۔ فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ لین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

نمبر ۹۷ رجسٹرڈ ڈی

روزنامہ الجمعیۃ
چندہ سالانہ ۔۔۔۔۔ ۲۴ روپے
ششماہی ۔۔۔۔۔ ۱۲ روپے
سہ ماہی ۔۔۔۔۔ ۱۱ روپے

تار کا پتہ، "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۲۴ روپے | جلد ۳ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۲۷ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۶ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان ہوائی سفر کے لیے
صرف ہوائی جہاز کا اصلی کرایہ لیا جاتا ہے
اور اس کے علاوہ دیگر زائد اخراجات جو کہ پرمٹ بنوانے اور دیگر دوڑ دھوپ میں صرف ہوتے ہیں بالکل نہیں لئے جاتے۔ یہ جملہ اخراجات ہماری فری سروس میں شامل ہیں۔
ہماری خدمات سے فائدہ اٹھایئے۔
گپتا برادرس ۔ کارونیشن ہوٹل
چاندنی چوک دہلی۔

چار عرب ممالک نے تقسیم فلسطین کی اسکیم منظور کرلی

عرب پناہ گزین اپنے اپنے گھروں کو واپس جائینگے

اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کو میمورنڈم پیش کردیا گیا

لوزان ۲۴ مئی۔ چار عرب ممالک نے جو مصالحتی گفتگو میں حصہ لے رہے ہیں تقسیم فلسطین کی اسکیم کو عرب پناہ گزینوں کی واپسی کے لئے پہلی بنیاد کی حیثیت سے منظور کرلینے کی تجویز پیش کی ہے اس تجویز کو جو عرب اسرائیلی تقسیم کی گفت و شنید میں خاص اہمیت رکھتی ہے اس میمورنڈم میں ذکر ہے جو مصر شرق اردن لبنان اور شام کی طرف سے مشترکہ طور پر پیش کیا گیا ہے۔

ایک عرب ترجمان نے یہ اندازہ لگایا ہے کہ ۸ لاکھ عرب پناہ گزین واپس جائیں گے۔ یہ میمورنڈم جو ہفت ہزار ... اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کے حوالہ کردیا گیا۔

خیال کیا جاتا ہے کہ تجویز یہ ہے کہ وہ عرب پناہ گزین اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں جو فلسطین کے ان حصوں سے نکالے گئے تھے جنہیں اقوام متحدہ کی تقسیم کی اسکیم میں ایک آزاد عرب اسٹیٹ کے حوالے کیا گیا تھا۔

مصالحتی کمیشن کے ایک ترجمان نے کہا کہ آج کمشنروں کی ... میٹنگ میں میمورنڈم پر غور کیا جائے گا (اے پی)

شرنارتھیوں کیلئے مکانات

الہ آباد ۲۴ مئی۔ الہ آباد امپرومنٹ ٹرسٹ کے چیئرمین مسٹر موہن لال نہرو نے بتایا کہ ضلع الہ آباد میں بے خانماں لوگوں کو بسانے کے لئے ۳۵ مکان بنائے جائیں گے (اک)

شنگھائی کی طرف کمیونسٹوں کی پیش قدمی

حکومت کی طرف سے سخت مزاحمت خوفناک جنگ

شنگھائی ۲۴ مئی۔ حکومت چین کے بمبار اور لڑاکا ہوائی جہاز شنگھائی کی اونچی اونچی عمارتوں پر سے گذر کر ان کمیونسٹوں پر حملہ کررہے ہیں جو دریائے وانگ پو سے نصف میل کے فاصلے پر پڑے ہوئے ہیں۔ حکومت کے ہوائی جہازوں کے یہ حملے جن ... سے کئے جارہے ہیں۔

آسمان ہونگ کے شمال میں ... ماری سے سرخ ہورہا ہے۔ حکومت کی فوجیں کمیونسٹ حملہ آوروں ... کی پیش قدمی کو روکنے کے لئے پوری کوشش کررہی ہیں لیکن کمیونسٹ فوجیں شہر سے شمال کی طرف بڑھتی چلی آرہی ہیں ...

ان فوجوں نے کمیونسٹ فوجوں پر ایک زبردست حملہ کرکے ان کو پسپا کردیا ہے۔ اس حملہ میں کمیونسٹ فوجوں کو شدید نقصان برداشت کرنا پڑا ...

کل مغربی جرمنی کی فیڈرل حکومت کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

بان دستور کا باقاعدہ اعلان۔ صدر اسمبلی کا اظہار مسرت

کناڈا میں زراعتی کانفرنس

پروفیسر رنگا ہند کی طرف سے شریک ہونگے

ہانگ کانگ میں غنڈوں کی ہلاکت

ہندوستانی فوجی مشن کی واپسی

چندر نگر میں استصواب عامہ

ایک سپاہی ہلاک

سنگھی قیدیوں کا معاملہ

برآمد شدہ کپڑے پر پابندی ہٹالی گئی

ایک شخص سپریم کورٹ کا جج رہنے کے بعد کسی عدالت میں وکالت نہ کرسکے گا

سپریم کورٹ کی ہیئت ترکیبی سے متعلق مسودہ آئین کی دفعہ

دستور ساز اسمبلی میں یونین کی عدالتوں کے قیام پر بحث

جرمنی کے مسئلہ پر وزرائے خارجہ کی کونسل کا اجلاس

ایجنڈے پر چاروں وزیر متفق ہوگئے

مارشل امداد میں ۱۵ فیصدی کی کمی کی تجویز

ممباسا کا ہندوستانی بری کردیا گیا

مغربی جرمنی میں خوشیاں

کلکتہ میں جہاز سازی کا کارخانہ

ہند اور دولت مشترکہ

جاپان کی اقتصادی بحالی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
Delhi. 25-5-49
روزانہ الجمعیۃ

صرف امریکہ کی امداد سے ہی ہندوستان صنعتی ملک بن سکیگا

مشینری خریدنے میں ایک ارب روپیہ خرچ کرنے کی ضرورت ہے

امریکہ پہونچ کر سیٹھ برلا کا بیان

کتنے سرمایہ کی ضرورت ہوگی

وسط فلسطین کو مثلث نما علاقہ سے عربوں کا انخلا مکمل ہوگیا

لیکن...... بیت المقدس کے جنوب مغرب سے یہودیوں کا انخلا باقی ہے

ریاست حیدرآباد میں ٹیلیفون سسٹم کی توسیع

جرمنی کے مسئلہ پر پیرس میں چار بڑوں کی کانفرنس

نظریات کا اختلاف۔ امید و ناامیدی کی لہریں

پیرس ۲۳ مئی۔ چار بڑوں کی وزرائے خارجہ کی کونسل کا اجلاس کل منعقد ہوگا۔ ... کانفرنس کے بعد یہ پہلی کوشش ہے کہ چار بڑوں کی بنیاد پر جرمن مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

مسٹر بیون برطانیہ کی۔ مسٹر اچیسن امریکہ کی، ایم واثی شنسکی روس کی اور مسٹر شومان فرانس کی نمائندگی کریں گے۔

اپنے خسارہ کو پورا کرنیکیلئے حکومت فرانس کا اقدام

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع ... کا اجلاس

رنگ میں بھنگ

لاہور میں گیارہ اشخاص گرفتار

بیگم پیٹ کے ہوائی مستقر کی تکمیل

برما سے اب تک بارہ ہزار ہندوستانی ہند پہنچ چکے ہیں

آنے والوں کو کرایہ کے علاوہ جیب خرچ بھی دیا جاتا ہے

کانگریس میں نئی روح پھونکنے کے لئے اجتماع

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے ۲۵ ممبروں کا اعلان

مولانا عبدالوحید صدیقی کی صوبہ یوپی کے ہفت روزہ دورہ سے واپسی

سندھ میں جہاز رانی کی تجویز

باؤ دائی نے ہوچی منہ سے ملنے کیلئے وفد بھیج دیا

ہندچین میں وزارت سازی کی تیاریاں

رشوت ستانی ختم کرانے کے لئے

مغربی پنجاب مسلم لیگ کا اقدام

چین کی لڑائی

بخاری شریف کا ختم

حاجیوں کے لئے خوشخبری

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMA CORP. LTD. POST BOX No. 304 (P.1.) Bombay

پیدائشی اندھے پن کے سوا آنکھ کی ہر بیماری کا علاج

ریڈیم آئی ڈراپس رجسٹرڈ

ریڈیم کیمیکل ورکس لمیٹڈ دہلی

آپ کہاں ہیں

ڈاکٹر ایم۔ احمد
ایل۔ ڈی۔ ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دنداں
خصوصاً
پائیو۔ یا دندان سازی
بلیماران بالائے حمید پریس دہلی

آپکے روپیہ کی ذمہ داری

پیرا ماؤنٹ ٹریڈرز ... ریاست رامپور

دستور ساز اسمبلی میں صدر کے آرڈی ننس جاری کرنے کے اختیار کی دفعہ منظور ہو گئی

۲۲ ترمیموں میں سے صرف ایک ترمیم منظور کی گئی

پیر کے دن کل تین دفعات منظور ہوئیں

دہلی ۲۴ مئی۔ پیر کے دن شام کے وقت اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں مسودہ آئین کی بعض اہم دفعات پر بحث ہوئی۔ ان میں صدر کے آرڈی ننس [illegible] اور عدالت کی علیحدگی پر بحث ہوئی۔ اس دن تین دفعات منظور ہوئیں۔

دفعہ ۱۰۲ پر بحث ہوئی جس میں یونین کے صدر کے اختیارات کا ذکر ہے۔ یہ اختیارات صدر کے آرڈی ننس جاری کرنے کے متعلق ہیں۔ اس دفعہ میں ۲۲ ترمیموں کے پیش کرنے کا نوٹس دیا گیا تھا لیکن صرف ڈاکٹر امبیدکر کی ایک ترمیم منظور ہوئی۔ وزرائے قانون نے دفعہ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس دفعہ کے ماتحت جو قانون بنایا جائیگا وہ باشندوں کے بنیادی حقوق [illegible] اندازہ نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ لفظ آرڈی ننس برا لفظ ہے لیکن اس سے بہتر لفظ نہیں مل سکا۔

ہاؤس نے پروفیسر کے ٹی شاہ کی ایک ترمیم جس میں جوڈیشیری کو ایگزیکیٹو سے علیحدہ کرنے کی تجویز تھی مسترد کر دی۔

صدر اسمبلی نے دفعہ ۷۵ الف اور دفعہ ۷۵ ب پر غور ہونا باقی تھا ہاؤس سے غور کرنے کے لئے کہا۔ دفعہ ۷۵ الف میں کہا گیا تھا کہ صدر یونین کا صدر پارلیمنٹ کے ایوانوں کو ہر مسلہ پر مشورہ دینے کے لئے تین ماہرین کو نامزد کر سکیگا۔ دفعہ ۷۵ ب میں صدر کو بارہ آدمی نامزد کرنے کا اختیار ہے جلاوہ ازیں کچھ اینگلو انڈین بھی نامزد کئے جائیں گے۔

ڈاکٹر امبیدکر نے دفعہ ۷۵ الف کو اس خیال سے واپس لے لیا کہ اس سے نامزدگیوں کی تعداد بڑھ جائیگی۔ ڈاکٹر امبیدکر نے دفعہ ۹۰ کے متعلق جو مالیات سے متعلق ہے ملتوی کرنے کے لئے کہا کیونکہ انہوں نے اس میں کچھ خامی محسوس کی تھی۔ انہوں نے دفعہ ۹۲ سے ۹۹ تک بھی ملتوی کرنے کے لئے کہا کیونکہ دفعہ ۹۰ ان پر اثر انداز ہوتی تھی۔ اس کے بعد ہاؤس نے دفعہ ۱۰۱ بغیر بحث کے پاس کر دی۔

ہاؤس نے دفعہ ۱۰۱ کو بھی پاس کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ اگر کسی عدالت میں کسی اصول کی پوری طرح عمل نہ کیا جائے یا غلط عمل کیا جائے تو اس سے پارلیمنٹ کے قانون پر کوئی اثر نہ پڑیگا۔ نیز یہ کہ جو شخص ان قوانین وغیرہ پر عملدرآمد کا نگراں ہوگا اور پارلیمنٹ کے کاموں کی نگرانی کریگا اس شخص پر اپنے اختیارات کی سماعت کرنے پر کوئی مقدمہ وغیرہ نہیں چلایا جا سکیگا۔

ہاؤس نے دفعہ ۱۰۲ میں پروفیسر کے ٹی شاہ کی ایک ترمیم جس میں صدر کو پارلیمنٹ کی عدم موجودگی میں ہنگامی حالات کے وقت آرڈی ننس جاری کرنے کا اختیار دیا گیا تھا مسترد کر دی۔ مسٹر کل حسین وسیاد نے ترمیم کی مخالفت کی۔

[illegible]

جب اس قسم کی چیز منظور کر لی ہے تو یہ مسئلہ دوبارہ کیوں اٹھایا گیا۔ اس پر ہاؤس نے پروفیسر شاہ کی ترمیم مسترد کر دی اور اس دفعہ کو منظور کر لیا اور ہاؤس اگلے دن کے لئے ملتوی ہو گیا۔

بمبئی میں سڑکوں کی صفائی

مشین سے کام لیا جائیگا

بمبئی ۲۴ مئی۔ بمبئی میونسپل کارپوریشن ایک دو روز کے اندر ایک نئی مشین کا استعمال شروع کرنے والی ہے جس سے سڑکیں خود بخود صاف ہوتی چلی جائیں گی۔ کارپوریشن نے پبلک ہیلتھ سروسوں میں مشینوں کے ذریعہ کام لینے کے لئے ایک کروڑ روپے کی اسکیم بنائی ہے۔ سڑکوں کو خود بخود صاف کرنے والی مشین ان مشینوں میں سے ایک ہے۔ یہ مشین تمام گرد و کرکٹ کو خود ہی ایک جگہ جمع کرے گی اور خود اسے اٹھا کر دوسری جگہ پھینکے گی۔ (ا۔ پ)

برلن کے ایک اور ریلوے اسٹیشن پر پولیس اور ہڑتالیوں میں تصادم

بیس منٹ تک دست بدست جنگ۔ ایک ہلاک کئی زخمی

برلن ۲۴ مئی۔ کل شب برلن کی ریلوں کی سہ روزہ ہڑتال کے سلسلہ میں سب سے زیادہ شدید تصادم ہوا ایک شخص ہلاک اور کئی مجروح ہوئے۔ ہڑتالیوں نے اس بات کی کوشش کی کہ برلن کے برطانوی علاقہ کا ایک ریلوے اسٹیشن اس ریلوے پولیس سے چھین لیں جو روس کے ماتحت ہے۔

اس لڑائی میں پستول، رائفلیں اور پولیس کے ڈنڈے ادھر ادھر پڑے ہوئے تھے اور ہڑتالی اور پولیس والے اسٹیشن کے فرش پر سنگ باری کر رہے تھے۔ یہ شدید جنگ ۲۰ منٹ تک جاری رہی۔ جب ہڑتالیوں اور ان کے ہمدردوں کے ۲ ہزار کے مجمع نے [illegible]

[illegible] کے سر میں گولی مار کر اس کو ہلاک کر دیا۔ اور ایک دوسرے شخص کو زخمی کر دیا۔ جب مجمع نے پولیس والوں کو گھیر لینا چاہا تو گولیاں چلائی گئیں اور پتھر پھینکے گئے۔ برطانوی فوجی پولیس کئی لاریوں میں ہڑتالی اسٹیشن کے باہر پہنچائی گئی۔ [illegible] (ا۔ پ)

۱۹۵۱ء تک مشرقی پنجاب خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ہو جائیگا

وزیر سول سپلائی کی امیدیں

شملہ ۲۳ مئی۔ مشرقی پنجاب کے سول سپلائی منسٹر سردار اجیت سنگھ نے آج ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ ۱۹۵۱ء کے آخر تک صوبہ کو خود کفیل بنانے کے بارے میں کئی ٹھوس سکیمیں مرتب کی گئی ہیں جن پر سے چند ایک کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ آپ نے کہا کہ اگر پوری زور و شور سے ان سکیموں کو صوبہ کے اندر کامیابی سے عملی جامہ پہنا دیا گیا تو اناج کا موجودہ خسارہ ختم ہو جائیگا۔ آپ نے کہا کہ اس سلسلہ میں اگلے تین برسوں میں ۳ لاکھ ایکڑ زمین کو زیر کاشت لایا جائے گا۔ آپ نے بتایا کہ حکومت [illegible] ۵ بڑے ٹریکٹر خریدے گئے ہیں۔ اگلے تین برسوں میں ۳۰ ہزار کنوئیں اور ایک ہزار ٹیوب ویل کھدوائے جائیں گے۔ سردار صاحب نے بتایا کہ اس برس گیہوں کی فصل معمول سے کم ہوئی ہے۔ [illegible]

[illegible]

گورنری راج ختم کرو

مغربی پنجاب لیگ کا مطالبہ

لاہور ۲۳ مئی۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے صوبہ کے گورنر سر فرانسس موڈی کی فوری معزولی اور ان کی جگہ کسی پاکستانی کے تقرر کا مطالبہ کیا۔ کمیٹی نے الزام لگایا کہ گورنر [illegible] لیگ کے ماتحت رہ کر اندرونی اور بیرونی طور سے نقصان پہونچا رہا ہے۔ کمیٹی نے مزید کہا کہ گورنر کے کاموں نے ایسی صورت پیدا کر دی ہے کہ کسی مناسبت سے بھی اس کی مثال نہیں ملتی۔ [illegible]

(باقی کالم ۴ پر)

یوپی میں بجلی پیدا کرنے کی سترہ کروڑ روپے کی زبردست اسکیم

وزیر اعظم ہند نے دہرہ دون کے قریب الیکٹرک پروجیکٹ کا افتتاح کیا

دہرہ دون ۲۴ مئی۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند نے آج یہاں سے [illegible] میل دور [illegible] کا افتتاح کیا۔ [illegible]

پنڈت نہرو نے اسکیم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس کثیر پانی ہے جس سے بجلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ [illegible]

[illegible]

مسٹر لوونگ کی ہنگ سو وانگی

[illegible]

پچاس ہزار مربع میل علاقہ برمی باغیوں کے قبضہ میں ہے

باغیوں کے قبضہ سے بچ نکلنے والے شخص کے سنسنی خیز انکشافات

رنگون ۲۳ مئی۔ گذشتہ چند ہفتوں میں سفید جھنڈے اور سفید بازو بند والے کمیونسٹ اور فوج سے بھاگے ہوئے سپاہیوں نے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرکزی محاذ کو منظم کر لیا ہے۔ اور کسی نہ کسی قسم کا نظم و نسق قائم کر لیا ہے۔ اس وقت وہ پچاس ہزار مربع میل علاقہ پر جو یونان جوانگ کے شمال کے جنگلوں سے شہر ادادی تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ علاقہ رنگون سے ستر میل کے فاصلہ پر ہے۔ اگرچہ ان کی ذہنی عوامی جمہوری فوج کے نام سے ساتھ مصروف جنگ ہیں لیکن حکومت کے اختیارات آٹھ افراد کی ایک کمیٹی کے سپرد ہیں۔ اس کمیٹی کی پالیسی کمیونسٹ مقرر کرتے ہیں۔ انہوں نے آٹھ نکات پر مشتمل ایک پروگرام بنایا ہے۔

برمی اخبارات کے مطابق پروگرام کی تفصیل یہ ہے (۱) دیہاتی قاری کا خاتمہ (۲) قرضوں کی منسوخی (۳) کسانوں کو زمینوں کا عطیہ (۴) برطانیہ سے مالی اور فوجی معاہدہ کی منسوخی (۵) برمی وزارت پر پبلک میں کھلا مقدمہ (۶) عوام کا تحفظ (۷) مطلق العنان حکام کے مقدمہ کی کھلی سماعت (۸) حالات کا خاتمہ۔

کہا جاتا ہے کہ زمینوں کی تقسیم کچھ عرصہ سے جاری ہے۔ اور مقدمات کی پبلک سماعت اب شروع ہو گئی ہے۔

ایک چینی گواہ نے دو برمی پولیس افسران کے مقدمہ کی سماعت کا حال بتایا۔ ان افسروں کا سر قلم کرنے کی سزا دی تھی۔ ایک برمی روزنامہ نے باغیوں کے قبضہ سے نکل کر بھاگنے والے کی بدولت حسب ذیل بیان شائع کیا:-

مقدمہ شروع ہونے سے قبل عوام میں اعلان کر دیا گیا تھا۔ اور ایک مجمع مجرموں کے مقدمہ کی سماعت کرنے کو آیا۔ کمیونسٹ عدالت نے ان کی غیر قانونی اور بلا جواز [illegible] پیشی کی۔ مجمع عام میں ان الزامات کو ثابت کیا گیا اور مجمع عام سے فیصلہ کی تائید چاہی گئی کمیونسٹ عدالت نے عوام کی خوشنودی کے بعد فیصلہ کیا کہ مجرموں کو سزائے موت دی جائے۔

کارروائی سے قبل مجرموں کو مجمع عام میں لے جایا گیا۔ مجمع ان کا مذاق اڑا رہا تھا۔ اور ان پر آوازے کس رہا تھا۔ مجرموں میں سے ہر ایک نے اپنی کلہاڑی کی مسندوں سے ان کی گردن [illegible] کی۔

برمی پولیس کے افسران اعلیٰ نے بتایا کہ برمی کمیونسٹ کے ہندوستانی اور چینی کمیونسٹ پارٹیوں سے معاہدہ کی جو خبریں ملی ہیں۔ ان کا ایک کوئی ثبوت نہ مل سکا۔ برمی پولیس کو اسلحہ کے علاوہ اور دیگر ہندوستانی کمیونسٹوں کی تلاش ہے۔ ان میں ڈسے۔ [illegible] اور کرکی وغیرہ شامل ہیں (اپ۔ اسٹار)

ہاؤ دائی کی طرف سے کوچین چائنا کے لیڈروں کے نام دعوت نامے

ویٹ نام کی نئی حکومت کے لئے آئین بنانے کی تیاریاں

دلات ۲۳ مئی۔ اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت فرانس کے اس فیصلہ کے بعد کہ کوچین چائنا کا انضمام ویٹ نام کی سلطنت میں ہو گیا ہے۔ سابق شہنشاہ ہاؤ دائی نے کوچین چائنا کے لیڈروں کو مستقبل کی ویٹ نام گورنمنٹ کے لئے آئین کی تیاری کے سلسلہ میں شرکت کے لئے دعوت نامے ارسال کئے ہیں۔

ہاؤ دائی کے پرائیویٹ سیکرٹری پرنس بولوک نے بعض اخبارات کی اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ہاؤ دائی نے آزادی کی تحریک ویٹ منھ کے لیڈر ڈاکٹر ہوچی منھ سے براہ راست گفتگو نہیں کی۔ پرنس موصوف نے ان لوگوں کے نام بتانے سے اظہار معذوری کیا۔ آئینی گفتگو کرنے کے لئے مدعو کیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ بتاتے ہوئے کہ ویٹ منھ کی طرف سے بعض نظریات۔ یہ کہا کہ عارضی ویٹ نام گورنمنٹ جس کے نیز اعلیٰ جنرل نگوین کو آن ہیں عنقریب مستعفی ہو جائے گی۔

تاکہ نئی حکومت بن سکے۔ پرنس نے مزید کہا کہ ہاؤ دائی کو یقین ہے کہ فرانس اور ویٹ نام کے درمیان مستقل سمجھوتہ ہو جانے تک عارضی سمجھوتہ پر عمل ہو سکے گا۔ پرنس نے یہ بھی کہا کہ جب تک فرانس قانونی ویٹ نام کی حکومت کو تسلیم نہیں کرے گا۔ اس وقت تک سفارتی تعلقات قائم نہیں ہوں گے۔ آپ نے کہا نئی حکومت بہت ترقی پسند ہوگی ہم اصلاحات کے ذریعہ عوام کے معیار کو بلند اور سماج کے ساتھ انصاف کرنا چاہتے ہیں۔ (اپ۔ اسٹار)

"عوام کے چہروں پر آزادی کی چمک نظر نہیں آتی"

سردار پٹیل کا ملک کے موجودہ مسائل پر تبصرہ

دہرہ دون ۲۴ مئی۔ یہاں ایک عظیم جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا تمام غیر ملکی حملوں کے مقابلہ کے لئے حکومت ہند نے زبردست اور طاقتور ورنا جی فوج باقی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے اس بات پر مزید زور دیتے ہوئے کہ ہندوستان کو کسی قسم کے دھوکہ اور چالوں میں نہیں آنے دیا جائے گا نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان کا پاکستان پر حملہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ لیکن اگر پاکستان کی وہی چالیں جاری رہیں جو اس نے تقسیم ہند کے بعد سے اختیار کر رکھی ہیں تو ہم کو اپنے دفاع کے لئے ہر ضروری بات کرنی ہوگی۔

سردار پٹیل نے اس الزام کو کہ ہند پاکستان کی تباہی کے درپے ہے دیوانگی قرار دیا انہوں نے کہا اگر پاکستان کو نقصان پہنچا تو اس کی کمزوری اور بے تدبیری کا نتیجہ ہوگا۔

نائب وزیر اعظم نے کہا اگرچہ آزادی حاصل ہو گئی ہے لیکن عوام کے چہروں پر آزادی کی چمک نظر نہیں آتی لوگوں کو صبر کرنا چاہیئے اور ہند کی سرحدوں پر جو خطرہ ہے اس کی وجہ سے حکومت کی [illegible] [illegible]

اگر ہم اپنی آزادی اور ملک کی طاقت میں اضافہ نہیں کیا گیا تو کبھی اپنے پیروں پر کھڑا نہ ہو سکے گا [illegible] صنعتی ترقی ممکن ہے اور اقتصادی اگر عوام کا معیار زندگی بلند کرنا ہے تو خوراک کی پیداوار میں اضافہ ضروری ہے خوراک کو [illegible] کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ اس نازک وقت میں ہڑتالیں کرنا ملک کو سخت نقصان پہنچانا ہے۔ پیداوار میں کمی ہو جانے سے ملک کی ترقی رک جائے گی۔ بعض نوجوان حکومت پر سرمایہ داروں کے ساتھ دینے کا الزام لگاتے ہیں یہ الزام بے بنیاد ہے حکومت کی پالیسی صرف ایک ہی مقصد کو سامنے رکھ کر بنائی جاتی ہے۔ اور وہ یہ کہ ملک میں زیادہ سے زیادہ اور کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ سردار پٹیل نے کہا شرنارتھیوں کا مسئلہ ابھی بہت پیچیدہ ہے لیکن اگر حکومت سے تعاون کیا جائے اور اس میں [illegible] [illegible] (اپ)

کشمیر کمیشن کے دو ممبر کراچی میں

کراچی ۲۴ مئی۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کے دو ممبر مسٹر [illegible] اور مسٹر [illegible] کل یہاں پہنچ گئے وہ کشمیر میں عارضی صلح کے سلسلہ میں حکومت پاکستان سے گفت و شنید کرینگے پاکستان نے ابھی تک عارضی صلح کی تجاویز کا جواب نہیں دیا ہے۔ (اپ۔ ب)

ملایا میں تین ہندوستانیوں کا قتل

[illegible] درخت پر لٹکی ہوئی ملی جس کا سر کٹا ہوا تھا۔

اس مقدمہ کی تفصیلات کا بیان کرتے ہوئے ایک پولیس افسر نے بتایا کہ ایک اور مقام میں ایک ہندوستانی مرد اور عورت قتل کئے ہوئے ملے۔

گزشتہ جمعہ کو تین ہندوستانیوں کے قتل کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے جس کی اطلاع ہفتہ کے روز شائع ہوئی تھی بتایا گیا ہے کہ ڈاکوؤں کے دو گروہ شام کو باغ میں داخل ہوئے اور ایک تامل لڑکی کو اٹھا کر لے گئے۔ اور بعد کو اس کو ایک درخت پر لٹکا ہوا پایا اس کا سر کٹا ہوا تھا۔

دوسرے گروہ نے باغ کے ہندوستانی نگراں کے گھر پر حملہ کیا۔ اس کو اور اس کی بیوی کو قتل کیا اور جنگل میں فرار ہو گیا۔ اس گروہ [illegible]

قبائلیوں کے مسئلہ کو افغانستان مجلس تحفظ میں لیجائیگا

نیویارک ۲۴ مئی۔ نیویارک ٹائمز میں کابل کی ایک خبر شائع ہوئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ افغانستان برطانیہ سے اور اگر اس سے ناکامی ہوئی تو غالباً اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ سے اس جھگڑے میں مداخلت کرنے کی اپیل کرے گا جو قبائلی علاقہ کے مسئلہ میں پیدا ہو گیا ہے۔ (رائٹر)

قبرص کے میونسپل انتخابات

کمیونسٹوں کو ۹ ہزار رائیں ملیں

[illegible] کمیونسٹوں کا اور دس شہروں پر دائیں بازو کے قوم پرست بلاک کا قبضہ ہو گیا ہے۔ انتخابات ۱۹۴۳ء کے بعد پہلی مرتبہ ہوئے ہیں۔ انتخابات میں [illegible] یعنی ۱۱ ہزار ووٹروں نے حصہ لیا۔ چھ بڑے شہروں کی آبادی ایک لاکھ ہے۔ انتخابات کے دوران میں [illegible] جس میں ایک شخص ہلاک ہوا اور ۱۸ گرفتاریاں ہوئیں۔

دائیں بازو کو مجموعی طور پر ۹ ہزار رائیں ملیں [illegible] میونسپل انتخابات کی خوشی میں قوم پرست بلاک کا [illegible]

حیدرآباد اسمبلی کے ایک سابق ممبر کی سر ظفر اللہ خاں سے اپیل

منگلور ۲۳ مئی۔ مرزا اکبر علی خاں سابق ممبر حیدرآباد اسمبلی نے [illegible] کے متعلق پاکستان کی درخواست پر تبصرہ کیا ہے جو اس وقت مجلس تحفظ میں پیش ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سر ظفر اللہ خاں سے اپیل کروں گا کہ وہ ہمیں اپنے دوسرے سیاسی مقاصد کا ذریعہ نہ بنائیں بلکہ ہمیں اکیلا چھوڑ دیں۔"

آپ نے کہا کہ حیدرآباد کے مستقبل کا دارومدار اقوام متحدہ کے ہاتھوں میں نہیں بلکہ حیدرآباد کے عوام کے ہاتھ میں ہے حیدرآباد کے مسلمان ایمانداری کے ساتھ اس بنیادی اصول کا احساس ہے اور وہ اپنے ہندو بھائیوں سے اپنے معاملات کو سلجھانے کی خواہش رکھتے ہیں لیکن جسم کی بیکار کوشش سر ظفر اللہ کر رہے ہیں اس سے ہمارا کام مشکل ہو جاتا ہے۔ (اپ)

(بقیہ کالم ۳)

نے جمہوریت کو نقصان پہونچایا۔ اس راج میں ان کی حضوری طور پر خبر گیری کی جا رہی ہے۔ (اپ)

دوزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

انمول گولیاں

بڑھاپے میں جوانی کی بہاریں

[illegible]

قطرۂ نور

[illegible]

منیجر مدنی دواخانہ بجنور (یوپی)

روپیہ کماؤ اور مالدار بن جاؤ

پانچ سے پندرہ روپیہ یومیہ کماؤ

[illegible]

ملنے کا پتہ:- اوشا ٹریڈنگ کمپنی ۲ جی۔ بی روڈ (ا۔ ج) دہلی

صدر مدرس کی ضرورت

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۶ مئی سنہ ۱۹۴۹ء

بہکی بہکی باتیں

اختلاف رائے تو بری چیز نہیں، اختلاف رائے کے حدود سے واقف نہ ہونا یقیناً بری چیز ہے، اب جو صاحب بھی اٹھتے ہیں وہ یہ ضرور لکھتے ہیں کہ "ہم چاہتے ہیں کہ جمعیۃ علما اپنی پوزیشن واضح کرے"، کوئی یہ کہتا ہوا سنائی دیتا ہے کہ "ہر سمجھدار آدمی کے لئے وقت آگیا ہے کہ جمعیۃ علما کے متعلق سوچے اور فیصلہ کرے کہ اسے جمعیۃ کے ساتھ کیا روش اختیار کرنی چاہیئے"۔ کوئی صاحب اپنے اس فیصلہ کا اعلان فرماتے ہیں کہ "ہمارے خیال میں جمعیۃ علما کا ڈھانچہ پہلے سے کسی طرح بھی مختلف نہیں"۔ اور جب ان اوچھے ہتھیاروں سے بھی کام نہیں چلتا تو ارشاد ہوتا ہے کہ "حکومت ایسی جماعتوں سے وضاحت طلب کرے جو فرقہ دار یا نیم فرقہ دار تھیں مگر اب سیاست سے علیحدہ ہو رہی ہیں"، لیکن جب اس پر بھی بے چینی دور نہیں ہوتی تو یہ نیا انکشاف ہوتا ہے کہ "جمعیۃ علما اور اس قسم کی دوسری جماعتوں سے ہندوستانی جمہوریت کو شکر کا زبردست خطرہ ہے"، یہاں آکر ترکش کا آخری تیر ختم ہو جاتا ہے اور جہاں سے چلے تھے پھر وہیں سے چلنا شروع کر دیتے ہیں!

ہم عرض کر چکے ہیں کہ انگریز کے دور میں جمعیۃ علماء نے ملک کی آزادی کے لئے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اور مسلمانوں کو غلط رہنمائی اور مستقبل کے خطرات سے بچانے کے لئے سیاست میں حصہ لیا اور جب ملک آزاد ہوا اور علیحدہ سیاست کی ضرورت ختم ہو گئی تو جمعیۃ نے انہی اغراض کی خاطر سیاست سے علیحدگی بھی اختیار کر لی، مگر یہ علیحدگی جماعتی حیثیت سے تھی یعنی جمعیۃ علماء کی طرف سے اور اس کے ٹکٹ پر کسی کو انتخابات میں حصہ لینے کا حق باقی نہیں رہا، البتہ کوئی مسلمان یا جمعیۃ کا کوئی رکن انفرادی اور ذاتی حیثیت سے سیاست میں حصہ لینے کا مختار ہے جمعیۃ علماء اس بارے میں اس پر کوئی پابندی نہیں لگاتی اور نہ سیاست میں حصہ لینے سے روکتی ہے، کیونکہ انفرادی شرکت سے ملک کو کوئی نقصان نہیں پہونچتا، بلکہ فائدہ پہونچتا ہے کیونکہ حکومت کے ساتھ تعاون کرنے کی راہ نکلتی ہے اور حکومت اجازت دیتی ہے کہ لوگ غیر فرقہ داری سیاست میں حصہ لیں اور اپنی کوششوں سے ملک کو ترقی کی راہ پر لگائیں۔

حیرت کی بات ہے کہ بعض لوگ اس معمولی بات کو بھی نہیں سمجھتے اور یہ پوچھنے لگتے ہیں کہ اگر جمعیۃ علما والے یہ کہیں کہ یہ لوگ ذاتی طور پر امیدوار ہیں تو ہمیں بتایا جائے کہ اگر جمعیۃ علما سیاست میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتی تو وہ کیا کرتی؟ [illegible] ٹکٹ پر اپنے کسی امیدوار کو کھڑا کرتی اور انتخابات میں یہ شرکت جماعتی حیثیت سے ہوتی، اگر امیدوار کامیاب ہو جاتا تو اس کی ہر بات کی ذمہ داری اپنے سر لیتی اور اسی طرح فرقہ داریت کی اس دیوار کو جسے خود اس نے مسمار کیا تھا کھڑی کرنے میں کامیاب ہو جاتی۔ مختصر یہ کہ چونکہ جمعیۃ علماء انتخابات میں حصہ نہیں لے سکتی اس لئے اس کا کوئی رکن یا کوئی مسلمان اس کا نام لے کر امیدوار نہیں ہو سکتا، اگر وہ امیدوار بننا چاہتا ہے تو غیر فرقہ دار جماعتوں کے پاس جائے اور ان کے ٹکٹ پر کھڑا ہو کر انتخابات میں حصہ لے!

حکومت نے غیر مذہبی حکومت کا اعلان تو کر دیا مگر لوگ ابھی تک اس کا مطلب نہیں سمجھتے [illegible] ہندو کسی غیر مذہبی سیاسی جماعت میں شریک ہوتے وقت اپنے مذہب کی وفاداری کو خیرباد کہہ دے اور غیر مذہبی جماعت میں لامذہب بن کر شریک ہو، اگر آپ یقین کیجئے کہ بہت سے لوگ اس کا یہی مطلب سمجھتے ہیں، ایک اخبار جسے جمعیۃ علما کی پوزیشن سمجھنے میں بڑی دقت پیش آرہی ہے لکھتا ہے:-

> "آزاد ہندوستان میں جس طرح ہم لادین جمہوریت کے قیام کا فیصلہ کر چکے ہیں اسی طرح ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ لادین سیاسی جماعتیں بھی ہوں اور ایسے لوگوں سے ہوشیار رہا جائے جو دوسری جماعتوں کے ساتھ بھی… وفاداری کا دم بھرتے ہوں!"

یعنی ایک ہندو ایک مسلمان چونکہ اپنے اپنے مذہب کے وفادار ہوتے ہیں اس لئے جب وہ کسی غیر مذہبی سیاسی جماعت میں شامل ہوں تو اپنے اپنے مذہب کی وفاداری کو بالائے طاق رکھدیا کریں، نہ ہندو سناتن دھرم سبھا کا ممبر رہے نہ مسلمان جمعیۃ علماء کا دم بھرے! دیکھا آپ نے کہ غیر مذہبی حکومت کی کیسی عجیب تشریح فرمائی گئی ہے، کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک غیر مذہبی حکومت کے گورنر جنرل نے عیدگاہ میں مسلمانوں کو ایڈریس کیوں دیا؟ جامع مسجد میں یوم تشکر کیوں منایا؟ آریہ سماجیوں کے جلسہ میں جاکر سوامی دیانند جی کی تعریف کیوں کی؟ کیا یہ کہنا حق بجانب ہوگا کہ ایک غیر مذہبی حکومت کے وزیر شیام پرشاد مکرجی نے مذاہب کانفرنس میں کیوں شرکت فرمائی؟ مسٹر منشی نے کل مذاہب کانفرنس میں مذہب اور اخلاق کی قدروں کو کیوں سراہا؟ یہ سماج کے جلسہ میں جاکر مذہبی تقریریں کیوں کی؟ کیا ان لوگوں پر یہ الزام لگ سکتا ہے کہ ایک طرف تو وہ حکومت کے وفادار ہیں اور دوسری طرف اپنے اپنے مذہب کا بھی دم بھرتے ہیں اور اپنی مذہبی جماعتوں میں بھی شریک ہوتے ہیں؟ ان لوگوں کی ایک ذاتی حیثیت ہے جس میں وہ آزاد ہیں کہ جس مذہب کے ساتھ چاہیں وفادار رہیں اور ایک سرکاری حیثیت ہے جس میں وہ کسی خاص مذہب کی حمایت [illegible] نہیں کر سکتے۔ یہی حال جمعیۃ علماء کے ارکان کا ہے کہ وہ ذاتی حیثیت سے مسلمان ہیں، اسلام کے وفادار ہیں اور جمعیۃ علماء کے رکن ہیں، اور سیاسی حیثیت سے ہندوستانی ہیں اور عام سیاست میں برابر کے شریک اور حصہ دار، مگر دماغوں کا حال یہ ہے کہ ان کی سمجھ ہی میں نہیں آتا کہ جمعیۃ علماء کا ایک رکن جماعتی حیثیت سے تو سیاست میں حصہ نہیں لے سکتا مگر ذاتی حیثیت سے سیاست کا سربراہ کار بن سکتا ہے اور اپنی ذات سے ملک، عوام اور حکومت کو فائدہ پہونچا سکتا ہے، اصل بات یہ ہے کہ سیاست سے جمعیۃ کی علیحدگی کا اعلان سنتے ہی فرقہ پرستوں نے بغلیں بجائی تھیں کہ بس اب انتخابات میں ہمارا ہی طوطی بولیگا مگر جب دیکھا کہ جمعیۃ کے بعض ارکان ذاتی حیثیت سے میدان میں آسکتے ہیں تو کمر ٹوٹ کر دوہری ہو گئی کہ یہ موقع بھی ہاتھ سے گیا، بات تو صرف یہی تھی مگر [illegible]

یہ دلآزاری

[illegible]

اچھی باتیں

انا لننصر۔ تا۔ الاشہاد (پ ۲۴ ع ۱۱)

ہم اسی دنیاوی زندگی میں اپنے رسولوں اور ان پر ایمان لانے والوں کی مدد کریں گے اور اس روز بھی جب کہ شہادت دینے والے شہادت دیں گے۔

اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ کا وعدہ سچا ہے کہ وہ اس دنیا میں حق پرستوں کی امداد کرتا ہے بشرطیکہ وہ حق پسند اور مومن ہوں اور اپنے ایمان سے حق پر گواہی دے چکے ہوں، کبھی نہیں ہو سکتا کہ خدا اپنے بندوں کو بے بسی کی حالت میں چھوڑ دے، وہ اس دنیا میں نصرت فرماتا ہے اور ان کو مغلوبی کی حالت میں نہیں رہنے دیتا، لیکن خدا کی مدد کے معنے یہ نہیں کہ مومن کو ابتلا پیش نہ آئے اور اسے مشکلات میں اپنی استقامت کا ثبوت مہیا کرنے کا موقعہ نہ ملے پہلے عسر (تنگی) ہے پھر یسر (فراخی) ہے، پہلے قربانی ہے پھر کامیابی ہے، ایسا کبھی نہیں ہوا کہ سچوں کو مشکلات پیش نہ آئی ہوں اور وہ پھولی پھولی کھاتے رہے ہوں جوہر کھلنے کے بعد خدا کی نصرت آتی ہے اور جس میں جوہر ہی نہ ہو اسے دنیا میں بھی کوئی نہیں پوچھتا۔

ہماری مادری زبان

اردو زبان کے متعلق اگر تحقیق کی جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ خیال غلط ہے کہ ابتدا مغلیہ عہد سے ہوئی چونکہ سرشتے صدیوں میں ترقی کرنے کے بعد ایک معیار پر پہنچتا ہے۔ اگرچہ کہ اردو نے دہلی میں جنم لیا لیکن سب سے پہلے وہ دکن کی آغوش میں پروان چڑھی اور ادبی زبان کا درجہ حاصل کیا۔ ہندوستان میں عموماً مسلمانوں کی جو قومیں آکر آباد ہوئیں توان کی مادری زبان یا تو فارسی یا عربی۔ اردو زبان کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ ہندو اور مسلمان آزادانہ طور سے آپس میں تبادلہ خیال کر سکیں۔ پس اردو کی نسبت یہ کہنا کہ یہ خاص مسلمانوں کی زبان ہے واقعہ کے سراسر خلاف حقیقت یہ ہے کہ ایک مشترکہ زبان ہے اور اس کو ہندوستان کی زبان ہونے کا اس طرح فخر حاصل ہے جس طرح مسلمانوں کی زبان ہونیکا خاص کر شمالی ہندوستان اور حیدرآباد میں تو دونوں قوموں کی مادری زبان سوائے اردو کے اور کوئی دوسری نہیں ہو سکتی۔ بحیثیت مجموعی یہ دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اردو ہی ہندوستان کی عام فہم زبان ہے ہر جگہ کثیر تعداد میں بولی اور سمجھی جاتی ہے ہمالیہ کے سرفلک پہاڑوں سے لے کر راس کماری تک اور مغرب سے مشرق تک اگر کوئی زبان رہبری کر سکتی ہے تو وہ اردو ہی ہے۔ ہندوستان پر ہی منحصر نہیں بلکہ دنیا کے ہر حصہ میں اردو بولنے اور سمجھنے والے موجود ہیں۔ ایسی مقبول عام زبان کو صرف تنگ نظری و تعصب کی بنا پر یہ سمجھنا کہ یہ صرف مسلمانوں کی زبان ہے اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے۔

تاریخ، اردو ادب کے اوراق الٹنے سے پتہ چلتا ہے کہ اردو کو بام عروج پر پہنچانے میں ہندوؤں نے بھی اتنا ہی حصہ لیا ہے جتنا کہ مسلمانوں نے۔ ہندوؤں کے مذہبی کتابوں کے ترجمے اردو میں کثرت سے پائے جاتے ہیں جو اس کے قومی زبان ہونے کی کھلی دلیل ہے۔ تاریخ، فلسفہ، ادب، شاعری، ناول نگاری غرض کہ ادب کے ہر فن کو ترقی دینے کے لئے ہندو اور مسلمان دونوں نے دوش بدوش کام کیا ہے۔ اگر مسلمانوں میں عبد الحلیم شرر، شیخ عبد القادر، سر سید احمد خاں اور ڈاکٹر نذیر احمد جیسے اردو کے بہی خواہوں پر ناز کیا جا سکتا ہے تو ہندوؤں میں پنڈت رتن ناتھ سرشار، منشی دیا نرائن نگم اور منشی پریم چند جیسے ہستیوں کی ادبی خدمات کو زمانہ کس طرح بھلا سکتا ہے۔ اسی طرح شاعری میں مسلمانوں میں غالب، ذوق، اقبال جیسے بلند پایہ شاعر پیدا ہوئے ہیں تو یہی درجہ ہندوستان میں سرور جہان آبادی اور پنڈت برج نرائن چکبست کو حاصل ہے۔ مختصر یہ کہ مسلمانوں اور ہندوؤں کی بے لوث ادبی خدمات نے اردو کو ایک علمی زبان بنا دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ اس کو ادب کے ہر پہلو پر عبور حاصل ہے اور پیچیدہ سے پیچیدہ مسائل کو سمجھنے کی پوری صلاحیت ہے [illegible]

[illegible] کو ختم کرنا نہیں بلکہ فسطائی قوت کو تقویت پہنچانا ہے۔ تھوڑی سی مدت میں جب کہ حالات ابھی پوری طرح قابو میں نہیں آئے زبان کا مسئلہ پیدا کر کے [illegible] ہم ہندی کی بحیثیت ایک زبان کے گرمجوشی سے خیر مقدم کرتے ہیں لیکن اس کے پس پردہ ایک ایسی زبان کو جو کم بیش لیڈرے ہندوستان کی قومی زبان کہلا سکتی ہے جس کو ہمارے اسلاف نے بلا لحاظ مذہب و ملت اپنی انتھک کاوشوں سے بام ترقی پر پہنچایا [illegible] اپنی عزیز ترین زندگیاں اس کے لئے وقف کر دیں محض تنگ نظری اور تعصب کی بنا پر کہ یہ مسلمانوں کی زبان ہے اس کو ملیامیٹ کرنے کی کوشش کرنا [illegible]

کسی ملک کی ترقی میں زبان کا بہت بڑا اثر پڑتا ہے اردو وہ زبان ہے جس کو ہمارے آبا و اجداد نے اپنی ثقافت و تمدن کی بقا کی خاطر انگریزوں کی غلامی کے زمانے میں بھی زندہ رکھا [illegible] ترقی کے لئے کوشش کی ان کی پر خلوص ادبی خدمات کا نتیجہ ہے کہ آج وہ ایک عالمگیر حیثیت حاصل کر لی ہے۔ [illegible]

[illegible]

(حمایت دکن)

بھلائیوں اور نیکیوں کا مہینہ

(جناب اخلاق حسین صاحب قاسمی ناظم جمعیۃ علماء دہلی)

رجب اور شعبان کے مہینے اسلامی عظمت و روحانیت اور رحمت الٰہی کے مہینے ہیں۔ رجب کا مہینہ شب معراج کی وجہ سے تاریخی فضیلت رکھتا ہے۔ اور شعبان اس وجہ سے برکت مہینہ ہے کہ اس میں شب براءۃ "جیسی مقدس رات ہے جو گناہگاروں، مصیبت زدوں، غم نصیبوں اور محتاجوں کے لئے پیغام رحمت ہے۔

رجب شہر اللہ وشعبان شہری (حدیث)

رجب خدا کا مہینہ ہے۔ اور شعبان میرا مہینہ ہے۔

پیغمبر عالم کا یہ ارشاد ان دونوں مہینوں کی عظمت اور بزرگی کا واضح اعلان ہے۔

رجب میں بھلائی کی قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے اور اعمال خیر کا ثواب دوگنا ہو جاتا ہے تاکہ اس شوق میں نیکیوں کے کام زیادہ کئے جائیں۔

[illegible]

نحن نزحزح عن النار وادخل الجنۃ

فقد فاز (قرآن) جو شخص آگ کے عذاب سے بچایا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا تو وہ کامیاب ہو گیا۔

[illegible]

ماہ رجب میں رشتہ داروں کی مدد کرنا، غریب عزیزوں کے ساتھ صلہ رحمی سے پیش آنا اور اس پر خدا تعالیٰ کا وعدہ رحمت الٰہی اور نصرت خداوندی۔ کون ہے جو اس کا طالب نہیں ہے دشمنوں کے مقابلہ میں۔

فانصرنا علی القوم الکافرین۔ (قرآن) [illegible]

[illegible]

واللہ الغنی وانتم الفقراء (قرآن) خدا غنی ہے اور تم سب اس کے محتاج ہو۔

لیکن اس کے اس مستغنی اعلان پر غور کرو۔

ان تنصروا اللہ ینصرکم ویثبت اقدامکم (قرآن) اگر تم خدا کی مدد کرو گے تو خدا تمہاری مدد کرے گا۔ اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔

خدا کی مدد کیا ہے؟ بندوں کی مدد خود اپنے عزیزوں کی مدد اور خود اپنی مدد۔ جو اس کے بندوں کی مدد نہیں کرتا وہ خدا کی مدد کا مستحق نہیں ہے۔ جو کاہل اور بے عمل خود اپنی مدد نہیں کرتے وہ اس کا اہل نہیں ہیں کہ ان کی مدد کی جائے۔ دنیا دار العمل ہے۔

والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (قرآن) جو لوگ زندگی کے راستہ پر جد و جہد کرتے ہیں۔ قدرت الٰہی ان کے لئے ترقی کے راستے کھول دیتی ہے۔ [illegible]

[illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

مجھے نہایت افسوس ہے کہ نسل پرستی اور دو قوموں کی تھیوری کے مریض اب بھی راہ راست پر نہیں آتے چنانچہ ایک مقامی اخبار نے پنڈت سندر لال پر حملے کرتے ہوئے اورنگ زیب کی شخصیت پر نازیبا حملے کئے ہیں اور اس طرح نہ صرف مسلمانوں کی دل آزاری کا سامان مہیا کیا ہے [illegible] اس اخبار کو رنج ہے کہ اورنگ زیب کو ظالم کیوں نہیں کہا گیا؟ اس کی تلافی کے لئے وہ خود اورنگ زیب کو ظالم بتاتا ہے، کاشی اور متھرا کے مندروں کو گرانے کا ذمہ دار قرار دیتا ہے، مندروں کو مسجدیں بنانے کا الزام دیتا ہے، اور وہ سب کچھ کہتا ہے جو انگریز کہہ چکے ہیں، سوال یہ ہے کہ انگریزوں نے تو ہندو مسلمانوں کو لڑانے کے لئے یہ افسانے گھڑے تھے۔ لیکن اب انہیں اچھالنے کا مقصد کیا ہے؟ کیا ابھی تباہی اور بربادی سے تنگ نظری کا پیٹ نہیں بھرا؟ کب تک دو قوموں کی تھیوری کو اور اورنگ زیب کی آڑ میں پھیلانے کے بعد ہم ملک کی کوئی خدمت انجام دے سکیں گے۔

لینا اور دینا

آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں کانگریس کے جنرل سکریٹری مسٹر [illegible] نے ایک ممبر کی تقریر کی [illegible] تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو یہ مشورہ دینا کہ وہ رشوت نہ دیں فضول ہے کیونکہ جو رشوت دیتا ہے وہ اپنی ضرورت سے مجبور ہو کر دیتا ہے، لیکن جو لیتا ہے وہ مجبور نہیں ہے، بلکہ لالچی ہے" بلاشبہ رشوت لینے والا بدترین قسم کا خبیث النفس انسان ہے کہ وہ لوگوں کی مجبوریوں سے ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے، لیکن رشوت دینے والوں کو بھی ہم بے گناہ قرار نہیں دے سکتے، جو لوگ اخلاق پر اپنی ضرورتوں کو مقدم رکھتے ہوں اور کام نکالنے کے لئے سرکاری افسروں کی سیرت بگاڑتے ہوں ان میں اور رشوت لینے والوں میں کچھ زیادہ فرق نہیں ہے، اخلاق اور ہمدردی کی بارگاہ میں دونوں ہی مجرم ہیں اور اس جرم کی سزا بھی دونوں ہی کو ملنی چاہیئے، کیا دینے والوں کا یہ فرض نہیں کہ کچھ روز کے لئے خود مصیبت اٹھائیں مگر بد دیانتی بے رحمی اور لالچ کے قدم نہ جمنے دیں! برائی ہمیشہ تعاون کرنے سے دور ہوتی ہے۔ اس طرح دور نہیں ہوتی کہ ایک طرف رشوت دینے کے لئے ہاتھ بڑھے اور دوسری طرف لینے کے لئے کسی ہاتھ کو حرکت نہ ہو!

۱۱ سالہ عورت کی ہمت

بارہ بنکی ۲۴ مئی۔ ایک [illegible] سالہ عورت [illegible] ۲۲ سال سے [illegible]

[illegible]

جنوبی افریقہ میں ڈاکٹر ملان انسانیت کے علمبردار کی حیثیت سے

مقامی باشندوں کو تمام حقوق سے محروم کردیا جائیگا

کیپ ٹاؤن ۲۳ مئی۔ ڈاکٹر ملان کی حکومت اب تمام افریقیوں کو ان کے سارے سیاسی حقوق سے محروم کرنا چاہتی ہے۔ جو ان کو سنہ [illegible] سے جب کہ جنوبی افریقہ کی یونین بنائی گئی حاصل رہے ہیں۔ اس پر توقع ہے کہ ملک کی حکومت میں سیاسی جنگ شروع ہو کر حکومت مختلف حصوں میں تقسیم ہو جائے گی۔

حکومت ان افریقیوں کو ووٹروں کی فہرستوں سے نکال دینا چاہتی ہے اور ان کی علیحدہ فہرستیں بنانا چاہتی ہے ان کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اپنی نمائندگی کے لئے تین یورپینوں کا انتخاب کریں۔ یہی نہیں بلکہ ڈاکٹر ملان کی حکومت یورپینوں اور غیر یورپینوں کے درمیان شادی کو بھی ختم کردینا چاہتی ہے۔ اسی طرح غیر یورپین باشندوں [redacted] میں شادی نہ کریں۔ (رائٹر)

محفل شب معراج

اور حضرت خواجہ ابوبکر چشتی کا عرس

[illegible] درگاہ حضرت خواجہ سید نظام الدین اولیاء [illegible] حضرت خواجہ ابوبکر چشتی [illegible]

تراونکور اور کوچین کا ادغام

[illegible]

ایڈیٹر کے نام خط

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

صفائی کی ناگفتہ بہ حالت

دہلی ہندوستان کا پایۂ تخت ہے، یہاں کی میونسپلٹی کو ایک مثالی میونسپلٹی ہونا چاہئے تھا۔ اور جہاں تک حفظان صحت کا تعلق ہے اسے پورے ملک کی رہنمائی کرنا چاہئے تھی لیکن افسوس ہے اس معاملہ میں دہلی میونسپلٹی دیگر چھوٹے شہروں کی میونسپلٹیوں سے بھی پیچھے رہ گئی ہے [redacted] کئے جاتے ہیں لیکن خود میونسپلٹی کا حال یہ ہے کہ کوڑا کی گاڑیاں شارع عام پر گندگی پھیلاتی نظر آتی ہیں اور جس طرف سے یہ بدبودار گاڑیاں گذرتی ہیں دار السلطنت کی شان بڑھاتی چلی جاتی ہیں۔

کناروں پر جگہ جگہ [illegible] نظر آتی ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ عوام اس سلسلہ میں کچھ تعاون نہیں کرتے لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ اکثر مقامات پر پیشاب خانے تعمیر نہیں کئے گئے مثال کے طور پر جی، بی، روڈ پر [illegible] کے بالمقابل لوگ [illegible] کرتے ہیں کہ اس علاقہ میں پیشاب گھر کا کوئی انتظام نہیں۔ [illegible] (اس طرف خاص توجہ دے تو اس گندگی سے جو یہاں پھیل سکتی ہے ان پر بڑی آسانی سے قابو پایا جاسکتا ہے امید ہے ذمہ دار افسران اس طرف فوری توجہ دیں گے (مولانا محمد رفیق دہلوی ۲۲ مئی [illegible])

ہفت روزہ الجمعیۃ میں اشتہار
دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

مضامین صاف لکھکر بھیجئے

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھئے

ترجمان السنہ جلد اول اردو زبان میں ارشادات نبوی کا نہایت جامع مستند اور بیش قیمت ذخیرہ ہے۔ [illegible]

فہم قرآن [illegible]

غلامان اسلام [illegible]

حیات شیخ الاسلام [illegible] حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی [illegible]

علماء حق [illegible]

ضروری اطلاع

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

یوپی میں تعمیری پروگرام کی تکمیل کے لئے سرگرمیاں

جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

۱۸ اور ۱۹ مئی کو رائے بریلی میں مدرسہ رحمانیہ کی وسیع عمارت میں جمعیۃ علماء یوپی کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس حضرت مولانا بشیر احمد ایم۔ ایل سی صدر جمعیۃ علماء صوبہ کی صدارت میں شروع ہوا۔ اس اجلاس میں حضرت صدر محترم کے علاوہ حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، مولانا ابوالوفا، مولانا محمد قاسم ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ، مولانا عبدالرحید صاحب صدیقی، مولانا ابوالحسن، مولانا عبدالباری ارکان مجلس عاملہ شریک تھے ان کے علاوہ مولانا شمس الدین اعظمی اور مولانا ریاست حسین صدر جمعیۃ علماء ضلع رائے بریلی خصوصی دعوت پر شریک ہوئے تھے۔

مجلس عاملہ نے ان دو دنوں میں اپنی تین مختلف نشستوں میں صوبہ کے [redacted] تعمیری پروگرام کو عملی طور سے پھیلانے اور کامیاب بنانے کے لئے ایک نقشہ تیار کیا جس میں اس مقصد کی تکمیل کے لئے صوبہ کے تمام اضلاع کو پانچ حلقوں میں تقسیم کرکے صوبہ جمعیۃ کے چار نائبین صدر کو ایک ایک حلقہ کا ذمہ دار بنایا اور ایک حلقہ کی ذمہ داری صوبائی دفتر کو دی گئی۔

مجلس عاملہ نے کام کو وسیع پیمانہ پر پھیلانے کے لئے اسی سلسلہ میں ایک بیان بھی مرتب کیا ہے جس میں صوبہ جمعیۃ کی تمام ماتحت شاخوں کے عہدہ داران ارکان اور عام ممبران [illegible] (ناظم جمعیۃ علماء یوپی)

بدایوں میں انجمن طبیہ کا جلسہ

بدایوں ۲۰ مئی کو انجمن طبیہ کا ایک عام جلسہ زیر صدارت جناب [illegible] صاحب ایڈووکیٹ منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں مقامی معززین کے علاوہ بریلی و لکھنؤ کے اطبا کرام نے شرکت فرمائی۔ [illegible]

دار السلطنت

۲۲ مئی

چوری کی وارداتیں

شہر کے مختلف مقامات سے چوریوں کی وارداتوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ [illegible]

مارپیٹ کی واردات

[illegible]

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible]

جلسہ معراج النبی صلعم

جمعیۃ علماء کانپور کا پروگرام

کانپور، نمایندہ ڈاک۔ مولانا قاضی [illegible] صاحب صدر و قاضی مختار احمد صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء کانپور جلسہ معراج النبی صلعم کے متبرک موقع پر ۲۹ مئی کو جمعیۃ علماء شہر کانپور نے طے شدہ مرکزیہ جمعیۃ کے پروگرام کے مطابق اپنی ملی خدمت میں پروگرام عمل پیش کرے گی۔ امید ہے کہ مسلمانان کانپور مطابق اس مقدس کام میں اپنا پورا پورا تعاون دے کر ثواب دارین حاصل کریں گے۔

اس موقع کا پروگرام یہ ہے۔

تعلیم القرآن۔ شہر کے مختلف حصوں میں شبینہ مدارس قائم کئے جائیں جہاں پر مذہبی اخلاقی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔

دینی مکاتب۔ بچوں کی ابتدائی دینی تعلیم قائم رکھنے کے لئے موجودہ مدارس کو ہر ممکن امداد دی جائے نیز ضرورت کے پیش نظر نئے مکاتب بھی کھولے جائیں۔

تنظیم مساجد۔ کانپور جیسے شہر میں تقریباً ایک درجن سے زائد مساجد غیر آباد کسمپرسی کے عالم میں پڑی ہیں ضرورت ہے کہ ان کو ایک نظم کے ماتحت آباد کیا جائے۔

امداد بیوگان۔ ضرورت مند بیوگان کی فہرست مکمل طور پر مرتب کی جائے اور ان کو ہر ممکن امداد پہنچائی جائے۔ [illegible]

صنعت و تجارت۔ ایسے ذرائع پیدا کئے جائیں جن سے بیکاروں کو برسر کار لگایا جائے اور اس مقصد سے [illegible] قائم کی جائیں۔

گینتی کی سزائے موت پر احتجاج

سان فرانسسکو ۲۳ مئی۔ پیکنگ ریڈیو کی اطلاع مظہر ہے کہ [illegible] ہندوستانی مزدور لیڈر گینتی کو سزائے موت دیے جانے پر احتجاج کیا ہے۔

بقیہ صفحہ ۳

[illegible] جو شخص اس ماہ میں کسی بیمار کی عیادت کرتا ہے [illegible] اس بندہ کی زیارت کریں اور اس کیلئے سلامتی کی دعائیں کریں۔ [illegible]

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ [illegible] میں کسٹوڈین جائداد انخلا کنندگان کی حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان شائع ہوا ہے

دہلی [illegible] وارڈ نمبر ۱۱

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہے
۱۰۴۵۴	۱۹۰۱	فیض گنج	دونوں
۱۰۴۵۵	۱۹۰۲	〃	〃
۱۰۴۵۶	۱۹۰۳	〃	〃
۱۰۴۵۷	۱۹۱۱	〃	〃
۱۰۴۵۸	۱۹-۲۲	〃	〃
۱۰۴۵۹	۱۹۳۱-۳۳	〃	ملکیت
۱۰۴۶۰	۱۹۳۸-۴۰	〃	دونوں
۱۰۴۶۱	۱۹۴۸-۵۰	〃	〃
۱۰۴۶۲	۱۹۵۸-۵۹	〃	〃
۱۰۴۶۳	۱۹۶۴	〃	〃
۱۰۴۶۴	۱۹۶۵	〃	〃
۱۰۴۶۵	۱۹۶۶	〃	ملکیت
۱۰۴۶۶	۱۹۶۷	〃	دونوں
۱۰۴۶۷	۱۹۶۸	〃	کرایہ داری
۱۰۴۶۸	۱۰۷۰	〃	〃
۱۰۴۶۹	۱۹۷۷-۷۸	〃	دونوں دو کمرے
۱۰۴۷۰	۱۹۷۹	〃	دونوں
۱۰۴۷۱	۱۹۸۱	〃	〃
۱۰۴۷۲	۱۹۸۲	〃	〃
۱۰۴۷۳	۱۹۹۰-۱۹۹۱	〃	〃
۱۰۴۷۴	۱۹۹۲-۹۳	〃	کرایہ داری
۱۰۴۷۵	۱۹۹۷	〃	〃
۱۰۴۷۶	۱۹۹۸-۲۰۰۰	〃	دونوں
۱۰۴۷۷	۲۰۰۲-۹	〃	〃
۱۰۴۷۸	۲۰۱۱	〃	〃
۱۰۴۷۹	۲۰۲۸-۲۹	〃	〃
۱۰۴۸۰	۲۰۳۰	〃	〃
۱۰۴۸۱	۲۰۳۲-۳۳	〃	〃
۱۰۴۸۲	۲۰۳۴	〃	〃
۱۰۴۸۳	۲۰۴۰	〃	کرایہ داری
۱۰۴۸۴	۲۰۴۳	〃	دونوں
۱۰۴۸۵	۲۰۵۲	〃	〃
۱۰۴۸۶	۲۰۵۳-۵۴	〃	〃
۱۰۴۸۷	۲۰۷۳	〃	〃
۱۰۴۸۸	۲۱۱۸	〃	〃
۱۰۴۸۹	۲۱۳۳	〃	کرایہ داری
۱۰۴۹۰	۲۱۳۳	〃	〃
۱۰۴۹۱	۲۱۳۷	〃	دونوں
۱۰۴۹۲	۲۱۳۸	〃	〃
۱۰۴۹۳	۲۱۵۲	〃	〃
۱۰۴۹۴	۲۱۵۳	〃	〃
۱۰۴۹۵	۲۱۵۴	〃	〃
۱۰۴۹۶	۲۱۵۷	〃	کرایہ داری
۱۰۴۹۷	۲۱۶۱	〃	دونوں
۱۰۴۹۸	۲۱۶۲	〃	〃
۱۰۴۹۹	۲۱۶۳	〃	〃
۱۰۵۰۰	۲۱۹۵	کوچہ تحصیلدار	〃
۱۰۵۰۱	۲۱۹۷-۹۸	〃	〃
۱۰۵۰۲	۲۲۰۲	〃	〃
۱۰۵۰۳	۲۲۰۴	〃	〃
۱۰۵۰۴	۲۲۱۲-۱۳	〃	〃
۱۰۵۰۵	۲۲۲۴	کوچہ دکھنی رائے	ملکیت
۱۰۵۰۶	۲۲۲۵	〃	دونوں
۱۰۵۰۷	۲۲۲۶	〃	〃
۱۰۵۰۸	۲۲۲۸	〃	〃
۱۰۵۰۹	۲۲۲۹	〃	〃
۱۰۵۱۰	۲۲۳۰	〃	〃
۱۰۵۱۱	۲۲۳۱	〃	〃
۱۰۵۱۲	۲۲۳۳	〃	〃
۱۰۵۱۳	۲۲۳۴	〃	ملکیت
۱۰۵۱۴	۲۲۳۵	〃	〃
۱۰۵۱۵	۲۲۳۷	〃	〃
۱۰۵۱۶	۲۲۳۸	〃	دونوں
۱۰۵۱۷	۲۲۴۸	〃	〃
۱۰۵۱۸	۲۲۵۷	〃	〃
۱۰۵۱۹	۲۲۵۹	〃	〃
۱۰۵۲۰	۲۲۶۲-۶۳	〃	〃
۱۰۵۲۱	۲۲۷۶	〃	ملکیت
۱۰۵۲۲	۲۲۸۱	〃	دونوں
۱۰۵۲۳	۲۲۸۲	〃	〃
۱۰۵۲۴	۲۲۸۳	کوچہ دکھنی رائے	دونوں
۱۰۵۲۵	۲۳۰۰	شاہ تارا	〃
۱۰۵۲۶	۲۳۹۰	کلاں محل	〃
۱۰۵۲۷	۲۴۰۰	کوچہ دکھنی رائے	〃
۱۰۵۲۸	۲۴۰۱	کلاں محل	〃
۱۰۵۲۹	۲۶۰۱	گلی قاسم بیرول	〃
۱۰۵۳۰	۲۶۳۱-۳۲	کوچہ چیلاں	〃
۱۰۵۳۱	۲۶۳۱-۳۳	〃	〃
۱۰۵۳۲	۲۶۳۷-۳۸	〃	〃
۱۰۵۳۳	۲۶۳۹-۴۱	〃	〃
۱۰۵۳۴	[illegible]	〃	〃
۱۰۵۳۵	۲۶۵۷	〃	〃
۱۰۵۳۶	۲۶۶۵	〃	〃
۱۰۵۳۷	۲۸۱۵	〃	〃
۱۰۵۳۸	۲۸۱۶	〃	〃
۱۰۵۳۹	۲۸۱۷	〃	〃
۱۰۵۴۰	۲۸۱۸	〃	〃
۱۰۵۴۱	۲۸۲۰	〃	〃
۱۰۵۴۲	۲۸۲۲	〃	〃
۱۰۵۴۳	۲۸۳۱	〃	〃
۱۰۵۴۴	۲۸۳۳	〃	〃
۱۰۵۴۵	۲۹۲۲	〃	〃
۱۰۵۴۶	۲۹۲۳	〃	〃
۱۰۵۴۷	۲۹۲۳A	〃	〃
۱۰۵۴۸	۲۹۲۵	〃	〃
۱۰۵۴۹	۲۹۲۷	〃	〃
۱۰۵۵۰	۲۹۲۸	〃	〃
۱۰۵۵۱	۲۹۲۹	〃	〃
۱۰۵۵۲	۲۹۳۰	〃	〃
۱۰۵۵۳	۲۹۳۲	〃	〃
۱۰۵۵۴	۲۹۳۳	〃	〃
۱۰۵۵۵	۲۹۳۵	〃	〃
۱۰۵۵۶	۲۹۳۸A	〃	....
۱۰۵۵۷	۲۹۳۲-۳۳	〃	دونوں
۱۰۵۵۸	۲۹۴۷-۴۹	〃	〃
۱۰۵۵۹	۳۰۱۳	〃	〃
۱۰۵۶۰	۲۹۵۳	〃	〃
۱۰۵۶۱	۲۹۶۸-۶۹	〃	〃
۱۰۵۶۲	۲۹۷۰	〃	〃
۱۰۵۶۳	۲۹۷۱	〃	〃
۱۰۵۶۴	۲۹۸۲	گلی گڑھ دوجانہ	〃
۱۰۵۶۵	۲۹۹۳	ڈیوڈ اسٹریٹ	کرایہ داری
۱۰۵۶۶	۳۰۰۱	کوچہ سعد اللہ خاں	دونوں
۱۰۵۶۷	۳۰۰۱A	〃	〃
۱۰۵۶۸	۳۰۰۸	〃	〃
۱۰۵۶۹	۳۰۱۰	〃	〃
۱۰۵۷۰	۳۰۱۲	〃	کرایہ داری
۱۰۵۷۱	۳۰۱۳-۱۴	〃	دونوں
۱۰۵۷۲	۳۰۱۵	〃	〃
۱۰۵۷۳	۳۰۱۶	〃	〃
۱۰۵۷۴	۳۰۱۷	〃	〃
۱۰۵۷۵	۳۰۲۵	سید احمد روڈ	〃
۱۰۵۷۶	۳۰۲۹-۳۳	〃	〃
۱۰۵۷۷	۳۰۳۲	〃	〃
۱۰۵۷۸	۳۰۳۵	〃	〃
۱۰۵۷۹	۳۰۳۹	〃	〃
۱۰۵۸۰	۳۰۵۵	〃	〃
۱۰۵۸۱	۳۰۵۶	تراہا بیرام خاں	〃
۱۰۵۸۲	۳۰۶۸	〃	〃
۱۰۵۸۳	۳۰۹۱	〃	〃
۱۰۵۸۴	۳۰۹۲	〃	〃
۱۰۵۸۵	۳۰۸۲	کوچہ تارا چند	〃
۱۰۵۸۶	۳۰۸۶	〃	〃
۱۰۵۸۷	۳۰۸۸	〃	〃
۱۰۵۸۸	۳۰۸۹	〃	〃
۱۰۵۸۹	۳۰۹۰	〃	〃
۱۰۵۹۰	۳۱۶۶	〃	〃
۱۰۵۹۱	۳۱۶۷	〃	〃
۱۰۵۹۲	۳۱۶۸	〃	〃
۱۰۵۹۳	۳۱۶۹	〃	〃
۱۰۵۹۴	۳۱۷۰	〃	〃
۱۰۵۹۵	۳۱۷۱	〃	〃
۱۰۵۹۶	۳۱۷۹-۸۰	〃	کرایہ داری
۱۰۵۹۷	۳۱۹۸	〃	〃
۱۰۵۹۸	۳۲۰۲	〃	〃
۱۰۵۹۹	۳۲۰۳	〃	〃
۱۰۶۰۰	۳۲۰۹	〃	〃
۱۰۶۰۱	۳۲۱۰	〃	〃

[illegible] (ق)

بقیہ دار السلطنت

بچوں کے کلب کا عام جلسہ

تعلیمی مرکز [illegible] میں بچوں کے کلب کا جلسہ مسٹر نسیم احمد صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا جو بچوں کے کلب میں سب سے چھوٹے ممبر ہیں تلاوت قرآن مجید مسٹر عبدالمالک صاحب نے کی۔ سعید [illegible] سکریٹری بچوں کے کلب نے جلسہ کرنے کی ضرورت بتائی آپ نے کہا ۱۰ جون تک جو بچے اپنے اور والدین کے فارم ممبری بھر دیں گے انہیں کلب کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔ نیز بچے اپنا فنڈ جمع کریں اس کی صورت یہ ہے کہ ایک ایک پیسہ روزانہ بچوں کے کلب کے فنڈ میں جمع کریں۔ جلسہ میں محترم سراج احمد صاحب کے والد کے انتقال پر ملال پر جناب ارشد رشید صاحب نے تعزیتی تجویز پیش کی جو بالاتفاق رائے منظور ہوگئی۔ محمد اقبال پروپیگنڈا سکریٹری۔

آتشبازی کے خلاف کوچہ پنڈت میں جلسہ

عنایت الرحمٰن فاروقی نائب صدر جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۲ اطلاع دیتے ہیں کہ ۲۹ مئی کو بعد نماز مغرب کوچہ پنڈت چاندنی والی مسجد میں آتشبازی کے خلاف جلسہ ہوگا جس میں مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور ڈاکٹر تاج الدین صاحب [illegible] تقریر کریں گے۔

ڈربن کے فساد کے سلسلہ میں ہندوستانیوں کو سزا

ملان کی انصاف پسندی کا ایک اور مظاہرہ

ڈربن ۲۴ مئی۔ تین ہندوستانی جن پر گذشتہ جنوری کے فسادات میں قتل کا الزام لگایا گیا تھا کل ان کو یہاں کی عدالت نے سات سال کی قید بامشقت کی سزا دی ہے۔ ان پر جو الزامات لگائے گئے تھے وہ قتل یا قاتلانہ حملہ کے مترادف قرار دئے گئے۔ تینوں اشخاص [illegible] بالترتیب سات سال قید سخت، ۵ سال کی قید اور چار سال قید سخت کی سزا دی گئی ہے۔ ان پر قاتلانہ حملے کا الزام ہے۔ ایک اور ہندوستانی پر جس نے ۱۰ جنوری کو ایک افریقی کو پکڑ کر ہلاک کردیا تھا اور ایک یورپین کو جس نے اس افریقی کی مدد کرنی چاہی تھی قتل کی دھمکی دی تھی اس نے اعتراف جرم کرلیا۔

ملایا کے ڈاکوؤں کے ہاتھوں

ہندوستانی عورتوں کا وحشیانہ قتل

سنگاپور ۲۴ مئی۔ ایک عورت جو یہاں ایک باغ میں ملازم تھی ایک درخت سے بندھی ہوئی پائی گئی۔ اس کا گلا کٹا ہوا تھا۔ اس بات کا اعلان کل ایک پولیس کمیونک میں کیا گیا۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ ایک سرکاری ہندوستانی عورت اور اس کا شوہر ایک مکان میں مردہ پائے گئے۔ ان تینوں اشخاص کی ہلاکت کا ذکر کرتے ہوئے کمیونک میں کہا گیا کہ ڈاکوؤں کے دو گروہ شام کو باغ میں داخل ہوگئے تھے۔ ایک گروہ ایک لڑکی کو پکڑ کر بھاگ گیا۔ بعد میں اس کا جسم ایک درخت سے بندھا ہوا اور گلا کٹا ہوا پایا گیا۔ دوسرے گروہ نے اس باغ کے ہندوستانی چودھری کا پتہ دریافت کیا اس ہندوستانی نے تسلیم کیا کہ وہی چودھری ہے۔ [illegible] (ا ۔پ)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

نرخ [illegible] مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

ماہرین کی امداد کی اسکیم کے ساتھ سرمایہ بھی ضروری ہے

صدر ٹرومین کی اسکیم پر پاکستانی نمائندہ کی تقریر

لیک سکسس ۲۴ مئی۔ [illegible] غیر ترقی یافتہ ممالک کی صنعتی ترقی کے لئے ماہرین کی امداد کے متعلق صدر ٹرومین کی اسکیم اس وقت تک مؤثر اور کامیاب نہیں ہوسکتی جب تک اس میں غیر ملکی سرمایہ نہ لگایا جائے۔ [illegible] سرمایہ اور ماہرین کی امداد سے پیداوار میں اضافہ اور بہتری ہوگی۔ اور اس سے ان علاقوں کی اقتصادی ابتری دور ہوگی۔

امریکہ کا حصہ

[illegible] نے اس سلسلہ میں امریکہ کی اہمیت بتاتے ہوئے کہا کہ وہ کیا حصہ ادا کرسکتا ہے۔ [illegible] صنعت و حرفت میں ترقی ہو سکے جو ترقی یافتہ نہیں ہیں۔

آپ نے کہا کہ اس سے دنیا بھر کے لوگوں کو روزگار مل سکے گا اور ان کی معاشی حالت بہتر ہوسکے گی۔ اور اس طرح یہ ظاہر کیا جاسکتا ہے کہ تمام دنیا واقعی ایک دنیا ہے جس میں امن کی طرح ترقی و خوشحالی ناقابل تقسیم ہے۔

”پرچرے نے اپنی خوشی سے بیان نہیں دیا تھا“

شملہ میں گوڈسے اور دیگر ملزمان کی اپیل کی مزید سماعت

شملہ ۲۳ مئی۔ آج نتھورام گوڈسے اور دیگر ملزمان کی اپیل کی سماعت پھر شروع ہوئی۔ آج بھی مسٹر انعام اللہ [illegible] کا بیان جاری رہا۔ آج ان کے بیان کا تیسرا دن تھا۔

آپ نے کہا کہ گویا استغاثہ تانگہ ڈرائیوروں کی شہادت کو مسترد کر دیا جاتا ہے ایک تانگہ ڈرائیور نے کہا تھا کہ گوڈسے اور آپٹے بمبئی ایکسپریس سے ۱۷ جنوری کو اترنے کے بعد اس کے تانگہ میں سوار ہوئے تھے۔ جب کہ کنگ مارک کے بیان کے مطابق گاڑی بمبئی سے آئی تھی اور استغاثہ کے مطابق دہلی سے اس سے ظاہر ہے کہ تانگہ ڈرائیوروں کا بیان بے بنیاد ہے۔ غریب اور جمعہ کی طرف سے گوڈسے اور آپٹے کی شناخت کئے جانے کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر انعام اللہ نے کہا کہ اگرچہ پولیس نے ان سے ۷ فروری کو رابطہ پیدا کیا تھا لیکن انہیں اپیل کے پہلے جلسہ میں سب انسپکٹر پولیس بمبئی لے گئے۔ جسٹس بھنڈاری: آپ کا مطلب یہ ہے کہ [illegible] نے گوڈسے اور آپٹے کی شکل و صورت سمجھا دی۔

مسٹر انعام اللہ: جی ہاں۔ جناب۔ اس کے بعد آپ نے ڈاکٹر پرچرے کے اقبالی بیان کا ذکر کیا اور کہا کہ یہ بیان رضاکارانہ نہ تھا بلکہ زبردستی لیا گیا۔ آپ نے کہا کہ ڈاکٹر پرچرے کو سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا گیا اور ۳ فروری کو مہاتما گاندھی کے قتل کے سلسلہ میں اس کے مکان کی تلاشی لی گئی اس سے ظاہر ہے کہ اگرچہ پولیس نے اسے سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا اور وہ اسے مہاتما گاندھی کے قتل میں شامل کرنا چاہتی تھی۔

جسٹس بھنڈاری: ہمارے خیال میں ڈاکٹر پرچرے کا کیس بہت ہی مشکوک ہے اور [illegible] کا طلبگار ہے۔ آخر میں مسٹر انعام اللہ نے کہا کہ ڈاکٹر پرچرے کا اقبالی بیان ہے اور اس لئے اسے بری کیا جانا چاہئے۔ بعد ازاں شنکر کستیہ کے وکیل مسٹر ڈی۔ این اوستھی نے اپنے دلائل شروع کئے۔

آپ نے کہا کہ یہ ظاہر ہے کہ شنکر ۲۰ جنوری کی سازش کا ممبر نہیں تھا۔ بڈگے کے بیان کو شنکر کے خلاف استعمال نہیں کیا جانا چاہئے۔ کیونکہ وہ اس کا گھریلو نوکر تھا۔ اور جہاں بھی جاتا اسے بھیجا جا سکتا تھا۔ آپ نے کہا کہ ایسا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ شنکر نے کسی سازش میں شامل ہونا منظور کیا۔ ابھی ان کے دلائل جاری تھے کہ عدالت ملتوی ہوگئی۔ (ا ۔پ)

برلن میں اب بالکل امن ہے

ریلوے اسٹرائک قریب قریب ختم

برلن ۲۴ مئی۔ مغربی برلن کے کمانڈنٹوں نے مغربی مجسٹریٹ کی اس درخواست کو منظور کر دیا کہ اس کی اجازت دی جائے کہ روس کے علاقہ کی پولیس سے مغربی پولیس ریلوے اسٹیشنوں کا چارج لے لے۔

ریلوے اسٹرائک سے مجسٹریٹ کے بیان کے مطابق امن اور تحفظ کو زبردست خطرہ لاحق ہوگیا تھا لیکن اب صورت حال پر قابو پالیا گیا ہے اور مکمل طور پر امن ہے۔ (رائٹر)

تھاکن نو لندن نہیں جا رہے

رنگون ۲۴ مئی۔ برما کے وزیر اعظم تھاکن نو نے اپنے لندن جانے کے ارادہ کو فی الحال ملتوی کر دیا ہے۔ وہ ہفتہ کے دن لندن روانہ ہونے والے تھے۔

حکومت کے ایک نمائندے نے ایک بیان میں کہا کہ اس التوا کی دو وجہیں ہیں۔ ایک تو برطانوی پارلیمنٹ کی وجہ سے وہاں وزیر اعظم کو اتنی فرصت نہیں ہوگی کہ وہ وزیر اعظم برما سے صورت حال پر مفصل گفتگو کرسکیں۔ دوسرے برما کے وزیر اعظم لندن میں زیادہ قیام اس لئے نہیں کرسکیں گے کہ انہیں ۸ جون کو واپس آنا پڑے گا کہ برما پارلیمنٹ کا اجلاس منعقد ہوگا۔ اب وہ جون کے آخر میں یا جولائی کے اوائل میں لندن جائیں گے۔ (رائٹر)

لیبر وزیر جگجیون رام کا سرمایہ داروں کو انتباہ

[illegible]

گاندھی جی کا عدم تشدد کا پیام

نیویارک میں مسٹر منی لال کی تقریر

نیویارک ۲۴ مئی۔ [illegible] مسٹر گاندھی کے علاوہ دوسرے لوگ سرد دہ سماج سے تعلق رکھنے والے دوسرے کارکن بھی موجود تھے۔ مسٹر گاندھی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی بحث دیکھنے آتے تھے۔ اس جلسہ میں سیٹھ برلا بھی آئے تھے۔ مسٹر گاندھی نے امریکنوں کی طرف سے اپنے استقبال پر خوشی اور شکریہ کا اظہار کیا اور ان سب باتوں کو گاندھی جی کی خدمت میں خراج عقیدت قرار دیا انہوں نے کہا کہ امریکہ میں گاندھی جی کی تعلیمات کا گہرا اثر ہے اقوام متحدہ کی بابت انہوں نے کہا۔ ہر شخص اس کے چارٹر کا حامی ہے۔ لیکن روز مرہ کے وقت اپنے اپنے ممالک کے مفاد کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا ظاہری لیڈروں نے گذشتہ دو سال میں زبردست کامیابی حاصل کی ہے اور اب وہ ملک سے افلاس و غربت کو دور کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ (ا ۔پ)

کشمیر کمیشن کا چیئرمین کراچی کو

سری نگر ۲۴ مئی۔ اقوام متحدہ کے کمیشن کے موجودہ چیئرمین مسٹر مکائی آج صبح ایک خصوصی طیارہ سے کراچی روانہ ہو گئے۔ ان کے ساتھ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کے ذاتی نمائندہ مسٹر ایرک کولبان اور قانونی مشیر مسٹر مارٹن بھی ہیں معلوم ہوا ہے کہ یہ وفد وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں کو بعض سوالات کے بارے میں تجاویز پیش کرے گا امید ہے کہ یہ پارٹی ایک ہفتہ کے اندر اندر لوٹ آئے گی اور حکومت پاکستان کا جواب اپنے ہمراہ لائے گی۔ (ا ۔پ)

سکھ زائرین لاہور جائیں گے

مغربی پنجاب کی حکومت نے اجازت دیدی

لاہور ۲۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی پنجاب کی حکومت اس پر راضی ہوگئی ہے کہ [illegible] سکھوں کو [illegible] گوردوارے کی زیارت کی اجازت دی جائے۔ زائرین گوردوارے میں ٹھہریں گے۔ جہاں حکومت مغربی پنجاب ان کی نگرانی کرے گی۔ حفاظت کی خاطر ان کو شہر میں پھرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (اسٹیٹسمین)

سیگاؤں کے چینی علاقہ میں آگ

۸۰۰ مکانات جل گئے

پیرس ۲۴ مئی۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کے سیگاؤں کے چینی علاقہ میں آگ لگ گئی جس سے ۸۰۰ مکانات جل کر راکھ ہوگئے۔ (رائٹر)

شہری آزادی کو تیزی کے ساتھ غضب کیا جا رہا ہے

سوشلسٹوں کے جلسہ میں مسٹر جوشی کی تقریر

بڑودہ ۲۳ مئی۔ ایک مشہور مزدور لیڈر مسٹر ایس ایم جوشی نے کل بیان کیا کہ یہیں عوام کو کمیونزم کے منہ سے بچا لے نکالنے کے لئے سخت محنت اور کوشش کی ضرورت ہے۔ مسٹر جوشی نے سوشلسٹ پارٹی کے منعقدہ اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے عوام کی معاشیات کو بحال کرنے کے سلسلہ میں جو بھی قدم اٹھایا ہے باوجود بالکل ناکافی ہے بالآخر اس کی غلط تشکیل کی گئی ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ عوام کو چاہئے کہ وہ حکومت سے مطالبہ کریں کہ موجودہ قحط سالی اور بے روزگاری کو ایک منصوبہ بندی کے تحت ختم کرے اور اس کا نظام سرمایہ داروں کے خاتمہ پر ہو۔ اس کے علاوہ وہ ہر ایک پر زور دیا کہ جہاں تک ہو سکے امیر اور غریب کی تفریق کو ختم کرے۔ مسٹر جوشی نے [illegible] کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شہری آزادی کو ملک میں بڑی تیزی کے ساتھ غضب کیا جا رہا ہے۔ (ا ۔پ)

چینی کی فاضل مقدار کے اندازے

حکومت ہند کے محکمہ خوراک نے طلب کئے

نئی دہلی ۲۳ مئی۔ [illegible] نئی فصل کے موسم کے لئے فاضل چینی کے [illegible] اندازے بھیجیں۔ ان اندازوں کے بعد علاقوں کے مطابق قلت والے علاقوں میں چینی کے [illegible] کو آسانی ہو جائے گی۔

سرکاری اعلان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ معلوم ہوا ہے کہ چینی کے کچھ تھوک فروش اس امید پر اپنے ذخیرے روکے ہوئے ہیں کہ چینی کا کنٹرول ہٹا دیا جائے گا اور اس کی نقل و حرکت پھر پہلے کی طرح عام ہو جائے گی۔ کنٹرول کے بارے میں ہند سرکار اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی اور سرکار کی بنیادی اسکیم کے مطابق چینی کی نقل و حرکت حکومتوں کے درمیان ہی ہوتی رہے گی۔

اعلان میں عام تھوک فروشوں سے یہ کہا گیا ہے کہ جن کے چینی کے ذخیروں میں کیڑے لگ گئے ہیں ان کو چاہئے کہ مقامی حکومتوں نے انسانی خوراک کے ناقابل قرار دیئے ہیں وہ اب ان ذخیروں کو اپنی مقامی حکومتوں کی اس غرض کے لئے دے سکتے ہیں کہ انہیں چارے کے لئے استعمال کیا جائے۔

اقلیتی کمیٹی کی رپورٹ پر غور

[illegible] اسمبلی اقلیتی کمیٹی کی رپورٹ پر غور کرے گی۔ کمیٹی کے چیئرمین سردار ولبھ بھائی پٹیل جو کل دہرہ دون سے یہاں پہنچیں گے۔ ایوان کے سامنے پیش کریں گے۔ [illegible] (ا ۔پ)

حیدرآباد میں بیگار

ممنوع قرار دیدی گئی

حیدرآباد ۲۳ مئی۔ [illegible]

ان حرکات کو فوراً ممنوع قرار دیا جائے۔ [illegible] ان افراد کے خلاف جو اس سلسلہ میں حکومت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے جائیں گے سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ (ا ۔پ)

خط وکتابت
کرتے وقت ہمیشہ چٹ نمبر کا حوالہ
ضرور دیں۔

بچوں کے اغوا کی تردید

مدھیہ بھارت حکومت کا کمیونک

اندور ۲۳ مئی۔ اندور، رتلام اور ملحقہ علاقوں میں افواہیں گشت کر رہی ہیں کہ بچوں کو قربانی کے مقاصد کے لئے اغوا کیا جاتا ہے۔

رتلام میں ایک مشتعل مجمع نے چند لڑکوں پر اس شبہ میں کہ وہ بچوں کو اغوا کرتے ہیں حملہ کردیا جس میں تین افراد ہلاک ہوگئے۔ مدھیہ بھارت کی حکومت نے ایک کمیونک میں ان اطلاعات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحقیقات کے بعد معلوم ہوا کہ ایک بھی بچہ اغوا نہیں کیا گیا۔ بعض شرارت پسندوں نے اس قسم کی اطلاعات پھیلائیں جن کے نتیجہ میں رتلام میں یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا۔

جس میں تین افراد کی جانیں ضائع ہوئی ہیں [illegible]

نجیب آباد کی خبریں

(از نامہ نگار)

غلہ کی فراہمی

تحصیل نجیب آباد سے ۲۸ ہزار من غلہ اکٹھا ہونا ہے اس میں سے [illegible]

[illegible]

دھوبیوں کی پنچایت

ضلع بجنور کے قریباً دو ہزار دھوبیوں نے پنچایت کرکے یہ طے کیا ہے کہ وہ آئندہ کپڑوں کی دھلائی کم از کم دو آنہ اور ایک آنہ فی کپڑا لیں گے اس فیصلہ سے غریب طبقہ میں کافی بے چینی پائی جاتی ہے

بمبئی کے وزیر آبکاری کی تقریر

بمبئی ۲۳ مئی۔ بمبئی کے وزیر آبکاری [illegible] نے آج صوبہ کے ہوم گارڈوں سے اپیل کی کہ حکومت بمبئی کی امتناع شراب کی پالیسی کو کامیاب بنائیں انہوں نے یہ تقریر ہوم گارڈ [illegible] کی ایک کانفرنس میں کی۔ وزیر یالی نے کہا ہوم گارڈ کے کارکنوں کو کام کرتے وقت حکومت پر عوام کا امتناع شراب کی کامیابی پر یقین رکھنا چاہئے۔ [illegible] (ا ۔پ)

دولت مشترکہ کا دفاع اور آسٹریلیا

وزیر دفاع مسٹر جان ڈیڈ مین کا بیان

[illegible]

لالہ امرناتھ بیان دیں گے

کلکتہ ۲۳ مئی۔ لالہ امرناتھ کرکٹ کے مشہور کھلاڑی [illegible] لالہ امرناتھ [illegible] (ا ۔پ)

حجۃ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ
و دیگر علماء کا مصدقہ و پسندیدہ

روغن اکسیر دماغ۔ جو دماغ کی کمزوری اور دائمی نزلہ کے لئے مفید ہے۔ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور گرتے ہوئے بالوں کو دوبارہ اگاتا ہے۔ قیمت [illegible]
اکسیر دنداں دانتوں کے ہر مرض خصوصاً پائیوریا کے لئے [illegible]
سرمہ اکسیر چشم آنکھوں کے ہر مرض کے لئے مفید ہے [illegible]
ہلال فارمیسی دیوبند ضلع سہارنپور

جیون (رجسٹرڈ)
رگوں میں نیا خون پٹھوں میں نئی طاقت
پیدا کرکے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے
توانائی مشک عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے خاص اجزا ہیں۔
ایک کورس پندرہ روپے
دلی دواگھر نور گنج دہلی

جمعیۃ علماء نمبر
مفت حاصل کیجئے
ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کرنا ہو تو ایک سال کا چندہ بارہ روپے یا چھ ماہ کا چندہ چھ روپے آٹھ آنہ منی آرڈر سے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریدار بن جائیے۔ ورنہ آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجئے۔
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۸ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۷ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دستور ساز اسمبلی میں کشمیر کی نمائندگی

نئی دہلی ۲۵ مئی - معلوم ہوا ہے کہ دستور ساز اسمبلی اس بات کی اجازت دیدے گی کہ دستور ساز اسمبلی میں کشمیر کی نشستیں دی گئی ہیں - یہ سب جانا جا کشمیر کی نامزدگیوں ... نامزدگیاں شیخ عبداللہ کے مشورہ سے ... [illegible]

حضرت مولانا محمد میاں کی واپسی

دہلی ۲۵ مئی - حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی واپس تشریف لے آئے ہیں آپ رائے بریلی میں جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے اجلاس میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ وہاں سے آپ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس اور دہرہ دون کے مسلمانوں کی آبادکاری کے متعلق وزیر اعظم یوپی سے گفتگو کرنے کے لئے دہرہ دون تشریف لے گئے تھے۔

کمیونسٹوں نے آج صبح شنگھائی پر قبضہ کر لیا

اقلیتوں کے تحفظات پر بحث شروع ہو گئی

سرکاری فوجیں شہر چھوڑ کر بھاگ گئیں

شہر کے تمام پولیس اسٹیشنوں پر سفید جھنڈے لہرا رہے ہیں

شنگھائی ۲۵ مئی (بدھ) کمیونسٹ فوجوں نے آج صبح شنگھائی پر قبضہ کر لیا - یہ شہر ایشیا میں سب سے بڑا اور دنیا کا چوتھا بڑا شہر ہے - اس شہر کے دفاع کے لئے حکومت نے تین لاکھ فوجوں کا انتظام کر رکھا تھا لیکن بغیر کسی خاص لڑائی کے شنگھائی پر کمیونسٹوں نے قبضہ کر لیا - اس سے قبل کی اطلاع میں بتایا گیا تھا ...

آج صبح کمیونسٹ فوجوں نے پر امن طریقہ سے شنگھائی کے اس علاقہ پر قابض ہونا شروع کر دیا ہے جو فرانسیسیوں کے قبضہ میں ہے - یہ علاقہ بین الاقوامی بستی اور ہند کے متصل ہے ...

شنگھائی
دریا

[illegible]

شنگھائی کیا ہے؟

لندن ۲۵ مئی - شنگھائی دنیا کا چوتھا سب سے بڑا شہر ہے جس کی آبادی ... [illegible]

منچوریا کا بندرگاہ کھول دیا گیا

پیکنگ ریڈیو کا اعلان

سان فرانسسکو ۲۵ مئی - پیکنگ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ کمیونسٹ شمال مشرقی کی حکومت نے ... [illegible]

الشیاب پریس

[illegible]

چین اور برما کی سرحد پر بھی حالات خراب ہونے لگے

گوریلا دستوں کے خلاف حکومت برما کی احتیاطی تدابیر

[illegible]

جنوبی کوریا کو مغربی طاقتیں خالی کر رہی ہیں

روس کے حملہ کا اندیشہ، فلپائنی نمایندہ کا بیان

سیوٹل (جنوبی کوریا) ۲۵ مئی - اقوام متحدہ کے کوریا کمیشن ... [illegible]

قاسم رضوی کے خلاف

گلبرگہ کی عدالت میں مقدمہ

[illegible]

مالدیپ اور برطانیہ کے درمیان معاہدہ

برطانیہ فضائی مستقر قائم کرسکے گا

[illegible]

جاپانی جنرل کو سزائے موت

[illegible]

بمبئی اور سی پی کے دورہ سے

مولانا حبیب الرحمن صاحب کی واپسی

[illegible]

ایڈوائزری کمیٹی کی رپورٹ پر سردار پٹیل کا تبصرہ

مدراس کے مسٹر اسماعیل کی طرف سے جداگانہ انتخاب کی حمایت

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

عظیم المرتبت کتابیں

مکاتیب شیخ الاسلام (مدنی) ۱؎ عہ حیات شیخ الاسلام (مدنی) ۱؎ ہے

ضرورت کی ہر کتاب کیلئے لکھئے۔ فہرست مفت

قومی کتاب گھر دیوبند (یوپی)

REGD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 26-5-49

کھیل کی خبریں

ایم سی سی اور نیوزی لینڈ کی ٹیم کا کرکٹ میچ

لندن ۲۴ مئی - کل صبح ایم سی سی اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیم کے میچ میں ... [illegible]

سیلون کی کرکٹ ٹیم

[illegible]

محمڈن اسپورٹنگ کی کامیابی

[illegible]

مصری ٹیم بازی لے گئی

[illegible]

عبید اللہ کپ ہاکی ٹورنامنٹ

[illegible]

عورتوں کا ہاکی کا مقابلہ

[illegible]

کرکٹ بورڈ کا فیصلہ

[illegible]

کھیلوں کا وزیر

[illegible]

دھاروار میں میونسپل انتخابات

[illegible]

پرمٹ کی مدت سے زیادہ ٹھیرنے پر

الہ آباد میں ایک پاکستانی کو سزا

[illegible]

مجھے صرف تین ماہ کی مہلت دو

مسٹر بھیم سین سچر کی تقریر

امرتسر ۲۴ مئی - مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم مسٹر بھیم سین سچر نے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے تین ماہ تک بلا کسی مزاحمت کے کام کرنے دو - اگر اس مدت میں ... [illegible]

مستشرقین کی عالمی انجمن

[illegible]

کانگریس کی زرعی اصلاحات

کی کمیٹی کی رپورٹ

[illegible]

ترکی کی ایک مشہور اسٹانی برطانیہ میں

[illegible]

دوبارہ اغوا کی گئی لڑکی کی رہائی

[illegible]

وزرائے خارجہ کی کونسل کا اجلاس

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

مسٹر ڈیسائی کی فلمسازوں کو یقین دہانی

بمبئی ۲۴ مئی - مسٹر مرار جی ڈیسائی وزیر داخلہ بمبئی نے ... [illegible]

فرانسیسی ہواباز خاتون کی گمشدگی

[illegible]

شیخ عبداللہ یونیورسٹی کے پرو چانسلر

[illegible]

برطانوی سائیکل ساز

ہند میں کارخانے بنائیں گے

[illegible]

بقیہ کالم ۳

[illegible]

کلیمی انجن نین سدھار

جملہ امراض چشم

[illegible]

قیمت 1/4

محمد حسین مقبول حسین کلیمی کلیمی انجن نین سدھار گڑھیا محلہ شاہ آباد انس بریلی

دستور ساز اسمبلی

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

امپیکٹ طاقت کے جیرمین پر

امریکی سینیٹر کی طرف سے بدنظمی کا الزام

[illegible]

برطانوی بندرگاہوں میں ہڑتال

[illegible]

ریاست حیدرآباد کی لسانی تقسیم

مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن کا مطالبہ

[illegible]

نئی نئی انجنیاں لیں

[illegible]

ریلوے اسٹورز کے سلسلہ میں

بین المملکتی کانفرنس

[illegible]

ہند اور فرانسیسی نو آبادیوں کا جھگڑا

حکومت ہند کا ایک افسر تحقیقات کیلئے جا رہا ہے

نئی دہلی ۲۴ مئی - معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے ... [illegible]

مسٹر فورسٹال کی خودکشی

تحقیقاتی کمیٹی کا تقرر

واشنگٹن ۲۴ مئی - امریکہ کی حکومت نے بحریہ کا ایک تحقیقاتی بورڈ مسٹر فورسٹال کی خودکشی کے اسباب کی تحقیقات کر رہا ہے ... [illegible]

چین کے کمیونسٹ علاقوں میں

غیر ملکیوں اور شہریوں کی حفاظت

[illegible]

صدر بہار کونسل کو قتل کی دھمکی

[illegible]

کراچی میں مالی معاملات پر

بین المملکتی کانفرنس

[illegible]

فرانسیسی حکومت ٹوٹ جانے کا خطرہ

[illegible]

حکومت ملایا کا بجٹ

[illegible]

سکم میں اصلاحات کے لئے ایجی ٹیشن

ڈاکٹر کیسکر کی سکم کو روانگی

[illegible]

مجھے امید ہے تم سب سے پہلی "اسلامی فوجوں" کی روایت پر عمل کرو گے

ایک لاکھ کے اجتماع میں شرق اردن کے شاہ عبداللہ کی تقریر

عرب لیجن سے عرب متحدہ اسٹیٹ کے قیام میں مدد لینے کا منصوبہ

عمان ۔ ۲۴ مئی ۔ شاہ عبداللہ والی شرق اردن نے آج اس امر کی طرف اشارہ کیا کہ متحدہ عرب اسٹیٹ کے قیام کے سلسلہ میں ان کے سامنے عرب لیجن سے کام لینے کا منصوبہ ہے۔ انھوں نے لیجن کے [illegible] شرق اردن اور فلسطین کے عربوں کے تقریباً ایک لاکھ کے اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہا "مجھے امید ہے کہ آپ پہلی مسلم فوجوں کی روایت پر عمل کرتے ہوئے اپنی پہلی شان کو قائم رکھیں گے۔ یہ مقصد سابقہ انقلاب کے (۱۹۱۶ء کی عرب بغاوت) جس کے بعد عرب اتحاد قائم ہوا اصولوں کو عملی جامہ پہنا کر قابل ہوگا۔" یاد رہے ۱۹۱۶ء میں شاہ عبداللہ کے والد شریف حسین ابن علی نے ایک فوج بنا کر ترکوں کے خلاف بغاوت کی تھی اور ان کی فوجیں ایلیا (انگریزی کمانڈر) کی فوجوں کے ساتھ ترکوں کو شکست دینے کے لئے لڑی تھیں۔

"پہلی مسلم فوجوں" سے غالباً شاہ عبداللہ کا مطلب [redacted] [illegible] کو پھیلایا۔

ایک لاکھ سے زیادہ شرق اردن اور فلسطین کے عرب صبح سویرے سے عمان کے قریب ہوائی میدان پر جمع ہونے شروع ہوگئے تھے جہاں شاہ عبداللہ نے سوار سپاہیوں اور مشینی دستوں کی سلامی لی۔ ان علاقوں کے سپاہیوں [illegible] ایک گھنٹہ لگا۔ شاہ عبداللہ کی پشت پر شاہی فوج کے کمانڈر انچیف، عراق اور شامی فوجوں کے چیف آف اسٹاف اور میجر جنرل گلب پاشا جو لیجن کے انگریز کمانڈر ہیں کھڑے ہوئے تھے۔ فوجوں کے مظاہرہ کے بعد شاہ عبداللہ نے مختلف یونٹوں کو انعامات تقسیم کئے اور پھر فوجوں کے سامنے تقریر کی۔

دو ہزار مہمانوں میں اقوام متحدہ کے فلسطین [illegible] شامل تھے۔ (رپٹر)

مرد گھروں کا کام سیکھیں

[redacted] کے وزیر داخلہ کی تقریر

[illegible] ۲۴ مئی ۔ مسٹر [illegible] وزیر داخلہ نے یہاں پر ایک تقریر میں بتایا کہ اگر مردوں پر دوہری ذمہ داری ڈالی جائے اور گھر کے کام کاج کے علاوہ اس سے شہری اور اجتماعی فرائض کی انجام دہی کی امید بھی رکھی جائے تو اس بات کی ضرورت ہے کہ مرد گھریلو زندگی کے کام کاج سیکھیں اور عورتوں کا ہاتھ بٹائیں۔ انہوں نے یہ تقریر عورتوں کے ایک جلسہ میں کی انہوں نے کہا یہ خیال بہت عجیب معلوم ہوگا لیکن اگر جدید عورتوں کی آرزوئیں پوری ہوئی ہیں تو اس کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ (اے پ)

خان عبدالغفار کے متعلق

مغربی پنجاب کی حکومت کا بیان

لاہور ۲۵ مئی ۔ مغربی پنجاب کی حکومت نے اپنے ایک پریس نوٹ میں اس بات کی تردید کی ہے کہ خان عبدالغفار خاں منٹگمری جیل کے اندر قید تنہائی میں ہیں [illegible]

پنڈت جی کشمیر کو

دہلی ۲۵ مئی ۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان ۲۸ مئی کو دو روز کے لئے کشمیر جائیں گے۔ (اے پ)

ہند اور پاکستان کے درمیان مالی معاملات پر بین المملکتی کانفرنس

سابقہ معاہدوں کی تجدید اور دیگر مالی امور پر غور

کراچی ۲۴ مئی (اے پ) پاکستان کل یہاں پر ہند اور پاکستان کے نمائندوں کے درمیان مالی معاملات کے بارے میں ایک بین المملکتی کانفرنس شروع ہوئی۔ کل دو اجلاس ہوئے [redacted] [illegible] ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ آج کی بات چیت ابتدائی نوعیت کی تھی جس میں زیادہ تر اس بات پر غور کیا گیا کہ ایک مملکت سے دوسری مملکت میں ادائیگی کے متعلق ایک نیا معاہدہ کیا جائے کانفرنس نے موجودہ معاہدہ کی تفصیلات پر بھی غور کیا جو ۳۰ جون ۱۹۴۹ء کو ختم ہو رہا ہے۔ [redacted] [illegible] بنک آف پاکستان نے اور ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت مالیات کے مسٹر [illegible] نہرو نے کی۔

بچاس سکھوں کو میلہ ڈیرہ صاحب میں جانے کی اجازت

حکومت مغربی پنجاب کے اقدام پر گوردوارہ کمیٹی کے سکرٹری کا اظہار مسرت

امرتسر ۲۵ مئی ۔ (ا) شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کو حکومت مشرقی پنجاب سے اطلاع ملی ہے کہ حکومت مغربی پنجاب ڈیرہ صاحب گوردوارہ کے جوڑ میلہ کے لئے جو ۲۹، ۳۰، ۳۱ مئی کو لاہور میں ہوگا، پچاس سکھ زائرین کا [illegible]

شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے سکرٹری سردار [illegible] سنگھ نے حکومت مغربی پنجاب کے اس اقدام کو خیرسگالی کے جذبہ پر مبنی قرار دیا ہے۔ [illegible] ہے کہ اس سے بین المملکتی تعلقات بہتر ہونگے۔ البتہ انہوں نے اس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ زائرین کی تعداد پچاس تک محدود کردی گئی ہے۔ [illegible]

سنگھ نے اپنی جماعت کا آئین شائع کردیا

صرف بالغ ہندو اس جماعت کے ممبر بن سکیں گے

بمبئی ۲۴ مئی ۔ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے آئین کا مسودہ آج شائع کردیا گیا ہے۔ اس آئین کے مطابق سنگھ کا سیاسیات سے کوئی تعلق نہ ہوگا [illegible]

[illegible] سنگھ کا لیڈر سر سنگھ چالک ہوگا۔ جو اس وقت ایم ایس گولوالکر ہیں۔ جو وقت ضرورت اپنا جانشین نامزد کریں گے۔ سر سنگھ چالک گورو [illegible] [illegible]

سنگھ کا جھنڈا

قومی جھنڈے کی تعظیم کرتے ہوئے سنگھ کا جھنڈا [illegible]

لدہ عربوں کے حوالے

عمان ۲۴ مئی ۔ لدہ سے جہاں آج کل یہودیوں کا قبضہ ہے یہاں پہونچنے والے ایک شخص نے نامہ نگار کو بتایا کہ لدہ اور رملہ کے یہودی افسران نے [illegible]

آبکاری کے محصول میں کٹوتی دینے کی بابت ہند پاکستان کا معاہدہ

درآمد وبرآمد کی پابندیاں بھی نرم کردی جائینگی

نئی دہلی ۲۵ مئی ۔ وزارت تجارت حکومت ہند [illegible]

نیوز پرنٹ ایڈوائزری کمیٹی نے اخباری کاغذ پر کنٹرول ختم کرنیکی سفارش کردی

نئی دہلی ۲۵ مئی (د) کل نیوز پرنٹ ایڈوائزری کمیٹی نے ایک میٹنگ میں نیوز پرنٹ پر سے کنٹرول اٹھا لینے کی متفقہ سفارش کی ہے کمیٹی کا اجلاس نئی دہلی میں وزیر صنعت ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی کی صدارت میں منعقد ہوا تھا۔ کمیٹی نے "نرم سکہ" کے علاقوں سے آنے والے نیوز پرنٹ اخباری کاغذ کی درآمدی حالت پر غور کیا اور اظہار اطمینان کیا ہے حکومت کے فیصلہ کا جلد ہی اعلان ہو جائے گا۔

چندرنگر کے استصواب کا معاملہ

فرنچ اسمبلی نے منظوری دیدی

پیرس ۲۵ مئی ۔ فرنچ پارلیمنٹ نے ہندوستان کی فرانسیسی نو آبادیوں کے مستقبل کے متعلق استصواب رائے عامہ کی تیاری کا بل منظور کرلیا۔ اسمبلی نے سفارش کی ہے کہ چندرنگر کا استصواب ۱۹ جون کی بجائے اواخر دسمبر تک ملتوی کردیا جائے۔ اس بل پر آئندہ ممبرات کونسل اسمبلی میں بحث ہوگی۔

کشمیر میں صرف ۳۵ مشاہدین ہیں

سرینگر ۲۵ مئی (ا) امریکہ کے ۸ مشاہدین اپنا کام ختم کرنے کے بعد امریکہ واپس جا رہے ہیں۔ ان کی بجائے ۶ اور مشاہدین ٹولیڈو سے آرہے ہیں۔ یہ لوگ جون کے پہلے ہفتہ میں پہنچ جائیں گے۔ کشمیر سے واپس جانے والے مشاہدین میں چار تو پاکستان اور تین ہندوستان کی طرف سے تھے۔

دوسرے ملکوں کے مشاہدین بھی جلد از جلد اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں گے اور ان کے بجائے دوسرے لوگ آئیں گے۔ اس وقت کشمیر میں ۳۵ مشاہدین ہیں جن میں ۲۰ تو پاکستان کی طرف ہیں اور ۱۵ ہندوستان کی طرف ۔ یہ امریکہ، کناڈا، بلجیم، ناروے اور میکسیکو کے ہیں۔ (اے پ)

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کی سماعت

ڈاکٹر پرچورے کے بیان کا ذکر

شملہ ۲۴ مئی (ا) پنجاب ہائی کورٹ فل بنچ کے روبرو آج گاندھی مقدمہ قتل کی اپیل کی مزید سماعت ہوئی۔ ڈاکٹر پرچورے کے وکیل مسٹر [illegible] نے اپنی بحث میں کہا کہ ڈاکٹر پرچورے کا اقبالی بیان رضاکارانہ نہیں ہے [illegible]

حکومت ہند اور فرانس سے اپیل

چندرنگر میونسپل صدر کا بیان

چندرنگر ۲۵ مئی (ا) چندرنگر میونسپلٹی کے صدر مسٹر ڈی داس نے ایک بیان میں فرانس اور ہندوستان کی حکومتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محض گفت وشنید کے ذریعہ چندرنگر کو ہندوستان میں شامل کرکے اپنی دوستی تو قائم رکھیں۔ انھوں نے کہا کہ چندرنگر میں عجیب باتیں ہورہی ہیں۔ جن کی طرف قوم پرستوں کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ فرانسیسی حکام دائیں بازو کو منظم کر رہے ہیں۔ رجعت پسند عناصر کو یہ لالچ دیا جارہا ہے کہ موجودہ برسر اقتدار پارٹی کو علیحدہ کرکے وہ اقتدار حاصل کرسکتے ہیں۔ اس کے نتائج بہت خطرناک ہوں گے۔ ۱۹ مئی کو کمشنر نے حکم دیا کہ میونسپل صدر کو حکومت کا خزانہ، مفاد عامہ فنڈ اور امدادی فنڈ حکومت کے سپرد کردینا چاہئے۔ (اے پ)

ساٹھ ہزار کا کپڑا پکڑا گیا

گورداسپور ۲۵ مئی (ا) ایک ٹرک میں سے کپڑے کی ساٹھ گانٹھیں جن کی قیمت ساٹھ ہزار روپے ہوگی [illegible] پاکستان بھیجی جانے والی تھیں [illegible] ڈیپارٹمنٹ نے پتہ چلا کر روک لیا [illegible]

شاہ افغانستان کو تار

کراچی ۲۵ مئی ۔ شاہ افغانستان کو ان کی آنکھ کے عارضہ پر خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے مندرجہ ذیل تار دیا: "مجھے یہ معلوم کرکے سخت افسوس ہوا کہ اعلیحضرت کی آنکھ میں تکلیف ہوگئی ہے۔ میں خدائے تعالے سے التجا کرتا ہوں کہ اعلیحضرت کو جلد شفا عنایت فرمائے۔"

شاہ افغانستان نے اس کے جواب میں حسب ذیل پیغام بھیجا ہے [illegible] آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ گزشتہ چند دن سے میری آنکھ کی حالت بہتر ہے۔"

برطانیہ کی صنعتی نمائش

۱۶ ہزار سے زائد غیر ملکی شریک ہوئے

لندن ۲۵ مئی ۔ برطانیہ کے تجارتی بورڈ نے جو تازہ ترین اعداد وشمار شائع کئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ برطانیہ کی صنعتی نمائش میں شرکت کرنے والے ۱۶۰۷۴ غیر ملکی باشندوں میں سے ایک ہزار تین سو [illegible] ہندوستان اور پاکستان سے آئے تھے۔ [illegible]

سیلاب آنے سے ریل بند

بنارس ۲۵ مئی ۔ نیپال [illegible]

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مختارناموں کے متعلق فیصلہ

ایک مملکت میں تکمیل شدہ مختارنامہ دوسری مملکت میں منظور کیا جائیگا

نئی دہلی ۲۵ مئی ۔ [illegible]

امریکہ شام اور اسرائیل میں صلح کرائیگا

خدا خیر کرے

دمشق ۔ ۲۴ مئی ۔ گلوب کو باوثوق ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ بین الاقوامی ثالث برائے فلسطین ڈاکٹر بنچ کا [illegible] (گلوب)

ادارۂ بانو دہلی کا دوسرا عہد آفریں اعلان
آئندہ پرچہ ماہ جون ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ میں
ایک ضخیم اور شاندار سالنامہ ۱۹۴۹ء
کی صورت میں پیش کیا جائیگا
[illegible]
زینب انور
مدیرہ بانو دہلی
پتہ:- صرف ماہنامہ بانو دہلی کافی ہے

تازہ خبر
ادویات پیٹنٹ اور ٹریڈ مارک لیبل - ڈیزائن و نام رجسٹر کرانے کے لئے فوراً لکھیں یا تشریف لاویں -
کلکتہ ٹریڈ مارک کمپنی نزد فتحپوری چاندنی چوک دہلی

عینکیں، چشمے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید اوپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچرز بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کیلئے دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی سے فائدہ اٹھائیں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۲۷ مئی ۱۹۴۹ء

چین، برما اور ہندوستان

چین میں جو کچھ ہو رہا ہے وہاں کی تاریخ کے اوراق جس طرح جلدی جلدی لوٹائے جا رہے ہیں وہ ساری دنیا پر روشن ہیں، حد یہ ہے کہ جس امریکہ نے چیانگ کائی شیک کو کمیونسٹوں سے بھڑایا تھا اور جس کے ڈالر واشنگٹن سے چنگ کنگ میں پہونچ رہے تھے وہ خود چین کی جنگ سے مایوس ہے اور اب وہ بھی ایمان لے آیا ہے کہ کمیونسٹ کامیاب ہوں گے اور قومی حکومت کے بڑوں کی قبریں فارموسا میں بنیں گی! چین کے کمیونسٹوں نے بھی کمال ہی کر دکھایا کہ آگے بڑھنے کے سوا پیچھے ہٹنا ہی نہیں جانتے، چین کا بہترین صنعتی علاقہ ان کے قبضہ میں آچکا ہے، اور شنگھائی منہ کے بل گرا چاہتا ہے، شنگھائی کا قصہ ختم ہوتے ہی چین کے باقی حصوں کا رنگ خود اڑ جائیگا اور وہ کمیونسٹوں کے لئے اپنی آغوش خود کھول دینگے قبل اس کے کہ چین کی قومی حکومت کا چراغ گل ہو ہمیں مان لینا چاہیئے کہ اسکے دن قریب آگئے، چند مہینوں کے بعد دنیا دیکھے گی کہ چیانگ کی حکومت ختم ہوئی اور کمیونسٹ چین کا بول بالا ہوا۔

لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا چین کا یہ انقلاب چین کی حد تک ہی محدود رہے گا؟ کیا کمیونسٹ ایک بڑی حکومت اور بڑے ملک پر قبضہ کرنے کے بعد آرام سے بیٹھ جائیں گے؟ کیا پڑوسی ممالک کو امان مل سکے گی؟ کیا برما، مشرقی اور مغربی بنگال سرخ سیلاب کو روکنے میں کامیاب ہو سکیں گے؟ جواب دینے سے پہلے سینہ کی دھڑکن کا جائزہ ضرور لے لینا چاہیئے، کیونکہ ضمیر کی گواہی ہزار گواہوں کی ایک گواہی ہے، کیا واقعی ہمارا ضمیر مطمئن ہے کہ ہمارا ملک سرخ خطرہ سے محفوظ رہے گا؟ سیاسیات میں خصوصاً آجکل کی انقلابی سیاست میں خوش فہمیوں اور لن ترانیوں سے کام نہ لینا چاہیئے کیونکہ اسی قسم کی خوش فہمیوں نے چین کا بیڑا غرق کیا ہے اور شاید اسی قسم کا پندار برما کو بھی لے ڈوبے، جواب دینے والوں نے اس بارے میں بہت کچھ کہا ہے کسی نے کہا کہ ہندوستان کو چین پر قیاس نہ کرنا چاہیئے، چین کے حالات اور تھے، ہندوستان کے حالات اور ہیں، وہاں کسانوں کی فاقہ مستی تھی، یہاں کسانوں کی خوشحالی ہے وہاں کسادبازاری اور اقتصادی بدحالی تھی، یہاں [illegible] ہے، وہاں عوام کی نگاہیں پھری ہوئی تھیں یہاں حکومت کو عوام کا اعتماد حاصل ہے، ممکن ہے کہ حالات کا یہ اختلاف حقیقی ہو لیکن زمانہ کے مزاج کو کیا کیجئے گا کہ وہ دلائل کو نہیں دیکھتا، جو ہونے کے لئے تیار رہتا ہے، واقعات کچھ بتاتے ہیں، نتیجہ کچھ اور نکلتا ہے آنکھیں کچھ دیکھتی ہیں اور ظہور میں کچھ اور آتا ہے ایسا ہی آج کل کا سرخ انقلاب، دعوی اور دلیل، ترکیب اور تجزیہ کو نہیں دیکھتا آگے بڑھنے، حالات کو بدلنے اور تماشہ دکھانے میں لگا رہتا ہے، ابتداء میں چین بھی خوش فہمیوں کے سہارے جیتا رہا، مگر انقلاب کے سامنے اس کی ایک پیش نہ گئی اور اس کے سارے انداز سے غلط اور بے بنیاد ثابت ہوئے!

دانشمندی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہم ظاہری حالات کی سطح پر نہ جائیں بلکہ گہرائی میں اتر کر دور تک کا جائزہ لیں اور کسی ذہنی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہوں جو عین وقت پر مایوس کردے! چین کی سیاست کا الٹ پھیر تو سب کے سامنے ہے لیکن یہ اطلاع بھی آخر آہی گئی کہ چینی کمیونسٹ برما پر حملے کی تیاریاں کررہے ہیں بلکہ [illegible] دریا کو عبور کرکے وہ برمائی سرحد کی طرف بڑھ چکے ہیں اگر یہ اطلاع صحیح ہے تو برما کے مستقبل کا اندازہ... لگائیے کہ وہاں کیا ہونے والا ہے اور یہ تو ایسے وقت کی بات ہے کہ چینی کمیونسٹ ایک زبردست جنگ لڑ رہے ہیں اور انہیں چین کے محاذ سے ہی فرصت نہیں ہے اور جب وہ چین کا قصہ تمام کرچکیں گے تو ان کے اقدام اور ہجوم کا کیا حال ہوگا؟ اور اسکے بعد آسام، مشرقی بنگال، مغربی بنگال اور پھر آگے اور آگے، سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا ہوگا اور ہم مطمئن ہو کر کس طرح بیٹھ جائیں!

اگرچہ ہندوستان اور پاکستان کی موجودہ حالت پرسکون ہے لیکن ہمیں اندرونی رخنوں کی بے خبر اور غافل نہ رہنا چاہیئے، ہندوستان بہت بڑا ملک ہے، بڑے اور وسیع ذرائع کا مالک ہے بے شمار انسانوں کا برصغیر ہے اور جاپان کے بعد پورے ایشیا میں صنعت وحرفت کا مرکز ہے، اور پاکستان، ملک چھوٹا ہے، آبادی بھی کم ہے، ذرائع اور وسائل بھی محدود ہیں اور صنعت وحرفت سے بھی تہی دامن ہے [illegible] اعتبار سے اس کی پوزیشن ہندوستان سے بھی زیادہ اہم ہے، کیونکہ وہ ہندوستان اور پاکستان کے دروازوں پر سنتری بن کر پہرہ دے رہا ہے تاہم نہ داخلی حالات زیادہ اطمینان بخش ہیں نہ سرحدی حالات قابل اعتماد ہیں، اگر ہمارے اندر بیماریوں کو جذب کرنے والے جراثیم موجود ہیں تو جسمانی توانائی بیکار ہے، اور یہ کام ہمارے لیڈروں کا ہے کہ وہ معاشی جراثیم اور سیاسی امراض کی کیفیت اور کمیت معلوم کریں اور صحیح تشخیص کے بعد ان کا علاج سوچیں۔

سب سے پہلے اس بات کی ضرورت ہے کہ کانگریس کی اصلاح ہو اور اس کی از سر نو تنظیم کیجائے ہمارا خیال ہے کہ اصلاح کے بعد کانگریس ہی بگڑے ہوئے حالات پر قابو پاسکتی ہے اور اسی کے ذریعہ ہم ملک کے اقتصادی ڈھانچہ کو درست کرسکتے ہیں کانگریس کی موجودہ پوزیشن بہت خراب ہو چکی ہے، اگر اس نے اپنا رخ نہ بدلا تو ملک کو سخت مایوسی ہوگی، اور جس خطرے سے ہم بچنا چاہتے ہیں وہ ضرور پیش آکر رہیگا! اس میں شک نہیں ہمارا ملک سرمایہ داری کا حامی ہے اور یہاں کا پونجی پتی طبقہ اقتصادی بدحالی بھوک اور افلاس کے لئے ذمہ دار ہے، اب اسکے آگے اشاروں میں باتیں کرو یا کھل کر صاف صاف کہو نتیجہ ایک ہی ہے، یعنی حکومت کا فرض ہے کہ وہ اپنی معاشی پالیسی پر نظرثانی کرے اور عام بے چینی کو دور کرنے کی راہ نکالے، جب تک زرداروں کے اقتدار کا پایہ ڈھیلا نہ ہوگا اور غریبوں کے لئے دوروٹی، دو کپڑے، ایک مکان اور ضروریات زندگی کا انتظام نہ کیا جائے گا اور معاشی انصاف کی بنیاد پر نظام حکومت کی تعمیر نہ ہوگی، کمیونزم کا خطرہ دور نہ ہوگا، یہ حقیقت فوراً تسلیم کرلیا جائے کچھ دنوں کے بعد سرمایہ داری کا خاتمہ تو کرنا ہی پڑے گا، بہتر یہ ہے کہ [illegible] کام فوراً ہو جائے اور کمیونزم کو انگلی رکھنے کی کوئی گنجائش نہ چھوڑی جائے۔

ایرانی مجلس کے انتخاب کا بل منظور ہوگیا

ایرانی دستور کیلئے نئی تجاویز

طہران ۲۴ مئی ۔ ایرانی مجلس نے [illegible]

[illegible] بھی واضع کرے گی۔

ایرانی اخبار اس تجویز کی حمایت میں لکھتے رہے ہیں [illegible] (گلوب)

اچھی باتیں

فاصبر۔ تا۔ والابکار (پ ۲۴ ع ۱۱)

ذرا صبر وتحمل سے کام لو، اللہ کے وعدے حق ہیں، بس اتنی بات ہے کہ اپنی کوتاہیوں کی تلافی کرو اور صبح وشام اپنے پروردگار کی حمد وثنا میں لگے رہو۔

فرمایا کہ اللہ تعالی کے وعدے تو سچے ہیں لیکن انسان بے صبر اور بے قرار واقع ہوا ہے خدا کے وعدے اپنے وقت پر سچے ہوکر رہیں گے لیکن انسان کو صبر اور استقامت کے ساتھ انتظار کرنا چاہیئے، انسان اپنی کوتاہیوں کو دور کرنے کی کوشش تو نہیں کرتا اور خدا کے وعدوں پر نظر جماکر بیٹھ جاتا ہے اور نہیں سوچتا کہ خدا کے وعدے انہی لوگوں کے ساتھ پورے ہوتے ہیں جو حرکت وعمل کے لئے تیار ہوں اور اپنی ..... کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کریں صبح وشام خدا کی حمد وثنا کا مطلب یہ ہے کہ دن کے آغاز اور رات کے شروع میں تم بھی اس عہد کو یاد کرلیا کرو، جو تم نے خدا سے کئے ہیں تم نے اسلام کا اقرار کرتے ہی اسلام کے تقاضوں کو پورا کرنے کی تمام ذمہ داریاں لے لی ہیں تم انہیں پورا کرو خدا بھی اپنے وعدے پورے کرے گا اور تم کبھی ناکام نہیں رہوگے۔

آج کا شام

سیریا یعنی شام بحیرۂ روم کے مشرق میں ایک چھوٹی سی عرب ریاست ہے۔ اس کا رقبہ کم وبیش ۶۶ ہزار مربع میل ہے، اور آبادی ۳۰ لاکھ افراد پر مشتمل، اس کے شمال میں ترکی مغرب میں ریاست لبنان، فلسطین اور عراق واقع ہے۔ جنگ عظیم اول تک یہ علاقہ سلطنت عثمانیہ ترکی میں شامل تھا۔ لیکن ۱۹۱۸ء میں اسے فرانس کے زیر انتداب کر دیا گیا ہے۔ ۱۹۲۰ء میں شامی کانگریس نے امیر فیصل کو اس ملک کا بادشاہ منتخب کیا تھا۔ لیکن اتحادیوں کے عدم اتفاق کی وجہ سے اس فیصلہ پر عمل نہیں کیا جاسکا اور بعد میں انھیں عراق کا بادشاہ بنا دیا گیا۔ فرانس کے زیر انتداب رہتے ہوئے انتظام وتغیر کے متعدد مراحل سے گذرنے کے بعد ایسے چار حصوں یعنی خاص شام لبنان، لطاکیہ اور دروز میں منقسم کر دیا گیا۔ [illegible]

شام ایک قدیم اور تاریخی ملک ہے اور اس کے علاقہ کو مشرق ومغرب کے مابین حقیقی سرحدی حیثیت حاصل ہے، یہ ملک روم وعرب اور اسلام وعیسائیت کے تصادم کا میدان بنا رہا ہے اور آج بھی اس ملک کے طول وعرض میں اس جنگ وتصادم اور ربط وتعلق کے بے شمار آثار نظر آتے ہیں۔

[illegible]

ایران نمائندگان نے اس معاہدہ پر کاربند رہنے کی کوشش کی لیکن ۱۹۳۹ء میں حالات زیادہ خراب ہوگئے اور فرانس نے شام اور لبنان میں دستور حکومت کو معطل کرکے تمام اختیارات فرانسیسی حکام کو دیدیئے۔ اس زمانہ میں مجلس اقوام کی رضامندی سے فرانس نے بعض شرائط کے ماتحت اسکندرونہ ترکی کے حوالہ کردیا اور اس طرح شام کا بحری راستہ مسدود ہوگیا۔ جنگ عظیم ثانی شروع ہوجانے کے بعد شام اور لبنان کی آزادی کی جدوجہد معطل سی ہوکر رہ گئی۔ [illegible]

[illegible]

بڑودہ میں شیخ الاسلام اور مجاہد ملت کی بصیرت افروز تقاریر

متعدد حضرات کی جانب سے پارٹیاں اور سپاسنامے

بڑودہ [illegible] شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سوراشٹر ایکسپریس سے بڑودہ پہنچے۔ استقبال کے لئے [illegible]

[illegible]

بہار میں لازمی تعلیم کی تیاریاں جاری ہیں

پٹنہ ۲۴ مئی ۔ ابتدائی لازمی تعلیم کے سرکاری فیصلے کے پیش نظر بہار کے ۱۶ سو دیہاتی اور ۲۸۲ ابتدائی اسکولوں کی دوبارہ تنظیم کا کام جاری ہے۔ منصوبہ یہ بنایا گیا ہے کہ ہر طالب علم کو تعلیم کے لئے ایک میل سے زیادہ دور نہ جانا پڑے۔ (گلوب)

حکومت شام جہاز ران کمپنی کے قیام پر غور کررہی ہے

دمشق ۔ ۲۴ مئی ۔ حکومت شام کا محکمہ مواصلات ایک جہاز ران کمپنی قائم کرنے کی تجویز پر غور کررہا ہے اس شامی جہاز ران کمپنی کو خاص سہولتیں دی جائیں گی جس کی وجہ سے وہ غیر ملکی رقیب کا مقابلہ کرسکے گی۔ حکومت شام سرکاری کام کا ٹھیکہ اس کمپنی کو دیگی۔ (گلوب)

بغداد میں آباد پاکستانیوں کو لیاقت علی کا مشورہ

بغداد ۔ ۲۴ مئی عراق میں آباد پاکستانیوں نے وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں کے اعزاز میں بغداد میں ایک پارٹی دی تھی، جس میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے اپنے ہم وطنوں کو مشورہ دیا تھا کہ وہ عراق کی بہبودی کے لئے اسی طرح سے کوشش کریں جس طرح سے وہ پاکستان کی بہبودی کے لئے کرتے ہیں کیونکہ عراق ایک مسلم ریاست ہے۔ انہوں نے کہا کسی مسلم ریاست میں آباد ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اس ریاست کو اپنا وطن سمجھے۔ (گلوب)

ہلدوانی میں ضلع جمعیۃ کانفرنس کی تیاریاں

ہلدوانی۔ (بذریعہ ڈاک) جوں جوں کانفرنس کے انعقاد کی تاریخیں قریب آتی جارہی ہیں کارکنان جمعیۃ علماء کی کوشش اور انہماک اور عوام کی دلچسپی و شوق بڑھتا جارہا ہے۔ [illegible] پنڈال کی تعمیر بھی عنقریب شروع ہونے والی ہے اور حضرت شیخ مدظلہ کے اسم گرامی پر پنڈال کا نام "حسین آباد" رکھا گیا ہے۔ جس کے اندر تقریباً دس ہزار افراد کے نشست کی گنجائش ہوگی اور پانچ روپیہ، دس روپیہ، بیس روپیہ اور اس سے [illegible] ٹکٹ والوں کی نشست کا خصوصی انتظام ہوگا۔ پنڈال کے دونوں طرف شاندار دکانیں ہوں گی جو موسمی ضروریات فراہم کرسکیں گی۔ بہترین لاؤڈ اسپیکر کا انتظام بھی کرلیا گیا ہے۔ مستورات کے لئے پردہ کا باقاعدہ انتظام کیا [redacted]

عوام کے استفسار اور دلچسپی سے ظاہر ہوتا ہے کہ کانفرنس اپنی تاریخ کی نہایت شاندار اور پُر رونق ہوگی اس لئے کارکنان کانفرنس کی [illegible] عموماً اور ضلع نینی تال کے باشندوں سے خصوصاً التماس ہے کہ وہ کانفرنس میں زیادہ سے زیادہ شرکت فرمائیں اور باہر سے آنے والے حضرات (یعنی آگرہ، لکھنؤ وغیرہ) سے دریا برلی اور دہلی و سہارنپور سے آنے والے وایا مراد آباد او ٹی ریلوے سے ہلدوانی اسٹیشن پر اتریں۔ علمائے کرام کا قیام مدرسہ اسلامیہ [illegible] میں ہوگا۔

پٹیالہ یونین کے کانگریسیوں کو نوٹس

پٹیالہ ۲۳ مئی (بذریعہ ڈاک) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پٹیالہ یونین صوبہ کانگریس کمیٹی نے سردار [illegible] سنگھ [illegible] کو جو پٹیالہ یونین کی آئین ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے ہیں، انضباطی کارروائی کا نوٹس دیا ہے کہ وہ دو ہفتوں کے اندر جواب دیں کہ انہوں نے صوبہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کی ۲۶ مئی کی ہدایات کے [illegible] کوئی کانگریسی کارکن راج پرمکھ پٹیالہ کی طرف سے نامزد کردہ اسمبلی [illegible] سے کوئی تعلق نہ رکھنے کی خلاف ورزی کیوں کی۔ معلوم ہوا ہے کہ پانچ اور کانگریسی ممبران سردار کرپال سنگھ ڈھلواں، [illegible] بنارسی داس جیند، سردار [illegible] سنگھ، [illegible] کو بھی جو ایگزیکٹو کونسل کے ممبر ہیں ایسے ہی نوٹس مل گئے ہیں اور انہیں دو ہفتوں کے اندر جوابدہی کے لئے کہا گیا ہے (خاص)

پٹیالہ یونین کی سال ٹاؤن کمیٹیاں

پٹیالہ ۲۳ مئی (بذریعہ ڈاک) معتبر ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ حکومت پٹیالہ یونین نے فیصلہ کیا ہے کہ یونین کی سال ٹاؤن کمیٹیوں میں جو نشستیں خالی ہیں انہیں نامزدگی کے ذریعہ پُر کر دیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسلمانوں کی خالی نشستوں پر [illegible] کو نامزد کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ پٹیالہ سٹیٹ کی سال ٹاؤن کمیٹیوں میں ۵۰ فیصدی سرکاری ممبران [illegible] فیصدی منتخب ہوتی ہیں۔ ایک سال [illegible] اور ہر جگہ عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ ان کا انتخاب از سر نو کیا جائے اور نامزدگی [illegible] (اسکات)

تجارت درآمد پر کنٹرول

دہلی ۲۴ مئی۔ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ کھلے عام لائسنس نمبر ۱۰ اور نمبر ۱۱ کے حلقے سے [illegible] اور بنگالی چنا خارج کر دیا جائے۔ اب پاکستان، لنکا، عراق، ہندوستان کے [illegible] مقبوضات اور خلیج فارس کی ریاستوں سے مذکورہ بالا اجناس منگانے کے لئے لائسنس ضروری ہیں۔ [illegible] اس امر کی اطلاع شائع کی جاچکی ہے (پ ا)

جمعیۃ علماء نمبر
مفت حاصل کیجیے
ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کرنا ہو تو ایک سال کا چندہ [illegible] روپے یا چھ ماہ کا چندہ [illegible] روپے آٹھ آنہ منی آرڈر سے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریدار بن جائیے۔ ورنہ آٹھ آنہ کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجیے۔
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی

برنالہ کے ایک گاؤں میں زمینداروں میں خونریز لڑائی

برنالہ ۲۳ مئی (بذریعہ ڈاک) موضع کھڈی خورد ضلع برنالہ سے زمینداروں کی دو پارٹیوں میں خونریز لڑائی کی اطلاع ملی ہے۔ تفصیلات مظہر ہیں کہ طرفین میں ایک عرصہ سے عداوت چلی آرہی تھی۔ وقوعہ کے روز دونوں پارٹیوں کے حمایتی شراب پی کر الجھ پڑے۔ لڑائی کئی گھنٹے جاری رہی جس میں کھلم کھلا ناجائز ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا۔ دو زمیندار موقعہ پر ہی مارے گئے۔ ایک شدید مجروح ہوا۔ پولیس تحقیقات کے لئے پہنچ گئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کئی ملزمان مفرور ہوگئے ہیں۔ (پ ن ہم)

[redacted] میں فوجی ریلی کی تیاریاں

گوڑگانوں ۲۳ مئی۔ گوڑگانوں میں [illegible] کے روز منعقد ہونے والے فوجی میلہ کی تیاری کے سلسلہ میں غیر معمولی سرگرمیاں جاری ہیں۔ مشرقی پنجاب کے جنوبی اضلاع اور گرد و نواح کے عوام اس میلہ کی تیاری میں بہت ذوق و شوق کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ شہر کو جو کہ دہلی سے بیس میل پر واقع ہے محرابوں اور جھنڈیوں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ فوجی نمائش کی تیاریوں میں کافی حصہ لیا جارہا ہے۔ مختلف اسلحہ جات کے اسٹال بنائے گئے ہیں۔ ڈاکٹر انجنیر سگنلس [illegible] آف آرڈیننس کور، سپلائی کور [illegible] سٹاف اور شہری افسران اور ضلع کے دیہات کا دورہ کر رہے ہیں اور سابق فوجیوں اور جنگ میں کام آنے والے سپاہیوں کی بیواؤں اور موجودہ فوجیوں کے خاندان کو ریلی کی خبر دے رہے ہیں۔ سابق فوجیوں کی بیواؤں کو کچھ نقدی اور تحفے بھی دیئے جائیں گے۔ خیال ہے کہ یہ دلچسپ پروگرام ڈھائی گھنٹہ تک جاری رہے گا (اپ)

بھنگی کا لڑکا آکسفورڈ یونیورسٹی میں

آکسفورڈ (بذریعہ بحری تار) آکسفورڈ یونیورسٹی میں ایک ایسا طالب علم بھی ہے جس نے بچپن میں اسکول کو خیرآباد کہہ کر گوشت بیچنا شروع کر دیا تھا اور پھر بھنگی بن کر سڑکوں کی صفائی کا بھی کام کرتا رہا تھا۔

یہ دلچسپ کہانی ۲۲ سالہ نوجوان جون بانس کی ہے۔ ۱۴ سال کی عمر میں اسکول چھوڑ کر اس نے ایک قصائی کے پاس نوکری کرلی۔ بعد ازاں اپنے باپ کی طرح کارپوریشن میں بھنگی بن گیا۔ لیکن سر میں پڑھنے کا سودا تھا چنانچہ فالتو وقت میں مطالعہ کرتا اور شام کو اسکول بھی جاتا۔ پھر وہ فوج میں بھرتی ہوگیا۔ لیکن [illegible] میں اُسے فوجی خدمت سے علیحدہ کر دیا گیا۔ اس کے بعد اس نے دوبارہ پڑھنا شروع کر دیا۔ دن بھر آکسفورڈ کی سڑکوں کی صفائی کرتا اور اس کے بعد شیکسپیر اور کیٹس (مشہور شاعر) کا کلام پڑھتا۔ آخر محنت رنگ لائی۔ دو سال ہوئے اس نے ۴۰ امیدواروں کے مقابلہ میں مرٹن کالج کا وظیفہ حاصل کیا۔ تعطیلات میں وہ مختلف کام کرکے روپیہ جوڑتا رہا تاکہ پڑھائی جاری رکھ سکے۔ اس دوران میں اس نے باغبانی بھی کی اور عارضی طور پر ڈاکیہ بن کر خطوط بھی تقسیم کئے۔ گذشتہ دسمبر میں وہ ملک کے تمام حصوں سے آئے ہوئے [illegible] دیگر امیدواروں کے ساتھ [illegible] کالج کے وظیفہ کے امتحان میں شریک ہوا اور کامیاب نکلا۔

کالج کی تعلیم ختم کرنے کے بعد اس کا خیال تعلیم بالغان کا پروفیسر بننے کا ہے اور فالتو وقت میں وہ ناول لکھا کرے گا۔

لبنان میں ہوابازی

بیروت ۲۳ مئی۔ اینگلو عراقی پیٹرولیم کمپنی نے حکومت لبنان کو مطلع کیا ہے کہ کمپنی نے طرابلس میں اپنا ہوائی اڈہ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہوابازی [illegible] کرنے کے ضروری انتظامات کئے جارہے ہیں۔ (گلوب)

برلن کی ہڑتال سے خطرناک صورت حال کا اندیشہ

لوگوں کی زبان پر خانہ جنگی اور عام ہڑتال کے نعرے

لندن ۲۳ مئی۔ برلن کی ہڑتال سے خطرناک صورت حال پیدا ہوجانے کا اندیشہ ہو چلا ہے۔ اخبار نیوز کرانیکل کے نامہ نگار مقیم برلن نے لکھا ہے کہ وہاں پر جو واقعات ہو رہے ہیں اس سے لوگوں کی زبان پر خانہ جنگی اور عام ہڑتال کی باتیں نکل رہی ہیں۔

کمیونسٹ سپاہیوں نے ہڑتال توڑنے کے سلسلہ میں گو کہ اب تک [illegible] گولی چلائی ہے لیکن ۲۰ افراد ہی مجروح ہوئے ہیں لیکن توقع کی جارہی ہے کہ جب کمیونسٹ فوج مغربی برلن کی ریلوے پر قبضہ کرنے کی کوشش کرے گی تو تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوجائے گا۔

غیر کمیونسٹ مزدور یونین کے صدر [illegible] نے [redacted] نہیں شروع کی گئی ہے۔ اور اگر مشرقی جرمنی سے مزید سپاہی طلب کئے گئے تو تشدد کے واقعات بڑھ جائیں گے۔ اور یقیناً ایک عام ہڑتال ہوگی۔ اور شاید خانہ جنگی بھی شروع ہوجائے گی۔ لیکن یہ بات ذرا ناممکن سی نظر آتی ہے کہ [illegible] حالات کو اس درجہ تک خراب ہونے کا موقعہ دیں گے۔ ہڑتال اس لئے شروع ہوئی ہے کہ ریلوے کمپنی مزدوروں کو تنخواہ [illegible] مغربی سکے میں نہیں دے رہی ہے (گلوب)

ناگپور میں آل انڈیا مشاعرہ

مسز سروجنی نائیڈو کی یادگار

مسز سروجنی نائیڈو [illegible] ادب [illegible] بنگالی زبان کے اردو ترجمے وغیرہ ایسی قیمتی یادگاریں ہیں جو ہمیشہ مسز سروجنی کی یاد تازہ کرتی رہیں گی۔

آل انڈیا بزم احسن نے اپنی ادبی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے ہوئے یہ طے کیا کہ ایک آل انڈیا مشاعرہ کا انعقاد کرے۔ بزم احسن ناگپور کی درخواست اور اراکین و عوام کے تعاون سے یہ بھی امید ہے کہ اس مشاعرہ کو آل انڈیا ریڈیو ناگپور اسٹیشن نشر کرے گا۔

چونکہ سی۔ پی میں یہ مشاعرہ اپنی نوعیت کا پہلا ہے اس لئے اس مشاعرہ کو کامیاب بنانا چاہئے۔ یہ مشاعرہ ۵ جون ۴۹ء بمقام مسلم لائبریری مومن پورہ ناگپور منعقد ہورہا ہے۔

شعرائے کرام اپنا کلام ۲۷۔ ۲۸ مئی ۴۹ء تک بزم کے پاس روانہ کردیں۔

مصرعہائے طرح:-

چاندنی دیکھا ہے میرے گھر سماں اپنا
قافیہ کہاں، سماں وغیرہ
سکون چاہیے بیتاب زندگی کے لئے
قافیہ۔ روشنی، بندگی وغیرہ
منزل ہے کہاں تیری اے لالہ صحرائی
قافیہ۔ زیبائی، انگڑائی وغیرہ
نظم بعنوان بلبل ہند مسز سروجنی نائیڈو

خط و کتابت کرتے وقت اپنا نمبر خریداری ضرور تحریر کریں

مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی بریلی میں

بریلی (بذریعہ ڈاک) مولانا عبدالوحید صاحب صدیقی جنرل مینیجر الجمعیۃ دہلی بریلی تشریف لائے۔ حکیم صدیق احمد صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء بریلی کے دولتکدے پر آپ نے کارکنان جمعیۃ سے تبادلہ خیال فرمایا اور تنظیم کے سلسلہ میں ان کو ہدایات دیں۔ الجمعیۃ کے ایجنٹ سے آپ نے صدر دفتر کو روپیہ بھی روانہ کرایا۔ دوسرے روز آپ پنجاب میل سے بنارس کو روانہ ہوگئے۔ آپ کو رخصت کرنے کے لئے مولانا عبدالرؤف صاحب ناظم جمعیۃ علماء بریلی و مولوی حکیم صدیق احمد صاحب نائب صدر اور دیگر کارکنان اسٹیشن [redacted]

بھوپال اندرا طبیہ کالج کے سندی امتحانات

دہلی ۲۲ مئی۔ بھوپال اندرا طبیہ کالج پٹیالہ کی جانب سے حاذق الحکما اور [illegible] جراحت کے سندی امتحانات زیر نگرانی حکیم لال چند صاحب [illegible] حاذق الحکما اور حکیم سردار [illegible] صاحب دہلی میں شروع ہوگئے ہیں ان میں نصف کے قریب کالج کے سابق طلبا ہیں۔ امتحان میں شریک ہونے والوں کی کل تعداد بارہ ہے جن میں دس [illegible] امتحانات ۳۰ مئی کو ختم ہوجائیں گے [illegible]

[illegible] کالج [illegible] حکیم [illegible] صاحب نے [illegible] کی درخواستیں نامنظور کر دیں۔ [illegible] داخلہ امتحان کے معیار سے کم تھیں۔

عرب شاہزادے کی فضول خرچی

شادی پر ایک لاکھ پونڈ خرچ ہونگے

تیتوان ۲۵ مئی۔ خلیفہ تیتوان مولائے الحسن کی شادی سلطان مراقش کی ۲۴ سالہ بھتیجی شہزادی لالہ فاطمہ زہرہ کے ساتھ ہورہی ہے۔ زمانہ حاضرہ میں یہ شادی دنیا کی گراں ترین شادی ہے جس کے دوران میں ایک لاکھ پونڈ صرف کئے جائیں گے۔ شادی کے لئے تین ہفتے کا پروگرام بنایا گیا ہے۔ یہ جشن کوہ [illegible] کے دامن میں واقع [illegible] صدر مقام میں ہوگا۔ جشن میں تین ہفتے کے لئے کھیل کود آتشبازی رقص اور موسیقی بھی شامل ہے جو کہ الف لیلہ کے پیمانے پر ہوں گے۔ مراقش کے ہر بڑے عرب قبائلی اور ان کے سردار صدر مقام کی طرف چلے آرہے ہیں۔ جو خراج تحسین پیش کریں گے اور خلیفہ کو نذرانے دیں گے۔ خلیفہ نے بینڈ (انگریزی باجے) بجانے والوں کا بھی انتظام کرلیا ہے جو جشن کے دوران میں دن رات راستوں پر اپنے کمالات کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ (گلوب)

بارش کی دعا مانگتے ہی چھینٹے پڑے

لندن ۲۳ مئی۔ [illegible] سسکس [illegible] میں بارش کے لئے دعا مانگی [illegible] اس کے بعد [illegible] (گلوب)

سیرۃ سید احمد شہید (قدس سرہ العزیز)
(از)
حضرت مولانا ابوالحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ
حضرت شہید قدس سرہ کی پُرخلوص شہادت اور قربانی اور حضرت مصنف مدظلہ العالی کی قوی تحریر کا یہ اثر ہے کہ کتاب بار بار طبع ہوئی۔ اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگئی۔ مشتاقان مطالعہ کی طرف سے ھل من مزید کی صدا باقی رہ گئی۔
عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی خدا خدا کرکے اس کے پانچویں ایڈیشن کی جلد اول طبع ہوسکی ہے اس مرتبہ اس کتاب میں بہت سی قلمی کتابوں، رسالوں اور خطوط سے گراں قدر معلومات کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اور مصنف کی جودت فکر نے ایسے نکات پیدا کر دیئے ہیں کہ یہ کتاب گویا پہلی کتاب ہی نہیں ہے بلکہ ایک تازہ تصنیف ہوگئی ہے۔ جو ظاہری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے نقش اول سے زیادہ مکمل زیادہ جامع اور زیادہ دلچسپ و دلفریب ہے۔
اس مرتبہ سائز ڈبل کر دیا گیا ہے یعنی [illegible] طباعت اور کاغذ اعلیٰ ہے۔ ٹائیٹل خوبصورت شہید سے متعلق دو تحریروں کے عکس اور چند مکانات اور مسجدوں کے فوٹو بھی کتاب میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ بہت ممکن ہے اپنی افادیت اور اپنی جاذبیت کی وجہ سے یہ ایڈیشن پہلے ایڈیشنوں سے کم مدت میں نایاب ہوجائے اور شائقین کو بعض کف افسوس ملنا پڑے۔ لہٰذا خواہش مند حضرات کو جلدی کرنا چاہئے۔ قیمت چار روپے (للعہ)
ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو۔ دفتر جمعیۃ علماء گلی قاسم جان دہلی

برائے اطلاع عام

وزارت بحالیات حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۲۰ مئی میں کسٹوڈین جائداد انخلاء کنندگان کے حسب ذیل جائدادوں پر قبضہ لینے کا اعلان شائع ہوا ہے:-

دریا گنج وارڈ نمبر ۱۱
(۲)

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو متروکہ کو حاصل ہے	نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	وہ حق جو متروکہ کو حاصل ہے
۱۰۶۰۲	۳۲۱۱	کوچہ تاراچند	کرایہ داری	۱۰۶۷۱	۳۶۴۷	کوچہ چیلان [illegible]	کرایہ داری
۱۰۶۰۳	۳۲۱۲	〃	دونوں	۱۰۶۷۲	۳۶۴۷ A	〃	〃
۱۰۶۰۴	۳۲۲۱	〃	〃	۱۰۶۷۳	۳۷۴۸	کوچہ چیلان	〃
۱۰۶۰۵	۳۲۲۲	〃	〃	۱۰۶۷۴	۳۷۴۹	〃	دونوں
۱۰۶۰۶	۳۲۶۹	〃	〃	۱۰۶۷۵	۳۷۵۰	کوچہ چیلان [illegible]	〃
۱۰۶۰۷	۳۲۷۰	〃	〃	۱۰۶۷۶	۳۷۵۲	کوچہ چیلان	دونوں
۱۰۶۰۸	۳۲۷۹	〃	〃	۱۰۶۷۷	۳۷۵۳	〃	کرایہ داری
۱۰۶۰۹	۳۲۸۱	کوچہ بہرام خان	〃	۱۰۶۷۸	۳۹۳۵	〃	دونوں
۱۰۶۱۰	۳۲۸۲	〃 〃	〃	۱۰۶۷۹	۳۹۴۰	〃	〃
۱۰۶۱۱	۳۲۸۳	تراہا 〃	〃	۱۰۶۸۰	۳۹۴۱	〃	〃
۱۰۶۱۲	~~۳۲۸۷~~	~~[illegible]~~	〃	۱۰۶۸۱	۳۹۳۳	〃	〃
۱۰۶۱۳	۳۲۸۸	〃 〃	〃	۱۰۶۸۲	۳۹۴۳	〃	〃
۱۰۶۱۴	۳۳۴۹	کوچہ [illegible]	〃	۱۰۶۸۳	۳۹۴۸	〃	〃
۱۰۶۱۵	۳۳۶۰	〃	〃	۱۰۶۸۴	۳۹۵۱	〃	〃
۱۰۶۱۶	۳۳۹۳	〃 مالیان	〃	۱۰۶۸۵	۳۹۵۲	〃	〃
۱۰۶۱۷	۳۳۶۵	〃	〃	۱۰۶۸۶	۳۹۵۷	〃	〃
۱۰۶۱۸	۳۳۶۶	〃	〃	۱۰۶۸۷	۳۹۵۸	〃	〃
۱۰۶۱۹	۳۳۷۴	〃	〃	۱۰۶۸۸	۲۰۱۵	فیض گنج	کرایہ داری
۱۰۶۲۰	۳۳۷۸	〃	〃	۱۰۶۸۹	[illegible]	سکندر روڈ [illegible] دہلی	ملکیت
۱۰۶۲۱	۳۳۸۵	〃	〃	۱۰۶۹۰	۳۱۵۴-۵۵	کوچہ چیلان	دونوں
۱۰۶۲۲	۳۳۹۱	پھاٹک [illegible]	کرایہ داری	۱۰۶۹۱	۳۷۶۰	〃	کرایہ داری
۱۰۶۲۳	۳۹۵۹	کوچہ [illegible]	دونوں	۱۰۶۹۲	۳۷۷۰	سرسید احمد روڈ	〃
۱۰۶۲۴	۳۹۸۹	[illegible] سٹریٹ	کرایہ داری دو حصے	۱۰۶۹۳	۳۷۷۳	〃	〃
۱۰۶۲۵	۳۹۹۳	〃	دونوں	۱۰۶۹۴	۳۷۷۴	〃	دونوں
۱۰۶۲۶	۳۹۹۶	کوچہ [illegible]	〃	۱۰۶۹۵	۳۷۷۵	〃	〃
۱۰۶۲۷	۵۰۰۰ A	〃	کرایہ داری	۱۰۶۹۶	۳۷۷۶	〃	〃
۱۰۶۲۸	۴۹۹۹-۵۰۰۱	〃	〃	۱۰۶۹۷	۳۷۷۷	〃	〃
۱۰۶۲۹	۵۰۰۲	[illegible] سٹریٹ	دونوں	۱۰۶۹۸	۳۸۰۱	〃	کرایہ داری
۱۰۶۳۰	۵۰۰۶	[illegible] نگار خانہ	کرایہ داری	۱۰۶۹۹	۳۸۰۲-۳	کوچہ [illegible]	دونوں
۱۰۶۳۱	۵۰۱۲-۱۳	کوچہ [illegible] حسین	〃	۱۰۷۰۰	۳۸۲۳	〃	کرایہ داری
۱۰۶۳۲	۵۰۳۳	〃	دونوں	۱۰۷۰۱	۳۸۲۸ A	〃	〃
۱۰۶۳۳	۵۰۳۳	〃	〃	۱۰۷۰۲	۳۸۴۶	〃	دونوں
۱۰۶۳۴	۵۱۳۲	〃	〃	۱۰۷۰۳	۳۸۴۹	〃	کرایہ داری
۱۰۶۳۵	۵۳۳۱	کوچہ [illegible] خانان	〃	۱۰۷۰۴	۳۸۵۱	〃	دونوں
۱۰۶۳۶	۵۳۳۲-۳۳	〃	〃	۱۰۷۰۵	۳۸۵۵	〃	〃
۱۰۶۳۷	۵۳۶۱	〃	〃	۱۰۷۰۶	۳۹۱۷	قاضی واڑہ	کرایہ داری
۱۰۶۳۸	۶۵۷۰	فیض گنج	کرایہ داری	۱۰۷۰۷	۳۹۲۱	کوچہ [illegible]	〃
۱۰۶۳۹	۶۶۱۸	فیض بازار	دونوں	۱۰۷۰۸	۳۹۲۲	قاضی واڑہ	دونوں
۱۰۶۴۰	۵۰۰۹	[illegible] نقار خانہ	〃	۱۰۷۰۹	۳۹۲۳	〃	〃
۱۰۶۴۱	۳۵۰۵	کوچہ چیلان	〃	۱۰۷۱۰	۳۹۸۲-۹۰	کوچہ [illegible]	〃
۱۰۶۴۲	۳۵۱۳	〃	〃	۱۰۷۱۱	۳۹۸۵	〃	〃
۱۰۶۴۳	۳۵۱۴	〃	کرایہ داری	۱۰۷۱۲	۳۹۹۵	〃	〃
۱۰۶۴۴	۳۵۲۳	گلی [illegible] خاں	دونوں	۱۰۷۱۳	۳۹۹۷	〃	〃
۱۰۶۴۵	۳۵۲۴	کوچہ چیلان	〃	۱۰۷۱۴	۳۹۹۸	〃	〃
۱۰۶۴۶	۳۵۳۵	〃	〃	۱۰۷۱۵	۳۹۹۹	〃	〃
۱۰۶۴۷	۳۵۳۶	〃	〃	۱۰۷۱۶	۴۰۰۵	کوچہ چیلان	〃
۱۰۶۴۸	۳۵۴۰	〃	〃	۱۰۷۱۷	[illegible]	وارڈ نمبر [illegible]	〃
۱۰۶۴۹	۳۵۴۵	〃	〃	۱۰۷۱۸	[illegible]	کشمیری گیٹ	〃
۱۰۶۵۰	۳۵۶۷	〃	کرایہ داری	۱۰۷۱۹	[illegible] ۳۰۹	[illegible]	〃
۱۰۶۵۱	۳۵۷۷	〃	دونوں	۱۰۷۲۰	۳۱۰ A	گلی [illegible]	〃
۱۰۶۵۲	۳۵۷۹	〃	〃	۱۰۷۲۱	۳۱۱	〃	〃
۱۰۶۵۳	۳۵۹۶	〃	〃	۱۰۷۲۲	۳۱۲	〃	〃
۱۰۶۵۴	۳۶۱۰	〃	〃	۱۰۷۲۳	۳۱۳	〃	〃
۱۰۶۵۵	۳۶۱۲	〃	〃	۱۰۷۲۴	۳۱۶-۱۷	〃	〃
۱۰۶۵۶	۳۶۱۸	〃	〃	۱۰۷۲۵	۳۱۸	〃	〃
۱۰۶۵۷	۳۶۲۳	〃	کرایہ داری	۱۰۷۲۶	۳۲۰-۲۱	گلی [illegible] صاحب	〃
۱۰۶۵۸	۳۶۳۱	مسجد [illegible]	〃	۱۰۷۲۷	۳۲۳-۲۴	〃	〃
۱۰۶۵۹	۳۶۳۵	کوچہ چیلان	دونوں	۱۰۷۲۸	۳۲۵	〃	[illegible]
۱۰۶۶۰	۳۶۷۳-۷۴	〃	〃	۱۰۷۲۹	۳۲۷	〃	دونوں
۱۰۶۶۱	۳۷۲۰	〃	〃	۱۰۷۳۰	۳۲۸	〃	〃
۱۰۶۶۲	۳۷۲۲	〃	〃	۱۰۷۳۱	۳۲۹	〃	〃
۱۰۶۶۳	۳۷۲۹-۳۰	〃	〃	۱۰۷۳۲	۳۳۰	〃	〃
۱۰۶۶۴	۳۷۳۳	〃	〃	۱۰۷۳۳	۳۳۱	〃	〃
۱۰۶۶۵	۳۷۳۴	〃	〃	۱۰۷۳۴	۳۳۲	〃	〃
۱۰۶۶۶	۳۷۳۵	〃	ایک حصہ ملکیت	۱۰۷۳۵	۳۳۳	〃	〃
			ایک حصہ دونوں	۱۰۷۳۶	۳۳۶	گلی [illegible] سنگھ	〃
۱۰۶۶۷	۳۷۳۸-۳۸	〃	دونوں	۱۰۷۳۷	۳۳۷	〃	〃
۱۰۶۶۸	۳۷۳۹-۴۰	کوچہ [illegible]		۱۰۷۳۸	۳۳۸	〃	〃
		[illegible]		۱۰۷۳۹	۳۴۲	〃	〃
۱۰۶۶۹	۳۷۴۳	[illegible]	کرایہ داری	۱۰۷۴۰	۳۴۶	[illegible]	〃
۱۰۶۷۰	۳۷۴۴	کوچہ [illegible]	〃			[illegible] وارڈ نمبر [illegible]	[illegible]

دارالسلطنت

۲۵ مئی

رسید مانگنے پر مارپیٹ

پی ڈبلیو ڈی کے ایک ملازم کو جو نئی دہلی میں ایک سرکاری کوٹھی کے ایک سرونٹس کوارٹر میں رہتا تھا کرایہ کی رسید مانگنے پر پیٹنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ اس شخص نے پولیس کو بتایا کہ اسے کرایہ کی رسید دفتر میں داخل کرنی ہوتی ہے تاکہ مکان کے کرایہ کا الاؤنس مل سکے جب اس کے مکاندار نے اس کو کرایہ کی رسید نہ دی تو دو ماہ تک اس نے کرایہ بھی ادا نہیں کیا۔ اس پر ایک دن مکاندار دو تین آدمیوں کے ہمراہ اس کے کمرہ میں آیا۔ اور اس کو مارا پیٹا۔ (ن ک)

چوری کی وارداتیں

پیر کی دوپہر کو قرولباغ میں ایک شخص کے مکان میں اس وقت چوری ہوگئی جب گھر کے لوگ سو رہے تھے۔ مسروقہ اشیاء کی تفصیلات معلوم نہ ہوسکیں۔

محلہ قاضی کے علاقہ میں ایک چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے چوری کے وقت گھر میں کوئی نہ تھا۔ چور دروازہ توڑ کر اندر گھسے اور سات سو روپے کے زیورات اور نقدی لے کر فرار ہوگئے۔

شاہدرہ میں [illegible] نگر کے ایک مکان سے قیمتی اشیاء کے تین ٹرنک چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بعض لوگوں نے رات کو نقب لگائی اور سامان لیکر فرار ہوگئے۔

غازی آباد پہنچنے پر ایک ریلوے مسافر نے اپنا ٹرنک غائب پایا۔ ٹرنک میں دیگر سامان کے علاوہ ۹۰ تولہ طلائی زیورات نقد اور نقرئی زیورات تھے۔

محلہ [illegible] والا میں ایک شخص جس نے کچھ کپڑے اٹھا کر فرار ہونے کی کوشش کی پکڑ کر حوالہ پولیس کیا گیا۔

ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کا ایک شخص نے گھوڑا خریدا اور بعد میں روپیہ دینے کا وعدہ کیا لیکن اس نے نہ گھوڑا واپس کیا نہ روپیہ دیا۔ (ن ک)

نئے قاضی کا تقرر

حافظ رحمت الٰہی صاحب متکلف حکیم کامل صاحب، مسٹر سلطان یار خاں وکیل۔ حاجی محمد ابراہیم صاحب، عبدالسلام صاحب بیرسٹر، محمد شفیع صاحب مالک [illegible] ہاؤس اور حاجی عبدالغنی صاحب کوچہ رحمٰن نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جناب مولوی قاضی ابو سعید محمد ابراہیم صاحب امام مسجد گلی [illegible] کو جامع مسجد چوک، بلیماران، بارہ دری شیر افگن، کوچہ قابل عطار، کوچہ استاد داغ، کوچہ رحمٰن اور حویلی حسام الدین وغیرہ کے مسلمانوں کی درخواست پر نکاح خوانی کا لائسنس مل گیا ہے۔ یہ جگہ قاضی ابوالخیر صاحب نکاح خواں کے پاکستان چلے جانے سے خالی ہوئی تھی۔

امر قابل ذکر ہے کہ قاضی محمد ابراہیم صاحب مدرسہ امینیہ کے فارغ التحصیل اور ایک خاموش کارکن ہیں۔ اور نہایت خاموشی کے ساتھ ہمیشہ مذہبی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔

مشترکہ بیان میں امید ظاہر کی گئی ہے کہ قاضی صاحب موصوف کی خدمات حاصل کرکے حق شناسی اور اعتراف خدمات کے علاوہ ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق ہوگا۔ قاضی صاحب گلی حسام الدین حیدر میں حاجی محمد یوسف خان بہادر پانی والوں کے مکان میں رہتے ہیں۔

ایک تانگہ والے کا قتل

گھوڑا اور تانگہ غائب

[illegible] پسر [illegible] موضع [illegible] ضلع میرٹھ جو کوچہ قابل عطار میں رہتا تھا۔ اور تانگہ چلاتا تھا وہ ۲۳ مئی کی صبح کو [illegible] کے قریب سے شدید زخمی پایا گیا۔ جو تھوڑی دیر میں مرگیا۔ [illegible] چاندنی چوک سے اس کا تانگہ کرایہ پر لیا گیا۔ اور اوکھلے کے قریب جاکر ملزمان نے اس کو زخمی کر دیا گیا۔ اور گھوڑا اور تانگہ لے کر فرار ہوگئے۔

معلوم ہوا ہے کہ تھانہ سبزی منڈی کی پولیس نے اس علاقہ کے ایک آدمی کو گرفتار کرلیا ہے۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے بے ہوش ہونے سے پہلے پولیس سے فرمائش کی تھی کہ اس کے مکان پر خبر کردے اور یہ بھی بتایا تھا کہ تانگہ کا مالک [illegible] نامی ہے جو کشمیری گیٹ پر رہتا ہے۔

خودکشی کرنے کی کوشش

رام نگر کی ایک عورت نے مقدار سے زائد افیم کھالی لیکن اسے ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس عورت نے خودکشی کی کوشش کی تھی۔ اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

موری گیٹ سے ایک عورت کے ذہنی کوفت سے پریشان ہوکر خودکشی کرنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ [illegible] اس نے اپنے کپڑوں پر مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگالی [illegible] (ن ک)

تانگہ سے ٹکر

اجمیری دروازہ پہاڑ گنج میں ایک بس تانگہ سے جا لگی۔ گھوڑا زخمی ہوگیا۔ بس والا فرار ہوگیا۔ لیکن تانگہ والے نے بس کا نمبر نوٹ کرکے پولیس کو اطلاع دے دی۔

اسٹیشن پر زخمی کردیا

اطلاع ملی ہے کہ ۲۴ مئی کی شب کو رات کے دس بجے دو اشخاص نے ایک ریلوے سگنل مین کو زدوکوب کیا اور اس کی داہنی پسلی میں چھرا گھونپ دیا۔ کوتوالی پولیس کو اطلاع دیدی گئی جس نے ملزمین کو گرفتار کرلیا۔

پینے پر گرفتار

ایک شخص جس نے [illegible] ایک ایسے ہوٹل میں شراب پینے کی کوشش کی جہاں شراب پینے کی اجازت نہیں گرفتار کرلیا گیا (ن ک)

اموات و پیدائش

دہلی میں ۲۱ مئی کو ختم ہونے والے ہفتہ میں میونسپل اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۲۳ موت اور ۳۸۲ پیدائش کے کیس رجسٹر ہوئے۔ ۲۱ موتیں چیچک سے ۱۱۳ بخار سے اور کھسرا سے ہوئیں۔

مرہونہ اشیا کی واپسی

نئی دہلی ۲۴ مئی۔ بین الملکی کمیشن کے تیسرے اجلاس میں جو ۲۲ اپریل کو لاہور میں منعقد ہوا تھا، طے کیا گیا تھا کہ جن صورتوں میں [illegible] ایک ڈومینین سے دوسری ڈومینین میں چلے گئے ہوں اور انہوں نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کی ہوں متعلقہ افراد اپنی ڈومینین کے [illegible] ڈپٹی ہائی کمشنر کے ذریعہ [illegible] ڈومینین کی جائداد کے نگراں (کسٹوڈین) کی طرف رجوع کرنا چاہئے کسٹوڈین زر رہن کی ادائیگی پر رہن شدہ اشیا کی واپسی کا انتظام کرے گا۔ (اپ)

شکر کی پیداوار اور ذخائر

نئی دہلی ۲۵ مئی۔ انڈین شوگر سنڈیکیٹ [illegible] ۱۹۴۸ء کے [illegible] شکر کے ضابطہ کے مطابق جو اطلاعات ملی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۵ اپریل ۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں آغاز کی ذخیرہ [illegible] من پیداوار [illegible] من [illegible] ان اعداد و شمار میں ہند کے شکر کے مرکزی کارخانے مشمول حیدرآباد وکن شمار کئے گئے ہیں ان میں ۱۱۹ کارخانے ہیں۔ یہ کارخانے گنا پیلنے کی کل صلاحیت کا ۸۸ فی صدی ہیں۔ گذشتہ موسم کے اعداد و شمار ۹۷ کارخانوں سے متعلق تھے اور وہ گنا پیلنے کی کل صلاحیت کا ۷۵ء۴ فی صدی تھے۔

یکم نومبر ۱۹۴۸ء سے پیداوار اور روانگی کے اعداد علی الترتیب [illegible] من ہیں گذشتہ موسم کے متعلق اعداد و شمار [illegible] من [illegible] (پریس نوٹ)

۲۵ ہزار تولے سونا شام نے امریکہ سے خریدا

دمشق ۲۳ مئی۔ حکومت شام نے حکومت امریکہ سے سرکاری نرخ یعنی ۳۵ ڈالر فی اونس کے حساب سے دس ہزار اونس سونا خریدا ہے۔ یہ سونا شامی کرنسی کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ حکومت شام مزید سونا خریدے گی۔ (اے۔ ایف۔ پی)

پیرس میں چہار طاقتی گفت و شنید

اہم سیاستدانوں کا اظہار ناامیدی

لندن ۲۳ مئی۔ پیرس میں آج جو چہار طاقتی گفت و شنید شروع ہوئی ہے اس میں شرکت کرنے والی مغربی طاقتوں کے رائے کا اظہار کرنے کے لئے "مایوس کن" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ تجربہ کار نامہ نگار جنہوں نے دنیا کے پیچیدہ سے پیچیدہ اجلاس میں شرکت کی ہے کہتے ہیں کہ انہوں نے ایسی مایوس کن فضا اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھی۔

برطانیہ، امریکہ اور فرانس متحدہ جرمنی اور جرمن کے متعلق کے سلسلہ میں روس کی طرف سے پیش کی جانے والی حقیقی تجاویز پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ وہ عزم کر چکے ہیں کہ پیرس کے اجلاس کو پروپیگنڈے کا پلیٹ فارم نہیں بننے دیا جائیگا۔ چنانچہ آج ایک تجویز پیش کی جائے گی کہ اجلاس کی کارروائی مخفی رکھی جائے۔ اگر روسی نمائندے مسٹر ویشنسکی نے اس تجویز کو قبول کرلیا تو اس سے یہ سمجھا جائیگا کہ روس حقیقتاً سمجھوتہ کرنے کے لئے تیار ہے (گلوب)

صدر لبنان سے ملاقات

بیروت ۲۳ مئی۔ لبنان میں مقیم شرق اردن کے [illegible] نے وزیراعظم لبنان ریاض الصلح سے اور صدر جمہوریہ سے ملاقات کی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ [illegible] شام و لبنان کے [illegible] کے سلسلہ میں [illegible] (گلوب)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ۔۔ ۲۱ تا ۔۔ ۲۳ چنا ۔۔ ۱۴۔۴
جو ۔۔ ۱۴ ۔۔ مکی ۔۔ ۱۳ باجرا ۔۔ ۱۲۔۸
جوار ۔۔ ۲۰ گوار ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۱۱ مٹر حاضر ۔۔ ۱۳۔۷
[illegible]
ارہر ۔۔ ۱۸ مونگ ۔۔ [illegible] مسور ۔۔ ۱۳
تا ۔۔ ۱۹ سرسوں ۔۔ [illegible] تارامیرا ۔۔ ۸۔۸
تا ۔۔ ۲۳ تیل ۔۔ [illegible] کھل ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۸
مونگ پھلی ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۷ بنولہ ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۵ اجوائن ۔۔ ۱۸
باردانہ حاضر سفید ۔۔ ۱۲۵ لال ۔۔ [illegible]
[illegible] ۱۱۷ جاپانی ۔۔ ۴ ۔۔ ۸
سونا ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۱۵ روپے

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی پھلی ۔۔ ۳۰ ہلدی پورٹ ۔۔ ۵۰ ہلدی
[illegible] ۵۰ گری پھلی [illegible] ۹۷ گوند پھلی [illegible]
[illegible] کشمش ۔۔ ۴۵
[illegible] ۲۵۰ بادام کاغذی ۔۔ ۲۷۰
[illegible] ۱۲۰ بادام گری ۔۔ ۷۴ بادام [illegible]
[illegible] ۵۲ بادام گول کاغذی ۔۔ ۱۰۵
الائچی [illegible] ۱۵ تا [illegible] لونگ ۔۔ ۸۵
دارچینی ۔۔ ۴۴ الائچی بڑی ۔۔ ۱۰۵ لی
[illegible] مرچ کالی ۔۔ ۲۲ زیرہ سفید ۔۔
[illegible] سونف ۔۔ ۱۸
[illegible] دھنیا ۔۔ ۱۵ تا [illegible]
[illegible] ۹۰ پوست دانہ
[illegible] ۷۷ گوند ببول ۔۔ [illegible]
[illegible] ۱۲۰ تا ۔۔ ۲۰۰ چائے کالی [illegible]
[illegible] ۱۶۰ اسپاری [illegible] ۵۵ تا [illegible]
[illegible] ناریل ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۵ پھٹکری سفید ۔۔ ۸
[illegible] ۱۵ بیجی کالی [illegible] ۱۲ منہدی پتہ ۔۔ ۲۰
[illegible] ۳۰ پھٹکری لال [illegible] ۱۷ سنتل
[illegible] ۵۶ روپے

دہلی غلہ مارکیٹ

جو گندم ۔۔ ۸ تا [illegible] چھلکا [illegible]
[illegible] ۷ ۔۔ ۲ ۔۔ ۱۹ مسور ۔۔ ۴ ۔۔ ۱۳
[illegible] ۱۴ اڑد ۔۔ ۱۷ تا [illegible] ۱۹
مونگ ۔۔ ۱۹ تا ۔۔ ۲۲ سرسوں
[illegible] ۲۹ دال مونگ ۔۔ ۳۰ تا ۔۔ ۲۷
دال اڑد ۔۔ ۱۹ تا ۔۔ ۳۰ دال مسور ۔۔ [illegible]
جنڈلہ کالا ۔۔ ۱۸ کھل سرسوں ۔۔ ۸ ۔۔ ۸ تا
[illegible] ۱۰ گڑ کھوپا [illegible] ۱۷ شکر ۔۔ ۱۸
[illegible] کھانڈ ۔۔ [illegible] تیل سرسوں [illegible]
[illegible] تیل السی ۔۔ [illegible] تیل مونگ پھلی
[illegible]

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۱۷ [illegible] ۱۱۷
[illegible] ۱۱۲ [illegible] ۷ چاندی [illegible] ۱۹۵
روپے

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گولہ ۔۔ ۸۳ تیل [illegible] ۸ ۔۔ ۷۲ تیل
ارنڈی ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۵۱ تیل السی ۔۔ ۴ ۔۔ ۵۳
تیل مونگ پھلی ۔۔ ۷۳ [illegible]

چندرنگر میں انتخاب کی تیاریاں

نئی دہلی ۲۴ مئی۔ آمدہ اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ چندرنگر میں ۱۹ جون کو ریفرنڈم ہوگا جس میں ہندیونین کے ساتھ اس کے مستقبل کے تعلقات کے متعلق فیصلہ ہوگا۔ سیاسی پارٹیوں کی طرف سے دورہ میں اشتہارات تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ موجودہ فیصلہ کے مطابق شہر میں صرف دو پولنگ اسٹیشن ہوں گے۔ مقامی سیاسی مشاہدین اس امر میں یقین رکھتے ہیں کہ ریفرنڈم کا فیصلہ ہند کے حق میں ہوگا۔ چندرنگر سرکار کے ایک سابق رکن نے بتایا کہ چندرنگر کے لئے اس کے سوا چارہ نہیں کہ وہ ہندیونین کے ساتھ ملحق ہو۔ معلوم ہوا ہے کہ ہند اور فرانسیسی حکومت کے مشاہدین ریفرنڈم کے وقت موجود ہوں گے۔ (گلوب)

ڈچ کمانڈر انچیف کی علالت

بٹاویا ۲۴ مئی۔ انڈونیشیا کے ڈچ کمانڈر انچیف لفٹننٹ جنرل ایس۔ ایچ۔ ان۔ اسپور یکایک اپنے دفتر میں بیمار ہوگئے ان کی علالت کی نوعیت کا ابھی سرکاری طور پر اعلان نہیں ہوا۔ پھر بھی ان کو مکمل آرام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ (رائٹر)

دیہاتیوں میں لڑائی ایک شخص ہلاک

بنارس ۲۵ مئی۔ یہاں کے ایک کسان خاندان میں ایک لڑکی کی شادی پر جھگڑا ہوجانے سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ کہا جاتا ہے کہ لڑکی کے چچا کو دولہا پسند نہ تھا اس پر دونوں نے باقاعدہ لڑائی کی صورت اختیار کرلی۔ لاٹھیوں سے زبردست مقابلہ ہوا جس میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ [illegible] اس سلسلہ میں گرفتار کرلئے گئے۔ (اپ)

۲۷ اشخاص گرفتار

لکھنؤ ۲۵ مئی۔ بنارس میں ۱۵ مارچ میں [illegible] ہزار روپے کا اناج کپڑا لوہا اور فولاد برآمد کیا گیا۔ مارچ میں بنارس کانپور اور آگرہ کے شہروں میں انفورسمنٹ اسکواڈ نے کنٹرولوں کی خلاف ورزی کے ۹۲ مقدمے درج کئے۔ آگرہ میں کنٹرولوں کی خلاف ورزی کے ۲۹ مقدمے درج کئے۔ آگرہ میں کنٹرولوں کی خلاف ورزی میں ۲۷ اشخاص گرفتار کئے گئے (اپ)

بھگڑانہ میں وزیروں کے خلاف سیاہ جھنڈیاں

پٹیالہ ۲۳ مئی (بذریعہ ڈاک) اطلاع ملی ہے کہ پٹیالہ یونین کے وزراء سردار گیان سنگھ راڑیوالا وزیر اعظم، کرنل رگھبیر سنگھ [illegible] وزیر [illegible] کے سلسلہ میں بھگڑانہ تحصیل سرہند گئے۔ مقامی کانگریسیوں کی طرف سے ان کے خلاف سیاہ جھنڈیوں سے مظاہرہ کیا گیا۔ (ب ن ہم)

شام لبنان کیلئے پاکستانی سفیر

کراچی ۲۳ مئی (اپ پاکستان) ڈاکٹر بی اے قریشی نامزد سفیر پاکستان برائے شام، لبنان اور شرق اردن کے لئے بحیثیت سفیر مقرر کئے گئے ہیں۔

بیوی نے اپنے شوہر کو ہلاک کردیا

۱۴ سالہ لڑکی کی شہادت

الہ آباد ۲۵ مئی۔ [illegible] پرشاد کی ۱۴ سالہ لڑکی نے اپنے باپ کے مقدمہ قتل میں گواہی دی۔ [illegible] پرشاد [illegible] نے قتل کیا تھا۔ لڑکی نے [illegible] دیکھا کہ میری ماں ایک ہاتھ میں ٹارچ لئے ہوئے تھی اور دوسرے ہاتھ میں باپ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھی۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص میرے باپ کا سر پکڑے ہوئے ہے۔ اور دوسرا آدمی اس کے پاؤں پکڑے ہوئے ہے اور ایک ملازم میرے باپ کے پیٹ کے اوپر جھکی ہوئی ہے۔ میرے باپ نے کچھ حرکت کی۔ اور دونوں آدمی اور ملازم کھڑے ہوگئے۔ ملازم کے ہاتھ میں خون سے بھرا ہوا ایک چاقو تھا اور میرے باپ خون میں پڑے ہوئے تھے۔ وہ درد اور تکلیف سے حرکت کر رہے تھے۔ میری ماں نے کہا کہ اگر میں نے ایک قدم بھی حرکت کی تو وہ مجھکو بھی مار ڈالیگی۔ لڑکی کنول کماری نے کہا کہ میں اپنے بستر پر واپس چلی گئی لحاف اوڑھ لیا۔ چھ یا سات منٹ کے بعد میری ماں آئی اور میرے بھائی بہنوں کو جگایا [illegible]

لڑکی نے کہا کہ اس کی ماں اور باپ کے تعلقات اچھے نہیں تھے۔ اس کی ماں رگھو راج [illegible] سے خط و کتابت کرتی تھی۔ جرح پر لڑکی نے کہا۔ میری ماں نے مجھے دھمکی دی تھی کہ اگر میں اس واقعہ کا ذکر کسی سے کروں گی تو مجھے پھانسی پر لٹکا دیا جائے گا۔

گورمکھی دیوناگری خط سے آسان ہے

دیوناگری خط نفع بخش نہ ہوگا

نئی دہلی۔ کے۔ [illegible] گوپال صاحب نے اسٹیٹس مین میں ایک مراسلہ لکھا ہے کہ محض جذباتی طور پر مشرقی پنجاب کے لوگ دیوناگری رسم خط کی اور سکھ گورمکھی رسم خط کی حمایت کرتے ہیں [illegible] ان کے اوصاف کا مقابلہ نہیں کرتا۔

گورمکھی نہ صرف آسان بلکہ مختصر رسم خط ہے۔ یہ کہنا کہ دیوناگری خط قومی ہونا ہے قبل از وقت ہے۔ اس وقت ہندوستان میں جتنے رسم خط رائج ہیں ان میں دیوناگری خط سب میں بوجھل [illegible] دیوناگری خط [illegible] نفع بخش نہ ہوگا۔

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کے لئے
کتب خانہ اشرفیہ راشد کمپنی دیوبند (یوپی)

ملک کی عزت اور سربلندی کیلئے غیر سماجی باتوں سے پرہیز کیجیے

ہند اور پاکستان کی سرحد پر دیہاتیوں کے سامنے مسٹر سچر کی تقریر

امرتسر ۲۵ مئی۔ مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم لالہ بھیم سین سچر نے آثاری میں جو ہند اور پاکستان کی سرحد پر آخری اسٹیشن ہے۔ پانچ میل کے فاصلہ پر واقع [illegible] گاؤں میں دیہاتیوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ان لوگوں کی ہمت کی تعریف کی اور کہا کہ حکومت ان کے دفاع کے لئے ہر ممکن انتظام کرے گی۔

آپ نے ان سے ترک منشیات اور چوری جیسے مال کے لے جانے اور [illegible] اور ایسی قسم کی دوسری غیر سماجی باتوں سے پرہیز کرنے کے لئے اپیل کی تاکہ ملک کی عزت اور سربلندی ہوسکے۔

آپ نے اتحاد پر زور دیا اور کہا کہ دیہاتی زندگی تمام برائیوں سے پاک ہونی چاہئے۔

دیہاتیوں نے کہا کہ ان کو زراعتی کاموں کے لئے نہر کے پانی کی زیادہ ضرورت ہے تاکہ زیادہ غلہ پیدا کرسکیں۔ انہوں نے سرحدی دیہات کے لئے اسلحہ کا بھی مطالبہ کیا۔

پولوں کے دو لاکھ گٹھے جل گئے

[illegible] ۲۳ مئی۔ یہاں آگ لگنے سے پولوں کے دو لاکھ گٹھے جل گئے۔ یہ گٹھے پانچ کاشتکاروں کی ملکیت تھے اور [illegible] علاقوں میں بیچے جاتے تھے۔ آگ لگنے کا سبب ایک انجن سے چنگاری کا اُڑ جانا بتایا جاتا ہے۔ (اپ)

امرتسر کے تاجروں کی ہڑتال

امرتسر ۲۳ مئی۔ امرتسر کے تاجروں نے سیلز ٹیکس میں اضافہ کے خلاف بطور احتجاج ہڑتال کی ہے۔ ہڑتال میں تمام غلہ بازار شریک ہوئے۔ اگرچہ ان بازاروں پر اس سیلز ٹیکس کے اضافہ کا اثر نہیں پڑتا۔ لیکن خریداروں پر اس کا اثر پڑتا ہے۔ اس لئے ان بازاروں نے بھی ہڑتال میں شرکت کی۔ (اسٹیٹسمین)

سرحد مسلم لیگ کا ہنگامی اجلاس

متوازی مسلم لیگ کے قیام سے گھبراہٹ

پشاور ۲۳ مئی (اپ پاکستان) متوازی مسلم لیگ کے قائم ہوجانے کے باعث صوبہ سرحد کی مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے سرحد مسلم لیگ کا [illegible] کو ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا ہے۔ [illegible] مہاجرین [illegible] مسلم لیگ کی جنرل کونسل کا جو دو متوازی ارکان [illegible] ۵ جون کو اجلاس ہوگا۔ اس سوال پر بھی غور کرے گی

مدھیہ بھارت کا پولیس افسر زخمی

اندور ۲۳ مئی۔ مسٹر [illegible] ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مدھیہ بھارت پیر کی شب کو ایک جیپ کے الٹ جانے سے سخت مجروح ہوئے۔ وہ [illegible] جا رہے تھے جو اندور سے سو میل کے فاصلہ پر ہے۔ ان کو اندور لاکر اسپتال میں داخل کیا گیا جہاں ایکسرے کے ذریعہ امتحان سے معلوم ہوا کہ ان کی پانچ پسلیاں ٹوٹ گئی ہیں (اپ)

مشرقی پنجاب میں ۸۰ قیدی رہا

انبالہ ۲۳ مئی۔ مشرقی پنجاب کی حکومت کے اس حالیہ فیصلہ کے پیش نظر کہ قیدیوں کی [illegible] مدت گذار دینے والے قیدیوں کو رہا کردیا جائے۔ انبالہ سنٹرل جیل سے ۱۵ قیدی رہا کر دیئے گئے۔ انبالہ جیل کی توسیع جلد ہی شروع ہوجائے گی۔

[illegible] جیل سے ۶۴ مرد اور ۵ زنانہ قیدی رہا کر دیئے گئے۔ (اپ)

۴ کروڑ کا خسارہ

کراچی ۲۴ مئی۔ یہاں کی سرکاری حلقوں کی اطلاعات کے مطابق اس سہ ماہی میں سخت کرنسی [illegible] کے علاقوں سے تجارت میں پاکستان کو [illegible] کا نقصان ہوا ہے۔ سخت کرنسی والے علاقوں [illegible] سے تجارت میں ۱۷ کروڑ سے زائد کا خسارہ ہوا ہے۔ [illegible] حکومت پاکستان ان کو اوپن جنرل لائسنس دے سکتی ہے تاکہ ملک میں سامان کی قیمتیں کم ہو سکیں (اے پی)

شملہ میں جزوی ہڑتال

شملہ ۲۳ مئی۔ شملہ کے دوکانداروں نے کل جزوی طور پر احتجاجی ہڑتال کی۔ یہ ہڑتال نئی سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف بطور احتجاج کی گئی ہے۔ تاجروں کا مطالبہ ہے کہ دہلی، ہماچل پردیش اور پٹیالہ یونین میں جیسا ہی ٹیکس لگایا جائے [illegible] سیلز ٹیکس کا نفاذ کچھ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا جائے۔

وزیر خزانہ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے اس ہڑتال کو غیر ضروری قرار دیتے ہوئے کہا کہ سیلز ٹیکس کے نفاذ کے سلسلہ میں دوکانداروں کی مناسب تجاویز پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔ (اپ)

روزانہ الجمعیۃ کے لئے اشتہارات دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

ٹھنڈک تو اندر کی ہے
روح افزا
دوا اور ایسی مزے دار
ہر جگہ ملتا ہے
ہمدرد دواخانہ لیباریٹریز دہلی

[illegible] روح افزا [illegible] ہمدرد [illegible]
مقامی چیف سٹاکسٹ
[illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۲۹ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ مئی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

جموں کشمیر کے ڈائرکٹر

کلکتہ ۲۶ مئی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مسٹر ایم کے قدوائی سابق یوپی ڈائرکٹر اطلاعات جموں کشمیر کے ڈائرکٹر مقرر کئے گئے ہیں۔ (گلوب)

سویڈن کی حکومت عراق سے درخواست

لندن ۲۶ مئی۔ سویڈن کی حکومت نے حکومت عراق سے ثقافتی معاہدہ کرنے کی درخواست کی ہے۔ اس قسم کا ایک معاہدہ وہ برطانیہ سے بھی کر رہی ہے۔ (گلوب)

نئی دہلی ۲۶ مئی۔ سوامی رام نند تیرتھ صدر حیدر آباد اسٹیٹ کانگریس آج دہرہ دون سے جہاں پہونچے تھے وزیر اعظم سے مل کر وہ حیدر آباد روانہ ہو جائیں گے۔

کلکتہ ۲۶ مئی۔ [illegible] (اے پ)

جداگانہ طریقہ انتخاب سے مسلمانوں کو نقصان پہونچیگا

دستور ہند میں اقلیتوں کے تحفظات موجود ہیں

اسمبلی میں ایڈوائزری کمیٹی کی رپورٹ پر مزید بحث

پنڈت نہرو، نواب اسماعیل اور دیگر ممبروں کی تقریریں

نئی دہلی ۲۶ مئی۔ دستور ساز اسمبلی میں آج سردار پٹیل کی طرف سے پیش کردہ ایڈوائزری کمیٹی کی رپورٹ پر پھر بحث شروع ہوئی۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قانون ساز جماعتوں میں ہریجنوں اور مذہبی سکھوں کے علاوہ دوسری اقلیتوں کی آبادی کی بنیاد پر سیٹوں کی تخصیص کے طریقہ کو ختم کر دیا جائے۔

اور قانونی تحفظ بھی نہیں تھا۔ لیکن اب جبکہ ذمہ دار حکومت کا قیام عمل میں آ چکا ہے تو وہ لوگ جو جداگانہ انتخاب میں کامیاب ہو کر آئیں گے ہمیشہ حزب مخالف میں رہیں گے۔ آپ [illegible]

مسٹر [illegible] نے درخواست کی کہ سردار پٹیل کی تحریک ایوان کے تمام ممبروں کو منظور کرنی چاہئے۔ آپ نے مسٹر اسماعیل [illegible]

[illegible]

نواب محمد اسماعیل کی تقریر

[illegible]

پنڈت جواہر لال

[illegible]

پانچ گورکھے زخمی

سنگاپور ۲۶ مئی۔ [illegible]

سردار پٹیل کی تحریک منظور کر لی گئی

نئی دہلی ۲۶ مئی۔ دستور ساز اسمبلی نے آج پرزور تالیوں کے درمیان سردار پٹیل کی وہ تحریک منظور کر لی جس میں ہریجنوں کے علاوہ تمام دوسری اقلیتوں کی نشستوں کی تخصیص کو منسوخ کر دیا گیا ہے۔ ہریجنوں کی نشستیں صرف دس سال تک مخصوص رہیں گی۔ ایوان نے زبردست اکثریت سے مسٹر محمد اسماعیل (مدراس) کی ترمیم جس میں نشستوں کی تخصیص کو قائم رکھنے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اور مسٹر لاری کی یہ ترمیم مسترد کر دی کہ مشترکہ ووٹنگ کا طریقہ جاری کیا جائے۔ (اے پ — ایک بجے کا تار)

یوپی اسمبلی کے دو شہری حلقوں کا ضمنی انتخاب

حضرت مولانا حفظ الرحمن اور مولانا شاہد فاخری بلا مقابلہ منتخب ہو گئے

دہلی ۲۶ مئی۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ اور یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible] [illegible] بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ (نامہ نگار)

حیدر آباد میں زرعی اصلاحات

حیدر آباد ۲۶ مئی۔ [illegible]

حیدر آباد کے بنکوں کو حکم

[illegible]

مغربی حکومتیں چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کر لینگی؟

امریکہ کی طرف سے جلد ہی ایک کانفرنس کا انعقاد

واشنگٹن ۲۶ مئی۔ [illegible]

دیہاتیوں کا ستیہ گرہ ۔ ۲۵ عورتیں گرفتار

[illegible]

حصار میں بھی ستیہ گرہ ۔ ۲۴ گرفتاریاں

[illegible]

مصری وفد واپس پہنچ گیا

[illegible]

مشرق بعید کے ہندوستانیوں کی آمد

[illegible]

ہندوستان کا "مشو دمن"

[illegible]

کمیونسٹوں کو بھی سزا نہ دی جائے

حیدر آباد کے شہریوں کی اپیل

[illegible]

ملایا میں بھی کمیونسٹ زور پکڑنیوالے ہیں، برطانوی کمشنر کے خدشات

اس وقت دہشت پسندوں کی تعداد تین ہزار ہے

لندن ۲۶ مئی۔ [illegible]

اسرائیل آنے والے سات یہودی ہلاک

[illegible]

نیویارک کے معاہدہ کی خلاف ورزی

روس پر برطانیہ کے الزامات

[illegible]

اٹلی کی کابینہ کا فیصلہ

روم ۲۶ مئی۔ [illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi 27.5.49

امن عالم پسماندہ علاقوں کی ترقی سے وابستہ ہے

نیویارک کے جلسہ میں مسز پنڈت کی زبردست تقریر

نیویارک ۲۵ مئی۔ مسز پنڈت نے انڈیا لیگ کی استقبالی دعوت میں ایک تقریر میں ہند کے موجودہ مسائل اور ہند میں امریکن سرمایہ لگانے پر روشنی ڈالی۔ مسٹر جے جے سنگھ نے استقبالی تقریر کی۔ دعوت میں امریکہ کے تمام بڑے بڑے لوگ اور دوسری معزز ہستیاں شریک تھیں۔ دعوت میں مسٹر جعفری نے ہند کو امریکی امداد دینے کی اپیل کی۔

مسز پنڈت نے کہا عوام کی معیار زندگی بلند کرنے کا مسئلہ صرف ہند سے مخصوص نہیں۔ دنیا بھر کی آبادی کا معیار زندگی بلند کرنا ہے۔ امن عالم پسماندہ ممالک کی ترقی سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا۔ آج کی دنیا خوف اور شبہہ کی بیماری میں مبتلا ہے۔ اس خطرہ سے صرف بچنے کی یہی صورت ہے کہ تمام پسماندہ علاقوں کو برابر ترقی دی جائے۔ بڑی طاقتوں کے نقطۂ نظر میں تبدیلی ہو۔ نو آبادیات اب اپنے قابض ممالک کو صرف خام اشیاء مہیا کرنے کے ذرائع نہیں۔ یہاں کے عوام کی خاطر ان علاقوں کو ترقی دینی چاہئے۔ ہندوستان میں امریکہ والوں کے لئے بہت اچھے خیالات اور نیک جذبات پائے جاتے ہیں۔

امریکن بینک کے ذکر [illegible] نے تقریر کرتے ہوئے مسز پنڈت کی ظرافت کی اور کہا ان کی اس جگہ کی موجودگی سے ہم ایشیا کی آزادی کی ذمہ داریوں کو کامیابی سے پورا کر سکتے ہیں۔ جمہوری ممالک میں ہند کو اہم درجہ حاصل ہے ہمیں ہند کے مفاد اور اس کی شکایتوں کو سمجھنا چاہئے۔

انہوں نے کہا امن عالم کے مفاد کی خاطر امریکہ کو چاہئے مارشل پلان جیسی شرائط کے ماتحت ہند کو امداد دے۔ [illegible]

ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اور آج کی گفتگو سے مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ امریکہ کا کوئی طبقہ اس کی اسکیم نہیں بنا رہا۔ کوئی ملک کسی آزاد ملک سے اس قسم کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا ہے ہم کو یہ خطرات دل سے دور کر دینے چاہئیں۔ سادہ امریکی سرمایہ کو خوش آمدید کہنا چاہئے۔ کیونکہ صرف امریکہ ہی ہند کی ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ مسز پنڈت کی تقریر کے بعض حصے امریکہ کی ریڈیو کی کمپنی کولمبیا براڈ کاسٹنگ نے نشر کئے۔ (اے پ)

شیخ عبد اللہ کا دورہ

سری نگر ۲۵ مئی۔ [illegible]

ٹھاکر ناتھو سنگھ کی پریس کانفرنس

[illegible]

حکومت مدراس کا نیا حکم

دوکانوں وغیرہ کے کھلنے اور بند ہونے کے اوقات

[illegible]

غیر ممالک کو کوئلہ کی برآمد

نئی دہلی ۲۵ مئی۔ [illegible]

پٹیالہ کے رکن دستور ساز اسمبلی کا

استعفیٰ ناجائز قرار دیدیا گیا

[illegible]

مجلس تحفظ میں مسئلہ حیدر آباد پر سر ظفر اللہ کا بیان

اجلاس کسی نتیجہ پر پہونچے بغیر ملتوی ہو گیا

لیک سکیس ۲۵ مئی۔ کل اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ کا اجلاس مسئلہ حیدر آباد پر سر ظفر اللہ کی تقریر سننے کے بعد کسی نتیجہ پر پہونچے بغیر ملتوی ہو گیا۔

[illegible]

دونوں ممالک کے تعلقات بہت زیادہ اثر پذیر ہوتے ہیں۔ سر محمد ظفر اللہ نے مزید کہا [illegible] علی کی حکومت [illegible] کے ذریعہ حکومت پر قبضہ حاصل کیا تھا۔ اور اگر کوئی دوسری حکومت برسر اقتدار ہوتی تو [illegible]

سر ظفر اللہ کی نیویارک سے روانگی

لیک سکیس ۲۵ مئی۔ سر محمد ظفر اللہ وزیر خارجہ پاکستان [illegible]

جرمنی کے متعلق وزرائے خارجہ کی کونسل پر اظہار اطمینان

روسی اخبارات اور باشندوں کا پُر امید رویہ

ماسکو ۲۵ مئی۔ [illegible]

ملک سے جہالت دور کرنے کی اسکیم

ناگپور ۲۴ مئی۔ [illegible]

آموں کی برآمد

بمبئی ۲۵ مئی۔ [illegible]

۲ ہزار گیلن تیل برآمد

کلکتہ ۲۵ مئی۔ [illegible]

ہند پاکستان تعلقات

[illegible]

پاکستان کی مرکزی حکومت نے مغربی پنجاب کے انگریز گورنر کو رکھنے کا فیصلہ کر لیا

مغربی پنجاب مسلم لیگ کی زبردست شکست مسٹر لیاقت علی گورنر کی حمایت میں

لاہور ۲۵ مئی (اسٹیٹسمین)

اس فیصلہ سے کہ سر فرانسس موڈی کو گورنر رکھا جائے کا فیصلہ کیا ہے باوجودیکہ مغربی پنجاب مسلم لیگ نے سر موڈی کو واپس بلانے اور اس کی جگہ پاکستانی گورنر مقرر کرنے کا مطالبہ کیا تھا حیرت و استعجاب کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جن ارکان نے قرارداد کی مخالفت کی تھی وہ بہت خوش نظر آتے ہیں۔ اور جنہوں نے حمایت کی تھی وہ دم بخود ہیں۔

[illegible]

اسمبلی

(صفحہ اول سے آگے)

جدولی طبقوں کی مخالفت

سردار پٹیل نے کہا کہ بعض سکھوں کے طبقہ کو جدولی طبقوں میں شامل کرنے کی جدولی طبقوں کی طرف سے مخالفت کی گئی اس نے کہا کہ انہیں بھی اس بات کا خدشہ تھا کہ اگر انہیں شامل کر لیا گیا تو [illegible]

اکثریت کا فرض

[illegible]

مسٹر لاری کی دلیل

[illegible]

مسٹر اسماعیل کی تقریر

[illegible]

بھوک ہڑتالیوں سے ملاقات کی

اجازت نہیں ملی

بمبئی ۲۵ مئی۔ [illegible]

۴۲۶ ایکٹ میں ترمیم کا بل

دستور ساز اسمبلی میں پیش ہو گیا

[illegible]



مستورات

"یوٹروک" رجسٹرڈ

عورتوں کے پوشیدہ امراض کیلئے سو فیصدی کامیاب دوا

سفید لیکوریا [illegible] ایام کی [illegible]

پینے کیلئے ۲۴ خوراک دوا اور ۲۴ ٹیبلٹس

قیمت پانچ روپے علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ

وی مینوفیکچرز

کٹڑہ [illegible] دہلی

مکمل کورس صرف [illegible]

T.B. تپ دق

جبری

اوپرائے نجارات JABRI

[illegible]

رائے صاحب کے ایل شرما ٹیکس اینڈ بینکرز (26) جگادھری (مشرقی پنجاب)

ایک کمپونڈر کی ضرورت ہے

ایک دیانت دار، تجربہ کار اور مستعد کمپونڈر کی دہلی میں پریکٹس کرنے والے ایک مسلمان ڈاکٹر کو فوراً ضرورت ہے۔ اس تشریح کے ساتھ کہ کم از کم تنخواہ کیا منظور ہوگی۔ درخواستیں مع نقول اسناد اس پتہ پر بھیجی جائیں۔

معرفت کتاب گھر محلہ رودگران ۔ دہلی

برما کے لئے سیلونی امداد

کولمبو ۲۶ مئی - حکومت سیلون نے برما کو ایک [illegible] حکومت سیلون کی طرف سے [illegible] (رائٹر)

شنگھائی میں حسب معمول کاروبار جاری ہو گیا عوام میں کوئی خوف وہراس نہیں

شہر میں مکمل امن وامان سرکاری محکمے کام کرنے لگے

کمیونسٹوں کے قبضے کی مزید تفصیلات

شنگھائی ۲۶ مئی - شنگھائی پر کمیونسٹوں کے قبضہ کی جو تفصیلات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ رات کے وقت دھماکوں اور آگ کے شعلوں سے آسمان روشن ہو گیا۔ اسی روشنی میں دیکھا گیا کہ چینی فوجیں بھاگتے ہوئے گولہ بارود کے ذخیروں کو تباہ کر رہی ہیں شہر کے ترقی پسند لیڈروں نے محافظوں کی ایک کمیٹی قائم کر دی ہے جو "عوام کی نجات دہندہ فوج" کے ساتھ شہر میں عوام کا تحفظ کرنے اور امن وامان قائم رکھنے کا کام انجام دے گی۔ اس نئی جماعت کے چیرمین ڈاکٹر [illegible] ہیں جو شنگھائی سے امن کا وفد لیکر پیکنگ گئے تھے۔

کمیٹی نے کارخانوں سے اپیل کی ہے کہ پیداوار کے کام کو جاری رکھیں۔ عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملازمتوں پر برابر جاتے رہیں۔ حکومت کے محکموں سے کہا ہے کہ وہ اس وقت تک بدستور کام کرتے رہیں جب تک فوج ان کا انتظام نہ سنبھال لے۔ لوٹ مار کرنے والوں کو کمیٹی نے دھمکی دی ہے کہ ان کو سخت سے سخت سزا دی جائے گی اور پناہ گزینوں سے وعدہ کیا ہے کہ ان کو فوراً امداد دی جائے گی۔

[illegible]

اقتصادی اقتدار کو قائم رکھنا تھا۔ چنانچہ حقیقت کس قدر [illegible] ہے کہ چین کے بڑے بڑے شہروں میں جان پڑ اداروں کے غلام ہو کر رہ گئے ہیں اور آج جبکہ ان اداروں کا وجود معرض خطر میں پڑ گیا ہے وہ یہ محسوس کر رہے ہیں کہ اب ان کا کوئی سہارا باقی نہیں رہا [illegible]

چین اپنی زراعت اور معدنیات کے اعتبار سے بہا مقدار دولت رکھتا ہے۔ [illegible]

چین میں غیر ملکی اداروں کا کیا ہو گا؟

امریکی اقتصادی اقتدار کو زبردست ضرب

اس وقت چین میں متعدد ایسے امریکن اور دوسری قوموں کے ادارے ہیں جو چینیوں کو امداد دینے کے لئے قائم کئے گئے ہیں۔ [illegible] ان اداروں کو مختلف ممالک کے باشندوں کی امداد حاصل ہے۔ اور اس میں شک نہیں کہ ہزاروں چینیوں کو ان اداروں سے کسی نہ کسی قسم کا فائدہ ضرور پہنچتا رہا ہے۔

اس وقت سوال یہ ہے کہ کمیونسٹوں کی فتح کی صورت میں کیا یہ ادارے اپنا وجود برقرار رکھ سکیں گے یا نہیں۔ حقیقی صورت حال یہ ہے کہ بظاہر تو ان اداروں کا قیام چینی عوام کی امداد کے لئے عمل میں آیا تھا۔ لیکن در اصل ان کا مقصد چین میں [illegible]

ظاہر ہے کہ نئے انقلاب کے بعد ان اداروں کا اقتصادی اقتدار قائم نہیں رہ سکتا۔ اس طرح امریکہ اور دوسرے مغربی ملکوں کو جو نقصان برداشت کرنا پڑے گا اس کا اندازہ ناممکن ہے۔

[illegible]



[illegible]

کشمیر کمیشن اور وزیر اعظم پاکستان کی ڈھائی گھنٹے تک ملاقات

کمیشن کی نئی تجاویز کا جواب اس ہفتہ کے آخر تک دینا ہوگا

کراچی ۲۶ مئی - (ا) کل پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں سے ان کی کوٹھی پر مسٹر رابرٹ مکائی اور ڈاکٹر کالین نے سرکاری طور پر ملاقات کی جو ۲ گھنٹے تک جاری رہی۔ اس گفتگو میں پاکستان کے وزیر بلا عہدہ مسٹر مشتاق احمد گورمانی حکومت پاکستان کے سکریٹری جنرل مسٹر محمد علی اور کشمیر کمیشن کے ساتھ لائزن افسر مسٹر محمد ایوب بھی شامل تھے۔

معلوم ہوا ہے کہ پاکستانی نمائندوں نے کمیشن کی تازہ ترین تجاویز کے بارے میں کچھ وضاحت چاہی ہے۔

اگرچہ اس سلسلہ میں بڑی رازداری سے کام لیا جا رہا ہے مگر عام طور پر ان حلقوں میں جو قابل اعتبار کہے جا سکتے ہیں یہ کہا جا رہا ہے کہ یہ تجاویز بعض باتوں کے لحاظ سے کمیشن کی ان تجاویز سے مطابقت نہیں رکھتیں جو کمیشن نے پہلے عارضی صلح کی بنیاد کے طور پر پیش کی تھیں اور جن سے ہندوستان و پاکستان دونوں کی حکومتیں متفق تھیں۔

چودھری غلام عباس اور سردار ابراہیم جن کو مشاورت کے لئے طلب کیا گیا تھا۔ کل یہاں پہنچ گئے ہیں۔ حکومت پاکستان ان سے مشورہ کر کے کمیشن کو جواب دیگی۔

حکومت پاکستان کے ارباب حل وعقد اور ارکان کمیشن کے درمیان آج بھی ملاقات ہو رہی ہے۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کمیشن کی موجودہ تجاویز کے بارے میں حکومت پاکستان کا جواب اس ہفتہ کے آخیر تک تیار نہ ہو سکے گا۔

عالمی ٹریڈ یونین فیڈریشن کے ہندوستان کے خلاف الزامات

ٹریڈ یونین لیڈروں کی گرفتاری کی شکایت

لیک سکسس ۲۵ مئی (رائٹر) کل عالمی ٹریڈ یونین فیڈریشن [illegible]

فیڈریشن نے مجلس اقوام متحدہ سے درخواست کی ہے کہ وہ ہندوستان سے انسانی حقوق کی اس قرارداد پر عمل درآمد کرنے کے لئے زور دے۔

چیک سفیر کی فراری

[illegible]

مصر میں مزدور انجمنیں

تحریک بڑھ رہی ہے

[illegible] (رائٹر)

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازران کمپنی)

خاص حج سروس

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ امسال رمضان المبارک سے پہلے زائرین بیت اللہ کیلئے جہازوں کی روانگی کا خاص انتظام کیا گیا ہے رمضان کے بعد جہازوں میں جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جو مایوسی ہوتی ہے اسکے پیش نظر عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل جہازوں کی روانگی سے فائدہ اٹھائیں ان جہازوں میں جگہ بھی کافی ہے اور ان کا کرایہ بھی رمضان کے بعد جانے والے جہازوں سے کم ہے، جو حضرات ان سے سفر کرنا چاہتے ہوں وہ جہاز کی روانگی کی تاریخ سے کم از کم دو روز قبل بمبئی ضرور پہونچ جائیں۔

ایس۔ ایس رضوانی ——— وزن ۵۴۴۰ ٹن

بمبئی سے ۱۱ر جون ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

قبل رمضان جہازوں کا کرایہ (خوراک کے ساتھ)

بمبئی/جدہ واپسی

درجہ اول ——— ۱۱۰۵ روپے

عرشہ (ڈیک) ——— ۳۷۳ روپے

ان کرایوں میں قسطنطینہ کامران کی فیس جدہ کے محاصل صفائی اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں ہے جن کی مجموعی رقم ۴۷ روپے ۱۲ آنے ہوتی ہے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

مسئلہ حیدرآباد پر غیر متعینہ عرصہ کیلئے بحث ملتوی کر دی گئی

اقوام متحدہ کی طرف سے کسی مزید کارروائی کا امکان نہیں

لیک سکسس ۲۶ مئی - [illegible]

[illegible]

اگرچہ سنسر نافذ کیا گیا ہے لیکن مولانا [illegible] حیدرآباد میں مسلمان [illegible] اخبارات بند کر دیئے گئے ہیں اور ریاست میں ۲۹ پاکستانی اخبارات کے داخلہ کی ممانعت ہے۔ [illegible]

پہلی تصویر میں انھوں نے کہا نظام حیدرآباد کو فوجی گورنر کے ساتھ کھڑا دکھایا گیا ہے دوسری تصویر میں نظام حیدرآباد فوجی گورنر اور پنڈت نہرو کے درمیان عاجزی کے ساتھ کھڑا ہے۔ تیسری تصویر میں شاہزادہ برار کو ہندوستان کے وزیر ریاست کا استقبال کرتے دکھایا گیا ہے۔

وزیر خارجہ پاکستان نے ان اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے [illegible]

شام اور اسرائیل کے اختلافات

سمجھوتہ کے لئے ڈاکٹر بنچ کی تجاویز

لیک سکسس ۲۶ مئی - شام اور اسرائیل کے [illegible] (رائٹر)

حکومت ہند اور جنوبی افریقہ کا معاملہ

جلد ہی کوئی فیصلہ کر لیا جائے گا

دہلی ۲۶ مئی - معلوم ہوا ہے کہ جنوبی افریقہ کے [illegible]

ڈچ انڈونیشیا فوج میں تخفیف

فوجی کمانڈر کا اعلان

دی ہیگ ۲۶ مئی - [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ آئندہ [illegible] فوج کے [illegible] ہزار آدمیوں کی تخفیف کر دی جائیگی (رائٹر)

[illegible]

پیکنگ ریڈیو نے اطلاع دی ہے کہ کمیونسٹ فوجوں نے شنگھائی کے جنوب میں [illegible] سے ۲۸ میل مغرب میں ایک شہر پر قبضہ کر لیا ہے۔

روح افزا
Hamdard



کلیمی انجن نین سدھار
بجملہ امراض چشم
[illegible]
محمد حسین مقبول حسین کلیمی انجن نین سدھار
کٹرہ صاحب محلہ شاہ پانہ بانس بریلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۸ مئی سنہ ۱۹۴۹ء

آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟

مسلمانوں کے ذہنی افلاس کی حالت یہ ہے کہ وہ اپنے متعلق بھی کچھ نہیں سوچ سکتے اور انہیں یہ بھی دکھائی نہیں دیتا کہ ان کی اندرونی ساخت میں کس قسم کے رخنے پیدا ہو گئے ہیں اور انہیں پر کرنے کی تدبیر کیا ہے؟ وہ بے شمار خطوط جو ہمیں آئے دن موصول ہوتے رہتے ہیں اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ... مسلمان مجموعی حیثیت سے بہت ہی زیادہ پسماندہ اور مایوس ہو چکے ہیں اور اس حالت کو پہونچ گئے ہیں کہ اگر معمولی معمولی باتوں میں بھی کسی نے ان کی مدد نہ کی یا ان کے کرنے کے کام دوسروں نے انجام نہ دیئے تو ان کی روح بالکل ہی پرواز کر جائے گی، یا تو کوئی اٹھ کر ان اپاہجوں کے ہاتھ دھلائے اور کلی کرائے اور ان کے بدن سے میل کچیل صاف کرے یا پھر وہ دنیا سے روٹھ کر رخصت ہو جائیں گے، آپ تجربہ کر کے دیکھ لیجئے کہ کام معمولی ہے اور تھوڑی سی ہمت کر کے چند منٹوں میں انجام دیا جا سکتا ہے مگر مسلمان حرکت نہیں کریں گے اور اس انتظار میں رہیں گے کہ مرے از غیب بیروں آید و کارے بکند! بڑے بڑے کاموں کے لئے حضرت امام مہدی ہیں وہ آتے ہی ایٹم بم سے بھی زیادہ کوئی کرشمہ دکھائیں گے اور اپاہج مسلمانوں کا کفارہ پورا پورا ادا کر دیں گے اور چھوٹے کاموں کے لئے دوسرے لوگ ہیں جو خواہ کچھ بھی نہ کریں [illegible] کوئی مضائقہ نہیں، جب تک کسی ملت کی پشت پر تنظیمی، اخلاقی، تعلیمی اور اقتصادی طاقت موجود نہ ہو وہ گرنے کے بعد کبھی نہیں ابھر سکتی بلکہ اس طاقت کا پورا انحصار اجتماعی احساس اور بیداری پر ہے یعنی کسی ملت کا ٹھوکر کھانا اور ترقی سے تنزل اختیار کرنا تو کوئی گناہ ہے اور نہ خلاف فطرت ملتیں ابھر کر ڈوبتی بھی ہیں، اور دوڑنے والے ٹھوکر بھی کھاتے ہیں، لیکن جب کوئی اس حالت کو پہونچ جائے کہ گرنے کے بعد احساس تک نہ کرے کمزوری کو کمزوری نہ سمجھے، ذلت ونکبت کو شیر مادر سمجھ کر ہضم کر لے وہ نہ تو اصلاح حال کی طرف متوجہ ہو سکتی ہے اور نہ زوال وپستی کے اسباب پر غور کرنے کی زحمت گوارا کر سکتی ہے، شعوری زندگی سے احساس کو مدد ملتی ہے اور احساس کے ذریعہ حالات کی تبدیلی سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا ہے احساس اور بیداری مستقبل کی آنکھیں ہیں اور جو ملت ان آنکھوں سے محروم ہو وہ سوائے اس کے کہ امام مہدی کا انتظار کرے اور اپنی بندوق دوسروں کے کندھوں پر چلائے اور کیا کر سکتی ہے؟

مسلمان بار بار سوال کرتے ہیں، زبان قال سے بھی اور زبان حال سے بھی کہ اب انہیں کیا کرنا چاہیئے؟ مگر انہیں اس سوال کا جواب کبھی نہ ملے گا جب تک کہ وہ اپنی مجرمانہ حالت کا اعتراف نہ کریں گے اور یہ نہ سمجھیں گے کہ وہ اپنے آپ کو کمزور کر کے پورے ملک کو کمزور کر رہے ہیں! اور خود اپاہج بن کر دوسری ملتوں کے لئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں! مسلمان اپنے آپ کو جس نظر سے بھی دیکھیں مگر یہ تو ماننا ہی پڑے گا کہ وہ ہندوستان کی آبادی کا جزو لاینفک ہیں اور ان کی نفی واثبات سے پوری قومیت متاثر ہوتی ہے، کیا یہ خیال ایک لمحہ کے لئے بھی درست ہو سکتا ہے... کہ مسلمانوں کی بدحالی ملک کے عوام کو متاثر نہ کرے گی! ان کی مایوسی اور دون ہمتی دوسروں کے عزم وہمت کے لئے زہر ثابت نہ ہو گی! ان کا افلاس اور ان کی جہالت سے اکثریت کو اماں مل سکے گی! ان کا جمود وغفلت متحدہ سیاست پر برق خاطف بن کر نہ گریگا ہمیں یہ یقین پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ مسلمان کا کمزور وجود قومیت متحدہ کے لئے بہت بڑی مصیبت ہے، کیونکہ ان کی پستی کا خمیازہ صرف مسلمانوں ہی کو نہیں، صرف ہندوؤں اور سکھوں کو ہی نہیں، صرف پارسیوں اور عیسائیوں کو ہی نہیں بلکہ ملک کے ہر انسان کو بھگتنا پڑے گا، اور ساڑھے چار کروڑ کی زبوں حالی یقین کرو تم سے نام پوچھے گی، کیا مسلمانوں کو اس بات کا احساس ہے کہ وہ پستی میں گر کر دوسروں کا حق مار رہے ہیں؟ اور ان کی مدقوق ذہنیت مرض متعدی بنتی جا رہی ہے؟

ہاں تو مسلمان بار بار سوال کرتے ہیں کہ وہ کیا کریں؟ گویا کرنے کے کام بھی ایسے ہیں جن کا نام تک نہیں سنایا، جنہیں انجام دینے کے لئے تین فرشتوں کے برابر طاقت چاہیئے، اگر ہم یہ کہیں کہ مسلمانوں کو اپنی تنظیمی، اقتصادی، تعلیمی اور اخلاقی حالت کو درست کرنا چاہیئے تو یہ الفاظ مسلمانوں کو پہاڑ کے برابر معلوم دیں گے، اور مایوس ہو کر دل ہی دل میں کہیں گے کہ نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی اور ایسا خیال کرنا قدرتی ہے کیونکہ جو لوگ زندگی کی معمولی ذمہ داریوں کو اپنے لئے بوجھ سمجھتے ہوں اور اخلاق وشہریت کے ادنی تقاضوں سے جان چھڑاتے ہوں ان کا دماغ بھلا اقتصادی، تعلیمی، تنظیمی وغیرہ الفاظ کا بوجھ کس طرح اٹھائے گا۔

جو لوگ بار بار کیا کریں؟ کا سوال کرتے ہیں ہم ان سے پوچھتے ہیں کہ کیا وہ وعدہ کا ایفا نہیں کر سکتے دیانتداری کا ثبوت نہیں دے سکتے؟ سچ بولنے کا عہد نہیں کر سکتے؟ محنت اور جانکاہی کا حلف نہیں اٹھا سکتے، مظلوم کی حمایت اور کمزور کی اعانت کو زندگی کا پروگرام نہیں بنا سکتے، [illegible] کے لئے دلوں میں گنجائش نہیں نکال سکتے؟ یہ کام تو ایسے ہیں جن میں کسی سے مشورہ لینے کی بھی ضرورت نہیں یہ تو انسانیت کے معمولی مطالبات ہیں جنہیں پورا کرنا اپنی جگہ ضروری ہے، اگر ہم اپنے اندر ان اوصاف کو بھی پیدا نہیں کر سکتے تو ہمیں یہ سوال کرنے کا حق ہی کیا ہے کہ مسلمان کیا کریں؟ اس سوال کا مطلب تو یہ ہوا کہ مسلمان کسی پہاڑ کو توڑنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں، صرف اس بات کا انتظار ہے کہ کوئی حکم دے اور وہ دنیا کو کوہ کندنی کا تماشہ دکھائیں؟ کیا ایفاء عہد کوئی کام نہیں؟ کیا دیانتدارانہ زندگی بسر کرنا کوئی معمولی کام ہے؟ کیا محنت اور جفاکشی کا عزم کاموں کی فہرست سے خارج کر دیا گیا؟ پھر تم کیوں ان باتوں پر عمل نہیں کرتے اور کیوں بار بار پوچھتے ہو کہ مسلمان کیا کریں؟ اچھا اگر زندگی کے معمولی تقاضوں کو بھی پورا نہیں کر سکتے اور کرنے کے لئے کوئی بڑا کام چاہتے ہو تو جاؤ، دریائے سندھ کا دھارا بدل دو، سمندر کی تہ میں پہونچ کر نئے نئے جزیروں کا پتہ لگاؤ، آفتاب کی شعاعوں کو منجمد کرنے کے لئے دن رات ایک کر دو! اگر تم کو یہ مذاق ہے تو اچھا پھر وہی بات کہ اپنی اخلاقی حالت کو درست کر کے دکھاؤ اور صرف دیانتداری کی مشق شروع کر دو! اور جب تم اس میدان کے مرد بن جاؤ گے تو خود تمہیں یہ سوال لغو معلوم ہو گا کہ مسلمان کیا کریں؟

ہم یہاں یہ بات سمجھانا چاہتے ہیں کہ کرنے والوں کے لئے ہر وقت کام ہیں اور جو کرنا نہیں چاہتے ان کے لئے صرف ایک سوال رہ گیا ہے کہ مسلمان کیا کریں؟ اخلاق کی درستی تو اپنے بس کی بات ہے اگر ہر مسلمان ایک ایک بات کا عہد کر لے مثلاً کوئی یہ عہد کرے کہ وہ بد دیانتی نہیں کریگا، کوئی یہ حلف اٹھائے کہ زندگی کو جفاکش بنائے گا، کوئی یہ عزم کرے کہ حتی المقدور ہر کمزور کی مدد کرے گا کوئی اس بات کیلئے تیار ہو جائے کہ عیش اور فضول خرچی سے کنارہ کش رہیگا، تو پھر اس سوال کی ضرورت ہی باقی نہ رہیگی کہ مسلمان کیا کریں! ملک کے چپہ چپہ میں کام ہے بازاروں اور دکانوں میں کام ہے قدم قدم پر اور صبح وشام کام ہی کام ہے، مگر کرنے والوں کے لئے، نہ کہ ان لوگوں کیلئے جو رات دن یہی گردان کرتے رہیں کہ مسلمان کیا کریں!

اچھی باتیں

وقال ربکم۔ تا۔ داخرین (پ۲۴ ع۱۱)

تمہارا پروردگار کہتا ہے کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری پکار کو سنوں گا، جو لوگ میری بندگی سے اعراض کرتے ہیں وہ ذلت کے ساتھ جہنم میں گرا دیئے جائیں گے۔

دعا کیا ہے؟ اپنے عمل کا تحفہ پیش کرنے کے بعد اس کی کامیابی کے لئے درخواست کرنا اور مزید عمل کی توفیق کے لئے فیضان الہی سے بہرہ یاب ہونا دعا کامیابی کی کنجی ہے اور اس کے ذریعہ انسان کو قوت عمل کی گرمی بخشی جاتی ہے پہلے عمل ہو حرکت ہو ذمہ داریوں کی تکمیل ہو اس کے بعد کامیابی کے لئے درخواست ہو۔ افسوس ہے کہ مسلمانوں نے دعا کا مطلب الٹا سمجھا ہے وہ دعا سے ہی سارے کام نکالنا چاہتے ہیں وہ دعا کر کے یہ سمجھ لیتے ہیں کہ بس اب خدا ہی ہمارے کاموں کو انجام دے دیگا اور ہمیں کچھ کرنا نہیں پڑے گا۔ گویا دعا جو عمل کا نتیجہ ہے ہم اسے تعطل عمل کے لئے بہانہ بناتے ہیں جو لوگ دعا کر کے اپاہج بننا چاہتے ہیں انہیں یہ سنکر مایوسی ہو گی کہ ان کی دعا کبھی شرف قبولیت حاصل نہ کر سکیگی۔

بعض مسلم ممبران بھی جداگانہ انتخاب کو جاری رکھنا چاہتے ہیں

اقلیتوں کی نمائندگی کے متعلق مسٹر لاری اور دوسرے ممبروں کی تقریریں

نئی دہلی ۲۵ مئی - دستور ساز اسمبلی میں کل اقلیتوں کے متعلق ایڈوائزری کمیٹی کی رپورٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے مسٹر محمد اسمٰعیل (جن کی مختصر تقریر کل کی اشاعت میں درج ہو چکی ہے) نے کہا:-

مسٹر محمد اسمٰعیل نے کہا کہ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اقلیتوں کے تحفظ کا سوال ہاؤس کے سامنے رکھوں۔ کیونکہ اس وقت آئین آخری صورت اختیار کر رہا ہے آپ نے کہا کہ اب حالات اگست ۱۹۴۷ء سے بالکل بدل گئے ہیں، شکوک وشبہات اور تعصبات جو مسلمانوں کے متعلق موجود تھے ان کو مسلمانوں نے غلط ثابت کر دیا ہے اور یہ مظاہرہ کیا ہے کہ وہ بے بنیاد اور بے جا تھے جس سے ثابت ہوا ہے کہ مسلمان فراخ دل اور صاف دل ہیں۔ [illegible]

[illegible] کی تخصیص اور جداگانہ انتخابات کا مخالف ہوں۔ آپ نے کہا لیکن اقلیتوں کے سیاسی حقوق کو تسلیم کرنے کیلئے کوئی صحیح راستہ اختیار کرنا چاہیئے۔

مسٹر لاری نے کہا اگرچہ انجام کار حکومت اکثریت کرے گی لیکن اس کا حق ہر شخص کو ہونا چاہیئے کہ وہ اپنی پسند کے نمائندے بھیجے تاکہ اپنی حکومت بنا سکے جس کا وہ وفادار رہ سکے۔ سوشلسٹوں اور کمیونسٹوں نے اس طریق کار کو صحیح نمائندگی کا طریقہ سمجھا ہے۔

[illegible]

ظہیر الحسن لاری

[illegible]

اردو ادب اور مسلمان

از مولانا سعید احمد اکبرآبادی ایم اے پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ

[illegible]

ریویو

عرق اکسیر [illegible]

[illegible]

ملایا کے باغیوں پر سخت حملہ

[illegible]

تعمیری پروگرام کی تکمیل کیلئے صدر و ناظم اعلیٰ صوبہ یوپی کا دورہ

لکھنؤ ۲۳ مئی - جمعیۃ علماء ہند کے تعمیری پروگرام کو پورے صوبہ میں پھیلانے اور کامیاب بنانے کے لئے مجلس عاملہ جمعیۃ علماء یوپی نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۹، ۲۰ مئی کو جو اہم فیصلہ کیا ہے اس کی تکمیل کے لئے جمعیۃ علماء یوپی کے محترم صدر حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی اور ناظم اعلیٰ مولانا محمد قاسم صاحب ایک طویل دورے کے پروگرام پر روانہ ہوگئے ہیں اس دورہ میں جمعیۃ علماء کے یہ رہنما جگہ جگہ کارکنان جمعیۃ کو تعمیری پروگرام کی تکمیل کے لئے ہدایات دیں گے اور کام کا نقشہ سمجھائیں گے اور کوشش کریں گے کہ ان کی موجودگی میں ہی پروگرام کے کسی خاص جزو کا افتتاح ہو عملی طور سے جمعیۃ کے دونوں لیڈران کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

[illegible] احمد صاحب [illegible]

۲۲ مئی - کانپور - ۲۸ مئی - گلاؤٹھی ضلع بلند شہر - ۲۹، ۳۰، ۳۱ مئی - سردھنہ - میرٹھ - ۲، ۳ جون - مظفر نگر - ۹، ۱۰ جون - بلند دانی نینی تال۔

پروگرام حضرت مولانا محمد قاسم ناظم اعلیٰ

۲۲ مئی - کانپور - ۲۴ مئی - سیتاپور - ۲۸ مئی - کانپور - ۲۹ مئی - فرخ آباد - ۳۰، ۳۱ مئی - سردھنہ - میرٹھ - یکم جون - دہلی - ۲ جون - آگرہ - ۹ جون - بلند دانی۔

عبد الحمید الاعظمی نائب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ

سردھنہ کے ہندو مسلمانوں کا فیصلہ

سردھنہ ۲۵ مئی - ناظم صاحب جمعیۃ علماء سردھنہ مطلع کرتے ہیں کہ یہاں مسجدوں کے سامنے باجہ بجانے پر جو جھگڑا پہلے اٹھا تھا ہندو مسلمانوں نے باہمی رضامندی سے اس کا تصفیہ کر لیا ہے۔

یہ طے پایا ہے کہ آئندہ مسجدوں کے سامنے باجا بجایا جاسکیگا لیکن نمازوں کے اوقات مستثنیٰ ہوں گے۔

میثاق بحر الکاہل اور ہندوستان
پنڈت نہرو کی ایک شرط

لندن ۲۵ مئی - اخبار ڈیلی گرافک کے داخلی اطلاعات کے کالم میں آج یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ پنڈت نہرو اس وقت تک میثاق بحر الکاہل کے مسئلے پر گفت و شنید نہیں کرنا چاہتے۔ جب تک کہ جمہوریہ انڈونیشیا کو مکمل آزادی نہ دے دی جائے۔ (گلوب)

یونیسکو کی تیسری عام کانفرنس
ہندوستانی وفد کی رپورٹ

نئی دہلی ۲۵ مئی - نومبر دسمبر ۱۹۴۸ء میں بیروت (لبنان) میں یونیسکو کی جو تیسری عام کانفرنس ہوئی تھی اس میں شریک ہونے والے ہندوستانی وفد نے اس کی کارروائی میں جو حصہ لیا تھا اس کی تفصیل اس وفد کی رپورٹ میں مندرج ہے - یہ رپورٹ حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس کے پہلے حصہ میں ذیلی کمیٹیوں کے جلسوں اور کانفرنس کی کارروائی کا پورا حال دیا گیا ہے - دوسرے حصہ میں پروگرام اور ریزولیوشن درج ہیں - [illegible] کانفرنس کا مکمل مضمون بھی طبع کیا گیا ہے۔

جھانسی ۲۴ مئی (بذریعہ ڈاک) سید محمد کاظم صاحب ترمذی ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء جھانسی کا اچانک انتقال ہوگیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم تحریک ترک موالات کے سلسلہ میں سزایاب ہوچکے تھے۔ سچے اور پکے مسلمان تھے۔ جمعیۃ العلماء سے تعلق کی وجہ سے مسلمانان جھانسی کی ناقابل فراموش خدمات انجام دیں ۱۹۴۷ء میں گڑبڑ کی وجہ سے جب مسلمانان شہر نے ترک وطن کیا تو ان کو واپس لانے میں مرحوم کی کوششوں کو خاص تعلق تھا۔ مرحوم سٹی کانگریس کمیٹی کے ممبر اور مدرسہ جامع مسجد کے مہتمم تھے۔ مرحوم کے جنازہ میں ملازمین و مبلغین [illegible] اور ڈسٹرکٹ بورڈ ممبران اسمبلی اور شہر کے ہندو مسلمان شریک تھے۔ خدا مرحوم کو غریق رحمت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

سیدہ سردار بیگم مشاعرہ کی صدارت کریں گی

ناگپور ۲۷ مئی (بذریعہ ڈاک) بزم امن ناگپور کے آل انڈیا مشاعرہ میں ۵ جون کو ناگپور میں منعقد ہو رہا ہے۔ محترمہ سیدہ سردار بیگم اختر صاحبہ صدارت کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ مشاعرہ کے متعلق تمام انتظامات قریب قریب پایہ تکمیل تک پہنچ چکے ہیں۔ یہ آل انڈیا مشاعرہ مسلم لائبریری مومن پورہ ناگپور میں منعقد ہو رہا ہے۔ اور آل انڈیا ریڈیو ناگپور سے نشر بھی ہوگا۔

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھئے

باغی ہندوستان — تحریک حریت ۱۸۵۷ء جسکو غدر ۱۸۵۷ء کہا جاتا ہے۔ اس کے چشم دید حالات ایک ایسے عالم کے قلم سے جو خود تحریک کا علمبردار تھا۔ مقدمہ کتاب میں حضرت مولانا فضل حق صاحب خیرآبادی اور دیگر علماء خیرآباد کے مفصل حالات [illegible]

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق — پنڈت سندر لال صاحب کی نہایت مفید اور مقبول عام تصنیف قیمت صرف آٹھ آنہ ۸/

مکاتیب شیخ الاسلام — شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کے چند مکاتیب جو بہترین علمی اور سیاسی ذخیرہ ہیں۔ ہر مسلمان کے لئے ان کا مطالعہ ضروری ہے۔ قیمت مجلد دو روپے (عہ)

کاروان خیال — مولانا ابوالکلام آزاد مدظلہ العالی کی ادیبانہ تصنیف جو غبار خاطر کی طرح اپنی اعلیٰ ادبیت میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔ شائقین کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ قیمت صرف دو روپے آٹھ آنہ

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل — جناب محترم سید محمد صاحب کاظمی کی بہترین تصنیف جس کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ قیمت دس آنہ (۱۰/)

ہمارے پیغمبر — ابتدائی حالات کے لئے بہترین کتاب ہے۔ جو بچوں کے داخل نصاب ہے۔ قیمت صرف چھ آنہ (۶/)

اسلامی تعلیمات کا مرقع — یعنی اربعین احادیث مبارکہ اور آیات کریمہ کے ترجموں کو ایسے انداز سے جمع کیا گیا ہے [illegible] اپنی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھال سکتا ہے قیمت ۱۲/

جمعیۃ علماء کیا ہے؟ — کتاب کا مضمون اور مقصد نام سے واضح ہے۔ جمعیۃ علماء کے دفتروں میں اس کا رہنا ضروری ہے۔ قیمت جلد اول چھ آنہ ۶/ جلد دوم [illegible]

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جب بھی کسی عربی فارسی اردو کی درسی یا غیر درسی کتاب قرآن مجید دینیات وغیرہ کی ضرورت ہو تو ہم کو آرڈر دیجئے انشاءاللہ آپ فائدہ میں رہیں گے۔ [illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

۲۸ مئی

دہلی میونسپلٹی کی کارروائی

دہلی میونسپلٹی نے بحث کے بعد یہ تجویز منظور کرلی کہ چاندنی چوک کے فوارہ کی مرمت کی جائے۔ اس بات کی اہمیت پر بہت سے ممبران نے تقریریں کیں۔ ایک ممبر نے بتایا کہ بہادر شاہ کے بیٹوں کی لاشیں اس فوارہ پر نمائش کی گئی تھیں [illegible] آزادی کے [illegible] ہیرو اس جگہ پھانسی دیئے گئے تھے۔ مسٹر شام ناتھ کی اس جگہ پر گاندھی جی کا مجسمہ نصب کرانے کی تجویز منظور نہ ہوسکی۔ آخر کمیٹی نے آٹھ سو روپیہ اس کی مرمت کی تجویز منظور کرلی۔

کمیٹی نے یہ بات بھی منظور کرلی کہ ہارڈنگ لائبریری کے سامنے گوتم بدھ کا بت نصب کرانے کے لئے ایک چبوترہ بنایا جائے۔ پانی کی سپلائی بڑھانے کے لئے [illegible] گوشت اور مٹھائی وغیرہ کی بلا لائسنس کی دکانوں کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔ صدر نے [illegible] اس سلسلہ میں ایک خاص جلسہ طلب کیا گیا ہے۔

میونسپل شفاخانوں کا بجٹ پر بھی گرما گرم بحث ہوئی۔ [illegible]

طوفان، اولے، بارش

کل شام چھ بجکر [illegible] منٹ پر دہلی میں زبردست طوفان آیا جس کی رفتار کا اندازہ ساٹھ میل فی گھنٹہ کیا جاتا ہے آندھی سرخ رنگ کی تھی اور تمام آسمان سرخ رنگ کا ہوگیا تھا۔ آندھی کے فوراً بعد اولے پڑے اور زبردست بارش ہوئی۔ آندھی سے شہر کے کچھ حصوں میں کچھ دیر کے لئے بجلی کی سپلائی منقطع ہوگئی۔ کنگز وے اور فیروز شاہ کے کوٹلے میں کئی شرنارتھی کیمپوں کو بھی نقصان پہنچا۔ کچھ دیر کے لئے ٹریفک بالکل بند ہوگیا۔ دوکانوں کے بورڈ اڑ اڑ کر گر پڑے۔ چھتوں پر سے ٹین اڑ گئے۔ درختوں کی بوجھل شاخیں ٹوٹ گئیں اور کچھ سڑکوں پر پانی ہی پانی نظر آتا تھا۔

[illegible]

دھوکہ دہی کی واردات

ترکمان گیٹ کی ایک عورت کو دھوکہ دیکر ایک شخص نے سو روپے وصول کرلئے۔ اس شخص نے اس کے شوہر کو رہا کرانے کا وعدہ کرکے یہ روپیہ لئے تھے۔

سول سپلائی محکمہ کے ایک ملازم کو دہلی پولیس نے روپیہ خورد برد کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔

قطب روڈ پر ایک شخص کی جیب کاٹ کر ستر روپیہ نکال لئے گئے۔

دہلی میونسپلٹی کا ایک ملازم ایک شخص سے [illegible] وارنٹ منسوخ کرانے کے لئے رشوت لیتا ہوا عین موقعہ پر گرفتار کیا گیا۔

[illegible]

بلاڈ کے مقدمہ کا فیصلہ ملتوی

[illegible]

بلا لائسنس کی بندوق برآمد

[illegible] پولیس نے بلا لائسنس [illegible] گرفتار کئے گئے ہیں۔

دہلی میں درجہ حرارت

کل دہلی میں درجہ حرارت زیادہ سے زیادہ ۱۰۸ [illegible]

حج بیت اللہ بذریعہ ہوائی جہاز

جو حضرات بذریعہ ہوائی جہاز حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتے ہوں انھیں عزیز الرحمن صاحب معرفت اخبار الجمعیۃ سے خط و کتابت کرنی چاہئے۔ لیکن جواب کے لئے ٹکٹ ضرور بھیجے جائیں ورنہ جواب نہ ملے گا (ناظم)

دو اشخاص کو سزا

ڈپٹی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مسٹر [illegible] لال نے [illegible] ریلوے [illegible] کوشش کی تھی مختلف مدتوں کے لئے قید کی سزا دی۔

صدر دہلی اکالی دل کو سزا

سردار [illegible] سنگھ اسپیشل مجسٹریٹ نے گیانی گورچرن سنگھ صدر اکالی دل صوبہ دہلی کو ایک ممنوعہ جلسے میں تقریر کرنے پر ایک سال قید سخت کی سزا دی۔ (ان ک)

انسپکٹر زنانہ پولیس مستعفی

اس خبر کے لئے انڈین نیوز کرانیکل ذمہ دار ہے کہ پولیس کے ایک اعلیٰ افسر کی بیوی کے طرز عمل سے پریشان ہوکر دہلی کی زنانہ پولیس کی لیڈی سب انسپکٹر نے استعفیٰ دیدیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تمام زنانہ پولیس مستعفی ہونے والی تھی۔ لیکن ان کو ایسا کرنے سے روک دیا گیا۔ [illegible]

کمیونسٹوں کو ایشیا میں روک دینے کے لئے

صدر ٹرومین نے نئی پالیسی تیار کرلی

لندن ۲۷ مئی۔ لندن کے اخبار ڈیلی سیل کے نامہ نگار مقیم واشنگٹن نے اطلاع دی ہے کہ صدر ٹرومین اور امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ مسٹر ڈین ایچیسن نے چار طاقتی گفت و شنید میں شرکت کرنے کے لئے پیرس روانہ ہونے سے قبل ایک نئی پالیسی تیار کی ہے جس کے مطابق کمیونسٹوں کو ایشیا میں روک دیا جائے گا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ یہ فیصلہ ڈپٹی سکریٹری [illegible] کی مسلسل ترغیب کا نتیجہ ہے۔ نئی پالیسی کی تیاری کا مطلب یہ ہے کہ اب امریکہ نے مشرق بعید کے حالات پرامن ہونے تک انتظار کرنے کی پالیسی ترک کرکے [illegible] اختیار کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

نامہ نگار نے نئی پالیسی پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ [illegible] ایک خط مقرر کردیا جائے گا جس کے اندر کمیونزم باقی رہے گا۔ لیکن [illegible] امریکی احتجاج کے کمیونزم وسعت حاصل نہیں کرسکیگا۔

ابھی اس پالیسی کی وضاحت کرنا باقی ہے، تاہم خیال کیا جاتا ہے کہ [illegible] برما، سیام، ملایا، انڈونیشیا، فلپائن، فارموسا اور کوریا اور جاپان سے ہوکر گذرے گا۔ اب چین کو مدد دے کر بچالینا ناممکن تصور کیا جاتا ہے۔

امریکی منصوبہ ان ممالک میں کمیونسٹ اثرات ختم کرنے کے لئے سخت جدوجہد کا مطالبہ کرتا ہے۔ نامہ نگار مزید لکھتا ہے، توقع کی جاتی ہے کہ برما پر خاص توجہ کی جائے گی جو ہندوستان اور انڈونیشیا کے مابین ہے۔ اور جسے پورے جنوب مشرقی ایشیا کا مرکزی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ [illegible] کی بھی خاص اہمیت ہے [illegible] کے لئے دفاعی مرکز کا کام دے سکتا ہے۔ (گلوب)

تیل صاف کرنے کے کارخانے

دمشق ۲۷ مئی۔ شامی [illegible] کی ایک جماعت دمشق میں تیل صاف کرنے کا ایک کارخانہ قائم کرنے کے منصوبہ پر غور کر رہی ہے۔ ٹیپ لائن کمپنی حکومت شام کو ۲ لاکھ ٹن کروڈ آئل دینے والی ہے۔ جسے صاف کرنے کے لئے کارخانہ قائم کیا جائے گا۔ (گلوب)

وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں اختلاف

ابھی تک کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکا

پیرس ۲۷ مئی۔ چار بڑے وزرائے خارجہ کی کانفرنس کا چوتھا اجلاس ہوا۔ اور ناکام رہا۔ یہ کانفرنس جرمنی پر کسی سمجھوتہ کی کوشش میں ہو رہی ہے۔ اجلاس تین گھنٹہ ۵۰ منٹ جاری رہا اور اجلاس کے ختم ہونے کے قریب ممبران کے درمیان [illegible] تبادلہ ہوا۔

امریکہ کے نمائندے مسٹر [illegible] نے کہا کہ [illegible]

روسی نمائندے نے ایک لمبی تقریر میں مغربی جرمنی کے حالات پر نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] جو اعداد و شمار پیش کئے ہیں ان سے مغربی جرمنی کی صحیح حالت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ انہوں نے اعداد و شمار پیش کرکے بتایا کہ مغربی جرمنی میں [illegible] اضافہ ہو رہا ہے بیروزگاری بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے ان حالات کا روسی علاقہ سے مقابلہ کرکے بتایا کہ [illegible] خوراک اور تیار شدہ مال [illegible] پہنچایا ہے۔ کل کے اجلاس میں امریکی نمائندے مسٹر ایچیسن نے [illegible] کو چیلنج کیا تھا کہ وہ یہ بتائیں کہ جرمنی [illegible] (رائٹر)

مہاتما گاندھی کے قتل کا مقدمہ!

حقائق سے ثابت ہے کہ مہاتما جی کو قتل کرنیکی سازش کی گئی تھی

شملہ ۲۶ مئی۔ آج مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کے وکیل استغاثہ مسٹر [illegible] دفتری نے پوری بنچ کے روبرو اپنی بحث جاری رکھی۔ ان کی بحث کا آج تیسرا دن تھا۔ انہوں نے کہا کہ مقدمہ کے حقائق سے ثابت ہے کہ سازش موجود تھی۔ [illegible]

[illegible] ۲۰ جنوری [illegible] ہوٹل گیا [illegible]

شرنارتھی وکیلوں کی بحالی

حکومت مدراس کی طرف سے رعایت

نئی دہلی ۲۷ مئی۔ [illegible]

میرا گرمی کا ساتھی

ساتھی وہ ہے جو مصیبت میں، خطرہ میں اور بیماری میں آدمی کا ساتھ دے اور اسے ان سے بچائے۔ روح افزا گرمی کے موسم کی ہر تکلیف میں ۴۳ سال سے انسان کا سچا ساتھی ہونے کا ثبوت دے رہا ہے۔ روح افزا اندر سے جسم میں ٹھنڈک ڈال کر آدمی کو سارے دن چاق چوبند رکھتا ہے۔ [illegible] جدید سائنٹفک طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ [illegible]

روح افزا

ہمدرد دواخانہ لیبارٹریز دہلی

ہر جگہ ملتا ہے

مقامی چیف سٹاکسٹس [illegible]

افغانستان کے یوم استقلال پر مبارکباد

گورنر جنرل ہند کا شاہ کے نام پیغام

نئی دہلی ۲۷ مئی۔ ہز ایکسی لنسی گورنر جنرل نے ہز میجسٹی محمد ظاہر شاہ شاہ افغانستان کو افغانستان کے یوم استقلال (۲۷ مئی) کے موقعہ پر حسب ذیل پیغام ارسال کیا ہے۔

افغانستان کے یوم استقلال پر میں آپ کو، آپ کی حکومت اور افغانستان کے عوام کو ہندوستان کی حکومت اور ہند کے لوگوں کی طرف سے دوستانہ مبارکباد کا پیغام بھیجتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے دونوں ملکوں کے درمیان خوش قسمتی سے جو دوستی کا رشتہ موجود ہے وہ زیادہ سے زیادہ مضبوط ہوتا چلا جائے گا۔ اور افغانستان آئندہ برسوں میں زیادہ خوشحال ہوتا جائے گا۔

جاپان کے ریشم کے ماہرین کی روانگی

نیویارک ۲۷ مئی۔ جاپان کے تین ماہرین ریشم جو ایک ہفتہ ہوا کہ امریکہ پہنچے تھے [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف لکھئے

کلکتہ میں آٹومیٹک ٹیلیفون سروس کا اجرا

آپریٹروں سے نمبر ملنے کی زحمت سے نجات

کلکتہ ۲۶ مئی۔ کلکتہ میں آٹومیٹک ٹیلیفون سروس جون ۱۹۵۲ء سے جاری ہوجائیگی۔ [illegible] مرکزی کلکتہ کے تین نئے ایکسچینج دفاتر کے ذریعہ کام کرسکے گی۔ سب سے پہلے مرکزی کلکتہ میں آٹومیٹک سروس جاری ہوگی۔ اور اس جگہ رہنے والے وہ تیرہ ہزار لوگ جن کے ہاں ٹیلیفون لگے ہوئے ہیں ٹیلیفون پر بات کرنے سے پہلے آپریٹر کو نمبر بتلانے کی زحمت سے نجات حاصل کرلیں گے۔

[illegible]

ایران اور جرمنی کا تجارتی معاہدہ

فرینکفرٹ ۲۷ مئی۔ ایران کی حکومت نے ایک سال کے لئے مغربی جرمنی سے تجارتی معاہدہ کیا۔ اس کے ماتحت تین کروڑ اسی لاکھ ڈالر کا سامان خریدا جائیگا۔ ایران ۲۵ واں ملک ہے جس نے جرمنی سے تجارتی تعلقات از سر نو قائم کئے ہیں۔

برلن کے ہڑتالی ملازمین کی لیڈر سے اپیل

برلن ۲۷ مئی۔ مغربی برلن کی روس کی مقبوضہ ریلوے لائنوں کے ہڑتالی ملازموں کے لیڈروں نے ملازموں سے اپیل کی کہ ہنگامی طور پر کام شروع کردیں تاکہ مغربی جرمنی سے آنے والی ۸ ریلیں برلن پہنچ سکیں۔ [illegible] (را پ)

۲۵ ہزار تولے سونا

شام نے امریکہ سے خریدا

دمشق ۲۷ مئی۔ حکومت شام نے حکومت امریکہ سے سرکاری [illegible] ۲۵ ہزار تولے سونا خرید لیا ہے۔ یہ سونا شامی کرنسی کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ حکومت شام مزید سونا خریدنے والی ہے۔ (گلوب)

اسٹرلنگ فاضلات پر گفت و شنید

پاکستانی وفد لندن روانہ ہوگیا

کراچی ۲۷ مئی (ا پ) اسٹرلنگ فاضلات کے بارے میں گفت و شنید کرنے کے لئے پاکستان کا ایک وفد بذریعہ ہوائی جہاز آج صبح کو لندن روانہ ہوگیا ہے۔ اس میں مسٹر [illegible] سکریٹری [illegible] بھی شامل ہیں۔

پاکستانی وفد میں [illegible] پاکستان کے وزیر مالیات [illegible] اور اسٹیٹ بینک کے گورنر مسٹر زاہد حسین بھی شامل ہوں گے [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

وزیراعظم مغربی بنگال کا عطیہ

کلکتہ ۲۶ مئی۔ [illegible]

حیدرآباد کی دستور ساز اسمبلی کے انتخابات

رائے دہندگان کی فہرستیں تیار ہوگئیں

حیدرآباد ۲۶ مئی۔ [illegible]

اشتہار نیلام

[illegible] بازار کشمیری گیٹ

[illegible]

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج کیلئے [illegible]
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی کی خدمات سے فائدہ اٹھائیے

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید آپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچرز بازار بلیماران دہلی

یونیورسل آپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ
بلیماران دہلی
نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷ قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی ۔ فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے ۔ جلد ۳۱ ۔ دہلی یوم پیر مورخہ یکم شعبان المعظم سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۳۰ مئی ۱۹۴۹ء ۔ نمبر ۱۲۶ ۔ قیمت فی پرچہ دو آنے

دہلی میں انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کا دفتر

اندور ۲۸ مئی۔ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کا دفتر دوسرے سالانہ اجلاس کے لئے دو ماہ قبل اندور منتقل کر دیا گیا تھا۔ اب وہ ۶ جون کو نئی دہلی میں منتقل کر دیا جائے گا۔ [illegible] دفتر کے [illegible] پر [illegible] جا [illegible]۔

اڑیسہ میں کانگریس کے خلاف محاذ

پردھان منتری دورے پر

کٹک ۔ بذریعہ ڈاک ۔ صوبہ کی مختلف سیاسی پارٹیاں آنے والے عام چناؤ کے لئے زبردست تیاریاں کر رہی ہیں۔ آجکل سمیلن ۔ کھنڈیت مہاسبھا اور کوشانو تکل ۔ پرجا پریشد ۔ کانگریس کے خلاف متحدہ محاذ قائم کر رہے ہیں۔ پردھان منتری جناب [illegible] سے رابطہ قائم کریں۔

چینی کمیونسٹ ملایا، برما اور ویٹ نام کے کمیونسٹوں کی مدد کرنے لگے

مشرق بعید کے تازہ حالات سے امریکہ اور برطانیہ کو تشویش

نئی چینی حکومت سے رشتہ جوڑنے کیلئے راہ نکالی جا رہی ہے

لندن ۲۸ مئی۔ رائٹر کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ابھی تک عام طور پر شنگھائی کے سقوط کی سیاسی اہمیت کو محسوس نہیں کیا جا رہا ہے۔ لندن میں اس پر اظہار اطمینان کیا جا رہا ہے کہ اگر شنگھائی کمیونسٹوں کے ہاتھوں میں چلا گیا ہے تو [illegible] نقصان نہیں پہنچا لیکن واقعہ یہ ہے کہ جب کمیونسٹ فوجیں دریائے یانگسی کے پار اتری تھیں ۔ بلکہ یہ خیال کیا جا رہا تھا کہ برطانوی جائداد کو کسی نہ کسی طرح محفوظ [illegible]

دوسری برطانیہ کی وزارت خارجہ اور امریکہ کا اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ دونوں کا یہ خیال ہے کہ چینی کمیونسٹ روسی کمیونسٹ سے مختلف ہیں [illegible]

[illegible]

اسی طرح برما اور ہند چینی اور ویٹ نام کے کمیونسٹوں کو بھی امداد [illegible] ۔ (رپ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

انڈونیشی گوریلوں کے حملے ابھی جاری ہیں

بٹاویہ ۲۸ مئی۔ [illegible] ۔ (اے ۔ پ ۔ رائٹر)

کشمیر کمیشن کے ممبران

پاکستان سے منگل کو سری نگر پہنچیں گے

سری نگر ۲۸ مئی ۔ کشمیر کمیشن کے حلقوں کی اطلاع کے مطابق کمیشن کے وہ ممبر جو اس وقت پاکستان میں ہیں وہ یہاں منگل کے دن واپس آجائیں گے یہ ممبر اپنے ساتھ حکومت پاکستان کا ان آخری تجاویز کا جواب لائیں گے جو کمیشن کی طرف سے پیش کی گئی ہیں۔ ان کی واپسی کے بعد کمیشن کی پوری میٹنگ ہوگی اور ہند اور پاکستان دونوں ملکوں کے لفافے کھولے جائیں گے۔ (ا ۔ پ)

پنڈت نہرو سری نگر پہنچ گئے

بنگلور ۲۸ مئی۔ (ا ۔ پ) ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہرلال نہرو آج صبح دورہ کے دوران سری نگر پہنچ گئے ہیں۔

غلہ کی فراہمی اور یوپی پولیس

مداخلت نہ کرنے کیلئے وزیر پولیس کی ہدایت

لکھنؤ ۲۸ مئی ۔ یوپی کے وزیر داخلہ [illegible] ۔ [illegible] پولیس کو [illegible] ۔

برما کی خانہ جنگی میں ایک لاکھ آدمی حصہ لے رہے ہیں

کئی علاقوں میں باغیوں نے حکومتیں بنالی ہیں

رنگون ۲۸ مئی۔ برما کی باغی جماعتیں [illegible]

[illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

شنگھائی پر کمیونسٹوں کا مکمل قبضہ ہوگیا

غیر ملکیوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچا

شنگھائی ۲۸ مئی۔ کل شنگھائی پر کمیونسٹوں کا قبضہ مکمل ہوگیا ۔ [illegible]

برلن میں اب بھی ہوائی جہاز سے سامان پہنچایا جا رہا ہے

روسیوں نے ریل کی آمد و رفت پھر بند کر دی

برلن ۲۸ مئی۔ برلن میں ہوائی جہازوں سے [illegible]

روس خاص میں نئی حکومت بن گئی

[illegible]

خوراک پیدا کرو کی اپیل

[illegible]

کمیونسٹ حکام نے شنگھائی کے دو اخبارات پر قبضہ کیا

[illegible] (رائٹر)

حیدرآباد میں عوامی حکومت

[illegible] (ا ۔ پ)

ہندوستان کی عورتوں نے بہت جلد ترقی کرلی

مسز پنڈت کی واشنگٹن میں تقریر

واشنگٹن ۲۸ مئی۔ امریکہ کی ہندوستانی سفیر مسز وجے لکشمی پنڈت نے [illegible]

حکومت پاکستان پیر تک اپنا جواب کشمیر کمیشن کو بھیجدے گی

وزیر اعظم پاکستان سے کمیشن کے ممبروں کی ملاقات

کراچی ۲۸ مئی ۔ [illegible]

کشمیری مسلمانوں کی مصیبتوں کے دن ختم ہوگئے

سری نگر میں مولانا آزاد کی تقریر

سری نگر ۲۸ مئی ۔ مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم نے آج بیان کیا کہ کشمیریوں کو چاہیے کہ وہ نیشنل کانفرنس کو زیادہ سے زیادہ مضبوط بنائیں [illegible]

حضرت مولانا حفظ الرحمان کو تہنیتی پیغامات

(نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۲۸ مئی۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمان [illegible]

بہار شاہی ۱۹۱۲

خوشبودار الصفا صابن و پوڈر نازک جلد کی حفاظت کیلئے اعلیٰ خاندانوں میں استعمال ہوتا ہے

ہر جگہ ملتا ہے

کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 29-5-49

الجمعیۃ

برطانیہ اور امریکہ پر چینی حکومت کے زوال کی ذمہ داری ہے

ہانگ کانگ کے ایک چینی اخبار کا اظہار خیال

ہانگ کانگ ۲۸ مئی ۔ برطانوی مشاہدین کو یہ دیکھ کر بہت اطمینان ہوا کہ ہانگ کانگ کے اسٹاک ایکسچینج پر شنگھائی پر کمیونسٹوں کے تسلط کا کوئی اثر مرتب نہیں ہوا [illegible]

[redacted]

[illegible]

گرفتار شدہ سوشلسٹ لیڈروں کی ذاتی مچلکوں پر رہائی

سیٹھ دامودر سروپ اور کملا دیوی کی جانب سے پولس کی مذمت

دہلی ۲۸ مئی۔ (ا ۔ پ) سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور ۴۸ دوسرے سوشلسٹ کارکن جو بدھ کے روز شام کو نیپالی سفارتخانہ کے سامنے مظاہرہ کرنے اور جلوس نکالنے پر گرفتار کئے گئے تھے۔ کل شام دو دو سو روپے کے ذاتی مچلکوں پر رہا کر دیئے گئے۔ ان میں مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم [illegible] سچر کا ۲۴ سالہ لڑکا بھی ہے۔

ان کے خلاف پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت جلوس اور جلسوں پر پابندی کی خلاف ورزی کے الزام میں مقدمہ دائر کر دیا گیا ہے جس کی سماعت ۲ جون کو ہوگی۔

ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کے ذریعہ سوشلسٹ لیڈر سیٹھ دامودر سروپ اور کملا دیوی چٹوپادھیائے نے ایک [redacted] پر بینت لاٹھی چارج اور اشک آور گیس کے استعمال پر نکتہ چینی کی گئی ہے۔

بیان میں ایک پولیس کے زیر حراست شخص پر [illegible] مار پیٹ کا الزام لگایا گیا ہے اور حکومت سے واقعہ کی تفتیش کرنے کو کہا گیا ہے۔

شہری حقوق پر پابندی

گرفتاری کو معمولی شہری حقوق سے محروم رکھنا قرار دے کر بیان میں کہا گیا ہے کہ پولیس نے مجرم کو طاقت کے استعمال کے بغیر منتشر کرنے کی [illegible] کوشش نہیں کی۔

اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مسلسل کسی ایک پارٹی کو عام شہری حقوق سے محروم کرنے کی کوشش کے نتائج خلاف ورزی کی ایسی ہی صورت اختیار کر سکتے ہیں جیسا کہ اس صورت میں کیا۔

ایک اور بیان میں دہلی سوشلسٹ پارٹی کے [redacted] ہونے کا کوئی ارادہ نہیں ہے لیکن اگر شہری آزادی۔ آزادی تقریر اور شکایات کے اظہار سے محروم رکھا گیا جو ایک صریح ظلم ہے تو پارٹی بھی اپنی پالیسی پر غور کرنے کے لئے مجبور ہوگی۔

امروہہ میں آزاد لائبریری کا شاندار مشاعرہ

امروہہ ۲۲ مئی (بذریعہ ڈاک) [illegible] یہاں کی مشہور زمانہ "آزاد لائبریری" محلہ [illegible] کی جانب سے ایک شاندار مشاعرہ ۹ بجے شب شروع ہو کر تقریباً ۱ بجے ختم ہوا جس میں ہر طبقہ و گروہ کے بیکراں افراد نے شرکت فرمائی اور مقامی و غیر مقامی کثیر التعداد کہنہ سال و کہنہ مشق شعرا نے اپنے کلام سے سامعین کو محظوظ فرمایا۔ شعرا صاحبان میں قابل ذکر اصحاب خصوصی طور پر جناب شیدا صاحب، محشر امروہوی، کوثر القادری، [illegible] پیارے لال صاحب و [illegible] صاحب [illegible] یہ وقت اور سماں عجیب و غریب منظر پیش کر رہا تھا۔ جب کہ [illegible] صاحب نے اپنی نظم "گھبرا گھبرا کے پیتا ہوں" [illegible] سامعین پر ایک عالم سکوت و محویت طاری تھا جس کے نظارہ کا نقشہ صفحہ قرطاس پر الفاظ نہیں کھینچ سکتے۔

محمد یاسین صدیقی ناظم نشر و اشاعت آزاد لائبریری امروہہ

باؤ دائی ویٹ نام میں کیا کریں گے

شہنشاہ کے سکریٹری کا اعلان

[illegible] ۲۸ مئی ۔ انام کے سابق شہنشاہ باؤ دائی کے پرائیویٹ سکریٹری نے باؤ دائی کی ویٹ نام سے متعلق اقتصادی اسکیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ویٹ نام میں غیر ملکی سرمایہ لگانے والوں پر کوئی پابندی نہیں ہوگی۔ [illegible] فیاضانہ اقتصادی اسکیمیں جاری کی جائیں گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ باؤ دائی ٹونکن کے معدنی ذرائع کو استعمال کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہند چینی میں بڑھتی ہوئی آبادی کا مسئلہ حل ہو سکے۔

زراعتی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ایک کمیشن مقرر کیا جائیگا ۔ جو زمین پر حکومت کی ملکیت کے مسئلہ پر غور و خوض کریگا ۔ باؤ دائی جمہوری آزادیاں چاہتے ہیں ۔ جن میں آزادانہ تعلق کا حق بھی شامل ہے ۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہند چینی میں فرانس کی ترقیاتی اسکیم پر [illegible] کر کے اسکو قومی مفاد کے مطابق بنانے کی کوشش کریں گے ۔ (رائٹر)

الہ آباد ہائی کورٹ میں وکالت

کیا جسٹس اقبال نے اجازت طلب کی

الہ آباد ۲۷ مئی ۔ (ا ۔ پ) الہ آباد ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس نے الہ آباد ہائی کورٹ اور اس کی ماتحت عدالتوں میں وکالت کرنے کے لئے اجازت طلب کی ہے ۔ [illegible]

جاپان کی سریع صنعتی بحالی

صنعتی پیداوار برطانیہ سے بڑھ گئی

نیویارک ۲۷ مئی ۔ جنرل ڈگلس میک آرتھر نے جو جاپان میں اتحادی افواج کے اعلیٰ کمانڈر ہیں [illegible]

سابقہ اطالوی نوآبادیات پر اٹلی کے وزیر خارجہ کا بیان

روم ۲۷ مئی ۔ کاؤنٹ سفورزا وزیر خارجہ اٹلی نے [illegible] ۔ (ا ۔ پ ۔ رائٹر)

جنگ چین

بقیہ صفحہ اول کالم ۵

[illegible]

مسلم لیگ کی پالیسی پر زبردست نکتہ چینی

مشرقی بنگال کے ایک ایم ۔ ایل ۔ اے کا بیان

ڈھاکہ ۲۸ مئی ۔ [illegible]

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے مطالبات

مسٹر نہرو کا ایک نکس جانے ہوئے بیان

[illegible] بعد ہندوستان کی پوری امداد کرے گا۔

عورتیں الیکٹورل کلکٹر

بمبئی ۲۸ مئی ۔ [illegible] ۔ (ا ۔ پ)

مشاعرہ بزم فدا دہلی

[illegible] (سکریٹری)

حیدرآباد میں رہنے والے عرب اپنے وطن واپس جانا چاہتے ہیں

آرمی ہیڈ کوارٹر پر پانسو عربوں کا اجتماع

حیدرآباد دکن ۔ کل پانسو عرب حیدرآباد آرمی ہیڈکوارٹر پر جمع ہوئے [illegible]

اطلاعات کی آزادی اور سنسرشپ ساتھ ساتھ نہیں چل سکتی

بمبئی میں مسٹر دیوداس گاندھی کی تقریر

بمبئی ۲۸ مئی ۔ مسٹر دیوداس گاندھی ایڈیٹر ہندوستان ٹائمز نے [illegible]

بچوں کے بین الاقوامی ادارہ کو ہند کی مالی امداد

لیک سکسیس ۲۷ مئی ۔ ہندوستان ان [illegible]

آج پرنس علی خاں اور ریٹا ہیورتھ کی شادی ہو رہی ہے

مہاراجہ بڑودہ بھی شریک ہوں گے ۔ پرنس کے محل پر سلح پہرہ

[illegible]

T.B. تپدق جبری JABRI جبری ٹی ۔ بی ۔

اور پرانے بخارات کی دوا ہے عالم دوا جسنے ہندوستان کے کونے کونے میں ہلچل مچا دی ہے

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

[illegible]

تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو

[illegible] (JABRI JAGADHRI) [illegible]

پتہ ۔ ویدیہ صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز میس اینڈ بینکرز (26) جگادھری (مشرقی پنجاب)

بچوں کی طاقت بڑھانیوالی مشہور دوا

اس کے استعمال سے بچوں کی ہڈی مضبوط ہوتی ہے ۔ دانت خوبصورت مضبوط نکلتے ہیں دبلا بدن بھر کر سڈول ہو جاتا ہے

بال بہار

بال بہار فارمیسی دہلی

سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں

تسلی نہ ہو تو

ٹھیکہ پر علاج کراؤ

[illegible]

خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی

خضاب جرمنی ستارہ مارکہ

[illegible]

تاج ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار تیلی واڑہ کشن گنج دہلی

نمونہ مفت

ہر دلعزیز پان بہار پان کھاتے وقت [illegible]

[illegible] کیمیکل کمپنی [illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۳ مئی سنہ ۱۹۴۹ء

آتشبازی

ہم مسلمانوں سے یہ دریافت کرنے کا حق رکھتے ہیں کہ وہ دنیا میں کیوں آئے؟ ان کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ قدرت کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ وہ مسلمان نام کی ملت کو زندگی کی اسٹیج پر لائے اور زندگی کے دریاؤں میں ایک نئے دریا کا اضافہ کرے؟ دنیا میں قوموں کی کمی نہ تھی، تبلیغ عقائد تھے، گروہ اور نسلوں کا قحط نہ تھا، کالے گورے، مرد، عورت دنیا کے ہر گوشہ میں موجود تھے، کیا ضرورت پیش آئی تھی کہ مسلمان بھی ضرور دنیا میں آتے اور خدا کی زمین پر بار بنتے؟ کوئی خاص بات تو ہوگی کہ بھری دنیا میں مسلمان کو بھیجا گیا اور آبادیوں میں ان کی نئی... آبادیاں بسائی گئیں، کیا مسلمان بتا سکتے ہیں کہ وہ خاص بات کیا ہے؟ اور وہ بیشمار انسانوں میں انسانیت کا پھریرا اڑاتے ہوئے کیوں وارد ہوئے؟ افسوس کہ مسلمانوں کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں ہے کیونکہ وہ مقصد کو بھلا بیٹھے اور اپنے وجود کو ایک اتفاقی حادثہ سمجھنے لگے، جس کا زندہ کو بمبئی پہونچ کر یہ بھی یاد نہ رہا ہو کہ وہ دہلی سے کیوں روانہ ہوا اور بمبئی کیوں پہونچا اور اس کے کاغذات کہاں گم ہوئے۔ اس کی نسبت آپ کیا رائے قائم کریں گے؟

اگر قرآن کریم اپنی اصلی شکل میں موجود نہ ہوتا اور اس میں مسلمان کی زندگی کا نقشہ محفوظ نہ کر دیا جاتا تو ہم یہ بھی نہ بتا سکتے کہ یہ مخلوق مسلمان کیوں کہلاتی ہے اور دنیا کیوں اسے مسلمان کہتی ہے! قرآن پر نظر پڑتے ہی وہ تمام اجزائے ترکیبی سامنے آجاتے ہیں جن سے اس ملت کا خمیر اٹھایا گیا ہے اور وہ اپنے مزاج میں اپنے افکار میں اپنے کردار میں اور اپنی سیرت میں اپنی مثال آپ ہے، قرآن نے مسلمان کی زندگی کا مقصد ان الفاظ میں بتایا ہے

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس
تامرون بالمعروف وتنھون عن
المنکر

تم بہترین امت ہو کیونکہ تمہیں انسانیت کو فائدہ پہونچانے کے لئے پیدا کیا گیا ہے، اور وہ فائدہ یہ کہ تم لوگوں کو اچھی باتوں کا حکم کرتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو۔

یعنی مسلمان وہ ہیں جو انسانوں کو فائدہ پہونچاتے ہیں جو دوسروں کو نیکی اور بھلائی کی راہوں پر لگاتے ہیں جو تمام انسانوں کو برائیوں، شرارتوں اور بدیوں سے روکتے ہیں، زندگی کے اس نصب العین سے یہ نتیجہ خود بخود نکل آتا ہے کہ بھلائی کا حکم دینے والے خود بھلے اور نیک ہونگے اور برائیوں سے روکنے والے خود برائیوں سے پاک ہوں گے، مختصر یہ کہ مسلمان اس لئے نہیں آیا کہ وہ ظلم کرے بلکہ اس لئے آیا ہے کہ ظالموں کو سزا دے، اور مظلوموں کی مدد کرے وہ اس لئے نہیں آیا کہ چوری اور زنا کرے وہ اس لئے آیا ہے کہ بدمعاشوں کو راہ راست پر لائے وہ اس لئے نہیں آیا کہ بددیانتی کرے اور جھوٹ بولے، بلکہ اس لئے آیا ہے کہ بددیانتی اور جھوٹ کا خاتمہ کرے وہ جھوٹی گواہی دینے، دشمنی کرنے، نفرت پھیلانے، دلوں کو دکھانے اور حق تلفی کرنے کے لئے نہیں آیا بلکہ اس لئے آیا کہ وہ اپنی سچائی اور محبت سے اپنی دلداری اور رواداری سے، اپنے انصاف اور ایثار سے مکارم اخلاق کا مینارہ روشن کرے اور اپنی نیکی اور خدا ترسی سے اسلام کی صداقت کا ثبوت دے۔

اگر مسلم کی زندگی کا نقشہ یہ ہے تو کیوں مسلمان اس پر نظر نہیں ڈالتا؟ اور کیوں نہیں سوچتا کہ مسلم کی حیثیت سے اس کے فرائض کیا ہیں؟ مسلمان کو ہرگز اجازت نہیں کہ وہ مسلمان لٹیرا، مسلمان شرابی مسلمان جواری، مسلمان رنڈی، مسلمان بھڑوا... مسلمان گویا کہلائے، بھلا مسلمان اور شرابی کا کیا جوڑ!

مسلمان اور رنڈی کا کیا میل؟ مسلمان اور جواری میں کیا ربط؟ مسلمان کو ربط ہے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے یعنی نیکی اور بھلائی کی قیادت اور بدی کے خلاف اعلان جنگ، سینما بازی، پتنگ بازی، کبوتر بازی اور چھوٹی بڑی بدمعاشی شیطان کا مشن تو ہوسکتا ہے مسلمان کا مشن نہیں ہوسکتا!

مسلمان کے کرنے کے کام دو ہیں (۱) دنیا کو بھلائی کی دعوت، (۲) نوع بشری کو بدی سے بچانے کا پروگرام، [illegible] تو آؤ ہم تمہیں ایک معمولی بات بتلاتے ہیں اور پھر دیکھتے ہیں کہ تم کہاں تک عمل کرتے ہو! آؤ اور معمولی عزم و ہمت کے ساتھ مسلمانوں کو آتشبازی کی علت سے بچاؤ، اور ان سے کہو کہ ظالمو! کروڑوں مسلمانوں پر عذاب الٰہی کی آتشباری ہو چکی ہے، خدا کے قہر کی بجلیاں تمہارے ناموس کو بھسم کر چکی ہیں اور ساری دنیا میں تمہارا منہ کالا ہو چکا ہے کیا اب بھی شوق ہے کہ آتشبازی کا کھیل کھیلو اور اپنی غربت اپنے افلاس اور اپنی کفایت شعاری پر خاک اڑاؤ! یہ انقلاب کا زمانہ، قسمتوں کے بننے اور بگڑنے کا دور یہ موت اور زندگی کے لمحے اور یہ مسلمانوں کی عیاشیاں، یہ مسلمانوں کا چھچھورپن، یہ مسلمانوں کی ذلیل حرکت! مسلمانوں کو گھر گھر جا کر سمجھاؤ گلی گلی جا کر بتاؤ، ہر عورت، ہر مرد، اور ہر بچہ سے کہو کہ اس لعنت سے توبہ کرو اور اپنے سرمایہ کو آگ میں نہ پھونکو! دنیا کو اپنے افلاس کا دکھڑا سناتے ہو اور اپنی بیروزگاری کا ڈھنڈورا پیٹتے ہو مگر شیطانی حرکتوں کے لئے تمہارے پاس سب کچھ موجود ہے اور آتشبازی کے کھیل پر نہ شرم ہے، نہ حیا!

بہت کہتے ہو کہ مسلمان کیا کریں؟ کرنا بہت مشکل ہے، یہی کرکے دکھاؤ کچھ کرو اور آتشبازی سے ہمیشہ کے لئے توبہ کرو! مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ ہر جگہ آتشبازی کے انسداد کی کوشش کریں کوشش ہی نہیں، اس شیطنت کو مٹا کر ثابت کر دیں کہ وہ اس دور ابتلا میں اسلام کے ہر تقاضہ کو پورا کرنے کے لئے تیار ہیں! اگر مسلمان آتشبازی کے کھیل کو بھی ختم نہیں کر سکتے تو قدرت خود ان کو کھیل بنائے گی اور ساری دنیا انکا تماشا دیکھے گی!

اچھی باتیں

ولقد ارسلنا۔تا۔باذن اللہ (پ ۱۳)

ہم نے آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے اور ان میں سے بہت سوں کا ذکر کیا اور بہت سوں کا ذکر نہیں کیا، اور کوئی رسول خدا کے حکم کے بغیر نہیں آیا۔

اس آیت کریمہ میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ خدا نے ہر ملک اور قوم میں بے شمار رسول بھیجے ہیں لیکن قرآن میں ان سب کا تذکرہ نہیں کیا گیا، بلکہ بہت سے رسولوں کا تذکرہ کیا گیا ہے اور بہت سوں کا نہیں کیا گیا اور تذکرہ ان ہی کا کیا گیا ہے جن سے قرآن کے اولین مخاطب واقف تھے لیکن انکے علاوہ بھی بہت سے رسول اور پیغمبر ملکوں اور قوموں میں پیدا ہوئے ہیں کیونکہ خدا نے کسی قوم کو تاریکی میں نہیں رکھا اور کسی کو گمراہی کی حالت پر نہیں چھوڑا یہ آیت دنیا کے مصلحین کا احترام کرنے کیلئے ایک راہ پیدا کرتی ہے اور اس کی رو سے مسلمانوں پر لازم ہو جاتا ہے کہ وہ گذرے ہوئے بزرگوں کی عزت کریں اور یہ سمجھیں کہ شاید خدا نے ان کو بھی پیغمبر بنا کر بھیجا ہو!

ایک انڈونیشی عورت کی تحریک

سابق وزیر اعظم شہریر کی سکریٹری مس یوپی صالح نے کارتینی پر ایک تقریر کی تھی یہ تقریر کارتینی ڈے کے سلسلہ میں کی گئی تھی۔ یہ تقریب انڈونیشی سفیر مقیم سنگاپور کی بیگم کے مکان پر منائی گئی تھی۔ اس سے انڈونیشی عورتوں کے حقوق کی علمبردار کارتینی کی زندگی پر روشنی پڑتی ہے اور یہ پتہ چلتا ہے کہ اس عورت کی تحریک کا قوم کی جنگ آزادی سے کیا تعلق تھا۔ ذیل میں مس صالح کی تقریر کی نقل پیش کی جا رہی ہے۔

لبنان میں ماہرین الریاضیات کی کانفرنس

لیگ اور سیاست

حملہ آوروں نے ۵۷۸ مکان جلا ڈالے

بہار کے لئے تیسرا میڈیکل کالج

جمعیۃ علماء پورنیہ کا اجلاس

مصر کے وزیر خارجہ خشابہ پاشا لندن پہونچ رہے ہیں
اہم امور پر گفت و شنید کی توقع

ہندوستانی فوجی افسر کے ہاں ڈاکہ

امن میں ترقی

جنوبی افریقہ میں غیر یورپینوں کو اچھوت سمجھا جاتا ہے اور انہیں قطعی ممانعت ہے کہ وہ یورپین پارکوں، اسکولوں، سڑکوں، ٹرینوں، ہوٹلوں اور بسوں میں داخل ہوسکیں، سفید آنکھوں کو یہ گوارا نہیں کہ کالے انسانوں کو دیکھ سکیں، کالے بہرحال کالے ہیں جنہیں سفید باشندوں سے الگ رہنا چاہئے، اس کے باوجود کالوں اور گوروں میں شادی روا تھی۔

گوروں کا اجتماع ناممکن تھا مگر گھروں میں شادی کے بعد اس اجتماع کو گوارا کر لیا جاتا تھا، اب وہاں کی گورنمنٹ نے ایک بل پاس کیا ہے کہ کالوں اور گوروں میں ازدواجی تعلقات قائم نہیں ہوسکتے

جمعیۃ الطلباء اسلام کا اجلاس

دستور ساز اسمبلی میں کشمیر کو نمائندگی مل گئی
مہاراجہ اپنے وزیر اعظم کے مشورہ سے نمائندے مقرر کریگا

نئی دہلی ۲ مئی۔ کل پنڈت آئنگر کی یہ تجویز منظور کر لی گئی کہ دستور ساز اسمبلی میں کشمیر کی نمائندگی ہونی چاہئے۔ اس تجویز کے تحت مہاراجہ کشمیر وزیر اعظم کے مشورہ سے اپنے نمائندے اسمبلی کے لئے نامزد کریں گے۔

کشمیر چھوڑ دو کے جرمانے واپس

سری نگر ۲ مئی۔ جموں اور کشمیر حکومت کے اعلان کے مطابق ۱۹۴۶ء میں کشمیر چھوڑ دو کی تحریک کے سلسلہ میں جو جرمانے کئے گئے تھے وہ واپس کر دیئے جائیں گے یہ جرمانے مظفر آباد، بارہ مولا، سری نگر، اننت ناگ اور جموں میں ان لوگوں پر عائد کئے گئے تھے جنہوں نے تحریک مذکورہ بالا میں حصہ لیا تھا۔ (اے پ)

مجلس دستور ساز میں سپریم کورٹ کی حفاظت پر بحث
اخراجات اور تنخواہوں پر قانون ساز جماعت کو ووٹنگ کا حق نہ ہوگا

نئی دہلی ۲ مئی (اے پ)

کل جب مجلس دستور ساز نے آئین پر دوبارہ بحث شروع کی تو سپریم کورٹ کے بارے میں بارہ دفعات پاس کی گئیں سب سے زیادہ بحث جس چیز پر ہوئی وہ افسران عدالت کی تنخواہوں اور الاؤنس کا مسئلہ ہے۔

یو۔پی کی خبریں

سہارنپور:۔ حال ہی میں یہاں ہریجنوں کی ایک کانفرنس ہوئی۔ جس میں یو۔پی کے وزیر اعظم پنڈت گوبند ولبھ پنت وزیر داخلہ مسٹر لال بہادر شاستری اور وزیر خوراک مسٹر سی۔ بی گپتا نے شرکت کی۔

الہ آباد:۔ نینی سنٹرل جیل کے ۱۱ کے سوا تمام سیاسی نظر بند رہا کر دیئے گئے ہیں۔

معاہدہ امداد دینے پر غور و خوض
ابھی تک آخری فیصلہ نہیں ہوا

کشمیر میں تعزیری ٹیکسوں کی واپسی

مولانا بشیر احمد صاحب دہلی میں

الور، بھرت پور گوڑگانوہ کے مسلمانوں کو ضروری اطلاع

چینی کمیونسٹ برطانوی جہاز واپس کر دینگے

یہ ثابت ہے کہ گوڈسے اور آپٹے پستول حاصل کرنے کے لئے گوالیار گئے تھے
مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں مکمل استغاثہ کی بحث

برما میں باغیوں پر شدید گولہ باری
حکومت برما کے ریڈیو کا اعلان

مغربی پنجاب کے انگریز گورنر کی علیحدگی کا مطالبہ
لیاقت علی خاں کی مذمت سے لیگی حلقوں میں بے چینی

حکومت یوپی پختہ سڑکوں کا انتظام سنبھال لیگی

کوچین اور ٹراونکور کا ادغام

دوسرنگ سے غیر ملکی جہازوں کی روانگی

چارٹروں کی کانفرنس کی ناکامی

ادارہ "بانو" دہلی کا دوسرا ہنگامہ خیز اعلان
آئندہ پرچہ ماہ جون ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ میں
ایک ضخیم اور شاندار سالنامہ ۱۹۴۹ء
کی صورت میں پیش کیا جائے گا

پتہ۔ صرف ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

AMICO'S COUGH SYRUP
امیکو کف سیرپ
کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا۔ شفایاب ہوئے
ملنے کا پتہ۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)



کونسل ویدک طبی کانفرنس دہلی کا اجلاس

حکیم عبد الحلیم صاحب جامعی سکریٹری پراونشل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس صوبہ دہلی اطلاع دیتے ہیں کہ کونسل پراونشل آیوروید اینڈ یونانی طبی کانفرنس صوبہ دہلی کا اجلاس ۹ مئی ۱۹۴۹ء بروز اتوار بوقت ۸ بجے شب بصدارت جناب حکیم حاجی عبد الحمید صاحب متولی دواخانہ ہمدرد دہلی منعقد ہوگا۔ جس میں کانفرنس مذکورہ کی ورکنگ کمیٹی کے جلسہ منعقدہ ... کی روئداد، ... کمیٹی کی رپورٹ ... پر غور ہوگا۔ ممبران کونسل سے درخواست ہے کہ وہ وقت مقررہ پر اجلاس میں شرکت فرماکر اپنے قیمتی مشوروں سے مستفید فرمائیں۔

قرآن کریم مفت حاصل کیجیے

[illegible]

ضلع کانگرس کمیٹی ... کا انتخاب

[illegible]

اٹاوہ کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

اتحاد و ترقی کانفرنس

دفتر جمعیت العلماء میں انجمن اتحاد و ترقی کا ایک جلسہ زیر صدارت شری ٹھاکر گھونپت سنگھ چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ منعقد ہوا۔ ایک عارضی کمیٹی بنادی گئی ہے جو وصول چندہ کا کام کرے گی۔

ضلع کانگریس کمیٹی کا جلسہ

ایک عرصہ کے بعد ضلع کانگریس کمیٹی کا جلسہ زیر صدارت شری پنڈت ست نرائن دت پالیوال ایسے خوشگوار حالات میں منعقد ہوا جب دونوں پارٹیوں سے باہمی اتفاق کے ساتھ پانچ آدمی ضلع کانگریس کمیٹی کی ممبری کے لئے کوآپٹ کئے گئے۔

شہر کانگریس کمیٹی کا جلسہ

[illegible] کمیٹی کا ایک جلسہ منعقد ہوا۔ میونسپل انتخابات کے لئے جو اسکیم بنائی گئی ہے اسے کامیاب بنانے کے لئے دونوں پارٹیوں کے آدمی چنے گئے۔ پارلیمنٹری بورڈ اس سے قبل بن چکا ہے۔

پرانتیہ رکھشا دل کی گروپ لیڈر

گورنمنٹ گرلس ہائر سکنڈری اسکول کی پی ٹی ... کی گروپ لیڈر مس ... تقرر [illegible]

تحصیل سندیلہ میں قیام جمعیۃ

[illegible]

تحریک ترجمہ قرآن کی رفتار

[illegible]

مشرقی پنجاب کے مسلمانوں کی شکایات

دہلی:- ایک وفد مولوی ابراہیم نائب صدر جمعیۃ علماء مشرقی پنجاب، حکیم محمد یعقوب اجمل سکریٹری جمعیۃ علماء مشرقی پنجاب، راؤ محمد حسین اور چودھری یسین پر مشتمل بدھ کا چودھری ہری سنگھ صاحب وزیر زراعت مشرقی پنجاب سے گڑگاؤں پہنچا۔ چودھری ہری سنگھ صاحب کے سامنے مسلمانان مشرقی پنجاب کی مشکلات اور شکایات پیش کیں جن پر چودھری صاحب موصوف نے فوری توجہ دینے کا وعدہ فرمایا۔ اس کے بعد اراکین وفد دہلی واپس آگئے۔

(نامہ نگار)

ایٹہ میں جمعیۃ علماء کا قیام

حکیم عباس صاحب صدر جمعیۃ علماء اور مولوی محمد آفاق صدیقی فاضل دیوبند، ناظم جمعیۃ علماء ضلع ایٹہ خاص پہنچے۔ وہاں پر جمعیۃ علماء کی شاخ قائم کی جس کے عہدہ داران حسب ذیل منتخب ہوئے ہیں:

صدر:- جناب انعام اللہ صاحب (عرف چھوٹے میاں)

ناظم:- محمد اسحٰق صاحب ... جناب محمد یوسف صاحب

اردو فارسی مدرسین کی برخواستگی کی شکایات

پبلک کی بےچینی بڑھتی چلی جارہی ہے

لکھنؤ، (بذریعہ ڈاک) مولانا عبد الحلیم ندوی انچارج شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان دیا ہے:

شعبہ تعلیمات جمعیۃ علماء ہند لکھنؤ میں روزانہ ایسی شکایات آرہی ہیں کہ کالجوں اور اسکولوں سے اردو فارسی ختم کرکے اردو فارسی مدرسین برخواست کئے جارہے ہیں۔ اسی طرح اردو کے اخراج کی عام ... [illegible]

ہندستان کے ایئر وائس مارشل

برطانیہ کی ٹیکنیکل تربیت [illegible]

شمالی ہند میں چونے کے پتھر

اور ڈولومیٹ کی نئی دریافتیں

نئی دہلی ۲۸ مئی:- ہندوستانی ادارہ برائے جائزہ طبقات الارض کے سپرنٹنڈنٹ جیولاجسٹ ڈاکٹر جے بی آڈن نے رسالہ معدنیات ہند کی تازہ اشاعت کے افتتاحیہ میں چونے کے پتھر اور ڈولومیٹ کی ان دریافتوں کا ذکر کیا گیا ہے جو پچھلے چند سال میں ہمالیہ کے شمالی ہند کے علاقوں میں کی گئیں۔ ان علاقوں میں سے کچھ کا پتا ہی نہیں تو جنگ سے پہلے معلوم کی گئی تھیں جبکہ اس علاقہ کا سروے کیا گیا تھا۔ اور دوسری ان تحقیقات کے دوران میں معلوم ہوئیں جو ہمالیہ کے بہت سے دریاؤں پر بند باندھنے کی تجویز کے سلسلہ میں ہند کے مقاموں کے سلسلہ میں کی گئی تھیں۔ ڈاکٹر آڈن نے اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ پہاڑ کی ترائیوں میں سمنٹ کے کارخانے قائم کئے جاسکتے ہیں جو مجوزہ بندوں سے دور نہیں پڑیں گے۔

ایک لڑکی کی شادی پر جھگڑا

بنارس ۲۸ مئی۔ ایک کسان لڑکی کی شادی کے سلسلہ میں ایک خاندان کے افراد میں جھگڑا ہوگیا جس میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ کہا جاتا ہے کہ لڑکی کے چچانے یہ رشتہ پسند نہیں کیا۔ اور زبانی جنگ سے لاٹھیوں کا استعمال ہونے لگا جس سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ اس سلسلہ میں تین اشخاص کو گرفتار کیا گیا ہے۔ جن میں لڑکی کا باپ بھی ہے۔ (اپ)

سوشلسٹ پارٹی میں شمولیت کے بعد

کانگریس کا دیا ہوا اعزاز واپس کردیا

[illegible]

بریلی میں کامیاب بزم نعت

بسلسلہ جشن ... ممتاز الشعراء ... راقم صدیقی ... [illegible]

جاپان سے معاہدہ صلح پر آسٹریلیا کا مشورہ

[illegible]

برائے اطلاع عام

(۲)

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ۲ اپریل میں وزارت امداد بحالیات کے محکمہ کسٹوڈین کا نوٹیفکیشن مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۴۹ء شائع ہوا ہے۔ جس کی رو سے حسب ذیل جائدادوں پر کسٹوڈین نے قبضہ لیا ہے۔

دریا گنج۔ وارڈ نمبر ۸

نمبر سلسلہ	نمبر مکان	جائے وقوع	دو حق جو کسٹوڈین کو حاصل ہیں	شڈول۔ بی			
۱۰۳۸۶	۲۰۷۸	ترکمان گیٹ	دونوں	۲۵۶۱	دکان نمبر ۱۹۹۸	ٹی سلاک	بزنس
۱۰۳۸۷	۲۰۷۹	״	״	۲۵۶۲	۲۲۱۰ ״	״	کرایہ داری
۱۰۳۸۸	۲۰۸۱	״	״	۲۵۶۳	۲۲۰۷B ״	״	بزنس
۱۰۳۸۹	۲۰۸۳	״	کرایہ داری	۲۵۶۴	۲۲۰۷A ״	״	״
۱۰۳۹۰	۲۰۸۶		دونوں	۲۵۶۵	۲۲۰۴A ״	״	کرایہ داری
۱۰۳۹۱	۲۰۸۷	״	۲ حصے ملکیت ۱ حصہ دونوں	۲۵۶۶	۲۲۰۴B ״	״	״
۱۰۳۹۲	۲۰۸۹	״	کرایہ داری	۲۵۶۷	۲۲۰۳B ״	״	بزنس
۱۰۳۹۳	۲۰۹۰	״	دونوں	۲۵۶۸	۳۵ ״	״	״
۱۰۳۹۴	۲۰۹۱	״	״	۲۵۶۹	۲۲۰۱ ״	״	کرایہ داری
۱۰۳۹۵	۲۰۹۲			۲۵۷۰	۴۴	״	״
۱۰۳۹۶	۲۱۰۱	״	کرایہ داری	۲۵۷۱	۴۵ ״	״	״
۱۰۳۹۷	۲۱۱۹	گلی کھوسیان	دونوں	۲۵۷۲	۲۰ ״	״	بزنس
۱۰۳۹۸	۲۱۹۰ ۲۱۹۰A	״	״	۲۵۷۳	۴۱ ״	״	״
۱۰۳۹۹	۲۱۹۴			۲۵۷۴	۲۷۸۸/۸۸A	״	کرایہ داری
۱۰۴۰۰	۲۱۹۶	ترکمان گیٹ	کرایہ داری	۲۵۷۵	XI/۲۷۹۱ ״	״	״
۱۰۴۰۱	۱۹۸۹	گلی ڈولی والی	״	۲۵۷۶	۲۰۶۱ ״	״	بزنس
		کشمیری گیٹ		۲۵۷۷	۲۸۷/۸۸۷	״	کرایہ داری
۱۰۴۰۲	۱۶۰۲	گلی ڈوروالی	دونوں	۲۵۷۸	VI/۲۷۳۸ ״	״	״
۱۰۴۰۳	۱۶۰۳	״	״	۲۵۷۹	۱۰۰B ״	״	״
۱۰۴۰۴	۱۶۰۵-۶	״	״	۲۵۸۰	امپیریل ورکس سوہن لال کی دکان		بزنس
۱۰۴۰۵	۱۶۰۷	״	״				
۱۰۴۰۶	۱۶۰۸	״	کرایہ داری	۲۵۸۱	دوکان پرکشن سنگھ	״	״
۱۰۴۰۷	۱۶۱۰	״	دونوں	۲۵۸۲	״ ہرکشن داس رام	״	״
۱۰۴۰۸	۱۶۱۱-۱۲	״	״	۲۵۸۳	״ موہن لال چمن لال	״	״
۱۰۴۰۹	۱۶۱۴	״	״	۲۵۸۴	״ نکلسن اینڈ کو	״	״
۱۰۴۱۰	۱۶۱۵	״	کرایہ داری	۲۵۸۵	۵۲۸ ״	״	״
۱۰۴۱۱	۱۶۱۶	״	دونوں	۲۵۸۶	۵۰۸ ״	״	״
۱۰۴۱۲	۱۶۱۷-۱۸	״	״	۲۵۸۷	۲۷۹۱A	״	کرایہ داری
۱۰۴۱۳	۱۶۱۹	״	״	۲۵۸۸	VI/۲۳۷۱	برون کشمیری گیٹ چاندنی چوک	بزنس
۱۰۴۱۴	۱۶۲۱	״	״				
۱۰۴۱۵	۱۶۲۰، ۳۳۳	״	״	۲۵۸۹	XVI/۳۱۵	جونس روڈ	״
۱۰۴۱۶	۱۶۲۳، ۳۳۴	״	״	۲۵۹۰	۷B	کاٹ جینس	ملکیت
۱۰۴۱۷	۱۶۲۵، ۳۳۶	״	״	۲۵۹۱	۵B	״	״
۱۰۴۱۸	۱۶۲۷		״	۲۵۹۲	۸B	״	״
۱۰۴۱۹	۱۶۲۹	״	״	۲۵۹۳	۴B	״	״
۱۰۴۲۰	۱۶۳۰	״	״	۲۵۹۴	۲B	״	״
۱۰۴۲۱	۱۶۸۸/۸۹	گلی ...	۳ حصے ملکیت ۱۲ ״ دونوں	۲۵۹۵	الماری کی دوکان		
۱۰۴۲۲	۱۶۳۱/۳۲	گوردوارہ گلی	کرایہ داری		مابین ۲-۳ B بلاک	״	بزنس
۱۰۴۲۳	۱۶۳۳	״	دونوں				
۱۰۴۲۴	۱۶۳۴-۳۵	״	״	۲۵۹۶	B بلاک میں ایک الماری کی دوکان	״	״
۱۰۴۲۵	۱۶۳۸	״	״				
۱۰۴۲۶	۱۶۳۹	״	״	۲۵۹۷	نند کشن B بلاک	״	״
۱۰۴۲۷	۱۶۴۰	״	کرایہ داری	۲۵۹۸	۲۵B		
۱۰۴۲۸	۱۶۴۱	״	دونوں	۲۵۹۹	B بلاک ... کی ایک الماری کی دکان	״	״
۱۰۴۲۹	۱۶۴۲-۴۳	״	״				
۱۰۴۳۰	۱۶۴۴	״	״	۲۶۰۰	میدان B بلاک		
۱۰۴۳۱	[illegible]	گوردوارہ	کرایہ داری		بھائی ... سنگھ	״	״
۱۰۴۳۲	۱۶۷۷-۷۸	״	دونوں	۲۶۰۱	۳۳B	״	کرایہ داری
۱۰۴۳۳	۱۶۶۹	״	״	۲۶۰۲	۱۰A، B بلاک	״	بزنس
۱۰۴۳۴	۱۶۷۱	״	״	۲۶۰۳	۹-B	״	״
۱۰۴۳۵	۱۶۸۳	״	״	۲۶۰۴	۱۱-B	״	״
۱۰۴۳۶	۱۶۸۷E	״	״	۲۶۰۵	چبوترہ B بلاک	״	״
۱۰۴۳۷	۱۶۸۹B	محمد علی اسٹریٹ	״	۲۶۰۶	نریندر سنگھ B بلاک		کرایہ داری
۱۰۴۳۸	۱۶۸۹		״				
۱۰۴۳۹	۱۶۸۸ ۱۶۸۸B	موری گیٹ	״	۲۶۰۷	راجندر پرشاد	״	״
۱۰۴۴۰	۱۶۸۹C	محمد علی اسٹریٹ	״	۲۶۰۸	۲۳-A بلاک	״	״
۱۰۴۴۱	۱۶۹۰	״	״	۲۶۰۹	۱۱- ״ ״	״	״
	دریا گنج۔ وارڈ نمبر ۱۱			۲۶۱۰	کرنہ کی دوکان ۳۱ A بلاک	״	״
۱۰۴۴۲	۱۹۹A	بیگم دروازہ	دونوں				
۱۰۴۴۳	۳۲۲	گلی غلام حسین	کرایہ داری	۲۶۱۱	۱۷ بیجان سنگھ بلاک	״	״
۱۰۴۴۴	۸۰۵	״ رکاب گنج	دونوں				
۱۰۴۴۵	۱۲۵۵-۵۶	ریحان والی	״	۲۶۱۲	۱۹-A بلاک	״	״
۱۰۴۴۶	۱۳۳۱	کلیان پورہ	״	۲۶۱۳	۵- ״	״	״
۱۰۴۴۷	۱۵۶۹	گلی ...	کرایہ داری	۲۶۱۴	کرنہ کی دوکان ۳ A بلاک	״	״
۱۰۴۴۸	۱۵۸۲-۸۶	گلی مدرسہ شاہ عبدالعزیز	دونوں	۲۶۱۵	... A بلاک	״	״
۱۰۴۴۹	۱۸۰۵	[illegible]	کرایہ داری	۲۶۱۶	۳ - ״	״	״
۱۰۴۵۰	۱۸۱۱	״	״	۲۶۱۷	۷ [illegible]	״	بزنس
۱۰۴۵۱	۱۸۱۳	״	״	۲۶۱۸	[illegible]	״	
۱۰۴۵۲	۱۸۲۵	״	״			״	کرایہ داری
۱۰۴۵۳	۱۸۸۳	نیمن گلی	״				

کل جائیداد ... [illegible]

ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیے

ترجمان السنۃ جلد اول: اردو زبان میں ارشادات نبوی کا نہایت جامع مستند ذخیرہ ہے۔ کتاب کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے۔ متن مع اعراب (۲) سہل اور عام فہم ترجمہ (۳) ہر حدیث پر مختصر تشریحی نوٹ (۴) ہر کتاب کے شروع میں ... [illegible]

فہم قرآن: قرآن مجید کے اساسی ہونے کے معنی کیا ہیں؟ قرآن پاک کا صحیح منشا معلوم کرنے کے لئے شارع علیہ السلام کے اقوال و افعال معلوم کرنا کیوں ضروری ہے؟ احادیث کی تدوین کس طرح اور کب ہوئی؟ یہ معرکۃ الآرا کتاب جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے رجحانات کو سامنے رکھ کر اسی موضوع پر لکھی گئی ہے۔ صفحات ۲۰۰ بڑی تقطیع قیمت دو روپے چار آنے ...

غلامان اسلام: ... ارباب کشف و کرامات اور اصحاب علم و ادب کے سوانح حیات اور کمالات ... قیمت پانچ روپے ...

حیات شیخ الاسلام: یعنی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی کی مفصل اور مبسوط سوانح عمری ... قیمت مجلد تین روپے چار آنہ۔

علماء حق: ... ہندوستان کے انقلاب کی بہترین تاریخ ہے ... قیمت جلد اول تین روپے چار آنہ جلد دوم ساڑھے سات روپے آٹھ آنہ ...

ضروری اطلاع

ان کتابوں کے علاوہ آپ کو جب بھی کسی عربی، فارسی اور اردو کی درسی یا غیر درسی کتاب، قرآن مجید و سپارے وغیرہ کی ضرورت ہو تو بلا تامل ہماری فہرست طلب کریں ... [illegible]

مینیجر الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

دہلی کی عدالتوں میں

ہرنام سنگھ کو جو کہ پہلے کا سزا یافتہ ہے، ہردی کو مقامی مجسٹریٹ کی عدالت میں چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی۔ مجرم ریلوے کے سکینڈ کلاس کے ڈبے سے آئل چراتا ہوا پکڑا گیا تھا۔

ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نئی دہلی نے نانک سنگھ نامی مجرم کو چار سال قید بامشقت کی سزا دی۔ مجرم نے چار مختلف موقعوں پر چار سائیکلیں چرائی تھیں۔

ایک مقامی مجسٹریٹ نے ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی میں ۱۴۵ اشخاص کو ۲۲۷ روپے جرمانہ کی سزا دی۔ چار جواریوں کو نبیں بازار میں جوا کھیلنے کے جرم میں ۴۰ ... روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

خیفن بازار میں مشکوک طور پر پھرنے پر ... نامی ایک شخص کو چھ ماہ قید کی سزا دی گئی۔

... نامی ایک شخص کو سائیکل چرانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

اسپلینیڈ روڈ پر ایک شخص کی جیب کترتے ہوئے ایک شخص گرفتار کیا گیا۔ ... کو چار ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

جمعیۃ علماء ضلع ... کی مجلس منتظمہ

جمعیۃ علماء ضلع ... کی مجلس منتظمہ کا ملتوی شدہ جلسہ مورخہ ۲۹ مئی ۱۹۴۹ء بروز اتوار بعد نماز عشاء دفتر جمعیۃ علماء ضلع ... واقع ... میں ہوگا۔ تمام ممبران مجلس منتظمہ مقررہ وقت پر شرکت فرمائیں۔ ایجنڈا ارسال کردیا گیا ہے۔

اڈیٹر ضمانت پر رہا

نغمہ ... اخبار فتح کے اڈیٹر اور پرنٹر پبلشر نے پولیس جن کی تلاش میں تھی اپنے آپ کو حوالہ پولیس کردیا۔ اس کے بعد ... ہزار روپیہ کی ضمانت پر رہا کئے گئے۔

ایک شہر کے گھنٹہ والا ... کو معیار سے کم گرام کی ... استعمال کرنے پر ۵۰ روپے جرمانہ کی سزا دی گئی۔

سوشلسٹ لیڈر کی طرف سے تردید

دہلی ۲۸ مئی۔ ہندستانی سوشلسٹ لیڈروں نے بعض اخبارات کی اس خبر کو غلط اور بےبنیاد قرار دیا کہ سوشلسٹ پارٹی کے مظاہرہ کرنے والوں کو نیپال کے قائم مقام سفیر نے دعوت دی تھی کہ وہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور دوسرے ... [illegible]

سب سنگھی قیدی رہا کردیئے جائیں گے

معلوم ہوا ہے کہ حکام نے ان تمام سنگھیوں کو رہا کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جنہیں امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں گرفتار کیا گیا تھا۔ اس وقت دہلی میں ... سنگھی قیدی ہیں۔ ... جلد ہی رہا کردیئے جائیں گے۔

امریکہ اور کمیونسٹ چین

میں رسل و رسائل شروع

[illegible]

انمول گولیاں

بڑھاپے میں جوانی کی بہاریں

جریان، احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ ... [illegible]

تمبرہ ... جاہ و حشم والا ...

مدنی دواخانہ۔ بجنور (یو۔ پی)

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی بمبئی ۲۵ روپے۔ ہلدی ہر دوار ۴۰ روپے۔ ہلدی مچھلی ۴۸ روپے۔ گور بمبئی بڑا ۶۲ روپے۔ گولہ بمبئی چھوٹا ۶۰ روپے۔ کھوپری ۷۰ روپے۔ کشمش ۴۵ روپے سے ۷۰ روپے۔ آب جوش ۵۰ روپے سے ۶۵ روپے۔ پستہ ۲۷۰ روپے۔ بادام کاغذی ۱۲۰ روپے سے ۱۲۵ روپے۔ بادام گردی ۳ ۷ روپے۔ بادام ورانی کاغذ ۱۵ روپے۔ بادام گول کاغذی ۴۰ روپے۔ الائچی چھوٹی ۵ روپے سے ۱۸ روپے۔ لونگ ۸۰ روپے۔ دارچینی ۱۲ روپے۔ الائچی بڑی ۷۷ روپے۔ املی ۱۲ روپے۔ مرچ کالی ۲۲ روپے۔ مرچ لال ۲۵ روپے سے ۴۰ روپے۔ سونٹھ دیسی ۸۰ روپے۔ زیرہ سفید ۵۰ روپے سے ۸۰ روپے۔ سونف ۱۸ روپے سے ۳۵ روپے۔ دھنیا ۱۸ سے ۵۰ روپے۔ اجوائن ۲ روپے سے ۶۰ روپے۔ پوست دانہ ۶۷ روپے۔ گوند ... ۱۴ روپے۔ کتھا ... ۱۳۰ روپے سے ۲۰۰ روپے۔ چائے کالی ۸۰ روپے سے ۱۷۰ روپے۔ سپاری ۸۵ روپے سے ۱۰۰ روپے۔ سپید ناریل ۱۰ روپے سے ۱۵ روپے۔ ... ۱۲ روپے۔ شکر سفید ۸ روپے سے ۱۵ روپے ... ۲۱ روپے سے ۳۰ روپے ... ۱۶ روپے ... ۹ روپے۔

بازار صرافہ دہلی

سونا پانسہ ... ۱۱۸ ... ۱۱۸ ... پونڈ ... ۷۵ ... چاندی ۱۲۰۰ ... ۱۸۷

دہلی تیل مارکیٹ

تیل گرلہ ... تیل السی ... تیل سرسوں ... تیل ارنڈی ... تیل تاراں ... ۴۹ ... ۷ ... ۲۵ ڈبے

برمی فوجوں کے عقب میں باغیوں کی سرگرمیاں

رنگون ۲۸ مئی۔ ایک سرکاری کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ڈیلٹا کے علاقہ پر بڑھنے والی برمی فوجوں کے عقب میں باغی اپنی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ رنگون سے ۷۵ میل کے فاصلہ پر ایک اہم ریلوے اسٹیشن ہے برمی فوجوں نے حال ہی میں اس پر قبضہ کیا تھا۔ باغیوں نے ڈیلٹا کے ۵ میل عقب میں ... کے مقام پر حملہ کیا اور دوسرے باغیوں نے رنگون سے ۲۳ میل کے فاصلہ پر ایک اہم پل کو اڑا دیا۔

اس کمیونک میں یہ نہیں بتایا گیا کہ پل کو اڑانے والے کس گروہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ڈیلٹا کے شمال میں کرین دیہاتوں کا صفایا کیا جارہا ہے۔ رنگون کے جنوب مغرب میں سرکاری فوجوں نے کیرن اور کمیونسٹوں کے مقبوضہ دیہات پر حملہ کیا۔ بالائی برما میں باغیوں نے ... ریلوے سرکر پر ... (اپ)

کشمیر وادی میں

۵۲۵ مکانات تباہ

سری نگر ۲۸ مئی۔ کشمیر کے محکمہ آبادکاری کے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق کشمیر وادی میں حملہ آوروں نے ... ۵۲۵ مکانات جلائے۔ ان میں سے ۱۳۰۱ مکانات اس وقت تک از سر نو تعمیر کردیئے گئے ... [illegible] ... ۲۸۲۶ مکانات تباہ کئے گئے۔ (اپ)

دریائے جہلم کو گہرا کیا جارہا ہے

سری نگر ۲۸ مئی۔ دریائے جہلم کو گہرا کیا جارہا ہے تاکہ اس کے اردگرد کے علاقہ کا پانی دریا میں چلا جائے اور اس علاقہ کو زراعت کے لئے استعمال کیا جاسکے۔ ۲۵ سال قبل بارہ مولا کے قریب دریائے جہلم کو گہرا کردیا گیا تھا جس سے دس ہزار ایکڑ زمین ... [illegible]

دفتر پورٹ حج کمیٹی بمبئی

زائرین بیت اللہ کو ۱۹۴۹ء کے دوران ضروری ہدایات

ٹیکوں کے لئے سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ضروری ہے

ترمیم شدہ قواعد کے مطابق زائرین بیت اللہ شریف کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ترمیم شدہ انٹرنیشنل فارموں پر ٹیکے صرف گورنمنٹ ہسپتال، ہیلتھ ڈپارٹمنٹ اور میونسپل کمیٹیوں کے کم از کم میڈیکل آفیسر ... [illegible] ... عازمین حج کرام کے فائدہ کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہدایات مذکورہ پر عمل پیرا ہوں۔

جبری JABRI

پرانے بخارات T.B. اور تپ دق

جبری JABRI JAGADHRI

تپ دق کی مشہور دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

[illegible] ... "جبری" ... جان بچانے والی اگر کوئی دوا ہے تو وہ صرف "جبری" ہے ... آپ جس سے بھی چاہیں دریافت کرکے تسلی کرسکتے ہیں ...

تپ دق اور پرانے بخارات کے مریضو! اب بھی سمجھو!!

... (JABRI JAGADHRI) جبری جگادھری ... [illegible]

ایجنسی ... کے ایل خسرا اینڈ سنز کیمیسٹس اینڈ بنگرز (۹۶) جگادھری مشرقی پنجاب

مہاتما گاندھی قومی یادگار فنڈ میں آٹھ کروڑ تین لاکھ روپے جمع ہوگئے

سب سے زیادہ روپیہ بمبئی نے دیا کمیٹی کا سرکاری اعلان

نئی دہلی ۲۷ مئی۔ گاندھی قومی یادگار فنڈ کے جو سرکاری اعداد و شمار شائع کئے گئے ہیں ان کے مطابق یادگار فنڈ میں اپریل ۱۹۴۹ء کے آخر تک ۸۰۷۹۹۲۸۹ روپے ۷ آنے ۱۰ پائی جمع ہوئے۔ اس رقم میں کارخانہ داروں کا عطیہ ۵۶۰ ... ۴۶ روپے بھی شامل ہے۔ سب سے زیادہ چندہ بمبئی نے دیا۔ بمبئی کے عطیہ کی کل رقم ۲۳۴۶۱۰ روپے ہے۔ دیگر صوبہ جات سے ملنے والا چندہ حسب ذیل ہے:

اجمیر ۱۰۰۹۹۶۲-۱-۲

اندھرا ۸۵۰۷۳-۳-۸

آسام ۱۱۸۹۸۱۶-۳-۰

مغربی بنگال ۳۷۳۸۰۲۵-۰-۰

بہار ۲۸۷۳۴-۷-۰

بہار ۳۸۰۰۵۶۹۵-۹-۰

بمبئی ۲۳۴۶۱۰-۹-۳

دہلی ۱۶۸۵۷۹۹-۲-۸

گجرات ۷۷۳۲۶-۶-۳

کرناٹک ۳۶۱۰۹۱۱-۱۲-۸

کیرالا ۳۲۹۳۱۱-۱-۱۱

مہاکوشل ۱۱۹۳۷۶۵-۷-۸

مہاراشٹر ۲۹۱۸۱۸۹-۱-۱۰

ناگپور ۱۴۱۹۳۲۶-۱۰-۷

مشرقی پنجاب ۳۲۶۱۱۵۴۰-۰-۱

تامل ناڈ ۴۳۲۵۱۴۵-۱۵-۵

یو۔ پی ۸۶۳۳۰۹۰-۱۵-۵

اڑیسہ ۹۲۲۳۹۴-۵-۰

ریاستیں

بڑودہ ۱۰۲۰۸۱۸-۱۱-۱

بنارس ۲۸۰۵۵-۰-۰

بھوپال ۳۸۴۳-۷-۲

بھرپور ۳۰۵۳۵-۰-۰

بلگاؤں ۲۰۵۱۸۹۵-۱۰-۰

بلاسپور ۵۱-۰-۰

چھتر پور ۵۱۲۵-۰-۰

کوچین ۳۶۲۸۳۰-۳-۱۱

کوچ بہار ۵۰۸۳-۰-۰

ہماچل پردیش ۲۹۱۳۱-۰-۰

حیدرآباد ۸۶۲۳۳۰-۸-۸

بیجاپور ۴۱۳۴۴۴-۱۱-۹

جیسلمیر ۲۱۰۰۰-۰-۰

جودھپور ۳۴۵۱۹۲-۴-۸

کشمیر ۱۲۹۰۰-۱۲-۰

کولہاپور ۴۱۳۵۴-۸-۰

کچھ ۳۲۶۹-۰-۰

مالوہ یونین ۳۰۶۹۰۵۵۲-۵-۱

منصبہ یونین ۸۹۸۸۰-۰-۶

میسور یونین ۲۰۶۹۶۷-۱۳-۰

میسور ۲۶۳۰۹۱-۵-۶

... ۳۴۶۶۲-۰-۰

... ۹۸۱۹۷-۱۱-۰

... ۲۳۹۰۸۶۳-۱۰-۰

سوراشٹر ... ۱۸۰۸۳-۱۲-۰

سانگلی ۵۹۵۰۳-۰-۰

سروہی ۵۱۰۰۰-۰-۰

سکم ۳۵۰۰-۰-۰

... ۳۵۰۰۰-۰-۰

ٹراونکور ۵۰۴۱۱۵-۱۳-۳

تری پورہ ۹۳۷-۱۵-۶

وندھیا پردیش ۲۲۹-۰-۰

مزید آمدنی ۷۸۰۰۶-۱۰-۱۱

سود سے آمدنی ۷۸۰۰۶-۱۰-۱۱

کل رقم ۸۰۷۹۹۲۸۹-۷-۱۰

(اپ)

افغان سفارتخانہ میں یوم استقلال کا جشن

سردار نجیب اللہ خاں سفیر افغانستان متعینہ دہلی نے کل افغانستان کے جشن استقلال کی سالگرہ کے سلسلہ میں ایک دعوت دی جس میں بہت سے اصحاب شریک تھے جن میں ساچی پنڈت نہرو، کابینہ کے اراکین اور دوسرے ممالک کے سفراء، اعلیٰ فوجی و سول حکام شامل تھے۔

راجستھان کا نیا وزیر

جے پور ۲۸ مئی۔ ... [illegible] (اپ)

نیشنل اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا صوبائی اجلاس

امروہہ ضلع مرادآباد میں آل انڈیا نیشنل ... کانفرنس کے سلسلہ میں ... کو نہایت شان سے منعقد ہورہا ہے جس کی صدارت فخر قوم جناب پروفیسر انعام اللہ صاحب فرمائیں گے۔ سلمانی برادری کی یہ پہلی کانفرنس ہے جو ... کے میدان میں منعقد ہورہی ہے۔ ورکنگ کمیٹی صوبائی فیڈریشن اور ماتحت انجمنوں کے نام دعوت نامے ارسال کردیئے گئے ہیں۔ تمام طلباء خاص طور پر سلمانی طلباء سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت فرماکر اجلاس کو کامیاب بنائیں۔ صوبائی فیڈریشن کا دفتر ... جون کو امروہہ منتقل ہوجائے گا۔

محمد اسلام نبی۔

پروفیسر این جی رنگا

ہانٹری ویں کانفرنس میں شرکت کریں گے

لندن ۲۸ مئی۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر پروفیسر این جی رنگا ... [illegible]

اسٹرلنگ ہنڈیوں کے متعلق

پاکستان اور برطانیہ میں گفت و شنید

لندن ۲۸ مئی۔ یہاں پر اگلے ہفتوں میں پاکستان اور برطانیہ میں اسٹرلنگ کے فاضلات اور تجارت کی ترقی کے بارے میں جو گفت و شنید ہونے والی ہے ... [illegible]

دہلی سے لاہور پاکستان

اور

پاکستان سے ہندستان

استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت، عجلت و کفایت کے ساتھ ہماری معرفت بھیجیے

انڈیا اینڈ پاکستان کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران بلیماران چاندنی چوک دہلی

ایک کمپونڈر کی ضرورت

ایک ریاست والی تجربہ کار دستیاب ... کمپونڈر کی ضرورت ہے ... [illegible]

سب رنگ کتاب گھر محلہ ... دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازراں کمپنی

خاص حج سروس

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ امسال رمضان المبارک سے پہلے زائرین بیت اللہ کیلئے جہازوں کی روانگی کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ رمضان کے بعد جہازوں میں جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جو پریشانی ہوتی ہے اس کے پیش نظر عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل جہازوں کی روانگی سے فائدہ اٹھائیں۔ ان جہازوں میں جگہ بھی کافی ہے اور ان کا کرایہ بھی رمضان کے بعد جانے والے جہازوں سے کم ہے۔ جو حضرات ان سے سفر کرنا چاہتے ہوں وہ جہاز کی روانگی کی تاریخ سے کم از کم دو روز قبل بمبئی ضرور پہنچ جائیں۔

ایس۔ ایس رضوانی ——— وزن ۴۴۵۰ ٹن

بمبئی سے ۱۸ جون ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

قبل رمضان جہازوں کا کرایہ (خوراک کے ساتھ)

بمبئی / جدہ واپسی

درجہ اول ——— ۱۱۰۵ روپے

عرشہ (ڈیک) ——— ۳۷۳ روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، جدہ کے محصول صفائی اور کشتی کا کرایہ شامل نہیں ہے۔ جن کی مجموعی رقم ۴۷ روپے ۱۲ آنے ہوتی ہے۔

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بینک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841
تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۳ شعبان المعظم سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق یکم جون سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۲۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ولائتی
آئیل انجن
آٹے کی چکی
حاضر مال
کے جی کھوسلہ اینڈ کمپنی 22 سکول لین
نئی دہلی - فون نمبر 7/38

بگلون ۳۰ مئی - برطانوی حکومت کے ہوائی جہازوں نے آج سولیمن ڈسٹرکٹ میں باغیوں کی اجتماعات پر بمباری کی سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ سفید جھنڈے والے [illegible] نے پانچ گھنٹہ کی لڑائی کے بعد دو سو کرمینوں کو پسپا کر دیا۔

ایکٹنز امریس ۳۰ مئی - پیرو کی سب سے بڑی ٹین کی کان سے یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہاں کے کان کے مزدوروں نے ۱۵ انجینیروں کو قتل کر دیا ہے۔ ان میں امریکی انجینیر بھی شامل ہیں۔ حکومت پیرو نے [illegible] فوجی افسروں [illegible] کو [illegible] دیا گیا۔ ان پر یہ الزام عائد کیا گیا تھا کہ وہ حکومت پیرو کے خلاف سازش کر رہے تھے۔ اس پر مزدوروں نے ان انجینیروں کو قتل کر دیا۔ (رائٹر)

حبشہ میں بغاوت پھوٹ پڑی دار السلطنت کے قریب خوفناک جنگ

شہنشاہ کا بڑا لڑکا (ولیعہد) بال بال بچ گیا

میدان جنگ میں باغی تین سو لاشیں چھوڑ گئے

روم ۳۰ مئی - اٹلی کے اخبارات میں گذشتہ شام حبشہ میں [illegible] بغاوت ہونے کی اطلاعات شائع ہوئی ہیں۔ ان کے مطابق حبشہ کے دار السلطنت [illegible] کے قریب خونریز جنگ ہوئی جس میں تین سو آدمی زمین پر کھیت رہے [illegible] ان اطلاعات میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ شہنشاہ ہیل سلاسی کے بڑے لڑکے [illegible] کو جو ولیعہد بھی ہیں ہلاک کرنے کی کوشش کی گئی اور ان پر گھات لگا کر حملہ کیا گیا۔

روم ٹیلیفون سے کہا گیا کہ دار السلطنت کے قریب لڑائی کے بعد سرکاری فوجیں پیچھے ہٹ گئیں تاکہ بغاوت [illegible] نہ پھیل جائے۔ ان خبروں میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ ۱۰ مئی کو باغیوں نے [illegible] [illegible]

روسی وزیر خارجہ آج اپنا جواب پیش کر دینگے

وزرائے خارجہ کی کانفرنس کا دوسرا ہفتہ

پیرس ۳۰ مئی - وزرائے خارجہ کی کانفرنس کا دوسرا ہفتہ شروع ہو گیا ہے [illegible]

یکم جولائی کو کیمبرا لایونین بن جائیگی

لاہور میں سکھ زائرین کی آمد

لاہور ۳۰ مئی - ۵۰ سکھ زائرین کل صبح لاہور پہنچ گئے [illegible]

پولیس پر مسلح گروہ کا حملہ اور شدید تصادم

ایک ہلاک اور چار زخمی

[illegible]

دمشق ۳ جون - سرحد پر لبنانی نمائندوں سے گفت وشنید کرنے کے بعد شامی وزیر خارجہ امیر عادل ارسلان اور وزیر اقتصادیات اسعد الطلس دمشق واپس آگئے۔ ان کی گفت وشنید کے دوران میں جو کہ ۲ گھنٹہ تک جاری رہی تھی دونوں ممالک کے درمیان سرحد بند کر دی گئی تھی۔

لبنانی وفد وزیر خارجہ حمید فرنجیہ - وزیر معاشیات فلپ تقلا اور ڈاکٹر الصاف انیس صائغ پر مشتمل تھا۔ امید کی جاتی ہے کہ اس گفت وشنید کے بعد دوسروں کی سرحد میں داخل ہو کر لوٹ مار کرنے والے لوگوں کو گرفتار کر کے ان کی حکومتوں کے حوالہ کر دیا جائے گا۔ (گلوب)

مدرسہ عبد الرب کا سالانہ جلسہ

۲۵ جون ۱۹۴۹ء بروز اتوار بوقت صبح ۸ بجے مدرسہ [redacted] کے امتحانات کے نتائج سنائے جائیں گے اور کامیاب طلبا کو انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے جس میں حضرت مولانا عبد الحق صاحب مدنی، سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی اپنے مواعظ حسنہ سے مستفید فرمائیں گے امید ہے کہ مسلمانان دہلی زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں گے۔

فضیل الرحمن مدرسہ عبد الرب - گندہ نالہ کشمیری گیٹ - دہلی

شنگھائی سے جہازوں کی آمد ورفت جلد شروع ہو جائیگی

جہاز چلانے کی اجازت حاصل کرنیکی کوششیں شروع ہو گئیں

شنگھائی ۲ جون - جونہی شنگھائی میں آئے ہوئے کمیونسٹ حسب سابق تجارت کا اشارہ کریں گے غیر ملکی جہازران اور ہوائی کمپنیاں شنگھائی میں اپنا کام شروع کر دیں گی۔ یہ امید اس وقت پیدا ہوئی جبکہ شہر کے فوجی کنٹرول کمیشن نے گذشتہ روز اعلان کیا کہ عوام کو آزاد کرانے والی فوج غیر ملکیوں کے جان ومال کی حفاظت کرے گی۔ اور یہ امید ظاہر کی کہ وہ حسب سابق اپنا کاروبار جاری رکھیں گے۔

[illegible] سب کے سب ایک جیسے شریف معلوم ہوتے ہیں اور برطانیہ یا امریکہ سے دشمنی کا کوئی خاص نام ونشان نہ پایا گیا۔ اس ماحول میں ڈچ - جاوا - چین - جاپان سسٹم شپ کمپنی کو توقع ہے کہ قوم پرستوں کے بھگائے جانے کے بعد وہ پہلی کمپنی ہوگی جس کا جہاز شنگھائی کی بندرگاہ میں داخل ہوگا۔ مذکورہ کمپنی اجازت حاصل کرنے کی کوشش میں ہے۔ تاکہ دو دن کے اندر اس کا جہاز شنگھائی کی بندرگاہ میں داخل ہو جائے۔

اگر حالات نے اجازت دی اور اجازت مل سکی تو امریکی کمپنی "پریسیڈنٹ لائنس" بھی ۸ جون تک اپنے دو جہاز [illegible] امریکن ایرلائنس بھی نئے افسران سے اجازت حاصل کرنے کی فکر میں ہے۔ برٹش اوورسیز ایرلائنس کے طیارے ہانگ کانگ میں موجود ہیں اور جونہی اجازت ملی وہ بھی اپنا کاروبار شروع کر دیگی۔ کافی لوگ شنگھائی جانے کے انتظار میں ہیں۔ غیر ملکیوں کی چینی بیویاں دوبارہ اپنے شوہروں کے پاس جانا چاہتی ہیں۔

گذشتہ روز فوجی کنٹرول کمیشن نے ۶ چینی بنکوں پر اور چائنا ٹیکسٹائل [illegible] کارپوریشن پر قبضہ کر لیا۔ اس کارپوریشن کے زیر انتظام ۳۵ سوتی ملیں ہیں۔ (گلوب)

مویشیوں کے لئے

عجیب ہندوستانی ایجاد

ریڈنگ سے ایک خبر بذریعہ تار موصول ہوئی ہے کہ وہاں کی ڈیری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے سائنسدانوں نے ایک ایسی دوا تیار کی ہے جس کے استعمال سے گائے کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔ لیکن اہل ہند کو یہ معلوم کر کے یقیناً مسرت ہوگی کہ ہندوستان کے ماہرین مویشیان نے ایک سال سے زیادہ عرصہ ہوا جب ایک ایسی دوا ایجاد کی ہے جسے نہ صرف یہ کہ دودھ دینے والے چوپائے بہت شوق سے کھاتے ہیں اور اس کے کبھی کبھی استعمال کرانے سے دودھ میں خاص اضافہ ہو جاتا ہے بلکہ وہ مویشیوں کی بیماریاں دور کر کے انہیں تندرست و توانا رکھنے کے لئے بھی عجیب چیز ہے۔ یہ دوا ساگی کے نام سے مشہور ہے۔ ساگی کا تجربہ کرنے کے بعد امپیریل ڈیری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ گورنمنٹ آف انڈیا بنگلور، امپیریل ایگریکلچر اسکول الہ آباد [illegible] متعدد ڈاکٹر مویشیان اور گئوشالاؤں و ڈیری فارموں کے منتظموں نے جو سارٹیفکٹ دئے ہیں ان کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ساگی ایک ایسی عجیب و غریب ہندوستانی ایجاد ہے جس سے اگر اہل ہند نے پورا پورا فائدہ اٹھایا تو نہ صرف دودھ اور گھی کی مشکلات حل ہو جائیں گی بلکہ ہندوستان کے مویشیوں کا معیار صحت بہت بلند ہو جائیگا۔ اس دوا کے متعلق تفصیلی معلومات ذیل کے پتہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

منیجر کوہ سار [illegible] حکیم [illegible] علی گڈھ

مشرقی پنجاب کے انتخابات

مہاسبھا بھی حصہ لے گی

نئی دہلی ۳ جون - [illegible] پانڈے سکریٹری آل انڈیا ہندو مہاسبھا نے کل ایک ملاقات میں بتایا کہ اس سال اگست میں مشرقی پنجاب میں جو انتخابات ہو رہے ہیں ہندو مہاسبھا ان میں حصہ لے گی۔ انہوں نے کہا مسٹر ساورکر کے رہا ہونے سے مہاسبھا میں لوگوں کا اعتماد پھر بحال ہو رہا ہے۔ مہاسبھا نے ایک پانچ ممبروں کی ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو ان سب مصیبت زدگان اور [illegible] لوگوں کی امداد کرے گی جن کو حکومت [illegible] (اپ)

ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تجارت کی رفتار

ہندوستانی برآمد میں اضافہ ہو رہا ہے

واشنگٹن ۳ جون - فروری ۱۹۴۹ء میں امریکہ کے لئے ہندوستانی برآمد کا اندازہ تقریباً ایک کروڑ (۰۰) لاکھ ڈالر ہے جبکہ گذشتہ سال اسی زمانہ میں برآمد کا اندازہ ڈیڑھ کروڑ ڈالر تھا۔ امریکہ ہندوستانی اشیا کا سب سے بڑا خریدار ہے۔

برطانیہ اول درجہ کا گاہک ثابت ہوا جس نے ۳ کروڑ ۵ لاکھ کی اشیا ہندوستان سے خریدیں جو کہ گذشتہ سال کی اسی زمانہ کی خریداری سے ۱۰ لاکھ اسٹرلنگ زائد ہے۔ پاکستان تیسرے درجہ کا گاہک ثابت ہوا جس نے ۹ لاکھ ڈالر کی اشیا خریدیں۔ ارجنٹائن - نیوزیلینڈ - سیلون اور آسٹریلیا کا نمبر بعد میں آتا ہے جنہوں نے بالترتیب سولہ لاکھ نوے ہزار [illegible] لاکھ دو ہزار، سولہ لاکھ [illegible] ہزار اور سولہ لاکھ ۶ ہزار ڈالر کا سامان خریدا۔

۱۵ فروری میں ہندوستان کی کل درآمد کا اندازہ [illegible] ڈالر اور برآمد کا اندازہ [illegible] ڈالر رہے۔ سوائے امریکہ کے بقیہ تمام اہم ممالک سے ہندوستان کو آنے والے اسباب میں گذشتہ سال کے اس [illegible] کی نسبت اضافہ ہوا (گلوب)

گھوڑ دوڑ میں غیر قانونی جوے بازی

کولمبو ۲ جون - سیلون ٹرف کلب کے منتظمین نے غیر قانونی طور پر شرط بدنے والوں کے گھوڑے سیلون کی گھوڑ دوڑ میں شریک نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس فیصلہ پر یکم جون ۱۹۵۰ء سے عمل درآمد کیا جائے گا۔ اس فیصلہ کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ غیر قانونی طور پر شرط بدنے والے چالاکی کرتے تھے جس کی وجہ سے عام لوگوں میں بے اطمینانی پھیلی ہوئی تھی۔

غیر قانونی طور پر شرط بدنے والوں کو ایک سال کی مدت دی گئی ہے جس کے دوران یا تو وہ شرط بدنا ترک کر دیں گے یا اپنے گھوڑے ریس سے نکال لیں گے (گلوب)

حیدرآباد فوج کے بریگیڈیر حبیب کو سات سال کی سزا دیدی گئی

فوجی گورنر کی طرف سے سزا کی تصدیق

حیدرآباد ۲ جون - حیدرآباد فوج کے بریگیڈیر سید حبیب احمد کو سات سال قید سخت کا حکم سنایا گیا ہے۔ ان پر ...... یہ الزام تھا کہ انھوں نے سڈنی کاٹن کی فضائی سروس کے ایک برطانوی گراونڈ انجینیر ایف - ایچ - مدین کے قتل میں اعانت کی۔ کورٹ مارشل میں جہاں ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہو رہی تھی استغاثہ کی کہانی یہ تھی کہ مسٹر مدین کو جنھیں کراچی سے لاکر حراست میں رکھا گیا تھا۔ گذشتہ ۱۷ ستمبر کو [illegible] کے مقبرہ کے پاس [illegible] گولی سے ہلاک کیا گیا اور ان کی لاش کو قریب کی ایک خندق میں پھینک دیا گیا۔ سزا کی تصدیق فوجی گورنر نے کر دی ہے۔ اس سلسلہ میں عنقریب ایک فوجی حکم جاری ہوگا۔ (اپ)

حیدرآباد میں مسلم کنونشن کو توڑ دیا گیا

حیدرآباد یکم جون - حیدرآباد مسلم کنونشن جس کے صدر ڈاکٹر سید عبد اللطیف تھے ختم کر دی گئی ہے۔ کنونشن کے سکریٹری مولانا نور اللہ حسینی [illegible] نے اس جماعت کو توڑنے کا اعلان کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ۲۸ مئی ۱۹۴۹ء کو ڈاکٹر سید عبد اللطیف کی صدارت میں کنونشن کی آخری میٹنگ ہوئی۔ جس میں ورکنگ کمیٹی کو اختیار دیا گیا کہ مسلم کنونشن کو ختم کر دے اور [illegible]

مسلم کنونشن نے اپنے ایک جلسہ میں جس میں [illegible] ڈاکٹر سید عبد اللطیف نے کی تھی۔ یہ فیصلہ کیا تھا کہ مسلمان سیاسی پارٹی میں شامل نہ ہوں۔ (اپ)

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل

گوڈسے سازش تسلیم نہیں کرتا

شملہ یکم جون - مشرقی پنجاب ہائیکورٹ میں اپنی بحث جاری رکھتے ہوئے ناتھورام گوڈسے نے [illegible]

منطقی نتیجہ یہی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ انہیں گاندھی جی کے قتل سے پہلے قتل کی سازش کی کوئی اطلاع نہیں ملی تھی اگر ان گواہوں کو ۲۰ جنوری کو بھی سازش کا علم ہوتا تو بمبئی پولیس اس بنا پر مدن لال سے پوچھ گچھ کرتی لیکن ریکارڈ پر اس امر کی شہادت موجود ہے کہ بمبئی پولیس نے ۲۰ جنوری تک مدن لال سے پوچھ گچھ نہیں کی تھی۔ اگر ڈاکٹر جین نے فی الحقیقت ۲۱ جنوری کو گاندھی جی کے قتل کے منصوبہ کا انکشاف مرارجی ڈیسائی کو کر دیا ہوتا تو گاندھی جی کی زندگی کو بچانے کے لئے کم از کم پونہ اور احمد نگر کے تین چار سی - آئی - ڈی کے افسروں کو دہلی میں برلا ہاؤس پر ضرور تعینات کر دیا جاتا۔ ملزم گوڈسے نے کہا کہ سرجیت سنگھ اور بہادر سنگھ اور مرینہ ہوٹل کے گواہوں کی شہادتیں [illegible] جنوری کو گوپال کے دہلی میں موجود ہونے کو ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں لہذا ان شہادتوں کو رد کر دینا چاہئے۔ [illegible] مہاراج اور دادا مہاراج کی شہادتیں بھی قابل اعتبار نہیں ہیں۔ ۲۱ جنوری کو مرینہ ہوٹل میں ملزم کے اکٹھے ہونے اور ملزمان میں اسلحہ کی تقسیم وغیرہ کے متعلق باڈگے کی شہادت کی بھی تائید نہیں ہوتی۔ اگر ملزمان سازش کرنا چاہتے تھے تو اس کے لئے مرینہ ہوٹل کی بجائے ہندو مہاسبھا بھون بہترین جگہ تھی۔ (ا-پ)

"سیرۃ"

سید احمد شہید (قدس سرہ العزیز)

از

حضرت مولانا ابوالحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

حضرت شہید قدس سرہ کی پُرخلوص شہادت اور قربانی اور حضرت مصنف مدظلہ العالی کی خوبی تحریر کا اثر ہے کہ یہ کتاب بار بار طبع ہوئی اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی۔ مشتاقان مطالعہ کی طرف سے حصول مزید کی صدا باقی رہ گئی۔ عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی۔ خدا خدا کر کے اس کے پانچویں ایڈیشن کی جلد اول طبع ہو سکی ہے۔ اس مرتبہ اس کتاب میں بہت سی قلمی کتابوں، رسالوں اور خطوط سے گرانقدر معلومات کا اضافہ کیا گیا ہے اور مصنف کی جدت فکر نے ایسے نکات پیدا کر دئے ہیں کہ یہ کتاب گویا پہلی کتاب ہی نہیں رہی بلکہ ایک تازہ تصنیف ہو گئی ہے جو ظاہری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے نقش اول سے زیادہ مکمل زیادہ جامع اور زیادہ دلچسپ ہے۔ اس مرتبہ سائز بڑا کر دیا گیا ہے یعنی ۲۶×۲۰/۸ طباعت اور کاغذ اعلیٰ ہے۔ ٹائٹل خوبصورت حضرت شہید سے متعلق دو تحریروں کے عکس اور چند مکانات اور مسجدوں کے فوٹو بھی کتاب میں شامل کر دئے گئے ہیں۔ بہت ممکن ہے اپنی ممتاز افادیت اور نرالی جاذبیت کی وجہ سے یہ ایڈیشن پہلے ایڈیشنوں سے بھی کم مدت میں نایاب ہو جائے۔ اور شائقین کو بعد میں کف افسوس ملنا پڑے۔ لہذا فوراً کتاب منگا لینا چاہئے۔ قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بکڈپو - دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی

علاج مخفی وپوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما ۸ جی بی روڈ دہلی

سے ملیں یا [illegible] مفت طلب کریں

روزانہ

دہلی

الجمعیۃ

۴ جون ۱۹۴۹ء

علیحدگی پسندی

کل کے افتتاحیہ میں جو کچھ عرض کیا گیا تھا اس سلسلہ میں ان لوگوں کے لئے جن کا فکری مزاج معتدل ہے اور جن کا ذہن گذشتہ حوادث سے مرعوب اور ماؤف نہیں ہوا ہے چند باتیں پیش کرنا چاہتے ہیں۔

(۱) اول یہ کہ حکومت کی طرف سے قرارداد مقاصد کے ذریعہ ہر طبقہ کو اپنے کلچر اپنی زبان، اپنی معاشرت اور اپنے مذہب کی حفاظت کا حق دیا گیا ہے، اس کے معنی یہ ہیں کہ حکومت کسی خاص کلچر اور زبان کو کسی کے سر زبردستی منڈھنا نہیں چاہتی اور اسے اعتراف ہے کہ مختلف تمدن اور معاشرتوں کی ترقی سے عوام میں علیحدگی پسندی کا رجحان پیدا نہیں ہوگا، کیونکہ ہندوستان کا کوئی کلچر خواہ وہ ہندو کا ہو یا مسلمان کا غیر ملکی نہیں ہے کیونکہ ہندو مسلمان غیر ملکی نہیں ہیں، اب جمعیۃ علماء کا قصور یہی ہے کہ اس نے قرارداد مقاصد کو لبیک کہا اور اس پر عمل کرنے کے لئے اپنے دائرہ عمل کو تمدن، زبان، معاشرت اور تعلیم میں محدود کر دیا، اب جو شخص یہ کہتا ہے کہ جمعیۃ علماء علیحدگی پسندی کے رجحان کو ترقی دے رہی ہے کیونکہ اس نے مسلم کلچر، مسلم معاشرت اور مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کا ذمہ لیا ہے تو وہ در اصل جمعیۃ علماء کے پردہ میں حکومت کو فرقہ پرست اور احمق قرار دے رہا ہے اور اس کا کہنا ہے کہ حکومت نے مختلف تمدنوں، زبانوں اور معاشرتوں کو آزادی عطا کر کے علیحدگی پسندی کی حمایت کی ہے، مگر کیا کوئی شخص ایک لمحہ کے لئے بھی تسلیم کر سکتا ہے کہ حکومت فرقہ پرست ہے، اور وہ جمہوری ملک میں علیحدگی پسندی کا بیج بو رہی ہے، کیا یہ کہنا حکومت کی پالیسی پر براہ راست حملہ نہیں؟ اور کیا ایسے لوگ حکومت کے وفادار کہلا سکتے ہیں؟

(۲) دوم یہ کہ جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ کیا بتا رہی ہے؟ کیا اس نے پچاس سال کے عرصہ میں کڑے سے کڑے امتحان میں اپنی استقامت کا ثبوت نہیں دیا؟ کیا نازک سے نازک وقت میں کبھی اس کے قدم میں لغزش پیدا ہوئی؟ اس نے کبھی انگریز کو منہ لگا کر کانگریس اور تحریک آزادی کو نقصان پہنچایا؟ کیا کبھی اس نے ہندو مسلم منافرت کو گوارا کیا؟ کیا اس نے دو قومی نظریہ کی مخالفت کانگریس سے پہلے نہیں کی؟ [illegible] کوئی بھی ایسا کام کیا جس سے اس کی [illegible] اعتماد مشکوک ہو گیا ہو اور وہ ملک میں بھروسہ کے قابل نہ رہی ہو؟ پھر آج کے آزادی اور جمہوریت کے دور میں یہ کیوں شبہ ڈالا جا رہا ہے کہ جمعیۃ علماء مسلم کلچر، مسلم معاشرت، مسلمانوں کی تعلیم اور مذہب کی [illegible] حفاظت کر کے دوسری فرقہ پرست جماعتوں کی طرح علیحدگی پسندی کے رجحان کو ترقی دے رہی ہے؟ کیا جمعیۃ علماء پاگل ہے کہ وہ انگریز کے کہنے سے تو افتراق نہ ڈال سکی، فرقہ پرستوں کے کہنے میں آکر خود فرقہ پرست بننے کے لئے تیار ہو گئی؟

(۳) سوم یہ کہ جمعیۃ علماء نے جن امور تک اپنی جدوجہد کو محدود رکھنا چاہتی ہے، اس میں دوسروں کے ساتھ ٹکراؤ ہے؟ کیا مسلمان کوئی اور قوم ہیں جن کے غیر قومی کلچر اور تعلیم کو ختم ہو جانا چاہئے؟ مسلم کلچر سے خوف کھانا کیوں ہونا چاہئے جب مسلمان کوئی علیحدہ قوم نہیں اگر وہ قومیت متحدہ ہی کا جزو ہیں تو کیا ان کا کلچر قومی نہیں؟ ان کی تعلیم قومی نہیں؟ ان کی معاشرت قومی نہیں؟ اگر یہ سب متحدہ قومیت ہی کے مظاہر ہیں تو انہیں ترقی دینے والے کو علیحدگی پسندی کا الزام کس طرح دیا جا سکتا ہے؟ جو لوگ یہ بھی پسند نہیں کرتے کہ جمعیۃ علماء مسلمانوں سے خطاب کرے کیونکہ اس سے علیحدگی پسندی کے رجحان کو شہ ملتی ہے تو پھر پنڈت جواہر لال نہرو سے بھی دریافت کرنا چاہئے کہ وہ فساد کے موقعہ پر مسلمانوں کو بچانے کے لئے بہار کیوں تشریف لے گئے؟ اور گاندھی جی نے دہلی کے مسلمانوں کی خاطر مرن برت کیوں رکھا؟ یہ بات سردار پٹیل سے بھی پوچھنی چاہئے کہ انہوں نے مرکزی اسمبلی میں ریزرویشن کو اڑا دیتے ہوئے مسلمانوں کو تسلی کیوں دی؟ اور یہ کیوں کہا کہ مسلمان کسی قسم کا خوف نہ کریں؟ مدراس اسمبلی نے ہندو مرد کے لئے دو عورتوں سے زیادہ شادی کی کیوں ممانعت کی؟ خاص ہندوؤں کے لئے قانون کیوں بنایا؟ مرکزی اسمبلی میں ہندو کوڈ بل پیش کرنے اور خاص ہندوؤں سے خطاب کرنے کی کیوں اجازت دی گئی؟ حکومت نے مشرقی پاکستان کے ہندوؤں کی خاطر پاکستان گورنمنٹ سے کیوں معاہدہ کیا؟ سردار پٹیل نے یہ کیوں کہا کہ حیدرآباد دکن میں نوے فیصدی ہندو ہیں؟ کیا یہ سب لوگ علیحدگی پسند ہیں؟ کیا یہ خاص ہندوؤں کے ساتھ خطاب کرنے سے فرقہ پرست بن گئے؟ پھر جمعیۃ علماء ہند کے لئے ہی یہ بات کیوں حرام ہو گئی ہے کہ وہ مسلمانوں سے خطاب کرے اور ...... کلچر، مذہب، زبان اور تعلیم کے معاملات میں ان کا ہاتھ بٹائے۔

بات یہ ہے کہ جب انسان خوفزدہ ہوتا ہے اور ساتھ ہی غیر ذمہ دار تو اسے ایک بھی دو ہی نظر آتے ہیں، اور جب اس پر خوف طاری ہوتا ہے اور اس کا ذہن معطل ہو جاتا ہے تو وہ [illegible] نہیں مانتا ہم ہم کہ ایک ہی کی رٹ لگاتا ہے [illegible] آزادی سے پہلے فرقہ پرستوں نے جمعیۃ علماء کو [illegible] کانگریس کا تنخواہ دار کہا، آزادی کے بعد وہ ایسے قوم پرست ہیں کہ جب تک جمعیۃ علماء کو فرقہ پرست نہ کہہ لیں انہیں اطمینان ہی نہ ہوتا! بعض فرقہ پرست ہندو احساس برتری میں مبتلا ہو گئے اور جمعیۃ علماء کو بھی خاطر میں نہ لائے، اور بعض مسلمان احساس کمتری میں ایسے مبتلا ہوئے کہ انہیں جمعیۃ علماء کی تہذیبی، تعلیمی اور مذہبی جدوجہد میں بھی فرقہ پرستی کی بو آنے لگی! نتیجہ ایک ہے کہ ایک افراط میں مبتلا ہوا تو دوسرا تفریط میں، ایک غرور اور انانیت میں آگے نکل گیا اور دوسرا رعب ہی رعب میں کچھ مر نکل گیا اور اس قدر ڈرا کہ اپنی خودی اور خودداری کو بھی بھلا بیٹھا

تعلیمی مرکز

جن لوگوں کے دماغ بے نور ہیں انہیں روشن کرنے کے لئے، جامعہ ملیہ دہلی نے شہر کے مختلف مقامات پر تعلیمی مرکز کھولے ہیں جن میں بچوں اور بڑوں کی ذہنی تربیت کے لئے تعلیم وتلقین کا سلسلہ جاری ہے اور یہ مرکز بہت بڑی تعلیمی خدمات انجام دے رہے ہیں اسی طرز کا ایک مرکز احاطہ کالے صاحب میں بھی ایک سال سے قائم ہے جس کی نگرانی کے لئے مولانا عزیز الرحمن صاحب ابن حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کو مامور کیا گیا ہے مولانا موصوف نے اس تربیت کا جو انوکھا اور جدید طریقہ ایجاد کیا ہے وہ نہ صرف طلباء کے لئے بلکہ ہر رہگذر و مسافر کے لئے بھی مفید ہے، تعلیم کے مختلف نقشے دنیا کی خبروں کا چارٹ، دقیع اخبارات کے تراشے اور ملکی حالات پر تبصرے بڑی کاوش سے مرتب کئے جاتے ہیں جنہیں دیکھ کر ہر شخص ایک ہی نظر میں حالات کے پس منظر اور پیش منظر سے واقف ہو کر سیاسی اور تعلیمی بصیرت حاصل کر سکتا ہے، مولانا عزیز الرحمن اس اہم کام کے لئے ہر وقت سیماب وار مضطرب رہتے ہیں اور بڑی جانفشانی کے ساتھ ہر چیز مہیا کر کے تعلیمی بورڈ پر چسپاں کرتے ہیں، لیکن ظاہر ہے کہ تعلیم و تربیت کا یہ سلسلہ [illegible] اخلاقی تعاون کے زیادہ دیر تک نہیں چل سکتا، اس لئے اگر ہم علم دوست اور ایثار پیشہ حضرات کو مالی امداد کی طرف توجہ دلائیں تو بیجا نہ ہوگا، دہلی کے لوگوں نے جان ومال کے اتلاف کا کافی تجربہ حاصل کر لیا ہے اگر وہ اس تعلیمی مرکز کے لئے بھی دست اعانت بڑھائیں اور اس تعمیری کام کو اپنا کام سمجھیں تو انہیں یہ محسوس نہ ہوگا اور ملت کی ایک بہت بڑی خدمت انجام پاتی رہے گی، ہمیں امید ہے کہ مخیر حضرات اس تعلیمی مرکز کو امداد بہم پہنچانے کا شرف حاصل کریں گے۔

اچھی باتیں

ان الذین آمنوا - تا - ممنون
(پ ۳۰ ع ۱۵)

جو لوگ ایمان لاکر اچھے کام کرتے ہیں انہیں
اس کی ایسی جزا دیجائے گی جو کبھی ختم نہ ہوگی۔

ایمان (یقین علم صحیح) اور عمل صالح دین اور دنیا کی ترقی کے سرچشمے ہیں تاریخ کو اٹھا کر دیکھو انسان کی ظفرمندی اور کامیابی میں علم صحیح اور عمل صالح ہی کو دخل حاصل رہا ہے پہلے انسان کو اپنے پروگرام اور مقصد پر پورا یقین ہو اس کے بعد سرفروشانہ جدوجہد ہو قربانی ہو ایثار ہو تو انسان کامیاب رہتا ہے اور خدا اس کی محنت کو ٹھکانے لگاتا ہے۔ اپاہج قوموں نے جو شک کے مرض میں مبتلا ہوں کبھی کامیابی حاصل نہیں کی پس جو انسان پورے یقین کے ساتھ حرکت وعمل کے میدان میں نکل آتا ہے وہ ضرور کامیاب ہو کر رہتا ہے اور وہ ضرور اپنے کئے کا پھل پاتا ہے۔

لیبیا

محمد سلیمان صابر

اقوام متحدہ نے حال ہی میں سابقہ نوآبادیات کے مستقبل پر غور کیا ہے ان نوآبادیات میں اریٹریا اور اطالوی صومالی لینڈ کے علاوہ لیبیا (LIBYA) بھی شامل ہے جو بحیرہ روم کے کنارے شمالی افریقہ کا وہ ملک ہے جس کی سرحدیں مغرب میں تیونس اور الجزائر سے اور مشرق میں مصر سے ملتی ہیں - لیبیا کا رقبہ چھ لاکھ ۵۰ ہزار مربع میل اور ۱۹۳۸ء کی مردم شماری کے مطابق آبادی دس لاکھ نفوس پر مشتمل ہے ان میں تیس ہزار یہودی [illegible] اور باقی عرب ہیں۔

لیبیا کی مختصر تاریخ یہ ہے کہ سولہویں صدی میں یہ سلطنت عثمانیہ میں شامل کیا گیا لیکن بعد کو سلطنت عثمانیہ کے زوال کے بعد ۱۹۱۱ء میں اٹلی نے اس پر قبضہ کر کے اسے اپنی نوآبادی بنا لیا لیکن دوسری جنگ عظیم میں جب اتحادیوں کے ہاتھ سے اٹلی کی دوسری نوآبادیاں نکل گئیں تو ۱۹۴۳ء میں لیبیا بھی اس سے چھوٹ گیا۔

سلطنت عثمانیہ کے چار سو سالہ دور میں لیبیا کو ایک خود مختار سیاسی درجہ حاصل رہا اس کی وجہ یہ تھی کہ اسلامی خلافت میں ترکوں اور عربوں کی حیثیت برابر تھی مرکز کی طرف سے کسی وقت بھی کسی عرب ملک کے اندرونی معاملات میں [illegible]

[illegible] لیبیا کو [illegible] بڑی طرح کچلا گیا [illegible] بچوں اور عورتوں کو تہ تیغ کیا گیا [illegible]

دنیا کی دوسری جنگ عظیم لڑی گئی۔ اس کے متعلق اعلان کیا گیا کہ وہ چھوٹی قوموں کا [illegible] کرانے اور دنیا کے اندر [illegible] امن قائم کرنے کے لئے لڑی جا رہی ہے - باشندگان لیبیا نے اس موقع کو غنیمت جانا اور انہوں نے اپنی اس جنگ آزادی کو اور تیز کر دیا۔ جو وہ گذشتہ تیس سال سے لڑ رہے تھے، اپنے ملک کے اندر رہ کر بھی اور ہمسایہ ممالک میں پہونچ کر بھی۔

آزادی کی اس جنگ میں جہاں شیخ عمر مختار کا نام ایک ہیرو کی حیثیت سے آتا ہے وہاں السید محمد ادریس السنوسی کا نام بھی تاریخ میں سنہری حرفوں میں لکھا جائے گا۔ یہ سید محمد ادریس ہی کی ذات تھی جس نے مصر میں بیٹھ کر چودہ ہزار سپاہیوں پر مشتمل ایک فوج تیار کی اور یہ فوج تھی جس نے اتحادیوں کے ساتھ مل کر [illegible] اور شمالی افریقہ میں جنرل رومل اور جرمنی کی فوجوں کو شکست دینے میں اپنا پارٹ ادا کیا۔

اختتام جنگ کے بعد لیبیا کے باشندوں کو امید تھی کہ وہ آزادی کی ہوا میں سانس لے سکیں گے اور غلامی کی وہ لعنت جس میں [illegible] ختم ہو جائے گی لیکن ان کی تمام امیدیں یاس وحسرت میں بدل گئیں جب انہوں نے دیکھا کہ [illegible] جرمنی کے غلام بنے تھے - لیبیا کے دس لاکھ باشندوں کے لئے اس سے زیادہ حیرت انگیز اور افسوسناک بات اور کیا ہو سکتی تھی کہ جس اٹلی نے جرمنی کے ساتھ مل کر کمزور قوموں کو تہ تیغ کیا اور دوسروں کے حقوق غصب کئے، اسی اٹلی کے مردہ جسم میں امریکہ اور برطانیہ پھر سے جان ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں لیبیا کے مستقبل کے متعلق جو خاکہ پیش کیا گیا یہ تھا کہ [illegible] اس کے مشرقی صوبہ سائرینیکا کو [illegible]

گویا ایک ایسے ملک کی وحدانیت کو ختم کرنے کا منصوبہ تیار کیا [illegible] لیبیا کے [illegible] نسل اور معاشی [illegible] تمدن اور زبان کے لحاظ سے بھی ایک ہیں [illegible] باشندگان لیبیا کی طرف سے اس کی سخت مخالفت کی گئی اور انہوں نے اس کے خلاف مظاہرے کئے۔ ہندوستان، روس، پاکستان اور دوسرے ایشیائی ممالک کی تجویز یہ تھی کہ لیبیا کے نہ تو ٹکڑے کئے جائیں اور نہ اسے دیگر ممالک کی تولیت میں دیا جائے بلکہ اسے براہ راست اقوام متحدہ کی تولیت میں رکھا جائے۔ دس سال کے بعد اسے آزاد کر دیا جائے۔

یہ تجویز بھی اگرچہ باشندگان لیبیا کی خواہشات کے مطابق نہ تھی لیکن تاہم اس سے یہ امکان ختم ہو جاتا کہ کوئی طاقت لیبیا کو دائمی طور پر غلام بنا سکے گی۔ دوسرے معنوں میں اسے لیبیا کے باشندوں کی آزادی کی ضمانت کہا جا سکتا تھا۔ [illegible] منظور کرنے کی طرف مائل ہو جاتے۔

جس وقت مختلف اسکیمیں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پیش ہوئیں تو دنیا کی نظریں اس طرف لگی تھیں [illegible]

افسوس ہے کہ [illegible]

پاکستان کی ایک جھلک

(ذیل میں چند پاکستانی اخبارات کے اقتباسات درج کئے جاتے ہیں)

جشن ایران

وائی ایم سی اے کراچی میں جشن ایران منایا گیا، ایران مسلم ثقافت کا گہوارہ اور روایات ملیہ کا بہترین مظہر رہا ہے۔ بلکہ علوم وفنون اسلامی کی تدوین وتشریح میں تو ایران کا حصہ عرب سے بھی زیادہ ہے۔ لیکن جس طرح تمام عالم اسلام میں مغربی تہذیب وتمدن اس وقت غالب ہے اور غیرت وحمیت ملیہ کا [illegible] ہے اسی رنگ میں ایران بھی رنگ گیا، اور غالباً تمام اسلامی ممالک سے زیادہ۔ چنانچہ جشن ایران کے سلسلہ میں لڑکیاں منظر عام پر نیم عریاں لباس میں [illegible] اور گائیں۔ بدقسمتی سے ان کی اس حرکت کو خود ایران کی نمائندہ ایرانی ثقافت سے تعبیر کیا، اور ممکن ہے کہ غیر مسلم ناظرین نے اسے اسلامی ایران کی ثقافت ہی سمجھا ہو۔

اس قسم کی حرکتیں اگر سرکاری طور پر پاکستان کے دارالحکومت [illegible]

(ڈان - کراچی)

شاہ انگلستان کی وفاداری

مسٹر لیاقت علی خاں نے کامن ویلتھ اور پاکستان کے تعلقات کے متعلق فرمایا کہ ان کا فیصلہ کرنا پاکستان اسمبلی کا کام ہے لیکن یہ ان کو معلوم نہیں کہ قرارداد مقاصد منظور کرنے کے بعد وہ اصولاً اس کا فیصلہ کر چکی ہے۔ کوئی معقول اور دیانتدار آدمی [illegible] کے ذیل کے مطابق اللہ کی حاکمیت کے اعتراف کے بعد بادشاہ برطانیہ کی وفاداری کو قرارداد مقاصد کے مطابق قرار نہیں دے سکتا آئینی اعتبار سے یہ بات ہرچند ابھی طے نہیں ہوئی کہ پاکستان کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہتا ہے مگر [illegible]

ہم پوری خیرخواہی کے ساتھ اپنے وزیراعظم کی خدمت میں عرض کرنا چاہتے ہیں کہ اگر وہ اپنے ہی اصولوں کے مطابق پاکستان [illegible] چاہتے ہیں اور اس کو اسلام کے [illegible] کے قابل بنانا چاہتے ہیں تو انھیں سب سے پہلے یہ کام ہی ذات سے شروع کرنا چاہئے اور اپنے تصرف سے اصلاح کا آغاز کرنا چاہئے۔ [illegible] ہر مسلمان کے ہاتھ میں دیا ہے یہ معیار لیاقت علی خاں کے پاس بھی ہے۔ وہ اپنے ماحول کو اس کے مطابق بنائیں۔ ان کو دیکھ کر ان کے گرد وپیش کی اصلاح ہوگی۔ ان کے رفقاء کی اصلاح ہوگی۔ [illegible]

کرتے ہوئے جہاں اور بہت سی باتیں کہی ہیں - وہاں آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ:-

"ہم ایک ایسا نظام وجود میں لانا چاہتے ہیں جس کا اساس اسلامی اخوت، مساوات اور عدل وانصاف کے اصول ہوں جو روحانی قدروں کے مقابلہ میں ہماری زندگی کو مقدم سمجھے جس میں ہر شخص کو اس کی محنت کا اجر ملے، جو امیر اور طاقتوروں کو یہ موقعہ نہ دے کہ وہ غریبوں اور کمزوروں کو دبا سکیں، جس میں ہر شخص کے لئے کھانے کپڑے اور تعلیم کا انتظام ہو"

مختصر یہ کہ بقول وزیراعظم ہمارے پیش نظر یہ ہے کہ تمام شہریوں کو ہر قسم کے احتیاج سے نجات مل جائے۔ اور وہ خوش حال اور آسودہ ہوں۔

ہمارے وزیراعظم کے یہ ارشادات کتنے دلکش اور حوصلہ افزا ہیں۔ اور سچ پوچھئے تو یہ ان [illegible] ہر پاکستانی کے دل کی [illegible]

[illegible]

(آفاق - لاہور)

بیگم لیاقت علی خاں اور پردہ

[illegible] بیگم لیاقت علی خاں کے طرز عمل پر کئی مرتبہ اظہار خیال کر چکے ہیں لیکن بیگم صاحبہ ہی [illegible] ایسی باتیں اکثر کرتی ہیں [illegible] آئی ہیں اس پر تنقید کا موقعہ ملتا ہے۔ آنجہانی بیگم لیاقت علی خاں مستشرقین کی کانفرنس کے سلسلہ میں انگلستان تشریف لے گئے بیگم صاحبہ نے قیام لندن کے دوران میں حال ہی میں اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پاکستانی خواتین ترقی کے میدان میں بہت آگے بڑھ رہی ہیں [illegible] آپ نے انگلستان کے لوگوں کو یہ خوشخبری بھی سنائی ہے کہ پاکستان کی ۹۰ فیصدی خواتین نے پردہ ترک کر دیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون - پاکستان کی اسلامی سلطنت جہاں قرآن اور سنت کا قانون نافذ ہونے والا ہے وہاں کی خواتین کی حالت کا [illegible] بیگم صاحبہ [illegible]

(الجماعت - کراچی)

باتوں پر عمل کب ہوگا؟

[illegible]

انقلاب نام ستیہ ہے!

بنارس ۳ جون - [illegible] کے جلوس میں رام نام ستیہ ہے کے جو الفاظ پکار پکار کر پڑھے جاتے ہیں مقامی کمیونسٹوں نے ایک [illegible] مرگھٹ لیجاتے ہوئے ان کو بدل کر انقلاب نام ستیہ ہے کر دیا۔ [illegible]

مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آتشبازی

محترمی! السلام علیکم

آج کل مسلمان محلوں میں مروجہ آتشبازی کا کاروبار [illegible] ہو رہا ہے۔ بچے بھی گلی کوچوں میں آتشبازی [illegible] ہوا کرتے نظر آتے ہیں۔ بچوں کو کیا کہا جا سکتا ہے۔ افسوس ان کے والدین پر ہے جن کو اپنے بچے [illegible]۔ ان کو اپنی معاشی بدحالی کا احساس اور نہ قومی ہمدردی کا شعور ہے۔ [illegible]

(محمد عابد خاں دیوبندی)

کمیونزم اور ہم

جناب حکیم تسلیم

آج کل اخبارات کے صفحات میں لیڈروں کی زبان پر کمیونزم کے خلاف لمبے چوڑے دعوے نظر آتے ہیں۔ کمیونزم کی مذمت کی جاتی ہے۔ مگر اس کے محرک کے متعلق [illegible] عوام کی بے اطمینانی [illegible] کا علاج نہیں کیا جاتا۔ [illegible]

(مقبول احمد قریشی سہارنپور)

حکومت یوپی متوجہ ہو

مکرمی ایڈیٹر صاحب تسلیم

حکومت یوپی نے گاؤں پنچایتوں کی ایک اسکیم جاری کی تھی۔ [illegible] ممبروں کا انتخاب ہوا تھا۔ لیکن آج تین ماہ اس دن ہو چکے ہیں۔ مگر ابھی تک [illegible] ضلع مظفر نگر

سوتی کپڑے پر محصول برآمد ہٹا دیا گیا

نئی دہلی یکم جون۔ حکومت ہند نے [illegible] سوتی کپڑے پر ۲۵ فی صدی محصول برآمد [illegible]

تلہن کی سرمائی فصل کے متعلق دوسرا اندازہ

دہلی ۔ ۳ جون۔ [illegible] تلہن کی سرمائی فصل کے متعلق حسب ذیل دوسرا اندازہ شائع ہوا ہے۔ [illegible]

وزیروں اور گورنر کے اختیارات

دستور ساز اسمبلی میں مزید بحث

دفعہ ۱۴۴

ڈاکٹر امبیڈکر نے ترمیم شدہ دفعہ ۱۴۴ پیش کی جس میں کہا گیا ہے کہ گورنر [illegible] وزیر اعظم مقرر کرے گا اور دیگر وزیر [illegible] گورنر مقرر کرے گا۔ [illegible]

والیان ریاست اڑیسہ سے

مسٹر مینن کی گفت و شنید

[illegible]

یونان کے بے گھروں کی آبادکاری

ایتھنز ۔ یکم جون۔ [illegible]

> ہفت روزہ الجمعیۃ میں اشتہار
> دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

۱۸، ۱۹ جون کو دہلی کالج ہال میں یوم غالب منایا جائیگا

بزم مقالات و مشاعرہ منعقد کرنے کیلئے عظیم الشان پروگرام

دہلی ۲ جون ۔ انجمن تعمیر اردو دہلی نے ۲۹، ۳۰ مئی کو یوم غالب منانے کا فیصلہ کیا تھا جس کو بعد ازاں بمبئی میں انجمن ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس ہونے کے باعث ۱۸، ۱۹ جون پر ملتوی کرنا پڑا۔

یہ تقریب ۱۸، ۱۹ جون کو دہلی کالج ہال (سابق اینگلو عربک کالج) میں منائی جارہی ہے۔ ۱۸ تاریخ کو بزم مقالات منعقد ہوگی جس میں ہندوستان کے مشہور ادیب اور اہل قلم حضرات غالب کی زندگی اور کلام کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیں گے [illegible] شام کو ۵ بجے شروع ہوگا [illegible] اس کی صدارت فرمائیں گے۔

۱۹ جون کو شب میں ۸ بجے مشاعرہ منعقد ہوگا امید ہے کہ وہ آل انڈیا ریڈیو سے نشر کیا جائے گا امید ہے کہ ڈاکٹر رائے بہادر رام بابو سکسینہ، ڈاکٹر عابد حسین، ڈاکٹر سر شانتی سروپ بھٹناگر، [illegible] کیفی، پروفیسر زار دہلوی، منشی بشیشر پرشاد منور لکھنوی، پروفیسر آل احمد سرور ایم ۔ اے، ڈاکٹر عبادت حسین بریلوی، منشی شیش چندر طالب، پروفیسر بھگوت پرشاد، طالب دہلوی اور عرش ملسیانی مقالات اور غالب پر نظمیں پڑھیں گے۔

ڈاکٹر حتی جنوبی سماٹرا جا رہے ہیں

نئی دہلی ۔ یکم جون ۔ انڈونیشی ری پبلک نمائندہ کے بیان کے مطابق انڈونیشین ری پبلک کے نائب صدر ڈاکٹر محمد حتی ۴ جون کو بنکاک سے جنوبی سماٹرا کے ریسیڈنسی کے دارالخلافہ کو روانہ ہو جائیں گے۔ [illegible] اقوام متحدہ کمیشن کے ساتھ سفر کریں گے۔ یہ پہلا موقعہ ہے کہ ری پبلکن لیڈر گذشتہ سال ۱۹ دسمبر کو جو گجاکارتا میں گرفتاری کے بعد [illegible] سکیں گے۔ (اپ)

فرانسیسی ہند کے کمشنر پنڈت نہرو سے ملینگے

پانڈیچری ۔ فرانسیسی ہند کے نئے کمشنر [illegible] پنڈت نہرو سے بھی ملاقات کریں گے۔ [illegible] ہندوستان اور فرانس کے تعلقات [illegible] (اپ)

پیداوار نہ بڑھنے کی ذمہ داری سرمایہ داروں پر ہے

اٹاوہ میں اچاریہ نریندر دیو کی تقریر ۔ حکومت کی پالیسی پر نکتہ چینی

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) سوشلسٹ لیڈر اچاریہ نریندر دیو نے ضلع کا [illegible] دورہ کیا۔ [illegible] آپ نے فرمایا کہ [illegible] کسان مزدور مصیبت میں ہے [illegible] ہماری حکومت سرمایہ داروں کی حمایت کرتی جارہی ہے کسانوں اور مزدوروں کا خیال نہیں [illegible] آبادی بڑھ رہی ہے لیکن پیداوار نہیں بڑھتی اس کی ذمہ دار ملک کے سرمایہ دار ہیں [illegible] آخر میں آپ نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنی ذہنیت تبدیل کرنا چاہیئے [illegible] ایک روپیہ کی تحصیل دی گئی۔

جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور کی مجلس عاملہ کا اجلاس

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) ۲۶ مئی کو جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس زیر صدارت مولانا [illegible] منعقد ہوا جس میں مجلس عاملہ نے غور و فکر کے بعد حسب ذیل اہم تجویزیں پاس کیں۔ [illegible]

ہائی اسکول اصلاح المسلمین کے لئے امدادی فنڈ

انجمن اصلاح المسلمین [illegible] ہائی اسکول [illegible]

حاجیوں کے متعلق کمیٹی کا قیام

دہلی یکم جون ۔ [illegible]

جامع مسجد کی پٹڑیوں پر بیٹھنے والوں کا جلسہ

[illegible]

ہم ایک دوسرے کو شک کی نظر سے دیکھتے ہیں

سہارنپور میں کاظمی صاحب کی تقریر

سہارنپور ۔ ۳۱ مئی ۔ (بذریعہ ڈاک) انجمن اتحاد و ترقی کے زیر اہتمام گذشتہ چوک فوارہ پر ایک جلسہ [illegible] منعقد ہوا [illegible] کاظمی نے تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ ہندوستان کو آزادی مل گئی [illegible]

میونسپل ملازموں کیلئے نئے قوانین

کانپور ۔ یکم جون ۔ حکومت کے نئے مسودہ قوانین کے تحت آئندہ کوئی میونسپل ملازم بورڈ کے چیرمین کی پیشگی اجازت کے بغیر نہ کسی کا تحفہ یا انعام قبول کر سکے گا [illegible] سیونسپل ملازم [illegible]

اٹاوہ کی خبریں

(نامہ نگار خصوصی)

سوشلسٹ پارٹی کا پارلیمنٹری بورڈ

[illegible]

حاجیوں کی روانگی

[illegible]

غلہ وصول ہو رہا ہے

[illegible]

طبیہ کالج پٹیالہ کی سندات

[illegible]

یوپی کے کونہ کونہ سے

[illegible] اجازت کے بغیر بعض مستثنیات کے علاوہ کوئی بھی دوسری ملازمت نہ کر سکے گا اور نہ ہی تجارت کر سکے گا۔ [illegible] (ن ۔ ق)

کانپور کی خبریں

[illegible]

لکھنؤ کی فلور ملوں کا جھگڑا

[illegible]

انسانیت سکھانے کا نتیجہ

[illegible]

حضرت مولانا بشیر احمد گلاؤٹھی میں

گلاؤٹھی (بذریعہ ڈاک) ۲۸ مئی [illegible] حضرت مولانا بشیر احمد صاحب [illegible]

مشرق وسطی کی بڑھتی ہوئی اہمیت

اخبار الاہرام کا تبصرہ

قاہرہ [illegible]

> جمعیۃ علماء نمبر
> مفت حاصل کیجئے
> ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کرنا ہو تو ایک سال کا چندہ بارہ روپے یا چھ ماہ کا چندہ چھ روپے آٹھ آنہ منی آرڈر سے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریدار بن جائیے۔ ورنہ آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگا لیجئے۔
> منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی

> رائٹر اور ایسوسی ایٹڈ پریس کی
> ٹیلی پرنٹر سے دی ہوئی تازہ ترین خبریں
> [illegible]
> (منیجر روزنامہ الجمعیۃ دہلی)

یوپی کے کونہ کونہ سے

(بقیہ صفحہ ۴)

کمیونسٹ تصادم کراتے ہیں

لکھنؤ ۔ ۲ جون ۔ یوپی کے وزیر خوراک مسٹر [illegible] نے بتایا کہ حال ہی میں ضلع بریلی کے گاؤں میں دیہاتیوں اور غلہ جمع کرانے والے افسروں میں جو تصادم ہوئے تھے وہ کمیونسٹوں کے اکسانے پر ہوئے تھے ان حادثات میں تین دیہاتی ہلاک اور ۲۷ زخمی ہوئے تھے [illegible] (اپ)

مرزاپور میں مسلح ڈاکہ

مرزاپور کے قریب ایک گاؤں میں [illegible] مسلح ڈاکو [illegible] انکی تعداد ۵۰ بیان کی جاتی ہے۔ [illegible]

بلیا کے کسانوں کا ستیہ گرہ

[illegible]

ہندوستانی فٹ بال ٹیم کی کامیابی

[illegible] ہندوستانی ٹیم نے چالیس ہزار روپیہ منافع کمایا ہے۔ [illegible]

میرٹھ کی فرم پر جرمانہ

[illegible]

پنڈت پنت گورنر سے ملے

نینی تال میں منگل کی شام کو وزیر اعظم یوپی نے گورنر سے ملاقات کی۔ [illegible]

سلطانپور میں ذبیحہ گاؤ بند

[illegible]

شاہجہانپور میں ڈاکہ

[illegible]

الہ آباد میں لو لگنے سے موت

[illegible]

اناؤ میں زمینداروں کا مطالبہ

اناؤ میں مسٹر [illegible] نے زمینداروں اور تعلقداروں کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] حکومت زمینداری کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ [illegible]

بنارس میں مسلح ڈاکو گرفتار

جونپور پولیس نے گذشتہ جمعہ کو مسلح ڈاکوؤں کے ایک گروہ کو گرفتار کیا ہے [illegible]

بنارس کی دوسری خبریں

[illegible]

۱۲ لاکھ ٹن اناج جمع کرلیا

لکھنؤ یکم جون ۔ [illegible] لاکھ ٹن میں سے حکومت یوپی نے ۳۰ مئی تک [illegible] لاکھ ٹن اناج جمع کر لیا ہے۔ [illegible] (اپ)

آرمڈ فورسز اکیڈمی کا افتتاح

ڈیرہ دون یکم جون ۔ [illegible] (ان ۔ ک)

حادثات دوگنے ہوگئے

ڈیرہ دون ۳ جون ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ سال میں سڑکوں پر پیش آنے والے حادثات کی تعداد دوگنی ہوگئی ہے۔ [illegible]

بھوک ہڑتال ختم

[illegible]

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹوں کی انسٹی ٹیوٹ

نئی دہلی یکم جون ۔ [illegible]

سویڈن اور برطانیہ کا عراق سے معاہدہ

بغداد ۲ جون ۔ حکومت سویڈن نے حکومت عراق سے [illegible]

روغن افزا
گرمی کے موسم کی ہر تکلیف
مرض کو دور کرنے کے لئے

دارالسلطنت

امام صاحب مسجد فتحپوری کو صدمہ عظیم

[illegible]

احباب کے تہنیتی پیغامات

دہلی یکم جون ۔ [illegible] مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible]

دہلی میں بائیسکلوں پر ٹیکس

[illegible]

اتفاقی ایمبولینس سروس کا افتتاح

[illegible]

جمعیۃ علماء علاقہ نمبر ۹ کا اجلاس

مولانا حفظ الرحمن صاحب کی کامیابی پر مبارکباد

[illegible]

سکریٹری اہل ریڈنگ روم اور جمعیۃ علماء کے زیر اہتمام آتشبازی کے خلاف جلسہ

[illegible]

زخمی کردیا

[illegible]

چار ماہ کے بچہ کا اغوا

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی تیل مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کی مختصر خبریں

[illegible]

سو سنگھی قیدی رہا

[illegible]

> دہلی سے لاہور پاکستان
> پاکستان سے ہندوستان
> استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت عجلت و کفایت کے ساتھ منگوائیے
> دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران چاندنی چوک دہلی

جن میواتیوں کی زمین شرنارتھیوں کو مل گئی ہے انہیں نئی زمین دی جائیگی

متسیہ یونین میں میواتیوں کو بسانے کا فیصلہ ہوگیا

نئی دہلی ۲ جون ۔ حکومت ہند کے ۷۲ ہزار میواتیوں کو متسیہ یونین میں ان کے پرانے گھروں میں بسانے کے فیصلہ سے گاندھی جی کی ایک آخری خواہش پوری ہو رہی ہے۔ اس فیصلہ کے ماتحت میواتیوں کو خاص حالات میں مالی امداد بھی دی جائے گی۔ جن کی زمین شرنارتھیوں کو دے دی گئی ہے ان کو دوسرے گاؤں میں زمین دے دی جائے گی۔ اس بات کے انتظامات کئے جارہے ہیں کہ میواتی خریف کی فصل شروع ہونے سے قبل کام شروع کر دیں۔ یاد رہے کہ پاکستان سے آئے ہوئے شرنارتھیوں نے میوات میں بسنے سے انکار کر دیا تھا۔

گاندھی جی نے ۱۹ دسمبر ۱۹۴۷ کو ایک پرارتھنا میں کہا تھا کہ ایک دن وہ بھی آئیگا جب میواتی اور دوسرے لوگ اپنے گھروں میں آباد ہو جائیں گے اور امن بحال ہو جائیگا [illegible] میواتی گوڑگانواں اور دوسرے علاقوں کے فرقہ وارانہ فسادات کی وجہ سے اپنے گھروں سے نکالے گئے تھے۔ میواتیوں کا ایک حصہ پاکستان چلا گیا تھا لیکن جن لوگوں میں اپنے وطن کی محبت شدید تھی وہ یہیں رہے۔ ابتداء میں ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کی گئی جس نے ان کے حالات کی تحقیق کی۔ [illegible] انکار کر دیا۔ بہت سے میواتی اپنے گھروں کو واپس آگئے۔ اندازہ ہے کہ ۳۳ ہزار میواتی اس طرح واپس آئے۔ اس کمیٹی کا ۲۴ اپریل کو پھر جلسہ ہوا اور اس نے رائے دی کہ اب فسادات کا کسی قسم کا خطرہ نہیں اور میواتیوں کو ان کے گھروں میں بسا دیا جائے۔ کمیٹی اس نتیجہ پر پہنچی کہ انخلاء کنندگان کی بہت سی زمین خالی پڑی ہے۔ اور متسیہ یونین کے عوام دوسرے مسلمانوں اور میواتیوں کی واپسی کو خوش آمدید کہیں گے۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ جو زمین میواتیوں اور متسیہ یونین کے دوسرے مسلمانوں کی ملکیت ہے وہ ان کے مالکوں کو واپس دے دی جائیں [illegible] حکومت ہند کا یہ فیصلہ اسی سفارش پر مبنی ہے۔

کشمیر کمیشن کے اجلاس میں ہندوستان و پاکستان کی جوابات پر غور

دونوں ملکوں کے لفافے کھول لئے گئے

سری نگر یکم جون ۔ آج بعد دوپہر کشمیر کمیشن کے اجلاس میں جس میں کمیشن کے تمام ممبران شامل تھے کمیشن کی پیش کردہ تجاویز کے متعلق ہند اور پاکستان کی حکومتوں کے جوابات کے سربمہر لفافے کھولے گئے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جلسہ جو ۵۰ منٹ تک جاری رہا ہر دو ملکوں کے جوابات ممبران کمیشن کو پڑھکر سنائے گئے۔ کمیشن آج ان جوابات پر غور کرے گا اور جمعہ کے دن ان پر [illegible] (اپ)

شاہجہاں روڈ ٹیلیفون ایکسچینج

ڈسٹرکٹ منیجر دہلی ٹیلیفون سروس نے اعلان کیا ہے کہ شاہجہاں روڈ ٹیلیفون ایکسچینج کے تمام ٹیلیفون [illegible]

ہوٹل کا مالک گرفتار

دہلی ایک تنزیر پولیس نے [illegible]

مانڈلے کے لئے نائب قونصل جنرل

رنگون ۔ ۲ جون ۔ (اپ) [illegible]

> ہمیشہ مفید اور اچھی کتابیں پڑھیے
> باغی ہندوستان
> [illegible]
> مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق
> [illegible]
> مکاتیب شیخ الاسلام
> [illegible]
> کاروان خیال
> مولانا ابوالکلام آزاد [illegible]
> مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل
> [illegible]
> ہمارے پیغمبر
> [illegible]
> اسلامی تعلیمات کا مرقع
> [illegible]
> جمعیۃ علماء کیا ہے؟
> [illegible]

ضروری اطلاع

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو ۔ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

الجمعیۃ

روزنامہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۸ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۵ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۳۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان کے درمیان جہاز، ریل اور لاری سے سرحدوں پر سواریوں اور مال کی بکنگ کا خاص انتظام
گپتا برادرز کارونیشن ہوٹل
فتحپوری چاندنی چوک دہلی

برطانیہ سے ۱۸۰۰۰۰ انگریزوں کی روانگی

لندن ۳ جون - اپریل ۱۹۴۶ء سے مارچ ۱۹۴۹ء تک تقریباً ایک لاکھ اسی ہزار برطانوی مرد عورت اور بچے مستقل طور پر بسنے کے لئے [illegible] آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ گئے [illegible]

شاہ عبداللہ نے عرب فلسطین اور شرق اردن کو ملا کر نئی حکومت بنالی

اقوام متحدہ اور غیر ملکی سفیروں کو مطلع کر دیا گیا

مشرق وسطیٰ کی سیاست میں ایک اہم تبدیلی

عمان ۳ جون - یہاں سرکاری گزٹ میں آج اعلان کیا گیا کہ شاہ عبداللہ کی شرق اردن کی حکومت نے اپنا نام تبدیل کر کے اپنا نیا نام "اردن کی ہاشمی سلطنت" رکھا ہے [illegible] اقوام متحدہ کو اور [illegible] کاغذات اور دستاویزوں میں یہی نیا نام استعمال کیا جائیگا۔

شرق اردن کی آزاد ریاست برطانیہ کے ساتھ معاہدہ کے ذریعہ ۱۹۴۶ء میں قائم ہوئی۔ جب امیر عبداللہ کو اس ریاست کا بادشاہ بنا دیا گیا [illegible] مفتی طرابلس [illegible] ریاست صرف دریائے اردن کے مشرق میں تھی [illegible] (رائٹر)

برلن میں ریلوے ملازمین کی ہڑتال

ہڑتال جاری رکھنے کا فیصلہ

[illegible]

ضروری اعلان

وہ مستورات جن کے شوہر اور بچے انڈین یونین میں مستقل رہتے ہیں عارضی پرمٹ لیکر پاکستان سے آئی ہیں اور اپنا پرمٹ منسوخ کرانا چاہتی ہیں پرمٹ ساتھ لاکر دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان بلیماران دہلی میں ۵ جون ۱۹۴۹ء کی شام تک اپنا نام درج کرادیں تاکہ ان کے پرمٹ منسوخ ہونے کی کوشش کی جاسکے

(مولوی) حسام الدین دفتر جمعیۃ علماء

برطانیہ سائیرینیکا کے اعلان آزادی سے گھبرا اٹھا

طرابلس میں جزوی آزادی کے اعلان سے احتراز

لندن ۳ جون - [illegible]

قانون ساز جماعت میں کوئی بات کہنے پر ممبر کے خلاف کارروائی نہیں کی جائیگی

دستور ساز اسمبلی میں آئین ہند کی مزید دفعات منظور

قانون ساز جماعتوں کے ممبروں کے حقوق اور مراعات پر بحث

نئی دہلی ۳ جون - [illegible]

شمالی برما کے فوجی ہیڈکوارٹر پر حملہ کا خطرہ

کمیونسٹ اور سفید دستے کے باغی تیاریاں کر رہے ہیں

[illegible]

مفتی طرابلس کی حمایت

قاہرہ ۳ جون - [illegible]

میسور میں سونا ملا

بنگلور ۳ جون - [illegible]

مسئلہ حیدرآباد کا تصفیہ کرانے کیلئے مصر نے اپنی خدمات پیش کر دیں

مصر کے مستقل نمائندہ متعینہ مجلس تحفظ کا [illegible] اقدام

قاہرہ ۳ جون - [illegible]

سی پی وزیر کے قرضہ کی ادائیگی

[illegible]

چین کا نیا وزیراعظم

[illegible]

حیدرآباد کے نظر بند وزیروں کا الاؤنس مقرر کر دیا گیا

حیدرآباد ۳ جون - [illegible]

ماتحت جمعیتوں اور متعلقہ حضرات کو ضروری اطلاع

دہلی ۳ جون - مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل اعلان جاری کیا ہے:- [illegible] مولانا محمد میاں صاحب کے علاوہ دوسرے ناظم کی جگہ مولانا نور الدین صاحب بہاری کو منتخب کیا ہے تقسیم کار کے سلسلہ پر شعبہ [illegible] مولانا موصوف کے سپرد کیا گیا ہے۔ ابتدائی مکاتب اور تعلیمی پروگرام کا شعبہ بھی آپ سے متعلق رہیگا۔ ۳ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق یکم جون ۱۹۴۹ء سے مولانا موصوف نے شعبہ [illegible] کا کام سنبھال لیا ہے۔ لہذا تمام ماتحت جمعیتوں اور متعلقہ حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس سلسلہ کی خط و کتابت اور مراسلت مولانا موصوف کے نام پر ہونی چاہیئے۔

(مولانا) حفظ الرحمٰن

چین کے متعلق پیرس میں اہم گفت و شنید کی توقع

ڈاکٹر سونگ، ڈاکٹر سن فو اور روسی سفیر کی آمد

لندن ۳ جون - لندن کے سیاسی مشاہدین کا خیال ہے [illegible]

عربوں کو فصلیں کاٹنے کی ممانعت

اسرائیل کا ایک اور بیہودیانہ حکم

[illegible]

چار بڑوں کی کانفرنس میں برلن کے معاملہ پر گفتگو شروع ہو گئی

پیرس ۳ جون - [illegible]

وزیر جنگ [illegible]

نئی دہلی ۳ جون - [illegible]

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 4-6-49

۶۰ اجلاسوں کے بعد بھی اتحادی آسٹریلیا سے امن کا معاہدہ نہ کر سکے

برلن کے بارے میں بھی چار بڑوں کی گفت گو ناکام ہو گئی

پیرس ۳ جون - چار بڑی طاقتوں کے وزرائے خارجہ کے نائبوں کے جنوری ۱۹۴۷ء سے اب تک ۱۶۰ جلسے ہوئے تاکہ آسٹریلیا کے ساتھ امن کا معاہدہ کر سکیں لیکن معاہدہ کیا وہ اپنے اختلافات کے متعلق ایک رپورٹ بھی مرتب نہیں کر سکے ہیں۔ معلوم ہوا ہے امریکہ، برطانیہ اور فرانس کے نمائندے ایک رپورٹ پیش کریں گے اور روس کے نمائندے علیحدہ رپورٹ پیش کریں گے۔

[illegible]

شیخ سنوسی کی حکومت

بقیہ صفحہ اول کالم ۴

سنوسی کا اعلان

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

مسٹر روہنی کمار چودھری کی تقریر

[illegible]

ترمیمات

بقیہ صفحہ اول کالم ۳

[illegible]

مولانا محمد اسماعیل صاحب ایم ایل اے یوپی

آج شام دہلی پہنچ رہے ہیں

[illegible]

ٹوکیو میں کمیونسٹ لیڈر گرفتار

ٹوکیو ۳ جون - [illegible]

جاپان اور کمیونسٹ چین کی تجارت

ٹوکیو ۳ جون - [illegible]

عارضی جمہوری حکومت کے لیڈروں سے

ڈاکٹر حتی ملاقات کریں گے

[illegible]

دہلی اور مشرقی پنجاب کی پولس کا چھاپہ

[illegible]

پاکستان کی ۱۹۴۸ء کی تجارت کے اعداد و شمار

۲۸½ کروڑ کا فائدہ ہوا

کراچی ۳ جون - [illegible]

مشرقی پاکستان میں

جوٹ کے ۳ مل قائم ہو رہے ہیں

[illegible]

امروہہ میں ایک ادیب کی وفات

[illegible]

ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کی تقریر

[illegible]

نئی چاوڑی میں گولی چلانے والوں کا مقدمہ

[illegible]

مولانا فقیہ الدین صاحب کی روانگی

[illegible]

ضلع حصار میں بے دخلیاں

دیش سیوک پارٹی کی طرف سے مذمت

[illegible]

برطانیہ کے وزیر دفاع فوری طور پر ہانگ کانگ جا رہے ہیں

۱۵ ہزار سپاہی بھی ہانگ کانگ بھیج دیئے گئے

لندن ۳ جون - [illegible]

لاہور سے واپسی پر سکھ جتھے کے لیڈر کا اظہار اطمینان

زائرین کو دونوں ملکوں میں زیادہ آزادی دینے کا مطالبہ

[illegible]

چاند پور میں جمعیۃ علماء کی شاندار کانفرنس

[illegible]

سٹی کانگریس کے اختلافات کے خاتمہ کیلئے

کانپور کے دو نوجوانوں کا فاقہ مرگ

[illegible]

لیڈی ماؤنٹ بیٹن کی جائداد [illegible]

[illegible]

کشمیری پناہ گزینوں سے حکومت پاکستان کو مشکل پیش آنے لگی

کشمیر کمیشن سے مالی امداد کا مطالبہ

کراچی ۳ جون - معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے غیر سرکاری طور پر اقوام متحدہ کے ہندو پاکستان کمیشن سے کہا ہے کہ [illegible] لاکھ کشمیری پناہ گزینوں کو بسانے کے لئے اقوام متحدہ سے مالی امداد دلائی جائے۔ حکومت پاکستان نے کچھ عرصہ پہلے تک ان پناہ گزینوں پر چالیس لاکھ روپے [illegible]

کل ہند عبیداللہ گولڈ کپ

[illegible]

ہمارے کارخانہ میں
[illegible] کی ضرورت ہے۔ تنخواہ حسب لیاقت ہوگی۔ تفصیلات کے لئے خود ملیں یا لکھیں۔
مینیجر پنجاب سپیشل مارٹ چاوڑی بازار
نزد حوض قاضی دہلی

سیمنٹ
روہڑی - ڈالمیا اور واہ سیمنٹ جلد اور مناسب قیمت پر سیمنٹ منگوانے والے اصحاب ہم سے معاملہ کریں۔
سلطان کمرشل کمپنی نیو چاند پوری ہوٹل
صدر بازار دہلی

[illegible]

الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز

کراچی، سری نگر، حیدرآباد، جودھپور اور ناگپور کے ایجنٹوں کو الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز بھیجا جاتا ہے۔ لیکن ان مقامات پر بھی قیمت فی پرچہ دو آنے رکھی گئی ہے۔ اپنے ایجنٹ سے الجمعیۃ دو آنے میں حاصل کیجئے۔ اس سے زیادہ قیمت نہ ادا کیجئے۔

جن شہروں میں دہلی سے روزانہ ہوائی سروس ہے وہاں کے ایجنٹ صاحبان الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز طلب کریں۔

مہتمم اشاعت
روزنامہ الجمعیۃ دہلی

دستور ساز اسمبلی:

صرف ایک دن میں بیس دفعات منظور کرلی گئیں

پچیس سال سے کم عمر کا کوئی شخص قانون ساز اسمبلی کا ممبر بن سکے گا

نئی دہلی ۴ر جون۔ دستور ساز اسمبلی نے کل مسودہ دستور ہند کی بیس دفعات منظور کیں۔ [illegible]

ایوان نے دفعات ۱۶۰، ۱۶۱، ۱۶۲ اور ۱۶۳ منظور کرلیں۔ یہ دفعات ریاستی کونسل کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین کے انتخاب، عہدہ سے ان کی برطرفی، ان کی تنخواہوں اور فرائض منصبی سے متعلق ہیں۔

ایوان نے دفعہ ۱۶۴ کی بحث بعد کے لئے ملتوی کردی۔ [illegible]

ترمیم منظور کرلی گئی

[illegible]

ممبران پارلیمنٹ کی عمریں

دفعہ ۱۵۲ ابھی منظور کرلی گئی جس میں کہا گیا ہے اسمبلی کے انتخاب کے لئے امیدوار کی عمر ۲۵ سال اور کونسل کے لئے ۳۰ سال ہوگی۔ [illegible]

یوپی کے کونے کونے سے

بھگوسرائے میں پلیگ

بھگوسرائے ۳ر جون۔ [illegible] کئی اضلاع میں پلیگ پھیل گیا ہے۔ بعض دیہات خالی کرالئے ہیں۔ [illegible] سات آدمی پلیگ سے مرگئے ہیں۔ [illegible] کی بیماریوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔

بریلی میں آندھی سے نقصان

بریلی ۳ر جون:۔ پرسوں شام یہاں شدید آندھی آئی جس سے کافی نقصان ہوا۔ کئی درخت اکھڑ گئے اور بجلی و تار کی لائنیں بھی خراب ہوگئیں۔

اسمبلی کا ضمنی انتخاب

سیتاپور ۳ر جون:۔ سیتاپور کے مسلم دیہاتی حلقے سے [illegible] مسٹر بشیر احمد اور سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے مسٹر مبارک [illegible] اور ۵ اشخاص نے کاغذات نامزدگی واپس لے لئے ہیں۔ مسٹر محمد اسمٰعیل کے پاکستان جانے سے یہ نشست خالی ہوئی تھی۔ [illegible] ۱۳ جون کو ہوگی۔

نجیب آباد میں آتشزدگی

[illegible]

موڈل پولیس اسٹیشن

[illegible]

کاکوری میں مسلح ڈاکہ

کاکوری ۳ر جون۔ کاکوری پولیس سرکل کے ایک گاؤں سے مسلح ڈکیتی کی اطلاع ملی ہے۔ پولیس کے بیان کے مطابق ۱۴ ڈاکوؤں نے [illegible]

یوپی میں ایک سال پر پابندی

لکھنؤ ۳ر جون۔ حکومت یوپی نے [illegible]

الہ آباد بنک کو دھوکہ دینے کا مقدمہ

لکھنؤ ۳ر جون۔ [illegible]

[illegible]

[illegible]

ایک پمفلٹ پر پابندی

لکھنؤ ۳ر جون۔ [illegible] پمفلٹ [illegible] حکومت یوپی نے دفعہ ۱۵۳ [illegible] کے تحت پابندی لگادی ہے۔

خط وکتابت کرتے وقت

اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

نشرنار تحصیلوں کے لئے

پورے ملک میں بستیاں

احمد آباد ۳ر جون۔ [illegible] حکومت [illegible] کو بسانے کے [illegible]

۱۴۹ اشخاص کے خلاف مقدمہ

لکھنؤ ۳ر جون۔ حکومت یوپی کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] ۱۴۹ اشخاص کے [illegible]

کلرکوں کی ٹریننگ کیلئے اسکول

لکھنؤ ۳ر جون۔ معلوم ہوا ہے حکومت یوپی [illegible] ایک اسکول کھولنے والی ہے جس میں [illegible] کو خاص ٹریننگ دی جائے گی [illegible]

بھاسیوم کی درخواست مسترد

پھاٹوی کونسل میں اپیل

[illegible]

قائد اعظم ریلیف فنڈ سے مہاجرین کی امداد

کراچی [illegible]

کمبھی میں ۱۶ انچ بارش

[illegible]

مہاتما گاندھی کا مقدمہ قتل:۔

گوڈسے کی طرف سے آپٹے کے لئے رحم کی درخواست

پرچرے کے اقبالی بیان کو غیر رضا کارانہ قرار دیدیا گیا

شملہ ۳ر جون۔ آج مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے فل بنچ [illegible] جسٹس [illegible] اچھرو رام اور جسٹس کھوسلہ نے اس نظریہ کا اظہار کیا کہ ڈاکٹر پرچرے کا اقبالی بیان رضا کارانہ نہیں تھا۔ [illegible]

گوڈسے نے ایک مرتبہ پھر کہا کہ مہاتما گاندھی کو قتل کرنے کے سلسلہ میں کسی سازش کا وجود نہیں تھا۔ [illegible]

[illegible] مسٹر آپٹے [illegible] کی سزا کم کردی جائے [illegible] (اے پی)

مشاہدین کی نامزدگی پر ہندوستان کو تعجب

حکومت فرانس کے الزام کی ہند کی طرف سے تردید

نئی دہلی ۳ر جون۔ اس اطلاع سے کہ بین الاقوامی عدالت کے نائب چیرمین نے فرانس کی درخواست پر ذاتی حیثیت سے ہندوستان کی فرانسیسی نوآبادیوں کے استصواب کے لئے کچھ مشاہد مقرر کردیئے ہیں حکومت ہند کے حلقوں میں سخت استعجاب کا اظہار کیا جارہا ہے۔

[illegible]

الزام کی تردید

[illegible]

ہوائی جہاز کی مرمت کرنے والے رنگون جائینگے

رنگون ۳ر جون۔ امید کی جاتی ہے کہ ہوائی جہاز کی مرمت کرنے والے [illegible] ایک طیارہ کی مرمت کے لئے رنگون بھیجے جائیں گے۔ [illegible] (اے پی)

برطانیہ کو کھیل کے سامان کی برآمد

پچھتر ہزار پونڈ کا کوٹہ مقرر کیا گیا

[illegible]

کانگریسیوں کی اصلاح کی تحریک

[illegible]



مسواک چوبیس گھنٹوں میں نابود

[illegible]

ستاکسٹس:۔ نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP, LTD. POST BOX No. 504 (A.J.) BOMBAY.

دانتوں کی ہر بیماری کے علاج اور نئے دانت لگوانے کیلئے دہلی کے مشہور دنداں ساز

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ

بازار بلیماران دہلی کیطرف تشریف لائیں

عینکیں، چشمے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید اوپٹیکل کمپنی

ہول سیل مینوفیکچرز بازار بلیماران دہلی

تسلی نہ ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

نامردی، آتشک، سوزاک، جریان، ضعف، سرعت انزال، عورتوں کے پوشیدہ امراض کیلئے

خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی

مشورہ مفت۔ لٹریچر مفت

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

اشتہار نیلام

[illegible] بازار کشمیری گیٹ [illegible] نیلام [illegible] فرنیچر [illegible] ریڈیو [illegible]

پشاور میں خوفناک آتشزدگی

۶۰ دوکانیں جل گئیں

پشاور ۳ر جون۔ یہاں شہر کے اندر [illegible] آگ لگنے سے تقریباً ۶۰ دوکانیں جن میں بعض دو دو منزلہ تھیں [illegible] جل گئیں۔ [illegible] نقصان کا اندازہ [illegible] لاکھ کیا جاتا ہے۔ [illegible]

یوگوسلاویہ کا احتجاج رد کردیا

[illegible]

حیدر آباد میں آتشزدگی

حیدر آباد ۳ر جون۔ کل یہاں آگ لگنے سے شہر کی سب سے بڑی رہائشی عمارت "لال جہنڈا بلڈنگ" راکھ ہو گئی۔ [illegible]

پاکستانی روئی کے نئے لائسنس

کراچی ۳ر جون۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ اس ایک لاکھ ٹن روئی کی برآمد کے اجازت نامے جاری کردیئے جائیں جس کے خریدنے کی ہندوستان کو اجازت دی گئی تھی [illegible]

مسٹر الگزنڈر کی روانگی

[illegible]

مسٹر اوکینن پیرس پہونچ گئے

[illegible]

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۵ر جون ۱۹۴۹ء

اخلاقی بحران!

بعض دفعہ غیر سیاسی لوگ بھی سیاست کے بارے میں اچھی باتیں کہہ جاتے ہیں اور جب یہ باتیں بڑے بڑے سیاستداں بھی کہنے لگتے ہیں تو وجہ یہ ہے کہ انکا فاسد تجربہ ان کے دماغ کو پختہ دیتا ہے اور وہ سب کی باتیں سنکر ایک ہی دفعہ نتیجہ پر پہونچ جاتے ہیں۔ یہی حال اخلاق کا ہے کہ بعض دفعہ توقع کے خلاف اہل سیاست بھی اخلاق پر فاضل جاتے ہیں اور ایسی اچھی تلی رائے ظاہر کرتے ہیں کہ ماہرین اخلاق کو بھی اس کی صحت تسلیم کرنی پڑتی ہے۔ آپ نے بنگال کے مشہور لیڈر ایم، این، رائے کا نام تو سنا ہوگا۔ کون توقع کرسکتا ہے کہ جس شخص کی پوری زندگی سیاست میں گذری ہو اور جس نے زمانہ کے اتار چڑھاؤ کو دیکھنے میں عمر گذاری ہو وہ اخلاق پر بھی کوئی گفتگو کرسکتا ہے اور نہ صرف گفتگو بلکہ اخلاق اور سیاست کا جوڑ بھی ملا سکتا ہے! اگرچہ اخلاق اور سیاست میں منافات نہیں ہے اور یہ بھی محل تعجب نہیں کہ ایک سیاسی لیڈر فلسفہ اخلاق کا ماہر بھی ہو، لیکن زمانہ، زمانہ کی باتیں جدا ہوتی ہیں آج ایسا ہی زمانہ ہے کہ سیاست کو اخلاق سے تعلق نہ ہو اور اخلاقی چولیں سیاست میں فٹ نہ بیٹھیں۔ اگر مسٹر ایم، این، رائے ایک ایسے زمانہ میں سیاسی لیڈر ہوتے ہوئے اخلاق اور اس کی قدروں پر گفتگو کرتے ہیں تو ان کی یہ قابلیت حیرت انگیز اور یہ جرأت قابل داد ہے کم از کم ان کے اس اقدام سے یہ تو پتہ چلا کہ ہنوز سیاست میں اخلاق کے لئے گنجائش ہے اگر اس خیالی اور راست روی کی ہمت افزائی کی گئی تو کوئی وجہ نہیں کہ سیاست کی تعمیر اخلاق کی بنیادوں پر نہ ہوسکے اور غیر اخلاقی سیاست جو سوسائٹی کے لئے زہر بلی گیس کا حکم رکھتی ہے اپنی موت آپ نہ مرجائے!

مسٹر ایم، این، رائے اپنے ایک بیان میں کہتے ہیں: "ہمارے زمانہ کا بحران دراصل اخلاقی بحران ہے جس میں انسانیت بری طرح گھر چکی ہے، اگر لوگ عملی سیاست میں اخلاق کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تو انہیں یہ ثابت کردینا چاہیئے کہ انسان اخلاقی نصاب کا حامل ہوسکتا ہے اگر انسان صرف حکومت کے زور سے ہی اخلاق کا مظاہرہ کرسکتا ہے تو پھر حکومت [illegible] انسان حقیقی آزادی سے محروم رہ جائیگا [illegible] اخلاق اور عمل کی صحت کا معیار عقل کو ہونا چاہیئے، آج کی سب سے بڑی ٹریجڈی یہ ہے کہ انسان کو اپنے اوپر اعتماد نہیں رہا [illegible] واقعی موجودہ زمانہ کا بحران سیاسی نہیں، اخلاقی ہے اور اخلاق کی پستی اور حیوانیت کے ابھار نے نظام تمدن کی چولیں ہلا ڈالی ہیں، یہ غیر اخلاقی سیاست ہی کا نتیجہ ہے کہ ایک ملک دوسرے ملک سے معاہدہ کرتا ہے اور پھر پوری شرارت اور بے ایمانی کے ساتھ اسے توڑ ڈالتا ہے، مصیبت یہ ہے کہ اس عہد شکنی کو قوم کی پوری حمایت حاصل ہوتی ہے اور کوئی ایماندار ایسا نہیں نکلتا جو اپنی حکومت کی اس بداخلاقی پر باز پرس کرے اور پاس عہد کی ذمہ داریوں کو یاد دلائے، گویا حکومتوں کے ساتھ ان کی قومیں بھی جرائم پیشگی کا مظاہرہ کرتی ہیں اور ڈاکوؤں کا ساتھ دیکر خود بھی ڈاکو بنتی ہیں!

یہ بداخلاقی ہی کا نتیجہ ہے کہ کمزور قوموں کو مرعوب کیا جاتا ہے، ان کے ذرائع اور وسائل کو قابو میں لایا جاتا ہے، ان کی خام پیداوار پر اجارہ داری قایم کیجاتی ہے اور انہیں صنعتی میدانوں سے ترقی کرنے سے روکا جاتا ہے، یہی بداخلاقی ہے جس نے پہلی اور دوسری جنگ کی نیلا چائی اور جو تیسری جنگ کے اسباب مہیا کر رہی ہے! اسی بداخلاقی کی بدولت عدالتوں سے انصاف معدوم ہے، سرکاری اداروں میں رشوت ستانی اور استحصال بالجبر کا زور ہے، حکام کے سینے بے رحمی کے غار اور خیانت اور سفلگی کی دلدل بنے ہوئے ہیں! فرائض سے غفلت، کام چوری کی عادت، ظلم اور بے ایمانی کا ایک کا جھوٹ، دغا اور بددیانتی کا چسکا اسی بداخلاقی اور دنیا پرستی کا نتیجہ ہے، آج غیر اخلاقی سیاست میں پرمٹ سے بڑا انعام، چانسلری اور موم منسٹری کے عہدہ پر فائز ہوسکتا ہے اور بڑے سے بڑا نالائق بھی کی کرسی پر رونق افروز ہوسکتا ہے، اسی غیر اخلاقی سیاست کا کرشمہ ہے کہ مظلوم اور کمزور کی کہیں داد فریاد نہیں، جو کمزور ہے وہ ٹھوکر اور گالیاں کھانے کے لئے ہے اور جو طاقتور اور زوردار ہے وہ سر پر بٹھانے کے لئے، بڑے سے بڑا ظالم روپے اور تعلق کے زور سے قانون کی گردن مروڑ سکتا ہے اور غریب مظلوم کے لئے چھوٹے سے چھوٹا قانون بھی کچھ نہیں کرسکتا ہندوستان کو چھوڑ کر ہر جگہ نظر ڈال لیجئے کہ جو بڑے سے بڑا مجرم، جفا کار، بدنہاد اور بدکار ہے وہ بڑے سے بڑے عہدہ پر فائز ہے، ایک ہی نظر سے معلوم ہوجائے گا کہ دنیا کے جرائم پیشہ سمٹ کر سیاست کی اسٹیج پر جمع ہوگئے ہیں اور بڑھا چاہتے ہیں کہ دنیا ان کے سامنے جھکے، ان کی خداوندی پر ایمان لائے اور انہیں نیکیوں کا نیک اور بھلوں کا بھلا سمجھے! یہ بات مسلم ہے کہ سیاسی بحران، اخلاقی بحران ہی کا نتیجہ ہے اور جب تک انسان اس جوہر کو حاصل نہ کرے گا دنیا ظلم و ستم اور بددیانتی سے نجات نہ پاسکے گی، لیکن کیا کبھی اخلاق کی قدروں پر سیاست کی تعمیر ہوسکے گی!

جو شخص اس کا جواب اثبات میں دینا چاہے وہ پہلے اپنی ذمہ داری کا خیال کرلے!

اچھی باتیں

وَاِمَّا عَادٌ۔ تا۔ یَجْحَدُوْنَ (پ ۲۴ ع ۱۶)

ماہ مبارک پر آپکی خدمت میں مکاتیب شیخ الاسلام صرف ایک روپیہ میں پیش ہے
ہر قسم کی کتابوں کیلئے لکھئے
فہرست مفت۔ فرید الوحید منیجر
قومی کتاب گھر دیوبند (یو پی)

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi 16-6-49

جرمنی کے مشرقی اور مغربی علاقوں کے درمیان تجارت کا احیا

وزرائے خارجہ اپنے ماہرین سے مشورہ کر رہے ہیں

عربوں سے براہ راست گفتگو کرنے کیلئے یہودی نمائندہ کی تجویز

لوزان کانفرنس ابھی جاری ہے

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہاپوڑ مارکیٹ

دہلی غلہ مارکیٹ

دہلی بازار صرافہ

صوبہ سرحد کے وزیر اعظم مسٹر عبدالقیوم خاں ڈیڑھ لاکھ روپیہ ہضم کر گئے

اس وقت آٹھ سو سیاسی کارکن جیلوں میں سڑ رہے ہیں

قیوم ڈکٹیٹری کے خلاف پیر مانکی شریف میدان میں آ گئے

عقلمند اور بے وقوف

مضبوط سوسائٹی نہیں بنا سکتے

باشندگان ضلع مظفر نگر کی مشکلات

پانچ ہزار خاندان فاقہ کشی کا شکار

سابق شہنشاہ انام باؤدائی کی آمد کیخلاف طلبا کا مظاہرہ

سرکردہ افسران کی گرفتاری۔ باؤدائی کی آمد پر پولیس اور فوج کا انتظام

دستور ساز اسمبلی

(بقیہ صفحہ اول)

کامرس، جنرل سائنس، کیمسٹری وغیرہ کیلئے الگ الگ فیس وصول کی جائیگی

یوپی کے انگریزی ہندوستانی اسکولوں کی کمیٹی کی سفارشات

دہلی میں مشہور طبی کالج کا قیام

فٹ بورڈ پر سفر کا نتیجہ

پٹیالہ یونین میں دو اخباروں پر پابندی

"سردار" اور "شری"

پٹیالہ یونین میں نیم مستقل الاٹمنٹ

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں
اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خریدتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پر اپنے پورے پتے کے ساتھ حسب ذیل عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے۔
"…… صاحب اخبار الجمعیۃ۔ دفتر سے براہ راست منگانے کے بجائے آج کل پابندی کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں۔ اور میں ان کے معاملہ خریداری سے مطمئن ہوں۔"
ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علماء نمبر مفت ارسال کر دیں گے۔ یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی۔
منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے
اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پچاس صحیح اور مکمل پتے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر قیمتی آٹھ آنہ مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۲۵ رمضان تک کے لئے ہے۔
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

نمونہ مفت
ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت اور پان کھلاتے وقت
قیمت فی شیشی ۸ علاوہ محصولڈاک
لنڈن کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ سہارنپور یو پی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841
تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی"

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۷ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

نیو ایسٹ مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بازار لال کنواں
نزد ہمدرد دواخانہ دہلی
آپ دہلی تشریف لائیں تو ایک مرتبہ ضرور نیو ایسٹ مسلم ہوٹل میں قیام فرما کر آپ گھر کا سا آرام محسوس کریں۔ ہوا دار صاف کمرے، نیا فرنیچر، بہترین سروس، خوش ذائقہ کھانے آپکا آرام اور آپ کی سہولتیں ہی ہمارا بہترین اور موثر ایڈورٹائزمنٹ ہے۔
پروپرائٹر
اے کریم

حیدر آباد کا نیا چیف جج

حیدر آباد ۱۵ر جون۔ [illegible] حکومت حیدر آباد نے مسٹر [illegible] کو [illegible] ہائی کورٹ کا چیف جج مقرر کیا ہے۔ (پ)

یہودیوں کی شرارت کی بنا پر فلسطین کا سمجھوتہ نہ ہوسکا

لوزان کانفرنس کی گفت و شنید نازک حلہ پر

مصالحتی کمیشن نے سکریٹری جنرل کو اپنی رپورٹ پیش کر دی

لوزان ۱۵ر جون۔ اقوام متحدہ کے فلسطین [illegible] کمیشن نے کل سکریٹری جنرل [illegible] رپورٹ پیش کر دی ہے۔ [illegible]

انخلا کنندگان کی املاک پر غور کرنے کیلئے کراچی میں کانفرنس

کراچی ۱۵ر جون۔ [illegible]

مسٹر بیون مشرق وسطی کے برطانوی نمائندوں کی کانفرنس بلا رہے ہیں

عرب مہاجرین اور دیگر مسائل پر غور کیا جائیگا

لندن ۱۵ر جون۔ [illegible]

پاکستان میں پیتل کی دوانیوں کا خاتمہ

لاہور ۱۵ر جون۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

بمباری اسلام اور انسانیت کی خلاف ورزی ہے

وزیر خارجہ افغانستان کی طرف سے پاکستانی رویہ کی مذمت

کابل ۱۴ر جون۔ افغانستان کے علاقہ میں پاکستانی طیارہ کی بمباری کے خلاف افغان احتجاج جس کی خبر کل کی اشاعت میں درج کی جا چکی ہے، کے سلسلہ میں مزید تفصیل مظہر ہے کہ افغانستان کے وزیر خارجہ مسٹر علی محمد نے کل پاکستان کے سفیر سے ملاقات کی اور بمباری کے خلاف احتجاج کیا۔ افغان خبر رساں ایجنسی باختر کی اطلاع کے مطابق وزیر خارجہ نے احتجاج کرتے ہوئے اس وضاحت کا بھی مطالبہ کیا کہ بمباری کیوں کی گئی۔

وزیر خارجہ نے سفیر پاکستان سے کہا کہ یہ بمباری اسلام، انسانیت، بین الاقوامی حقوق، بین الحکومتی اور سیاسی معاہدات اور تعلقات ہمسائیگی کے خلاف ہے۔ [illegible]

"پاکستانی طیاروں نے افغان چوکی پر بمباری نہیں کی"

پاکستانی وزارت دفاع کا اعلان۔ افغانستان سے احتجاج کیا جائیگا

کراچی ۱۵ر جون۔ [illegible]

دستور ساز اسمبلی میں لفظ "مملکت ہند" پر اعتراض

ملکیت معاہدے اور مالی ذمہ داریوں کے متعلق دفعات کی منظوری

[illegible]

شام کے سابق صدر کے لڑکے کی خودکشی

[illegible]

ہندو پاکستان کی مشترکہ کانفرنس کے انعقاد کا امکان نہیں!

کشمیر کے معاملہ میں نئی دہلی کے حلقوں کی رائے

آج شیخ عبداللہ بھی نئی دہلی پہونچ رہے ہیں

نئی دہلی ۔ ۱۵ر جون۔ نئی دہلی کے باخبر حلقوں میں تحقیق کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ ہند اور پاکستان کے مابین مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں کسی مشترکہ گفتگو کا امکان نہیں۔ اس سے قبل اخبارات میں اس قسم کی اطلاعات شائع ہو چکی ہیں کہ اقوام متحدہ کا کشمیر کمیشن شاید اس بات کی کوشش کرے کہ ہند اور پاکستان کے نظریات کو ایک دوسرے کے قریب تر لانے کے لئے کوئی مشترکہ کانفرنس بلائی جائے۔

[illegible] کہ شیخ عبداللہ بھی آج کسی وقت یہاں پہنچنے والے ہیں [illegible] گفت و شنید میں حصہ لیں گے۔ (اپ)

وزیر اعظم پاکستان کا بیان

راولپنڈی ۔ ۱۵ر جون۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے کل اس یقین کا اظہار کیا کہ ہندوستان [illegible]

افغانستان اور پاکستان کے دوستانہ تعلقات

قبیلوں کے سرداروں کا مشورہ

[illegible]

افغانستان کیساتھ پاکستان کا جھگڑا

عراق سے مداخلت کی درخواست

[illegible]

قاہرہ میں پولیس کے چھاپے

اخوان المسلمین کے اراکین گرفتار

قاہرہ ۱۵ر جون۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

فرانس میں ۲۴ گھنٹے کی عام ہڑتال

سرکاری تکلے ریڈیو، ڈاک، تار سب بند

پیرس ۱۵ر جون۔ [illegible]

ماہ مبارک پر آپ کی خدمت میں مکاتیب شیخ الاسلام صرف ایک روپیہ میں پیش ہے ہر قسم کی کتابوں کیلئے لکھئے فہرست مفت۔ فرید الوحید منیجر قومی کتاب گھر دیوبند

Daily
Aljamiat
ESTD. 1925
روزانہ الجمعیۃ
Delhi 16-6-49

جرمنی کے مشرقی اور مغربی علاقوں کے درمیان تجارت کا احیا

وزرائے خارجہ اپنے ماہرین سے مشورہ کر رہے ہیں

پیرس ۱۴ر جون۔ [illegible]

عربوں سے براہ راست گفتگو کرنے کیلئے یہودی نمائندگی کی تجویز

لوزان کانفرنس ابھی جاری ہے

لوزان ۱۴ر جون۔ [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بلیوٹر مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

صوبہ سرحد کے وزیر اعظم مسٹر عبد القیوم خاں ڈیڑھ لاکھ روپیہ ہضم کر گئے

اس وقت آٹھ سو سیاسی کارکن جیلوں میں سڑ رہے ہیں

قیوم ڈکٹیٹری کے خلاف پیر مانکی شریف میدان میں آ گئے

پشاور [illegible] پیر صاحب مانکی شریف [illegible]

عقلمند اور بے وقوف

مضبوط سوسائٹی نہیں بنا سکتے

نئی دہلی ۱۴ر جون۔ مسٹر کرشن چندر [illegible]

سابق شہنشاہ انام باؤ دائی کی آمد کیخلاف طلبا کا مظاہرہ

سرکردہ افسران کی گرفتاری۔ باؤ دائی کی آمد پر پولیس اور فوج کا انتظام

سائیگون ۱۴ر جون۔ (یو۔ پی۔ آئی رائٹر) سابق شہنشاہ انام باؤ دائی کل جس ہوائی جہاز سے جس پر ویتنام کا پرچم لہرا رہا تھا۔ دلات سے یہاں پہونچے۔ آپ ویتنام کی حکومت سنبھالنے کے لئے یہاں پہونچے ہیں۔ جس کے متعلق اپریل ۱۹۴۹ء میں فرانس اور ویتنام [illegible] معاہدہ ہوا تھا۔

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

(بقیہ صفحہ اول)

ضابطہ کی دفعات کی جانچ میں بہر حال یہ تسلیم ہوگا کہ [illegible]

باشندگان ضلع مظفر نگر کی مشکلات

پانچ ہزار خاندان فاقہ کشی کا شکار

ضلع مظفر نگر [illegible] (اسٹاپ پریس)

کامرس، جنرل سائنس، کیمسٹری وغیرہ کیلئے الگ الگ فیس وصول کیجائیگی

یوپی کے انگریزی ہندوستانی اسکولوں کی کمیٹی کی سفارشات

نینی تال ۱۴ر جون۔ [illegible] (اپ)

دہلی میں مشہور طبی کالج کا قیام

[illegible]

فٹ بورڈ پر سفر کا نتیجہ

[illegible]

پٹیالہ یونین میں دو اخباروں پر پابندی

پٹیالہ ۱۴ر جون۔ [illegible]

"سردار" اور "شرمی"

پٹیالہ ۱۴ر جون۔ [illegible]

پٹیالہ یونین میں نیم مستقل الاٹمنٹ

پٹیالہ ۱۴ر جون۔ [illegible]

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں
اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خرید لیتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پر اپنے پورے پتے کے ساتھ حسب ذیل عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے۔
"... صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے کے بجائے آج کل پابندی کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں۔ اور میں ان کے معاملہ خریداری سے مطمئن ہوں"
ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام "جمعیۃ علماء نمبر" مفت ارسال کر دیں گے۔ یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی۔
[illegible]
منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے
اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پچاس صحیح اور مکمل پتے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر قیمتی آٹھ آنہ مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۲۵ رمضان تک کے لئے ہے
(نوٹ) [illegible]
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

نمونہ مفت
ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت [illegible]
پان کھلاتے وقت [illegible]
قیمت فی شیشی ۸ر علاوہ محصول ڈاک
لندن کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ بہار [illegible]

فرانسیسی ہندوستان میں استصواب کی ضرورت نہیں

پروفیسر لامبرٹ سراوان کا اظہار خیال

پانڈیچری۔ ۱۵ر جون۔ فرانس کے ایوان نمائندگان میں فرانسیسی ہندوستان کے صرف ایک نمائندے پروفیسر لامبرٹ سراوان ہیں۔ وہ گزشتہ ہفتہ پیرس سے ہندوستان آئے ہیں۔ انھوں نے ایک بیان میں کہا کہ اس کی ضرورت ہے کہ استصواب کے علاوہ فرانسیسی ہند کے مسئلہ کے حل کے لئے دوسرا طریقہ کار اختیار کیا جائے انھوں نے کہا کہ میں نے فرانسیسی وزارت خارجہ کے افسران سے اس پر گفتگو کی ہے اور سب اس سے متفق ہیں کہ اس مسئلہ کا کوئی دوستانہ حل ضروری ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ میری رائے میں استصواب کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہم سب ہندوستانی ہیں اور ہم ہندوستان سے ہی تعلق رکھتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ فرانس اپنے اقتدار کو فرانسیسی ہندوستان پر قائم رکھنا نہیں چاہتا بلکہ وہ ہندوستان کے [illegible] کوئی ایسا حل ہو جائے کہ یہ مسئلہ کسی طریقے سے طے ہو جائے اور ساتھ ہی ساتھ دونوں ملکوں کے وقار کو کوئی صدمہ بھی نہ پہنچے۔ اگر اس میں وقت بھی لگ جائے پھر بھی یہ استصواب سے بہتر ہے کیونکہ استصواب سے ہمارے مسائل حل نہیں ہوتے۔

انھوں نے ہندوستان کی دعوت پر زور دیا اور کہا کہ حکومت ہند کو چاہیے کہ وہ ہمارے ساتھ غیر ملکیوں جیسا برتاؤ نہ کرے بلکہ ہمیں فوج اور دوسری ملازمتوں میں داخل ہونیکا موقع فراہم کرے۔

پروفیسر موصوف پیرس واپس جانے سے پہلے پنڈت نہرو سے بھی ملاقات کریں گے۔ (اپ)

دیہاتی مساجد میں ابتدائی مدرسے

توسیع تعلیم کیلئے بہاولپور کی تجویز

بہاولپور ۱۵ر جون۔ ریاست بہاولپور کے وزیر تعلیم میجر شمس الدین محمد نے ایک انٹرویو کے دوران میں انکشاف کیا کہ انھوں نے ریاست کی تعلیمی اور صحت عامہ کی ترقی کے لئے ایک پنج سالہ منصوبہ تیار کر کے پیش کیا ہے۔ [illegible] ۱۰ ہائی سکول ۱۰ مڈل سکول اور [illegible] ابتدائی اسکول قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔

یہ تجویز بھی پیش کی گئی ہے کہ ریاست کے ہر دیہات کی مسجد میں ابتدائی مدرسے قائم کئے جائیں۔ حکومت دیہی مساجد کے موجودہ اماموں کو تعلیم دینے کی تربیت دلانے کا انتظام کرے گی۔ [illegible] تربیت کے دوران میں اماموں کو [illegible] بطور جیب خرچ بھی دیئے جائیں گے۔ غیر سرکاری کمیٹیاں دیہی مساجد کی اسکولوں کا انتظام کریں گی اور نگرانی بھی کریں گی۔ اس کے علاوہ محکمہ تعلیم کے افسر بھی اسکولوں کی نگرانی بھی کرتے رہیں گے۔

ہسپتالوں سڑکوں وغیرہ کی تعمیر کے لئے بھی ایک مفصل نقشہ مرتب کیا گیا ہے۔ (گلوب)

مولانا اکرم خاں مستعفی ہوگئے

ڈھاکہ ۱۵ر جون۔ معلوم ہوا ہے مشرقی پاکستان مسلم لیگ کے صدر مولانا محمد اکرم خاں نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیدیا ہے۔

آپ نے اپنے استعفے کے ساتھ لکھا ہے کہ بہت سے وجوہ کے باعث وہ اپنے عہدے سے متعلقہ فرائض کو انجام نہیں دے سکتے۔ [illegible] صوبائی مسلم لیگ کونسل اور ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ میں [illegible] اجلاس اس ہفتہ ہو رہا ہے۔ غور کیا جائیگا خیال کیا جاتا ہے کہ کل پاکستان مسلم لیگ کے صدر [illegible] اس میٹنگ میں شریک ہوں گے۔

پٹیالہ۔ ۱۵ر جون۔ مشرقی پنجاب اسمبلی کے ممبر [illegible]

مصری پولیس نے اخوان المسلمین کے دہشت پسند لیڈر کو گرفتار کر لیا

قاہرہ۔ ۱۵ر جون۔ اطلاع ملی ہے۔ کہ غیر قانونی قرار دادہ جماعت اخوان المسلمین کے ایک دہشت پسند لیڈر کو گرفتار کر لیا ہے۔ حال ہی میں جب دہشت پسندوں کی عام گرفتاریاں شروع ہوئی تھیں یہ شخص روپوش ہوگیا تھا۔

پولیس نے کافی تلاش کے بعد اس لیڈر کو گرفتار کیا۔ کل قاہرہ کے سویرہ کے علاقے میں مزید گرفتاریاں عمل میں آئیں جس کے دوران میں ۱۶ مشتبہ افراد گرفتار کئے گئے۔

اٹلی کی نئی فصل کو خطرہ

روم۔ ۱۵ر جون۔ پانچ لاکھ کھیت مزدوروں کی ہڑتال کی وجہ سے شمالی اور مرکزی اٹلی کی نئی فصل خطرہ میں پڑ گئی ہے۔ مزدوروں نے گزشتہ ایک ماہ سے کام بند کر رکھا ہے۔ اور جب تک کام نہیں کریں گے جب تک اُن کے مطالبات تسلیم نہ کر لئے جائیں۔ گزشتہ ہفتہ زمینداروں اور کھیت مزدوروں کے درمیان سمجھوتے کا امکان پیدا ہو گیا تھا۔ لیکن بکایک گفت و شنید ٹوٹ گئی۔

ہڑتالیوں اور سپاہیوں کے درمیان اکثر تصادم ہوتے رہتے ہیں۔ جب سے ہڑتال شروع ہوئی ہے کم از کم ۱۱ افراد [illegible] اور تین ہلاک ہو چکے ہیں۔ فی الحال جنوبی علاقے کی حالت معمول کے مطابق ہے۔ لیکن گفت و شنید کی ناکامی کے بعد اس امر کا زیادہ امکان ہے کہ انتشار پھیل جائے۔ (گلوب)

جنوب مشرقی ایشیا میں

نئی برطانوی نو آبادی

لندن۔ ۱۵ر جون۔ اخبار ٹریبون کے نامہ نگار کا بیان ہے۔ کہ برطانوی کمشنر برائے جنوب مشرقی ایشیا مسٹر میلکم میکڈانلڈ کی لندن سے سنگاپور کو پرواز سے قبل برطانوی کابینہ نے انھیں ایک مسودہ دیا تھا جو کہ جنوب مشرقی ایشیا میں ایک اور نو آبادی قائم کرنے کے متعلق ہے۔

نامہ نگار کا بیان ہے۔ کہ اس نو آبادی میں ملایا سنگاپور، ہانگ کانگ اور بورنیو شامل ہوں گے اور مسٹر میکڈانلڈ کا فوری فرض اس وفاق کی بنیاد رکھنا ہے۔

جونہی یہ وفاق تیار ہو جائے گا۔ اس کو درجہ نو آبادیات عطا کر دیا جائے گا نامہ نگار کا خیال ہے کہ اگر ملایا، ہانگ کانگ اور دوسرے علاقوں کو نو آبادیات دینے کا وعدہ کیا گیا تو توقع کی جا سکتی ہے کہ کمیونزم کے خلاف ایک متحدہ محاذ [illegible] بن جائے گا۔ (گلوب)

اخبارات اور کسٹم محصول

کلکتہ ۱۵ر جون معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے حکومت ہند کو مطلع کیا ہے کہ ہندوستانی اخبارات کو پاکستان میں کسٹم محصول ادا کرنا نہیں پڑے گا۔ یہ حکم فوراً نافذ ہوگا۔

کیا سردار پٹیل وزارت سے مستعفی ہو رہے ہیں؟

بمبئی ۱۵ر جون [illegible] سردار ولبھ بھائی پٹیل نائب وزیر اعظم نے وزیر اعظم اور ساتھی وزیروں کو مطلع کیا ہے کہ آپ وزارت سے مستعفی ہونا چاہتے ہیں۔ [illegible] سردار صاحب اپنی گرتی ہوئی صحت کے پیش نظر وزارتی فرائض سے سبکدوش ہونا چاہتے ہیں۔ [illegible] انتخابات کے سلسلہ میں کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کی سرگرمیوں کو منظم کرنا چاہتے ہیں۔

مغربی بنگال کانگرس کمیٹی کے نئے صدر کا انتخاب

مخالف پارٹی کامیاب ہوگئی

کلکتہ ۱۴ر جون آج بعد دوپہر مغربی بنگال پراونشل کانگرس کمیٹی کے اجلاس میں جو تین گھنٹے کے بعد ختم ہوئی زبردست ہنگامہ ہوا۔ اور اجلاس کے باہر تشدد کا مظاہرہ ہوا۔ سرکردہ کانگرسیوں کو حملوں وغیرہ سے بچانے کے لئے مسلح پولیس کی امداد بلانا پڑی۔ صوبہ کے ایک وزیر مسٹر [illegible] کانگرس میں زبردست کشیدگی چلی آ رہی تھی جو کہ آج انتہائی حد تک پہنچ گئی۔ مخالف گروپ کامیاب ہو گیا۔ اور موجودہ [illegible] کو گدی سے اتار دیا گیا۔ ڈاکٹر [illegible] سریندر موہن گھوش صدر اور چارو چندر بھنڈاری سکریٹری منتخب کئے گئے۔ ورکنگ کمیٹی کی تشکیل بعد میں کی جائے گی۔

اجلاس میں کانگرس کے جنرل سکریٹری [illegible] بھی موجود تھے۔ مسٹر پرفل چندر گھوش بھی مخالف گروپ میں شامل ہیں۔ جلسہ میں اخباری نمائندوں کو داخلہ کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ [illegible] (اپ)

سرجو دریا کا رخ نہیں بدل رہا

لکھنؤ ۱۵ر جون۔ یو پی کے انجینیرنگ کے [illegible] خیال کی حمایت نہیں کرتے کہ دریائے سرجو کا رخ تبدیل کر رہا ہے [illegible]

کپڑے پر پابندیاں ختم

امرتسر ۱۵ر جون۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible]

برلن کی ریلوے ہڑتال جاری رہیگی

برلن ۱۵ر جون۔ مغربی برلن کے ریلوے ملازمین [illegible]

مدراس میں ایک تھانے پر دوسو مسلح اشخاص کا حملہ

وجے واڑہ ۱۴ر جون۔ یہاں آمدہ اطلاعات کے مطابق وجے واڑہ سے ۱۰ میل دور موضع جو پوڈی کے پولیس تھانہ پر دو سو مسلح اشخاص نے حملہ کر دیا جس پر پولیس نے گولی چلادی۔ اس سے ایک شخص ہلاک اور ایک سخت زخمی ہوا۔ [illegible] کانسٹبل [illegible] زخمی ہوئے۔ [illegible] پر اچانک حملہ کر دیا۔ پولیس نے وارننگ دینے کے بعد گولی چلادی۔ زخمی حملہ آور کو اس کے ساتھی اپنے ساتھ اٹھا لے گئے۔ [illegible] پولیس نے ان اشخاص کو حراست میں لے لیا [illegible] (اپ)

مسٹر سچر کو کانگریس کے عہدہ دار کو نامزد کرنے کا اختیار دیدیا گیا

مشرقی پنجاب اسمبلی کی کانگریس پارٹی کا فیصلہ

[illegible] مشرقی پنجاب اسمبلی کی کانگریس پارٹی کی [illegible] جس میں اتفاق رائے سے مسٹر بھیم سین سچر کو پارٹی کے عہدیداروں اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر نامزد کرنے کا اختیار دیدیا گیا۔ [illegible] ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے پیش کیا۔ مسٹر پربودھ چندر نے تائید کی

یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایگزیکٹو کمیٹی میں ۲۳ ممبران لئے جائیں ان میں چھ وزیر بطور ڈپٹی لیڈر، ۳ وہپ اور ۳ سکریٹری ہوں۔ مسٹر بھیم سین سچر نے میٹنگ کی صدارت کی اور پارٹی کے [illegible] ممبروں میں سے [illegible] ممبران شامل ہوئے۔

یہ بھی پتہ لگا ہے کہ اس میٹنگ میں بلیک مارکیٹ کے خلاف اٹھائے ہوئے سرکاری اقدام پر اظہار پسندیدگی کیا گیا۔ [illegible]

مشرقی پنجاب کو ۳ کروڑ روپیہ کا قرضہ

صوبائی حکومت کے ایک نمائندہ کا انکشاف

شملہ ۱۵ر جون حکومت مشرقی پنجاب کے نمائندہ نے اس امر کا انکشاف کیا کہ [illegible] مرکزی قرضوں کی اسکیم کے ماتحت حکومت ہند نے مشرقی پنجاب کو ۳ کروڑ روپیہ قرض دینے کی منظوری دی ہے۔ [illegible]

شام کی قوم پرست پارٹی توڑ دی گئی

۳۰ سے زائد ارکان پارلیمنٹ گرفتار

لندن ۱۵ر جون۔ بیروت کی ایک خبر سے پتہ چلتا ہے کہ گزشتہ اتوار کو لبنان کے سرکاری فرمان کے مطابق شام کی قوم پرست جماعت توڑ دی گئی جس کے بعد قوم پرست پارٹی کے ۳۰ سے زائد ممتاز اراکین گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ اس جماعت نے ایک مسلح انقلاب کی تیاری کی تھی اس جماعت کا مقصد سابق سلطنت عثمانیہ کے تمام علاقوں کو پھر سے شام میں ملانا ہے۔ لبنانی حکومت اب تک اس جماعت سے ٹکرانے سے پرہیز کرتی تھی۔ لیکن حال ہی میں جب اس جماعت نے انتخابی پارٹی سے ٹکر لی تو اسے مجبوراً سخت کاروائی کرنی پڑی۔ انتخابی پارٹی لبنان کی موجودہ آزادی کی حامی ہے۔ (گلوب)

فولاد کے پرمٹوں کے سلسلے میں گھپلا

شملہ ۱۵ر جون۔ [illegible]

ہندوستان کی نئی حیثیت سے برطانوی دولت مشترکہ کو تقویت پہنچی ہے

آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایواٹ کا ریڈیو پر تبصرہ

کینبرا ۱۵ر جون [illegible] آسٹریلیا کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ہربرٹ ایواٹ نے ایک ریڈیو براڈکاسٹ میں لندن سے واپسی پر بتایا کہ ہندوستان کے اپنا درجہ بدل لینے سے برطانوی کامن ویلتھ کو بڑی تقویت پہنچی ہے۔ ڈاکٹر ایواٹ نے آگے چل کر کہا کہ میرا خیال ہے کہ برطانیہ میں بادشاہ سے لیکر نیچے تک ہر شخص اس سے بہت خوش ہے۔ آپ نے کامن ویلتھ کو ایک اہم ادارہ بتایا جو مجلس متحدہ اقوام کی قدر و منزلت میں اضافہ کا سبب ہوگا۔

آپ سے چین کے متعلق دریافت کیا گیا کہ یہ مسئلہ بین الاقوامی اہمیت اور مجلس متحدہ اقوام کے لئے قابل غور ہے [illegible] تو آپ نے جواب دیا کہ اگر اس سے چین کے کسی حصہ میں کچھ بھی خطرہ پیدا ہوا [illegible]

ہندوستان کے رویہ پر تنقید

کوہاٹ ۱۵ر جون صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خان عبدالقیوم خاں نے کشمیر کے واقعات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند کشمیر کے متعلق اپنے وعدوں سے مکرنا چاہتی ہے۔ چھ ماہ قبل ہم نے محسوس کیا تھا کہ حکومت ہند ایک منصفانہ حل کے لئے آمادہ ہے۔ لیکن گزشتہ ہفتے کے واقعات بتاتے ہیں کہ اس کا رویہ بالکل بدل گیا۔

سکھر آباد میں سردار عبدالرب نشتر نے حکومت ہند پر یہ الزام لگایا کہ اس کا رویہ غیر معقول ہے انھوں نے ایک جلسہ میں کہا کہ اگر ہندوستان بعض بنیادی مسائل پر نیک نیتی سے حل کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو کشمیر کا مسئلہ آسانی سے طے ہو سکتا ہے۔ (ایسوسی ایٹڈ پریس)

برما کی سرکاری فوجوں نے تیل کے دوسرے بڑے مرکز پر قبضہ کر لیا

اراودی کے کنارے اور رنگون کے جنوب مغرب کی طرف پیش قدمی

رنگون ۱۴ر جون۔ ایسوسی ایٹڈ پریس [illegible] سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ سرکاری فوجوں نے [illegible] قبضہ کر لیا ہے [illegible]

ہڈیوں کا بینک

لندن ۱۵ر جون۔ خون کے بینک تو اب دنیا کے ہر ملک میں قائم ہیں۔ لیکن حال ہی میں لندن میں ایک ہڈیوں کا بینک قائم کیا گیا ہے۔ [illegible]

رنگون ۱۵ر جون۔ برما کی پارلیمنٹ میں [illegible]

دانتوں کی ہر تکلیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے
دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی [illegible]

[illegible]
حمید اوپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچررز بازار بلیماران دہلی

تازہ خبر
ادویات پیٹنٹ اور ٹریڈ مارک لیبل۔ ڈیزائن۔ دنام وغیرہ رجسٹرڈ کرانے کے لئے فوراً تکلیف یا تشریف لادیں۔
کلکتہ ٹریڈ مارک کمپنی نزد فتحپوری چاندنی چوک دہلی

ANICOTONIC
کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا
امیکو ٹانک
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے
[illegible]
امیکو طلا
[illegible]
امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں
[illegible]
منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۷ر جون سنہ ۱۹۴۹ء

مذہب کی آزادی

مجلس متحدہ اقوام کی طرف سے "انسانی حقوق" کی تحقیقات اور حفاظت کی غرض سے ایک کمیشن مقرر کیا گیا ہے جس کے اجلاس لیک سکس میں منعقد ہوتے ہیں اس کے ایک حالیہ اجلاس میں مذہب اور خیالات کی آزادی پر ایک قرار داد منظور ہوئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ

> "ہر شخص کو خیالات، ضمیر اور مذہب کی آزادی حاصل ہونی چاہیئے اس حق میں یہ بات بھی شامل ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا مذہب اور عقیدہ تبدیل کرنا چاہیے تو اسے اس کی پوری اجازت ہو، نیز ہر شخص اس معاملہ میں آزاد ہو کہ وہ انفرادی یا اجتماعی طور پر تقریبات، تعلیم اور عمل میں اپنے مذہب کا مظاہرہ کر سکے اور اس مظاہرہ میں کوئی روک پیدا نہ ہو۔"

نہ صرف جمہوریت کا بلکہ انسانی شرف کا تقاضہ ہے کہ عوام کو مذہب، خیالات اور ضمیر کی آزادی حاصل ہو اور جو شخص جن عقائد کو درست سمجھے وہ ان کا اظہار بھی کر سکے اور مخصوص خیالات کو تسلیم کرنا اس کے لئے باعث شرم نہ ہو! اس بات کو ہر انسان تسلیم کرے گا کہ دنیا میں خیالات اور عقائد کا اتحاد ناممکن ہے جس طرح سیاسیات میں سب لوگوں کے خیالات یکساں نہیں ہوتے اسی طرح مذہب اور عقاید میں بھی سب کے خیالات میں ہم آہنگی نہیں ہوتی، ایک گروہ خدا کی وحدانیت کا قائل ہے اور وہ خدا کو اپنی ذات و صفات اور عبادت میں یکتا اور لاثانی مانتا ہے، دوسرا گروہ شرک کے وہ خدا کا قائل ہے تیسرا تثلیث یعنی تین خداؤں کو مانتا ہے اور چوتھا تعدد الٰہ یعنی بہت سے خداؤں اور دیوتاؤں پر ایمان رکھتا ہے کوئی ان دیکھے خدا کی پرستش کرتا ہے کوئی مظاہر فطرت کے سامنے سر جھکاتا ہے کوئی سورج اور چاند کو مخلوق سمجھتا ہے اور کوئی خالق اور معبود قرار دیتا ہے، کسی کا خیال ہے کہ نجات کی راہ ترک دنیا ہے، کسی کے خیال میں دنیا کا صحیح استعمال ہی راہ نجات ہے، دنیا کے مختلف مذاہب میں صرف فروعات کا ہی اختلاف نہیں ہے، اصول اور بنیاد کا بھی اختلاف ہے کوئی مشرق کو جاتا ہے تو کوئی مغرب کو حتیٰ کہ بعض لوگ تو خدا کی ہستی کے بھی منکر ہیں اور انکا اپنا کوئی مذہب نہیں ہے مگر ہم لامذہبی کو بھی ایک طرح کا مذہب ہی سمجھتے ہیں فرق یہ ہے کہ مذہب والوں کا طریقہ اثبات ہے اور لامذہبوں کا طریقہ نفی اور جب نفی کو بھی دعوی میں شامل کر لیا جاتا ہے تو وہ بھی طریقہ بن جاتا ہے۔

جہاں تک مذاہب کے بنیادی اختلافات اور تصورات کا تعلق ہے یہ ظاہر ہے کہ وہ سب حق اور راست نہیں ہو سکتے تاہم جہاں تک مذاہب کی آزادی کا تعلق ہے وہ انہیں ضرور ملنی چاہیئے کیونکہ مذاہب پر پابندی کے معنے یہ ہیں کہ کوئی مذہب بھی آزاد نہ ہو، اگر ایک مذہب کو آزاد اور دوسرے کو پابند بنایا جائے تو یہ ناانصافی ہوگی کیونکہ آزادی اور پابندی کا معیار کسی کے پاس نہیں ہے اور کسی کو یہ فیصلہ کرنے کا حق نہیں کہ فلاں مذہب کو آزاد رہنا چاہیئے، اور باقی مذاہب کو آزادی سے محروم کر دینا چاہیئے۔

یہ فیصلہ تو اہل سیاست کا ہے کہ ہر انسان کو مذہب، عقائد اور ضمیر کی آزادی کا حق حاصل ہونا چاہیئے لیکن کیا مذاہب نے بھی اس حق کو تسلیم کیا ہے، کیا کسی مذہب نے مذہبی آزادی کے حق میں آواز بلند کی ہے؟ کیا کوئی مذہب ایسا بھی ہے جس نے دوسرے مذہب کی آزادی کا اقدام کیا ہو اور اپنی سچائی پر اصرار کرتے ہوئے، دوسروں کو بھی یہ حق دیا ہو کہ وہ بھی اپنی سچائی پر اصرار کریں اور کھلے بندوں اپنے مذہبی خیالات کو عمل میں لائیں؟ ہمارے خیال میں اسلام کے سوا دنیا میں کوئی مذہب نہیں جس نے مذاہب کی آزادی کا کھلے الفاظ میں اعلان کیا ہو۔ یہودی مذہب، عیسائی مذہب، بدھ مذہب، زردشتی مذہب، شنٹو ازم، ہندو دھرم اور دوسرے مذاہب ہمارے سامنے ہیں، ان میں سے کسی ایک مذہب نے بھی مذہبی آزادی کا اعلان نہیں کیا، کسی نے مذہبی آزادی کی مخالفت کی اور کوئی مذہبی آزادی کی طرف سے خاموش رہا یہ فخر صرف اسلام کو حاصل ہے کہ اس نے رومی کلیسا کے مذہبی استبداد اور مذہبی جنبہ داری کے دور میں مذہب کی آزادی کا تاریخی اعلان کیا۔

لا اکراہ فی الدین:- مذہب اور دین کے بارے میں کوئی زبردستی نہیں۔

آج جہاں بھی مذہبی آزادی کی گونج ہے وہ اسی اسلام کی صدائے بازگشت ہے جس نے ضمیر و خیالات اور مذہب کو کامل آزادی بخشی۔

من شاء فلیؤمن و من شاء فلیکفر، جو شخص چاہے ایمان لائے جو چاہے ایمان لانے سے انکار کر دے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا کمیشن کے اعلان کر دینے سے مذہب اور ضمیر کو حقیقی آزادی مل جائے گی؟ اگر سیاسی آزادی کے اعلان کے باوجود اقوام اور ممالک کو آزادی نہیں ملی تو مذہبی آزادی کے اعلان سے مذہب اور خیالات کو کس طرح آزادی مل جائے گی؟ اگر مذہب سے مراد صرف پوجا پاٹ اور چند رسموں کی نمائش ہے تو بلاشبہ مذہب کو آزاد سمجھنا چاہیئے لیکن اگر مذہب سے مراد وہ ضابطہ حیات ہے جو انسانی تمدن کی ہر شاخ پر حاوی ہے تو مذہب کی آزادی کا تصور مشکل ہی سے کیا جا سکتا ہے، کیا آج کوئی سیاست مذہب کے ایسے مسائل کو برداشت کرلے گی جن سے اس کا تصادم ہوتا ہو؟ کیا مذہب اور مذہبی اعمال کی تشریح کر کے خود اہل سیاست نے مذہب پر پابندی نہیں لگائی؟ کیا اقتصادیات اور معاشرت کے پردہ میں مذہب کو بے دست و پا کرنے کی کوشش نہیں کی گئی؟ بے شک اب وہ زمانہ نہیں ہے کہ زمین کی حرکت کے نظریہ کو جرم قرار دیکر کسی برونو کو زندہ جلا دیا جائے، یا اسمتھ فیلڈ کے میدان میں کوئی ملکہ میری پروٹسٹنٹ مذہب والوں کو زندہ جلا دے، یا اسپین کے ہزارہا مسلمانوں اور یہودیوں کو انکوائزیشن کے شکنجہ میں کس دیا جائے لیکن ابھی وہ زمانہ باقی ہے کہ ہندو اور مسلمان ہونے کے جرم میں لاکھوں بے گناہ قتل کر دیئے جائیں، اور کوئی قانون، کوئی حکم اور کوئی آواز انہیں اس بربریت سے نہ روک سکے!

بہرحال انسانی حقوق کے کمیشن نے مذہب اور خیالات کی آزادی تسلیم کر کے حریت فکری کی ایک بہت بڑی خدمت انجام دی ہے، اب کوشش یہ ہونی چاہیئے کہ یہ آزادی کاغذات تک محدود نہ رہے، بلکہ ہماری مذہبی زندگی کی ایک عملی شکل بن جائے۔

بمباری؟

افغان ایجنسی اور افغان فوجی افسر کا بیان ہے کہ پاکستان کے ایک ہوائی جہاز نے افغانی علاقہ پر بم گرائے جس سے پندرہ آدمی ہلاک اور ایک سو بارہ زخمی ہوئے، دوسری طرف حکومت پاکستان کا [illegible] افغانی سپاہیوں کی موجودگی میں پاکستان کے ہوائی جہاز پر جو وزیرستان پر پرواز کر رہا تھا گولیاں چلائیں اور اسے نقصان پہنچایا جس پر پاکستان کے طیارہ نے تنبیہی جواب دیا اور اس کاروائی سے کچھ لوگ زخمی ہو گئے۔

معلوم نہیں پاکستانی طیارہ کی بمباری کی اصل وجہ کیا ہے لیکن اس حادثہ سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کا اختلاف روز بروز نازک صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، یہ بحث تو الگ ہے [illegible]

اچھی باتیں

لا یسئم الانسان۔ تا۔ قنوط

(رکوع ۱)

ترقی کی خواہش سے آدمی کا جی نہیں بھرتا، اگر اس کو کچھ تکلیف پہونچتی ہے تو نا امید اور ہراساں ہو جاتا ہے۔

انسان ترقی اور خوشحالی چاہتا ہے وہ خواہ کتنی ہی بلندی پر پہونچ جائے لیکن خواہش یہی رہتا ہے کہ اور بلندی پر پہونچے اور اسے ایک من کی بجائے ایک ٹن ملے اس خواہش کی موجودگی میں اگر اس کی ترقی کو بریک لگ جاتا ہے اور اسپر کوئی مصیبت نازل ہو جاتی ہے تو بجائے صبر اور استقامت کے وہ ناامید ہو جاتا ہے اور گھبرا کر ہمت توڑ بیٹھتا ہے، لیکن اگر وہ زندگی کے فلسفہ سے واقف ہو اور یہ سمجھے کہ ترقی کے ساتھ تنزل اور راحت کے ساتھ تکلیف بھی لگی ہوئی ہے تو وہ کبھی ہراساں نہ ہو، یہاں یہی سبق دیا گیا ہے کہ ایک مسلمان کو کسی حالت میں بھی مایوس نہ ہونا چاہئے تکلیف تو خود ترقی کا ذریعہ ہے اس کی وجہ سے ہمت ہار دینا ترقی کی راہوں میں بند لگا دینے کے مرادف ہے۔

شام کے واقعات

جی — ادسی — بوف

شام کے حالیہ انقلاب پر بہت کچھ تبصرے ہوتے ہیں ذیل میں روسی نقطہ نگاہ کا چھ ہم پیش کیا جاتا ہے۔ جس سے اڈیٹر کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔ (اڈیٹر)

مصر، لبنان اور دیگر ممالک کے جمہوری اخبارات نے شام کی فوجی بغاوت کو بیرونی طاقت کی [illegible] تیل کی اجارہ داریوں [illegible] اور مشرق قریب میں انگلو امریکی [illegible]

[illegible]

تازہ حوصلے

چین کے نئے وزیر اعظم نے اپنی نئی کابینہ کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا اولین فرض یہ ہے کہ ہر قیمت پر فتح حاصل کریں، اور عوام سے کہیں کہ وہ ہماری طرف دست تعاون بڑھائیں! لب پر دم آنے کے بعد فتح کی امید واقعی اولوالعزمی کی علامت ہے لیکن ہمارے خیال میں حوصلہ کی یہ بلندی چینی عوام کے لئے تباہ کن ثابت ہوگی، اس خام خیالی کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دو چار لاکھ اشخاص کو اور جنگ کی دیوی پر بھینٹ چڑھا دیا جائے گا، باقی فتح جیسی کچھ ہوگی ہے وہ ظاہر ہے! موجودہ سیاسیات کا یہ عجیب و غریب مزاج ہے کہ مرتے مرتے بھی اس کے حلق سے فتح کا نعرہ نکلتا ہے اور بھاگتے بھاگتے بھی آواز بلند ہوتی ہے کہ آخر میں فتح ہماری ہی ہوگی!

اقلیتوں کا تحفظ

متحدہ اقوام کے کمیشن نے لیک سیکس میں اقلیتوں کی حفاظت کے مسئلہ پر اپنی خاص توجہ مبذول فرمائی ہے اور وہ ان وسائل کا گہرا مطالعہ کر رہی ہے جنہیں اختیار کرکے متحدہ اقوام نسلی، قومی، مذہبی اور لسانی اقلیتوں کی حفاظت کرنے کے قابل ہو سکے گی! متحدہ اقوام جن مسائل پر ہاتھ ڈالتی ہے اس کا اثر کچھ الٹا ہی نکلتا ہے، اب اس نے اقلیتوں کے تحفظ کا نام لیا ہے اس لئے خدا خیر کرے کہ اقلیتوں کا کیا حشر ہوتا ہے، اور اقلیتیں بھی صرف مذہبی نہیں بلکہ لسانی، نسلی اور قومی اقلیتیں بھی اگر دنیا کی اکثریت احمق نہ ہوتی تو سیدھے کاموں کے الٹے نتائج کبھی نہ نکلتے۔

مباحث امروز

ہندستانی فوج کا فرض — دہلی کے گداگر — کارخانوں پر قبضہ کرو

ہندستانی فوج کا فرض

ہندستان کے کمانڈر انچیف جنرل کریاپا نے پونا میں ایک اجتماع میں پھر یہی بات دہرائی کہ فوج کو سیاسی گروہ بندی سے الگ رہنا چاہیئے۔ انھوں نے کہا "ہم کسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتے، سیاسی پارٹیاں آئینگی اور چلی جائینگی لیکن فوج ہمیشہ موجود رہے گی"۔

آپ نے مزید فرمایا "فوج کا مقصد یہ ہے کہ وہ بیرونی حملے سے ملک کی حفاظت کرے اور اس کا دوسرا کام یہ ہے کہ وہ ہنگامی حالات کے وقت ملک میں امن قائم رکھنے کے لئے شہری حکومت کی مدد کرے"۔

کمانڈر انچیف کے یہ خیالات کسی تشریح کے محتاج نہیں۔ انھوں نے دو جملوں میں فوج کے فرائض منصبی پر روشنی ڈال دی ہے اور سچ یہ ہے کہ فوج اگر ان اصولوں کی پابند رہ کر صحیح خدمات انجام دے تو بہت جلد عوام کی یہ غلط فہمی دور ہو سکتی ہے کہ [illegible] ہمارا کوئی ڈسپلن کمزور ہو گیا ہے۔

دہلی کے گداگر

یوں تو سارے ہندستان میں فقیروں کی تعداد اتنی ہے کہ ساری دنیا میں اتنی تعداد نہ ملے گی لیکن خاص دار السلطنت کے اندر ان فقیروں کی جتنی تعداد ہے اس نے تو [illegible] ریکارڈ کو نیچے ڈال دیا ہے۔ مختلف فقیر اور مختلف ان کے مانگنے کے ڈھنگ دلی کے جس حصہ میں نکل جاؤ نئے نئے طور طریق پر مانگنے والے بھکاریوں سے سابقہ پڑتا ہے۔

کوئی زخم دکھا رہا ہے۔ کوئی لڑکی چیخ رہی ہوگی۔ اور کوئی عورت اپنی گود کے بچہ کا ذکر کر رہی ہوگی اور کوئی بوڑھا گڑگڑا کر آپ کے پیروں میں ٹپک رہا ہوگا۔ صرف اس لئے کہ آپ سے ایک آنہ یا دو پیسہ کا ٹیکس وصول کرے۔

کیا یہ سب کچھ دہلی میونسپلٹی اور خود مرکزی حکومت کے نام پر جس کے ہاتھ میں اس شہر اور صوبہ کا نظم و نسق ہے [illegible] نہیں ہے؟ بہت دن نہیں گزرے کہ گداگروں کے لئے ایک الگ گھر بنانے کی تجویز تھی۔ تاکہ جو گداگر واقعی مستحق امداد ہیں انہیں وہاں رکھا جائے۔ اور جو اس قسم کے ہیں کہ کام کر سکتے ہیں۔ ان سے کام لیا جائے۔

کیا یہ اسکیم ...... ختم ہو کے رہ گئی ہے اور اگر نہیں تو اس سلسلہ میں اب تک کوئی قدم کیوں نہیں اٹھایا گیا۔ عوام اس کا جواب سننے کے منتظر ہیں۔

کارخانوں پر قبضہ کرو

بمبئی کی ہندو مزدور سبھا نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ جن کارخانہ داروں نے کارخانے بند کر دیئے ہیں انہیں وہ اپنے ہاتھ میں لے لے تاکہ صوبہ کی پیداوار میں کمی بھی واقع نہ ہو اور مزدور بھی بیکار نہ رہیں۔

مزدوروں کو جب کبھی شکایت پیدا ہوتی ہے تو وہ شکایات کے ازالہ اور اپنے مطالبات کو منظور کرانے کے لئے ہڑتال کرتے ہیں، معلوم ہوتا ہے کارخانہ داروں نے اس کا توڑ یہ ایجاد کیا ہے کہ اگر مزدوروں کو ہڑتال کرنا ہو تو کارخانہ ہی بند کر دیا جائے۔ نہ رہے بانس اور نہ بجے بانسری نہ کارخانہ کھلا اور نہ مزدور رہ سکیں گے۔

آئے دن آرڈیننس جاری ہوتے رہتے ہیں کیا ایسا کوئی آرڈیننس جاری نہیں ہو سکتا کہ کارخانے بند کرنے کو غیر قانونی قرار دے دیا جائے اور اگر کوئی کارخانہ دار کسی کارخانہ میں تالا ڈالے تو اس کی کنجی فوراً چھین لی جائے۔ تاکہ کم از کم مزدوروں کی بڑھتی ہوئی بیکاری میں اضافہ نہ ہو۔

حکومت کو یاد رکھنا چاہیئے کہ عوام کی بڑھتی ہوئی بیکاری اس کے لئے سخت بدنامی کا باعث ہے ہندو مزدور سبھا کا مطالبہ ایک جائز مطالبہ ہے اور اسے جتنا جلد منظور کر لیا جائے اتنا ہی اس میں خود حکومت کا فائدہ ہے۔

[illegible]

گندم کپڑا اور جوار کی قیمتوں میں اضافہ

[illegible]

درہ کوہاٹ میں بجلی کی روشنی

[illegible]

پاکستان کی ایک جھلک

(ذیل میں پاکستانی اخبارات سے چند اقتباسات درج کئے جاتے ہیں)

مسٹر لیاقت علیخاں راولپنڈی میں

پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی ۱۰ رجون کو راولپنڈی پہنچے ہیں۔ ان کے ساتھ پاکستان کے سکریٹری جنرل مسٹر چودھری محمد علی اور ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے سکریٹری مسٹر غلام محمد بھی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ وزیر اعظم کا مقصد فوجی اور خاص سیاسی [illegible] ہے۔ ان کے پروگرام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کشمیر کی صورت حال کا خود جائزہ لینے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ وہ آزاد کشمیر بھی جائیں گے۔ اور راولپنڈی میں فوجی افسروں سے بعض اہم مسائل پر گفتگو بھی کریں گے۔ مسئلہ کشمیر میں جو تعطل پیدا ہو گیا ہے اس کی وجہ سے وزیر اعظم کا [illegible] چنانچہ صورت اپنے گزشتہ دورہ منسوخ کر کے راولپنڈی تشریف لے گئے ہیں۔ اس لحاظ سے ان کا یہ سفر بہت اہم ہے۔ اور اس اہمیت کے پیش نظر ان کو اگر بعض سیاسی جھگڑوں میں نہ الجھایا جائے تو بہت مستحسن ہے کیونکہ اس وقت جو مسئلہ ان کے پیش نظر ہے وہ پنجاب کے اقتدار کی جنگ سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ (تسنیم لاہور)

روسی دعوت نامہ

روسی دعوت نامہ سے جہاں اور بہت سی کیفیات ظاہر ہوتی ہیں وہاں اس امر کا بھی پتہ چلتا ہے کہ روس کے نزدیک پاکستان دنیائے اسلام کے ایک اہم ترین ملک کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور پاکستان نے بحیثیت [illegible] متواتر مشکلات کا سامنا کرنے کے بعد [illegible] کی ہے اسلئے پاکستان کو یہ دعوت نامہ ایک دوست کی حیثیت سے قبول کر کے روس کے ساتھ بھی ویسے ہی گہرے دوستانہ تعلقات پیدا کرنے چاہئیں جیسے دیگر اسلامی و غیر اسلامی ممالک کے ساتھ ہیں۔ لیکن روسی بلاک میں منظم ہو جانا درست نہیں۔ جس طرح ہم دولت مشترکہ میں شمولیت کی حیثیت سے رہنے کے مخالف ہیں اسی طرح روسی بلاک کا ایک حلقہ بن جانے کے بھی دشمن ہیں۔ روس کے ساتھ [illegible] کا یہ مقصد بھی نہیں ہونا چاہیے کہ ہم روسی نظام حکومت کو پاکستان میں رائج کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان میں اسلامی نظام قائم ہو۔ اور اسی نظام کی بنیاد پر پاکستان دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف اول میں کھڑا ہو کر دنیا میں ایک غالب اور مساویانہ نظام قائم کرے۔ افراط و تفریط کے اس دور میں ایک یکسانیت کا نظام قائم کر کے دنیا کے [illegible] نمونہ پیش کرے اور بالآخر [illegible] کہ اپنے نظام کو دنیا کے تمام ممالک [illegible] کر لینے کے بعد کہ اسلامی نظام حکومت ہی [illegible] فطری نظام ہے دنیا میں اسے رائج کرے تاکہ دنیا بہشت بریں کا نمونہ بن سکے۔ "جہاں کسے با کسے کارے نباشد" کا سماں کھینچ جائے۔ اس نظام [illegible] اور اپنے آپ کو مضبوط کرنے کے لئے امریکہ روس برطانیہ اور دیگر تمام ممالک کے ساتھ ایک مساوی دوستانہ رشتہ قائم کرنا ہی سیاسی نکتہ نظر سے مفید ہے لیکن ان کا اثر قبول کر کے اپنے آپ کو ان کا محتاج تصور کرنا کسی صورت [illegible]۔ روس کے دعوت نامہ سے جہاں پاکستان کے عوام میں مسرت و انبساط کی لہر دوڑ گئی ہے وہاں امریکہ اور برطانیہ کی نگاہیں بھی کھل گئی ہیں۔ اور وہ روس کے ساتھ پاکستان کو منسلک دیکھنا گوارا نہیں کرتے انہیں پاکستان کی اہمیت کا اندازہ ہو چکا ہے اور وہ ہر ممکن کوشش کریں گے کہ پاکستان اینگلو امریکن بلاک کے ساتھ چلتا رہے۔ لیکن ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان اسلامی بلاک کا سربراہ بن کر مغربی اور روسی بلاک کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کرے۔ روس چونکہ اشتراکی نظام حیات مغربی جمہوریت کی نسبت اسلامی نظام سے بہت زیادہ ملتا جلتا ہے۔ اس لئے روس کے ساتھ پاکستان کے تعلقات مغربی طاقتوں کی نسبت لازمی طور پر زیادہ گہرے اور مضبوط ہونگے جن سے پاکستان ایشیا بالآخر تمام مشرق کا قافلہ سالار بن کر مغرب کی غلط کاریوں کے خاتمے کا سبب بنے گا۔

(سعادت لائلپور)

اسلامی بلاک

کراچی سے آنے والی اطلاعات ایک طرف بین الاقوامی سیاست میں اس تیسرے بلاک کی تشکیل کا دن قریب لانے کی امید دلاتی ہیں جو مشرق و مغرب کے [illegible] اختلافات کی خلیج کو [illegible] مدد کر سکتا ہے بلکہ [illegible] دونوں طاقتوں کے درمیان [illegible] بنیاد بن سکتا ہے۔ اور دوسری طرف اسلامی ممالک کے [illegible]

پاکستان سرحد میں اپنے بیان کئے کی دعوت دے رہی ہے اور اس میں پاکستان کے علاوہ حکومت کے کاروباری حلقے اسلامی ملکوں کے تاجروں کی یہاں ایک کانفرنس میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں۔ سیاست و معیشت میں یہ دونوں قدم بڑے امید افزا ہیں۔ اسلامی بلاک قائم ہو گیا تو اس طاقتور اتحاد کو [illegible] سیاسی، معاشی اور ثقافتی رشتوں سے باہم مربوط ہوگا۔ دنیا کے موجودہ متخاصم گروہوں میں اپنے اعلیٰ اصولوں اور اپنی بین الاقوامی پوزیشن کی بنا پر یقیناً ایک اہم متوازن عنصر ثابت ہونا چاہیے۔ اور توازن اقتدار قائم کرنے والی قوت کی حیثیت حاصل کرنے کے بعد اس بلاک کے لئے اس عظیم دولت سے استفادہ بھی ممکن ہو جانا چاہیے [illegible] صورت میں دولت تو تھی۔ مگر جس سے استفادہ کے قابل اس کی سیاسی کمزوریوں نے اسے ابھی تک نہیں ہونے دیا (تسنیم لاہور)

ماسکو کا دعوت نامہ

سیاسی حالات کے اعتبار سے ماسکو کی جانب سے وزیر اعظم پاکستان کو دعوت دینے کی ترغیب [illegible] کہ پاکستان کی پوری رائے عامہ برطانوی کامن ویلتھ سے [illegible] ہونے کے خلاف ہے۔ غالباً یہی ایک مسئلہ جس میں کوئی اختلاف نہیں۔ برطانیہ نے ہندوستان کی ناز برداری کی خاطر پاکستان [illegible] پاکستان کے قلب و جگر میں [illegible] اور جتنا نقصان وہ پہنچا سکتے تھے انھوں نے پہنچایا ہے اس وجہ سے ملت پاکستان کے دل میں برطانوی سامراج کے بارے میں کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ چنانچہ وزیر اعظم پاکستان بھی دبی زبان سے دل کی شکایت بیان کر چکے ہیں۔ روس کو اس حقیقت حال کا بھی علم ہے۔ علاوہ ازیں امریکہ نے پنڈت نہرو کو دعوت دی ہے۔ یہ گویا کھلی ہوئی علامت ہے اس امر کی کہ برطانیہ و امریکہ ہندوستان کو اپنے بلاک میں شامل کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں کمیونسٹوں کے متعلق ہندوستان کا متشددانہ رویہ بھی ہندوستان کو روس کا [illegible] اور قدرتی طور پر اس کی نظریں پاکستان کی طرف اٹھتی ہیں جو امریکہ و برطانیہ کے رویہ سے بیزار نظر آرہا ہے۔

[illegible]

افریقہ کی موذی سی سی مکھی کے خلاف برطانوی سائنسدانوں کی جنگ

[illegible]

پٹیالہ یونین میں لوہے کا بلیک مارکیٹ جاری ہے

تلاشیوں کا دلچسپ پس منظر

پٹیالہ ۱۳ رجون۔ پچھلے دنوں پٹیالہ یونین بھر میں لوہے کے بیوپاریوں کی دکانوں پر چھاپے مارے گئے اور ان کا ریکارڈ قبضہ میں کیا گیا تاکہ مشرقی پنجاب کی طرح یہاں بھی بدعنوانیوں کے خلاف انکوائری کی جائے۔ لیکن تلاشیوں کا پس منظر بڑی دلچسپ کہانی ہے۔ پٹیالہ یونین میں ۴۲ لوہے کے کارخانے ہیں جو لوہے کا سامان بنا کر برآمد کرتے ہیں ان میں صرف سات ایسے ہیں جو ۱۹۴۷ء میں کام کرتے تھے اور انہیں آل انڈیا اسٹیل ایسوسی ایشن کی معرفت کنٹرول ریٹ پر لوہا ملتا ہے باقی ۳۵ کارخانے بلیک مارکیٹ سے خریدتے رہے ہیں۔ مجھے معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ [illegible] مارچ میں حکومت ہند نے پٹیالہ یونین گورنمنٹ کو [illegible] منڈی گوبند گڑھ [illegible] بلیک مارکیٹ [illegible] اس منڈی میں [illegible] اور یہاں سامان تیار کر کے ہند کے دوسرے حصوں میں جاتا ہے۔ حکومت ہند نے [illegible] کے لئے پٹیالہ گورنمنٹ [illegible] آرڈیننس نافذ کر دے لیکن نہ معلوم کن وجوہات سے پٹیالہ سرکار نے ان ہدایات پر عمل نہیں کیا اور لوہے کی بلیک مارکیٹ کھلم کھلا جاری رہی۔ [illegible] دکانوں پر [illegible] چھاپے مارے گئے ہیں لیکن لطف یہ ہے کہ یہاں کنٹرول آرڈیننس نافذ تک نہ کیا گیا۔ (پ۔ ٹ۔ س)

گندم کی [illegible]

پٹیالہ ۱۳ رجون [illegible] معلوم ہوا ہے کہ ان میں ایک ٹرک نمبر ۱۵۰ / P پٹیالہ یونین کے سپرنٹنڈنٹ سی۔ آئی۔ ڈی۔ [illegible] کا ہے۔ حکومت نے اس سلسلہ میں [illegible] کے خلاف کیس درج کیا ہے۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ س)

پروفیسر ڈائرکٹر اور پھر افسر مال

پٹیالہ یونین کی تبدیلیاں

پٹیالہ ۱۳ رجون (بذریعہ ڈاک) اطلاع ملی ہے کہ [illegible]

مصطفےٰ آباد میں کانگریس جلسہ

پٹیالہ ۱۳ رجون (بذریعہ ڈاک) مصطفےٰ آباد تحصیل [illegible] میں منعقدہ کانگریس جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے شری [illegible] لال ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی نے عوام کی توجہ خوراک [illegible] کی طرف مبذول کرائی۔ [illegible] شری [illegible] (پ۔ ٹ۔ س)

مسافروں سے بھری لاری لوٹ لی گئی

دن دہاڑے ڈکیتی کی واردات

پٹیالہ ۱۳ رجون (بذریعہ ڈاک) یہاں سے اطلاع ملی ہے کہ [illegible] ڈاکوؤں نے لاری کو گھیر لیا۔ [illegible] مسافروں کی تلاشی لی گئی [illegible] ڈکیتیوں کی بڑھتی ہوئی وارداتوں سے [illegible] حکومت کو اس موقع پر مناسب بندوبست کرنا چاہیئے۔ (پ۔ ٹ۔ س)



یو پی کے کونے کونے سے

(از نامہ نگاران الجمعیۃ)

مراد آباد میں مشاعرہ

حافظ عبدالعزیز صاحب حافظ نقوی سہسوانی کی صدارت میں بزم اصلاح سخن مراد آباد کا ایک مشاعرہ منعقد ہوا۔ مشاعرہ میں [illegible] مراد آبادی۔ شفیق مراد آبادی، حافظ سعید مراد آبادی۔ ثاقب صاحب اور عاقل صاحب نے سرگرمی سے حصہ لیا۔

موٹر لاری کے حادثے

اس ہفتہ [illegible] فرخ آباد روڈ پر [illegible] موٹر لاری کے دو حادثے اتفاقی طور پر پیش آئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible] کے نکل جانے سے اکثر ایسے حادثات ہو جاتے ہیں۔

بھتورہ کیس کے ملزمان بری

اٹاوہ کا مشہور مقدمہ [illegible] کے خلاف عرصہ سے چل رہا تھا۔ عدالت سیشن [illegible] صاحب بہادر نے فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے تمام مبینہ ملزمان کو بری کر دیا۔

جمعیۃ ماہی گیران کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

[illegible] حافظ عبدالرحمٰن ماہی گیر کی صدارت میں جمعیۃ ماہی گیران کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں چار تجاویز پاس کی گئیں پہلی میں حکومت یوپی کی تالاب اسکیم پر اظہار خوشنودی کیا گیا ہے (۲) مسلم لیگ کے احیاء کی مذمت کی (۳) میرٹھ کی آبادکاری پر اظہار خوشنودی (۴) گولو شہید میں شامل کرنے کے مطالبہ کی حمایت ہے۔

امروہہ میں سلمانی کانفرنس

امروہہ (بذریعہ ڈاک) یہاں آل انڈیا سلمانی کانفرنس کا اجلاس ۳ و ۴ رجون کو ٹاؤن ہال میدان میں منعقد ہوا۔ جس کی صدارت مولوی عبدالوہاب صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی اور جناب قاری عبدالقادر صاحب نے کی۔ تلاوت کلام پاک کے بعد وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو۔ مولانا ابوالکلام آزاد۔ شری [illegible] مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب، مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کے پیغامات سنائے گئے۔ بعد ازاں مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی نے اسلامی مساوات پر پرجوش تقریر فرمائی۔

جمعیۃ الاطفال کے صدر دیوبند میں

دیوبند (بذریعہ ڈاک) کل ہند جمعیۃ الاطفال کے صدر احمد مصطفےٰ صاحب دیوبند تشریف لائے اور افتخار منزل میں قیام کیا جہاں ۱۲ بجے دن کو بچوں کا ایک جلسہ ہوا جس میں انتخاب عمل میں آیا۔ ممتاز علی صاحب کی تحریک پر افتخار احمد صاحب دیوبندی بالاتفاق صدر منتخب ہوئے [illegible]

ضروری اطلاع

(۱) جن اصحاب کو کسٹوڈین نے غیر مہاجر قرار دیا ہے اور اس کے بعد ان کی جائداد واگزاشت کر دی گئی ہے براہ مہربانی وہ [illegible] ذیل پر تشریف لا کر اس جماعت سے مطلع فرمائیں۔ نیز وہ اصحاب جو ہندوستان سے باہر نہیں گئے ہیں اور ان کو مہاجر قرار دیدیا گیا ہے یا وہ اصحاب جن کو کچھ حصہ جائداد کے متعلق غیر مہاجر قرار دیا گیا ہے اور کچھ کے متعلق مہاجر۔ یا ایسے اصحاب جن کو غیر مہاجر قرار دے کر ان کے جائے رہائش یا تجارتی جگہ کو کسٹوڈین نے الاٹ کر دی ہے۔ براہ مہربانی پتہ مذکور پر تشریف لا کر مفصل مطلع فرمائیں۔

انچارج دفتر ملازمتی امدادی کمیٹی جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی۔

ہند اور ہنگری کے درمیان تجارتی معاہدہ

دونوں ممالک نے تصدیق کے بعد شائع کر دیا

نئی دہلی ۱۵ رجون [illegible] ہندوستان اور ہنگری کے درمیان جو تجارتی معاہدہ دستخط کئے گئے تھے اس معاہدہ کی ہندوستان اور ہنگری کی حکومتوں نے تصدیق کر دی ہے۔ اور اب یہ دونوں ممالک میں بیک وقت شائع کیا جا رہا ہے۔ یہ معاہدہ سات دفعات پر مشتمل ہے۔

اس معاہدہ کے تحت ہندوستان ہنگری سے بجلی کے بلب، آلات اور سرچ [illegible] ڈیزل کے انجن (۱۵ سے ۲۰ ہارس پاور کے) [illegible] کے پرزے [illegible] درآمد کرے گا [illegible] ہندوستان ہنگری کو [illegible] سپلائی کرے گا۔ یہ معاہدہ ایک سال کے لئے ہے اس کے بعد اس کی توسیع ہو سکے گی۔

جمعیۃ علماء ہند کا وفد سرونج کا دورہ کر کے واپس آگیا

حالات کی تحقیقات اور ازالہ شکایات کی کوشش

سرونج میں جو کہ [illegible] کا ایک ضلع ہے۔ کچھ دنوں سے ایک ڈاکو نے [illegible] پریشان کرنا شروع کر دیا تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ اس ڈاکو کا نام بلال خاں ہے۔ جو جاگیرداروں کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔

اس ڈاکو کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کو روکنے کے لئے حکام نے زبردست انتظامات کئے۔ اور اس کی گرفتاری کے لئے غیر معمولی پولیس فورس اور ملٹری متعین کر دی۔ اسی دوران میں بڑے پیمانے پر تلاشیوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ بلال ڈاکو کے مسلمان ہونے کے باعث مسلمانوں [illegible] خاص طور سے۔

تلاشیوں اور گرفتاریوں کے سلسلہ سے عوام میں اور خصوصاً مسلمانوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

حالات کے انتشار سے فائدہ اٹھا کر شرارت پسند دل کے ایک گروہ نے ایک نیا فتنہ برپا کرنا چاہا۔ اور سرونج کے قدیم دستور کے خلاف مساجد کے سامنے باجہ بجا کر مسلمانوں کو مشتعل کرنا چاہا لیکن سرونج کے ہندو مسلمانوں کے مضبوط اتفاق اور فرض شناسی نے اس فتنہ کو ختم کر دیا اور باہمی رضامندی سے مسلمانوں نے ہندوؤں کو اس کی اجازت دے دی کہ وہ کسی بھی موقع پر مساجد کے سامنے باجا بجا سکتے ہیں لیکن نماز کے اوقات میں ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ [illegible] نے بھی اسے بخوشی منظور کر لیا۔ اور دونوں میں معاہدہ ہو گیا۔

ان حالات کی اطلاع ملتے ہی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے سرونج کے حکام کو تار اور خطوط کے ذریعہ توجہ دلائی۔ اور ساتھ ہی جمعیۃ علماء راجستھان [illegible] کا ایک وفد سرونج بھیجا۔ اور اس نے آنریبل ہوم منسٹر [illegible] آئی۔ جی پولیس [illegible] کو بھی توجہ دلائی حکام کی توجہ کا نتیجہ ہوا کہ حالات پوری طرح قابو میں رہے۔ اور فضا کافی بہتر ہوگئی۔

حالات کی مزید اصلاح اور عوام کا خوف و ہراس دور کرنے کے لئے حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی ہدایت کے مطابق جمعیۃ علماء ہند کا ایک وفد سرونج بھیجا گیا جس میں دہلی سے مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اور مولانا سید انیس الحسن انچارج نشر و اشاعت جمعیۃ علماء ہند اور جمعیۃ علماء راجستھان یونین کی جانب سے مولانا سید قاضی الاسلام صاحب و مولانا قاضی محمد ایوب صاحب، اور مولانا منظور الحسن شریک تھے۔

اس وفد نے تین روز سرونج میں قیام کیا۔ اور عام ہندو مسلمانوں [illegible] جمعیۃ علماء، کانگریس کمیٹی سرونج سے مل کر تمام حالات کی تحقیقات کی۔ اس کے بعد کلکٹر صاحب اور ایس۔ پی صاحب سرونج سے ملکر اپنی تحقیقات کی روشنی میں طویل گفتگو کی۔

وفد نے کلکٹر صاحب سرونج کو ایک یادداشت بھی دی ہے جس میں حالات کی اصلاح اور شکایات کے ازالہ کے لئے ضروری مشورے دئے گئے ہیں کلکٹر صاحب اور سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس سرونج نے وفد کی گذارشات کو بڑی ہمدردی سے سنا۔ اور جلد شکایات کے ازالہ کا وعدہ فرمایا۔

جمعیۃ علماء ہند کا یہ وفد ۱۱ رجون کو واپس آ گیا ہے اور اس نے اپنی رپورٹ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کو پیش کر دی ہے [illegible] اور انسپکٹر جنرل آف پولیس، راجستھانی یونین کو بھیج دی گئی ہیں۔

اس کے علاوہ وفد نے حالات کی اصلاح، ہندو مسلم اتحاد کی مضبوطی، اور مسلمانوں کے خوف و ہراس کو دور کرنے کے لئے تین عام جلسوں میں بھی شرکت کی۔ جن میں شہر اور دیہات کے عام ہندو مسلمانوں کی کثیر تعداد کے علاوہ کانگریس کمیٹی کے ارکان بھی شریک تھے۔

ان جلسوں میں تقریر کرتے ہوئے مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی نے مسلمانوں کو اسلامی تعلیمات پر کاربند رہنے اور اپنے قول و عمل اخلاق و کیرکٹر کی اصلاح کی تلقین کی پیغمبر خدا صلعم، ان کے صحابہ و متبعین کا اسوۂ حسنہ ان کے سامنے پیش کرتے ہوئے بتلایا کہ آج کے حالات سے مسلمانوں میں جو عام بدحواسی اور خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے وہ اسلامی تعلیمات کے سراسر منافی اور ایک سچے مسلمان کی شان سے بعید ہے۔

موصوف نے اپنی تقریروں میں ہندو مسلم اتحاد کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کرنے کی ترغیب دلائی۔ اور گاندھی جی کے اس زریں اصول کو اپنانے اور ہمیشہ اسی پر چلنے کی تلقین کی۔

مولانا انیس الحسن نے ان جلسوں میں تقریر کرتے ہوئے سرونج کے ہندو مسلمانوں کو مبارکباد دی کہ انھوں نے ایسے حالات میں ہندو مسلم تعلقات کو خوشگوار رکھ کر بہت سے خطرات کو دور کر دیا۔ خصوصاً باجے کے معاملہ میں ہندو مسلمانوں نے جس دور بینی اور دوراندیشی سے کام لے کر دوستانہ معاہدہ کیا اور خطرات انگیز گروہ کی شرارت کو ناکام بنا دیا۔ اس پر بھی مبارکباد دیتے ہوئے ہندو مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ آئندہ بھی باہمی تعلقات زیادہ سے زیادہ بہتر بنا کر ملک کی نیک نامی اور استحکام کا باعث بنیں۔

مولانا انیس الحسن نے مسلمانوں کو خاص طور سے خطاب کرتے ہوئے کہا! مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ آج کے عارضی حالات سے مایوس و ہراساں نہ ہوں۔ اس لئے کہ ایک مسلمان کے لئے یہ کسی وقت بھی جائز نہیں بلکہ حالات کی تبدیلی کو پوری طرح محسوس کریں اور آئندہ حالات کے مطابق اپنے قول و عمل کی اصلاح کریں۔ اپنے اخلاق کو بلند کریں اور مضبوط عزم اور ارادہ کے ساتھ ملک کی تعمیر و ترقی میں حصہ لیں۔

مسلمانوں کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اس خیال کو اپنے دل و دماغ سے نکال دیں کہ ہندوستان میں کسی ایک فرقہ کی حکومت ہے۔ ہندوستان کی حکومت غیر مذہبی اور جمہوری حکومت ہے اور تمام فرقے اسمیں برابر کے شریک ہیں۔

آخر میں مولانا انیس الحسن نے مسلمانان سرونج کو یہ مشورہ دیا کہ وہ سب جمعیۃ العلماء ہند کے ساتھ وابستہ ہو کر نظم اور اتحاد کے ساتھ ملک و ملت کی تعمیر اور ترقی میں پیش از پیش حصہ لیں۔

افغانستان اور پاکستان کی کشیدگی اسلامی بلاک میں رکاوٹ ہے

لندن (بذریعہ ہوائی ڈاک) [illegible]

اخبار اسکاٹسمین کا بیان

لندن ۔ ۱۵ رجون ۔ پاکستان کے اس الزام کے باوجود کہ افغانستان کے ساتھ شمالی مغربی سرحد کی گڑبڑ ہندوستان نے پیدا کی ہے۔ اس بات کی شہادت موجود ہے کہ لندن کے اخبار اسکاٹسمین کے بیان کے مطابق یہ گڑبڑ روس کی پیدا کردہ ہے۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ اس بات کی کافی شہادت ہے کہ کابل میں روس امریکہ اسلامی ممالک اور مغربی [illegible] اثر و نفوذ کے خلاف کارروائی کر رہا ہے۔ اس نے لکھا ہے کہ ترکی سے پاکستان تک اسلامی ممالک کا ایک بلاک بنانے کی تجویز کی زبردست حمایت عراقی وزیراعظم نوری السعید پاشا سرگرمی سے کر رہے ہیں۔ افغانستان اور پاکستان کی کشیدگی بہت سخت رکاوٹ ہے۔ (گلوب)

گرمی سے بچنے کیلئے
ہمدم
شربت راحت روح
استعمال کیجئے
جو گرمی اور پیاس کی شدت سے بچاتا
اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے
ہمدم دواخانہ یونانی [illegible] دہلی

دارالسلطنت

ورکنگ کمیٹی ضلع کانگریس کا جلسہ

ضلع کانگریس کمیٹی کی ورکنگ کمیٹی [illegible] ذیل امور طے پائے [illegible] پنڈت دیانند [illegible] سوامی، مولانا [illegible] بھوشن صاحب [illegible] سکریٹری [illegible]

۲۲ جون بروز [illegible] آٹھ بجے جنرل کونسل کی میٹنگ ہوگی اور ضلع کمیٹی کی ایک خالی شدہ سیٹ کا چناؤ ہوگا۔ لہذا ضلع کا ہر شخص ممبر ضلع کی امیدواری کے لئے فارم بھر سکتا ہے جو ۲۴ جون کی شام کے ۵ بجے تک ضلع کے دفتر واقع [illegible] میں بھیجنا ضروری ہے اور پانچ بجے کے بعد کوئی فارم قبول نہیں کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں ورکنگ کمیٹی کی تین خالی نشستوں نیز [illegible] صدر کا چناؤ ہوگا۔ لہذا تمام متعلقہ حضرات ٹھیک وقت پر پہنچکر شکر گذار کا موقعہ دیں گے۔ سید مسعود الحسن سکریٹری

پولیس کے سپاہی کے خلاف تحقیقات

ایک شخص نے پولیس سپرنٹنڈنٹ سے شکایت کی ہے کہ ایک پولیس کانسٹبل نے دو جیب کتروں کے ایک کیس کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس شخص نے کہا ہے کہ وہ [illegible] کے ساتھ ٹرام کار میں سفر کر رہا تھا کسی نے اس کی جیب کاٹ لی اس نے فوراً جیب کترے کو پکڑ لیا۔ [illegible] دوسرا جیب کترا بھی پکڑا گیا۔ ایک کانسٹبل جیب کتروں [illegible] تھانہ لے گیا لیکن کانسٹبل نے ان کو گرفتار نہیں کیا اور کہا کہ یہ جیب کترے شریف آدمی معلوم ہوتے ہیں لیکن تھانہ دار نے [illegible] رپورٹ لکھنے کے واسطے کہا۔

معلوم ہوا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ پولیس نے حادثہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ (ن۔ ک)

چاقو اور کرپان رکھنے پر گرفتار

حوض قاضی کے علاقہ سے ایک شخص کو چاقو اور کرپان رکھنے پر گرفتار کیا گیا ہے۔ قرول باغ کے ایک ڈاکٹر کا [illegible] کرایہ سے زیادہ رقم ادا کرنے سے انکار پر مالک مکان نے خون کا دباؤ جانچنے کا آلہ چھین لیا۔ (ن۔ ک)

دھوکہ دہی کی دلچسپ واردات

صدر بازار کے ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کے [illegible] تقریباً [illegible] ہزار کے زیورات وغیرہ چرائے گئے۔

چاندنی چوک میں ایک شخص نے گھڑیوں کی ایک دکان سے ایک نئی گھڑی کے بدلے پرانی گھڑی کا تبادلہ کرنے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی مگر اسے گرفتار کر لیا گیا۔

انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے ایک کارکن نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ایک شخص ۱۲۵ روپیہ کا چیک لے کر فرار ہو گیا جو اسے کیش کرانے کے لئے دیا گیا تھا۔ اطلاع ملی ہے کہ سبزی منڈی میں ایک شخص کی جیب سے بٹوہ نکال لیا گیا۔ بٹوہ میں ۵۰۰ روپے تھے۔ (ن۔ ک)

"ہمارا اخبار"

تعلیمی مرکز جامعہ [illegible] کے دیواری اخبار میں [illegible] دواخانہ [illegible] آپٹیکل کمپنی [illegible] کے اشتہارات دینے [illegible] ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے [illegible] اشتہار دینے والوں کے انتخاب کی داد دی [illegible] ہمارا اخبار [illegible] ۳۰۰۰ ہزار آدمی روزانہ پڑھتے ہیں۔

سوڈان کے سفارتخانہ کی زر ضمانت

نئی دہلی میونسپلٹی نے سوڈان کے سفارت خانے کو پانی اور بجلی کی سپلائی کے لئے زر ضمانت جمع کرانے سے مستثنیٰ کرنے سے انکار کر دیا۔ وزارت امور خارجہ نے میونسپلٹی سے درخواست کی تھی کہ اس سفارت خانے کو چیف کمشنر کے نوٹیفکیشن مورخہ ۲ مارچ ۱۹۴۹ء کے مطابق ان رقوم کی ادائیگی سے مستثنیٰ کر دیا جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ برمی سفارت خانے کے سوا باقی سب سفارت خانوں نے اس قسم کی رقوم ادا کر دی ہیں یا ان رقوم کی ادائیگی کی ضمانت دی ہے۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ چیف کمشنر کا نوٹیفکیشن صرف میونسپل ٹیکس کی بابت ہے اور زر ضمانت میونسپل ٹیکس میں داخل نہیں کیا جا سکتا [illegible] وزارت خارجہ حساب کے صاف کرنے کی گارنٹی [illegible]

قرآنی نقشہ

[illegible]

ادارہ [illegible] دہلی

عدالت میں پنڈت نہرو کو طلب کرنے کی درخواست کی مخالفت

شاید ہمیں سردار پٹیل کو بھی بلانا پڑے۔ ڈاکٹر لوہیا کا بیان

دہلی ۱۵ جون ڈاکٹر لوہیا اور دوسرے سوشلسٹوں نے (جن پر ضلع مجسٹریٹ کے امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں مقدمہ چل رہا ہے) وزیر اعظم اور چھ دوسرے اشخاص کو گواہ کی حیثیت سے طلب کرنے کے لئے جو درخواست دی تھی اس کی سرکاری وکیل نے کل مقدمہ کے دوران میں سخت مخالفت کی۔ انہوں نے کہا ضلع مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں کوئی شبہ نہیں۔ ملزمان نے خود جلوس نکالنا تسلیم کیا ہے۔ اس امر کے پیش نظر گواہوں کو طلب کرنا غیر ضروری ہے۔ مسٹر ملک راج بھسین وکیل صفائی نے کہا دفعہ ۲۴۰ کے تحت عدالت کو وسیع اختیارات حاصل ہو جاتے ہیں۔ اس کے تحت عدالت ملزم سے گواہ طلب کر سکتی ہے اس کے تحت عدالت غیر ضروری شہادتیں طلب کرنے اور ان کے بیانات سننے کے لئے مجبور ہے۔

ملزمان کی طرف سے وکیل صفائی مسٹر ملک راج بھسین اور ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے کہا کہ پنڈت نہرو ہی بہتر طور پر بتا سکتے ہیں کہ ابھی تک ملک میں ہنگامی قوانین کو زندہ رکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ اور حکومت اس طریقہ پر شہری آزادی سلب کیوں کر رہی ہے۔ آپ نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] کہا کہ اس مقدمہ میں اصل گواہ دہلی میں [illegible] وہ بتا سکتے ہیں کہ جلوس نکالنے کی اجازت کیوں نہیں دی گئی۔ اور ایسا کرنے میں کیا نیت تھی۔ ریذیڈنٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ نئی دہلی پولیس کے بارہ میں آپ نے کہا کہ اصل میں یہ دو افسران اس افسوسناک واقعہ کے بانی مبانی ہیں۔ ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نے غیر قانونی طریقہ پر کام کرتے ہوئے۔ وارننگ دینے کے صرف ڈیڑھ منٹ بعد ٹیر گیس چلانے کا حکم دے دیا۔

آپ نے مزید کہا کہ نیشنل آرکائیوز سے گاندھی ارون پیکٹ بھی دیکھا جائے۔ کیونکہ اس پیکٹ میں ایک [illegible] بات یہ بھی ہے کہ پرامن طریقہ پر پکٹنگ کی جا سکتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت ان سارے اصولوں پر پانی پھیر دینا چاہتی ہے۔ جن کے لئے کانگریس گزشتہ ساٹھ سال تک لڑتی رہی۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ شاید سردار پٹیل کو عدالتی گواہ کی حیثیت سے بلانا پڑے۔

امریکہ میں اگر دو دن تک لگاتار فسادات ہوتے رہیں تو تب جا کر پولیس ٹیر گیس کا استعمال کرتی ہے۔

فاضل مجسٹریٹ نے دلائل سننے کے بعد کہا کہ وہ کل اس بات کا اعلان کریں گے کہ مندرجہ بالا اشخاص میں سے کس کس کو بلانا ضروری ہے۔

میجر جنرل چودھری دہلی پہنچ گئے

نئی دہلی ۱۵ رجون۔ ریاست حیدر آباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری آج یہاں پہنچ گئے وہ سردار پٹیل سے ملنے کے لئے کل ڈیرہ دون جائیں گے۔

پولیس افسر معطل

آج نئی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ پنڈت جگن ناتھ نے تین پولیس افسران سردار جگجیت سنگھ سب انسپکٹر تھانہ فیض بازار، سردار [illegible] سنگھ اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو کوتاہی اور رام کرشن اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو کوتاہی و رشوت خوری کے الزام میں معطل کر دیا ہے۔

جی بی روڈ پر فائرنگ کا مقدمہ

۱۰ رجنوری کو جی بی روڈ پر دو اشخاص کو قتل کرنے کے الزام میں جن چار سپاہیوں پر مقدمہ چل رہا ہے اس سلسلہ میں کل پانچ گواہوں کے بیانات ہوئے چودھری بھیم سنگھ اسسٹنٹ سب انسپکٹر نے کہا جی بی روڈ پر وہ رات کے [illegible] بجے پہنچے ان کو وہاں سے تین شہری ملے جو زخمی تھے۔ زخمی کانسٹبل کو پولیس کے اسپتال میں پہنچا دیا گیا تھا۔ ایک دوسرے گواہ رام سنگھ [illegible] کانسٹبل نے کہا جی بی روڈ پر ایک اور دوسرا کانسٹبل ایک کار سے اترے ایک فوجی سپاہی ان سے [illegible] گز کے فاصلہ پر کھڑا تھا۔ ان کے پہنچنے پر فوجی نے ان سے الگ رہنے کے لئے کہا اس کے بعد گولی چلنے کی آواز آئی اور دوسرا کانسٹبل زخمی ہو گیا مقدمہ کی سماعت ۱۱ رجولائی تک ملتوی ہو گئی۔

ناروے بیرونی حملے کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہو رہا ہے

مسلح فوجوں کو ہدایات بھیجدی گئیں

اوسلو ۱۵ رجون۔ وزارت دفاع نے تمام مسلح فوجوں کو ہدایت کر دی ہے کہ اگر بیرونی حملہ آور نے یورش کی تو انہیں کیا کرنا ہوگا۔ مسلح حملے کی خبر کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ تمام تندرست باشندوں کی فوری بھرتی کی ہدایت بھی موصول ہو گئی ہے۔ اگر بادشاہ یا حکومت کے دوسرے افسران اعلیٰ قید کر لئے گئے تو بھی فوج کو جنگ جاری رکھنی پڑے گی اور حکومت کے نام پر جاری کئے ہوئے جنگ بند کرنے کے تمام احکامات جعلی تصور کئے جائیں گے۔ پانچویں کالم کا مقابلہ کرنے کے لئے بھی خاص ہدایتیں جاری کر دی گئی ہیں۔ (گلوب)

آسام میں پاکستانیوں کا داخلہ

صوبہ کانگریس کا پابندی لگانیکا مطالبہ

گوہاٹی ۱۰ رجون۔ آسام کی صوبائی کانگریس کمیٹی نے اپنی ورکنگ کمیٹی کا منظور کردہ ریزولیوشن پاس کر دیا جس میں مطالبہ کیا ہے کہ آسام میں آنے والے پاکستانیوں کی آمد قوانین کے تحت ہونی چاہیئے تاکہ وہ آسام میں کثرت کے ساتھ نہ آسکیں۔ ورکنگ کمیٹی نے اس کے علاوہ کوچ بہار کے آسام میں ادغام [illegible] لوگوں کو بسانے کے بارے میں بھی قرارداد منظور کیں۔ اجلاس میں ۸۲ میں سے ۵۰ ممبر شامل ہوئے۔ (اے پ)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

چینی کے راشن میں اضافہ

کراچی ۱۵ رجون۔ حکومت پاکستان نے ماہ رمضان المبارک میں چینی کے کوٹہ میں ۵۰ فیصدی اضافہ کر دیا ہے۔ اس مقصد کے لئے صوبائی حکومتوں اور ریاستوں کو بڑا کوٹہ دیا گیا ہے۔ (اے پ پاکستان)

کمیونسٹ نظر بندوں کی بھوک ہڑتال

الہ آباد ۱۵ رجون۔ یہاں پہنچنے والی اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ نینی سنٹرل جیل کے ۹ کمیونسٹ نظر بندوں نے کل ایک دن کی بھوک ہڑتال کی۔ یہ بھوک ہڑتال بنارس جیل کے حادثہ کے سلسلہ میں کی گئی۔ (اے پ)

हुक्म इमतनाई दर हालिया जायदाद ग़ैर मनकूला बइल्लत इजराये डिगरी काबिल कुरकी हो। (आर्डर २१ क़ायदा ५४)

नोटिस बनाम

लियाक़त हुसैन - अय्यूब हुसैन - याकूब हुसैन पुसरान सलामत हुसैन क़ौम शेख़ मोहल्ला मिरज़ाजान - अज़ीमदाद खां पुत्र अब्दुल्ला खां जात पठान क़स्बा ग़ाज़ीआबाद ज़ि० मेरठ - श्रीमती सुलतानी बेगम धरम पत्नी फ़ियाज़ अहमद खां जात पठान नि० ग़ाज़ीआबाद मोहल्ला कोठियात ज़ि० मेरठ।

हरगाह आप ने इजरा उस डिगरी का नहीं किया जो आप पर बतारीख़ २१ ४ ४७ ई० नं मुकदमा नं० २४ सन् १९४७ ब हक़ डिगरीदार शेर सिंह सादिर हुई थी। लिहाज़ा हुक्म दिया जाता है कि आप यानी मदयून मज़कूर तावक्तेकि हुक्म सानी इस अदालत से सादिर न हो। जायदाद ममनूआ फ़र्द तालीका मुनसिलका को ज़रिया बैया हिबा के या और तौर पर मुनतक़िल करने से ममनू और बाज़ रक्खे गये हैं और तमाम अशख़ास जायदाद मज़कूर बज़रिया ख़रीद या हिबा के या और तौर पर लेने से ममनू रक्खे गये हैं

तारीख़ पेशी २६ जून सन् १९४९ ई० मुक़र्रर है।

शेर सिंह डिगरी दार बनाम श्रीमती असग़री बेगम

इजराय नं० ७ सन् १९४८

न्यायालय श्रीमान हाकिम नीलाम ज़ि० मेरठ

आज बतारीख़ २७ मई सन् १९४९ ई० मेरे दस्तख़त और मोहर अदालत के जारी किया गया।

फ़र्द तालीका

नाम मदयूनान	हिस्सा मदयूनान मौज़ा सिहानी पर० लोनी
लियाक़त हुसैन अय्यूब हुसैन याकूब हुसैन	हुमी [illegible] पक्की भूमि खेवट नं० १४ तादादी [illegible] पक्की जमई १०७ [illegible] सिहानी प० लोनी। हुमी [illegible] पक्की भूमि खेवट नं० २१ तादादी १०) पक्की जमई १६ [illegible] सीहानी पर० लोनी
अज़ीमदाद खां	हुमी [illegible] पक्की भूमि खेवट नं० ७ तादादी [illegible] पक्की जमई [illegible] मौज़ा महाल नवाब अहमद खां परगना लोनी।
श्रीमती सुलतानी बेगम	हुमी [illegible] पक्की भूमि खेवट नं० १४ तादादी [illegible] पक्की जमई [illegible] सीहानी पर० लोनी हुमी [illegible] पक्की भूमि खेवट नं० २१ तादादी [illegible] पक्की जमई १६ [illegible] सीहानी पर० लोनी।

عید کارڈ

[illegible]

جنرل [illegible] ایجنسی بلیماران دہلی

مسلمانوں کے بڑی طاقتوں کا کھلونا بننے پر اظہار افسوس

کارڈلیف میں ۱۲ سے زائد ممالک کے مسلم نمائندوں کی کانفرنس

کارڈلیف ۱۵ رجون۔ گذشتہ روز ۱۲ سے زیادہ ممالک کے مسلم نمائندے یہاں پر جمع ہوئے اور انہوں نے مسجد کارڈلیف کے امام شیخ عبداللہ الحکیمی کی صدارت میں ایک مسلم یونین بنانے کا فیصلہ کیا۔ شیخ عبداللہ الحکیمی برطانیہ عظمیٰ میں آباد مسلمانوں کے نمائندہ ہیں۔

جلسے میں ۴۰۰ سے زائد نمائندے شریک تھے جن میں یمن۔ صومالی لینڈ۔ افغانستان [illegible] الجیریا۔ پاکستان۔ آسٹریلیا مغربی افریقہ۔ ترکی اور ہندوستان کے نمائندے بھی شامل ہیں شیخ حکیمی کی قیادت کا اقرار کرتے ہوئے بہت سے مقرروں نے تمام مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق کی ضرورت پر زور دیا۔ مقررین نے یہ بھی کہا کہ یونین صرف مسلمانوں کی ہی بہبودی کا خیال نہ رکھے بلکہ جہاں کہیں انسان انسان سے نفرت پیدا کر سکتا ہو وہاں یونین اتحاد و اتفاق کے لئے اپنی خدمات پیش کرے۔

یہ بھی اعلان کیا گیا کہ دنیا کے کسی حصے میں جہاں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان تصادم ہو رہے ہوں وہاں مسلمان پہونچ کر دونوں جماعتوں کے درمیان اتحاد کی کوشش کریں۔

چند مقررین نے نہایت افسوس کا اظہار کیا کہ مسلمان بڑی طاقتوں کا کھلونا بنائے جا رہے ہیں۔ شیخ حکیمی کی صدارت میں چار افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی گئی جس کا مقصد مصالحت کرانا ہوگا۔

شہزادہ زکی رکن الدین ساسانی کی تجویز پر فیصلہ کیا گیا کہ تمام مسلم ریاستوں سے اور عام مسلمانوں سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ انڈونیشیا کے مسلمانوں کو چندہ کر کے مدد دیں تاکہ متعلقہ جماعتیں براہ راست کوئی فیصلہ کر پائیں اور انھیں مزید بین الاقوامی مداخلت برداشت نہ کرنی پڑے۔ (گلوب)

ہند پاکستان طیارے خرید رہے ہیں

لندن ۱۵ رجون۔ برطانوی طیاروں کی مانگ بہت بڑھ گئی ہے۔ اور خریداروں میں ہندوستان اور پاکستان بھی شامل ہیں۔ ایک خبر سے پتہ چلتا ہے کہ جیٹ قسم کے طیاروں کی خرید بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔

ہالینڈ نے ۱۵ جنگی طیارے خریدے ہیں بلجیم نے ۴۸ ومپائر طیارے خریدے ہیں۔ سوئڈن کو بھی ومپائر قسم کے طیارے دیئے جا رہے ہیں۔ فرانس نے [illegible] خریدے ہیں ہندوستان نے [illegible] طیارے خریدے ہیں۔ اور جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا نے بھی کچھ طیارے حاصل کئے ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ پاکستان [illegible] طیارے خرید رہا ہے جبکہ ہندوستان [illegible] جن کی مدد سے ہوائی تربیت دی جا سکتی ہے۔ (گلوب)

ضروری تصحیح

مورخہ ۱۳ رجون کی اشاعت میں صفحہ [illegible] پر [illegible] کا ایک اشتہار شائع ہوا ہے۔ جس میں غلطی سے تخم اور پودوں کی فہرست مفت ملنے کی بجائے تخم اور پودے مفت شائع ہوا ہے۔ صرف فہرست مفت مل سکتی ہے ناظرین نوٹ فرمالیں۔

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کیلئے
ملنے کا پتہ کتبخانہ اشرفیہ راشد کمپنی دیوبند

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے زرچندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فوراً فائدہ اٹھائیے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک ماہ کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ چالیس روپے ششماہی بیس روپے اور سہ ماہی گیارہ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ رشعبان المعظم ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ ررمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے ان سے زرچندہ حسب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ تیس (۳۰) روپے ششماہی پندرہ (۱۵) روپے سہ ماہی آٹھ (۸) روپے

(۲) روزنامہ الجمعیۃ تین ماہ سے کم کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات مدت مذکورہ بالا کے اندر ایک ماہ کے لئے اخبار جاری کرانا چاہیں وہ صرف [illegible] روپیہ بھیجکر جاری کرالیں۔

(۳) ہفت روزہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بارہ روپے ششماہی چھ روپے آٹھ آنے ہے۔ لیکن جو اصحاب مذکورہ بالا مدت کے اندر خریدار بنیں گے ان سے ہفت روزہ کا چندہ حسب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ دس روپے ششماہی پانچ روپے آٹھ آنے

(۳) ہفت روزہ الجمعیۃ چھ ماہ سے کم مدت کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات بطور نمونہ تین ماہ کے لئے جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپیہ بھیجکر جاری کرالیں۔

(۴) روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ کے قدیم خریداران جن کا زرچندہ ادارہ الجمعیۃ کو اس رعایت کی تاریخ آغاز سے قبل وصول ہو چکا ہے یا وہ قدیم خریدار جن کی مدت خریداری ۲۵ ررمضان تک کسی تاریخ پر ختم ہونے والی ہے وہ اگر اس رعایت سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو ایک سال۔ چھ ماہ۔ یا تین ماہ کا مزید زرچندہ (رعایتی) بھیجکر اپنی مدت خریداری میں اضافہ کرالیں۔ کیونکہ ۲۵ ررمضان کے بعد یہ رعایت ختم ہو جائے گی۔

(۵) اس مدت کے اندر جو جدید حضرات روزنامہ یا ہفت روزہ کا زرچندہ روانہ فرمائیں گے ان کو ہفت روزہ الجمعیۃ کا "جمعیۃ علماء نمبر" مفت دیا جائے گا۔

(۶) روزنامہ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے دس خریداروں کا کم از کم چھ ماہ کے لئے زرچندہ یکمشت بھیجنے والے حضرات کے نام تین ماہ کے لئے روزنامہ یا چھ ماہ کے لئے ہفت روزہ الجمعیۃ (دونوں میں سے جو بھی وہ پسند کریں گے) جاری کیا جائے گا۔

ضروری ہدایات

(۱) یہ تمام رعایتیں صرف ایک ماہ یعنی ۲۶ رشعبان ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ ررمضان ۱۳۶۸ھ تک جاری رہیں گی۔ ۲۵ ررمضان کے بعد منسوخ سمجھی جائیں گی۔ یعنی آپ کے مقام سے چندہ کے منی آرڈر کی روانگی کی آخری تاریخ ۲۵ ررمضان المبارک ہونی چاہیئے۔

(۲) رعایتی چندہ منی آرڈر کے ذریعہ روانہ فرمائیے۔ اس سلسلہ میں بذریعہ وی۔ پی کوئی اخبار جاری نہیں کیا جائے گا۔

(۳) کوپن پر اس رعایتی اعلان کا حوالہ ضرور دیجئے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسمجان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵

روزنامہ الجمعیۃ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۸ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

نیو صدر مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بازار لال کنواں
نزد ہمدرد دواخانہ دہلی

آپ دہلی تشریف لائیں تو ایک مرتبہ ضرور نیو صدر مسلم ہوٹل میں قیام فرما کر آپ گھر کا سا آرام محسوس کریں۔ ہوادار صاف کمرے، نیا فرنیچر، بہترین سروس، خوش ذائقہ کھانے، اچھا آرام اور ہر آپ کی سہولتیں ہی ہمارا بہترین اور موثر اشتہار ہے

پروپرائٹر
اے کریم

فرانس میں ہندوستانی سفیر

پیرس ۱۶ جون۔ ڈی پی آئی رائٹر نئی دہلی سے ایک فرانسیسی ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ پٹیالہ کے سابق وزیر اعظم سردار ہردت سنگھ ملک کو فرانس میں ہندوستان کا سفیر مقرر کیا جائے گا۔

جموں و کشمیر کے چالیس لاکھ عوام کے نمائندوں کی دستور ساز اسمبلی میں شرکت

شیخ عبداللہ اور ان کے رفقاء نے حلف اٹھا لیا

حلف اٹھانے کی رسم کے فوٹو لئے گئے، ایوان کی طرف سے پرتپاک خیر مقدم

نئی دہلی ۱۷ جون۔ شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم جموں و کشمیر، مرزا افضل بیگ وزیر مالیات، مولانا محمد سعید جنرل سکریٹری نیشنل کانفرنس اور پنڈت موتی رام نے آج جموں و کشمیر کے چالیس لاکھ باشندوں کے نمائندوں کی حیثیت سے دستور ساز اسمبلی میں اپنی اپنی نشستیں سنبھالیں۔ جس وقت شیخ عبداللہ اور ان کے رفیقوں نے حلف اٹھایا تو روشنی کے بڑے بڑے بلب حرکت میں آگئے اور کیمرہ مینوں نے اس موقع کے فوٹو لئے۔ چاروں نمائندوں نے رجسٹر پر دستخط کئے اور نعرہائے تحسین کے درمیان صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد سے مصافحہ کرنے کے لئے کرسی صدارت تک تشریف لے گئے۔

اسمبلی کی طرف سے نئے ممبران کا خیر مقدم کرتے ہوئے ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کہا [illegible] شیخ محمد عبداللہ [illegible]

شام نے عراق پر غداری کا الزام لگانا شروع کر دیا

عربوں کا باہمی اختلاف رنگ لانے لگا

دمشق ۱۶ جون۔ شامی پریس نے شام کی سرحد پر عراقی فوجوں کے اجتماع کی مذمت کی ہے اور [illegible] سازش [illegible] بتایا گیا ہے کہ عراقی فوجیں [illegible] کی طرف ۳۲ کلومیٹر بڑھ گئی ہیں۔

سرکاری ترجمان الانقلاب نے الزام لگایا ہے کہ اس اقدام سے شام کے خلاف [illegible] وزیر اعظم عراق کے ارادوں کا اظہار ہوتا ہے۔ [illegible]

ٹلی میں ۲۰ لاکھوں مزدوروں کی ہڑتال

روم ۱۶ جون۔ آج روم کے مزدور حلقوں میں یہ خبر پھیل گئی ہے کہ [illegible] لاکھ مزدوروں نے [illegible] ہڑتال کر دی [illegible]

مرکز پر صوبائی حکومتوں کے اختیارات چھیننے کا الزام

انتخابات کے سلسلہ میں دستور کی دفعہ پر گرما گرم بحث

ڈاکٹر امبیدکر کی اس ترمیم پر یونین پارلیمنٹ اور ریاستی مجالس قانون ساز کے انتخابات پر مرکز کا کنٹرول ہونا چاہئے دو گھنٹے کی بحث کے بعد دستور ساز اسمبلی نے فیصلہ کیا ہے کہ اس سوال پر بحث کو جاری رکھا جائے۔ [illegible]

افغانستان پر پاکستانی بمباری کا مسئلہ افغان پارلیمنٹ میں پیش ہو گیا

بمباری سے ہلاک شدگان کی تجہیز و تکفین میں وزیر جنگ افغانستان کی شرکت

آزاد قبائل اور جنوبی افغانستان کے باشندوں کا زبردست احتجاج

کابل ۱۶ جون۔ افغان سفارت خانہ کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] گذشتہ اتوار کو افغان علاقہ میں پاکستانی طیاروں کی بمباری [illegible]

پیر صاحب مانکی شریف گرفتار

[illegible]

حیدر آباد میں انجمن اتحاد المسلمین کے ہیڈ کوارٹر کی تلاشی

یو پی کی پولیس محل کی نگرانی کے لئے متعین کر دی گئی

حیدر آباد ۱۶ جون۔ [illegible] انجمن اتحاد المسلمین کے ہیڈ کوارٹر دار السلام کی تلاشی [illegible]

گذشتہ ستمبر میں پولیس نے پہلی مرتبہ اس محل کی تلاشی لی تھی اور یہاں پر پولیس کے کیمپ متعین کر دئے تھے لیکن یہ اطلاع ملنے پر کہ دار السلام سے کچھ سامان خوراک چھکڑوں پر لاد کر باہر بھیجا جا رہا ہے پولیس کے انسپکٹر جنرل دار السلام پہنچ گئے۔ اور اس کی سخت تلاشی لینے کا حکم دیدیا۔ [illegible]

جاپان میں ہڑتالیوں اور سپاہیوں میں دست بدست جنگ

سو سے زائد ہڑتالی اور پولیس والے زخمی

ٹوکیو ۱۶ جون۔ جاپان کے [illegible] ہزار ہڑتالیوں کو منتشر کرنے کے لئے پولیس نے گولی چلائی [illegible]

امریکہ میں کمیونسٹوں پر پابندی

[illegible]

جب تک بادشاہ کا بینہ نہ بنیگی اسوقت تک سمجھوتہ نہیں ہو سکتا

عراقی نمائندہ کو مصری اخبارات کا جواب

قاہرہ ۱۶ جون۔ مصری اخبارات نے عراق کے خصوصی نمائندہ [illegible]

ہانگ کانگ کی صورت حال

برطانوی وزیر دفاع کا بیان

لندن ۱۶ جون۔ برطانیہ کے وزیر دفاع مسٹر اے وی الیگزینڈر نے [illegible]

حیدر آباد میں وائرلیس کا جال

[illegible]

سرت چندر بوس کو مبارکباد دینے کا قصہ

[illegible]

برما کا برطانوی سفیر لندن روانہ ہو گیا

رنگون ۱۶ جون۔ برطانوی سفیر [illegible] ہوائی جہاز سے لندن روانہ ہو گئے ہیں۔

کلکتہ میں دو گروہوں میں مسلح تصادم

ایک ہلاک کئی زخمی

کلکتہ ۱۶ جون۔ [illegible]

پرتگال میں بھی ۳۳ کا راج

لزبن ۱۶ جون۔ [illegible] پر ایک حفاظتی کونسل (اسکیوریٹی کونسل) بنا دی گئی ہے [illegible] کمیونسٹ لوگوں کو گرفتار اور مرکز بند کر سکے گی۔ [illegible]

ہندو مسلم سکھ
سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا طبی مشورہ مفت ہے
قایم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے
حالات لکھئے
پتہ: منیجر بڑا دواخانہ، بازار لال کنواں دہلی

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزنامہ الجمعیۃ

Delhi-17-6-49

ہندوستان میں پریس کو اظہار خیال کی آزادی حاصل ہے

بین الاقوامی کمیشن میں مسٹر دیوداس گاندھی کی تقریر

لیک سکسیس ۱۵ جون۔ اطلاعات اور پریس کی آزادی سے متعلق اقوام متحدہ کے کمیشن میں [illegible] ہوئی کہ دنیا کے لوگوں کو مناسب اور صحیح خبریں دی جائیں اور ان رکاوٹوں کو ختم کر دیا جائے جو اطلاعات کی آزادانہ نشر و اشاعت میں موجود ہیں۔

کمیشن کے پہلے اجلاس میں مختلف ممالک کی طرف سے اظہار خیال کیا جا چکا ہے ان میں مصر کے [illegible] امریکہ کے مسٹر [illegible] اور برطانیہ کے مسٹر [illegible] کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

مسٹر دیوداس گاندھی نے [illegible] انھوں نے کہا کہ فرانس اور انگلستان میں جرنلزم کا طور طریقہ یہ ہے کہ ان ممالک میں اخبارات کو بہت کچھ آزادی حاصل ہے۔ جہاں تک میرا اپنا تعلق ہے کسی ناشر نے میرے مضمون پر اعتراض نہیں کیا حالانکہ سب کو معلوم ہے کہ میرے مضامین میں اکثر بہت سخت نکتہ چینی ہوتی ہے۔

ہندوستان میں بھی آزادی ہے!

مسٹر دیوداس گاندھی نے ہندوستان سے متعلق کہا کہ بعض پابندیوں کے باوجود مجموعی طور پر ہندوستان کے پریس کو اظہار خیال کی بہت زیادہ آزادی حاصل ہے۔

مسٹر گاندھی نے کہا کہ حصول آزادی اور تقسیم ملک کے بعد جو خطرناک صورت حالات پیدا ہوئی۔ اس کا مقابلہ حکومت ہند اور صوبائی حکومتوں نے پبلک سیفٹی ایکٹ کے ذریعہ کیا۔ ابتدا میں یہ آرڈیننس تھا لیکن بعد میں صوبوں کی منتخب شدہ اسمبلیوں نے اسے قانونی شکل دے دی۔

مسٹر گاندھی نے اس ایکٹ کے بعض سخت پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ ہند کے اخبارات اور عوام دونوں اس کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ اور مرکز میں ان کو عنقریب منسوخ کر دیا جائے گا۔

مسٹر گاندھی نے پریس کی مشاورتی کمیٹیوں کی مہم کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ حکومت نے ان کی کم سے کم ۹۰ فیصدی سفارشات منظور کی ہیں۔

کاغذ کی تقسیم

مسٹر گاندھی نے کاغذ کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ امریکن ناشر دنیا میں اخباری کاغذ کی مناسب تقسیم کے لئے اپنے اخباروں کا حجم گھٹا دیں گے۔

آپ نے کہا کہ میں نے امریکن اخبار کے ۹۶ صفحات کے ایک نمبر کو دیکھا ہے جس میں ایک صفحہ پر دو سطر ڈیڑھ کالم سے زیادہ پڑھنے کا مواد نہیں تھا باقی صفحات میں سب اشتہارات تھے۔ (رپٹ رائٹر)

روہر کے کارخانوں کا انہدام

برلن ۱۵ جون۔ اتحادیوں کے احکام کے مطابق جب روہر میں چار اہم کارخانوں کو توڑنا شروع کیا گیا تو جرمن مزدوروں کی طرف سے مزید احتجاج نہیں کی گئی۔

اس سے قبل پرسوں جرمن مزدوروں نے آن دستوں کے خلاف تشدد کا مظاہرہ کیا اور مورچہ بندیوں کو توڑا یا ہوشیاری کو کھولنے کے لئے آئے تھے یا انہدام پر جن لوگوں کو مامور کیا گیا تھا ان میں سے بعض نے کام کرنے سے انکار کر دیا جس پر ان پر کنٹرول کمیشن کی عدالت میں مقدمہ چلانے کی دھمکی دی گئی۔ (رپ ٹ)

ہندی طیارہ کی پرواز پر

حکومت پاکستان کا احتجاج

کراچی ۱۵ جون۔ (اے پی آئی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے حکومت ہند سے مشرقی پاکستان پر سے ہندی طیارہ کی ناجائز پرواز کے خلاف احتجاج کیا ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستان نے ہندوستان کی جانب سے پاکستان کے احتجاج پر مسلسل چشم پوشی کے خلاف بھی اظہار افسوس کیا ہے [illegible]

پاکستان ہندوستان کے اس نظریہ سے متفق نہیں ہے کہ ہندوستان کو بین الاقوامی سول ایوی ایشن کنونشن کے تحت پاکستان کے علاقوں سے گذرنے کا حق حاصل ہے۔

گذشتہ ماہ کے شروع میں ہندوستان نے پاکستان کے احتجاج کے خلاف ایک ہوائی کمپنی کو کلکتہ اگرتلہ کے درمیان مشرقی بنگال سے گذر کر باقاعدہ سروس جاری کرنے کی اجازت دی تھی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستان اس معاملہ کو انٹرنیشنل سول ایوی ایشن کی جماعت کے روبرو پیش کرے گا [illegible]

ڈچ انڈونیشیا گول میز کانفرنس

دی ہیگ ۱۵ جون۔ سرکاری حلقوں کی اطلاع کے بموجب ڈچ انڈونیشیا کی گول میز کانفرنس غالباً یکم اگست کو شروع ہو گی۔

کانگریسی امیدوار کے مقابلہ میں مسٹر سرت چندر بوس کامیاب ہو گئے

تین امیدواروں کی ضمانت ضبط ہو گئی

جنوبی کلکتہ کے ضمنی انتخاب کا اعلان

کلکتہ ۱۵ جون۔ سوشلسٹ ری پبلکن پارٹی کے نمائندے مسٹر سرت چندر بوس جنوبی کلکتہ سے ضمنی انتخاب میں بھاری [illegible]

آپ کے مخالف کانگریسی امیدوار مسٹر سریش چندر داس کو [illegible] ووٹ حاصل ہوئے۔ اس طرح مسٹر بوس کو [illegible] ۱۵۰۰۰ ووٹ زیادہ ملے۔

[illegible]

برما اب دوسرے ملکوں سے دفاعی اور اقتصادی معاہدے کریگا

برمی پارلیمنٹ میں وزیر اعظم کا بیان

رنگون ۱۵ جون۔ برمی وزیر اعظم مسٹر تھاکن نو نے برمی پارلیمنٹ کے سامنے ایک بیان دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ان ممالک کے ساتھ جن کے اور برما کے مفاد مشترک ہیں۔ ابھی دفاع اور اقتصادی معاہدے کرنے کے سوال کے ہر پہلو پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔

[illegible]

ملک میں حکومت اور باغیوں کے درمیان کشمکش نہیں ہے بلکہ جمہوری طریقوں پر یقین رکھنے والوں اور [illegible] کے درمیان کشمکش ہے۔

[illegible] انھوں نے کہا کہ میں اپنی اپیل میں برمی کمیونسٹوں کو بھی شامل کرتا ہوں۔ اگرچہ میں جانتا ہوں کہ ان میں ناقو تبدیلیت ہے اور نہ معقولیت۔ انھوں نے کرین باغیوں سے اپیل کی کہ وہ پرامن طریقہ سے تعاون کریں کیونکہ دونوں کے لئے بغیر ایک دوسرے کے زندہ رہنا ناممکن ہے۔ (رائٹر)

[illegible] ہم جمہوریت پسند ممالک مثلاً ہندوستان، پاکستان اور سیلون کا بہت شکر گذار ہیں کہ انھوں نے ضرورت کے وقت جمہوریت کی بقا کے لئے ہماری امداد کی۔

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ اول

[illegible] حکومت قائم مقام حکومت نہیں ہوگی۔ بلکہ عوام اپنے دستور کے مطابق [illegible]

معدنی اور سمندری دولت

[illegible]

کراچی میں اسلامی ممالک کے طلبا کی کانفرنس بھی منعقد کیجائے

مغربی پنجاب کے طلبا کا مطالبہ

راولپنڈی ۱۵ جون۔ کل مغربی پنجاب کے مسلم طلبا کی فیڈریشن کے ایک وفد نے وزیر اعظم پاکستان سے ملاقات کی [illegible]

ہند اور پاکستان کو چین سے سبق لینا چاہئے

پاکستانی مزدور لیڈر کا انتباہ

[illegible] ۱۵ جون۔ آل پاکستان ٹریڈ یونین کے صدر [illegible]

عراق کے ایجنٹ امیر عبداللہ طہران پہنچ گئے

شاہ ایران نے ہوائی اڈہ پر استقبال کیا

طہران ۱۵ جون۔ عراق کے ایجنٹ امیر عبداللہ کل طہران پہنچ گئے۔ شاہ ایران شاہ محمد رضا شاہ پہلوی نے ہوائی اڈہ پر ان کا استقبال کیا۔ [illegible]

گوا میں باہر سے فوجوں کی آمد

[illegible] ۱۵ جون۔ [illegible]

سردار نجیب اللہ خاں سفیر افغانستان یوم غالب کا افتتاح فرمائینگے

دو روزہ کانفرنس کا شاندار پروگرام

دہلی ۱۵ جون۔ [illegible] افغانستان کے سفیر [illegible] سردار نجیب اللہ خاں [illegible]

پاکستان کا نیا چیف جسٹس

کراچی ۱۶ جون۔ [illegible] (اسٹار پریس)

ہنگری کا یوگوسلاویہ سے احتجاج

[illegible]

مسٹر خورشید لال سیلون میں

[illegible]

داخلہ بھوپال اندرا طبیہ کالج
مہتمم بھوپال اندرا طبیہ کالج
معرفت پوسٹ بکس ۱۳ دہلی

مسلم یونیورسٹی انجنیئرنگ کالج سنٹر علیگڈھ میں
یو پی گورنمنٹ الیکٹریکل سپروائزر اور وائرمین کورس
کا داخلہ
ہر دو کورسوں کے درخواستوں کے فارم اور دیگر تفصیلات پرنسپل صاحب انجنیئرنگ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کے دفتر سے [illegible]
سپروائزر: [illegible]
وائرمین: [illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
قیام طعام
دہلی کی گرمی
منیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

T.B. تپ دق JABRI جبری
پتہ: [illegible] جگادھری (مشرقی پنجاب)

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے
[illegible]
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

مغربی بنگال کانگریس کمیٹی کے صدر کے مکان پر کمیونسٹوں نے حملہ کر دیا

سردار امین جان کی افغانستان کے تاج و تخت پر قبضہ کرنے کی مبینہ کوشش

بم اور تیزاب سے بھرے ہوئے بلب استعمال کئے گئے

مکان کو آگ لگانے کی کوشش بتعداد اشخاص مجروح ہوگئے

کلکتہ ۱۷ جون۔ گذشتہ شب تقریباً تین سو کمیونسٹوں نے مغربی بنگال پراونشل کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر سریندر موہن گھوش کے مکان پر حملہ کر دیا۔ مسٹر گھوش کے بیان کے مطابق یہ حملہ شب کے [illegible] بجے کیا گیا جس میں کچھ پڑوسی اور ان کے مکان کے کچھ لوگ سخت زخمی ہوگئے۔ حملہ آوروں نے مکان کو آگ لگانے کی بھی کوشش کی۔

حملہ آور بموں، بھالوں، تیزاب کے بلبوں اور دستی بموں سے مسلح تھے۔ انہوں نے ٹیلیفون کاٹ دیا، دروازے توڑ دئیے اور بم استعمال کئے۔

مسٹر گھوش نے اپنے بیان میں کہا کہ اس وقت ڈاکٹر پرتاپ چندر گوہا رائے جو مغربی بنگال پراونشل کانگریس کمیٹی کے ایک [illegible] اور مغربی بنگال اسمبلی کے ایک ممبر ہیں ان کے [redacted] [illegible] زخمی ہوگئے۔

مسٹر گھوش نے بتایا کہ حملہ آوروں نے ان کے مکان میں گھس کر نعرے لگائے اور کہا کہ وہ میرا اور تمام کانگریسی لیڈروں کا سر اڑا دیں گے۔ انہوں نے بم استعمال کئے کھڑکیاں توڑ ڈالیں اور [illegible] ٹیلیفون [illegible] آگ لگانے کی کوشش کی۔

مسٹر گھوش نے شکایت کی کہ [illegible] پولیس کی کوئی امداد نہیں پہنچی۔

مسٹر گھوش نے کہا آج صبح فون پر وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے کو مطلع کیا اور ان سے موقعہ کا معائنہ کرنے کی درخواست کی۔ مسٹر پی سی گوہا جو ایک وزیر ہیں انہوں نے میرا اور ڈاکٹر پرتاپ کا [illegible] کا معائنہ کیا۔

گذشتہ ۸ جون کے بعد سے جبکہ دیش بندھو پارک میں کانگریس کی میٹنگ [illegible] کانگریس کے صدر مسٹر سریش چندر داس [redacted] [illegible] ایک [illegible] کے دورے گذر رہے ہیں میں تمام امن پسندوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ مغربی بنگال سے اس نظام کی فتنہ گردی کو ختم کرنے کے لئے اپنے آپ کو منظم کریں۔

ایک اطلاع کے مطابق جن حملہ آوروں نے ڈاکٹر پرتاپ رائے کے مکان پر حملہ کیا ان میں [illegible] عورتیں بھی شامل تھیں۔ حملہ آور ایک جلوس کی شکل میں جا رہے تھے [illegible] حملہ کر دیا [illegible]۔ دونوں مکانوں پر پولیس کے دستے تعینات کر دئے گئے ہیں۔ (اے پ)

آج دستور ساز اسمبلی پانچ ہفتہ کیلئے ملتوی ہوجائے گی

دستور کا ۳/۴ حصہ منظور ہوچکا ہے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اعلان

دہلی ۱۶ جون۔ صدر دستور ساز اسمبلی ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کل اسمبلی میں اعلان کیا کہ آج سے اجلاس تقریباً پانچ ہفتہ کے لئے ملتوی ہوجائے گا تاکہ حکومت دستور کی دفعات کے بارے میں صوبہ جات سے مشورہ کر سکے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کہا ہم نے ۳/۴ دستور منظور کر لیا ہے۔

بعض مسائل ایسے ہیں جن پر ہم آج بحث نہیں کر سکتے مثلاً ہندوستانی ریاستوں کی پوزیشن۔ علاوہ ازیں یونین اور یونٹوں میں مالیہ کی تقسیم کا بھی سوال ہے۔ اس کے لئے مرکزی اور صوبائی حکومتوں میں مشورہ ضروری ہے۔ اس لئے ہم فوری طور پر کوئی کانفرنس نہیں کر سکتے کیونکہ وزیر خزانہ ہندوستان سے باہر ہیں۔ اس لئے اسمبلی کا اجلاس ملتوی کرنا ضروری ہو گیا ہے تاکہ اس طرح جو دفعات [redacted] بحث مباحثہ شروع کیا جائے جب لوگ اس کے لئے تیار ہوں۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کہا کہ دوسری خواندگی کے بعد تمام دفعات کو ان کی مناسب جگہوں پر مرتب کرنے میں کچھ وقفہ لگے گا نیز اس بات پر بھی غور کیا جائے گا کہ کوئی بات رہ تو نہیں گئی یا پھر کسی تبدیلی کی ضرورت ہے اس کے بعد ایوان کا تیسری خواندگی کے لئے اجلاس ہوگا۔ آپ نے امید ظاہر کی کہ یہ اجلاس بہت مختصر ہوگا۔ ۵ ہفتہ کے التواء کے بعد اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ (اے پ)

مدراسی وزراء کیخلاف تحقیقات

مدراس ۱۵ جون۔ (اے پ) کل آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر شنکر راؤ دیو نے بند کمرے میں مدراس کے [illegible] وزراء اور چار ممبران کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات شروع کر دی۔ سب سے پہلے پرکاشم وزارت کے دو سابق وزراء مسٹر [illegible] اور مسٹر [illegible] [redacted] اور دونوں نے وزراء کے جوابات کی نقلیں طلب کیں۔

بعد ازاں مسٹر پرکاشم کی وزارت کے ایک سابق وزیر مسٹر [illegible] ان سے ملے۔ شام کو مسٹر دیو نے اخبار والوں کو بتایا کہ ان کی تحقیقات ابھی ابتدائی مراحل میں ہے اور اگر انھوں نے کچھ کہنے کی ضرورت سمجھی تو وہ دو تین روز بعد کچھ کہہ سکیں گے۔ [illegible] صدر کانگریس [illegible] مسٹر کامراج نادار بھی [illegible] مسٹر دیو سے ملے۔

قبائلیوں کے ساتھ چھوڑ دینے سے ناکام ہوگئی

امان اللہ خاں کے بھائی کے خلاف کابل ریڈیو کے الزام

کراچی ۱۶ جون۔ کراچی کے باخبر حلقوں نے پاکستان کے ایسوسی ایٹڈ پریس کو بتایا کہ افغانستان کے سابق شاہ امان اللہ خاں کے بھائی سردار امین جان خاں نے حال ہی میں قبائلیوں کے ایک لشکر کے ساتھ افغانستان پر حملہ کرکے تخت پر قبضہ کرنے کی کوشش کی۔ پاکستان نے دعویٰ کیا ہے کہ یہ کوشش اس لئے ناکام ہوگئی کہ حکومت پاکستان نے محسود قبیلوں پر زور دیا کہ وہ اس مہم میں [illegible]۔ اس بات کا بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ پاکستان نے ان تمام باتوں سے بہت عرصہ قبل افغان حکام کو مطلع کر دیا تاکہ وہ مدافعت کا سامان کرنے کے لئے تیار رہیں۔

پاکستان ایسوسی ایٹڈ پریس کے بیان کے مطابق پاکستانی حکام کو اس امر کی اطلاع ملتے ہی انہوں نے سردار امین جان خاں کی اس ڈرامائی کوشش کو ابتدا ہی میں ختم کرنے کی کارروائی شروع کر دی۔ لیکن چونکہ سردار امین جان خاں اپنے بھائی کے تخت سے اتارے جانے کے بعد سے محسود قبیلوں میں مقیم ہیں اس لئے وہ لشکر جمع کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ اور تاج و تخت حاصل کرنے کی مہم پر روانہ ہوگئے۔ جس وقت سردار امین جان خاں ڈیورنڈ لائن کی طرف روانہ ہوئے تو پاکستانی حکام نے ان کے ساتھیوں کو ان سے علیحدہ کرنے کی کوشش شروع کر دی۔ چنانچہ جس وقت وہ پاکستان اور افغانستان کی سرحد پر پہنچے تو ان کے ساتھ صرف تین آدمی باقی رہ گئے تھے [illegible]۔

سول اینڈ ملٹری گزٹ کے پشاور کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ کابل ریڈیو نے سردار امین جان خاں شاہ امان اللہ خاں کے چھوٹے بھائی پر الزام لگایا ہے کہ وہ افغان حکومت کے خلاف بغاوت کی تیاریاں اور کوششیں کر رہے ہیں۔ ان کی بابت معلوم ہوا ہے کہ وہ محسود قبیلوں میں مقیم ہیں جو حکومت سے بیحد ناراض اور غیر مطمئن ہیں۔

آزاد پختونستان کی حکومت

قبائلی علاقے سے جو اطلاعات پشاور میں موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ کابل میں جو آزاد پختونستان حکومت بنائی گئی تھی اب وہ ڈیورنڈ لائن کے قریب منتقل کر دی گئی ہے۔ اس حکومت کا مقصد آزاد پختونستان کا قیام ہے اور یہ کابل کی سرپرستی میں قائم ہوئی ہے۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ کے بیان کے مطابق اس کی طرف سے [illegible] اخبار [illegible] نکالے جاتے ہیں اور قبائلی علاقوں میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔ اس اخبار کے مطابق قبائلی پختونستان کے پروپیگنڈے سے متاثر نہیں ہوتے اور یہ تعجب انگیز ہے۔

کابل ریڈیو

اتوار کی شب کو کابل ریڈیو نے تسلیم کیا کہ جنوبی افغانستان میں [illegible] اور خوست قبیلوں نے [illegible] بغاوت کر دی ہے۔ سول اینڈ ملٹری گزٹ [illegible] لکھتا ہے کہ حال ہی میں مشرقی افغانستان میں وزیری اور [illegible] قبیلوں اور افغانستان کی افواج میں تصادم ہونے کی اطلاع موصول ہوئی تھی جس میں دونوں جانب کافی جانی نقصان ہوا تھا۔ سول ملٹری گزٹ لکھتا ہے ان قبیلوں نے اس لئے بغاوت کی کہ حکومت نے ان کے مخالف [illegible] قبیلے کو فوجی امداد دی تھی [illegible] قبیلوں سے پرانی رقابت ہے۔ ابھی تک افغان حکومت قبائلیوں کو غیر مسلح کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اور فسادات [illegible] جاری ہے۔

مغربی بنگال کی جیلوں میں ۲۵۶ قیدیوں کی بھوک ہڑتال

حکومت کا پریس نوٹ

کلکتہ ۱۶ جون۔ مغربی بنگال کی حکومت کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ مغربی بنگال کی مختلف جیلوں میں اس وقت ۲۵۶ قیدی بھوک ہڑتال کئے ہوئے ہیں۔ ان میں ۹۳ نظربندی اور ۱۱۵ ایسے قیدی ہیں جن کے خلاف مقدمات چل رہے ہیں اور ابھی فیصلہ نہیں ہوا۔ ان لوگوں نے [illegible] مہینے سے کوئی ٹھوس چیز نہیں کھائی ہے۔ ان میں سے بعض لوگ گلوکوز اور اس قسم کی بعض دوسری چیزیں استعمال کرتے ہیں۔ اس پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ان لوگوں کا مقصد یہ ہے کہ جیلوں میں ہنگامہ جاری رکھیں۔ اس لئے بھوک ہڑتال کی دھمکی دے کر نئے نئے مطالبات پیش کر رہے ہیں۔ اپریل کی بھوک ہڑتال کے دوران میں حکومت نے ان کی نظربندی کی شرائط پر نظر ثانی کی اور الاؤنس انٹرویو اور رتبے کے بارے میں ان کو بہت سی سہولتیں دیں۔ حکومت نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ سیاسی قیدیوں کو جیلوں میں اونچے درجوں میں رکھا جائے اس کے بعد انھوں نے اپنی بھوک ہڑتال ترک کر دی۔ کیونکہ وہ ان سہولتوں سے مطمئن ہوگئے تھے۔ یہ سہولتیں دینے کے فوراً بعد قیدیوں نے بعض جیلوں میں فرضی شکایات کے تحت غلط پروپیگنڈا شروع کر دیا کہ یہ سہولتیں نہیں دی گئی ہیں۔ یہ دوبارہ بھوک ہڑتال کی دھمکی دے کر انھوں نے نئے نئے مطالبات شروع کر دئے۔ مثلاً یہ کہ کسی سیاسی قیدی کو ایک جیل سے دوسری جیل میں اور خصوصاً صوبے سے باہر منتقل نہ کیا جائے۔ ان کو اپنے وطنی اضلاع کے قریب کے جیلوں میں رکھا جائے۔ چھ ہفتہ میں تمام سیاسی قیدیوں کے مقدمات مکمل کر دئے جائیں۔ ان کو ہر قسم کا لٹریچر پڑھنے کے لئے دیا جائے۔ ذاتی [illegible] روزانہ [illegible] الاؤنس دیا جائے۔ (اے پ)

مغربی پنجاب مسلم لیگ گورنر کی واپسی پر کسی سمجھوتہ کیلئے تیار نہیں

میاں عبدالباری مسٹر لیاقت علی سے ملنے راولپنڈی جا رہے ہیں

لاہور ۱۶ جون (اے پ) ادھر تو راولپنڈی میں پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خاں مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی اور مغربی پنجاب الیکشن انکوائری کمیٹی سے بات چیت کر رہے ہیں جو غالباً صوبہ میں انتخابات کرانے کے متعلق ہے۔ ادھر مغربی پنجاب مسلم لیگ کے حلقوں میں گورنر کو واپس بلانے کے متعلق وہی شدت پائی جاتی ہے کہ ان کو گورنری سے سبکدوش کرکے جلد از جلد واپس بلا لیا جائے۔

میاں عبدالباری صدر پنجاب مسلم لیگ نے کل شام [illegible] نامہ نگار کو بتایا کہ وہ جمعہ کے دن راولپنڈی جائیں گے اور وزیراعظم لیاقت علی خاں سے ملیں گے۔

صوبائی مسلم لیگ کا اجلاس ۲۶ جون کو راولپنڈی میں منعقد ہوگا اور میاں عبدالباری اس کو وزیراعظم سے گفت و شنید کا تمام حال بتائیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ وہ یا مغربی پنجاب مسلم لیگ مغربی پنجاب کے برطانوی گورنر کو پاکستانی گورنر سے بدلنے کے معاملے پر سمجھوتہ نہ کریں گے۔

۲۳ مئی کا رزولیوشن پوری ذمہ داری سے پاس کیا گیا تھا۔ میاں عبدالباری نے کہا اور جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے اس میں وفا کا کوئی سوال نہیں۔ یہ انتہائی ضروری ہے کہ مغربی پنجاب میں ایک پاکستانی گورنر ہو [illegible]

اسپین کی طرف سے فلسطین کے عرب پناہ گزین بچوں کی امداد کی پیشکش

تمام اخراجات حکومت برداشت کریگی

عمان ۱۶ جون۔ یہاں کے سپینی سفیر کو اپنی حکومت کی طرف سے ایک سرکاری اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس کی حکومت فلسطینی پناہ گزینوں کے بچوں کی امداد کے لئے تیار ہے۔ اسپین نے ایسے بچوں کے مختلف وفود کو اسپین یا اسپینی مراکو میں صنعتی تربیت دینے کی پیشکش کی۔ ان کے تمام اخراجات حکومت اسپین برداشت کریگی۔ اس حکومت نے تجویز کی ہے کہ پہلے وفد میں ایک ہزار بچے ہونے چاہئیں۔ [illegible]

ہندوستان کو امریکہ کی اقتصادی امداد

پروفیسر رنگا کی صدر امریکہ سے ملاقات

واشنگٹن ۱۶ جون۔ پروفیسر رنگا نے صدر امریکہ مسٹر ٹرومان سے ان کی غیر ترقی یافتہ علاقوں کی امداد کے پروگرام کے ماتحت ہندوستان کو امداد دینے کے مسئلہ پر تبادلہ خیال کیا۔ پروفیسر رنگا دورہ کرتے ہوئے واشنگٹن پہنچے ہیں۔ انھوں نے ایک بیان میں کہا کہ میں نے صدر ٹرومان سے کہہ دیا ہے کہ چین کے موجودہ حالات کی روشنی میں ہندوستان کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کے لئے [illegible] ضروری ہے [illegible]

مسٹر سرت چندر بوس کانگریس کے مقابلہ میں کیوں کامیاب ہوئے

پنڈت جواہر لال نہرو اور مسٹر آئنگر کے بیانات

دہلی ۱۶ جون۔ گذشتہ شام پنڈت نہرو نے کانگریس اسمبلی پارٹی کے سامنے کلکتہ کے ضمنی انتخاب پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اس نتیجہ کو عوام کا فیصلہ نہیں کہا جا سکتا۔ انھوں نے پارٹی کے ہر ممبر کو مشورہ دیا کہ وہ عوام سے زیادہ ربط پیدا کریں اور ان کی ذہنی تربیت کریں۔

نیتاجی سبھاش چندر بوس کے خاندان سے عوام کی عقیدت لیکن صوبائی [illegible] کے ساتھ مقامی مخالفت اور [illegible] مناسب تنظیم کا فقدان ان سب چیزوں نے مل ملا کر مسٹر سرت چندر بوس کو کامیاب کر دیا۔

مسٹر آئنگر نے اپنے بیان میں مرکز میں کانگریس کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے اندر ایک کانگریس ہی منظم جماعت ہے اور مجھے اس امر میں کوئی شبہ نہیں کہ عوام کانگریس کی اسی طرح حمایت کریں گے جس طرح کہ وہ ہمیشہ سے کرتے رہے ہیں۔ (اے پ)

مسٹر آئنگر کا بیان

مسٹر ایم اننت سائنم آئنگر ممبر دستور ساز اسمبلی اور سکریٹری کانگریس اسمبلی پارٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ملک میں کانگریس کی طاقت کا اندازہ محض کلکتہ کے ضمنی انتخاب سے نہیں لگانا چاہئے [illegible] کے حالات بالکل الگ ہیں۔ مشرقی پاکستان سے آنے والے پناہ گزینوں کا معاملہ [illegible]

چینی کمیونسٹوں کا بحری بیڑہ

ہانگ کانگ ۱۷ جون۔ اطلاع ملی ہے کہ چینی کمیونسٹوں نے ایک بحری بیڑہ بھی تیار کر لیا ہے۔ اس بیڑے کے جہاز [illegible] کر دی تھی اور کمیونسٹوں سے جا ملے تھے۔

اس بحری بیڑے کے [illegible] تین ہزار [illegible] کے قریب [illegible] ان کمیونسٹوں کے پاس [illegible] ہیں۔ لیکن ابھی کمیونسٹوں نے [illegible] کو استعمال نہیں کیا ہے [illegible]

مسٹر سرت بوس کی طرف سے اپنے حامیوں کے نام شکریہ کا تار

سوشلسٹ ریپبلک کے قیام کی لڑائی میں امداد کی اپیل

[illegible] مسٹر سرت چندر بوس [illegible]

جے پور کے قریب پناہ گزینوں پر پولیس کی فائرنگ

۲ ہلاک [illegible] زخمی۔ کرفیو کا نفاذ

[illegible]

اٹلی میں تیل کے نئے چشمے

روم [illegible] جون۔ اٹلی کی تیل کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ صوبہ میلان اور لمبارڈی میں [illegible] فٹ کی گہرائی میں تیل کے اہم ذخیرے دریافت ہوئے ہیں [illegible] پٹرول کے چشموں کا بھی پتہ چلا ہے۔ (گلوب)

کشمیر کو ہندوستان کا غلام نہیں بننے دیا جائے گا

مسٹر لیاقت علی کی تقریر

راولپنڈی [illegible] جون [illegible]

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں
[illegible]
منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی


روح افزا
Hamdard

علاج بجلی و پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر شرما [illegible] دہلی
[illegible]

مفت پھل کھائیے
ہندوستان کے پھلوں کی عمدگی اور آم ... [illegible]
ایل۔ آر۔ [illegible]۔ گھنٹہ گھر۔ سہارنپور

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۸ جون سنہ ۴۹ء

دل کا چور!

جس طرح انسان آب و ہوا اور سورج، چاند کو نہیں بناتا، اسی طرح وہ زبان کو بھی نہیں بنا سکتا تاریخ کا مسلسل عمل قدرت کے تدریجی اثرات، ضروریات کا تنوع، خیالات کی وسعت اور قوموں کے مزاج زبان کو وجود میں لاتے ہیں، اور یہی مؤثرات اسے اٹھاتے اور ترقی دیتے ہیں، اس معنی میں دنیا کی کوئی زبان کسی خاص قوم کی ملکیت نہیں، زبانوں کو انسان ہی استعمال کرتے ہیں اور وہی اس کے مالک بھی ہوتے ہیں، اسلام نے کہا ہے کہ زبانوں کا اختلاف اور بولیوں کی نیرنگیاں خدا کی نشانیوں میں سے بہت بڑی نشانیاں ہیں، اور اس لئے ہیں کہ انسان انہیں سیکھے اور ان کے ذریعہ اپنے خیالات کو دوسروں تک پہونچائے، اس لئے نہیں ہیں کہ اس کے ذریعہ انسانوں میں فرق اور تمیز پیدا کیجائے اور کسی زبان کو ہندو کی اور کسی کو مسلمان کی قرار دیدیا جائے! قدرت کی کوئی چیز بھی جغرافیائی اور نسلی حد بندیوں میں محصور نہیں ہے، جو چیز قدرتی ہے وہ سب کی ہے اور سب ہی کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

اس میں شک نہیں کہ وطن کی طرح زبان سے بھی انسان کو محبت ہوتی ہے، مگر محبت کوئی بری چیز نہیں لیکن اگر کسی زبان سے محبت اس لئے ہے کہ دوسری زبانوں سے نفرت پیدا ہو تو یہ محبت نہیں بلکہ نفرت اور دشمنی ہوئی اور دشمنی سے نہ اپنی زبان ترقی کر سکتی ہے نہ دوسری کوئی اور زبان، اسی لئے ہم اس چیز کو بڑی حیرت کے ساتھ دیکھ رہے ہیں کہ...

ہندوستان میں ہندی زبان اور ناگری رسم خط کی حمایت میں اردو زبان اور اس کے رسم خط کیخلاف سخت نفرت اور دشمنی کا اظہار کیا جا رہا ہے اور نفرت بھی ایسی کھلی اور واضح کہ ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو بھی آخر کہنا پڑا کہ ہندی کے حامیوں کو ہندی کے ساتھ اتنی محبت نہیں جتنی کہ انہیں دوسری زبانوں سے نفرت ہے! جس شدت کے ساتھ ہندی کی حمایت کیجا رہی ہے اسی شدت کے ساتھ اردو سے نفرت کا اظہار بھی کیا جا رہا ہے، سمجھ میں نہیں آتا آخر یہ کیا تک ہے کہ جو زبان ہندوستان میں بنی، ہندوستان میں پروان چڑھی اور ہندوستان ہی میں بولی اور سمجھی گئی اس کی مخالفت کی جا رہی ہے اور یہ مسئلہ اٹھایا جا رہا ہے کہ صرف ہندی ناگری رسم خط کے ساتھ سرکاری اور قومی زبان ہو!

یہ بات سب کو معلوم ہے کہ سنسکرت زبان ایک مردہ زبان ہے، یعنی وہ کسی ملک، کسی صوبہ، کسی ضلع اور کسی شہر میں بطور مادری زبان نہیں بولی جاتی، وہ ہندوستان کے لئے ایسی ہی اجنبی، غیر مانوس اور غیر متعارف ہے جیسے کہ روسی زبان، نہ یہاں کسی طبقہ کی مادری زبان روسی ہے اور نہ سنسکرت، روسی زبان پھر ایک زندہ زبان ہے کیونکہ روس میں عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے لیکن سنسکرت کو تو دنیا کے کسی خطہ میں نہیں بولا جاتا! اس کے باوجود [illegible] کا نعرہ یہ ہے کہ سنسکرت کو ہندوستان کی قومی اور سرکاری زبان ہونا چاہئے، حیرت ہوتی ہے کہ تعصب اور نفرت سے اہل علم بھی خالی نہیں، کلکتہ کے چند اسکالروں نے ، سنسکرت راشٹریہ بھاشا پریشد، کے نام سے ایک کانفرنس میں یہ تجویز منظور کی ہے کہ سنسکرت کو ہندوستان کی سرکاری زبان قرار دیا جائے، گویا تعصب کی خاطر حکومت ایک ناممکن بات کو ممکن بنا دے اور جس زبان کو کسی ایک محلہ میں بھی نہیں بولا جاتا ہو وہ تیس کروڑ باشندوں کی زبان بنا دی جائے، لیکن کیا اس کی حقیقت بالکل ظاہر نہیں، کیا سرکاری زبان کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ مردہ، غیر معروف اور اجنبی ہو؟ مگر اس کا مطلب سمجھتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ......

[illegible] یعنی سرکاری زبان کے لئے سنسکرت کا نام [illegible]

حکومت ہندی زبان کو سرکاری بنانے پر راضی ہو چکی لیکن سوال یہ ہے کہ ہندی تو لازمی طور پر سرکاری زبان بنے گی، پھر اس کہنے سے کیا فائدہ کہ ہندی زبان ہی سرکاری زبان ہو سکتی ہے، اصل بات یہ ہے کہ ہندی کے حامی یہ نہیں چاہتے کہ ہندی کے ساتھ ساتھ اردو زبان بھی ثانوی زبان کی حیثیت سے باقی رہے، اور مہاتما گاندھی کا یہ خواب پورا ہو کہ ہندوستانی زبان ہی کو سرکاری اور قومی ہونا چاہئے اور ہندوستانی وہ جو ناگری اور اردو دونوں رسم خطوں میں لکھی جاتی ہے، گویا ہندی زبان تو بحث سے خارج ہے، کیونکہ اسے گاندھی جی بھی تسلیم کر چکے تھے اور حکومت بھی تسلیم کرتی ہے، دشمنی اور نفرت تو اردو زبان سے ہے کہ کہیں وہ بھی ہندی کے ساتھ باقی نہ رہ جائے، جس ملک کی اکثریت کے خیالات یہ ہوں اور اردو کے معاملہ میں اس کی تنگ نظری کا یہ حال ہو اس کی نسبت ہم سوائے اس کے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ وہ اپنے زاویہ نگاہ کو بدلے اور زبان کے بارے میں اپنے اندر رواداری پیدا کرے۔

ہندی کے متعلق تو کوئی بحث ہی نہیں کیونکہ ہندوستان میں اس کا کوئی مخالف نہیں ہے البتہ اردو زبان کے بارے میں ہم دو باتیں عرض کریں گے، اول یہ کہ کیا ہندی نوازوں نے زبان کے معاملہ میں مہاتما گاندھی کے خیالات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی قسم کھا رکھی ہے؟ آخر اس شور کے کیا معنی کہ گاندھی جی کے مشن کو پورا کرو، گاندھی کے خیالات کو اپناؤ، گاندھی جی کے فلسفہ کو فروغ دو! کیا گاندھی جی نے ہندی اور اردو دونوں زبانوں کو مساوی حیثیت نہیں دی تھی؟ کیا انہوں نے ہندی کے ساتھ اردو کو باقی رکھنے پر پورا زور نہیں لگایا تھا؟ کیا انہوں نے یو۔ پی گورنمنٹ کو اس کی ہندی نوازی پر ملامت نہیں کی تھی؟ اگر گاندھی جی کی پیروی ضروری ہے تو اردو زبان کی مخالفت کیوں؟ کیا گاندھی جی نے یہی فرما دیا تھا کہ میری فلاں بات کو دانتوں سے پکڑو اور فلاں بات کو پیروں سے ٹھکرا دو! کیا کانگریس نے کوئی ایسا معیار قائم کیا ہے کہ گاندھی جی کی پیروی فلاں باتوں میں ضروری نہیں ہے؟ اگر گاندھی جی کی بعض باتوں کو ماننا اور بعض باتوں کو نہ ماننا پارٹی کے اختیار اور مرضی پر موقوف ہے تو پھر ان کی پیروی کے اس شور و غل کا کیا معنی؟ آپ ایک بات کو پیروی کے قابل سمجھتے ہیں اور دوسری بات کو پیروی کے قابل نہیں سمجھتے، اس کے بعد گاندھی جی کے مشن کے کیا معنی رہ گئے؟ ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ دیہات سدھار کے معاملہ میں گاندھی جی کی پیروی کیوں ضروری ہے اور ہندوستانی کے معاملہ میں کیوں ضروری نہیں؟

اگر پیروی کا معیار یہ ہے کہ گاندھی جی کے جن اصولوں سے اکثریت کو فائدہ پہونچتا ہے وہ تو قابل تسلیم اور جن اصولوں سے اقلیتوں کو فائدہ پہونچے وہ ناقابل تسلیم تو اس معیار کو کھلے الفاظ میں بیان کر دینا چاہئے تاکہ دنیا کو یہ تو معلوم ہو جائے کہ گاندھی جی کا مشن انسانیت کے لئے نہ تھا، صرف ایک نسل اور اس کی اکثریت کے لئے تھا!

دوسری بات یہ ہے کہ جو لوگ اردو زبان کی مخالفت کر رہے ہیں وہ دو قومی نظریہ کے قائل ہیں یا ایک قومی نظریہ کے؟ اگر وہ دو قومی نظریہ کے قائل ہیں تو پھر اردو سے ان کی دشمنی حق بجانب ہے انہیں واقعی اردو کی مخالفت کرنی چاہئے کیونکہ یہ مسلمانوں کی زبان ہے اور مسلمان ایک دوسری قوم ہیں اور دوسری قوم کی دوسری زبان کو کون برداشت کر سکتا ہے؟ لیکن اگر وہ ایک قومی نظریہ کے حامی ہیں اور وہ ہندو مسلمانوں کو ایک ہی قوم سمجھتے ہیں تو پھر انہیں بتانا پڑے گا کہ اردو زبان کی مخالفت کیوں ہے؟ کیا اس لئے کہ یہ مسلمانوں کی زبان ہے؟ مگر یہ تو وہی دو قومی نظریہ کا ماننا ہوا جس کے لئے ایک جمہوری اور غیر مذہبی حکومت میں کوئی گنجائش نہیں، پھر کیا اس لئے کہ اردو باہر سے آئی ہے؟ اور یہ سب جانتے ہیں کہ وہ باہر سے نہیں آئی بلکہ وہ ہندو مسلمانوں کے مشترک کلچر، مشترک معاشرت، اور مشترک خیالات کا نتیجہ ہے، اگر وہ اسی ملک کی پیداوار ہے تو پھر مخالفت کا کیا مطلب؟ غرض اردو زبان کی مخالفت نہیں کیجا سکتی جب تک کہ اصولی طور پر دو قومی نظریہ تسلیم نہ کر لیا جائے جونہی دو قومی نظریہ کو مانا اردو زبان کی مخالفت لازمی ہوگئی، اور چونکہ دو قومی نظریہ غلط اور بے بنیاد ہے اس لئے اردو زبان کی مخالفت بھی بے بنیاد اور غلط ہے، اور جو لوگ مخالفت کرتے ہیں وہ یقیناً دو قومیت کے حامی ہیں اور ہم بھی یہ بات دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ اگر اردو کے مخالف دو قومی نظریہ کے قائل ہیں تو وہ صاف صاف اعلان کریں تاکہ ہمارا اور ان کا جھگڑا باقی نہ رہے، اگر وہ اس کے قائل نہیں تو وجہ بتائیں کہ ان کی طرف سے اردو زبان کی مخالفت کا مطلب کیا ہے؟

اچھی باتیں

ولئن اذقناہ۔ تا۔ غلیظ ([illegible])

اگر ہم انسان کو تکلیف کے بعد اپنی مہربانی سے نوازتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرے لئے ہونا ہی چاہئے تھا، اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت آئے گی اور اگر مجھے اپنے رب کے پاس باریابی کا موقعہ بھی ملا تو میرے لئے بھلائی کی وہاں بھی کمی نہیں ہو گی۔ ہم ایسے منکروں کے کردار کو بے نقاب کریں گے اور انہیں سخت عذاب دیں گے۔

انسان کی لاابالیت کی حد ہے کہ آرام و راحت میں خدا کی مہربانیوں کو فراموش کر دیتا ہے اور اپنی ترقی کو اپنی قابلیت کا ثمرہ سمجھنے لگتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے تو یہ ترقی ملنی ہی چاہئے تھی کیونکہ میں ایسا اور ویسا ہوں اور پھر یہ بھی کہتا ہے کہ اول تو قیامت آئے گی ہی نہیں لیکن اگر آ گئی تو ہم وہاں بھی مزے میں رہیں گے اور جس طرح دنیا میں آؤ بھگت ہوتی ہے وہاں بھی ہماری خوب آؤ بھگت ہوگی مگر قرآن کہتا ہے کہ یہ پندار غلط ہے وہاں تو اعمال اور کردار کو بے نقاب کیا جائیگا اور ایسے لاابالی ضرور اپنے کئے کا خمیازہ بھگتیں گے۔

مسلمان اپنی تعمیر اور زندگی کو خوشگوار بنانے کیلئے جمعیۃ علماء کو مضبوط بنائیں

ہلدوانی ضلع نینی تال کی جمعیۃ علماء کانفرنس میں حضرت مولانا محمد میاں کا خطبۂ صدارت

ہلدوانی بذریعہ ڈاک جمعیۃ علماء ضلع نینی تال کی شاندار کانفرنس ہلدوانی میں ایک وسیع خوشنما اور آراستہ پنڈال میں جو کھچا کھچ بھرا ہوا تھا، حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کی صدارت میں شب کو دس بجے شروع ہوئی جس وقت صدر کانفرنس مولانا محمد میاں صاحب اور مولانا سید فخرالدین صاحب مرادآبادی، مولانا نورالدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ علماء ہند مولانا محمد قاسم ناظم [illegible] پنڈال گونج گیا۔

جلسہ کا افتتاح حافظ محمد اسمٰعیل کی تلاوت قرآن پاک اور منشی عبدالمجید صاحب [illegible] قریشی کی نظموں سے ہوا۔ مولانا حکیم اللہ صدر مجلس استقبالیہ نے اپنا مختصر اور جامع خطبہ استقبالیہ پڑھا جو چار حصوں پر مشتمل تھا پہلے حصہ میں علماء کرام، مہمانان عزیز کا شکریہ اور مجلس استقبالیہ کی کارگزاریوں کی معذرت۔ دوسرے میں جمعیۃ علماء ہند کی تاریخی خدمات تیسرے میں ضلع نینی تال و ہلدوانی کی جغرافیائی حالت اور جمعیۃ علماء ضلع نینی تال کی خدمات۔ چوتھے حصہ میں ہندو مسلم اتحاد [illegible] اور مسلمانان ضلع نینی تال کے جمعیۃ علماء کو مضبوط بنانے پر ایک جامع تبصرہ شامل تھا۔ [illegible]

[illegible] انتخاب کے اصول کے پیش نظر مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اب سیاسی سرگرمیوں کو مشترک اور غیر فرقہ وارانہ سیاسی پلیٹ فارم سے جاری رکھیں۔ اسی سلسلہ میں حضرت مولانا نے [illegible] مدراس کے اس بیان کی سخت مذمت کی جس میں انہوں نے مسلم لیگ کو دوبارہ زندہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مولانا موصوف نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تعمیر اور آئندہ زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے جمعیۃ علماء ہند کے تعمیری پروگرام کو اپنائیں اور اسی کو کامیاب کرنے میں اپنی پوری جدوجہد کریں۔ [illegible]

دوسرا اجلاس

[illegible] تلاوت قرآن پاک [illegible] حضرت مولانا حبیب الرحمٰن [illegible]

[illegible] جمہوری کے انتقال پر اظہار افسوس کیا گیا اور مرحومین کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی اپیل کی گئی۔ دوسری تجویز میں مولانا حفظ الرحمٰن صاحب، مولانا شاہد میاں فاخری کے یو۔ پی اسمبلی میں بلا مقابلہ کامیاب ہونے پر مبارکباد دی گئی۔ تیسری تجویز [illegible] اردو کے متعلق تھی جس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ طلباء کو اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع دیا جائے۔ [illegible] بعد ازاں حضرت مولانا نورالدین صاحب بہاری نے ایک گھنٹہ مفصل تقریر فرمائی جس میں آپ نے جمعیۃ علماء ہند کی تاریخ اور اس کی قربانیاں اور انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ اشتراک کا تذکرہ فرمایا نیز سیاسی پلیٹ فارم سے علیحدگی اختیار کرنے پر تبصرہ فرمایا۔ اس کے بعد مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی نے اپنے مخصوص انداز میں ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی آپ نے اپنی تقریر میں ہندوستان کی آزادی کی تحریک برطانیہ کے زمانہ کے حالات پنجاب و دہلی میں جو واقعات و حالات گذرے ان پر روشنی ڈالی۔ نیز ہندو مسلم سکھ [illegible] کی اپیل کی اور ہندوستان و حکومت کو مضبوط بنانے کے لئے اپیل کی۔ آپ کی تقریر ختم ہونے کے بعد مولانا حکیم اللہ نے بحیثیت صدر استقبالیہ کارکنان و رضاکاران جمعیۃ کارکنان استقبالیہ میونسپل بورڈ پولیس اور تمام [illegible] کا جنہوں نے کانفرنس کو کامیاب بنانے میں [illegible] امداد دی شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا سید فخرالدین احمد صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ نے مختصر الفاظ اور کلمات دعائیہ فرماتے ہوئے اجلاس کو ختم کیا۔

محمد عبدالحکیم قریشی نامہ نگار

مباحث امروز

- تعلیمی سفارشات ——— دولت مشترکہ اور ہند
- یوم غالب ——— برما اور دولت مشترکہ

تعلیمی سفارشات

حکومت بہار نے حال ہی میں امدادی تعلیمی اداروں کا انتظام بہتر بنانے کے سلسلہ میں اپنی رپورٹ پیش کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی تھی۔ اس کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ ان اداروں میں تعلیمی فیس میں مناسب طور پر اضافہ کر دیا جائے۔ ملک کی عام گرانی کے ساتھ ساتھ اگر اسکولوں کی تعلیمی فیس میں کچھ اضافہ ہو جائے تو کوئی حیرت کی بات نہیں لیکن کمیٹی نے جن دوسری فیسوں کی سفارش کر کے جس طور پر تعلیم کو گراں بنانے کی کوشش کی ہے وہ یقیناً انتہائی حیرت انگیز ہے۔ اگر کمیٹی کی اس سفارش کو مان لیا جائے تو ایک طالب علم کو اپنے داخلہ اور تعلیمی فیس کے علاوہ ہر مہینہ روشنائی فیس، ریڈنگ روم اور لائبریری فیس، کامن روم فیس، کیمسٹری، حیاتیات اور طبیعیات کی الگ الگ فیس، جنرل سائنس فیس، پنکھا فیس، طبی فیس اور تفریحی فیس بھی دینا ہوگی۔

اتنی فیسوں کے اعلان کے بعد بھی کیا کسی شخص کے ذہن میں یہ بات آسکتی ہے کہ ہماری حکومت تعلیم کو عام کرنا چاہتی ہے؟ تعجب ہے کہ ایک طرف [illegible] اور ملک کی جہالت دور کرنے کے اعلانات کئے جاتے ہیں اور دوسری طرف تعلیم کو اس قدر گراں بنایا جاتا ہے کہ غریب [illegible] لوگوں کو دو وقت روٹی بھی مشکل سے ملتی ہے کیا ان سے توقع کی جا سکتی ہے کہ فیسوں کے اس بوجھ کو برداشت کر سکیں گے [illegible] کے بچے سے لکھنے پڑھنے کا ارادہ بھی نہیں رکھتا۔

دولت مشترکہ اور ہند

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر ڈاکٹر ایواٹ نے لندن سے واپسی پر ایک ملاقات میں دولت مشترکہ کانفرنس کے نتیجہ پر بڑی خوشی کا اظہار کیا ہے اور یہ کہا ہے کہ برطانیہ میں بادشاہ سے لے کر ایک عامی تک اس سمجھوتہ پر خوش ہے۔

خوش ہونا چاہئے۔ ہندوستان جیسا عظیم ملک ان کی دولت مشترکہ میں شامل رہا، اس سے بڑھ کر ان کے لئے اور زیادہ خوشی کیا ہو گی۔ پنڈت نہرو نے پچھلے دنوں پارلیمنٹ میں کہا تھا کہ ہم اس لئے دولت مشترکہ میں شامل ہوئے کہ اس میں ہمیں اپنا فائدہ نظر آیا [illegible] ہندوستان کو اپنے ہی فائدہ کا خیال رکھنا ہے [illegible] کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

یوم غالب

ہفتہ ۱۸ [illegible] جون کو دہلی کالج میں یوم غالب منایا جا رہا ہے [illegible] تمام نامور ادیب اور شعراء [illegible] اس دو روزہ کانفرنس میں شرکت فرما رہے ہیں۔

حضرت غالب کا اردو دانوں پر جو احسان ہے حقیقت یہ ہے کہ اسے اتارا نہیں جا سکتا۔ آج اس وقت جبکہ ملک میں اردو کے ساتھ بے انصافی ہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ دشمنی برتی جا رہی ہے یوم غالب منا کر حقیقی معنوں میں ہم غالب کی روح کو خوش کر رہے ہیں۔ اس کانفرنس میں زبان کے سلسلہ میں کوئی گلہ نہیں کیا جائے گا۔ اسلئے کہ:

جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی سے گلہ کرے کوئی

بلکہ یہ دکھایا جائے گا کہ اردو زبان میں جاذبیت اور [illegible] وہ کسی دوسری زبان میں نہیں۔

اردو سے محبت رکھنے والے لوگوں کو چاہئے کہ وہ اس کانفرنس میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہو کر [illegible]

برما اور دولت مشترکہ

برما کے وزیر اعظم تھاکن نو نے پارلیمنٹ میں ایک بیان دیتے ہوئے [illegible] دولت مشترکہ کے [illegible] اس بات کے لئے شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے برما کی بقا کے لئے [illegible] اخلاقی اور مادی امداد دی انہوں نے کہا اب وقت آ گیا ہے کہ ہم ان ملکوں کے ساتھ جن کے مفاد ہمارے مفاد سے مشترک ہیں دفاعی اور اقتصادی معاہدہ کریں۔

کیا اس بات کی طرف اشارہ نہیں ہے کہ برما پھر دولت مشترکہ میں شامل ہونا چاہتا ہے؟ معلوم ہوتا ہے تھاکن نو یہ محسوس کر رہے ہیں کہ [illegible] کمیونسٹوں کا مقابلہ خود اکیلے نہیں کر سکتے [illegible]

بہتر یہ ہے کہ تھاکن نو [illegible]

لکھاڑی کا پن بجلی اور آبرسانی کا منصوبہ

مرکزی حکومت کی منظوری کا انتظار ہے

بھوپال [illegible] جون [illegible]

اڑیسہ سے چاول کی فراہمی

کٹک ۱۵ جون۔ اڑیسہ نے اب تک اپنے سپلائی کے کوٹہ میں سے مرکزی حکومت کو [illegible] ٹن چاول سپلائی کر دیا ہے باقی [illegible] ٹن چاول میں سے [illegible] ٹن چاول مدراس کو اور [illegible] ٹن چاول بہار کو دیدیا جائے گا۔ اپریل کو ختم ہونے والے چھ مہینوں میں اڑیسہ میں کل [illegible] ٹن اناج جمع کیا گیا جس میں سے [illegible] ٹن چاول [illegible] کمی کے علاقوں کو دیدیا گیا۔

مشاورتی کونسل کے اراکین کا حلف وفاداری

کوئٹہ ۱۵ جون۔ بلوچستان کی مشاورتی کونسل کے ممبروں نے حلف اٹھانے کی رسم [illegible]

مسلمانوں کو مایوسی اور اضطراب چھوڑ کر مستقبل کی فکر کرنی چاہیئے

بلند اخلاق اور اعلیٰ کیرکٹر ملک وقوم کی ترقی کیلئے ضروری ہے ۔ مولانا نورالدین کا بیان

دہلی ۱۶ جون ۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا نورالدین بہاری نے مسلمانوں سے خوف وہراس دور کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بہتر مسلمان کی شان پیدا کریں اور امید وحوصلہ سے زندگی بسر کریں۔ حضرت مولانا کا پورا بیان درج ذیل ہے۔

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے انقلاب کے بعد مسلمانان ہند کی بدقسمتی اور شامت اعمال سے جو صورت حال ہند یونین کے مسلمانوں کے لئے پیدا ہوگئی ہے وہ جمعیۃ علماء ہند کے کارکنوں کے لئے کوئی تعجب انگیز اور نئی بات نہیں اس پورے دور میں بھی انہوں نے حتی المقدور اپنی جدوجہد میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا مگر مشیت ایزدی سامنے آئی اور انہیں عبرت کے لئے ان کو جھنجھوڑا۔

مایوسی اور اضطراب کیوں

ماضی وحال کے واقعات کو سامنے رکھتے ہوئے کیا ہم مسلمان ہو کر ان خطرات سے مایوس ہو جائیں اپنی خودداری [redacted] ایک دم بھی ایمان کی صحیح طور پر باقی ہے مایوسی اور اضطراب اس کے قریب نہیں آسکتا۔

اب وقت ہے کہ ماضی وحال سے قطع نظر کر کے موجودہ ماحول میں نگاہ حقیقت بین سے اپنے مستقبل کی طرف دیکھیں کیونکہ اس وقت جذبات بے معنی ہیں، ہم آزاد ہندوستان میں رہتے ہیں ہندوستان کی حکومت کے ارباب حل وعقد بارہا حکومت کی پالیسی واضح کر چکے ہیں کہ وہ کسی خاص مذہب وملت کی نہیں بلکہ جمہوری حکومت ہے ہر مذہب وملت کی نگہبان ومحافظ ہے کسی ملک کی تعمیر میں کسی ایک فرقہ یا ملت کا ہاتھ نہیں ہوتا بلکہ سب کی جدوجہد اور اشتراک سے تعمیر عمل ہوتی ہے اس لئے کوئی فرقہ مختلف نظریہ سے نہیں سوچ سکتا بلکہ اس کو بھی پیش نظر تمام فرقوں کا مفاد رکھنا پڑتا ہے۔

جمعیۃ علماء کی تاریخ

ہمارے خیال میں تو سرت چندر بوس کی کامیابی اس بات کی دلیل ہے کہ ہندوستانی جمہوریت کی اسپرٹ جاندار ہے اور ووٹر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے لگے ہیں، یہ بات جمہوری اور جمہوری شعور کو ہی حاصل ہو سکتی ہے کہ عوام، حکومت کے رعب میں نہ آئیں اور اپنے ایسے امیدوار کو کامیاب بنائیں جس پر انہیں اعتماد ہو! اگر لوگ حکومت پرست اور جی حضوری ہوتے تو پنڈت جواہر لال نہرو اور سردار پٹیل کی اپیلیں اپنا رنگ لائے بغیر نہ رہتیں، اور کانگریس کا امیدوار ضرور کامیاب ہوتا، لیکن ایسا نہیں ہوا جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ہندوستان کی جمہوریت میں حرکت ہے اور وہ کافی طاقتور بن چکی ہے اور رائے دہندگان اپنے نفع نقصان کا حساب لگانا سیکھ گئے ہیں!

اس کے باوجود اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ انتخاب سے کانگریس کے وقار کو کچھ نہ کچھ دھکا ضرور لگا ہے اور یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ کانگریس کی گرفت ڈھیلی پڑتی جا رہی ہے دنیا میں کوئی تبدیلی بلا سبب نہیں ہوتی کچھ ایسے اسباب … ہوتے ہیں جو حالات کا رخ بدلنے میں موثر ہوتے ہیں اور جو ایک پارٹی کو آگے بڑھاتے اور دوسری کو پیچھے دھکیلتے ہیں، اس سلسلہ میں ہم کو پوری غیر جانبداری اور انصاف کے ساتھ کانگریس اور حکومت کے اعمال کا جائزہ لینا چاہئے اور ان کمزوریوں کو معلوم کرنا چاہئے جن کا احساس عام طور پر عوام کو ہوتا جا رہا ہے۔ یہ کہنا شاید ناانصافی پر محمول نہ کیا جائے کانگریس مجموعی حیثیت سے اپنے مقام سے گر چکی، اس نے گاندھی جی کے اصولوں سے انحراف کیا ہے، اس میں قومی خدمت کا جذبہ اس پیمانہ پر باقی نہیں رہا جس پیمانہ پر آزادی سے قبل باقی تھا، اس کے افراد میں عہدوں کی ہوس پیدا ہو چکی ہے، اس کے خواص کا زاویہ نگاہ بدل چکا ہے! عوام کو اس بات کی توقع تھی کہ جس کانگریس نے ہندوستان کو آزاد کرایا اور غیر ملکی جوئے کو کندھوں سے اتار کر پھینکا وہ آزادی کے بعد بھی عوام کی وسیع خدمات انجام دے گی اور اس کے ذریعہ اجنبی غلامی کے باقیات سیئات ایک ایک کر کے نابود ہو جائیں گے ایک دو توقع تھی کہ کانگریس کے ساتھ عوام کو بہت سی

توقعات تھیں مگر آزادی کے بعد یہ محسوس ہوا کہ آزادی سے پہلے کی کانگریس اور تھی اور آزادی کے بعد کی کانگریس اور ہے، پہلے اس کا پیشہ ایثار اور قربانی تھا اور اب عہدوں کی ہوس، اقتدار کی خواہش اور طاقت کا نشہ ہے، اس نے جو وعدے کئے تھے وہ نہ صرف یہ کہ پورے نہیں ہوئے بلکہ ان کی مخالفت کی گئی اور ہاں کے بعد نہیں اور نہیں کے بعد ہاں کی طرحیں ڈالی گئیں، اس کے علاوہ کانگریس کے اندرونی اختلافات نے اس کی کمزوریوں کو اور بھی اجاگر کر دیا ہے وہ پہلے ایک دشمن کے مقابلہ پر متحد تھے، مگر اب دوستوں کے مقابلہ پر مختلف ہیں، جہاں دیکھو متوازی قسم کی کمیٹیاں قائم ہیں اور عہدیداروں میں رسہ کشی ہو رہی ہے، جب کوئی جماعت اخلاق اور کردار کے معیار سے گر جائے تو اسے اس کی سابقہ روایات سے سہارا نہیں ملتا اور عوام کے لئے بھی ضروری نہیں رہتا کہ وہ اس کے نام کو رٹتے رہیں اور اس کے لاشے کو کندھوں پر اٹھائے پھریں!

لوگ کانگریس اور حکومت کو ایک ہی سمجھتے ہیں، حکومت کانگریس ہے اور کانگریس حکومت ہے، اور جب لوگ کانگریس سے خوش نہیں ہونگے تو حکومت سے کس طرح خوش ہو سکتے ہیں … آزادی کے بعد عوام کو اطمینان نہیں ملا، بلکہ انہیں غلامی کے دور میں جو اطمینان حاصل تھا آزادی کے بعد وہ بھی باقی نہ رہا، ہر شخص اپنے دل سے دریافت کر سکتا ہے کہ کیا اسے اپنی آزادی پر فخر ہے؟ کیا وہ آزادی کا احساس کر کے خوش ہوتا ہے؟ کیا اسے دور آزادی اور دور غلامی میں کوئی فرق نظر آیا؟ کیا عوام کو اپنی مشکلات ختم ہوتی نظر آئیں، ہر شخص اپنی جگہ غیر مطمئن اور ہر فرد اپنی جگہ ایک خلش، ایک تلخی ایک ناگواری اور ایک بوجھ سا محسوس کر رہا ہے، مزدور کی غربت دور نہیں ہوئی سرمایہ دار اور مزدور کی کشاکش کا سلسلہ ختم نہیں ہوا، بھوکے اور ننگوں کو کوئی خوشخبری نہیں ملی! غرض ہندوستان کے عوام بے چین ہیں اور اسکا الزام حکومت پر لگاتے ہیں، جب ایک دفعہ بات بگڑ جائے تو اس کا بنانا آسان نہیں ہوتا، بات بگڑ چکی ہے اور بدگمانیاں پھیل چکی ہیں اور ان کا بنانے اور سمجھنے والا کوئی نہیں! اب قدرتی طور پر لوگ دوسری جماعتوں کی طرف دیکھتے ہیں کہ شاید نجات کی سبیل نکل آئے اور جو کام کانگریس سے نہ ہو سکا وہ ان کے ذریعہ انجام پا سکے!

مغربی بنگال کا یہ انتخاب جس میں مسٹر سرت چندر بوس کو زبردست کامیابی حاصل ہوئی، کانگریس کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے، اب کانگریس اور حکومت کا کام یہ ہے کہ وہ عوام کی بے چینی کو دور کریں اور انہیں ان کے مستقبل سے اطمینان دلائیں اور ابھی سے اپنے سفر کا رخ بدل کر ایسی راہ اختیار کریں جو عوام کی فلاح و بہبود ترقی اور فارغ البالی کی طرف جاتی ہے، ورنہ نتیجہ ظاہر ہے کہ انقلاب پسند طاقتیں ابھریں گی اور انہیں عوام کا تعاون حاصل ہوگا اور کانگریس کا اقتدار اعلیٰ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا، اگرچہ ہمیں سرت بابو کی کامیابی سے دور از کار نتائج پیدا نہ کرنے چاہئیں کیونکہ سیاست کا دھارا ہمیشہ اپنا رخ بدلتا ہے … ہمیں اس خطرہ سے بھی بے خبر نہ رہنا چاہئے جو عوام کی بے چینی طبیعتوں میں اندر ہی اندر پرورش پا رہا ہے

پریس کی آزادی

مجلس متحدہ اقوام کا سب کمیشن ایک سکس

میں پریس اور خبروں کی آزادی کے مسئلہ پر غور کر رہا ہے اس کے ممبروں کا اصرار ہے کہ دنیا میں پریس کو آزادی حاصل ہو اور ہر قسم کی خبروں کو دنیا میں پھیلنے اور اشاعت پذیر ہونے کا حق …

خبروں پر سنسر شپ اور اس قسم کی دوسری پابندیاں ناجائز ہیں اور کسی حکومت کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ صحیح خبروں کو باہر نکلنے سے اور باہری خبروں کو اندر آنے سے روکے۔

اس سلسلہ میں فرانس کے نمائندہ نے کہا کہ فرانس اور انگلستان میں پریس کو بہت بڑی حد تک آزادی حاصل ہے، ہندوستان کے نمائندہ مسٹر دیوا داس گاندھی نے فرمایا کہ چند پابندیوں کے باوجود ہندوستانی پریس کو مجموعی حیثیت سے بہت بڑی آزادی حاصل ہے؛ دوسرے ممالک بھی یہی کہیں گے کہ انہوں نے پریس کو اظہار خیال کی پوری آزادی دے رکھی ہے ایک ملک بھی ایسا نہ نکلے گا جو پریس کی آزادی سلب کرنے کا الزام اپنے سر لے، پھر سب کمیشن کی طرف سے پریس کی آزادی کا ڈھونگ کیوں رچایا جا رہا ہے؟ جب دنیا کی ساری حکومتیں ہی آزاد خیال نہ رہیں تو انہیں آزاد خیال بنانے کی بے سود کوشش کیوں کی جاتی ہے؟ مسٹر دیوا داس گاندھی کے نزدیک ہندوستانی پریس کو بہت بڑی آزادی حاصل ہے، اگر پریس سے مراد "ہندوستان ٹائمز" ہے تو ان کا انکشاف سمجھ میں آتا ہے، اگر پریس سے مراد واقعی پریس ہے تو ہمارے نزدیک ان کا یہ اعلان مبالغہ کی حد سے قطعی متجاوز ہے، اگر ایک سکس میں جاری ٹہے کو کچھ وزن حاصل ہوتا تو ہم صفائی سے کہتے کہ دیوا داس گاندھی دوسرے اخبارات کو ہندوستان ٹائمز پر قیاس نہ کریں … آزادی کا داعیہ وہ پیٹ کر پریس کے زخم پر نمک پاشی نہ فرمائیں، ابھی بات کافی ہے کہ کام چل رہا ہے اور رائے کا اظہار … میں ہمیں کوئی دلچسپی نہیں رہی۔

اچھی باتیں

واذا انعمنا۔ تا۔ عریض (پ ۲۵ ع ۱)
اور جب ہم انسان کو نعمتیں عطا کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے اور کروٹ بدل لیتا ہے اور جب اس کو تکلیف پہونچتی ہے تو خوب لمبی چوڑی دعائیں کرتا ہے۔

یعنی راحت اور عیش میں تو انسان خدا کو فراموش کر دیتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ ایسی حالت میں اسے کیا کرنا چاہئے، لیکن جب مصیبت پڑتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگتا ہے کبھی وظیفے گھونٹتا ہے کبھی نمازوں کا ڈھیر لگا دیتا ہے، کبھی روتا اور گڑگڑاتا ہے، مگر دل میں یہی بات رکھتا ہے کہ مصیبت سر سے ٹلی پھر کیسی نماز اور کیسی دعائیں تم اس کا تجربہ اگست کے انقلاب کے بعد کر چکے ہو مصیبت پڑتے ہی غنڈوں نے غنڈہ پن چھوڑا اور نیکوں کے نیک بن کر مسجدوں میں آنے لگے، کوئی دعا مانگ رہا ہے، کوئی گڑگڑا رہا ہے، کوئی توبہ استغفار میں لگا ہوا ہے لیکن جب مصیبت ٹلتی نظر آئی تو تو پھر اپنی اصلی حالت پر آگئے، اس کے بعد نہ دعاؤں کی ضرورت نہ مسجدوں میں جانے کی حاجت وہی خدا فراموشی اور وہی گناہ اور معصیتیں۔

گذشتہ ہفتہ تقریباً ۵ ہزار ٹن اناج درآمد کیا گیا

ملک کی تیزی سے بہتر ہوتی ہوئی غذائی حالت پر تبصرہ

نئی دہلی ۱۷ر جون: ۹ر جون کو ختم ہونے والے ہفتہ میں غذائی محاذ پر حکومت ہند کی سرگرمیاں جاری رہیں۔ اس سلسلہ میں اہم واقعات یہ ہیں:-

حکومت مدراس نے خوراک کے بارے میں صوبہ کو … بنانے کے سلسلہ میں جو منصوبہ بنایا ہے اس پر مرکزی وزیر خوراک نے غور کیا۔ اور یہ کام جنگی مہم کے طور پر سرانجام دینے کی اپیل کی۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے پندرہ روزہ رسالہ اکنامک ریویو میں ایک مضمون کے ذریعہ یہ رائے ظاہر کی گئی ہے کہ سرکاری انتظامات کی سابقہ خامیوں پر نکتہ چینی کے بجائے تعمیری کام کئے جائیں۔ چینی کے کارخانوں کی انجمن سے اپیل کی ہے کہ گنے کے کارخانے نہ جاری کئے جائیں۔ کیونکہ موجودہ کارخانے اپنی صلاحیت کے مطابق کام نہیں کر رہے ہیں۔ … فیصدی کارخانے اپنی صلاحیت سے کم کام کر رہے ہیں۔ ان سے پورا کام لیا جائے۔

اس ہفتہ میں غیر ممالک سے اناج کی حسب ذیل مقدار درآمد کی گئی۔ گندم چودہ ہزار چھ سو ٹن۔ آٹا پانچ ہزار … سو ٹن۔ چاول ستر ہزار سات سو ٹن۔ باجرہ تین ہزار دو سو ٹن۔ جو نو ہزار چار سو ٹن۔ مکی ۵ ہزار آٹھ سو ٹن۔ میلو پندرہ ہزار چھ سو ٹن۔ یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے ہفتہ مذکورہ بالا کے اختتام تک کل حسب ذیل اناج غیر ممالک سے درآمد کئے گئے گندم دس لاکھ ۸ ہزار نو سو ٹن۔ آٹا … ہزار چار سو ٹن۔ چاول چار لاکھ اٹھاون ہزار تین سو ٹن۔ میلو ایک لاکھ ساٹھ ہزار … ٹن۔

حکومت آسام نے سارے صوبہ میں … کمیٹیاں خوراک کی پیداوار بڑھانے کی اسکیمیں تیار کریں گی۔ … اور آبپاشی کو توسیع دینے کیلئے کئی طرح کی مراعات دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کام پر کل خرچ کا اندازہ دس لاکھ روپئے کیا گیا۔

چیف کمشنر کورگ نے خوراک کی پیداوار بڑھانے والوں کی حوصلہ افزائی کیلئے … زمین کی مقامی اعلان کیا ہے …

امریکہ میں گندم کی غیر معمولی فصل

امریکہ میں گندم کی آئندہ فصل غالباً بہت اچھی ہوگی … ۱۹۴۹ء …

خراب اناج کے بارے میں شکایات

حکومت ہند کی وزارت خوراک کو ملک کے مختلف حصوں میں راشن کی دکانوں پر خراب آٹا موصول ہونے کے متعلق بہت سی شکایات موصول ہوتی رہتی ہیں۔ …

پاکستان سے سندھ کو اناج بھیجا جائیگا

… حکومت پاکستان … (اے پ)

مباحث امروز:-

عبداللہ کا دورہ ایران — عربوں کے اختلافات — حقیقی جمہوریت

عبداللہ کا دورہ ایران

شرق اردن کے شاہ عبداللہ ایران پہنچ گئے ہیں۔ ان کے اس دورہ کا مقصد یہ بتایا گیا ہے کہ وہ دونوں مسلم ممالک کے تعلقات کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں۔ اس سے قبل شاہ عبداللہ نے مصر اور سعودی عربیہ کے بھی اسی مقصد سے دورے کئے تھے لیکن ان دوروں کا جو نتیجہ رہا وہ اس بات سے ظاہر ہے کہ شاہ عبداللہ نے عرب لیگ کی کوئی بات نہیں مانی جو شخص خود عرب ممالک کے ساتھ متحد نہ رہ سکا وہ ایران کے ساتھ کیا تعلق مضبوط رکھ سکے گا۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاہ عبداللہ اسلام کے نام پر دنیا کو بے وقوف بنا … ان کی حرکتوں پر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں جن کی بنا پر انہوں نے تمام عرب ریاستوں کی مٹھی بھر یہودیوں کے ہاتھوں ذلیل کرایا۔ شاہ عبداللہ نے جو نیا چولا بدلا ہے ہو سکتا ہے اس میں بھی برطانیہ کا ہاتھ ہو … نقصان پہنچایا ہے جتنا شاید وہ اسلام دشمنی سے نہ پہونچا سکتا تھا۔

عربوں کے اختلافات

قاہرہ اور دمشق کی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ عراق کے ساتھ … کے تعلقات … کوئی نئی چال چل رہا ہے۔

یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایک ایسے نازک وقت پر جب کہ یہودی ان کے سر پر مسلط ہیں عرب طاقتوں میں سخت اختلاف پیدا ہو گیا ہے؟ اگر اختلافات کی یہی صورت جاری رہی تو کون کہہ سکتا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی یہ عرب ریاستیں جو دوسروں کے سہارے جی رہی ہیں زندہ بھی رہ سکیں گی یا نہیں … ممالک دنیا کے حالات سے سبق لیں اور ان استعماری طاقتوں کی چالیں سمجھیں جو انہیں ہر طریقہ پر ایک دوسرے سے ٹکرا دینا چاہتی ہیں۔

حقیقی جمہوریت

جنیوا کی بین الاقوامی مزدور انجمن کے پاکستانی نمائندہ کمانڈر آفتاب علی نے ہند اور پاکستان سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے ہاں حقیقی جمہوریت قائم کریں، اور چین کے انقلاب سے سبق لیں جہاں جمہوریت … ہو چکی ہے …

کانگریس کا مقصد تعاون عام ہے

مسٹر شنکر راؤ دیو کا مدراس میں بیان

مدراس ۱۷ر جون۔ مسٹر شنکر راؤ دیو جنرل سکریٹری آل انڈیا کانگریس نے گذشتہ رات کہا کہ کانگریس کا مقصد تعاون عام ہے تاکہ سب کو مساوی سماجی اور اقتصادی مواقع حاصل ہوں … انہوں نے یہ بھی کہا کہ … کانگریس کو … مزدوروں اور عوام کی حمایت کی … گاندھی جی … آزادی …

یونینی کونسل کا اجلاس شروع ہو گیا

جنوبی افریقہ کے مسئلہ پر اعتراض

لیک سکسس ۱۷ر جون … جنوبی افریقہ … کونسل … (اے پ)

پاکستان کی ایک جھلک!

(ذیل میں پاکستانی اخبارات کے اقتباسات درج کئے جاتے ہیں)

روس کا دعوت نامہ

یہ کہنا تو قبل از وقت ہوگا کہ "روس کی سرکار نے خان لیاقت علی خان کو ماسکو کیوں بلا بھیجا؟ اور وہ کون سے امور دلچسپی ہیں جن کی بنا پر روس جیسی حکومت نے پاکستان کے وزیر اعظم کو اپنے ہاں آنے کی دعوت دی؟ لیکن پس منظر میں خواہ کچھ بھی کیوں نہ ہو یہ امکان موجود ہے کہ اس سفر سے بعض خوشگوار نتائج پیدا ہو سکتے ہیں اور اگر ہماری حکومت نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا تو پاکستان کے متعلق بعض ملکوں میں جو کچھ خیالات پائے جاتے ہیں ان کا ازالہ بھی یقینی ہے۔ ظاہر ہے کہ روس کی دعوت محض تفریحی نہیں اور [illegible] کی سیر کرانا چاہتے ہیں۔ روس کا نظام حکومت جن بنیادوں پر قائم ہے اور اس کے فلسفۂ حیات میں جس جدل و عمل کو دخل ہے اس کی نفی پر روس حکومت اور اس کے کارندے کوئی قدم نہیں اٹھاتے۔ وہ ہر بات کو مادی نقطۂ نگاہ سے دیکھتے اور مادی نقطۂ نگاہ ہی سے اس پر سوچ بچار کرتے ہیں۔

آج دنیا واضح طور پر دو بلاکوں میں تقسیم ہے۔ ایک طرف اینگلو امریکن بلاک اور اس کے استعماری مقاصد ہیں جس کی پشت بناہی امریکہ اور برطانیہ کے سرمایہ دار اور مختلف پسماندہ ممالک اور مستعمرات کے خصوصی مفاد رکھنے والے طبقے کر رہے ہیں اور دوسری طرف روس کا نظام ہے جو نہ تو امریکہ و برطانیہ کی طرح اپنی منڈیاں پیدا کرتا ہے اور نہ اس طرز کے غلام ملک پیدا کرتا ہے۔ جن کی بہترین مثالیں امریکی اور برطانوی مقبوضات میں یا وہ خود مختار ملک جہاں آج امریکہ کا ڈالر اور برطانیہ کی رنگا رنگ سیاست کام کر رہی ہے۔

روس کی جدوجہد ایک نظام فکر کے لئے ہے وہ ایک فلسفۂ حیات کا داعی ہے اور اس دعوت کو عام کرنے کے لئے وہ ان عناصر کو "تلوار" سے کہیں زیادہ "تبلیغ" سے سر کر رہا ہے۔ جن کا وجود اس کی فکری جدوجہد کے راستہ میں مزاحم ہے۔ [illegible] روس کا انقلاب معمولی انقلاب نہیں۔ آج دنیا کے تمام خطوں میں اس کے نظام کو سراہنے والے موجود ہیں اور محنت و سرمایہ کی کشمکش کو عام کر کے اس نے ایک ایسی اہمیت حاصل کر لی ہے کہ تمام دنیا میں اس کے فکری دوست موجود ہیں اگر آج تمام دنیا کے باشعور جمہوریت پسندوں سے امریکہ و برطانیہ کے مقابلے میں روس کے متعلق استصواب رائے کیا جائے (یقیناً ۹۹ فیصدی رائیں روس کے حق میں ہوں گی۔ اس قبول عامہ ہی کا نتیجہ ہے کہ امریکہ اور برطانیہ کے سرمایہ داروں نے روس کے خلاف ایشیائی ممالک میں ایسی ایسی غلط فہمیاں پھیلائی ہوئی ہیں جن کی وجہ سے بعض صالح گوشوں میں بھی اچھا خاصا اضطراب پایا جاتا ہے اور وہ روس کے نام سے یوں بدکتے ہیں گویا [illegible] جس میں انسانوں کے بنیادی تصورات کو مٹا دینے کی پراسرار قوت ہے۔

خان لیاقت علی خان کا سفر ان غلط فہمیوں کے ازالہ میں کافی حد تک ممد ثابت ہو سکتا ہے۔ (پیام، لاہور)

حکومت سندھ کا مستحکم اقدام

حکومت سندھ نے سرکاری زندگی کی تطہیر شروع کر دی ہے۔ چنانچہ چار بڑے افسروں کو برخاست کر دیا گیا ہے ان افسروں پر رشوت ستانی کا الزام ہے۔

پاکستان کے قیام کے بعد عوام میں جو احساس فرائض پیدا ہوا وہ واقعی قابل قدر ہے۔ لیکن صرف سرکاری ملازمین کا طبقہ ایسا تھا جن میں پاکستان کے متعلق کوئی جماعتی نظریہ پیدا نہیں ہوا۔ ان لوگوں نے تقسیم سے پہلے کی عادات و اطوار کو بدلنا نہیں سیکھا۔ حالات بھی ایسے غیر معمولی تھے کہ ان کی طرف خاص توجہ نہیں دی جا سکی۔ [illegible] اب حکومت نے اپنے ملازموں کی طرف توجہ دینی شروع کر دی ہے۔ توقع ہے کہ حالات بہت جلد درست ہو جائیں گے۔ (تسنیم)

مظلوم قرآن

علامہ اقبال کی خدمت میں ایک دفعہ کچھ نوجوان حاضر ہوئے اور مختلف مسائل پر گفتگو کرنے لگے۔ [illegible] علامہ نے [illegible] فرمایا۔ "قرآن مجید!"

اور واقعہ یہی ہے کہ آج کی اسلامی دنیا میں قرآن مجید سے بڑھ کر کوئی مظلوم نہیں ہے۔ ملا اس سے اپنی روزی کماتے ہیں۔ واعظ اس کے سہارے جیتے ہیں۔ ملا اس کی آیات بیچ کر پیٹ پالتے ہیں۔ خطیب کا غازہ نقرئی ہی ہے۔ حاکم بھی اسی کا دامن تھامے ہوئے ہیں۔ اور محکوم بھی اسی عصا کو لیکر زندگی کاٹ رہے ہیں۔ الغرض چاروں طرف قرآن ہی کے نام پر کام ہو رہا ہے۔ لیکن اب اس کی مظلومیت انتہا کو پہنچ چکی ہے

(۱) فلموں میں قرآن مجید کی آیات ڈرامہ کا جزو بنائی جا رہی ہیں۔

(۲) سٹوڈیوز کی رسم افتتاح کے موقعہ پر مجرے سے پہلے تلاوت قرآن حکیم ہوتی ہے۔

(۳) [illegible] سے پہلے قرآن مجید [illegible] جاتا ہے۔

(۴) ریڈیو والے فلاں بائی اور فلاں جان کا گانا سنانے سے پہلے قرآن مجید کی تلاوت فرماتے ہیں۔

(۵) ہر قسم کی [illegible] تقریبات میں قرآن مجید کی آیات کا سہارا لیکر [illegible] کی تلاش کی جاتی ہے۔

(۶) حاکمیت کے دنیوی اغراض کو جائز ٹھہرانے کے لئے آیات ربانی کی تاویلیں ہو رہی ہیں۔

(۷) مولانا ابو الاعلیٰ مودودی کا اسلام تیار ہے۔ مولانا شبیر احمد عثمانی کا اسلام پارلیمنٹ کے اجلاسوں کو بابرکت بنانے کے کام آتا ہے۔ اور سید عطاء اللہ شاہ بخاری کا اسلام [illegible] الغرض اغراض کے تقاضا میں قرآن مجید کو تاویلات کی سان پر چڑھا کر خود قرآن مجید کو (معاذ اللہ) مجموعۂ اضداد بنا رکھا ہے [illegible] (چٹان لاہور)

ادبی سرگرمیاں

دہلی ۱۸-۱۹ جون کو انجمن تعمیر اردو کے زیر اہتمام دو روزہ کانفرنس یوم غالب کے سلسلہ میں منعقد ہو رہی ہے۔ کانفرنس کا افتتاح سفیر افغانستان ہز ایکسیلنسی سردار نجیب اللہ خاں کریں گے۔ ۱۸ کو شام کے ۴ بجے بزم مقالات منعقد ہوگی۔ اور ۱۹ کو ۹ بجے شب میں مشاعرہ ہوگا جو آل انڈیا ریڈیو سے نشر ہوگا [illegible]

کانفرنس میں داخلہ بذریعہ پاس ہوگا جو [illegible] دفتر ماہنامہ عالمستان، بازار مٹیا محل، اردو بازار [illegible] انجمن اتحاد دارالشفا لال کنواں [illegible] پاتی رام سیتا رام بازار سے مل سکیں گے۔

الہ آباد: انجمن سفینۂ ادب کا طرحی مشاعرہ [illegible] ۲۵ جون کو ۹ بجے شب میں حضرت نوح ناروی کی صدارت میں منعقد ہوگا۔ مصرع طرح یہ ہے:

[illegible] شام غریباں سے

قافیہ۔ گریباں۔ ردیف۔ سے

مراد آباد: بزم اصلاح سخن مراد آباد کی جانب سے مسجد ملا قاسم میں ۲۰ جون کو ایک نعتیہ مشاعرہ منعقد ہوگا۔ مصرع طرح یہ ہے:

گلوں سے بھی افضل ہے خار مدینہ

شام میں قیمتی معدنیات

دمشق ۱۶ جون۔ سائنس [illegible] روس نے جو اطالوی کمپنیوں کی جانب سے شام میں معدنیات کی تحقیقات کر رہے ہیں کچھ قیمتی معدنیات کا پتہ لگایا ہے انجنیئر موصوف نے گلوب کو بتایا کہ شام میں کافی مقدار میں [illegible] پیٹرولیم سلفیٹ [illegible] وغیرہ بھی ہیں [illegible] تحقیقات کرے گا۔

پاکستان اسپین تعلقات کی تردید

کراچی ۱۵ جون۔ [illegible]

وزیر خارجہ اسرائیل نے عربوں کو واپس لینے سے انکار کر دیا

عرب مہاجرین کے مسئلہ پر لوزان کانفرنس میں تعطل

تل ابیب ۱۷ جون (رائٹر پریس ٹرسٹ) کل اسرائیل کی پارلیمان میں وزیر خارجہ موشی شیرٹ نے بتایا کہ لوزان میں عرب اور اسرائیل کے درمیان جو گفت و شنید ہو رہی تھی اس میں تعطل پیدا ہو گیا ہے اور تعطل [illegible] کیونکہ عرب مہاجرین کے مسئلہ پر گفت و شنید کرنے کا عزم کرکے آئے تھے اور ان کا مقصد صلح کی بات چیت کرنا نہیں تھا۔

پارلیمان میں امور خارجہ پر پہلی بحث کا آغاز کرتے ہوئے موشی شیرٹ نے کہا کہ شرق وسطیٰ کے اہم مسائل سرحدات اور مہاجرین ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسرائیل کے لئے عرب [illegible] کو اپنے یہاں لینا [illegible] البتہ انہوں نے اسرائیل کی یہ پیشکش دہرائی کہ وہ مکمل صلح کی بات چیت کی صورت میں [illegible] مناسب اور مبنی بر انصاف ہوگا۔ معاوضہ دینے کے لئے تیار ہیں۔ مسٹر شیرٹ نے سرحدات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] معاہدہ میں مندرجہ علاقوں پر مشتمل تھیں اور ۲۹ نومبر والے معاہدہ پر جسے عرب والوں نے اسرائیل پر حملہ کرکے فسخ کر دیا تھا۔

بائلروں سے متعلقہ قواعد پر نظر ثانی

نئی دہلی ۱۶ جون: مرکزی بائلر بورڈ کا گیارھواں اجلاس ۲۰ سے ۳۰ جون ۱۹۴۹ء تک شملہ میں اور یکم جولائی ۱۹۴۹ء کو نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔ اس اجلاس میں ہندوستان میں بائلروں سے متعلق قواعد کے مسودہ پر پھر سے غور کیا جائے گا نیز اکانومائیزر اور فیڈ پائپ سے متعلقہ قواعد ان کے [illegible] شری [illegible] سی ایس سیکریٹری وزارت تعمیر، معدنیات اور برق اس بورڈ کے چیئرمین ہیں۔ وہی اس اجلاس کی صدارت کریں گے۔

مرکزی بائلر بورڈ نے جو سب کمیٹی مقرر کی تھی یہ مسودہ قواعد اس کمیٹی نے تیار کیا تھا۔ اور لوگوں کی رائے عامہ جاننے کے لئے مشتہر کیا گیا تھا۔ بورڈ کا گذشتہ اجلاس فروری ۱۹۴۹ء میں ہوا تھا۔ اس اجلاس میں مسودہ قواعد پر غور و خوض نہ کیا جا سکا۔ ان قواعد کے بارے میں [illegible] ممالک کے جدید معیار کے مطابق بنایا جا سکے۔

عید کارڈ

کلام اللہ شریف۔ و دینیات عید کارڈ حکمت طباعت تصوف۔ دستکاری جملہ فنون کی کتابیں جو کہیں نہ مل سکیں وہ فراہم کرنا ہمارا کام ہے۔ [illegible]

جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی

قرآنی نقشہ۔ بچوں کی تعلیم کے لئے مفت طلب فرمائیں

ذرا سوچ .... کر جواب دیجئے

س۔ (۱) پانچ وقت کی نماز کیوں مقرر ہوئی (۲) ظہر، عصر، مغرب، عشا، فجر کے اوقات کیوں خاص کئے گئے (۳) نماز کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کیوں ہیں (۴) نماز میں الحمد پڑھنے اور قبلہ کو مقرر کرنے کی کیا وجہ ہے (۵) نماز کے شروع میں اللہ اکبر اور آخر میں سلام کیوں مقرر ہوا (۶) بعض رکعتوں میں بلند آواز سے اور بعض میں آہستہ کیوں قرآن پڑھتے ہیں [illegible] یہ اور نماز کے متعلق اسی قسم کے دوسرے سوالات کے جوابات اگر سمجھ میں نہ آئیں تو آج ہی ایک خط لکھکر "تعمیری نماز" کتاب منگا لیجئے جس میں آپ کو ان شاء اللہ سب سوالات کے حل مکمل ملیں گے۔ قیمت مجلد (عہ)

اسلامی کتابیں: [illegible]

ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

T.B. تپدق جبری Jabri जबरी

اور پرانے بخارات کی وہ مشہور عالم دوا جس نے ہندوستان کے کونے کونے میں تہلکہ مچا دی ہے

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

ہندوستان کے کونہ کونہ میں لوگوں نے یہ مان لیا ہے کہ اس خوفناک مرض کے جراثیم کو ہلاک کرکے مریض کو [illegible] تو وہ صرف جبری ہی ہے۔ [illegible]

JABRI JAGADHRI

بندہ رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز کیمسٹس اینڈ بینکرز (26) جگادھری (مشرقی پنجاب)

یوپی کے کونے کونے سے

(نامہ نگاران الجمعیۃ)

مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی باندا جائیں گے

باندا (بذریعہ ڈاک) خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی ۲۳، ۲۴ جون کو انجمن اسلامیہ کی دعوت پر یہاں تشریف لائیں گے۔ ان تاریخوں میں انجمن کا اجلاس ہو رہا ہے۔

حضرت مولانا بشیر احمد ایم ایل سی صدر جمعیۃ علماء یوپی سے بھی شرکت کی درخواست کی گئی ہے۔

مظفر نگر میں دن دہاڑے ڈاکہ!

مظفر نگر (بذریعہ ڈاک) یہاں سے پانچ میل کے فاصلہ پر ایک بیل گاڑی کو ۱۲، ۱۳ آدمیوں نے گھیر لیا اس گاڑی میں ایک وکیل صاحب کی بچی اور ان کے بچے شادی میں شرکت کے لئے [illegible] جا رہے تھے۔ ایک ڈاکو نے ان کے سینہ پر ریوالور رکھ کر تقریباً چھ ہزار کا روپیہ اور زیورات لوٹ لئے۔ گاڑی بان نے بھاگنے کی کوشش کی تو اس کو پیٹا گیا۔ پولیس اگلے روز صبح سات بجے پہنچی گاڑی بان نے دو آدمیوں کو شناخت کیا پولیس تفتیش کر رہی ہے۔

شیر اور آدمی کی کشتی

آدمی نے شیر کو پچھاڑ دیا

بھیٹ ضلع سہارنپور (بذریعہ ڈاک) جمعہ کو صبح ۹ بجے خورشید احمد عرف کوڑی سکنہ موضع شہاب الدین پور ڈاکخانہ بھیٹ ضلع سہارنپور نے ایک شیر سے جو کہ ۹ فٹ لمبا تھا مقابلہ کیا پانچ سات منٹ تک شیر اور خورشید احمد لڑتے رہے اس کے بعد قریب ہی کے گاؤں کے آدمی آگئے جنہوں نے شیر کو لاٹھیوں اور بلموں سے مار کر ہلاک کر دیا خورشید احمد عرف کوڑی نے جس بہادری سے شیر کا مقابلہ کیا وہ قابل مبارکباد ہے۔ خورشید احمد کو فوراً اسپتال بھیٹ پہنچا دیا گیا اور شیر کو پولیس تھانہ بھیٹ کے حوالہ کر دیا گیا۔ خورشید احمد کی حالت قابل اطمینان ہے۔

ہفتہ وار ہندی "جن گھوش"

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) شری دیودت شاستری سابق ایڈیٹر "جنمت" ۲۴ جون سے ایک ہندی ہفتہ وار اخبار "جن گھوش" کے نام سے جاری کرنے والے ہیں۔ اخبار سوشلسٹ پارٹی کا آرگن ہوگا۔

کسانوں کے ساتھ رعایت

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اٹاوہ نے اعلان کیا ہے کہ جن لوگوں نے چاول بویا ہے اور گیہوں نہیں دے سکتے وہ ۲۱ روپیہ من کے حساب سے چاول دے سکتے ہیں لیکن چاول اسی مقدار میں لیا جائے گا جس وزن میں ان سے گیہوں مانگا گیا ہے جو لوگ غلہ دیں گے انہیں علاوہ مزدوری کے فی من پانچ [illegible] کپڑا بھی مل سکتا ہے اور جو لوگ غلہ نہ دیں گے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جس کی سزا [illegible] ایک ہزار روپیہ جرمانہ ہوگی۔

وفد جمعیۃ علماء فرخ آباد کا دورہ

جمعیۃ علماء ضلع فرخ آباد کا وفد حضرت مولانا ابو البیان صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع فرخ آباد کی قیادت میں ضلع کا دورہ کر رہا ہے اس میں حضرت مولانا عبد الحمید صاحب ناظم دفتر جمعیۃ علماء صوبہ بھی شامل ہو گئے ہیں۔ مولانا اعظمی کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

۲۰ جون شہر قنوج۔ ۲۱ جون گورسہائے گنج۔ ۲۲ جون شہر فرخ آباد۔ ۲۳ جون یاقوت گنج۔ ۲۴ جون [illegible] آباد۔ ۲۵ جون۔ [illegible]

میونسپل بورڈ میں آئندہ ۳۲ ممبر ہوں گے

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) آئندہ انتخابات میونسپل بورڈ کے موقع پر گورنمنٹ نے ممبران کی تعداد میں اضافہ کر دیا ہے یعنی جنرل نشست سے [illegible] ممبر مسلم نشست سے ۱۰ اور پسماندہ اقوام سے ۵۔ کل ۳۲ ممبران ہوں گے۔ میونسپلٹی نے ہر وارڈ کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ تاکہ ہر حصہ سے چار چار امیدوار کھڑے ہو سکیں۔ یہاں اب تک شہر میں چار وارڈ تھے۔

مظفر نگر کے تانگہ والوں کی شکایت

مظفر نگر کے تانگہ والوں کو میونسپلٹی کے اسٹاف کے خلاف شکایت ہے کہ وہ مختلف طریقہ سے پریشان کرتے ہیں اور اس سلسلہ میں کلکٹر صاحب کو ایک درخواست بھی بھیجی ہے۔

ترجمہ قرآن کا افتتاح

جبلپور (بذریعہ ڈاک) مولانا حافظ قاری داؤد حسن صاحب انصاری صدر جمعیۃ علماء جبلپور جامع مسجد میں بعد نماز صبح ہر روز درس قرآن دیا کرتے ہیں۔ زیر درس مکتبہ تعلیمات اسلام لکھنؤ کی پہلی کتاب ہے۔ لہٰذا شائقین حضرات اس میں شریک ہو کر ہمت افزائی کریں گے۔

عہدیداران جمعیۃ علماء جودھپور

جودھپور (بذریعہ ڈاک) اسمائے گرامی عہدیداران جمعیۃ علماء جودھپور (راجستھان) حسب ذیل ہیں۔

(۱) الحاج مولانا حکیم محمد ابراہیم خاں صاحب صمصامی۔ صدر (۲) مولانا ابو الخیر عبد الصمد صاحب اختر۔ نائب صدر (۳) حاجی محمد صاحب لیبر یونین والے نائب صدر (۴) مولانا عبد المجید خاں صاحب۔ حجاز ناظم اعلیٰ (۵) مسٹر محمد صمصام الحق صاحب۔ عرشی ناظم (۶) مولوی عبد الکریم صاحب۔ ناظم نشر و اشاعت (۷) حکیم حافظ محمد علی صاحب غوری۔ خازن

اسرائیل کا سالانہ بجٹ

تل ابیب ۱۵ جون (رائٹر پریس ٹرسٹ) کل اسرائیل وزیر مالیات نے اسرائیل کا سالانہ بجٹ پیش کیا جس کی کل میزان [illegible] سٹرلنگ ہے۔

اس میں دفاعی اور مہاجرین کے اخراجات شامل نہیں ہیں جن پر خفیہ اجلاس [illegible] وزیر مالیات نے اپنی تقریر میں بتایا کہ حکومت آئندہ چند ماہ میں معیار زندگی کو ۲۵ فیصدی کم کرنا چاہتی ہے۔

ہندوستانی ہیئت دان کی امریکہ میں عزت افزائی

شمالی امریکہ کے ہیئت دانوں کی مشہور جماعت امریکن فلکیاتی انجمن کا [illegible] اجلاس ۲۱ جون ۱۹۴۹ء کو [illegible] میں منعقد ہو رہا ہے۔ ایک نوجوان ہندوستانی ہیئت دان ڈاکٹر [illegible] اس اجلاس میں لیکچر دیں گے۔ [illegible] اس اجلاس میں لیکچر دینے کی یہ دعوت امریکن فلکیاتی انجمن کی طرف سے بڑی عزت افزائی ہے۔

روح افزا
گرمی کے موسم کی ہر تکلیف اور مرض سے بچانے کے لئے
Hamdard
ہمدرد دواخانہ [illegible] دہلی

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

"جمعیۃ علماء نمبر" مفت حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا سہ روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خریدتے ہیں تو آپ [illegible] عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے۔

[illegible] صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے کی بجائے آج کل پابندی کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں۔ اور میں ان کے معاملۂ خریداری سے مطمئن ہوں۔

ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علماء نمبر مفت ارسال کر دیں گے یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی۔ [illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

(۱۷ جون)

نئے اراکین کا حلف وفاداری

مسٹر محمد یعقوب اور ڈاکٹر ذاکر حسین کی جگہ آج میونسپلٹی کے دو نئے ممبران لالہ رام سروپ شرما اور مسٹر [illegible] نے حلف وفاداری اٹھا لیا۔

زیورات کی چوری

ساڑھے چار ہزار روپیہ کی نقدی اور زیورات حوض قاضی میں خوشی رام کے مکان سے چوری ہو گئے۔

گھڑی کی چوری

تین سو روپے کی قیمتی گھڑی ۵ تغلق روڈ نئی دہلی سے چوری ہو گئی۔

مسٹر [illegible] نے اطلاع دی ہے کہ اس کے ایک ملازم نے اس کی دوکان واقع اسپلانیڈ روڈ سے بہت سی چیزیں چرا لی ہیں۔

کناٹ سرکس سے ریڈیو اور بجلی کا سامان چوری ہو جانے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

نئی سڑک کی ایک دکان سے بہت سے بوٹ چوری ہو جانے کی اطلاع ملی ہے۔

ناجائز شراب

مسٹر [illegible] مجسٹریٹ نے ایک گوالے کو ناجائز شراب کی [illegible] بوتلیں کو لے جانے کے سلسلہ میں تین ماہ کی سزائے قید سخت دی۔

۸ تولہ افیون پکڑی گئی

دہلی [illegible] پولیس نے ایک شخص دیسراج کو آٹھ تولہ افیون رکھنے کے سلسلہ میں گرفتار کیا ہے یہ گرفتاری سول لائنس میں ہوئی ہے۔

ہندو کوڈ بل کی مخالفت

مسٹر [illegible] پانڈے سکریٹری آل انڈیا ہندو کوڈ بل مخالف کمیٹی نے اطلاع دی ہے کہ ملک کے [illegible] اداروں کی جانب سے ہندو کوڈ بل کی مخالفت میں احتجاجی تجاویز موصول ہوئی ہیں۔

عرس حضرت بو علی شاہ صاحب

دہلی ۱۱ جون۔ پانی پت سے آنے والی ایک اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک میں پانی پت [illegible] حضرت بو علی شاہ صاحب کے عرس پر پاکستان سے سجادہ صاحب اور دوسرے زائرین تشریف لا رہے ہیں۔ ہندوستان سے آنے والے زائرین کے متعلق ابھی حکومت ہند نے کوئی اعلان نہیں کیا [illegible] جس کا ابھی تک حکومت ہند اور حکومت مشرقی پنجاب کی طرف سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا ہے۔

کشمیر کے مسئلہ پر مزید کانفرنس

گوپال اسوامی آئنگر کی لوزانو سے ملاقات

[illegible]

پاکستان سے آئے ہوئے قیدی دہلی جیل میں

[illegible]

تسلی نہ ہو تو

ٹھیکہ پر علاج کراؤ

[illegible] دواخانہ [illegible] لال کنواں دہلی [illegible] مشورہ مفت۔ [illegible]

بھیک مانگتے ہوئے لوگ گرفتار کر لئے جائیں گے میونسپلٹی کا فیصلہ

پولیس فقیروں کی اجتماعی گرفتاری کے انتظامات کر رہی ہے

دہلی ۱۷ جون۔ آج دہلی میونسپلٹی نے فیصلہ کیا کہ بھیک مانگنے کے خلاف پنجاب میونسپل ایکٹ کی دفعہ ۱۵۱ کے تحت کارروائی کی جائے حکومت سے درخواست کی گئی کہ پولیس کو ہدایت کرے کہ تمام بھیک مانگنے والوں کے خلاف کارروائی کرے۔ مسٹر باتھر کی ترمیم بھی اس سلسلہ میں منظور ہو گئی کہ حکومت سے درخواست کی جائے کہ محتاج خانہ کو جلد دوبارہ کھولا جائے انہوں نے کہا فقیروں کے لئے کوئی دوسرا انتظام کئے بغیر ان کے خلاف مقدمہ چلانا غلطی ہے۔ دہلی کا محتاج خانہ [illegible] وزارت بحالیات کے حوالہ کر دیا گیا ہے۔ مسٹر [illegible] نے کہا کہ امدادی سوسائٹی کی مجلس منتظمہ کے محتاج خانہ کا کام سپرد کیا گیا تھا کچھ عرصہ سے کوئی جلسہ نہیں ہوا ہے۔ پولیس کی اس معمولی کارروائیوں سے جس کے تحت شہر کے فیشن ایبل علاقوں سے بھکاریوں کو نکال کر گلیوں اور سڑکوں پر پہنچا دیا جاتا ہے کوئی زیادہ مؤثر نہیں ہے اس سے غریب علاقہ میں بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

سینئر وائس پریسیڈنٹ مسٹر بلال احمد زبیری نے مسٹر باتھر کی ترمیم سے اتفاق کیا لیکن اس بات پر زور دیا کہ صرف ناکارہ اشخاص کو محتاج خانہ میں بسایا جائے۔ دوسرے اگر اس سے انکار کریں تو ان کے خلاف مقدمات چلائے جائیں [illegible] آر این کھنہ نے فقیروں کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔ [illegible] نے ایوان کو مطلع کیا کہ پولیس کو اس بات سے مطلع کر دیا گیا ہے کہ بھیک مانگنے والوں کے خلاف اقدام کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

دہلی میونسپلٹی نے آج کے جلسہ میں بلوں کی ادائیگی میں تاخیر پر بھی نکتہ چینی کی گئی۔ [illegible]

دہلی کے دیہات کی فضا کو مکدر کرنے کی ناپاک کوشش

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا بیان

مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے حسب ذیل بیان دیا ہے جبکہ دہلی کے جن دیہات سے مسلمان چلے گئے تھے انہیں دوبارہ آباد کرنے کے لئے حکومت ہر طرح کی امداد دے رہی ہے ان کے مکان اور اراضی کاشت واپس دلائی جا رہی ہے تقاوی اور زر امداد سے ان کی ہمت افزائی کی جا رہی ہے اس کے علاوہ مقامی برادران وطن بھی ان کا استقبال کر رہے ہیں اس کا نتیجہ ہے کہ دہلی کے دیہات میں اب تک دوبارہ کافی مسلمان آباد ہو چکے ہیں۔

لیکن افسوس ہے کہ جہاں ایک طرف حکومت اور برادران وطن اس قابل قدر کوشش میں مصروف ہیں۔ دوسری طرف کچھ شر پسند لوگ غریب مسلم دیہاتیوں کو پریشان کرکے حکومت کے تمام کئے کرائے پر پانی پھیرنا چاہتے ہیں۔ [illegible]

[illegible] ان پر چوری کا الزام لگا کر حوالات میں بند کرا دیا گیا۔ [illegible] کا واقعہ ہے کہ کالا سرائے میں [illegible] آباد ہو گئے ہیں انہیں پریشان کیا گیا اور ایک مسلمان کو زد و کوب کیا گیا۔ [illegible] تاکہ ہم سے مکان خالی کرا لیں۔ اس پر پولیس نے [illegible] گرفتار کر لیا ہے۔

ان واقعات کی اطلاع جب دفتر جمعیۃ علماء ہند میں پہنچی تو مولانا حفظ الرحمن صاحب کے حکم سے میں اور مولانا نفیس الدین صاحب موقعہ پر پہنچے اور مسلمانوں سے صحیح حالات معلوم کئے۔ اور انہیں تسلی دی۔ اور انہیں یقین دلایا کہ حکومت اس قسم کے واقعات کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی۔

مجھے امید ہے کہ دہلی کی پولیس اس قسم کے واقعات کی روک تھام کرے گی اور مجرموں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں کرے گی۔ کیونکہ اس سے مسلمانوں میں خوف و ہراس پھیل جائے گا اور حکومت اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے گی۔

(دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی متصل جامع مسجد دہلی)

دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ایک ماہ جاری رہنے کے بعد ملتوی ہو گیا

۳۱۵ دفعات میں سے ۲۹ دفعات منظور کر لی گئیں

دہلی ۱۷ جون۔ دستور ساز اسمبلی کے موجودہ سیشن میں دو اہم فیصلے کئے گئے۔ یہ سیشن تقریباً ایک ماہ تک جاری رہا۔ اور کل ہی ختم ہوا ہے۔ اسمبلی نے جو دو اہم فیصلے کئے ان میں سے ایک ہند کے دولت مشترکہ میں رہنے کے بارے میں تھا اور دوسرا اقلیتوں کی نشستوں کا تحفظ ختم کر دینے کے بارے میں۔

اسمبلی نے دفعات کی منظوری میں بھی خاصی تیزی دکھائی۔ اب تک ۳۱۵ دفعات [illegible] میں سے ۲۹ دفعات منظور کی گئی ہیں۔ اس سیشن میں جن خاص خاص باتوں پر غور کیا گیا۔ وہ یہ ہیں۔ مجالس قانون ساز کی تشکیل، سپریم کورٹ [illegible] کی تشکیل، ان کے فرائض اور ان کے کام۔ [illegible] اور مرکز کے تعلقات مالی، اور انتخابی [illegible] کی تشکیل [illegible] کا طریقہ۔

اگلے اجلاس [illegible] دفعات [illegible] [illegible] قانون ساز کے متعلق صدر اور گورنر کے اختیارات [illegible] اسمبلی کے [illegible] کے بیان کے مطابق ایوان کا اگلا اجلاس جولائی کے تیسرے ہفتہ میں شروع ہوگا۔ اور ۱۵ اگست تک جاری رہے گا۔ اس وقت تک مسودہ دستور کی تیسری خواندگی منظور ہو جائے گی۔ اس کے بعد [illegible] اکتوبر [illegible] جاری رہے گا۔ اور اس تاریخ کو پورا آئین منظور ہو جائے گا۔ ۲ اکتوبر کو گاندھی جی کا یوم پیدائش ہے۔ (پ ٹ)

عراق کے اخراجات زندگی میں اضافہ

بغداد ۱۵ جون۔ [illegible] زندگی ۱۹۳۹ء کے اخراجات زندگی سے [illegible]

لبنان کا تمدنی معاہدہ

بیروت ۱۷ جون۔ [illegible]

ملک کی آبادی کے اعداد و شمار پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا

مسٹر سدھوا کا بیان

دہلی ۱۷ جون۔ مسٹر سدھوا ممبر دستور ساز اسمبلی نے کل بتایا کہ ہندوستان کی آبادی کے حکومت کی طرف سے بہت غلط اعداد و شمار پیش کئے جا رہے ہیں وزارت زراعت نے آبادی کا اندازہ لگایا ہے کہ ۳۴ کروڑ ستر لاکھ ہے۔

مردم شماری کے کمشنر کے بیان کے مطابق آبادی ۳۴ کروڑ ستر لاکھ ہے۔ اس طرح لوگ ایک کروڑ کا فرق پڑتا ہے۔ غذا کے بارے میں اعداد و شمار میں بھی اسی قسم کے اختلافات ہیں۔ سائنسدانوں نے ملک کی بالغ آبادی کا تناسب کل آبادی کا ۶۵ سے ۸۰ فی صدی تک لگایا ہے۔ دوسری رپورٹ میں آبادی میں بالغوں کا تناسب ۸۰ فی صدی بیان کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے جب وہ وزیر خوراک تھے بالغوں کی آبادی کا تناسب ۷۵ فی صدی کیا تھا موجودہ وزیر خوراک کے لئے یہی تناسب ۸۶ فی صدی تھا۔ اگر ملک کی بالغ آبادی ۷۵ فی صدی ہے تو غلہ کی [illegible] ٹن کی کھپت ہونی چاہئے۔ اگر یہ اسی فی صدی ہے تو [illegible] لاکھ ٹن کی بجائے صرف دس لاکھ ٹن غلہ منگوانا چاہئے۔ (اپ ٹ)

راجستھان میں ۳ لاکھ پناہ گزیں بسائے جائیں گے

جے پور ۱۷ جون۔ راجستھان گورنمنٹ ۳ لاکھ پناہ گزینوں کو اپنے یہاں بسانے کو تیار ہو گئی ہے۔ یہ فیصلہ حکومت ہند کے وزیر آبادکاری مسٹر موہن لال سکسینہ اور راجستھان حکومت کے نمائندوں کی بات چیت کے بعد [illegible] ہے۔ حکومت نے راجستھان کے مختلف علاقوں میں آبادکاری کے بورڈ قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ اور ایسے لوگوں کو مکانات اور کاروبار کے لئے قرض دیا جائے گا۔ (اپ ٹ)

ریڈیو کانفرنس میں پاکستان کے نمائندے

کراچی ۱۷ جون۔ پیر علی [illegible] اور مسٹر [illegible] پاکستان کی طرف سے پیرس میں ہونے والی ریڈیو کانفرنس میں اس ماہ شرکت کریں گے۔

کناڈا میں نیا ہندی ہائی کمشنر

شاہزادہ دلیپ سنگھ کا تقرر

نئی دہلی ۱۷ جون۔ شاہزادہ [illegible] دلیپ سنگھ مشہور کرکٹ کے کھلاڑی کناڈا میں ہائی کمشنر مقرر کئے گئے ہیں وہ سردار ہیرا سنگھ کی بجائے ہائی کمشنر ہوں گے۔ [illegible] شاہزادہ دلیپ سنگھ وہاں قبل وزارت خارجہ کی لازمی [illegible] ہائی کمشنر ہیں۔

عورتوں کی تجارت کرنے والا

بین الصوبائی گروہ گرفتار

[illegible] ایک سنسنی خیز جرم کا انکشاف کیا ہے۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ یہ گروہ بین الصوبائی ہے اور عورتوں کا بیوپار کرتا تھا۔ اس گروہ کے دو سرغنہ محمد صدیق (کلکتہ کا باشندہ) اور [illegible] (بلند شہر کا باشندہ) گرفتار کئے گئے ہیں۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ دونوں [illegible] پور کے علاقہ [illegible] سے لڑکیاں لے جاتے تھے اور کلکتہ اور یوپی میں فروخت کرتے تھے۔ [illegible] (گلوب)

پاکستان میں فحش فلموں کی ممانعت

کراچی ۱۷ جون۔ پاکستان دستور ساز اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایک بل پیش کیا جائے گا جس میں پورے پاکستان میں فحش اور سنسنی خیز سینیمائی یا نار [illegible] فلموں کی نمائش ممنوع قرار دینے کا مطالبہ کیا جائے گا۔ بل میں فلم سنسر بورڈ کو ایسے فلم کی نمائش روک دینے کا اختیار دیئے جانے کے لئے کہا گیا ہے جس سے پاکستان کے عوام پر برا اثر پڑے اور بچوں میں جھگڑے اور فساد پیدا ہوتا ہو۔

بل کے محرک مسٹر [illegible] پاکستان میں آیورویدک اور ہومیوپیتھک کے علاج کے طریقہ میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لئے بھی ایک بل پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ (گلوب)

یوپی اسمبلی کا ضمنی انتخاب

مسلم کانگریسی امیدوار کامیاب

لکھنؤ ۱۷ جون۔ حکیم بشیر احمد [illegible] یوپی اسمبلی کے حلقۂ [illegible] کے ضمنی انتخاب میں کامیاب ہو گئے ہیں [illegible] پاکستان چلے جانے سے خالی ہوئی تھی۔ (پ ٹ آئی)

شمالی مغربی چین میں مسلم راج

لندن ۱۷ جون۔ لندن ٹائمس کے نامہ نگار مقیم ہانگ کانگ کا بیان ہے کہ چین کے شمالی مغربی صوبوں [illegible] اور سنکیانگ میں "مسلم راج" قائم ہوتا جا رہا ہے۔

[illegible]

کانپور میں مزدوروں کے لئے مکانات

ایک کروڑ روپیہ صرف ہوگا

کانپور ۱۷ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی اس سوال پر غور کر رہی ہے کہ کانپور [illegible] مزدوروں کے لئے مکانات [illegible] ایک کروڑ روپیہ [illegible]

ہندوستانی چیف جسٹس کی دعوت

لندن ۱۷ جون۔ گذشتہ شب ہندوستانی ہائی کمشنر نے انڈیا ہاؤس میں ہندوستانی چیف جسٹس سر ہریلال کانیا کے اعزاز میں دعوت دی۔ [illegible] (گلوب)

دہشت پسندوں کے خلاف تدابیر

دمشق ۱۷ جون۔ مصر، شام و لبنان کے درمیان ایک نئی گفت و شنید جاری ہے جس کا مقصد تینوں ممالک میں مجرموں، دہشت پسندوں اور ناپسندیدہ سیاسی عناصر کو کچلنے کے لئے پولیس افسران کی ایک کانفرنس منعقد کرنا ہے۔

بازاروں کے بھاؤ

تیل مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

کلیمی انجمن بین سدھار

امراض چشم

[illegible]

محمد سلیم عرف حسین کلیمی انجمن بین سدھار گوہ چاپ محلہ شاہ آباد بانس بریلی

یونیورسل ٹیکل کمپنی

سوداگران چشمہ بلیماران دہلی

نزد ڈاکخانہ ہندوستانی دواخانہ

آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کر کے چشمہ دیا جاتا ہے

عینکیں شیشے۔ فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے ہمیشہ یاد رکھیں

حمید ٹیکل کمپنی

ہول سیل مینوفیکچرز۔ بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ بیماریوں کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے دہلی کے مشہور ڈینٹل سرجن

ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ

بازار بلیماران دہلی [illegible]

ٹریڈ مارک
K
K P
رجسٹرڈ
کلیان کارنی مرہم
رجسٹرڈ
پھوڑے پھنسی اور زخموں کیلئے
جگہ ملتا ہے
کلیان کارنی فارمیسی [illegible] بازار دہلی

اشتہار نیلام

نیشنل ڈسکاؤنٹ مارٹ بازار کشمیری گیٹ

[illegible] ہر ہفتہ نیلام ہوا کرتا ہے۔ جس میں ہر قسم کا اعلیٰ قسم کا فرنیچر، دری، قالین، ریڈیو، سائیکلیں [illegible] فروخت ہوتا ہے۔ [illegible] حاصل کریں۔

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۲ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۰ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

نیو صدر مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بازار لال کنواں
نزد ہمدرد دواخانہ دہلی
آپ دہلی تشریف لائیں تو ایک مرتبہ ضرور نیو صدر مسلم ہوٹل میں قیام فرما کر آپ گھر کا سا آرام محسوس کریں۔ ہوادار۔ صاف کمرے۔ نیا فرنیچر۔ بہترین سروس۔ خوش ذائقہ کھانے آپکا آرام اور آپ کی سہولتیں ہی ہمارا بہترین اور موثر ایڈورٹیزمنٹ ہے
پروپرائٹر
اے کریم

اقوام متحدہ کے کمیشن میں روس اور ہندوستانی ممبر کی جھڑپیں

سوویٹ روس مسلمانوں اور یہودیوں کے خلاف پالیسی پر عمل کر رہا ہے

ہندوستانی نمائندہ کا الزام اور روسی نمائندہ کا جواب

اقلیتوں کی شکایتیں سننے کیلئے ایک بین الاقوامی کمیٹی مقرر کرنیکی تجویز

لیک سکسس ۱۸ جون۔ سوویٹ یونین نے اقوام متحدہ میں کل اس امر کی تردید کی کہ وہ یہودیوں اور مسلمانوں کے خلاف [illegible]

دہلی کالج میں یوم غالب

سردار نجیب اللہ خاں افتتاح کریں گے

دہلی ۱۸ جون۔ انجمن تعمیر اردو کے زیر اہتمام آج شام کو ۶ بجے دہلی کالج میں افغان سفیر سردار نجیب اللہ خاں یوم غالب کے سلسلے میں ایک جلسہ کا افتتاح کر رہے ہیں۔ [illegible]

چیکوسلواکیہ کا امریکہ پر الزام

عالمی صحت کے ادارہ میں انکشافات

[illegible]

مسٹر لیاقت علی خاں کی وزیر اعظم سرحد سے ملاقات

نتھیا گلی ۱۸ جون۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے کل صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خان عبد القیوم خاں سے ملاقات کی۔ یقین کیا جاتا ہے کہ انھوں نے وزیر اعظم سرحد سے صوبہ کی سیاسی صورت حالات پر تبادلہ خیالات کیا۔ (پ)

ملاحوں کا حکومت پناما کو الٹی میٹم

پناما کے جہازوں کے بائیکاٹ کی دھمکی

[illegible]

وزیر اعظم اڑیسہ

مشورہ کرنے کے لئے دہلی آرہے ہیں

[illegible]

اطالیہ طرابلس کے عربوں اور عرب ممالک کی منشا کیخلاف کام کرگیا

وزیر خارجہ اطالیہ لیبیا کے اتحاد پر ایک صحافتی ملاقات میں تبصرہ

[illegible]

یونان کے خلاف بلغاریہ کی شکایت

وزیر خارجہ بلغاریہ کا اقوام متحدہ کو تار

[illegible]

عربوں اور یہودیوں کی گفت وشنید میں تعطل پیدا ہوگیا

لوزان کانفرنس کو ملتوی کرنے کی تجویز

واشنگٹن ۱۸ جون۔ مسٹر مارک ایتھرج جو فلسطین سے متعلق مصالحانہ کمیشن کے امریکی ممبر تھے۔ اور جو کمیشن کی ممبری سے مستعفی ہوگئے ہیں انہوں نے لوزان کانفرنس میں پیدا شدہ جمود کو ختم کرنے کے لئے تجویز پیش کی ہے کہ کچھ روز کے لئے کانفرنس ملتوی کردی جائے

[illegible]

کراچی میں ہونے والی بین المملکتی کانفرنس

ڈیلی گیشن کے ممبر ۲۴ جون کو روانہ ہوجائیں گے

[illegible]

پٹنہ میں نیپال نیشنل کانگرس کی مجلس عمل کا اجلاس

ستیہ گرہ بند کرنے پر ممبران کی جانب سے اظہار ناپسندیدگی

[illegible]

کشمیر کمیشن کے صدر ڈاکٹر لوزانو کل سرینگر واپس چلے جائیں گے

محکمہ خارجہ کے سکریٹری سے آخری بات چیت

حکومت ہند کے رویہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے

نئی دہلی ۱۸ جون۔ [illegible]

ہندوستان کو برطانوی جہاز

تجربہ میں تباہ کن جہازوں کا اضافہ

[illegible]

حیدرآباد کانگرس اور کمیونسٹ

حیدرآباد ۱۸ جون۔ [illegible]

یونان کے ریڈیو میں ہڑتال

[illegible]

مسز پنڈت امریکہ کے مغربی ساحل کا دورہ کریں گی

واشنگٹن ۱۸ جون۔ مسز پنڈت ہندوستانی سفیر نے امریکہ کے مغربی ساحل کے دورہ کا پروگرام بنایا ہے وہ لاس اینجلس اور سان فرانسسکو [illegible]

شنگھائی میں مزدوروں کی شورش

کارخانوں کے مالکوں کو بند کردیا

[illegible]

بہار شاہی ۱۶۱۲
خوشبودار الصفا صابن پوڈر نازک جلد کی حفاظت کیلئے اعلیٰ خاندانوں میں استعمال ہوتا ہے
ہر جگہ ملتا ہے
کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
Delhi-19-6-49
روزانہ الجمعیۃ دہلی

نلگنڈہ اور ورنگل میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں پھر شروع ہوگئیں

ریاستی علاقہ سے کمیونسٹوں کا صفایا کرنے کے لئے بریگیڈیر کا تقرر

حیدرآباد ۱۸ جون۔ نلگنڈہ اور ورنگل میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں پھر شروع ہوجانے کی اطلاعات ملنے پر حکومت حیدرآباد نے بریگیڈیر [illegible] کو کمیونسٹوں کے خلاف اقدامات کا نگران مقرر کیا ہے۔ اس اقدام سے پولیس اور فوج میں زیادہ تعاون ہوسکیگا۔

[illegible]

خبروں کی آزادانہ اشاعت سے متعلق کمیشن کا اجلاس ختم ہوگیا

کمیشن کے کام پر فلپائینی چیرمین کا تبصرہ

لیک سکسس ۱۸ جون۔ [illegible]

عراق نے شام کی سرحد پر فوجیں بھیجنے کی سرکاری طور پر تردید کردی!

شام سے دوستانہ تعلقات ہیں اور ایسے ہی رہیں گے

فوجی بھرتی کا کوئی حکم نہیں دیا گیا۔ عراقی سکریٹری کا بیان

[illegible]

حافظ محمد ابراہیم کا بیان

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

حکومت راجستھان کا اعلان

[illegible]

کلکتہ میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ جلسوں اور جلوسوں پر پابندی

عوام کو تشدد پر اکسانے کے الزام میں پچاس اشخاص گرفتار کرلئے گئے

[illegible]

پٹنہ کے جلسہ میں سوشلسٹ لیڈروں کی کانگرس اور کمیونسٹوں پر نکتہ چینی

بمبئی اور کلکتہ کے حالیہ انتخابات سے ہوا کے رخ کا پتہ چلتا ہے

[illegible]

رومانیہ میں ایک پاکستانی کی ہلاکت

دفتر خارجہ سے تحقیقات کا مطالبہ

کراچی ۱۸ جون۔ [illegible]

صوبہ بمبئی کے دیہات میں

پنچایتیں بنائی جارہی ہیں

[illegible]

آزاد کشمیر میں اسلامی قانون کا نفاذ ہونے لگا

حکومت آزاد کشمیر کی طرف سے سرکاری اعلان

[illegible]

برلن اور جرمنی کے متعلق اختلافات ختم ہونے کی توقع پیدا ہوگئی

[illegible]

کرنل زعیم کا اظہار خیال

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

برمی بندرگاہ اکیاب کو باغیوں سے زبردست خطرہ

برمی نمائندہ کا انکشاف

[illegible]

رائٹر ٹرسٹ کے رکن کا انتقال

لندن ۱۷ جون۔ [illegible] کا ۶۷ سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ [illegible]

کپڑے کے آرڈر منسوخ کرانے لگے

[illegible]

کسان ستیہ گرہیوں کو سزا

[illegible]

بچو نکی
طاقت بڑھانیوالی مشہور دوا
بال بہار
اس کے استعمال سے بچوں کی ہڈی مضبوط ہوتی ہے دانت خوبصورت مضبوط نکلتے ہیں
بال بہار ایجنسی دہلی
سب بڑے دوا فروش بیچتے ہیں

نمونہ مفت
ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت اور پان کھلاتے وقت
[illegible]
قیمت فی شیشی [illegible]
ڈلٹن کیمیکل کمپنی [illegible]

قرآنی نقشہ
[illegible]
ادارہ آفتاب سالٹ [illegible] دہلی

بیحد مشہور و مقبول
علما نمبر مفت حاصل کیجیے
[illegible] لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والو [illegible]
[illegible] ۲۵ رمضان [illegible]
منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

جنوبی چین پر نیا حملہ کرنے کیلئے کمیونسٹوں نے از سر نو منظم ہونا شروع کردیا

سرکاری فوج کے دس ہزار سپاہی ختم کردیے گئے

چینی کمیونسٹ ویٹ نام اور ہند چینی کے کمیونسٹوں سے ملنے کی کوشش کرینگے

ہانگ کانگ ۱۸ جون۔ چین کی لڑائی میں عارضی خاموشی پیدا ہوگئی ہے غالباً یہ اس وجہ سے ہے کہ از سر نو تنظیم کی جائے۔ یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ کمیونسٹ مغربی صوبہ کانسی کی طرف پیش قدمی کریں گے یا ساحلی صوبہ کوانگ تنگ کی طرف پیش قدمی کریں گے جس کا دارالسلطنت کینٹن ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ کمیونسٹ اس بات کی کوشش کرینگے کہ ویٹ نام اور ہند چینی کے کمیونسٹ عناصر سے مل جائیں۔

فوجی مبصرین کا کہنا ہے کہ کمیونسٹوں کی پیش قدمی ستمبر تک نہیں ہوگی۔ خاص مقصد اس تاخیر کا یہ ہے کہ جن علاقوں میں جنگ ہونے والی ہے، ان میں فصل پہلے کاٹ لی جائے۔ [redacted]

فرانس نے ہند کا مطالبہ مان لیا

غیر جانبدار مشاہدین مقرر کئے جائیں گے

نیو دہلی ۱۸ جون۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ اب حکومت فرانس نے ہند سرکار کی اس تجویز کو مان لیا ہے کہ فرانسیسی ہند میں استصواب رائے کے لئے غیر جانبدار مشاہدین مقرر کئے جائیں۔ پیرس سے اس مطلب کا مراسلہ موصول ہوگیا ہے۔ حکومت فرانس نے پیش کش کی ہے کہ وہ ایک فہرست بھیجے گی جس میں سے ہند سرکار اپنی مرضی کے مطابق مشاہدین کا انتخاب کرسکتی ہے۔ [redacted]

بچت کے غلہ سے سندھ کی آمدنی

کروڑ روپے کی توقع

مستقل طور پر پاکستان میں رہینگے

مسٹر سہروردی کا اعلان

نرائن گنج ۱۸ جون۔ غیر منقسم بنگال کے وزیر اعظم مسٹر ایچ۔ ایس سہروردی نے کہا ہے کہ وہ جلد ہی اس کا اعلان کریں گے کہ وہ مشرقی بنگال کی سیاست میں حصہ لیں گے یا نہیں۔

انہوں نے ایک اعزازی پارٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ پاکستان میں رہ کر پاکستانی عوام کی خدمت کے لئے اپنی زندگی وقف کردیں گے۔ (رائٹر)

پٹیالہ یونین کی خبریں

راجہ صاحب نالاگڑھ کو لاکھوں روپے کی قیمتی زمین عطا کردی گئی

پٹیالہ کی عبوری وزارت کی فیاضی

ہند کا اسٹامپ لگانے پر بیرنگ

اجیت اور اکالی پتر کا پر پابندی

بتاؤ پنتھ کی کیا خدمت کی؟

پنتھک ممبروں سے جواب طلبی

عام سول نافرمانی کا فیصلہ

منی پور کانگریس کے سکریٹری کا اعلان

حیدرآباد میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

حکومت حیدرآباد کا انسدادی عزم

کشمیر کا ولیعہد سری نگر کو

مسٹر سرت چندر بوس کی کامیابی پر

صدر کانگریس کا بیان

ضلع حصار میں کسانوں کا ستیہ گرہ ختم ہوگیا

کسانوں کو بے دخل کرنے کی پالیسی ختم کردیگئی۔ وزیر اعظم سچر کا اعلان

حکومت برطانیہ کو چین میں ہانگ کانگ کے جزیرہ کی فکر پڑگئی

امریکہ اور دوسری طاقتوں سے صلاح مشورے

حکومت امریکہ تمام صورت حالات پر غور کررہی ہے

جے پور میں تیس گرفتاریاں

کلکتہ میں ایک ربڑ فیکٹری پر مزدوروں نے قبضہ کرلیا

ایک افسر قتل کردیا گیا

ستیہ گرہ ختم

کشمیر میں خریف کی فصل کیلئے دعائیں

آل انڈیا مسلم لیگ کے سکریٹری کا استعفیٰ

مسٹر سرکار مغربی بنگال کے قائم مقام وزیر اعظم نہیں بنیں گے

پچاس باغی ہلاک کردیے گئے

برما فوجی ریڈیو کا اعلان

دفتر خارجہ کی لاعلمی

جنوبی کوریا کو ہوائی جہازوں کی ضرورت

صدر کا ایک پریس کانفرنس میں بیان

برما کے وزیر خارجہ کراچی آئیں گے

سندھ میں تجربہ کار ملازمین کی کمی

ہند اور برطانیہ میں اسٹرلنگ گفتگو

قرآنی نقشہ

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

قیام کے لئے بہترین، آرام دہ اور ہوادار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام

دہلی کی گرمی

مینیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

AMICO TONIC

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو طلا

ابن اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

ڈاکٹر دادو پابندیوں کے باوجود جنوبی افریقہ واپس جائیں گے

جنوبی افریقہ کے ہندوستانی بے چینی سے ڈاکٹر دادو کے منتظر ہیں

مدراس کے وزیروں کے خلاف تحقیقات میں ڈیڈلاک پیدا ہوگیا

مسٹر شنکر راؤ دیو کا بیان

صوبہ بمبئی میں گھوڑ دوڑ بند کردیگی

امرتسر میں بم پھٹنے کا حادثہ

ہم سوچ سمجھ کر اور اپنی مرضی سے ہندیونین میں شامل ہوئے ہیں

ایک پریس کانفرنس میں شیخ عبداللہ کا اعلان

وزرائے خارجہ کی کانفرنس میں برلن کے مسئلہ پر سمجھوتہ ہوگیا

آسٹریا پر ابھی بحث جاری ہے۔ پیر کے دن آخری اجلاس ہوگا

بازاروں کے نرخ

دہلی مارکیٹ

بازار صرافہ

تیل کا بازار

غلہ کا بازار

کریانہ بازار

ہاپڑ مارکیٹ

ہندوستان میں رہنے والے انڈونیشی

دارالسلطنت

دو سکھ لیڈروں کی رہائی

کل مقامی جیل سے دو اکالی لیڈر سردار ... اور سردار گوپال سنگھ رہا کردیے گئے۔ وہ چار ماہ سے نظر بند تھے۔ انھیں گذشتہ ۱۹ فروری کو ماسٹر تارا سنگھ کے ہمراہ گرفتار کیا گیا تھا۔ اور پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت نظر بند کردیا گیا تھا۔

تین دوکانیں نذر آتش

کل ... روڈ پر تین شرنارتھیوں کی دوکانیں نذر آتش ہوگئیں۔ فائر بریگیڈ کو آگ بجھانے میں ایک گھنٹہ تک جدوجہد کرنی پڑی۔ آگ لگنے کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں ہوسکی۔

نرسوں نے تنخواہ نہیں لی

درجہ حرارت

محفل وعظ

بنگال کے نئے ڈویژنل کمانڈر

جاپان میں اسقاط حمل

فری انڈیا کے ایڈیٹر جاپان میں

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے زر چندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فوراً فائدہ اٹھائیے

ضروری ہدایات

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارۃ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

تمام انعامات گارنٹی شدہ ہیں اور کسی بھی حالت میں کم نہیں کئے جاسکتے

مقابلہ نمبر 214

مبلغ بارہ ہزار روپیہ جیتئے 12000

پہلا انعام 7000 دوسرا انعام 3000 تیسرا انعام 1,000 روپیہ

حل بھیجنے کی آخری تاریخ آپ کے مقام سے ۴ جولائی ۱۹۴۹ء ہے

	43	

THE MANAGING DIRECTOR

THE PROGRESSIVE INDIA COMPETITIONS No 214
WEST MAMBALAM (DEPT-16) THYAGARAYANAGAR
MADRAS-17

مسلم یونیورسٹی انجینئرنگ کالج سنٹر علیگڑھ میں

یوپی گورنمنٹ الیکٹریکل سپروائزر اور وائرمین کورس

کا داخلہ

رجسٹرڈ دہلی، نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۱ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۲۴ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۲ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان
پاکستان
کے درمیان
جہاز — ریل — اسٹیمر کے ذریعہ تجارتی اور گھریلو سامان حفاظت کے ساتھ
اور مناسب نرخ پر روانہ کیجئے۔ ہوائی جہاز کے ٹکٹ اور پرسٹ کا
انتظام کرنے کے لئے اعلیٰ کمرے — پرزہ اجرت نہیں لی جاتی
گپتا برادرس — کارپوریشن ہوٹل
چاندنی چوک فتحپوری دہلی

برنارڈ
آئیل انجن
نہایت پائیدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کر سکتے
سول ایجنٹ
کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۲ سکول لین نئی دہلی
فون نمبر ۶۱۳۸

حکومت چین امریکہ کو جزیرہ فارموسا بیچنے لگی!

کمیونسٹ چین میں نئی عوامی حکومت قائم کرنے کی کوشش

غیر ملکی حکومتوں سے مساوی تعلقات رکھنے کا اعلان

واشنگٹن ۲۰ جون۔ امریکی ہفتہ وار لیبر پریس نے ایک براڈکاسٹ میں کہا ہے کہ چیانگ کائی شیک کی حکومت امریکہ کو جزیرہ فارموسا ...

کمیونسٹوں نے بغیر کسی مقابلہ کے چانگشا پر قبضہ کر لیا

کنٹن کی طرف کمیونسٹوں کی پیش قدمی حکومت کی طرف سے بمباری کی دھمکی

اسٹالن پر دل کی بیماری کا حملہ

شام کے صدر کا انتخاب

حسنی زعیم امیدوار

افغانستان کا پاکستان سے احتجاج

نظام بغیر اجازت جائداد نہیں خرید سکتے

پریس کانفرنس میں فوجی گورنر کا اعلان

حیدرآباد ۲۰ جون۔ میجر جنرل چودھری حیدرآباد کے فوجی گورنر نے کل یہاں پر ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ نظام اپنے ...

اطالیہ میں نئی سوشلسٹ پارٹی کا قیام

جرمنی مغربی اور روسی علاقوں میں بدستور تقسیم رہے گا

وزراء خارجہ کی کانفرنس میں برلن اور جرمنی کے متعلق اتفاق رائے

دوبارہ ناکہ بندی نہیں ہوگی دونوں علاقوں میں تجارت کی بحالی

ہنگری کے وزیر خارجہ پر جاسوسی کا الزام

انٹرنیشنل ٹریڈ یونین کا قیام

ہند و پاکستان کے نکاسیوں کی جائدادوں کے متعلق غور کیا جائے گا

۲۵ جون کو کراچی میں دوبارہ انٹر ڈومینین کانفرنس منعقد ہو رہی ہے

ملایا کے ہندوستانی باشندوں کی کانفرنس کا نیا آئین

نئے آئین پر جولائی کے وسط میں غور کیا جائے گا

پٹیالہ یونین کے ادغام کا سوال

دستور ساز اسمبلی کے ایک ممبر کا بیان

مہاراجہ کپورتھلہ کا ماتم

پٹیالہ میں ہڑتال

کوریا کے ۶۸ باشندوں کی گرفتاری

دریائے کوسی میں زبردست سیلاب

ہندو مسلم سلطھ
سب سے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا
قایم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امیدگاہ ہے۔
طبی مشورہ مفت ہے
حالات لکھئے
پتہ۔ منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi 20-6-46

سمندری ممالک کے خلاف پاکستان کا الزام

پاکستانی ملاحوں کے ساتھ فرق برتا جاتا ہے

افغانستان کیساتھ تنازعہ سے متعلق خبروں کی اشاعت پر پاکستان کا احتجاج

ہم دونوں سے دوستانہ تعلقات چاہتے ہیں۔ حکومت ہند کا جواب

عراق اور شام کی کشیدگی پر قاہرہ میں ردعمل

ہلال زرخیز کی ایک حکومت نہ بنانے پر ہاشمیوں کا بیجا غصہ

پندرہ سالہ لڑکی کا سنسنی خیز قتل

سوشلسٹ پارٹی لوہیا ڈے منائیگی

نیشنل ایگزیکیٹو کیجانب سے ہدایات

زرو بنک کے دس ہزار روپے کے نوٹ پراسرار طریق پر غائب ہو گئے

ہمیرپور جاتے ہوئے مہربند بکسوں سے روپیہ غائب ہونیکا عجیب واقعہ

بمبئی میں انتخابی فہرستوں کی تیاری

شہر میں ۱۳ لاکھ ووٹر شمار ہو گئے

کپڑے کی ہیر آمد پر سے پابندی اٹھالی گئی

پولینڈ کا سب سے بڑا جاسوسی مقدمہ

جمعیۃ علماء بریلی کا تعمیری پروگرام

پرنس علی کی لندن سے روانگی

جنوب مشرقی ایشیا کے برطانوی کمشنر کو ملایا کے حالات کا علم ہی نہیں

کلکتہ کے اخبار نویسوں کو کوئی جواب دینے سے انکار

پاکستان کے اسکولوں سے انگریزی کو نکال دیا جائے

مسلم لیگ کے صدر کا مطالبہ

سہارنپور کے پٹواریوں کا احتجاج

بلاتنخواہ کام انجام دینگے

امریکہ نے برطانیہ کے ہاتھ گوشت فروخت نہ کرنیکا اعلان کر دیا

اینگلو ارجنٹائن معاہدہ پر امریکہ میں غم و غصہ

مولانا بشیر احمد بلند شہر جائینگے

کوچین ٹراونکور کا انضمام

حیدرآباد کو اس کے ملحقہ صوبوں میں مدغم کر دیا جائے

سوشلسٹوں کا مطالبہ

امریکہ میں بھی بے روزگاری پھیلنے لگی

دلہنوں کے لئے کتاب

شکر بم بن گئی

روس اور ہندوستانی ممبروں کی جھڑپیں

بقیہ صفحہ اول

تیس لاکھ سے زائد بے روزگار

جاپان کے ساتھ تجارت کا سوال

امریکہ نے اپنی تجویز واپس لے لی

زنانہ حکومت

مسٹر مسانی کا جواب

گمشدہ کی تلاش

رمضان المبارک کا تحفہ
حیرت انگیز رعایتی اعلان
گارنٹی ۵ سال
اس مبارک موقع پر افطار و سحر میں روزہ داروں کی سہولت کے پیش نظر ...
منیجر ہندوستان واچ ہاؤس چاندنی چوک دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے
اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پاس صحیح اور مکمل پتے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۲۵ رمضان تک کے لئے ہے۔
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

دھلی میں صوبائی سیاسی کانفرنس کا اجلاس ختم ہوگیا

صوبہ دھلی کیلئے صوبائی خودمختاری کا اھم مطالبہ

گورکھپور ۲۳ جون۔ [illegible] گورکھپور کا معمر ترین شخص ۱۰۸ سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ ان کا قد چھ فٹ [illegible]

پاکستان ۵۵ لاکھ پونڈ میں پٹ سن کے تین کارخانے خریدے گا

وزیر تجارت خریدنے کی بابت بات چیت کرینگے

لندن ۲۲ جون۔ پاکستان عنقریب برطانیہ سے تین جوٹ ملیں خریدنے گا۔ [illegible]

گاندھی قومی یادگار فنڈ میں ۹ کروڑ ۲۸ لاکھ روپیہ جمع ہوگیا

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا بیان

نئی دہلی ۲۳ جون۔ گاندھی قومی یادگار فنڈ میں اب تک ۹ کروڑ ۲۸ لاکھ جمع ہوچکے ہیں۔ [illegible]

مشاورتی کونسل برخواست کردیجئے

نواب جوگازئی کا مطالبہ

کوئٹہ ۲۲ جون۔ نواب محمد خان جوگازئی [illegible]

روزنامہ الجمعیۃ دہلی میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو کامیاب بنایئے

T.B. تپ دق — پرانے بخارات
JABRI جبری जबरी

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

[illegible]

پتہ: رائےصاحب کے ایل شرما اینڈ سنز کیمیکل مینوفیکچررز (26) جگادھری پنجاب

رضائے الٰہی اور سنت کی داعی اور انقلابی قدروں کا علمبردار
روزنامہ الانصاف الہ آباد

آزاد ہندوستان کی تعمیر جدید کس طرح کی جاسکے کہ وہ ملک بیروزگاری اور اخلاقی انتشار کی عالمگیر وباؤں سے ہمیشہ کے لئے نجات پاجائے؟ الانصاف کے مسلسل مطالعہ کے بعد آپ محسوس کریں گے کہ آپ نے وقت کے اس پیچیدہ ترین سوال کو حل کرلیا۔

[illegible]

پتہ دفتر اخبار الانصاف [illegible] چوک الہ آباد

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

قیام کے لئے بہترین آرام دہ اور ہوادار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام

دہلی کی گرمی

مسافروں کے لئے حد پریشانی و تکلیف کا سبب ہوتی ہے۔ صنوبر ہوٹل میں قیام کرنا آپ کو ہر طرح کی تکلیف سے بچائے گا۔

مینیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

AMICO'S COUGH SYRUP
امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا۔ شفایاب ہوئے

[illegible]

امین اینڈ کمپنی لمیٹڈ۔ انگریزی دواخانہ [illegible] اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۲۴ جون سنہ ۱۹۴۹ء

الٹی باتیں

دنیا میں کام کرنے کے دو ہی طریقے ہیں ایک طریقہ اصلاحی ہے، دوسرا انتقامی، اصلاحی طریقہ اختیار کرنے والے کبھی کسی سے نہیں الجھتے، کبھی کسی کو نہیں چڑاتے، کبھی ایک بات کی رٹ لگاکر نفرت نہیں پھیلاتے، کبھی دوسروں کے جذبات کو ٹھیس نہیں لگاتے، لیکن جو لوگ انتقامی طریقہ اختیار کرتے ہیں وہ پہلے تو عقل و نقل کی پابندیوں سے آزاد اور برتری کے احساس سے سرشار ہوجاتے ہیں اور پھر دوسروں کو چڑانے، ذلیل کرنے، الزام دینے اور اپنی باتیں زبردستی منوانے کا کاروبار شروع کردیتے ہیں ایک ہی نظر میں عامی سے عامی شخص کو بھی معلوم ہوسکتا ہے کہ اصلاحی اور انتقامی کاموں میں زمین و آسمان کا فرق ہے، اصلاحی کام دلوں میں انس اور محبت پیدا کرتے ہیں، انتقامی کام، دلوں میں نفرت اور کدورت، بغض و عناد اور جدائی ڈالتے ہیں۔ اصلاح کرنے والوں کی شکل ہی دوسری ہوتی ہے اور انتقام لینے والے دور ہی سے پہچان لئے جاتے ہیں اصلاحی کام ہر اعتبار سے مبارک ہے اور انتقامی کام ہر جہت سے قابل مذمت اور لائق نفرت!

یو۔پی اسمبلی کے اسپیکر بابو پرشوتم داس ٹنڈن کانگریس کے ایک مشہور بزرگ ہیں لیکن افسوس ہے کہ انہیں نہ اپنی بزرگی کا خیال ہے اور نہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس، آپ جہاں جاتے ہیں ایک ہی بات منہ سے نکالتے ہیں اور بار بار ایک ہی بات کو دہراتے رہتے ہیں، شاید اس لئے کہ بار بار کہنے سے جھوٹ بھی سچ بن جاتا ہے، اور عوام کو باور کرایا جاتا ہے کہ حق وہ ہے جسے ٹنڈن جی حق کہیں اور باطل وہ جسے ٹنڈن جی باطل ٹھہرائیں! یہ تک ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ پولیٹکل کانفرنس ہو یا انتخابی جلسے تعلیمی اجلاس ہوں، یا تقسیم اسناد کی تقریبیں ان سب میں ٹنڈن جی زبان اور کلچر کا معاملہ ضرور چھیڑتے ہیں اور ایسی غیر معقول باتیں زبان سے نکالتے ہیں اور ایسا انداز اختیار کرتے ہیں کہ ان کی انتقامی اسپرٹ چھپ نہیں سکتی، اگر ان کا مقصد اصلاح ہوتا تو وہ بے وزن باتیں منہ سے ہرگز نہ نکالتے اور انہیں سنکر دلوں میں تکدر اور تنفر کبھی پیدا نہ ہوتا آخر دنیا میں انسان اور بھی کام ہوتے ہیں مگر ٹنڈن جی کو کلچر اور زبان کے سوا کوئی اور کام ہی نہیں، بار بار کے اعادہ سے ان کا مقصد صرف چڑ پیدا کرنا ہے اور یہ کام کسی منتقم ہی کا ہوسکتا ہے، مصلح اور اتحاد پسند کا نہیں ہوسکتا!

دہلی کی پولیٹکل کانفرنس میں ٹنڈن جی نے کوئی نئی بات نہیں فرمائی [illegible]

[illegible] اپنی تقریر میں فرمایا کہ "دو قومی نظریہ اور دو تہذیبوں کا خیال ملک میں بربادی کے سوا کچھ نہیں لاسکتا، ضرورت ہے کہ ان خیالات کو ترک کردیا جائے اور عوام زمانہ کے ساتھ ساتھ چلیں"!

آپ کے اس ارشاد سے دو مفہوم نکلتے ہیں اول یہ کہ چونکہ ہندوستان کے مسلمان دو قومی نظریہ (ٹو نیشن تھیوری) کے قائل ہیں اس لئے وہ دو تہذیبوں کی بات کرتے رہتے ہیں، اگر وہ دو قومی نظریہ کا خیال چھوڑ دیں تو دو تہذیبوں کی بات چیت بھی ختم ہوسکتی ہے۔ دوم یہ کہ چونکہ مسلمان دو قومی نظریہ کے قائل نہیں ہیں اس لئے انہیں دو تہذیبوں کا بھی قائل نہ ہونا چاہیئے، ایک قومی نظریہ کا منطقی نتیجہ ایک تہذیب ہے پہلی بات کو مان کر دوسری بات بھی ماننی پڑتی ہے لہذا مسلمان ایک قومی نظریہ پر جمے رہیں اور دو تہذیبی نظریہ پر نظر ثانی کریں! اگر ٹنڈن کے ارشاد کا مفہوم یہ ہے کہ چونکہ مسلمان دو قومی نظریہ کے قائل اور فرقہ پرست ہیں اس لئے وہ دو تہذیبوں کے بھی مدعی ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ بلا شبہ مسلمان فرقہ پرست اور دو قومی نظریہ کے قائل ہیں، اور ثبوت یہ کہ

(۱) مسلمانوں نے کبھی غیر مسلموں کو ناپاک نہیں سمجھا، کبھی ان سے چھوت چھات نہیں کی، کبھی انکے سایہ سے پرہیز نہیں کیا۔

(۲) مسلمانوں نے کبھی کسی طبقہ کو ناپاک اور اچھوت نہیں سمجھا، کبھی نسل کی بنیادوں پر انسانیت کے ٹکڑے نہیں اڑائے، کبھی اونچ نیچ کی تفریق پیدا کرکے کروڑوں انسانوں کو غلام نہیں بنایا۔

(۳) مسلمانوں نے ہمیشہ عالمگیر مساوات اور بین الاقوامی اخوت کو اپنا ایمان سمجھا اور حق و انصاف کی بنیاد نسل و قوم کے بجائے انسانیت پر رکھی۔

(۴) مسلمان کہتے ہیں کہ ہر ہندوستانی کو ہندی سیکھنی چاہیئے، خصوصاً مسلمانوں کو اردو کے ساتھ ہندی ضرور پڑھنی چاہیئے۔

(۵) مسلمانوں کا خیال ہے کہ ہندوستانی کلچر ہندو مسلمانوں کی مشترک امانت ہے اور اردو ہندو مسلمانوں کے اتحاد اور میل ملاپ کی نشانی ہے۔

(۶) مسلمان مہاتما گاندھی کی (اور باتوں کی طرح) اس بات میں بھی حق پر سمجھتے ہیں کہ ہندوستان کی [illegible]

(۷) [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

وھوالذی۔تا۔تفعلون
(پ ۲۵ ع ۴)

خدا ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور ان کی برائیوں سے درگزر کرتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اسے وہ خوب جانتا ہے۔

گناہ ایک بیماری ہے اور اس کی دوا توبہ اور انابت ہے مگر توبہ کے معنی یہ نہیں کہ انسان گناہ پر گناہ کئے چلا جائے اور توبہ بھی کرتا رہے، یہ توبہ نہیں ہے خدا کے ساتھ مذاق ہے۔ توبہ کا مطلب یہ ہے کہ بدی کرنے کے بعد انسان کا ضمیر ملامت کرے اور وہ عہد کرلے کہ اب جو کچھ ہوا سو ہوا، آئندہ کبھی ایسا نہ ہوگا اگر واقعی ایسے گناہ گار نے اپنی زندگی کا رخ بدل لیا اور ہمیشہ کے لئے گناہوں کی طرف سے پشت پھیر لی تو اس کی گذشتہ غلطی معاف کردیجاتی ہے لیکن جو ڈھیٹ توبہ کو مذاق بنالے اور ہر تازہ گناہ کے بعد تازہ توبہ کرے اس کی کوئی خطا معاف نہیں ہوگی کیونکہ توبہ کو توڑ کر پھر گناہ کرنا خود ایک گناہ ہے اور گناہ کو گناہ کے ذریعہ دور نہیں کیا جاسکتا۔

آریہ سماج کے مشغلے

ہندوستان میں جہاں انگریزوں نے بہت سی بدعتیں ایجاد کی تھیں وہاں ایک بدعت مذہبی مناظرات کی بھی تھی، اس سلسلہ میں مولویوں، پنڈتوں اور پادریوں نے خوب آپس میں مناظرے کئے اور ایک دوسرے کے مذہب کو ہدف مطاعن بنایا، جس کا نتیجہ یہی نکلا کہ ہندو مسلمانوں میں نفرت بڑھی، مذہب کا احترام دلوں سے نکلا اور مذہب خود اہل مذہب کے ہاتھوں بدنام ہوا، آزادی کے بعد گو مناظرات کا سلسلہ تو ختم ہوگیا ہے لیکن آریہ سماج نے اپنی پرانی عادت نہیں چھوڑی، آریہ سماج کے لیکچرار ہمیشہ اپنی بدزبانی، اشتعال انگیزی اور غلط بیانی کیلئے مشہور رہے ہیں اور وہ اب بھی اپنی اس شہرت کو باقی رکھنا چاہتے ہیں، لکھنؤ میں آریہ سماج کے جلسہ میں اسلام کے خلاف، مسلمان حکمرانوں کے خلاف اسلامی تاریخ کے خلاف جو ہرزہ سرائیاں کی گئیں وہ بہت افسوسناک تھیں [illegible]

[illegible]

ماہ مبارک کا استقبال ہم کس طرح کریں

(از حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

رمضان شریف کا مبارک مہینہ آرہا ہے جس کے بے شمار فضائل احادیث مقدسہ اور روایات [illegible] میں بیان کئے گئے ہیں۔ [illegible]

محبوب رب العالمین سید الکونین رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم اس ماہ مبارک کا استقبال کس طرح کیا کرتے تھے [illegible]

[illegible]

شرمناک مصیبت

[illegible]

ایک خطرناک اقدام

"نئی زندگی" الہ آباد کا مقالہ افتتاحیہ

(گذشتہ سے پیوستہ)

آپ کو معلوم ہے کہ مسلمانوں کے یہ نمائندے کون حضرات ہیں، یہی مسلم لیگ کے ارکین جنہیں مسلم لیگ نے منتخب کرکے بھیجا ہے [illegible]

مسلم عوام کیوں سو رہے ہیں؟

[illegible]

دودھ میں زہر سے بچوں کی ہلاکت

۴ بچے ہلاک۔ ۴۷ اسپتال میں

[illegible]

ایک نئے چاند کی دریافت

شکاگو یونیورسٹی کے ماہر فلکیات کا انکشاف

شکاگو ۔ ۱۷ جون۔ شکاگو یونیورسٹی کے ایک ماہر فلکیات نے اس کی تصدیق کی ہے کہ نظام شمسی میں ایک نیا چاند دریافت ہوا ہے [illegible]

ہلدوانی ضلع نینی تال اور سرحنہ میں جمعیۃ علما کانفرنس

حضرت مولانا محمد میاں صاحب کے بصیرت افروز خطبات کے اقتباسات

قسط دوم

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تیئیس سالہ سیرت میں ایک دور وہ ہے جب کہ اسلام سخت مغلوب تھا اور مسلمان مجبور محض تھے یہ کمزوری کا دور ہے جس میں آپ نے کل اسلام کو باقی رکھنے کے لئے خواجہ ابوطالب اور مطعم بن عدی جیسے سرداران قریش کی پناہ بھی لی ہے۔

ایک دور وہ بھی ہے کہ صحابہ کرام حبشہ تشریف لے گئے ہیں جہاں غیر اسلامی حکومت تھی مگر ان کو مذہبی آزادی حاصل تھی۔ ان حضرات نے حبشہ کی غیر اسلامی حکومت کے ساتھ صرف "امن" میں تعاون کیا بلکہ جنگ کے وقت [redacted]

تیسرا دور وہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طیبہ کو اپنے قدم لزوم سے مشرف فرماتے ہیں یہاں مکہ کے مقابلہ میں مسلمانوں کو مذہبی آزادی حاصل ہے لیکن مدینہ طیبہ اور اطراف مدینہ میں یہود کی طاقت بھی موجود ہے جو اپنے دین پر مضبوطی سے قائم ہیں۔ یہاں یہودیوں کے اشتراک سے حکومت قائم کی جاتی ہے۔ رفاع کے وقت متحدہ محاذ اور باہمی اشتراک و تعاون کا معاہدہ ہوتا ہے۔ البتہ ایک قسم کی بالادستی سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلیم کی جاتی ہے۔ یہ تمام دور سیرۃ مقدسہ کے سابک اجزاء ہیں جو مسلمانوں کے لئے مشعل ہدایات ہیں لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔ وقال اللہ تعالیٰ ما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا۔

فقہا اور علماء کا فرض ہے کہ حالات کا پوری بصیرت کے ساتھ جائزہ لیں اور حسب ہدایت سے نورِ حاصل کرکے امت کی رہنمائی کریں۔ باقی یہ وہم کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدنی زندگی کے آخری دور کے علاوہ تمام دور اور ان کے احکام منسوخ ہو گئے قطعاً غلط ہے۔ ملاحظہ ہو الاتقان فی علوم القرآن و الفوز الکبیر وغیرہ۔

خلافت راشدہ کا دور۔ جو انصاف عدل و انصاف مزاجیہ اور مساوات کی بہترین مثال ہے اور نہ صرف سات سو برس کی بلکہ پوری دنیا کی تاریخ کو جو ہمارے سامنے ہے کھلے لفظوں میں شہادت دے رہی ہے کہ دنیا کا کوئی بھی سیاسی نظام اس دور کے عدل و مساوات کا نمونہ نہیں بن سکا۔

آج دنیا میں بہت سے ازم چل رہے ہیں لیکن ہر گروہ ایک طبقہ کو ابھارتے ہیں تو دوسرے طبقہ کو اتنا ہی پست اور ذلیل کر دیتے ہیں۔ عدل و انصاف اور مساوات کے تمام دعوے کسی ایک طبقہ کے ساتھ مخصوص ہو کر رہ جاتے ہیں۔

تمام باشندگان ملک کے ساتھ مساوی سلوک پر عمل و انصاف آزادی اور ترقی کے امکانات صرف اسی نظام میں ملتے ہیں جس کو ہم خلافت راشدہ کہتے ہیں۔ بلا شبہ سیاست سے دلچسپی رکھنے والے ہر ایک شخص کا منتہائے نظر یہی بابرکت نظام ہونا چاہئے اور اس کا ہمیشہ کوشش ہونی چاہئے کہ جاہ پسند اور اغراض پرستوں کی خطرناک حرص و طمع کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھنے والی خدا کی بے شمار مخلوق رات دن کی مصیبت کے جہنم سے نجات پائے اور عالم انسانی جو دہشت و بربریت کا عالم بن گیا ہے ہمدردی و انصاف کا نمونہ بن جائے۔ [illegible] خاتم کرنے کے بعد یہ مبارک نظام پوری شان کے ساتھ دنیا میں قائم ہو سکتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک ہے الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ ثم یکون ملکا عضوضا۔ کچھ اس طرح صادق ہوا کہ اس تیس سال کے بعد ہی خلافت راشدہ کا نمونہ کامل انقلاب کی کوشش کا شکار ہو کر رہ گیا۔

حضرت مسلم لیگ ہی ایسی جماعت نہیں جس نے پاکستان میں اسلامی حکومت کا سبز باغ دکھا کر مسلمانوں کو فریب میں مبتلا کیا اور دوسروں کو تقسیم کرنے کی جائے دس کروڑ اسلامیان ہند کا طیرہ [illegible] اس طرح منتشر کر دیا کہ ہر ایک کا مفاد دوسرے کے خلاف ہو گیا بلکہ اسی طرح دنیا بار بار انہی نعروں کا تجربہ دیکھ چکی ہے لیکن ان نعروں کے بعد آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ اس قسم کے تلخ تجربوں نے ہی آسمان کے نیچے اور اس زمین کے اوپر مسلمانوں کے دور حکومت میں بار بار ہوئے۔

عقیدہ اسے کہ مجبور کیں کہ عام مسلمانوں کے مفاد کی خاطر خلافت عباسیہ خلافت بنی امیہ یا خلافت آل عثمان کے دور میں [illegible] اصل کے قائم مقاموں کو نظر انداز کر کے تیرہ سو سال کے علمائے کرام اور خلفائے امت کو یہ سبق دے ہجرت اور معاذ اللہ گمراہ قرار دینے لگے کیونکہ یہ نظام نتیجہ صرف یہی ہو سکتا ہے کہ مسلمان صدر جمہوری دنیا سے علیحدہ رہیں اور ہندوستان کے قدیم باشندوں کی طرح اچھوت بن کر زندگی گزاریں۔ کچھ دوسرے حضرات ہیں وہ پہلی جماعت کے خیالات کے بر عکس مسلمانوں کے لئے کسی کلی نظام کو بنانا نہیں کرتے اور صرف ایک ہی نظام ہندوستانی دیکھنا چاہتے ہیں [illegible]

اوقات۔ مذہبی تعلیم، نکاح، طلاق، وراثت جیسے مذہبی مراسم کی ضرورتیں بھی اس مشترک نظام سے پوری ہو سکتی ہیں۔ کیا مشترک نظام مسلمانوں کو نماز بھی سکھائے گا اور ان کے مذہبی عقائد بھی درست کرے گا۔ ان دو نقطہ نظر کے علاوہ تقریباً دو سال کی کامل خاموشی کے بعد ایک تیسرا نقطہ نظر بھی ہندوستان کے ایک گوشہ سے پیش کیا جا رہا ہے کہ مسلم لیگ کو زندہ کیا جائے انتخاب جداگانہ ہو اور مسلمانوں کی سیاسی تنظیم علیحدہ ہو۔

یہ وہی دو قومی نظریہ ہے جس کی تباہ کاریوں سے آپ کے اندرین [illegible] غالباً تباہی اور بربادی کی تاریخ کو زیادہ وہ ہولناک اور بھی زیادہ کرنی کی مصیبت میں مسلمان اس وقت مبتلا ہیں اس کی مدت کو زیادہ دراز کرنا چاہتے ہیں۔

ہندو مہا سبھا، راشٹریہ سیوک سنگھ یقیناً یہ چاہیں گے کہ مسلم لیگ زندہ ہو اور جداگانہ انتخاب کا مطالبہ تسلیم کیا جائے کیونکہ خالص ہندو راج قائم کرنے کے لئے مسلم لیگ کا وجود ہر طرح مفید ہے۔

وہ لیگ کی گندہ تاریخ کو پیش کر کے اکثریت کو مشتعل بھی کر سکتے ہیں۔ اور اس کا آڑ میں خود اپنے وجود اور اپنی حرکتوں کے لئے جواز بھی پیدا کر سکتے ہیں اور سیکولر اسٹیٹ کے تصور کو ہندوستان سے ختم بھی کر سکتے ہیں۔

اور گویہ بھی پسند [illegible] خالص ہندو سنسکرتی قائم کرنا چاہتے ہیں [illegible] کے تصور کو ختم کر دے گی۔ اسی طرح وہ جماعتیں یا وہ جو کانگریس کے لباس میں اپنے خیالات چھپائے ہوئے ہیں ان کی کامیابی بھی لیگ کے ساتھ وابستہ ہے لیکن جو ہندو یا مسلمان انڈین یونین کو ایک ایسا آزاد جمہوریہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ہر بچہ بچہ اس کی عزت اور ناموس پر قربان ہو جانا اپنا فرض سمجھے اور اس کے دل جذبات صرف اسی صورت میں مطمئن ہوں کہ ان کا وطن عزیز دن دونی رات چوگنی ترقی کرتا رہے وہ یقیناً کسی جداگانہ سیاسی تنظیم کیا جداگانہ انتخاب کو برداشت نہیں کریں گے اور ان کی پوری کوشش یہ ہوگی کہ سیکولر اسٹیٹ یعنی غیر فرقہ وارانہ حکومت کا تخیل پورے آب و تاب کے ساتھ جلوہ افروز ہو۔ ہر فرقہ اپنے مذہبی خیالات و عقائد میں آزاد ہو۔ اور ہر ایک تہذیب کے لئے موقع ہو کہ وہ حسب حیثیت ترقی کر سکے۔

جمعیۃ علماء ہند ان تمام نقطہ ہائے نظر سے پوری طرح واقف ہے اس کے ارکان ملی اور مذہبی جذبات ہیں اور مذہب و ملت کے لئے قربانیاں پیش کرتے ہیں بلفظ قطعاً کسی بھی جماعت سے کم نہیں ہیں ملک کے لئے جو قربانیاں خدام جمعیۃ پیش کر چکے ہیں ان کا مثال پیش کرنے کے لئے دوسری جماعتوں اور افراد کو سالہا سال کی مدت درکار ہے یہ حضرات جاہ پسندی اور حصول اقتدار کی ہوس سے بہت بلند ہیں کسی طاقت سے مرعوبیت کا تخیل بھی ہمیشہ ان کی خود داری کے لئے سخت ترین توہین تصور کیا گیا ہے۔ البتہ وہ دور حاضرہ کے تمام تقاضوں، احوال کی تمام ضرورتوں، تمام مشکلات اور جو کچھ امکانات ہیں ان سب پر پوری نظر رکھتے ہیں اور دین کامل کے وسیع دامنوں نے جو تیسیر عطا فرمایا ہے اس سے بھی بخوبی واقف ہیں وہ تمام حالات اور مقتضیات پر پوری طرح بحث و تمحیص، غور و فکر، تحقیق و تنقید کے بعد جس طریقہ کو ضروری سمجھتے ہیں کہ مسلمان سیاسی اور اقتصادی مسائل کے لئے مشترک پلیٹ فارم پر آئیں اور تمام باشندگان ملک کے ساتھ تعمیر مستقبل کی جدوجہد میں حصہ لے کر اپنے وطن عزیز کو بلند اور مضبوط کریں اسی طرح وہ مسلمانوں کی تہذیبی، ثقافتی اور تعلیمی ضرورتوں کے لئے ایک مضبوط ادارہ کا تنظیم کو ضروری سمجھتے ہیں۔ اسی ضرورت کے تحت جمعیۃ علماء ہند کو مجبور کیا کہ وہ سیاست سے علیحدگی اختیار کر کے مسلمانوں کی مذہبی اور تعلیمی ضرورتوں کے واسطے اپنے آپ کو وقف کر دے۔ چنانچہ اجلاس لکھنؤ میں جمعیۃ علماء ہند نے ایک دستور عمل مرتب کیا ہے۔ اس وقت ہم آپ کی خدمت میں اسی کے اہم اجزاء پیش کر رہا ہوں تاکہ ان پر عمل کر کے ملت کی حفاظت اور ترقی کے اس مقصد کو پورا کریں جو جمعیۃ علماء کا نصب العین ہے اور جس کے لئے کانفرنس منعقد کی جاتی ہے۔

پیر لڈی میونسپل کمیٹی کا متفقہ فیصلہ

مینڈھی منتر اور تعصبیں سے ٹیکس بند

بلندشہر ۲۱ جون۔ اطلاع ملی ہے کہ بلندشہر میونسپلٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ شہر میں پہلے داخلہ [illegible] سے ۱۴ اراضی ٹیکس لیا جاتا ہے۔

ایک اور ریزولیوشن کے ذریعہ شہر میں صفائی ٹیکس، روشنی ٹیکس کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے میونسپلٹی کے فیصلوں کی اس طرف سرکاری کارروائی ہونے والی ہے [illegible]

جمعیۃ علماء کی خبریں

اوقاف اسلامی کی حفاظت کیلئے گوڑگاؤں کے غیر مسلموں کی پیشکش

پانچ سرکردہ معززین نے اپنے نام بطور سیوک پیش کر دیئے

گوڑگاؤں۔ بذریعہ ڈاک۔ ماسٹر رحمت خاں صاحب کنوینر اسلامی اوقاف کمیٹی ضلع گوڑگاؤں کی تحریک پر غیر مسلم اکابرین اور لیڈران ضلع گوڑگاؤں کی میٹنگ بمکان پنڈت ہری لال صاحب بھارگو منعقد ہوئی یا ماسٹر رحمت خاں صاحب نے درخواست کی کہ ضلع کے اس حصے میں جو مسلمان چلے گئے ہیں یا بھاگ گئے تمام رہ گئے ہیں اوقاف اسلامی کی تعداد میں غیر محفوظ ہیں بشرنارتھی بھائیوں نے مسجد پر یا مسکن اور مدارس پر قبضہ کر لیا ہے ان استعمال مسجد ہے ہیں ان کی آمدنی ویسے اور املاک کسٹوڈین کے تحت آگئی ہے۔ [illegible] گوڑگاؤں کی جامع مسجد کا [illegible] سہو چکا ہے۔ جس کے لئے مسلمانان ضلع حکومت اور لیڈران کے شکر گزار ہیں مگر مکانات و دکانات متعلقہ ابھی تک نہ خالی کرائے جا سکے ہیں اس کی آمدنی ہے جس کے بغیر مسجد کا خرچ چلتا ہے پیش امام، موذن معلمین آب کشی، بجھاڑ دکش وغیرہ کی تنخواہیں اور روشنی و صفائی معمولی مرمت، فرش، جانماز، بدھنے وغیرہ کی قیمتیں ادا نہیں ہو سکتیں۔ جب تک غیر مسلم اکابرین کوشش نہ فرمائیں گے یہ کام پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکے گا چنانچہ حاضرین میں سے چند نے اپنے نام بطور سیوک پیش کئے اور حسب ذیل حضرات پر مشتمل اوقاف اسلامی کی ایک کمیٹی مرتب ہوئی۔

(۱) پنڈت ہری ہر لال صاحب بھارگو صدر کانگریس کمیٹی ضلع گوڑگاؤں۔ ایڈوکیٹ (۲) پنڈت جیون لال صاحب ایم۔ ایل۔ اے (مشرقی پنجاب) (۳) لالہ سنت لال صاحب جینی ایڈوکیٹ وائس پریذیڈنٹ ٹاؤن کمیٹی چھاؤنی گوڑگاؤں (۴) لالہ موہن چند صاحب ایڈوکیٹ وائس پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی فیروزپور جھرکا۔ (۶) لالہ پت رام صاحب بنا گوڑگاؤں (۶) ماسٹر رحمت خاں صاحب کنوینر اسلامی اوقاف کمیٹی جمعیۃ علماء ضلع گوڑگاؤں۔

جملہ قانونی اور عدالتی ذمہ داریاں بلا معاوضہ پنڈت ہری ہر لال صاحب ایڈوکیٹ نے اپنے ذمہ لیں۔ کمیٹی کا آئندہ اجلاس جامع مسجد گوڑگاؤں میں منعقد ہوگا۔

ضلع دیوریا کے دیہاتوں میں جمعیۃ کی سرگرمیاں

مولانا مشتاق احمد صاحب کارکن ضلع جمعیۃ علما کو مقامی [illegible] دعوت پر [illegible] سے مسلمانوں کے اجتماع میں جمعیۃ کے اغراض و مقاصد اور اس کے جدید پروگرام پر کافی روشنی ڈالی۔ اس کے بعد ممبر سازی عمل میں آئی۔ وہاں جگلگاؤں روانہ ہوئے اور موضع سرورا میں تبلیغی تقریریں ہوئیں۔ پروگرام کے فوائد وضاحت کے ساتھ بیان کئے گئے اور اس کی عملی تشکیل کے ابتدائی مراحل طے کئے گئے۔ وہاں کے مسلمانوں کے شدید اصرار پر مولانا موصوف کا ایک دن اور بھی قیام رہا۔ سیرت پاک، اخلاق حسنہ اور شب برات کے موضوع پر چند تقریریں ہوئیں۔ ممبر سازی بھی ہوئی۔ واپسی کے بعد جامع مسجد دیوریا میں جمعیۃ علماء کے دستور مقررہ کے سلسلہ میں کے پروگرام کی روشنی میں بہت موثر تقریر ہوئی۔ بطور ابتدائی قدم کے یہ طے پایا کہ بعد نماز ظہر انگریزی و ہائی اسکول کے طلباء جامع مسجد میں آئیں اور روزانہ ایک گھنٹہ مذہبی تعلیم حاصل کریں۔ حاضرین میں ان کے اور ان میں جذبہ عمل پایا جا رہا تھا۔

مولانا محمد ابوبکر صاحب صدر ضلع جمعیۃ علماء دیوریا کی جانب سے ضلع کی تمام شاخوں کے لئے نئے پروگرام کے ماتحت ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔ خداوند عالم مسلمانوں کو عمل کی توفیق بخشے۔

جمعیۃ کی مذہبی تنظیمی سرگرمی

بمبئی میں ائمہ مساجد کا جلسہ

بمبئی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی نے مذہبی تعلیم کے اجراء کے سلسلے میں ائمہ مساجد شہر بمبئی و مضافات کمیٹی کا ایک اہم جلسہ دفتر جمعیۃ میں طلب کیا تھا جماعت جمعیۃ کی دعوت کو لبیک کہتے ہوئے ائمہ مساجد شہر بمبئی و نیز مضافات بمبئی مثلاً کرلا، باندرا، اندھیری، سنتا کروز وغیرہ کے ائمہ مساجد بھی شریک جلسہ ہوئے۔ حضرت ائمہ کرام کے سامنے مذہبی تعلیم سے متعلق جمعیۃ کا لائحہ عمل پیش کیا گیا جس کی انہوں نے پوری منظوری کیا اور جمعیۃ کے ساتھ مکمل اشتراک و تعاون کا یقین دلاتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ ہم اپنی مساجد میں قرآنی تعلیم فوراً شروع کر دیں گے کہ ہر مسجد میں ان کا مرکز ہو [illegible] کی تشکیل [illegible]

مولانا عبدالعزیز صاحب بہاری نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی (کنوینر) (۲) مولانا قاری وودو الحق صاحب خطیب اسنی خوجہ مسجد بمبئی۔ (۳) مولانا شیخ احمد صاحب خطیب ذکریا مسجد بمبئی (۴) مولانا غلام محمد صاحب خطیب جامع مسجد بمبئی (۵) مولانا قاری سید اشفاق احمد صاحب خطیب جامع مسجد باندرہ۔ (۶) مولانا قلندر شاہ قریشی خطیب جامع مسجد کرلا۔

دکن میں جمعیۃ العلماء کا قیام

دکنور تحصیل سکندرآباد میں بمکان حاجی محمد ابراہیم صاحب ایک جلسہ زیر صدارت میاں شمس الدین صاحب نائب ناظم جمعیۃ غازی آباد منعقد ہوا جس میں میاں شمس الدین نے ایک مختصر سی تقریر فرمائی بعد ازاں عہدیداران منتخب ہوئے جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) قاضی مظہر الحسن صاحب۔ صدر (۲) حاجی محمد ابراہیم صاحب۔ نائب صدر (۳) حافظ ضیاء علی صاحب سکریٹری (۴) ماسٹر عبدالرزاق صاحب نائب سکریٹری (۵) سید یاقوت [illegible]

نو بچوں کا بوڑھا باپ !!

۱۵ سالہ دوشیزہ سے شادی کر رہا ہے

بلندشہر ۔ ۲۱ جون۔ یہاں کا ایک ... ہے جس کی عمرہ ۵ سال سے اوپر ہے اور جو نو بچوں کا باپ ہے جس کے بہت سے پوتے پوتیاں ... ہیں۔ عنقریب ایک پندرہ سالہ دوشیزہ سے شادی کرنا چاہتے ہیں برات بہاری منگل جاوے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ اگر داں کو دوشی سے رد کر سمجھاتے اس بے جوڑ شادی کے خلاف احتجاج کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ سمجھا کس لڑکی کو رد کرنے کے لئے سخت قدم اٹھانے کی [illegible]

کم ترقی یافتہ ممالک کی ترقی کا پروگرام

صدر ٹرومین نے پانچ کروڑ ڈالر کا کانگریس سے مطالبہ کر دیا

واشنگٹن۔ ۱۲ جون۔ سرکاری حلقوں میں اس امر کا انکشاف ہوا ہے کہ صدر ٹرومین اپنے نئے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کانگریس سے عنقریب ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ ڈالر کا مطالبہ کریں گے۔ یہ رقم پسماندہ علاقوں کو ترقی دینے پر صرف کی جائے گی۔

شاید اس ہفتہ صدر امریکہ اپنے خصوصی پیغام میں اس منصوبہ بندی کا بھی اعلان کریں گے جن کا مدت سے انتظار کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صدر ٹرومین اس بات کا اختیار بھی حاصل کریں گے کہ حکومت ان پرائیویٹ امریکن کمپنیوں کو جو ان ممالک میں سرمایہ لگائیں بعض گارنٹیاں دے گی۔ گارنٹی دینے کے اعلان کو خاص اہمیت دی جا رہی ہے اس لئے کہ اس سے بہت سے امریکن سرمایہ دار ان ممالک میں سرمایہ لگانے کے لئے آمادہ ہو جائیں گے۔ شاید اسی اسکیم کی گارنٹی دی جائے کہ امریکن کمپنیاں اپنے کچھ منافع کو ڈالر میں تبدیل کرا سکیں گی۔ شکروں کی طرف سے بھی جنگی خطرہ اور دوسرے پانی کی ... وغیرہ کے سلسلے میں کچھ گارنٹیاں دی گی۔

سرکاری افسران نے کہا ہے ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ ڈالر کی مجوزہ امداد منظور ہونے پر جس کا صدر ٹرومین کانگریس سے مطالبہ کریں گے یہ رقم مندرجہ ذیل طریقے پر خرچ کی جائے گی:-

اس میں سے ایک کروڑ پچاسی لاکھ ڈالر اقوام متحدہ کے اس فنڈ میں دی جائے گی جسے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے کام میں صرف کیا جائے گا۔ اس میں ۲ کروڑ ۹۷ لاکھ ڈالر ان منصوبوں پر صرف کی جائے گی جو امریکہ اقوام متحدہ کے پروگرام کے علاوہ ترقی کے منصوبے پر صرف کیا جاتا ہے۔ اس میں تیس لاکھ ڈالر انتظامی عملہ کی تنخواہ پر صرف ہوں گے۔

حکومت امریکہ کے منصوبے کے تحت امریکہ اقوام متحدہ پہلے سال میں اسی کروڑ بیس لاکھ ڈالر صرف کرے گا۔ اس میں تین کروڑ چالیس ڈالر تو وہ اقوام دیں گی جو ہر دو کی خواہشمند ہیں۔ باقی روپیہ اقوام متحدہ کے ادارے اراکین دیں گے۔ حکام نے بتایا ہے یہ کس کروڑ بیس لاکھ ڈالر اس طرح صرف ہوں گے:

لاطینی امریکہ۔ تین کروڑ ۹۶ لاکھ ڈالر

ایشیا اور مشرق بعید۔ تین کروڑ ڈالر

مشرق بعید اور افریقہ۔ ۲ کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر

یورپ اور اس کے ماتحت علاقے۔ ایک کروڑ ۴۲ لاکھ ڈالر

بیماری کو ختم کرنے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ اس کے بعد زراعت، غذا، خوراک، بجلی، ماہی گیری، لوزی دخائر اور صنعتوں کا نمبر آئے گا۔ (رائٹر)

صفائی کا انتظام بہتر کرنے پر دس لاکھ ڈالر صرف کئے جائیں

صحت کی عالمی کانفرنس کی پروگرام کمیٹی کا فیصلہ

روم ۲۱ جون

صحت کی عالمی اسمبلی کی پروگرام کمیٹی نے متفقہ طور پر اس بات کا فیصلہ کیا کہ دنیا بھر میں صفائی کا انتظام بہتر کرنے کے لئے ۱۹۵۰ء میں دس لاکھ ڈالر صرف کئے جائیں۔

اس اسکیم کے تحت دس امور کے بارے میں ماہ مطالعہ کے لئے کمیٹیاں بنائی جائیں گی اور بین الاقوامی کورس بیلٹ کئے جائیں گے۔ ان میں دو دو مدارس وو ... بنی جلی ایشیا کی حفاظت مکانات، قصبات اور شہروں کی صفائی دیہات کا علم المعیشت وغیرہ شامل ہیں۔

ڈاکٹر سکے رام جائی سروستی کے ہندوستانی کے ڈائرکٹر نے کہا پس ماندہ ممالک میں صفائی کا اچھا انتظام نہ ہونا محنتوں کی خرابی کا اصل سبب ہے ڈاکٹر راجانے مکانات کے بہتر انتظامات اور دیہات میں صحت کی دیکھ بھال پر زور دیا۔ انہوں نے ملیریا، دق اور انفلوئنزا وغیرہ کو زیادہ ترجیح دینے پر زور دیا۔ سیلون کے ڈاکٹر کرسیگ نے صحت کی عالمی کانفرنس سے کہا کہ پانی کی سپلائی اور صفائی کے کام کا بہ خاص توجہ دی جائے انہوں نے صفائی کے باقاعدہ پروگرام چلانے کی اپیل کی۔ (رائٹر)

بیاورہائی اسکول کا نتیجہ

بیاور بذریعہ ڈاک۔ مولانا محمد علی صاحب بیاور ہائی اسکول بیاور سے میٹرک کے امتحان کا نتیجہ امسال ۷۵ فیصدی رہا مسلمان طلباء کی زیادہ تعداد سیکنڈ ڈویژن میں کامیاب ہوئی ہے۔ اس سلسلہ میں بیاور اسکول کے ارباب حل و عقد خصوصاً قاضی سید ظفر علی صاحب ظفر آنریری مجسٹریٹ اور حاجی مولانا مولوی فضل اللہ خاں صاحب صدر جمعیۃ العلماء بیاور کی مساعی جمیلہ قابل مبارکباد ہیں۔

صرف اسلام ہی دنیا میں امن قائم کر سکتا ہے

لندن میں پاکستان کے وزیر تعلیم مسٹر رحمان کی تقریر

لندن۔ ۱۲ جون۔ مسٹر فضل الرحمن وزیر تعلیم مملکت حکومت پاکستان نے یہاں لندن میں پاکستانیوں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا اگر کوئی ایسا پیغام یا عقیدہ ہے جو آج کل کی دنیا کو امن کا پیغام دے سکتا ہے تو وہ اسلام ہے پاکستان کا وہی مشن ہے جو ۱۳ صدی قبل اسلام کا تھا۔ یعنی یہ کہ دنیا میں امن قائم کیا جائے۔ اور دنیا کے گوشہ گوشہ میں عالمی اخوت کا پیغام پہونچایا جائے۔

مسٹر فضل الرحمن برطانیہ میں چند روزہ دورہ کے سلسلے میں آئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے یہ تقریر ان پاکستانیوں کے مجمع میں کی جو یہاں شام کے اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں" برطانیہ میں جو پاکستانی ہیں ان کو تعلیم پاکستان کی ۹۰ فی صدی آبادی اور ۱۲ فی صدی کی تعلیم سے زیادہ آسان ہے۔ انہوں نے کہا۔

سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے وزیر تعلیم نے بتایا کہ پاکستان کے سامنے جو تعلیمی کام ہیں ان کے لئے تعلیم ضروری ہے اور تعلیم کے لئے ضروری ہے کہ اسلامی تہذیب اس کا پس منظر ہو۔ اس کام کے لئے درسی کتابوں کی دوبارہ تدوین ضروری ہے۔

پاکستان کے ہائی کمشنر مقیم لندن نے کہا جمہور پاکستان کا وہ خواب دیکھتا ہے جو کسی قوم کا زیر دست نہیں ہوگا۔ پاکستان دوستی کا خواہاں ہے۔ وہ دوستوں سے ہتھیار بنانا کرانے کو تیار ہے لیکن کسی کے ماتحت نہیں ہوگا۔ اس سے قبل وہ چکم اور آکسفورڈ گئے۔ اسٹاف ورڈ آن ایون میں انہوں نے شکسپیر کے ٹرسٹ کے طریقہ کار کا معائنہ کیا۔ اس نمونہ پر پاکستان کے قومی شاعر ڈاکٹر سر محمد اقبال کا ٹرسٹ قائم کیا جائے گا۔ (سٹیو جنگ)

دینی و دنیوی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اسکول کے صدر عالیجناب نواب سید شاہ علیم الدین احمد صاحب ایم اے۔ بی۔ ایل ڈسمیں ہائی کورٹ ڈسٹرکٹ جج ہیں جناب شیخ عبدالرزاق صاحب انصاری جنرل سیکریٹری و پرنسپل کا ذکر سلمان نے یتیم بچوں کی خوراک رہنے کی جگہ کے لئے بھی کوشش کر رہے ہیں۔ اسکول یکم جولائی ۱۹۴۹ء سے کھل جائیگا۔ اور نئے طلباء کا داخلہ ۵ جولائی ۱۹۴۹ء سے شروع ہو جائے گا۔

مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کو اس اسکول میں داخل کریں۔ علاوہ اس کے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ کوشش کرے کہ یتیم لاوارث بچوں کو بھی اس اسکول میں داخل کرائے اور اس کی ترقی و بہبودی کے لئے ہر امداد کرے۔ ماہ رمضان میں اس طرف توجہ فرمائیں کہ زیادہ سے زیادہ امداد کر کے اپنے کو دنیا و عقبیٰ سے زیادہ ثواب دارین کا مستحق بنائیں۔ اس اسکول میں ہندی کا بھی انتظام ہے۔ ہر قوم کے لڑکے داخل ہو سکتے ہیں۔

اپیل منجانب عثمانیہ مڈل اسکول

محلہ پاطلیان جے پور

یہ اسکول عرصہ بیس سال سے چل رہا ہے ریاست جے پور سے منظور شدہ ہے۔ ریاست سے امداد بھی ملتی ہے۔ اس اسکول میں نصاب تعلیم کے علاوہ مذہبی تعلیم بھی لازمی طور سے دی جا رہی ہے۔ اس وقت تک مختلف جماعتوں کا سالانہ امتحان کا نتیجہ تسلی بخش رہا ہے زیادہ تر اس اسکول میں غریب و یتیم بچے مفت تعلیم پا رہے ہیں۔ [illegible]

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علما نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریدار ہیں یا اس میں شامل نہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خریدتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پانچ پیسے کے ساتھ حسب ذیل عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے۔

" ... صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست مطالبہ کی بجائے آج کل اپنا ایجنٹ کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں۔ اور میں ان کے معاوضہ کا ذمہ دار ہوں"

ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علما نمبر مفت ارسال کر دیں گے یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی۔ روزنامہ الجمعیۃ دفتر سے براہ راست خرید ... والے بھی نمبر کو اور دوسرے کرم مفت منگا لیں۔

رکھ دینا جمعیۃ علما نمبر کی بہت کم کاپیاں باقی ہیں۔ اس لئے خواہشمند حضرات جلد توجہ دیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

پہاڑی بھوجلہ پر

علمائے کرام کا روح پرور اجتماع

نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زندگی کے صحیح مستند حالات اور ان کی سچی تعلیمات سے واقف کرنے کے لئے حسب معمول امسال بھی انجمن اتحاد منزل واقع کلاں محلہ پہاڑی بھوجلہ متصل بازار چتلی قبر میں بتاریخ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ جون ۱۹۴۹ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب ساڑھے ۹ بجے علمائے کرام کا عظیم الشان اجتماع ہوگا۔ خوش قسمتی سے اس سال حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ پر سبق آموز و بصیرت افروز تقریر فرمائیں گے اور ملک اور مدنی کی روشنی میں وہ راہ دکھائیں گے جو دنیا کے لئے عموماً اور مسلمانوں کے لئے خصوصاً راہ نجات ہوگی۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ جوق در جوق شریک ہو کر ملک کے ساتھ اسلام کے حالات دیکھیں۔ حضرت ممدوح کے علاوہ سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب۔ مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب اور دیگر علماء کرام بھی مواعظ حسنہ اور اپنے زریں خیالات سے مسلمانوں کو مستفید فرمائیں گے۔

جمہوریہ شام کے نئے صدر حسنی الزعیم

شامی کابینہ نامزد کرے گی

قاہرہ ۲۱ جون۔ گذشتہ شب اطلاع ملی کہ شام کے وزیر اعظم جنرل حسنی الزعیم نے حال ہی میں شامی حکومت کو نئے مقابلہ [illegible] دیا تھا اس کے تحت جمہوریہ شام کے صدر نامزد کئے جا رہے ہیں۔ جلد ہی کابینہ رائے دہندگان کے روبرو ان کی نامزدگی کا اعلان کرے گی۔

گذشتہ شب دمشق کے سفیر متعینہ مصر محسن بے البرازی نے قاہرہ میں اعلان کیا کہ دمشق کی ان کی فوری واپسی شام کی حکومت سے متعلق متعدد مسائل پر گفت و شنید کرنے کے سلسلہ میں ہے۔ انہوں نے کہا اتحاد شام و عراق کے منصوبہ کے سلسلہ میں مصر کی ہمدردی شام کے ساتھ ہیں۔

عراقی پارلیمنٹ کے ایک سابق صدر نے قاہرہ کے ایک شامی کے اخبار الزمان کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے کسی ایسی خبر کو بھی نہیں سنا ہے کہ الاتحاد عراق و شام کے منصوبہ کو عملی شکل دینے کے لئے شامی سرحد پر کچھ ہوا ہو۔ (ڈکلوب)

امریکہ کے ساحل پر ہٹلر کا جہاز

ساحل پر تماشا دیکھنے والوں کا ہجوم

نیو ہیون ۱۲ جون۔ ہٹلر کے جہاز "گرلی" کو دیکھنے کے لئے سینکڑوں امریکی دریائے ہڈسن کے ساحل پہنچ چکے آ رہے ہیں یہ خوبصورت اور آرام دہ جہاز بیلی بارجیہ [illegible] کے ساحل پہنچا ہے۔ یہ جہاز جو کہ بالکل سفید ہے ۲۴۴ فٹ لمبا ہے۔ اس کی رفتار ۳۰ ناٹ ہے جرمن عوام کو اس جہاز کی تیاری میں ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے خرچ کرنے پڑے تھے۔ اور اس نے اپنے فیوہرر کو یہ جہاز بطور تحفہ دیا تھا۔

اس جہاز میں ۲۴ کمرے مع غسل خانوں کے ہیں اور ہٹلر کے مخصوص بھی ہے ہٹلر اور ایوا براؤن اس جہاز کے ذریعے [illegible] زمانہ جنگ میں اس جہاز سے سرنگیں بچھانے اور گرانے کا کام لیا گیا تھا۔ [illegible]

روسی پہنچنے پر جانے کے بعد اس جہاز کو [illegible] (ڈکلوب)

گورنر جنرل شملہ میں

شملہ ۲۱ جون۔ مسٹر سی راجگوپال اچاری مہتہ گورنر جنرل کل دس روز کے دورہ کے لئے شملہ پہونچ گئے۔

چاندنی چوک کے واقعہ میں کوئی مسلمان گرفتار نہیں کیا گیا

ایک غلط اطلاع کی تردید

دہلی ۲۲ جون۔ کل دوپہر چاندنی چوک میں جو ہنگامہ ہو گیا تھا اس کی بابت لکھتے ہوئے اخبار "تیج" نے اپنی کل شام کی اشاعت میں لکھا ہے کہ اس سلسلہ میں دو مسلمان گرفتار کئے گئے ہیں۔

مولانا فقیہ الدین صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے جو اس موقعہ پر موجود تھے۔ اس خبر کی تردید کرتے ہوئے بتلایا ہے کہ چونکہ اس واقعہ میں کسی مسلمان کی طرف سے کوئی مجرمانہ حرکت نہیں ہوئی تھی۔ اس لئے کوئی مسلمان گرفتار نہیں کیا گیا۔

مولانا فقیہ الدین نے مزید بتلایا ہے کہ پنڈت جگن ناتھ ایس۔ پی۔ ڈی۔ ایس۔ پی کوتوالی شہر اور دوسرے پولیس افسر بھی موقعہ پر پہنچ گئے تھے۔ انہوں نے موقعہ کی تحقیق کی جس کے بعد یہ ثابت ہو گیا کہ اس واقعہ میں کسی مسلمان کی جانب سے کوئی شرارت نہیں ہوئی اور یہ الزام کہ ... ایک غلط افواہ اڑا کر بعض مسلمانوں کی دکانوں کو بند کر دی گئی تھی۔

تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ اس افواہ میں کوئی بھی صداقت نہیں ہے کہ ایک یا دو مسلمان [illegible] (ہمدم)

سی پی میں شراب کے راشن کا امکان

ناگپور ۲۱ جون۔ گلوب کو قابل اعتماد حلقوں سے اطلاع ملی ہے کہ حکومت سی پی اپنی شراب بندی کی پالیسی پر نظرثانی کرنے والی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس فیصلے کی بڑی وجہ پالیسی سے پیدا ہونے والے معاشی حالات اور معاشی پالیسی سے متعلق ماہرین کے مشورے ہیں۔

مزید معلوم ہوا ہے کہ شاید مکمل شراب بندی کے بجائے شراب کی راشن بندی کی ایک تجویز بھی زیر غور ہو گی۔ (گلوب)

اندھوں کے لئے عجائب گھر

لندن ۲۱ جون۔ حال ہی میں لندن کے سائنس میوزیم میں صرف اندھوں کے لئے بھی ایک عجائب گھر قائم کیا گیا ہے۔ ۲۰ کے قریب نمائشی اشیاء شیشوں پر اس طرح رکھی ہوئی ہیں کہ کوئی بھی کم از کم اندھوں کے ہاتھ آسانی سے پہنچ سکیں۔ ان اشیاء کے ساتھ ابھرے ہوئے حروف میں تفصیل بھی لکھی ہوئی ہے۔ نمائشی اشیاء میں کپڑوں کی مشین کے نمونے بنانے اور حمل و نقل کی دوسری مشینوں کے نمونے شامل ہیں۔ (گلوب)

ڈاکٹر لوہیا نے عدالت کی کارروائی کا بائی کاٹ کر دیا

پنڈت نہرو کو طلب نہ کرنے پر ملزمین کا احتجاج

دہلی ۲۲ جون۔ ڈاکٹر لوہیا اور دوسرے ۵۰ سوشلسٹوں کے مقدمات کی سماعت اچانک ختم ہو گئی یہ اس وقت کا ذکر ہے جب مسٹر پریم چند مجسٹریٹ قائم مقام جوائنٹ سکریٹری سوشلسٹ پارٹی نے عدالت کو مطلع کیا کہ ان سب نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اب کارروائی میں حصہ نہیں لیں گے۔ آج کنور مہندر سنگھ بیدی اپنا فیصلہ سنا دیں گے۔

ملزمین کے خلاف ۴ مئی کو نیپال ڈے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے امتناعی احکام کی پابندی کی خلاف ورزی میں جلوس نکالنے کا الزام ہے۔ جب عدالت نے ان کی وزیر اعظم کو طلب کرنے کی درخواست منظور کر دی تو ملزمان نے اس بات کا فیصلہ کیا۔ ملزمان نے کہا وہ آج عدالت میں ایک مفصل بیان دیں گے۔ عدالت نے ان کی درخواست کے جواب میں فیصلہ کیا کہ ان لوگوں کو طلب کرنے سے ملزمان کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ ملزمان کے وکیل ان پر جرح نہیں کر سکیں گے۔ اس لئے ان کی آمد بیکار رہے گی۔

[illegible] اگر وزیر اعظم اور دوسروں کو بطور گواہ صفائی طلب نہیں کیا جائے گا تو مکیں یہاں اثر پڑے گا لہٰذا گواہ طلب کرانا اور تینوں وجوہات سے ضروری ہے۔ جن میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ امن کے سفیر کی آج برسر اقتدار ہیں اور وزیر اعظم ان سفیر کو جہوریت کے سردار تھے۔ آپ نے کہا کہ ڈاکٹر لوہیا اور ربائی ملزمان کافی مشہور شخصیتیں ہیں۔ اس امر کو مدنظر رکھتے ہوئے ان سے یہ دریافت کرنا چاہئے ہیں کہ آیا پرامن ستیہ گرہ جرم ہے۔ ڈاکٹر لوہیا نے کہا کہ اس نے کے گواہوں کا اصل حکام نے چھایا ہوا تھا۔ آپ نے کہا کہ اگر کوئی مجرم تھا تو وزیر اعظم، نائب وزیر اعظم اور سرکار ملزم ہیں۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ تاکہ ان کا عدالت میں کوئی بیان ہوگا۔ (اسٹ)

امرت کور پوپ سے ملیں

روم ۲۱ جون۔ دہلی۔ پی۔ ٹی۔ آئی۔ راجکماری امرت کور وزیر صحت ہند نے آج ہندوستانی رومن کیتھولک پادریوں کے ہمراہ پوپ سے ملاقات کی۔ پوپ سے ان کی بات چیت ہندوستان میں کیتھولک چرچ کے مستقبل کا بھی ذکر آیا۔

[illegible] سرحد جانے والے ان کا استقبال کیا۔ مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم اور دوسرے وزراء اور ہماچل پردیش کے چیف کمشنر بھی استقبال کے لئے موجود تھے۔ (پی۔ ٹی۔ آئی)

ناظم اعلیٰ یو۔پی کا دورہ

بریلی (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ یو۔پی اور مولانا عبدالحمید صاحب اعظمی بریلی تشریف لائے آپ کی خواہش پر ارکان جمعیۃ علماء بریلی کا دفتر جمعیۃ علماء بریلی میں بعد عصر اجتماع ہوا آپ نے ان کو ہدایت فرمائی اور کہا کہ جمعیۃ کی ممبری اعزاز کے لئے نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد ملک و ملت کی خدمت تعلیم کی اشاعت اور لوگوں میں صحیح جذبہ خدمت وطن پیدا کرنا ہے۔ (نامہ نگار)

لاہور میں آتشزدگی کے مسلسل واقعات

سازش کا خطرہ۔ تحقیقات شروع ہو گئی

لاہور ۲۲ جون۔ ڈنلپ کمپنی کے دفتر میں آگ لگنے کے بعد آتشزدگی کے کئی چھوٹے چھوٹے واقعات ہو چکے ہیں۔ پولیس کو آتشزدگی کے ان مسلسل واقعات کی بابت شبہ ہے کہ ان کے اسباب کیا ہیں۔ فائر بریگیڈ کے حکام تحقیقات شروع کر رہے ہیں۔ حال ہی میں پاکستان ہوسٹن کمپنی اور فلمی پرچہ اداکار کا دفتر جل کر خاک ہو گیا۔ قریب ہی واقع ایک پریس بڑی مشکلوں سے بچایا جا سکا۔ (ا۔پ)

کسی وبا والے علاقوں کو

تین لاکھ من چھت بچا لیا گیا

جبلپور ۲۲ جون۔ ایک پریس کانفرنس میں مسٹر سی۔ پی کے سینئر منسٹر ڈاکٹر جنرل نے بتایا کہ گذشتہ چار ماہ میں مشرقی پنجاب پٹیالہ یونین اور یو۔پی سے تین لاکھ من چنا کی وبا کے علاقوں کو بھیجا گیا ہے۔ مسٹر شکلا نے کہا کہ مسٹر سین اور یو۔پی آئی [illegible] ہیں کہ چنا کے علاقوں کا دورہ کر کے ہیں کے نابروں سے ان سے درخواست کی ہے کہ اگر ان کی ضرورت کا پورا کیا تو یہ علاقے اس سلسلہ میں قابل ہو جائیں گے۔ (پی۔ ٹی۔ آئی)

اسلحہ برآمد

گورکھپور ۲۲ جون۔ نیپال کے ضلع بیگون کے رہنے والے ایک شخص کے پاس سے دو ریوالور اور دو سو کارتوس برآمد ہوئے۔ یہ شخص تو جی ملازمت سے ریٹائر ہو کر گھر واپس آ رہا تھا اس کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ (ا۔ آئی)

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی کھلی ۔۔۔ ۲۰ ۔۔ ۷۷ ہفتہ بازار ۔۔ ۱۷۷ سونا ۔ ۔۔ ۸۰ ۔۔ ۱۴۴ بازار اسونچ ۔۔ ۱۵۵ ستمبر ۸ ۔۔ ۱۰۸ گڑ حاضر ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۵ چاکھن کھلا ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۱۰ جند ۔۔ ۱۳ ۔۔ ۹ شکر ۔۔ ۱۸ روپے کونٹل ۔۔ ۳۱ کھنڈسار ۔۔ ۲۰ سے ۲۹ روپے سرسوں ۔۔ تیل ۔۔ کھلی ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۸ تا میر ۲۴ مونگ پھلی ۔۔ ۸ ۔۔ ۱۱ ابنولہ ۔۔ ۱۵ ارہر ۔۔ ۱۲ مونگ ۔۔ ۱۵ مسور ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۶ روپے لشر ۔۔ ۶ ۔۔ ۱۳ کھادر ۔۔ ۳ ۔۔ ۱۲ ابیر ۔۔ ۶ ۔۔ ۱۲ جادون مکی ۔۔ ۱۷ ۔۔ باجرہ ۔۔ ۱۹ جوار ۲۲۰ روپے گیہوں ۔۔ ۱۹ چنے ۔۔ ۱۵ ۔۔ ۱۳ آلو ۔۔ آٹی گیہوں ۔۔ ۲۰۰ من چنے ۔۔ ۷۰۰ سرسوں ۔۔ ۳۰ گڑ ۔۔ من

دہلی کریانہ مارکیٹ

دہلی ۔۔ ۲۲ ہلدی ہوت ۔۔ ۲۹ ہلدی کھلی ۔۔ ۲۵ گرد ہلیکی نرا ۔۔ ۶۵ گرد ہلیکی ۔۔ ۴۳ روپے گنزی ۔۔ ۲۳ کشمش ۲۰ روپے ۔۔ ۱۰ روپے آب جوش ۔۔ ۷۰ سے ۱۰ روپے مرچ لال ۔۔ ۸۰ سے ۹۱ روپے مرچ کالی ۔۔ ۲۲۸ سونٹھ ملیالی ۔۔ ۱۰ زیرہ سفید ۔۔ ۵۰ ۔۔ ۸۵ ۔۔ ۵۵ لونگ ۔۔ ۴۲ ۔۔ بادام کاغذی ۔۔ ۳۵ بادام گرزی ۔۔ ۱۳۰ روپے بادام دو دانہ ۔۔ ۶۶ بادام گول کاغذی ۔۔ ۱۰۳ الائچی چھوٹی ۔۔ ۱۵ الائچی بڑی ۔۔ ۱۰ رنگ دار چینی ۔۔ ۲۲ الائچی بڑی ۔۔ ۸۶ املی ۔۔ ۱۱ پوست دانہ ۔۔ ۶۵ روپے گوند کلائی ۔۔ ۸ ۔۔ ۷ کتھا کا پوری ۔۔ ۱۰۰ روپے ۲۰۰ چائے کالی ۔۔ ۱۶۰ روپے سپاری ۔۔ ۵ ۔۔ ۷۵ پھٹکری سفید ۔۔ ۵ ۔۔ ۱۵ کبی کالی ۔۔ ۱۱ روپے مہندی پتہ ۔۔ ۲۰ سے ۲۸ پھٹکری لال ۔۔ ۱۶ روپے

دہلی بازار صرافہ

چاندی حاضر ۔۔ ۱۷۴ سکہ ۔۔ ۱۲۲ روپے ۔۔ گنی ۔۔ روپے سونا پانسہ ۔۔ ۹ ۔۔ ۱۱۸ روپے ۔۔ تیجار ۔۔ ۱۱۷ ۔۔ ۸ تولہ ۔۔ گنی ۔۔ ۵ ۔۔ ۸۵ روپے

دہلی غلہ مارکیٹ

چھلکا نخود ۔۔ ۱۰ ۔۔ ۸ مٹر ۔۔ ۱۲ مسور ۔۔ ۱۳ ۔۔ ۱۲ ارہر ۔۔ ۱۳ گوار ۱۵ ۔۔ ۱۱ چنا کابلی ۔۔ ۲۲ مونگ پھلی ۔۔ ۱۷ روپے بنولہ ۔۔ ۱۵ تیل سرسوں خالص ۔۔ ۷۲ تیل ارنڈی ۔۔ ۵۲ تیل تل ۔۔ [illegible] گڑ کھڑا ۔۔ ۱۶ گھانڈ ۔۔ ۲۱ ۔۔ لال دیسی ۔۔ ۱۱۲ سفید دیسی ۔۔ سونٹھ ۔۔ ۵ ایک عشر تی روپے

میا منڈی مارکیٹ دہلی

لیمپ فی درجن بغیر چمنی ۔۔ ۲۵ روپے۔ ساٹن ۔۔ ۲۴ روپے ۔۔ ہیڈ ریم لیمپ ۸ شیشہ دالا ۔۔ ۸ ۔۔ ۷ روپے فی درجن گرڈی طاسیں ۔۔ ۴ استرے ملی ۔۔ ۸ ۔۔ ۴ روپے زین الی کالی ۔۔ ۴ رسل سکا ڈولٹ ۔۔ ۲ روپے درجن رسل خوردہ ۔۔ ۲ درجن گلا فی درجن روز کورا ۔۔ ۱ روپے ۱۰ آنے ۲ ۔۔ ۳ روپے

یکم جنوری سے اب تک پونے گیارہ لاکھ ٹن گیہوں برآمد کیا گیا ہے

ملک کی حوراک کی حالت بہتر بنانے کے لئے حکومت کی مساعی

دہلی ۲۲ جون۔ بین الاقوامی ادارہ خوراک و زراعت کی مستقل کمیٹی کا اجلاس پچھلے دنوں پیرس میں ہوا اس اجلاس میں یہ واضح طاہر کیا گیا کہ اس وقت دنیا میں خوراک کی پیداوار زمانہ قبل از جنگ کی پیداوار کی برابر ہے۔ لیکن لوگوں کی کسی کم خوراک میسر آتی ہے۔ کیونکہ آبادی میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ مسٹر نورس ڈاڈ ڈائریکٹر جنرل بین الاقوامی ادارہ خوراک و زراعت کا بیان ہے کہ مشرق بعید اور قریب میں خوراک کی پیداوار بڑھانے کے لئے مزید بیش بہا اضافہ ضروری ہے اس مقصد کے پیش نظر ہندوستان میں بھی اناج کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے بہتر طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ جس کے استعمال سے گندم میں ایک آدھ فی صدی خراب نہیں ہوتے۔

مغربی پنجاب (پاکستان) کی حکومت اعلان کرتی ہے کہ وہاں زرعی آمدنی پر انکم ٹیکس قانون ۱۹۴۹ء نافذ کر دیا گیا ہے جس کی رو سے سات سو روپیہ سے زائد زرعی آمدنی پر انکم ٹیکس لگایا جائے گا۔

۱۷ جون ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں غیر ممالک سے اناج کی حسب ذیل مقداریں برآمد کی گئی۔ گندم پچاس ہزار ٹن چاول پانچ ہزار اسی سو ٹن۔ جو دس ہزار ٹن۔ ملیٹ بارہ ہزار دو سو ٹن۔ یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے لیکر اس وقت تک حسب ذیل غیر ممالک سے حسب ذیل اناج درآمد کیا گیا۔ گندم دس لاکھ چھیاسی ہزار تین سو ٹن۔ چاول پانچ لاکھ گیارہ ہزار ٹن۔ جو ایک لاکھ اکیس ہزار پانچ سو ٹن۔ باجرہ ستر ہزار چھ سو ٹن۔ مکی ایک لاکھ نو ہزار تین سو ٹن۔ ملیٹ پانچ ہزار دو سو ٹن۔ ملیٹ ایک لاکھ ہاتھ ہزار آٹھ سو ٹن۔ اور دیگر سات ہزار چھ سو ٹن۔

بمبئی میں ٹریکٹروں کی امداد سے تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار ایکڑ بنجر زمین کھیتی کے قابل بنانے کے لئے اور گھاس پات سے ... زمین کو صاف کیا گیا۔ اور اس کے کاشت کاری کے قابل بنایا گیا ہے کہ کاشتکاروں کی ٹریکٹروں کی مانگ بھی بہت بڑھ گئی ہے۔

چیکوسلوواکیہ سے پچیس ٹریکٹر منگانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ صوبجات متوسط میں یکم اکتوبر ۱۹۴۸ء سے لے کر ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء تک گیارہ ہزار دو سو بیالیس نئے اور پانچ ہزار ... کنوؤں کی تعمیر اور مرمت کرنے کے لئے کاشتکاروں کو قرضے تقسیم کئے گئے ہیں۔

دہلی میں راشن میں اضافہ

دہلی میں راشن کا وزن بارہ اونس سے بڑھا کر چودہ اونس کر دیا گیا ہے۔ جس میں سے دس اونس گندم یا چاول کی شکل میں اور باقی چار اونس چنے یا جو کی شکل میں لیا جا سکتا ہے۔

شہر مدراس کے گندے پانی کو خوراک کی پیداوار کے لئے استعمال کرنے کی تجویز پر سرگرمی سے غور ہو رہا ہے فی الحال چار ہزار چار سو ایکڑ زمین میں اس گندے پانی سے آبپاشی کی جائے گی۔ ایسا کرنے سے پیداوار میں چھ من فی ایکڑ کے حساب سے اضافہ ہوگا۔

حکومت ہند نے چینی اور دیگر ہسپتالوں کی آمدنی پر ایک پیسہ فی روپیہ کے حساب سے کچھ ٹیکس لگایا ہے کافی اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء سبزہ اور نباتات پر بھی ٹیکس کم کیا جائے گی۔

کشمیر کے لئے اناج کی پیشکش

مارٹنیل ۲۲ جون۔ یہاں تقریر کرتے ہوئے مسٹر لیاقت علی خاں نے کہا امن عالم کا انحصار مسئلہ کشمیر پر ہے انہوں نے کہا ہم نے انسانی ہمدردی کی بناء پر اور بلا قیمت کشمیر کے اس حصہ میں لوگوں کو خوراک اور اناج بھیجنا چاہا تھا لیکن اب ہندوستانی فوجوں کا قبضہ ہے ہندوستان کے مقبوضہ کشمیر کی حالت بہت خراب ہے۔ ہمیں اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ بہت سے لوگ فاقوں سے مر رہے ہیں۔ پاکستان کی ذاتی نہیں وہ تو صرف مصیبت زدہ انسانیت کی مدد کرنا چاہتا ہے اگر ہندوستان کو کوئی خطرہ ہو تو پاکستان بین الاقوامی ریڈ کراس کے ذریعہ اناج سپلائی کرنے پر آمادہ ہے انہوں نے اس بات کی بھی پیشکش کی کہ کشمیر میں اناج کی سپلائی کا انتظام کرائے گا۔ لیاقت علی خاں نے کہا کشمیر کے ساتھ تحفظات کے جو معاہدے ہوئے ہیں ان سے [illegible] پہلے گیہوں اور آلو کی بھی ہمیں اس بات کی بھی امید ہے کشمیر کے بھی اس سلسلہ میں اچھا رویہ اختیار کرے گا۔ (ا۔ پ۔ ا)

گیہوں اور دالوں کی قیمتوں میں مزید کمی

خوک قیمتوں کا اتار چڑھاؤ

دہلی ۲۲ جون۔ اقتصادی مشاورتی انٹی ٹیوٹ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان میں غذائی قیمتوں میں ۱۴ مئی ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ میں اعشاریہ ایک فی صدی اضافہ ہوا ہے۔

زیر تبصرہ ہفتہ میں اناج کی قیمتوں میں بہت معمولی کمی ہوئی گیہوں میں ۵ فی صدی دال اور گڑ میں تین فی صدی کمی ہوئی۔ حالانکہ جوار اور گڑ کی قیمتوں میں چار فی صدی اضافہ ہوا۔

صنعتی خام مال کے سلسلہ میں خام مینگنیز ۸ فی صدی کی تیل بیج، سن، کپاس اور کچی کھالوں میں ۲ فی صدی کی کمی ہوئی۔ خام ریشم کی قیمتوں میں ۵ فی صدی کا اضافہ ہوا۔ بھیڑ کی کھالوں، بکری کی کھالوں اور جست میں چار فی صدی اور تانبہ میں تین فی صدی کی کمی ہوئی۔ پیتل کی قیمتوں میں ۸ فی صدی کا اضافہ ہوا۔

لوہے اور فولاد کی بنی ہوئی چیزوں کی قیمتوں میں ۲ فی صدی اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ کاغذ میں چار فی صدی اور شراب میں ۲ فی صدی اضافہ ہوا اور سن کی بنی ہوئی چیزوں میں دو فی صدی کمی ہوئی۔ تمباکو کی قیمتوں میں ۸ فی صدی کمی ہوئی۔

دفتر جمعیۃ علماء جودھپور میں تراویح

امسال ماہ رمضان المبارک کی تراویح دفتر جمعیۃ علماء جودھپور واقع حاجی عبداللہ بلڈنگ ریلوے روڈ میں حافظ محمد یاسین صاحب تھانوی سنائیں گے۔ جمعیۃ جودھپور زیادہ سے زیادہ شریک ہو کر ثواب حاصل کریں۔ (ناظم جمعیۃ علماء جودھپور)

جنرل کیری آپا حیدرآباد میں

حیدرآباد ۲۲ جون۔ بہنڈیا کمانڈر انچیف کی ... لفٹننٹ جنرل راجندر سنگھ جی حیدرآباد آئے ہیں آپ یہاں تین روز تک قیام کریں گے۔ ہندوستانی فوج کے کمانڈر انچیف جنرل کیری آپا بھی [illegible]

سونے اور افیون کے ذخیرے پر قبضہ

ہانگ کانگ ۲۱ جون۔ ہانگ کانگ کی پولیس نے غیر قانونی سونے اور افیون کے ذخیرے پر قبضہ کر لیا ہے۔ مکاؤ سے آنے والے ایک جہاز پر سے ۶۰۰ اونس غیر قانونی سونا برآمد کیا گیا۔ اور گذشتہ روز شہر کے ایک گودام سے ۵ لاکھ ہانگ کانگ ڈالر سے زیادہ مالیت کی افیون برآمد کی گئی۔ (گلوب)

روح افزا
گرمی کے موسم کی بہترین
شربت
مرض دیکھنے کے لیے
Hamdard

عید کارڈ کلام اللہ شریف، دینیات عید کارڈ، حکمت، طبابت، تصوف، دستکاری جملہ فنون کی کتابیں جو کہیں نہ مل سکیں وہ فراہم کرنا ہمارا کام ہے بروقت منگانے پر عید کارڈ و فہرست کتب مفت (دو پیسے کا ٹکٹ بھیجیں)
جنرل ایجنسی بلیماران دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علما نمبر مفت حاصل کیجئے
اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں، لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پاس صحیح اور مکمل پتے بھیج کر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر قیمتی آٹھ آنہ مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۲۵ رمضان تک کے لئے ہے۔
[illegible]
منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دانتوں کی ہر قسم تکلیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے
دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران دہلی کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

عینکیں، شیشے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید آپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچررز بازار بلیماران دہلی

تازہ خبر
ادویات یونانی اور ڈاکٹری۔ بیماری کا نام وغیرہ جسٹرڈ کرانے کے لئے فوراً لکھیں یا تشریف لاویں۔
کلکتہ ٹریڈ مارک کمپنی فراش خانہ چاندنی چوک دہلی

مفت! مفت!
"کمپنی ٹیریز گائیڈ اینڈ ڈائری" برائے سال ۱۹۴۹-۵۰ء مقابلہ میں شامل ہونے والے ہر ایک کو مفت دی جائے گی (جو صاحب مذکورہ کتاب بذریعہ رجسٹری طلب کرنا چاہتے ہوں وہ اپنے حل کے ہمراہ پانچ آنہ زائد ارسال فرمائیں)
مبلغ 20000 روپے جیتئے
مقابلہ نمبر 67

پہلا انعام مبلغ 10,000 روپے	دوسرا انعام مبلغ 5,000 روپے	فیس مبلغ ایک روپیہ	
تیسرا انعام مبلغ 2,500 روپے	چوتھا انعام مبلغ 1,000 روپے	فی انٹری	

خاص انعامات:- مبلغ 500 روپے مقابلہ میں شامل ہونے والے پہلے پچاس کیلئے [illegible]
حل کرنے کا طریقہ [illegible]
Address all your Entries and Fees to:
THE STERLING TRADES CORPORATION (67)
16, SAIDAPET MADRAS-15.

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۲۷ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

جاپانی جہاز کی طوفان میں تباہی

[illegible]

عربوں اور یہودیوں میں صلح کے امکانات ختم ہوگئے

دونوں پارٹیاں اپنی پالیسی بدلنے کیلئے تیار نہیں

مصالحتی کمیشن نے سکریٹری جنرل اقوام متحدہ کو رپورٹ بھیجدی

اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن نے گذشتہ شب فلسطین کے متعلق اپنی پالیسی کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ عرب اور یہودیوں کے متضاد رویہ سے ایسی صورت حالات پیدا ہوگئی ہے کہ عرب پناہ گزینوں اور اسرائیل کی سرحدوں سے متعلق بنیادی مسائل [illegible]

[illegible]

چینی حکومت کیخلاف احتجاج کی ہدایت

[illegible]

الہ آباد میونسپل بورڈ کے ملازمین ۱۵ جولائی سے بھوک ہڑتال کرینگے

[illegible]

کراچی کی بین المملکتی کانفرنس میں متعدد تجارتی سمجھوتے

ہندوستانی ڈیلی گیشن آج واپس آجائے گا

[illegible]

چینی ہوائی جہازوں کی برطانوی جہازوں پر دوبارہ بمباری

جلد ہی ایک سرکاری اعلان کی توقع

[illegible]

اردو نام کے بجائے انگریزی نام

[illegible]

ہانگ کانگ میں ایک کمانڈر اعلیٰ مقرر کردیا گیا

برطانوی دارالعوام میں وزیر دفاع کا انکشاف

[illegible]

ڈچ انتخابات میں کمیونسٹوں کو شکست

[illegible]

کمیونسٹوں نے چین میں باقاعدہ حکومت بنانے کی تیاریاں شروع کردیں

قومی جھنڈا وغیرہ بنانے کیلئے ایک کمیٹی کا تقرر

کمیٹی میں مذہب اور اقلیت کے نمائندے بھی شامل ہیں

خارجہ پالیسی کے بارے میں ماؤزے تنگ کا اعلان

[illegible]

یوپی کے مزید ضلعوں میں شراب بندی

[illegible]

پناہ گزینوں کو آباد کرنے کے لئے

چار نئے شہر بسائے جائیں گے

[illegible]

برلن کی ریلوے اسٹرائک

بدستور جاری ہے

[illegible]

کشمیر کمیشن کا ایک ممبر کراچی کے لئے روانہ ہوگیا

پاکستانی جواب کے سلسلہ میں گفتگو کی جائے گی

[illegible]

فرقہ پرستی سے الگ ہو کر ہی ہند کا مستقبل روشن ہوگا

کشمیری طلباء کے روبرو حضرت مولانا آزاد کی تقریر

[illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزنامہ الجمعیۃ

Delhi 24-6-49

ضروری اشیاء کے تبادلہ پر ہند و پاکستان کے درمیان کانفرنس

تجارتی امور پر دوستانہ فضا میں غور و خوض ایک دوسرے کی ضرورت کا احساس

[illegible]

مصر اور اطالیہ میں نئے ہندی سفیر

[illegible]

[redacted]

معاہدہ پیرس کا رد عمل

امریکہ اطالیہ جرمنی اور روس کے تاثرات

[illegible]

سازش کرنے والوں کو ختم کردیا جائیگا

شنگھائی ملٹری کنٹرول کمیشن کے نائب صدر کا اعلان

شنگھائی ۲۳ جون۔ شنگھائی ملٹری کنٹرول کمیشن کے ڈپٹی چیرمین جنرل سویو نے شنگھائی میں ساز باز کرنے والے رجعت پسندوں کی موجودگی کی سخت مذمت کی اور اس بات پر زور دیا کہ ان سب کا صفایا ہوجانا چاہیے۔

[illegible]

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا بیان

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

عوام کی طاقت

[illegible]

شنگھائی کے اسپتالوں میں زخمی فوجی

[illegible]

مسٹر خورشید لال دہلی میں

[illegible]

مغربی بنگال کے کئی دریاؤں میں سیلاب

حکومت مغربی بنگال کا پریس نوٹ

[illegible]

جائداد کی بین المملکتی کانفرنس

[illegible]

جرمنی میں نازیت کا احیاء ہورہا ہے

چین کی حالت پر ڈاکٹر ایوٹ کا بیان

[illegible]

امریکہ میں نسلی امتیاز کا خاتمہ

[illegible]

ویٹ نام کی حکومت کا قیام

امریکہ کا اظہار پسندیدگی

[illegible]

سب سے پرانے انسان کی ہڈیاں ملیں

[illegible]

کابل میں نیا برطانوی سفیر

[illegible]

اقوام متحدہ کے نئے ممبر

ایک درجن درخواستوں پر غور

[illegible]

ہتھیار شماری کی تجویز نامنظور

[illegible]

ہند کی سیکولر اسٹیٹ کو مضبوط اور طاقتور بنانے کیلئے امن اور اتحاد ضروری ہے

سرکردہ اصحاب کے جلسہ میں اہم تقریریں

[illegible]

سابق وزیر اطلاعات برطرف

[illegible]

ملایا کے باغی جنگ سے عاجز آگئے ہیں

[illegible]

ایک ضروری تصحیح!

[illegible]

برطانوی کمانڈنٹ کے خط پر غور کرنے کے لئے جلسہ

مغربی برلن کی ریلوں کی ہڑتال

[illegible]

زیادہ بڑے اور وسیع پیمانے پر مزاحمت

کارخانوں کا انہدام روکنے کے لئے جرمنوں کا فیصلہ

[illegible]

اہل اسلام حضرات سے ضروری اپیل

[illegible]

ایک عجیب قبائلی مقدمہ

[illegible]

ڈچ فوجیں کل جمہوریوں کے دارالسلطنت جوگجاکرتا خالی کردینگی

بٹاویہ کی گفت وشنید کامیاب ہوگئی

ایک خودمختار متحدہ انڈونیشیا کے قیام کی اسکیم

بٹاویہ ۲۳ رجون۔ ڈاکٹر بیچ ... اقوام متحدہ کے انڈونیشی کمیشن میں ڈچ ڈیلی گیشن کے لیڈر ہیں انہوں نے اعلان کیا ہے کہ ڈچ فوجیں ۲۴ رجون کو جمہوریوں کے دارالسلطنت جوگ جاکرتا کو خالی کردیں گی۔ اس انخلا کے بعد وہ جھگڑا ختم ہوجائے گا جو گذشتہ چھ ماہ سے ڈچ فوجوں کے جوگ جاکرتا پر قبضہ جمانے کی وجہ سے چل رہا تھا۔

[redacted]

پریس نوٹ

پریس نوٹ میں جو کانفرنس کے بعد جاری کیا گیا کہا گیا ہے کہ ڈچ حکومت آج اپنی فوجوں کے نام حکم جاری کر رہی ہے کہ ... جون سے خالی کرنا شروع کردیں۔ ... حکومت بحال ہوسکے گی۔

ایک فاحش غلطی کی تصحیح

کل کے الجمعیۃ میں ایک بہت سخت غلطی ہوگئی ہے مولانا محمد میاں صاحب کے مضمون میں جس کا عنوان ہے ...

اصل عبارت یہ ہے۔ مسلمانوں کے اصول چار خانے اور شربت خانے اس مہینے میں بند رہنے چاہئیں

اس عبارت میں شربت خانے کے بجائے شراب خانے چھپ گیا ہے۔ ادارہ کو اس فحش غلطی پر ندامت ہے۔

زبان کے مسئلہ پر تمام سکھ متفق ہیں

گردوارہ پربندھک کمیٹی کا اجلاس

امرتسر ۲۳ رجون۔ جہاں تک صوبائی زبان کا تعلق ہے تمام سکھ اس مسئلہ پر متفق ہیں۔ ...

اینگلو ایرانین آئیل کمپنی اور حکومت ایران

معاہدے کیلئے گفت وشنید جاری ہے

طہران ۲۳ رجون۔ ابھی تک حکومت ایران اور اینگلو ایرانین آئیل کمپنی کے درمیان کم از کم سالانہ معاوضہ کے متعلق کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا ہے۔ ایران کے وزیر مالیات نے انکشاف کیا ہے کہ گفت وشنید کے دوران میں حکومت نے کم از کم ... سالانہ معاوضہ کا مطالبہ کیا تھا۔ لیکن کمپنی نے اتنی رقم دینے سے یہ کہہ کر انکار کردیا ہے کہ ساری دنیا میں تیل کی قیمت گرگئی ہے اور شاید اور بھی گرجائے۔ ... ایرانی وزرا کی رائے ہے کہ گفت وشنید کو جاری رکھا جائے۔ (دگلوب)

[redacted]

لکھنؤ میں گرمی کی شدت

دو اشخاص ہلاک۔ کئی بیمار

باؤدائی خود حکومت بنائینگے

پاکستان کے مہاجرین کی کانفرنس

لاہور ۲۳ رجون۔ ۲۵ رجون سے ۲۷ رجون تک تمام پاکستان کے مہاجرین کی ایک کانفرنس ہوگی جس میں مغربی پنجاب، سندھ، سرحد، صوبہ بلوچستان کے نمائندے شریک ہوں گے۔ ...

شام میں شہری قوانین کا نفاذ

برطانوی نمائندہ سے حسنی الزعیم کی ملاقات

دمشق ۲۳ رجون۔ شام میں آباد آرمینیا کے کئی ہزار ... جو شام ہی میں آباد رہیں گے۔ ... انخلا کرجانے کا فیصلہ کرچکے تھے۔

فوجی انقلاب کے بعد سے شام میں جب سے کرنل حسنی الزعیم کی حکومت برسراقتدار آئی ہے پورے شام میں صرف فوجی قوانین رائج کردئے گئے تھے۔ اب تمام عدالتوں میں شہری قوانین دوبارہ رائج کردئے گئے ہیں۔

بیروت میں مقیم شرق اردن کے نمائندے نے حکومت لبنان سے درخواست کی ہے کہ شرق اردن کے لئے بیروت کے رستے سے اسلحہ منگانے کی اجازت دی جائے۔ اگر اجازت مل گئی تو اسلحہ بیروت کی بندرگاہ پر اتارے جائیں گے اور پھر لبنانی علاقے سے عمان روانہ کردئے جائیں گے۔

لندن کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ برطانوی دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے اس خبر کی تصدیق کردی کہ شام میں مقیم برطانوی ... [redacted] ... نے یہ بتانے سے انکار کردیا کہ دونوں نے کس موضوع پر گفت وشنید کی۔ (دگلوب)

ایک ہندوستانی سرمایہ دار کا اغوا اور رہائی

۳ لاکھ روپے کی ادائیگی کی اطلاع

رنگون ۲۳ رجون۔ ... ایک ہندوستانی مالک مسٹر ... لال نرائن داس کو ۸ رجون کو باغی پکڑ کر لے گئے تھے۔ اب ان کو چھوڑ دیا گیا ہے۔ ... (دپ ٹ۔ رانس)

پناہ گزینوں کے مکانات سے

چاندی برآمد ہوئی دو اشخاص گرفتار

امرتسر ۲۳ رجون۔ امرتسر کے ... پناہ گزینوں کے مکانات سے امرتسر پولیس نے ۲۰ من چاندی ...

گورنر مغربی پنجاب کے مشیر مقرر کئے جائیں گے

صوبائی لیگ مشاورتی کونسل مقرر کریگی۔ جسے کابینہ کے اختیارات حاصل ہونگے

راولپنڈی ۲۴ رجون۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ نے پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی کی دعوت پر مغربی پنجاب کا نظم ونسق سنبھال لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلہ میں مغربی پنجاب مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کی کل رات ایک بیان جاری کیا جس میں اس بات کا اعلان کیا گیا کہ صوبہ میں گورنری راج کی وجہ سے پیدا شدہ سیاسی الجھن کو دور کرنے کے لئے ورکنگ کمیٹی نے صوبہ کا نظم ونسق سنبھالنے کے لئے مشاورت منظور کرلیا ہے۔

برما اور چین کی سرحد پر نیشنلسٹ فوجوں نے ایک شہر پر قبضہ کر لیا

فوج کی بغاوت کے باعث شہر حکومت کے ہاتھ سے نکل گیا تھا

ڈھاکہ یونیورسٹی میں اردو کورس

کرن باغیوں نے

ایک اہم مقام پر قبضہ کر لیا

کمیونسٹوں کے خلاف اقدام

حیدرآباد میں گرفتاریاں

کراچی میں کمیشن کے نمائندوں کا قیام بہت مختصر ہوگا

ہمیں اب بھی کامیابی کی امید ہے۔ اراکین کمیشن کا بیان

میسور کے اسکاؤٹوں کا دورہ سیلون

اسرائیل کو جانے والے سامان پر سے پابندیاں اٹھا لی گئیں

وزیراعظم مصر کا نیا حکم ڈاکٹر بنچ کی سفارش

مسئلہ انڈونیشیا پر ٹائمز کا تبصرہ

انخلا کنندگان کی جائداد کا مسئلہ طے کرنے کے لئے کراچی میں اہم کانفرنس

ہندوستانی ڈیلیگیشن کے ممبر کراچی کیلئے روانہ ہو گئے

لکھنؤ اور الہ آباد میں سخت لو میں

دس اشخاص ہلاک ہو گئے

حکومت افغانستان کی تجویز

امریکہ، برطانیہ اور روس مداخلت کریں

پارسل سے پستول کارتوس اور بارود برآمد ہوئی

کانپور اسٹیشن پر دھماکہ

گیہوں کی ناجائز برآمد

ریلوں میں چوری کرنے والا گروہ

تین اشخاص گرفتار کر لئے گئے

سوڈا لیمن شراب اور نوسیر بھنگ

حلوائی کی دکان سے برآمد ہوئیں

اٹلی کی ہڑتال ختم

ویٹ نام میں پھر جنگ شروع ہو گئی

کالم پانچ سے آگے

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے ناگ ہیر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi-25-6-49

ہندوستان کو امریکہ کی ضرورت ہے

نیویارک میں مسز پنڈت کی تقریر!

نیویارک ۲۳ جون۔ ہندی سفیر مسز وجے لکشمی پنڈت نے امریکہ کے مشہور اخبارات کے کلب میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ہندوستان میں اس پر زیادہ زور دیا جا رہا ہے کہ ہندوستان کو ایک جمہوری ملک بنا دیا جائے اور ایشیا میں اس کو جمہوریت کی محافظ طاقت قرار دیا جائے۔ مسز پنڈت حال ہی میں امریکہ کا ایک دورہ کرنے والی ہیں تاکہ وہ ہندوستان کی ضرورتوں کو سمجھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے حالات سے آپ لوگوں کو واقفیت ہے اور اس کی ضرورت نہیں کہ آپ کو یہ بتایا جائے کہ وہاں کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنا ہی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

ہے۔ اور میں آپ کو یاد دلاتی ہوں کہ یہ امریکہ کے لئے ایک موقع ہے۔ ہندوستان وہ سب سے بڑا علاقہ ہے جہاں امریکہ کی تجارت دونوں کے مفاد کے لئے وسعت پا سکتی ہے۔ اور ایشیا کے کروڑوں عوام کے لئے نئی امید پیدا کر سکتی ہے۔ ہماری نظریں آپ کی طرف اٹھی ہوئی ہیں کہ آپ بہتر دنیا کی تعمیر میں تیزی سے اقدام کریں گے۔

ہندوستان کی جمہوری روایات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حضرت عیسیٰ سے کئی سو برس پہلے گپت خاندان کے عہد میں ہندوستان کی بنا پر جمہوریت کو صرف مغرب کا ہی حق تصور کیا جاتا ہے۔ اور جب کبھی کوئی مشرقی قوم جمہوریت کا مطالبہ کرتی ہے تو اس پر اظہار تعجب کیا جاتا ہے۔

ہانگ کانگ میں چینیوں کو انکے حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے

برطانوی حکام پر پیکنگ ریڈیو کا الزام

آسٹریا کے علاقہ پر یوگوسلاویہ کا دعویٰ ٹھکرا دیا گیا

یوگوسلاویہ کا زبردست احتجاج

چین کی کمیونسٹ بندرگاہوں کی ناکہ بندی

حکومت چین کی تنبیہ پر امریکہ میں غور

ہند اور فرانس کو نیک احساس اور رواداری کی ضرورت ہے

دونوں ملکوں کو لندن کے ایک اخبار کا مشورہ

وزراء خارجہ کے اجلاس میں ناکامی

کے باعث میثاق اوقیانوس پر مسٹر ایچی سن کا بیان

ہند خود ساختہ سفید اور سرخ آمریت کی مزاحمت کریگا

ہم آزاد ہیں اور کسی کے محتاج بننا نہیں چاہتے مسٹر طیابی کی تقریر

برطانوی دارالعوام میں مشورے

بقیہ صفحہ اول

افغانستان نے دریائے سندھ تک کے علاقے کا مطالبہ کر دیا

۱۲ جون کی بمباری پر برطانوی دفتر خارجہ میں افغانی سفیر کا احتجاج

سرکاری کاموں میں ہندی استعمال نہ کرنیوالوں کو سزائے جرمانہ

مدھیہ بھارت کی نادر شاہی

سزاؤں اور جرائم کا ادارہ

گوئٹے مالا ۲۵ واں ممبر ہوگا

حیدرآبادی زرعی کمیٹی کا سوالنامہ

مغربی پنجاب میں ۱۹۵۰ء کے موسم گرما میں عام انتخابات ہونگے

راولپنڈی میں لیاقت علی خاں کی تقریر

یونین ماہی گیران کا وفد چیف کمشنر کے سکرٹری سے ملا

برطانوی جہاز پر بمباری

حکومت برطانیہ کا اظہار مذمت

پاکستان اور برطانیہ میں اسٹرلنگ

فاضلات کی گفت و شنید میں تعطل

پاکستان کیلئے چاول کا کوٹہ

پٹھانوں، عربوں اور ایرانیوں کو حق ووٹ سے محروم کر دیا گیا

بمبئی میں فہرست رائے دہندگان کی تیاری

ڈنمارک کے ساحل پر سرنگ ملی

۲۳ لاکھ روپیہ خورد برد کرنے کا مقدمہ

پاکستانی ہونے کی وجہ سے مقدمہ نہیں چل سکتا

اسرائیل میں عربوں کی گرفتاری

عربوں کی تلاشیاں بھی لی گئیں

مسلم چیمبر کے اجلاس میں

مسٹر صدیقی کی تقریر

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کے لئے

کتب خانہ رشیدیہ ـ راشد کمپنی دیوبند (یو۔پی)

کلیمی انجمن زمین سرمہ

امراض چشم

محمد حسین جمیل کلیمی انجمن زمین ساز محلہ شاہ آباد بانس بریلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

سرحد اور افغانستان کے پٹھان پاکستان کے خلاف بغاوت کر دیں گے

لندن میں سفیر افغانستان کی طرف سے انتباہ

پاکستان سے پٹھانوں کی آزادی تسلیم کرنے کا مطالبہ

برطانیہ سے فیصلہ کرانے کی درخواست کی جانے لگی

لندن ۲۳ر جون - یہاں افغانی سفیر نے آج انکشاف کیا کہ افغانستان نے برطانیہ سے کہا ہے کہ وہ صوبہ سرحد اور قبائلی علاقہ کے ... لاکھ پٹھانوں کے مستقبل کے متعلق پاکستان سے افغانستان کے تنازعہ کو ختم کرانے میں امداد دے۔ افغان سفیر نے اعلان کیا کہ افغانستان کے لئے یہ زندگی اور موت کا سوال ہے۔ ہم اپنے لاکھوں بھائیوں کو کبھی پاکستان کا جزو نہ بننے دیں گے۔

افغان سفیر نے اعلان کیا کہ ہم صوبہ سرحد کو پاکستان کا حصہ تسلیم نہیں کرتے، پاکستان قبائلی علاقہ کا بھی مطالبہ کرتا ہے ہم اسے ہرگز تسلیم نہیں کریں گے۔ ... ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان حکومت پٹھانوں کی آزادی کی حقیقت کو تسلیم کرے اور پختونستان کو پاکستان کا ایک حصہ نہ سمجھے۔

سفیر افغانستان نے جو حال ہی میں کابل سے واپس آئے ہیں ... [redacted]

آب پاشی کی شرحوں میں اضافہ

[redacted] ... نے خریف کی فصل میں آب پاشی کی شرحوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ ... اور چاول پر ... فیصدی اور دوسری چیزوں پر ۵ فیصدی اضافہ کیا ہے۔ یہ اضافہ حکومت کی ... کمیٹی کی سفارش پر ہوا ہے اور خیال ہے کہ اس اضافہ سے ... لاکھ روپے کی آمدنی ہو گی۔

بمبئی کے اخبار پر پابندی

سیلون میں چائے کی کاشت

کولمبو ۲۴ر جون - آئندہ چند ماہ کے اندر سیلون میں چائے کے باغات کے ... ۳۰ ہزار ایکڑ ... جنگلاتی زمین اور ربڑ کے باغات کا علاقہ بھی شامل ہو گا۔ ... (مکتوب)

یونانی گوریلاؤں کے دو ممتاز رہنماؤں کی ہلاکت

یونانی فوج کے مبصر کا بیان

ایتھنس ۲۳ر جون - ... سرکاری فوج کے ساتھ تصادم کے دوران میں کمیونسٹ باغیوں کی دوسری ڈویژن کے کمانڈر ... اور باغیوں کے ایک نہایت ہی ہوشیار لیڈر ہلاک ہوئے۔ اس تصادم کے میدان میں ... گرفتار کر لیا گیا۔

قسمت جاگ اٹھی

ملبورن ۲۳ر جون - ایک شخص ہوٹل کے شراب خانے میں مچھلی کھا رہا تھا کہ یکایک اس کے دانتوں کے درمیان کوئی سخت چیز آئی - ... قیمت کا ایک موتی تھا۔ (گلوب)

شتر نار کھنڈیوں نے گاڑی روک لی

یوپی کا خبرنامہ

نکاسیوں کی جائداد کے متعلق حکومت یوپی کا آرڈیننس شائع ہو گیا

جائدادوں کا قبضہ لینے میں مزاحمت پر سزائے قید دیجا سکتی ہے

نینی تال ۲۳ر جون (ڈاک) یو۔پی کے گورنر مسز سروجنی نائیڈو نے صوبہ یوپی کے لئے ... آرڈیننس (نکاسیوں کی جائداد کے متعلق آرڈیننس) کی منظوری دے دی ہے۔ یہ قدم حکومت ہند کے اس قانون کی مطابقت میں اٹھایا ہے جو اس نے مرکز کے تحت علاقوں کے متعلق بنایا ہے۔

یہ آرڈیننس یوپی کے ایسے ہی ایک پرائیویٹ ایکٹ کی جگہ ہے جو اب منسوخ کر دیا گیا۔ یہ آرڈیننس اس وقت ختم ہو جائیگا جب حکومت ہند اس کی جگہ کوئی خاص قانون بنا دے گی۔ ... [redacted]

اس آرڈیننس اور سابقہ قانون میں بنیادی فرق ... کی تعریف کے متعلق ہے۔

کانپور میں چوری کا دلچسپ واقعہ

رامپور کے متعلق غلط اطلاعات کی تردید

نواب صاحب رامپور ہی میں رہیں گے

صوبہ سی پی کی حکومت پر مقدمہ

دو بیکاریوں پر جرمانہ

ریاست کشمیر میں خوراک کی کوئی کمی نہیں ہے

کشمیر حکومت کے ایک سرکاری ترجمان کا بیان

سری نگر ۲۳ر جون - حکومت کشمیر کے ایک ترجمان نے آج پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خاں کے اس بیان کی تردید کی کہ ریاست جموں و کشمیر میں اناج کی کمی ہے اس نے کہا کہ ریاست میں اناج کی فراوانی ہے۔ اپنے بیان کے جواز میں اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے ترجمان مذکور نے کہا کہ ریاست کو دس لاکھ من چاول اور گندم وغیرہ کا کوٹہ ملا ہے جس میں ۱۶ لاکھ من اناج ریاست میں پہنچ چکا ہے۔ حکومت نے اناج حاصل کرنے والے سستے داموں پر عوام میں تقسیم کرنے کے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ کشمیر میں چاول ۱۳ روپے من بک رہا ہے جبکہ مغربی پنجاب میں ۱۶ - ۱۷ روپیہ اور مشرقی پاکستان میں ۵۰ روپیہ من بک رہا ہے۔ کشمیر کے عوام کو پاکستانی امداد و خیرات کی ضرورت نہیں بہتر ہو گا کہ پاکستان کے وزیراعظم اپنی توجہ اپنے ہی ملک کی طرف مبذول کریں۔

ترجمان موصوف نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر کے علاقہ مظفر آباد، بھمبر، میرپور اور کوٹلی وغیرہ کے عوام جو پاکستانی راج کا مزہ چکھ چکے ہیں۔ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ پاکستان کی یہ ... محض دھوکہ اور فریب ہے۔

مینن پرتگال میں سفیر مقرر ہو گئے

دہلی ۲۴ر جون - مسٹر پی۔ اے۔ مینن آئی سی ایس جوائنٹ سکریٹری وزارت امور خارجہ حکومت ہند کو پرتگال میں ہند کا غیر معمولی سفیر اور ... مقرر کیا گیا ہے۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا۔ (دہلی ۔ اے۔ پی۔ آئی)

واجد علیشاہ کے محل میں ریسرچ کا ادارہ قائم کیا جائیگا

تہ خانہ کی کھدائی کے دوران میں تاریخی کتبہ کا انکشاف

لکھنؤ ۲۳ر جون - لکھنؤ کی ۱۷۰ سالہ عمارت چھتر منزل میں ... کھدائی کرنے والوں کو ایک چار فٹ لمبا لال پتھر کا فرانسیسی کتبہ ملا ہے۔ اس انکشاف سے مقامی ماہرین کو چھتر منزل کے سب سے پہلے مالک کا ... لگانے میں آسانی ہو گئی ہے۔ ... اب اس میں ... ریسرچ کا انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے گا۔

ان ماہرین کے بیانات کے مطابق جنرل کلاڈ مارٹن ... صدی میں فوج کے ایک فرانسیسی انجینئر نے ... تعمیر کرایا تھا ...

تاریخ لکھنؤ کے مصنف ... کے بیان کے مطابق جنرل کلاڈ مارٹن نے گومتی کے کنارے واقع اپنی یہ جائداد نواب سعادت علی خاں کے ہاتھ پچاس ہزار روپے میں فروخت کی تھی۔ ... اس کا نام فرحت افزا محل رکھا۔ ...

چوڑیوں کی صنعت کی مشکلات

ہزاروں کاریگر پاکستان چلے گئے

لکھنؤ ۲۵ر جون - ... چوڑیوں کی صنعت کو آج کل مشکلات کا سامنا ہے۔ ان مشکلات کے ... چوڑیاں بنانے والوں کا پاکستان کو ... اور چوڑیوں کی فروخت ... بیان کیا جاتا ہے۔ ... اب کام کرنے والوں کی تعداد کم ہو کر ... رہ گئی ہے۔ ...

یوپی میں کمیونسٹ لٹریچر برآمد

میرٹھ کے سیشن جج کا فیصلہ

زراعت و صنعت کے اعداد و شمار

صنعتی ترقی

غیر ملکی سرمایہ اور صنعتی ترقی

مشاورتی کونسل کا اہم اجلاس

یونیورسل اوپٹیکل کمپنی
سوداگران چشمہ
بلیماران دہلی
نزد ڈاک خانہ ہندوستانی دواخانہ
آنکھوں کا باقاعدہ امتحان کرکے چشمہ دیا جاتا ہے

ماہنامہ "بانو" دہلی
کا
۷۶ صفحات کا
حسین کشیدہ کاری نمبر
اور
۲۲۸ صفحات کا
سنہ ۴۹ء کا سالنامہ
حاصل کرنے کے لئے
آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جائیے۔ نمونہ مفت
پتہ صرف بانو دہلی

قرآن مجید سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب عام شائقین کے لئے
ملنے کا پتہ
کتب خانہ اشرفیہ
راشد کمپنی دیوبند (یوپی)

کون کہتا ہے کہ تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ ہرگز نہیں

عینکیں شیشے فریم اور مصنوعی آنکھوں کیلئے
ہمیشہ یاد رکھیں
حمید اوپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچررز بازار بلیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف کے علاج اور نئے دانت لگوانے کے لئے دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار بلیماران

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۶ر جون سنہ ۱۹۴۹ء

آخر کب سنبھلو گے؟

جس طرح پنڈت جواہر لال نہرو نے کلکتہ کے انتخاب پر کانگریس کو متنبہ کیا ہے کہ وہ اس کی اہمیت کو کم کرکے دکھانے کی کوشش نہ کریں اور کانگریسی امیدوار کی شکست سے سبق لیں، اسی طرح حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم، ایل، سی صدر جمعیۃ علما صوبہ یوپی نے جمعیۃ علما کے ہمدردوں اور ساتھیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس نازک دور میں اپنے فرض کو پہچانیں، کچھ کرنے کے لئے آگے بڑھیں اور اپنی حالت کو سنوارنے کے لئے جلد سے جلد کوشش کریں! معلوم نہیں کہ جو انقلاب عذاب الٰہی کی صورت میں نازل ہوا اس نے ہر جماعت پر الٹا اثر کیوں ڈالا؟ کانگریس اس انقلاب کے بعد ہی کمزور پڑ گئی اور وہ سفید سے سیاہ بن گئی، دوسری جماعتیں بھی نہ صرف یہ کہ ترقی سے رکی رہیں بلکہ انہوں نے بھی رجعت قہقری شروع کی اور ان کی حالت ایسی دگرگوں ہوئی گویا انقلاب کے عذاب نے انکی شکل بگاڑ ڈالی ہے، اور انقلاب آیا ہی اس لئے تھا کہ اچھے اچھوں کو برا بنا دے اور بنے بنائے لوگوں کو بگاڑ دے! افراد کی حالت تو یہ ہی عبرتناک کہ انہوں نے انقلاب کے بعد ہی قسم کھالی تھی کہ خواہ زمین اپنی دوری حرکت چھوڑ دے اور آفتاب اپنے مرکز سے ہٹ جائے لیکن ہم اپنی برائیوں کو ہرگز نہ چھوڑیں گے اور عذاب الٰہی کا ڈراوا ہماری حالت کو نہ بدل سکے گا، زیادہ ...

افسوس اس بات کا ہے کہ جماعتوں کے کارکنوں میں بھی وہ حرارت باقی نہ رہی جو انہیں حرکت و عمل کے لئے سیماب وار مضطرب بناتی ہے، کچھ انقلاب کا ایسا الٹا اثر پڑا ہے کہ جن لوگوں میں احساس عمل کی ایک پونڈ طاقت تھی ان میں انقلاب کے بعد ایک اونس بھی باقی نہ رہی حالانکہ انقلاب تو آیا ہی اس لئے تھا کہ غافلوں کو بیدار کرے اور ان کی ایک پونڈ کی طاقت کو ایک ٹن کے برابر کر دے۔

مولانا بشیر احمد صاحب نے اپنی اپیل میں رواداری اور نرمی سے کام لیتے ہوئے ذرا کھل کر بات کی ہے اور فرمایا ہے کہ میں نے سفر کئے، پروگرام لے کر ہر طرف دوڑا، لوگوں کو ہر بات سمجھائی مگر میرے اس سفر سے واپس ہونے کے بعد کہیں سے بھی دفتر میں کوئی ایسی رپورٹ نہ آئی جو میرے لئے ہمت افزائی کا باعث ہوتی، نیز دفتر سے لوگوں کو مطبوعہ پروگرام بھیجا گیا اور خواہش ظاہر کی کہ ماتحت جمعیتیں پروگرام کی جس قدر تعداد منگانا چاہیں ان سے صوبہ کے دفتر کو مطلع کریں مگر اس کا بھی کوئی ہمت افزا جواب نہیں ملا، یہ حال ہے ان حضرات کا جنہوں نے انقلاب کے بعد ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی بقا، ہدایت اور رہنمائی کا ذمہ لیا ہے اور جو انڈین یونین کے مسلمانوں کے واحد نمائندے اور اسلامی تقاضوں کے واحد ترجمان ہیں!

کانگریس کی خرابیاں اور خامیاں تو آہستہ آہستہ منظر عام پر آرہی ہیں جس کے بعد اصلاح حال کی امید بھی ہے، لیکن جو لوگ جمعیۃ کے کارکن اور ممبر ہیں ان کی خامیوں کی طرف شاید پہلی بار مولانا بشیر احمد صاحب کی اپیل میں اشارہ کیا گیا ہے اور وہ خامیاں ہیں کیا؟ عہدوں کی ہوس شہرت کی طلب، عمل کا تعطل، خودغرضی، نفسا نفسی، باہمی نزاعات و اختلافات اور کیرکٹر کی کمزوری! مولانا بشیر احمد صاحب کا یہ ارشاد بجا ہے کہ

"میری اپیل سارے مسلمانوں سے ہے بعین خصوصیت سے میرے مخاطب وہ بزرگ ہیں جن کو جمعیۃ علما کے ساتھ کسی نہ کسی طرح کا تعلق ہے کہ وہ ذہن کے نظام کو درست بنائیں، آپس میں خلوص اور یگانگت پیدا کریں، دین الٰہی کے کام کے لئے سب متحد ہو جائیں اور ذاتی اختلافات کے اثرات کو اس مقدس کام کی راہ میں حائل نہ ہونے دیں"

یہ الفاظ بہت محتاط ہیں اور ان کے بین السطور میں بہت کچھ دیکھا جا سکتا ہے یہ الزام لگانے اور برائیاں اچھالنے کا وقت نہیں لیکن مستند حالات کی بنا پر ہم صرف اتنا ہی کہہ سکتے ہیں کہ جمعیۃ علما کے کارکنوں میں وہ جذبہ موجود نہیں ہے جس سے اجتماعی عناصر کا نقشہ اور تعمیر کا خاکہ تیار ہو سکتا ہے اور جسے ہم ملت کا نمک اور امت کی ریڑھ کی ہڈی کہہ سکتے ہیں، اکثر لوگوں میں جاہ پسندی اور خودغرضی کا مرض پیدا ہو چکا ہے اور وہ اپنے اس کیرکٹر سے لگ گئے ہیں، جو قومی زندگی کے لئے بطور زہر اور ہیئت اجتماعیہ کے لئے بطور دیمک ہے، اگر جمعیۃ علما کے کارکنوں نے بھی کام کے وقت جھول ڈالدی اور اپنی خواہش کے پیچھے پڑ گئے تو وہ خود ہی بتائیں کہ ساڑھے چار کروڑ کی امت کا کیا حشر ہو گا اور اسلام کے تقاضوں اور مطالبوں کا کیا ہو گا، کہا جاتا ہے کہ جمعیۃ علما ہند ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی واحد مذہبی جماعت ہے لیکن اگر اس کے ترجمان "اخبار الجمعیۃ" کی اشاعت اور مشکلات کا جائزہ لیا جائے تو حقیقت اور انصاف کی بات یہ ہے کہ جمعیۃ کی تمام شاخوں کو شرم و ندامت کے مارے اپنی گردنیں جھکا لینی چاہئیں جماعت کا عشق اور کام کا داعیہ اس کو نہیں کہتے کہ جمعیۃ علما کا ترجمان چند میل کے رقبہ میں محصور ہو کر رہ جائے اور جمعیۃ کی شاخیں اسے ہاتھ تک نہ لگائیں جماعت کا عشق اس کو کہتے ہیں کہ ایک کمیونسٹ عہد کر کے بازار میں جاتا ہے کہ جب تک وہ پیپل ایج یا کسی دوسرے کمیونسٹ اخبار کی سو کاپیاں گھر گھر گلی گلی اور دوکان دوکان جا کر نہ بیچ لے گا گھر واپس نہ لوٹے گا! مقصد کا عشق، جماعت کی اطاعت، کام کا جذبہ اور خلوص کی طاقت ہی کسی پروگرام کو زندہ رکھ سکتی ہیں، سوشلسٹوں کے اخبار "بلٹز" کی اشاعت ساٹھ ستر ہزار سے کم نہیں ہے لیکن جمعیۃ کے ترجمان الجمعیۃ کی اشاعت مسلمانوں کی ... ہے۔ افسوس ہے کہ دعوے تو لمبے چوڑے اور الیکشن میں سب سے آگے مگر جماعت اور مقصد سے لگاؤ کا یہ حال ہے کہ اگر جمعیۃ کا سانس اکھڑنے لگے تو ان کی بلا سے! کیا ارکان اور کارکنان جمعیۃ علما کا یہ فرض نہیں کہ وہ روزانہ آدھ گھنٹہ اس بات کی جستجو میں لگائیں کہ یہ ترجمان کہاں جاتا ہے اور کہاں نہیں جاتا، اور اس کی اشاعت کس طرح بڑھائی جا سکتی ہے، ہم قسم کھانے کے لئے تیار ہیں کہ جمعیۃ علما کی شاخوں نے کبھی نہیں پوچھا کہ اخبار کا کیا حال ہے، نہ کارکنوں نے کبھی اس بات کا اظہار کیا کہ ہم فلاں فلاں مقام پر گئے لیکن الجمعیۃ دیکھنے میں نہیں آیا، یا کام کا یہ طریقہ اختیار کرنے سے اخبار کی کوئی بہتر اور وسیع خدمت انجام دیجا سکتی ہے، جن لوگوں کے جذبہ اور عشق کا یہ حال ہو اور جو ساڑھے چار کروڑ ... مسلمانوں کے ترجمان کے مرنے جینے سے کوئی تعلق نہ رکھتے ہوں ان کے احساس کا جس قدر بھی ماتم کیا جائے کم ہے!

بھوپال میں ہندی

بھوپال کی ایک اطلاع کے مطابق سرکاری ملازمین کو ہندی سیکھنے کے لئے چھ ماہ کی مہلت دی گئی ہے کہ وہ اس عرصہ میں ہندی کی قابلیت پیدا کرکے اردو کی تجہیز و تکفین کا سامان مکمل کریں ... اردو زبان کا انتقام ... ہوتا ہے اور ...

اچھی باتیں

ولو بسط اللہ - تا - بصیر (پ ۲۵ ع ۴)

اگر اللہ اپنے بندوں کو بہت زیادہ رزق دے تو وہ زمین میں فساد و بغاوت کر دیں لیکن وہ تو اپنی مرضی سے ایک اندازہ کے مطابق رزق اتارتا ہے کیونکہ وہ اپنے بندوں کے حالات کو خوب جانتا اور خوب دیکھتا ہے۔

مطلب یہ کہ خدا کے رزق میں سب کا حصہ ہونا چاہئے اگر کسی کے پاس رزق (جس میں سرمایہ بھی شامل ہے) کی افراط ہو جائے تو پھر اسے فساد اور بغی کی سوجھتی ہے کیونکہ دنیا کی تمام برائیاں پیٹ بھرنے کے بعد پیدا ہوتی ہیں ورنہ بھوکے انسان کو اتنی فرصت کہاں کہ فساد اور تباہی کی اسکیمیں بناتا پھرے، پس اصول یہ ہونا چاہئے کہ لوگوں کے پاس ضرورت سے زیادہ رزق جمع نہ رہے بلکہ اسے سب پر تقسیم کر دیا جائے اس طرح رزق چند ہاتھوں میں جمع نہ ہو سکے گا اور دوسروں کی ضرورتیں بھی برابر پوری ہوتی رہیں گی۔

قرآن حکیم کے پروگرام پر مضبوطی سے عمل کرکے آپ دوسروں کا اعتماد حاصل کر سکتے ہیں

اسلام اور اپنی بقا کے لئے اس معیار پر قائم رہیے - مولانا محمد میاں کی اپیل

(اقتباس خطبات نمبر ۴)

دیانت، امانت۔ قرآنی پروگرام کا پانچواں جزو ہے - جسکا مقصد یہ ہے کہ مسلمان اپنے معاملہ میں صاف اور سچا ہو کسی معاملہ میں کسی موقع پر مکر و فریب دغل و دھوکا کا کوئی شائبہ بھی نہ آنے پائے - ہر وہ چیز، ہر وہ پیسہ جس کے جواز میں معمولی شائبہ بھی ہو وہ اس کے پاس امانت ہو۔ ... اس کے سامنے نہ آجائے -

"دع ما یریبک الی ما لا یریبک"

عدل اور انصاف کی بارگاہ میں اپنا اور پرایا یکساں ہو۔ نہ یہاں رشتہ اور قرابت کا سوال ہو۔ نہ مذہب اور فرقہ کی جانبداری حتی کہ اگر کسی موقع پر عدل و انصاف کا فیصلہ خود اس کے ہم فرقہ اور اس کے ہم مسلک کے خلاف ہو تو اس کو بھی وہ خندہ پیشانی سے برداشت کرے -

قول و قرار کی پابندی - پروگرام کا چھٹا جزو ہے - جسکا مفہوم ہے کہ ہماری جو بات بھی ہو۔ پتھر کی لکیر ہو زبان کی پابندی - دنیا کی ہر قیمتی چیز سے زیادہ قیمتی - اور ہر عزیز سے زیادہ عزیز ہو - جس کے مقابلہ میں ہر قیمتی اور ہر عزیز چیز کی قربانی سہل ہو جائے -

برادران محترم - بلاشبہ آج انڈین یونین میں ہمارے سامنے بہت سی مشکلات ہیں - طرح طرح کی پریشانیاں ہیں مختصر الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگرچہ دستوری اور اصولی طور پر مسلمانوں کو مساوی حیثیت دی گئی ہے - مگر ایک بہت بڑے طبقہ کی مسلسل جد و جہد یہ ہے کہ مسلمان اگر انڈین یونین میں رہیں تو وہ اس طرح کہ مقہور و مرعوب ہو کر دوسرے فرقوں کے سامنے پامال ہوں -

ان پریشانیوں سے نجات پانے کے لئے جب ... تلاش کرتے ہیں ... ہمیں سب سے ... کے لحاظ سے ہم تہی دست ہیں ... ہم بھی ... سمجھتے ہیں اور کبھی ... کے تحفظ پر ہماری ... نگاہیں جم جاتی ہیں - لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ تمام ذرائع بے سود ہیں ...

قوم دوسروں کے جذبات کا بھی خیال رکھتی ہے لیکن اردو دشمنی کا طوفان اس سرعت سے آگے بڑھ رہا ہے کہ اس کے سامنے ہندو مسلم اتحاد کی کوئی نشانی بھی باقی نہیں رہ سکتی، بھوپال کے ہندو مسلمان اسی کو غنیمت سمجھیں کہ اردو دانوں کی جان بخشی کر دی گئی اور یہی خیریت گذری کہ اردو مٹ جائے اور ہندی سرکاری زبان بن جائے ورنہ اگر جرم اردو دانی میں دار و گیر شروع ہو جاتی تو ان سب کو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جاتا! اور دو قوموں کی مجبوری بھی کس قدر سخت جان ہے کہ جو لوگ اس کی مخالفت کا دم بھرتے ہیں ان کی پوری زندگی اسی محور پر گردش کر رہی ہے زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ زبان کے بارے میں مرکز نے ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کیا لیکن بھوپال پہلے ہی فیصلہ کر بیٹھا کہ صرف ہندی ہی کو سرکاری زبان ہونا چاہیئے۔

اسرائیل کے زخم

مباحث امروز:

یوپی میں بھی کسٹوڈین ——— امام الہند کی طلبا کو نصیحت

——— عوام کی بھوک ———

یوپی میں بھی کسٹوڈین

یوپی کابینہ نے اپنے تازہ اجلاس میں انخلا کنندگان کی جائداد کا انتظام کرنے کے لئے مرکزی حکومت کی طرح کسٹوڈین مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے - یہ کسٹوڈین اسی طرح انخلا کنندگان کی جائدادوں کو اپنے قبضہ میں لے گا۔ جس طرح دہلی کے کسٹوڈین نے جائدادوں کو اپنے قبضہ میں لیا ہے - اس کے فیصلہ کے خلاف صرف ہائی کورٹ میں اپیل کی جا سکے گی

دہلی کا کسٹوڈین جس طرح ایک طبقہ کے لئے مصیبت کا باعث بنا ہوا ہے اس پر کچھ زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں - جو لوگ پاکستان چلے گئے ان کی جائدادوں پر قبضہ کرنے کی بات تو سمجھ میں آتی ہے - لیکن ایسی بہت سی مثالیں موجود ہیں کہ لوگ ہندوستان میں موجود تھے - پھر بھی ان کی جائدادوں پر قبضہ کر لیا گیا۔ کسٹوڈین مقرر کرنے کی صورت میں یوپی کے اندر بھی اس قسم کی بے قاعدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں - اگر حکومت یوپی کسٹوڈین کی تقرری کو ضروری ہی سمجھتی ہے تو یہ ضروری ہے کہ کسٹوڈین کے خلاف اپیلیں سننے کا اختیار ڈسٹرکٹ جج کو بھی دیا جائے تاکہ اگر کسی کے ساتھ بے انصافی ہو تو بغیر کسی پریشانی کے اس کے خلاف اپیل کی جا سکے - اپیل کا اختیار صرف ہائی کورٹ کو دینا بہت سے ان لوگوں کو انصاف سے محروم کرنا ہے جو ہائی کورٹ تک پہنچنے کی استطاعت نہیں رکھتے - کیا حکومت یوپی اس صورت پر غور کرے گی؟

امام الہند کی طلبا کو نصیحت

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے سری نگر کے طلبا کے روبرو تقریر کرتے ہوئے انہیں نصیحت فرمائی کہ وہ پوری طرح متحد اور فرقہ پرستی کے جذبہ سے بالاتر ہیں کہ اس طرح وہ نہ صرف کشمیر بلکہ پورے ہندوستان کے مستقبل کو روشن بنا سکیں گے - حضرت مولانا کی یہ نصیحت کسی تشریح کی محتاج نہیں - صحیح یہ ہے کہ اگر طلبا اس نصیحت پر عمل کریں تو ملک و ملت کے سچے سپوت بن جائیں - طلبا کی مثال اس پودے جیسی ہے جس کی نازک کونپلیں جدھر کو چاہیں موڑی جا سکتی ہیں لیکن جب یہ پودا ابھر کر درخت بن جاتے تو پھر اس کے تنوں کو ... کی جڑوں کو کوئی نہیں ہلا سکتا

آج کے طلبا اور نوجوان ... کل کے لیڈر ہیں ملک و ملت کی باگ ڈور کل ان ہی کے ہاتھوں میں ہو گی، وہی کل ہماری رہنمائی کریں گے - لیکن اگر وہ خود گمراہ اور غلط راستے پر پڑے ہوں تو وہ ہماری کیا رہنمائی کر سکیں گے اور ملک و ملت کی کیا خدمت کریں گے؟ پس ضروری ہے کہ اگر ملک و ملت کے مستقبل کو شاندار بنانا ہے تو تمام طلبا متحد اور فرقہ پرستی کے اثرات سے بچیں جسے بدقسمتی سے طلبا اور نوجوانوں کے اندر پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

عوام کی بھوک

ہندوستان نے نوٹس دیا ہے کہ اگر انسانی حقوق سے متعلق بین الاقوامی اقرار نامہ میں روس یا آسٹریلیا کی تجاویز شامل کی گئیں تو وہ اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دے گا۔ روس کی تجویز یہ ہے کہ ہر حکومت ملک کے ہر باشندہ کو اس بات کی ضمانت دے گی کہ وہ بھوک یا ... کا شکار نہ ہو ... آسٹریلیا کی تجویز ... ہر حکومت اپنے اختیار کے مطابق ایسا انتظام کرے گی کہ تمام لوگوں کو ... کام کرنے کا موقع مل سکے۔

ہمارے قومی لیڈر جن کے ہاتھوں میں آج زمام حکومت ہے ... اس امر کا اعلان کر چکے ہیں کہ حکومت کا پہلا فرض یہ ہے کہ ... بھوک سے ... مرنے سے ... ہونی چاہئے تھی لیکن حیرت انگیز امر یہ ہے کہ ... کی حمایت نہیں کی گئی بلکہ سرے سے بین الاقوامی معاہدہ پر دستخط کرنے سے ہی انکار کر دیا گیا۔ کیا اس سے یہ سمجھا جائے کہ اب حکومت یا ہمارے قومی لیڈروں کی پالیسی بدل گئی ہے اور انہیں عوام کی بھوک سے کوئی دلچسپی باقی نہیں رہی اور اگر ایسا نہیں ہے تو پھر ایک مفید تجویز کی حمایت نہ کرنے کی کیا وجہ ہے! ... ہندوستان کی ... کی - ... خزانہ کی حالت بہتر بنانے پر ... لیکن خزانہ کی حالت بھی تو اسی وقت بہتر ہو سکتی ہے جب ملک کے اندر ... ہو اور قومی خزانہ میں جمع ہونے کے ... عوام کی جیبوں میں کچھ پیسے موجود ہوں -

مسجدوں کے سامنے باجوں کو لے کر گڑبڑ ہی ہو جاتی نہیں اور جب نمازی مسجد سے نکلتے تھے تو ان پر حملہ کیا کرتی تھیں۔ ... سخت ہے کہ مسلمان حکمراں تھے۔ مگر حکمراں قوم انگریز بھی رہے ہیں۔ کوئی ہندوستانی کسی پادری کا معتقد نہیں ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت سے عقیدت نہیں پیدا ہوتی - ارادت اور عقیدت اخلاق اور کیرکٹر کے مقناطیس سے جنم لیتی ہیں - حکومت کی طاقت سے گردنوں کو جھکایا جا سکتا ہے مگر دلوں کو مسخر نہیں کیا جا سکتا - دلوں کے اوپر اخلاق اور کیرکٹر کی حکومت ہوتی ہے -

(۳) مساوات ———

جیسا ماں باپ کرو وہ طرز عمل یا اخلاق جاتا ہے -

انسانیت کے اعتبار سے ہر ایک انسان انسانی اخوت انسانی ہمدردی - انسانی بھائی چارہ کا مستحق ہے -

جس طرح ان مخصوص عقائد کو ماننے والے ایک خاص رشتہ میں منسلک ہو جاتے ہیں جن کی بنا پر ان کے متعلق یہ اعلان ہے کہ "انما المومنون اخوۃ" ——— اسی طرح ان عقائد کو ماننے والے مساوی اور یکساں سلوک کے مستحق ہیں - ان میں سے کسی کو نیچ کسی کو ناپاک قرار دینا - کسی سے نفرت کرنا۔ ... انسانی اخوت اور انسانی دوستی کا ہاتھ نہ بڑھانا - اسلامی تعلیم کے سراسر خلاف ہے -

ہر ایک انسان - انسانی عزت و حرمت کا حامل ہے ... بنی آدم - یعنی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے اولاد آدم کو فضیلت بخشی ہے -

(باقی صفحہ ۴ پر)

پاکستان کی ایک جھلک

سرزمین بے آئین

صوبہ سرحد کی موجودہ حالت کا نقشہ کمال یہ واقعہ ہے کہ پیر صاحب زکوڑی شریف اور ان کے چھ ساتھیوں کو صوبہ سرحد کے ضابطہ جرائم کے ماتحت نہایت خوفناک اور وحشیانہ سزائیں دی گئی ہیں۔ نظر یہ تسنیم نے جب عہد حاضر میں ایک مجسٹریٹ کے قلم سے ان سزاؤں کا دیا جانا پڑھا ہوگا تو فی الحقیقت انہوں نے محسوس کیا ہوگا کہ ہم دور مظلومیت کے دور میں جا پہنچے ہیں۔ جہاں سزا کا مقصد کسی جرم کا بدلہ دینا نہیں ہوتا تھا۔ بلکہ ظالم و جابر سلاطین اپنے غیظ و انتقام کی آگ کو ٹھنڈا کرنے کے لئے بیکس گرفتاران بلا کو ظلم و ستم کا تختہ مشق بنایا کرتے تھے۔

صوبہ سرحد کے حالات ایک مدت سے خراب ہیں اور روز بروز خراب سے خراب تر ہوتے چلے جاتے ہیں۔ [illegible] ان کے غیر انسانی اور غیر شریفانہ طرز پر تنقید کریں۔ یا ان کے تحت اقتدار کو متزلزل کرنے کی کوشش کریں۔ ان کو وہ ذاتی اور شخصی دشمن قرار دے کر بدترین مظالم کا نشانہ بنائیں۔

مسٹر عبد القیوم خاں ایک غیر متوازن دماغ اور ایک غیر محتاط طبع مزاج کے آدمی ہیں۔ وہ جس وقت کانگرس میں تھے تو مسلم لیگ کے ممتاز ترین لیڈروں کے متعلق تحریر و تقریر میں وہ باتیں لکھتے تھے جن کو عبد الغفار خاں بھی نفرت و حقارت کے ساتھ دیکھتے تھے لیکن جب ان کی مصلحتوں نے ان کو لیگ کے ساتھ وابستہ ہو جانے کا فیصلہ کرنے پر آمادہ کر دیا تو پھر ان کا طرز عمل ایک دوسرے رنگ میں غیر محتاط اور غیر متوازن ہو گیا۔ ان کو کانگرسی وزارت کی جگہ لینے پر اس لئے مامور کیا گیا تھا کہ وہ صوبہ سرحد میں مسلم لیگ کا پرچم بلند رکھیں۔ لیکن چند ہی ماہ میں ان افسوسناک طرز عمل سے خود مسلم لیگی رہنما اور کارکن بھی ان کے خلاف شدید برہمی پیدا ہونے لگی ان کے قریب ترین ساتھیوں نے ان کا ساتھ چھوڑ کر مخالف صف میں بیٹھنا پسند کر لیا۔ روز بروز ان کے حامیوں کی تعداد کم ہونے لگی۔ اس کمی کو انہوں نے جیل کے ذریعہ سے پورا کرنے کی کوشش کی۔ اسمبلی میں جتنے ساتھی ان سے الگ ہوتے وہ اپنے حامیوں کی اکثریت قائم رکھنے کیلئے مخالفوں میں سے جو مل سکے ان کے ساتھ لگتے ہیں ان کو دیو کی بیل ہیجیئے۔ (تسنیم لاہور)

نا قابل برداشت ہے۔ احسان کی ترجمانی کرتے ہوئے ہم بارہا حکومت کی توجہ اس حقیقت کی طرف دلا چکے ہیں کہ اگر پنجاب کی مالی حکمت عملی سے اگر کسی طبقہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا احتمال ہے تو وہ زراعت پیشہ طبقہ ہے۔ ہم نے یہ بھی لکھا تھا کہ حکومت مغربی پنجاب کی موجودہ محصول بندی سے نہ صرف دیہاتی اور شہری اختلافات کی خلیج وسیع سے وسیع تر ہو رہی ہے۔ بلکہ اس کا بوجھ اتنا شدید ہے کہ اگر کاشتکاروں کو اس سے بروقت نجات نہ دلائی گئی تو وہ حوصلہ ہار بیٹھیں گے۔ اور عجب نہیں کہ آہستہ آہستہ یہ طبقہ ہی ناپید ہو جائے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت مغربی پنجاب حاجر کاشتکاروں پر زیادتی مسلط کرنے کا تہیہ کر چکی ہے۔ چنانچہ ہمیں صوبے کے طول و عرض سے اس مطلب کے کتوبات موصول ہو رہے ہیں کہ تین گنا لگان وصول کرنے [illegible] فصلوں کی کٹائی شروع ہے اس لئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس معاملہ پر سنجیدگی سے غور کرے۔ [illegible] (انقلاب لاہور)

چاند کے منہ پر تھوکنا!

[illegible] ایک رات میں ہندوستان سے بھاگ کر [illegible] پاکستان بھاگ آیا [illegible] مسلم لیگ کے خالی گھر [illegible] اور پاکستان مسلم لیگ کے رہے سہے وقار کو بھی ختم کر دیا [illegible] دستور شکنی کا اسم گرامی چودھری خلیق الزماں ہے [illegible]

سرحد کے ان حالات کی ذمہ داری دو شخصیتوں پر عاید ہوتی ہے۔ پہلی شخصیت ہیں چودھری خلیق الزماں دوسری ذات گرامی خان عبد القیوم خاں کی ہے۔ [illegible] (تسنیم لاہور)

تین گنا لگان

جب سے گورنر مغربی پنجاب نے اپنے اختیارات خصوصی سے کام لیتے ہوئے سال رواں کا بجٹ منظور کیا ہے۔ [illegible]

خطبۂ صدارت
(بقیہ صفحہ ۳)

ابتدائی تعلیم

[illegible] اسلامیات سے واقف ہو اور ان کو اسلامیات سے واقف کر [illegible] اور بالخصوص جمعیۃ علماء ہند کے ارکان اور علماء کا دوسرا اہم ترین فرض ہے۔ [illegible] کو جگہ جگہ اسلامی مکاتب قائم کئے جائیں۔ [illegible] اسلامیات کی تعلیم دی جائے۔

جو بچے اسکولوں میں پڑھنے جاتے ہیں ان کی مذہبی تعلیم کا انتظام پرائیویٹ طور پر کیا جائے۔ جمعیۃ علماء ہند کے ارکان کا فرض ہے کہ وہ کسی نہ کسی صورت میں ابتدائی مذہبی تعلیم کی عملی طور پر حصہ لیں۔ [illegible]

حمایت اس لئے نہیں کی جاتی کہ ہندی سے کوئی نفرت ہے [illegible] اردو کی حمایت اس لئے کی جاتی ہے کہ وہ ہندو مسلمانوں کی مشترک تہذیب اور ان کے باہم محبت کی آئینہ دار ہے۔ [illegible]

خدمت خلق

جمعیۃ علماء کے کارکنوں کا ایک اہم فرض یہ ہے کہ خدمت انسانی کے جذبات کو بروئے کار لائیں۔ ہم اسی رسول کے پیرو ہیں (صلے اللہ علیہ وسلم) جس کا خطاب رحمۃ للعالمین ہے۔ جو تمام دنیا، تمام انسانوں اور تمام طبقوں کے لئے رحمت بن کر مبعوث کیا گیا۔ [illegible]

الحمد للہ [illegible] ۔ [illegible]

بار فرض ہے کہ ہم سب لوگوں میں بھائی چارہ پیدا کریں۔ اور ہم اپنے عمل سے یہ ثابت کر دیں کہ مذہب دنیا کے لئے رحمت ہے، زحمت نہیں ہے۔ [illegible]

اور اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

یہودی پورے فلسطین پر قبضہ کرنیکی کوشش کر رہے ہیں

مصالحتی کمیشن کے اجلاس میں عربوں نے خطرہ کا اظہار کر دیا

لوزان ۲۳ جون: یہاں پر عرب وفد اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن پر دباؤ ڈال رہا ہے کہ وہ یہودیوں کو اقوام متحدہ کی ۱۹۴۷ء کی تجویز کا احترام کرنے پر مجبور کرے اور اسے فلسطین میں متعلقہ امن کے لئے گفت و شنید کی بنیاد قرار دے۔ اس کی تجویز فلسطین کو تقسیم کرنے کی راستے پیش کی گئی تھی۔

مصالحتی کمیشن کے قریبی اور باخبر حلقوں کا بیان ہے کہ اسرائیلی وفد نے خفیہ طور پر تقسیم فلسطین کی تجویز کو قبول کرنے سے معذوری اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اور اب عرب یہودی حکومت پر پورے فلسطین پر قبضہ کرنے کی کوشش کا الزام لگا رہے ہیں۔ جس کی سرحدیں ایک طرف مصر اور دوسری طرف لبنان سے ملتی ہونگی۔ وہ شرق اردن کے علاقے سے نہر نکالنے اور بجلی گھر تعمیر کرنے کے یہودی مطالبے کو بھی شہری مطالبات قرار دے رہے ہیں۔ (گلوب)

خطوط۔ ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اُردو اخبارات اور رسائل کو بہتر بنانیکی ضرورت

محترم ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم

یہ امر ہزاروں اور اردو خوانوں کے لئے باعث صد اطمینان و مسرت ہے کہ ہندوستان میں اُردو میں شائع ہونے والے [illegible] حالات اور مخالف ماحول میں یہ بات جہاں اس امر کا بین ثبوت ہے کہ اردو ہندوستان کی عوامی زبان ہے [illegible] ہندوستانیوں کا یہ ادبی زبان ہوتے ہوئے دلوں اور ذہنوں کے درمیان باقی رہے گی۔ [illegible]

جمعیۃ علماء امروہہ کا شاندار اجلاس

امروہہ [illegible] ڈاک) بعد نماز جمعہ جامع مسجد امروہہ میں جمعیۃ علماء امروہہ کا ایک جلسہ عام زیر صدارت شیخ سید زاہد صاحب ناظم جمعیۃ علماء امروہہ منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد سید عبد الرحمن رضوی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء امروہہ نے [illegible]

دوسرے ریزولیوشن میں حضرت مولانا حفظ الرحمن اور مولانا شاہد فاخری کے انتخابات پر مبارکباد دی گئی تھی۔

عبد الرحمن رضوی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء امروہہ

مالیر کوٹلہ کیس کے متعلق

تحقیقاتی کمیٹی مقرر کر دی

پٹیالہ ۲۲ رجون۔ اطلاع ملی ہے کہ مالیر کوٹلہ کے واقعات کی چھان بین کے لئے سوشلسٹ پارٹی مشرقی پنجاب نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کر دی ہے۔ کمیٹی میں کامریڈ [illegible] سنگھ شامل ہیں۔ کمیٹی ایک دو دن تک اپنا کام شروع کر دے گی۔ پٹیالہ یونین کے وزیر اعظم دو دیگر وزراء کل آج مالیر کوٹلہ گئے ہوئے ہیں۔ (ا۔ پ۔ ا)

تھانیدار معطل کر دیا گیا

پٹیالہ ۲۲ رجون۔ سنگرور سے اطلاع ملی ہے کہ وہاں سردار پریتم سنگھ سب انسپکٹر تھانہ کو معطل کر دیا گیا ہے ان کے خلاف الزام ہے کہ وہ شراب میں مست ہو کر رات کے وقت ایک معزز وکیل کے مکان میں گھس گئے وکیل نے [illegible] پولیس [illegible]

ضلع بٹھنڈہ میں جرائم کی رفتار

بٹھنڈہ ۲۲ رجون۔ اطلاع ملی ہے کہ ضلع بٹھنڈہ میں جرائم کی رفتار میں پچھلے سالوں کی نسبت کئی گنا اضافہ ہوا ہے قصبہ [illegible] میں لوٹ مار اور اغوا کی وارداتیں بہت بڑھ گئی ہیں۔ [illegible] کسان پنچایت نے جرائم کی روک تھام کے لئے یونین گورنمنٹ کو ایک میمورنڈم بھیجا ہے۔ (ا۔ پ۔ س)

جامعہ ملیہ کے امتحانات کے نتائج

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے جامعہ جونیر کے امتحانات کا نتیجہ الجمعیۃ کی کسی گذشتہ اشاعت میں شائع ہوا تھا لیکن اس میں دفتر کی غلطی سے ایک امیدوار جو کہ جامعہ جونیر کے امتحان میں کامیاب ہوا تھا۔ [illegible] اور وہ اسی طرح شائع ہوا ہے۔ ناظرین کرام غلطی کی تصحیح فرمالیں۔

درجہ کامیابی	امیدوار	رول نمبر
اردو کے مضمون میں کامیاب	محمد راشد	[illegible]

(رجسٹرار جامعہ ملیہ)

نجار کانفرنس۔۔۔ اسمبلی میں نمائندگی پر مبارکباد

آبپاشی کی اسکیم۔۔۔ مربہ کی فیکٹریاں۔۔۔ ریشم کے کیڑے

از مکتوب سرینگر

سرینگر (بذریعہ ڈاک) ہند ایک ترقی یافتہ اور خوشحال ملک ہے اس لئے کشمیر اپنی قسمت کو ہمالہ کے ساتھ وابستہ کرکے بہت زیادہ فائدہ اٹھائے گا ہم نے اپنا انتخاب کافی غور و خوض اور دیکھ بھال کر کے کیا ہے اس لئے کوئی چیز ہمیں اس کے بدلنے کیلئے مجبور نہیں کر سکتی۔ یہ الفاظ خان محمد سلطان نجار صدر آل کشمیر نجار ایسوسی ایشن نے مجمع کے سالانہ اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔

اس کانفرنس میں تقریباً چالیس ہزار نجاروں نے تقریباً [illegible] نجار مندوبین نے شرکت کی تھی۔

مسٹر نجار نے کہا جبکہ ہندوستان بڑی تیزی سے جمہوریت کی طرف بڑھ رہا ہے پاکستان اس کے برخلاف فسطائیت اور ڈکٹیٹرشپ کی طرف جا رہا ہے جب کہ صوبہ سرحد کے واقعات سے صاف ظاہر ہے جہاں جبر و تشدد کا دور دورہ ہے اور لوگوں پر بنوک شمشیر حکومت ہو رہی ہے۔ ہم کشمیری لوگ ایسے ملک سے کوئی رابطہ قائم نہیں کر سکتے جہاں اس قسم کے حالات ہوں۔

کانفرنس کے دوسرے مقرروں نے کشمیر کی موجودہ حکومت کی تعریف کی اور اس پر اظہار اعتماد کرتے ہوئے کہا کہ وہ وقت دور نہیں ہے کہ جب ہم جلد ہی نئے کشمیر کے تصور کو پورا کر دکھائیں گے۔

کانفرنس میں دو قرار دادیں پاس ہوئیں اول میں شیخ عبد اللہ اور ان کی حکومت پر اظہار اعتماد کیا گیا ہے دوسری میں ہندی کی مجلس دستور ساز کے نمائندوں کے انتخابات پر مبارکباد دی گئی ہے۔

ریاست کی حکومت نے آبپاشی کے ذرائع کو بہتر اور سائنٹفک بنانے کے لئے ایک زبردست اسکیم تیار کی ہے اندازہ ہے کہ اس پر ۵ لاکھ روپیہ صرف آئیگا اس سے نئی نہروں کی کھدائی اور پرانی نہروں کو جدید طرز پر ڈھالنے اور بند باندھنے کا کام ہوگا تاکہ ان علاقوں کو جو ابھی تک بیکار رہیں سرسبز و شاداب کیا جا سکے۔ وہ خطہ ارض کا ایک وسیع حصہ زیر کاشت لایا جا سکے۔

اس وقت ریاست میں مربہ بنانے والی ایک چھوٹی سی فیکٹری ہے مگر حکومت ایک اسکیم تیار کر رہی ہے جس سے ریاست میں کافی تعداد میں آچار، مربہ وغیرہ کا کام شروع کیا جا سکے اور ایسے پھلوں کو بھی جن کو بیکار کر دیا جاتا ہے کار آمد بنایا جا سکے۔ اس سلسلہ میں ابتدائی تجاویز زیر غور ہیں اور روپیہ کا اندازہ کیا جا رہا ہے۔

[illegible] ایسا خیال کی جاتی ہے اور وہ کشمیر میں آکر آباد نہیں ہوئے۔ [illegible] ان کو قرضہ جات دیے گی تاکہ وہ اپنے سابقہ کاروبار شروع کر سکیں اور مکانوں کی تعمیر کر سکیں۔ جو لوگ کاشتکاری کرتے تھے ان کو زمینیں دی جائیں گی۔

حکومت ریشم کی صنعت کو ترقی دینے کے متعلق بھی غور کر رہی ہے اور [illegible] دو لاکھ روپیہ سے ریشم کے کیڑے منگائے گئے ہیں۔

پٹیالہ یونین کو مشرقی پنجاب میں ضم کرنیکا سوال

یونین کے وزیر اعظم کی تقریر۔ تحریک کی مذمت

پٹیالہ ۲۳ رجون۔ پنتھک کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم پٹیالہ نے اس پر اظہار افسوس کیا کہ پنتھ کے بعض گروپ پنتھ میں نفاق پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ پٹیالہ یونین کو مشرقی پنجاب میں ضم کرنے کا مطالبہ پنتھک لیڈروں کے سابقہ اعلانات کے منافی ہے۔ اس یونین کی تشکیل سے قبل ایک اکالی لیڈر نے اس کی کوشش کی تھی کہ حکومت ہند کو اس کے بنانے سے باز رکھا جائے لیکن وہ اپنی ان کوششوں میں ناکام رہے جب یہ یونین قائم ہوا تو انہوں نے اور ان کے ساتھیوں نے اس سے نامعلوم کرنے کی پوری کوشش کی۔ [illegible] اکالی دل نے اس یونین کا خیر مقدم کیا اور اس کو پنتھ کی فتح بتائی۔ (ا۔ پ)

انڈونیشیا کے مشہور کمیونسٹ لیڈر کو پھانسی

لندن ۲۳ رجون: یہاں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حال ہی میں مشرقی جاوا کی جمہوری فوجوں کے کمانڈر نے انڈونیشیا کے ایک مشہور کمیونسٹ لیڈر تان ملکا کو پھانسی دیدی۔

ان کو پھانسی دینے کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ڈچ اور ریپبلکن کے درمیان جو مصالحت ہو رہی ہے اس میں متوفی کمیونسٹ لیڈر رخنہ اندازی کر سکتے تھے۔ ان کی ہلاکت جمہوریہ کی نئی پالیسی کی کامیابی میں مددگار ثابت ہوگی۔ (گلوب)

بددیانت داروغہ جیل کو سزا

پٹیالہ ۲۲ رجون۔ مقامی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے [illegible] داروغہ جیل کو زیر دفعہ ۴۰۹ تعزیرات ہند ۵ سال قید سخت اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ عدم ادائیگی جرمانہ ۲ سال قید مزید کی سزا دی ہے۔ ملزم کے خلاف ۱۲ ہزار روپیہ غبن کا مقدمہ چل رہا تھا۔ (ا۔ پ۔ س)

مذہبی جگہوں پر سیاسی پرچار ممنوع

پٹیالہ ۲۲ رجون۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پٹیالہ نے فیصلہ کیا ہے کہ مذہبی جگہوں پر پرچار کی اجازت نہ دی جائے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں عنقریب پٹیالہ یونین کی طرف سے متعلقہ ہدایات جاری کی جائیں گی۔ (ا۔ پ۔ س)

ہندوستان کو سیامی چاول

کلکتہ ۲۳ رجون۔ سیام کے چاول [illegible] ایک بیان میں کہا کہ [illegible] سیام [illegible] کو ۳ لاکھ ٹن چاول [illegible] انہوں نے کہا کہ یہ بات [illegible] سیام ہندوستان [illegible] معاہدہ کا فیصلہ [illegible] (ا۔ پ۔ ی)

پٹیالہ ۲۲ رجون۔ راجپورہ سے خبر ملی ہے کہ تحصیل راجپورہ کے منظم کمیونسٹ کارکن کامریڈ امر سنگھ کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ (ا۔ پ۔ س)

دہلی میں برف والوں کی لوٹ

[illegible]

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علما نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خریدتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پر اپنے پورے پتے کے ساتھ حسب ذیل عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے۔

"۔۔۔۔ صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے کی بجائے ۔۔۔ کل پابندی کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں۔ (اور میں ان کے معاملہ خریداری سے مطمئن ہوں)"

ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علماء نمبر مفت ارسال کر دیں گے۔ یہ رعایت صرف ۵ رمضان تک جاری رہے گی۔ روزنامہ الجمعیۃ دفتر سے براہ راست خریدنے والے اپنے خریداری نمبر کا حوالہ دے کر مفت منگا لیں۔

(نوٹ) جمعیۃ علماء نمبر کی بہت کم کاپیاں باقی ہیں۔ اس لئے خواہشمند حضرات جلد توجہ دیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

برطانوی موٹروں کی تجارت
برآمد میں زبردست اضافہ

لندن ۲۲ رجون۔ [illegible] برطانیہ سے ۶۵ [illegible] ہزار موٹریں [illegible] (گلوب)

دار السلطنت

۲۳ رجون

ٹریفک کی خلاف ورزی

گذشتہ ہفتہ کناٹ پلیس میں سڑک کے بیچ میں چلنے والے ۴۹ اشخاص کو پولیس نے پکڑ لیا اور ان کے خلاف کاروائی کی۔ بلا لائسنس تانگہ چلانے پر ۳۰ تانگے والے گرفتار کئے گئے۔ ٹریفک پولیس نے ۴۹ اشخاص کو موٹر وہیکل ایکٹ کے ماتحت چالان کیا۔ ۴۲ سائیکل والوں کا بھی چالان کیا گیا ان میں ۷ کو تنبیہ کرکے چھوڑ دیا گیا۔

پستول برآمد

ایک مشہور بدمعاش گوجر دیال کے پاس سے ایک پستول برآمد کیا گیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے اس نے کئی ڈکیتیوں میں حصہ لیا ہے۔ یہ سکری کا رہنے والا بیان کیا جاتا ہے۔ (ا۔ ن۔ ک)

پہاڑ گنج میں دلچسپ واقعہ

صبح یہاں ایک مکان سے آگ کی آواز سن کر بہت لوگ جمع ہو گئے اور دکان کو دیکھ کر پولیس پہنچ گئی۔ ایک جیپی سے دھواں نکلتا دکھائی دے رہا تھا۔ لوگوں نے جلدی سے کام لے کر چنی توڑ ڈالی اور اب اس میں پانی انڈیلنا شروع کر دیا۔ فائر بریگیڈ بھی جلد ہی موقعہ پر پہنچ گیا۔ اس وقت معلوم ہوا کہ گھر میں آگ نہ لگی تھی بلکہ چولہے کا دھواں جمع ہو گیا تھا وہ چمنی سے نکل رہا تھا۔

میونسپلٹی کی کاروائی

میونسپلٹی نے آج اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ حکومت ہند سے مقامی مالی تحقیقاتی کمیٹی میں نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا جائے یہ تحقیقاتی کمیٹی لوکل سیلف گورنمنٹ کے وزراء کی جو کانفرنس اگست ۱۹۴۸ء میں دہلی میں ہوئی تھی اس کی سفارشات کی تحت بنائی گئی ہے۔ کمیٹی کا چیرمین اور ۲ ممبر منتخب ہو چکے ہیں۔ ایک ممبر کا انتخاب باقی ہے۔ میونسپلٹی سمجھتی ہے اس کا ایک ممبر اس کمیٹی میں ہونا چاہیے۔ صدر میونسپلٹی نے اس کی حمایت کرتے ہوئے کہا۔ جب چھوٹی میونسپلٹی کو تحقیقاتی کمیٹی میں نمائندگی حاصل ہے تو دہلی کو بھی ضرور نمائندگی ملنی چاہیے جو ایک بڑی میونسپلٹی ہے۔

سکرٹریٹ میں سائیکل چوری

سکرٹریٹ میں سائیکل چوری کی وارداتیں [illegible] پولیس طرف متوجہ ہے۔ [illegible] کیا جاتا ہے کہ ایک چپراسی نے نارتھ بلاک کے کوریڈور میں اپنی سائیکل مقفل کرکے چھوڑ دی تھی جب وہ لوٹ کر آیا تو اس نے دیکھا کارڈ موجود ہی ہیں۔ ایک شخص چابیوں کے ایک گچھے کی مدد سے تالہ کھولنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس نے اس شخص کو پکڑ کر گارڈ کے حوالے کیا اسے پولیس کے سپرد کیا جائے لیکن گارڈ نے اس چور کو بھاگنے میں مدد دی لیکن اس چپراسی نے چابیوں کے گچھے پر قبضہ کر لیا اور اسے انڈر سکرٹری کے حوالے کر دیا۔ (ا۔ ن۔ ک)

چوری کی وارداتیں

کل شہر میں کئی مقامات پر چوریاں ہوئیں۔ تیواڑ پور میں ایک کلرک کے مکان سے نقدی اور زیورات چوری ہو گئے۔ پالم ایر فیلڈ کے ایک فلائٹ سرجنٹ نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ان کی قیام گاہ سے کپڑے اور زیورات چرا لئے گئے۔ چاوڑی بازار میں ایک شخص کی دکان سے [illegible] کی بوری چرا لی گئی [illegible]

ڈاکٹر لوہیا اور اُن کے رفقائے کار کو سزا دیدی گئی

دہلی میں یوم لوہیا کی تیاریاں

دہلی ۲۳ رجون۔ آج دہلی کے سٹی مجسٹریٹ کنور جیت سنگھ بیدی نے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور ان کے ۴۵ دیگر ساتھیوں کے خلاف ۵ روزی کورٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ڈاکٹر لوہیا اور ان کے ۳ دیگر ساتھیوں کو دو دو ماہ قید اور ایک ایک سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی۔ جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزمان کو مزید پندرہ دن کی مزید قید بھگتنی پڑیگی۔ عدالت نے تین دیگر ملزمان شیشو ناتھ دیوان اور ملک راج کو بری کر دیا۔ سزا پانے والوں میں ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کے علاوہ مسٹر پریم بھسین قائم مقام سکریٹری آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی مسٹر سکسینہ جنرل سکریٹری دہلی پارٹی مسٹر سوم پرکاش شیدا اور مسٹر روپ نرائن کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ یاد رہے کہ ملزمان نے پنڈت نہرو کو بطور گواہ صفائی طلب کرنے کی درخواست کی تھی جس کے نامنظور ہو جانے کے نتیجہ کے طور پر ملزمان نے صفائی پیش کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ ملزمان کی طرف سے مسٹر کمل اور پرمجیت پیش ہوتے تھے۔

آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی کی مجلس عاملہ ایگزیکٹیو کمیٹی نے ۲۶ جون کو ملک بھر میں یوم لوہیا منانے کا فیصلہ کیا ہے اس کی تکمیل کے طور پر دہلی سوشلسٹ پارٹی اس سلسلہ میں زور شور سے تیاریاں کر رہی ہے۔ سوشلسٹ پارٹی کی دہلی برانچ نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے درخواست کی ہے کہ انہیں اس دن دہلی کے ہنٹر پارک میں پبلک جلسہ منعقد کرنے کی اجازت دی جائے۔ اگر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اجازت نہ دی تو سوشلسٹ لیڈر مسٹر نرملا دیوی تا اصف علی کی رہنمائی میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اس روز جلسہ کریں گے۔

مقامی حکومت سے تعلق رکھنے والے قریبی حلقوں کا کہنا ہے کہ غالباً اجازت نہیں ملے گی۔ اس سلسلہ میں آج دہلی کے چیف کمشنر، پولیس افسروں اور دیگر حکام کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ۲۶ رجون کے دن ہونے والے جلسے کے سلسلہ میں بات چیت کی گئی اور انتظامات کی دیکھ بھال کے لئے پروگرام مرتب کیا گیا۔

سکرٹریٹ میں بھوت کی سرگرمیاں

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مقامی حکام سکرٹریٹ میں ایک ہفتہ کے اندر چوروں کو چھ مرتبہ داخل ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ ایک افسر نے کہا اگر یہی صورت حال دیر تک رہی تو اس کے خطرناک نتائج نکلیں گے

اس نے اس خطرہ کا اظہار کیا کہ اگر اس بھوت نے چاہا تو کسی دن وہ ریکارڈ روم کو تباہ کر دے گا یا ان کو آگ لگا دے گا یا سکریٹریٹ کو نقصان پہنچائے گا۔

اب تک اس بھوت نے صرف یہ دکھانے پر اکتفا کیا ہے کہ پولیس کی نگرانی کے باوجود وہ جو کچھ چاہے کر سکتا ہے۔ (ا۔ ن۔ ک)

ایڈورڈ پارک کا نیا نام

میونسپلٹی نے اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ یادگار کمیٹی سے ایڈورڈ پارک کا چارج لے لیا جائے۔ میونسپل کمیٹی نے تجویز کی کہ ایڈورڈ پارک کا نام بدل کر سبھاش پارک یا بھگت سنگھ پارک رکھا جائے۔ وہاں سے گھوڑے سوار ایڈورڈ ہفتم کے مجسمہ کو ہٹا دیا جائے اور پنڈت جی نہرو کا مجسمہ نصب کیا جائے۔

کمیونسٹ کو سزا

کملا راج نامی ایک کمیونسٹ کارکن کو جو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا اور جس پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے امتناعی احکام کی خلاف ورزی میں ایک جلسہ طلب کرنے کا الزام تھا۔ مسٹر کپور مجسٹریٹ درجہ اول نے چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

سائیکل سواروں کیخلاف کارروائی

دہلی میں ہر روز تقریباً سو سائیکل سواروں کے خلاف روزانہ ٹریفک رولز کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جاتی ہے لیکن یہ کہا جاتا ہے کہ ایک لاکھ سائیکل سواروں کو اس کے باوجود پرواہ نہیں اور وہ ٹریفک رولز کو خاطر میں نہیں لاتے۔ خیال ہے کہ ان کے خلاف مزید کوئی کارروائی نہ کی جائے گی جب تک پولیس کی تعداد ۲۰۷ سے بڑھا کر چار سو نہ کر دی جائے۔

بہار اسٹیٹ بل کی مخالفت

نئی دہلی ۲۲ رجون۔ معلوم ہوا ہے کہ کانگرس پارلیمنٹری [illegible] صوبہ بہار کے علاقوں سے تقریباً ایک ہزار تار موصول ہوئے ہیں جن میں اُن سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ بہار اسٹیٹ بل کو بالآخر حکومت کی نگرانی میں دینے کا قانون کو فوراً روک دیں۔ [illegible] (گلوب)

مہاتما گاندھی کی قیمتی آواز

اس وقت آل انڈیا ریڈیو کے پاس مہاتما گاندھی کی تقاریر کے ۵۰ ریکارڈ موجود ہیں اگر ان کو مسلسل بجایا جائے تو وہ ساڑھے گھنٹے تک چلیں گے ان میں سے زیادہ تر مہاتما گاندھی کی پرارتھنا وں کی تقاریر کے ریکارڈ ہیں جو بمبئی، پونا، مدراس اور کلکتہ اور دہلی کی ہیں۔

آل انڈیا ریڈیو نے یہ چاہا ہے کہ مہاتما گاندھی کی اس قیمتی آواز کو ہمیشہ کے لئے محفوظ رکھا جائے اس لئے ان کو حصص ہیں با ہر بھیجا جائے گا تاکہ دہ [illegible] تیار ہو سکیں۔

فرانسیسی نو آبادیوں کیساتھ معاہدہ

دہلی ۲۳ رجون۔ حکومت ہند فرانسیسی نو آبادیوں کے ساتھ کسٹم معاہدہ کی [illegible] پر غور کر رہی ہے جو حکومت فرانس کی طرف سے پیش کی گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند جلد ہی [illegible] (ا۔ پ۔ ٹ)

اس ماہ کے آخر تک بارش کی توقع

[illegible] ماہ کے آخر تک بارش شروع ہو جائے گی [illegible] جولائی کو ارش ہو گئی تھی۔ اس سال دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۱۱۷ درجہ تک [illegible] سال کے اعداد و شمار کے [illegible] ۱۱۷ درجہ تھا۔

[illegible] درجہ حرارت ۱۱۲ درجہ تک پہنچے گا۔

دلاکتاب کرنے وقت چیف ایجنٹ کا حوالہ ضرور دیں

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی کھلا بازار ۔۔ ۱۲ ۔ ۱۶۳ ۔ بند بازار ۔۔ ۱۶۴ ۔ سونا ۔۔ ۱۲۰ ۔ ۱۱۳ ۔ ہاپوڑ دانہ سوج ۔۔ ۹۵ ۔ ستمبر ۔۔ ۔ اگر تیار ۔۔ ۱۵ ۔ کھانچن کھلا بازار ۔۔ ۱۵ ۔ سید بازار ۔۔ ۹ ۔ شکر ۔۔ اخترگیہوں ۔۔ کانپوری ۔۔ ۲۹ سرسوں ۔۔ ۲۶ ۔ تیل ۔۔ ۴۷ ۔ مونگ پھلی ۔۔ ۱۵ ۔ بنولہ ۔۔ انڈے ۔۔ مونگ ۔۔ ۱۹ مسور ۔۔ ۲۲ ۔ مٹر ۔۔ ۱۲ ۔ جوار ۔۔ ۵ ۔ ارہر ۔۔ ۱۳ ۔ مکی ۔۔ باجرہ ۔۔ ۱۸ ۔ جو ۔۔ ۲۲ ۔ گندم ۔۔ ۱۹ ۔ چنا ۔۔ ۱۳ ۔ [illegible]

دہلی بازار صراف

چاندی تیار ۔۔ ۱۶۲ روپے ۔ چاندی ۔۔ [illegible] ۔ چاندی کے سکے ۔۔ ۱۰۰ روپے ۔ چاندی سکہ ۔۔ ۱۲۱ ۔ سونا ۔۔ [illegible] ۔ سونا ڈھیلا ۔۔ ۱۱۶ ۔ سونا ڈھیلا ۔۔ ۱۱۷ ۔ گنی ۔۔ ۱۱۶ ۔ پونڈ ۔۔ [illegible] روپے

غلہ مارکیٹ

موٹھ ۔۔ ۱۹ روپے ۔ مکئی ۔۔ ۱۳ ۔ اُڑد ۔۔ ۱۹ ۔ رنگ ۔۔ ۲۲ ۔ چھولکا چنا ۔۔ ۱۸ ۔ گوار ۔۔ ۱۵ ۔ سرسوں ۔۔ ۳۰ روپے ۔ ماش چھلکا ۔۔ ۲۱ روپے ۔ تل بھورا ۔۔ ۳۰ ۔ تیل الکی ۔۔ ۳۲ ۔ انڈی ۔۔ ۲۸ ۔ کھل سرسوں ۔۔ کھل تل ۔۔ ۔ روپیہ ہرا کالا ۔۔ ۱۶ ۔ کھانڈ ۔۔ ۔ گڑ ۔۔ ۱۷ ۔ شکر ۔۔ ۱۸ ۔ ۲۰ ۔ نمک ۔۔ ملٹی الی ۔۔ ۳ روپے

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

۵۰ ۔ آب جوش ۔۔ ۶۲ ۔ پستہ ۔۔ ۴۰ ۔ ۳۰ روپے ۔ بادام کاغذی ۔۔ ۱۳۰ ۔ بادام گری ۔۔ ۶۵ ۔ بادام دربائی کاغذی ۔۔ ۵۲ ۔ بادام گول کاغذی ۔۔ ۱۰۲ ۔ الائچی چھوٹی ۔۔ [illegible] روپے ۔ لونگ ۔۔ [illegible] ۔ دار چینی ۔۔ ۔ الائچی بڑی ۔۔ ۸۶ روپے ۔ [illegible] ۔ مرچ کالی ۔۔ ۲۲ روپے ۔ مرچ لال ۔۔ ۹ روپے ۔ زیرہ سفید ۔۔ ۸۵ روپے ۔ سونف ۔۔ ۳۵ ۔ دھنیا ۔۔ ۳۵ ۔ اجوائن ۔۔ [illegible] روپے ۔ پوست دانہ ۔۔ ۶۵ روپے ۔ گوند سفید ۔۔ ۴۷ ۔ کیسر کانپوری ۔۔ ۲۰۰ روپے ۔ چائے کالی ۔۔ ۲۰ روپے ۔ سپاری ۔۔ ۱۰۰ ۔ سکاکائی ۔۔ ۔ [illegible] ۔ پھٹکری ۔۔ ۔ کالی ۔۔ [illegible] ۔ گری ۔۔ ۔ [illegible] روپے

طالب علموں کا تعلیمی جہاد

دہلی ۲۳ رجون۔ کل ہند طالب علم ایسوسی ایشن کو توقع ہے کہ وہ اپنے دس ہزار کارکنوں کے ذریعہ ۳ لاکھ ناخواندہ انسانوں کو تعلیم دے سکیں گے۔ ان تعلیمی مرکزوں میں طالب علم موسم گرما کی تعطیلات میں چلا رہے ہیں اور صوبائی گورنمنٹیں ہر ممکن امداد دے رہی ہیں۔ یوپی میں ۳۰ ہزار طالب علموں کی ایک جماعت نے ۴۰ ہزار ناخواندہ لوگوں کو لکھنا پڑھنا سکھایا۔ [illegible] تعلیمی گروہوں کے [illegible]

مسئلہ کشمیر پر اب بھی سمجھوتہ ممکن ہے

میں نے مستعفی ہونے کی دھمکی نہیں دی۔ اڈمرل نمٹز کا بیان

لیک سکسیس ۲۳ رجون۔ اڈمرل چیسٹر نمٹز نے جن کو اقوام متحدہ نے کشمیر کے استصواب رائے کا ناظم مقرر کیا ہے کل بتایا کہ وہ مسٹر ٹرگوے لی اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل کی کشمیر کے بارے میں ہدایات کے منتظر ہیں۔

اڈمرل نے کہا یہ اخباری اطلاع غلط ہے کہ ان کی یہ خیر بھی سچ ہو کہ انہوں نے پاکستان میں کشمیر کے بارے میں [illegible] وعدے کے اُٹھنے کے مستعفی ہو جانے کی دھمکی دی [illegible] کیا میری خدمات ترکیوں کی طرح اقوام متحدہ کے لئے وقف ہیں یہاں کے سرکاری حلقوں کے بیان کے مطابق [illegible] سے آنے والی اطلاعات سے اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ کسی نہ کسی قسم کا سمجھوتہ ہو جائے گا۔ یہاں سمجھوتے کی راہ میں آزاد کشمیر کی افواج کا معاملہ سب سے بڑی رکاوٹ خیال کی جاتی ہے۔ لیکن اس مسئلہ پر بھی سمجھوتہ ہوتا ہے [illegible] خیال کیا جاتا ہے۔ (روپٹر)

ہندو اور پاکستان میں ہوائی معاہدہ

کراچی ۲۳ رجون۔ پاکستان ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع کے مطابق ہندو پاکستان میں باقاعدہ ہوائی سروس جاری کرنے کے متعلق معاہدہ کی رو سے [illegible] تک ہندوستان کے [illegible] ہوائی جہاز [illegible] پاکستان کے ان ہوائی جہازوں [illegible] اجازت حاصل کرنے کی ضرورت پیش آئی تھی۔ [illegible]

کشمیر میں اناج کی تقسیم کیلئے کمیشن سے پاکستان کی درخواست

کمیشن نے صاف جواب دیدیا

سرینگر ۲۳ رجون۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] چند دن گذرے وزیر اعظم پاکستان [illegible] درخواست کی تھی [illegible] درخواست کی تھی کہ وہ آزاد کشمیر میں اناج کی تقسیم میں [illegible] حصہ لے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کمیشن نے [illegible] کہا ہے کہ کشمیر میں اناج کی تقسیم کا کام ہمارا نہیں۔ (ا۔ پ۔ آئی)

پاکستان کی فوجوں میں غیرملکی افسران

کراچی ۲۳ رجون۔ پاکستان کی حکومت نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کی رو سے غیرملکی پاکستانی [illegible] افسران [illegible] بحال کر سکیں گے۔

آرڈیننس میں مزید کہا گیا ہے کہ اعلیٰ غیر ہندوستانی افسر [illegible] پاکستانی فوجوں میں بھرتی ہو سکتے ہیں۔ گورنر جنرل کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ [illegible] کو فوجوں میں بھرتی کر سکیں۔ (ا۔ پ۔ ٹ)

کمیونسٹوں کی سرگرمیوں سے ملایا کی اقتصادی حالت خراب ہوگئی ہے

سیاسی بحران کا بھی خطرہ۔ قوم پرست لیڈر مستعفی ہو جائینگے

کوالالمپور ۲۳ رجون۔ ملائی فیڈریشن کونسل [illegible] ملایا کے کمشنر جنرل مسٹر میکڈانلڈ کے بیان [illegible] تخفیف اور معاشی حالت میں خرابی پیدا ہونے سے [illegible] باشندوں کو زبردست سیاسی اختلافات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

ملایا کے قوم پرست لیڈر اور سلطان جوہور کے وزیر اعظم دانو [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ وہ [illegible] مستعفی ہو جائیں گے [illegible] انہوں نے استعفیٰ دیا تو ملایا کی دوسری [illegible] شاید ان کی پیروی کریں گی۔ [illegible]

ہندوستانیوں کو فوراً رہا کر دیا جائے

ہندوستانی سفارتخانہ کی برما باغیوں سے اپیل

رنگون ۲۳ رجون۔ (ر پ ٹ) [illegible] ہندوستانی سفارت خانہ نے برما کے باغیوں سے مطالبہ کیا ہے کہ [illegible] باشندوں کو فوراً رہا کر دیں [illegible] ہندوستانی سفارت خانہ نے [illegible] (گلوب)

بچہ زخمی ہو گیا

[illegible]

پاکستان اور [illegible] ہوائی معاہدہ

[illegible]

اشتہار نیلام

جنرل [illegible] کشن مارکیٹ [illegible] بازار نظری مرکٹ امیں

[illegible] نیلام ہوگا [illegible] فرنیچر، زیورات، برتن [illegible] سامان [illegible] ریڈیو، سائیکل، گھڑیاں، سلائی مشین وغیرہ [illegible] خریدنا چاہیں تشریف لائیں

تلی
ٹھیکہ پر علاج کراؤ

نامردی، آتشک، سوزاک، جریان، احتلام، سرعت انزال وغیرہ [illegible] پوشیدہ امراض کا

خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی

عید کارڈ۔ کلام اللہ شریف ودینیات۔ عید کارڈ [illegible]

جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی

کنٹرول ریٹ پر
تیل ۔ سمنٹ ۔ میدہ

ہمارے ہاں لاسٹ و ڈیزل آئل، کیروسین آئل، [illegible] سیمنٹ، میدہ، ولایتی سیمنٹ، چادریں [illegible] مطابق ملتی ہیں۔ [illegible]

بنسی دھر جگل کشور
سرکار لین کلکتہ

فون نمبر BAN 300
تار کا پتہ BD 613

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا قطرہ قطرہ پیشاب آنا، پیشاب کی نالی میں جلن کا ہونا [illegible] خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ لاکھوں مریض [illegible] کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں۔ ایک شیشی چند گھنٹوں میں [illegible] قیمت [illegible] روپیہ چار آنہ

مفت۔ سوزاک کے متعلق ایک مفید کتاب مفت طلب کریں۔

سٹاکسٹ: نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP LTD. POST BOX No. 4 (A. J.) BOMBAY

قرآنی نقشہ۔ بچوں کی تعلیم کے لئے مفت طلب فرمائیں

ذرا سوچ ۔۔۔۔ کر جواب دیجئے

س۔ پانچ وقت کی نماز کس نے مقرر کی [illegible] اسلامی کتابیں [illegible]

ادارہ [illegible] رسالت بلی ماران دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے

اپنے شہر یا ضلع کے [illegible] ہفت روزہ [illegible] کے خریدار بنئے [illegible] جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۵ رمضان تک [illegible]

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر
جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
فون نمبر 6841
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۷ جون ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۴۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بازار لال کنواں
نزد ہمدرد دواخانہ دہلی
آپ دہلی تشریف لائیں تو ایک مرتبہ ضرور نیو صدر مسلم ہوٹل میں قیام فرمائیں آپ گھر کا سا آرام محسوس کریں گے۔ ہوادار صاف کمرے، نیا فرنیچر، بہترین سروس، خوش ذائقہ کھانے آپکا آرام اور آپ کی سہولتیں ہمارا بہترین اور موثر ایڈورٹزمنٹ ہے
پروپرائٹر
اے کریم

دہلی اور اس کے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

تاریخ جون	تاریخ ماہ رمضان	دن	وقت ختم سحری	وقت افطار
۲۸	۱	منگل	۳ بجکر ۵۷ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ
۲۹	۲	بدھ	۳ بجکر ۵۸ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ
۳۰	۳	جمعرات	۳ بجکر ۵۸ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ

یوپی کے دیہاتوں میں طوائف الملوکی پھیلی ہوئی ہے وزیر پولیس کا انکشاف

جرائم کی روک تھام کے لئے آسترہ ضلاع میں نیا قانون نافذ کر دیا گیا!

پولیس کے ساتھ تعاون کرنے کیلئے مسٹر شاستری کی اپیل

لکھنؤ (۲۵) جون - یوپی کے وزیر پولیس مسٹر لال بہادر شاستری نے لکھنؤ ریڈیو سے پولیس اور عوام کے عنوان سے ایک تقریر نشر کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان قائم رکھنے کے لئے عوام اور پولیس کے درمیان زیادہ سے زیادہ تعاون کی ضرورت ہے۔

تعمیری پروگرام کے عملی پہلوؤں پر بحث ختم ہو جانے کے بعد عبدالحمید انصاری نے ایک تجویز پیش کی کہ اس کی تحریک کے ساتھ سی پی کے مسلمانوں میں مخصوص ادارے قائم کئے جائیں تاکہ مساجد کے ذریعہ مذہبی اصلاح اور دینی تعلیم کی تحریک کا کامیاب بنانے کی ساعت پیدا ہو۔ جلسہ میں شرکائے اجلاس نے اپنے اپنے حلقوں میں تنظیم جمعیۃ کی تکمیل اور تعمیری پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے پُر خلوص عہد کیا۔ اس کے بعد دو تجویزیں جو ہندوستانی مسلم لیگ کے سیاست میں حصہ لینے کی مذمت اور مولانا حفظ الرحمن کو مبارکباد دینے کے متعلق ہیں منظور ہوئیں۔

پالن پور میں عظیم الشان جلسہ

پالن پور۔ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا مفتی محمد شریف صاحب کا چوتھا وعظ جمعیۃ العلماء ضلع بناس کانٹھا کے اہتمام میں بصدارت مولوی عبدالرزاق صاحب صدر جمعیۃ شہر پالن پور ہاتھی خانہ کے وسیع میدان میں منعقد ہوا۔ جلسہ کی ابتدا تلاوت قرآن شریف سے ہوئی۔

حضرت مفتی صاحب نے نہایت دلچسپ و بصیرت افروز تقریر فرمائی۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد بیان فرمائے اور علماء حق کی خدمات سے پبلک کو روشناس فرمایا ... مسلمانوں کا خوف و ہراس دور ہوا اور جمعیۃ علماء پر حکومت ہند کے حسن سلوک پر اعتماد پیدا ہوا آپ نے فرمایا کہ مسلمانوں کو خوف و ہراس دل سے نکال دینا چاہیئے۔ ہر بات کا حل مسلمانوں کو قرآن حکیم سے نکالنا چاہیئے۔ ہر فرقہ کے ساتھ خوش اسلوبی سے میل جول قائم رکھنا چاہیئے۔ آپ نے دوران وعظ میں فرمایا کہ جمعیۃ علماء محض مذہبی جماعت ہے مذہبی خدمات اور اس کے تحفظ کے بارے میں جدوجہد کیا کرے گی۔ نیز فرمایا کہ اگر مسلمانوں کے لئے کوئی سیاسی پلیٹ فارم بہتر اور مفید ہو سکتا ہے تو وہ کانگریس ہے اس پر بہار (اعتبار) کیا۔ تقریباً دو گھنٹہ تک تقریر جاری رہی حاضرین جن میں تعلیم یافتہ حضرات بھی موجود تھے نہایت محظوظ ہوئے۔

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء گجرات کا اجلاس

سورت (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ گجرات کی مجلس منتظمہ کا ایک اجلاس ۵ رجون ۱۹۴۹ء کو زیر صدارت جناب مفتی سید مہدی حسن صاحب شہر سورت میں منعقد ہوا جس میں ۱۳ اراکین صوبہ نے شرکت فرمائی۔ سالانہ کار گزاری منشی ... بھائی صاحب کی تجویز اور محمد ... صاحب و عبدالحلیم شبلی صاحب کی تائید سے بالاتفاق پاس ہوا۔ نیز مذہبی و تعلیمی ترقی کے لئے ... کمیٹی بنائی گئی۔

(۱) مفتی سید مہدی حسن صاحب (۲) منشی ... (۳) مولانا سید ابوظفر ندوی صاحب (۴) مولانا محمد یوسف صاحب شیخ الحدیث جامعہ ...

اڑیسہ میں جمعیۃ کانفرنس

کٹک۔ (بذریعہ ڈاک) ۱۱-۱۲ مئی کو مسلمانان اڑیسہ کی ایک کانفرنس ہوئی اور جمعیۃ علماء کا قیام عمل میں آیا جس کی منتظمہ کمیٹی کے عہدیداروں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

مولانا محمد طاہر صدر، مسٹر محمد حنیف نائب صدر، مولانا برکت اللہ نائب صدر، مسٹر ڈاکٹر یوسف علاء جنرل سکریٹری، مسٹر عنایت اللہ سکریٹری، مسٹر عبداللطیف سکریٹری، رحیم خاں خازن منتخب ہوئے۔

جمعیۃ علماء بریلی کا تعمیری پروگرام

بریلی۔ (بذریعہ ڈاک) کل بعد نماز مغرب دفتر جمعیۃ علماء زیر صدارت حکیم محمد خلیل اللہ صاحب کے ایک ہنگامی جلسہ ہوا۔ اس سلسلہ میں ہر ممبر پر لازمی قرار دیا گیا کہ وہ ایک گھنٹہ جمعیۃ کے شبینہ مکتب میں اردو، ہندی تعلیم دینے کے وقت نکالے۔ چنانچہ سات ممبروں نے اس کے لئے اپنے نام لکھوائے۔ اقتصادی حالت پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی۔

چار بچے واپس آگئے

گزشتہ ۸ رجون کے الجمعیۃ میں سہارنپور کے دو چار بچے لاپتہ ہیں کے عنوان سے شائع ہوئی تھی اب معلوم ہوا ہے کہ یہ دونوں بچے جو موضع سید ... اسکول جایا کرتے تھے اتفاقاً اپنے مکان واپس ہونے کے بجائے ایک قریبی گاؤں میں اپنے رشتہ دار کے یہاں چلے گئے تھے اور وہ چند تین روز کے بعد واپس آگئے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ تھانہ بھیٹ پولیس نے جھوٹی خبر دینے پر بچا دونوں کو سرزنش کی ہے۔

(نامہ نگار)

الجمعیۃ میں اشتہار دیجئے

کلکتہ میں ایک دن میں خلاف قانون مظاہرے اور دہشت انگیزی کے تین واقعات

سکریٹریٹ کے سامنے مظاہرہ اور شمالی کلکتہ میں پولیس پر حملہ

ایک ہلاک، ایک درجن سے زائد زخمی اور تقریباً ساٹھ گرفتار

کلکتہ ۔ کل کلکتہ اور اس کے نواح میں دہشت انگیزی کے دو واقعات پیش آئے۔ ایک واقعہ مغربی بنگال سکریٹریٹ کے سامنے ... حکام کے خلاف وزیر ی میں جلوس نکالنے کا تھا ان تینوں واقعات پر ایک درجن سے زائد اشخاص زخمی ہوئے ... زخمیوں میں سے ایک شخص ہلاک ہو گیا تقریباً ساٹھ گرفتاریاں ہوئیں۔

... کے خلاف وزارتی میں مغربی بنگال کے ... جلوس نکالا گیا تھا۔ پولیس نے ... استعمال کرکے منتشر کر دیا۔ جلوس میں ... عورتیں بھی شامل تھیں۔ ڈلہوزی اسکوائر کے شمال مشرقی گوشہ سے شروع ہوا۔ تقریباً سوا دو بجے سکریٹریٹ کے بڑے دروازہ کی طرف روانہ ہوئے۔ یہ حکومت اور وزارت کے خلاف نعرے لگا رہے تھے۔

پولیس نے ان کو بلاک کے سامنے روک لیا۔ اس پر پولیس پر پتھروں پر اور بینٹوں کا بارش شروع ہو گئی۔ پولیس نے پہلے تو لاٹھی چارج کیا لیکن جب اس سے مظاہرین منتشر نہ ہوئے تو آنسو گیس کا استعمال شروع کر دیا اس حادثہ کے دوران میں گاڑیوں کا آمد و رفت بند ہو گئی تھی۔

(باقی صفحہ ۵ پر ملاحظہ ہو)

الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز

کراچی۔ سری نگر، حیدرآباد، جودھپور اور ناگپور کے ایجنٹوں کو الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز بھیجا جاتا ہے۔ لیکن ان مقامات پر بھی قیمت فی پرچہ صرف ۲ رکھی گئی ہے۔ اپنے ایجنٹ سے الجمعیۃ ۲ میں حاصل کیجئے۔ اس سے زیادہ قیمت ادا نہ کیجئے۔ جن شہروں میں دہلی سے روزانہ ہوائی سروس ہے وہاں کے ایجنٹ حضرات الجمعیۃ بذریعہ ہوائی جہاز طلب کریں۔

مہتمم اشاعت

روزنامہ الجمعیۃ دہلی

AMIGO TONIC

امیکو ٹانک

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے ... اعضائے رئیسہ کو تقویت پہونچاتی ہے ... قیمت فی شیشی ...

امیکو طلا

... قیمت فی شیشی ...

ملنے کا پتہ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

دار السلطنت

۲۸ رجون

پنڈت نہرو کی واپسی

پنڈت نہرو ہند کے وزیر اعظم کل دہرہ دون میں سردار پٹیل سے ملاقات کرکے دہلی واپس پہنچ گئے۔

ہندی وفد کی واپسی

کراچی میں جانداد کی بین الملکتی کانفرنس میں حصہ لینے کے لئے ہندوستان کا جو وفد کراچی گیا ہوا تھا وہ کل شام دہلی واپس پہنچ گیا۔ مسٹر گوپال سوامی آئنگر جو اس وفد کے لیڈر تھے وہ بھی کل واپس پہنچ گئے۔

وزارت امور خارجہ

معلوم ہوا ہے وزارت امور خارجہ کا ایک عہدہ ... بجو دہ پالیسی کے متعلق کئے جانے کا خیال کیا جاتا ہے کہ یہ اقدام اس لئے کیا گیا ہے کہ مرکزی سکریٹریٹ میں عملہ کی جو قلت ہے وہ دور ہو سکے۔

پابو نگر میں آگ

سبزی منڈی کے پابو نگر میں گزشتہ شب ایک اسکول میں آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ کے پہنچنے سے قبل ہی اسکول کی تمام عمارت جل گئی ...

چوری اور رہزنی کے واقعات

ایک ملی مدراس کی بیوی کی ... ڈکیتی ...

بہاولپور ہاؤس امریکہ نے خرید لیا

معلوم ہوا ہے کہ امریکی سفارت نے ... لاکھ روپیہ میں بہاولپور ہاؤس کو خرید لیا ہے یہ عمارت نواب صاحب بہاولپور کی ملکیت تھی جن کی ریاست اب پاکستان میں شامل ہو چکی ہے۔

رشوت لینے پر معطل

ڈی۔ ٹی۔ ایس کا ایک سب انسپکٹر ... رشوت لینے کے الزام میں معطل کر دیا گیا ...

کپڑے کی ڈیڑھ سو دوکانیں

معلوم ہوا ہے کہ کپڑے کی موجودہ چار سو راشن کی دوکانوں میں ... کمی کی جائیگی ...

بازاروں کے بھاؤ

ہاپڑ مارکیٹ

دہلی بیاری مارکیٹ

دہلی بازار صرافہ

دہلی غلہ مارکیٹ

دہلی کریانہ منڈی

مغربی بنگال کے سکریٹریٹ پر مظاہرے

بقیہ صفحہ ۴ کالم نمبر ۴

... پولیس کا ایک افسر بھی زخمی ہوا۔

دہشت انگیزی کا دوسرا واقعہ اسی دن شام کو ہوا جب شمالی کلکتہ میں ایک ... ختم کرانے میں پولیس کا ایک اسسٹنٹ کمشنر، ایک سب انسپکٹر، تقریباً نصف درجن سپاہی زخمی ہو گئے ...

کلکتہ سے بیس میل کے فاصلہ پر ... جگت دل میں دہشت انگیزی کا دوسرا واقعہ ... بم پھینکے سے دو اشخاص زخمی ...

حکومت کا پریس نوٹ

اس سلسلہ میں حکومت مغربی بنگال نے جو پریس نوٹ جاری کیا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ سکریٹریٹ کے سامنے پولیس نے اشک آور گیس کے سولہ راؤنڈ چلائے ...

دہلی کیلئے صوبائی خودمختاری کا مطالبہ

سردار پٹیل سے وفد کی ملاقات

بارش کی کوئی امید نہیں

گرفتاریاں

دہلی گیٹ پر حادثہ

اہل اسلام حضرات سے ضروری اپیل

جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کا کتب خانہ

بلجیم کے انتخابات نتائج کا اعلان

کیتھولک پارٹی کی فتح

سینٹ کے اعداد و شمار

خوراک کے مسئلہ پر وزیر اعظم کی تقریر

ٹیکسی ڈرائیور کی مرمت کر دی

ایک ماہ قید سخت

دفتر ڈھلائی یونین

جمعیۃ علماء ضلع ... کی مجلس منتظمہ کا جلسہ

وزیر اعظم برطانیہ دہلی آئیں گے

جامع مسجد گڑگاؤں کے لئے

مخیر حضرات سے اپیل

پنڈت نہرو دہلی میں

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور ...

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

خصوصی مجربات

موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دکشا

روغن مقوی دماغ

اکسیر طحال

اکسیر کامل

تریاق الرحم

سفوف سوزاک

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

آصفیہ طبیہ کالج گورنمنٹ بھوپال کا

نیا تعلیمی سال

حکیم ڈاکٹر رشید الدین احمد مہتمم و سکریٹری آصفیہ طبیہ کالج بھوپال

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسمجان دہلی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا شکریہ قبول

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسمجان دہلی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi-30-6-49

جولائی کے وسط میں سید قاسم رضوی کا مقدمہ شروع ہو جائیگا

مقدمہ سننے کے لئے فوجی گورنر نے ٹریبونل مقرر کر دیا

حیدرآباد دکن، ۲۸ جون۔ رضاکار لیڈر سید قاسم رضوی کا مقدمہ جولائی کے دوسرے ہفتہ میں شروع ہو جانے کی امید ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری نے تین آدمیوں کا ایک خصوصی ٹریبونل مقرر کیا ہے۔ جو ان کے خلاف مقدمہ کی سماعت کرے گا۔

اس ٹریبونل میں مسٹر جے اے پنڈ سیشن جج، میر احمد علی خاں سیشن جج اور مسٹر میگن ناتھ ایڈیشنل سیشن جج شامل ہیں۔ مسٹر پنڈ اس ٹریبونل کے صدر ہیں۔ سید قاسم رضوی کے خلاف حیدرآباد کے قوم پرست اخبار امروز کے ایڈیٹر شعیب اللہ خاں کے قتل اور الند کے دو اشخاص کے قتل کے سلسلہ میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ آخر الذکر مقدمہ میں قاسم رضوی پر یہ الزام ہے کہ انہوں نے پولیس کارروائی کے دنوں میں الند کے قریب دو اشخاص کے قتل میں [illegible]

حال ہی میں میجر جنرل چودھری نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ سید قاسم رضوی کا مقدمہ ریاست حیدرآباد کے صدر مقام میں آئندہ جولائی کے وسط میں کسی وقت بھی شروع ہو جائے گا۔ ریاست میں اس وقت بھی فوجی گورنر کے مقرر کردہ تین ٹریبونل ان رکنوں کے خلاف مقدموں کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ جن پر پولیس کارروائی سے قبل اور بعد میں قتل و غارت، لوٹ مار اور آتش زنی کرنے کا الزام ہے۔ (پی۔ٹی۔آئی)

چنگشا پر کمیونسٹوں کے حملہ کا خطرہ

عوام میں کوئی خوف و ہراس نہیں

کینٹن ۲۸ جون۔ صوبہ ہونان کے صدر مقام چنگشا کو کمیونسٹوں کے حملے کا جو خطرہ ہے ایک غیر ملکی ذریعہ کے بیان کے مطابق ابھی چند ہفتہ تک اس خطرہ کے شدت اختیار کرنے کی کوئی امید نہیں۔ اس ذریعہ نے کینٹن میں اپنے نمائندوں کو ٹیلیفون کیا اور کہا چنگشا کی صورت حالات بالکل ٹھیک ہے [illegible] چاول وغیرہ کافی مقدار میں ہے۔ غیر ملکی باشندوں کی ہمتیں بھی بلند ہیں اور وہ وہیں ٹھہرنے کے لئے تیار ہیں [illegible]

خضر حیات لندن میں

لندن ۲۸ جون۔ سر خضر حیات خاں ٹوانہ سابق وزیر اعظم پنجاب ہفتہ کی شب کو دو ماہ کے لئے لندن پہنچ گئے۔ (اے۔ پی۔ رائٹر)

اناج جمع کرنے کے سلسلہ میں حکام کی زیادتیاں

لکھنؤ ضلع کانگریس کمیٹی کا احتجاج

لکھنؤ ۲۸ جون۔ لکھنؤ ضلع کانگریس کمیٹی کی مجلس عاملہ نے آج بعض افسران پر اس بات کا الزام لگایا کہ اناج جمع کرنے کی سرکاری مہم میں انہوں نے جبر سے کام لیا ہے۔ ورکنگ کمیٹی نے دھمکی دی کہ اگر ایک ہفتہ میں ان افسران کے خلاف مناسب کارروائی نہ کی گئی تو یہ اپنا تعاون واپس لے لے گی۔ اجلاس میں شاہجہاں پور اور لکھنؤ کے اضلاع میں کسانوں کو اناج جمع کرنے کی مہم کے سلسلہ میں ستائے جانے پر غور کیا گیا۔ کمیٹی نے کہا کہ اس قسم کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ جبر اور ناجائز دباؤ سے کام لیا گیا۔ دیہاتی پنچایت کے ایک ممبر کو رسوں سے باندھ کر گشت کرایا گیا۔ شاہجہاں پور میں حکام نے عوام کو ڈرانے دھمکانے کی مسلسل کوشش کی ہے (پی۔ٹی۔آئی)

علی پور جیل میں بھوک ہڑتالی قیدی کا انتقال

کلکتہ ۲۸ جون۔ کل شام کو جیل ہسپتال میں ایک قیدی دو روز سے بھوک ہڑتال کر رہا تھا انتقال کر گیا۔

قیدی کا نام ہیرا جن داس تھا [illegible] انہوں نے ۲۰ جون کو بھوک ہڑتال شروع کی تھی لیکن وہ بیمار ہو گئے اس لئے دو روز بعد بھوک ہڑتال ختم ہو گئی۔

مغربی بنگال کی مختلف جیلوں میں اس وقت ۳۵ کمیونسٹ قیدی بھوک ہڑتال کئے ہوئے ہیں۔ سرکاری ذرائع سے جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی حالت قابل اطمینان ہے۔

مغربی بنگال کی حکومت نے ایک پریس نوٹ میں [illegible] کی موت کا اعلان کیا ہے۔ پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ان کو ۲۷ جون کو سرامپور سنٹرل جیل سے علی پور سنٹرل جیل منتقل کر دیا گیا تھا۔ کیونکہ وہاں اعلیٰ کلاس کے قیدیوں کے لئے بہتر انتظامات ہیں۔ انہوں نے ۲۲ جون کو بھوک ہڑتال شروع کی۔ لیکن ان کی بیماری کی وجہ سے دو دن بعد وہ ختم ہو گئی۔ ۲۶ جون کی صبح کو لکھا گیا کہ ان کی حالت میں شدید تغیر ہو گیا۔ اور وہ ہسپتال میں [illegible] جیل ہسپتال سے باہر کسی دوسرے ہسپتال میں منتقل کیا جائے۔ اور وہ اپنی مخصوص بیماری دل کی حرکت بند ہو جانے سے اسی دن انتقال کر گیا۔ (پ۔ٹ)

برطانیہ بین الاقوامی گیہوں کے معاہدہ پر دستخط کریگا

لندن ۲۸ جون۔ نائب سکرٹری خارجہ نے پارلیمنٹ کو بتایا کہ برطانیہ نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ بین الاقوامی گیہوں معاہدہ پر دستخط کر دئے جائیں اور یکم جولائی سے قبل اس کی تصدیق کر دی جائے۔ یہ معاہدہ ۳۹ درآمد کرنے والے اور پانچ برآمد کرنے والے ممالک کے درمیان ۴ سال کے لئے ہے۔ گیہوں کی ایک زیادہ سے زیادہ قیمت مقرر کر دی گئی ہے معاہدہ کی رو سے سالانہ ۵۶۲۸۳۳۸۹ بشل گیہوں کی ضمانت دی گئی ہے۔ (رائٹر)

گوپال سوامی آئنگر کا بیان

بقیہ صفحہ اول

حاصل کریں اور ساتھ ہی ساتھ ہندوستان میں اپنی جائداد کو برقرار رکھنا چاہیں۔

حکومت عوام کے دماغ سے یہ خیال نکالنا چاہتی ہے کہ جب کوئی جائداد کو پناہ گزین جائداد قرار دے دیا گیا تو وہ حکومت کی ہو گئی۔ یہ خیال غلط ہے یہ جائداد کسٹوڈین کے پاس چلی جاتی ہے۔

فروخت اور تبادلہ

جہاں تک جائداد کی فروخت اور تبادلہ کا تعلق ہے حکومت ہند کا خیال ہے کہ یہ اسی وقت مؤثر ہو سکتی ہے جب یہ معاملہ دونوں حکومتوں کے درمیان ہو۔ اگر اس معاملہ کو افراد پر چھوڑ دیا گیا تو اچھے نتائج پیدا نہیں ہو سکتے۔

پاکستان کا خیال ہے کہ اگر مزید وقت دیا جائے تو فروخت اور تبادلہ زیادہ ہو سکتا ہے اور اس طرح منقولہ کی غیر منقولہ جائداد کا تصفیہ ہو سکتا ہے۔

مسٹر آئنگر کے بیان کے مطابق ہندوستان نے مشرقی پنجاب، مشرقی پنجاب کی ریاستوں اور دہلی کی جائدادوں کے اعداد و شمار پاکستان کو دے دئے ہیں۔ [illegible] پاکستان نے صرف مغربی پنجاب کی جائداد کا ریکارڈ دیا ہے۔ لیکن مغربی پنجاب کی ریاستوں، سندھ اور سرحد کے متعلق کوئی ریکارڈ نہیں دیا گیا۔

پاکستان نے ہندوستان کی اس تجویز سے اتفاق نہیں کیا کہ پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق موجودہ ریکارڈ کا تبادلہ کر لیا جائے [illegible]

مسٹر آئنگر نے کہا کہ آرڈیننس تمام ہندوستان میں نافذ ہو جائیگا۔ اس آرڈیننس میں تمام سابقہ ہدایات اور احکام کو یکجا کر کے ایک مستقل بنیاد دی گئی ہے۔

نجی ملاقات

کراچی کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ مسٹر ظفر اللہ خاں اور مسٹر آئنگر کے درمیان ایک نجی ملاقات ہوئی تھی جس میں پاکستان کے وزیر خارجہ نے مسٹر آئنگر کو ہندوستان کے اس آرڈیننس کے جاری کرنے پر پاکستان کا جذبہ عدم اطمینان ظاہر کیا تھا۔ مسٹر آئنگر نے کہا ہندوستان نے اس آرڈیننس کو مشترکہ رنگ دیا تو یہ ... کانفرنسوں کا انعقاد بے معنی ہے کیونکہ اس آرڈیننس سے پناہ گزینوں کی جائداد کا مسئلہ از سر نو شروع ہو جاتا ہے اور تمام سابقہ احکام اور فیصلے کالعدم ہو جاتے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ آرڈیننس مذکورہ کراچی کے سمجھوتہ میں ایک طرف دستبردار ہے اور اگر تمام صوبوں پر یہ عائد کر دیا گیا تو ہندوستان کا ہر مسلمان پناہ گزین ہو جاتا ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستان نے اس الزام کی سخت تردید کی کہ اس نے جائداد کی فروخت میں کوئی رکاوٹ پیدا کر رکھی ہے۔ اور کہا کہ ہندوستان کے اضلاع کے افسران خود اور کسٹوڈین مسلمانوں کی جائداد کی فروخت کے راستے میں رکاوٹیں ڈال رہے ہیں۔

لبنان میں یوگوسلاویہ کے سپاہی

بیروت ۲۸ جون۔ یوگوسلاویہ کے بیت سے سپاہیوں نے لبنان کی وزارت دفاع سے لبنانی شہریت کی درخواست کی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ان کی درخواست منظور ہو جائیگی۔

مسلم ممالک اپنی دفاع کیلئے "مرکزی با اقتدار ادارہ" قائم کریں

چودھری خلیق الزماں کی ڈھاکہ میں تقریر

ڈھاکہ ۲۸ جون۔ پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں نے مشرقی بنگال عرب کلچرل ایسوسی ایشن کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تمام مسلم ممالک کے مشترکہ دفاع اور معاملات خارجہ کو کنٹرول کرنے کے لئے ایک "مرکزی با اقتدار ادارہ" قائم کرنا چاہئے [illegible] سے بہت پیچھے ہیں۔ اور پاکستان کے وجود نے ان کی آرزوؤں اور امنگوں کو اور بھی بڑھا دیا ہے مشرق وسطیٰ میں بہت سی اسلامی ریاستیں ابھی پسماندہ ہیں وہ نہ ہی مکمل طور پر آزاد ہیں۔ نہ اپنی مدافعت کر سکتی ہیں۔ اور نہ کچھ ترقی کر سکتی ہیں۔ مجبوراً انہیں امریکہ اور برطانیہ کا محتاج ہونا پڑ رہا ہے۔ اس لئے ان ممالک کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے ایسے ادارہ کی ضرورت ہے۔ مسلمانوں کو فلسطین سے سبق حاصل کرنا چاہئے۔

آپ نے اس بات پر زور دیا کہ مسلمان حکومتوں کے معاہدہ کے علاوہ جو ابھی کہیں باہر سے حاصل کی جائے اس کے لئے [illegible]

معاشی معاملات کے لئے آپس میں متحد ہو سکتے ہیں تو مسلمان ممالک کیوں نہیں متحد ہو سکتے آپ نے کہا کہ اب ایسے ادارہ کے قیام کا بہترین موقع ہے کیونکہ برطانیہ اب مشرق وسطیٰ سے بوریا بستر اٹھا چکا ہے۔ (اے۔ پی۔ پی)

نسلی برتری کا خیال چھوڑ دو

آسٹریلیائیوں سے ایک پروفیسر کی اپیل

ملبورن ۲۸ جون۔ پروفیسر میکمین بال نے جو اتحادی کونسل جاپان پر کنٹرول کی کونسل کے سابق ممبر ہیں کہا کہ آسٹریلیا کو سفید اقوام کے لئے مخصوص رکھنے کی پالیسی کی حمایت کے لئے نہ برطانیہ مسلح فوجیں بھیجے گا نہ امریکہ۔ اس بات کی تجویز کرتے ہوئے کہ آسٹریلیا کو ہر سال ایشیائیوں کی معینہ مقدار کو اپنے یہاں بسانا چاہئے انہوں نے کہا ہم کو اب یہ خیال چھوڑ دینا چاہئے کہ ہم ایشیائی قوموں سے اعلیٰ اور برتر ہیں اگر ہم ان کو اس طرح "اچھوت" سمجھتے رہے تو ہم پر سمندری بندرگاہیں اور فضائی اڈہ بند کر دیں گے۔ پروفیسر بال جو ملبورن یونیورسٹی میں پولیٹیکل سائنس کے پروفیسر ہیں یہ تقریر دولت مشترکہ کے معاملات کے ہفتہ کے دوران میں کی۔

مسٹر لیاقت علی خاں سرحدی مسئلہ کا حل ڈھونڈ نکالینگے

کراچی کی پریس کانفرنس میں پیر صاحب مانکی شریف کا بیان

کراچی ۲۸ جون۔ صوبہ سرحد کی عوامی لیگ کے بانی پیر صاحب مانکی شریف نے آج صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خاں عبدالقیوم کو چیلنج کیا کہ وہ اپنے اس دعوے کو ثابت کرنے کے لئے کہ وہ اب بھی صوبائی عوام کی نمائندگی کرتے ہیں۔ دوبارہ انتخاب لڑیں۔

انہوں نے یہ بیان ایک پریس کانفرنس میں دیا۔ انہوں نے کہا عبدالقیوم اور خلیق الزماں کی سازش سے مسلم لیگ عبدالقیوم خاں کی آلہ کار بن کر رہ گئی ہے۔ پیر صاحب مانکی شریف نے اس خیال کا اظہار کیا کہ خان عبدالقیوم خاں کی غیر جمہوری اور ظالمانہ پالیسی کے نتیجہ میں شمال مغربی سرحدی صوبہ میں مطلق العنانی اور ڈکٹیٹر شپ کا دور دورہ ہو گیا ہے۔ آخر میں انہوں نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں سرحدی مسئلہ کا حل ڈھونڈ نکالیں گے وہاں پر جمہوری حکومت کے قیام کے لئے اقدام کیا جائے گا (اے پی)

اسلامی شریعت پر ایک عورت کی تالیف

لندن ۲۸ جون۔ ہندوستان کی ایک مسلم خاتون کملا طیب جی جن کی عمر تیس سال سے کم ہے اسلامی شریعت پر انگریزی میں ایک کتاب تالیف کر رہی ہیں۔ وہ اس وقت جنوب مغربی لندن میں ہیمپسٹڈ میں مقیم ہیں۔ اور اس کتاب کی تیاری کر رہی ہیں۔ تیاری کے بعد وہ اس کتاب کو آکسفورڈ یونیورسٹی میں پیش کریں گی جہاں سے ان کو ڈاکٹر کی ڈگری دی جائے گی۔ اس کتاب کی تالیف کے لئے ان کو عربی سیکھنی پڑی ایک ہاتھ میں قرآن پاک کا ایک نسخہ اور دوسرے ہاتھ میں اس کا انگریزی ترجمہ لے کر ترجمہ کی مدد سے قرآن پاک کو انہوں نے لفظ بلفظ سمجھنے کی کوشش کی اور ضروری حوالے اور ان کے ترجمے کئے۔

اپنی قانونی قابلیت اور ساری بہن کروانت مشترکہ کی سب سے بڑی عدالت میں حاضر ہونے کی وجہ سے وہ کافی شہرت حاصل کر چکی ہیں۔ وہ ایسے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں جس کو قانون سے کافی دلچسپی ہے اور جس کی کئی پشتیں قانون کے مطالعہ اور قانون سے متعلق دوسری سرگرمیوں میں گذری ہیں (گلوب)

افریقی یونین میں مصری سفارتخانہ

قاہرہ ۲۸ جون۔ وزارت خارجہ مصر کے ایک ترجمان کے قول کے مطابق مصری حکومت جنوبی افریقہ کی یونین میں اپنا سفارتخانہ کھولنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ دونوں ملکوں کے تعلقات میں خوشگواری پیدا ہو۔ (گلوب)

ضروری اعلان

ماہ رمضان المبارک میں دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند کا وقت صبح ۸ بجے سے ۱۲ بجے تک رہیگا۔ تمام حضرات سے گذارش ہے کہ دفتر ہذا سے متعلق کاموں کے لئے ان ہی اوقات میں تشریف لائیں۔ دوسرے اوقات میں تشریف لانے والے حضرات کو تکلیف ہوگی۔

حضرت مولینا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکرٹری جمعیۃ علماء ہند ماہ رمضان شریف میں صبح ۱۰ بجے سے ۱۱ بجے تک اور شام کو ۴ بجے سے ۵ بجے تک ملاقات کر سکیں گے۔ مولینا فقیہ الدین صاحب ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی ماہ رمضان المبارک تک دفتر جمعیۃ علماء پھاٹک حبش خاں میں مقیم ہیں اور ملاقات وہیں ہو سکتی ہے۔

(حسام الدین غفرلہ۔ دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند دہلی)

کوئی سندھی شریمتی جامع مسجد میں نہیں رکھی گئی

بعض اخبارات کی ایک گمراہ کن خبر کی تردید

دہلی ۲۸ جون۔ امام جامع مسجد جناب سید عبدالحمید صاحب نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے:۔

اخبار وطن اور دوسرے پنجابی اخبارات میں ایک خبر شائع ہوئی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ کوئی سندھی لڑکی اغوا کی گئی اور اس کو رات بھر جامع مسجد میں رکھا گیا۔ یہ خبر کلیۃً غلط ہے اور جامع مسجد کو بدنام کرنے کے لئے بد نیتی سے شائع کیا گیا ہے تاکہ مسلمانوں کی ایک مقدس عبادت گاہ غیر مسلم اقوام کی نظروں میں لڑکیوں کے اغوا کا ایک اڈا نظر آئے۔ جامع مسجد میں سوائے دربانوں کے رات کے وقت کسی کو بغیر اجازت ٹھہرنے کی اجازت نہیں دی۔ [illegible] میں ان لوگوں سے جو اس قسم کے پروپیگنڈہ سے مسلمانوں کی عبادت گاہوں کو بدنام کرنا اور مسلمانوں کے خلاف اشتعال پیدا کرکے ہندو مسلمانوں کے تعلقات خراب کرنا چاہتے ہیں درخواست کرتا ہوں کہ وہ ملک و ملت کی ترقی اور بہتری کی خاطر ایسی حرکات سے باز آئیں اور بلا اجازت کے ایسی خبریں شائع کرنے کی کوشش کریں۔ میں حکومت سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ وہ جامع مسجد کی اہانت کرنے والوں کو سزا دے۔ [illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
۱۵ فیض بازار دریاگنج دہلی
[illegible]
ڈاکٹر بی ایل [illegible] لاہور

ہندستان کی صنعت فلمسازی نازک دور سے گذر رہی ہے

ایک فلمی ترجمان کا تفریح ٹیکس کے خلاف واویلا

بمبئی ۲۸ جون۔ ہندوستان کی صنعت فلمسازی کے ایک ترجمان نے آج اس امر کا دعویٰ کیا کہ آئندہ ۳۰ جون کو ہندوستان کے دو ہزار دو سو سینما تفریحات کے اس ٹیکس کے خلاف جو مختلف صوبوں میں عائد کیا گیا ہے بطور احتجاج بند رہیں گے لیکن اس ترجمان کے خیال میں صرف یہ ٹیکس ہی نہیں ہے جن کی بنا پر صنعت ایک نازک دور سے گذر رہی ہے۔ بلکہ دوسری باتیں بھی ہیں مثلاً (۱) صنعت فلمسازی کم از کم ۵ ہزار اشخاص کی مزدوری ہے اور اس وقت صرف ۲۲۰۰ سینما ہیں (۲) تقسیم ہند سے فلمسازی کا رقبہ کم ہو گیا ہے (۳) تقریباً ساٹھ فیصدی آمدنی مختلف ٹیکسوں کے ذریعہ وصول کر لی جاتی ہے (۴) غیر ممالک سے مقابلہ ہے اور (۶) مختلف صوبوں میں فلموں کی مخالفت ہو رہی ہے۔

اس ترجمان نے بتایا کہ ہندوستان میں اس وقت سال گذشتہ کے مقابلہ میں دو گنے فلم تیار ہو رہے ہیں اس کے کوغام فلم کی کرانی قلت نہیں ہے۔ اس ترجمان نے اس امر کا انکشاف کیا کہ اگرچہ ہندوستان کی آبادی برطانیہ کے مقابلہ میں دگنی زیادہ ہے۔ لیکن سینماؤں کی تعداد وہاں کے مقابلہ میں نصف ہے امریکہ میں ۱۸۵۰۰ سینما ہیں اور روس میں ۲۴ ہزار۔ لیکن اس کے باوجود فلمیں بنانے میں ہندوستان امریکہ کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔ اور برطانیہ تیسرے نمبر پر ہے۔ امریکہ نے گذشتہ سال ۵۰۰ فلمیں بنائیں اور ہندوستان نے ۲۷۰۔ برطانیہ میں صرف ۵۰ فلمیں تیار ہوئیں۔

تقسیم کے بعد ہنگاموں اور کرفیو آرڈروں کی وجہ سے کروڑوں روپیہ کا نقصان ہوا۔ اور بمبئی میں فرقہ وارانہ فسادات کی بنا پر بہت دن رات بند رہے تقسیم کے بعد پاکستان سے آمدنی بہت کم ہو گئی ہے اور اس صنعت کے لئے پاکستان کی ایک اچھے بازار کی حیثیت ختم ہو رہی ہے کیونکہ پاکستان ان فلموں کو نہیں لیتا۔ جو ہندوستانی قومیت اور مذہب کی بنا پر تیار کی گئی ہوں۔ جن ہندوستانی فلموں میں ہندوستان کا قومی جھنڈا دکھایا گیا تھا ان پر پاکستان میں پابندی لگا دی گئی۔ علاوہ ازیں ہندوستان پاکستان کے لئے اچھی فلمیں تیار نہیں کر سکتا۔ اس نے کہا صرف ۵۰ سینما ہیں۔ لیکن ہندوستانی فلموں کے لئے مشرق وسطیٰ جنوبی افریقہ، ملایا، سیلون اور برما میں اچھے مارکیٹ ہیں (پریس ٹرسٹ)

مولانا حفظ الرحمن کا بیان

بقیہ صفحہ اول کالم ۲

[illegible] کو کوئی تکلیف پہنچی ہے تو اس خدمت سے بھی اپنے مقدور بھر کبھی گریز نہیں کیا ہے۔ اور اگر مسلمانوں پر کوئی مظلومانہ مصیبت آئی ہے تو ان کی امداد کرنے سے بھی کبھی پیچھے نہیں ہٹا۔ [illegible] ایک فرد ہوں اس لئے اگر میں ان کی مظلومیت کے موقعہ پر کوئی امداد کروں گا تو تنگ نظر فرقہ پرست کہیں گے۔

میں ہی نہیں بلکہ ہر وہ شخص جو مظلوم کی حمایت مذہب اور اخلاق، انسانیت اور شرافت کے نام پر کرتا ہے اسکو دونوں حالتوں میں سے کسی حالت میں مظلوم کی امداد میں کوئی شرم اور جھجھک محسوس نہیں ہوا کرتی۔

اور اگر اخلاقی فرض کسی کے نزدیک قوم میں داخل ہے تو میں بھی ببانگ دہل اپنے مجرم ہونے کا اعتراف کرتا ہوں لیکن میں یہ پوچھنے کا حق رکھتا ہوں کہ جب انڈین نیشنل کانگریس اور حکومت ہند نے کسی پس و پیش کے بغیر یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ انڈین یونین کی حکومت ایک سیکولر (جمہوری) اسٹیٹ ہوگی تو میں اگر سچا کانگریسی ہوں اور قوم پرور خادم ہوں تو کیا میرا یہ فرض نہیں ہے کہ میں اس کو عملی شکل دینے میں حکومت اور قومی جماعت کا پورا پورا ساتھ دوں۔ اور اس مقصد کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دوں۔

اور اگر کانگریس اور حکومت ہند کے اس صاف فیصلہ اور اعلان کے بعد کسی فرقہ کے فرقہ پرست افراد اپنی عددی اکثریت کے بل بوتے پر دوسرے کسی فرقہ کو مرعوب، خوفزدہ اور پامال کرنے کے لئے ایک ہی قسم کے حیلے اور بہانے تراش کر اس ملک میں ظلم کا راج قائم کرنا چاہیں تو کیا مجھ کو اس لئے خاموش ہو جانا چاہئے کہ یہ زیادتی ایک ایسے فرقہ پر ہو رہی ہے جو میرا ہم مذہب ہے۔

بہر حال خاموش رہنے والوں میں [illegible] کو تو اس حقیقت کو جھٹلایا نہیں جا سکتا کہ انڈین یونین کی آئینی ترتیب میں سب ہی برابر کے شہری ہیں۔ اور سب ہی کو شہری کے حقوق حاصل ہیں۔

لہذا اگر حکومت ان واقعات کے متعلق یہ تسلیم کر لے کہ جو الزامات تراش کر فسادات کی داغ بیل ڈالی جا رہی ہے مسلمان ان دہلی واقعات میں اس جرم کے مجرم ہیں تو بیشک جرم کی حمایت خود ایک مجرمانہ حرکت ہوتی۔

ہندو راج

میں تو ہندوستان میں اس ہندو راج کو بھی خوش آمدید کہنے کیلئے تیار ہوں جو ہندو دھرم کے صحیح اصولوں کے مطابق قائم کیا جائے۔ اس لئے کہ مجھ کو یقین ہے کہ ہندو دھرم کے صحیح اصول کبھی بھی اس کی اجازت نہیں دیتے کہ محض اس بنا پر کہ مسلمان اقلیت ہیں، دوسرا مذہب رکھتے ہیں یا ان کے ہم مذہبوں نے دوسرے ملک میں ہندو سکھوں پر زیادتی کی ہے اس لئے ہندو سکھ یہاں مسلمانوں پر طرح طرح کی زیادتیاں کرکے ان میں خوف و ہراس پیدا کریں۔ ان کو مرعوب کرنے کی کوشش کریں۔ اور جھوٹے الزامات کا بہانہ بنا کر ان کی عزت و آبرو کو ستائیں اور ان پر فخر کریں۔

بہرحال واقعات کو پیش انداز کرتے ہوئے میں اپنے شرنارتھی بھائیوں سے اور تمام ہندو سکھ بھائیوں سے قوم و وطن کا ایک خادم ہونے کی حیثیت سے پر زور درخواست کروں گا کہ وہ شرارت پسند عنصر کی اشتعال انگیزیوں کا آلہ کار نہ بنیں۔ اور انڈین یونین میں بسنے والے مسلمانوں کو بھائی سمجھیں۔ اور ان کی جان و مال اور آبرو کو اپنی [illegible]

جان، مال اور آبرو کی برابر سمجھیں۔ اور ایسی حرکات ہرگز نہ کریں جن سے ہمارا ملک بدنام ہو اور مخالفوں کو یہ کہنے کا موقع ملے کہ سیکولر اسٹیٹ ہونے کا دعویٰ تو ضرور کیا جاتا ہے لیکن پبلک کے عملی مظاہرے ہندوستان کی سنگینی آمادیاں اس بات کا ثبوت دیتی ہیں کہ یہ دعویٰ محض زبانی اور نمائشی ہے۔

دوسری جانب میں مسلمان بھائیوں سے بھی یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ ان واقعات سے متاثر ہو کر خائف اور ہراساں نہ ہوں، اور صبر و ضبط کے ساتھ اس ملک کو اپنا ملک سمجھتے ہوئے برادران وطن کے ساتھ میل جول اور صلح و آشتی کے ساتھ رہنے کی عادت کو استوار اور مضبوط کریں۔ اور اس راہ کی تکلیف کو اپنی تکلیف اور ان کی راحت کو اپنی راحت تصور کریں۔

بنارس میں ہجوم نے انسپکٹر کو گھیر لیا

انسپکٹر کے گولی چلانے سے عورت زخمی

بنارس ۲۸ جون۔ پرسوں شام ایک پولیس انسپکٹر کے گولی چلانے سے ایک عورت زخمی ہو گئی۔

معلوم ہوا ہے کہ ایک مجمع نے جس میں کچھ عورتیں بھی شامل تھیں ایک پولیس انسپکٹر کو گھیر لیا۔ دو اشخاص کو چھڑانے کی کوشش کی جنھیں چاند دینے کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ایک انسپکٹر خود بھی زخمی ہو گیا تھا اس نے اپنے ریوالور سے ہجوم پر گولی چلا دی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فائرنگ کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ تحقیقات ایک مجسٹریٹ کریگا (پی ٹی آئی)

عراق قرض لے رہا ہے

بغداد ۲۸ جون۔ عراقی پارلیمنٹ نے ایک بل منظور کیا ہے جس کے تحت وزیر خزانہ کو برطانوی مالی فرموں سے تین ملین پونڈ قرض لینے کا اختیار دیا گیا ہے یہ رقم عراقی اسٹیٹ ریلوے اور پورٹ کا موں پر خرچ ہوگی۔ اس کے علاوہ مشینری اور اوزار بھی خریدے جائیں گے۔ یہ سب کام سال گذشتہ کی مالی دشواریوں کی بنا پر رک گئے تھے۔ تین ملین کی رقم عراق اسٹیٹ ریلوے اور تیل کی آمدنی سے ۴۵ سال میں ادا کی جائے گی۔ (رائٹر)

پناہ گزین لڑکیوں کیلئے یتیم خانہ

بغداد ۲۸ جون۔ عراق میں پناہ گزین لڑکیوں کے لئے ایک یتیم خانہ قائم کیا جائے گا۔ سماجی معاملات کے وزیر نے اس مقصد کے لئے ۲ لاکھ دینار کی منظوری دے دی ہے۔

ڈاکٹر کاٹجو ڈھاکہ میں

مشرقی بنگال آنے پر اظہار مسرت

ڈھاکہ ۲۸ جون۔ مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کاٹجو چار روزہ دورہ پر ڈھاکہ آئے ہوئے ہیں۔ انھوں نے رام کرشن مشن کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مغربی اور مشرقی بنگال کی حکومتیں اپنے عوام کے ساتھ انصاف اور رواداری سے برتاؤ کریں گی۔ انھوں نے مشرقی بنگال کے گورنر سر فریڈرک بورن کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے ان کو ڈھاکہ آنے کا موقع دیا۔ انھوں نے مغربی بنگال کے گورنر کے ساتھ ہائی کورٹ کا معائنہ چیف جسٹس کی دعوت پر کیا۔ (پ۔ٹ)

اسٹاپ پریس

نمونہ مفت
محمد العزیز پان بہار
پان کھاتے وقت
پان کھلاتے وقت
[illegible]
قیمت فی شیشی
[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر: محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۲۴ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۳ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق یکم جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دہلی کے قرب وجوار کے لئے
اوقات سحر و افطار

یوم تاریخ و ماہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
جمعرات ۲ رمضان المبارک	۳ بجکر ۴۸ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
جمعہ ۳ "	۳ بجکر ۴۹ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
ہفتہ ۴ "	۳ بجکر ۴۹ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
اتوار ۵ "	۳ بجکر ۴۹ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ

گارنٹی شدہ خالص سونے کے
وسادہ کاری فینسی زیورات
بھرا تاجی دی ہٹی (رجسٹرڈ)
جیولرز
چاندنی چوک۔ متصل بلیماران دہلی
فون 5124

بنگال میں کمیونسٹوں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں پر نئی دہلی میں تشویش

کلکتہ سے تمام حالات معلوم کئے جا رہے ہیں

ابھی تک بنگال نے مرکز سے کوئی امداد طلب نہیں کی

— نامہ نگار خصوصی "الجمعیۃ" —

نئی دہلی ۲۹ جون۔ مغربی بنگال اور کلکتہ میں اس وقت کمیونسٹوں کی جو سرگرمیاں دیکھنے میں آ رہی ہیں اس سے حکومت ہند کو سخت تشویش پیدا ہو رہی ہے۔ حکومت ہند کے ایک افسر نے بتایا کہ اس سلسلہ میں حکومت ہند کلکتہ سے حکومت بنگال کے تمام حالات سے اپنے آپ کو باخبر رکھ رہی ہے۔

[illegible]

بیان کیا گیا ہے کہ حکومت مغربی بنگال نے ابھی تک مرکز سے کسی خاص [illegible] کی درخواست نہیں کی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اسے کلکتہ اور اس کے نواح کے صنعتی علاقہ میں [illegible] کرنے کے لئے اپنی طاقت پر اعتماد ہے۔

مرکزی حکومت کے نقطۂ نظر کے مطابق مغربی بنگال کے [illegible] واقعات ایک آل انڈیا کمیونسٹ پلان کا حصہ ہیں جس کا منشا یہ ہے کہ جہاں کہیں ممکن ہو سکے اس قسم کی بدنظمی پیدا کی جائے اور اب انہوں نے حیدرآباد کے بعد مغربی بنگال کو اپنی سرگرمیوں کے لئے مخصوص کیا ہے۔

بعض حلقوں کا خیال ہے کہ مغربی بنگال کے حالات پر [illegible]

صوبہ کوانتنگ میں کمیونسٹ گوریلا دستوں کی سرگرمیاں

ہانگ کانگ کو زبردست اندیشہ۔ زبردست احتیاطی تدابیر

ہانگ کانگ ۲۹ جون۔ ہانگ کانگ میں تیزی سے نئے دستے [illegible] سپاہیوں کی رہائش کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ [illegible]

[illegible]

جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کے خلاف مزید نفرت انگیز اقدامات

ہندوستانیوں کی آبادی زیادہ سے زیادہ "کم" کرنے کے ارادے

جنوبی افریقہ کی سینٹ میں وزیر داخلہ کی تقریر

کیپ ٹاؤن ۲۹ جون۔ وزیر داخلہ [illegible] نے سینٹ میں اس کا اظہار کیا کہ جنوبی افریقہ کی حکومت [illegible] ہندوستانیوں کی آبادی کو کم سے کم کر دیا جائے گا۔ [illegible]

[illegible]

حاتم کی قبر پر لات ماردی

مدراس ۲۹ جون (پی ٹی آئی) حکومت مدراس نے صوبہ میں تمام سرکاری دفاتر کے چپراسیوں کی دو روپیہ تنخواہ میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلہ کے بعد ان کا گریڈ [illegible] ہو جائے گا۔ [illegible]

باغی حروں نے ہند پاکستان سرحد پر اپنا اڈہ بنالیا

کراچی میں حر لیڈر کا اعلان

کراچی ۲۹ جون۔ [illegible] پیر صاحب [illegible] نے اعلان کیا [illegible] حکومت پاکستان کا [illegible]

[illegible]

برطانوی ریلوے ملازمین کا فیصلہ

آہستہ کام کیا جائے

لندن ۲۹ جون (پی ٹی آئی) [illegible]

یونین کے ممبران سے ایک قرارداد میں اپیل کی گئی ہے کہ وہ پوری باقاعدگی سے کام کریں [illegible] قوانین کے مطابق کام کریں [illegible]

راجستھان (متعین) کی ایک تحصیل میں زمینداروں و کاشتکاروں میں تصادم کا اندیشہ

حکومت علاقہ کو فساد زدہ قرار دیگی

[illegible]

معلوم ہوا ہے کہ زمیندار خود کاشت کرنے کے ارادے سے کسانوں کو بے دخل کر رہے ہیں۔ [illegible]

[illegible]

کلکتہ ۲۹ جون (پی ٹی آئی) مغربی بنگال کے مختلف جیلوں میں کمیونسٹ قیدیوں نے جو بھوک ہڑتال کر رکھی ہے وہ ابھی تک جاری ہے۔

سیگاؤں میں بم پھٹا!

سیگاؤں ۲۹ جون (پی ٹی آئی) [illegible] کی درخواست پر جو [illegible] ویت نامی افسران گرفتار کئے گئے تھے کل رہا کر دیئے گئے۔ [illegible]

[illegible]

وسط کلکتہ میں کمیونسٹوں نے بڑے پیمانے پر گڑبڑ کردی

اسٹیشن۔ ٹراموں۔ بسوں اور پولیس پر بموں سے حملے

کاربن کے ایک کارخانہ میں بم پھٹنے کا حادثہ۔ حکومت مغربی بنگال کا پریس نوٹ

کلکتہ ۲۹ جون۔ [illegible]

[illegible]

پنڈت نہرو اکتوبر میں امریکہ جائینگے

نئی دہلی ۲۹ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ پنڈت نہرو [illegible] امریکہ جائینگے [illegible]

[illegible]

سیلان میں ورلڈ فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کانگریس

۴۸ قوموں کے ۴۵۰ ڈیلی گیٹ شریک ہیں

سیلان ۲۹ جون۔ ورلڈ فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کانگریس کے دوسرے سالانہ اجلاس [illegible]

[illegible]

عربوں کو نکالنے پر اقوام متحدہ سے احتجاج

عمان ۲۹ جون۔ یہاں اس بات کا اعلان کیا گیا کہ اردن کی ہاشمی سلطنت نے اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ سے [illegible] بات پر احتجاج کیا ہے کہ اسرائیل نے [illegible] فلسطین کے ایک گاؤں سے نکال دیا ہے۔ [illegible] (رائٹر)

گورے اور حبشی لڑ پڑے

[illegible]

مسلم سکھ

سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امیدگاہ ہے۔ طبی مشورہ مفت ہے

حالات لکھئے
پتہ: مینیجر بڑا دواخانہ، بازار لال کنواں

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
یکم جولائی ۱۹۴۹ء

ہماری زبان کیا ہے؟

انسان کو زبان وہی پیاری لگتی ہے جسے وہ اچھی طرح سمجھتا ہو اور جس کے ذریعہ دوسروں کو اپنا مطلب سمجھا سکتا ہو، زبان ہے ہی اس لئے کہ ہم اپنا مطلب آسانی سے دوسروں کو سمجھا سکیں اور بغیر دشواری کے دوسروں کا مطلب سمجھ لیں اگر کوئی زبان ایسی ہے جسے نہ تو بولنے والا سمجھتا ہو اور نہ اس کے مخاطب تو وہ زبان نہیں ایک مذاق ہے، بعض لوگ مذاق مذاق میں دانستہ ایسے لفظ بول جاتے ہیں جسے وہ خود بھی نہیں سمجھتے اور پھر اس پر قہقہہ لگاتے ہیں، اور مطلب یہ ہوتا ہے کہ جن الفاظ کو بولنے والا بھی نہ سمجھتا ہو وہ اسی قابل ہیں کہ ان پر قہقہے لگائے جائیں اور وہ اس لئے بولے جائیں کہ کوئی نہ سمجھے اور جو چیز سمجھ ہی میں نہ آئے اس کا نتیجہ یہی ہو سکتا ہے کہ اس پر ہنسی آئے، اور انسان اپنی حماقت پر خود ہی خوش ہو لے!

ہندی زبان کو ناگری رسم خط کے ساتھ... صوبوں نے سرکاری زبان بنا لیا ہے لیکن کیا یہ زبان وہی ہے جسے عام طور پر ہندو مسلمان، عورت بچے، پڑھے اور بے پڑھے بولتے اور سمجھتے ہیں؟ ہرگز نہیں! ایسی ہندی کو سننے والا کبھی یقین نہیں کر سکتا کہ یہ روزمرہ کی زبان ہے اور اسے سمجھنے اور سمجھانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے، ریڈیو پر وہی زبان بولی جاتی ہے جسے سرکاری بننے کا فخر حاصل ہے لیکن سننے والوں سے پوچھو کہ وہ اس کا کتنا حصہ سمجھتے ہیں؟ پنجابی، بنگالی اور مدراسی تو اسے کیا سمجھیں گے خود یو۔پی کے ہندو مسلمان بھی نہیں سمجھتے، اسی کا یہ نتیجہ ہے کہ لوگ عاجز آ گئے... پاکستان ریڈیو سنتے ہیں مگر شرم کے مارے کسی سے نہیں کہتے کہ وہ روزانہ یہی حرکت کرتے رہتے ہیں! ہندوستان کے دستور اساسی کا ترجمہ ہندی میں ہوا اور بڑے بڑے لائق لوگوں نے اسے درست کیا مگر خود راجندر بابو کو اعتراف ہے کہ اس کی زبان سمجھ میں نہیں آتی! اسی دہلی میں پولیٹیکل کانفرنس ہوئی جس میں پنڈت جواہر لال نہرو نے وہی شستہ زبان استعمال کی جسے اردو کہا جاتا ہے، لوگوں کا خیال تھا کہ چونکہ ٹنڈن جی بھی اردو کے پیچھے لٹھ لئے پھرتے ہیں اور صرف ہندی ہی کو قومی زبان سمجھتے ہیں اس لئے وہ اس کانفرنس میں بہت ہی سخت زبان استعمال کریں گے مگر جب وہ بولے تو لوگ حیران رہ گئے کہ ساری تقریر شائستہ اردو میں کی اور عربی اور فارسی کے الفاظ بے تکلف استعمال کرتے رہے، حتیٰ کہ فارسی کے اشعار بھی پڑھے، اور [illegible]

یہ بھی ضروری ہے کہ وہ کسی کی سمجھ میں نہ آئے، ایسی ضد اور ہٹ تو آج تک کبھی نہیں دیکھی گئی، یہ فخر ہندی ہی کو حاصل ہوا ہے کہ نہ کبھی بولی جائے نہ سمجھی جائے مگر ہے سرکاری زبان! در اصل اس ضد اور ہٹ کی پشت پر خالص مذہبی تصورات ہیں اور ہندی کو سرکاری قرار دینے میں مذہب کا چور اندر ہی اندر کام کر رہا ہے اس کا اقرار تو اس لئے نہیں کیا جاتا کہ مذہب کا نام لیتے ہوئے ذرا شرم سی لگتی ہے لیکن کیا دھرا سب اسی مذہب کا ہے جس کی تہذیب کو غالب کرنے کا جنون ہمارے سروں پر سوار ہے۔

ہندی زبان کے سلسلہ میں کاروباری لوگوں کو جسقدر دقتیں پیش آ رہی ہیں اس کا اندازہ کچھ ہی لوگ لگا سکتے ہیں جو سرکاری دفتروں سے خط و کتابت کرتے رہتے ہیں، مثال کے طور پر...... ایک تازہ واقعہ سنئے، ایک صاحب پر سیل ٹیکس لگایا گیا انہوں نے اس کی اپیل کی درخواست کو ان الفاظ کے ساتھ واپس کر دیا گیا کہ "پرارتھی کو سوچت کیا جاتا ہے کہ آدیش نردھارن پرارتھنا پتر پرتی لیپی ...... وغیرہ"

اب یہ غریب مسلمان ہندی ماسٹروں اور وکیلوں کے پاس گیا اور پوچھا کہ اس عبارت کا مطلب کیا ہے؟ وکیلوں نے تو کانوں پر ہاتھ دھرے مگر ایک صاحب نے جو ہندی کے ماسٹر ہیں بتایا کہ اس کا مطلب یہ ہے [illegible] مسلمان صاحب نے پھر درخواست بھیجی، مگر وہ... درخواست پھر اسی عبارت کے ساتھ واپس آ گئی جب دوبارہ اس عبارت کو پڑھوایا گیا تو معلوم ہوا کہ ہندی کے ماسٹر نے جو مطلب بتایا تھا وہ غلط تھا، اس لئے درخواست واپس آ گئی، مگر صحیح مطلب پھر بھی کسی نے نہیں بتایا، خدا خدا کر کے ایک اور صاحب ملے جو ہندی کے بہت بڑے ماہر سمجھے جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس عبارت کا مطلب یہ ہے اور تم اس کا جواب یہ لکھ کر بھیج دو، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا مگر پھر وہی درخواست اسی عبارت کے ساتھ واپس آ گئی! اب یہ غریب مسلمان حیران ہے کہ اس جناتی زبان کو کس سے پڑھوائے اور درخواست کو کس طرح بھیجے چنانچہ وہ درخواست ابھی تک آمد و رفت کی ٹھوکریں کھا رہی ہے اور ابھی تک معلوم نہ ہو سکا کہ سرکاری دفتر چاہتا کیا ہے اور اس کا جواب کس طرح دیا جائے!

اگر سرکاری زبان کی ستم ظریفیوں کا یہی حال رہا تو پھر ملک کا بیڑا پار ہے واقعی وہ آزاد حکومت بھی کیا جس کی باتیں آسانی سے سمجھ میں آ جائیں، قومی حکومت ایسی ہی ہونی چاہئے کہ [illegible]

[illegible] آ رہے ہیں وہ زبان کے معاملہ میں مذہبی تصورات کا صاف پتہ دے رہے ہیں! مگر ہمیں نہ شاستروں سے تعلق ہے نہ اپنشدوں سے، ہمیں تو ایسی زبان چاہئے جسے ہم نے اپنی ماؤں کی گودوں میں سیکھا ہے اور جس کو ہم روزمرہ بولتے اور سمجھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ حکومت کے پاس سوائے ہندوستانی زبان کے کوئی ایسی زبان نہیں، اور جس ہندی کو سرکاری بنایا جا رہا ہے وہ گونگی ہے اور خدا کا شکر ہے کہ نہ حکومت گونگی ہے نہ ہم گونگے ہیں اور نہ گونگی زبان زیادہ عرصہ تک چل سکتی ہے۔

نامعقول وزیر

سرحدی عوامی لیگ کے بانی پیر مانکی شریف نے عبد القیوم خاں وزیر اعظم سرحد کو چیلنج دیا ہے کہ وہ وزارت سے مستعفی ہو کر دوبارہ انتخاب لڑیں اور کامیاب ہو کر بتائیں کہ وہ صوبہ کے سچے نمائندہ ہیں! دوسری طرف وزیر اعظم نے پیر صاحب کو چیلنج کیا ہے کہ وہ سول نافرمانی کر کے دکھائیں پھر بتاؤں گا کہ انہیں کس طرح کچل دیا جاتا ہے [illegible] پیر صاحب کا چیلنج بہت معقول ہے [illegible] لیکن خاں صاحب کا چیلنج انتہائی نامعقول ہے [illegible]

مفید مشورہ

[illegible]

اچھی باتیں

والذین ۔ تا ۔ یغفرون (پ ۲۵ ع ۵)

جو لوگ بڑے گناہوں اور فحش باتوں سے بچتے ہیں اور جب انہیں غصہ دلا کر تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو وہ اپنے مجرموں سے درگذر کرتے ہیں (تو کامیابی ان ہی کے لئے ہے)

فرمایا کہ گناہوں سے بچنا اور فحش باتوں سے گریز کرنا انسانیت کی ترقی کے لئے بہت ضروری ہے دنیا میں جو بھی فساد ہے وہ سب گناہوں کا نتیجہ ہے یعنی گناہوں کا لازمہ ہی یہ ہے کہ دنیا کا امن و امان تباہ ہو اور انسانی تمدن کا لہلہاتا باغ تاراج ہو جائے، اگر دنیا چاہتی ہے کہ اسے فساد و بغاوت سے نجات ملے تو وہ گناہوں سے بچے اور نیکی کی طرف آئے انسان کا غصہ کیا کچھ نہیں کرتا؟ مگر قرآن کہتا ہے کہ انسان غصہ کو پی جائے اور نہ صرف پی جائے بلکہ اپنے مجرموں کو معاف بھی کر دے یہ طرز عمل مجرموں کو شرمندہ کرنے کے لئے کافی ہے اور یہ وہ تازیانہ ہے جس کی ضربیں بیکار نہیں جا سکتیں۔

مباحثِ امروز :— (نقاد کے قلم سے)

باؤدائی کی قسمت —— یونان کی خانہ جنگی ——
کمن فارم اور ٹیٹو —— قانون انسداد جرائم —— پولیس کا اخلاق

باؤدائی کی قسمت

باؤدائی ہندچینی کا بادشاہ بن گیا ہے لیکن اس کی حکمرانی صرف چند روز کی معلوم ہوتی ہے۔ چینی کمیونسٹ جنوب کی جانب بڑھ رہے ہیں اور اس امر میں اب کوئی شبہ نہیں کہ وہ ہندچینی کے قومی لیڈر ڈاکٹر ہوچی منھ کے دستوں سے جا ملیں گے۔ ہندچینی سے فرانسیسیوں کو نکالنے کے لئے چینی لیڈر ماؤ کے حملہ کی ضرورت نہیں ہے بلکہ صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ مقامی کمیونسٹوں کو ان کے بھگانے کے لئے ہتھیار مل جائیں اور چینی کمیونسٹوں کی فتوحات سے اس امر کے قوی امکانات پیدا ہو رہے ہیں کہ انہیں اپنی ضرورت کے مطابق ہتھیار مل جائیں گے۔

[illegible]

یونان کی خانہ جنگی

[illegible]

کمن فارم اور ٹیٹو

[illegible]

قانون انسداد جرائم

انسداد جرائم سے متعلق ایک نئے قانون یو۔پی کے [illegible] اضلاع میں نافذ کیا گیا ہے [illegible]

پولیس کا اخلاق

[illegible]

قلات کے شہزادہ کا مقدمہ

کوئٹہ ۲۹ جون ۔ قلات کے شہزادہ محمد رحیم [illegible]

اردو دشمنی سے بڑھ کر فرقہ پروری اور کیا ہو سکتی ہے؟

(از جناب شاہ [illegible])

[illegible]

مزدوروں کی طرف سے تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ
سرخ شنگھائی کے کارخانہ دار پریشان ہونے لگے

[illegible] [redacted]

ڈاکٹر لوزانو کی شملہ کو روانگی
گورنر جنرل سے ملاقات کریں گے

نئی دہلی ۳۰ جون ۔ کشمیر کمیشن کے [illegible] ڈاکٹر الفریڈو لوزانو [illegible] گورنر جنرل شری راج گوپال آچاریہ سے ملنے کے لئے آج شملہ روانہ ہو گئے۔ [illegible] [redacted]

جمہوریہ ہند کی افتتاحی تقریب میں برطانوی بڑا حصہ لیں گے
لندن کے ایک اخبار کا انکشاف

لندن ۲۹ جون ۔ مقامی اخبار [illegible] [redacted]

برلن کا ریلوے اسٹرائک ختم ہو گیا
مغربی علاقوں کے حکام کی پریشانی دور ہو گئی

برلن ۲۹ جون ۔ برلن کا [illegible]

یوگوسلاویہ قرض لے رہا ہے

بلگریڈ ۲۹ جون ۔ یوگوسلاویہ نے بین الاقوامی [illegible] [redacted]

ریاست بہاولپور کی اسمبلی کا افتتاح ارکین نے حلف وفاداری اٹھا لیا
کرنل ڈرنگ کی افتتاحی تقریر، مسائل حاضرہ پر تبصرہ

بہاولپور ۲۹ جون ۔ بہاولپور کی نئی مجلس (اسمبلی) کا پہلا جلسہ [illegible] ارکین نے حلف وفاداری اٹھایا۔

[illegible]

عربوں کے افسوسناک اختلافات
جمہوریہ شام کے نئے صدر کا بیان

دمشق ۲۹ جون ۔ شام کے نئے لیڈر جنرل حسنی الزعیم نے صدارتی انتخاب میں کامیابی حاصل کی۔ [illegible]

مغربی اور مشرقی پنجاب کی کانفرنس

لاہور ۲۹ جون (پی ٹی آئی ۔ [illegible]) آج لاہور میں [illegible] مشرقی اور مغربی پنجاب کی حکومتوں کے درمیان ایک کانفرنس [illegible]

پیر صاحب مانکی شریف کی لیاقت علی خاں اور دوسرے وزراء سے ملاقات
کراچی کی پریس کانفرنس میں پیر صاحب کا بیان

کراچی ۳۰ جون ۔ یہاں پریس کانفرنس میں صوبہ سرحد کی عوامی لیگ کے لیڈر پیر صاحب مانکی شریف نے [illegible]

جنوبی افریقہ کے معاملہ میں
پاکستان کے روبرو ہند کی تجویز

کراچی ۲۹ جون ۔ [illegible]

سی۔پی میں زمینداروں کو قرضہ

ناگپور ۲۹ جون ۔ [illegible]

مسٹر بیون اور مسٹر فلپ نوئل بیکر سے پاکستانی ہائی کمشنر کی ملاقات

افغانستان کی اپیل پر سخت احتجاج

لندن ۲۹ جون ۔ پاکستان ہائی کمشنر متعین لندن [illegible]

زنجبار کی لونگ کی تجارت کو خطرہ

نیروبی ۲۹ جون ۔ زنجبار کی لونگ کی تجارت [illegible]

امریکہ کی مشرقی ریاستوں میں خشک سالی

نیویارک ۲۹ جون ۔ امریکہ کی مشرقی ریاستوں میں [illegible]

لندن میں فضائی حملوں کی مشق
باشندوں میں شدید بے چینی

لندن ۲۹ جون ۔ [illegible]

جنوبی افریقہ سے مشترک گفتگو کی جائے
پاکستان کو حکومت ہند کی تجویز

کراچی ۲۹ جون ۔ [illegible]

سیام میں نئی کابینہ بن گئی

بنکاک ۲۹ جون ۔ [illegible]

یورپ میں سرد جنگ کی خاتمہ پر سیاست دانوں کا مشغلہ

اب مشرقی ایشیا میدان کارزار بنے گا

لندن ۲۸ جون ۔ [illegible]

پی ڈبلیو ڈی کے ملازمین کا مظاہرہ

[illegible]

ہوش میں لانے کے لئے زہر کا استعمال

نیویارک ۲۹ جون ۔ [illegible]

سائبیریا میں روس نے ایٹم بم کا تجربہ شروع کر دیا
الاسکا کی رصدگاہ میں دھماکے ریکارڈ کئے گئے

لندن ۲۹ جون ۔ [illegible]

میرٹھ میں گرانی

میرٹھ ۲۹ جون ۔ [illegible]

بلجیم کے نئے وزیر اعظم

[illegible]

گاڈسے اور آپٹے
سکریٹری مہاسبھا کی جیل میں ملاقات

انبالہ ۲۸ جون ۔ [illegible]

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
قیام کے لئے بہترین، آرام دہ اور ہوادار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام
دہلی کی گرمی
مسافروں کے لئے بیحد پریشانی و تکلیف کا سبب ہوتی ہے
صنوبر ہوٹل میں قیام کرنا آپ کو ہر طرح کی تکلیف سے بچائے گا
مینیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

قرآن مجید، سیپارے اور ہر قسم کی اردو عربی کتابیں تاجران کتب و عام شائقین کے لئے
ملنے کا پتہ کتب خانہ اشرفیہ راشد کمپنی دیوبند (یو۔پی)

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول
جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے
[illegible]
مینیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان

داخلہ
ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ
کالج میں نئے طلباء کا داخلہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہو گا۔ درخواست داخلہ ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء تک پرنسپل صاحب طبیہ کالج علیگڈھ کے دفتر میں پہنچ جانا چاہئے [illegible]
پرنسپل
ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی
علیگڈھ

تپ دق T.B.
برائے تجارت
جبری JABRI जबरी
ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے
[illegible]
جگادھری

پاکستان کی ایک جھلک

انگریزی انگریز

مدینہ اخبار پاکستان نے قوم سے وعدہ کیا ہے کہ وہ بہت جلد فوج کو قومی حیثیت بنا دیں گے۔ فوج جب قومی حیثیت ہو گی تو اس وقت ہم لیاقت علی خاں کے وعدے کو جانچیں گے۔ لیکن اس وقت دیکھنا ہے کہ ہماری فوج میں کتنے انگریز افسر ہیں۔ معاصر "امروز" نے اس کے اعداد و شمار حسب ذیل دیئے ہیں۔

۱۹۴۹ء کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستانی فوج کے ۵۰۳ اعلیٰ عہدوں پر انگریز فائز ہیں۔ بحری، ہوائی اور بری فوجوں کے کمانڈر انچیف انگریز ہیں۔ ہوائیہ (AIR FORCE) میں انگریز افسروں کی تعداد ۵۰۳ ہے۔ بحریہ میں انگریز افسروں کی تعداد ۷۰ ہے۔ سال گذشتہ میں ہماری حکومت نے مزید انگریز افسروں کی بھرتی کی کوشش کی۔ بری فوج میں بریگیڈیر [illegible] کا تناسب حسب ذیل ہے

عہدہ	مجموعی تعداد	انگریز
بریگیڈیر	۳۲	۱۲
ایریا کمانڈر	۴	۱
میجر جنرل	۱۱	۹

وزارت دفاع میں بھی حسب ذیل عہدوں پر انگریز فائز ہیں

- اسسٹنٹ سکریٹری — مسٹر سی ماس
- چیف آف دی اسٹاف — میجر جنرل میکے
- ڈپٹی چیف آف دی اسٹاف — میجر جنرل
- میجر جنرل این جی کین

یہ اعداد و شمار صحیح ہیں تو پاکستان کی فوج بالکل انگریزوں کے ہاتھ میں ہے۔ جو قوتیں پاکستان کے ملازم ہیں اور دفاع کی دارو مدار ان کی وفاداری پر اعتماد ہے۔ لیکن خدا کیلئے یہ بتلائیے کہ ان کو لندن بھیجنے کا آپ کب انتظام کر رہے ہیں؟ پاکستان کی فوج کو ہم کس کی فوج کہیں۔ انگریز کی یا پاکستان کی؟

"آخر میں ہم ۔ بطانیہ پر کڑی تنقید کر کے گیا۔ کیا واقعی ہماری قوم قابل فوج اور سول افسروں کے لحاظ سے بانجھ ہے؟" (تسنیم لاہور)

لیاقت باری مفاہمت

میاں باری "نوائے وقت" اور "سفینہ" کا گٹھ جوڑ عامۃ الناس کو فریب دینے کے لئے لیاقت باری مفاہمت پر بغلیں بجا رہا ہے۔ [illegible]

[illegible]

خطرناک پروپیگنڈا

اخبار کچھ دنوں سے اخباروں میں اس نوعیت کی بہت سی خبریں آ رہی ہیں۔ مثلاً پاکستان اسلامی دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے [illegible]

اندر خبر سناک ہے۔

آپ حیران ہوں گے اور حیرانی کی بات ہی ہے کہ آخر ان خبروں میں کیا کہا گیا ہے؟ واقعی یہ حیرانی کی بات ضرور ہے لیکن اتنی حیرانی کی نہیں کہ آپ سمجھ ہی نہ سکیں۔ چنانچہ ہم پاکستان کو دنیا کی سب سے بڑی اسلامی ریاست کہتے ہیں۔ ایران دوسرے اسلامی ملکوں کے دلوں میں یہ نقش ثبت کرنا چاہتے ہیں کہ تم کچھ نہیں ہو پاکستان ہی سب کچھ ہے۔ پاکستان کو تم سے ہمدردی نہیں ہے۔ بلکہ وہ اپنی قیادت کی بحالی کے لئے تم سے ہمدردی کرتا ہے۔ پاکستان تمہیں کمتر سمجھتا ہے۔

دشمنوں نے یہ پروپیگنڈے کی اس نئی مہم کو جو بظاہر بہت معصوم اور بباطن بہت ہی خطرناک ہے۔ بڑی ہی ہوشیاری کے ساتھ شروع کیا ہے۔ چنانچہ تازہ خبروں سے معلوم ہوا ہے کہ یہ دشمنان ملت اسلامی ملکوں کے کان ایک دوسرے کے خلاف بھر رہے ہیں [illegible] اتحاد قائم کرنا چاہتا ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ ذرا کی نامعقولیت پسندی دیکھئے، تمہارے خلاف شدید سازش کر رہا ہے۔ (زباں سان ڈھاکہ)

مہاجر و انصار کی تمیز

ہر طرف سے ہمیں یہ سمجھایا جاتا ہے کہ مہاجر و انصار کی تفریق اب ختم ہونی چاہیئے اور مہاجروں کو اصلی باشندوں کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہیئے کہ وہ بھی برابر کے شہری ہیں۔ یہ خواہش یقیناً ایک خانماں برباد مہاجر کے دل میں مقامی آدمیوں سے شدید ہو سکتی ہے کہ وہ بھی اس مملکت میں دوسرے شہریوں کے برابر ہو [illegible] ہیں کہ حالات کی نزاکت اس تفریق کی اجازت نہیں دیتی لیکن ستم یہ ہے کہ جوں جوں مہاجر اس طرف بڑھتا ہے اسے زیادہ سے زیادہ دھکے مارنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ [illegible] اچھا مال سندھ، سکھ چھوڑ گئے تھے وہ سب بھی ہتھیا کر بیٹھے۔ مرکزی وزیروں، مرکزی حکام اور صوبائی وزراء اور حکام کے در تک جن کی رسائی تھی انہوں نے نال متروکہ کے لئے جاج میں اخوت و مساوات کو مقدس درس دیتے ہیں۔ [illegible] کیا کسی صاحب کو اس کا جواب دے سکتے ہیں؟ (تسنیم لاہور)

نمک اور کھالوں کی قیمتوں میں اضافہ

دہلی ۳۰ جون۔ [illegible]

برطانوی تاجروں کو سرجانہ دیا جائیگا

لندن ۳۰ جون۔ [illegible]

یوپی کے زمیندار حکومت کا مقابلہ کرنیکے لئے میدان میں آگئے

چھوٹے زمینداروں اور کسانوں کے سامنے تنسیخ زمینداری کے بل کی تشریح کی جائے

نینی تال ۲۰ جون۔ یوپی زمیندار یونین کی ورکنگ کمیٹی نے جس کا اجلاس یہاں مسٹر کوٹ کی رانی پھول کماری کی صدارت میں کل منعقد ہوا۔ ایک زبردست تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے ذریعہ چھوٹے زمینداروں اور کسانوں کو تنسیخ زمینداری کے بل سے پیدا ہونے والے نتائج سے باخبر کیا جائے گا یہ بل جولائی میں ہونے والے یوپی اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔

اس سلسلہ میں ایک قرار داد منظور کی گئی جس میں کہا گیا کہ یہ بات بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے کہ چھوٹے چھوٹے زمینداروں بالخصوص کسانوں کو بل مذکور کی خاص خاص دفعات کی تفصیل سمجھائی جائے تاکہ وہ دونوں محسوس کر سکیں کہ اس بل میں ان کو کیا دیا گیا ہے ورنہ حکومت یہ سمجھے گی کہ یہ بل ان دونوں طبقوں کو منظور ہے اور وہ اسے تیزی کے [illegible]

محفل ادب کے زیر اہتمام

ایک شاندار مشاعرہ

۲۶ جون بروز شنبہ زیر صدارت کنور مہندر سنگھ صاحب بیدی سحر سٹی مجسٹریٹ دہلی بمقام ینگ مینز ہول بلیماران منعقد ہوا۔ جس میں دہلی اور بیرون دہلی کے ممتاز شعراء کرام نے شرکت کی سامعین کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ تھی شروع سے آخر تک مشاعرہ میں ضبط و نظم قائم رہا اور کسی قسم کا شور و غل نہ تھا۔ شرکت کرنے والے حضرات نہایت محظوظ ہوئے اور اکثر حضرات نے اپنے خیال کا اظہار فرمایا کہ ایسا کامیاب مشاعرہ عرصہ سے نہیں ہوا۔ دوران مشاعرہ میں کوئی شخص اٹھ کر نہیں گیا۔ اختتام مشاعرہ پر صدر نے نہایت موثر اور جامع تقریر فرمائی اور سامعین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ کچھ دن سے [illegible] فضا کو خراب کرنا ہے۔ آپ کو بحیثیت سٹی مجسٹریٹ یہ صاف صاف بتانا چاہتا ہوں کہ حکومت ہر قسم کے فساد کا نہایت تندہی سے مقابلہ کرنے کو تیار ہے۔ شرنارتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ ان کو قانون شکنی کا خیال دل سے نکال دینا چاہیئے اور پر امن شہری بن کر رہنا چاہیئے۔ شرنارتھیوں کو ہر ممکن امداد دی جانی چاہیئے کیونکہ وہ برباد اور تباہ ہو کر یہاں آئے ہیں۔ یہ پیغام جو صدر صاحب نے بحیثیت سٹی مجسٹریٹ اور ایک محب وطن کے حاضرین مشاعرہ کو خطاب کیا۔

مشاعرہ میں جن مخصوص ہستیوں نے شرکت کی ان کے نام حسب ذیل ہیں۔ کنور مہندر سنگھ صاحب بیدی سحر سٹی مجسٹریٹ دہلی، حسام الدین حیدر صاحب۔ جناب گوپی ناتھ صاحب امن لکھنوی معہ اپنے برادر جناب ادیب لکھنوی۔ جناب دھرم پال صاحب وفا ادیٹر، بیج دہلی، علیم اختر صاحب اختر مظفر نگری۔ جناب رضا صاحب راولپنڈی، جناب طالب صاحب چکوالی۔ پنڈت ہر چند اختر صاحب۔ جناب جگن ناتھ صاحب آزاد۔ لالہ ڈگمبر پرشاد صاحب گوہر۔ سید غلام عباس صاحب زاہد حیدری۔ ناز اس لطیف صاحب فقیر صاحب حیدر، سردار نسیم صاحب لائلپوری، تابش دہلوی۔

ان حضرات کے تازہ کلام کے بعد مشاعرہ ایک بجے شب نہایت خوبی کے ساتھ ختم ہوا۔ منتظمین مشاعرہ کے حسن انتظام کہ ہر شخص مداح تھا۔ مالک یونین ہوٹل شیخ محمد یونس صاحب کا علم دوستی بھی قابل داد ہے۔ جنہوں نے ہر چیز کا نہایت فراخدلی سے اہتمام کیا۔

مشیر احمد سکریٹری محفل ادب، حسام الدین حیدر

ریاست کچھ کی زرعی ترقی کا جائزہ

نئی دہلی ۲۸ جون۔ وزارت ریاستہائے ہند کی درخواست پر وزارت زراعت نے ریاست کچھ کی زرعی ترقی کا جائزہ لینے اور اس کی رپورٹ تیار کرنے کے لئے ایک ماہر متعین کیا ہے۔ ریاست کچھ کا نظم و نسق پچھلے سال ہند سرکار نے اپنے ہاتھوں میں لے لیا تھا۔ [illegible] پچھلے چند مہینوں میں ریاست کچھ کو نقصان پہنچا ہے جس سے ریاست میں اناج اور چارے کی بہت قلت ہو گئی ہے۔ [illegible] دیتے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ (سرکاری اعلان)

یہودی علاقہ میں چیچک

عمان ۲۸ جون۔ اسرائیلی دفتر خارجہ کے ایک افسر کی اطلاع کے مطابق یروشلم کے یہودی حصہ میں چیچک کی بیماری پھیل رہی ہے۔ (رائٹر)

سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے

شرنارتھیوں کو یقین دہانی

دہلی سوشلسٹ پارٹی کی ریفیوجی سب کمیٹی [illegible]

جمعیۃ علماء اجمیر کا وفد

دہلی ۲۵ جون۔ جناب مولانا حافظ عبد الشکور صاحب صدر جمعیۃ علماء اجمیر و محمد عثمان صاحب نائب سکریٹری و بابو قمر الدین صاحب پر مشتمل اجمیر کے ایک وفد نے حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سے ملاقات کی اور اجمیر کے مسلمانوں کی مشکلات کو آپ کے سامنے رکھا، مولانا نے یقین دلایا کہ ان کی مشکلات دور کرنے کی کوشش کی جائیگی اور ساتھ ہی ساتھ وعدہ فرمایا کہ آپ شوال میں اجمیر جائینگے۔

وفد جمعیۃ بھاگلپور کا دورہ

بھاگلپور بذریعہ ڈاک۔ جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور [illegible]

جمعیۃ کے پروگرام کی تشریح

شمس آباد بذریعہ ڈاک۔ جمعیۃ علماء کے تعمیری پروگرام کے دورے میں ایک وفد فرخ آباد کا دورہ کرتے ہوئے شمس آباد پہنچا۔ جامع مسجد میں مولانا عبد الحمید صاحب اعظمی نے جمعیۃ علماء ہند کی پچیس سالہ درخشاں خدمات پر روشنی ڈالی اور ساتھ ساتھ تعمیری پروگرام کی بھی دعوت دی۔

حکومت کے موقف میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی

نئی دہلی ۲۹ جون۔ انہیں دنوں حکومت نے ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا تھا کہ اس نے ستیم اوچے کے "کارو" سرکاری نشان اور مہر کے نئے نمونے [illegible]

علیگڑھ کانگریس کا لیڈر جیل میں

علی گڑھ ۲۸ جون۔ مسٹر جان محمد عثمان سابق صدر علی گڑھ سٹی کانگریس کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ درجہ اول مسٹر [illegible] کی عدالت میں حاضر نہ ہونے کی بنا پر جیل بھیجا گیا ہے۔ [illegible]

مشرقی پنجاب کے مسلمانوں کو ضروری اطلاع

حکیم محمد اجمل کا بیان

دہلی ۲۶ جون۔ حکیم محمد یعقوب صاحب اجمل سکریٹری جمعیۃ علماء مشرقی پنجاب نے اپنے ایک بیان میں بتایا ہے کہ جو مہاجرین مشرقی پنجاب سے پاکستان نہیں گئے بلکہ ہندوستان ہی کے کسی مقام پر عارضی طور سے آباد ہو گئے ہیں ان کے بارے میں گورنمنٹ مشرقی پنجاب نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ ان لوگوں کے اپنے گھروں میں آباد کیا جائے گا۔ اس لئے انہیں چاہیئے کہ وہ جلد سے جلد اپنی درخواستیں پھر لیباء کمیٹی کے مطبوعہ فارموں پر بھجوائیں۔ اس سلسلہ میں گورنمنٹ مشرقی پنجاب کا ایک پریس نوٹ جو کہ حضرت مولانا لقاء اللہ صاحب عثمانی صدر جمعیۃ علماء مشرقی پنجاب کو بغرض تشہیر موصول ہوا تھا ذیل میں ترجمہ کر کے درج کیا جا رہا ہے پریس نوٹ میں آخر پر اپیل کی میعاد دی گئی ہے اس میں اضافہ کر دیا گیا ہے، درخواستوں کے سلسلہ میں مندرجہ امور کا خاص لحاظ رکھا جائے۔

(۱) مطبوعہ فارم دفتر پھر لیباء کمیٹی فراش خانہ دہلی سے دو پیسہ فی فارم کے حساب سے علاوہ ڈاک خرچ کے ٹکٹ روانہ کر کے منگوا سکتے ہیں۔ (۲) ایک خاندان یا ایک شخص کی درخواست کے لئے چار فارم پر کر کے ایک دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند دہلی، ایک پھر لیباء کمیٹی اور دو دفتر مرکزی سارا بائی کامنسنی ٹیوشن ہاؤس نئی دہلی کو بھیجے جائیں (۳) [illegible]

پریس نوٹ

مین الممالکتی کانفرنس کے سمجھوتہ کی رو سے جو اس سال کراچی میں ہوئی تھی کسٹوڈین صاحبان نے شہری اور دیہاتی جائداد کی آمدنی اور اخراجات کا حساب ہر چھ ماہ کے بعد منتقل کرنا تھا اس میں نکاسیوں کی منقولہ جائداد بھی شامل تھی یہ تمام حساب دفتر کسٹوڈین مشرقی پنجاب میں تیار ہو رہا تھا چنانچہ ان میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو مشرقی پنجاب سے ہجرت کر کے ہندوستان کے دوسرے حصوں میں چلے گئے اور کبھی پاکستان نہیں گئے ایسے حضرات کے حساب کی حفاظت کے لئے کہیں وہ پاکستان منتقل نہ کر دیئے جائیں انہیں مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کسٹوڈین مشرقی پنجاب مقیم جالندھر کے پاس یا اسسٹنٹ کسٹوڈین جس ضلع میں بھی جائداد واقع ہے۔ آخر ماہ اپریل ۱۹۴۹ء تک خط و کتابت کریں کہ وہ ہندوستان کے باشندے ہیں اور نہیں چاہتے کہ ان کے حساب پاکستان منتقل کئے جائیں جگہ محلہ اور گلی کا نام اور مکان نمبر جہاں جائداد ہے ضرور دینا چاہیئے۔

نوٹ۔ اس پریس نوٹ کی میعاد میں چار تک اضافہ ہو گیا ہے اس لئے اس قسم کی اطلاعات اب بھی دی جا سکتی ہیں۔

"الجمعیۃ" میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

نہر سوئز کے علاقہ میں مصریوں پر برطانوی فوجی دستے نے گولی چلادی

"المصری" کا احتجاج حکومت سے سخت کارروائی کرنیکی درخواست

قاہرہ ۲۸ جون۔ رات کو گشت کرنے والے ایک برطانوی دستے نے [illegible] نہر سوئز کے علاقہ میں [illegible] کی شکایت کی کہ اس قسم کے واقعات برابر پیش آ رہے ہیں [illegible] کا تماشا کیا اور ان کو گرفتار کر لیا۔ ان میں سے دو زخمی ہو گئے تھے۔

کل کے مصر کے وفد پارٹی کے اخبار المصری نے حکومت [illegible]

مشرقی پنجاب میں سوشلسٹوں کی گرفتاری

جالندھر ۲۸ جون۔ یوم لوہیا کے موقع پر جو ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اور دوسرے سوشلسٹ لیڈروں کی گرفتاری اور سزا پر احتجاج کے طور پر منایا گیا تھا کل مشرقی پنجاب میں ۱۲ سوشلسٹ گرفتار کئے گئے۔ (اپ)

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و سہ روزہ الجمعیۃ کے زرچندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقعے سے فوراً فائدہ اٹھائیے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک بار کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ چالیس روپے ششماہی بیس روپے اور سہ ماہی گیارہ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے ان سے زرچندہ بحساب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ ۳۰ روپے ششماہی ۱۵ روپے سہ ماہی ۸ روپے ۲ آنے

(۲) روزنامہ الجمعیۃ تین ماہ سے کم کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات مدت مذکورہ کے دوران میں نمونہ کے طور پر ایک ماہ کے لئے اخبار جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپے بھیجکر جاری کرا لیں۔

(۳) سہ روزہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بارہ روپے اور ششماہی چھ روپے آٹھ آنے ہے۔ لیکن جو اصحاب مذکورہ بالا مدت کے اندر خریدار بنیں گے ان سے سہ روزہ کا چندہ بحساب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ ۱۰ روپے ششماہی ۵ روپے آٹھ آنے

(۴) سہ روزہ الجمعیۃ چھ ماہ سے کم مدت کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات بطور نمونہ تین ماہ کے لئے جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپے بھیجکر جاری کرا لیں۔

(۵) روزنامہ الجمعیۃ اور سہ روزہ کے قدیم خریداران کا زرچندہ ادارہ الجمعیۃ کو ان رعایات کی تاریخ آغاز سے قبل وصول ہو چکا ہے یا وہ قدیم خریداران کی مدت خریداری ۲۵ رمضان تک کسی تاریخ پر ختم ہو رہی ہے وہ اگر اس رعایت سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو ایک سال، چھ ماہ، یا تین ماہ کا مزید زرچندہ (رعایتی) بھیجکر اپنی مدت خریداری میں اضافہ کرا لیں۔ کیونکہ ۲۵ رمضان کے بعد یہ رعایت ختم ہو جائے گی۔

(۶) اس مدت کے اندر جو جدید حضرات روزنامہ یا سہ روزہ کا زرچندہ روانہ فرمائیں گے ان کو سہ روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت دیا جائے گا۔

(۷) روزنامہ یا سہ روزہ الجمعیۃ کے دستی خریداروں کا کام (مثلاً چھ ماہ کے لئے زرچندہ کی کٹنگ بھیجنے والے حضرات کے نام تین ماہ کے لئے روزنامہ یا چھ ماہ کے لئے سہ روزہ الجمعیۃ دونوں میں سے جو بھی وہ پسند کریں گے) جاری کیا جائے گا۔

ضروری ہدایات

یہ تمام رعایتیں صرف ایک ماہ یعنی ۲۶ شعبان ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان ۱۳۶۸ھ تک جاری رہیں گی ۲۵ رمضان کے بعد منسوخ سمجھی جائیں گی۔ یعنی آپ کے مقام سے چندے کی آرڈر کی روانگی کی آخری تاریخ ۲۵ رمضان المبارک ہونی چاہیئے۔

(۲) رعایتی چندے منی آرڈر کے ذریعہ روانہ فرمایئے۔ اس سلسلہ میں وی پی کو لاکر جاری نہیں کیا جائے گا۔ (۳) کوپن پر اس رعایت کا حوالہ ضرور دیجئے۔

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

دہلی میں پہلا روزہ

دہلی ۹ ۲ جون (نامہ نگار)۔ دہلی میں آج ۲۹ جون کا پہلا روزہ ہے۔ گو سہارنپور سے اطلاع ملی ہے کہ وہاں بروز منگل ۲۸ جون کا پہلا روزہ ہوا ہے۔

ٹیلیفون پر بھی میٹر لگیگا

اس سال اگست میں دہلی کے ٹیلیفونوں پر میٹر لگا دئے جائیں گے۔ اس کے بعد ہر اس شخص کو جس کے یہاں ٹیلیفون لگا ہوا ہے۔ جتنی مرتبہ ٹیلیفون کرے گا اس کے حساب سے اجرت دینا ہوگی۔ ہر ٹیلیفون والے کو ۱۲ روپیہ ماہوار کرایہ اور ہر مرتبہ ٹیلیفون کرنے کی فیس اجرت دینی ہوگی اس کی اوسط دو ریز "کال" پڑتی ہے۔

شرنارتھیوں کیلئے اسٹال

دہلی کے ڈپٹی کمشنر مسٹر راندھیر دہلی نے نئی دہلی میونسپلٹی کمیٹی سے کہا ہے کہ ہنومان روڈ اور گول مارکیٹ سے ملنے والے اسٹال ہولڈروں کو پریذنڈ روڈ پر جگہ دی جائے گی [illegible] اسٹال ہولڈر لوگ روزانہ دوکانیں لے جائیں گے [illegible]

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

اناج بازار کے نرخ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بیاری مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

لاش ملی

[illegible]

ریوالور رکھنے پر سکھ گرفتار

[illegible]

بے دخلی کو بند کیا جائے

[illegible]

اخبار سے ضمانت طلب کرلی گئی

مقامی حکومت نے ایک اردو اخبار "نوجوان" سے کہا ہے کہ وہ حبشی خان کے مسلمانوں کے خلاف ایک بہت قابل اعتراض مضمون لکھنے کے جرم میں دو ہزار روپے کی ضمانت طلب کرلی ہے۔ (اپ)

عرس حضرت قلندر صاحب

[illegible] پانی پت میں حضرت بو علی قلندر صاحب کے عرس [illegible] پنجاب کی حکومت نے اجازت نہیں دی۔ البتہ پاکستان سے ۵۲ مسلمانوں کو عرس میں شرکت کی اجازت دے دی گئی ہے۔ [illegible]

حکومت ہند اور ریاست سکم کے آئندہ تعلقات

دیوان کے تقرر کے بعد گفت و شنید شروع ہوگی

نئی دہلی ۲۹ جون۔ حکومت ہند کے حلقوں میں عام طور پر خیال ہے کہ حکومت ہند اور ریاست سکم کے درمیان [illegible] حکومت ہند نے سنبھال لیا ہے کیونکہ وہاں [illegible]

[illegible]

حیدرآباد میں ثقافتی مرکز کا قیام

حیدرآباد ۲۹ جون (پی ٹی آئی)۔ یہاں پر حکومت [illegible]

حیدرآباد میں گھڑ دوڑ پر ٹیکس

[illegible]

ایشیا میں دہشت پسندی کیخلاف ہند جمہوریت کا سرچشمہ بنے گا

امریکہ سے واپسی پر پروفیسر رنگا کا کانگریس مجلس عاملہ کا بیان

نئی دہلی ۲۹ جون۔ صدر ٹرومین کی تمام باتوں سے جس انداز کے سبب سے زیادہ متاثر ہوا وہ جاپان اور چین کے متعلق ان کے خیالات تھے۔ یہ بیان کانگریس مجلس عاملہ کے رکن پروفیسر رنگا نے امریکہ سے دہلی پہنچنے پر دیا جو امریکی کسانوں کی کانفرنس میں شرکت کے لئے امریکہ گئے تھے۔

"گفتگو کی ایک خاص بات یہ تھی کہ" انہوں نے صدر ٹرومین کے ساتھ اپنی ۳۰ منٹ کی گفت و شنید کی روداد بیان کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے صدر ٹرومین کو صرف ایک اعلیٰ درجہ کا سیاستدان پایا بلکہ ہندوستان کے مسائل کے متعلق بھی انہیں خاص معلومات تھیں۔

پروفیسر رنگا نے کہا کہ صدر ٹرومین نے ہندوستان کو ہمارا ملک کہا جسے عظیم الشان لیڈر حاصل ہیں اور وزیر اعظم پنڈت نہرو اور نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کی تعریف کی۔

انہوں نے مزید بتایا کہ نہ صرف صدر ٹرومین نے ہندوستان کی صنعتی اور زرعی ترقی کے متعلق اپنی زبردست دلچسپیوں کا اظہار کیا بلکہ امریکہ کے مزدور اور کسان بھی کچھ کم نہ تھے۔ طلاعات کے لئے صدر ٹرومین کی امدادی سکیم کے متعلق انتہائی جوش و خروش کا اظہار کر رہے ہیں۔ صدر ٹرومین کو توقع ہے کہ حکومت امریکہ ہندوستان اور دوسرے مشرقی ممالک کو ترقی دینے کے لئے اپنے کچھ ذرائع ان علاقوں میں منتقل کر سکے گی۔

پروفیسر رنگا نے کہا کہ صدر ٹرومین نے کہا ہے کہ ہندوستان جلد ہی اپنے متعلق ذرائع کو استعمال کر کے ترقی یافتہ ملک ہو جائے گا۔ اور ایشیا میں دہشت پسندی کے خلاف جمہوریت کا سرچشمہ ثابت ہوگا۔

امریکہ کے ہندوستانی سفارت خانہ کا تذکرہ کرتے ہوئے پروفیسر رنگا نے کہا کہ مسٹر آصف علی نے امریکہ میں خاص مقبولیت حاصل کر لی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ پروفیسر رنگا نے کل پنڈت نہرو سے ملاقات کی تھی۔ انہیں صدر ٹرومین اور دوسرے امریکی رہنماؤں کے ساتھ اپنی گفت و شنید کی روداد سے مطلع کیا تھا (ڈاکٹر)

افغانستان کی پالیمنٹ میں پھوٹ پڑنے کی مبینہ اطلاعات

کراچی کا اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ بے پرکی اڑانے لگا

کراچی ۲۹ جون۔ یہاں کا اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ اس خبر کے لئے ذمہ دار ہے کہ افغانستان کی قومی پارلیمنٹ میں مرکزی حکومت کی پاکستان کے خلاف پختونستان پالیسی پر پھوٹ پڑ گئی ہے۔ اس اخبار کے نامہ نگار مقیم پشاور نے لکھا ہے کہ اس کو اطلاعات ان باخبر حلقوں نے پہنچائی ہیں جو حال ہی میں کابل سے یہاں پہنچے ہیں۔

یہ اخبار لکھتا ہے کہ افغانستان کی حکومت نے پارلیمنٹ [illegible]

وزیر اعظم صوبہ سرحد کا دورہ

[illegible]

کناڈا کے انتخابات

لبرل پارٹی کو زبردست فتح

[illegible] انتخابات میں لبرل پارٹی کو سب سے بڑی اکثریت حاصل ہوئی ہے۔ آخری نتائج میں لبرل پارٹی کو ۱۹۳ نشستیں حاصل ہوئیں۔ لبرل پارٹی زمانہ جنگ کی پابندیوں کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ ترقی پسند قدامت پسندوں کو ۴۳ نشستیں ملیں۔ کوآپریٹو کامن ویلتھ فیڈریشن کو ۱۳ سوشل کریڈٹ پارٹی کو ۱۰ اور غیر جانبدار امیدواروں نے ۵ نشستیں حاصل کیں۔ ترقی پسند قدامت پسندوں کو گذشتہ سال کے مقابلہ میں نشستیں کم ملیں۔ لبرل پارٹی کو سب پارٹیوں پر بڑی اکثریت حاصل ہو گئی ہے۔ [illegible] (رائٹر)

ٹراونکور اور کوچین کی یونین

ترویندرم ۲۹ جون۔ ٹراونکور اور کوچین کی متحدہ ریاست کا افتتاح یہاں یکم جولائی کو ہوگا۔ (اپ)

مسلمانان پاکستان سے رمضان المبارک کے احکام پر عمل کرنیکی اپیل

لیاقت علی خاں کا بیان

کراچی ۲۹ جون۔ رمضان کی آمد کے موقع پر مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے پاکستان بھر کے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ رمضان کے مقدس مہینے کے متعلق تمام احکام کو صحیح اسلامی جذبات کے تحت ادا کریں۔

انہوں نے کہا ہے کہ گذشتہ سال رمضان المبارک کے موقع پر میں نے ایک بیان جاری کیا تھا جس میں مسلمانوں سے خواہش کا اظہار کیا تھا کہ پاکستان کے تمام مسلمان اس کے تقدس کا احترام کریں۔ میری اس اپیل پر جس طرح توجہ دی گئی اس سے میں بے حد مسرور ہوا ہوں [illegible] مجھے امید ہے کہ اس سال بھی رمضان کے مہینے میں اسلام کے احکام کو اسی طرح انجام دیا جائیگا۔ [illegible]

مجھے یقین ہے کہ صرف مسلمان ان ہدایات پر عمل کرنے کا ہم سے ساتھ تعاون کریں گے بلکہ پاکستان بھر کے تمام مسلمان اسلامی جذبات کے تحت ان تمام احکام کو پورا انجام دیں گے۔ جن کا اس ماہ مبارک سے تعلق ہے۔ (اس پ)

اریٹریا کی آزادی کے لئے محاذ

[illegible] اریٹریا جو بحیرہ احمر کی ایک سابقہ اطالوی نوآبادی ہے۔ ان پارٹیوں کے علاوہ جو حبشہ سے الحاق چاہتی ہیں باقی سب ایک متحدہ محاذ بنا کر اس علاقہ کی مکمل آزادی کے لئے جدوجہد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ [illegible]

پاکستان نے معاہدہ کراچی کی خلاف ورزی کی ہے

ہندوستانی ڈیلی گیشن کا پاکستانی ڈیلی گیشن سے احتجاج

نئی دہلی ۲۹ جون۔ معلوم ہوا ہے کہ کراچی کانفرنس میں شریک ہونے والے ہندوستانی ڈیلی گیشن نے پاکستانی ڈیلی گیشن سے اس بارے میں سخت احتجاج کیا ہے کہ سندھ میں نکاسیوں کی جائداد کے سلسلہ میں جو فیصلے ہوئے ہیں وہ معاہدہ کراچی کی شدید خلاف ورزی کی ہے۔ اس خلاف ورزی کا ایک اہم واقعہ پاکستانی ڈیلی گیشن کی اطلاع میں لایا گیا۔ ان کی توجہ سندھ کے وزیر نو آبادکاری کے ایک سرکلر کی طرف سے دلائی گئی جو ۲۸ اپریل ۱۹۴۹ء کو تمام کلکٹروں اور ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کو بھیجا گیا۔ اس میں درج ہے کہ جن غیر مسلموں کی آراضیات اور جائداد وقفی تصور کر کے مہاجرین اور کاشتکاروں کو الاٹ کر دی گئی ہیں۔ وہ اگر اس بیان کی بحالی کا دعویٰ کریں کہ وہ پاکستان سے نہیں گئے تھے یا مستقل طور پر لوٹ آئے ہیں تو ان کی درخواستیں کسٹوڈین کے سپرد کی جائیں۔ کوئی کلکٹر مین یا جائداد جو ایک بار الاٹ کی جا چکی ہے بحال نہ کی جائے۔ کسٹوڈین کے فیصلہ تک مہاجرین کے نام الاٹمنٹ جاری رہنی چاہیئے۔ ۱۰ دسمبر کی اجائی کے احکام الرجاری ہو گئے ہیں تو انہیں منسوخ کر کے آراضیات نو آبادکاری کے لئے استعمال لائی جائیں۔

کسٹوڈین کے آرڈر میں تاخیر

کراچی اور سندھ میں کسٹوڈین کے آرڈر میں تاخیر [illegible]

[illegible]

پاکستان چاہتا ہے یہاں تک کہ حکومت نے معاہدے کے خلاف ورزی ہے [illegible]

مغربی پنجاب میں

مغربی پنجاب میں بھی حال کسٹوڈین کا ہے [illegible]

[illegible]

میلاد النبی پاکستان کو چھ ماہ میں مستقل ہو جائیگا

[illegible]

کراچی میں شدید گرمی

[illegible]

عیدکارڈ مع کلام الشعراء — [illegible]

جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا سہ روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خریدتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پر اپنے پورے پتے کے ساتھ حسب ذیل عبارت لکھ کر بھیج دیجئے۔

۔۔۔۔ صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے کی بجائے ۔۔۔۔ کل پابندی کے ساتھ خریدتے ہیں۔ ادھر میں ان کے معاون خریداری سے مطلع ہوں۔

ایجنٹ کی تصدیق آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علماء نمبر مفت ارسال کر دیں گے۔ یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی۔ روزنامہ یا سہ روزہ الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے والے اصحاب بھی اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نوٹ۔ جمعیۃ علماء نمبر کی بہت کم کاپیاں باقی ہیں اس لئے خواہشمند حضرات جلد توجہ دیں۔

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

اشد ضروری

خط و کتابت کے وقت اپنا خریداری نمبر ضرور تحریر فرمائیے اور منی آرڈر کے کوپن پر اپنا مکمل نام و پتہ اور نمبر خریداری ضرور لکھئے ورنہ تعمیل ارشاد میں سخت دشواری ہوگی۔

منیجر

فون نمبر 6841

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ۔ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۴ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۲ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کے لئے

اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
جمعہ ۳ رمضان المبارک	۳ بجکر ۴۷ منٹ	۷ بجکر ۹ منٹ
ہفتہ ۴ ”	۳ بجکر ۴۸ منٹ	۷ بجکر ۹ منٹ
اتوار ۵ ”	۳ بجکر ۴۹ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
پیر ۶ ”	۳ بجکر ۴۹ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ

مستقبل قریب میں کشمیر کی عارضی صلح کا کوئی امکان نہیں ہے

کمیشن کے ممبر کراچی سے سری نگر پہونچ گئے

پاکستان اپنے رویہ میں تبدیلی کرنے کے لئے تیار نہیں

سری نگر ۱۹ جون تازہ ترین آثار و قرائن سے ظاہر ہوتا ہے کہ مستقبل قریب میں ہندوستان اور پاکستان میں کشمیر کے متعلق عارضی صلح ہونے کے امکانات قطعی مفقود ہو چکے ہیں۔ کشمیر کمیشن کے حلقوں کا کہنا ہے کہ کمیشن نے اپنی عارضی صلح کی نئی تجاویز کے بارے میں ہند اور پاکستان کی حکومتوں سے ضمنی تبادلۂ خیالات بھی کر لئے ہیں لیکن فوجوں کی مرحلہ بندی کے بارے میں ہند اور پاکستان کی حکومتوں کے اختلافات ذرا بھی کم نہیں ہوئے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگرچہ عارضی صلح کے معاہدہ کے وسیع سیاسی مسئلہ کے متعلق مزید بات چیت ہونا یقینی ہے کمیشن کی طرف سے بھی امریکا فوری کوشش کی جائے گی کہ فوجی مرحلہ بندیوں کے متعلق پہلے ملکی حالت کا استقرار یقینی بنایا جائے۔

کمیشن کے ممبران مسٹر کولمبین اور مسٹر بیکا کی پاکستانی نمائندوں سے بات چیت کرنے کے بعد آج یہاں پہنچ گئے۔

ویٹ نام میں نئی حکومت کا اعلان

پنڈت نہرو بارود کے ایک بڑے ذخیرہ پر بیٹھے ہوئے ہیں

سوشلسٹ لیڈر جے پرکاش نرائن کا بیان

ڈاکٹر لوہیا کی گرفتاری پر سخت تنقید

سوشلسٹ کارکن گرفتار

شنگھائی پر بمباری سے نقصان

پیرس میں برطانیہ کے مالی بحران پر کانفرنس

۱۹ ملکوں کے نمائندوں کی شرکت نئی تجارتی اسکیم

حکومت برطانیہ چین کی ناکہ بندی کو تسلیم نہیں کریگی

مسٹر بیون بیان دیں گے

کشمیر کیلئے اشیاء خوردنی

ہانگ کانگ میں کومنتانگ خلاف قانون ہوگئی

حکومت چین کا زبردست نقصان

وسطی چین میں تیرہ ہزار ہلاک و مجروح

امریکی فوجوں نے جنوبی کوریا خالی کردیا

کل صبح آخری دستہ کی روانگی

سائرنیکا اور طرابلس کا ایک وفاق بنایا جائے

حضرت امیر ادریس السنوسی کا اعلان

مزدوروں کا بونس لینے سے انکار

مقبروں کی تعمیر کیلئے عطیہ

کشن گڈھ کے مل پھر کھل جائیں گے

وزیر اعظم نہرو

پاکستان کے خلاف افغانستان کی شکایت ابھی اقوام متحدہ میں پیش نہیں کی جائے گی

نیویارک میں افغانستان کے سفیر کا بیان

گاؤں سبھا کا ٹریننگ کیمپ

قرض لینے والے ناگزیر لاپتہ

امرتسر کے ڈپٹی کمشنر کا انکشاف

اسٹرلنگ کی قیمت میں کمی سے روپیہ کی قیمت کم ہو جائیگی

دہلی کے مالی حلقوں میں پیرس کانفرنس کا رد عمل

امریکہ نے اپنے فیصلہ سے

چینی حکومت کو اطلاع دیدی

برطانیہ کے بہترین ڈیزل انجن

ہندوستان خرید رہا ہے

کیمپنگ لازمی قرار دے دیگی

کھجور کے تیل سے گڑ بنانے کی تعلیم

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 1-7-49

حکومت برطانیہ حکومت چین کی مخالفت پر اتر آئی

کمیونسٹ بندرگاہوں کی ناکہ بندی کو نہ تسلیم کرنے کا فیصلہ

جوگجاکارٹا سے ڈچ فوجوں کے انخلا کے متعلق سرکاری اطلاعات

جمہوری حکومت کی بحالی تک ہنگامی حکومت کام کرتی رہیگی

بٹاویہ ۲۹ جون (رائٹر پریس ٹرسٹ)

کل مجلس متحدہ اقوام کے انڈونیشی کمیشن نے سرکاری طور پر اعلان کیا کہ جمہوری انڈونیشیا کے سابق دار الحکومت جوگ جا کارٹا سے ڈچ فوجیں اطمینان کے ساتھ طے شدہ پروگرام کے مطابق انخلا کر رہی ہیں اور ان فوجوں کا انخلا جون کے آخر تک پورا ہو جائے گا۔

[redacted]

[redacted]

مغربی بنگال سے کمیونزم کی ہوا چل پڑی ہے

سوشلسٹ کانگریس میں شامل ہو جائیں مسٹر کھیر وزیر یو پی کا مشورہ

بریلی میں غلہ کی حصولی

میرٹھ میں ہفتۂ صحت

[redacted]

[redacted]

چور بازاری گرفتار

۲۲ ہزار اسکول

راشننگ انسپکٹر گرفتار

کمیونسٹوں کی گڑبڑ

بقیہ صفحہ اول

اسٹیشن پر حملہ

بم پھٹنے کا حادثہ

حکومت کا پریس نوٹ

اسرائیل اور شام کے وفود میں التوائے جنگ کی ایک کانفرنس

ڈاکٹر رالف بنچ کی علاقائی تبدیلی کی تجاویز پر غور

ہندوستانیوں کے خلاف اقدام

بقیہ صفحہ اول

سانپ نے سپیرے کو کاٹ لیا

سوشلسٹ دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کرینگے

شمالی اور جنوبی کوریا کی سرحد پر خوفناک جنگ

مشین گنوں اور توپخانہ کا آزادانہ استعمال۔ اقوام متحدہ کے کمیشن کی اطلاع

برطانیہ کا مالی بحران اپنی انتہا کو پہونچ گیا

لندن میں دولت مشترکہ کے وزرائے خزانہ کی اہم کانفرنس

ہندو مہاسبھا کی اردو دشمنی

منتظمہ کمیٹی مسجد تکیہ والی شیش محل کے متعلق

ضروری اعلان

۲۶ جون ۱۹۴۹ء کو مسجد تکیہ والی اور اس کی افتادہ زمین کے انتظام و حفاظت کے لئے ہشتی مجلس اوقاف کی طرف سے ۱۰ افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے۔ یہ کمیٹی مسجد و تکیہ کے جملہ امور کی ذمہ دار ہوگی اور ہشتی مجلس اوقاف کی جانب سے تمام کاموں کی دیکھ بھال کرے گی۔

اسمائے گرامی ممبران کمیٹی

(۱) حکیم خلیل الرحمن صاحب میونسپل کمشنر صدر
(۲) حاجی نعمت اللہ صاحب نائب صدر
(۳) محمد الیاس صاحب سیکریٹری
(۴) حاجی محمد الیاس صاحب نائب سکریٹری
(۵) حاجی محمد اسحاق صاحب خزانچی
(۶) حاجی محمد عمر صاحب ممبر
(۷) سلامت علی صاحب ”
(۸) حمید اللہ صاحب ممبر
(۹) استاد ضیاء الدین صاحب ”

شوکت علی عباسی

ناظر اوقاف صوبہ دہلی

روپیہ بچائیں

نئے کپڑے خریدنے کی بجائے اپنے پرانوں کو ہم سے مثل نیا بنوائیں

موڈرن کلینرز

(جدید طریقوں سے دھلائی رنگائی کرنے والے)

چاندنی چوک نزد ڈاک خانہ

برانچ۔ کوڑیہ پل دہلی

فوراً ضرورت ہے

اخبار الجمعیۃ کے صیغہ اشتہارات میں اچھا ٹائپ جاننے والے کلرک کی فوری ضرورت ہے۔ اخباری تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔ تنخواہ حسب لیاقت۔ ذاتی طور پر ملیں۔

منیجر صیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

کسانوں اور مزدوروں کو چاہئے کہ سپاہیوں کی طرح کام کریں

زیادہ غلہ اگانے کیلئے وزیر اعظم کی براڈ کاسٹ اپیل

۱۹۵۱ء کے بعد ہند باہر سے غلہ نہیں منگائے گا

[illegible] اس سال ہمیں ملک میں دس فی صدی اناج کی کمی تھی۔ ہم ۱۹۵۱ء تک اناج کی پیداوار کو دس فی صدی بڑھانا چاہتے ہیں اور یہ کوئی ایسی مد نہیں جسے بآسانی پورا نہ کیا جا سکے۔

پنڈت نہرو نے اناج کی پیداوار بڑھانے کے لئے [illegible]

جو لوگ کبھی کبھی چاول کھاتے ہیں وہ اسے بالکل ترک کردیں جو صرف چاول کھاتے ہیں۔ وہ اس کیساتھ دوسرے اناج کا استعمال بھی شروع کردیں۔ اناج کی فراہمی اس مہم کا ایک ضروری حصہ ہے۔ مگر کچھ غیر ذمہ دار لوگ دانستہ طور پر اس میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔ جو دیش کے لئے نقصان دہ ہے۔ یہ مہم قوم کی بقا کی جنگ ہے۔ اور ہمیں اس مہم کو حل کرنے کے لئے اسے جنگ کی سی اہمیت دینا ہوگی۔ اگر آج ہم نے اپنی مرضی سے خوراک کی عادت میں کچھ تبدیلی نہ کی تو پھر بعد میں حالات [illegible] چاہے ہم اسے پسند کریں یا نہ کریں۔ میں کانگریسیوں سے خاص طور پر اپیل کرونگا کہ وہ دیہاتوں میں جائیں اور مسئلہ کی اہمیت سے کسانوں کو روشناس کرائیں اور خود کھیتوں میں کام کیلئے جُت جائیں (اور ایک بار پھر اسی آدرش پر پہنچیں۔ جس نے ماضی میں کانگریس کو اسقدر عظیم بنایا تھا۔ اور آزادی حاصل کی تھی۔

کراچی میں موسیقی کا جنازہ

کراچی ۳۰ر جون – کراچی کے مشہور بدنام "سرخ روشنی والے علاقہ" کی رقاصاؤں کی بابت معلوم ہوا ہے کہ وہ موسیقی کا جنازہ نکالنے کی اسکیم پر غور کر رہی ہیں۔ یہ جنازہ حکومت پاکستان کے [illegible] کے خلاف بطور احتجاج نکالا جائیگا۔ کراچی کے حکام اب اس اسکیم کو ناکام کرنے کی ہدایت کر رہے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ایسا ہی ایک احتجاجی جلوس شہنشاہ اورنگ زیب کے زمانہ میں بھی نکالا گیا تھا جس نے موسیقی پر پابندی لگا دی تھی۔ (ب۔ٹ۔ رائٹر)

دو سکھ گرفتار

جالندھر ۳۰ر جون – اوتار سنگھ اور لکھن سنگھ نامی دو سکھ یہاں اس الزام میں گرفتار کئے گئے کہ انہوں نے شہر کے گوردوارہ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں ایک سیاسی جلسہ منعقد کیا (ب۔ پ۔ آئی)

ملان کمیونزم پر پابندی لگائیں گے

کیپ ٹاؤن ۳۰ر جون – جنوبی افریقہ کے وزیر داخلہ [illegible] نے کل بتایا کہ حکومت کمیونزم کو خلاف قانون قرار دینے کی تجاویز پر غور کر رہی ہے۔ [illegible]

افغانستان کا مسئلہ غیر منصفانہ ہے

سرحدی مسئلہ پر لندن ٹائمز کا تبصرہ

[illegible]

اسلحہ ساز سکھ پکڑے گئے

جالندھر ۳۰ر جون۔ یہاں [illegible] اسلحہ سازی کی ایک فیکٹری چلانے کے الزام میں تین سکھ گرفتار کئے گئے ہیں۔ ان کے پاس سے [illegible] اسلحہ سازی کا سامان برآمد کیا گیا ہے۔ (پ ی آئی)

استنبول میں صدر انونو کیخلاف تقاریر ہٹلر اور مسولینی سے مقابلہ

حکومت کی جانب سے حزب مخالف کی باغیانہ سرگرمیوں کو کچلنے کا اعلان

لندن ۳۰ر جون۔ انقرہ سے لندن کے اخبار "ٹائمز" کا نامہ نگار رقم طراز ہے کہ حکومت ترکی نے حزب مخالف کی جانب سے حالیہ ذومعنی اعلانات کے سلسلہ میں ایک سرکاری بیان جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ امن و امان کو برقرار رکھنے کے لئے پوری قوت سے کام لیگی اور حزب مخالف کو غیر قانونی ذرائع سے کسی اقدام کی اجازت نہ دیگی۔

یہ اعلان ان بیانات کی طرف اشارہ ہے جو ڈیموکریٹک پارٹی کے حالیہ اجلاس میں [illegible] غیر قانونی طریق کار اختیار کرنے کا اظہار [illegible] میں ناجائز طریقے اختیار کئے جائیں تو وہ اپنے آئینی حقوق کیلئے متحد ہو جائیں۔ اس بیان کو حکومت نے ذو معنی قرار دیا ہے اور اس کی بناء پر یہ اعلان جاری کیا گیا ہے۔

علاوہ ازیں دو روز گذرے استنبول میں نیشنل پارٹی کی [illegible] کا افتتاح کرتے ہوئے بڑی سخت تقاریر ہوئی تھیں جس میں صدر انونو کا ہٹلر اور مسولینی سے مقابلہ کیا گیا تھا۔ اس قسم کے اعلانات کو سرکاری حلقوں میں بغاوت کے مشتعل کرنے کے مترادف خیال کیا جاتا ہے۔

مہاجرین کیلئے اسمبلیوں اور میونسپل کمیٹیوں میں نمائندگی کا مطالبہ

لاہور میں مہاجرین کے اجتماع میں مسٹر سہروردی کی تقریر

لاہور ۳۰ر جون – دہلی دروازہ کے باہر مہاجرین کا بہت بڑا اجتماع ہوا۔ جس میں مسٹر سہروردی نے تقریر کی۔ غیر منقسم بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر سہروردی نے اپنی آمد کا سبب بتاتے ہوئے کہا کہ وہ یہاں مہاجرین کی رہنمائی کرنے آئے ہیں۔

انہوں نے کہا میرا مقصد ہے کہ آپ سب لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کروں اور آپ کی آواز کو موثر بناؤں [illegible]

انہوں نے تجویز کی کہ مہاجرین کو اسمبلیوں میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں وغیرہ میں نمایندگی دی جائے۔ [illegible]

مسٹر سہروردی نے اپنی صدارتی تقریر میں اس بات پر افسوس کیا کہ مقامی باشندے مہاجرین کی نسبت پاکستان سے زیادہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مہاجرین اپنی ہمت بہادری اور دیانت ہی سے پاکستان کو صحیح راستہ پر لے جا سکتے ہیں [illegible]

پاکستان اور ہندوستان کا مقابلہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ [illegible]

مسلم لیگ ہندوستان میں سرگرمیاں شروع نہ کرے

سول اینڈ ملٹری گزٹ کے نامہ نگار کو چودھری خلیق الزماں کا بیان

کلکتہ ۳۰ر جون – سول اینڈ ملٹری گزٹ کے نمایندے کو چودھری خلیق الزماں نے ایک سوال کے جواب میں ایک ملاقات میں مختلف مسائل پر بیان دیا۔ اس سوال کے جواب میں کہ انڈین یونین میں مسلم لیگ [illegible]

[illegible] انہوں نے کہا کہ مشرقی پاکستان میں مسلم لیگ [illegible]

حکومت مسلم لیگ کی سرگرمیوں کو کبھی برداشت نہ کرے گی۔ [illegible]

علم جراحی کا زبردست معجزہ

لندن ۲۹ر جون [illegible] دل میں [illegible] داخل کیا گیا [illegible] (رگلوب)

مشرقی پاکستان کے مسائل

مشرقی پاکستان کے مختلف مسائل پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ وہ محمد اکرم خان صدر مشرقی پاکستان مسلم لیگ کو اپنا استعفےٰ واپس لینے پر مجبور کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ [illegible] محمد اکرم خان اور [illegible]

شنگھائی پر سرکاری ہوائی جہازوں کا زبردست حملہ

پانسو شہری ہلاک اور مجروح ہوئے

اسّی مکانات تباہ۔ حملہ دو گھنٹہ تک جاری رہا

شنگھائی ۳۰ر جون – کل نیشنلسٹ ہوائی جہازوں نے شنگھائی پر انتہائی شدید بمباری کی۔ جس کے نتیجہ میں پانسو شہری ہلاک یا زخمی ہو گئے۔ اور اسّی مکانات تباہ ہو گئے۔

دو باقی نیشنلسٹ بمباروں نے شنگھائی [illegible] شمالی ریلوے اسٹیشن پر سات یا اس سے زیادہ بم پھینکے۔ [illegible]

[illegible] امریکہ نے چینی حکومت کے اس حکم کو [illegible] تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے [illegible] (رائٹر)

برطانوی وزیر ہندوستان نہیں آئینگے

[illegible] (گلوب)

ہڑتال کی وجہ سے آسٹریلیا مفلوج ہو گیا

وزیر اعظم [illegible] معذور نظر آتے ہیں

[illegible] (گلوب)

فرانس کی نوآبادیات کا مطالبہ

محض گفت و شنید سے طے نہیں ہوگا

پانڈیچری ۲۹ر جون – بین الاقوامی عدالت کے نائب چیرمین کے مقرر کئے ہوئے مشاہدین نے ایک پریس کانفرنس میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی امکان نہیں کہ فرانسیسی نوآبادیوں کا معاملہ محض گفت و شنید سے طے ہو جائے۔ [illegible] (اب۔ٹ)

بمبئی کارپوریشن کے ہڑتالیوں کو انتباہ

بمبئی ۳۰ر جون [illegible]

ہندوستانی مزدوروں کی جانب سے آسٹریلیا کو کوئلہ بھیجنے کی مخالفت

کلکتہ ۳۰ر جون [illegible]

دق کا علاج دریافت کر لیا گیا

لندن ۲۹ر جون [illegible]

بمبئی میں امتناعی احکام میں توسیع

بمبئی ۳۰ر جون [illegible]

مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

یونیورسٹی کا اکڈمک سیشن مورخہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا

یونیورسٹی کی تمام کلاسوں کا داخلہ (ماسوائے بی ٹی اور انجینیرنگ) مورخہ یکم ستمبر سے شروع ہوگا۔ اور مورخہ ۲۱ر ستمبر ۱۹۴۹ء کو بند ہو جائے گا۔

خواہشمند حضرات پراسپکٹس کی کاپی رجسٹرار کے دفتر سے مفت طلب کرسکتے ہیں۔ تمام درخواستیں مطبوعہ فارموں پر موصول ہونی چاہئیں

رجسٹرار

فوراً ضرورت ہے

اخبار الجمعیۃ کے صیغہ اشتہارات میں اچھا ٹائپ جاننے والے کلرک کی فوراً ضرورت ہے۔ اخباری تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی

تنخواہ حسب لیاقت۔ ذاتی طور پر ملیں۔

نیجر صیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

دہلی سے لاہور پاکستان

پاکستان سے ہندوستان

استعمال شدہ و تجارتی سامان [illegible]

المشتہر دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible] بلیماران چاندنی چوک دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی

سے ملیں۔ یا لٹریچر مفت طلب کریں

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۲ر جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

مظلوموں کی امداد

دہلی میں بعض مفسد لوگ شہر کی فضا خراب کر کے ہندوستان کی راجدھانی اور اس کی حکومت کو ساری دنیا میں بدنام کرنا چاہتے ہیں، اور یہ ظاہر ہے کہ دہلی میں جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کا اثر سارے ہندوستان پر پڑتا ہے اور آزادی کے بعد تو دہلی کو بین الاقوامی پوزیشن حاصل ہو گئی ہے اس لئے یہاں کا معمولی واقعہ بھی دنیا کی توجہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، اگر ہم چاہتے ہیں کہ دنیا میں دہلی کی ساکھ قایم رہے اور دہلی کی وجہ سے سارا ہندوستان بدنام نہ ہو تو ہمیں راجدھانی کو ہر قسم کی بے چینی اور بدنظمی سے بچانا ہوگا، اور جو لوگ دہلی کے امن کو خراب کرنے کے لئے فرقہ واریت کا ہتھیار استعمال کریں گے ہمیں سختی کے ساتھ ان کا مقابلہ کرنا ہوگا، دہلی کی عزت ہندوستان کی عزت ہے اور دہلی کی بدنامی تمام ہندوستان کی بدنامی ہے۔

گذشتہ چند روز کے اندر بعض فرقہ پرستوں نے دہلی کی فضا کو خراب کرنے کی کوشش کی اور مسلمانوں پر ہندو عورتوں کو چھیڑنے کا الزام لگایا اور بہت سے مسلمانوں کو سر بازار زد و کوب بھی کیا مگر پولیس کی بروقت اور عاجلانہ مداخلت سے حالات قابو سے باہر نہ ہوئے اور دہلی کی عزت خاک میں ملتے ملتے رہ گئی، اس سلسلہ میں الجمعیۃ اور انصاری نے اپنا فرض سمجھتے ہوئے حکومت پر یہ بات واضح کی کہ یہ واقعات اتفاقی اور وقتی نہیں ہیں بلکہ ایک گہری اور ہمہ گیر سازش کا نتیجہ ہیں، اگر حکومت چاہتی ہے کہ دہلی کی فضا درست رہے اور فرقہ واریت سر نہ ابھار سکے تو اسے اس گہری سازش کا سراغ لگانا چاہیئے، اب ظاہر ہے کہ مسلم اخبارات کا حکومت کو بروقت متنبہ کرنا اور اسے ایک بہت بڑے خطرہ سے آگاہ کرنا کوئی جرم نہیں ہے، لیکن دہلی کے ایک معاصر نے اسے جرم اور سنگین جرم قرار دیا اور نہ صرف دہلی کے واقعات کی ذمہ داری مسلمانوں پر ڈالی بلکہ مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلی جمعیۃ علماء ہند پر بھی چھینٹے پھینکے اور انہیں بھی مخاطب کرنے کی زحمت اٹھائی۔

چونکہ اس قسم کی منافرت انگیز دلآزاریوں سے دہلی کے حالات درست نہیں ہو سکتے بلکہ امکان ہے کہ اور زیادہ خراب ہو جائیں اس لئے مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلی جمعیۃ علماء ہند نے ایک مدلل بیان شائع کیا ہے جو کل کی اشاعت میں ناظرین کرام کی نظروں سے گذر چکا ہوگا، اس بیان میں جو توقع کے مطابق خالص قوم پرورانہ نقطۂ نظر [illegible] یہ بات واضح کی گئی ہے کہ دہلی میں ہنگامہ اور فساد برپا کرنے کی جو کوشش کی گئی ہے وہ کسی جانی بوجھی سازش کا نتیجہ ہے اور جو الزام مسلمانوں پر لگائے گئے ہیں وہ محض فساد برپا کرنے کا ایک بہانہ ہیں اور حکومت بھی یقین رکھتی ہے کہ الزامات صحیح اور واقعی نہیں ہیں، اس کے بعد آپ نے حکومت کو توجہ دلائی ہے کہ وہ اس قسم کے واقعات کو روکے اور اعتراف کیا ہے کہ وہ اپنا یہ فرض ادا کر رہی ہے، ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ ہم باشندگان دہلی [illegible] تنگ دلی سے بالاتر ہو کر ہنگامہ آرائی کی کسی کوشش کو بھی کامیاب نہ ہونے دیں اور شرارت پسندوں کی [illegible] مولانا کی ذات کا تعلق ہے وہ کسی تعارف کی محتاج نہیں مولانا محترم گذشتہ تیس سال سے انڈین نیشنل کانگریس سے وابستہ ہیں اور اس کے مشن کی تکمیل کے لئے آپ نے جو کچھ بھی کیا ہے وہ کسی بڑے سے بڑے [illegible] اور پھر گذشتہ تیس سال سے اور بالخصوص تقسیم کے بعد سے اس وقت تک کوئی ایک ایسا واقعہ بھی آپ کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا جس میں فرقہ واریت کی بو آتی ہو دشمن سے دشمن بھی گواہی دیگا کہ آپ کا دامن ہمیشہ فرقہ واریت سے پاک رہا ہے اور آپ نے ہندو مسلم اتحاد کے لئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ اس حقیقت پر زندہ شہادت ہیں۔

حضرت مولانا نے اپنے بیان میں ایک نہایت [illegible] بات کی طرف اشارہ کیا ہے بعض لوگ شک کرتے ہیں کہ جمعیۃ علماء جو فرقہ واریت سے کوسوں دور ہے وہ صرف مسلمانوں کے حق میں ہی آواز کیوں بلند کرتی ہے؟ حضرت مولانا نے اس کے جواب میں فرمایا ہے کہ جمعیۃ علماء بلکہ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ ہر مظلوم کی امداد کرے اور ہر کمزور کو طاقتور بنائے خواہ وہ مظلوم مسلمان ہو یا ہندو، عیسائی ہو یا پارسی، لیکن اتفاق کی بات ہے کہ اس وقت ہر جگہ مسلمانوں ہی کی کمزوری سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے اور ہر جگہ انہی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اس لئے جمعیۃ علماء انہیں مظلوم سمجھ کر انکے حق میں آواز بلند کرتی ہے فرض کرو اگر مظلوم ہندو ہوتے تو جمعیۃ علماء ان کی امداد مسلمانوں سے زیادہ کرتی اور ان کی جان و مال، عزت و آبرو کی خاطر اپنی جانوں کو قربان کر ڈالتی حضرت مولانا کا ارشاد ہے کہ:

> "میں پوچھنے کا حق رکھتا ہوں کہ جب [illegible] ہے کہ انڈین یونین کی حکومت ایک سیکولر (غیر مذہبی) اسٹیٹ ہوگی تو اگر میں سچا کانگریس مین اور قوم پرور خادم ہوں تو کیا میرا یہ فرض نہیں ہے کہ میں اس کو عملی شکل دینے میں حکومت اور قومی جماعت کا پورا پورا ساتھ دوں؟ اگر حکومت ہند اور کانگریس کے اس صاف فیصلہ کے بعد کسی فرقہ کے فرقہ پرست افراد اپنی عددی اکثریت کے بل بوتے پر دوسرے کسی فرقہ کو مرعوب خوفزدہ اور پامال کرنے کے لئے ایک ہی قسم کے حیلے اور بہانے تراش کر اس ملک میں ظلم کا راج قایم کرنا چاہیں تو کیا مجھکو اس لئے خاموش ہو جانا چاہیئے کہ یہ زیادتی ایک ایسے فرقہ پر ہو رہی ہے جو میرا ہم مذہب ہے؟"

خدا نہ کرے کہ ہمارے ہندو بھائی کسی ظلم کا شکار ہوں لیکن اگر ایسا ہوا تو وہ یقین رکھیں کہ جمعیۃ علماء ان کی جانوں کے لئے اپنی جان دیدے گی کیونکہ اس کا مشن ہی انسانیت کی خدمت ہے مگر زمانہ کا پھیر ہے کہ اس وقت مسلمان مظلوم ہے اور جمعیۃ علماء کو مظلوم کی حیثیت سے ان کے حق میں آواز بلند کرنی پڑتی ہے!

حضرت مولانا نے ایک اور سچی بات فرمائی ہے

> "میں تو ہندوستان میں اس ہندو راج کو بھی خوش آمدید کہنے کے لئے تیار ہوں جو ہندو دھرم کے صحیح اصولوں کے مطابق قایم کیا جائے، اس لئے کہ مجھے یقین ہے کہ ہندو دھرم کے صحیح اصول کبھی بھی اس کی اجازت نہیں دے سکتے کہ محض اس بنا پر کہ مسلمان [illegible] ہیں یا ان کے ہم مذہبوں نے دوسرے ملک میں ہندو و سکھوں پر زیادتی کی ہے اس لئے ہندو و سکھ یہاں مسلمانوں پر طرح طرح کی زیادتیاں کر کے انہیں خوفزدہ اور مرعوب کرنے کی کوشش کریں اور جھوٹے الزامات کا بہانہ بنا کر ان کی عزت و آبرو کو لوٹیں اور اس پر فخر کریں"

اس سے بڑھ کر روادارانہ اعلان اور کیا ہو سکتا ہے؟ اقلیتوں کو انصاف چاہیئے وہ حسن سلوک کی بھوکی ہیں، اب خواہ یہ انصاف جمہوریت کے آستانہ سے بٹے یا ہندو دھرم کے کاشانہ سے، ہندو دھرم ظلم کی اجازت کبھی نہیں دے سکتا، اور جو لوگ ظلم کرتے ہیں وہ ہندو دھرم کا پالن نہیں کرتے اسے بدنام کرتے ہیں، اگر کسی زیادتی کی بنا پر مذمت کیجائے تو وہ ہندو یا سکھ کی مذمت نہیں ہوگی بلکہ ان لوگوں کی مذمت ہوگی جو ہندو دھرم کے پیچھے اور منصفانہ اصولوں کو پامال کر رہے ہیں

آخر میں حضرت مولانا نے جو کچھ فرمایا ہے وہی ہم بھی کہتے ہیں کہ ہندوستان کی اکثریت اپنی ذمہ داری محسوس کرے اور اقلیتوں کو اعتبار سے اپنا بھائی سمجھے، اور مسلمانوں کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ انتقام کا خیال دل میں نہ لائیں اور تمام غیر مسلموں کو اپنا بھائی سمجھیں اور ان کی زیادتیوں سے دل برداشتہ مرعوب اور ہراساں نہ ہوں!

ایک اور گل کھلا

[illegible] نواب گنج میں ایک اور گل کھلا، ایک واشنگ فیکٹری کے دھوبی ملازم کو اس الزام میں پیٹا گیا کہ اس نے ایک لڑکی کو جس کی عمر ۱۲ سال بتائی گئی ہے، چھیڑا تھا، کہا جاتا ہے کہ یہ لڑکی کپڑے دھلوانے یا ان پر استری کرانے کے لئے دھوبی کی دوکان پر آئی تھی اور ملازم نے اس کے ساتھ یہ نازیبا حرکت کی، ظاہر ہے کہ آجکل یہ الزام فیشن کے طور پر خوب چل رہا ہے اور مسلمانوں نے ہر جگہ یہی پیشہ اختیار کر لیا ہے کہ جہاں موقعہ ملے غیر مسلم لڑکیوں اور عورتوں کو چھیڑیں اور مرتے مرتے اپنی آن دکھا جائیں۔

چنانچہ اس الزام پر مجمع نے قانون کو اپنے ہاتھ میں لیا اور اسے خوب پیٹا، اور ساتھ ہی دوکان کے بے قصور مالک کو بھی زد و کوب کیا اب یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ واقعہ کی صحت کیا ہے، کیونکہ عورتوں کو چھیڑنا اب [illegible] کے لئے پیٹنٹ ہو گیا ہے، تاہم، ہمارا فرض ہے کہ اسلامی اصولوں کو پیش نظر رکھ کر نواب گنج کے مسلمانوں سے عرض کریں کہ اگر ان کی تحقیق میں الزام صحیح ہے یا واقعہ کی کچھ بھی اصلیت ہے تو وہ ایک مجرم کی اس بنا پر حمایت نہ کریں کہ وہ مسلمان ہے، ظالم خواہ مسلمان ہو یا غیر مسلم قابل نفرت و لائق تعزیر ہے اور اسلام کا ارشاد ہے کہ انصاف کے بارے میں اپنے ماں باپ تک کا خیال نہ لاؤ اور اپنی جان اور آبرو کی پرواہ نہ کرو، کیونکہ اسلام انصاف چاہتا ہے ظالم کی حمایت نہیں چاہتا۔

اچھی باتیں

والذین استجابوا ۔ تا ۔ ینفقون

(پ ۲۵ ع ۵)

جو لوگ اپنے رب کی پکار کو لبیک کہتے ہیں، نماز قایم کرتے ہیں اور اپنے کام آپس کے مشورہ سے انجام دیتے ہیں اور خدا کے دیئے ہوئے میں سے لوگوں پر خرچ بھی کرتے ہیں (کامیابی انہی کے لیے ہے)

رب کی پکار کو لبیک کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان کبھی خدا کے احکام کی خلاف ورزی نہیں کرتے اور وہ خدا کی رضا پر اپنی رضا کو قربان .... کردیتے ہیں نماز کو قایم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے مقصد کو پیش نظر رکھا جائے اور زندگی کو اسی سانچہ میں ڈھالا جائے یہ بھی فرمایا کہ مسلمان کو انفرادیت پسند نہ ہونا چاہیئے وہ جو بھی کام کرے آپس کے مشورہ سے کرے، اس سے معلوم ہوا کہ اسلام کی فطرت میں جمہوریت ہے اور وہ ایک ایسی ملت قایم کرنا چاہتا ہے جو جمہوریت پسند ہو اور بغیر مشورہ کے کوئی کام انجام نہ دے؛ نیز مسلمانوں کو ترغیب دی ہے کہ جو کچھ خدا نے تم کو دیا اسمیں دوسروں کا بھی حصہ ہے لہٰذا اپنی دولت میں دوسروں کو بھی شریک کرو۔

مباحث امروز:

جاپان مسلح ہو رہا ہے — جاپان میں کمیونزم — رشوت خوروں کی گرفتاری — سزائے موت

جاپان مسلح ہو رہا ہے

بظاہر یہ بات حیرت انگیز معلوم ہوتی ہے کہ جس جاپان کے لاکھوں بے گناہ انسانوں کو امریکہ نے ایٹم بموں کا نشانہ بنایا اس جاپان کو اب وہ پھر سے مسلح کر رہا ہے ہوائی میدانوں اور بحری اڈوں کی مرمت ہو رہی ہے اور جاپانی کارخانوں کو پوری رفتار سے چلانے کے لئے ہر قسم کی مدد بھی دی جا رہی ہے۔ لیکن اس میں حیرت کی کوئی وجہ نہیں یہ سب روس سے مقابلہ کی تیاریاں ہیں وہ جاپان کو اس لئے تیار کر رہا ہے تاکہ اگر روس سے مقابلہ ہو تو پہلے جاپان کو سامنے کر دے۔

جاپان جیسا کہ دنیا کو معلوم ہے بہت جلد صنعتی ترقی کر گیا تھا اور وہ اب بھی بڑے بڑے ممالک کو پیچھے چھوڑ سکتا ہے کیونکہ وہاں ہر قسم کی معدنیات وافر مقدار میں پائی جاتی ہیں [illegible] جاپان کو بہت جلد ورکشاپ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اور وقت پڑنے پر اس کے دشمن کے مقابلہ میں بہت کچھ کام لیا جا سکتا ہے۔

جاپان میں کمیونزم

لیکن کیا امریکہ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہو سکے گا؟ [illegible] مشرقی ایشیا میں کمیونزم [illegible] خود جاپان میں کمیونزم کا اثر بڑھ رہا ہے [illegible] اس بات سے ظاہر ہے کہ جاپان میں کمیونسٹ پارٹی [illegible] میں کمیونسٹوں کی سات سیٹیں بدستور برقرار رہیں۔ [illegible] چار اضلاع میں کمیونسٹ کامیاب رہے اور کون کہہ سکتا ہے کہ آگے چل کر وہ دوسرے علاقوں میں بھی کامیاب نہ ہوں اور جاپان کی سب سے بڑی پارٹی بن جائیں۔ ان حالات میں آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی یہ تشویش بجا ہے کہ جاپان کو ترقی دینا خطرے سے خالی نہیں [illegible] اگر امریکہ جاپان کی بحالی میں مدد نہ بھی دے تب بھی حالات [illegible] ہیں کہ یہ خطرہ [illegible] رہے گا۔

رشوت خوروں کی گرفتاری

[illegible]

سزائے موت

حال ہی میں سپریم کورٹ کے اختیارات کے سلسلہ میں ڈاکٹر امبیدکر [illegible] سزائے موت کو منسوخ کرنے کی تجویز پیش کی تھی [illegible]

نوآبادیاں

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ کالم اول پر)

ارض مقدس میں یہود کی سازشیں

(پروفیسر حافظ [illegible] احمد شعبہ اسلامیات – اسلامیہ کالج لاہور)

(گذشتہ سے پیوستہ)

تحریک صیہونیت کی ہمہ گیری

اس مرکزی انجمن کا ممبر بننے کے لئے [illegible] اس وقت دنیا بھر میں اس کی شاخیں قائم ہو چکی ہیں [illegible] تحریک صیہونیت کی ہمہ گیری اور وسعت کا حال تحریک کی مضبوطی [illegible] سے ظاہر ہے۔ جس کا نقشہ آپ ذیل کی سطور میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

تحریک صیہونیت کا مرکزی تصور ارض مقدس میں یہود کا قومی وطن بنانا تھا [illegible] BARON THE HIRSCH [illegible] میں یہود کی نوآبادی قائم کرنے کیلئے اپنی جیب سے ۹۰ لاکھ پونڈ کا عطیہ دیا۔

تحریک صیہونیت کا صدر

[illegible] ڈاکٹر وائزمین [illegible]

تحریک صیہونیت کے مقاصد

[illegible] ذیل میں تحریک صیہونیت کے چند مقاصد اور وسائل درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) یہود مالی لحاظ سے عالمگیر غلبہ اور سطوت حاصل کریں

(۲) یورپ کے تمام ممالک میں [illegible]

(۳) نشر و اشاعت کو زیادہ تیز کیا جائے

(۴) [illegible]

(۵) صاحب اقتدار حلقہ کے متعلق عوام میں [illegible] پیدا کئے جائیں

(۶) حصول مقصد کے لئے [illegible]

(۷) ارض مقدس کو یہود کا قومی وطن بنانے کی انتہائی کوشش کی جائے [illegible]

زمین کی خرید

بیت المال کا تمام سرمایہ فلسطین میں یہود کے زمین کی خرید اور نوآبادیات کی تعمیر کے لئے وقف ہو گیا اراضی کی خرید نہایت ہی منظم صورت میں شروع ہوئی [illegible]

پاکستان کی ایک جھلک

اچھی باتیں

مسٹر دین محمد گورنر سندھ نے حال ہی میں سندھ سکریٹریٹ کے ملازمین کے جلسے میں تقریر فرمائی جس میں اچھی اچھی باتیں کہیں۔ ان باتوں میں بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ مسلمانوں کے دلوں کو لگتی ہیں۔ سرکاری ملازمین کو انہوں نے یہ نصیحت کی کہ جہاں وہ حکومت دیانت کا معیار قائم کریں وہاں فرض ادا کرنے میں اخلاق، مستعدی اور وقت کی پابندی اختیار کریں اور ہمیشہ دولت پاکستان کی حفاظت کے لئے کمربستہ رہیں۔

اس پر انہوں نے خصوصیت سے اصرار کیا کہ مہاجرین کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں جنہوں نے اپنا سب کچھ اسلام کے لئے قربان کر دیا ہے۔ پھر اپنے آبائی مسکن سے نکالے گئے ہیں اور مذہبی یگانگت کی وجہ سے انہوں نے یہاں آکر پناہ لی ہے۔ مسٹر دین محمد نے حقیقت [redacted] اس کا صاف اعتراف کیا کہ آبادی کی بڑی اکثریت کا دل تو مضبوط ہے مگر ایک چھوٹا سا عنصر ایسا ہے۔ جو مہاجرین کو محض غاصب یا درانداز سمجھتا ہے۔ یہ سمجھ کر کہ ایک ایسا عنصر ہے اور یہی عوام کے دلوں میں خبث پیدا کر رہا ہے۔ ہماری رائے میں یہ نہ صرف مقامی اور ذہنی عصبیت کی وجہ سے نہیں بلکہ خود غرضیوں کی وجہ سے ایسا کرتا ہے جو مالی بھی ہیں اور سیاسی بھی۔ ہمیں توقع ہے کہ ملازمین سندھ گورنر کی مخلصانہ نصیحتوں پر عمل کریں گے۔

(ڈان کراچی)

"فسادات" کا رنگ

ہندوستان میں سماجی حالات حیرت انگیز طریق سے کروٹ بدلتے نظر آرہے ہیں۔ مشرقی اور جنوبی ہندوستان کے مختلف علاقوں میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں بڑھتی جاتی ہیں۔ ہندوستانی کابینہ کے وزراء کئی مرتبہ ان عناصر کی تخریبی سرگرمیوں کے خلاف احتجاج کر چکے ہیں۔ صوبہ مدراس ریاست حیدرآباد اور مغربی بنگال میں اشتراکیت سر اٹھا رہی ہے۔

حال ہی میں کلکتہ میں جو خونیں واقعات ہو چکے ہیں اور کلکتہ کا قانون پھیلتے جا رہے ہیں مجرموں نے کلکتہ کے قریب جو جنگ چھیڑی ہے اگر ان کے ساتھ بمبئی کے اشتراکی صدر دفتر کے ضبط شدہ لٹریچر کی طرف بھی توجہ کی جائے تو خطرہ پیدا ہوتا ہے۔ گو چین کے بدلتے ہوئے سیاسی نقشے میں باغی بغاوت اور ہندوستان کے فسادات اور ہنگامے کسی سرخ زنجیر کی کڑیاں بھی ہو سکتی ہیں۔ اس لئے ہند پاک برعظیم کو اس فتنہ جدید کے پیش نظر ایک لمحہ کے لئے بھی [illegible] ایک مصلحت ہے جس سے کسی صورت بھی غافل رہنا کسی تاریخی غلطی کا مرتکب ہو سکتا ہے۔

(مغربی پاکستان لاہور)

اپنی تحریک جاری رکھئے

کئی لوگوں کا یہ خیال ہے کہ مسلم لیگ نے جو [redacted] کو پاکستان سے باہر نکالنے کی جو مہم جاری کی تھی وہ محض حالات کے ماتحت صرف گورنر تک محدود تھی۔

صوبہ لیگ تو انگریز افسران سے "خلاصی" حاصل کرنے کے لئے اپنی تحریک اور کوششیں جاری رکھنی چاہئیں یہ تحریک اس وقت تک جاری رہے، جب تک حکومت تمام کلیدی آسامیوں پر پاکستانی یا دیگر اسلامی ممالک کے مسلمانوں کو تعینات نہیں کرتی۔ اگر صوبہ لیگ نے اپنی تحریک شیروں کے تقرر کے بعد کھٹائی میں ڈال دی تو مخالفین کا یہ پروپیگنڈا صحیح ثابت ہو گا۔ کہ گورنر موڈی کی مخالفت محض [illegible] کے اشتعال سے ہوئی تھی۔

[illegible] دی گئی تو دوسروں کے لئے عبرت کا باعث ہوگی۔ [illegible] کے ڈنڈے کو گورنر سے بھی زیادہ مضبوط بنا لیں۔ عوام میں اسلامی اخلاق اور اسلامی تعلیمات عام کرنے کے لئے زبردست سعی کی جائے۔ صوبہ کی حکومت اب براہ راست مسلم لیگ کے تحت ہوگی۔ اس لئے مسلم لیگ کو اپنے مشیروں پر پورا کنٹرول اور نگرانی کرنی چاہئے۔

(سعادت۔ لائل پور)

[illegible] مصر میں ایک بیان دیتے ہوئے بتایا کہ اس وقت ناجائز طور پر داخلہ کے باعث فلسطین میں یہود کی تعداد ۷ سات لاکھ ۵۰ ہزار ہو چکی ہے۔

ارض مقدس میں یہود کی سازشیں

(بقیہ صفحہ ۳)

ایک لاکھ ۵۰ ہزار تک پہنچ گئی۔ تل ابیب کے علاوہ دوسری نوآبادیاں قائم کی جاتی گئیں۔ آج سے ۱۲ سال قبل نوآبادیوں کی تعداد ۱۰ سے متجاوز ہو چکی تھی۔ یہی تل ابیب [illegible] خود ساختہ ریاست اسرائیل کا دارالخلافہ ہے۔ یہ نو آباد شہر ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ یہاں بحری بندرگاہ اور ہوائی مستقر بھی ہے۔ سو اعلیٰ درجے کے کارخانے کاروباری مراکز ادبی اور سیاسی ادارے شہر میں موجود ہیں۔ ۸ سال قبل اس ایک یہودی نوآبادی میں [illegible] تھے اور ۲۰ رسالے اور اخبارات یہاں سے نکلتے ہیں۔

بڑھتی ہوئی آبادی

تحریک صیہونیت کے زور سے یہود کی بڑھتی ہوئی آبادی [illegible] ارض مقدس میں یہود کے بتدریج بڑھنے کا اندازہ ذیل کے اعداد و شمار سے ہو سکے گا۔

۱۹۱۸ء میں یہود کی کل تعداد ۵۶ ہزار
۱۹۲۲ء میں [illegible]
۱۹۳۱ء [illegible]
[illegible]
۱۹۴۴ء [illegible]

ہو گیا۔

ستمبر ۱۹۴۴ء کو [illegible]

افغان باشندوں پر کوئی الزام نہیں

ایبٹ آباد میں قاضی عیسیٰ کی تقریر

ایبٹ آباد ۳۰ جون۔ قاضی محمد عیسیٰ بلوچستان میں گورنر جنرل کے ایجنٹ کے مشیر اعلیٰ نے ایبٹ آباد کے [illegible] میں ایک کلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا افغانستان کے عوام کا کابل کی حکومت کے [illegible] میں کوئی ہاتھ نہیں اور حکومت کی غلطیوں کے لئے ان کو الزام نہیں دینا چاہئے۔

قاضی محمد عیسیٰ نے یہ تقریر ایک جلسے میں کی تھی۔ انہوں نے افغانستان کی حکومت ایک پرائیویٹ کمپنی کی طرح ہے جس میں تمام عہدے حکمران خاندان کے افراد کے قبضہ میں ہیں عام آدمی کو حکومت کے معاملہ میں کچھ کہنے کا حق نہیں۔ کابل ریڈیو اور اخبارات کے ذریعہ [illegible] حکمران خاندان کے چند افراد [illegible] ہیں۔ (اے پی)

وزیراعظم کلکتہ جائیں گے

دہلی ۳۰ جون۔ آنریبل پنڈت جواہر لال نہرو لداخ سے واپسی پر آج کلکتہ کے دورہ پر جانے کا ارادہ رکھتے ہیں غالباً وہ جولائی کے وسط میں دو روز کے لئے کلکتہ جائیں گے۔

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول عام

جمعیۃ علما نمبر مفت حاصل کیجئے

اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پچاس صحیح اور مکمل پتے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر (قیمتی آٹھ آنہ) مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۲۵ ر رمضان تک کے لئے ہے۔

(نوٹ) جمعیۃ علماء نمبر کی بہت کم کاپیاں دفتر میں باقی ہیں۔ اس لئے خواہشمند حضرات جلد توجہ دیں۔

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

خطوط ایڈیٹر کے نام

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میں اوقات سحر میں پانی کی ضرورت

جناب مکرم۔ تسلیم۔

دہلی میں آج کل رات کو پانی کے کھلنے کا وقت ۳ بجے شب سے شروع ہوتا ہے عام دنوں میں تو اس سے عوام کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی لیکن رمضان کے مہینہ میں مسلمانوں کو اس سے کافی پریشانی اور مشکلات پیش آتی ہیں۔

ادھر شام کو بھی پانی دس بجے بند ہو جاتا ہے لہٰذا اس بات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ ایک ماہ کے لئے پانی بند ہونے کے اوقات رات کو گیارہ بجے اور کھلنے کے اوقات کم از کم تین بجے کر دیئے جائیں تاکہ مسلم عوام کی پریشانی دور ہو۔ امید ہے کہ میونسپلٹی کے ذمہ دار ارکان اس پر توجہ کریں گے۔

[redacted]

جمعیۃ علماء کا پیغام

محترمی۔ سلام مسنون۔

جمعیۃ علماء تقریباً تیس سال سے مسلسل مسلمانان ہند کو ایک صحیح نصب العین کی دعوت دے رہی ہے مگر مسلمانان ہند نے عام طور پر جمعیۃ علماء کی تحریکات سے تغافل برتا اور دوسری مضر و تباہ کن تحریکات میں الجھے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کسی نہ کسی شکل میں اپنے غلط طرز عمل کا خمیازہ بھگت رہے ہیں [illegible] سے علیحدگی اختیار کرلی۔

جمعیۃ کا یہ فیصلہ بروقت اور صحیح فیصلہ تھا۔ اس کے بعد مسلمانان ہند کے سامنے یہ سوال بہت زیادہ قابل توجہ ہے کہ ان کو مذہبی امور کی حفاظت کے لئے کیا کرنا چاہئے چونکہ حکومت ہند یہ فیصلہ کر چکی ہے کہ آئندہ سیاست و مذہب کو مخلوط کرکے کوئی تحریک جاری نہیں کی جا سکتی اور حکومتی و سیاسی معاملات میں مذہب کا کوئی عمل دخل نہ ہوگا۔ اس لئے مسلمانان انڈین یونین کے لئے یہ سوال پیدا ہو گیا ہے کہ مذہبی معلومات و تعلیمات کے تحفظ کے لئے کسی ایک ایسے مذہبی ادارے کی لازمی ضرورت ہے جو مذہب کی پاکیزہ تعلیمات و اخلاق کو لوگوں میں برقرار رکھ سکے اور حکومت بھی اسے تسلیم کرے۔

مذہب انسانیت اور انصاف پر قائم رہنے کی ہدایت کرتا ہے۔ کسی مذہب کی بنیاد اس خیال پر نہیں کہ دوسرے مذاہب سے لڑائی جھگڑے پیدا کرے بلکہ مذہب تو انسان کو حقیقی انسانیت اختیار کرنے اور دنیا میں امن پیدا کرنے کا داعی ہے۔ اس لئے کسی ایک مضبوط مرکز سے مذہب کی صحیح معلومات کی ہدایت جاری ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ بات ظاہر ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کا مذہبی مرکز اگر کسی جماعت کو خیال کیا جا سکتا ہے۔ تو وہ جمعیۃ علماء ہند ہے۔ اس لئے وقت کی یہ ایک بڑی ضرورت ہے کہ مسلمانان صوبہ بمبئی زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمعیۃ میں شریک ہوں۔ اور جمعیۃ کے معاون بنیں اور اس مذہبی مرکز کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں جہاں جہاں جمعیۃ کی شاخیں نہیں ہیں۔ ہر ایک قصبہ و دیہات میں جمعیۃ کی شاخیں قائم کریں۔ دفتر کو اطلاع دیں۔ دفتر سے مستقل آدمی بھیجا جائے گا۔ جو شاخوں کے قیام میں امداد کرے گا۔ خوب یاد رکھئے کہ اس دہریت کے دور میں اگر مسلمان اسلام پر قائم رہ گیا ہے۔ تو اسلام کی سب سے بڑی خدمت ہوگی۔

(حکیم اعظمی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی)

سندھ یونیورسٹی میں پانچ سال بعد اردو ذریعہ تعلیم قرار دیدی جائیگی

یونیورسٹی کی سینٹ کا اہم فیصلہ

کراچی ۲۹ جون۔ سندھ یونیورسٹی کی سینٹ نے چار دن کی بحث کے بعد اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ کالجوں میں پانچ سال تک انگریزی ذریعہ تعلیم رہے۔ سینٹ نے اس بات کا فیصلہ کیا کہ ۵ سال بعد یونیورسٹی کے تمام امتحان میں اردو کے ساتھ سندھی کو بھی ذریعہ تعلیم و ذریعہ امتحان بنایا جائے۔ اس بات کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ لازمی انگریزی کے علاوہ طلبا کو سندھی یا اردو یا انگریزی اختیاری سبجکٹ کی حیثیت سے لینی ہوگی۔

سینٹ نے اس بات کا بھی فیصلہ کیا کہ یونیورسٹی کا ہیڈ کوارٹر کراچی سے جلد از جلد حیدرآباد یا کسی دوسرے مقام پر منتقل کردیا جائے نیز یہ کہ حکومت سندھ یونیورسٹی کے دفتر اور ملازمین کی رہائش کا مکمل انتظام کرے۔ جب تک مناسب اساتذہ نہ مل سکیں اس وقت تک سندھی تعلیم میں امتحانات نہ لئے جا سکیں گے۔

مولانا محمد قاسم عظیم آبادی کا دورہ

پٹنہ۔ (بذریعہ ڈاک) مولانا ابو السیف محمد قاسم عظیم آبادی صاحب آرگنائزر جمعیۃ علماء صوبہ بہار۔ بھاگلپور و سنتھال پرگنہ کے تنظیمی و تبلیغی دورہ کے سلسلے میں ۲ مئی کو بھاگلپور تشریف لے گئے۔ اور ۲۶ جون کو دورہ سے واپس صوبائی دفتر آ گئے۔ اس اثناء میں آپ نے بیالیس مقامات کا دورہ کیا جس کی مسافت ۲۰۰ میل ہوگی یہ دورہ آپ کا پیدل ہی ہوا۔ چند جگہوں میں جمعیۃ کی سرکل کمیٹیاں قائم کی گئیں۔ مولانا موصوف نے ہر جگہ اپنی تقریر اور انفرادی گفتگو میں مسلمانوں کو مقصد حیات کی طرف متوجہ کیا۔ اور ہر جگہ مسلمانوں سے اپیل کی اور کمیٹیوں کو یہ ہدایتیں دیں۔ (۱) بیت المال قائم کرکے مکاتب قائم کئے جائیں۔ اور غریبوں کی تجارت کے لئے امداد کرکے اقتصادی حالت کی درستگی کی کوشش کی جائے (۲) شبینہ مکتب قائم کیا جائے (۳) سرکل کے ممبران دفتر با اصلاحی دورہ کریں۔ تاکہ مسلمان مسلمان بن سکیں (۴) پنچایت کے ذریعہ مذہبی اور گھریلو جھگڑے چکائے جائیں ہر جگہ ترجمہ قرآن کا سلسلہ جاری کیا جائے برسات آجانے کی بنا پر سنتھال پرگنہ کا دورہ نہ ہو سکا۔

ہاکی لیگ کے تقسیم انعامات

دہلی ۲۹ جون۔ دہلی ہاکی لیگ کے انعامات ۳۰ جون کو [illegible] کے گراؤنڈ میں تقسیم کئے جائیں گے۔ تقسیم انعامات سے قبل [illegible] ایک نمائشی میچ ہوگا۔ (دہلی آئی)

جامعہ عربیہ اسلامیہ مظاہر علوم سہارنپور

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) ناظم مظاہر علوم مولانا عبد اللطیف صاحب نے حسب ذیل اپیل شائع کی ہے اسلامیات کا یہ عظیم الشان ادارہ چھیاسی سال سے علم و عرفان کی بیش بہا خدمات انجام دے رہا ہے آج اس کے ہزاروں تربیت یافتہ ہندو بیرون ہند میں اشاعت اسلام و دینی احکام میں مصروف ہیں۔ اس کی تبلیغی و تعلیمی خدمات ٹھوس اور وقیع ہیں۔ عالم اسلامی اس کی علمی و دینی جدوجہد سے پوری طرح واقف ہے۔ اس وقت مدرسہ کے لئے مالی مشکلات زیادہ درپیش ہیں ہنگاموں کے بعد سے مدرسہ کی آمدنی میں نمایاں کمی واقع ہو گئی ہے اور خرچ میں پوری احتیاط و کفایت کے باوجود بھی کافی سے زائد اضافہ ہوتا جا رہا ہے موجودہ وقت میں مصارف آمدنی سے زیادہ ہیں۔ رمضان کا مبارک و مسعود زمانہ آ گیا ہے اس وقت اصحاب خیر اپنے اموال میں سے زکوٰۃ و صدقات کی رقوم نکالتے ہیں۔ امید ہے اس موقع پر اہل ثروت و صاحب نصاب مسلمان خصوصیت سے اس ادارہ کی طرف [illegible] فرمائیں گے اور اپنے حلقہ اثر میں امکانی کوشش کرنے سے دریغ نہ فرمائیں گے۔

جمعیۃ علماء جودھپور کے نائب صدر

جمعیۃ علماء جودھپور کی مجلس منتظمہ ۲۲ جون ۱۹۴۸ء کی میٹنگ میں مولوی ابو الخیر عبد الصمد صاحب اختر کو ان کی اخلاقی کمزوریوں کی بنا پر جو ناظم نشر و اشاعت سے تبادلہ خیالات پر سب و شتم تک نوبت پہنچی اور پھر تقریباً ڈیڑھ ماہ تک انتظار معذرت و ندامت کر لینے پر بھی جب ان کی طبیعت میں انفعال نہ پایا تو ان کو اس عہدے سے علیحدہ کر دیا گیا۔

مشرق بعید کو افیم کی ناجائز برآمد

اینگلو انڈین لڑکیاں بری کر دی گئیں

لکھنؤ۔ ۲۹ جون۔ مشرق بعید کو افیم کی ناجائز برآمد کے مقدمہ میں ایک مقامی مجسٹریٹ نے آج دس اشخاص کے خلاف فرد جرم عائد کر دی۔ گذشتہ سال اس سلسلہ میں پندرہ اشخاص جن میں چار اینگلو انڈین لڑکیاں بھی تھیں گرفتار کی گئی تھیں۔ ان میں سے دو کو معافی دیدی گئی تھی۔ دو کو آج بری کر دیا گیا۔ ایک اور ملزم جو ضمانت پر ہے۔ وہ آسٹریلیا چلی گئی [illegible] تحقیقات کے بعد فرد جرم عائد کی گئی [illegible] کے خلاف ۲ جولائی سے مقدمہ کی سماعت شروع ہوگی۔ (اے پی آئی)

طاقت حاصل کرنے کیلئے ملک میں انتشار نہ پھیلاؤ

مختلف سیاسی جماعتوں سے مسٹر اچاریہ کرپلانی کی اپیل

لکھنؤ ۹ جون۔ گزشتہ شب ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے اچاریہ جے۔ بی کرپلانی نے ہندوستان کی مختلف سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی کہ چونکہ ملک ایک نازک دور سے گذر رہا ہے وہ طاقت حاصل کرنے کے لئے ملک کے اندر انتشار نہ پھیلائیں۔

آپ نے کہا کہ اب شاید نقش کا وقت آ گیا ہے۔ برطانوی سامراج سے چھٹکارا حاصل کرنے کے بعد ہندوستان اس وقت روبصحت ہونے کے دور سے گذر رہا ہے اور اس وقت معمولی غلطی بھی اس کے لئے ایسی مہلک ہو سکتی ہے کہ کوئی ڈاکٹر اسے نہ بچا سکے گا۔

آپ نے آگے چل کر کہا کہ سیوا سنگھ ایک قسم کی ہندو مسلم لیگ ہے جو [illegible] بنا رہا ہے۔ [illegible] ان طاقتوں کی مدد کر رہے ہیں جو ملک کے اندر بدنظمی اور انتشار پھیلانا چاہتی ہیں [illegible] ہیں کمیونسٹ تشدد کے طریقوں پر یقین رکھتے ہیں موجودہ فضا میں جو عناصر ملک میں انتشار پھیلائیں گے وہ ہندوستان کو تباہی [illegible] کے موجب ہوں گے۔

عوام کی ضروریات

عوام کی ضروریات پر تبصرہ کرتے ہوئے اچاریہ کرپلانی نے کہا کہ حصول آزادی سے قبل کانگریس کا نعرہ دلی چلو تھا اب ہم دہلی پر قبضہ کر چکے ہیں حتیٰ کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا دفتر بھی دہلی میں ہے لیکن کیا عوام کو کپڑا خوراک اور ان کی ضرورت کی چیزیں مل گئی ہیں۔

لسانی بنیاد پر تقسیم

مسٹر کرپلانی نے لسانی بنیاد پر صوبوں کی تقسیم کی مخالفت کی اور کہا کہ گذشتہ ۳۰ سال سے اندر زبان کا سوال تک نہیں اٹھا لیکن جب سے ہم نے آزادی حاصل کی ہے اس وقت سے ہر شخص مجموعی طور پر پورے ہند کو سامنے رکھ کر نہیں بلکہ صرف اپنے صوبے کو سامنے رکھ کر سوچتا ہے۔ (یونائیٹڈ پریس)

محصول نہ لگنے کی میعاد

نئی دہلی ۹ جون۔ ہندوستان کے تاجر پاکستان سے جو غیر ملکی [illegible] منگوا رہے ہیں اور جن پر یکم اپریل ۱۹۴۸ء سے قبل پاکستان میں محصول درآمد ادا کیا جا چکا ہے وہ ہندوستان میں درآمدگی محصول سے مستثنیٰ ہوں گی کی شرط یہ ہے کہ کسٹمز کنٹرولر یا مرکزی محکمہ آبکاری کے متعلقہ اسسٹنٹ کنٹرولر کو درآمد شدہ اشیاء کے بارے میں یہ اطمینان ہو جائے کہ یکم اپریل سے قبل پاکستان میں ان پر محصول درآمد دیا جا چکا ہے۔ اور پاکستان سے برآمد کے وقت [illegible] یہ رعایت ان اشیاء کے لئے دی گئی تھی جو ۳۰ ستمبر ۱۹۴۸ء تک [illegible] پاکستان سے جہازوں میں لادی گئی [illegible] کر دی گئیں۔ لیکن اب ان تاجروں کی اطلاع پر کہ ان کی اشیاء [illegible] روانہ ہو سکیں اس میعاد میں ۳۰ جون ۱۹۴۹ء تک توسیع کر دی گئی۔

اب حکومت ہند کو [illegible] کہ پاکستان نے بھی ایسا اعلان کیا ہے [illegible] مذکورہ بالا [illegible] ہند سے متعلق ہے۔ [illegible] حالات حکومت ہند نے خاص رعایت کرتے ہوئے اس میعاد کو ۳۰ ستمبر ۱۹۴۹ء تک بڑھا دیا ہے۔

امام صاحب جامع مسجد امروہہ کا انتقال

امروہہ (بذریعہ ڈاک) ۲۸ جون۔ کل شہر کے مقتدر عالم حضرت مولانا حافظ سید انوار الحق صاحب عباسی امام جامع مسجد و عیدگاہ امروہہ کا چند روزہ علالت کے بعد انتقال ہو گیا۔ شہر کے ہر حصہ کے کثیر التعداد مسلمانوں نے تمام تجہیز و تکفین میں شرکت کی۔

دار العلوم اسلامیہ عربیہ جامع مسجد امروہہ کی آپ نے عرصہ دراز تک تعلیمی خدمات انجام دیں۔ آپ کی علمی وجاہت، شاندار دینی خدمات اور ہر شخص کے ساتھ مشفقانہ سلوک کے سبب اہل شہر عرصہ تک آپ کی شخصیت کو فراموش نہ کر سکیں گے۔

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ وہفت روزہ الجمعیۃ کے زرچندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھایئے

ادارۂ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک ماہ کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ ۳۶ روپے ششماہی ۲۰ روپے اور سہ ماہی ۱۱ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ ر شعبان المعظم ۱۳۶۷ھ سے ۲۵ ر رمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے۔ ان سے زرچندہ بحساب ذیل لیا جائے گا۔

لکھنؤ میں اسٹیڈی سرکل کیمپ کا افتتاح کرتے ہوئے کانگریس کے سابق صدر مسٹر کرپلانی نے کچھ ایسی باتیں فرمائی ہیں جن پر ہم سب کو غور کرنا چاہئے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک طرف ملک کو خوراک کی ضرورت ہے اور عوام کی صحت گر رہی ہے دوسری طرف مختلف جماعتوں میں نظریات کی بحث چھڑی ہوئی ہے اور مختلف قسم کے "ازم" آپس ہی میں لڑتے مرتے جا رہے ہیں نظریات کی بحثیں فرصت کے مشغلے ہیں جب ہندوستان کو اطمینان حاصل ہو جائے تب نظریات کی بحثیں بھی اچھی معلوم ہوتیں۔ آپ نے بڑے درد کے ساتھ فرمایا کہ ملک کو جو مسائل در پیش ہیں ان کو حل کرنے میں کوئی گروہ دوسرے گروہ سے تعاون نہیں کرتا، ہر پارٹی ہر گروہ اور ہر طبقے کو بس اپنی ہی فکر ہے اور ملک کے عام مفاد سے اسے کوئی سروکار نہیں ہے اگرچہ وہ ہر معاملہ میں اختلافات رکھتے ہیں مگر اس معاملہ میں سب متفق ہیں کہ ملک کو ترقی حاصل نہ ہو اور عوام خوشحال نہ ہونے پائیں۔

آپ نے مختلف پارٹیوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ مزدور پیداوار تو نہیں بڑھاتا مگر اجرت زیادہ مانگتا ہے۔ سرمایہ دار اپنی جیب بھرنا چاہتا ہے مگر ملک کی یا غریبوں کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ [illegible] ملک میں انتشار پھیلانا چاہتے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک سوسائٹی کا نیا نظام اسی طرح قائم ہو سکتا ہے اب وہ بد نظمی تو ضرور پھیلا دیں گے مگر سوسائٹی کا کوئی نیا نظام قائم نہیں کر سکیں گے، زمینداروں کا یہ حال ہے کہ ادھر زمینداری ختم ہونے میں دیر لگ رہی ہے اور ادھر وہ خاتمہ زمینداری بل کا توڑ کر رہے ہیں!

آپ نے کانگریس کے متعلق فرمایا کہ وہ مختلف گروہوں میں بٹ گئی ہے اور ہر گروہ کو یہ زعم ہے کہ وہ ملک کی خدمت کر رہا ہے حالانکہ یہ گروہ خود کانگریس اور ملک کو نقصان پہنچا رہے ہیں، مصیبتیں کیا کچھ کم تھیں کہ صوبہ پرستی کی لعنت اور نمودار ہو گئی۔ صوبہ پرستی ملک کی وحدت کے لئے خطرہ بن گئی ہے، صوبوں کے درمیان حد فاصل کی دیوار کھڑی کرنے کی کوشش سے بہت سے پاکستان بن جائیں گے، [illegible] کیا جا سکتا کہ سرکاری محکموں میں بدعنوانیاں ہوتی ہیں اور وہاں نا اہلیت کا دور دورہ ہے۔ [illegible] لیکن نظم و نسق کی خرابیاں دور کرنے کے کام کو نہیں ٹالا جا سکتا اور ان سب باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کی تاریخ میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ کوئی قوم اٹھتے ہی گر پڑی ہو، دنیا نے قوموں کو اس جوش میں دیکھا ہے کہ انہوں نے دوسرے ملک بھی فتح کر ڈالے، ہندوستان میں ایک ہم ہیں کہ جو کچھ حاصل کر چکے ہیں اس کی حفاظت بھی نہیں کر سکتے!

ہمیں آچاریہ کرپلانی کی ان تمام باتوں کو معمولی نہ سمجھنا چاہئے۔ خصوصاً سرکاری محکموں میں بدعنوانیاں، حکام کی غفلت، کانگریس کے اندرونی اختلافات، صوبہ پرستی کی وبا اور کمیونزم کی ترقی! افسوس ہے کہ یہ تمام باتیں موجود ہیں اور ہر شخص انہیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے اور شور بھی مچا رہا ہے مگر ان خرابیوں کا ازالہ نہیں ہوتا [illegible] تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی کہ کوئی قوم اٹھتے ہی گر پڑی ہو [illegible] اس کی ذہنیت کو بدلا جاتا ہے اور اس میں ذمہ داری کے احساس کو تیز کیا جاتا ہے، مگر ہندوستان میں کرنے کے یہ کام کبھی نہیں کئے گئے، لوگ محسوس ہی نہیں کرتے کہ وہ آزاد ہیں اگر احساس پیدا بھی ہوا ہے تو صرف اس بات کا کہ وہ مادر پدر آزاد ہیں اور ان کی آزادی اس معنے میں ہے کہ وہ جو چاہیں سو کریں اور جس قانون کو چاہیں توڑیں، آزادی کے بعد عوام نے کوئی مسرت محسوس نہیں کی، کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس پر نظر ڈالتے ہی طبیعت خوش ہو جائے بلکہ دیکھا تو یہ کہ بے گناہوں کا قتل ہوا، اور بیشمار لوگ گھر سے بے گھر ہو کر ویران ہوئے، سب کچھ دیکھا، مگر من بھاتی چیز کوئی نہ دیکھی!

اگر کانگریس میں اندرونی اختلافات نہ ہوتے اور کانگریسی رہنما عہدوں پر نہ گرتے اور خود غرضی کا شکار نہ ہوتے تو تباہی کے باوجود کانگریس عوام کو مایوس نہ ہونے دیتی، اگر وہ خود کچھ کرتی تو دوسروں میں بھی کچھ کرنے کا حوصلہ ہوتا اور ملک کی حالت ایسی نہ ہوتی کہ جس کو دیکھ کر آزادی کے بعد [illegible] دے رہا ہے! سچی بات یہ ہے کہ عوام میں آزادی کی اہلیت نہ تھی مگر [illegible] آزاد ملک کی آزاد ذمہ داریوں کو قبول کیا گیا تھا لیکن جب کانگریس ہی میدان چھوڑ بیٹھی اور عہدوں کی ہوس نے اس کا حلیہ بگاڑ ڈالا تو نا اہل کیا کرتے، انہیں آزادی ملی لیکن وہ اسے صحیح استعمال نہ کر سکے اور یہ ان کے حق میں غلامی سے بھی بد تر ثابت ہوئی!

اگر کانگریس اپنے مزاج اور قوام کے اعتبار سے درست ہوتی اور گاندھی جی کے فلسفہ زندگی کو اپناتی تو ہمیں یقین ہے کہ نہ کمیونزم کو ترقی پانے کا موقع ملتا اور نہ سرمایہ داروں کی پرانی ذہنیت باقی رہتی، کیونکہ گاندھی جی کے فلسفہ میں زندگی کی اسقدر توانائی موجود ہے کہ وہ عملی شکل اختیار کرنے کے بعد دوسرے تمام نظاموں کا بدل بن سکتی ہے۔

بلاشبہ حکومت کے اندر بدعنوانیاں ہیں اور ان کی وجہ سے عوام بہت پریشان ہیں لیکن یہ بھی کانگریس کی کمزوری کا نتیجہ ہے، انگریز جو انتظامی مشین چھوڑ گیا تھا اسے ہم نے جوں کا توں قبول کر لیا، کانگریس کو چاہئے تھا کہ اس مشین کو صاف کرتی، اس کے پرانے اور بوسیدہ پرزوں کی جگہ نئے پرزے ڈالتی، اس کے طول و عرض کو اپنے نظام کے مطابق بناتی، اور پھر اس کو چلانے کے لئے تربیت یافتہ ماہرین کی خدمات حاصل کرتی، مگر اس نے ایسا نہیں کیا اور نتیجہ یہ کہ مشین چل تو رہی ہے مگر اس کی چال الٹی ہے اور اس کی وجہ سے کارخانہ کا سارا نظام درہم برہم ہو رہا ہے، بنیادی غلطی دراصل کانگریس سے یہی ہوئی کہ اس نے مشین کو بدلنے کی زحمت نہیں اٹھائی، اور جب نہیں اٹھائی تو ہمیں اس کے نتائج کو بھی برداشت کرنا چاہئے۔ اگرچہ ہمارے رہنما سب کچھ جانتے ہیں مگر خرابی کے سر چشمہ پر انگلی رکھتے ہوئے گھبراتے ہیں، بلکہ عوام کی طرح خود بھی ایک حد تک اصلاح حال سے مایوس ہیں اور وقت کا انتظار فرما رہے ہیں [illegible] اور ہندوستان کو موجودہ خلفشار اور انتشار سے نجات ملے، کانگریس اور سامراجی آثار کی اصلاح تو ہوتے سے رہی، یہ تصور کر لیا گیا ہے کہ کمیونزم کو آنا ہی ہے اس کے آتے ہی تمام کام درست ہو جائیں گے لیکن اپنے لوگوں کو یہ فیصلہ کرنے کے وقت پھر اور بھی سوچنا چاہئے [illegible] ان کی خواہشات کا آئینہ دار بن سکے۔

اچھی باتیں

وجزاء سیئة۔ تا۔ ظالمین

(پ ۲۵ ع ۵)

اور برائی کا بدلہ اسی وزن کی برائی ہے پھر جو شخص معاف کر دے اور اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ کے پاس ہے، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

یعنی برائی اسی وقت منتج ہے کہ ظالم کو سزا دیجائے لیکن اگر حالات ایسے ہوں کہ ظالم کو معاف کرنے سے ہی اصلاح ہو سکتی ہے تو اسے معاف کر دیا جائے مگر معاف کرنے کا مقصد ظالم کو شہ دینا نہ ہو بلکہ اصلاح ہو، مقصد تو اصلاح ہے اگر معاف کر دینے سے کسی کی اصلاح ہو سکتی ہے تو بدلہ لینے سے کیا فائدہ؟ ہاں اگر کوئی ظالم اس قدر حد سے بڑھا ہوا ہے کہ اگر اسے معاف کر دیا جائے تو وہ اور ظلم کرنے لگے تو پھر معاف نہ کرنا چاہئے بلکہ سزا ہی دینی چاہئے۔ غرض یہ بات مومن کے اختیار تمیزی پر ہے کہ چاہے تو وہ بدلہ لے! اور چاہے تو معاف کر دے۔ نہ تو ہر وقت بدلہ لینا ہی ضروری ہے اور نہ ہر وقت معاف کرنا ہی موقعہ اور محل کا خیال رکھ کر جو طرز عمل مناسب ہو اختیار کیا جا سکتا ہے!

قابل رشک!

ڈاکٹر کاٹجو گورنر مغربی بنگال نفس نفیس مشرقی بنگال تشریف لے گئے اور ڈھاکہ میں دو دن رہ کر تمام حالات کا جائزہ لیا اور ہر چیز کا اندازہ دیکھ بھال کر لگایا، چنانچہ مشاہدہ کے بعد آپ کا بیان ہے کہ مشرقی بنگال میں ہندو مسلم تعلقات ترقی پر ہیں اور تمام کام حسن و خوبی انجام پا رہے ہیں، آپ نے یہ کہہ کر تو حد ہی کر دی کہ مشرقی بنگال میں ہندوستان کی طرح [illegible] ایک نیا نظام [illegible] کر رہی ہے اور ہر گز زندگی کے انتظام میں ہم آہنگی اور ربط موجود ہے، کس قدر خوشی کی بات ہے کہ نہ مسلمان کو ہندو کے خلاف کوئی شکایت، نہ ہندو کو مسلمان کے خلاف کوئی شکوہ، محبت اور تعلقات کی پیچیدگیاں بڑھ رہی ہیں اور اقلیت و اکثریت کا امتیاز مٹتا جا رہا ہے [illegible] مشرقی بنگال کی [illegible] زیادہ خوشی کی [illegible]۔ فرقہ پرست اخبارات کی منافرت انگیزیوں کا یہ آخری قلعہ بھی مسمار ہوا، مشرقی بنگال کا نام لیکر بہت [illegible] کیا گیا تھا، اب یہ اخبارات کیا کریں گے کہ ڈاکٹر کاٹجو وہاں سب خیریت کا مژدہ سنا رہے ہیں!

جاپان میں کیمونزم

معلوم نہیں کہ کیمونزم کیا بلا ہے کہ جس نے اسے نظر بھر کر دیکھا وہ اسی کا ہو لیا، امریکہ کے بعض ذمہ دار اشخاص کو شکایت ہے کہ روس پورے جاپان کو کیمونسٹ بنا دینا چاہتا ہے اور اس نے اس کے لئے ترکیب یہ کی ہے کہ جاپان کے جنگی قیدیوں کو خوب سکھا پڑھا کر اور تربیت دیکر آزاد کر رہا ہے اور جب وہ جاپان پہونچتے ہیں تو کیمونزم کو اپنے ساتھ لے جاتے ہیں اور اسے پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں، چنانچہ روس نے جن دو ہزار جاپانی قیدیوں کو حال ہی میں رہا کیا ہے جب وہ جاپان کی بندرگاہ پر پہنچے تو انہوں نے کیمونزم کی حمایت میں نعرے لگائے اور یہ بتایا کہ وہ آئندہ چلکر کیا کرنے والے ہیں! خوف یہ ہے کہ روس عنقریب جن ایک لاکھ قیدیوں کو رہا کرنے والا ہے وہ جاپان پہنچ کر خدا معلوم کیا غضب ڈھائیں گے [illegible] جنرل [illegible] کیا جواب دیں گے [illegible] کیمونزم سے کوئی دلچسپی [illegible] امریکہ کی [illegible] زیادہ حد تک برداشت نہیں کر سکتا [illegible]

اگر امریکہ باز نہیں آتا [illegible] اور جاپان کو کیمونسٹ بنا کر چھوڑیں گے کہ تمہارا انجام کیا ہے؟

روزہ کیا ہے؟

(مولانا سید اخلاق حسین قاسمی ناظم صوبائی جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

ہمدردی اور غمخواری، رحم و محبت وہ اخلاقی خوبیاں ہیں جن سے انسانی زندگی کے تمام گوشوں میں امن خوشحالی سلامتی اور اطمینان کی فضا پیدا ہوتی ہے اور اگر کسی قوم میں ان اوصاف کی جگہ سنگدلی بے مروتی خود غرضی اور بے فکری پیدا ہو جاتی ہے تو پھر وہ قوم مادی وسائل اور عیش و راحت کے ساز و سامان کی فراوانی کے باوجود حقیقی امن و اطمینان سے محروم رہتی ہے۔

اسلام دین فطرت ہے۔ اس کی تمام تعلیمات میں عالمگیر محبت۔ بے غرضانہ ہمدردی۔ اور بے لوث خدمت خلق کی روح مکمل طور پر جلوہ گر ہے۔ اگر آپ غور کریں تو اسلام کی ہر عبادت میں آپ کو یہ چیز موجود ملے گی نماز ہو یا روزہ۔ حج ہو یا زکوٰۃ۔ انسان میں یہی احساس پیدا کرتے ہیں کہ انسان دنیا میں خدا کا بندہ [illegible]

تخلقوا باخلاق اللہ (الحدیث)

مسلمانو! تم اللہ تعالیٰ کے اخلاق و اوصاف کا نمونہ بنو۔

اور مجھے دین کی یہی پہچان ہے کہ وہ انسان میں روح انسانیت کو بیدار کرتا ہے۔ عام ہمدردی کا سبق دے۔ اور باہمی نفرت و تعصب کو انسان کا جرم قرار دے۔

الدین النصیحة (الحدیث)

دین در اصل نام ہی خیر خواہی کا ہے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر غور کیجئے جس میں اسی حقیقت کو بیان کیا گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دنیا کے سارے مذہبوں کی بنیاد اخلاق ہی پر ہے۔ اور ہر مذہب میں سچائی انصاف۔ رحم و مروت ہمدردی اور غمخواری کی تعلیم موجود ہے۔ لیکن پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے مذہب کے دوسرے شعبوں کی طرح اس شعبہ کو بھی جس مکمل طریقے سے پیش کیا ہے [illegible] کی طرح [illegible] حقیقت ہے۔ جو پیغمبر اسلام کی اخلاقی تعلیمات اور رحمت و شفقت سے بھری ہوئی زندگی کے سرسری مطالعہ سے بھی معلوم ہو سکتی ہے۔

انما بعثت لاتمم محاسن الاخلاق (الحدیث)

میں حسن اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا ہوں۔

حضور کا خطبہ!

سلمان فارسی بیان کرتے ہیں کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے شعبان کی آخری تاریخ میں خطبہ دیا۔ اور رمضان کے متعلق مسلمانوں کو ہدایات دیں۔ آپ نے فرمایا۔

مسلمانو! تم پر ایک بہت بابرکت مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے۔ اس مہینہ میں اعمال خیر اور نیکیوں کی قدر بڑھ جاتی ہے۔ یہاں تک کہ نفلی عبادت کا ثواب فرض عبادت کے برابر ملتا ہے۔ اور ایک فرض عبادت کا ثواب ستر فرض عبادتوں کے برابر دیا جاتا ہے۔ یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے۔ یہ مہینہ لوگوں سے ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ ہے [illegible] جو شخص کسی روزہ دار کا روزہ افطار کراتا ہے خدا تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور دوزخ کے عذاب سے نجات دیدیتا ہے۔ اور اس کے نامہ اعمال میں مستقل روزہ کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور افطار کرانے والے کے ثواب میں کمی نہیں کی جاتی۔ صحابہ کرام نے عرض کیا۔ حضور ہم میں سے ہر شخص یہ طاقت کہاں رکھتا ہے کہ روزہ دار کا روزہ افطار کرائے۔ فرمایا۔ اگر کوئی غریب شخص کھجور کی ایک قاش اور پانی یا دودھ کے ایک گھونٹ سے بھی کسی کا روزہ کھلوا دیگا تو وہ بھی افطار کرانے کے پورے ثواب کا مستحق قرار دیا جائیگا۔ (الحدیث)

نیکیوں کی ترغیب!

حضور کے اس خطبہ پر غور کیجئے۔ نیکیوں کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ معمولی سے معمولی عمل پر زیادہ سے زیادہ [illegible]

[illegible]

مباحث امروز ——— نقاد کے قلم سے

اسلامی بلاک کی حقیقت ——— نصیحت حاصل کرو

ریاستوں کا الحاق

اسلامی بلاک کی حقیقت

حال ہی میں عراق کے ولی عہد امیر عبد اللہ بغداد سے طہران پہونچے تھے وہ شاہ ایران سے ملے اور دونوں حکومتوں کے مشترکہ اعلان کے مطابق ان مسائل پر گفتگو کی جو دونوں ملکوں کے لئے مشترک ہیں۔ ریجنٹ عراق کے بعد مشرق اردن کے بادشاہ شاہ عبد اللہ طہران پہنچنے والے ہیں جو شاہ ایران سے ان مسائل پر گفتگو کریں گے۔

ان ملاقاتوں کی تفصیل کے متعلق اگرچہ سرکاری طور پر کچھ بیان نہیں کیا گیا لیکن پھر بھی ایران میں عام طور پر یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ یہ سب کچھ ایک اسلامی پیکٹ کے لئے کیا جا رہا ہے۔ جو قبل از جنگ کے سعد آباد پیکٹ کی لائنوں پر ہوگا اور اس میں دوسرے اسلامی ممالک کے علاوہ ترکی اور پاکستان بھی شامل ہوں گے۔ [illegible] ایک اسلامی بلاک کے لئے [illegible] حیرت انگیز معلوم ہوتی ہے اور زیادہ حیرت انگیز امر یہ ہے کہ یہ سب کچھ کسی عرب ملک کے دار الحکومت میں نہیں بلکہ اس ایران کے پایہ تخت میں ہو رہا ہے جس کی سرحدیں روس سے ملتی ہیں۔

معلوم ہوتا ہے جنوب مشرقی ایشیا میں جس طرح کیمونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے برطانیہ [illegible] اسی طرح مشرق وسطیٰ کو روس کے اثرات سے بچانے کے لئے [illegible] اسلامی بلاک کے پردہ میں [illegible] اس کام کی تکمیل کے لئے اس نے شاہ عبد اللہ کو منتخب کیا ہے۔ جو گویا سب کچھ قربان کر سکتا ہے لیکن اپنے عراق اور اپنے آقا برطانیہ کے مفاد سے کبھی غداری نہیں کر سکتا۔

نصیحت حاصل کرو

مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کاٹجو نے مشرقی پاکستان کے دورہ سے واپس آ کر یہ مسرت انگیز خبر سنائی ہے کہ وہاں اب ہندو مسلمانوں کے تعلقات بہت زیادہ خوشگوار ہو گئے ہیں اور دونوں فرقوں کے لوگ میل ملاپ اور محبت کے ساتھ رہتے ہیں۔

آج اگر مہاتما گاندھی زندہ ہوتے تو اس خبر سے [illegible] در اصل یہ انہی کی ذات تھی جس نے نواکھالی پہونچ کر [illegible] محبت کا پودا لگایا [illegible] اس کو پانی دیا اور اس کی پرورش کی۔ وہی پودا آج بڑا ہو کر اپنے پھل دے رہا ہے [illegible] مشرقی پاکستان میں [illegible]

مفاد پرستوں نے اس امر کی بہت کوشش کی کہ [illegible] مشرقی اور مغربی بنگال [illegible] حالات پیدا ہو جائیں [illegible] مقام شکر ہے کہ [illegible] اثرات سے محفوظ رہے اور انہوں نے اپنی اپنی جگہ قائم رہ کر [illegible] پرستوں کی امیدوں کا خاتمہ کر دیا۔

ریاستوں کا الحاق

[illegible] آزادی کے اعلان کے بعد اب ہندوستان [illegible] ریاستوں کی [illegible] قائم ہو گئی ہیں [illegible] ریاست حکومت ہند کے [illegible] اور [illegible] ریاستیں ابھی تک اپنی علیحدہ حیثیت [illegible] ان میں حیدرآباد کے مستقبل کا فیصلہ [illegible] اسمبلی کرے گی جس کا انتخاب اس سال کے ختم پر ہوگا اور میسور کے مستقبل کے متعلق عنقریب گفتگو شروع ہونے والی ہے [illegible]

[illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

پاکستان کی ایک جھلک

مولانا ابوالکلام کے تذکرہ کی اشاعت

شام کا نیا صدر

موسیقی کا جنازہ

مسلمانان ہند کی مذہبی اور تمدنی حالت کو مستحکم کرنے کی مساعی

جمعیۃ علماء یوپی کے سرکردہ اکابر کی مسلمانان یوپی سے اپیل

لکھنؤ۔ ... جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے ... صدر جمعیۃ علماء یوپی مولانا شاہ ... ناظم اعلیٰ یوپی اور ... القاسمی ... شامل ہیں مسلمانان یوپی سے حسب ذیل اپیل کی ہے۔

روزہ کیا ہے؟

(بقیہ صفحہ ۳)

سرور عالم کا ارشاد ہے:۔

" ایمان خوف اور رجاء کے درمیان ہے "

صبر اور غمخواری!

اس مہینہ کو صبر کا مہینہ کہا گیا ہے۔ کیونکہ اس مہینہ میں انسان کو صبر کی عملی مشق کرائی جاتی ہے۔ انسان بھوک و پیاس کا بہت کچا ہے ...

اس مہینہ کو غمخواری کا مہینہ بھی فرمایا گیا ہے کیونکہ روزہ انسانی ہمدردی کے فطری جذبہ کو ابھارتا ہے انسان کی عادت ہے کہ وہ دوسرے کی

کی مصیبت کو اس وقت تک محسوس نہیں کرتا جب تک کہ خود اس میں مبتلا نہیں ہوتا۔ روزہ میں بھوک و پیاس کی شدت میں انسان کو یہ محسوس کرانا مقصود ہے کہ غریبوں کو فاقہ کشی میں کس قدر تکلیف ہوتی ہے۔ ...

اگر انسان دوسرے کی بھوک و پیاس کی تکلیف کا احساس کرنے لگیگا تو بہر حال اس کے ساتھ دوسری ضرورتوں کا احساس اس کے دل میں پیدا ہو جائے گا۔ اور اس احساس سے ایثار، رحم، اور ہمدردی کا جذبہ پیدا ہو جائیگا۔

حافظ ابن قیم فرماتے ہیں:۔

" سوختہ جگر کے سمجھنے کے لئے سوختہ جگر ہونا ضروری ہے "

صحابہ کرام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق بیان فرماتے ہیں کہ رمضان المبارک میں آپ کے جذبہ ہمدردی کا یہ حال ہوجاتا تھا کہ آپ کی سخاوت تیز آندھی کی طرح ہوتی تھی۔

پس صرف بھوکا اور پیاسا رہنے کا نام روزہ نہیں ہے جب تک کہ بھوک و پیاس ہم میں دوسروں کیساتھ ہمدردی اور محبت کا پائیدار جذبہ پیدا نہ کرے اور گیارہ مہینہ تک دوسروں کی بھوک پیاس کی مصیبتوں میں امداد و اعانت کا سبب نہ بنے۔

(باقی)

(آئندہ)

جمعیۃ علماء کی خبریں

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی جانب سے خاندیش کا دورہ

ضلع جلگاؤں میں جمعیۃ علماء کا قیام

جمعیۃ علماء بیاول کا قیام

جامع مسجد بھوساول میں وعظ

مفتی محمد شریف کی مساعی

مراد آباد میں نعتیہ مشاعرہ

مرکز تعلیم امروہہ میں تعزیتی جلسہ

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے زرچندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اُٹھائیے

ادارۂ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک ماہ کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ ۴۰ روپے ششماہی ۲۰ روپے اور سہ ماہی ۱۰ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ شعبان المعظم سنہ ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے ان سے زرچندہ بحساب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ ۳۰ روپیہ ششماہی ۱۵ روپے سہ ماہی ۸ روپے چار آنہ

(۲) روزنامہ الجمعیۃ تین ماہ سے کم کے لئے جاری نہیں کیا جاتا لیکن جو حضرات مدت مذکورہ بالا کے درمیان نمونہ کے طور پر ایک ماہ کے لئے اخبار جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپے بھیجکر جاری کرا لیں۔

(۳) ہفت روزہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بارہ روپے اور ششماہی چھ روپے آٹھ آنہ ہے۔ لیکن جو حضرات مدت مذکورہ بالا کے اندر خریدار بنیں گے ان سے ہفت روزہ کا چندہ بحساب ذیل لیا جائے گا۔

سالانہ ۱۰ روپے ششماہی ۵ روپے آٹھ آنہ

(۴) ہفت روزہ الجمعیۃ چھ ماہ سے کم مدت کے لئے جاری نہیں کیا جاتا لیکن جو حضرات بطور نمونہ تین ماہ کے لئے جاری کرانا چاہیں۔ وہ صرف تین روپے بھیجکر جاری کرا لیں۔

(۵) روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ کے قدیم خریدار جن کا زرچندہ ادارہ الجمعیۃ کو اس رعایت کی تاریخ آغاز سے قبل وصول ہوچکا ہے۔ یا وہ قدیم خریدار جن کی مدت خریداری ۲۵ رمضان تک کسی تاریخ پر ختم ہونے والی ہے۔ وہ اگر اس رعایت سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو ایک سال چھ ماہ یا تین ماہ کا مزید زرچندہ ... بھیجکر اپنی مدت خریداری میں اضافہ کرا لیں کیونکہ ۲۵ رمضان کے بعد یہ رعایت ختم ہو جائے گی۔

(۶) اس مدت کے اندر جو جدید حضرات روزنامہ یا ہفت روزہ کا زرچندہ روانہ فرمائیں گے ان کو ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت دیا جائے گا۔

(۷) ... بکمشت ...

ضروری ہدایات

امور تھانہ پورنیہ میں سرجنوں کا جلسہ

مراد آباد میں بھی یوم غالب

انجمن ... ادب مراد آباد کی جانب سے یادگار غالب ایک شاندار مشاعرہ ... منعقد ہوا جس میں مقامی شعراء کے علاوہ بیرونی شعرائے کرام نے بھی شرکت فرمائی جن میں حضرت زرد بریلوی۔ جناب بشیر صاحب درانی رامپوری۔ جناب دلیر صاحب سہسوانی اور جناب جوہر سہسوانی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

بمبئی پولیس کے ساتھ اسکول کے بچوں نے آنکھ مچولی کھیلی

بمبئی میں کپڑے سے کنٹرول اٹھانے کے متعلق کانگریس کی قرارداد ملتوی

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے

اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پاس صحیح اور مکمل پتے بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر ... مفت حاصل کیجئے۔ یہ رعایت ۵ رمضان تک کیلئے ہے ...

مینجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

فوراً ضرورت ہے

اخبار الجمعیۃ کے صیغہ اشتہارات میں اچھا ٹائپ جاننے والے کلرک کی فوراً ضرورت ہے۔ اخباری تجربہ رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔ تنخواہ حسب لیاقت۔ ذاتی طور پر ملیں۔

مینجر صیغہ اشتہارات روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

دار السلطنت

قرولباغ میں نیا تھانہ

رائے دہندگان کی فہرست

بحری فوج کے افسر کے گھر میں چوری

فائر بریگیڈ کا نیا ٹیلیفون نمبر

مسٹر دیش پانڈے پر پابندی

دو اشخاص زخمی

ضمانت طلب کرلی

دہلی مارکیٹ

بازار صرافہ:

غلہ بازار:

کریانہ بازار:

سٹہ مارکیٹ:

ہاپوڑ مارکیٹ:

حادثات کی بھرمار

گیٹ مین کے مکان پر حملہ

دہلی کی عدالتوں میں

مویشیوں کو زہر دینے کی وارداتیں

مویشیوں کیلئے چنا

دہلی کی سب سے پرانی و مشہور فرم

فضل حق اینڈ سنز دہلی

نے دوبارہ اپنا کاروبار ... سے شروع کردیا ہے ... اب ہم پبلک کو خصوصیت سے اپنے پرانے گاہکوں کو یہ خوشخبری سناتے ہیں کہ ہم نے اپنا کاروبار دوبارہ بازار بلیماران میں شروع کردیا ہے ... آپ کی خدمت میں پیش کی جا سکیگی۔

فضل حق اینڈ سنز

آسٹریٹ

بلیماران اسٹریٹ دہلی

راشن شدہ غلہ کھلے بازار میں فروخت نہ کیا جاسکے گا

یوپی حکومت نے مرکز کا مشورہ منظور کر لیا بناسپتی گھی میں رنگ ڈالا جائیگا

ڈاکوؤں کا زور

مدرسہ امداد الاسلام میرٹھ کا جلسہ

حکومت یوپی کا نیا ریکارڈ

یوپی فارورڈ بلاک کانفرنس کا اجلاس ختم

بھوک ہڑتالیوں کے بارے میں تفصیلات طلب کی گئیں

پٹرول پمپ اُڑ گیا

ریلوے یونین کی کانفرنس

انگریز ڈاکٹر کی ضرورت

کپڑے کے تاجروں کی گرفتاری

سہارنپور میں گرفتاریاں

مچھلی کے پیٹ سے ۲۵ سو روپے نکلے

ساری دنیا کے ماہرین پرواز نیویارک میں جمع ہوں گے

مہاجن سبھا کا ممبر گرفتار

امریکہ کی جانب سے روس پر معاہدہ بلقان کی خلاف ورزی کا الزام

امریکہ و برطانیہ سرمایہ داروں کی لوٹ جاری رکھنا چاہتے ہیں

عالمی ٹریڈ یونین کے اجلاس میں روس کا الزام

مسٹر شکلا اودیوی کی تحقیقاتی رپورٹ

برما کی حفاظت کیلئے دولت مشترکہ کے ممالک کی گفتگو

چینی جہازوں میں مداخلت کی جائے گی

لندن میں دق کے ماہرین کی کانفرنس

لاہور جالندھر بس سروس

غلہ زیادہ اگاؤ ہفتہ

نسلی امتیاز کیخلاف حبشیوں کا مظاہرہ

فرانسیسی بستیوں کا وفد پیرس کو

منڈیوں میں پاکستان کا فوجی ایلچی

الجمعیۃ کا " عید نمبر "

اس سال بڑی آب و تاب سے شایع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کے لئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کردی گئی ہیں۔ کوشش کی جارہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ

سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو۔

مشتہرین

اپنے اشتہار کے لئے فوراً جگہ بک کرا لیں

کیونکہ

۱۰ جولائی کے بعد عید نمبر کیلئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائے گا۔

نرخ اشتہارات

ٹائیٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۵۰ روپیہ	عام صفحہ اندرونی صفحات	۱۲۵ روپیہ
ٹائیٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۰۰ روپیہ	نصف صفحہ	۷۰
ٹائیٹل کا چوتھا صفحہ آرٹ پیپر	۳۰۰	چوتھائی صفحہ	۴۰

فی انچ فی کالم تین روپیہ ۳

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان
[illegible]
گپتا برادرس - کارونیشن ہوٹل
چاندنی چوک (فتح پوری)

فون نمبر: 6841

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

برانڈ
آئیل انجن
نہایت پائیدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے
سول ایجنٹ
کے جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۲ سکول لین نئی دہلی
فون نمبر ۱۳۸

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۸ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۶ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

کشمیر کمیشن اب نئے سرے سے مصالحت کی کوشش کرے گا

دو ہفتہ بعد کمیشن کے ممبر کراچی یا نئی دہلی آئینگے
تازہ صورت حالات پر شیخ عبداللہ سے پنڈت نہرو کا مشورہ

سری نگر ۴ جولائی - [illegible]

مولانا حفظ الرحمن صاحب دستور ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہوگئے

[illegible]

تیسری جنگ کس طرح بچا جائے؟

[illegible]

ایٹم بم گرانے والا ہوائی جہاز
عجائب خانہ میں رکھا جائیگا

واشنگٹن ۴ جولائی - [illegible]

شنگھائی پر حکومت چین کے ہوائی جہازوں کا تیسرا حملہ
ریڈیو اسٹیشن پر ناکام بمباری نانکنگ پر اشتہارات گرائے گئے

[illegible]

لوزان میں ہونے والی عربوں اور یہودیوں کی کانفرنس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا

عرب وفد کے مشیر قانون کا بیان

قاہرہ ۴ جولائی - [illegible]

اسلام کمیونزم کا مخالف ہے اور پاکستانی نام کے مسلمان ہیں
لیاقت علی خاں کے سفر ماسکو پر مانچسٹر گارجین کا دلچسپ تبصرہ

[illegible]

اسرائیل اور شام میں جنگ بند کرنیکے سمجھوتہ کی امید
اگلے ہفتہ تک مسودہ تیار ہوجائیگا

[illegible]

ڈاکٹر مرچرے غیر محدود مدت کیلئے نظربند

[illegible]

وزیر اعظم کی آمد

[illegible]

باغیوں کے ایک اہم ریلوے مقام پر حملہ
۶۱ باغی ہلاک اور متعدد مجروح

[illegible]

بلجیم میں جدید کابینہ کی تشکیل کا مسئلہ

[illegible]

سوراشٹر میں گائے کشی بند
جلد ایک آرڈیننس نافذ ہونے والا ہے

[illegible]

پانڈیچری کے واقعات کی تحقیقات

[illegible]

ایرانیوں کو تحفہ

[illegible]

اطالیہ میں عالمی صحت کے ادارہ کا دوسرا اجلاس
امراض کے انسداد کے لئے ایک کروڑ ۹۰ لاکھ ڈالر کی منظوری

[illegible]

بمبئی کے صفائی کرنیوالوں کی ہڑتال

[illegible]

جمعیۃ کو اپنی ذمہ داریاں پورا کرنے کیلئے لاکھوں روپے کی ضرورت
حضرت مولانا حفظ الرحمان کی طرف سے مالی امداد کیلئے اپیل

دہلی ۴ جولائی - [illegible]

ہندو مسلم سکھ
سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا
قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے!
طبی مشورہ مفت ہے
حالات لکھئے
پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi. 4-7-49

سوئزرلینڈ میں تجدید اخلاق کی عالمی کانفرنس کا افتتاح
پاکستانی نمائندہ ظہور احمد نے قرآن کا ایک نسخہ بطور تحفہ پیش کیا

[illegible]

روس کے لئے جاسوسی کرنے پر
امریکن لڑکی کو دس سالہ قید کی سزا

واشنگٹن ۔ ۳ جولائی - [illegible]

پاپل کا دورہ ختم ہوگیا

[illegible]

ویٹ منہ میں نئی کابینہ کی تشکیل
باؤ دائی نے فرمان جاری کردیا

[illegible]

پاکستانی طلباء کا وفد لیاقت علی سے ملا

[illegible]

ٹریڈ یونین کانگریس کی عالمی فیڈریشن

[illegible]

آگرہ میں علامتی ہڑتال

[illegible]

سائرنیکا میں جلد ہی نئی حکومت کا اعلان کردیا جائیگا
امیر ادریس برطانیہ سے گفتگو کیلئے لندن جارہے ہیں

لندن ۴ جولائی - [illegible]

سنہری مسجد میں ختم قرآن

[illegible]

کیرالا یونین کے خلاف مظاہرے
کمیونسٹوں کا جلسہ اور جلوس

[illegible]

بنگال کے کمیونسٹ قیدیوں نے بھوک ہڑتال ختم کردی
حکومت اور قیدیوں کے درمیان مطالبات پر سمجھوتہ ہوگیا

کلکتہ ۴ جولائی - [illegible]

پاکستان اور برطانیہ میں فضائی معاہدہ

[illegible]

پاکستان در اصل انخلا کنندگان کی جائدادوں کا تصفیہ نہیں چاہتا
سر ظفر اللہ کے الزامات پر مسٹر آئینگر کا جواب

نئی دہلی ۴ جولائی - [illegible]

رام پور کے ادغام کی تفصیلات۔ چیف کمشنر نے سلامی لی
سردار پٹیل اور نواب رام پور کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے

[illegible]

دیش سیوک پارٹی انتخاب میں حصہ لیگی

[illegible]

مغربی پنجاب میں
انخلا کنندگان کی جائدادیں

لاہور ۳ جولائی - [illegible]

ہندوستانی جہازوں کا دورہ ختم

[illegible]

مسٹر کھرو کی اپیل

کراچی یکم جولائی - [illegible]

سردار پٹیل کا شکریہ

[illegible]

شنگھائی پر بمباری سے ۵۵ افراد ہلاک
سرکاری اندازہ کا اعلان

[illegible]

مسٹر ... سنگھ کی تقریر

[illegible]

جدید پاکستان کے کامیاب مضمون نگار

[illegible]

پیدائشی اندھے پن کے سوا آنکھ کی ہر بیماری کا علاج
رجسٹرڈ
ریڈیم آئی ڈراپس
[illegible]
ریڈیم کیمیکل ورکس لمیٹڈ دہلی

روپیہ بچائیں
نئے کپڑے خریدنے کی بجائے اپنے پرانوں کو ہم سے
مثل نیا بنوائیں
موڈرن کلینرز
(جدید طریقوں سے دھلائی رنگائی کرنے والے)
چاندنی چوک نزد ڈاکخانہ
برانچ کوڑیہ پل دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۶ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

ضروریات اور مصارف

جمعیۃ علماء ہند سے غالباً آپ واقف ہونگے۔ غالباً نہیں بلا یقیناً کیونکہ وہ اب ہند اور بیرون ہند میں کسی تعارف کی محتاج نہیں رہی ہے۔ اسے انگریز بھی اپنے دور میں خوب جانتا تھا اور سمجھتا تھا کہ یہی ایک جماعت ہے جو کانگریس کو ہندو جماعت نہیں بننے ...

... نے خطرناک مقامات سے نکالا اور بسوں اور لاریوں پر بے حساب پٹرول خرچ کیا، پھر زخمیوں کا علاج بھی ہوا، ناداروں کی امداد بھی کی گئی سینکڑوں تار دیں اور ٹرنک کال کے مصارف بھی برداشت کئے، غرض اس ہنگامہ کے سلسلہ میں مسلمانوں ...

روزہ کیا ہے؟

(مولانا سید اخلاق حسین قاسمی ناظم عمومی جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

جھوٹ اور غیبت!

... روزہ دار کو روزہ کی حقیقی لذت سے محروم کر دیتا ہے۔ لیکن حضور اکرم صلعم نے دو گناہوں کا خاص طور پر روزہ کے علاوہ ذکر فرمایا ہے۔

ارشاد فرمایا ہے:

روزہ انسان کو خدا کے عذاب سے بچانے والی ایک ڈھال ہے جب تک وہ اسے پھاڑ نہ ڈالے۔ صحابہ کرام نے پوچھا۔ حضور! روزہ کن گناہوں سے پھٹ جاتا ہے؟ فرمایا:—

شب قدر کیوں متعین نہیں؟

شب قدر وہ بابرکت رات ہے جس کی عبادت ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ اور پھر یہ عدد کوئی تحدیدی عدد نہیں ہے بلکہ محاورات عرب میں یہ عدد لاتعداد اور بے شمار عدد پر بولا جاتا ہے۔ ایسی بابرکت رات اگر متعین ہوتی تو گناہگاران امت کی اس سے زیادہ کوئی خوش قسمتی نہ ہوتی۔

رحمت و مغفرت کا دریا عام

اور جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کا پیغام

مباحث امروز

(دوسروں کی زبانی)

دھرم کا استعمال —— قانون کو ہاتھ میں لو

مجلس اقوام کی ممبری —— ڈھائی سو برس بعد

... (القاری دہلی)

اشتعال انگیزی

دہلی کا ایک پنجابی معاصر ہندو لڑکیوں کے اغوا کے سلسلہ میں لکھتا ہے:

"پچھلے چند دنوں میں اس شہر کے اندر نوجوان لڑکیوں کے اغوا اور ان سے چھیڑ خانی کے جو واقعات ہوئے ہیں ان کی اگر روک تھام نہ کی گئی اور غنڈوں کو سخت ترین اور عبرت آموز سزائیں نہ دی گئیں تو کیا حکومت کا کام زیادہ کٹھن نہ ہو جائیگا؟ .... اگر ہر بار غنڈہ گردی کرنے والا کوئی مسلمان ہو اور مظلوم ... تباہ حال پٹرپنتی لڑکی تو اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟"

... یہ فیصلہ حکومت کے اختیار میں ہے۔

مسٹر لیاقت علیخاں نے کوئی قرضہ نہیں لیا

کراچی ۳ جولائی۔ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے ان الزامات کی تردید کی ہے ...

ہندی شاہی بحریہ کا نیا جہاز

لندن ۔ ۳ جولائی ...

گانے کی حفاظت؟

تاج محل کی مرمت کا کام پایۂ تکمیل کو پہونچ گیا

مرمت کرنے والے کاریگر تاج محل بنانے والوں کی اولاد میں سے تھے

بالوتیل کے بل کا قضیہ

مغربی یوپی کے طلباء کی کانفرنس

ضلع علیگڈھ میں کلاتھ انسپکٹر گرفتار

میرٹھ میں شربت روح افزا کی قلت

دیہاتیوں اور ڈاکوؤں میں لاٹھیوں کی جنگ

بستی میں سیلاب کی روک تھام کیلئے تیاریاں

اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر سہارنپور گرفتار

حکومت بمبئی ناسک کی عیدگاہ پر قبضہ کرنیکے حکم پر نظر ثانی کر رہی ہے

امریکہ میں بیکاری تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے

مغربی پنجاب کے نئے منشیروں کا سوال

میاں عبدالباری ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں کرسکے

میڈم سن یاٹ سن کمیونسٹوں کی حمایت میں

کمیونسٹ پارٹی کے ۲۸ ویں اجلاس میں شرکت

شادی شدہ لوگوں کا کلب

روس دنیا کا سب سے زیادہ پست ملک ہے

مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ کا ارشاد ہمایوں

مانچسٹر ۳ جولائی۔ وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی نے کمیونسٹوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ ملک کے مفاد پر اپنے مفاد کو ترجیح دیتے ہیں۔ مسٹر اٹیلی نے کہا کہ ہندوستان پاکستان اور لنکا کی آزادی کے متعلق یہ لوگ کہتے ہیں کہ حکومت برطانیہ کا رویہ آزادی کے متعلق یہ ہے۔

انھوں نے کہا کہ کمیونسٹوں کی فریب کاری کی دوسری مثال روس کی خارجی پالیسی ہے جو برطانیہ کی مخالفت نہیں کرتی۔ ...

مسلم لیگ اور قبائلی فیڈریشن میں سمجھوتہ کرانے کی کوشش

برلن میں کفن چوروں کی سرگرمیاں

۱۷ افراد کی ایک جماعت کو سزا دی گئی

لندن ۲ جولائی۔ برلن کے کفن چوروں کی ایک جماعت کو جس میں ایک عورت بھی شامل تھی آج سزا سنائی گئی۔ اس جماعت میں کل ۱۷ افراد شامل تھے۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ اس جماعت نے ۳۰۸ قبریں کھود ڈالیں۔

سلطان ٹیپو کی تاریخی بندوق

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں

برما کے نائب وزیر اعظم

لندن کے لئے روانہ ہوگئے

غلہ کی کمی کو دور کرنے کیلئے حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

المورہ میں وزیر رسل ورسائل مسٹر رفیع احمد قدوائی کی تقریر

میرٹھ میں مسلمانوں کی جائداد کی خرید و فروخت پر پابندی

ضلع مجسٹریٹ کی اجازت کے بغیر مکان کرایہ پر نہیں دیا جاسکے گا

یوپی کیلئے نیا نصاب

بستی ٹریننگ کیمپ ختم

جنوبی افریقہ کے خلاف فوری اقدام کی ضرورت

ایک پریس کانفرنس میں ڈاکٹر دادو کا بیان

چیکوسلاواکیہ سے ہوابازوں کی فراری

ایک بھاگے ہوئے افسر کا بیان

ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی

اٹھارہ سواریاں ہلاک

ڈاکٹر ایم احمد
ایل۔ ڈی۔ ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دندان
پائیوریا۔ دندان سازی
بلیماران بالمقابل جید برقی پریس دہلی

ماہنامہ بانو دہلی کا
حسین کشیدہ کاری نمبر
۱۲۸ صفحات کا
اور
سنہ ۴۹ء کا سالنامہ
۲۲۸ صفحات کا
حاصل کرنے کے لئے
آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جائیے۔
نمونہ مفت
پتہ صرف بانو دہلی

روسیوں کی سب سے بڑی بحری طاقت انکی آبدوزیں ہیں

آسٹریلین رتھر پاور کا انکشاف

ایتھنس ۔ ۳ جولائی ۔ روسیوں کے پاس بے شمار آبدوزیں ہیں ... روسیوں کی سب سے بڑی بحری طاقت ہے ...

آسٹریلوی کان کنوں کے رہنما کو دھمکی آمیز خط

وباؤں کے خلاف بھی بیمہ ہونے لگا

اگر آپ ایک پونڈ ادا کریں اور وبائی امراض کی فہرست میں سے کسی ایک مرض کے خلاف بیمہ کرالیں تو اگر آپ اس مرض میں مبتلا ہو جائیں گے تو آپ کو علاج کے دوران میں ۱۰ پونڈ فی ہفتہ ادا کئے جائیں گے ... موت کی صورت میں زیادہ سے زیادہ دو ہزار پونڈ (یعنی ۲۶ ہزار روپے) ادا کئے جائیں گے ۔ (ڈاکٹ سپ)

برطانیہ کے استادوں کا دلچسپ کارنامہ

لندن ۔ ۴ جولائی ۔ برطانیہ کے تعلیمی حلقے آج سنگرہت پریشان ہوئے کہ میٹرکولیشن کے جا میں ... پرچے میں ایک سوال ناقابل حل تھا ۔ امتحان سے تین دن پہلے اس کا علم ہو گیا تھا ...

حکومت سوت سے کنٹرول ختم کرنیکا کوئی فیصلہ نہیں کیا

ٹیکسٹائل ڈپارٹمنٹ کے ترجمان کا بیان

بمبئی ۔ ۳ جولائی ۔ سرکاری حلقوں سے پوچھ گچھ کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ پریس میں شائع شدہ ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں کہ ... (پی ٹی آئی)

ٹونک کے طبی شفاخانہ کا نیا انتظام

لندن پہنچ کر ڈاکٹر متھائی کا بیان

لندن ۔ ۳ جولائی ۔ آج ہند کے وزیر مالیات ڈاکٹر جان متھائی ... لندن پہنچ گئے ...

بلوچستان کی مشاورتی کمیٹی

کراچی ۔ ۳ جولائی ۔ قبائلی فیڈریشن کے نائب صدر نواب محمد خاں جوگیزئی کو پاکستان نے بلوچستان کی مشاورتی کونسل میں شمولیت کی دعوت دی تھی ۔ لیکن انہوں نے یہ دعوت نامنظور کر دی ہے ۔ کل بلوچستان کے لیفٹیننٹ کرنل خورشید اور قاضی عیسیٰ کراچی پہنچے ۔ اور انہوں نے سارے حالات بتلائے ۔ (رائٹر پی ٹی آئی)

صدر راجستھان کانگریس کا بیان

جے پور ۔ ۳ جولائی ۔ ... راجستھان کانگریس کمیٹی ...

ملایا ہندوستانی سامان کی منڈی

کلکتہ ۔ ۳ جولائی ۔ ... ہندوستانی سامان اور کپڑے کی بہت بڑی مارکیٹ بن سکتا ہے ۔ (ہپ ٹ ائنڈ)

لندن کے ہندوستانیوں میں مغربی بنگال کی صورت حال پر تشویش

سرت چندر بوس کی آمد کا انتظار ۔ مغربی بنگال میں مزید لاقانونی

کلکتہ ۔ ۴ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی بنگال کی حکومت نے جلد ہی ایک نیا آرڈیننس جاری کرنیکا فیصلہ کیا ہے جس کی رو سے اسے وہ تمام اختیارات حاصل ہو جائیں گے جو کہ مغربی بنگال سکیورٹی ایکٹ کی رو سے حاصل تھے ۔ ... لندن کی اطلاع ہے کہ وہاں کے ہندوستانیوں میں مغربی بنگال کی صورت حال پر گہرا اضطراب ظاہر کیا جا رہا ہے ... سرت چندر بوس کی آمد کا بیتابی سے انتظار کر رہے ہیں ۔ مسٹر بوس ۴ جولائی کو لندن پہنچ جائیں گے ۔

عظیم تر لکھنؤ آباد کرنے کے لئے حکومت یوپی کا منصوبہ

یہ اسکیم دس سال میں مکمل ہوگی اور دس کروڑ روپیہ خرچ ہوگا

لکھنؤ ۔ ۳ جولائی ۔ (پی ٹی آئی) حکومت یوپی صوبہ یوپی کے دارالسلطنت کو دنیا کے صف اول کے شہروں میں لا بنانے کے لئے عظیم تر لکھنؤ کی ایک اسکیم تیار کر رہی ہے ۔ ...

سہارنپور میونسپل بورڈ کا غیر دانشمندانہ اقدام

ایک مشتبہ شخص گرفتار

نئی دہلی ۔ ۳ جولائی ۔ نئی دہلی پولیس نے گذشتہ شام سنٹرل سیکرٹریٹ سے ایک مشتبہ شخص سردیو سنگھ کو گرفتار کیا ۔ یہ شخص وزیر اعظم پنڈت نہرو کے دفتر میں گھسنے کی کوشش کر رہا تھا ۔ ...

پنڈت نہرو سری نگر پہنچ گئے!

سری نگر ۔ ۳ جولائی ۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو لیہہ جاتے ہوئے آج صبح سری نگر پہنچ گئے ۔ ... (پی ٹی آئی)

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے ۔ مجھکو اس کے بہت سے مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کی بار ہا نوبت آئی ۔ اس کے مجربات سے مریضوں کو بہت فائدہ پہونچا ہے ۔ ...

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک مذہبی معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے ۔ ... امید کرتا ہوں کہ ضرورت مند حضرات اس کے خصوصی مجربات سے فائدہ اٹھائیں گے ۔

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ

موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دلکشا

اکسیر جلد

اکسیر کامل

تریاق الرحم

سفوف سوزاک

نیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور یوپی

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس سال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کیلئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں کوشش کی جا رہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو۔

مشتہرین

اپنے اشتہار کے لئے فوراً بکنگ کرالیں

کیونکہ

۳۰ جولائی کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

سالم صفحہ اندرونی صفحات	۱۲۵ روپے	ٹائٹل آخری صفحہ آرٹ پیپر	۳۵۰ روپے
نصف صفحہ	۷۰	ٹائٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۵۰
چوتھائی صفحہ	۴۰	ٹائٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۰۰

فی انچ فی کالم تین روپیہ ۳/

نیویارک میں دنیا کے پانچ مختلف طریقوں سے فنا ہونے کا مظاہرہ

"سورج سرد پڑ گیا ۔ دنیا پر برف جمنے لگی اور زمین ویران ہوگئی"

نیویارک ۔ ۳ جولائی ۔ گذشتہ شب یہاں تماش بینوں کے ایک بڑے مجمع نے دنیا کے فنا ہونے کے پانچ امکانی طریقے دیکھے ۔ یہ مظاہرہ نیویارک کی بلانیٹوریم بلڈنگ میں کیا گیا ۔ آسمان کا پورا خاکہ پیش کیا گیا تھا ۔ جس میں زمین آسمان چاند سورج اور دوسرے سیارے حرکت کرتے ہوئے دکھائے گئے تھے ۔ آواز اور حرارت کا اثر پیدا کرنے کے لئے بھی عمدہ انتظام کیا گیا تھا ۔ ...

(۲) کوئی ستارہ سورج سے ٹکرا جائے ۔

(۳) دمدار ستارہ دنیا سے ٹکرا جائے ۔

(۵) دنیا کی کشش کی وجہ سے چاند دنیا ...

دارالسلطنت

سبزی منڈی کے مستقل دکانداروں سے پچیس ہزار روپیہ جرمانہ وصول کر لیا گیا

جھگڑے میں بارہ اشخاص زخمی

کل سبزی منڈی کے پھل اور سبزی کے مستقل دکانداروں سے بلوے کے وقت ہونے والے جھگڑے کے سلسلہ میں ۲۵ ہزار روپے جرمانہ وصول کئے گئے ۔ اس جھگڑے میں سرکاری اطلاع کے مطابق بارہ اشخاص زخمی ہوئے ۔ چند اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں ۔ ...

ڈپٹی کمشنر کا اعلان

گذشتہ شب ڈپٹی کمشنر نے حسب ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے ۔ "مشرقی پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت سبزی منڈی کے پھل اور سبزی کے مستقل دکانداروں سے ۲۵ ہزار روپیہ بطور اجتماعی جرمانہ وصول کر لیا گیا ہے ۔ ...

ایک ریوالور غائب

چوری کی وارداتیں

روپیہ چھیننے کی کوشش

رشوت دینے کی کوشش

اسٹیشن پر چوریوں کی بھرمار

مارپیٹ کی واردات

تین غنڈے گرفتار

دو مشتبہ آدمی پکڑے گئے

ایک راہگیر زخمی ہوگیا

ڈاکٹر لوہیا اور ان کے دیگر ساتھی رہا کر دیئے گئے

حکومت ہند نے سزا میں تخفیف کر دی

نئی دہلی ۔ ۳ جولائی ۔ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا مشہور سوشلسٹ لیڈر اور ان کے ۲۰ دیگر ساتھی حکومت ہند کے حکم سے ۳ بجے بعد دوپہر رہا کر دیئے گئے ۔ ... نیپالی سفارت خانہ کے سامنے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم امتناعی کی خلاف ورزی میں مظاہرہ کرنے کے سلسلہ میں ... سزا ہوئی تھی ۔ ...

سول لبرٹیز کانفرنس

ڈاکٹر کچلو کی تقریر

حکومت کسی بھی وقت کپڑے پر دوبارہ کنٹرول کر سکتی ہے

سول سپلائی آفیسر دہلی کا انتباہ

ڈاکٹر رائے کو انکی پارٹی بازی نے اپنے فرائض سے غافل بنا دیا ہے

بنگال کانگریس کے صدر کا بیان

چودھری خلیق الزماں "اسلامستان" کے قیام کیلئے جد و جہد کریں گے

اسلامی ممالک کے سفر کا پروگرام

کراچی ۳ جولائی ۔ (بی ٹی آئی ۔ رائٹر) مسٹر چودھری خلیق الزماں صدر پاکستان مسلم لیگ نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ اسلامستان کا قیام عمل میں لایا جائے اور مشرق وسطیٰ کی تمام حکومتوں کو ایک زنجیر میں منسلک کر دیا جائے ۔ ...

قیدیوں کے خلاف الزامات واپس لے لئے گئے

کلکتہ اور ڈم ڈم جیل کے قیدیوں کے ساتھ رعایت

کمیونسٹوں اور پولیس میں تصادم

عازمین حج کیلئے ٹیکہ لگوانے کے متعلق ضروری و اہم ہدایات

عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات پر پورے طور پر عمل کریں تاکہ کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

(۱) چیچک کا ٹیکہ اور ہیضے کا ٹیکہ صرف گورنمنٹ ہیلتھ یا میڈیکل ہسپتالوں یا ڈسپنسریوں کے میڈیکل افسروں سے کرائیں ۔ ویکسینیشن سارٹیفکٹ بر نتیجہ دو دن یا معائنہ کرنے کے بعد درج ہونا چاہئے ۔ جیسا کہ ان سارٹیفکٹوں کے فارموں پر ہدایت کی گئی ہے ۔ کسی ویکسینیٹر یا پرائیویٹ رجسٹرڈ پریکٹیشنر کا سارٹیفکٹ منظور نہیں کیا جائے گا ۔ جملہ سارٹیفکٹ نئے ترمیم شدہ انٹرنیشنل فارموں پر ہونے چاہئیں اور سارٹیفکٹوں پر میڈیکل آفیسر کی مہر اور عہدہ صاف اور واضح طور پر درج ہونا چاہئے ۔

(۲) ہیضے کے ٹیکے اور چیچک کے ٹیکے ... لگوانا ضروری ہیں جیسا کہ قرنطینہ رولز کے مطابق ضروری ہے ۔

رمضان المبارک کے بعد سفر کیلئے ابھی کافی وقت ہے ۔ ... تاکہ انہیں بمبئی پہنچ کر کسی قسم کی تکلیف نہ ہو ...

دستخط ۔ اے ۔ اے ۔ ذبیلہ دار

ڈائریکٹر ۔ ... ۔ بمبئی

تپ دق (T.B.) اور پرانے بخار کے ستائے ہوئے مریضو!

ملت کے پیاسے بیٹیوں کی کھوج "جبری" کا نام نوٹ کر و جو اس خوفناک مرض سے مریضوں کی جان بچانے والی حیرت انگیز دوا ہے ۔ اگر آپ سب طرف سے نا امید ہو چکے ہوں تو بھی ایک بار جبری کی آزمائش کریں ۔ ...

پتہ :۔ رائے صاحب کے ۔ ایل شرما کیمسٹ اینڈ بینکرز (25) جگادھری مشرقی پنجاب

ہفت روزہ الجمعیۃ کا مشہور و مقبول جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کیجئے

اپنے شہر یا ضلع کے اخبار فروشوں ۔ لائبریریوں اور اخبار بینی کا شوق رکھنے والوں کے پتے صحیح اور مکمل بھیجکر ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر قیمتی آٹھ آنہ مفت حاصل کیجئے ۔ یہ رعایت ۵ رمضان تک کے لئے ہے ۔

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۹ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۷ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ضروری اطلاع

ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنا زرچندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے وی۔ پی سے بذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔
"منیجر"

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کیلئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
منگل ۷ رمضان	۳ بجکر ۵۰ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
بدھ ۸ ۔	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
جمعرات ۹ ۔	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ

کشمیر کمیشن نے ہند اور پاکستان کے سامنے نئی تجاویز پیش کردیں

دونوں حکومتیں جمعرات تک جواب دیدیں گی

مسئلہ کشمیر کو حل کرنیکے لئے ممبران کمیشن کی نئے سرے سے دوڑ دھوپ

[illegible]

کانپور کے کروڑپتی سیٹھ کے خلاف بلیک مارکیٹ کے الزام میں مقدمہ

عدالت نے ضمانت کی درخواست نامنظور کردی

[illegible]

صنعتی ترقی کیلئے ۲۰ کروڑ روپے کی تقسیم

ایک سال میں ایک کروڑ روپیہ تقسیم کردیا گیا

[illegible]

دنیا کی سب سے زیادہ غیر معمولی آوازیں

[illegible]

پاکستان کا قومی ترانہ

[illegible]

امریکہ جاپان کو تیسری جنگ کیلئے تیار کررہا ہے

پینگ ریڈیو کا جاپان کی صورت حال پر تبصرہ

[illegible]

پناہ گزینوں کی امداد

[illegible]

"اردن کی ہاشمی سلطنت" اور اسرائیل میں دوستی کی پینگیں بڑھنے لگیں

اردن کی ترقی کیلئے اسرائیل ہر قسم کی امداد دیگا

مصری اخبار "المصری" کا سنسنی خیز انکشاف

[illegible]

انڈونیشین ری پبلکنوں پر ولندیزیوں کے حملے بدستور جاری ہیں

[illegible]

آسٹریلیا کے کانوں کے مزدوروں کی ہڑتال

۵ لاکھ کے قریب بیروزگار ہوگئے

[illegible]

بھوپال میں ایک لاکھ سندھی شرنارتھیوں کو آباد کیا جائے گا

وزیر مالیات کا دورہ بھوپال

[illegible]

شاہ امان اللہ کے بھائی گرفتار

مسعود قبائلی جرگہ بلارہے ہیں

[illegible]

دہلی میں احتیاطی طور پر گرفتاریاں

[illegible]

پاکستان نے نظام کو کس طرح اکسایا اور کس طرح ذلیل کیا

حیدرآباد تنازعہ کے متعلق اخبار انیس کا مقالہ افتتاحیہ

[illegible]

(باقی صفحہ ۲ پر)

دولت مشترکہ کے وزراء خزانہ کی کانفرنس

[illegible]

کشمیر کمیشن کی طرف سے پاکستان کو جواب دیدیا گیا

[illegible]

امریکن اخبار نویسوں کے ڈچ ہوائی جہاز کو ہندوستان سے گذرنے کی اجازت

[illegible]

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi-6.7-49

سرحد میں عوام کی رائے کو بری طرح دبایا جارہا ہے

مسٹر سہروردی کا ایک پریس کانفرنس میں اعلان

[illegible]

جمعیۃ کی مالی امداد کیلئے حضرت مولانا حفظ الرحمن کی اپیل

[illegible]

[redacted]

[illegible]

پٹ سن کی قیمت میں ۸ روپے من کے حساب سے گر گئی

مشرقی پاکستان کی اقتصادیات کو خطرہ۔ احتیاطی اقدامات کیلئے اپیل

[illegible]

جوگجاکرتا میں جمہوری لیڈروں کی واپسی کی تیاریاں

ڈاکٹر محمد ناصر وفد لے جائیں گے

[illegible]

کلکتہ میں پٹھانوں کے حملے کے متعدد اشخاص مجروح ہوگئے

[illegible]

کشمیر میں نیشنل کلچرل کانگریس کا قیام

شیخ عبداللہ وزیر اعظم نے افتتاح کیا

[illegible]

وزیر اعظم راجستھان سے استعفیٰ کا مطالبہ

پنڈت ہیرا لال شاستری کی تقریر

[illegible]

امریکہ میں بھی پٹھانستان کا پرچم لہرا دیا گیا

پختونوں قبیلہ کی جانب سے اپنے قومی پرچم کو سلامی

[illegible]

ویٹ نام میں نئی حکومت کا منشور

باؤدائی کے پرائیویٹ سیکرٹری کا اعلان

[illegible]

حکومت مغربی پنجاب کی طرف سے

اخبار پرتاپ کو دس ہزار روپیہ مل گئے

[illegible]

پچاس ہزار ایکڑ زمین اور دو لاکھ روپیہ بطور امداد

انبالہ اور گوڑگاؤں میں مسلمانوں کو امداد

[illegible]

سرحدی حکومت کو سکھوں کی دھمکی

[illegible]

پولیس افسر کے مکان پر حملہ

[illegible]

روسیوں نے برلن کا پل بند کردیا

[illegible]

بندرگاہ کے مزدور چھٹیوں میں کام نہیں کرینگے

بمبئی پورٹ ٹرسٹ کے مزدوروں کا فیصلہ

[illegible]

مسٹر پاٹل بمبئی پہونچ گئے

[illegible]

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کے لئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
پیر ۶ رمضان المبارک		۷ بجکر ۲۹ منٹ
منگل ۷ ۔	۳ بجکر ۵۰ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
بدھ ۸ رمضان المبارک	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ
جمعرات ۹ ۔	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۹ منٹ

کشمیر کو جبراً پاکستان میں ملانے کی سازش کے اٹھارہ ملزمین کو سزائیں

دو اشخاص بری اور تیرہ مفرور

[illegible]

اسرائیل میں روشن خیال و قدامت پسند یہودیوں میں دلچسپ اختلافات

سبت کے دن روشنی ہونے پر کرسیوں پر پتھر برسائے جاتے ہیں

[illegible]

روس کی طرف سے بین الاقوامی فوج کی مخالفت

۴۴ قوموں کی اسپیشل کمیٹی کا اہم اجلاس

[illegible]

اہل اسلام حضرات سے ضروری اپیل

[illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
[illegible]
ڈاکٹر بی۔ ایل نول

مباحث امروز

مسلمانوں کی آبادکاری ——— نیتاجی سبھاش چندر بوس

——— جنگ پرستوں سے ———

اچھی باتیں

وَمَنِ انْتَصَرَ - تا - الامور (پ ۲۵ ع ۵)

جو شخص ظلم سہنے کے بعد اس کا بدلہ لیتا ہے تو اس پر کوئی جرم نہیں، مجرم وہ لوگ ہیں جو دوسروں پر ظلم کرتے ہیں اور بغیر کسی حق کے زمین میں انتشار پھیلاتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کو سخت سزا دی جائے گی اور جو شخص ظلم سہنے کے بعد صبر کرے اور معاف کردے تو یہ بہت ہی بڑا کام ہے۔

یہاں پھر اسی بات کو تاکیداً بیان کیا ہے کہ مظلوم اگر بدلہ لے تو اسے ظالم نہیں کہا جائے گا، ظالم تو وہ ہیں جو ظلم کی ابتدا کرتے ہیں اور ناحق لوگوں کو ستاتے ہیں اگر انہیں سزا نہ دی جائے تو زمین ظلم و عدوان سے بھر جائے اور لوگ امن کو ترسنے لگیں اس کے باوجود جو لوگ ظلم سہنے کے بعد بھی رشتۂ صبر کو ہاتھ سے نہ دیں بلکہ مجرم کو معاف کردیں تو ان کی اولوالعزمی کا کیا کہنا، یہ مرتبہ اس شخص کو حاصل ہو سکتا ہے جو نفس پر پورا کنٹرول حاصل کر چکا ہو، اور جو عفو و درگذر سے ظلم کا علاج کرے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اسلام کی نظر میں معاف اور درگذر کرنا بدلہ لینے سے بہتر ہے مگر چونکہ یہ کام بہت مشکل ہے اور ہر شخص اس پر قادر نہیں ہے کہ مار کھائے اور دعائیں دے اس لئے بدلہ لینے اور مجرم کو سزا دینے کی بھی اجازت دی گئی ہے

شیخ عبداللہ مصری اخبار نویس کی نظر میں

(مترجمہ ناز انصاری)

خطوط ایڈیٹر کے نام

سیاسی اغراض اور اسلام

دو ہزار سالہ تہذیب

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۷ر جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

خوراک زیادہ پیدا کرو

پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم نے اخبارات سے اپیل کی ہے کہ وہ "خوراک زیادہ پیدا کرو" کی مہم کو مقبول بنانے کے لئے اپنی کوشش عمل میں لائیں اور ملک کو بھوک، فاقہ کشی اور قحط سے بچانے کے لئے مفید سے مفید مشورے دیں۔ بلاشبہ خوراک کا مسئلہ اپنی جگہ بہت اہم ہے اور اس کی اہمیت پر سب کا اتفاق ہے۔ ممکن ہے کہ بعض جماعتوں کو حکومت کی پالیسی سے اختلاف ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ ایک پارٹی دوسری پارٹی سے متصادم ہو اور ہر جماعت اپنی اپنی آئیڈیالوجی کے لئے ایک دوسرے سے لڑے لیکن خوراک کا مسئلہ ایسا ہے جس پر سب کا اتفاق ہے کیونکہ سب ہی یہ چاہتے ہیں کہ ملک خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ہو اور یہاں کے باشندے دوسرے ممالک کے محتاج نہ رہیں۔ خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ حکومت یہ عزم کر چکی ہے کہ ۱۹۵۱ء کے بعد ہندوستان کے لئے باہر سے غلہ نہیں منگایا جائے گا اور اس عرصہ میں کوشش کی جائے گی کہ ہندوستان اپنی ضروریات خود پوری کرے اور اپنی کوششوں سے پیداوار کا صحت مند معیار قائم کرلے۔

پنڈت جی نے "زیادہ خوراک پیدا کرو" کی مہم کو تیز کرنے کے لئے ملک کو توجہ دلائی ہے، کون بدبخت ہوگا جو اس اپیل پر لبیک نہ کہے اور اپنے ملک میں اپنی کوششوں سے زیادہ غلہ پیدا کرکے نہ دکھائے۔ ہندوستان کے تمام باشندوں کا فرض ہونا چاہئے کہ جو شخص زیادہ خوراک پیدا کر سکتا ہو وہ زیادہ پیدا کرکے دکھائے، جو شخص خوراک کو ضائع ہونے سے بچا سکتا ہو وہ اسے ضائع نہ ہونے دے اور جو لوگ غلہ میں دوسری اشیاء کا استعمال کر سکیں وہ پورے ایثار کے ساتھ اس پر عمل کرکے دکھائیں اور ۱۹۵۱ء سے پہلے پہلے ملک کو اس قابل بنادیں کہ وہ خود کفیل بن سکے اور دوسرے ممالک کی طرف مدد کے لئے نہ دیکھے!

دنیا میں آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے جو ممالک اب تک اپنا فاضل غلہ ہندوستان کو دیتے رہے ہیں وہ آئندہ شاید نہ دے سکیں گے کیونکہ آبادی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ خود انہیں بھی زیادہ غلہ کی ضرورت بڑھے گی اور وہ اس قابل نہ رہیں گے کہ کسی کے علاقوں کو اپنا غلہ مہیا کرسکیں اور اپنا پیٹ کاٹ کر دوسروں کا پیٹ بھریں اگر ہندوستان نے اس امر کا احساس کرلیا تو اسے خود کفیل بننے میں زیادہ عرصہ نہیں لگے گا کیونکہ اسے اپنی ضروریات پوری کرنے کی فکر پڑ جائیگی!

ہمیں پنڈت جواہر لال نہرو کی اپیل کو ذرا گہری نظر سے دیکھنا چاہئے، اس اپیل کی اہمیت اس وقت معلوم ہوگی جب ہم اس کے پس منظر کو بھی پیش نظر رکھیں اور جن حالات سے مجبور ہو کر یہ اپیل کی گئی ہے اس کے اطراف و جوانب کا جائزہ لیں!

ہمیں اس سلسلہ میں پہلی بات تو یہ یاد رکھنی چاہئے کہ جن ممالک میں خوراک کی کمی ہے ان میں آبادی کا اضافہ بھی ہو رہا ہے یورپ نے آبادی... کے اضافہ کا علاج غلہ کی زیادہ پیداوار سے کیا ہے، جس نسبت سے وہاں شرح پیدائش میں اضافہ ہوا اسی نسبت سے غلہ بھی زیادہ پیدا کیا گیا

لیکن ہندوستان میں اس تناسب کی طرف کوئی توجہ نہیں کی گئی، آبادی میں زبردست اضافہ ہو رہا ہے اور اسے خوراک بیچاری سے باہر سے منگا کر، مگر تابکے؟ ایک وقت آئے گا کہ آسٹریلیا کناڈا، کوریا، اور دوسرے خوشحال ممالک اپنا غلہ دوسروں کو نہ دے سکیں گے۔ اس وقت.... ہندوستان یا تو اپنے باشندوں کو مسلسل بھوکا مارتا رہیگا یا پھر اسے بھی زیادہ خوراک پیدا کرنے کی مہم شروع کرنی پڑے گی۔

حیرت ہے کہ گذشتہ جنگ شرح پیدائش کو نہ گھٹا سکی بلکہ ۱۹۳۹ء سے لے کر ۱۹۴۶ء تک کے عرصہ میں، تمام یورپ کے اندر دو کروڑ بیس لاکھ افراد کا اضافہ ہوا، جنگ میں جو لوگ کام آئے ان کی تعداد مشکل سے ایک کروڑ ہوگی لیکن پیدا ہونے والوں کی تعداد سوا دو کروڑ ہو گئی۔ ۱۸۰۰ء سے لے کر ۱۹۴۰ء تک پورے ڈیڑھ سو سال کے عرصہ میں دنیا کی آبادی تقریباً دوگنی ہوگئی ہے اور ترقی کا یہ سلسلہ بدستور جاری ہے اگر آئندہ نوے سال میں آبادی پھر دوگنی ہوگئی تو ہم نہیں کہہ سکتے کہ قدرت خوراک کا کیا انتظام کرے گی بظاہر حالات تو یہی کہا جا سکتا ہے کہ خوراک نہ ملنے کی وجہ سے [illegible] آبادی میں آپ ہی مرنی شروع ہوجائے گی اور [illegible] سے نبٹ لے گی۔

ہندوستان میں جس انداز سے شرح پیدائش میں اضافہ ہو رہا ہے وہ بھی حیرت انگیز ہے۔ ۱۹۱۱ء سے ۱۹۲۱ء تک آبادی میں ایک فیصدی کا اضافہ ہوا، اس کے بعد دس سالوں میں دس فیصدی اضافہ ہوا! اور ۱۹۳۱ء سے ۱۹۴۱ء یہ اضافہ پندرہ فیصدی تک پہونچ گیا! اب چاہئے تو یہ تھا کہ جس نسبت سے آبادی میں اضافہ ہوا ہے اسی نسبت سے خوراک کی پیداوار میں اضافہ ہوتا، مگر متحدہ اقوام کی رپورٹ بتاتی ہے کہ اگرچہ ۱۹۳۹ء سے ۱۹۴۶ء تک دنیا کی آبادی میں دس فیصدی کا اضافہ ہوا ہے لیکن مجموعی حیثیت سے خوراک کی پیداوار میں سات فیصدی کی کمی واقع ہوئی ہے!

ان حالات میں ہندوستان کو اپنے مستقبل کی فکر ضرور کرنی چاہئے، اگر کوئی ایسا انتظام ہو جاتا کہ شرح پیدائش میں مزید اضافہ نہ ہو اور خوراک زیادہ پیدا کرو کی مہم کو پوری طاقت سے چلایا جائے تو امید ہے کہ مستقبل میں کوئی مہلک خطرہ پیش نہیں آئے گا۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنی اپیل میں شرح پیدائش پر کوئی بحث نہیں کی ہے صرف خوراک کی پیداوار میں اضافہ کی اپیل کی ہے اور ساتھ ہی یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ عوام خوراک کو ضائع نہ ہونے دیں، اگر ہو سکے تو مخلوط خوراک کا استعمال کریں اور جو لوگ گندم استعمال کرتے ہوں وہ چاول کو چاول کھانے والوں کے لئے چھوڑ دیں۔ ہمیں امید ہے کہ ہندوستان کے باشندے پنڈت جی کی اپیل کا جواب اپنے عمل سے دیں گے اور خوراک کے مسئلہ کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کریں گے۔

پھر وہی پروپیگنڈا

ملایا میں کمیونسٹوں کی ناکامی کے اسباب

کمیونسٹ کمانڈر کی ڈائری کے انکشافات

موجودہ دستور کے تحت اگلے سال نئے انتخابات ہونگے؛

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں اہم تجویز پر غور کیا جائیگا

ملزمین میں سے میرٹھ ڈیک کسی ہندو کے قتل کا الزام ثابت نہیں ہوتا

سنبھل فساد کیس میں، ۲ مسلمانوں کو عمر قید کرتے ہوئے جج کا فیصلہ

پنڈت نہرو لیہہ پہنچ گئے

جھنگر میں بریگیڈیئر عثمان کی پہلی برسی

فوجی افسران نے یادگار پر پھول چڑھائے

برما کے نائب وزیر اعظم کراچی میں

بلیک مارکیٹ کرنیوالوں کا نام خارج

برطانیہ یا امریکہ سے دفاعی معاہدہ

بمبئی میں ابتک چالیس لاکھ روپے کا سونا پکڑا گیا ہے

سیلون اپنا سکہ جاری کریگا

ریواس کے سرکاری خزانہ پر ڈاکہ

محافظ کو گولی مار کر روپیہ لوٹ لیا

سمنٹ کی بوریاں پکڑی گئیں

گورنر جنرل کے ایجنٹ کی واپسی

پٹیالہ یونین کی تشویشناک حالت کی تحقیقات

مالیر کوٹلہ کا ایک وفد سردار پٹیل سے ملاقات کریگا

ہندوستانی بیڑے کا پہلا تباہ کن "رنجیت"

برطانیہ نے ہند کے حوالہ کردیا

وفد میں بیس عورتیں شامل ہیں

دنیا ہند کی ترقی پر حیران

مسٹر پاٹل کی تقریر

مونگیر میں شرنارتھیوں کا کیمپ

مغربی بنگال کی صورت حال پر کانگریس ہائی کمانڈ کی تشویش

پارلیمنٹری وزیر جائزہ لینے کے لئے پہونچ گئے

اندور میں سنگھیوں کا خفیہ جلسہ

تمام شرکاء گرفتار ہوگئے

ملایا میں ہندوستان کا پہلا ٹریڈ کمشنر

جہازوں پر پابندی ہٹادی گئی

مصری حکومت کا نیا فیصلہ

اخبار نویس کیا کریں؟

ڈاکٹر کھرے کی تقریر

"بندے ماترم" قومی گیت بنایا جائے

کونسل پارٹی کے جلسہ میں مطالبہ

"پولس کی قابل تحسین ہمدردی"

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت کے ساتھ رمضان المبارک کے بعد حاجیوں کے پہلے جہاز کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس۔ ایس۔ "خسروؔ"۔ وزن ۴۰۴۳ ٹن

بمبئی سے یکم اگست سنہ ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

کرایہ جہاز (خوراک کیساتھ)

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ——— ۱۱۰۵ ——— روپے

عرشہ (ڈیک) ——— ۳۹۸ ——— روپے

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۱۲-۴-۷ روپے ہوتی ہے شامل نہیں ہے۔

عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انہیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے، اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لیجانیوالے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ کی جا چکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے اپنے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوالیں اور اپنے ہاں کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے۔

جب تک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر موریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

یہودیوں نے اسرائیل کے علاقوں سے عربوں کو نکالنے کی مہم شروع کر دی

دن بھر روزہ دار عربوں کو دھوپ میں کھڑا رکھا گیا

مختلف بہانوں سے سینکڑوں عربوں کی گرفتاریاں

عمان ۔ ۵ جولائی ۔ یہودیوں کی تازہ سرگرمیوں کی بابت جو اطلاعات ملی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے مقبوضہ علاقوں سے عربوں کو نکالنے کی مہم شروع کر دی ہے ۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ یہودی علاقہ میں رہنے والے عربوں کو نکال کر عرب فلسطین میں جانے پر مجبور کر دیا جائے ۔

بڑی بڑی یہودی فوجوں نے حال ہی میں ابو غوش کے گاؤں کا محاصرہ کر لیا ۔ یہ گاؤں یروشلم یا فیروزہ پر واقع ہے اور اس میں عرب بستے ہیں ۔ یہودیوں نے [redacted] ظاہر کئے تو گولی مار دی جائے گی ۔

بعد میں دیہاتیوں کو گاؤں کے ایک میدان میں لے جایا گیا جہاں ان کی تلاشی لی گئی اور ان سے سوالات کئے گئے ۔ ان کو تمام دن سخت گرمی کی دھوپ میں رکھا گیا جبکہ وہ سب روزہ سے ہوئے تھے ۔ مردوں، عورتوں اور بچوں سے یکساں سلوک کیا گیا ۔ کسی کے ساتھ نرمی نہیں برتی گئی ۔ آخر کار دیہاتیوں کو شناختی کارڈ رکھنے کے باوجود جیل میں بھیجا گیا ۔ اسی دوران میں تلکرم کے عرب لشکر کے لئے ان آفیسروں کو مطلع کیا گیا ہے کہ نابلس کے [redacted] جانے ہیں ۔ اس علاقہ کو دو دن کے اندر خالی کر کے یہودیوں کے حوالے کر دیا گیا ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ نابلس کے گورنر نے چند دن کی مہلت طلب کی ہے تاکہ اردن کے حکام کو یہودیوں کے صوبہ پناہ گزینوں کو نکال باہر کرنے کے فیصلہ سے مطلع کر دیا جائے ۔ (لگرس)

ہمارے عازمین حج بیت اللہ کیلئے مشورہ!

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) اس سال ضلع بھاگلپور کے عازمین حج ۲ اگست ۱۹۴۹ کو بمبئی سے روانہ ہو جائیں گے ۔ لہذا مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۴۹ کو بھاگلپور سے بمبئی تک حجاج کو لیجانے کے واسطے اسپیشل گارڈ کا انتظام کیا جا رہا ہے ۔ لہذا عازمین حج جو اس ضلع اور کمشنری سے حج کا ارادہ رکھتے ہوں وہ جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور کے صدر دفتر جامع مسجد بھاگلپور میں اطلاع کر دیں تاکہ ان کی سیٹ مخصوص کرائی جائے جس سے وہ اطمینان سے بھاگلپور سے بمبئی تک جا سکے ۔

اٹاوہ میں پہلا روزہ

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) ۲۷ جون کو یہاں چاند نہیں دکھائی دیا ۔ مطلع بھی کافی ابر آلود تھا ۔ اس لئے ۲۸ جون کا روزہ نہیں ہوا ۔ ۲۹ جون کو پہلا روزہ ہوا ۔

اسلامیہ انٹر کالج کھل رہا ہے

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) حافظ محمد صدیقی اسلامیہ انٹر کالج اٹاوہ تعطیل موسم گرما کے بعد آئندہ ۸ جولائی ۱۹۴۹ کو کھلیگا ۔

اٹاوہ میونسپلٹی کے چیرمین کا انتخاب

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) آئندہ ۹ جولائی ۱۹۴۹ کو میونسپلٹی کے چیرمین کا انتخاب ہوگا ۔ معلوم ہوا ہے کہ سابق چیرمین صاحب پھر امیدوار ہیں ۔

اٹاوہ میں غلہ کی وصولیابی

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) اس وقت اس ضلع میں ۶۱ فیصدی سے زائد غلہ وصول ہو چکا ہے ۔

بنارس کے ایک کانگریسی کا استعفےٰ

بنارس (بذریعہ ڈاک) بنارس کے مشہور کانگریسی کارکن منظور الحق نے کانگریس سے استعفےٰ دے کر سوشلسٹ پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کر لی ہے ۔

یوم اردو منانے کی اپیل

بنارس (بذریعہ ڈاک) مولانا بشیر بنارسی نے اردو کے ہمدردوں، ادیبوں، شاعروں، ادبی اداروں، لائبریریوں اور مطالعہ خانوں کے اراکین سے گذارش کی ہے کہ ۲۴ جولائی ۱۹۴۹ کو پورے ہندوستان میں یوم اردو منائیں اور اردو کے خلاف جو کارروائیاں کی جا رہی ہیں اس کی اطلاع اردو کے تمام اخبارات، رسالوں، صوبائی وزیروں، وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور کل ہند اردو کانفرنس بنارس کے جنرل سیکریٹری کو ضرور بھیجیں ۔

مومن طلباء کی اہم میٹنگ

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) مومن اسٹوڈنٹس فیڈریشن [illegible]

مسٹر سنتانم بڑودہ میں

بڑودہ ۔ ۵ جولائی ۔ مسٹر کے سنتانم وزیر ٹرانسپورٹ حکومت ہند آج صبح ریل کے ذریعہ دہلی سے یہاں پہنچ گئے ۔ ریلوے اسٹیشن پر ڈاکٹر جیوراج مہتہ نے ان کا خیر مقدم کیا ۔ [illegible] ریلوے ورکشاپ کو بھی دیکھیں گے [illegible] گجرات کا دورہ کریں گے ۔ (اپ ۔ ایس)

لندن کی ریلوں کی ہڑتال ختم ہو گئی

لندن ۔ ۵ جولائی ۔ لندن کی ریلیں عام طور پر چلنا شروع ہو گئیں [illegible] اس مشورہ کو قبول کر لیا ہے کہ ہڑتال ختم کر دی جائے ۔

صرف اسکاٹ لینڈ اور ڈنڈی کی شاخوں نے زیادہ کام کرنے سے انکار کر دیا ہے ۔

لندن ڈاک کے اسٹرائک کے لیڈر ایک جلسہ عام میں پارلیمنٹ کے ممبروں کا جواب دیں گے جنہوں نے کہا تھا کہ [illegible]

تعلیمی ہفتہ منایا جائے

یو پی سلمانی اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا سرکلر صوبائی دفتر سے تمام انجمنوں اور فیڈریشن کے [illegible] ۱۵ جولائی سے ۲۰ جولائی تک تعلیمی ہفتہ منایا جائے [illegible] جا بجا جلسے [illegible] منایا جائے ۔ سب سے اہم چیز یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں سلمانی بچوں کو اسکولوں میں داخل کرانا چاہئے اور اس کے لئے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے ۔

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے زرچندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک ماہ کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں ۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ ۴۰ روپے ششماہی ۲۰ روپے اور سہ ماہی ۱۱ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے ان سے زرچندہ بحساب ذیل لیا جائے گا ۔

سالانہ ۳۰ روپیہ ششماہی ۱۵ روپے سہ ماہی ۸ روپے چار آنہ

(۲) روزنامہ الجمعیۃ تین ماہ سے کم کے لئے جاری نہیں کیا جاتا ۔ لیکن جو حضرات مدت مذکورہ کے درمیان نمونہ کے طور پر ایک ماہ کے لئے اخبار جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپیہ بھیجکر جاری کرا لیں

(۳) ہفت روزہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بارہ روپے اور ششماہی چھ روپے آٹھ آنہ ہے ۔ لیکن جو احباب مذکورہ بالا مدت کے اندر خریدار بنیں گے ان سے ہفت روزہ کا چندہ بحساب ذیل لیا جائے گا ۔

سالانہ ۱۰ روپے ششماہی ۵ روپے آٹھ آنہ

(۴) ہفت روزہ الجمعیۃ چھ ماہ سے کم مدت کے لئے جاری نہیں کیا جاتا ۔ لیکن جو حضرات بطور نمونہ تین ماہ کے لئے جاری کرانا چاہیں ۔ وہ صرف تین روپے بھیجکر جاری کرا لیں ۔

(۵) روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ کے قدیم خریدار جن کا زرچندہ ادارہ الجمعیۃ کو اس ماہ کی تاریخ آغاز سے قبل وصول ہو چکا ہے یا وہ قدیم خریدار جن کی مدت خریداری ۲۵ رمضان تک کسی تاریخ ختم ہونے والی ہے ۔ وہ اگر اس رعایت سے فائدہ اٹھانا چاہیں تو ایک سال چھ ماہ یا تین ماہ کا مزید زرچندہ (رعایتی) بھیجکر اپنی مدت خریداری میں اضافہ کرا لیں کیونکہ ۲۵ رمضان کے بعد یہ رعایت ختم ہو جائے گی ۔

(۶) اس مدت کے اندر جو جدید حضرات روزنامہ یا ہفت روزہ کا زرچندہ مرحمت فرمائیں گے ان کو ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت دیا جائے گا

(۷) روزنامہ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے دستی خریداروں کا کم از کم چھ ماہ کے لئے زرچندہ یکمشت بھیجنے والے حضرات سے [illegible] کیا جائیگا

ضروری ہدایات

(۱) تمام رعایتیں صرف ایک ماہ یعنی ۲۶ شعبان ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان ۱۳۶۸ھ تک جاری رہیں گی ۲۵ رمضان کے بعد منسوخ سمجھی جائیں گی یعنی آپ کے مقام سے چندہ کے منی آرڈر کی روانگی کی آخری تاریخ ۲۵ رمضان المبارک ہونی چاہئے

(۲) رعایتی چندہ بھیجتے وقت [illegible] کوپن پر اس رعایتی اعلان کا حوالہ ضرور دیجئے ۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

اول، مدرسہ دار العلوم دیوبند جناب پیر طریقت حضرت شاہ محمد اسمٰعیل صاحب منگلوری [illegible] سے رکھی گئی تھی [illegible] کی محتاج [illegible] جناب آئین مدرسہ نے منشی نذیر احمد صاحب [illegible] کو بطور سفیر مدرسہ مقرر کیا ہے ۔ لہذا اہل خیر حضرات کی خدمت میں التماس ہے کہ دینی درسگاہوں کی بقاء کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سفیر موصوف کی دامے درمے قدمے سخنے ہر نوع کی اعانت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں ۔

مدرسہ عالیہ مراد آباد کے سفیر کا تقرر

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) مدرسہ عالیہ امدادیہ [redacted] خدمات انجام دے رہا ہے اور ہزاروں کی تعداد میں تشنگان علوم اس درسگاہ سے فیض حاصل کر چکے ہیں جس کی بنا پر حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سابق مدرس [illegible] کی ایک اہم میٹنگ بوقت ۹ بجے صبح بتاریخ ۷ جولائی بروز چہارشنبہ مقام انصار جو بشیر ہائی اسکول متصل [illegible] روڈ مراد آباد ہونا قرار پائی ہے ۔ جس میں چند ضروری اور اہم مسائل پر غور و خوض کیا جائے گا ضلع مراد آباد کے تمام مومن طلباء سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ وقت مقررہ پر پہنچکر اس اہم میٹنگ [illegible]

رنگون کے قریب تین ہزار پناہ گزین

رنگون ۔ ۵ جولائی ۔ تقریباً تین ہزار پناہ گزین [illegible] کے قصبہ سے موٹر کشتیوں کے ذریعہ رنگون پہنچ گئے ہیں ۔ یہ قصبہ اپنے سبزہ زاروں کے لئے بہت مشہور ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ کیرنوں نے بہت سے برمی شہریوں کو شہر پر قبضہ کرتے ہی ہلاک کر دیا اور بہت سے مکانات کو آگ لگا دی ہے ۔ تقریباً ۳ ہزار پناہ گزینوں میں ۷۵ فی صدی برمی ہیں ۔ انہوں نے رنگون کے پناہ گزین کیمپ میں پناہ لی ہے ۔ بہت سے ہندوؤں نے انسین واپس آنے سے انکار کر دیا کیونکہ ان کے مکانات جلا دیئے گئے یا لوٹ لئے گئے ۔ کچھ آدمی جو وہاں قیام کرنے کے لئے رہ گئے تھے وہ رنگون واپس آ گئے ہیں ۔ (رائٹر)

بہترین مائیں

لندن ۔ ۵ جولائی ۔ برطانیہ کے طبی جرنل میں ایک مضمون شائع ہوا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ انگلستان میں [illegible] سال سے کم عمر جو عورتیں [illegible] بہترین اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں ۔ اس مضمون میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ۵ فٹ ایک انچ سے کم قد کی عورتوں میں اچھی اولاد پیدا کرنے کی سب سے کم صلاحیت ہوتی ہے ۔

نتائج امتحان سالانہ مدرسہ اسلامیہ بتیا (چمپارن)

درجہ پنجم عربی: ۔ (۱) جناب ابوالفتح محمد صاحب اول درجہ ۔ درجہ چہارم [illegible] درجہ سوم عربی (۱) مولوی ظہیر الدین صاحب اول درجہ (۲) محمد ابراہیم صاحب درجہ دوم ۔ (۳) محمد سلام الحق صاحب سوم درجہ ۔ (۴) محمد رحیم اشرف پاس ۔ درجہ دوم عربی (۱) جناب ذاکر الحق صاحب اول درجہ (۲) جناب حافظ محمد اقبال صاحب درجہ دوم (۳) جناب رفیع اللہ صاحب سوم درجہ (۴) [illegible] حسین اسحٰق صاحب پاس ۔ درجہ اول فارسی ۔ عربی (۱) جناب محمد کامل صاحب اول درجہ (۲) جناب علاؤ الدین صاحب سوم درجہ (۳) محمد محی الدین صاحب دوم درجہ (۴) نظر عالم صاحب (۵) محمد انیس عالم صاحب پاس (۶) محمد اطہر حسین صاحب پاس (۷) محمد نظام الدین صاحب ۔

پاکستانی افکار

کیا یہ درست ہے؟

ہمارے نامہ نگار مقیم دہلی کی اطلاع ہے کہ پچھلے دنوں دہلی میں پاکستانی سفارت خانے نے جو دعوت دی تھی ۔ اس میں غیر ملکی اور ہندوستانی مہمانوں کی شراب سے خوب تواضع کی گئی ۔ اور اس طرح سے پاکستان کی ترقی پسندی کا ثبوت دیا گیا ۔ اس دعوت میں حکومت ہند کے وزیر اعظم پنڈت نہرو بھی شریک تھے ۔ جنہوں نے ہندوستان کی لادینی ریاست میں یہ حکم دے دیا ہے کہ کسی سرکاری دعوت میں شراب کا استعمال نہ کیا جائے ۔ لیکن پاکستان کی اسلامی حکومت اپنی دعوتوں اور پارٹیوں میں شراب کا استعمال آزادانہ کرتی ہے ۔ اگر ہمارے نامہ نگار کی مرسلہ اطلاع صحیح ہے تو ہم حکومت پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی سے پوچھتے ہیں کہ کیا قرارداد مقاصد منظور کرنے اور ریاست کو اسلامی بنانے کا مفہوم یہی ہے کہ سرکاری تقریبوں میں شراب و شباب کا بے محابا استعمال ہو ۔ کیا پاکستان کے مسلم عوام کی کمائی کو شراب پینے پلانے پر خرچ کرنے سے ہمارے حکمرانوں میں کچھ بھی خدا کا خوف پیدا نہیں ہوتا ۔ ہم پوچھتے ہیں کہ جب بانی حکومت اسلام کے اعلیٰ اصولوں کو قائم کرنے اور نافذ کرنے کے لئے بے چین ہے تو دہلی کے سفارت خانے میں یہ کونسا اسلامی مظاہرہ کیا گیا ہے کیا یہ اسلام کے عین مطابق ہے؟ خدا کیلئے پاکستان کو اپنے اعمال سے تباہ نہ کیجئے ۔ اب یہی وہ سرزمین ہے جہاں سے اسلام کا مستقبل وابستہ ہے اس کو بھی ہم نے اگر اپنی بداعمالیوں سے کھو دیا تو ہم سے زیادہ زیاں کار اور احمق کوئی نہیں ہوگا ۔ اور برِ اعظم ہند و پاک کی ہزار سالہ تاریخ ہمیں خدا سے باغی اور عیش پرستی کے جرم میں ایک غلط کار اور فاسق قوم قرار دے گی ۔ (تسنیم لاہور ۲ جولائی ۱۹۴۹ء)

پاکیزہ اخلاق کی ضرورت

پاکستان کے قیام کے بعد بلا امتیاز امیر و غریب اخلاقی حالت قریباً دیوالیہ ہو چکی ہے ۔ شہروں، قصبوں اور دیہات کے اندر بداخلاقی اور بے خیالی کے ایسے شرمناک واقعات سننے میں آتے ہیں جنہیں ایک صحیح مسلمان برداشت نہیں کر سکتا ۔ ان لوگوں کی بہت تھوڑی تعداد ہوگی جن کا اخلاقی معیار قابل تحسین ہو ۔ ممکن ہے کہ ان چند بزرگ ہستیوں کی برکت سے پاکستان مستحکم و مضبوط ہوا ہے حالات ایسے ہیں کہ طوفان نوح ہی ہمارے گناہوں کو اس پاک زمین سے بہا کر لیجا سکتا ہے ۔ ورنہ حکومت کا دھنڈورا سراسر بے اثر ثابت ہو رہا ہے ۔

حکم ہوتا ہے کہ شراب مت پیئو ۔ مگر ہم دیہات میں شراب کے لئے فیکٹریاں قائم کرتے ہیں ۔ اور شہروں کے اندر بلیک میں فروخت کر کے گناہوں کے عوض روپیہ کماتے ہیں اور اس پاک کمائی سے پاک نوالہ کھاتے ہیں ۔

کراچی میں حکم دیا جاتا ہے کہ زنان بازاری کے تمام اڈے بند کر دیئے جائیں ۔ وہاں زنا کے اڈے بند ہوتے ہیں یا نہیں مگر سارے پاکستان کی طوائفیں سمٹ سمٹا کر لائلپور کا رخ کر لیتی ہیں ۔ اب لائلپور تمام پاکستان کی طوائفوں کا مرکز اور مستقل قلعہ بن گیا ہے ۔ جس شہر میں زناکاری کے اڈے بند ہو جاتے وہاں سے یہیں تشریف لاتے ہیں اور لائلپور کے "باپ" اس بیہودہ ترقی کو بلدیہ کی آمدنی میں اضافہ کا باعث سمجھ کر انسداد کی کارروائی کرنے سے قاصر ہیں ۔ امیروں یا غریبوں کا جہاں تک بس چلتا ہے

"بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست"

کے پیش نظر عیش و عشرت میں غرق ہیں ۔ بڑے بڑے لیڈر، وزراء اور آفیسروں کے خلوت کدوں میں جو ننگ ایمان مناظر جاری ہیں وہ پاکستانی اخلاق پر بدنما دھبہ ہیں ۔

(شعاع "لائلپور" یکم جولائی ۱۹۴۹ء)

وہ اور ہم

ہندوستان سے کوئی غیر مسلم ہوا جلسا کبھی کہیں ہے تو پاکستان کی حکومت اس کی جائداد اس کے حوالہ کرنے میں بڑی رواداری، فراخدلی اور وسیع النظری کا ثبوت دیتی ہے اگر آپ حساب کر سکیں تو آج تک اربوں روپے کی جائداد واگذار ہو چکی ہے ۔ لیکن ہندوستان نے قانون بنا دیا ہے کہ وہ ہر مسلمان کی جائداد کو متروکہ قرار دے سکتا ہے ۔ اسی طرح اس فراخدلی کا جواب دیا گیا ہے ۔ ہمارے بعض سرکاری افسروں نے ان علاقوں کے مسلمانوں کو بھی یہاں بلایا جہاں سے ان کو نکالا نہ گیا تھا ۔ اور ان کے ہندوستان میں کاروبار کے باوجود یہاں کے مال غنیمت سے بھی [illegible] رسوخ سے حصہ دلانے کی کوشش کی آج بھی پڑتال ہو تو ایسی بہت سی مثالیں مل سکتی ہیں ۔

اس طرح ان افسروں نے نہ صرف پاکستان میں مستحق لوگوں کا حق دبا کر غیر مستحقین کو دیا بلکہ ہندوستان کے لئے بھی ایک وجہ جواز پیدا کر دی کہ وہ ایسے علاقوں میں بھی مسلمانوں کو تنگ کرے اور شبہ کی نظر سے دیکھے جہاں ان پر کوئی سختی نہ ہوئی تھی لیکن وہ پاکستان آکر مالامال ہو رہے تھے ۔ آج بھی پرمٹ آفس سے آپ پوچھیں تو بے شمار لوگ ایسے نکلیں گے جو تن تنہا یہاں محض مال غنیمت لوٹنے کے لئے آئے ۔ ہندوستان تو بہانہ ڈھونڈ رہا ہے اس لئے تو جو کیا غیر کی حیثیت سے کیا لیکن کیا ہم اپنے ان افسروں سے کوئی باز پرس کر سکتے ہیں جو اس صورت حال کے ذمہ دار ہیں ۔ اور جنہوں نے غلط طور پر بلا دے دے کر پاکستان اور ہندوستان دونوں جگہ مسلمانوں کو نقصان پہنچایا؟

(سفینہ لاہور ۲ جولائی ۱۹۴۹ء)

ایڈیٹر کے نام خطوط

بقیہ صفحہ ۳ کا

کشتی کو غرق ہونے سے [illegible] کر دیں گا ۔ [illegible] سے ہم لوگوں کی مؤدبانہ گذارش ہے کہ وہ اپنے [illegible] کی [illegible] ان [illegible] میں [illegible] کے مقدس فرض انجام دیں ۔

(مصباح الدین فاروقی [illegible] مسلم یونیورسٹی علیگڑھ)

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس کمال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کیلئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں ۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو ۔

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے فوراً جگہ بک کرا لیں

کیونکہ

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کیلئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

ٹائیٹل آخر کا صفحہ آرٹ پیپر ۳۵۰ روپے
ٹائیٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر ۱۵۰ روپے
ٹائیٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر ۱۲۰ روپے
سالم صفحہ ۔ اندرونی صفحات ۱۲۵ روپے
نصف صفحہ ۷۰ روپے
چوتھائی صفحہ ۴۰ روپے
فی انچ فی کالم تین روپیہ ۳/-

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

اگر آپ روزنامہ الجمعیۃ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداران میں شامل نہیں ہیں بلکہ اپنے یہاں کے مقامی ایجنٹ سے خرید لیتے ہیں تو آپ ایک کارڈ پر اپنے پورے پتے کے ساتھ حسب ذیل عبارت اپنے ایجنٹ سے لکھوا کر بھیج دیجئے ۔

"... صاحب اخبار الجمعیۃ دفتر سے براہ راست منگانے کے بجائے آجکل پابندی کے ساتھ مجھ سے خریدتے ہیں اور میں ان کے معاملہ خریداری سے مطمئن ہوں ۔"

ایجنٹ کی یہ تحریر آنے پر ہم آپ کے نام جمعیۃ علماء نمبر مفت ارسال کر دیں گے ۔ یہ رعایت صرف ۲۵ رمضان تک جاری رہے گی ۔ روزنامہ الجمعیۃ دفتر سے براہ راست خریدنے والے اپنے خریداری نمبر کا حوالہ دے کر مفت منگا لیں ۔

(نوٹ) جمعیۃ علماء نمبر بہت کم باقی ہیں ۔ اس لئے خواہشمند حضرات جلد توجہ دیں ۔

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۵ جولائی

مزید سائیکل اسٹینڈ

نئی دہلی میں مزید سائیکل اسٹینڈ بنائے جا رہے ہیں معلوم ہوا ہے کہ نئی دہلی میونسپلٹی سے درخواست کی گئی ہے کہ کناٹ پلیس، کوئنس وے اور گول پوسٹ آفس میں سائیکل اسٹینڈ قائم ہوں ۔

ہزاروں روپے چرا لئے گئے

شہر کے مختلف حصوں سے ہزاروں روپے کی چوری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔ روہتک روڈ کے ایک شخص نے پولیس کو مطلع کیا ہے کہ اس کا ایک بریف کیس چوری ہو گیا جس میں ڈھائی ہزار کے زیورات تھے ۔ نئی دہلی کے ایک کالونی کے ایک شخص نے اپنی میز کی دراز سے ۳۰۰ روپے [illegible] ۔ پہاڑ گنج میں ایک شخص کی دوکان کا تالا توڑ کر چار سو روپے کا کپڑا اڑا لیا گیا ۔ مندرجہ بالا واقعات کے علاوہ دہلی کینٹ، شاہدرہ، صفدر جنگ، شرنارتھی کیمپ، بستی نظام الدین [illegible] لودھی روڈ اور سبزی منڈی کے برتنوں، کپڑوں اور زیورات اور مختلف سامان کی چوریوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں

راشٹریہ سنگھ کے قیدی رہا

دہلی میں راشٹریہ سیوک سنگھ تحریک کے سلسلہ میں جو سرکاری ملازمین گرفتار کیا گیا تھا ان میں سے ۵۰ قیدیوں کو کل قید کی میعاد ختم ہونے سے پہلے رہا کر دیا گیا ہے ۔ ابھی تقریباً سو سرکاری ملازمین جیل میں ہیں

پانی چرا لیا

زیادہ کے موضع بوانہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بعض دیہاتیوں نے نہر سے بلا اجازت پانی لیکر کھیتوں کو سیراب کر لیا ۔

عین موقع پر گرفتار

دہلی [illegible] ایک شخص کی بائیسکل [illegible] برآمد ہوا ۔ چنانچہ اس شخص کو حوالہ پولیس کر دیا گیا ۔

مشتبہ شخص گرفتار

اجمیری گیٹ کے قریب [illegible] ایک شخص کو [illegible] کی چوری کے شبہ میں گرفتار کر کے حوالہ پولیس کر دیا ہے ۔

ہلاک کر کے نہر میں پھینک دیا

موضع بخت گڑھ سے ایک قتل کی واردات کی اطلاع ملی ہے ۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک [illegible] سالہ لڑکا [illegible] ڈاکٹر نے لاش کا پوسٹ مارٹم کرنے کے بعد بتایا کہ اس کا گلا گھونٹ کر ہلاک کیا گیا ہے ۔ [illegible] پولیس تفتیش کر رہی ہے ۔

تین چور گرفتار

تین چوروں کو جنہوں نے صفدر جنگ کے قریب ایک شخص پر حملہ کر کے اس سے ۳۰ روپے چھیننے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا عدالت میں پیش کر دیئے گئے ۔

کرایہ دار کو زخمی کر دیا

کملا مارکیٹ کے ایک شخص (کرایہ دار) نے سبزی منڈی تھانہ میں اطلاع دی ہے کہ مالک مکان نے چار آدمیوں کے ساتھ مل کر اسے سخت مضروب کیا ہے ۔ اس نے مالک مکان سے کرایہ دینے کے بعد رسید مانگی جس پر [illegible] مکان خالی کرنے [illegible] ۔ مالک مکان نے جوابی الزام لگایا ہے کہ [illegible] اور جب وہ روپیہ مانگنے گیا تو اس نے دینے سے انکار کر دیا ۔

میونسپل قوانین کی خلاف ورزی پر اقدامات

دہلی میونسپلٹی [illegible] ۱۳۴۴ [illegible] اشخاص کے خلاف میونسپل قوانین کی خلاف ورزی میں مقدمہ دائر کئے گئے [illegible] ۱۱۱۱ [illegible] روپے [illegible]

مدرسہ تجوید القرآن باڑہ جتلی قبر

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا معائنہ

مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے مدرسہ تجوید القرآن باڑہ جتلی قبر دہلی کا معائنہ کیا ۔ یہ مدرسہ جمعیۃ علماء [illegible] بچوں کی دینی تعلیم کا پورا انتظام ہے ۔ مولانا اخلاق حسین صاحب نے بچوں کی تعلیمی قابلیت کی جانچ کی اور معلم کے طریقہ تعلیم پر اطمینان ظاہر کیا ۔ آپ نے علاقہ کے لوگوں سے مدرسہ کی امداد کے لئے بھی اپیل کی ہے ۔

ملٹری ٹرک اور کار کی ٹکر

حوض قاضی کے قریب ایک ملٹری ٹرک اور ایک اسٹیشن ویگن میں ٹکر ہونے پر تقریباً تین اشخاص کو معمولی زخم آئے ۔

شراب کی بھٹی برآمد

موضع دولت پور میں [illegible] پولیس نے چھاپہ مارا [illegible] ایک سائیکل چور [illegible] مبارک پور پولیس نے [illegible] ناجائز شراب کشید کرنے کی ایک بھٹی برآمد کی ۔

جمعیۃ ضلع ہلا کے ناظم مستعفی

جناب مولانا حکیم محمد اسماعیل صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع [illegible] نے ضلع مذکور کی نظامت سے استعفیٰ دے دیا ہے ۔ استعفیٰ دیتے ہوئے آپ نے حسب ذیل بیان دیا ۔ "میں نے اپنی غیر معمولی مجبوریوں کی بنا پر جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کی نظامت سے استعفا دیا ہے ۔ اس سے نظامت کے تمام فرائض مولانا منظور حسین صاحب انجام دیں گے ۔"

نئے سیفٹی ایکٹ کے تحت مقدمہ

کیا دہلی شورش زدہ علاقہ ہے

یہاں سیشن جج کی عدالت میں سرکاری وکیل نے ایک مقدمہ کی سماعت کے دوران میں یہ قانونی سوال اٹھایا کہ [illegible] سرکاری وکیل نے دلائل پیش کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] مقدمات کی سماعت ضابطہ فوجداری کے مطابق ہونی چاہئے نہ کہ پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت ۔

سیشن جج نے سرکاری وکیل سے اتفاق رائے ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ کوئی ایسا اعلان موجود نہیں ہے جس کے تحت دہلی کے کسی حصہ کو شورش زدہ قرار دیا گیا ہے نہ ہی کسی نوٹیفکیشن میں کسی خاص جرم کو مشرقی پنجاب سیفٹی ایکٹ کے ماتحت قابل سماعت قرار دیا گیا ہے ۔ تاہم پنجاب میں پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت اس سے پہلے نوٹیفکیشن موجود تھا ۔ لیکن باضابطہ طور پر [illegible] ایکٹ نے پرانے ایکٹ کی جگہ نہیں لی [illegible] مقدمہ کی سماعت [illegible] ملتوی کر دی گئی

موسم کا حال

دہلی میں آج شام کو کبھی گھور گرج ہوئی [illegible] درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہے گا ۔ آئندہ [illegible] چند اہم شہروں کا درجہ حرارت حسب ذیل تھا ۔

نام شہر	زیادہ سے زیادہ	کم سے کم
آگرہ	۱۰۷	۹۰
اجمیر	۱۰۰	۸۳
علیگڑھ	۱۰۴	۸۳
الہ آباد	۱۰۸	۹۰
بنارس	۱۰۶	۸۷
بریلی	۱۰۸	۸۷
بمبئی	۹۰	۸۰
کلکتہ	۹۰	۸۲
دہرہ دون	۱۰۱	۸۰
جے پور	۱۰۳	۸۱
جھانسی	۱۰۳	۸۳
کانپور	۱۰۸	۹۱
میرٹھ	۱۰۴	۸۱
دہلی	۱۰۴	[illegible]

تانگہ چلانے پر پابندی لگے گی

دہلی کے چار ہزار تانگہ والوں کے روزی سے محروم ہو جانے کا خطرہ ہے کیونکہ ایک تجویز زیر غور ہے کہ دہلی اور نئی دہلی میں تانگہ چلانے والوں پر پابندی لگا دی جائے ۔ [illegible] ٹریفک پولیس [illegible] نئی دہلی کے [illegible] علاقوں میں تانگے چلانے [illegible] موٹر سائیکل رکشا [illegible]

چین کی قوم پرست حکومت کو فوراً امداد دیجائے

امریکہ کی فری ٹریڈ یونین کمیٹی کی ٹرومین سے درخواست

نیویارک ۔ ۵ جولائی ۔ امریکن ٹریڈ یونین لیڈروں نے آج چین کی قومی حکومت کے لئے فوری اور کافی امداد کا مطالبہ کیا ہے ۔ امریکن لیبر فیڈریشن کی فری ٹریڈ یونین کمیٹی نے کہا ہم صدر ٹرومین پر سختی سے اس بات کے لئے زور دیتے ہیں کہ وہ ایشیا [illegible] امریکہ اور یورپ کی تمام جمہوری اقوام سے مشورہ کریں اور کمیونسٹ سیلاب کو روکنے کے لئے ایک باہم دگر اقدام کریں ۔

اس موقع پر یہ بھی تجویز کیا گیا کہ امریکی حکومت اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ میں چین کی خانہ جنگی [illegible] کا جو حصہ ہے اسے پیش کرے ۔ کمیونسٹ چین کے ساتھ کسی قسم کی تجارت نہیں ہونی چاہئے ۔ قومی حکومت کو فوراً مؤثر امداد دی جائے ۔ اس بیان میں کہا گیا کہ چین کا بحران بہت سخت ہے لیکن ناامیدی کی وجہ نہیں ۔ ہماری حکومت کو اعلان کر دینا چاہئے کہ ایشیا کی جمہوری طاقتوں کی مستقل طور پر امداد دے [illegible]

سنہری مسجد زیر لال قلعہ میں ختم قرآن کریم

انشاء اللہ تعالیٰ کل ۷ جولائی کو سنہری مسجد میں قرآن کریم دوسری مرتبہ ختم ہوگا ۔ حق تعالیٰ قبول فرمائے ۔ مخلصین احباب دعا میں شرکت فرمائیں ۔ ۸ جولائی کو تین روز کیلئے آگرہ کا سفر کروں گا ۔ واپسی پر آئندہ پروگرام کا اعلان کروں گا ۔

(مولانا) عبدالحلیم صدیقی

بچوں کو ٹریفک کی تعلیم

دہلی میں بچوں کو ٹریفک کی تعلیم دینے کے لئے پارک میں انتظام کرنے کی تجویز کو مسٹر ایم ڈی کیدگل وزیر تعلیم نے پسند کیا ۔ انہوں نے اس اسکیم کے متعلق سپرنٹنڈنٹ ٹریفک پولیس کو بلا کر اس سلسلہ میں وضاحت بھی طلب کی ہے ۔ اور اس اسکیم پر خوشنودی کا بھی اظہار کیا ہے ۔ ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ صدر دہلی میونسپلٹی نے بھی مسٹر پٹن کی اس تجویز سے اتفاق کیا ہے ۔ معلوم ہوا ہے اس سلسلہ میں چیف انجینئر پی ڈبلیو ڈی کو ہدایت کی گئی ہے کہ اس تجویز پر غور کر کے جلد اطلاع دیں ۔ نئی دہلی میں بچوں کے پارک کے لئے ریگل تھیٹر کے سامنے کا پارک تجویز کیا گیا ہے ۔

تین کمیونسٹوں کا اخراج

کمیونسٹ پارٹی کی دہلی کمیٹی نے [illegible] کو اختلاف انگیز اور پارٹی کے خلاف [illegible] پارٹی سے علاحدہ کر دیا ہے ۔

روس فن لینڈ اور پولینڈ کے درمیان

تجارتی معاہدے

لندن ۔ ۵ جولائی ۔ ماسکو ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ روس، پولینڈ، چیکوسلواکیہ اور فن لینڈ نے باہمی طور پر ایک تجارتی معاہدہ پر دستخط کر دیئے ہیں ۔ [illegible] چیکوسلواکیہ [illegible] ۔ (اپ ۔ ایس)

[illegible]

اخبار اہلحدیث

جماعت اہلحدیث کی [illegible] ترجمانی کرتا ہے [illegible] چندہ [illegible]

کلیمی انجمن نین سدھار

گؤ چھاپ

جملہ امراض چشم

سخت سے سخت جالا ۔ پھولا ۔ ڈھلکا ۔ سرخی ۔ رتوندی ۔ پانی آنا ۔ ناخونہ ۔ عادت چشمہ اور دھند ۔ گرد و غبار وغیرہ امراض کو دور کر کے قطعی صحت بخشتا ہے اور روشنی کو بڑھاتا ہے ۔ اس کے روزانہ استعمال سے آنکھ میں کوئی مرض پیدا نہیں ہوتا اور تمام لاعلاج مریضان چشم کے لئے اکسیر ہے ۔ عادت چشمہ کو دور کرتا ہے ۔ آزمائش شرط ہے ۔ پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ ۔ قیمت ۱/۴ (طبع) تین شیشیوں کے خریدار کو محصول ڈاک معاف

محمد حسین مقبول حسین کمپنی انجن نین سدھار

گؤ چھاپ محلہ شاہ دانہ باتین بریلی

افغان حکومت کی پالیسی

لندن ۔ ۵ جولائی ۔ لندن کے اخبار ٹائمز کے نامہ نگار مقیم پشاور نے اطلاع دی ہے کہ شاہ افغانستان ظاہر شاہ نے جمعرات کے دن پارلیمنٹ کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر جو تقریب ہوئی اس میں وزیر اعظم اور دوسرے وزیروں کے علاوہ اعلیٰ سول اور فوجی حکام بھی موجود تھے ۔ پارلیمنٹ کے ممبروں کو مبارکباد دیتے ہوئے بادشاہ نے کہا ہماری حکومت کی پالیسی کی بنیاد جمہوری اصولوں، بیرونی تعلقات کے استحکام اور اقوام متحدہ کی حمایت کرنے پر ہے ۔

بیدخل ہونیوالے کسان بحال کئے جائینگے

وزیر اعظم مشرقی پنجاب کا اعلان

شملہ ۴ جولائی ۔ مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر بھیم سین سچر نے آج صوبہ کے بڑے بڑے زمینداروں کے ایک ڈیپوٹیشن کے روبرو بتایا کہ جب تک اصلاحاتی کمیٹی اپنی سفارشات پیش نہیں کرتی [illegible] زمینداروں کے متعلق [illegible] ۔ ڈیپوٹیشن نے وزیر اعظم کے ساتھ زمینداروں اور مزارعوں کے تعلقات پر بات چیت کی ۔ آپ نے بتایا کہ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ جن کو بے دخل کیا گیا ہے بحال کر دیا جائے ۔ (پی ۔ ٹی ۔ آئی)

بیتیا میں رویت ہلال

بیتیا [illegible] (بذریعہ ڈاک) آج [illegible] شعبان کو ابر تھا مگر رمضان المبارک کا چاند [illegible] حسب دستور اسی شب سے تمام مساجد میں نماز تراویح پڑھی گئی ۔ بہر کیف رمضان المبارک مطابق ۲۸ جون سے ہے ۔ (نامہ نگار)

جنرل کیری آپا سرینگر میں

سری نگر ۔ ۵ جولائی ۔ ہندوستانی فوج کے کمانڈر جنرل کیری آپا جموں سے [illegible] یہاں پہنچے [illegible] استقبال کیا ۔ (اپ ۔ ایس)

جاپان میں مزدوروں کی فیڈریشن

ٹوکیو ۔ ۵ جولائی ۔ ٹوکیو میں جاپان کی متعدد [illegible] یونینوں کو ملا کر ایک فیڈریشن بنا دی گئی ہے ۔ فیڈریشن کے ایک ترجمان نے کہا کہ فیڈریشن کے ممبروں کی تعداد [illegible] ہو گئی ہے ۔ (اپ ۔ ایس)

ریڈیم آئی ڈراپس رجسٹرڈ

امراض چشم کے [illegible] تمام اشتہاری دواؤں کے مقابلہ میں ریڈیم کیمیکل ورکس لمیٹڈ دہلی کی ایجاد کردہ ریڈیم آئی ڈراپس سب سے زیادہ مفید اور مؤثر ثابت ہوئی ہے ۔ چنانچہ لاکھوں لوگ اسے استعمال کرتے ہیں اور ہم نے اکثر لوگوں کو اس کی تعریف میں رطب اللسان پایا ہے ۔ یہ دوا آنکھوں کی سرخی ۔ جالا ۔ پھولا ۔ دھند ۔ خارش ۔ پانی بہنا [illegible] وغیرہ کے لئے بے حد زود اثر ثابت ہوئی ہے ۔ [illegible] ریڈیم کیمیکل ورکس لمیٹڈ دہلی سے طلب کیجئے ۔

۸۲ فی صدی ملاوٹ والا دودھ

نئی دہلی ۔ ۵ جولائی ۔ آج دہلی میونسپل کمیٹی کے سکریٹری نے ایک پریس کانفرنس میں انکشاف کیا کہ دہلی میں آنے والی تمام سڑکوں پر ان کے ناکوں پر میونسپل کمیٹی کے اسٹاف نے جتنے گوالوں کے دودھ کا معائنہ کیا اس میں سے ۸۲ فیصدی ملاوٹ والا دودھ نکلا ۔ آپ نے بتایا کہ حکومت دہلی سے گداگری کی لعنت کو ختم کرنے کے سوال پر غور و خوض کر رہی ہے [illegible]

ہیلتھ آفیسر [illegible] نے اس امر کا انکشاف کیا کہ [illegible] کے خلاف کارروائی کی گئی [illegible]

سعودی عربیہ میں حج کمشنر

بنارس ۵ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے بنارس کے مولوی عبدالمجید کو سعودی عربیہ میں حج کمشنر مقرر کیا ہے ۔ مولوی عبدالمجید صاحب جو ترکی، عربی، فارسی اور دس زبانوں کے ماہر ہیں ۔ ۲۰ جولائی کو توقع ہے کہ جدہ کے لئے روانہ ہو جائیں گے ۔ وہیں آپکا ہیڈ کوارٹر رہے گا ۔ (اپ ۔ ایس)

ایسے واقعات روز ہوتے ہیں

پٹیالہ ۵ جولائی ۔ ہمارے نامہ نگار خصوصی نے سرہند کے سانحہ کے متعلق سرکاری حلقوں سے [illegible] نامہ نگار خصوصی نے جب سرہند کے گرفتار شدگان کے بارے میں پولیس کی [illegible] کا ذکر کیا کہ پولیس افسروں پر [illegible] الزام ہے تو انہوں نے جواب دیا ایسے واقعات روز ہوتے ہیں ۔ (خاص)

راج پرمکھ کے سوال پر رسہ کشی

پٹیالہ ۵ جولائی ۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ [illegible] راج پرمکھ کے عہدے کے لئے [illegible] مہاراجہ فرید کوٹ [illegible] ۔ (خاص)

ایک نشست پانچ امیدوار

شملہ ۵ جولائی ۔ (اے ۔ ایم ۔ سی) [illegible] پنجاب کی [illegible] امیدواروں نے [illegible] داخل کئے ہیں ۔ ان کے نام یہ ہیں [illegible] کانگریس [illegible] کمیونسٹ [illegible] مشرقی پنجاب [illegible]

مفت طلب کیجئے

[illegible] لاکھوں کی تعداد میں مفت تقسیم کرنے کے لئے [illegible] ٹکٹ خرچہ ڈاک بھیجکر طلب کیجئے ۔

ادارہ آفتاب رسالت پبلشنگ دہلی

دہلی کے بازاروں کے بھاؤ

کریانہ مارکیٹ

ہلدی بمبئی ۵۱ روپے ہلدی [illegible] گولہ بمبئی [illegible] سونٹھ ۹۲ روپے کشمش ۸۰ روپے ۔ آلو بخارا [illegible] پستہ [illegible] بادام گری ۶۵ روپے بادام کاغذی ۱۳۵ [illegible] الائچی چھوٹی [illegible] لونگ ۹۰ روپے [illegible] مرچ کالی [illegible] مرچ لال [illegible] زیرہ سفید [illegible] سونف [illegible] دھنیا [illegible] اجوائن [illegible] [illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

چاندی تیار [illegible] سونا [illegible] [illegible]

سائیکل مارکیٹ

سائیکل سرکولیس ۱۹۳ روپے [illegible] [illegible]

چوڑی مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی [illegible] [illegible]

یوم آزادی کے موقع پر حادثات

۳۲۲ اشخاص کی ہلاکت

نیویارک ۵ جولائی ۔ یوم آزادی کی تقریبات کے موقع پر ۳۲۲ امریکن مختلف حادثات میں ہلاک ہوئے ۔ ٹریفک کے حادثات میں ۱۵۹ اور دوسرے حادثات میں ۱۶۳ اشخاص ہلاک ہوئے ۔ (اپ ۔ ایس)

AMICO'S COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی اور امراض سینہ کے لئے

کھانسی کی بے مثل دوا ہے ۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا ۔ شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے ۔ حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے ۔ پیدا ہوتے بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے ۔ ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی ۔ تر کھانسی ہو یا خشک ۔ نزلہ زکام کی کھانسی ہو ۔ گلے کا بیٹھ جانا ۔ خون تھوکنا ۔ پرانی دق و سل کی کھانسی دمہ ۔ سانس کا پھولنا ۔ نمونیہ ۔ انفلوئنزا کی کھانسی ۔ امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے لئے بے حد مفید اور کامیاب ہے ۔ اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں ۔ پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے ۔ [illegible] قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ

سول ایجنٹ ۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۷ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۱۰ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۸ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۵۵ | قیمت فی پرچہ ۲ آنے

جاپانی تاجروں کا سنگاپور میں داخلہ بند

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کیلئے اوقات سحر وافطار

دن تاریخ مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
بدھ ۸ رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۲ منٹ
جمعرات ۹ "	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ
جمعہ ۱۰ "	۳ بجکر ۵۲ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ
ہفتہ ۱۱ "	۳ بجکر ۵۳ منٹ	۷ بجکر ۲۰ منٹ

جنرل چیانگ پھر میدان میں آگئے چینی قوم کی انقلاب انگیز قیادت کرینگے

۹۰ ہزار ملازمین کو علیحدہ کرنے والا موت کی نذر

جاپان اسٹیٹ ریلوے کے چیرمین کی اچانک موت

برسات میں لاہور میں بہت سے مکانوں کے گرجانیکا زبردست خطرہ

کارپوریشن نے ایک ہزار مکانوں کو خطرناک بتا دیا

سوویٹ یونین پر معاہدہ شکنی کا الزام

امریکہ سے کمیونسٹوں کیخلاف مدد کرنے کی اپیل

سنگاپور میں بم پھٹ گیا

چار اشخاص ہلاک

مولانا حفظ الرحمن یوپی اسمبلی میں

جینوا میں اقوام متحدہ کی سماجی او اقتصادی کونسل کا اجلاس

پسماندہ علاقوں کو امداد پر غور۔ ہندی وفد کی شرکت

روس دو سال میں [illegible]

شرنارتھی امداد باہمی کی انجمن بنا رہے ہیں

مسلمانوں کو بدنام کرنے کیلئے مسٹر مشتاق کا غلط اقدام

مسلم حلقوں میں اظہار بیزاری

مصر کے سرکردہ لیڈروں کو قتل کرنے کی سازش پکڑی گئی

پانچ نوجوان جیل بھیجدیے گئے

فوج میں بغاوت کرانے کا الزام

قدوائی صاحب الہ آباد میں

گاڑی میں نہیں تو انجن پر ہی سہی

پاکستان کے لوگ فلسطین کے معاملہ کو اپنا ہی معاملہ سمجھتے ہیں

مفتی اعظم فلسطین کے نمائندہ کو مسٹر لیاقت علی خاں کی یقین دہانی

مسٹر چیفلے کی مزدور لیڈروں سے ملاقات

سید ادریس سنوسی

اگلے ہفتہ برطانیہ جائیں گے

شنگھائی پر بمباری

کلکتہ میں پنڈت نہرو کے استقبال کی تیاریاں

وزیر اعظم کانگرس کمیٹیوں کے مختلف گروپوں سے ملاقات کریں گے

بڑودہ میں سوشلسٹوں کی کانفرنس

مونگیر میں زبردست سیلاب

ہزاروں کسان بے گھر ہوگئے

دولت مشترکہ کے وزراء مالیات کی کانفرنس

مردان کے نظربندوں کی مشروط رہائی

کناڈا کے وزیر مالیات کی معافی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ دہلی

Delhi 7.7.49

افغانستان سرحد کے متعلق برطانیہ سے کئے گئے کسی معاہدہ کو تسلیم نہیں کرتا

پاکستان اور افغانستان کا مشترکہ وفد ۱۲ جون کے واقعہ کی تحقیقات کریگا

روسی وزیر خارجہ کو اُنکے عہدے سے علیحدہ کردیا جائیگا

امریکہ کے ایک اہم اخبار کی پیشین گوئی

جھانسی میں مسٹر موہن لال سکسینہ کی تقریر

اگر کانگریس نے عہدوں کو چھوڑا تو ملک میں انارکی پھیل جائیگی

کوئی ایسی دوسری جماعت نہیں ہے جو کانگریس کی جگہ لے لے

بمبئی کے آٹھ سو طلبا نے غیر متعینہ مدت کیلئے ہڑتال کردی

وزیر صوبہ سرحد کی پریس کانفرنس

حیدرآباد کے حساب میں چاندی کی فروخت شروع ہوگئی

تقریباً تین لاکھ تولہ چاندی کی فروخت کیلئے ٹنڈر طلب کرلئے گئے

میرٹھ چھاؤنی میں ہفتہ صحت

دنیا کے مالی بحران کے باعث معاہدہ اوقیانوس نامنظور کردیا جائے

مسٹر ہنری ویلیس کی امریکہ کے ممبروں سے اپیل

ملایا کے ہندوستانیوں کی کانگریس کا اجلاس

ٹراونکور کوچین یونین کی کابینہ میں توسیع

ہندوستان سے پاکستان کو بغیر لائسنس بھیجنے والی اشیاء کا اعلان

ہند اور پاکستان کے تجارتی سمجھوتہ کے اثرات

ادائیگی کا معاہدہ بہت بڑا کارنامہ ہے

یورپ کے معاہدہ پر سر اسٹرافورڈ کا اظہار خیال

کمیونسٹ بندرگاہوں کی ناکہ بندی پر تبادلہ خیال

چینی سفیر اور مسٹر [illegible] کی اہم ملاقات

دو من ناجائز افیون پکڑی گئی

انسداد دق پر لندن میں اہم کانفرنس

مشرق و مغرب کے پچاس ملکوں کی شرکت

مشرقی پنجاب میں گرفتار شدگان کی رہائی

واشنگٹن میں پہلا ہندی سفیر

کلکتہ میں امریکہ کا جشن استقلال

جب تک کرایہ کم نہ ہو ادا نہ کرو

کرایہ داروں کی ایسوسی ایشن کی ہدایت

وزیر ریلوے سوراشٹر میں

(انیس کا مقالہ)

بقیہ صفحہ اول

سی پی میں مزید زمین زیر کاشت

مہاراجہ نیپال کا ۴۳ واں جنم دن

جنرل اسمٹس واپس پہنچ گئے

میرٹھ میں سیمنٹ کی بوریاں پکڑی گئیں

روپیہ بچائیں

نئے کپڑے خریدنے کی بجائے اپنے پرانوں کو ہم سے مثل نیا بنوائیں

موڈرن کلینرز

(جدید طریقوں سے دھلائی رنگائی کرنے والے)

برانچ چاندنی چوک نزد ڈاکخانہ کوڑیہ پل دہلی

کشمیر کمیشن کسی نہ کسی طرح ہندو پاکستان میں صلح کرانا چاہتا ہے

تمام امکانات ختم ہونے سے پہلے کمیشن اپنی ناکامی تسلیم نہیں کریگا

سمجھوتہ سے پہلے امن برقرار رکھنے پر زور

نئی دہلی ۷ جولائی۔ کشمیر کمیشن کی طرف سے ہندوستان اور پاکستان کو صلح کی جو تجویزیں پیش کی گئی ہیں ان میں اس امر پر زیادہ زور دیا گیا ہے کہ کشمیر [illegible] دونوں ملکوں کے درمیان التوائے جنگ جاری رہنی چاہئے کمیشن کے ممبر [illegible] دونوں ملکوں کے نمائندوں کو ایک ایک خط دیا ہے جس میں [illegible] کی تجاویز درج ہیں بتایا جاتا ہے کہ یہ تجویز کی گئی ہے کہ موجودہ [illegible] ایک عارضی سرحد دونوں علاقوں کے درمیان قائم کر دی جائے۔

اس سلسلہ پر [illegible] کمیشن نے بنیادی طور پر محسوس کیا ہے کہ [illegible] سیاسی مسائل کا [redacted] قائم رکھا جائے گا۔

ابھی تک معاہدہ صلح [illegible] سمجھوتہ نہیں ہوا [illegible] دونوں مسلح فوجوں کے درمیان جو سرحد قائم کی گئی [illegible]

[illegible] پیدا ہو گئی ہے۔ ایک تجویز مغربی محاذ کے قریب [illegible] شمال میں جو پہاڑی علاقہ ہے [illegible]

ہندوستان کی طرف سے ان نئی تجویزوں کا جواب اس وقت تک نہیں دیا جا سکتا جب تک کہ وزیر اعظم لیہہ سے واپس نہ آ جائیں پنڈت جی ۹ جولائی کو واپس آ رہے ہیں لیکن عام طور پر خیال ہے کہ ان تجویزوں پر بحث ممکن تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

کمیشن کی نئی تجویزیں نیا فارمولا ہیں لیکن ان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کمیشن اس وقت تک اپنی ناکامی کا اعلان نہیں [redacted] کرنے کی ہر ممکن کوشش نہیں کی جائیگی۔

اس وقت تک کمیشن کو صرف اس قدر کامیابی حاصل ہوئی ہے کہ جنگ بند کرنے کا جو معاہدہ ہوا ہے اس پر ابھی تک عمل ہو رہا ہے اور اب اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ اس امن کو [illegible] کرنے کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔

دیہاتیوں کے ہجوم پر پولیس کا حملہ

فائرنگ سے دو اشخاص زخمی

پٹنہ ۵ جولائی۔ [illegible] سے آمدہ اطلاع مظہر ہے کہ ایک نواحی گاؤں میں پولیس کو ایک [illegible] ہجوم پر گولی چلانی پڑی جس کے نتیجہ کے طور پر دو شخص زخمی ہو گئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible] کی شادی رچا دی [illegible] پولیس نے [illegible] اور جب پولیس والے لڑکی کو چھڑانے جا رہے تھے ہجوم نے ان پر حملہ کیا۔ حفاظت خود اختیاری [illegible] گولی چلائی [illegible] زخمی ہو گئے۔

چینی "سرخ" فوج کے سپہ سالار اعلیٰ

جنرل چو دے کا شنگھائی میں بیان

شنگھائی ۷ جولائی۔ یہ گمان کہ چین کی نئی حکومت [illegible] کمیونسٹ نہ ہو اچھی طرح سے دور ہو گیا۔ جب کہ چین کے فوجی لیڈر جنرل چو دے نے یہاں تقریر کرتے ہوئے کہا۔ ہم سوویت روس اور ساتھ ہی ساتھ اپنے دشمنوں سے سبق حاصل کرنا چاہتے ہیں ہماری فتح مارکسزم اور لیننزم کی فتح اور بین الاقوامی [illegible] کی فتح ہے اور ہمارے سب سے بڑے ساتھی سوویت روس اور مشرقی یورپ کی جمہوریتیں ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ کمیونسٹ صرف انقلاب برپا کرنے میں ہی ماہر نہیں ہوتے بلکہ تعمیری کاموں میں بھی ماہر ثابت ہوں گے۔ (رائٹر)

امریکہ کی حفاظت کرنے کیلئے امریکی اسلحہ بڑے کارآمد ثابت ہونگے

جنرل اور امریکہ کے چیف آف اسٹاف کا بیان

لندن ۷ جولائی۔ امریکہ کے چیف آف دی اسٹاف جنرل [illegible] بریڈلے نے لندن کے اخبار سنڈے [illegible] کے نامہ نگار مقیم واشنگٹن کو انٹرویو دیتے ہوئے اس رائے کا اظہار کیا کہ امریکی اسلحہ یورپ میں امریکہ کی حفاظت کیلئے بڑے کارآمد ثابت ہونگے۔ بشرطیکہ وہ امریکہ کے گوداموں ہی میں نہ پڑے رہ جائیں۔

جنرل بریڈلے نے کہا کہ وہ دنیا کو یقین دلانا چاہتے ہیں [illegible] قائم رکھنے کی خواہش رکھتے ہیں انہوں نے تنبیہ کی کہ سیاست داں پالیسی وضع کرتے وقت فوجی اہمیت کا خیال رکھیں کیونکہ اس پر وہ بھروسہ کر سکتے ہیں۔

جنرل بریڈلے نے اس خبر کی تردید کی کہ بری، بحری اور فضائی طاقتوں کو نا اتفاقی کی وجہ سے طویل المیعاد دفاعی منصوبے تیار کرنے میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں اور کہا کہ تاریخ میں کبھی ایسا موقع نہیں آیا جبکہ زمانہ امن میں امریکہ اور برطانیہ اس قدر قریبی اشتراک سے فوجی منصوبے تیار کر رہے ہوں۔

سوال کیا گیا کہ کیا ایٹم بم کی ایجاد فوجی ترتیب اور [illegible] پر اثر انداز ہوگی جنرل بریڈلے نے کہا کہ اگر ایٹم بم استعمال ہوئے تو فوجی طریق کار میں یقیناً نمایاں دقت پیدا ہوگی۔ مثال کے طور پر زیادہ تعداد میں [illegible] برطانیہ پر حملہ کرنے کی غرض سے فرانس کے ساحل کے قریب جہاز جمع کرنا ناممکن ہوگا۔ کیونکہ محض چند ایٹم بم اس کوشش کو تباہ کر دیں گے۔

اب تک ایٹم بم کے فائدے صرف جارحانہ نقطۂ نظر سے دیکھے گئے ہیں لیکن اب ہم مشترکہ طور پر مغربی دنیا کے دفاع کا منصوبہ بنا رہے ہیں جس میں ایٹم بم ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے اس سے دفاع آسان اور سستا ہو جائے گا۔ اور حملہ آور کے لئے حملہ کرنا زیادہ گراں ہو جائے گا۔ اہم مراکز کو تباہ کرنے کے لئے چند ٹینک، طیارے اور بم درکار ہونگے۔ (گلوب)

آئندہ سال کے ختم سے قبل عام انتخابات کا کوئی امکان نہیں

پچھلے [redacted] کے تحت صوبائی [redacted] بھی نہیں ہونگے

نئی دہلی ۵ جولائی۔ باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ اس امر کا کوئی امکان نظر نہیں آتا کہ ۱۹۵۰ء کے موسم سرما سے پہلے [illegible] پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلیوں کے سلسلہ میں عام انتخابات ہو سکیں۔ قانونی اور بعض دیگر مشکلات کے پیش نظر یہ بات بھی [illegible] نہیں ہے کہ صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات پرانے آئین کے ماتحت کرائے جائیں۔ البتہ یہ ممکن خیال کیا جاتا ہے کہ نئے آئین کے پاس ہو جانے اور ہر بالغ کو حق رائے دہندگی کی بنا پر [illegible] اور حکومت پر جو کہ ایک ہی سال بعد [illegible] پارلیمنٹ کے انتخاب کا بھاری کام سنبھال رہی ہوگی۔ زیادہ بوجھ نہیں پڑے گا سیاسی لیڈروں کی رائے یہ معلوم ہوتی ہے کہ چونکہ آئین ساز اسمبلی کا بیشتر کام آئین سازی ہی ہے۔ لہٰذا اس کام کی تکمیل کے بعد [illegible] توڑ دیا جانا چاہئے۔ [illegible] یہی ہے کہ اس کے ممبروں کی ایک بھاری تعداد ایسے اصحاب کی ہے جو کہ صوبائی اور ریاستی اسمبلیوں کے بھی ممبر ہیں اور اس طرح سے اسمبلیوں کے کام میں بھی رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

دوہری ممبری

دستور ساز اسمبلی کے تقریباً ایک سو ممبر ایسے ہیں جو دستور ساز اسمبلی اور صوبائی آئینی کے ممبر ہیں۔ ان میں ۶۲ کانگرس، ۱۸ سابقہ مسلم لیگ، اور چھ انڈیپنڈنٹ ممبر ہیں [illegible]

جہاں تک نئے آئین کے ماتحت انتخابات کا تعلق ہے معلوم ہوا ہے کہ مدراس اور مشرقی پنجاب نے ووٹروں کی ابتدائی فہرستیں تیار کر لی ہیں بعض دیگر صوبجات بھی فہرستوں کے مسودے مکمل ہونے ہی والے ہیں [illegible] اس امر کا امکان نہیں کہ موجودہ دستور کے تحت صوبوں کی ان اسمبلیوں کے انتخابات از سر نو عمل میں آ سکیں گے جن کی میعاد مدت آئندہ سال ختم ہو رہی ہے۔ (اے پی آئی)

پنڈت نہرو لیہہ پہنچ گئے، شاندار استقبال

شہر کے عوام کا پرجوش خیر مقدم

لیہہ ۶ جولائی۔ دنیا کے سب سے اونچے ہوائی مستقر پر پرواز کرتے ہوئے پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان اور ان کے ساتھی لیہہ میں پہونچ گئے۔

ہندوستانی اور مقامی فوجوں کی طرف سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اس کے بعد اعلیٰ فوجی اور شہری افسروں اور منتظم خاص کا تعارف کرایا گیا۔ اور مختلف عبادت گاہوں کے لاماؤں کا بھی پنڈت جی سے تعارف کرایا گیا۔ پنڈت نہرو ایک جلوس کی شکل میں شہر میں گئے۔ جلوس کے آگے سرخ اور سفید [illegible] لاما تھے [illegible] تمام راستہ میں لوگ کھڑے ہوئے تالیاں بجا رہے تھے۔ شہر میں پنڈت جی کے استقبال کے لئے قیمتی سلک کے دروازے بنوائے گئے تھے سب سے بڑے لاما نے پنڈت نہرو کو سلک کا [illegible]

[illegible] لیہہ پہنچنے پر [illegible] لاماؤں نے پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کا پرجوش خیر مقدم کیا۔ ایک عبادت گاہ پر ایک شامیانہ نصب کیا گیا تھا۔ لاماؤں نے مذہبی طریقہ سے دونوں [illegible] کی خوشحالی کے لئے دعا مانگی۔

اسپتک کے لاما کے ساتھ کھانا کھانے کے بعد پنڈت نہرو [illegible] گئے جو [illegible] میل دور ہے۔ وہاں [illegible] کے لاما نے ان کا خیر مقدم کیا۔ پنڈت [illegible] گزرے جن میں مقدس لاماؤں کی لاشیں ہیں۔

پنڈت نہرو ۲۵۰۰۰ فٹ کی بلندی پر پرواز کرتے ہوئے لیہہ پہونچے تھے۔

غذائی پیداوار بڑھانے کیلئے ایک کسان فوج کی ضرورت ہے

رہائی کے بعد ایک پریس کانفرنس میں ڈاکٹر لوہیا کا بیان

نئی دہلی ۶ جولائی۔ منگل کے دن ایک پریس کانفرنس میں سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے حکومت کی غذائی پالیسی پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے وزیر اعظم کے حالیہ بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ چونکہ حکومت مسئلہ خوراک کو حل نہیں کر سکتی۔ اس لئے وہ [illegible] بنا رہی ہے۔ وزیر اعظم کا یہ فیصلہ کہ خوراک کے مسئلہ کو زمانہ جنگ کا مسئلہ سمجھا جائے بہت دیر سے ہوا۔ دو سال قبل اس فیصلہ کو ہونا چاہئے تھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی پوری تقریر خوراک پالیسی پر نہیں تھی بلکہ ایک پروپیگنڈہ تھا۔

نہیں اگر ایسا ہوتا تو ابتدا ہی میں ہماری ضمانتوں کو منسوخ کر دیا جاتا، سب سے بڑی بات یہ ہے کہ حکومت ہم امن جلوس کے خلاف طاقت استعمال کرنے پر من مانی کرنے کی اہمیت نہیں رکھتی۔ مجھے نہیں معلوم کہ ہمیں کیوں رہا کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے کہا کہ حکومت نے ہنگامی قوانین کے متعلق اپنی پالیسی میں آہستہ آہستہ تبدیلی کرنے کا [illegible] [illegible] قانون بھی کافی سخت ہیں۔ اس لئے کسی ہنگامی قانون کی ضرورت نہیں سوشلسٹ [illegible] سوشلسٹ لیڈر نے کہا کہ [illegible] اسی وقت ترقی کریگا جب [illegible] انقلاب کریگا۔ [illegible]

[illegible] کسی طرح ۱۹۵۱ء تک اس مسئلہ کو حل کر سکتی ہے [illegible] خوراک حاصل کرنے کی پالیسی کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کی بنیاد [illegible] اعداد و شمار ہے۔

[illegible] لاکھ [illegible] فوج اس کی کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے [illegible] حکومت میں شامل ہونے کی پیش کش کی گئی [illegible] وزیر اعظم اور نائب وزیر اعظم [illegible]

ٹراونکور کوچین کا متحدہ ہائی کورٹ

ارناکلم ۸ جولائی۔ ٹراونکور اور کوچین کے متحدہ ہائی کورٹ کا افتتاح ۷ جولائی کو ارناکلم میں مدراس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس پی وی راجہ منار کریں گے۔ (پ ٹ)

مسٹر لیاقت علی خاں سے وفاداری

پاکستانی طلباء کا اعلان

کراچی ۷ جولائی۔ کل پاکستان مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کی طرف سے وفد نے وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں سے ملاقات کی اور انہیں یقین دلایا کہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن حکومت پاکستان کی کامل وفادار رہے گی۔

معلوم ہوا ہے کہ طلباء کے وفد نے وزیر اعظم کو بتلایا کہ فیڈریشن تمام مسلم ممالک کی طلباء کی ایک کانفرنس طلب کرنا چاہتی ہے تاکہ پاکستان اور ہمسایہ مسلم ریاستوں کے درمیان تعلقات گہرے ہو جائیں۔ [illegible]

[illegible] خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھیں

۲۵ کروڑ سال پرانا درخت

لندن ۶ جولائی۔ لندن کے نیچرل ہسٹری میوزیم کے احاطے میں ایک درخت موجود ہے جس کے متعلق اندازہ لگایا جاتا ہے کہ اس کی عمر ۲۵ کروڑ سال سے بھی زیادہ ہے۔ زمانہ جنگ میں یہ درخت بم سے [illegible] لیکن اب وہ پھر [illegible] ۱۰ فٹ تک پہنچ چکا ہے۔ (گلوب)

افغان علاقہ پر پاکستانی جہازوں کی پرواز

نئی دہلی ۵ جولائی۔ کابل ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ ایک پاکستانی ہوائی جہاز نے کل افغانستان اور [illegible] کی سرحد کو پار کر کے افغان علاقہ پر پرواز کی [illegible] جہاز [illegible] پاکستانی علاقہ میں چلا گیا۔ (یو پی)

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کا حشر جرمنی کے یہودیوں جیسا ہونے والا ہے

لاہور میں ڈاکٹر دادو کا انتباہ

لاہور ۷ جولائی۔ ڈاکٹر وائی۔ ایم۔ دادو نے یہاں ایک بیان میں کہا ہے کہ جنوبی افریقہ کی حکومت ہندوستانیوں کے سوال پر مجلس اقوام متحدہ کی حکم عدولی کر رہی ہے [illegible] ڈاکٹر وائی ایم دادو نے یہاں پر ایک صحافی کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے [illegible]

ڈاکٹر دادو نے کہا کہ [illegible] ہندوستان اور پاکستان کے باشندوں کے لئے جنوبی افریقہ میں انتہائی مشکلات پیدا کر دی ہیں یہ بات جنوبی افریقہ کی پارلیمنٹ میں صاف کر دی گئی ہے کہ [illegible] ہندوستانیوں کو [illegible] جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں اور پاکستانیوں کا [illegible] جرمنی میں یہودیوں کا ہوا تھا۔

ڈاکٹر دادو نے کہا کہ وہ ہند اور پاکستان کے [illegible] جنوبی افریقہ کے حالات سے باخبر کریں۔ وہ ہند کے وزیر اعظم اور حکومت ہند کے دوسرے ارکان سے پہلے ہی گفتگو کر چکے ہیں اور اب کراچی اس لئے جا رہے ہیں کہ وہاں اسی قسم کی بات چیت پاکستان کے وزیر اعظم اور دوسرے ارکان حکومت سے کریں۔

لندن میں کمیونسٹ سرگرمیاں

لندن ۷ جولائی۔ برطانوی پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے ہوم سکریٹری کو ایک رپورٹ بھیجی ہے جس میں [illegible] انکشافات کئے گئے ہیں۔ جن کے بعد سے برطانیہ کا محکمہ جاسوسی اسکاٹ لینڈ یارڈ لندن میں کمیونسٹ سرگرمیوں کی غیر ملکی عناصر کی امداد کی تحقیقات کر رہا ہے۔ (گلوب)

ایٹمی قوت سے چلنے والے جہاز

لندن ۷ جولائی۔ امریکی اور برطانوی سائنس داں [illegible] ایٹمی قوت سے چلنے والے جہاز ایجاد کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ امریکی بحریہ نے ایسے جہاز تیار کرنے کے لئے سامان اور ایٹمی اشیا مہیا بھی کر دی ہیں۔ (گلوب)

بچوں کا خطرناک کھیل

لندن ۷ جولائی۔ یہاں کے بچوں نے ایک نئے [illegible] ایجاد کیا ہے وہ ریل کی پٹڑیوں کے درمیان لیٹ جاتے ہیں اور کسی تیز رفتار ریل گاڑی کے گذرنے کا انتظار کرتے رہتے ہیں۔ اس امر کا انکشاف حال ہی میں ایک عدالت میں ہوا جہاں پر [illegible] کے الزام میں [illegible] (گلوب)

لیمو کے ذریعہ افیون لائی گئی

لندن ۷ جولائی۔ [illegible] (گلوب)

لاہور کا روزنامہ "سفینہ"

غیر معین عرصہ کے لئے بند کر دیا گیا

لاہور ۵ جولائی۔ مغربی پنجاب کے گورنر کی طرف سے لاہور کے روزنامہ "سفینہ" کے ایڈیٹر پرنٹر اور پبلشر پر ایک حکم کی تعمیل ہوئی ہے جس کے ذریعہ اخبار کی اشاعت غیر معین عرصہ کے لئے بند کر دی گئی ہے اخبار نے یکم جولائی کو [illegible] میں پنجاب پر [illegible] کے عنوان سے ایک مضمون شائع کیا تھا۔ [illegible]

تپ دق T.B.
برائے بخارات
JABRI जबरी جبری

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

[illegible]

پتہ: رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز رئیس اینڈ بینکرز (25) جگادھری

داخلہ

ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

کالج میں نئے طلباء کا داخلہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا۔ درخواست داخلہ ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء تک پرنسپل صاحب طبیہ کالج علیگڑھ کے دفتر میں پہونچ جانا چاہئے اور امیدوار کو دفتر کی مقرر کردہ تاریخ پر معہ سارٹیفکٹ حاضر ہونا چاہئے مطبوعہ فارم داخلہ پرنسپل صاحب کے دفتر سے مفت طلب کیا جا سکتا ہے جس کے ہمراہ درخواست داخلہ کا فارم منسلک ہے۔ اس سال چالیس لڑکے اور دس لڑکیوں کے داخلہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ درخواستیں جلد بھیجنا چاہئے ورنہ ممکن ہے کہ تمام جگہیں پر ہو جائیں۔

(شفاء الملک) حکیم عبد اللطیف
پرنسپل
ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی
علیگڑھ

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

قیام کے لئے بہترین۔ آرام دہ اور ہوادار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام

دہلی کی گرمی
مسافروں کے لئے بیحد پریشانی و تکلیف کا سبب ہوتی ہے۔
صنوبر ہوٹل میں قیام کرنا آپ کو ہر طرح کی تکلیف سے بچائے گا

مینیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

ضروری اطلاع

ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنا زر چندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے۔

وی۔ پی کے ذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔

(مینیجر)

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۸ جولائی ۱۹۴۹ء

مغربی بنگال!

مغربی بنگال میں لاقانونیت زوروں پر ہے اور کچھ لوگ حکومت اور پولیس کا مقابلہ کر کے صوبہ کے نظم و نسق کو تباہ کر رہے ہیں، یہ صورت حال نہ تو عوام کے لئے خوش آئند ہو سکتی ہے اور نہ حکومت کے لئے مفید۔ لاقانونیت کی ترقی سے لازمی طور پر نظام حکومت خراب ہوگا شہری زندگی خطرہ میں پڑ جائے گی مزدوروں میں انتشار پیدا ہوگا اور ملک کی پیداوار کا انداز بدل جائے گا اور یہ وہ باتیں ہیں جو کسی وقت جا کر انقلاب کا پیش خیمہ بن سکتی ہیں اور آہستہ آہستہ سیاست کے دھارے کو کسی اور رخ پر ڈال سکتی ہیں، یہ ظاہر ہے کہ حکومت ہند مغربی بنگال کے حالیہ انتشار کو نظر انداز نہیں کر سکتی اگر صوبہ کی مشینری اس قابل نہیں ہے کہ حالات کو قابو میں لائے تو مرکزی حکومت کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ صوبہ کی نقل و حرکت پر زیادہ سے زیادہ توجہ دے اور قانون و امن کی بحالی کے لئے اپنے اختیارات کا استعمال کرے چنانچہ معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی روانگی سے قبل مرکزی حکومت مغربی بنگال کے حالات کا جائزہ لینے کے لئے اپنی طرف سے چند افسروں کو بھیج رہی ہے گویا یہ اس بات کی علامت ہے کہ حکومت ہند صوبائی معاملات سے غافل نہیں ہے اور نہ اچھی طرح باخبر ہے کہ صوبوں میں کیا کچھ ہو رہا ہے اور صوبائی حکومتوں میں نظم و نسق کو سنبھالنے کی صلاحیت کس حد تک موجود ہے۔

دراصل ۔۔۔ کام کرنے کا وقت وہ تھا جب ٹیلیفون ایکسچینج کو تباہ اور دم دم پر حملہ کیا گیا تھا ان دو حملوں سے کام کرنے والوں نے اپنے کام کا آغاز کیا تھا اور یہ بتا دیا تھا کہ اصل کام تو آگے ہوگا اور آگے چل کر انقلاب کی طرحیں ڈالی جائیں گی اگر اسی وقت حکومت انقلابی محرکات کا محاصرہ کرتی اور تخریبی عناصر کو منظر عام پر لاتی تو شاید مغربی بنگال کو یہ روز بد نہ دیکھنا پڑتا اور جو سیلاب زوروں سے آ رہا ہے وہ اپنے وقت سے پہلے نہ آتا لیکن اب حال یہ ہے کہ وہاں روز روز پولیس سے مقابلہ ہو رہا ہے، امن اور قانون کی مٹی پلید ہو رہی ہے، نظم و نسق کو تباہ کیا جا رہا ہے! اگر قابل اعتبار لوگوں کی باتوں پر اعتبار کیا جا سکتا ہے تو یہ بات بہت افسوسناک ہے کہ وہاں کی کانگریس اپنا اقتدار اور وقار کھو چکی ہے اور اس کا اثر کم [illegible] ہو چکا ہے اگر مغربی بنگال کی کانگریس میں حالات کا جائزہ لینے کی صلاحیت ہوتی تو اس کی ہر دلعزیزی پر کبھی آنچ نہ آتی اور نہ وہ حالات پیدا ہوتے جو اس وقت بنگال کے لئے موجب تشویش بنے ہوئے ہیں۔

کانگریس کی سب سے بڑی غلطی یہ ہے کہ اس نے مسٹر شرت چندر بوس کی کامیابی سے اپنے آپ کو اور زیادہ کمزور کر لیا ہے، انتخابات میں کامیابی اور ناکامی ایک معمولی بات ہے لیکن مغربی بنگال کی کانگریس نے یہ محسوس کر لیا کہ مخالف پارٹی نے نہ صرف آل انڈیا کانگریس کو شکست دی بلکہ مغربی بنگال کی حکومت اور اس کے ارباب اختیار کی شہ رگ بھی کاٹ کر رکھ دی اور اس طرح کانگریس کے اس اقتدار کو ناقابل تلافی نقصان ہو پہنچا جس کے دوش پر آزاد سیاست کی ذمہ داری ڈالی گئی ہے! اس تصور نے بنگال کانگریس کا برا حال کر رکھا ہے اور اس کا حوصلہ روز بروز پست ہوتا جا رہا ہے۔ اسی تصور کا نتیجہ ہے کہ وہ انقلابی عناصر کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہے اور اس کی اس کمزوری سے تمام مخالف پارٹیاں فائدہ اٹھا رہی ہیں، اگر بنگال کانگریس مسٹر چندر بوس کی کامیابی کو زیادہ اہمیت نہ دیتی اور زیادہ چاق و چوبند ہو کر میدان عمل میں قدم رکھتی تو اس کے لئے انقلابی عناصر کا مقابلہ کچھ مشکل نہ تھا، ایک جانباز سپاہی کے لئے حوصلہ مندی اور عزیمت ہی سب سے بڑا ہتھیار ہے اگر یہ ہتھیار چھن جائے تو اس کی شکست یقینی ہے کیونکہ یہاں یقین شک اور تذبذب میں تبدیل ہوا، بدن کا خون خشک ہو کر آدھا رہ جاتا ہے! بنگال کانگریس جس احساس کہتری کا شکار ہے اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ اپنے دشمن تو پیدا کرے گی [illegible] پیدا نہیں کر سکے گی۔ اور یہ صورت حال [illegible] ہی نہایت طور پر خطرناک ہو سکتی ہے یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ مشرقی بنگال، برما سے زیادہ قریب ہے اور برما کا انقلاب قرب کے باعث اس پر زیادہ اثر ڈال سکتا ہے لیکن وہاں وہ انتشار نہیں ہے جو مغربی بنگال میں ہے، نیز مشرقی بنگال میں ضروریات زندگی بے حد گراں ہیں، چاول پچاس روپے من تک فروخت ہو رہا ہے اور غربت اس قدر زیادہ ہے جس کی مثال ہندوستان میں نہیں ملتی اس کے باوجود وہاں نہ لاقانونیت ہے اور نہ حکومت کی مخالفت ہے اس کی وجہ بقول ایک معاصر کے شاید یہ ہو کہ پاکستان کے کمیونسٹ پکے پاکستانی ہیں اور وہاں کی مسلم لیگ کا اقتدار ابھی زائل نہیں ہوا ہے!

بہرحال مغربی بنگال کی لاقانونیت اور انارکی کے اسباب خواہ کچھ ہوں اسے ختم ہونا چاہئے اور اس کا سیدھا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کانگریس کمیٹی اپنے احساس کہتری کو دور کرے اور مسٹر چندر بوس کی کامیابی سے اپنے حوصلوں کو پست نہ کرے اگر وہ مضبوط ہوگی تو گورنمنٹ کی بھی ڈھارس بندھے گی اور حالات پر قابو پانا آسان ہو جائے گا بنگال کے حالات مایوس کن نہیں ہیں، اگر کانگریس اور حکومت پورے خلوص کے ساتھ انسانی خدمت کا جذبہ لے کر اٹھیں گے تو فضا بہت جلد سازگار ہو جائے گی اور تخریبی عناصر کو مزید اقدام کے لئے کوئی گنجائش باقی نہ رہے گی۔

عذر گناہ!

تین جولائی کو سبزی منڈی میں جو افسوسناک واقعہ رونما ہوا، اس پر ہم نے کچھ نہیں لکھا کیونکہ ہم نے یہی سمجھا کہ لکھنے سے نہ لکھنا بہتر ہے، اس حادثہ کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر صاحب نے سبزی منڈی کے بیوپاریوں پر ۲۰ ہزار روپیہ جرمانہ بھی کیا اور بہت سے اشخاص کی گرفتاری بھی عمل میں آئی، مگر دہلی کا ایک معاصر اس حادثہ کو تو نہ جھٹلا سکا البتہ اس نے اس کی یہ توجیہ کی کہ دہلی میں کئی روز سے لڑکیوں کو چھیڑنے کے واقعات پیش آ رہے تھے اس لئے لوگوں کا اشتعال میں آنا قدرتی تھا اور وہ [illegible] اور غصہ میں یہ حرکت کر بیٹھے حالانکہ چیف کمشنر صاحب نے پریس کانفرنس میں حقیقت واضح کر دی تھی کہ آٹھ الزاموں میں سے چھ الزام تو قطعی بے بنیاد ہیں باقی دو الزاموں میں بھی آدھا جھوٹ ملا ہوا ہے، یعنی لڑکیوں کے چھیڑ چھاڑ کی سرے سے کوئی بنیاد ہی نہیں اور ہمارا معاصر اسی چھیڑ چھاڑ کو بنیاد بنا کر حملہ آوروں کو معذور قرار دے رہا ہے! افسوس ہے کہ دنیا کو ظلم پیارا ہے چاہیے تو یہ تھا کہ ہمارا معاصر سبزی منڈی کے حادثہ کی سخت سے سخت الفاظ میں مذمت کرتا مگر وہ اس ظلم کو چھپانے کے لئے ان واقعات کا سہارا لیتا ہے جن کا بے بنیاد ہونا سرکاری طور پر ثابت ہو چکا ہے! کیا انصاف اور سچائی کی یہی داد ہے، کیا ظلم بھی اس قابل ہے کہ اسے چھپایا جائے۔

اچھی باتیں

وانا اذا اذقنا۔ تا۔ کفور (پ ۲۵ ع ۶)

اور ہم جب انسان کو اپنی رحمت سے نوازتے ہیں تو وہ خوش ہوتا ہے مگر جونہی اس پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے اور وہ بھی اس کے اپنے کرتوتوں کے سبب سے تو وہ ناشکر گذار بن جاتا ہے۔

ان الفاظ میں انسان کی تلون مزاجی کی طرف توجہ دلائی گئی ہے یعنی جب وہ عیش و آرام سے زندگی گذارتا ہے تو خوش ہو ہو کر باتیں بناتا ہے کیا مجال کہ خدا کا شکر ادا کرے اور راحت میں اپنے انجام کو سوچے لیکن جب اسکے اپنے اعمال کی بدولت اسے کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو ناشکری پر اتر آتا ہے اور نہیں سوچتا کہ اس میں اس کا بھی کوئی قصور ہے یا نہیں؟ پس انسان وہ ہے کہ راحت میں خدا کو نہ بھولے اور مصیبت میں اس کی طرف رجوع کرے۔

ہوشیار

از جناب محمد اسحاق حافظ سہارنپوری

گڑبڑ کی پھر سے کوشش غدار کر رہے ہیں
پھر سے بپا شرارت اشرار کر رہے ہیں

پھیلائیں جو وطن میں خوف و ہراس ہر سو
وہ ایسی ٹولیاں کچھ تیار کر رہے ہیں

ہو جائے فیل بھارت سرکار جس طرح ہو
ہر وقت کوششیں یہ غدار کر رہے ہیں

خطرات حاضرہ سے اہل وطن کو حافظ
آگاہ کر رہے ہیں ہشیار کر رہے ہیں

رمضان کے چند حقائق

حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک خطبہ

(از الم مظفر نگری)

ہم نے قرآن کو عربی زبان میں اتارا ہے تاکہ تم اسے خوب اچھی طرح سمجھ لو۔

چونکہ قرآن عربی زبان میں آتارا گیا ہے اسلئے جو شخص قرآن کو سمجھنا چاہے اسکے لئے عربی زبان کا پڑھنا ضروری ہے، اور عربی زبان میں اسلئے آتارا گیا کہ اس کے اولین مخاطب عرب تھے اور خدا انہی کے ذریعہ ساری دنیا کا کام لینا چاہتا تھا۔ پس فرمایا کہ عربی زبان میں قرآن کے نزول کی حکمت یہ ہے کہ تم اسے خوب سمجھو اور اس کے سمجھنے میں اپنی عقل سے کام لو جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ شریعت میں عقل کو دخل نہیں وہ گویا یہ کہتے ہیں کہ قرآن کو بے عقل مخلوق پر نازل ہونا چاہیئے تھا، کیونکہ انسان میں تو عقل ہے اور وہ مجبور ہے کہ ہر بات کو عقل سے سمجھے اور ہر چیز کو عقل کی بنیاد پر مانے معلوم ہوا کہ قرآن ایک عقلی کتاب ہے اور اسلام عقلی ترقی کا معاون ہے۔

ایڈیٹر کے نام خطوط

اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے

مسلمان ریلوے ملازمین

مکرمی تسلیم - ہز ایکسیلنسی مسٹر وجے لکشمی پنڈت سفیر ہند متعینہ واشنگٹن نے ورلڈ ٹاؤن ہال لیبی رہو کی ایک تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس خیال سے کہ ہندوستان ایک مذہبی ریاست ہے، میں آپ کو جھنجھوڑنا چاہتی ہوں [illegible] ایک آدمی مسلمان ہے اور ہندوستان اپنے آپ کو ایک سچی جمہوری دنیاوی ریاست بنا رہا ہے۔

ان الفاظ کی صداقت میں کس کو شک ہو سکتا ہے اور یہ ایک کھلی حقیقت ہے لیکن ہندوستان کی دفتری حکومت خاص کر ریلوے کے محکمہ میں جو طریقہ اختیار کیا جا رہا ہے وہ اس سے مختلف ہے۔ [illegible] مسلمان ریلوے ملازمین صرف مسلمان ہونے کی وجہ سے لازمی طور پر برطرف پڑے ہوئے ہیں اور کسی صورت میں ملازمت پر واپس نہیں لئے جا رہے ہیں اور کوئی یہ نہیں جانتا کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔ کاش یہ لوگ شریمتی وجے لکشمی پنڈت کے بیان [illegible]

پرمٹ سسٹم

مکرمی جناب اڈیٹر صاحب تسلیم - ہند اور پاکستان کی حکومتیں بلا امتیاز مذہب و ملت انصاف رواداری برتنے اور اپنے جمہوری حکومت ہونے کا بار بار اعلان کرتی ہیں [illegible]

[illegible]

مارکیٹ کے لئے جنگ ضروری اور لابدی، گویا جنگ بھی تجارتی کاروبار ہے کیا خیال ہے امن پسندان عالم کا، خانوں کو خلاف قانون قرار دیکر انسانوں کو امن کی گارنٹی نہیں دے سکتے۔

تپ دق

لندن کی تپ دق کانفرنس میں ڈاکٹر پرکنس نے کہا کہ امریکہ میں تپ دق سے ایک لاکھ میں تیس آدمی مرتے ہیں مگر ایشیا میں یہ مرض بہت ترقی پر ہے اور وہاں تپ دق سے مرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ میں ۲۶۰ سے ۳۶۰ تک ہے! امریکہ میں تپ دق سے جسقدر لوگ مرتے ہیں ہندوستان میں ان کی تعداد پانچ گنی زیادہ ہے!

ڈاکٹر ادھیکاری نے کہا کہ مغربی بنگال کا کوئی گھر تپ دق سے خالی نہیں ہے کسی نہ کسی شکل میں یہ مرض ہر گھر میں موجود ہے اور مجموعی حیثیت سے اس مرض میں پانچ لاکھ ہندوستانی سالانہ موت کا شکار ہوتے ہیں! تپ دق سے مرنے والوں کی سب سے کم تعداد امریکہ میں ہے اور سب سے زیادہ ہندوستان اور چین میں اور مغربی بنگال نے تو حد ہی کر دی کہ ہر گھر میں یہ مرض موجود اور اس پر قابو پانے کی ابھی تک کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے، افسوس ہے کہ ہندوستان بہت ہی پسماندہ ملک ہے یہاں نہ صحت کا انتظام ہے نہ عام تعلیم کا، جہالت اور بیماری توام ہیں اور جب تک ہندوستان جہالت کی تاریکی سے نہیں نکلے گا اس کا معیار صحت قائم نہ ہوگا۔

ایصال ثواب

۸ رمضان المبارک بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں [illegible] مولانا حافظ انوار الحق صاحب [illegible] جامع مسجد [illegible] کے انتقال پر ملال [illegible]

ماہنامہ رشید کا عورت نمبر

حضرت شاہ [illegible] پر نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہوا ہے، عورت نمبر کیلئے [illegible] مضامین لکھے گئے ہیں [illegible] انگلستان، روس، امریکہ، چین اور جاپان [illegible] دختران ہند کے نام سے ایک الگ باب باندھا گیا ہے [illegible]

محمد اسحاق حسین صدیقی (اڈیٹر رہنما) مراد آباد

مراسلہ نگاروں سے

۱۔ مراسلات کاغذ کے ایک طرف [illegible]
۲۔ مضمون مختصر ہو [illegible]
۳۔ شائع ہونے والے مضامین اور مراسلات نمبروار شائع کئے جاتے ہیں۔
۴۔ جواب طلب امور کیلئے ڈاک خرچ آنا لازمی ہے۔ (ایڈیٹر)

او۔ٹی۔ آر میں بدعنوانیاں

[illegible]

رمضان کے چند حقائق

حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ایک خطبہ

(از ام مظفر نگری)

(۲)

اسلام نے نیت پر اعمال کی بنیاد رکھی ہے۔ [illegible]

[illegible]

عتق من النار

[illegible]

وهو شهر اوله رحمة واوسطه مغفرة وآخره عتق من النار

[illegible]

ومن خفف عن مملوكه فيه غفر الله له واعتقه من النار

[illegible]

رحمت

[illegible]

مغفرۃ

[illegible]

معلومات حج

حجاج کی سہولت کی خاطر سفر (حج) سے متعلق چند ضروری باتیں بیان کی جاتی ہیں جو کافی تجربہ کے بعد لکھی جا رہی ہیں۔ سامان کم سے کم لیا جائیگا تو صرف تھوڑی تکلیف اٹھانی پڑے گی۔ اگر زیادہ سامان لیجایا جائیگا تو تکلیف کیساتھ زیادہ خرچ بھی ہوگا۔ عام طور پر حجاج کو جن اشیاء کی ضرورت پڑتی ہے، ان کی فہرست حسب ذیل ہے۔ اس میں جو چیزیں غیر ضروری ہوں ان کو نکال دیجئے اور ضروری کو لے لیجئے۔

بستر۔ بکس۔ تھیلا یا بیگ۔ بورا

۱۔ بستر میں حسب ذیل سامان ہونا چاہیے۔

(باقی کالم ۵ پر)

ضروری اطلاع

ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے۔ وی۔ پی کے ذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔

منیجر

امریکی ماہرین جاپان کو ضبط تولید کی تجربہ گاہ بنا رہے ہیں

پاپائے روم کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کا امریکہ پر الزام

روم، ۶ جولائی۔ پاپائے روم کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے الزام لگایا ہے کہ امریکی ماہرین ضبط تولید کے اصول کا تجربہ کرنے کے لئے جاپان کو ایک سائنٹفک تجربہ گاہ میں تبدیل کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔

~~مغربی پاکستان میں تیل کا ذخیرہ~~

برما آئل کمپنی کے ترجمان کا بیان

آسٹریا کے ۵ افسران کی گرفتاری

امریکہ میں ایک نئے قسم کا راکٹ

ایمپلائمنٹ افسر کو رشوت پیش کرنے پر سزا

~~غیر ملکی~~ مصنوعات

درآمد کا کنٹرول نرم کر دیا گیا

برما سے ہندوستانیوں کا انخلاء

منصوبے تیار کئے جا رہے ہیں

سرطان کا نیا مؤثر علاج

اوقاف اسلامی ضلع گوڑگاؤں کے متعلق معلومات

ہر واقف مسلمان سے درخواست کی جاتی ہے کہ ضلع گوڑگاؤں کے ایسے اوقاف اسلامی (مساجد، مکاتب، قبرستان، درگاہ، چوپال، تکیہ وغیرہ) کے متعلق جو فی الحال مسلمانوں کے قبضہ میں نہیں ہیں ذیل کا نقشہ پُر کر کے دفتر جمعیۃ علماء ضلع گوڑگاؤں کو اطلاع کرنا ہر واقف مسلمان پر واجب ہے۔

نام گاؤں۔ تھانہ اور تحصیل جہاں جائداد وقف یا واقف واقع ہے	
قسم وقف یعنی مسجد، مکتب، درگاہ، قبرستان، تکیہ، ملک رجسٹرڈ وغیرہ	
تعداد مکانات یا رقبہ زمین وغیرہ	
آمدنی اگر ہو	تعداد رقم
فسادات سے قبل وقف کا انتظام کسی شخص یا کمیٹی کے سپرد تھا	
اب اس کے متولی یا مہتمم کہاں ہیں	
اب وقف کس حالت میں ہے	
فسادات میں اگر کسی قسم کا نقصان وقف کو پہنچا ہو اس کی مختصر کیفیت	
نقصانات کی تلافی یا مرمت کے لئے کس قدر سرمایہ درکار ہوگا	
دیگر ضروری امور	

راڈر اور کیڑے

جامعہ طبیہ دہلی میں نئے سال کا داخلہ شروع ہو گیا ہے

اخراجات کا تخمینہ

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس سال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کیلئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو۔

مشتہرین

اپنے اشتہار کے لئے فوراً جگہ بک کرالیں

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کیلئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

فی انچ فی کالم تین روپیہ ۳/-

ایجنٹوں سے اخبار الجمعیۃ خریدنے والے حضرات

جمعیۃ علماء نمبر مفت حاصل کر سکتے ہیں

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دار السلطنت

۷ جولائی

دس ہزار روپے چرا لئے

عین موقعہ پر گرفتار

گمشدہ ریوالور مل گیا

بیوی نے زیورات چرا لئے

چوکیدار پر چوری کا شبہ

پستول دکھا کر موٹر سائیکل چھین لی

رئیس الاحرار کا جامع مسجد میں وعظ

روپے لے کر فرار ہو گیا

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما ۸۰ جی۔ بی روڈ دہلی

سے مفت لٹریچر طلب کریں

ہندوستان بھر کی میونسپل کمیٹیوں کی کانفرنس منعقد کی جائیگی

مقامی اڈمنسٹریشن کو بہتر بنانے کے لئے اہم تجویز

پٹ سن کی تجارت سرکاری حلقوں کا بیان

کھانڈ کی پیداوار اور اسٹاک

دس ہزار مزدوروں کی تخفیف

پانی پت میں حضرت بو علیؒ کا عرس

لاہور اور دہلی سے زائرین کی روانگی

ہندو مہاسبھا کی تیاریاں

عام انتخابات لڑنے کا پروگرام

بین الاقوامی ... کانفرنس کا ہندی صدر

بیک وقت دو سرکاری دفتروں میں ملازمت کرنیوالے کلرک کو سزا

۱۲ شرنارتھیوں کو سزائیں

فقیرا پی کی واپسی

ٹریڈ یونین کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

اسکندریہ میں ہنگامی حالات کا اعلان

اہل اسلام حضرات سے

ضروری اپیل

مہتمم مسجد صوفی حشمت علی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ... ضلع مراد آباد

بازاروں کے بھاؤ

دہلی کا بازار صراف

کریانہ مارکیٹ دہلی

دہلی غلہ مارکیٹ

بنیاری مارکیٹ دہلی

ہاپوڑ مارکیٹ

موسم کا حال

درجہ حرارت

دہلی میں کل درجہ حرارت زیادہ سے زیادہ ۱۰۳ ڈگری اور کم سے کم ۸۱ درجہ تھا۔

عدالت کے احاطہ میں شرنارتھی عورتوں اور بچوں کا مظاہرہ

پولیس نے بید چارج کیا دہلی بار ایسوسی ایشن کا احتجاج

دہلی، ۸ جولائی۔ دہلی کی پولیس نے کل سینکڑوں شرنارتھیوں پر جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے، بید چارج کیا۔

ہر صورت میں امن قائم رکھا جائیگا

تھائی لینڈ کی حکومت کا عزم

ملایا میں تین باغیوں کو ہلاک کر دیا گیا

برطانوی حفاظتی فوج کا کارنامہ

امرتسر میں ایک ایڈیٹر گرفتار

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے زر چندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیے

ضروری ہدایات

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی، نمبر ۹۷

قائم شدہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۴۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۱۲ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۰ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۶۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کیلئے

اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ			وقت انتہائے سحر		وقت افطار
جمعہ	۱۰ رمضان المبارک		—		۷ بجکر ۲۰ منٹ
ہفتہ	۱۱	۳	بجکر ۵۲ منٹ	۷	بجکر ۲۰ منٹ
اتوار	۱۲	۳	بجکر ۵۳ منٹ	۷	بجکر ۲۰ منٹ
پیر	۱۳	۳	بجکر ۵۴ منٹ	۷	بجکر ۲۰ منٹ

جہاز ـــ ریل ـــ اور لاری کے ذریعہ تجارتی اور گھریلو سامان کفایت
جلدی اور ارزاں نرخ پر روانہ کیجئے۔ نوٹ:۔ ہوائی جہاز کے ٹکٹ اور
پرمٹ کا انتظام کرنے کے لئے اصلی کرایہ پر ہی اجرت نہیں لی جاتی
گپتا برادرس کارونیشن ہوٹل
چاندنی چوک دفتر دہلی

سونے چاندی کے بعد کپڑے کی قیمتیں بھی کم ہونگی؟

کپڑے اور سوت کا بہت زیادہ اسٹاک جمع ہوگیا

کپڑا خریدنے کیلئے حکومت ہند سے مل مالکوں کی درخواست

ناگپور ۸ جولائی۔ سی پی اور برار مل مالکوں کی انجمن نے حکومت ہند پر ملوں سے کپڑے اور سوت کو مناسب قیمت پر بلا از جلد اٹھانے پر زور دیا ہے۔ حکومت ہند کے وزیر صنعت وحرفت و رسد ڈاکٹر ایس پی مکرجی اور ٹیکسٹائل کمشنر بمبئی کے نام انجمن کی طرف سے جو تار ارسال کیا گیا ہے۔ اس میں سوت اور کپڑے کے بہت زیادہ اسٹاک جمع ہونے پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ خاص طور پر کورس اور درمیانہ درجہ کا کپڑا بہت زیادہ مقدار میں ملوں کے اندر پڑا ہے۔

تار میں کہا گیا ہے کہ کپڑے اور سوت کو تقسیم کرنے کے موجودہ انتظامات بہت زیادہ غیر تسلی بخش ہیں اس سے ملوں کے اندر اور زیادہ اسٹاک جمع ہو جائے گا۔

تار میں آگے چل کر کہا گیا ہے کہ اگر حکومت قیمتوں تیاری اور مال کی تقسیم پر کنٹرول کرنا چاہتی ہے تو اسے مناسب قیمت پر مال کی نکاسی کا انتظام بھی کرنا چاہیے۔

سید قاسم رضوی کے خلاف مقدمہ

مدراس ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے۔ مسٹر وی ایل اتھیراج وکیل سرکار مدراس کو سید قاسم رضوی کے خلاف استغاثہ کی طرف سے پیروی کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ سید قاسم رضوی کے خلاف عنقریب مقدمہ کی سماعت شروع ہونے والی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

ملایا کانگریس کا اہم اجلاس

گجرات میں بارش کیلئے تہوار کیا جائیگا

شاہ عبداللہ لندن جارہے ہیں

مسٹر بیون سے ملیں گے

لندن ۸ جولائی۔ وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے اعلان کیا ہے کہ مسٹر بیون وزیر خارجہ برطانیہ نے شرق اردن کے شاہ عبداللہ کو لندن آنے کی دعوت دی ہے جس کو شاہ موصوف نے قبول کرلیا ہے اور وہ غالباً اگست کے پہلے ہفتے میں بذریعہ ہوائی جہاز لندن جائیں گے۔ ترجمان مذکور نے اس دعوت کے وجوہ کا اظہار نہیں کیا۔ (پ۔ رائٹر)

مولانا آزاد اسکول آف اکنامکس میں

جاوا میں اب بھی ڈچ فوجوں پر شدید حملے ہورہے ہیں

ڈچ خبر رساں ایجنسی کی اطلاع

حیدرآباد نے کھل کی برآمد بند

امیر سنوسی نے حکومت کا انتظام سنبھالنے کیلئے وزیر مقرر کردیئے

برطانیہ سے مشورہ کرنے کیلئے روانگی

ہنگری کے کارڈینل کی اپیل کی سماعت

کلکتہ میں عورتوں کی رہنمائی میں

مزدوروں نے جلوس نکالا

زرو بنک کی جانب سے چاندی کی بائیس ہزار اینٹیں فروخت کی جائیں گی

بمبئی کے بازار صرافہ میں سنسنی پھیل گئی

چاندی کی قیمتوں میں حیرت انگیز کمی۔ سونے کی قیمتیں گرنے کی توقع

امریکہ کا سونے کا ذخیرہ

جائداد کے متعلق کسٹوڈین کی عدالت میں معذرت

تازہ ترین خبریں

ایک بجے تک

آج پاکستان کا جواب کشمیر کمیشن کو پہونچ جائے گا

ناگپور ہائی کورٹ کے جسٹس منگل مورتی

جیل میں گول والکر کو دیکھیں گے

پولیس کے انسپکٹر جنرلوں کی کانفرنس

حکومت آئرلینڈ کو پارلیمنٹ میں شکست

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا
ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے
ناگ ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi-9-7-49

مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی نے استعفیٰ دیدیا

مسلم لیگ کے مشیروں کے ساتھ کام کرنے کیلئے تیار نہیں

کراچی (۷) جولائی

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ سر فرانسس موڈی گورنر مغربی پنجاب نے حکومت پاکستان کے روبرو اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے پرسوں سر فرانسس موڈی نے مری میں اپنے موسم گرما کے ہیڈکوارٹر پر سر ظفراللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان سے ملاقات کی۔

معتبر حلقوں کے بیان کے مطابق سر فرانسس موڈی مسلم لیگ کے ان مجوزہ مشیروں کے ساتھ گورنری کے عہدہ پر فائز رہنے کے لئے تیار نہیں جو ایک کابینہ کی حیثیت سے کام کریں گے۔ یاد رہے کہ گذشتہ جنوری میں مسلم لیگ کی وزارت کو اس کے اندر بہت سی برائیاں پیدا ہوجانے کی بنا پر برخاست کر دیا گیا تھا اور گورنر موڈی کو دفعہ ۹۲ کے تحت وسیع اختیارات دے دیئے گئے۔ (رپ۔ رائٹر)

کشمیر کمیشن کا مراسلہ

معمولی اختلافات کے معاملات مقامی کمانڈروں کے روبرو پیش کئے گئے اور اس وقت کران سے گریز اور دراس تک جانے والی لائن کے بارے میں کوئی سمجھوتہ نہ ہوسکا۔

کمیشن کے مراسلہ کا مضمون

امریکہ کی موٹر سازی کی صنعت

مسٹر گبڈگل حیدرآباد میں

آگرہ کے مزدوروں کی ہڑتال

ہند اور یمن کے تعلقات

یمن سے ایک وفد ہندآرہا ہے

مدراس کے وزیر قانون کی تقریر

جوگجاکارٹا بقیہ صفحہ اول

کڈاپہ میں طیارہ کرنے سے ہلاک

دستور ساز اسمبلی کا ممبر بننے پر حضرت مولانا حفظ الرحمن کو مبارکباد

امید ہے مولانا صاحب اظہار حق کو اپنا شعار بنائے رکھیں گے

جنوبی ہند کے لوگوں کو انگریزی چھوڑ کر ہندوستانی سیکھنا ہوگی

صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ کا مشورہ

سیاسی کارکنوں کو انتظامی امور میں مداخلت نہ کرنی چاہیے

ورنہ ملک چین کی راہ پر گامزن ہو جائیگا۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی کا بیان

مسٹر سنہا کے محافظ کا قصہ

بعض حلقوں میں غلط فہمی اور تشویش

لوٹ مار کی واردات

یہ ہے مرن برت

کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس

کلکتہ اور مدراس کے واقعات پر غور

کلکتہ میں موٹر کا حادثہ

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
۵ انیس بازار دریا گنج دہلی
ڈاکٹر پی۔ ایل نرولا آف لاہور

اسٹاپ پریس

امریکہ اور دوسرے ممالک کو برطانیہ کی برآمد میں زبردست کمی

برطانیہ کے مالی بحران پر سیاسی حلقوں کا اظہار خیال

چندر نگر ابھی ہندوستان کے سپرد نہیں کیا جائے گا

وزارت خارجہ فرانس کے ایک نمائندے کا بیان

لوہے فولاد کے پرمٹوں کے مقدمات

دو ایک دن میں سماعت شروع ہوجائیگی

انکم ٹیکس کے دفتر سے ریکارڈ کی طلبی

سفینہ پر پابندی

اڈیٹرز کمیٹی کا احتجاج

برطانوی ملازموں کو امدادی رقوم

بنگلور اسمبلی میں کئی بل ملتوی

دیوان حکم چند نے چارج لے لیا

جرمنی کا تجارتی وفد شام جائیگا

مغربی بنگال کیلئے نیا آرڈیننس

گرگاؤں میں ہیضہ

ہندوستان سے چین کو تار

جاپان میں سیاسی جنگ شروع ہوگئی خونی لیگ میدان عمل میں

ہم تمہیں اور تمام وزیروں کو قتل کردیں گے

وزیراعظم کے نام "خونی لیگ" کا مکتوب۔ وزیروں کی حفاظت کے انتظامات

ٹوکیو ۸ جولائی۔ آج حکومت جاپان نے سرکاری ریلوے کے چیرمین کی پراسرار ہلاکت کے بعد تمام کمیونسٹ منسٹروں پر پولیس کے پہرے بٹھانے کا حکم دیدیا ہے۔ پولیس نے بیان کیا ہے کہ وزارت نے اعلان کیا گیا ہے کہ روس سے جو جاپانی واپس جاپان میں آرہے ہیں ان کی ایک خفیہ لیگ "کاکُش" نے جاپان ریلوے کے چیرمین کو قتل کرنے کی دھمکی دی تھی۔ یہی اعلان کیا گیا ہے کہ اس لیگ نے جاپان کے وزیراعظم مسٹر یوشیدا کو بھی قتل کرنے کی دھمکی دی ہے۔

قتل کی ان دھمکیوں سے سیاسی حلقوں میں خوف و ہراس پیدا ہوگیا ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ جاپان میں پھر سے سیاسی قتل کی لہر شروع ہونے والی ہے۔ گذشتہ دنوں وزیراعظم یوشیدا کو ایک خط موصول ہوا ہے جس پر "خونی لیگ" کے دستخط تھے۔ خط میں لکھا ہے کہ ... تمام منسٹروں کو بھی قتل کیا جائے گا۔ ریلوے کے چیرمین شیموپاما کا قتل صدر کا قتل کردیا گیا۔ دریں اثنا جاپانی پولیس نے سرکاری ہیڈ کوارٹر میں قتل کا سراغ لگانے کے لئے ایک اسپیشل ہیڈ کوارٹر قائم کیا ہے۔ ذمہ دار حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ شیموپاما کی موت پر حکومت اس وقت ہی صورت حالات کا اعلان نہیں کرے گی۔ لیکن جاپانی اخبارات سے ظاہر ہوتا ہے کہ جاپان میں سیاسی جنگ شروع ہوگئی۔ (رائٹر)

ٹیلیویژن کا کمال

سو آدمیوں نے آپریشن ہوتے دیکھا

لندن ۸ جولائی۔ ایک یونیورسٹی کالج اسپتال کے ڈاکٹروں نے ... آپریشن دیکھا ... ٹیلیویژن کے ذریعہ اس عمل جراحی کو ۲۰ طلباء اور ۶۰ ڈاکٹروں نے دیکھا۔ ابھی مزید ایک بچے کی پیدائش کی توقع نہیں ہے ... اس وقت تک بچے کے زندہ رہنے کا امکان نہیں ... صرف دس آدمی آپریشن کرتے ہیں لیکن ٹیلیویژن کے ذریعہ ۱۰۰ افراد بآسانی آپریشن دیکھ سکتے ہیں۔ (گلوب)

مفت راشن نہیں ملے گا

راجستھان کی حکومت کا فیصلہ

جے پور ۸ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ راجستھان کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جولائی کے بعد بے گھر لوگوں کو مفت راشن دینا بند کردیا جائے گا۔ حکومت یہ سمجھتی ہے کہ کیمپوں میں پڑے پڑے مفت کا راشن لینے سے کوئی فائدہ نہیں۔ حکومت کی اس بات کی خواہش ہے کہ سب شرنارتھی جلد ہی کام میں لگ جائیں۔ اس غرض سے کہا گیا کہ شرنارتھیوں کو بسنے کے لئے حکومت ہر قسم کی آسانیاں مہیا کرے گی۔ (پ۔ شر)

کشمیر میں کشمیری ذریعہ تعلیم ہوگی

حکومت کشمیر کا نیا فیصلہ

سری نگر ۸ جولائی۔ ریاست کشمیر کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پرائمری اسکولوں میں ذریعہ تعلیم کشمیری کو بنایا جائے۔ چنانچہ پرائمری اسکولوں میں لڑکے اور لڑکیاں کشمیری زبان میں تعلیم حاصل کریں گی۔ اس سلسلہ میں ایک کشمیری پرائمری قاعدہ بھی تیار کیا گیا ہے۔

حکومت ریاست میں ۲۰ نئے مرکز بھی جاری کرے گی جہاں جاہل لوگوں کو صنعتی اور عام تعلیم دی جائیگی اسکولوں میں جماعتی تربیت بھی جاری کی جائے گی۔

حکومت نے ۵۰ اسکول سالانہ تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے تعلیمی بجٹ اس سال سے ۴۲ لاکھ کردیا گیا ہے۔ جب کہ سال گذشتہ ۲۲ لاکھ تھا۔

اطلاعات یوپی

کمیونسٹوں کو عرصۂ غیر معیّنہ کے لئے بند کردیا جائے گا!

وزیراعظم پنڈت پنتھ کا کانگریس اسمبلی پارٹی میں اعلان

لکھنؤ ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے یوپی کے وزیراعظم پنڈت پنت نے پرسوں کانگریس اسمبلی پارٹی میں کمیونسٹوں اور دیگر وطن دشمن عناصر کے متعلق کانگریسی پالیسی کی زبردست حمایت کی۔ پنڈت پنت نے کہا کہ کمیونسٹ متشددانہ حرکتوں میں مشغول ہیں اور ان کی پالیسی یہ ہے کہ حکومت کو مشتعل کریں تاکہ وہ عوام میں پروپیگنڈا کرسکیں کہ کانگریس شہری آزادیوں کو کچل رہی ہے۔ آپ نے کہا کہ کانگریسی راج میں جو شہری آزادی دی گئی ہے دنیا کے کسی ملک نے کسی وقت بھی اپنے شہریوں کو اتنی آزادی نہیں دی۔

پنڈت پنت نے یہ بھی کہا کہ کمیونسٹ اور جو دوسرے لوگ غیر قانونی حرکتیں کررہے ہیں انہیں آزاد چھوڑنے کے بجائے عرصۂ غیر معینہ کے لئے نظر بند کردیا جائے ریلوے اسٹرائک کے درمیان جیسا کہ خطرہ پیدا ہورہا ہے اگر ان کے خلاف یہ اقدام نہ کیا گیا تو ملک میں انتشار پھیل جائے گا آپ نے کہا کہ حکومت نے کسی شخص کو مناسب وجوہ کے بغیر نظر بند نہیں کیا۔

آخر میں پنڈت پنت نے کہا کہ کانگریس کی تمام بنیاد برائیوں پر بنادم ہونا غلط ہے۔ کانگریس کا جو شاندار ریکارڈ رہا ہے تاریخ میں ایسا ریکارڈ کسی دوسری جماعت کا نہیں رہا۔ کوئی جماعت جس کے ممبروں کی تعداد اتنی ہو یہ دعویٰ نہیں کرسکتی کہ وہ برائیوں سے بالکل پاک ہے۔ آپ نے کہا کہ اب وقت ہے کہ کانگریسی کارکن نکتہ چینی کرنے کے بجائے پوری طرح متحد ہوجائیں۔ میونسپل انتخابات آرہے ہیں۔ اگر وہ متحد نہ ہوئے تو ان کا وقار گر جائے گا۔

معاہدۂ اوقیانوس کیخلاف ۱۴ لاکھ انسانوں کا احتجاج

اطالوی پارلیمنٹ کے نمائندگان کے سامنے ایک درخواست

روم ۸ جولائی۔ اطالوی کمیونسٹوں اور ان کے ساتھ بائیں بازو کے سوشلسٹوں نے ایوان نمائندگان کے سامنے ایک "امن کی درخواست" پیش کی ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس پر ۱۴ لاکھ اطالویوں کے دستخط ہیں اور جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اطالیہ کو معاہدہ اوقیانوس میں شرکت نہیں کرنی چاہیئے۔

کمیونسٹوں نے معاہدہ مذکور کی مخالفت کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس درخواست پر لازمی بحث کرینگے ... پارلیمنٹ کے ہر ممبر کو ... (پ۔ شر)

مشرقی پنجاب میں اکالیوں کی رہائی

شملہ ۸ جولائی۔ مشرقی پنجاب سرکار نے ۱۲ اکالیوں کی رہائی کے احکام جاری کردیئے ہیں۔ ۱۰ انہیں ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری کے بعد ایجی ٹیشن کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں مسٹر بھیم سین سچر وزیراعظم مشرقی پنجاب نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری پر سکھوں نے نہایت ضبط و تحمل سے کام لیا۔ اور اس طرح انہوں نے واضح کردیا کہ وہ محض کانگرس ... (پ۔ ٹ)

نو سالہ لڑکی کو اغوا کرنے کے الزام میں ایک ممبر اسمبلی پر مقدمہ

ہجوم نے وکیل کی مرمت کردی

لکھنؤ ۸ جولائی۔ پنڈت بینی دھر مصر ایم ایل اے (کانگریس) کے خلاف ایک نو سالہ لڑکی کے بھگانے اغوا وغیرہ کے سلسلہ میں جو مقدمہ چل رہا ہے کل اس کی کاروائی ختم ہونے کے بعد سٹی مجسٹریٹ کی عدالت کے سامنے امن میں خلل ڈالنے کے الزام میں چار اشخاص گرفتار کئے گئے۔ مسٹر مصرا پر ایک (۹ سالہ) لڑکی کو اغوا کرنے اور اس کی بے عزتی کے مقدمہ کے الزام میں مقدمہ چل رہا ہے۔

بہرائچ ضلع لکھیم پور کھیری میں سماعت ہورہی تھی ... عدالت میں جمع ہوگئے تھے ... کی سماعت کے بعد ایک مشتعل ہجوم نے جب پنڈت مصرا کے وکیل کمرہ سے باہر نکلے تو ان کو گھیر لیا ... ایک وکیل کو زدوکوب بھی کیا ... ۱۰ کے تحت چار اشخاص امن میں خلل ڈالنے کے الزام میں گرفتار کرلئے گئے۔ (پ۔ ٹ)

قرض لیکر قرضہ کی ادائیگی

لکھنؤ ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی چھ کروڑ روپیہ کا قرضہ لے رہی ہے اور اس سلسلہ میں ... کا اعلان کردیا جائے گا۔ قرض اس لئے لیا جارہا ہے کہ مرکزی حکومت کا قرضہ ادا کیا جاسکے۔

سیفٹی ایکٹ میں ترمیم

لکھنؤ ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے پبلک سیفٹی ایکٹ میں ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ موجودہ ایکٹ کے تحت ایک شخص کو ... چھ ماہ تک نظر بند کیا جاسکتا ہے ... ترمیم کے بعد ...

قلوپطرہ کی سوئی کی صفائی

لندن ۸ جولائی۔ قلوپطرہ کی سوئی (دنیا کے مشہور مصری مینار جو کہ دریائے ٹیمز کے ساحل پر واقع ہے) آخرکار آئندہ ہفتہ صاف کی جائے گی۔ ایک خاص قسم کا کیمیاوی عرق لگانے کے بعد یہ مینار اپنے اصلی رنگ میں چمکنے لگے گا۔ یہ عرق خاص طور پر تیار کیا گیا ہے اور اس کے لگانے سے مینار کا کچھ حصہ بھی نہیں ... اس مینار میں چڑھنے ... (گلوب)

پناہ گزینوں کو مفت راشن نہیں ملے گا

حکومت راجستھان کا جدید فیصلہ

جے پور ۸ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ حکومت راجستھان نے فیصلہ کیا ہے کہ جولائی کے آخر سے پناہ گزینوں کو مفت راشن دینا بند کردیا جائے گا۔

اعلان میں کہا گیا ہے کہ حکومت ان پناہ گزینوں کو ... جلد از جلد آباد کرنے کی کوشش کرے گی ... (پ۔ ٹ)

برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کے قضیہ کے متعلق سوال و جواب

حکومت برطانیہ کو یقین ہے کہ استصواب کے ذریعہ اس مسئلہ کا فیصلہ ہوجائیگا

وزیر تعلقات دولت مشترکہ مسٹر نوئیل بیکر کی یقین دہانی

لندن ۸ جولائی۔ تعلقات دولت مشترکہ کے وزیر مسٹر فلپ نوئیل بیکر نے برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ برطانوی حکومت کو پوری توقع ہے کہ ... استصواب رائے عامہ ... اختلافات ...

انہوں نے کہا مجھے یقین ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کی حکومتیں استصواب ... کے ذریعہ کشمیر کے باشندوں کی رائے معلوم کرلی جائے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت برطانیہ کو پورا یقین ہے کہ ... اس طرح اس مسئلہ کا ایک حل تلاش ہوسکتا ہے جس کو ... پاکستان کے عوام منصفانہ تسلیم کرلیں گے ... اس سلسلہ میں ...

مسٹر نوئیل بیکر نے ... کشمیر کمیشن ... (پ۔ ٹ)

بھٹنڈا میں جلوسوں جلسوں پر پابندی

بھٹنڈا ۸ جولائی۔ ضلع مجسٹریٹ بھٹنڈا نے پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے ماتحت ایک آرڈر جاری کیا ہے جس کے تحت جلسوں اور جلوسوں پر ایک ماہ کے لئے پابندی لگادی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

راجکماری امرت کور نے لندن میں مکانات کا معائنہ کیا

ملک کی غذائی حالت پر نمائندہ گلوب کو خاص بیان

لندن ۸ جولائی۔ مدراس سے جہاں وہ عالمگیر صحت کانفرنس میں شرکت کرنے گئی تھیں انگلستان پہنچنے پر ہندوستان کی وزیر صحت راجکماری امرت کور نے آج یہاں سرکاری طور پر ... تیار شدہ مکانات کا معائنہ کیا ...

مغربی پنجاب کے گورنر کے مشیر کا استعفیٰ

میاں عبدالباری کی کراچی کو روانگی

لاہور ۸ جولائی۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کے صدر میاں عبدالباری ... پاکستان مسلم لیگ ...

ہانگ کانگ میں مزید حفاظتی فوج

ہانگ کانگ ۸ جولائی۔ ہانگ کانگ میں ... مزید فوج ... (رائٹر)

دنیا سے جراثیمی اور اٹیمک ہتھیاروں کی لڑائی ختم کرنیکا مطالبہ

نئی ریڈکراس کنونشن کے رو برو روس کی تجویز

جنیوا ۸ جولائی۔ یو۔ پی۔ آئی۔ کی سوویٹ یونین نے ... ریڈکراس کنونشن ... جراثیم اور اٹیمک ہتھیاروں کی لڑائی کو بالکل بند کردے ...

جاپان کے متعلق امن کانفرنس

پیکنگ میں منعقد کرنے کی تجویز

شنگھائی ۸ جولائی۔ ... اعلان کیا گیا ہے ... پیکنگ میں جاپان کے متعلق ایک امن کانفرنس منعقد ہونا چاہیئے۔

جگر میں فونٹن کی ہیرے کی کان

ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا سامان برآمد ہوا

شملہ ۸ جولائی۔ ... ۱۹۴۹ء میں مشرقی پنجاب کے ... سامان برآمد کیا گیا ہے ... (پ۔ ٹ)

ہڑتال کی صورت میں کام جاری رکھنے کا انتظام ہوگیا ہے

انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی ہڑتال پر صدر میونسپلٹی کا بیان

دہلی ۸ جولائی۔ ... ہڑتال کی صورت میں کام جاری رکھنے کا انتظام کرلیا گیا ہے ... میونسپلٹی ... انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین ... ہڑتال ...

ماہنامہ بانو دہلی کا

حسین کشیدہ کاری نمبر

۲۷۶ صفحات کا

اور

سنہ ۱۹۴۹ء کا سالنامہ

۲۲۸ صفحات کا

حاصل کرنے کے لئے

آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جائیے۔ نمونہ مفت

پتہ صرف "بانو" دہلی

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔ پیشاب کی نالی میں جلن ہوتا ...

مفت ... کتاب مفت طلب کریں ...

سول ایجنٹس: نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP. LTD. POST BOX No 9064 (A.J.) BOMBAY

کنٹرول ریٹ پر

تیل سمنٹ میدہ

... سمنٹ، میدہ ... حاصل کریں ...

بنسی دھر جگل کشور ۱۷۸ سرکار لین کلکتہ

BANJOO

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

مُسلمان اور کمیونزم

پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خان نے اپنی ایک تقریر میں کہا تھا کہ برطانیہ نے دفاعی استحکامات کے لئے پاکستان کو کافی سامان مہیا نہیں کیا اور برطانی تاجر پاکستان میں اپنا سرمایہ لگانے سے ہچکچا رہے ہیں نیز کشمیر کے معاملہ میں دولت مشترکہ نے ہندوستان اور پاکستان کے جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے کوئی مؤثر قدم نہیں اٹھایا۔

کچھ دنوں کے بعد اعلان ہوا کہ وزیراعظم پاکستان ماسکو جائیں گے اور دو دفعہ اسٹالن سے ملاقات کریں گے! ایک طرف تقریر میں برطانیہ کے طرز عمل پر نکتہ چینی تھی، دوسری طرف ماسکو جانے کا اعلان تھا دونوں نے مل کر اس خیال کو تقویت پہونچائی کہ پاکستان روس سے رشتہ جوڑ کر برطانیہ کو سبق دینا چاہتا ہے اور یہ بتانا چاہتا ہے کہ ایک در بند ستر در کھلے، اگر برطانیہ پاکستان کو نظرانداز کرسکتا ہے تو پاکستان کو بھی حق ہے کہ دوسری راہ تلاش کرے اور لندن کے بعد ماسکو کو دیکھے، خود پاکستان نے تو نہیں بتایا کہ ماسکو جانے کا مطلب کیا ہے اور اسٹالن سے ملاقات کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی ہے مگر دوسروں نے مبتدا اور خبر کا جوڑ ملا کر نتیجہ نکال ہی لیا کہ پاکستان بھی کسی تلاش میں ہے اور ممکن ہے کہ ماسکو کا سفر اسی مطلوب کے لئے ہو، اور وہاں تلاش کرنے سے وہ چیز مل جائے جو مطلوب ہے، چنانچہ مسٹر لیاقت علی خان کی تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے انگلستان کا لبرل اخبار "مانچسٹر گارجین" لکھتا ہے کہ

"اگر پاکستان کی نظریں سوویٹ روس کی طرف اٹھ رہی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہندوستان سے ناراض اور برطانیہ سے غیر مطمئن ہے"

اس کے بعد وہ ہندوستان کے کان میں کہتا ہے کہ "اگر ہندوستان کشمیر کے مسئلہ پر پاکستان سے سمجھوتہ کرلے تو پھر ہندوستان میں کمیونزم کے پھیلاؤ کو روکا جاسکتا ہے اور ہندوستانی سرحدیں کمیونزم کے خطرات سے محفوظ رہ سکتی ہیں"

اخبار مذکور نے اسی سلسلہ میں جو پر لطف بات کہی ہے وہ یہ کہ "اسلام بنیادی طور پر کمیونزم کے خلاف ہے لیکن پاکستان کے بڑے لوگ اور لائق لیڈر صرف نام کے مسلمان ہیں" یعنی اسلام تو کمیونزم کو برداشت نہیں کرسکتا مگر پاکستانی لیڈر اسلام کی پروا نہیں کریں گے، کیونکہ وہ نام کے مسلمان ہیں اور نام کے مسلمانوں سے یہی امید ہوسکتی ہے کہ وہ کمیونزم سے اپنا رشتہ قائم کرلیں اور اس امر کی کوئی پروا نہ کریں کہ اسلام کمیونزم کا مخالف ہے، غالباً اس ارشاد کا یہی مطلب ہے کہ پاکستان کے لوگوں کو پکا مسلمان بننا چاہیے تاکہ کمیونزم کی مخالفت اچھے طریقے سے ہو اور پکا مسلمان پوری پختگی کے ساتھ کمیونزم کے مقابلہ پر آسکے مگر ہمیں اس بین السطور میں ایک اور بین السطور نظر آرہا ہے اور وہ یہ کہ اسلام کو اینٹی کمیونسٹ ظاہر کرکے کمیونسٹوں کو اسلام کا دشمن بنا دیا جائے اور جب انہیں کسی جگہ غلبہ حاصل ہو تو وہ اپنے حریف (اسلام) سے خوب کھل کر بدلہ لیں، اور اس کا نام و نشان تک مٹا دیں، اسلام کو اینٹی کمیونسٹ بتا کر اصل میں کمیونسٹوں کو ہوشیار کیا جارہا ہے کہ وہ اپنے دشمن کو پہلے ہی سے شناخت کرلیں اور جب وقت آئے تو اسے ایسی سزا دیں کہ اس کی ساری دشمنی دھری رہ جائے، اگر کسی جماعت کو یہ کہہ کر گمراہ کیا جائے کہ اسلام اس کا دشمن ہے تو وہ غلبہ اور کامیابی کے بعد اسلام اور مسلمانوں کو کیوں معاف کرنے لگی؟ پس اسلام کو بنیادی طور پر کمیونزم کا حریف بتانا اور بار بار اس کا پروپیگنڈا کرنا اسلام کے لئے زبردست خطرہ پیدا کرنا ہے اور یہ باور کرانا ہے کہ اسلام بھی پونجی پتیوں، سرمایہ داروں، سود خواروں اور ملوکیت پسندوں کا حامی ہے اور اس نے ہمیشہ غریبوں کے مقابلہ میں امیروں اور مہاجنوں کا ساتھ دیا ہے! اور پھر مانچسٹر گارجین کو یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ اسلام کمیونزم کا سب سے بڑا مخالف ہے؟ خود ہی مذہب کو سیاست کے لئے استعمال کریں، خود ہی اسے کسی کا دوست اور کسی کا دشمن ظاہر کریں اور خود ہی چلائیں کہ مذہب کو سیاست سے الگ رکھو، عجیب قسم کی حیرت انگیز سیاست ہے۔

اسلام کسی کا دشمن نہیں ہے وہ صرف ان کا دشمن ہے جو کسی سے خواہ مخواہ کی دشمنی کریں اور طاقت کے زور سے اپنی خود ساختہ باتوں کو منوائیں اسلام کا ضابطہ حیات اور معاشی نظام آج بھی ہر ضابطہ پر فوقیت رکھتا ہے، اس کے پاس ایک ایسا مکمل نظام موجود ہے جس پر صالح تمدن کی اور انسانی عمارت کھڑی ہوسکتی ہے، وہ اپنے دائرہ اثر میں نہ کیپٹلزم کا حامی ہے، نہ سوشلزم اور نہ نازیزم کا، اس نے سب سے پہلے سرمایہ کی عادلانہ تقسیم پر زور دیا اور یہ کہہ کر کہ ایسا نہ ہو کہ دولت امیروں کے دائرہ میں ہی گردش کرتی رہے، معاشی انصاف کی راہ کھولدی، اگر کمیونزم بھی دولت کی تقسیم چاہتا ہے اور عوام کو عام دولت میں حصہ دار قرار دیتا ہے ... بڑے مقصد کو پورا کرتا ہے تو اس ضابطہ حیات کو اپنانا ہے جو اسلام کے معاشی نظام کی پیداوار ہے تو اسلام کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ اسے اپنا دشمن سمجھے اور خود اس کی مخالفت کرے، دنیا کا جو نظام اسلام کے ساتھ تعاون کرتا ہے وہ اسلام کا مخالف نہیں ہے پھر اسلام کیونکر اس کی مخالفت کرسکتا ہے۔

یہ خیال ایک لمحہ کے لئے بھی نہ ہونا چاہیئے کہ ہم کمیونزم کے حامی ہیں، لیکن ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ کمیونزم کی مخالفت کے لئے اسلام کو سپر بنایا جائے اور کمیونسٹوں کے کان بھرے جائیں وہ وقت پر اپنے دشمن کو یاد رکھیں اور مسلمانوں کو وہی سزا دیں جو دشمنوں کو دی جاتی ہے۔

ہم مسلمانوں کو اس زبردست خطرے سے آگاہ کردینا چاہتے ہیں کہ آج کل کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے خواہ مخواہ اسلام کا نام لیا جارہا ہے، اور پردہ مدبرین دوستی کے پردہ میں اسلام کے ساتھ دشمنی کا مظاہرہ کررہے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ کمیونزم کا سیلاب جہاں بھی پہونچے گا مسلمانوں کی شامت آجائے گی اور اسلام کو کمیونزم کا مخالف ظاہر کرنے والے اس تماشہ کو کھڑے دیکھتے رہیں گے، پس ہمیں اس نازک دور میں خطرات کو خود دعوت نہ دینی چاہیئے اور ان لوگوں کی سازشوں سے آگاہ ہونا چاہیئے جو اس ترکیب سے دوسروں کے ہاتھوں مسلمانوں پر تباہی نازل کرانا چاہتے ہیں!

مویشیوں کا ذبیحہ

زراعت کی مرکزی وزارت نے صوبائی ... حکومتوں کو لکھا ہے کہ وہ ذبیحہ گاؤ کی ممانعت کے لئے ایک ایسا مسودہ قانون مرتب کریں جو تمام صوبوں پر حاوی ہوسکے اور یہ صوبائی اسمبلیوں میں جلد سے جلد منظوری حاصل ہوجائے۔ اس مسودہ قانون میں بتایا گیا ہے کہ کوئی شخص کسی مویشی کو ذبح نہیں کرسکتا، جب تک کہ وہ کسی میونسپلٹی کے صدر افسر سے یہ تحریری سند حاصل نہ کرلے کہ جس مویشی کو وہ ذبح کرنا چاہتا ہے وہ ناکارہ ہوچکا ہے اور اس کی عمر ۱۴ سال سے متجاوز ہوچکی ہے اور اسکا ذبح کرنا صحت عامہ کے منافی نہیں ہوگا۔

اس بل سے یہ تو معلوم ہوا کہ بعض حالات میں ان بھینسوں کے ذبیحہ کی اجازت حاصل کیجا سکے گی اور ناکارہ مویشیوں کو بیکار نہیں مارا جائے گا، اگر صوبائی اسمبلیوں نے ذبیحہ کی استثنائی صورتوں کو منظور کرلیا تو ہمیں امید ہے کہ کسی حد تک مسلمانوں اور ... کو بھی ناکارہ مویشیوں کو پالنے پوسنے کی زحمت نہیں اٹھانی پڑے گی۔ اس قسم کے معاملات میں اقلیتوں کو صبر اور ضبط سے کام لینا چاہیئے، قدرت خود ایسے اسباب پیدا کردیتی ہے کہ ان کے جائز حقوق کا اتلاف نہیں ہوگا۔

اچھی باتیں

وَالذّٰرِیٰت۔ تا۔ تربکون (پ ۲۷)

خدا نے ہر چیز کا جوڑا بنایا ہے اور تمہارے لئے اس نے کشتیاں بھی بنائی ہیں اور چوپائے بھی پیدا کئے ہیں تاکہ تم ان پر سوار ہوکر اپنا سفر طے کرو۔

آج یہ بات سائنس سے ثابت ہوچکی ہے کہ ہر چیز کا نر اور مادہ ہے خواہ کوئی چیز جاندار ہو یا بے جان ان سب کا جوڑا ہی پیدا کیا گیا ہے اگر بجلی میں منفی اور مثبت طاقت نہ ہو تو وہ کام نہیں دے سکتی درختوں میں بھی نر اور مادہ موجود ہیں، کوئی چیز تن تنہا پیدا نہیں کی گئی اور قرآن کریم بھی اسی پر گواہی دیتا ہے اور سائنس بھی تصدیق کرتا ہے، دیکھو یہ چوپائے جن کا تم دودھ بھی پیتے ہو اور ان پر سواری بھی کرتے ہو یہ کشتیاں اور جہاز جن پر سوار ہوکر دور دراز مقامات کو جاتے ہو، اگر اللہ کی طرف سے اسباب کا سلسلہ جاری نہ ہوتا تو انسان باوجود عاقل ہونے کے ایک قدم بھی آگے نہ جاسکتا!

لداخی باشندوں کی طرف سے پنڈت نہرو کا شاندار استقبال

لیہہ (لداخ) (بذریعہ ڈاک) دنیا کے بلند ترین پہاڑوں سے پرواز کرتے ہوئے ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہرلال نہرو اور ان کے ساتھی آج سویرے لیہہ میں اترے ہندوستان کے وزیراعظم کا لداخ کا یہ پہلا دورہ ہے۔

پنڈت نہرو کے ساتھ جموں و کشمیر کے وزیراعظم شیخ عبداللہ، ایر وائس مارشل کرجی، شریمتی مسز اندرا گاندھی وزیراعظم کے پرائیویٹ سکریٹری مسٹر ... اس علاقہ کے ہندوستانی دستوں کے کمانڈنگ افسر بریگیڈیر ... نے ایل اٹل اور سینیٹر کے بڑے لاما تھے۔

ہندوستانی فوج کے سپاہیوں اور مقامی ملیشیا کے ارکان نے پنڈت نہرو کو گارڈ آف آنر پیش کیا جیسا کہ بڑے افسروں سول افسروں ... مختلف خانقاہوں کے لاماؤں ... کے بعد پنڈت نہرو ایک جلوس میں شہر کی طرف گئے۔ جلوس کی پیش قدمی ... اونچے ... آزاد ... استقبالی دروازے بنائے گئے تھے ...

پنڈت نہرو کا جہاز زیادہ سے زیادہ ۱۷ ہزار فٹ کی بلندی پر اڑا۔ وہ حسین سنہرے ... وادی کے اوپر سے ... گذر گیا ... جب لیہہ کی حفاظتی فوج کو بچایا گیا ہے ... ان کو ... پیش کئے ...

لیہہ پہنچنے کے ایک خانقاہ کے نیچے ... لاماؤں نے پنڈت نہرو اور شیخ عبداللہ کا استقبال کیا ... مرغ ... پنڈت نہرو اور ان کے ساتھی ... اس کے علاوہ ... پنڈت نہرو ... کی دیواروں سے گذرے ... پہلا موقعہ ہے ...

(باقی صفحہ ۳۲ پر)

جمہوریہ انڈونیشیا

خوشی کی بات ہے کہ جمہوریہ انڈونیشیا کے صدر ڈاکٹر سوئیکارنو جزیرہ بنکا سے اپنے مستقر جوگ جاکرتا پہونچ گئے ہیں، اور چھ ماہ بعد پھر ڈاکٹر حتا صاحب اور ان کے رفقا ڈچ گورنمنٹ کے معتوب ہوکر جزیرہ بنکا میں جلاوطنی کے دن گزار رہے تھے اب انہیں پھر آزادی ملی ہے اور وہ اپنے وطن کو واپس لوٹ آئے ہیں، اگرچہ ولندیزی افواج نے جوگ جاکرتا خالی کردیا ہے مگر اس انخلاء سے چھ کروڑ مسلمانوں کو آزادی نہیں ملی ہے، جو لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ آئندہ ولندیزی گورنمنٹ کو انڈونیشیا کے معاملات سے کوئی سروکار نہ ہوگا وہ غلطی پر ہیں، انڈونیشیا بدستور برطانیہ اور ولندیزی گورنمنٹ کا غلام ہے کیونکہ امریکہ، برطانیہ اور ہالینڈ نے جمہوری لیڈروں کو ان شرائط کے ماننے پر مجبور کردیا ہے، جنہیں پہلے نہیں مانا گیا تھا، علاوہ ازیں جوگ جاکرتا کے اوپر بدستور وہ ہاتھ کا سلطان قابض ہے اور وہ امریکہ اور ہالینڈ کا تابع خوار ہے! انڈونیشیا کے عوامی لیڈر ڈاکٹر سوئیکارنو، ڈاکٹر حتا، ڈاکٹر شریف الدین اور حاجی سلیم وغیرہ حضرات ہیں اور انہوں نے سلطان جوگ جاکرتا کی بالادستی کو ابھی تک تسلیم نہیں کیا ہے، بہرحال ہم انتظار کرنا چاہتے ہیں کہ جمہوریہ انڈونیشیا کے لیڈروں پر جدید صورت حال کا کیا ردعمل ہوتا ہے اور وہ کس قسم کی آزاد حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں۔

ملت کی ضرورتیں اور ہمدردان ملت

اہل خیر اور ارباب بصیرت مسلمانوں سے غور و فکر کی [illegible]

حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

جب کسی ملک کو انقلاب سے دوچار ہونا پڑتا ہے تو وہ انقلاب کی نظری خاصیتوں سے بھی محفوظ نہیں رہ سکتا۔

نظام زندگی کو کلیا پلٹ دینا پرانے ڈھانچوں کو توڑ کر نئے ملک اور نئی زندگی کے سانچے تیار کرنا انقلاب کی خاصیت ہے۔ اس رد و بدل میں بنیادی سوالات پیدا ہوتے ہیں اور بہت سی الجھنیں سامنے آتی ہیں۔ سنہ ۱۸۵۷ء کے بعد جو مسائل پیدا ہوئے وہ ہمارے سامنے نہیں ہم نے ان کا تذکرہ بزرگوں سے سنا ہے یا کتابوں میں مطالعہ کیا ہے البتہ سنہ ۱۹۴۷ء کے انقلاب کے بعد جو مسائل پیدا ہوئے وہ ہمارے سامنے ہیں ہم ان میں الجھے ہوئے ہیں اور جانتے ہیں کہ ان کا الجھاؤ ختم ہوا۔ حقیقت یہ ہے بقول پنڈت جواہرلال نہرو "ہم ایک اہم دور سے گذر رہے ہیں اور کم و بیش ہم سب ایک تاریخ بنا رہے ہیں"۔

آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ ملک کے بہت سے سیاسی اور اقتصادی مسائل خطرناک حد تک پیچیدہ ہوگئے ہیں مگر ان کو سلجھانا کسی ایک ملت یا کسی ایک فرقہ کا کام نہیں ملک کی مشترکہ جدوجہد ہی ان مسائل کو حل کرسکتی ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے وہ مسائل ہیں جن کا تعلق خاص طور سے ملت اسلام سے ہے۔

آزاد ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی نے بلا شبہ ہر ایک فرقہ کی مذہبی آزادی کو تسلیم کرتے ہوئے ہر ایک ملت کو یہ حق دیا ہے کہ وہ مخالف اور ترقی ملت کی صورتیں ... سوچے اور ان پر عمل پیرا ہو۔ لیکن اس حق سے ہی مسائل کی گتھیاں ختم نہیں ہوتیں۔ بلکہ بقا، تحفظ اور ترقی ملت کی تمام تر ذمہ داری اہل ملت پر عائد ہوتی ہے۔

اگر ہندوستان متحد رہتا تو ملی مسائل کے لئے کوئی نزاکت پیدا نہ ہوتی۔ ان مسائل کو حل کرنے کی جو صورت گذشتہ اسی نوے سال سے قائم ہوچکی تھی وہی باقی رہتی بلکہ ممکن تھا کہ اس کو آزادی کے بعد اور تقویت پہنچ جاتی مگر بدقسمتی یہ ہے کہ وہ تمام ادارے جنہوں نے سنہ ۱۸۵۷ء کے بعد سے نوے برس تک تحفظ و ترقی ملت کا فرض انجام دیا تھا وہ اس طرف رہ گئے جہاں مسلمان اقلیت میں ہیں اور تقسیم کے بعد بدترین قسم کے مشکلات میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ مثلاً دارالعلوم دیوبند، مظاہرالعلوم سہارنپور، مدرسہ شاہی مرادآباد، دہلی کے بہت سے مدارس مثلاً مدرسہ امینیہ، مدرسہ عبدالرب، مدرسہ عالیہ فتحپوری، مدرسہ حسین بخش وغیرہ جہاں ہر سال ... طلباء دستار فضیلت حاصل کرکے فارغ ہوتے ہیں۔

اسی طرح ندوۃ العلماء لکھنؤ، ... مدرسہ نظامیہ، جامعہ ... وغیرہ جہاں سے علوم مشرقیہ کی عظیم الشان خدمت انجام دی جاتی ہے ندوۃ المصنفین دہلی، دارالمصنفین اعظم گڈھ وغیرہ مذہبی اور علمی تصانیف کے نمبر اول کے ادارے اور اسی طرح مسلم یونیورسٹی علی گڈھ وغیرہ غرض وہ تمام ادارے جو گذشتہ نوے سال سے مسلمانوں کی حیات اجتماعی کے لئے روح رواں تھے اس جانب رہ گئے ہیں اور ان کی ضروریات کا بار صرف ہندوستان کے شکستہ حال مسلمانوں پر آپڑا ہے۔

ان اداروں میں ہی ڈھلے ہوئے سانچوں کے ایک نظام میں منسلک کرکے ترقی ملت کے پروگرام پر لگانا جمعیۃ علماء ہند کا کام ہے جو تیس سال سے نہ صرف ملی اور دینی حیثیت سے بلکہ سیاسی اور وطنی حیثیت سے بھی مسلمانوں کو ترقی دینے کی کامیاب جدوجہد کرتی رہی ہے اور پورے استقلال ... کے ساتھ بے نمایاں خدمات انجام دیتی رہی ہے۔ آج ان تمام اداروں کو باقی رکھنے اور ترقی دینے کا فرض ہندوستانی مسلمانوں پر عائد ہوتا ہے۔ پاکستان ایک علیحدہ ملک بن گیا اپنے مسائل میں الجھ گیا ہے۔ اسکی طرف نظر اٹھانا ایسا ہی ہے جیسے افغانستان، ایران یا مصر وغیرہ کی طرف توقع رکھی جائے جو سراسر عبث ہے۔

ان اداروں کی بقا، تحفظ کے علاوہ دو فرض اور بھی ہندوستان کے مسلمانوں پر عائد ہوگئے ہیں جن کو مکمل جمعیۃ علماء ہند انجام دے رہی ہے پہلا فرض مظلوموں کی امداد کا ہے جن مسلمانوں پر انقلاب کی بجلیاں گریں اور جو تباہ و برباد ہوگئے ہیں اور ہندوستان کے فضل و کرم سے وہ شب و روز اسی فکر میں ہیں کہ اپنا تعارف کے بغیر ملت جو مظلوم بھی ان کے سامنے آئے ہیں وہ اس کی امداد کریں۔ اور مظلوموں کی امداد کا سلسلہ صرف ان لوگوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے جو ... سے تباہ و برباد ہوئے ہیں بلکہ ... سے بھی ... ضرورت پیدا ہوتی ہے جمعیۃ علماء کے ...

خادم وہاں پہونچتے ہیں اور اپنا فرض انجام دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

اس کی کچھ تفصیل ... کارگذاری مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند کے عنوان سے الجمعیۃ میں شائع ہوچکی ہے اور اس کو کتابی شکل میں بھی شائع کردیا گیا ہے جو دفتر سے منگوائی جاسکتی ہے۔

اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند گذشتہ پونے دو سال میں تقریباً سوا لاکھ روپیہ صرف کرچکی ہے اس کو بعض ... دوسری جماعتوں سے قرض بھی لینا پڑا ہے۔

یہ سلسلہ اب بھی باقی ہے اور اہل خیر حضرات کے عطیات کا بہترین مصرف ہے۔

دوسرا اہم کام مسلمان بچوں کی ابتدائی تعلیم کا ہے جس کو جمعیۃ علماء ہند نے اپنے منظور کردہ پروگرام میں بنیادی حیثیت دی ہے۔ اور جس کے لئے وہ زیادہ سے زیادہ جدوجہد کرنا چاہتی ہے۔

لیکن ظاہر ہے کہ اس اہم مقصد کے لئے مصارف کا اندازہ لگانا آسان نہیں ہے۔ پورے ہندوستان میں ... کم از کم ان حصوں اور دیہاتوں میں جہاں ابھی تک تعلیم کا کوئی نظم نہیں ہے۔ ابتدائی مذہبی تعلیم کا سلسلہ قائم کرنے کے لئے لاکھوں روپے کی ضرورت ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ان بے پناہ ضرورتوں اور اخراجات کا خیال بھی دماغ کو پراگندہ کردیتا ہے لیکن اگر اہل خیر حضرات کچھ ایثار سے کام لیں تو یہ تمام مصارف پورے ہوسکتے ہیں۔ اور ہندوستان میں تعمیر ملت کی ایسی بنیادیں قائم ہوسکتی ہیں جن کو دنیا کے حوادث اکھاڑ نہیں سکتے۔

کچھ سمجھ دار مسلمان اس موقعہ پر اوقاف کا ذکر بھی کردیا کرتے ہیں۔ بلاشبہ اوقاف کی تنظیم اور ان کے انتظام کو بہتر بنانا ایک ضروری کام ہے جس کے لئے جمعیۃ علماء ہند جدوجہد کررہی ہے۔ ... اوقاف کی موجودہ حالت میں ... انقلاب ... اور اصلاح اوقاف کی توقع پر ملت کی موجودہ ضرورتوں کو مؤخر کردینا بہت بڑا دھوکہ اور فریب خوردگی ہے۔

ملت کا مطالبہ

ظاہر ہے کہ ان حالات میں ملت کا مطالبہ یہی ہے کہ ہر ایک مسلمان اپنی انتہائی مقدرت کے مطابق ہر عارضی طور پر نہیں بلکہ مستقل طور پر اس کارخیر میں حصہ لے۔ اس مبارک عمل کے لئے کم از کم اتنا کرنا ہے جس کو اللہ رب العزت نے "قرض حسنہ" فرمایا ہے اور جس کے متعلق وعدہ فرمایا گیا ہے کہ یہ دیا جانے والا قرض کئی گنا کرکے ... عطا کیا جائے گا۔

ان تقرضوا اللہ قرضاً حسناً یضاعفہ لکم

اگر اللہ کو قرض حسن دو تو وہ اس کو تمہارے لئے بڑھا چڑھا دے گا۔ بیشک اگر زکوٰۃ و صدقات ادا کئے جائیں تو ملت کی بہت سی ضرورتیں پوری ہوسکتی ہیں لیکن مصیبت یہ ہے کہ ... صاحب استطاعت ہیں وہ ہمدردی نہیں کرتے کہ زکوٰۃ و صدقات کو پورا ادا کریں۔ علاوہ ازیں ملت کی مختلف ضرورتیں زکوٰۃ و صدقات کی رقم سے ... انجام نہیں پاتیں اس موقع پر مسلمانوں کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ جب ملت کی ضرورتیں بڑھی ہوئی ہوں تو زکوٰۃ ادا کرنے سے ... نہیں ہوجاتی بلکہ زکوٰۃ کے علاوہ بھی عطیات کا پیش کرنا ایسا ہی فرض ہوجاتا ہے جیسے زکوٰۃ کا ادا کرنا، اور ... خدا میں خرچ کرنے کا مطالبہ وہ مستقل اور ... ضرورت کے ساتھ مخصوص نہیں رہتا بلکہ ہر ایک مسلمان اپنی بساط کے مطابق اس کا مخاطب اور مکلف ہوجاتا ہے۔

چنانچہ صحیح مسلم کی روایت کے بموجب قبیلہ مضر کے کچھ مفلوک الحال مسلمان حاضر ہوئے جن کے بدن پر کپڑے بھی نہیں تھے صرف کمبلیاں تھیں جن سے ستر ڈھکے ہوئے تھے دربار رسالت میں باریاب ہوئے تو ان کی شکستہ حالی دیکھ کر چہرہ انور کا رنگ فق ہوگیا۔ آپ نے ایک عام جلسہ طلب فرمایا اور مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا!

جس کے پاس دینار ہو وہ دینار صدقہ کرے جس کے پاس درہم ہو وہ درہم دے جس کے پاس کپڑا ہو وہ کپڑا صدقہ کرے جس کے پاس گیہوں ہوں وہ گیہوں کی صاع دے جس کے پاس کھجور ہو وہ کھجور کی ایک صاع دے۔ ... جس کو میسر ہو وہ ... کا ...

(باقی صفحہ ۴۳)

جاپان میں سیاسی جنگ شروع ہوگئی خونی لیگ میدان عمل میں

ہم تمہیں اور تمام وزیروں کو قتل کردیں گے

وزیر اعظم کے نام "خونی لیگ" کا مکتوب۔ وزیروں کی حفاظت کے انتظامات

ٹوکیو ۸ جولائی۔ حکومت جاپان نے سرکاری طور پر [illegible] اعلان کیا گیا ہے [illegible] جاپان میں آئے ہیں۔ [illegible] خونی لیگ [illegible] قتل کرنے کی دھمکی دی ہے۔ [illegible]

مفت راشن نہیں ملے گا

راجستھان کی حکومت کا فیصلہ

جے پور ۸ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان [illegible] راجستھان کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible] مفت راشن [illegible] حکومت [illegible] ہر قسم کی آسانیاں بہم پہنچائے گی۔ (اے۔ پی)

کشمیر میں کشمیری ذریعہ تعلیم ہوگی

حکومت کشمیر کا نیا فیصلہ

سری نگر ۸ جولائی۔ ریاست کشمیر کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پرائمری اسکولوں میں ذریعہ تعلیم کشمیری کو بنایا جائے۔ چنانچہ پرائمری اسکولوں میں لڑکے اور لڑکیاں کشمیری زبان میں تعلیم حاصل کریں گی۔ اس سلسلہ میں ایک کشمیری پرائمری قاعدہ بھی تیار کیا گیا ہے۔

حکومت ریاست [illegible] مرکز بھی جاری کرے گی جہاں بالغ لوگوں کو صنعتی اور عام تعلیم دی جائیگی۔ اسکولوں میں جسمانی تربیت بھی جاری کی جائے گی۔ حکومت نے ۱۰ اسکول سالانہ تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تعلیمی بجٹ اس سال [illegible] گذشتہ [illegible] لاکھ تھا۔

اطلاعات یوپی

کمیونسٹوں کو عرصۂ غیر معین کے لئے بند کردیا جائے گا!

وزیر اعظم پنڈت پنتھ کا کانگریس اسمبلی پارٹی میں اعلان

لکھنؤ ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ یوپی کے وزیر اعظم پنڈت پنت نے پرسوں کانگریس اسمبلی پارٹی میں کمیونسٹوں اور دیگر وطن دشمن عناصر کے متعلق کانگریسی پالیسی کی زبردست حمایت کی۔ پنڈت پنت نے کہا کہ کمیونسٹ مفسدانہ حرکتوں میں مشغول ہیں اور ان کی پالیسی یہ ہے کہ حکومت کو مشتعل کریں تاکہ وہ عوام میں پروپیگنڈا کرسکیں کہ کانگریس شہری آزادیوں کو کچل رہی ہے۔ آپ نے کہا کہ کانگریسی راج میں جو شہری آزادی دی گئی ہے دنیا کے کسی ملک نے کسی وقت بھی اپنے مخالفوں کو اتنی آزادی نہیں دی۔

پنڈت پنت نے یہ بھی کہا کہ کمیونسٹ اور دوسرے لوگ غیر قانونی حرکتیں کر رہے ہیں انہیں آزاد چھوڑنے کے بجائے عرصۂ غیر معین کے لئے نظر بند کردیا جائے۔ [illegible] آپ نے کہا کہ حکومت نے کسی شخص کو مناسب وجوہ کے بغیر نظر بند نہیں کیا۔

آخر میں پنڈت پنت نے کہا کہ کانگریس کی نام نہاد برائیوں پر نادم ہونا غلط ہے۔ کانگریس کا جو شاندار ریکارڈ رہا ہے تاریخ میں ایسا ریکارڈ کسی دوسری جماعت کا نہیں رہا۔ کوئی جماعت جس کے ممبروں کی تعداد اتنی ہو یہ دعویٰ نہیں کرسکتی کہ وہ برائیوں سے بالکل پاک ہے۔ آپ نے کہا کہ اب وقت ہے کہ کانگریسی کارکن نکتہ چینی کرنے کے بجائے پوری طرح متحد ہو جائیں۔ [illegible] توان کا وقار گر جائے گا۔

معاہدۂ اٹلانٹک کے خلاف ۱۴ لاکھ انسانوں کا احتجاج

اطالوی ایوان نمائندگان کے سامنے ایک درخواست

روم ۸ جولائی۔ اطالوی کمیونسٹوں اور ورکرز کے سو شلسٹوں نے ایوان نمائندگان کے سامنے ایک "امن کی درخواست" پیش کی ہے جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس پر ۱۴ لاکھ اطالویوں کے دستخط ہیں اور جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اطالیہ کو معاہدۂ اٹلانٹک میں شرکت نہیں کرنی چاہئے۔

کمیونسٹوں نے معاہدہ مذکورہ کی مخالفت کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس درخواست [illegible]

مشرقی پنجاب میں اکالیوں کی رہائی

[illegible] ۸ جولائی۔ مشرقی پنجاب سرکار نے [illegible] اکالیوں کی رہائی کے احکام جاری کردیے ہیں [illegible] کی گرفتاری کے بعد ایجی ٹیشن کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ اس سلسلہ میں [illegible] وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے آج ایک بیان میں کہا ہے کہ [illegible] کی گرفتاری پر سکھوں نے نہایت ضبط و تحمل سے کام لیا [illegible]

نو سالہ لڑکی کو اغوا کرنے کے الزام میں ایک ممبر اسمبلی پر مقدمہ

[illegible] ضلع لکھیم پور کچہری میں [illegible] کے سامنے [illegible] الزام میں گرفتار کئے گئے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

ہجوم نے وکیل کی مرمت کردی

لکھنؤ ۸ جولائی۔ پنڈت [illegible] ممبر اسمبلی یو۔ پی (کانگریس) کے خلاف ایک نو سالہ لڑکی کے [illegible] کے سلسلہ میں جو مقدمہ چلایا جا رہا ہے [illegible] الزام میں چار اشخاص گرفتار کئے گئے۔ [illegible]

قرض لیکر قرضہ کی ادائیگی

لکھنؤ ۸ جولائی (ا۔ پ۔ ٹ) معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی چھ کروڑ روپیہ کا قرضہ لے رہی ہے اور اس سلسلہ میں [illegible] کردیا جائے گا۔ قرض اس لئے لیا جا رہا ہے کہ مرکزی حکومت کا قرضہ ادا ہوسکے۔

سیفٹی ایکٹ میں ترمیم

لکھنؤ ۸ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے پبلک سیفٹی ایکٹ میں ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ موجودہ ایکٹ کے تحت ایک شخص کو [illegible] (دپ۔ ٹ)

قلو پطرہ کی سوئی کی صفائی

لندن ۸ جولائی۔ قلوپطرہ کی سوئی (دنیا کے مشہور سنگی مینار جو کہ دریائے ٹیمز کے ساحل پر واقع ہے) آخر کار آیندہ ہفتہ صاف کی جائے گی۔ [illegible] (گلوب)

پناہ گزینوں کو مفت راشن نہیں ملیگا

حکومت راجستھان کا جدید فیصلہ

جے پور ۸ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ حکومت راجستھان نے فیصلہ کیا ہے کہ جولائی کے آخر تک پناہ گزینوں کو مفت راشن دینا بند کردیا جائے گا۔ [illegible] حکومت ان کو از سر نو آباد ہونے کی ہر ممکن سہولت بہم پہنچائے گی۔ (اے۔ پی)

مغربی پنجاب کے گورنر کے مشیر [illegible]

میاں عبد الباری کی کراچی کو روانگی

لاہور ۸ جولائی۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کے صدر میاں عبد الباری [illegible] کراچی [illegible] آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں [illegible] مغربی پنجاب کے گورنر کے مشیر [illegible] (اے۔ پ)

برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کے قضیہ کے متعلق سوال و جواب

حکومت برطانیہ کو یقین ہے کہ استصواب کے ذریعہ اس مسئلہ کا فیصلہ ہوجائیگا

وزیر تعلقات دولت مشترکہ مسٹر نوئیل بیکر کی یقین دہانی

لندن ۸ جولائی۔ تعلقات دولت مشترکہ کے وزیر مسٹر نوئیل بیکر نے برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ برطانوی حکومت کو پوری توقع ہے کہ [illegible]

انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ ہند اور پاکستان کی حکومتیں [illegible] غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعہ کشمیر کے باشندوں کی رائے معلوم کی جائے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت برطانیہ کا یہ عقیدہ ہے کہ ایسے استصواب کے ذریعہ کشمیر کے جھگڑے کو حل کیا جا سکتا ہے اور اس طرح اس مسئلہ کا ایک حل تلاش ہوسکتا ہے جس کو آئندہ چل کر ہند اور پاکستان کے عوام منصفانہ تسلیم کریں گے۔ [illegible] (روٹر)

بھٹنڈا میں جلوسوں جلسوں پر پابندی

بھٹنڈا ۸ جولائی۔ ضلع مجسٹریٹ بھٹنڈا نے پبلک سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے ماتحت ایک آرڈر جاری کیا ہے جس کے تحت جلسوں اور جلوسوں پر ایک ماہ کے لئے پابندی لگادی گئی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

راجکماری امرت کور نے لندن میں مکانات کا معائنہ کیا

ملک کی غذائی حالت پر نمائندہ گلوب کو خاص بیان

لندن ۸ جولائی۔ روم سے جہاں وہ عالمگیر صحت کانفرنس میں شرکت کرنے گئی تھیں انگلستان پہنچنے پر [illegible] ہندوستان کی وزیر صحت راجکماری امرت کور نے گذشتہ روز گلوب سے کہا کہ وہ ایسے تیار شدہ مکانات کا معائنہ کرنے میں مصروف ہیں جو ہندوستان کی آب و ہوا کے لئے موافق ثابت ہوں گے۔ [illegible]

ہانگ کانگ میں مزید حفاظتی فوج

ہانگ کانگ ۸ جولائی۔ ہانگ کانگ میں ٹینک اور [illegible] جہاز کے ذریعہ پہنچ گئی ہیں [illegible] (رپ۔ ٹ۔ روٹر)

ٹیلیوژن کا کمال

[illegible] ۸ جولائی۔ یونیورسٹی کالج اسپتال کے ڈاکٹروں اور طلبا نے کل پہلی بار ایک مکمل آپریشن دیکھا۔ یہ آپریشن ایک [illegible] ٹیلیوژن کے ذریعہ ۶۰ طلبا اور ۲۰ ڈاکٹروں نے دیکھا۔ [illegible] (گلوب)

دنیا سے جراثیمی اور ایٹمک ہتھیاروں کی لڑائی ختم کرنیکا مطالبہ

نئی ریڈ کراس کنونشن کے رد و بدل میں روس کی تجویز

جنیوا ۸ جولائی (اے۔ پی۔ آئی) کل سوویٹ یونین نے سات قوموں کی کانفرنس سے جو بین الاقوامی ریڈ کراس کنونشن بنا رہی ہے اس بات کا مطالبہ کیا کہ وہ ایٹم بم اور جراثیم اور اہلیات کی لڑائی کو بالکل بند کردے۔ [illegible]

جاپان کے متعلق امن کانفرنس

پیپنگ میں منعقد کرنے کی تجویز

شنگھائی ۸ جولائی۔ ۲۰۰ سے زائد غیر جانبدار جمہوری لیڈروں نے ایک اعلان میں یہ تجویز کیا ہے کہ اس سال کے آخر میں پیپنگ کے اندر جاپان کے متعلق ایک امن کانفرنس منعقد ہونا چاہیئے۔

یہ اعلان چین و جاپان کی جنگ کے آغاز کی بارہویں برسی کے موقع پر کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اس کانفرنس میں چین کی طرف سے صرف عوامی حکومت کو نمائندگی کرنی چاہیئے [illegible] (اپ۔ ٹ روٹر)

ڈیڑھ لاکھ روپیہ کا سامان برآمد ہوا

شملہ ۸ جولائی۔ مئی ۱۹۴۹ء میں مشرقی پنجاب کے شہری علاقوں سے مجاہرین کا ۵۶،۹۲۰ روپیہ کا منقولہ سامان برآمد کیا گیا ہے۔ شہری علاقوں سے ابتک جو سامان برآمد کیا جاچکا ہے اس کی قیمت ۲۶،۱۶،۳۰۱ روپیہ تک پہونچتی ہے۔ (اپ۔ ٹ۔ ا)

جیگر میں فونٹن کی ہیرے کی کان

[illegible] ۸ جولائی۔ [illegible] میں فونٹن ہیرے کی کان جس نے کسی زمانے میں دنیا کے دو مشہور ترین ہیرے اگلے تھے دوبارہ کھولی جانے والی ہے۔

ہڑتال کی صورت میں کام جاری رکھنے کا انتظام ہوگیا ہے

انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین کی ہڑتال پر صدر میونسپلٹی کا بیان

دہلی ۸ جولائی۔ ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ صدر دہلی میونسپلٹی نے [illegible] انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین نے ہڑتال کا فیصلہ کیا ہے [illegible] انہوں نے بتایا کہ ہڑتال کی صورت میں کام جاری رکھنے کا انتظام کرلیا گیا ہے اور پبلک کو کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

ملازموں کو الاؤنس وغیرہ دینے کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ میونسپل ملازموں کو سرکاری ملازموں کے برابر مہنگائی الاؤنس دیا گیا ہے [illegible] میونسپلٹی [illegible] لاکھ روپیہ سالانہ مہنگائی الاؤنس کے طور پر دے رہی ہے۔ [illegible]

ماہنامہ بانو دہلی کا
۲۷۶ صفحات کا حسین کشیدہ کاری نمبر
اور
۲۲۸ صفحات کا ۱۹۴۹ء کا سالنامہ
حاصل کرنے کے لئے
آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جائیے۔ نمونہ مفت
پتہ صرف "بانو" دہلی



سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود
[illegible]
سول ایجنٹس نیشنل فارمیسی دہلی
SUPER PHARMACORP, LTD. POST BOX No. 90 (K.A.) BOMBAY

کنٹرول ریٹ پر
تیل — سمنٹ — میدہ
[illegible]
بنسی دھر جگل کشور ۱۴ سرکار لین کلکتہ
BANJOO

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۰ جولائی ۱۹۴۹ء

مسلمان اور کمیونزم

پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خان نے اپنی ایک تقریر میں کہا تھا کہ برطانیہ نے دفاعی ضروریات کے لئے پاکستان کو کافی سامان مہیا نہیں کیا اور برطانوی تاجر پاکستان میں اپنا سرمایہ لگانے سے ہچکچا رہے ہیں نیز کشمیر کے معاملہ میں دولت مشترکہ نے ہندوستان اور پاکستان کے جھگڑے کو ختم کرنے کے لئے کوئی مؤثر قدم نہیں اٹھایا۔

کچھ دنوں کے بعد اعلان ہوا کہ وزیر اعظم پاکستان ماسکو جائیں گے اور وہاں مارشل اسٹالن سے ملاقات کریں گے۔ ایک طرف تقریر میں برطانیہ کے طرز عمل پر نکتہ چینی تھی، دوسری طرف ماسکو جانے کا اعلان تھا، دونوں نے مل کر اس خیال کو تقویت پہونچائی کہ... پاکستان روس سے رشتہ جوڑ کر برطانیہ کو سبق دینا چاہتا ہے اور یہ بتانا چاہتا ہے کہ ایک در بند ہے تو دوسرا کھلا۔ اگر برطانیہ پاکستان کو نظر انداز کرسکتا ہے تو پاکستان کو بھی حق ہے کہ دوسری راہ تلاش کرے اور لندن کے بعد ماسکو کو دیکھے۔ خود پاکستان نے تو نہیں بتایا کہ ماسکو جانے کا مطلب کیا ہے اور اسٹالن سے ملاقات کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی ہے مگر دوسروں نے جمع اور تفریق کا جوڑ ملا کر اندازہ لگا ہی لیا کہ پاکستان بھی کسی تلاش میں ہے اور ممکن ہے کہ ماسکو کا سفر اسی مطلوب کے لئے ہو اور وہاں تلاش کرنے سے وہ چیز مل جائے جو مطلوب ہے، چنانچہ مسٹر لیاقت علی خاں کی تقریر کا حوالہ دیتے ہوئے انگلستان کا لبرل اخبار "مانچسٹر گارجین" لکھتا ہے کہ

"اگر پاکستان کی نظریں سوویٹ روس کی طرف اٹھ رہی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہندوستان سے ناراض اور برطانیہ سے غیر مطمئن ہے"

اس کے بعد وہ ہندوستان کے کان میں کہتا ہے کہ "اگر ہندوستان کشمیر کے مسئلہ پر پاکستان سے سمجھوتہ کرلے تو ہندوستان میں کمیونزم کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے اور ہندوستانی سرحدیں کمیونزم کے خطرات سے محفوظ رہ سکتی ہیں"

اخبار مذکور نے اسی سلسلہ میں جو پر لطف بات کہی ہے وہ یہ ہے کہ "اسلام بنیادی طور پر کمیونزم کے خلاف ہے لیکن پاکستان کے نئے لیگ اور لائق لیڈر [illegible]

تو اسے ایسی سزا دیں کہ اس کی ساری دشمنی دھری رہ جائے۔ اگر کسی جماعت کو یہ کہہ کر گمراہ کیا جائے کہ اسلام اس کا دشمن ہے تو وہ غلبہ اور کامیابی کے بعد اسلام اور مسلمانوں کو کیوں معاف کرنے لگی، پس اسلام کو بنیادی طور پر کمیونزم کا حریف بتانا اور بار بار اس کا پروپیگنڈا کرنا اسلام کے لئے زبردست خطرہ پیدا کرنا ہے اور یہ باور کرانا ہے کہ اسلام بھی نوابوں، سرمایہ داروں، سود خواروں اور ملوکیت پسندوں کا حامی ہے اور اس نے ہمیشہ غریبوں کے مقابلہ میں امیروں اور مہاجنوں کا ساتھ دیا ہے! اور پھر مانچسٹر گارجین کو یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ اسلام کمیونزم کا سب سے بڑا مخالف ہے؟ خود ہی مذہب کو سیاست کے لئے استعمال کریں، خود ہی اسے کسی کا دوست اور کسی کا دشمن ظاہر کریں اور خود ہی چلائیں کہ مذہب کو سیاست سے الگ رکھو۔ عجیب قسم کی حیرت انگیز سیاست ہے۔

پٹیالہ ۱۱ جولائی۔ برنالہ سے خبر آئی ہے کہ جہاں ضلع سے جو برنالہ سے ۸ کوس پر ہے ۲۰ خاندان گاؤں چھوڑ کر برنالہ آگئے ہیں۔ اور بھی دیہاتی بڑھتی ہوئی لاقانونی سے خوفزدہ ہو کر ہجرت کرنے والے ہیں۔ اس گاؤں میں پچھلے دنوں دو ڈکیتی ہو گئے۔ ... ڈاکوؤں نے ... اور اس کے بعد ڈاکو ایک شخص کو اغوا کر لے گئے۔ اور ... کی طرح ۳ ہزار روپیہ نقد لے کر اس آدمی کو واپس کیا۔ پولیس اس سلسلہ میں بالکل خاموش رہی اس سے لوگ بے حد دہشت زدہ ہو گئے۔ (ب۔ ن۔ س)

نواب مالیر کوٹلہ کے رشتہ دار کی جائداد

کورٹ آف وارڈز سے واپس

پٹیالہ ۱۱ جولائی۔ ایک سرکاری اعلان کے ذریعے راج پرمکھ پٹیالہ نے صاحب زادہ عبد الرحمٰن خاں (جو مالیر کوٹلہ کے نواب کے خاندان سے ہیں) کی جائداد کو کورٹ آف وارڈز سے چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ (پ ن س)

انسان اور حیوان

دمشق ۱۱ جولائی:۔ شام کی انسانی اور حیوانی آبادی کے متعلق حال ہی میں دلچسپ اعداد وشمار شائع ہوئے ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ شام میں ۱۵ ہزار اونٹ، ۲۴۳۵۰۰۰ بکریاں، ۰۰۰،۴۰ بھیڑیں، ۹۰۰۰ گھوڑے، ۰۰۰،۴۰۹ بیل، مولیشی ۱۰۰۰ خچر اور ۲ ہزار گدھے ہیں۔ یہ بھی اندازہ لگایا ہے کہ وہاں مختلف قسم کی مرغیوں وغیرہ کی تعداد ساٹھ لاکھ ہے یعنی کل جانداروں کی تعداد انسانی آبادی کے مقابلہ میں شام میں بسنے والے انسانوں کی تعداد صرف ۳۵ لاکھ ہے۔ (گلوب)

سندھی پناہ گزینوں کی بھوک ہڑتال

مفت راشن دیئے جانے کا مطالبہ

الٰہ آباد میں آٹھ کمیونسٹ گرفتار

الٰہ آباد ۱۱ جولائی۔ آج پولیس نے پابندیوں کی خلاف ورزی میں جلوس نکالنے کے الزام میں آٹھ کمیونسٹوں کو گرفتار کر لیا۔ کمیونسٹوں نے آج کے قیدیوں کا ہفتہ منانے کے سلسلہ میں اپنے دفتر میں ایک میٹنگ کے بعد یہ جلوس نکالا تھا جس میں وہ کمیونسٹ نعرے لگا رہے تھے۔ (پ ن)

کان پور میونسپلٹی توڑ دی جائے گی

لکھنؤ ۱۱ جولائی۔ یوپی سرکار نے کان پور میونسپلٹی کو نوٹس دیا ہے کہ وہ ۱۵ دن کے اندر اندر وجہ بیان کرے کہ کیوں نہ حکومت اس کا انتظام خود اپنے ہاتھ میں سنبھال لے۔ (ب۔ پ)

کان پور کے مزدور ہڑتال کرینگے

یوپی میں ۱۵ اگست کو پنچایت راج کا افتتاح ہو جائیگا

پنچایتوں کے قیام اور انتظامات بڑی تیزی سے مکمل ہو رہے ہیں

یوپی اسمبلی کے ساٹھ ممبروں نے ایک الگ گروپ بنا لیا

کانگریس کا وقار بحال کرنیکے لئے بد عنوانیاں دور کرنے کا اعلان

لکھنؤ ۱۱ جولائی (ا۔ ث) یوپی اسمبلی کی کانگریس پارٹی کے ۱۶۵ کانگریسی ارکان میں سے ساٹھ نے پارٹی کے اندر ہی ایک علیحدہ گروہ بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس گروہ کے ارکان نے جو مشترکہ بیان شائع کیا ہے اس میں کہا گیا ہے کہ ان کا مقصد "اسمبلی کے اندر اور باہر ذاتی اغراض اور ہر قسم کے خوف وخطر سے بلند ہو کر بد عنوانیوں خویش پروری اور مطلق العنانیت کے رد عمل کا مقابلہ کرنا ہے۔"

میرٹھ کا اسماعیل گرلز اسکول

آگرہ میں علاقی ہڑتال

ضلع مراد آباد میں تین ڈاکوؤں کی گرفتاری

آگرہ میں چندہ کی وصولی

پاکستان سے ایران کے [illegible]

ماہنامہ "بانو" دہلی کا

حسین کشیدہ کاری نمبر

۲۷۶ صفحات کا

۱۹۴۹ء کا سالنامہ

۲۳۸ صفحات کا

حاصل کرنے کے لئے

آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بنئے نمونہ مفت

پتہ:۔ صرف "بانو" دہلی

الجمعیۃ

روزانہ

دہلی

۱۳ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

دلوں کو صاف کرو

ہندوستان میں آج کل ایک عجیب قسم کی تثلیث قائم ہے یا یوں کہئے کہ ہمارا ملک اقلیدس کی ایک خاص اصطلاح مثلث قائم الزاویہ کے مانند تین ستونوں پر کھڑا ہے، ایک طرف حکومت ہے، دوسری طرف ملک کی اکثریت ہے، تیسری طرف اقلیتوں کا جمگھٹا ہے، غریب حکومت اپنی ذات میں بہت بھی ہے وہ اکثریت کی بھی نمائندہ ہے اور اقلیتوں کی بھی ہندو، مسلمان اس کی دو آنکھیں ہیں وہ کسی کی خاطر اپنی ایک آنکھ کو پھوڑ نہیں سکتی۔ اس کا فرض تو یہی ہے کہ اپنی دونوں آنکھوں کی حفاظت کرے، اور دونوں کو اپنے جسم کی زینت سمجھے، مگر حالات کچھ ایسے پیش آگئے ہیں کہ وہ دونوں طرف سے پریشان ہے اکثریت اسے مسلم نوازی کا طعنہ دیتی ہے اور اقلیتیں اس پر مداہنت کا الزام لگاتی ہیں، اگر ملک کی اکثریت اور اقلیت میں رواداری، سیرچشمی اور ہمدردی ہوتی تو حکومت کو اپنی مخالفت کی کوئی پروا نہ ہوتی لیکن... مصیبت یہی ہے کہ یہاں نہ اکثریت مطمئن ہے، نہ اقلیت خوش اور مسرور ہے، اکثریت اقلیت کو ٹیڑھی نگاہوں سے دیکھتی ہے اور اقلیت، اکثریت پر ترچھی نگاہیں ڈالتی ہے، دونوں کے دل ایک دوسرے کی طرف سے پھٹے ہیں، اور دونوں ہی کو ایک دوسرے کے خلاف شکایت ہے۔

جو مزہ کھری اور صاف بات میں ہے وہ لگی لپٹی بات میں نہیں ہے، صاف بات یہ ہے کہ یہاں کی اکثریت اور اقلیت کے درمیان دوئی اور بیگانگی کی دیوار کھڑی ہو گئی ہے اور اسی دوئی کی بنا پر معمولی معمولی باتوں پر جھگڑے کھڑے ہو جاتے ہیں، کسی نے سچ کہا ہے کہ جب دلوں میں کھوٹ ہوتا ہے تو رائی کا پہاڑ بن جاتا ہے اور جب دل صاف ہوتے ہیں تو بڑی سے بڑی بات کو بھی نظر انداز کر دیا جاتا ہے، یہ جو روز روز سننے میں آتا ہے کہ فلاں گروہ کے کسی فرد نے فلاں طبقہ کی کسی عورت کو چھیڑ دیا اور فلاں جگہ ایک معمولی بات پر ہنگامہ اور فساد تک نوبت پہونچ گئی تو وہ اسی کھوٹ کا نتیجہ ہے جو دلوں میں پیدا ہو چکا ہے، خوئے بدرا بہانہ بسیار کی مثل مشہور چلی آتی ہے، یعنی دلوں میں فرق ہونا چاہیئے جھگڑے کے لئے بہانوں کی کوئی کمی نہیں، انسان بھی کیسی عجیب مخلوق ہے کہ جب شرافت پر آتا ہے تو اس سے بہتر کوئی نہیں اور جب رذالت پر اتر آتا ہے تو اس سے بدتر کوئی نہیں، یہی انسان کسی کے جنازہ کو دیکھ کر رو پڑتا ہے اور یہی انسان معصوم بچوں اور بے گناہ عورتوں کو قتل کر ڈالتا ہے!

جہاں تک ہندو مسلمانوں کا تعلق ہے دونوں انسان ہیں، دونوں ہی ملک کے باشندے ہیں دونوں ایک پانی پیتے اور ایک غلہ کھاتے ہیں دونوں ہی کے مفاد مشترک ہیں تاہم دونوں کے دل ایک دوسرے کی طرف سے صاف نہیں ہیں، اکثریت کو شکایت ہے کہ بیٹھے بٹھائے مسلمانوں نے پاکستان بنا لیا، اور ایک ملک کے حصے بخرے کر دئے یہ شکایت بالکل بجا ہے، نہ صرف اکثریت کو بالکل نیشنلسٹ مسلمانوں کو بھی یہی شکایت ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ یہ شکایت کبھی ختم بھی ہوگی یا نہیں؟ اگر نہیں تو بتاؤ زندہ رہنے اور تعاون سے زندگی گذارنے کی سبیل کیا ہے؟ اگر اس شکایت کو ختم ہونا چاہئے تو [illegible] تقسیم [illegible] آئی اگر اس تقسیم کو کانگریس نے مانا ہندوستان نے مانا، بین الاقوامی رائے عامہ نے مانا یعنی کہ کانگریسی لیڈروں نے تو یہ بھی کہہ دیا کہ اگر پاکستان پھر سے ایک ہو جانے کا مطالبہ کرے گا تو وہ اسے نہیں مانیں گے پاکستان بن گیا سو بن گیا اب اسے توڑنے سے کچھ حاصل نہ ہوگا، سوال یہ ہے کہ ہندوؤں کو یہ صورت حال منظور ہے یا نہیں؟ اگر منظور ہے تو انتقام در انتقام کا سلسلہ بند ہو جانا چاہیئے، اور کبھی اس پر بھی غور کر لینا چاہیئے کہ پاکستان بنانے کی تھوڑی بہت ذمہ داری ان پر بھی عائد ہوتی ہے، اگر ہندوستان کی اکثریت سوشل اعتبار سے مسلمانوں کو اپنے ساتھ رکھتی اور ان کے ساتھ وہی سلوک کرتی جو سلوک وہ آپس میں کرتی ہے تو مسلمانوں کو دوئی اور جدائی کا خیال تک نہ آتا! ادھر سے اقتصادی اور معاشرتی تقسیم کا سلسلہ جاری رہا اُدھر سے جغرافیائی تقسیم کا مطالبہ ہوا اور بالآخر عمل اور رد عمل نے پاکستان کی شکل اختیار کر لی! ہمارا مطلب یہ ہے کہ اب اکثریت کو یہ بات بھول جانی چاہیئے کہ مسلمان پاکستان بنانے کے مجرم ہیں، بے شک مجرم ہیں مگر اس کا سب سے زیادہ نقصان بھی انہی کو پہونچا ہے، قدرت نے جرم کی نقد سزا دی اور اس سزا کا مسلمان کو اعتراف ہے!

اب آیئے مسلمانوں کی طرف! ہم ان سے عرض کریں گے کہ بے شک وہ اقلیت میں ہیں مگر اقلیت کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ احساس کمتری اور بے اعتمادی میں مبتلا ہو! ہم مسلمانوں کو بھی یہی مشورہ دیں گے کہ وہ اپنے دلوں کو صاف کریں اور اکثریت کو اپنا سمجھ کر پھر غور کریں کہ ان کی شکایات کا وزن کیا رہ جاتا ہے! ذرا ذرا سی بات پر کان کھڑے کر لینا اور یہ فیصلہ کر لینا کہ اکثریت ہمیشہ غیر روادار رہے گی، شرافت اور حوصلہ مندی کے خلاف ہے، اسلام نے تو انہیں ایسی تعلیم دی ہے جس پر عمل کرنے کے بعد انہیں کسی سے شکایت ہو ہی نہیں سکتی، اسلام کہتا ہے کہ ادفع بالتی ھی احسن برائیوں کو بھلائی سے دور کرو، مسلمانوں نے کب اس پر عمل کر کے دکھایا؟ کب انہوں نے بروں کے مقابلہ پر اپنے آپ کو اچھا ثابت کیا، کب انہوں نے اپنی شیرینی سے دوسروں کی تلخی دور کی؟ وہ تو اب تک اسی خبط میں مبتلا ہیں کہ وہ اقلیت میں ہیں حالانکہ اسلام نے کبھی اکثریت کو اہمیت نہیں دی اس کے نزدیک اصل چیز جوہر اور قابلیت ہے، عقلی اور ذہنی ترقی اور کردار کا حسن ہی زندگی کے لئے فیصلہ کن ہیں، تعداد پر زندگی کا انحصار نہیں ہے، زندگی کا انحصار اس روح پر ہے جو کسی گروہ کے مزاج اور خمیر سے پیدا ہوتی ہے!

ہمارا مطلب صرف اسیقدر ہے کہ ہندوؤں کو اپنا دل صاف کر لینا چاہیئے اور مسلمانوں کو اپنا اعتماد بحال کر لینا چاہیئے، یہ روز روز کی باتیں کہ فلاں شخص نے ایسا کیا اور پھر اسی پر ہنگامے اور فساد ہم سب کے لئے باعث شرم ہیں جس قوم کا اقبال آگے آگے ہوتا ہے وہ بڑی باتوں کو سوچتی ہے اور اس کا دل بے انتہا وسیع ہوتا ہے جو قوم قدیم روایات کی حامل ہو اور زندہ رہنے کا گر جانتی ہو اس کے ہر کام میں عظمت جھلکتی ہے ہم چاہتے ہیں کہ ملک کی اکثریت کا کردار اس کی شان کے شایاں ہو اور اقلیتوں کا سلوک ان کی قابلیت کا آئینہ دار، اس کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ ہندو مسلمان بھائی بھائی کی طرح زندہ نہیں رہ سکتے؟

حضرت مدنی کے خطوط

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی ذات گرامی ہر اعتبار سے مسلمانوں کے لئے شمع ہدایت ہے [illegible] اپنے اعمال و کردار اور سیرت کے نمونے امت کے لئے محفوظ کر دیئے ہیں وہ روحانی اور اخلاقی دنیا میں ہمیشہ یادگار رہیں گے۔ حضرت اقدس کی تقریریں تو اخبارات میں شائع ہوتی ہی رہتی ہیں لیکن وہ علمی فرائد جو مکاتیب کی صورت میں متوسلین کے پاس محفوظ ہیں وہ افادہ و فیضان کا ایک ایسا ذخیرہ ہیں علم و عمل، عرفان و ہدایت، سیرت و اخلاق، جہاد و ایثار کی ایک زندہ کتاب کہنا چاہیے۔ حضرت عالی کے جو مکاتیب [illegible]

دین وملت کی حفاظت اور اجتماعی زندگی کی بقا کیلئے مسلمانان ہند سے اپیل

جمعیۃ علماء ہند کی امداد انڈین یونین کے ہر مسلمان کا مذہبی اور ملی فریضہ ہے

دہلی ——— (نامہ نگار) ——— ۱۱ جولائی

۱۵ اگست سنہ ۴۷ء کے بعد ہندیونین میں جمعیۃ علماء ہند نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں اور آج جمعیۃ علماء ہند کی ذمہ داریاں پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہیں جس کے ساتھ جمعیۃ علماء ہند کی ضروریات اور مصارف میں بھی زبردست اضافہ ہو گیا ہے۔ ظاہر ہے ان تمام مصارف کو ہندیونین کے مسلمانوں ہی کو پورا کرنا ہے۔ ارکان مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند نے اس سلسلہ میں ہندیونین کے مسلمانوں سے ایک اپیل کی ہے جو درج ذیل ہے۔

جمعیۃ علماء ہند نے گذشتہ تیس سال میں جو خدمات انجام دی ہیں وہ روشن حقیقت ہے جو کسی بیان کی محتاج نہیں! اس نے آزادی سے پیشتر جنگ آزادی میں جس ہمت اور استقلال سے کام لیا وہ تاریخ حریت کا ایک روشن باب ہے جو نہ صرف جمعیۃ علماء بلکہ انڈین یونین کے تمام مسلمانوں کے لئے باعث فخر ہے۔ آزادی کے بعد مظلوموں کی امداد، مسلمانوں کے خوف وہراس کو دور کرنے، مستقبل کے متعلق ان کا ایک نظریہ متعین کرنے اور ان کے مستقبل کو روشن بنانے کے لئے لائحہ عمل مرتب کرانے اور جمہوریہ ہند کو صحیح معنی میں سیکولر اسٹیٹ (غیر فرقہ وار حکومت) بنانے میں جو جدوجہد اس نے کی اور کر رہی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔

اس کے ایثار، قربانی اور بے لوث خدمات کے باعث جس طرح اس کا اعتماد روز افزوں ہے اس کا دائرہ اثر اور نظام عمل بھی دن بدن بڑھ رہا ہے۔ اسی طرح قدرتی طور پر اس کے مصارف بھی زیادہ ہو رہے ہیں اور اس کی ضروریات کا دائرہ بھی وسیع سے وسیع تر ہوتا جا رہا ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے ریلیف کا سلسلہ جس پر گذشتہ پونے دو سال میں کم وبیش سوا لاکھ روپیہ صرف ہو چکا ہے نہ صرف دہلی اور اطراف دہلی کے تباہ شدہ مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہے بلکہ پوری ہندیونین میں جہاں ضرورت پیش آتی ہے۔ جمعیۃ علماء ہند کے وفود پہنچتے ہیں اور حالات کے درست کرنے کے لئے پوری جدوجہد کام میں لاتے ہیں۔ ریلیف کا یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ مزید برآں دور دراز قصبات اور علم سے بے بہرہ دیہات میں دینی اور مذہبی مکاتب قائم کرنیکا جو لائحہ عمل جمعیۃ علماء ہند نے [illegible]

[illegible] وقت کامیاب ہو سکتی ہے جبکہ انڈین یونین کے مسلمان ہی اس کی ہر طرح امداد کریں، اس کے لائحہ عمل کو کامیاب کرنے کی کوشش کریں اور اس کی مالی مشکلات کو حل کریں۔

لہٰذا انڈین یونین کے تمام اہل خیر حضرات سے اور بالخصوص دہلی کے مخیر بزرگوں سے جو ہمیشہ دہلی کا نام روشن کرنے اور اس کے مذہبی وقار کو سر بلند رکھنے میں پیش پیش رہے ہیں۔ ہماری پر زور استدعا ہے کہ اپنی با برکت کمائی کا ایک معتد بہ حصہ اس مبارک مہینہ میں جس میں ہر نیکی کا ثواب سینکڑوں گنا زیادہ ملتا ہے، جمعیۃ علماء ہند کے لئے مخصوص فرما دیں۔

جمعیۃ علماء کا زکوٰۃ فنڈ مصارف زکوٰۃ کے لئے ہے اور اس کی دوسری خدمات کے لئے ضرورت ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ امداد اور رقوم جمعیۃ علماء کو عطا کی جائیں۔

ہمیں یقین ہے کہ ہندیونین کے مسلمان ہماری اس استدعا کو پوری فراخ دلی سے کامیاب کریں گے۔

ملت اسلامیہ ہند کے جن اکابر نے یہ اپیل جاری کی ہے ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں:۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی، حضرت علامہ مولانا محمد کفایت اللہ مفتی اعظم ہند، سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید (نائب صدر جمعیۃ علماء ہند) حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی، حضرت مولانا عبد الحلیم صدیقی، حضرت مولانا سید فخر الدین احمد شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مراد آباد، حضرت مولانا نور الدین بہاری، حضرت مولانا بشیر احمد ایم ایل سی یوپی، حضرت مولانا [illegible]

یہ ہے جذبہ حمایت!

۱۵ اگست کو ڈاک کے نئے ٹکٹ

پندرہ روپے کے نئے ٹکٹوں کا اجراء

مباحث امروز ——— دوسروں کی زبانی)

بنگال کی بدامنی کا مقابلہ ——— ہندوستانی طلبا کو مفید مشورہ

اینگلو امریکی اور مسلمان ——— نیک مشورہ ——— انخلا کنندگان

مرکزی پارلیمنٹ کی کانگریس پارٹی کے چیف وہپ مسٹر ستیا نارائن سنہا کلکتہ پہونچ چکے ہیں اور حالات کی تحقیقات کر رہے ہیں جس کی رپورٹ وہ ۱۸ جولائی کو دہلی جا کر وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو پیش کریں گے اس کے بعد پنڈت جواہر لال نہرو کلکتہ جا رہے ہیں اور وہاں تین دن قیام کریں گے [illegible]

جمعیۃ علماء کا وجود مسلمانان ہند کیلئے از بس ضروری ہے

کارکنان جمعیۃ علماء کریم گنج کو گورنر آسام مسٹر سری پرکاش کی نصیحت

کریم گنج (بذریعہ ڈاک) گورنر آسام محترم سری پرکاش صاحب کریم گنج تشریف لائے۔ کریم گنج سے کانگریس گروپ جمعیت گروپ [illegible] محترم کے استقبال میں بدر پور گھاٹ تک گئے۔ [illegible]

ہوڑہ کے نزدیک کمیونسٹ اڈہ پر چھاپہ

پولیس نے اسلحہ اور گولہ بارود پر قبضہ کر لیا

کلکتہ ۔ ۹ جولائی ۔ ہوڑہ پولیس نے ہوڑہ سے ۲۰ میل دور کھاجری گاؤں پر چھاپہ مار کر ایک دیسی ساخت کی بندوق اور بہت سا کارتوس اور تیزابی بلب برآمد کئے یہ گاؤں کمیونسٹوں کا اڈہ ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جب پولیس پارٹی نے گاؤں کے ایک مکان کو گھیرے میں لیا تو مکان میں موجود چھ اشخاص نے پولیس پر گولی چلائی جس کا جواب پولیس نے گولیوں سے دیا جس سے ایک آدمی ہلاک ہو گیا۔ اس کے بعد باقی پانچ کمیونسٹوں نے جو روپوش بتلائے جاتے ہیں، اپنے آپ کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ (ب۔ ث)

ڈچ پارلیمنٹ کا خفیہ اجلاس

ہیگ ۔ ۹ جولائی ۔ آج ہیگ میں ڈچ پارلیمنٹ کا ایک خفیہ اجلاس ہوا جس میں حکومت کی جانب سے انڈونیشیا کے معاملہ پر ایک بیان دیا جائے گا۔

قرآن حکیم کا بین الاقوامی اصول

از نجم الدین اصلاحی

(۳)

(گذشتہ سے پیوستہ)

مسئلہ توحید جس کی ساری بنیاد صحیح علم و حکمت پر مبنی ہے اس بدیہی مسئلہ میں اقوام عالم نے دیکھئے کتنی ٹھوکریں کھائیں اور اسلام نے اس کو صاف کیا لیکن آج پھر اس توحید خالص میں ایسی ایسی آمیزشیں ہو چکی ہیں کہ کہا نہیں جا سکتا۔ اس کی وجہ جہالت اور عدم علم ہے۔ باقی رہا احاطۂ علم و حکمت اور اشیاء عالم کی کنہ و ماہیت کا علم اور معرفت ذات سو یہ چیز بہت حد تک ماورائے عقول انسانی ہے۔ کیونکہ علم صفت الٰہی ہے۔ جو غیر متناہی ہے۔ متناہی کو غیر متناہی سے قطرہ اور دریا کی نسبت بھی نہیں۔ موسیٰ اور خضر کا واقعہ اس امر پر شاہد ہے۔ ایک اسرار تشریع کا حامل اور دوسرا جزئیات کونیہ کا عامل ہے۔

اس لئے کہا جا سکتا ہے کہ تمام عالم میں افعال و صفات کا پھیلاؤ ہے۔ ہر فعل کو صفت کے ساتھ اور ہر صفت کو اسماء کے ساتھ لگاؤ ہے اور اسماء سب ذات کے ساتھ وابستہ ہیں۔ ... ذات تک رسائی کا راستہ ... ہے ... علم ... دونوں میں بڑا فرق ہے ... غرض اسی طرح کا ایک علم وہ بھی ہے جس کو قرآن نے ملکۂ سبا اور سلیمان علیہ السلام کے اس قصہ میں بیان کیا ہے۔

قَالَ الَّذِي عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنَ الْكِتَابِ
أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ
إِلَيْكَ طَرْفُكَ (نمل)

جس کے پاس کتاب کا علم تھا ... نے اس جن سے کہا کہ میں اس کو تیرے سامنے تیری آنکھ جھپکنے سے پہلے لا حاضر کر سکتا ہوں۔

وہ کون شخص تھا؟ مفسرین میں اختلاف ہے ... سلیمان علیہ السلام ... حضرت سلیمان علیہ السلام ... اللہ تعالیٰ چاہتا تو یہی کام خود سلیمان سے لے سکتا تھا ...

یقین کے ساتھ تو نہیں کہا جا سکتا مگر غور کرنے سے جو مصلحت سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہاں "جن" کی قوت ... اور انسان کی قوت علمیہ کا فرق ظاہر کرنا مقصود ہے ... لیکن جب علم کتاب کی قوت انسان کے ساتھ ہو تو وہ تمام طاقت والوں سے بڑھ کر طاقت ور ہو جاتا ہے۔ ... واللہ اعلم۔

دیکھوں گا اور ... واقف ہوں۔ تمام اقوام دنیا نے انبیاء کی دعوت ... اور ... حقیقی خوشحالی اور ... انبیاء اور رسولوں کے ... نظام ہی میں پا سکتے ہیں۔ ... آیت بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام دنیا کی عقل بھی کامل رکھتے ہیں۔ ... کیونکہ اگر یک نیتی سے کوئی شخص یہ سمجھے کہ فلاں منصب کا میں اہل ہوں اور جو شخص منصب پر ہے وہ نا اہلیت قابض ہے ...

اور صفات حسنہ کو بھی بیان کرے ... اور سنت انبیاء علیہم السلام ہے۔ مفسرین لکھتے ہیں:

"فیہ دلیل علی انہ یجوز ... من امر من الامور السلطان ... بالاوصاف التی لہا" (فتح البیان)

یعنی اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ جو شخص اپنے اوپر اعتماد رکھتا ہے ...

ایک متفق علیہ روایت کو بھی سامنے رکھئے۔ آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ بنی اسرائیل میں سیاسی نظام انبیاء کے ہاتھ میں تھا۔ جب ایک پیغمبر وفات پاتا دوسرا پیغمبر اس کی جگہ کا نظام ہو جاتا تھا مگر میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ میرے بعد میرے جانشین ہوں گے اور بہت سے ہوں گے۔ لوگوں نے پوچھا پھر ہم کو آپ کیا حکم کرتے ہیں ...

(باقی آئندہ)

مسلمانان انگلستان کے مذہبی حقوق تسلیم کرانے کیلئے مردم شماری کی جائیگی

اسلامی کونسل کا اولین پروگرام - ڈاکٹر عبدالقادر کا بیان

لندن ۱۰ جولائی۔ گذشتہ روز یہاں پر اعلان کیا گیا کہ انگلستان کی اسلامی کونسل کا اولین پروگرام انگلستان میں بسنے والے مسلمانوں کی مردم شماری کرنا ہوگا۔ کونسل کے صدر اور مرکز تمدن اسلامی لندن کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ علی عبدالقادر نے "گلوب" سے کہا کہ کونسل کا مقصد انگلستان میں بسنے والے مسلمانوں کو ایک فرقہ کی شکل میں متحد کرنا ہے تاکہ ان کے مذہبی حقوق تسلیم کرائے جا سکیں اور اخبار یا دوسرے حملوں سے اسلام کو بچایا جا سکے۔

یہ کونسل جو برطانیہ میں آباد مسلمانوں کے تمام مذہبی مفادات کی نگرانی کرے گی۔ یہ ادارہ مسلمانوں کا واحد نمائندہ ادارہ ہے۔ اور اس پر کسی ایک خاص فرقہ کا قبضہ نہیں ہوگا۔

شیخ علی کا اندازہ ہے کہ انگلستان میں مسلمانوں کی آبادی ۱۲ ہزار سے کسی طرح کم نہیں ہوگی۔ لیکن اب مردم شماری کے ذریعہ اس کی تصدیق ہو جائے گی اور تفصیلات کے لئے رجسٹر رکھا جائیگا۔ مسلمانوں کے جن حقوق کیلئے یہ کونسل کوشش کرے گی ان میں نماز یا دوسری مذہبی تقاریب کے موقع پر کام چھوڑ کر ان میں شرکت کرنے کا حق۔ اسلامی تعلیم کو ترقی دینے کے لئے مدرسے اور دوسرے تعلیمی مراکز قائم کرنا اور مسلم طلباء کے لئے ہوٹلیں کھولنا شامل ہوگا۔ (گلوب)

راشن بندی کے تمام علاقوں کو مرکز کی طرف سے ہدایت

مشاورتی کمیٹی تشکیل کی جائے

نئی دہلی ۱۰ جولائی: مرکزی وزارت زراعت نے تمام صوبوں اور ریاستوں کو لکھا ہے کہ جن شہری یا دیہاتی علاقوں میں راشن نافذ ہے۔ ان علاقوں کی مشاورتی کمیٹیوں کی تشکیل جولائی کے آخر تک مکمل کر لی جائے۔

ارادہ یہ ہے کہ راشن بندی کے متعلق لوگوں کی شکایات کو سننے اور نمٹانے کے لئے ان کمیٹیوں سے بھی کام لیا جائے۔ یہ کمیٹیاں خوراکی قوانین کے نفاذ کے سلسلہ میں مقامی افسروں کو مشورہ بھی دیں گی۔

وزارت خوراک نے کچھ عرصہ قبل سب حکومتوں کو ایک خط میں ان مشاورتی کمیٹیوں کی ضرورت کی طرف توجہ دلائی تھی۔ ان کمیٹیوں میں سیاسی قانون ساز مجالس کے ارکان بھی شامل ہوں گے۔ اس سلسلہ میں جس طرح اب تک عام طور پر شہروں اور قصبوں میں ہی کام ہوا ہے۔ لہٰذا مختلف صوبوں اور ریاستوں کو مطلع کیا گیا ہے کہ جہاں بھی ... راشن بندی ہے وہاں مشاورتی کمیٹی قائم کرنا ضروری ہے۔

لندن میں عالیشان جامع مسجد

جب تک مکانات کی قلت ہے تعمیر نہ ہوگی

لندن ۱۰ جولائی: سعودی عرب کے سفیر شیخ حافظ وہبہ نے گذشتہ روز انکشاف کیا کہ انگلستان میں آباد مسلمان ایک عالیشان جامع مسجد کی تعمیر کے لئے اس وقت تک اصرار نہیں کریں گے جب تک کہ انگلستان میں مکانات کی قلت کا مسئلہ اچھی طرح سے حل نہ ہو جائے۔

شیخ صاحب نے "گلوب" سے کہا۔ یقیناً ہم لندن میں ایک جامع مسجد تعمیر کرانا چاہتے ہیں لیکن ہم اس وقت تک مکانات تیار کرنیکا سامان استعمال نہیں کریں گے جب تک کہ لوگوں کے مکانات کے لئے اس کی فوری ضرورت ہے۔ مجھے امید ہے کہ مکانات کی قلت دو تین سال کے اندر ختم ہو جائے گی اور اس کے بعد ہم مسجد تعمیر کر سکیں گے اس دوران میں ہم مرکز تمدن اسلام کے علاوہ اسلامی اجتماعات ... میں یا اپنے اپنے مکانوں پر ادا کرتے رہیں گے۔ (گلوب)

ایک کار کا دلچسپ حادثہ

پیرس ۱۰ جولائی۔ پیرس کے مغربی حصہ میں ایک امریکن کار بغیر روشنی کے جا رہی تھی۔ یہ کار نیشنل اسمبلی کے پاس سے گذر رہی تھی جس میں دو آدمی بیٹھے ہوئے تھے وہ ایک روشنی کے کھمبوں سے ٹکرا گئی اور لوگ ادھر ادھر بھاگ گئے۔ آگے چل کر وہ ایک اور کار سے ٹکرا گئی جس میں ایک ۶۰ سالہ عورت سوار تھی جو ... اچھل گئی۔ لیکن کار چلتی رہی۔ پولیس نے کار کو روکنے کے لئے فائر کیا جس سے ایک ۱۸ سالہ طالب العلم جو سڑک پر گذر رہا تھا ... کار پولیس کی فائرنگ سے بچنے کی کوشش رہی تھی آخر کار ایک دوکان سے ٹکرا گئی۔ کار میں بیٹھے ہوئے لوگوں نے فرار ہونیکی کوشش کی لیکن پولیس نے ان کو گرفتار کر لیا ایک امریکن تھا اور ایک یوگوسلاویہ کا۔ (گلوب)

ریڈیو دوربین "دن کو رات" بنا دیتی ہے

بادل کہر حتی کہ روشنی میں بھی ستارے دیکھے جا سکتے ہیں

لندن ۱۱ جولائی۔ برطانوی سائنسدانوں نے ایک عجیب و غریب دوربین ایجاد کر کے علم نجوم میں ایک نئی شاخ کا اضافہ کیا ہے۔ اس دوربین کی مدد سے کہر بادل ... کر دن میں رات کی طرح فضا کا نظارہ کیا جا سکتا ہے۔ اس نئے قسم کی دوربین کو استعمال کرنے والی پہلی رصدگاہ چیشائر میں دریائے جوڈرل کے ساحل پر تیار کی گئی ہے۔ گو کہ یہ رصدگاہ کچھ زیادہ اونچائی پر نہیں واقع ہے پھر بھی یہ اتنے ہی اچھی طرح سے اپنا کام کر سکتی ہے ... (گلوب)

برطانوی اور امریکی نشریات

بہت سے روسی سنتے ہیں

لندن ۱۰ جولائی:- سوئٹزرلینڈ کے ایک ریڈیو ... نے ماسکو سے واپسی پر لندن کے اخبار ... کو بتایا کہ بہت سے روسی بی بی سی اور امریکہ کی آواز" کے نشریات سنتے رہتے ہیں حالانکہ روس انھیں دبانے کی کوشش کرتا ہے۔ (گلوب)

یوپی کانگرس فنڈ کا مسئلہ

پنڈت نہرو کی رپورٹ شائع ہو گئی

لکھنؤ ۹ جولائی۔ تین مہینے ہوئے یوپی صوبہ کانگرس کی ایگزیکیوٹیو کونسل نے کانگرس فنڈ کے استعمال میں بے قاعدگیوں سے متعلق متعدد الزامات اور جوابی الزامات کی تحقیقات صوبہ کانگرس کے وائس پریذیڈنٹ اور ہند کے وزیر اعظم پنڈت نہرو کے سپرد کی تھی۔ اس رپورٹ کا خلاصہ آج شائع کیا گیا ہے۔ اپنی رپورٹ میں پنڈت نہرو نے اس بات پر خاص زور دیا ہے کہ جہاں تک پبلک فنڈ کا تعلق ہے کانگرسی کارکنوں کو بہت ہوشیار رہنا چاہیئے۔ مگر ... کہ ہم کبھی ایسے الزامات نہ لگائیں جن کو ثابت نہ کیا جا سکے۔ اور جو سچائی سے خالی ہوں۔ (پی ٹی آئی)

حکومت ہند کی غذائی پالیسی کے خلاف ورزی کا نتیجہ

یوپی گورنمنٹ کو حکومت ہند نے سال رواں میں مزید اناج دینے سے انکار کر دیا

نئی دہلی ۱۰ جولائی۔ حکومت ہند نے یوپی کو سال رواں میں مزید اناج الاٹ کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ یہ قدم سرکار نے اپنی اس پالیسی کے مطابق اٹھایا ہے جس کا مقصد ... کنٹرول ... حکومت ہند کی پالیسی پر ...

زیادہ ہوائی ... کی نسبت کم رہی اس لئے یوپی کے کاشتکاروں نے گندم کو فروخت کیا جب کہ ... سلسلہ میں جو تجربہ ہوا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ اگر راشن شدہ شہروں میں کھلی مارکیٹ جاری رکھی جائے اور اناج کو ... کی اجازت دی جائے تو اناج کی قیمتیں گراں رہتی ہیں۔ ان حالات میں ... اشیاء کی مقدار ... اور قیمت گراں ہو جاتی ہے۔ ...

ہند اور برطانیہ کی تجارت۔ برطانیہ سے برآمد میں اضافہ

سال گذشتہ کے مقابلہ میں ہند سے برآمد میں کمی

بمبئی ۹ جولائی: جنوری ۱۹۴۹ء سے اپریل ۱۹۴۹ء تک برطانیہ اور ہند کی تجارت میں اضافہ کا پتہ چلتا ہے ہندوستان سے ... کے مال کی برآمد میں کمی ہوئی ہے۔ اس دوران میں برطانیہ سے ہندوستان کو جو سامان آیا اس کی کل مالیت ... ۸۰,۶۰۰۰ ... کے پہلے چار ماہ میں ۲۵۱۰۰۰۰ ... مال آیا۔ برآمد کی خاص خاص چیزیں مشینری گاڑیاں ... اور انجن برقی سامان کیمیائی دوائیں رنگ وغیرہ تھے۔ چار ماہ میں ہندوستان سے جو سامان برطانیہ گیا اس کی مالیت ... ۳۳۲۷۹ ...

ہے گذشتہ سال اسی ماہ میں ہندوستان سے ۲۵۱۳۹۰۰ ... کا سامان گیا تھا۔ ... ہندوستان سے چائے پٹ سن اور پٹ سن کا تیار کردہ سامان چمڑا اور چمڑے سے بنا ہوا سامان گیا۔ (اے پی)

لوہا اور فولاد خورد برد کرنے کیلئے چھ ماہ قید سخت کی سزا

ٹاٹا کمپنی کے ملازم کیخلاف کارروائی

نئی دہلی ۱۰ جولائی۔ وزارت امور داخلہ کے ایک ... نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ آئرن اینڈ اسٹیل کنٹرولر کو دھوکہ دینے اور لوہے اور فولاد کے کچھ سامان کو جو کہ ٹاٹا کمپنی کے نام الاٹ ہوا تھا خورد برد کرنے کے جرم میں مذکورہ کمپنی کے ایک ملازم ... کو چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی گئی ہے

ملزم کے خلاف الزام یہ تھا کہ اس نے اپنے افسروں کی اجازت حاصل کئے بغیر فرم کی طرف سے آئرن اینڈ اسٹیل کنٹرولر کو ایک درخواست بھیجی کہ فرم کیلئے لوہے اور فولاد کے سامان کے کوٹے کے سرٹیفکیٹ بھیجے جائیں چنانچہ سرٹیفکیٹ بھیج دیئے گئے اور ملازم نے انھیں خورد برد کر دیا۔ اس معاملہ کی تفتیش حکومت ہند کے اسپیشل پولیس اسٹیبلشمنٹ نے کی۔

حیدرآباد میں پلیگ

حیدرآباد ۹ جولائی۔ حیدرآباد شہر کے مرتبا آباد حلقہ کو پلیگ زدہ علاقہ قرار دے دیا گیا ہے اس سلسلہ میں صحت عامہ ... پلیگ کا ایک کیس ہوا۔

امریکی اسلحہ کیلئے مارشل ٹیٹو کی درخواست

پیرس ۱۰ جولائی:- یہاں پر نہایت ہی اعلیٰ اور قابل اعتماد سفارتی حلقہ سے ایک اطلاع ملی ہے کہ مارشل ٹیٹو نے امریکی اسلحہ کے لئے فوری درخواست کی تھی جسے واشنگٹن بھیجا جا رہا ہے۔ مارشل ٹیٹو نے امریکی قرض کے حصول پر اسلحہ کے حصول کو فوقیت دی ہے ...

ہم ہر مسئلہ پر اس کی خوبیوں کے پیش نظر غور کریں گے

مجلس اقوام متحدہ میں مستقل ہندوستانی نمائندہ مسٹر بی این راؤ کا بیان

... ۱۰ جولائی۔ مجلس اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مستقل نمائندہ مسٹر بی۔ این راؤ نے یہاں بتایا کہ ہندوستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کی مختلف میٹنگوں میں ہر مسئلہ پر آزادانہ فیصلہ دینے کی پالیسی پر عمل کیا ہے۔ ایک پریس کانفرنس میں مسٹر بی۔ این راؤ نے بتایا کہ ہم نے کبھی ... کی حمایت کرنی چاہی ... خوبیوں اور صفات ... پالیسی پر بدستور عمل کرتے رہیں ... ملکوں کی نظروں میں ہند کا رتبہ اور عزت بڑھ جاتی ہے ... حال ہی کے اجلاس میں پاکستان ... حیدرآباد کے مسئلہ پر ... کوئی حمایت نہیں کی۔

حیدرآباد میں دہشت انگیز حکومت

نہرو حکومت پر کومنفارم کے اخبار کا حملہ

لندن ۱۰ جولائی: بخارسٹ سے شائع ہونے والے کومنفارم کے سرکاری اخبار کی یکم جولائی کی اشاعت میں "مستقل امن کے ... عوامی جمہوریت کے لئے" کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ جس میں نہرو حکومت پر حملے کئے گئے ہیں۔ یہ اخبار حال ہی میں یہاں موصول ہوا ہے۔ مذکورہ بالا مضمون میں نہرو حکومت پر حیدرآباد میں "دہشت پسندی کا دور دورہ" شروع کر رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ اخبار مذکور نے الزام لگایا ہے کہ سارے ہندوستان میں سخت ...

امریکہ میں ملایا کے ربر کی حمایت میں پروپیگنڈا

ملایا میں ربر کی کاشت کرنے والوں کا فیصلہ

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس سال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور صحاب قلم اس نمبر کیلئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں۔ کوشش کی جا رہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو

مشتہرین

اپنے اشتہار کیلئے ابھی سے جگہ بک کرا لیں

کیونکہ

۳۰ جولائی کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہیں کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

فی الجمعیۃ کالم تین روپے

ضروری اطلاع

ایک ماہ کے لئے ہمارا عالمی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ...

روانہ فرمائیں گے۔

وی پی کے ذریعہ اخبار ...

(منیجر)

دارالسلطنت

بارہ کھمبہ روڈ پر حادثہ

بارہ کھمبہ روڈ پر ایک موٹر ... اور تانگہ کی ٹکر ہو گئی ... سخت زخمی ہوا۔ موٹر اور تانگہ کے مسافروں کے بھی چوٹیں آئیں۔

تین اشخاص کیخلاف مقدمہ

فراش خانہ کے تین اشخاص کے خلاف راشن کارڈ کا ناجائز استعمال کرنے پر پولیس نے مقدمہ درج کیا ہے ... نے ایک ایسے شخص کا راشن لیا تھا جو دہلی سے باہر تھا۔

چار ہفتہ کا راشن لیجئے

اگر راشن لینے والے کی خواہش ہو تو ... جولائی سے شروع ہونے والے ہفتہ میں ایک ساتھ چار ہفتہ کا راشن ...

کوئلہ بیچنے کا پرمٹ لیجئے

... کوئلہ ... لائسنس ... پرمٹ ...

زیورات کی چوری

...

موسم کا حال

... کے ۸ بجے تک درجہ حرارت حسب ذیل تھا۔

آگرہ	۸۹-۸۰	اجمیر	۸۳-۷۹
علیگڈھ	۹۱-۷۵	بمبئی	۸۹-۸۰
الہ آباد	۹۳-۷۹	کلکتہ	۹۱ ۷۹
اعظم گڈھ	۸۰ —	جودھپور	۷۹ —
بریلی	۸۸-۷۹	لکھنؤ	۹۰-۸۲
بنارس	۹۱-۸۴	میرٹھ	۸۹-۷۷
کانپور	۹۱-۸۱	ناگپور	۸۸-۷۷
دہرہ دون	۸۵	رڑکی	۹۰-۷۵
جھانسی	۹۲-۷۸	سری نگر	۹۲-۷۰

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ... درجہ اور کم سے کم ... درجہ تھا۔

مسٹر بھابھا کے بیان کی تردید

روپیہ کی قیمت کم نہیں ہوگی

نئی دہلی ۱۰ جولائی۔ ...

"پاک انسان"

دہلی ۱۱ جولائی۔ پاکستان ...

حکومت ہند راشٹریہ سنگھ پر سے کوئی پابندی نہیں اٹھائے گی

سمجھوتہ کی بات چیت ٹوٹ گئی سردار پٹیل کا وینکٹا راؤ کو مراسلہ

نئی دہلی ۱۰ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند سنگھیوں کی سرگرمیوں ...

ہائیر سکینڈری امتحانات کے نتائج

موٹروں پر ہندی میں نمبر

اہل اسلام حضرات سے

ضروری اپیل

ایک نیم شکستہ مسجد کی از سر نو تعمیر کی جا رہی ہے ...

پاکستانی افسر دہلی آرہے ہیں

مسئلہ خوراک پر گفتگو

کراچی ... جولائی۔ پاکستان ... (اے پی پاکستان)

زمینوں کو قابل زراعت بنانے کیلئے رعایت

زمین کا مالیہ چھوڑ دینے کی تجویز

نئی دہلی ... جولائی۔ ...

دہلی میں بھکاریوں کی بستیاں

...

ایرانی افسر فوجی تربیت کیلئے یورپ جائیں گے

نیند کا مزہ لیتے ہوئے تعلیم حاصل کیجئے

امریکہ میں بے پر کی مرغیاں

بائیں بازو کا مشترکہ محاذ

مسٹر سرت چندر بوس بتائیں گے

لندن ۱۰ جولائی۔ ...

۸ ہزار کی نقدی اور جواہرات برآمد

سیسہ کا ذخیرہ ۲۰ سال میں ختم ہو جائیگا

ڈالمیا سیمنٹ فیکٹری

کرکٹ کا کھلاڑی پاکستان میں بسے گا

مشرقی پنجاب کا ضمنی انتخاب

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ ... دیوبند ...

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

...

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ

موسم گرما کا عجیب تحفہ

مفرح دلکشا

اکسیر جلد

اکسیر کامل

تریاق الزہر

سفوف سونف ...

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

عازمین حج کیلئے ٹیکہ لگوانے کے متعلق ضروری واہم ہدایات

عازمین حج کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات پر پورے طور پر عمل کریں تاکہ انہیں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے

... گورنمنٹ یا میڈیکل ... سرٹیفکیٹ ...

حج کمیٹی بمبئی

قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

نمبر ۹۷ رجسٹرڈ ڈی

جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد ۱۳ سلسلہ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۱۶ رمضان المبارک مطابق ۱۴ جولائی ۱۹۴۹ع | نمبر ۱۶۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پنڈت نہرو لکھنؤ جائیں گے

لکھنؤ ۱۲ جولائی۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند ۱۵ جولائی کو کلکتہ سے واپسی میں شاید لکھنؤ تشریف لائیں یہاں آپ اسی دن یو پی کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ (پ۔ ٹ)

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کیلئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
منگل ۱۴ رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۸ منٹ
بدھ ۱۵ ر	۳ بجکر ۵۵ منٹ	۷ بجکر ۲۷ منٹ
جمعرات ۱۶ ر	۳ بجکر ۵۶ منٹ	۷ بجکر ۲۷ منٹ
جمعہ ۱۷ ر	۳ بجکر ۵۷ منٹ	۷ بجکر ۲۶ منٹ

یو پی اسمبلی میں "تنسیخ زمینداری بل" پر سوشلسٹ لیڈر کی سخت تنقید

یہ بل زمینداروں کی حفاظت کیلئے بنایا گیا ہے

کانگریس پر سرمایہ داروں کی حمایت کا الزام

زمینداروں نے بھی بل کی مخالفت شروع کر دی

لکھنؤ ۱۲ جولائی۔ کل یو پی اسمبلی میں مسٹر راجا رام شاستری سوشلسٹ اور لیبر لیڈر نے بل کو "زمینداروں کا حفاظتی" قرار دیا اور اس امر کی پیشین گوئی کی کہ اگر اراضیات کی تقسیم کا مسئلہ اطمینان بخش طریقہ پر حل نہ ہوا تو کسانوں اور سوشلسٹوں میں جھگڑا ضروری ہے [illegible]

معترضین نے مطالبہ کیا کہ زمینداروں کے پاس زیادہ سے زیادہ پچاس ایکڑ زمین رکھی جائے اور باقی زمین کو ان مزدوروں میں تقسیم کر دیا جائے [illegible]

صدر فلپائن ملک کو ایک آگ میں جھونک دینا چاہتے ہیں

حزب مخالف کے ایک ممبر کا چیانگ سے سمجھوتہ پر شدید تبصرہ

منیلا ۱۲ جولائی۔ فلپائن کے حزب مخالف کے ایک [illegible] نے صدر فلپائن پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ ملک کو آگ سے کھیل رہے ہیں [illegible]

سیاسی حلقوں میں اس پر اظہار حیرت کیا جا رہا ہے [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

چین اور فلپائن میں کوئی خفیہ فوجی معاہدہ نہیں ہوا

فلپائن کے صدر کوئرینو کا غیر مشروط اعلان

منیلا ۱۲ جولائی۔ فلپائن کے صدر کوئرینو نے غیر مشروط طور پر اس کا اظہار کیا ہے کہ [illegible] مارشل چیانگ کائی شیک [illegible] کوئی خفیہ فوجی معاہدہ نہیں ہوا [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

صرف کانگریس ہی حکومت کو کامیابی سے چلا سکتی ہے

بنارس میں عام جلسہ میں مسٹر قدوائی کی تقریر

بنارس ۱۲ جولائی۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی نے یہاں ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے پبلک سے اپیل کی کہ کانگریس کی حمایت کریں کیونکہ [illegible]

صدر کانگریس کا عزم دہلی

سری پرکاش بھی کلکتہ میں

جنوبی چین میں سخت سیلاب کی تباہ کاریاں

ہانگ کانگ سے فوری امداد بھیجی گئی

ہانگ کانگ ۱۲ جولائی۔ [illegible]

شنگھائی اور پیکنگ کے درمیان باقاعدہ ریل سروس شروع ہو گئی

دریائے یانگسی پر پہلی بار لوہے کا پل بنوایا جائے گا

لندن ۱۲ جولائی۔ [illegible]

ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی میں زبردست پھوٹ پڑ گئی

مسٹر جوشی کو پنڈت نہرو سے تعاون کی پالیسی اختیار کرنے پر نکالا گیا تھا

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ [illegible]

یو پی اسمبلی کی جنتا پارٹی عنقریب توڑ دی جائے گی؟

پارٹی کے ایک سرکردہ ممبر کی پیشین گوئی

کانگریس پارٹی کے مخالف گروپ کے متعلق اچاریہ جگل کشور کا اظہار خیال

لکھنؤ ۱۲ جولائی۔ یو پی اسمبلی کی جنتا پارٹی کے ایک سرکردہ ممبر نے [illegible]

ایشیائی یونین ایکٹ نسلی منافرت پھیلاتا ہے

جنوبی افریقہ سے حکومت ہند کا احتجاج

دہلی ۱۲ جولائی۔ حکومت ہند نے جنوبی افریقہ کی حکومت [illegible]

جنوبی کلکتہ کے ایک مکان میں دھماکہ

مکان کو نقصان۔ دو اشخاص سخت زخمی

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ [illegible]

معاہدہ آسٹریا کے مسودہ کی ترتیب

وزراء خارجہ کے نائبوں کا اجلاس

لندن ۱۲ جولائی۔ [illegible]

افغانستان کے تمام دعوے نامعقول اور متضاد ہیں

افغانی پروپیگنڈے پر سر ظفر اللہ خان کا بیان

[illegible]

ایک جزیرہ میں آتش فشاں پہاڑ کی تباہ کاریاں

باغات اور مکانات لاوا کے نیچے دبتے چلے جا رہے ہیں

لندن ۱۲ جولائی۔ کیناری جزائر میں سے ایک جزیرہ پالما میں آتش فشاں پھٹنے کے باعث انگور کے باغات کو سخت نقصان پہنچا [illegible] (رپ ٹ۔ رائٹر)

یورپ کے پروگرام امدادی میں تخفیف

امریکن سینیٹ کے ایک ممبر کا بیان

واشنگٹن ۱۲ جولائی۔ [illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi: 13-7-49

جائداد کے متعلق کسٹوڈین صاحب کی عدالت میں مقدمات

سائلان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کسٹوڈین صاحب کے جدید قانون کے مطابق سائل کی ایک غیر حاضری پر اس کی درخواست خارج کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا آپ صاحبان کا فرض ہے کہ پیشی کی تاریخ پر ضرور حاضر ہوا کریں۔ جن صاحبان کو اپنی درخواست کی تاریخ کا علم نہ ہو وہ فوراً قانونی امدادی کمیٹی سے یا جن وکیل صاحب کے پاس ان کا مقدمہ ہے ان سے تاریخ دریافت کر لینی چاہیئے۔

دوسرا قانون یہ نافذ ہوا ہے کہ جو بھی درخواست گزٹ شائع ہونے کے صرف ۳۰ دن کے اندر اندر دی گئی ہو وہ قابل سماعت ہوگی۔ دیر میں دی ہوئی درخواست نامنظور ہوگی۔ لہٰذا آپ گزٹ دیکھنے میں بہت زیادہ پابندی برتیں اور ہر درخواست اندر میعاد پیش کریں۔ سکریٹری قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ علمائے ہند گلی قاسم جان دہلی۔

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کے لئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
پیر ۱۳ رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۸ منٹ
منگل ۱۴ ر	۳ بجکر ۵۴ منٹ	۷ بجکر ۲۸ منٹ
بدھ ۱۵ ر	۳ بجکر ۵۵ منٹ	۷ بجکر ۲۷ منٹ
جمعرات ۱۶ ر	۳ بجکر ۵۶ منٹ	۷ بجکر ۲۷ منٹ

مارشل چیانگ کائی شیک فلپائن سے ساز باز کرنے لگے

کمیونزم کو روکنے کیلئے معاہدہ بحرالکاہل کی تشکیل کے ارادے

تائی پے ۱۰ جولائی۔ فلپائن کی حکومت کی دعوت پر مارشل چیانگ کائی شیک ہوائی جہاز کے ذریعہ منیلا روانہ ہو گئے ہیں وہ چین اور فلپائن کے مشترکہ مفاد کے متعلق صدر فلپائن کوئرینو اور دوسرے افسروں سے گفت و شنید کریں گے [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

خوراک کپڑے اور پانی کی کمی کا مردانہ وار مقابلہ کیا جائے

اڑیسہ میں غلہ کی پیداوار بڑھانے کیلئے مسٹر آصف علی کی تقریر

کٹک ۱۱ جولائی۔ گورنر اڑیسہ مسٹر آصف علی نے اڑیسہ کے عوام سے اپیل کی کہ صوبہ بھر میں سوسائٹیاں قائم کر کے کم سے کم اس پچاس لاکھ ایکڑ قابل کاشت اراضی کا ایک حصہ زیر کاشت لائیں جو آج کل اڑیسہ میں بے کار پڑی ہوئی ہے [illegible]

انہوں نے کہا ہندوستان میں کروڑوں انسانوں کی [illegible] اس میں ہر شخص کو اپنا حصہ ادا کرنا چاہئے [illegible] (اپ ٹ ا)

[illegible] صاحب کا عرس

پاکستان سے آنے والا زائرین کا قافلہ [illegible]

جاپان اور ڈالر والے علاقوں سے درآمد بند کر دی جائیگی

غیر ملکی زر تبادلہ بچانے کیلئے حکومت ہند کا نیا اقدام

بمبئی ۱۱ جولائی۔ یہاں کے باخبر تجارتی حلقوں کے بیان کے مطابق حکومت ہند اس تجویز پر غور کر رہی ہے کہ ڈالر والے علاقوں سے بالخصوص اور ان علاقوں سے جن کی کرنسی مشکل سے دستیاب ہوتی ہے بالعموم [illegible] درآمد بند کر دی جائے [illegible]

جامع مسجد میں قرآن کریم

[illegible]

ضلع ورنگل میں کمیونسٹوں کا حملہ

سکندرآباد ۱۰ جولائی۔ [illegible]

ایک گن بوٹ نے برطانوی جہاز کو روک لیا

جہاز کی کئی گھنٹہ تک تلاشی

ہانگ کانگ ۱۱ جولائی۔ [illegible]

ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی دہلی کی میٹنگ

[illegible]

کشمیر کمیشن کا اجلاس

سری نگر ۱۱ جولائی۔ [illegible]

کشمیر میں تہذیبوں کا امتزاج

یونسکو سے کمیشن بھیجنے کی درخواست

سری نگر ۱۱ جولائی۔ [illegible]

کپورتھلہ کو مشرقی پنجاب کا دارالسلطنت بنانے کی تجویز

[illegible]

لندن کی بندرگاہ کے مزدوروں کا جھگڑا

مزدوروں نے حکومت کا الٹی میٹم ٹھکرا دیا

لندن ۱۱ جولائی۔ لندن کے ڈیڑھ ہزار بندرگاہ کے مزدوروں کے جلسوں میں اعلان کیا گیا کہ حکومت [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

چندرنگر کے باشندوں سے امن قائم رکھنے کی اپیل

حکومت ہند اور حکومت فرانس کے مشترکہ کمیونکے

دہلی ۱۱ جولائی۔ اتوار کے دن حکومت ہند اور حکومت فرانس نے مشترکہ طور پر ایک کمیونکے شائع کیا ہے [illegible]

انڈونیشیا کے جمہوری لیڈر جنگ بند کرنے پر غور کر رہے ہیں

جمہوریت پسندوں اور وفاق پسندوں کے درمیان گفت و شنید

بٹاویہ ۱۱ جولائی۔ انڈونیشیا کی جمہوری حکومت [illegible]

افغانستان پر پاکستانی طیارہ نہیں اڑا

حکومت پاکستان کی طرف سے تردید

کراچی ۱۱ جولائی۔ [illegible]

ہفتہ بھر کی بارش کا خلاصہ

گجرات میں موسم خشک رہا

نئی دہلی ۱۱ جولائی۔ [illegible]

ٹراونکور کو چین کیلئے ایک مالی ماہر

[illegible]

مدھیہ بھارت میں تحفظ مویشی کا قانون

گوالیار ۱۱ جولائی۔ [illegible]

روپیہ بچائیں

نئے کپڑے خریدنے کی بجائے اپنے پرانوں کو ہم سے

مثل نیا بنوائیں

ماڈرن کلینرز

(جدید طریقوں سے ۔ دھلائی ۔ رنگائی کرنے والے)

چاندنی چوک نزد ڈاک خانہ

کوتوالی دہلی

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج [illegible]

[illegible] ڈاکٹر پی۔ ایل۔ [illegible]

تپ دق (T.B) اور پرانے بخارات کے مایوس مریضو

[illegible]

اطلاعات یو۔پی

مرکز سے یو۔پی کو غلہ دیے جانے کا مسئلہ

ابھی گفت وشنید جاری ہے۔ وزیر خوراک دہلی جائیں گے

لکھنؤ ۱۲ جولائی۔ یہاں کے سرکاری حلقوں میں اس خبر کی اشاعت پر کہ مرکز یو۔پی کو مزید غلہ نہیں دیگا سخت افسوس کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ افسوس اس وجہ سے ہے کہ اس معاملہ پر ابھی مرکز اور یو۔پی میں خط وکتابت وگفتگو ہو رہی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس خبر سے سمجھوتے کے امکانات ختم ہو جائیں گے۔ حکومت یو۔پی اپنے نقطۂ نظر کو بالکل منصفانہ سمجھتی ہے [illegible] یو۔پی نے ۳۳۰۰۰۰ ٹن اناج جمع کیا [illegible] میں ۳۴۰۰۰۰ ٹن اس سال ۲۵۰۰۰۰ ٹن اناج جمع کیا۔

معلوم ہوتا ہے غلہ جمع کرنے میں یو۔پی کو جو کامیابی ہو رہی ہے اس کو مرکز میں پوری طرح پر محسوس نہیں کیا جا سکا [illegible] ہر سال جمع شدہ غلہ کی مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سال [illegible] کے حساب سے غلہ جمع کیا گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت یو۔پی غلہ جمع کرنے کے لئے کتنی زبردست کوششیں کر رہی ہے۔ غلہ جمع کرنے کے پہلے سال میں جمع شدہ غلہ کا ساٹھ فی صدی گیہوں تھا۔ اس سال گیہوں کی تعداد چالیس فی صدی ہے۔ نکتہ چین یہ بات بھول جاتے ہیں کہ اس سال گیہوں کی فصل [illegible] ۳۵۰۰۰۰ ٹن غلہ کے علاوہ جسے یو۔پی اب تک جمع کر چکا ہے صوبے کے پاس سوا لاکھ ٹن چاول بھی ضرورت سے زائد ہے۔

یو۔پی مرکزی حکومت کو [illegible] ہزار ٹن چاول اور چالیس ہزار ٹن جوار دے کر [illegible] ہزار ٹن گندم لینا چاہتا ہے۔ مرکز یو۔پی کا خاص غلہ لینا چاہتا ہے لیکن گیہوں کی کمی دور کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ ظاہر ہے یہ صورت حالات [illegible] بازار کو بند کرنے کی تجویز منظور ہو سکتی ہے۔ اس خیال کو زیادہ اہمیت نہیں دی جا رہی کہ کھلے بازار کو بند کرنے سے غلہ جمع کرنے کی مہم میں اضافہ ہو جائے گا۔ اگر حکومت ہند اپنی تجویز پر مصر رہی اور صوبہ کو کسی قسم کی رعایت نہ دی گئی تو لوگوں کو خوراک میں کسی قسم کی تبدیلی لازمی ہو جائے گی [illegible] چاول استعمال کرنا پڑے گا۔ جب تک حکومت ہند اور یو۔پی کے وزیر خوراک مسٹر [illegible] کے درمیان گفت وشنید [illegible] اس بارہ میں کسی قطعی فیصلہ کا علم نہیں ہو سکتا۔ [illegible] ۱۳ جولائی کو دہلی روانہ ہو جائیں گے۔ (ا)

یوپی میں چینی کے بعض کارخانے بند ہونے کا خطرہ

گنے کی پیداوار میں ۱۲ سومن فی ایکڑ کی کمی ہوگئی

لکھنؤ ۱۲ جولائی۔ [illegible] یوپی میں چینی کی ۱۶ ملیں [illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] زمانہ جنگ کے بعد سے نقصان میں چل رہی ہیں [illegible] گنے کی سپلائی کی کمی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ یہ کارخانے موسم میں صرف چند دن کام کرنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں لیکن گنے کی زیر کاشت زمین میں بہت کمی ہوئی ہے [illegible] حکومت یوپی نے [illegible] کی کانفرنس طلب کی ہے جس میں دو کمیٹیاں بنائی ہیں [illegible] کمیٹی مشرقی اضلاع میں گنے کی پیداوار میں اضافہ کی کوشش کرے گی [illegible] مزدور بیکار ہو جائیں گے [illegible]

چینی سستی ہو جائے گی

[illegible]

استادوں کیلئے فوجی تربیت

فیض آباد [illegible] کیمپ میں [illegible] اس آزادی کو تمام رکھنا ان کا فرض ہے۔ انہوں نے [illegible] ۱۰۰ استادوں [illegible] اور یہ کام ۲۸ دن جاری رہا۔

ہندی میں پریس ٹیلی گرام

بنارس ۱۲ جولائی۔ کل مسٹر رفیع احمد قدوائی نے یہاں پبلک پریس کانفرنس میں بتایا کہ اب ہندی میں پریس ٹیلی گرام ان تمام تارگھروں میں موصول کئے جا سکیں گے جن میں ہندی کے تمام تار موصول ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ [illegible] اس بارے میں بعض ہدایات جاری کریں گے [illegible] مسٹر قدوائی نے کہا آپریٹروں کے ایک گروہ کو ہندی مورس کوڈ کی تربیت دی جا رہی ہے۔ تربیت حاصل کرنے کے بعد ان کو مختلف تارگھروں میں متعین کر دیا جائے گا۔ حکومت نے [illegible] کا اعلان کیا ہے۔

چاندی کا بھاؤ گرنے سے

ایک کروڑ کا نقصان

بمبئی ۱۲ جولائی۔ [illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] ہنگامی حالات کا اعلان کرنے کے لئے ایک درخواست مرتب کر رہے ہیں [illegible] صورت حالات پر غور کرکے ہنگامی حالت کے مقابلہ کے لئے تدابیر اختیار کی جائیں گی۔

اس تحریک کی وجہ یہ ہے کہ چند بڑے صرافوں نے چاندی کی خرید وفروخت بند کر دی ہے کیونکہ ریزرو بینک نے حیدرآباد کی چاندی فروخت کرنے کا اعلان کیا ہوا ہے۔ ہفتہ کو چاندی کا بند بازار بھاؤ سرکاری طور پر ۱۶۳/- روپے تھا اور اب تک سودوں میں ایک کروڑ روپے کا نقصان ہو چکا ہے۔ (پ۔ ٹ)

مفت راشن دینا بند کردیا جائیگا

احمد آباد ۱۲ جولائی۔ مقامی حکام کے فیصلے کے مطابق یکم اگست سے [illegible]

ہاوڑہ میں بم پھینکنے کا واقعہ

ہوم منسٹر خوش قسمتی سے بچ گئے

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ مغربی بنگال کے [illegible] ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا [illegible] کو اس سلسلہ میں گرفتار کیا گیا ہے۔ (پ۔ ٹ)

تجارت درآمد میں کمی کرنے سے بہت سی منڈیاں غیر ملکوں کے ہاتھ میں چلی جائیں گی

امریکن کانگریس کو صدر ٹرومین کا انتباہ

واشنگٹن ۱۲ جولائی۔ آج امریکن پارلیمنٹ میں ملک کی اقتصادی صورت حال پر اپنی ششماہی رپورٹ پیش کرتے ہوئے صدر ٹرومین نے امریکنوں کو انتباہ کیا کہ اگر ان ملکوں سے مال منگوانے میں کمی کی گئی جہاں ڈالر کی سخت تنگی ہے تو اس سے دنیا کی سیاسی پائداری کے لئے بڑے تباہ کن نتائج برآمد ہونے کا اندیشہ ہے۔ غیر ممالک کی امداد کے پروگرام اسی طرح جاری رہنے چاہئیں۔ نیز پس ماندہ ممالک کو براہ راست ڈالر مہیا کرکے غیر ملکی سرمایہ کو وسعت دی جانی چاہئیے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے دوست ممالک جانتے ہیں کہ دنیا کی امیدیں اور ان کی بھلائی کا زیادہ تر دارومدار امریکہ کی اقتصادی طاقت پر ہے۔ اگر ہم نے اپنی درآمد میں کمی کی تو اس سے بہت سی منڈیاں دوسرے ملکوں کے ہاتھ میں چلی جائیں گی۔

انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ تجارتی سرگرمیوں میں کمی کی وجہ سے ہی درآمد میں کمی ہوئی ہے۔ اگر ہماری درآمد میں کافی دیر تک اسی طرح کمی جاری رہی تو اس کے نتائج خراب نکلیں گے جن کے پاس ڈالر کم ہیں اگر ہم سے مال نہ خریدیں گے تو ان کے پاس ہم سے مال خریدنے کو ڈالر کہاں سے آئیں گے؟ اس صورت میں وہ ڈالر حاصل کرنے کے لئے امتیازی تجارتی انتظام کریں گے جس کا آخر کار ہم پر بھی برا اثر پڑے گا۔ یہ بہت اہم ہے کہ دنیا کی اقتصادیات کو مضبوط بنانے کے لئے ہم اس طرح امداد کرتے رہیں اور پارلیمنٹ کو چاہئیے کہ پس ماندہ ممالک کو ٹیکنیکل اور سرمایہ کی امداد دینے کے متعلق [illegible] روس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے صدر ٹرومین نے کہا کہ جو امریکہ کے رہن سہن کے طریقے کے مخالف ہیں وہ اپنی [illegible] آزاد سوسائٹی میں اقتصادی بدحالی ناگزیر ہے [illegible] یہ ثابت کرنا ہے کہ خوشحالی اور آزادی لازم وملزوم ہیں [illegible] (پ۔ ٹ)

گویلوں میں ۸۰ فیصدی عورتیں

لندن ۱۲ جولائی۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ لندن میں ۱۷ ہزار گویلے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ان میں تین ہزار مرد ہیں باقی عورتیں ہیں [illegible] فیصدی اجرت پر کام کرنے والے (ا۔ سلا)

ڈھاکہ میں پانی کی شدید قلت

وزیر اعظم سے وفد کی ملاقات

ڈھاکہ ۱۲ جولائی۔ ڈھاکہ میں واٹر ورکس کے سسٹم کے مستقل بیکار ہو جانے کا خطرہ ہے۔ مشرقی بنگال کے صدر مقام میں بار ہا [illegible] پانی کی کمی کا سخت خطرہ ہے۔ ڈھاکہ میں ان [illegible] پانی فراہم کرنے کے لئے [illegible] لاکھ کی آبادی کو پانی فراہم کر رہے ہیں [illegible] حکومت پر صورت حالات کی نزاکت ظاہر کرنے کے لئے حال ہی میں بعض سرکاری ملازمین نے خالی بالٹیاں اور دوسرے برتن لے کر وزیر اعظم سے ملاقات کی۔ (پ۔ ٹ رائٹر)

محکمہ ڈاک وتار کے ملازمین کو ذمہ داری کا احساس نہیں رہا

ڈاک کی تقسیم میں تاخیر کے اسباب مسٹر قدوائی کا اظہار خیال

لکھنؤ ۱۱ جولائی۔ [illegible] کا جواب دیتے ہوئے مسٹر رفیع احمد قدوائی وزیر ڈاک وتار نے ڈاک کی تقسیم میں دیر ہونے پر اظہار افسوس کیا۔ جن مشکل حالات میں ڈاک وتار کے محکمے کام کر رہے ہیں ان کا خیال رکھنے کے باوجود مسٹر قدوائی نے کہا یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ دیر ہونے کی وجہ بدانتظامی ہے۔ مسٹر قدوائی نے حاضرین کو یقین دلایا کہ تین چار ماہ کے اندر اندر ٹیلیفون اور ٹیلیگراف کے کام میں باقاعدگی اور سرعت پیدا ہو جائے گی۔ لیکن ڈاک کا مسئلہ [illegible] انہوں نے تسلیم کیا کہ تمام نظم ونسق خراب ہو رہا ہے اور ملازمین نے اپنی ذمہ داری کا احساس کھو دیا ہے۔ جب تک وہ اپنے نقطہ نظر میں تبدیلی پیدا نہ کریں [illegible] کارکردگی میں [illegible] بہتری پیدا ہو سکتی ہے۔

کراچی میں اسلامی ممالک کی اقتصادی کانفرنس

حکومت شام کو دعوت نامہ موصول ہو گیا

دمشق ۱۲ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ شامی حکومت کو حکومت پاکستان کی طرف سے کراچی کی اقتصادی کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے جو اس ماہ کے آخر میں ہو رہی ہے دعوت نامہ موصول ہوا ہے۔ یہ کانفرنس اس لئے ہو رہی ہے تاکہ پاکستان ایران عراق ترکی شام اور لبنان میں اقتصادی تعاون کے امکانات پر غور کیا جائے۔ ان ممالک اور پاکستان کے درمیان اقتصادی معاہدات پر بھی اس کانفرنس میں غور کیا جائے گا۔ (گلوب)

لاہور میں بارش

لاہور ۱۲ جولائی۔ [illegible] اس سال کے موسم گرما کے خوشگوار ترین دن [illegible] لاہور میں خاصی عمدہ بارش ہوئی ہے۔

[illegible] مشرقی پاکستان کے اضلاع [illegible] سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے [illegible] کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ پانی اب کم ہو رہا ہے اور جہاں کہیں امداد کی ضرورت ہے امداد پہنچائی جا رہی ہے۔

مارواڑ میں شدید قحط۔ زندہ بچہ بھون کر کھانے کی کوشش

جودھپور ۱۲ جولائی۔ مارواڑ میں بارش نہ ہونے سے کئی اضلاع میں قحط کی سی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ اطلاع ملی ہے کہ دیہاتی بڑی تعداد میں گاؤں خالی کر رہے ہیں۔ مارواڑ کے ایک ضلع کے ایک گاؤں سے بڑی خوفناک اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ان اضلاع کا ایک دیہاتی آٹھ روز کے مسلسل فاقہ کے بعد اس بات کے لئے مجبور ہو گیا کہ اپنے چار سالہ بچہ کو بھون کر کھائے۔ لیکن جب اس امر کی اطلاع دوسرے دیہاتیوں کو ہوئی تو وہ بھاگ کر اس جگہ پہنچے اور اس خطرناک موت سے اس بچے کی جان بچائی۔ (ا۔ ن۔ ک)

دیہاتیوں کا ایک پولیس پارٹی پر حملہ

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ یہاں جو اطلاعات پہنچی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ مالدا پولیس نے دیہاتیوں کے ایک مجمع پر گولی چلائی کیونکہ انہوں نے ایک گشتی پولیس پارٹی پر حملہ کرکے ایک رائفل چھین لی تھی۔ واقعہ کی تفصیلات کا علم نہیں۔ (پ۔ ٹ)

پنڈت نہرو سے کسان

اپنی شکایتیں بیان کرے گا

بنارس ۱۲ جولائی۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے اعظم گڑھ کے موضع [illegible] کے ایک کسان کو بلایا ہے تاکہ اس کی زبانی اس کی شکایات سن سکیں۔ چار جولائی کو جب یہ کسان دہلی روانہ ہو رہا تھا تو گاؤں کے منتظم نے اسٹیشن پر اس کو مفت کھانا اور [illegible] (پ۔ ٹ)

لندن سے جل آزاد نامی جہاز کی روانگی

ہڑتال کی وجہ سے مال نہ لادا جا سکا

لندن ۱۲ جولائی۔ سندھیا اسٹیم نیویگیشن کمپنی کا ۸۰۰۰ ہزار ٹن کا جہاز جل آزاد آج لندن سے بمبئی روانہ ہو رہا ہے۔ اس میں دوسرے تجارتی سامان کے علاوہ مسافر بھی ہوں گے۔ کمپنی کے ایک افسر نے پریس ٹرسٹ کو بتایا کہ لندن میں بندرگاہوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی ہڑتال کی وجہ سے ہمارے جہاز میں کوئی سامان نہ لادا جا سکا۔ بلکہ ہڑتال کی وجہ سے اس کی روانگی کی تاریخ میں ایک دن کی دیر بھی ہو گئی۔ بہرحال جل آزاد میں اٹلی سے ۲ ہزار ٹن فولاد اور سیمنٹ یورپ سے ڈیڑھ ہزار ٹن فولاد لادا جا رہا ہے۔ عام طور پر جل آزاد میں لندن سے بہت کافی سامان آتا ہے۔ (پ۔ ٹ ا)

کلکتہ میں ٹرام اسٹرائک بدستور جاری ہے

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ جنوبی کلکتہ کے ٹراموں کے ملازمین کی ہڑتال اب بھی جاری ہے۔ آج اس ہڑتال کو چھ دن ہو گئے ہیں دوسرے حلقوں میں ٹرامیں حسب معمول چل رہی ہیں۔ کل صبح تین اشخاص کو گرفتار کیا گیا ہے یہ ٹرام کے ملازمین کو ہڑتال پر اکسا رہے تھے۔ دو اشخاص قابل اعتراض پوسٹر دیواروں وغیرہ پر لگاتے ہوئے گرفتار کئے گئے۔ جنوبی کلکتہ میں پولیس کی مدد سے کئی ٹرامیں نکالی گئیں۔ بالی گنج میں ٹرام پر ایک بم پھینکا گیا جس سے ٹرام کو کچھ نقصان پہنچا۔ کالی گھاٹ ٹرام ڈپو پر ایک بم پھینکا گیا لیکن وہ نشانہ پر نہیں لگا اور باہر دیوار پر پھٹ گیا۔ (پ۔ ٹ)

کانگریس کا وقار خطرہ میں ہے

صوبائی حکومتوں کو پنڈت نہرو کا مراسلہ

کلکتہ ۱۲ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم پنڈت نہرو نے تمام صوبائی حکومتوں کو ایک نہایت اہم مراسلہ بھیجا ہے جس میں انہوں نے زبردست انتباہ کیا ہے کہ کانگریس کا وقار خطرہ میں ہے اور اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ کانگریس کو غیر پسندیدہ عناصر سے پاک کرکے اس کی از سر نو تنظیم اور مضبوطی کے لئے فوری اور نہایت موثر اقدامات کئے جائیں۔ وقت کی ضرورت کے پیش نظر ہمارے سامنے یہ سب سے اہم کام ہے۔ پنڈت نہرو نے صوبائی حکومتوں کو یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ وہ اس مقصد کے حصول کے لئے [illegible] صوبائی کانگریس کے صدر اور دوسرے عہدیداروں سے صورت حالات کا جائزہ لینے کے لئے صلاح مشورہ کرتے رہیں۔ انہوں نے اپنے مراسلہ میں صوبائی وزراء اعظم کا دھیان خاص طور پر جنوبی کلکتہ کے ضمنی انتخاب کے نتیجہ کی طرف دلایا ہے اور اس امر کی طرف متنبہ کیا ہے کہ کہیں بھی حکومت اس قسم کی صورت حال دہرائی نہیں جانی چاہئیے ورنہ ملک کی سب سے بڑی قومی آرگنائزیشن کانگریس کا وقار کو سخت دھکا لگے گا۔ ہندوستان سرکار کے چیف وہپ شری ستیہ نارائن سنہا مغربی بنگال کی صورت حالات کا جائزہ لے کر کلکتہ سے دہلی پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے آج پنڈت نہرو سے ملاقات کی اور اپنی رپورٹ پیش کی۔ شری سنہا مغربی بنگال کی صورت حال پر قابو پانے کے لئے چند تجاویز بھی پنڈت جی کے سامنے رکھیں گے۔ شری سنہا کو صوبہ کا حال چال دیکھنے اور کانگریس کے مخالف گروہوں میں سمجھوتہ کرانے کے امکانات کا جائزہ لینے کے لئے کلکتہ بھیجا گیا تھا۔

کے ایل ایم کا پہلا ہوائی جہاز ڈم ڈم پر

کلکتہ ۱۱ جولائی۔ (رائل ڈچ ایئر لائنز) کا اڈہ [illegible] امریکہ کو واپس جاتے ہوئے تیرہ امریکن جرنلسٹوں کا جہاز ڈم ڈم کے ہوائی اڈے پر پہنچا۔ ہندوستان کی جانب سے پابندی عائد ہونے کے بعد سے کے ایل ایم کمپنی کا یہ پہلا جہاز ہے جو ہندوستان کے فضائی مستقر پر اترا ہے۔ اس جہاز کے لئے حکومت ہند سے خاص طور پر درخواست کی گئی تھی جو ان امریکن جرنلسٹوں نے کی تھی۔

ڈم ڈم سے روانہ ہو کر ہوائی جہاز نئی دہلی آیا جہاں پر امریکن سفیر نے ان کے اعزاز میں پارٹی دی۔ اس پارٹی میں اخبارات، رسائل اور ریڈیو کے نمائندے شامل ہیں جو انڈونیشیا کی تازہ ترین صورت حال دیکھنے کے لئے گئے تھے۔

۱۲۰ سال بعد سرحد میں مسلم گورنر کا تقرر

سر ڈنڈاس آج صوبہ سرحد سے روانہ ہو جائیں گے

پشاور ۱۲ جولائی۔ صوبہ سرحد کے آخری انگریز گورنر سر امبروس ڈنڈاس آج صبح خصوصی طیارہ سے کراچی روانہ ہو جائیں گے جہاں وہ اپنے عہدہ کا چارج لفٹننٹ کرنل صاحبزادہ محمد خورشید کے حوالے کریں گے۔

کل سر ڈنڈاس کا یوم وداع بڑی سرگرمیوں میں گزرا۔ انہوں نے اپنے پشاور وسطی دفتروں کے افسروں اور اہلکاروں سے ملاقات کی۔ صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خان عبدالقیوم خاں سے ان سے ملاقات کرنے کے لئے گئے۔ سر ڈنڈاس کو پاکستانی ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ صوبہ سرحد کے نئے گورنر ۴۲ سال کی عمر کے ہیں وہ اسلامیہ کالج پشاور کے سابق طالب علم ہیں۔ اور صاحبزادہ عبدالقیوم خاں کے قریبی رشتہ دار ہیں۔ وہ صوبہ سرحد کی اہم عہدوں پر مامور رہ چکے ہیں۔ قبائلی اور حضرات ان کی بڑی عزت کرتے ہیں۔ ۱۶ جولائی کو وہ یہاں پہنچ جائیں گے۔ صاحبزادہ خورشید کے تقرر پر بہت تعجب کا اظہار کیا گیا ہے۔ مسٹر لیاقت علی خاں کے حالیہ دورۂ سرحد کے بعد گورنر کی تبدیلی کی تمام افواہیں دب گئی تھیں اور یہ امید کی جا رہی تھی کہ موجودہ گورنر کی میعاد میں توسیع کر دی جائے گی۔ لیکن پاکستانی کابینہ کی رائے مسٹر لیاقت علی خاں کی رائے پر غالب آگئی کہ اس کلیدی صوبہ میں ایک مسلم گورنر مقرر کیا جائے۔ ۱۲۰ سال بعد یہاں پہلا مسلم گورنر مقرر ہوا ہے۔ ان کی تقرری میں یہ خیال بھی مد نظر رکھا گیا ہے کہ پختونستان کے حامیوں کے پروپیگنڈے کا توڑ کیا جا سکے۔ اس تقرر پر مسلم لیگ کے حلقے بھی کم خوش نہیں ہیں ان کا کہنا ہے کہ مسلم گورنر کی موجودگی سے وزارت کی طرف سے کی گئی کارروائیوں پر یکسانی سے غور کیا جا سکے گا اور صوبہ میں دفعہ ۹۲ الف کے نفاذ پر ہمدردانہ طریقے سے غور کیا جائے گا۔ حلف اٹھانے کی رسم ۱۶ جولائی کو ادا کی جائے گی۔

مفت

مفت

کمپنی بیٹر ز کا گائیڈ اینڈ ڈائری برائے سال ۱۹۵۰ء مقابلہ میں شامل ہونے والے ہر شخص کو مفت دی جائے گی۔
(جو اصحاب مذکورہ کتاب بذریعہ رجسٹری طلب کرنا چاہتے ہوں وہ اپنے حل کے ہمراہ پانچ آنے زائد ارسال فرماویں)

مبلغ 20,000 روپیے جیتئے

مقابلہ نمبر ۶۹

پہلا انعام	10,000 روپیہ	دوسرا انعام	5,000 روپیہ
تیسرا انعام	2,500 روپیہ	چوتھا انعام	1,000 روپیہ

فیس مبلغ ایک روپیہ فی انٹری

خاص انعامات: مبلغ 500/- روپیہ مقابلہ میں شامل ہونے والے پہلے پچاس کے لئے جن کی انٹریاں مذکورہ انعامات کیلئے موزوں ہوں۔ مبلغ ۵۵ کو روپیہ تمام صحیح حل بھیجنے والے پہلے پانچ اصحاب کیلئے۔ مبلغ ۵۵ روپیہ ناکام حل بھیجنے والوں کیلئے [illegible]

آپ کے مقام سے حل پہنچنے کی آخری تاریخ ۱۸ جولائی ۱۹۴۹ء ہے
مورخہ ۲۸ جولائی کو نتیجہ سب حل بھیجنے والوں کو بھیجا جائیگا

حل کرنیکا طریقہ: سامنے کے مربع میں 1 تا 8 کے ہندسوں کو اس طرح ترتیب دیں کہ ایک ہندسہ ایک بار استعمال ہو۔ اسطرح ایک سطر کالم دائیں سے بائیں اور اوپر سے نیچے اور ترچھی 24 ہو۔ صرف انگریزی کے ہندسے استعمال کریں۔ پہلا انعام تمام درست حل بھیجنے والوں کے لئے۔ دوسرا انعام ادنیٰ دو غلطیوں والے حل پر۔ تیسرا انعام تین غلطیوں والے حل پر۔ چوتھا انعام چار غلطیوں والے حل پر۔

نوٹ: نام پتہ اور انٹریاں صرف انگریزی زبان میں لکھیں [illegible]

Address all your Entries and Fees to:
THE STERLING TRADES CORPORATION (69),
16, SAIDAPET MADRAS-15.

AMICO TONIC

امیکو ٹانک

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل ودماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ دماغ کو طاقت دیتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ بھوک بڑھانا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرنا اس دوا کی خاص صفت ہے۔ اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے۔ دوران سر، حافظہ کی کمزوری، اختلاج قلب، اعضا شکنی وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے۔ مرد وعورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ مرد وزن دونوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۲۰ خوراک تین روپیہ چار آنہ۔ تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصولڈاک۔

امیکو طلا

یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے۔ سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے۔ حکمت قدیم اور سائنس جدید کی معلومات کا نچوڑ ہے [illegible] طلا نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نہ چھالا پڑتا ہے اور نہ جلن ہوتی ہے۔ یہ دوا کریم کی شکل میں ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپیہ چار آنہ (۳/۴) تین شیشیاں نو روپے۔ فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹیڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

مفت طلب کیجئے

[illegible] ادارہ آفتاب رسالت بل بخش دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۱۴ جولائی ۱۹۴۹ء

یہ انداز گفتگو کیا ہے؟

انسان کا فرض ہے کہ وہ پہلے اپنے آپ کو پہچانے اور اپنے خیالات اور نیتوں کا جائزہ لے اور پھر دوسروں کو جاننے اور پہچاننے کی کوشش کرے ہم ہمیشہ اسی لئے بدگمانیوں کا شکار ہوتے ہیں کہ ایک دوسرے کو شناخت کرنے کی زحمت نہیں اٹھاتے اور مطالعہ کے بغیر دوسروں کی نسبت رائے قائم کر لیتے ہیں۔ اگر ہندو مسلمان کھلے دل کے ساتھ اپنے پڑوسیوں کو جاننے کی کوشش کریں اور ان کے جذبات اور خیالات کا گہری نظر سے مطالعہ کریں تو ہمارا خیال ہے کہ وہ کسی غلط فہمی اور بدگمانی کا شکار نہیں ہو سکتے۔ کوئی گروہ سارا کا سارا بگڑا ہوا نہیں ہوتا، ہر گروہ میں اچھے اور برے دونوں قسم کے لوگ ہوتے ہیں ہمارا کام یہ ہے کہ اچھوں کو بروں سے الگ کر دیں اور بروں کی ملامت کریں، ہندو ایک طرف اور مسلمان دوسری طرف کیسی بری تقسیم ہے! اگر ہم چاہیں تو ہندو مسلمانوں کے بجائے بروں کو ایک طرف اور اچھوں کو دوسری طرف کر سکتے ہیں مگر ہم ایسا نہیں کرتے کیونکہ ہم نے تو ابھی تک اپنے آپ کو پہچانا اور نہ دوسروں کو شناخت کرنے کی کوشش کی۔

عوام تو ایک دوسرے کو کیا سمجھنے کی کوشش کریں گے، بڑے، لوگ بھی ایسا نہیں کرتے۔ چھوٹے لوگ تو پھر بھی معذور ہیں کہ ان میں عقل نہیں ہوتی لیکن ان بڑوں کو کیا کہیے جو دانشمند ہونے کے باوجود اپنی غلط فہمیوں کو دور نہیں کرتے اور خود بھی بدگمانیوں میں مبتلا رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی اسی گمراہی میں مبتلا رکھنا چاہتے ہیں، دور نہ جائیے جمعیۃ علماء ہند سے کون ناواقف ہے؟ سب جانتے ہیں کہ جمعیۃ علماء جنگ آزادی میں ہمیشہ کانگریس کے ہم رکاب رہی اور ملک کو آزاد کرا کے چھوڑا، یہ بھی معلوم ہے کہ لیگ کی مخالفت میں سب سے زیادہ حصہ اسی نے لیا اور دو قومی نظریہ کو باطل کرکے متحدہ قومیت کی بنیادیں استوار کیں، ملک کی تقسیم کے خلاف بھی آواز بلند کرنے میں جمعیۃ علماء کسی کوئی پیچھے نہیں رہی حتیٰ کہ کانگریس نے آخر میں آکر تقسیم کو مانا لیکن جمعیۃ علماء نے تقسیم کو اس وقت بھی قبول نہ کیا ان قربانیوں اور کارناموں کے باوجود جمعیۃ علماء نے آزادی کے بعد نہ تو اپنے علیحدہ حقوق کا شور مچایا، نہ اپنی قربانیوں کا کوئی صلہ مانگا، نہ حکومت میں حصہ دار بننے کی کوشش کی، نہ کانگریس سے اپنی پنشن منظور کرائی، لیکن افسوس ہے کہ ملک کے بعض فرقہ پرست یہ بھی نہیں چاہتے کہ جمعیۃ علماء عزت کے ساتھ زندہ رہے اور کسی معاملہ میں اپنی آواز کو وزن دار بنائے، ان کی آنکھوں میں جمعیۃ علماء خار کی طرح کھٹک رہی ہے اور اسے بدنام کرنا ان کا ایک مرغوب مشغلہ ہو گیا ہے، اب جمعیۃ علماء کو یہ بھی حق نہیں رہا کہ مسلمانوں کے حق میں اپنی آواز بلند کر سکے اور کسی مظلوم کے لئے ہاتھ پیر ہلائے جہاں اس نے زبان اور تہذیب کے مسئلہ پر اپنا خیال ظاہر کیا اسے فوراً فرقہ پرست بنا دیا، جہاں اس نے کسی طبقہ کی زیادتی کو بتایا فوراً اس پر فقرے کسے جانے لگے۔ گزشتہ دنوں دہلی میں جو چند واقعات رونما ہوئے اور ان کے انسداد کے لئے جمعیۃ علماء نے دوڑ دھوپ کی اور حکام کے ساتھ تعاون کرکے معاملہ کو آگے بڑھنے نہ دیا، اس پر دہلی کا ایک پنجابی معاصر خاموش نہ رہ سکا اور اس نے جمعیۃ علماء کے خلاف دو مقالے لکھ کر تسکین قلب کا سامان بہم پہنچا لیا، چنانچہ یہ معاصر لکھتا ہے

"دہلی میں جمعیۃ علماء ایک متوازی حکومت سمجھی جاتی ہے جس طرح انگریزوں کے عہد میں انگریزوں کے خاص حقوق تھے ان کے لئے ریل گاڑیاں خاص مقرر تھیں اور عدالتیں بھی خاص تھیں اسی طرح دہلی کی اقلیت کا خیر خواہ جمعیۃ علماء کو [illegible] فرمان ہے"

یہی معاصر اپنے دوسرے افتتاحیہ میں لکھتا ہے:

"دہلی میں جمعیۃ علماء کی متوازی حکومت قائم ہے اور سرکاری افسر اس کی اجازت کے بغیر کوئی قدم اٹھانے کے مجاز نہیں"

جب باہر کی دنیا یہ سنے گی کہ دہلی میں جمعیۃ علماء کی متوازی حکومت قائم ہے تو اس کا ذہن فوراً اس طرف منتقل ہوگا کہ جمعیۃ علماء نے لال قلعہ پر قبضہ کر رکھا ہوگا، اس نے اپنی عدالتیں قائم کر رکھی ہوں گی، اس نے اپنے ڈاک خانے کھول لئے ہوں گے، وہ اپنے حلقوں میں لوگوں سے ٹیکس خود وصول کرتی ہوگی اس نے اپنی فوج اور پولیس بھی بنائی ہوگی حالانکہ سب کو معلوم ہے کہ دہلی میں متوازی حکومت قائم کرنے والی جمعیۃ علماء کا کوئی وجود نہیں، اگر جمعیۃ علماء کا وجود ہے وہ تو سیاست کی پونچی بھی حکومت کے حوالے کر بیٹھی، سنا تھا کہ آزاد اخبارات کا کیریکٹر بہت بلند ہوتا ہے اور ان کے سینے میں انتقام کی آگ کبھی مشتعل نہیں ہوتی، لیکن ہندوستان کے اس آزاد اخبار نے تو حد ہی کر دی، اس کی نظر جمعیۃ علماء پر بڑی ہے اس نے دنیا کا جو سب سے بڑا الزام لگایا جا سکتا تھا وہ بھی لگا دیا!

اس معاصر کو رنج اس بات کا ہے کہ جمعیۃ علماء نے دہلی کے مسلمانوں کو پاکستان جانے سے روکا لیکن اس جرم کے مرتکب تو گاندھی جی اور پنڈت جواہر لال نہرو بھی ہیں، اور پھر مسلمانوں کو روکنا تو صرف اس لئے تھا کہ دنیا پر حکومت ہند کی پوزیشن واضح ہو جائے اور وہ ساری دنیا کو بتا دے کہ ہندیونین ایک سیکولر اسٹیٹ ہے جس میں مسلمان بھی امن اور آزادی کے ساتھ زندگی بسر کر سکتے ہیں! ہمیں افسوس ہے کہ آزاد ہندوستان کے بعض آزاد اخبار اپنی ذہنیت کے اعتبار سے بہت ہی ذلیل نکلے کسی جماعت پر الزام لگاتے وقت انہیں ایسی بات تو منہ سے نہ نکالنی چاہئیے جس پر باور کرنے کے لئے حماقت اور جنون کو بھی تامل ہو۔

اچھی باتیں

کم ترکوا ۔ تا ۔ آخرین (پ ۲۵ ع ۱۴)

یہ لوگ کیسے کیسے باغات اور چشمے اپنے پیچھے چھوڑ گئے کیسی کیسی کھیتیاں ان کے ہاتھ سے نکل گئیں کیسے کیسے فلک پیما مکانات سے وہ محروم کر دیئے گئے اور کیسی کیسی نعمتوں نے ان سے منہ موڑ لیا ہم ہمیشہ ایسا ہی کیا کرتے ہیں اور ایک کو دوسرے کا وارث بنا دیتے ہیں۔

جو قومیں اخلاق سے گر جاتی ہیں اور ان کی معصیت کوشی حد سے تجاوز کر جاتی ہے قدرت انہیں ایسی سزا دیتی ہے جس کی تلافی نہیں ہو سکتی۔ خوشحال لوگ باغوں اور چشموں میں مزے اڑاتے ہیں عالیشان مکانوں میں رہتے ہیں اور خدا کی نعمتوں سے خوب ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور پھر یہ بھی نہیں دیکھتے کہ غربا پر کیا گزرتی ہے اور ان کی عیش پسندیوں سے زیر دست لوگوں پر کیا اثر پڑتا ہے، مگر قدرت بھی اپنا کام کرتی رہتی ہے اور ایک گروہ کو دوسرے گروہ کے خلاف کھڑا کر دیتی ہے جو پہلے گروہ کو تمام نعمتوں سے محروم کر دیتا ہے اور جو لوگ کروڑپتی ہوتے ہیں وہ دانے دانے کو ترس جاتے ہیں! قرآن کی اس حقیقت سے وہ ہندو مسلمان کس طرح انکار کر سکتے ہیں جو اپنی اپنی جائدادوں کو چھوڑ کر ادھر سے ادھر پھینک دیئے گئے؟

سوئٹزرلینڈ میں زبان کا مسئلہ

اس مضمون کے لکھنے والے مسٹر ڈونلڈسی ٹاؤن سینڈ ایک امریکی ہیں وہ ہندوستان میں رہ چکے ہیں اور یہیں بس جانا چاہتے ہیں۔ لیکن بعض خانگی وجوہات کی بناء پر ابھی کچھ عرصہ تک وہ ہندوستان سے باہر رہیں گے۔ اس وقت وہ سوئٹزرلینڈ میں ہیں۔ میں نے ان سے دریافت کیا تھا کہ سوئٹزرلینڈ میں مختلف زبانوں کا بندوبست کس طرح کیا جاتا ہے۔ انھوں نے میرے سوالوں کا جواب ایک مضمون کی شکل میں دیا ہے جو درج ذیل ہے:

اگر ہم یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ سوئٹزرلینڈ والوں نے زبان کے مسئلہ کو کس طرح حل کیا تو ہم کو وہاں کے وفاقی انتظام، دستور سے جنبت کرنا چاہیے جس نے وہ بہت ہی مختلف فرقوں میں حکومت کی پالیسی کی بنیاد پیش کر دی ہے۔

سوئٹزرلینڈ اگرچہ ایک مستحکم قومی وحدت ہے تاہم اس میں چار نسلیں [illegible] جرمن، فرانسیسی، اطالوی [illegible] اور [illegible] جن میں سے ہر ایک کی اپنی زبان ہے [illegible] جرمن، فرانسیسی، اطالوی اور [illegible] کو بار قومی زبانیں ہیں۔ [illegible] جرمن، فرانسیسی اور اطالوی تینوں کو [illegible] سرکاری زبان ہونے کا اعلان کیا جاتا ہے۔

اس معاملہ میں برتری یا مقبولیت کا سوال پیدا ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے اور جیسا کہ آگے چل کر واضح ہو جائے گا۔ کسی ایک زبان کے وجود سے جو سوئٹزرلینڈ کی قومی اکائی کو آسانی کے ساتھ نقصان پہنچایا جا سکتا تھا، اس طرح بچ گیا ہے کہ کوئی دشواری نہیں پیدا ہوتی۔ اس ملک میں آپ جہاں بھی جائیں آپ کو دو یا تین زبانوں کی ملی جلی بول چال سنائی دے گی۔ اور جس طرح پہاڑوں سے بہتے پانی کے دھارے آپس میں مل جاتے ہیں۔ اسی طرح بول چال میں یہ زبانیں بھی ایک دوسرے میں سمو جاتی ہیں۔ کانٹنوں (صوبوں) نے کانفیڈریشن میں شریک ہوتے اور بعض اختیارات اس مرکز کے سپرد کرتے وقت زندگی کے جو شعبے اپنے دائرہ اختیار میں رکھ لئے تھے۔

ان میں تعلیم بھی شامل ہے۔ اور اگرچہ مرکزی حکومت صوبوں کو امداد دے سکتی ہے مگر وہ صوبائی ذمہ داریوں میں مداخلت نہیں کرتی۔ سوائے ان معاملات کے جن کا تذکرہ [illegible] کانفیڈریشن کو موجودہ فیڈرل پولی ٹکنک اسکول کے علاوہ ایک فیڈرل یونیورسٹی اور اعلیٰ تعلیم کے دوسرے اسکول کھولنے یا اس قسم کے اداروں کو امداد دینے کا حق حاصل ہو گا۔

کانٹنوں کو ابتدائی تعلیم کا بندوبست کرنے کا جو حق [illegible] پرائمری اسکولوں کی تنظیم، رہنمائی اور نگرانی دستور کی دفعات کے تحت کانٹنوں کی ذمہ داری اور ان ہی کا حق بھی ہے۔

ان دفعات کو ذہن نشین کر لینے کے بعد اب ہم آپ کے سوالوں کا تفصیلی جواب دینے کی کوشش کریں گے۔

سوال ۱- اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم کیا ہے؟

۲- کیا تینوں مختلف زبانوں کے لئے الگ الگ یونیورسٹیاں ہیں یا ہر ادارے کے شعبے کے تین تین حصے ہیں؟

۳- ملی جلی آبادی والے علاقوں میں تعلیم کا بندوبست کس طرح کیا گیا ہے؟

اسکول اور یونیورسٹی میں تعلیم اس علاقے کی زبان میں دی جاتی ہے۔ لیکن فیڈرل پولی ٹکنک اسکول اور فیڈرل یونیورسٹی میں پروفیسر اپنی زبان میں پڑھاتے ہیں۔ چاہے وہ فرانسیسی ہو اور چاہے جرمن ہو [illegible] اطالوی کانٹن میں بھی جہاں رومن بولی جاتی ہے اطالوی زبان کا ماننا ضروری ہے۔ جو طالب علم [illegible] کانٹن کی [illegible] مہارت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ وہاں چلے جاتے ہیں۔ اور اس طرح کسی ادارے کے کسی شعبہ میں خاص تحتی شعبے کھولنے کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔ ملی جلی آبادی والے علاقے میں طلبا کو یا تو اس کانٹن کی سرکاری زبان میں تعلیم حاصل کرنا ہوتی ہے یا وہ کسی دوسرے خطے میں جا سکتے ہیں۔

۴- سوئس پارلیمنٹ کی زبان کیا ہے؟ کیا ممبروں کو اختیار ہے کہ وہ تینوں میں سے جو چاہیں بولیں؟ کیا ان کی تقریروں کا ترجمہ دوسری دونوں زبانوں میں کر دیا جاتا ہے؟ یا کیا ممبروں سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ تینوں زبانیں جانتا ہے؟

پارلیمنٹ کی زبان جرمن ہے۔ اس لئے کہ فیڈریشن حکومت کا مستقر برن میں ہے۔ لیکن اگرکسی اسمبلی [illegible] ممبر اپنی زبان میں تقریر کرتے ہیں ان کی تقریر کا ترجمہ نہیں کیا جاتا کیونکہ [illegible] ممبر تینوں سرکاری زبانیں جانتے ہیں۔

۵- قانون کا مسودہ سب سے پہلے کس زبان میں تیار کیا جاتا ہے؟

ہر کانٹن کے قانون کا مسودہ اسی کی زبان میں مرتب کیا جاتا ہے۔ وفاقی زبان کا مسودہ فرانسیسی جرمن اور اطالوی تینوں زبانوں میں ایک ساتھ مرتب کیا جاتا ہے۔ کونسل میں ضرورت پڑنے یا مطالبہ کئے جانے پر قانون کا ترجمہ اطالوی زبان سے رومن میں کیا جا سکتا ہے۔ یہ محض ایک فنی مسئلہ ہے۔

۶- عدالتوں اور سرکاری کتابوں کی زبان کیا ہے؟

کانٹن کی عدالتوں اور سرکاری کتابوں میں وہیں کی زبان استعمال کی جاتی ہے۔ لیکن ان عدالتوں نیز وفاقی عدالتوں میں ہر وکیل اپنی زبان بولتا ہے۔ اور فیصلہ ملزم کی زبان میں لکھا جاتا ہے۔ عدالتی ہدایتیں متعلقہ علاقہ کی زبان میں جاری کی جاتی ہیں۔ وفاقی حکومت کی کتابیں تینوں سرکاری زبانوں میں چھپتی ہیں اور ایک ساتھ شائع کی جاتی ہیں۔

۷- ہر سرکاری افسر اور اتھارٹی دوسری زبان والا علاقہ ہونے پر گفت وشنید یا خط وکتابت میں کیا زبان استعمال کرتے ہیں؟

اس سوال کا جواب بھی یہی ہے کہ ہر شخص اپنی زبان بولتا ہے لیکن چونکہ وہاں کے سب تعلیم یافتہ لوگ دوسرے کی زبان سمجھتے ہیں اس لئے بات چیت میں کوئی [illegible] طور پر دو میں سے کوئی ایک زبان اختیار کر لی جاتی ہے یا کئی زبانیں آپس میں مل جاتی ہیں۔

لیکن چونکہ سوئٹزرلینڈ میں ہر شخص کے لئے اپنی زبان کے علاوہ دو دوسری زبانیں جاننا لازمی ہے۔ اس لئے وہاں کے لوگ تعلیم یافتہ ہو کر، بہت ہی شاذونادر ملیں گے جو تینوں سرکاری زبانیں نہ بول لیتے ہوں۔ انگریزی کو بھی بہت ہی مقبول ہے اور طالب علم ضمنی نصاب کے طور پر اسے سیکھ لیتے ہیں۔

مرکاری ملازمین مثلاً ڈاکیوں کو زبانیں سیکھنے کے لئے مختلف کانٹنوں میں امیدوار رکھا جاتا ہے۔

۸- کیا تینوں زبانوں میں اصطلاحات فنی الفاظ مشترک ہیں؟

[illegible] تینوں زبانوں میں اصطلاحات [illegible] اگرچہ جرمن اور اطالوی زبان کے لئے ایسا نہیں کیا جا سکتا۔

۹- تینوں میں سے کون سی زبان سب سے زیادہ عام فہم، سہل یا بلا زحمت مل جاتی ہے؟

ہر زبان اپنے علاقے میں مقبول ہے۔ کوئی ایک کسی دوسری زبان سے برتر یا اس سے زیادہ فیشن ایبل نہیں سمجھی جاتی۔ زبان کے بارے میں کوئی رقابت ہے۔ ایک اہلکار کے لئے جو کئی زبانیں جانتا ہو یہ بات کوئی اہمیت نہیں رکھتی کہ وہ کونسی زبان استعمال کرے۔

۱۰- کیا سوئٹزرلینڈ میں بولی جانے والی فرانسیسی جرمن اور اطالوی زبانیں فرانس جرمنی اور اٹلی کی زبانوں سے مختلف ہیں؟

دونوں زبانوں میں فرق ضروری نہیں ہے۔ مگر جگہ جگہ بول چال میں فرق آ گیا ہے۔

۱۱- کیا ان ملکوں کی یونیورسٹیوں سے سوئٹزرلینڈ کی یونیورسٹیوں کا کوئی خاص تعلق قائم ہے؟

یونیورسٹیوں کی حیثیت سے [illegible] اور ہر ایک کو یہ طے کرنے کا اختیار ہے کہ دوسرے ملکوں کی یونیورسٹیوں سے وہ کس قسم کے تعلقات رکھے [illegible] سوئٹزرلینڈ کا ایک [illegible] قانون کے ماہر جناب [illegible] نے کہا ہے کہ "دفعہ ۱۱۶ کا اطلاق بہت مشکل ہو جاتا اگر اس ملک کی [illegible] تمام زبانیں جمع نہیں [illegible]

یوپی میں پنچایت راج ——— پانی پت کا اجتماع ——— یوپی میں نیا کانگرسی گروپ

مباحث اخبار ...... (نقاد کے قلم سے)

اسی سال ۱۵ اگست کو یوپی میں پنچایت راج کا افتتاح ہو رہا ہے اس تاریخ سے ۵۵۰۰۰ گاؤں سبھائیں اور ۸ ہزار پنچایت عدالتیں اپنا کام شروع کر دیں گی گاؤں سبھاؤں کے ممبروں، پنچوں اور سرپنچوں کے انتخاب میں جو کیفیت دیکھنے میں آئی اس کے پیش نظر یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ ابتدا میں وہ مقاصد حاصل ہو جائیں گے جن کے خیال سے یہ راج قائم ہو رہا ہے بالخصوص اس لئے کہ پنچوں اور سرپنچوں کی کثیر تعداد ناخواندہ ہے لیکن پھر بھی جس طرز حکومت کی بنیاد ڈالی گئی ہے وہ بالآخر مفید ثابت ہوگی اور عوام کو ان بہت سی پریشانیوں سے نجات مل جائے گی جو معمولی معمولی تعدوں میں انہیں پیش آتی ہیں۔

انتخابات میں یہ بات خاص طور پر دیکھنے میں آئی کہ ہر گاؤں میں گروہ بندی ہے اور ہر گاؤں کے باشندے دو پارٹیوں میں منقسم ہیں اگر ان ٹکڑیوں کو مٹا کر ایک بنانے کی کوشش نہ کی گئی تو [illegible] ایک بہترین راج ثابت ہوگا اور عوام پہلی بار اپنی خود کی حکومت محسوس کریں گے لیکن اگر پارٹیوں اور گروہوں کی [illegible] اس حد تک بڑی کہ ڈنڈے چلنے کی نوبت آئی تو اس راج کا سب نشاط ختم ہو جائے گا۔ نئے حالات میں جہاں حکومت کے فرائض میں وہاں دیہات کے عوام کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا چاہئیے۔

پانی پت کے اندر حضرت شاہ قلندر کی درگاہ میں [illegible] اسی جگہ پر قدیم دوست ایک دوسرے سے گلے ملے جنہیں حالات کی نامساعدت نے ایک دوسرے سے جدا کر دیا تھا ہمارے اسٹاف نامہ نگار کا جو اس موقع پر پانی پت میں موجود تھا بیان ہے کہ درگاہ میں میل ملاپ کا یہ نظارہ ایسا رقت انگیز تھا کہ فرط مسرت سے سب کی آنکھوں میں آنسو نکلے ہوئے تھے۔

اس اجتماع نے یہ بات ثابت کر دی کہ اگرچہ ابھی ہند اور پاکستان ایک دوسرے کے خلاف راستہ پر چل رہے ہیں لیکن دونوں ملکوں کے عوام میں پریم ومحبت کا ذہنی جذبہ موجود ہے جس پر بدقسمتی سے کچھ عرصہ قبل شیطان غالب آگیا تھا۔ اگر دونوں ملکوں کے عوام اسی طرح ایک دوسرے سے گھل مل گئے اور انہوں نے لڑائی کے جذبہ کے مقابلہ میں محبت اور پریم سے ایک دوسرے کے قریب آنے کی کوشش کی تو یقیناً وہ مسائل بھی بڑی آسانی سے حل ہو جائیں گے جو دونوں حکومتوں کے مابین اس وقت پیچیدہ مسائل بنے ہوئے ہیں۔

یوپی اسمبلی کی کانگریس پارٹی کے ۵۰ ممبروں میں سے ساٹھ نے پارٹی کے اندر رہتے ہوئے اپنا ایک الگ گروپ بنانے کا اعلان کیا ہے۔ در اصل یہ گروہ نتیجہ ان اختلافات کا ہے جو عرصہ سے پارٹی کے اندر چلے آ رہے تھے۔ الگ گروپ بنانے والے ممبروں کا سب سے بڑا الزام یہ ہے کہ ان کی تعداد [illegible] ان کی قاعدہ طور پر بالکل ختم کر دینا چاہتے ہیں۔

اس بحث میں پڑے بغیر کہ ایک یا دوسرے گروپ کے متعلق کیا خیال رکھتا ہے یہ امر مسلمہ ہے کہ ہر پارٹی کی جماعت میں مخالف کا وجود خود جماعت کے لئے مفید ہوتا ہے کیونکہ اس کے ہوتے ہوئے کانگریس کے ممبروں میں ساتھ ساتھ جائز ہیں اور کوئی قدم اٹھانے سے قبل ہر پہلو پر نظر ڈالی جاتی ہے گو یہ مقصد اس وقت تک حاصل ہوگا جب کہ اس گروپ کا مقصد تخریبی نہیں بلکہ تعمیری ہو۔ نئے گروپ نے اسمبلی کے اندر اور باہر ذاتی اغراض اور ہر قسم کے ذاتی مفاد سے بلند ہو کر بدعنوانیوں، خویش پروری اور تعلق الغانیت کو ختم کرنے کے ساتھ اعلیٰ مقاصد کو پورا کرنے کا اعلان کیا ہے اگر اس نے اس پر عمل کیا تو کانگریس پارٹی کو اس نئے گروپ کا خیر مقدم کرنا چاہئیے لیکن اگر اس نئے گروپ سے اختلافات اور زیادہ بڑھے اور تعمیری کے بجائے تخریبی سرگرمیوں میں تبدیل ہوگئی تو پھر کانگریس پارٹی اور کانگریسی حکومت پر اس کا جو اثر پڑے گا وہ ناقابل تلافی ہوگا دیکھنا ہے کہ نیا گروپ کس حد تک اپنی پالیسی کو عملی جامہ پہنانے کے لئے میدان میں آتا ہے۔

بھیس نہ بدلو!

اطلاع ملی ہے کہ کچھ لوگ بھیس بدل کر چوراہوں اور محلوں میں گھومتے رہتے ہیں بعض ہندو نوجوانوں نے داڑھیاں رکھ لی ہیں اور وہ کسی غرض سے جامع مسجد جاتے اور مسلمان آبادی میں گشت کرتے ہیں اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کچھ مسلمان [illegible] اختیار کرکے [illegible] میں گھومتے پھرتے ہیں [illegible] مسلمان [illegible] لباس پہنے ہوئے بیوپاری بنے، ممکن ہے کہ ان کا پیٹ [illegible] ایسے شخص سے متاثر ہو کر اپنے بچاؤ کے لئے مسلمانوں نے یہ صورت اختیار کی کہ کام چلانا آسان سمجھا تاکہ اگر دفعتاً کوئی ہنگامہ ہو جائے تو وہ مسلمان نہ سمجھے جائیں اور اس طرح اپنے آپ کو محفوظ کر لیں۔

بہرحال وجہ خواہ کچھ بھی ہو بھیس بدلنے اور حلیہ کی تبدیلی سے خواہ مخواہ دوسروں کو شبہ ہوتا ہے اور راز فاش ہو جانے پر میل کا پول بڑھ سکتا ہے اور اس پر دوسروں کا اشتعال بھی پیدا ہو سکتا ہے اور پولیس کو حق پہنچتا ہے کہ ایسے اشخاص کو گرفتار کرکے سزا دے، اگر بھیس بدل کر کام نکالنے کو ہوشیاری سمجھتے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ شناخت ہو جانے پر اس کی کتنی بڑی قیمت ادا کرنی پڑے گی ہوشیاری اور دانائی یہ ہے کہ مسلمان اپنے کسی طرز عمل سے بیگانگی پیدا نہ ہونے دیں اور خدا کے بھروسہ پر اپنا معاملہ صاف رکھیں کاروبار باہمی تعاون اور صحت مند فضا پیدا کرنے کے لئے ظاہر اور باطن کا ایک ہونا ضروری ہے ہم مسلمانوں سے خصوصیت کے ساتھ عرض کریں گے کہ وہ اس قسم کی صورتیں اختیار کرکے اپنے لئے اور حکومت کے لئے مشکلات پیدا نہ کریں اور اپنے آپ کو مشتبہ بنا کر اپنی شان کو بٹہ نہ لگائیں، اگر وہ اس مشورہ پر عمل نہیں کریں گے تو پولیس ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کرے گی اور انہیں اپنے کئے کی سزا ضرور پائیں گے۔

پاکستانی افکار

برطانیہ کی نگاہِ کرم

جب سے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کو دعوت ... سوویٹ روس کی طرف سے موصول ہوئی ہے پاکستان کے متعلق برطانوی حکومت کی روش میں ایک نمایاں تبدیلی نظر آنے لگی ہے۔ اس تبدیلی کا پہلا مظاہرہ تو برطانیہ کے ذمہ دار وزیر نے اس امر کا اعلان کر کے کیا کہ افغانستان اور پاکستان کے باہمی جھگڑے میں برطانیہ پاکستان کو حق بجانب سمجھتی ہے۔ [illegible]

... مسٹر نوئیل بیکر نے مسئلہ کشمیر کی مختصر سی کہانی بیان کرنے کے بعد کہا کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشمیر کے مسئلہ کا فیصلہ اقوام متحدہ کے زیر نگرانی استصواب رائے عامہ کے ذریعہ سے کرانے کی بات طے ہو چکی ہے ... جنگ بند ہے لیکن عارضی صلح کے طے شدہ اصولوں کے اطلاق کی بعض جزئیات میں باہمی اختلاف پیدا ہو جانے کے باعث کام کی رفتار ... [illegible]

(ڈان کراچی ۱۰ جولائی ۱۹۴۹ء)

متروکہ جائداد

معتبر ذرائع سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ حکومت پاکستان متروکہ جائدادوں کے متعلق اپنی موجودہ پالیسی میں ترمیم ... [illegible] ... حکومت ہندوستان نے ایک طرف شرنارتھیوں کو مشورہ دی ہے تو دوسری طرف مسلمانان ہند میں احساس پیدا کر دیا ہے کہ ان کی جائدادیں محفوظ نہیں ... [illegible] ... فسادات ہو چکے ہیں۔ [illegible]

(امروز کراچی ۸ جولائی ۱۹۴۹ء)

جرائم

سرمایہ دارانہ نظام نے ذہنیتوں کو ایسا تباہ کیا کہ ... [illegible]

ہندو برطانیہ کی تجارت پر اسٹرلنگ فاضلات کا اثر

لندن میں ہند اور برطانیہ کے درمیان اہم گفت و شنید

دہلی ۱۱ جولائی۔ لندن میں اس وقت ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان اسٹرلنگ کی ادائیگی کے متعلق جو گفت و شنید ہو رہی ہے اس کا اثر ہند اور برطانیہ کی طویل مدت کی تجارت پر پڑے بغیر رہنا ممکن نہیں۔

دہلی کے باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ اس گفت و شنید کا براہ راست تعلق ہند اور برطانیہ کی جاری تجارت سے ہے ... [illegible]

... ۵۰۰۰۰۰۰، ۱۶ پونڈ تک پہنچ گئی اور ۱۹۴۸ء میں ۵۰۰۰۰۰۰، ۸۷ پونڈ تک۔ [illegible]

کلکتہ میں پنڈت نہرو کی تقریر کا بائیکاٹ

مغربی بنگال کی سوشلسٹ پارٹی کی مہم

[illegible]

ضروری اطلاع

ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کیلئے ہے جو اپنا زر چندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے۔

وی پی کے ذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔ (مینیجر)

۱/۲ ۳ لاکھ ایکڑ سے زیادہ زمین غلہ کی کاشت سے نکل گئی

"خوراک زیادہ پیدا کرو" کی مہم کے خلاف حالات کی ناسازگاری

نئی دہلی ۱۱ جولائی (اے پی) سرکاری طور پر گیہوں کے علاوہ آٹھ مختلف قسم کے غلوں کے لئے زیر کاشت رقبہ کے متعلق جو تخمینہ لگایا گیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ گذشتہ سال کے مقابلہ میں جبکہ حکومت ہند خوراک زیادہ پیدا کرو کی مہم چلا رہی ہے امسال ... ایکڑ زمین کم زیر کاشت آئی ہے۔ [illegible]

ایسٹ پنجاب ریلوے ورکرز یونین

سالانہ اجلاس میں اہم قرار دادیں

[illegible]

احمد آباد میں خدائی خدمتگار جرگہ کا قیام

[illegible]

ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں

روزنامہ و سہ روزہ الجمعیۃ کے زر چندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھایئے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں ... [illegible]

(۱) ... [illegible]

(۲) ... [illegible]

(۳) ... [illegible]

(۴) ... [illegible]

(۵) ... [illegible]

(۶) ... [illegible]

(۷) ... [illegible]

ضروری ہدایات

(۱) یہ تمام رعایتیں صرف ایک ماہ یعنی ۲۹ شعبان ۱۳۶۸ھ سے ۲۵ رمضان ۱۳۶۸ھ تک جاری رہیں گی۔ [illegible]

(۲) رعایتی چندہ منی آرڈر کے ذریعہ روانہ فرمایئے ... [illegible]

(۳) کوپن پر اس رعایتی اعلان کا حوالہ دیجئے۔

عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس سال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کے لئے مضامین لکھ رہے ہیں۔ اس شاندار نمبر کی تیاریاں

شروع کر دی گئی ہیں کوشش کی جا رہی ہے کہ الجمعیۃ کا یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو

مشتہرین

اپنے اشتہار کے لئے فوراً جگہ بک کرا لیں

کیونکہ

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کیلئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

ٹائیٹل آخری صفحہ آرٹ پیپر ۳۵۰ روپیہ — سالم صفحہ — اندرونی صفحات ۲۵ روپیہ

ٹائیٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر ۲۵۰ روپیہ — نصف صفحہ — ۵۰ روپیہ

ٹائیٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر ۲۰۰ روپیہ — چوتھائی صفحہ — ۴۰ روپیہ

فی انچ فی کالم تین روپیہ

کانگریسی صورتحال پر غالب آنے میں کامیاب ہو جائینگے

صدر کانگریس ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اظہار خیال

نئی دہلی ۱۱ جولائی۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر کانگریس نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ کانگریس کے مستقبل کے بارے میں ذرا بھی ناامید نہیں۔ [illegible]

یوپی میں مفقودوں کی تعداد بڑھ گئی

لکھنؤ ۱۰ جولائی ... [illegible]

دار السلطنت

۱۳ جولائی

کپڑے کا کوٹہ

چیف کمشنر کی مشاورتی کونسل کے جلسہ میں اس بات کا یقین دلایا گیا کہ مناسب قیمت پر کپڑا فروخت کرنے والی ۱۵ دوکانوں کو اعلیٰ قسم کے کپڑے کا ... فی صدی دیا جائے گا۔ [illegible] ... دہلی کی تعلیم اور مکانات کے بارے میں بھی سوالات کئے گئے۔

لوہے کے تاجروں کے خلاف مقدمہ

دہلی میں لوہے کے ایک بڑے تاجر ... کی اسپیشل پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ [illegible]

کرایہ دار کو نکال دیا

اطلاع ملی ہے کہ ایک مکاندار نے اس عمارت کو زبردستی مقفل کر دیا ہے ... [illegible]

سینے کی مشین غائب

[illegible] ... ایک درزی کی دوکان میں ... سلائی کی ایک مشین چرا کر لے گئے۔

شراف کے اسپتال میں چوری

دریا گنج میں آنکھوں کے مشہور معالج ڈاکٹر شراف کے اسپتال میں چوری ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ [illegible]

ایک مشتبہ شخص گرفتار

[illegible]

تین سیر افیم برآمد

[illegible]

دہلی کلاتھ مارکیٹ میں چوری

[illegible]

ثبوت نکال لیا

[illegible]

دہلی کی عدالتوں میں

[illegible]

ڈاکٹر لوہیا اور ان کے ساتھیوں پر لاٹھی چارج نہیں کیا گیا

مشاورتی کونسل کے اجلاس میں چیف کمشنر کا بیان

دہلی ۱۳ جولائی۔ مسٹر شنکر پرشاد نے مشاورتی کونسل کے ایک حالیہ اجلاس میں بتایا کہ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کی گرفتاری میں مظاہرین نے جو جلوس نکالا تھا اس کو منتشر کرنے کے لئے صرف اشک آور گیس استعمال کی گئی۔ [illegible]

ایک ضروری تصحیح

الجمعیۃ کی گذشتہ اشاعت میں صفحہ ۵ کالم ۲ میں ایک خبر "پاک انسان" کے عنوان سے شائع ہوئی ہے جس میں مسٹر حبیب الرحمٰن جامع مسجد کے امام پاکستان آ رہے ایک خط شائع ہوا ہے لیکن غلطی سے مسٹر حبیب الرحمٰن کی بجائے حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لکھا گیا ہے۔ قارئین کرام تصحیح فرما لیں۔

زلزلہ کے جھٹکے

[illegible]

کناٹ سرکس میونسپل مارکیٹ

[illegible]

میر مشتاق کا بیان

[illegible]

(میر مشتاق احمد)

موسم کا حال

[illegible]

ریلوں کی بدنظمی کے خلاف اقدام

[illegible]

درجہ حرارت

[illegible]

سر رادھا کرشنن یونیورسٹی کمیشن کے صدر مقرر کر دئے گئے

[illegible]

عرس روشن چراغ دہلی

[illegible]

زخمی چل بسا

[illegible]

کشمیر یونیورسٹی کی ڈگریاں

[illegible]

دہلی میں وزراء خوراک کی کانفرنس

غلہ پر کنٹرول کی کامیابی پر غور و خوض

[illegible]

بلیک مارکیٹ کے خلاف اقدام

ایک بڑے کانگریسی کی گرفتاری

[illegible]

دہلی کے بازاروں کے بھاؤ

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

اپلر مارکیٹ

[illegible]

مغربی پنجاب کے گورنر کے استعفیٰ کا ردعمل

بعض سرکردہ اشخاص کا اظہار خیال

لاہور ۱۲ جولائی۔ عام طور پر یہ خیال کیا جا رہا ہے کہ مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی کے استعفیٰ کی وجہ یہ ہے کہ وہ مسلم لیگ کے تجویز کئے ہوئے مشیروں کے ساتھ حکومت کا کام انجام نہیں دے سکتے تھے۔ [illegible]

گمشدہ کی تلاش

ایک لڑکا عمر ۱۸ سال ... گندم رنگ، لمبا قد ... [illegible]

فلپائن اور نیشنلسٹ چین میں کمیونزم کے خلاف سمجھوتہ

مارشل چیانگ اور صدر کوئیرینو کی دو روزہ کانفرنس ختم ہو گئی

باگیو ۱۲ جولائی۔ مارشل چیانگ کائی شیک اور صدر فلپائن کوئیرینو کے درمیان ڈھائی گھنٹے تک کانفرنس ہوئی جس میں اس پر اتفاق رائے ہو گیا کہ کمیونسٹوں کے خلاف ایک متحدہ محاذ بنایا جائے۔ [illegible]

پولیس فائرنگ کی تحقیقات کیلئے ڈاکٹر پٹابھی کا مطالبہ

ضمنی انتخاب سے پہلے ہی تحقیقات ہو جانی چاہئے تھی

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت میں چار چاند لگا لیجئے۔ مینیجر

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے بعد کے سیزن میں حاجیوں کے لئے پہلے دو جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس۔ ایس۔ خسرو — وزن ۴۰۴۳ ٹن

بمبئی سے مورخہ یکم اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

ایس۔ ایس۔ اسلامی — وزن ۵۸۶۹ ٹن

بمبئی سے مورخہ ۵ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

(کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ)

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ۰۰۰۰۰ ۰/۱۱۰۵ روپیہ

عرشہ (ڈیک) ۰۰۰۰۰ ۰/۳۹۸ روپیہ

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس، حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۰/۱۲/۷ روپے ہوتی ہے شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انھیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے۔ اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لیجانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ کی جا چکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے اپنے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوا لیں اور اپنے ہاں کے محکمۂ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرا لیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے

جبتک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بینک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ ع

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۱۷ رمضان المبارک مطابق ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۴۹ ع | نمبر ۱۶۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

گارنٹی شدہ خالص سونے کے
وسادہ کاری فینسی زیورات
بھراتاجی دی ہٹی رجسٹرڈ
جیولرز
چاندنی چوک۔ متصل بلیماران دہلی
فون 5124

دہلی اور دہلی کے قرب وجوار کیلئے
اوقات سحر وافطار

تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
بدھ ۱۵ ر رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۷ منٹ
جمعرات ۱۶ ر "	۳ بجکر ۵۶ منٹ	۷ بجکر ۲۶ منٹ
جمعہ ۱۷ ر "	۳ بجکر ۵۶ منٹ	۷ بجکر ۲۶ منٹ
ہفتہ ۱۸ ر "	۳ بجکر ۵۸ منٹ	۷ بجکر ۲۶ منٹ

کانگریسیوں کے اختلافات ختم کرانے کے لئے پنڈت نہرو کی کوششیں

پولیس لاری پر بمباری

کلکتہ ۱۳ جولائی۔ گذشتہ شب پولیس کی ایک پٹرول لاری پر دو بم پھینکے گئے لیکن اس سے کوئی مجروح نہیں ہوا اس سلسلہ میں چند اشخاص گرفتار کیے گئے ہیں۔ (پ ٹ)

مزدوروں کی ہڑتال پر غور کرنے کیلئے
آسٹریلوی کابینہ کا ہنگامی اجلاس

[illegible]

سر فرانسس موڈی کا جانشین
ابھی پاکستانی کابینہ نے فیصلہ نہیں کیا

کراچی ۱۳ جولائی۔ پاکستان کی کابینہ کے سکرٹریٹ نے کل اعلان کیا کہ حکومت پاکستان نے ابھی تک مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی کے جانشین کی تقرری کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ اور نہ ہی اب تک اس مسئلہ پر پاکستانی کابینہ نے غور کیا ہے اس اعلان میں کہا گیا ہے کہ سر موڈی کے جانشین کے تقرر کے سلسلہ میں جو اطلاعات شائع ہوئی ہیں اور جن میں مختلف لوگوں کے نام لئے گئے ہیں ان میں کوئی صداقت نہیں۔ (پ ٹ رائٹر)

مختلف گروپوں کی طرف سے میمورنڈم پیش کیے گئے
مغربی بنگال میں نئے انتخابات یا حکومت میں تبدیلی کا امکان

کلکتہ ۱۳ جولائی۔ پنڈت جواہر لال نہرو اپنی آمد کے بعد سے ملاقاتوں میں بہت زیادہ مشغول رہے شام کے وقت مغربی بنگال پراونشل کانگریس کمیٹی کے قائم مقام صدر مسٹر اتل چندر گھوش نے ملاقات کی اور صوبہ کے اندر کانگریسی لیڈروں اور صوبائی انتظامی مشنری میں موجودہ اختلافات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ڈاکٹر پی سی گھوش اور مسٹر ایس۔ ایم گھوش جو کانگریس کا موجودہ ایگزیکٹیو میں اکثریت رکھنے والے دو گروپوں کے لیڈر ہیں اس وقت ہسپتال میں زیر علاج ہیں اس لئے وہ وزیر اعظم سے ملاقات نہ کر سکے۔

معلوم ہوا ہے کہ کانگریسی لیڈروں نے وزیر اعظم پنڈت نہرو کو جو میمورنڈم پیش کئے ہیں ان میں مغربی بنگال کی حکومت کی بعض [illegible]

[illegible]

معلوم ہوا ہے کہ کانگریسیوں کے دوسرے گروپ جیسے مغربی بنگال یا ہگلی برادران گروپ سے بکارا جاتا ہے اور جو اب بکس مغربی بنگال کی صوبائی کانگریس کمیٹی کو کنٹرول کرتا تھا۔ [illegible]

سیاسی حلقوں کی رائے

[illegible]

مارشل چیانگ کا آئندہ پروگرام

[illegible]

مصر کے نظم ونسق میں خرابیاں
نحاس پاشا کا بیان

[illegible]

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کا مسئلہ
گول میز کانفرنس کی تجویز پیش کر دی

[illegible]

مصر اور سیرینیکا کی سرحد بند ہو گئی

[illegible]

چین اور فلپائن خود ہی کمیونزم کے خلاف جد وجہد کریں گے

چین کی کمیونسٹ بندرگاہوں کا مسئلہ

[illegible]

میر مشتاق صاحب نے اپنے اقدام کیلئے غیر مشروط طور پر معافی مانگ لی

[illegible]

چین میں دریائے یانگسی کا سیلاب خطرناک صورت اختیار کر گیا

دس لاکھ ایکڑ قابل کاشت زمین پانی میں ڈوب گئی
دریائے زرد کے سیلاب سے سچاؤ کا شہر خطرہ میں
جنوب کی جانب کمیونسٹوں کی پیش قدمی میں قدرتی رکاوٹ

[illegible]

جنوبی افریقہ میں سفید باشندوں کے خلاف زبردست تحریک پھیل رہی ہے
کراچی میں ڈاکٹر یوسف دادو کا انکشاف

کراچی ۱۳ جولائی۔ ڈاکٹر یوسف دادو صدر ٹرانسوال انڈین کانگریس نے یہاں پر بتایا کہ ملان کی حکومت کی فسطائی پالیسی جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کی زندگی کو خطرہ میں ڈال رہی ہے اور صورت حال کا تقاضا ہے کہ پاکستان اور ہند اس کے روکنے کے لئے فوری اقدام کریں۔

[illegible]

۲۴ گھنٹے میں چار ہوائی حادثے

[illegible]

گوا کی آزادی کا مطالبہ

[illegible]

دہلی میں خالص دیسی گھی کی تازہ ولذیذ مٹھائیاں بمبئی سویٹ ہاؤس بازار چتلی قبر سے خریدئیے

ESTD. 1925

Daily
Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi. 14-7-49

پاکستان میں اسلحہ سازی کے کارخانے دو سال میں مکمل ہو جائیں گے
امریکہ میں پاکستان کے فوجی مشن کے لیڈر کرنل اسکندر مرزا کی تقریر

واشنگٹن (بذریعہ ہوائی ڈاک) پاکستان کے فوجی مشن کے لیڈر کرنل اسکندر مرزا نے یہاں یکم جولائی کو ایک دعوت میں کہا کہ "پاکستان اگرچہ ایک نیا ملک ہے۔ لیکن اسے ہندوستان کی آٹھ سو سالہ مسلم حکومت کی روایات ورثہ میں ملی ہیں۔ ہم قیام پاکستان پر خدائے تعالیٰ کے شکر گزار ہیں۔ ہم کسی ملک پر للچائی نظریں نہیں رکھتے۔ ہندوستان کے ساتھ پاکستان دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا ہے۔ ہم کل تک ایک تھے۔ اب کشمیر کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے اور وہاں کے باشندوں کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لئے آزادانہ استصواب رائے کا حق مل جاتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ دونوں ملک پھر دوستانہ طریقہ پر نہ رہیں۔

پاکستانی فوج کے متعلق آپ نے کہا کہ تقسیم کے بعد ہمیں جو فوج ملی وہ غیر منظم تھی اور ہمارے پاس اسلحہ بالکل نہ تھے۔ لیکن اب ہماری فوجوں کی تنظیم مکمل ہو چکی ہے اور اسلحہ سازی کے کارخانوں کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے دو سال میں مکمل ہو جائے گا۔ [illegible] کی تیاری کے سلسلے میں ذرا مدت درکار ہوگی۔

کرنل اسکندر مرزا نے آخر میں کہا کہ معلوم نہیں کیوں مختلف ممالک ہماری مدد کرنے میں تذبذب کرتے ہیں حالانکہ ہم ان سے خیرات نہیں مانگ رہے ہیں ہم اپنی ضرورت کی قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں۔

جنرل اسمبلی کے اجلاس ستمبر میں فلسطین کی بابت رپورٹ پیش کی جائیگی

ڈالر کے علاقہ سے خرید کی مخالفت
حکومت ہند کا جدید حکم

نئی دہلی ۱۲ جولائی۔ حکومت ہند کے پاس ڈالر کی قلت کا اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حال ہی میں وزارتوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ڈالر کے علاقہ سے خریداری نہ کی جائے وزیر مواصلات کو ہدایت کی گئی ہے کہ امریکہ اور دوسرے ڈالر کے علاقہ سے ہوائی جہازوں کی مزید خرید پر ایک سینٹ بھی صرف نہ کیا جائے یہ حکم آئندہ چھ ماہ کے لئے ہے جو ۱۳ دسمبر کو ختم ہوتا ہے۔

مسئلہ فلسطین کے تصفیہ کیلئے پناہ گزینوں کی واپسی ضروری ہے
قاہرہ میں اردن کی ہاشمی سلطنت کے وزیر دفاع کا بیان

قاہرہ ۱۲ جولائی۔ یہاں اردن کی سلطنت کے وزیر دفاع فوزی پاشا الملقی نے گلوب کے نامہ نگار کو بتایا کہ [illegible] اور یہودیوں کی گفتگو کے دوران میں تمام عرب ممالک کے وفود کا مکمل تعاون اور اتفاق رائے تمام کانفرنس پر چھایا رہا۔

فوزی پاشا نے اردن کے وفد کی اس کانفرنس میں قیادت کی تھی۔ انہوں نے کہا کانفرنس کو جن اصل مسائل کا سامنا ہے وہ یہ ہے کہ فلسطینی پناہ گزینوں کی واپسی اور بیت المقدس کے مستقبل کے بارے میں اقوام متحدہ کے فیصلہ کی روشنی میں مسئلہ فلسطین پر غور [illegible]

[illegible] کہ اقوام متحدہ کے فیصلوں کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ (گلوب)

کوریا پر حملہ کی صورت میں تحفظ کا یقین دلایا جائے
جنوبی کوریا کی امریکہ سے درخواست

واشنگٹن ۱۲ جولائی۔ جنوبی کوریا نے امریکہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بحر الکاہل کے علاقہ کو مجموعی حفاظت کا یقین دلایا جائے۔ نیز یہ کہ اگر جنوبی کوریا پر حملہ ہوا تو کوریا کے تحفظ کا یقین دلایا جائے۔

[illegible]

برلن میں فوجی کمانڈروں کی اہم کانفرنس
روس کی عائد کردہ تجارتی پابندیوں پر غور وخوض

برلن ۱۲ جولائی۔ آج برلن کے چاروں فوجی گورنروں کی کانفرنس ہوئی تاکہ منقسمہ شہر کو عام حالت پر لانے کی کوشش کی جائے۔ جب سے وزرائے خارجہ کی کونسل نے یہ طے کیا ہے کہ برلن اور مغربی اور مشرقی علاقوں کے درمیان تمام تجارتی پابندیوں کو ختم کر دیا جائے۔ اس وقت سے فوجی کمانڈروں کی یہ پہلی کانفرنس ہے۔

روسی کمانڈر نے اس کی تصدیق کر دی کہ ان کو تینوں مغربی فوجی کمانڈروں سے ملنے کا دعوت نامہ وصول ہوا ہے۔ مغربی اتحادی ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اس کانفرنس میں سب سے پہلے ان پابندیوں پر غور ہوگا جو روس کی طرف سے جدید [illegible] کی گئی ہیں۔ مزید برآں یہ بھی خیال ہے کہ دارالسلطنت برلن کے اقتصادی معاملات بھی زیر غور آئیں گے۔ (پ ٹ رائٹر)

عراق کے ریجنٹ امیر عبدالہ لندن پہونچ گئے
مسٹر بیون سے عراقی مسائل پر گفتگو کریں گے

لندن ۱۲ جولائی۔ عراق کے ریجنٹ امیر عبداللہ [illegible] برطانیہ پہونچ گئے۔ یہاں پہونچنے پر انہوں نے کہا۔ میں پرائیویٹ طور پر آیا ہوں اور اس کی کوئی سیاسی اہمیت نہیں۔ [illegible] عراق لوٹنے سے قبل وہ کئی اور یورپی ممالک کا بھی دورہ کریں گے۔

[illegible]

پوسٹمینوں کو کم تنخواہیں پانے والوں کی حکومت پر نکتہ چینی
راست اقدام کی دھمکی

[illegible]

غیر ملکی جہاز ران کمپنیاں چینی حکومت کا حکم نہیں مانتیں
کمیونسٹ چین میں تجارت کے متعلق اخفا سے کام لیا جا رہا ہے

[illegible]

برمی باغیوں کے علاقہ سے ہندوستانیوں کا انخلاء
ہندی والس قونسل نگرانی کیلئے ٹونگو جائیں گے

رنگون ۱۳ جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جنوبی برما کے باغیوں کے مقبوضہ علاقہ ٹونگو سے ۵ سو ہندوستانیوں کے انخلاء کا کام اگلے ہفتہ شروع ہو جائے گا۔ [illegible]

یو پی اسمبلی
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

روس میں زنان بازاری کا خاتمہ

[illegible]

مسٹر عبد الوائی کی تقریر

[illegible]

جائداد کے متعلق کسٹوڈین صاحب کی عدالت میں مقدمات

سائلوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کسٹوڈین صاحب کے جدید قانون کے مطابق سائل کی ایک غیر حاضری پر اس کی درخواست خارج کی جاسکتی ہے۔ لہذا آپ صاحبان کا فرض ہے کہ پیشی کی تاریخ پر حاضر ہوں جن صاحبان کو اپنی درخواست کی تاریخ کا علم نہ ہو ان کو فوراً قانونی امدادی کمیٹی سے یا اپنے وکیل صاحب سے [illegible] چاہئے۔

[illegible]

شرنارتھیوں کی بحالی کے متعلق

[illegible]

پنڈت نہرو الہ آباد نہیں اتریں گے

[illegible]

دو اہم ریلوے اسٹیشنوں اور ایک ساحلی شہر پر سرکاری فوجوں کا قبضہ
مینکی کے مقام پر کیرنوں نے دس برمی سپاہی ہلاک کر دیئے

[illegible]

کلکتہ میں پنڈت نہرو کا پروگرام
پنڈت جی چندر نگر نہیں جائیں گے

[illegible]

نئی دہلی میں ہونے والی کانگریس ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ
ایجنڈا تیار کر لیا گیا

[illegible]

روس کا تجارتی وفد

[illegible]

مصر اور لنکا کا معاہدہ

[illegible]

نواب جمشید علی خاں

[illegible]

مدراسی وزراء کی تحقیقات

[illegible]

مغربی بنگال میں غیر جماعتی کابینہ

[illegible]

ڈچ ہوائی جہاز کا سب سے زیادہ المناک حادثہ۔ کل ۴۵ مسافروں کی ہلاکت

ہندوستان کی ہوائی تاریخ میں سب سے زیادہ افسوسناک واقعہ

"یہ حادثہ ایک قومی مصیبت ہے" ڈچ حلقوں کا اظہار خیال

مرحومین کے رشتہ داروں سے اظہار ہمدردی۔ حکومت ہند کا پیغام

بمبئی ــــ ۱۳ جولائی

اگر انڈونیشیا سے آنے والا ڈچ ہوائی جہاز خاص طور پر ہندوستان کے اوپر پرواز کرنے کی اجازت نہ طلب کرتا تو وہ ۴۵ بدقسمت مسافر جو اس جہاز کے حادثہ کا شکار ہوگئے، بچ جاتے۔

نئی دہلی سے روانہ ہونے سے چند گھنٹہ قبل بدقسمت ہوائی جہاز کے مسافر اس امر پر خوش تھے کہ ان کو انڈونیشیا سے واپس جانے کے لئے ہندوستان کے راستہ اجازت مل گئی۔ انہوں نے کہا تھا کہ اگر حکومت ہند انہیں ہندوستان کے راستہ پرواز کی اجازت نہیں دیتی تو انہیں ساڑھے تین ہزار میل سمندر پر پرواز کرنا پڑتا۔ گزشتہ دسمبر میں حکومت ہند نے ڈچ فوجوں کے انڈونیشیا میں پولیس ایکشن شروع کرنے پر ڈچ ہوائی جہازوں کی ہندوستان کے اوپر پرواز ممنوع قرار دے دی تھی۔ اس کے بعد سے شاید یہ پہلا ڈچ ہوائی جہاز تھا جس کو ہندوستان پر پرواز کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

ان بدقسمت مسافروں میں جنہوں نے اس حادثہ میں جان دی ۱۳ امریکن جرنلسٹ بھی تھے۔ ان میں سے ایک خوب صورت نوجوان جرنلسٹ نے دہلی میں کہا تھا کہ ہم انڈونیشیا [illegible] کے راستے سے گئے تھے اور ہم میں سے کوئی بھی اس راستہ واپس [illegible] نہ کرتا تھا۔ جس وقت یہ نوجوان نامہ نگاروں سے بات چیت کر رہا تھا تو اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ اس نے ہنستے ہوئے کہا کہ اگر آپ کو محض سمندر پر ہی پرواز کرنے کا موقعہ ملے تو یہ یقیناً آپ کی بدقسمتی ہے۔ اسی باعث ہم نے پنڈت نہرو کو خاص طور پر یہ پیغام بھیجا تھا کہ ہمیں ہندوستان کے راستے واپس جانے کی اجازت دی جائے۔

نامہ نگاروں کی یہ اپیل گزشتہ ہفتہ وزارت خارجہ [illegible] فوری کارروائی کی گئی۔ اور امریکن نامہ نگاروں کے اس ڈچ ہوائی جہاز کو کلکتہ، دہلی اور بمبئی پر [illegible] ہوائی مستقروں کے ساتھ اترنے کی اجازت دی گئی۔

ایک دوسرے نامہ نگار [illegible] نے کہا تھا کہ [illegible] بہت خوش قسمتی کا باعث ہے۔ ہندوستان کے راستے سے ہم اپنے گھروں کو جلد پہنچ جائیں گے۔ اور ہمارا سفر زیادہ دلچسپ رہے گا۔

نامہ نگاروں کی یہ جماعت ایک ماہ قبل نیویارک سے روانہ ہوئی تھی۔

جہاز [illegible] بمبئی کے ہوائی اڈے سے [illegible] تین میل کے فاصلہ پر [illegible] فٹ اونچی ایک پہاڑی [illegible] سے ٹکرا گیا۔ یہ واقعہ ہندوستان کی ہوائی تاریخ میں سب سے زیادہ ہولناک اور قابل افسوس ہے۔ [illegible]

[illegible] مسافروں کا خاتمہ کر دیا تھا۔ [illegible] لاشیں [illegible] بکھری ہوئی تھیں۔ [illegible]

[illegible] ایک عورت زندہ تھی۔ لیکن اس کا بھی آخری وقت تھا۔ [illegible]

اس کی بابت [illegible] گاؤں میں [illegible] بہیں [illegible]

[illegible] بیان کیا [illegible] ہوائی جہاز [illegible] ۲۰۰ فٹ اونچی [illegible] ۵۰ فٹ نیچے یہ حادثہ پیش آیا۔ [illegible] بجے [illegible] لاشیں [illegible] شام کے ساڑھے چھ بجے ۳۵ لاشیں [illegible] لائی گئیں۔

مغربی ممالک کی معاشی پریشانیاں

روس کی فائدہ اٹھانے کی کوششیں

لندن ۱۳ جولائی۔ مغربی ممالک کی معاشی پریشانی سے فائدہ اٹھانے کی روسی کوششیں گزشتہ چند ہفتوں سے خاصی بڑھ گئی ہیں۔ گزشتہ روز لندن سے جو خبر آئی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ برطانیہ اور آسٹریلیا کے کان مزدوروں کی ایک وسیع کمیونسٹ سازش کی خبر ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس سازش کا مقصد [illegible] اور آخر کار ساتوں سمندروں میں جہازوں کی نقل و حرکت کو روک دینا ہے۔ کمیونسٹوں نے منصوبہ بنایا ہے کہ [illegible] تمام گودی مزدوروں کی ایک علیحدہ صدر دفتر قائم کیا جائے اس طرح سے انہیں [illegible] حاصل ہو جائے گا۔

اس سازش کی بنیاد "ورلڈ فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز" (مزدور انجمنوں کا عالمگیر وفاق) ڈالی رہی ہے جس کا اجلاس آج کل میلان میں ہو رہا ہے۔ کمیونسٹ مزدور رہنماؤں نے گودی مزدوروں میں کامیابی حاصل کرنے پر ایک دوسرے کو مبارکباد بھی دی ہے۔

آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے گودی مزدوروں کے رہنما اس وقت میلان میں موجود ہیں اور وہ ریڈیو ٹیلی فون کے ذریعے امریکہ کے گودی مزدوروں کے کمیونسٹ رہنماؤں کے ساتھ گفت و شنید میں مشغول ہیں۔ (رگلوب)

کلکتہ میں پولیس پارٹی پر بم پھینکا گیا

مظاہرہ کرنے والے گرفتار

کلکتہ ۱۳ جولائی۔ بہاؤ پور روڈ پر ایک علاقہ میں آج پولیس کی بم پھینکے گئے لیکن پولیس کے تمام افراد بال بال بچ گئے۔ بم زبردست دھماکے سے پھٹے لیکن کوئی بھی زخمی نہ ہوا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ بہاؤ پور روڈ پر [illegible] اشخاص ایک جلوس کی شکل میں کالے جھنڈے لئے جا رہے تھے۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ کچھ جھنڈے لیاں چھین لیں اور ۳۰ اشخاص کو گرفتار کر لیا۔ دیگر مظاہرین بھاگ نکلے لیکن بھاگتے ہوئے انہوں نے پولیس پر کئی بم پھینکے۔ پولیس نے ان کا تعاقب کر کے ان میں سے ۵ کو گرفتار کر لیا۔ جن میں سے ایک مشہور مفرور کمیونسٹ ورکر ہے اس علاقہ میں پولیس کا سخت پہرہ لگا دیا گیا ہے۔

کل شب کو کلکتہ میں ایک مکان کے اندر دھماکہ کے نتیجہ میں مکان کا ہال گر گیا اور کھڑکیاں اور دروازے ٹوٹ گئے دو اشخاص مجروح ہوئے جنہیں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ پولیس کا خیال ہے کہ یہ دھماکا اس وقت ہوا جب کہ مکان کے اندر دیسی بم بنائے جا رہے تھے۔ پولیس نے مارکیٹ اسٹریٹ میں ایک مکان کی تلاشی لی جہاں سے چند تازہ بم برآمد ہوئے چار اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

پاکستان سے آئے ہوئے مسلمانوں کو سزا

ملزمین نے پاکستان واپس جانے سے انکار کر دیا

امرتسر ۱۳ جولائی۔ پاکستان سے آئے ہوئے ان ۱۳ افراد کو جن میں ۲ عورتیں اور ۱۱ بچے شامل ہیں اس بنا پر کہ انہوں نے پاکستان واپس جانے سے انکار کر دیا ایک ہفتہ کی سزائے قید دی گئی ہے۔ ان لوگوں کو بلا پرمٹ ہندوستان آنے پر پرسوں گرفتار کیا گیا تھا۔ عدالت میں ملزمین نے پاکستان جانے سے انکار کرتے ہوئے یہ درخواست کی کہ ان کو ان کے آبائی وطن کانگڑہ بھیج دیا جائے۔ عدالت نے حکم دیا کہ ان کی سزا کی مدت کے ختم ہونے پر انہیں جالندھر میں مسلمانوں کے کیمپ میں بھیج دیا جائے۔

برطانوی ہائی کمشنر لندن میں

لندن ۱۳ جولائی۔ لفٹننٹ جنرل سر آرچی بالڈ نائی برطانوی ہائی کمشنر متعینہ ہند کل کراچی سے بذریعہ طیارہ یہاں پہنچ گئے۔ جنرل [illegible] منٹوں میں گفت و شنید کے لئے لندن گئے تھے۔

لیبے موٹروں سے سستے بک آئے ہیں

لندن ۱۳ جولائی۔ آسٹریلیا کے تازہ ترین حالات سے اندازہ ہوتا ہے کہ [illegible] کی صنعت ایک بحران [illegible] سے دوچار ہے۔ حال ہی میں جہازوں کے ایک رسالے نے [illegible] طیاروں کو فروخت کرنے کا اعلان شائع کیا ان طیاروں کی قیمتیں ۵۰۰ پونڈ اور ۸۰۰ پونڈ کے درمیان تھی۔

آج کل آسٹریلیا میں سب سے عمدہ اور مضبوط ہوائی جہاز [illegible] کو موٹروں سے [illegible] ہوتی ہوئی اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ طیاروں کے عام استعمال کے دن قریب آ رہے ہیں۔ (گلوب)

سائنس دانوں کی نئی بستی

لندن ۱۳ جولائی۔ آسٹریلیا میں راکٹ کے جو تجربات کئے جا رہے ہیں۔ ان کے لئے آبادی سے دور ایک [illegible] سائنس دانوں کی ایک نئی بستی آباد ہو گئی ہے۔ یہ بستی جنوبی آسٹریلیا میں [illegible] کے مقام پر ہے اس بستی کے لئے [illegible] پانی پہنچا [illegible] یہ پائپ لائن ۱۰ ہزار فٹ کی بلندی پر سے گزرتی ہے۔ پائپ بچھانے پر کل دس لاکھ پونڈ خرچ ہوئے۔ (گلوب)

ممدوٹ کے خلاف تحقیقات

سماعت کے لئے نئے جج کا تقرر

لاہور ۱۳ جولائی۔ مسٹر محمد منیر چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے ممدوٹ کے خلاف الزامات کی سماعت [illegible] تحقیقات کی سماعت اب جسٹس [illegible] اور جسٹس [illegible] کریں گے۔

انقلابات یو۔ پی

متروکہ جائدادوں کے متعلق قانون بنانے کیلئے مرکز سے سفارش

یو۔ پی لیجسلیٹو کونسل نے متفقہ طور پر ریزولیوشن پاس کر دیا

لکھنؤ ۱۳ جولائی (پ۔ ٹ۔ آئی) کل یو۔ پی کونسل کا ایک مختصر سا اجلاس ہوا جس میں انڈین پارلیمنٹ سے سفارش کی گئی ہے کہ متروکہ جائدادوں کے انتظام نگرانی اور تبادلہ وغیرہ سے متعلق ایک قانون پاس کرے۔ کونسل کے صدر مسٹر چندر بھال نے صدارت کی۔

ہاؤس کے لیڈر حافظ محمد ابراہیم نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں متروکہ جائدادوں کا مسئلہ نہایت مختلف طریقہ پر حل نہیں کیا جا سکتا اور یہ معاملات پاکستان سے بات چیت نہیں کر سکتے۔ اس لئے بہتر ہے کہ مرکز ایک ایسا قانون نافذ کرے جو تمام صوبوں میں یکساں طریق پر نافذ کر دیا جائے۔

بیگم اعزاز رسول نے تحریک کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ یہ غلط ہے کہ صوبے اپنے اختیارات کو مرکز کے سپرد کر دیں اور اس کا [illegible] کردہ قانون کو صوبہ میں جاری کیا جائے۔ ہر صوبہ کے اپنے علاقائی مسائل ہیں۔ اس لئے صوبوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے اپنے یہاں متروکہ جائداد کے متعلق خود قانون بنائیں۔

تقریباً ایک ہفتہ بحث کے بعد قرارداد نے ترمیم کی حمایت کی اور بل متفقہ طور پر پاس ہو گیا۔

مولانا بشیر احمد ایم ایل سی نینی تال میں

الہ آباد ۱۱ جولائی (بذریعہ ڈاک) مولانا بشیر احمد ایم ایل سی صدر جمعیۃ العلماء یو۔ پی نینی تال جاتے ہوئے یہاں سے گزرے مولانا موصوف رمضان گذارنے کے لئے نینی تال تشریف لے گئے ہیں اور امید ہے کہ تا اختتام رمضان وہیں قیام فرمائیں گے آج کل وہاں موسم نہایت خوشگوار ہے۔ روزانہ بارش ہو رہی ہے۔ گرمی کا نشان نہیں۔ (نامہ نگار)

یو۔ پی کے لیڈروں کی تنظیم جدید

لکھنؤ ۱۳ جولائی (ہ۔ ٹ) یو۔ پی میں لیبر یونینوں کی از سر نو تنظیم کے لئے قدم اٹھایا جا رہا ہے۔ [illegible] کی ممبر شپ [illegible] دہلی گی۔ اور مخلوط انتخابات کی صورت میں ہوگی۔ یعنی [illegible] کی تعداد حسب ذیل ہوگی۔

[illegible]

نئے گروہ پر پنڈت پنت کا بیان

لکھنؤ ۱۳ جولائی (پ۔ ٹ۔ آئی) پنڈت گووند بلبھ پنت وزیر اعظم یو۔ پی جان لگے ہیں کانگریس پارٹی کے لیڈر ہیں کے متعلق سوال کیا جاتا ہے کہ انہوں نے کل شام پارٹی میٹنگ میں کہا کہ اخبارات میں سنٹرل ممبروں کے نئے گروہ کے قیام کی خبر اخبارات میں پڑھ کر مجھے بڑا تعجب ہوا۔ گروہ کے قیام اور اس کے نتائج پر پارٹی کے آئندہ اجلاس میں غور کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ہفتے پارٹی کے سنٹرل ممبروں نے ایک نئے گروہ کے قیام کے متعلق بیان دیا تھا۔

مشرقی یو پی کے آٹھ شوگر مل

گنا نہ ہونے کے باعث بند ہو جائیں گے

لکھنؤ ۱۳ جولائی (پ۔ ٹ۔ آئی) اس بات کا امکان ہے کہ اس علاقہ میں گنے کی سپلائی کے باعث نقصانات ہونے کی وجہ سے مشرقی یو۔ پی کے آٹھ شوگر مل بند ہو جائیں گے۔

مشرقی علاقہ کے تیس کارخانوں کے جن مالکوں نے یو۔ پی گورنمنٹ کے محکمہ صنعت کے سامنے سے کل جو درخواست پیش کی ہے اس میں [illegible] آئندہ اقدام کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔

ہاپوڑ میونسپلٹی کا خسارہ کا بجٹ

ہاپوڑ ۱۳ جولائی (ا۔ م) ہاپوڑ میونسپلٹی کے سالانہ بجٹ میں ۳۳۰۷۰۰ کا خسارہ دکھایا گیا ہے آمدنی کا اندازہ ۰۰۰,۰۰۰ ہے اور اخراجات ۳۳۳۰۰۰ ہے۔ [illegible] گیارہ ماہ کی آمدنی ہوگی۔ [illegible]

سنگھیوں کی رہائی

لکھنؤ ۱۳ جولائی (پ۔ ٹ۔ آئی) حکومت یو۔ پی نے [illegible] سنگھ کے کارکنوں کی رہائی کا حکم جاری کر دیا ہے [illegible]

احمد آباد سے سہارنپور تک ریلوے لائن

[illegible]

پاکستان میں جہاز سازی کی صنعت کی ترقی کیلئے اقدام

مشرقی اور مغربی پاکستان کیلئے علیحدہ علیحدہ کمیٹیوں کا تقرر

کراچی ۱۳ جولائی۔ پرسوں پاکستان میں جہاز سازی اور جہاز رانی کی صنعت کو منظم بنیادوں پر فروغ دینے کے اقدامات پر وزارت صنعت کی سب کمیٹی کی میٹنگ میں غور کیا گیا۔ ڈائرکٹر محکمہ ترقیات صدر جلسہ تھے۔ حکومت پاکستان اس صنعت کو پوری طرح قائم کرنے کی تجویز پہلے ہی منظور کر چکی ہے۔ کل کمیٹی نے تفصیلی طور پر اس صنعت کے لئے خام مواد وغیرہ کی سپلائی کی اسکیم پر غور کیا اس سلسلہ میں جس قسم کے ٹیکنیکل اسٹاف کی ضرورت ہوگی اور وہ جس حد تک مقامی طور پر مہیا ہو سکے گی اور جتنی مالک غیر سے پوری ہوگی اس پر بھی غور کیا گیا پاکستان میں اس قسم کے اسٹاف کو تربیت دینے کے مسئلہ پر بھی غور کیا گیا۔

اس میٹنگ میں جہاز بنانے کی پرائیویٹ فرموں کے نمائندے بھی شامل تھے کمیٹی نے مشرقی پاکستان میں اس صنعت کی موجودہ حالت پر بھی غور کیا۔ کمیٹی ان تمام امور کے بارے میں جلد ہی اپنی رپورٹ پاکستان کے سامنے پیش کرے گی۔ کمیٹی مغربی پاکستان کے لئے ہے اور مشرقی پاکستان میں اس صنعت کی ترقی کے لئے جو کمیٹی مقرر کی گئی ہے اس کا اجلاس ۱۸ جولائی کو ڈھاکہ میں ہوگا۔ یہ کمیٹی مشرقی پاکستان میں اس صنعت کے بارے میں اسی طرح سروے کرے گی۔ کمیٹیاں آئندہ مرکزی حکومت کی وزارت صنعت کی نگرانی میں کام کریں گی۔

سرحد کے آخری انگریز گورنر کی روانگی

نئے گورنر ۱۶ جولائی کو چارج لیں گے

پشاور ۱۳ جولائی۔ صوبہ سرحد کے آخری انگریز گورنر سر امبروز ڈنڈاس ہوائی جہاز سے کل صبح پاکستان تشریف لے گئے۔ [illegible] ایک ماہ کراچی میں رہیں گے۔ [illegible] آئی۔ جی۔ پی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور دوسرے افسروں نے ان کو خیرباد کہا۔ [illegible] اس موقع پر [illegible] خان عبدالقیوم خاں وزیر اعظم سرحد [illegible] کے ساتھ [illegible] نے کہا کہ اپنی تندرستی کی خرابی کے باعث نہیں۔ [illegible] خواجہ شہاب الدین سرحد کے نئے گورنر ۱۶ جولائی کو دہرہ دون سے [illegible] آ کر چارج لیں گے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

میاں عبدالباری مشیروں کے نام پیش نہیں کریں گے

کراچی میں نئے گورنر کے تقرر کے منتظر ہیں

کراچی ۱۳ جولائی۔ میاں عبدالباری صدر مسلم لیگ نے وزیر اعظم پاکستان سے ملاقات کی اور کہا جاتا ہے کہ گورنر مقرر ہونے سے مشیروں کی فہرست پیش نہیں کریں گے۔ یہ ملاقات ایک گھنٹہ جاری رہی۔ اس میں مشیروں کے مسئلہ کے علاوہ مغربی پاکستان کے دفاع پر بھی غور کیا گیا۔ بعد میں انہوں نے چودھری خلیق الزماں سے بھی ملاقات کی۔ معلوم ہوا ہے وزیر اعظم سے آج پھر ملاقات ہونے تک وہ کراچی ہی میں مقیم رہیں گے۔

لاہور سے سول اینڈ ملٹری گزٹ کو معلوم ہوا ہے کہ میاں عبدالباری نے مشیروں کے لئے حسب ذیل نام چنے ہیں:

۱۔ سردار محمد ظفر اللہ صدر لاہور سول اینڈ مسلم لیگ
۲۔ مولانا علاؤ الدین صدیقی سابق سکریٹری صدر مسلم لیگ۔
۳۔ کرنل عابد حسین ضلع [illegible] (۴) مسٹر احمد شاہ کیمبل پور (راولپنڈی ڈویژن) (۵) ملک [illegible]

آئرلینڈ کے سابق صدر کا انتقال

ڈبلن ۱۳ جولائی۔ آئرلینڈ کے سابق صدر ڈاکٹر ڈگلس ہائیڈ کا آج انتقال ہو گیا۔ [illegible] یہ صدر منتخب ہوئے تھے۔ [illegible]

ظفر اللہ خاں کوئٹہ کو!

لاہور ۱۳ جولائی۔ وزیر خارجہ پاکستان سر محمد ظفر اللہ خاں دو روز لاہور میں قیام کے بعد ریل کے ذریعہ کوئٹہ روانہ ہوگئے کوئٹہ سے وہ کراچی جائیں گے۔

قبائلی علاقوں کیلئے منصوبہ بندی

کراچی ۱۳ جولائی (ا۔ م) معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے قبائلی علاقہ سرحدی ریاستوں اور بلوچستان میں گھریلو صنعتوں کے مرکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے اس سلسلہ میں ایک ابتدائی رقم بھی منظور کر دی ہے۔

افغانستان میں برطانوی قونصل خانوں کا

چارج پاکستان لے رہا ہے

کراچی ۱۳ جولائی (ا۔ م) معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے ۱۳ جولائی سے جلال آباد اور قندھار کے برطانوی قونصل خانوں کا چارج لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ مسٹر ضیاء الدین احمد جو اس وقت قندھار میں برطانوی قونصل ہیں پاکستانی قونصل مقرر ہوں گے [illegible] کمشنر مسٹر سرفراز خاں جلال آباد کے قونصل خانے کا چارج لیں گے۔

خود حساب کر کے وقت جب نمبر کا حوالہ ضروری ہے۔

عید کارڈ

رنگ دار اور تازہ ترین مسائل [illegible] ہندوستان اسی دوکان سے ملے گی [illegible] کتب اسلام دفتر نو طبع [illegible] جنرل عید کارڈ [illegible] دہلی۔

مفت طلب کیجئے

صاحب نصاب [illegible] ضروری مسائل کی کتاب [illegible] نقشہ بچوں کی تعلیم کے لئے [illegible] ترجمہ [illegible] کا ٹکٹ [illegible] مفت طلب کیجئے۔ ادارہ آفتاب سالت پبلشنگ دہلی

ضروری اطلاع

روزنامہ الجمعیۃ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے چندہ میں ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنا چندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے۔
وی۔ پی کے ذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔ — منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

داخلہ

ڈگری طبیہ کالج یونیورسٹی علیگڈھ

کالج میں نئے طلبا کا داخلہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا۔ درخواست داخلہ ۱۵ اگست تک پرنسپل صاحب طبیہ کالج علیگڈھ کے دفتر میں پہنچ جانا چاہئے۔ اور امیدوار کو دفتر کی مقرر کردہ تاریخ پر معہ سارٹیفکٹ حاضر ہونا چاہئے۔ مطبوعہ فارم پرنسپل صاحب کے دفتر سے مفت طلب کیا جا سکتا ہے۔ جس کے آخر میں درخواست داخلہ کا مطبوعہ فارم منسلک ہے۔ اس سال چالیس لڑکے اور دس لڑکیوں کے داخلہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ درخواستیں جلد بھیجنا چاہئیں ورنہ ممکن ہے کہ تمام جگہیں بھر جائیں۔ (شفاء الملک) حکیم عبد اللطیف
پرنسپل
ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

اگر ہو دیکھنا تم کو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل

قیام کے لئے بہترین۔ آرام دہ اور ہوا دار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام
دہلی کی گرمی
مسافروں کے لئے بے حد پریشانی و تکلیف کا سبب ہوتی ہے۔ صنوبر ہوٹل میں قیام کر کے آپ کو ہر طرح کی تکلیف سے بچائے گا۔
منیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۵ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

مسلمانو! تمہارا ابھی کچھ فرض ہے؟

ہند یونین کے مسلمانوں کو پورے غور و فکر کے بعد اور پوری دیانت داری کے ساتھ ہمارے ایک سوال کا جواب دینا چاہیئے، وہ یہ کہ کیا انہیں جمعیۃ علماء ہند کی ضرورت ہے؟ کیا وہ اپنی بقا کے لئے جمعیۃ علماء کے وجود کو ضروری سمجھتے ہیں؟ کیا وقت کا تقاضہ ہے کہ اس جماعت کو باقی اور قائم رکھا جائے اور اسے ترقی دی جائے؟ اس مختصر سے سوال کا جواب ہاں یا نہیں میں دیا جا سکتا ہے، اگر تمہارا ضمیر اور ایمان کہتا ہے کہ جمعیۃ علماء کی ضرورت ہے اور اس ریڑھ کی ہڈی کو باقی رہنا چاہیئے تو انشراح صدر کے ساتھ اس کا اقرار کرو مگر ساتھ ہی سوچ لو کہ اس اقرار کے تقاضے کیا ہوں گے اور ہاں کہتے ہی تم پر کس قدر ذمہ داریاں عائد ہو جائیں گی۔ لیکن اگر تمہارا فیصلہ یہ ہے کہ مسلمانوں کو جمعیۃ علماء ہند کی ضرورت نہیں اور اس کی بقا مسلمانوں کے لئے مفید نہ ہوگی تو تمہیں بلا تامل اس کا اعلان کر دینا چاہیئے ہاں یا نہیں میں ایک بڑا فلسفہ ہوتا ہے اور اقرار یا انکار سے ایک نئی تاریخ لکھی جاتی ہے بس بتاؤ اور فیصلہ کرو کہ تمہیں اور ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو جمعیۃ علماء کی ضرورت ہے یا نہیں؟

ہمیں یقین ہے کہ ہند یونین میں اس وقت ایک مسلمان بھی ایسا نہ ہوگا جو ہمارے سوال کا جواب نفی میں دے اور جمعیۃ علماء کی ضرورت سے انکار کرے اگست کے پہلے کے دشمن بھی معترف ہیں کہ ملک کی تقسیم کے بعد جمعیۃ علماء ہند کی جس قدر ضرورت ہے ایسی ضرورت کبھی پہلے لاحق نہیں ہوئی تھی پہلے ملک میں بہت سی جماعتیں موجود تھیں کسی جماعت نے تعلیم کا بار اٹھا رکھا تھا، کسی نے اصلاح و تربیت کا کام سمیٹ رکھا تھا کسی کے پیش نظر اسلام کی اشاعت تھی اور کسی نے زبان و تہذیب، ادب اور لٹریچر کے لئے اپنی زندگی وقف کر رکھی تھی لیکن آج یہ سارے کام جمعیۃ علماء ہند کے سر آ پڑے ہیں اور زندگی کا ہر شعبہ اسی کو دعوت عمل دے رہا ہے، اگر جمعیۃ علماء ہند کی ضرورت نہیں تو یہ بھی بتا دینا چاہیئے کہ یہ کام کس طرح سے انجام پائیں گے اور ان کا انصرام کون کرے گا؟ اگر ضرورت ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ جمعیۃ علماء نہ صرف زندہ رہے بلکہ سارے ملک کو زندگی بخشے تو اب سوچ لینا چاہیئے کہ مسلمانوں کی ذمہ داریاں کیا ہیں اور وہ جمعیۃ علماء کی بقا کا سامان کس طرح کر سکتے ہیں؟

اگر آپ جمعیۃ علماء اور عیسائی چرچوں کا مقابلہ کریں گے تو آپ کو ہنسی آ جائے گی، صرف انگلستان کے ایک چرچ آف انگلینڈ کو لیجئے جو انگلستان کے عیسائیوں کی جمعیۃ علماء ہے اور جو ان کے تمام مذہبی معاملات کا انصرام کرتی ہے، آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس چرچ کا بجٹ چھ کروڑ روپیہ سالانہ ہے، یہ چھ کروڑ روپے ستارہ مریخ سے نہیں آتے اور نہ زمین سے ابلتے ہیں یہ رقم انگلستان اور ویلز کے عیسائی مہیا کرتے ہیں اور اس قدر انہماک اور ایثار سے دیتے ہیں کہ اس چرچ کا کوئی کام کبھی رکنے نہیں پاتا، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک مستقل سلطنت ہے جسے ہر قسم کا ٹیکس برابر وصول ہوتا رہتا ہے اور شاید آپ کو یہ معلوم نہ ہوگا کہ اس وقت اس کے ریزرو فنڈ میں ۳۱ کروڑ روپیہ محفوظ ہے! اب یہاں ہندوستان میں سارھے چار کروڑ مسلمان آباد ہیں، اگر ہر مسلمان چار آنے بھی ادا کرے تو جمعیۃ علماء کے لئے آسانی سے ایک کروڑ روپیہ سالانہ مہیا ہو سکتا ہے مگر یہاں ایک کروڑ کہاں! بیس لاکھ بھی نہیں، پانچ لاکھ بھی نہیں انگلستان کے چرچ کو امن کے زمانہ میں بیٹھے بٹھائے چھ کروڑ روپیہ ہر سال وصول ہوتا ہے اور یہاں ایک عظیم انقلاب کے بعد تعمیری کاموں کے لئے ایک لاکھ روپیہ بھی وصول نہیں ہوتا! عبرت کا مقام ہے کہ چرچ آف انگلینڈ پر پونڈوں کی بارش اور جمعیۃ علماء کے لئے تہی دستی، فقیری اور درویشی!

مسلمان یاد رکھیں، اگر وہ اپنے اجتماعی اور مذہبی کاموں میں مالی ایثار سے کام نہیں لیں گے تو قدرت انہیں کسی اور راہ سے پکڑے گی اور ان کا اندوختہ نذر انقلاب ہو جائے گا، مسلمانوں کے لئے آسان بہانہ ہے کہ مسلمان تو مفلس قوم ہے اس کے پاس اتنا سرمایہ کہاں کہ اجتماعی کاموں کو اطمینان کے ساتھ انجام دے سکے مگر جب انقلاب آیا تو اسی مسلمان کے مکان سے سینکڑوں من چاندی اور سونا نکل پڑا اور نوٹوں کے انبار سڑکوں پر اڑتے نظر آئے، خدا کی گرفت بہت سخت ہے، مسلمان اگر اجتماعی مفاد کے لئے کچھ نہیں کریں گے اور کام کرنے والی جماعتوں کو مضبوط نہیں بنائیں گے تو یہ سودا انہیں مہنگا پڑے گا گھاٹا خسارہ سے نہ بچ نہیں سکیں گے اگر وہ اپنا تحفظ چاہتے ہیں تو وہ کسی بین الاقوامی فنڈ کی طرف نہ دیکھیں اور جیب ٹٹولیں، اپنے فنڈ سے جمعیۃ علماء کی امداد فرمائیں، کیونکہ ملت کے اجتماعی کام تو انہیں سے کرنے پورے ہوں گے۔

اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء کے اکابر کی طرف سے جو اپیل شائع ہوئی ہے اس میں کہا گیا ہے کہ

"دین و ملت کی حفاظت اور مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کو بہتر اور باعزت بنانے کے لئے جمعیۃ علماء ہند کی تجاویز اسی وقت کامیاب ہو سکتی ہیں جبکہ اہل ثروت مسلمان ہی اس کی امداد کریں، ایسے لائحہ عمل کو کامیاب بنائیں اور اس کی مالی مشکلات کو حل کریں۔"

ترکی اور مسلم ممالک

وزیر خارجہ ترکی نجم الدین صادق نے اعلان کیا ہے کہ حکومت ترکی شام کے نئے صدر کرنل زعیم کی درخواست پر اپنا ایک فوجی وفد شام کے لئے روانہ کرنے والی ہے جو حکومت شام سے فوجی تعاون پر گفت و شنید کرے گا اور شامی فوج کی نئی تنظیم کے لئے بھی ترکی فوجی ماہرین کو جلد سے جلد روانہ کیا جائے گا، خیر یہ تو ایک معمولی بات ہے، شام، ترکی کی سرحد پر واقع ہے، اور ترکی کو حق ہے کہ وہ اپنے پڑوسی ملک کے معاملات سے دلچسپی لے البتہ اہم بات یہ ہے کہ، ترکی تمام مسلمان ممالک سے تعاون کرنے کے لئے تیار ہے، مگر یہ تعاون مشترکہ مفادات و مقاصد کی بنیادوں پر ہوگا مذہبی روایات اور جذبات کی بنا پر نہیں، ہو گا جہاں تک مسلم ممالک سے تعاون کرنے کا سوال ہے وہ خوش آئند ضرورت ہے لیکن ہمیں ڈر ہے کہ کہیں اس تحریک میں امریکہ کا ہاتھ نہ ہو، بدگمانی بری چیز ہے لیکن جب تک مسلم ممالک یورپ اور امریکہ کے دست نگر رہیں گے اور صنعتی بنیادوں پر اپنی تنظیم نہیں کریں گے یہ خدشہ دور نہیں ہو سکتا۔

مسلمان پانی پت میں

حضرت بو علی شاہ قلندر کے عرس میں شرکت کے لئے پاکستان سے ۳۲ افراد کا جو وفد پانی پت آیا تھا وہ واپس چلا گیا، اس وفد کی آمد اور غیر مسلموں کے جذبات کے سلسلہ میں جو رپورٹ ہمیں پہونچی ہے اس سے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ انسانیت امر ہے اور جو انسانیت اسے ہمیشہ کے لئے دبا نہیں سکتی، پانی پت والے پیار کے تجربوں سے خلوص اور محبت کے ساتھ ان کا استقبال کیا گیا مسلمانوں کا خیر مقدم کیا اور جس طرح چھوٹے بچوں نے بڑوں کو دادا، دادا کہہ کر پکارا اس کا احساس کر کے توقع ہوتی ہے کہ شاید ہماری انسانیت پھر ابھرے، شاید جلا وطن لوگوں کو پھر واپس آنے کا موقعہ ملے! معلوم ہوا ہے کہ واپس جانے والے غیر مسلم اپنے وطن کے لئے تڑپتے ہیں اور ان کی آرزو یہ ہے کہ وہ مغربی پنجاب میں اپنے گھروں کو دوبارہ آباد کریں، اور چوپال کے درختوں کے سایہ میں پھر بیٹھ کر پرانی باتوں کے مزے لیں انسانیت زندہ ہے مگر سہارے کی ضرورت ہے، جہاں پہلا پرانی دشمنیاں نئی دوستیوں میں بدل جائیں اور یہ پتہ لگانا ہو گا کہ گزشتہ واقعات کی تہ میں کون ہے!

اچھی بات من

ان فی السموات۔ تا یوقنون، (رکوع ۱)

زمین و آسمان میں ایمان لانے والوں
کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں خود تمہاری
پیدائش اور حیوانات کی تخلیق میں اس قوم
کے لئے جو ایقان کی دولت سے مالا مال ہو
بہت سی عبرتیں پنہاں ہیں۔

جس قوم میں یقین اور عزم کی روح موجود ہو وہ ہر چیز سے کام نکال سکتی ہے زمین و آسمان انسان اور حیوان کی پیدائش میں بیشمار نشانیاں موجود ہیں اب جو قوم علم صحیح اور ایقان کی دولت سے مالا مال ہوگی وہ ضرور کائنات کے اسرار معلوم کرے گی اور کائنات کی ہر چیز سے فائدہ اٹھائے گی اور جو قوم مردہ ہوگی وہ قدم کے نیچے سے خزانے بھی برآمد نہ کر سکے گی پس آیات اور نشانیوں سے مراد کائنات سے فائدہ اٹھانا ہے اور جو قوم اس قسم کا اقدام کرے گی اس کو کامیابی بھی حاصل ہوگی۔

انڈونیشیا میں اسلام

از:۔ آر۔ کے

آٹھ سو سال سے زیادہ کا عرصہ ہوا کہ سماٹرا میں آچے کے مقام پر چند انڈونیشیوں نے اسلام قبول کیا۔ انڈونیشیا میں اسلام کی اشاعت صرف تبلیغ سے ہوئی۔

سماٹرا

عرب انڈونیشیا میں شروع شروع تجارت کرتے تھے وہیں اور سولہویں صدی کے دوران میں عرب تجار انڈونیشیا میں بہت۔ رسوخ پیدا کر چکے تھے اس لئے یہ یقین کیا جا سکتا ہے کہ غالباً انڈونیشیا میں اسلام کا آغاز سن ہجری کے شروع ہوا۔ پہلی تاریخ جس کے متعلق وثوق سے کہا جا سکتا ہے وہ سنہ ۱۱۱۱ء ہے جب کہ آچے کے عبداللہ عارف کے ہاتھوں اسلام قبول کیا۔ برہان الدین اس کا شاگرد اسلام کو مغربی ساحل پر مینانگ کابو تک لے گیا۔ سنہ ۱۲۰۵ء میں آچے میں پہلی مسلم ریاست کی تشکیل ہوئی جوہان شاہ اس کا پہلا حکمراں تھا۔

یہ کہا جاتا ہے کہ عرب تاجروں کے علاوہ ہندوستان کے مسلمان تاجروں نے بھی تبلیغ اسلام میں حصہ لیا۔ یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ گجرات کے ہندوستانی تاجروں نے بھی جاوا اور ملایا میں اسلام [illegible]

[illegible]

لاکھوں کی تعداد میں جاوا کی مسلمان ہو گئے اور اسلامی سلطنتوں اور ریاستوں کی تشکیل ہوئی۔

جزائر مولکا

سماٹرا اور جاوا کے تاجروں نے مولکا کے باشندوں میں اسلام کی اشاعت کی۔ شروع شروع میں انہیں کوئی خاص کامیابی نہیں ہوئی لیکن پندرھویں صدی میں اسلام تیزی سے پھیلا۔ ٹیڈور کے آتش پرست بادشاہ نے معہ اپنی رعیت اسلام قبول کیا۔ ٹرنیٹ کے راجہ نے سنہ ۱۴۹۵ء میں گرسک کا دورہ کیا اور جام وحدت پیا۔

بورنیو اور سیلی بیز

بورنیو اور سیلی بیز کے علاقوں میں اسلام صرف ساحلی علاقوں میں پایا جاتا تھا لیکن رفتہ رفتہ اسلام کے سید ہے اور سادہ اصولی لوگوں کے دلوں میں جگہ پیدا کرتے گئے اور وہ ان سے اس قدر متاثر ہوئے کہ سولھویں اور سترھویں صدی میں بورنیو اور سیلی بیز میں حکمراں اور رعایا کا مذہب اسلام ہو گیا۔

آج انڈونیشیا میں تقریباً ۹۵ فیصدی آبادی مسلمان ہے اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلام صرف تبلیغ اور اور پروپیگنڈے سے ہی پھیلا۔

[illegible]

مسلم سلطنت

سنہ ۱۵۲۱ء کے لگ بھگ شمالی مشرقی جاوا میں ایک مسلم ریاستیں قائم ہوئیں [illegible] گرسک [illegible] جاوا کے [illegible]

ریاست بانتام

سنہ ۱۵۲۶ء سے بہت پہلے بانتام مسلم ریاست بن چکی تھی اور مغربی جاوا کے مغربی ساحل پر مضبوط ترین ریاست بن گئی۔ سنہ ۱۵۲۶ء میں سونڈا کلا پا کی بندرگاہ کو فتح کر لیا [illegible] بانتام کا مشہور اور زبردست حکمراں تھا۔ بانتام [illegible] کی تجارت کا اہم مرکز تھا [illegible]

سلطنت آچے

سماٹرا میں آچے کی سلطنت تھی سلطنت سماٹرا کے شمال مشرق اور شمال مغربی ساحل تک پھیلی ہوئی تھی۔ [illegible]

جاوا

[illegible]

ایک روز امروز

مباحث امروز

(نقاد کے قلم سے)

ایک رومانی واقعہ ــــ ٹیلی فون کی نئی شرح

ایک حق سے عوام کی محرومی

ایک رومانی واقعہ

جنوبی افریقہ کے ایک تنگ و تاریک علاقہ میں ایک ایسا رومانی واقعہ پیش آیا ہے جس کا اہل یورپ بجا طور پر جنوبی افریقہ کی دار السلطنت سیلس بری سے لندن کے دانٹ ہال تک چرچا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بچوانا لینڈ کے قبیلہ بامنگواٹو کا نامزد سردار سیرٹزے کھاما جو آکسفورڈ یونیورسٹی میں قانون کی تعلیم حاصل کر رہا تھا کہ وہ لندن کی ایک ٹائپسٹ لڑکی پر فریفتہ ہو گیا اور اس سے شادی کر لی۔

سردار کے قبیلہ کے لوگ اس شادی کے خلاف ہو گئے حتی کہ سیرٹزے کے اپنے چچا نے بھی کہا کہ "میرے بھتیجے نے یہ شادی کر کے قبیلے کے تمام قوانین کو توڑ دیا ہے" معاملہ اس حد تک بڑھ گیا کہ ہزار قبائلی گھنے جنگل کے درختوں کے نیچے اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے جمع ہوئے کہ سیرٹزے کو قبیلے کا سردار تسلیم کیا جائے یا نہیں۔ مگر اس اجتماع میں سردار کی فتح ہوئی اور جالیس پرانے خیالات کے سرداروں کے علاوہ باقی سب لوگوں نے اس شادی کو تسلیم کر لیا۔ اب ان چالیس چھوٹے سرداروں نے اعلان کیا ہے کہ وہ اس مصیبت اور شادی کے خلاف بطور احتجاج خود اپنا وطن چھوڑ دیں گے۔

نسلی امتیاز کی یہ پالیسی اگرچہ کچھ اچھی پالیسی نہیں کیونکہ مذہبی اعتبار سے دنیا کے تمام انسان بھائی بھائی ہیں خواہ وہ گورے ہوں یا کالے ہوں یا پیلے لیکن چال پر دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے کہ جنوبی افریقہ میں ملان کی پالیسی گوری نسل پر فخر ہے اس افریقہ میں ایسے کالے بھی موجود ہیں جو گوروں سے رشتے جوڑنے کو اپنی کالی نسل کی بے عزتی سمجھتے ہیں۔ حقیقی معنوں میں جو سپیڈ کے یہ افریقی ملان کا توڑ ہیں جو اپنی گوری نسل کو دکھ کر پھولا نہیں سماتا۔ اندر حقیقت دونوں کالی اور ایشیائی قوموں سے تعلق رکھنے والے باشندوں کو ذلیل کرنے کیلئے نئے نئے قانون بنا رہا ہے۔

ٹیلی فون کی نئی شرح

کلکتہ اور بمبئی کی طرح دہلی میں بھی عنقریب ٹیلی فون کی یکساں شرح کے طریقہ کو بدلا جا رہا ہے۔ اب تک ہم ۲ روپیہ ماہانہ کے حساب سے سالانہ میں ۲۴۰ روپیہ ادا کیا جاتا تھا لیکن نئے طریقہ کے تحت بارہ روپیہ ماہانہ کے علاوہ ہر "کال" کے لئے دو پیسے ادا کرنے پڑیں گے۔

بیان کیا گیا ہے کہ نیا طریقہ اس لئے جاری کیا گیا ہے کہ "غیر ضروری" گفتگو پر روک لگائی جائے اور ٹیلیفون ایکسچینج پر زیادہ بار نہ پڑے۔

جہاں تک "غیر ضروری کالوں" کا تعلق ہے یہ صحیح ہے کہ یہ مقصد حاصل ہو جائے گا لیکن دوسری بہت سی وجوہ کی بنا پر نیا طریقہ نہ صرف یہ کہ خریداروں کے لئے بہت زیادہ تنگ ہے بلکہ عام پبلک کے لئے پریشان کن بھی۔ محکمہ ٹیلی فون کے اپنے اقرار کے مطابق ہر ٹیلیفون کی "کالوں" کا اوسط بیس ہے۔ اگر یہی اوسط تسلیم کیا جائے تو چھ پیسہ فی کال کے حساب سے مہینہ میں ۳ روپیہ ہوتا ہے۔ اس طرح ایک شخص کو جس کے یہاں ٹیلی فون ہے سالانہ اور دوبارہ یعنی کیا ماہ میں ۲ روپیہ ماہانہ ادا کرنے ہوں گے۔ گویا اس وقت کی شرح کے مقابلہ میں تین گنا جو موجودہ حالات میں بہت زیادہ ہے اور اس کا اثر ہر اوارہ پر بہت برا پڑے گا۔

ایک حق سے عوام کی محرومی

اس مہنگائی کے تو بہ نظر اس بات پر بھی غور کیجئے کہ ایک ٹیلی فون سے عام لوگ کتنا فائدہ اٹھاتے ہیں بعض اوقات ایک دو شخص بھی جو اپنے گھروں میں ٹیلی فون کے نصب کرانے کی استطاعت نہیں رکھتا وہ اس کے ٹیلی فون کے ذریعہ اپنا کام نکال لیتا ہے لیکن جب ہر کال کی قیمت ادا کرنی پڑے گی تو دار السلطنت کی بہت بڑی آبادی کو ٹیلی فون کے فائدے سے محروم کر دیا جائے گا۔

بمبئی کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ وہاں ایک مقام پر آگ لگ گئی۔ کوشش کی گئی کہ ٹیلی فون کے ذریعہ فائر بریگیڈ کو اطلاع کر دی جائے لیکن نہ کی جا سکی۔ اس لئے کہ ٹیلی فون والے نے یہ سوال کیا کہ اس کال کے پیسے کون دے گا اور اگر پیسے بھی دے دیئے جائیں تو اس بات کا کون ثبوت دے گا کہ یہ کال ضروری تھا اگر فائر بریگیڈ نے تسلیم نہ کیا کہ یہ کال ضروری تھا تو ٹیلیفون کاٹ دیں گے۔

ایسے واقعات دار السلطنت میں بھی پیش آ سکتے ہیں جو یقینی طور پر سب کے لئے تکلیف دہ ہوں گے ضرورت ہے کہ جس طرح بمبئی میں ٹیلی فون والے متحد ہو کر حکومت کے اس اقدام کے خلاف میدان میں آئے ہیں دہلی والے بھی میدان میں آئیں اور آئینی و قانونی طریقہ کے خلاف احتجاج کریں۔ عام لوگوں کو جو سہولت [illegible] نیا طریقہ جاری کر کے [illegible] سے محروم کر دیا ہے۔

دفتر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کی جانب سے فسادات احمد نگر کی تحقیقات

ہندو مسلم کارکنوں کے جلسوں میں تقاریر، حکام اور سرکردہ اشخاص سے ملاقات

[illegible]

مدرسہ تعلیم الاسلام علیگڈھ کی اپیل

سکریٹری صاحب مدرسہ تعلیم الاسلام [illegible] قلعہ جامع مسجد علی گڈھ نے حسب ذیل اپیل شائع کی ہے [illegible]

[illegible]

ٹرینٹ اور ریڈور

[illegible]

سائرنیکا کے امیر سنوسی اس ہفتہ لندن پہنچکر طرابلس کی آزادی پر گفتگو کرینگے

عرب پناہ گزینوں میں شدت سے کمیونزم کا پرچار شروع ہو گیا

برطانوی سفیر اور مصری وزیر خارجہ میں مسئلہ طرابلس پر تبادلہ خیالات

برطانیہ اور فرانس کے امور خارجہ کے افسروں کی کانفرنس

لندن ۱۳ جولائی۔ سائرنیکا کے امیر ادریس السنوسی جو اس ہفتہ لندن پہونچنے والے ہیں۔ خیال ہے کہ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون سے سائرنیکا اسکیم پر بات چیت کریں گے۔ یہ اسکیم خود امیر نے تیار کی ہے برطانوی حکومت نے صرف اندرونی معاملات میں امیر کی خود مختاری تسلیم کی تھی۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ سر رونالڈ کیمبل برطانوی سفیر مقیم قاہرہ نے مصری وزیر خارجہ احمد پاشا سے ملاقات کی اور سابق اطالوی نوآبادیات کے بارے میں بات چیت کی۔ اگرچہ سر رونالڈ نے امیر کی تجاویز پر پاشا سے تبادلہ خیالات کیا لیکن انہوں نے کہا ابھی یہ بالکل ابتدائی حالت میں ہیں۔ امیر ادریس نے سائرنیکا کی طرح طرابلس کی خود مختاری کی اسکیم بھی بنائی ہے

آج ان افواہوں کی سختی سے تردید کی گئی کہ گذشتہ ہفتہ لندن میں فرانسیسی وزارت خارجہ کے مشرق وسطی کے ماہر اور برطانوی دفتر خارجہ میں مشرق وسطی کو اپنے حلقہ ہائے اثر میں تقسیم کرنے کے لئے گفتگو ہوئی۔ برطانوی باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئی بات اس سے زیادہ سچائی سے دور نہیں ہو سکتی۔ فرانسیسی ماہر اور مشرق وسطی کا سفر لندن معمول کے مطابق تھا اور صرف اسی لئے کیا گیا تھا۔ تمام مشرق وسطی کی تصویر سامنے آجائے۔

ہند یونین کی مشہور درسگاہ جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مراد آباد کی اپیل

مراد آباد۔ بذریعہ ڈاک حضرت مولانا [illegible] مدرسہ شاہی مراد آباد نے حسب ذیل اپیل [illegible]

[illegible]

عازمین حج توجہ فرمائیں

حضرات براہ دہلی بمبئی تشریف لیجانا چاہتے ہیں ان کی سہولت کے لئے دہلی سے بمبئی کو روانہ ہونے والی گاڑیوں کے اوقات درج کئے جاتے ہیں۔

[illegible]

پاکستانی افکار

پاکستان کی نئی تاریخ

اطلاع ہے کہ "پاکستان ہسٹری بورڈ" نے وہ بنیادی اصول مرتب کرلئے ہیں جن کے مطابق پاکستان کی نئی تاریخ لکھی جائے گی۔ مختلف ابواب مختلف اشخاص کے حوالے کر دیئے گئے ہیں۔ اور امید کی جاتی ہے کہ ۶ ماہ کے اندر اندر نئی تاریخ تیار ہو جائے گی۔

[illegible]

(زمزم "کراچی، ۱۰ جولائی ۱۹۴۹ء)

مسلم لیگ کیوں کمزور ہوتی جا رہی ہے؟

حضرت مولینا اکرم خاں نے صحافتی کانفرنس میں لیگ کے غیر مقبول ہونے کی وجہ صوبہ میں غذا کی مسئلہ کو بتایا ہے۔ [illegible]

[illegible]

مشرقی بنگال میں تنسیخ زمینداری

مشرقی بنگال کی حکومت عرصہ دراز سے زمینداری کو منسوخ کرنے کی باتیں کر رہی ہے۔ چھ سات مہینے قبل حکومت نے بڑے زور و شور کے ساتھ اعلان کیا تھا کہ عنقریب تنسیخ کے لئے مسودۂ قانون بھی منظور ہو جائے گا۔ حکومت کے ان وعدوں کا ملک بھر میں خیر مقدم کیا گیا۔ [illegible]

[illegible]

(زمزم "کراچی، ۹ جولائی ۱۹۴۹ء)

[illegible]

(پاسبان "ڈھاکہ، ۸ جولائی ۱۹۴۹ء)

حیفہ کے کمیونسٹ مرکز نے مشرق وسطی کے کمیونسٹوں سے رابطہ قائم کر لیا

حمص میں کمیونسٹوں کے اڈہ پر پولیس کا چھاپہ اور سنسنی خیز انکشافات

قاہرہ ۱۲ جولائی۔ شام کی خفیہ پولیس نے شہر حمص میں کمیونسٹوں کے ایک بڑے اڈے کا سراغ لگایا ہے۔ یہاں پر جو کاغذات برآمد ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ شامی کمیونسٹ کمانڈ مشرق وسطی کے [illegible] سے جس کا مرکز اسرائیل میں حیفہ کے مقام پر قائم ہے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ اطلاع المصری کے نامہ نگار مقیم دمشق نے دی ہے۔

[illegible]

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

تنسیخ زمینداری

[illegible]

(عابد علی خاں [illegible])

"ہمارے مسائل"

محترمی اسلام مسنون

[illegible]

"شیر کی موت آئی تو شہر آیا"

[illegible]

جمعیۃ علما کی امداد کے لئے اپیل

صدر ضلع جمعیۃ علما دیوبند کا بیان

[illegible]

سہارنپور میں سرکھیوں اور گوجروں میں تصادم

[illegible]

مولانا کمال کی تقریر

[illegible]

گرمی سے بچنے کیلئے
ہمدم کا شربت راحت روح
استعمال کیجئے
جو گرمی اور پیاس کی شدت سے بچاتا
اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے
ہمدم دواخانہ یونانی پوسٹ بکس نمبر ۔ دہلی

ضرورت ہے تین سو روپیہ ماہوار کمائیے

ہم اعلان کرتے ہیں کہ ہم میسرز ای۔ ایم اسکاٹ موٹرز لمیٹیڈ کے تیل سے چلنے والے انجنوں اور ریڈیو کے [illegible] سیٹ کے سول ایجنٹ مقرر ہو چکے ہیں۔ [illegible]

ضرورت ہے

(۱) ایسے صاحبان کی جو چار ہزار روپیہ لگا سکیں گے۔ [illegible]

(۲) ایک مستری کی جو انجنوں کا [illegible]

[illegible] پیرامونٹ ٹریڈرز پارلر ریاست رامپور

الجمعیۃ کا عید نمبر

اس سال بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اور اصحاب قلم اس نمبر کے لئے قیمتی مضامین لکھ رہے ہیں

اس شاندار نمبر کی تیاریاں

ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں، کوشش کی جارہی ہے کہ الجمعیۃ کا

یہ سالانہ عید نمبر اپنی نظیر آپ ہو

مشتہرین!

اپنے اشتہارات کے لئے فوراً جگہ بک کرالیں

(کیونکہ)

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائیگا

نرخ اشتہارات

ٹائیٹل آخری صفحہ آرٹ پیپر	۳۵۰ روپے	سالم صفحہ اندرونی صفحات	۱۲۵ روپے
ٹائیٹل دوسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۵۰ روپے	نصف صفحہ " "	[illegible] روپے
ٹائیٹل تیسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۰۰ روپے	چوتھائی صفحہ " "	۴۰ روپے

فی انچ فی کالم تین روپے 3/0

دارالسلطنت

میونسپلٹی میں ہڑتال نہیں ہوگی

[illegible]

میونسپل ملازموں کیلئے کوارٹر

[illegible]

تانگہ لیکر فرار ہو گیا

[illegible]

ہاؤس ٹیکس کیلئے تحقیقات

[illegible]

دہلی جیل میں کوئی سنگھی قیدی نہیں رہا

[illegible]

خوراک بچانے کے لئے مہم

[illegible]

ٹیلیگراف کے تار چوری ہونے لگے

[illegible]

چار کانسٹیبل معطل

[illegible]

جی بی روڈ پر فائرنگ کا مقدمہ

[illegible]

صنعت و حرفت کی سنٹرل ایڈوائزری کونسل کا اجلاس

[illegible]

انخلا کنندگان کی جائداد کے کرائے

[illegible]

بچاری گھبرا گئی

[illegible]

دیہات میں ابتدائی تعلیم

[illegible]

سعودیہ حکومت کے مطالبات حاجیوں سے بمبئی میں وصول کرنے جائینگے

[illegible]

انبالہ جیل کے سنگھی قیدی رہا

[illegible]

تارا سنگھ رہا ہو رہے ہیں

[illegible]

پوری دنیا کے لئے ایک حکومت

چار شہروں میں انتخابات کرائے گئے

[illegible]

ہیضہ کے اکا دکا واقعات

[illegible]

ٹیڑھی گڑھوال یوپی میں شامل کیا جائیگا

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

[illegible] مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

موسم کا حال

[illegible]

درجہ حرارت

[illegible]

مسٹر لیاقت علیخاں کی کوٹھی پر ایک ہزار کلرکوں کا مظاہرہ

وزیر اعظم سے ملاقات نہ کرسکنے پر مظاہرین کا پولیس پر غصہ

[illegible]

ملان کی قلمرو پر قہر خداوندی

پندرہ ماہ سے بارش نہیں ہوئی

[illegible]

دورہ میں مسز پنڈت کی پہلی تقریر

[illegible]

بمبئی کے ڈاکیوں کی متوقع ہڑتال

مطالبات کے پورا نہ ہونے پر احتجاج

[illegible]

اقوام متحدہ کی ممبری

[illegible]

ملایا کے باغیوں کی سرگرمیاں

[illegible]

گمشدہ لڑکا مل گیا

[illegible]

گرفتار شدہ بدھ راہبوں کی رہائی

[illegible]

پرانے بخارات

تپ دق T.B. JABRI जबरी جبری

ٹی بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

[illegible]

پتہ:- رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز [illegible] جگادھری مشرقی پنجاب

کشمیر زندہ باد آزاد کشمیر پائندہ باد

کشمیر جنت نظیر

جس کو لٹیروں سے آزاد کرانے کے لئے بریگیڈیر عثمان اور کئی دوسرے جانباز ہندوستانیوں نے بھی جان کی بازی لگا دی۔ اسی حسین سرزمین کی مکمل تاریخ ہندوستان کے مشہور قوم پرست اہل قلم ادیب منشی عبدالقدیر صاحب نے لکھی ہے۔ [illegible]

ملنے کا پتہ:- رائے عامہ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

نئی نئی ایجنسیاں

[illegible]

رسالہ روزگار [illegible] نئی دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ، ”الجمعیۃ“ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۱۸ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۶۵ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ملایا کے دو سو محصور کمیونسٹوں پر بمباری
شاہی فضائیہ کے تمام بمباروں نے حصہ لیا

سنگاپور، ۱۴ جولائی۔ دو سو کمیونسٹ دہشت [illegible]

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

دن	تاریخ اور مہینہ	وقت اختتام سحر	وقت افطار
جمعرات	۱۷ رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲ منٹ
جمعہ	۱۸ ”	۳ بجکر ۵۷ منٹ	۷ بجکر ۲ منٹ
ہفتہ	۱۸ ”	۳ بجکر ۵۸ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ
اتوار	۱۹ ”	۳ بجکر ۵۹ منٹ	۷ بجکر ۲۱ منٹ

اسرائیل کے شہروں میں موجودہ حکومت کے خلاف زبردست مظاہرے

وزیراعظم سے فوراً استعفٰے کا مطالبہ
پارلیمنٹ کے اجلاس میں ہنگامہ اجلاس ملتوی کرنا پڑا

عمّان ۱۴ جولائی (گلوب) اسرائیل سے موصول ہونے والی اور عبرانی اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ اسرائیل اس وقت نازک دور سے گذر رہا ہے اور حکومت کو پریشانیوں کا سامنا ہو رہا ہے۔ عوام میں بےاطمینانی بڑھتی جا رہی ہے۔

یہودی شہروں میں اسرائیل کی موجودہ حکومت کے خلاف زبردست مظاہرے ہو رہے ہیں اور عوام کی جانب سے [illegible]

مغربی بنگال کے عوام حکومت سے مطمئن نہیں
پنڈت نہرو نے اپنی تحقیقات مکمل کرلیں!
صوبہ کے حالات سے مرکز کو شدید پریشانی

کلکتہ ۱۴ جولائی۔ پنڈت جواہر لال نہرو گذشتہ ۴۸ گھنٹے کے اندر مغربی بنگال کی صورت حالات کا مطالعہ کرچکے ہیں اس دوران میں انہوں نے گورنر، وزراء، سرکاری افسران، کانگریسیوں، اخبار نویسوں اور دوسرے لوگوں سے مختلف مسائل کے بارے میں تبادلہ خیالات کیا۔ [illegible]

طلباء کا وفد

[illegible]

مغربی بنگال کی سرحد

[illegible]

(باقی صفحہ ۷ پر)

ملایا کے قدیم باشندوں کا چینیوں پر حملہ
کئی مرد عورتیں اور بچے ہلاک و زخمی!

سنگاپور ۱۴ جولائی۔ ملایا کے قدیم باشندوں [illegible]

(پ، ٹ، رائٹر)

اگلے ہفتہ ایران کے سات سالہ پروگرام کا افتتاح ہو جائیگا
ایران کی پارلیمنٹ میں بادشاہ کی تقریر۔ اصلاحات نافذ کرنے کا عزم

طہران ۱۴ جولائی۔ گذشتہ ہفتہ شاہ ایران نے ایرانی پارلیمنٹ میں جو تقریر کی تھی اب اس کا ایک خلاصہ موصول ہوگیا ہے [illegible]

دولت مشترکہ میں غیر سفید اقوام کے رہنے کی کوئی وجہ نہیں
کراچی میں ڈاکٹر یوسف دادو کا بیان

کراچی ۱۴ جولائی۔ جنوبی افریقہ [illegible]

(پ، ٹ، رائٹر)

سات لاکھ اطالوی مزدوروں کی ہڑتال

روم ۱۴ جولائی۔ [illegible]

(پ، ٹ، رائٹر)

برطانیہ کے اقتصادی بحران کی گفت و شنید
معاملہ پارلیمنٹ میں بھی زیر غور آئیگا

لندن ۱۴ جولائی۔ [illegible]

(پ، ٹ، ہنٹر)

پانچ امریکن جرنلسٹوں کے آخری مراسم

بمبئی ۱۴ جولائی۔ کل شام ۵ بجے سے اسپتال [illegible]

پولیس والوں کو زخمی کیا اور عوامی ملکیت کو نقصان پہنچایا
شنگھائی میں امریکن وائس کونسل مسٹر اولیو ریپنگ رہیڈ یو کا الزام
تمام غیر ملکیوں کو عوامی حکومت کے قوانین ماننے ہوں گے

[illegible]

کلکتہ سے ۹ میل پرے ایک ریلوے اسٹیشن پر ڈاکوؤں کا حملہ
فرنیچر اور ریکارڈ کو آگ لگادی۔ مدد آنے پر بھاگ گئے

[illegible]

سرکاری فوجوں کا ایک مقام پر قبضہ

[illegible]

چینی جنرل کو ہلاک کردیا

[illegible]

جولائی کے آخری ہفتہ میں سید قاسم رضوی کا مقدمہ شروع ہو جائیگا

ٹربیونل کے چیئرمین حیدرآباد پہنچ گئے

[illegible]

ڈچ پارلیمنٹ میں ہوائی حادثہ کا تذکرہ
مرحومین کے ورثاء کے ساتھ اظہار ہمدردی

[illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا طبی مشورہ مفت ہے
قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امیدگاہ ہے
حالات لکھیے
پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi-15-7-49

حکومت ہند نے سنگھ پر سے پابندی اٹھالی
سنگھ نے خفیہ اور متشددانہ سرگرمیوں سے احتراز کرنے کا یقین دلایا

نئی دہلی ۱۳ جولائی۔ [illegible]

پنڈت نہرو کے خلاف مظاہرہ کرنے والوں پر پولیس کا لاٹھی چارج
شام بازار کے علاقہ میں ۲۵ اشخاص گرفتار کرلئے گئے
ہوائی اڈہ سے آٹھ میل تک وزیر اعظم کا خیر مقدم کرنیوالوں کا ہجوم

کلکتہ ۱۴ جولائی۔ کل جس وقت پنڈت جواہر لال نہرو [illegible]

(پ، ٹ، رائٹر)

پنڈت نہرو کی کوششیں
(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

پرائیویٹ سکریٹری کا بیان

[illegible]

(پ، ٹ)

ہمت سے کام لیکر وحشیانہ نظام پر ضرب کاری لگاؤ (شاستری)
زمینوں کی دوبارہ تقسیم کا مطالبہ ناقابل عمل ہی (چرن سنگھ)
یوپی اسمبلی میں زمینداری بل پر مزید بحث!

لکھنؤ ۱۴ جولائی (پی، ٹی، آئی) [illegible]

بمبئی کی ملوں کے دس ہزار مزدور بیروزگار
صوبہ میں بڑھتی ہوئی بے روزگاری پر تشویش

بمبئی ۱۳ جولائی۔ [illegible]

(پ، ٹ)

میاں عبدالباری کی لیاقت علی خاں سے ملاقات
صوبہ کی سیاسی حالت اور گورنر کے استعفٰے پر گفتگو

کراچی ۱۳ جولائی۔ [illegible]

(پ، ٹ)

کلکتہ کی ٹریم کی ہڑتال ختم ہوگئی
مزدوروں کے مطالبات منظور ہوگئے

کلکتہ ۱۳ جولائی۔ [illegible]

(پ، ٹ)

لندن میں دولت مشترکہ کے ممالک کی اہم اقتصادی کانفرنس
اسٹرلنگ علاقوں کے سونے اور ڈالر کے ذخیروں پر گفتگو

لندن ۱۳ جولائی۔ دولت مشترکہ کے ہر ممبر ملک کے اقتصادی لیڈروں کی لندن میں آج ایک کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس میں اسٹرلنگ علاقوں کے سونے اور ڈالر کے ذخیروں پر مصارف کے بارے پر غور و خوض کیا جائے گا

نمائندے سب سے پہلے وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی سے ان کے مکان واقع نمبر ۱۰ ڈاؤننگ اسٹریٹ میں ملاقات کریں گے۔ [illegible]

(پ، ٹ، رائٹر)

کونسل جنرل نے چھٹی لے لی

پانڈیچری ۱۳ جولائی۔ [illegible]

تلاش گمشدہ

[illegible]

سائیکل پر دنیا کا سفر کرنے کی کوشش

بمبئی ۱۳ جولائی۔ [illegible]

چین میں سیلاب
(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

جنوبی چین

[illegible]

عطاء اللہ شاہ بخاری کو صدمہ

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری کے والد مرحوم اپنے موضع ناگڑیاں ضلع گجرات مغربی پنجاب میں انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ کی عمر ۹۰ سال سے زائد تھی۔ بہت بڑے عابد و زاہد تھے۔ قرآن شریف کی تلاوت زندگی کا مشغلہ تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے اور حضرت شاہ صاحب اور ان کے باقی عزیزوں کو صبر جمیل عنایت کرے۔

تمام احباب سے درخواست ہے حضرت مرحوم کے لئے دعائے مغفرت فرمائیں اور ممکن ہو تو قرآن شریف اور کلمہ طیبہ پڑھ کر پڑھوا کر ایصال ثواب فرمائیں۔

جو احباب اس سلسلہ میں حضرت شاہ صاحب کو خط لکھنا چاہیں مندرجہ ذیل پتہ پر روانہ کریں۔ خانگڑھ۔ ضلع مظفرگڑھ۔ مغربی پنجاب پاکستان۔

(مولانا) حبیب الرحمٰن۔ لودھیانوی

ختم قرآن کریم

[illegible]

حضرت مولانا عبدالحلیم صدیقی!
نائب صدر جمعیۃ کی بمبئی کو روانگی

[illegible]

ہفت روزہ الجمعیۃ کا شاندار

عید نمبر

اس سال یہ عدیم النظیر عید نمبر بڑی آب و تاب سے شائع کیا جارہا ہے۔ ملک کے بڑے بڑے اہل علم، اصحاب قلم، ارباب ادب اور شعراء اس نمبر کی ترتیب میں حصہ لے رہے ہیں۔ پورے یقین کیساتھ کہا جاسکتا ہے کہ یہ شاندار نمبر اپنی خصوصیات کے اعتبار سے اپنی نظیر آپ ہوگا ۲۰×۳۰ سائز کے ۴۰ صفحات اور آرٹ پیپر کا رنگین ٹائیٹل۔

قیمت فی پرچہ آٹھ آنے

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں عید نمبر مفت پیش کیا جائیگا

روزنامہ الجمعیۃ کے وہ مستقل خریدار جو پیشگی چندہ بھیج کر براہ راست دفتر سے اخبار منگاتے ہیں ان کو یہ نمبر نصف قیمت یعنی چار آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجنے پر مل سکے گا جو حضرات حفاظت کے خیال سے عید نمبر بذریعہ رجسٹری طلب فرمانا چاہیں وہ چار آنے مزید یعنی کل آٹھ آنے منی آرڈر سے روانہ کریں۔ لفافہ میں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیے۔ راستہ میں گم ہونے کا اندیشہ ہے۔ یاد رکھیے کہ منی آرڈر کی فیس اور لفافہ کی قیمت میں کوئی فرق نہیں پڑیگا۔

ابھی سے اپنی کاپی محفوظ کرا لیجیے بعد میں عید نمبر مہیا کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں لی جاسکتی۔

ایجنٹ صاحبان کو جتنی کاپیوں کی ضرورت ہو ۱۴ جولائی تک ضرور مطلع کردیں جو ایجنٹ تعداد کی اطلاع نہ دیں گے ان کو عید نمبر کی اتنی ہی کاپیاں بھیجی جائیں گی جتنی کہ وہ ہفت روزہ الجمعیۃ کی منگاتے ہیں۔

مشتہرین نوٹ فرمالیں

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائے گا

عید نمبر ۲۴ جولائی ۱۹۴۹ء کو شائع ہو رہا ہے۔ آج ہی اپنے مقامی ایجنٹ کو اپنے لئے کاپی منگانے کی تاکید کردیجیے۔ یا براہ راست آٹھ آنے بذریعہ منی آرڈر بھیج کر دفتر سے طلب کیجیے۔

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

دہلی کی سب سے پرانی و مشہور فرم

فضل حق اینڈ سنز دہلی

نے دوبارہ اپنا کاروبار اسی پہلی شان سے شروع کردیا ہے جیسا کہ اس کا ہمیشہ امتیاز رہا ہے۔ ہمیں اپنی فرم کو جو کہ اس وقت فتحپوری میں تھی ۸ ستمبر کے افسوسناک واقعات کی بنا پر بند کرنا پڑا تھا۔ اب ہم پبلک کو اور خصوصیت سے اپنے پرانے گاہکوں کو یہ خوشخبری سناتے ہیں کہ ہم نے اپنا کاروبار دوبارہ بازار بلیماران میں شروع کردیا ہے۔ فہرست بہت جلد آپکی خدمت میں پیش کی جائے گی۔

فضل حق اینڈ سنز سوداگران چشمہ
بلیماران اسٹریٹ دہلی

اسٹاپ پریس

پختونستان کا مطالبہ پٹھان قوم کی دلی خواہشات کا آئینہ دار ہے

پٹھانوں کو پاکستان میں شامل ہونے کیلئے مجبور کیا گیا!

افغان سفیر سردار نجیب اللہ خاں کی طرف سے سر ظفر اللہ خاں کو جواب

نئی دہلی ۱۴ر جولائی۔ افغان سفیر سردار نجیب اللہ خاں نے آج سر محمد ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان کے حالیہ بیان کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ افغان حکومت نے برطانیہ کو تقسیم ہند سے پیشتر اور بعد پاکستان کو بعد میں بتا دیا تھا کہ ڈیورنڈ لائن اور سندھ کے درمیان کے علاقہ کے باشندے بالکل ایک الگ قوم ہیں، اور اس علاقہ کو کسی بھی ملک کا جس میں پاکستان بھی شامل ہے حصہ تصور کرنے کو تیار نہیں۔ ہم نے متحدہ اقوام چارٹر کے اصولوں کے مطابق ان کے لئے محض حق خود اختیاری اور آزادی کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ حق ہے کہ افغان سرکار نے اس علاقہ کو پختونستان کا نام دینے کی تجویز کی تھی۔ اس امر کی بہت سی شہادتیں موجود ہیں کہ یہ مستقل مطالبات نہ صرف افغان سرکار نے پیش کئے تھے بلکہ یہ تمام پٹھان قوم کی دلی خواہشات کا آئینہ دار ہے۔

استصواب رائے

سردار نجیب اللہ نے کہا کہ متحدہ اقوام کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی میں صوبہ سرحد میں ایک نہایت محدود اور غیر وسیع استصواب رائے کرایا گیا اور ان لوگوں کو پاکستان سے ملنے پر مجبور کر دیا گیا لیکن اس کے باوجود نصف آبادی نے پاکستان میں شمولیت کے خلاف ووٹ دیئے اور ایک بہت بڑی پارٹی نے استصواب رائے کا بائیکاٹ کئے رکھا۔ ان امور کے پیش نظر کسی بھی غیر جانبدار اور انصاف پسند بین الاقوامی جماعت کے لئے یہ دیکھنا مشکل نہیں کہ ان لوگوں کے ساتھ کس طرح بے انصافی کی گئی ہے مزید برآں قبائلی علاقہ صوبہ سرحد اور بلوچستان میں آزاد پٹھانستان کے لئے وسیع پیمانے پر جو تحریک جاری ہے اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

وزیرستان پر بمباری اور چارسدہ میں گولیوں کی بارش اس امر کا ثبوت ہیں کہ پٹھان اپنی آزادی کے خواہاں ہیں۔ ان تمام امور کے باوجود افغان سرکار نے پر امن طور پر مسئلہ کو سلجھانا چاہا۔ پاکستان نے اگرچہ پہلے قبائلی علاقہ کی آزادی کو تسلیم کر لیا تھا لیکن اب وہ اسے اپنے ناگزیر حصہ کہنے لگ گئی ہے۔ وہ اتنا بھی نہیں سمجھتی کہ یہ لوگ برسوں تک انگریزوں کے خلاف جد وجہد کرتے رہے ہیں اور انہیں اب صرف اعلانات کے ذریعہ نہیں ملایا جا سکتا۔

سابقہ معاہدہ جات

سابقہ معاہدوں کا ذکر کرتے ہوئے سردار نجیب اللہ خاں نے بتایا کہ یہ معاہدہ برطانیہ اور افغانستان کے مابین ہوئے تھے اور چونکہ ایک پارٹی موجود نہیں ہے اس لئے بین الاقوامی نقطۂ نظر سے ان معاہدوں کی کوئی وقعت نہیں ہے۔

ایک ملک کا یہ دعوے کرنا کہ دیگر ملک پر حکومت [illegible] ایک اپنے ملک سے ورثہ میں پایا ہے [illegible] نہ صرف [illegible] کے خلاف ہے۔ [illegible]

یہ کہتے ہوئے کہ افغانستان کے جارحانہ مقاصد نہیں ہیں اور نہ وہ مزید علاقوں پر قبضہ اور نہ وہ پاکستان اور اس کے عوام کے خلاف رجحانات رکھتا ہے۔ سردار صاحب نے کہا کہ حکومت افغانستان پاکستان اور ہندوستان کے ساتھ دوستانہ تعلق [illegible] طرح محسوس کرتی ہے اس سے نہ صرف افغانستان ہی کو نہ [illegible] پہنچے گا بلکہ اس سے دنیا کے امن اور سلامتی کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

آپ نے کہا حکومت افغانستان [illegible] کا مطالبہ نہیں کرتی کہ [illegible] تمام طور پر [illegible] کے افراد اور [illegible] پٹھانوں کے لئے بھی تسلیم کی جائیں جو ڈیورنڈ لائن اور دریائے سندھ کے درمیان رہتے ہیں۔ (پ ٹ ا)

فوج قیام امن کیلئے تیار ہے

ناگپور ۱۴ر جولائی۔ یہاں اخبارات کے نمائندوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ہندوستانی فوج کے کمانڈر انچیف جنرل کریاپا نے کہا کہ ملک میں امن وامان قائم رکھنے اور حکومت کی خدمت کرنے کیلئے فوج ہمیشہ تیار ہے۔ حکومت کانگریس کی صوبائی گورنمنٹوں کی جو پالیسی شراب بندی کی بابت ہے انہوں نے کہا فوج میں اس کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ فوج میں سب کو سادہ زندگی بسر کرنی پڑتی ہے۔ جنرل کریاپا نے کہا انہیں اس بات کی کوئی پرواہ نہیں کہ فوجیوں کو کس زبان میں تربیت دی جاتی ہے۔ یہ کوئی اہم سوال نہیں ہے۔ (ا ر)

پاکستان میں آزادی کی دوسری سالگرہ

۱۴ر اگست کو منائی جائیگی

کراچی ۱۴ر جولائی۔ ۱۴ر اگست ۱۹۴۹ء کی صبح کو پاکستان کے [illegible] دوسری سالگرہ منائی جائیگی [illegible] کراچی میں ایک [illegible] اسکولوں کے طلباء [illegible] ہوئے ایک جلوس نکالیں گے۔ (پ ٹ رائٹر)

یوپی کے تنسیخ زمینداری بل پر ایک مشترکہ کمیٹی غور کریگی

بل کے مخالفوں کو وزیر اعظم پنڈت پنت کا جواب

منظوری کے بعد ایک نیا اقتصادی نظام عالم وجود میں آجائے گا

لکھنؤ ۱۴ر جولائی۔ (ا ر) یوپی اسمبلی میں زمینداری بل پر دو روز سے جو گرما گرم بحث ہو رہی تھی وہ کل پنڈت پنت کی جوابی اور موثر تقریر کے بعد ختم ہو گئی۔ بل کو مشتہر کرنے کی تحریک منظور نہیں ہوئی لیکن اسمبلی نے بل کو دونوں ایوانوں کی ایک مشترکہ کمیٹی کے سپرد کرنے کی تجویز منظور کر لی۔

بل کو مشتہر کرنے کے حامیوں کو مخاطب کرتے ہوئے پنڈت پنت نے دریافت کیا کہ وہ کس کی رائے معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ کچھ زمینداروں نے کانفرنسوں کی طرف سے تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ میں ان کو اس کی طرف سے یقین دلا سکتا ہوں کہ ہم قطعی کوئی معاوضہ دیئے بغیر خوش نہیں ہوں گے۔ وزیر اعظم نے اس بات پر ناراضگی ظاہر کی کہ اس مسئلہ پر [illegible] کو لایا گیا [illegible]۔

اس تحریک کی چند زمینداروں کے علاوہ اور کسی نے بھی حمایت نہیں کی۔ لہٰذا انہوں نے یہ مشورہ دیا کہ وہ آبرو مندانہ طریقہ پر اس کو واپس لے لیں۔

وزیر اعظم نے معاوضہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پہلے جو تجویز کیا گیا ہے اور سب کے لئے یکساں ہے لیکن اگر کچھ بڑے زمیندار یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ ان کی شان کے خلاف ہے کہ چھوٹے زمینداروں کی صف میں شامل ہوں تو چاہے وہ کوئی ایسا طریق کار تجویز کریں جس سے ان کے [illegible]۔ اس قسم کا اقدام ان کے وقار کے عین مطابق ہوگا۔ اور حکومت یہ آسانی اس کو منظور کر لیگی۔

[illegible]

تنسیخ میں کم از کم پچاس سال لگ جائیں گے جبکہ بل ایک سال میں زمینداری کو ختم کرتا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ مجھے اس بات میں کوئی شبہ نہیں معلوم ہوتا کہ کسان مالکانہ حقوق حاصل کرنے کے لئے لگان کا دس گنا بخوشی ادا کریں گے۔ وہ وہ روپیہ بھی دیں گے جو انہوں نے بچایا اور جمع کیا ہے۔

پنڈت پنت نے وعدہ کیا کہ تنسیخ زمینداری سے جو روپیہ بچے گا وہ کسانوں کی بہبود پر خرچ ہو گا۔ اور حکومت اس سلسلہ میں جلد ہی صوبہ میں صنعتی سروے کرائے گی۔

پنڈت پنت نے اس خطرہ کو بھی بے بنیاد بتایا کہ معاوضہ یا تو بالکل ادا ہی نہیں ہو گا یا اس میں بہت زیادہ تاخیر ہو جائے گی۔ آپ نے کہا کہ یہ بل پاس ہونے کے فوراً بعد ادا ہو جائیگا۔ اور اس عرصہ میں ایک نیا اقتصادی نظام اس کی جگہ لے لیگا جس کے لئے تمام مہاتما گاندھی کا نام شکر گذاری کے ساتھ لینگے۔

مختلف راگ الاپ رہا ہے یوں آتا کہ ایک عام مقصد ہے اور وہ کانگریس گورنمنٹ کو بدنام کرکے مضبوط خیز بنانا۔

پنڈت پنت نے کہا کہ بحث کی ایک عام بات یہ ہے کہ کچھ نکتہ چینی انہوں نے کی ہے جنہوں نے یہ کہا ہے کہ معاوضہ بہت کم ہے۔ دوسرے وہ ہیں جنہوں نے کہا ہے کہ معاوضہ بہت زیادہ ہے اور یہی ایک ایسی حقیقت ہے کہ جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ حکومت نے منصفانہ اصول بنایا ہے۔

زمینداروں کو جو معاوضہ حاصل کریں گے وہ ایک ارب چالیس کروڑ ہوگا لیکن کہا کہ وہ کم ہے تاہم سب سے زمینداروں نے عام طور پر یہ کہا ہے کہ ان کو چھوٹے زمینداروں کا خیال ہے اور ان سے انہوں نے ہمدردی ظاہر کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت نے چھوٹے زمینداروں کو تو خصوصی رعایت دی ہے کہ ان کی اس صورت پر عمل کیا گیا ہے۔

اسی طرح حکومت نے وہ اصول اختیار کیا ہے جو مہاتما جی نے پیش کیا تھا۔ اگرچہ وہ اب کانگریس میں نہیں ہیں سوشلسٹوں نے اپنا راستہ تبدیل کر لیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

زمین کی مساوی تقسیم کا مطالبہ بالکل غلط ہے کیونکہ اس طرح ہر ایک کسان خاندان کو تین ایکڑ سے بھی کم زمین ملے گی جو معاشی اعتبار سے ناکافی ہوگا۔ بہرحال کچھ بھی صورت ہو ان کی تجویز یہ ہے کہ ہر ضلع میں دوبارہ تقسیم کا کام شروع کیا جائے جو ایسا کام ہے کہ اس کی [illegible]

بیگوسرائے میں عوام کی مشکلات

اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ

بیگوسرائے ۱۰ر جولائی۔ ضلع مونگیر کا بیگوسرائے سب ڈویژن میں گیہوں کی فصل خراب ہو جانے کے باعث غلہ اور ترکاریوں کی قیمت بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ چاول اور گیہوں ۳۰ روپیہ فی من کے حساب سے فروخت ہو رہے ہیں۔ بیگوسرائے چاول پیدا کرنے والا علاقہ نہیں اور معمولی آمدنی والے لوگ اور مزدور طبقے کے لوگ خوراک کی حالت اور قیمتوں کی زیادتی کے باعث سخت پریشان ہیں۔ (پ ٹ ا)

سری نگر میں یوم شہیداں

سری نگر ۱۳ر جولائی۔ وزیر اعظم کی سرکردگی میں ہزاروں کشمیریوں نے شہر کی سڑکوں پر ان لوگوں کی یاد میں جو ۱۹۳۱ء میں سیاسی شورش کے زمانہ میں ہلاک ہو گئے تھے ایک جلوس نکالا۔ بعد کو شیخ عبداللہ نے مرکزی جیل کے قریب شہداء کی یادگار کی نقاب کشائی کی۔ تمام سرکاری دفاتر بند رہے۔ آئندہ سے یوم شہیداں قومی دن کے طور پر منایا جائے گا۔ (پ ٹ ا)

لیگ پارلیمنٹری پارٹی سے فضل الحق کا استعفیٰ

ڈھاکہ ۱۴ر جولائی۔ غیر منقسم بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر اے کے فضل الحق نے ایک پریس بیان میں اعلان کیا ہے کہ انہوں نے مشرقی بنگال کی مسلم لیگ پارلیمنٹری پارٹی سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ ۱۹۳۷ء میں مسٹر فضل الحق کرشک پرجا پارٹی کے بانی، لیڈر اور صدر تھے۔ وہ غیر منقسم بنگال کے یکم اپریل ۱۹۳۷ء سے ۲۸ مارچ ۱۹۴۳ء تک وزیر اعظم رہے۔

دہرہ دون کانگریس کے اختلافات ختم

لکھنؤ ۱۴ر جولائی۔ مسٹر خورشید لال ڈپٹی وزیر سول سپلائز نے مشکل کو بتایا کہ دہرہ دون کے مختلف کانگریسی گروپوں میں مکمل اتحاد ہو گیا ہے۔ مسٹر خورشید لال حال ہی میں دہرہ دون گئے تھے اور سردار پٹیل نے بھی کانگریسیوں کو ہم آہنگی سے کام کرنے کا مشورہ دیا تھا۔

یوپی کا نیا فوڈ کمشنر

لکھنؤ ۱۴ر جولائی۔ مسٹر بھگوان سہائے کمشنر غذا و سول سپلائیز کو حکومت یوپی کا قائم مقام چیف سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ [illegible] (پ ٹ ا)

کینیڈا کے گودی مزدوروں کی ہڑتال

اوٹاوہ ۱۴ر جولائی۔ یہاں کے لیبر لیڈر اصرار کر رہے ہیں کہ کینیڈا کے گودی مزدوروں کی ہڑتال جس کی وجہ سے کینیڈا کی تجارت تباہ ہوئی جاری ہے کمیونسٹوں کی کینیڈین سی مینس یونین کا ایک دانستہ اقدام ہے جس کا مقصد برطانیہ کو مارشل امداد اور نقصان پہنچانا تھا۔ تقریباً ۸ ہفتے ہوئے کہ اس انجمن کو کینیڈین ٹریڈس اینڈ لیبر کانگریس سے خارج کر دیا گیا تھا کیونکہ اس کی بین الاقوامی سیاست کینیڈا کے منظم مزدوروں کے مفاد کے خلاف تصور کی گئی تھی۔ (مخ)

سنگھ پر سے پابندی اٹھانے پر

یوپی کے پارلیمنٹری سکریٹری کی نکتہ چینی

لکھنؤ ۱۳ر جولائی (پ ٹ آئی) وزیر اعظم یوپی کے پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے نے سنگھ پر سے پابندی اٹھانے کے خلاف ایک بیان میں کہا ہے کہ اب کانگریس پر دو طرفہ یورش ہوگی ایک سنگھیوں کی جانب سے دوسری کمیونسٹوں کی جانب سے۔

سنگھ اور کمیونسٹ دونوں کو شیطانی بتاتے ہوئے خود دہشت پھیلانے پر یقین رکھتے ہیں، اور کانگریس کو بدنام کرنا چاہتے ہیں مسٹر سہائے نے کہا کہ دونوں نے ہمیشہ ہندوستان میں قومی تحریکات کے موقعوں پر ایسی کانگریس کی مخالفت کی ہے۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان کے لئے فرقہ وارانہ فسطائیت اقتصادی مادیت سے زیادہ خطرناک ہے۔

مسٹر سہائے نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ پابندی اٹھا دینے سے شاید ہم اپنے اختلافات کو دور کر سکیں، اور ان تمام طاقتوں کو جو جمہوریت، آزادی تقریر و تحریر پر یقین رکھتے ہیں ایک جا کرنے کا موقع ملے اور شاید ہم ایک نیشنل کانگریس اینڈ یونائیٹڈ پارٹی بنا سکیں۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن کو مبارکباد

فیروز آباد (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء فیروز آباد نے مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کو مجلس دستور ساز کا رکن منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ امید ظاہر کی ہے کہ حضرت مولانا کا انتخاب ملک وملت کے لئے مفید ثابت ہوگا۔

مغربی یورپ کی فوجی امداد

میں کمی کی شدید مخالفت

واشنگٹن ۱۴ر جولائی۔ مسٹر ڈین آچیسن وزیر خارجہ امریکہ [illegible] (پ ٹ رائٹر)

خط وکتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

چین میں گذشتہ پچاس سال میں اتنا بڑا سیلاب نہیں آیا!

۲۰ ہزار انسان سیلاب کی تباہ کاریوں کی بھینٹ چڑھ گئے

۴۰ لاکھ غریب دیہاتی مرد وعورت خانماں وبرباد!!

ہانگ کانگ ۱۴ر جولائی۔ وہ چینی اطلاعات جو یہاں پہنچی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وسطی اور جنوبی چین میں اس وقت جو سیلاب آیا ہوا ہے گذشتہ ۵۰ سال میں ایسا طوفان نہیں آیا۔ دریائے زرد کے علاقہ سے لیکر دریائے یانگسی تک اور جنوبی چین میں مغربی دریا تک کا علاقہ سیلاب کی زد میں آچکا ہے۔ اس تمام زبردست علاقہ کو اس سیلاب سے شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔

ان اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ اس وقت تک ۲۰ ہزار افراد کی ہلاکت کا اندازہ کیا گیا ہے اور ۴۰ لاکھ افراد بے گھر بار ہو چکے ہیں۔ صوبہ ہنان میں ۵۰ فیصدی چاول کی فصل پانی سے تباہ ہو چکی ہے [illegible]

[illegible]

ایک چینی سپہ سالار کا قتل

ہانگ کانگ ۱۳ر جولائی۔ چنگ شان کی قوم پرست فوج کے سابق سپہ سالار جنرل ہونگ نام گذشتہ روز [illegible] ہوٹل کے [illegible] میں قتل کر دیئے گئے۔ [illegible] (رائٹر)

راجستھان کے شہروں کو ہوائی سروس

جے پور ۱۴ر جولائی۔ راجستھان یونین کے اہم شہروں کو یکم اگست سے دہلی سے ہوائی سروس کے ذریعہ ملا دیا جائے گا۔ [illegible] (پ ٹ ا)

آدم خور شیر نے ہنگامہ برپا کر دیا

حیدرآباد ۱۴ر جولائی۔ ضلع عادل آباد کے [illegible]

برطانوی ہائی کمشنر لندن میں

لندن ۱۴ر جولائی۔ ہندوستان میں برطانوی ہائی کمشنر سر آرکیبالڈ نائی بذریعہ ہوائی جہاز کراچی ہوتے ہوئے لندن پہنچ گئے۔ (روٹر)

مصر اور سیلون میں تجارتی گفت وشنید

قاہرہ ۱۴ر جولائی۔ اخبار المصری کا بیان ہے کہ حکومت سیلون کا ایک نمائندہ وہاں سیلونی چائے مصر کے تیل اور روئی کے عوض [illegible] نقصان پہنچے گا۔ (مخ)

مصر اور ہند کا تجارتی معاہدہ منظور

قاہرہ ۱۴ر جولائی۔ مصری وزارت خارجہ نے گذشتہ روز اعلان کیا کہ مصر اور ہندوستان کے درمیان جو تجارتی معاہدہ ہوا تھا اسے منظوری حاصل ہو گئی ہے اب جلد ہی اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ (مخ)

رشوت خوروں کی فہرست کی تیاری

لاہور [illegible]

سنگھ پر سے پابندی اٹھا کر تباہی کا راستہ کھول دیا گیا ہے

حکومت ہند کے اقدام پر سوشلسٹ لیڈر کی سخت تنقید

بمبئی ۱۴ر جولائی۔ سوشلسٹ لیڈر [illegible] نے راشٹریہ سیوک سنگھ پر سے پابندی اٹھائے جانے کو [illegible]

[illegible]

موسم خراب ہے

کبھی نہ کوئی تکلیف ہو جاتی ہے۔ کبھی تو ہیضہ کا خطرہ ہو جاتا ہے۔ آج کل کئی طرح کے کیڑے مکوڑے۔ مکھی۔ مچھر۔ بچھو۔ سانپ وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ جن کے کاٹنے یا ڈنک مارنے سے تکلیف ہوتی ہے۔ ادھر ادھر دوڑ دھوپ میں وقت اور روپیہ ضائع اور تشویش علیحدہ۔

امرت دھارا اکیلی دوائی جو کہ جیب کے ایک کونے میں رکھی جا سکتی ہے۔ ان سب کے واسطے کھانے یا لگانے سے رام بان ہے۔ اس واسطے عقلمند انسان کو چاہیئے کہ

امرت دھارا ہر وقت پاس رکھیں

قیمت آٹھ آنہ، سوا روپیہ ڈھائی روپیہ ہے۔ اکثر اشخاص ۸ آنے والی شیشی خریدتے ہیں۔ مگر اڑھائی روپیہ کی شیشی منگوا کر رکھنے میں زیادہ فائدہ ہے۔

نوٹ: نمبر۱۔ وی پی سے دوائی منگوا کر ۱۲ آنہ زائد خرچ ہوتا ہے۔ چاہے دوائی ہر کی ہو یا ڈھائی روپے کی۔

نمبر۲۔ شہریان کو ڈونو دید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما وئید کی زیر نگرانی تیار ہونے والی دیگر ادویات کی فہرست بھی تیار ہو گئی ہے۔ ایک آنہ کا ڈاک ٹکٹ بھیج کر فہرست منگوا سکتے ہیں۔

نمبر۳۔ امرت دھارا کی ترقی کو دیکھ کر بعض بدمعاش کئی طرح کی نقلی یا جعلی امرت دھارا بیچ رہے ہیں۔ احتیاط رکھیں۔

نمبر۴۔ بیچنے کے واسطے زیادہ دوائی منگوانی ہو تو فوراً ست کمیشن منگوا کر جتنی چاہیں منگوائیں کمیشن اور بونس کافی ملتا ہے۔

المشتہر

مینیجر امرت دھارا فارمیسی لمیٹیڈ۔ دہرہ دون

یونیورسل ہومیو پیتھک کالج فارمیسی

۱۵ فیض بازار دریا گنج دہلی

بورک ٹیل امریکہ سے تازہ [illegible] آیا ہے علاوہ ازیں کتب وسامان ڈاکٹری وغیرہ کیلئے ہمارے رعایتی نرخ [illegible] نہایت نفیس [illegible] منگوائیں۔

[illegible] ڈاکٹر پی ایل نرولا آف لاہور

دہلی سے لاہور پاکستان

اور

پاکستان سے ہندوستان

استعمال شدہ وتجارتی سامان حفاظت عجلت وکفایت ہماری معرفت بھیجئے۔

المشتہر

دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران چاندنی چوک دہلی

مفت طلب کیجئے

ساجد کے لئے ضروری مسائل کے متعلق قرآن نقشہ جو بچوں کی تعلیم کے لئے نہایت اہم ہے۔ قلعہ تنظیم کرنے کے لئے دو آنہ کے ٹکٹ بھیج کر طلب کیجئے۔

ادارہ [illegible] پل بنگش دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۶ر جولائی ۱۹۴۹ء

بھروسہ کی زندگی

چارلس ڈارون نے تو قانون بقائے اصلح کا مطلب یہ بیان کیا تھا کہ دنیا کے جو حیوانات اور نباتات ماحول سے مطابقت نہیں کرتے اور قدرت کے لئے اپنے آپ کو مفید نہیں بناتے وہ برباد کر دیئے جاتے ہیں اور جن حیوانات میں ماحول سے مطابقت پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے وہ باقی رہتے ہیں اور قدرت انہیں فنا کرنے کے درپے نہیں ہوتی، لیکن قرآن کریم نے ڈارون سے کہیں پہلے بقائے اصلح کی جگہ بقائے انفع کے قانون پر روشنی ڈالی تھی اور انسان پر یہ حقیقت واضح کی تھی کہ جو چیزیں بھی اپنے وجود سے دوسروں کو فائدہ پہونچائیں گی وہ باقی رکھی جائیں گی اور جن کا وجود افادیت سے خالی ہو یا جو ایسی ہو جائیں گی کہ دوسروں کو نقصان پہنچائیں انہیں باغ ہستی سے چھانٹ دیا جائے گا، کیونکہ قدرت ہمیشہ ضروری چیزوں کو باقی رکھتی ہے اور غیر ضروری اشیاء کو فنا کر دیتی ہے۔ اما ما ینفع الناس فیمکث فی الارض!

قومیں کبھی کسی کے سہارے زندہ نہیں رہا کرتیں انہیں زندہ رہنے کے لئے اپنے اوپر بھروسہ کرنا پڑتا ہے اور بھروسہ کی بنیاد ہیں وہ صلاحیتیں جو انسان کی اخلاقی اور عقلی قوتوں کو نشو ونما دیتی ہیں اور جن سے تمدن، معاشیات، معاشرت اور اجتماعی تعاون کا قوام تیار ہوتا ہے۔ جس قوم میں زندگی کے ضروری لوازمات ہوں گے وہ بعض وجوہ سے کمزور ہو جائیگی مگر فنا نہیں ہوگی، وہ دبے گی پھر ابھرے گی، پیچھے ہٹے گی پھر آگے بڑھے گی کیونکہ اس میں قابلیت کی وہ تمام چیزیں موجود ہوتی ہیں جو زندگی کی شرائط کو پورا کرتی ہیں۔ جس گروہ میں صلاحیت کا کوئی شمہ بھی ہوگا وہ دوسروں پر کبھی بھروسہ نہیں کرے گی کیونکہ دوسروں کو خود اپنی زندگی کا بھروسہ نہیں، اگر بھروسہ بھی ہو تو دنیا میں کب تک کوئی اپاہجوں کی دستگیری کرتا رہے گا اور کب تک دوسروں کی خاطر اپنے لئے خطرہ مول لے گا۔ فرض کیجئے کہ اگر ہندوستان دوسرے ممالک پر بھروسہ کرنے لگے اور اپنی قابلیتوں کا سکہ نہ بٹھائے تو کیا وہ دو سال بھی آزاد رہ سکے گا؟ اور کیا دنیا اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوگی، آخر دوسرے ممالک کیوں ہندوستان کے ساتھ ہمدردی کریں؟ کیوں اسے آگے بڑھائیں؟ کیوں اس کی حفاظت کریں؟ اگر ہندوستان کو زندہ رہنا ہے تو وہ اپنے اوپر بھروسہ کرے اور اپنی قابلیتوں سے وہ کام لے جو اس کی شان کو دوبالا کریں!

مسلمانوں کو سبق دیا گیا ہے کہ وہ خدا پر بھروسہ کے بعد اپنے نفس پر بھروسہ کریں اور اپنے آپ کو اس قابل بنائیں کہ دوسرے لوگ ان پر بھروسہ کر سکیں، عزت اور زندگی ایسی چیزیں تو ہیں نہیں جو کسی کے در پر جا کر مانگ لی جائیں، ان کا مدار تو ہمت اور حوصلہ ہے، جو حوصلہ مند اور فعال قومیں ہیں وہ خود زندگی اور عزت حاصل کر جاتی ہیں اور ان کی کشش خود دوسروں کو اپنی طرف کھینچتی ہے مثل مشہور ہے کہ آدمی پیارا نہیں ہوتا اس کا کام پیارا ہوتا ہے، اگر مسلمانوں میں کام کرنے، زندہ رہنے، عزت حاصل کرنے اور دوسروں کو نفع پہونچانے کی صلاحیتیں موجود ہوں گی تو وہ نہ صرف خود زندہ رہیں گے بلکہ دوسروں کو بھی زندگی بخشیں گے اور دوسرے بھی ان پر اعتماد کرکے اپنی رواداری کا ثبوت دیں گے، لیکن اگر مسلمانوں کے مزاج میں دنائت اور بے قدری پیدا ہو گئی اور وہ دوسروں کے سہارے زندہ رہنے کے عادی بن گئے تو وہ کبھی زندہ نہ رہ سکیں گے اور اس میں دوسروں کا کوئی قصور نہ ہوگا، جب وہ دنیا میں آئے ہیں تو زندہ رہ کر دکھائیں اور دنیا کو صحیح طریقے سے استعمال کرکے اپنی اہلیت اور قابلیت کا ثبوت دیں۔

اگرچہ بعض وجوہ کی بنا پر ہندوستان کے مسلمان اپنے آپ کو کمزور سمجھتے ہیں مگر اس کا علاج یہ نہیں ہے کہ ہم دوسروں کی طرف تکنے لگیں اور دوسروں کے بھروسہ پر اپنا مستقبل بنائیں، بلکہ علاج یہ ہے کہ اپنے آپ کو سچا اور پکا ہندوستانی بنا کر اور دوسروں کے ساتھ خلوص سے تعاون کرکے اپنی کھوئی ہوئی انرجی کو واپس لائیں اپنے اندر توانائی پیدا کریں، اور اپنے دلوں کو مضبوط کرکے کارگاہ حیات میں امتحان کے لئے ڈال دیں لیکن ہم محسوس کر رہے ہیں کہ مسلمان خود تو کچھ نہیں کرتے اور دوسروں کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے دیکھ رہے ہیں اور اس انتظار میں ہیں کہ مردے از غیب بیروں آید وکارے بکند! ایک طرف تو ہم کچھ مغموم سا چہرہ بنائے ہوئے بیٹھے ہیں دوسری طرف جب دیکھتے ہیں کہ چین میں کمیونسٹوں کو فتح [illegible] ہندوستان میں ہے اور ہماری قسمتوں کے پھول چین میں کھل رہے ہیں، [illegible] کو چین کا انقلاب نہیں اٹھا کر بٹھا دیگا اور ہم کو کھڑا کر دے گا؟ اگر ہمارے اندر زندگی کا جوہر نہیں تو چین کا انقلاب کیا دنیا بھر کا انقلاب بھی ہمارے لئے مفید نہ ہوگا اور دوسروں کا ابھار ہمارے کسی کام نہ آئے گا۔

ہم اس ذہنیت کے سخت مخالف ہیں کہ گڑبڑ تو ہو مغربی بنگال میں اور اچھلنے لگے ہمارا دل! گویا مسلمانوں کی قسمت بدلنے کی وہی ہے کیونکہ کلکتہ میں تخریبی عناصر زور پکڑ رہے ہیں اور کمیونسٹوں نے آگے بڑھنا شروع کر دیا ہے! مسلمان خوب سمجھ لیں کہ ان کی یہ ذہنیت انہیں بہت بڑا نقصان پہونچائے گی اور دوسروں پر بھروسہ کرنے کے نتائج انہیں بھگتنے پڑیں گے، اگر ہم کچھ نہیں تو ہمارے لئے سب بے کار ہے، اگر ہم کچھ ہیں تو ہم ہر چیز کو کار آمد بنا سکتے ہیں اور کھسیانہ پن تو بہت ہی [illegible]

افسوسناک ہے کہ ہم کمیونزم کی آمد کا انتظار کریں اور یہ سمجھیں کہ اس کے آنے سے ہی ہمارا بیڑا پار ہوگا مسلمانوں کے مرض کا علاج نہ کمیونزم ہے اور نہ کوئی سیاسی اور سماجی انقلاب ہے کیونکہ کوئی انقلاب نااہلوں پر رحم نہیں کرتا اور کوئی نااہل کسی انقلاب سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔ بلاشبہ ہم نہیں چاہتے کہ امریکن بلاک کمیونزم کے مقابلہ کے لئے اسلام اور مسلمانوں سے فائدہ اٹھائے اور اسلام کو اینٹی کمیونزم ظاہر کرکے اسلام کے لئے خطرات پیدا کرے مگر ساتھ ہی ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ مسلمان کمیونزم کو اپنے لئے راہ نجات سمجھیں اور وہ اپنے اسلام کے ساتھ کمیونزم کے لئے متعلم ہوتے رہیں! مسلمانوں کی نجات اس میں ہے کہ وہ خدا پر بھروسہ کرکے اٹھیں اور اپنی قسمتوں کو آپ بنائیں اپنے وجود کو انسانیت کے لئے نفع بخش ثابت کریں، اپنے کردار کی بلندی اور اپنی عقلی اور اخلاقی صلاحیتوں کے بل پر دنیا کو امن، سلامتی، اتحاد، محبت، آزادی اور انصاف کا سبق دیں اور یقین رکھیں کہ زندہ رہنے کے حق سے انہیں کوئی محروم نہیں کر سکتا۔

سیوک سنگھ

راشٹریہ سیوک سنگھ کے لیڈر نے حکومت کو اطمینان دلایا ہے کہ یہ جماعت آئندہ جمہوری خطوط پر کام کرے گی، ہندوستانی دستور کے ساتھ ہمیشہ وفادار رہے گی، یونین کے جھنڈے کا احترام کرے گی، خفیہ کارروائیوں کے بجائے کھل کر کام کرے گی تشدد کے کسی طریقہ کو نہیں اپنائے گی سیاسیات سے کوئی سروکار نہیں رکھے گی اور ہندوستان کو ایک غیر مذہبی حکومت کی حیثیت سے تسلیم کرے گی۔ حکومت نے بھی اطمینان حاصل کر لینے کے بعد یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ سنگھ سے پابندی اٹھائی جائے اور جس حکم کے تحت اسے خلاف قانون قرار دیا گیا ہے اسے منسوخ کر دیا جائے، گویا اب سیوک سنگھ خلاف قانون جماعت نہیں رہی بلکہ قانون کے دائرہ میں آگئی چنانچہ وہ تمام جو تشدد اور لاقانونیت کی بنا پر جیل بھیجے گئے تھے وہ سب رہا کر دیئے جائیں گے اور ان پر کسی قسم کی پابندی قائم نہیں رہے گی!

بلاشبہ اگر کوئی جماعت کھلے الفاظ میں اپنی معصیت کوشیوں اور شرارتوں سے تائب ہوتی ہے اور حکومت کے ساتھ وفاداری کا اعلان کرتی ہے تو حکومت کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے، اگر وہ مطمئن ہو جائے تو اسے آزاد کر دے! اب یہ تو زمانہ ہی بتائے گا کہ سیوک سنگھ اپنے قول وقرار کی پابندی کرتی ہے یا نہیں؟ اگر وہ اپنے قول سے انحراف کرے گی تو حکومت کو بھی مقابلہ کرنے میں تامل نہ ہوگا، ہم اس مسئلہ پر آئندہ مفصل گفتگو کریں گے۔

اچھی باتیں

من عمل صالحاً فلنفسہ ومن اساء فعلیہا ثم الی ربکم ترجعون (پ ۲۵)

جو شخص اچھے کام کرتا ہے اس کا نفع اسی کو ملے گا، اور جو شخص برا کام کرتا ہے اس کا خمیازہ بھی اسی کو بھگتنا پڑے گا، اور یاد رکھو تم سب کو اپنے پروردگار کی طرف ہی لوٹنا ہے۔

کام خواہ انفرادی ہو یا اجتماعی اگر وہ اچھا ہے تو اس کے نتائج بھی اچھے ہوں گے اور کام کرنے والے اس سے فائدہ اٹھائیں گے اگر کام برا ہے تو اس کے نتائج بھی برے ہوں گے اور کام کرنے والے اس کے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکیں گے، کوئی گروہ برے کام کرکے اپنے آپ کو نفع نہیں پہونچا سکتا خصوصاً وہ برے کام جن کی حیثیت اجتماعی ہو وہ کسی نہ کسی وقت پورے گروہ کو تباہ کر ڈالتے ہیں لیکن جو گروہ صلاحیت پسند ہو اچھائی اور برائی میں تمیز کرتا ہو بھلائی کے کاموں میں سب سے آگے ہو، اسے ضرور اس اچھائی کا بدلہ ملے گا اور اس کی نیکیاں اکارت نہیں جائیں گی یہ قانون جس طرح افراد پر منطبق ہوتا ہے اسی طرح اقوام اور جماعتوں پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

جزیرہ کریٹ میں مسلمانوں کی آبادی

یونان کے دخل فصل اور اس کی ذلیل الالعزمی دول یورپ کے عجیب غریب فلسفۂ انصاف اور ترکوں کے رہ رہ کے اپنے دعوے پیش کرنے کی وجہ سے آج کل کریٹ کا مسئلہ ہر وقت زیر بحث رہتا ہے۔ اور کسی طرح طے ہونے کو نہیں آتا اور بالکل نہیں کہا جا سکتا کہ اس جزیرے کا آئندہ کیا حشر ہونے والا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مسلمانوں کی رحم دلی و بے پروائی ہی ان کی موجودہ بدقسمتی کا سبب ہے۔ وہ جہاں گئے جس سرزمین میں رہے۔ جس ملک کو فتح کیا وہاں کی غیر مذہب رعایا کو اتنی آزادی دے دی کہ کسی کو مذہب بدلنے کی ضرورت پیش آئی اور نہ مسلمانوں کی تعداد دوسرے مذہب والوں پر غالب آنے پائی۔

جو سلوک اسپین، پرتگال، اٹلی، سسلی اور یونان والوں نے اپنے اپنے موقعوں پر مسلمانوں کے ساتھ کرکے اپنے ملک کو ان سے خالی کرا لیا تھا۔ وہی سلوک اپنے موقعوں پر مسلمان اپنی ماتحت غیر مذہب رعایا سے کرتے تو آج ان کے سامنے یہ دشواریاں نہ پیش آتیں۔ جو ان ملکوں میں پیش آ رہی ہیں جن میں پانچ پانچ سو برس تک حکومت کرنے پر بھی وہ اپنی اکثریت نہیں پیدا کر سکے ہیں۔ لیکن قدیم وقت یہ ہے کہ اس سے زیادہ عجیب امر کیا ہوگا کہ مسلمانوں ہی کو سب سے زیادہ مذہبی تعصب [illegible] کا الزام دیا جاتا ہے۔

جزیرۂ کریٹ جو یونان کے قبضے میں چلا جاتا ہے۔ [illegible] اس کی

ثبت کسی کو نہ تاریخ کا [illegible] معلوم ہوگا کہ یہاں مسلمان کب اور کیونکر آباد ہوئے۔ جزیرہ کے سب اہل ترک [illegible] ہیں اس میں اللہ اکبر کا نعرہ تو جدید پہلے پہل ترکان آل عثمان نے نہیں بلند کیا بلکہ ان کے عہد سے بہت پہلے اور آج سے گیارہ سو برس پیشتر مسلمان یہاں آکے آباد ہو چکے تھے اور اسلام کے اس میں داخل ہونے کی داستان بھی عجیب اور نہایت حیرت انگیز تھی۔

اندلس کے خلفائے بنی امیہ میں سے الحکم بن ہشام نے ایک ضعیف بنا پر قرطبہ کے مسلمانوں پر [illegible]

[illegible]

قرطبہ کے ایک گاؤں کا شخص [illegible] جو ایک [illegible]

[illegible]

ان ہی [illegible] کو [illegible] لیکن ان جلاوطن اندلسیوں کا کا سردار [illegible] اندلس سے یہ لوگ [illegible] ابو حفص عمر بن شعیب [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

مباحث امروز

(نقاد کے قلم سے)

آگ کا کھیل — میر صاحب کی معافی

کام سے دلچسپی نہیں تاخیر سے دلچسپی

جنرل چیانگ کائی شیک پھر میدان میں آگئے ہیں اور وہ نیشنلسٹ حکومت کو بچانے کی دوڑ دھوپ میں لگے ہوئے ہیں۔ ابھی ہی میں وہ فلپائن گئے۔ اور کمیونزم کے خلاف متحدہ محاذ بنانے کے سلسلہ میں فلپائن کے صدر کورینو سے بات چیت کی۔ اس بات چیت کا نتیجہ کیا نکلا اس بیان سے ظاہر ہے جو صدر کورینو نے دیا ہے اور جس میں کہا گیا ہے۔ اگر چینی حکومت نے فلپائن میں پناہ لینے کی درخواست کی تو فلپائن کی حکومت اسے مسترد نہیں کرے گی۔

اس بیان کا مطلب یہ ہے کہ اگر چین میں نیشنلسٹوں کو شکست ہوئی تو وہ فلپائن میں اپنی حکومت بنائیں گے۔ اور وہاں سے چین کی نئی حکومت کے خلاف اپنی جد وجہد کو جاری رکھیں گے۔

اس اسکیم میں جنرل کائی شیک اور ان کے حواری کس حد تک کامیاب ہو سکتے ہیں اس کا اندازہ فلپائن کے اخبار ڈیلی مرر کے ان الفاظ سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک ایسی حکومت کے ساتھ جو جنگ جاری رکھنے کے لئے دوسرے ملک کی محتاج ہو کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے متحدہ محاذ بنانے کی باتیں قطعی لایعنی ہیں۔ فلپائن کی حزب مخالف کے لیڈر سینیٹر کارلو ریکٹو کے یہ الفاظ بالکل صحیح معلوم ہوتے ہیں کہ جنرلسمو چیانگ کائی شیک سے گفتگو کرکے فلپائن کے صدر کورینو آگ سے کھیل رہے ہیں۔ ہو سکتا ہے آگ کا یہ کھیل امریکہ کے اشارہ پر کھیلا جا رہا ہو کیونکہ دوسرے ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کرا کر ہی وہ مشرق بعید میں مسلح جنگ کو جاری رکھ سکتا ہے۔ جو اس کی عین خواہش ہے۔ مشرق والوں کو آپس میں لڑا کر ہی وہ اپنی چودھراہٹ قائم رکھ سکتا ہے۔

میر مشتاق صاحب سابق جنرل سکریٹری دہلی مسلم لیگ پارٹی نے اپنے اس اقدام کے لئے معافی مانگ لی ہے جس سے ان کے خیال میں شرنارتھیوں اور خود دار مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی۔ میر صاحب نے برت اور ستیہ گرہ کو اپنے ایک اصول سے تعبیر کیا ہے اور کہا ہے کہ انہوں نے جو کچھ کیا اس کا مقصد ہرگز کسی طبقہ کی دل آزاری نہ تھی بلکہ اس غنڈہ گردی کو ختم کرنا تھا جو پچھلے دنوں دہلی میں دیکھنے میں آئی۔

بات یہ ہے اصل میں غنڈہ گردی کا کوئی مذہب نہیں [illegible] جو لوگ ہندو پانی اور مسلمان پانی کی طرح غنڈہ گردی میں بھی ہندو مسلمان کی تمیز کرتے ہیں وہ حقیقی معنوں میں غنڈہ گردی کو ختم نہیں بلکہ اس کی ہمت افزائی کرتے ہیں۔ کسی غنڈہ کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے۔ ہندو یا مسلمان کہنا دونوں مذاہب کی تذلیل کرنا ہے اگر ہم ہندو مسلمان غنڈہ گردی کو نہیں بلکہ صرف غنڈہ گردی کو ختم کرنے میں متحد ہو جائیں اور اس بات کو فرقہ وارانہ عینک سے نہ دیکھیں تو بہت جلد مقصد میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔

یہ خوشی کی بات ہے کہ میر صاحب نے اس نکتہ کو محسوس کیا اور ایمانداری اور دلیری کے ساتھ اپنی غلطی تسلیم کر لی۔ غلطی ہر انسان سے ہوتی ہے۔ لیکن

اس کو بھولا نہ جانیے کہیں
صبح کا بھولا اور آئے شام

اب اگر میر صاحب بلا تخصیص مذہب وملت غنڈہ گردی ختم کرنے کے کوئی تدبیر اختیار کریں تو عوام کو ان کا ساتھ دینا چاہئے۔

سینٹرل سکریٹریٹ کے افسروں کے کمروں میں بہت خوبصورت فریم کے ساتھ تختیاں آویزاں کی گئی ہیں جن میں پنڈت نہرو کا یہ اسپیشل پیغام لکھا ہوا ہے۔

مجھے اس معذرت سے کوئی دلچسپی نہیں جو تاخیر کے لئے کی جاتی ہے بلکہ مجھے اس کام سے دلچسپی ہے جسے انجام دیا جا چکا ہو۔

وزیر اعظم کا یہ خصوصی پیغام کمروں کی دیواروں پر ایسی جگہ آویزاں ہے جہاں افسروں اور کلرکوں کی کم از کم دن میں ایک بار ضرور نظر پڑ جاتی ہے ایک افسر کے قول کے مطابق وزیر اعظم کے ان الفاظ سے ان میں پھرتی اور کام کرنے کا جوش پیدا ہوتا ہے۔

مگر معلوم ہوتا ہے وزیر اعظم کے اس خصوصی پیغام کی تختیوں کا علم دہلی کے محکمہ ڈاک کو نہیں کیونکہ وہاں کام سے دلچسپی نہیں بلکہ ہر افسر کلرک اور ڈاکیہ کو تاخیر سے دلچسپی ہے اور جب تک وہ ہر پبلک مین کو اچھی طرح پریشان نہ کرے اسے مزہ نہیں آتا — چلو آزادی کا اتنا تو فائدہ ہوا کہ دہلی ڈاک خانہ کے افسر اور کلرک عوام کو پریشان کرنے میں پوری طرح آزاد ہو گئے۔

پاکستانی افکار!

مہاجر اور انصار

مغربی پنجاب کی انتخابی تحقیقاتی کمیٹی نے ایک غیر خوشگوار بحث کا دروازہ بند کر دیا ہے جو مختلف حلقوں میں کبھی کبھی سننے میں آتی تھی۔ مہاجروں کا خیال تھا کہ آئندہ انتخاب میں مہاجروں کے حلقے الگ بنائے جائیں کیونکہ بعض مہاجر سابق ایم ایل اے صاحبان کو اندیشہ تھا کہ شاید انصار انہیں ووٹ نہ دیں اس لئے مہاجر حلقے قائم ہو جانے چاہئیں لیکن اگر ان کا نامہ اعمال غور سے دیکھا جائے تو اس کے پیش نظر مہاجر بھی ان سے بدظن ہو چکے تھے اور انہوں نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ ان سابق ایم ایل اے صاحبان کو ووٹ نہیں دیں گے۔ لیکن اگر حلقے قائم کر دیئے جاتے تو اس کا مطلب یہ تھا کہ مستقل طور پر مہاجر اور انصار دو مختلف کیمپوں میں تقسیم ہو جاتے اور نہ صرف یہ اسلامی روح بلکہ موجودہ نازک حالات کے پیش نظر یہ فیصلہ بے حد خطرناک ہوتا لیکن ابھی توقع ہے کہ انتخابی قانون میں مہاجروں کے لئے مخصوص مراعات ضرور دی جائیں گی۔

جہاں عام مہاجر اور انصار کے امتیاز کو ابھارا جا رہا ہے وہاں ہم یہ بھی سفارش کریں گے کہ شہری اور دیہاتی حلقوں میں بھی ایسی تبدیلیاں پیدا کی جائیں گی کہ یہ امتیاز ختم ہو جائے۔ یہ امتیاز وہ ہے جس نے آج تک مسلمانوں کو بدنام کر رکھا ہے اور جس کے سہارے یونینسٹ پارٹی نے پنجاب پر حکومت کی اور مسلمانوں میں ایسا زہر پھیل گیا جس کا استیصال آج بے حد ضروری ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ شہری اور دیہاتی امتیاز کی طرف بھی کمیٹی نے توجہ کی ہے لیکن اگر شہری اور دیہاتی امتیاز کو دور کرنے کے لئے حد درجہ جدوجہد کی گئی تو پھر آنے والے انتخاب میں کسی قابل قدر چیز کا اضافہ نہیں ہوگا۔ کمیٹی کا یہ اقدام بھی قابل صد مبارک [illegible]

یہ بھی بہتر ہو کہ صاحبزادہ صاحب خان عبدالقیوم کے متعلق خود انکوائری کریں اگر ان کے خلاف وہ الزامات ثابت ہو جائیں جو عوامی لیگ کے مخلص رہنما ان پر لگاتے ہیں تو پھر ان کو چھٹی دے دینا ہی بہتر ہے۔

اور یوں بھی انتخابات تک سرحد میں دفعہ ۹۲ الف لگا دی جائے تو کیا ہرج ہے؟ کیونکہ خان عبدالقیوم صرف اپنی ذات کا نمائندہ ہے اور جو لوگ بظاہر اس کے ہمنوا ہیں وہ اس کے ہمنوا نہیں بلکہ اقتدار کے ہمنوا ہیں۔

(خیبان لاہور۔ ۱۰ جولائی)

پاکستان کا قومی ترانہ

پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے [illegible] کی حد بندیوں کا [illegible] نہیں۔ یوں بھی پاکستان جن اصولوں پر قائم کیا گیا ہے وہ یہ ہیں کہ مسلمانوں کی قومیت جغرافیائی حد بندیوں کی قائل نہیں ہے۔ ملت اسلامیہ کی قومیت اسلام ہے اس لئے پاکستان کا ترانہ قومی نہیں بلکہ اسلامی ہونا چاہیے اس میں کسی مخصوص جغرافی قوم کے جذبات و افکار کو ابھارنے کی بجائے اسلامی جذبات و تعلیمات کی تصویر کے نقش و نگار ابھرنے چاہئیں اور اس معاملے میں شاید ہمارے موجودہ شاعروں میں سے ایک شخص بھی اہلیت کار کا دعویٰ نہیں کر سکتا اگر اقبال مرحوم اس وقت زندہ ہوتے تو شاید وہ اس ضرورت کو پورا کر سکتے لہٰذا ہماری رائے میں قومی ترانے کو مصنوعی طور پر مرتب کرنے کی بجائے اس وقت کا انتظار کرنا چاہیے کہ ہماری ریاست محض اعتقادی ہی نہیں بلکہ عملاً ایک اسلامی ریاست [illegible] شاعروں کے اندر سے ایک اسلامی ترانہ خود بخود ابھرے اور قوم کے دل و دماغ پر چھا جائے۔

[illegible]

سرحد کا پاکستانی گورنر

یہ امر موجب مسرت ہے کہ حکومت پاکستان نے سرحد کے [illegible] خان عبدالقیوم [illegible]

سہارنپور کی خبریں

نئی شرارت

[illegible]

نکوڑ میں چوری کی وارداتیں

قصبہ گنگوہ سے اطلاع ملی ہے کہ تحصیل نکوڑ میں نقب زنی اور چوری کی وارداتیں اس کثرت سے ہو رہی ہیں [illegible]

چوروں نے سپاہی کو پچھاڑ دیا

[illegible]

استعمال شدہ ٹکٹ فروخت کرنیوالا

[illegible]

خوراک کی کمی والے ملکوں کیلئے ہندوستان کی اہم تجویز

اقوموں کی اقتصادی کمیٹی کا جنیوا میں اجلاس

جنیوا۔ ۱۳ر جولائی۔ اقوام متحدہ کے ممبروں کی ۸ اقوموں کی اقتصادی کمیٹی میں ہندوستانی نمائندے مسٹر [illegible] پیش کی ادا کرنے یہ تجویز کیا ہے کہ بجٹ کے ملکوں سے کفایت شعارانہ طور پر غلہ دوسرے ملکوں کو دیا جائے۔ نمائندہ مذکور نے کہا کہ بعض ملکوں میں تو بجٹ ہے جبکہ دوسرے ملکوں میں خوراک کی کمی کے باعث قحط اور خرابی صحت عام ہے انہوں نے یہ تجویز پیش کی کہ زیادہ پیدا کرنے والے ممالک ان علاقوں کو جہاں غلہ کی کمی ہے غلہ سپلائی کریں اور اسی قسم کے معاہدات ہونے چاہئیں۔ خاص طور پر یہ صورت حال اس وقت تک جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث خریدنے والے ملکوں کے لئے ادائیگی میں سخت مشکلات [illegible] اقوام متحدہ سے اپیل کی کہ پسماندہ علاقوں میں خوراک کی پیداوار کو بڑھانے کے لئے جلد از جلد اقدام کیا جائے۔

اقتصادی کمیٹی اس تجویز کو پانچ قوموں کی کمیٹی کے سپرد کر رہی ہے روس نے تجویز پیش کی ہے کہ ہندوستانی تجویز پر [illegible] اجلاس میں بحث کیا جائے۔ (رائٹر)

مہاجروں اور سندھیوں کے تعلقات

وزیر داخلہ کی اخبارات سے تعاون کی اپیل

کراچی۔ ۱۳ر جولائی۔ اردو اور سندھی کے بارہ اخبارات کے اڈیٹروں نے آج ایک کانفرنس میں شرکت کی جسے حکومت پاکستان نے مہاجرین اور سندھیوں میں بہتر تعلقات پیدا کرنے کے بارے میں اخبارات کا تعاون حاصل کرنے کے لئے منعقد کیا تھا۔

خواجہ شہاب الدین وزیر داخلہ پاکستان نے اس کانفرنس میں ایک تقریر کی اور کہا پاکستان کو مضبوط بنانے کے لئے سہام جرین کی بہت افزائی کرنا اور ان کو ایسا محسوس کرانا کہ وہ کسی غیر ملک میں نہیں ہیں بہت ضروری ہے انہوں نے اڈیٹروں سے اپیل کی کہ اپنے تمام ذرائع سے مقامی باشندوں اور مہاجرین کے امتیازات کو ختم کرنے میں حکومت کی امداد کریں۔

(اے پی آئی)

چورو ریاست بیکانیر میں ہیضہ

بیکانیر (بذریعہ ڈاک) ماہ وار میں خشک گرمی پڑ رہی ہے۔ ہلکی سی بارش آغاز جون میں ہوئی تھی۔ ایک ہفتہ سے پرگنہ چورو میں ہیضہ پھوٹ پڑا ہے۔ چالیس پچاس کیس ہو چکے ہیں۔ طبی انتظامات کئے جا رہے ہیں [illegible]

بنارس میں تعزیتی جلسہ

بنارس (بذریعہ ڈاک) انجمن [illegible] کی طرف سے مشہور مزاح نگار شاعر سید محمد جعفری [illegible] کی ناگہانی موت پر تعزیتی جلسہ [illegible]

[illegible]

سیلون کا منافع کا بجٹ

کولمبو ۱۳ر جولائی۔ سیلون کی سالانہ آمدنی ۱۹۴۹ء سے ۱۹۵۰ء میں ۹۶ کروڑ ہوگی۔ اخراجات کا اندازہ ۹۰۵۶۲ [illegible]

(اے پی رائٹر)

چیانگ کو ر یو گفت و شنید

نیویارک۔ ورلڈ ٹیلیگرام کا تبصرہ

[illegible]

چین کے افق پر مارشل چیانگ کائی شیک کا پھر طلوع

پانچ سال کے اندر کمیونسٹوں کو شکست دینے کا دعویٰ

ہانگ کانگ ۱۳ر جولائی۔ معتبر چینی ذرائع سے اطلاع ملی ہے کہ مارشل چیانگ کائی شیک طویل عرصہ کی خاموشی کے بعد اب پھر میدان عمل میں آ رہے ہیں [illegible] کمیونسٹوں کی پیش قدمی کو روکنے کے لئے چینی کمنتان پارٹی کی رہنمائی کریں۔ فارموسا کے سیاسی حلقوں سے اطلاع ملی ہے کہ مارشل چیانگ حکومت کے کسی عہدہ کو قبول نہیں کریں گے۔ بلکہ بلا کسی سرکاری عہدے کے وہ موجودہ چینی حکومت کی رہنمائی کریں گے۔ ان حلقوں کا کہنا ہے کہ مارشل چیانگ کا فلپائن جانا اور صدر کوئرینو سے ملاقات کرنا [illegible]

باگیو جانے سے قبل انہوں نے کمنتان لیڈروں سے اہم ملاقاتیں کی تھیں۔ اور کمیونسٹوں کو روکنے کے لئے اپنی تجاویز پر تبادلہ خیال کیا تھا۔ فارموسا آنے کے بعد چیانگ نے جو اعلانات کئے ہیں ان میں بھی اس خیال کا اعادہ کیا ہے کہ وہ پانچ سال کے اندر ماؤ سے تنگ کی فوجوں کو شکست دے سکیں گے۔

صدر فلپائن سے ملنے کے بعد چیانگ کی سیاسی پوزیشن کسی قدر بحال ہو گئی ہے اور اب وہ لیفٹیننٹ جنرل کے عہدہ پر کر کے چینی لیڈروں سے اپنی مذکورہ بالا تجاویز پر تبادلہ خیال کریں گے۔

فارموسا کے ذرائع نے اطلاع دی ہے کہ مارشل چیانگ اور قائم مقام صدر جنرل لی کے درمیان جو اختلافات تھے وہ سب ختم ہو گئے ہیں کمنتان کے اختلافات بھی اب دور ہو گئے ہیں ایک وقت تو یہ اختلافات اس قدر شدید ہو گئے تھے کہ کمنتان کے ٹوٹنے کا اندیشہ پیدا ہو گیا ہے۔ [illegible] مارشل چیانگ [illegible] عنقریب جنوبی کوریا کے صدر سنگمن ری سے ملاقات کریں گے۔ علاوہ ازیں وہ ان مسلم لیڈروں سے بھی مشورہ کریں گے جو ابھی تک حکومت کے حامی ہیں۔ (اے پی رائٹر)

جمعیۃ الطلباء کی جانب سے بھی مبارکباد

میرٹھ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ الطلباء میرٹھ شہر نے حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کو مجلس دستور ساز کا رکن منتخب ہونے کی مبارکباد دیتے ہوئے اس بات کی توقع ظاہر کی ہے کہ حضرت مولانا طلباء کی امداد فرماتے رہیں گے۔

مسلمانان بمبئی سے اپیل

دہلی ۹ر جولائی [illegible] غذائی خدمتگار لیڈر مولانا محمد اکبر خاں نے ایک بیان میں مسلمانان بمبئی سے اپیل کی ہے کہ بمبئی جیسے شہر میں اخبار "الجمعیۃ" بہت تھوڑی تعداد میں جا رہا ہے اس بات کی ضرورت ہے کہ مسلمانان بمبئی الجمعیۃ کی ترقی اور اشاعت میں پوری طرح کوشش کریں۔ اور اس کو فروغ دیں تاکہ عام مسلمانوں تک جمعیۃ علماء کی آواز پہونچ سکے۔

۱۹۵۱ء تک بمبئی خوراک کے بارے میں خود مکتفی بن سکیگا

غذائی سرگرمیوں پر تبصرہ

دہلی ۱۲ر جولائی۔ گذشتہ ہفتہ بھی غذائی محاذ پر پہلے کی طرح سرگرمیاں جاری رہیں۔ گورنر جنرل نے [illegible]

[illegible]

زکوٰۃ کا صحیح مصرف

دارالعلوم ندوۃ العلماء کی اپیل

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) سید [illegible] صاحب ناظم ندوۃ العلماء نے حسب ذیل اپیل شائع کی ہے۔ [illegible]

انخلا کنندگان کی جائداد و کلا سمجھوتہ

کراچی ۱۳ر جولائی۔ [illegible]

ڈاکٹر جان متھائی کے اعزاز میں دعوت

لندن۔ ۱۳ر جولائی۔ [illegible]

جزیرہ کریٹ میں مسلمانوں کی آبادی

(بقیہ صفحہ ۳)

مشرقی پنجاب کا لوہے کا اسکینڈل

وزیر صنعت کا انکشاف

[illegible]

غیر ممالک سے اناج کی درآمد

[illegible]

چار ہزار پونڈ دودھ دینے والی گائیں

[illegible]

بناسپتی کی قیمتوں میں اضافہ

[illegible]

ہفت روزہ الجمعیۃ کا شاندار

عید نمبر

اس سال یہ عدیم النظیر عید نمبر بڑی آب و تاب سے شائع کیا جا رہا ہے

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اصحاب قلم، ارباب ادب و شعرا اس نمبر کی ترتیب میں حصہ لے رہے ہیں پورے یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ شاندار نمبر بلند پایہ خصوصیات کے اعتبار سے اپنی نظیر آپ ہوگا ۳۰×۲۰ سائز کے ۲۰ صفحات اور آرٹ پیپر کا رنگین ٹائٹل قیمت فی پرچہ آٹھ آنے

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو مدت میں عید نمبر مفت پیش کیا جائے گا

روزنامہ الجمعیۃ کے وہ مستقل خریدار جو پیشگی چندہ بھیجکر براہ راست دفتر سے اخبار منگاتے ہیں ان کو یہ نمبر نصف قیمت میں، یعنی چار آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجنے پر مل سکے گا، جو حضرات حفاظت کے خیال سے عید نمبر بذریعہ رجسٹری طلب فرمانا چاہیں وہ چار آنے مزید یعنی کل آٹھ آنے منی آرڈر سے روانہ کریں۔ لفافہ میں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجئے، راستہ میں گم ہونے کا اندیشہ ہے، یاد رکھئے کہ منی آرڈر کی فیس اور لفافہ کی قیمت میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

ابھی سے اپنی کاپی محفوظ کرا لیجئے، بعد میں عید نمبر دینا کی کوئی ذمہ داری نہیں لی جا سکتی

ایجنٹ صاحبان کو

جتنی کاپیوں کی ضرورت ہو ۱۶ر جولائی تک ضرور مطلع کر دیں، جو ایجنٹ تعداد کی اطلاع دیں گے ان کو عید نمبر کی اتنی ہی کاپیاں بھیجی جائیں گی جتنی کہ وہ ہفت روزہ الجمعیۃ کی منگاتے ہیں۔

مشتہرین نوٹ فرمالیں

۲۰ر جولائی ۱۹۴۹ء کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائے گا۔ عید نمبر ۲۶ر جولائی ۱۹۴۹ء کو شائع ہو رہا ہے۔ آج ہی اپنے مقامی ایجنٹ کو اپنے لئے کاپی منگانے کی تاکید کر دیجئے یا براہ راست آٹھ آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجکر دفتر سے طلب کیجئے۔

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۱۳ر جولائی

اروِن اسپتال میں بستروں کی تعداد میں اضافہ

مشاورتی کونسل کے ایک حالیہ اجلاس میں مسٹر شنکر پرشاد، چیف کمشنر دہلی نے طبی آسانیوں میں توسیع کرنے کی تفصیل بیان کی۔ مسٹر شنکر پرشاد نے کہا حکومت نے صفدر جنگ اسپتال کا انتظام سنبھال لیا ہے۔ ۱۹۴۲ء میں امریکہ کے فوجی حکام اس اسپتال کا انتظام کرتے تھے اسپتال میں شروع میں ۵۰ بستر تھے لیکن اب بستروں کی تعداد دو سو ہو گئی ہے اس پر کل ۲۲ لاکھ روپے صرف ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ اسپتال مہرولی اور نئی دہلی کے اس طرف کے علاقہ کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس میں وہ مریض بھی رکھے جاتے ہیں جنہیں ارون اسپتال میں جگہ نہیں مل سکتی۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ارون اسپتال میں بستر اور مریضوں کے لئے ناکافی انتظام ہے انہوں نے بتایا کہ بستروں کی تعداد ۳۲۰ بڑھا کر ۶۲۰ کرنے کی تجویز ہے۔ دیہاتی علاقوں میں طبی مراکز کھولے جا رہے ہیں۔

نجف گڑھ اور نریلا میں چھ چھ بستروں کے طبی مرکز کھولے جائیں گے بعد میں بستروں کی تعداد بڑھا کر ۳۰ کر دی جائے گی۔

ریڈیو چرانے پر کلرک گرفتار

پارلیمنٹ اسٹریٹ کی پولیس نے چیف انجینئر سنٹرل پی ڈبلیو ڈی کے ایک کلرک کو کناٹ پلیس کی ایک لیڈی ڈاکٹر کی قیام گاہ سے ایک ریڈیو اور ایک ٹائپ رائٹر چرانے کے مبینہ الزام میں گرفتار کیا ہے۔

کہا جاتا ہے یہ شخص اتوار کو لیڈی ڈاکٹر کی قیام گاہ پر گیا لیکن جب اس کو معلوم ہوا کہ لیڈی ڈاکٹر باہر گئی ہیں تو نوکر سے کہا کہ وہ لیڈی ڈاکٹر کو بلا لائے پہلے نوکر نے انکار کیا لیکن بعد میں اس کے اصرار پر راضی ہو گیا۔ نوکر کی عدم موجودگی میں ملزم ریڈیو اور ٹائپ رائٹر لے کر فرار ہو گیا۔ پولیس نے دونوں مسروقہ اشیاء ملزم کے قبضہ سے برآمد کی ہیں۔

بس کے مسافر کی جیب کاٹ لی

ایک مسافر جو کوئنس روڈ پر بس کا منتظر تھا کسی نے اس کا بٹوہ نکال لیا۔

[illegible]

کمشنر خوراک کی آمد

مسٹر کرشن مرتی خوراک کی پیداوار بڑھانے کے کمشنر آج دہلی پہونچ گئے۔ مسٹر [illegible] خوراک پیدا کرنے کی تحریک کے ڈائرکٹر مقرر کئے گئے ہیں۔ [illegible]

موٹر سائیکل کے ذریعہ ڈاک کی تقسیم

معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ محکمہ ڈاک کے حکام جلد ہی اس بات کا انتظام کر رہے ہیں کہ ڈاک کی تقسیم موٹر سائیکلوں کے ذریعہ ہو۔ معلوم ہوا ہے یہ اقدام ڈاک میں تاخیر کی شکایات کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔

کہا جاتا ہے دہلی میں پوسٹ مینوں کی کمی ہے کیونکہ دہلی پہونچنے والے خطوط کی تعداد میں اضافہ ہو گیا ہے۔ امید ہے اس انتظام کے بعد ڈاک کی تقسیم میں جلدی ہونے لگے گی۔

راشن لینے پر مقدمہ

نبی ابراہیم ایک شخص کے خلاف اس الزام میں مقدمہ قائم کیا گیا ہے کہ اس نے اپنے فوت شدہ اہل خانہ کا راشن لیا۔ [illegible]

کانسٹبل کو پیٹ دیا

کہا جاتا ہے کہ فیض بازار روڈ اور منٹو روڈ کے مقام اتصال پر ایک سپاہی کو جو ڈیوٹی پر تھا ایک ٹھیلہ والے نے پیٹ دیا سپاہی نے اس ٹھیلہ کو روکا تھا۔

ایک مسافر کی ہلاکت

ایک بچے نے [illegible] کی پٹری پر گر پڑا [illegible]

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن کا وعظ

[illegible] حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب [illegible]

دہلی کی عدالتوں میں

نئی دہلی کے ریذیڈنٹ مجسٹریٹ نے ایک شخص کو بری طرح موٹر چلانے پر سو روپے جرمانہ کی سزا دی۔

دیوان رام سروپ مجسٹریٹ درجہ اول نے ایک شخص کو ایک ایکسائز انسپکٹر کو مارنے اور ایک ہوٹل والے کو دھمکی دینے کے الزام میں قید و جرمانہ کی سزا دی۔

دریا گنج سے ایک شخص کے مکان سے دس ہزار روپے کے زیورات چوری ہو گئے۔

۱۵ انچ لمبا چھرا برآمد

پیر بخش شاہ کے کوٹلہ کے قریب ایک شخص کے مکان سے ۱۵ انچ لمبا ایک چھرا برآمد ہوا۔ اسلحہ ایکٹ کے تحت اس شخص کو گرفتار کر لیا گیا۔

جمعیۃ علماء ضلع کا مستحسن اقدام

صدر جمعیۃ کی ہدایات کی روشنی میں جمعیۃ علماء ضلع نمبر ۷ کے کارکنان نے ضلع کا دورہ کیا اور جلسے کئے۔ جن میں جناب حکیم [illegible] صاحب جامعی صدر ضلع نے مختصر مگر جامع تقریر کے ذریعے رمضان المبارک کی فضیلت بیان فرمائی۔

خدا کا شکر ہے کہ ضلع کا یہ دورہ نہایت کامیاب رہا اور ضلع کے سب مسلم ہوٹل والے، چائے والے، پان سگرٹ والے اور دال پکانے والے بھٹیاروں نے فیصلہ کیا کہ وہ اس ماہ مبارک میں شام کو ۷ بجے سے رات کو ۳ بجے تک دکانیں کھولیں گے اور دن کو مکمل بند رکھیں گے۔ ضلع کے عام مسلمانوں نے اس کا بہت اچھا اثر لیا [illegible] رمضان کا احترام ہو رہا ہے۔

دوکان سے پارسل چرا لیا

کہا جاتا ہے کہ صدر بازار کی ایک دوکان سے ایک پارسل چوری ہو گیا ہے۔ اس پارسل میں ایک ہزار روپے کے جیب اور دیگر [illegible] کے قریب ایک شخص گرفتار کیا گیا اس کے قبضہ سے ناجائز تجیم برآمد ہوئی تھی۔

نرس کے کوارٹر میں چوری

ارون اسپتال کی ایک نرس کے کوارٹر میں چوری ہونے کی خبر ملی ہے کہا جاتا ہے کہ چور ایک سوٹ کیس جس میں کچھ کپڑے اور دوسرا سامان تھا اپنے ساتھ لے گئے۔

بیرون دروازے کے ایک شخص نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ اس کے مختصر سے عرصہ کے لئے اپنے ایک دوست کو موٹر سائیکل دی تھی لیکن اس نے واپس نہیں کی۔

کوتوالی میں چوری کا دلچسپ واقعہ

[illegible]

ہوٹل ملازمین ہڑتال کرینگے

نئی دہلی کے ایک ہوٹل کے ملازمین اور مالکوں میں جھگڑا ہونے سے ہڑتال [illegible]

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۳ اور کم سے کم ۷۶ درجہ تھا۔

راجپورہ کیمپ میں سیلاب

صرف ایک ڈویژن میں پانی آیا

[illegible]

اہل اسلام حضرات سے

ضروری اپیل

[illegible]

مہتمم مسجد صوفی حشمت علی ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ٹھاکر دوارہ ضلع مراد آباد

سوشلسٹ پارٹی کانگریس کی جانشینی کی پوری اہلیت رکھتی ہے

گلوب کو ڈاکٹر لوہیا کا خصوصی بیان

نئی دہلی ۱۴ر جولائی۔ سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے گذشتہ اتوار کو گلوب کو ایک خاص انٹرویو دیتے ہوئے اعلان کیا کہ سوشلسٹ پارٹی کانگریس کی جانشین ہونے کی پوری اہلیت رکھتی ہے اور اگر ہندوستانی عوام نے اسے تقویت بخشی تو وہ آج بھی ایسا کر سکتی ہے اور ہندوستان کا نظام اتنی اچھی طرح سے چلا سکتی ہے جتنا کہ موجودہ کانگریسی حکمران چلا رہے ہیں۔

انہوں نے کہا ہم اس کی پرواہ نہیں ہے کہ سوشلسٹ پارٹی کب یا ان کی زندگی میں برسر اقتدار آجاتی۔ وہ صرف یہ دیکھنے کے لئے بے چین ہیں کہ ہندوستانی ۸۰ فی صد رہنے کے لئے اچھے گھر مل جائیں۔ انہیں غذا اور کپڑا ملے تاکہ ان کی آئندہ نسل ترقی یافتہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ان مقاصد کو حاصل کرنے کے اصولی حد وجہد کرتے رہیں گے۔ اور اگر اس دوران میں عوام نے کانگریس کو حکومت سے باہر نکال دیا تو سوشلسٹ پارٹی کو ذمہ داریاں بخوشی قبول کر کے فرائض پورے کریگی۔

ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے کہا کہ آج ملک میں فرقہ وارانہ حالات ہیں۔ ہندوستان میں کیمونزم کبھی نہیں پنپ سکے گا۔ صرف چند افراد کی موجودگی سے کمیونسٹ تحریک اور تیز تر [illegible] ملک میں کمیونسٹ حالات نہیں پیدا ہو سکتے۔

انہوں نے مزید کہا جب ملک میں لوگوں کے پاس کھانے کے لئے کافی اناج نہ ہو اور ان کے رہنے کے مکان نہ ہوں اور انہیں دوسرے مصائب کا مقابلہ کرنا پڑے تو ان حالات میں دہشت پسندی پھیل جاتی ہے مجھے یقین ہے کہ ملک کے بہت سے حصوں میں ایسی حالت ہے۔

سوشلسٹ لیڈر نے الزام لگایا کہ کانگریس آج وہی چال رہی ہے جو برطانیہ کی رجعت پسند حکومت نے ۱۹۲۲-۲۳ء میں اپنائی تھی یعنی برطانیہ نے مزدوروں کو اور محنت کش طبقے کو دھمکی دی اور انہیں رجعت پسندوں اور کمیونسٹوں میں سے کسی ایک کو پسند کرنا پڑیگا۔ اور کوئی راستہ ہی نہیں ہے۔ (گلوب)

فضائی ڈاک کے متعلق غلط فہمی

مسٹر خورشید لال کی طرف سے صراحت

نئی دہلی ۱۳ر جولائی۔ مواصلات کی وزارت کے اعلان کے مطابق مسٹر خورشید لال نے ایک بیان میں کہا کہ تمام خطوط کو فضائی ڈاک کے ذریعے لے جانے کی اسکیم کے متعلق کچھ لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ٹکٹ لگانے سے ہی خطوط ہوائی جہاز کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں۔ [illegible]

موسم کا حال

آئندہ ۲۴ گھنٹوں میں جنوب مغربی یوپی اور مشرقی [illegible] بارش ہوگی۔ [illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
آگرہ	۹۳	اجمیر	۹۶
میسور	۹۲	بمبئی	۷۹
الہ آباد	۹۳	کلکتہ	۸۹
اعظم گڑھ	۹۰	جھانسی	۹۳
بریلی	۸۸	جودھپور	۹۸
بنارس	۹۲	مدراس	۸۹
کانپور	۹۱	ناگپور	۸۰
دہرہ دون	۸۹	میرٹھ	۸۹
لکھنؤ	۸۳	رڑکی	۸۰

دہلی بازار بھاؤ

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

معلم ہندی

[illegible]

مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

یونیورسٹی کا کلاس ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا۔ یونیورسٹی کی تمام کلاسوں کا داخلہ (ماسوائے بی ٹی اور انجینئرنگ) مورخہ کیم ستمبر سے شروع ہوگا اور مورخہ ۱۲ر ستمبر ۱۹۴۹ء کو بند ہو جائے گا۔

خواہشمند حضرات پراسپکٹس کی کاپی رجسٹرار کے دفتر سے مفت طلب کر سکتے ہیں تمام درخواستیں مطبوعہ فارموں پر موصول ہونی چاہئیں۔

رجسٹرار

اسرائیل کے برے دن قریب آرہے ہیں

شدید مالی پریشانیوں کا سامنا مزدوروں نے بھی ہڑتال کی دھمکی دیدی

تل ابیب ۱۲ر جولائی۔ اسرائیل کو پہلی بار زبردست مالی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ گذشتہ کئی ہفتوں سے یہ ہنگامہ اس نئے ملک میں بلا مبالغہ [illegible] لیکن اب اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اسرائیل کی دو زبردست مزدور انجمنوں [illegible] کی کفایت شعاری کی پالیسی اعلان تصادم کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ حکومت کی نئی پالیسی کے مطابق مزدوروں کی اجرتوں میں بھی [illegible] تخفیف ہو جائیگی۔ جو مزدور جماعت [illegible] کی تعداد کم بتائی جاتی ہے حکومت کی پالیسی کی سخت نکتہ چینی کر رہی ہے اور تمام صنعتی اداروں میں ہڑتال کرانے کی رائے عامل کرنے کی دھمکی دے رہی ہے اس مزدور جماعت کو کمیونسٹ پارٹی کی حمایت حاصل ہے۔

[illegible] کی پالیسی [illegible] کم و بیش ریاست اسرائیل کے منظم مزدوروں کی ایک تہائی تعداد کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ جماعت ہڑتال کی وجہ سے ریاست اسرائیل کی معاشی حالت پر سخت ضرب لگا سکتی ہے جس کی حالت پہلے ہی سے خراب ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ یہودی رہنماؤں کے لئے اگلے دس دن فیصلہ کن ہوں گے۔ باہر کی دنیا کو ریاست اسرائیل کی گرانی کا بہت کم علم ہوگا۔ لیکن وہاں کی گرانی کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہاں پر معمولی گاڑی کا کرایہ جالیس پونڈ ادا کرنا پڑتا ہے۔ (گلوب)

ہندوستان اور فلپائن کے درمیان

سفارتی تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ!

نئی دہلی ۱۴ر جولائی۔ حکومت ہند اور حکومت فلپائن نے قونصل جنرل کا تبادلہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ علاوہ ازیں منیلا میں ایک تجارتی کمشنر مقرر کیا جائے گا تاکہ مشرق بعید کے ساتھ ہندوستان کی تجارت کو فروغ دیا جا سکے۔ سرکاری حلقوں کا بیان ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ درجہ کے سفارتی تعلقات قائم کرنے کے یہ ابتدائی مراحل ہیں۔ (گلوب)

پاکستان کا توازن تجارت

نیویارک ٹائمز کا تبصرہ

کراچی ۱۴ر جولائی۔ پاکستان میں ہفتہ وار [illegible]

[illegible] پاکستان کو ۹ لاکھ ڈالر کا نفع ہوا ہے۔

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی سے میں یا لٹریچر مفت طلب کریں

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے بعد کے سیزن میں حاجیوں کے لئے پہلے تین جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس۔ ایس خسرو وزن ۴۰۴۳ ٹن

بمبئی سے مورخہ کیم اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

ایس۔ ایس اسلامی وزن ۵۸۶۹ ٹن

بمبئی سے مورخہ ۵ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

ایس ایس مظفری وزن ۴۰۲۴ ٹن

بمبئی سے مورخہ تین اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

اکرایہ جہاز خوراک کے ساتھ

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ۱۱۰۵ روپیہ

عرشہ (ڈیک) ۳۹۸ روپیہ

[illegible]

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے جب تک کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

منیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بینک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۳۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم الاتوار مورخہ ۱۹ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۷ جولائی سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۱۶۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان

کے درمیان

جہاز ۔ ریل ۔ اور لاری کے ذریعہ تجارتی اور گھریلو سامان بحفاظت جلدی اور ارزاں نرخ پر روانہ کیجئے نوٹ :- ہوائی جہاز کے ٹکٹ اور ریٹ کا انتظام کرنے کے لئے اصلی کرایہ پر زائد اجرت نہیں لی جاتی

گپتا برادرس ۔ کارونیشن ہوٹل

چاندنی چوک

(فتحپوری) ، دہلی

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے

اوقات سحر و افطار

وقت افطار	وقت انتہائے سحر	دن تاریخ اور مہینہ
۷ بجکر ۲۶ منٹ		جمعہ ۱۷ رمضان المبارک
۷ بجکر ۲۶ منٹ	۳ بجکر ۵۵ منٹ	ہفتہ ۱۸
۷ بجکر ۲۵ منٹ	۳ بجکر ۵۶ منٹ	اتوار ۱۹ رمضان المبارک
۷ بجکر ۲۴ منٹ	۳ بجکر ۵۸ منٹ	پیر ۲۰

تین روز کا دورہ ختم کرنے کے بعد کلکتہ سے پنڈت نہرو کی روانگی

کلکتہ کا جلسہ عام ایک عرصہ تک میرے ذہن میں محفوظ رہے گا !

روانگی کے وقت عوام کے نام وزیر اعظم کا پیغام

گڑبڑ کے باوجود ضبط و نظم قایم رکھنے پر حکام کو مبارکباد

کلکتہ ۱۵ جولائی ۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند کلکتہ کا سہ روزہ دورہ ختم کرنے کے بعد آج صبح ہوائی جہاز میں دہلی کے لئے روانہ ہو گئے ۔ آپ یہاں مغربی بنگال کی صورت حالات کا جائزہ لینے کے لئے آئے تھے ۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر پرفلا چندر گھوش ، مسز اندرا گاندھی ، مس مردولا سارا بھائی ، مسٹر آر کے نہرو اور پرائیویٹ سکریٹری مسٹر متھائی بھی پنڈت جی کے ہمراہ تھے ۔ اسپیشل ہوائی جہاز ٹھیک سات بجکر چالیس منٹ پر تقریباً اپنے وقت سے دس منٹ بعد روانہ ہوا ۔

ہوائی میدان پر ہز ایکسی لینسی ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو گورنر مغربی بنگال ، مغربی بنگال کے وزراء اور دوسرے [illegible]

ہوائی اڈہ تک آٹھ میل لمبے راستہ میں سڑک کے دونوں طرف عوام جمع تھے جنہوں نے پنڈت جی کو سلام کیا اور پنڈت جی نے مسکرا کر اور ہاتھ جوڑ کر اس کا جواب دیا ۔

کلکتہ کے عوام کے نام پنڈت جی نے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ میں کلکتہ کے عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں نہ صرف اس گرم جوشی کے لئے جو انہوں نے میرے استقبال میں دکھائی بلکہ اس مکمل نظم و سکون کے لئے بھی جو انہوں نے [illegible]

کل شام میدان کے جلسہ میں میری تقریر کے دوران میں قایم رکھا سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے پنڈت نہرو نے کہا انتظام کے لئے حکام بھی مستحق مبارکباد ہیں لیکن درحقیقت پبلک [illegible] گڑبڑ کی کوششوں کے باوجود اس نے جلسہ میں مکمل نظم قایم رکھا ۔ یہ جلسہ اور اس کا نظم میرے ذہن میں ایک عرصہ تک محفوظ رہے گا ۔ میں اتنے عظیم مجمع کا ایسا بہتر انتظام کرنے کے لئے حکام اور پولیس [illegible] کی خدمات پر بھی پسندیدگی کا اظہار کرتا ہوں ۔

اظہار افسوس

"مجھے افسوس ہے" پنڈت نہرو نے کہا [illegible]

[illegible]

فوری توجہ

[illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

ملایا کے مجروحین و ہلاک شدگان

ہندوستانی بھی شامل ہیں

کوالالمپور ۱۵ جولائی (پی ٹی آئی) [illegible]

[illegible]

ڈچ لوور ہاؤس نے انڈونیشیا کے متعلق حکومت کی پالیسی کی تصدیق کردی

ہیگ ۱۵ جولائی [illegible]

حبشی سوئیکارنو کا نہرو کو جواب

پیغام مبارکباد کا شکریہ

کلکتہ ۱۵ جولائی [illegible]

مسٹر گول الک نے سرگرمیاں شروع کر دیں

[illegible]

بدنظمی اور لاقانونیت کو دور کرنا عوام کا ہی فرض ہے

کلکتہ کے باشندوں سے پنڈت نہرو کا مطالبہ

جلسہ میں گڑبڑ کرنے کی ناکام کوششیں

کلکتہ ۱۴ جولائی ۔ میدان میں پنڈت نہرو کی تقریر کے موقع پر کلکتہ کے باشندوں نے [illegible]

[illegible]

کلکتہ میں صرف ایک دن میں ستا بم پھینکے گئے

پنڈت نہرو کے دورہ کو ناکام بنانے کی کوششیں

پچیس اشخاص ہلاک و مجروح اور متعدد گرفتار

کلکتہ ۱۵ جولائی [illegible]

[illegible]

مشرق وسطی کے عرب حکمران اولڈ لنڈن پہونچنے شروع ہوگئے

عرب ممالک کے بارے میں اہم فیصلے کئے جائینگے

لندن ۱۵ جولائی [illegible]

[illegible]

ملتان کی ایک اور فرعونی حرکت

[illegible]

۳۵۷ میں سے ۱۰۶ کمیونسٹ رہا

لکھنؤ ۱۵ جولائی ۔ [illegible]

مقابلہ پر مخالفین کا جلسہ

وہ جلوس بھی نکالے گئے

کلکتہ ۱۵ جولائی [illegible]

دہلی میں خالص دیسی گھی کی تازہ و لذیذ مٹھائیاں :- پیور سویٹ ہاؤس بازار ختلی قبر سے خریدیے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزنامہ الجمعیۃ

Delhi -16-7-49

جنوبی افریقہ سے ہند و پاکستان کی سلسلہ جنبانی

ہندوستانیوں کے مسئلہ کو جلد حل کرنے کی کوشش

حکومت جنوبی افریقہ کا تبدیل نہ ہونے والا رویہ

پریٹوریا ۱۴ جولائی ۔ ہندوستان اور پاکستان نے جنوبی افریقہ سے گول میز کانفرنس کے سلسلہ میں ایک تجرباتی طریقہ کار اختیار کیا ہے [illegible]

[illegible]

ہند اور پاکستان کے درمیان درآمد و برآمد کے محصولات پر کانفرنس

محصولات کو بالکل ختم یا کم سے کم کرنے پر غور و خوض کیا جائے گا

نئی دہلی ۱۴ جولائی (اے پی) [illegible]

[illegible]

ڈچ چیمبر کا خفیہ اجلاس

ہیگ ۱۳ جولائی ۔ [illegible]

[illegible]

گھاٹ کوپر پہاڑی سے صرف ۱۴ لاشیں مل سکیں

پولیس بقیہ لاشوں کی تلاش میں ہے

بمبئی ۱۴ جولائی ۔ [illegible]

[illegible]

اسلحہ اور گولہ بارود کے معاملہ میں ہند کو خود مکتفی ہونا چاہئے

ناگپور کے روٹری کلب میں جنرل کریاپا کی تقریر

ناگپور ۱۳ جولائی ۔ جنرل کریاپا [illegible]

[illegible]

مغربی بنگال کے عوام حکومت سے مطمئن نہیں

مشرقی بنگال کی صورت حالات

[illegible]

لندن کے بندرگاہ کی ہڑتال کا معاملہ برطانوی پارلیمنٹ میں

وزیر اعظم ایٹلی اور حزب مخالف کے بیانات

لندن ۱۴ جولائی [illegible]

[illegible]

تلنگانہ ضلع میں مقدمات کی تحقیقات

حیدرآباد ۱۴ جولائی [illegible]

[illegible]

آرڈیننس ڈپوؤں میں تخفیف

حکومت نے التواء سے انکار کردیا

[illegible]

دہلی میں وزارت بہار کے معاملات پر گفت گو

کابینہ میں تبدیلی کے مسئلہ پر بھی بات چیت ہوگی

پٹنہ ۱۴ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ بہار کے وزراء [illegible]

[illegible]

ناقص اور کم پیداوار ممالک کو غلہ کی سہولت دی جائے

جنیوا کانفرنس میں ہندوستانی نمائندہ کی تجویز مسترد

جنیوا ۱۴ جولائی (پی ٹی آئی) [illegible]

[illegible]

امریکہ میں اقتصادی بحران نہیں

امریکہ کے صدر کا عجیب اعلان

واشنگٹن ۱۴ جولائی [illegible]

[illegible]

گورکھ شیترا کیمپ پھر فوجی کنٹرول میں

[illegible]

فرانسیسی ہند کا وفد پیرس پہنچ گیا

پیرس ۱۴ جولائی ۔ فرانسیسی ہندوستان کے [illegible]

[illegible]

ملایا میں دو سو کمیونسٹ گھر گئے

ہوائی جہازوں کی شدید بمباری

[illegible]

سماج سائنک دل سے پابندی ہٹایئے

حکومت سے مسٹر راج بھوج کا مطالبہ

پونہ ۱۴ جولائی ۔ [illegible]

نرخنامہ اشتہارات عید نمبر

ٹائیٹل آخری صفحہ آرٹ پیپر ۳۵۰ روپے
ٹائیٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر ۲۵۰ روپے
ٹائیٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر ۲۰۰ روپے
سالم صفحہ اندرونی صفحات ۱۲۵ روپے
نصف صفحہ " " ۷۰ "
چوتھائی صفحہ " " ۴۰ "
فی انچ تین روپے ۳/

منیجر صیغہ اشتہارات الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی کو پنڈت نہرو کا انتباہ

لاقانونیت کو روکنے کیلئے عوام سے تعاون کی پرزور اپیل

بقیہ صفحہ اول

شہر کا ہر حصوں میں منتشر تھا۔ ... وزیر اعظم نے تقریر کی۔ ... پنڈت جی کی تقریر ... جلسہ گاہ کے نظم کے ... پولیس کی کافی تعداد موجود تھی۔

پنڈت جی نے اپنی تقریر میں کلکتہ کی حالیہ لاقانونیت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات تعجب خیز ہے کہ اتنے بڑے شہر جس کی آبادی ۵۰ لاکھ ہو مٹھی بھر لوگ شہر کے امن و امان کو غارت کر دیں۔ عوام کا فرض ہے کہ وہ شورش پسند عناصر کو دبا دیں۔ ... پولیس کے ساتھ تعاون کریں ... جمہوریت اپنا کام نہیں کر سکتی۔

انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال کے مسائل کا حل ... عوام کو خود ہی کرنا چاہیئے۔ حکومت ہند اور دوسرے صوبے بلاشبہ ان کی امداد کریں گے۔ یہ بات قابل افسوس ہے کہ مغربی بنگال کی کانگریس میں اختلافات پائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کانگریسیوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے اختلافات کو دور کر دیں۔ اگر انہوں نے ایسا نہیں کیا تو کانگریس ڈوب جائیگی اور اس کے ساتھ ملک بھی ...

کمیونسٹ پارٹی کے متعلق انہوں نے کہا کہ یہ پارٹی کمیونزم کی ... سے بڑی دشمن ہے۔ اس کی سرگرمیوں سے ملک ابتری اور پریشانی ...

پنڈت جی نے کہا کہ میں اپنی شدید مصروفیت کے باوجود پہلے ہی سے تیار کر کے کلکتہ آیا ہوں کیونکہ میرے خیال میں بنگال ابتری کا شکار ہو رہا ہے۔ ہندوستان کے بعض دوسرے حصوں کے متعلق بھی یہی کہا جا سکتا ہے۔ جنگ کے بعد تقسیم کے بعد اور آبادی کے اضافہ نے سخت مشکل مسائل پیدا کر دیئے ہیں اس نازک مرحلہ پر اگر غلط راستہ اختیار کیا تو مستقبل میں ہمیں اسی غلط راستہ پر چلنا پڑے گا۔ اور مصائب کا مقابلہ کرنا پڑیگا۔

انہوں نے کہا کہ گزشتہ ۳۰ سال سے میں سیاسیات میں حصہ لے رہا ہوں۔ عام حالات میں ... لیکن سوال یہ ہے کہ ... دار سیاست کو کون سنبھالے گا۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ملک کے نوجوان کس طرح اپنے آپ کو کل کے کاموں کیلئے تیار کر رہے ہیں مسائل کے حل میں ہم سے غلطیاں ہو سکتی ہیں لیکن نتائج پر زیادہ وسعت نظر سے نظر ڈالنی چاہیئے۔ اس وقت ملک کو جو مسائل درپیش ہیں وہ ہندوستان کے لئے ہی مخصوص نہیں۔ تمام دنیا کو اس قسم کے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہمیں آزادی کے حصول کے فوراً بعد ہی سخت مشکل حالات کا مقابلہ کرنا پڑا۔ آپ ہماری اتنی ہی تعریف کر سکتے ہیں کہ ہم ان مشکلات سے گھبرا کر بھاگ نہیں گئے بلکہ ان کا ہم نے ... مقابلہ کیا ... ان مسائل کے حل کی کوشش کی۔

نوجوان ریوالور سمیت گرفتار کر لیا گیا

اسپیشل برانچ پولیس کے ڈپٹی کمشنر پر گولیاں چلائی گئیں

کلکتہ ۱۵ر جولائی۔ ایک نوجوان کو جو ایک بھرے ہوئے پستول کے ساتھ اس راستہ پر گھوم رہا تھا جس سے کہ پنڈت نہرو وزیر اعظم لوٹنے والے تھے۔ پولیس نے گرفتار کر لیا۔ پہلی اطلاعات کے مطابق ایک گھوڑ سوار نے اس شخص کو مشتبہ حالت میں گھومتے دیکھا اور اسے چیلنج کیا۔ اس شخص نے پولیس سوار پر گولی چلائی لیکن اس کا نشانہ خطا کھا گیا۔ پولیس سوار اس پر غالب آگیا اور اسے گرفتار کر لیا۔

بعد کی اطلاعات مظہر ہیں کہ ملزم نے اسپیشل برانچ پولیس کے ڈپٹی کمشنر پر تین فائر کئے۔ جو اس دروازہ پر ڈیوٹی پر تھا جس سے کہ جلسہ کے بعد پنڈت نہرو گزرنے والے تھے لیکن یہ گولیاں نشانہ پر نہ لگیں۔ ایک گھوڑ سوار سارجنٹ موقع پر پہنچ گیا اور پیچھے اور کراپنے ہتھیار سے ملزم پر کئی گولیاں چلائیں اور نتیجہ میں اسے ریوالور سمیت گرفتار کر لیا۔ فائرنگ سے کوئی شخص بھی زخمی نہیں ہوا (اے پی)

برطانیہ نے اپنی درآمد میں تخفیف کا اعلان کر دیا

دارالعوام میں وزیر خزانہ سر کرپس کی تقریر

لندن ۱۵ر جولائی۔ سر اسٹیفورڈ کرپس وزیر خزانہ برطانیہ نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ ۱۹۴۹-۵۰ء میں اپنی درآمد میں دس کروڑ پونڈ کی کمی کرے گا اس لئے کہ اس کے پاس ڈالروں کی کمی ہو گئی ہے۔ انہوں نے یہ اعلان برطانوی دارالعوام میں اقتصادی صورت حالات پر بحث کے دوران میں کیا۔

دولت مشترکہ کے ... اور دولت مشترکہ کے ... ممالک کے ... وزیر خزانہ کے یہ الفاظ بھی ... کہ ڈالر کی درآمد میں تخفیف کے لئے ... برطانیہ کے ... کی کمی کر دی جائیگی اور اس عرصہ میں ... بغیر کسی پابندی کے ... آ جائیں گی۔

یہ اعلان بھی کیا گیا کہ بجٹ میں جو گیارہ کروڑ پونڈ کا ... خرید ... ان میں دو کروڑ کی کمی کی جائے گی۔

وزیر خزانہ نے کہا ... سے خرید مشکل ہو گا۔ لیکن ہم کسی قیمت ... گزشتہ ... کی گئی تھی۔

مصر اور سائیبریز ئیکا کی سرحد میں تبدیلی

لندن ۱۵ر جولائی۔ بن غازی کی اطلاعات ...

ڈسٹرکٹ کا الزام

(باقی صفحہ ۴ پر)

یو پی اسمبلی میں مشترکہ جائدادوں کے ریزولیوشن پر بحث

مولانا شاہد فاخری مسٹر فخر الاسلام اور ٹھاکر پھول سنگھ کی تقاریر

لکھنؤ ۱۵ر جولائی (یو۔ پی۔ آئی) کل یو پی اسمبلی نے اگریکلچرل انکم ٹیکس بل ۱۹۴۹ء پر بحث شروع کی جس کی رو سے تنسیخ زمینداری بل کی بعض دفعات پر فوراً عمل شروع کر دیا جائے گا۔ تنسیخ زمینداری بل کل دونوں ایوانوں کی ایک منتخبہ اور مشترکہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔

اس بل میں کسانوں کے لئے یہ سہولت رکھی گئی ہے کہ اگر وہ رضاکارانہ طور پر لگان کا دس گنا پیش کر دیں تو پھر ان کو کبھی کسی بھی حالت میں بیدخل نہیں کیا جائے گا۔ اس کے بعد ان کو نصف لگان کی ادائیگی کا حق ہو گا۔ اور نصف حکومت ادا کیا کرے گی۔

ٹھاکر حکم سنگھ وزیر مال گذاری نے بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ حقیقت کو یہ ہے کہ اس بل کے پاس ہو جانے کے فوراً بعد ہی کسانوں کو وہ حقوق حاصل ہو جائیں گے جو ان کو تنسیخ زمینداری کے بعد ملتے اور تنسیخ زمینداری بل ۱۹۴۹ء پاس ہونے کے بعد ان کے درجہ کا صرف رسمی اعتبار سے اعلان کیا جائے گا۔

زمیندار پارٹی کے لیڈر راجہ جگدیش سنگھ نے کہا کہ چونکہ بل کی بعض دفعات ایسی ہیں کہ جن میں زمیندار بل سے تضاد ہے لہٰذا اس بل کو بھی مشترکہ منتخبہ کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ آپ نے کہا کہ چونکہ بل میں کسانوں کو بے دخلی سے محفوظ کرنے کا یقین دلایا گیا ہے۔ لہٰذا لگان کا وہ دس کروڑ روپیہ جو کسانوں پر واجب ہے وصول نہ ہو سکے گا۔ آپ نے معاوضہ کے متعلق پنڈت پنت کا چیلنج قبول کرتے ...

یو پی لیجسلیٹو کونسل کی کارروائی!

غیر سرکاری رزولیوشنوں پر بحث

لکھنؤ ۱۵ر جولائی (پ ۔ ٹ ۔ ا) یو پی اسمبلی نے ایک قرارداد پر بحث کی جس میں صوبائی اسمبلی سے کہا گیا تھا کہ ہندوستان میں غیر ملکی عیسائی مشنریوں کی جو املاک ہے اس کو ہندوستانی عیسائی گرجاؤں کے نام تبدیل کر دی جائے رزولیوشن میں کہا گیا ہے کہ ان کو اس کی یا اس کے کسی حصہ کی فروخت کی اجازت نہ ہو۔

رزولیوشن پیش کرتے ہوئے مسٹر جے اینڈ ولسن نے کہا کہ ہندوستان کے آزاد ہو جانے کے بعد سے غیر ملکی مشنوں نے ہندوستان میں گرجاؤں کی املاک کو فروخت کرنے بہتر گول کرنا شروع کر دیا ہے حالانکہ اس میں ہندوستانی عیسائیوں کا کافی روپیہ ہے اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ حکومت ان کی فروخت پر پابندی عائد کر کے ان کو امی ... ہندوستانی گرجاؤں کے نام منتقل کرا دے۔

اس ... کے لیڈر حافظ محمد ابراہیم نے ...

یو پی میں صنعتی صلح کے ٹوٹنے کا امکان

مزدوروں میں بےچینی اور اختلافات

یو پی کے سیاسی مصیبت زدگان کا معاملہ

لکھنؤ ۱۵ر جولائی۔ مسٹر لال بہادر شاستری یو پی کے وزیر پولیس نے کل اسمبلی کو بتایا کہ سیاسی تحریکوں میں نقصان اٹھانے والوں کو حکومت نے اب تک ... روپے دیے ہیں۔ مسٹر شاستری نے سوال کے جواب میں کہا ... ملازمتوں سے نکال دیا گیا تھا ...

... اس حادثہ پر تشویش ہے۔

چکوں میں معاوضہ دیدی گئی ہیں (اے پی)

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔ پیشاب کی نالی میں جلن ہونا گردہ کی خشانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گونولیٹس جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ لاکھوں مریض گونولیٹس کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں۔ ایک شیشی جو آپ کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیگی۔ صرف دو روپیہ چار آنے۔

مفت۔ سوزاک کے متعلق اردو میں انتہا درجہ مفید اور معلومات کتاب مفت طلب کریں۔ ... اپنے جملہ امراض میں مفت مشورہ کے لئے ہمارے ڈاکٹر ... سے خط و کتابت کریں۔ سٹاکسٹ نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP, LTD POST BOX No. 904 (A.J.) Bombay

ماہنامہ "بانو" دہلی کا

۲۷۶ صفحات کا حسن کشیدہ کاری نمبر

اور

۴۹ء کا سالنامہ

حاصل کرنے کے لئے

آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جایئے

نمونہ مفت

پتہ: صرف "بانو" دہلی

کشمیر زندہ باد — آزاد کشمیر پائندہ باد

کشمیر جنت نظیر

جس کشمیر کو آزاد کرانے کے لئے بریگیڈیئر عثمان اور کئی دوسرے جانباز ہندوستانیوں نے بھی جان کی بازی لگا دی اسی حسین سرزمین کی مکمل تاریخ ہندوستان کے مشہور قوم پرست اہل فکر ادیب منشی عبدالقدیر صاحب نے لکھی ہے۔

ضخامت ۔۔ صفحات حسین ٹائیٹل کے علاوہ نقشہ کشمیر اور بریگیڈیئر عثمان کا فوٹو بھی شامل ہے۔ قیمت صرف دو روپیہ ... آج ہی ... منگوا لیجئے ایسا نہ ہو کہ آپ کو دوسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑے۔

ملنے کا پتہ: ادارہ عالمگیر بکڈپو گلی قاسم جان ۔ دہلی

روزانہ
الجمعیۃ
دھلی
۱۷ر جولائی ۱۹۴۹ء

بنگال کی خلفشار

آخرکار ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کلکتہ پہونچ گئے اور ان پرانے رفقا سے ملے جن کے کندھوں پر اس وقت مغربی بنگال کے نظم و نسق کا بار ہے یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ آپ بنگال کیوں گئے اور آپ کے پیش نظر کیا کام ہیں سب سے بڑا کام تو یہ ہے کہ آپ بنگال کانگریس کی از سر نو تنظیم کریں، کانگریسی گروپوں کے اختلافات کا جائزہ لے کر انہیں دور فرمائیں، کلکتہ کے حالیہ انقلاب اور مسٹر بوس کی کامیابی کے لازمی نتائج کو اپنی آنکھوں سے دیکھیں کلکتہ میں جو تشدد آمیز کارروائیاں ہو رہی ہیں اور جن تخریبی عناصر کے ہاتھوں حکومت کو مشکلات پیش آ رہی ہیں ان کا اندازہ لگائیں اور کمیونزم کے خطرہ کا قریب سے مطالعہ کر کے اس کی قوت اور شدت کا اندازہ لگائیں۔ یہ سارے کام اپنی جگہ بہت اہم ہیں جن میں پنڈت جی کو دخل دے کر نجات کی کوئی راہ تلاش کرنی ہوگی۔

اگرچہ پنڈت جی کی کار پر بعض لوگوں نے پتھر اور جوتے پھینکے، اور واپس جاؤ کے نعرے لگائے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ چند لوگ کسی کونہ میں چھپے ہوئے اپنے دل کی بھڑاس نکالنا چاہتے تھے اور ان کے ساتھ عوام کو کوئی تعلق نہ تھا اگر کلکتہ کے عوام پنڈت جی کی پالیسی یا مرکزی حکومت سے ناراض ہوتے تو پتھروں کی بارش کو روکنا نہ ہوتی بلکہ سارا کلکتہ خشت باری کی مشق میں مشغول ...

کہا جاتا ہے کہ بنگال کو کمیونزم کا خطرہ ضرور ہے لیکن وہ خطرہ ایسا ہے جو شاید تین چار سال بعد پیدا ہو، فی الحال تو وہاں "بنگالیت" کی کارفرمائی ہے یعنی بنگال کے مدبرین یہ نہیں چاہتے کہ وہ غیر مشروط طور پر مرکز کے ماتحت رہیں اور ہندوستان کو آزادی ملنے کے بعد بنگال کو صوبائی آزادی نہ ملے، اب یہ خطرہ خواہ بڑا ہو یا چھوٹا حکومت کے لئے قابل توجہ ہونا چاہیئے، کیونکہ آگے چل کر یہی خطرہ بنگال کی وحدت کو بھی جنم دے سکتا ہے، یعنی مشرقی اور مغربی بنگال ایک ہوں اور ان کی وحدت ایک مستقل آزادی کی ضامن بنے!

معلوم ہوا ہے کہ بنگال کانگریس کے دو گروپوں نے پنڈت جی سے اپنے ڈھب کی باتیں کی ہیں ایک گروپ کے کانگریسی لیڈر دت نے اپنے میمورنڈم میں بتایا ہے کہ مغربی بنگال کی حکومت نااہل ہے اور وہی نظم و نسق کی ابتری کی ذمہ دار ہے، کانگریس کے متعلق کہا گیا ہے کہ اس کے بہت سے کارکن تعمیری کاموں سے ہٹ کر خودغرضی اور منافع بازی کی طرف مائل ہو گئے ہیں اور حکومت کو اس لئے برا بھلا کہا جاتا ہے کہ وہ ان کے اس طریقہ کار کی حمایت کر رہی ہے۔

... بنگال کی کانگریس اپنے معیار سے گر چکی ہے ...

... کی اصلاح ہو گئی تو یہ ایک بہت بڑا اور حیرت انگیز کارنامہ ہو گا، اگر اس کا آخری وقت آ گیا ہے تو اس پر متحیر ہونے کی بھی کوئی وجہ نہیں ہے!

... بہت سی ... پسماندگی پیدا ہوا ... زیادہ تر دخل "بنگالی ازم" کا ہے، خود مسٹر چندر بوس نے لندن میں ...

اخبارات سے

ڈاکٹر کاٹجو گورنر مغربی بنگال نے اخبارات کو نصیحت کی ہے کہ وہ بلیک مارکیٹ، خویش پروری اور ملک کی بدعنوانیوں کے خلاف زیادہ سے زیادہ لکھیں اور ملک کو ان برائیوں سے بچائیں۔ دوم یہ کہ وہ جب کسی حکومت کے متعلق اظہار خیال کریں خواہ وہ مشرقی بنگال ہو یا امریکہ اور روس تو اس بات کا خیال رکھیں کہ دوستانہ تعلقات پر کوئی حرف نہ آئے اور ان کی صرف ان باتوں کو نہ اچھالیں جن سے اختلاف ہو بلکہ ان نقاط پر بھی لکھیں جن میں کوئی برائی نہیں سوم یہ کہ وہ صحیح طریقے سے رائے عامہ کی تشکیل کریں اور عوام کی ذہنیتوں کو سدھاریں تاکہ لوگ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کریں اور انہیں معلوم ہو جائے کہ آزادی کا صحیح طریقہ استعمال کرنے کا طریقہ کیا ہے۔

یہ تینوں باتیں اپنی جگہ درست ہیں لیکن افسوس ہے کہ اخبارات اپنی ذمہ داریوں کا احساس نہیں کرتے پاکستان کے اخبارات کو اٹھا کر دیکھو تو ان میں ہندوستان کے خلاف زہر آلودہ مضامین ملیں گے، ہندوستان کے اخبارات کا جائزہ لو تو انہیں الزام تراشی، دروغ گوئی، منافرت انگیزی کے سوا کچھ نہیں ملے گا! فسادات اور ہنگاموں میں زیادہ تر دخل اخبارات کو رہا ہے ہند اور پاکستان کے تعلقات کو خراب کرنے میں دونوں طرف کے اخبارات پیش پیش ہیں، عوام کو غلط راہوں پر ڈالنے اور ان سے غلط کام نکالنے میں اخبارات ہی کو سب سے بڑا کمال حاصل رہا ہے! چاہیئے تھا کہ لوگ اخبارات کو پڑھ کر روشن خیال اور اولو العزم، انصاف پسند اور رواداری بنتے، لیکن ایسا نہیں ہوا کیا اس کی وجہ یہ تو نہیں کہ اخبار نویس خود گمراہ ہیں اور ان کی رہنمائی کی قیادت سرمایہ داروں کا طبقہ برداشت کر رہا ہے!

اچھی باتیں

هذا بصائر - تا - یوقنون (پ ۲۵ ع ۱۸)

یہ قرآن تو لوگوں کے لئے بصیرت ہے
اور اس قوم کے لئے سرتاسر رحمت اور ہدایت
جو ایقان کی دولت سے مالامال ہے۔

قرآن بصیرت ہے اور لوگوں میں بصیرت پیدا کرتا ہے قرآن کے ماننے والا کبھی بدھو اور احمق نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ کسی بدھو سے خطاب نہیں کرتا، اور جو قرآن کو پڑھے گا اس میں دانش اور تدبر پیدا ہو گا، اس کے اندر عقلی طاقتیں نشوونما پائیں گی اس کی قوت فیصلہ کو استحکام حاصل ہو گا اور اس کی فطری صلاحیتیں چمکیں گی قرآن علم اور عقل ہے ذہانت اور حکمت ہے اور اس کے پڑھنے والوں نے ہمیشہ علم کے فانوس روشن کئے ہیں اور حکمتوں کے دریا بہائے ہیں افسوس ہے کہ قرآن کا جوڑ مسلمانوں کی جہالت سے نہیں ملتا، قرآن ...

سلطان جوگ جکارتا

جب سے جوگ جکارتا میں جمہوریہ کی بحالی کے بارے میں بات چیت شروع ہوئی ہے۔ سلطان جوگ جکارتا ہامنیکو بوونو نہم کا نام انڈونیشی جنگ آزادی کی قومی تاریخ میں جس کی رہنمائی جمہوریہ انڈونیشیا کر رہی ہے بہت آ رہا ہے۔ سلطان نے جمہوریہ کے پایہ تخت جوگ جکارتا پر ولندیزی قبضہ کے بعد ولندیزیوں سے تعاون کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ سلطان کے اس انکار سے انتہا پسندوں اور اعتدال پسندوں دونوں کو بہت تعجب میں ڈال دیا تھا۔ خود ولندیزیوں اور دنیا کو اس خبر سے جو تعجب ہوا اس کا کہنا ہی کیا ہے۔ ولندیزیوں کو پایہ تخت اور سلطنت پر سنہری یا قومی حکمرانی قائم کرنے میں جو ناکامی رہی اس نے ولندیزی نوآبادیاتی عناصر کے خلاف جمہوریہ کی سیاسی جنگ میں بہت مدد دی ہے۔

سلطان ہامنیکو بونو کی عمر اس وقت ۳۶ برس کی ہے اور وہ کچھ عرصہ تک (لیڈن) یونیورسٹی کے طالب علم رہ چکے ہیں لیکن ابھی وہ اپنی تعلیم مکمل نہ کر سکے تھے کہ یورپ کی جنگ چھڑ جانے سے پہلے ان کے والد نے انہیں واپس بلا لیا۔

اپنی سلطنت کو اپنی مرضی سے جمہوریہ میں مدغم کر دیا۔ تین برس سے جب انڈونیشی انقلاب زوروں پر تھا اور دوسرے علاقوں کے جاگیردار سماجی انقلاب کا نشانہ بنا رہے تھے۔ سلطان ہامنیکو کی پوزیشن پہلے کی طرح مضبوط رہی کیونکہ وہ اپنے عوام کے ساتھ تھا کیونکہ جب سلطان نے اپنے کو انقلاب پسندوں کے ساتھ ضم کر دیا تھا۔ اور انہوں نے اس انقلاب کی رہنمائی میں خود کافی حصہ لیا۔ یہ بحیثیت سلطنت کا سب سے بڑا امتیاز ہے۔

جوگ جکارتا کی آبادی انہیں ہر طرح سے سلطان کی ہی عزت کرتے ہیں۔ یہی اس بات کی ضمانت ہے کہ جوگ جکارتا میں جمہوری حکومت کی بحالی کسی انتشار اور گڑبڑ کا باعث نہ ہو گی۔

وہ اس عرصہ میں جوگ جکارتا کے خاص علاقہ کی حکومت کے ذمہ دار ہیں۔ یہ مقامی حکومت مرکزی حکومت کی نگرانی میں کام کرتی تھی۔ سلطان مرکزی حکومت کے بھی منسٹر آف اسٹیٹ تھے۔

جاپانی دور تسلط میں بھی سلطان کا رویہ اسی طرح ناقدانہ رہا جس طرح ولندیزیوں کے زمانہ میں تھا انہیں یقین تھا کہ جاپانی دور تسلط کچھ عرصہ میں ختم ہو جائے گا۔ سلطان نے جاپانیوں کے خلاف بغاوت کرنے میں نمایاں خود حصہ لیا تھا۔

شہر کے وسط مشرقی سنگائی جوڑ Eastern Sungi ... کی زمین پر پوزیشن ... سلطان کی اخلاقی رہنمائی حاصل تھی جب ۱۷ اگست ۱۹۴۵ء کو جمہوریہ انڈونیشیا کے قیام کا اعلان ہوا تو سلطان کے ...

(انڈونیشیا - ۱۷ر جولائی سلسلہ)

آزاد لائبریری امروہہ کے متعلق

حضرت شیخ الاسلام مدظلہ کا پیغام

امروہہ ۱۳ر جولائی (بذریعہ ڈاک) حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی صدر جمعیۃ علماء ہند نے آزاد لائبریری امروہہ کے نام حسب ذیل پیغام دیا ہے۔

دیوبند ۱۲ر جون

جناب حافظ محمد یونس صاحب شہباز صدیقی ناظم آزاد لائبریری سابق مسلم اسوہ لائبریری امروہہ محلہ ... سے میں واقف ہوں اگرچہ بدقسمتی سے آج تک مجھے بہ صورت کی لائبریری دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا لیکن جناب مولانا سید فخر الاسلام صاحب اور مولانا حکیم فضل الرحمن صاحب نے اس کا معائنہ فرمایا۔ مجھے ان دونوں حضرات پر پورا اعتماد ہے اس اعتماد کی بنا پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ

یہ لائبریری امروہہ کے اطراف میں رہنے والوں کے لئے ایک بے بہا علمی خزانہ ہے۔ جس کی بقا از حد ضروری ہے۔ میں تمام ارباب ذوق میونسپل بورڈ امروہہ اور حکومت یوپی سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس لائبریری کی زیادہ سے زیادہ امداد فرمائیں۔

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ دیوبند

مذہبی تعلیم و معاشرتی اصلاح کیلئے جمعیۃ علماء کا وسیع پروگرام

اہل خیر حضرات کے تعاون سے ہی کامیاب ہو سکتا ہے

ہند یونین کے مسلمانوں سے حضرت مولانا حفظ الرحمن کی اپیل

دہلی ۱۵ جولائی

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن نے ہندوستان کے مسلمانوں کو جمعیۃ علماء ہند کی موجودہ مالی مشکلات سے باخبر کرتے ہوئے اپیل کی ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کا وسیع پروگرام جو مذہبی تعلیم معاشرتی اصلاح تہذیب و ثقافت کی حفاظت سے متعلق ہے اور جس کے لئے جمعیۃ علماء ہند بڑی سرگرمی سے کوشاں ہے اسی وقت مکمل ہو سکتا ہے جب ہند یونین کے اہل خیر مسلمان حضرات دست تعاون بڑھائیں۔

... محمد حفظ الرحمن ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند دہلی

... جمعیۃ علماء ہند ان خدمات کے سلسلہ میں اہل خیر مسلمانوں ...

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مضمون نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

میرٹھ کے افسران ڈاک متوجہ ہوں

جناب مکرم سلام مسنون

کسی زمانہ میں محکمہ ڈاک سرکاری محکموں میں سب سے ... دیانت دار خیال کیا جاتا تھا اس محکمہ میں کوئی رشوت ...

دہلی میں رمضان میں پانی کی قلت

... روزہ داروں کو بہت تکلیف ہوتی ہے ... گذارش ہے کہ ... بند ہوں اور بجلی ... جاری کریں ...

(سید احمد حسین دہلی)

چھتر پور کی شرنارتھی بستی کے لئے پانی کی فراہمی

نئی دہلی ۱۴ر جولائی۔ حکومت زراعت کی سنٹرل گراؤنڈ واٹر آرگنائزیشن نے حال ہی میں جو تحقیقی کام شروع کیا تھا۔ اس کے نتیجہ میں دہلی سے دس میل کے فاصلہ پر چھتر پور گاؤں کے قریب ... کی جگہ پر تحت الارض پانی نکل آیا ہے۔ ... اس علاقہ میں پانی نکل آنے سے ان شرنارتھی بستیوں کی ...

نماز جمعہ کے لئے چھٹی کا مطالبہ

گورکھپور (بذریعہ ڈاک) شہر گورکھپور کے کچھ اسکولوں اور ضلع کے اکثر اسکولوں میں نماز جمعہ کے لئے چھٹی نہیں ہوتی جس کی وجہ سے مسلم طلبہ آزاد و حکومت میں فریضہ نماز جمعہ کی ادائیگی سے محروم رہتے ہیں حالانکہ گورنمنٹ کی پالیسی اس کے متعلق واضح طور پر موجود ہے۔ حکام متعلقہ کے اس رویہ پر احتجاج کرنے کیلئے ... گورکھپور میں ... جولائی ... کو ایک عظیم ...

پاکستان سے آنیوالے ستر لاکھ شرنارتھیوں پر حکومت کا ۲۹ کروڑ روپیہ خرچ
صوبہ سندھ میں ابھی ڈھائی لاکھ غیر مسلم موجود ہیں

نئی دہلی ۱۵ جولائی۔ وزارت بحالیات کی مردم شماری کے مطابق مغربی پنجاب سے آئے ہوئے پچاس لاکھ شرنارتھی اس وقت ہندوستان میں رہ رہے ہیں۔ مشرقی پاکستان سے آنے والے ان شرنارتھیوں کی تعداد کا اندازہ ۱۹ لاکھ لگایا گیا ہے جو اپریل ۱۹۴۹ء کے آخر تک ہندوستان آ گئے تھے۔ تقسیم ملک کے بعد سے اب تک حکومت شرنارتھیوں پر ۲۹ کروڑ روپیہ خرچ کر چکی ہے۔ اس روپیہ میں وہ روپیہ بھی شامل ہے جو ان کے ہندوستان لانے پر خرچ کیا گیا۔

۱۹۴۹-۵۰ء کے بجٹ میں ۳۸ کروڑ اور ۲۵ لاکھ روپے کا انتظام کیا گیا ہے، اور اس میں وہ پانچ کروڑ روپیہ بھی شامل ہے جو مشرقی بنگال کے شرنارتھیوں کے لئے ہے۔ یہ شرنارتھی اس وقت مغربی بنگال، آسام وغیرہ میں ہیں۔ سرکاری اندازے کے مطابق ایک سو کیمپوں میں جو کہ حکومت ہند اور صوبائی حکومتیں چلا رہی ہیں ۲ لاکھ ۵ ہزار رفیوجی ہیں۔ ریاستوں کے اعداد حاصل کرنے مشکل ہیں لیکن اندازہ کے مطابق پاکستان میں ایک لاکھ ۱۰ ہزار شرنارتھی ہیں۔ مشرقی پاکستان سے ۵۲ ہزار شرنارتھی مغربی بنگال میں ہیں۔ ان ریاستوں اور صوبوں میں کوئی مردم شماری نہیں کی گئی۔

۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء تک حکومت ہند نے ۳ کروڑ ۲۸ لاکھ روپیہ مغربی پاکستان سے شرنارتھیوں کے بحالی پر خرچ کیا۔

ہزار غیر مسلم موجود ہیں۔

حکومت ہند نے اعلان کر دیا ہے کہ ۱۳ اکتوبر ۱۹۴۹ء کے بعد کیمپوں میں رہنے والے شرنارتھیوں کو خیرات نہیں دی جائے گی چنانچہ صوبائی حکومتوں اور ریاستوں سے کہا گیا ہے کہ وہ بے گھر لوگوں کو کیمپوں سے ہٹانے کے لئے کوئی ٹھوس کارروائی کریں۔ ہندوستان کے مختلف کیمپوں میں اس وقت ۵ ½ لاکھ شرنارتھی حکومت کی امداد پر رہ رہے ہیں۔

تیس ہزار خاندان

مشرقی بنگال کیلئے غلہ کی فراہمی اور روانگی کا انتظام
یکم نومبر تک ۰۰۰،۷۰ ٹن چاول بھیجے جائیں گے

کراچی ۱۵ جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی حکومت نے مشرقی بنگال کے لئے اناج کی فراہمی کا کام مکمل کر لیا ہے جو اناج جمع کیا گیا ہے۔ وہ مشرقی بنگال کی ضرورت سے زیادہ ہے۔ غلہ کی بروقت روانگی اور صحیح وقت پر وہاں پہونچنے کے لئے وزارت مواصلات وزارت تجارت اور وزارت خوراک نے اہم فیصلے کئے ہیں۔ مشرقی بنگال کا غلہ کا سالانہ کوٹا ۰۰۰،۴۰ ٹن ہے۔

ایٹم بم سے زیادہ خطرناک گیس تیار ہو گئی
تیسری جنگ میں یورپی تمدن ختم ہو جائیگا

لندن ۱۵ جولائی۔ امریکن اور برطانوی سائنسدانوں کے بیانات سے ظاہر ہے کہ ایٹم بم اب بیکار ہو چکا ہے۔ اگر کبھی جنگ ہوئی تو ایٹم بم سے بھی زیادہ خطرناک ہوگا۔ لارڈ ہیڈ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایسی زہریلی گیس تیار ہو سکتی ہے جس سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا کوئی علاج نہیں ہو سکتا۔

برفستان میں جنگ کی مشق

حیدرآباد کانگریس کے صدر کا انتخاب

حیدرآباد ۱۵ جولائی۔ ریاستی کانگریس کی مجلس عاملہ نئے صدر کے انتخاب کے لئے ۱۰ اکتوبر کی تاریخ مقرر کی ہے۔ آج کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے جس میں سیاسی صورت حال کے متعلق کمیٹی کی تجویز پر عمل کرنے پر غور و خوض ہوگا۔ (پ)

ماہ رواں میں احمد آباد کے تیس کارخانے بند ہو جائینگے
کارخانوں میں کام کرنیوالے پچاس ہزار مزدور بیکار ہو جائینگے

بمبئی ۱۴ جولائی۔ احمد آباد مل اونرز ایسوسی ایشن بمبئی نے ممبر منسٹر گلزاری لال نندا کو مطلع کیا ہے۔ ایسوسی ایشن نے اس ماہ کے آخر تک کپڑے بننے کے تیس ملوں کو بند کرنے کا فیصلہ کر دیا ہے۔ اس طرح پچاس ہزار مزدوروں کو بیکار ہو جانا پڑے گا۔

حیدرآباد میں ایک ایڈیٹر اور اس کے خاندان کی گرفتاری

حیدرآباد ۱۵ جولائی۔ حیدرآباد کی اسپیشل پولس نے مسٹر اختر حسن ایڈیٹر روزنامہ پیام کو گرفتار کر لیا ہے۔ یہ گرفتاری حیدرآباد پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت ہوئی ہے۔ ۱۹ جون کو حکومت نے بعض قابل اعتراض مضامین کے شائع کرنے کی بنا پر پیام کی اشاعت کو ممنوع قرار دے دیا تھا۔ پولس نے مسٹر اختر حسن کی ہمشیرہ رضیہ بیگم اور ان کے تین بھائیوں اور سالے کو گرفتار کر لیا۔ علاوہ ازیں عثمانیہ زنانہ کالج کی لیکچرار رینیت ساجدہ بیگم اور نظام کالج کے لیکچرار سید عالم کو بھی گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے ان علاقوں کا محاصرہ کر کے مکانات کی تلاشی بھی لی، اور کمیونسٹ لٹریچر برآمد کیا۔ (پ۔ٹ)

قاضی عطاء اللہ کی درخواست خارج

یوگوسلاویہ کی سرحد بند کر دی گئی

جنوبی افریقہ کا ستی زن شپ بل

موسم کا حال

یوپی میں کمیونسٹوں کی رہائی

ایٹمی بیماریوں کی دوا بھی تیار ہو گئی

دارالسلطنت
(۱۵ جولائی ۱۹۴۹ء)

ڈپٹی کمشنر کا تبادلہ نہیں ہو رہا

دہلی ایڈمنسٹریشن کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ بعض اخبارات میں شری ایم ایس رندھاوا ڈپٹی کمشنر کے تبادلہ یا ریٹائر ہونے کی جو خبریں شائع ہوئی ہیں وہ بالکل غلط اور بے بنیاد ہیں۔

راہ گیر زخمی ہو گیا

کہا جاتا ہے کہ ملک باغ کے اس دروازہ پر، جو کلاتھ مارکیٹ کی طرف ہے۔ دو آدمیوں میں لڑائی ہو گئی انہوں نے لڑائی میں سوڈے کی بوتلوں کا استعمال کیا۔ ایک بوتل ایک رکشہ چلانے والے کے لگی۔ اس کی ٹانگ میں زخم آیا۔ دونوں لڑنے والوں کو گرفتار کر لیا گیا۔

دہلی کی عدالتوں میں

دہلی میں بلا پرمٹ چاول لانے پر مسٹر ... مجسٹریٹ نے ایک شخص کو تیس روپے جرمانہ یا ایک ماہ قید سخت کی سزا دی۔

بازار چتلی قبر میں مکان گر پڑا

دہلی میونسپلٹی کی کارروائی

سوشلسٹ پارٹی کا اقدام

طلائی بالیاں چھین لیں

ارملا نام کی ایک پانچ سالہ بچی جو کشمیری گیٹ کے باہر نکلسن گارڈن میں کھیل رہی تھی کسی آدمی نے اس کی طلائی بالیاں اتار لیں۔

دریا گنج کے ایک شخص نے پولیس میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ دو آدمیوں نے امریکی اسٹور سے سستے داموں پر دلانے کا بہانا کر کے اس سے اور اس کے ایک دوست سے ۳۳ ہزار روپے حاصل کر لئے۔

ایک عورت نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اپریل میں چاندنی چوک میں اس کے مکان کے ایک کمرے پر ایک شخص نے زبردستی قبضہ کر لیا ہے۔

اردو کے ایک ہفتہ وار اخبار کے ایڈیٹر نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ان کا ایک نوکر چالیس روپے لے کر بھاگ گیا۔

فرانسیسی سائیکلسٹ کی دہلی میں آمد

فرانسیسی سائیکلسٹ ایم لیوتلی مانس جو یورپ اور مشرقی ممالک کا سائیکل پر دورہ کر کے دہلی پہنچے ہیں۔ ان کو دہلی اور لیک ایجنسی ایشین کی طرف سے ٹیک وصیت دی گئی۔ وہ پیرس سے ۱۴ نومبر کو روانہ ہوئے تھے۔ وہ اٹلی یوگوسلاویہ، یونان، ترکی، شام، لبنان اور فلسطین اردن، عراق ایران، افغانستان پاکستان ہوتے ہوئے یہاں پہنچے ہیں۔ آئندہ آگرہ ہوتے ہوئے کلکتہ روانہ ہو جائیں گے۔ کلکتہ سے رنگون جائیں گے اور وہاں سے گھنے جنگلوں سے گزرتے ہوئے ... پہنچیں گے۔ ان کی عمر ۳۸ سال ہے۔ ایک بیوی کے شوہر اور دو بچوں کے باپ ہیں۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی بازار صرافہ

دہلی کریانہ مارکٹ

دہلی غلہ مارکٹ

درجہ حرارت

گرمی سے بچنے کیلئے
شربت راحت روح
جو گرمی اور پیاس کی شدت کو مٹاتا اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے
ہمدم دواخانہ یونانی پوسٹ بکس ... دہلی

اشتہار نیلام

نیشنل اکشن مارٹ ... دریاں، قالین، ریڈیو، سائیکلیں، کپڑے، جوتے، مشینیں وغیرہ مختلف قسم کا گھریلو سامان فروخت ہوتا ہے جو صاحب اپنا فالتو سامان اچھی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں تو ہمارے خدمات حاصل کریں۔

نرخنامہ اشتہارات عید نمبر

سالم صفحہ اندرونی صفحات	۱۲۵ روپے	ٹائیٹل آخری صفحہ آرٹ پیپر	۳۵۰ روپے
نصف صفحہ	۷۰ ″	ٹائیٹل کا دوسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۵۰ ″
چوتھائی صفحہ	۴۰ ″	ٹائیٹل کا تیسرا صفحہ آرٹ پیپر	۲۰۰ ″

فی انچ تین روپے ۳/

خوشبودار تیل بنانا سیکھیں

ہر قسم کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار تیل۔ بمبئی کے مصالحے دار تیل۔ بال گھنگریالے بنانے والے مرکبات۔ بال سیاہ ... قیمت دو روپے۔

رسالہ روزگار نمبر ۵ نئی دہلی

عید کارڈ

دوکانداروں کو تاجرانہ نرخ سے ملتے ہیں۔ سارا ہندوستان اس دوکان سے مال خریدتا ہے ...

جنرل نیوز ایجنسی پبلشرز ... دہلی

مفت طلب کیجئے

ادارہ آفتاب رسالت ... دہلی

کون کہتا ہے کہ تپ دق لاعلاج مرض ہے

اسرائیل کی دن بدن بگڑتی ہوئی اقتصادی حالت

امدادی رقم ⅓ سے بھی کم رہ گئی

لندن ۱۵ جولائی۔ بیروت سے ڈیلی ٹیلیگراف کے نامہ نگار نے کہا ہے کہ یہودی ریاست کی اقتصادی حالت آئے دن خراب ہو رہی ہے اس کا مستقبل تاریک نظر آ رہا ہے۔ اسرائیل کا خزانہ ممالک غیر سے آنے والی امداد سے چلتا ہے۔ اس سال امداد کی رقم صرف ۳۸ کروڑ روپے رہ گئی ہے۔ اس نامہ نگار نے انکشاف کیا ہے کہ پہلے یہ امداد کی رقم ایک ارب تیس کروڑ تھی۔ اسی نامہ نگار نے یہ بھی لکھا ہے کہ اگر اسی طرح ریاست کے سامان کے گاہک ہو سکتے ہیں تو وہ اس کے قریب دوچار ہیں بسنے والی اقوام ہیں جن سے اس وقت دشمنوں جیسے تعلقات ہیں۔ (گلوب)

جمعیۃ علماء فرخ آباد کا مستحسن اقدام
درس قرآن کا انتظام اور تبلیغیہ کتب کا قیام

شمس آباد (بذریعہ ڈاک) شمس آباد میں ضلع جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کا ایک ہنگامی اجلاس مولانا سید ابو البیان صاحب صدر ضلع جمعیۃ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں اراکین منتظمہ کے علاوہ صوبائی دفتر کی جانب سے مولانا عبد الحمید صاحب اعظمی بھی تشریف لائے۔ مجلس منتظمہ نے بہت غور و فکر کے بعد کام کا ایک خاکہ مرتب کر کے جمعیۃ کے جملہ عہدہ داران اور تمام ممبران سے اپیل کی کہ وہ اپنی تمام سرگرمیوں کو تعمیری پروگرام کی تکمیل میں وقف کر دیں۔ اس سلسلہ میں رمضان المبارک کے مہینہ میں شمس آباد میں مولانا سید ابو البیان صاحب کی زیر نگرانی درس قرآن کا سلسلہ شروع کئے جانے کی تجویز طے ہوئی۔ درس قرآن کے سلسلہ میں ضلع کے مختلف مقامات سے جو اہل علم حضرات شرکت کریں گے ان کے قیام و طعام کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولت کا انتظام مقامی جمعیۃ کرے گی۔

دیہات میں ممبران جمعیۃ کو عام مسلمانوں کی اصلاح نماز روزہ کی پابندی کے سلسلہ میں ہدایات دی گئیں۔ تبلیغیہ کتب کا قیام رمضان شریف کے اختتام کے بعد ہوگا۔ ایک کتب تبلیغیہ کا کھلنا پر شمس آباد میں چل رہا ہے جس میں رسم الخط ہی سکھایا جاتا ہے۔

مجلس منتظمہ ایک تجویز کے ذریعہ حکیم محمد الطیب، سید محمود، ماسٹر منیر الدین اور حکیم عبد الجلیل فرخ آبادی کو امداد جمعیۃ کو بدنام کرنے اور مسلم مفاد عامہ کو نقصان پہنچانے کی وجہ سے مجلس منتظمہ کی رکنیت سے خارج کر دیا۔ مجلس منتظمہ نے تعمیری پروگرام کے سلسلہ میں کام کا نقشہ بنا کر ایک ذیلی تجویز پاس کی جس میں عام مسلمانوں اور کارکنوں کی توجہ تعمیری کاموں کی طرف دلائی گئی ہے۔

حلقوں کی تقسیم اور ان کے ذمہ دار حضرات

حلقہ نمبر ۱۔ تحصیل قائم گنج شمس آباد وغیرہ۔ متعلقہ مولوی محمد اصغر خاں، منشی حبیب اللہ خاں، ماسٹر سیف محمد علی۔

حلقہ نمبر ۲۔ تحصیل صدر کمال گنج وغیرہ۔ متعلقہ منشی گوہر علی۔ خان زادہ محمد سبحان خاں، مولانا سید ابو البیان۔

حلقہ نمبر ۳۔ تحصیل چھبرامؤ۔ متعلقہ شیخ عبد الرشید مولوی محمد ادریس۔

حلقہ نمبر ۴۔ تحصیل قنوج۔ متعلقہ منشی نیاز احمد صدیقی، مولوی بشارت علی۔

اپنے محبوب رہنما کو نہ بھولئے
ناظم سجاد لائبریری بیتیا کی اپیل

بیتیا (بذریعہ ڈاک) ناظم سجاد لائبریری حکیم حبیب الرحمن صاحب صدیقی نے اپیل کی ہے کہ محبوب رہنما حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی مسلسل ملی و دینی خدمات کا منبع اور خاص کر صوبہ بہار کے مسلمانوں پر جو گراں قدر احسانات ہیں وہ قابل فراموش نہیں۔ مگر آہ آج تک اپنے رہنما کے لئے ہم نے کیا کیا؟ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ مسلمان ان کے ہر پروگرام پر چل کر اسلام کی صحیح خدمات انجام دیتے ...

گنے کی پیداوار کی لاگت
ماہرین کی کمیٹی کا تقرر

دہلی ۱۵ جولائی۔ ہندوستان کے مختلف حصوں میں گنے اگانے کی لاگت کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کی غرض سے حکومت نے گنے کی ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کی ہے۔ اس کمیٹی کے چیرمین مسٹر ایس۔ ڈی۔ بی۔ بار اگھوڑا جا رہے ہیں۔ چار اشخاص اس ارکان کی حیثیت سے کام کریں گے۔ یہ کمیٹی گنے کی تحقیق اور نشوونما کی ترقی کے سلسلہ میں تبصرہ کرے گی۔ نیز شکر کی پیداوار کی لاگت میں تخفیف کے پیش نظر گنے کی فی ایکڑ پیداوار اور شکری اجزاء کے اضافے کے نتائج کو تیزی سے کامیاب بنانے کے لئے بھی ذرائع تجویز کرے گی۔

توقع کی جاتی ہے کہ کمیٹی اپنا تحقیق اور معلومات کا کام ختم کر کے حکومت کو تقریباً دو ماہ کے اندر رپورٹ پیش کر دے گی۔ کمیٹی اپنے دوروں میں تحقیقات کے اسٹیشنوں اور فیکٹریوں میں معائنے کے لئے جائیگی اور زبانی بیانات قلمبند کرے گی جنہیں وہ ضروری خیال کرے گی۔

مسٹر منڈل نے رمضان کے احترام میں
سگریٹ پینی ترک کر دی

کراچی (بذریعہ ڈاک) یونائٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ آنریبل مسٹر جوگندر ناتھ منڈل نے ماہ رمضان المبارک کے احترام کی ایک قابل تقلید مثال قائم کی ہے۔ مسٹر منڈل نے جو سگریٹ نوشی کے عادی تھے اپنے دفتر میں اور مسلمانوں کے سامنے سگریٹ نوشی بند کر دی ہے اور جب سے ماہ صیام شروع ہوا ہے وہ برابر ایسا کر رہے ہیں۔ مسٹر منڈل کے اس رویہ کو عام طور پر سراہا جا رہا ہے۔ (امروز کراچی)

کوچ بہار میں شرنارتھی بسائے جائینگے

دہلی ۱۵ جولائی۔ ریاست کوچ بہار کی حکومت نے مشرقی بنگال کے تقریباً دس ہزار بے خانماں لوگوں کو اپنے علاقوں میں بسانا منظور کر لیا ہے۔ اس کام کے لئے ریاست کی طرف سے دس نئے گاؤں آباد کئے جائیں گے۔ اس اسکیم کو مشتہر کرنے کے لئے حکومت ہند نے ریاستی حکومت کی درخواست پر دو سو ٹن ٹین کی چادریں اور دو سو ٹن لوہے کا خاص حصہ مقرر کیا ہے۔ ریاست نے بسنے والوں کو جو مقدار درکار ہے اس کے لئے بھی انتظام کیا ...

خوراک کی پیداوار بڑھانے کیلئے آبی ذرائع کا استعمال

آپ کہاں ہیں؟

حیدرآباد کے مہاجرین کا بیان

۱۴ ممالک میں نوے ہزار سینما گھر

لندن ۱۲ جولائی۔ سینما جرنل کا شمارہ اعداد و شمار سے چلتا ہے کہ اس کے اس کا ادارہ تازہ ترین اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ ۱۹۴۸ء کے اوائل میں ساری دنیا میں کل ۹۰،۶۹۷ سینما گھر تھے جن میں ۴ کروڑ ۹۰ لاکھ تماشائیوں کی گنجائش ہے۔ یہ اعداد و شمار کرہ ارض پر پھیلے ہوئے کل ۱۴ ممالک کے ہیں۔ گذشتہ دو سالوں میں مشرق بعید، مشرق وسطی اور جنوبی بحر الکاہل کے ممالک میں سینماؤں کی تعداد میں زبردست اضافہ ہوا۔ اندازہ لگایا ہے کہ ان علاقوں میں سینماؤں کی تعداد میں ۲۶۰ فی صدی کا اضافہ ہوا، اور نشستوں میں ۷۰،۵ فی صدی کا اضافہ ہوا۔

سینماؤں کی تعداد میں سب سے زیادہ اضافہ ہندوستان و پاکستان میں ہوا تقسیم ہند سے قبل ۱۹۴۷ء میں پورے ہندوستان میں کل ۱۶۰۵ سینما گھر تھے جن میں ۸۰۲۰۰۰ نشستوں کا انتظام تھا۔ آج ہندوستان میں کل ۱۹۲۸ سینما گھر ہیں جن میں ۱۲۷۶۲۰۰۰ نشستوں کا انتظام ہے اور پاکستان میں کل ۳۵۲ سینما گھر ہیں جن میں ۸۸۰۰۰ نشستوں کا انتظام ہے۔ مغربی ممالک میں جرمنی اور اٹلی میں سینما گھروں کی تعداد بڑھی۔ (گلوب)

انگریزی اسکولوں کے اردو فارسی
مدرسین سے اپیل

گورکھپور (بذریعہ ڈاک) ابو السلطان صاحب گورکھپوری تحریر کرتے ہیں کہ ۲۸ جون ۱۹۴۹ء کے یوپی گورنمنٹ گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ جونیر اسکولوں یعنی درجات ششم و ہفتم ... میں طلبہ جو اختیاری مضمون ...

پٹیالہ یونین کی خبریں

پٹیالہ یونین کی وزارت میں تبدیلی
حکومت کا تردیدی بیان

پٹیالہ ۱۴ جولائی۔ پٹیالہ یونین گورنمنٹ کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اخبارات کی اس اطلاع میں کوئی صداقت نہیں کہ یونین کی وزارت میں جلد ہی کوئی اہم تبدیلی ہونے والی ہے۔ (پ ٹ)

کشن گڑھ کا لسوبیدار سپرنٹنڈنٹ پولس مستقل ہو گیا!

پٹیالہ ۱۴ جولائی۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ حکومت پٹیالہ یونین نے سردار سیاست سنگھ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو قائم مقام سے مستقل کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ آپ کشن گڑھ کے بھاری بسوبیدار ہیں اور ... کے وقت اسی ضلع میں سپرنٹنڈنٹ پولس تھے۔ (اپ ن س)

کبیر پنتھی زراعت پیشہ ہو گئے

پٹیالہ ۱۴ جولائی۔ کنڈہ گھاٹ ضلع کوہستان سے اطلاع ملی ہے کہ کبیر پنتھی فرقہ کو تحصیل کنڈہ گھاٹ میں زراعت پیشہ قرار دیا گیا ہے۔ (اپ ن س)

ڈو اکالی جتھے گرفتار

پٹیالہ ۱۴ جولائی۔ کل یہاں اکالیوں کے دو جتھے مظاہرہ کرتے ہوئے گرفتار کر لئے گئے ...

ایک سرکاری افسر کے خلاف تحقیقات کا مطالبہ

پٹیالہ

اطلاع ملی ہے کہ حکومت پٹیالہ نے زمینوں کا جین بندی کا قانون ساری یونین میں نافذ کر دیا ہے۔ اس پر فوری عمل ہوگا۔ (اپ ن س)

ہفت روزہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے۔

ہفت روزہ الجمعیۃ کا شاندار
عید نمبر

اس سال یہ عدیم النظیر عید نمبر بڑی آب و تاب سے شائع کیا جا رہا ہے

ملک کے بڑے بڑے اہل علم اصحاب قلم ارباب ادب اور شعراء اس نمبر کی ترتیب میں حصہ لے رہے ہیں

پورے یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ شاندار نمبر بلند پایہ خصوصیات کے اعتبار سے اپنی نظیر آپ ہوگا، ۲۰×۳۰ سائز کے ۷۰ صفحات اور آرٹ پیپر کا رنگین ٹائیٹل

قیمت فی پرچہ آٹھ آنے

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں عید نمبر مفت پیش کیا جائے گا۔ روزنامہ الجمعیۃ کے وہ مستقل خریدار جو چندہ بھیجکر براہ راست دفتر سے اخبار منگاتے ہیں ان کو یہ نمبر نصف قیمت میں یعنی چار آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجنے پر مل سکے گا جو حضرات حفاظت کے خیال سے عید نمبر بذریعہ رجسٹری طلب فرمانا چاہیں وہ چار آنے مزید، کل آٹھ آنے منی آرڈر سے روانہ کریں۔ لفافہ میں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجئے، راستہ میں گم ہونے کا اندیشہ ہے یاد رہے کہ منی آرڈر کی فیس اور لفافہ کی قیمت میں کوئی فرق نہ پڑے گا۔ ابھی سے اپنی کاپیاں محفوظ کرا لیں بعد میں عید نمبر مہیا کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں لیجا سکتی۔

ایجنٹ صاحبان کو جتنی کاپیوں کی ضرورت ہو ۱۶ جولائی تک ضرور مطلع کر دیں جو ایجنٹ تعداد کی اطلاع نہ دیں گے ان کو عید نمبر کی اتنی ہی کاپیاں بھیجی جائیں گی جتنی کہ وہ ہفت روزہ الجمعیۃ کی منگاتے ہیں

مشتہرین نوٹ فرمالیں

۲۰ جولائی کے بعد عید نمبر کے لئے کوئی اشتہار قبول نہ کیا جائے گا۔
عید نمبر ۲۶ جولائی ۱۹۴۹ء کو شائع ہو رہا ہے۔ آج ہی اپنے مقامی ایجنٹ کو اپنے کاپی حاصل کرنے کی تاکید کر دیجئے۔ یا براہ راست آٹھ آنے بذریعہ منی آرڈر بھیج کر دفتر سے طلب کیجئے۔

منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی!

افکار پاکستان

سر فرانسس موڈی کا استعفےٰ

ہم سمجھتے ہیں کہ مرکزی حکومت نے موڈی کا استعفےٰ منظور کر کے اپنے اوپر بہت بڑی ذمہ داری عائد کر لی ہے۔ اور مسلم لیگ بھی بجائے خود اس نے ایک خوفناک موقف اختیار کر دی گئی ہے۔ مسلم لیگ کا مطالبہ تھا کہ پنجاب کا گورنر کوئی مسلمان ہو لیکن بہرحال جب سے پنجاب کا گورنر یقیناً مسلمان ہوگا مسلم لیگ کا مطالبہ تھا کہ گورنر کے مشیر مقرر ہونے چاہئیں۔ مرکزی حکومت نے اس مطالبہ کو تسلیم کر لیا ہے۔ لیکن یہ مطالبہ اس وقت کیلئے موزوں تھا جبکہ اس صوبہ کا گورنر کوئی انگریز تھا۔ چونکہ اب کوئی انگریز گورنر نہیں ہوگا اس لئے مسلمان گورنر کے ساتھ مشیر دل کا تقرر غیر ضروری ہے مسلم لیگ بھی اب مشیروں کے تقرر پر زور نہیں دے گی۔ کیونکہ انگریز گورنر سے پنجاب کو نقصان پہنچنے کا جو اندیشہ تھا وہ دور ہو گیا ہے اس کے بجائے اب توقع ہے کہ مسلم لیگ نئے انتخابات کا جلد از جلد مطالبہ کرے گی "اگر صوبے کو ۹۲ الف کی لعنت سے نجات مل جائے۔ ہم پہلے بھی اپنے مسلم لیگی دوستوں کو یہ مشورہ دے رہے تھے کہ وہ اگر سر فرانسس موڈی سے نجات پانا چاہتے ہیں تو انہیں صوبہ میں نئے انتخابات کا مطالبہ کرنا چاہئے۔ لیکن لیگی دوستوں کے نزدیک کسی جمہوری اور عوامی حکومت کا قیام اتنا ضروری نہیں تھا جتنا کہ موڈی کی برطرفی اور مشیروں کے تقرر کا۔

ہمارے نزدیک پنجاب کے سیاسی انتشار کا حل نئے انتخابات ہیں اس لئے اس کی ضرورت نہیں ہے کہ گورنر کے ساتھ خواہ مخواہ مشیروں کی ایک ٹولی مقرر کر دی جائے۔ مشیروں کا تقرر تو مرکزی حکومت نے اس لئے منظور کیا تھا کہ انتخابات کو وہ ٹالنا چاہتی تھی۔ اور گورنری راج کے احساس کو کم کرنے کے لئے ضروری تھا کہ گورنر کیساتھ کچھ مشیر رکھ دیئے جائیں جنہیں وزیروں جتنے اختیارات حاصل ہوں۔ اب نہ گورنر انگریز ہے اور نہ مسلم لیگ کو مشیروں پر اصرار ہے۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ نئے انتخابات جلد از جلد کرائے جائیں۔ اور صوبے کو ایک عوامی حکومت کے حوالے کر دیا جائے۔

(تسنیم لاہور ۱۳ جولائی ۱۹۴۹ء)

اور پھر حکومت کا دنیا داروں کی بدعنوانیوں سے تحفظ سے نکال کر عام بحرین کر دے۔ اس طرح قوت کا ذریعہ جو چند ابو تے ہیں مختار کار کے ہاتھوں چھنتا ہوتا ہے۔ سندھ جو برصغیر پاکستان و ہند میں سب سے پہلے دار الاسلام بنا اور الحمد للہ کہ اب تک دار الاسلام ہی ہے وہ ان مختار کاروں کے ہاتھوں مہاجرین اور انصار کے لئے جہنم بنا ہوا ہے۔ اور سوائے اندھیرے کے انھیں کچھ نظر نہیں آتا۔ (ڈان ۱۰ جولائی ۱۹۴۹ء)

گورنر کا استعفےٰ

تازہ اطلاع یہ ہے کہ مرکزی حکومت نے سر فرانسس موڈی کا استعفےٰ منظور کر لیا ہے اور مرکزی حکومت جس نے آج سے ساڑھے پانچ ماہ پہلے مغربی پنجاب کو چوروں کی ٹولی کے اقتدار سے نجات دلانے کے لئے دفعہ ۹۲ الف نافذ کی تھی صوبہ کو نیا گورنر دینے والی جو ذمہ دار ہونے کے بجائے پاکستانی ہوگا اور ان غیر ذمہ دار مشیروں کیساتھ خلاف تعاون کریگا جنہیں مولینا عبد الباری نامزد کریں گے اور جو اختیار وزیروں کی طرح کام کریں گے۔ لیکن کسی سامنے جواب دہ نہ ہوں گے۔

سوال یہ ہے کہ کیا مرکزی حکومت نے چوروں کی اس ٹولی کے سامنے ہتھیار ڈالدیئے ہیں جس کی اندھی لوٹ سے نجات دلانے کے لئے اس نے صوبہ میں دفعہ ۹۲ الف نافذ کی تھی اور اپنے عمل سے اس کا اعتراف کر لیا ہے کہ اس نے ... استعمال کر رہے تھے "نجات دلانے کے لئے جو قدم اٹھایا تھا وہ سراسر غلط تھا۔

مرکزی حکومت نے سر فرانسس موڈی کو دفعہ ۹۲ الف نافذ کر کے خاص حکومتی مشن تفویض کیا تھا اور وہ مشن یہ تھا کہ صوبہ کی سیاسی زندگی کو ان خود غرض عناصر سے پاک کیا جائے جنہوں نے ذاتی اغراض کے لئے اپنے اختیارات و مناصب کا ناروا استعمال کیا اور نظم و نسق کی اس مشینری کو بہتر طریق سے چالو کیا جائے جو وزارتی دور کی بدعنوانیوں سے نہایت ہی ابتر حالت اختیار کر چکی تھی۔ نیز صوبہ میں آئندہ انتخابات کا بہتر سے بہتر انتظام کیا جائے۔ سوال یہ ہے کہ اب جو مرکزی حکومت سر فرانسس موڈی کا استعفےٰ منظور کر رہی ہے تو کیا وہ یہ سمجھنے لگی ہے کہ صوبہ کو مذکورہ صدر مقاصد کے حصول کی ضرورت نہیں۔

گورنر دوامی نہیں ہوتے تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اور ہوتے رہنے چاہئیں لیکن جن حالات میں اور جس طریق سے اور جیسے لوگوں کے کہنے پر مغربی پنجاب کا یہ گورنر تبدیل ہو رہا ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ مرکزی حکومت صوبہ کے حالات کے متعلق اپنا زاویہ نگاہ ہی تبدیل کر لیا ہے جیسے وہ اس صوبہ کو بددیانت اور خود غرض عناصر کے پنجہ اقتدار سے نجات دلانے کی متمنی تھی۔ اب اس نے عزم کر لیا ہے کہ ان ہی عناصر کو صوبہ میں اور مرکز میں برسر اقتدار لانے میں پوری پوری کوشش کی جائے گی۔

گورنر موڈی خیانت کاروں کے اعمال کی تحقیقات کر رہا تھا۔ گورنر موڈی کے زیر ہدایت پولیس کا خاص محکمہ خطاکاروں کے اعمال کی جانچ پڑتال کر رہا تھا کہ ان پر مقدمے چلائے ...

سندھ کی آبادکاری

مہاجرین جہاں بھی آباد ہوئے وہاں کے عوام نے ان کا خیر مقدم کیا اور ان کے ساتھ محبت اور اسلامی اخوت کا مظاہرہ کیا۔ تقریباً ہر جگہ مہاجرین اور انصار کی اجتماعی جمعیتیں بن گئیں۔ یہ چیز بڑے زمینداروں کے لئے موجب پریشانی ہوئی۔ چنانچہ انھوں نے اپنے سفلی مقاصد کیلئے ان جمعیتوں میں پراگندگی پیدا کرنے کی پوری پوری کوشش کی سندھی عوام میں ساکھ اور متوازی انجمنیں قائم کیں۔ ان جمعیتوں کو دل کھول کر چندے دیئے۔ اور اس کوشش میں مصروف ہوئے کہ مہاجرین اور سندھی عوام میں اختلاف اور منافرت پھیل جائے۔ ہمیں افسوس ہے کہ اس سلسلہ میں بعض بہت بڑی بڑی ہستیوں کے نام ہیں۔ گویا فتنہ کی اصل جڑ زمیندار ہیں۔ یہ لوگ اپنے روپے اور رسوخ سے کام لیتے ہیں۔ سرکاری ملازموں کو در غلاتے ہیں اور انھیں لالچ دیکر حکومت کے منصوبوں کے خلاف عمل کرنے ...

لاہور میں بچوں کا اغوا

کوہاٹی لڑکیوں کے لئے ... رقم کی منظوری

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۸ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۶۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت اختتام سحر	وقت افطار
ہفتہ ۱۸ ر رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۶ منٹ
اتوار ۱۹ ر رمضان المبارک	۴ بجکر ۵۵ منٹ	۷ بجکر ۲۶ منٹ
پیر ۲۰ ر "	۴ بجکر [illegible] منٹ	۷ بجکر ۲۵ منٹ
منگل ۲۱ ر "	۴ بجکر [illegible] منٹ	۷ بجکر ۲۴ منٹ

چین کے تیس فی صدی علاقے پر کمیونسٹوں کا قبضہ

سان فرانسسکو ۱۷ جولائی۔ چین کی کمیونسٹ فوج نے اعلان کیا ہے کہ چین کی خانہ جنگی کے تین سالوں میں چین کے قوم پرستوں کو ۵۶۹۱۴۰۰ اشخاص کا نقصان برداشت کرنا پڑا ہے۔ یہ خبر پیکنگ ریڈیو سے سنی گئی ہے۔ ان میں ۷۰ فی صدی جنگی قیدی ہیں ۲۰ فی صدی مرنے اور زخمی ہونے والے ہیں بارہ فی صدی وہ ہیں جو بھاگ گئے۔ جون کے آخر تک کمیونسٹوں نے چین کے ۳۰ فی صدی پر قبضہ کر لیا۔ اس علاقہ کی آبادی ۲۸ کروڑ ہے یہ چین کی کل آبادی کا ۵۰ فی صدی ہے۔ (رپٹ مائنز)

پٹیالہ کے کوچہ و بازار میں پانی ہی پانی، تار گھر غرقاب، لوگ بھاگنے لگے

انخلا کا کام کرنے کیلئے تین سو ٹرک اور لاریاں پہونچ گئیں

گاڑیوں کی آمد و رفت بند ریلوے لائن ٹوٹ گئی

خطرناک بادل ابھی تک موجود ہیں۔ امداد کیلئے فوج بلا لی گئی

پٹیالہ ۱۶ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ گزشتہ ۲۴ گھنٹے کے اندر پٹیالہ شہر کے نواح میں پانی کی سطح ڈیڑھ فیٹ کم ہو گئی ہے لیکن بہت سے بازاروں میں سیلاب کا پانی برابر چلا آ رہا ہے اور حکام کے خیال کے مطابق خطرہ ابھی تک بدستور ہے۔

ریلوے کالونی زیر آب

پٹیالہ ریلوے اسٹیشن کی تمام ریلوے کالونی زیر آب ہے اور بعض جگہ پانی کی سطح چھ فیٹ سے آٹھ فیٹ تک ہے۔ [illegible]

اس وقت پورے شہر میں پانی بھرا ہوا ہے، اور آسمان پر گھنے بادل ابھی تک چھائے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے پٹیالہ شہر کے لوگ سخت مصیبت میں پھنس گئے ہیں۔ تین سو ٹرک اور لاریاں پہونچ گئی ہیں جنہیں خاص خاص ناکوں پر لگا دیا گیا ہے تاکہ اگر ضرورت پڑے تو فوری طور پر شہر کے آدمیوں کو نکالا جا سکے۔ اس وقت تک پانچ ہزار اشخاص شہر چھوڑ کر بھاگ چکے ہیں۔

معلوم ہوا ہے سب سے زیادہ نقصان شرنارتھیوں کو پہونچا ہے [illegible]

چین میں سیلاب کی تباہکاریاں

کینٹن ۱۷ جولائی۔ جنوبی چین میں زبردست سیلاب آیا ہوا ہے۔ اس کی حالت ابھی تک خراب ہے لیکن [illegible] کم ہو رہا ہے۔ ایک غیر ملکی ذریعے سے اطلاع ملی ہے [illegible] (رائٹر)

عراقی پٹرولیم کمپنی کی لائن

عمان ۱۶ جولائی۔ مملکت شرق اردن نے قاہرہ اور دمشق کی ان اطلاعات کی تردید کی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ عراقی پٹرولیم کمپنی کی پائپ لائن کو شرق اردن میں کاٹ دیا گیا ہے۔ (رپٹ)

امریکہ کے فوجی بجٹ میں کمی

واشنگٹن ۱۶ جولائی۔ امریکہ کی سینیٹ کے ممبر آج اس بات پر متفق ہو گئے کہ سال رواں میں فوجی اخراجات کے بجٹ میں ایک ارب ۴۲ کروڑ ڈالر کی کمی کر دی جائے۔ (رائٹر)

اسرائیل میں جاکر پھر آباد ہونے والے پناہ گزینوں کا پہلا دستہ

بیت المقدس ۱۷ جولائی۔ [illegible] (رپٹ رائٹر)

امریکہ برطانیہ کو ایٹم بم بنانے کے راز سے مطلع کرنے لگا

صدر ٹرومین کی قیامگاہ پر خفیہ جلسہ۔ مبصرین کی قیاس آرائیاں

واشنگٹن ۱۶ جولائی۔ امریکہ کا برطانیہ کو ایٹم بم کی تیاری کے بارے میں معلومات فراہم کرنے سے پہلے اس مقصد کیلئے کانگریس کی منظوری حاصل کرنی ضروری ہے۔ [illegible]

ہندو مہاسبھا پر سے پابندی نہیں ہٹے گی

وزیر اعظم مدھیہ بھارت کا بیان

[illegible]

ہوائی حادثہ میں ہلاک ہونے والے بمبئی میں سپرد خاک کئے گئے

[illegible]

کانگریس اور اکالیوں میں سمجھوتہ کی کوئی بات چیت نہیں ہوئی

امرتسر ۱۶ جولائی۔ [illegible]

کمیونسٹوں کی کامیابی

کئی شہروں پر قبضہ کر لیا

سان فرانسسکو ۱۶ جولائی۔ [illegible]

آج کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس شروع ہو جائے گا

صوبہ جات کی بگڑی ہوئی انتظامی اور سیاسی صورت حالات زیر بحث آئیگی

نئی دہلی ۱۷ جولائی۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے [illegible]

تمام غیر ملکی باشندے ہانکو میں صحیح سلامت موجود ہیں

کینٹن ۱۷ جولائی۔ [illegible]

برطانیہ نے افغانستان اور پاکستان کے جھگڑے میں دلچسپی لینی شروع کر دی

سفیر افغانستان اور مسٹر غلام محمد کی بیون سے ملاقاتیں

لندن ۱۶ جولائی۔ گذشتہ شب افغانستان کے سفیر سردار فیض محمد ذکریا خاں نے برطانوی دفتر خارجہ میں وزیر خارجہ مسٹر بیون سے ملاقات کی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ ملاقات افغان پاکستان سرحد کے تنازعہ کے بارے میں ہے جو اس وقت دونوں حکومتوں کے مابین چل رہا ہے۔ دونوں حکومتیں ان قبائلی علاقوں پر اپنے حق کا دعویٰ کرتی ہیں جو ڈیورنڈ لائن سے پاکستان کی طرف واقع ہیں۔

مسٹر غلام محمد کی ملاقات

دولت مشترکہ کے وزرائے خزانہ کی گفت و شنید کے بعد کل پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے بھی برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون سے ملاقات کی۔ [illegible]

ملایا میں ڈاکوؤں کے حملے بڑھ گئے

کوالالمپور ۱۶ جولائی۔ [illegible]

سزائے موت عمر قید سے بدل گئی

پیرس ۱۶ جولائی۔ [illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۰ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
Delhi-17-7-49

اردو رسم الخط کو ثانوی حیثیت سے قائم رکھا جائے

مہاتما گاندھی بھی دونوں رسم الخطوں کے حامی تھے

قوم پرور مسلمانوں کی دستور ساز اسمبلی کے ممبروں سے اپیل

دہلی ۱۵ جولائی۔ ۱۱ قوم پرست مسلمانوں نے جن میں خواجہ عبدالمجید (علی گڑھ)، مسٹر فخرالدین علی احمد (شیلانگ)، ڈاکٹر ذاکر حسین (دہلی) [illegible] دستور ساز اسمبلی کے ممبروں سے اپیل کی ہے کہ [illegible] اردو رسم الخط کو ثانوی حیثیت سے قائم رکھا جائے۔ [illegible]

کلکتہ میں پنڈت نہرو کی تقریر

(صفحہ ۸ سے آگے)

[illegible]

خوراک کا مسئلہ

[illegible]

چیانگ کائی شیک فارموسا سے کینٹن پہونچ گئے

بہت جلد ایک سپریم کونسل بنائیں گے

آخر وقت تک لڑنے کیلئے چینی وزیر اعظم کا اعلان

کینٹن ۱۵ جولائی۔ چینی حکومت کے وزیر اعظم مارشل ین شی شان نے اعلان کیا ہے کہ جنرلسمو چیانگ کائی شیک جو حال ہی میں فارموسا سے کل یہاں پہونچے ہیں ایک سپریم پولیٹیکل کونسل کی حکومت میں لائیں گے جس کے اجلاس آئندہ چند روز کے اندر اندر شروع ہو جائیں گے۔ [illegible]

روانگی کے وقت وزیر اعظم کا پیغام

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

چیانگ کائی شیک کی آمد

[illegible]

کشمیر میں دریائے کشن گنگا پر کنٹرول کا مسئلہ

کراچی کی فوجی کانفرنس میں زیر بحث آئے گا

نئی دہلی ۱۴ جولائی۔ یقین کیا جاتا ہے کہ کراچی کی فوجی کانفرنس میں شمال مغربی کشمیر کے دریائے کشن گنگا کے کنٹرول کے مسئلہ پر بھی غور کیا جائے گا۔ [illegible]

مسلح آدمیوں کا دلیرانہ ڈاکہ

ڈھائی لاکھ روپے کے مال کی لوٹ

[illegible]

بنارس و کوچ بہار کی ریاستیں بھی ختم ہونے لگیں

حکمرانوں کو نئی دہلی میں طلب کر لیا گیا

نئی دہلی ۱۸ جولائی۔ [illegible]

سکھوں اور غیر سکھوں کا تصادم

سکھوں کے خلاف نعرے۔ سات زخمی

[illegible]

امریکہ اسپین کو قرض دیگا

۵ کروڑ ڈالر دینے کی تجویز

واشنگٹن ۱۵ جولائی۔ [illegible]

بڑودہ میں شرنارتھیوں کی گرفتاری

[illegible]

اڑیسہ میں ۲۵ ہزار شرنارتھی بسیں گے

[illegible]

ملایا میں مہاتما گاندھی یادگار اسکول

[illegible]

۱۸ سال کے بچہ کی تلاش

[illegible]

روپیہ بچائیں
نئے کپڑے خریدنے کی بجائے اپنے پرانوں کو ہم سے مثل نیا بنوائیں
موڈرن کلینرز
(جدید طریقوں سے دھلائی رنگائی کرنے والے)
برانچ چاندنی چوک نزد ڈاک خانہ کوڈیہ پل دہلی

نمونہ مفت
ہر دلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت اور پان کھلاتے وقت
قیمت فی شیشی ۸ عر علاوہ محصول ڈاک
وکٹن کیمیکل کمپنی [illegible] سہارنپور یو۔ پی

تسلی نہ ہو تو
ٹھیکہ پر علاج کراؤ
خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی
مشورہ مفت

چین میں نیشنلسٹوں نے شنگھائی کے جنوب میں فوجیں اتار دیں

متعدد مقامات پر جارحانہ اقدام اور بہت سے شہروں پر قبضہ

کمیونسٹوں کی بھی پانچ فوجیں میدان میں آگئیں

ہانگ کانگ ۱۷ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ چین کی نیشنلسٹ فوجوں نے کمیونسٹوں کے ساتھ جنگ میں کئی جگہ پہل اپنے ہاتھ میں لے لی ہے [illegible] چینی نیشنلسٹ کا سمندری راستہ [illegible] فوجیں اتاری ہیں [illegible] کمیونسٹوں نے ان [illegible]

تو معلوم ہوا ہے [illegible] نیشنلسٹ ہانگ کانگ [illegible] کمیونسٹوں کے ساتھ [illegible]

کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

اس کے ساتھ ساتھ ان چانگ کے شہر کیانگسی کے جنوب [illegible] پانچ کمیونسٹ فوجیں کارروائی کر رہی ہیں [illegible] کمیونسٹوں کا دریں جانا [illegible] نیشنلسٹوں کی [illegible] کمیونسٹ جنوبی چین پر قبضہ کرنے کے لئے کسی وقت بھی اقدام کر سکتے ہیں (رپٹ راٹر)

ملایا سب سے زیادہ ڈالر کماتا ہے

لندن ۱۷ جولائی۔ [illegible] شکایت کی ہے کہ دولت مشترکہ کے ممالک میں سب سے زیادہ ڈالر ملایا کماتا ہے لیکن [illegible] ڈالر کانفرنس میں [illegible] زیادہ امریکی ڈالر کمانے والے ملک کو کانفرنس میں مناسب نمائندگی نہیں دی گئی ہے [illegible] مستقبل میں [illegible] دولت مشترکہ کے [illegible] ملایا کا ہے۔ (رائٹر)

جبرالٹر میں خشک سالی

جہازوں کے ذریعہ پانی پہنچایا جائے گا

لندن ۱۷ جولائی۔ جبرالٹر شدید خشک سالی کا سامنا کر رہا ہے [illegible] جہازوں کے ذریعہ [illegible] گیلن پانی پہنچایا جائے گا [illegible] جبرالٹر بارش کا پانی استعمال کرتا ہے۔ (رائٹر)

حکومت سیلون کا نیا اقدام

کولمبو ۱۷ جولائی۔ [illegible]

پیرک کے قریب محصور ڈاکو

مسلسل ۴۸ گھنٹے بمباری کی گئی

سنگاپور ۱۷ جولائی۔ [illegible] پیرک میں ایک گاؤں [illegible] ڈاکوؤں کے [illegible] ۴۸ گھنٹے [illegible]

ایک گونڈوانا صوبہ بھی بنایا جائے

آدی باسی مہا منڈل کا مطالبہ

ناگپور ۱۷ جولائی۔ [illegible]

دو سو اینگلو انڈینوں کی روانگی

بمبئی ۱۶ جولائی۔ تقریباً دو سو اینگلو انڈین مرد، عورت اور بچے کل صبح جہاز [illegible] سے برطانیہ روانہ ہوئے [illegible] مستقل طور پر وہیں بس گئے۔ (رپٹ)

راجستھان پاکستان سرحد کے حادثات

روک تھام کے لئے حکومت راجستھان کی اپیل

جے پور ۱۷ جولائی۔ (پی ٹی آئی) راجستھان کے انسپکٹر جنرل پولیس مسٹر گھنشیام [illegible] نے [illegible] راجستھان یونین [illegible] ایک اسکیم پیش کی ہے جس سے راجستھان پاکستان کے سرحدی حادثات کو روکا جا سکے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ اس اسکیم میں سرحد پر پولیس کی چوکیوں کا قیام اور مسلح پولیس کی تعداد میں اضافہ شامل ہے [illegible]

راجستھان یونین کی مغربی پاکستان سے سات سو میل لمبی سرحد ملتی ہے [illegible]

پوربی پنجاب کے گورنر نے متروکہ جائداد کا آرڈیننس جاری کر دیا

شملہ ۱۷ جولائی۔ پوربی پنجاب کے گورنر سر چندو لال ترویدی نے ایک آرڈیننس نافذ کیا ہے جس کی غرض وغایت مشرقی پنجاب میں جائداد کا انتظام کرنا ہے [illegible]

لاہور کے تار گھروں میں

آہستہ کام کرنے کا اسٹرائک جاری رہے گا

لاہور ۱۶ جولائی۔ [illegible]

فصلوں پر ایٹمی شعاعوں کا اثر!

نیویارک ۱۶ جولائی۔ [illegible]

کچھ میں پٹرول کا ذخیرہ

تحقیقات کرنے والوں کی پارٹی دورہ کرے گی

احمد آباد ۱۶ جولائی۔ حکومت سندھ کے وزیر [illegible] کچھ [illegible] پٹرول کے ذخیروں کا پتہ لگانے کے لئے تحقیقات کرنے والوں کی ایک پارٹی بھیجی جائے گی۔ [illegible]

کامیابی کے لئے روسی امداد ضروری ہے

ماؤسی تنگ کا بیان

[illegible] ۱۶ جولائی۔ [illegible]

پٹسن کی پیداوار میں اضافہ

کلکتہ ۱۷ جولائی۔ [illegible] ۱۹۴۹ء [illegible]

مفت طلب کیجئے

[illegible] ادارۂ آفتاب [illegible] دہلی

برطانوی فوجی کی ہلاکت

ٹریسٹ ۱۶ جولائی۔ [illegible] برطانوی فوجی کی لاش [illegible]

عدالتی زبان انگریزی رہے

ناگپور بار ایسوسی ایشن کا مطالبہ

ناگپور ۱۶ جولائی۔ ناگپور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ عدالتی زبان انگریزی ہی کو باقی رکھا جائے [illegible]

لاہور میں بد اعنوانیوں کے خلاف مہم

لاہور ۱۶ جولائی۔ [illegible] صوبائی حکومت نے لاہور کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو حکم دیا ہے [illegible]

کراچی میں سخت بارش

پچاس ہزار اشخاص کو مصیبت کا سامنا

کراچی ۱۶ جولائی۔ [illegible]

ہندوستان بطور عالمی طاقت

ایک امریکی رسالہ کا مقالہ

لندن ۱۷ جولائی۔ [illegible]

۱/۴ لاکھ آدمی بے ٹکٹ سفر کرتے ہیں

لاہور ۱۶ جولائی۔ [illegible]

صوبہ سی پی کی غذائی حالت

ناگپور ۱۶ جولائی۔ [illegible]

ضلع مرزاپور میں تین ہزار بیاروں نے ایک زمیندار کو لوٹ لیا

چھپر کے مکانوں کو آگ لگا دی۔ ایک ہلاک چھ زخمی دو سو گرفتار

بنارس ۱۶ جولائی۔ (پی ٹی آئی) ضلع مرزاپور میں ۲۴ جون کو مزدور کسانوں اور زمینداروں کے درمیان جو تصادم ہوا تھا اس میں دو سو اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔ یہ تصادم [illegible] ضلع مرزاپور میں ہوا تھا۔

یہاں سرکاری طور پر جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ اس تصادم میں ۱۶ اشخاص زخمی، اور ایک ہلاک ہوا تھا۔ تین ہزار بیاروں (جو کہ نیچ ذات کے کھیتوں پر کام کرنے والے ہوتے ہیں) کے ایک ہجوم نے حملہ کر کے ایک لاکھ روپے کی مالیت کا سامان لوٹ لیا تھا [illegible] چھپر کے چالیس مکانوں کو بھی آگ لگا دی [illegible]

[illegible]

پیپنگ سے شنگھائی تک

ریلوے سروس شروع ہو گئی

لندن ۱۶ جولائی۔ [illegible] کی اطلاع کے مطابق ایک ریل گاڑی پیپنگ سے شنگھائی پہنچ گئی ہے [illegible] (رپٹ راٹر)

یوپی کے رسوائے عالم ڈاکو بیہڑے کی گرفتاری کے لئے پانچ ہزار کا انعام

لکھنؤ ۱۶ جولائی۔ بیہڑے نامی ایک شخص کی جو چالیس آدمیوں کا قاتل اور سو ڈکیتیوں کا ذمہ دار بتایا جاتا ہے، حکومت یوپی کو زبردست تلاش ہے۔ جو شخص اس کے متعلق اطلاع دے گا، اس کو پانچ ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔

بیہڑے گیر ند سنگھ نامی ڈاکو کا چیف اسسٹنٹ ہے۔ [illegible]

حال ہی میں اس نے اپنے استاد گیر ند سنگھ کی موت کا انتقام لینا چاہا [illegible]

بیہڑے امیر قوم سے تعلق رکھتا ہے [illegible]

بہار میں سیمنٹ کنٹرول آرڈر کا اجرا

پٹنہ ۱۷ جولائی۔ حکومت بہار کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ سیمنٹ کنٹرول آرڈر کے مطابق [illegible] (رپٹ)

فوجی افسر پر حملہ کا مقدمہ

چار سال قید بامشقت کی سزا

لکھنؤ ۱۶ جولائی۔ [illegible]

مغربی پنجاب میں زبردست بیکاری

شیخ صادق حسن کی اپیل

لاہور ۱۶ جولائی۔ شیخ صادق حسن [illegible]

یوپی کانگریس اسمبلی پارٹی میں گروہ بندی

پنڈت پنت کا اظہار افسوس

لکھنؤ ۱۵ جولائی۔ [illegible]

کاٹن کی لائسنس کی درخواست نامنظور

لندن ۱۶ جولائی۔ [illegible]

اگر ہو دیکھنا مسکو نرالی شان کا ہوٹل
تو دہلی آؤ اور دیکھو صنوبر خان کا ہوٹل
قیام کے لئے بہترین آرام دہ اور ہوا دار کمرے
طعام کا نہایت عمدہ اور آپ کی پسند کے مطابق معقول انتظام
دہلی کی گرمی
مسافروں کیلئے بیحد پریشانی و تکلیف کا سبب ہوتی ہے۔ صنوبر ہوٹل میں قیام کر کے آپ کو ہر طرح کی تکلیف سے بچائے گا۔
منیجر صنوبر ہوٹل فراشخانہ دہلی

ضرورت ہے۔ تین سو روپیہ ماہوار کمائیے
[illegible]
پیرا ماونٹ ٹریڈرز [illegible] ریاست رامپور

نرخنامہ اشتہارات عید نمبر
[illegible] ۲۵۰ روپے — سالم صفحہ اندرونی صفحات ۱۲۵ روپے
[illegible]
فی انچ فی کالم تین روپیہ
منیجر صیغہ اشتہارات الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی
۱۸ جولائی ۱۹۴۹ء

قومی زبان کا مسئلہ

کہا جاتا ہے کہ ہندوستان کی قومی زبان اور اور قومی تہذیب ایک ہونی چاہئے کیونکہ دو زبانوں اور دو تہذیبوں سے دو قومی نظریہ کو تقویت ملتی ہے اور دوئی سے مختلف طبقات دو قوموں میں تقسیم ہو جاتے ہیں، اگر ایک زبان سے مراد.... ہندوستان کی مشترک زبان اور دوسری زبان سے مراد باہر کی کوئی غیر ملکی زبان ہوتی تو اس ارشاد کو تسلیم کرنے میں ہرگز تامل نہ ہوتا کہ ملک کی مشترک زبان ہی کو قومی زبان کا درجہ حاصل ہونا چاہئے لیکن مصیبت یہ ہے کہ قومی زبان سے مراد ایک خاص گروہ کی زبان لی جاتی ہے اور دوسری زبان کو جو درحقیقت ہمیشہ سے ملک کی مشترک زبان رہی ہے، اجنبی، غیر قومی، غیر سرکاری قرار دیا جاتا ہے! زبان کی اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ ہندی زبان فارسی زبان کے مقابلہ پر تھی اور اردو زبان کو ہندی اور فارسی دونوں کا نعم البدل سمجھ کر قبول کیا گیا یعنی جس طرح ہندی ایک مخصوص فرقہ کی زبان ہے اسی طرح فارسی بھی ایک مخصوص گروہ کی زبان ہے قومی زبان نہ وہ ہو سکتی ہے نہ یہ اردو چونکہ ہندو مسلمانوں کی مشترک زبان ہے اور ہندی اور فارسی کا نعم البدل اس لئے اس کو قومی اور سرکاری زبان ہونا چاہئے، لیکن ایک طبقہ نے مصالحت اور رواداری کے خیال سے تسلیم کر لیا کہ چونکہ فارسی تو غیر ملکی زبان ٹھہری، مگر ہم ہندی کو قومی زبان تسلیم کئے لیتے ہیں، البتہ اردو زبان سو اس کے متعلق تو کوئی جھگڑا ہی نہ ہونا چاہئے کیونکہ وہ دونوں کے نزدیک ملک کی مشترک اور قومی زبان ہے اس مصالحت اور رواداری کا جواب اس طرح دیا گیا کہ جس طرح فارسی غیر قومی زبان ہے، اردو بھی غیر قومی زبان ہے، قومی زبان صرف ہندی ہے جو ناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے اور جب کہا گیا کہ یہ کیا بے انصافی ہے کہ ہندی کو تو قومی زبان تسلیم کر لیا گیا لیکن اردو کی وہ حیثیت تسلیم نہیں کی گئی حالانکہ اردو ہی ہمیشہ سے ملک کی مشترک زبان رہی ہے تو ٹنڈن جی جیسے حضرات نے جواب دیا کہ ہندی کے ساتھ اردو کو بھی قومی زبان تسلیم کر لینا دو قومی نظریہ کو تقویت پہنچانا ہے اور چونکہ ہندوستان میں ایک قوم کے سوا کوئی دوسری قوم نہیں اس لئے یہاں ایک زبان کے سوا کوئی دوسری زبان بھی نہیں ہو سکتی!

لیکن اگر غور فرمایا جائے تو معلوم ہو جائے گا کہ جس دو قومی نظریہ کو مٹانے کے لئے اردو زبان سے انکار کیا جا رہا ہے وہی دو قومی نظریہ انکار کی شکل میں ہمارے سامنے آ کھڑا ہوتا ہے، اگر اردو زبان ہندوستان کے اندر ہی پیدا ہوئی اور یہیں اسے ترقی حاصل ہوئی اور یہیں کے لوگوں نے اسے بولا اور سمجھا تو وہ درحقیقت ہندوستانی زبان ہے [illegible] اس کی کیا وجہ ہے کہ یہی عقلمند یہ زبان مسلمانوں کی ہے، اور اگر اس کا [illegible] ہندوستان ہی میں ہوا ہے لیکن ملکیت مسلمانوں کی ہی ہے تو یہ تسلیم کرنے کے بعد دو قومی نظریہ کے سامنے گھٹنے ٹیک دینے اور مان لیا کہ چونکہ مسلمان دوسری قوم ہیں اور ان کی زبان ان کی ہے اس لئے اردو کو ملک کی قومی اور سرکاری زبان نہ ہونا چاہئے جس مصیبت سے بچنے کے لئے ترسے اردو زبان سے انکار کیا تھا وہ بالآخر گردن کا ہار بن کر رہی کیونکہ ایک مشترک زبان کا انکار ہے ایک مشترک قومیت کی نفی کا جواز نکل آیا! سوال یہ ہے کہ یہ اصول کہاں سے معلوم ہوا کہ کسی ملک کی دو زبانوں سے دو قومیں پیدا ہوتی ہے، اور کسی ایک ملک میں دو یا تین قومیں نہیں رہ سکتیں، اگر رہ سکتی ہیں تو ان کی زبانوں کو قومی اور سرکاری زبان کی حیثیت نہیں دی جا سکتی؟ اگر یہ کوئی منطق کا اصول ہے تو اسے سمجھنا چاہئے اگر وہ سیاست کا تقاضا ہے تو اسکا ثبوت دینا چاہئے۔

اخبار ہریجن کے ایڈیٹر کے جی مشرو والا نے سوئٹزرلینڈ کے ایک شخص سے دریافت کیا تھا کہ وہاں (۱) مختلف زبانوں کی سرکاری پوزیشن کیا ہے؟ (۲) اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں ذریعہ تعلیم کونسی زبان ہے؟ (۳) وہاں کی پارلیمنٹ کی سرکاری زبان کیا ہے؟ (۴) عدالتوں اور سرکاری کتابوں کی زبان کیا ہے؟ ان سوالات کا جو جواب سوئٹزرلینڈ سے آیا ہے وہ ہریجن میں چھاپ دیا گیا ہے، جواب میں کہا گیا ہے کہ (۱) جرمن، فرانسیسی، اطالوی، اور رومن سوئٹزرلینڈ کی چار قومی زبانیں ہیں، اور اول الذکر تین زبانوں کو وفاقی دستور کی دفعہ ۱۱۶ کی رو سے سرکاری قرار دیا گیا ہے! (۲) اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں تعلیم علاقے کی زبان میں دیجاتی ہے خواہ وہ جرمن زبان ہو یا فرانسیسی اور اطالوی، (۳) پارلیمنٹ کی زبان جرمنی ہے کیونکہ فیڈریشن کو [illegible] [illegible] پارلیمنٹ [illegible] اپنی اپنی زبان میں تقریریں کرتے ہیں اور [illegible] سے واقف ہوتا ہے اس لئے کسی تقریر کا ترجمہ نہیں کیا جاتا، (۴) صوبوں کی عدالتوں اور سرکاری کتابوں میں علاقے کی زبان ہی استعمال کی جاتی ہے خواہ وہ جرمنی ہو یا فرانسیسی اور اطالوی کیونکہ تینوں زبانیں سرکاری ہیں، ہر وکیل اپنی زبان میں بولتا ہے اور فیصلہ ملزم کی زبان میں لکھا جاتا ہے، عدالتی اعلانات متعلقہ علاقوں کی زبان میں جاری کئے جاتے ہیں، لیکن وفاقی حکومت کی طرف سے تینوں سرکاری زبانوں میں ہوتی ہیں اور ایک ساتھ شائع کی جاتی ہیں!

گویا سوئٹزرلینڈ میں چار قومیں مستقل طور پر آباد ہیں، جرمن، فرانسیسی، اطالوی اور رومن اس کے باوجود سوئٹزرلینڈ کا ملک تباہ نہیں ہوا اور وہاں تین زبانوں کو سرکاری اور قومی تسلیم کیا گیا ہے تاہم کسی زبان نے اس کا شکوہ نہیں کیا اور نہ اس کی وجہ سے ان میں کبھی خون خرابہ ہوا اور آپس میں منافرت اور دشمنی پھیلی، مگر ہندوستان میں صرف ایک قوم ہونی چاہئے (بالکل ٹھیک ہے) اور ایک قوم کے لئے زبان بھی ایک ہی ہونی چاہئے اگر یہ منطق صحیح ہے تو اس کی ترقی یافتہ شکل یہ ہے کہ جس طرح ایک قوم کے لئے ایک ہی زبان ہونی چاہئے اسی طرح مذہب بھی ایک ہی ہونا چاہئے، اگر مذہب کا ایک ہونا ضروری نہیں تو زبان کا ایک ہونا کیوں ضروری ہے؟ سوئٹزرلینڈ میں تین زبانیں قومی اور سرکاری ہیں ہندوستان میں اگر اردو دو زبانیں قومی اور سرکاری قرار دیدی جائیں تو قیامت نہیں آ جائے گی، اگر یہاں ایک ہی زبان رکھنی ہے تو بہرحال وہ اردو ہو سکتی ہے جو سب کی مشترک زبان ہے، جہاں تک انصاف کا تعلق ہے، ہندی اس قابل ہی نہیں کہ اسے سرکاری اور قومی حیثیت دیجائے، البتہ رواداری کا تقاضا ہے کہ ہندی کے ساتھ خاص رعایت کی جائے اور اردو کے ساتھ اسے بھی سرکاری اور قومی قرار دیدیا جائے امید ہے کہ یہ لوگ ہندی کی محبت سے زیادہ اردو سے دشمنی رکھتے ہیں وہ سوئٹزرلینڈ کی مثال سے سبق لیں گے اور صرف ہندی کو سرکاری زبان قرار دینے پر اصرار نہ کریں گے۔

اچھی باتیں

وخلق اللّٰہ۔۔ تا یظلمون (پ ۲۵ ع ۱۹)
اللہ نے زمین اور آسمان کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور ہر نفس کے ساتھ اسکے اعمال کے مطابق سلوک ہوگا اور لوگوں پر کسی قسم کا ظلم نہیں کیا جائے گا۔

زمین و آسمان کو جس مقصد کے لئے پیدا کیا گیا ہے وہ مقصد حاصل ہے کیا مجال کہ آگ اپنی حرارت چھوڑ دے آفتاب اپنی روشنی کو روک لے، پانی اپنی ٹھنڈک کو فنا کر دے جو چیز جس کام کے لئے پیدا کی گئی ہے وہ اسی کام میں لگی ہوئی ہے اور ان کے کام کا مقصد یہی ہے۔ جب آگ کے لئے حرارت ضروری ٹھہری اور آفتاب کے لئے روشنی کو انسانی اعمال کے لئے بھی ضروری ہوا کہ اس کے نتائج ظاہر ہوں نیکی کا نتیجہ اچھا اور بدی کا نتیجہ برا نکلے اعمال کے فطری نتائج ضرور ظاہر ہوکر رہیں گے اسی لئے فرمایا کہ ہر نفس کے ساتھ اس کے اعمال کے مطابق سلوک ہوگا اور کوئی عمل اکارت نہیں جائیگا پس جس طرح آگ اور پانی کے فطری نتائج ہیں اسی طرح نیک و بد اعمال کے بھی نتائج ہیں، ناگزیر ہے کہ برے کام کرنے والے اچھا نتیجہ دیکھیں اور اچھے کام کرنے والا برا نتیجہ بھگتے۔

مباحث امروز

عمل کا وقت

ارکان مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کی جانب سے ہند یونین کے مسلمانوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی بابرکت کمائی کا ایک مقدس حصہ اس مبارک مہینہ میں جمعیۃ علماء ہند کے لئے مخصوص فرما دیں اس لئے کہ جب تک مالی اعتبار سے جمعیۃ کی بنیادیں مضبوط نہ ہوں گی اس وقت تک ان ذمہ داریوں کو پورا نہیں کیا جا سکتا جو جمعیۃ نے اپنے اوپر لے لی ہیں

ریلیف کے اس سلسلہ کو چھوڑیئے جو گذشتہ دو سال سے اب تک جاری ہے اور جس پر کم و بیش سوا لاکھ روپیہ خرچ ہو چکا ہے۔ علم سے بے بہرہ دیہات میں دینی اور مذہبی مکاتب کے قائم کرنے کا جو لائحہ عمل جمعیۃ علماء ہند نے مرتب کیا ہے۔ کیا صرف اس کے لئے لاکھوں روپیہ کی ضرورت نہیں ہے؟

مکاتب کا یہ سلسلہ دین و ملت کی حفاظت اور مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں خاص اہمیت رکھتا ہے [illegible] ہر مسلمان اس کی اہمیت کو سمجھے اور اپنی جگہ غور کرے کہ وہ اس سلسلہ میں کیا مدد کر سکتا ہے [illegible] یہ وقت صرف [illegible] کا نہیں بلکہ عمل کا وقت ہے [illegible] جب تک ہم عمل کی دنیا میں قدم نہ رکھیں گے یاد رکھئے اپنی برائیوں کو کبھی دور نہ کر سکیں گے۔ اگر آپ کو انڈین یونین میں باعزت [illegible] اور مذہبی اور ملی زندگی کو قائم رکھنا ہے تو جمعیۃ علماء کو مضبوط بنایئے اور اسے اس بات کا موقع دیجئے کہ وہ اپنے مرتب کردہ پروگرام کو عملی جامہ پہنا کر مسلمانان ہند کی صحیح خدمت انجام دے سکے — کیا آپ اس پر غور کریں گے؟

یہ سرمایہ

پہنچ گیا۔

افسوس ہے ہمارے [illegible] ان مزدوروں کو [illegible] نہیں بلکہ [illegible] کام کر کے اپنے ملک کی دولت میں اضافہ کرنے کے لئے تیار ہوں، افسوس [illegible] سرمایہ داروں کی خوشامد کرنے میں لگے ہوتے ہیں جو اپنے مفاد کی خاطر اس نازک وقت میں بھی ملک کی پیداوار میں کمی کرنے سے نہیں چوکتے [illegible] سرمایہ داروں [illegible] حکومت کی نہیں تو کم سے کم اپنی دولت میں اضافہ کرنے کی چالیں چل رہے ہیں۔

ایک بات چودھری صاحب نے [illegible] سرمایہ داری ختم کرنے سے مزدور پھر مزدور ہی رہے گا۔ اس لئے سرمایہ داری ختم کرنے کا فائدہ [illegible]

ایران کی قدامت پسندی!

ایرانی مجلس میں جب ایک مہینے قبل [illegible] کا حق دلانے کی ترمیم پیش کی [illegible] اس پر نہ صرف [illegible]

[illegible]

احمد آباد کے مل مالکوں کی انجمن نے بمبئی کے وزیر محنت مسٹر گلزاری لعل نندا کو مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس ماہ کے آخر تک کپڑے کے تیس ملوں کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

خیالات ناظرین

لکھنؤ میں معیاری طبی درسگاہ کا قیام

مخدومی، سلام مسنون!
انگریزی حکومت کی صد سالہ حکمت عملی نے طب یونانی کے ساتھ مذموم سلوک کر کے قرون وسطی کے علمی ذخیرہ [illegible]

[illegible]

(محمد [illegible] دہلی)

سخت سزائیں

دہلی میونسپل کمیٹی نے ایک ریزولیوشن منظور کیا ہے جس کی رو سے ان لوگوں کے لئے جو خوراک اور دواؤں میں ملاوٹ کرتے ہیں، رشوت ستانی اور چور بازاری میں مشاق ہیں، ذخیرہ اندوزی کے ماہر ہیں اور بکریاں وصول کرتے ہیں سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے، یہ جرائم جنکا اوپر ذکر ہوا انسانی معاشرت کے سنگین اور تباہ کن جرائم ہیں جنکا انسداد کئے بغیر نہیں ہو سکتا [illegible]

[illegible]

پنڈت جی کلکتہ میں

کلکتہ میں دس لاکھ کے مجمع نے اپنے محبوب لیڈر پنڈت جواہر لال نہرو کا پیغام سنا اور ان سے یہ ہدایت حاصل کی کہ کمیونزم کا چیلنج قبول کرو اور اسکا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ، ہمارا خیال ہے کہ بنگال کی خلفشار کا تعلق کمیونزم سے زیادہ بنگالی [illegible]

[illegible]

یہ انگریزوں کی یادگاریں!

جناب کرم تسلیم!
جب یہ دیکھتا ہوں کہ انگریزوں کے جانے کے بعد بھی انگریزوں کی یادگاریں ہماری غیرت قومی کو چیلنج کر رہی ہیں [illegible]

[illegible]

مدرسہ سراج العلوم سنبھل مراد آباد کیلئے شیخ الاسلام حضرت مولانا مدنی کی اپیل

[illegible]

شام اور اسرائیل کا معاہدہ ایک ہفتہ میں ہو جائے گا

تل ابیب ۱۶ جولائی۔ (پی ٹی آئی) [illegible]

ہند اور پاکستان کے افسران میں گیہوں کے بیج اور آٹے کے متعلق گفتگو

[illegible]

پاکستانی افکار!

سوات میں تشدد؟

پچھلے دنوں ایک خبر موصول ہوئی تھی کہ ریاست سوات کے ایک گاؤں اشاڑی میں ۲۶ معصوم بچوں کو محض اس الزام میں زدوکوب کیا گیا کہ انہوں نے مسلم لیگ زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے تھے۔ اس کے بعد ان بچوں پر سو سو روپے جرمانہ کیا گیا اور اس کی وصولی کے لئے جو سرکاری ملازم موضع اشاڑی میں بھیجے گئے اب ان کی تعداد چالیس تک پہنچ چکی ہے۔

ہمارے نامہ نگار کا بیان ہے کہ سرکاری ملازم اہل موضع سے جرمانہ وصول کرنے کے لئے سخت تشدد کر رہے ہیں، اور پھر اپنے کھانے کے لئے بھی ایک ایک مرغی اور آدھا آدھا سیر گھی مانگتے ہیں جب کوئی شخص ناداری کا عذر پیش کرتا ہے، تو اس کے گھر میں زبردستی گھس جاتے ہیں خواتین کی بے پردگی ہوتی ہے اور یہ لوگ گھر کا سامان لوٹ لیتے ہیں۔ جب تک یہ جرمانہ پورا وصول نہ ہو جائے والیٔ سوات کے یہ ملازم گاؤں کا پیچھا نہ چھوڑیں گے گاؤں کے کئی مرد اپنے گھر بار اور اہل و عیال چھوڑ کر پہاڑوں اور دوسرے دیہات میں چلے گئے ہیں اور [illegible] بیٹھا ہوا ہے۔

اگر ان حالات کا ایک حصہ بھی درست ہے تو ہر شخص کو ان پر دلی افسوس ہوگا۔ ہم کسی جگہ بھی عوام اور حکومت کے درمیان اس وقت کشمکش پیدا نہیں کرنا چاہتے، لیکن یہ بھی برداشت نہیں کر سکتے، کہ حکومتیں عوام کو تشدد کا تختۂ مشق بنا سکیں [illegible] ہم جمہور کے حقوق اور آزادی کے سرگرم حامی ہیں، لیکن چاہتے ہیں کہ سارے معاملات خوش اسلوبی سے طے ہوں تاہم جو حکومتیں خود الجھنیں پیدا کر رہی ہیں، ان کو کسی ہمدردی کی امید نہ رکھنی چاہئے۔ حکومت پاکستان کا بھی فرض ہے کہ ساری ریاستوں کے معاملات پر پوری نگرانی رکھے۔

(انقلاب لاہور ۱۴ جولائی)

قومیت کے خدا

الغرض روس [illegible] کو اپنی حدود سے خارج کر کے اور خدائے برحق کو تخت الوہیت سے اتارنے کے زعم باطل میں مبتلا ہو کر [illegible] ہے اور جہنم کے فرشتگان عذاب کو [illegible] جو اپنے بندوں کو عذاب دینے میں اس رحیم و کریم، غفور و ودود اور حلیم و رحمٰن پروردگار کی طرح [illegible] نہیں بلکہ نہایت سخت گیر ہے۔ [illegible] جس کو روسیوں نے اپنا خدا بنایا ہے۔ [illegible]

اور برطانیہ کا ہے کہ انہوں نے بھی پروردگار حق سے بغاوت کر کے اپنی قومیت و وطنیت کے خداؤں کے سامنے سر نیاز جھکا رکھا ہے۔ بہرحال خدا کی ضرورت سے وہ بھی انکار نہیں کر سکے۔ ان کے نزدیک "جمہور" وہ خدا ہے جو ان کو زندگی کے سر و سامان سے بہرہ مند کرتا اور ان کو نظام حیات عطا کرتا اور ہدایت سے نوازتا ہے۔ اب یہ دوسری بات ہے کہ روس امریکہ اور برطانیہ اور ان کی تقلید کرنے والوں کے "خداؤں" نے اپنے بندوں کو جو دین عطا فرمائے ہیں ان کا انجام کیا ہے اور انہوں نے ان کی زندگیوں کو کس قدر تلخ اور عذاب بنا دیا ہے۔ ہمارا مقصد یہ ظاہر کرنا ہے کہ ایک "پروردگار" کی ضرورت بہرحال مسلم ہے۔ اور اسی ضرورت کو دین حق [illegible] کے نام سے موسوم کرتا ہے جب اسلام صرف ایک اللہ کی عبادت کا مطالبہ کرتا ہے تو وہ کوئی ایسا مطالبہ نہیں کرتا جو انسان کے نزدیک مسلم نہ ہو۔

(تسنیم لاہور ۱۴ جولائی)

یہ سلوک کیوں؟

قائد آباد اور کچھ دیگر علاقوں میں مہاجرین کے مکانات اور جھونپڑیوں کو توڑا جا رہا ہے جس سے ہزاروں اشخاص اور ان کے اہل و عیال گھر سے بے گھر ہو رہے ہیں۔ پچھلے دنوں اسی چیز کے خلاف وزیر اعظم پاکستان کی قیام گاہ پر سینکڑوں خانماں برباد مہاجرین نے مظاہرہ اور احتجاج کیا ہے۔ لیکن اب تک کوئی مفید نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ [illegible]

ہم یہ بھی کہنے پر مجبور ہیں کہ کراچی کو [illegible] کا نمونہ بنانے کا خیال تو بہت نیک ہے لیکن وہ اس طرح پورا نہیں ہو سکتا کہ ہزاروں اشخاص کو دربدری کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور کر دیا جائے۔ اہل اختیار کو چاہئے کہ پہلے تباہ حال مہاجرین کے سر چھپانے کا کوئی انتظام کریں اس کے بعد ان ٹوٹی پھوٹی جھونپڑیوں کو ڈھانے کا حکم جاری کریں۔ جن کو مہاجرین نے بڑے مصائب جھیل کر خود اپنے پیسوں سے بنایا ہے۔ [illegible]

مہاجرین کی جھونپڑیاں گرانے سے پہلے ان کے لئے نئے علاقے تجویز کئے جائیں اور نئی جھونپڑیاں اور مکانات بننے اور وہاں نظم و ضبط کے ساتھ مستقل رہنے کی آسانیاں فراہم کی جائیں۔ جب تک یہ انتظامات مکمل نہیں ہو جاتے۔ مہاجرین کی بستیوں پر پولیس والوں کا [illegible] کسی طرح بھی مستحسن نہیں قرار دیا جا سکتا۔

(امروز کراچی ۱۳ جولائی)

اٹلی کا عجیب و غریب شخص

رات کو [illegible] بن جاتا ہے

[illegible]

برما میں یوم آنگ سان

رنگون ۱۵ جولائی۔ برما میں ۱۹ جولائی کو یوم آنگ سان [illegible]

ایڈیٹر ڈان کے خلاف

توہین عدالت کا مقدمہ

کراچی ۱۳ جولائی۔ [illegible]

ڈچ طیارہ کے حادثہ کی تحقیقات

[illegible]

دس لاکھ مزدور بیکار ہو گئے

[illegible]

بدر کا تاریخی دن

جناب مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی

لقد نصرکم اللّٰہ ببدرٍ و انتم اذلۃ

خدا تعالیٰ نے بدر کے میدان میں تمہاری مدد فرمائی۔ حالانکہ تم اس وقت بہت کمزور تھے۔

۱۷ رمضان المبارک کی تاریخ اپنے ساتھ اس عظیم الشان واقعہ کی یاد لاتی ہے جسے حق و باطل کی معرکہ آرائیوں میں قیامت تک یاد رکھا جائے گا۔

مکہ کے زبردستوں نے ۱۳ سال تک اسلام کے فدائیوں پر ظلم کیا۔ صرف اس جرم میں کہ وہ خدائے واحد کی پوجا کرتے تھے انہیں طرح طرح کی تکلیفیں دیں۔ مکہ کی گلیوں میں ان کے ہاتھ پیر باندھ کر انہیں گھسیٹا گیا ان کے سینہ پر پتھر کی سلیں رکھوائی گئیں اور تپتے ہوئے ریت پر لٹا دیا گیا۔ ان کا سماجی بائیکاٹ کیا گیا اور رسول اکرم کو [illegible] ایک گھاٹی میں محصور رہنا پڑا۔ ان پر دانہ پانی بند کر دیا گیا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ اور ان کے رفیقوں کو جنگل کی گھاس پھونس پر گذارہ کرنا پڑا۔ سر بازار مسلمانوں کو زدوکوب کیا گیا وہ اخلاق کے نہایت بلند تھے اس لئے ان پر کوئی الزام لگانا ممکن نہ تھا۔ صرف یہ کہکر زدوکوب کیا جاتا تھا کہ یہ آبائی دین کے مخالف ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کا حکم تھا کہ رسول عربی کے سچے ساتھی [illegible] نہ کریں۔ مکہ کے بد اخلاق اور بدچلن لوگ ان پر پتھر برسائیں مگر اس کے جواب میں کسی کو ترچھی آنکھ سے نہ دیکھا جائے [illegible]

صرف یہی نہیں کہ جواب نہ دیا جائے بلکہ اپنی طرف سے ان متعصب اور ظلم و ستم کے مجسموں پر محبت و شفقت کی بارش کی جائے۔

اسی صبر و تحمل کے ساتھ ۱۳ سال گذر گئے اور جب بالآخر رسول عربی اپنے ساتھیوں کو لے کر مدینہ تشریف لے آئے۔

باطل پرستوں کو پھر بھی چین نہ پڑا وہ سمجھتے تھے کہ ظلم، استبداد اور قوت ہی حق ہے کہ وہ خدا کی زمین پر کمزوروں [illegible] حق پرستوں کو [illegible] نجات اور رحمت کی خوشخبری سنائیں۔

مظلوموں کو ظالموں کے ہاتھ سے نجات دلائیں اور خدا کی زمین پر انصاف اور امن کا دور دورہ ہو۔ اس زعم میں باطل پرستان مکہ ایک ہزار کی مسلح طاقت لے کر مدینہ کی طرف چلے یہ غرور تھا کہ ہماری تعداد زیادہ ہے اور ہم نہایت طاقتور ہیں اس لئے آناً فاناً مکہ کے دلاور مسلمانوں کو تہس نہس کر کے واپس لوٹیں گے۔ یہ گھر سے بے گھر ہوئے پڑے ہیں۔ انہیں اپنا ملک اپنا عزیز وطن چھوڑنے کا بے حد صدمہ ہے۔ فاقوں کے مارے ان کے جسم [illegible] ہوئے ہیں۔ ان کی تعداد کل ۳۱۳ ہے۔ [illegible] تلواریں اور چند دبلے پتلے زرد رو ان کے ہمراہ ہیں۔ ان کو بے نام و نشان کر دینا کوئی مشکل کام نہیں۔

فیصلہ کن گھڑی

بلا شبہ یہ بڑا نازک دن تھا اور حیات انسانی کی سب سے بڑی نازک گھڑی تھی ایک مٹھی بھر جماعت [illegible] سے باہر تشریف لائے اس وقت آپکی زبان مبارک پر یہ جملہ جاری تھا۔

سیھزم الجمع و یولون الدبر

انہیں ہزیمت ہوگی۔ اور یہ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

نیکی اور بدی کا مقابلہ

یہ مقابلہ دراصل نیکی اور بدی کے درمیان تھا ایک طرف ۱۳ سال کے اخلاق فاضلہ تھے تہذیب و شرافت تھی۔ ہمدرد خدمت کی روایات تھی دوسری طرف بدی اور شرارت کا چھلکتا ہوا پیالہ تھا اور ظالم و مظلوم دونوں اپنا اپنا اعمال نامہ لئے ہوئے قدرت سے فیصلہ چاہ رہے تھے۔ ظلم کی بڑھتی ہوئی طاقت آپے سے باہر ہو کر کمزور حق پرستوں کو ملیامیٹ کرنے کی دھن تھی قدرت نے اپنا فیصلہ دیا اور ۳۱۳ نے ایک ہزار کی جمعیت کو پسپا کر دیا ایک ہزار قریشیوں کو ان کا ظلم لے ڈوبا ان کی ۱۳ سالہ جبر و دستاں ان کے سامنے آ گئیں بڑے بڑے سردار مارے گئے اور کچھ قیدی بن کر دربار رسالت میں حاضر ہوئے اسلام نے سب سے بڑے مقابلہ میں فتح پائی اور دنیا کو معلوم ہو گیا کہ رسول عربی اور ان کے ساتھی ۱۳ سال تک کمزوری [illegible] ظلم و استبداد کی کشتی بھری اور جب حق پرست صبر کے انتہا پر پہنچ گئے تو ظلم کی کشتی عین منجدھار میں آ کر ڈوب گئی۔

بدر کے سات اصول

بدر کے میدان میں مسلمانوں نے فتح پائی اور ہمیشہ کے لئے بقاء دوام حاصل کر کے دنیا کے کمزوروں کو کامیابی کے سات اصول بتا دئیے۔

(۱) تم خود کسی پر حملہ کا ارادہ نہ کرو۔ نہایت صبر و سکون کے ساتھ حق و انصاف کی روشنی پھیلاتے رہو۔ ظلم و تشدد کی آخری حد تک بھی دل دکھانے والوں کی دلداری کرو اور ترش رو [illegible] کرنے والوں کو معاف کرو۔

(۲) لیکن جب دشمن حق و انسانیت اپنے جوش اور وحشت کا مظاہرہ کرنے پر مجبور ہو جائے۔ بندگان حق کو صراط مستقیم بتانے والوں، [illegible] اصولوں کو زندہ کرنے والوں اور رات کو خدا کے ذکر میں جاگنے والوں، بے گناہوں اور فاقہ مستوں کو تہ تیغ کرنے کے لئے میدان جنگ میں اتر آئے تو پھر صرف خدا کی ذات اور اس کی مدد پر بھروسہ کر کے میدان میں آ جاؤ [illegible] اور حق پرستوں کا سب سے بڑا سہارا ان کی حقانیت ہوتی ہے اور حق و باطل کی عددی نسبتیں اور اسباب کبھی مساوی نہیں ہوا لیکن پھر حق بلند ہوتا ہے اور باطل پسپا اور نامراد۔

(۳) آپس میں کامل اتحاد، [illegible] انفرادی ضرورتوں کو جماعتی تقاضوں کے مقابلہ میں نظر انداز کرو [illegible]

(۴) مشکلات اور مصائب [illegible]

(۵) [illegible]

(۶) دشمنوں کے ہجوم اور مصائب کی کثرت [illegible]

(۷) [illegible]

جمعیۃ علمائے ہند کا دائرہ اثر و نظام عمل وسیع ہو گیا تھا ضرورتیں بھی بڑھ گئی ہیں

دین و ملت کی حفاظت کے لئے جمعیۃ علمائے ہند کو مضبوط بنانے کے لئے امداد کیجئے

اکابر جمعیۃ علمائے ہند کی ہند یونین کے مسلمانوں سے اپیل

دہلی ۱۷ جولائی۔ گذشتہ ۳۰ سال اور بالخصوص ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد سے جمعیۃ علمائے ہند نے ملک و ملت کی جو گرانبہا خدمات انجام دی ہیں وہ ایک تاریخی حقیقت بن چکی ہیں۔ الحمد للہ جمعیۃ علمائے ہند کا دائرہ اثر اور نظام عمل روز بروز وسیع ہوتا رہا ہے اور اسی قدر اس کی مالی ضروریات اور مصارف بڑھ گئے ہیں اپنی مشکلات کو حل کرنے کے لئے اکابر جمعیۃ علمائے ہند نے ہند یونین کے مخیر مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ جمعیۃ علمائے ہند کی مالی امداد فرما کر اس کو مضبوط بنائیں۔ پوری اپیل درج ذیل ہے۔

جمعیۃ علمائے ہند نے گذشتہ ۳۰ سال میں جو خدمات انجام دی ہیں وہ ایک روشن حقیقت ہے جو کسی بیان کی محتاج نہیں!

اس نے آزادی سے پیشتر جنگ آزادی میں جس ہمت اور استقلال سے کام لیا وہ تاریخ حریت کا ایک روشن باب ہے جو نہ صرف جمعیۃ علماء بلکہ انڈین یونین کے تمام مسلمانوں کے لئے باعث فخر ہے۔ آزادی کے بعد مظلوموں کی امداد، مسلمانوں کے خوف و ہراس کو دور کرنے، مستقبل کے متعلق ان کا ایک نظریہ متعین کرنے اور ان کے مستقبل کو روشن بنانے کے لئے لائحہ عمل مرتب کرنے اور جمہوریہ ہند کو صحیح معنی میں سیکولر اسٹیٹ (غیر فرقہ وارانہ حکومت) بنانے میں جو جد و جہد اس نے کی اور کر رہی ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔

اس کے ایثار، قربانی اور بے لوث خدمات کے باعث جس طرح اس کا اعتماد روز افزوں ہے اس کا دائرہ اثر اور نظام عمل بھی دن بدن بڑھ رہا ہے۔ اسی طرح قدرتی طور پر اس کے مصارف بھی زیادہ ہو رہے ہیں۔ اور اس کی ضرورتوں کا دائرہ بھی دن بدن وسیع تر ہوتا جا رہا ہے۔

جمعیۃ علمائے ہند کی جانب سے ریلیف کا سلسلہ جس پر گذشتہ دو سال میں کم و بیش سوا لاکھ روپیہ صرف ہو چکا ہے نہ صرف دہلی اور اطراف دہلی کے تباہ شدہ مسلمانوں کے ساتھ مخصوص ہے بلکہ پوری ہند یونین میں جہاں ضرورت پیش آتی ہے جمعیۃ علماء کے وفود پہنچتے ہیں۔ اور حالات کے درست کرنے کے لئے پوری پوری جد و جہد کام میں لاتے ہیں۔ ریلیف کا یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ مزید برآں دینی [illegible] دراز قصبات اور علم سے بے بہرہ دیہات میں دینی اور مذہبی [illegible] کے قائم کرنے کا جو لائحہ عمل جمعیۃ علمائے ہند نے مرتب کیا ہے اس کے لئے بھی لاکھوں روپے کی ضرورت ہے۔

دین و ملت کی حفاظت اور مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کو بہتر اور با عزت بنانے کے لئے جمعیۃ علمائے ہند کی تجاویز اسی وقت کامیاب ہو سکتی ہیں جبکہ انڈین یونین کے مسلمان بھی اس کی ہر طرح امداد کریں۔ اس لائحہ عمل کو کامیاب کرنے کی کوشش کریں اور اس کی مالی مشکلات کو حل کریں۔

لہٰذا انڈین یونین کے تمام اہل خیر حضرات سے اور بالخصوص دہلی کے مخیر بزرگوں سے جو ہمیشہ دہلی کا نام روشن کرتے اور اس کے مذہبی وقار کو سربلند رکھنے میں پیش پیش رہے ہیں ہماری پرزور درخواست ہے کہ اپنی بابرکت کمائی کا ایک معتد بہ حصہ اس مبارک مہینہ میں جس میں ہر نیکی کا ثواب سینکڑوں گنا زیادہ ملتا ہے جمعیۃ علمائے ہند کے لئے مخصوص فرمائیں۔

جمعیۃ علماء کا زکوٰۃ فنڈ مصارف زکوٰۃ کے لئے ہے۔ اور اس کی دوسری خدمات کے لئے ضرورت ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ امدادی رقوم جمعیۃ علماء کو عطا کی جائیں۔

ہمیں یقین ہے کہ ہند یونین کے مسلمان ہماری اس استدعا کو پوری فراخدلی سے کامیاب کریں گے۔ من الحاجین کے اس اپیل پر دستخط ہیں ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:

شیخ الاسلام حضرت مولینا حسین احمد مدنی۔ حضرت مولینا محمد کفایت اللہ مفتی اعظم ہند۔ سحبان الہند حضرت مولینا احمد سعید نائب صدر جمعیۃ علمائے ہند۔ حضرت مولینا حبیب الرحمٰن لدھیانوی۔ حضرت مولینا عبد الحلیم صدیقی۔ حضرت مولینا سید فخر الدین احمد شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ مراد آباد۔ حضرت مولینا نور الدین بہاری۔ حضرت مولینا

(باقی صفحہ [illegible])

ہفت روزہ الجمعیۃ کا شاندار

عید نمبر

اس سال یہ عدیم النظیر عید نمبر بڑی آب و تاب سے شائع کیا جا رہا ہے ملک کے بڑے بڑے اہل علم، اصحاب قلم ارباب ادب اور شعراء اس نمبر کی ترتیب میں حصہ لے رہے ہیں۔ پورے یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ شاندار نمبر بلند پایہ خصوصیات کے اعتبار سے اپنی نظیر آپ ہوگا ۲۰×۳۰ سائز کے ۵۲ صفحات اور آرٹ پیپر کا رنگین ٹائیٹل۔

قیمت فی پرچہ آٹھ آنے (۸؍)

ہفت روزہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں عید نمبر مفت پیش کیا جائیگا روزنامہ الجمعیۃ کے وہ مستقل خریدار جو پیشگی چندہ بھیج کر براہ راست دفتر سے اخبار منگاتے ہیں ان کو یہ نمبر نصف قیمت میں یعنی چار آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجنے پر مل سکے گا جو حضرات حفاظت کے خیال سے عید نمبر بذریعہ رجسٹری طلب فرمانا چاہیں وہ چار آنے مزید یعنی کل آٹھ آنہ منی آرڈر سے روانہ کریں لفافہ میں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجئے راستہ میں گم ہونے کا اندیشہ ہے یاد رکھیے کہ منی آرڈر کی فیس اور لفافہ کی قیمت میں کوئی فرق نہیں ہے۔

ابھی سے اپنی کاپی محفوظ کرا لیجئے۔ بعد میں عید نمبر مہیا کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں لی جا سکتی

ایجنٹ صاحبان

برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس کی پیشگوئی

لندن ۱۹ر جولائی - برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس نے گذشتہ شب دولت مشترکہ کی درآمد میں جو ڈالر کے ذریعہ کی جا رہی ہے۔ مجموعی طور پر ۲۵ فیصدی کی تخفیف کی پیشگوئی کی۔ سر کرپس نے جو ایک پریس کانفرنس میں تقریر کر رہے تھے اعلان کیا کہ لندن میں وزرائے مالیات کی کانفرنس اب تک ہونے والی تمام کانفرنسوں میں سب سے زیادہ کامیاب رہی۔

الگ ہونے والے کانگریسی ممبروں کے گروپ کو توڑ دیا گیا

لکھنؤ سے وزیر اعظم پنڈت نہرو کی کامیاب واپسی

نئی دہلی ۱۹ر جولائی - پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند یو۔ پی پراونشل کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کرنے کے بعد واپس نئی دہلی پہونچ گئے۔ ان کے ہمراہ ڈاکٹر بی۔ وی۔ کیسکر نائب وزیر خارجہ، آچاریہ جگل کشور اور مسز اندرا گاندھی بھی تھے۔ آج صبح لکھنؤ میں امومی کے ہوائی میدان پر وزیر اعظم پنڈت پنت اور یو۔ پی کے دوسرے وزیروں نے انہیں الوداع کہا۔

آزاد کشمیر حکومت کے صدر سردار محمد ابراہیم مجروح ہو گئے

ایشیائی لیبر فیڈریشن کی تشکیل

مشرقی اور مغربی ممالک کا اظہار مسرت

ہوائی جہاز کے حادثہ کی تحقیقات

شہادتیں قلم بند کی گئیں

کشمیر کمیشن کے ممبر راولپنڈی میں

بمبئی میں یوم آزادی کی تیاریاں

افغانستان اور پاکستان کے تمام اختلافات کے تصفیہ کی کوشش

شنگھائی کے جنوب میں اترنے والی سرکاری فوجیں پسپا کر دی گئیں

ملکہ جولیانا سے ملاقات

پانچ عورتوں کو قتل کر کے ان کا خون پی گیا

لنگھائی ریلوے کے علاقہ میں کمیونسٹ فوجوں کی زبردست پیشقدمی

دس ہزار سرکاری فوجیں ہلاک و زخمی، تین ہزار سپاہی گرفتار

ڈالر کی درآمد کم کرنے پر نکتہ چینی

ڈپٹی لیڈر مسٹر انتھونی ایڈن کا بیان

پی پنگ ریڈیو کا اعلان

بمبئی کے ہوائی حادثہ کی فلم

کوریا کے چھ کمیونسٹ گرفتار

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا طبی مشورہ مفت ہے، قایم کردہ بڑا دواخانہ مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے، حالات لکھیے پتہ منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزنامہ الجمعیۃ

Delhi-20-7-49

کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے امریکہ کا خفیہ پروگرام

کانگریس سے پندرہ کروڑ ڈالر منظور کرانے کی سفارش

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے اوقات سحر و افطار

دن تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
پیر ۲۰ر رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۶ منٹ
منگل ۲۱ر ر	۳ بجکر ۵۰ منٹ	۷ بجکر ۲۵ منٹ
بدھ ۲۲ر ر	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۵ منٹ
جمعرات ۲۳ر رمضان المبارک	۳ بجکر ۵۱ منٹ	۷ بجکر ۲۴ منٹ

اگر صورت حالات پر قابو نہ پایا گیا تو ہندوستانی ختم ہو جائیں گے

کراچی میں جنوبی افریقہ کے حالات پر ڈاکٹر دادو کی تقریر

آج وزرائے مالیات کی کانفرنس ختم ہو جائے گی

کارروائی صیغہ راز میں رہے گی۔ برآمد کی کمی پر معاہدہ کا امکان

ریاست سکم میں ہنگامی حالت نہیں ہے

حکومت ہند کے اقدام کی مذمت

افیون کی ناجائز پیداوار کے خلاف احتیاطی اقدام

کمیونسٹوں کے مقابلہ کیلئے عوامی محاذ قائم کیا جائے

مدراس کے سو کانگریسیوں کا فیصلہ

مالیر کوٹلہ کے کوتوال کا قتل

شہر کی جیل میں ۱۲۱ اشخاص پر مقدمہ

کانگریس کی حکومت دو سال میں ختم ہو جائیگی

ڈاکٹر لوہیہ کی پیشگوئی

حکومت امریکہ پولس راج میں تبدیل ہوتی جا رہی ہے

نیویارک میں شہری حقوق کے متعلق کانفرنس میں شدید نکتہ چینی

بندرگاہ کے مزدوروں کا احتجاجی جلسہ

ممبر پارلیمنٹ کا حکومت پر الزام

ڈبلن میں کمیونسٹوں سے جنگ

سرحد کے سابق گورنر کی رہائی

پنڈت نہرو لکھنؤ پہونچ گئے

یو۔ پی کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت

آسٹریلیا کے ہڑتالیوں میں پھوٹ پڑ گئی

مغربی آسٹریلیا کے مزدوروں نے کام پر واپس آنے کا فیصلہ کیا

مشرقی پنجاب میں شرنارتھیوں کیلئے اراضی

ابھی سوراج کا حصول باقی ہے

لکھنؤ میں مسٹر سکسینہ کی تقریر

صرف خدا پر بھروسہ رکھو

جرمنی کے کیتھولک عیسائیوں سے پاپائے اعظم کا خطاب

ساجدہ بیگم رہا کر دی گئیں

سیلون ڈالروں کی فاضل رقوم سے دست بردار نہ ہوگا

وزیر خزانہ سیلون کا اعلان

اسرائیل اور شام میں سمجھوتہ

لفافہ پر ۵ لاکھ ڈالر کے ٹکٹ

یوپی کے کانگریسیوں نے اپنا الگ گروپ توڑنے کا فیصلہ کر لیا

اطلاعات یوپی

پنڈت نہرو کی طرف سے علیحدہ گروپ کے قیام کی مذمت

لکھنؤ ۱۹ر جولائی - یوپی اسمبلی کے نئے ۶۰ آدمیوں کے گروپ نے پنڈت نہرو کی تقریر کے بعد اس کا اعلان کر دیا کہ گروپ پنڈت جی کی خواہشات کے خلاف اپنی انفرادیت برقرار رکھنا نہیں چاہتا۔ گروپ کے نمائندہ مسٹر تر لوک سنگھ نے ایک بیان میں کانگریس پارٹی میٹنگ میں گروپ کے اس ارادے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کے ۶۰ ممبر اور ایسے گروپ تشکیل کئے جا سکتے ہیں۔ نمائندہ نے کہا کہ اس گروپ کی تشکیل سے پنڈت نہرو، مجلس عاملہ اور اخبارات کو غلط فہمی ہوئی۔ اس اقدام کا اثر [illegible] اور کانگریس مجلس عاملہ کو اس معاملہ کی طرف متوجہ ہونا پڑا۔

آج پنڈت نہرو نے یوپی کانگریس کونسل میں تقریر کرتے ہوئے کانگریس کے اندر گروہ بندی کی شدید مذمت کی اور آقا [illegible] پیدا کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش کی۔ پنڈت جی نے یوپی کانگریس اسمبلی پارٹی میں ۶۰ ممبروں کے علیحدہ گروپ بنانے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے کہا کہ اس سے کانگریس کو توڑ دینا بہتر ہوگا۔ کیا نئے اس کے کہ ہم اس طرح اسے اندر سے [illegible] کھوکھلا ہوتے ہوئے دیکھیں۔

پنڈت جی نے مزید کہا کہ کانگریس کے اندر گروہ بندی کے سوال پر کانگریس ورکنگ کمیٹی غور و خوض کر رہی ہے۔ اور اس میں عنقریب آخری فیصلہ کا اعلان کر دیا جائے گا۔

بنگال کی صورت حالات کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت جی نے کہا کہ اس صوبہ کے سیاسی جسم میں پارٹی بازی کا زہر بہت گہرا سرایت کر چکا ہے۔ آپ نے کہا کہ کلکتہ میں جو غیر یقینی صورت حال پیدا ہو چکی ہے وہ محض اسی پارٹی بازی کا نتیجہ ہے جس کا کانگریس کو مغربی بنگال میں شکار ہونا پڑا ہے۔ اور اس کے کھوئے ہوئے وقار کو بحال کرنا ہے اور یہ کام محض مکمل اتحاد اور بے لوث خدمت سے ہی سرانجام دیا جا سکتا ہے۔ پنڈت جی نے کہا کہ ایسے موقعہ پر جب کہ فرقہ پرست عناصر ہماری قومی تعمیر کی تمام سکیموں کو درہم برہم کرنے کے درپے ہوں۔ کانگریس کے اندر پارٹی بازی پیدا کرنا نہ صرف فرقہ پرستی بلکہ ایک نہایت غیر دانشمندانہ اقدام ہے جو خودکشی کے مترادف ہے۔ (اپ)

ہاپوڑ میں علامتی ہڑتال

ہاپوڑ ۱۹ر جولائی (ا م) ہاپوڑ کے کارخانوں میں کام کرنے والوں نے کم تنخواہوں کے خلاف بطور احتجاج ایک روز علامتی ہڑتال کی۔ ہاپوڑ کی یہ اہم صنعت [illegible] ہزار مزدور کام کرتے ہیں۔

لکھنؤ ۱۹ر جولائی - آج پنڈت نہرو کے امادسی ہوائی اڈہ پر اترنے کے کچھ عرصہ بعد ہوائی جہاز کے اترنے کی پٹڑی پر ایک چھوٹے سائز کا بم پایا گیا جسے کیمیائی جانچ کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔ پنڈت نہرو آج صبح ہی یوپی کانگریس کے اجلاس میں شرکت کی غرض سے یہاں پہنچے تھے۔

سنگھی لیڈر مشرقی پنجاب کا دورہ کریں گے

سنگھ کی سرگرمیوں کو پرانے پروگرام کے مطابق جاری کیا جائیگا

امرتسر ۱۹ر جولائی - راشٹریہ سیوک سنگھ کے صوبائی [illegible] مسٹر ادھو رائے نے اعلان کیا ہے کہ سنگھ کے صدر مسٹر گولوالکر مشرقی پنجاب کے دورہ پر آنے والے ہیں۔ مسٹر ادھو کل یہاں امرتسر آئے ہیں ریلوے اسٹیشن پر ڈیڑھ ہزار سنگھی رضاکاروں نے ان کا استقبال کیا۔ اسٹیشن کے باہر رضاکاروں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سنگھ پر پابندی کے بعد اس کی مقبولیت بہت بڑھ گئی ہے۔ یہ باعث مسرت ہے کہ سنگھ پر جو الزامات لگائے گئے تھے ان کی تردید ہو گئی۔ اس کے ساتھ ہی انصاف بھی ہوئی تھی اس کی تلافی ہو گئی۔ نیشنل پارک میں سنگھیوں کا ایک جلسہ عام ہوا جس میں سنگھ اور سنگھ پر سے پابندی اٹھائے جانے پر اظہار خوشنودی کیا گیا اور کہا گیا کہ حکومت نے یہ عقلمندانہ کام کیا ہے۔ جلسہ میں یہ بھی کہا گیا کہ پرانے پروگرام کے مطابق امرتسر میں سنگھ کی سرگرمیوں کو جاری رکھا جائے گا۔ محلہ وار کمیٹیاں بنائی جائینگی امرتسر میں سنگھ کے دس ہزار ممبر ہیں اور توقع ہے کہ سرگرمیوں کی احیاء کی صورت میں ان کی تعداد اور بڑھ جائے گی۔

ڈالر کے معاملہ میں نوآبادیات برطانیہ کی پیروی کرینگے

وزرائے مالیات اپنی حکومتوں سے کانفرنس کے فیصلوں کی سفارش کرینگے

لندن ۱۹ر جولائی - دولت مشترکہ کے دس ملکوں کے وزرائے مالیات چھ دن کی بحث گفت و شنید کے بعد اس پر متفق ہو گئے ہیں کہ وہ اپنی حکومتوں سے یہ سفارش کریں کہ ڈالر کی کمی کے مسئلہ میں وہ برطانیہ کی مثال کی پیروی کریں۔ اس فیصلہ کا اعلان آج ایک بیان میں کیا گیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

(رائٹر)

ہوائی جہاز کا حادثہ

بمبئی کارپوریشن کی تعزیتی قرارداد

بمبئی ۱۹ر جولائی - بمبئی میونسپل کارپوریشن نے ان تمام مسافروں کی المناک موت پر اظہار افسوس کیا جو ہندوستانی ہوائی جہاز میں بمبئی کے نزدیک ہلاک ہوئے۔ کارپوریشن نے مرنے والوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا [illegible]

[illegible]

(اپ)

مفت طلب کیجئے

حاجیوں کیلئے ضروری مسائل کے لئے تذکرۃ الحج نقشہ کعبہ کی تعلیم کے علاوہ مترجم [illegible] تقسیم کر رہے ہیں دو آنہ کے ٹکٹ فیہ ڈاک بھیج کر طلب کیجئے۔

ادارۂ آفتاب سالت پبلشنگ دہلی

سندھ اور سندھیوں کے حقوق اور وفاقی وحدت کی اسکیم

چودھری خلیق الزماں نے مسٹر گزدر کی سندھ کنونشن کی مخالفت شروع کر دی

کراچی ۱۹ر جولائی (ا م) کل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں نے سندھ مسلم لیگ کے سکریٹری کو ہدایت کی ہے کہ وہ مسٹر گزدر کا [illegible] کنونشن میں ایک کل سندھ کنونشن بلانے کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ سندھ کو پاکستان کے اندر نظام حکومت ایک علیحدہ فیڈرل یونٹ بنایا جا سکے۔ اور جب تک نیا آئین تیار ہو اس وقت سندھیوں اور سندھ کے حقوق اور مراعات پاکستان کی مرکزی حکومت سے حاصل کریں۔

چودھری خلیق الزماں کی رائے ہے کہ یہ [illegible] سندھ مسلم لیگ کے اجلاس یا اس کی کسی شاخ کے اجلاس میں پیش نہیں ہو سکتا۔ اس طرح یہ ورکنگ کمیٹی کے خلاف عدم اعتماد [illegible] سندھیوں کے حقوق کا تحفظ نہیں [illegible]

[illegible] پاکستان کے نئے آئین میں سندھ کو ایک وفاقی وحدت بنانے کی کوشش کے لئے ایک سندھ کنونشن کے بلانے کی فکر میں ہیں۔

آپ نے کہا ہے کہ وہ اس مسئلہ کو ورکنگ کمیٹی کے سامنے رکھ رہے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں مسٹر گزدر کو بھی لکھ رہے ہیں کہ انہوں نے یہ راہ کیوں اختیار کی ہے۔ انہوں نے ایک اور خط میں مسٹر گزدر کو لکھا ہے کہ کیا مجوزہ سندھ کنونشن ایک مستقل ادارہ کی حیثیت رکھے گی۔ اور اس کے ممبر کون ہونگے۔ اور کیا مسٹر گزدر سندھ مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کی مخالفت کے باوجود اس کا ارادہ رکھتے ہیں۔

شمالی کلکتہ میں گولی چلانے اور بم پھینکنے کا واقعہ

ایک ہلاک ایک زخمی

کلکتہ ۱۹ر جولائی - کل صبح شمالی کلکتہ میں بد امنی کے واقعات پیش آئے۔ گولی چلانے سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ درمیانی عمر کا ایک بنگالی اپنے گھر میں سو رہا تھا [illegible]

[illegible]

پاکستان کو اسٹاک ہالم کانفرنس کیلئے دعوت

کراچی ۱۹ر جولائی (ا م) پاکستان کو ستمبر میں اسٹاک ہالم میں ہونے والی انٹر پارلیمنٹری یونین کانفرنس میں مدعو کیا گیا ہے۔ یونین کی پاکستانی برانچ کا اجلاس ۱۵ر اگست کو منعقد ہوگا جس میں دعوت نامہ پر غور کیا جائے گا اور ارکان وفد کے بارے میں فیصلہ ہوگا۔

پاکستان کے اسپیکروں کی کانفرنس

[illegible]

ریاستوں کا دستور بھی دستور ساز اسمبلی ہی بنائے گی

ریاستوں سے متعلق مسودہ دستور میں بعض ترمیمات

نئی دہلی ۱۹ر جولائی - حکومت ہند کے آئینی مشیر سر بی این راؤ اور ریاستوں اور ریاستی یونینوں کے وزراء اعظم کی ایک کانفرنس میں اس امر کا فیصلہ ہو گیا ہے کہ [illegible]

یہ کانفرنس اس امر پر بھی متفق تھی کہ ریاستوں اور ریاستی یونینوں کے لئے دستور ساز اسمبلی ہی دستور بنائے گی۔ اور ریاستوں کے دستور مرتب ہو کر وہ ہندوستان کے دستور کا حصہ ہوگا۔

[illegible]

مغربی بنگال میں عام انتخابات کی تجویز

کلکتہ میں ملے جلے خیالات کا اظہار

کلکتہ ۱۹ر جولائی - مغربی بنگال میں جدید انتخابات کی کانگریس ورکنگ کمیٹی کی تجویز پر کلکتہ میں ملے جلے خیالات کا اظہار کیا جا رہا ہے [illegible]

[illegible]

کناڈا کے جہازوں سے مال نہیں اترا

مارسیلز کے ملاحوں اور مزدوروں کا فیصلہ

مارسیلز ۱۹ر جولائی - مارسیلز کے ملاح اور بندرگاہ کے ملازمین نے اعلان کیا ہے کہ وہ بندرگاہ میں آنے والے کناڈا کے جہازوں کا مال نہیں اتاریں گے۔ ملاحوں اور مزدوروں کا فیصلہ دوسرے مقامات کے ملاحوں اور مزدوروں کے اتحاد کو قائم رکھنے کے لئے ہے۔ (ریوٹر)

بمبئی میں یوم مظاہرہ

بمبئی ۱۹ر جولائی - جنرل اشوک مہتہ نے بتایا کہ ۲۴ جولائی کو سوشلسٹ پارٹی یوم مظاہرہ منائے گی اور اس بات کا مطالبہ کرے گی کہ صوبہ میں جن ریاستوں کو مدغم کیا گیا ہے ان کے نمائندوں کو انتخاب کیا جائے۔ مسٹر مہتہ نے ایک بیان میں کہا کہ ہمارا مطالبہ جمہوری ہے۔ اور ہر شہری کو خواہ وہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتا ہو ہماری حمایت کرنی چاہئے۔ (پ ٹ ا)

سفیر ہند شریمتی وجے لکشمی پنڈت کی طرف سے ڈاکٹر بنچ کو [illegible]

حبشیوں کی ترقی کی انجمن میں تقریر

لاس اینجلز ۱۹ر جولائی - امریکہ میں ہند کی سفیر شریمتی وجے لکشمی پنڈت نے رنگدار لوگوں کی ترقی کی قومی ایسوسی ایشن کی دعوت پر ایک جلسہ میں اقوام متحدہ کے قائم مقام ثالث ڈاکٹر بنچ کو ایک تمغہ پیش کیا۔ [illegible] اس تقریب پر بارہ ہزار اشخاص کے روبرو تقریر کرتے ہوئے شریمتی پنڈت نے ایسوسی ایشن کو ہند کی پوری پوری حمایت کی یقین دہانی کرائی اور فرمایا کہ ہندوستان کی تہذیب اس نظریہ پر مبنی ہے کہ آزادی ناقابل تقسیم ہے اور کہ جب تک ہر نسل، قوم اور فرقہ آزادی سے محروم رہے گا دنیا میں کسی بھی قوم کی آزادی دیرپا نہیں ہو سکتی۔ محکوم اقوام کے مسائل کے حل میں ہند جو دلچسپی لیتا ہے وہ عالمگیر امن کے متعلق اس کی خواہش کا مصداق ہے [illegible]

کلکتہ کے ڈپٹی کمشنر پر حملہ

گرفتار شدگان عدالت میں پیش کئے گئے

کلکتہ ۱۹ر جولائی - تین مزید اشخاص جو پولیس کے ڈپٹی کمشنر پر حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار کئے گئے تھے آج کلکتہ کے چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ کے سامنے پیش کئے گئے۔ مجسٹریٹ نے حکم دیا کہ ۵ر اگست تک انہیں پولیس کی نگرانی میں رکھا جائے۔ اس سلسلہ کا پہلا ملزم جسے میدان کے اس جلسہ میں گرفتار کیا گیا تھا جس میں پنڈت نہرو نے تقریر کی پہلے ہی مزید تحقیقات ہونے تک پولیس کی نگرانی میں رکھنے کا حکم دیا جا چکا ہے۔ کہا جاتا ہے جب ڈپٹی کمشنر نے اسے پکڑ لیا تو اس نے تین گولیاں چلائیں جو خطا کر گئیں۔ ایک سپاہی نے اس پر ڈنڈا چلایا اور اسے گرفتار کر لیا گیا۔ (اپ)

پاکستانی وفد کابل پہنچ گیا

پشاور ۱۹ر جولائی - افغانستان پاکستان مشترکہ تحقیقاتی کمیشن میں حصہ لینے کے لئے پاکستان کا سہ نفری وفد سردار عبدالرب نشتر کی قیادت میں پاکستانی فضائیہ کے ایک طیارہ میں کابل پہنچ گیا۔ یہ تحقیقاتی کمیشن ۱۲ر جون کے مغلئی پر بمباری کے حادثہ کی تحقیقات کرے گا۔ (رائٹر)

وزارتیں مقامی کانگریس کمیٹیوں کے ماتحت نہیں ہیں

کمیٹیوں کو وزارتوں کیخلاف عدم اعتماد کی تحریک منظور کرنے کا حق نہیں

آل انڈیا کانگریس مجلس عاملہ کا اہم فیصلہ

نئی دہلی ۱۹ر جولائی - [illegible] اور راجستھان کے معاملات میں وہاں کی وزارتوں اور مقامی کانگریسی پارٹیوں کے تعلقات پر کانگریس کی مجلس عاملہ نے ایک بہت اہم فیصلہ دیا ہے۔

ان یونینوں کی کانگریس کمیٹیوں نے مقامی وزارتوں کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ دیا تھا۔ اس پر مجلس عاملہ نے فیصلہ دیا ہے کہ ان کانگریس کمیٹیوں کو اپنی حکومتوں پر کوئی اقتدار حاصل نہیں۔

کہا جاتا ہے کہ مجلس عاملہ کے اس فیصلہ کی بنیاد وہ معاہدہ ہے جو ریاستی یونینوں کے بننے سے قبل ہوا تھا۔ مجلس عاملہ کے اجلاس میں کہا گیا کہ ان یونینوں کی وزارتیں مجالس قانون ساز کے سامنے جوابدہ ہیں، مقامی کانگریس کمیٹیوں کے سامنے نہیں۔

مدراس کے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا اور مزید غور و خوض کے لئے اس معاملہ کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔ مدراس کی وزارت کے خلاف تحریری طور پر الزامات پیش کر دئے گئے تھے۔ پنڈت نہرو کے نہ ہونے کے باعث مغربی بنگال پر جو تجویز تھی اس کو شائع نہیں کیا گیا۔ مجلس عاملہ کے اجلاس میں ایک فیصلہ کے مطابق تمام صوبائی کانگریس کمیٹیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وزارتوں کے خلاف عدم اعتماد کی [illegible] اور [illegible] کو مرکزی پارلیمنٹری بورڈ کے علم میں لانا چاہئے۔

راجستھان کے متعلق یہ فیصلہ ہوا کہ وہاں کی کانگریس [illegible] نے اپنے صدر کے متعلق عدم اعتماد کی جو تحریک پاس کی ہے وہ درست نہیں کیونکہ وہ مجلس عاملہ کے ممبر ہیں۔ اور ان پر عدم اعتماد کی تحریک سے قبل صدر کانگریس سے اس کی اجازت لینا ضروری تھا۔

صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی نے بھی اپنی علالت کے باعث اجلاس میں شرکت نہیں کی۔

پاکستان کیلئے برطانوی قند

کراچی ۱۹ر جولائی - حکومت پاکستان نے ملک میں [illegible] حکومت ۵۵ ہزار ٹن [illegible] دولت مشترکہ کے ممالک سے ڈالر کے نکلنے کے سلسلہ میں شروع کی گئی ہے۔

ہانگ کانگ کو مزید کمک پہونچ گئی

ہانگ کانگ ۱۹ر جولائی - کل برطانیہ سے مزید ۳ ہزار سپاہی آج ہانگ کانگ پہنچ گئے [illegible] (ریوٹر)

چار ہندوستانی سیلون کے شہری بنگئے

[illegible]

کانجیا سیوالی عورتوں کو سزا

لکسول ۱۹ر جولائی - ایک مقامی [illegible] نے تین عورتوں کو [illegible] چار ماہ قید کی سزا دی گئی۔ [illegible]

رمضان کی مناسبت سے فائدہ اٹھایئے

مترجم و محشی قرآن شریف حمائلیں، رمضان اور حج کے مسائل و فضائل کی کتابیں، تصانیف حضرات علمائے دیوبند و سہارنپور حضرت حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ و ملفوظات اور نایاب تصانیف یکم رمضان المبارک سے ۵ر شوال تک مخصوص رعایت پر ملیں گی۔ رعایتی فہرست [illegible] پتہ ذیل سے مفت طلب کیجئے۔

ظہور الحسن ناظم کتبخانہ امداد الغرباء سہارنپور

صدر جمعیۃ العلماء حضرت شیخ الہند مولانا سید حسین احمد صاحب مدظلہم کی اپیل

[illegible] مدرسہ سراج العلوم [illegible] نہایت مفید اور خدمت گذار مدرسہ ہے جس نے علمی اور مذہبی نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ [illegible]

[illegible] واللہ الموفق

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

امیکوف سیرپ

AMICO'S COUGH SYRUP

ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ کیلئے

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا۔ شفایاب ہوئے

[illegible]

سول ایجنٹ - این اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ - انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

کلیمی انجن نین سدھار

امراض چشم

[illegible]

محمد حسین مقبول حسین کمپنی کلیمی انجن نین سدھا گوٹھ چھاپ محلہ شاہ آباد یانس بریلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۱ر جولائی ۱۹۴۹ء

پاپائے اعظم کا فتویٰ

عصمت مآب پاپائے اعظم نے ویٹیکن سٹی (روم) سے یہ حکم جاری کیا ہے کہ جو شخص کمیونزم کو اختیار کریگا یا کمیونسٹوں کو چاہے گا اور ان کے ساتھ ہمدردی کرے گا، یا جو کمیونسٹوں کا لٹریچر پڑھے گا اور تقسیم کرے گا وہ خود بخود کلیسا سے خارج ہو جائے گا کیونکہ کمیونزم خالص مادیت ہے جو صرف انٹی کرائسٹ (دشمن مسیح) ہی بلکہ انٹی گوڈ (دشمن خدا) اور انٹی چرچ بھی ہے۔ البتہ جو لوگ اپنے عقیدہ سے تائب ہوں گے انہیں دوبارہ قبول کر لیا جائے گا، اور چرچ کا دروازہ ان پر بند نہ ہوگا۔

یہ ایکس کمیونیکیشن یا اخراج از کلیسا ایک سزا ہے جو ان لوگوں کو دی جاتی ہے جو کلیسا کے احکام سے سرتابی کریں یا دین میں کوئی ایسی بدعت ایجاد کریں جس کی تصدیق روم کی مقدس عدالت سے نہ ہوئی ہو، یہ سزا دوسری اور تیسری صدی عیسوی میں ایجاد ہوئی تھی جس کے درجے جرم کی نوعیت کے اعتبار سے مختلف تھے جس شخص کو کلیسا سے خارج کر دیا جاتا ہے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی، نہ کوئی پادری اس کا نکاح پڑھاتا ہے نیز اسے مذہبی تقریبات میں شرکت کی اجازت نہیں ہوتی، وہ نہ عشائے ربانی میں شریک ہو سکتا ہے اور نہ گرجاؤں میں قدم رکھ سکتا ہے، ایک طرح سے اسے کافر اور خارج از ایمان تصور کیا جاتا ہے۔

سولہویں صدی عیسوی تک سیاسی حکام اور عدالتوں کو سزا دینے کا اختیار حاصل رہا ہے مگر جب سے چرچ اور سیاست کی علیحدگی عمل میں آئی ہے یہ سزا اب محض روحانی رہ گئی، اب اس کے احکام روم کی مقدس عدالت سے پاپائے اعظم کے دستخطوں کے ساتھ نافذ ہوتے ہیں اور اس کی رو سے مجرم کو عیسائی حلقوں میں ذلیل اور رسوا کیا جاتا ہے۔

اٹلی کی آبادی نوے فیصدی کیتھولک کلیسا پر مشتمل ہے اور دنیا میں یہی وہ مقام ہے جہاں سے عصمت مآب پاپائے اعظم کے احکام ساری کیتھولک دنیا کے لئے جاری ہوتے ہیں، لیکن جب اٹلی میں گذشتہ الیکشن ہوا اور ایک تہائی آبادی نے کمیونسٹ امیدواروں کو ووٹ دیئے تو پتہ چلا کہ کمیونزم آہستہ آہستہ مقدس روم میں کس طرح قدم جما رہا ہے اور ہوا کا رخ کس طرف ہے اگر اٹلی ایک تہائی آبادی اور کمیونزم کی حلقہ بگوش ہو جائے تو کیتھولک کلیسا کے ایوانوں میں زلزلہ پیدا ہو سکتا ہے اور عیسائیوں کے معصوم عن الخطا امام کو پھر دنیا میں کہیں کوئی جگہ نہیں مل سکتی۔

یہ اخراج از کلیسا کا حکم ان لوگوں پر بھی نافذ ہوگا جو کسی ایسے سیاسی فرقہ میں شامل ہوں جسے کمیونسٹوں کی تائید حاصل ہو، اس معنے میں بائیں بازو کے اطالوی سوشلسٹ بھی کلیسا سے خارج کر دیئے گئے کیونکہ وہ اگرچہ کمیونسٹ نہیں ہیں لیکن کمیونسٹوں کے ہمدرد ضرور رہیں اور وہ گذشتہ الیکشن میں کمیونسٹ امیدوار کی حمایت کر چکے ہیں اسی لئے سوشلسٹ لیڈر سگنور نینی نے کہا ہے کہ "سوشلسٹ پارٹی پر اس حکم کا نفاذ چرچ کے حق میں مفید نہ ہوگا!"

اگرچہ اس حکم کا اثر پروٹسٹنٹ اور دوسرے فرقوں کے لوگوں پر نہ ہو سکے گا اس کا اطلاق صرف ان ہی عیسائیوں پر ہوگا جن کا تعلق کیتھولک چرچ سے ہے، لیکن یہ واقعہ ہے کہ جو کیتھولک عیسائی کمیونسٹ ہیں وہ شاید کیتھولک ازم کو کمیونزم پر ترجیح نہ دے سکیں گے اگر وہ بیک وقت عیسائی اور کمیونسٹ رہنا چاہتے ہیں تو ضروری نہیں کہ وہ کیتھولک فرقہ میں شامل ہوں وہ اپنی مسیحیت کو بچانے کے لئے پروٹسٹنٹ اور یونی ٹیرین بھی بن سکتے ہیں، اگر انہیں کمیونزم مذہب سے زیادہ محبوب ہو تو وہ مسیحیت کو خیرباد بھی کہہ سکتے ہیں، یہی غنیمت ہوگا بہت سے کمیونسٹوں نے کیتھولک مذہب اختیار کر رکھا ہے، اگر وہ لامذہب اور دہریہ ہو جائیں تو پوپ صاحب ان کا کیا بگاڑ لیں گے! چنانچہ روم کی مقدس عدالت کے فیصلہ پر اٹلی کے کمیونسٹ لیڈر نے کہا ہے کہ اس سے خوف زدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں، چیکوسلاواکیہ کے وزیر انصاف نے ویٹیکن کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ "یہاں جو شخص بھی اس حکم کے نفاذ کا تصور کرے گا اسے غدار تصور کیا جائے گا!" ایک زمانہ تھا جب پاپائے اکبر کے حکم سے سلاطین تک لرز جایا کرتے تھے اور بادشاہ تک مجبور تھے کہ روم کے رحم و کرم پر زندگی بسر کریں لیکن اب روم کا اقتدار صلاح اور مشورہ تک باقی رہ گیا ہے، اور لوگ بھی اس قدر اوہام پرست اور ضعیف الاعتقاد نہیں رہے کہ پاپائے اقدس کے احکام کو بلا چون و چرا مان لیں اور اسکی تہدید اور ترغیب سے ضمیر کی آواز کو دبا دیں!

ہم کمیونزم کی حمایت کرنا نہیں چاہتے بلکہ ہمارے نزدیک جدلی مادیت اس قابل ہے کہ اس کی سخت مخالفت کی جائے کیونکہ اس کی رو سے اخلاق کی قدریں بیخ و بن سے اکھڑ جاتی ہیں، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کمیونزم نے دنیا کو جو معاشی نظام دیا ہے جب تک اس کا بدل پیش نہ کر دیا جائے اس کی مخالفت سے کوئی فائدہ نہ ہوگا، دنیا معیشت کے نظام کو دیکھے گی یا روم کی مقدس عدالت کے حکم اخراج کا احترام کرے گی؟

سوال یہ ہے کہ پاپائے اعظم نے اپنا یہ حکم کس بنیاد پر صادر کیا ہے؟ کیا اس لئے کہ کمیونزم اور دہریت لازم و ملزوم ہیں؟ اگر یہ بات ہے تو خدا پرست کبھی کمیونسٹ نہیں بن سکتے اور نہ کمیونسٹ خدا پرست ہو سکتے ہیں پھر تو عیسائی کمیونسٹ، مسلمان کمیونسٹ کے کوئی معنے ہی نہیں رہتے! لیکن اگر ایک سچا عیسائی اس لئے کمیونسٹ بنتا ہے کہ وہ سرمایہ داری کے خلاف ہے اور سرمایہ کی عادلانہ تقسیم چاہتا ہے تو پھر اسے دہریت کے نام سے کوئی خوف نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ دہریہ نہیں ہے، بلکہ خدا پرست ہے، اس کے بعد یا تو اسے ایسا معاشی نظام دیا جائے جو کمیونزم سے بہتر ہو یا اسے قائل کیا جائے کہ سرمایہ کا الکتناز بھی اور مذہبی عین مذہب ہے اور دنیا کی فلاح اسی میں ہے کہ ایک شخص لاکھوں کا خون چوس کر موٹا بنے اور کروڑوں انسان زندگی کے وسائل تک سے محروم ہو جائیں، بہرحال ہم دہریت اور مادیت کے سخت خلاف ہیں لیکن یہ بات بھی سمجھتے ہیں کہ اب مذہب کو سرمایہ داروں کے لئے آلۂ کار نہیں بنایا جا سکتا اگر بنایا جائے گا تو مذہب باقی نہیں رہے گا۔

سندھ کے غیر مسلم

حکومت سندھ کا ارادہ ہے کہ سندھ کے جو غیر مسلم گذشتہ جنوری کو صوبائی حکومت کی ملازمت سے مستعفی ہو گئے تھے، اگر انہوں نے سندھ نہیں چھوڑا تو وہ انہیں دوبارہ ملازمت میں لینے کے مسئلہ پر غور کرے اور ان کی درخواستوں کا اعلان جلد ہی [illegible] مستعفی شدہ غیر مسلم ملازمین نے حکومت سندھ سے دوبارہ ملازم ہونے کی درخواست کی ہے، تو حکومت کا انسانی اور اخلاقی فرض ہے کہ وہ ان کی درخواستوں کو منظور کرے اور انہیں ان کی سابقہ پوزیشن پر بحال کر دے، جو لوگ پاکستان سے باہر نہیں گئے لیکن بعض حالات میں جاہلانہ فیصلہ کر بیٹھے انہیں غیر وفادار قرار دینا کسی طرح بھی جائز نہ ہوگا، اگر وہ غیر وفادار ہوتے تو پاکستان میں ہرگز نہ رہتے انکا رہنا ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ انہیں اپنے وطن سے محبت ہے اور وہ حکومت میں ملازم ہو کر اپنا وطنی فرض ادا کرنا چاہتے ہیں، یہ بات بڑی افسوسناک ہوگی کہ حکومت سندھ ایسے غیر مسلموں کی خدمات سے فائدہ نہ اٹھائے اور ان کے ساتھ امتیازی برتاؤ کرے، قرارداد مقاصد میں شاندار الفاظ کا مظاہرہ بہت آسان ہے، لیکن خوبی اس میں ہے کہ انہیں عمل کا جامہ پہنایا جائے، اور غیر مسلموں کے ساتھ ایسا بہتر سلوک ہو کہ ان کا دل خود گواہی دینے لگے!

کفر از کعبہ!

معاصر "ڈان" اردو کراچی نے ایک خبر کا عنوان قایم کیا ہے، "چون کفر از کعبہ برخیزد" اور خبر یہ ہے کہ کابل یونیورسٹی نے سنسکرت کو اپنے نصاب میں شامل کر لیا ہے، افغان طلباء کو ہندوؤں کی مذہبی روایات بھی پڑھنا پڑیں گی، اور یونیورسٹی نے ایک پنڈت پروفیسر کو اپنے اسٹاف میں رکھ لیا ہے"

ہم نہیں سمجھ سکے کہ ان میں کفر کی کونسی بات ہے؟ آیا یہ کہ کابل یونیورسٹی نے سنسکرت کو اپنے نصاب میں داخل کر لیا؟ یا یہ کہ طلباء کو ہندو روایات کا مطالعہ بھی کرنا ہوگا؟ یا پھر یہ یونیورسٹی نے ایک عدد پنڈت کو اپنے اسٹاف میں رکھ لیا ہے؟ ہم معاصر "ڈان" کو بتانا چاہتے ہیں کہ ان میں سے کوئی بات بھی ایسی نہیں ہے جس پر کفر کا اطلاق ہو سکے مسلمان کوئی تنگ نظر قوم نہیں ہے جو دوسروں کی زبان اور روایات سے نفرت کرے، اس کے نزدیک ہر زبان خدا کی بنائی ہوئی ہے، نہ مسلمان اس قدر متعصب ہوتا ہے کہ وہ دوسروں کی مذہبی روایات کو اچھوت سمجھے اور نہ وہ اس قدر تنگ نظر ہے کہ کسی قابل پنڈت کی خدمات سے بھی فائدہ نہ اٹھا سکے کابل یونیورسٹی کے فیصلے نے بتا دیا ہے کہ افغانستان اپنے جمہوری تصورات میں بڑی سے بڑی سیکولر اسٹیٹ سے بھی آگے ہے! جائے اس کے کہ افغانی قوم کی رواداری وسعت نظری اور علم دوستی کی داد دی جاتی اس پر کفر نوازی کا الزام لگا کر کی داد دی جا رہی ہے!

اچھی باتیں

افرأیت من اتخذ الٰہہ ہواہ

(پ ع ۱۹)

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اپنی خواہشات کو اپنا معبود بنا لیا ہے؟

انسان پتھر اور درخت کی پوجا کرتا ہے، آفتاب و ماہتاب کو معبود بناتا ہے سمندر اور پہاڑ کو اپنا حاجت روا مانتا ہے۔ جانوروں کے سامنے سر جھکاتا ہے، مگر بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ ان معبودوں میں ایک معبود خواہش بھی ہے، یہ اتنا بڑا معبود ہے جس کے سامنے بت شکن بھی جھکے ہوئے ہیں خواہشات کی پیروی اور من مانی زندگی بسر کرنے کا شوق انسان کو بے جان اور بے قیمت بنا دیتا ہے جس شخص کو خواہشات پر کنٹرول نہیں بلکہ اس پر خواہشات کو کنٹرول ہے۔ وہ دراصل خواہشات کی پوجا کرتا ہے اور اسی پوجا کا نتیجہ ہے۔ ظلم و بغی، ناانصافی اور بے رحمی، دشمنی اور منافرت، اگر خواہشات کو معبود نہ بنایا جاتا تو یورپ دو جنگوں میں کروڑوں انسانوں کو ہلاک کرکے ساری دنیا کو اقتصادی بحران میں مبتلا نہ کرتا

ادبی تعصب

(منشی ہنس راج سام سنگری)

آخر ہندوستان جیسا وسیع معاشرت کا حامل ملک جو اپنی بے شمار رسوم دینی کے لحاظ سے ایک ناقابل تقسیم خطۂ سرزمین سمجھا جاتا تھا خود غرض انسانوں کی مصلحتوں کی قربانگاہ پر چڑھ کر بقول شاعر

اک دل کے ٹکڑے ہزار ہوئے کوئی یاں گرا کوئی واں گرا

ہو گیا، اور مذہب معاشرت، زبان اور سیاسیات کے نام سے صدیوں سے ایک لڑنے جھگڑنے کے باوجود اکٹھے مل جل اور رس بس کر بسنے والے انسانوں کے درمیان فرضی سرحد کھڑی کر کے انہیں ہمیشہ کے لئے ایک دوسرے کا جانی دشمن بنا دیا گیا جس کی نشوونما مصداق ہے

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

دونوں ممالک کے مختلف پروگراموں سے جھلک رہی ہے۔ ان میں سے ایک چیز زبان کا مسئلہ ہے جس اتفاق ہے کہ بھارت ماتا کی گود سب سانس لینے والوں کا آسرا ہے۔ اس میں مختلف زبانوں کا رواج ایک لابدی چیز ہے جو انسان کی ہزار بیکاریوں کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ اگر انگریز کے تعصب میں حیدرآباد کی حتمی کوششوں کے باوجود وہاں کی دیسی زبانیں ترقی کرتی رہیں تو ہم کس طرح گمان کر سکتے ہیں کہ ہمارے ادبی تعصب سے یہاں چڑھے بچے علم و ادب نقش برآب بن کر رہ جائیں گے۔ [illegible]

[illegible]

من نہ کردم شما حذر بکنید

کہکر تو بہکر رہے ہیں اور نشانہ صاحب سرہند شریف کی زیارتوں سے اس احساس کو بیدار کر رہے ہیں۔ اور بقول

گذر گیا ہے زمانہ گلے لگائے ہوئے

مرے وصال کے مدت ہوئی اٹھائے ہوئے

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

مباحث امروز :- (نقاد کے قلم سے)

خوراک کیسے بچائیں

حال ہی میں پنڈت جواہر لال نہرو نے قوم کے نام ریڈیو سے اپیل کی تھی کہ وہ خوراک کے معاملہ میں دو ڈھائی سال کے عرصہ کو ہنگامی ضرورت کا عرصہ سمجھے اور اس دوران میں اپنی کھانے کی عادات کو بدلے تاکہ اس وقت غلہ کی جو کمی ہے وہ کسی حد تک پوری ہو سکے۔ کھانے کی عادات کو بدلنے سے پنڈت جی کا منشا تھا کہ ہم صرف گیہوں یا چاول ہی نہ کھائیں بلکہ دوسری چیزیں مثلاً شکر قندی اور پھل وغیرہ سے بھی لذت اندوز ہوں جیسے کہ خود پنڈت جی ان اشیاء سے لذت اندوز ہوتے ہیں اور گیہوں کے آٹے میں شکرقندی ملا کر کھاتے ہیں

پنڈت جی کی اس اپیل کو دہلی کی گرہستنوں نے خاص طور سے سنا اور جو کچھ پنڈت جی نے کہا اس پر غور کیا لیکن ایک مقامی معاصر نے ان کے جو تاثرات شائع کئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو کچھ ہمارے وزیراعظم نے فرمایا ہے وہ اس سے متفق نہیں تقریباً ہر طبقہ کی گرہستنوں نے جن میں امیر سے امیر اور غریب سے غریب شامل ہیں۔ یہی کہا کہ وہ اس حد تک قربانی کرنے کے لئے تیار ہیں کہ ایک وقت گیہوں اور چاول کا کھانا ہی ترک کر دیں اس سے خوراک کی بچت نہیں ہوگی بلکہ دو ہی روٹی لگانے کا کم سے کم ایک وقت کی بچت ہے [illegible] لیکن گیہوں اور چاول کا کوئی بدل ایسا ہو کہ وہ اسے حاصل کر کے اپنے گھر والوں کا پیٹ بھر سکیں۔

ایک مرتبہ فرانس کے غریبوں سے کہا گیا تھا کہ روٹی نہیں ملتی تو کیک اور مکھن کیوں نہیں کھاتے؟ اسی طرح شاید پنڈت جی بھی لوگوں کیلئے پھل اور سیب کھانے کی تلقین کریں تو گھر والوں کا پیٹ بھرنا ہی سوال ہے کہ انہیں خریدنے کے لئے پیسے کہاں سے آئیں۔ ایک غریب جو اپنا اور اپنے بچوں کے لئے دو وقت کی خشک روٹی بھی مہیا نہیں کر سکتا اس سے گیہوں اور چاول بچانے کے لئے پھل کھانے کی کیسے توقع کی جا سکتی ہے۔

بنیادی راشن

اس وقت بنیادی راشن ایک شخص کے لئے صرف دس آونس ہے حالانکہ ایک آدمی کے لئے کم سے کم چودہ آونس ضروری ہے اس کم راشن میں بھی مزید کمی کے معنے یہ ہوں گے کہ ہم عوام کی صحت کو جو پہلے ہی خراب ہے اور خراب کریں۔ پنڈت جی آٹے میں شکرقندی ملاتے ہیں اول تو شکرقندی آٹھ آنے اور بارہ آنہ سیر سے کم نہیں اور دوم اگر پنڈت جی کی یہ آ[illegible]

مزے دار لگتی ہے تو ضرور دیکھنی کہ دوسرے لوگوں کو بھی یہ مزہ کا معلوم ہو علاوہ ازیں شکرقندی کی ملاوٹ سے آٹے کی غذائیت ہلکی ہو جاتی ہے اور پھر بھوک مٹانے کے لئے نسبتاً زیادہ آٹے کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح خوراک بچانے کا وہ مقصد فوت ہو جاتا ہے جس کا اظہار پنڈت جی نے فرمایا ہے البتہ دہلی کی گرہستنوں کا کہنا ہے کہ خوراک بچانے کی ایک صورت ہے اور وہ یہ کہ اصلی گھی اور دودھ کا انتظام کیا جائے۔

آج کل دہلی میں خالص دودھ گھی قطعی طور پر عنقا ہیں۔ میونسپل کمیٹیوں کی مہربانی سے جن کی جبیں چہرہ سکہ شاہی سے ہر وقت گرم رہتی ہیں - دہلی والوں کو نوے فی صد ملاوٹ اور دکھن کریم نکلا دودھ مل رہا ہے۔ یہی حال گھی کا ہے کہ چراغ لے کر ڈھونڈنے سے نہیں ملتا - یہ دو چیزیں اگر اصلی ملنے لگیں تو یقینی طور پر گیہوں اور چاول بچانے میں گرہستنوں کو کوئی اعتراض نہ ہوگا اور پھر پنڈت جی کی اپیل سو فیصدی کامیاب رہے گی۔ لیکن کوئی بدل پیش کئے بغیر اگر ایک بار نہیں سو بار بھی اپیل کی گئی تو اس کا نتیجہ ہمیشہ صفر ہوگا مسٹر کیا وزیر اعظم پنڈت نہرو اور وزیر خوراک اور وزارت صحت جنہیں ان چیزوں سے خاص دلچسپی ہے خوراک بچانے کا مطالبہ کرنے سے قبل گرہستنوں کے اس مطالبہ پر غور کریں گے؟

تلنگو زبان کا شاعر

بمبئی کے ایک ہفتہ وار اخبار "شیڈ" میں اردو کے ایک مشہور ادیب مسٹر سعادت حسن منٹو کا ایک مضمون چھپا ہے جس میں تلنگو زبان کے ایک مشہور و معروف شاعر مسٹر بھاسکر راؤ کا ذکر کیا ہے جو ہندوستان میں انگریزی کے خلاف ایک کا درد[illegible] میں حصہ لینے والی ترقی پسند ادیبوں کی کانفرنس میں شرکت کے لئے آئے ہوئے تھے۔

مسٹر بھاسکر نے اپنی ٹوٹی پھوٹی ہندوستانی زبان میں کہا: "میں نے ماں بھومی ڈرامہ لکھا تھا۔ کانگریسی لیڈروں نے کچھ سال قبل اس ڈرامہ کو اسٹیج پر دیکھا اور اسے پسند کیا لیکن ابھی کچھ دن ہوئے پولیس نے مجھے بلا لیا اور انسپکٹر نے مجھ سے پوچھا "کیا تم ہی بھاسکر راؤ ہو؟" میں نے جواب دیا "جی ہاں میں ہی بھاسکر راؤ ہوں"

"تم بھاسکر راؤ کیوں ہو؟ تم نے ماں بھومی کیوں لکھا؟" میں خاموش رہا۔ انسپکٹر چلایا "تم جواب کیوں نہیں دیتے؟" میں اس پر بھی خاموش رہا۔ انسپکٹر نے میرے [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

خیالات ناظرین

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

مسلمانان جوالاپور کی ضروری گذارش

محترمی السلام علیکم - ستمبر ۱۹۴۷ء کے ستم زدہ اور اجڑے ہوئے مسلمانان جوالاپور کو ان کے پیارے وطن میں دوبارہ آباد کر کے ہماری قومی حکومت نے ان پر جو احسان کیا ہے اس کے لئے مسلمانان جوالاپور تہ دل سے شکر گذار ہیں لیکن دوبارہ آباد ہونے پر قدرتی طور پر بعض مشکلات ہمارے سامنے ہیں جن سے عہدہ برآ ہونا حکومت کی مدد و تعاون کے بغیر ہماری طاقت سے باہر ہے - ہمیں دوبارہ آباد ہوئے ایک سال سے زیادہ ہو گیا۔ ہم نے اب تک انتظار کیا کہ شاید حکومت خود ہماری مشکلات و مسائل کی نزاکت کا احساس کرکے ہماری دشواریوں کو دور کرنے کی کوشش کرے گی مگر بدقسمتی سے اس طرف بہت کم توجہ دی گئی جس کی بنا پر بہت سے مسلمان سخت پریشانیوں اور مصیبتوں سے دوچار ہیں۔

ذیل میں ہم اپنے ضروری مطالبات پیش کر کے امید وار ہیں کہ ہمارے محترم رہنمایان وطن اور حکام متعلقہ پوری توجہ فرما کر ہماری دشواریوں کو آسان اور ہماری مشکلات کا حل نکالیں گے۔

(۱) بازار جوالاپور میں وہ دکانیں جن میں جھگڑے سے پہلے مسلمان دکاندار اپنا کاروبار کرتے تھے تمام ابھی تک مقامی یا شرنارتھی ہندوؤں کے قبضہ میں ہیں جس کی بنا پر پیشہ مسلمان سخت پریشان ہے۔ اور اب حکومت کو متعدد مرتبہ اس طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ شاہی مسجد کی دکانیں جو ہمیشہ سرکاری وقف ہیں ان پر بھی شرنارتھیوں نے قبضہ کر رکھا ہے وہ بھی اب تک قائم ہے ستم تو یہ ہے کہ یہ لوگ کرایہ بھی نہیں دیتے کہ ایک دوسرے کو کرایہ کون دیتے لیتے رہے ہیں۔

(۲) ہر دوار میونسپل بورڈ ٹیونیشن کے ان مسلمان ملازمین میں سے کسی کو جو جھگڑے سے پیشتر اپنے کام میں لگے ہوئے تھے دوبارہ آباد ہونے پر بحال نہیں کیا گیا جس کی بنا پر ایسے لوگ اور ان کے بال بچے سخت افلاس اور فاقہ کشی کی زندگی کاٹ رہے ہیں

(۳) جھگڑے سے پہلے ہر دوار میں مسلمان بے تکلف آتے جاتے اور اپنا کاروبار کرتے تھے لیکن وہ دوبارہ آنا جانا بے امتیاز اور دقت ہے اس کی بنا پر مسلمان ہر دوار جانے سے اب تک [illegible]

تعجب محسوس کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ ہزاروں آدمی جن کا کام ہر دوار سے وابستہ تھا بیکار ہیں خلا ناگہ زیادہ ہیں گاڑی والے، دودھ والے، سبزی والے، ٹانگہ والے، سقے اور دیگر مزدوری پیشہ اس مسئلہ کا تعلق دونوں فریق برادران وطن کی رواداری اور ہمدردی پر ہے ہر دوار جانے میں مسلمانوں پر کوئی پابندی نہیں مگر بعض [illegible] اس طرح سلوک سے اعتماد پیدا کر دیا جائے تو یہ مسئلہ حل ہو جائے - بہر کیف ہم اپنی یہ گذارش پیش کر کے امید ہے کہ اب حکومت مزید توجہ فرمائیں گے

محمد اسلام سکریٹری جمعیۃ علماء جوالاپور

[illegible]

ناسک کی عیدگاہ

جناب اڈیٹر صاحب - سلام مسنون - ہم ناسک کی عیدگاہ کی طرف توجہ دلانا چاہتے ہیں، جس کے متعلق تقریباً تین دنوں سے اخبارات میں یہ چیز دیکھنے میں آ رہی ہے کہ مقامی حکام عیدگاہ کی وقف کردہ زمین کو کسی سرکاری کام کے لئے لینا چاہتے ہیں اور غالباً اس کی منظوری صوبائی حکومت سے بھی حاصل کی گئی ہے یا حاصل کی جا رہی ہے - یہ عیدگاہ اور اس کی زمینیں شاہی عہد کی وقف کردہ ہیں - ظاہر ہے کہ ہر عہد کی سلطنت کا فرض ہے کہ وہ گذشتہ سلاطین کے اوقاف اور ان کی یادگاروں کو باقی رکھے - ہماری حکومت اگر اس عہد جمہوریت میں کسی فرقہ کی عبادت گاہ کو کچھ وقف دیکر اس قسم کی حوصلہ افزائی نہیں کرنا چاہتی جیسے کہ پہلی حکومتیں تھی تو ہم کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر پرانی یادگاروں اور اوقاف کے متعلق کمیں کے حکام اس قسم کا رویہ اختیار کریں جس سے وقف کا منشا فوت ہو جاتا ہو تو پھر حکومت کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اس کی طرف متوجہ ہو اور ایسا ہرگز نہ ہونے دے۔

اوقاف اگر ان کی منشاء کے خلاف استعمال ہو رہے ہیں تو ان کی اصلاح اور اس کے لئے قانون کا بنانا بھی ضروری ہے ہم ہر طرح اس کے حامی ہیں بلکہ اپنی حکومت سے درخواست [illegible]

(باقی صفحہ ۳ پر)

افکار پاکستان

مرکزی حکومت کی خدمت میں

عوام مرکزی حکومت کے کام سے بھی مطمئن نہیں۔ صوبائی حکومتیں تو سو فیصدی ناکام ہو چکی ہیں۔ ان کے وجود سے خیر کے بجائے شر کا صدور ہو۔ لیکن مرکزی حکومت جو سارے ملک کی ذمہ دار ہے اس نے اب تک جو کارنامے انجام دیئے ہیں وہ بھی قابل فخر نہیں ہیں۔ پاکستان کے اہم مسائل مثلاً دستور سازی، اسلامی اصول کی تعمیر، پناہ گزینوں کی آبادکاری، معاشی استحکام، رشوت اور اقربا پروری کا استیصال، سیاسی پارٹیاں، خارجی تعلقات کے سلسلے میں مرکزی حکومت نے جو پالیسی اختیار کر رکھی ہے اس سے عوام مطمئن نہیں ہیں۔

اس کے علاوہ ہم محسوس کرتے ہیں کہ مرکزی حکومت ...

چاہیئے ایک سوسائٹی قائم ہوئی ہے جو ان باتوں پر غور کرے گی۔ کہ کون سی باتوں سے انسان خوش رہ سکتا ہے اور جو لوگ خوش رہتے ہیں ان کی نفسیات کا بغور مطالعہ کیا جائیگا۔

ویسے تو عام مقولہ یہ ہے کہ اس دنیا میں کوئی شخص بھی خوش نہیں ...

(زمیندار پاکستان" ۱۷ر جولائی ۱۹۴۹ء)

مہاجروں کی تنظیم

مہاجر کا لفظ زبان پر آتے ہی دماغ کے پردوں پر کچھ تصویریں اُبھر آتی ہیں۔ ...

ادبی تعصب

بقیہ صفحہ ۳

اشارہ کریں وہ عوام کا ملک ہیں ہے وہ کلمہ خواں لوگوں کی ملکیت ہے ...

(رسالہ تعلیم دہلی)

مباحث امروز

بقیہ صفحہ ۳

جمعیۃ علماء کی جدید تنظیم کے متعلق اضلاع کی جمعیتوں کو ہدایات

صدر جمعیۃ علماء یوپی کا اہم بیان

لکھنؤ۔ ۲۰ر جولائی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ...

جمعیۃ علماء یوپی کے دفتر کی تبدیلی

جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کا دفتر جو لکھنؤ میں گولہ گنج روڈ پر نصیر النساء منشن میں تھا وہ اب تنویر بورڈ دفتر کے بالائی حصہ میں منتقل ہوگیا ہے۔ لہٰذا جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے دفتر سے متعلق جملہ ذیل پتہ پر خط و کتابت بھیجی جائے۔

دفتر جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ، نواب گوپی گنج باغ ۱۰ امین آباد۔ لکھنؤ۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کو مبارکباد

بریلی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کے مجلس دستور ساز کا رکن منتخب ہونے پر جمعیۃ علماء بریلی کے صدر حکیم خلیل اللہ صاحب نائب صدر حکیم صدیق احمد صاحب اور نائب ناظم مولانا عبدالرؤف صاحب نے مشترکہ طور پر پیغام مبارکباد بھیجا۔ پیغام میں یہ امید ظاہر کی گئی ہے کہ اس نازک دور میں حضرت مولانا کا انتخاب ملک و ملت کے لئے مفید ثابت ہوگا۔

جامع قاسمیہ گلاؤٹھی کی اپیل

مدرسۃ الاصلاح اعظم گڈھ کی اپیل

مسٹر اننتھا سیانم کی تقریر

تخفیف کے خلاف امداد کا وعدہ

مدراس۔ ۱۸ر جولائی۔ ہند پارلیمنٹ کے ڈپٹی اسپیکر مسٹر اننتھا سیانم آئنگر نے ...

بنگال کے سیاسی پیڑتوں کی کانفرنس

۱۶ر اگست کو مدناپور میں ہوگی

مدناپور۔ ۱۸ر جولائی۔ مغربی بنگال کے سیاسی مصیبت زدگان کی دوسری سالانہ کانفرنس ۱۶ر اگست سے مدناپور میں شروع ہوگی۔ اس کانفرنس میں مشہور رہنماؤں کی شرکت کی توقع ہے۔ (پ)

خیالات ناظرین

بقیہ صفحہ ۳

وطن کے ادیبوں کی بے عزتی

روم کی جیل میں قیدی لڑ پڑے

مشرقی پنجاب کی آبادی کی مردم شماری حکومت ہند جانچ کرا رہی ہے

ہریانہ ... ۲۰ر جولائی۔ مشرقی پنجاب میں جو فہرست انتخاب کنندگان تیار ہوئی ہے اس کی جانچ کے لئے ۲۹ قصبات، شہروں اور تحصیل منتخب کی گئی ہیں۔ منتخبہ شہروں، قصبات اور دیہات میں وارڈ اور محلات اور منتخبہ تحصیلوں میں مقامات بغرض جانچ کے لئے منتخب کئے جائیں گے۔

سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت ہند نے یہ مناسب سمجھا ہے کہ مشرقی پنجاب میں مختلف فرقوں کی آبادی کی فہرست رائے دہندگان کے اعتبار سے جانچ کرالی جائے۔ یہ جانچ مسٹر ... رجسٹرار جنرل مردم شماری کی ہدایات کے بموجب ہو رہی ہے۔

پاکستانی اڈیٹروں کا نیا ضابطہ

کراچی۔ ۱۸ر جولائی۔ پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرس کانفرنس کی مجلس قائمہ نے پاکستانی اخباروں کے لئے ایک ضابطہ منظور کیا، اس کی خاص خاص باتیں یہ ہیں ...

پھلوں کی پیداوار میں اضافہ کی تجویز

ترکی کے سفیر پاکستان میں

کراچی ۱۸ر جولائی۔ ایم جمیل ... سفیر تھے اب پاکستان میں سفیر مقرر کئے گئے ہیں۔

آسٹریلیا کے کان کنوں کی ہڑتال

وزیراعظم چیفلے کی نشری تقریر

کانبرا ۱۸ر جولائی۔ مسٹر چیفلے وزیراعظم آسٹریلیا نے آج ایک براڈکاسٹ میں کہا کہ حکومت کوئلہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گی ...

فتح پور سیکری میں شاندار مشاعرہ

ماہ رمضان المبارک کی خوشی میں

روزنامہ و ہفت روزہ

الجمعیۃ کے زر چندہ میں خاص رعایت

اس سنہری موقع سے فائدہ اُٹھائیے

ادارہ الجمعیۃ نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی آمد کی خوشی میں اپنے مستقل خریداروں کو ایک ماہ کے لئے حسب ذیل رعایتیں دی جائیں۔

(۱) روزنامہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ چالیس روپے ششماہی بیس روپے سہ ماہی گیارہ روپے ہے لیکن جو حضرات ۲۶ر شعبان المعظم سے ۲۵ر رمضان المبارک تک روزنامہ کے خریدار بنیں گے ان سے زرچندہ بحساب ذیل لیا جائے گا

سالانہ ... ششماہی ... سہ ماہی ...

(۲) روزنامہ الجمعیۃ تین ماہ سے کم کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات مدت مذکورہ بالا کے درمیان نمونہ کے طور پر ایک ماہ کے لئے اخبار جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپیہ بھیجکر جاری کرالیں

(۳) ہفت روزہ الجمعیۃ کا سالانہ چندہ بارہ روپے اور ششماہی چھ روپے ہے۔ لیکن جو اصحاب مذکورہ بالا مدت کے اندر خریدار بنیں گے ان سے ہفت روزہ کا چندہ بحساب ذیل لیا جائیگا

سالانہ دس روپے ششماہی پانچ روپے

(۴) ہفت روزہ الجمعیۃ چھ ماہ سے کم مدت کے لئے جاری نہیں کیا جاتا۔ لیکن جو حضرات بطور نمونہ تین ماہ کے لئے جاری کرانا چاہیں وہ صرف تین روپیہ بھیجکر جاری کرالیں

(۵) روزنامہ الجمعیۃ اور ہفت روزہ کے قدیم خریدار جن کا زرچندہ ادارہ الجمعیۃ کو اس رعایت کی تاریخ آغاز سے قبل وصول ہوچکا ہے یا وہ قدیم خریدار جن کی مدت خریداری ۲۵ر رمضان تک کسی تاریخ پر ختم ہونے والی ہے وہ اگر اس رعایت سے فائدہ اٹھانا چاہیں۔ تو ایک سال چھ ماہ یا تین ماہ کا مزید زرچندہ (رعایتی) بھیجکر اپنی مدت خریداری میں اضافہ کرالیں کیونکہ ۲۵ر رمضان کے بعد یہ رعایت ختم ہوجائے گی۔

(۶) اس مدت کے اندر جو جدید حضرات روزنامہ یا ہفت روزہ کا زرچندہ روانہ فرمائیں گے ان کو ہفت روزہ الجمعیۃ کا جمعیۃ علماء نمبر مفت دیا جائے گا

(۷) روزنامہ یا ہفت روزہ الجمعیۃ کے دس خریداروں کا کم از کم چھ ماہ کے لئے زرچندہ یکمشت بھیجنے والے حضرات کے نام تین ماہ کے لئے روزنامہ یا چھ ماہ کے لئے ہفت روزہ الجمعیۃ دونوں میں جو بھی پسند کریں گے جاری کیا جائے گا۔

ضروری ہدایات

(۱) یہ تمام رعایتیں صرف ایک ماہ یعنی ۲۶ر شعبان ... سے ۲۵ر رمضان ... تک جاری رہیں گی ۲۵ر رمضان کے بعد منی آرڈر بھیجی جائیں یعنی آپ کے مقام سے چندے کے منی آرڈر کی روانگی کی تاریخ ۲۵ر رمضان المبارک ہونی چاہئے۔

(۲) رعایتی چندے منی آرڈر کے ذریعہ روانہ فرمائیے۔ اس سلسلہ میں بذریعہ وی۔ پی کوئی اخبار جاری نہیں کیا جائیگا ... رعایتی اعلان کا حوالہ ضرور دیجئے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ گلی قاسمجان دہلی

ضروری اطلاع

روزنامہ الجمعیۃ و ہفت روزہ الجمعیۃ کے چندہ میں ایک ماہ کے لئے ہمارا رعایتی اعلان صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو اپنا زرچندہ بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمائیں گے۔

وی۔ پی کے ذریعہ اخبار طلب کرنے والے حضرات سے پورا چندہ لیا جائے گا۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

دارالسلطنت

ریل کے نیچے آن کر ہلاک

دریا گنج نمبر کا ایک شخص ... سبزی منڈی میں ریل کی لائن کراس کرتے ہوئے ایک مال گاڑی کے نیچے آن کر ہلاک ہوگیا۔ اس کی جیب کے ایک پوسٹ کارڈ سے اس کی شناخت ہوسکی۔

نوزائیدہ بچہ ملا

فوارہ کے قریب ملکہ باغ میں گندگی کے ایک ڈھیر پر ایک زندہ نوزائیدہ بچہ کپڑے میں لپٹا ہوا پولیس کو ملا جسے ہسپتال پہونچا دیا گیا۔

ایک کروڑ روپے کی بچت

اعلان کیا گیا ہے کہ پٹرول کے کوٹہ میں پچیس فیصدی کمی ہو جانے سے ایک کروڑ روپیہ سالانہ بچایا جا سکے گا۔ گذشتہ سال ہند نے ۴۸۸۰۰۰ ٹن پٹرول درآمد کرنے پر ۹ کروڑ روپیہ صرف کیا۔ یہ اقدام اس لئے کیا گیا ہے کہ ہند کے اسٹرلنگ ذرائع کا بار کم ہو جائے ...

ٹیلی فون کی نئی شرح پر نکتہ چینی

بنارس جیل کے سکھ رہا

بنارس۔ ۱۹ر جولائی۔ بنارس سنٹرل جیل سے کل تمام سکھ قیدی ... رہا کر دیئے گئے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

شمسیوں کی رہائی پر مسٹر شتاق کا بیان

یکم اکتوبر سے رات کو ڈاک جائیگی

برسات ختم ہونے کے بعد ہوائی جہازوں کی آمد و رفت

نئی دہلی۔ ۱۹ر جولائی۔ رات کو ہوائی جہازوں کے ذریعہ ڈاک بھیجنا گذشتہ ماہ جون کے بعد بند کر دیا گیا تھا۔ لیکن اب اس سروس کو یکم اکتوبر سے پھر جاری کیا جا رہا ہے۔ اور اس کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں۔ ڈاک کے ساتھ مسافر بھی سفر کر سکیں گے اور یہ سلسلہ آئندہ موسم برسات تک جاری رہے گا۔ ...

درجۂ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۳ درجہ اور کم سے کم ۸۰ درجہ تھا۔

موسم کا حال

مانسون ہمالیہ کے دامن میں پہنچ گئی ہے۔ مشرقی پنجاب اور مغربی یوپی میں مقامی طور پر بارش ہوئی۔ ...

ڈچ طیاروں کی دوسری کمپنی پر پابندی

گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کے مجرمین

کی پریوی کونسل سے اپیل

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

پروفیسر کے خلاف مظاہرہ

کمیونسٹوں کے خلاف ...

عید مبارک اور مشاعرہ

بارسلونا میں بم پھٹنے سے ایک شخص ہلاک

بازار کے بھاؤ

۲۰ر جولائی

اپوڑ مارکیٹ

کریانہ مارکیٹ

غلہ مارکیٹ دہلی

جنوبی چین میں کمیونسٹوں نے اپنا بڑا حملہ شروع کر دیا

اہم مقامات اور شہروں پر قبضہ کر لیا گیا

کانٹن ۱۹ر جولائی۔ چین کے قوم پرست فوجی حلقوں کا خیال ہے کہ کمیونسٹوں نے جنوب کی طرف پیش قدمی شروع کر دی ہے ... مزید اطلاعات حاصل کئے بغیر تسلیم کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہیں ...

معمولی مزاحمت کے بعد ہزاروں کمیونسٹوں نے دریائے گان کو پار کر لیا اور کئی شہروں پر قبضہ کر لیا۔ ...

حضرت علی کا یوم شہادت۔ بازار بند رہا

بمبئی ۱۹ر جولائی۔ کل حضرت علی کے یوم شہادت کے احترام میں بمبئی کا بازار حصص بند رہا۔ ... (پ۔ ٹ)

چار ہفتہ کا راشن کیوں ملتا ہے؟

دہلی میں گذشتہ ماہ ... ہزار گاڑیاں تین لاکھ بوری اناج لے کر پہونچ گئی ہیں، اور اب ان کو محفوظ مقامات پر رکھنے میں سخت مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ...

قاسم رضوی کی صفائی کے اخراجات حکومت خود برداشت کریگی

فوجی گورنر میجر جنرل چودھری کا اعلان نظام نے لنکا میں جائداد نہیں خریدی

حیدرآباد ۱۹ر جولائی۔ آج ایک پریس کانفرنس میں یہاں حیدرآباد کے ملٹری گورنر میجر جنرل چودھری نے اعلان کیا کہ حکومت سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں صفائی کے اخراجات خود برداشت کرے گی۔ ...

فرقہ وارانہ تعلقات کے متعلق انہوں نے کہا کہ دونوں فرقوں میں تعلقات خوشگوار ہو رہے ہیں۔ آپ نے کہا اس خبر میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ نظام نے لنکا میں جائداد خرید رکھی ہے۔ ...

انبالہ کا مشہور ڈاکو گرفتار

بیٹی نے باپ کو گرفتار کرا دیا

ملوں میں کپڑا جمع ہونے کی خبریں مبالغہ آمیز ہیں

ٹیکسٹائل ڈائرکٹریٹ کے ترجمان کا بیان

بمبئی ۱۹ر جولائی۔ ٹیکسٹائل ڈائرکٹریٹ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ بمبئی صوبہ کے ملوں میں اس وقت جو مال رکا پڑا ہے اس کے اخراج کے لئے اقدامات اختیار کئے جا رہے ہیں۔ ترجمان نے ان اخباروں کو مبالغہ آمیز بتایا ہے جو کپڑا جمع ہونے یا کپڑے کے ملوں کے بند کئے جانے کے متعلق اخبارات میں چھپی ہیں ...

عالمی بنک کا ہندوستان کو قرضہ

واشنگٹن ۱۹ر جولائی۔ عالمی بنک کے ہندوستانی ...

مشرقی پاکستان مسلم لیگ کا آئین

تشکیل کے لئے سات آدمیوں کی کمیٹی

ڈھاکہ ۱۸ر جولائی۔ مشرقی پاکستان مسلم لیگ کا آئین بنانے کے لئے سات آدمیوں کی ایک سب کمیٹی بنائی ہے۔ کمیٹی نے اگست کے آخر تک کام مکمل کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ ...

فوری واپسی ناممکن ہے

ڈاکٹر بی سی رائے کا جواب

کلکتہ ۱۹ر جولائی۔ مسٹر ... کو مغربی بنگال کے قائم مقام وزیراعظم کو ڈاکٹر بی سی رائے کا ایک تار موصول ہوا ہے ... ان کی فوری واپسی ناممکن ہے۔ مسٹر سرکار آج دہلی روانہ ہو رہے ہیں۔ ... (۱)

آسام میں پولیس اور ہجوم میں تصادم

پولیس کی فائرنگ سے ایک عورت ہلاک

مسٹر پرتھوی سنگھ آزاد کی تقریر

انبالہ ۱۹ر جولائی۔ انبالہ میونسپلٹی نے لوکل سیلف گورنمنٹ کے وزیر مسٹر پرتھوی سنگھ آزاد کو ایک سپاسنامہ دیا۔ ... (پ۔ ٹ۔ ا)

ڈاکٹر رائے زیورچ سے روانہ ہوگئے

زیورچ ۱۹ر جولائی۔ ڈاکٹر رائے وزیراعظم مغربی بنگال ... (رائٹر)

قسمت کا حال بتانیوالوں کی آمدنی

لاہور ۱۸ر جولائی۔ ... ایک عجیب و غریب یونین بنانے والی تھی جس کا ارادہ ملتوی کر دیا گیا ہے ...

نواب پٹودی کلکتہ میں

کلکتہ ۱۹ر جولائی۔ ...

پہلے پاکستانی گورنر نے حلف اٹھا لیا

سپیکر کا گڑگاؤں اور کرنال کا دورہ

لدھیانہ ۱۹ر جولائی۔ ...

مسٹر گول والکر مدراس کو

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۲ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

گارنٹی شدہ
خالص سونے کے
و سادہ کاری فینسی زیورات
بھرآ آجی دی ہٹی (رجسٹرڈ)
جیولرز
چاندنی چوک متصل بلیماران دہلی
فون نمبر ۵/۲۴۰۶

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے
اوقات سحر و افطار

ماہ تاریخ اور مہینہ	وقت انتہائے سحر	وقت افطار
جمعہ ۲۲ رمضان المبارک	—	۷ بجکر ۲۵ منٹ
ہفتہ ۲۳	۴ بجکر ۵۵ منٹ	۷ بجکر ۲۳ منٹ
اتوار ۲۴	۴ بجے	۷ بجکر ۲۳ منٹ
پیر ۲۵	۴ بجے	۷ بجکر ۲۲ منٹ

امریکہ کمیونسٹ چین کی دس سال کیلئے ناکہ بندی کریگا

کمیونسٹ لیڈر جنرل چو این لائی کی پیش گوئی

چین میں نسلی اور مذہبی امتیازات باقی نہیں رہینگے

سان فرانسسکو ۲۰ جولائی - پیکنگ کے کمیونسٹ ریڈیو سے ایک چینی کمیونسٹ لیڈر کا بیان نشر کیا گیا ہے [illegible]

شمالی چین میں تاجروں کا رجسٹریشن

سان فرانسسکو ۲۰ جولائی (یو - پی - آئی) گذشتہ شب پیکنگ ریڈیو نے بتایا کہ شمالی چین میں غیر ملکی تجارت کے انتظامی اداروں [illegible]

شام اور اسرائیل کے مابین سمجھوتہ پر دستخط ہو گئے

ابھی لبنان اور عرب ممالک سے سمجھوتہ ہونا باقی ہے

حیفا ۲۰ جولائی (ر) آج اسرائیل نے شام کے ساتھ عارضی صلح نامہ پر دستخط کر دئیے [illegible] عرب اسٹیٹ ہے جس کے ساتھ اختتام جنگ کے سلسلہ میں اسرائیل کا سمجھوتہ ہوا ہے اس سال کے شروع میں جن عرب ممالک کے ساتھ اسرائیل کے سمجھوتے ہو چکے ہیں ان میں مصر لبنان اور شرق اردن شامل ہیں۔

گرفتار شدہ جرنلسٹوں کا اقبال

کشمیر میں سرحد کے زیادہ حصے کے متعلق اتفاق رائے ہوگیا

کراچی کی فوجی کانفرنس کے متعلق سرکاری اعلان

کراچی ۲۰ جولائی - ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے فوجی نمائندوں کی کانفرنس میں کل کشمیر میں متنازعہ سرحد کے زیادہ حصہ کے متعلق اتفاق رائے ہو گیا۔ [illegible]

پاکستان میں متروکہ جائداد کے سلسلہ میں کسٹوڈین مقرر کر دئیے گئے

مہاجرین سے کرایہ وصول کیا جائیگا

لبنان خطرے میں

سرت چندر بوس بائیں بازو والوں کو متحد کریں گے

دسمبر یا نومبر میں کنونشن بلانے کا اعلان

احمد آباد میں کپڑے کا اسٹاک جمع ہونے پر ملیں بند ہونے لگے

ٹیکسٹائل کمشنر بمبئی نے کپڑا فروخت کرنے کی اجازت دے دی

جوگ جاکرتا میں ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کے قیام کی بات چیت شروع ہو گئی

(آخری فیصلہ ہیگ کی گول میز کانفرنس میں ہوگا)

جاوا اور سماٹرا میں ابھی تک گوریلا جنگ جاری ہے

انڈونیشیا کی عارضی پارلیمنٹ میں ڈاکٹر حتیٰ کی تقریر

سرکاری فوجیں کمیونسٹوں سے مل گئیں

شنگھائی کی خبروں پر سخت سنسر

اپنے کام پر واپس آجاؤ

کابینہ میں تبدیلیاں

مغربی پاکستان کا کوئی باشندہ مشرق کی طرف سے ہند میں داخل نہیں ہو سکتا

کراچی میں ہند کے ہائی کمشنر کا اعلان

دہلی میں گزشتہ ۲۴ گھنٹے کے اندر چار انچ بارش

سڑکوں اور راستوں پر پانی بھر گیا - ٹریفک بند

(نامہ نگار خصوصی)

جاپان سے دوستانہ تعلقات کا معاہدہ

نشہ بندی پر بھی شراب کی اجازت

بلیک مارکیٹ کے الزام میں گرفتاری

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزنامہ الجمعیۃ

Delhi: 21-7-49

ہند پاکستان کے قدرتی ذرائع کو ضرور ترقی دی جانی چاہیئے

برطانوی پارلیمنٹ میں وزیر خارجہ مسٹر بیون کی تقریر

لندن ۱۹ جولائی - برطانوی وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون نے کہا ڈالر اور اسٹرلنگ کے علاقہ میں تعاون سے صدر ٹرومین کے پلان کا چوتھا نکتہ یعنی پسماندہ علاقوں کی ترقی ایک حقیقت بن سکتی ہے۔ [illegible]

اسلحہ شماری کے متعلق فرانس کی تجویز منظور ہو گئی

روس مصر اور یوکرین کی شدید مخالفت

صرف ایٹم بم سے ہی فتح حاصل نہیں ہو سکتی

امیر البحر ولیم بلانڈی کا اظہار خیال

مجھے واپس نہیں بلایا گیا

ڈاکٹر رائے کا اعلان

حکام ضلع حاجیوں سے پیشگی رقم جمع کرائے بغیر پاس جاری کر دیں

زائرین بیت اللہ شریف اور حکام کی اطلاع کیلئے پورٹ حج کمیٹی کا اعلان

سنگھیوں کی سہارنپور میں سرگرمیاں

(نامہ نگار خصوصی)

دولت مشترکہ سے مشورہ

حیدر آباد کی گھریلو صنعت

احمد آباد میں جاوید پر پابندی

لکھنؤ سے اغوا شدہ بچہ کلکتہ میں ملا

پولیس نے تین گرفتاریاں کیں

پٹنہ میں بھنگیوں کی ہڑتال

صوبہ سرحد کے نئے گورنر نے حلف اٹھا لیا

اس موقعہ پر قبائلی ملک بھی موجود تھے

مدراس میں ٹیکنولوجی انسٹیٹیوٹ کا افتتاح

وزیر اعظم مسٹر راجہ کی افتتاحی تقریر

برمی فوجوں کا ایک شہر پر قبضہ

روسی تجارتی وفد پاکستان پہنچنے والا ہے

درگاپور کے شرنارتھیوں کی رہائی

کوچہ ناہر خاں میں خودکشی

یہ پٹیالہ پولیس ہے

لاٹھیوں سے شیر کو ہلاک کر دیا

دو دیہاتیوں کی بہادری

کلکتہ میں فٹ بال میچ شروع ہو گئے

تھوکنے پر پابندی لگے گی

ڈائرکٹر ہیلتھ سروسز کا انکشاف

ناگا قبیلہ کی شہورانی رہا کر دی گئی

زندگی بھر کے لئے ۵۰ روپے ماہوار پنشن

وزیر اعظم برطانیہ وزیر خزانہ بھی ہو گئے

سر اسٹیفورڈ کرپس کی غیر حاضری میں انکا کام کریں گے

مل میں تین اشخاص ہلاک

کلکتہ میں نرسری اسکول کا افتتاح

آل پارٹیز غذائی محاذ کی تشکیل

مہاراجہ بڑودہ کی واپسی

ہند کے وزیر خزانہ کی واپسی

حکومت کی کامیابی کیلئے اپنا فرض ادا کرو

گورنر آسام مسٹر سری پرکاش کی اپیل

پچیس برس کے بعد واپسی

پٹیالہ میں حالات معمول پر آ گئے

ندی میں پانی پندرہ فٹ سے کم

مسز ڈروتھی باورڈ کو اعزاز

راج جی نے تمغہ دیا

ٹوکیو میں کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر چھاپہ

حیدر آباد میں ہریجن طلباء کو سہولتیں

اپنے دام میں صیاد آ گیا

کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس ۲۷ جولائی تک ملتوی ہوگیا

مدراس اور بنگال کے متعلق ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوا

وزیر اعظموں کی آمد کا انتظار سردار پٹیل کو گفت و شنید کا اختیار

نئی دہلی ۲۰ جولائی۔ کل کانگریس مجلس عاملہ کا اجلاس [illegible] کے بعد ۲۷ جولائی تک کے لئے ملتوی ہوگیا [illegible] مدراس اور مغربی بنگال کی [illegible] دونوں متعلقہ حکومتوں سے مشورہ ضروری [illegible] مغربی بنگال کے قائم مقام وزیر اعظم [illegible] اور مدراس کے وزیر اعظم [illegible] دونوں سردار پٹیل سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کرکے اپنے صوبوں کے معاملات پر گفت و شنید کریں گے۔ اس کے بعد مجلس عاملہ میں ان امور پر بحث ہوگی۔

[illegible]

برطانیہ میں ہند کے ہائی کمشنر

آئرلینڈ جاکر شناختی کاغذات پیش کریں گے

لندن ۲۰ جولائی۔ [illegible] (رائٹر)

مارشل چیانگ کا انٹی کمیونسٹ پیکٹ

آسٹریلیا شامل نہیں ہورہا ہے

لندن ۲۰ جولائی۔ گلوب کے نامہ نگار [illegible] بیان ہے کہ حکومت آسٹریلیا جنرل چیانگ کائی شک اور صدر کیرینو کی طرف سے تجویز کئے ہوئے میثاق بحرالکاہل پر دستخط نہیں کرے گی۔

نامہ نگار کا بیان ہے کہ [illegible] ہندوستان، پاکستان اور سیلون شامل ہوں گے (گلوب)

روسی آذربائیجان میں آزاد حکومت قائم ہوگی

طفلس میں کردوں کو گوریلا جنگ کی مشق کرائی جارہی ہے

استنبول ۲۰ جولائی۔ ترکی اخبار "وطن" کے نامہ نگار مقیم وان (روسی آذربائیجانی سرحد کے قریب) نے اطلاع بھیجی ہے کہ کرد باغیوں کے لیڈر ملا مصطفیٰ البرزانی ایک آزاد کرد حکومت کا اعلان کرنے والے ہیں جس کا صدر مقام آذربائیجان میں ہوگا۔

[illegible] (گلوب)

اسپینی مراقش کی فوج میں بغاوت

باغیوں کے لیڈر گرفتار ہوگئے

لندن ۲۰ جولائی۔ [illegible] (گلوب)

جزیرہ بالی میں قیامت صغریٰ

لندن ۲۰ جولائی۔ [illegible] (گلوب)

اس سال ۱۴ ہزار اشخاص حج بیت اللہ کیلئے جائیں گے

بمبئی ۲۰ جولائی۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

مذہب کی اہمیت

ڈاکٹر رادھا کرشنن کی زبردست تقریر

پونہ ۲۰ جولائی۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

ریلوے ورکشاپ میں آتشزدگی کا واقعہ

وزیر اعظم مدراس کا اظہار خیال

مدراس ۲۰ جولائی۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

جموں وکشمیر کے بجٹ میں

تین لاکھ روپیہ کا خسارہ

سرینگر ۱۹ جولائی۔ [illegible]

پہاڑی گرجانے سے دو شخص ہلاک

[illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

حکومت یمن میں پھر شدید اختلافات

مخالفوں کی گرفتاریاں شروع ہوگئیں

عدن ۲۰ جولائی۔ [illegible]

مسٹر غلام محمد پیرس کو

[illegible]

سارے ہندوستان کیلئے ایک ٹائم

[illegible]

برّی سپریم کمانڈر کی مسٹر بیون سے ملاقات

لندن ۲۰ جولائی۔ [illegible]

نئی پارلیمنٹ کے ممبر کی معطلی

[illegible]

مشرقی ممالک کی معاشی کانفرنس

قاہرہ ۲۰ جولائی۔ [illegible] (گلوب)

کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کے پیش نظر یوپی میں نیا قانون

آزاد پارٹی کی حمایت۔ سوشلسٹوں کی مخالفت۔ اسمبلی میں گرما گرم بحث

لکھنؤ ۲۰ جولائی۔ [illegible]

سلیکٹ کمیٹی کے انتخاب کا نیا طریقہ

لکھنؤ ۲۰ جولائی۔ [illegible] (پ۔ٹ)

مصر میں نو انگریز سپاہیوں کو سزا

[illegible]

اقوام متحدہ کا سکریٹریٹ

[illegible]

مشرقی یوپی کے شکر کو مغربی حصے میں

[illegible]

لکھنؤ کے ہوائی اڈے والا کیمپ

فوجی ماہرین کی تحقیقات

لکھنؤ ۲۰ جولائی۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے باپ کی شکایت

[illegible]

داخلہ

ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

کالج میں نئے طلباء کا داخلہ [illegible] درخواست داخلہ [illegible] پرنسپل صاحب طبیہ کالج علیگڈھ کے دفتر میں پہونچ جانا چاہئے۔ [illegible]

حکیم عبداللطیف

پرنسپل

ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

تازہ ترین بناسپتی کے لئے

طلب کیجئے رتھ برانڈ

خالص صحت بخش اور پاکنایت

۵ اور ۱۰ پونڈ کے ٹینوں میں

ہوٹلوں، ریسٹورینٹوں اور مٹھائی بنانے والوں کیلئے!

بنوں ۲۲ جولائی۔ فقیر ایپی کو گرفتار کرنے کی کوشش جاری ہے۔ پاکستانی جاسوس ہر وقت آپ کی تلاش میں ہیں ایک مقام پر فقیر ایپی گھیرے میں آگئے تھے لیکن آپ وہاں سے بچ کر نکل گئے۔ پاکستانیوں نے مکان پر گولیاں چلائیں لیکن آپ پہلے ہی سے وہاں سے جاچکے تھے۔ فقیر ایپی کے غار پر بم گرایا گیا ہے کسی کے مارے جانے کی اطلاع نہیں ہے۔

انڈونیشیا کی پارٹیوں میں سمجھوتہ

ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا قائم ہوگی

جوگجا کارتا ۲۳ جولائی۔ انڈونیشیا کے ری پبلکن اور فیڈرلسٹ گروپوں کے لیڈروں نے آج [illegible] اپنی دو روزہ کانفرنس کے اختتام پر اعلان کیا کہ انھوں نے ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کے قیام پر سمجھوتہ کرلیا ہے۔ جس کا نام انڈونیشیا [illegible]

برطانیہ کی سب سے بڑی مزدور انجمن

کمیونسٹوں کے خلاف اقدام

لندن (ریڈیو) برطانیہ کی سب سے بڑی مزدور انجمن "ٹرانسپورٹ اور جنرل ورکرز یونین" نے اپنی سالانہ کانفرنس میں فیصلہ کیا ہے کہ کوئی کمیونسٹ سبھا کا عہدہ دار نہ بن سکے۔ یہ فیصلہ سبھا کی ۴ ہزار مقامی شاخوں اور [illegible] کمیٹیوں و کونسل پر فوراً نافذ ہوگا۔

گرمی سے بچنے کیلئے
ہمدم شربت راحت روح
استعمال کیجئے
جو گرمی اور پیاس کی شدت سے بچاتا
اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے
ہمدم دواخانہ یونانی [illegible] دہلی

شام میں امن قائم رکھنے کیلئے

مزید حفاظتی اقدامات کا اعلان

قاہرہ ۲۳ جولائی۔ لبنان کی کونسل وزراء نے ملک کے طول و عرض میں امن برقرار رکھنے کیلئے مزید حفاظتی تدابیر کا اعلان کیاہے۔ حال ہی میں جو سیاسی فسادات ہوئے تھے جس کے سلسلے میں غیر قانونی قرار دی ہوئی نیشنل سوشلسٹ پارٹی کے رہنما انطون سعادہ کو گرفتار کرکے مقدمہ چلایا گیا اور انھیں پھانسی دی گئی۔ اس کے بعد امن سختی کے ساتھ برقرار رکھنے کیلئے تین اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔

(۱) لازمی فوجی تربیت کا منصوبہ جلد از جلد زیر عمل لایا جائے۔

(۲) آئندہ چھ ماہ میں تمام اسکولوں میں بھی فوجی تربیت لازمی قرار دیدی جائے۔

(۳) وزارت دفاع فوج اور پولیس کی تعداد بڑھانے کے لئے نئے منصوبے تیار کرے اور ان کے اسلحے بھی بہتر ہوں۔ اس سلسلے میں دفاعی بجٹ میں ایک کروڑ ۲۰ لاکھ لیرا کا اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ایک نئے قانون کے ذریعے مزید چھ سیاسی جماعتوں کو غیر قانونی قرار دے دیا گیا ہے۔ (گلوب)

آگرہ میں وزیر پولیس کی تقریر

آگرہ ۲۳ جولائی یو۔پی کے وزیر پولیس شری لال بہادر شاستری نے کل یہاں ایک پبلک جلسہ میں تقریر کے دوران کہا کہ سوشلسٹوں کمیونسٹوں اور سنگھیوں نے جو کہ کانگرس کے خلاف ڈھنڈورہ پیٹتے رہتے ہیں ملک کی امداد کے طور پر کچھ نہیں کیا آپ نے مزید کہا کہ اگر کانگرس ہندوؤں کے پیچھے بھاگتی رہے اور [illegible] کو تنبیہ کرتی تو کانگرس ختم ہوجاتی۔ (پ۔ٹ)

وزیر محنت جگجیون رام کا جلسہ

اور جے پرکاش زندہ باد کے نعرے

کلکتہ ۲۳ جولائی۔ آج یہاں موتی لال میموریل گراؤنڈ میں ریلوے ورکروں کا ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں ہند کے لیبر منسٹر مسٹر جگجیون رام نے تقریر کی۔ سوشلسٹ پارٹی کے تقریباً ۵۰۰ ممبروں نے اس میں گڑبڑ پیدا کرنے کی کوشش کی اور جے پرکاش زندہ باد [illegible] کے نعرے لگائے۔ جلسہ کے منتظمین نے کانگرس کے حق میں نعرے لگائے لیبر منسٹر نے اپنی تقریر جاری رکھی۔

خوراک کمشنر کو غیر معمولی اختیارات

نئی دہلی ۲۳ جولائی۔ حکومت ہند نے نئے مقرر کردہ خوراک کمشنر شری آر کے پاٹل کو ایک اعلان کے ذریعہ غیر معمولی اختیارات دیدیئے ہیں۔ حکومت نے خوراک کے [illegible] کا جو گروپ بنایا ہے اس پر عمل کرنے کے سلسلہ میں شری پاٹل کی امداد کے لئے ایک بورڈ بنایا ہے جو خوراک کی پیداوار بڑھانے کے لئے مناسب قدم اٹھائے گا۔

گاندھی جی کی تعلیمات کمیونسٹوں کے پاؤں نہ جمنے دیں گی

ڈاکٹر بی سی رائے کا بیان

فرینکفورٹ ۲۳ جولائی۔ مغربی بنگال کے وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے نے ایک بیان میں کہا کہ یہ ٹھیک ہے کہ چین میں کمیونسٹ جیت رہے ہیں مگر ہند میں ایسا نہیں ہوسکتا۔ گاندھی جی کی تعلیمات کمیونزم کے پاؤں نہ جمنے دیں گی۔ کمیونسٹوں نے اپنا ہیڈ کوارٹر بمبئی سے کلکتہ منتقل کردیا ہے جہاں سے وہ پوربی پاکستان میں آسانی سے جاسکتے ہیں۔

ڈنمارک کی دہشت پسند جماعت

کوپن ہیگن ۲۴ جولائی۔ حکومت ڈنمارک نے [illegible] کی سنسنی خیز حکایتوں کی حقیقت دریافت کرنے کے لئے ایک کمیشن مقرر کیاہے۔ اس جماعت پر کئی قتل اور تقریباً ۲ لاکھ پونڈ کے اسباب کی بلیک مارکیٹ کرنے کا الزام لگایا جاتا ہے۔ شبہ کیا جاتا ہے کہ کئی پولیس افسران بھی اس جماعت میں شریک ہیں۔ چنانچہ متعدد پولیس افسران کو کمیشن کی تحقیقات کے بعد ملازمت سے معطل کردیا گیا ہے۔ (گلوب)

سی پی میں پارچہ بافی کی تعلیم

ناگپور ۲۴ جولائی۔ حکومت سی پی نے ہر ضلع کی بنیادی [illegible] اسکولوں میں [illegible] سوت کاتنے اور دھاگے بنانے کی [illegible] تعلیم دینے کا منصوبہ منظور کیا ہے [illegible] یہ پروگرام کم از کم ایک سال کے لئے [illegible] (گلوب)

دارالسلطنت

سرکاری کوارٹروں پر ناجائز قبضہ کرنیوالے شرنارتھیوں کا انخلا

وزیر اعظم کے حکم سے روک دیا گیا

نئی دہلی ۲۴ جولائی۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے دہلی کے چیف کمشنر ، امپرومنٹ ٹرسٹ اور محکمہ ورکس کے نام ایک ہدایت نامہ جاری کیا ہے جس میں انھیں ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے ماتحت علاقوں میں ناجائز قبضہ کئے ہوئے شرنارتھیوں کو نکالنا بند کردیں۔ وزیر اعظم نے یہ بھی حکم دیا ہے کہ اس قسم کے ناجائز قبضوں کے متعلق اب تک جو نوٹس جاری ہوچکے ہیں ان پر فی الحال عمل نہ کیا جائے۔ یہ ہدایت نامہ دہلی میں حال ہی کی بارش سے مصیبت زدگان کو امداد دینے کی غرض سے جاری کیا گیا ہے۔

[illegible] نے آج [illegible] کے ہمراہ [illegible] کالونی کا معائنہ کیا جہاں باشندگان نے شکایت کی کہ نئے تعمیر شدہ کمرے گر گئے ہیں۔ باشندگان نے مطالبہ کیا کہ اس سلسلہ میں ضروری تحقیقات کرائی جائے [illegible]

شرنارتھیوں سے کرایہ کی وصولیابی

سوشلسٹ پارٹی کی دہلی برانچ نے کسٹوڈین کی توجہ ان مشکلات کی طرف مبذول کرائی ہے جو شرنارتھیوں کو کرایہ کے واجبات ادا کرنے میں سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پارٹی کے سکریٹری نے اس سلسلہ میں کسٹوڈین کو ایک خط لکھا ہے اور تجویز کیا ہے کہ کرایہ وغیرہ [illegible] کی [illegible] ملتوی کردی جائے۔

امدادی کام

جن لوگوں کو بارشوں سے نقصان پہونچا ہے ان کی مدد کا کام کل بھی جاری رہا۔ دہلی گیٹ سے راج گھاٹ جانے والے راستہ کے دونوں طرف اپنے لوگوں کی امداد کے لئے پولیس نے [illegible] جاری رکھے گا۔ [illegible] بارش زدگان کو [illegible] میں ٹھہرایا گیا۔ [illegible] کی ایک مسجد میں رہنے والوں کو [illegible] میں پناہ دی گئی۔ [illegible] کی طرف سے بھی امدادی کام جاری ہے سوشلسٹ پارٹی نے بھی یہاں کیمپ میں ایک امدادی کیمپ کھولا ہے۔

کٹرہ بڑیاں میں گرفتاری

[illegible] پولیس نے کٹرہ بڑیاں سے ایک شخص [illegible] کو گرفتار کیا ہے۔ [illegible] کہا جاتا ہے کہ اس کے قبضہ سے ۹ تولہ افیم برآمد ہوئی ہے۔

لوہا چراتے ہوئے پکڑا گیا

[illegible] یارڈ کے [illegible] لوہے کے ٹکڑے چرانے پر ریلوے پولیس نے ایک شخص [illegible] کو گرفتار کیا ہے اس کے پاس سے اس قسم کے لوہے سے بھرا ہوا ایک [illegible] برآمد ہوا۔

بارش زدہ شرنارتھیوں کو

راجہ جی کے محل میں پناہ دی گئی

دہلی ۲۵ جولائی۔ مقبرہ ہمایوں کے پاس [illegible] اور بچوں کو جو حالیہ بارش کی وجہ سے بے گھر ہوگئے تھے اور جنہیں فوری امداد کی ضرورت تھی گذشتہ شب [illegible] گورنر جنرل کے محل کے [illegible] کمروں میں پناہ دی گئی۔ [illegible] نے [illegible] وزارت بحالیات کے حوالے کردیے [illegible] نے تمام کام کی نگرانی کی۔ [illegible]

[illegible] پانی [illegible] ابھی تک [illegible] دہلی میں دودھ اور سبزیوں کی سپلائی بحال ہو رہی ہے۔ [illegible] موسمیات کے مطابق اگلے ۲۴ گھنٹہ میں سخت بارش ہوگی۔

دستوری اسمبلی کی کانگرس پارٹی کا جلسہ

نئی دہلی ۲۵ جولائی۔ دستور ساز اسمبلی کی کانگرسی پارٹی کا اجلاس اب ۲۸ جولائی کے بجائے جیسا کہ اعلان کیا گیا تھا ۲۹ جولائی کو منعقد ہوگا۔ [illegible] (پ ٹ)

موسم کا ہفتہ وار خلاصہ

نئی دہلی ۲۴ جولائی۔ اس ہفتہ موسم میں دو خاص باتیں دیکھنے میں آئیں۔ خلیج بنگال کے شمال مغرب میں ہوا کا دباؤ کم ہوا اور جنوبی ہندوستان کے مغربی ساحل کے ساتھ ساتھ ہفتہ کے پہلے دو دنوں میں مون سون کا بہت زور رہا۔ [illegible] بہار میں ، مغربی یوپی ، مشرقی پنجاب ، مغربی راجپوتانہ ، سوراشٹر ، کچھ ، گجرات ، وندھیا پردیش ، برار ، بمبئی ، کوکن ، میسور [illegible] کے شمالی ساحل پر بارش معمول سے زیادہ ہوئی۔ اڑیسہ ، مشرقی یو۔پی ، مشرقی راجپوتانہ [illegible] معمول کے مطابق ہوئی ، مغربی بنگال کے کنگالی علاقے ، چھوٹا ناگپور ، مدھیہ بھارت ، بھوپال ، سی۔پی ، بمبئی دکھن اور حیدرآباد دکھن میں بارش کم ہوئی۔

کانگرس میں جماعت بندی کو ختم کرنیکی تجویز

دہلی میں کانگرسی رہنماؤں کی ایک اہم کانفرنس

دہلی ۲۵ جولائی۔ پنڈت نہرو ، صوبائی اور ریاستی وزیر اعظموں ، صدر کانگرس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ ، مرکزی کابینہ اور کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ممبروں کی ایک کانفرنس میں کانگرسی اداروں میں سے گروپوں اور جماعتوں کو ختم کردینے پر زور دیا گیا۔

کانفرنس سردار پٹیل کے مکان پر ہوئی تھی جو ڈیڑھ گھنٹہ سے زیادہ عرصہ تک جاری رہی۔ صوبائی حکومتوں اور کانگرس پارٹیوں کے درمیان زیادہ گہرے تعاون کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ [illegible] دوسرے اہم [illegible] مولانا آزاد ، ڈاکٹر راجندر پرشاد ، مسٹر جگجیون رام ، مسٹر کالا وینکٹ راؤ [illegible] اور سردار [illegible] بھی تھے۔ (پ ٹ ا)

درجہ حرارت

اتوار کے دن دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۱۰۱ درجہ اور کم سے کم ۷۷ درجہ تھا۔

موسم کا حال

پونا کے سیسموگراف پر ہفتے کے روز شام کو ۴ بجکر ۸ منٹ پر ۲۲۰۰ میل کے فاصلہ پر بحیرہ [illegible] میں زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ مشرقی پنجاب ، مشرقی راجستھان اور یو۔پی میں درمیانہ درجہ کی بارش ہوئی [illegible] اتوار کے دن صبح ۸ بجے چیدہ مقامات کا درجہ حرارت حسب ذیل تھا۔

آگرہ	۶۸ — ۸۵	اجمیر	۷۷ — ۸۹
علیگڈھ	۷۵ — ۸۶	بمبئی	— ۸۰
الہ آباد	۷۶ — ۸۶	کانپور	۷۹ — ۸۸
[illegible]	۶۸ — ۸۳	دہرہ دون	۷۵ — ۸۴
بریلی	۸۰ — ۹۰	لکھنؤ	۶۸ — ۸۶
بنارس	۷۷ — ۸۶	میرٹھ	۷۹ — ۸۸
مسوری	۶۱ — ۶۷	ناگپور	۷۷ — ۸۶
[illegible]	۸۵ — ۹۰	شملہ	۵۹ — ۶۲

دستور ساز اسمبلی کا آئندہ اجلاس

دہلی ۲۵ جولائی۔ ایک پریس نوٹ کے اعلان کے مطابق دستور ساز اسمبلی کا آئندہ سیشن ۳۰ جولائی سے کانسٹی ٹیوشن ہال کونسل ہاؤس نئی دہلی میں شروع ہوگا۔ اجلاس صبح آٹھ بجے شروع ہوگا پیر کے دن ۴ بجے شام کو اسٹیرنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوگا جس میں اس سیشن کے کام پر غور ہوگا۔ (پ ٹ ا)

پادری اور کمیونزم کی تبلیغ

فرانسیسی گرجا نے پابندی لگادی

پیرس ۲۲ جولائی۔ گذشتہ روز فرانسیسی گرجا نے ان پادریوں کے خلاف پہلی بار قدم اٹھایا جو [illegible] کمیونزم کو [illegible] ایک کیتھولک پادری [illegible] کو ۱۴ دسمبر سے پیرس میں عبادت [illegible] کرنے سے منع کردیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک اعلان جاری کیا گیا ہے [illegible] (مطبوعہ)

شیخ عبداللہ سے میو وفد کی ملاقات

وزیر اعظم کشمیر اگست میں میوات کا دورہ کرینگے

(نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۲۵ جولائی۔ حال ہی میں جب شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم کشمیر دہلی آئے تھے تو میوؤں کے ایک وفد نے ان سے ملاقات کی۔ یہ وفد چودھری محمد یسین خاں صاحب ، چودھری محمد ابراہیم صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع گوڑگاؤں ، چودھری عظمت صاحب ذیلدار [illegible] پر مشتمل تھا۔ وفد نے شیخ صاحب کو [illegible] میواتیوں کی تکلیفوں اور پریشانیوں سے روشناس کیا۔ اور خاص طور پر [illegible] کے حالات بتائے جہاں کہ میو ابھی تک نہیں بسائے گئے ہیں۔ علاقہ کے ان میوؤں کی ۹۵ فی صدی آبادی اپنے گاؤں کے باہر پڑی ہوئی ہے۔

وفد نے شہری اور قصباتی ان غیر میو مسلمانوں کے بارے میں بھی بات چیت کی جنہیں اب تک نہیں بسایا گیا ہے اور سخت پریشانی کے عالم میں مبتلا ہیں۔ شیخ صاحب نے پوری ہمدردی کے ساتھ وفد کی ساری شکایات سنیں اور ہر ممکن امداد کا وعدہ فرمایا۔ نیز ماہ اگست میں میوات کے علاقہ کے دورہ کا وعدہ بھی فرمایا۔

ضروری تصحیح

گوشوارہ ۵۶ مورخہ ۲۶ جولائی ۴۹ء کے خلاصہ رسید [illegible] کے اندراج میں غلطی ہوگئی ہے۔ اصل اندراج اس طرح ہے۔ [illegible] جمیع مسلم غربا [illegible] راشن [illegible] معرفت سید نذیر علی صاحب۔

امید کہ خریداران راشن اور محترم سید نذیر علی صاحب اس غلطی کو معاف فرمائیں گے۔

(محمد رشید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند)

بھنگیوں کو لازمی ملازمتوں میں شامل کرنیکے لئے حکومت بہار کا اقدام

پٹنہ ۲۵ جولائی (پی ٹی آئی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت بہار نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ میونسپل بھنگیوں کو لازمی ملازمتوں کے قانون کے تحت لازمی ملازمتوں میں شامل کرلیا جائے۔

جونہی قانون میں ترمیم منظور ہوجائے گی بھنگی اور صفائی کرنے والے لازمی ملازمتوں کے تحت آجائیں گے اور ہڑتال کرنے والوں کو ایک سال اور ہڑتال کے لئے اکسانے والوں کو تین سال تک کی سزا دی جاسکے گی۔

غیر ملکی کپڑے کی درآمد پر سخت پابندیاں

صوبائی اور ریاستی وزیر اعظموں کی اہم کانفرنس

دہلی ۲۵ جولائی۔ اتوار کے دن شام کو پنڈت نہرو اور ریاستوں اور صوبوں کے وزیر اعظموں کی ملاقات ہوئی۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس کانفرنس کے نتیجہ میں غیر ملکی کپڑے کی درآمد پر سخت پابندیاں عائد کردی جائیں گی اور ملکی کپڑے پر کنٹرول میں کچھ نرمی کردی جائے گی۔

وزیر صنعت ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے ملک میں کپڑے کی حالت پر تبصرہ کرتے ہوئے بعض مرکزوں میں کپڑے کے ذخیرہ کا بھی حوالہ دیا۔ قیمتوں پر کنٹرول تو اس وقت تک رہے گا جب تک ایسا کرنا ضروری ہے۔ لیکن کپڑے کی نقل و حرکت اور تقسیم میں زیادہ آسانیاں فراہم ہوجائیں گی۔ کپڑے پر کنٹرول دن بدن اٹھایا جارہا ہے اور جہاں ریاستی اور صوبائی حکومتیں اسے ٹھیک نہیں سمجھتیں وہاں ملوں کے مالکوں کو اختیار ہوگا کہ وہ ۲۵ فیصدی کپڑا آزادانہ طور پر بازار میں فروخت کرسکیں۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کانفرنس میں ملک کی عام اقتصادی حالت پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ صوبائی اور ریاستی وزیر اعظموں اور مسودہ آئین مرتب کرنے والی کمیٹی کے ممبران کے درمیان ایک کانفرنس ہوئی تھی جس میں مسودہ آئین کی مالی دفعات پر تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقعہ پر وزیر مالیات ڈاکٹر جان متھائی بھی موجود تھے۔ سیل ٹیکس کے نفاذ کرنے اور صوبائی حکومتوں کے جائداد اور سامان کے کاروبار پر ٹیکس کے متعلق گفت و شنید ہوئی معلوم ہوا ہے کہ مرکز کی طرف سے جو ترمیمیں پیش کی گئی تھیں ، ان کے متعلق اختلاف رائے پیدا ہوگیا۔ اور اس معاملہ کو مزید گفت و شنید کے لئے چھوڑ دیا گیا۔

معتبر ذریعہ سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اگر ضروری ہوا تو دستور ساز اسمبلی کے رات کو بھی اجلاس ہوں گے تاکہ مسودہ آئین کی دوسری خواندگی بھی پوری ہوجائے اور ۱۵ اگست تک یہ کام ختم ہوسکے۔ اس وقت ۷۵ دفعات باقی ہیں۔ باقی دفعات اور زبان کے متعلق دفعہ کے علاوہ باقی تمام دفعات پر اختلاف کا امکان نہیں۔ اس لئے یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ مسودہ ۱۵ اگست تک ختم کیا جاسکے گا۔ (پ ٹ)

سوشلسٹ اور عام کمونسٹ کیتھولک برادری سے خارج نہیں کئے جائینگے

پاپائے اعظم کے فتوے کی مزید تشریح

روم ۲۳ جولائی۔ یہاں کے ایک اخبار نے پاپائے اعظم کے اس فتوے کی مزید تشریح شائع کی ہے جس میں کمیونسٹ [illegible] کو کیتھولک برادری سے خارج کرنے کا اعلان کیا گیا تھا۔ [illegible] اعلان کرتے ہوئے [illegible] دفتر کے ایک رکن سے حاصل کی گئی ہے۔ لکھا ہے کہ [illegible] ایک سوشلسٹ ہونے کی حیثیت سے اس اعلان سے متاثر نہیں ہوگا۔ البتہ [illegible] ممبر بنا ہوا ہو [illegible] بھی اس کی زد میں آجائیں گے۔ اخبار مذکور نے مزید لکھا ہے کہ یہ فتویٰ کمیونسٹ پارٹی کے عام ممبران پر بھی اثر انداز نہیں ہوگا کیونکہ وہ معاشی وجوہ کی بنا پر کمیونزم کی حمایت کرتے ہیں۔ [illegible]

روم ۲۵ جولائی۔ [illegible] مقیم لندن [illegible] ہند کے سفیر مقرر کئے جانے کے [illegible] کا خیر مقدم کریں گے۔ (رپورٹ رائٹر)

برطانیہ میں عام انتخابات کیلئے لیبر اور قدامت پسند پارٹی کی تیاریاں

نئے عام انتخابات کے لئے تیار رہو۔ (رپورٹ رائٹر)

چرچل اور اٹیلی کی تقریریں

لندن ۲۳ جولائی۔ مسٹر اٹیلی اور مسٹر چرچل نے عام انتخابات کے سلسلہ میں ریڈیو سے افتتاحی تقریریں کیں انتخابات کا اعلان کرتے ہوئے کہ برطانیہ کی تاریخ کے اہم انتخابات ہونے والے ہیں۔ مسٹر چرچل نے مزدور پارٹی کا نیا پروگرام پیش کیا اور اعلان کیا [illegible] اسٹیل کی صنعت کو قومی ملکیت بنانا بند کردیا جائے۔ مسٹر اٹیلی نے [illegible] پروگرام پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا گذشتہ چار سال کا عرصہ [illegible] پارٹی کا دور حکومت سخت مشکلات کا زمانہ تھا لیکن اس کے باوجود بڑے بڑے کارنامے انجام دئیے ہیں۔ [illegible] کام کرنے والے مزدوروں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے مسٹر اٹیلی نے [illegible] انتخابات کی تاریخ ابھی معلوم نہیں [illegible] اگست [illegible] سوشلزم اور کمیونزم [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن مخلص حضرات نے توجہ فرمائی اور امدادی رقوم بھیجی ہیں ان کی ایک فہرست ۱۰ جولائی تک پہلے شائع ہوچکی ہے۔ ۱۱ جولائی سے ۲۳ جولائی تک کی فہرست حسب ذیل ہے۔ ضرورت ہے کہ ہمدردان جمعیۃ علماء ہند اس سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ توجہ فرمائیں۔

۱۔ جناب ڈاکٹر احمد حسن صاحب عثمانی ۔ دہلی [illegible] زکوٰۃ
۲۔ مسٹر [illegible] الدین صاحب [illegible] سوداگر مرحوم [illegible]
۳۔ [illegible] سراج الدین صاحب [illegible] سوداگر مرحوم [illegible]
۴۔ [illegible] عابد علی صاحب تار والے [illegible]
۵۔ شیخ محمد رفیع صاحب چھاپہ والے [illegible]
۶۔ حاجی مصطفیٰ خاں صاحب بلند شہر [illegible] امداد
۷۔ سید ممتاز علی صاحب [illegible] دہلی [illegible]
۸۔ خواجہ محمد شریف صاحب ڈھاکہ [illegible] امداد
۹۔ حاجی ولی محمد صاحب جونپور [illegible] زکوٰۃ
۱۰۔ محمد یوسف صاحب [illegible] حاجی نور حسین صاحب مرحوم سوت والے دہلی [illegible]
۱۱۔ حاجی عبدالرحیم صاحب [illegible] والے مظفرنگر [illegible]
۱۲۔ شیخ وکیل احمد صاحب انصاری [illegible]
۱۳۔ حافظ محمد یٰسین صاحب میرٹھ [illegible]
۱۴۔ [illegible] انوار الحسن صاحب فیض آباد [illegible]
۱۵۔ [illegible] محمد صاحب [illegible]
۱۶۔ مشتاق احمد صاحب [illegible] دہلی [illegible]
۱۷۔ حاجی عبدالغنی صاحب [illegible] امداد
۱۸۔ [illegible] عبدالغنی صاحب [illegible] زکوٰۃ
۱۹۔ مفتی [illegible] الدین [illegible] صاحبان [illegible]
۲۰۔ محمد صدیق صاحب ملتانی [illegible] امداد
۲۱۔ عبدالستار صاحب [illegible] زکوٰۃ
۲۲۔ حاجی نور بخش عبدالوحید صاحبان مظفرنگر [illegible]
۲۳۔ شمس الدین صاحب [illegible]
۲۴۔ احمد [illegible] اسمٰعیل صاحب [illegible]
۲۵۔ عزیز الحسن صاحب انصاری گورکھپور [illegible]
۲۶۔ مستری جان محمد صاحب [illegible]
۲۷۔ حاجی عبدالرحمٰن صاحب بنارس [illegible]
۲۸۔ حافظ محمد عثمان صاحب سوداگر گورکھپور [illegible]
۲۹۔ محبوب خاں [illegible] فیروز آباد [illegible]
۳۰۔ محمود احمد صاحب [illegible]
۳۱۔ احمد [illegible] اسمٰعیل صاحب [illegible]
۳۲۔ اشرف علی صاحب علیگڈھ [illegible]
۳۳۔ محمد عمر صاحب کلکتہ [illegible]
۳۴۔ مولانا منظور حسین صاحب امروہہ [illegible]
۳۵۔ عبدالمالک عبدالخالق صاحبان نیت والے بمبئی [illegible]
۳۶۔ [illegible]
۳۷۔ محمد عمر خاں صاحب علیگڈھ [illegible]
۳۸۔ سید ممتاز [illegible] صاحب دہلی [illegible]
۳۹۔ محمد الیاس صاحب [illegible]
۴۰۔ محمد الیاس صاحب [illegible] والے [illegible] زکوٰۃ
۴۱۔ محمد نواب صاحب [illegible]

۲۹۰۶-۱۰-۰ = [illegible]

مغربی بنگال کے عصائے حکومت میں تبدیلی

کلکتہ ۲۵ جولائی (پی ٹی آئی) معلوم ہوا ہے کہ مغربی بنگال اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں [illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مد ظلہ کا ارشاد عالی

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور [illegible]

حضرت اقدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیم معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مصدقہ دواخانہ ہے [illegible]

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ [illegible]

موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دلکشا [illegible]

اکسیر جلد [illegible]

اکسیر کامل [illegible]

تریاق الرحم [illegible]

سفوف سوزاک [illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

منی آرڈر

دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔

منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف خوشخط اردو میں ضرور تحریر فرمادیں تاکہ تعمیل بآسانی اور بروقت ہوسکے۔ محمد وحید قاسمی۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مفت طلب کیجئے

[illegible]

ادارہ آفتاب رسالۃ النساء [illegible] دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علما ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ یکم شوال ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷۵ | قیمت فی پرچہ دو آنے

تعطیل کا ضروری اعلان

ناظرین کرام اور ایجنٹ صاحبان نوٹ فرمالیں کہ اگر آج ہلال عید نظر آگیا تو کل اور پرسوں دفتر میں تعطیل رہے گی اور اگر جمعرات کو عید ہوئی تو جمعرات اور جمعہ کی تعطیل ہوگی اور ۳۰، ۳۱ جولائی کا اخبار اشاعت پذیر نہ ہو سکے گا۔ آنے والے اتوار کو دونوں صورتوں میں تعطیل نہیں ہوگی اور ۱ اگست کی اشاعت کا پرچہ شائع ہوگا۔ اتوار کی یہ چھٹی عید کی تعطیل میں شامل کر دی گئی ہے۔ منیجر

عید مبارک

ادارہ الجمعیۃ ناظرین کی خدمت میں عید کی مبارکباد پیش کرنیکا فخر حاصل کرتا ہے

مصر کی سیاست میں حیرت انگیز انقلاب وفد پارٹی حکومت میں شامل ہو گئی

زمانہ جنگ کے دار السلطنت پر بھی کمیونسٹوں کے حملہ کا خطرہ پیدا ہو گیا

عام انتخابات کے پیش نظر ایک غیر جانبدار وزیر اعظم کا تقرر

حسن سری پاشا آج اپنے عہدہ کا حلف اٹھالیں گے

اسلام کی صحیح تعلیمات کو زندہ رکھنے کیلئے عیدگاہ میں نماز ادا کیجئے

سردار دو عالم کے ارشاد کے مطابق اکابر ملت کی مسلمانان دہلی سے اپیل

(نامہ نگار الجمعیۃ) دہلی ۲۶ جولائی

جمعیۃ علماء ہند کے سرکردہ اکابر نے مسلمانان دہلی سے اپیل کی ہے کہ وہ حضور سرور کائنات صلعم کے ارشاد کے بموجب عید کی نماز عیدگاہ میں ادا کریں۔ اپیل میں مسلمانوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اسلام کی صحیح تعلیمات کو زندہ رکھنے کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں عیدگاہ پہنچنے کی کوشش کریں۔

چانگشا میں کمیونسٹ توپوں کی آواز سنائی دینے لگی

شمال مغربی چین کی صرف ایک لڑائی میں ۴۳ ہزار قوم پرست سپاہی ہلاک

پنڈتوں کو وظیفہ دیا جائیگا

ہند و پاکستان کو بھی مارشل امداد دیجائیگی

پشاور میں کیپٹن فیلڈنگ کا بیان

مزدوروں کو ۱½ ماہ کی تنخواہ

راجستھان میں زرعی اسکول کا قیام

ہانگکو میں ۲ ہزار کارخانے جاری ہو گئے

صنعتی ترقی پر قومی سیاست اور اقتصادیات کا اثر نہ پڑنے دیا جائے

کم ترقی یافتہ ممالک کو مسٹر ایم اے ماسٹر کا انتباہ

نیلا سے چینی سفیر کی واپسی

ملایا میں لٹیروں نے ایک ہندوستانی کو لوٹ کر درخت سے باندھ دیا

سنگاپور سے کوالا لمپور جانے والی گاڑی پر لٹیروں کا فائرنگ

حیدرآباد میں ایک ہفتہ میں چار قتل

جنوبی کوریا میں کمیونسٹ حملہ آور ۵ میل آگے بڑھ گئے

اب تک سترہ سپاہی ہلاک ہو چکے ہیں

شنگھائی میں زبردست سیلاب

سڑکیں پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں

پاکستانی ریڈیو سننے پر

جودھپور میں پابندی

ریل گاڑی کا حادثہ

مدورا میں تیس گرفتاریاں

خالص دیسی گھی سے نفیس، عمدہ تازہ بتازہ اور لذیذ ترین مٹھائیاں تیار کرنیکی مشہور دوکان: شاہی سویٹ ہاؤس بلیماران دہلی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
Delhi-27-7-49
روزنامہ الجمعیۃ

افغانستان کی سرحد پر پاکستانی ہوائی جہازوں کی بمباری

دونوں ملکوں کے مشترکہ کمیشن نے ابتدائی تحقیقات ختم کر لی

یگوسلاویہ اور برطانیہ کے درمیان خفیہ کانفرنس

کیا یگوسلاویہ نے برطانیہ کو خاص رعائتیں دی تھیں؟

۶ سے ۱۴ سال تک کے بچوں کیلئے لازمی بنیادی تعلیم کا انتظام کیا جائیگا

ڈاکٹر تاراچند کی نشری تقریر

حویلی حسام الدین میں شب بیداری

مشرقی پنجاب میں شرنارتھیوں کی بحالی

سردار جوگندر سنگھ مان کی تقریر

حکومت ہند کا ڈھانچا عدم تشدد کی بنا پر قائم ہے

سان فرانسسکو کے حالیہ جلسہ میں مسز پنڈت کی تقریر

بھوپال کے ایک گاؤں میں

تعزیری پولیس کا تقرر

سہارنپور کی خبریں

(اپنے نامہ نگار سے)

"ہندو مسلم اتحاد کے روح پرور نظارے"

روس میں یوم بحریہ کی تقریب

مشرق بعید کو بیس توپوں کی سلامی!

پٹنہ آر ایم ایس کے ملازمین کے سامنے جے پرکاش نرائن کی تقریر

حکومت پر سرمایہ داروں سے نرمی کرنے کا الزام

راج پرمکھوں کا درجہ گورنروں کے برابر ہونا چاہئے

دستور ساز اسمبلی کے ایک ممبر کی تجویز

روس میں گڑبڑ کا خطرہ

سرحدوں سے غیر روسی باشندوں کا انخلاء

"کھانا پکاتی عورت جل مری"

ورلڈ ہیلتھ ملیریا ٹیم

حضرت مولانا صدیقی کی روانگی

ضلع سنگھ آرگنائیزر کی رہائی

سکرٹری جنرل کمیونسٹوں کے دباؤ کے ماتحت کام کر رہے ہیں

ایک گمنام گواہ کے اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل کے خلاف الزامات

دہلی اور دہلی کے قرب و جوار کیلئے اوقات سحر و افطار

نظام الدین میں شبینہ

راولپنڈی کے قریب واہ کیمپ پر پولیس کا فائرنگ

فوج نے کیمپ کمانڈنٹ کو اپنی حراست میں لے لیا

حکومت کے مقابلہ کیلئے پادریوں کو ہدایات

پراگ میں پادریوں کے نام خفیہ مراسلہ

روزہ دار کی حسرتناک موت

ریلوے کا مال چراتے ہوئے چار اشخاص گرفتار

چوری کی متعدد وارداتیں

بہترین اور نئے قسم کے مردانے - زنانے و بچگانہ شوز و سینڈلوں کی خریداری کے وقت اپنے شہر کی سب سے پرانی اور مشہور فرم نیشنل بوٹ ہاؤس چاندنی چوک دہلی کو یاد رکھئے

جامعہ ملیہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مدارس ابتدائی و ثانوی تعلیمات کلاں کے ۲۰ اگست سے کھل رہے ہیں۔ نئے داخلے بھی اسی وقت سے شروع ہوں گے اور صرف ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے۔ درخواست داخلہ فوراً مدرسہ کی خدمت میں اگست تک پہنچ جانی چاہئیں۔
رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ جامعہ نگر دہلی

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا طبی مشورہ مفت ہے۔ حالات لکھئے۔ قایم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے۔ پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

امریکہ نے تیسری جنگ کی تیاریاں شروع کر دیں

کانگریس میں عالمگیر فوجی امداد کا بل پیش کر دیا گیا

ایران، افغانستان اور کوریا کو بھی ہتھیار سپلائی کئے جائیں گے

واشنگٹن ۲۶ جولائی۔ آج حکومت امریکہ نے امریکی کانگریس میں دنیا بھر کے ممالک کو فوجی امداد دینے کے پروگرام کا بل پیش کر دیا ہے

مسلمانوں کیلئے بین الاقوامی تعلیمی ٹرسٹ

کراچی ۲۶ جولائی۔

ڈربن میں ہندوستانی بس پر حملہ

ڈرائیور کو زدوکوب کیا گیا

اطلاعات یوپی

زیادہ پیداوار ہی ملک کے مسائل کو حل کر سکتی ہے

مودی نگر میں کلاتھ مل کے افتتاح پر پنڈت پنت کی تقریر

میرٹھ ۲۶ جولائی۔

پلکھوہ کے ایک کسان کو انعام

ایک ایکڑ میں سب سے زیادہ آلو پیدا کیا تھا

مشرقی پنجاب میں ہندی پنجابی کا جھگڑا

خالصہ کالج کے پرنسپل کا بیان!

امرتسر ۲۶ جولائی۔ خالصہ کالج کے پرنسپل

حیدرآباد میں عبوری حکومت بنانے کی تجویزیں

ریاستی کانگریس کی مقرر کردہ کمیٹی کی رپورٹ

حیدرآباد ۲۶ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد کانگریس

کلکتہ میں ۱۳۱ امریکنوں کی آمد

کلکتہ ۲۶ جولائی۔ ۱۳۱ امریکنوں کی ایک پارٹی

برطانوی ہائی کمشنر کی واپسی

لندن ۲۶ جولائی۔

یوپی کونسل نے بھومی دھاری بل پاس کر دیا

لکھنؤ ۲۶ جولائی۔

اسلامیہ مقامی ایجنسی کے خلاف

مدعا علیہان کا مقدمہ

مدھیہ بھارت کانگریس کا نیا صدر

کانگریس مستعفی ہو جائے تو ایک ہفتہ میں حکومت بنالوں گا

مسٹر سرت چندر بوس کا بیان، ایشیائی قوموں کی انجمن بنانے کی تجویز

بمبئی ۲۶ جولائی۔ مسٹر سرت چندر بوس صدر ری پبلکن سوشلسٹ پارٹی نے کل ایک پریس کانفرنس میں اس یقین کا اظہار کیا کہ اگر موجودہ کانگریسی حکومت مستعفی ہو جائے تو وہ ایک ہفتہ کے اندر ملک میں سوشلسٹ حکومت قائم کر لیں گے۔

اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کا میمورنڈم

قتل کے الزام سے تینوں ملزم بری

بریلی کے سیشن جج کا فیصلہ

ایک گاؤں پر ڈاکوؤں کا حملہ

آگرہ ۲۶ جولائی۔

مشرق بعید میں کمیونسٹوں کے خلاف یونین

چین کا دفتر خارجہ اسکیم کا مسودہ تیار کر رہا ہے!

شاہجہانپور میں گرلز انٹر کالج کے قیام کا مطالبہ

دریائے گنگا میں سیلاب

بنارس ۲۵ جولائی۔

طلباء جدوجہد شروع کرینگے

کلکتہ میں اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا فیصلہ

اس گلے کو کون خریدے

انخلا کنندگان کی جائداد کے بارے میں ضلع مجسٹریٹ آگرہ کا حکم

بنارس میں دو سو بندرہ گرفتاریاں

بلاٹکٹ سفر کرنے کا شاخسانہ

جموں کے انتخاب میں غنڈہ گردی

افغانستان میں ٹائیفس پھیل گیا

سیالدہ اسٹیشن پر بارہ ہزار کے نوٹ برآمد

ایک شخص پاکستان لئے جا رہا تھا

یوپی میں غلہ کی

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا
AMICOTONIC
امیکوٹانک
نامردی، لاغری جسم، کمزوری، دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے
امیکوطلا
ملنے کا پتہ: امین اینڈ اسمٰعیل لمٹیڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

تحفہ خانہ آبادی باتصویر
امپیریل ٹریڈنگ کمپنی (A J) صدر بازار دہلی

سالانہ داخلہ طبیہ کالج سہارنپور

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۸ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

ہنگامی قوانین اور امن

اس میں شک نہیں کہ اس وقت ہندوستان کے بیشتر صوبوں میں بعض حلقوں کی طرف سے توڑ پھوڑ اور لاقانونیت کی پالیسی کارفرما ہے اور کلکتہ کے حادثہ نے اس شبہ کو یقین سے بدل دیا ہے کہ ملک کے کچھ عناصر صرف موجودہ حکومت کو بلکہ اسٹیٹ کو تباہ کر دینا چاہتے ہیں، اتفاق کہیئے یا ایک منظم سازش کہ جب پنڈت جواہر لال نہرو لکھنؤ پہونچے تو ہوائی اڈہ پر ایک خطرناک قسم کا بم پڑا پایا گیا، یہ بم کس نے رکھا اور کیوں رکھا؟ بحث و نظر کا موضوع بن سکتا ہے لیکن اسے دو لفظوں میں کسی تخریبی جماعت کی طرف منسوب کرکے ختم کیا جاسکتا ہے، بہرحال کلکتہ کے اقدامات نے حکومت کی آنکھیں کھولدی ہیں اور وہ اس صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے آمادہ ہوگئی ہے سوال یہ ہے کہ وہ جماعت کونسی ہے جو توڑ پھوڑ کی پالیسی پر یقین رکھتی ہے؟ اس کے جواب میں فوراً کمیونسٹوں کا نام لیا جا سکتا ہے اور صوبائی حکومتوں کے وزراء کھلم کھلا انہی کو مورد الزام بنا رہے ہیں!

اتنی بات تو سب کے نزدیک مسلم ہے کہ اس وقت ملک میں انتشار ہے، اگر وہ بڑھ گیا تو ملک میں امن کا قائم رہنا محال ہو جائے گا۔ اس کا بھی سب کو احساس ہے کہ انسانیت کے لئے، امن بہت ... ضروری چیز ہے اور ہندوستان کی زندگی تو اسی میں ہے کہ سارے ملک میں بھرپور امن رہے اور اسے فساد اور ہنگاموں سے بچایا جائے! اب اگر یہ صورت حال مسلم ہے تو حکومت کا کیا فرض ہونا چاہیئے؟ کیا حکومت ملک میں ابتری اور تخریب کو برداشت کرتی رہے؟ نہیں اگر وہ ایسا کرے گی

ہیں اور چاہیں تو توڑ پھوڑ کا مظاہرہ کرکے انہیں باقی رکھ سکتی ہیں۔

یوپی اسمبلی میں قانون تحفظ عامہ کا جو ترمیمی بل پیش ہوا ہے اس میں وزیر پولیس مسٹر لال بہادر شاستری نے کمیونسٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ چھپ چھپ کر کام کر رہے ہیں، پولیس سے مقابلہ کر چکے ہیں اور وہ ہڑتالیں کرانا چاہتے ہیں کہ ہر جگہ لڑائی اور دنگا ہو، مشینیں توڑی جائیں، آمد و رفت کے ذرائع مسدود کئے جائیں، غرض حکومت کی مخالفت تشدد اور طاقت سے کرنا چاہتے ہیں اور ہم بھی تیار ہیں کہ قانون تحفظ عامہ کے ذریعہ انہیں سیدھا کریں اور ملک کو بدامنی، بے چینی اور فساد سے بچائیں۔

اس پر کہا جاتا ہے کہ حکومت شہری آزادی پر حملہ کر رہی ہے اور اسی سامراج کو زندہ کرنا چاہتی ہے جس سے اس نے بمشکل چھٹکارا حاصل کیا ہے اس سے آگے بڑھ کر حکومت کو نازیت، فسطائیت اور ڈکٹیٹرشپ کے طعنے بھی دیئے جا رہے ہیں، مگر ہمارے خیال میں حکومت پر اس قسم کا کوئی الزام عائد نہیں ہوتا، اگر قانون تحفظ عامہ کو نیک نیتی کے ساتھ استعمال کیا گیا اور اس کے ذریعہ محض شبہ کی بنا پر بے گناہوں کو گرفتار کرنے کی کوشش نہیں کیگئی تو اس میں انگریز کے زمانہ کی برائیاں پیدا نہیں ہونگی اور نہ اس کا دائرہ اس قدر وسیع ہوگا کہ وہ ملک کے لئے وبال جان بن جائے۔

اچھی باتیں

یا ایہا الذین ... تا ... اقدامکم (پ ۲۶ ع ۶)

اے اہل ایمان! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کروگے تو خدا بھی تمہاری مدد کرے گا، اور تمہارے قدموں کو مضبوط اور پائیدار بنا دیگا۔

یہاں خاص طور پر اہل ایمان سے خطاب ہے اور ان سے خطاب کرکے ایک راز کی بات کہی گئی ہے یعنی اگر تمہارے اندر سچا ایمان ہے تو اسکا تقاضہ یہ ہونا چاہیئے کہ تمہاری تمام صلاحیتیں اور کوششیں دین الٰہی کی حمایت کے لئے وقف ہو جائیں اور تم اس مشن کو پورا کرو جسے لے کر ساری دنیا کے لئے بھیجے گئے ہو۔ اگر تم اپنا کام پورا کروگے تو خدا بھی تمہاری نصرت اور مدد فرمائے گا۔ اور مدد کی سب سے اہم صورت یہ ہے کہ تمہارے حوصلوں کو پست نہ ہونے دیگا اور تمہارے قدموں کو جما دے گا۔ یہ قدموں کا جمنا دنیا کی سب سے بڑی کامیابی ہے اور قدموں کا اکھڑنا سب سے بڑی ناکامی۔ اس حقیقت کو آجکل کی اصطلاح میں اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ فلاں قوم کا مورل (حوصلہ) بڑھا ہوا ہے اور فلاں قوم کو ڈیمورلائز (پست ہمت، بزدل، اور شکستہ دل) بنا دیا گیا ہے بس ایمان اور حوصلہ کی بلندی لازم و ملزوم ہیں اور خدا ان ہی لوگوں کی مدد کرتا ہے جو خدا کے دین کو مدد پہونچاتے ہیں۔

رمضان میں شارع عام پر کھانیوالوں کیخلاف قانون بنایا جائے

سنگاپور میں ینگ مینس مسلم ایسوسی ایشن کے صدر کی تجویز

(پ۔ ٹ۔ رائٹر)

ہندوستان کی روحانیت

مباحث امروزہ: (دوسروں کی زبانی)

غلہ کا اہم ترین مسئلہ

(عصر جدید کلکتہ)

زمینداروں کا شکوہ

پوپ کی تازہ حرکت

(عصر جدید کلکتہ)

شب قدر

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

پاکستانی جاسوس

محترم ایڈیٹر صاحب السلام علیکم۔

زبان اور قومی ترقی

محترمی السلام علیکم

زبان اور تمدن

جناب مکرمی السلام علیکم

پاکستان میں شرنارتھیوں کے دفینے

افکار پاکستان

دہشت اور تشدد کی لپیٹ میں

مغربی بنگال تیزی کے ساتھ دہشت اور تشدد کی لپیٹ میں آرہا ہے۔ [illegible] کمیونسٹوں کے خلاف قانون [illegible]

(تسنیم لاہور ۲۷ جولائی ۱۹۴۹ء)

کابل میں پاکستانی وفد

[illegible]

(مغربی پاکستان لاہور ۲۷ جولائی ۱۹۴۹ء)

یہ امتیاز کیوں؟

[illegible]

(پاسبان ڈھاکہ ۲۷ جولائی ۱۹۴۹ء)

پاکستانی خواتین کا مستقبل

[illegible]

کانگریس کو بچانا ہے تو کانگریسی ڈیسپر ہو جائیں!

انھیں دہشت پسند عناصر کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالنے چاہئیں

بی سی گھوش ممبر ورکنگ کمیٹی کی کانگریسی کارکنوں کو نصیحت

کلکتہ ۲۷ جولائی۔ ڈاکٹر پی سی گھوش ممبر کانگریس ورکنگ کمیٹی نے کل کانگریسی کارکنوں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر ملک کو بچانا ہے تو کانگریسیوں کو موجودہ حالات میں [illegible]

[illegible]

سہارنپور میں شرنارتھی قرضہ کمیٹی کی تشکیل

[illegible]

انگریز افسر پر مقدمہ غبن

[illegible]

فیروزآباد میں سوشلسٹ لیڈروں کا اجتماع

[illegible]

یوپی کی خبریں

ہلدوانی کانگریس پارلیمنٹری بورڈ

[illegible]

امروہہ میں یوم اردو

[illegible]

(پاسبان ڈھاکہ ۲۷ جولائی ۱۹۴۹ء)

نیشنل ہائر سکنڈری اسکول بنارس میں افطار

[illegible]

سہارنپور میں یوم اردو

[illegible]

اے جی کھیر ہلدوانی میں

پاور ہاؤس کا سنگ بنیاد رکھا

[illegible]

ضلع کرنال میں اغواشدہ خواتین کی برآمدگی

حکام کی جانب سے تعاون اور جدوجہد

[illegible]

سائبیریا سے لوٹنے والے جاپانی سپاہی کمیونسٹ بن گئے

[illegible]

(اے پی۔ رائٹر)

سنگاپور میں طلباء کی گرفتاری

کمیونسٹ لٹریچر برآمد ہوا

[illegible]

(اے پی۔ رائٹر)

تباہ حال ریفوجی حکیم

[illegible]

فیروزآباد میں بارش سے نقصان

[illegible]

ڈاکٹر بی سی رائے ہندوستان واپس آرہے ہیں

پیرس میں ڈاکٹر صاحب کا بیان

[illegible]

ماہنامہ جاوید لاہور پر مقدمہ

[illegible]

عیدگاہ اور جامع مسجد میں خطبہ عید الفطر لاؤڈ اسپیکر پر پڑھا جائیگا

مسلمانان دہلی کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں عیدگاہ میں نماز ادا کرنی چاہئے

[illegible]

ملک کو کمیونسٹوں سے بچانے کیلئے کانگریس اندرونی اختلاف ختم کرے

برطانیہ کے ایک مشہور اخبار لندن ٹائمز کا تبصرہ

[illegible]

دنیا کی پیداوار اور تجارت بڑھانے کی اپیل

وزیر اعظم آسٹریلیا کی طرف سے ڈالر کے مسئلہ کا حل

[illegible]

شمالی کلکتہ میں بنگالی تاجر کی ہلاکت

پولیس نے مجروح مشتبہ شخص کو گرفتار کر لیا

[illegible]

دہلی کے فوٹوگرافر کی کلکتہ میں گرفتاری

چیف پریزیڈنسی مجسٹریٹ نے رہا کر دیا!

[illegible]

جنوبی ہند کے ریلوے اسٹیشنوں کے نام

دیوناگری رسم الخط کے استعمال کی ہدایت

مدراس ۲۵ جولائی۔ ریلوے لارڈ نے جنوبی ہند کی ریلوں اور مدراس و جنوبی مرہٹہ ریلوں کے حکام کو ہدایت کی ہے کہ اسٹیشنوں کے بلیٹ فارموں پر ہندوستانی زبان اور دیوناگری رسم الخط میں اسٹیشنوں کے نام لکھے جائیں [illegible]

(گلوب)

مکران ریاست میں تعلیم کی جدید اسکیم

حکومت ۲۰ ہزار کے وظیفے دیگی

[illegible]

خط و کتابت کرتے وقت
چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں [illegible]

دارالسلطنت

نئی دہلی میونسپلٹی کی سرگرمیاں

[illegible]

ٹھیلے بھی چرائے جانے لگے

[illegible]

چھ ماہ میں ۱۲۵ اشخاص ہلاک

[illegible]

دہلی میں غیر ملکی ایجنٹ نہیں

[illegible]

سبزی منڈی میں یک طرفہ ٹریفک

[illegible]

نئی دہلی میں دو حادثے

[illegible]

سکھی اخبارات پر سے ڈپٹی کمشنر نے پابندی اٹھالی

[illegible]

عید کا جشن

[illegible]

متروکہ جائدادوں کے متعلق دو کمیٹیاں بنادی گئیں

ایک کمیٹی شرنارتھیوں کے مطالبات کی چھان بین کریگی

[illegible]

ریاستی فوجوں کو ہندی فوج میں شامل کرنے کا مسئلہ

راج پرمکھوں وزرائے اعظم اور ریاستی محکمہ کی اہم کانفرنس

[illegible]

(پ ٹ)

عورت کو چھرا گھونپ دیا

[illegible]

امدادی اسٹیرنگ کمیٹی کا قیام

[illegible]

مشاعرہ عید الفطر

[illegible]

مونگ پھلی اور شکرقندی کا آٹا

[illegible]

جرمن انجینیر آئیگا

[illegible]

علی پور کے تیرہ دیہات خطرے میں

[illegible]

دہلی کے کیمونسٹ نظربند بھوک ہڑتال کرینگے

شکایات کا ازالہ نہ ہونے پر احتجاج

[illegible]

میونسپل کمیٹی کی سیلی

[illegible]

خالص دودھ کی سپلائی

[illegible]

پورا گھر بے ہوش ہوگیا

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنایئے

ہوائی جہاز
کے ٹکٹ کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی
بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں۔
المشتہر
دہلی کمرشل کارپوریشن گلی نوآگرن
بلیماران دہلی

مفت طلب کیجئے
[illegible]
ادارہ آفتاب [illegible]

ڈبروگڈھ کی ریلوے بستی سے تیزاب بم چھرے اور ٹرانسمیٹر برآمد

۲۳۲ گرفتاریاں اور مسلح پولیس کا پہرہ

ڈبروگڈھ آسام ۱۶ جولائی۔ [illegible]

(اے پ)

بیواتیوں کو کاشت سے روکنے کی سعی

راجستھان حکومت کا فوری اقدام

[illegible]

بندرگاہ لندن کے مزدوروں کی ہڑتال ختم

[illegible]

امریکیوں کی راکھ روانہ کردی گئی

[illegible]

پنڈت نہرو مشرقی پنجاب کے دورہ پر

[illegible]

(اے پ)

شمالی کوریا سے جنوبی کوریا پر حملہ

وزارت دفاع کا اعلان

[illegible]

مجاہد مراکش غازی عبدالکریم

مراکش میں داخلہ کی اجازت

[illegible]

ہند کی ریاستیں اور یونینیں انتظامی سروسز میں حصہ لینگی

ریاستی محکمہ کو فیصلہ کی اطلاع دیدیگی

[illegible]

مسٹر فلپ نوئل بیکر کا آپریشن

لندن ۲۶ جولائی۔ [illegible]

رنگون کے قریب باغیوں کو شدید نقصان

رنگون ۲۶ جولائی۔ [illegible]

(اے پی۔ رائٹر)

یونان میں زلزلہ سے شدید نقصان

ایتھنز ۲۶ جولائی۔ یونان کی وزارت امن عامہ نے بتایا کہ ہفتہ کی شب کو بحیرہ ایجین میں کے جزیرہ چیوس میں جو زلزلہ آیا اس سے دو اشخاص ہلاک اور ۲۸ زخمی ہوگئے۔

اس سے قبل کی اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ ۶۰ زخمی ہوئے اور جزیرہ کے ۶۰ فی صدی مکانات گر گئے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ یہ جگہ اس زلزلہ کی مرکز تھی جس نے ترکی کے ضلع سمرنا میں آٹھ اشخاص کو ہلاک اور کئی کو زخمی کیا۔ اس زلزلہ سے سمرنا میں سیکڑوں مکانات منہدم ہوگئے (اے پ رائٹر)

دہلی اور مشرقی پنجاب

۲۸ جولائی کو دہلی میں ایک کانفرنس ہو رہی ہے جس میں اس بات پر غور کیا جائے گا کہ دہلی اور مشرقی پنجاب کو غلہ اور چاول کے بارے میں ملاکر ایک کردیا جائے۔ [illegible]

روزنامہ "الجمعیۃ" کا شاندار
آزادی نمبر
حسب سابق ۱۳ اگست کو بڑی آب و تاب سے شائع ہوگا

بہترین سیاسی، تاریخی اور علمی معلومات کا یہ گنجینہ اعلیٰ ترتیب، مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بین اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے۔

ضخامت: روزنامہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگین قیمت ۴
ایجنٹ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں۔

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں۔

روزنامہ "الجمعیۃ" کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا۔ لیکن صرف ہفت روزہ "الجمعیۃ" کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں چار آنہ کے بجائے دو آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجئے۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
نمبر ۹۷ رجسٹرڈ ڈی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۱۳ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲ شوال ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۹ر جولائی ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۶۶ | قیمت فی پرچہ دو آنہ

گارنٹی شدہ
خالص سونے کے
وسادہ کاری فینسی زیورات
بھرا تاجی دی ہٹی (رجسٹرڈ)
جیولرز
چاندنی چوک متصل بلیماران دہلی
فون نمبر 512

ہندوستان ــ و ــ پاکستان
کے درمیان
جہاز ـ ریل ـ اور لاری کے درمیان تجارتی اور گھریلو سامان بحفاظت
جلدی اور ارزاں نرخ پر روانہ کیجئے۔ نوٹ:۔ ہوائی جہاز کے ٹکٹ
اور پرمٹ کا انتظام کرنے کے لئے اصلی کرایہ پر زائد اجرت نہیں لی جاتی
گپتا برادرس ــ کارونیشن ہوٹل
چاندنی چوک
(فتحپوری دہلی)
فون نمبر: 6841

پاکستان نے متروکہ جائداد کی خرید و فروخت کی ممانعت کردی

پناہ گزینوں کی جائداد کے متعلق گورنر جنرل کا نیا آرڈی ننس

مغربی پاکستان میں آرڈی ننس فوراً نافذ پذیر ہوگا

کراچی ۲۷ر جولائی:۔ گورنر جنرل پاکستان خواجہ ناظم الدین نے ایک آرڈی ننس جاری کیا ہے جس کی رو سے مملکت کے اندر غیر منقولہ متروکہ جائداد کے سودوں کی ممانعت کردی گئی ہے۔

گذشتہ شام حکومت پاکستان کے ایک پریس نوٹ میں اس امر کا اعلان کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ اس آرڈی ننس کا اطلاق پوری مملکت [illegible] لیکن جب تک اس سلسلہ میں اعلان نہ کردیا جائے کسی علاقہ میں اس کا نفاذ عمل میں نہیں آئے گا۔ [illegible]

آرڈی ننس ۲۶ جولائی ۱۹۴۹ء سے [illegible] مرکزی حکومت ایک اعلان کے ذریعہ مزید عرصہ کے لئے توسیع کرسکتی ہے لیکن یہ توسیع [illegible]

جن جن علاقوں میں آرڈی ننس کا نفاذ عمل میں آئے گا وہاں غیر منقولہ متروکہ جائدادوں کی خرید و فروخت تبادلہ کی ممانعت کردی جائے گی۔ ان علاقوں میں کوئی رجسٹرار کسی غیر منقولہ متروکہ جائداد کے متعلق کسی دستاویز کو اپنے ہاں رجسٹر نہیں کرے گا [illegible]

[illegible] آرڈی ننس کے تحت فروخت، رہن، پٹہ، تبادلہ اور کسی قسم کا سودا جو متروکہ جائداد کے بارے میں اس آرڈی ننس کے نفاذ ہونے سے قبل یا بعد میں کیا گیا ہو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

مسلمانان ہند کے نام حضرت شیخ الاسلام سحبان الہند اور مجاہد ملت کا پیغام عید

فرقہ وارانہ فضا بہتر بنایئے اور مرد بہادر کی طرح زندگی بسر کیجئے

دہلی ۲۷ جولائی۔ جمعیۃ علماء ہند کے صدر شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، نائب صدر سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے مسلمانان ہند کو عید الفطر کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے حسب ذیل پیغام دیا ہے:۔

[illegible] ہندوستان کی فرقہ وارانہ فضا ہر چند بہتر سے بہتر ہوتی جارہی ہے [illegible]

ہم عید کے اس مبارک موقع پر مسلمانان ہند کو مبارکباد دیتے ہیں اور اپیل کرتے ہیں کہ وہ [illegible] اور حکومت کے ساتھ اتحاد اور فرقہ وارانہ تعلقات کے [illegible]

اعلان تعطیل

ناظرین کرام اور ایجنٹ حضرات نوٹ فرمالیں کہ کل اور پرسوں دفتر الجمعیۃ بتقریب عید الفطر تعطیل رہے گی اور ۳۰ و ۳۱ جولائی کا پرچہ شائع نہ ہوگا [illegible]

میدان موری دروازہ میں نماز عید

حسب سابق نماز عید میدان موری دروازہ میں سنت کے مطابق ٹھیک ساڑھے سات بجے صبح پڑھی جائے گی۔ اور اگر بارش ہوئی تو نماز مسجد [illegible] میں ہوگی۔

محمد الیاس سکریٹری انجمن خدام اہل حدیث دہلی

کینٹن میں مارشل لا قائم کردیا گیا

جنوب کی جانب کمیونسٹوں کی پیش قدمی سے سخت خطرہ پیدا ہوگیا

کینٹن ۲۷ر جولائی۔ گذشتہ شب چینی فوج کے صدر مقام سے اعلان کیا گیا کہ کینٹن میں آج سے مارشل لا جاری کردیا جائے گا۔ کینٹن اس وقت حکومت کا دارالسلطنت ہے۔ کل رات شہر میں کرفیو نافذ کردیا تھا [illegible]

[illegible]

عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کا اجلاس

دمشق ۲۷ جولائی۔ شام کے سرکاری حلقوں میں بیان کیا گیا ہے [illegible]

(رائٹر)

مسلمانان ہند کو عید مبارک

سعودی عرب کے قونصل کا پیغام

[illegible]

فرانسیسی نیشنل اسمبلی میں ڈھول دھپا

معاہدہ اوقیانوس پر بحث کا شاخسانہ

پیرس ۲۷ جولائی۔ جب نیشنل اسمبلی میں معاہدہ اوقیانوس کی تصدیق کئے جانے پر بحث ہو رہی تھی [illegible]

آج قاسم رضوی کا مقدمہ شروع ہوا ہے

عدالت کے چیرمین نے انتظامات کا معائنہ کیا

[illegible]

ہند اور پاکستان میں جنگ بندی کی سرحد پر مکمل سمجھوتہ ہوگیا!

کراچی کی فوجی کانفرنس کی غیر متوقع کامیابی

کشمیر کمیشن اور سیاسی حلقوں کی طرف سے تعریف

کراچی ۲۷ جولائی۔ ہند اور پاکستان کے فوجی نمائندوں کے درمیان تمام جموں اور کشمیر کے لئے جنگ بندی کی سرحد کے متعلق کامل اتفاق رائے ہوگیا ہے۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

افغانستان آزاد پٹھانستان کی حکومت کو تسلیم کرلیگا

تمام صوبہ سرحد میں موجودہ حکومت کے خلاف زبردست ایجی ٹیشن

[illegible]

عازمین بیت اللہ شریف جہاز راں کمپنی کا جواب آئے بغیر بمبئی نہ جائیں

حاجیوں کے لئے پاسپورٹ پر فوٹو لگانا ضروری ہے

[illegible]

خالص دیسی گھی سے نفیس عمدہ تازہ اور لذیذ ترین مٹھائیاں تیار کرنیکی مشہور دوکان شاہی سویٹ ہاؤس بلیماران دہلی

بہترین اور نئے قسم کے مردانے، زنانے و بچکانہ شوز و سینڈلوں کی خریداری کے وقت اپنے شہر کی سب سے پرانی اور مشہور فرم نیشنل بوٹ ہاؤس چاندنی چوک دہلی کو یاد رکھئے

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
Delhi-28-7-49

کلکتہ میں مشرقی بنگال کی تقسیم اور اقلیتوں کا حصہ الگ کرنیکا مطالبہ

منصفانہ فیصلہ کے لئے اقوام متحدہ سے رجوع کرنیکی تجویز

جنرل اسمبلی میں مسئلہ اٹھانیکے لئے مختلف ممالک سے خط و کتابت

کلکتہ ۲۶ جولائی۔ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی کونسل کے زیر انتظام یہاں ایک جلسہ میں مشرقی بنگال کی تقسیم اور اقلیت کی تعداد کے تناسب سے ان کو مشرقی بنگال کا ایک حصہ دیئے جانے کی تجویز کی حمایت کی گئی۔

یہ مطالبہ پہلے کلکتہ کے ایک پبلک جلسہ میں ۲۷ جون کو کیا گیا تھا۔ اس وقت تجویز کی گئی تھی کہ منصفانہ فیصلہ کے لئے یہ تجویز اقوام متحدہ کے سامنے پیش کی جائے۔

اس جلسہ میں حکومت ہند سے تمام شرنارتھیوں سے خواہ وہ مشرقی پاکستان کے ہوں یا مغربی پاکستان کے یکساں سلوک کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ [illegible]

ناظم جمعیۃ علماء ہند کا گشتی مراسلہ

دہلی ۲۶ جولائی۔ حضرت مولانا انوار الدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل گشتی مراسلہ جاری کیا ہے:

محترمی زید مجدکم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مزاج گرامی!

[illegible]

والسلام

(مولانا انوار الدین بہاری)

انخلا کنندگان کی جائداد کی فروخت

پاکستان بھی آرڈی ننس نافذ کرے گا

کراچی ۲۶ جولائی۔ پاکستان کے گورنر جنرل عنقریب ایک آرڈی ننس جاری کرنے والے ہیں۔ پاکستان کی ایسوسی ایٹڈ پریس کے بیان کے مطابق یہ آرڈی ننس انخلا کنندگان کی جائداد کی فروخت کے بارے میں ہوگا۔ [illegible] (اے پی)

بھوپال سے مسٹر ویلوڈی کی واپسی

بھوپال ۲۶ر جولائی۔ [illegible]

پس ماندہ علاقوں کی ترقی کی اسکیم

برطانیہ ڈالروں میں چندہ نہیں دیگا

[illegible]

ضلع غازی پور میں پولیس فائرنگ

[illegible]

مشہور جرمن سائنس دان کی آمد

[illegible]

دہشت انگیزی کی غلط خبر شائع کرنے پر جاپانی پولیس کا غصہ

دوپہر سے قبل سو گرفتاریاں۔ روپوش ایڈیٹر کی ملک بھر میں تلاش

ٹوکیو ۲۶ر جولائی۔ [illegible]

اڑیسہ کی زرعی اصلاح کمیٹی نے سفارشات پیش کردیں

کٹک ۲۶ جولائی۔ [illegible]

برادران وطن کو عید مبارک

[illegible]

سال کے بعد عید آئی ہے — مژدہ اک دلنواز لائی ہے
کیوں نہ ہوں شادماں وطن والے — خوش و خنداں بھی خدائی ہے
سو مبارک تمہیں یہ یوم سعید — ملتا بھائی سے آج بھائی ہے
بغض و فتنہ مٹا زمانے سے — درد دل کی یہی دوائی ہے

دو بیماریاں کاٹ دی جائیں

تحقیقاتی کمیٹی کی سفارش

[illegible]

عیدگاہ میں نماز پڑھیے

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

فطرہ کتنا ادا کیا جائے

دہلی ۲۶ر جولائی۔ حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب نے دہلی کے رہنے والوں کے لئے [illegible] فی شخص فطرہ ادا کرنے کا اعلان کیا ہے۔ باہر کے لوگ پونے دو سیر گیہوں کی وہ قیمت ادا کریں [illegible]

ہوائی جہازوں کی آسانی کیلئے امریکہ میں ایک نئی ایجاد!

نیویارک ۲۶ جولائی۔ [illegible]

برما میں کمیونسٹوں نے بالغ عورتوں کی زبردستی شادیاں شروع کردیں

اسلحہ خریدنے کیلئے عوام میں لوٹ کھسوٹ سرکاری جہازوں کی بمباری

رنگون ۲۶ جولائی۔ [illegible]

برطانیہ اسٹرلنگ کی قیمت کم نہیں کریگی

لارڈ ایڈیسن کا دارالامراء میں اعلان

لندن ۲۶ جولائی۔ [illegible] (رائٹر)

مدھیہ بھارت میں بارش سے شدید نقصان

[illegible]

صدر امریکہ نے معاہدہ اوقیانوس پر دستخط کردئے

واشنگٹن ۲۶ جولائی۔ [illegible]

عیدگاہ میرٹھ میں نماز عید الفطر

میرٹھ ۲۶ جولائی۔ [illegible]

رمضان المبارک کا چاند

[illegible]

سنگھی لیڈر کی آمد پر جھگڑا

چار اشخاص مجروح ہوگئے

[illegible]

ایک مبینہ کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

پاکستان میں روسی وفد کی آمد

دونوں ملکوں میں تجارتی معاہدہ کی توقع

کراچی ۲۶ جولائی۔ [illegible]

پاکستان سے مشینری نہ لانے دینے پر احتجاج

[illegible]

محمود داسن توجہ کریں

[illegible]

مولانا امداد صابری کی "فرنگیوں کا جال" کتاب علمی تحفہ اور چھوٹی انسائیکلوپیڈیا ہے

حضرت مولانا حفظ الرحمٰن کی رائے

حضرت العلامہ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند نے مولانا امداد صابری کی تصنیف "فرنگیوں کا جال" پڑھ کر جو رائے دی ہے وہ حسب ذیل ہے:۔

"مولانا امداد صابری ان اہل قلم میں سے ہیں جو تقاضائے وقت کے پیش نظر عموماً کوئی علمی تحفہ نذر پبلک کیا کرتے ہیں۔ زیر مطالعہ کتاب "فرنگیوں کا جال" عیسائی مشنریوں کی تبلیغ اور حکومت برطانیہ کی اس بارے میں ان کی حمایت سے متعلق بہترین ذخیرہ معلومات ہے۔ اس کتاب میں ان علماء حق کا بھی تذکرہ ہے جو عیسائیوں کے خلاف اسلام کی حقانیت کے لئے اعلان حق کرتے رہے ہیں۔ کتاب اپنے موضوع سے متعلق چھوٹی سی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی محنت کو قبول فرمائے اور اہل علم قبول کریں۔" کتاب کی ضخامت بڑے سائز پر ۳۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ قیمت [illegible] ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ امداد صابری پبلشر چوڑیوالان دہلی

ایک غلط فہمی کا ازالہ

ایجنٹ صاحبان اور خریداران الجمعیۃ مطلع ہوں

بعض نیوز پیپر ایجنٹوں اور ایجنٹوں سے الجمعیۃ خریدنے والے حضرات کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ ہفت روزہ الجمعیۃ کا عید نمبر یا روزنامہ الجمعیۃ کا آزادی نمبر (جو ۱۳ اگست کو شائع ہو رہا ہے) ان لوگوں کو مفت دیا جائے گا جو ایجنٹوں سے اخبار خرید کرتے ہیں۔ یاد رکھئے کہ اس طرح کا اعلان صرف "جمعیۃ علماء نمبر" کے لئے تھا جو جمعیۃ علماء ہند کے گزشتہ اجلاس لکھنؤ کے موقع پر شائع ہوچکا ہے۔

"عید نمبر" آٹھ آنے قیمت دے کر اپنے یہاں کے ایجنٹ سے خریدیئے

منیجر
ہفت روزہ "الجمعیۃ" دہلی

بہترین اور نئے قسم کے مردانے، زنانے و بچکانہ شوز و سینڈلوں کی خریداری کے وقت اپنے شہر کی سب سے پرانی اور مشہور فرم نیشنل بوٹ ہاؤس چاندنی چوک دہلی کو یاد رکھیئے

پانچ لاکھ کمیونسٹ فوجوں نے جنوب کی طرف پیش قدمی شروع کردی

پانسو میل لمبی سرحد پر جارحانہ اقدام

چیانگ کائی شیک مسلم جنرلوں سے مشورہ کرنیکے لئے جارہے ہیں

ہانگ کانگ ۲۷ جولائی۔ کمیونسٹوں کی پانچ لاکھ فوجوں نے جو پورے طور [illegible] جنوب اور جنوب مغربی چین میں سرکاری فوجوں کے خلاف اپنا بڑا حملہ شروع کردیا ہے وہ پانسو میل لمبی سرحد پر جو ہونان کے صوبہ سے فوکین کے ساحل تک پھیلی ہوئی ہے آگے بڑھ رہی ہیں۔ کمیونسٹ شمال مغرب میں ہونان کے صوبہ سے شانسی تک [illegible] میل لمبی سرحد پر بھی آگے بڑھ رہے ہیں۔ اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ ہونان میں صرف چانگشا اور ہنگ یانگ کے علاقہ میں سرکاری فوجوں کی مدافعت سخت ہے۔

فوجی مبصروں کا کہنا ہے کہ ابھی یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ بڑھاوا کہاں تک جائے گا اور کیا کمیونسٹ ایک مرتبہ پھر ہانگ کانگ پر رک جائیں گے؟ اندریں اثنا جنوبی صوبوں میں کمیونسٹ گوریلا سرگرمیاں کم ہوگئی ہیں اور چینی قوم پرستوں نے [illegible] شہروں پر دوبارہ قبضہ کرلیا ہے۔

کینٹن۔ آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ اگرچہ چانگشا پر ابھی کمیونسٹوں کا قبضہ نہیں ہوا تاہم توپوں کی آواز شہر میں صاف سنائی دے رہی ہے۔ چوچاؤ پر کمیونسٹ قبضہ ہوگیا ہے۔ اور اگرچہ سرکاری طور پر اس کی تصدیق نہیں ہوئی۔ اس سے چانگشا [illegible] باقی چین سے کٹ گیا۔ اس کے بعد [illegible] کے نزدیک گھمسان کی لڑائی ہورہی ہے۔

چوچاؤ پر قبضہ

ایک معتبر حلقہ سے یہ اطلاع ملی تھی کہ چوچاؤ (ہونان) پر کمیونسٹوں نے قبضہ کرلیا ہے لیکن ابھی تک اس کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ چانگشا، چوچاؤ اور ہنگ یانگ کے علاقہ میں بتایا گیا ہے کہ سرکاری فوجوں کی [illegible] فوجیں سخت مقابلہ کررہی ہیں۔ خبر ہے کہ قوم پرستوں نے لیہنوا (LIENHWA) پر دوبارہ قبضہ کرلیا ہے۔ یہ شہر ہنگ یانگ کے مشرق میں واقع ہے۔ قائم مقام صدر لی [illegible] کل کینٹن سے ہنگ یانگ گئے۔ یہاں انہوں نے جنرل پائی سے مشورہ کیا جن کی کمان میں فوجیں لڑرہی ہیں۔ اس کے بعد وہ چوچاؤ جائیں گے اور وہاں سے جنرل چیانگ کائی شیک سے مشورہ کرنے کے لئے [illegible] پہنچ جائیں گے۔

خبر ہے کہ مارشل چیانگ کائی شیک اگست کے شروع میں جنوب مغربی صوبوں کا دورہ کریں گے۔ ہانگ کانگ میں یقین کیا جاتا ہے کہ وہ یقیناً چنگ کنگ بھی جائیں گے اور وہاں سے بذریعہ ہوائی جہاز شمال مغرب کے [illegible] اور سنکیانگ کے صوبوں میں جائیں گے جہاں وہ مسلم جنرلوں [illegible] سے مشورہ کریں گے۔ (رائٹر)

مصر میں کابینہ بن گئی

اسکندریہ ۲۷ جولائی۔ نامزد وزیر اعظم حسن سری پاشا نے گذشتہ شب مصر کی قومی مشترکہ کابینہ کے ممبر منتخب کرلئے ہیں۔ یاد ہے کہ وزیر اعظم ہادی پاشا کے استعفی کے بعد شاہ فاروق نے حسن سری پاشا سے وزارت بنانے کے لئے کہا تھا۔ آپ مصر کی سیاسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتے۔ (رپٹ رائٹر)

پاکستانی اداروں سے ہندوستانیوں کے مطالبات

دہلی ۲۷ جولائی۔ [illegible] پناہ گزینوں کا وہ [illegible] سرکاری اور نیم سرکاری اداروں کی طرف [illegible] مطالبات [illegible] لوکل بورڈز کے [illegible] مطالبات [illegible] پنجاب [illegible] مشرقی پنجاب [illegible] اسسٹنٹ سکریٹری وزارت امداد و بحالیات [illegible] لاہور میں [illegible] ڈپٹی کمشنر کو لکھا جائے۔ اس سلسلہ میں اب تک پاکستان میں ہند کے [illegible] کمشنر کو مراسلات بھیجے گئے ہیں وہ سب [illegible] گئے ہیں۔

لاہور میں زبردست بارش

لاہور ۲۷ جولائی۔ زبردست بارشوں سے لاہور میں ۳۰ سے زائد مکانات گر پڑے جس سے ۱۲ اشخاص کو معمولی زخم آئے ٹیلیفون سسٹم کٹ گیا۔ لاہور میں سوموار کو [illegible] انچ کے قریب بارش ہوئی۔ موسم انتہائی خوشگوار ہوگیا اور درجہ حرارت [illegible] ڈگری پر ہوگیا۔

اشتہار نیلام

[illegible]

خط و کتابت کے وقت خریداری نمبر ضرور لکھئے۔ منیجر

ہندی سکھلانے والی لاجواب اور سستی کتاب

معلم ہندی

اس کتاب کے ذریعہ [illegible] ہندی [illegible] کتاب [illegible]

[illegible]

کراچی میں ایک انگریز کے خلاف مقدمہ

پاکستانی ہوائی جہاز کو اڑانے کا الزام

کراچی ۲۷ جولائی۔ آج حکومت پاکستان کے محکمہ شہری ہوابازی کے سابق ڈائرکٹر [illegible] کے خلاف مقدمہ [illegible] حکومت پاکستان کو دھوکہ دینے [illegible] ہوائی جہاز [illegible] کراچی [illegible] ۱۵ دسمبر [illegible] درخواست دی [illegible] ہوائی اڈہ سے [illegible] روانہ کرسکے روک لیا جائے۔ (رپٹ ا)

مغل گئی کے حادثہ پر افغانستان اور پاکستان میں اتفاق رائے

دونوں ملکوں کے کمیشن نے متفقہ رپورٹ مرتب کرلی

افغانستان اور پاکستان کے درمیان بہتر تعلقات کی توقع

پشاور ۲۷ جولائی۔ مغربی پنجاب کے گورنر سردار عبدالرب نشتر نے [illegible] مغل گئی کی بمباری کے حادثہ کی تحقیقات کرنے والے افغان اور پاکستانی کمیشن [illegible] بیان میں کہا کہ کمیشن اب اس قابل ہوگیا ہے کہ وہ ایک مشترکہ رپورٹ تیار کرسکے۔ یہ رپورٹ دونوں حکومتوں کے سامنے پیش کی جائے گی۔ سردار نشتر [illegible] پشاور [illegible] افغانستان میں ریڈیو اور پریس کے پروپیگنڈے کے باوجود پاکستان سے دوستانہ تعلقات رکھنے کی ایک عام خواہش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے [illegible] دونوں ملکوں کے وفدوں نے پورے تعاون اور دوستانہ [illegible] کام کیا۔

یہ تجویز ہے کہ مناسب وقت پر کابل اور کراچی سے ایک ہی وقت [illegible] کمیشن کی تحقیقات [illegible] شائع ہوگا۔

[illegible] دونوں ملکوں کے تعلقات بہتر بنانے کے لئے [illegible] اور اس کا ہر قدم [illegible]

سردار نشتر نے افغانستان کے وزیر اعظم سے بھی ملاقات کی اور افغانی سفیر [illegible] پاکستان سے [illegible] کابل [illegible] وزیر خارجہ سے بھی ملاقات کی۔ اور دونوں ملکوں کے معاملات پر تفصیلی گفتگو کی۔ معلوم ہوا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان زیادہ تفہیم پیدا ہوگئی ہے۔

تیس ہزاری میں نماز عید

حسب سابق دستور نماز عید الفطر صبح ۸ بجے میدان تیس ہزاری میں ۱۲ تکبیروں کے ساتھ پڑھائی جائے گی۔

(نوٹ:) مستورات کے لئے حسب سابق دستور پردہ کا انتظام بھی ہوگا۔

منتظم نماز عید تیس ہزاری جماعت غرباء اہل حدیث حاجی منشی عبدالمالک

سما سیوم کو پریوی کونسل میں اپیل کرنے کی اجازت دیدی گئی

لندن ۲۷ جولائی۔ [illegible] سما سیوم کو ملایا میں [illegible] ہتھیار رکھنے کے جرم میں سزائے موت دی گئی تھی۔ اب اس کو یہ اجازت دیدی گئی ہے کہ وہ اس سزا کے خلاف پریوی کونسل کی جوڈیشل کمیٹی میں اپیل دائر کرسکے۔ [illegible] سزا [illegible] ملتوی کردیا تھا کیونکہ ملایا سے ہندوستانی نمائندے نے یہ نوٹس دیدیا تھا کہ اس مقدمہ کی اپیل پریوی کونسل میں کی جائے گی۔ نمائندہ مذکور نے یہ بھی کہا تھا کہ حکومت ہند اس سلسلہ میں مالی امداد دے رہی ہے۔

لندن میں آزاد انجمنوں کی کانفرنس

ہندوستانی نمائندہ بھی شریک ہوا ہے

لندن ۲۷ جولائی۔ دنیا کی آزاد مزدور انجمنوں کی ۱۳۱ افراد پر مشتمل ایک کمیٹی میں ایک ہندوستانی نمائندہ بھی شریک ہے۔ آج [illegible] کانفرنس شروع ہورہی ہے جس میں ایک بین الاقوامی مزدور تنظیم قائم کرنے کے سلسلہ میں انجمن کے اغراض و مقاصد اور دستور تیار کئے جائیں گے۔

اس میٹنگ میں شرکت کرنے والے ہندوستانی نمائندہ کا نام [illegible] گذشتہ ماہ جنیوا میں عالمی مزدور تنظیم کے اجلاس [illegible] مزدوروں کے نمائندوں نے ایک نئی عالمی مزدور تنظیم قائم کرنے کے لئے ابتدائی گفت و شنید کی تھی اس میں [illegible] بھی شریک تھے۔ اس کے علاوہ امریکہ، فرانس، اٹلی، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، ایران، افریقہ، [illegible] امریکہ اسکنڈے نیویا اور جرمنی کی مزدور انجمنوں کے نمائندے بھی گفت و شنید میں شریک ہوئے تھے۔

[illegible] امریکن فیڈریشن آف لیبر اس تنظیم کو قائم کرنے میں بڑی سرگرمی کے ساتھ حصہ لے رہی ہے۔ (گلوب)

برطانیہ میں ہنگامی صورت حال ختم

دارالامراء میں بادشاہ کا اعلان پڑھکر سنایا گیا

لندن ۲۷ جولائی۔ حکومت برطانیہ نے مکمل ہنگامی صورت حال کو ختم کردیا جس کی رو سے اسے غیر معمولی اختیارات حاصل ہوگئے تھے۔ ہنگامی حالت کا اعلان بندرگاہ کے مزدوروں کی ہڑتال کی وجہ سے کیا گیا تھا۔

لارڈ اڈیسن نے دارالامراء میں بادشاہ کی طرف سے ایک اعلان پڑھ کر سنایا جس میں ہنگامی حالات کو ختم کردینے کا اعلان کیا گیا تھا۔ (رپٹ رائٹر)

شمالی بہار میں طغیانی

لاکھوں روپے کا نقصان

[illegible] ۲۷ جولائی۔ [illegible] اطلاعات مظہر ہیں کہ [illegible] لاکھوں روپے کا نقصان [illegible] ابھی تک جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

اطلاعات یوپی

بدعنوانیوں کے الزامات پر انگلستان کے لوگ استعفی دیدیا کرتے ہیں

مغربی یوپی کے طلباء کی کانفرنس میں قدوائی صاحب کی تقریر

مراد آباد ۲۷ جولائی (ا۔ ن۔ ک) آج کے دن مغربی یوپی کے طلباء کی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے طلباء سے اپیل کی کہ وہ قوم کی صحیح رہنمائی کریں اور کانگریس کے اعتماد کو زندہ کریں۔ قدوائی صاحب نے طلباء پر اس بات پر زور دیا کہ وہ بے لوث خدمت کرنا سیکھیں۔ انھوں نے طلباء سے اپیل کی کہ وہ عوام میں جائیں اور ان کی شکایات کو سنیں اور ان کو رفع کرنے کی پوری کوشش کریں۔

رفیع صاحب نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ بعض لوگ میرے کہنے پر اعتراض کرتے ہیں جب میں کہتا ہوں کہ کانگریس [illegible] لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں کانگریس کی بڑی خدمت کررہا ہوں آپ نے لوگوں سے بھی اپیل کی کہ وہ حکومت اور اس کی پالیسی کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

قدوائی صاحب نے اعلی حکام اور کانگریسیوں پر بدعنوانیوں کے الزامات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جن میں دو ممبران پارلیمنٹ کے ارکان بھی شامل ہیں آپ نے ان کا مقابلہ انگلستان سے کیا اور کہا کہ وہاں ایسے موقعوں پر ایسے لوگ جن پر الزامات لگائے جاتے ہیں خود مستعفی ہوجاتے ہیں تاکہ عوام کو اطمینان قلب حاصل ہوسکے۔

ہردوار میں سنگھیوں کی گرفتاری

ہردوار۔ حکم امتناعی کی خلاف ورزی کرکے جلوس نکالنے پر سنگھی کارکن مسٹر شو دیال اور مسٹر سری رام گرفتار کرلئے گئے ہیں۔ جلوس مقامی سنگھی کارکن مسٹر شو دیال کے رہا ہونے پر نکالا جارہا تھا۔

صرف ہندی

آگرہ۔ میونسپل بورڈ کے چیرمین مسٹر رامیشور ناتھ ٹنڈن نے حکم جاری کیا ہے کہ سرکاری خط و کتابت میں صرف ہندی کا استعمال کیا جائے۔

دہرہ دون کے قریب سڑک ٹوٹ گئی

دہرہ دون ۳۰ جولائی۔ فارسٹ کالج [illegible] کے قریب سڑک کے کچھ حصہ کے بہہ جانے سے راستہ بند ہوگیا ہے مسافروں کو ایک گہرے غار میں سڑک پر جانا پڑتا ہے۔

بریلی کالج کا پرنسپل کون ہے

بریلی ۲۷ جولائی (ا۔ ن۔ ک) بریلی کالج کا پرنسپل کون ہے اس کے دعویدار دو شخص ہیں۔ حال ہی میں کالج کمیٹی نے مسٹر لکشمی نرائن کو اگلے عہدہ پر واپس کرکے مسٹر ایس ہنری کو ان کی جگہ مقرر کیا تھا مگر [illegible] کرنے سے روکنے کی کوشش کی گئی مگر بورڈ کے صدر کا کہنا ہے کہ [illegible] اطلاع پہنچی تھی اور اسی وقت قرارداد پر عمل درآمد ہوچکا تھا۔ مسٹر لکشمی نرائن کا کہنا ہے کہ [illegible] دفتر کا چارج ان کو دینا تھا اسلئے وہ ابھی تک پرنسپل ہیں۔ اب یہ معاملہ ۳۰ جولائی منصفی میں پیش ہوگا۔

یوپی ہائی کورٹ کے نئے جج!

دہلی ۳۰ جولائی۔ گورنر جنرل نے الہ آباد ہائیکورٹ میں مندرجہ ذیل تقرریاں کی ہیں۔ مسٹر جسٹس شمبھو ناتھ سیٹھ کو جو اس وقت ایڈیشنل جج ہیں۔ شری شیو پرشاد سنہا کی جگہ مستقل جج مقرر کیا ہے۔ ڈسٹرکٹ و سیشن جج [illegible] آئی سی ایس کو ایڈیشنل جج مقرر کیا گیا ہے۔

یوپی کے شہروں کی ترقی کا منصوبہ

حکومت ایک بل تیار کررہی ہے

لکھنؤ ۲۷ جولائی (ا۔ ن۔ ک) حکومت یوپی ایک بل تیار کررہی ہے جو شہروں کی منصوبہ بندی کے متعلق ہوگا۔ یہ ٹاؤن پلاننگ بل کے نام سے موسوم ہوگا۔ یہ بل اس لئے بنایا جارہا ہے تاکہ آئندہ یوپی کے تمام شہروں اور قصبات کو آئندہ باقاعدہ طور پر بنایا جائے کیونکہ مستقبل قریب میں ہر ایک شہر ایک صنعتی مرکز بنایا جائے گا اور اس لئے ضروری ہے کہ وہ [illegible] طریقہ پر پھیلیں۔

وزیر ترقیات مسٹر کیسر نے کہا کہ ہمیں ہر وقت یہ خیال رکھنا ہوگا کہ کون سا شہر آئندہ ۳۰ سال بعد کیا ہوگا۔

اس بل کے بموجب ہر میونسپلٹی کو ان کا نقشہ بھیج دیا جائے گا اور وہ پھر آئندہ سرکاری ماہرین سے امداد لیں گے۔

یوپی کے ملوں میں کپڑے کا اسٹاک

کانپور ۲۷ جولائی۔ یوپی [illegible] ٹیکسٹائل ایڈوائزری کمیٹی کے رکن مسٹر [illegible] نے وزارت صنعت کو ایک تار دیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یوپی کے ملوں میں بہت مال اکٹھا ہوگیا ہے۔ حکومت یا تو پابندیاں اٹھائے، کنٹرول ختم کرے یا تقسیم کا علاقہ بڑھائے ورنہ پیداوار میں کمی ہوجائیگی۔

روس کا تجارتی وفد کراچی پہونچ گیا

کراچی ۲۷ جولائی۔ روس کا وفد جو ۱۳ افراد پر مشتمل ہے کل شام [illegible] کراچی پہونچ گیا۔ (رپٹ [illegible])

ریاستی فوجیں ابھی ہندوستانی فوجوں میں شامل نہیں کیجائینگی

مالی اور انتظامی پیچیدگیوں کے باعث تاخیر ہوگی

نئی دہلی ۲۷ جولائی۔ اگرچہ فریقین میں اصولی طور پر اتفاق رائے ہوچکا ہے پھر بھی ریاستوں اور ریاستی یونینوں کی فوجوں کو ہندی فوجوں میں شامل کرنے میں کچھ وقت لگے گا۔ ریاستوں اور ریاستی یونینوں کے فوجیوں کی تعداد اور افسران اور سپاہی ملاکر تقریباً ۷۵ ہزار ہے۔

بعض مالی اور انتظامی پیچیدگیوں کے باعث یہ تاخیر ناگزیر ہے کیونکہ ان پیچیدگیوں کے حل کے لئے کچھ وقت درکار ہے اس اثنا میں وزارت دفاع ان فوجوں کی از سر نو تنظیم کرے گی۔ تاکہ وہ ہندوستانی فوج کے معیار پر آجائیں۔ پانچ ریاستی یونینوں کے ۶ پرمکھوں نے وزارت دفاع اور ریاستی حکام سے ان معاملات میں گفتگو کی۔ اور یکساں معیار، تنخواہ، الاؤنس اور تربیت کی آسانی کے طریقوں پر غور کیا گیا۔ ان یونینوں کے نام یہ ہیں۔

مدھیہ بھارت، ودھیا پردیش، سوراشٹر، راجستھان، پٹیالہ اور مشرقی پنجاب ریاستی یونین۔ کل پھر اس مسئلہ پر گفت و شنید ہوگی۔

جب تک ان فوجوں کو ہندوستانی فوجوں میں شامل نہ کیا جائے اس وقت تک وزارت دفاع راج پرمکھوں کے ذریعہ ان فوجوں پر کنٹرول رکھے گی۔ اب تک ان فوجوں کے متعلق جملہ امور کا حق راج پرمکھوں کو تھا۔

ریاست میسور، رامپور، ٹراونکور و کوچین یونین کی فوجوں کے متعلق علیحدہ گفت و شنید ہوگی۔ ان ریاستوں کی فوجیں وہاں کے حکمرانوں کے ماتحت نہیں ہیں بلکہ وزراء کے ماتحت ہیں۔

مدغم ہونے والی ریاستوں کی۔ بڑودہ، کولہاپور، [illegible] پور، [illegible]، سندھیا، [illegible] اور کچھ۔ مسلح افواج کو پہلے ہی ہندوستانی فوج میں شامل کردیا گیا ہے۔

بھوپال، [illegible] اور ٹہری گڑھوال کی فوجیں بھی اسی طرح ہندیونین کی فوجوں میں شامل کردی جائیں گی۔ کوچ بہار، [illegible] ریاستوں کی فوجوں کا بھی یہی انجام ہوگا کیونکہ ریاستی [illegible] کے منشا کے مطابق ان ریاستوں کو علیحدہ وحدت کے طور پر قائم نہیں رکھا جاسکتا۔

ریاست کشمیر کی فوجیں وہاں جنگ شروع ہونے کے بعد سے ہندوستانی فوج کے ماتحت ہیں اور یہ صورت حال اس وقت تک باقی رہے گی جب تک کہ ریاست [illegible] کے اہم مسائل کا فیصلہ نہ ہوجائے۔

ریاست حیدرآباد کا مسئلہ تو وہاں کی فوجیں جب تک [illegible] فوجی حکومت قائم ہے [illegible] رہیں گی۔

کلکتہ میں دو بم پھٹے

کلکتہ ۲۷ جولائی۔ نصف شب کے قریب [illegible] میں ضلع پولیس کے ہیڈکوارٹر کے قریب مسلسل دو بم پھٹے لیکن کوئی شخص زخمی نہیں ہوا اور نہ کسی قسم کا جانی [illegible] نقصان پہنچا۔ پولیس نے اس واقعہ کے تعلق سے [illegible] کی اور تین اشخاص کو گرفتار کرلیا۔ (رپٹ ا)

پاکستان کے ٹیلیگرافسٹوں کی ہڑتال ختم

کراچی ۲۷ جولائی۔ پاکستان کے ٹیلیگرافسٹوں کی ہڑتال جو ۲۶ دن جاری رہی کل ختم ہوگئی۔ یہ فیصلہ پاکستان کے ٹیلیگرافسٹوں کی یونین کے ہنگامی اجلاس میں ہوا۔ جلسہ نے ایک قرارداد منظور کی جس میں یہ امید ظاہر کی گئی کہ حکومت ٹیلیگرافسٹوں کے مطالبات پر [illegible] غور کرے گی [illegible] (رپٹ [illegible])

مدراس میں چار ہفتہ کا راشن

مدراس ۲۷ جولائی۔ حکومت مدراس نے [illegible] اور دوسرے شہروں میں چار ہفتہ کا راشن ایک [illegible] کا اعلان کردیا ہے۔ [illegible]

تپ دق T.B.

پرانے بخارات

JABRI

जबरी

جبری

ٹی۔بی خواہ پھیپھڑوں کا ہو خواہ انتڑیوں کا بڑا خوفناک مرض ہے

[illegible] X-RAY [illegible]

[illegible] جگادھری [illegible]

پتہ: [illegible] کے ایل شرما اینڈ سنز ریس لینڈ بلڈنگز (25) جگادھری [illegible]

ماہنامہ بانو دہلی کا

۲۴۹ صفحات کا

حسین کشیدہ کاری نمبر

اور

۱۹۴۹ء کا سالنامہ

۲۲۸ صفحات کا

حاصل کرنے کے لئے

آج ہی پانچ روپے سالانہ کے خریدار بن جائیے

نمونہ مفت

پتہ صرف "بانو" دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۹ جولائی سنہ ۱۹۴۹ء

عید کا پیغام

ہم یہاں یہ بتانے کی کوشش نہیں کریں گے کہ عید کس طرح منائی، کس قسم کا لباس پہنا، کس قسم کا کھانا کھایا، کہاں کہاں گئے اور کسقدر خرچ کیا، کیونکہ ان باتوں کو عید سے کوئی تعلق نہیں، اچھا کھانا اور اچھا لباس تو شادیوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے، اور غیر مسلم بھی اپنے اپنے تہواروں میں لباس اور خوراک کا خاص اہتمام کرتے ہیں، ہم تو صرف یہ پوچھیں گے کہ آپ نے کیا کھویا اور کیا پایا؟ رمضان المبارک میں آپ کا حساب و کتاب کیسا رہا اور آپ کی روح اور دماغ میں کس قدر اور کس قسم کی تبدیلی پیدا ہوئی! اسلام دنیا کا سب سے بڑا انقلاب ہے، اس کے ارکان اس کے تہوار، اس کے احکام اور اس کے فرائض اسی انقلاب کی دعوت دیتے ہیں، اب ضرورت ہے کہ دلوں کو ٹٹولا جائے، دماغ کی تلاشی لیجائے، روح کے ہر گوشہ پر نگاہ ڈالکر معلوم کیا جائے کہ ہمارے اندر کوئی انقلاب پیدا ہوا یا نہیں؟ ہمارے دماغ کا [illegible] روشن ہوا یا روشنی سے محروم رہا، ہمارے کردار کے پہیے اخلاق کی مشین میں کس حد تک فٹ بیٹھے اور ہم اپنی خواہشات اور جذبات کو اعتدال پر لانے میں کہاں تک کامیاب ہوئے؟

تم دوسروں کی طرف مت دیکھو، اپنی طرف دیکھ کر [illegible] بتاؤ کہ تمہارے پاس اس سوال کا کیا جواب ہے؟ اگر اللہ اکبر کی گونج اور الحمد للہ کے نعرے نے تم پر دین و دنیا کے اسرار روشن نہیں کئے اور رمضان المبارک کی بھٹی نے تم کو کندن نہیں بنایا تو حیف ہے تمہارے لباس پر افسوس ہے تمہارے کھانوں پر اور حیرت ہے تمہاری [illegible] یاد رکھو یہ تجارت تو وہ ہے جس میں کبھی خسارہ نہیں ہوا یہ تو وہ محنت ہے جس کی مزدوری کبھی نہیں ماری جاتی، اگر تم نے محنت کے بعد کچھ پایا ہے تو بلاشبہ تم نے زندہ رہنے کا استحقاق حاصل کرلیا، لیکن اگر تم نے محنت کرکے کچھ نہیں پایا بلکہ جو کچھ گرہ میں تھا وہ بھی کھو بیٹھے تو یہ مسرتیں کس لئے؟ اس تیل میل کا کیا مقصد؟ ان دوگانہ نمازوں سے کیا حاصل؟ آخر وہ لوگ بھی تو خوشیاں منایا کرتے ہیں جو کبھی اسلام کے ممبر نہیں بنے اور جن کو کبھی کوئی انقلابی، روحانی اور اخلاقی پیغام نہیں دیا گیا! جب انسان کو تھکن محسوس ہونے لگتی ہے اور دماغ کام کرنے سے تھک جاتا ہے تو طبیعت کو بہلانے کے لئے خوشی منانے کے سامان کرنے جاتے ہیں، مگر اسلام نے تم کو جو عید دیا ہے وہ ایسا نہیں ہے کہ تھکن محسوس کرنے کے بعد تمہارا دماغ کام کرنے سے جواب دے بیٹھے، اسلام حرکت ہے زندگی ہے، ہمت ہے امید اور عمل ہے، اس کے ہر [illegible] کوشش کرنے والوں کو تھکن کہاں؟ اس کی لائن پر چلنے والوں کے لئے یاس کا کیا موقعہ؟

اگر [illegible] ہوگا کہ رمضان المبارک میں مسلمان ہوٹل بند رہیں، اور مسلمان شارع عام پر کھاتے پیتے نہ دیکھیں، الجمعیۃ نے [illegible] کہ رمضان کا احترام نہیں ہے ایک رسم کو پورا کیا جارہا ہے، رمضان کا احترام یہ ہے کہ روزہ دار گذشتہ کمزوریوں اور غلطیوں کی تلافی کرے اور اپنی ذہنیت کو اسلامی بناکر آئندہ زندگی کے لئے کوئی پروگرام بنائے؟ اللہ اکبر کا جلال معمولی جلال نہیں ہے، یہ جلال بھوکوں کی بھوک کو یاد دلاتا ہے، صبر و شکر اور تحمل کی روح کو زندہ کرتا ہے، تقوی کے ہتھیار کو تیز کرتا ہے اور مرد مومن کو بتاتا ہے کہ جب تم اپنی چیز کو روزہ کی حالت میں نہیں کھا سکتے تو دوسروں کی چیز کو اپنے لئے کس طرح حلال کرسکتے ہو؟ ارشاد الہی کی تعمیل میں تم اپنی چیزوں کا بھی استعمال نہیں کرسکتے تو دوسروں کی چیزوں کو خدا کی نافرمانی کرکے کس طرح استعمال کرسکتے ہو؟

اے اہل ایمان! تم پر پہلے لوگوں کی طرح روزہ فرض کئے گئے ہیں تاکہ تم متقی بنو۔

متقی بننے میں سب کچھ آگیا اور اسی تقوی نے... زندگی کی ساری کائنات بدل دی، وہ کونسا کمال ہے جو تقوی کے ذریعہ حاصل نہ ہوسکتا ہو، وہ کونسی خوبی ہے جو تقوی کے ذریعہ نہ پیدا کیجاسکتی ہو؟ روح کا راس المال یہی تقوی ہے اور اسی کے ذریعہ سے ہم دین اور دنیا کی ہر کامیابی حاصل کرسکتے ہیں، ہم [illegible] اسی تقوی سے کہلاتا ہے کہ ایک مسلمان [illegible] نہیں ہوسکتا، [illegible] نہیں ہوسکتا، باطل پرست اور [illegible] نہیں ہوسکتا، بزدل اور دنیا کا [illegible] نہیں ہوسکتا [illegible] اور کینہ پرور نہیں ہوسکتا، چور اور زانی نہیں ہوسکتا، ناامید اور ہراساں نہیں ہوسکتا، نسل پرست اور قوم پرست نہیں ہوسکتا، ذلیل اور بد اخلاق نہیں ہوسکتا! مسلمان خدا کی رحمت ہے وہ مساوات اور محبت کا داعی، سچائی اور انصاف کا [illegible] ہے اور نظام تمدن کی باگ اس کے ہاتھ [illegible] ہے۔

یہ تمہارا نعرہ اللہ اکبر کیا ہے؟ یہ تمہارا نغمہ وللہ الحمد کیا ہے؟ تمہارا بیڑا تو اسی نعرہ اور نغمہ سے پار ہوجانا چاہیے تھا مگر یہ کیا ہے کہ تمہاری عظمت کا ہر نقش مٹ رہا ہے اور تم بستر استراحت پر آرام کررہے ہو؟ کیا اللہ اکبر کا یہی نتیجہ ہے کہ دنیا بدل گئی اور قافلے کہیں سے کہیں پہونچ گئے، مگر تم جہاں تھے وہاں بھی نہیں رہے اور اپنی جگہ سے ہٹ گئے!

آؤ ہم سب ملکر عید منائیں اور [illegible] کو تازہ کریں جو ہم نے اللہ اکبر کے ساتھ باندھا ہے، ہماری خوشی نفس کے لئے نہیں صرف اسلام کے لئے ہے اسلام تمہاری زندگی اور بقاء کی [illegible] ہے، پس گذشتہ کمزوریوں کی تلافی کرو اور آئندہ کے لئے اسلام سے عہد وفا باندھ کر اپنے کردار سے اسلام کی صداقت کا ثبوت پیش کرو، اس کے بعد ہم کہیں گے کہ ناظرین کرام کو عید مبارک ہو اور انہیں حقیقی مسرتوں سے بہرہ اندوز ہونے کی توفیق ملے۔ اللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد!

مارشل چیانگ کا اعلان

مارشل چیانگ کائی شیک اور فلپائن کے پریزیڈنٹ نے ایک مشترکہ بیان میں کیا خوب فرمایا کہ مشرق بعید کے ممالک کو جلد از جلد منظم ہوجانا چاہیے تاکہ وہ کمیونسٹ خطرہ کا جلد تر مقابلہ کرسکیں۔ مارشل چیانگ نے تو ہمیں یہ خوشخبری سنادی ہے کہ مشرق بعید میں کمیونسٹوں کے خلاف ایک معاہدہ مرتب کرنے کے سلسلے میں چین اور فلپائن نے آخری فیصلہ کرلیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ یہ آخری فیصلے کب تک ہوتے رہیں گے، جس حکومت کی فوجیں [illegible] شکستیں [illegible] سے مل رہی ہوں اس کی ہمت کو داد دینی چاہیے کہ وہ دشمن کے خطرہ کا مقابلہ کرنے کے لئے [illegible] منظم ہوا ہے اور ہار ماننے کے لئے کسی طرح تیار نہیں [illegible] حکمراں یہی [illegible] خواہ لاکھوں انسانوں کو [illegible] ہونا پڑے مگر اپنی شہرت اور [illegible] لیکن یہ اعلان کہیں وہ کمیونسٹ خطرہ کا مقابلہ [illegible] آخری [illegible] کہا جانے گا۔

اچھی باتیں

افلا۔ تا۔ اقفالہا (پ ۲۶ ع ۷)

یہ لوگ قرآن کریم پر غور کیوں نہیں کرتے! ان کے دلوں پر قفل چڑھے ہیں۔

قرآن اس لئے نازل نہیں ہوا کہ اس کا تعویذ بنایا جائے اسے طاق پر اٹھا کر رکھدیا جائے اور اس کی تلاوت بھی ہو تو ایسی کہ سارا قرآن ختم کرگئے مگر کچھ نہ سمجھے! افسوس قرآن تو زندگی اور عظمت کا سرچشمہ ہے مگر ہم اس سے صرف یہ کام لیتے ہیں کہ مرنے والوں پر سورہ یسین پڑھ دیں اور اسے جلد مار کر اپنا پیچھا چھڑائیں، فرمایا کہ قرآن تو تدبر، غور اور فکر کے لئے تھا جس قدر اس میں غور کروگے زندگی کے راز کھلتے چلے جائیں گے اور تم پر آفاق کے ساتھ انفس کی حقیقت بھی روشن ہوگی؛ جب دلوں پر جہالت اور غفلت کے قفل چڑھ جاتے ہیں تو غور و فکر کی طاقتیں سلب ہوجاتی ہیں، اور یہ وہ موت ہے جو افراد کے ساتھ قوموں کو بھی ختم کر ڈالتی ہے۔

تکبیرات عیدین

مولانا محمد شفیق صاحب دہلوی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی

دوگانہ عیدین میں جسقدر کثرت سے مسلمان حضرات شریک ہوتے ہیں وہ بلاشبہ باعث فخر و مباہات ہے۔ شاید ہی کوئی بدبخت مسلمان ایسا ہوگا کہ جو عیدین کی نمازوں میں شریک نہ ہوتا ہو۔ مگر یہ بات نہایت قابل افسوس ہے کہ جسقدر کثرت سے لوگ عیدین کی نماز کے لئے مجتمع ہوتے ہیں اسیقدر کثرت سے تکبیرات عیدین میں غلطی کرتے ہیں۔ عیدگاہ میں اور جہاں بھی عیدین کی نمازیں ہوتی ہیں وہاں کثرت سے یہ منظر دیکھنے میں آتا ہے کہ جو چھ تکبیریں زائد ہوتی ہیں ان میں کوئی ہاتھ باندھے کھڑا رہتا ہے کوئی ہاتھ چھوڑ دیتا ہے۔ اور بعض حضرات تو اللہ اکبر کی آواز سنتے ہی رکوع میں چلے جاتے ہیں۔ اس ابتری کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو عیدین کی نماز نہیں آتی یعنی جو یہ نہیں جانتے کہ پہلی رکعت میں کس وقت تکبیریں کہنی چاہیئیں۔ اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ کھلے چھوڑ دینے چاہیئیں یا باندھ لینے چاہیئیں وہ انکھیوں سے دوسرے نمازیوں کو دیکھتے رہتے ہیں کہ ان کا پڑوسی کیا کرتا ہے۔ [illegible]

بہرحال دونوں عیدوں کی نمازوں میں اس جہالت، لاعلمی اور [illegible] کی وجہ سے سخت ابتری اور بدنظمی پیدا ہوجاتی ہے اور ادھر ادھر دیکھنے بھالنے سے نمازیں بھی نقص آجاتا ہے اور خرابی واقع ہوجاتی ہے۔

ان لوگوں کو چاہیئے

اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ عیدگاہ جانے سے قبل جن لوگوں کو تکبیرات کا حساب نہیں معلوم وہ معلوم کرلیں کہ تکبیریں کتنی ہوتی ہیں اور پہلی رکعت میں کس وقت اور دوسری میں کس موقعہ پر تکبیریں کہنی چاہیئیں۔ اور تکبیر کہہ کر ہاتھ کھلے چھوڑ دینے چاہیئیں یا نہیں۔ ان لوگوں کو چاہیے کہ کسی جاننے والے سے دریافت کرکے عیدگاہ میں جایا کریں۔

مساجد کے ائمہ کو چاہیئے

اسکے علاوہ ایک اہم کام کی انجام دہی کے لئے مساجد کے ائمہ کو چاہیئے کہ وہ اپنی اپنی مسجدوں میں نمازیوں کو نماز عید کا طریقہ بتادیا کریں۔ یہی نہیں بلکہ بار بار دہرا کر خوب اچھی طرح ان کے ذہن نشین کرادیا کریں۔ جب ان کو اچھی طرح نماز عید کا طریقہ یاد ہوجائے تو ان سے یہ تاکید بھی کردیں کہ وہ اپنے محلوں کے ان نمازیوں کو بتادیں اور طریقہ نماز عید سکھادیں کہ جو پنجوقتہ نماز کے لئے مسجد میں نہیں آتے۔

ایسے مقامات پر کہ جہاں عید کی نماز ہوتی ہے اور لوگ [illegible] نماز کی نیت باندھیں۔ اس میں پندرہ منٹ سے زیادہ صرف نہ ہوں اور بہت بڑا کام یہ ہوجائیگا کہ اس سے نمازیوں کی ابتری اور بدنظمی بیجا نہ ہوگی۔

ہمیں امید ہے کہ عید الفطر کے موقعہ پر ہر جگہ اس کا اہتمام کیا جائیگا۔ اور لوگوں کو تکبیروں کا حساب اور عیدین کی نماز کے طریقے سے پہلے سے آگاہ کردیا جائیگا۔ وما علینا الا البلاغ۔

مباحث امروز ۔۔۔۔۔۔ (نقاد کے قلم سے)

مصر کی سیاست میں تبدیلی

مصر کے وزیر اعظم ہادی پاشا مستعفی ہوگئے ہیں اور ان کی جگہ کسی پارٹی سے تعلق نہ رکھنے والے حسن سری پاشا نے چار پارٹیوں کی مشترکہ حکومت بنائی ہے جن میں دوسری پارٹیوں کے ساتھ ساتھ وفد پارٹی بھی شامل ہے۔

وفد پارٹی اب تک حکومت سے الگ تھی اس نے سابقہ انتخابات کا اس بنیاد پر بائیکاٹ کیا تھا کہ انتخابات کے موقع پر ایک غیر جانبدار حکومت نہیں بنائی گئی اور ووٹروں کو آزادانہ طور پر رائے دینے کا موقع نہیں دیا گیا اس بار جب کہ عام انتخابات بہت جلد عمل میں آنے والے ہیں ایک غیر جانبدار وزیر اعظم کی قیادت میں مشترکہ حکومت کا قیام حقیقتاً وفد پارٹی کی ایک شاندار جیت [illegible] ہوئی ہے اور غالباً وہ اسی سے مطمئن ہوکر حکومت میں شامل ہوئی ہے۔

وفد پارٹی جس [illegible] پاشا ہیں مصر کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی سمجھی جاتی ہے۔ اس لئے یقین ہے کہ حکومت اور آنے والے عام انتخابات میں اس کی شرکت سے مصر کے وہ بہت سے اندرونی تنازعات ختم ہوجائیں گے جو اس کے حکومت سے الگ رہنے کی بنا پر ملک میں موجود تھے اور مشرق وسطی کی سیاست پر ان کا اچھا اثر پڑے گا۔

تیسری جنگ کا پیش خیمہ

روس اور بین الاقوامی کمیونزم کے خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے امریکی حکومت نے کانگریس سے ایک ارب [illegible] ڈالر کا بجٹ منظور کرنے کی درخواست کی ہے تاکہ معاہدہ اوقیانوس پر دستخط کرنے والوں اور دوسرے ممالک کو اسلحہ جات کی امداد دی جاسکے۔ جن ممالک کو امداد دی جائیگی ان میں ترکی، ایران، یونان، کوریا اور فلپائن بھی شامل ہیں۔

اقوام متحدہ کے ذریعہ اب تک امن و امان کی جو باتیں کی جاتی رہی ہیں ان کے پیش نظر امریکہ کی طرف سے اس قسم کا فوجی پروگرام انتہائی حیرت انگیز معلوم ہوتا ہے قیام امن کے لئے ضرورت ہے کہ تمام ملکوں میں فوج اور اسلحہ کی طاقتوں کو ختم کیا جاتا [illegible] کی موجودگی میں امریکہ اور مغربی طاقتوں کے [illegible]

ڈیڑھ ارب ڈالر کے اس پروگرام کو عملی جامہ پہنایا گیا تو یقینی طور پر یہ بلاک اسے اپنے لئے ایک چیلنج سمجھے گا اور پھر اس طرف سے بھی اسلحہ جات کی دوڑ شروع ہوگی تو کیا یہ تیسری جنگ کا پیش خیمہ نہ ہوگا۔

کمیونسٹ نظر بند

دہلی جیل میں کچھ کمیونسٹ نظر بند ہیں انہوں نے حکومت سے حسب ذیل مطالبات کئے ہیں۔

(۱) کھلی عدالت میں ان کے خلاف مقدمہ چلایا جائے (۲) تمام سیاسی قیدیوں، نظربندوں اور حوالاتیوں کے ساتھ یکساں سلوک ہو (۳) ان کے ساتھ بہتر کلاس کا سلوک کیا جائے (۴) خاندانی [illegible] الاؤنس مقرر کیا جائے (۵) مناسب طبی دیکھ بھال کی جائے (۶) [illegible] ملاقات کی اجازت ہو (۷) تمام اخبارات اور رسائل ان کے لئے مہیا کئے جائیں اور (۸) کھلے میدان میں [illegible] کی اجازت دیدی جائے۔

کمیونسٹوں کی پالیسی سے اختلاف کے باوجود کوئی شخص بھی ان مطالبات کو غیر مناسب نہیں بتاسکتا یہ مطالبات [illegible]

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

ایک فتنہ انگیز بیان

محترمی سلام مسنون

بنارس کے ہندی اخبار [illegible] مورخہ ۱۸ جولائی میں شری الگو رائے شاستری کا ایک نہایت گمراہ کن بیان شائع ہوا ہے۔ جس میں [illegible]

ایک [illegible] انھوں نے [illegible] کہ اس ضلع میں پاکستان کے جاسوس پھیلے ہوئے ہیں جو گائیں قربان کرا کے ہندوؤں اور مسلمانوں کو لڑوانا چاہتے ہیں۔ اعظم گڑھ کا ہر باشندہ جانتا ہے کہ پاکستان کے یہ جاسوس شاستری صاحب کے احاطہ دماغ سے باہر کہیں موجود نہیں ہیں۔

نیشنلسٹ مسلمانوں پر انھوں نے یہ بہتان تراشا ہے کہ ان کا کام اب صرف ہندوؤں کے خلاف مسلمانوں میں نفرت پھیلانا رہ گیا ہے۔ ہندوؤں سے مراد اگر چند مخصوص افراد ہیں جو خود کو ہندوؤں میں شمار کرتے ہیں، تو ان کی اخلاقی گراوٹ کی وجہ سے مسلمان ہی نہیں ہندو بھی نفرت کرتے ہیں۔ اگر ہندوؤں سے عوام مراد ہیں تو شاستری صاحب کے اس بیان کی تردید ہر درد مند ہندو کرے گا۔ جو نیشنلسٹ مسلمانوں سے واقف ہے۔ حیرت یہ ہے کہ ضلع کانگریس کمیٹی کی صدارت کے پچھلے انتخاب میں انھوں نے شاستری جی کے حریف ایک ایثار پیشہ نوجوان کو ووٹ دیا تھا۔ آئندہ انتخاب میں اگر ان کی [illegible] بدل جائے اور مسلمانوں کے ووٹ شاستری جی کو مل جائیں تو یقیناً کل ہی ان کا بیان بھی بدل جائیگا۔

اس سلسلہ میں انھوں نے [illegible] کہ اس بیان کی کیا وقعت ہے۔ شاستری جی نے اس بیان میں شبلی منزل کا ذکر کرکے اعظم گڑھ کے عوام اور ہندوستان کے [illegible] طبقہ میں اپنے انصاف اور [illegible] کو مشکوک بنادیا ہے۔

ابو الجلال ندوی اعظم گڑھ

۲۲ جولائی ۱۹۴۹ء

میونسپل کمیٹی کی [illegible]

[illegible] صاحب السلام علیکم

چاندنی چوک دہلی کا شاندار گھنٹہ گھر شہر کی زینت ہے اور یہ گھنٹہ گھر تمام ہندوستان و پاکستان میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ اس کی دیکھ بھال کا سہرا دہلی میونسپل کمیٹی کے سر ہے۔ مگر افسوس اکثر اوقات غلط چلنے کے باعث یہ گھنٹہ گھر اس قابل نہیں کہ اس پر پورا اعتبار کیا جاسکے۔

البتہ آجکل میونسپل کمیٹی دہلی کی وہ سیٹی جو دن میں تین مرتبہ بجائی جاتی ہے کچھ بھروسہ کے قابل ہے جہاں جہاں اس کی آواز جاتی ہے ہزاروں گھنٹے اور گھڑیاں اس کے [illegible] کی جاتی ہیں مگر افسوس کی بات ہے کہ آج کل [illegible] اس کے نظام میں بھی فتور آگیا ہے۔ کل [illegible] کو ۹ بجے کی بجائے پورے دس بجے سیٹی بجائی گئی۔ یقیناً سینکڑوں اصحاب نے اپنی ٹھیک گھڑیوں کو غلط تصور کرکے اور سیٹی پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنی گھڑی ۴۵ منٹ پیچھے کرلی ہوگی۔

یہ ٹھیک ہے کہ اکثر ہندوستانی وقت کی کوئی قیمت نہیں سمجھتے پھر بھی وہ ہزاروں اشخاص جو وقت کی قدر و قیمت خوب اچھی طرح جانتے ہیں ان کو اس ۴۵ منٹ کے فرق سے کافی نقصان پہنچ سکتا ہے!

[illegible] صرف بات کے [illegible] بڑا نقصان [illegible] مجھ کو ۳ بجے دوسرے بنک میں اپنی [illegible] ضروری [illegible] کرنا تھا۔ کیونکہ میں نے [illegible] دوسرے کام میں مشغول ہوگئے حالانکہ میں اپنی گھڑی کے مطابق ٹھیک وقت پر بنک میں پہونچ چکا تھا [illegible] لہذا میں روپیہ حاصل نہ کرسکا۔ [illegible] سے بڑے بڑے معاملات پیش آسکتے ہیں۔

چونکہ گھنٹہ گھر اور سیٹی کو ٹھیک رکھنے کی ذمہ داری میونسپل کمیٹی پر عائد ہے۔ لہذا کمیٹی کے متعلقہ افسران سے میری درخواست ہے کہ وہ چاندنی چوک کے گھنٹہ گھر کا [illegible] بالعموم اور سیٹی کا بالخصوص ٹھیک کرنے کی کوشش کریں۔

ایس عبدالمالک (دوم سلطان بار)

حویلی حسام الدین حیدر بلیماران دہلی

۲۷ جولائی ۱۹۴۹ء

کشتی نوح کی تلاش!

لندن ۲۷ جولائی۔ برطانوی [illegible] آرتھر [illegible] ساکس کشتی نوح کے آثار تلاش کرنے کیلئے ترکی کا سفر کرنے کے واسطے بالکل تیار ہیں۔ اور جونہی انھیں اطلاع موصول ہوگی وہ سفر پر روانہ ہوجائیں گے انھیں امید ہے کہ کوہ ارارات کی برف سے ڈھکی ہوئی ڈھلوان پر کشتی نوح کے آثار کا سراغ لگانے کے لئے امریکی ماہرین کی جو جماعت جارہی ہے اس میں انھیں بھی شریک کرلیا جائیگا۔ مسٹر ساکس کا خیال ہے کہ کشتی نوح کی ظاہری [illegible] کے متعلق جو قصے پھیلے ہوئے ہیں وہ قطعی غلط ہیں۔ انھوں نے کہا میں نہیں سمجھ سکا کہ یہ قصہ کیونکر عام ہوگیا کہ کشتی کے اوپر ایک مکان بھی بنا ہوا ہے۔ میرا خیال ہے کہ کشتی [illegible] قسم کی اور بالکل سطح تختہ کی شکل کی ہوگی۔ مسٹر ساکس کا خیال ہے [illegible]

ستہارنپوری خبریں

محلہ خاکروبان میں فساد ہونے لگا تھا

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) محلہ خاکروبان میں [illegible] میں ایک رکشا والے اور [illegible] میں تصادم ہوگیا اور دونوں طرف سے کچھ آدمی جمع ہوگئے کہ پولیس نے فوراً موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پالیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس جھگڑے میں دو اشخاص کے چوٹیں آئیں۔

آم کا عجیب درخت

آزادی کے بعد دوبارہ پھل پیدا کرنے لگا

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) موضع [illegible] پور سے آم کے ایک ایسے درخت کی اطلاع ملی ہے جس پر ہمیشہ سال میں ایک ہی بار پھل لگتے تھے۔ مگر ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد سال میں دو بار پھل دینے لگا ہے۔

ہندو مسلم اتحاد کا روح پرور نظارہ

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) چوہدری [illegible] رام کے مکان پر پنڈت [illegible] رام سکریٹری [illegible] یوسف خاں [illegible] سکریٹری کانگریس کمیٹی نے ایک دعوت افطار دی جس میں شیخ محمد اکرام صاحب [illegible] چودہری دلیپ سنگھ [illegible] صاحب۔ جناب عبدالحق صاحب سکریٹری [illegible] بھائی محمد یٰسین اور غازی رشید احمد صاحب نے شرکت کی۔ ہندو مسلم اتحاد کا یہ نظارہ قابل یادگار اور قابل تقلید تھا۔

پُراسرار اینگلو انڈین کی گرفتاری

سہارنپور ۲۶ جولائی۔ پولیس [illegible] ایک پاکستانی اینگلو انڈین کو [illegible] گرفتار کیا ہے۔ [illegible] پاکستان چلا گیا [illegible]

مختار عام کی غبن کے الزام میں گرفتاری

[illegible] ایک مختار کو غبن کے الزام میں گرفتار کیا ہے [illegible] دفعہ ۴۰۸/۴۵۹ کے ماتحت گرفتار کرلیا۔

طالبعلموں کی نیشنل یونین کا قیام

ڈاکٹر پرشاد اور نریندر دیو کا تعریفی بیان

کلکتہ۔ ۲۶ جولائی۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر دستور ساز اسمبلی، مسٹر نریندر دیو سوشلسٹ لیڈر اور لکھنؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے ایک مشترکہ بیان میں ہندوستان میں طالبعلموں کی نیشنل یونین کے قیام کا خیر مقدم کیا ہے۔ [illegible] (اپ ٹ)

کریم گنج کے عازمین بیت اللہ شریف

کریم گنج (بذریعہ ڈاک) الحمدللہ امسال کریم گنج سے جانے والے ان زائرین بیت اللہ شریف کی تعداد جو جہاز راں کمپنیوں کے پاس نام درج کراچکے ہیں تین سو سے زائد ہے۔ مقامی جمعیۃ علماء [illegible] کی نگرانی میں [illegible] جارہے ہیں۔ حج کے متعلق احکام وغیرہ اور ضروری ہدایات اشتہارات کی صورت میں مقامی جمعیت کی طرف سے شائع کی جاچکی ہے جس سے حجاج کے سفر میں بہت سی سہولتیں ہونے کی امید ہے۔ انشاء اللہ ۲۵ رمضان ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۲ جولائی ۱۹۴۹ء [illegible] جہاز میں ٹکٹ پانے والے دس آدمی روانہ ہونگے۔ مقامی جمعیت آفس براہ راست پورٹ حج کمیٹی بمبئی کے خط و کتابت کے ذریعے تمام معلومات حاصل کرچکا ہے۔ الحمدللہ جمعیت کی نگرانی کی وجہ یہاں کسی موقع پر حجاج سے رشوت نہیں لیجاسکی۔

عربوں کے اختلافات انکو لے ڈوبینگے

سابق وزیر اعظم عراق کا بیان

بغداد ۲۶ جولائی۔ عراق کے سابق وزیر اعظم توفیق بے نے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ یہودیوں کی علاقائی ہوس صرف اسی خطے پر قابض رہنے سے پوری نہ ہوگی۔ جو اب ان کے پاس ہے۔ وہ نئی مہم کی تیاری کر رہے ہیں جس کی وجہ سے اردن لبنان اور دوسرے ممالک کو شدید خطرات کا سامنا ہوجائیگا۔ توفیق بے نے کہا یہودی ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے سب کچھ کر رہے ہیں۔ یہودیوں کے یہ مقاصد اگر عربوں کے اختلافات باقی رہے تو ضرور پورے ہوجائینگے [illegible] (دگلوب)

مشرق بعید میں کمیونزم کا خاتمہ

نوآبادیاتی طاقتیں زیادہ تعاون کرینگی

لندن ۲۶ جولائی۔ [illegible] دارالامراء میں لارڈ سمیل ایک تجویز پیش کرینگے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ مشرق بعید سے کمیونزم کا خاتمہ کرنے کے لئے برطانیہ فرانس اور ڈچ حکومتیں آپس میں تعاون کریں [illegible] سیلان میں زیادہ قریبی تعاون کیا جائیگا۔ [illegible] (رپٹ رائٹر)

کم ترقی یافتہ ممالک کو دی جانے والی امداد میں تخفیف نہ کی جائے

بین الاقوامی اقتصادی کونسل میں ہندوستان کیطرف سے امریکی تجویز کی مخالفت

جنیوا ۲۶ جولائی۔ ہندوستان نے کل امریکہ کی اس تجویز کی سخت مخالفت کی کہ کم ترقی یافتہ ممالک کی ترقی کے لئے اقوام متحدہ کی تین کروڑ ۹۰ لاکھ ڈالر کی امدادی اسکیم میں تخفیف کردی جائے۔

سر راگھون پلے نے جو پیرس میں ہند کے سفیر ہیں اپنی رائے کا اظہار اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل میں کیا۔ اس وقت یہ کونسل جنرل اسمبلی کے موسم خزاں کے اجلاس کے لئے اپنی تجاویز مرتب کر رہی ہے۔ امریکہ کی تجویز یہ ہے کہ امدادی پروگرام میں ۴۰ فی صدی سے ۶۰ فی صدی تک کی کمی کردی جائے۔ اس پر مسٹر پلے نے ہندوستان کی طرف سے سخت تشویش کا اظہار کیا۔

برطانیہ کی طرف سے امریکہ کی تجویز کی براہ راست مخالفت نہیں کی گئی بلکہ اس بات پر زور دیا گیا کہ ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کردی جائے جو فوراً اپنا کام شروع کردے اور آئندہ چند ہفتوں کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے [illegible] اس سلسلہ میں بجٹ کا اندازہ کیا ہے۔

سر راگھون نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ایشیا یہ شکایت کرنے میں اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتا ہے کہ اقوام متحدہ کی خصوصی ایجنسیوں نے اپنی ان کوششوں میں جو وہ ٹیکنیکل امداد کے سلسلہ میں کر رہی ہیں ایشیا کو نظر انداز کیا ہے۔ آگے چل کر انہوں نے بتایا کہ ترقی یافتہ ممالک میں پرائیویٹ سرمایہ سے کس طرح کام لیا جاسکتا ہے اس سلسلہ میں آپ نے پنڈت نہرو کے اس بیان کا ذکر کیا جو انہوں نے گذشتہ اپریل میں دیا تھا اور جس میں انہوں نے ہندوستان کے اندر غیر ملکی سرمایہ کے متعلق حکومت کی پالیسی کی وضاحت کی تھی۔

کونسل کی بحث توقع ہے آج بھی جاری رہے گی۔ ایک کمیٹی اس پروگرام کی چھان بین کرے گی۔ (اپ ٹ رائٹر)

پودوں کی برآمد کیلئے سرٹیفکیٹ

دہلی ۲۶ جولائی۔ غیر ممالک سے حکومت ہند کو شکایات موصول ہوئی ہیں کہ ہندوستان سے جو بیج اور پودے برآمد کئے جاتے ہیں ان کے ساتھ عموماً مجاز حکام کا اس قسم کا سرٹیفکیٹ نہیں ہوتا [illegible] پودوں کا خطرناک کیڑوں اور بیماریوں سے پاک صاف ہونا ظاہر کیا گیا ہو۔ [illegible] اجازت نہ دی جائے۔

چونکہ مرکز اور صوبوں میں اسپیشل افسروں کو اس کام کا مجاز بنادیا گیا ہے لہذا برآمد کرنے والوں کو اپنے مال کی برآمد سے پیشتر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ [illegible]

یونان کیلئے مزید فوجی امداد

ایتھنس۔ ۲۷ جولائی۔ شاہ پال سے دو دن تک گفت و شنید کرنے کے بعد امریکہ کے سیکرٹری خزانہ مسٹر جان سنائیڈر [illegible] واشنگٹن روانہ ہوگئے ہیں۔ وہ امریکن کانگرس سے یونان کے لئے مزید فوجی امداد کا مطالبہ کریں گے (دگلوب)

دریائے تنگ بھدرا کا بند

حیدرآباد ۲۶ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ جب دریائے تنگ بھدرا کا بند مکمل ہوجائے گا تو حیدرآباد کے ضلع [illegible] کے ۲۷ دیہات [illegible] زیر آب ہوجائے گی۔ [illegible]

بھیکو بھولو شاہ میں نماز عید

[illegible]

ایک کمیونسٹ ایڈیٹر کی تلاش

اوساکا پولیس کی تمام جاپانی پولیس سے اپیل

ٹوکیو ۲۷ جولائی۔ [illegible] ایک کمیونسٹ [illegible] کی تلاش میں [illegible]

موسم خراب ہے

پیٹ کی کوئی نہ کوئی تکلیف ہوجاتی ہے۔ کبھی تو ہیضہ کا خطرہ ہوجاتا ہے۔ آج کل کی طرح کے کیڑے کوڑے۔ بچھو۔ سانپ وغیرہ پیدا ہوجاتے ہیں۔ جن کے کاٹنے یا ڈنک مارنے سے تکلیف ہوتی ہے۔ ادھر دھوپ میں وقت و روپیہ ضائع اور تشویش علیحدہ۔ امرت دھارا ایسی دوا ہے جو کہ جیب کے ایک کونے میں رکھی جاسکتی ہے۔ ان سب کے واسطے کھانے یا لگانے سے آرام ہوتا ہے۔ اس واسطے عقلمند انسان کو چاہئے کہ

امرت دھارا ہر وقت پاس رکھیں

قیمت آٹھ آنہ۔ سوا روپیہ دو روپیہ اڑھائی روپیہ۔ اکثر اشخاص آٹھ آنہ والی شیشی خریدتے ہیں۔ مگر اڑھائی روپیہ کی شیشی منگوا کر رکھنے میں زیادہ فائدہ ہے۔

نوٹ نمبر ۱۔ وی پی سے دوائی منگوانا زائد خرچ ہوتا ہے۔ چاہے دوائی ۸ کی ہو یا دس روپے کی۔

نمبر ۲۔ [illegible] والی دیگر ادویات کی فہرست بھی تیار ہوگئی ہے۔ ایک آنہ کا ڈاک ٹکٹ بھیج کر فہرست منگوا سکتے ہیں۔

نمبر ۳۔ امرت دھارا کی ترقی کو دیکھ کر بعض بدمعاش کئی طرح کی نقلی یا جعلی امرت دھارا بیچ رہے ہیں۔ احتیاط رکھیں۔

نمبر ۴۔ بکری کے واسطے زیادہ دوائی منگوانی ہو تو قواعد کمیشن منگوا کر طلب فرمائیں۔ [illegible] کمیشن اور بونس کافی ملتا ہے۔

المشتہر منیجر امرت دھارا فارمیسی لمیٹڈ دہرہ دون

گرمی سے بچنے کیلئے

ہمدرد
شربت راحت روح
استعمال کیجئے

جوگرمی اور پیاس کی شدت سے بچاتا اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے

ہمدرد دواخانہ یونانی پوسٹ بکس نمبر دہلی

داخلہ

ڈگری طبیہ کالج یونیورسٹی علیگڈھ

کالج میں نئے طلباء کا داخلہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا۔ درخواست داخلہ ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء تک پرنسپل صاحب طبیہ کالج علیگڈھ کے دفتر میں پہونچ جانا چاہئے۔ اور امیدوار کو دفتر کی مقررہ تاریخ پر معہ سارٹیفکیٹ حاضر ہونا چاہئے۔ مطبوعہ قواعد داخلہ پرنسپل صاحب کے دفتر سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ جس کے آخر میں درخواست داخلہ کا مطبوعہ فارم منسلک ہے۔ امسال جماعت اول میں صرف لڑکوں کے داخلہ کا انتظام کیا گیا ہے۔ درخواستیں جلد بھیجنا چاہئے۔ [illegible]

حکیم عبداللطیف (فلسفی الملک)
پرنسپل ڈگری طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

کانگریس سوشلسٹ مخلوط وزارت کا امکان

سوشلسٹ پارٹی کے جنرل سکریٹری کا بیان

جالندھر ۲۶ جولائی۔ سوشلسٹ پارٹی کے قائم مقام سکریٹری مسٹر [illegible] نے ایک بیان میں کہا کہ مرکز اور صوبوں میں کانگریس اور سوشلسٹ مخلوط وزارت کا امکان اسی وقت ہے جب کانگریسی حکومت اپنی موجودہ پالیسی کو ترک کردے۔ [illegible] صنعتی پیداوار اور خارجی پالیسیوں کو ترک کردے۔ انھوں نے کانگریس سوشلسٹ مخلوط [illegible] بنانے کے لئے مندرجہ ذیل تبدیلیاں تجویز کی ہیں۔ بغیر معاوضہ دیئے زمینداری کا فوری خاتمہ، زمینوں کی ازسر نو تقسیم اور کاشتکاری [illegible] حصوں کا قیام۔ غلہ حاصل کرنے کے لئے زیادہ مناسب اور منصفانہ طریقے۔ کسانوں کی ضروریات ارزاں طور پر مہیا کرنا۔ صنعت کاروں کو مجبور کیا جائے کہ وہ اپنی پالیسی بدلیں۔ [illegible] تمام برطانوی املاک پر قبضہ [illegible] سے تعلقات قطع کرکے ایک غیر جانبدار بلاک تیار کیا جائے۔ [illegible]

طالب علموں کی انجمن کی پوسٹربازی

بنارس ۲۶ جولائی (ا پ ٹ) ہندو یونیورسٹی کی تمام عمارتوں پر اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے پوسٹر لگے ہوئے ہیں جن میں کلکتہ میں فیڈریشن کے کل ہند اجلاس میں زیادہ سے زیادہ نمائندے بھیجنے کی اپیل اور طلباء کے لیڈروں کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ایک دوسرا پوسٹر اسٹوڈنٹس کانگریس کی طرف سے لگایا گیا جس میں فیڈریشن [illegible] کو رجعت پسند بتایا گیا ہے اور اس کا [illegible] کردار پیش کیا گیا ہے۔

مرکز کے زیر اہتمام علاقوں کا مستقبل

نئی دہلی ۲۶ جولائی۔ کل دستور ساز اسمبلی کا مسودہ کمیٹی کے اجلاس میں پنڈت نہرو اور سردار پٹیل نے بھی شرکت کی۔ اسمبلی کے فیصلہ کے مطابق دہلی کا آئینی مستقبل [illegible] کے مطابق ہی رہے گا اور اس میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی صرف اتنی تبدیلی ہوئی ہے کہ صدر کی بجائے پارلیمنٹ کو اس بات کا اختیار دیا گیا ہے کہ مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی بابت یہ فیصلہ کرسکے کہ ان پر چیف کمشنر حکومت کرے گا یا لفٹننٹ گورنر یا ہمسایہ علاقہ کا گورنر اور پارلیمنٹ ایک مقامی اسمبلی یا مجلس مشاورین کا تقرر بھی کرے گی۔ اس وقت دہلی میں مشاورتی کونسل قائم ہے [illegible]

یورپ کو امریکہ کی جنگی امداد

زمانۂ حال کا ایک زبردست راز

واشنگٹن ۲۶ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ معاہدہ اوقیانوس پر شمالی میں شامل ہونے والی طاقتوں کو امریکہ جو جنگی امداد دیگا اس کی تفصیلات کو سخت راز میں رکھا جائیگا حکومت امریکہ اس پروگرام کی تفصیلات [illegible]

رجسٹرڈ

یوٹروک (دوا)

سیلان رحم (لیکوریا) ماہواری ایام کی بے قاعدگی، درد رحم، باربار حمل گرجانا کیلئے خاص دوا [illegible]

قیمت پانچ روپیہ۔ دی یونین فارمیسی [illegible] دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے سیزن میں حاجیوں کیلئے پہلے چار جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس۔ ایس۔ "علوی" —— وزن —— ۳۵۶۶ ٹن
(جو ایس ایس خسرو کی جگہ جائے گا)
(بمبئی سے مورخہ یکم اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

ایس۔ ایس "اسلامی" —— وزن —— ۵۸۷۹ ٹن
(بمبئی سے مورخہ ۲ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

ایس۔ ایس "مظفری" —— وزن —— ۷۰۲۴ ٹن
(بمبئی سے مورخہ ۳ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

ایس ایس جہانگیر —— وزن —— ۳۵۶۶ ٹن
(بمبئی سے مورخہ ۶ اگست ۱۹۴۹ء روانہ ہوگا)

کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ
بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ۱۱۰۵/- روپیہ
عرشہ ڈیک ۳۹۸/- روپیہ

ان کرایوں میں قرنطینہ کا مران کی فیس حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۴۳/۱۳/- روپے ہوتی ہے۔ شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انھیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے۔ اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لے جانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ کی جاچکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوالیں اور اپنے ہاں کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارم سرٹیفکیٹ پران کی تصدیق کرالیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک ادا نہ کی جائے جبتک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
مینیجنگ ایجنٹس
دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

دارالسلطنت

۲۷ جولائی

شراب کی بھٹی برآمد

ایکسائز پولیس نے موضع شادی پور سے ناجائز شراب کی کشید کی ایک بھٹی ایک گورکھے کے مکان سے برآمد کی ہے۔ پولیس نے گورکھے کو گرفتار کرلیا۔ تیار شدہ اور غیر تیار شدہ شراب کی مقدار پر قبضہ کرلیا۔

تیس ہزاری پولیس نے ایک شخص کو ناجائز افیون رکھنے پر گرفتار کرلیا۔

جیب کترنے کی واقعات

قطب روڈ کا ایک دوکاندار [illegible] عین موقعہ پر اپنے پڑوسی کی دوکان سے چوری کرتا ہوا گرفتار ہوا۔ ایک سرکاری ملازم کی قیام گاہ [illegible] سے اس کا [illegible] لے کر فرار ہوگیا۔

سبزی منڈی اور [illegible] سڑک پر دو مسافروں کی جیب کترتے ہوئے دو اشخاص گرفتار کئے گئے۔

کرنال روڈ پر حادثہ

کرنال روڈ پر گدھے پر سوار دیہاتی پیچھے سے آتی ہوئی لاری کی ٹکر سے زخمی ہوگیا۔ لاری والا فوراً فرار ہوگیا۔

پیدائش و اموات!

دہلی میونسپلٹی کے اعداد کے مطابق ۲۲ جولائی کو ختم ہونے والے ہفتہ میں دہلی میں ۱۱۵ اموات اور ۶۲۷ پیدائشیں ہوئیں ۲۱ آدمی بخار سے مرے دو چیچک سے باقی دوسرے امراض سے مرے ایک سال سے کم عمر کے مرنے والے بچوں کی تعداد ۳۱ ہے۔

بجلی کے راشن کی تیاریاں

نئی دہلی میونسپلٹی نے کل کے اجلاس میں اتفاقی اسٹاف کی تقرری منظور کی جو بجلی کے راشن کو کنٹرول کرے گا [illegible] عنقریب جاری کیا جائے گا۔ [illegible]

انکم ٹیکس نہ دینے پر جائداد ضبط

[illegible]

اسٹیشن ماسٹر کے کوارٹر پر حملہ

[illegible]

چاول کی کاشت کے علاقہ کو نقصان

[illegible] (رپٹر)

علاج بجلی پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما جی بی اے دہلی
سے مفت لٹریچر طلب کریں

روس نے برلن کی چھوٹی ناکہ بندی بھی ختم کردی

برلن ۲۷ جولائی۔ روس نے برلن کی چھوٹی ناکہ بندی ۱۵ روز بعد ختم کردی۔ دن کے وقت روسی گارڈ روسی اور مغربی علاقوں کی سرحد کی نگرانی کرتے ہیں۔ اسی سرحد سے لاریوں کو گذرنے کی اجازت نہیں تھی لیکن اب اس پابندی کو دور کردیا گیا ہے۔

برلن میں روسی حکام کی طرف سے شہر کے تمام فوجی گورنروں کی ایک کانفرنس طلب کی گئی تھی جس کے بعد روسی نائب فوجی گورنر نے اعلان کیا کہ تمام راستوں کو کھول دینے کی اجازت موصول ہوگئی ہے۔ چاروں فوجی گورنروں کی کانفرنس ۱۲ جولائی کو شروع ہوئی تھی وہ کل ختم ہوگئی۔

خدام کے خلاف جدوجہد

لندن ۲۷ جولائی۔ برطانوی مشن برائے جذام [illegible] میں ہندوستان، پاکستان اور برما میں جذام کے خلاف جدوجہد کے سلسلے میں ۴۳۹۳ پونڈ خرچ کئے۔ اس مشن کا صدر دفتر لندن میں ہے اور یہ مشن ۳۰ مختلف ممالک میں ایک سو سے زائد مراکز میں سرگرم عمل ہے [illegible] (دگلوب)

بمبئی میں بچوں کے فالج کی بیماری

بعض حصوں میں وبائی صورت اختیار کرگئی

بمبئی۔ ۲۷ جولائی۔ بمبئی کے ہیلتھ آفیسر نے ایک بیان میں کہا کہ شہر کے بعض حصوں میں بچوں کے فالج سے متعدد اموات ہوئی ہیں اس وقت تک ۵ سال کی عمر تک کے ۸۲ بچے اس مرض میں مبتلا ہوچکے ہیں جن میں سے ۲۱ ہلاک ہوگئے۔

شہر کے شمالی حصوں میں یہ مرض وبائی صورت پھیلا ہوا ہے۔ [illegible] ۹۵ فیصدی مریض پانچ سال سے کم عمر کے ہوتے ہیں۔ [illegible] کا کوئی اندیشہ نہیں۔ (رپٹ)

ملک معظم آسٹریلیا کا دورہ کرینگے

سڈنی ۲۷ جولائی۔ ریاست نیو ساؤتھ ویلز کے گورنر جنرل لفٹننٹ جنرل سر جان نارتھکوٹ کے ایک بیان کے مطابق ملک معظم کا سفر آسٹریلیا قطعی یقینی ہوچکا ہے [illegible] (دگلوب)

بلیک مارکیٹ کرنے والوں کو کوڑوں کی سزا

دمشق ۲۷ جولائی۔ گذشتہ اتوار کو دمشق میں گیارہ بلیک مارکیٹ کرنے والوں کو کوڑوں کی سزا دی گئی ان لوگوں نے سبزی اور روٹی مقررہ قیمتوں سے زیادہ قیمت پر فروخت کی تھی۔

کانگریس کی مجلس عاملہ کا اجلاس کل سے پھر ہو رہا ہے

مغربی بنگال اور مدراس کے اہم معاملات پر غور و خوض

نئی دہلی ۲۷ جولائی۔ ایک ہفتہ کے التواء کے بعد کانگرس مجلس عاملہ کا پھر اجلاس ہو رہا ہے جس میں مغربی بنگال اور مدراس کے مسائل پر غور کیا جائے گا۔ [illegible] وزیر اعظموں سے مشورے ہونے اور ان کے نقطہ نظر کو مجلس عاملہ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

گذشتہ ہفتہ مجلس عاملہ کو ڈاکٹر بی سی رائے وزیر اعظم مغربی بنگال کی طرف سے جو اس وقت یورپ میں ہیں ایک تحریر [illegible] (رپٹ)

ڈربی پر ینڈ لوں کا حملہ

لندن ۲۷ جولائی۔ ڈربی (انگلینڈ) کے باشندوں نے مزاروں [illegible] نوجوانوں کی ایک پُراسرار فوج کا [illegible] مقابلہ کیا یہ فوج [illegible] (رگلوب)

گاندھی ٹوپی پر پھر عتاب

پٹیالہ۔ پٹیالہ یونین [illegible] سردار کرتار سنگھ [illegible] کو گاندھی ٹوپی پہن رکھنے پر [illegible]

پٹیالہ میں ہیضہ کا خطرہ

[illegible]

مسٹر وی کے مینن آئرلینڈ کو!

لندن ۲۷ جولائی۔ ہندوستانی ہائی کمشنر [illegible] آئرلینڈ [illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

حافظ فیض بازار۔ دریا گنج دہلی
[illegible]
ڈاکٹر ایس ایل نرولہ آف لاہور

دہلی سے لاہور پاکستان

پاکستان سے ہندوستان
استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت
عجلت و کفایت سے ہمارے معرفت بھیجئے
المشتہر:
دہلی کمرشل کارپوریشن
گلی سوداگران۔ بلیماران۔ چاندنی چوک دہلی

اہل اسلام حضرات سے ضروری اپیل

ایک نیم شکستہ مسجد کی ازسرنو تعمیر کی جارہی ہے [illegible]
المشتہر
[illegible] مراد آباد

آسام میں کمیونسٹ داخل ہوگئے تھے

نئی دہلی ۲۶ جولائی۔ آسام کے وزیر مالیات مسٹر [illegible] نے ایک خاص انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ مشرقی بنگال سے پناہ گزینوں کے بھیس میں بہت بڑی تعداد میں کمیونسٹ آسام میں داخل ہوگئے ہیں۔ [illegible]

دہلی سے روانہ ہونے سے پیشتر مسٹر [illegible] نے بتایا کہ پولیس نے [illegible] میں ایک ریلوے کوارٹر پر چھاپہ مارا [illegible] آسام سرکار کو اب جو اطلاعات ملی ہیں ان کی بناء پر آسام میں کمیونسٹ اور تخریبی عناصر بے اثر کر دیئے گئے۔

راجہ جی نے شرنارتھی کیمپ دیکھا

ہندوستان کے گورنر جنرل مسٹر سی راجگوپال اچاریہ نے کل گورنمنٹ ہاؤس میں آئے ہوئے شرنارتھیوں کی حالت کا معائنہ کیا۔ [illegible]

عورتوں سے راجہ جی نے پوچھا انہیں اپنے بچوں کے لئے کافی دودھ مل رہا ہے، یا نہیں عورتوں نے دودھ کے سفوف دیئے جانے کی شکایت کی اور کہا بچے اسے پسند نہیں کرتے۔ [illegible]

لکھنؤ میں چھ ڈاکو گرفتار

لکھنؤ ۲۷ جولائی۔ کل شہر کے وسط میں پولیس نے [illegible] چھ ڈاکو گرفتار کئے گئے۔ [illegible] (اپ ٹ)

عید کارڈ

دوکانداروں کو تاجرانہ نرخ سے ملتے ہیں۔ سہارا ہندوستان اس دکان سے مال خریدتا ہے۔ مکتب طب وعلوم وفنون ملتی ہیں۔

جنرل نیوز ایجنسی بازار بلیماران۔ دہلی

جامعہ ملیہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مدارس ابتدائی و ثانوی تعطیلات کلاں کے بعد ۲۰ اگست سے کھل رہے ہیں۔ نئے داخلے بھی اسی وقت سے شروع ہوں گے اور صرف ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے۔ دوست داخل کرنے والے [illegible] اگست تک پہونچ جانی چاہئے۔

رجسٹرار جامعہ ملیہ اسلامیہ جامعہ نگر دہلی

یونانی کمیونسٹوں کے یوگوسلاویہ پر حملے کا خطرہ۔ ٹیٹو کی تیاریاں

ڈیلی ایکسپریس کا انکشاف

لندن ۲۷ جولائی۔ ڈیلی ایکسپریس کا نامہ نگار مقیم ویانا لکھتا ہے کہ وہ ان میں یہ بتلائی مقیم کرتا ہے کہ جلد ہی یونانی کمیونسٹ یوگوسلاویہ پر حملہ کرنے والے ہیں۔ اور بیان کیا جاتا ہے کہ مارشل ٹیٹو نے اس امکانی حملے کا مقابلہ کرنے کے لئے زبردست فوج مقدونیہ کے علاقے میں روانہ کردی ہے۔ [illegible]

امرتسر میں شدید ترین بارش

واٹر سپلائی فیل ہوگئی!

امرتسر ۲۷ جولائی۔ کل امرتسر میں بارش ہوئی جو کہ شدید ترین خیال کی جاتی ہے۔ [illegible] شہر کی پانی کی سپلائی مکمل طور پر بند ہوگئی ہے۔ [illegible]

آسٹریلیا کے کان کنوں کی ہڑتال

غذائی حالت تشویشناک ہوگئی

سڈنی ۲۷ جولائی۔ آسٹریلیا کے کان کنوں کی ہڑتال کے باعث رسل و رسائل کا نظام معطل ہوگیا ہے اور غذائی حالت تشویش کا باعث ہے۔ [illegible]

کیمبرج اسکول سرٹیفکیٹ کا امتحان

مدراس ۲۷ جولائی۔ دسمبر ۱۹۵۰ء کے بعد سے کسی ہندوستانی طالب علم کو کیمبرج اسکول سرٹیفکیٹ امتحان میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ [illegible] (گلوب)

میرٹھ میں کپڑے کا اسٹاک

میرٹھ ۲۷ جولائی۔ [illegible]

کلکٹروں کی کانفرنس

میرٹھ ۲۷ جولائی۔ [illegible] کلکٹروں کی کانفرنس ہوئی۔ [illegible]

تین عربوں کی لاشیں برآمد

قاہرہ ۲۷ جولائی۔ [illegible]

بارن کے استعمال پر پابندی

[illegible]

دلچسپ علاج

لندن ۲۷ جولائی۔ [illegible]

پٹرول راشن میں کمی

[illegible]

یورینیم حاصل کرنے کیلئے

مغربی ممالک کی کوشش

[illegible]

مطلب طلب کیجیے

[illegible] ادارۂ [illegible] رسالت [illegible] دہلی

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا قطرہ قطرہ پیشاب آنا، پیشاب کی نالی میں جلن ہونا۔ گردہ خانہ کی تکلیف ان تمام امراض کیلئے "کونولیٹس" جو کہ ڈاکٹروں کی ایجاد ہے۔ [illegible]

مفت [illegible]

نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMA CORP. LTD. POST BOX No. 904 (A.J.) BOMBAY.

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ

سالانہ قیمت ۲۰ روپے | جلد | دہلی یوم پیر موضہ ۶ شوال ۱۳۶۸ھ مطابق یکم اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

کابل ۔ ۲۹ جولائی ۔ سرکاری افغان خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ ۱۲ جون کو پاکستانی ہوائی جہاز کی بمباری کے سلسلے میں حکومت پاکستان افغانستان کو معاوضہ دینے کو تیار ہو گئی ہے ۔

پاکستان اور افغانستان کے ایک مشترکہ وفد نے اس واقعہ کی تحقیقات کی تھی ...

اقوام متحدہ کی فوج کا مسئلہ

اسے اقوام کی کمیٹی نے سفارش کردی!

[illegible]

آزاد ہند کا دستور ۱۵ اگست تک منظور ہو جائے گا

دستور ساز اسمبلی کا آخری اجلاس شروع ہو گیا

زبان وغیرہ کے تمام متنازعہ مسائل اسی اجلاس میں پیش ہوں گے

صوبوں کے اندر ایوان بالا کو ختم کرنے کی ترمیم مسترد کر دی گئی

نئی دہلی ۳۰ جولائی ۔ آج دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ڈاکٹر راجندر پرشاد کی صدارت میں شروع ہو گیا ۔ اگرچہ اس امر کی کوشش کی جا رہی ہے کہ مسودہ دستور ہند کی دوسری خواندگی ۱۵ اگست تک ختم ہو جائے لیکن بعض ممبروں کو شبہ ہے کہ آیا اس تاریخ تک یہ خواندگی مکمل ہو سکے گی ۔ ان کے خیال میں اس اجلاس کے لئے تین یا چار ہفتے درکار ہوں گے اس لئے کہ زبان اور دوسرے اس قسم کے تمام متنازعہ مسائل اسی اجلاس میں پیش ہونے والے ہیں ۔ اس وقت ۹۰ دفعات اور آٹھ شیڈول منظور ہونا باقی ہیں ۔ زبان کے مسئلہ پر کانگریس پارٹی شاید ۵ اگست سے قبل بحث نہ کر سکے گی ۔ ابھی اس بارے میں کانگریس پارٹی کے ممبروں میں سخت اختلاف پایا جاتا ہے ۔

برما فوجوں کے ایک دستہ پر باغیوں کا زبردست حملہ

دریائے اراودی کے ایک اہم شہر کو آگ لگا دی گئی

رنگون ۳۰ جولائی ۔ منڈلے سے ۸۰ میل شمال میں ... باغیوں کو سخت نقصان پہنچا ... اس شہر پر آگ لگا دی گئی ۔

حکومت برما کے اس کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ مغربی ساحل کے ضلع اکیاب کے کئی گاؤں پر حکومت کے بحری بیڑے نے سخت گولہ باری کی ۔

کل کے کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ باغیوں نے ... پسپا ہوتے ہوئے کئی سرکاری افسروں کو گرفتار کر لیا ۔ اور بعد ازاں ان کو اپنے ساتھ لے گئے

... کو ۲ لاکھ ۵ ہزار روپیہ ادا کیا گیا ۔

برما کے وزیر خارجہ مسٹر ... امریکہ جا کر وہاں کے حکام سے جنوب مشرقی ایشیا میں امریکی مفاد کی وسعت پر ان سے گفتگو کریں گے ۔ ... حکومت برطانیہ سے گفت و شنید نہیں کی ۔ (رپٹ رائٹر)

چین کی سرکاری فوجیں چانگشا سے بھی فرار ہونے لگیں

کمانڈر نے فوجوں کو شہر خالی کرنے کا حکم دے دیا

کینٹن ۳۰ جولائی ۔ چینی حکومت کے وسط چین کے کمانڈر جنرل پائی چنگ سی نے چینی فوجوں کو چانگشا خالی کر دینے کا حکم دے دیا ... صوبہ ہونان کا دارالسلطنت ہے ... شہر پر کمیونسٹوں کا دو طرف سے حملہ ہو رہا ہے ۔

لوزان کانفرنس میں عربوں اور یہودیوں میں سمجھوتہ کا امکان

عنقریب تمام عرب مہاجرین کی مردم شماری کی جائے گی

لوزان ۳۰ جولائی (پی ٹی آئی ۔ رائٹر)

تین ماہ سے عربوں اور یہودیوں میں جو گفت و شنید ہو رہی تھی اس میں آج عربوں کے اس اعلان پر کہ وہ اسرائیل کی اس پیش کش کو کہ عرب مہاجرین کی ایک واقعی تعداد واپس لے لی جائے گی منظور کریں گے ۔

کافی امید افزا صورت پیدا ہو گئی ہے

کشمیر کے جھگڑے کو سلجھانے کیلئے

اقوام متحدہ کے کمیشن کا نیا اقدام

سری نگر ۳۰ جولائی ۔ کشمیر کمیشن کا ایک اجلاس ...

سروا پٹیل کیلئے ایک خاص ہوائی جہاز

اطالیہ نے معاہدہ اوقیانوس کی تصدیق کر دی

۹۴ ووٹ کی اکثریت سے سینٹ کا فیصلہ

اٹلانٹک کے مشترک دفاع میں امریکہ کا حصہ

واشنگٹن ۳۰ جولائی ۔ ...

ہوسٹلوں کی بھوک ہڑتال ختم

امیر سید ادریس برطانیہ سے گفتگو مکمل کر کے واپس آ رہے ہیں

سائرینیکا کی نئی حکومت اور آئین کے متعلق بات چیت طے ہو گئی

لندن ۳۰ جولائی (پی ٹی آئی ۔ رائٹر)

کل برطانوی دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ امیر سید ادریس السنوسی جو سائرینیکا کی نئی حکومت کے سربراہ ہیں برطانوی حکومت سے اپنی نئی حکومت کے انتظامات کے متعلق گفت و شنید مکمل کر چکے ہیں ...

پٹرول نہ ملنے کی شکایت

نئی دہلی ۳۰ جولائی ۔ مسٹر ... نے آج دستور ساز اسمبلی کے صدر سے دریافت کیا ...

سیٹھ گوبند داس کی بے چینی

مسٹر کامتھ کی ترمیمیں

اجلاس اسمبلی میں ناظم اعلیٰ کی شرکت

دہلی ۳۰ جولائی ۔ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے جو مسٹر رضوان اللہ صاحب مرحوم کی جگہ یو پی سے دستور ساز اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے ہیں آج پہلی بار اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کی ...

کراچی کانفرنس کے فیصلہ پر ایڈمرل نمٹز کا تبصرہ

لیک سکسس ۳۰ جولائی ۔ کشمیر کے استصواب رائے عامہ کے متعلق اقوام متحدہ کے منتظم ایڈمرل چیسٹر نمٹز نے ...

1925 **Daily Aljamiat** Delhi. 29-7-49

کمیونسٹوں کے حملے سے پہلے محفوظ مقام پر چلے جاؤ

چین میں رہنے والے امریکنوں کو مشورہ!

واشنگٹن ۲۸ جولائی ۔ امریکہ کے اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے ... چین کے تمام صوبوں میں رہنے والے ... امریکنوں کو ... ہدایت کی ہے ...

مدراس کے زرعی بل پر نکتہ چینی

مدراس ۲۸ جولائی ۔ مدراس کے سابق وزیر اعظم ... نے حکومت مدراس کے مجوزہ زرعی بل پر سخت نکتہ چینی کی ...

یوپی میں متروکہ جائدادیں قبضہ کرنے کے لئے اقدامات

لکھنؤ ۲۸ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے تمام اضلاع کو لکھا ہے کہ ...

بحرین کے وفد کو مدعو کرنے پر پاکستان سے ایران کا احتجاج

کراچی ۲۸ جولائی ۔ باخبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ ایران نے اپنے سفارت خانے کے ذریعہ حکومت پاکستان سے اس بات پر احتجاج کیا ہے کہ پاکستان نے خلیج فارس کے جزیرہ بحرین سے ایک وفد کو آئندہ موسم سرما میں کراچی میں ہونے والی مسلم اقتصادی کانفرنس میں مدعو کیا ہے ... (رپٹ رائٹر)

فرانس میں پھر وزارتی بحران کا خطرہ

پیرس ۲۸ جولائی ۔ فرانس کے وزیر اعظم ...

ہلاک شدگان کی راکھ امسٹرڈم پہنچ گئی

مصر کی نئی مشترکہ کابینہ

شاہ فاروق کی خواہش پر مبنی ہے

اسکندریہ ۲۸ جولائی ۔ ...

شامی اسرائیلی کمیشن کا اجلاس

روڈس ۲۷ جولائی ۔ اقوام متحدہ کے چیف آف اسٹاف کی صدارت میں کل یہاں اسرائیل اور شام کے مشترکہ کمیشن کا اجلاس پہلی بار منعقد ہوا ... آئندہ اجلاس ۱۰ اگست کو شامی علاقہ میں منعقد ہوگا ۔ (رپٹ رائٹر)

ایک ورمین المملکتی کانفرنس

لاہور ۲۷ جولائی ۔ ...

برما فوج میں انگریزوں کی تعداد

لندن ۲۸ جولائی ۔ ...

ہندو مہا سبھا یو پی کے صدر مرکز میں مخلوط حکومت چاہتے ہیں

لکھنؤ ۲۸ جولائی ۔ ...

مارشل پلان میں تخفیف نامنظور

واشنگٹن ۲۸ جولائی ۔ امریکہ سینیٹ نے مارشل پلان ... ڈالر کی تخفیف کی تحریک کو چار ووٹ سے نامنظور کر دیا ۔

پنڈت نہرو تبت اور سکم جائیں گے

نئی دہلی ۲۷ جولائی ۔ سکم کے سابق وزیر اعظم ...

ہند اور پاکستان میں جنگ بندی

(بقیہ صفحہ اول)

کشمیر کمیشن کی صد ... کمیٹی نے اس سمجھوتہ پر جو بیان شائع کیا ہے ...

امن کی خواہش

جمعیت علماء اجمیر کا جلسہ

امداد کیلئے فنڈ جمع کرنے کی کوشش

اجمیر ۲۷ جولائی ۔ ...

صنعتوں کی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۲۸ جولائی ۔ ...

بلجیم کا وزارتی بحران بدستور جاری ہے

برسلز ۲۸ جولائی ۔ ...

مشرقی بنگال میں قحط کا خطرہ

ڈھاکہ ۲۷ جولائی ۔ ...

سالگرہ کے دن گھر میں قید

طلباء کی قومی یونین کی تشکیل

نومبر میں دہلی میں عام اجتماع ہوگا

گولہ بارود کے ذخیرہ میں آگ لگ گئی

۲۳ آدمی ہلاک اور ۵۰ زخمی

۵ء۱ لاکھ روپیہ وصول ہوا

کلکتہ ۲۸ جولائی ۔ ...

کوچ بہار کے مستقبل کا فیصلہ

مسٹر منین اور مہاراجہ کے درمیان گفت و شنید

بازاروں کے نرخ

دہلی

غلہ مارکیٹ

بازار صرافہ

منیاری مارکیٹ

شیئر مارکیٹ

سائیکل مارکیٹ

پارچہ مارکیٹ

[illegible]

ادارہ الجمعیۃ

ناظرین کی خدمت میں عید کی مبارکباد پیش کرتا ہے

دہلی کی سب سے پرانی و مشہور فرم

فضل حق اینڈ سنس دہلی

نے دوبارہ اپنا کاروبار اسی پہلی شان سے شروع کر دیا ہے جیسا کہ اس کا ہمیشہ امتیاز رہا ہے ۔ ہمیں اپنی فرم کو جو کہ اس وقت فتح پوری میں تھی ۱۷ ستمبر کے افسوسناک واقعات کی بنا پر بند کرنا پڑا تھا ۔ اب ہم پبلک کو اور خصوصیت سے اپنے پرانے گاہکوں کو یہ خوشخبری سناتے ہیں کہ ہم نے اپنا کاروبار دوبارہ بازار بلیماران میں شروع کر دیا ہے ۔ فہرست بہت جلد آپ کی خدمت میں پیش کی جائیگی

فضل حق اینڈ سنس

سوداگران چشمہ

بلیماران اسٹریٹ دہلی

MasterPhone

ریڈیو کا بار بار خراب ہونا

اس چیز کی علامت ہے کہ آپ کو کسی ماہر کاریگر کی خدمات حاصل نہیں ہوئیں لہذا آپ کی ان تکالیف کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے ریڈیو مرمت ... کے علاوہ ... کا کام ... کے ساتھ شروع کر دیا ہے ۔

آزمائش شرط ہے

سویٹ ٹون ، ریڈیو کارپوریشن گلی مرلی بان چاندنی چوک دہلی

نامردی ۔ آتشک ۔ سوزاک ۔ جریان احتلام ۔ سرعت انزال دعوتوں کے پوشیدہ امراض کے لئے

خاندانی شفاخانہ لال کنواں دہلی

سے خط و کتابت کریں ۔

... مفت ۔ لٹریچر مفت

نمونہ مفت

ہر دلعزیز پان بہار

پان کھاتے وقت اور پان کھلاتے وقت یاد رکھیں ۔ ...

قیمت فی شیشی علاوہ محصول ڈاک

وٹس کیمیکل کمپنی ...

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم کھورے خاں کا نام کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے

طبی مشورہ مفت ہے حالات لکھئے پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

نماز عید کے بعد مسلمانان کشمیر کے سامنے شیخ عبداللہ کی تقریر

شہدائے واہ کیمپ کیلئے دعائے مغفرت

سرینگر ۲۹ جولائی (پی ٹی آئی) کل یہاں پر نماز عید میں ایک لاکھ سے زیادہ مسلمانوں نے شرکت کی۔ بعد نماز [illegible] کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے [illegible] کشمیریوں نے بڑی جدوجہد کے بعد جو آزادی حاصل کرلی ہے دنیا کی کوئی طاقت اس کو ان سے نہیں چھین سکتی۔

شیخ صاحب نے کہا کہ آپ نے پیہم جدوجہد کے بعد اس طوق غلامی کو توڑا ہے اور اس کے لئے اٹھارہ سال سے آپ مسلسل جدوجہد کرتے رہے ہیں۔ آزادی حاصل ہوجانے کے بعد یہ آپ کا فرض ہے کہ آپ اس آزادی کی حفاظت کریں۔ ہماری جانب سے اگر ذرا سی غفلت ہوئی تو ہم پھر غلام بن سکتے ہیں۔ ہمارے ملک کا مستقبل روشن ہے اور اس وقت ہم جس جدوجہد میں مصروف ہیں وہ اس مستقبل کو محفوظ بنا دے گی۔

شیخ عبداللہ نے ان کشمیریوں کا بھی ذکر کیا جو آج وہاں ہیبتناک زندگی بسر کررہے ہیں۔ ان کے ساتھ حکام کے برتاؤ کا ایک واضح ثبوت واہ کیمپ کی حالیہ فائرنگ ہے۔ اب تک جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس فائرنگ میں [illegible] کشمیری ہلاک اور ۲۵ زخمی ہوئے اور اس واقعہ سے آپ لوگوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ یہ کشمیری بھی ہمارے بھائی ہیں اور ہمارا اولین فرض ہے کہ ہم ان کو [illegible]۔

شیخ عبداللہ کی تقریر کے بعد سب نے واہ کے شہداء کے لئے دعائے مغفرت کی۔

کلکتہ میں عید کی تقریب سعید

مولانا عبدالحق مدنی نے امامت فرمائی

کلکتہ ۲۹ جولائی کل یہاں پر عید کی تقریب سعید سالہائے ماسبق کی طرح بڑے اہتمام سے منائی گئی۔ سرکاری طور پر تعطیل تھی۔ عید کی نماز میں شرکت کرنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ اکبر پور کے میدان میں تھی۔ یہاں پر نماز عید مولانا سید محمد عبدالحق صاحب مدنی نے پڑھائی۔

بدھ کے روز چاند کے ہونے کی اطلاع ملنے کے بعد سے شہر میں ہر طرف تیاریاں شروع ہوگئیں دوکانیں اور مکان آراستہ کئے جانے لگے تھے۔ کلکتہ کے آل انڈیا ریڈیو نے عید کے سلسلہ میں بنگالی اور ہندستانی میں پروگرام نشر کیا۔

کلکتہ ۳۰ جولائی (پی ٹی آئی) مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو نے کل شام یہاں پر عید ملاقات کی ایک دعوت میں تقریر کرتے ہوئے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کی اس تقریر پر اظہار افسوس کیا جو انھوں نے کراچی میں عید کے موقع پر کی تھی۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان کے مسلمان آزاد ہیں اور ان کو وہی حقوق حاصل ہیں جو کسی دوسرے فرقہ کے آدمی کو ہوسکتے ہیں۔ یہاں پر ایک کے دوسرے پر حکومت کرنے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

آپ نے کہا کہ یہاں کلکتہ کے متعلق آپ لوگ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ آیا آپ نے عید آزادی کے ساتھ منائی ہے یا نہیں۔ یہ دن نہ صرف مسلمانوں کے لئے خوشی کا دن ہونا چاہئے بلکہ غیر مسلموں کے لئے بھی۔ ایک اچھی بات ہے کہ مسلمان اور عیسائی گیتا پڑھتے ہیں۔ اسی طرح ہندوؤں کو قرآن اور انجیل پڑھنی چاہئے۔ اس طرح ایک مذہب کے لوگ دوسرے کے قریب ہوں گے۔ اور وہ یہ سمجھ سکیں گے کہ تمام مذاہب کی منزل مقصود ایک ہے۔ راستے مختلف ہیں۔

عورتوں کا جلسۂ عید

لیڈی ہمایوں کالج میں ہندو مسلم عورتوں کا جو جلسہ ہوا تھا اس میں بیگم ایم اے مومن اور مس ایس گپتا نے تقاریر کیں۔

آل انڈیا ریڈیو سے عید کا پروگرام

جمعرات کی رات کو دس بجے سے آل انڈیا ریڈیو دہلی نے عید الفطر کا پروگرام نشر کیا جس کی ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوئی۔ اس کے بعد نعت رسول ہوئی پھر جمعیت علماء ہند کے نائب صدر سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے تقریر فرمائی۔

بمبئی میں ۱۸ سنگھی گرفتار

بمبئی ۳۰ جولائی۔ کل شمالی بمبئی میں غیر قانونی اجتماع کرنے پر مزید ۱۸ سنگھی گرفتار کئے گئے اس سے پہلے بھی ۲۶ سنگھی اس جرم میں گرفتار ہوچکے ہیں۔ پولیس کے ایک ترجمان نے بتایا گرفتاری کے وقت یہ زعفرانی جھنڈا اٹھائے پریڈ کررہے تھے۔ اس وقت تاریکی تھی۔ بمبئی نے سنگھ پر سے پابندی ہٹالی ہے لیکن جلسہ جلوسوں وغیرہ پر پابندی باقی ہے۔ (پ ٹ ا)

پاکستان اور مشرق وسطیٰ کی بابت گفتگو

لندن ۳۰ جولائی۔ مسٹر [illegible] نے برطانوی دار العوام میں ایک سوال کے جواب میں جس میں ان سے پوچھا گیا تھا کہ کیا پاکستان کو لندن میں مشرق وسطیٰ کے بارے میں جو گفتگو ہورہی ہے اس سے باخبر رکھا جائیگا یہ کہا کہ ہمارے پاکستان سے تعلقات نہایت ہی مخلصانہ ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر پاکستان اس قسم کی کوئی درخواست کرے تو اسے رد کیا جانا ناممکن ہے

روسی وفد سے بات چیت

کراچی ۲۹ جولائی۔ روس کے [illegible] پاکستان کے نمائندوں [illegible]

صنعتی علاقوں میں بے چینی

[illegible]

یوم طلبہ منانے کی تجویز

کلکتہ ۲۹ جولائی۔ صدر آل انڈیا اسٹوڈنٹس فیڈریشن نے آج ہندوستان بھر کے طلبہ سے اپیل کی کہ ۳ اگست کو کل ہند یوم طلبا منائیں [illegible] اضافہ، شہری اور جمہوری آزادی کا خاتمہ وغیرہ کے خلاف احتجاج کریں۔ (پ ٹ ا)

اڑیسہ کے معدنی ذرائع

کلکتہ ۲۹ جولائی۔ اڑیسہ کے وزیر اعظم مسٹر ہری کرشن مہتاب نے کل ایک [illegible] میں تقریر کرتے ہوئے سائنسدانوں سے اپیل کی کہ وہ اڑیسہ کے معدنی ذرائع کا جائزہ لیں اور ان سے فائدہ اٹھانے میں معاون ہوں۔ (پ ٹ ا)

فارموسا پر قبضہ کرنے کیلئے کمیونسٹوں کی تیاریاں

داخلی بدامنی پیدا کرنے کے ارادے

ہانگ کانگ ۳۰ جولائی۔ چینی کمیونسٹ نہایت بے صبری کی حالت میں اس زمانے کا انتظار کررہے ہیں جب کہ قوم پرستوں کا آخری مورچہ فارموسا رہ جائے گا اور اس پر بھی ان کا قبضہ کرلیا جائے گا۔ یقین کیا جاتا ہے کہ وہ [illegible] تنظیم کررہے ہیں جس کا کام فارموسا کو اندرونی طور پر کھوکھلا کرنا ہوگا۔ فارموسا کے دفاع کا انحصار قوم پرست فوجوں کی مستعدی پر ہے ان کے پاس کثیر تعداد میں سامان حرب ہونا چاہئے اور کمیونسٹوں کو توقع ہے کہ انہیں اسلحہ نہ مل سکیں گے۔ اس کے علاوہ کمیونسٹوں کے ایجنٹ قوم پرست فوج میں رہ کر کام کررہے ہیں ان کا مقصد فوج کی ہمت پست کرنا ہے اور کمیونسٹوں کا خیال ہے کہ اب بھی قوم پرست فوجوں کی ہمت کافی پست ہوچکی ہے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ قوم پرست ہوابازوں کو خفیہ طور پر مطلع کردیا گیا ہے کہ اگر کوئی ہوا باز ایک بمبار طیارہ [illegible] تو اسے کمیونسٹ ۵ ہزار [illegible] اور اس کے علاوہ اسے کمیونسٹوں کی فضائی فوج میں وہی عہدہ پیش کیا جائے گا جو اس وقت اسے قوم پرستوں کی فضائی فوج میں حاصل ہے۔ (رگلوب)

آسٹریا کے متعلق سمجھوتہ

لندن ۳۰ جولائی۔ چار بڑے ملکوں کے نائب وزراء خارجہ جو آسٹریا کے معاہدہ کے سلسلہ میں مسودہ تیار کررہے ہیں وہ آسٹریا کے تیل کی تقسیم کے سلسلہ میں سمجھوتہ پر پہنچ گئے۔ ایک برطانوی ترجمان نے کہا کہ ملکیت کے حقوق روس کے رہیں گے۔ اس ترجمان نے کل کے اجلاس کی مزید تفصیلات بتانے سے انکار کردیا۔ (رپ اٹر)

گوڈسے پریوی کونسل میں اپیل کریگا

انبالہ ۳۰ جولائی۔ مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ کا خاص ملزم ناتھو رام گوڈسے اس پر راضی ہوگیا ہے کہ وہ ہائیکورٹ کے فیصلہ کے خلاف پریوی کونسل میں اپیل دائر کرے۔ اس کے قانونی مشیر [illegible] نے ایک بیان میں کہا کہ انہوں نے گوڈسے کو اس اپیل پر مائل کرلیا ہے۔

گوڈسے کی اپیل اس الزام کے خلاف ہوگی کہ اس نے گاندھی جی کو قتل کرنے کے لئے کوئی سازش کی۔ [illegible] گوپال گوڈسے مشترکہ طور پر اپیل کرنے پر راضی ہوگئے ہیں۔ (پ ٹ ا)

ریلوے ملازمین کی ہڑتال کا نیا خطرہ

حکومت برطانیہ کو ایک نئی پریشانی

لندن ۳۰ جولائی۔ برطانیہ کے ریلوے ملازمین نے فیصلہ کیا ہے کہ مزدوری کے جھگڑے پر حکومت کو ۲۱ دن کی ہڑتال کا نوٹس دیا جائے۔ اس جھگڑے کا اثر ۹۰ ہزار ملازمین پر پڑتا ہے۔

برطانوی قانون کے ماتحت مزدوروں اور ملازمین کی کسی یونین کو ہڑتال سے قبل ۲۱ دن کا نوٹس دینا ضروری ہے تاکہ وہ کوئی قانونی صورت اختیار کرلے۔ اگر ان ۲۱ دنوں میں وزیر محنت مداخلت کرکے اس جھگڑے کو نہ چکائے تو یونین کو ہڑتال کرنے کا حق حاصل ہے۔

تجربہ نے بتایا کہ وزیر محنت کبھی مداخلت سے گریز نہیں کرتے اور اس قسم کے جھگڑوں کو کسی نہ کسی صورت سے چکا ہی دیتے ہیں۔ چنانچہ مذکورہ بالا ہڑتال کی صورت میں بھی یہی توقع کی جارہی ہے کہ اس قضیہ کا بھی فیصلہ ہوجائے گا۔ (رپ اٹر)

پولیس اور مسلح ڈاکوؤں میں تصادم

۵ ڈاکو بھاگ نکلے

پٹیالہ ۲۹ جولائی۔ [illegible] مسلح پولیس اور ڈاکوؤں کے گروہ میں زبردست تصادم کی اطلاع ملی ہے [illegible] ۵ ڈاکو بھاگ نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔ ایک ڈاکو موقعہ پر ہی مارا گیا۔ [illegible]

جاپانی تجارتی وفد کا دورہ

ٹوکیو ۳۰ جولائی۔ پانچ جاپانی اور دو امریکن افسروں پر مشتمل ایک وفد سیام، برما، ہند اور پاکستان کا دورہ کرے گا۔ یہ وفد ۵ اگست کو بذریعہ طیارہ روانہ ہوگا۔ [illegible]

ڈچ اور انڈونیشیا میں جنگ بندی کا سمجھوتہ

جوگجاکارتا میں نمائندوں کا مشترکہ اعلان

بٹاویہ ۳۰ جولائی۔ ڈچ نمائندے [illegible] اور جمہوری انڈونیشیا [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ ڈچ حکومت اور انڈونیشی حکومت کے درمیان جنگ بندی پر سمجھوتہ ہوگیا ہے۔ [illegible] (رائٹر)

ڈاکٹر حتیٰ دہلی آرہے ہیں

پیرس ۳۰ جولائی۔ انڈونیشی وزیر اعظم ڈاکٹر حتیٰ [illegible] ہیگ جارہے ہیں [illegible] وہ تین روز دہلی میں پنڈت نہرو کے مہمان رہیں گے۔ (پ ٹ ا)

فرانس نے معاہدۂ اوقیانوس کی تصدیق کردی

۲۰ ووٹ کے مقابلہ میں ۲۸۴ ووٹ

پیرس ۳۰ جولائی۔ فرانس کے ایوان اعلیٰ نے ۲۰ ووٹ کے مقابلہ میں ۲۸۴ ووٹ سے معاہدہ اوقیانوس کی تصدیق کردی۔ فرانس دسواں ملک ہے جنہوں نے اس معاہدہ کی تصدیق کی ہے۔ برطانیہ امریکہ کناڈا بلجیم لگزمبرگ ناروے ڈنمارک، پرتگال، آئس لینڈ پہلے ہی اس کی تصدیق کرچکے ہیں۔ اب صرف ہالینڈ اور اٹلی کو اس معاہدہ کی تصدیق کرنی باقی ہے۔ (رائٹر)

پٹیالہ میں حکومت ہند نے اپنا نگراں افسر بھیج دیا

حکومت ہند تمام ریاستی یونینوں پر کنٹرول رکھنا چاہتی ہے

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ پٹیالہ یونین کے لئے ایک علاقائی کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ معاہدہ شمولیت کی دفعہ ۱۱ کے مطابق حکومت ہند ریاستوں اور ریاستی یونینوں کی نگرانی کرتی رہے گی۔ چنانچہ چھ یونینوں میں سے چار میں حکومت ہند کے نمائندے کام کررہے ہیں۔

سال گذشتہ جب یہ ریاستی یونین قائم کی گئی تھیں۔ [illegible] حکومت ہند کے نمائندے مقرر کئے گئے تھے۔ [illegible] حکومت ہند نے اپنا نمائندہ مقرر کردیا ہے۔ ان نمائندوں کے تقرر کا مقصد صرف یہ ہے کہ ریاستی انتظامات اور حکومت ہند کے درمیان ایک رابطہ قائم رہے۔ پٹیالہ یونین میں کیوں کوئی نمائندہ مقرر نہیں کیا گیا تھا؟ بعض حلقوں کا کہنا تھا کہ مہاراجہ پٹیالہ کے ساتھ خاص رعایت تھی۔ سرکاری حلقوں کا خیال تھا کہ اب تک کوئی مناسب افسر نہیں ملا تھا۔

پٹیالہ میں جدید کمشنر کے تقرر کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اس یونین کو مشرقی پنجاب میں ضم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ حکومت ہند کے ریاستی محکمہ کی پالیسی کے مطابق تمام ریاستی یونینوں میں حکومت ہند کے نمائندہ کا ہونا ضروری ہے۔ جو کمشنر ہونے کے ساتھ ساتھ راج پرمکھ کے مشیر کی حیثیت سے بھی کام کرے گا۔

[illegible]

مغربی پنجاب کے ۱۸ ایم ایل اے صاحبان کے خلاف تحقیقات مکمل

اٹھارہ کے خلاف مقدمہ چلانے کے احکام

لاہور ۳۰ جولائی۔ پاکستان ایسوسی ایٹیڈ پریس کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سابق ایم ایل اے صاحبان کے خلاف الزامات کی تحقیقات مکمل ہوگئی ہیں [illegible] اٹھارہ ایم ایل اے صاحبان کے نام سیاہ فہرست میں ہیں [illegible]

یوپی پبلک سیفٹی آرڈیننس بھی

خارج از اختیار قرار دیدیا گیا

الہ آباد ۲۹ جولائی (یو پی آئی) [illegible]

پاکستان کے نئے آرڈیننس پر غور کرنے کیلئے میٹنگ

[illegible]

مغربی بنگال میں ۱۳ لاکھ شرنارتھی ہیں

[illegible]

ڈاکٹر بی سی رائے ہالینڈ میں

ایمسٹرڈم ۳۰ جولائی۔ ڈاکٹر بی سی رائے وزیر اعظم مغربی بنگال کل ہالینڈ پہنچ گئے۔ آج وہ کوپن ہیگن جارہے ہیں جہاں وہ کسی ڈاکٹر سے ملاقات کریں گے۔

پاک ایر لمیٹڈ
روزانہ مقررہ سروس
دہلی سے — کراچی / لاہور
اوقات

دہلی - کراچی	ہر منگل کو
دہلی سے روانگی	۲ بجے سہ پہر
کراچی میں آمد	۶ بجکر [illegible] منٹ شام
دہلی - لاہور	روزانہ سروس
روزانہ دہلی سے روانگی	صبح ۹ بجکر ۵۰ منٹ
لاہور میں آمد	صبح ۱۱ بجکر ۴۰ منٹ

کرایہ

دہلی - کراچی	یک طرفہ ۱۵۰ روپیہ	واپسی	۲۸۵ روپے
دہلی - لاہور	یک طرفہ ۶۶ روپیہ	واپسی	۱۲۷ روپے

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتے سے معلومات حاصل کیجئے
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
[illegible] نئی دہلی
ٹیلیفون ۵۳۰۰

مسلم خواتین کیلئے پاکیزہ مضامین کا مجموعہ
رسالہ خاتون مشرق دہلی
۱۲ سال سے پابندی کے ساتھ دہلی سے شائع ہورہا ہے
مسلم خواتین کی گھریلو زندگی کو نمونۂ جنت بنانے والے علمی۔ ادبی اور تبلیغی مضامین اور افسانے آسان اردو میں خاتون مشرق کے اندر شائع ہوتے ہیں لکھائی چھپائی بہترین کاغذ عمدہ ۴۸ صفحات
سالانہ قیمت چار روپے آٹھ آنہ
ہندوستانی ڈاک خانہ کے چار آنے کے ٹکٹ بھیج کر ایک نمونہ منگا لیجئے اور اس اعلان کا امتحان کیجئے
منیجر رسالہ خاتون مشرق اردو بازار دہلی

انجن کرینک شافٹ

بہترین کوالٹی اور لاجواب مضبوطی
نادرن سٹیل اینڈ جنرل مرچنٹ ٹریڈرز پلاٹ نمبر ۵ فیکٹری ایریا نجف گڑھ روڈ دہلی

روزنامہ الجمعیۃ دہلی
یکم اگست ۱۹۴۹ء

زہر کا تریاق!

ہم جب انڈین یونین کے مسلمانوں سے خطاب کرتے ہیں تو بعض لوگوں کو یہ بات ناگوار گذرتی ہے اور وہ کہتے ہیں کہ جب ہندو، مسلمان، عیسائی، پارسی ایک ہی قوم ہیں تو خطاب بھی قومیت سے ہونا چاہئے اور کلام کرتے وقت یہ سمجھ لینا چاہئے کہ گفتگو ہندوستانیوں سے ہورہی ہے نہ کہ خاص مسلمانوں سے یا خاص ہندوؤں سے، مگر ہمارے خیال میں خاص مسلمانوں سے خطاب کرنا کوئی جرم نہیں ہے اور نہ یہ خطاب متحدہ قومیت کے منافی ہے۔ آخر ہندوستان کے اچھوتوں اور ہریجنوں سے بھی تو خطاب کیا جاتا ہے بلکہ حکومت ان کے ساتھ خاص رعایت کرتی ہے اور ان کے لئے نشستوں کی تخصیص منظور کرکے ان کی ہمت بڑھاتی ہے۔ پھر اسمبلی میں ہندو کوڈ بل پیش ہوتا ہے اور اس میں خاص ہندوؤں کے مفاد کا خیال رکھا جاتا ہے، نیز اسمبلی میں یہ قانون خاص ہندوؤں کے لئے بھی پاس ہوا ہے کہ وہ ایک عورت کی موجودگی میں دوسری عورت سے شادی نہ کریں تو کیا ہم حکومت کو یہ الزام دے سکتے ہیں کہ وہ خاص ہندوؤں اور اچھوتوں سے خطاب کرکے متحدہ قومیت کے تصور کو نقصان پہنچا رہی ہے؟ ہندوستان میں مختلف گروہ آباد ہیں اور ان کے مخصوص مسائل ہیں، حکومت کو دیکھنا پڑتا ہے کہ ہر گروہ کی نشست درست رہے اور ان کے معاملات کو نظر انداز نہ کیا جائے۔ اس لئے اگر ہم بعض وقت صرف مسلمانوں سے خطاب کرتے ہیں تو کسی اصول کی خلاف ورزی نہیں کرتے بلکہ حکومت کے منشاء کو پورا کرتے ہیں، مثلاً اگر ہم مسلمانوں سے یہ کہیں کہ وہ انڈین یونین میں رہتے ہوئے اپنے مستقبل سے مایوس نہ ہوں اور اپنے دلوں سے خوف و ہراس اور بے اعتمادی کو نکال دیں تو اس کہنے میں دوسروں کا کیا نقصان ہے؟ اور اس مخصوص خطاب سے جمہوریت کے کون سے اصول کی خلاف ورزی ہوتی ہے؟ ہمارا یہ کہنا تو خود حکومت کے لئے، ملک کی اکثریت کے لئے اور قومی نفسیات کے لئے مفید ہے کیونکہ کوئی ملک پنپ نہیں سکتا اگر اس کی کوئی اقلیت خوف اور تذبذب کی زندگی گذار رہی ہے اور اعتماد کی طاقت کو زائل کرچکی ہے۔

اس وقت ہندوستان کے مسلمانوں کی جو حالت ہے وہ قابل اطمینان نہیں ہے۔ ملک کی تقسیم نے ان کے اندر یہ غلط تصور پیدا کردیا ہے کہ اب یہ ملک اکثریت کا ہے اور اس میں اقلیتوں کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ اس تصور کے ساتھ جب وہ یہ بھی دیکھتے ہیں کہ بعض جگہ ان کے ساتھ عوام اور حکام کا سلوک اچھا نہیں ہے تو وہ اس عقیدہ پر اور زیادہ جم جاتے ہیں، اور دن بدن [illegible] کہ حکومت جمہوری ہے، غیر مذہبی ہے، غیر فرقہ وار ہے اور اس میں اقلیتوں کو بھی اسی طرح پنپنے ترقی کرنے اور ہر طرح فائدہ اٹھانے کا حق حاصل ہے جس طرح اکثریت کو ہے۔ یہ ملک نہ اقلیتوں کا ہے نہ اکثریت کا بلکہ ہندوستانیوں کا ہے۔ اب جو شخص بھی اپنے آپ کو ہندوستانی سمجھتا ہے اسے کون کہتا ہے کہ وہ [illegible] اور اپنے آپ کو بے بس اور کمزور سمجھ کر [illegible] میں مبتلا ہوجائے کہ اس کی زندگی [illegible] کے رحم و کرم پر ہے اور اس ملک میں اس کا کوئی حصہ نہیں! اگر مسلمان اس غلط فہمی کا شکار ہوچکے ہیں تو کیا یہ ہمارا فرض نہیں کہ انہیں ان کی صحیح پوزیشن بتائیں اور ان کی ذہنی پستی کو دور کرکے اپنے ملک کو اس افراتفری سے بچائیں۔ اگر یہ ہمارا مطمح نظر ہے تو ہم مسلمانوں سے کہیں گے کہ وہ تمام کاموں کو چھوڑ کر اپنے حوصلوں کو بڑھائیں اور احساس کمتری کے مرض میں مبتلا ہونے سے بچیں!

یہ تو ظاہر ہے کہ ملک تقسیم ہوا اور اس کے نتائج سامنے آگئے، انقلاب جب آتا ہے تو وہ گھر گھر جاکر یہ نہیں پوچھا کرتا کہ گناہگار کون ہے اور بے گناہ کون، اور نہ یہ بتاتا ہے کہ وہ بربادی کی قاشیں کس انداز میں تقسیم کرے گا، وہ تو ایک سیلاب ہے جو کسی کے روکے نہیں رکتا، بلاشبہ یہ سیلاب آیا اور اس کا اثر ہندوستان کے مسلمانوں پر پڑا، لیکن سوال یہ ہے کہ ایسی نازک گھڑیوں میں قوم اور افراد کو کرنا کیا چاہئے؟ کیا یہ کہ وہ مایوس ہوکر بیٹھ رہیں گھروں میں اور گھر سے باہر خود ہی سہمتے اور ڈرتے رہیں، خود ہی اندازہ لگالیں کہ اب ہمارا کوئی ٹھکانا نہیں، خود ہی فیصلہ کرلیں کہ اب ان کا کوئی وزن نہیں؟ یا ان کا کام یہ ہونا چاہئے کہ انقلاب کے اثرات کو وہ کم کریں، اپنے آپ کو پھسلنے اور ڈگمگانے سے روکیں۔ اپنے جذبات اور خیالات کو اعتدال میں رکھیں، اپنی صلاحیتوں اور قوتوں کو زیادہ سے زیادہ [illegible] کام میں لائیں اور خوف و ہراس، مایوسی اور [illegible] کے بجائے امنگ اور حوصلوں کو پیدا کرکے اپنے قدموں کو جماکر ہر افتاد کو چیلنج کریں؟

جسمانی اور اخلاقی موت میں زمین و آسمان کا فرق ہے، جسمانی موت دنیا کا کوئی بڑا حادثہ نہیں، بڑا حادثہ یہ ہے کہ کوئی ملت اجتماعی طور پر اپنے آپ کو اخلاقی موت کے حوالہ کردے اور ہمتوں کو توڑ کر اور دلوں کو کمزور کرکے اپنے سفر کو ادھورا چھوڑ دے! آج دنیا میں کسی قوم کے حوصلے (اجتماعی حوصلے) کو گرا دینا یا اسے ترقی دینا ایک فن بنالیا گیا ہے، قومی حوصلوں کو توڑ کر بڑی سے بڑی قوم کو شکست دی جاتی ہے اور انہیں بڑھا کر کمزور سے کمزور قوم کو کامیاب بنایا جاسکتا ہے، اس لئے ہم مسلمانوں سے کہیں گے اور ہمیں یہ کہنے کا حق ہے کہ وہ اپنے حوصلوں کو بلند رکھیں اور [illegible] بڑی سے بڑی قیمت ادا کرکے بھی ہاتھوں سے جانے نہ دیں! قرآن کریم نے اسی فن کو جسے ہم حوصلہ کہتے ہیں ثبات قدمی سے تعبیر کیا ہے اور ہر مسلمان سے کہلوایا ہے کہ وہ [illegible] ہمارے قدموں کو استقامت عطا فرما) کا ورد کرتا رہے خدا نے وعدہ کیا ہے کہ اگر تم خدا کے دین کی مدد کروگے تو خدا بھی تمہاری نصرت فرمائے گا، اور تمہارے قدموں میں جماؤ اور مضبوطی پیدا کردے گا۔ اگر مسلمان اپنے حوصلوں کی حفاظت کریں گے تو وہ کھوئے جانے کے بعد بھی سب کچھ پالیں گے، اور ان کا راس المال کبھی ضائع نہ ہوگا! اگر وہ اسی چیز کو ہاتھ سے کھو بیٹھے تو وہ اپنا نقصان تو کریں ہی گے ہندوستان کی نفسیات کو بھی داغ لگائیں گے، حکومت کو تضاد کے چکر میں بھی ڈال دیں گے اور اکثریت کی [illegible] جائیں گے، ان کا سنبھلنا، ملک کا سنبھلنا ہے اور ملک کی سب سے بڑی خدمت یہی ہے کہ وہ اپنے کو سنبھالیں اور اپنے آپ کو گرنے سے بچائیں۔

چیف کمشنر کا فیصلہ

[illegible]

اچھی باتیں

یاایہا الذین۔ تا۔ اعمالکم (پ ۲۶ ع ۸)

اے اہل ایمان! اللہ کی فرمانبرداری اور رسول کی پیروی کرو۔ اور اپنے اعمال کو اکارت نہ بناؤ۔

دنیا میں ہر جماعت کبھی نہ کبھی اطاعت ضرور کرتی ہے خواہ وہ قوم کا لیڈر ہو یا ملک کا دستور اور اس کی مخالفت کو غداری اور بے وفائی سے تعبیر کیا جاتا ہے اگر اطاعت کا یہ فارمولا بروئے کار نہ آئے تو پھر کوئی تحریک کامیاب نہیں ہوسکتی اسلام ایک مستقل تحریک ہے وہ ایک مستقل نظری اور عملی دعوت ہے اور اس کی دعوت زمان و مکان کی حدود سے بے نیاز ہے اس لئے فرمایا گیا کہ اس تحریک کا کوئی مرکز ہونا چاہئے، جو تحریک کے جملہ اجزا کو اپنی طرف سمیٹ لے اور اپنی انرجی کو ضائع نہ ہونے دے اسلام میں یہ مرکز خدا کی ذات ہے اس لئے فرمایا گیا کہ خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور نافرمانی کرکے اپنے اعمال پر پھاوڑا نہ پھیرو۔ چونکہ رسول کی اطاعت بھی خدا ہی کی اطاعت ہے اس لئے اطاعت کا مرکز بھی ایک ہی قرار پایا، اگر مسلمان تنظیم ملت کے اس گر کو سمجھ لیں تو وہ اپنا علاج آپ کرسکتے ہیں۔

ہندوستان کے دارالسلطنت میں عید الفطر پر اتحاد کے نظارے

جامع مسجد شاہجہانی میں عالم اسلام کے نمائندوں کا روح پرور اجتماع

دہلی (نامہ نگار الجمعیۃ) ۲۹ جولائی:- کل مسلمانان دہلی نے عیدگاہ جامع مسجد، مسجد فتحپوری، حضرت نظام الدین، تیس ہزاری اور کلاں مسجد میں نماز عید ادا کی خیال کیا جاتا ہے کہ ان تمام جگہوں پر ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ مسلمانوں نے خداوند قدوس کی درگاہ میں سربسجود ہوکر شکریہ ادا کیا۔

عیدگاہ میں نماز عید سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند نے اور جامع مسجد شاہجہانی میں امام جامع مسجد سید حمید صاحب نے پڑھائی۔ زیادہ اجتماع جامع مسجد اور عیدگاہ ہی میں تھا۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ عیدگاہ میں سال گذشتہ کی بہ نسبت زیادہ اجتماع تھا۔ اور عیدگاہ کے متعلق غلط افواہیں پھیلا کر مسلمانوں کو خوفزدہ کرنے کی جو کوشش کی گئی تھی وہ بری طرح ناکام رہی اور مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی اپیل جو اخبارات میں شائع ہوچکی تھی علاوہ ازیں اشتہارات کی صورت میں تمام شہر میں چسپاں کردی گئی۔ [illegible] کارکنان جمعیۃ علماء کی مساعی بار آور ہوئیں۔

عیدگاہ اور جامع مسجد فتحپوری کے باہر پولیس کا معقول انتظام تھا۔ اس کے علاوہ شہر میں مختلف مقامات پر پولیس بٹھادی گئی تھی اور خدا کا شکر ہے کہ کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش نہیں آیا۔

امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد، سفیر افغانستان سردار نجیب اللہ خان، پاکستان ہائی کمشنر مسٹر محمد اسمٰعیل کے علاوہ اسلامی ممالک کے سفارتخانوں کے دیگر افسران نے جامع مسجد میں نماز عید ادا کی۔

مولانا آزاد کا عصرانہ

[illegible] مولانا آزاد کی جانب سے عید ملاقات کے سلسلہ میں عصرانہ دیا گیا۔ جس میں گورنر جنرل، وزیر اعظم، کابینہ کے دوسرے ارکان، نئی دہلی میں مقیم سفراء اور دارالسلطنت کے سربرآوردہ مسلم معززین نے شرکت کی۔

شملہ میں عید

شملہ ۲۸ جولائی۔ آج شام یہاں عید کے سلسلہ میں کشمیر ریلیف ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک جلسہ ہوا جس کی صدارت مسٹر [illegible] انصاری نے کی۔ جناب بھیم سین سچر نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان ہی دنیا بھر کو دوستی اور امن دے سکتا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ تقسیم کے بعد تمام فرقوں کے اشخاص نے مل کر اس تقریب میں حصہ لیا ہے۔

آپ نے مزید کہا کہ مشرقی پنجاب کی حکومت صوبہ میں کشمیریوں کی حالت بہتر بنانے کی ہرممکن کوشش کرے گی۔ [illegible] نے بھی تقریریں کیں۔ (اے پی)

بمبئی میں عید کی تقریب سعید

شہر کی مختلف مساجد میں ہزاروں آدمیوں نے نماز عید ادا کی۔ اس کے علاوہ آزاد میدان میں تقریباً ۲۰ ہزار مسلمان سربسجود ہوئے۔ یہاں پر مولانا غلام حسین [illegible]

[illegible] دہلی اور مشرقی پنجاب کی وہ بے شمار مساجد جو اب تک واگزار نہیں کی گئیں ان کے متعلق اب تک کوئی سلسلہ جنبانی نہیں ہوئی ہے [illegible] ہندوستان کے مسلمانوں کے دینی احساسات کو مطمئن کرنے کی کوشش کرے گی۔

پولینڈ اور پاپائے روم

پاپائے روم نے کمیونسٹوں اور ان کے حامیوں کو خارج از کلیسا قرار دینے کے متعلق جو حکم نافذ کیا تھا اس کی ہر جگہ مخالفت کی گئی ہے اب پولینڈ نے بھی اس حکم کو سیاست آمیز قرار دیتے ہوئے کیتھولک کلیسا کو مطلع کیا ہے کہ وہ ایک غیر ملکی فرمان کو پولینڈ کی سرزمین میں نافذ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ [illegible]

گاندھی جی کی تعلیمات سے انحراف

از جناب مولانا سعید احمد صاحب اکبرآبادی

کیا گاندھی جی مسلمان تھے؟ جی نہیں۔ کیا وہ ہندو دین کے دشمن تھے؟ ہرگز نہیں۔ پھر وہ مسلمانوں کے حق میں ہندوؤں سے جو چند امور کا مطالبہ کرتے اور ان پر بار بار زور دیتے تھے تو کیا اس کی حقیقت صرف اتنی تھی کہ وہ مسلمانوں کے لئے ہندوؤں سے خیرات مانگتے تھے یعنی کوئی ایسی چیز مانگتے تھے جو ہندوؤں پر فرض نہ تھی اور اس کا فائدہ صرف مسلمانوں کو پہنچ سکتا تھا؟ گاندھی جی جب یہ کہتے تھے کہ ہند کی قومی زبان ہندوستانی ہے اور اس کو دیوناگری اور فارسی دونوں رسم الخط میں لکھا جانا چاہئے، گئوکشی پر قانونی بندش نہیں ہونی چاہئے، ہر فرقہ کو مذہبی اور تہذیبی آزادی ملنی چاہئے تو کیا اس کا مطلب یہ تھا کہ ملک کی اکثریت نے اگر ان پر عمل کیا تو اقلیت کے حق میں یہ اس کا فیاضانہ سلوک ہوگا اور اگر ایسا نہ کرے تو نہ ایک کو نقصان ہوگا اور نہ اکثریت کو کسی قسم کا کوئی خطرہ اور اندیشہ ہوگا، ہر شخص جس کو گاندھی جی کے فکر و خیال سے کچھ بھی واقفیت ہے جانتا ہے کہ ان کے نزدیک ہندوستان کی آزادی کا بقا اور دوام اس کی ترقی اور سلامتی کی شرط اول یہی تھی کہ انڈین یونین کو جس طرح دستوری حیثیت سے سیکولر اور جمہوری گورنمنٹ تسلیم کیا گیا ہے اسی طرح اس پر عمل بھی ہو۔ اکثریت اقلیت کے متعلق انصاف اور ہوشمندی سے کام لے اور کسی خارجی یا داخلی محرک سے [illegible]

مشترک زبان مشترک کلچر اور مشترک تہذیب کو ختم کرکے کسی ایک خاص فرقہ کی ہی زبان اور کلچر کو باقی رکھنے اور دوسروں پر اس کو تھوپنے کی کوشش کرنا بے شبہ ایک نہایت خطرناک قسم کی فرقہ پرستی ہے اور جب یہ فرقہ سیاسی اقتدار کا بھی مالک ہو تو اس کی اس فرقہ پرستی کا ہی سیاسی نام فسطائیت یا ڈکٹیٹر شپ ہوجاتا ہے

فسطائیت اور ڈکٹیٹر شپ کی یہ ایک عجیب خصوصیت ہے کہ چونکہ اس کی بنیاد اپنے متعلق حد سے زیادہ احساس برتری، خود پسندی اور خود سری اور دوسروں کے متعلق [illegible] بے اعتمادی اور بدگمانی پر قائم ہوتی ہے۔ اس بنا پر اس فسطائی جماعت کے ممبر آپس میں ایک دوسرے پر اعتماد نہیں کرتے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ موقع پاکر اس جماعت کا ایک گروہ خود اس فسطائیت کو ختم کردیتا ہے۔ [illegible] خود اپنی قوم کی گولیوں کا نشانہ بنا اور ہٹلر کو خود اس کے [illegible] دوستوں نے ختم کرکے رکھدیا۔

زبان، تعلیم اور کلچر کے متعلق [illegible] یوپی کی گورنمنٹ جس غلط روش پر تیز گامی کے ساتھ چل رہی ہے [illegible]

[illegible]

[illegible] سعودی عرب، عراق، افغانستان اور ترکی [illegible]

چاند کے ہونے کا اعلان تمام مسلم حلقوں میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ سے کیا گیا تھا۔

واشنگٹن میں نماز عید

یہاں پر نماز عید پاکستانی سفارتخانہ میں ادا کی گئی شہر کے تمام مسلمان اور اسلامی ممالک کے سفارتخانوں کے اراکین نے نماز میں شرکت کی۔ نماز عید کی امامت مصری سفیر مسٹر محمد کامل عبدالرحیم نے فرمائی۔

یہاں پر یہ طریق ہے کہ یہ سالانہ تقریب باری باری اسلامی ممالک کے سفارتخانوں میں انجام دیجاتی ہے۔ آئندہ سال افغانستان کا نمبر ہے۔ واشنگٹن میں ایک عظیم الشان مسجد تعمیر ہورہی ہے اس کی تعمیر تک یہ سلسلہ یونہی قائم رہیگا۔

لاہور میں عید

بادشاہی مسجد میں خطیب لاہور مولوی غلام مرشد نے امامت کی اور تقریباً ستر ہزار آدمیوں نے نماز عید میں شرکت کی۔ گذشتہ سال کے واقعہ کے اعادہ کی روک تھام کے لئے کافی انتظام تھا۔ شہر کے اندر بعض دوکانوں پر کافی رونق تھی۔ اور گذشتہ سال سے زیادہ خریداری ہوئی۔

کراچی میں عید

نمائش کے میدان میں نماز عید پڑھی گئی۔ نماز میں گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں، گورنر سندھ، پاکستان اور سندھ کے وزراء، اسلامی ممالک کے سفراء اور امراء کے شانہ بشانہ شرکت کی۔

خیال کیا جاتا ہے کہ چار لاکھ مسلمانوں نے نماز میں شرکت کی۔ وزیر اعظم پاکستان نے اس موقعہ پر پاکستان کے لوگوں سے اپنی آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے ضبط و نظم کی اپیل کی۔ انہوں نے یاد دلایا اس موقع پر ان بے شمار مسلمانوں کو نہ بھولنا چاہئے جو خون کے رشتہ سے ہمارے بھائی ہیں اور جو آزاد نہیں ہیں اور جو آج اپنی عید آزاد اور خود مختار لوگوں کی طرح [illegible]

ڈھاکہ میں تقریب عید

یہاں پرانے پلٹن میدان میں ۵۰ ہزار سے زیادہ افراد نے نماز عید ادا کی۔ امامت پروفیسر ظفر احمد عثمانی صدر جمعیۃ علماء اسلام پاکستان نے کی۔ مشرقی بنگال کے وزیر اعظم مسٹر نورالامین اور دوسرے وزراء نے شرکت کی۔ عورتوں نے نماز عید کرزن ہال میں ادا کی۔

مارشل پیتاں کی موت کی خبر

پیرس ۲۹ جولائی۔ فرانس کے وزیر قانون کے محکمہ نے کہا ہے کہ مارشل پیتاں کی صحت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ یہاں افواہیں پھیلی ہوئی تھیں کہ (۱) مارشل پیتاں کا انتقال ہوگیا ہے (۲) وہ [illegible]

مدراس کے معاملہ کی تحقیق ہوگی اور مغربی بنگال میں نئے انتخابات

مغربی بنگال اور مدراس کے متعلق کانگریس ورکنگ کمیٹی کی قراردادیں

نئی دہلی۔ ۳۰ جولائی۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے اپنے ریزولیوشن میں سفارش کی ہے۔ کہ اب سے چھ ماہ کے اندر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی بنا پر مغربی بنگال اسمبلی کے نئے انتخابات کرائے جائیں کمیٹی نے مغربی بنگال اسمبلی کانگریس پارٹی سے کہا ہے۔ کہ وہ صوبہ میں مخلوط وزارت کے لئے سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ کو تجاویز پیش کرے۔ عام انتخاب کے پیش نظر جو ضمنی انتخاب ہونے والے ہیں ان کی اب کوئی ضرورت نہیں رہے گی۔ ورکنگ کمیٹی نے یہ ہدایت بھی کی ہے کہ بنگال صوبہ کانگریس کمیٹی کی ایگزیکٹو کی دوبارہ تشکیل کی جائے مغربی بنگال پر ریزولیوشن کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے مغربی بنگال کی حالت کے متعلق ورکنگ کمیٹی کو رپورٹ پیش کی ہے۔ انہوں نے کمیٹی کو اپنے ان تاثرات سے مطلع کیا جو انہوں نے کلکتہ میں ۳ روز کے قیام کے دوران فراہم کئے۔ اس معاملہ پر پورے طور پر غور کرنے کے بعد اور مغربی بنگال کے کانگریسی نمائندوں سے ملنے کے بعد کمیٹی کی یہ رائے ہے کہ مغربی بنگال اسمبلی اور مغربی بنگال کانگریس کمیٹی کے نئے انتخابات کرا دیئے جائیں۔ تاکہ مغربی بنگال کے لوگوں کو اپنی پسند کے لوگ چننے کا جلد موقع مل سکے تحت ۱۹۴۸ء کے آخر میں یا ۱۹۴۹ء کے شروع میں انتخاب ممکن ہوں گے جبکہ تمام بالغوں کو ووٹ دینے کا حق دیا جائے گا چونکہ ووٹروں کی فہرستیں تیار نہیں ہو سکیں اس لئے اس سے پہلے انتخابات نہیں ہو سکتے۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی اس لئے سفارش کرتی ہے کہ اب سے ۶ ماہ کے اندر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے تحت مغربی بنگال اسمبلی کے لئے انتخابات کرائے جائیں۔ اور اس مقصد کے لئے موزوں وقت پر مغربی بنگال اسمبلی توڑ دی جائے۔ اگر یہ ممکن ہو تو یہ انتخاب مخلوط حلقوں سے ہونے چاہئیں۔ اور نشستوں کی تخصیص ہونی چاہئے۔ اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو۔ یا اس سے دیر ہو۔ تو ان انتخابات کے دوران موجودہ سسٹم پر عمل کیا جائے۔ جہاں تک ممکن ہو انتخابی فہرستوں پر نظرثانی کی جائے۔ تاکہ مشرقی پاکستان کے شرنارتھیوں کے نام جو مغربی بنگال میں ووٹر تھے اور جو مغربی بنگال میں بستے کم از کم ۱۰۰ ہو گئے ہیں فہرستوں میں درج کئے جائیں۔

اس صوبہ میں عام انتخابات کرانے سے پیشتر ضروری ہے کہ ایک انٹیرم وزارت بنائی جائے اس وزارت میں قابل اشخاص لئے جائیں۔ اور اس میں ایسے اشخاص بھی شامل کئے جائیں۔ جو اس وقت مغربی بنگال اسمبلی کے ممبر نہیں ہیں۔ جو اس سلسلہ میں مغربی بنگال کی کانگریس پارٹی عہدہ حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی تجاویز سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ کو پیش کرنی چاہئیں۔

کمیٹی مزید یہ سفارش کرتی ہے کہ

(۱) مغربی بنگال صوبہ کانگریس کمیٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کی دوبارہ تشکیل کی جائے۔ اسے صوبہ کانگریس کمیٹی کے مختلف عناصر کی کافی نمائندگی کرنی ہے۔ اس ایگزیکٹو کمیٹی کی ایک چھوٹی ورکنگ کمیٹی بھی ہو۔ جو ان مختلف عناصر کی نمائندگی [illegible] اس صورت میں جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کی دوبارہ تشکیل تسلی بخش نہ ہو تو مغربی بنگال سے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے موجودہ ممبران ایگزیکٹو بنا دی جائے۔ اس صورت میں جو مغربی بنگال میں کانگریس آرگنائزیشن کے حل کرے [illegible] چلتا ہو۔ تو ورکنگ کمیٹی دیگر ایسے اقدامات کرے گی۔ جو وہ پسند کرے۔

(۲) صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات کے لئے امیدواروں کے انتخابات میں آخری ذمہ داری سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ کی ہوگی۔

(۳) صوبہ کانگریس کمیٹی [illegible] ممبر جو ہدایت کی شرائط کو پورا نہیں کرتے۔ ان کی بابت کمیٹی نے ہدایت دی کہ ان کی مکمل طور پر جانچ پڑتال کی جائے۔ اور جنہوں نے شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہیں صوبہ کانگریس کمیٹی سے نکال دیا جائے۔

مدراس

ورکنگ کمیٹی نے مدراس کے متعلق یہ فیصلہ کیا ہے کہ سابق وزیروں کے خلاف شکایات کی تحقیقات کی جائے اس بارے میں پنڈت نہرو، سردار پٹیل اور ڈاکٹر راجندر پرشاد پر مشتمل کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔ یہ کمیٹی ایک یا زیادہ قانونی اور اعلیٰ قابلیت کے اشخاص کو تحقیقات کے لئے مقرر کرے گی لیکن یہ تحقیقات فوری طور پر شروع ہوگی۔ [illegible] حکم دیا گیا ہے۔

اس بارے میں ریزولیوشن میں بتایا گیا۔ ہے کہ مسٹر پرکاشم وغیرہ کے الزامات سابق وزارت کے خلاف ہیں۔ ان میں ایک وزیر رہ چکا ہے وہ اب وزیر نہیں رہا موجودہ وزیراعظم ان الزامات سے بری ہیں۔ مسٹر شنکر راؤ دیو نے جو تحقیقات کی۔ اس کے تحت کچھ الزامات غلط ثابت ہوئے ہیں۔ باقیوں کی تحقیقات ضروری سمجھی گئی ہے۔ عام حالات میں یہ معاملہ پارٹی کے صوبائی لیڈر کو پیش کرنا چاہئے تھا۔ اب چونکہ معاملہ طول اختیار کر گیا ہے۔ اس لئے ورکنگ کمیٹی نے اس پر غور کیا اب پہلے وزیراعظم سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ سرکاری کاغذات اور سرکاری شہادت سے۔ تحقیقات مکمل کرلیں [illegible] ان سے مسٹر پرکاشم کو آگاہ کریں اور پھر ۱۵ اگست تک ورکنگ کمیٹی کو رپورٹ کریں۔ اگر پھر مزید تحقیقات کی ضرورت محسوس ہوئی تو ایک یا زیادہ اصحاب مقرر کئے جائیں گے۔ لیکن کچھ الزامات ایسے ہیں۔ مثلاً میونسپل کمیٹیوں کو معطل کرنا ایسے معاملات پر تحقیقات کرنی مناسب نہیں اور صوبائی نظم و نسق میں مداخلت ہوگی۔ انھیں الزامات کو تحقیقات کی مد سے نکال دیا گیا ہے۔

کشمیر کمیشن کے فوجی مشیر نے ہند اور پاکستان کو کشمیر کے نئے نقشے دیدیئے

سمجھوتہ کی تصدیق کے فوراً بعد عملدرآمد شروع ہو جائیگا

کراچی۔ ۲۹ جولائی۔ ایسوسی ایٹڈ پریس آف انڈیا کے نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ [illegible] ہند اور پاکستان کے نمائندوں نے ریاست جموں و کشمیر میں اپنے اپنے زیر قبضہ علاقوں کی حد بندی کے سمجھوتہ پر دستخط کر دیئے ہیں۔ کشمیر کمیشن کا آئندہ اقدام یہ ہوگا کہ فریقین کو عارضی صلح کے معاہدے کے لئے تیار کرے۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ عارضی صلح کی بات چیت کی بنیاد یہی لائن ہوگی [illegible] میں پہلے فیصلہ ہو چکا ہے۔ عارضی صلح [illegible] رپورٹ کمیشن کے پاس بھیجے گی اور اس کے بعد کمیشن اپنے اجلاس میں آئندہ اقدام کا فیصلہ کرے گا کمیشن اگر چہ سکیورٹی کونسل کو کشمیر کے حالات سے وقتاً فوقتاً آگاہ کرتا رہے گا لیکن باخبر حلقوں کا کہنا ہے۔ اس بات کا کوئی امکان نہیں کہ [illegible] کونسل کے سامنے کشمیر کا مکمل مسئلہ پیش کر کے مزید ہدایات طلب کی جائیں۔

پتہ لگا ہے کہ کشمیر کمیشن عارضی صلح [illegible] ایک اور کوشش کرنے کے بعد سکیورٹی کونسل کے پاس کشمیر کے متعلق اپنی مفصل رپورٹ بھیجے گا۔ جونہی جنگ بندی لائن کے سمجھوتے کی تصدیق دونوں ملکوں کی حکومتوں نے کر دی۔ اس پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا اور ایک [illegible] کے مناسب تبدیلیاں اور اپنی چوکیاں قائم کی جائیں گی۔

کشمیر کمیشن کے فوجی مشیر لیفٹیننٹ جنرل [illegible] نے آج ہند اور پاکستان کے نمائندوں کو ریاست جموں و کشمیر کے الگ الگ نقشے پیش کئے [illegible]

گاڈسے اور آپٹے کی درخواست مسترد

انبالہ ۲۹ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت مشرقی پنجاب نے نتھو رام گاڈسے اور نارائن آپٹے کی اپنے آبائی شہروں میں منتقل کئے جانے کی درخواست مسترد کر دی ہے ہر دو نے یہ درخواست اس غرض سے دی تھی کہ انہیں اپنے رشتہ داروں سے ملنے میں آسانی ہو جائے۔

کرنال کی ایک مسجد

شرنارتھیوں سے لے کر مسلمانوں کو دیدی گئی

کرنال ۲۹ جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ [illegible] محمد یٰسین خاں [illegible] کی درخواست پر ڈپٹی کمشنر کرنال نے ایک مسجد جو [illegible] صاحب کے مکان کے نزدیک ہے اور جس میں شرنارتھی آباد تھے خالی کروالی ہے اور مسجد کی مرمت بھی کروا دی ہے۔

قاسم رضوی کے لندنی وکیل کی سکریٹری

حیدرآباد کے فوجی گورنر سے ملاقات

[illegible] لندن کے بیرسٹر [illegible] قاسم رضوی کی طرف سے [illegible] یہاں آئے ہیں [illegible]

دہلی کی چھ متنازعہ مساجد کے متعلق چیف کمشنر کی رپورٹ

بحالی مساجد کمیٹی کے سامنے پیش کر دی گئی

دہلی ۲۹ جولائی۔ دہلی کے چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد نے جنہیں چند عمارتوں کے متعلق جن کے بارے میں فرقہ وارانہ فسادات کے بعد مختلف فرقوں نے مندروں اور مسجدوں کا دعویٰ کیا تحقیقات کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا آج مسجدوں کی بحالی کی سب کمیٹی کے اجلاس میں اپنی رپورٹ پیش کر دی۔ مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ چھ متنازعہ عمارتوں کے متعلق تحقیقات کرنے کے بعد چیف کمشنر اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ان میں سے چار نہ ہی مندر رہیں اور نہ ہی مسجدیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] تمام کیسوں میں چند ہندوؤں نے فرقہ وارانہ فسادات کی وجہ سے بگڑے ہوئے حالات سے فائدہ اٹھایا اور ہندو دیوتاؤں کی مورتیاں رکھ دیں یا فسادات سے پہلے مسلمانوں نے میونسپلٹی کی زمینوں پر قبضہ کر لیا اور ان پر آہستہ آہستہ عمارتیں تعمیر [illegible]

ترکمان گیٹ رام لیلا گراؤنڈ کے باہر [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے چیف کمشنر نے بتایا کہ یہ صرف ایک قبر تھی جسے فسادات کے دوران میں چند ہندوؤں نے مسمار کر کے اس پر ہنومان جی کی مورتی رکھ دی اس جگہ نہ ہی کوئی مسجد تھی اور نہ ہی کوئی مندر۔ مسجد حاجی علی جان کڑہ بھنگی کے متعلق شری شنکر پرشاد نے بتایا کہ ہندوؤں کا دعویٰ ہے کہ یہاں کبھی مندر ہوا کرتا تھا اور اب دو مورتیاں سجائی گئی ہیں وہ مسجد کے فرش کے نیچے سے ملی تھیں۔ یعنی دوسرے لفظوں میں بالواسطہ مان لیا گیا ہے کہ یہاں مسجد تھی۔ اس لئے ہندوؤں کا دعویٰ غلط ہے۔ یہاں مسجد ہی تھی۔ ریلوے سٹیشن کے مقابل ملکہ گنج مسجد کے بارے میں انہوں نے کہا کہ یہاں کوئی مسجد نہیں تھی اور مندر کی تعمیر ناجائز اور خلاف قانون ہے۔ ماچیورہ روڈ کی مسجد اور تکیہ میلا روڈ کی مسجد جو [illegible] چنگی کے سامنے ہے کے متعلق بھی انہوں نے یہی رائے پیش کی۔

تل ابیب میں کمیونسٹوں کا مظاہرہ "ہمیں روٹی دو" کے نعرے

۵ مظاہرین اور ۵ سپاہی زخمی ہو گئے

تل ابیب ۳۰ جولائی:۔ کل تل ابیب میں ۵ سپاہی اور ۵ مظاہرین زخمی ہو گئے جبکہ کمیونسٹوں کے منظم [illegible] مظاہرین [illegible] کام دو [illegible] ہمیں روٹی دو کے نعرے لگاتے ہوئے نیسٹ میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ پولیس نے انھیں گھیر لیا اور اس تک دو درجن مظاہرین زخمی ہوئے گذشتہ چند دنوں سے ریاست اسرائیل میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔ (گلوب)

اخراج کا حکم واپس

بمبئی۔ ۲۹ جولائی۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت بمبئی نے [illegible] کے علاقہ کے ایک کانگریسی کارکن کے خلاف جو اخراج کا حکم جاری کیا تھا اسے واپس لے لیا۔ (پ ٹ ا)

مشرقی پنجاب کا نیا جج

شملہ۔ ۲۹ جولائی۔ مسٹر جسٹس [illegible] جو مشرقی پنجاب ہائیکورٹ کے نئے جج ہیں۔ کل انہوں نے اپنے عہدہ کا حلف اٹھا لیا۔ (پ ٹ ا)

برمی جرنلسٹ انگلستان جائینگے

رنگون ۲۹ جولائی:۔ یہاں کے برٹش انفارمیشن آفس نے حکومت برطانیہ کی ہدایت کے مطابق دو برمی سرکردہ جرنلسٹوں کو برطانوی پریس کا مطالعہ و معائنہ کرنے کے لئے برطانیہ آنے کی دعوت دی ہے۔ برما میں اخبار نویسوں کی دو تنظیمیں ہیں اور ہر تنظیم کو ایک ایک امیدوار منتخب کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ دونوں جرنلسٹ برطانیہ میں [illegible] قیام کریں گے اور اس دوران میں ہونے والے تمام اخراجات کو برطانیہ برداشت کرے گی۔ اس طرح کی دعوتیں امسال انڈونیشیا اور تھائی لینڈ (سیام) کو دی گئی ہیں برما کو اس قسم کی دعوت تیسری بار مل رہی ہے (گلوب)

بہار کو سیلاب سے محفوظ رکھنے کا منصوبہ

پٹنہ ۲۹ جولائی:۔ شمالی و جنوبی بہار کے اضلاع اور دیہاتوں کو ہر سال آنے والے سیلاب سے بچانے کیلئے صوبے کے محکمہ رفاہ عام نے [illegible] ندی کا منصوبہ ملتوی کر کے ہزاروں میل طویل پشتے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ گذشتہ سال جو زبردست سیلاب آیا تھا اس میں یہ پشتے بہہ گئے تھے۔ (گلوب)

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

روزنامہ الجمعیۃ کا شاندار

"آزادی نمبر"

حسب سابق ۱۳ اگست کو بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے

بہترین سیاسی، تاریخی اور علمی معلومات کا یہ گنجینہ اعلیٰ ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کر لیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق احباب اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر یہ ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے۔

ضخامت:۔ روزنامہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگین قیمت ۴ر

ایجنٹ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں۔

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں۔

روزنامہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا لیکن صرف ہفت روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں۔ چار آنہ کے بجائے دو آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر "آزادی نمبر" حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیے

منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

ریاست اسرائیل مزید شرارتوں کیلئے کمربستہ ہونے لگی

عربوں کے تیزی سے مسلح ہونے کی شکایت

لیک سکسس۔ ۲۹ جولائی۔ اسرائیل نے آج نوٹس دیدیا کہ اگر عرب ممالک اسی طرح سے آپ کو تیزی سے مسلح کرتے رہے تو اسرائیل اس بات کی اجازت نہ دے گا کہ عرب اس پر غالب آجائیں:

اس بات کا پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے مسٹر آبری ایبن اقوام متحدہ میں اسرائیلی نمائندہ نے کہا اسرائیل اور عرب التوائے جنگ کے موجودہ معاہدے کے تحت کچھ عرصہ تک رہیں گے اس لئے مجلس تحفظ کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس بات کا فیصلہ کرے کہ کیا التوائے جنگ کے سمجھوتہ، التوائے جنگ کے اقوام متحدہ کے ریزولیوشن باطل ہو جاتے ہیں۔ کونسل کو اسلحہ پر پابندی کے بارے میں فیصلہ کرنا چاہیئے۔ برطانیہ نے عربوں کو اسلحہ دینے کا فیصلہ کرلیا ہے برطانیہ نے عربوں کو اسلحہ دینے کا فیصلہ کر دیا ہے۔ مجلس تحفظ کا جلسہ آئندہ ہفتہ [illegible] جس میں فلسطین کے قائم مقام ثالث [illegible] عرب اس سے نہیں [illegible] نمائندے نے کہا لوزان کی کانفرنس کی بابت انہوں نے یہ امید ظاہر کی عرب براہ راست گفتگو میں شریک ہو جائیں گے۔ پناہ گزینوں کے بارے میں [illegible] نقطہ نظر ہے کہ مشرق وسطیٰ کی تمام ریاستیں اس کے حل میں تمام پروگرام کے تحت باہم تعاون کریں۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

چین کی نیشنلسٹ حکومت نے کنیٹن بھی خالی کرنیکا عزم کرلیا

برطانوی اور امریکن باشندوں کو شہر سے نکلنے کا حکم

ہانگ کانگ۔ ۲۵ جولائی۔ چین کی فوجی گورنمنٹ نے فیصلہ کر لیا ہے کہ کنیٹن خالی کر دیا جائے۔ حکومت کے دفاتر شہر سے چلے گئے ہیں۔ ہیڈ کوارٹر برطانوی سفیر نے برطانوی باشندوں کو کہا ہے کہ وہ جنوبی چین سے چلے جائیں کیونکہ تجربہ نے بتایا ہے کہ کمیونسٹ علاقہ میں برطانوی سفارت خانہ کے دفاتر کام نہیں کر سکتے۔ امریکن باشندوں کو بھی اسی قسم کا حکم مل گیا ہے۔ کنیٹن سے امریکی اور برطانوی باشندے نکال لئے جائیں گے۔

یہ تنبیہ اس اطلاع کی بنا پر دی گئی کہ کمیونسٹ فوجیں چانگ شا سے [illegible] گئی ہیں۔ چینی حلقوں نے سوچاؤ پر کمیونسٹوں کے قبضہ کی تصدیق کر دی ہے۔ [illegible] صوبہ میں کمیونسٹوں نے [illegible] پر قبضہ کر لیا ہے۔ پتہ چلا ہے کہ حکومت چین نے اپنے محکمہ جات کو ہدایات دے دی ہیں کہ وہ تمام ضروری کاغذات سپیشل کمیٹی کو سونپ دیں جہاں سے انہیں [illegible] لایا جائے گا۔ سرکاری ملازمین کے کنبہ جات بھی روانگی کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ (پ۔ شام)

قلات کا وزیر اعظم مستعفی

کوئٹہ ۲۹ جولائی۔ خان بہادر محمد ظریف خاں وزیر اعظم ریاست قلات اپنے عہدہ سے مستعفی ہو گئے ہیں۔ خان قلات نے آپ کا استعفیٰ منظور کر لیا۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا آئندہ اجلاس

نئی دہلی۔ ۲۹ جولائی۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی کا آئندہ اجلاس اتوار کی شام کو پھر ہوگا جبکہ باقی ایجنڈا پر غور کیا جائے گا جس میں [illegible] اہم امور خصوصیت کی اقتصادی پالیسی اور تنظیمی ضوابط ہیں۔ اس کے علاوہ کانگریس کے چند معمولی تنظیمی معاملات بھی زیر غور آئیں گے۔ (پ۔ شام)

پٹرول کی ٹنکیوں کو آگ سے بچایا جاسکتا ہے

لندن۔ ۲۹ جولائی۔ تیل سے بھری ہوئی ٹنکیوں کو آگ سے محفوظ رکھنے کے لئے ایک خاص قسم کے روغن کا تجربہ کیا جا رہا ہے۔ پہلے تجربے کے دوران میں یہ روغن پٹرول سے بھری ہوئی ایک ٹنکی پر لگا دیا گیا تھا۔ اور ٹنکی کے چاروں طرف آگ لگا دی گئی جس کی گرمی ۳ ہزار ڈگری فارن ہائیٹ تک پہنچ گئی تھی لیکن آدھ گھنٹہ تک ٹنکی نے آگ کو قبول نہیں کیا۔ گرمی کی شدت کی وجہ سے ٹنکی میں کسی جگہ سے سوراخ ہو گئے اور بعد میں پٹرول میں بھی آگ لگ گئی۔ (گلوب)

اسپین کا ایک شہر اڑ گیا

اسلحہ خانے میں دھماکا

میڈرڈ۔ ۲۷ جولائی۔ اسپین کے صوبہ [illegible] میں واقع [illegible] کا فوجی اسلحہ خانہ دھماکے کی نذر ہو گیا جس کے نتیجے کے طور پر شہر کے کم و بیش تمام مکانات کو نقصان پہنچا اور بہت سی عمارتیں تو پوری طرح سے تباہ ہو گئیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ دھماکہ سخت گرمی کی وجہ سے ہوا امدادی کام کے لئے میڈرڈ سے فوج روانہ کی جا رہی ہے (گلوب)

برما پر چاند کی بدعا ہے

کلکتہ ۲۹ جولائی۔ ہندوستان میں مقیم ایک مشہور نجومی اور بدھ ڈاکٹر [illegible] نے حکومت برما اور برما والوں کو نصیحت کی ہے کہ وہ ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء سے ایک نیا سن شروع کر دیں [illegible] ہوگا اور [illegible]

ریلوے پر سی آر سی سسٹم منسوخ

شملہ۔ ۲۹ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ ریل کے ڈبوں کی پوزیشن بہتر ہو جانے سے مشرقی پنجاب ریلوے نے ریلوے پر سی آر سی کا سسٹم منسوخ کر دیا ہے۔ (دہ ب)

چار ہزار امریکی ڈیلیگیٹ دورہ پر

کلکتہ۔ ۳۰ جولائی۔ امریکن نوجوانوں کا ایک گروہ بنکاک سے ہوائی جہاز سے کلکتہ پہنچا ہے اس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس پر چار ہزار امریکی نوجوان دنیا بھر کا دورہ کر رہے ہیں۔ یہ گروہ ابھی ٹوکیو ہانگ کانگ اور بنکاک کا دورہ کر چکے ہیں۔ آج یہ پارٹی دہلی روانہ ہو جائے گی۔ دہلی سے کراچی۔ بغداد۔ قاہرہ ہوتی ہوئی یورپ پہنچے گی۔ یورپ سے ستمبر میں امریکہ واپس ہو جائے گی۔ (دہ ب)

جوتوں میں گھڑیاں

رنگون ۲۹ جولائی:۔ [illegible] نامی ایک چینی جہاز کے کپتان نے [illegible] کو ساحل پر بند کر دیا گیا۔ اور اس کی تلاشی لینے پر اس کے جوتوں میں سے دس گھڑیاں برآمد ہوئیں چینی ملازم اس طریق سے گھڑیوں کو غیر قانونی طور پر یہاں میں درآمد کیا جاتا تھا۔ (گلوب)

نو ایجاد دوا کے تجربہ کی خاطر

لندن، ۲۷ جولائی۔ ملایا میں ایشیائی اور یورپی رضاکاروں نے ایک نو ایجاد دوا کے تجربہ کے سلسلے میں عمداً ایک خطرناک بیماری گلے لگائی تھی جو اس قدر خطرناک ہوتی ہے کہ ۴ مریضوں میں ایک کے لئے تو یقیناً ہلاک ثابت ہوتی ہے۔ اس جانبازی کا قصہ کو [illegible] کی رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے جو کہ حال ہی میں یہاں پر شائع کی گئی ہے۔ امریکی ماہرین نے ایک دوا ایجاد کی تھی جس کے متعلق یقین کیا جاتا تھا کہ وہ ٹائیفائڈ کے لئے موثر ثابت ہوگی۔ چنانچہ تجربے کیلئے رضاکار طلب کئے گئے اور کوئی ۲۵ ایشیائی اور یورپین رضاکار نے اپنے آپ کو پیش کر دیا۔ ان لوگوں کو ایسے علاقے میں جہاں بیماری پھیلی ہوئی تھی دھوپ میں بٹھایا گیا اور رضاکار اس وقت تک تاش کھیلتے رہے کہ وہ بیمار ہو گئے۔

ان سب رضاکاروں کو اس نئی دوا کی مدد سے تندرست کر لیا اور تجربہ کامیاب ثابت ہوا۔ (گلوب)

صنعتوں میں ایٹمی قوت کا استعمال

۱۵ یا بیس سال میں ممکن ہو جائے گا

لندن ۲۹ جولائی۔ لندن یونیورسٹی کے حساب کے پروفیسر مسٹر ایچ ایس ڈبلیو میسی کے بیان کے مطابق ۱۵ اور ۲۰ سال کے درمیان میں صنعتوں میں ایٹمی قوت کا استعمال ممکن ہو جائے گا۔ کینیڈا کی راکٹ سوسائٹی کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ۱۹۷۰ء تک راکٹ کے ذریعہ چاند تک سفر کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے پروفیسر نے کہا کہ بغیر ایٹمی طاقت کے ذریعے چلنے والے راکٹ کے ذریعہ بھی چاند تک سفر کیا جا سکتا ہے لیکن اس سے آگے نہیں جایا جا سکتا البتہ ایٹمی طاقت کی مدد سے متعدد سیاروں کا سفر بھی کیا جا سکے گا۔ (گلوب)

[illegible] انجمن کے صدر مسٹر [illegible] کا بیان ہے کہ برما کا موجودہ [illegible] برما کی موجودہ بے اطمینانی کا واحد ذمہ دار ہے اور جب تک اسے درست نہ کیا جائے گا برما میں امن قائم نہیں ہو سکتا [illegible] چاند کی بدعا [illegible] (گلوب)

دارالسلطنت

قسطوں کے بجائے یکمشت کرایہ لینے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا

علاقہ پل بنگش کے ایک وفد کو چیف کسٹوڈین کی یقین دہانی

چیف کسٹوڈین نے علاقہ پل بنگش کے ایک وفد کو جو جناب حافظ محمد عثمان صاحب صدر جمعیت علماء پل بنگش جناب حکیم خلیل الرحمن صاحب وائس پریزیڈنٹ دہلی پراونشل کانگریس کمیٹی اور جناب حکیم محمد اسمٰعیل صاحب سکریٹری جمعیت علماء پل بنگش پر مشتمل تھا۔ اور جس نے مسٹر جے رام صاحب اسسٹنٹ کسٹوڈین کی معیت میں ان سے ملاقات کی۔ اطمینان دلایا ہے کہ یہ کہنا سراسر غلط اور بے بنیاد ہے کہ ان کے محکمہ نے قسطوں کی بجائے تمام کرایہ یکمشت لینے کا کوئی فیصلہ کیا ہے یا آئندہ اقساط کو منسوخ کرنے کا کوئی ارادہ ہے۔ آپ نے یہ بھی کہا کہ یہ بھی بے بنیاد پروپیگنڈہ ہے کہ مسلمانوں کو ان کے مکانوں سے زبردستی نکال کر ان کا سامان ضبط یا نیلام کیا جائے گا۔ اگر کسٹوڈین کے کسی آدمی نے ایسا کیا ہے تو اس کی خلاف سخت قدم اٹھایا جائے گا اور اس قسم کا غلط پروپیگنڈہ کرنے والا حکومت کی نظروں میں ناقابل معافی مجرم ہے۔

چیف کسٹوڈین نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جائیدادوں کے محافظ اور کرایوں کی وصولیابی کیلئے ایک ذمہ دار ہونے کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے کہ ہم ہر ممکن طریقہ پر پوری کوشش سے کرایہ داروں کے ساتھ کوئی نازیبا اور ناروا سلوک کئے بغیر ان سے کرایہ وصول کریں۔ ایسے کرایہ داروں سے ہماری درخواست ہے کہ ان میں سے جو لوگ یکمشت تمام کرایہ ادا کر سکتے ہیں وہ کرایہ کی تمام رقم پوری کی ایک دفعہ ادا کر کے سبکدوش اور ضابطہ کی قرقیوں سے بچ جائیں۔ البتہ انہیں سے غریب اور نادار جو تمام کرایہ اس طرح ادا نہیں کر سکتے ہم ان کے حالات کا اندازہ کرنے کے بعد قسطوں میں ہر ممکن رعایت اور سہولت دینے کے لئے تیار ہیں۔ اسی طرح وہ لوگ اپنے متعلق پختہ اور صحیح ثبوت دیں گے کہ وہ ۱۰ اپنے مکانات میں فلاں وقت سے آباد ہیں ان سے بھی واجب کرایہ وصول کیا جائے گا۔

نیز بتایا کہ صحیح طور پر اطلاع ہو سکنے اور کرایہ داروں کی بعض مشکلات و تکالیف کے پیش نظر ان کو مزید مہلت دینے کے سلسلہ میں غور اور وزارت سے گفت و شنید ہو رہی ہے۔ اگر وزارت نے تجویز کو منظور کرلیا تو فوراً اس کا اعلان کر دیا جائے گا۔

مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کی اپیل

جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب نے [illegible] یقین دہانی کے پیش نظر مسلمان کرایہ داروں سے [illegible] کے ساتھ ملکی کی کوشش کریں [illegible] اور مکانات حاصل کرنے کے لئے [illegible] ہوشیار رہیں۔

آپ نے کہا "یہاں کے رہتے سہتے مسلمانوں کو پریشان خاطر کرنے کے لئے پاکستان سے عارضی پرمٹوں کے ذریعہ آنے والے اور یہاں کے بعض لیگی ذہنیت رکھنے والے مسلمان روزانہ نئی نئی افواہیں اڑاتے رہتے ہیں جو قطعی بے بنیاد ہوتی ہیں۔ علاقہ کے مسلمانوں کو چاہیئے کہ اس قسم کی افواہوں کے متعلق یقین کرنے سے پہلے دفتر جمعیت علماء پل بنگش میں تشریف لا کر تحقیق فرمالیں۔ اور ایسی افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف بلا کسی لحاظ اور رعایت کے تھانہ صدر بازار میں رپورٹ درج کرا دیں"۔

مسجد دوجانہ میں ترجمہ قرآن مجید

مسجد نواب دوجانہ والی بازار شیا محل میں مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی بعد نماز عشاء ترجمہ قرآن پاک بیان فرماتے ہیں۔ رمضان المبارک کی وجہ سے یہ سلسلہ بند ہو گیا تھا۔ انشاء اللہ تعالیٰ جمعہ ۳۰ جولائی سے وہ سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ سامعین مطلع رہیں۔

[illegible]

انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ دہلی کی اطلاع

انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ دہلی کی ورکنگ کمیٹی کی طرف سے کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جو ابنائے قدیم صوبہ جات میں موجود ہیں وہ اپنی دیہاتی، قصباتی، شہری کمیٹیوں کی تنظیم کریں۔ اور ان کے ذریعہ صوبہ جاتی حکومتوں تک اپنی آواز پہنچائیں اور جامعہ طبیہ کو تسلیم کرانے کے لئے موثر کارروائی کریں اور باہمی کارروائی کی رپورٹیں دفتر مرکزی ابنائے قدیم دہلی کو بھیجتے رہیں۔ اور جس قسم کی مدد کی ضرورت ہو وہ مرکزی دفتر سے طلب کریں (آفس سکریٹری) حکیم محمد اسمٰعیل انجمن بنا۔ محلہ رودگران دہلی

فرانسیسی سفارت خانہ میں چوری

فرانسیسی سفارت خانہ کے [illegible] نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ [illegible] ایک ہزار روپیہ کی مالیت کا ایک [illegible] چرا لیا گیا۔

بچوں کی عید

عید کے دن شام کے ۵ بجے بچوں کی برادری کی طرف سے تعلیمی مرکز جامعہ ملیہ کی [illegible] بستی کے تمام بچوں کی عید پارٹی ہوئی جس میں بستی کے ہر مذہب و ملت کے بچے شریک ہوئے اور عید کو ہنسی خوشی مل جل کر منایا بچوں کی خاطر مدارات سویوں اور سموسوں سے کی گئی آخر میں مسٹر لیش پال جنرل سکریٹری بچوں کی برادری نے تمام بچوں کو عید کی مبارکباد دی اور کہا کہ ہندوستان کے تمام تہواروں کو اسی طرح مل جل کر منانے کی داغ بیل ہماری برادری نے ڈالی ہے

مجھے امید ہے کہ آئندہ سال کی طرح ہندوستان کے رہنے والے اور تہواروں کو بھی اسی طرح مل جل کر خوشی سے منائیں گے۔ اور ہندوستان کے تمام ہندو مسلم تہواروں کو ہم ہندوستانی تہوار بنا کر رہیں گے۔ جلسہ کے بعد تمام بچے ایک دوسرے سے گلے ملے۔

پنڈت نہرو سے ملاقات

جنوبی افریقہ کے لیڈر ڈاکٹر دادو اور مسٹر آئی اے کاچالیہ نے جو جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے نمائندے ہیں کل پنڈت نہرو سے ملاقات کی اور جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے بارے میں بات چیت کی۔ اگلے ہفتہ ڈاکٹر دادو بمبئی روانہ ہو جائیں گے۔ (پ۔ ا۔ ا)

وائی ایم سی اے میں عید کا جشن

جمعہ کو وائی ایم سی اے میں عید کا بین فرقہ جاتی جشن کاروان ہندوستانی کے زیر اہتمام منایا گیا۔ تقریباً [illegible] افراد نے شرکت کی۔ حاضرین میں مختلف ممالک کے سفراء اور ان کا اسٹاف اور حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند اور سردار سنت سنگھ کا نام قابل ذکر ہے۔

ایک چھکڑا پیاز چرانے کی کوشش

اندر پرستھ اسٹیٹ سے ایک چھکڑا پیاز اور کرسی چرانے کی [illegible] جو ایک [illegible] کے ساتھ [illegible] سے سامان لے جاتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔

زبردستی قبضہ کی خبر

قرول باغ کے ایک شخص نے پولیس میں اطلاع دی ہے کہ بچوں کو ہنسانا سکھانے کے ایک مدرس نے اس کی خالی زمین پر قبضہ کر لیا ہے اس نے پولیس سے زمین کا قبضہ دلانے کی درخواست کی ہے۔

جوتے چور کا کارنامہ

چاندنی چوک میں ایک عبادت گاہ کے قریب ایک بجے ایک شخص کے جوتے لے جاتا ہوا گرفتار کیا گیا۔

نقدی اور کپڑے غائب

[illegible] سے اطلاع ملی ہے کہ [illegible] میں داخل ہوئے اور نقدی اور کپڑے لے کر فرار ہو گئے۔

عیدگاہ پر مجلس احرار کا کیمپ

عید الفطر کے موقعہ پر انتظام خلق نے کیمپ لگایا۔ دیگر سرشتی خدمات کے علاوہ گمشدہ بچوں کو ان کے وارثوں تک پہنچایا۔ شیخ [illegible] کانگریس والے کارکنوں نے مستعدی کا ثبوت دیا۔ ان اجلاس رضاکاروں کا ہاتھ بٹایا۔ سحبان الہند، حضرت مولانا حفظ الرحمن، حضرت مولانا نورالدین بہاری، مسٹر بشن سنگھ [illegible] شنکر عیدی اور دوسرے حضرات نے کیمپ کا معائنہ کیا۔ کیمپ کے خاتمہ پر سالار شہر اور سالار اعظم نے رضاکاروں کا معائنہ کیا۔

عازمین بیت اللہ کیلئے نایاب تحفہ

"عطر خاص" برائے غلاف خانہ کعبہ و روضہ اطہر

اسپرٹ۔ الکوہل اور تمام نجس اشیاء کی آمیزش سے پاک و صاف۔ قیمت فی شیشی عہ [illegible] علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ محمد کامل مجیر العلومی فرنگی محل لکھنؤ

[illegible] یکمشت پانچ شیشی کے خریدار کی خدمت میں مناسک و مسائل و ادعیہ حج کی کمل کتاب [illegible] ناصحو الحاج [illegible] الی البلد الامین مفت پیش کی جائے گی۔ [illegible] کی ضرورت [illegible] طلب کیجئے۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی غلہ مارکیٹ

چھلکا چنا ۔۔۔ ۸ چوری چنا ۔۔۔ ۹۰ مونگ ۔۔۔ ۲۲-۶

۲۱-۸ ارد ۔۔۔ ۱۹ سے ۔۔۔ ۲۰ تیل سرسوں ۔۔۔ ۸۸

۔۔۔ ۸۰ تیل مونگ پھلی ۔۔۔ ۶۷-۸ تیل السی ۔۔۔ ۴۰ ۔۔۔ ۵۳

تیل ارنڈی ۔۔۔ ۴۹ بنولا کالا ۔۔۔ ۸ ۔۔۔ ۱۰ بنولہ کھلی

۔۔۔ ۱۵ روپے

کریانہ مارکیٹ دہلی

ہلدی بمبئی ۔۔۔ ۱۵ ہلدی ہردوئی ۔۔۔ ۴۸ ہلدی پھلی

۔۔۔ ۴۸ گوڑ بمبئی بڑا ۔۔۔ ۶۹ گوڑ بمبئی چھوٹا ۔۔۔ ۴۸

گوڑ رگا ۔۔۔ ۶۸ کشمش ۔۔۔ ۴۵ سے ۔۔۔ ۴۰

آب جوش ۔۔۔ ۴۵ سے ۔۔۔ ۶۰ پستہ ۔۔۔ ۲۲۰ بادام

کاغذی ۔۔۔ ۹۰ سے ۔۔۔ ۱۲۵ بادام گول کاغذی ۔۔۔ ۱۰۴

بادام گری ۔۔۔ ۸ ۔۔۔ ۹۵ بادام دیزالی کاغذ ۔۔۔ ۵ الائچی

چھوٹی ۔۔۔ ۱۲ سے ۔۔۔ ۱۸ رنگ ۔۔۔ ۹۲ دارچینی

۔۔۔ ۴۴ الائچی موٹی ۔۔۔ ۹۰ ناریل ۔۔۔ ۲۲ مربع

کالی ۔۔۔ ۳۰ مرچ لال ۔۔۔ ۹۰ سے ۔۔۔ ۱۰۰ سونٹھ

[illegible] ۔۔۔ ۱۱ زیرہ سفید ۔۔۔ ۳۰ سے ۔۔۔ ۸۰

[illegible] ۔۔۔ ۱۰ سے ۔۔۔ ۳۰ دھنیا ۔۔۔ ۱۵ سے

۔۔۔ ۴۰ اجوائن ۔۔۔ ۹۰ سے ۔۔۔ ۳۰ الائچی دانہ ۔۔۔ ۶۵

گوند کتیلا ۔۔۔ ۴۸ کتھ کا سپاری

۔۔۔ ۲۲۵ چائے کالی ۔۔۔ ۸۰ سے ۔۔۔ ۱۷۰ سپاری

۔۔۔ ۸۶ سنگیدہ ناریل ۔۔۔ ۴۶ پھٹکڑی سفید ۔۔۔ ۱۸

[illegible] ۔۔۔ ۸ [illegible] ۔۔۔ ۲۰ سے ۔۔۔ ۲۷

بادام گول کاغذ ۔۔۔ ۵۵ [illegible] ۔۔۔ ۶۱ روپے

بازار صرافہ دہلی

سونا پانسہ ۔۔۔ ۱۱۴ سونا بھٹہ ۔۔۔ ۱۱۲ [illegible]

[illegible] چاندی ۔۔۔ ۱۴۰ سونا [illegible]

چاندی ۔۔۔ ۱۵۵ روپے

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی ۔۔۔ ۱۵۲ [illegible] دانہ [illegible]

[illegible] گڑ ۔۔۔ ۱۵۰۰ [illegible]

[illegible] کھانڈ ۔۔۔ ۳۱ کھانڈسری ۔۔۔ ۲۴

سرسوں ۔۔۔ ۳۱ تارا میرا ۔۔۔ ۱۲۰ تیل ۔۔۔ ۸۷

مونگ پھلی ۔۔۔ ۱۸ بنولہ ۔۔۔ ۱۶ گندم ۔۔۔ ۲۱-۸

چنے ۔۔۔ ۱۵ جو ۔۔۔ ۹ [illegible]

باجرہ ۔۔۔ ۱۴ باجرہ ۔۔۔ ۱۳ [illegible]

مونگ ۔۔۔ ۲۴ ارد ۔۔۔ ۱۸ [illegible]

چھ اشخاص زخمی

کل ایک برآمدہ کے بیٹھ جانے سے جس میں [illegible] چھ اشخاص زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ [illegible] کی ایک فیکٹری میں پیش آیا۔ زخمیوں کو اسپتال پہنچا دیا گیا۔

شرنارتھی بیوائیں ستیہ گرہ کریں گی

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کے شرنارتھی بیواؤں کو بسانے میں ناکام رہنے پر یہاں بیواؤں نے ستیہ گرہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ وہ ۴ اگست سے [illegible] کیمپ میں ستیہ گرہ شروع کریں گی۔

مشترکہ اجتماع

کل ۳۱ جولائی کو شام کے ۵ بجے کاروان ہند ہوٹل امپیریل میں پارلیمنٹری سفیروں کے بورڈ کے زیر اہتمام عید کی خوشی میں ایک مشترکہ اجتماع ہوگا۔ مدعو اصحاب سے درخواست ہے کہ اس اجتماع میں شریک ہو کر ہمارے پروگرام امن اور اتحاد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ہمارا ہاتھ بٹائیں۔

دعوت دینے والے اصحاب ڈاکٹر سیف الدین کچلو، مولانا احمد سعید صاحب، ڈاکٹر لیس رام، گیہر صدر بورڈ۔ دیوان محمود احمد، عمادی سابق وزیر صوبہ سرحد بمبئی (منشی لعل، آفس سکریٹری بورڈ)

سوئس ہوٹل کے قریب دلیرانہ ڈاکہ

گذشتہ شب سوئس ہوٹل کے نزدیک دلیرانہ [illegible]

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف [illegible] سید احمد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے۔ ملک کے مایہ ناز مصنف مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔ اور حضرت امام الہند مولانا آزاد مدظلہ و حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔ مطبوعہ معارف اعظم گڑھ صفحات ۴۱۹ قیمت عہ

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند

نئی چاوڑی کے مقدمہ کا فیصلہ

دہلی کے سیشن جج مسٹر ایس این شولت نے نئی چاوڑی کے گولی چلانے کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے چار ملزمان بالا سوامی، تیو سوامی، راما سوامی اور جی ڈی پلے کو دو اشخاص کو گولی چلا کر ہلاک کرنے کے جرم میں زیر دفعہ ۳۰۲ عمر قید کی سزا دی اس کے علاوہ ملزمان کو دو دیگر اشخاص کو ہلاک کرنے کی کوشش کرنے کے لئے بھی تین تین سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ دونوں سزائیں ایک ساتھ شروع ہوں گی۔ ملزمان مدراس رجمنٹ کے ڈرائیور تھے۔ استغاثہ کی کہانی کے مطابق سال رواں کے ماہ جنوری کی ۵ تاریخ کی رات کو گیارہ بجے کے قریب دو ملزمان نئی چاوڑی میں گئے۔ چونکہ یہ علاقہ ملٹری والوں کے لئے بند ہے اس لئے ایک پولیس کانسٹیبل نے ان دونوں کو پکڑ لیا اور تھانے لے گیا جہاں سے وہ سرزنش کے بعد رہا کر دیئے گئے۔ یہ دونوں جی ٹی کلب آرام گاہ میں واپس چلے گئے اور دو ملزمان کو جو کہ رائفلوں سے مسلح تھے۔ لے کر نئی چاوڑی واپس آگئے۔ یہاں پہ انہوں نے ایک پولیس کانسٹیبل نے اس ہیڈ کانسٹیبل کا پتہ پوچھا۔ ان کو پکڑ کر تھانے لے گیا تھا۔

اس کانسٹیبل کے انکار پر ملزمان نے انہیں ہلاک کرنا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر میں کچھ لوگ جمع ہو گئے اور پولیس کا ایک گشتی دستہ موقعہ پر پہنچ گیا۔ جب پولیس والوں نے کانسٹیبل کو چھڑانا چاہا۔ تو ملزمان نے گولی چلا دی جس سے کیہار سنگھ پولیس کانسٹیبل اور ایک سویلین لچھمن داس ہلاک ہو گیا اور چار دیگر اشخاص زخمی ہو گئے۔ گولی چلانے کے بعد ملزمان واپس بھاگ گئے لیکن پولیس کی ایک پارٹی نے ان کو ریلوے یارڈ سے گرفتار کر لیا۔

اڑیسہ میں دھوتیاں راشن سے خارج

کٹک۔ ۳۰ جولائی۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے۔ کہ حکومت اڑیسہ نے فیصلہ کیا ہے کہ دھوتی اور ساریوں کی کورسی قسموں کو راشن سے باہر کر دیا جائے۔ یہ اقدام ملک کی کپڑے کی صورت حال بہتر ہو جانے کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے (پ ٹ ا)

کپڑا پہننے کی ہڑتال

انبالہ۔ ۳۰ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ انبالہ سنٹرل جیل کے ۴۵ نظر بند کمیونسٹوں نے کپڑے پہننے کی ہڑتال کر دی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ ہڑتالی لنگوٹی کے سوا کوئی کپڑا استعمال نہیں کر رہے یہ اقدام جیل کے حکام کی طرف سے کپڑے کی جیبیں کم ہیلاتی کے سلسلہ میں اٹھایا گیا ہے۔ (پ ٹ ا)

گوردوارہ منیجر کو سزا

امرتسر ۳۰ جولائی۔ ایک طویل مقدمہ کے بعد جو سردار ترلوک سنگھ منیجر بھیرا صاحب گوردوارہ کے خلاف سات ہزار روپیہ نقد اور سونے کے ایک ہزار کے زیورات غبن کرنے کے الزام میں چل رہا تھا مسٹر [illegible] مجسٹریٹ درجہ اول نے سزا کا حکم دیا ہے۔

ڈاکہ کی واردات ہوئی۔ ایک شخص مسٹر سیٹھ پی ہیرا کے جواہرات کو لوٹ کر [illegible] کے قریب وہاں سے گذر رہا تھا اور اندرا روڈ جا رہا تھا اس کی بیوی اس سے دو قدم آگے تھی جب [illegible] ایک شخص عورت کی طرف بھاگا [illegible] کی طرف بھاگا مسٹر سیٹھ نے اس کا تعاقب کیا اور مدد کے لئے آواز دی۔ کشمیری گیٹ سے آتے ہوئے ایک دوسرے شخص کی مدد سے وہ چور پکڑا گیا۔ اور بعد میں حوالہ پولیس کر دیا گیا چور کے قبضہ سے نیکلس اور وہ آلہ برآمد ہو گیا جس سے اس نے نیکلس کی زنجیر کاٹی تھی۔

بیس مظاہرین ضمانت پر رہا

پی۔ ڈبلیو۔ ڈی کے چیف انجینیئر کی کوٹھی پر مظاہرہ کرنے کے سلسلہ میں جو ۲۴ اشخاص گرفتار کئے گئے تھے ان میں سے کل بیس اشخاص کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا باقی چار پھر بند کر دیئے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ حکام پی ڈبلیو ڈی میں سے ۵ ہزار اشخاص کی تخفیف کرنی چاہتے ہیں۔ اب تک تین ہزار اشخاص نکالے جا چکے ہیں۔ چھ سو کو نوٹس مل گیا ہے۔ اور باقی عنقریب الگ کر دیئے جائیں گے۔

زندگی پر شور و غل کا اثر

عمر گھٹ جاتی ہے

لندن۔ ۳۰ جولائی۔ برٹش نیشنل فزیکل لیبارٹری میں روزمرہ کے شور و غل برپا ہونے کے مسئلے پر غور کیا جا رہا ہے اور تجربات کئے جا رہے ہیں۔ متعدد تجربات سے ثابت ہو گیا ہے کہ زمانہ جنگ میں اور روزمرہ کی زندگی میں اس مسئلے پر قابو پانا نہایت ہی ضروری ہے۔ ان میں سے ایک تجربہ چوہوں کی ایک مسلسل نسل پر کیا گیا تھا جس سے پتہ چلا کہ مسلسل شور و غل کی وجہ سے جسمانی نشو و نما میں دس فی صدی تخفیف ہو جاتی ہے۔ اور عمر میں ۲ فی صدی کی تخفیف ہوتی ہے۔

خاص کمروں میں مزید تجربہ کرنے سے پتہ چلا ہے کہ کپڑے سینے یا ٹائپ کرنے کی مشینوں کی آواز سے غفلت میں ۲ فی صد زائد بار پڑتا ہے۔ دروازہ بند کرنے کی آواز سے بھی دماغ پر اثر پڑتا ہے۔

انگلستان کے ردوٹی کے ایک کارخانہ میں [illegible] کو مل کی کھڑکھڑاہٹ سے محفوظ رکھنے کے لئے ان کے کانوں میں (ہلک ارہر کی ڈاٹ) لگا دیئے گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پیداوار میں ۸ فی صدی کا اضافہ ہو گیا۔ (گلوب)

سر سیٹے خاما کی بابت عدالتی تحقیقات

افریقی سردار کی یورپین لڑکی سے شادی کا شاخسانہ

لندن۔ ۳۰ جولائی۔ یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ سر سیٹے خاما [illegible] کی بابت عدالتی طور پر تحقیقات کی جائے [illegible] کے بیچوانا لینڈ کے قبیلے بامن گواتو کا سردار ہے اور حال ہی میں اس نے لندن کی ایک انگلش لڑکی سے شادی کی تھی جب اس قبیلے کے لوگوں [illegible] ان سب نے اپنے سردار کی حمایت کی۔ اس سے ایک انگریز لڑکی سے شادی کرنے پر قبیلے میں تعلقات [illegible] کے بارے میں ریجنٹ اور چالیس دوسرے سردار وہ قبائلیوں نے فیصلے سے [illegible] دولت مشترکہ [illegible] سردار الشر [illegible] کی صدارت کریں گے۔ [illegible] مشترکہ کے محکمہ کی منظوری قبائلیوں کے اس فیصلے پر عملدرآمد ہونے سے قبل ضروری ہے۔ اس کی بیوی اب انگلستان میں ہے۔ سر سیٹے جو آکسفورڈ سے اپنی شادی کے بارے میں تفصیلات پیش کرنے کو طلب کیا گیا تھا آکسفورڈ میں قانون کی تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ اس کا چچا ۱۹۲۶ء سے ریجنٹ کی حیثیت سے کام کر رہا ہے (رائٹر)

سردار نشتر کے استقبال کی تیاریاں

لاہور۔ ۳۰ جولائی۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ جنرل سکریٹری مسٹر محمد یاسین نے لاہور کے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ۲ اگست کو جب مغربی پنجاب کے نامزد گورنر سردار عبدالرب نشتر لاہور آئیں تو ان کا شاندار استقبال کیا جائے۔ صوبائی لیگ کی جانب سے اسٹیشن پر ایک استقبالیہ کمیٹی آپ کا استقبال کرے گی۔

امریکہ نے ۱۰ ارب کا مال فروخت کیا

واشنگٹن ۳۰ جولائی۔ [illegible] امریکہ [illegible] جب اعلان کیا کہ امریکہ نے [illegible] ڈالر کا زائد مال جو [illegible] کے ۶ پر فروخت کر دیا۔ (اے پ)

ظفر اللہ پاکستانی وفد کی قیادت کرینگے

کراچی ۳۰ جولائی۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں پاکستان کے اس وفد کے لیڈر ہوں گے جو پنجاب کی نہروں کے پانی کے جھگڑے کی بابت ہونے والی بین الملکتی کانفرنس میں حصہ لے گا۔

پاکستان کی وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری مسٹر کرگ کونن اور حافظ عبدالمجید چیف سکریٹری حکومت مغربی پنجاب اس وفد کے دیگر اراکین ہیں یہ وفد منگل کو نئی دہلی روانہ ہو جائے گا۔ (پ ٹ ا)

مدراس کے وزیروں کیخلاف تحقیقات

مسٹر کے راجا وزیر اعظم مدراس کا بیان

مدراس ۳۰ جولائی۔ مسٹر کماراسوامی راجا وزیر اعظم مدراس نے کل اخبار نویسوں کو بتایا کہ تین چار دن میں بعض کانگریسی وزراء کے خلاف الزامات کی تحقیقات مکمل ہو جائے گی۔ اس کے بعد وہ مسٹر پرکاشم کو اپنی رپورٹ پر گفت و شنید کے لئے طلب کریں گے۔ اگر کسی وزیر کے خلاف الزامات قائم ہو سکے تو وہ اس کا جواب حاصل کر کے کانگریس ورکنگ کمیٹی کو بھیج دیں گے۔ اگر مسٹر پرکاشم تحقیقات سے مطمئن نہ ہو سکے تو ان کو تحقیقات کرنے کی مکمل آزادی دی جائے گی اور ہر قسم کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے طریق کار سے مسٹر پرکاشم کو مطلع کر دیا ہے اور ان سے زیادہ سے زیادہ تعاون کی اپیل بھی کی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی حیثیت سے مجھے اپنے رفقاء کے خلاف لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کا پورا حق ہے۔ (پ ٹ ا)

ڈاکٹر پرچرے کو عدالت میں پیش کرنیکا حکم

گوالیار ۳۰ جولائی۔ ہائیکورٹ نے اندور سنٹرل جیل کے سپرنٹنڈنٹ کے نام نوٹس جاری کیا ہے کہ ڈاکٹر دتا تریہ پرچرے کو گوالیار ہائی کورٹ میں ۲ اگست کو پیش کیا جائے تاکہ ان کی پیش کردہ ہیبس کارپس درخواست کی سماعت ہو سکے۔ ڈاکٹر پرچرے جو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت نظر بند ہیں حال ہی میں یہاں سے اندور منتقل کر دیئے گئے تھے (پ ٹ ا)

[illegible] کے شہروں میں فاضل سامان کے امریکی دفاتر بند کئے گئے۔ (پ ٹ رائٹر)

اعلان

جامعہ احمدیہ بھوپال میں محدث دوم کی اسامی خالی ہے جس کی مشاہرہ ۴۰-۴-۲۳-۵۰ ہے۔ جن کے لئے درج ذیل شرائط ایسے اشخاص کی مطلوب ہیں جو۔

۱۔ علوم عربیہ کے سند یافتہ ہوں

۲۔ دیگر علوم عربیہ کے علاوہ حدیث وفقہ و اصول میں امتیاز رکھتے ہوں۔

۳۔ [illegible]

۴۔ [illegible] سال تک اعلیٰ درجات کو علوم [illegible]

(۳) [illegible] ہوں

تمام درخواستیں مع نقول اسناد [illegible] کی صورت میں اہل بھوپال کو ترجیح دی جائیگی۔ تمام درخواستیں تاریخ اشاعت سے پندرہ روز کے اندر دفتر سکریٹری تعلیمات گورنمنٹ بھوپال کے ارسال فرمائی جائیں۔ فقط محمد اعزاز اللہ

سکریٹری تعلیمات و لوکل سیلف گورنمنٹ بھوپال

ایک غلط فہمی کا ازالہ

ایجنٹ صاحبان اور خریداران الجمعیۃ مطلع ہوں

بعض نیوز پیپر ایجنٹ اور ایجنٹوں سے الجمعیۃ خریدنے والے حضرات کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ ہفت روزہ الجمعیۃ کا عید نمبر یا روزنامہ الجمعیۃ کا آزادی نمبر (جو ۱۳ اگست کو شائع ہو رہا ہے) ان لوگوں کو مفت دیا جائے گا جو ایجنٹوں سے اخبار خرید کرتے ہیں۔

یاد رکھئے کہ اس طرح کا اعلان صرف جمعیۃ علماء نمبر کے لئے تھا۔ جو جمعیۃ علماء ہند کے گذشتہ اجلاس لکھنؤ کے موقع پر شائع ہو چکا ہے۔

عید نمبر ۸ آنے قیمت دیکر اپنے یہاں کے ایجنٹ سے خریدیں

(منیجر)

ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
فون نمبر: 6841
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم منگل مورخہ ۶ شوال ۱۳۶۸ھ مطابق ۲ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

تل ابیب ۳۱ جولائی کل [illegible] کے ساتھ [illegible] ہوئی بارود کی سرنگوں میں آگ لگ گئی جس سے [illegible] دھماکہ ہوا کوئی نقصان جان نہیں ہوا اور نہ کوئی دوسرا نقصان ہوا (رائٹر)

وزیر خزانہ پاکستان کی برطانیہ کے وزیر خزانہ سے ملاقات
لندن ۳۱ جولائی مسٹر غلام محمد وزیر خزانہ حکومت پاکستان نے کل سہ پہر کو وزیر اعظم مسٹر ایٹلی سے ملاقات کی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ [illegible]

کمیونسٹ فوجیں پندرہ اگست تک کینٹن میں داخل ہو جائینگی

چینی کمیونسٹ لیڈر ماؤزی تنگ کا اعلان
کینٹن کے فوجی مشاہدین کی طرف سے اس قیاس آرائی کی تکذیب

ہانگ کانگ ۳۱ جولائی — چین کی اطلاعات سے میں بتایا گیا ہے کہ کمیونسٹ فوجیں جنوب کی طرف پیش قدمی کرتے ہوئے صوبہ ہونان کے چاول کے کھیتوں سے گذرتی ہوئی کینٹن ہانکو ریلوے لائن کے اہم جنکشن ہنگیانگ سے ۵۰ میل جنوب تک پہنچ گئی ہیں۔ اور یہ خطرہ پیدا ہوگیا ہے کہ وہ اس ریلوے لائن کو قطع کرنے میں کامیاب ہو جائیں گی۔

یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ چینی حکومت کا کمانڈر جنرل پائی چنگ ہسی اس اہم ریلوے جنکشن کی مدافعت کرنا چاہتا ہے یا نہیں۔ جو جنوبی چین کی لڑائی کا بہت اہم مرکز اور جو کینٹن سے ۴۰۰ میل شمال میں واقع ہے اگر اس اہم مرکز پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہوگیا تو چینی حکومت کی دفاعی لائن ٹوٹ جائے گی اور کوانگسی اور کانگسی کے درمیان کے تمام رسل و رسائل منقطع ہو جائیں گے۔

کینٹن کے بہت سے باخبر حلقوں کو یقین ہے کہ جنرل پائی ریلوے جنکشن مذکور کی مدافعت کے بجائے اپنی فوجوں کو مزید جنوب کی طرف ہٹا لائے گا لیکن اگر انہوں نے اس مقام کو خالی کیا تو وہاں کا اہم ریلوے پل تباہ کر دیا جائے گا جس سے کئی مہینے تک ریلوے کی آمد و رفت بند رہے گی

صوبہ کیانگسی کی پہاڑیاں تمام صوبہ میں پھیلی ہوئی ہیں اور زیادہ تر ان کی شکلیں مخروطی ہیں یہاں مدافعت اچھی ہو سکتی ہے۔ خاص طور پر صوبائی دارالسلطنت کے مقام پر دفاع بہت اچھا ہو سکتا ہے۔ کئی لنگ پر کئی ہوائی اڈے ہیں ان ہوائی اڈوں کو دوسری جنگ عظیم میں امریکی فوجوں نے کامیابی کے ساتھ استعمال کیا تھا۔

[illegible]

چین کے قائم مقام صدر جنرل لی [illegible] کینٹن کو روانہ ہو گئے ہیں۔ [illegible]

جنرل میک آرتھر نے اس طرح کے [illegible] جاپانی جہاز کے پکڑے جانے پر چینی مشن سے احتجاج کیا ہے۔ ان میں سے دونوں بھاگ آئے ہیں۔ لیکن [illegible] چینیوں کے ہاتھ میں ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ان جہازوں کو ان علاقوں میں پکڑا گیا جہاں جاپانیوں کو مچھلیاں پکڑنے کا پورا اختیار حاصل ہے۔ [illegible]

دو ہوائی جہازوں کا تصادم
بارہ مسافر ہلاک ہوئے جل گئے

فورٹ ڈکس ۳۱ جولائی۔ یہاں ایک ڈکوٹا اور بحری فوج کے ایک ہوائی جہاز میں تصادم ہونے سے سولہ افراد ہلاک ہو گئے۔ طیاروں کے ٹکرانے اور جل جانے سے تمام مسافر اور طیارہ میں کام کرنے والے ہلاک ہو گئے [illegible] (رائٹر)

بڑودان کے ایک محلہ میں فساد
کئی آدمی اور دو سپاہی [illegible]

[illegible] پولیس نے صورت حالات پر قابو پانے کے لئے گولی چلائی۔ لیکن کوئی مجروح نہیں ہوا۔ [illegible] ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس فوراً موقع پر پہنچ گیا [illegible] زخمیوں کو اسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ (اپ ٹ ا)

ڈچ [illegible] کی قید میں دو ہزار جمہوری سپاہی

بٹاویہ ۳۱ جولائی۔ ایک جمہوری ترجمان نے [illegible]

گورنروں کو وزارت توڑنے کا اختیار نہیں دیا جائے گا
اسمبلی کی کانگریس پارٹی کے ایک اجلاس میں اہم فیصلہ

نئی دہلی ۳۱ جولائی۔ کانگریس اسمبلی پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ انڈین یونین کی اسٹیٹ کے گورنر کو یہ اختیارات نہ دیئے جائیں کہ وہ ہنگامی حالات کے تحت اسٹیٹ کے انتظام کو معطل کر سکے۔

پارٹی نے مسودہ کمیٹی کے چیرمین ڈاکٹر امبیدکر کی اس تجویز کو منظور کر لیا ہے کہ پریذیڈنٹ کو یہ اختیار حاصل ہو کہ وہ ہنگامی حالات کا اعلان کر سکے۔ پارٹی نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ ان حالات کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی جن کے ماتحت [illegible]

[illegible] یہ فیصلہ کرے گی کہ آیا تعطل کو جاری رکھا جائے یا اس کو ختم کر دیا جائے۔

پارٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ دستور میں ایک دفعہ یہ بڑھائی جائے کہ مرکز ریاستوں کو اندرونی گڑبڑ یا بیرونی حملے کی صورت میں امداد کی ضمانت دیتا ہے [illegible]

بٹاویہ میں ڈچ اور انڈونیشی لوگوں کا اتحاد
دونوں ملکوں کے قومی ترانے ساتھ ساتھ بجائے گئے

بٹاویہ ۳۱ جولائی آج جب کہ انڈونیشی اور ڈچ قومی ترانے بجائے گئے تو ڈچ انڈونیشی جمہوری اور وفاق پسند خاموش کھڑے ہو گئے یہ پہلا موقعہ تھا کہ دونوں ترانے ساتھ ساتھ بجائے گئے ہوں۔ حاضرین میں ڈچ تاج کے نمائندے [illegible] بھی تھے۔

معتبر حلقوں کی اطلاع کے مطابق ڈچ اور انڈونیشی نمائندوں کی ایک کانفرنس اقوام متحدہ کی نگرانی میں ہو رہی ہے تاکہ جنگ بندی کے فیصلہ کی توثیق ہو جائے۔ [illegible]

افغانستان کی سرحد پر صرف طیارچی کی غلطی سے حادثہ پیش آیا
مشترکہ کمیشن کی مفصل رپورٹ شائع کر دی گئی

کراچی ۳۱ جولائی۔ سرکاری حلقوں نے افغانستان کی سرکاری نیوز ایجنسی باختر کی اس اطلاع کو جس میں ۱۲ جون کے بمباری کے حادثہ کی تحقیقات کا [illegible] ذکر ہے [illegible] پورے طور پر صحیح نہیں بتایا جا سکتا [illegible]

[illegible] پاکستان کے سرکاری ذریعہ نے کہا اس رپورٹ میں ان باتوں کے علاوہ [illegible]

کمیشن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ایک ہوائی جہاز نے غلطی سے ان افغانوں پر راکٹ چلائے جو اپنے ہی علاقہ میں جمع تھے۔ یہ رپورٹ مشترکہ کمیشن نے موقع واردات کا خود معائنہ کرکے اس ہفتے [illegible]

شروع میں [illegible] اس میں کہا گیا ہے کہ [illegible] سرحد کے سب سے نزدیک مقام سے ۲۱۰۰ گز کے فاصلہ پر واقع ہے۔

افغانستان کے علاوہ یہ پاکستانی طیارہ کی پرواز [illegible]

باقی صفحہ ۶ پر

پاکستان اور روس کے تجارتی وفود کی دوسری میٹنگ
پاکستان روس سے زرعی مشینریں اور ریلیں وغیرہ حاصل کرنا چاہتا ہے

کراچی ۳۱ جولائی [illegible] روسی وفد اور پاکستانی نمائندوں میں تجارتی معاہدہ کے لئے بات چیت شروع ہوئی۔ دونوں وفدوں کا یہ دوسرا جلسہ تھا۔ [illegible]

[illegible] معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی پٹ سن کپاس خام اور پختہ کھالوں کے بارے میں بات چیت ہوئی۔

معلوم ہوا ہے کہ پاکستانی وفد روس سے تجارتی سامان مثلاً زرعی مشینری، ریلیں اور عمارتی لکڑی جس کی پاکستان میں کمی ہے [illegible]

[illegible] پاکستان اور روس کے وفد کی تیسری میٹنگ ہوگی جس میں گفت و شنید کا [illegible] جائے گا۔ (اپ ٹ رائٹر)

امریکہ اپنے مشترکہ دفاع کی اسکیم کو عملی جامہ پہنانے لگا

نائب چیف آف اسٹاف کا دورہ یورپ
چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی سے مغربی ممالک پریشان
روس تمام حالات کا بغور مطالعہ کر رہا ہے

لندن ۳۱ جولائی۔ پریس ٹرسٹ کا نامہ نگار [illegible]

[illegible]

امریکہ کے جوائنٹ چیف آف اسٹاف کے دورہ یورپ کو یہاں اس بات کی علامت سمجھا جا رہا ہے کہ واشنگٹن اس بات کا ارادہ رکھتا ہے کہ مشترکہ دفاع کی اسکیم کو اب بلا کسی تاخیر عملی جامہ پہنا دیا جائے۔ [illegible]

شورش پسند عنصر کی گرفتاری

[illegible]

ہمارے صنعتی ادارے نہ توڑے جائیں
جرمنی کی عورتوں کی ملکہ الزبتھ سے درخواست

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات توجہ فرمائیں
ڈرافٹ یا چک کس کے نام ہو؟

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات اگر امدادی رقم چک کے ذریعہ بھیجیں تو دفتر کے لئے اس میں سہولت رہتی ہے۔ [illegible]

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 1-8-49

ہندوستان کے بڑے بڑے شہر زیر زمین تاروں کے ذریعہ ملا دیئے جائینگے
ہند کے رسل و رسائل کو بہتر بنانے کے لئے سات کروڑ کا منصوبہ

[illegible]

ویٹ نام میں فرانسیسی سپاہیوں کی وحشیانہ حرکتیں
قیدیوں سے راز معلوم کرنے کے لئے بجلی کا استعمال

پیرس ۳۰ جولائی۔ فرانسیسی اخبارات نے فرانسیسی سپاہیوں پر اس قسم کے الزامات لگائے ہیں کہ وہ ویٹ نام کے سپاہیوں کو اذیت پہنچاتے ہیں۔ اور ایک برقی مشین ان سے مختلف امور قبول کرانے کے لئے [illegible] اس پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے اخبارات کے مقالوں پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا۔

ایک اخبار نویس [illegible] لکھا ہے کہ جب [illegible] فرانسیسی سپاہیوں کی چوکی پر گیا تو انہوں نے اس کو [illegible] راز معلوم کرنے کی مشینیں [illegible]

[illegible] اخبارات نے فرانس کے وزیر دفاع سے ان باتوں کا جواب طلب کیا اور لکھا ہے کہ وہ کہتے ہیں ویٹ نامیوں نے اس سے بڑی حرکتیں کی ہیں۔ کیا فرانسیسی نوجوان کی جان اتنی بھی اہمیت نہیں رکھتی کہ اس طرح ایک گھنٹہ تک ویٹ نامیوں سے راز معلوم [illegible] (اپ ٹ رائٹر)

مسٹر مینن ڈبلن پہنچ گئے۔ آج اپنے شناختی کاغذات پیش کریں گے

وزیر خارجہ نے ان کا استقبال کیا

ڈبلن ۳۰ جولائی۔ مسٹر کرشنا مینن [illegible] آئرلینڈ میں ہندوستانی سفیر [illegible] کل شام ڈبلن پہنچ گئے [illegible] شناختی کاغذات پیش کریں گے [illegible] (اپ ٹ رائٹر)

شنگھائی کی ناکہ بندی کو غیر موثر بنانے کی اسکیم
خوراک کی پیداوار کو بڑھانے کے نئے ذرائع

سان فرانسسکو ۳۰ جولائی۔ کمیونسٹ چینی خبر رساں ایجنسی [illegible] شنگھائی کی ناکہ بندی [illegible]

تبت میں ایک بارہ سالہ لڑکا مذہبی پیشوا بنایا جا رہا ہے
رسم افتتاح کے موقعہ پر چینی حکومت کا بیان

کینٹن ۳۰ جولائی۔ منگولیا و تبت کے [illegible] حکومت چین کا جو کمیشن ہے وہ تبت کے سب سے بڑے مذہبی لیڈر کے جشن افتتاح کے لئے روانہ ہو رہا ہے ایک بارہ سالہ نوجوان کو [illegible] پنچن لاما [illegible] قرار دیا گیا ہے اور ان کی رسم افتتاح عمل میں لائی جا رہی ہے۔ یہ تقریب شمالی مغربی چین کے صوبہ چنگھائی میں انجام پذیر ہوگی۔ [illegible]

دستور ساز اسمبلی
(بقیہ صفحہ اول)

کی مخالفت کی۔

[illegible]

پلکھوہ میں راشننگ کا مطالبہ

پلکھوہ ۲۹ جولائی۔ [illegible]

[illegible] (نامہ نگار)

انخلا کنندگان کی جائداد کے متعلق
جدید آرڈیننس جلد نافذ ہونیوالا ہے

[illegible]

ایٹم کی طاقت کے مسئلہ پر امریکہ اور روس میں پھر اختلاف
تمام ممالک ایک طرف روس اور یوکرین ایک طرف

[illegible]

ٹرانکور اور کوچین میں ۴۰ فیصدی خوراک کی کمی

[illegible]

چینی خردوروں نے شنگھائی کے امریکی قونصل خانہ پر قبضہ کر لیا
دروازوں میں قفل ڈال کر اسٹاف کو نظر بند کر دیا

[illegible] (اپ ٹ رائٹر)

موجودہ حکومت سال رواں کے خاتمہ سے قبل ٹوٹ جائے گی
پونہ کے جلسہ میں مسٹر سرت چندر بوس کی تقریر

پونہ ۳۰ جولائی۔ مسٹر سرت چندر بوس نے یہاں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے اس بات کی قوی امید ظاہر کی کہ [illegible]

[illegible]

ایک ہوائی جہاز کے ٹکرانے کا حادثہ
جہاز کا پائلٹ ہلاک ہو گیا

[illegible] (اپ ٹ)

ڈچ طیارہ کی تباہی کی تحقیقات

دہلی ۳۰ جولائی [illegible]

لندن میں ۹۵ ہزار درزیوں کی ہڑتال کا خطرہ ٹل گیا

[illegible]

ضروری تصحیح

[illegible]

معاہدہ کراچی کی خلاف ورزی کا الزام
مسٹر آئینگر اور مسٹر سکسینہ کی تقریروں پر وزیر پاکستان کا تبصرہ

کراچی ۳۰ جولائی۔ پاکستان کے نائب وزیر [illegible]

پنجاب کی املاک

[illegible] (اپ پاکستان)

انگریزی عہد کے مکمل تاریخی ریکارڈ
۱۸ لاکھ فائل محافظ خانہ میں موجود ہیں

دہلی ۳۰ جولائی۔ [illegible] (اپ پ ا)

ایڈمرل نمٹز صفحہ اول سے آگے

انہوں نے کہا کہ اختلافات کو دور کرنے کے لئے بہت ہی اہم قدم ہے۔ اور توقع ہے کہ اس کے بعد عارضی صلح کی سرحد پر بھی گفتگو ہو جائیگا۔

اپنے عملہ کے متعلق ایڈمرل نے کہا [illegible] تیار موجود ہیں۔ اور میں ہر وقت روانہ ہونے کو تیار ہوں۔ عارضی صلح کی سرحد پر اتفاق رائے ہونے کے بعد دو اہم کام رہتے ہیں۔ [illegible] پناہ گزینوں کا مسئلہ اور [illegible] مسئلہ۔

جب ووٹ کا وقت آئیگا تو یہ ضروری ہے کہ ہر ووٹ دینے کی جگہ پر ایک غیر جانبدار شاہد موجود ہو۔ یہ مشاہدین خاص لباس میں ہوں گے اور مکمل ہدایات دی جائیں گی۔

جب ان سے استصواب کے مصارف کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ میں اس سلسلہ میں کچھ نہیں کہہ سکتا بہرحال مناسب اور [illegible] کی کوشش کی جائے گی۔ (اپ ٹ رائٹر)

برطانیہ روس کے خلاف نفرت پھیلانا چاہتا ہے
ماسکو ریڈیو کا حکومت برطانیہ پر الزام

لندن ۳۰ جولائی۔ ماسکو ریڈیو نے برطانیہ پر یہ الزام عائد کیا ہے [illegible]

سڑکوں پر آٹھ آٹھ فٹ پانی

[illegible]

ہندوستان اور پاکستان نے کراچی کانفرنس کے فیصلہ کی تصدیق کردی

اس معاہدہ کے بعد عارضی صلح کیلئے راستہ صاف ہوگیا

ہندوستان کی پوزیشن پہلے کی بہ نسبت زیادہ مضبوط ہوگئی

سری نگر ۔ ۳۱ جولائی ۔ حکومت نے اس تجویز کی تصدیق کردی ہے جو کراچی کے فوجی کانفرنس میں ہندوستان اور پاکستان کے درمیان جموں اور کشمیر میں جنگ بندی کی سرحد کے متعلق ہوا ہے ۔

حکومت ہند نے اس فیصلہ سے تار کے ذریعہ وزارت خارجہ کے جنرل سکریٹری سر گرجا شنکر باجپائی نے کشمیر کمیشن کے چیئرمین کو مطلع کردیا ہے ۔ توقع ہے کہ حکومت ہند کے اس تصدیقی فیصلہ کو جلد ہی شائع کردیا جائیگا ۔

پاکستان نے زبانی طور پر اس کی تصدیق کردی تھی ۔ لیکن اب کراچی کے سرکاری حلقوں کی اطلاع کے مطابق باقاعدہ تصدیق کردی گئی ہے ۔ کشمیر کمیشن کے ایک پورے اجلاس میں یہ فیصلہ ہوا ہے کہ مسٹر اسکاٹ سامبر اور مسٹر ایرک کولیان کو مقرر کیا جائے کہ وہ کراچی اور دہلی جاکر حکومت ہند اور حکومت پاکستان کے نمائندوں سے بعض اہم امور پر مشورہ کریں ۔ تاکہ بقیہ اہم معاملات پر دونوں کے خیالات کا علم ہوسکے ۔

معلوم ہوا ہے کہ چونکہ جنگ بندی کی سرحد پر سمجھوتہ ہوچکا ہے اس لئے اب عارضی صلح کی سرحد کے متعلق گفت و شنید ہوگی ۔ مسٹر سیمبر کل دہلی روانہ ہورہے ہیں ۔ جنگ بندی کی سرحد میں کوئی سیاسی پیچیدگی نہیں ۔ اور اس کو ۱۳ اگست کی قرار داد کے دوسرے حصہ کے ساتھ مخلوط نہیں کیا جاسکتا ۔ اس جنگ بندی کی سرحد کا مقصد یہ ہے کہ حملوں اور ناجائز طور پر داخل ہونے کی روک تھام ہوسکے ۔

جنوری ۱۹۴۹ء میں کوئی جنگ بندی کی سرحد نہیں تھی ۔ اس وقت فوجیں جہاں تھیں وہیں رک گئی تھیں ۔ اور ان کو آگے بڑھنے کی اجازت نہیں دی گئی اس کے بعد ناجائز طور پر داخلہ ہوتا رہا ۔ اور اس کی ضرورت محسوس ہوئی کہ جنگ بندی کی سرحد کا تعین کیا جائے تاکہ کمیشن کو یہ موقع مل سکے کہ وہ جنگ بندی کے خلاف ورزیوں کی تحقیقات کرسکے ۔

مارچ میں دونوں ملکوں کے درمیان ایک کانفرنس ہوئی ۔ اور ۸۰۰ میل لمبے محاذ پر جنگ بندی کی سرحد کا تعین ہوگیا لیکن اس سرحد میں پانچ مقامات غیر متعین رہے ۔ شمال کے برفانی علاقہ اور شمالی سرحد کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا کیونکہ اس علاقہ میں غیر مقبوضہ [illegible]

مارچ کے [illegible] اور اس کو دوبارہ کراچی میں ۱۸ سے ۲۷ جولائی تک کانفرنس ہوئی ۔ جس میں جنگ بندی کی سرحد کا تعین ہوا ۔ یہی وہ لائن ہے جس کی تصدیق ہندوستان نے کی ہے ۔ اور جس کا فیصلہ کراچی کانفرنس میں ہوا ہے اس کانفرنس میں ہندوستان کی طرف سے میجر جنرل [illegible] کمانڈر [illegible] نے اہم کام انجام دیا ۔ کشمیر کمیشن نے فوجی مشیروں کی تجویز کی تھی ہندوستان کا موقف بھی [illegible] اس میں مناسب تبدیلیاں کردی گئیں ۔ اس معاہدہ کے مطابق پاکستان [illegible] مربع میل کے علاقہ سے ایک ماہ کے اندر اپنی فوجیں واپس بلالیگا ۔ اور ہندوستان نا آبادیات میں اپنی فوجیں پانچ میل پیچھے ہٹالے گا ۔ ہندوستانی اور پاکستانی فوجیں ایک دوسرے سے ۵۰۰ میل دور رہیں گی ۔

اطلاعات کی بین الملکی مشاورتی کمیٹی

جلسہ میں شرکت کیلئے پاکستانی وفد کی دہلی

کراچی ۔ ۳۱ جولائی ۔ ڈاکٹر آئی ایچ قریشی پاکستان کے نائب وزیر اطلاعات و براڈکاسٹنگ پاکستان کے اس وفد کی قیادت کریں گے جو نئی دہلی میں یکم و دو اگست کو ہونے والی اطلاعات کی بین الملکی مشاورتی کمیٹی کے جلسہ میں شرکت کرے گا ۔ یہ وفد آج صبح کراچی سے بذریعہ طیارہ روانہ ہوگیا مسٹر محمد صابر ڈپٹی سکریٹری اطلاعات و نشریات مسٹر [illegible] اور مسٹر نذیر احمد بھی اس وفد میں شامل ہوں گے پاکستانی اخبارات کی طرف سے مسٹر حمید نظامی ایڈیٹر نوائے وقت اور مسٹر سید حیدر پاکستان اسٹینڈرڈ ویکلی سے تعلق رکھتے ہیں بھی اس وفد میں شامل ہوں گے ۔ (رائٹر)

بھوپال کے چیف کمشنر کا حکم

بھوپال ۔ ۳۱ جولائی ۔ (ا ۔ م) چیف کمشنر بھوپال نے سرکاری ملازمین کو چھ ماہ میں ہندی سیکھنے کا حکم دیا ہے اس مقصد کے لئے مقامی اسکولوں میں سرکاری ملازمین کے لئے ہندی سیکھنے کا انتظام کردیا گیا ہے ۔

ناگپور ۔ جولائی ۔ [illegible] سنگھ کے گرو مسٹر گولوالکر نے [illegible] ایک اجتماع میں کہا کہ انہوں نے حکومت کو کسی قسم کی یقین دہانی نہیں کرائی ہے ۔ آپ نے اس سلسلہ میں حکومت ہند کے ۱۲ جولائی کے کمیونک کا ذکر کیا اور کہا کہ سنگھ پر سے پابندی اٹھانے کے سلسلہ میں حکومت نے خواہ کچھ بھی اعلان کیوں نہ کیا ہو لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے زبانی یا تحریری حکومت سے ایسا کوئی وعدہ نہیں کیا ہے جو سنگھ جیسی جماعت کے شایان شان نہ ہو ۔ (اے پی آئی)

مسٹر سرت چندر بوس اتحاد بنگال کی تحریک شروع کرینگے

مسٹر سہروردی اور فضل الحق ان کا ساتھ دینگے ۔ بمبئی کے اخبار کا انکشاف

بمبئی ۳۱ جولائی ۔ ۔ ’’ راج ‘‘ درشتان رقم طراز ہے کہ بنگال ایک بار پھر ہندوستان کی سیاست کا اکھاڑہ بن جائے گا ۔ موجودہ حالات کے پیش نظر بنگال میں امن قائم ہونے کی امید ~~بہت کم [illegible]~~ ہندوستان میں آمد سے پنڈت نہرو کا کام اور بھی زیادہ مشکل ہوگیا ۔ مسٹر سرت چندر بوس ترقی پسند طاقتوں کو مجتمع کرنے کے کام میں عنقریب مصروف ہوجائیں گے وہ سوشلسٹ پارٹی کی تائید و حمایت کا خیال کئے بغیر کانگریس کی دیگر مخالف جماعتوں کو ساتھ ملا کر ایک کانگریس دشمن محاذ قائم کردیں گے ۔ کہا جاتا ہے کہ مسٹر سرت چندر بوس کے ذہن میں ایک اور اسکیم بھی ہے ۔ اس بنگالی لیڈر کے قریبی حلقوں کا خیال ہے کہ مشرقی اور مغربی بنگال کو متحد کرنے کا جنون ان کے دماغ سے ابھی تک دور نہیں ہوا ہے کہا جاتا ہے کہ وہ دونوں منقسم بنگالوں کو متحد کرنے کی تحریک کا ایک عرصہ کے بعد آغاز کریں گے اور ان کی اس تحریک کی بنگال کے سابق وزیر اعظم مسٹر حسن سہروردی اور مسٹر فضل الحق پشت پناہی کریں گے ۔ مشرقی بنگال کے یہ دونوں لیڈر متحدہ بنگال کی تحریک کے لئے زمین ہموار کررہے ہیں ۔ دونوں بنگالوں کی اقتصادی ، معاشی اور سیاسی حالت خراب ہوچکی ہے ۔ اس لئے ان لیڈروں کو ایک نیا نعرہ لگانے کا موقع مل گیا ہے ۔

بنگال کی تحریک مسٹر بوس کے کلکتہ پہنچنے کے کچھ عرصہ بعد شروع کردی جائے گی ۔

اغواشدہ عورتوں اور بچوں کی بازیابی کا مسئلہ

حکومت ہند نے آرڈی ننس کی مدت میں توسیع کردی

نئی دہلی ۳۰ جولائی ۔ اغوا شدہ اشخاص کی واپسی کے متعلق جو آرڈی ننس تھا وہ کل چھ ماہ کی مدت کے بعد کل ختم ہورہا ہے لیکن حکومت ہند نے انسانی احساسات کے تحت اس کی مدت میں توسیع کو منظور کرلیا ہے ۔

سرکاری اعداد شمار کے مطابق ، ۷ جون تک ۱۲۵۱ مسلمان عورتیں برآمد کی گئیں اور پاکستان میں ۴۰۰ ہندو اور سکھ عورتیں برآمد ہوئیں ۔

اعداد شمار بتاتے ہیں کہ اگرچہ بازیابی کا کام تو بہت عرصہ قبل شروع ہوچکا تھا لیکن اس میں تیزی ۳۱ جنوری سے ہوئی جب بازیابی کا آرڈی ننس نافذ ہوا ۔ فروری میں یہ تعداد ۱۰۵ تھی لیکن مئی میں ۲۹۰ ہوگئی مئی میں اس قسم کا ایک اور آرڈی ننس جاری ہوا اور اگرچہ نتائج کو اہم نہیں بتایا جارہا ہے لیکن اس کے یہ معنی تو نہیں کہ دونوں ملکوں کے درمیان اغوا شدہ اشخاص کی بازیابی کے متعلق جو معاہدہ ہے اس کو ختم کردیا جائے ۔

وہ رضاکار جو پاکستان سے آئی ہوئی ہندو اور سکھ عورتوں کے استقبال اور ان کے اعزا کو سپرد کرنے کا کام کرتے ہیں وہ ان اطلاعات کی سختی سے تردید کرتے ہیں کہ ان عورتوں کے ساتھ کوئی ناروا سلوک روا رکھا جاتا ہے ۔

وزارت خارجہ کی طرف سے اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل پریس نوٹ جاری ہوا ہے ۔

’’ اغوا شدہ اشخاص کی بازیابی کا آرڈی ننس جو ۳۱ جولائی کو ختم ہورہا ہے حکومت ہند نے اس کی مدت میں پھر توسیع کردی ہے ۔ یہ ارادہ ہے کہ دستور ساز اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں اس مفہوم کا ایک بل پیش کیا جائے ۔

۱۹۴۷ء کے فسادات کے بعد اغوا شدہ عورتوں اور بچوں کی بازیابی دونوں ملکوں کے درمیان نومبر ۱۹۴۷ء میں معاہدہ کے مطابق ہے جس کی تصدیق دونوں حکومتیں کرچکی ہیں ۔ اس معاہدہ کے مطابق ان عورتوں اور بچوں کی بازیابی کا کام اس ملک کی ذمہ داری ہے جس کے علاقہ میں یہ عورتیں اور بچے موجود ہوں ۔ سمجھوتہ کے مطابق سماجی رضاکار پولیس کی امداد سے ان کی بازیابی کا کام انجام دے رہے ہیں ۔ ان بچوں اور عورتوں کو کیمپوں میں رکھا جاتا ہے تاوقتیکہ انہیں اس ملک میں نہ منتقل کرایا جائے جس میں ان کے اعزا وغیرہ رہتے ہیں ۔ چونکہ بازیابی کے کام میں مزاحمت کرنے والوں کو عدالت میں پیش کرنے کی ضرورت ہے اس لئے اس معاملہ کو قانونی صورت دینے کی ضرورت محسوس کی گئی ۔

جب جنوری میں یہ آرڈی ننس نافذ کیا گیا تھا تو اس کی نوعیت محض تجربہ کی تھی اور یہ نہیں معلوم تھا کہ کب تک یہ کام جاری رہے گا ۔ اس کے نفاذ کے بعد اغوا شدہ عورتوں اور بچوں کی ایک کافی تعداد بازیاب کی گئی ۔ اور اس لئے اس کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ اس کو باقی رکھا جائے اسلئے حکومت اس کو از سر نو نافذ کرتی ہے اور مجلس قانون ساز کے اجلاس میں اس مفہوم کا ایک بل پیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ۔

آزاد کشمیر فوج کا امریکی کمانڈر

اب صرف پولیس سارجنٹ ہے

فرانک فرٹ ۳۱ جولائی ۔ ۲۰ سالہ امریکن بریگیڈیر جس نے کشمیر میں قبائلیوں کی فوجی قیادت کی اب فرانکفرٹ میں فوجی ہیڈ کوارٹر میں ایک پولیس سارجنٹ ہے ۔ اس کا نام سارجنٹ اسل ہیٹ ہے ۔ گذشتہ جنگ میں کناڈا اور امریکہ کی فوجوں میں فوجی خدمات انجام دے چکا ہے ۔ آزاد کشمیر فوج میں بطور بریگیڈیر خدمات انجام دینے کے سلسلہ میں بین الاقوامی شہرت حاصل کرچکا ہے ۔ (رائٹر)

جاپان میں تیل کا چشمہ

ٹوکیو ۳۰ جولائی ۔ اتحادیوں کی کمانڈ کے تیل کے ماہروں نے اندازہ لگایا ہے کہ اس سال شمالی جاپان میں تیل کے جس چشمہ کا انکشاف ہوا تھا وہ آئندہ پانچ سال میں تیل کے چھ [illegible] کرے گا ۔ [illegible] اس چشمے میں شاید ساٹھ لاکھ پیپے تیل ہے ۔ (رائٹر)

مشرقی بنگال کے انگریز گورنر کے استعفے کی افواہ

مشرقی بنگال کی غذائی حالت

راشن کی مقدار میں اضافہ

ڈھاکہ ۳۱ جولائی ۔ حکومت مشرقی پاکستان نے راشن کی مقدار میں کافی اضافہ کردیا ہے ۔ یکم اگست سے اس حکم کا نفاذ عمل میں آجائے گا ۔

اس سے یہاں کے عوام میں مسرت و اطمینان کی لہر دوڑ گئی ہے ۔

سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ غذائی مقدار بہتر ہوگئی ہے ۔ اس لئے راشن کی مقدار میں اضافہ کیا گیا ہے اور اس کے بعد بھی مزید اضافہ کی کوشش کی جائے گی ۔ غذائی محکمہ حکومت پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ مشرقی پاکستان میں اس سال گیہوں ، آٹا ، اور میدہ وغیرہ تقریباً سوا لاکھ ٹن خرچ ہوئے ہیں ۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ ایک کروڑ پندرہ لاکھ من گیہوں اور اس کی تقریباً سہ ماہہ مشرقی پاکستان میں باہر سے آنے رہنے کا انتظام کرلیا گیا ہے ۔

کراچی کے اخبارات کی قیاس آرائیاں

کراچی ۔ مدینہ ۔ ڈاک ۔ مقامی پریس میں یہ امر بصد قرضہ شائع ہوئی ہے کہ مشرقی بنگال کے گورنر سر فریڈرک بورن [illegible] والے ہیں ۔ ان کی گورنری کی یہ آخری سال ہے ۔ ایک اخبار نے تو یہاں تک خبر شائع کی ہے کہ مشرقی بنگال کے گورنر نے استعفیٰ دیدیا ہے اور اس کا استعفیٰ بھی منظور کرلیا گیا ہے ۔ البتہ جب تک نئے گورنر کا انتخاب ہوجائے اس وقت تک کے لئے ان سے کام کرنے کی درخواست کی گئی ہے سربورن نے یہ درخواست منظور کرلی ہے ۔ سرکاری حلقوں نے اس خبر کی تصدیق نہیں کی ہے پھر بھی وہ ان حلقوں کا خیال ہے کہ سربورن کے جانشین کے تقرر کا سوال مرکزی حکومت کے زیر غور ہے ۔ پاکستان کے مرکزی وزیروں کو مرکز کی جگہ پر منتقل کرنے کا [illegible] سربورن کی جگہ کسی پاکستانی کو گورنر بنانے کا امکان ہے کہ حلقوں کی تیاری ہے [illegible] کہ گورنر ان کی جگہ گورنر بنائے جانے والے ہیں ۔

سیالدہ اسٹیشن پر زبردست جھگڑا

جھگڑے نے صوبائی تعصب کی صورت اختیار کرلی

کلکتہ ۳۱ جولائی ۔ سیالدہ اسٹیشن کلکتہ اور اس کے قریب [illegible] شدید فساد میں ایک شخص ہلاک ہوا اور [illegible] زخمی ہوئے [illegible] سے زیادہ تر قسم [illegible] بہاری اور اڑیسہ کے [illegible] اس سلسلہ میں ۱۵ افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے ۔

شام کے ۵ بجے خاص اسٹیشن پر ایک قلی اور مسافر کے درمیان مزدوری کے ادا کرنے پر جھگڑا شروع ہوا [illegible] دونوں کے درمیان سخت گفتگو ہوئی [illegible] تک نوبت پہنچ گئی [illegible] بنگالی مسافر تھے ۔ دونوں جانب سے [illegible] لاٹھیاں ، اینٹیں وغیرہ آزادانہ طور پر استعمال ہوئیں ۔ [illegible] پولیس موقع پر پہنچ گئی [illegible] اسٹیشن کے قریب جو بہار اور یوپی کے آدمیوں کی دکانیں تھیں ان پر حملہ کیا [illegible]

حیدرآباد جیل میں کمیونسٹوں کی گڑبڑ

سکندرآباد ۳۰ جولائی ۔ اطلاع ہے کہ [illegible] بدھ کے روز حیدرآباد سنٹرل جیل میں گڑبڑ ہوئی جبکہ کمیونسٹ نظر بندوں نے جیل کے محافظ عملہ پر حملہ کردیا ۔ پولیس فوراً موقع پر پہنچ گئی جس نے آکر حالات پر قابو پالیا ۔ اس واقعہ کے بعد کمیونسٹ نظر بندوں نے بھوک ہڑتال شروع کردی ۔ [illegible]

بیان کیا جاتا ہے کہ ریاست حیدرآباد کے انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات حیدرآباد سنٹرل جیل کا معائنہ کرنے گئے تھے کہ کمیونسٹ نظر بندوں نے نعرے لگائے اور عام قیدیوں کو جیل کے قواعد کی خلاف ورزی کرنے پر اکسایا ۔ [illegible] کمیونسٹ نظر بندوں کو دوسرے جیلوں میں منتقل کرنے [illegible] بالکل الگ کردیا ہے اور ان کو نظر بندیوں پر سخت پہرے اور تعینات کردیئے گئے ہیں ۔ (پی ٹی آئی)

فرانسیسی بستیوں کی ایک خود مختار ریاست بنادی جائیگی

حکومت کی طرف سے پیش کش

نئی دہلی ۳۰ جولائی ۔ فرانسیسی ہند کے ڈیلیگیشن کے لیڈر ایم ایڈورڈ گوبرٹ نے پریس ٹرسٹ آف انڈیا کے نمائندہ کو ایک ملاقات کے دوران میں بتایا کہ سرکار نے فرانسیسی بستیوں کو ایک خود مختار ریاست بنانے کی پیش کش کی ہے ۔

ملاقات کی تفصیل بتاتے ہوئے انہوں نے فرانسیسی سفیر سے بات چیت کی [illegible] رکھتے ہوئے کہا کہ فرانسیسی بستیوں کے بارے میں ایک آئینی مشکل ضرور ہے ۔ کیونکہ ہند کے آئین کے مطابق تقریباً ۱۷ لاکھ کی آبادی کا ایک نمائندہ پارلیمنٹ میں لیا جاسکتا ہے ۔ چاروں فرانسیسی بستیوں کی کل آبادی محض تین لاکھ ہے ۔ ہند سرکار اس بات پر خاص طور پر غور کرے گی ۔

مسٹر گوبرٹ نے بتایا کہ فرانسیسی ہند ڈیلیگیشن ۸ اگست کو پانڈیچری واپس لوٹ جائیگا ۔ (پی ٹی آئی)

برطانیہ اور امریکہ نے پھر تقسیم کشمیر کی حمایت شروع کردی

پاکستان کو اینگلو امریکن گروپ میں رکھنے کے لئے ناطرانہ چالیں

بمبئی ۳۰ جولائی ۔ لندن کی ایک اطلاع کے مطابق کشمیر کے بارے میں برطانوی دفتر خارجہ کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی ۔ [illegible] ہندوستان اور پاکستان کے برطانوی ہائی کمشنروں نے بھی [illegible] فرانکس نے بھی جو امریکہ میں برطانوی سفیر ہیں اس کانفرنس میں شرکت کی ۔ [illegible] اس کانفرنس کا مقصد [illegible] انہیں اینگلو امریکن [illegible] کی آشیرباد حاصل [illegible]

[illegible] میں کشمیر [illegible] تقسیم کشمیر کی تجویز [illegible] ہندوستان [illegible]

اسے قوم تیری سہرے کشمیر کی تقسیم
کہتے ہیں جسے بنا شہادت گاہ کشمیر کے فرزند
منظور نہیں ہے ہمیں کشمیر کی تقسیم

انگریزی جہاز واپس بیڑہ میں !

لندن ۳۰ جولائی ۔ برطانیہ کی بحریہ کی طرف سے اعلان ہوا ہے کہ جنگی جہاز [illegible] جو کمیونسٹوں کی گولہ باری سے [illegible] بحری بیڑہ میں واپس آگیا ہے ۔ [illegible] کمیونسٹ [illegible] گولہ باری [illegible]

یوپی میں نو آبادیوں کی تجاویز

برسات کے بعد مستری اسکیم شروع ہوجائیگی

لکھنؤ ۳۰ جولائی ۔ برسات ختم ہونے کے فوراً بعد حکومت یوپی نو آبادی کی ایک بہت بڑی اسکیم شروع کرے گی ۔ یہ سائنسی کاشت پورا ملک کی سب سے بڑی اسکیم ہوگی ۔ ترائی اور گنگا کھادر کے علاوہ ہے ۔ اس کے بعد تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار ایکڑ زمین جنگل اور دلدل سے زیر کاشت آجائے گی ۔ حکومت کے زیر غور ہے ۔

> **اسلام الدین کہاں ہے ؟**
>
> میرا لڑکا اسلام الدین ولد حشمت اللہ عمر بارہ سال موضع نرہاڑہ ضلع میرٹھ عمر ۱۲ سال رنگ گندمی ۔ ۔ ۔ رمضان المبارک کو گھر سے ناراض ہوکر آج تک نہیں پہنچا اگر کسی صاحب کو اس کا پتہ معلوم ہو تو فی سبیل اللہ مجھے اطلاع دیں یا میرے پاس پہنچا دیں ۔ سفر کے معاوضہ کے علاوہ انعام ادا کروں گا ۔ محمد شاہد ۔ حشمت اللہ

هندی سکھلانے والی لاجواب اور سستی کتاب

معلم ہندی

اس کتاب کے ذریعہ ہر اردو جاننے والا صرف ہفتہ [illegible] [illegible] معلم ہندی کی تصنیف [illegible]

ملنے کا پتہ ۔ [illegible] جامع مسجد دہلی

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

۱۵ ۔ فیض بازار ۔ دریا گنج دہلی

بورک ٹیفل امریکہ سے تازہ مال ابھی ابھی آیا ہے ۔ علاوہ ازیں کتب و سامان ڈاکٹری وغیرہ کے لئے ۔ ۔ ۔ فہرست مفت منگائیں

زیر نگرانی ڈاکٹر بی ایل نرولہ آف لاہور

یاد رکھیے !

طبی آملہ ہیئر آئل رجسٹرڈ

مقوی دماغ ہے ۔ [illegible] دماغ کی کمزوری ، خشکی اور [illegible] کو دور کرتا ہے ۔ [illegible] قیمت فی بوتل [illegible]

تیار کردہ ۔ عبدالغنی محمد اسمٰعیل تاجر عطر موجد طبی آملہ ہیئر آئل رجسٹرڈ پھاٹک حبش خاں دہلی

کلیمی انجن نین سدھار گھرچہاپ

جملہ امراض چشم

[illegible] نزلہ سرخی ، رتوندی ، پانی آنا ، ناخونہ ، عادت چشمہ وغیرہ [illegible]

محمد حسین مقبول حسین کمپنی انجن نین سدھار گھرچہاپ ۔ محلہ شاہ آباد ہانسی بریلی

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲ اگست ۱۹۴۹ء

حکومت کو کیا کرنا چاہئے ؟

اگر ترقی اور خوشحالی سے مراد فرائض کا احساس دلوں کا اطمینان ، انسانی ہمدردی اور راستی کی زندگی ہے تو ماننا پڑے گا کہ صنعتی عہد سے پہلے کا زمانہ بہت ترقی یافتہ اور طمانیت بخش تھا اور اس کے مقابلہ میں موجودہ زمانہ جو ٹیلیفون ، ریڈیو ، ہوائی جہاز اور ایٹم کا زمانہ ہے ایک جہنم ہے ! انسان مشینوں کو اونچے بانچے جبکہ دلوں کا سکون ، اضطراب سے بدل چکا ہو اور انسانوں کے سینے ہمدردی اور رحمدلی سے خالی ہوچکے ہوں ۔ پہلے زمانہ کے لوگ زندگی کو بار نہیں سمجھتے تھے بلکہ ہر سانس میں انہیں ایک طرح کا لطف اور نشاط محسوس ہوتا تھا ، گھروں کے اندر فارغ البالی اور گھروں سے باہر سکون ، اور اطمینان کے چشمے بہتے تھے ، مگر آج صنعتی ترقیوں کے باوجود سانس رک رک کر چلتا ہے ، دلوں کو دھڑکن لگی ہوئی ہے ، دماغ پریشان ہے ، روح بے چین ہے اور زندگی کا مزہ خاک میں مل رہا ہے !

آج دنیا جن مشکلات سے گذر رہی ہے وہ خود ہماری ہی پیدا کردہ ہیں ، ان مشکلات نے ان کو اس قدر خود غرض اور خواہشات کا بندہ بنادیا ہے کہ ہمارے سینوں میں ہمدردی ، رحم اور ایثار کی کوئی رمق باقی نہیں رہی ! عوام میں ہر شخص ایک دوسرے کو کاٹنے اور نقصان پہنچانے کے درپے ہے ۔ حکام میں خود غرضی ، ناانصافی ، غرور ، اقتدار پسندی اور فرض ناشناسی کے پھوڑے پک رہے ہیں ، حکومتوں کو بنیاد مسابقت ، قوم پرستی ، دوسری قوم پر ظلم اور منافقت پر قائم ہے ، زندگی کا کوئی شعبہ اور جماعتوں کا کوئی ادارہ فساد اور ظلم سے خالی نہیں ہے اور جدید تہذیب اور نئی تعلیم نے انسان کو بھیڑیا بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے ، اگر بیٹا بگڑ جاتا ہے تو ماں باپ کے مشورے سے کام کرتے ہیں ، شاگرد خراب ہوجاتے تو استاد کی تربیت اور استاد بے ادب آتے ہیں ، عوام میں گڑبڑی پھیلتی ہے تو حکومت کو اپنا فرض ادا کرنا پڑتا ہے مگر یہ زمانہ ایسا آگیا ہے کہ یہاں آوے کا آوا ہی خراب ہے اور عوام میں سب ہی بگڑے ہوئے ہیں ، اب اصلاح ہو تو کیونکر ہو اور انسان ، انسان بنے تو کیونکر بنے ؟

یہ جو ہم نادم ہوکر یوں پوچھتے ہیں کہ حکومت کو کیا کرنا چاہئے [illegible] انہیں بدل کر دعا بہتر ہے کہ حالات سے سادہ اور صحت مند اور ترقی کی [illegible] سرکاری حکام اپنا فرض کس طرح ادا کرتے ہیں ، ان واقعات پر روشنی ڈالی جائے ۔ [illegible] اصلاح حال کی اس سے بہتر کوئی [illegible] بادشاہ ہمدرد اور رعایا پرور تھے [illegible] کہ حکام خود ساتھ [illegible] خود بھی تحقیقات کریں اور چھپ کر حکام کو سرزنش کریں ، اسلام میں اس کے بہترین نظیر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی پوری زندگی ہے اسی زندگی کو دیکھیں ۔ [illegible]

[illegible] دودھ چھوٹنے کا انتظار نہ کیا جائے بلکہ پیدا ہوتے ہی بچہ کا وظیفہ مقرر کردیا جائے !

اسی طرح آپ ایک رات کسی جھونپڑی پر پہونچے دیکھا کہ ایک عورت اور اس کے بچے چولھے کے گرد بیٹھے ہیں اور ہنڈیا میں کچھ پک رہا ہے ، بچے رو رہے ہیں اور ماں انہیں تسلی دے رہی ہے ۔ یہ دیکھ کر آپ نے پوچھا کہ بچے کیوں رو رہے ہیں ! عورت بولی آج ہمارے ہاں کھانے کو کچھ نہیں ہے ۔ ہنڈیا میں پانی ڈالکر بچوں کو بہلا رہی ہوں کہ کھانا پک رہا ہے تاکہ بچے انتظار ہی انتظار میں سو جائیں اور رات آسانی سے بیت جائے ۔ یہ سنکر وہ امیر المومنین جس نے قیصر و کسریٰ کے جبروت کی صفیں الٹ ڈالی تھیں ، رو پڑا اور واپس ہوکر بیت المال سے کھانے پینے کی چیزیں اپنے کندھے پر رکھیں اور عورت کے جھونپڑے میں پہونچ کر فرمایا کہ کھانا ابھی پکاؤ اور بچوں کو کھلاؤ ! جب کھانا پک گیا اور بچوں نے شکم سیر ہوکر کھا لیا آپ جھونپڑے سے باہر آئے ! اس واقعہ پر آپ کے آنسو نکل آئے اور دعا کی کہ اے خدا ! اس ظلم کی وجہ سے میری گرفت نہ کیجو ، مجھے خبر نہ تھی کہ تیرے بندوں میں کچھ لوگ نان جویں تک کے محتاج ہیں ! آپ کسی وقت دن کو اور اکثر راتوں کو چھپ چھپ کر حکام اور ملازموں کے فرائض کا جائزہ لیا کرتے اور یہ دیکھتے کہ ان کے انصاف اور دیانت کا کیا حال ہے اور جس حاکم کے متعلق لوگوں کو شکایت ہے اس کی حقیقت کیا ہے ؟

مگر آج ؟ دنیا میں ہر قسم کا ظلم ہورہا ہے ، عوام کا برا حال ہے ، رشوتوں کی گرم بازاری ہے ، فرقہ وارانہ تعصب نے لوگوں کی زندگی تلخ کررکھی ہے لیکن حکومتوں کو اپنے حکام پر پورا اعتماد ہے ، یہ [illegible] ٹھیک سمجھی جاتی ہیں ، [illegible] قانون کی خلاف ورزی [illegible] پولیس ہی کی حمایت کرتی ہے اور ان [illegible]

مغلوں نے ہندوستان کو کیا دیا

سید سخی حسن نقوی

مغلوں نے کپڑے کی صنعت کو بڑی ترقی دی ۔ ہندوستان کے لوگ سادہ واقع ہوئے تھے اور سادہ زندگی بسر کرتے تھے ۔ سادہ غذا کھاتے تھے ، اور سادہ کپڑے پہنتے تھے ۔ لیکن مغلوں نے کھانے پینے کی چیزوں اور کپڑے کی صنعت میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کردی ملک میں جابجا کپڑے بننے کے کارخانے کھل گئے ۔ چین اور ایران سے بڑے بڑے کاریگر بلوائے گئے ، جہاں کارخانوں میں کام کرتے اور نہایت عمدہ اور قیمتی کپڑے تیار کرتے تھے اکبر کے زمانے میں صرف لاہور میں ہزار سے زیادہ کارخانے جاری ہوگئے تھے ۔ نئی نئی وضع کے کپڑے تیار ہونے لگے ریشمی اور سوتی تانیں اور دریاں ، مخمل ، جلی ، اطلس وغیرہ ۔ وضع وضع کے نندوزی کے کام ، کشیدہ کاری وغیرہ کا رواج عام ہوگیا ، اور زرعی ملک صنعت و حرفت کے راستے پر چل نکلا ۔

جب حسن آتا ہے تو آسائش کے تمام سامان بھی اپنے ساتھ لاتا ہے ، مغلوں نے آرام و آسائش کے سازو سامان میں چار چاند لگادیئے اور ایک ایک چیز میں نئی صنعت کی ہزاروں شاخیں پیدا کردیں ہندوستان [illegible] بہت سی چیزیں ایسی تھیں جن کی حقیقت سے یہ لوگ واقف نہ تھے مغلوں نے انہیں [illegible] اپنا کر آمد بنایا ۔ شورہ ہندوستان کی خاص پیداوار ہے ۔ لیکن کسی کو سیکڑوں برس تک خیال نہ آیا کہ شورے سے پانی ٹھنڈا کیا جاسکتا ہے ۔ شورہ سے پانی ٹھنڈا کرنے کا طریقہ اکبر کے زمانے میں معلوم کیا گیا خس کی ٹٹی خاص اکبر کے عہد کی ایجاد ہے ۔ [illegible] قمیص ، سلوکا اور کرتہ مغلوں نے ہی رائج کیا جنہیں آج آج ہندو مسلمان سب استعمال کرتے ہیں زنانہ لباس اور زیورں میں نور جہاں نے جدتیں پیدا کیں ۔ مغلوں سے پہلے ہندوستان میں زیور نہایت بھدے تھے ۔ نور جہاں نے ان میں حسن اور نزاکت پیدا کردی ۔ چاندنی کا فرش اور گلاب کا عطر نور جہاں کی ایجادوں میں خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔ [illegible]

دادا اور دادی کا حق [illegible] ایسی چیز نہیں جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ دادا ہمارے اصلی دادا تو تھے نہیں اور نہ ہی ہمارے رشتے کے دادا تھے ۔ [illegible] انہوں نے کو دوں میں کھلایا تھا ۔ اس لئے ہم سب انہیں دادا کہتے تھے ۔ ان کی عزت کرتے تھے اور ایک حد تک ان سے ڈرتے تھے اس لئے دادا کے ساتھ کسی قسم کی شرارت کا سوال تو پیدا ہی نہیں تھا [illegible]

[illegible]

ہندوستان میں بہت سی قومیں باہر سے آئیں لیکن ہندوستان کو جتنا مغلوں نے مالا مال کیا ، اتنا کسی اور نے نہیں کیا ۔ مغلوں کے آنے سے پہلے ہندوستان کی حالت تھی اس کی تصویر بابر نے خود اپنے لفظوں میں اس طرح کھینچی ہے وہ لکھتا ہے ۔

ہندوستان میں اچھے گھوڑے نہیں ، اچھے کتے نہیں [illegible]

[illegible]

مغلوں سے پہلے ہندوستان میں عمدہ جانور ہوتے تھے ، باغ تو خیر ہندوستان کا خاص جانور ہے ۔ لیکن [illegible]

[illegible]

ھدیۂ تہنیت

— (از ۔ جناب عبدالخالق صاحب قمر متعلم دار العلوم دیوبند) —

[بخدمت زعیم وطن مجاہد ملت حضرت الحاج مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ممبر اے آئی سی سی وایم ایل اے یوپی و ممبر کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی دامت برکاتہم]

اے مدبر لے مفکر اے مشیر لاجواب
اے مصنف لے مقرر لے دبیر کامیاب
تیرا ہر اقدام مستحسن تیرا ہر عزم خوب
ٹھوس ہر اک بات تیرا پایۂ انداز خطاب
واہ واہ مرد مجاہد آفریں شہباز دین
حوصلے تیرے اٹل تیری سیاست کامیاب
لے لیا ہمت نے تیری قدر دانوں سے خراج
دور رس نظروں سے تیری ماند ہے چشم عقاب
جذبۂ ملی سے دل بھرپور رہتا ہے تیرا
خدمت انسانیت رہتی ہے تیری ہمرکاب
شہسوار عرصۂ انشاء شہنشاہ قلم
درِ شہسوار سیاست حامل فصل خطاب
فخر الوریٰ شاہ وجہ نازش دارالعلوم
پیکر حلم و شجاعت عالم والانصاب
دشمنان ملک و ملت کیلئے خنجر ہے تو
دیدۂ اغیار کو کرتی ہے خیرہ تیری آب
مل گیا آخر صلہ خدمت کا تجھکو مل گیا
تیری انتھک کوششوں کا آگیا آخر جواب
دے دیا سب نے تری سہرِ دلعزیزی کا ثبوت
بے مقابل ہی عمل میں آئے دونوں انتخاب
تیری اک جنبش سے حل ہوجائیں مشکل سوال
قابل تحسین ہے اہل وطن کا انتخاب
دیکھنا امت بھول جانا بینواؤں کو کہیں
تیری اک کروٹ میں پوشیدہ ہیں صد ہا انقلاب

زندہ باد اے مرد غازی قمر پائندہ باد
در جہاں باشی ہمیشہ چوں قمر آب و تاب

مسلمانوں کا مستقل جمعیۃ علماء ہند کے ساتھ وابستہ ہے

فرزندان توحید کا فرض ہے کہ اس ادارے کو مضبوط اور مقبول بنائیں

(بہار کے رہنماؤں کی اپیل)

پٹنہ ۔ ندیمۂ ڈاک ۔ پٹنہ جمعیۃ علماء ضلع کی جانب سے ایک کانفرنس منعقد ہورہی ہے ۔ اس کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے صوبہ بہار کے سر کردہ مسلم رہنماؤں نے حسب ذیل اپیل جاری کی ہے ۔

جمعیۃ علماء ہند کا ماضی شاندار ہے ۔ اس کی خدمات اور قربانیاں ہیں ۔ حال کے ہندوستان میں مسلمانوں کی بہترین توقعات وابستہ ہیں ۔ مسلمانوں کا مستقبل جمعیۃ علماء کے مستقبل کے ساتھ وابستہ ہے ۔ فرزندان توحید کا فرض ہے کہ وہ اس ادارہ کو مضبوط اور مقبول بنائیں ۔

جمعیۃ علماء ہند کی شاخ ضلع پٹنہ کی کانفرنس ہورہی ہے مشاہیر کا نفرنس میں شریک ہوں گے ۔ اس خطاب کی روشنی میں ضلع جمعیۃ [illegible] کامیاب بنانے کیلئے تحریری [illegible]

اور منظور کرے گی ۔ جمعیۃ علماء ہند کا بنیادی کام کیا ہے ؟ مسلمانوں میں دینی تعلیم کو عام کردینا ۔ ابھی تک علماء دینی تعلیم کا پرچار کرتے رہے ہیں ۔ جمعیۃ علماء اس جدوجہد کو تیز تر کرے گی ۔ مسلمانوں کی دینی تعلیم کو مکمل کرے گی ۔ مذہبی حضرات مسلمانوں کی سب سے بڑی ضرورت ہے ۔ آیئے جمعیۃ علماء ۔ ۔ ۔ ایک مذہبی ادارے کی ضلع کانفرنس کو کامیاب بنائیں ۔

پٹنہ صوبہ کا پایۂ تخت ہے ۔ اس ضلع کی جدوجہد کا اثر سارے صوبہ پر پڑے گا ۔ ہماری جدوجہد سیاست سے خوش نہیں [illegible] اور کانفرنس کو پٹنہ کے شایان شان منعقد ہونا چاہئے ۔ ہم ارکان مجلس استقبالیہ دعا ضلعی اس اہم ذمہ داری میں عام مسلمانوں کا تعاون چاہتے ہیں ۔ ہمیں امید ہے کہ پٹنہ کے مسلمان اس امتحان میں کامیاب ثابت ہوں گے ۔ اس اپیل پر حضرات کے دستخط ہیں جن کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں ۔

حضرت مولانا شاہ محمد نور الحسن صاحب ، حضرت مولانا سید [illegible] صاحب ، حضرت مولانا شاہ [illegible] صاحب ، حضرت مولانا حکیم [illegible] صاحب ، حضرت مولانا شاہ [illegible] صاحب ، احمد جمیل صاحب ندوی ، حضرت مولانا شاہ عز الدین صاحب ، [illegible] احمد حسین صاحب ، ڈاکٹر سید محمود صاحب شاہ محمد عمیر صاحب ، خلیل صاحب بیرسٹر ، عبدالقدوس صاحب وکیل ، مولوی محمد شفیع صاحب وکیل ، ڈاکٹر سید عبد الحفیظ فردوسی ، مسٹر رضا الرحمٰن صاحب الضاری ، مولانا محمد حسین صاحب خطیب ، مولانا عبد الغنی صاحب ، مولانا احمد رام صاحب ، حاجی اختر حسین صاحب بیرسٹر ، مولوی محمد اسمٰعیل صاحب ، مسٹر جمیل صاحب ، مولوی ذوالفقار [illegible] ، مولوی محمد اسمٰعیل صاحب عرف منگلی میاں ، تاج الدین صاحب ، مولوی فضل الرحمٰن صاحب ، مولوی محمد عثمانی ، حضرت مولانا سید ریاست علی ندوی ۔

طاقت اور قانون

اکمل جارحہ گر سیلک [illegible] کے سید ذاکر حسین [illegible] نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ [illegible] کرنا کافی نہیں ہے اور اس سے بہتر ہے [illegible] قانون کا مطالبہ لیڈروں نے کیا ہے کہ اس قانون میں [illegible] [illegible]

[illegible]

بل کو نظروں سے ہم نہیں غالب
تماشائے اہل کرم دیکھتے ہیں

نسلی امتیاز کے دلدادہ

فلم تک پر پابندی لگادی

کیپ ٹاؤن ۔ ۳۰ جولائی ۔ جنوبی افریقہ کی حکومت نے ایک امریکی فلم پر پابندی عائد کردی ہے کہ اس کو کوئی سینما ہاؤس میں دکھائے ۔ [illegible]

بین الاقوامی بنک سے ڈالر قرض لینے کے مسئلہ

بینک کے پرانے کارکن سے گفتگو

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ ہندوستان کے بعض بڑے دریاؤں پر بند وغیرہ کے منصوبوں کے سلسلہ میں آج وزارت کار معادن کے افسران اور مسٹر اسپانس رورڈ کے درمیان جو بین الاقوامی بنک کے پرانے کارکن ہیں بات چیت ہوئی۔ مسٹر اسپانس وڈ امریکہ سے بذریعہ طیارہ پرسوں ہی دہلی پہنچے تھے۔ تین اگست تک وہ یہاں مقیم رہیں گے اس کے بعد کلکتہ روانہ ہو جائیں گے۔ نئی دہلی میں مسٹر اسپانس وڈ نیز محکمۂ سکریٹری وزارت کار معادن اور دیگر افسران سے بات چیت کر چکے ہیں۔ وہ مشرقی پنجاب کی حکومت کے نمائندوں سے بھی بات چیت کریں گے۔ کلکتہ میں وہ دامودر ویلی کارپوریشن کے چیئرمین وغیرہ سے ملاقات کریں گے۔ (اپ ٹ)

ہندوستانی دندان سازان کو اعزاز

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ چار ہندوستانی دندان سازان جو انگلستان کے دندان سازی کے شاہی کالج کی اعزازی رکنیت پیش کی گئی ہے یہ دندان سازوں میں سب سے بڑا اعزاز ہے۔ ان ڈاکٹروں میں کلکتہ کے ڈاکٹر رفیع احمد، بمبئی کے مسٹر ڈی لیسائی، دہلی کے ڈاکٹر بیری اور بمبئی کے ڈاکٹر میولی اتحادی کرشال ہیں۔ (یو پی ٹ رائٹر)

مشرقی پنجاب میں ہیضہ

شملہ ۳۰ جولائی۔ جون میں مشرقی پنجاب میں ہیضہ سے ۹۴ اموات ہوئیں۔ گڑگانوہ میں ہیضہ کے ۱۴۳ کیس درج کیے گئے جن میں سے ۹۰ ہیضہ سے مرے۔ گڑگانوہ کے علاوہ کرنال، رہتک، ہوشیارپور میں بھی ہیضہ سے اموات ہوئیں اور انبالہ میں بھی ہیضہ سے ایک شخص ہلاک ہوا۔

پاکستان بلا پرمٹ بناسپتی گھی بھیجا جاسکتا ہے

وزارت خوراک کا اہم پریس نوٹ

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ مقررہ مدت کے لئے پاکستان کو بلا پرمٹ بناسپتی گھی بھیجنے کی اجازت ہوگئی ہے۔ اس بارہ میں وزارت غذا کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کو بناسپتی گھی بھیجنے کی کوئی آخری تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے لیکن جب پاکستان کا بناسپتی گھی کا کوٹا پورا ہونے کے قریب ہوگا تو اعلان کردیا جائے گا اس قسم کے لائسنس کی میعاد زیادہ دو ہفتہ کم تر ہوگی۔ جو لوگ گھی برآمد کرنا چاہیں ان کو جلدی کرنی چاہیئے اور زیادہ انتظار نہ کرنا چاہیئے کیونکہ وقت ختم ہو جائے۔ مشرقی اور مغربی پاکستان کو اجازت بناسپتی گھی بھیجنے کا وقت ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگی۔

وزیر اعظم تبت نہیں جائیں گے

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ سرکاری حلقوں سے اس اطلاع کی تردید کی جا رہی ہے کہ پنڈت نہرو تبت جائیں گے۔

مارشل پبول کو اعتماد کا ووٹ

بنکاک ۳۰ جولائی۔ تھائی لینڈ کے ایوان زیریں کل ۸۰ کے مقابلہ میں ... ووٹوں سے وزیر اعظم پبول کی حکومت کے حق میں اعتماد کا ووٹ دیدیا۔ اس سے قبل انتظام حکومت پر سخت ترین مباحثہ ہوا۔

[illegible]

ہندی اور پنجابی کے حامی اردو میں اظہار خیال کرتے ہیں

مشرقی پنجاب کی زبان کے مسئلہ پر مسٹر پرتھوی سنگھ کی تقریر

انبالہ ۳۱ جولائی۔ مشرقی پنجاب کے وزیر حکومت مسٹر پرتھوی سنگھ آزاد نے آج یہاں انبالہ میں کہا زبان کے مسئلہ کا فیصلہ زبان دان ہی کر سکتے ہیں۔ نہ کہ سیاسی مدبر۔ انھوں نے سیلف ریلائنس اسکول کے افتتاح کے موقعہ پر کہا۔ جو ہندی کے پرچار کے لئے قائم کیا گیا ہے انھوں نے کہا سرکاری ذرائع سے کسی زبان کو باقی نہیں رکھ سکتے ہیں۔ اور نہ اس کو ترقی دے سکتے ہیں۔ یہ نہیں کہا جاسکتا کہ مشرقی پنجاب کی سرکاری زبان کیا ہوگی۔ لیکن پنجابی کو ہندی رسم الخط میں لکھا جاسکتا ہے۔

انھوں نے کہا رسم الخط کا جھگڑا بیکار ہے۔ لاکھوں مسلمان پنجابی اور اردو رسم الخط میں لکھتے ہیں ایسی اس بات پر تعجب ہوا کہ ہندی اور اردو کے حامی فارسی آمیز اردو میں اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں۔ انھوں نے ہندوؤں سے کہا گورمکھی کی مخالفت نہ کریں۔ اور سکھوں سے اپیل کی کہ پنجابی کو گورمکھی رسم الخط تک محدود نہ رکھیں۔ انھوں نے اپیل بھی کی کہ ہندی رسم الخط میں پنجابی کو لکھنے کا انتظام کیا جائے۔ (اپ ٹ رائٹر)

اغوا شدگان کو برآمد کرنیکا آرڈیننس پھر نافذ کردیا گیا

عنقریب اسمبلی میں باقاعدہ بل بھی منظور کیا جائے گا

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ اغوا شدگان کی بازیافت کا آرڈیننس جس کی میعاد ۳۱ جولائی کو ختم ہو رہی ہے حکومت ہند نے دوبارہ نافذ کر دیا ہے۔ ارادہ ہے کہ اس سلسلہ میں دستور ساز اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں ایک باقاعدہ بل پیش کیا جائے۔ اغوا شدگان کی بازیافت کا موجودہ طریق کار جنھیں اگست ۱۹۴۷ء کے فسادات کے بعد ہندوستان میں اغوا کیا گیا تھا ہندوستان اور پاکستان کے سوشل کارکنوں کے سمجھوتہ کا نتیجہ ہے جس کو دونوں حکومتوں نے نومبر ۱۹۴۸ء میں منظور کر لیا تھا اس سمجھوتہ کے تحت اغوا شدگان کی تلاش اس حکومت کا فرض ہے جس کے علاقہ میں وہ رہتے ہیں اغوا شدگان کی بازیافت پولیس اور سوشل کارکنوں کے تعاون سے عمل میں آتی ہے۔ بازیافتگان اس مملکت میں پہنچائے جاتے ہیں جہاں ان کے رشتہ دار مقیم ہیں کیمپوں میں رکھے جاتے ہیں اغوا کنندگان نے کیونکہ اغوا شدگان کی بازیافتگی کو روکنے کے لئے عدالت سے امداد لینی شروع کی اس لئے اس سلسلہ میں ایک خصوصی قانون نافذ کرنا پڑا۔ جنوری میں جب یہ آرڈیننس نافذ کیا گیا تو یہ قدم بطور تجربہ تھا۔ کیونکہ یہ معلوم نہ تھا کہ اس کام میں کتنی مدت تک جاری رکھا جائے گا۔ اس آرڈیننس کے اجراء کے بعد بہت کافی اغوا شدگان کی بازیابی عمل میں آتی ہے۔ اس لئے اس آرڈیننس کا دوبارہ اجراء ضروری ہے۔ یہ بل منظور ہونے تک یہ آرڈیننس نافذ رہے گا۔

حکومت ہند بعض لوگوں کے ان خیالات سے باخبر ہے کہ کیونکہ پاکستان میں اغوا شدگان کی برآمد کا کام بہت کم ہوا ہے اس لئے یہ کام ہندوستان میں بھی موقوف کر دیا جائے۔ لیکن یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کام میں تنہا تعاون کو اہمیت نہ دی جائے۔ اور اس کام کو جاری رکھا جائے۔ ۲۷ جون تک پاکستان میں کل ۵۴۳۶ اغوا شدگان برآمد ہوئے اور ہندوستان میں ۱۲۱۳۱ کی تعداد بیان کی جاتی ہے۔

فاضلکا کے نزدیک ڈاکوؤں کا حملہ

ایک ڈاکو ہلاک چار گرفتار کرلئے گئے

فیروزپور ۳۱ جولائی۔ فاضلکا سے ۱۰ میل کے فاصلہ پر ہندوستان اور پاکستان کی سرحد پر واقع گاؤں جولاہا سے چار مسلح ڈاکوؤں کی گرفتاری کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

واقعات یوں بیان کئے جاتے ہیں کہ خطرناک ہتھیاروں سے مسلح ڈاکو ایک بڑی تعداد کی رات کو اس گاؤں میں گھس گئے [illegible]

دو ڈاکوؤں کو مال سمیت گرفتار کرنے میں کامیاب ہوگیا پانچواں ڈاکو فائرنگ میں ہلاک ہوگیا۔

دو اشخاص کو ہلاک کردیا

گوہاٹی ۳۰ جولائی۔ یہاں سے ۲۰ میل دور ننکی مرکل کے ایک گاؤں میں ایک آوارہ ہاتھی نے دو اشخاص کو ہلاک کردیا۔

بتایا گیا ہے کہ رات کے وقت جب ہاتھی نے حملہ کیا تو گھر کے دوسرے آدمی بچ گئے۔ صوبوں کے مختلف حصوں میں ہاتھیوں کے حملوں کی اطلاعات ملی ہیں۔

درشتہار الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنائیے

مغلوں نے ہندوستان کو کیا دیا

(بقیہ صفحہ ...)

اس کے تختے جلوہ کر دیئے جاتے تھے اور ضرورت کے وقت انھیں جوڑ کر پھر توپ بنا جاتی تھی۔ اکبری دربار میں ایک حکیم نے ایک حوض بنایا تھا جس کے اندر ایک چبوترا سا بنا ہوا تھا۔ کوئیں ہر طرف سے روشنی آتی تھی لیکن ہوا کا رخ اس طرح قائم کیا گیا تھا کہ پانی کے اندر نہیں جا سکتا تھا۔ یہ کرہ اتنا بڑا تھا کہ اس میں دس بارہ آدمی بیٹھ سکتے تھے۔ ہر وقت فرش بچھا رہتا تھا۔ اور کہا نا بھی تیار ملتا تھا۔ ایک اور حکیم نے تانبے کی ایک گھڑی ایجاد کی جو پانی اور ہوا کے زور سے نہیں بلکہ خود بخود چلتی تھی۔

عمارتوں کا تو ذکر ہی کیا۔ آگرہ کا تاج محل دہلی کا جامع مسجد فتحپوری۔ سیکری کی عمارتیں مغلوں کی شان و شوکت کی داستان اپنی زبان سے سنا رہی ہیں۔ مغلوں سے پہلے بھی ہندوستان میں بڑی شاندار عمارتیں بنتی تھیں۔ لیکن یہاں کے مکانات عام طور سے ایسے ہوتے تھے جن میں ہوا اور روشنی کا مشکل سے گذر ہو سکتا تھا۔ اونچے اونچے دروازے شاندار نشین لمبے چوڑے دالان۔ اور کھلے ہوئے روشن اور ہوادار مکان مغلوں کی بدولت ملک میں رائج ہوئے۔ عمارتوں کی طرح مغلوں کو موسیقی مصوری۔ علم و ادب سے بھی دلچسپی تھی۔ ملک کے بہترین گویے بہترین مصور۔ بڑے بڑے شاعر مغل دربار میں جمع ہوتے تھے اور اپنی استادی کے کرشمے دکھاتے۔ عام لوگوں کے آرام و آسائش کے لئے رفاہ عام کے مغلوں نے بڑے بڑے کام کئے۔ سرائیں کنوئیں۔ پل تیار کرائے۔ [illegible] آسانیاں یوں ظاہر ہے کہ آمد و رفت کے وسیلوں میں کتنی ترقی ہوئی تھی۔ چنانچہ ان آسانیوں اور امن و امان کا نتیجہ تھا کہ ایران، بغداد اور شام کی چیزیں ہندوستان کے بازاروں میں کثرت سے ملتی تھیں۔

فارغ البالی کا یہ حال تھا کہ امیر تو امیر مزدور بھی مغلوں کے زمانے میں چین و آرام کی زندگی گذارتے تھے۔ بڑے اچھے کاریگر بڑھئی کو دن بھر کی مزدوری تین آنے ملتی تھی۔ آپ کہیں گے اور کتنا چاہتے ہیں کہ بیچارہ فاقے ہی کرتا ہوگا۔ مگر آپ کو یہ سنکر تعجب ہوگا کہ وہ ہمارے آج کل کے مزدور سے لاکھ درجہ اچھی زندگی گذارتا تھا۔ بات دراصل یہ تھی کہ مغلوں کے زمانے میں چیزیں اتنی سستی تھیں کہ معمولی مزدور بھی بہت آسانی سے اپنا پیٹ پال سکتا تھا۔ خیال کیجئے گیہوں اس وقت پیسے کے سوا سیر ملتا تھا اور گھی پیسہ کا ڈھائی چھٹانک۔ اب آپ ہی سوچئے کہ تین آنے پیسے پانیوالے بڑھئی دو پیسے کا آٹا لاتا ہوگا اور پیسہ میں گھی۔ نون تیل لکڑی وغیرہ گویا تین پیسے میں بہترین ہنڈیا تیار ہوگئی۔ اور پھر بھی سوا دو آنے پیسے بچ رہتے ہوں گے کیا پیارا زمانہ تھا۔ اسی لئے مغلیہ عہد کو درمیانی دور کے ہندوستان کا سنہری زمانہ کہتے ہیں۔

(نئی روشنی دہلی)

حیدرآباد سنٹرل جیل میں ہنگامہ

سکندرآباد ۳۰ جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ پرسوں حیدرآباد سنٹرل جیل میں ہنگامہ برپا ہوگیا۔ جب کہ کمیونسٹ قیدیوں نے وارڈنوں اور دوسرے اسٹاف پر حملہ کردیا پولیس کو فوراً طلب کرلیا گیا۔ جس نے صورت حال پر قابو پا لیا۔ کمیونسٹ قیدیوں کی نگرانی کی جا رہی ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس ہنگامہ کے بعد کمیونسٹ قیدیوں نے بھوک ہڑتال شروع کردی۔

۳۶ ہزار روپیہ کا ناجائز گانجہ

ضلع بنارس میں برآمد

بنارس ۳۰ جولائی۔ ۱۰ جون کو ختم ہونے والے گذشتہ آٹھ ماہ کے دوران میں مقامی ایکسائز اسٹاف نے ضلع بنارس میں ۳۶ ہزار روپیہ کی مالیت کا ساڑھے چار من ناجائز گانجہ برآمد کیا۔ اور دس سیر ناجائز افیون برآمد کی۔

معلوم ہوا ہے کہ یہاں سے افیون اور دیگر منشیات دور دراز علاقوں کو برآمد کی جاتی ہیں۔ پچھلے سال کی نسبت اس سال افیون کی برآمدگی کافی کمی ہوگئی ہے۔

[illegible]

دو ضلع دیوریا میں جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

مولانا مشتاق احمد صاحب غازی پوری کارکن جمعیۃ علماء دیوریا، امپرہ کا دورہ ختم کر کے تشریف لے گئے۔ کئی تبلیغی اور تعمیری تقریریں ہوئیں۔ جدید پروگرام کے ماتحت آپ نے ایک شفیقہ مکتب کی بھی بنیاد ڈالی اور تعمیر سازی کا عمل بھی آگیا۔

موضع سکھنا اور مجھرولیا میں تعمیر سازی کے بعد جن اراکین و عہدہ داران کا انتخاب عمل میں آیا اس حسب ذیل ہے:۔

صدر۔ مرزا ریاست حسین صاحب۔ نائب صدر:۔ مرزا محمد حسین صاحب (مجھرولیا)۔ ناظم اعلیٰ سید بشیر احمد صاحب نائب ناظم۔ ماسٹر صاحبزادہ خان۔ نمائندہ ضلع:۔ مرزا ریاست حسین بیگ۔ ممبران مجلس منتظمہ کی تعداد ۳۰ ہے۔

جمعیۃ علماء گوڑگاؤں کا اہم اجلاس

ایجنڈا جاری کردیا گیا

جمعیۃ علماء ضلع گوڑگاؤں کی مجلس منتظمہ مجلس اوقاف اور مجلس تعلیم کا مشترکہ اجلاس جمعیۃ ضلع کے دفتر صدر قصبہ نوح میں ۲ اگست مطابق ۸ شوال المعظم بروز اتوار دو بجے دن منعقد ہو رہا ہے۔ اراکین مجلس مذکورہ کی خدمت میں بالخصوص اور دلچسپی رکھنے والے حضرات سے بالعموم درخواست کی جاتی ہے کہ وقت مقررہ پر شریک اجلاس ہو کر اپنے قیمتی مشوروں سے مستفید فرمائیں۔ ایجنڈا درج ذیل ہے:۔

(۱) رپورٹ ناظم اعلیٰ بابت آمد و خرچ و مختصر رپورٹ کارگذاری جمعیۃ ضلع۔ (۲) رپورٹ اڈیٹران بابت حساب جمعیۃ اور اس پر غور و خوض و تبصرہ۔ (۳) سرکلرات آمدہ جمعیۃ مرکزیہ کی روشنی میں جمعیۃ کی توسیع و ترقی کی تجاویز [illegible]

مدرسہ ناصر العلوم گونڈہ

[illegible]

اہل خیر حضرات سے مدرسہ کی بھی درخواست ہے کہ اس ماہ میں اس اعلان کو بھولیں گے۔ مدرسہ پر روانہ کرتے ہوئے مدرسہ کی تفصیل بہت ضروری ہے تاکہ خرچ کرنے میں گڑبڑ نہ ہو۔

(خادمان مدرسہ علیم اللہ نوری و حافظ محمد علی گونڈہ)

ملایا میں یوم آزادی

سنگاپور ۳۰ جولائی۔ ملایا کی ہندوستانی کانگریس نے کانگریس کی تمام شاخوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ۱۵ اگست کو آزادی کا دن منائیں۔ پریس ٹرسٹ کے نامہ نگار کو ملایا کانگریس کے صدر سردار جیون سنگھ نے بتایا یوم آزادی کی تقریب کے سلسلہ میں تمام انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ (پ ٹ رائٹر)

نانکوڈی میں قتل کی واردات

[illegible] ایک نوجوان شخص کی لاش ملی ہے جس کے سر اور بدن پر چوٹ کے گہرے نشان موجود تھے۔ ڈاکٹر نے لاش کا پوسٹ مارٹم کرنے کے بعد بتایا ہے کہ موت دماغ سے خون نکلنے کی وجہ سے ہوئی ہے۔ اور قتل کی واردات چار روز پہلے ہوئی ہے لاش کی شناخت نہیں ہو سکی پولیس تفتیش کر رہی ہے ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔

گرمی سے بچنے کیلئے
ہمیشہ شربت راحت روح
استعمال کیجئے
جو گرمی اور پیاس کی شدت سے بچاتا
اور گرمی کی ہر شکایت کیلئے اکسیر ہے
ہمدم دواخانہ یونانی ... دہلی

سڑکوں کی ترقی کا کام بہت پیچھے پڑا ہوا ہے!

مشاورتی کونسل میں مسٹر گوپالاسوامی آئنگر کی تقریر

نئی دہلی ۳۱ جولائی:۔ حکومت ہند کے محکمۂ نقل و حمل اور ریلوے کے وزیر آنریبل مسٹر این گوپالاسوامی آئنگر نے نئی دہلی میں نقل و حمل کی مشاورتی کونسل کے پہلے اجلاس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا گذشتہ چند برسوں میں نقل و حمل سے متعلق سوچی سمجھی پالیسی کو جامۂ عمل پہنانے کا کافی کام کیا گیا ہے۔ موجودہ زمانہ میں نقل و حمل کے ہر ذریعہ کو ایک وحدت تصور کیا جاتا ہے اور اس کی منصوبہ بندی میں اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ ملکی مفاد کے لئے زیادہ سے زیادہ موزوں ہو۔

سڑکوں کے ذریعہ نقل و حمل اور اس کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا۔ اس سلسلہ میں ہمارے سامنے دو کام ہیں ایک تو یہ کہ موجودہ سسٹم کو سدھارا جائے اور دوسرے اسے مضبوط بنایا جائے اور سڑکوں کے جال کو وسیع کیا جائے اور تقسیم ملک کے بعد سرحدی علاقوں میں سڑکیں بنانے کا کام از سر نو شروع کرنے کی ذمہ داری ہم پر پڑی ہے یکم اپریل ۱۹۴۷ء سے مرکز نے قومی شاہراہوں کے انتظام و انصرام کی مالی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ اس طرح صوبوں کو اپنی سڑکوں کی ترقی دینے کے زیادہ مواقع ملیں گے۔ اس مسئلہ پر بھی غور کرنا پڑے گا کہ قومی شاہراہوں کا قانون کس نوعیت کا ہو۔

نقل و حمل کے مرکزی بورڈ کی بابت انھوں نے بتایا کہ یہ بورڈ ۱۹۴۸ء میں قائم کیا گیا تھا اور اس وقت سے اسکے کئی جلسے ہو چکے ہیں۔ یہ اہم مسائل پر غور کرتا ہے اس کے دو بڑے مقصد ہیں ایک تو یہ نقل و حمل کے مختلف ذرائع میں رابطہ پیدا کیا جائے۔ اور دوسرے یہ کہ ملک کی عام اقتصادی حالت کے ساتھ نقل و حمل کی اسکیموں اور منصوبوں کو قائم رکھا جائے۔ سال گذشتہ ریلوں نے اس امید کی رہنمائی میں بہت اچھا کام کیا ہے

انھیں دنوں میرے سامنے کچھ حقائق پیش کئے گئے ہیں جن سے مجھے یہ احساس ہوا ہے کہ ان دنوں موٹر ٹرانسپورٹ کی جو حالت ہے وہ نظر ثانی اور جانچ پڑتال کا محتاج ہے۔ یقین ہے کہ کونسل اس پر غور کرے گی اور اسکا کوئی قابل اطمینان حل تلاش کرے گی۔

اگرچہ سڑکوں کی ترقی کی اسکیمیں تیار ہیں لیکن انھیں جامۂ عمل پہنانے کا کام بہت پیچھے پڑا ہوا ہے۔ اس کی بڑی وجہ کام کرنے والے آدمیوں۔ سامان اور سرمایہ کی کمی ہے عوام معترض ہیں اور بے صبری سے نتائج کے منتظر ہیں وہ محض اسکیموں سے مطمئن نہیں ہو سکتے۔ ہم ان مجبوریوں کے باوجود جن کا میں نے تذکرہ کیا ہے شاید زیادہ کام کر سکتے تھے۔ اور یہاں جو لوگ موجود ہیں میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں کہ سارے حکومتوں کے ماتحت سڑکوں سے متعلق اسکیموں پر جب جلد از جلد اور جہاں تک ممکن ہو عمل کیا جائے۔

آزادی کی دوسری سالگرہ

ڈاک کے خاص لفافے اور مہریں

نئی دہلی ۳۱ جولائی ۱۹۴۹ء۔ یوم آزادی کے خاص لفافے جن پر دستور عملداری کی تصویر چھپی ہوئی ہے اگست کے دوسرے ہفتے سے جاری کئے جائیں گے اس کا نمونہ مدراس کے مجاہب گھر کی ایک مورتی سے لیا گیا ہے اور یہ ہندوستانی آرٹ کے [illegible] کانفرنس مسٹر سی اسواس نے تیار کیا ہے۔ آپ وزارت تجارت کے تحت ایڈ منسٹریٹو اسٹینلینس۔ ٹرامس کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر ہیں ان کی چھپائی "آف اسیٹ" طریقہ پر کی گئی ہے۔ لفافہ ایک آنہ میں فروخت کیا جائے گا اور تمام اہم ڈاک خانوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور وہیں ٹھپہ کر کے بھیجا جائے گا چھ خواہشمند اصحاب کو لفافے واپس کر دیئے جائیں گے۔

شنگھائی اور دوسرے شہروں کے مابین

دریائی ٹریفک شروع ہوگیا

لندن ۳۰ جولائی۔ نیو چائنا (کمیونسٹ) نیوز ایجنسی کے ایک براڈ کاسٹ میں جو یہاں سنا گیا بتایا گیا ہے کہ شنگھائی اور نانکنگ، ہانکو، ٹینٹسن اور دوسرے شہروں کے مابین دریائی ٹریفک پھر سے شروع ہوگیا ہے [illegible]

راجستھان کے راج پرمکھ کا دورہ

جے پور ۳۰ جولائی۔ راجستھان کے راج پرمکھ کل جیسلمیر کے دورہ پر بذریعہ طیارہ روانہ ہوں گے۔ جیسلمیر اور پاکستان کا سرحد کا بھی معائنہ کریں گے۔

مسٹر مینن ریاستی امور میں حکومت ہند کے مشیر بھی مختصر سے قیام کے لئے یہاں آئے ہیں۔ (اپ ٹ)

روزنامہ "الجمعیۃ" کا شاندار

آزادی نمبر

حسب سابق ۱۳ اگست کو بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے

بہترین سیاسی، تاریخی اور علمی معلومات کا یہ گنجینہ اعلیٰ ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کر لیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بیں اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر یہ ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی مسلمانوں میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے۔

ضخامت:۔ روزنامہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگین قیمت چار آنے

ایجنٹ:۔ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں۔

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں

روزنامہ "الجمعیۃ" کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا۔ لیکن صرف ہفت روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں چار آنے کے ٹکٹ بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں منی آرڈر ہرگز نہ بھیجئے

مینیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۳۱ جولائی

چائے کے گلاس پر لڑپڑے

اجمیری گیٹ کے چائے کے ایک گلاس پر جھگڑا ہوگیا جس میں بالی رام نامی ایک شخص کے زخم آئے کہا جاتا ہے کہ ایک ہوٹل والے نے چائے تیار کی اور ایک گلاس تو خود لیا اور آدھا گلاس بالی رام کو دیا اس پر جھگڑا شروع ہوگیا اور دوسرے شخص نے فولادی سلاخ اٹھائی اور بالی رام کے سر پر مارنا شروع کردیا۔ پولیس کو تمام واقعہ کی اطلاع دیدی گئی ہے۔

نقرئی برتن لے کر فرار ہوگیا

شاہدرہ سے ایک شخص نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کا نوکر نقرئی برتن لے کر فرار ہوگیا۔ معلوم ہوا ہے یہ نوکر حال ہی میں ملازم رکھا گیا تھا۔

سپاہی کی وردی غائب

لاجپت رائے نامی ایک ہیڈ کانسٹبل نے حکام کو مطلع کیا ہے کہ پرانی پولیس لائن سے کوئی شخص اس کی وردی لے کر فرار ہوگیا۔ یہ وردی ایک پرانا کمبل میں رکھی تھی۔

بھاگتا ہوا چور گرفتار

شاہدرہ سے ایک شخص چاند کی گرفتاری کی اطلاع ملی ہے۔ اس نے مقبول نگر کے ایک شخص کے جس کا نام علم ہے بتایا جاتا ہے زیورات کا بکس لے کر فرار ہونے کی کوشش کی لیکن گھر کے لوگوں نے دیکھ لیا اور دوڑ کر پکڑ لیا بعد میں اسے حوالۂ پولیس کردیا گیا۔

طلائی لاکٹ غائب

کھاری باؤلی میں کسی نامعلوم شخص کے ایک بچہ کی گردن سے طلائی لاکٹ چرالینے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ بچہ اپنی گیارہ سالہ بہن کے ساتھ جا رہا تھا کہ کسی نے اس کی لاکٹ چرالی۔ بچہ کا پتہ اس وقت چلا جب لڑکی بچہ کو لے کر گھر پہنچی۔

راشن کے قوانین کی خلاف ورزی

[illegible]

شراب کی کشید کے آلات برآمد

بارہ ٹوٹی پر واقع ملازمین کے کوارٹروں پر چھاپہ مار کر ایکسائز پولیس نے چھاپہ مارا اور ایک کوارٹر سے شراب کی کشید کے آلات برآمد کئے۔ کوارٹر میں رہنے والے کو گرفتار کرلیا گیا۔

خطرناک حادثہ

اسپلانیڈ روڈ پر ایک شخص جو سائیکل پر اپنے بچہ کو لئے جا رہا تھا اس کے پیچھے سے ایک کار نے ٹکر لگائی اور وہ سخت زخمی ہوا۔ اس کو طبی امداد کے لئے ارون اسپتال پہنچا دیا گیا۔

راشن کی دوکان پر کام کرنیوالا گرفتار

[illegible]

بندوق اور دیگر اشیا کی چوری

موتی محل [illegible] ایک شخص نے اپنی قیام گاہ سے بارہ بور کی دونالی بندوق چوری ہونے کی اطلاع دی ہے۔

[illegible]

دہلی امپرومنٹ ٹرسٹ کی اسکیم

[illegible]

درجۂ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۳.۹ درجہ اور کم سے کم ۷۹.۶ درجہ رہا۔

موسم کا حال

[illegible] مسوری ... ۱۰ انچ رڑکی ... اجمیر میں ایک انچ۔ چار بجے تک ضلع گورکھپور سے بارش کی اسپیشل رپورٹ ملی ہے کہ ۲۱ جولائی کو ۱۰۰۱ انچ بارش ہوئی ہے مختلف شہروں کا درجہ حرارت ہفتہ کے روز صبح ۸ بجے تک حسب ذیل تھا۔

آگرہ	۸۰-۹۱	اجمیر	۷۵-۸۴
علیگڈھ	۸۰-۹۴	بمبئی	۷۸-۸۷
الہ آباد	۷۹-۸۹	کلکتہ	۸۱-۹۱
بریلی	[illegible]	جودھپور	[illegible]
بنارس	۷۸-۹۳	مدراس	۷۹-۹۳
جھانسی	۷۷-۹۳	ناگپور	۷۶-۸۵
کانپور	۸۰-۹۱	شملہ	۵۹-۶۹
لکھنؤ	۸۱-۹۰	رڑکی	۷۹-۹۵
میرٹھ	۷۷-۹۵	کراچی	۷۸-۹۰

فلاور ڈے

کل دہلی میں دوسری بار فلاور ڈے منایا گیا اور تقریباً دو سو طلبا اور سوشل ورکروں نے بچوں کے بین الاقوامی ہنگامی فنڈ کے لئے عطیات جمع کئے روپے جمع کرنے کا کام صبح سویرے ہی سے شروع کردیا گیا تھا۔ جب کہ لڑکیوں نے دفتر جانے والے لوگوں کو روک کر پھول ان کے ہاتھ فروخت کئے۔ بعد ازاں وہ لڑکیاں دفاتر، ریسٹورنٹوں اور تجارتی مرکزوں میں گئیں اور لوگوں سے عطیات حاصل کئے خیال کیا جاتا ہے کہ کئی ہزار روپے جمع ہوگئے۔

دہلی میں افسران خوراک کی کانفرنس

پیداوار خوراک کی ترقی پر غور و خوض

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ ریاستوں اور صوبوں کے افسران خوراک کی ایک کانفرنس دہلی میں منعقد ہو رہی ہے اس کے بعد منگل کو وزرائے خوراک کی کانفرنس منعقد ہوگی۔

کل منعقد ہونے والی کانفرنس میں اس امر پر غور کیا جائیگا کہ صوبوں اور ریاستوں نے حکومت [illegible]

حکومت ہند ۱۹۵۱ء تک [illegible] لاکھ ٹن ... اگرچہ حکومت ہند ۱۹۵۱ء میں خود کفیل ہونے کی اسکیم کے تحت باہر سے غلہ حاصل کرنا نہیں چاہتی لیکن بین الاقوامی گندم کے معاہدے کے مطابق ہندوستان آئندہ چار سال تک دس لاکھ ٹن گیہوں خریدنے کا پابند ہے۔

دی گوجرانوالہ سوشل ورکرز ایسوسی ایشن

گوجرانوالہ کے ریفیوجیوں نے دی گوجرانوالہ سوشل ورکرز ایسوسی ایشن کے نام سے ایک انجمن قائم کی ہے [illegible] صدر جنرل سکریٹری پروپیگنڈہ سکریٹری اور خزانچی مقرر ہوئے ہیں۔

عمر میں اضافہ اور فیس میں کمی

نئی دہلی ۳۰ جولائی۔ اس بات کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ حکومت کے ماتحت ملازمت کرنے کے سلسلہ میں پہاڑی قبیلوں یا ہندوستان کے اصل باشندوں کے لئے عمر کی حد میں تین سال کا اضافہ کردیا جائے اور فیس کم کردی جائے۔ (پ ٹ رائٹر)

روزنامہ الجمعیۃ
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو کامیاب بنایئے

ڈاکٹر ایم احمد
ایل۔ ڈی۔ ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دندان
خصوصاً
پائیوریا و دندان سازی
بلیماران بالمقابل جدید پریس دہلی

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر پبلک

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات کی ایک فہرست ۲۳ جولائی ۱۹۴۹ء تک اس سے پہلے شائع ہو چکی ہے ۲۳ جولائی کے بعد کی فہرست حسب ذیل ہے۔ امید ہے کہ ہمدرد مخلص حضرات اس طرف مزید توجہ فرمائیں گے۔ یہ فہرست ۲۸ جولائی تک ہے۔

- ۱۔ جناب شیخ محمد سعید صاحب چاول والے دہلی — ... زکوٰۃ
- ۲۔ جناب عبدالواحد صاحب ٹوپی والے دہلی — للعمر امداد
- ۳۔ جناب سلطان العابدین صاحب دہلی — ... زکوٰۃ
- ۴۔ جناب محمد صالحین صاحب سوت والے — ... ...
- ۵۔ جناب محمد صالحین صاحب سوت والے — ... امداد
- ۶۔ جناب حفیظ علی صاحب دہلی — ... زکوٰۃ
- ۷۔ جناب شیخ محمد لقاء اللہ صاحب دہلی — ... امداد
- ۸۔ [illegible]
- ۹۔ جناب محمد مصطفیٰ محمد سمیع صاحبان سلطانپور — ... ...
- ۱۰۔ شیخ انیس احمد صاحب دہلی — ... ...
- ۱۱۔ شیخ عبدالحمید صاحب ٹرنک والے — ... ...
- ۱۲۔ محترمہ سلطان بیگم صاحبہ — ... امداد
- ۱۳۔ اہلیہ قاری ضمیر حسن صاحب — ... زکوٰۃ
- ۱۴۔ جناب الحاج عبدالرحمن صاحب میونسپل کمشنر نجیب آباد — ... ...
- ۱۵۔ غلام محمد، محمد احمد صاحبان سہارنپور — ... ...
- ۱۶۔ قاسم علی صاحب اسد نگر راجپور — ... ...
- ۱۷۔ حاجی محمد احسان الہٰی صاحب دہلی — ... ...
- ۱۸۔ حافظ محمد ارشاد الہٰی صاحب دہلی — ... ...
- ۱۹۔ سید محمد نصیر صاحب دہلی — ... ...
- ۲۰۔ جناب حکیم عبدالحمید صاحب دہلی — ... امداد
- ۲۱۔ ایک مخلص معرفت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی — ... ...
- ۲۲۔ ایک مخلص معرفت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی — ... زکوٰۃ
- ۲۳۔ ایچ محمد شفیع اینڈ سنز ڈالم پور — ... ...
- ۲۴۔ ... — ... ...
- ۲۵۔ فیروز شفیع صاحبان کلکتہ — ... زکوٰۃ
- ۲۶۔ محمد حسین اجمل حسین دہلی — ... ...
- ۲۷۔ شیخ عبدالواحد صاحب — ... ...
- ۲۸۔ حامد کمال صاحب — ... ...
- ۲۹۔ حاجی محمد دین صاحب انبالہ والے دہلی — ... ...
- ۳۰۔ ایک اہل خیر — ... ...
- ۳۱۔ شیخ محمد حامد صاحب دہلی — ... ...
- ۳۲۔ ایک اہل خیر از بمبئی بدست مولانا محمد رفیق دہلوی — ... ...
- ۳۳۔ علی محمد ہاشم صاحب از بمبئی بدست مولانا محمد رفیق دہلوی — ... ...
- ۳۴۔ عثمان غنی صاحب از بمبئی بدست مولانا محمد رفیق دہلی — ... ...
- ۳۵۔ قاری ضمیر حسن صاحب دہلی — ... فطرہ
- ۳۶۔ مفتی محمد صادق صاحب — ... زکوٰۃ
- ۳۷۔ ایک اہل خیر — ... ...
- ۳۸۔ [illegible] — ... متفرق
- ۳۹۔ [illegible] — ... زکوٰۃ

جعلی سکہ چلانے والا گرفتار

سبزی منڈی دہلی میں ایک نوجوان ایک ایک روپیہ کے جعلی سکے چلاتا ہوا گرفتار کرلیا گیا۔ اس نے سگریٹ خرید کر ایک جعلی روپیہ دیا جب وہ واپس کیا گیا تو دوسرا روپیہ دیا وہ بھی جعلی تھا۔ اس پر شبہ ہوا اور اس شخص کو گرفتار کرلیا گیا۔

نانگلوئی کے علاقہ میں ایک پل کے قریب ایک ادھیڑ عمر کے مرد کی لاش پڑی ہوئی ملی ہے۔ لاش کے پوسٹ مارٹم کرنے سے معلوم ہوا کہ موت خون بہہ جانے سے واقع ہوئی ہے۔ خون سر کے زخم میں سے نکلا۔

مفت طلب کیجئے
ماہ رمضان کے ضروری مسائل کے گتہ پر قرآنی نقشہ بچوں کی تعلیم کے لئے ... مفت تقسیم کرنے کے لئے ...
ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

دہلی سے لاہور پاکستان
اور
پاکستان سے ہندوستان
[illegible]
دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران چاندنی چوک دہلی

بنارس میں عظیم الشان اردو کانفرنس

بانیان کانفرنس کی ہندوستانیوں سے اپیل

بنارس ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) بنارس میں اردو کانفرنس کے منتظمین نے حسب ذیل اپیل شائع کی ہے۔

وقت کا اہم تقاضا اردو زبان کا مسئلہ ہے جس پر غور کرنے کے لئے بنارس میں کل ہند اردو کانفرنس کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

اس کانفرنس میں ہندوستان کے موجودہ زعماء، نامور ادیب، علمائے کرام زبان کی اہمیت سمجھنے والے شعراء، مشہور رسالوں اور اخبارات کے ایڈیٹر، ادبی انجمنوں کے نمائندے، پریس اور اشاعت گھروں کے مالک، لائبریریوں کے سکریٹری اور سوجھ بوجھ رکھنے والے بڑے بڑے ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور پارسی آپس کے باہمی اتحاد و اتفاق کی بنیاد سے شریک ہوں گے اور اس اہم مسئلہ کا حل سوچیں گے۔ کانفرنس کے ساتھ ایک علمی نمائش اور مشاعرہ بھی ترتیب دیا جائے گا جس میں اپنی خصوصیات کے لحاظ سے بنارس کی ادبی تاریخ کا پہلا مشاعرہ ہوگا علمی نمائش میں نایاب قلمی کتابیں، نادر خطوط، شاہی فرامین اور بزرگوں کے دوسرے قابل فخر کارنامے پیش کئے جائیں گے۔ وقت کم ہے، کام زیادہ۔ اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے آج ہی سے کام شروع کر دیجئے۔ کانفرنس کی طرف سے وفد بھیجے جا رہے ہیں لیکن وفد کے اراکین ہر جگہ نہیں پہنچ سکتے اس لئے آپ اپنے شہر، قصبہ اور گاؤں سے زیادہ سے زیادہ نمائندے بھیجئے اور مجلس استقبالیہ کے ممبر بنانے کی کوشش کیجئے۔ لائبریریوں کے سکریٹری صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ کام ہی سے ہمارا ساتھ دیں۔ "زبان زندہ رہتی ہے تو قوم بھی زندہ رہتی ہے زبان مرجاتی ہے تو قوم بھی مردہ ہو جاتی ہے۔"

پاکستانی کابینہ میں ایک عورت کو بھی وزیر مقرر کیا جائیگا

کابینہ میں اہم تبدیلیوں کی توقع

کراچی ۳۱ جولائی۔ کراچی میں ایک خبر بہت گرم ہے کہ مرکزی کابینہ میں کچھ تبدیلیاں ہوں گی اس کا سب سے بڑی وجہ تو یہ ہے کہ بعض وزراء کے پاس بیک وقت کئی محکمے ہیں اور کام اس قدر بڑھ گیا ہے کہ وہ پورے طور پر نہیں کر سکتے چنانچہ محکمۂ صنعت اور تعلیم ایک ہی وزیر کے پاس ہے مسٹر فضل الرحمن جو اس کے انچارج ہیں ... کر تعلیم کا محکمہ بالکل ہی ناکارہ ہو کر رہ گیا ہے ان حالات کے پیش نظر مسٹر لیاقت علی خاں نے توسیع خدمات کا فیصلہ کیا ہے مسٹر فضل الرحمن اس بات پر مصر ہیں کہ صنعت کا محکمہ انھیں کے پاس رہے اس لئے تعلیم کا ایک دوسرا وزیر مقرر کیا جائے گا اس سلسلہ میں بیگم شائستہ اکرام اللہ سہروردی کا نام لیا جا رہا ہے اسی طرح محکمہ کامرس اور امور معاشیات کا ایک ہی وزیر ہوگا ان دو محکموں میں ایک کے انچارج مسٹر غلام محمد ہیں اور دوسرا فضل الرحمن کے پاس ہے اس سلسلہ میں مسٹر زاہد حسین گورنر اسٹیٹ بنک پاکستان کا نام لیا جا رہا ہے۔ مسٹر عبدالقادر جوائنٹ سکریٹری محکمۂ مالیات کو گورنر اسٹیٹ بنک کیا جائیگا۔

پاکستان میں سکھ گوردواروں کا مسئلہ

حکومت سے جتھیدار ادھم سنگھ کا مطالبہ

امرتسر ۳۰ جولائی۔ ادھم سنگھ ناگوکے صدر شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی [illegible] خط و کتابت کر رہے ہیں ایک بیان میں کہا ہے کہ سکھوں کو پاکستان میں اپنے گوردوارہ چھوڑ کر انتہائی نقصان پہنچا ہے انھوں نے کہا کہ ۳۰ دسمبر ۱۹۴۸ء کو میں حکومت ہند اور حکومت مشرقی پنجاب سے خط و کتابت کر رہا ہوں کیونکہ براہ راست حکومت پاکستان سے خط و کتابت نہیں کی جاسکتی۔ انٹر ڈومینین کانفرنس میں یہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

حکومت پاکستان سے کہا جائے کہ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کو گوردواروں کے سیوادار مقرر کرنے کی اجازت دے اور ان کی حفاظت کی ذمہ داری لی جائے۔ گوردوارہ [illegible] سکھوں کو مطمئن نہیں کرسکتی۔

انھوں نے یہ تسلیم کیا کہ گورنمنٹ آف انڈیا دیدہ دانستہ نظر انداز نہیں کر رہی ہے مگر اس مسئلہ پر پوری توجہ بھی نہیں دے رہی ہے ان کا خیال ہے کہ اس مسئلہ کا معقول حل دونوں حکومتوں کے تعلقات کو بہتر بنانے میں ممد ثابت ہوگا۔

یوپی کی خبریں

ودیارتھی پریشد کے بے ہنگم مطالبات

سہارنپور ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کے زیر اہتمام چوک فوارہ میں ایک پبلک جلسہ ہوا جس میں ایک قرارداد میں ہندوستان کا نام "بھارت ورش" رکھے جلسہ میں بجائے اردو دشمنی کا ثبوت دیتے ہوئے ہندی کو قومی زبان بنانے کے متعلق بھی ریزولیشن پاس کیا گیا۔ (نامہ نگار)

ہردوار میں ہیضہ کی وبا

ہردوار ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) سوماوتی اماوس کی تقریب کے سلسلہ میں ہزارہا یاتری ہردوار دریائے گنگا میں نہانے کے لئے آئے اس موقعہ پر ہیضہ کی وبا پھوٹ پڑی جس سے کئی اموات ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں میونسپل بورڈ کا عملہ لوگوں کو ٹیکے لگانے میں مصروف ہے۔

ہردوار میں تین ننھے بچے لقمۂ اجل

گذشتہ سوماوتی اماوس کی تقریب کے سلسلہ میں مسافروں کی زبردست بھیڑ میں تین ننھے بچے جو اپنی ماؤں کی گودوں میں تھے دم گھٹ کر لقمۂ اجل ہوگئے۔

بھینس کے سور پیدا ہوا

سہارنپور ۲۹ جولائی۔ دیوبند میں ایک گھوسی کی بھینس کے سور پیدا ہوا ہے جو پیدا ہوتے ہی مرگیا۔ مویشیوں کے ڈاکٹر ... کے علاوہ عوام کی کافی تعداد میں قدرت کے اس عجوبہ کو دیکھنے کے لئے آئے۔

سٹی مجسٹریٹ سہارنپور کا تبادلہ

سہارنپور ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) مسٹر ... سٹی مجسٹریٹ یہاں سے تبدیل ہو کر دہلی جا رہے ہیں۔ آپ یہاں پر تین سال تک بحال رہے ہیں۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

دیوبند کے صدر میونسپلٹی کے خلاف

عدم اعتماد

دیوبند (بذریعہ ڈاک) ۲۹ جولائی۔ اطلاع ملی ہے کہ دیوبند میونسپل کمیٹی کے صدر کے خلاف ہندو مسلم میونسپل کمشنروں کی کوشش سے تحریک عدم اعتماد پاس ہوگئی جس کی بنا پر صدر سید حبیب شفیع کو صدارت سے علیحدہ ہونا پڑا۔ اب عوام کی نگاہیں نئے صدر کے انتخاب پر لگی ہوئی ہیں جس کے لئے پروپیگنڈہ شروع ہوگیا ہے۔

عوام کو زمینداره سسٹم سے روشناس کرایا جائے گا

سہارنپور ۲۹ جولائی (بذریعہ ڈاک) آج دیہی حلقہ کچہری میں ہیلتھ کمیٹی کی ایک ہنگامی میٹنگ زیر صدارت ٹھاکر رجن سنگھ ہوئی جس میں فیصلہ کیا گیا کہ زمینداره سسٹم ختم ہونے کے بارہ میں سرکاری پالیسی سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا۔ مختلف دیہاتوں میں جلسے کئے جائیں گے۔

اس کام کو خوش اسلوبی سے سرانجام دینے کے لئے ضلع ہیلتھ انچارج ... کی ایک کانفرنس اگست کے پہلے ہفتہ میں ہو رہی ہے۔

پنڈت سیتارام شکل کی تقریریں

نینی تال (بذریعہ ڈاک) جناب پنڈت سیتا رام شکل ممبر کانگریس کمیٹی۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے (بستی) آجکل نینی تال آئے ہوئے ہیں۔ آپ نے کئی عام جلسوں اور اکثر جلسوں میں بہت اچھی جوشیلی تقریریں کیں۔ ملک کی تعمیر حال کی [illegible] کو دور کرنے اور ملک کو خوشحال کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پارٹی بازی سے بلند ہو کر کانگریس میں باہر کے لوگوں کو شامل کیا جائے۔ جن لوگوں نے آزادی کے لئے تیار کیا ہے۔ انھیں پنشن اور جاگیریں دی جائیں۔ لیکن عہدہ تو انھیں کو ملنا چاہیئے جو اس قابل ہوں اگر اس اصول پر عمل کیا گیا تو عقلمند اور نیک چلن طبقہ ہمارا ساتھ دے گا جس سے برائیوں کی جڑ کٹ جائے گی اور ملک سے نفاق کی آگ بجھ جائے گی۔

بہرا و ودیا منور اور رجیت رام شاہ اینڈ کمپنی میں تین تقریریں ہوئیں روشنی ڈالی۔ کل شام کو نینی تال میں مسلمانوں کا جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں شکل جی نے اتحاد و ترقی کے مسئلہ پر تقریر کی۔ اور مسلمانوں سے خطاب کیا کہ ہندوستان کے مسلمانوں کو کانگریس سرکار کو قومی بنانا چاہیئے۔ کیونکہ اسی میں فلاح ہے۔

اس جلسے کی صدارت جمعیۃ العلماء نینی تال کے سکریٹری صاحب نے کی شکل جی بھی اچھا تقریر کر لیتے ہیں۔ آج کل نینی تال میں پنڈت جی کی تقریر و اور کتابوں کا بہت چرچا ہو رہا ہے۔

تبت سے چینی افسروں کے اخراج کی وجہ

حکام کا چین کے صدر کو ٹیلیفون

کیٹی ۳۱ جولائی۔ [illegible] صدر جنرل لی کو ایک برقیہ کے ذریعہ مطلع کیا ہے کہ چینی افسران کے اخراج کی وجہ یہ ہے کہ کمیونسٹ وہاں داخل نہ ہو سکیں۔

[illegible] کے ہاتھ سے زکوٰۃ لا اطلاع دیتے ہوئے ان اخراج کو غیر قانونی بتایا ہے۔ نمائندہ مذکور نے کہا تبت کے حکام نے صحیح ادارے کی اطلاع نہیں لیکن حکومت اس معاملہ کی تحقیقات کے بعد سخت اقدام کرے گی۔ (اپ ٹ رائٹر)

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان
AMICOTONIC
بنانے والی دوا
امیکوٹانک
نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے
امیکوٹانک بہت آزمودہ ہے اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے جریان اور ناطاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ [illegible]
امیکوطلاء
[illegible]
ملنے کا پتہ: امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۸ شوال ۱۳۶۸ھ مطابق ۳ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۷۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان ـــ پاکستان
کے درمیان
گپتا برادرس ـــ کارونیشن ہوٹل
چاندنی چوک
فتحپوری دہلی

برنارڈ
آئیل انجن
نہایت پائیدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کر سکتے!
سول ایجنٹ
کے جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۲ سکول لین ۔ نئی دہلی
فون نمبر ۷۱۳۸

حق بالغ رائے دہندگی اور جمہوریت ہندوستان کیلئے تباہ کن ہے

سانپ بھی ہوائی جہاز میں کراچی گئے

یوم تلک کے جلسہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہو جئیے

حضرت مولانا حفظ الرحمن کی اپیل

دستور ساز اسمبلی میں ایک بہاری ممبر کے دلچسپ دلائل

ایوان زیریں اور ایوان بالا کے تنازعہ کے متعلق اہم دفعہ

(باقی صفحہ ۶ پر)

اٹلانٹک پیکٹ کی دفاعی تنظیم

بات چیت شروع ہوگئی

یوم آزادی پر فوجیوں کا دن منایا جائیگا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ

دو چار دن میں سرکاری اعلان بھی شائع ہو جائے گا

گاندھی جی کے قتل کا ایک مفرور گرفتار

ترکی کو یورپ کی کونسل میں شرکت کی دعوت

کلکتہ میں مزید گڑبڑ، ۱۲ گرفتاریاں، کل چوراسی زخمی

اطالی تھانہ کے علاقہ میں پٹاخہ بناتے ہوئے بچے گرفتار

پاکستان کے لئے انجنوں کی خریداری

جاپان سے معاہدہ ہونے کی امید

کشمیر کمیشن کو امید ہے کہ ہند اور پاکستان میں صلح کا معاہدہ ہو جائے گا

کراچی کانفرنس کی کامیابی نے کمیشن کا حوصلہ بڑھا دیا

کمیشن کے چیرمین کا ایک پریس کانفرنس میں اعلان

(باقی صفحہ ۶ پر)

کولمبو میں ہندوستانیوں کا اغوا

ایک کو چھرا مار کر ہلاک کر دیا

نہروں کے معاملہ پر بین الملکی کانفرنس

چین کی سرکاری فوجوں کی کامیابی کی پہلی اطلاع

اہم ریلوے جنکشن چوچاؤ پر دوبارہ قبضہ کرلیا

ٹیڑھی گڈھوال کے لوگوں کو سردار پٹیل کا پیغام

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے
طبی مشورہ مفت ہے
حالات لکھئے
پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

CGTO. 1925
Daily Aljamiat
Delhi - 2-8-49

ملک کی قومی زبان ہندوستانی ہونی چاہیے جیسا کہ گاندھی جی چاہتے تھے

فرقہ واریت کو ختم کرنے کیلئے ایک زبان ضروری ہے امرت کور کی تقریر

مسٹر لیاقت علی کو شیخ محمد جان کا جواب

ہندوستانی مسلمانوں نے عید آزادی سے منائی

متروکہ جائدادوں سے متعلق پاکستان کے نئے آرڈی ننس پر غور

نئی دہلی میں وزیر بحالیات کی طرف سے طلب کردہ کانفرنس

اجتماع کی آزادی کی تحقیقات

امریکی نوجوان کراچی سے روانہ ہو گئے

رشوت لینے پر مجسٹریٹ معطل

یوپی میں چوری لوٹ مار اور نقب زنی کی وارداتوں میں اضافہ

بدکردار لوگوں نے حکومت کی تبدیلی سے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے

جے پرکاش کلکتہ جائیں گے

امتناعی احکامات میں توسیع

احمد آباد میں کپڑے کے مل بند ہو جائیں گے

کسٹم کی پابندیاں دور کر دی گئیں

وزیر صنعت راجستھان کا اعلان

افغان سرحد کا حادثہ

بقیہ صفحہ اول

ہندوستانیوں کے مسئلہ پر جنوبی افریقہ گول میز کانفرنس کیلئے تیار ہو گیا

پاکستان کی طرف سے کراچی میں کانفرنس منعقد کرنے کی پیش کش

فرانس میں ٹائروں کا راشن ختم ہو گیا

عورت پر ستر روپیہ جرمانہ

سڑکوں پر سونا عیب نہیں

احمد آباد کے سشن جج کا فیصلہ

پرمٹ بدلا گیا!

مسماۃ بسم اللہ بیگم عمر ۳۰ سال ۔ زوجہ عبدالکریم جو غالباً علاقہ لال کنواں دہلی کی رہنے والی ہیں پاکستان سے ۱۸ جون کو دہلی آئی ہیں ان کا پاکستان کی واپسی کا پرمٹ راستہ میں ۔ حسینہ بیگم ولد حسام الدین ساکن جے پور سے بدلا گیا ہے۔ حسینہ بیگم صاحبہ کے ایک نمائندے دہلی میں مقیم ہیں بسم اللہ بیگم ان سے پرمٹ بدل سکتی ہیں۔

پتہ ـ معرفت دفتر جمعیۃ العلماء ہند
گلی قاسم جان دہلی

احرار خدام خلق کی میٹنگ

مغربی بنگال میں نئے انتخابات

بائیں بازو کے لیڈروں کے بیانات

مشرقی پنجاب میں ضلع وار بارش کا اثر

وزیر اعظم مدراس کی تقریر!

مزدوروں نے بونس لے لیا

روزولٹ کے لڑکے کی منگنی

نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس اور ہند مزدور سبھا میں سمجھوتہ کی امید

فرانسیسی وزیر اعظم کی کامیابی

فیض عام کالج میں عصرانہ عید

آیورویدک کو ترقی دو

لازمی تعلیم کے احترام کیلئے ایک سادھو کا قابل تعریف اقدام

ریچھ نے شیر کو ہلاک کر دیا!

ایک گونڈ کی بہادری

یادگار سلف
یہ یادگار تصنیف خانوادہ سید احمد مجدد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے۔ ملک کے مایۂ فخر مصنف مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا نامہ میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔
مطبوعہ معارف اعظم گڑھ صفحات ۱۹۴ قیمت
الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند

ریاست جموں و کشمیر میں فوجوں میں اضافہ نہیں کیا جائیگا

جنگ بندی کی لائن کے پار کے علاقے تین دن میں خالی کر دیئے جائینگے

التوائے جنگ کی لائن کے معاہدہ کا خلاصہ

سری نگر یکم اگست - ہندوستان اور پاکستان نے معاہدہ کراچی کی تصدیق کے تیس دن بعد ان علاقوں کو خالی کرنا منظور کر لیا ہے جو اس وقت التوائے جنگ کی لائن کے دوسری جانب ان کے قبضہ میں ہیں۔ تیس دن کی میعاد ختم ہونے سے قبل فریقین ... مقامی کمانڈروں کی مرضی سے قبضہ کر سکیں گے۔

التوائے جنگ کی لائن کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے تین مقامات پاکستان اور ہند کے مشترکہ قبضہ میں رہیں گے ...

لندن کے بیرسٹر کی آمد

قاسم رضوی کے مقدمہ کی پیروی

سکندرآباد - یکم اگست - لندن کے ایک بیرسٹر مسٹر ... سید قاسم رضوی کے مقدمہ کی پیروی کرنے کیلئے ہوائی جہاز سے یہاں پہنچ گئے ہیں۔

پاکستان میں ہر تین منٹ بعد تپ دق سے ایک موت

آسٹریلیا میں ہڑتال ختم ہونے کی امید ختم

مزدوروں کا مخالفانہ رویہ زیادہ سخت ہوگیا

سڈنی یکم اگست - آسٹریلیا میں کوئلہ کی کانوں کے مزدوروں کی ہڑتال کے ختم ہونے کی جو امید پیدا ہوگئی تھی وہ اب دور ہوگئی ہے۔

جنوبی افریقہ ہند و پاکستان سے گفت و شنید کے لئے تیار ہے

ہندوستانی مسلمانوں کیلئے تڑپنے والے سرحدی بھائیوں کی طرف دیکھیں

بادشاہ خان کو قید کرنے اور پٹھانوں پر گولیاں چلانے والوں کو عبدالقیوم انصاری کا جواب

لیاقت علی کا بیان مہمل ہے

سر سلطان احمد کی نکتہ چینی

لیاقت علی کا بے محل بیان

مرزا اسمٰعیل کی شدید نکتہ چینی

آج ریاست ٹیڑھی گڑھوال کو صوبہ یوپی میں ضم کردیا گیا

ریاست کے دارالسلطنت میں شاندار تقریب۔ صوبہ کے وزرا اور حکام کی شرکت

لکھنؤ یکم اگست - ریاست ٹیڑھی گڑھوال کے دارالسلطنت میں ریاست کو صوبہ یوپی میں ضم کرنے کی تقریب ادا ہوئی جس میں وزیر اعظم یوپی پنڈت گوبند بلبھ پنت اور دوسرے صوبائی لیڈروں اور افسران نے شرکت کی۔

انبالہ میں ساڑھے چار انچ بارش

کئی مکان گر پڑے - دو اشخاص ہلاک، دس زخمی

ریاست سکم کے متعلق اہم کانفرنس

جلدی دہلی میں منعقد ہونے والی ہے

کمیونسٹ پارٹی کے جلسوں اور مظاہروں پر گوالیار میں پابندی لگادی گئی!

سوشلسٹ لیڈر نے مسٹر شرت چندر بوس کی پیشکش مسترد کردی

مغربی بنگال سے متعلق کانگریس کے فیصلہ پر نکتہ چینی اندور میں ڈاکٹر لوہیہ کی تقریر

مسلمان سنسکرت سیکھیں تو لسانی اختلافات ختم ہوجائیں

عید کی دعوت میں ڈاکٹر کچلو کی تقریر

جاپانی پولیس میں اضافہ نہیں کیا جائے گا!

پاک ایر لمیٹڈ

روزانہ مقررہ سروس

دہلی سے { کراچی / لاہور

اوقات

دہلی - کراچی ہر منگل کو

دہلی سے روانگی ۲ بجے سہ پہر

کراچی میں آمد ۶ بجکر ۱۰ منٹ شام

دہلی - لاہور روزانہ سروس

روزانہ { دہلی سے روانگی صبح ۹ بجکر ۵۰ منٹ / لاہور میں آمد صبح ۱۱ بجکر ۲۰ منٹ

کرایے

دہلی - کراچی یکطرفہ ۱۵۰ روپیہ واپسی ۲۸۵ روپے

دہلی - لاہور یکطرفہ ۶۶ روپیہ واپسی ۱۲۶ روپے

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے

ایرسروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ماہنامہ بانو دہلی

کا

۲۸۶ صفحات کا حسین کشیدہ کاری نمبر

اور

۲۲۸ صفحات کا سنہ ۴۹ء کا سالنامہ

حاصل

کرنے کے لئے

آج ہی پانچ روپیہ سالانہ کے خریدار بن جائیے

نمونہ مفت

پتہ صرف بانو دہلی

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف خانوادۂ سید احمد مجدد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے ملک کے مایۂ فخر مصنف مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔

مطبوعہ معارف اعظم گڑھ۔ صفحات ۴۰۰ قیمت (عمر) ایک روپیہ آٹھ آنہ

ملنے کا پتہ الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۳ اگست سنہ ۱۹۴۹ء

یہ ہمارے مہربان

"اسلامی اسٹیٹ" پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے عید سعید کی تقریب پر مسلمانوں کو پیغام تبریک دیتے ہوئے اپنا گوشۂ التفات ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف بھی مبذول فرمایا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ کے اس پیغام کو کراچی کے چار لاکھ مسلمانوں نے سنا اور خبر رساں ایجنسیوں نے اسے ساری دنیا میں پہونچا دیا۔ آپ نے چار لاکھ کے مجمع عظیم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ

"آج ہمیں عید کی مبارک تقریب پر ہندوستان کے ان ساڑھے تین کروڑ مسلمانوں کو جن سے ہمارا خون کا رشتہ ہے فراموش نہ کرنا چاہئے یہ لوگ آج آزاد نہیں ہیں اور ایک آزاد قوم کی طرح عید کی تقریب نہیں منا رہے ہیں"

سب سے پہلے تو ہمیں وزیر اعظم پاکستان کا اس بات کے لئے شکر گذار ہونا چاہئے کہ انہوں نے بیک جنبش لب ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو ساڑھے تین کروڑ بنا ڈالا اور باتوں ہی باتوں میں دو چار ہزار نہیں، لاکھ دو لاکھ نہیں پورے ایک کروڑ مسلمانوں پر فاتحہ پڑھ دی! گویا اب ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کو اپنی تعداد ساڑھے تین کروڑ سمجھنی چاہئے ...

اچھی باتیں

فلا تھنوا ... وانتم الاعلون واللہ معکم ... اعمالکم (پ ۲۶ ع ۸)

پس تم ہراساں نہ ہو اور صلح و سلامتی کی دعوت دیتے رہو درانحالیکہ تم غالب رہو اور یاد رکھو کہ خدا تمہارے ساتھ ہے اور تمہارے اعمال کو رائگاں نہیں ہونے دیگا۔

اسلام بار بار کہتا ہے کہ ہراسگی اور پریشانی کو پاس نہ پھٹکنے دو اور اپنے مشن پر نظر رکھو، وہ مشن کیا ہے؟ دنیا کو صلح و امن کی دعوت دینا اور فساد اور بد امنی کو دور کرنا۔ جو شخص ہراساں ہوگا وہ دنیا کو امن کی دعوت کس طرح دے سکے گا؟ مسلمان تو امن کا داعی ہے! اگر وہ خود ہی دل کا کچا بن جائے تو کام بگڑ جائے گا! اس آیت پر غور کرو! یورپ غلبہ پاکر معاہدوں کی خلاف ورزی کرتا ہے اور کمزوروں کو کترا کر خود فائدہ اٹھاتا ہے لیکن اسلام کہتا ہے کہ دب کر تو سب ہی امن امن پکارتے ہیں، مسلمان کو چاہئے کہ غلبہ اور کامیابی کی حالت میں امن کی دعوت دے اور دوسروں کی کمزوری سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائے۔ غلبہ انسان کو پاگل بنا دیتا ہے اور بزدل لوگ غالب ہو کر حیوان بن جاتے ہیں لیکن اسلام، مسلمانوں کو تلقین کرتا ہے کہ وہ کامیابی پر مغرور نہ ہوں اور غالب ہو کر ہر انسان کے لئے امن کی فضا پیدا کریں پس ہر مسلمان سمجھ لے کہ وہ خوف و ہراس کے لئے پیدا نہیں ہوا بلکہ اسے دور کرنے اور دعوت امن کو پھیلانے کیلئے پیدا ہوا ہے!......

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

خیرات کے مستحق

باشندگان ٹونک سے اپیل

کنٹرولرس کو اپریٹو اسٹورس

تبادلہ آبادی منسوخ کیجئے

برطانیہ میں نئے پاکستانی ہائی کمشنر

جنگ کا خاتمہ

پاکستان کی صنعتی ترقی

فضل الرحمن کا بیان

راجستھان کے دیہات پر پاکستان کے مسلح فوجیوں کے حملے

ٹرکی اور امریکہ

کھجور سے گڑ بنانے کی صنعت

پاکستان کی روئی کی برآمد میں آسانیاں

ہاتھی اور سانپ کی لڑائی

افکار پاکستان

عوامی لیگ

"مسلم لیگی لیڈروں کی تعریف" کا عنوان قائم کر کے ایک صاحب چودھری نذیر احمد صاحب نے ... ضلع ... سے ایک مراسلہ بھیجا ہے جس میں مسلم لیگ کے سرمایہ دار لیڈروں کو بے نقاب کر کے پبلک سے اپیل کی ہے کہ وہ مسلم لیگ کی بجائے عوامی لیگ قائم کریں اور ملک اور قوم کو ان کے پنجۂ استبداد سے نجات دلائیں ۔

یہ مراسلہ جن الفاظ پر مشتمل ہے اس سے چودھری صاحب کے غم و غصہ کے علاوہ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ بعض لیگی لیڈر اور کارکن اپنی ناشائستہ حرکتوں کی وجہ سے عوام میں کس درجہ غیر مقبول اور مغضوب ہیں ۔ چودھری صاحب کے جذبات ایک شخص واحد کے نہیں بلکہ کثیر التعداد افراد کے ہیں اسی لئے یہ مراسلہ شائع کرنے کے باوجود ہم کچھ لکھنے پر مجبور ہوئے ۔

یہ امر مسلم ہے کہ اہل پاکستان کی سیاسی اور معاشرتی تنظیم جدید کی سخت ضرورت ہے ۔ چاہے یہ تنظیم کسی نام سے ہو ۔ اگر مسلم لیگ کی تشکیل و تنظیم جدید کی گئی تب بھی وہ مسلمانوں کی ہی ہوگی اور اگر کوئی نام دوسرا رکھا گیا تب بھی ۔

لہذا سوچنا یہ چاہئے کہ تنظیم کیونکر اور کن بنیادوں پر ہو ۔ مسلم لیگ کے نام سے مسلمانوں نے جو کار ہائے نمایاں انجام دئے ان کا تقاضا ہے کہ تنظیم جدید کا نام بھی مسلم لیگ ہی ہو خصوصاً اس لئے کہ تحریک پاکستان اسی کے نیچے عمل میں آیا ہے ۔ دوسرے یہ کہ مسلم لیگ قائد اعظم کا مقدس ترین ورثہ ہے تنظیم کا دوسرا کوئی نام رکھا گیا تو قائد اعظم سے انتساب کا شرف اسے حاصل نہیں ہوگا ۔

تیسرے یہ کہ مسلم لیگ خود ایک عوامی جماعت ہے جس کے انتخابات سالانہ ہوتے ہیں اور جس کے ارکان کو منتخب کرنا بالکل عوام کے ہاتھ میں ہے ۔ اگر بعض حالات کی بنا پر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مسلم لیگ عوامی جماعت نہیں رہی تو اسے عوامی بنانے میں دیر کتنی لگتی ہے جتنی محنت اور کاوش سے نئی عوامی لیگ بنے گی اس سے نصف محنت بھی مسلم لیگ کو عوامی لیگ بنانے میں صرف نہیں ہوگی کیونکہ مسلم لیگ بنی بنائی چیز ہے اور عوامی لیگ بنائی جائے گی پھر یہ بھی سوچنا چاہئے کہ جو کیمپ پہلے سے قائم ہے وہ کتنا ہی از کار رفتہ کیوں دکھائی دے اسے ختم نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ قوم نئی کیمپوں میں تقسیم ہو جائے گی اور اس کا امتیاز جاتا رہے گا کہ اس کی سیاسی تنظیم وحدانی ہے ۔ لہذا عوامی لیگ کا خیال افتراق کا باعث ہے ۔ (ڈان کراچی ۱۰ جولائی)

ہمدردوں کی نئی ٹولی

ہر جگہ کچھ ایسے لوگ موجود ہیں جن کے نزدیک شرافت، اخلاق، انسانیت کے کوئی معنی نہیں، وہ غرض کے بندے ہوتے ہیں، جہاں ان کی غرض پوری ہوگی، وہاں وہ سر کے بل جائیں گے یہ اول درجہ کے ابن الوقت ہیں، جدھر موقع دیکھا اسی طرف ہو گئے تلون المزاجی کا یہ عالم کہ گھڑی میں ماشہ گھڑی میں تولہ ۔ ابھی ایک بات پر سر دھن رہے ہیں اور دوسرے لمحہ کچھ ذلیل سکوں کی بارش ہوئی، پھر انتہائی بیباکی کے ساتھ اسی کی مذمت کر رہے ہیں، دنیا حیران و پریشان کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ مگر ان بے حیاؤں کو عوام کی نظروں سے گرنے کی قطعی پرواہ نہیں، انھیں تو بہرحال اپنی جیب گرم کرنی ہے ۔ اس قماش کے آدمیوں کو جھوٹ سے عار نہیں ہوتا بے غیرتی اور ڈھٹائی ان کی فطرت، اور نفس پرستی ان کا مقصد حیات ہے

کچھ ایسے ہی لوگ مشرقی پاکستان کے مہاجروں کی مصیبتوں کا سہارا لے کر اپنی تجوریوں کو بھرنے کی فکر میں ہیں، کئی دن ہوئے مسلم لیگ نے مکمل ۸ مہینوں کے تغافل و تجاہل کے بعد ایک کمیٹی بنائی ہے ۔ ان کمیٹی کی یکا یک تشکیل بڑی حیرت انگیز ہے ۔ اس کی تشکیل کے مقاصد کے متعلق جو گول مول بیان جاری کیا گیا ہے وہ اس شرمناک ذہنیت کا آئینہ دار ہے جو اس تمام ڈرامہ کے پس پردہ کام کر رہی ہے یہ اس کے اختیارات کیا ہیں؟ یہ کیا کام کرے گی؟ کیا اسے مہاجروں کا اعتماد حاصل ہے؟ کمیٹی بنانے والے ان میں کسی ایک سوال کا بھی تشفی بخش جواب نہیں دے سکتے، اور وہ دیں بھی کیونکر اگر تشکیل کا مقصد واقعی پرخلوص ہوتا تو کوئی بات بھی تھی یہاں تو شروع سے آخر تک صرف ایک ہی مقصد ہے اور وہ یہ کہ مہاجروں کی مصیبتوں کا سہارا لے کر اپنی جیبیں گرم کی جائیں ۔ (پاسبان ڈھاکہ ۲۳ جولائی)

آخری سہارا

اگلے دن اخبارات میں ایک خبر شائع ہوئی تھی کہ امریکہ کا کوئی سائنس داں چند لوگوں کے سامنے [illegible] سے کرۂ زمین کی تباہی کے امکانات کی ایک جھلک پیش کر رہے تھے ۔ اس دوران میں حاضرین میں سے کسی نے سوال کیا کہ جب یہ معلوم ہو چلا ہے کہ اب دنیا فنا ہونے والی ہے تو ہمیں کیا کرنا چاہئے ۔ بے ساختہ جواب ملا کہ خدا کے حضور میں سر جھکا کر اس سے دعا مانگنی چاہئے ۔

انسان کی عقل و عرفان کمال [illegible] ہے ۔ کائنات کی بے شمار پیچیدہ گتھیوں کو سلجھایا جا چکا ہے، زمین و آسمان کی وسعتوں کو انسان نے مسخر کیا اور ان کو اپنے تصرف میں لایا ہے حتی کہ اب اس کی سمجھ میں یہ بھی آنے لگا ہے کہ یہ دنیا فنا ہونے والی ہے ۔ اور اس کی بربادی کن کن طریقوں سے ہو سکتی ہے ۔ لیکن اس کے باوجود اس پر یہ حقیقت آشکار نہ ہو سکی کہ اس دنیا کی فنا دراصل ایک دوسری دنیا کی بقا ہے ۔ اس انجام کے بعد ایک آغاز مضمر ہے ۔ اس شب کے بعد ایک صبح نمودار ہونے والی ہے ۔ اور اس لئے اس صبح کے لئے کچھ توشہ کی ضرورت ہے جو آج ہی تیار کیا جا سکتا ہے ۔ ......

مغرور یا (بھولا؟) انسان آج اپنے خالق اور پروردگار کی ہدایت سے بے نیاز ہو کر اس کے قوانین کا منہ چڑاتے ہوئے سرپٹ بھاگا جا رہا ہے [illegible] کی طرف جا رہا ہوں، اسے معلوم ہے کہ کبھی نہ کبھی تباہی کے ایسے غار میں گر رہا ہوں گا جس کی تہ کا پتہ نہیں، ناگاہ اس کے دل میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس موقعہ پر میں کیا کروں گا؟

وہ ضمیر جس کی آواز کو نفسانی عناد و ہٹ نے دبا رکھا تھا پکار کر کہتا ہے کہ اس لمحہ تیرا آخری سہارا سوائے خدا کے اور کوئی نہیں لیکن اس خدا کا بھی ایک قانون اٹل ہے اور وہ یہ کہ جو لوگ جان کار کھتے ہوئے اس کی راہ سے انحراف کئے جاتے ہیں ۔ یا اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ جب تک سہارا ہے اس چند روزہ عیش میں مست رہو ۔ اور جب موت سامنے آئے گی تو سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر عبادت خداوندی کی طرف لگ جائیں گے ۔

ایسے لوگوں کے لئے نجات کی کوئی راہ نہیں [illegible] اس دنیا میں بھی کتے کی موت مرنا ہوگا اور آنے والی دنیا میں بھی موت سے بدتر زندگی بسر کرنی ہوگی ۔

کوثر لاہور ۱۰ جولائی

مشرقی پنجاب میں زبان کا جھگڑا

مشرقی پنجاب ہم سے علیحدہ ہو کر فرقہ پرستی کی جس دلدل میں پھنسا ہے اس سے وہ شاید ہی بخیر و عافیت نکل سکے ہیں کیونکہ سکھ اس صوبے کو اپنا صوبہ سمجھتے ہیں حالانکہ اس صوبہ کی آبادی میں ان کا تناسب تینتیس فیصدی سے زیادہ نہیں اور اگر پٹیالہ وغیرہ ریاستیں بھی اس میں شامل ہو گئیں تو اور بھی کم ہو جائیگی

آج کل مشرقی پنجاب میں یہ بحث بہت تیز و تند ہو رہی ہے کہ اس صوبے کی سرکاری اور تعلیمی زبان کیا ہوگی ۔ ہندو اکابر ہندو اخبارات اور ہندو عوام سب کے سب ہندی پر اصرار کر رہے ہیں ۔ اور سکھ بلا اختلاف پنجابی (بحروف گورمکھی) پر زور دے رہے ہیں ۔ فریقین کسی مفاہمت پر رضامند نہیں ہو رہے ہیں ۔ اور اب معاملہ پنڈت جواہر لال نہرو کے سپرد کیا گیا ہے ۔ تاکہ وہ فریقین کے نقطہ ہائے نگاہ پر غیر جانبدارانہ غور کر کے فیصلہ دے دیں معلوم ہوتا ہے کہ پنڈت جی بھی کوئی قابل عمل فیصلہ نہ دے سکیں گے کیونکہ وہ دونوں کو خوش کرنا چاہیں گے ۔ اور ایک صوبے میں بیک وقت دو تعلیمی اور سرکاری زبانوں کی ترویج نہایت دشوار اور ناروا ہوگی ۔

ہندو بھی کہتے ہیں جب ہندوستان بھر کی زبان ہندی ہوگی تو مشرقی پنجاب کیوں ہندوستان بھر سے الگ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنائے ۔ اس کے علاوہ وہ یہ بجا طور پر بھی کہتے ہیں ۔ کہ گورمکھی خالص سکھوں کی چیز ہے اور یہ ان کے سوا اب تک اس کو کسی دوسری قوم نے چھونا بھی گوارا نہیں کیا ۔ دوسری طرف سکھوں کا یہ قول ہے کہ مشرقی پنجاب کی مادری زبان پنجابی ہے اور پنجابی کا رسم الخط صرف گورمکھی ہی ہو سکتا ہے ۔ لہذا سرکاری اور تعلیمی زبان پنجابی ہی ہونی چاہئے ۔ لیکن سکھ اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ پہاڑی علاقے مثلاً کانگڑہ وغیرہ کی بولی ہرگز پنجابی نہیں ۔ اور علاوہ بریں انبالہ سے دہلی تک جو زبان رائج ہے اس کو بھی پنجابی نہیں کہا جا سکتا ۔

لطف یہ ہے کہ ہندو اور سکھ ہندی اور گورمکھی پر تو لڑ جھگڑ رہے ہیں لیکن مشرقی پنجاب میں چرچا صرف اردو کا ہے ۔ ہندوؤں اور سکھوں کے اخبارات اردو میں نکلتے ہیں اور اردو ہی کی مخالفت کرتے ہیں ۔ افسوس ہے کہ یہ لوگ عقل کی بات سننے کے لئے تیار نہیں ہیں ورنہ ہمارا نہایت صاف ستھرا اور عملی مشورہ یہ ہے ۔ کہ وہ ہندی اور گورمکھی دونوں کو مذہبی زبانوں کی حیثیت سے رہنے دیں ۔ اور سرکاری و تعلیمی مقاصد کے لئے اردو ہی کو اختیار کریں جو مشرقی پنجاب کے ہر حصے میں لکھی بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جس پر بحالات موجودہ ہندو اور سکھ دونوں عمل پیرا ہیں ۔ اس سے دونوں قوموں کے تعلقات بھی نہ بگڑیں گے ۔ اور مغربی پنجاب کے ساتھ بھی لسانی اور علمی رابطہ باسانی قائم رہ سکے گا ۔

الفضل لاہور ۲۴ جولائی

لیگ کی مجلس عاملہ [illegible] واپس لے لیں ۔

کانگریسی حکومتیں وہی کر رہی ہیں جن کی وہ مذمت کرتی تھیں

سوشلسٹ لیڈر کا الزام

[illegible] ۳۰ جولائی ۔ آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے [illegible] نے آج یہاں پر ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ ملک میں تمام مزدور تحریکوں کو دبانے کے لئے سخت گیرانہ پالیسی اختیار کر رہی ہے ۔ آپ نے کہا کہ جمہوری آزادی ختم کی جا رہی ہے ۔ اور کانگریسی حکومتیں آج وہی کچھ کر رہی ہیں جن کی وہ کبھی مذمت کیا کرتی تھیں ۔ [illegible] لیڈر نے سلسلۂ تقریر جاری رکھتے ہوئے حالیہ واقعات کا ذکر کیا اور کہا کہ محنت کش طبقہ ہر جگہ اپنی لوٹ کھسوٹ کے خلاف کامیاب جنگ لڑ رہا ہے اور مزدوروں کی حالت دنیا کے ہر حصے میں بہتر ہونا لازمی ہے ۔ چین کی مثال جہاں کمیونسٹ فوجوں نے مارشل چیانگ کی فوجوں کے چھکے چھڑا دئے ہیں، ہر جگہ دہرائی جائے گی ۔ مزدور جو آبادی کا ۸۰ فیصدی ہیں نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ وہ کوئی بھی مسئلہ حل کر سکتے ہیں ۔ اور نظم و نسق کو کامیابی سے چلا سکتے ہیں ۔ آپ نے مزدوروں کو متحد ہو کر اپنے حقوق کے لئے لڑنے کی تلقین کی ۔ (پ ٹ ا)

ریاست کشن گڈھ راجستھان میں عید

کشن گڈھ ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) ۔ بھکور دیپ ہلال ہوئی اور چاند صاف دکھائی دیا ۔ نماز عید الفطر کی صبح بخیریت انجام پائی ۔ شہر دمان گنج میں پولیس نے کافی حفاظتی پولیس تعینات کر دی تھی ۔ سال گذشتہ کی طرح امسال بھی [illegible] اطمینان کے ساتھ ادا کی ۔

چھہرٹہ کی مزدور ہڑتال

کانگریسیوں نے بالکل حصہ نہیں لیا

امرتسر ۳۰ جولائی ۔ انڈین وولن اینڈ سلک ملز چھہرٹہ کے مزدوروں کی ہڑتال کمیٹی کے صدر اور جنرل سکریٹری کامریڈ امرناتھ اور ساتھی نریندر سنگھ نے ایک بیان جاری کیا ہے ۔ جس میں ویر بھارت اور شیر بھارت اخبارات میں چھپی اس خبر کی پُرزور تردید کی ہے کہ کانگریسیوں نے اُن کی ہڑتال کامیاب کرانے میں حصہ لیا ہے ۔ اُن کا کہنا ہے کہ ہڑتال کے دنوں میں اُنھوں نے کسی کانگریسی کی شکل تک نہیں دیکھی ۔ ہڑتال کی کل کامیابی کی ذمہ داری مزدور اتحاد اور کیپٹن یشونت سنگھ ۔ آئی ۔ این ۔ اے کی رہنمائی پر ہے ۔

ہند کو چھ کروڑ پونڈ ملیں گے

۱۴ اگست کو سرکاری اعلان ہوگا

نئی دہلی ۳۱ جولائی ۔ حال ہی میں لندن میں ہندوستان اور برطانیہ کی حکومتوں کے درمیان اسٹرلنگ قرضہ کی ادائیگی کے بارے میں جو بات چیت ہوئی تھی اس کے نتیجوں کے بارے میں ۱۴ اگست کو ایک سرکاری اعلان جاری ہونے کی امید ہے ۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ اعلان نئی دہلی اور لندن میں [illegible] رکھا گیا ہے ۔ تاہم غیر سرکاری ذرائع کا بیان ہے کہ برطانیہ آئندہ چھ ماہ کے عرصہ میں ڈیڑھ کروڑ پونڈ ادا کرنے پر رضامند ہو گیا ہے ۔ ان حلقوں کا بیان ہے کہ گذشتہ برس کی پہلی ششماہی کے لئے اسٹرلنگ قرضہ کی ادائیگی کے لئے جو رقم مقرر کی گئی تھی ہندوستان اس سے ۴ کروڑ پونڈ زیادہ لے چکا ہے ۔ لندن کی کانفرنس میں اس زائد رقم کا باقاعدہ طور پر حساب کتاب کیا گیا ۔ مزید بتایا گیا ہے کہ لندن کی کانفرنس میں کام ختم کرنے کے لئے ایک مسودہ کو ملا یا گیا ہے ۔ اس کا مسودہ مختلف حکومتوں کو بھیج دیا گیا ہے اور ان کا جواب ملنے پر لندن سے سرکاری طور پر اعلان ہو جائے گا ۔

نیپال میں قیمتی معدنیات کی دریافت

کٹھمنڈو ۔ ۳۰ جولائی ۔ معلوم ہوا ہے کہ غیر ملکی ماہرین ارضیات نے نیپال میں [illegible] ۔ اپنی دور مغربی پہاڑیوں میں قیمتی معدنیات کے ذخیرے دریافت کئے ہیں ۔

ان ماہرین کو ان خاص مقاصد کے لئے [illegible] رکھا گیا ہے ۔ انھوں نے دعوے کیا ہے کہ دنیا کے کسی معدن میں قیمتی معدنیات کے اتنے عظیم ذخیرے نہیں ملیں گے ۔ [illegible] کی تحریک پر حکومت نیپال نے [illegible] ماہرین کی خدمات حاصل کی ہیں ۔

کراچی ۔ یکم اگست ۔ معلوم ہوا ہے کہ شمال مغربی صوبہ سرحد کی وزارت اور صوبہ سرحد کی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ میں جو اختلافات تھے وہ بالآخر دور ہو گئے ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر یوسف خٹک جنرل سکریٹری پاکستان مسلم لیگ (اختلافات کو مٹانے) کے لئے چند روز سے کوشش کر رہے تھے [illegible] مسٹر ابراہیم خاں کو ان کا [illegible] کر لیا کہ وہ اپنا استعفیٰ واپس [illegible]

راجستھان کے دیہات پر پاکستان کے مسلح فوجیوں کے حملے

اجمیر ۳۱ جولائی ۔ آج یہاں پر سرکاری طور پر اعلان کیا گیا کہ ۱۸ جولائی کو پاکستانی فوج کے تین مسلح سپاہی راجستھان کے علاقہ میں آگئے اور انھوں نے جیسلمیر کے نزدیک ایک گاؤں پر حملہ کر دیا ۔ جس کے نتیجے میں تین سیل شدید طور پر زخمی ہوئے ۔ پاکستانی سپاہی چھ اونٹ اور ... روپے نقد چھین کر فرار ہو گئے ۔ مزید بتایا گیا کہ ۱۳ جولائی کو پاکستان کے چند باشندے بیکانیر کے تھانہ کیسری سنگھ سے چھ میل کے فاصلہ پر واقع ایک گاؤں میں داخل ہو گئے راجستھان کی پولیس نے گولی چلائی جس کے جواب میں پاکستانیوں نے بھی گولی چلائی ۔ ایک کانسٹبل زخمی ہو گیا راجستھان سرکار نے حکومت ہند کو معاملہ کی اطلاع دے دی ہے اور حکومت ہند سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ حکومت پاکستان سے زبردست پروٹسٹ کرے ۔

دیش سیوک پارٹی نے احتجاجی جلسے شروع کر دیئے

امرتسر ۳۰ جولائی (؟) ۔ دیش سیوک پارٹی مشرقی پنجاب اسمبلی کی لیبر نشست کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں اپنی احتجاجی جلسوں کی مہم یکم اگست کو جالندھر میں شروع کر رہی ہے پہلا جلسہ اسی روز کمپنی باغ جالندھر میں شام کے چھ بجے ہوگا جنرل موہن سنگھ صاحب ۔ راجہ جنگ بہادر سنگھ سابق ایڈیٹر اخبار ٹریبون کا مڑینا ماسٹر تارا سنگھ ایم ۔ اے تقریر کریں گے نیز پنجاب کے مشہور شعراء انقلابی نظمیں پڑھیں گے ۔ دوسرا جلسہ ۳ اگست کو ٹانڈہ میں اور تیسرا ۴ اگست کو دھاریوال میں ہوگا ۔ اگست کے دوسرے ہفتے میں ہونے والے جلسوں کے پروگرام کا اعلان اگلے ہفتہ کیا جائیگا ۔

جنرل سکرٹیری دیش سیوک پارٹی دھاریوال کو

امرتسر ۳۰ جولائی (بذریعہ ڈاک) کل پروفیسر اکمار جنرل سکرٹیری دیش سیوک پارٹی کے کارکنان کی ایک ٹیم کیساتھ دھاریوال روانہ ہو گئے ہیں جہاں وہ کارخانوں کے دروازوں پر مزدوروں کے جلسوں میں تقاریر کر کے مل مالکوں اور کانگریسی حکومت کی مزدور مخالف پالیسی کی وضاحت کریں گے ۔

روسی سفیر مقیم ایران کی منتقلی

طہران ۔ یکم اگست ۔ روسی سفیر متعینہ ایران کی بیوی میڈم سیڈی کوف جو کہ وسط اپریل میں اپنے شوہر کے روس چلے جانے کے باوجود کیسپین کے قریب واقع مقام بیلوا میں اپنے بچوں سمیت قیام پذیر تھیں اب روس روانہ ہو گئی ہیں اب تک روسی سفیر کی واپسی کے بارے کوئی تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے اور غیر مصدقہ اطلاعات بتاتی ہیں کہ اسے کسی دوسرے سفارتخانے میں منتقل کر دیا گیا ہے ۔ (گ ب)

شام کا نیا آئین تیار ہو گیا

عورتوں کو بھی ووٹ کا حق دیا گیا ہے

دمشق ۳۱ جولائی ۔ شام کا نیا مسودہ دستور آج [illegible] کے حوالہ کیا گیا [illegible] نکات جو ایک اسپیشل کمیٹی نے سابق سفیر [illegible] زیر صدارت کی رہنمائی میں بنایا ہے یہ ہیں صرف پارلیمینٹ صدر کا انتخاب کر سکتی ہے اور اس کے بعد کی سات سالہ میعاد میں اضافہ کر سکتی ہے ۔ سات سو ممبروں پر مشتمل پارلیمینٹ ۵ سال کے لئے منتخب کی جائے گی صدر کابینہ کو معطل کر سکیں گے ۔ تعلیم یافتہ عورتوں کو حق رائے دہی حاصل ہوگا ۔ انتخابات میں مذہبی امتیاز نہیں برتا جائے گا ۔ (اسپ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

عراق کی مالی دشواریاں

بغداد ۳۱ جولائی ۔ آج عراق ایک کروڑ دینار کا خسارہ برداشت کر رہا ہے ۔ یہ ہے عراق کی موجودہ مالی حالت جس کا انکشاف وزیر مالیات مسٹر خلیل اسمٰعیل نے ایک پریس کانفرنس کے دوران میں کیا ۔

۱۹۴۷ء میں حکومت کے پاس تقریباً دو کروڑ دینار محفوظ تھے لیکن جب موجودہ کابینہ برسراقتدار آئی تو معلوم ہوا کہ گذشتہ ۲ سال میں خزانے سے سالانہ ایک کروڑ سے زائد خرچ ہوئے ہیں ۔ (گ ب)

دار العوام کا اجلاس ختم

لندن ۳۰ جولائی ۔ کل دار العوام تعطیلات گرما کے لئے ملتوی ہو گیا ۔ دس سال کے بعد کل پہلی مرتبہ دار العوام کا سفر کر اجلاس ہوا ۔ ۳۰ فروری سنہ جنگ شروع ہونے سے قبل [illegible] دار العوام کا آئندہ اجلاس ۱۸ اکتوبر کو [illegible] ۔ (پ ٹ رائٹر)

یو پی کی خبریں

جشن منزل لکھنؤ میں پھولوں کی نمائش

ایل ۔ آر ۔ ما ورس کو سب سے زیادہ انعامات

سہارنپور بذریعہ ڈاک ۳۰ جولائی کو جشن منزل لکھنؤ میں یو پی کا جو فروٹ شو پھولوں کی نمائش منعقد ہوا تھا اور جس کا افتتاح مسز کیسلکر گورنر یو پی نے کیا تھا اس میں سہارنپور کے پھولوں کی ایک فرم ایل ۔ آر ماورس نے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے ۔ اور سب سے زیادہ انعامات حاصل کئے ہیں ۔ گذشتہ سالوں میں اسقدر انعامات کسی کو بھی نہیں ملے ۔ ۔ دو شیلڈ حاصل کئے ۔ پہلا شیلڈ سب سے زیادہ انعامات حاصل کرنیکا ہے ۔ دوسرا ڈنگ شیلڈ ہے جو ولی میں آموں کی سب سے زیادہ اور سب سے عمدہ تجارتی اقسام پیش کرنے کے متعلق ہے ۔

مجاہد ملت کی خدمت میں ہدیۂ تہنیت

بلند شہر ۲۴ جولائی ۔ (بذریعہ ڈاک) جلسہ جمعیۃ العلماء اراکین جمعیۃ علماء اور باشندگان بلند شہر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم عمومی کے دستور ساز اسمبلی میں منتخب ہونے پر اظہار مسرت کرتے ہیں اور اس موقعہ پر مولانا کی خدمت میں دلی ہدیۂ مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ خدا وند کریم مولانا موصوف کو ملک و ملت کی خدمت کے واسطے تادیر قائم رکھے ۔ (ناظم)

حجاج کا قافلہ زیارت بیت اللہ کو

بلند شہر ۲۴ جولائی (بذریعہ ڈاک) یہاں سے تقریباً گیارہ افراد پر مشتمل حاجیوں کا ایک کارواں زیارت بیت اللہ شریف روانہ ہو رہا ہے ۔ اس گروہ میں چار عورتیں اور دو بچے بھی ہیں وہ جہاز راں کمپنی کی جانب سے روانگی کی اطلاع ملنے کا نہایت بیقراری سے انتظار ہے ۔ ضلع جمعیۃ کے صدر اس قافلہ کے ہمراہ ہیں ۔

بیلی بھیت صدیق سکنڈری اسکول کا نتیجہ

بیلی بھیت (بذریعہ ڈاک) صدیق سکنڈری ہائی اسکول بیلی بھیت کا نتیجہ [illegible] فیصدی رہا اس اسکول میں طلباء کی تعداد ۸۰۰ سے زیادہ ہے [illegible]

تمام دستاویزات ہندی میں رجسٹری ہونگی

سہارنپور ۲۸ جولائی (بذریعہ ڈاک) حکومت یوپی کی ہدایت آئی ہے کہ رجسٹری آفس میں آئندہ صرف ہندی میں دستاویز لکھی جایا کریں ۔

سات گرفتاریاں

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) کل شام لکشمی ٹاکیز کے سامنے کچھ دو کانداروں میں لڑائی ہو گئی جس میں لاٹھی کا بھی استعمال کیا گیا ۔ پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر سات اشخاص کو گرفتار کر لیا ۔

سیوک سنگھیوں کی نئی سرگرمیاں

سہارنپور ۲۸ جولائی (بذریعہ ڈاک) کافی تعداد میں راشٹریہ سیوک سنگھ کے آدمی لوگوں سے ایک فارم پر کرا رہے ہیں ۔ جس میں لکھا ہے کہ انڈیا نام کے بجائے بھارت دیش رکھا جائے اور ہندوستان کی زبان ہندی اور بندے ماترم قومی ترانہ منظور کیا جائے ۔ معلوم ہوا ہے کہ پانچ ہزار کے قریب اس طرح کے فارم بھرے گئے ہیں جو کہ یو پی گورنمنٹ کو بھیجے جائیں گے ۔

ایک شب میں چوری کی سات وارداتیں

سہارنپور ۲۸ جولائی ۔ سہارنپور میں چوروں کی سرگرمیاں بڑھتی جا رہی ہیں ۔ صرف انبالہ روڈ پر ایک رات میں سات مقامات پر چوری کی وارداتیں ہوئیں ۔ چور مکانوں میں نقب لگا کر داخل ہوئے اور بیشمار نقدی کا ہزاروں روپیہ کا سامان چوری کر کے لے گئے ۔ ایک بیشمار شخص نے ہمارے نمائندے سے بتلایا کہ میں نے ریشمی چلا کر کچھ نقد جمع کیا تھا تاکہ اپنی جوان بہن کی شادی کر سکوں مگر چوروں نے ہمیں مدد سے بھی محتاج کر دیا ہے ۔

عازمین حج کے پاسوں پر تصاویر کیخلاف

مسلمانان مراد آباد کا احتجاج

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) حال ہی میں حج کمیٹی بمبئی کا ایک اعلان شائع ہوا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ زائرین بیت اللہ شریف کو پروانہ راہ داری پر فوٹو چسپاں کرنا ہوگا ۔

مسلمانان مراد آباد نے اس فیصلہ پر احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعظم [illegible] حکومت ہند کو ایک درخواست [illegible] دی ہے کہ [illegible] زائرین کے پاسوں پر فوٹو [illegible] کے ذریعہ [illegible] محروم ہو جائیں گے ۔ اور اس طرح پر [illegible] مداخلت فی الدین ہوگی ۔

درخواست گذاران قبول فرماتے ہوئے بلند مسلم ویلفیئر نے صدر حکومت یوپی گورنمنٹ مرادآباد حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ۔ حکیم ڈاکٹر ضیاء الدین ۔ ایڈوکیٹ (؟) مولانا حسین احمد صاحب ۔ حکیم ڈاکٹر حسن احمد نے دستخط کر کے یو پی گورنمنٹ کو بھیجی گئی ہے ۔ حکومت سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں مذہبی رہنماؤں سے مشورہ کر کے جلد از جلد فیصلہ کرے ۔

سہارنپور میں عید کی تقریب

سہارنپور ۲۸ جولائی ۔ آج صبح عید گاہ میں ساڑھے ستر ہزار کے قریب مسلمانوں نے نماز عید الفطر پڑھی ۔ عید گاہ کے قریب اور تمام شہر میں پولیس اور ملٹری فوجوں کا صبح ہی سے معقول انتظام تھا ۔ تمام بڑے حلقوں میں سکھ مسلمان ایک دوسرے سے مل رہے تھے ۔ کئی مقامات پر ہندو بھی عید ملنے آئے ہوئے تھے سب ہی فرقوں کے لوگ نمایاں ہو رہے تھے اور یہ نظارہ ہندو مسلم میل ملاپ کا قابل دید منظر پیش کر رہا تھا ۔

مسلمانوں کی جائداد کے تبادلہ پر پابندی

لکھنؤ ۳۱ جولائی ۔ حکومت یوپی کے غیر معمولی گزٹ میں ایک نوٹیفکیشن شائع ہوا ہے جس کے تحت اگلے ساہ کے لئے حکومت یوپی نے مسلمانوں کی جائداد غیر منقولہ کے تبادلہ پر پابندی لگا دی ہے ۔ یہ پابندی یو پی کے مندرجہ ذیل اضلاع میں لگائی گئی ہے ۔ کلکٹر کی تحریری اجازت سے اس حکم سے استثنا حاصل ہو سکے گا ۔ بارہ اضلاع یہ ہیں ۔ لکھنؤ، کانپور، الہ آباد، دہرہ دون، سہارنپور، مظفر نگر، بریلی، میرٹھ، شاہجہاں پور ۔ آگرہ علی گڑھ اور مراد آباد ۔

میں اب ختم ہو چکا ہوں

برنارڈ شاہ کا بیس سالہ لڑکی کو جواب

کل ایب ۳۰ جولائی ۔ یہاں پر ایک بیس سالہ دوشیزہ ایلس ڈیورین کو حال ہی میں جارج برنارڈ شاہ کی طرف سے ایک فوٹو گراف موصول ہوا ہے جس کی پشت پر جارج برنارڈ شاہ نے لکھا ہے "میں ختم ہو چکا ہوں نوجوان دوست تلاش کر لیجئے" ۔

مس ڈیورین جنہیں دعویٰ ہے کہ وہ جارج برنارڈ شاہ کی قلمی دوست ہیں بتاتی ہیں کہ انہوں نے ۵ سال قبل برنارڈ شاہ سے خط و کتابت شروع کی تھی ان [illegible] رہتی تھیں ۔ مسٹر شاہ نے کہا ہمارا خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے لیکن چند ہفتے قبل مجھے شاہ کا ایک مختصر سا رقعہ ملا جس میں لکھا تھا ۔ میں اب کسی قابل نہیں رہا کیونکہ اب میری عمر بہت زیادہ ہو گئی ہے تاہم میں نے خط و کتابت بند نہیں کی اور اب انہوں نے مجھے ایک فوٹوگراف ارسال کیا ہے ۔

سوراشٹر سے ایک رکن کا اخراج

راج کوٹ ۳۱ جولائی ایک کسان کارکن بلکن ناتھ دویدی کو سوراشٹر کی حکومت نے ایک حکم کے تحت سوراشٹر سے نکال دیا گیا ہے ۔ مسٹر دویدی گجرات میں بطور مزدور کام کر رہے ہیں ۔ پہلے اس اضلاع سے نکالے جا چکے ہیں ۔ (پ ٹ ا)

برطانوی موٹر سائیکلوں کی مانگ میں اضافہ

لندن ۳۱ جولائی ۔ برطانیہ کے موٹر سائیکل اور بائیسیکل کے کارخانہ داروں کی انجمن نے بتایا ہے کہ ہندوستان نے ۱۹۴۹ء کے پہلے نصف سال میں ۲۴۸۹ موٹر سائیکلیں خریدیں ۔ یہ تعداد ۱۹۴۸ء کے اعداد سے دگنا ہے اسی عرصہ میں ہندوستان نے ۲۱۵۵۰۶ سائیکلیں خریدیں ۔ (گ ب)

سردار ابراہیم خاں کا بیان

مظفر آباد ۳۰ جولائی ۔ ہمارا کام ابھی ختم نہیں ہوا آج زبردست جنگ ابھی جاری ہے ۔ متعدد ریاست جموں و کشمیر کا مستقبل نہ صرف ۴۰ لاکھ مقامی مسلمانوں پر اثر انداز ہوگا بلکہ اس کا اثر عالم اسلام پر پڑے گا ۔ یہ بیان آزاد کشمیر گورنمنٹ کے صدر سردار محمد ابراہیم نے دیا ۔ سردار ابراہیم نے مزید کہا کہ مسئلہ کشمیر کوئی معمولی مسئلہ نہیں ہے ۔ بلکہ اب تک حفاظتی کونسل کے روبرو جس قدر مسائل پیش ہوئے ہیں ان میں سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے ۔ اور اس کے منصفانہ حل ہی پر اقوام متحدہ کے مستقبل کا دار و مدار ہے ۔

نہر سویز کے علاقہ میں کمیونسٹ گرفتار

قاہرہ ۳۱ جولائی مصر کے نہر سویز کے علاقہ میں کمیونسٹوں کی گرفتاریوں کے متعلق تحقیقات کے نتیجہ میں برطانوی فوج اور ہوائی کیمپوں میں کام کرنے والے متعدد مقامی باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور بہت سے ملازمین کو برطرف کر دیا گیا ہے کمیونسٹوں سے رابطہ کی بنا پر گرفتار شدہ لوگوں میں سے بعض بعد میں رہا کر دئے گئے ۔ یقین کیا جاتا ہے کہ ان افراد کا قاہرہ میں پولیس کی تحویل میں کمیونسٹ پارٹی سے تعلق قائم ہے ۔

درخواست کی قبول مدرسہ عالیہ پر [illegible] سکینڈ مراد آباد (حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی) [illegible] صاحبان [illegible] سے حکومت سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں مذہبی رہنماؤں سے مشورہ کرے ۔

دار السلطنت

یکم اگست

دار السلطنت کے بچوں کو سڑکوں پر چلنے کا صحیح طریقہ سکھانے کے لئے سپرنٹنڈنٹ پولیس نے ایک پیغام دیا ہے جس میں ان کو بتایا ہے کہ سڑکوں پر چلتے وقت وہ کن کن باتوں کا خیال رکھیں گذشتہ مہینوں میں بہت سے بچے صرف اس لئے ہلاک ہوئے کہ ان کو سڑکوں پر چلنے کا صحیح طریقہ معلوم نہ تھا ۔

نو ماہ قید سخت کی سزا

نئی دہلی کے ایک درزی کو سائیکل چرانے کے جرم میں ۹ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی ۔ اس نے مسند سیاہ پر سے سائیکل چرا کر استغاثہ کے بیان کے مطابق ایک ہوٹل والے کو فروخت کر دی تھی ۔

راشننگ کو ناکام بنانے کی تجویز

دہلی خوراک کانفرنس کی قرار دادیں

گذشتہ دن کانفرنس میں دہلی اور مشرقی پنجاب کی خوراک کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت کرتے ہوئے پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے خوراک کے مسئلہ کو ٹھیک طرح پر حل کرنے کے لئے کہا ۔ کانفرنس میں دونوں صوبوں سے تین سو نمائندے شریک ہوئے ۔

کانفرنس نے دو ریزولیشن پاس کئے پہلے میں مہاسبھا اور خوراک کے [illegible] دہلی اور مشرقی پنجاب دونوں صوبوں کو ملا دیا جائے اور ان دونوں صوبوں کے درمیان خوراک کے نقل و حمل پر پابندیاں ہٹا دی جائیں اسی طرح دہلی میں خاص طور پر چینی کی قلت دور ہو جائے گی جو کہ پیداوار کی قلت سے پیدا شدہ دقتیں اور چور بازاری دور ہو جائیں گی دوسرے ریزولیشن نے ذراعیہ چینی پر سے کنٹرول ہٹانے کی سفارش کی ۔

یوم آزادی کس طرح منایا جائے؟

کانگریس مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

دہلی یکم اگست ۔ کانگریس مجلس عاملہ کے ایک اجلاس میں متفقہ طور پر یہ فیصلہ ہوا ہے کہ ۱۵ اگست کو بجائے "یوم مسرت" کے "یوم خدمت" منایا جائے مجلس عاملہ کے آئندہ اجلاس میں پنڈت نہرو ایک قرارداد پیش کریں گے ۔

سب سے زیادہ الجھے ہوئے مسئلوں یعنی مدراس اور مغربی بنگال کے فیصلے کے بعد اجلاس میں ان کے متعلق پر [illegible] طور پر سرکاری کارروائی کہتے ہیں ۔ تین گھنٹے کے اجلاس میں قومی زبان کا مسئلہ، قومی اقتصادی حالت اور یوم آزادی پر غور ہوا لیکن ان مسائل پر کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا سوائے یوم آزادی کے ۔

ڈاکٹر پٹابھی نے اجلاس کی صدارت کی ۔ سردار پٹیل بیماری کے باعث شرکت نہیں کر سکے ۔ قومی زبان کے مسئلہ پر اردو ہندی کے الفاظ کے تناسب پر سخت بحث ہوئی لیکن معاملہ فیصل نہ ہو سکا ۔ (پ ٹ)

مبارکبادی کے تاروں کا مبادلہ

نئی دہلی یکم اگست ۔ وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو جو وزیر خارجہ بھی ہیں ان کے اور سوئٹزر لینڈ کے وزیر خارجہ کے مابین سوئٹزر لینڈ کے کنفیڈریشن کی سالانہ تقریب کے موقع پر مبارکبادی کے پیغامات کا مبادلہ ہوا ہے ۔ (پ ٹ)

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۴ ء ۹۸ درجہ اور کم سے کم ۷ ء ۸۰ درجہ تھا ۔

موسم کا حال

کلکتہ میں چار انچ ۔ میرٹھ تین انچ ۔ مسوری ڈیڑھ انچ ۔ الہ آباد اور آگرہ میں ایک ایک انچ بارش ہوئی ۔ آئندہ ۴۸ گھنٹوں میں اتار جالندھر، کماؤں، میرٹھ اور روہیلکھنڈ ڈویژن اور صوبہ دہلی میں زبردست بارش کا امکان ہے ۔

اتوار کی صبح ساڑھے ۸ بجے تک بعض مقامات کا درجہ حرارت حسب ذیل تھا ۔

آگرہ	۷۸ ۔ ۹۳	اجمیر	۷۶ ۔ ۸۸
علیگڑھ	۷۹ ۔ ۹۰	الہ آباد	۷۸ ۔ ۱۰۰
اعظم گڈھ	۸۰ ۔ ۹۰	بہرائچ	۷۸ ۔ ۹۳
بریلی	۷۶ ۔ ۹۷	بنارس	۸۱ ۔ ۔
بمبئی	۷۷ ۔ ۸۳	کلکتہ	۷۸ ۔ ۸۹
کانپور	۷۹ ۔ ۹۳	دہرہ دون	۷۳ ۔ ۸۷
جھانسی	۷۸ ۔ ۹۵	جودھپور	۷۷ ۔ ۸۹
لکھنؤ	۷۷ ۔ ۹۵	میرٹھ	۷۵ ۔ ۹۷
مسوری	۶۱ ۔ ۶۷	رڑکی	۷۷ ۔ ۹۲

ڈاکٹر ایم احمد
ایل ۔ ڈی ۔ ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دنداں
خصوصاً
پائیوریا ۔ دنداں سازی
بلیماران بالائے حیدر پریس دہلی

گیہوں کے آٹے میں شکر قندی کا آٹا ملاؤ

بمبئی ۳۱ جولائی ۔ مسٹر ڈی ۔ سیلا (؟) صوبہ بمبئی کے وزیر خوراک نے ایک بیان میں اناج کی فراہمی کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے ۔ آپ نے بتایا کہ چار لاکھ ٹن اناج اکٹھا ہو چکا ہے ۔ اگرچہ پانچ لاکھ ٹن اناج اکٹھا کرنے کا تھا ۔ ابھی بھی ڈیڑھ لاکھ ٹن کا خسارہ ہے جو کہ ان کے آمد کرنے سے پورا کیا جائے گا ۔

آپ نے یہ بھی بتایا ہے کہ صوبہ میں غذا کا نیا تجربہ شروع کر دیا گیا ہے ۔ صوبہ بمبئی کے ہوٹلوں کو حکم دیا گیا ہے کہ آئندہ آٹے میں شکر قندی اور بڑی گولم مچھلی کا آٹا ملا کر استعمال کیا جائے تاکہ اناج کی [illegible] ۔

اطلاعات کی بین المملکتی مشاورتی کمیٹی کا اجلاس

پاکستان کا وفد نئی دہلی پہنچ گیا

نئی دہلی ۳۱ جولائی اطلاعات کی بین المملکتی مشاورتی کمیٹی میں حصہ لینے کے لئے جس کا اجلاس کل شروع ہو رہا ہے پاکستان کا وفد آج یہاں پہنچ گیا ۔ پالم کے ہوائی اڈہ پر وفد کا مسٹر چودھری سکریٹری وزارت اطلاعات و نشریات حکومت ہند اور دیگر افسران نے استقبال کیا پاکستانی وفد مسٹر آئی ۔ ایچ قریشی نائب وزیر داخلہ حکومت پاکستان مسٹر محمود صابر ڈپٹی سکریٹری اطلاعات و براڈکاسٹنگ ڈی فرنس مسٹر ولی احمد ڈائرکٹر اطلاعات مغربی پنجاب مسٹر رشید احمد مسٹر ایم سید اسسٹنٹ ڈپٹی وکیل پاکستان مسٹر محمد عمر فاروقی انچارج مسٹر حمید نظامی ایڈیٹر نوائے وقت پر مشتمل ہے ۔ مسٹر قریشی اس وفد کے لیڈر ہیں ۔ (پ ٹ ا)

یوم تلک کی دھوم دھام

رام لیلا گراؤنڈ میں جلسہ

آج دہلی میں مختلف سیاسی جماعتوں کی طرف سے ہندوستان کی جنگ آزادی کے سپہ سالار بال گنگا دھر تلک کا یوم پیدائش منایا جائے گا ۔

اس سلسلہ میں صوبہ کانگریس کی طرف سے شام کے چھ بجے رام لیلا گراؤنڈ میں ایک پبلک جلسہ ہوگا جس میں سیٹھ گوبند داس شری میتی لورینا مکھرجی ۔ مولانا حفظ الرحمن ۔ اور لالہ دیش بندھو گپتا کی تقاریر ہوں گی ۔ اس وقت گاندھی گراؤنڈ میں ہوائی جہاز کے زیر اہتمام ایک پبلک جلسہ ہوگا جس میں ڈاکٹر [illegible] تلک کی زندگی پر روشنی ڈالیں گے شام کے ساڑھے سات بجے اردو بازار جامع مسجد میں سوشلسٹ لٹریری کلب کے زیر اہتمام میر مشتاق احمد "لوکمانیہ تلک کا پیغام" کے موضوع پر تقریر کریں گے ۔

افغانی سفیر کابل کو

نئی دہلی یکم اگست ۔ ہندوستان کے افغانی سفیر اپنی حکومت سے مشورہ کرنے کے لئے تقریباً چند روز کے لئے کابل چلے گئے ہیں ۔

مظفر پور میں سخت سیلاب

مکان اور مویشی بہہ گئے

مظفر پور ۳۱ جولائی تحصیل سیتا مڑھی سے یہ اطلاع ملی ہے کہ وہاں کی تشویشناک صورت حالات کی اطلاع پاتے ہی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ پولیس موقع پر پہنچ گئے ۔ اور نقصان کے متعلق تمام اطلاعات فراہم کیں ۔ کئی دن تک لگاتار موسلا دھار بارش ہونے سے دریائے گنڈک میں زبردست طغیانی آئی ہے اور اس میں ایک ہزار سے زیادہ دیہات زیر آب ہیں بہت سی جھونپڑیاں اور مکان یا تو بہہ گئے ہیں یا گر گئے ہیں بہت سے لوگ بے گھر ہیں ۔ سڑکیں ۔ ریلوے سٹیشن اور بلند مقامات پر پناہ گزیں ہیں ۔ دریا میں چند مویشیوں کی لاشیں تیرتی ہوئی دکھائی گئیں کسی شخص کے مرنے کی اطلاع نہیں ملی ضروری اشیا مٹی کا تیل دیا سلائیوں اناج چارے وغیرہ کی قلت ہے ۔ سیلاب سے الگ تھلگ ہو جانیوالے دیہات کو اناج سپلائی کرنے کے لئے کشتیوں کی تعداد بہت کم ہے بہیتا مڑھی سونبرسا روڈ پر تین فٹ پانی بہہ رہا ہے ۔ بہت سے علاقوں کا سلسلہ رسل و رسائل ٹوٹ گیا ہے بہسولہ بلباہا سرمند جانے والی سڑکیں ناقابل گذر ہیں سیلاب ابھی بڑھ رہا ہے

پاکستان کا یوم آزادی کا پروگرام

کراچی ۳۱ جولائی ۔ ۱۴ اگست کو علی الصبح پاکستان کی آزادی کی دوسری سالگرہ کے موقعہ پر دس منٹ تک توپیں گرجیں گی ۔ شہر میں شاندار تقریب کا پروگرام تیار کیا گیا ہے ۔

آل انجن کے خریداروں کو سنہری موقع

[illegible] خرید ہو جائیں اور [illegible] بہت سی موٹر [illegible] ہے ۔ پتہ
منشی احمد علی [illegible] مکان عبدالصمد [illegible]

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ایجنڈے پر جونا گڈھ موجود ہے

سر ظفر اللہ خاں کا ایک تقریب میں انکشاف

کراچی ۔ یکم اگست ۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں نے گذشتہ رات اس امر کا اظہار کیا کہ کشمیر کا مسئلہ مجلس تحفظ میں پیش ہونے سے قبل ہندوستانی وزیر اعظم نے پاکستان کے وزیر اعظم کو ایک تار کے ذریعہ مطلع کیا تھا کہ ہندوستانی حکومت کشمیر سے اپنی فوجیں واپس بلانے اور اقوام متحدہ کی نگرانی میں غیر جانبدار استصواب کرنے کو تیار ہے بشرطیکہ پاکستان بھی بعض خاص شرائط پورے کرے ۔ ہندوستان کے وزیر اعظم کا یہ تار نومبر ۱۹۴۷ء میں موصول ہوا تھا ۔

پاکستان اور اقوام متحدہ پر تقریر کرتے ہوئے سر ظفر اللہ خاں نے کہا کہ شروع سے پاکستان اس بات کی کوشش کر رہا ہے کہ ہندوستان کو اس کی پیشکش پر عمل کرنے پر مائل کرے لیکن ہمیں کامیابی نہیں ہوئی ۔

وزیر خارجہ نے کہا کہ ہندوستانی وزیر اعظم نے نومبر ۱۹۴۷ء کی تجاویز میں پاکستان کے وزیر خارجہ سے مطالبہ کیا تھا کہ پاکستان قبائلیوں کو کشمیر سے واپس بلائے ۔ میں نے مجلس تحفظ میں کہہ دیا تھا کہ ہم ہندوستان کے ساتھ فوجی اقدام میں بھی تعاون کریں گے تاکہ قبائلیوں کو کشمیر سے نکال لیا جائے ۔ پاکستان قبائلیوں کو کشمیر سے نکالنے میں کامیاب ہو چکا ہے لیکن ہندوستان نے اپنی فوجوں کو واپس نہیں بلایا یہاں تک کہ امن و امان قائم ہو جانے کے بعد بھی فوجیں واپس نہیں بلائی گئیں ۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کیا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ایجنڈے پر جونا گڈھ کا مسئلہ ہے یا نہیں؟ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہاں ہے اور یہ بھی کہا کہ اصل میں کمیشن کا نام کشمیر کمیشن نہیں ہے بلکہ ہند اور پاکستان کے لئے اقوام متحدہ کا کمیشن ہے ۔ کمیشن کشمیر کے مسئلہ کو ختم کرنے کے بعد جونا گڈھ کے مسئلہ کو زیر بحث لا سکتا ہے ۔ (اے پ پ)

شرنارتھی فوجیوں کو سرحد کے قریب زمینیں الاٹ کی جائیں گی

جالندھر یکم اگست ۔ دفتر اطلاعات سے معلوم ہوا ہے کہ شرنارتھی فوجیوں کو آئندہ دو ماہ میں اندر پاکستان سرحد کے ساتھ ساتھ مشرقی پنجاب اور پٹیالہ یونین کے ۴۵ دیہات میں اراضیات الاٹ کی جائیں گی یہ اراضیات خاص طور پر ان کے لئے مخصوص کی گئی ہیں ۔ ۲۰ دیہات ۱۶ اضلاع سے لئے جائیں گے ۔ فوجیوں کے لئے ان دیہات کی تخصیص کا مقصد [illegible] جنگ کی صورت میں ان کی [illegible] غیر حاضری میں گے لہذا ان دیہات کی ۲۵ فیصدی اراضی فوجیوں کے پسماندگان کے دیگر رشتہ داروں کو الاٹ کی جائے گی تاکہ وہ ان کی غیر حاضری میں اراضیات کی دیکھ بھال کر سکیں ۔ الاٹمنٹ میں ان فوجیوں کو ترجیح دی جائے گی ۔ جن کے بھائی کشمیر میں ڈیوٹی پر موجود ہیں ۔ (پ ۔ ٹ رائٹر)

جے پور دہلی ریلوے سروس بند

ریواڑی کے نزدیک لائن ٹوٹ گئی

جے پور ۔ یکم اگست ۔ سخت بارش کی وجہ سے باندی کوئی اور ریواڑی کے نزدیک ریلوے لائن ٹوٹ جانے کی وجہ سے جے پور جانے والی تمام گاڑیاں روک دی گئی ہیں ۔ خیال کیا جاتا ہے کہ احمد آباد ۔ دہلی میل کو بھی جو پچھلی رات سے ہو کر دہلی جاتا ہے ۔ ہماری کے نزدیک لائن خراب ہونے کی وجہ سے روک دیا گیا ہے ۔ (پ ٹ)

جنوبی ہند میں ہندوستانی

وزیر اعظم مدراس کی تقریر

مدراس ۔ یکم اگست ۔ مسٹر پی ۔ ایس کمار سوامی راجہ وزیر اعظم مدراس نے کل کہا کہ یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ ہندوستانی زبان کی وجہ سے اسکولوں میں تامل زبان کو نقصان پہنچے گا ۔ آپ نے مدراس ہندی پرچار سبھا کے ساتویں سالانہ اجلاس کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ صدی میں انگریزی کا دور دورہ رہا ہے ۔ اور اگر اس انگریزی زبان کے دور میں ہماری زبان زندہ رہ سکتی ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہندوستانی کے عہد میں اسے نقصان پہنچے ۔ وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ جنوبی ہند میں ہندوستانی کی ترقی کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کرنی چاہئے ۔ آپ نے کہا کہ سرکاری جماعتوں نے ہندوستانی کی تبلیغ کرنے میں حکومت کی امداد کی تو یہ زبان بہت جلد ترقی کر جائے گی ۔ (پ ٹ)

حیدر آباد کی فوجی حکومت کے متعلق اخبارات کی اطلاعات کی تردید

حیدر آباد یکم اگست ۔ حکومت حیدر آباد کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اخبارات کی یہ اطلاعات کہ حیدر آباد کی فوجی حکومت ختم ہو رہی ہے ۔ اور فوجی گورنر یہاں سے جا رہے ہیں غلط ہیں ۔ فی الوقت ایسی کوئی تبدیلیاں زیر غور نہیں ۔ (پ ۔ ٹ)

بھوپال میں غذائی اجناس پر پابندی

بھوپال یکم اگست ۔ حکومت بھوپال نے ریاست کے اندر غذائی اجناس کی حمل و نقل پر پابندی لگا دی ہے ۔ اب صرف حکومت ہند کی اجازت ہی سے ریاست میں لایا جا سکے گا ۔ (پ ٹ)

بادشاہ کا پیغام مبارکباد

لندن ۔ یکم اگست ۔ بادشاہ سلامت نے ایک مراسلہ کے ذریعہ سے جہاز امپائر کے کام پر کہ وہ جہاز کولمبو سے دولت مشترکہ کی تیسری کانفرنس کے لئے [illegible] جائیگا ۔ پیغام مبارکباد دیا ہے

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات توجہ فرمائیں

ڈرافٹ یا چیک کس کے نام ہو

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات اگر امدادی رقم بنک کے ذریعہ بھیجیں تو چیک یا ڈرافٹ صرف مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب کے نام پر ہونا چاہئیے ۔

(معید الدین قاسمی انچارج دفتر جمعیۃ علماء ہند)

اعلان

جامعہ احمدیہ بھوپال میں محدث دوم کی آسامی خالی ہے ۔ جس کا مشاہرہ ۶۳-۴-۵۰ ہے اس کے لئے درخواستیں ایسے اشخاص کی مطلوب ہیں جو
۱ ۔ علوم عربیہ کے سند یافتہ ہوں
۲ ۔ دیگر علوم عربیہ کے علاوہ حدیث و فقہ و اصول میں امتیاز رکھتے ہوں ۔
۳ ۔ درس و تدریس کا تجربہ ہو ۔ اور کم از کم تین سال تک اعلیٰ درجات کو علوم مندرجہ (۲) پڑھاتے ہوں
تمام شرائط کی تکمیل کی صورت میں اہل بھوپال کو ترجیح دی جائے گی ۔ تمام درخواستیں تاریخ اشاعت سے پندرہ روز کے اندر دفتر ہذا کو مع تعلیمات گورنمنٹ بھوپال کے اور سال (؟) ذاتی جانچ نقل محمد اعزاز اللہ
سکریٹری تعلیمات لوکل سیلف گورنمنٹ بھوپال

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں ایک جلسہ عام میں تقریر کریں گے ۔ طلباء ایک مشعلی جلوس نکالیں گے اور گورنر جنرل ہاؤس میں بھی ایک شاندار تقریب منائی جائے گی ۔ (گ ب)

مفت طلب کیجئے

مساجد کے لئے ضروری مسائل کے کتبے ۔ قرآنی نقشہ بچوں کی تعلیم کے لئے نماز مترجم آٹھ عدد تقسیم کرنے کے لئے دو پیسہ کے ٹکٹ بھیجکر طلب کیجئے ۔
ادارۂ آفتاب رسالت بلی ماران دہلی

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
۵ امیف بازار دریا گنج دہلی

[illegible]
ڈی گرانی ڈاکٹر پی ایل نرولہ آف لاہور

بنگلور میں سوشلسٹوں کا ستیہ گرہ

لیبر کے آگے لیٹ گئے ۔ ۸ گرفتاریاں

بنگلور ۳۰ جولائی ۔ مسٹر سیتا رام مقامی سوشلسٹ لیڈر مع گیارہ اشخاص کے کل گرفتار کر لئے گئے جنہوں نے مختلف سڑکوں پر چلنے والی بسوں کے سامنے لیٹ کر ستیہ گرہ کیا تھا ۔ مسٹر سیتا رام نے گیارہ بجے ستیہ گرہ شروع کیا اور شام کو پانچ بجے گرفتار کر لئے گئے ۔ بسوں کی ہڑتال ۲۰ جولائی سے شروع ہوئی تھی اور اب تک جاری ہے ۔ (پ ٹ ا)

انخلا کنندگان کی جائداد کا کرایہ

لکھنؤ کے سٹی مجسٹریٹ کا پریس نوٹ

لکھنؤ ۳۰ جولائی ۔ لکھنؤ کے سٹی مجسٹریٹ کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ انخلا کنندگان کی جائداد کے تمام کرایہ دار وغیرہ آئندہ سے جائداد کے مالکوں یا ان کے ایجنٹوں کو کرایہ نہ دیں بلکہ اسسٹنٹ کسٹوڈین لکھنؤ سے ہدایات طلب کریں اس پریس نوٹ میں شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ کسٹوڈین کے ساتھ انخلا کنندگان کی جائداد کا پتہ لگانے میں اور کسٹوڈین کو اس پر قبضہ دلانے میں تعاون کریں ۔ یہ بھی اپیل کی گئی ہے کہ ایسی جائدادوں کے بارے میں انخلا کنندگان کی جائداد کے ڈپٹی کسٹوڈین ضلع مجسٹریٹ لکھنؤ یا سٹی مجسٹریٹ لکھنؤ کو مطلع کریں ۔ (پ ٹ)

لدھیانہ میں تین بیوپاری گرفتار

لدھیانہ ۳۰ جولائی ۔ اطلاع مظہر ہے کہ سپیشل سی آئی ڈی پولیس نے پرسوں چھاپہ مار کر لوہے اور فولاد کی سمگلنگ کے سلسلہ میں اظہر کاشی امرت لال اور شانتی لال وغیرہ لوہے کے بیوپاریوں کو حراست میں لیا ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے کوٹے کے علاوہ بیس ٹن لوہا بلیک مارکیٹ میں فروخت کیا تھا ۔ پولیس نے ان کا ریکارڈ لے لیا ہے لالہ موہن لال کی فرم کے منیجر پریم کا کی گرفتاری کے وارنٹ جاری کر دیئے گئے ہیں ۔ بتایا جاتا ہے ۔ لال اور جگدیش مترجنہیں حال ہی میں گرفتار کیا گیا تھا ریمانڈ لے لیا گیا ہے ۔

مسجدوں کے باہر باجہ کی ممانعت کا خاتمہ

سکندر آباد ۔ ۳۱ جولائی ۔ حکومت حیدر آباد کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ ریاستی سرکار نے پبلک کا یہ حق تسلیم کر لیا ہے کہ باجہ کے ساتھ جلوس پبلک سڑکوں اور جگہوں پر ہر وقت گذر سکتا ہے اس پر کوئی پابندی نہیں حکومت مسلمانوں کے مسجدوں میں عبادت کرنے کے حق کو تسلیم کرتی ہے گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہے کہ کسی فرقہ کے پبلک مذہبی حقوق میں دخل اندازی نہ کی جائے بشرطیکہ اس حق کا ناجائز استعمال نہ کیا جائے اور اس سے کسی شخص کو ناراض نہ کیا جائے چنانچہ مسجدوں کے سامنے سے باجے بجاتے ہوئے گزرنے کے متعلق پچھلی پابندیاں ختم کر دی گئی ہیں ۔ (د ت م)

ناگپور میں سنگھیوں کی کانفرنس

مسودۂ آئین پر غور و خوض

ناگپور یکم اگست ۔ سیوک سنگھ کے سو ۴۵ آرگنائزروں کے اجلاس میں سنگھ کے مستقبل کے پروگرام کی بحث ہوتی رہی ۔ اگرچہ کانفرنس میں پریس کے نمائندوں کو داخلے کی اجازت نہیں تھی ۔ لیکن معلوم ہوا ہے کہ عام اسٹنگھ کی سرگرمیوں کو وسیع کرنے کے سوال پر اختلافات تھا ۔ معلوم ہوا ہے کہ سنگھ کے گرو مسٹر گولوالکر نے کانفرنس کے روبرو گذشتہ چھ ماہ کے واقعات اور وہ گفت و شنید پیش کی جو سنگھ پر سے پابندی اٹھانے کے سلسلہ میں ان کے اور حکومت ہند کے مابین ہوئی ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کانفرنس میں سنگھ کے اس مسودہ آئین پر بھی بحث ہوئی جو مسٹر ٹی ۔ آر ۔ وینکٹا رام شاستری نے مرتب کیا ہے ۔ آج امید کی جاتی ہے کہ کانفرنس کی طرف سے کوئی اعلان کیا جائے گا ۔ کانفرنس میں خاص خاص کارکنوں نے شرکت کی ۔ (پ ٹ ر)

ہندوستان اور یمن کے درمیان تجارت

قاہرہ ۳۱ جولائی ۔ یمن کے محکمہ خارجہ کے نائب سکریٹری القاضی الشامی ہندوستان کے ساتھ تجارتی گفت و شنید کو تکمیل دینے کے لئے قاہرہ سے ہندوستان روانہ ہو چکے ہیں ۔

انھوں نے کہا ہے ۔ دہلی سے قبل جار روز ہندوستان میں دوران قیام کرنے کے بعد قاہرہ واپس آ جائیں گے اور نظم مصر سے ایک تجارتی معاہدے کے سلسلہ میں گفت و شنید کریں گے ۔ (ا گ ب)

طبی کتب
کتب طب ۔ کلام اللہ شریف
کتب دینیات ۔ تصوف ۔
تاریخ ۔ دستکاری ۔ رمل و نجوم کشیدہ کاری ۔
خیالی ۔ ناول ۔ قصے ۔ افسانے ۔ علوم مشرقی جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے خریدئیے ۔

اہل اسلام حضرات سے

ضروری اپیل

ایک نیم شکستہ مسجد کی از سر نو تعمیر کی جا رہی ہے مخیر حضرات زر امداد عطا فرما کر ثواب دارین حاصل فرمائیں تعمیر کنندگان مسجد بنیات غریب لوگ ہیں ۔ اس لئے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ تعمیر میں حتی الامکان امداد فرمائیں معطی حضرات اگر چاہیں تو خود تشریف لا کر دیکھ سکتے ہیں اور بذریعہ منی آرڈر بھی مندرجہ ذیل پتہ پر رقم ارسال فرما سکتے ہیں ۔ المستشتہر
مہتمم حسین صدیقی خشت علی ناظم اعلیٰ جمعیت علماء [illegible] مراد آباد

روزنامہ الجمعیۃ کا شاندار
آزادی نمبر
حسب سابق ۱۳ اگست کو نئی آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے
بہترین سیاسی تاریخی اور علمی معلومات کا یہ گنجینہ اعلیٰ ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کر لیا جائے گا ۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بین علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر یہ ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے
ضخامت ۔ روزانہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگیں قیمت ۴ر
ایجنٹ ۔ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں
مشتہرین
اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں ۔
روزنامہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا ۔ لیکن صرف سہ روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں چار آنے کے بجائے دو آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیں
منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۸ شوال ۱۳۶۸ھ مطابق ۴ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۸۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

امریکن فوجی افسران کی اہم کانفرنس

ہیڈلبرگ ۲ اگست (یو پی آئی) کل یہاں پر امریکہ کے بری، بحری اور ہوائی افسران کی خفیہ کانفرنس میں میثاق اوقیانوس کے تحت امریکن فوجوں کی یورپ میں پوزیشن کے بارے میں غور کیا گیا۔ جس کمرہ میں اجلاس ہو رہا تھا اس پر بہت سے نقشے موجود تھے اور کمرہ کے علاوہ اس احاطہ پر پابندیاں لگا دی گئی تھیں۔ یہ کانفرنس بہت اہم تھی۔

کانپور ۲ اگست۔ کانپور کے نوجوان شہریوں نے حکومت کے جمہوری طریقوں کی تعلیم دینے کی غرض سے ایک نقلی پارلیمنٹ بنائی ہے۔ اس پارلیمنٹ میں ہند کی تمام سیاسی جماعتوں کے ممبر شامل ہیں۔ ۸ اگست کو اس پارلیمنٹ کا پہلا اجلاس ہوگا۔ بحث کا موضوع راشٹریہ سیوک سنگھ سے پابندی اٹھانا ہوگا

پارلیمنٹ کو مرکزی صوبوں میں قانون ساز مجلسیں قائم کرنیکا اختیار دیدیا گیا

دہلی کے مستقبل پر دلچسپ بحث

مولانا حفظ الرحمن صاحب اور دوسرے ممبروں کی تقریریں

نئی دہلی ۲ اگست۔ دستور ساز اسمبلی نے ڈیڑھ گھنٹہ کی بحث کے بعد پارلیمنٹ کو یہ اختیار دے دیا کہ مرکز کے ماتحت جن ریاستوں کا انتظام چیف کمشنر یا لفٹنٹ گورنر کے ذریعہ ہو رہا ہے۔ ان میں پارلیمنٹ ایک ایسی جماعت نامزد کر سکتی ہے یا اس کا انتخاب کرا سکتی ہے جو وہاں کی مجلس دستور ساز کے طور پر کام کرے۔ یا وہاں مشیروں کی ایک کونسل مقرر کر سکتی ہے یا وزراء کی ایک کونسل کا تقرر کر سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں پارلیمنٹ جو قانون منظور کرے گی وہ دستور میں ترمیم نہیں ہوگی۔

آج زیادہ تر صوبہ دہلی کے مستقبل کے متعلق بحث ہوتی رہی بعض مقررین نے کہا کہ نئی دہلی کو صوبہ دہلی سے علیحدہ کر دیا جائے اور اس پر براہ راست مرکز کا انتظام ہو۔ اور بقیہ صوبہ دہلی کو مشرقی پنجاب میں شامل کر دیا جائے۔

چودھری رنبیر سنگھ نے دہلی کو مشرقی پنجاب میں ضم کرنے کی حمایت کی انہوں نے کہا کہ دیہات کے ۹۰ فی صدی افراد اس کی حمایت کریں گے۔ ۵ لاکھ سے زیادہ پنجابی پناہ گزین جو دہلی

بڑے اور زیادہ موثر ایٹم بموں کی بڑے پیمانہ پر تیاری

امریکہ کے ایٹمی طاقت کے کمیشن کا انکشاف

کانگریس میں شامل ہو جاؤ

سوشلسٹوں کو مسٹر بیدی کا مشورہ

روس اور کمیونسٹ چین میں تجارتی معاہدہ

پی پنگ ریڈیو کا اعلان

بائیں بازو کی متحدہ پارٹی کی تشکیل کی گفتگو شروع ہو چکی ہے

بمبئی کے جلسہ میں مسٹر سرت چندر بوس کا اہم انکشاف

پندرہ دن میں کامیاب نتائج نکلنے کی پوری توقع ہے

انڈونیشیا میں التوائے جنگ سے اقوام متحدہ کے مقاصد پورے ہو گئے

اقوام متحدہ کمیشن کی جانب سے دونوں وفود کو مبارکباد

اقوام متحدہ کے اسلحہ کمیشن نے اسلحہ شماری کی تجویز منظور کر لی

روس، یوکرین اور مصر نے مخالفت میں اور ۸ ممالک نے حمایت میں ووٹ دیئے

تجویز کا امریکہ کے ایٹم بموں پر کوئی اطلاق نہیں ہوگا!

مجلس تحفظ میں فلسطین کے مسئلہ پر پھر غور کیا جائے گا

ڈاکٹر بنچ نے مجلس کے سامنے اپنی رپورٹ پیش کر دی

راجستھان میں مل بند ہونے لگا

تین ہزار مزدور بیکار ہونے کا خطرہ

جنوبی کوریا کے دہشت پسندوں کا شمالی کوریا پر حملہ

روسی ایجنسی کا اعلان

حضرت مولانا عبدالحلیم کلکتہ جا رہے ہیں

بہار کے پانچ کمیونسٹ لیڈر گرفتار

ملک کے کھیت میں روپوش تھے

آج کانگریس کی مجلس عاملہ

زبان کے مسئلہ پر غور کریگی

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلہ میں

ڈرافٹ یا چیک کس کے نام ہو؟

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات اگر امدادی رقوم بذریعہ بنک بھیجیں تو چیک یا ڈرافٹ صرف مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب کے نام پر بھیجنا چاہیئے۔

محمد وحید قاسمی

دفتر جمعیۃ علماء ہند (دہلی)

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi-3-8-49

رہا شدہ جرمن کمیونسٹ لیڈر کا پُرجوش استقبال

ملاقاتیوں کے ہجوم سے پلیٹ فارم بھی ٹوٹ گیا

ہند میں خدائی خدمتگار جرگہ کا قیام

مسجد فتحپوری میں پٹھانوں کا اجتماع

امرناتھ تمام الزامات سے بری

کرکٹ بورڈ کا اہم فیصلہ

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ اول

مہاسبھا کے علاوہ تمام پارٹیاں ختم ہو جائیں گی!

ہندو مہاسبھا کے سکریٹری نے پیش گوئی کر دی

پٹنہ یکم اگست ہندو مہاسبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر اشوتوش لہری نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ہندوستان کے اندر ان کی پارٹی اور کمیونسٹ پارٹی ہی صرف ایسی سیاسی پارٹیاں ہیں جو اپنے واضح عقیدوں کے ساتھ کام کر رہی ہیں تمام دوسری سیاسی پارٹیاں جو اقتدار کے لئے کام کر رہی ہیں جلد یا بدیر ختم ہو جائیں گی

مسٹر لہری نے موجودہ کانگریسی حکومت پر اعتراض کیا اور کہا کہ وہ اقتصادی، سماجی، تعلیمی اور دوسرے میدانوں میں ناکام رہ چکی ہے

سوشلسٹ پارٹی

انگریز پر ذمہ داری ڈالنے سے ہم اپنے گناہوں کو نہیں چھپا سکتے

ملک کی صحیح خدمت امن و اتحاد پیدا کرنا ہے

عید کے مشترکہ جلسہ میں اتحاد پر تقریریں

حکومت ہند کے تقریباً نصف ملازم مقروض رہتے ہیں

سرکاری ملازموں کی آمدنی و خرچ کے اعداد و شمار

مشرقی بنگال میں ہندوؤں کیلئے علیحدہ وطن کے مطالبہ کی مذمت

پاکستان مجلس دستور ساز کے تین ارکان کا مشترکہ بیان

سکھ پٹیالہ یونین کے انضمام کے سخت مخالف ہیں

دہلی میں سکھ نمائندوں کی اہم کانفرنس

کشمیر کمیشن

(بقیہ صفحہ اول)

بلجیم کے بادشاہ لیوپولڈ ثالث کی واپسی کا مسئلہ

قائم مقام وزیر اعظم ہنری اسپاک کی بادشاہ سے ملاقات

مجھے اندیشہ تھا کہ پاکستان میں صرف مرد حکومت کرتے ہیں

بیگم لیاقت علی سے مل کر ایک امریکن عورت کی خوش فہمی

دعائے صحت

حضرت سیف الاسلام جناب مولانا مولوی ابوالقاسم صاحب بنارس پر فالج کا حملہ ہوا ہے ناظرین و احباب دعائے صحت فرمائیں۔

حکومت مشرقی بنگال پر

فضل الحق کی نکتہ چینی

انجن کرنک شافٹ



بہترین کوالٹی اور لاجواب مضبوطی

نادرن سٹیل اینڈ جنرل ملز (رجسٹرڈ) پلاٹ نمبر ۵ فیکٹری ایریا نجف گڈھ روڈ دہلی

انڈونیشیا میں جنگ بند کر دینے کے سوال پر سمجھوتہ ہو گیا

۱۳ر اگست کو سرکاری طور پر اعلان کر دیا جائیگا

بٹاویہ ۲ر اگست ۔ کل مجلس اقوام کے کمیشن کے اہتمام میں ہالینڈ اور انڈونیشی ری پبلک کے نمائندوں کا ایک اجلاس ہوا جس کے [illegible] ہندوستانی وقت کے مطابق ۹ بجے شام کے بعد سے جنگ بند کر دینے کا فیصلہ کیا۔

دونوں فریق ایک وقت اپنی فوجوں کو تمام ہدایات جاری کریں گے کہ وہ جنگ بند کر دیں اور ایک دوسرے کو نقصان پہونچانے والی کارروائیوں سے اجتناب کرنے کے لئے ہر ممکن تدبیر عمل میں لائیں۔

اس سمجھوتہ کی ایک نقل جمہوریہ کے پریزیڈنٹ ڈاکٹر سوئیکارنو کے ملاحظہ کے لئے جوگجاکارتا بھیج دی گئی ہے۔

جنگ بند کر دینے کے بارے میں جو تفصیلات دونوں حکومتوں کی منظوری سے تیار کی گئی ہیں۔ ان میں ایک ایسے مشترکہ بورڈ کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے جو جنگ بند کر دینے کے حکم کے نفاذ اور دوسرے متعلقہ احکام و ہدایات کی پابندی کی نگرانی کرے گا۔

اس سمجھوتہ میں دو فوجی ضمیمے اور قاعدے مندرج ہیں جن کا سمجھوتہ کے عملی نفاذ سے تعلق ہے۔ جنگ بند کر دینے کے حکم کے اجراء کے بعد ایک مشترکہ اعلان اور ضمیموں کی پوری تفصیلات شائع کی جائیں گی۔

مشترکہ مرکزی بورڈ میں چار ڈچ ممبر اور چار ری پبلکن ہیں اس کے علاوہ چھ ممبر مجلس اقوام کے کمیشن کے ہوں گے ان میں سے تین سیاسی اور تین فوجی ہوں گے۔

کل کے سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ جنگ بند کرنے کا حکم اور کسی تاریخ سے نافذ العمل ہوگا جس کا اعلان کر دیا جائیگا۔

اس سوال پر غور کیا جا رہا ہے کہ سیاسی نظر بندوں اور جنگی قیدیوں کی رہائی کے سوال پر مشورہ دینے اور رفتار کو تیز کرنے کے لئے ایک مشترکہ کمیٹی قائم کی جائے۔ میدانی جہازوں کی آمد و رفت کے بارے میں مکمل سمجھوتہ ہو گیا ہے۔ اور شاہی ڈچ [illegible] فضائی سروس آئندہ ہفتہ باقاعدہ سروس شروع کر دے گی۔

جمعیۃ علماء بمبئی کا جلسہ عید

مسٹر مرارجی ڈیسائی کی تقریر

بمبئی بذریعہ ڈاک :۔ شہر کی جمعیۃ علماء نے عرب گلی میں عید الفطر کا استقبالیہ جلسہ منعقد کیا۔ اس میں وزیر داخلہ بمبئی مسٹر مرارجی ڈیسائی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ نظم و نسق اور امن و امان بندوقوں اور گولیوں سے برقرار نہیں رکھا جا سکتا۔

آپ نے کہا کہ پولیس فسادات کو روک سکتی ہے۔ مگر ہم آہنگی و امن برقرار نہیں رکھ سکتی۔ جب کبھی گڑبڑ شروع ہو تو لوگوں کو قانون اپنے ہاتھ میں نہ لینا چاہئے [illegible] نہ کرنا چاہئے۔ آپ نے کہا کہ فرقوں میں ایک دوسرے پر شبہ نہ کرنا چاہئے۔ ایک طبقہ مسلمانوں پر اب بھی شبہ کر رہا ہے۔ آپ نے فرقہ وارانہ دوستی اور ہم آہنگی پیدا کرنے کی تلقین کی۔ مسلمان پوچھ رہے ہیں کہ وہ وفاداری کا کس طرح اظہار کریں۔ انہیں چاہئے کہ وہ باہمی بے اعتمادی دور کر دیں۔ آپ نے ماضی کو فراموش کرنے کا مشورہ دیا۔ مولوی سیف اللہ نے جلسہ کی صدارت کی۔

شاہ لیوپولڈ کی واپسی کا سوال

مسٹر اسپاک کی بادشاہ سے ملاقات

جنیوا ۲ر اگست :۔ سرکاری سوشلسٹ پارٹی کے لیڈر مسٹر اسپاک نے شاہ لیوپولڈ سے دو گھنٹہ تک ملاقات کی۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی یہ ملاقات بادشاہ کو تخت پر واپس لانے کے سلسلہ میں تھی۔ کیونکہ ابھی تک اسی سوال پر بلجیم میں وزارت نہیں بن سکی ہے۔ کیتھولک پارٹی جس کو انتخاب میں کامیابی حاصل ہوئی ہے ابھی تک وزارت بنانے میں کامیاب نہیں ہو سکی ہے۔ یہ پارٹی بادشاہ کو دوبارہ تخت پر واپس لانا چاہتی ہے۔ (رائٹر)

جموں میں پولیس اور پرجا پریشد کے والنٹیروں میں تصادم

۴ سپاہی مجروح ہو گئے

جموں کیم اگست :۔ پولیس جب یہاں پرجا پریشد کے ایک جلوس کو منتشر کر رہی تھی تو ۴ پولیس والے زخمی ہو گئے۔ پرجا پریشد نے پانچ ہفتے ہوئے حکومت کے خلاف ایک مہم شروع کی تھی۔ کل اس معاملے نے سنگین شکل اختیار کر لی جب پولیس پر پتھر وغیرہ پھینکے گئے۔

جموں کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بتایا کہ گذشتہ ۵ ہفتوں میں اس سلسلہ میں ۲۷۰ [illegible] جن میں ۳۰ عورتیں بھی شامل ہیں گرفتار کی گئی ہیں۔ [illegible] کو سزا ہو چکی ہے [illegible] کا مقدمہ زیر سماعت ہے۔

[illegible] ۱۱۰ اشخاص کے خلاف تحقیقات ہو رہی ہے۔ ۲۷۰ نظر بندوں میں سے ۲۷ رہا کر دیئے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے کہا جموں میں سنگھ نے پرجا پریشد کی شکل اختیار کر لی ہے [illegible] (اے پی آئی)

حیدرآباد کیلئے ایک مالی بورڈ

حیدرآباد دکن ۲ر اگست :۔ حکومت حیدرآباد کے وزیر مالیات نے ایک نئے مالی بورڈ کا افتتاح کیا۔ یہ بورڈ تمام ریاست کے لئے بنایا گیا ہے۔ اور حکومت کے کنٹرول کے ماتحت ہوگا۔ یہ تمام ریاست کے زمینی مالیہ کو خود کنٹرول کرے گا۔ (اے پی آئی)

فجی سے ۵۵۰ ہندوستانیوں کی آمد

کلکتہ ۲ر اگست :۔ جزیرہ فجی سے تقریباً ۵۵۰ ہندوستانی جن میں مزدور بھی ہیں جہاز کے ذریعہ ہندوستان پہنچے۔ ان میں کاشتکار، درزی، پولیس مین، استاد، کلرک بھی ہیں اور ایک عالم بھی جس کو حکومت نے ایک وظیفہ دیا تھا۔ (یونائیٹڈ پریس)

شام میں فوجی استحکام

دمشق ۲ر اگست ۔ شامی حکومت نے سرکاری طور پر اعلان کیا ہے کہ ۲۰ لاکھ پونڈ (مقامی سکے) شامی فوجوں کے استحکام کے لئے وقف کئے گئے ہیں (اے پی ۔ رائٹر)

روس جاپانی جنگی قیدی واپس کر رہا ہے

ٹوکیو ۲ر اگست (پی ٹی آئی ۔ رائٹر) آج جاپانی حکومت روس [illegible] ٹوکیو میں اتحادی سپریم کمانڈر کے ہیڈکوارٹر کو مطلع کیا ہے [illegible] ہزار جاپانی جنگی قیدیوں کو جو قید میں ہیں [illegible] سائبیریا سے ہو کر واپس کر رہی ہے۔

سرت بوس کا بائیں بازو کا محاذ

[illegible] ۱ر اگست ۔ [illegible] آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس [illegible] مسٹر بوس کے بائیں بازو کے محاذ میں شمولیت [illegible] آل انڈیا ٹریڈ یونین کانفرنس [illegible] اس وقت تک نہیں کہا جا سکتا۔ (اے پی آئی)

صوبہ دہلی کو آئینی خود مختاری دی جائے گی

دستور ساز اسمبلی میں وزیر اعظم نہرو کا بیان

نئی دہلی ۲ر اگست ۔ کل دستور ساز اسمبلی میں صوبہ دہلی کو آئینی خود مختاری دینے کے سوال پر جو بحث ہوئی اس میں حکومت نے نظام کو برقرار رکھتے ہوئے علاقوں کے مقابلہ میں خود مختاری دیئے جانے کے حامیوں کا خیر مقدم کیا۔

غالباً اسی حقیقت کے اعتراف کے طور پر پنڈت نہرو نے ایک بیان دیا جس میں اعلان کیا گیا تھا کہ حکومت اس سال کے اختتام تک پارلیمنٹ میں ایک بل پیش کرے گی جس کے ذریعہ دہلی کے لئے ایک نیا سسٹم نافذ کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ دستور میں ایک ایسے مسئلہ کے متعلق جو مختلف مرکزی علاقوں میں مختلف نوعیت رکھتے ہیں دستور میں کوئی قطعی بات نہیں ہونی چاہئے۔ دہلی کا [illegible] حکومت کا دستور دستور کی کسی دفعہ میں شامل کئے جانے کی بجائے پارلیمنٹ کے ذریعہ بنایا جانا بہتر ہوگا۔

اسمبلی اس وقت دستور کے ساتویں ضمیمہ پر بحث کر رہی تھی۔ جس کا تعلق دہلی، اجمیر، مارواڑہ، پنتھ پپلودہ اور کورگ کے نظم و نسق سے تھا۔

ایوان نے جو دفعات منظور کی ہیں ان کے مطابق پارلیمنٹ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ایسی کسی ریاست کے لئے ایک منتخب شدہ جماعت قانون ساز اسمبلی کے طور پر قائم کرے۔ ایسے علاقوں کا نظم و نسق چیف کمشنر یا لفٹنٹ گورنر کے ذریعہ پریزیڈنٹ کے ہاتھ میں ہوگا۔

حکومت اسرائیل ایک لاکھ عربوں کو واپس لینے پر تیار ہو گئی

چار عرب حکومتوں کے ساتھ سمجھوتے کی اطلاع

تل ابیب یکم اگست ۔ حکومت اسرائیل کی وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ چار عرب حکومتوں نے اسرائیل کی یہ اسکیم منظور کر لی ہے کہ اسرائیل میں رہنے والے عرب شہریوں کے جو رشتہ دار ان ممالک میں ہیں انہیں واپس اسرائیل بھیج دیا جائے۔

لبنان نے اس تجویز کو فوراً منظور کر لیا اور مصر، شام اور اردن کی حکومتوں نے فلسطینی کمیشن کو مطلع کیا ہے کہ وہ اس مسئلہ پر تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔

آج سے اسرائیل میں رہنے والے عرب اپنی بیویوں اور بچوں کی واپسی کے لئے درخواستیں دے سکیں گے۔ یہ لوگ عرب ممالک میں پناہ گزینوں کے طور پر زندگی بسر کر رہے ہیں۔

اس ترجمان نے اس تخمینہ کی تصدیق کرنے سے انکار کر دیا کہ اس فیصلہ کا اثر ۱۵ ہزار پناہ گزینوں پر پڑے گا۔ اس نے لوزان کی اس خبر کی تصدیق کرنے سے بھی انکار کر دیا کہ اسرائیل نے صلح کا آخری سمجھوتہ ہو جانے کے بعد ایک لاکھ عرب پناہ گزینوں کو واپس لینے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے اس اطلاع پر اسرائیل کے اپوزیشن کے اخبارات میں سخت نکتہ چینی شروع ہو گئی ہے اور ایک اخبار نے [illegible] دباؤ کے سامنے اسرائیل کا سر خم کرنا ہے۔

بعض ضروری کاغذات مسلوں میں شامل نہیں کئے گئے

عدالت میں سید قاسم رضوی کے وکیل کا بیان

حیدرآباد ۲ر اگست ۔ کل صبح اسپیشل ٹریبونل کے سامنے سید قاسم رضوی کے مقدمہ کی مختصر سی سماعت ہوئی۔ عدالت نے ملزم لائق علی رضا اور ملزم سید شجاعت خاں کے اپنی مرضی سے وکیل مقرر کرنے کے مسئلہ پر غور کیا۔

ٹریبونل کے چیرمین مسٹر بینڈ نے ملزم سید قاسم رضوی کے صفائی کے وکیل نواب عسکر جنگ کو ہدایت کی کہ وہ ملزمان کے اس فیصلہ کی وضاحت کریں جس میں انہوں نے کہا تھا کہ اگر وہ وکیل کریں گے تو اپنی مرضی سے ورنہ وکیل نہیں کریں گے۔

نواب عسکر یار جنگ نے دس منٹ تک ملزمان شجاعت و نسیرا [illegible] سے بات چیت کی لیکن وہ اس کے لئے تیار نہیں۔ اس کے بعد نواب عسکر یار جنگ نے عدالت کو تھوڑی دیر کے لئے ملتوی کئے جانے کی درخواست کی۔ تاکہ وہ ملزمان کو وکیل قبول کرنے کے لئے مجبور کر سکیں چیرمین کی عدالت رضامندی سے چند گھنٹوں کے لئے ملتوی کر دی گئی۔

نواب عسکر یار جنگ نے عدالت کی توجہ ایک اخبار کے مضمون کی طرف مبذول کرائی۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ [illegible] مقدمہ عدالت میں ہے۔ وکلاء صفائی کی مشکلات دور کرنے کی درخواستوں پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں [illegible] بشرطیکہ کے بعد عدالت ۸ر اگست تک ملتوی ہو گئی۔

مقدمہ شروع ہونے سے پبلک گیلریاں بالکل خالی تھیں کیونکہ یہ معلوم تھا کہ آج مقدمہ کی بالکل معمولی کارروائی ہوگی۔

ٹریبونل کے چیرمین مسٹر جینڈ نے ملزمان کو ہدایت کی کہ وہ اپنی نشستوں پر بیٹھنے سے پہلے عدالت سے اجازت طلب کریں۔ ملزمان اجازت لے کر کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ آج کا خاص کام ملزمان کے ساتھ وکیلوں کی تقرری تھا۔

اس کے بعد چیرمین نے ملزم نمبر ۲ اور نمبر ۳ کے [illegible] وکیل کی تقرری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا [illegible]

[illegible]

ان کے نام تجویز کئے ہیں۔ عدالت ان وکلاء سے بات چیت کرے گی اور اگر وہ رضامند ہو گئے اور عدالت کو بھی کسی قسم کا اعتراض نہ ہوا۔ تو ملزمان کو اپنی مرضی کے وکیل کرنے کا موقع دیا جائیگا۔

لندن کے بیرسٹر مسٹر جی ڈی رابرٹس جو کہ اس مقدمہ میں سید قاسم رضوی کی طرف سے بطور وکیل صفائی کے پیش ہو رہے ہیں۔ آج صبح عدالت میں آئے اور مسٹر جینڈ سے ملاقات کی۔ لیکن انہوں نے کارروائی میں حصہ نہ لیا۔ وہ حیدرآباد ہائیکورٹ میں اپنے نام کے اندراج کی درخواست دے رہے ہیں۔ نواب عسکر یار جنگ نے جو سید قاسم رضوی کے وکیل ہیں عدالت کو بتایا کہ بعض ضروری کاغذات مسلوں میں شامل [illegible] نہیں کئے گئے ہیں۔ چیرمین نے وکیل صفائی سے اس بارے میں درخواست دینے کے لئے کہا۔ اس کے بعد نواب عسکر یار جنگ نے سرکاری گواہ کے بیان کی نقل طلب کی۔ ۸ر اگست کو اس درخواست پر غور کیا جائے گا۔ (اے پی ٹی ام)

اسرائیل ایک لاکھ عربوں کو آباد کرنے کے لئے تیار ہے

تل ابیب ۲ر اگست ۔ [illegible] اسرائیلی وفد نے اس سے اتفاق کر لیا ہے کہ ایک لاکھ عرب پناہ گزینوں کو اسرائیل میں واپس لے لیا جائے (اے پی ۔ رائٹر)

عربوں کا اتحاد و استحکام شام کی سب سے بڑی خواہش ہے

شامی وزیر اعظم محسن البرازی کا بیان

دمشق ۲ر اگست ۔ شام کے وزیر اعظم محسن البرازی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ شام دل سے یہ چاہتا ہے کہ عربوں کے اتحاد کو زیادہ سے زیادہ مضبوط کرے اور ہم اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے پوری پوری کوشش کریں گے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ آئندہ ہفتہ اسکندریہ میں عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے امید ہے اس کی ترکیب کی جائیگی ہے کہ عربوں کی باہمی مفاہمت اور اتحاد میں جو کمزوریاں ہیں وہ دور ہو جائیں گی اور عرب پناہ گزینوں کے اس مسئلہ کا حل ہو جائے گا۔ جو اس وقت ہر شخص کے لئے پریشان کن بنا ہوا ہے۔

وزیر اعظم نے شامی اور عراقی پریس کے درمیان جنگ بازی کا بھی تذکرہ کیا اور کہا کہ عراقی پریس کے حملوں کی وجہ سے ناخوشگوار صورت حال ہے لیکن مجھے امید ہے کہ بہت جلد تعلق مندی پیدا ہو جائے گی اور یہ جنگ ختم ہو جائے گی۔ (اے پی ۔ رائٹر)

گورنر سب انسپکٹر کے مکان پر

[illegible] ۲ر اگست ۔ گورنر آسام [illegible] آج اور [illegible] پولیس سب انسپکٹر کے مکان پہونچے۔ جس کو گزشتہ ہفتے ایک مجمع نے ہلاک کر دیا ہے۔ گورنر نے سب انسپکٹر کی بیوی کو ۲۰۰ روپئے ذاتی طور پر دیئے۔

سب انسپکٹر [illegible] مقدمہ کی تحقیقات کے سلسلہ میں [illegible] گیا تھا لیکن وہاں کمیونسٹوں اور مسلح مجمع نے اس پر حملہ کر کے اس کو ہلاک کر دیا اس پر پولیس نے اس علاقہ کا محاصرہ کر لیا۔ علاقہ کے لوگوں نے پولیس پر اینٹ پتھروں سے حملہ کیا۔ پولیس نے اس پر ۵ دفعہ گولی چلائی جس سے دو مجرم ہلاک اور تین زخمی ہوئے۔ اس سلسلہ میں ۱۰۰ افراد کو گرفتار کیا گیا تھا۔ جن میں سے ۴۰ کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ بقیہ حراست میں ہیں اور تحقیقات ہو رہی ہے (اے پی ۔ آئی)

مشرقی ممالک اپنے پڑوسیوں کے بدخواہ نہیں ہیں

طہران میں شرق اردن کے بادشاہ عبد اللہ کا بیان

طہران ۲ر اگست ۔ شرق اردن کے شاہ عبد اللہ نے جو یہاں شاہ ایران کی دعوت پر سرکاری طور پر آئے ہوئے ہیں پریس کے نامہ نگاروں سے کہا۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ کوئی مشرقی ملک اپنے پڑوسیوں کے خلاف بدخواہی کا جذبہ نہیں رکھتا۔

انہوں نے کہا تمام مشرقی حکمران اور بادشاہ اپنے ممالک کے شہریوں کے لئے یکساں خواہشات رکھتے ہیں۔ یعنی معیار زندگی کا بلند کرنا زیادہ سہولتیں بہم پہونچانا اور ان کی آزادی کا تحفظ کرنا۔

شاہ عبد اللہ نے کہا کہ ہم کسی کو اپنا دشمن نہیں بناتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ سب سے محبت کریں ہم ظلم اور حملہ کا شکار ہو نا پسند نہیں کرتے اور اس غرض سے ہم سب کو متحد کر دینا چاہتے ہیں کیونکہ اتحاد ہی ایسا طریقہ ہے جس سے اس خطرہ کا انسداد ہو سکتا ہے (اے پی ۔ رائٹر)

مسلح فوجوں کا شمار

اسلحہ کمیشن نے تجویز منظور کر لی

لیک سکسس ۔ ۳ر اگست ۔ مجلس اقوام کے اسلحہ کمیشن نے کل آٹھ ووٹوں کی حمایت اور تین ووٹوں کی مخالفت سے فرانس کی یہ تجویز منظور کر لی کہ ساری دنیا کے ممالک کی فوجوں اور اسلحہ کا شمار کیا جائے۔

روس، یوکرین اور مصر نے تجویز کی مخالفت کی اس تجویز میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک ایسی کمیٹی مقرر کی جائے جو ممالک کی طرف سے فراہم کئے ہوئے اعداد و شمار کی تصدیق کی جائے۔ (پی ۔ ٹی ۔ آئی ۔ رائٹر)

اجمیر، مارواڑ کا اقدام

اجمیر ۔ ۳ر اگست ۔ اجمیر کے چیف کمشنر اجمیر کے راجستھان میں ادغام کے سلسلہ میں صوبہ کے بعض شہریوں کا ایک جلسہ چھ اگست کو طلب کیا ہے جس میں اجمیر، مارواڑ کے راجستھان میں ادغام کے بارے میں مشورہ کیا جائے گا۔ [illegible] مسٹر [illegible] حکومت ہند کے ریاستی امور کی وزارت کے سیکریٹری بھی شامل ہوں گے۔

مغربی پنجاب کا انگریز گورنر رخصت ہو گیا

نئے گورنر سردار عبد الرب نشتر آج عہدے کا حلف اٹھالیں گے

لاہور ۔ ۲ر اگست ۔ کل صبح مغربی پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی پنجاب میل کے ذریعہ کراچی روانہ ہو گئے جہاں سے وہ انگلستان روانہ ہو جائیں گے۔ ایک نامہ نگار کی اطلاع کے مطابق پنجاب کے کسی گورنر کو شاید ہی اس قدر جوش و خروش کے ساتھ الوداع کہا گیا ہو جس جوش کے ساتھ سر فرانسس موڈی کو رخصت کیا گیا ہے۔

جس وقت سر فرانسس اور لیڈی موڈی ریلوے اسٹیشن پر پہنچے تو ہزاروں اشخاص نے تالیاں بجا کر ان کا خیر مقدم کیا اسٹیشن پر مغربی پنجاب کے تمام بڑے بڑے سرکاری افسران نے ان سے ملاقات کی۔ اس کے بعد سر فرانسس نے پولیس اور قومی رضاکاروں کے ایک گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور دو فرانسس موڈی زندہ باد کے نعروں اور تالیوں کی گونج میں اپنے کوچ میں سوار ہوئے۔ جسے ہزاروں پھولوں سے سجایا گیا تھا اور سر فرانسس اور لیڈی موڈی کو ہزاروں کے ہار پہنائے گئے۔

جس وقت گاڑی روانہ ہونے لگی تو پلیٹ فارم پر جمع ہونے والے ہجوم نے ایک بار پھر تالیاں بجائیں اور سر فرانسس دروازے میں کھڑے صوبہ کے لوگوں کو الوداع کہتے رہے۔

صوبہ کے ہونے والے گورنر سردار عبد الرب نشتر آج کار کے ذریعہ لاہور پہنچ رہے ہیں۔ سردار صاحب آج شام ہی کو اپنے عہدہ کا حلف اٹھالیں گے۔ سر فرانسس موڈی آج کار کے ذریعہ چارج دے دیں گے۔

عراق کے وزیر اعظم جنرل نوری السعید برطانیہ جا رہے ہیں

برطانوی وزیر خارجہ سے ملاقات کریں گے

لندن ۲ر اگست ۔ (پی ٹی آئی ۔ رائٹر) عراق کے وزیر اعظم جنرل نوری السعید اپنے ملک کے متعلق برطانوی پالیسی پر بات چیت کرنے کے لئے آ رہے ہیں۔ ایک ترجمان نے بتایا کہ وہ آج بذریعہ ہوائی جہاز برطانیہ پہنچ رہے ہیں۔ اور ہندوستان تک یہاں قیام کریں گے۔ یہ بھی بتایا کہ وہ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون سے ملاقات کریں گے۔

ترجمان نے یہ بھی بتایا کہ "جنرل نوری" ملاقات دوستانہ قسم کی ہوگی۔ اس نے یہ بتانے سے انکار کیا کہ وہ کس قسم کے مسائل تعلقات کے متعلق گفتگو کریں گے۔ جنرل موصوف کے متعلق توقع ہے کہ وہ اسباب کی توثیق کریں گے کہ شرق اردن کے شاہ عبد اللہ کی برطانیہ میں آمد کے کوئی تعلق ہے جو ۸ر اگست کو آ رہے ہیں۔

البتہ یہ ایک اتفاقی بات ہے کہ عراق کے ریجنٹ عبد الالہ یہاں پہلے ہی سے پرائیویٹ طور پر آئے ہوئے ہیں۔

وزیر خارجہ کے افسران اور برطانوی سیاست دانوں نے شرق وسطیٰ میں برطانوی پالیسی کا بھی پوری طرح سے جائزہ لیا۔

شمالی کلکتہ میں بم پھٹ گیا

کلکتہ کیم اگست ۔ ایک شخص شمالی کلکتہ میں ایک بم پھٹنے سے زخمی ہو گیا۔ یہ بم کل رات پھٹا۔ اس سلسلہ میں دو اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔ (اے پی)

فن لینڈ کو ایک کروڑ ڈالر کا قرض

عالمی بینک کا اعلان

واشنگٹن ۔ ۲ر اگست ۔ عالمی بینک نے اعلان کیا ہے کہ فن لینڈ کو ایک کروڑ ۲۵ لاکھ ڈالر کا قرض دیا گیا ہے یہ قرض ۲۰ سال کے لئے دیا گیا ہے جو فن لینڈ اپنی برآمد ہونے والی لکڑی اور دوسرے علاقہ سے اپنے صنعتی قوانین کو بڑھانے کے لئے۔

AMICO'S COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے ۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے ۔ پیدا ہوتے بچوں سے لیکر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے۔ ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، تر کھانسی ہو یا خشک، نزلہ زکام کی کھانسی ہو، گلے کا بیٹھ جانا، خون تھوکنا، پرانی دق و سل کی کھانسی، دمہ، سانس کا پھولنا، نمونیہ، انفلوئنزا کی کھانسی اسے استعمال کیجئے [illegible] کے لئے حد مفید اور کامیاب ہے۔

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں۔ پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے۔ بہت ہی پرانی کھانسی کے مریض اچھے ہو گئے قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے تین شیشیاں [illegible] علاوہ محصول ڈاک۔ مزید معلومات و دیگر امراض کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ ۔ سول ایجنٹ ۔ امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲ ۔ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

عربی طلبا کے لئے سہولت

جامعہ منظر العلوم بنارس نے اس کے مد نظر کہ عربی طلباء عموماً نادار ہوتے ہیں اس سال کافی طلباء کے لئے طعام کا انتظام کیا ہے۔ بیرونی طلباء کے خورد و نوش کا انتظام پہلے سے نہایت عمدہ اور اعلیٰ پیمانہ پر کیا جاتا ہے کہ طلباء میں بلند ہمتی پیدا ہو اور ذہانت و دلچسپی بڑھانے پائے۔

اس جامعہ میں عربی کی تعلیم نہایت اعلیٰ ہوتی ہے ۔ تفسیر قرآن مجید، علوم قرآنی و اصول تفسیر، دورۂ حدیث پاک و اصول حدیث، فقہ و اصول فقہ، ادب، اعلیٰ ادب، منطق و فلسفہ، ریاضی، نفسیات، نیز خطابت و صحافت اور تمام علوم دینیہ [illegible] کی تعلیم کا انتظام بہتر ہے ۔ [illegible]

[illegible]

حفیظ الرحمٰن [illegible] ناظم جامعہ منظر العلوم [illegible] بنارس۔

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۴ر اگست ۱۹۴۹ء

چھینی ہوئی عورتوں کی واپسی

گذشتہ فسادات کے دور میں مغربی پنجاب میں ہندو عورتوں کا اور مشرقی پنجاب میں مسلمان عورتوں کا اغوا کیا گیا، دونوں جگہ جب غنڈوں نے اقلیتوں پر چھاپے مارے تو مردوں کو قتل کیا، بچوں کو چھری کے نیچے رکھا، بہت سوں کو بھگایا اور بہت سوں کو مذہب چھوڑنے پر مجبور کیا اور جوان عورتوں اور لڑکیوں کو اپنے پاس رکھ لیا! ان غریب، بے گناہ اور بے بس عورتوں کا حشر یہ ہوا کہ جس کے جو ہاتھ لگی لے اڑا اور اپنے گھروں میں چھپا کر ان کی عزت خراب کی اور ان کی حرمت کو توڑا! ظلم و وحشت دو روں نے بچوں تک کو معاف نہ کیا ہزارہا عورتوں اور لڑکیاں کے بہم دکس طرح بن گئے؟ کیا وہ ان مظلوم لڑکیوں کو تباہی سے بچانا اور انھیں اپنی سرپرستی میں لینا چاہتے تھے؟ کیا انھوں نے یہ خیال کر کے ان کا اغوا کیا تھا کہ اب ان غریبوں کا کوئی وارث نہیں ہے لہذا ان کی نگرانی اور حفاظت ہمیں کرنی چاہئے؟ اگر عورتوں کو چھپا کر رکھنے میں ہمدردی کا جذبہ ہی کارفرما تھا تو اس کے مستحق تو سب سے زیادہ وہ بچے تھے جو ماؤں کے ہاتھ سے پانی نہ پی سکتے تھے اور جو اپنی پرورش کے لئے آغوش محبت کے محتاج تھے۔ لیکن انسان نما درندوں نے ان پر تو رحم نہ کیا، اور عورتوں کی بے کسی پر مہربان ہو گئے! کیا یہ بات سمجھ میں آ سکتی ہے کہ بچوں کے قاتل عورتوں کے محافظ بن جائیں؟ ہرگز نہیں، ان جیوانوں نے عورتوں کا اغوا اس لئے کیا تھا کہ ان کی عزت خراب کریں، اور دوسرے فریق کو یہ کہہ کر ذلیل کریں کہ تمہاری عورتیں ہمارے گھروں میں موجود ہیں!

چھینی ہوئی عورتوں کی بازیابی کے لئے دونوں حکومتوں نے آرڈیننس جاری کئے بہت سے لوگوں کو اس کام پر لگایا، اسپیشل پولیس کو خاص اختیارات دئے سوشل ورکروں اور حکومت کے کارندوں کو آنے جانے کی سہولتیں بہم پہونچائیں کیمپ کھولے، روپیہ برباد کیا لیکن اس ساری سرگرمیوں کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلا بلکہ اعداد و شمار کے چکر میں پڑھ کر حکومتوں نے ایک دوسرے پر الزام لگائے اور بازیابی کی مہم کی ناکامی کے لئے ایک دوسرے کو ذمہ دار ٹھہرایا۔ اب جونکہ ہندوستان میں اس آرڈیننس کو دوبارہ جاری کر دیا گیا ہے، اس لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کے نتائج کو زیر بحث لایا جائے، اور بازیابی کی مہم کو تیز کرنے کی اپیل کی جائے۔

ہندوستان کا کہنا ہے کہ جتنی مسلمان عورتیں پاکستان کے حوالے کی گئیں اتنی ہندو اور سکھ عورتیں پاکستان سے ہندوستان نہیں بھیجی گئیں، یکم دسمبر ۴۸ء سے ۳۱ مئی تک ایک لاکھ مسلمان عورتیں ہندوستان سے برآمد کی گئیں لیکن اس عرصہ میں پاکستان نے صرف ۵۰ غیر مسلم عورتوں کو برآمد کیا! پاکستان کے وزیر کے بیانات اور اعداد شمار یہ ہے کہ چونکہ ہندو عورتوں کی بہ نسبت مسلمان عورتیں آٹھ گنی اغوا کی گئی ہیں اس لئے ہندوستان سے برآمد شدہ مسلمان عورتوں کی تعداد زیادہ ہے! مطلب یہ کہ جب پاکستان میں اغوا شدہ ہندو عورتوں کی تعداد ہی کم ہے تو ہم زیادہ عورتیں برآمد کر کے کہاں سے دکھائیں؟ تمہارے پاس مسلمان عورتوں کی آٹھ گنی تھیں اس لئے ہندوستان سے ان کی برآمدگی زیادہ تعداد میں ہوئی مگر ہندوستان پھر کہتا ہے کہ پاکستان میں پچیس تیس ہزار ہندو اور سکھ عورتوں کا اغوا کیا گیا اور ہندوستان میں صرف نو دس ہزار مسلمان عورتوں کا، یعنی پاکستان کے اعداد و شمار غلط ہیں اور معاملہ اس کے خلاف ہے!

ہم اعداد و شمار کی الجھن میں تو پڑنا نہیں چاہتے صرف اتنا عرض کریں گے کہ بے گناہ عورتوں کو جائداد منقولہ سمجھ کر ان کا سودا کرنا انسانی شرافت اور اخلاق سے بر اصل دور ہے، عورتیں گھر کا فرنیچر نہیں ہیں کہ ایک دو اور ایک لو۔ دس حوالہ کرو تو ہم بھی دس ہی حوالہ کریں گے! اگر عورتوں کی بازیابی میں اخلاق و انصاف، انسانیت اور شرافت کو دخل نہیں تو ان کی برآمدگی کا سلسلہ ہی کیوں شروع کیا گیا تھا؟ اخلاق اور انسانیت کی چادر کو اتارنے کے بعد تو کسی عورت کی بازیابی کا سوال ہی باقی نہیں رہتا، بلا سے ہندوستان میں ایک لاکھ مغویہ عورتیں ہیں یا پاکستان میں دس لاکھ، جب اخلاق اور انسانیت کی کوئی رگ ہی ہمارے اندر موجود نہیں تو مغویہ عورتوں پر شور بہانے سے کیا فائدہ؟ مگر نہیں، ہماری اخلاقی حس ہمارا انسانی فرض اور ہماری ہمدردی اور عدل ہی نے ہندوستان اور پاکستان کو مجبور کیا تھا کہ وہ دونوں ملکر چھینی ہوئی عورتوں کو ان کے وارثوں کے حوالے کر دیں اور انھیں ان کی مرضی کے خلاف غنڈوں کے رحم و کرم پر نہ چھوڑیں، اگر مغویہ عورتوں کی بازیابی کی مہم میں یہی چیز محرک تھی تو سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر ناپ تول کر اور ناپ ناپ کر سودا کیوں کیا جا رہا ہے؟ سوال تو اخلاق اور انسانیت کا ہے اور جب تک ایک ہندو اور ایک مسلمان عورت بھی ہندوستان اور پاکستان میں ہے اخلاق اور انصاف کا تقاضہ ہرگز پورا نہیں ہو سکتا!

بہت زیادہ افسوس پاکستان پر ہے کہ اس نے قرارداد مقاصد کے ذریعہ اپنے آپ کو مسلمان بنایا اور اپنا نام اسلامی اسٹیٹ رکھا لیکن یہ کیسی اسلامی اسٹیٹ ہے جس میں چھینی ہوئی عورتیں اب تک موجود ہیں! کیا معاذ اللہ اسلام کی یہی تعلیم ہے کہ غیر مسلموں کی عورتوں کو زبردستی اپنے قبضہ میں رکھو اور ساری دنیا میں اپنا منہ کالا کرو؟ اسلامی اسٹیٹ کا تقاضہ تو یہ تھا کہ قرارداد مقاصد کے منظور ہوتے ہی پاکستان کے باشندے ہندو اور سکھ عورتوں کو احترام کے ساتھ اور معافی مانگ کر اپنے گھروں سے رخصت کر دیتے اور اعلان کرتے کہ آج سے جو مسلمان بھی کسی غیر مسلم کو چھپا کر رکھے گا وہ اسلام کا باغی اور اسلامی اسٹیٹ کا مجرم قرار پائے گا اور اس کی کوئی عبادت خدا کی بارگاہ میں مقبول نہ ہوگی! یا تو پاکستان کو اسلامی اسٹیٹ نہ بنایا جاتا، اور جب بنا لیا گیا تو اس کی لاج بھی رکھنی ضروری تھی، یہ کیا غضب ہے کہ غیروں کی بے گناہ عورتیں پاکستان میں موجود ہوں مگر وہ اسلامی اسٹیٹ ضرور رہے! اگر اس ظلم کو دور کرنا تھا تو پاکستان پر اسلام کا لیبل تو نہ لگایا جاتا؟ ظلم کی کسی شکل کو برداشت نہیں کر سکتا اور جس کا انقلاب انگیز اخلاقی فلسفہ یہ ہے کہ

وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

برائیوں کو بھلائیوں سے دور کرو

اور اپنے اخلاق اپنے انصاف، اپنی پاکدامنی اور اپنی فیاضی سے اسلام کی صداقت پر مہر لگاؤ: کیا پاکستان کو یہ بات زیب دے سکتی ہے کہ وہ ہزار ہا غیر مسلم عورتوں کی بے حرمتی پر اسلامی اسٹیٹ کی بنیاد رکھے اور اخلاق و انسانیت کا معاہدہ تول تول کر کرے؟ اگر اس نے غیر عورتوں کی بازیابی میں لیت و لعل کی اور ان میں سے ایک ایک کو ہندوستان کے حوالے نہ کیا تو یہ اسلامی اسٹیٹ کی اتنی بڑی رسوائی ہوگی جس کی تلافی کبھی نہ ہو سکے گی!

مسلمانوں کی جائداد

حکومت یوپی نے اپنے صوبہ کے آٹھ اضلاع میں جہاں [illegible] ہے کہ مسلمانوں کو اپنی جائداد فروخت کرنے کی ممانعت کر دی ہے اگر اس اعلان کا وجہ یہ ہے کہ آٹھ اضلاع کے کل مسلمان اپنی جائداد فروخت کر کے پاکستان جا گئے [illegible]

اچھی باتیں

ھا انتم ۔ تا ۔ فقراء

(پ ۲۶ ۔ ع ۸)

تم کو دعوت دی جاتی ہے کہ اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرو لیکن تم میں بہت سے لوگ بخل کرتے ہیں مگر جو بخل کرتا ہے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اللہ کو تمہارے مال کی ضرورت نہیں وہ تو خود غنی ہے اور تم اسی کی بارگاہ کے بھکاری۔

یہاں مالی ایثار اور دولت کی تقسیم کے فلسفہ کو سمجھایا ہے کہ انسان اجتماعی کاموں پر خرچ کرنے سے کبھی نقصان میں نہیں رہتا دولت کی گردش ہی سوسائٹی کو بلند کرتی ہے اور اس سے سب ہی کو فائدہ پہنچتا ہے نادان لوگ سمجھتے ہیں کہ خرچ کرنے سے ان کا نقصان ہوگا حالانکہ وہ اپنے بخل سے ہزاروں انسانوں کو نقصان پہنچاتے ہیں اور ان کا نقصان کر کے خود بھی اسی بلا میں گرفتار ہوتے ہیں یہ نہ سمجھو کہ خدا کی راہ میں خرچ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خدا تمہارا محتاج ہے تمہارے پاس جو کچھ بھی ہے وہ خدا ہی کا عطیہ ہے۔ وہ صرف یہ مطالبہ کرتا ہے کہ خدا کی امانت کو خدا کے بتائے ہوئے راستوں پر لگاؤ اور صرف اپنی ذات کو نہیں بلکہ پوری سوسائٹی کو فائدہ پہنچاؤ۔

صنعت اور مسلمان

(از مولوی فخر الدین صاحب اعظمی)

صنعت سے میری مراد قدرتی اشیاء کا وہ تغیر ہے جس سے چیزیں ضروریات میں کام لے جانے کے قابل ہو جائیں۔ مذکورہ عنوان تاریخ کا ایک اہم باب ہے جو جیوانی جماعت و البدنی کی وسعت سے بالا تر ہے ہاں کچھ عام طور پر برتنے کی چیزیں جنھیں ہم روزانہ کام میں لاتے ہیں انھیں کا تذکرہ مناسب خیال کرتا ہوں و اللہ الموفق وھو المعین۔

یوں تو عالم کا صنعتی دور یا سلسلہ ابتدائے آفرینش ہی سے شروع ہو گیا تھا۔ مگر وہ تاریخی سلسلہ جس پر اعتنا کیا جا سکتا ہے اس کا آغاز بہت بعد میں ہوا۔ البتہ بعض صنعتوں کی طرف آسمانی کتابوں سے اشارے پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کے تذکرے میں قرآن کریم کی دو آیتوں میں ایک سے لفظ لوہا پر قدرت اور دوسری آیت سے زرہ سازی کی صنعت کا پتہ چلتا ہے۔ والنا له الحديد (سبا) وعلمناه صنعة لبوس لكم لتحصنكم من بأسكم (انبیاء) اسی طرح حضرت نوح علیہ السلام کے تذکرے میں بھی دو آیتیں ایسی ملتی ہیں جن سے کشتی یا جہاز سازی کی صنعت کا پتہ ہے حضرت نوح علیہ السلام کو تعلیم دی گئی ہے۔ [illegible] باعسانا العواطف اور ہم نے وحی کی (نوح کی طرف) اس بات کی کہ بنا کشتی میری نگاہوں کے سامنے و ھی تجری بھم فی موج کالجبال۔ وہ کشتی لوگوں کو لے کر پہاڑ جیسے تھپیڑوں میں سے۔ ایسی ہی کشتی کو تو آج کل کی اصطلاح میں جہاز کہا جاتا ہے۔ غرض اسی کے لئے تورات کتاب پیدائش باب ۶، درس ۱۴ دیکھئے جس میں مذکور ہے تو اپنے واسطے ساگوان کی لکڑی کی ایک کشتی بنا۔ اس کشتی میں کوٹھریاں تیار کر اس کے باہر اندر رال لگا اور اس کی لمبائی تین سو ہاتھ اور اس کی چوڑائی پچاس ہاتھ اور اس کی اونچائی تیس ہاتھ کی ہو اور اس کشتی میں ایک روشن دان بنا اس کے اوپر سے ہاتھ بھر چھوڑ کر تمام کر اور کشتی کے ایک طرف دروازہ بنا اور نیچے کا طبقہ اور دوسرا اور تیسرا بنا۔

معمولی غور و فکر کے بعد یہ آسانی کے ساتھ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ انسان کے لئے صنعت ہی وہ حد فاصل ہے جو حیوانی دنیا سے اسے الگ اور تمام مخلوقات سے ممتاز کرتی ہے۔ کون نہیں جانتا کہ انسانی دنیا میں ہی اس نے دوش میں عالم سے کھو کھو حضرت رازوں کو منظر عام پر لا کر کر دیا۔ اور جب اس نے اپنی صنعتی طاقت کے ذریعہ حکم الٰہی کی بعض محیر العقول صناعیوں سے واقفیت حاصل کر لی تو وہ اس سے قبل خدا اور اس کی مصنوعات کا مذاق اڑا رہے تھے مگر مجبور ہو کر انھیں کہنا پڑا۔ ربنا ما خلقت ھذا باطلا سبحانک۔ الخ

قدرت کو جب منظور ہوا کہ سارے جہان میں ایک عظیم المرتبت انقلاب لایا جائے اور قدرتی اشیاء کا صحیح مظہر دنیا جان لے تو جب اس وقت اس نے عجیب الخلقت مخلوق [illegible] کی ضروریات سے [illegible] انسانوں کو پیدا کیا جس طرح اس کی خلقت میں اعتدال رکھا اسی طرح اپنی خلافت کی صنعت کا جو ہر اعظم دراس صف میں اپنا جانشین بنایا۔ اور پوری دانائی و فراست جو بھی اسے اس راہ پر ضروری تھی عطا کر کے عالم کا جانشین بنایا اور صنعتی صلاحیتوں کے مطابق خلافت کی ذمہ داریوں کا بار اس کے کندھوں پر رکھا۔ البتہ جن قوموں نے عطائی مذہبی قانون سے تغافل برتا انھیں تاریخ شاہد ہے کہ ادوج ثریا سے تحت الثریٰ کی گرم وادی میں گرا دیا۔ آج بھی اپ قوموں کے عروج و زوال کو اسی میزان سے تول سکتے ہیں۔

ہمارے سامنے مسلمان اور یورپ کی عیسائی قومیں ہر دو استاد و شاگرد اس کی دو طرح جیتی جاگتی زندہ مثال ہیں۔ اگر ہم یورپ کی نویں اور دسویں صدی عیسوی کی علمی و صنعتی حالت معلوم کرنا چاہیں تو بھی معلوم ہوگا کہ مذکورہ سنوات میں دنیا کی سب سے زیادہ عالم صانع وہ بیچارے راہب تھے جو اپنے کو خانقاہوں کے کتب خانوں سے یونان و روم کی پرانی تصانیف نکال کر ان کو پھیلاتے اور ان کے حرفی ترجموں کرتے یا اپنی مذہبی تصانیف لکھنے میں صرف کرتے تھے۔ افلاطون وغیرہ کے نزدیک ہی علمی دائرہ بہت ہی محدود تھا حرف عقائد، مشقیانہ معلومات ہی کو علم اور تکمیل السول سمجھتے تھے اور اس سے زیادہ جاننا طاقت الٰہی سے باہر خیال کرتے تھے۔ چنانچہ ایک تاریخی دور سے اس امر کا ثبوت ملتا ہے جس کا ایک مشکوک [illegible] ہونا ثابت ہوتا ہے۔

یورپ نے ۹۹۹ء [illegible] اسلام [illegible] کا نام سے چاہا کہ عالم مال حاصل کیا جائے [illegible] نے اس علم کو رواج دیا جاتا تو وہ اہل یورپ کو اس قدر ظلمات سے معاف [illegible] مسلط ہونے کا الزام لگایا۔ اسی طرح کی اور [illegible] ایک زمانہ دراز تک [illegible] نہیں ہو سکا۔ البتہ گیارہویں و بارہویں صدی میں کسی قدر علمی و صنعتی امنگیں ان میں پیدا ہونے لگیں۔ یا وجود دوسروں خیال انسانوں کو اپنی جہالت و بے روزگاری کا کفن پھاڑنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ مگر اس وقت آج کی تمام مستند قوتیں جہالت کی موٹی ردا میں لپٹی گھری ہوئی رہی تھیں۔ یورپ کے ملکوں میں صرف اسپین ہی مسلمانوں کی بدولت علوم و فنون کا گہوارہ تھا ۱۱۳۰ء سے طلیطلہ میں رئیس الاساقفہ ریمانڈ کی سرپرستی میں ایک مدرسہ مترجمین قائم ہوا۔ اور اس نے تمام مشہور عربی تصانیف کا لاطینی میں ترجمہ شروع کیا۔ اور یہ سلسلہ چودھویں صدی عیسوی تک جاری رہا اس دفعہ میں انھوں نے الرازی، الفارابی، ابن سینا، ابن رشد وغیرہ کی تصانیف کا لاطینی ترجمہ کیا۔ ڈاکٹر لکلرک نے اپنی تاریخ طب عرب میں صرف ایک فن کی تین سو سے زیادہ تصانیف عربیہ کا ذکر کیا ہے جن کا ترجمہ لاطینی زبان میں ہوا ہے۔ موسیو لیبری لکھتے ہیں کہ اگر تاریخ سے مسلمانوں کا نام نکال دیا جاتا تو یورپ کی علمی و صنعتی نشاۃ ثانیہ کئی صدی تک پیچھے ہٹ جاتی۔

ہم پورے ادب و احترام کے ساتھ اس معاملہ میں بھی گورنر جنرل کی رائے سے اختلاف کا اظہار کرنے پر مجبور ہیں کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ مہاجرین کا مسئلہ حل نہیں ہوا بلاشبہ مہاجرین کے کیمپ خالی ہو چکے ہیں اور ان کی اکثریت کو زمین دے کر یا کوئی اور ذریعہ معاش دے کر بسا دیا جا چکا ہے کیونکہ ہم صرف اتنی ہی کامیابی کو مہاجرین کے مسئلہ کا حل قرار نہیں دے سکتے کیونکہ جو اراضی مہاجرین کو دی گئی ہیں ان کا لگان مالیہ سے تین گنا ان سے وصول کیا جا رہا ہے جو مکان انہیں دیئے گئے ان کے بھاری بھر کم کرائے ان سے طلب کئے جا رہے ہیں اراضی کا بندوبست بھی ابھی تک نہیں دیا جا سکا اور شدہ دوسری الاٹمنٹ کا معاملہ سمجھا جا سکتا ہے سب سے بڑھ کر یہ کہ جن مہاجرین کو اس وقت تک نہ زمین مل سکی ہے نہ رہنے [illegible] منٹ کی صورت میں مہیا کیا گیا ہے ان کا پرسان حال کوئی نہیں ہمارے نزدیک مہاجرین کے مسئلہ کا صحیح حل یہ ہے کہ پاکستان کا گورنر جنرل اس مضمون کا اعلان کرے کہ قابل ہو کہ جب تک ایک مہاجر بھی حکومت سے مہاجر کی حیثیت میں کوئی ذریعہ معاش حاصل کرنے یا مکان حاصل کرنے سے محروم بیٹھا ہے اس وقت تک میں چین کی نیند نہیں سو سکتا اور جب تک مہاجرین کا حق غصب کرنے والے اوران پر طرح طرح کے ظلم ڈھانے والے تنگ انسانیت مقامی لوگ کیفر کردار تک نہیں پہونچائے جاتے میں سمجھوں گا کہ حکومت اپنا فرض ادا کرنے سے قاصر رہ گئی ہے مہاجرین کے مسئلہ کے متعلق یہ رائے قائم کر لینا کہ یہ مسئلہ بہت بڑی حد تک حل ہو گیا ہے اور مہاجرین کی باقی ماندہ پریشانیوں کو وقت خود بخود واضح کر دے گا اس لئے حکومت کو اس سلسلہ میں مزید درد سر مول لینے کی ضرورت نہیں کسی لحاظ سے بھی بجا نہیں ہم خواجہ ناظم الدین کے ان ارشادات کے جواب میں مہاجرین کی طرف سے یہ شعر عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتے

تو اے کبوتر بام حرم چہ مے دانی
تپیدن دل مرغان رشتہ برپا را

(مغربی پاکستان لاہور ۱۳ جولائی)

اگر یہاں بھی حکومت پاکستان اسی قسم کی سزا کا اعلان کر دے اور بلیک مارکیٹ یا رشوت لینے والوں کو عام اجتماع میں کوڑے لگائے جائیں تو بہت جلد پبلک کو رشوت اور بلیک سے نجات مل جائے گی۔ موجودہ صورت حالات میں بلیک اور رشوت کا ختم ہونا ناممکن ہے۔ بلیک مارکیٹیوں کو جب تک عبرت ناک سزائیں نہیں دی جائیں گی یہ قوم منافع خوری اور رشوت ایسے جرائم سے توبہ نہیں کر سکتی۔ اس لئے حکومت پاکستان کو کوڑوں کی سزا تجویز کرنی چاہئے۔ (سعادت لائلپور ۱۳ جولائی ۱۹۴۹ء)

کیا یہ خطرناک نہیں ہے؟

مسٹر ٹرومین نے روس کی خارجی پالیسی کے متعلق جو کچھ کہا ہے اس کا جواب تو مارشل اسٹالین ہی کو دینا چاہئے البتہ دوسروں کے لئے یہ قابل غور ہے کہ امریکہ کی یہ بے اندازہ عسکری طاقت اور دوسری اقوام کو [illegible] بیرونی مدد و استطاعت کہ ایک ارب پینتالیس کروڑ ڈالر کے سامان حرب ...... دوسے اس کی ابتدا ہو رہی ہے۔ دنیا کے لئے خطرناک بھی ہو سکتی ہے یا صرف رحمت ہی ہے اور برکت ہی ہے؟ ہمیں اندیشہ ہے کہ خطرناک بھی ہے۔ دنیا میں صرف ایک روس ہی نہیں ہے جو ممالک کے اس میں خلل انداز ہو سکتا ہے۔ بلکہ دوسرے بھی ہیں۔ ہر خطہ میں بین الاقوام اور ممالک کے درمیان رقابتیں ہو سکتی ہیں جیسے عربوں اور یہودیوں کے درمیان ہیں اور امریکہ امداد کے لئے کسی ایک فریق کو پسند کرتا ہے جیسا اس نے عربوں کے مقابلہ میں یہودیوں کو پسند کر لیا [illegible] خطرناک ہے۔ ہمارے خیال میں یہ مسئلہ اس قابل ہے کہ اقوام متحدہ میں اس پر اچھی طرح غور و بحث کے بعد فیصلہ کیا جائے۔ (ڈان کراچی ۱۸ جولائی)

امریکہ کی خیرات

امریکہ کی کانگرس معاہدہ اوقیانوس والے ملکوں کی مالی امداد کے لئے ۵۰ ہ کروڑ ڈالر کی رقم کی منظوری دے رہی ہے۔ اس میں سے کچھ رقم فلپائن، کوریا، ایران ترکی اور یونان کو بھی اپنے مورچے مضبوط کرنے کے لئے دی جائے گی۔ حالانکہ یہ ممالک معاہدہ اوقیانوس والی دفاعی اسکیم میں شامل نہیں۔

امریکہ کی داد و دہش کا جب یہ عالم ہے تو انڈونیشیا، ویت نام، سیام، برما، سیلون ہندوستان پاکستان اور افغانستان کیوں امریکہ کی مالی امداد سے محروم ہیں۔ امریکی کانگرس کو چاہئے کہ ان ملکوں کی امداد کے لئے ابھی سے بجٹ منظور کرے۔ کیونکہ یہ ملک بھی اشتراکیت کے ہوے سے اسی طرح خائف ہیں جس طرح امریکہ ڈرتا ہے۔ علاوہ بریں مشرق ادنی کے عرب ملکوں عراق، مشرق یردن، شام، لبنان سعودی عرب، یمن اور مصر کو کیوں نظر انداز کیا جا رہا ہے کیا یہ ملک برطانیہ کے حصہ میں آئے ہیں یعنی ان کی امداد کرنے کا فرض برطانیہ پر عائد ہوتا ہے۔ برطانیہ تو خود مالی امداد کے لئے امریکہ کا محتاج ہے وہ دوسروں کی کیا امداد کرے گا۔ (مغربی پاکستان لاہور ۱۲ جولائی)

بلیک مارکیٹ کا نہایت صحیح علاج

دمشق کی اطلاع ہے کہ وہاں دس افراد کو روٹی اور سبزی بازار کے بھاؤ سے مہنگی بیچنے کے الزام میں گرفتار کیا۔ والی شہر کے حکم سے انہیں بازار میں کھڑا کر کے عام اجتماع میں کوڑے لگائے گئے۔

سرمایہ دارانہ ذہنیت تعاون سے نہیں انقلاب سے ختم ہوگی

انقلابی کمیونسٹ لیڈر کی سوشلسٹ پارٹی پر نکتہ چینی

کلکتہ یکم اگست ہند کی انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے لیڈر سومندرا ناتھ ٹیگور نے ایک بیان میں اس جدید تحریک پر سخت نکتہ چینی کی ہے جس کے مطابق ہند کی سوشلسٹ پارٹی اور انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگرس متحد ہو رہی ہیں تاکہ موجودہ اقتصادی بحران کے دور میں مالکان کے سامنے متحدہ محاذ پیش کیا جا سکے۔

اپنی پارٹی کی پندرھویں سالگرہ کے موقع پر مسٹر ٹیگور نے کہا کہ سوشلسٹ بائیں بازو سے تعلق نہیں رکھتے وہ ترقی پسند نہیں بلکہ موقع پرست ہیں۔ حکومت کے ساتھ مصالحت کی پالیسی سرمایہ داروں کی سرمایہ دارانہ ذہنیت کو تبدیل نہیں کر سکتی۔ اور صرف ایک انقلاب ہی اس ذہنیت کو ختم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہند کی انقلابی کمیونسٹ پارٹی اپنے قیام کے وقت سے اس تحریک اور اصول کی تکمیل کا عہد کئے ہوئے ہے۔

مسٹر ٹیگور نے کہا کہ مغربی بنگال میں جو محدود رائے دہندگی کی بنیاد پر کرانے جانے والے انتخابات کا مقصد عوام کو فریب میں مبتلا کرنے کے لئے ایک دھوکہ کی ٹٹی کھڑی کرنا ہے۔ اس لئے ان کی جماعت اس قسم کی کسی پالیسی کے نفاذ میں حکومت کے ساتھ تعاون نہیں کرے گی۔ ان کی پارٹی اس قسم کی مخلوط وزارت کے بھی خلاف ہے جو بائیں بازو کی جماعتوں اور کانگرس کے اشتراک سے قائم ہوں۔

ڈیڑھ ہزار گوروں کی ایک حبشی کو ہلاک کرنے کی کوشش

شہر کے شریف کی حکمت عملی سے ناکام ہو گئی

ناش وائی: جارجیا ۲ راگست یہاں کے شیرف نے کل ایک حبشی کو گوروں کے ہاتھ سے انتہائی رسائی کے ساتھ مرنے سے بچا لیا۔ کہا جاتا ہے کہ ایک گورے کسان کی چالیس سالہ بیوی نے رپورٹ کی اس پر ایک حبشی نے حملہ کیا لیکن اس کی چیخ سے حبشی فرار ہو گیا۔ اس وقت اس کا شوہر بچوں کو اسکول پہنچانے گیا ہوا تھا۔ بعد میں گوروں کا مشتعل ہجوم شہر کے حبشی محلوں کے پاس جمع ہونا شروع ہوا اور ایک حبشی کو اس کے گھر سے کھینچ کر باہر نکال لیا۔ ہجوم کی تعداد ڈیڑھ ہزار تک پہنچ گئی [illegible] (اے پی رائٹر)

سہارنپور کی خبریں

(اپنے نامہ نگار سے)

میونسپل کمیٹی کا اجلاس

سہارنپور یکم اگست (بذریعہ ڈاک) آج میونسپل [illegible] علاوہ دوا بیشے شفاخانے جاری کرنے کا فیصلہ [illegible] طریقہ علاج ایلوپیتھک یا آیورویدک، یونانی ہوگا۔

سنگھ کا آئندہ نصب العین کیا ہوگا؟

جنرل سکرٹری کا ایک ملاقات میں اظہار

ناگپور ۲ اگست۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کے جنرل سکرٹری مسٹر پی بی دانی نے ایک ملاقات میں بتایا کہ دسمبر تک سنگھ کی صوبائی اور مرکزی مجالس انتظامیہ کے انتخابات ختم ہو جائیں گے۔ یہ انتخابات اسی دستور کے مطابق ہوں گے جس کو اب منظور کر لیا گیا ہے۔

جنرل سکرٹری نے کہا کہ بہت غور و خوض کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہر اس شخص کو انتخاب میں شرکت کا حق حاصل ہوگا، اور اس کا نام رائے دہندگان کی فہرست میں ہوگا جو پابندی عائد ہونے سے قبل ایک سال تک ممبر رہ چکا ہو۔ امید ہے کہ یکم اکتوبر تک رائے دہندگان کی فہرستیں مرتب کی جائیں گی جس کے بعد صوبائی پرتینیدھی سبھا کا انتخاب ہوگا۔ ہر ۵۰ سیوکوں کو ایک ممبر بھیجنے کا حق حاصل ہوگا۔ یہ صوبائی پرتینیدھی سبھائیں اکھل بھارتیہ پرتینیدھی سبھا کا انتخاب کریں گی۔ جو اپنے پہلے اجلاس میں دستور کو رسمی طور پر منظور کرے گی۔ اگر فہرستوں کی تیاری اور انتخاب مقررہ وقت پر مکمل ہو گیا تو نیا دستور جنوری ۱۹۵۰ء میں نافذ ہو جائے گا۔

سنگھ کے مستقبل پر [illegible] دیتے ہوئے کہا کہ [illegible] بعد ہی اس کو واضح کر دیا ہے کہ سنگھ اپنی تمام کوششیں ہندو سماج کی تہذیبی تنظیم میں صرف کرے گی۔ سنگھ کے نئے دستور میں سرکاری طور پر تہذیبی تنظیم کو مقصد قرار دیا گیا ہے۔ بہرحال سنگھ کے ممبروں کو دوسرے سیاسی اداروں میں شمولیت کی اجازت ہے لیکن ایک ادارے کے طور پر سنگھ سیاست میں حصہ نہیں لے گی۔

جنوبی افریقہ میں زبردست خشک سالی

کیپ ٹاون ۳ راگست۔ جنوبی افریقہ کے متعدد علاقوں میں خطرناک قسم کی خشک سالی پڑ رہی ہے اطلاعات سے پتہ چلتا ہے کہ مویشی ہزاروں کی تعداد میں مر رہے ہیں اور متاثرہ علاقوں میں تمام تالاب اور ندیاں خشک پڑی ہیں۔

مشرقی کیپ کے علاقہ سے ہزاروں مویشی ٹرانسوال کی سطح مرتفع کو منتقل کئے جا رہے ہیں۔ ان دونوں مقامات کے درمیان ایک ہزار میل سے بھی زیادہ فاصلہ ہے۔ خشک سالی کی وجہ سے بعض علاقوں میں زمین نہایت سخت ہوتی جا رہی ہے۔

بنارس میں کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

بنارس ۳ راگست۔ کمیونسٹوں کی عام گرفتاری کے سلسلہ میں پولیس نے بہت سے مکانات پر چھاپہ مارے۔ معلوم ہوا ہے کہ صبح تک پانچ اشخاص جن میں دو عورتیں بھی ہیں گرفتار کی گئیں۔ ایک عورت نے دیوار پھاند کر فرار ہونے کی کوشش کی مگر اسے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ (پ ٹ ا)

عوام کو حکومت پر تخریبی تنقید نہیں کرنی چاہئیے

مسٹر مرارجی ڈیسائی کا عوام کو مشورہ!

بمبئی ۳ اگست۔ بمبئی کے ہوم منسٹر مسٹر مرارجی ڈیسائی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومت پر تخریبی تنقید نہ کریں۔ بلکہ وہ ہندوستان کی آزادی کو مستحکم کرنے میں حکومت سے تعاون کریں۔

تلک کی برسی کے سلسلہ میں ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت پر بے بنیاد تنقید سے کوئی فائدہ نہیں اور حکومت کو بدلا نہیں جا سکتا۔ کانگریسی حکومت اس وقت تک قائم رہے گی جب تک کہ عوام اس کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے عوام سے مطالبہ کیا کہ تلک کی برسی کے موقعہ پر وہ عہد کریں کہ وہ ان کی پیروی کریں گے اور حب الوطنی کا راستہ اختیار کریں گے اور سیاسی فریب دہندگان کے دھوکہ میں نہیں آئیں گے۔ اگر ہم نے اپنی تخریبی تنقید کو نہیں روکا تو نتائج نہایت خطرناک ہوں گے۔ (پ ٹ ا)

کمیونسٹوں کے خلاف مزدوروں کو

مسٹر سین کا سخت انتباہ

جمال پور ۲۔ اگست۔ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگرس صوبہ بنگال کے سیکرٹری مسٹر دیوین سین نے مزدوروں کو ان کے نئے دوستوں کے خلاف آگاہ کیا ہے جو اس وقت جبکہ کانگرس شدید جنگ آزادی لڑ رہی تھی۔ تعطیل منا رہے تھے۔

ریلوے مزدوروں کے ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ کام مزدوروں کا ہے کہ وہ اپنے دوستوں کو اچھی طرح پہچان لیں جو رات دن الٹے بڑے بڑے وعدے کرتے ہیں لیکن وہ ان کی بھلائی نہیں چاہتے بلکہ ان کے ووٹ چاہتے ہیں۔ انہوں نے یہ امید ظاہر کی کہ مزدور کمیونسٹوں کو پانچواں کالم سمجھتے ہوئے مسترد کر دیں گے۔

مسٹر سین نے ان کی سرگرمیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بعض لیڈروں کی سرگرمیاں اس قسم کی ہیں۔ سوشلسٹ صرف یہ چاہتے ہیں کہ پنڈت نہرو کے بجائے جے پرکاش نرائن کی حکومت بن جائے۔ اگرچہ حکومت نے پناہ گزینوں اور دوسرے مسائل کو بڑے تدبر سے حل کیا ہے اور بہت سی عوامی بھلائی کی باتیں کی ہیں لیکن سوشلسٹ حکومت کی مذمت کرتے ہیں۔ اور سارا الزام اسی پر عائد کر رہے ہیں۔ (پ۔ ٹ)

برطانوی بحری بیڑے کے نئے جہاز

ریڈار اور ٹیلی ویژن سے مسلح ہوں گے

لندن ۲ راگست ۱۹۴۹ء امپائر نیوز کے نامہ نگار خصوصی کا بیان ہے کہ برطانوی بحری بیڑے میں بالکل نئے قسم کے جہاز کا جلد ہی اضافہ کیا جائے گا یہ جہاز ریڈیو ٹیلیویژن اور سنیما کے پردے سے مسلح ہوں گے ان جہازوں کی حفاظت کے لئے راکٹ گن اور دوسرے خفیہ قسم اسلحہ استعمال کئے جائیں گے۔ ہر بیڑے کے ساتھ اس قسم کا ایک جہاز ہوگا جہاں سے پورے بیڑے کے لئے احکامات صادر کئے جائیں گے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی مدد سے یہ جہاز پورے بحری بیڑے کی سرگرمیوں کا آسانی کے ساتھ جائزہ لے سکیگا اور اس کے مطابق احکامات بھی صادر کر سکیگا۔

رکشا یونین کا جلسہ

سہارنپور یکم اگست (بذریعہ ڈاک) آج رات چوک فوارہ میں مقامی رکشا یونین کا ایک پبلک جلسہ بصدارت کامریڈ پریم ناتھ منعقد ہوا اشتری لال راج چیئرمین تحصیل کمیٹی ڈسٹرکٹ بورڈ نے اپنی تقریر میں حکومت پر نکتہ چینی کی اور رکشا والوں کی حالت زار کا نقشہ نہایت دردانگیز الفاظ میں حاضرین کے سامنے کھینچا کامریڈ بابا چھنہ سنگھ نے ایک ریزولیوشن میں حکام ضلع سے رکشا ٹیکس منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا۔ آج دن بھر رکشا والوں کی ہڑتال رہی۔ (نامہ نگار)

مردہ کا زندہ سے تبادلہ

سہارنپور یکم اگست (بذریعہ ڈاک) اطلاع ملی ہے کہ ایک عورت بیاس ریلوے اسٹیشن سے سہارنپور آ رہی تھی گاڑی میں ایک اور عورت کی ننھی بچی نے دم توڑ دیا مگر اس عورت نے کمال پھرتی سے کام لیا اور اپنی مردہ لڑکی کو اول الذکر عورت کے ننھے بچے کی جگہ ڈال کر زندہ ننھے بچے کو لے کر جگادھری کے قریب کسی اسٹیشن پر اتر گئی۔ جب بچہ کی ماں سہارنپور پہنچی تو اس نے اپنے بچہ کی جگہ مردہ لڑکی پائی بیچاری سر پیٹ کر رہ گئی۔

قبروں کا احترام برقرار رکھو!

کانگرس کی حکام سے اپیل

سہارنپور یکم اگست (بذریعہ ڈاک) سٹی کانگرس کمیٹی کے جائنٹ سکریٹری مسٹر ظہور احمد نے حکام ضلع سہارنپور سے اپیل کی ہے کہ وہ قبروں کی تقدیس برقرار رکھنے کے لئے مناسب انتظام کریں کیونکہ پچھلے دنوں شکایات موصول ہوئی ہیں کہ شرنارتھی قبرستانوں کی تختیاں اکھاڑ کر لے جاتے ہیں اور ان سے روٹی پکانے کے لئے چکلے کا کام لیتے ہیں۔ آخر میں مسٹر ظہور نے شرنارتھیوں سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ قبروں کی بے حرمتی سے احتراز کریں۔

روزنامہ الجمعیۃ کا شاندار

آزادی نمبر

حسب سابق ۱۴ راگست کو پوری آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے

بہترین سیاسی تاریخی اور علمی معلومات کا گنجینہ اعلی ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت وطباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کر لیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بین اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے۔

ضخامت۔ روزنامہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگین قیمت ۴ر

ایجنٹ صاحبان۔ مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں۔

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں۔

روزنامہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا۔ لیکن صرف ہفت روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگا رہے ہیں چار آنہ کے بجائے دو آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیں

منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف خانوادہ سید احمد مجدد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے۔ ملک کے مایہ فخر سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے

مطبوعہ معارف اعظم گڈھ صفحات ۹۴ قیمت ۱۲ر

ملنے ...... کا ...... پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی

دفتر جمعیۃ علماء ہند

ایک مہینے میں ۹۰۴ اسپیشل ریل گاڑیاں چلائی گئیں

اناج وغیرہ کی نقل و حرکت کا انتظام

نئی دہلی ۳ راگست ہندوستان کی سرکاری ریلوں نے اناج اور دیگر ضروری اشیاء ہندوستان کے مختلف مقامات کو بھیجنے کے لئے جون ۱۹۴۹ء میں چار سو ستانوے اسپیشل ریل گاڑیاں چلائیں۔ جن میں سے ۱۱۰ اناج کے لئے ۲۰۹ عام ضروری اشیاء کے لئے ۵۵ خام سینگنیز کے لئے ۳۶ نمک کے لئے [illegible] سیمنٹ کے لئے ۴ خشک گھاس اور چارے کے لئے۔ آٹھ لوہا اور فولاد کے لئے اور نو کچے لوہے کے لئے چلائی گئی تھیں۔

جون ۱۹۴۸ء میں بمبئی سے کپڑے کی کھپت کرنے والے ایک لاکھ ستر ہزار پانچ سو تریسٹھ گانٹھیں کپڑا بھیجا گیا۔ پچھلے سال اسی کی مقدار ایک لاکھ چالیس ہزار ایک سو بھیجی تھی۔

باسوراشٹرا جبلپور ناگپور ریلوے اور [illegible] ریلوے کے باقی تمام ریلوں پر عام طور پر ٹرانسپورٹ کی حالت اطمینان بخش رہی۔ (پ ٹ)

مضامین اور خبریں کاغذ کے صرف ایک طرف لکھکر ارسال فرمائیے۔ تاکہ صحیح شائع ہو سکیں نیز صاف اور خوشخط بھی ہونی چاہئیں۔ (ادارہ)

معاونین الجمعیۃ سے

گذارش ہے کہ دفتر سے اخبار نہایت پابندی اور دیکھ بھال کے بعد ہر خریدار کے نام روانہ کیا جاتا ہے لیکن اخبارات کے چونکہ ہر طرح کی احتیاط کے باوجود کچھ نہ کچھ پرچے ضرور چرا لیتے ہیں۔

جن صاحب کو بروقت اخبار نہ پہونچے براہ کرم وہ اپنے نمبر خریداری کے حوالے سے دفتر کو فوراً مطلع کر دیا کریں کہ فلاں تاریخ اور نمبر کا پرچہ نہیں ملا تاکہ دوبارہ بھیجا جائے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

دار السلطنت

۳ راگست

قومی زبان کا کنونشن

چھ اور سات اگست کو قومی زبان کا جو کنونشن ہو رہا ہے اس میں مختلف صوبائی زبانوں کے پچاس فاضل حصہ لیں گے۔ کنونشن طلب کرنے والوں کو امید ہے کہ ان میں سو فاضل شامل ہوں گے۔ انہوں نے ایک جلسہ کا اعلان کیا ہے جس میں صوبائی زبانوں کے یہ عالم قومی زبان کے مسئلہ پر تقریریں کریں گے۔

روز روشن میں رہزنی کا واقعہ

سبزی منڈی میں دن دہاڑے کالج کا ایک نوجوان طالب علم رہزنی کا شکار ہو گیا۔ کل جگدیش نامی ایک لڑکا اپنی سائیکل پر یونیورسٹی جا رہا تھا کہ سبزی منڈی میں [illegible] (اے پی آئی)

حکومت کو دھوکا دینے کی سازش

دہلی اسپیشل پولیس۔ مسٹر سنگھا سواد میر دیال سنگھ اور مسٹر امین چند کے خلاف تحقیقات کر رہی ہے ان پر الزام ہے کہ انہوں نے حکومت کو چینی اور دوسری غذائی اشیاء کے کوٹا حاصل کرنے کے لئے حکومت سے غذائی اشیا تیار کرنے کا لائسنس حاصل کرنے کی کوشش کی۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے حکومت ہند کے غذائی مشیر کے دفتر سے ایسا لائسنس ناجائز ذرائع سے حاصل کیا۔

پگڑی لینے والا مالک مکان ضمانت پر رہا

سنت لال نامی ایک تاجر جس نے پیر کی شب کو ایک شرنارتھی سے چاندنی چوک میں ایک مکان کے لئے چار سو روپے بطور پگڑی طلب کیا تھا۔ کل لالہ جہند سنگھ مہدی کی عدالت میں پیش کیا گیا جنہوں نے اس کو ایک ہزار کی ضمانت پر رہا کر دیا۔

سافٹ کوک کی قیمت میں کمی

دہلی کے سافٹ کوک کے تاجروں نے [illegible] کے اسٹیشن سے اپنا سافٹ کوک کا کوٹا لینے کے خراب ہونے کی وجہ سے اٹھانے سے انکار کر دیا۔ انھوں نے یہ اقدام اپنی ایسوسی ایشن کے ایک فیصلہ کے مطابق کیا ہے ان کو خطرہ ہے خراب کوئلہ لینے سے ان کی تجارت پر اثر پڑیگا دہلی کے ایندھن کے تاجروں نے یوم آزادی کی خوشی میں سافٹ کوک کی قیمت میں بیس فیصدی کمی کرنے کا اعلان کر دیا ہے یہ رعایت ۱۰ راگست سے پندرہ دن تک رہے گی۔ سافٹ کوک کا کنٹرول ریٹ بیچنے کے بجائے کا نکون کو ایک روپیہ فی من کے حساب سے دیا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے اگر سافٹ کوک کی تجارت سے پابندیاں ہٹا دی جائیں تو وہ کسی درجہ کم قیمت پر کوئلہ فروخت کرتے رہیں گے۔

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب کی دختر نیک اختر کا عقد

دہلی ۳ راگست۔ گذشتہ شب [illegible]

۱۰ راگست سے ہندی کی کلاس شروع

[illegible]

بین المملکتی ریلوے کمیٹی کا اجلاس ختم

[illegible]

مجلس اقوام کی جنرل اسمبلی کا آئندہ اجلاس

ہند مجلس تحفظ کی خالی نشست کے لئے مقابلہ کرے گا

نئی دہلی ۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ مجلس اقوام کی حفاظتی کونسل میں جو تین نشستیں خالی ہوئی ہیں ان میں سے ایک نشست کے لئے ہند بھی امیدوار ہے ——— جنرل اسمبلی کے اگلے اجلاس میں جو ۲۰ ستمبر کو نیو یارک میں شروع ہو رہا ہے، سر بینیگل راؤ ہند کے ڈیلیگیشن کی قیادت کریں گے۔ ان کے علاوہ ڈیلیگیشن میں مسٹر شیام لال ، جام صاحب نوانگر اور مسز سچیتا کرپلانی بھی ڈیلیگیشن میں شامل ہوں گی۔

ہند سے متعلق جو معاملات اسمبلی میں زیر غور آئیں گے ان میں جنوبی افریقہ کے بارے میں مجلس اقوام کی قرارداد پر عمل درآمد کے متعلق رپورٹ ، غیر خود مختار علاقوں کے بارے میں ترمیمی سب کمیٹی کی رپورٹ، کم ترقی یافتہ علاقوں کے لئے فنی امداد، اطالوی نو آبادیات کا مستقبل اور انڈونیشیا و جنوب مغربی افریقہ سے متعلق مسائل شامل ہیں۔

اس کے علاوہ مجلس تحفظ کی تین خالی نشستوں کے لئے انتخاب بھی اس میں شامل ہے۔ خیال ہے کہ اس سال کنیڈا، ارجنٹائن اور یوکرین کی نشستیں خالی ہوں گی اور ہند ان میں سے کسی ایک کے لئے مقابلہ کرے گا۔ گذشتہ دو تین سال سے ہند ایک نشست حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن مختلف وجوہ کی بنا پر ابھی تک اسے کامیابی نہیں ہوئی۔

اس وقت مجلس تحفظ میں یورپ کو پانچ اور امریکہ کے براعظم کو چار نشستیں حاصل ہیں جب کہ ایشیا اور افریقہ کو کل دو نشستیں حاصل ہیں۔

امریکی پروفیسر دہلی آئے گا

مراد [illegible] راگست امریکن یونیورسٹی واشنگٹن کے گریجویٹ ڈویژن کے پروفیسر پالمان ایپو عنقریب لیکچر دینے کے لئے دہلی جائیں گے۔ (پ ٹ ایر)

سوراشٹر کی ریلوں کا انتظام

مرکزی حکومت سنبھال لیگی

راجکوٹ ۳ راگست۔ سوراشٹر کی ۱۲ اسپیشل کی ریلوے لائن کا انتظام حکومت ہند یکم اپریل سے سنبھال رہی ہے سوراشٹر کی تمام ریلوں کو سنبھالنے کے سلسلہ میں مرکزی حکومت کا [illegible] اقدام ہے۔ (پ ٹ ا)

اسرائیل کو ہوائی ڈاک

دہلی ۳ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اگست سے اسرائیل کو بھیجے جانے والی ہوائی ڈاک قبول کی جا سکتی ہے جو ڈاک بذریعہ جینوا بھیجی جائے گی۔ ہوائی ڈاک کی فیس چار آنے فی لفافہ کے لئے ۱۲ آنے اور پوسٹ کارڈ کے لئے ۵ آنے ہوگی۔

سوجان بھاڑی پر ترجمہ قرآن مجید

محلہ سوجان بھاڑی پر عید الفطر کی تعطیل کی وجہ سے ترجمہ قرآن مجید کا سلسلہ موقوف تھا اب یکم شوال ۱۳۶۸ھ بعد نماز عصر سے حضرت مولوی ضیاء الحق صاحب نے شروع کر دیا ہے سامعین مطلع رہیں۔

مسٹر سامیر اور مسٹر باجپائی کی ملاقات

[illegible] ۳ راگست۔ اقوام متحدہ کمیشن کے چیئرمین مسٹر سامیر نے آج [illegible] جنرل کے دفتر میں سکریٹری مسٹر باجپائی سے ملاقات کی خیال کیا جاتا ہے یہ گفت و شنید ابتدائی نوعیت کی تھی۔ اور کمیشن کی تجویز کی تعبیر و تشریح کے بارے میں ہند کے اعتراضات جنگ کے معاہدہ اور استصواب رائے کے انعقاد کے بارے میں بات چیت ہوئی۔ (پ ٹ ا)

مسٹر گول والکر کا سفر دہلی ملتوی

سنگھ کے رہنما مسٹر گول والکر سردار پٹیل سے ملنے کے لئے دہلی آنے والے تھے اب معلوم ہوا ہے کہ ان کا یہ سفر پندرہ دن کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے ۱۳ جولائی کو جب وہ جیل سے رہا ہوئے تھے وہ مسلسل کام کر رہے ہیں اس کا ان کی صحت پر کافی اثر پڑا ہے۔ ڈاکٹروں نے ان کو پندرہ دن کے لئے آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

مدراس میں دو امریکی ملاح گرفتار

مدراس ۳ راگست۔ دو امریکی ملاح جو امریکہ کے ایک جہاز [illegible] (پ ٹ ا)

ریاست تری پورہ کا مستقبل؟

مہارانی کو دہلی آنے کی دعوت

نئی دہلی ۳ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ اب حکومت ہند کی اسٹیٹس منسٹری ریاست تری پورہ کی جانب توجہ مبذول کر رہی ہے ریاست کی ریجنٹ مہارانی صاحبہ کو ۱۰ راگست کو دہلی بلایا گیا ہے تاکہ وہ منسٹری کے مشیر مسٹر مینن کے ساتھ بات چیت کر سکیں۔ امید ہے کہ وہ ریاست اور ہند یونین کے درمیان تعلقات کی نوعیت کے سوال پر تبادلہ خیالات کریں گے۔ [illegible]

امریکہ میں چینی طلباء کی امداد

واشنگٹن ۳ راگست۔ [illegible]

بریلی کے قریب ڈاکوؤں اور دیہاتیوں کی لڑائی

بریلی ۳۰ راگست۔ تھانہ [illegible] کے ایک گاؤں کے دیہاتیوں نے بڑی ہمت سے ڈاکوؤں کے ایک گروہ کا مقابلہ کیا۔ اور ان میں سے دو کو گرفتار کر لیا۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈاکوؤں نے گاؤں کے ایک مکان پر حملہ کیا۔ گھر والوں کے شور کرنے پر دیہاتی جمع ہو گئے اور ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کر دی [illegible] ان کا سرغنہ [illegible] دو ڈاکو گرفتار کر لئے گئے [illegible]

لائلپور کا گمشدہ لیگی لیڈر

لاہور ۳ راگست۔ میاں عبد الباری صدر مغربی پنجاب مسلم لیگ نے مغربی پنجاب کے انسپکٹر جنرل پولیس کو ورکنگ کمیٹی کے فیصلے سے مطلع کر دیا ہے جو انھوں نے لائلپور کے مشہور لیگی لیڈر شمس الحق کے اچانک غائب ہو جانے کی تحقیقات کے سلسلہ میں مقرر کیا تھا۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس کو امید ہے کہ وہ کسی سازش کا شکار ہوا۔ [illegible] (اے پی رائیٹر)

پاکستان دستور ساز اسمبلی

تعلیمات اسلامیہ کمیٹی کا تقرر

کراچی ۳ راگست۔ پاکستان دستور ساز اسمبلی کی [illegible]

کشن گڑھ مل بند ہو گئی

[illegible]

مسٹر دوس کلکتہ پہونچ گئے

[illegible]

برماشیل کے ملازم ہڑتال کریں گے

[illegible]

ایک مشہور ڈاکو کی ہلاکت

گوالیار ۳ راگست۔ یہاں سے ۳۰ میل دور ایک جنگل میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان ایک تصادم میں مشہور مفرور ڈاکو حکم سنگھ ہلاک ہو گیا [illegible] (اے پی ا)

کشمیر میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

سری نگر۔ ۱۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ جموں اور کشمیر کی حکومت نے ۵ ہزار مسلمان [illegible] پر دوبارہ آباد کیا ہے۔

[illegible] خلف پیدا ہوا ہے۔ یہ علاقہ مسلمانوں کی زمین پر آباد کیا گیا جو اب ان کو الاٹ کر دی گئی ہے۔

بیناگز میں ان زمین پر سبزیاں بھی کاشت کی گئی ہیں جن کی قیمت ۱۲ ہزار روپیہ بتائی ہے۔

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق حکومت نے مسلمانوں کے ۳۸۲۰ مکان شرنارتھیوں کو دئے ہیں اور ۶۰ ہزار روپیہ ان کے کرایہ کے طور پر رکھا گیا ہے۔

مسٹر لیاقت علیخان نومبر کے پہلے ہفتہ میں ماسکو جا رہے ہیں

انھیں لینے کے لئے ماسکو سے خاص ہوائی جہاز آئے گا

کراچی ۳ راگست آج حکومت پاکستان کے اعلیٰ حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نومبر کے پہلے ہفتہ میں ماسکو جا رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ سوویت حکومت وزیر اعظم اور ان کے رفقاء کو لینے کے لئے ایک ہوائی جہاز بھیجے گی اور وزیر اعظم اسی جہاز میں ماسکو جائیں گے معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعظم کو ماسکو آنے کی دعوت طہران میں مقیم روسی سفیر کی جانب سے اس وقت دی گئی تھی جب وہ ایران گئے ہوئے تھے۔ دولت مشترکہ کا کوئی وزیر اعظم ابھی تک ماسکو نہیں گیا اور مسٹر لیاقت علی پہلے وزیر اعظم ہیں جو ماسکو جا رہے ہیں۔ روس برطانیہ کے بعد پاکستان کا سب سے بڑا گاہک ہے۔ [illegible]

بھکر وزیر خارجہ لندن کو

[illegible] ۳ راگست۔ [illegible] یہاں سے بذریعہ ہوائی جہاز لندن روانہ ہو گئے وہاں لندن میں برما اور برطانیہ کے غیر تصفیہ شدہ مسائل پر غور و خوض کریں گے۔ (اے پی رائٹر)

غلہ کی فراہمی کو سخت اور پیداوار بڑھانے کا فیصلہ

ماہرین کی کمیٹی صوبوں کا دورہ کر کے خوراک کی حالت کا جائزہ لیگی

نئی دہلی ۳ اگست۔ کل وزراء خوراک کی کانفرنس کا اجلاس ہوا۔ جس میں ان دو سب کمیٹیوں کی رپورٹوں پر غور کیا گیا جو [illegible] کم کیا جائے اور راشن میں [illegible]

کانفرنس نے حکومت ہند کے اس فیصلہ کی تصدیق کی کہ ۱۹۵۱ء کے آخر تک باہر سے خوراک منگانا بند کر دیا جائے اور مختلف صوبے اور ریاستیں اس فیصلہ کو عملی جامہ پہنانے کے سلسلہ میں سختی سے عمل کریں پیداوار بڑھائیں اور غلہ کی فراہمی کو سخت کریں۔ آئندہ تین سالوں کے لئے بنیادی اسکیم کو منظور کیا جائے اور اس پر جنوری ۱۹۵۰ء میں دوبارہ غور کیا جائے۔ اور اس کے بعد جولائی ۱۹۵۰ء میں دوبارہ کارگذاری کا جائزہ لیا جائے کہ صوبوں اور ریاستوں میں خوراک کی پیداوار بڑھانے اور غلہ کی فراہمی میں کس حد تک ترقی کی گئی ہے۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ [illegible] اور غلہ کی فراہمی کے متعلق موجودہ پالیسی برقرار رہے گی لیکن فراہمی کا طریقہ [illegible]

کمیٹی چند صوبوں اور ریاستوں میں بھی بھیجنا تجویز ہوا ہے [illegible] سے بہتر مشورہ دے۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ چاولوں پر پالش نہ کی جائے [illegible]

ہر ایک علاقہ میں خوراک کے [illegible]

جے پرکاش نرائن کلکتہ میں

مسٹر سرت چندر بوس سے ملاقات

کلکتہ ۳ راگست۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن کلکتہ پہونچ گئے ہیں۔ وہ یہاں ایک ہفتہ قیام کریں گے اور مزدوروں کے ایک جلسہ میں تقریر بھی کریں گے۔ نیز سوشلسٹ پارٹی کے کارکنوں سے ملاقات کریں گے [illegible]

مندر ہریجنوں کے لئے کھولدیا گیا

اورنگ آباد ۳ راگست۔ ایک مقامی مندر کل تمام ہریجنوں کے لئے کھول دیا گیا ہے۔ مقامی کانگریسی لیڈروں نے ہریجنوں کے ایک جلوس نکالا [illegible] مندر کو گیا۔ (پ ٹ ا)

بازاروں کے بھاؤ

۳ راگست

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ دہلی

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

بنارس ہندو یونیورسٹی کو امداد

بنارس ۳ راگست۔ مرکزی حکومت نے بنارس ہندو یونیورسٹی کی امداد کے لئے [illegible] لاکھ روپے منظور کیا ہے [illegible]

بدری ناتھ کا مشہور مندر خطرہ میں

بدری ناتھ ۳ راگست۔ دریائے الکنندا میں سیلاب آنے سے بدری ناتھ کے مندر کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے کہا جاتا ہے کہ اگر فوری طور پر اقدامات نہ کئے گئے تو بدری ناتھ کے مندر کی بنیادوں پر بھی اثر پہنچیگا۔ مندر کمیٹی کے سکریٹری نے حکومت ہند کو ان واقعات سے مطلع کر دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے جب تک ایک مستقل پشتہ تعمیر نہ کیا جائے مندر محفوظ نہیں رہ سکتا۔

حدیث اور تفسیر قرآن شریف سے متعلق

بہترین علمی ذخیرے

ترجمان السنۃ اردو زبان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کا مستند و مکمل ذخیرہ۔ جو ہر علم دوست کے پاس محفوظ رہنا چاہئے ہدیہ جلد اول ۱۲، ۱۰ روپیہ

اربعین عرف تصویر اسلام تقریباً چار سو احادیث کا بہترین ذخیرہ جس میں اسلام کا مکمل نقشہ پیش کیا گیا ہے ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے بہت سے مدارس میں داخل درس ہے قیمت ۱۲ر

خدا کی باتیں حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی مشہور تصنیف جس میں تقریباً ایک سو احادیث کا بامحاورہ سلیس اور دلچسپ ترجمہ کیا ہے قیمت ۸ر

رسول کی باتیں جس میں مختلف اور اہم اور مفید عنوانات کے متعلق احادیث کا ترجمہ از مولانا احمد سعید صاحب ۸ر

جنت کی کنجی حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی بہت مفید اور بہت مشہور کتاب ہے قیمت ۸ر۔ دوزخ کا کھٹکا ۸ر۔ پہلی تقریر سیرت ۸ر۔ دوسری تقریر سیرت ۸ر۔ سیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۸ر۔ صلوۃ و سلام ۱۲ر۔ مضامین حضرت سحبان الہند (احمد سعید صاحب) ۸ر۔ تقاریر (از سحبان الہند) ۸ر۔

لغات القرآن ندوۃ المصنفین دہلی کی بہترین کتاب جو عام مقبولیت اور شہرت کی مالک ہے۔ قیمت فی جلد [illegible] تین جلد مجلد مکمل [illegible]

رہنمائے قرآن قیمت [illegible]۔ فہم قرآن قیمت ۸ر۔

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید اور [illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

منی آرڈر؟

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی [illegible] منی آرڈر بھیجنے والے حضرات [illegible]

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ ع

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۶ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۸۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا جلسہ

نئی دہلی ۴ اگست۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے دفتر سے آج اعلان کیا گیا ہے کہ کل شام کو تین بجے سردار پٹیل کی رہائش گاہ پر کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس پھر شروع ہوگا۔ (پ ٹ)

روس کو مجلس اقوام میں ایک اور شکست

جنیوا ۴ اگست۔ (رائٹر) کل مجلس متحدہ اقوام کی سماجی اور اقتصادی مجلس نے روس کی وہ قرارداد نظر انداز کردی جس میں مطالبہ کیا گیا تھا کہ امریکہ اور برطانیہ میں دوسری نسلوں کے مرد اور عورتوں سے شادی پر جو پابندیاں ہیں مجلس متحدہ اقوام کو ان کی تحقیقات کرنی چاہئیں۔ کونسل نے چلی کی قرارداد منظور کرلی جو انسانی حقوق کی تحقیقات کے متعلق تھی۔

ہندوستان اور برطانیہ میں مالی سمجھوتہ ہوگیا

۱۹۴۹ء میں ہندوستان کو ۸ کروڑ ۱۰ لاکھ پونڈ کے خرچ کی اجازت

سر اسٹافورڈ کرپس اور ڈاکٹر جان متھائی کی گفت و شنید کا نتیجہ

نئی دہلی ۴ اگست۔ حال ہی میں لندن میں برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹافورڈ کرپس اور ہند کے وزیر مالیات ڈاکٹر جان متھائی کے درمیان جو سمجھوتہ ہوا تھا اس کے مطابق ۴۹-۱۹۴۸ء میں ہند کو ۸ کروڑ ۱۰ لاکھ پونڈ خرچ کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ اس سال کے لئے ۱۹۴۸ء کے معاہدے میں کسی رقم کی گنجائش نہیں تھی۔ اس کے علاوہ جون ۱۹۵۰ء سے ۱۹۵۱ء تک کے ایک سال کے لئے ہند ۴ کروڑ کی جگہ ۵ کروڑ پونڈ خرچ کرسکے گا۔ مزید برآں اسے ان واجبات کے لئے جو پچھلے عام لائسنس کی وجہ سے اس کی تاریخ سے قبل واجب ہوگئی تھیں پوری رقم (پونڈ کی شکل میں) دی جائے گی۔ [illegible]

بھوپال میں بعض اہم تبدیلیاں

بعض محکمات بالکل توڑ دیئے گئے

بھوپال ۴ اگست۔ [illegible]

ہند ڈالر کے علاقے سے درآمد میں کمی کرنے پر رضامند ہوگیا

فیصلہ سے دولت مشترکہ کے دوسرے ممالک کو اطلاع دیدی گئی

نئی دہلی ۴ اگست۔ [illegible]

کمیونسٹ فوجیں برابر بڑھ رہی ہیں

جنوبی چین میں لڑائی کی رفتار

کینٹن ۴ اگست۔ [illegible]

برما کا وزیر خارجہ

آج لندن پہنچ جائے گا

لندن ۴ اگست۔ [illegible]

راجستھان میں ۳۵ پناہ گزینوں کی بھوک ہڑتال

وزیر پناہ گزیں مسٹر تیاگی کا بیان

[illegible]

قاسم رضوی کے انگریز بیرسٹر

مقدمہ کی پیروی کی اجازت نہیں ملی

حیدرآباد ۴ اگست۔ [illegible]

حکومت کی طرف سے جائدادوں پر قبضہ

معاوضہ کے مسئلہ پر کانگریس اسمبلی پارٹی میں غور

نئی دہلی ۴ اگست۔ [illegible]

سکم میں جمہوریت کشی ہوئی ہے

سٹیٹ کانگریس سکم کا بیان

[illegible]

نئی دہلی میں پنجاب کے نہری پانی پر ہندو پاکستان کی کانفرنس شروع ہوگئی

مسٹر آئنگر اور سر ظفر اللہ نے اپنے اپنے ملک کے وفود کی قیادت کی

[illegible]

صدر کے ہنگامی اختیارات پر دستور ساز اسمبلی میں گرما گرم بحث

مسٹر نظیر الدین احمد اور دوسرے ممبران کی دلچسپ تقریریں

ایوان نے دفعات متعلقہ منظور کرلیں!

نئی دہلی ۴ اگست۔ [illegible]

پاکستانی کابینہ میں توسیع

معتبر حلقوں کی اطلاع

کراچی ۴ اگست۔ [illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے۔ طبی مشورہ مفت ہے حالات لکھیے پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

Daily Aljamiat
ESTD. 1925
Delhi -5-8-49

عرب مہاجرین کو واپس لینے کے باعث حکومت اسرائیل پر نکتہ چینی

وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کو پارلیمنٹ میں تقریر کرنا مشکل کردیا

[illegible]

"جرائم کی معافی مانگو اور نقصان کا تاوان ادا کرو!"

چین کے کمیونسٹ جنرل کا حکومت برطانیہ سے مطالبہ

ہانگ کانگ ۴ اگست۔ [illegible]

ہند کی جنگی سامان بنانے والی فیکٹریوں میں عام ہڑتال کی تیاریاں

عملہ میں تخفیف کے خلاف ملازمین کا احتجاج

کانپور ۴ اگست۔ [illegible]

ٹوکیو میں کمیونسٹوں کی گرفتاری

ٹوکیو ۴ اگست۔ [illegible]

سماجی تعلیم کا مقصد اچھے شہری بنانا ہے

وزیر اعظم بمبئی کی ایک نشریہ میں توضیح

بمبئی ۴ اگست۔ [illegible]

میثاق بحر الکاہل کی گفت و شنید

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ ۱

[illegible]

تودہ پارٹی کے ممبران کو سزائے قید

تہران ۴ اگست۔ [illegible]

تمام دنیا کے مزدوروں کے اتحاد کی کوشش

مزدوروں کی بین الاقوامی انجمن کے صدر کا اعلان!

ماسکو ۳ اگست۔ [illegible] (رائٹر)

مدراس کی وزارت کے خلاف تحقیقات

[illegible]

بریلی میں چار پولیس گرفتار

دیہاتیوں پر گولی چلانے کا نتیجہ

بریلی ۴ اگست۔ [illegible]

امریکہ کا چینی کمیونسٹ حکام سے احتجاج

واشنگٹن ۴ اگست۔ [illegible]

ہانگ کانگ امتحانات کے استقبال کی تیاریاں

ہانگ کانگ ۴ اگست۔ [illegible]

ہند اور برطانیہ کی درآمد برآمد

[illegible]

بھنگیوں کی اصلاح کے لئے

کمیٹی کا تقرر

بمبئی ۴ اگست۔ [illegible]

ہانگ کے باشندوں کیلئے شناختی کارڈ

کونسل میں بل پیش ہورہا ہے

ہانگ کانگ ۴ اگست۔ [illegible]

ڈسٹرکٹ بورڈ کی معطلی اور بحالی

[illegible]

سوشلسٹوں کی بھوک ہڑتال ختم

[illegible] (پ ٹ)

بمبئی کے اخبار کی پابندی کے خلاف اپیل

بمبئی ۴ اگست۔ [illegible]

روزنامہ الجمعیۃ کے خریداران

ہفت روزہ الجمعیۃ کا عید نمبر

روزنامہ الجمعیۃ کے بیشتر خریداران کے پیہم تقاضوں پر ان کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے ہم نے ہفت روزہ الجمعیۃ کا عید نمبر دوبارہ طبع کرایا ہے اور یہ نمبر تمام خریداران کی خدمت میں روانہ کیا جا چکا ہے۔ جن خریداران روزنامہ نے ہمارے سابقہ اعلان کے بموجب اس کی رعایتی نصف قیمت چار آنے ابھی تک ارسال نہیں فرمائی ہے۔ براہ کرم اپنے نمبر خریداری کے حوالے سے جلد از جلد بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ دو ہفتہ انتظار کرنے کے بعد بھی اگر یہ قیمت دفتر میں موصول نہ ہوگی تو ان کی مدت خریداری سے ہی روزنامہ کی دو اشاعتیں کم کردی جائیں گی۔

نوٹ:۔ چار آنے کے ٹکٹ لفافہ میں رکھ کر بھیجنا غیر محفوظ طریقہ ہے۔

منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

گھاس کاٹنے کا ٹھیکہ

۷ اگست سنہ ۴۹ء بروز اتوار بوقت ۹ بجے صبح گھاس کاٹنے کا ٹھیکہ جو عیدگاہ کے اندر واقع ہے۔ نیلام عام کیا جاویگا شرائط نیلام حسب ذیل ہوں گے۔

(۱) سب سے زائد بولی بولنے والے کے نام ٹھیکہ چھوڑا جاوے گا۔

(۲) بولی کی رقم دس روپے سے کم نہ ہوگی۔

(۳) اختتام نیلام کے بعد ہی فوراً کل رقم زر بولی جمع کرنا ہوگی۔

(۴) عیدگاہ سے گھاس جو ٹھیکہ میں چھوڑی گئی ہو جلد سے جلد کاٹنے کا انتظام ٹھیکیدار کو کرنا ہوگا۔

(۵) حدود عیدگاہ میں کوئی جانور چرانے کی اجازت نہ ہوگی۔

نوٹ:۔ مزید معلومات ناظر سنی مجلس اوقاف دریا گنج دہلی سے ہوسکتی ہیں۔

شوکت علی عباسی ناظر اوقاف صوبہ دہلی

انجن کرینک شافٹ
بہترین کوالٹی اور لاجواب مضبوطی
نارتھرن سٹیل اینڈ جنرل ملز رجسٹرڈ، پلاٹ نمبر ۵ نجف گڑھ روڈ دہلی

انڈونیشیا میں جنگ بند کرنے کا حکم دیدیا گیا سیاسی قیدی رہا کر دیے جائینگے

ڈچ اور جمہوری حکومت کا مشترکہ اعلان

ہمارا مقصد حاصل ہوگیا، ڈاکٹر سوئیکارنو کی تقریر

بٹاویا ۴ر اگست۔ ڈچ اور جمہوری حکومتوں نے کل انڈونیشیا میں جنگ بند کرنے کا آرڈر دے دیا۔ جنگ بند کرنے کے احکام [illegible]

جنگ بند کرنے کے احکام

[illegible]

اقوام متحدہ کمیشن نے بھی دونوں حکومتوں کے متفقہ فوجی شرائط کا متن شائع کر دیا۔ [illegible]

سوئیکارنو کی تقریر

[illegible]

عرب لیگ کی دوبارہ تنظیم

[illegible]

دیوداس گاندھی کی واپسی

لندن ۴ر اگست: مسٹر دیوداس گاندھی اڈیٹر ہندوستان ٹائمز کل ہندوستان آتے ہوئے لندن سے جنیوا پہنچ گئے۔ آج وہ جنیوا سے روانہ ہوں گے اور ہفتہ کو بمبئی پہنچ جائینگے۔ وہ انٹرنیشنل پریس انسٹی ٹیوٹ کے جلسہ کے سلسلہ میں لندن گئے تھے۔ (رپٹر)

ایک کمیونسٹ کی اور گرفتاری

[illegible]

شکر کے مل کے مزدوروں کی بھوک ہڑتال

مالکان مل کی مزدوروں کو دھمکی

جالندھر ۴ر اگست۔ جگجیت شکر مل کے ۱۲ مزدوروں نے بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ آج ان کی بھوک ہڑتال کو ۱۳ دن ہو گئے ہیں۔ [illegible]

پرکاشم کی وزیر اعظم مدراس سے ملاقات

ابتدائی تحقیقات شروع ہوگئی

[illegible]

جبرالٹر کیلئے آئینی اصلاحات

[illegible]

اسرائیل سے معاوضے کا مطالبہ

دمشق ۴ر اگست:۔ شام ایک مراسلہ تیار کر رہا ہے جس میں فلسطین میں عربوں کی جائداد پر یہودیوں نے جو قبضہ کیا ہے، اس کا معاوضہ (تقریباً ۴۰ لاکھ پونڈ) ریاست اسرائیل سے طلب کیا جائیگا۔ معلوم ہوا ہے کہ مصر، سعودی عرب، اور لبنان حکومت شام کی اس تحریک کی حمایت کر رہے ہیں۔ (گلوب)

فلپائن کے پریذیڈنٹ واشنگٹن میں

کیونزم کے خلاف متحدہ محاذ کی تجویز

[illegible]

امریکہ میں چالیس لاکھ آدمی بیکار ہیں

[illegible]

ہندوستان کو لادینی جمہوریت بنانے میں مدد دو

مسٹر فیضی کی مسلمانوں کو ہدایت

بمبئی ۴ر اگست۔ مغربی ہندوستان کے نامزد سفیر مسٹر اے اے اے فیضی نے ایک بیان میں مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ ہندوستان کو لادینی جمہوریت بننے میں وہ پوری امداد کریں۔ [illegible]

لبنان عرب لیگ کے اجلاس میں شریک ہوگا

وزیر اعظم کا بیان

بیروت ۳ر اگست۔ لبنان کے وزیر اعظم ریاض الصلح نے آج رات اعلان کیا ہے کہ ان کے ملک نے ۔۔ میں عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی کا اجلاس منعقد کرنے کے بارے میں مصر کی تجویز منظور کرلی ہے۔ [illegible]

پرتگال کے دس فیصدی مزدور کمیونسٹ ہیں

[illegible]

ایک ہوائی جہاز میں آگ لگ گئی

چار مسافر ہلاک ہوگئے

[illegible]

فرانس میں ٹامی گنوں سے مسلح ڈاکوؤں نے تہلکہ مچا دیا

آغا خاں معہ اپنی بیگم کے ہوائی اڈہ جاتے ہوئے لوٹ لئے گئے

[illegible]

عالمی بنک سے ہندوستان کی قرضہ کی درخواست

اس ہفتہ درخواست کا فیصلہ ہوجائے گا!

لندن ۵ر اگست۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کی عالمی بنک سے قرضہ لینے کی بابت غالباً اس ہفتہ کوئی ابتدائی اعلان ہوجائے گا۔ [illegible] (رپٹر)

سردار پٹیل کی علالت

علاج کے لئے بمبئی جارہے ہیں

[illegible]

دائیں بازو کا متحدہ محاذ بنانے کی کوشش

کلکتہ میں مسٹر سرت چندر بوس کی سرگرمیاں

[illegible]

پاکستان بکثرت کپڑا خرید رہا ہے

احمد آباد ۳ر اگست۔ پاکستانی تاجر ارکچھ عرصہ سے مقامی ملوں سے بکثرت کپڑا خرید رہے ہیں۔ [illegible] (اپ ٹ ا)

فرانسیسی اخبار بند کردیا گیا

دمشق ۴ر اگست۔ شام کے ایک فرانسیسی اخبار [illegible] کو حکومت کے حکم سے بند کردیا گیا ہے۔ [illegible] (رپٹر)

برما میں عام انتخابات

[illegible]

ریاست ہائے شان میں آلو کی افراط

[illegible]

وان روین پنڈت نہرو سے ملیں گے

[illegible]

برطانوی کمشنر جنرل کی واپسی

[illegible]

برطانوی قونصل خانہ پر حملہ

[illegible]

مفرور کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

چیانگ کوریا روانہ ہوگیا

[illegible]

پاک ایر لمیٹڈ

روزانہ مقررہ سروسیں

دہلی سے کراچی / لاہور

اوقات

دہلی —— کراچی ہر منگل کو
دہلی سے روانگی ۲ بجے سہ پہر
کراچی میں آمد ۶ بجکر ۱۰ منٹ شام

دہلی —— لاہور روزانہ سروس
دہلی سے روانگی [illegible]
لاہور میں آمد [illegible]

کرائے

دہلی - کراچی یک طرفہ ۱۵۰ روپیہ واپسی ۲۸۵ روپیہ
دہلی - لاہور یک طرفہ ۶۶ روپیہ واپسی ۱۲۶ روپیہ

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

[illegible]

یادگار سلف

یادگار تصنیف خانزادہ سید احمد مجدد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے۔ ملک کے مایۂ فخر مصنف مولانا سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا نامہ میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔

مطبوعہ معارف اعظم گڑھ صفحات ۱۹۴ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ (عمر)

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

یونیورسٹی کا اگلا سیشن مورخہ یکم ستمبر ۱۹۴۹ء سے شروع ہوگا۔ یونیورسٹی کی تمام کلاسوں کا داخلہ (ماسوائے بی ٹی اور انجینیرنگ) مورخہ یکم ستمبر سے شروع ہوگا اور مورخہ ۲۱ ستمبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہوجائے گا۔

خواہشمند حضرات پراسپکٹس کی کاپی رجسٹرار کے دفتر سے مفت طلب کر سکتے ہیں تمام درخواستیں مطبوعہ فارموں پر موصول ہونی چاہئیں

رجسٹرار

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۶ر اگست ۱۹۴۹ء

کیا مذہب نفرت پھیلاتا ہے؟

کل کی اشاعت میں ہم نے اس الزام کو درج کیا تھا کہ مذہب، نفرت اور فساد پھیلاتا ہے اور جو لوگ مذہب کے نام پر قتل اور تصادم کے مرتکب ہوتے ہیں وہ گویا پکے مسلمان اور پکے ہندو ہیں، ایکن ڈاکٹر رادھا کرشنن نے ایک اور پہلو سے اس مسئلہ پر روشنی ڈالی ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب مذہب کا اذعانی تصور یہ ہو کہ نجات صرف اسی کے دائرہ میں محدود ہے اور اس کے سوا تمام مذاہب غیر صحیح ہیں وہ کسی وقت جاکر تصادم خونریزی نفرت اور دشمنی کا سبب بنتا ہے اور اس کے ماننے والوں میں ایک قسم کا احساس برتری، ایک طرح کا غرور اور ایک خاص طرز کی غیر رواداری پیدا ہوجاتی ہے، لیکن ہم اس خیال کی تائید کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں، اذعانی مذہب کے لئے یہ بات لازمی نہیں ہے کہ وہ دوسروں سے تصادم کرتا پھرے اور اپنے نہ ماننے والوں کو نفرت کرے، اول تو جو مذہب اپنی برتری کا مدعی ہے وہ اگر ملنے والوں میں زندگی پیدا کرتا ہے اور انہیں آگے بڑھا کر بہت سے کام نکالتا ہے، اگر کسی شخص کا یہ عقیدہ نہ ہو کہ اس کا مذہب اس کی نجات کا ضامن ہے اور اس مذہب سے دوسروں کو بھی فائدہ اٹھانا چاہیئے تو وہ مذہب کی تنظیمی اور اجتماعی روح کو باقی نہیں رکھ سکتا اور نہ اس پر اخلاص، جوش اور سرگرمی کے ساتھ عمل کر سکتا ہے، کسی خاص مذہب کو ماننے کے لئے کوئی محرک ضرور ہونا چاہیئے، اگر کوئی محرک موجود نہیں ہے تو اس کی پیروی بے معنی ہو جاتی ہے، آخر وہ شخص جو تمام مذاہب کی مساوات اور صداقت کا قائل ہے کیوں کسی خاص مذہب کو مانے اور کیوں ہندو اور مسلمان کہلائے؟ مذہب کا اذعانی تصور ہی انسان کے مزاج کے سانچے میں ڈھال کر [illegible] تیار کرتا ہے اور یہی محرک اسے مجبور کرتا ہے کہ مذہب پر اپنا سب کچھ قربان کر دے اور اپنے نظام زندگی کو اس حد تک توانا بنائے کہ اس میں آسانی سے بگاڑ پیدا نہ ہو سکے!

البتہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ اذعانی عقیدہ انسان کو غیر روادار، متعصب، ظالم، نفرت انگیز، اور مغرور بنا دیتا ہے، انہیں اس کا ثبوت پیش کرنا چاہیئے جہاں تک اسلام کا تعلق ہے وہ بلاشبہ اپنی صداقت اور اذعانیت کا مدعی ہے اور دوسرے تمام مذاہب کو اصلی مذہب کی بگڑی ہوئی شکل قرار دیتا ہے اس کے باوجود اس کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ ہر مسلمان کو نا مسلمان سے پوری محبت ہونی چاہیئے، جب تک اس کے اندر دوسروں کی محبت نہ ہوگی وہ خلوص کے ساتھ اسے اسلام کی دعوت نہیں دے سکتا اگر ایک مسلمان ایک نامسلمان کو اپنا دشمن سمجھے تو اسے کوئی حق نہیں رہتا کہ نامسلمان کو اسلام کی دعوت دے کہ خدا کے عذاب اور اعمال کی بازپرس سے بچائے اور اس کی آخرت کو سنوارنے کے لئے اپنی ہمدردی کا ثبوت دے، دشمن کے ساتھ تو دشمنی کی جاتی ہے، اور اسلام کی دعوت دشمنی نہیں ہے۔۔۔ خیر خواہی، غمگساری، ہمدردی اور ایثار ہے اور یہ ہمدردی نہیں ہو سکتی جب تک کہ نامسلمان سے غایت درجہ کی محبت نہ ہو اور اس کے قلب کو موہنے کے لئے اس کے ساتھ پوری ہمدردی کا ثبوت نہ دیا جائے!

یہ اسلام کی رواداری، انصاف پسندی اور ہمدردی ہی ہے کہ اس نے انسان کو کھلے الفاظ میں عقیدہ اور ضمیر کی آزادی بخشی، اور مذاہب کی تاریخ میں سب سے پہلے اعلان کیا کہ مذہب کے بارے میں کوئی زبردستی نہیں (قرآن) اسی نے بتایا کہ اگر کسی مسلمان کے والدین نامسلمان ہوں، [illegible] تو وہ عقیدہ میں تو ان کی پیروی نہ کرے لیکن مذہب کے دائرہ سے باہر ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے، اسی نے ہر مسلمان پر لازم کر دیا ہے کہ انصاف کے بارے میں اپنے اور پرائے کو نہ دیکھے اور کسی کی دشمنی کے باعث سچائی کو نہ چھوڑ دے، اس کا دو ٹوک اعلان ہے کہ جو غیر مسلم مسلمانوں کو ملک بدر کرنا نہیں چاہتے اور نہ ان کے مذہب میں دخل دیتے ہیں ان کے ساتھ مسلمانوں کو بہتر اور منصفانہ سلوک کرنا چاہیئے کیونکہ اللہ انصاف ہی کو پسند کرتا ہے (قرآن) اسلام اپنی برتری کے زعم میں اپنے پیروؤں کے اندر غرور اور انانیت پیدا نہیں کرتا، وہ کہتا ہے کہ تم زمین پر غرور کی چال نہ چلو کیونکہ تم مغرورانہ چال چل کر نہ تو زمین کو پھوڑ سکتے ہو اور نہ تمہاری سربلندی پہاڑوں کی بلندی تک پہنچ سکتی ہے، اس نے انسانی قتل کو دنیا کا سب سے بڑا جرم قرار دیا ہے اور اس میں مسلمان اور نامسلمان کی کوئی تفریق نہیں کی ہے، اس نے کہا کہ جو شخص قتل کے جرم کے سوا کسی بے گناہ نفس کو قتل کرتا ہے وہ گویا ایک شخص کو نہیں بلکہ تمام انسانوں کو قتل کرتا ہے، اسلام کی رواداری کا تو یہ عالم ہے کہ وہ باطل معبودوں کو بھی برا کہنے سے روکتا ہے تاکہ باطل پرست پچھے خدا کو برا نہ کہنے لگیں۔

اور یہ سب کچھ مذہب کی وجہ سے ہے کہ [illegible] ایک ماہنامہ میں بھی ایک صاحب نے یہی الزام لگایا ہے کہ مشرقی اور مغربی پنجاب میں جو قتل وغارتگری ہوئی اس میں مذہب کو بہت بڑا دخل حاصل ہے، اگر وہ مذہب نے قاتلوں سے ہاتھ جوڑ کر کہا تھا کہ خدا کے لئے مجھے اپنی بدمعاشیوں میں ضرور استعمال کرو اور عورتوں اور بچوں کے قتل عام کا قرعۂ فال میرے ہی نام پڑے! اگر تم میرے بغیر بھی معصوم بچوں کو دیواروں سے پٹک پٹک کر مار سکتے ہو، عورتوں اور بوڑھوں کو زندہ جلا سکتے ہو اور اپنی بہنوں بیٹیوں کی عصمت دری کرکے ان کے پیٹ چاک کر سکتے ہو مگر اس قتل میں مزہ نہ آیگا جو میرے نام پر نہ ہوا! قاتل بڑے خوش قسمت ہیں کہ مذہب کا نعرہ لگانے میں انہیں بالکل سچا مان لیا گیا! یعنی جب وہ اسلام اور ہندو دھرم کے نام پر قصائی بنے ہوئے تھے تو انہیں کر لینا چاہیئے کہ مذہب ہی فساد پھیلاتا ہے، آخر یہ لوگ اس ملعون سیاست کا نام کیوں نہیں لیتے جو خدا اور خدا کے بغیر روٹی نہیں توڑتی اور جو اپنی کامیابی کے لئے مذہب کی آڑ لیتی ہے؟ سب سے بڑے مجرم تو وہی سیاست داں ہیں، جو سال کے گیارہ مہینوں میں تو مذہب اور سیاست کی علیحدگی پر زور دیتے ہیں مگر جب دیکھتے ہیں کہ نری سیاست سے کام نہیں چلتا۔

تو کہیں الیکشن کے لئے، کہیں کمیونزم کے مقابلہ پر اور کہیں حقوق حاصل کرنے کی غرض سے مذہب پر چھاپہ مارتے ہیں اور اسے اس طرح استعمال کرتے ہیں گویا وہ ان ہی کی خدمت کے لئے نازل ہوا ہے! اس شرارت کی یقیناً داد دینی چاہیئے کہ مذہب کا نعرہ لگانے والے بھی سیاسی لیڈر اور مذہب کو بدنام کرنے والے بھی محبان وطن اور خادمان قوم کام نکالنے کے لئے مذہب اور [illegible] جب اس کے منحوس نتائج چاروں طرف پھیلتے ہیں تو یہی رہنما بازو چلا چلا کر کہتے ہیں کہ مذہب فساد اور نفرت پھیلاتا ہے اور وہی بستی کی خونریزی کا واحد ذمہ دار ہے۔ اگر مذہب سے پوچھو تو وہ ان قاتلوں پر لعنت بھیجتا ہے اور دہائی دیتا ہے کہ [illegible] دشمنوں سے بچاؤ!

وادی نیل

[illegible]

اچھی باتیں

هو الذی ۔ تا حکیما (پ ۲۶ ع ۹)

اللہ ہی نے مومنوں کے دلوں پر سکینت اور طمانیت نازل کی تاکہ ان کے ایمان کو ترقی حاصل ہو، اور زمین و آسمان کی فوج تو اللہ کے لئے ہے اور وہ علیم بھی ہے اور حکیم بھی

ایمان ایک ایسی نعمت ہے جس سے بڑھکر اور کوئی نعمت نہیں ہوسکتی اور اس کی پہلی نشانی یہ ہے کہ اس کی برکت سے دماغ صاف اور دل مطمئن ہوتا ہے اور خوف و ہراس کی کوئی کیفیت طاری نہیں ہوتی اور یہ ظاہر ہے کہ دنیا میں روحانی عقلی مادی اور اخلاقی ترقی سکون اور اطمینان کے بعد ہی حاصل ہوسکتی ہے جس شخص کو اضطراب اور ہراس کی بیماری لگ جائے اس پر زندگی وبال جان ہوجاتی ہے، ایسا شخص دنیا میں کوئی ترقی نہیں کرسکتا اور نہ کائنات کی بیکراں نعمتوں سے کوئی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پس ہر مسلمان اپنے دل میں سوچے کہ اس کا قلب اور دماغ کہاں تک مطمئن ہے، اگر اسے سکون کی نعمت حاصل نہیں تو اپنے ایمان کی خیر منائے دھڑکتے ہوئے دل، مایوس چہرے ٹوٹی ہوئی ہمتیں انسان کو قبر میں تو پہنچا سکتی ہیں۔ پستی سے نکال کر شگفتگی، زندگی اور امید کے میدان پر نہیں پہنچا سکتیں!

مذہبی تعلیم کے متعلق اہم تبصرہ اور ابتدائی درجات کا نصاب

(از:۔ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند -)

جس طرح ملک کی ترقی کے لئے تعلیم کا مسئلہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ ملت کی اصلاح اور ترقی بھی تعلیم پر موقوف ہے۔ [illegible]

مصر کا افواج اور وادی نیل کا اتحاد!

مرحوم زغلول پاشا کا ارشاد تھا کہ جب تک مصر کی سرزمین پر ایک اجنبی سپاہی بھی باقی رہیگا ہماری جدوجہد آزادی برابر جاری رہے گی۔ [illegible]

بنگالی اور ہندی

یہ بات بڑی حیرت کی ہے کہ مسلمان تو ہندی پڑھنے اور سیکھنے کا اعلان کر رہے ہیں اور اندر سے ہندی کی مخالفت ہو رہی ہے، اب مسلمانوں کی طرف سے آپ مخالفت کا شور نہیں سنیں گے بلکہ یہ سنیں گے اور سن رہے ہیں کہ مشرقی پنجاب ہندی کو اپنانے پر راضی نہیں ہوتا، بنگال میں اس کی مخالفت زور پر ہے [illegible] کی بات تو دوسری ہے، ورنہ ہندوستان کا میدان ہندی کے لئے اتنا صاف نہیں ہے جتنا کہ سمجھا جا رہا ہے!

گاندھی جی کیا چاہتے تھے؟

جناب مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی

[illegible]

روحانیت کیا ہے؟

[illegible]

یورپ کی بیماریاں!

یورپ پر ہلاکت کی گھٹائیں پھر چھا رہی ہیں۔ ایک تباہی کے بعد دوسری اور دوسری کے بعد تیسری کی تیاریاں پھر ہو رہی ہیں۔ [illegible]

گاندھی جی کا مشن!

گاندھی جی کا مشن یہی تھا۔ وہ ہندوستان کو اسی راستہ پر چلانا چاہتے تھے۔ ان کا ذاتی کیرکٹر ان اوصاف کا مکمل نمونہ تھا۔ [illegible]

ہمارے اعمال!

کیا ہم نے تعصب اور تنگ نظری کو خیرباد کہہ کر فراخدلی اور رواداری کو اپنا شیوہ بنا لیا ہے۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

افکار پاکستان

نئے گورنر سے متضاد امیدیں

مغربی پنجاب کے مسلم لیگ کے صدر میاں ممتاز دولتانہ … نئے گورنر کے … پنجاب میں دو ماہ … پاکستان ٹائمز … پاکستانی گورنر کے تقرر کے بعد … امید ہے …

لیکن پاکستان ٹائمز … کو جو اعتراض … مغربی پنجاب …

ملک کے متعدد علاقوں میں … حکومت … پاکستان کے آئین … جمہوریت قائم کرنے کے لئے … شہری آزادیاں بحال کرنے کے لئے کوشاں ہو گا … جو سب کی سب تقسیم کے پہلے کی مسلم لیگ کی وراثت ہونے کی مدعی ہیں۔

دیکھنا یہ ہے کہ سردار عبدالرب نشتر اب گورنر بن کر … پاکستان ٹائمز کی … امیدوں کے مطابق چلتے ہیں … نے سطور بالا میں کیا ہے۔

(مغربی پاکستان ۱۵ جولائی)

روس اور پاکستان کا تجارتی معاہدہ

روس سے تجارتی معاہدہ کی غرض سے کراچی آئے ہوئے ہیں اس معاہدہ کی ابتدائی بات چیت ہو چکی ہے … جب تک ہندوستان میں انگریزی سامراج برقرار رہا … کسی حالت میں بھی تجارتی تعلقات قائم نہیں ہو سکتے تھے … پاکستان بن جانے کے بعد روس سے مذاکرات شروع ہوئے ہیں اور توقع ہے کہ بہت جلد تجارتی معاہدہ طے پا جائے گا …

مذہبی تعلیم کے متعلق اہم تبصرہ

بقیہ صفحہ ۳

…

اور امریکہ … پاکستان کے لئے مشینری … دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی معاہدہ … خوش آئند ثابت ہو گا۔ (مغربی پاکستان ۱۳ اگست)

میواتیوں کی آبادکاری

اصولاً حکومت پاکستان کا فرض تھا کہ سب سے پہلے … میواتیوں کی طرف متوجہ ہوتی … ان لوگوں کو … زمین … یہ لوگ محض آبادی میں اضافہ کا باعث نہیں بلکہ … پاکستان کی سرحد … ثابت ہو سکتے ہیں … لیکن افسوس کی بات ہے … میواتی … لاہور … وہ اخباری اطلاعات کے بموجب فقر و فاقہ کی زندگی بسر کر رہے ہیں …

اقوام متحدہ کی طاقت

… اقوام متحدہ … دنیا میں کوئی عالمی طاقت … دنیا میں امن قائم … اقوام متحدہ کے … افسوس ہے کہ اقوام متحدہ میں عدل مساوات اور حریت … عالمی انجمن … سائنس …

شام میں فوجی استحکام

دمشق ۳؍ اگست۔ شامی حکومت …

صوبوں اور ریاستوں کی خبریں

جودھپور میں پاکستانی نشریات پر پابندی

جودھپور (بذریعہ ڈاک) حال ہی میں جودھپور ریاست کی طرف سے … جودھپور سے پاکستانی ریڈیو سننے پر جو پابندی عائد کی گئی ہے اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ صرف خبروں ہی پر نہیں بلکہ پاکستان ریڈیو کی تمام نشریات پر ہے۔

گرے ہوئے مکان کے ملبہ سے کپڑے نکلے

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) حال ہی میں یہاں … رانی بازار … مکان … گر جانے سے ملبہ … کپڑے … نکلے ہیں …

ساگر سے عازمین بیت اللہ شریف کی روانگی

ساگر (بذریعہ ڈاک) امسال ساگر سے آٹھ افراد جن میں چار مستورات کا شامل ہیں، حج کے لئے روانہ ہوگئے۔ ساگر کے چار ہزار افراد نے اسٹیشن پر جا کر ان خوش نصیبوں کو رخصت کیا۔ اور اہل اسلام پیش کیا۔

گوٹے شاہ کا عرس

…

عقیدتمند حضرات شرکت فرما کر ایصال ثواب فرمائیں۔

۱۱ شوال مطابق ۱۷ اگست ۱۹۴۸ء یوم منگل … بجے شام سے … بجے شام تک۔ ختم شریف۔ قوالی۔

۱۲ شوال مطابق ۱۸ اگست ۱۹۴۸ء یوم … صبح سے … بجے دن تک قرآن خوانی …

۱۳ شوال مطابق ۱۹ اگست ۱۹۴۸ء یوم … بجے شام سے … بجے شام تک۔ ختم شریف۔ قوالی۔

ساگر میں عید پر ہندو مسلم اجتماع

ساگر (بذریعہ ڈاک) … عید الفطر … بجے شام کو شہر کے چند ہندو اور مسلمانوں کو جمع کرکے ٹی پارٹی دے کر فرقہ وارانہ اتحاد کا مظاہرہ کیا … ساگر … سلام ساگری … قابل ذکر ہیں۔

سہارنپور کانگریس اسٹوڈنٹ یونین کا اجلاس

سہارنپور ۳؍ اگست۔ کل دوپہر کانگریس کمیٹی کے دفتر میں طلبا کا ایک ہنگامی اجلاس … کانگریس اسٹوڈنٹ یونین منعقد ہوا … ۱۵ اگست …

کنٹرول یا مذاق

سہارنپور ۳؍ اگست (بذریعہ ڈاک) … قیمتوں پر کنٹرول … بلیک مارکیٹ … کنٹرول ریٹ …

سیپری بازار میں جلسہ عید

سیپری کے بازار میں … عید … جلسہ …

مظفر نگر میں ادبی اجتماع

مظفر نگر (بذریعہ ڈاک) یکم اگست کو … بجے شب … ہائی اسکول مظفر نگر میں زیر صدارت پنڈت کیلاش ناتھ کول سیول گورنمنٹ پلیڈر ایک عظیم ادبی اجتماع منعقد ہوا جس میں حضرت بیتاب نظیری، … مظفر نگری، … چاند گجراتی … بیتاب … اپنے مخصوص رنگ میں کلام سنا کر داد حاصل کی۔

نے شرکت کی، مولانا مفتی محمود الحسن صاحب، محمد خیر … چودھری محمد منصور صاحب …

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ

ملزمین کی حکومت ہند سے درخواست

دہلی ۳؍ اگست۔ گاندھی جی کے قتل کے مقدمہ کے پانچ ملزمین نے … ناتھو رام گوڈسے اور آپٹے … پیروی کے لئے … اپیل دائر کرنے کے انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔

… (پ ٹ)

گاندھی جی کیا چاہتے تھے؟

(باقی صفحہ تین)

بس اگر ہم روحانیت کے راستہ پر چلنے کے لئے تیار ہیں اور ہندوستان میں روحانیت کو زندہ کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں دوسروں کو نصیحت کرنے سے پہلے خود عمل کرنا چاہئے۔ بے عمل اور بدکردار دوسروں کو نصیحت کرکے رسوائی، بدنامی اور جگ ہنسائی کے سوا کچھ نہیں پاتا۔

ہم آزاد ہو چکے ہیں لیکن یہ آزادی ہماری اصلیت کا ثبوت نہیں ہے … گاندھی جی کے فلسفہ زندگی کے مطابق ایک سرفروش جماعت کی قربانیوں کا نتیجہ ہے … دوسروں کو روحانیت کا پیغام دیں تو ہمیں گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنا پڑیگا …

اس کے لئے ہمیں سب سے پہلے اپنی قیادت کی باگیں ملک کے دوست نما دشمن … کے ہاتھ سے چھین کر …

حیدرآباد کے لئے ایک مالی بورڈ

حیدرآباد دکن ۳؍ اگست۔ حکومت حیدرآباد کے وزیر مالیات نے ایک نئے مالی بورڈ کا افتتاح کیا۔ یہ بورڈ تمام ریاست کے … اور حکومت کے کنٹرول کے ماتحت ہوگا۔ یہ تمام ریاست کے … (پ ٹ)

فن لینڈ کو ایک کروڑ ڈالر کا قرضہ

عالمی بینک کا اعلان

واشنگٹن ۳؍ اگست۔ عالمی بینک نے اعلان کیا ہے کہ فن لینڈ کو ایک کروڑ ڈالر کا قرضہ …

احرار خدام خلق کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

دہلی، یکم اگست۔ کل …

مکتوب کشمیر

کشمیری پناہ گزینوں کا مغربی پنجاب سے آزاد کشمیر جانے سے انکار

چودھری غلام عباس اور مشتاق احمد گورمانی واپس جاؤ کے نعرے

(نامہ نگار الجمعیۃ)

واہ کیمپ مغربی پنجاب میں ۲۲ جولائی کو جو فائرنگ ہوا تھا اس کے متعلق اب کچھ اور تفصیلات معلوم ہوئی ہیں … فائرنگ میں … اشخاص ہلاک اور … زخمی ہوئے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ اس واقعہ کے بعد چودھری غلام عباس سپریم ہیڈ "آزاد کشمیر گورنمنٹ" اور مسٹر مشتاق احمد گورمانی … ان کو سمجھانے … کوشش کی … کشمیری … "واپس جاؤ" … کے نعرے …

خدام خلق جامع مسجد … ورکنگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا … چودھری عبدالستار … جوعصفات …

الجمعیۃ بک ڈپو کی شائع کی ہوئی چند کتابیں

جو جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں رہنی ضروری ہیں

جمعیۃ علما کیا ہے — جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ اول ۹ حصہ دوم ۶؍

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل — از جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی، موجودہ دور میں اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی موجودہ پوزیشن کو صحیح طور پر سمجھ سکے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کر سکے۔ قیمت صرف دس آنہ ۱۰؍

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق — پنڈت سندر لال جی کی بہترین تصنیف ۸؍

ہمارا ہندوستان اور اس کے فضائل — قیمت ۳؍

جمعیۃ علماء کی شرعی اہمیت — قیمت ۱؍

اسلام کے اقتصادی اور سیاسی نظام کے متعلق چند کتابیں!

اسلام کا اقتصادی نظام — مولانا حفظ الرحمن صاحب کی مشہور کتاب۔ مجلد …

مسلمانوں کا نظم مملکت — ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی بے نظیر کتاب …

چند اصلاحی رسالے

اصلاح الرسوم … تعلیم الدین … حیات المسلمین … قصد السبیل … اس انقلاب پا مراقبہ نماز … سیاست کے متعلق بہترین تصنیف ۱۲؍

سیرت سید احمد شہید — از حضرت مولانا ابوالحسن علی صاحب شیخ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو کر عرصہ سے نایاب ہے۔ حضرت مصنف مدظلہ العالی نے دوبارہ نظر ثانی فرما کر بیش بہا علمی جواہر پاروں کا اضافہ فرمایا ہے اب وہ گویا مستقل کتاب ہو گئی ہے اس کا دو جلدیں ہو گئی ہیں جن میں سے پہلی جلد طبع ہو چکی ہے قیمت غیر مجلد … دوسری جلد زیر طبع ہے۔

کاروان خیال — از امام الہند مولانا آزاد جس کی شہرت اور مقبولیت محتاج بیان نہیں ۸؍

نقش حیات شیخ الہند — حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہٗ مجلد …

اب ٹنڈن جی کو چاہئے کہ وہ اسلامی تمدن کو ان آثار کو اپنے گھر سے بھی نکال باہر کریں، اور عربی اور فارسی تہذیب، ہندوستان کی پیداوار نہونے سے قابل قبول نہیں ہو سکتی تو ظاہر ہے کہ ایک انسان اور دوسرے انسان میں برابری کا احساس، خدا کی توحید، جمہوریت اور تنظیم، طلاق، لڑکیوں کا ورثہ بیواؤں کی شادی، شراب اور جوئے کی حرمت اطفال کشی کی ممانعت، غذا اور پوشاک کی نفاست وغیرہ بھی ہندوستان کی پیداوار نہیں ہیں لہٰذا ان سب کو ملک بدر کر دینا چاہیئے اور یہ ریل اور ہوائی جہاز موٹر اور ٹیلیفون، ریڈیو اور تار برقی نظام سیاست اور قانون سازی وغیرہ ہی کونسی ہندوستان کی پیداوار ہیں! اس لئے ان سبکو بھی یہاں سے رخصت کر دینا چاہیئے، ہم ٹنڈن جی کے بہت ہی ممنون ہوں گے اگر وہ اسلامی تمدن اور ان کے آثار کی ایک مکمل فہرست بنا کر ملک کے سامنے پیش کر دیں اور یہ بتا دیں کہ ہندوستان میں اسلامی تمدن کا اطلاق کن کن چیزوں پر ہوتا ہے اور خالص ہندی یا ہندو تمدن ہیں کیا کیا چیزیں شامل ہیں، جس سے ہندو اور مسلمانوں سے ہندی تمدن کا بھرم بھی کھل جائے گا............

اور ہندوستان کے تمام تہذیب کو ان چیزوں سے محروم ہو جانا پڑے گا جنہیں وہ جب سے زیادہ محبوب سمجھتے ہیں اور جن کی نسبت ہر شخص کا خیال ہے کہ وہ ہماری ہیں! اگر انگریزی اور عربی تمدن ملک بدر کرنے کے قابل ہے تو کیا ٹنڈن جی اس بات پر بھی راضی ہو جائیں گے کہ آریہ نسل کے تمام ہندو جو وسط ایشیا سے ہندوستان آئے، غیر ملکی سمجھ کر ملک بدر کر دیئے جائیں؟

ٹنڈن جی نے ایک انوکھی بات یہ بھی فرمائی کہ "ہندی نے عوام کو ہمیشہ آزادی کا پیغام دیا ہے لیکن اردو نے ہمیشہ فرقہ واریت پیدا کی ہے"! لیکن جن لوگوں نے ہندوستان کی آزادی میں حصہ لیا ہے وہ ابھی مرے نہیں ہیں وہ گواہی دیں گے کہ انقلاب زندہ باد، شہنشاہیت مردہ باد اور شہیدان وطن کی یاد نے آزادی کے خون کو جس طرح گرمایا تھا، اس کا متبادل ہندی اور سنسکرت کا پورا ذخیرہ نہیں کر سکا اور لوگ جانتے ہی نہیں کہ جنگ آزادی میں آزادی کے سپاہیوں کا کوئی نعرہ ہندی میں بھی ہو سکتا ہے۔ البتہ ہندی اور سنسکرت نے انسانی مساوات کے گلے پر چھری پھیری، ذات پات

اور نسل پرستی کو ان سے خوب فروغ حاصل ہوا اور چھوت چھات کے حسن نے ساری دنیا کی گردن مارے شرم کے نیچی کر دی۔ اردو نہ ہوتی تو آج اچھوت ادھار کا کوئی نام بھی نہ جانتا اور ہندوستان دنیا کی نگاہوں میں اپنی نسلی تفریق اور ذات پات کے امتیاز کی بدولت ذلیل ہوتا رہتا۔

اچھی باتیں

یایہا الذین۔ تا۔ ندمین (پ ۲۶ ع ۱۳)

اے اہل ایمان! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لے کر آئے تو اس کی تحقیق کر لیا کرو ایسا نہ ہو کہ اس کی بات کا اعتبار کر کے تمہیں ندامت ہو اور تم اپنے کئے پر پچھتاؤ۔

مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ جو کچھ سنیں نے احمقوں کی طرح یاد نہ کر لیا کریں بلکہ تحقیق کریں اور تحقیق کے بعد ماننے نہ ماننے کا فیصلہ کریں اگر وہ افواہوں اور بازاری باتوں کو بلا تحقیق مانیں گے تو انہیں انجام کار ندامت اور شرمندگی ہوگی، اگر وہ افواہوں کی بناء پر کوئی حرکت کر بیٹھے تو انہیں اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ آج مسلمان اپنا چہرہ اس آیت کے آئینہ میں دیکھیں اور سوچیں کہ اسلام جس چیز سے منع کرتا ہے وہی چیز ان کے لئے مرغوب بن گئی ہے، دنیا کی وہ کونسی افواہ ہے جس پر وہ یقین نہ کرتے ہوں ہوٹلوں میں پارکوں میں کارخانوں میں گھروں میں جہاں جاؤ افواہوں کی حکومت نظر آئے گی اور کسی مسلمان کو توفیق نہ ہوگی کہ کسی بات کو تحقیق کے بعد ملنے اور واقعات کو واقعات کے رنگ میں دیکھے، جس قوم کی زندگی افواہوں پر ہو وہ خود افواہوں کی نظر ہو جاتے گی اور وہ اپنے آپ کو برے انجام سے نہ بچا سکیگی۔

مباحث اہمیہ ۔۔۔۔۔ دوسروں کی زبانی

یہ چالیس لاکھ پختون!

اس دور میں جب کہ آزادی کی نعمت ہر طرف بٹ رہی ہے بڑے تعجب کی بات ہے کہ صرف چالیس لاکھ پختونوں کو اس حق سے محروم کیا جائے جو انسانی صدیوں سے حاصل ہے پختون کے بغیر وہ زندہ نہیں رہ سکتے وہ غیر منقسم اور حریت ہیں۔ غلامی کو کسی حالت میں بھی پسند نہیں کرتے ان کے نزدیک آزادی کا درجہ مذہب سے بھی بلند تر ہے جو اپنے ہم ترقی کی غلامی میں رہنا نہ چاہیں وہ دوسرے انہیں کیسے غلام رکھ سکتے ہیں۔ خواہ وہ مسلمان ہوں یا عیسائی یا ہندو غرض ہندو حضرت نے آزادی کا بیج جو ہر انسان کی فطرت میں قدرت الٰہی سے ودیعت کر دیا ہے اور وہ اس امانت کو اپنے سینوں سے لگائے ہوئے ہیں۔ ان کا یہ خیال تھا کہ اب جب کہ پاکستانی حکومت وجود میں آ چکی ہے مسلمانوں کی حکومت ہے انگریزوں کے لئے ظلم و ستم وہ برداشت کرتے رہے اب اس کا اعادہ نہ ہوگا اور وہ آرام و اطمینان کے ساتھ زندگی بسر کریں گے مگر وہ مسلمان کے اندر ہی اپنی جو غلط ہمہ ہوا [illegible] ہے اس طرف اشارہ گزر جانے پر ہوں گی اور مان کے اندر افتخار پیدا کرنے کے لئے سلسلہ وہ انہیں کا سلسلہ شروع ہو گیا وہ اس قسم کی زندگی سے تنگ آ چکے ہیں اور نہیں چاہتے کہ اب کسی بیرونی طاقت کا مزید دخل اندازی برداشت کریں۔ اس لئے انہوں نے ہر اس طاقت کو چیلنج دیا ہے جو ان کے آزاد رہنے کا [illegible] لگانے پیچھی ہے۔ (ہند گلفس)

تفسیر بالرائے

جمعہ علماء کا ایک مشہور رسالہ کا رکن اسمبلی اور پاکستان کی ایوب اسمبلی کے ممبر پروفیسر [illegible] ایک مختصر مضمون اسلامی ریاست کا [illegible] کے حصوں کا علیحدہ کرتے ہیں:۔

"قرآن کی رو سے قانون سازی کا دستور سازی کا حق صرف خدا وند قدوس کو حاصل ہے اور اس کے سوا ہر وہ فرد یا ادارہ جو قانون سازی یا دستور سازی کا مدعی ہو طاغوت ہے...... جب قرآن کے اسرار و رموز کے آشنا، اسلام کی گہرائیوں کے شناور اتنے صاف و صریح فتویٰ دیتے ہیں کہ انسانوں کو کوئی حق حاصل نہیں کہ خدا کے قانون کے پہلو بہ پہلو اور اس کی ہدایت سے مختلف آزادانہ طور پر قانون سازی کرے تو ظاہر ہے کہ ان الحکم الا للہ امر الا تعبدوا الا ایاہ کے معنی کس طرح ہو سکتے ہیں کہ حکومت قانون سازی کا حق صرف خدا کو حاصل ہے اور اس کا حکم ہے کہ اس کے سوا کسی کے قانون کی اطاعت نہ کرو۔"

یہ قاعدہ اگر صحیح ہے تو اس کی زد تحت طاغوت کے حکم میں نہ صرف دستوری اسمبلی اور ہر قانونی اسمبلی کے ممبر آ جاتے ہیں بلکہ ہر میونسپلٹی کے ممبر ہر ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر، ہر گاؤں پنچایت کے ممبر سب یکساں طاغوت ٹھیرتے ہیں۔ اس کی زد میں تو وہ بھی آ جائیں گے [illegible] اپنے گھر کا قاعدہ اور ہر اسکول، کالج اور یونیورسٹی بھی رکھتی ہے تو یہ نہ صرف سارے ضابطے، قانون بنانے والے ادارے [illegible] قانون بنانے والے کہلائیں تو کہا جاتا ہے کہ ماننے والے سب کے سب طاغوت پرست ہیں ۔۔۔ خدا بخشے مولوی احمد رضا خاں مرحوم بریلوی کے تیاں پر کے کافروں اور مرتدوں کی تعداد بھی اس وسعت پر نہ پہنچ سکا تھا۔ کیا ما تقہ تدبر ان الحکم الا للہ اس آیت میں کسی آیت میں کوئی حکم اس اطلاق کے ساتھ دیا ہے؟ یہ تفسیر بالرائے کی قسم کی کوئی چیز نہیں صرف ہماری نظم ہوا ہے اور رائی سے پیدا کی گئی ہے! کلام کے سیاق و سباق سے بالکل قطع نظر کر کے اگر آیات کے الگ الگ ٹکڑوں کو لیا جائے تو ان کا مفہوم بیان اطلاق وعموم پیدا کیا جا سکتا ہے کہ ... نذر نے "الا تخشوا الناس" سے استدلال کر کے ہر سانپ سے ڈرنے والے، اشیرے ڈرنے والے، دشمن سے ڈرنے والے بیماریوں اور بھوک سے ڈرنے والے کو غیر اللہ سے خوف کھانے کا مجرم قرار دے دیا جاتا ہوگا۔ مثال "اذا مرضت فھو یشفین" سے استدلال کر کے طبیبوں، ڈاکٹروں سے ہر علاج کرانے والے کو حق تعالیٰ کی

جانچہ ہندوستان کے کارخانے جدید طرز پر آ رہے ہیں اور ہندوستان کی صنعت منصوبوں کے مطابق پھیل رہی ہے۔

صفت شانیت ہی شرک کا مرتکب قرار دیا جاتا ہو کہ اور کیا ان ظرفیا تغیب ما لکم من الہ غیرہ [illegible] کے ظاہر کی کہ کر یہ استدلال کرنا درست ہوگا۔ مصیبت کو بعض اہل اصل نے کیا ہی ہے ہم کو تم ہی ہے عبادت اور مدد مانگنا صرف خدا ہے؟ گذارش یہ ہے کہ اگر یہ سلیمہ کیا تو جاتا ہے کہ تو فرقان حکیم کے متفرق فقروں سے کیسے احکام قرآن کے نئی لعت نکالے جا سکتے ہیں۔

آیت زیر نظر سورہ یوسف میں اس مقام کی ہے جب یوسف علیہ السلام ہے خدا ہے قصور ایک مشرک حکومت کے جیل میں قید ہیں۔ وہ ساتھی اپنے اپنے خواب کی تعبیر آپ سے پوچھتے ہیں۔ آپ تعبیر بتانے سے قبل ایک تقریر وعیدہ فرماتے ہیں کہ:

علمیٰ گنجی صاحبا مسجد (ولیدی دی!)

بہتر ہیں یا ایک خدائے واحد زبردست؟ تم جن کی پرستش خدا کے سوا کرتے ہو۔ وہ بس کیا چیز ان محض نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں۔ اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں اتاری حکم کسی کا بھی نہیں خدا کے سوا اسی نے حکم دیا ہے کہ بجز اس کے کسی کی پرستش نہ کرو۔ یہی دین مستقیم ہے مگر بہت سے لوگ اس کا علم نہیں رکھتے۔

آپ نے دیکھ لیا یہ سارا سلسلہ شرک کے خلاف ہے، دیوی دیوتاؤں کے خلاف ہے جن کی پرستش اس مشرک جاہل مصری سماج میں ہوتی تھی [illegible] حکومت سے مراد صرف کوئی اعمالات کی قدرت ہے۔ [illegible] کی حاکمیت سے مراد کیا!

۔۔۔ شلیات پیدا ہوتی ہے جو ایسے دنوں کی [illegible] سازی نہیں۔ بلکہ جس کے ذریعہ قرآنی احکام موجود ہیں ان کے خلاف قانون سازی کی جائے اور باقی ہر اس موقع پر جہاں ہمیں قائل نہ ہو [illegible] عقل انسانی کو آزاد چھوڑ دیا ہے کہ وہ اپنی بصیرت اور تجربہ کی روشنی میں برقاعدہ قانون چاہیے اپنے لئے بنائے۔ (صدق لکھنؤ)

فکر محمود

داستان ہندوستان کا نام اردو رکھتے یا ہندی یا ہندوستانی بہر حال یہ ہندوستان کی عام و مشترک زبان ہے جسے ہندو اور مسلمانوں نے مل کر صدیوں میں بنایا ہے اور جو ان کی مشترک تہذیب و تمدن کی بہترین یادگار رہتا ہے اسے نہ صرف زندہ اور برقرار رکھنا بلکہ اسے ترقی دینا کانگریس کے فرائض میں ہے یہ ان کا حق ہے اور [illegible] دشمنوں کے نیں ملک کی ضرورت اپنی جگہ پر ہے اور صوبوں کی ضرورتیں اپنی جگہ پر، رہا سمجھنا تو تمام ادب وغیرہ کی دو خطوں کے قائم رکھنے میں کوئی دشواری نہیں پیدا ہوگی [illegible] تجربہ اس کی تائید کرے گا۔

یہ مختصر خلاصہ ہے ڈاکٹر سید محمود صاحب کے ایک انگریزی مقالہ کا، جو حال ہی میں اسٹیٹسمین میں شائع ہوا ہے لکھا ہے اور مقالہ ایک نہیں متعدد مقالات انگریزی کے ان کی پوزیشن پر واضح کرنے کے لئے لکھا گیا تھا کہ اکثریت کو اقلیت کے حقوق کی حفاظت کا احساس ہو [illegible] اسٹیٹسمین میں شائع ہوئے ہیں ان میں ڈاکٹر صاحب اپنی حق گوئی سے خود اپنی پارٹی کو [illegible] ہندوستان کے ہمدرد ہیں، [illegible] مقالات انگریزی میں شائع کرتے رہنا اس وقت ایک بڑی خدمت ہے! انسانی، ملکی، [illegible] ہر اعتبار سے اور ڈاکٹر محمود کے حق گوئی و جنگ بلقان کے زمانہ (۱۹۱۲ء) سے لے کر آج تک کوئی بات نہیں ۔۔۔ مولانا شوکت علی کے رفیق کار اس دور میں بہت سے تھے، لیکن جاننے والے جانتے تھے کہ ان کے محبوب ترین رفیق ڈاکٹر محمود اور دوسرے چودھری خلیق الزماں اور ان کی شرکت تھی کچھ اور [illegible] مردم شناس ضرور تھے۔ (صدق لکھنؤ)

کراچی ۱۰ اگست بعد کے روز معلوم ہوا ہے کہ الحاج خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان پہلی بین الاقوامی اسلامی صنعتی اور تجارتی نمائش منعقدہ کراچی کا افتتاح کریں گے۔ یہ نمائش ۵ نومبر ۱۹۴۹ء میں ہوگی۔

چودھری ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان اس کانفرنس کی صدارت کریں گے جس میں شریک ہونے والے ممالک میں اقتصادی تعاون پر غور و خوض کیا جائے گا۔

ہند کی صنعتی ترقی میں برطانیہ کا ہاتھ

(جون گنگرے)

اشتراک عمل سے ہمیشہ فائدہ رہتا ہے۔ سکاٹ من وطیقہ کے ذریعے مالیات کی لندن کانفرنس نے اس بات کی تصدیق کر دی ہے۔ اس کانفرنس میں اسٹرلنگ علاقہ سے ڈالر کے خسارہ کو پورا کرنے کا حل نہایت ہی دوستانہ طریقہ سے ڈھونڈ نکالا گیا۔

قدرتی طور پر باقی اسٹرلنگ علاقہ کے ممالک کی طرح ہندوستان کو اس بات کا فکر دامن گیر ہے کہ ڈالر کی کمی ہو جانے سے اس کی بیرونی تجارت اور بدیشی مال کی درآمد پر کیا اثر پڑتا ہے۔ کیا ہندوستان برطانیہ اور دیگر اسٹرلنگ ممالک سے زیادہ مال منگوا سکے گا؟

کیا ہندوستان کی ضروری اشیاء کی پیداوار پر کوئی برا اثر پڑے گا۔ [illegible] زراعتی سامان۔ اور کپڑا وغیرہ بنتا ہے۔

دوسرے سوال کا جواب زیادہ تر منصوبہ دے سکتا ہے۔ برطانیہ نے نہ صرف مشینری اور پلانٹ وغیرہ مہیا کر دیا ہے۔ اسے نصب کرنا۔ چلانا۔ اور نئی صنعتیں قائم کرنا تو ہندوستان کے لئے ہی کی بات ہے۔ یا ماہرین کا کام ہے [illegible] ذیل اعداد و شمار سے ظاہر ہے۔ پہلے پانچ ماہ میں برطانیہ نے ہندوستان کو [illegible] کروڑ روپے کا مال بھیجا اور اس کے بدلے ہندوستان نے [illegible] کروڑ روپے کا مال برآمد کیا ہندوستانی برآمد میں انشورنس اور جہاز کا کرایہ وغیرہ بھی شامل ہیں جب کہ برطانوی برآمد کے اعداد و شمار میں نہیں۔

مزید یہ کہ صنعتیں جاری کرنے میں برطانیہ کی دلچسپی کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ پشتوں سے یہ سلسلہ شروع ہے۔ اور اس سے ہند کو جو فائدہ پہنچا ہے اس کی مثالیں موجود ہیں اور عبد از جنگ کی خبر ہے کہ اس کام کو اور تیز کر دیا ہے۔ [illegible]

ہندوستانی اپنے قومی کارخانوں کی صنعت سے نمایاں ہے مشہور برطانوی کمپنی [illegible] قائم کرنے میں مدد دے رہی ہے۔ [illegible]

دوسرے ممالک کی طرح جنگ کے دوران میں ہند بھی ریلوے انجن اور گاڑیاں تیار نہیں کر سکا چنانچہ برطانیہ کے انجن کے کارخانے دار نہ صرف انجن اور دیگر مال ہی بھیج رہے ہیں۔ بلکہ ہند میں ایک نیا انجن کا کارخانہ تعمیر کرنے میں مدد دینے کی پیشکش بھی کر چکے ہیں۔

مرفی کار اور زراعتی ٹریکٹر بنانے کے سلسلہ میں ایک برطانوی کمپنی ایک پلانٹ نصب کر رہی ہے۔ مزید براں مستقبل میں ٹریکٹروں کی بھاری تعداد ہند کو بھیجی جائے گی۔

آب پاشی ہندوستانی زراعت کی جان ہے برطانوی ماہرین [illegible] ہندوستانی صنعتوں کے لئے بجلی کی موٹریں اور بجلی کے سامان کی اشد ضرورت ہے۔ برطانیہ کی ایک فولاد کی کمپنی ٹاٹا کو مشورہ دے رہی ہے۔ تار بجلی کی موٹریں اور ٹیلیفون بنانے کے لئے تار کی چادریں بنائی جا سکیں اس کے علاوہ برطانیہ کی ایک کمپنی اس ضمن میں ہندوستان میں اپنے مشورہ اور کارکن ملازم بھیج رہی ہے۔

۲۵ سال سے امپیریل کیمیکل انڈسٹریز ہندوستان کے کارخانوں میں کیمیائی اشیاء بنانے میں تیار کر رہا ہے۔ اور بہی اولین سے جوڑ میں امونیا سلفیٹ کا نیا کارخانہ قائم کرنے میں مدد دے رہا ہے۔ نیز یہ اور ہندوستان میں بلوڈریم بنانے کا کارخانہ قائم کرنے کے انتظامات مکمل کر رہا ہے یہ دوائیاں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اور ہند اسے بھاری تعداد میں درآمد کرتا ہے۔

ہوائی جہازوں کی صنعت میں بھی برطانوی ماہرین تعاون کر رہے ہیں۔ بنگلور کے ہوائی جہازوں کے کارخانے کو قائم رکھنے میں برطانوی کارخانے داروں کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے ہر طرح کی مدد۔ [illegible] نتیجہ یہ کہ بنگلور کا کارخانہ ہندی ہوائی بیڑہ اور ہوائی کلبوں کے لئے ہلکے ہوائی جہاز تیار کر رہا ہے۔

[illegible] ہندوستانی [illegible] سوتی کپڑے [illegible] برطانیہ ہند کو [illegible] پچھلے سال [illegible] کروڑ روپے [illegible]

مسٹر مینن جے پور کو

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ مسٹر وی پی مینن سیکرٹری ریاستی امور کل دوپہر جے پور جا رہے ہیں جہاں وہ راجستھان کی حکومت کے عہدہ داروں سے اہم معاملات پر بات چیت کریں گے۔ دہلی لوٹنے سے قبل مسٹر مینن ماؤنٹ آبو بھی جائیں گے۔ (پ ٹ ا)

دستور اساسی جمعیۃ علماء ہند

جمعیۃ علماء ہند کا دستور اساسی ترمیمات کے بعد طبع ہو کر شائع ہو گیا ہے۔ جمعیۃ علماء کے مرکزی دفتر میں اس کا ایک کا پی رہنی ضروری ہے۔ اس لئے تمام صوبائی جمعیتوں سے طلب کریں۔ اور صوبائی جمعیتیں حسب ضرورت مرکزی جمعیۃ علماء ہند دہلی سے طلب کریں۔

عام مسلمانوں کی اطلاع کے لئے اس کو الجمعیۃ کے کالموں میں شائع کیا جا رہا ہے۔ [illegible] جمعیۃ علماء سے تعلق رکھنے والے حضرات اس ورق کو محفوظ رکھیں گے اور دفعہ ۷ دفعہ ۸ کے بموجب [illegible] سے زیادہ معاون اور ارکان بنانا شروع کر دیں گے۔

(مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند)

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ **اما بعد**

چونکہ ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد ہندوستان کے سیاسی حالات بدل چکے ہیں۔ اور آزادی وطن کی منزل مقصود جس کے لئے جمعیۃ علماء ہند انڈین نیشنل کانگریس کے دوش بدوش جد و جہد کر رہی تھی۔ حاصل ہو چکی ہے۔ اور ہندوستان میں ایک آزاد خود مختار غیر مذہبی (سیکولر) حکومت قائم ہے۔

اور اس تبدیلی کے بعد جمعیۃ علماء ہند یہ قطعی فیصلہ کر چکی ہے کہ اس کے اغراض و مقاصد اور عمل سرگرمیوں کا ملکی سیاست سے کوئی تعلق نہ ہوگا۔ اور اس فیصلہ کے مطابق جمعیۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس عام منعقدہ ۲۶، ۲۷، ۲۸ اپریل ۱۹۴۸ء میں بمقام بمبئی یہ قرار پا چکا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کی جد و جہد اب مذہبی، اصلاحی، تہذیبی اور تعلیمی دائروں میں محدود رہے گی۔

لہٰذا جمعیۃ علماء ہند کا یہ سالانہ اجلاس عام جمعیۃ کی مذہبی، ثقافتی، تعلیمی اور اصلاحی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے اپنے دستور اساسی میں اہم اور بنیادی ترمیمات کر کے اس کی حسب ذیل تشکیل کو منظور کرتا ہے۔

مبادیات

دفعہ (۱) اس جمعیۃ کا نام جمعیۃ علماء ہند ہوگا۔

دفعہ (۲) اس جمعیۃ کا دائرہ عمل تمام ہند (انڈین یونین) کو شامل ہوگا۔

دفعہ (۳) جمعیۃ علماء ہند کا ایک صدر دفتر ہوگا اس کی ایک مہر ہوگی جس پر "جمعیۃ علماء ہند" کندہ ہوگا۔

تعریفات

دفعہ (۴) اس دستور العمل میں جہاں جہاں

(الف) "مقامی جمعیۃ علماء" یا "مقامی جمعیۃ" کے الفاظ آئے ہیں ان سے مراد وہ جمعیۃ ہے جو کسی شہر، قصبہ یا گاؤں میں حسب دفعات ۱۰، ۱۱، ۱۲ قائم کی گئی ہو۔

(ب) لفظ "صوبہ" آیا ہے اس کا اطلاق اس صوبہ، یونین یا ریاست پر ہوگا جس کی حدود انڈین یونین کے آئین کے مطابق متعین کی گئی ہوں۔ بجز ان صوبوں کے جن کو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ نے اپنی کسی قرارداد کے مطابق حکومت کی مقرر کردہ حدود میں تبدیلیاں کر کے علیٰحدہ متعین کیا ہو۔ جس کی تصریح اس دستور العمل کی دفعہ (۲۶) میں کر دی گئی ہے۔

(ج) لفظ "عالم" آیا ہے اس سے مراد ایسا مسلمان ہے جس نے کسی باقاعدہ مدرسہ عربیہ میں یا کسی مستند عالم دین سے علوم عربیہ اسلامیہ کی تکمیل کی ہو۔ اور بطور ثبوت کے اس کے پاس سند موجود ہو۔ یا اس نے اپنے ذاتی مطالعہ سے علوم اسلامیہ کی تکمیل کی ہو اور اس کی تصدیق جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے دو مستند علماء [illegible]

نفاذ دفعہ (۵) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ [illegible] اس دستور العمل [illegible] نافذ ہو جائے گا۔ باقی [illegible]

اغراض و مقاصد

دفعہ (۶) جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد حسب ذیل ہونگے

(الف) اسلام، شعائر اسلام، اور مسلمانوں کے آثار و اسلامی حفاظت۔

(ب) مسلمانوں کے مذہبی، تمدنی اور تعلیمی حقوق کی تحصیل و حفاظت۔

(ج) مسلمانوں کی مذہبی تعلیمی، اخلاقی اور معاشرتی اصلاح۔

(د) ایسے اداروں کا قیام جو مسلمانوں کی تعلیمی تہذیبی اور معاشرتی (سوشل) زندگی کی ترقی اور استحکام کا ذریعہ ہوں۔

(ہ) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انڈین یونین کے مختلف فرقوں کے درمیان میل جول پیدا کرنا۔ اور اس کو مضبوط کرنے کی کوشش کرنا۔

(و) علوم عربیہ اسلامیہ کا احیاء اور زمانہ حال کے مقتضیات کے مطابق نظام تعلیم کا اجراء۔

(ز) تعلیمات اسلامی کی نشر و اشاعت۔

(ح) اسلامی اوقاف کی تنظیم و حفاظت۔

معاون اور رکن

دفعہ (۷) ہر وہ مسلمان جمعیۃ کا معاون بن سکتا ہے۔ جو شرعاً عاقل و بالغ ہو اور جس کو جمعیۃ علماء ہند کے مقاصد سے پوری طرح اتفاق ہو۔ اور ۴ سالانہ چندہ دے کر یا داخلہ منظور کر کے فارم معاونت پر دستخط کرے۔

دفعہ (۸) جمعیۃ کا ہر وہ معاون جو نوشت و خواند جانتا ہو اور جس کے ذمہ کسی سال کا چندہ معاونت باقی نہ ہو اور جو حسب ذیل شرائط میں سے کسی شرط کو پورا کرتا ہو اور فارم رکنیت کی خانہ پری کر چکا ہو جمعیت کا رکن بن سکتا ہے۔

(الف) عالم ہو یا کسی عربی درسگاہ میں تین سال تک تعلیم پا چکا ہو۔ یا کسی یونیورسٹی یا سرکاری بورڈ کا میٹریکولیشن پاس یا اس کے مساوی کوئی امتحان پاس کر چکا ہو۔

(ب) کسی سرکاری یا غیر سرکاری درسگاہ کا معلم، مہتمم یا ٹرسٹی یا مجلس شوریٰ کا ممبر ہو۔

(ج) کسی اخبار یا رسالہ کے (خواہ کسی زبان میں ہو) ادارہ تحریر میں ایک سال تک شامل رہ چکا ہو۔

(د) کسی تبلیغی، اصلاحی یا معاشرتی (سوشل) ادارہ کا جو کم از کم دو سال سے جاری ہو ایک سال سے ممبر ہو۔

(ہ) کسی ادبی یا علمی دار الاشاعت کا جو کم از کم دو سال سے جاری ہو، ایک سال سے ممبر ہو۔

(و) کسی دار المطالعہ یا لائبریری کی منتظمہ کمیٹی کا ممبر ہو بشرطیکہ دار المطالعہ یا لائبریری کم از کم دو سال سے جاری ہو۔

(ز) ڈاکٹر، طبیب یا وید ہو، جو سند یافتہ یا رجسٹرڈ ہو یا اس کا مطب مسلسل پانچ سال سے جاری ہو۔

(ح) مرکزی یا صوبائی مجالس آئین ساز، لوکل بورڈ یا کسی پبلک ادارہ (لوکل باڈیز) یا کسی دیہاتی پنچایت کا ممبر ہو یا رہا ہو۔

(ط) گذشتہ انتخاب کے بعد سے کم از کم سو معاون ہر سال بناتا رہا ہو۔

(ی) جمعیۃ علماء ضلع، صوبہ یا مرکزی کی مجلس منتظمہ کا رکن رہ چکا ہو۔

(ک) کسی وقف کا متولی یا کسی مسجد کا مستقل امام ہو۔

نظام ترکیبی

دفعہ (۹) جمعیۃ علماء ہند کے نظام ترکیبی میں حسب ذیل جمعیتیں شامل ہوں گی۔

(الف) مقامی جمعیۃ علماء (ب) جمعیۃ علماء ضلع (ج) جمعیۃ علماء صوبہ اور (د) جمعیۃ علماء ہند۔

دفعہ (۱۰) جمعیۃ علماء ہند کے نظام ترکیبی میں شامل ہونے والی تمام جمعیتوں کے انتخابات سہ سالہ ہونگے۔

دفعہ (۱۱) ہر شہر، قصبہ اور ایسے گاؤں میں جہاں کم از کم سو رکن ہوں [illegible] مقامی جمعیۃ علماء قائم کی جائے گی [illegible] اور دیہات میں چند دیہات کے ارکان مل کر مقامی جمعیۃ قائم کرنے کے لئے شامل ہوں گے۔ لیکن اگر مسلم آبادی کی قلت کی وجہ سے ایک گاؤں میں مطلوبہ تعداد پوری نہ ہو سکے تو چند ملحقہ دیہات کو ملا کر مقامی جمعیۃ علماء قائم کی جا سکیگی۔

دفعہ (۱۲) مقامی جمعیۃ علماء کی ایک مجلس منتظمہ ہوگی جسے مقامی ارکان منتخب کریں گے۔ اس مجلس کے ارکان کی تعداد کم سے کم پچیس اور زیادہ سے زیادہ اکیاون ہوگی البتہ دیہات کی مجلس منتظمہ کے ارکان صرف سات ہونگے۔

دفعہ (۱۳) مقامی جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ اپنے اراکین میں سے اپنے عہدہ دار منتخب کرے گی۔

دفعہ (۱۴) جمعیۃ علماء ضلع ہر اس ضلع میں قائم ہوگی جہاں ایک سے زائد مقامی جمعیتیں ہوں۔

دفعہ (۱۵) جمعیۃ علماء ضلع کی ایک مجلس منتظمہ ہوگی۔ جو ان ارکان پر مشتمل ہوگی جنہیں ضلع کی مقامی جمعیتیں اپنی مجالس منتظمہ کے ذریعہ منتخب کریں گی۔ اس مجلس کے ارکان کی تعداد کم از کم ۱۳ اور زیادہ سے زیادہ ۷۱ ہوگی۔

دفعہ (۱۶) جمعیۃ علماء ضلع کا دفتر ضلع کے صدر مقام میں ہوگا لیکن مخصوص اور اہم حالات کے پیش نظر جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ کی اجازت سے جمعیۃ علماء ضلع کا دفتر صدر مقام کے بجائے کسی دوسری جگہ بھی ہو سکیگا۔

دفعہ (۱۷) اگر کسی ضلع میں پہلے سے جمعیۃ علماء ضلع نہ ہو تو پہلے اس ضلع میں ایک سے زیادہ مقامی جمعیتوں کا قیام ہو جانا ضروری ہے [illegible] پر لازم ہوگا کہ حسب دفعہ (۱۵) جمعیۃ علماء ضلع قائم کرے۔

دفعہ (۱۸) جب تک کسی ضلع میں صرف ایک جمعیۃ علماء ہو وہ جمعیۃ علماء ضلع کے فرائض انجام دیگی مگر شرط یہ ہے کہ اس جمعیۃ پر لازم ہوگا کہ ایک سال کے اندر ضلع میں دو یا دو سے زیادہ مقامی جمعیتیں قائم کر کے حسب دفعہ (۱۵) باضابطہ انتخاب کرا دے۔

دفعہ (۱۹) جمعیۃ علماء ضلع کی مجلس منتظمہ اپنے ممبران میں سے اپنے عہدہ داروں کا انتخاب کرے گی۔

دفعہ (۲۰) جمعیۃ علماء ضلع کی ایک مجلس عاملہ ہوگی جس کے ارکان گیارہ ہوں گے اور جن کو جمعیۃ علماء ضلع کا صدر نامزد کریگا۔ ان ارکان میں صدر اور ناظم عمومی کا شامل ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۲۱) جمعیۃ علماء ضلع کی مجلس عاملہ کا کورم چار ہوگا مگر اس کورم میں عہدہ داروں کے علاوہ کم از کم ایک غیر عہدہ دار رکن کا شامل ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۲۲) جمعیۃ علماء ضلع کا یہ فرض ہوگا کہ اپنے ضلع میں مقامی جمعیتیں قائم کرے۔

دفعہ (۲۳) مقامی جمعیۃ علماء اور جمعیۃ علماء ضلع کے حسب ذیل عہدہ دار ضروری ہوں گے۔

صدر ۱ ناظم عمومی ۱ خازن ۱

نائبین کی تعداد کا تعین اور ان کا انتخاب مجلس منتظمہ کی صوابدید پر ہوگا۔

جمعیۃ علماء صوبہ

دفعہ (۲۴) ہر صوبہ میں ایک جمعیۃ علماء صوبہ ہوگی۔

دفعہ (۲۵) جمعیۃ علماء صوبہ کا دفتر صوبہ کے صدر مقام میں یا اس مقام پر ہوگا جو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ متعین کرے۔

دفعہ (۲۶) انڈین یونین کے صوبے، یونینیں اور ریاستیں جمعیۃ علماء کے نظام ترکیبی کے لحاظ سے ایک حیثیت رکھیں گے البتہ گجرات صوبہ بمبئی سے جداگانہ صوبہ مانا جائے گا۔

دفعہ (۲۷) جمعیۃ علماء صوبہ کی ایک مجلس منتظمہ ہوگی جس کے ارکان کی تعداد کم از کم اکیس ہوگی۔

دفعہ (۲۸) جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ کے اراکین کا انتخاب اضلاع کی جمعیتیں اپنی مجالس منتظمہ کے ذریعہ کریں گی۔

دفعہ (۲۹) صوبائی جمعیتوں کی مجالس منتظمہ کے ارکان کی تعداد کا تعین حسب ذیل تناسب کے مطابق ہوگا۔

صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ میں ایک ہزار درج رجسٹر معاونین پر مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ کا ایک رکن

صوبہ بہار و مغربی بنگال میں پانسو " " " "

باقی تمام صوبوں میں ڈھائی سو " " " "

اس تعداد میں کسی قسم کے اضافہ کرنے کا حق صوبائی جمعیۃ کو نہ ہوگا۔

دفعہ (۳۰) جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ میں کم از کم ایک تہائی علماء کا ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۳۱) [illegible]

دفعہ (۳۲) جمعیۃ علماء صوبہ کے حسب ذیل عہدہ دار ضروری ہوں گے۔

صدر ۔ ایک ۔ نائب صدر ۔ دو۔

ناظم عمومی ۔ ایک ۔ نائبین ۔ دو۔

خازن ۔ ایک ۔

دفعہ (۳۳) جمعیۃ علماء صوبہ کے صدر، نائبین صدر اور خازن کو جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ منتخب کریگی۔ ناظم اعلیٰ کو جمعیۃ علماء صوبہ کا صدر بمشورہ مجلس عاملہ اور نائبین کو بمشورہ ناظم اعلیٰ مجلس منتظمہ کے اراکین میں سے نامزد کریگا۔

جمعیۃ علماء صوبہ کے صدر اور ناظم کا عالم ہونا ضروری ہوگا۔

جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ

دفعہ (۳۴) جمعیۃ علماء صوبہ کی ایک مجلس عاملہ ہوگی۔ جس کے ارکان کی تعداد مجلس منتظمہ کے ارکان کی تعداد کا ایک ثلث ہوگی۔ لیکن یہ تعداد کسی حالت میں اکیس سے زیادہ نہ ہو سکے گی۔

دفعہ (۳۵) جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ کو جمعیۃ علماء صوبہ کا صدر نامزد کریگا اور ان اراکین میں صدر اور ناظم عمومی کا شامل ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۳۶) جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ کا کورم ایک تہائی ہوگا مگر اس کورم میں عہدہ داروں کے علاوہ کم از کم دو غیر عہدہ دار ارکان کا شامل ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۳۷) باوجود ان امور کے جو کسی دوسری جگہ مذکور ہیں۔ صوبہ دہلی کے صدر مقام میں جو میونسپل وارڈ ہوں گے ان میں سے ہر وارڈ میں ایک جمعیۃ علماء ضلع ہو سکیگی۔ اس جمعیۃ علماء ضلع کے ماتحت کوئی مقامی جمعیۃ نہ ہوگی۔ نیز صوبہ دہلی کی تحصیلوں میں سے ہر تحصیل کو ضلع کی حیثیت حاصل ہوگی۔

جمعیۃ علماء ہند

دفعہ (۳۸) تمام ہندوستان (انڈین یونین) کے لئے ایک جمعیۃ علماء ہند ہوگی۔ جس کی ایک مجلس منتظمہ ہوگی، جو حسب تفصیل ذیل دو سو تیس (۲۳۰) ارکان پر مشتمل ہوگی۔

(الف) ۲۱۰ ارکان جو صوبائی جمعیتوں سے منتخب ہو کر آئیں۔

(ب) بیس ارکان جو دفعہ (۴۴) کے بموجب نامزد ہونگے۔

دفعہ (۳۹) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے ارکان کا انتخاب صوبائی جمعیتوں کی مجالس منتظمہ اپنے انتخابات کے بعد اپنے پہلے جلسوں میں کریں گی۔

دفعہ (۴۰) صوبائی جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے لئے اس تعداد میں ارکان منتخب کرنے کا حق ہوگا جو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ حسب دفعہ (۴۲) مقرر کریگی۔

دفعہ (۴۱) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کی مقرر کردہ تاریخ تک جس قدر معاون درج رجسٹر ہوں اور ان کے چندہ معاونت کی رقم ادا کر دی گئی ہو صوبائی جمعیتیں ان کی تعداد سے دفتر جمعیۃ علماء ہند کو مطلع کرینگی۔

دفعہ (۴۲) درج رجسٹر معاونین کی تعداد کے متعلق صوبوں سے اطلاع موصول ہونے پر جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ اس تعداد کے تناسب سے جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے دو سو دس ارکان کو صوبوں پر تقسیم کرے گی۔ مگر اس تناسب کو متعین کرنے کے لئے صوبہ بہار اور مغربی بنگال کے معاونین کی تعداد دوگنی اور باقی تمام صوبوں کے معاونین کی تعداد چوگنی تصور کی جائے گی۔ صوبوں کی اس تعداد میں جمعیۃ علماء صوبہ کے صدر اور ناظم عمومی کا شامل ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۴۳) جب تک جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے صوبہ وار منتخب شدہ اراکین کی تعداد ایک سو تک نہ پہونچے اس وقت تک سابقہ مجلس حسب دستور کام کرتی رہے گی۔

دفعہ (۴۴) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ جدید انتخاب کے بعد اپنے پہلے اجلاس میں بیس مسلم مشاہیر ہند کو بطور رکن مجلس منتظمہ منتخب کریگی۔ لیکن بموجب دفعہ (۸) ان کا ابتدائی رکن ہونا ضروری ہوگا۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند

دفعہ (۴۵) جمعیۃ علماء ہند کی ایک مجلس عاملہ ہوگی جس کے ارکان کی تعداد اکیس ہوگی جن کو صدر جمعیۃ علماء ہند نامزد کریگا۔ جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کی تعداد مذکورہ بالا میں صدر، نائب صدر اور ناظم عمومی بحیثیت عہدہ شامل ہوں گے۔

نصاب (کورم)

دفعہ (۴۶) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کے کسی اجلاس میں ۷ ارکان کی موجودگی تکمیل نصاب کے لئے کافی ہوگی۔ مگر عہدہ داروں کے علاوہ کم از کم [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کے عہدہ دار

دفعہ (۴۷) جمعیۃ علماء ہند کے عہدہ دار حسب ذیل ہوں گے

صدر ۔ ایک ۔ نائب صدر ۔ ایک ۔ خازن ۔ ایک ۔ ناظم عمومی ۔ ایک ۔ ناظم زیادہ سے زیادہ تین البتہ حسب ضرورت مجلس عاملہ کی اجازت سے نظار میں اضافہ ہو سکیگا۔

دفعہ (۴۸) صدر، نائب صدر اور ناظم عمومی کا طبقہ علماء میں سے ہونا ضروری ہوگا۔

دفعہ (۴۹) جمعیۃ علماء ہند کے عہدہ داروں کو جمعیۃ کے فنڈ سے ماہانہ اعزازی الاؤنس (آنریریم) دیا جا سکے گا جس کی مقدار جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ معین کریگی۔

دفعہ (۵۰) جمعیۃ علماء کا کوئی ملازم اس جمعیۃ کی مجلس منتظمہ کا ممبر نہیں بن سکتا جس کا یہ ملازم ہے۔

دفعہ (۵۱) کسی جمعیۃ علماء کا صدر، ناظم عمومی یا ناظم بیک وقت کسی دوسری جمعیۃ کا صدر، ناظم عمومی یا ناظم نہیں ہو سکتا۔

دفعہ (۵۲) جمعیۃ علماء ہند کے صدر کا انتخاب حسب دفعات ذیل ہوگا۔

(الف) جمعیۃ علماء ہند کا ناظم عمومی آنے والے انتخاب سے تین ماہ پہلے ایک تاریخ مقرر کر کے اعلان کریگا کہ اس تاریخ تک ہر صوبہ کی مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کی صدارت کے واسطے ایک یا ایک سے زائد ناموں کی سفارش کرے گی مگر شرط یہ ہے کہ کسی ایسے شخص کے نام کی سفارش نہیں کی جا سکیگی [illegible] صدر رہ چکا ہو۔

(ب) مقررہ تاریخ تک جس قدر نام موصول ہوں گے جمعیۃ علماء ہند کا ناظم عمومی ان کی فہرست مرتب کر کے تمام صوبائی جمعیتوں کے پاس بھیجدیگا۔

(ج) ہر ایک جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس منتظمہ اپنے پہلے اجلاس میں فہرست (مذکورہ دفعہ ہذا شق (الف)) کے ناموں میں سے کسی ایک کو منتخب کریگی۔

(د) جمعیۃ علماء صوبہ کا ناظم عمومی منتخب شدہ نام کی اطلاع کے ساتھ حاضر ارکان کی مجموعی تعداد اور ہر ایک نام مندرجہ فہرست کے لئے حاصل شدہ آرا کی تفصیل بھی تحریر کریگا۔

(ہ) مجوزہ ناموں میں سے جس نام کو صوبوں کی اکثریت حاصل ہوگی۔ آئندہ تین سال کے لئے وہ جمعیۃ علماء ہند کا صدر ہوگا۔ اور اگر دو یا دو سے زائد ناموں کے حق میں صوبوں کی تعداد مساوی ہو تو ان ناموں میں سے اس نام کو ترجیح ہوگی جس کے حق میں تمام صوبوں کی مجالس منتظمہ کے رائے دہندہ اراکین کی مجموعی طور پر اکثریت ہوگی۔

دفعہ (۵۳) جمعیۃ علماء ہند کا منتخب شدہ صدر جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے اراکین میں سے ناظم عمومی کو مجلس عاملہ کے مشورہ سے اور باقی ناظموں کو ناظم عمومی کے مشورہ سے نامزد کریگا۔

دفعہ (۵۴) جمعیۃ علماء ہند کے نائب صدر اور خازن کا انتخاب جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کریگی۔

دفعہ (۵۵) اگر کسی وجہ سے سہ سالہ دور کے اثنا میں جمعیۃ علماء ہند کی صدارت کی جگہ خالی ہو جائے تو بقیہ مدت کے لئے صدر کا انتخاب جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کریگی۔

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے فرائض و اختیارات

دفعہ (۵۶) ان فرائض و اختیارات کے علاوہ جو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے لئے اس دستور العمل میں کسی دوسری جگہ بیان کئے گئے ہیں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ہند کے فرائض و اختیارات حسب ذیل ہوں گے۔

(الف) جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد کی تکمیل کے لئے لائحہ عمل اور پالیسی مرتب کرنا۔

(ب) جمعیۃ علماء ہند کے دائرہ عمل سے تعلق رکھنے والے امور پر غور کرنا اور ان کے متعلق فیصلے صادر کرنا۔

(ج) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کی قرار دادوں اور تجاویز کو آخری منظوری دینا یا مسترد کر دینا اور جمعیۃ علماء ہند کی سرگرمیوں اور نظم و ضبط کے متعلق ہدایات دینا۔

(د) اگر جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے کسی رکن کی طرف سے جمعیۃ علماء ہند یا کسی ماتحت جمعیۃ کے حسابات یا ان کے عہدہ داروں کے کام کی جانچ پڑتال کا مطالبہ کیا جائے تو اس مطالبہ پر غور کرنا اور اگر ضرورت ہو تو اس کی تحقیق کا انتظام کرنا اور تحقیقات کے بعد مناسب کاروائی عمل میں لانا۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کے اختیارات و فرائض

دفعہ (۵۷) ان فرائض و اختیارات کے علاوہ جو اس دستور العمل میں کسی دوسری جگہ بیان کئے گئے ہیں جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کے فرائض و اختیارات حسب ذیل ہوں گے۔

(الف) جمعیۃ علماء ہند کے صدر دفتر اور اس کے کاموں کی عام نگرانی [illegible]

(ب) صدر دفتر اور اس کے ماتحت شعبوں کے ملازمین کی تنخواہوں کی مقدار [illegible] مقرر کرنا۔

(ج) [illegible] سے زائد تنخواہ پانے والے ملازم کا تقرر [illegible] کرنا۔

(د) کسی خالی اسامی پر ناظم عمومی کے عارضی طور پر مقرر کردہ شخص کو بحال رکھنا یا برطرف کرنا۔

(ہ) کسی ملازم کے تقرر یا برطرفی کے متعلق ناظم عمومی کے فیصلہ کے خلاف اپیل کو سن کر اس کا فیصلہ کرنا۔

(و) [illegible]

(ز) [illegible]

(ح) مخصوص حالات [illegible]

(ط) اپنے اختیارات و فرائض کی انجام دہی کے لئے [illegible] سب کمیٹیاں بنانا۔

(ی) [illegible]

دفعہ (۵۸) [illegible]

دفعہ (۵۹) [illegible]

دفعہ (۶۰) مجلس قائمہ کی ہر کاروائی جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کے سامنے منظوری کے لئے پیش ہوگی۔ [illegible]

عہدہ داروں کے فرائض و اختیارات

دفعہ (۶۱) ان فرائض و اختیارات کے علاوہ جو اس دستور العمل میں کسی دوسری جگہ بیان کئے گئے ہیں صدر جمعیۃ علماء ہند کے فرائض و اختیارات حسب ذیل ہونگے۔

(الف) [illegible]

(ب) [illegible] منظور کردہ میزانیہ کے اندر خرچ کی منظوری دینا۔

(ج) جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس عام اور اس کی مجلس منتظمہ اور مجلس عاملہ کے جلسوں کی صدارت کرنا۔

[illegible]

فرائض و اختیارات ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند

دفعہ (۶۳) [illegible]

(ج) حاصل شدہ رقوم خزانہ میں جمع کر کے خازن سے رسید حاصل کرنا۔

(د) جمعیۃ علماء ہند کی جائداد منقولہ و سامان متعلق دفتر کی حفاظت کرنا اور اس کا انتظام و انصرام کرنا اور اس کے متعلق تمام دستاویزات ضروری کاغذات اور دفاتر باضابطہ رکھنا۔

(ہ) منظور شدہ میزانیہ کے مطابق مصارف روزانہ کے لئے پانچسو روپیہ تک کی رقم ناظم عمومی اپنی تحویل میں رکھ سکتا ہے اور اسی قدر رقم بیک وقت اپنے دستخطوں سے خزانہ سے برآمد کر سکتا ہے۔

اور اس سے زائد رقم برآمد کرنے کے لئے صدر کے دستخط ہونا بھی ضروری ہیں۔

(و) غیر معمولی اخراجات کی ادائیگی جن کی منظوری مجلس عاملہ دے چکی ہو۔

(ز) تمام معمولی و غیر معمولی اخراجات جو میزانیہ کے مطابق ہوں اور پانچسو روپیہ سے زائد نہ ہوں اپنے اختیار سے کرنا اور اس کی منظوری مجلس عاملہ سے حاصل کرنا۔

(ح) ایسے غیر معمولی مصارف کے لئے جو پانچسو روپیہ سے زائد ہوں مگر میزانیہ کے اندر ہوں صدر سے منظوری حاصل کرنا اور مجلس عاملہ کے اجلاس میں پیش کرنا۔

دفعہ (۶۹) علاوہ ان فرائض و اختیارات کے جو ناظموں کے لئے اس دستور العمل کی کسی دوسری دفعہ کی رو سے حاصل ہیں جمعیۃ علماء ہند کے ناظموں میں سے ہر ناظم کے اختیارات حسب ذیل ہونگے۔

(الف) ہر شعبہ جو کسی ناظم کے سپرد کیا گیا ہو اس کی نگرانی کرنا۔

(ب) اپنے شعبہ سے متعلق عملہ کے تقرر کے لئے ناظم عمومی سے سفارش کرنا۔

(ج) ناظم عمومی کی غیر موجودگی میں اس ناظم کو جس کو ناظم عمومی اپنا قائم مقام مقرر کرے ناظم عمومی کے جملہ اختیارات حاصل ہوں گے۔

خازن کے فرائض

دفعہ (۷۰) خازن کے فرائض حسب ذیل ہوں گے۔

(الف) جمعیۃ علماء ہند کی تمام رقوم کو جو اس کی تحویل میں جائیں یا جو اس کے پاس آئیں ایک فنڈ کی علیحدہ علیحدہ تفصیل کے ساتھ محفوظ رکھنا۔

(ب) دستور العمل کے ضابطہ کے بموجب صدر یا ناظم عمومی کی تحریری یادداشت پر رقم واپس کرنا۔

(ج) ان تجاویز کو جو وقتاً فوقتاً مجلس عاملہ یا منتظمہ میں مالیہ کے متعلق منظور ہوں پیش نظر رکھنا۔

مالی نظام

دفعہ (۷۱) جمعیۃ علماء ہند کے نظام ترکیبی میں شامل ہونے والی تمام جمعیتوں کے حسب ذیل دو فنڈ ہوں گے

(الف) جمعیۃ علماء فنڈ۔

(ب) زکوٰۃ و صدقات فنڈ۔

دفعہ (۷۲) جمعیۃ علماء فنڈ میں حسب ذیل رقوم جمع کی جائیں گی

(الف) چندہ معاونت کا وہ حصہ جو متعلقہ جمعیۃ کو بموجب دفعہ (۷۸) حاصل ہو۔

(ب) فیس رکنیت۔

(ج) مخصوص عطیات۔

(د) وہ تمام عطیات جو ماہانہ یا سالانہ یا یکمشت دئے جائیں۔

(ہ) وہ آمدنی جو جمعیۃ کے کسی اجلاس کے انعقاد کے سلسلہ میں وصول ہو۔

(و) کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارہ کی منظور کردہ گرانٹ۔

(ز) وہ آمدنی جو کسی منقولہ یا غیر منقولہ جائداد یا کسی سامان کی فروخت یا اس کے کرایہ وغیرہ سے وصول ہو۔

(ح) وہ نفع جو جمعیۃ کو کسی شعبہ کے ذریعہ حاصل ہو۔

(ط) وہ آمدنی جو کسی وقف سے حاصل ہو۔

دفعہ (۷۳) زکوٰۃ و صدقات فنڈ میں حسب ذیل رقوم جمع کی جائیں گی۔

(الف) زکوٰۃ۔

(ب) صدقات فطر و دیگر صدقات واجبہ۔

(ج) چرم قربانی کی قیمت۔

دفعہ (۷۴) جمعیۃ علماء ہند اور صوبائی جمعیتوں کا ایک ریزرو فنڈ ہوگا جس میں ہر سال کی آمدنی کا ایک مناسب حصہ جو جمعیۃ علماء ہند یا جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ طے کرے جمع کیا جایا کرے گا۔ اور یہ فنڈ بوقت ضرورت مجلس عاملہ کی اجازت سے استعمال کیا جا سکیگا۔

دفعہ (۷۵) جمعیۃ علماء فنڈ کی آمدنی جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد کی تکمیل اس کے نظام کے استحکام و اجراء اور جمعیۃ سے تعلق رکھنے والی جملہ ضروریات پر صرف کی جا سکیگی۔ مگر مخصوص عطیات (زیر دفعہ ۷۲ شق ج) [illegible] اسی غرض پر صرف ہونگے۔

دفعہ (۷۶) زکوٰۃ و صدقات فنڈ کی رقوم صرف ان مصارف میں صرف ہوں گی جو جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ شرعی اصول کی روشنی میں ان کے لئے معین کرے۔

دفعہ (۷۷) اضلاع اور صوبجات کی جمعیتوں کی املاک غیر منقولہ جمعیۃ علماء ہند کی ملکیت ہوں گی اور ضلع و صوبہ کی جمعیتوں کو بغیر جمعیۃ علماء ہند کی منظوری کے ان کی تحویل و انتقال کا حق نہ ہوگا۔

دفعہ (۷۸) مقامی جمعیۃ چندہ معاونت کا ایک ثلث جمعیۃ علماء ضلع کو اور جمعیۃ علماء ضلع اپنی آمدنی کا ایک ثلث جمعیۃ علماء صوبہ کو اور جمعیۃ علماء صوبہ اپنی آمدنی کا ایک ثلث جمعیۃ علماء ہند کو ادا کرے گی۔ اور رسید حاصل کرے گی۔

دفعہ (۷۹) جمعیۃ علماء ہند کے ہر رکن کو فیس رکنیت سالانہ مبلغ تین روپیہ، جمعیۃ علماء صوبہ کے ہر رکن کو دو روپیہ اور جمعیۃ علماء ضلع کے ہر رکن کو ایک روپیہ اور مقامی جمعیۃ کے ہر رکن کو آٹھ آنہ سالانہ فیس رکنیت ادا کرنی ضروری ہوگی اور بصورت عدم ادائیگی فیس رکنیت حق رائے دہی حاصل نہ ہوگا۔ چار آنہ سالانہ چندہ معاونت اس کے علاوہ ہوگا۔

دفعہ (۸۰) جمعیۃ علماء صوبہ کا ہر ایک رکن جمعیۃ علماء ہند کا نمائندہ ہوگا۔ اور ہر [illegible] فیس نمائندگی جمعیۃ علماء ہند کو ادا کریگا۔

دفعہ (۸۱) جمعیۃ علماء کی کسی کانفرنس یا اجلاس کے لئے وصول شدہ آمدنی کی وہ رقم جو ادائے مصارف کے بعد باقی بچے اس کا نصف حصہ اس جمعیۃ کو دیا جائیگا جس نے اس اجلاس عام یا کانفرنس کی دعوت دی تھی باقی نصف حصہ اس جمعیۃ کو ملیگا جس کا اجلاس منعقد کیا گیا تھا۔

دفعہ (۸۲) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس نظامت اپنی ضروریات کے بموجب اپنے مصارف کا مفصل تخمینہ مرتب کر کے مجلس مالیات کے سامنے پیش کرے گی۔ مجلس مالیات وصول شدہ تخمینوں کے پیش نظر جملہ ناظموں کے مشورہ سے میزانیہ مرتب کر کے مجلس عاملہ کے سامنے پیش کرے گی۔ مجلس عاملہ کی منظوری کے بعد یہ میزانیہ مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس میں آخری منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔

دفعہ (۸۳) مقامی جمعیتیں، اضلاع اور صوبوں کی جمعیتیں اپنا اپنا سالانہ میزانیہ خود منظور کریں گی۔ لیکن ضروری ہوگا کہ منظوری کے بعد مقامی جمعیتیں جمعیۃ علماء ضلع میں اور اضلاع کی جمعیتیں صوبہ میں اور صوبجات مرکز میں بجٹ کی صحیح نقل بھیجدیں۔

دفعہ (۸۴) کسی جمعیۃ کے دفتر میں کوئی رقم بغیر رسید کے جمع نہیں کی جائے گی۔ اور کوئی رقم بغیر واؤچر کے خرچ نہیں کی جائے گی۔ رقم کی رسید پر ناظم کے دستخط اور جمعیۃ کی مہر ہوگی۔

دفعہ (۸۵) جمعیۃ کے دونوں فنڈ علیحدہ علیحدہ رہیں گے اور [illegible]

دفعہ (۸۶) مجلس عاملہ کی ہدایت کے بموجب خزانہ جمعیۃ کا کل یا جزو کسی بینک میں بھی جمع کیا جا سکے گا۔

دفعہ (۸۷) خاص ضرورت کے موقعہ پر ضلع کی جمعیۃ صوبہ سے اور صوبائی جمعیۃ مرکز سے امداد کی درخواست کر سکے گی۔ اور ان کو امداد دی جا سکے گی۔

دفعہ (۸۸) جمعیۃ علماء ہند اور اس کی ماتحت ہر ایک جمعیۃ کی مجلس عاملہ اور مقامی جمعیۃ کی مجلس منتظمہ اختتام سال سے قبل ایک ایسا شخص مقرر کرے گی جو سال بھر کے حسابات کی جانچ کر کے رپورٹ دے گا۔ اس رپورٹ کی نقل مقامی جمعیۃ علماء ضلع کو بھیجے گی اور اضلاع کی جمعیتیں جمعیۃ علماء صوبہ کو اور جمعیۃ علماء صوبہ جمعیۃ علماء ہند کو بھیجے گی۔

دفعہ (۸۹) جمعیۃ علماء ہند اور جمعیۃ علماء صوبہ کو حق ہوگا کہ جب ضرورت سمجھیں ماتحت جمعیۃ علماء کے حسابات کی جب چاہے جانچ کرائے۔

جمعیۃ علماء ہند کے جلسے

دفعہ (۹۰) جمعیۃ علماء ہند سے متعلق حسب ذیل جلسے ہوں گے

(الف) اجلاس عام جمعیۃ علماء ہند۔

(ب) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کا اجلاس۔

(ج) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس۔

(د) مجالس قائمہ اور عارضی سب کمیٹیوں کے جلسے۔

دفعہ (۹۱) جمعیۃ علماء ہند کا اجلاس عام سالانہ منعقد ہوا کرے گا جس میں جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ اور صوبائی جمعیتوں کی مجالس منتظمہ کے ارکان شریک ہو سکیں گے۔ اس اجلاس عام کی ایک سبجیکٹ کمیٹی ہوگی جو صرف جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے ارکان پر مشتمل ہوگی۔

دفعہ (۹۲) جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس عام میں وہ تجاویز پیش ہوں گی جو سبجیکٹ کمیٹی منظور کرے گی۔

دفعہ (۹۳) جمعیۃ علماء ہند کا صدر ہی سالانہ اجلاس عام کی صدارت کرے گا۔

دفعہ (۹۴) جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس کا کورم ۱۰۰ ہوگا۔

دفعہ (۹۵) جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس عام کو اختیار ہوگا کہ کوئی ایسی تجویز منظور کرے جو جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کی کسی منظور کردہ قرار داد کی ترمیم یا تنسیخ کرتی ہو لیکن ایسی تجویز کی منظوری کے لئے حاضر ارکان کی ۲/۳ دو ثلث اکثریت کی موافقت ضروری ہوگی۔

دفعہ (۹۶) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے اجلاس کم از کم ششماہی منعقد ہوا کریں گے اور اس میں جمعیۃ علماء ہند کے ارکان شامل ہوں گے۔

دفعہ (۹۷) جمعیۃ علماء ہند کے ششماہی اجلاس کو جمعیۃ علماء ہند کا صدر یا ناظم عمومی طلب کر سکتا ہے۔ غیر معمولی اجلاس مجلس عاملہ کے فیصلے یا دس ارکان جمعیۃ علماء ہند کی تحریری درخواست پر طلب کیا جا سکے گا۔

دفعہ (۹۸) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کے اجلاس کا کورم پچاس ہوگا۔

دفعہ (۹۹) جمعیۃ علماء ہند کے جلسوں کی اطلاع کے ساتھ مضامین زیر بحث کے اجمالی عنوانات (ایجنڈا) بھیجنے ضروری ہونگے۔

دفعہ (۱۰۰) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس صدر یا ناظم عمومی بمشورہ صدر جب چاہیں طلب کر سکیں گے۔

دفعہ (۱۰۱) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کے پانچ ارکان کی تحریری درخواست پر مجلس عاملہ کے اجلاس کا طلب کرنا ناظم عمومی کے لئے ضروری ہوگا۔

دفعہ (۱۰۲) جو جلسہ کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے ملتوی کیا جائیگا اس کے لئے دوبارہ کورم کی ضرورت نہ ہوگی۔ بشرطیکہ

(الف) دونوں جلسوں کی اطلاع باقاعدہ تمام ارکان کے پاس دفتر سے روانہ کی گئی ہو۔

(ب) دوسرے اجلاس کا ایجنڈا وہی ہو جو پہلے اجلاس کا تھا۔

دفعہ (۱۰۳) ہر اجلاس کے کورم کی شرط ابتدائی نشست سے ہوگی۔

دفعہ (۱۰۴) تمام اجلاسوں میں بجز ان مستثنیٰ صورتوں کے جن میں کثرت رائے کو کسی زائد قید سے مقید کیا گیا ہو زیر بحث امور کا فیصلہ کثرت رائے سے ہوگا لیکن ایسے مذہبی مباحث میں جو فتویٰ کی حیثیت رکھتے ہوں علماء کی رائے معتبر ہوگی۔

دفعہ (۱۰۵) مجلس عاملہ کے اجلاس کے لئے ایک ہفتہ، مجلس منتظمہ کے اجلاس کے لئے دو ہفتہ اور اجلاس عام کے لئے چار ہفتہ پیشتر اطلاع دینی ضروری ہوگی۔ لیکن غیر معمولی حالات میں مجلس عاملہ کا اجلاس تین دن کے نوٹس پر بھی طلب کیا جا سکتا ہے۔

دستور العمل میں ترمیم و تنسیخ

دفعہ (۱۰۶) جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ جمعیۃ کے دستور العمل میں ترمیم و تنسیخ یا اضافہ کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ

(الف) ایجنڈے میں اس کا ذکر کیا گیا ہو۔

(ب) ایجنڈا مدت مقررہ (مذکورہ دفعہ ۱۰۵) کے مطابق جاری کیا گیا ہو۔

(ج) اغراض و مقاصد میں ترمیم و تنسیخ یا اضافہ کے لئے یہ لازم ہوگا کہ حاضرین کی دو ثلث اکثریت ترمیم و تنسیخ یا اضافہ کی ضرورت کا فیصلہ کرے۔

دفعہ (۱۰۷) جمعیۃ علماء ہند کا صدر دفتر دہلی میں رہیگا لیکن بوقت ضرورت جمعیۃ علماء ہند کی دو ثلث کثرت رائے سے کسی مناسب مقام میں تبدیل ہو سکے گا۔

تمام شد

محمد حفظ الرحمن ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند

ضمیمہ

دستور اساسی کی دفعہ (۷، ۸) پر عمل درآمد کے لئے تین فارموں کی ضرورت ہوگی۔ جن کے نمونے درج ذیل ہیں۔ صوبائی جمعیتیں ان فارموں کو طبع کرائیں۔ صوبائی جمعیتوں کو یہ بھی حق ہے کہ اپنے صوبہ کی زبان اور صوبے کے رسم الخط میں ان کو طبع کرالیں۔

دفعہ (۷) کے بموجب مندرجہ ذیل فارم طبع کرایا جائے

فارم معاونت جمعیۃ علماء ہند

اسم گرامی .... ولدیت ....

پورا پتہ ....

میں جمعیۃ علماء ہند کے اغراض و مقاصد سے پوری طرح متفق ہوں اور اس کے تبلیغی، تمدنی اور اصلاحی لائحہ عمل (پروگرام) کو کامیاب بنانے کی پوری کوشش کرتا رہوں گا اور وعدہ کرتا ہوں کہ جمعیۃ علماء ہند کے معاون کی حیثیت سے چار آنہ سالانہ چندہ ادا کرتا رہوں گا۔

دستخط یا نشان انگوٹھا

سند معاونت

میں تصدیق کرتا ہوں کہ آج بتاریخ ...... ماہ ...... سنہ ......

جناب ...... ساکن ...... نے جمعیۃ علماء ہند کے معاون کی حیثیت سے ۴ چندہ معاونت ادا کر دیا اور آئندہ چار آنہ سالانہ چندہ معاونت ادا کرنے کا وعدہ فرمایا۔

دستخط تصدیق کنندہ

اغراض و مقاصد جمعیۃ علماء ہند

(الف) اسلام، شعائر اسلام اور مسلمانوں کے آثار [illegible] کی حفاظت۔

(ب) مسلمانوں کے مذہبی، تمدنی، اور تعلیمی حقوق کی تحصیل و حفاظت۔

(ج) مسلمانوں کی مذہبی تعلیمی، اخلاقی اور معاشرتی اصلاح۔

(د) ایسے اداروں کا قیام جو مسلمانوں کی تعلیمی تہذیبی اور معاشرتی (سوشل) زندگی کی ترقی و استحکام کا ذریعہ ہوں۔

(ہ) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انڈین یونین کے مختلف فرقوں کے درمیان میل جول پیدا کرنا اور اس کو مضبوط کرنے کی کوشش کرنا۔

(و) علوم عربیہ اسلامیہ کا احیاء اور زمانہ حال کے مقتضیات کے مطابق نظام تعلیم کا اجراء۔

(ز) تعلیمات اسلامی کی نشر و اشاعت (ح) اسلامی اوقاف کی تنظیم و حفاظت۔

دفعہ (۸) کی تکمیل کے لئے فارم نمونہ حسب ذیل ہے

فارم رکنیت جمعیۃ علماء ہند

...... ولد ...... عمر ...... ساکن ......

بخدمت جناب ناظم صاحب جمعیۃ علماء ...... ضلع ...... صوبہ ......

سلام مسنون

میں ...... سنہ ...... سے جمعیۃ علماء ہند کا معاون ہوں۔ میں لکھنا پڑھنا جانتا ہوں۔ میرے ذمہ کسی سال کا چندہ معاونت باقی نہیں ہے۔ میں شرائط رکنیت میں سے شرط نمبر ...... کو پورا کرتا ہوں۔ براہ عنایت مجھ کو جمعیۃ علماء ہند کے ارکان کے رجسٹر میں داخل فرما کر مجھے رکن بنا لیجئے۔

دستخط ......

رکنیت جمعیۃ علماء ہند کی شرائط

دستور اساسی جمعیۃ علماء ہند کی دفعہ (۸) کے بموجب مندرجہ ذیل شرطوں میں سے کم از کم کسی ایک شرط کا جمعیۃ علماء ہند کے رکن میں ہونا ضروری ہے۔

۱۔ عالم ہو یا کسی عربی درسگاہ میں تین سال تک تعلیم پا چکا ہو یا کسی یونیورسٹی یا سرکاری بورڈ کا میٹریکولیشن پاس یا اس کے مساوی کوئی امتحان پاس کر چکا ہو۔

۲۔ کسی سرکاری یا غیر سرکاری درسگاہ کا معلم، مہتمم یا ٹرسٹی یا مجلس شوریٰ کا ممبر ہو۔

۳۔ کسی اخبار یا رسالہ کے (خواہ کسی زبان میں ہو) ادارہ [illegible] جو کم از کم دو سال سے جاری ہو ایک سال سے ممبر ہو۔

۴۔ کسی تبلیغی، اصلاحی یا معاشرتی (سوشل) ادارہ کا جو کم از کم دو سال سے جاری ہو ایک سال سے ممبر ہو۔

۵۔ کسی ادبی یا علمی دار الاشاعت کا جو کم از کم دو سال سے جاری ہو، ایک سال سے ممبر ہو۔

۶۔ کسی دار المطالعہ یا لائبریری کی منتظمہ کمیٹی کا ممبر ہو بشرطیکہ دار المطالعہ یا لائبریری کم از کم دو سال سے جاری ہو۔

۷۔ ڈاکٹر، طبیب، یا وید ہو جو سند یافتہ یا رجسٹرڈ ہو یا اس کا مطب مسلسل پانچ سال سے جاری ہو۔

۸۔ مرکزی یا صوبائی مجالس آئین ساز، لوکل بورڈ یا کسی پبلک ادارہ (لوکل باڈیز) یا کسی دیہاتی پنچایت کا ممبر ہو یا رہا ہو۔

۹۔ گذشتہ انتخاب کے بعد سے کم از کم سو معاون ہر سال بناتا رہا ہو۔

۱۰۔ جمعیۃ علماء ضلع، صوبہ یا مرکز کی مجلس منتظمہ کا رکن رہ چکا ہو۔

۱۱۔ کسی وقف کا متولی یا کسی مسجد کا مستقل امام ہو۔

سند رکنیت

جناب محترم ...... ساکن ...... سے جمعیۃ علماء ہند کے معاون ہیں آپ شرائط رکنیت پوری کرتے ہیں فارم رکنیت [illegible]

آپ کو ...... ماہ ...... سنہ ...... جمعیۃ علماء کا رکن قرار دے دیا گیا ہے۔

دستخط ناظم جمعیۃ علماء ...... ضلع ......

سند فارم رکنیت کی خانہ پری کرنے والے کو دی جائے گی

چندہ معاونت کی رسید کا نمونہ حسب ذیل ہوگا

(نوٹ) یہ رسید آئندہ سال ان کو دی جائے گی جو پہلے سال فارم معاونت پر کر کے ۴ ادا کر چکے ہیں۔ باقی جو صاحب پہلی مرتبہ معاون بن رہے ہیں ان کو صرف سند معاونت دی جائے گی کسی اور رسید کی ضرورت نہیں ہوگی۔ سند معاونت خود رسید ہے۔ صوبائی جمعیتیں جس طرح معاونت اور رکنیت کے فارم طبع کرائیں ایسے ہی یہ رسیدیں بھی طبع کرا کر ان کی جلدیں اپنی ماتحت جمعیتوں کو دیتی رہیں۔ تاکہ آمدنی [illegible] کا حساب نظم و ضبط میں رہے۔

مثنی رسید سالانہ چندہ معاونت جمعیۃ علماء ہند — نمبر ...... جلد ......

آج بتاریخ ...... ماہ ...... سنہ ......

جناب محترم ...... ساکن ...... محلہ ...... ڈاکخانہ ...... ضلع ...... سے

۴ چندہ معاونت جمعیۃ علماء ہند بابت سنہ ...... وصول ہوئے

دستخط ناظم جمعیۃ علماء ...... ضلع ......

رسید سالانہ چندہ معاونت جمعیۃ علماء ہند — نمبر ...... جلد ......

آج بتاریخ ...... ماہ ...... سنہ ......

جناب محترم ...... ساکن ...... محلہ ...... ڈاکخانہ ...... ضلع ...... سے

۴ چندہ معاونت جمعیۃ علماء ہند بابت سنہ ...... وصول ہوئے

دستخط ناظم جمعیۃ علماء ...... ضلع ...... [illegible]

تمام شد

محمد حفظ الرحمن ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند

[illegible]

واشنگٹن اور بلگریڈ میں نازک سفارتی تعلقات

واشنگٹن ۱۱ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ واشنگٹن اور [illegible] میں اب سفارتی تعلقات [illegible] منقطع ہو گئے ہیں۔ [illegible] نے [illegible] کو [illegible] رقم کو وغیرہ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ [illegible] نے ناظم الامور مقرر [illegible] اب [illegible] میں واشنگٹن کا واحد نمائندہ ایک سکرٹری رہ گیا ہے۔

(اے پی)

آدھی دنیا لکھنا پڑھنا نہیں جانتی

سڈنی ۱۱ اگست۔ بین الاقوامی تعلیمی ادارے کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر جیم ٹارس بوڈٹ نے یہاں ایک پیغام میں بتایا کہ دنیا کی آدھی آبادی نہ تو لکھنا جانتی ہے اور نہ پڑھنا۔

روزنامہ الجمعیۃ کا شاندار

"آزادی نمبر"

حسب سابق ۱۳ اگست کو بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے

بہترین سیاسی تاریخی اور علمی معلومات کا یہ گنجینہ اعلیٰ ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال ممتاز ترین تسلیم کر لیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بین اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لے کر ایک بار پھر یہ ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے

ضخامت روزنامہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۶۰ صفحات سرورق رنگین قیمت صرف ۴

ایجنٹ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں

مشتہرین

اپنے اشتہارات کیلئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں۔

روزنامہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا۔ لیکن صرف ہفت روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں چار آنے کے بجائے دو آنے بذریعہ منی آرڈر بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیے

مینیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسمجان دہلی

برائے اطلاع عام

حکومت ہند کے غیر معمولی گزٹ مورخہ ... جولائی ۱۹۴۸ء میں ... کسٹوڈین ... شائع ہوا ہے جس کی رو سے کسٹوڈین نے حسب ذیل جائدادوں کو قبضے میں لیا ہے۔

نمبر مسلسل	نمبر مکان	جائے وقوع	کس قسم کی ہے
۱۳۳۲۳	XV/8805	پہاڑ گنج گلی کریم	مکان
۱۳۳۲۴	XV/8850	〃	دونوں
۱۳۳۲۵	XV/8805	〃	〃
۱۳۳۲۶	XV/8915	〃	〃
۱۳۳۲۷	XV/8843	〃	〃
۱۳۳۲۸	XV/8861	〃	مکان
۱۳۳۲۹	XV/8904	[illegible]	[illegible]
۱۳۳۳۰	XV/8903	〃	〃
۱۳۳۳۱	XV/8905	〃	〃
۱۳۳۳۲	XV/8906	〃	〃
۱۳۳۳۳	XV/8908	〃	〃
۱۳۳۳۴	XV/8909	〃	〃
۱۳۳۳۵	XV/8910	〃	〃
۱۳۳۳۶	XV/8911	〃	〃
۱۳۳۳۷	XV/8912	〃	〃
۱۳۳۳۸	XV/8913	〃	〃
۱۳۳۳۹	XV/8914	〃	〃
۱۳۳۴۰	XV/8919-20	〃	دونوں
۱۳۳۴۱	XV/8926	پہاڑ گنج گلی قدم شریف	〃
۱۳۳۴۲	XV/8990	〃	〃
۱۳۳۴۳	XV/8991	〃	〃
۱۳۳۴۴	XV/8992/93	〃	〃
۱۳۳۴۵	XV/8994	〃	〃
۱۳۳۴۶	XV/8995	〃	〃
۱۳۳۴۷	XV/8996	〃	〃
۱۳۳۴۸	XV/8997	〃	〃
۱۳۳۴۹	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۵۰	XV/8999	〃	〃
۱۳۳۵۱	XV/9004	پہاڑ گنج گلی کریم	مکان
۱۳۳۵۲	XV/9005	〃	〃
۱۳۳۵۳	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۳۵۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۵۵	XV/9045	〃	〃
۱۳۳۵۶	[illegible]	〃	مکان
۱۳۳۵۷	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۳۵۸	XV/9033	〃	〃
۱۳۳۵۹	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۶۰	XV/9030	〃	〃
۱۳۳۶۱	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۶۲	[illegible]	〃	مکان
۱۳۳۶۳	[illegible]	〃	مکان
۱۳۳۶۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۶۵	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۳۶۶	[illegible]	〃	
۱۳۳۶۷	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۶۸	XV/8863	〃	مکان
۱۳۳۶۹	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۷۰	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۷۱	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۷۲	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۷۳	XV/8933	〃	دونوں
۱۳۳۷۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۷۵	[illegible]	〃	مکان
۱۳۳۷۶	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۳۷۷	[illegible]	〃	مکان
۱۳۳۷۸	XV/8913	〃	〃
۱۳۳۷۹	XV/8915	〃	〃
۱۳۳۸۰	XV/8915-8	〃	〃
۱۳۳۸۱	XV/8916-8	〃	〃
۱۳۳۸۲	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۸۳	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۸۴	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۳۸۵	۶۰۳۳	بیری والا باغ پل بنگش	〃
۱۳۳۸۶	[illegible]	〃	〃
۱۳۳۸۷	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۳۸۸	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۳۸۹	[illegible]	[illegible]	مکان
۱۳۳۹۰	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۳۹۱	[illegible]	〃	〃

نمبر مسلسل	نمبر مکان	جائے وقوع	کس قسم کی ہے
۱۳۳۹۲	۵۰۴۰	گلی کریمان	دونوں
۱۳۳۹۳	۵۰۳۰	[illegible]	〃
۱۳۳۹۴	۵۰۳۱	〃	〃
۱۳۳۹۵	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۳۹۶	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۳۹۷	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۳۹۸	[illegible]	کٹرہ [illegible]	〃
۱۳۳۹۹	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۰۰	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۰۱	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۴۰۲	۴۰۰	گلی [illegible]	مکان
۱۳۴۰۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۴۰۴	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۰۵	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۰۶	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۴۰۷	[illegible]	لال دروازہ	مکان
۱۳۴۰۸	[illegible]	کٹرہ بڑیان	دونوں
۱۳۴۰۹	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۱۰	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۴۱۱	۵۴۴	〃	دونوں
۱۳۴۱۲	[illegible]	گلی [illegible]	〃
۱۳۴۱۳	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۱۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۱۵	۹۳۰	〃	〃
۱۳۴۱۶	۹۳۲	〃	〃
۱۳۴۱۷	۹۶۲	گلی قاسم جان	[illegible]
۱۳۴۱۸	۹۶۸	〃	〃
۱۳۴۱۹	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۲۰	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۲۱	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۲۲	۹۹۹	〃	〃
۱۳۴۲۳	۹۳۳	کٹرہ بڑیان	دونوں
۱۳۴۲۴	۹۲۳	〃	〃
۱۳۴۲۵	[illegible]	لال دروازہ	[illegible]
۱۳۴۲۶	۴۵	کٹرہ بڑیان	[illegible]
۱۳۴۲۷	۱۳۸۵	لال دروازہ	[illegible]
۱۳۴۲۸	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۴۲۹	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۳۰	[illegible]	کٹرہ [illegible]	[illegible]
۱۳۴۳۱	[illegible]	[illegible]	دونوں
۱۳۴۳۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۴۳۳	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۳۴	[illegible]	لال دروازہ	مکان
۱۳۴۳۵	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۴۳۶	[illegible]	گلی [illegible]	مکان
۱۳۴۳۷	۶۰	کٹرہ بڑیان	دونوں
۱۳۴۳۸	۶۲	〃	〃
۱۳۴۳۹	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۴۰	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۴۴۱	۱۱	بازار لال کنواں	〃
۱۳۴۴۲	۶۶	کٹرہ بڑیان	〃
۱۳۴۴۳	۹۱	〃	مکان
۱۳۴۴۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۴۵	۱۲۲	[illegible]	〃
۱۳۴۴۶	۱۲۵	[illegible]	〃
۱۳۴۴۷	۱۲۹	〃	دونوں
۱۳۴۴۸	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۴۹	۱۵۱	چاندنی چوک	〃
۱۳۴۵۰	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۵۱	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۵۲	۲۵	کٹرہ بڑیان	〃
۱۳۴۵۳	[illegible]	[illegible]	دونوں
۱۳۴۵۴	۱۳۳	[illegible]	مکان
۱۳۴۵۵	[illegible]	[illegible]	دونوں
۱۳۴۵۶	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۵۷	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۵۸	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۵۹	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۶۰	[illegible]	[illegible]	دونوں
۱۳۴۶۱	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۶۲	۱۳۲	[illegible]	مکان
۱۳۴۶۳	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۶۴	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۶۵	[illegible]	〃	دونوں
۱۳۴۶۶	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۶۷	[illegible]	〃	مکان
۱۳۴۶۸	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۴۶۹	[illegible]	[illegible]	دونوں

حامیان اردو تعلیم مندرجہ سوالات کا جواب دیں

جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

دہلی ۹ اگست۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا محمد میاں نے حسب ذیل سوالنامہ اردو زبان کے سلسلہ میں جاری کیا ہے:

صوبہ یوپی کے جن اسکولوں، ہائی اسکولوں، مدرسوں یا اسلامی مکتب میں اردو کی تعلیم بند کر دی گئی ہے یا پابندی عائد کر دی گئی ہے، ... مقامی جمعیۃ کے ... ذریعہ ... تک عنایت فرمائیں ...

سوالات

۱۔ کیا اسکول یا مدرسہ یا مکتب کتنے عرصہ سے قائم ہے؟

۲۔ سرکاری ہے یا نیم سرکاری ...

۳۔ ... مسلمان طالب علموں کی تعداد ...

۴۔ اردو کی تعلیم کس کے حکم سے بند کی گئی یا پابندی کی گئی ...

۵۔ اگر یہ حکم تحریری تھا تو اس کی نقل ...

۶۔ ... کسی مدرسہ کو ... کیا گیا ... عنایت ... کا نام و مقام ... جوابات ... ۱۰ اگست تک اس پتہ پر آنے چاہئیں۔

(مولانا) محمد میاں، ناظم جمعیۃ علماء ہند، دفتر جمعیۃ علماء ہند، گلی قاسم جان، دہلی۔

ہندوستانی ریاستوں کے مالی الحاق کی تکمیل

عبوری عرصہ کیلئے مختلف سکیمیں کرشنا ماچاری کمیٹی کی رپورٹ

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ حکومت ہندوستان نے گذشتہ اکتوبر میں مندرجہ ذیل اصحاب کی ایک کمیٹی مقرر کی تھی۔ اس کے ذمہ یہ فرض سونپا گیا تھا کہ وہ ہندوستانی ریاستوں کے مالیات کے بارے میں رپورٹ پیش کرے ...

... انکم ٹیکس ... مرکزی حکومت ... ریاستوں ... مالیات ...

کرشنا ماچاری کمیٹی نے اپنی سفارشات پیش کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہندوستان کی ریاستوں اور ریاستی یونینوں کے فیڈرل مالیات کو ... میں شامل کر دینا نہایت ضروری ... کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ مالی الحاق ... یکم اپریل ۱۹۵۰ء سے شروع ہو جانا چاہئے ...

انکم ٹیکس

اگلے ... سال سے تمام علاقوں میں انکم ٹیکس نافذ کر دیا جائے ...

اسپیشل ٹریبونل کا اجلاس ۱۷ اگست تک ملتوی ہو گیا

اگلے بدھ کو وعدہ معاف گواہ کے بیانات ہوں گے

حیدرآباد ۱۰ اگست۔ اسپیشل ٹریبونل جو حیدرآباد ... مقدمہ کی سماعت کر رہا ہے اس کا اجلاس آج صرف ... ۱۷ اگست تک کے لئے ملتوی ہو گیا ...

اسپتال میں ایک سپاہی اور سالہ بچہ ہلاک

سنگاپور ۱۰ اگست۔ ایک سپاہی اور ایک ... سالہ بچہ ... اسپتال ... ہلاک ہو گیا ...

چیکوسلوواکیہ میں کمیونسٹوں اور پادریوں کی جنگ

پاپائے روم کے حامیوں کی جانب سے کمیونزم کی مخالفت

پراگ ۹ اگست۔ آج چیکوسلوواکیہ کے ... کمیونسٹوں کی جانب سے ... چرچ کے خلاف ... کی جائے گی ...

چرچ کے حلقوں کا خیال ہے کہ ... پادریوں کی اکثریت ان کی حمایت کرے گی ...

... پادریوں ... جنگ ... کسان ... غلہ ...

موڈی مشرقی افریقہ روانہ ہو گئے

بمبئی ۱۰ اگست۔ مغربی پنجاب کے سابق گورنر سر فرانسس موڈی ... مشرقی افریقہ روانہ ہو گئے۔

دارالافتاء جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم مولانا محمد میاں صاحب استفتا کرنے والے حضرات کے نام حسب ذیل ہدایات جاری کی ہیں۔

مسائل دریافت کرنے والے حضرات ... ہر سوال کے ساتھ ... ٹکٹ ... بھیجیں ...

(۱) سوال پرچے کے ایک طرف صاف صاف لکھا جائے ...

(۲) ... لفافہ ...

(۳) جواب کے لئے ٹکٹ یا لفافہ ضرور بھیجا جائے ...

(۴) ... جواب ... دارالافتاء ...

محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند

پاک ایئر لمیٹڈ

دہلی سے روزانہ مقررہ سروس کراچی لاہور

اوقات

دہلی - کراچی ہر منگل کو

دہلی سے روانگی دو بجے سہ پہر

کراچی میں آمد ۶ بجکر ۔۔ منٹ شام

دہلی لاہور روزانہ سروس

دہلی سے روانگی صبح ۹ بجکر ۔۔ منٹ

لاہور میں آمد صبح ۱۱ بجکر ۔۔ منٹ

کرایہ

دہلی	کراچی	یک طرفہ	۲۵۰ روپیہ	واپسی	۴۴۵	روپیہ
دہلی	لاہور	یک طرفہ	۶۶ روپیہ	واپسی	۱۲۶	روپیہ

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

ٹیلیفون نمبر ۴۳۰۰ تار کا پتہ: ایئر سروسز

آپ کیوں محروم ہیں

جبکہ

بہت سے مشتہرین حضرات روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھا رہے ہیں

آپ بھی اپنی تجارت کو دن دونی رات چوگنی ترقی دینے کیلئے

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیجئے

اور فائدہ اٹھائیے۔ (منیجر اشتہارات)

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف خانوادہ سید احمد مجدد شہید کے سلسلہ کی ایک مستند تاریخ ہے۔ ملک کے مشہور مصنف مولانا سید سلیمان ندوی نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔

مطبوعہ معارف اعظم گڑھ صفحات ۱۹۰ قیمت دو روپے

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی - دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

دارالسلطنت

۱۰ اگست

پنڈت نہرو کی کوٹھی پر ۳ ہزار مظاہرین

خان عبدالغفار خان اور نہرو زندہ باد کے نعرے

پنڈت نہرو کی کوٹھی کے سامنے جو شرنارتھی مظاہرہ کر رہے تھے ان کی تعداد اب ۳ ہزار تک پہنچ گئی ہے۔ ۱۵ ہزار مظاہرین دو گروہوں کی صورت میں کل ہی پہنچے تھے۔ پہلے گروہ میں ایک ہزار تھے اور دوسرے میں ... مظاہرین نے ... نعرے لگائے ... پنڈت نہرو زندہ باد ... خان عبدالغفار خان زندہ باد ... کے نعرے لگا رہے تھے۔

شرنارتھیوں کے ایک ترجمان نے کہا کہ شاید ان کو کڑی سخت قدم اٹھانا پڑے اور بھوک ہڑتال کرنی ہو لیکن ہر کسی حالت میں ... عدم تشدد کی راہ سے نہ ہٹیں گے ...

... اسی کیمپ کے ... شرنارتھیوں نے مطالبات پیش ... آسمان کے نیچے سورج کی تپش اور بارش کی ...

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ عام

جمعہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی طرف سے جلسہ عام ہوگا جس میں مولانا نور الدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ علماء ہند اور مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی اور مولوی محمد ... صاحب دہلوی ... تقریریں فرمائیں گے۔ امید ہے کہ مسلمانان دہلی بکثرت شرکت فرمائیں گے۔ ... ناظم ...

جمعیۃ علماء ضلع ... کی مجلس منتظمہ کا جلسہ

ممبران مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع ... کا ایک ضروری جلسہ بتاریخ ۱۱ اگست ۱۹۴۸ء ... منعقد ہوگا ... گذشتہ جلسہ کی روئداد ... ضلع کے دفتر کے افتتاح کی تاریخ ... کسٹوڈین ...

ناجائز افیون رکھنے پر گرفتار

... ایک شخص ... تولہ ناجائز افیون رکھنے پر گرفتار کر لیا گیا ہے۔

میونسپل ملازمین کی ہڑتال کا امکان

خیال ہے کہ اگر میونسپل انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے ملازموں کو ... تنخواہ ... اضافہ نہ کیا گیا تو ... اگست سے ... ملازمین ہڑتال کر دیں گے۔

... مزدوروں نے ... تنخواہ ... مطالبہ ... اضافہ ...

بیسے دیکر ٹیلیفون کرنے کا سسٹم ملتوی

... اگست سے پیسے ڈال کر ٹیلیفون کرنے کا جو نظام ... ملتوی کر دیا گیا ... ٹیلیفون ... انتظام ... ملتوی ...

نئے ڈائرکٹر سول سپلائی

خیال ہے کہ ... ڈائرکٹر سول سپلائی ... کی جگہ ... مقرر کئے جائیں گے۔

میونسپلٹی کی جانب سے مقدمات

دہلی میونسپلٹی ... مقدمات ... ۹۳ اشخاص ... مقدمے چلائے ہیں۔

مفت طلب کیجئے

مساجد کے ائمہ ... کے لئے ... رسائل ... مفت ... طلب کیجئے ... ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی۔

ہند اور پاکستان کی تجارت

ہند کو ۳ کروڑ کا خسارہ

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ۴۹-۱۹۴۸ء میں ہند اور پاکستان کے درمیان تقریباً ۱۰۰ کروڑ روپیہ کی تجارت ہوئی ہے جو ہندوستان کی مجموعی تجارت کا ۲۰ فی صدی ہوتی ہے۔

اس دوران میں ہند نے پاکستان سے ... کروڑ روپیہ کا سامان منگایا اور پاکستان نے ہند سے ... کروڑ کا سامان لیا۔ خشکی کے راستے ہونے والی تجارت درآمد کا ... فی صدی اور برآمد کا ... فی صدی ہوتی ہے۔

ہند نے پاکستان کو جتنا سامان بھیجا اس میں سے ۶۵ فی صدی مغربی پاکستان کو گیا اور جتنا سامان منگایا اس میں سے ۲۸ فی صدی مغربی پاکستان سے اور ۷۲ فی صدی مشرقی پاکستان سے۔

اس طرح ہند کو پاکستان کے ساتھ تجارت میں ... کروڑ روپیہ کا خسارہ رہا۔ پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق ہند کو ... کروڑ کا خسارہ رہا ہے۔

ہوٹل کا مفرور ملازم گرفتار

نئی دہلی کے ایک ہوٹل کے ایک مفرور ملازم کو جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے ... ہوٹل ورکروں کے مظاہرہ میں حصہ لیا تھا، پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ گرفتار شدگان کی تعداد اب ... تک پہنچ گئی ہے۔

... گرفتار شدگان میں سے ... پر ... الزام ... مقدمہ چلایا جائے گا۔

پٹنہ اور دہلی کی ٹیموں کا مقابلہ

دہلی میں فٹ بال کا میچ

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ ... کلب ایک فٹ بال کا ٹیم کلکتہ بھیج رہا ہے ... ۱۵ اگست کو ... راؤنڈ میں نئی دہلی ہیروز کا ... کلب سے مقابلہ ہوگا۔ (پ ٹ ا)

بس ملازمین کی ہڑتال جاری ہے

فوج اور پولیس سروس چلا رہی ہے

دہلی ۱۰ اگست۔ ... بس ... ملازمین کی ہڑتال ... دہلی کی بس سروس پوری طرح معطل ہو گئی ... فوجی ڈرائیوروں اور پولیس کے کنڈکٹروں کی امداد سے سروس پھر شروع ہو گئی ... ہر بس پر دو مسلح سپاہی ... تعینات ... شام کے ۶ بجے تک تقریباً ۱۸۰ بسیں ... چل رہی تھیں ...

... بس ڈپو ... پولیس ...

شہریت کی کوئی مستقل تشریح نہیں ہوگی

نئی دہلی ۱۰ اگست۔ ... ڈاکٹر امبیڈکر نے ... شہریت کے بارے میں ... شرائط بیان کیں ... ہندوستان کی شہریت ... پاکستان ... ۱۹ جولائی ۱۹۴۸ء سے قبل ... ہندوستان میں ...

مسٹر راج گوپال اچاری نئی دہلی روانہ ہو گئے

بمبئی ۱۰ اگست۔ ہز ایکسیلنسی گورنر جنرل مسٹر سی راج گوپال اچاری بمبئی میں تین روز قیام کرنے کے بعد کل شام فرنٹیئر میل سے نئی دہلی روانہ ہو گئے۔ روانگی سے قبل انہوں نے کہا میں یہاں سے بہت خوشی خوشی خوش و خرم لوٹ رہا ہوں۔ مجھے خوشی ہے سردار پٹیل کی حالت بہتر ہو رہی ہے۔ میں خوش ہوں کیونکہ مجھے افسردہ ہونے کا چھوٹا سا بھی کوئی سبب نظر نہیں آتا۔ ... سورج ... مسٹر گوپال اچاری کو ... گارڈ آف آنر پیش کیا۔ گورنر بمبئی سر مہاراج سنگھ، وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیر، ... اسٹیشن پر الوداع کہنے آئے۔ (اپ ٹ ا)

دہلی کے کسٹوڈین کو میر صاحب کا خط

ہندوستانی مسلمانوں کیلئے انصاف کا مطالبہ

دہلی ۱۱ اگست۔ مشہور لیڈر میر مشتاق احمد نے دہلی کے کسٹوڈین کو حسب ذیل خط لکھا ہے:

ڈپٹی کسٹوڈین صاحب،

میں ارادۃً اس ناانصافی کے سلسلہ میں خاموش تھا جو دہلی کے ہندوستانی مسلمانوں کے ساتھ ان کی جائداد اور اس کے قبضے کے سلسلہ میں کی جا رہی ہے۔ ہندوستانی مسلمانوں سے میری مراد ان مسلمانوں سے ہے جو کبھی بھی پاکستان کے لئے نہیں گئے اور نہ آئندہ جانے کا ارادہ رکھتے ہیں ... اپنی قسمتوں کو اپنی مادر وطن سے وابستہ کر چکے ہیں ... پاکستان مسلمانوں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے ... افسران بالا کو غلط اطلاعات فراہم کر کے گمراہ کیا جا رہا ہے ... کسٹوڈین قبضہ کرے ... ہندوستانی مسلمانوں کے ہندوستانی شہریت کے حقوق ... سب پاکستانی نہیں ... متعدد واقعات ... ناانصافی ... ہندوستانی کی حیثیت سے ... امید ہے کہ آپ یقیناً کوئی ایسا ... انصاف کرنے میں ممد ہوگا ... کسٹوڈین ... کو بھی تقویت دے گا۔

آپ کا صادق، میر مشتاق احمد

عورتوں کا ہفتہ واری جلسہ

والدہ صاحبہ معز الدین صاحب مالک قدیمی دواخانہ کی زیر صدارت ہفتہ واری جلسہ منعقد ہوا ... عزیزہ یوسف ... نسیمہ بیگم، عفت آرا اور مبین و جاجرہ بیگم ... نظمیں اور تقریریں کیں۔

علاقہ کوتوالی میں چوری

علاقہ کوتوالی میں ... روپیہ کی مالیت کے زیورات ... چوری ہو گئے ہیں۔

بغیر پرمٹ کا کپڑا

... اسپیشل پولیس نے ... پانچ اشخاص کو بغیر پرمٹ کے ... کپڑا برآمد ہونے پر گرفتار کر لیا ہے۔

نومبر کے آخر میں میری دعوت پر شاہ ایران امریکہ آئینگے

واشنگٹن میں صدر ٹرومین کا اعلان

واشنگٹن ۱۰ اگست۔ صدر ٹرومین نے کل اخبارات کا اعلان کیا کہ شاہ ایران نے ان کی امریکہ آنے کی درخواست قبول کر لی ہے۔ صدر امریکہ نے اعلان کیا کہ شاہ ایران یہاں نومبر کے آخری ہفتہ میں ... مہمان ہوں گے ... شاہ ایران ... ملاقات ... استقبال کیا جائے گا۔ (پ ٹ ا)

نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کے علاج کیلئے

حکیم محمد ابراہیم نے خدمات پیش کر دیں

... ۱۰ اگست ... حکیم محمد ابراہیم صاحب ... نائب وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ایک تار دیا ہے جس میں موصوف کی صحت کے بارے میں اظہار تشویش کرتے ہوئے اپنی طبی خدمات کی پیشکش کی ہے۔

حکیم صاحب کا خیال ہے کہ اگر ان کو ایک ہفتہ علاج کرنے کا موقع دیا گیا تو وہ انشاء اللہ طب یونانی کے کمالات ... ایک دن ... مفت ...

آغا خاں کے جواہرات کی چوری

ابھی تک چوروں کا سراغ نہیں مل سکا

پیرس ۱۰ اگست۔ ... آغا خاں کے جواہرات کی چوری ... ابھی تک ... سراغ ...

سہارنپور کی خبریں

۵۶۱ روپیہ مٹھری مین نے اڑا لئے

سہارنپور ... اگست (بذریعہ ڈاک) دفتر جمعیۃ علماء سے معلوم ہوا ہے کہ ایک شخص محمود ... کو ۹ اگست کو ... نے ماتحت گرفتار کیا ... اس روز عدالت میں پیش نہ ہو سکنے کی وجہ سے جیل لے جاتے ہوئے ملزم کی ... حوالدار ... ۵۶۱/۸/۰ روپیہ ... اس کے احتجاج پر ... واپس مل جائیں گے ... معلوم ہوا ہے کہ محمود مذکور کی لڑکی کی شادی تھی اور وہ سامان شادی خریدنے کے لئے ... بازار آیا تھا کہ یہ واقعہ پیش آیا۔

ہوس اقتدار کی اڑچن

صوبائی کانگریس کی طرف سے ہر ضلع ... میونسپل بورڈ کے انتخابات ... رشتی، کیش، ... الیکشن بورڈ قائم کیا جائے ... کانگریس میں ... مسلمانوں ... الیکشن بورڈ قائم کئے جاویں۔

سب انسپکٹر نے ڈی ایس پی کو نوٹس دیدیا

سہارنپور ... اگست (بذریعہ ڈاک) چونکہ پولیس ... سب انسپکٹر پولیس ... ڈی ایس پی کو نوٹس دیا ہے ... ۱۱/۴/ ... روپیہ ... گفتگو ... کہا جاتا ہے کہ یہ واقعہ ایک سال ... سب انسپکٹر اور ڈی ایس پی دونوں ... (نامہ نگار)

شہر کوتوال کا تبادلہ

سنتری سردار سنگھ شہر کوتوال یہاں سے تبدیل ہو کر منگلور چلے گئے ہیں۔ آپ کی جگہ ... آ چکے ہیں۔

جامن کھانے گئے مگر واپس نہیں آئے

سہارنپور ... اگست (بذریعہ ڈاک) گنگوہ ... دو لڑکے ... ایک قریبی باغ میں جامن کھانے کے لئے گئے ... تلاش ... لاش ...

صدر جمعیۃ علماء قصبہ بہٹ کو صدمہ

... صدر جمعیۃ علماء قصبہ بہٹ ... صاحبزادے محمد ... کا اچانک انتقال ہو گیا ... مرحوم کی عمر ... سال تھی ... (اپنے نامہ نگار سے)

بازار بھاؤ

دہلی بازار صرافہ

چاندی حاضر ۱۹۲ روپیہ ... سونا ۱۱۳ روپیہ ... گنی ۱۲۹ ... پونڈ ...

دہلی غلہ مارکیٹ

چھلکا چنا ... چنے ... گوار ... ارد ... دال مونگ ... دال مسور ... دال ارہر ... تیل ...

دہلی منیاری مارکیٹ

پوٹ پاش ... کوہاٹی ... کریانہ ... چری ... کیسن ... اسٹاک ... کشمیر ...

دہلی کریانہ مارکیٹ

ہلدی ... لونگ ... مرچ لال ... کشمش ... آب پاشی ... بادام کاغذی ... کچی ... پستہ ... سپاری ... بادام ... کاغذ ... سونف ...

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ... روپیہ چنے ... جو ... باجرہ ... جوار ... گوار ... چنا ... ارد ... مونگ ... مسور ... شکر ... چینی ... کھانڈ ... گڑ ... تیل ... سرسوں ... بنولہ ... ہلدی ... سفید ... چاندی ... ستبر ...

فہرست کسٹوڈین

بقیہ صفحہ ۵

نمبر مسلسل	نمبر مکان	جائے وقوع	کس قسم کی ہے
۱۳۴۴۰	۳۵۲	پھاٹک حبش خاں	دونوں
۱۳۴۴۱	۳۵۳	〃	〃
۱۳۴۴۲	۳۵۵	〃	〃
۱۳۴۴۳	۳۵۶	〃	〃
۱۳۴۴۴	۳۵۷	〃	〃
۱۳۴۴۵	۳۶۹	〃	〃
۱۳۴۴۶	۳۷۱	〃	[illegible]
۱۳۴۴۷	۴۰۳	〃	[illegible]
۱۳۴۴۸	۴۱۱	کٹرہ کاروانہ	مکان
۱۳۴۴۹	۵۶۰	بارہ دری	دونوں
۱۳۴۵۰	۷۰۱	گلی امیر بخش	[illegible]
۱۳۴۵۱	۷۰۴	〃	دونوں
۱۳۴۵۲	۷۰۵	〃	[illegible]
۱۳۴۵۳	۷۰۶	〃	دونوں
۱۳۴۵۴	[illegible]	〃	[illegible]
۱۳۴۵۵	۷۰۸	〃	دونوں
۱۳۴۵۶	[illegible]	〃	〃
۱۳۴۵۷	[illegible]	[illegible]	〃
۱۳۴۵۸	۴۱۱	〃	〃
۱۳۴۵۹	۴۱۳	〃	〃
۱۳۴۶۰	۴۱۴	〃	〃
۱۳۴۶۱	۴۱۵	〃	〃
۱۳۴۶۲	۴۲۱	〃	〃
۱۳۴۶۳	۹۶۴	〃	〃
۱۳۴۶۴	۹۶۵	〃	[illegible]
۱۳۴۶۵	۹۷۰	گلی [illegible]	دونوں
۱۳۴۶۶	۱۰۴۴	〃	〃
۱۳۴۶۷	۱۰۴۴	〃	〃
۱۳۴۶۸	۱۰۴۵	〃	〃
۱۳۴۶۹	۱۰۴۶	〃	〃
۱۳۵۰۰	۱۰۴۷	〃	〃
۱۳۵۰۱	۱۰۴۸	〃	[illegible]
۱۳۵۰۲	۱۰۵۱	〃	دونوں
۱۳۵۰۳	۱۰۵۵	〃	〃
۱۳۵۰۴	۱۰۵۶	〃	〃
۱۳۵۰۵	۱۰۵۷	〃	مکان
۱۳۵۰۶	۱۰۵۹	〃	دونوں
۱۳۵۰۷	۱۰۶۳	بڑا بازار	〃

کتابت طباعت کی غلطی کا ادارہ ذمہ دار نہیں

دہلی سے لاہور پاکستان اور پاکستان سے ہندوستان

استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت سے بجلت و بکفایت ہماری معرفت بھیجئے

المشتہر: دہلی کمرشل کارپوریشن، گلی سوداگران بلیماران، چاندنی چوک دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما جی۔ بی روڈ دہلی

سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاسی اور آئینی سبق آموز اور دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جنکی شہرت اور مقبولیت عام ہو چکی ہے

علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے - از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، جلد اول ... جلد دوم ...

علمائے ہند کا شاندار ماضی - از حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند، طبع دوم کی جلد اول قیمت ...

حیات شیخ الاسلام - حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات، قیمت ...

مجاہد جلیل - از جناب ... حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب (مختصر سوانح) قیمت ...

باغی ہندوستان - تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات ... عالم اجل مولانا فضل حق خیرآبادی کے قلم مبارک سے - قیمت ...

مسلمانوں کا روشن مستقبل - مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بار بار طبع ہو کر ... قیمت ...

غدر کے چند علماء - از مفتی انتظام اللہ شہابی ... قیمت ...

ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء - از مفتی صاحب موصوف، قیمت ...

روح روشن مستقبل - روشن مستقبل کا خلاصہ، قیمت ...

رسالہ ہمارے پیغمبر - مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب جو بچے کے مدارس میں داخل درس ہے - قیمت ...

ہر قسم کی علمی، مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں۔ قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو - گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

اہل اسلام حضرات سے ضروری اپیل

ایک نیم شکستہ مسجد ... تعمیر کی جا رہی ہے ... حضرات ... ثواب ... ہر مسلمان کا فرض ہے ... امداد فرمائیں ...

المشتہر: ... ناظم ... ضلع مراد آباد

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد | دہلی یوم اتوار مورخہ ۱۰ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۴ اگست سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۸۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ایک مفرور کمیونسٹ گرفتار

بھاگلپور ۱۳ اگست۔ مسٹر برجو ناتھ ... ایک مشہور کمیونسٹ جو عرصہ سے مفرور تھے گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ ان کو ان کے گاؤں ... گرفتار کیا گیا ہے۔

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ہندوستان و پاکستان

کے درمیان

جہاز اور ریل کے ذریعہ سفر کا ٹکٹیں اور تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت جلدی اور ارزاں نرخ پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔

گپتا برادرس (ایجنٹس)

ہیڈ آفس:۔ کارونیشن ہوٹل، چاندنی چوک، فتحپوری دہلی

برانچ:۔ گلی قاسم جان ...

ٹیلیفون 5071

تار کا پتہ GUPOS

فون نمبر 6841

اُردو کو غیر قومی اور غیر ملکی بنا کر دو نظریہ کو زندہ نہ کیا جائے

مہاتما گاندھی نے ہندوستانی کے متعلق غور و خوض کے بعد فیصلہ کیا تھا مگر آج کانگریس کے پرانے ساتھی ہندوستانی کی مخالفت کر رہے ہیں

زبان کے مسئلہ کو سیاسی جذبات کے چشمہ سے نہ دیکھنا چاہئے

کانگریس اسمبلی پارٹی کے اجلاس میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن کی تقریر

دہلی ۔ خصوصی نامہ نگار الجمعیۃ ۔ ۱۲ اگست

مجلس دستور ساز کی کانگریس اسمبلی پارٹی میں جمعیت علماء ہند کے ناظم اعلیٰ اور مجلس دستور ساز کے رکن حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے قومی زبان اور رسم الخط کے متعلق تقریر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ مہاتما گاندھی نے ہندوستانی کے متعلق جو فیصلہ کیا تھا وہ سوچا سمجھا فیصلہ تھا۔ اس لئے کانگریس کو اسی پر قائم رہنا چاہئے اور زبان کا دامن تنگ نہیں کرنا چاہئے۔

مولانا حفظ الرحمٰن نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان کی قومی زبان ہندوستانی اور دیو ناگری اور اردو رسم الخط ہونا چاہئے۔ لیکن اگر یہ بھی نہ ہو تو دیو ناگری کو سرکاری رسم الخط اور اردو کو ثانوی حیثیت میں تسلیم کیا جائے۔

گاندھی جی کا نظریہ زبان

جنتا کی قدرتی زبان

ہندوستانی پرچار سبھا کا قیام

روسیوں نے چار ایرانیوں کو پکڑ لیا

حکومت ایران کا روس سے احتجاج

تہران ۱۳ اگست۔ آج یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ایران نے اپنے ان چار سرحدی افسروں کی گرفتاری کے خلاف روس سے احتجاج کیا ہے جنہیں گذشتہ ہفتہ گرفتار کر لیا گیا تھا۔

مسلمانوں کیلئے شہریت کے علیحدہ قوانین نہیں بنائے جا سکتے

مسلمانوں یا پاکستان کی خوشامد کے الفاظ ممبروں کو استعمال نہیں کرنا چاہیئے

دستور ساز اسمبلی میں پنڈت نہرو کی تقریر

نئی دہلی ۱۲ اگست۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے آج دستور ساز اسمبلی میں بعض مقررین کے شہریت کے مسئلہ پر حکومت ہند کی پالیسی کو ... مسلمانوں یا پاکستان کی خوشامد کے الفاظ استعمال کرنے پر احتجاج کیا۔

بین الاقوامی حالت سال گذشتہ سے بہتر ہے

موسیو لی کی خوش فہمیاں

صوبائی زبانوں کا درجہ

پنڈت نہرو کے خیالات

دستور ساز اسمبلی میں حقوق شہریت پر بحث جاری ہے

دہلی ۱۲ اگست۔ آج پھر دستور ساز اسمبلی میں شہریت کے متعلق دفعات پر بحث ہوئی۔

گنگا میں کشتی الٹ جانے کا حادثہ

دس افراد غرق ہو گئے

سرت بوس کی مغربی بنگال اسمبلی کے مسلم ممبران سے ملاقات

میکسیکو کا تحفہ پہونچ گیا

ہندو طلبا آزادی کا بائیکاٹ کریں

ہندو اسٹوڈنٹس فیڈریشن کا بیان

مسئلہ زبان پر پنڈت نہرو کی تقریر

ہندوستانی زبان اور رومن رسم الخط کی حمایت

(نامہ نگار خصوصی)

آزادی نمبر

Daily Aljamiat ESTD. 1925 Delhi. 13.8-49

ہند کی قومی زبان ہندی اور رسم الخط دیوناگری ہوگا

کانگریس پارٹی نے زبان کے سوال پر آخری فیصلہ کر لیا

کانگریس میں حتی المقدور حصہ لے کر اس کو مضبوط بنایئے

سماجی اور اقتصادی آزادی کانگریس ہی دلا سکتی ہے۔ شنکر راؤ دیو کا بیان

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری شری شنکر راؤ دیو نے ہفتہ آزادی کے سلسلہ میں اپیل کی ہے کہ اس موقع پر کانگریس کے ابتدائی ممبر بنانے کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے۔

عوام سے کانگریس میں حتی المقدور حصہ لینے کی اپیل کرتے ہوئے شری شنکر راؤ دیو نے کہا ہے کہ ۱۵ اگست کو ہم آزادی کی دوسری سالگرہ منا رہے ہیں۔ ہم نے جو آزادی حاصل کی ہے وہ صرف سیاسی ہے اور ہمارا یہ فرض ہے کہ اس کو اقتصادی اور سماجی دائرہ تک وسیع کریں۔ یہاں تک کہ ہر شخص روزمرہ کی زندگی میں پوری طرح آزاد ہو۔

موجودہ حالات میں انڈین نیشنل کانگریس سے بہتر کوئی جماعت نہیں ہے جو اس کو حاصل کر سکے جس نے تنہا ہندوستان کے لئے آزادی کی جدوجہد کی ہے۔ بنابریں ہم سب کا فرض ہو جاتا ہے کہ اس جماعت کو مضبوط کریں ...

الموڑہ میں زبردست بارش

سڑکوں پر آمد و رفت رک گئی

مسودہ دستور کے خصوصی پہلو

سونے کی قیمت میں اضافہ

واشنگٹن میں کانفرنس ہوگی

کانگریس کی اخلاقی بحالی کی طرف توجہ کرنی چاہیئے

ہر شخص کو خوراک کے مسئلہ کے لئے کچھ نہ کچھ کرنا چاہیئے

صدر کانگریس کی یوم آزادی کی اپیل!

جائدادوں کی تحصیل اور معاوضہ

گورنر جنرل سے زمینداروں کا احتجاج

زبان سے غفلت قوم کی تباہی کا موجب ہوتی ہے

شعراء کو اردو کی حفاظت کے لئے متحد ہو جانا چاہیئے

شہنشاہ متغزلین حضرت جگر مرادآبادی کی اپیل

جنگلی جانوروں کو ہلاک کیا جائے

احمد آباد کے شہریوں کا احتجاج

مشرقی بنگال میں زمینوں کو سرکاری ملکیت بنانے کا سوال

وزیر اعظم کا ایک پریس نوٹ میں اعلان

ویٹ نامی فوجوں کا سیگاؤں پر حملہ

ایک شخص ہلاک بارہ زخمی

مکمل آزادی کیلئے دو ماہ سے زیادہ گفت و شنید نہ کی جائیگی

لیاقت علی خاں سے ملاقات کے بعد ڈاکٹر حتی کا بیان

کابل جانے والی ہندی ہاکی ٹیم

سراواک کے راجہ کے داخلہ پر پابندی

راجہ کا حکومت برطانیہ کے خلاف احتجاج

ہندوستانی کپڑے کے بائیکاٹ کا مسئلہ

حکومت ہند صورت حال معلوم کر رہی ہے

لندن کے بیرسٹروں کی کراچی کے لئے روانگی

بیگم قائم رضوی سے ملیں گے

ابھی تک ہیگ کانفرنس کی تاریخ مقرر نہیں ہوئی

تاریخ کا تعین انڈونیشی نمائندوں کے مشورہ سے ہوگا

ہندوستان کے دستور کی دوسری خواندگی

پنڈت نہرو اور شروا ماتا کی ملاقات

برطانیہ الحدبندی کا خرچہ کم نہ کرے گا

برطانوی نمائندے کا بیان

دستور ساز اسمبلی کانگریس پارٹی زبان کے مسئلہ پر متفق ہوگئی

بس کے ملازمین نے غیر متعینہ عرصہ کیلئے ہڑتال کرنیکا فیصلہ کرلیا

ہندی ناگری رسم خط میں سرکاری زبان ہوگی

ایک فارمولا بنانے کے لئے کمیٹی مقرر کردی گئی

نئی دہلی ۱۲ اگست ۔ سرکاری زبان کا مسئلہ اب طے سمجھنا چاہئے ۔ کیونکہ دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی نے کل کے جلسہ میں عام فہم ہندی کو منتخب کر لیا ہے ۔ رسم الخط دیوناگری رہے گا ۔ کانگریس پارٹی نے ایک کمیٹی بھی مقرر کی ہے جو ایک فارمولا تیار کرے گی جو ہندی کے سرکاری زبان بنائے جانے کی مدت اور دوسرے مسائل پر حاوی ہوگا ۔ کمیٹی اس کی تشکیل میں ان تمام خیالات کو پیش نظر رکھے گی جو اس بارے میں مختلف مواقع پر بحث کے دوران میں ظاہر کئے گئے ہیں ۔

کمیٹی کو کئی دوسرے سوالات کو بھی حل کرنا ہوگا ۔ مثلاً ہندی اس سال میں انگریزی کی جگہ لے لے گی یا پندرہ سال کی مقررہ مدت کے بعد سرکاری زبان نافذ کی جائے یا اس مدت میں رفتہ رفتہ اس کا رواج شروع کر دیا جائے ۔ یا اس کو انگریزی کے ساتھ ساتھ رائج کیا جائے ۔ جہاں تک کہ یہ انگریزی کی جگہ کلی طور پر رائج ہو جائے ۔ اگر ایسا کیا جائے تو کس طریقہ سے ۔

مسودہ کمیٹی کے علاوہ اس کمیٹی میں مولانا آزاد ، پنڈت پنت ، ڈاکٹر ایس پی مکرجی ، راج کماری امرت کور ، مسٹر سنتھانم ، مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن ، مسٹر بال کرشن شرما ، شری نگا ... اور مسٹر ستیہ نرائن شامل ہیں ۔

جنوبی ہند ، بنگال اور آسام کے ممبروں نے کہا کہ انگریزی کو پندرہ سال تک کے لئے برقرار رکھا جائے ۔ ہندی بولنے والے گروپ نے کہا ، اس مدت میں ہندی کو رفتہ رفتہ رائج کیا جائے ۔ ان علاقوں سے جہاں ہندی بولی نہیں جاتی یہ بات مان لی گئی کہ پارلیمنٹ ان علاقوں کو تسلیم کرے جہاں درمیانی مدت میں ہندی سرکاری زبان نہیں ہوگی ۔

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی سب سے بڑی گارنٹی

لاہور ہائی کورٹ کے جج کی پاکستانی قرارداد مقاصد پر تقریر

لاہور ۱۲ اگست ۔ مسٹر جسٹس ایس اے رحمٰن لاہور ہائی کورٹ کے جج نے لاہور ریڈیو سے پاکستان کی قرارداد مقاصد پر تقریر کرتے ہوئے کہا اگر اقلیت اپنے دماغ سے پہلے سے سوچے اور سمجھے ہوئے خیالات نکال دے تو ان کے لئے یہ سمجھنا کچھ مشکل نہ ہوگا کہ ان کے حقوق کے تحفظ کی سب سے بڑی گارنٹی دی جا رہی ہے ۔

دہلی ٹرانسپورٹ سروس کی طرف سے ہڑتالیوں کو برطرفی کی دھمکی

وزیر اعظم پنڈت نہرو سے مداخلت کی اپیل

دہلی ۱۲ اگست ۔ دہلی ٹرانسپورٹ سروس کے ملازموں نے اپنی سہ روزہ علامتی ہڑتال کو غیر متعینہ مدت کی ہڑتال میں تبدیل کر دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔ انہوں نے یہ فیصلہ ٹرانسپورٹ سروس کے جنرل منیجر کے اس الٹی میٹم کے جواب میں کیا ہے جس میں ملازموں سے کہا گیا تھا کہ ... کی صورت میں ملازمت سے برطرف کر دیئے جائیں گے ۔

سندھ میں موٹر ٹرانسپورٹ کی ہڑتال

کراچی ۱۲ اگست ۔ سندھ موٹر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن نے ۱۵ اگست سے ہڑتال کرنے کا قطعی فیصلہ کر لیا ہے ۔ یہ ہڑتال اس لئے کی جا رہی ہے کہ حکومت کے مقرر کردہ ٹیکس حد سے زیادہ اور ناقابل برداشت ہے ۔

جلسہ نے ایک ایکشن کمیٹی مقرر کی ہے جو صوبہ بھر میں ہڑتال کے حق میں لوگوں کو تیار کرے گی ۔ حکومت سندھ کو ہڑتال کا چودہ دن کا نوٹس دے دیا ہے ۔ (اپ ٹ ا)

مارشل ٹیٹو کو قتل کرنیکی کوشش

ٹریسٹ ۱۲ اگست ۔ ٹریسٹ کے جنوب میں واقع بندرگاہ پولا سے گذشتہ روز کو منقارم کے دو بیٹا ایجنٹ گرفتار کئے گئے ۔ الزام لگایا جاتا ہے کہ حال ہی میں مارشل ٹیٹو کو قتل کرنے کی جو کوشش کی گئی تھی اس میں یہ لوگ بھی شامل تھے ۔

البانیہ کی حد کے ساتھ ساتھ جنگ

یونانی فوج کا اہم مورچے پر قبضہ

ایتھنز ۱۲ اگست ۔ یونان کے جنرل اسٹاف کے دفتر سے رات اعلان کیا گیا کہ شمالی یونان میں البانیہ کی سرحد کے ساتھ ساتھ جو جنگ ہو رہی تھی وہ اب مشرق میں وٹسی پہاڑیوں تک پھیل گئی ہے ۔

آغا خاں کے جواہرات

ڈاکو واپس کرنے پر تیار ہیں

ٹریسٹ کے ملازموں کی ہڑتال

ہالینڈ انڈونیشیا کو غیر مشروط اور مکمل آزادی دینے کیلئے تیار نہیں

ہیگ کی گول میز کانفرنس کی کامیابی مشکوک ہو رہی ہے

ڈچ نمائندے معاہدہ رینول کی آڑ میں پناہ لے رہے ہیں

ہیگ ۱۲ اگست ۔ ہالینڈ اور انڈونیشی نمائندوں کے درمیان جنگ بند کرنے کی گفت و شنید کے وقت ڈچ ڈیلی گیشن کے لیڈر ڈاکٹر فان رائن نے آج ایک پریس کانفرنس میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ ڈچ حکومت اس سال انڈونیشیا کو خود مختاری منتقل کر دینے کا پختہ ارادہ رکھتی ہے ۔

ہماچل پردیش میں آلو وں پر ٹیکس

نصف درجن اشخاص کا احتجاجی فاقہ

ڈاکٹر کیکر طہران اور قاہرہ بھی جائیں گے

نئی دہلی ۔ معلوم ہوا ہے کہ سفر کابل کے بعد ہندوستان کے نائب وزیر خارجہ ڈاکٹر کیکر طہران ، قاہرہ اور دیگر اسلامی ممالک کا بھی دورہ کریں گے ۔

اردو صرف مسلمانوں کی زبان نہیں

گورنر آسام برما کی سرحد پر

فرانس میں دنیا بھر کے ہزار جاسوس موجود ہیں

یہ جاسوس ایک دوسرے کی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے ہیں

لندن ۱۲ اگست ۔ ...

ڈاکٹر بنچ کو فلسطین کے فرائض سے سبکدوش کر دیا گیا

مجلس تحفظ کا ۹ ووٹ سے فیصلہ روس نے ووٹ نہیں دیا

لیک سکس ۱۲ اگست ۔ آج مجلس تحفظ نے فیصلہ کیا ہے کہ ڈاکٹر بنچ کو فلسطین میں فرائض سے سبکدوش کر دیا جائے اور وہاں کے عربوں اور یہودیوں کے درمیان صلح کی نگرانی کے لئے ایک معمولی سا اسٹاف قائم رکھا جائے ۔

ہیضہ سے ۱۲ ہلاک

انڈر گراونڈ کمیونسٹوں نے کاغذات نامزدگی داخل کئے

تسلی ہو تو ٹھیکہ پر علاج کراؤ

نامردی ، آتشک ، سوزاک ، جریان ، احتلام ، سرعت انزال وغیرہ امراض کے لئے خاندانی شفاخانہ ... سے خط و کتابت کریں ۔ مشورہ مفت ۔ لٹریچر مفت

مسلم یونیورسٹی ہائی سکول

اول درجہ کا جدید ترین سکول جس کا سٹاف نہایت اچھا ، بلڈنگ عمدہ ترین اور لیبارٹریاں نہایت شاندار ہیں ۔ طلباء کو قلیل خرچ میں کیمبرج کی قابل رشک تہذیب میں ڈھالا جاتا ہے ۔

سکول کا داخلہ موسم گرما کی تعطیلات کے بعد ۱۶ اگست ۱۹۴۹ء کو کھلیگا ۔ بورڈنگ ہاؤس ۱۵ اگست سے شروع ہو جائے گا جو طلباء داخل ہونا چاہتے ہوں وہ جلدی کریں ۔

نوٹس حسب آرڈر ۲ قاعدہ نمبر ۶۶ ... اشتہار نیلام ...

ہوائی جہاز

کے ٹکٹ کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں ۔ (المشتہر)

دہلی کمرشل کارپوریشن ، گلی گوگران ، بلیماران دہلی

مفت طلب کیجئے

ضرورت ... قاضی نگر ... شاہدرہ ، دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۴ اگست ۱۹۴۹ء

ہماری یونیورسٹیاں

ہز ایکسیلنسی گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ نے بمبئی میں بھارتیہ ودیا بھون کی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے یونیورسٹی کی تعلیم اور طلباء کی اخلاقی اور ذہنی حالت پر تبصرہ کرتے ہوئے بہت ہی اچھے اور درس خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ آپ کا یہ کہنا ایک حقیقت ہے کہ ”تعلیم سے فراغت کے بعد ہر طالب علم کو یہ سوچنا چاہیئے کہ اس نے اپنی شخصیت کی تعمیر میں کہاں تک کامیابی حاصل کی ہے ۔ یہ سوچنا چاہیئے کہ اس نے کہاں تک تعلیم حاصل کی بلکہ اس پر غور کرنا چاہیئے کہ اس کے کیرکٹر میں کس حد تک شائستگی پیدا ہوئی ۔“ لیکن کیا یونیورسٹیوں کی تعلیم کا مقصد بھی یہی ہے کہ وہ طلباء میں کیرکٹر پیدا کریں اور ان کی شخصیت کو نشو و نما دیں ؟ کیا ہمارا نصاب تعلیم زندگی کے ان ہی تقاضوں کی تکمیل کے لئے ہے ؟ کیا نصاب بنانے والے اور نصاب کو سمجھنے اور سمجھانے والے بھی اسی انداز میں سوچتے ہیں کہ یونیورسٹیوں کو تعلیم گاہ سے زیادہ تربیت گاہ ہونا چاہیئے ؟ تعلیم کے نتائج اور عام طلباء کی پرائیویٹ اور پبلک زندگی ان سوالات کا جواب نفی میں دے گی ۔ شری راجگوپال آچاریہ جو ذہنی اور اخلاقی تربیت کے بہت بڑے معلم ہیں ، تعلیم کے ان گوشوں سے ناواقف نہیں رہ سکتے تھے ، چنانچہ آپ نے فرمایا کہ

”یہ بات مان لینی چاہیئے کہ ہر شخص کے نزدیک موجودہ یونیورسٹیوں کی تعلیم غیر تسلی بخش ہے ۔ پروفیسر ، طلباء ، والدین ، عام پبلک ، سروس کمیشن سب اس بات پر متفق ہیں کہ یونیورسٹیوں کی پیداوار کچھ زیادہ اچھی نہیں ہے ۔ اسٹیٹ کا مطالبہ صرف تعداد سے پورا نہیں ہوتا ، تعداد تو بہت ہے لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ تعداد کے ساتھ قابلیت نہیں ہے ۔ سوال کیمیت کا نہیں بلکہ کیفیت کا ہے ۔“

جغرافیہ اور عقلی ترقی کا کوئی نقشہ تیار نہیں کیا گیا اور جن کی پیداوار بقول راجہ جی ”کچھ زیادہ اچھی نہیں ہے“ ، اور شاید یہ وہ بات ہے جس سے ہم یہ راز معلوم کر سکتے ہیں کہ دنیا تباہی کی طرف کیوں جا رہی ہے اور حکومتوں کی رقابتوں اور خود غرضیوں نے کرۂ ارض کو جہنم کدہ کیوں بنا رکھا ہے ۔

جن یونیورسٹیوں میں صرف تعلیم کا انتظام ہو تربیت کا انتظام نہ ہو اور جن میں طلباء کو تاریخ اور ریاضی کا سبق ملتا ہو کیرکٹر اور اخلاق کا سبق نہ ملتا ہو ان سے ہمیں توقع ہی کیا ہو سکتی ہے اور پھر جب یہی طلباء فارغ ہو کر ایڈمنسٹریٹر ، منسٹر اور لیڈر بنیں اور قانون امن کی کنجی ان کے ہاتھ میں ہو تو دنیا کا جو حال بھی ہو کم ہے ۔ گویا راجہ جی کے ارشادات یہ راز کھلا کہ ہماری انسانیت داغدار کیوں ہے ، ہمارے بڑوں کا بگاڑ کس وجہ سے ہے ، ہماری حکومتوں کی چولیں ڈھیلی کیوں ہیں ، ہماری رگ رگ میں خود غرضی بد دیانتی اور ایذا رسانی کے پھوڑے ہرے کیوں ہو رہے ہیں ، عوام کو بے چینی اور خواص کو اضطراب کیوں لاحق ہے اور خوف ، بھوک ، اور اشتعال سے ہماری روح کیوں پگھل رہی ہے ؟

اگر مشاہدہ کا وزن منطقی استدلال سے زیادہ ہو تو ہر شخص تعلیم کے نتائج کو دیکھ کر مستقبل کا فیصلہ کر سکتا ہے ...

جمہوریت کا گہوارہ

اچھی باتیں

وان طائفتان من المؤمنین اقتتلوا

(پ ۲۶ ع ۱۳)

اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو ، اگر ایک فریق دوسرے فریق پر زیادتی کرے تو اس کی مزاحمت کرو یہاں تک کہ خدا کوئی فیصلہ کرے ، اگر وہ رجوع کرے تو فوراً انصاف کے ساتھ مصالحت کرا دو ، اور انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑو کیونکہ اللہ انصاف کرنے والوں ہی کو پسند کرتا ہے ۔

قرآن کی دوسری آیات میں جہاں انسانی مساوات اور جہانی امن پر زور دیا گیا ہے اور مسلمانوں کو امن اور صلح کا نگراں قرار دیا گیا ہے ، وہاں اس جگہ خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کو مخاطب کرکے لڑائی جھگڑے سے محترز رہنے کی ہدایت کی گئی ہے اور مومنین کی قید اس لئے لگائی گئی ہے کہ وہی عالمگیر امن کے ذمہ دار ہیں اگر وہی آپس میں لڑنے لگیں تو دنیا میں کون امن قایم کرے گا ؟ چنانچہ فرمایا کہ مسلمانوں کے کسی فریق کو دوسرے فریق سے لڑنے نہ دو اگر جھگڑا ہو جائے تو صلح کرا دو اور ظالموں کا ساتھ ہرگز نہ دو بلکہ انکی مزاحمت کرو ، مگر صلح کرانے میں انصاف کا خیال رہے ایسا نہ ہو کہ جانبداری اور قرابت کا خیال درمیان میں آ کودے اور تم مصالحت کرانے میں انصاف کا خون کر بیٹھو ، کیا مسلمان اس آیت پر عمل پیرا ہیں اپنے ضمیر سے پوچھو اور اپنے انجام پر غور کرو ۔

دو قومی نظریہ کی تائید اور مسلم مخالفت کا جوش

دہلی کنونشن میں زبان کا مسئلہ

فریاد !

افکار ———— پاکستان

انڈونیشیا

ڈچ حکومت کے متعلق اتنے شبہے پڑنے میں کہ اس نے سیکیورٹی کونسل کی ہدایات پر ابتک پوری طرح عمل نہیں کیا ۔ ۲۸ جنوری والی قرارداد میں یہ مطالبہ کیا تھا کہ ۱۵ مارچ تک انڈونیشیا میں ایک عبوری حکومت قائم کر دی جائے ۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا گیا تھا کہ اکتوبر ۱۹۴۹ء تک ملک میں انتخابات ہو جائیں ، اور یکم جولائی ۱۹۵۰ء تک تمام اقتدار انڈونیشیوں کے ہاتھ میں سونپ دیا جائے ۔ لیکن ڈچ حکومت جس رفتار سے ان ہدایات پر عمل کر رہی ہے اس سے زیادہ امید نہیں ہوتی ...

صوبائی لیگ کی غریب پروری

تقسیم ملک کے بعد سے خوش عقیدہ عوام کو مسلم لیگ اور مسلم لیگیوں کی متعدد عجیب و غریب خوبیوں کا بڑا تلخ تجربہ ہوا ہے ۔ مسلمانوں کی اس واحد نمائندہ سیاسی جماعت کا دعویٰ تھا کہ وہ اور صرف مسلم عوام کے حقوق کی نگہبان اور مسلم عوام کے ارتقاء کی امین ہے ۔ ۱۵ اگست کے بعد سے بچارے مسلم عوام کو احساس ہونا شروع ہوا کہ مسلم لیگ اور مسلم لیگیوں کی لغت میں ، مسلم عوام کے حقوق کی نگہبانی ، کے معنی ہیں سیفٹی ایکٹ کے تحت انفرادی اور شہری آزادی کو بے دردی سے کچلنا اور ، عوام کے ارتقاء کی امانت سے مراد ہے آرڈیننس راج کی بدولت لوگوں کے اقتصادی حقوق پر دن دہاڑے ڈاکے ڈالنا ۔

سریویو

ماہنامہ راہی کا شہید نمبر

دھام پور کی فضا خراب کرنیکی سعی

سنگھ کے کارکنوں کے خلاف شکایت

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے لبیک کہی ہے ان کی ایک فہرست حسب ذیل ہے۔ توقع ہے کہ مخلصین اور ہمدرد حضرات اس سلسلہ میں مزید توجہ فرمائیں گے۔

جناب والدہ صاحبہ رشید الدین صاحب، پیلکھوہ	ضلع فیض آباد	صہ	زکوۃ
جناب نعل محمد صاحب پیلکھوہ	〃	عہ	〃
〃 حاجی علیو صاحب 〃	〃	ے	〃
〃 رشید احمد صاحب پیلکھوہ	ضلع میرٹھ	صہ	〃
حکیم الدین صاحب 〃	〃	معہ	〃
〃 حافظ نذیر احمد	〃	معہ	〃
〃 حاجی سعید احمد	〃	[illegible]	〃
〃 بشیر احمد اقبال حسین صاحبان۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب عبدالمجید صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	ے	〃
جناب رستم علی صاحب پیلکھوہ	〃	ے	〃
〃 حاجی رحیم بخش صاحب	〃	عہ	〃
〃 حاجی عنایت اللہ صاحب	〃	عہ	〃
〃 حاجی محمد یعقوب صاحب	〃	[illegible]	〃
شیدو پور والے۔ بلیاران	دہلی	[illegible]	امداد
جناب نصیر الدین صاحب پرتاپ پور	ضلع میرٹھ	صہ	زکوۃ
جناب حاجی خیرات اللہ صاحب۔ پیلکھوہ	〃	عسہ	〃
جناب عبدالرحمن صاحب انصاری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب محمد حسین صاحب پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب محمد اسحق صاحب پرتاپ پور	〃	عہ	〃
جناب کچھیر و صاحب۔ پرتاپ پور	〃	عہ	〃
جناب عبدالوحید صاحب پرتاپ پور	〃	صہ	〃
جناب عاشق علی صاحب پرتاپ پور	〃	عہ	〃
جناب امداد علی خاں صاحب پرتاپ پور	〃	صہ	〃
جناب ظہور الدین صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب بشیر احمد عبدالغفور صاحبان۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب قمر الدین صاحب پرتاپ پور	〃	عہ	〃
جناب مقبول رشید صاحبان پیلکھوہ	〃	عسہ	〃
جناب بابو صاحب کیرہ	〃	عہ	〃
〃 عبدالحفیظ صاحب ریڈیو ماسٹر، پیلکھوہ	〃	صہ	〃
جناب عبدالرؤف صاحب مستری۔ بڑودہ	〃	عہ	〃
جناب امام الدین صاحب کسٹم	[illegible]	[illegible]	〃
جناب شیخ مروان صاحب پیلکھوہ	〃	ہے	〃
جناب افتخاری صاحب قصبہ پیلکھوہ	〃	۵	فطرہ
جناب محمد ابراہیم اللہ بخش صاحبان۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب محمد عمر صاحب۔ انصاری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب حکیم الدین صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	ے	〃
جناب محمد ہارون صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	ے	〃
جناب امام الدین صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب گل محمد صاحب۔ مستری۔ پیلکھوہ	〃	للعہ	〃
جناب استاد قمر الدین صاحب ماسٹر۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب ماسٹر امیر علی صاحب پیلکھوہ	〃	صہ	〃
جناب منشی صاحب [illegible]	〃	[illegible]	〃
جناب محمد [illegible] صاحب	〃	[illegible]	〃
〃 عبدالعزیز صاحب مستری۔ پیلو	〃	[illegible]	〃

جناب عبدل صاحب مستری۔ پرتاپ پور	ضلع میرٹھ	〃	
جناب عبدالغفور صاحب انصاری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب محمد صدیق۔ انور پور	〃	عہ	〃
جناب سعیدہ صاحب مستری پیلکھوہ	〃	عسہ	〃
جناب ماسٹر شرافت حسین صاحب۔ پیلکھوہ	〃	صہ	〃
جناب حاجی عبدالقدیر صاحب۔ سرادا	〃	معہ	〃
جناب رحمت بار پر دوہری	〃	عہ	〃
جناب حاجی خیرات اللہ صاحب۔ پیلکھوہ	〃	سے	〃
جناب بندو ماسٹر صاحب مقیم پور	〃	صہ	خیرات
جناب قمر الدین صاحب پرتاپ پور	〃	〃	〃
جناب عزیز الدین صاحب مقیم پور	〃	عہ	〃
جناب پیر جی شبیر احمد صاحب پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب بشیر احمد صاحب راجپوت۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب اللہ دیا صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب بندو صاحب۔ مستری۔ فرید نگر	〃	عہ	〃
جناب کشمیر صاحب انور پور	〃	عہ	〃
جناب عبدالرحمن صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	عہ	〃
جناب حافظ نظیر احمد صاحب مستری۔ پیلکھوہ	〃	سے	〃
منجانب محلہ قصبہ پیلکھوہ ضلع میرٹھ جمعیۃ علماء پیلکھوہ۔ بذریعہ نیاز احمد صاحب	〃	۱۲	امداد

اٹاوہ کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

آر ٹی او کے حکم کے خلاف عدالت کا فیصلہ

اٹاوہ فرخ آباد موٹر ایسوسی ایشن کے ممبران کو شکایت ہے کہ آر ٹی او کانپور ریجنل ٹرانسپورٹ افسر نے خلاف قاعدہ دو موٹر لاریاں یو پی وی ۲۰۵ اور یو پی وی ۳۰۶۔ اس روٹ پر پاس کر دیں چنانچہ بیان کیا جاتا ہے کہ ۱۸ جون ۱۹۴۹ء کو عدالت دیوانی سے ان گاڑیوں کو بند کرنے کے لئے حکم امتناعی جاری ہوا۔ مدعی کے شکایت کرنے پر ۱۸ جولائی کو عدالت نے فیصلہ آر ٹی او کے حکم کے خلاف دے دیا۔ اور لکھ دیا کہ ہم حکم امتناعی کو منظور کرتے ہیں۔

مسٹر [illegible] گپتا ڈپٹی کلکٹر کا تبادلہ بستی ہو گیا اور یہاں مسٹر [illegible] ڈپٹی کلکٹر آ رہے ہیں۔

سٹری دو دیا ناتھ مصر مصنف اٹاوہ نے ایڈیٹر ہندی اخبار [illegible] سارک، پر دفعہ ۵۰۰ تعزیرات ہند کے بموجب دعویٰ کر دیا ہے۔

شہر میں ہیضہ کی بیماری شروع ہو گئی ہے میونسپلٹی احتیاطی تدابیر اختیار کر رہی ہے۔

اٹاوہ سے اردو کا ماہوار رسالہ «سفینہ» عنقریب شائع ہونے والا ہے۔ اچھے ادیبوں سے درخواست کی گئی ہے کہ [illegible]

مانڈر ضلع مونگیر میں قومی لائبریری کا قیام

مانڈر شوال کو مسلمانان مانڈر کا ایک جلسہ زیر صدارت حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی۔ نائب امیر شریعت صوبہ بہار و صدر جمعیۃ علماء بہار منعقد ہوا۔ افکار و تصورات کی اصلاح اور علمی و ادبی ترقی کے لئے ایک قومی لائبریری قائم کی گئی۔ اور ایک مجلس کی لائبریری کے کاموں کی ترقی کے لئے بالاتفاق انتخاب ہوا جس کے صدر حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی صدر جمعیۃ علماء بہار اور ناظم اعلیٰ مولانا ظہور عالم صاحب قاسمی۔ اور خازن حاجی [illegible] صاحب اور نائبین ماسٹر مبارک حسین اور محمد اعظم صاحب قرار دیئے گئے۔ مختصر دستور العمل بھی منظور کیا گیا۔ اور یہ طے پایا کہ اسی کی روشنی میں لائبریری کے بہ حیثیت ممبر [illegible] کے بعد عمل میں لایا جائے۔

بین الاقوامی پارلیمنٹری یونین کانفرنس

۲ ستمبر کو ہندوستانی وفد کی روانگی

نئی دہلی ۱۱ اگست۔ بین الاقوامی پارلیمنٹری یونین میں شرکت کے لئے ہندوستانی وفد ۲ ستمبر کو بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو جائے گا۔ اور ۱۸ اکتوبر کو واپس آ جائے گا۔ کانفرنس مذکور ۷ ستمبر کو ہو رہی ہے۔ کانفرنس کے بعد وفد یورپ کا دورہ کرے گا۔ ہندوستان کے وفد میں یہ حضرات ہوں گے۔ مسٹر [illegible]۔ بہار۔ مسٹر موہن لال گوتم یو پی اور مسٹر کے سنتھانم مدراس۔ انڈین پارلیمنٹ کے سکریٹری مسٹر ایم این کول وفد کے سکریٹری ہوں گے۔

امریکی بنک نے اسپین کو قرض نہیں دیا

ادائیگی کے امکانات موہوم ہیں

واشنگٹن ۱۱ اگست۔ امریکہ کے ایکسپورٹ امپورٹ بنک کے چیرمین مسٹر ہربرٹ گیسٹن نے نمائندوں کی میٹنگ میں بیان کیا کہ ان کے بنک نے اسپین کو قرض دینے سے انکار کر دیا ہے۔ مسٹر گیسٹن نے کہا کچھ عرصہ ہوا اسپین کے ایک بنک کار [illegible] سرکاری افسروں سے ملے تھے۔ اور ایک قرض کی ادائیگی کے بارے میں گفتگو کی تھی۔ لیکن بنک نے قرض کی ادائیگی کے امکانات کو کسی قدر موہوم دیکھ کر قرض دینے سے انکار کر دیا۔

اقوام متحدہ لیبوریٹری قائم کرے گی

لیک سکسیس ۱۱ اگست۔ سائنسدانوں کی ایک کثیر تعداد نے مسٹر ٹریگو لی کو لکھا ہے کہ دنیا کو بین الاقوامی لیبوریٹری کی بہت سخت ضرورت ہے۔ یہ تمام اقوام کے لئے یکساں اہمیت رکھتی ہے۔ اس سے تحقیق کو دور کرنے اور معیار کو بلند کرنے میں بہت مدد ملے گی۔ لیکن بعض لوگوں نے اخراجات کی زیادتی کی بنا پر اس تجویز کی مخالفت کی ہے۔ [illegible] (اپ ب)

جمعیۃ علماء ہلدوانی کی جانب سے

مرکزی و صوبہ کی مالی امداد

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) مرکز و صوبہ کی مالی امداد کی اپیل پر جمعیۃ علماء ہلدوانی کے عہدیداران نے عید کے یوم سعید پر مسلمانان ہلدوانی بالخصوص محلہ بنجاران سے چندہ کیا۔ چندہ کی فراہمی میں حصہ لینے والوں میں مولانا حکیم اللہ حاجی بشیر احمد صدر ضلع حافظ مولا بخش صدر جمعیۃ مقامی حافظ محمد اسمٰعیل ناظم مقامی۔ منشی محمد ابراہیم سالار صاحبان کے نام قابل ذکر ہیں۔ چنانچہ تخمیناً تین سو روپیہ سے اوپر چندہ جمع کیا گیا۔ علاوہ ازیں مالور، بھگت پور گوڑ گاؤں اور مذہبی مدارس کے لئے مولوی امام خاں صاحب نے محلہ بنجاران سے ایک سو دس روپیہ چندہ جمع کیا اور بازار کے علاقے سے حاجی شمشاد حسین کی معرفت ایک سو پندرہ روپیہ۔ براہ راست مولوی نور محمد۔ دفتر سنٹرل میونسپلٹی دہلی کے نام ارسال کئے گئے۔ دیگر مدارس کے واسطے چندہ فراہم کرنے والے بھی کافی تعداد میں تھے۔

(نامہ نگار)

انتخاب کارکنان مسلم لائبریری

جھنجھنوں (شیخاواٹی) مسلم لائبریری کی سالانہ میٹنگ زیر صدارت منشی محمد صدیق صاحب کنٹریکٹر مسرپرست لائبریری منعقد ہوئی جس میں آئندہ سال کے لئے مندرجہ ذیل کارکنان کا انتخاب ہوا۔

محمد اقبال صاحب فاروقی ایم اے۔ ایل ایل بی۔ صدر۔ مسٹر نظام الدین خاں صاحب۔ نائب صدر ایم امیر الدین خاں۔ سکریٹری۔ ایم حنیف صاحب نائب سکریٹری و خزانچی۔

فارموسا واپس جاپان کو دیدیا جائیگا

ایک جاپانی اخبار کا انکشاف

ٹوکیو ۱۱ اگست۔ جاپان کے قدامت پرست اخبار «یومیوری» نے آج ایک کمیونسٹ دشمن پیسفک پیکٹ کے امکانات پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک ایڈیٹوریل میں اس بات کا امکان ظاہر کیا ہے کہ فارموسا کو پھر جاپانیوں کے کنٹرول میں دے دیا جائے۔

امریکہ، جاپان، فلپائن اور جنوب مشرقی ایشیا کے درمیان جو اتحاد بن رہا ہے فارموسا اس میں ایک اہم کڑی ہو گی۔ اخبار لکھتا ہے کہ اس وقت اس سوال پر گفت و شنید جاری ہے کہ آیا امریکہ فارموسا کو کمیونسٹوں کے حملہ سے بچانے کے لئے براہ راست کارروائی کرے۔ یا فارموسا کو جاپان کو واپس دے دیا جائے۔ اور یا اسے مجلس اقوام کی تولیت میں دے دیا جائے۔ یومیوری لکھتا ہے کہ ماضی میں فارموسا جاپان کے علاقہ میں شامل تھا۔ اور جاپان کی سلامتی کے ساتھ اس کا گہرا تعلق ہے۔

آپس کی لڑائی میں دو ہلاک

دہلی ۱۱ اگست۔ گذشتہ شب تقریباً ۱۰ بجے بازار سیتا رام میں ہندوؤں کی دو پارٹیوں میں تصادم ہو گیا جس کے نتیجے میں ۲ شخص ہلاک اور تین سخت زخمی ہو گئے۔ پولیس نے زخمیوں کو ارون ہسپتال پہنچا دیا۔ جھگڑے کی وجہ پرانی تبالی جاتی ہے۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اور انچارج تھانہ موقع پر تفتیش کر رہے ہیں۔ ابھی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔ [illegible] خیال کیا جاتا ہے کہ آج شام تک حملہ آوروں کو گرفتار کر لیا جائے گا۔

امریکہ چین سے فارموسا لیگا

ہانگ کانگ ۱۱ اگست۔ یہاں کے سفارتی حلقوں میں بڑی سنسنی خیز افواہیں پھیل رہی ہیں۔ کہا جا رہا ہے امریکہ چیانگ سے کمیٹی کے سقوط کے بعد فارموسا لے لے گا۔ (عطارد)

حامیان اردو تعلیم مندرجہ سوالات کا جواب دیں

جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

دہلی ۱۱ اگست۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا محمد میاں نے حسب ذیل سوالنامہ اردو زبان کے سلسلہ میں جاری کیا ہے:۔

صوبہ یو پی کے جس اسکول، ہائی اسکول، مدرسہ یا اسلامی مکتب میں اردو کی تعلیم بند کی گئی ہے یا بند کرنے کی فرمائش کی جا رہی ہے۔ اس کے منیجر مہتمم یا کوئی مدرس خود یا مقامی جمعیۃ کے کسی ذمہ دار کے ذریعہ ۲۰ اگست ۱۹۴۹ء تک عنایت فرما کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر فرما کر میرے نام اور پتہ پر ارسال فرما دیں۔ اگر بذریعہ رجسٹری ارسال فرما دیں تو بہتر ہو۔

سوالات

۱۔ یہ اسلامی اسکول یا مدرسہ یا مکتب کتنے عرصہ سے قائم ہے؟

۲۔ سرکاری ہے یا نیم سرکاری جس کو گورنمنٹ سے امداد ملتی ہے۔

۳۔ اپریل ۱۹۴۹ء تک مسلمان لڑکوں کی مکمل تعداد کیا تھی اور کلاس وار کیا تعداد تھی۔

۴۔ اردو کی تعلیم کس کے حکم سے بند کی گئی یا بند کرنے کے لئے کون صاحب فرمائش کر رہے ہیں۔

۵۔ اگر یہ حکم تحریری تھا تو اس کی نقل بھیجی جائے۔

۶۔ اردو کی تعلیم بند ہونے سے کتنے مدرسوں کو برطرف کیا گیا۔ یا برطرف ہونا ہے۔ عنایت فرما کر اسکول کا نام مقام کا نام اور سوالات کے جوابات خوشخط تحریر فرمائے۔ اگر منیجر یا مہتمم صاحب یا جمعیۃ کے ذمہ دار جواب تحریر فرما دیں تو اس پر دفتر کی مہر بھی لگا دیں۔ جوابات ۲۰ اگست تک اس پتہ پر آنے چاہئیں۔

(مولانا) محمد میاں۔ ناظم جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان

دہلی۔

اردو کانفرنس بنارس

بنارس [illegible] اردو کانفرنس [illegible]

یوم آزادی کا پروگرام

دہلی میونسپلٹی کی کارروائی

دہلی ۱۱ اگست۔ آج صبح دہلی میونسپلٹی کی منعقدہ میٹنگ میں صدر میونسپلٹی ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے ہاؤس کے سامنے یوم آزادی منانے کا ایک مفصل پروگرام رکھا۔

پروگرام میں بتایا گیا کہ ۱۵ اگست کی صبح کو تمام میونسپل عمارتوں پر قومی جھنڈے لہرائے جائیں گے۔

میٹنگ میں ممبران کمیٹی نے دہلی امپروومنٹ ٹرسٹ پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ ٹرسٹ نے دہلی کی توسیع کے لئے ابھی تک کوئی قدم نہیں اٹھایا اور ٹرسٹ توسیع کی تمام [illegible]

امروہہ میں مشاعرہ

امروہہ (بذریعہ ڈاک) عنقریب امروہہ میں ایک مشاعرہ ہو گا جس کی طرح کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ اور اس مشاعرہ کی تمام کارروائی کتابی صورت میں شائع کی جائے گی۔ ۳۰ جولائی کو ایک وفد علامہ نسیم احمد فریدی کی قیادت میں انجمن امروہوی صدر آزاد لائبریری، شہباز صدیقی جنرل سکریٹری آزاد لائبریری و اردو مجلس امروہہ اور مسٹر مقصود احمد صدیقی ہیڈ مسلم مڈل اسکول کے مسٹر ماسٹر اور ہندو انٹر کالج کے شعبہ اردو کے پروفیسر مسٹر شفا گوالیاری صدر انجمن ترقی اردو امروہہ سے ملا اور ان سے اردو کے بقا اور تحفظ کے مسائل پر گفتگو کی۔ امیر وفد نے مڈل اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو توجہ دلائی کہ وہ اسکول میں ہندی میں لکھے ہوئے اعلانات کے ساتھ ساتھ اردو میں لکھے ہوئے بورڈ بھی لگائیں۔

(شہباز حسن سکریٹری آزاد لائبریری امروہہ۔ محلہ کوٹ)

دار الافتاء جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم مولانا محمد میاں صاحب نے استفتاء کرنے والے حضرات کے نام حسب ذیل ہدایات جاری کی ہیں:۔

مسائل دریافت کرنے والے حضرات اکثر کارڈ پر سوال لکھ کر بھیجدیتے ہیں یا کاغذ کے دونوں طرف اس طرح سوال لکھ دیتے ہیں کہ جواب کی جگہ نہیں رہتی لہٰذا استفتاء کرنے والے تمام حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ:۔

(۱) سوال بڑے کاغذ پر صاف لکھا جائے اس [illegible]

[illegible] گنجان آباد علاقوں سے دوسری جگہ منتقل کرنے کی سفارش کی ہے۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ جو شخص ہندوستان سے باہر چلے جانے کا ارادہ رکھتے ہیں ان سے صرف پانچ روپیہ لائسنس فیس وصول کی جائے۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

روزنامہ الجمعیۃ کا شاندار

آزادی نمبر

حسب سابق ۱۳ اگست کو بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے

بہترین سیاسی، تاریخی اور علمی معلومات کا گنجینہ اعلیٰ ترتیب مضامین عمدہ کاغذ اور پسندیدہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے اس سال بھی ممتاز ترین تسلیم کیا جائے گا۔ اور یقین ہے کہ ہندوستان کے خوش ذوق اخبار بین اور علم دوست حضرات اسے ہاتھوں ہاتھ لیکر ایک بار پھر یہ ثابت کر دیں گے کہ ہندوستانی صحافت میں الجمعیۃ کی کس قدر قدر و منزلت ہے۔

ضخامت روزانہ الجمعیۃ کی تقطیع کے ۱۶ صفحات سرورق رنگین قیمت ۴ر

ایجنٹ صاحبان مطلوبہ تعداد سے فوراً مطلع کریں

مشتہرین

اپنے اشتہارات کے لئے جگہ بک کرانے میں دیر نہ کریں روزانہ الجمعیۃ کے مستقل خریداروں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا۔ لیکن صرف ہفت روزہ الجمعیۃ کے وہ خریدار جو دفتر سے براہ راست پیشگی چندہ بھیجکر اخبار منگاتے ہیں چار آنہ کے بجائے دو آنہ بذریعہ منی آرڈر بھیجکر آزادی نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیے

منیجر روزنامہ الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

نادر موقع

اپنا پیسہ اور قیمتی وقت بچایئے

ہر قسم کا مال بذریعہ ریل پاکستان کو دہلی کسٹم آفیسران کی نگرانی میں سیل بند ہو کر روانہ کیا جاتا ہے جو کہ راستہ میں کہیں نہیں رک سکتا ہماری قیمتی خدمات سے فائدہ اٹھایئے

المشتہر محمد سلام مکان عدد فیاض گنج بہادر گڑھ روڈ دہلی

ملاقات کا وقت صبح ۶ بجے تک شام ۴ بجے کے بعد

جشن آزادی کے سلسلہ میں ماتحت شاخوں کے نام

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان کا پیغام

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا سید قاضی الاسلام صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ راجستھان ٹونک نے یوم آزادی کی تقریب کے سلسلہ میں راجستھان کی ماتحت جمعیتوں کے نام مندرجہ ذیل سرکلر جاری کیا ہے:

ہندوستان کی تاریخ میں ۱۵ اگست کا دن ایک یادگار دن ہے۔ اس دن وطن آزاد ہوا۔ غلامی کا جوا اہل ہند کی گردن سے اتارا۔ رہبران قوم کی کوششیں بار آور ہوئیں۔

۱۵ اگست ۱۹۴۹ء کو اسی تقریب کی دوسری سالگرہ ہے۔ ہندوستان جشن منا رہا ہے۔ ہندوستان کو غیروں کے تسلط سے نجات دلانے میں مسلمانوں کا بھی [illegible] حصہ ہے۔ [illegible] اس پر اظہار مسرت و شادمانی کرنا بھی ہر ہندوستانی کا حق ہے۔

راجستھان کے اضلاع کی تمام ماتحت جمعیتوں سے میری مخلصانہ اپیل ہے کہ وہ بھی اس تقریب پر پورے ذوق و شوق کے ساتھ حصہ لیں اور ۱۵ اگست کو یہ جمعیتیں اپنے دفتر میں جشن آزادی کا ایک سادہ اور دلچسپ پروگرام ترتیب دیں۔ جس میں مشاعرہ آزادی، محبت افزا تقریریں اور چراغاں کا انتظام ہو۔ اور مقامی کانگریس کمیٹیوں کے پروگرام میں زائد سے زائد حصہ لے۔

امید ہے کہ مسلمانان راجستھان اس طرح جشن آزادی منا کر وطنی فرض ادا کریں گے۔

آٹے میں مونگ پھلی کی کھل

حکومت یو پی کا قیدیوں پر تجربہ

لکھنؤ ۱۱ اگست۔ ایک سرکاری تجویز کے مطابق اگر مونگ پھلی کی کھل کو آٹے میں ملا کر استعمال کیا جائے تو جہاں [illegible] سالانہ [illegible] بچت ہو گی۔

تجربے کے طور پر صوبائی حکومت مونگ پھلی کی کھل کو آٹے میں ملا کر جیل کے قیدیوں کو فراہم کرے گی۔

دار السلطنت

۱۱ اگست

وزیر اعظم کی کوٹھی کے سامنے مظاہرین

پنڈت نہرو کی کوٹھی کے سامنے مظاہرین کی امداد میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اور کرو کشیتر سے کچھ اور لوگ آ کر شامل ہو گئے ہیں۔ شرنارتھیوں نے فرید آباد میں پنڈت نہرو نے جو تقریر کی تھی اس پر اظہار افسوس کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ شرارت کرنے نہیں آئے بلکہ اپنی شکایات پیش کرنے آئے ہیں۔ انہوں نے اس وقت تک جانے سے انکار کیا۔ جب تک کہ ان کے مطالبات پورے نہ کئے جائیں۔

جلسہ جمعیۃ علماء ضلع ۶

آج جمعہ ۱۲ اگست کو جمعیۃ علماء ضلع ۶ کی منتظمہ کمیٹی کا ضروری جلسہ بر مکان امیر حسن شوربے والے محلہ فراش خانہ میں منعقد ہو گا۔ ممبران و معززین ضلع کو جلسہ میں مدعو کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ تمام حضرات وقت کی پابندی کا لحاظ رکھیں گے۔ سکریٹری جمعیۃ علماء ضلع ۶

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۰ ء۹ اور کم سے کم ۸۱ء۰ درجہ تھا۔

خون کے بنک سے عدم دلچسپی

اب سے سات ہفتہ قبل دہلی میں خون کا بنک کھولا گیا تھا مگر لوگوں کی عدم دلچسپی کا یہ حال ہے کہ جولائی میں کل تیس اشخاص نے خون جمع کرایا۔ ۱۰ اگست میں کل انیس اشخاص نے جو صرف پندرہ مریضوں کے لئے کافی ہو سکتا ہے۔

دہلی کے لئے ہائی کورٹ

یکم اکتوبر سے مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے ماتحت دہلی میں ایک سرکٹ ہائی کورٹ قائم کر دیا جائے گا۔ جج میں دو جج ہوں گے۔ جو باری باری دورہ پر آئیں گے یا ایک دو رکنی بنچ کی صورت میں۔ دہلی کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اپنے موجودہ فرائض کے علاوہ اس سرکٹ ہائی کورٹ کے رجسٹرار کی حیثیت سے بھی کام انجام دیں گے۔

دہلی میں ہوائی حادثہ

ہوا باز ہلاک ہو گیا

دہلی ۱۱ اگست۔ کل دوپہر ساڑھے بارہ بجے کے قریب [illegible] کا ایک ہوائی جہاز گر کر تباہ ہو گیا اور ہوا باز مسٹر راؤ [illegible] ملبہ کے نیچے دب کر ہلاک ہو گئے۔ جہاز بہت بری طرح ٹوٹ پھوٹ گیا۔ لیکن اس میں آگ نہیں لگی۔ البتہ پٹرول سب طرف بہہ رہا تھا۔

آس پاس سے سینکڑوں اشخاص جائے وقوعہ پر جمع ہو گئے اور فلائنگ کلب کے بعض ممبروں نے علاقہ کی حفاظت کی۔

دہلی ایڈیشنل پولیس کے ڈپٹی کمشنر کا بیان ہے کہ گرنے سے پہلے جہاز اس علاقہ کے گرد چکر لگا رہا تھا اور ان کے جائے وقوعہ پر پہنچنے سے قبل ہوا باز ہلاک ہو چکا تھا۔

بچوں کی برادری کی ایک رکن کی سالگرہ

بیگم شاہ نواز شفیق الرحمن صاحب قدوائی سکریٹری تعلیم دہلی جامعہ نے بچوں کی برادری تعلیمی مرکز جامعہ بستی والا کا اتوار میں برادری کی ایک بچی رانجکار کی سالگرہ کی پارٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں اس بچی کے باپ ڈاکٹر [illegible] کی مبارکباد دیتا ہوں۔ کیونکہ آزاد ہندوستان کے بچے نہ صرف ماں باپ کے بچے ہوتے ہیں۔ بلکہ ملک کے بھی بچے ہیں۔ اور ہم نے برادری کے لیڈر [illegible]

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ دیکھ کے بچوں کی سالگرہ پر تمام دوستوں کو خوشی منانی چاہئے۔ ڈاکٹر صاحب بچوں کے برادری کے ممبروں کو اور ہم کو جل کر خوشی منانے کا موقع دیا ہے وہ ایک مثال ہے۔ ہم سب اس بچی سے توقع رکھتے ہیں کہ یہ بڑی ہو کر ملک کی خدمت کرے گی۔

اس پارٹی کے موقع پر جس میں بچوں کی برادری کے ممبروں کے علاوہ معزز مہمان بھی شامل تھے برادری کی طرف سے برادری کے ایک ممبر غلام حیدر صاحب نے رانجکار کی سالگرہ پر اپنی ایک نظم پڑھی جو بہت پسند کی گئی۔

بچوں کا رکشا بندھن

بچوں کے کلب «سویرا» کا اجلاس میں ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء کو بچوں نے رکشا بندھن کے تہوار کو اس شان سے منایا جو آزاد ہندوستان میں منانا چاہئے۔ بچیوں کی بہت سی تقریریں ہوئیں [illegible] صاحبہ کی نگرانی میں خاص طور پر سلمان بچوں کے رکشا [illegible] سکریٹری [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

بازاروں کے بھاؤ

ہاپوڑ مارکیٹ

گندم ۲۰۔۰ سے ۲۱۔۰ [illegible]

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی بازار صرافہ

سونا پانسہ [illegible]

دہلی سائیکل مارٹ

[illegible]

بمبئی میں جرائم پیشہ قبیلوں کا قانون منسوخ کر دیا گیا

ان قبائلیوں کی اصلاح کیلئے ایک کمیٹی کا تقرر

بمبئی ۱۲ اگست۔ حکومت بمبئی نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۳ اگست سے جرائم پیشہ قبائل کے متعلق قانون کو منسوخ کر دیا جائے اور صوبہ میں ان قبائل پر جو پابندیاں عائد ہیں انکو تاریخ کے دوران کو یوم آزادی منایا جائیگا۔ ۱۰ لاکھ افراد جرائم پیشہ ہونے کی صف سے نکل جائیں گے۔ قبائلیوں کی بستیوں کے ارد گرد کانٹے دار تار لگے ہوئے ہیں ان کو ایک تقریب کے ساتھ دور کر دیا جائے گا۔

شولاپور میں قبائلی لوگوں کے کیمپ میں بھی یہی رسم ادا کی جائیگی اور جو تار اس کیمپ کے ارد گرد لگے ہوئے ہیں ان کو کاٹ دیا جائے گا۔

۱۸۷۱ء میں جرائم پیشہ قبائلی قانون نافذ ہوا تھا۔ صوبہ بمبئی میں اس کا نفاذ ۱۹۱۱ء میں ہوا تھا۔ ان قبائلیوں کو الاسرنو آباد کرنے اور ان کی اصلاح کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جا رہی ہے۔ تجویز یہ بتایا ہے کہ اگر ان کی احتیاج کو دور کر دیا جائے اور انکو ملازمت دیدی جائے تو وہ ایماندارانہ زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

جاپان اور کوریا میں تجارتی گفت و شنید

ٹوکیو ۱۲ اگست۔ جاپان اور کوریا کے حکام سیول میں تجارتی گفت و شنید کر رہے ہیں۔ سیول کوریا کا صدر مقام ہے۔ معلوم ہوا ہے جاپان کوریا سے چاول لے گا اور اسے کاشت کاری کا سامان بجلی کی مشینیں، کوئلہ اور کھاد دے گا۔ (رائٹر)

برطانیہ سے انگریزوں کے اجتماعی انخلاء کی تجویز

سڈنی ۱۲ اگست۔ حکومت آسٹریلیا لارڈ نفاس سیز نفیکس کی اس تجویز کی حمایت کرے گی کہ انگریز برطانیہ سے اجتماعی انخلاء کر کے آسٹریلیا میں آباد ہو جائیں۔

لارڈ نفیکس آسٹریلیا کے وزیر مہاجرین مسٹر آرتھر کیلول کے ساتھ ہجرت کا انتظام کرنے کے لئے گفت و شنید کریں گے جہاں نہ صرف عام افراد ان کا بلکہ کارخانوں اور ان میں کام کرنے والے ملازمین کا بھی ہو گا۔

دو اہم شہروں پر قبضہ کر لیا

برما فوجوں کی کامیابی

رنگون ۱۲ اگست ۱۱ بر ما فوجی ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ مانڈلے کے جنوب میں ۴۰ اور ۵۰ میل دور دو اہم شہروں مانکیا اور کیمپ پر برمی فوجوں نے قبضہ کر لیا ہے۔ اس علاقہ میں باغیوں کی صفائی کا کام کیا جا رہا ہے۔ اراودی کے ڈیلٹا میں موبن کے ضلع میں ۷ کمیونسٹ باغیوں کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے۔ (رائٹر)

کمیونسٹ دستاویزات پولیس کے قبضہ میں

ناگپور ۱۲ اگست۔ پولیس نے بعض کمیونسٹ دستاویزات پر قبضہ کیا ہے ان میں ایسے مراسلات بھی ہیں جو ہندوستان کی کمیونسٹ پارٹی کے صدر دفتر سے شاخوں کو ارسال کئے گئے تھے۔ ان میں کپڑے کے ملوں کے مزدوروں کی ہڑتال کی تیاریاں کرنے کے متعلق ہدایات دی گئی تھیں۔ (اپ ٹ)

سیلون کو برطانوی معاشی مشیر کی تلاش

کولمبو ۱۲ اگست۔ حکومت سیلون نے مشہور برطانوی ماہر اقتصادیات لارڈ بیوریج کو سرکاری معاشی مشیر کا عہدہ پیش کیا تھا لیکن انہوں نے عہدہ قبول نہیں کیا ہے۔ سیلون کے وزیر معاشیات جو کہ آج کل لندن میں ہیں اور حکومت برطانیہ سے معاشی مسائل پر گفت و شنید کر رہے ہیں۔ لارڈ بیوریج کو مندرجہ بالا پیشکش کر چکے ہیں۔

اب وزیر موصوف کسی اور ماہر اقتصادیات کی تلاش میں ہیں جیسے کہ لارڈ بیوریج کے ہم پلہ ہو۔ کیونکہ سیلون کے ترقی کے زبردست منصوبوں کے پیش نظر ایک ایسے ماہر کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ (اگلوب)

ایک مفرور کمیونسٹ کی گرفتاری

بمبئی ۱۲ اگست۔ کل بمبئی پولیس نے این ڈی واگلے کو گرفتار کیا ہے۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ کمیونسٹ ہیں اور گزشتہ مارچ میں ایک جلوس کے سلسلہ میں پولیس کو ان کی تلاش تھی۔

کمیونسٹوں اور مسلمانوں کی گرفتاری کی تلاشی

ناگپور میں کمیونسٹوں کے گڑھ پر چھاپہ

ناگپور ۱۲ اگست۔ شہر میں پانچ مقامات جو کمیونسٹوں کے گڑھ سمجھے جاتے تھے کل ان پر ناگپور کی خفیہ پولیس نے چھاپا مارا۔ کچھ قیمتی کاغذات برآمد کئے گئے۔ تلاشیوں کے بعد ایک پولیس افسر نے یہ باتیں بتائیں۔ تین مسلم اشخاص جو ٹریڈ یونین کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے تھے آج شہر میں گرفتار کر لئے گئے ان کے گھروں کی بھی تلاشی لی گئی۔ (ا پ ٹ)

بھوپال میں جیل میں اصلاحات

بھوپال ۱۲ اگست۔ بھوپال کے چیف کمشنر نے جیلوں میں اصلاح کیلئے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو جیل میں خوراک اور تبدیلیوں کی دیگر سہولیات کا معائنہ کریگی۔ اور اکتوبر تک اپنی رپورٹ پیش کریگی۔ اس میں سرکاری اور غیر سرکاری دونوں قسم کے لوگ شامل ہیں۔ مسٹر جھونی سرن اس کمیٹی کے چیرمین ہیں۔ (اپ ٹ)

مجلس تحفظ نے فلسطینی ثالث کا عہدہ ختم کر دیا

التوائے جنگ کے معاہدوں کی نگرانی کے لئے برائے نام اسٹاف

لیک سکسیس ۱۱ اگست۔ آج مجلس اقوام کی مجلس تحفظ نے قائم مقام فلسطینی ثالث ڈاکٹر بنچ کو ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کرنے کا فیصلہ کر دیا۔ مجلس تحفظ نے فیصلہ کیا کہ عرب اور یہودیوں کے درمیان التوائے جنگ کے معاہدوں کی نگرانی کے لئے صرف برائے نام اسٹاف رکھا جائے۔ روس کی یہ تحریک ناکام رہی کہ فلسطین سے مجلس اقوام کے سارے ملازم ہٹا لئے جائیں۔ صرف روس اور یوکرین نے اس تحریک کے حق میں ووٹ دیئے۔

کونسل کا مندرجہ بالا فیصلہ فرانس اور کنیڈا کی ایک تجویز پر کیا گیا۔ اس تجویز کے حق میں نو ووٹ آئے۔ باقی دو ممبر روس اور یوکرین غیر جانبدار رہے۔ روس کی تجویز کے حق میں صرف دو روس اور یوکرین کے آئے اور اس کے خلاف ۲ ووٹ امریکہ اور برطانیہ کے آئے باقی ممبر غیر جانبدار رہے۔

اس سے قبل کونسل نے ایک ریزولیوشن اتفاق رائے سے منظور کیا جس میں بین الاقوامی امن کے لئے ڈاکٹر بنچ کی گرانقدر خدمات کا اعتراف کیا گیا اور ان کی تعریف کی گئی۔

شاردا ماتا نے برت توڑ دیا

دہلی ۱۲ اگست۔ شریمتی شاردا ماتا نے کل دستور ساز اسمبلی کانگریس پارٹی کے ہندی کو ملک کی راسم خط اور سرکاری زبان بنانے کے فیصلہ پر برت توڑ دیا۔ انہوں نے یکم اگست سے فاقہ کشی شروع کر رکھا تھا۔ ان کا مطالبہ تھا کہ ہندی کو دیوناگری رسم خط میں سرکاری زبان بنایا جائے۔

جوابات صدر فلپائن نے اب کہی

پروفیسر لنگا دو سال سے کہہ رہے ہیں

مدراس ۱۲ اگست (اپ ٹ)۔ خارجی تعلقات کی سوسائٹی کے صدر پروفیسر جی این رنگا، آل انڈیا کسان کانگریس ورکنگ کمیٹی کے بھی رکن ہیں نے تمام غیر کمیونسٹ ایشیائی اقوام کو ایک متحدہ محاذ بنانے کی حالت میں معاون کی جو اپیل کی ہے اسکا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر رنگا نے صدر فلپائن پر زیڈنٹ ڈاکٹر کیرینو کی اپیل کا کہنا ہے کہ ایشیا کو غیر مشروط طور پر یکجا ہونا چاہئے کہ میں دو سال سے یہی بات کہہ رہا ہوں۔

ہند سیلون سے قریبی تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے

ہندوستانی تجارتی کمشنر کا بیان

کولمبو ۱۱ اگست۔ ہندوستانی تجارتی کمشنر مقیم سیلون ڈاکٹر سی جی بینن نے انڈو سیلون ٹریڈرس ایسوسی ایشن میں تقریر کرتے ہوئے اس رائے کا اظہار کیا کہ ہندوستان سیلون کے ساتھ اپنے تعلقات کو نظر انداز کرنا نہیں چاہتا بلکہ تعلقات اور گہرے کرنے کا خواہشمند ہے۔ ڈاکٹر بینن نے تاجروں کو نصیحت کی کہ وہ اپنی وفاداری کو تقسیم نہ ہونے دیں بلکہ ملک کی ترقی کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے حکومت سیلون کے ساتھ پورا اشتراک کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان سیلون کی مدد کرنے کا خواہشمند ہے۔ (گلوب)

آئندہ جنگ میں ایٹم کا استعمال

روس کی امتناعی تجویز نا منظور

جنیوا ۱۲ اگست۔ جنگ میں شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کے سلسلے میں بین الاقوامی صلیب احمر کے منشور پر نظر ثانی کرنے کے لئے ۵۹ اقوام کی جو کانفرنس یہاں ہو رہی ہے اس نے گذشتہ روز سرخ فوج کے جنرل جنرل نکولائی سلادین کی یہ درخواست نا منظور کر دی کہ تمام حکومتیں ایٹم بموں کو غیر قانونی قرار دے دیں۔

روس کے مشرقی بلاک کی حمایت میں صرف اسرائیل نے ووٹ دیا جبکہ ابتدائی جلسے میں روسی تجویز کے مقابلے میں ۲۵ ووٹوں سے ناکام ہو گئی۔ برطانیہ اور امریکہ کو اس بات پر اعتراض تھا کہ یہ اجلاس حکومت سوئٹزر لینڈ نے جنگ کا نشانہ بننے والوں کے سلسلے میں طلب کی تھی جنگی اسلحہ پر غور کرنے کے لئے نہیں۔ [illegible]

مویشی برف میں جم گئے

[illegible] ہزاروں مویشی برف میں جم کر ہلاک ہو گئے۔ کہا جاتا ہے کہ گذشتہ ۰۰ سالوں میں کبھی اتنی سخت برفباری نہیں ہوتی۔ بہت سے مویشی اس وقت ہلاک ہوئے جبکہ انہیں پہاڑ کی اونچائی پر سے منتقل کیا جا رہا تھا۔ (گلوب)

فلپائن کو پوری امداد دی جائے گی

پریذیڈنٹ ٹرومین کا بیان

واشنگٹن ۱۰ اگست۔ آج پریذیڈنٹ ٹرومین نے ایشیائی ممالک کی ان کوششوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا جو وہ اپنی آزادی کو برقرار رکھنے اور اقتصادی اور سیاسی مضبوطی حاصل کرنے کے لئے کر رہے ہیں۔

یہ بیان انہوں نے ان مذاکرات پر تبصرہ کرتے ہوئے جاری کیا جو ان کے اور فلپائن کے پریذیڈنٹ کوئرینو کے درمیان جاری ہیں۔

اس بیان میں جسکو دونوں پریذیڈنٹوں کی منظوری حاصل ہے کہا گیا ہے کہ امریکہ فلپائن کی جمہوریہ کو ہر ممکن امداد دینے کا ارادہ اور خواہش رکھتا ہے۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ فلپائن کے پریذیڈنٹ نے اپنے ملک کی جانب سے اپنی رائے عمل اختیار کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے جو زیادہ سے زیادہ فائدہ مند ثابت ہو۔ امریکہ ایشیائی اقوام کی ان کوششوں کو ہمدردی کی نظر سے دیکھتا رہے گا جو وہ اقتصادی تعاون کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کر رہے ہیں۔

دونوں پریذیڈنٹوں نے فلپائن کی اقتصادیات کو امداد دینے اور مضبوط کرنے کے لئے ضروری تدابیر پر غور کیا۔ انہیں اس بات کا یقین ہے کہ فلپائن کی اقتصادی ترقی سے صرف ان دونوں ممالک ہی کو فوری طور پر فائدہ نہیں پہنچے گا بلکہ اس سے ان تمام آزاد اقوام کو اور پختہ ہو جائے گا جنکا مقصد مشترکہ طور پر آزادی کے خلاف ہونے والے [illegible] کا مقابلہ کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے۔

چیانگ کی طرف سے کینٹن کے دفاع کی تیاریاں

سرکاری ترجمان کی طرف سے خبر کی تردید

[illegible]

یہ خبر کینٹن سے آئی تھی اس میں کہا گیا تھا کہ مارشل چیانگ کینٹن کے دفاع کے لئے فوجیں بھیجنے کے واسطے تیار ہیں۔ پہاڑی علاقوں میں ہزاروں کی تعداد میں فوجیں چیانگ کی طرف سے پہنچائی جا رہی ہیں اور سرکاری فوجوں کو مضبوط کیا جا رہا ہے۔ (اپ ٹ رائٹر)

ملایا میں تین ہزار مربع میل میں کرفیو کا نفاذ

دہشت پسندوں کی سرگرمیوں کے پیش نظر اقدام

سنگاپور ۱۲ اگست۔ ریاست پہانگ کے تین ہزار مربع میل کے علاقہ میں شام سے لیکر صبح تک کرفیو نافذ ہے یہ کرفیو کمیونسٹوں اور دہشت پسندوں کی سرگرمیوں کے پیش نظر نافذ کیا گیا ہے۔ اب نہ صرف اس کی مدت میں توسیع کر دی گئی ہے بلکہ ضلع ملاکا کے سمیلان کے علاقہ میں بھی نافذ کر دیا گیا ہے۔ (اپ ٹ رائٹر)

تبت کا بارہ سالہ دلائی لاما کمیونزم کیخلاف مذہبی جنگ لڑیگا

خانقاہوں میں کمیونسٹوں کے ایجنٹ داخل ہونے پر تشویش

لندن ۱۲ اگست۔ یہاں کے باخبر حلقوں نے بتایا کہ چین کے بارہ سالہ دلائی لاما نے کمیونسٹوں کے خلاف مذہبی جنگ شروع کر دی ہے اس نوجوان لاما نے سرنشدہ بدھسٹ کو جو اس کے ماتحت سب سے بڑے مذہبی رہنما ہیں طلب کیا۔ اعلان سے کہا کہ وہ دعا کریں کہ اس کی وسط ایشیائی سلطنت کمیونسٹ حملہ آوروں سے محفوظ رہے۔ مختلف جنم پتریوں کا مطالعہ کیا گیا اور اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اگر رنگ لانے والوں کا سیلاب روکا گیا تو دلائی لاما [illegible]۔ ایک سال قبل جنم پتریوں کے مطالعہ کے بعد فیصلہ کیا گیا تھا کہ ۱۹۰۳ء تک تبت میں غیر ملکیوں کے داخلے کی ممانعت کر دی جائے۔ ستاروں کے حالیہ مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ تبت کی خانقاہوں میں بھی کمیونسٹ پہنچ گئے ہیں۔ کمیونسٹوں کے ایجنٹوں کی ایک تعداد کو جیل میں ڈال دیا گیا ہے۔

بہرام پور کے طالب علموں میں تصادم

بہرام پور (بنگال) ۱۲ اگست۔ مقامی طالب علموں نے ۹ اگست کو ہندوستانی جھوڑو کا دن منایا بعض طالب علموں کی تقریروں سے دوسرے طالب علم مشتعل ہو گئے اور مخالف اور موافق طالب علموں میں زبردست تصادم ہو گیا جس میں کئی طالب علم زخمی ہوئے۔ (اپ ٹ)

آک لینڈ کے ۱۶ سو مزدور برخاست

بندرگاہ پر سب کام بند ہو گئے

آک لینڈ ۱۱ اگست۔ آج آک لینڈ کی بندرگاہ پر سب کام بند ہو گیا۔ کیونکہ ۱۶ سو مزدوروں نے ما لکان کی اس پیشکش کو مسترد کر دیا جس کے مطابق ان سے کہا گیا تھا کہ اگر وہ حسب معمول اوور ٹائم پر کام شروع کر دیں تو انہیں دوبارہ ملازم رکھ لیا جائے گا۔

کل رات مالکان نے کل ۱۶ سو مزدوروں کو کام سے برطرف کر دیا تھا کیونکہ انہوں نے اوور ٹائم کام کرنے کے بارے میں ان کے ۴۸ گھنٹے کے الٹی میٹم کا کوئی جواب نہیں دیا تھا۔

لیکن مزدوروں کی یونین کو اس سوال پر گفت و شنید کرنے کے لئے ایک موقع دینے کی غرض سے مالکان نے کہا کہ وہ آج بھی مزدوروں کو واپس لے لیں گے۔ لیکن اس شرط پر کہ وہ اوور ٹائم پر کام کرنا منظور کر لیں۔

میرٹھ میں سوشلسٹوں کا جلسہ

میرٹھ ۱۲ اگست ۹ اگست یوم ۹ اگست کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سوشلسٹ لیڈر مسٹر رام منوہر لوہیا نے کہا کہ لوگوں نے قربانیاں اس لئے نہیں کی تھیں کہ لارڈ ولول کی جگہ راجگوپال آچاریہ اور وزیر اعظم کے دفتر میں نہرو بیٹھ جائیں بلکہ کسانوں اور سوشلسٹوں نے اس لئے مصائب برداشت کئے تھے کہ عوام کی حالت بہتر ہو۔ مسٹر لوہیا نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ لوگوں کی حالت بالکل نہیں بدلی [illegible] انہوں نے کہا کہ سوشلسٹ عوام کی بہتری چاہتے ہیں

[illegible]

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔ پیشاب کی نالی میں جلن ہونا گردہ مثانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گونوسین جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو نہایت عمدہ کے مرکبات سے تیار کیا جاتا ہے۔ ہزاروں مریض گونوسین کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں۔ ایک شیشی جو آپ کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دے گی۔ صرف دو روپیہ آٹھ آنے

مفت:۔ سوزاک کے متعلق اردو میں باتصویر اور مفید معلومات کتاب مفت طلب کریں۔ ہر بڑے شہر کے اندر ایجنٹ کی ضرورت ہے۔ اپنے جملہ امراض میں مفت مشورہ کے لئے ہمارے ڈاکٹر سے اُردو سے خط و کتابت کریں۔

سٹاکسٹ:۔ نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP LTD. POST BOX No. 3044 (A) BOMBAY

یوٹروک (دوا) رجسٹرڈ

سیلان رحم (لیکوریا) ماہواری ایام کی بے قاعدگی ورم رحم بار بار حمل کا ضائع ہو جانا ایسے خاص امراض میں بہت اکسیر ہے

قیمت [illegible] ۔ ویکی میڈیکل فارمیسی [illegible] دہلی

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi-14-8-49

کلکتہ کی ایک مل میں دن دہاڑے ڈاکہ تین دربان گولیوں سے زخمی

مسلح لٹیرے ۱۱ ہزار روپے لے بھاگے

کلکتہ ۱۳ اگست۔ کلکتہ سے تقریباً ۱۴ میل کے فاصلہ پر سیرام پور میں سات ڈاکو اسٹین گنوں اور ریوالوروں سے مسلح تھے تین اشخاص کو زخمی کرنے کے بعد تقریباً ۱۱ ہزار روپیہ لے کر فرار ہو گئے۔ [illegible]

وزیر اعظم مغربی بنگال اور قائم مقام وزیر اعظم کی ٹیلیفون پر گفتگو

ایڈ ہاک گورنمنٹ کی تشکیل میں پیچیدگیاں

[illegible]

مغربی بنگال کے انتخاب میں کانگریس کو شکست دینے کے منصوبے

فارورڈ بلاک کے جنرل سکریٹری مسٹر سوبیکار کا بیان

[illegible]

کانگریس دُنیا میں سب سے بڑا جمہوری باعمل ادارہ ہے

بہار کانگریس کے صدر پنڈت مصرا کا ارشاد

[illegible]

مجلس تحفظ نے فلسطین کو اسلحہ دینے سے پابندی اُٹھا دی

فرانس اور کناڈا کی مشترکہ تجویز منظور ہو گئی

[illegible]

کینٹن میں ایک ورلاما کی گدی نشینی کی رسم کی ادائیگی

[illegible]

یورپ کی بارہ اقوام کی مشاورتی کونسل

بلجیم کے پال ہنری اسپاک پریذیڈنٹ منتخب ہو گئے

[illegible]

ہیگ کی گول میز کانفرنس سے اچھے نتائج کی توقع ہے

انڈونیسی وزیر اعظم ڈاکٹر حتیٰ کا بیان

[illegible]

چین کو فوری طور پر فوجی امداد دینے کا کوئی پروگرام نہیں

جنرل عمر بریڈلے کا بیان

[illegible]

چندر نگر کا ہند سے انضمام

حکومت جلد اعلان ہے

[illegible]

انڈونیشیا کو ایک کھرب امریکی ڈالر کی ضرورت ہے

انڈونیسی وزیر اعظم ڈاکٹر حتیٰ کا انکشاف

[illegible]

کراچی میں ٹرک کے مالکوں کی ہڑتال

سکریٹری کی طرف سے بھوک ہڑتال کی دھمکی

[illegible]

پنڈت نہرو کا امریکہ کا دورہ پروگرام

[illegible]

مشرقی افریقہ کے لئے بحری بیڑہ

[illegible]

ایک لاکھ ایکڑ زیر آب

سیلاب سے نقصان

[illegible]

جنوب مشرقی ایشیا معیار زندگی

[illegible]

مولانا حفظ الرحمٰن کی تقریر

صفحہ اول سے آگے

[illegible]

کانگرس کا دوبارہ اقتدار

[illegible]

سول اینڈ ملٹری گزٹ لاہور آج سے شائع ہو سکیگا

[illegible]

نمونہ مفت
ہردلعزیز پان بہار
پان کھاتے وقت اور پان کھلاتے وقت
قیمت فی شیشی [illegible] علاوہ محصول ڈاک
[illegible] کیمیکل کمپنی رجسٹرڈ سہارنپور یوپی

رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
فون نمبر 6841
سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۱۹ شوال المکرم سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۹۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

آزادی نمبر

۱۴ اگست کو ارسال ہوگا

بعض مجبوریوں کے باعث آج ۱۳ اگست کے بجائے کل ۱۴ اگست کو ایجنٹ صاحبان اور خریداران حضرات کی خدمت میں روانہ کیا جائے گا۔ نیز اشتہار کی بکنگ بند کردی گئی ہے کیونکہ ۱۰۰ فی صدی جگہ ریزرو ہو چکی ہے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

ہوائی ڈاک سے روزنامہ الجمعیۃ کی قیمت

۱۵ اگست کے پرچے سے روزنامہ الجمعیۃ کی قیمت بذریعہ ہوائی جہاز ۵ر کردی گئی ہے جن ایجنٹ صاحبان کو اخبار بذریعہ ہوائی جہاز بھیجا جاتا ہے وہ آئندہ ۵ر فی پرچہ کے حساب سے فروخت کریں۔ بل بھی ۵ر کے حساب سے بھیجا جائے گا۔

آزادی نمبر ہوائی جہاز سے ۵ر آنے

منیجر الجمعیۃ دہلی ۱۳ اگست سنہ ۴۹ء

ہانگ کانگ پر کمیونسٹوں کے حملہ کا خطرہ پیدا ہو گیا

برطانیہ نے آبادی سے زیادہ فوج ہانگ کانگ بھیجدی

کمیونسٹ فوجیں صرف ۳۰۰ میل دور رہ گئیں

[illegible]

بلجیم میں سوشلسٹوں اور کمیونسٹوں نے متحدہ محاذ بنا لیا

رجعت پسند حکومت کا تختہ الٹ کر جمہوریت قائم کی جائیگی

[illegible]

بمبئی میں شہیدان وطن کی یاد

دو منٹ تک خاموشی رہے گی

[illegible]

ہالینڈ اور انڈونیشیا کے باہمی تعلقات کا ایک نیا دور

مجلس اقوام کے کمیشن کی عبوری رپورٹ شائع ہو گئی

لیک سکسس ۱۳ اگست۔ مجلس اقوام کے کمیشن نے اپنی ایک رپورٹ میں یہ امید ظاہر کی ہے کہ ہالینڈ اور انڈونیشیا کی قوموں کے لئے ایک نیا دور شروع ہو رہا ہے۔ [illegible]

قیدیوں کی رہائی

[illegible]

کلکتہ کی ایک عمارت میں آگ لگ گئی

تین لاکھ روپیہ کا نقصان

[illegible]

اتحادی فوجوں کے کمانڈر جنرل میک آرتھر کو جاپان سے واپس بلانے کا فیصلہ

امریکہ کی خارجی تعلقات کی کمیٹی میں طویل اور گرما گرم بحث

جنرل موصوف چین پر رپورٹ پیش کریں گے

[illegible]

گوڈسے اور آپٹے کی پھانسی

تاریخ پھر بڑھا دی گئی

[illegible]

ہند آنے والے پاکستانی باشندے

پاکستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر کا انتباہ

[illegible]

ہندوستانی کپڑا فرانس میں

[illegible]

برطانوی جہاز کو حادثہ

۱۳ اشخاص ہلاک ہو گئے

[illegible]

مسلمان اپنی جائداد فروخت نہیں کرسکتے

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ الہ آباد کا حکم

[illegible]

ایک سو کمیونسٹوں کی گرفتاری

[illegible]

مدراس کی ایک جیل میں کمیونسٹ نظربندوں پر گولی چلادی گئی

دو کمیونسٹ نظربند پولیس کی گولیوں سے ہلاک ہو گئے

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع و ترقی کا پروگرام

ایک لاکھ اشاعت کردینے کی جدوجہد

"الجمعیۃ" روزانہ و ہفت روزہ کی نو ہزار اشاعت کو جلد از جلد ایک لاکھ تک پہنچا دینے کا جو پروگرام اکابر و ذمہ داران جمعیۃ علماء ہند نے بنایا ہے اسے کامیاب بنانے کے لئے معتمدین خصوصی توسیع و ترقی الجمعیۃ ملک کے مختلف حصوں میں روانہ کئے جا رہے ہیں۔ اس پروگرام کا آغاز ضلع بجنور اور ضلع مظفر نگر سے کیا گیا ہے۔ ضلع بجنور میں کام کرنے کے لئے جناب عبد القیوم صاحب [illegible] ضلع مظفر نگر کے لئے جناب اقبال احمد صاحب دیوبندی معتمدین [illegible] الجمعیۃ روانہ ہو چکے ہیں۔ دوسرے علاقوں میں بھی عنقریب ادارہ کے معتمد روانہ کئے جائیں گے۔ یقین ہے کہ ہمدردان ملک و ملت اس پروگرام کو جلد از جلد کامیاب بنانے اور ملک و قوم کی بہی خواہی کے جذبہ سے الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا دینے کی پوری پوری کوشش فرمائیں گے۔ الجمعیۃ کا حلقہ وسیع ہو کر ہی آپ اپنی آواز کو طاقتور اور موثر بنا سکتے ہیں۔

"ارکان ادارہ"

ہندو مسلم سکھ کے سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم صوبے خاں کا طبی مشورہ مفت ہے
قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امیدگاہ ہے
حالات لکھیے
پتہ:- منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں — دہلی

روس نے مارشل ٹیٹو کو اپنا دشمن قرار دے دیا

حکومت روس کا یوگوسلاویہ کی حکومت کو نوٹ

ماسکو ۱۳ اگست۔ روس نے یوگوسلاویہ کے مارشل ٹیٹو کی حکومت کو سوشلزم اور سوشلسٹ روس کا مخالف قرار دے دیا ہے۔

گورنگ کے کارخانے سے ہندوستان کو بھی حصہ ملے گا

لٹل پور کا ایک مشہور ڈاکو گرفتار

مشرقی اور مغربی بنگال کے چیف سکریٹریوں کی کانفرنس ختم

ہند و پاکستان سے متعلق بہت سے معاملات پر سمجھوتہ

کلکتہ ۱۳ اگست۔ مشرقی اور مغربی بنگال کے چیف سکریٹریوں کی کانفرنس چار دن کے بعد ختم ہو گئی۔ ایجنڈے میں بہت سے معاملات درج تھے۔ لیکن سب پر تبادلۂ خیال ممکن نہ ہو سکا۔ بقیہ معاملات پر ۲۶ اور ۲۷ اگست کو ڈھاکہ میں ہونے والی کانفرنس میں غور کیا جائے گا۔

کشمیر میں عارضی صلح کے سوال پر مشترکہ گفت و شنید کا فیصلہ

ہند اور پاکستان کی حکومتوں نے کمیشن کی دعوت منظور کر لی

اب برطانیہ عرب ممالک کو اسلحہ مہیا کرے گا

اقوام متحدہ کے پابندی اٹھانے کے بعد برطانیہ کا فیصلہ

(رائٹر)

جموں کے ہندوؤں اور سکھوں کا شیخ عبد اللہ پر اظہار اعتماد

نام نہاد پرجا پریشد سے لاتعلقی اور اظہار مذمت

دھماکہ سے دو افراد ہلاک

کلکتہ کے قریب ریلوے اسٹیشن پر ڈاکوؤں اور پولیس میں تصادم

ڈاکوؤں کی گولیوں سے ایک سپاہی ہلاک ہو گیا

ایشیا اور مشرق بعید کیلئے بھی مارشل پلان بنایا جائے گا

امریکی کانگریس میں دونوں جماعتوں کے ممبر کی تجویز

کلکتہ میں ریلوے ملازمین کی کانفرنس

مدراس میں سائیکل بنانے کا کارخانہ

ریاست حیدر آباد میں جاگیرداری کا خاتمہ

جاگیرداروں کے ایک وفد کی فوجی گورنر سے ملاقات

بمبئی میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

کلکتہ میں خوفناک آتشزدگی

تین لاکھ روپے کا نقصان

سمندر میں ایک میل کی گہرائی تک اترنے کا ارادہ

ایک سائنسداں کی ہمت

چندر نگر کی منتقلی کی بابت

کلکتہ میں گفت و شنید شروع ہو گئی

فی الحال ہانگ کانگ پر کمیونسٹوں کے حملے کا امکان نہیں

ہانگ کانگ کے باخبر حلقوں کی رائے

مدراس کے زمینداروں کا حکومت کے خلاف مقدمہ

تین مشتبہ ڈاکوؤں کی گرفتاری

جرمنی میں جڑیوں کا "قتل عام"

لیورپول سے کافی کپڑا ہندوستان آرہا ہے

آٹھ جہاز لادے جا رہے ہیں

سہارنپور میں امتناعی احکام

حرف لکھانے کے لئے رقم منظور

انڈونیشیا میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں باعث تشویش بنی ہوئی ہیں

جمہوری فوجیں امن قائم کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہیں

جاپان سے معاہدۂ امن کے بغیر فوجیں واپس نہ آئیں گی

یونان کو امریکی امداد

تھوک فروش تاجروں کو آسانی

AMICOS COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے، لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

ملنے کا پتہ

سول ایجنٹ۔ امین اینڈ اسمٹیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

علم جفر ... مولانا ظفر ... محلہ ... مراد آباد

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۵ اگست ۱۹۴۹ء

ہتھیاروں کی دوڑ

یہ بات تو مانی ہوئی ہے کہ جنگ بُری چیز ہے اور ہر انسان کو جنگ نہیں امن پیارا ہے، جنگ اس لئے بُری ہے کہ وہ ہر حالت میں مضرت رساں ہے اگر قوم شکست کھاتی ہے اس کا نقصان تو ظاہر ہی ہے لیکن جو قوم کامیاب ہوتی ہے اس کی کمر بھی سلامت نہیں رہتی۔ اور انجام کار اس کے جوڑوں میں بھی درد ہونے لگتا ہے۔ شکست کھانے والا فریق تو جیتے جی مر جاتا ہے لیکن جس فریق کے ہاتھ میں فتح و ظفر کا جھنڈا ہوتا ہے اس کے پلے بھی کچھ نہیں پڑتا۔ ... اور دوسروں کو نقصان پہونچا کر خود کتنا فائدہ اٹھایا؟ تو

اور غلط فہمی دور ہو جائے تو آج دنیا کو امن کی گارنٹی مل سکتی ہے۔ یہ بات یقینی ہے کہ روس لڑنا نہیں چاہتا، یہ بھی صحیح ہے کہ امریکہ اور برطانیہ بھی جنگ کا شوق نہیں رکھتے۔ اس کے باوجود جنگ کے نقشوں کی ترتیبیں مشغول ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حریفوں کو ایک دوسرے کی نیت پر اعتماد نہیں، روس اس لئے تیاری کر رہا ہے کہ کہیں امریکہ اس پر حملہ نہ بول دے، امریکہ اور برطانیہ اس لئے تیار ہیں کہ کہیں سوویٹ روس ان کا تختہ نہ الٹ دے۔ گویا صحیح معنی میں امریکہ روس کو جنگ کے لئے تیار کر رہا ہے اور روس امریکہ کو دعوت مبارزت دے رہا ہے۔ اگر اس دعوت کا تجزیہ کیجئے تو نہ روس جنگ چاہتا ہے نہ امریکہ۔ اگر دنیا کی کوئی عظیم شخصیت یا با اثر ادارہ اس غلط فہمی کو

اچھی باتیں

انما المومنون اخوۃ۔ تا۔ ترحمون

(پ ۲۶ ع ۱۳)

مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں، پس اپنے بھائیوں میں صلح اور امن کو قائم رکھو اور اللہ کے تصور کو کمزور نہ ہونے دو تاکہ تم پر رحمت نازل ہو۔

اسلام ایک بھائی تحریک ہے اور خصوصی نظریات اور اصول اس کی طاقت کا منبع ہیں اس لئے جو شخص اس تحریک میں شامل ہوتا ہے خواہ وہ ایرانی ہو یا ترکی جرمنی ہو یا فرانسیسی، حبشی ہو، یا مصری، ہندی ہو یا افغانی وہ ایک دوسرے کا بھائی ہے اور یہ رشتہ اس قدر مضبوط ہے جس پر قوم و وطن نسل اور قبیلہ کا کوئی تعلق غالب نہیں آ سکتا اس کا مطلب یہ نہیں کہ جو لوگ مسلمان نہیں وہ مسلمانوں کے بھائی نہیں قرآن میں دوسرے مقامات پر اخوھم صالحا وغیرہ کہہ کر غیر مسلموں کو بھی بھائی کہہ کر پکارا گیا ہے اور پیغمبر اسلام نے فرمایا ہے کہ ان عبادک کلھم اخوۃ۔ الٰہی تیرے تمام بندے آپس میں بھائی بھائی ہیں فرق یہ ہے کہ اسلامی اخوۃ میں دو طاقتیں ہیں اور دوسروں کے ساتھ انسانی اخوۃ کا رشتہ ہے

سوویت یونین میں اسلام

از۔ جے۔ این۔ ابراہیم

مندرجہ ذیل مضمون سوویت یونین نیوز ایجنسی تاس کی معرفت موصول ہوا ہے۔ ہمارے پاس تصدیق ... تصویر کا ایک رخ ہے جسے ہم قارئین کرام کی معلومات کے لئے پیش کرتے ہیں۔ (ایڈیٹر)

افکار ۔۔۔۔۔۔ پاکستان

ہندوستانی مسلمان کو تحفۂ عید

عید کے موقعہ پر وزیر اعظم پاکستان نے ہندوستانی مسلمانوں کا نام کیا لیا، ہندوستان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک خان لیاقت علی خاں کے خلاف ایک طوفان اٹھ آیا، جہاں تک خان لیاقت علی خاں کی تقریر کا تعلق ہے ...

(مسلم لیگ لاہور۔ ۱۰ اگست)

پرورش اولاد و تربیت ضروری ہے

(مغربی پاکستان لاہور۔ ۱۰ اگست)

مشرقی پاکستان

مشرقی پاکستان کی غذائی حالت ایک عرصہ سے خراب ہے ...

(ڈان کراچی۔ ۸ اگست)

خواتین کی مصروفیت

چند روز ہوئے ہز ایکسی لنسی نے اعلان کیا تھا کہ مغربی پنجاب میں انتخابات بہت جلد کرائے جائیں گے۔ ...

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

دہلی میونسپل کمیٹی

بین الاقوامی نمائش میں ہندوستانی ٹکٹیں

روڈگران میں جلسہ اور مشاعرہ

گوالیار میں نئی کابینہ

سہارنپور میں یوم آزادی پر مشاعرہ

زخموں پر نمک پاشی

راجستھان میں مغربی بنگال سے بھی زیادہ خطرناک حالت ہوگئی

ڈاکٹر لوہیا کی جانب سے عام انتخابات کا مطالبہ

دہلی ۱۴ اگست۔ ہندوستان سوشلسٹ پارٹی کے پریزیڈنٹ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نے آج نئی دہلی میں اخباری نامہ نگاروں کو بتایا کہ راجستھان میں مغربی بنگال سے بھی زیادہ تحقیق وہ حالات پائے جاتے ہیں۔ انہوں نے موجودہ وزارت کو ختم کرکے جلد از جلد نئے انتخابات کرانے کا مطالبہ کیا۔

ان کی پارٹی کی تحقیقات کے متعلق ۲۲ جون کو سوجان … پولیس نے کسانوں پر … فائرنگ سراسر ناجائز تھی اور … کسانوں کو … مدد کرنا چاہئے۔

انہوں نے کہا کہ ایسے وقت میں جب بازار کا بھاؤ … حکومت نے … مرکزی حکومت کو … ریاست … ضروری ہے۔

سرکار راجستھان کے مطابق کسانوں کے ہجوم نے …

مساجد کے سامنے باجہ کے متعلق جمعیۃ علماء ٹونک کی اہم قرارداد

مسلمانان ٹونک سے صبر و تحمل کی پرزور اپیل

ٹونک ۱۴ اگست (بذریعہ ڈاک) ۲۹ جون ۱۹۴۹ء کو صدر جمعیۃ علماء ٹونک … کے نام ایک تحریر میں ٹونک کے بعض ہندو بھائیوں نے یہ خواہش ظاہر کی کہ مسجدوں کے سامنے باجہ کی قدیم پابندی کو اٹھا دیا جائے۔

ہندو بھائیوں کی اس خواہش کے ظاہر ہونے پر ارباب جمعیۃ نے اس سلسلہ میں جو کوششیں کی ہیں … حضرات اس سے ناواقف ہوں گے …

جہاں تک ہماری حکومت کسی معاملہ میں اپنے کسی قطعی فیصلہ کا اعلان نہ کرے … اس کے بنیادی حقوق سے محروم کر دینا قانونیت ہے اور مرکزی حکومت کی جمہوری پالیسی سے اتفاق اور قانون کو رکھنے کی دلیل ہے۔

اس معاملہ کے قانونی پوزیشن کے علاوہ مسجدیں چونکہ خدا کی عبادت کا گھر ہیں … اس کے سامنے شور و غل کرنا اور باجہ بجانا مسجد جیسی عبادت گاہ کے احترام کے منافی ہے۔

لہٰذا ٹونک کے سارے فرقوں میں بھائی چارہ اور اتحاد و محبت باقی رہنے کی خاطر مجلس ضلع ٹونک کے سارے ہندو بھائیوں اور خصوصاً کانگریسی لیڈروں سے … اپیل کرتی ہے …

تجویز … مسجدوں کے سامنے باجہ بجانے کی آزادی ہونی چاہئے … مرکزی جمعیۃ علماء ہند دہلی کی ہدایات کی روشنی میں غور کیا۔

ہدایت

دستور قدیم کو منسوخ کردے تو اس صورت میں بھی کوئی مزاحمت نہ کرنا چاہئے۔ فتنہ و فساد ہر حال میں ممنوع و حرام ہے اور قیام امن سے صبر و برداشت ہر حالت میں افضل و ضروری ہے۔

دولت مشترکہ کی بہا کو امداد۔ برمی وزیر خارجہ کا بیان

برمی وزیر خارجہ آج نیویارک روانہ ہو رہے ہیں

لندن ۱۴ اگست۔ برمی وزیر خارجہ نے یہاں اس امر کا انکشاف کیا کہ انگلستان میں برطانیہ، ہند، پاکستان اور سیلون نے برما کو عارضی مدت کیلئے ایک قرضہ دینا طے کیا ہے۔ قرضہ کی رقم ابھی نہیں بتلائی جاسکتی لیکن برما بہ ضرورت کے مطابق رقمیں لیتا رہے گا۔ وہ برطانیہ میں برطانوی حکومت کے کسی قسم کے معاہدہ پر دستخط کرنے نہیں آئے۔ انہوں نے کہا کہ برما کسی قسم کے معاہدے نہیں کئے … آج وہ نیویارک روانہ ہو رہے ہیں۔ (رائٹر)

حامیان اُردو تعلیم مندرجہ سوالات کا جواب دیں

جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان!

دہلی ۱۳ اگست۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا محمد میاں نے حسب ذیل سوالنامہ اردو زبان کے سلسلہ میں جاری کیا ہے:

صوبہ یوپی کے جن اسکول، ہائی اسکول، مدرسہ یا اسلامی مکتب میں اردو کی تعلیم بند کی گئی ہے یا بند کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اسکے منیجر، مہتمم، یا کوئی مدرس خود یا مقامی جمعیۃ کے کسی ذمہ دار کے ذریعہ ۳۰ اگست ۱۹۴۹ء تک عنایت فرما کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر فرمائیں …

سوالات

۱۔ یہ اسلامی اسکول یا مدرسہ یا مکتب کتنے عرصہ سے قائم ہے؟

۲۔ سرکاری ہے یا نیم سرکاری جس کو گورنمنٹ سے امداد ملتی ہے؟

۳۔ اپریل ۱۹۴۹ء تک مسلمان لڑکوں کی کل تعداد کیا تھی اور کلاس وار کیا تعداد تھی؟

۴۔ اردو کی تعلیم کس کے حکم سے بند کی گئی …

۵۔ اگر یہ حکم تحریری تھا تو اس کی نقل بھیجی جائے۔

۶۔ اردو کی تعلیم بند ہونے سے کتنے مدرسوں کو …

(مولانا) محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند

دارالافتاء جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا محمد میاں صاحب … استفتار کرنے والے حضرات کے نام حسب ذیل ہدایات جاری کی ہیں۔

مسائل دریافت کرنے والے حضرات اکثر کارڈ پر سوال لکھ کر بھیجتے ہیں … لہٰذا استفتار کرنے والے تمام حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ:

(۱) سوال پڑھنے کے قابل صاف لکھا جائے۔

(۲) کارڈ پر سوال لکھ کر نہ بھیجا جائے۔

(۳) جواب کیلئے ٹکٹ یا لفافہ ضرور بھیجا جائے۔

(۴) جواب کیلئے پتہ صاف اور خوشخط تحریر کیا جائے …

محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند

ہمالیہ پہاڑ پر چڑھنے والی مہم واپس آگئی

موسم کی خرابی کے باعث مقصد میں ناکامی

کلکتہ ۱۴ اگست۔ ہمالیہ پہاڑ کی … مہم کے ارکان … کلکتہ واپس آگئے ہیں …

ٹراونکور کی کانگرس پارٹی میں پھوٹ

۸ ممبروں نے الگ بلاک بنا لیا

ترویندرم ۱۴ اگست۔ ٹراونکور کوچین کانگریس پارلیمنٹری پارٹی کے ۸ ممبروں نے … ایک ڈیموکریٹک سوشلسٹ بلاک بنا لیا ہے …

پریم ٹیکسٹائل ورکس یوپی ٹیکسٹائل

ملازموں میں ہڑتال کا تیسرا دن

کلکتہ میں عورتوں کے جلوس پر فائرنگ غیر ضروری اور ناجائز تھا

مجسٹریٹ اور اس کی جیوری کا متفقہ فیصلہ

کلکتہ ۱۴ اگست۔ آج یہاں … کی جیوری نے فیصلہ کیا کہ ۲۷ اپریل کو پولیس نے بو بازار میں عورتوں کے ایک جلوس پر فائرنگ کی تھی … وہ ناجائز تھی …

سہارنپور کی خبریں

بلیک مارکیٹ و رشوت کی ارتھی

سہارنپور ۱۴ اگست (بذریعہ ڈاک) کل شام یہاں مقامی سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام شہر میں بلیک مارکیٹ و رشوت خوری کی ارتھی کا جلوس نکالا گیا …

سوشلسٹ پارٹی کا پبلک جلسہ

ڈاکوؤں کے ایک منظم گروہ کی گرفتاری

متعدد چوریوں کے انکشاف کی توقع

سہارنپور ۱۴ اگست (بذریعہ ڈاک) … پانچ ڈاکوؤں کو گرفتار کیا … ان ڈاکوؤں کی گرفتاری سے سنسنی خیز انکشافات کی توقع ہے۔

مصر کی موجودہ مخلوط حکومت اطمینان بخش طریق پر کام کر رہی ہے

ٹائمز کے نامہ نگار مقیم اسکندریہ کی رائے

لندن ۱۴ اگست۔ ٹائمز لندن کا نامہ نگار مقیم اسکندریہ … حسین سری پاشا کی مخلوط وزارت کو …

انقلابی کمیونسٹ پارٹی کے سکریٹری جنرل کی اپیل

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست اور اسکی سبق آموز اور دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جنکی شہرت اور مقبولیت عام ہو چکی ہے

علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے:۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ جلد اول … جلد دوم …

علمائے ہند کا شاندار ماضی:۔ از حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند طبع دوم کی جلد اول قیمت …

حیات شیخ الاسلام:۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات قیمت مجلد …

مجاہد جلیل:۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب (مختصر سوانح) قیمت …

باغی ہندوستان:۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل مولانا فضل حق خیرآبادی کے قلم مبارک سے …

مسلمانوں کا روشن مستقبل:۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف … قیمت …

علماء کے چند کارنامے … از مفتی انتظام اللہ شہابی …

ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء:۔ از مفتی صاحب موصوف قیمت …

روح روشن مستقبل:۔ روشن مستقبل کا خلاصہ قیمت …

رسالہ ہمارے پیغمبر:۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب …

ہر قسم کی علمی، دینی اور تاریخی دلچسپ کتابیں … قرآن مجید سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ:

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

معلم ہندی

ہندی سیکھنے والوں کیلئے لاجواب اور مستند کتاب …

خط و کتابت کیلئے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

معاونین الجمعیۃ سے

گذارش ہے کہ دفتر اخبار نہایت پابندی اور دیکھ بھال کے بعد ہر خریدار کے نام روانہ کیا جاتا ہے …

منیجر الجمعیۃ دہلی

یادگار سلف

… حضرت مولانا سید سلیمان ندوی … حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی … تحسین فرمائی ہے۔

دفتر جمعیۃ علماء ہند

منی آرڈر

… محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند

دارالسلطنت

پنڈت نہرو کی کوٹھی پر بھوک ہڑتال

وزیراعظم کی کوٹھی کے سامنے … ایک نوجوان عورت بھی ہے … بھوک ہڑتال کر رہی ہے۔

چار ہوٹل والے اور گرفتار

موٹر ڈرائیور کو سزا

برمی سفیر کالا منڈرم میں

کوڑیا پل پر جواری گرفتار

سائیکل اور کار کا تصادم

بیوٹا نکالتے ہوئے گرفتار

کپڑا لاتے ہوئے گرفتار

کناٹ پلیس میں جلسے بند

قدوائی صاحب گورنر جنرل سے ملے

اضلاع کیلئے ضروری ہدایت

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ منعقدہ ۵ اگست ۱۹۴۹ء میں حسب ذیل اضلاع جمعیۃ کے لئے … تاریخیں مقرر کی گئیں …

تاریخ ہائے مقررہ:۔

ضلع نمبر ۱ — ۱۴ اگست — اتوار

ضلع نمبر ۲ — ۲۱ اگست — اتوار

ضلع نمبر ۳ — …

ضلع نمبر ۴ — …

ضلع نمبر ۵ — ۱۹ — …

ضلع نمبر ۶ — ۲۸ — اتوار

فرید کوٹ میں جلسے جلوس پر پابندی

پنڈت نہرو امریکہ کو

مسز اندرا گاندھی بھی جائیں گی

نئی دہلی ۱۳ اگست۔ موجودہ پروگرام کے ماتحت پنڈت نہرو ۱۰ اکتوبر کو امریکہ کے لئے روانہ ہو جائیں گے … ان کی صاحبزادی مسز اندرا گاندھی بھی …

جامع مسجد میں عظیم الشان جلسہ

حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری کی تقریر

بربادشدگان پہاڑ گنج وغیرہ کا جلسہ

سردار پٹیل کی صحتیابی کیلئے

ہفتہ آزادی کے موقعہ پر گڑبڑ

فیروزپور کے جرنلسٹوں کا جلسہ

اردو اخبارات کے خلاف احتجاج

پندرہ اگست کو لال قلعہ پر جھنڈا لہرایا جائے گا!

پنڈت نہرو تقریر کریں گے

نئی دہلی ۱۳ اگست۔ پرسوں ۱۵ اگست کو تاریخی لال قلعہ پر جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی جائے گی۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیراعظم ہند سپاہیوں اور ہوابازوں کی حفاظت میں ۸ بجکر ۳۰ منٹ پر لال قلعہ پہنچیں گے …

گول میز کانفرنس کیلئے انڈونیشی مندوب

راجستھان میں پنچایت راج

کوئی مسلمان عورت عدالت میں حاضری سے مستثنیٰ نہیں کی جاسکتی

مدراس ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس میک کا فیصلہ

مدراس ۱۳ اگست۔ مدراس ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس میک نے ایک مقدمہ میں فیصلہ دیا کہ ملک کے موجودہ رسم و رواج کے مطابق کوئی مسلمان یا پردہ نشین عورت یہ حق نہیں رکھتی کہ وہ درخواست کرے کہ اسے عدالت میں حاضری سے مستثنیٰ کیا جائے …

طلبا کے وظیفوں میں اضافہ

بنارس میں سینما کا لائسنس منسوخ

خطرناک مکڑیوں کا حملہ

ماسٹر تارا سنگھ کی رہائی کی کوشش

اکالی دل ایجی ٹیشن شروع کرے گا

چین میں کل محاذوں پر کمیونسٹوں کی پیشقدمی

کنی صوبجاتی صدر مقام خطرہ میں پڑ گئے

جنگ کے نئے بین الاقوامی قوانین

عالمی ریڈ کراس کانفرنس کے فیصلے

ڈربن کے فساد کا نشانہ بننے والے

پولیس کمانڈنٹ کا بیان

پناہ گزینوں کی بھوک ہڑتال ختم

کالجوں کے طلبا کیلئے سہولت

عراق کا روشن مستقبل

تیل کے ذخائر سے زبردست آمدنی

لندن ۱۳ اگست۔ گذشتہ ۱۵ دنوں سے لندن میں جو گفت و شنید ہو رہی ہے اس کے نتیجے کے طور پر عراق کی سالانہ آمدنی میں … اضافہ کا امکان ہے …

یانگ پر حملہ کیا تو……

امریکہ کی جانب سے کمیونسٹوں کو انتباہ

چین کے بارے میں امریکہ کی پالیسی

کوئی تبدیلی نہیں ہوئی

سوبھاش چندر بوس ہرگز زندہ نہیں

مشہور انقلابی راجہ مہندر پرتاپ کا بیان

دو ہزار روپے روزانہ جان کی حفاظت کا معاوضہ

وزیر دفاع بیچ پہنچ جائیں گے

ٹرانسوال میں ایک ہندوستانی کو سزا

نادر موقع

اپنا پیسہ اور قیمتی وقت بچایئے

ہر قسم کا مال بذریعہ ریل پاکستان و دہلی سے کسٹم آفیسران کی نگرانی میں سیل بند روانہ کیا جاتا ہے جو کہ راستہ میں کہیں نہیں رک سکتا ہماری قیمتی خدمات سے فائدہ اٹھایئے

المشتہر

محمد سلام مکان نمبر ۴۲۵ فیاض گنج

بہادر گڑھ روڈ۔ دہلی

ملاقات کا وقت صبح و بیک بجے تا شام …

مفت طلب کیجئے

… ادارہ آفتاب رسالت … دہلی

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلہ میں

ڈرافٹ یا چیک کس کے نام ہو

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کیلئے والے حضرات امدادی رقوم بذریعہ چیک بھیجیں تو چیک یا ڈرافٹ صرف مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کے نام ہونا چاہئے

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
جلد نمبر ۳۱
نمبر ۱۹۱
قیمت فی پرچہ چار آنہ
سالانہ قیمت چالیس روپیہ
مدیر مسئول محمد عثمان فارقلیط۔ مدیر معاون محمد سلیمان صابر



آزادی نمبر

امن و شانتی

آزادی کی دوسری سالگرہ پر ہمیں سال گزشتہ کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا جائزہ لینا ہے اور سال آئندہ میں جو عظیم الشان کام کرنا ہے اس کے لئے ہمیں اپنے آپ کو تیار بھی کرنا ہے، ہمیں ہمارے کام اور کامیابیوں سے جانچا جائے گا نہ کہ ہمارے الفاظ سے ۔۔۔ ہمیں ہمیشہ یہ ذہن نشین رکھنا ہے کہ کوئی بھی اقتصادی یا دوسری پالیسی اختیار کی جائے اس کے نتائج صرف اسی وقت برآمد ہو سکتے ہیں جب کہ امن و شانتی اور ملک کو مضبوطی حاصل ہو ۔۔۔ مزاج سے کوئی کام کی چیز پیدا نہیں ہو سکتی۔ آج کا دن جو ہمارے سامنے ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے ہمیں پورے احترام کے ساتھ مہاتما گاندھی اور ان کی تعلیمات کو یاد کرنا چاہئے۔

پنڈت نہرو وزیر اعظم

ملک کا استحکام

۔۔۔ اگر تم یقین کرتے ہو اور یہ کہتے پھرتے ہو کہ تمہارا مکان آسیب زدہ ہے تو تم یہ امید نہیں کر سکتے کہ تمہارا مکان کرایہ پر اٹھ جائے گا یا اچھی قیمت پر وہ فروخت ہو جائے گا۔ تمہیں چاہئے کہ تم اپنی کھڑکیوں کے دروازے کھول دو، اپنے مکان میں رہو اور اس کی صفائی دیکھو۔ تب تم کسی قسم کا اجنبی شور و غل نہیں سنو گے اور ہر قسم کا آسیب غائب ہو جائے گا ۔۔۔ اس وقت ہماری تمام توجہ ملک کے استحکام کی طرف مرکوز ہونی چاہئے۔

اچھی پیداوار۔ اچھی تجارت اور اچھا نظم و نسق یہ ہماری موجودہ وقت کی ضرورتیں ہیں۔ خدا کرے یہ سال ایسا ہو کہ ہم اور زیادہ باہمی اعتماد کے ساتھ اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔

شری راجگوپال آچاریہ
گورنر جنرل ہند

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi -15-8-49

آسام ریلوے کے خزانچی کو گولی مار کر ۵۰ ہزار روپے لوٹ لئے

پولیس تحقیقات کر رہی ہے

شیلانگ (آسام) ۱۳ اگست۔ یہاں پہنچنے والی اطلاعات سے معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] کے درمیان ریل ٹرین میں گزشتہ شب ریلوے کے ایک کلرک کو ہلاک کر دیا گیا اور تقریباً ایک لاکھ روپے لوٹ لئے گئے۔ [illegible] اور مقامی اسٹیشنوں کے درمیان ہوئی۔ حملہ آوروں نے [illegible] کے بعد ان کی بندوق چھین لی اور کلرک کو ہلاک کر کے اور روپیہ لے کر فرار ہو گئے۔

آسام ریلوے کے پبلسٹی افسر نے ایک پریس نوٹ میں اس کے متعلق بتایا ہے کہ آسام ریلوے کے خزانچی [illegible] اپ سپل سے [illegible] جا رہے تھے اور ان [illegible] ہو چکے۔

[illegible] ہلاک کر دیا اور روپیہ لے کر فرار ہو گیا۔ [illegible] زخموں سے واقع ہوئی۔

[illegible] اسٹیشن کے باہر [illegible] پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔ ایک سینیئر [illegible] افسر [illegible] تحقیقات کے لئے [illegible] روانہ ہو گیا ہے [illegible] تحقیقات کرے۔ (پی۔ ٹی۔ آئی)

ہندوستانی مال کا بائیکاٹ

مشرقی بنگال کے وزیر مالیات کی حمایت

ڈھاکہ ۱۳ اگست۔ مشرقی بنگال کے وزیر مالیات و تجارت مسٹر حمید الحق چودھری مرکزی اور صوبجاتی حکومتوں کی کانفرنس میں حصہ لینے کے بعد کراچی سے واپس ڈھاکہ پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ وہ ہندوستانی مال کے مقاطعہ کی تلقین نہیں کریں گے لیکن حکومت ہند [illegible] کے بارے میں جو اقدام کیا ہے وہ انتہائی غیر منصفانہ اور غیر مناسب ہے تاکہ اس کی عظمت اور وسعت کو ہندوستانی مال کے بائیکاٹ ہی سے کم کیا جا سکتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ کراچی کی گفت و شنید میں [illegible] کی پالیسی پر تبادلہ خیالات کیا گیا۔

بمبئی میں تمام سنگھیوں کی رہائی

بمبئی ۱۳ اگست۔ حکومت بمبئی نے بقیہ ۲۲ سنگھیوں کو بھی رہا کر دیا [illegible] حکومت بمبئی نے سنگھی قیدیوں کے معاملات پر [illegible] شروع کر دیا تھا [illegible]

دستور ساز اسمبلی:۔

مستقل پرمٹ کے ساتھ آنیوالے مسلمانوں کو شہری حقوق نہ دینا انصاف کے خلاف ہے

پنڈت نہرو، مولانا حفظ الرحمٰن اور پنڈت کنزرو کی تقریر

دہلی ۱۳ اگست۔ دو روز کی بحث و تمحیص کے بعد دستور ساز اسمبلی نے کل مسودہ دستور ہند کی شہریت سے متعلق چھ دفعات کو منظور کر لیا۔ اگلی بنچوں پر بیٹھنے والے بہت سے ممبروں نے بحث میں حصہ لیا۔ بحث پنڈت نہرو نے شروع کی اور ڈاکٹر امبیدکر نے اپنی ۵ منٹ کی تقریر کے بعد اسے ختم کیا (پنڈت نہرو کی تقریر اور اسمبلی کی اجمالی کارروائی کل کی اشاعت میں دی جا چکی ہے) [illegible] ان لوگوں کے شہری حقوق سے متعلق ہیں جو پاکستان سے ہندوستان آئے ہیں۔ اور یا جو پاکستان جانے کے بعد مستقل پرمٹ کے ذریعہ پھر ہندوستان آ گئے۔ غیر ممالک میں رہنے والے ہندوستانیوں کے حقوق شہریت کا بھی ان دفعات میں ذکر ہے اور سب سے زیادہ یہ کہ شہری قوانین کے نفاذ کے سلسلہ میں صدر کو کیا اختیارات حاصل ہوں گے۔

آپ نے خاص طور پر دفعہ (۵-ب) کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس سے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات خوشگوار ہوں گے۔ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان لوٹنے والے مسلمانوں کو خواہ وہ عارضی پرمٹ کے ذریعہ آئے ہوں یا مستقل پرمٹ کے ذریعہ انہیں ہندوستان کا شہری بننے کی آسانی ملنا چاہئے۔

خاص کر کے نکتہ چینی ان دفعوں پر کی گئی جو ان لوگوں کو شہریت دینے سے متعلق ہیں جو ایک مرتبہ پاکستان ہجرت کر گئے اور پھر مستقل رہائش کے پرمٹ کے ذریعہ ہندوستان آئے تھے۔ مسٹر [illegible] پرشاد مسودہ کمیٹی کا [illegible] شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اس مسئلہ کا تسلی بخش حل ڈھونڈ نکالا۔

کوروکشیتر کیمپ کے آٹھ ہزار شرنارتھی

پٹیالہ کے نزدیک سمانہ میں منتقل کئے جائیں گے

نئی دہلی ۱۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ کوروکشیتر کیمپ کے آٹھ ہزار شرنارتھیوں کو پٹیالہ کے نزدیک سمانہ میں متروکہ مکانات میں آباد کیا جائے گا۔ لیکن ان مکانوں کی صفائی وغیرہ ہو گی اور ان کے لئے حکومت ہند نے دو ہزار روپے منظور کئے ہیں۔ ان شرنارتھیوں کا ایک ایک ہزار کے آٹھ گروپ سمانہ بھیجے جائیں گے۔ اور ایک ماہ کے اندر آباد کر دیا جائے گا۔

انٹر ایشیائی کانفرنس نہ کی جائے

وائس چانسلر الہ آباد یونیورسٹی کا حکم

الہ آباد ۱۳ اگست۔ (پی۔ اے۔ آئی) الہ آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ڈی۔ آر۔ [illegible] نے [illegible] کہا ہے کہ اگست کے آخر میں طلباء کی جو انٹر ایشین کانفرنس یہاں ہونے والی تھی وہ اب نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یونیورسٹی کے طلباء کی یونین کے صدر سے کہا تھا کہ اس کانفرنس کے انعقاد کی اجازت جب ہی دی جا سکتی ہے جب وہ یوپی کے کسی وزیر یا صوبائی افسر یا حکومت کی منظوری حاصل کر سکیں وہ ایسا نہیں کر سکے۔

کہا کہ حکومت ایسا کر رہی ہے کہ جو پاکستان سے واپس آنے والوں کو ہندوستان میں دوبارہ بسنے کی اجازت نہ دے۔ لیکن ایک مرتبہ حکومت کی طرف سے ان کو یقین دلائے جانے کے بعد میرے خیال میں یہ ایمان کے وقار کے منافی ہے کہ اس وعدے کے خلاف جایا جائے اور یہ کہا جائے کہ جن لوگوں کو اس سے قبل واپس آنے کی اجازت دی گئی تھی انہیں اجنبی سمجھا جائے۔

اس دوسرے نقطہ کا جواب دیتے ہوئے کہ جو لوگ پاکستان ہجرت کر گئے تھے انہیں غیر مشروط طور پر واپسی کی اجازت دی جائے [illegible] بہت سے مسلمانوں کو پاکستان مجبوراً جانا پڑا تھا ان لوگوں کو شہری حقوق سے محروم کرنا یا انہیں ہندوستان آنے کی اجازت نہ دینا انصاف کے خلاف ہے۔

امریکہ میں ربڑ کی سڑکیں

لندن ۱۳ اگست۔ امریکہ کے ایک ربڑ کے کارخانہ دار مسٹر ہینری فائر اسٹون نے امریکہ میں ربڑ کی شاہراہیں (روڈ) بنانے کا مطالبہ کیا ہے ان کا بیان ہے کہ اس طرح نہ صرف مضبوط اور دیرپا شاہراہیں بن سکیں گی اور کارخانہ داروں کا منافع بڑھ جائے گا بلکہ اس طرح ملایا کے ربڑ کی مانگ بڑھ جائے گی اور دولت مشترکہ ڈالر کما سکیگی۔ (گلوب)

میونخ کے انضمام کے مخالفین کی رہائی

[illegible] ۱۳ اگست۔ حکومت [illegible] نے فیصلہ کیا ہے کہ گزشتہ سال [illegible] میں میونخ ریاست کے انضمام کے وقت گڑبڑ کے سلسلہ میں جو سات سو اشخاص گرفتار ہوئے تھے ان میں سے ۵۰۰ اشخاص کو اب جیل سے رہا کر دیا جائے گا۔

یہ جھگڑا اس وقت ہوا تھا جب کچھ آدمی باسیوں نے اس کے انضمام کی مخالفت کرتے ہوئے اس کو بیار میں ضم کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ (پی۔ ٹی۔ آئی)

انجمن اتحاد المسلمین توڑ دی گئی

جیل سے انجمن کے لیڈروں کا اہم بیان

حیدرآباد ۱۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ جیل میں سے انجمن اتحاد المسلمین کے چوٹی کے لیڈروں نے انجمن کو توڑ دینے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔

گزشتہ چند مہینوں سے شہر کے ممتاز مسلمانوں اور اتحاد المسلمین کے لیڈروں سے جو جیلوں میں ہیں گفت و شنید ہو رہی تھی۔

ایک ممتاز مسلمان لیڈر مسٹر ایم اے سلیم نے نامہ نگار کو بتایا کہ جب کبھی حکومت ہند کے نمائندوں سے میری گفتگو کی تو میں نے محسوس کیا کہ اتحاد المسلمین کے قائم رہنے کے باعث ریاست کے مسلمانوں کو مشتبہ نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

اتحاد المسلمین کے لیڈروں کی طرف سے اس گفت و شنید کے بعد ایک مشترکہ اعلان شائع ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ زمانہ گزشتہ میں غلطیاں ہوئیں، اور ان سے انکار کرنا درست نہیں۔ ریاست کے عوام کی بھلائی کا تقاضہ ہے کہ ان غلطیوں کو بھلایا نہیں جائے۔ ہمیں اب اس کا یقین ہو گیا ہے کہ مذہب اور فرقہ واریت کو سیاست میں کوئی دخل نہیں اس لئے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ انجمن اتحاد المسلمین توڑ دیا جائے۔ غیر فرقہ وارانہ سیاست کا میدان بہت وسیع ہے۔ اور ہر مسلم اس میں تعمیری حصہ لے سکتا ہے۔ مسلمانوں کو خالص مذہبی اور تہذیبی اداروں کی ضرورت ہے۔

اس لئے ہم مسلمانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ دوسرے فرقہ کے لوگوں کے ساتھ تعمیری اشتراک عمل کریں۔

مسٹر سلیم نے نامہ نگار کو بتایا کہ حکومت اور ریاستی عوام اس بیان کا خیر مقدم کریں گے اور حکومت پندرہ اگست کے یادگار موقع پر ان لیڈروں کو رہا کر دے گی۔ (پ ا)

گرفتار شدگان کو حراست میں رکھنے کا حکم

فائرنگ میں لیبر یونین کا سکریٹری ہلاک

کلکتہ ۱۳ اگست۔ (پی۔ ٹی۔ آئی) تمام گرفتار شدگان کو جن کی تعداد ۱۳ ہے۔ [illegible] ضلع ۲۴ پرگنہ کے ایک ڈپٹی مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا جس نے ان کو ۲۰ اگست تک جیل میں حراست میں رکھنے کا حکم دیا۔ گرفتار شدگان [illegible] سے کچھ پستول [illegible]

[illegible]

یوم آزادی بلا مصارف کے مناؤ

میجر جنرل چودھری کی عوام سے اپیل

حیدرآباد ۱۳ اگست۔ حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ یوم آزادی بغیر غیر ضروری مصارف کئے ہوئے منائیں تمام سچے ہندوستانی اس موقعہ پر دلی مسرت کا احساس کریں گے۔ وہ اپنی مسرت کا اظہار دعاؤں اور عبادتوں سے کر سکتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ ظاہری نمائش کریں۔

فوجی گورنر نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ میں اس موقعہ پر عوام کو دلی مبارکباد دیتا ہوں، اور متوقع ہوں کہ ہر سال ہم زیادہ سے زیادہ طاقت ور ہوتے چلے جائیں گے۔

اسرائیل میں عرب پناہ گزینوں کی دوبارہ آبادکاری کا مسئلہ

اسرائیل کی پیشکش عرب ممالک کو متاثر نہیں کر سکی!

لندن ۱۳ اگست۔ لندن ٹائمز کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ [illegible] سے جو اطلاعات یہاں پہنچی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیل نے حال ہی میں ۱۰۰,۰۰۰ عرب پناہ گزینوں کو اسرائیل میں واپس بسانے کی جو پیشکش کی تھی وہ عرب ڈیلی گیشنوں کو متاثر نہیں کر سکی اور خیال ہے کہ کانفرنس ایک بار پھر اسی تعطل میں جا پڑے گی۔ جس سے وہ گزشتہ ہفتہ نکلی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ عرب اس وقت تک کوئی وعدہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں جب تک کہ باہر سے ان عربوں کو دوبارہ آباد کرنے کے لئے مالی امداد دینے کا وعدہ نہ کیا جائے جو واپس اسرائیل جانے کے لئے تیار نہیں۔

[illegible] کو آباد کرنا مشرق اردن، عراق، شام اور لبنان جیسی حکومتوں کے حالی وسائل سے بالا ہے اور وہ ان کے اخراجات نہیں اٹھا سکتیں۔ مزید براں اسرائیل بھی ان عربوں کو آباد کرنے کے لئے تیار ہے۔ گزشتہ ہفتہ اسرائیل کے وزیر خارجہ مسٹر [illegible]

خبر رساں نے بتایا تھا کہ وہ اس کام کے لئے مجلس اقوام یا امریکہ سے بین الاقوامی امداد کے متوقع ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ اسرائیل کی حکومت [illegible] شاید سب سے زیادہ اپنے آپ کو یقین دلا رہی ہے کہ وہ اس متعینہ مقدار سے زیادہ ایک عرب کو بھی آباد نہیں کرے گی لیکن اس کی آواز میں ایک طرح کی ہٹ دھرمی پائی جاتی ہے کیونکہ وہ جانتی ہے کہ پل مصالحتی کمیشن کے امریکی ممبر کے ہاتھ ہے۔ جس کا سبب اسرائیل کا مالی اور ڈپلومیٹک اعتبار سے امریکہ پر انحصار ہے۔ اگر اسرائیل کی پیشکش پر کوئی تصفیہ نہ ہو سکا تو معلوم ہوا ہے کہ تین مجلس تحفظ کے سامنے [illegible] پیش کرے گا۔ [illegible] ظاہر کیا جاتا ہے کہ اسرائیل سے پناہ گزینوں کو کافی بڑی تعداد کو قبول کرنے کے لئے کہا جائے گا۔ [illegible] اسرائیل کی سرحد میں بھی چند تبدیلیاں کی جائیں گی۔

میونخ میں یہودیوں کی غنڈہ گردی

میونخ ۱۳ اگست۔ ایک مقامی اخبار میں یہودیوں کے خلاف ایک خط کی اشاعت کے خلاف بطور احتجاج تقریباً ۳۰۰ بے گھر یہودیوں نے یہاں پر مظاہرہ کیا جس کے نتیجے کے طور پر ۲۰ سپاہی اور ۵ یہودی زخمی ہوئے۔

یہودیوں کا جلوس نکلا تھا جسے پولیس نے روک لیا اور ہنگامہ شروع ہو گیا یہودیوں نے پولیس کی تین موٹروں کو نقصان پہنچایا اور ایک موٹر کو نذر آتش کر دیا۔ (گلوب)

زلزلہ میں چھ ہزار افراد ہلاک

اکویڈر کے صدر کا بیان

کوئٹو ۱۳ اگست۔ اکویڈر کے صدر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وسطی اکویڈر کے حالیہ زلزلہ میں چھ ہزار افراد ہلاک ہوئے۔

مکانات اور عمارات کا ایک کروڑ ڈالر کا نقصان ہوا۔

حیدرآباد میں ۱۵ اگست کی تعطیل

حیدرآباد (دکن) ۱۳ اگست (پی ٹی آئی) حکومت حیدرآباد نے ۱۵ اگست کو یوم آزادی کے سلسلہ میں تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ ایک پریس نوٹ میں فیکٹریوں اور ملز مالکوں سے کہا گیا ہے کہ وہ مزدوروں کو اس تقریب کو شایان شان طریقہ پر منانے کا موقع دیں۔

یو پی میں کتنا کپڑا پڑا ہوا ہے

لکھنؤ ۱۳ اگست۔ ایک پریس کانفرنس میں نامہ نگار کو بتایا کہ یوپی کے گوداموں میں یکم اگست تک ۱۵ ہزار کپڑے کی گانٹھیں اور ساڑھے سات ہزار سوت کی گانٹھیں پڑی ہوئی ہیں۔ (د پ ا)

سائیکل کے بدلے کپڑے کے تھان

جبلپور ۱۳ اگست (د س ل) [illegible] ایک شخص جو ایک پچھڑا [illegible] کو دھوکہ دینے کا الزام ہے حال ہی میں گرفتار کیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کا یہ دستور تھا کہ وہ دکان سے ایک سائیکل چوری کرتا اور کپڑا دکان سے [illegible] جاتا مگر [illegible] پولیس چھاپے کے بعد [illegible]

مدراس جیل میں فائرنگ

(بقیہ صفحہ ۱ اول)

پناہ گاہ میں چارج کا حکم دیا گیا جس کی وجہ سے گرفتار شدہ نظر بند اپنے مسکن کی طرف لوٹ گئے۔

کہا جاتا ہے کہ مزید بتایا گیا ہے کہ نظر بندوں نے اسپتال کے نزدیک کے دروازے پر پہرہ دینے والے [illegible] ان کا ماروں کو ور کری تھی کہ بعض قیدیوں نے بڑی دیوار کے نزدیک کے راستہ سے باہر نکل جانے کی کوشش کی۔ اس جگہ چار کانسٹبل پہرہ دے رہے تھے۔ ان پر نظر بندوں نے حملہ کر دیا۔ چونکہ پولیس کی تعداد نظر بندوں سے کم تھی اور خطرہ تھا کہ وہ مغلوب ہو جائیں گے اور فرار ہونے کا قوی امکان تھا۔ اس لئے پولیس کو گولی چلانے پر مجبور ہونا پڑا۔

سنگاپور میں آزادی ہند کی سالگرہ

سنگاپور ۱۳ اگست۔ [illegible] کو سنگاپور کی ہندوستانی [illegible] جھنڈا [illegible] سالگرہ منائی جائے گی۔ [illegible]

ڈاکٹر ایم احمد
ایل۔ ڈی۔ ایس کلکتہ
معالج خاص امراض دندان
پائیوریا، دندان سازی
بلیماران، ولایت جبیر پریس دہلی

اورینٹ ایرویز دکنگ حج
سروس

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ نہایت مسرت سے اعلان کرتی ہے کہ انہوں نے کراچی تا جدہ اور ڈھاکہ تا جدہ کے لئے دکنگ ایرکرافٹ حج سروس کا آخر اگست سے لیکر ستمبر ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ تک انتظام کیا ہے۔ واپسی پرواز حج کے بعد ماہ اکتوبر میں ہوگی۔ واپسی شرح کرایہ حسب ذیل ہے:۔

کراچی تا جدہ ۔۔ ۔۔ ۱۵۷۵ روپیہ
ڈھاکہ تا جدہ ۔۔ ۔۔ ۲۳۰۰ روپیہ

اس سروس کے ذریعہ سفر کرنے والے خواہشمند اصحاب کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ ہمارے نزدیک ترین بکنگ آفس سے فوراً رجوع کریں۔ جو کہ مندرجہ ذیل شہروں میں واقع ہیں۔
کراچی ۔ لاہور ۔ راولپنڈی ۔ پشاور ۔ کوئٹہ ۔ بمبئی ۔ دہلی ۔ کلکتہ ۔ ڈھاکہ ۔ اکیاب ۔ چٹاگانگ ۔ اور ۔ رنگون ۔

واپسی کرایہ کے علاوہ مسافروں کو ہمارے بکنگ آفسوں میں مندرجہ ذیل ڈیپازٹ جمع کرانے ہونگے۔ جو کہ کمپنی کے ذریعہ عرب کی سعودی حکومت کو ٹیکسوں کی صورت میں واجب الادا ہیں۔
(۱) سعودی عربین گورنمنٹ ٹیکس جس میں معلم کی فیس بھی شامل ہے ۔۔ ۔۔ ۶ ۔۔ ۳۷۳ روپیہ
(۲) قرنطینہ فیس ۔۔ ۔۔ ۱۲ ۔۔ ۶۰ روپیہ

مسافروں کو ٹیکس اور اس کے ساتھ جدہ کے لئے واپسی کرایہ کا نصف بکنگ رجسٹر کراتے وقت اس بکنگ آفس میں ادا کرنا ہوگا جہاں کہ وہ بکنگ رجسٹر کرائیں گے۔ کرایہ کا دوسرا نصف ٹکٹ خریدنے کے وقت واجب الادا ہے۔ ہر ایک پوری سواری کے لئے فری سامان ۴۴ پونڈ تک لے جانے کی اجازت ہے۔ تین سے بارہ سال تک کی عمر کے بچے کے ٹکٹ کی شرح نصف واپسی کرایہ ہے۔ اور فری سامان بھی نصف یعنی ۲۲ پونڈ تک لے جانے کی اجازت ہے۔ تین سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے واپسی کرایہ کا دس فی صدی لیا جائے گا۔ لیکن فری سامان کے لئے کوئی الاؤنس نہیں دیا جائے گا۔

چونکہ سیٹوں کی محدود مقدار واجب الحصول ہے۔ لہذا مسافروں سے التماس کی جاتی ہے کہ وہ فوراً بلا تاخیر الاٹمنٹ کے لئے درخواست کریں۔ الاٹمنٹ منظور ہو جانے کے بعد ان سے ٹکٹ خریدنے کے لئے کہا جائے گا۔ مسافروں کو مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کراچی اور ڈھاکہ پہنچنے کے لئے اپنا انتظام خود کریں۔ اور اس مطلب کے لئے ہماری معمولی مقرر کردہ سروس کو عام مقررہ شرائط پر استعمال کریں۔ بیت اللہ شریف جانے والے حاجیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوائیں۔ اور اپنے ہاں کے سول سرجن یا ڈسٹرکٹ یا میونسپل میڈیکل آفیسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرائیں۔ جیسا کہ اس وقت تک فیصلہ کیا گیا ہے

اورینٹ دکنگ حج سروس مندرجہ ذیل تاریخوں پر چلے گی

بیرونی سروس	واپسی سروس
۲۶ اگست ۔ کراچی ۔ جدہ	۸ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۲۸ اگست ۔ کراچی ۔ جدہ	۱۰ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
یکم ستمبر ۔ ڈھاکہ ۔ کراچی	۱۳ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۲ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۱۴ اکتوبر ۔ جدہ ۔ ڈھاکہ
۸ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۲۱ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۱۰ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۲۳ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۱۴ ستمبر ۔ ڈھاکہ ۔ کراچی	۲۶ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۱۵ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۲۷ اکتوبر ۔ جدہ ۔ ڈھاکہ
۱۹ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۳۱ اکتوبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۲۰ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۲ نومبر ۔ جدہ ۔ کراچی
۲۴ ستمبر ۔ کراچی ۔ جدہ	۶ نومبر ۔ جدہ ۔ کراچی

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ
ORIENT AIRWAYS LTD.
رفتار ۔ بچت ۔ حفاظت

چینی لٹیروں کے جہازوں پر حملے

اس وقت تک دس جہازوں پر حملے ہو چکے ہیں

ہانگ کانگ ۱۳ اگست۔ جو اطلاعات یہاں پہنچی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ پانچ دن میں [illegible] دس جہازوں پر حملے ہو چکے ہیں جو مسافر لے جا رہے تھے۔

اب کئی جہازوں پر مزید احتیاطی تدابیر اختیار کی گئی ہیں۔ [illegible]

بین الملکتی کانفرنس میں پاکستانی وفد کے لیڈر سر محمد ظفر اللہ خاں ہوں گے

راولپنڈی ۱۳ اگست۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ۱۹ اگست کو دہلی میں جو ہونے والی بین الملکتی کانفرنس میں پاکستانی وفد سر محمد ظفر اللہ خاں وزیر خارجہ پاکستان کی قیادت میں [illegible]

ہندوستانی نمائندہ پیرس ریڈیو پر تقریر کریگا

پیرس ۱۳ اگست (پی۔ ٹی۔ آئی) فرانس میں ہندوستان کے [illegible] آزادی کی سالگرہ پر [illegible] ریڈیو سے تقریر کریں گے [illegible]

ہندوستانی مال کا بائیکاٹ کیوں کیا

پاکستان چیمبر آف کامرس کے فیصلہ کا سبب

کراچی ۱۳ اگست۔ [illegible]

ڈاکٹر مہتہ کا پیام آزادی

[illegible]

برما میں ہندوستانی پناہ گزیں

رنگون ۱۳ اگست [illegible]

ایک سیاسی انقلاب

اگر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی وفاقی اسکیم علی جامہ پہن لیتی تو شاید کانگریس اور مسلم لیگ کے اشتراک و تعاون سے ملک کا نقشہ نہ ہوتا جو آج ہے مگر قدرت کو ایسا منظور نہ تھا اور ہمیں اپنی غلطیوں کا خمیازہ تقسیم ملک کی صورت میں بھگتنا تھا۔ لیکن اگر اب بھی ہندوستان حقیقی معنوں میں سیکولر اسٹیٹ بن جائے اور پاکستان قائد اعظم جناح کے اعلان کردہ بنیادی اصولوں پر عمل کرے تو یقیناً ان نقصانات کی بہت حد تک تلافی ہو سکتی ہے جو تقسیم کے نتیجہ میں ہمیں برداشت کرنا پڑے ہیں۔ اور آج تک برداشت کر رہے ہیں۔

برصغیر ہند کی تقسیم (اور) پاکستان کا قیام

محمد سلیمان صابر

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء ہندوستان کی آزادی کی تاریخ ہے اسی تاریخ کو ایشیا کی سلطنت یعنی پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ پاکستان دنیا کا پانچواں بڑا ملک اور اسلامی ممالک میں سب سے بڑی حکومت ہے۔ پاکستان کا قیام حکومت برطانیہ اور ہندوستان کی [illegible] جماعتوں یعنی کانگریس [illegible]

[illegible] نے کمیونل ایوارڈ کے نام سے اپنا فیصلہ دے دیا۔ اس ایوارڈ کے تحت مسلمانوں کو بعض صوبوں میں ویٹج اور اسمبلیوں میں الگ نیابت مل گئی۔

۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے تحت ہندوستان کے اندر [illegible] انتخابات عمل میں آئے [illegible]

ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہیں۔

مسٹر جناح نے اب یہ کہنا شروع کر دیا کہ مسلم لیگ ہندوستان کی [illegible] دنیا کی دوسری جنگ عظیم نے ان کے لئے برطانیہ [illegible] مطالبہ کرنے کا موقع فراہم [illegible]

[illegible]

ہی سے عملی طور پر دو قوموں کی تھیوری پر عمل شروع ہو گیا [illegible] اور مسلمانوں سے اچھوتوں جیسا سلوک [illegible] مسلم لیگ کی مقبولیت میں اضافہ کیا اور عام مسلمان ہندوؤں سے بدظن ہو کر قائد اعظم کی اس بات میں وزن محسوس کرنے لگے کہ ہندوستان میں ایک قوم نہیں بلکہ دو قومیں رہتی ہیں جو [illegible]

جب قائد اعظم نے مسلم اکثریت والے صوبوں میں مسلم لیگ کی وزارتیں قائم کرنے کی کوشش کی اور صوبہ سرحد اور سندھ کے علاوہ وہ دوسرے صوبوں میں کامیاب ہو گئے۔ کچھ دن بعد سندھ میں بھی ان کو کامیابی حاصل ہو گئی اور خان بہادر اللہ بخش کی برخاستگی کے بعد وہاں بھی مسلم لیگ کی وزارت بن گئی۔

[illegible] قائم کر لی ہے تاکہ عوام کے جان و مال اور ان کے مذہب و عقیدہ کی حفاظت ہو سکے۔

قائد اعظم نے ایک مرتبہ پھر تقسیم ہند کی [illegible] میں جن الفاظ [illegible] اور کہا "میری رائے کے مطابق اس کے علاوہ کوئی دوسرا حل نہ تھا اور مجھے یقین ہے کہ مستقبل کی تاریخ اس کے حق میں فیصلہ دے گی"۔

بہار آزادی

(از جناب غازی سکروڈہوی)

مقام ہوش ہے اے تاجدار آزادی — جنوں کا نام نہیں اختیار آزادی
مجھے فریب نہ دے اے ملال ناکامی — میری نگاہ میں ہے جلوہ زار آزادی
قدم قدم پہ مسرت نفس نفس پہ سکوں — کبھی تو آئے گی یوں بھی بہار آزادی
کٹھن ہے منزل مقصد کی جادہ پیمائی — ذرا سنبھل کے چلیں شہسوار آزادی
جنوں نے سیکڑوں انداز جاں ستاں بدلے — کچھ ایسی دھوم سے آئی بہار آزادی
وطن میں اہل وطن کو ملے فراغ و سکوں — کبھی وہ دن بھی دکھائے بہار آزادی

ہزار فتنہ محشر سہی مگر غازی
ہمیں عزیز ہے پھر بھی بہار آزادی

ابھی اس سلسلہ میں قائد اعظم نے جو خاص بات کہی وہ پاکستان میں غیر مسلموں کے درجہ کے متعلق تھی۔ انہوں نے کہا "پاکستان کی اس حکومت کے اندر تم اپنے مندروں یا مسجدوں میں یا کسی اور عبادت گاہ میں جانے کے لئے قطعی طور پر آزاد ہو۔ تم خواہ کسی مذہب یا کسی قوم یا نسل سے [illegible]

مگر افسوس ہے کہ قائد اعظم کے ان الفاظ کے باوجود کم از کم مغربی پاکستان میں ہندو سکھ نہ رہ سکے اور دونوں حکومتوں کے مابین مشرقی پنجاب اور مغربی پنجاب کی تبادلہ آبادی کے متعلق سمجھوتہ عمل میں آیا۔ اور لاکھوں انسان ادھر سے ادھر پہنچے اور دونوں ملکوں میں وہ تباہی آئی کہ تاریخ انسانی میں آج تک نہ آئی تھی۔ آج دو سال کے بعد بھی لاکھوں بے گناہ انسان دونوں ملکوں میں پریشان اور بے گھر ہیں۔

مگر اس کے باوجود یہ امر باعث مسرت ہے کہ ہم آزاد ہیں۔ آزادی کی فضا میں سانس لے رہے ہیں اور ہم کسی بیرونی طاقت کے غلام نہیں ہیں۔ جس سے کہ ہم اپنے [illegible]

مستقبل سے مایوس ہو جائیں۔ افسوس ہے کہ [illegible] مشکلات سے گھرے ہوئے [illegible] مستقبل رکھتے ہیں اور یقیناً مستقبل اپنے [illegible] بہت کچھ لئے ہوئے ہے۔

دونوں مملکتوں کا بھلا اسی میں ہے کہ دوستی اور [illegible]

پاکستان قائد اعظم کے بیان کردہ اصول پر عمل کرے تو یقیناً ان نقصانات کی بہت حد تک تلافی ہو سکتی ہے جو تقسیم کے نتیجہ میں ہمیں برداشت کرنا پڑے ہیں اور آج تک برداشت کر رہے ہیں۔

مفت طلب کیجئے

[illegible]

گھڑی کا فیصلہ اس کے نام سے کیجئے

گھڑی کے معاملہ میں دیگر چیزوں کے مقابلہ میں اس کے نام کی اہمیت زیادہ ہے۔ [illegible]

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی۔ بمبئی۔ کلکتہ۔ لاہور، کولمبو

West End Watch Co.

BOMBAY
CALCUTTA

اپنے ہم وطنوں کی خدمت میں خلوص بھرے دل سے
آزادی مبارک

پیش کرتے ہوئے ایک بار پھر اس مشہور و مقبول تحفہ کی یاد دلاتے ہیں۔ جو دماغ کی کمزوری کا شافی علاج ہے

طبی آنولہ ہیئر آئل رجسٹرڈ

طبی آملہ سے دردِ سر کو اچھا کرو

اعلیٰ تیار کردہ (آملہ مارکہ)

طبی آملہ ہیئر آئل (یعنی تیل) رجسٹرڈ

شیشی خریدتے وقت ٹریڈ مارک اور ہمارا نام ضرور دیکھ لیں

یہ تیل جنگل کی جڑی بوٹیوں سے بنایا گیا ہے [illegible]

تیار کردہ — عبدالغنی محمد اسمٰعیل تاجر عطر فتحپوری دہلی
(مالکان فرم مسماۃ آمنہ بی و محمد ایوب)

ہم اپنے تمام قدردانوں اور سرپرستوں کی خدمت میں
عقیدت بھرے دل سے آزادی مبارک پیش کرتے ہیں

یونین ہوٹل

بلی ماران — دہلی

رہائش اور کھانے کے انتظام
میں مشہور و یکتا

آپ جب بھی دہلی تشریف لائیں ہمارے ہاں قیام فرمائیں
اور پورا آرام آسائش اور سہولتیں میسر ہوتی ہیں

صداقت کا امتحان کیجئے

(مالک حاجی محمد یونس اینڈ برادرس)

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے
طبی مشورہ مفت ہے
حالات لکھئے
پتہ: منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۱۶؍ اگست ۱۹۴۹ء

اب ہم آزاد ہیں

آج ہمارا سر فخر کے ساتھ اونچا ہے کہ ہم آزاد ہیں اور ملک کا دروبست انگریزوں کی جگہ ہند گورنمنٹ کے ہاتھ میں ہے، یوں سمجھئے کہ ہم نے ساٹھ سال تک آزادی کی جو جنگ لڑی تھی اس کا صلہ آج ہمیں مل گیا اور جو شئے مطلوب تھی وہ حاصل ہو گئی، اور آج جو یوم آزادی منایا جا رہا ہے وہ ہماری اسی جدوجہد کی یادگار ہے جس کے اجزا ساٹھ سال کی بساط سیاست پر بکھرے پڑے ہیں اور جن کو سمیٹ کر ہم نے یکمشت آزادی حاصل کی ہے! پس یوم آزادی ہمارے خون کی قیمت سے ملی، قیمت ادا کر کے ہم اس کی حفاظت بھی کریں گے، اور جان کی بازی لگا کر اسے سینہ سے لگائیں گے۔ بس ہمارا اور تمہارا پہلا فرض یہ ہے کہ اپنے احساس حریت کو بیدار کریں اور اپنے اعتماد کو باور کرائیں کہ ہم اور ہمارا ملک، ہماری قوم اور ہماری سیاست آزاد ہے اور آزادی کے تقاضے اور مطالبے کسی آرزو اور طلب میں ہمارا منہ تک رہے ہیں!

یوم آزادی کی تقریب پر آزادی کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہمیں جو کچھ کہنا چاہیئے اس کا اندازہ آپ سے بہتر اور کون لگا سکتا ہے؟ جو شخص بھی اس موضوع پر کچھ لکھے گا وہ یہی ہو گا کہ جنگ آزادی کا آغاز اس طرح ہوا، اس میدان کے سپاہیوں نے ایسے ایسے کارنامے انجام دیئے، انگریز نے مزاحمت کے لئے کیا کیا طریقے اختیار کئے، مہاتما گاندھی نے کن اصولوں پر جنگ آزادی کو چلایا اور پھر کچھ خلافت کمیٹی کا تذکرہ، کچھ [illegible] کی چپقلش، کچھ جمعیۃ علماء ہند اور دوسری آزادی پسند اسلامی جماعتوں کے کارنامے، کچھ پاکستان بننے کی داستان اور کچھ ملک کی تقسیم کے نتائج اور کچھ یہ بات کہ مغربی اور مشرقی پنجاب میں کیا ہوا اور ملک کو آزادی کی قیمت کیا اور کس صورت میں ادا کرنی پڑی! یہ سب باتیں اپنی اپنی جگہ مستقل تاریخ کی محتاج ہیں اور ہر گوشہ اس قابل ہے کہ اس کی پیمائش کی جائے، مگر آپ فرض کر لیجئے کہ آزادی کی مکمل تاریخ آپ کے سامنے ہے اور یہ داستانیں سنتے سنتے آپ کا جی بھر چکا ہے، اب گویا آپ کوئی نئی بات سننا چاہتے ہیں اور اس انتظار میں ہیں کہ کوئی آپ کو مستقبل کی سیر کرائے اور آئندہ ہونے والی باتوں سے آگاہ کرے!

ہمیں احساس ہے کہ آپ کو ماضی کی داستان سے کوئی دلچسپی نہیں ہے بلکہ ہم تو یہاں تک کہتے ہیں کہ آپ نے نفس آزادی سے بھی کوئی خاص کیف و نشاط محسوس نہیں کیا اور اپنی بسائی ہوئی دنیا میں بھی آپ [illegible] ہم دیکھتے ہیں کہ آپ کا دل بیٹھا ہوا ہے، آپ کی امنگوں پر اوس پڑی ہوئی ہے! ہمیں نظر آ رہا ہے کہ آپ کی مراد پوری نہیں ہوئی، آپ کے انداز [illegible] دل کی باتیں دل ہی میں [illegible] چہروں پر وہ نور بھی نہیں، جو آزاد قوموں میں جھلکتا ہے، وہ بشاشت ہی نہیں جو زندہ قوموں کی زندگی سے ٹپکتی ہے بس ایک بے کیف زندگی ہے جو بے خودی کے عالم میں کٹ رہی ہے، نہ اس بات کی خوشی کہ ہم آزاد ہیں، نہ اس بات کا غم کہ غلامی کا دور ختم ہوا سچ پوچھو تو اکثر کی زندگی کچھ ایسے انداز سے گزر رہی ہے کہ جس کا الفاظ کے ذریعہ اظہار نہیں ہو سکتا جس طرح خواب اور بیداری کی درمیانی حالت ہوتی ہے، اسی طرح ہماری حالت ہے کہ نہ پوری طرح آزادی کا احساس، نہ پوری طرح غلامی سے نجات پانے کا تصور! اور یہ عجیب حالت ہے اور ہماری آزادی کو اسی حالت سے گزرنا ہے!

انسان بھی بہت عجلت پسند اور بے صبرا واقع ہوا ہے، اگر آزادی سونے کی ڈلی بن کر ہمیں ملتی اور اس کے اجزا میں کوئی کھوٹ نہ ہوتا تو یقین کیجئے کہ ہمیں اس وقت بھی صبر نہ آتا اور کوئی نہ کوئی کیڑا اس میں ضرور نکال دیتے، اگر ہمیں ایسی آزادی ملتی کہ ہر شخص کے پو بارے ہو جاتے اور امتحان کی بھٹی کے قریب بھی جانا نہ پڑتا تو کیا ہم اس کا اعتراف کرتے؟ نہیں اس میں بھی ہزار عیب نکالتے اور نکتہ چینی میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھتے اور اب تو آپ بے قصور ہیں کہ جو چاہیں کہیں اور جو الزام لگانا چاہیں لگائیں، کیونکہ آپ کو جس طریقے سے آزادی ملی ہے وہ خوش آئند ثابت نہیں ہوئی اور آزادی نے بول کر نہیں بتایا کہ آپ آزاد ہیں جو لوگ تبادلۂ آزادی کے چکر میں آئے وہ تو شاید آزادی کے نام سے ہی بیزار ہیں، لیکن جن لوگوں کو اس امتحان سے گزرنا نہیں پڑا وہ بھی مطمئن نظر نہیں آتے، کیونکہ وہ دیکھ رہے ہیں کہ بدعنوانیاں حد سے تجاوز کر گئی ہیں، فرائض سے غفلت کا بحران شدید ہے، ذمہ داری کے احساس کا دامن تار تار ہے، رشوتوں نے چاروں طرف سے گھیرا ڈال رکھا ہے، چور بازاری کا مارِ آستین ڈنک مارنے میں مشغول ہے، گرانی اور اوسط طبقہ کی پریشانی جونک کی طرح خون چوس رہی ہے! ان اخلاقی جرائم کے بعد کہیں کمیونسٹوں کا زور ہے کہیں فرقہ پرستی کا ٹکراؤ ہے، کہیں صوبائی ذہنیت نے ناک میں دم کر رکھا ہے، کہیں زبان کے مسئلوں نے انتشار پیدا کر رکھا ہے، کہیں مغربی بنگال اور کہیں مشرقی پنجاب کے خصوصی مسائل ہیں،... غرض آزادی کے بعد کسی کو اطمینان کا سانس لینا نصیب نہیں ہوا، اس لئے ہر شخص کی حالت یہ ہے گویا اسے آزادی کی آمد کی خبر نہیں، اگر ہے تو بس اتنی کہ ایک آزادی کے ساتھ دس مصیبتیں اور آ گئیں اور صبح نشاط کو دیکھتے ہی دیکھتے.... شب غم سے ہم آغوش ہونا پڑا۔

ہم بلاشبہ سیاسی آزادی سے ہمکنار ہوئے ہیں، لیکن ابھی ہمیں بہت سی چیزوں سے آزاد ہونا ہے، اقتصادی آزادی، تہذیبی آزادی اور معاشرتی آزادی سے ہمیں ابھی تک کوئی حصہ نہیں ملا، لیکن یہ آزادیاں اس وقت تک نہیں مل سکتیں، جب تک کہ ہمیں سیاسی آزادی کا شعور اور اسے نبھانے کی ذمہ داریوں کا احساس نہ ہو، اگر ذہنیت غلامانہ ہے تو سیاسی آزادی ہمیں راس نہیں آ سکتی، اب ہمیں سوچنا چاہیے کہ کیا ہم میں آزادی کی اہلیت ہے؟ کیا ہم نے اپنی ذہنیتوں کو آزادی کے لئے تیار کر لیا ہے؟ کیا ہم آزادی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے تیار ہیں؟ ہماری مصیبتیں دور نہ ہوں گی اور نہ ہم آزادی کا لطف اٹھا سکیں گے، اگر ہم نے... آزادی کے مفہوم کو نہ سمجھا اور اس کے مطالبات کو لبیک نہ کہا، اگر ہم سمجھ گئے کہ ہم آزاد ہیں اور اب ہمیں آزادی کی فضا میں زندگی بسر کرنی چاہئے تو ہمارے تمام دلدر دور ہو سکتے ہیں اور شب غم صبح نشاط میں تبدیل ہو سکتی ہے

ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے اپنے پیغام میں بالکل صحیح فرمایا ہے کہ ہمیں گذشتہ دو سال کا جائزہ لینا اور اپنے آپ کو آئندہ کے لئے تیار کرنا چاہئے کیونکہ دنیا ہماری آزادی اور ہمارے دعاوی کو الفاظ سے نہیں کام سے جانچے گی اور ہم کچھ کر کے دکھانے کے بعد سرخرو ہو سکیں گے! گویا وزیر اعظم نے ان چند الفاظ میں عوام اور حکومت کے فرائض کی تشریح فرما دی کہ ہم سب کو ملکر اپنی آزادی کا استعمال کس طرح کرنا چاہیے۔

اگرچہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے لیکن اس کی پہلی شرط یہ ہے کہ ملک میں امن و امان قائم رہے اور لاقانونیت کو سر اٹھانے اور تشدد [illegible]

باقی صفحہ [illegible]

مباحث امروز:

یورپین پارلیمنٹ

مغربی قومیں ایک طرف امن امن پکار رہی ہیں اور دوسری طرف وہ اس قسم کے اقدامات اختیار کر رہی ہیں جن سے امن پسندوں کے دل میں شکوک و شبہات پیدا ہوتے ہیں ابھی پچھلے دنوں اقوام متحدہ کی جھنگ میں میثاق اوقیانوس عمل میں آیا اور تمام مغربی طاقتوں اور امریکہ نے اس پر دستخط کئے اور اب فرانس اور جرمنی کی سرحد پر دریائے رائن کے شہر اسٹراس بورگ میں بین اقوامی پارلیمنٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس میں یورپ کی بارہ قومیں شریک ہیں فرانس کے مشہور مدبر مسٹر ایڈورڈ ہیریٹ نے اس یورپین پارلیمنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے غالباً روسی بلاک کے خدشات ان الفاظ سے دور کرنے کی کوشش کی کہ "فوجی دوستی کرنے کا ہمارے سامنے کوئی سوال ہی نہیں ہے اور ہم کسی کے خلاف جنگ کا اعلان بھی نہیں کر رہے ہیں" خدا کرے کہ ایسا ہو لیکن سوال یہ ہے کہ یہ جنگ کا نام آخر زبان پر کیوں آیا۔ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ یہ دل کا چور ہو اور درپردہ امن و صلح کے بجائے جنگ کی تیاریاں ہو رہی ہوں۔ جرمنی کے ہٹلر نے امن و آشتی کے نام پر ہی پوری دنیا کو جنگ میں دھکیلا تھا اور اب اسی ہٹلر کی سرزمین میں اس نئی جماعت کی بنیاد ڈالی جا رہی ہے جو کسی وقت امن کے بجائے جنگی پارلیمنٹ بھی بن سکتی ہے۔

کمیونزم کا سیلاب

چین میں کمیونزم اور کمیونسٹوں کی فتوحات سے امریکہ اور دوسری تمام مغربی طاقتیں پریشان ہو رہی ہیں۔ سیاسی حلقوں کی اطلاع کے مطابق آئندہ ماہ واشنگٹن میں برطانیہ اور امریکہ کے مابین جو اقتصادی گفت و شنید ہونے والی ہے اس میں مشرق بعید کی صورت حالات زیر بحث آئے گی ہو سکتا ہے کہ جس طرح چیکوسلواکیہ میں کمیونسٹ انقلاب کے بعد یورپین ممالک کے لئے فوری طور پر مارشل امداد کا پروگرام بنایا گیا تھا اسی طرح جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کی امداد کا بھی پروگرام بنایا جائے۔ اور چین کے ہمسایہ ممالک کی امداد کر کے اس سیلاب کو روکنے کی کوشش کی جائے جو چین کی طرف سے بڑھتا چلا آ رہا ہے۔ اس سلسلہ میں جاپان اور فلپائن اور بحرالکاہل کے متعلق بھی کوئی ٹھوس اور مضبوط منصوبہ کا امکان ہے۔

مغربی طاقتوں کے اس قسم کے اقدامات کو کمیونسٹوں کے مخالف حلقوں میں یقیناً سراہا جائے گا۔ لیکن جب تک عام اقتصادی بدحالی پر قابو نہ پایا جائے گا۔ اور ایک غریب سے غریب مزدور کو اس بات کا موقع نہ دیا جائے گا کہ وہ دو وقت پیٹ بھر کر روٹی کھا سکے اس امر کا امکان بہت کم ہے کہ چین کے بعد ایشیا کے دوسرے ممالک کمیونزم کے سیلاب سے بچ سکیں گے۔ اگر امریکن طاقت پر بھروسہ کرنے کے بجائے ایشیائی ممالک خود اپنے اوپر بھروسہ کریں۔ اور عوام کو اپنے اعتماد میں لے کر کام کریں تو اس میں کامیابی کا امکان بہت زیادہ ہے — مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایشیائی ممالک خودمختار ہونے کے باوجود مغربی طاقتوں کے چکر سے نکلنا ہی نہیں چاہتے

مصر میں داخلی بدامنی

مصر میں کچھ عرصہ سے تہدید آمیز خطوط کی وبا پھیلی ہوئی ہے ایک معمولی اسکول ماسٹر سے لے کر یونیورسٹی کے رجسٹرار اور دوسرے بڑے بڑے سرکاری افسروں تک کو اس قسم کے خطوط موصول ہو رہے ہیں۔ ایک خط اس طرح کا موصول ہوا کہ قاہرہ کے نواحی گارڈن سٹی کے پورے علاقہ کو اڑا دیا جائے گا۔ اور سب سے پہلے وفد پارٹی کے لیڈر نحاس پاشا کا مکان اڑایا جائے گا۔

مصر میں اس قسم کی حرکتیں اس وقت سے شروع ہوئی ہیں جب سے کہ حکومت نے اخوان المسلمین کو خلاف قانون قرار دیا ہے۔ اس جماعت کے مقاصد کچھ اسی قسم کے تھے جو اکثر مذہبی گروہوں کے تنگ نظر جماعتوں کے ہوا کرتے ہیں۔ اور جو بین الاقوامی حالات سے باخبر [illegible] میں رہنا پسند کرتی ہیں۔

تہدید آمیز خطوط کا مقصد معلوم ہوتا ہے کہ عوام کو دہشت زدہ کیا جائے۔ وہ جن مقاصد کو پر امن طور پر عملی جامہ نہ پہنا سکا انہیں تخریبی سرگرمیوں کے ذریعہ پورا کیا جائے نہیں کہا جا سکتا کہ حکومت مصر اس قسم کی سرگرمیوں پر قابو پانے کی کس حد تک قدرت رکھتی ہے لیکن جو حکومت ایک طبقہ کی امن شکن سرگرمیوں کے سامنے ہتھیار ڈال دے۔ وہ دراصل حکومت کہلانے کی مستحق ہی نہیں۔

ایک ایسے وقت جبکہ عرب دنیا موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ مصر کی یہ داخلی بدامنی یقیناً عربوں کی خارجی سیاست پر بہت کچھ برا اثر ڈال سکتی ہے۔

عربوں کی آبادکاری

اقوام متحدہ کی صلح کمیٹی کی نگرانی میں لوزان میں عرب اور یہودیوں کی گفت و شنید کا ابھی تک کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے لیکن ایک امید افزا یہ خبر موصول ہوئی ہے کہ حکومت اسرائیل اپنے ہاں ایک لاکھ عربوں کو بسانے پر رضامند ہو گئی ہے۔ جو لوزان کانفرنس میں بنیادی سمجھوتہ کے بعد واپس بلائے جائیں گے معلوم ہوتا ہے اس سلسلہ میں یہودیوں پر امریکہ کا اثر پڑا ہے۔ جسے خدشہ ہے کہ کہیں عربوں کا رجحان روس کی طرف نہ ہو جائے۔ اور مشرق وسطیٰ میں [illegible] کمیونزم کا اڈہ نہ بن جائے — لیکن اس بات کی امید بہت کم ہے کہ آٹھ لاکھ خانماں برباد عربوں میں سے صرف ایک لاکھ عربوں کی مشروط آبادکاری سے عرب دنیا مطمئن ہو سکے گی۔

تنگ نظر جماعتیں

ملک آزاد ہو گیا لیکن اس کے باوجود بعض جماعتوں کے طور طریقوں اور پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اس وقت ضرورت اس امر کی تھی کہ ہندوستان کے تمام طبقے باہمی اشتراک و تعاون کے ساتھ امن و خوشحالی کی طرف قدم اٹھاتے اور ملک کی ترقی کی اسکیمیں سوچتے لیکن بعض [illegible] ابھی تک [illegible] فرقہ پرستی ہی میں ملک کی فلاح سمجھتے ہیں اور ان کی تخریبی [illegible]

باقی صفحہ ۹ پر

سیر و سیاحت — [illegible] کے قلم سے

مایوس کیوں ہیں؟

ہم غلام تھے انگریزی استبداد کی چکی میں ایسے پسے کہ آٹا کیا بلکہ میدہ بن گئے۔ البتہ ایک فائدہ ہوا کہ ہمارے اندر ایک طرح کا [illegible] پیدا ہو گیا جس سے تمام منتشر ذرات یک جان ہو گئے اور ہماری مشترکہ جدوجہد سے آخر کار انگریز کو یہاں سے بستر بوریا گول کرنا پڑا۔ ملک بے شک تقسیم ہوا اور سر منڈاتے ہی اولے پڑے [illegible] لیکن اگر نہ کٹتا تو [illegible] کا اندیشہ تھا اور پھر مرض لاعلاج ہوتا۔ اور اب جو زخم پڑا ہے وہ لاعلاج نہیں ڈاکٹر لوگ اسے اچھا کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔

اس علاج کو دو سال ہو گئے۔ لوگ بعض اوقات پوچھنے لگتے ہیں یہ ڈاکٹر لوگ کیسے کہ ابھی تک زخم موجود ہے۔ بلکہ اور زخم پڑ گئے ہیں جن میں پیپ پڑنے کا اندیشہ ہے اگر وہ علاج نہیں کر سکتے تو صاف اعلان کر دیں کیونکہ اس سستی اور لیت و لعل سے ہم مایوسی کی حد تک پہنچ گئے ہیں اور بقول حضرت اکبر ؎

گر رہا مایوسیوں سے دل کو چھٹا بہت
کہیں ایسا نہ ہو یہ چھٹا دل جم جائے

اور ہم آزادی کا حظ اٹھائے بغیر بیٹھے رہ جائیں۔

یہ سیاست کے خیال میں بد [illegible] بازی اور کم سمجھی کی باتیں ہیں۔ اگر کوئی شخص صرف دو سال میں مایوسی کی حد تک پہنچ جائے تو اسے ضرور [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں:

قرآن اور آزادی

یا ایہا الناس۔ تا۔ خبیر۔ (پ ۲۶ ع ۱۴)

اے مسلمانو! ہم نے تم کو عورت اور مرد کے جوڑے سے پیدا کیا ہے اور ہم نے تمہاری سہولت اور شناخت کے لئے تمہارے قبیلے اور گروہ بنا دیئے ہیں اور یاد رکھو اللہ کے نزدیک تم میں فضیلت اسی کو حاصل ہوگی جس کے عمل اچھے ہوں گے اور جو پرہیزگاری کی زندگی بسر کرے گا، اور اللہ سب کچھ جانتا ہے اس لئے تمہارے حالات سے باخبر ہے۔

اس آیت میں نظام تمدن کے لئے انسانی وحدت کو بنیاد قرار دیا گیا ہے اور نسلی قومی، وطنی اور لسانی حدود کو توڑ کر انسان کو ایک صف میں کھڑا کیا گیا ہے اور اس بات کا اعلان کیا گیا ہے کہ پیدائشی طور پر انسان ذلیل اور پست نہیں ہے، تمام انسان ایک ہی نسل سے ہیں، البتہ انسانوں کی سہولت کی خاطر گروہ اور قبیلے مقرر کر دیئے گئے ہیں تاکہ لوگوں کو ایک دوسرے کو پہچاننے میں آسانی ہو، مگر یہ ظاہری امتیاز کسی کو اونچا اور کسی کو نیچا نہیں کرتا جو چیز انسان کو بلند اور پست کرتی ہے وہ اس کے اعمال ہیں، ایک غریب اچھے عمل کر کے بادشاہ پر فضیلت حاصل کر سکتا ہے اور ایک بادشاہ بدکردار بن کر ذلیل و خوار ہو سکتا ہے فضیلت کا معیار نہ حکمرانی اور طاقت ہے نہ سرمایہ اور اولاد، یہ دولت [illegible] سے حاصل [illegible] یہ کمال حسن عمل، مکارم اخلاق، تزکیۂ نفس اور خدمت خلق سے حاصل ہوتا ہے، اسلام نے آزادی کے لئے انسانی وحدت کو اساس قرار دیا ہے، یہی جمہوریت کی جان، انصاف کی روح اور مساوات کا سرچشمہ ہے جو آزادی اور جمہوریت اس بنیاد پر قائم ہوگی وہ جاندار ہوگی اور اس کے ذریعہ ایک ایسا صالح تمدن پیدا ہوگا جو انسانیت کو ہمیشہ کے لئے مسرت اور خوشحالی سے ہم آغوش کر دے گا۔

جشنِ آزادی

اشرف بھوپالی

آزادیٔ وطن سے میں خوش ہوں ہزار بار — دیکھا خدائے عظمت ہستی کو آشکار
عالم نوید جشن ہے پیغام سرخوشی — ڈھلتی ہے عیش کے سانچے میں زندگی
کانٹوں پہ رنگ وہ کہ نکھاروں کو رشک ہے — پھولوں میں حسن وہ کہ بہاروں کو رشک ہے
وہ گلستاں میں پھول کے ہونٹوں پہ لالیاں — ہلتی ہوئی چمن میں درختوں کی ڈالیاں
سائے میں حسن ہے تو نکھاریں ہیں دھوپ میں — مستی ابل پڑی ہے ہواؤں کے روپ میں
"ناآزمودہ" عیش کی مستی لئے ہوئے — ہندوستان ہے رمِ مستی لئے ہوئے
وہ نغمہ آفریں ہے صدائے حیات آج — ڈوبی ہوئی ہے رقص میں یہ کائنات آج
وہ شوخیوں کی نرم میں بجتا ہوا رباب — محفل میں سادگی کی سنبھلتا ہوا شباب
آئی ہے موج حسن مگر کھیلتی ہوئی — اٹھتی ہوئی چمکتی ہوئی جھومتی ہوئی
وہ گرمیوں پہ ہند کی ہستی تلی ہوئی — اور گرمیوں میں عیش کی مستی گھلی ہوئی
القصہ مستیوں کے خزانے ابل پڑے — آزادیوں کے یعنی فسانے ابل پڑے
دنیا مثال جلوۂ صد لالہ زار ہے — یعنی نزول رحمت پروردگار ہے
آزاد ہو گئے ہیں جو فکر فضول سے — چہرے ہوئے ہیں صاف یہ گرد ملول سے
جھکتا ہوا زمیں پہ سر آسماں ہے آج — "چھوٹی سی اک زمین" تھی سارا جہاں ہے آج
شکر خدا قفس کی وہ بنیاد اکھڑ گئی — یعنی کہ قید و بند کی بستی اجڑ گئی
لیکن مری نظر میں ہے اے رب ذوالجلال — مزدور کا کسان کا مظلوم کا مآل

دلی میں مغلیہ عہد کی سب سے پہلی اور چار سو سالہ قدیم تاریخی یادگار

عرب سرائے دہلی

۹۶۸ھ ۱۵۶۰ء تا ۱۳۶۸ھ ۱۹۴۹ء

علامہ اخلاق دہلوی

یہ عمارت مقبرہ ہمایوں کے جنوب مغرب میں ہے اسے اکبر اعظم کی ماں نواب حاجی بیگم نے [illegible] درستہ ہمایوں کی طرح ہی تعمیر کرایا تھا اس کی چہار دیواری پختہ سنگین لاہوری ہے جس میں دو بڑی [illegible] دروازے ہیں۔ شمالی دروازہ نہایت خوبصورت اور مغلیہ صناعی کا اعلیٰ ترین شاہکار ہے۔

عرب سرائے کے اردگرد باغات تھے اور بہ کثرت کھجوروں کے درخت تھے جن سے نخلستان عرب کی یاد تازہ ہوتی تھی۔ اب وہ باغ اجڑ گئے۔ ان کی عمارتیں کھنڈر ہو گئیں۔ مکمان ختم ہو گئے اگر کوئی نام لیوا کہیں ہے تو اسے تاب سخن نہیں عمارتوں کے نشانات جو کہیں کہیں رہ گئے ہیں وہ بھی حوادث روزگار کے ہاتھوں کوئی دن کے مہمان ہیں۔ ع مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے۔

کھجوروں کے جھنڈ جو کہیں کہیں نظر آتے ہیں وہ بھی چندروز کی ہوا کھا رہے ہیں سچ ہے ع باقی رہے نام اللہ کا۔

یہ عمارت اہل عرب کی رہائش کے باعث خاص شہرت کی مالک ہے۔ یہاں وہ عرب بستے تھے جنہیں نواب حاجی بیگم بعد فراغت حج دیار عرب سے منتخب کر کے اپنے ہمراہ لائی تھیں۔ یہ برگزیدہ عرب مختلف قبائل کے تھے جن میں سے بعض بیگم کے قرابتی اور اعزا تھے۔ چنانچہ اہل قلعہ کو ان سے ربط خاص اور تعلق خاطر تھا اور یہی عہد برطانیہ میں ان کے اجڑنے اور برباد ہونے کا بڑا سبب سمجھا جاتا ہے۔ بیگم موسوی سادات اور حضرت سید احمد جام زندہ پیل کی اولاد سے تھیں۔

یہ تین سو عرب تھے جن میں سو خدام تھے۔ سو اولاد مشائخ تھے اور سو سادات عظام سے تھے۔ جن کا شمار شرفا اور معززین عرب میں تھا۔

اہل سادات اور مشائخ کبار تجوید و قرأت کے امام اور علوم دینیہ میں یکتائے روزگار تھے اور سب کے سب حافظ قرآن تھے۔ بیگم نے ایک دار العلوم (مدرسہ) بھی قائم کیا تھا جو مقبرہ ہمایوں میں تھا اور اسی نسبت سے دلی والے مقبرہ ہمایوں کو آج تک مدرسہ کہتے ہیں۔ اس دار العلوم کے مہتمم شیخ حسین اور نور الدین ترخان تھے اور بیگم خود بھی انتظام میں دخل رکھتی تھیں۔

اس درس گاہ میں یہی عرب درس دیتے تھے جو اس عہد کے فاضل اجل صاحب اقتدار اور علما سے [illegible] تھے اور نہ صرف یہی بلکہ یہ عرب فنون سپہ گری میں بھی کامل اور سپاہی پیشہ تھے اور اہل ہندوستان سے جوق درجوق استفادہ کرتے تھے۔

یہ عرب خزانہ شاہی سے وظیفہ پاتے اور بادشاہ کے خاص وظیفہ خوار سمجھے جاتے تھے امرا اور سلاطین ان کے ہاں آتے اور بہت [illegible] ہوتے تھے۔ علما اور صلحا و مشائخ ان کی محافل و مجالس میں شرکت اور ان سے تقرب باعث برکت سمجھتے تھے۔

یہ عرب قرآن پاک اس خیال سے پڑھتے تھے کہ سن کر پتھر دل پانی ہو جاتے تھے۔

اہل عرب مہمان نوازی اور خاطر داری میں ضرب المثل اور دنیا بھر میں مشہور ہیں چنانچہ یہ عرب بھی قدیم اخلاق و شعار کے مالک اور انتہا درجے کے مہمان نواز تھے۔ مہمانوں کی بڑی خاطر تواضع کرتے اور بہت ہی تعظیم و تکریم سے پیش آتے تھے۔ عرب کا تحفہ کھجوریں اور قہوہ ہر مہمان کو پیش کرنے اور انواع و اقسام کے عربی کھانوں سے خاطر مدارات کرتے تھے اور بڑے اصرار و محبت سے کھلاتے پلاتے تھے۔ چنانچہ نواب درگاہ قلی خاں بہادر مرقع دہلی میں رقم طراز ہیں:

میں بھی سید حشمت علی خاں صاحب کے ہمراہ گیا اور ساری کیفیت اپنی آنکھوں سے دیکھی۔ اس سرائے کے عرب اپنے مہمانوں کی ہر ممکن خاطر مدارات کرتے ہیں مہمانوں کا استقبال بڑی خندہ پیشانی سے کرتے ہیں...... انواع و اقسام کے عربی کھانوں سے ضیافت کرتے ہیں۔ قہوے کے بڑے بڑے پیالے خاص اہتمام سے پیش کرتے ہیں...... مہمان جو عادی نہیں ہوتے انکار کرتے ہیں مگر یہ عرب انہیں پلا ہی دیتے ہیں۔ میں نے اس شعر کے معنی صحیح طور سے سمجھے ؎

روزے بہ خانۂ عربی میہمان شدم
چنداں خوراند قہوہ کہ من قہوہ دان شدم

یہ عہد محمد شاہ کا واقعہ ہے۔ جو نواب صاحب موصوف نے تحریر فرمایا ہے۔ اس عہد تک یہ بستی پوری بہار پر تھی اور کوئی دو ہزار عرب مع اہل و عیال یہاں آباد تھے اور یہاں کی مجالس خیر کا شہرہ دور دور تھا غرض کہ علم و کمال اور تواضع و ضیافت ان عربوں کے ایسے اوصاف تھے کہ جن سے نہ صرف یہ مرجع خلائق تھے بلکہ یہ بستی عرب سرائے امن و عافیت کا گہوارہ بنی ہوئی تھی اور دلی کے قیامت خیز ہنگاموں کی زد سے محفوظ تھی۔ حتیٰ کہ جب سورج مل جاٹ نے مضافات دلی میں دست درازی کی اور حضرت نظام الدین اولیا محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ شریف اور بستی کو تاخت و تاراج کر چکا اور عرب سرائے کا رخ کیا تو ایک جان باز عرب کی مردانہ وار جرأت سے خائب ہو کر اسے الٹا مراجعت پر مجبور ہونا پڑا اور بستی عرب سرائے آسیب بلا سے محفوظ و مامون رہی۔

الغرض روایات و واقعات شاہد ہیں کہ جب کبھی دلی (شہر) میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھی تو اہل شہر اور [illegible] عرب سرائے ہی میں پناہ لیتے تھے چنانچہ ایک مرتبہ اردو زبان کے مشہور شاعر میر محمد تقی میر نے بھی اپنے بال بچوں کو اسی مامن گاہ میں پناہ گزیں کیا تھا۔

بہر حال جب سلطنت مغلیہ میں ضعف آگیا اور حکومت کا تاروپود بالکل بکھر گیا۔ امرائے دولت اور سلاطین عیش و عشرت میں پھنس کر بادۂ شبانہ کے متوالے ہو گئے اور دنیا و مافیہا کا انہیں ہوش نہ رہا۔ قتل و غارت، لوٹ مار اور چو طرفہ لوٹ کھسوٹ نے زندگی اجیرن کر دی۔ اور دلی کے امرا۔ دلی کے شرفا۔ دلی کے اہل کمال اور ان کے قدردان ایک ایک کر کے دلی سے رخصت ہو گئے تو [illegible]

[illegible] چنانچہ شاہ ابو الصلاح قادری (شاہ آباد) میر محمد عوض المعروف بہ نواب میر منعل بیگ خاں عرب۔

خندہ پیشانی سے خیر مقدم کیا اور یہ بلائے بے درماں اس طرح ٹل گئی ع رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت

ان بزرگ کا مزار شمالی دروازے کی طرف ایک احاطہ میں املی کے درخت کے نیچے ہے مگر احاطہ اب منہدم کر دیا گیا ہے جو قابل افسوس ہے۔

حکیم قطب الدین باطن مولف تذکرہ گلستان بے خزاں (آگرہ) مولانا فخر الدین مولف فن سپاہ گری (جے پور) پیر سید حسین قادری حسنی حسینی۔ مولوی سید عبد اللہ مولف فقہ شافعی۔ ملا وجیہ الدین مصنف الف لیلہ دکھنی (زبان دکنی)۔ مولوی سید سلیمان شاہ (جج ہائی کورٹ) مولوی سید احمد (خاں صاحب) مصنف فرہنگ آصفیہ۔ سید ابراہیم حسین حسنی حسینی قادری معافیدار موضع بہلول پور وغیرہ نام ور حضرات انہیں عربوں کی اولاد تھے۔

ان عربوں کے جو گھرانے شہر دلی میں جا بسے وہ شہریوں میں ایسے گھل مل گئے کہ خواص بھی امتیاز نہ کر سکے کہ کون کہاں سے ہے اور کس نژاد و بوم سے ہے۔ البتہ جنھوں نے دلی یا اطراف دلی میں سکونت اختیار کی انہیں عرب سرائے سے گہری دلچسپی رہی اور ہنگامہ ۱۸۵۷ء میں قرب و جوار کے تمام عرب اور دیگر اہل شہر عرب سرائے میں آ جمع ہوئے اور بعد ہنگامہ [illegible] بعض گھرانے ایسے بھی تھے جن کی سکونت شہر میں بھی [illegible]

باقی صفحہ ۹ پر

شہ اس خطہ زمین کو غیاث پور کہتے ہیں یہیں ۶۶۰ھ میں غیاث الدین بلبن نے قلعہ سرخ تعمیر کیا تھا۔ اور یہیں اس کے پوتے معز الدین کیقباد نے قلعہ کے لوک ہری (کیلوکھڑی) [illegible] اور شہر بسایا تھا امرا نے املاک اور محلات بنوائے تھے۔ عرب سرائے موجودہ شہر دہلی سے جانب جنوب تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے۔

۳ مقبرہ ہمایوں عرب سرائے سے پانچ برس کے بعد ۹۷۳ھ میں پندرہ لاکھ کی لاگت سے تعمیر ہوا تھا۔

۴ آثار الصنادید سرسید۔ واقعات دار الحکومت دہلی۔ جلد دوم بشیر الدین۔

۵ حلیمہ کا باغ۔ بتاشے کا باغ۔ دولت خاں کا باغ۔ فاضل خاں کا باغ۔ [illegible] کا باغ۔ مقبرہ ہمایوں کا دوسرا باغ۔ مقبرہ خان خاناں کا باغ۔ مقبرہ عیسیٰ خاں نیز دیگر محلات و مقابر کے باغات جن میں سے اکثر کے نام بھی یادداشت سے محو ہو گئے۔

۶ مرقع دہلی نواب درگاہ قلی خاں

۷ حاجی بیگم نے ۹۵۲ھ میں حج کیا تھا۔

۸ مرقع دہلی نواب درگاہ قلی خاں

۹ ہمایوں کی ماں ماہم بیگم اور ہمایوں کی دو بیویاں بیگہ بیگم اور حمیدہ بانو بیگم یعنی سید احمد جام زندہ پیل کی اولاد سے تھیں (اکبرنامہ۔ ہمایوں نامہ)

۱۰ مرقع دہلی

۱۱ واقعات دار الحکومت دہلی جلد ۲

۱۲ بلاک میں۔

۱۳ واقعات دار الحکومت دہلی جلد ۲۔

۱۴ مرقع دہلی۔

۱۵ اقبال نامہ جہانگیری۔

۱۶ بڑے بوڑھوں سے سنا ہے کہ میرے پردادا حضرت علی محمد اور [illegible] بزرگ تھے اور [illegible] میں مشغول رہتے تھے چنانچہ شاہ عالم [illegible]

۱۷ عرب سرائے میں عربی دروازے کے پاس ایک بہت بلند گنبد میں آپ مشغول حق رہتے تھے حال میں اس برج کو منہدم کر دیا گیا ہے۔ [illegible] میں آپ نے وصال فرمایا۔

۱۸ مرقع دہلی۔

۱۹ بصیرت کا راجہ تھا ہوشیار اور لائق تھا۔ اچھا سپہ سالار تھا [illegible]

۲۰ احمد شاہ بن محمد شاہ (رنگیلے) کے عہد حکومت ۱۱۶۶ھ میں جب سورج مل جاٹ درگاہ شریف حضرت نظام الدین اولیا کو تاخت و تاراج کر چکا تو اس نے عرب سرائے کا رخ کیا [illegible]

شہ سورج مل جاٹ کے حملے کے دوران میں اہالیان بستی نظام الدین نے مہرولی اور عرب سرائے میں پناہ لی تھی نیز دلی کے آخری تاجدار ابو الظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ ظفر نے بھی ۱۸۵۷ء میں انہیں کے ہمسایہ مقبرہ ہمایوں میں پناہ لی جس میں ان عربوں کے اعتماد اور تقرب و تعلق کی جھلک دکھائی دیتی ہے مگر یہی شے ان عربوں کی بربادی کا باعث بنی ع
اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی

۱۹ ذکر میر خود نوشت سوانح حیات میر تقی میر

۲۰ عہد عالمگیری کے نامور امیر نواب دلیر خاں کے پیر طریقت تھے۔ نواب مسعود شاہ صاحب کو موضع انگھی (ضلع شاہ جہاں پور) لے گئے اور آپ کی نسبت سے اس موضع کا نام شاہ آباد رکھا اور خوب عروج دیا۔ شاہ صاحب کا مزار شاہ آباد میں ایک تالاب کے کنارے سنگین گنبد میں ہے اور آپ کی اولاد شاہ آباد، سندیلہ، بارہ بنکی اور ہردوئی میں آباد ہے۔

۲۱ خان عرب امرائے دلی میں شمار تھے۔ حاجی لال محمد چشتی نظامی سے بیعت تھے جن کا مزار درگاہ میر خسرو میں کھڑکی کے پیچھے ہے اور آپ کا عرس ۱۲ رمضان کو ہوتا ہے۔ خان عرب ایک ریاست سے وابستہ تھے۔ والی ریاست سے بگڑ کر دلی واپس آگئے [illegible]

۲۳ [illegible] کے سمدھی نواب احمد بخش خاں کی قبر ہے جنھوں نے زر کثیر صرف کر کے بستی نظام الدین اولیا کی فصیل بنوائی تھی۔

۲۴ سادات عرب سرائے سے تھے انھوں نے نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ کے تذکرے گلشن بے خار کے جواب میں تذکرہ گلستان بے خزاں لکھا تھا۔ نظیر اکبر آبادی کے شاگرد اور صاحب دیوان تھے۔

۲۵ ان کی کتاب فن سپاہ گری [illegible] جناب سید محبوب حسین نظامی مرحوم کے ذاتی قبضے میں ہے اس کا ایک قلمی نسخہ میرے پاس ہے۔ [illegible]

۲۶ صاحب لیاقت اور صاحب وجاہت شخصیت کے مالک تھے۔ کرنال میں ڈپٹی کلکٹر کے عہدے پر مامور تھے۔ نہایت اچھے شہسوار تھے اور گھوڑوں کا بڑا شوق تھا اور پیراکی سے بھی دلچسپی تھی۔ خان عرب کی سگی بھانجی مسماۃ ولایتی بیگم بنت میر غفار آپ سے منسوب تھیں عین جوانی میں انتقال ہوا [illegible] شریف دہلی جانب غرب مدفون ہیں۔ راقم الحروف اخلاق دہلوی آپ کے چھوٹے صاحبزادے کا خلف اکبر ہے۔

۲۷ صاحب علم و عمل اور متواضع بزرگ تھے آپ کی قبر درگاہ سید شمس الدین اوتاد الہند (عطاء اللہ) قادری کی درگاہ کے صحن میں ہے آپ ہی اس درگاہ کے متولی اور نگراں تھے۔ آپ کے بڑے پوتے سید محمد احمد صاحب مظفر نگر میں ہیں۔ یہ درگاہ مقبرہ ہمایوں سے متصل جانب شمال واقع ہے۔ اب راقم الحروف اس کا نگراں ہے۔

۲۸ مرزنگ لاہور میں جا رہے تھے وہیں انتقال ہوا آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔ مشہور مصنف و مورخ مولوی سید ہاشمی فرید آبادی کی پھوپی آپ سے منسوب تھیں۔

۲۹ فرہنگ آصفیہ کی تصنیف کے باعث مشہور ہیں سید حمید صاحب شاہی امام جامع مسجد آپ کے نواسے ہیں ۲۹ رجب ۱۳۳۶ھ (۱۱ مئی ۱۹۱۸ء) یوم شنبہ کو انتقال ہوا اور باغیچی مولوی سید عبد اللہ شاہ قطب روڈ دہلی میں دفن ہوئے۔

۳۰ آپ [illegible] میں عرب سرائے میں پیدا ہوئے آٹھ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے [illegible] عزم و ثبات، اخلاق و مروت اور تحمل و تواضع میں یگانۂ روزگار تھے عربی اخلاق اور دلی کی آخری تہذیب کی یادگار تھے۔ [illegible] کو وصال فرمایا۔ [illegible] زیر فصیل درگاہ قدم شریف مدفون ہوئے۔

۳۱ کہتے ہیں کہ ہنگامہ ۱۸۵۷ء میں جب دلی کے آخری تاجدار بہادر شاہ ظفر مقبرۂ ہمایوں میں روپوش ہوئے تو عرب سرائے کے عربوں نے ان کی بڑی خدمت کی [illegible]

۳۲ [illegible]

اُردو کی خاموش خدمت کرنے کا آسان طریقہ
ہندوستان کے سب سے بڑے ادبی مرکز بک ڈپو انجمن ترقی اردو سے ادبی سیاسی مذہبی، علمی معیاری کتابیں طلب فرمائیں خود پڑھیں اور دوسرے حضرات کو پڑھنے کی ترغیب دیں۔
فہرست طلب کرنے پر مفت ارسال کی جاتی ہے
انجمن ترقی اردو - اردو بازار جامع مسجد دھلی

پاک ایر لمیٹڈ
روزانہ مقررہ سروس
دہلی سے { کراچی / لاہور
اوقات
دہلی - کراچی ہر منگل کو
دہلی سے روانگی ۲ بجے سہ پہر
کراچی میں آمد ۶ بجکر ۱۰ منٹ شام
دہلی - لاہور روزانہ سروس
روزانہ دہلی سے روانگی صبح ۹ بجکر ۵۰ منٹ
لاہور میں آمد صبح ۱۱ بجکر ۲۰ منٹ
کرائے
دہلی - کراچی ایک طرف ۱۵۰ روپیہ - واپسی ۲۸۵ روپے
دہلی - لاہور ایک طرف ۶۶ روپیہ - واپسی ۱۲۶ روپے
مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ٹیلیفون 8308 تار کا پتہ ایر ٹیکسز AIRTAXIES
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس - نئی دھلی

دانتوں کی بتیسی!
بتیس روپیہ میں
ہمارے ہاں سے بنوا کر کھانا اور سخت سے سخت چیز کھایئے
دانتوں کے ڈاکٹر
ایس، ایم، شفیق دندان ساز
متصل اڈا کنڈ کٹرجات مسجد دہلی

ہم اپنے کرم فرماؤں اور سرپرستوں کی خدمت میں
آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ھیں
حسین وجاذب نظر طباعت
مارکیٹ میں آپکی پیش کش کی قدر و قیمت کو دوبالا کرتی ھے
ھمارا کام
آپ نے بارہا آزمایا ہے اور اپنی منشا کے مطابق پایا ہے
اسلئے
توقع رکھتے ہیں کہ آپ اردو ہندی، انگریزی اور لائن وہاف ٹون یک رنگ اور سہ رنگے بلاکوں کی بہترین و دیدہ زیب چھپائی کیلئے ہمیشہ ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں گے
منیجر نیو کیپٹل پریس
پھاٹک حبش خاں بارہ دری نواب وزیر۔ دھلی

پریت کا گیت!

اپنے من میں پریت
بسالے
اپنے من میں پریت
من مندر میں پریت بسالے   پریت بسالے، پریت بسالے
دل کی دنیا کرلے روشن   اپنے گھر میں جوت جگالے
پریت ہے تیری ریت پرانی   بھول گیا او بھارت والے
بھول گیا او بھارت والے
پریت ہے تیری ریت
بسالے
اپنے من میں پریت
کرودھ کپٹ کا اترا ڈیرا   چھایا چاروں کھونٹ اندھیرا
یہ ہے ڈاکو وہ ہے رہزن   ایک سے بڑھ کر ایک لٹیرا
ظاہرداروں کی سنگت میں   کوئی نہیں ہے سنگی تیرا
کوئی نہیں ہے سنگی تیرا
من ہے تیرا میت
بسالے
اپنے من میں پریت
نفرت اک آزار ہے پیارے   دکھ کا دارو پیار ہے پیارے
آجا اصلی روپ میں آجا   تو ہی پریم اوتار ہے پیارے
یہ ہارا تو سب کچھ ہارا   من کی ہارے ہار ہے پیارے
من کی ہارے ہار ہے پیارے
من کی جیتے جیت
بسالے
اپنے من میں پریت
دیکھ بڑوں کی ریت نہ جائے   سر جائے پر پریت نہ جائے
میں ڈرتا ہوں کوئی تیری   جیتی بازی جیت نہ جائے
جو کرنا ہے جلدی کرلے   تھوڑا وقت ہی بیت نہ جائے
تھوڑا وقت ہی بیت نہ جائے
وقت نہ جائے بیت
بسالے
اپنے من میں پریت

(حفیظ جالندھری)

مفت رنگین کیلنڈر ۱۹۵۰ء
اگر آپ اپنے شہر و ضلع کے دو پڑھے لکھے معزز ایجنٹوں کے نام مع صحیح پتہ کے ارسال کریں گے تو ہم آپ کو ایک بہت خوب صورت رنگین کیلنڈر [illegible] جانے کی کوشش [illegible] مفت روانہ کریں گے۔ [illegible]
ہندوستان دل خوش کمپنی حلقہ نمبر ۵ امرتسر (انڈیا)

بی آماں کی گود میں

(جناب عزیز الرحمن صاحب لدھیانوی)

میں نے خوش قسمتی سے اس زمانہ میں ہوش سنبھالا۔ جب ہر طرف آزادی کا غلغلہ تھا۔ انگریز کے خلاف نفرت تھی۔ اس کے استبدادی جوئے کو اتار پھینکنے کے لئے پورا ملک متحد تھا۔ اور مادر وطن کی خاطر ہر شخص اپنے سینہ پر گولی کھانے کے لئے تیار تھا۔ میں اس وقت بچہ تھا کوئی پانچ سال کا لیکن مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ انقلاب زندہ باد کا نعرہ لگانے میں میری آواز کسی سے کم نہ تھی۔ ہر بچہ میں آزادی کا جوش بھرا تھا خلافت کی دھوم دھام تھی اور بی اماں کے چرچے تھے — وہ جہان کی بی اماں تھیں اور سب ان کے بیٹے تھے —

آج گو بی اماں کی باتیں بھولی بسری باتیں ہو کر رہ گئی ہیں اور لوگ انہیں بالکل بھول گئے ہیں۔ لیکن تاریخ کے اوراق انہیں کبھی نہیں بھلا سکتے۔ ان کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔ بی اماں کا نام ہمارے سینوں پر نقش ہے۔

یہی بی اماں تھیں جنہوں نے مادر وطن کی جنگ میں نام پیدا کیا۔ اور اپنے کارناموں سے سارے ملک میں ایک روح پیدا کر دی۔ اور اپنے دونوں بیٹوں مولانا محمد علی اور مولانا شوکت علی کو قوم کی خدمت کے لئے وقف کر دیا۔

ہندو مسلم سکھ اور ہر شخص نعرے لگاتا تھا۔ ایک گیت گاتا تھا۔ "بولیں اماں محمد علی کی۔ جان بیٹا خلافت پہ دیدو" در اصل یہ گیت نہ تھا بلکہ بی اماں کے بے قرار دل کی ایک پکار تھی۔ اس پکار کو ہندوستان کے کروڑوں انسانوں نے سنا۔ اور بی اماں کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے انگریزی جیلوں کو بھر دیا —

انگریزی حکومت بی اماں کے نام سے کانپنے لگی ساٹھ برس کی جان میں چٹانوں کا عزم تھا — جی ہاں چٹانوں کا عزم جب چھندواڑہ جیل میں محمد علی شوکت علی نے [illegible] کی وساطت سے انگریزی حکومت سے سمجھوتہ کرنا چاہا تو کہلا بھیجا: "دودھ نہ بخشوں گی" فرماں بردار بیٹوں نے ماں کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا — یہ بوڑھی ماں کی فتح تھی

چٹانوں کا عزم اور جوانوں کا جوش۔ جب ہی تو طوفانی دورے کرتی تھیں اور نہ تھکتی تھیں جس طرف نکل جاتیں عوام والہانہ ان کی طرف لپکتے تھے۔ عقیدت کا اظہار کرتے اور اپنی بی اماں سے سلام کرتے تھے اور وہ دعائیں دیتی تھیں [illegible] رہنے کی دعائیں

بی اماں ہمارے شہر میں بھی آئیں دو دن پہلے سے معلوم ہو گیا تھا۔ ہر شخص پر ایک خوشی کا عالم طاری تھا۔ جسے دیکھو فرط مسرت سے جھوم رہا تھا۔ بی اماں کے آنے کی خبر گویا ان کے لئے ایک پیغام بہار تھا۔ اور کم از کم میرے لئے تو اس سے بھی زیادہ تھا۔ اس لئے کہ گھر دادی اماں سے خالی تھا اور کوئی نہ تھا جسے میں بی اماں کہہ کر پکار سکوں۔ جہان کی یہ بی اماں ہمارے گھر میں مہمان بن کر آ رہی تھیں۔ میں خوش تھا کہ میں کسی کو بی اماں کہہ کر پکاروں گا۔

دل کس بے تابی سے منتظر تھے۔ انتظار کی گھڑیاں مشکل سے کٹتی ہیں جو دن کتنا مشکل سے کٹا وہ رات تو گویا ایک پہاڑ تھی جو کٹتے نہ کٹتی تھی۔ شہر میں ہر طرف دیکھو گہما گہمی تھی بی اماں کا ذکر تھا اور فضائے آسمانی "جان بیٹا خلافت پہ دیدو" کے نعروں سے گونج رہی تھی۔ رات کی خاموشی میں یہ آواز کتنی بھلی معلوم ہوتی تھی۔ آخر انتظار ختم ہوا — اور صبح نمودار ہوئی۔ اور صبح کے ساتھ ساتھ وہ گاڑی بھی جس میں بی اماں کی سواری تھی — اور پھر نعرہ تکبیر اللہ اکبر انقلاب زندہ باد بی اماں زندہ باد کے نعروں سے پلیٹ فارم گونج اٹھا۔

لوگ خوش تھے کہ آج بی اماں ان کے درمیان تھیں ہندو مسلم سکھ سب اپنی بوڑھی اماں کو جلوس کی شکل میں لے جا رہے تھے۔ اور میں بی اماں کی گود میں بیٹھا ہوا ان پھولوں سے کھیل رہا تھا جو بی اماں پر [illegible] کی چھتوں سے پھینک رہی تھیں۔ ان پھولوں کی مہک آج بھی میرے دماغ کو معطر کئے ہوئے ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں آج بھی بی اماں کی گود میں بیٹھا ہوا ہوں۔ اور بی اماں میرے سر پر ہاتھ پھیر رہی ہیں۔

بی اماں ایک عورت ذات تھیں لیکن خدا نے انہیں ایک مرد مجاہد کا دل دیا تھا وہ نڈر تھیں۔ انگریز کے توپ و تفنگ کو وہ کھیل سمجھتی تھیں۔ انہوں نے ہندوستانیوں میں جوش بھر دیا تھا۔ سارے ہند میں ایک آگ لگا دی ایسی آگ جس نے آخرکار انگریز کے [illegible] کو جلا کر بھسم کر کے چھوڑا —

مگر آج یہ بھولی بسری باتیں ہو گئیں۔ میں بہت دن کی باتیں کر رہا ہوں [illegible] — اس وقت کی جب [illegible] جب ہندو مسلمان، ہندو مسلمان نہ تھے سب ہندوستانی تھے ایک دوسرے کے گہرے دوست اور بھائی —

بی اماں گذر گئیں اور [illegible] وہ زمانہ بھی گذر گیا! مگر کیا وہ زمانہ پلٹ کر نہیں آ سکتا۔ میں بی اماں کی گود کے لئے ترس رہا ہوں کیا مجھے یہ گود میسر نہیں آ سکتی۔ کیا بی اماں ہمارے شہر میں دوبارہ آ سکیں گی؟ — شاید نہ آ سکیں — [illegible] مگر غرض اس لئے کہ میں [illegible] سانس لے رہا ہوں۔ اور بی اماں کی گود میں بیٹھے جانے والے پھولوں کی مہک میرے دماغ کو معطر کئے ہوئے ہے

اگر آپ اپنی بیٹی کو جہیز میں کوئی کارآمد چیز دینا چاہتے ہیں
اگر آپ اپنی بہن کو رخصت کے وقت اپنی یادگار دینا ضروری خیال کرتے ہیں
اگر آپ اپنے کسی دوست کو اسکی شادی کی تقریب پر کوئی بیش قیمت تحفہ نہیں دے سکتے۔
اگر آپ اپنے بستر کو اور میز کو گل گلزار دیکھنا چاہتے ہیں۔
اگر آپ اپنی بیویوں، بہنوں اور بیٹیوں کو سگھڑ بنانا چاہتے ہیں، اور دستکاری کیطرف راغب کرنا چاہتی ہیں،
اگر آپ کو فن کشیدہ کاری پر ایک ایسی مکمل کتاب کی ضرورت ہے جس میں اس فن کے ہر شعبہ کو اُجاگر کر کے پیش کیا گیا ہو
تو آج ھی!
حسین کشیدہ کاری
طلب فرمایئے
اس بیش قیمت اور مشہور و معروف کتاب نے ہزاروں بہنوں اور بھائیوں اور درجنوں اخبارات و رسائل سے اپنے مفید کارآمد اور مکمل ہونے پر خراج تحسین حاصل کیا ہے اور ہندوستان و پاکستان بھر میں یہ سب سے پہلی کشیدہ کاری کی مکمل کتاب تسلیم کی گئی ہے جو سب سے زیادہ سستی اور عمدہ ہے، جس کو شائع کرنے والوں کے متعلق لوگوں کی رائے ہے کہ ــــــ "گھر ہونگ اگر تماشا دیکھا گیا ہے، جس میں ہر قسم کے بیل بوٹے، کونے، گریبان، جھالریں، فلاور باسکٹس، موتیوں کا کام، کروشیا کراس اسٹیچ ویکر تکیہ کے اشعار، فیشن وغیرہ ہر قسم کی چیزیں موجود ہیں۔
چار رنگ کا خوبصورت ٹائیٹل اور ۷۰ صفحات پر رنگین اور لیتھو میں رسالہ سائز پر چھپی ہوئی کتاب
قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ -/۸/۲ علاوہ محصولڈاک
ملنے کا پتہ
دفتر "بانو" دھلی
اس کے ساتھ رسالہ "بانو" کا نمونہ بھی مفت روانہ کیا جاتا ہے

جلال الدین انتظام اللہ شہابی

زینت محل کے نام سے کون واقف نہیں۔ یہ زینت محل ہی کی ذات تھی جس نے ۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی میں آخری مغل تاجدار بہادر شاہ کی ہمت بندھائی اور انہیں انقلابیوں کا ساتھ دینے پر مجبور کیا ورنہ وہ انگریزوں کے خلاف عام بغاوت سے گھبرا گئے تھے — زینت محل ایک مجاہد خاتون تھیں پردہ میں رہنے کے باوجود ان کے جوش آزادی نے انہیں میدان جنگ میں لاکھڑا کیا اور انھوں نے ایک فوجی کمپنی کی کمان کی — خود جھروکہ سے فوج کا معائنہ کرتیں اور مرزا مغل کو ہدایتیں دیتی تھیں۔ آزادی کی علمبردار اس مجاہدہ کے حالات سے آگاہی دراصل اس بڑی ہستی — باغی ملکہ — کو ایک طرح کا خراج عقیدت پیش کرتا ہے جس کے صدقہ ہم کو انگریزوں کی دو صد سالہ غلامی سے چھٹکارا نصیب ہوا۔ ع

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں۔

باغی ملکہ — نواب زینت محل

نواب احمد علی خاں بہادر اس نواب عباس قلی خاں اکبر شاہ ثانی کے عہد میں امرائے دہلی سے تھے۔ انکے والد اشرف الدولہ شاہ ولی داد خاں کے پوتے تھے نواب صاحب کچھ عرصہ تک دربار بہادر شاہی کے دیوان رہے انھیں کے یہاں ۱۸۲۱ء میں ایک حسین دختر پیدا ہوئی جس کا نام۔ زینت النساء بیگم تھا۔

تعلیم و تربیت

زینت النساء کی عمر سات برس کی ہوئی تو نواب نے ایک عالم خاتون ملازم رکھیں جنھوں نے زینت کی تعلیم میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ زینت نے کم عمری میں علمی استعداد کافی پیدا کرلی تھی ایک تو خوش مذاق اس پر علوم سیہ کی واقفیت نے امراء کے گھرانوں میں اس کے چرچے کر دئیے۔

زینت النساء بیگم نے بعد فراغت تعلیم یہ منعقد کرکھا تھا کہ محلہ کی غریب نادیوں کو جمع کرتی اور ان کو خود پڑھاتیں اور سینا پرونا اور کھانا پکانا سکھاتیں اس کے بھی ذکر ہونے لگے۔

شادی

قلعہ معلیٰ میں زینت النساء کی لیاقت اور سلیقہ مندی کا شہرہ پہونچا ابوظفر بہادر شاہ بادشاہ نے والدہ وشیوا پہونچے انھوں نے ایک درباری امیر کے ذریعہ نواب احمد علی خاں کو اپنا پیام دیا انھوں نے بادشاہ کی بات منظور کرلی اور بڑے اہتمام سے یہ شادی انجام پذیر ہوئی۔ بادشاہ نے نواب زینت محل خطاب دیا اور نواب زینت محل کے آتے ہی ابوظفر بہادر شاہ اس کے حسن انتظام اور طلاقت لسانی کے گرویدہ ہوگئے اور بلا زینت محل کے مشورہ کے کوئی کام نہ کرتے۔ مرزا مغل کی والدہ شرافت کی کان پر جمی تھی ان کو ایسی حسینہ نازنین تھیں زینت محل کے آگے بھیکی پڑگئیں۔

کچھ عرصہ بعد نواب زینت محل سے مرزا جواں بخت پیدا ہوئے۔ ۱۸ سال کے تھے کہ ولی عہد مرزا دارا بخت کا انتقال ہوگیا زینت محل نے چاہا کہ ولی عہدی پر جواں بخت فائز ہو مگر ایسٹ انڈیا کمپنی نے مرزا فخرالدین بہادر کو ولی عہد قرار دے دیا ۱۸ برس کے جوان بخت ہوئے تو جے پور کے نواب کی دختر نوابزادی شاہ زمانی بیگم سے بات ٹھہری اس شادی کا خاص اہتمام کیا گیا اس موقعہ پر غالب اور ذوق نے سہرے لکھے اور ادبی معرکہ بھی ہوئے۔

پھر دنوں بعد مرزا فخرو بھی جنت کو سدھارے تو پھر زینت محل نے بادشاہ کو مجبور کیا کہ حکومت کمپنی سے مرزا جواں بخت کی ولی عہدی منظور کرائیں مگر عمال کمپنی نے توجہ نہ دی مرزا قویش بادشاہ کے اب بڑے صاحبزادے تھے ان کو اس شرط پر ولی عہد کر دیا کہ تو پیش پندرہ ہزار روپیہ سالانہ لیا کریں گے اور صرف شہزادہ کہلائیں گے اور قلعہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ جا بسیں گے۔ اس واقعہ نے زینت محل کو مغل کمپنی سے بیزار کر دیا۔

انقلاب ۱۸۵۷ء

یہی وہ زمانہ ہے جب آگ کے شعلے بھڑک اٹھے مولوی احمد اللہ شاہ اور مولوی فضل حق خیرآبادی اور جنرل بخت خاں کی تحریک آزادی رنگ لائی ۱۰ مئی ۱۸۵۷ء کو میرٹھ میں انگریزی ہندوستانی فوج کارتوسوں کے تنازعہ سے منحرف ہوکر دہلی آپہنچی اور مرہٹہ و ہندو مسلمان سب بادشاہ کے جھنڈے کے نیچے جمع ہوگئے۔ بادشاہ نے [illegible]

جمنوا ہوگئے اور سرپرستی فرمائی دوسرے دن قلعہ معلیٰ میں دربار عام کیا گیا تمام عمائد شہر شریک ہوئے۔

[illegible]

عرب سرائے دہلی

(بقیہ صفحہ چار)

تھی اور عرب سرائے میں بھی اور عظیم کی رہائش گرمستقل طور سے دہلی میں تھی۔ [illegible]

آج کل بھی عرب سرائے تقریباً ۷۰ ہزار کی آبادی میں اکثر مکانات مقبرے ہیں ان کے گرد و پیش [illegible]

بہرحال ۱۹۲۸ء میں ہستی لسبانی تھی [illegible] ایک ہم غنیمت است۔

[illegible]

اطلاع

بہت سے جو اصحاب معلوم کر رہے ہیں کہ پاکستان کو مال روانہ کرنے کا کیا طریقہ ہے اور مال کی حفاظت کا کیا ثبوت ہے۔ ان حضرات کی آگاہی کے لئے تحریر کرتا ہوں۔

(۱) آپ اپنا سامان اپنے پاس محفوظ رکھئے اور اس کی ایک مکمل فہرست روانہ کر دیجئے۔ سب ضروری کام ہونے کے بعد آپ کی فہرست کا منظور کردہ سامان ریلوے اسٹیشن پر منگا لیا جائے گا۔

(۲) ریلوے اور کسٹم کے ذمہ دار آپ کے سامان کی فہرست سے بموجب سنبھال کر اپنی سیل کر دینگے

(۳) اسی وقت ایک مشترکہ رپورٹ تیار ہو کر سب اس پر دستخط کر کے مال گاڑی میں لاد کر دیں گے۔

(۴) دہلی کا کسٹم اور تیسرا اسی وقت ہندوستان کے آخری بورڈر پر جس راستہ سے آپ کا مال گذر رہا ہے ایک تار دے گا کہ فلاں مارکہ کا مال ہم نے چیک کر کے سیل کر دیا ہے۔ سیل ٹھیک ہونے پر پاکستان کے سپرد کر دو۔

(۵) مندرجہ بالا مال وصول ہونے کے بعد بورڈر پر جانچ لی جائے گی کہ مال سیل بند آیا ہے یا راستہ میں کچھ گڑبڑ ہوئی ہے۔ ان کے ٹھیک ہونے پر پاکستان کے سپرد کر کے بذریعہ تار دہلی اطلاع دے گا۔ اگر گڑبڑ ہوگی تو اس کی بھی اطلاع ہوگی۔ جس کی مکمل طور پر ریلوے ذمہ دار ہوگی۔

(۶) گویا آپ کا مال انشورڈ ہو کر پاکستان روانہ ہوتا ہے۔

(۷) گورنمنٹ کے ساتھ لاہور کے واسطے ۲۴ گھنٹہ میں پہنچنے کا بندوبست ہے۔

(۸) کراچی سیدھا مال روانہ ہوتا ہے۔

امید ہے کہ آپ زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے۔

وقت ملاقات۔ گھر پر شام پانچ بجے سے صبح ۹ بجے تک

خط و کتابت کا پتہ: **محمد سلام مکان نمبر ۱۴۵ فیاض گنج بہادر گڈھ روڈ نزد قصاب پورہ محل دہلی**

اردو صحافت کے محسن اعظم اور ہندوستان کے بے خوف اخبار نویس

سردار دیوان سنگھ صاحب مفتوں مدیر "ریاست" دہلی

کے

کبھی نہ بھولنے والے مضامین کا مجموعہ

ناقابل فراموش

یہ کتاب جس نے مارکیٹ میں آتے ہی تہلکہ مچا دیا ہے، اور ناقدان ادب کیلئے نئی شاہراہیں کھولدی ہیں، زندگی کے ایسے سنسناتے ہوتے واقعات جو بیک وقت تعجب خیز بھی ہیں، اور سبق آموز بھی، انسانیت کے اس ڈوبتے ہوئے دور میں یہ داستانیں زندگی کا ایک ایسا بلند معیار پیش کرتی ہیں، ایسا بلند ترین معیار جس کا مطالعہ ہر انسان کے لئے ضروری ہے، اس کتاب میں راجوں، نوابوں، لیڈروں اور ہندوستان کی اہم شخصیتوں کی ترقی کے اسباب اور کیرکٹر پر سردار صاحب نے اپنے ذاتی مشاہدات درج کئے ہیں، کتاب کی دلچسپی کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے اگر اس کا پہلا باب پڑھ لیا تو کتاب ختم کئے بغیر نہ رہ سکیں گے

یہ بہت ہی عجیب و غریب کتاب ہے۔

ضخامت ۲۵۶ صفحات، خوبصورت ڈسٹ کور، مجلد، قیمت دو روپے آٹھ آنے محصول ڈاک علاوہ

اپنے شہر کے کتب فروش سے طلب فرمائیے

یا براہ راست

دفتر ماہنامہ "بانو" دہلی سے طلب فرمائیے

برسات کے دنوں میں

جب ہاضمہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اور اچھی سے اچھی چیز بھی کھانے کو طبیعت نہیں چاہتی آپ "رام بان چورن" استعمال کیجئے۔ اس سے نہ صرف ہاضمہ درست ہوگا بلکہ تمام دن آپ ایک فرحت و بشاشت محسوس کریں گے۔

مفصل حالات کے لئے فہرست کارخانہ طلب فرمائیں

رام بان چورن

پیٹ کے جملہ امراض کا واحد علاج ہے

ہرنرائن گوپی ناتھ کھاری باولی دہلی و کناٹ پلیس نئی دہلی

قائم شدہ ۱۸۹۰ء

آزادی کی حفاظت کیلئے انصاف کی ضرورت!

مولانا اخلاق حسین قاسمی دہلوی

> آزادی کی حفاظت اس کے بغیر ممکن نہیں کہ ہم بدی، ظلم، تعصب اور جھوٹ سے عدم تعاون کریں۔
>
> (مہاتما گاندھی)

ہر انسان اپنے ساتھ کچھ فطری ضرورتیں اور اخلاقی تقاضے رکھتا ہے۔ جن کی تکمیل پر اس کی زندگی کا دارو مدار ہوتا ہے۔ عدل انہی تقاضوں کو پورا کرنے اور انسان کو ان ضرورتوں کی تکمیل کا پورا پورا موقعہ دینے کا نام ہے۔ صرف سوسائٹی کے مختلف عناصر کے درمیان توازن قائم کرنے کا نام عدل نہیں ہے۔

ان فطری اور اخلاقی ضرورتوں میں سے کچھ کو نظر انداز کر کے کچھ کو غیر ضروری اہمیت دینا۔ یا ایک طبقہ کی ضرورتوں کو پورا کرنا اور ایک طبقہ کو اس سے محروم کر دینے کا نام ظلم ہے خواہ برسر اقتدار جماعت اس کے لئے طاقت استعمال کرے یا کوئی خوشنما دانشمندانہ تدبیر یا کوئی سیاسی حکمت عملی۔

جب کوئی حکومت کسی انسانی حلقہ کو جائز حقوق کی حد سے آگے قدم بڑھانے کا موقعہ دے گی تو یقینی وہ طبقوں کے درمیان ٹکراؤ کا اندیشہ پیدا ہوگا اور حکومت کو قیام امن کے نام پر ایک گروہ کو اس کے جائز حقوق سے محروم کرنے کی ضرورت پیش آئے گی۔

عدل وہ جوہر ہے جس کی وجہ سے ایک جماعت نوع انسانی کے لئے مفید اور جہور رحمت ثابت ہوتی ہے اور اسے نوع انسانی کی قیادت کا حق ملتا ہے اور جو جماعت حق و انصاف کا راستہ چھوڑ دیتی ہے وہ اپنی افادیت کھو دیتی ہے [illegible]

تاریخ کے ان دونوں فیصلوں سے دنیا کا احمق سے احمق انسان بھی آگاہ ہے اور فلسفہ و حکمت کے کسی امام کو اس سے انکار کرنے کی جرأت نہیں ہو سکی ہے۔ اختلاف اگر ہوا ہے تو حق و باطل کی تعیین اور ظلم و انصاف کے درمیان امتیاز کرنے میں ہوا ہے۔

ظلم فطرت کے خلاف ہے!

فطرت انسانی کا مطالبہ حق و انصاف ہے اور فطرت سلیم حق و انصاف کے سوا کسی غذا کو قبول نہیں کرتی۔ اگر انسانی خواہش کے خلاف ظلم و باطل کا ارتکاب کیا جاتا ہے تو وہ انسانی ذہن میں ویسا ہی اضطراب پیدا کر دیتی ہے جیسا کہ زندہ مکھی نگل لینے سے معدہ میں ہو جاتا ہے۔ اور اگر ظلم کے طویل عمل سے فطرت کو مسخ بھی کر دیا جائے تب بھی ظلم کے نام سے ظلم نہیں کہا جاتا بلکہ ظلم کو کڑوی گولی پر انصاف کی مٹھاس چڑھا کر اسے نگلا جاتا ہے۔

اگر ایک ڈاکو ڈاکہ ڈالتا ہے تو اسے اپنے ضمیر کی ملامت سے بچنے کی خاطر اپنے ظلم کے لئے وجہ جواز گھڑنی پڑتی ہے۔ کبھی وہ اپنے دل کو اس طرح سمجھاتا ہے کہ مجھے اپنے دشمن سے انتقام لینے کا حق ہے اس لئے میرے لئے ڈاکہ جائز ہے۔ کبھی یہ کہتا ہے کہ مجھے اپنی بے کسی اور افلاس کی وجہ سے ایسا کرنا روا ہے۔ اور کبھی عزت اور جذبہ داری کے نام پر نفس کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتا ہے غرض کہ ہزاروں حیلوں بہانوں کے بعد اس کا ضمیر اسے چین کی نیند سونے دیتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جب کوئی جماعت نوع انسانی پر ظلم کرنا چاہتی ہے تو اسے اخلاقی طاقت کو دبانے کے لئے مادی قوت استعمال کرنی پڑتی ہے۔

آج برسر اقتدار طبقے حق و انصاف کی راہ سے ہٹ چکے ہیں۔ اور ظلم و انصاف کی باہمی کشمکش سے بے شمار انسانی قوت اور فطری صلاحیت برباد ہو رہی ہے

معاشرت میں ظلم کی کارفرمائی ہے [illegible]

عدل اور اہل فلسفہ!

تمام دنیا کے اہل قانون و فلسفہ نے بے نفظوں میں نہیں۔ کھلے لفظوں میں اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ قوموں کی بقا، عدل و انصاف ہی میں مضمر ہے۔ اور آزادی کا تحفظ عدل کے بغیر ممکن نہیں۔ ارسطو نے اسی عدل کو جتنی اہمیت دی ہے وہ ظاہر ہے۔ کہتا ہے۔

"غیر منصفانہ قانون قانون ہی نہیں ہے"

[illegible]

ظهر الفساد في البر و البحر

بما كسبت ايدي الناس

[illegible]

یوم آزادیٔ وطن

جناب شمس غازی آبادی

مستیاں عام ہونے والی ہیں
صبح گلشن ہے پھول مہکیں گے
جشن آزادیٔ وطن کی قسم!
لوگ کچھ بے پئے بھی بہکیں گے

شمس کچھ اور ضوفگن ہے آج
گلفشانی چمن چمن ہے آج
لے کے آیا ہے صبح عیش و نشاط
یوم آزادیٔ وطن ہے آج

وطن آدم آدمی ہم سمجھے
چشم گشتا یک دمے فتنہ وہرمن نگر
آتش قہر آلمگار برقی عناد شعلہ بار
صحبت شیخ ۔۔۔ بہن، سیرت بہن نگر
جسم از فاقہ زار زار روح زدرد بے قرار
مادر ہند الٹکبار مفلسی وطن نگر

ظلم کا آخری انجام!

ظلم کی وہ وہ عددہ چند روزہ ہوتا ہے۔ اور کا فندکی ناؤ کی طرح ایک دن ڈوب کر رہتی ہے۔

جب قوم میں دین دھرم، اسلامی راج یا رام راج یا اور کسی سیاسی اور مذہبی نعرہ کی آڑ میں کسی ایک طبقہ کے ساتھ ظلم و طرفداری کو ملک کا دھیرہ قرار دیا جاتا ہے اور وہ نظام ظلم اپنے مفاد کے لئے ایک طبقہ میں جو جذبہ پیدا کر دیتا ہے [illegible]

آزادی کی حفاظت

قوموں کی آزادی ان کی ایک ذمہ داری آزمائش ہے۔ [illegible]

گاندھی جی ہمیشہ کہا کرتے تھے۔

"میرا مذہب مجھے تعلیم دیتا ہے کہ میں سب کے ساتھ یکساں محبت کروں۔ اگر ہم ہندو اس چھوت چھات کے بھوت کو تباہ نہیں کر دیں گے تو ہم ہندوؤں اور ہندومت کو تباہ کر جائیگا" ایک خدا کے بندوں میں اعلیٰ اور ادنیٰ کے امتیازات کو ختم کرو۔ بدی، ظلم، تعصب اور جھوٹ سے عدم تعاون اختیار کرو۔ خدا بیگی، سچائی اور انصاف سے تعاون۔ میرا عقیدہ ہے کہ اس کے بغیر ہم آزادی کو بچا نہیں سکتے۔

سردار پٹیل نے بنارس میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا ہمارے اس بڑے لیڈر نے آپ کو یہ سکھایا تھا کہ آپ ہر بھائی کا مقابلہ کریں اور سچائی کے راستہ پر چلیں۔ اس کے بغیر ہم آزادی سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے یوم آزادی کے پہلے جشن کے موقعہ پر کہا تھا۔

"اگر دماغ میں تنگی اور دلوں میں نفرت پیدا ہو جائے تو آزادی بالکل بے معنی چیز ہے۔"

گورنر جنرل راج گوپال آچاریہ نے آزادی کی پہلی سالگرہ پر پیغام دیتے ہوئے کہا تھا۔

[illegible]

انڈونیشیا

ایس محمد صلاح الدین

حکمرانوں کے ذریعہ اپنی انتہائی ظالم و جابر حکومت رہی کی جس میں ہر انڈونیشی کے لئے یہ ضروری قرار دیا گیا کہ وہ سرکاری فصلوں کی پیداوار کے لئے اپنی زمین کا کچھ حصہ دے یا ان میں کام کرے۔ بیگار کے اس طریقہ کو انگریزوں نے ختم کر دیا۔ [illegible]

انڈونیشیا کے ساتھ ہندوستان کے جو قدیم تعلقات رہے ہیں ان کے پیش نظر ضروری ہے کہ اس مجموعہ الجزائر کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل ہوں تاکہ نئے حالات میں جو ہندوستان میں پیدا ہو چکے ہیں اور انڈونیشیا میں پیدا ہو رہے ہیں ہر دو ہمسایہ ممالک گہرے تعلقات قائم ہو سکیں۔ انڈونیشیا اور ہندوستان کے تعلقات اس وقت سے شروع ہوتے ہیں جب ۷۵ ء میں ہندوستان کے ہندو اور بدھ وہاں گئے اور اپنے ساتھ ہندو دھرم، بدھ مت اور ہندوستانی تہذیب لے گئے۔ [illegible]

تحریک آزادی کے تین دور

انڈونیشیا کی تحریک آزادی کے تین دور ہیں۔ [illegible]

[illegible]

(باقی صفحہ پر)

دوست اور دشمن سبھی مانتے ہیں

ٹریڈ مارک

K K P

رجسٹرڈ

کہ اصل اصل ہی ہے

کلیان کارنی سوپ

پت - خارش اور روزانہ غسل کے لئے استعمال کریں

کلیان کارنی مرہم رجسٹرڈ

پھوڑے، پھنسی اور زخموں کے لئے از حد مفید ہے خریدتے وقت ٹریڈ مارک ضرور ملاحظہ کریں۔

کلیان کارنی فارمیسی رجسٹرڈ صدر بازار دہلی



SWEET HOUSE
Bazar Ballimaran, DELHI.

ہمارے یہاں خالص دیسی گھی کی بنی ہوئی تازہ بہترین۔ عمدہ۔ لذیذ اور پرلطف

مٹھائیاں

کھائیے اور یوم آزادی کے مبارک دن کی خوشیوں میں اضافہ کیجئے

یاد رکھئے ناقص گھی سے تیار شدہ بازاری مٹھائیاں آپ کی عزیز ترین صحت کی دشمن ہیں

شاہی سویٹ ہاؤس

بلیماران دہلی

خدا کرے نئے سال میں ہم اور زیادہ مستعدی کیساتھ کام کریں

یوم آزادی پر گورنر جنرل سری راجگوپال آچاریہ کا پیغام

یوم آزادی پر گورنر جنرل سری راجگوپال آچاریہ نے حسب ذیل پیغام دیا ہے:- ہم آزادی کے تیسرے سال میں داخل ہو رہے ہیں۔ آپ سب بھائی بہن کی طرف سے میں سب سے پہلے باپو کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں خدا کرے ان کی آتما کا سایہ ہمیشہ ہم سب پر قائم رہے۔

مرکز اور صوبوں میں حکومت اور دوسرے عوامی اداروں کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں اور ان بہت سے پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں جو اس وقت ہمیں درپیش ہیں۔ ان پر نگاہ [illegible] مشکلات [illegible] اس وقت قابو پایا جا سکتا ہے جبکہ ہم مشکلات کا احساس کریں اور صدق دل کے ساتھ اشتراک و تعاون کرنے کا فیصلہ کریں۔

غذا اور کھاد

غذا اور کھاد کے متعلق میں اپنی تشویش کا اظہار کر چکا ہوں اور اس سلسلہ میں اپیل بھی کی ہے یہ ہمارا فوری اور سب سے اہم قومی پروگرام ہے۔ [illegible]

یہ ہماری قدیم شاستروں کے اشلوک ہیں ان کا مطلب ہے کہ اس دنیا میں تمام جاندار خوراک سے پیدا ہوتے ہیں اور خوراک ہی پر زندہ رہتے ہیں اور مرنے کے بعد دوبارہ دوسرے جانداروں کے لئے خوراک بن جاتے ہیں۔ [illegible]

آسیب زدہ مکان

[illegible]

حکومت کو مضبوط کرو

جمہوریت کا تقاضا نہیں ہے کہ ہر شخص خود غرض بن جائے پبلک کا مفاد پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ ہمارے ملک کی وسعت اور ہماری بڑی آبادی ایسی ہے کہ جمہوریت اس وقت تک قائم نہیں رہ سکتی جب تک ہم اقتدار اعلیٰ کی اسی جوش و خروش کے ساتھ حفاظت نہ کریں جس جوش و خروش کے ساتھ زمانہ قدیم میں شخصی اقتدار کی حفاظت کی جایا کرتی تھی بہر حال اقتدار اعلیٰ تو قائم ہی رہے گا۔ اور جب ایسا ہے تو اسے موثر طور پر کام کرنا چاہیئے۔

جمہوریت اس مخالفت

ہماری اسٹیٹ کے جو رہنما اس وقت ہیں وہ کسی طرح بھی مطلق العنان نہیں ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ [illegible] اور مخالفت کا خیر مقدم کرتے ہیں جس کا منشا ملک کے اندر بدنظمی پیدا کرنا نہیں ہے۔ یہ جمہوریت ہی بھی ہے کہ تشدد اور بدنظمی کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ [illegible]

مخصوص نہیں بلکہ دنیا کے ایک بڑے حصہ پر یہ مصیبت نازل ہوتی ہے۔

ہمیں ہمیشہ یہ ذہن نشین رکھنا چاہیئے کہ کوئی بھی اقتصادی یا دوسری پالیسی اختیار کی جائے اس کے نتائج صرف اس وقت برآمد ہو سکتے ہیں جبکہ امن شانتی اور ملک کو مضبوطی حاصل ہو۔ [illegible] ہندوستان کی بھلائی ہے۔ [illegible]

ہندوستان کی مختلف جماعتوں میں بہت سے اختلافات ہیں [illegible]

سیر و سیاحت

بقیہ صفحہ ۳

حق بھی ان ہی کا ہے
اسے ذرہ تو غذا [illegible]
ستار عیوب و قاضی الحاجات

ڈالمیا جی بغیر کسی ڈگری کے ڈاکٹر بن گئے اور ساری دنیا کو گول گھما کے ایک بادیہ کا نسخہ تجویز کر ڈالا۔ اور اب ہمارے جی امریکہ و انگلستان وغیرہ کی یاترا کو گئے ہیں۔ انہیں بھی دیش کی ترقی کی بڑی فکر ہے — پنڈت نہرو سے بھی کہیں زیادہ — غالباً بہت جلد یورپ کے ماہروں کے مشورے اور صلاح کے ساتھ ملک میں "ترقی کی گولیوں" کی ایسی ہی بارش ہونے والی ہے جیسی کہ کپڑے اور چینی کی ہو رہی ہے۔ روپیہ میں صرف پندرہ آنہ منافع کر اس سے زیادہ نہیں [illegible] ہے۔

اور اس کے بعد ہمارے ڈاکٹر لوگ مرض کو بہت جلد اچھا کر دیں گے۔ لہذا [illegible] کی کوئی ضرورت نہیں۔ نظام سرمایہ داری بڑا سست رفتار ہے۔ صبر سے کام لیجئے [illegible] تو کیا عجب ہے ہم اس کی اصلاح کر سکیں — اور علاوہ ازیں بقول مولانا آزاد یہ "تداخل" کا زمانہ بھی ہے — یعنی دو موسموں کے بیچ کا زمانہ۔ [illegible]

[illegible]

ہندوستان کا مستقبل

از ڈاکٹر شنکر داس مہرہ۔ بی۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس

ہمیں آزاد ہوئے دو سال ہو گئے۔ لیکن ہماری آزادی نے ہمیں خوش نہیں کیا۔ ہمارے اندرونی اور بیرونی حالت میں کوئی خوشگوار تبدیلی پیدا نہیں ہوئی۔ ہماری سوشل، پولیٹیکل اور اقتصادی حالت روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے اور ایسے حالات پیدا ہو رہے ہیں کہ شاید ہمیں پھر کسی انقلاب سے دوچار ہونا پڑے۔ بلکہ ممکن ہے کہ کانگریس کا کھیل ہی ختم ہو جائے۔ آج ہماری قسمت ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے، پاکستان سرکار کے ہاتھ میں ہے جیسا وہ چاہے گا ہم ویسے بن جائیں گے۔ جس پالیسی پر آج پاکستان چل رہا ہے وہ کانگریس کے لئے مہلک ہے اگر پاکستان اس پر قائم رہا تو کانگریس جماعتی حیثیت سے ہندوستان میں حکومت نہ کر سکے گی اور یہاں [illegible] ڈکٹیٹر شپ کا امکان پیدا ہو جائے گا۔ [illegible] گاندھی جی کی مخالفت کے باوجود اس نے دباؤ میں آ کر ملک کا بٹوارہ منظور کیا اور ملک کا ایک حصہ [illegible] کے ہاتھ میں دے دیا جو ہمیشہ آزادی وطن کی دشمن اور برطانوی سامراج کی دوست رہی ہے [illegible]

[illegible]

یا نہ مانے پر تو مجبور ہی رہے گا [illegible] کر کے اور [illegible] آباد کرنے کی تدبیر نکالے۔

لیڈر

بقیہ صفحہ ۳

کو ابھرنے کا موقعہ نہ ملے، نیز دلوں کی بے چینی اور گھبراہٹ دور ہو، یہاں موقعہ نہیں کہ ہم اقلیتوں کے مسائل کو چھیڑیں اور ملک کے تخریبی عناصر کی سرگرمیوں کا جائزہ لیں، لفظوں میں یہ کہہ کر اس وادی کو عبور کیا جا سکتا ہے کہ ہماری غیر مذہبی اور جمہوری حکومت کو عوام کی حکومت ہونا چاہیئے اور اکثریت کے پردہ میں فرقہ واریت کے لئے گنجائش نکالنی چاہیئے جمہوریت کی توانائی کا معیار اقلیتوں کا اطمینان ہے، اکثریت کا دباؤ کسی وقت بھی [illegible] کا رخ فسطائیت کی طرف پھیر سکتا ہے اور اس کا انجام بھی وہی ہو سکتا ہے جس کا مشاہدہ ہم دوسری جنگ میں کر چکے ہیں!

ہم یہ سطور لکھ رہے ہیں مگر ہر سطر پر گاندھی جی کی یاد بے چین کر رہی ہے، گلشن آزادی کا یہ مالی، ہم سے عین اس وقت جدا ہوا جب اسکے باغ میں بہار آنے ہی والی تھی! یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ دنیا کی یہ عجیب و غریب آزادی جو ہندوستان کو ملی ہے اسی رہبر کی رہین منت ہے، چاہیئے تھا کہ ہندوستان اپنے اس رہنما کے نقش قدم پر چلتا، لیکن افسوس کہ ہمارے چھوٹے بڑے لیڈروں نے صرف نام کی پوجا شروع کر دی اور آپ کے نقش قدم پر چلنے کی دعوت محض فیشن ہو کر رہ گئی ہے، ہر وہ شخص جو گاندھی جی کے نام کو اپنا تا [illegible] کو بھی آج یہ کہنا تھا کہ گاندھی جی کی پیروی ہی میں ہندوستان کی نجات ہے اور ہر ہندوستانی اسی راہ پر چلے جس پر آپ نے قدم رکھا حالانکہ یہی لوگ ہیں جو صرف مطلب کی باتیں مانتے ہیں اور باقی باتوں کو نہ صرف رد کرتے ہیں بلکہ انکی علی الاعلان مخالفت بھی کرتے ہیں، ہندوستان میں ایسے [illegible] خود غرضوں کی کمی نہیں ہے اور ہمیں خطرہ ہے کہ یہی لوگ اپنے ساتھ ہندوستان کو بھی ڈبو دیں گے، اور اپنی تنگ نظری کے بھیانک نتائج کو بھی دیکھ لیں گے۔

بہر حال یہ امتحان کا وقت ہے، ہم آزادی کی تقریب منا رہے ہیں لیکن بین الاقوامی دنیا ہماری جانچ کر رہی ہے اور اس کا جواب مستقبل ہی دے گا کہ ہم آزادی کے تقاضوں کو پورا کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں!

اعلان تعطیل

یوم آزادی کے موقعہ پر دفتر اور پریس بند رہے گا اس لئے ۱۸ اگست کو پرچہ شائع نہ ہوگا۔ [illegible] — منیجر

قطعہ (مشورہ)

امن کو قائم کرو اور امن ہو اپنا شعار
اے جوانو ہوشیار اے نوجوانو ہوشیار
[illegible]
قوت بازو سے اپنے روک دو اسکی پکار

الجمعیۃ کی توسیع و ترقی کا پروگرام

ایک لاکھ اشاعت کر دینے کی جدوجہد

"الجمعیۃ" روزانہ و ہفت روزہ کی تعداد اشاعت کو جلد از جلد ایک لاکھ تک پہنچانے کا جو پروگرام اکابر و عمائدین جمعیۃ علماء ہند نے بنایا ہے اُسے کامیاب بنا چکے ہیں [illegible] الجمعیۃ ملک کے مختلف حصوں میں روانہ کئے جا رہے ہیں اس پروگرام کا آغاز ضلع بجنور اور ضلع مظفر نگر سے کیا گیا ہے [illegible] صاحب سیوہاروی اور ضلع مظفر نگر کے لئے جناب اقبال احمد صاحب معتمدین ادارہ الجمعیۃ ہو چکے ہیں۔ دوسرے علاقوں میں بھی عنقریب ادارہ کے معتمد روانہ کئے جائیں گے یقین ہو کہ ملک اس پروگرام کو جلد از جلد کامیاب بنانے اور ملک و قوم کی سچی خیر خواہی کے جذبہ سے الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچانے کی پوری پوری کوشش فرمائیں گے الجمعیۃ کا حلقہ جتنا بڑھے گا آپ کی آواز اتنی ہی طاقتور اور موثر ہو سکے گی۔ (دفتر ادارہ)

یقین کا دامن پکڑے رہیئے ہر کام خوش اسلوبی سے ہو جائیگا

پنڈت جواہر لال نہرو

پنڈت جواہر لال نہرو کا پیغام آزادی حسب ذیل ہے:-

آزادی کی دوسری سالگرہ پر ہمیں سال گذشتہ کی کامیابیوں اور ناکامیوں کا جائزہ لینا ہے [illegible]

لوگ اپنی ساری زندگی کوششیں کرتے رہے [illegible]

[illegible]

اگر آپ دہلی میں
جشن آزادی کی چہل پہل دیکھنے کے لئے تشریف لائیں تو آپکے قیام کیلئے بہترین جگہ
نیو صدر مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
ہی ہو سکتی ہے۔ جہاں آپ کو اپنے گھر جیسا آرام محسوس ہوگا
نیو صدر مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
میں قیام و طعام اور سروس کا بہترین انتظام ہے اور کرایہ وغیرہ دوسروں کے مقابلہ میں کم ہے ہماری کامیابی کا راز ہماری خدمت گذاری اور آپکے آرام ہی میں پوشیدہ ہے
عبدالکریم دہلوی
پروپرائٹر نیو صدر مسلم ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ
بازار لال کنواں۔ نزد پہاڑ و دواخانہ۔ دہلی

اولاد
پیارا بچہ چاہیئے
آنکھوں کا نور
[illegible]
اولاد
اور نہیں چاہیئے
اتنی ہی کافی ہے
[illegible]
ستیہ وتی
لاہور کی مشہور اسپیشلسٹ
لیڈی ڈاکٹر گوپی راج
چاندنی چوک [illegible] دہلی

انیسویں صدی کا سب سے نرالا واقعہ
ہندوستان کی آزادی ہے۔ سوچئے۔ یہ آزادی رہ کیسے سکتی ہے۔ جب تک آپ نئے ہندی تعمیر کیلئے رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت نہ پیدا کریں جیون خشک رگوں میں تازہ خون اور مردہ پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو واپس لانے کیلئے ایک بے نظیر دوا ہے سونا چاندی کشتہ وغیرہ کا سائنٹیفک مرکب ہے ایک کیپسول قیمت ۱۵/- پندرہ روپے۔ صدیقی دواخانہ (رجسٹرڈ) نگر ماڈل گنج دہلی

دنیا میں ایک مخصوص طبقہ ایسا ہے جو ہمیشہ جنگ کا خواہاں رہا ہے ابھی دو عالمگیر لڑائیوں کے اثرات باقی ہیں کہ ایک تیسری لڑائی کے آثار نظر آنے لگے ہیں، لیکن یہ امر باعث اطمینان ہے کہ اس "جنگی دنیا" میں عالمی امن کے قیام کے لئے بھی کچھ نہ کچھ ہو رہا ہے — اور وہ امن کی بھیک مانگتا نہیں بلکہ اسے دنیا پر مسلط کرنا چاہتے ہیں اگر ان کی کوشش جاری رہیں تو کوئی وجہ نہیں امن پسند عوام کا جنگ بازوں کے خلاف متحدہ محاذ کامیاب نہ ہو۔

تھکی ماندی دنیا اور عالمگیر امن

(جناب ہاشم طرازی)

دنیا میں آج تک جو چھوٹی بڑی لڑائیاں ہو چکی ہیں یا ہو رہی ہیں ان کی تعداد لاکھوں بلکہ کروڑوں تک پہنچتی ہے کرۂ ارض پر شاید ہی کوئی جگہ ایسی ہو جہاں لڑائی نہ ہو چکی ہو۔ ہماری تاریخی کتب میں صرف بڑی بڑی لڑائیوں کا ذکر ملتا ہے۔ کم اہمیت والی یا اہمیت نہ رکھنے والی جنگیں تعداد میں اس قدر زیادہ ہیں کہ نہ تو انسانی دماغ ان سب کو اپنے اندر محفوظ رکھ سکتا ہے اور نہ وہ تاریخی جال کے اندر آ سکتی ہیں۔

جنگ خواہ وہ خانہ جنگی ہو یا ایک ملک کی دوسرے کے خلاف یا دنیا کے دو یا کئی گروہوں کی نظریاتی جنگ ہو اس سے جو نقصان بنی نوع انسان کو ہو چکا ہے یا پہنچتا ہے وہ محتاج بیان نہیں اور خاص طور پر عالمگیر جنگوں کی تباہ کاریوں کے محض خیال سے ہی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ لیکن دنیا میں ایک مخصوص طبقہ ایسا ہے جو ہمیشہ جنگ کا خواہاں ہے، اپنی اس خواہش کو پورا کرنے کے لئے وہ نت نئی دلیلیں پیش کرتا ہے مثلاً جنگ کو ختم کرنے کیلئے جنگ لڑی جانی چاہیئے یا جن نظریات کے باہمی تصادم سے جنگ معرض ظہور میں آتی ہے ان میں سے معقول نظریہ کی حمایت کے لئے اور ناقابل نظریات کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لئے دنیا کو جنگ کرنا چاہیئے۔ پچھلی دو عالمگیر لڑائیوں کی [illegible]

عوام جو غالب اکثریت رکھتے ہیں اس بات کی کوشش کر رہے ہیں کہ جنگ کا راگ الاپنے والوں کی چلنے نہ پائے اور جنگ کے جو اسباب اب تک پیدا ہو چکے ہیں انہیں کالعدم کر دیا جائے یا ان پر سے عوامی توجہ ہٹا دی جائے اور یہ حقیقت ہے کہ اگر یہ بات عام ان کی سمجھ میں آجائے کہ جنگ کا نتیجہ سوائے بربادی کے اور کچھ نہیں تو وہ جنگ سے بیزاری کا اعلان کئے بغیر نہیں رہ سکتے اور جب عام آدمی کو جنگ سے کوئی دلچسپی نہ ہو تو جنگ کی ڈفلی بجانے والوں کا مفلوج ہو جانا یقینی ہے۔ نہ ہوگا بانس اور نہ بجے گی بانسری۔ یہ باعث اطمینان ہے کہ اس "جنگی دنیا" میں عالمی امن کے قیام کے لئے بھی کچھ نہ کچھ ہو رہا ہے اور امن پسند لوگ امن کی مشعل لئے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں یہ لوگ کتنی دلچسپی سے کام کر رہے ہیں اس سے ظاہر ہے کہ [illegible] پیچیدگیوں اور سفر کی دقتوں کے باوجود حامیان امن کے دو تاریخی اجلاس گذشتہ ماہ اپریل کے آخری ہفتہ میں پیرس اور پراگ کے مقامات پر منعقد ہوئے جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے بے مثل کہے جا سکتے ہیں، ان اجلاس میں تقریباً ساٹھ ممالک کے نمائندوں نے جو سائنس لٹریچر، سیاسیات موسیقی و جنگ کے شعبہ ہائے علوم و فنون [illegible]

[illegible]

ہم لیا تھا نہ قیامت نے [illegible] ہنوز
اک ترا وقت سفر یاد آیا

[illegible]

آزاد زندگی

ممتاز حسین قریشی ممتاز، مراد آبادی

ہم کو کیا معلوم تھا کیا ہے مقام زندگی
دونی قسمت نے رکھا تھا غلام زندگی
زندگی کی ہر صبح لاتی تھی تیرہ بختیاں
نور آزادی سے بے بہرہ تھی شام زندگی
گنبد آزاد فطرت میں رہے مثل غلام
دسترس سے دور تھا اپنے مرام زندگی
ہم نہ واقف ہو سکے انساں کی قدروں سے کچھ
ہم بنا سکتے نہ تھے اپنا نظام زندگی
زندگی کا خوش نما دانہ فریب تلخ تھا
مرگ شیریں نے بچھا رکھا تھا دام زندگی
یوں رہی غلطیدہ درد و غم میں اپنی ہر خوشی
جیسے اک یاس آفریں، ناشاد کام زندگی
تھا سراب آسا ہمیں تلخابۂ دہر حیات
ہم خمار مرگ کو سمجھے دوام زندگی
دور استبداد میں آواز حق اٹھتی کہاں
گنگ سی رہتی صبح و شام زندگی
تھا خزاں بردوش گلشن بلبلیں خاموش تھیں
شہپر خستہ نہ تھے ہم ساز بام زندگی
ہم سے برگشتہ رہا صدیوں مزاج روزگار
گردش قسمت میں کیا بنتا قوام زندگی
بزدلی سے ہو گئے کم زور ہو کر ہم غلام
سیف سے خالی رہی اپنی نیام زندگی

آخرش کروٹ سی لی اک دل میں جوش عزم نے
غیرت قومی اوٹھی لیکر پیام زندگی
متحد ہو کر بڑھے ہندو مسلماں اور سکھ
ہر دل مردہ ہوا رقصاں بنام زندگی
شوق آزادی بڑھا ہر سمت بجلی کی طرح
تا ملے آزاد ہو کر لطف عام زندگی
قوم نے بے خوف ہو کر دل کا خوں قرباں کیا
تھا بہر قیمت نظر میں اہتمام زندگی
ہر زباں پر تھیں حیات تازہ کی جولانیاں
نغمۂ اوج مسرت تھا کلام زندگی
اتحاد ملک کا جذبہ لگا پڑھنے نماز
شوق آزادی ہوا ثابت امام زندگی
سارا بار ملک نے لی ہاتھ میں اپنے مہار
ہر طرف تھا کارواں میں ازدحام زندگی
کارواں قوم نے منزل کی جانب کی نظر
ہر دل بیدار تھا محو خرام زندگی

شمع آزادی کے پروانوں کو کھا جھیلیں
تا نہ ہو ہندوستاں میں انصرام زندگی
ہر دل آزاد پر ہر وار کھا [illegible]
تا کہ دب جائے اگر ہو ذوق خام زندگی
لاکھ چاہا قصر آزادی ہو تعمیر [illegible]
لاکھ سر مارا کہ ہو یوں انہدام زندگی
ذوق کے گلشن میں قلب خونچکاں کھلتا رہا
لالہ گوں شبنم سے چمکا لالہ فام زندگی
تھا نہ کچھ آساں لانا عزم خودداری کی تاب
اک مجسم برق تھا تیز گام زندگی
سیل ذوق و جوش سے گھبرا اٹھے آخر فرنگ
جس طرح طوفاں میں ہو کشتۂ کام زندگی
ہو گئے ناکام سب انگریز کے ظلم و ستم
یہ کہاں ممکن تھا ہو یوں انہدام زندگی

جانب لندن ہوئے رخصت بصد یاس و الم
ہاتھ میں لی ہم نے خود اپنے زمام زندگی
صد بہار آغوش ہے اب گلشن ہندوستاں
کیوں نہ خوشبو سے معطر ہو مشام زندگی
فضل رب سے آج ہم سب ملک میں آزاد ہیں
کیوں نظر میں ہو نہ اپنی احترام زندگی
آج ہم مسرور ہیں سرمست ہیں پر کیف ہیں
آج بخشا ہے ہمیں قدرت نے جام زندگی

ہم کو لازم ہے یہ اب ممتاز رکھیں اتحاد
کوشش امن و اماں میں ہے سلام زندگی

خاص الجمعیۃ کیلئے

ریویو

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ

امراض چشم کی یہ دوا اس قدر مشہور ہو چکی ہے کہ اب اس کے تعارف کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ پرل کلوریم آئی ڈراپ کے موجد ڈاکٹر ایچ آر شرما صاحب نے [illegible] بڑے بڑے شہروں میں [illegible] مریضوں پر اس دوا کے کامیاب تجربے کئے ہیں، چنانچہ موصوف کو اس کامیاب ایجاد پر ہندوستان کے بڑے بڑے اخبارات معزز ہستیوں، مستند حکیموں اور ڈاکٹروں وغیرہ نے بار بار مبارکباد دی ہے۔

یہ دوا پیدائشی اندھے پن کے علاوہ آنکھوں کے ہر ایک مرض کو دور کرنے میں بہت موثر ثابت ہوئی ہے ضرورتمندوں کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

ڈاکٹر صاحب فی الحال فلیٹ نمبر [illegible] کارونیشن ہوٹل چوک فتحپوری چاندنی چوک دہلی میں مقیم ہیں اور روزانہ دن کو [illegible] سے ساڑھے بارہ بجے اور شام کو [illegible] سے ساڑھے چھ بجے تک آنکھوں کے مریضوں کا معائنہ کرتے اور مشورہ دیتے ہیں۔

بیت المقدس

[illegible]

تاریخ زبان اردو

[illegible]

مباحث امروز

بقیہ صفحہ ۳

[illegible]

مولانا انور صابری کی نعتوں کا مجموعہ
سلام علیک
قیمت معہ محصولڈاک عہ
صابری بکڈپو دیوبند

سیاہ چمکیلے بال
ناگ خضاب
NAG
Hair Dye
ناگ ہیئر ڈائی کمپنی صدر بازار دہلی


[illegible] بیٹری ریڈیو
تمام دنیا کا پروگرام سننے کیلئے
قیمت
صرف ۰/ ۴۰۰ روپے
یقیناً یہ ماسٹر فون ریڈیو ہے۔ یہ ان ریڈیوؤں میں سے ایک ہے جو کہ بغیر بجلی والے شہروں۔ قصبوں۔ دیہاتوں کے لئے بنائے گئے ہیں جو ڈیزائن اور کاریگری میں مکمل ہے یہ دیکھاؤ میں بھی لاجواب ہے اور مضبوطی میں بھروسے کے قابل ہے اور اس کا فٹنگ ایسا ہے جس پر گراموفون ریکارڈ بھی بجائے جا سکتے ہیں۔ اور ایک ساتھ علیحدہ لاؤڈ اسپیکر لگا کر ریڈیو پروگرام یا ریکارڈ سنے جا سکتے ہیں یہ آبادیوں کے علاوہ پہاڑوں جنگلوں میں بھی اچھا کام دیتے ہیں اگر آپ تکلیف سے آزاد ہونا چاہتے ہیں اور جو برسوں آپ کے کام آئے تو آپ بھی ایک ماسٹر فون ریڈیو کے مالک بن جائیے۔
ہر ایک ماسٹر فون ریڈیو تین سال کی فری سروس گارنٹی کے ساتھ بیچا جاتا ہے۔ لسٹ مفت حاصل کیجئے۔
ایجنسی کیلئے خط و کتابت کیجئے
واحد تقسیم کنندہ:
کلکتہ گراموفون ایجنسی
نزد چارٹرڈ بنک چاندنی چوک دہلی
معزز ایجنسیاں:
شملہ۔ ٹن علی۔ نابھا۔ جے پور۔ [illegible]۔ میرٹھ۔ نینی تال۔ ناگور۔ مورینا۔ گوالیار۔ الموڑا۔ اٹاوا۔ کسولی۔ لکھنؤ۔ سونی پت۔ بیکانیر۔ [illegible]۔ کلکتہ۔ [illegible]۔ ہلدوانی۔ [illegible]۔ کوٹ کپورا۔ فرید کوٹ۔ قنوج۔ سرہند۔ متھرا۔ موگہ۔ [illegible]۔ دہرادون۔ جالندھر۔ [illegible]۔ بھٹنڈہ۔ ہنومان گڑھ۔ رشی کیش۔ [illegible]۔ شکوہ آباد۔ سہارنپور۔ [illegible]۔ کرن پور۔ لکھیم پور کھیری۔ [illegible]
اور پرانے ریڈیو کو بجلی و بیٹری پر استعمال کرنے کے لئے ۰/ ۸۰ روپیہ زیادہ خرچ کیجئے

سمندر پار ممالک میں رہنے والے ہندوستانی باشندے

حکومت ہند انھیں نسلی امتیاز کا شکار نہ بننے دے گی

ملایا۔ برما۔ لنکا۔ مشرقی افریقہ اور وسط مشرق میں رہنے والے ہندوستانیوں کے مسائل

سمندر پار ممالک میں رہنے والے تیس لاکھ ہندوستانیوں کی حالت ان بڑے بڑے مسائل میں سے ایک ایسا اہم مسئلہ ہے۔ جو متواتر حکومت ہند کے پیش نظر چلا آرہا ہے۔ جنوبی افریقہ کی یہ پالیسی کہ تمام ہندوستانیوں کو جنوبی افریقہ سے نکال کر واپس ہندوستان بھیج دیا جائے۔ ملایا کے ہنگامی حالات۔ برما میں تمام زمینوں کو سرکاری ملکیت قرار دئے جانے اور سرکاری ملازمتوں سے ہندوستانیوں کو ہٹا دینے۔ لنکا میں امتیازی شہری قوانین پاس کرنے اور مشرقی افریقہ میں تارک الوطن کے قوانین سے اس مسئلہ کی شدت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ حکومت ہند کی بنیادی پالیسی یہ ہے۔ کہ ہندوستانی ہوں یا کسی اور قوم کے افراد انھیں نسلی امتیاز کا شکار نہ ہونا چاہئے۔ وہ سمندر پار [redacted] ہندوستانیوں کو یہ مشورہ بھی دیتی ہے کہ وہ جس ملک میں آباد ہیں۔ اپنے آپ کو اس ملک کے باشندوں کے مفاد سے وابستہ کرلیں۔ اور حقیقی طور پر اس ملک کی قومی زندگی کا گوشت و پوست بن جائیں۔

جنوبی افریقہ

سمندر پار کے ممالک میں ہندوستانی آباد کاروں سے تعلق رکھنے والا سب سے زیادہ پیچیدہ اور پریشان کن مسئلہ جنوبی افریقہ کی حکومت کی نسلی امتیاز کی پالیسی رہا ہے۔ جنوبی افریقہ کی آبادی کا ایک حصہ جسے جنوبی افریقن ہندوستانی کہا جاتا ہے۔ ہندوستان کے لوگوں سے نسلی تعلقات رکھتے ہیں۔ انکی تعداد دو لاکھ بیاسی ہزار چار سو سات ہے۔ یہ لوگ تین پشتوں سے آباد ہیں۔ اور ان میں سے اکثریت نے ہندوستان دیکھا تک نہیں ہے۔ اس طرح یہ لوگ اگرچہ جنوبی افریقہ یونین کی قومی زندگی کا جز بن چکے ہیں ان لوگوں کو گورے باشندوں سے علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ اور جنوبی افریقہ کی حکومت کا یہی ارادہ ہے۔ کہ انھیں افریقہ کے اصلی باشندوں سے بھی الگ تھلگ کر دیا جائے۔ جنوبی افریقہ کی حکومت نے یہ اعلان کیا ہے۔ کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ تمام ہندوستانیوں کو واپس ہندوستان بھیج دیا جائے۔ اور ان کو ہندوستان لوٹ جانے پر مائل کیا جائے۔ لیکن اسے اس کوشش میں کوئی خاص کامیابی نصیب نہیں ہوئی۔ کیونکہ ڈربن کے فسادات کے بعد اب تک صرف تیرہ ہندوستانی جنوبی افریقہ چھوڑ کر چلے آئے ہیں۔ اور صرف [illegible] ہندوستانیوں نے ہندوستان واپس چلے آنے کی درخواست کی ہے۔

جنوبی افریقہ [illegible] میں ہندوستانیوں اور افریقنوں کے مابین نسلی فسادات بھڑک اٹھے تھے۔ طرفین کے بہت سے آدمی ہلاک اور زخمی ہوئے تھے ہندوستانیوں کی جائدادوں کو کافی نقصان پہنچا حکومت ہند نے ان فسادات کے مصیبت زدوں کو بلا امتیاز نسل حتی الامکان امداد بہم پہنچائی ہے۔

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے مسئلہ میں ہندوستان محض اس لئے دلچسپی نہیں لیتا کہ متعلقہ ہندوستانی ہیں بلکہ جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے جو سلوک کیا جا رہا ہے وہ بنیادی انسانی حقوق اور آزادی کے بالکل خلاف ہے جنوبی افریقہ کے خلاف ہندوستان کے دعوی کو متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی میں پوری کامیابی حاصل ہوئی۔ لیک سکسیس میں جنرل اسمبلی کے گذشتہ اجلاس میں ہندوستان نے پھر جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے سلوک کا سوال اٹھایا اس پر جنرل اسمبلی نے ایک ریزولیوشن پاس کیا جس کے ذریعہ ہندوستان پاکستان اور جنوبی افریقہ کی حکومتوں کو ایک گول میز کانفرنس میں اس سوال پر تبادلہ خیالات کرنے کی دعوت دی گئی تاکہ متحدہ اقوام کے چارٹر اور انسانی حقوق کے اعلان کے اصولوں اور مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس مسئلہ پر بحث کی جائے اگرچہ مجوزہ گول میز کانفرنس اب تک منعقد نہیں ہوئی ہے لیکن ہندوستان نے قبول کر لی ہے اور پاکستان پر بھی زور دے رہا ہے کہ جنوبی افریقہ کی حکومت سے دریافت کرے کہ وہ متحدہ اقوام کے ریزولیوشن کو عملی شکل دینے کے بارے میں کیا ارادہ رکھتی ہے

مشرقی افریقہ

مشرقی افریقہ میں کینیا۔ یوگنڈا۔ ٹانگانیکا اور زنجبار کے ان علاقوں میں جو برطانیہ کے زیر انتظام ہیں ہندوستانی آباد کاروں کی تعداد ایک لاکھ اٹھاسی ہزار ایک سو ہے یہ لوگ نسلی منافرت کا شکار تو نہیں ہیں لیکن حال ہی میں حکومت ہندوستان اور وہاں مقیم ہندوستانی لوگوں کی مخالفت کے باوجود کینیا کی مجلس قانون ساز نے ایک نیا تارک الوطنی قانون پاس کیا ہے جو اگرچہ ظاہر طور پر غیر امتیازی حیثیت رکھتا ہے لیکن یہ کہا جاتا ہے کہ عملی طور پر اسے سختی سے ہندوستانیوں کے خلاف استعمال کیا جائیگا حکومت ہندوستان نے اس قانون کے خلاف جو احتجاج کیا تھا اس کے جواب میں برطانوی حکومت نے یقین دلایا ہے کہ یہ قانون صرف ہندوستانیوں کے لئے پاس نہیں کیا گیا ہے۔ اب اس نئے قانون کے عمل درآمد پر نظر رکھی جائے گی۔

ماریشس

ماریشس میں دو لاکھ اکہتر ہزار چھ سو چھپن ہندوستانی ہیں یہ لوگ کل آبادی کا تریسٹھ اعشاریہ چار فیصدی ہیں ہندوستان سے باہر ماریشس ایک علاقہ ہے جہاں ہندوستانیوں کی آبادی حقیقی طور پر دیگر باشندوں سے بہت زیادہ ہے اس جگہ ہندوستانی باشندوں کی اکثریت مزدوری پیشہ لوگ ہیں جو کھانڈ پیدا کرنے والے کھیتوں اور کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔ ان میں سے صرف چند ایک ہی ہندوستانیوں کی ملکیت ہیں یہاں رہنے والے ہندوستانی زیادہ تر غریب اور ان پڑھ ہیں تعلیم یافتہ ہندوستانیوں میں سے بھی بہت کم لوگ اس نو آبادی کی سرکاری ملازمت [illegible] لوگوں سے زیادہ ہے۔

ماریشس میں حق رائے دہندگی کے متعلق ہندوستانیوں پر کوئی قانونی پابندی نہیں ہے نئی مجلس قانون ساز کے ۳۴ ممبروں میں سے ۱۹ انتخاب کئے گئے ہیں بارہ ممبر نامزد اور تین سرکاری حیثیت سے ہیں ان میں سے گیارہ ممبر ہندوستانی ہیں گذشتہ ایک سو برس سے زیادہ عرصہ سے ہندوستانی اس جزیرہ کے دوسرے بڑے فرقے یعنی کریول لوگوں کے ساتھ نہایت دوستانہ طریق پر رہتے چلے آئے ہیں۔

فجی

فجی میں ہندوستانی کل آبادی کا [illegible] فیصدی ہیں اور ان کی تعداد ایک لاکھ چھبیس ہزار چھ سو چھتر ہے۔ ماریشس کی طرح یہاں بھی ہندوستانی اکثریت میں ہیں۔ اور فجی لوگوں کے ساتھ ان کے نہایت اچھے دوستانہ تعلقات ہیں۔ یہاں بھی شہری حقوق اور مراعات کے لحاظ سے ہندوستانیوں پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ ایک ہندوستانی کو ایگزیکٹو کونسل کا ممبر نامزد کیا گیا ہے مجلس قانون ساز نے ایک کمیٹی پچھلے دنوں قائم کی ہے۔ جو مجوزہ آئین کے بارے میں سفارشات پیش کرے گی۔

لیکن فجی میں ہندوستانیوں کو کچھ شکایات بھی ہیں۔ ان میں سب سے اہم زمینوں کے حقوق کے متعلق ہیں۔ نو آبادیاتی حکومت کافی حد تک ہندوستانیوں کے مطالبات پورے کرنے پر رضامند ہے۔ اور وہ تیس برس کے پٹے پر زمینیں دینے کو تیار ہے۔ ان پٹوں کی چند برس بعد تجدید کی جاسکے گی۔

برطانوی جزائر غرب الہند

برٹش گنی۔ ٹرینیڈاڈ اور جمیکا میں ہندوستانیوں کی آبادی بالترتیب حسب ذیل ہے۔ ایک لاکھ اڑسٹھ ہزار نو سو اکتیس۔ اکتالیس ہزار چار سو بانوے اور ایک لاکھ بیانوے ہزار سات سو سینتالیس۔ یعنی ان جزائر کی کل آبادی کا بالترتیب چوالیس اعشاریہ تین دو اعشاریہ چودہ اور پینتیس اعشاریہ ایک فیصدی ہے برٹش گنی کی مجلس قانون ساز میں تین ہندوستانی منتخب شدہ ممبر ہیں اور ایک نامزد ممبر ہے۔ ایک منتخب شدہ ممبر ایگزیکٹو کونسل میں شامل ہے جمیکا میں بہت اقلیت میں ہونے کی وجہ سے کوئی ہندوستانی قانون ساز مجلس میں شامل نہیں ہے۔

ان نو آبادیوں میں اکثر ہندوستانیوں کی یہ خواہش ہے کہ وہ اپنے وطن واپس چلے آئیں۔ عام حالات میں حکومت ہندوستان ان کی واپسی کا خیر مقدم کرتی لیکن ملک کی تقسیم کے بعد۔ شرنارتھیوں کے وسیع تبادلہ کی وجہ سے جو بہت بھاری مشکلات پیدا ہوگئی ہیں۔ انکے پیش نظر حکومت ہندوستانیوں کو اپنے وطن کی طرف مراجعت کرنے سے اس وقت تک احتراز کرنا چاہئے جب تک یہاں حالات معمول پر نہ آجائیں۔ اس کے باوجود ۳۰۷ ہندوستانی پچھلے دنوں برٹش گنی سے ہندوستان لوٹ آئے ہیں یہ لوگ اپنے ہمراہ ایک لاکھ بہتر ہزار سات سو روپیہ کما کر لائے ہیں۔

برما

برما میں آجکل ہندوستانیوں کی آبادی سات لاکھ کے قریب ہے۔ سارے برما میں قوم پرستی کا جذبہ بڑے زور سے پھیل گیا ہے۔ برما میں اب ہر ہندوستانی جس نے برمی شہریت اختیار نہ کرلی ہو غیر ملکی تصور کیا جاتا ہے حکومت برما نے پچھلے دنوں یہ اعلان کیا تھا۔ کہ ان کی پالیسی نہ صرف زمینوں کو قومی ملکیت قرار دینا ہے۔ بلکہ وہ سرکاری ملازمتوں کو بھی صرف برمیوں کے لئے وقف کر دینا چاہتی ہے۔ حکومت ہند نے اپنے ہمسایہ ملک کے ساتھ نہایت دوستانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے اور ہمیشہ اسکے نقطہ نگاہ کی قدر کی ہے۔ زمینوں کو قومی ملکیت قرار دئے جانے کے سوال پر حکومت ہند نے [illegible] فروری ۱۹۴۹ء میں جب سے برما میں کیرن بغاوت نے سر اٹھایا ہے یہ سارا مسئلہ معرض التوا میں پڑا ہوا ہے۔

۱۹۴۲ء میں غیر ہنرمند مزدوروں کا ہندوستان سے برما جانا ممنوع قرار دیا گیا تھا۔ جنگ کے بعد زیادہ تر انھیں لوگوں کو ہی برما جانے کی اجازت دی گئی۔ جو وہاں کے باسی تھے۔ ان میں بھی ایسے غیر ہنرمند مزدوروں کو واپس جانے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ جن کے رشتہ دار وہاں نہ تھے یا جن کو کوئی ملازمت مل چکی تھی۔

برما کی خانہ جنگی میں ہندوستانی بالکل غیر جانبدار رہے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ دیہاتی علاقوں پر امن ہندوستانی کاشتکاروں کو بہت نقصان پہنچا ہے۔ اور شہروں میں ہندوستانیوں کے لئے ملازمت اور روزگار حاصل کرنے کے سلسلے بالکل کم ہوگئے ہیں۔ برما میں برسرپیکار کسی بھی فریق کو ہندوستانیوں کے خلاف کوئی شکایت نہیں۔ برما کے موجودہ فسادات میں ہندوستانیوں نے قطعاً کوئی حصہ نہیں لیا ہے۔ وہ نمایاں طور پر ان سے الگ اور بالکل غیر جانبدار رہے ہیں اسکے باوجود سیکڑوں ہندوستانی خاندانوں کا ان فسادات میں سب کچھ برباد ہوگیا ہے۔ اور ان میں سے اکثر نے اس ملک کو چھوڑ کر ہندوستان چلے آنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت ہند نے برما سے ہندوستانیوں کے اخراج کی [illegible] کی رقم منظور کی ہے جس سے ان ہندوستانیوں کو جو برما کے موجودہ فسادات میں مفلس و قلاش ہوگئے ہیں مفت لایا جائے گا۔

ملایا

ملایا میں ہندوستانیوں کی آبادی سات لاکھ سات ہزار آٹھ سو چوبیس ہے اور وہ کل آبادی کا پندرہ فیصدی ہیں وہاں اکثریت ایسے ہندوستانیوں کی ہے جو ربڑ کے کھیتوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے طور پر خود وہاں گئے تھے یا انھیں ترغیب دیکر لے جایا گیا تھا۔ یا بھیجا گیا تھا۔ اس ملک میں ٹین اور ربڑ کی برآمد تجارت کو فروغ دینے میں ہندوستانیوں کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ ان کی خدمات کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا ملایا میں ان کا سب سے بڑا مقابل چینی ہے۔ ان علاقوں میں چینیوں کی بہت بڑی آبادی ہے کسی نہ کسی وجہ سے چینیوں کو ہندوستانیوں سے زیادہ اجرت دیجاتی ہے۔ یہ امر واقعہ مقامی طور پر اور ان دونوں ممالک کے مابین کافی تنازعہ اور تشدد کا موضوع بنا رہا ہے اس ملک میں ہمارے ڈپلومیٹک نمایندے ہندوستانی مزدوروں کی حالت کو بہتر بنانے کی اسکیموں اور تجاویز پر کافی توجہ دیتے رہتے ہیں۔ ملایا میں شہریت کا قانون بہت عجیب ہے۔ ملایا کے کسی شہری کو یہ آزادی ہے کہ وہ اپنی قومیت خواہ وہ کچھ ہی ہو۔ برقرار رکھ سکتا ہے اسکے لئے ملایا کی قومیت اختیار کرنا لازمی نہیں ہے۔ ملایا میں ہندوستانی عام طور پر دہشت پسندانہ تحریکوں سے الگ تھلگ رہے ہیں اسکے باوجود دو ہندوستانی ٹریڈ یونین لیڈروں کو گرفتار کیا گیا اور ملایا میں نافذ ہنگامی قوانین کے ماتحت موت کی سزا دی گئی۔ ان میں سے مسٹر گنپتی کو تو پھانسی دیدی گئی۔ لیکن مسٹر سمباسیوم نے پریوی کونسل میں اپیل کردی ہے۔

انڈونیشیا

جاوا سماٹرا۔ بورنیو۔ سلیبیس اور نیوگنی کے پانچ بڑے جزیروں اور تیرہ چھوٹے مگر نہایت اہم جزیروں لیکن حقیقت میں ہزاروں چھوٹے چھوٹے دیگر جزیروں پر مشتمل علاقہ کو انڈونیشیا کہتے ہیں ۱۹۴۰ء میں سارے انڈونیشیا کی کل آبادی سرکاری طور پر سات کروڑ تھی۔ جسے یوں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ یورپین۔ اصلی باشندے اور غیر ملکی ایشیائی۔ انڈونیشیا میں ہندوستانی آبادی کا اندازہ تیس ہزار ہے۔

جولائی ۱۹۴۹ء میں حکومت ہند نے ملایا میں مقیم اپنے نمائندے مسٹر [illegible] کو انڈونیشیا میں ہندوستانیوں کی حالت کے بارے میں رپورٹ کرنے کا کام سپرد کیا۔ ان کی رپورٹ کی بنا پر ساڑھے تین ہزار کے قریب مفلس و نادار ہندوستانیوں کو جو فوراً ہندوستان واپس آنا چاہتے تھے۔ وہاں سے سرکاری طور پر واپس لایا گیا۔ اکتوبر ۱۹۴۷ء میں بٹاویہ میں ہندوستانی قونصل جنرل مقرر کیا گیا۔ آج کل وہاں رہنے والے ہندوستانیوں کو ہندوستان میں اپنے لواحقین کو روپیہ بھیجنے کی ممانعت کی وجہ سے بڑی تکلیف کا سامنا ہے کیونکہ ڈچ نے نقد روپیہ انڈونیشیا سے باہر بھیجنے پر پابندیاں لگا رکھی ہیں۔ حکومت ہند کی کوششوں کے نتیجہ کے طور پر مقامی انڈونیشی حکام نے اب یہ اجازت دینا منظور کیا ہے۔ کہ وہ ہندوستانی جو پاکستان سے خانہ بدر ہو کر آئے ہوئے ہیں اور جن کے روزی کمانے والے انڈونیشیا میں ہیں انھیں روپیہ بھیجنے کی خاص طور پر رعایت دی جائے گی [illegible] کو بھی ہندوستانی قونصل جنرل نے روپیہ بھیجنے کی مراعات دی ہیں۔ بٹاویہ اور سیلان سے پچھلے دنوں جو اطلاعات ملی ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ ڈچ فوجی حکام ہندوستانی لوگوں کو خاص کر میڈان کے علاقہ میں بہت پریشان کر رہے ہیں ۳۱ دسمبر ۱۹۴۸ء کو تین سرکردہ ہندوستانی تاجروں کو سماٹرا میں ڈچ بحری فوج کے آدمیوں نے گولی مار دی تھی۔ حکومت ہند نے اس پر زبردست احتجاج کیا۔ چنانچہ اس جرم کا اقبال کیا گیا اور مقتولین کے لواحقین کو معاوضہ دینے کی تفاصیل اب طے کی جارہی ہیں

لنکا

لنکا کی کل آبادی ستر لاکھ سے کچھ کم ہے۔ اس میں سے پینتالیس لاکھ سنگھالی لوگ ہیں۔ ان سے دوسرے نمبر پر ہندوستانی ہیں۔ جو موجودہ صدی کے دوران میں وہاں گئے۔ ان کی تعداد سات لاکھ سے زیادہ ہے۔ ہندوستانیوں نے اس ملک کو خوشحال بنانے میں بہت بڑا حصہ لیا ہے۔ ایک وقت ایسا بھی تھا۔ جب وہاں چائے کی کاشت کلیتاً ہندوستانی تارکان وطن پر منحصر تھی جن شرائط پر ہندوستانی مزدوروں کو لنکا جانے کی اجازت دیجاتی تھی ان میں سے اہم یہ تھی۔ کہ اس امر کی گارنٹی دیجائے کہ جو لوگ وہیں سکونت اختیار کرلیں گے اور لنکا کو ہی اپنا وطن بنالیں گے۔ انھیں مساوی سیاسی درجہ حاصل ہوگا۔ لیکن اب لنکا میں شہریت کے متعلق جو قوانین بنائے گئے ہیں ان میں ہندوستانیوں کو مکمل اور مساوی شہری حقوق نہیں دئے گئے۔ انھیں صرف کچھ محدود سی شہریت حاصل ہوسکیگی۔ اس بارے میں ہندوستان اور لنکا کے مابین طویل خط و کتابت ہو رہی ہے۔ لنکا کی حکومت نے پچھلے دنوں جو قواعد رائج کئے ہیں۔ ان کی رو سے تبادلہ زر پر کنٹرول رکھنے کے لئے جو ضابطہ مقرر کیا گیا۔ اسکی وجہ سے ہندوستانی لوگ ہندوستان میں رہنے والے اپنے رشتہ داروں کو بہت کم روپیہ بھیج سکتے ہیں۔ حالانکہ یہ حق انھیں ہمیشہ سے ملا رہا ہے۔ درآمد تجارت کے لائسنس اب صرف لنکا کے شہریوں کو ہی دئے جاتے ہیں ایک اور تجویز جو لنکا کی حکومت کو حال ہی میں بھیجی گئی ہے۔ کہ لنکا میں تمام صنعتی اور تجارتی اداروں میں کم از کم [illegible] فیصدی عملہ لنکا کے شہریوں میں سے بھرتی کیا جائے۔ اگر حکومت نے اس تجویز کو منظور کرلیا تو بہت زیادہ ہندوستانیوں پر اسکا خراب اثر پڑے گا۔

مشرق وسطی

خلیج فارس میں بحرین الکویت اور مسقط کے علاقوں میں چار ہزار ہندوستانی آباد ہیں۔ ایران میں ڈھائی ہزار مصر میں ایک ہزار اور عراق میں تقریباً سات سو۔ مشرق وسطی کے دیگر ممالک میں صرف چند ہندوستانی رہتے ہیں۔ ترکی فلسطین۔ شام لبنان۔ شرق اردن اور یمن ہر ایک میں ایک سو سے کم ہندوستانی رہتے ہیں۔ افغانستان میں تقریباً دو سو ہندوستانی ہیں۔ مشرق وسطی میں رہنے والے ہندوستانیوں کو تین درجوں میں تقسیم کیا جاسکتا۔

(۱) تاجر اور کاروباری۔

(۲) تیل کے چشموں میں کام کرنے والے کاریگر۔

(۳) سرکاری ملازمین۔ اور نیم سرکاری اور تجارتی اداروں کے ملازم۔ دوسرے ملکوں میں رہنے والے ہندوستانیوں کی طرح مشرق وسطی کے ممالک میں رہنے والے ہندوستانی [illegible] کا احترام کرنے والے ہوتے ہیں۔ وہ ان ممالک کے لوگوں کی زبان عربی فارسی بولتے ہیں۔ اور مقامی لوگوں کے ساتھ انکے بہت اچھے تعلقات ہیں۔ بہت سی فرمیں کئی پشتوں سے مشرق وسطی میں کاروبار کر رہی ہیں مشرق میں ہندوستانی تاجروں کو تجارتی سرگرمیوں میں کسی قسم کی پابندیوں یا رکاوٹوں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا نہ ہی انکے ساتھ کسی قسم کا امتیازی سلوک کیا جاتا ہے۔ ایران میں دیگر غیر ملکیوں کی طرح ہندوستانیوں کو غیر ملکی تجارت کے بارے میں کچھ رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ لیکن یہ معاملہ ہندوستان اور ایران کی حکومتوں کے زیر غور ہیں

مشرق وسطی کے ممالک میں ہندوستانی مزدوروں کو بہت حد تک اور منصفانہ طور پر اچھی تنخواہ ملتی ہے۔ اور ان کی آسائش کا اچھی طرح خیال رکھا جاتا ہے لیکن یورپین مالکوں کے ہاتھوں عام سلوک اور مکانات کے بارے میں شکایات ہیں حکومت ہند کے نمائندوں نے تیل کی تمام کمپنیوں پر واضح کر دیا ہے۔ کہ ہندوستانیوں کے ساتھ کسی دیگر نسل کے لوگوں سے کمتر سلوک کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کمپنیوں نے اس معقول بات کو پسند کیا ہے۔ اور توقع کی جاتی ہے۔ کہ تیل کے مشرق وسطی کے چشموں میں کام کرنے والے ہندوستانی مزدوروں کی جائز شکایات بہت جلد دور کر دی جائینگی۔ علاوہ ازیں ہندوستانی ملازمین اور انکو ملازم رکھنے والی تیل کی کمپنیوں کے مابین اقرار نامے کی شرائط میں تبدیلیاں کرنے کے بارے میں حکومت ہندوستان سے سفارش کی گئی ہے۔

پنڈت نہرو کا پیغام یوم آزادی

غیر ممالک میں ہندوستانیوں کے نام

یوم آزادی کے موقعہ پر پنڈت جواہرلال نہرو نے غیر ممالک میں مقیم ہندوستانیوں کو حسب ذیل پیغام بھیجا ہے "ہندوستان کے حصول آزادی کی دوسری سالگرہ پر میں دوسرے دیشوں میں رہنے والے ہم وطنوں کو شبھ کامنائیں بھیجتا ہوں پچھلے سال میں ہم نے بہت سے بڑے بڑے کام کئے ہیں اور بہت سے خطروں کا بھی مقابلہ کیا ہے بہت سی حالتوں میں ہماری کوششیں ناکام ہوئیں۔ مشکل اور نازک حالات کے باوجود ہم ہمت اور بھروسہ کے ساتھ نئے سال کا سواگت کرتے ہیں۔ ہمیں ہندوستان کے مستقبل کے بارے میں پورا اعتماد ہے۔ غیر ممالک میں کام کرنے والے ہمارے تمام افسر اس امر کو ہمیشہ ذہن نشین رکھیں گے کہ ہندوستان کی خدمت کرنا ہر وقت اور خصوصاً تبدیلی اور تغیر کے موجودہ دور میں ایک بہت بڑا اعزاز اور فریضہ ہے۔ انھیں ہندوستان کے نام کو روشن اور بے داغ رکھنا ہوگا اور ہمیشہ ان آدرشوں کو اپنے سامنے رکھنا ہوگا جو ماضی میں ہمارے لئے مشعل راہ رہے۔ اور جو ہمارے موجودہ عمل کا باعث ہیں۔ آنے والے سال کے متعلق ہمیں ایک دفعہ پھر ہندوستان کی خدمت کرنے کا عہد کرنا چاہئے۔"

مضامین اور خبریں
کاغذ کے صرف ایک طرف نیز صاف
اور خوشخط لکھ کر ارسال فرمائیے۔
(ادارہ)

حالی کی پانچ تازہ ترین مطبوعات

تلخیاں
ہندوستان کے نوجوان شاعر ساحر لدھیانوی کے زندہ۔ جاندار اور پائندہ ادب کا مثالی مجموعہ جو رنگین بھی ہے اور سنگین بھی۔ ساحر کی شاعری بدلتی ہوئی تاریخ کے ہمرکاب جارہی ہے وہ کسی ایک گروہ۔ ایک فرقہ ایک قوم کا شاعر نہیں ساری انسانیت کا شاعر ہے۔ لازوال خلوص لافانی محبت اور لامتناہی جدوجہد کا شاعر ہے اس کے فن میں عوام کی طرف براہ راست اپیل ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ جدید شعراء میں اردو داں طبقہ اسے سب سے زیادہ پیار کرتا ہے کتاب میں اپریل [illegible] کی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں اور آرٹ پیپر پر دیدہ زیب کتابت و طباعت اور حسن اہتمام کیساتھ پیش کی گئی ہے
قیمت [illegible]

تاریخ زبان اردو
ہر اس شخص کو جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتا ہے اور اس کو زندہ رکھنا چاہتا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ ڈاکٹر مسعود حسین ایم اے پی ایچ ڈی لیکچرر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے تقریباً تین سو صفحات کی اس کتاب میں ہندوستان کی موجودہ زبانوں کے حالات شمالی ہند میں اردو کا عہد بعہد ارتقاء اور اس کو ہندوستان کی ایک شیریں اور پیاری زبان۔ ایک مشترکہ تہذیبی سرمایہ [illegible] بین الاقوامی زبان بن جانے میں ہندو مسلمانوں کی مساعی کا بالتفصیل جائزہ لیا ہے۔
قیمت ساڑھے تین روپے

بیت المقدس
انبیاء علیہم السلام کی سرزمین۔ مسلمانوں کا قبلہ اول۔ جائے معراج اور صلیبی جنگوں کا مرکز جس کی عظمت کے لئے مسلمانوں نے لاکھوں جگر گوشوں کو قربان کیا اور دس بار یورپ کے تمام عیسائی لشکروں کو شکست فاش دی۔ اور پاپائے روم کی امیدوں پر پانی پھیرا۔ آج برطانیہ اور امریکہ کی سازشوں کے باعث ٹکڑے ٹکڑے ہوچکا ہے۔ جس کا تمام پس منظر یہودی عیسائی اور اسلامی دور کی تاریخ مقامات مقدسہ۔ مشہور اداروں۔ آثار قدیمہ۔ قبل مسیح سے آج تک مشہور و معروف شخصیتوں کے حالات ہندوستان کے مشہور مصنف منشی عبدالقادر کی کتاب بیت المقدس میں درج ہیں۔ ضخامت ساڑھے تین سو صفحات
قیمت چار روپے

کیا خوب آدمی تھا
ان گیارہ تقریروں کا مجموعہ ہے جو علامہ کیفی۔ بیخود دہلوی مولانا عبدالماجد دریا بادی۔ خواجہ غلام السیدین اور ملا واحدی وغیرہ نے ہندوستان کے گیارہ بڑے آدمیوں علامہ اقبال۔ مولانا حالی۔ ڈاکٹر انصاری۔ حکیم اجمل خاں۔ مولانا محمد علی۔ داغ۔ ڈپٹی نذیر احمد [illegible] اور سر راس مسعود کے متعلق آل انڈیا ریڈیو دہلی سے نشر کیں۔ کتاب اردو ادب میں ایک شاہکار اور قابل مطالعہ ہے۔ صفحات سوا سو
قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ

میری بھابی
پروفیسر محمد مجیب ایم اے کا وہ معاشرتی ناول جو اردو ادب میں اپنے طرز تحریر کے لحاظ سے بے مثال ہے جس میں غیر فانی محبت اور دوستی کا ایک نیا معیار قائم کیا گیا ہے [illegible]
قیمت دو روپے آٹھ آنے

ملنے کا پتہ
حالی پبلشنگ ہاؤس اردو بازار دہلی

آئین نو سے ڈرنا طرز کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

آزادی میں کس نے کیا سمجھا؟

جناب عبدالسلام صاحب انصاری گلینوی

آزادی کسی ملک کے غیر ملکی غلبہ سے آزاد ہونے کا ہی نام نہیں ہے۔ یہ قوموں کی نفسیات میں انقلاب کی آئینہ دار ہوا کرتی ہے۔ آزادی سے جہاں نظام حکومت اور ترتیب معاشرت میں اساسی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں وہاں قوموں کے افکار و خیالات اور ذہنی رجحانات پر بھی اس کا نمایاں اثر پڑتا ہے۔ الفاظ کے معانی میں اگرچہ کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا لیکن ان کا منشا اور تقاضے بدل جاتے ہیں سہ

الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن
ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور

نظریہ علم و تجربت سے یہ امر مخفی نہیں کہ ایک غلام اور ایک آزاد انسان کے اندر او طریقہ فکر میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ غلامی میں جو چیز "مصلحت" سے تعبیر کی جاتی ہے آزادی میں وہ منافقت بزدلی اور تملق سمجھی جاتی ہے آزادی ماحول میں زندگی کے افسانہ کا پلاٹ اور کردار بھی بدل جاتے ہیں۔ ہر شعبہ حیات میں نئے نئے نقطہ نظر۔ انتھک قوت عمل سچا جوش محکم ولولہ مستعدی اور آمادگی نظر آتی ہے۔ جماعت کے قوانین اور اخلاقی قدریں بدل جاتی ہیں۔ پیمانے بدلتے ہیں اور کچھ سوتے طبقے آگے بڑھتے ہیں اور ابھرتے ہیں۔ سماج کے ناقص اور بوسیدہ تاروپود بکھر جاتے ہیں۔ سماج کا احیاء جدید تر معیاروں اور وسیع نظریات پر کیا جاتا ہے اور مظلوم و پسماندہ لوگوں کو بے رحم سماج کی غیر اخلاقی اور ظالمانہ بندشوں سے آزاد ہو کر اطمینان کا سانس لینے کا موقع ملتا ہے۔

آزادی کے بعد فطرت کے اٹل دستور کے مطابق ہندوستان میں بھی اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں بلکہ ہو رہی ہیں جن سے جماعتی اور قومی زندگی کے اکثر و بیشتر شعبے کم و بیش متاثر ہوئے۔ لیکن یہ حقیقت قابل افسوس ہے کہ آزادی سے یہاں کے جمہور کی خوشیوں اور غور و فکر کے انداز میں کوئی بنیادی فرق پیدا نہیں ہوا۔ [illegible] نظریات اور فرسودہ تصورات کو [illegible] ہم نے اپنی دیرینہ روایات اور ضعیف الاعتقادی کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا سہ

آئین نو سے ڈرنا طرز کہن پہ اڑنا
منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

ہر چیز کو اب بھی اسی پرانی عینک سے دیکھنا پسند کرتے ہیں جس سے اب تک دیکھنے کے عادی رہے ہیں۔ رشوت ستانی، چور بازاری، ناجائز نفع اندوزی، اقتصادی لوٹ کھسوٹ، سماجی امتیاز اور طبقاتی نفرت ابھی تک پہلے کی طرح یا شاید پہلے سے بھی زیادہ مرغوب ہیں۔ آزادی نے ہمارے کردار اور اخلاقی پستیوں پر سب یک نہیں لگایا بلکہ آزادی کے لئے ابھی تک کچھ اشارہ اور تھوڑا سہارا ہی ملا ہم نے وقت کے تقاضوں کو [illegible] اور ان اہم ذمہ داریوں کی طرف کوئی دھیان نہیں دیا جو آزادی اپنے ساتھ لائی ہے۔ ابھی تو زندگی پہ نفس ہی کا گشت ہے

سر پر عزم و سروری ابھی کہاں ابھی کہاں

کوتاہ بینی اور تنگ نظری نے آزادی میں بھی ہمارا ساتھ دیا اس اندھے کی طرح جس نے ہاتھی کی دم کو پکڑ کر ہاتھی سمجھا تھا ہم نے محض سیاسی آزادی کو آزادی کی تکمیل سمجھ لیا ہم یہ بھول گئے کہ آزادی کے متعدد شعبے ہیں اور سیاسی آزادی ان میں سے صرف ایک ہے جو اگرچہ اولیں اور مقدم اہمیت رکھتی ہے مگر اقتصادی، اخلاقی، تمدنی اور شہری آزادیوں کے بغیر بے معنی اور غیر مکمل ہے۔ بدقسمتی سے ہندوستان میں ابھی اس حقیقت کو پوری طرح محسوس نہیں کیا گیا کہ قوموں کی زندگی اور استقلال صرف توپ جنگ اور تیز ترین ہتھیاروں ہی کے دم سے نہیں ہے بلکہ یقین محکم، عزم راسخ، عمل پیہم، حسن عمل اور بے پناہ استعداد، مصیبت کے بیچ احساس، استقامت اور سب سے زیادہ دل کی زندگی پر موقوف ہے۔ جس قوم میں یہ محاسن پیدا ہو جائیں۔ خواہ وہ کیسی ہی بے دست و پا اور بے سر و سامان ہو مگر پھر بھی وہ ایک ایسی قوت ہے جو سب کچھ کر سکتی ہے۔ نہ ہتھیاروں کے چھن جانے سے اسے نقصان پہنچ سکتا ہے اور نہ قانون کے مسمار ہو جانے سے اس کی قوت سلب ہو سکتی ہے۔ آزادی، تقدس عمل، آزادی اعتقاد، تحریر و تقریر کی آزادی، اخلاقی بیداری نفس اور جمہوریت کا احیا وہ قابل اعتبار ستون ہیں جن پر قومی زندگی کی مستحکم عمارت تعمیر کی جاسکتی ہے۔

آزادی ہماری زندگی کے نقشے کیوں نہیں بدل سکی؟ آزادی سے ہمارے دلوں کی اقلیم میں انقلاب کیوں نہیں ہوا؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب مختلف طریقوں سے [illegible] ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ہندوستان کو آزادی اسکی توقعات سے پہلے مل جانے کی وجہ سے ایسا ہوا کیونکہ ہندوستان کے لوگ آزادی کے لئے اپنے کو پہلے سے اچھی طرح تیار نہیں کر سکے تھے لیکن یہ دلیل بالکل ایسی ہی ہے جیسے کوئی یہ کہے کہ تیرنا سیکھے بغیر پانی میں قدم نہ رکھنا چاہئے کیا تاریخ عالم سے کوئی ایسی مثال پیش کی جاسکتی ہے کہ کوئی قوم آزادانہ زندگی بسر کئے بغیر آزادی کے صحیح استعمال سے واقف ہوگئی ہو۔

اکثر مدبرین اس خیال کے حامی ہیں کہ صدہا سال غلام رہنے کی وجہ سے اس کے نتیجہ میں جو اخلاقی اور سماجی خرابیاں یہاں کی انفرادی اور جماعتی زندگی میں پیدا ہو گئی ہیں وہ دھیرے دھیرے اور رفتہ رفتہ دور ہونگی بقول مرزا غالب ؎

آہ کو چاہئے اک عمر اثر ہونے تک

ایک دوسرا خیال ایسا ہے جس کے پیرو اس کی وجہ ہندوستان میں تعلیم کی کمی کو بتلاتے ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ جماعتی سرگرمیوں میں صحت اور استواری اسی وقت آتی ہے جب ان کی آبیاری کے لئے ہمارے ذہنوں میں صاف اور شفاف پانی کے گہرے اور نہ سوکھنے والے سوتے ہوں۔ یہ سوتے تعلیم ہی سے منکشف ہوسکتے ہیں اور پیدا بھی۔ اسی لئے یہ کہا جاتا ہے کہ تعلیم کو سیاست پر قربان کرنا تنگ نظری [illegible] ہے کیونکہ بقول پروفیسر رشید احمد صدیقی۔ بازاروں اور اخباروں میں قومیں بنتی نہیں۔ بدنام ہوتی ہیں۔

بہر حال ان اسباب و علل پر کوئی تفصیلی اور سیر حاصل بحث کرنے کی یہاں گنجائش نہیں ہے اور نہ [illegible]۔ آزادی کی دوسری سالگرہ کے موقع پر ان نظریات اور تصورات کا اجمالی جائزہ لینا ہے جو ہماری قومی زندگی کے مختلف عناصر نے جمہوریت، مساوات، انصاف، رواداری اور اسی قبیل کی دوسری اخلاقی قدروں اور خود آزادی کے مفہوم کے متعلق قائم کئے ہیں۔ یہ نظریات نہ صرف متضاد اور اچھوتے ہی نہیں بلکہ پریشان خیالی اور شاعری کی اصطلاح میں صنعت تجنیس کا دلچسپ نمونہ بھی سہ

خرد کا نام جنوں پڑ گیا جنوں کا خرد
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

تنگ نظروں نے سمجھا کہ آزادی قابل تقسیم ہے اور چند مخصوص طبقوں اور فرقوں کی اس پر کلی اجارہ داری ہے۔ فرقہ پرستوں نے سمجھا کہ آزادی سے فرقہ وارانہ غیر جمہوری ریاست کا قیام مراد ہے۔

غیر جمہوری عناصر نے سمجھا کہ اکثریت کی رائے اقلیت کے جائز حقوق سے قطع نظر شہری اور اخلاقی فرائض اور ذمہ داریوں کا لحاظ کئے بغیر دوسروں پر زبردستی ٹھونسی جاسکتی ہے۔

غیر قوم پرست عناصر نے سمجھا کہ حکومت کی ہر تعمیری منصوبوں کو درہم برہم کرنا اور جماعتی زندگی میں ابتری اور انتشار پیدا کرنا ملک کی اہم خدمت ہے۔

سادہ لوح اور گمراہ لوگوں نے سمجھا کہ [illegible] کا بھی مذہب ہوتا ہے۔

شورش پسندوں نے سمجھا کہ ملک میں طوائف الملوکی اور بدامنی پھیلنے کے باوجود عوام [illegible] کی طرح شہری آزادی کے مستحق ہیں

امن شکن عنصر نے سمجھا کہ [illegible] سفاکیاں اور ننگ انسانیت مظالم قانونی گرفت سے آزاد ہیں لاقانونی عناصر نے سمجھا کہ شہری معاملات اور سیاسی سیاحت میں طاقت کا استعمال اور غیر قانونی مظاہروں میں طلباء اور عورتوں کو تشدد پر آمادہ کرکے وہ اپنے فوری مقاصد میں کامیاب ہوسکتے ہیں

"معاوضہ بقدر ضرورت" کے حامیوں نے سمجھا کہ مزدوروں کی اقتصادی بدحالی سے فائدہ اٹھا کر انہیں [illegible] اور توڑ پھوڑ کے لئے آمادہ کرنا قومی تعمیر کا ایک منصوبہ ہے

"معاوضہ بقدر محنت" کی صدا بلند کرنے والوں نے سمجھا کہ "ہر شخص کے لئے روزگار" اور "بے زمین مزدوروں کے لئے زمین" جیسے دل خوش کن اور دلفریب نعرے لگا کر وہ سادہ لوح اور مصیبت زدہ عوام کے ووٹ حاصل کرسکتے ہیں۔

مساوات کے نام لیوا دعویداروں نے سمجھا کہ اگر جمہوری ذرائع سے یہ حاصل نہیں کیا جاسکتا تو تشدد کے مظاہروں سے حکومت کو خوفزدہ کیا جاسکتا ہے اور دہشت انگیزی سے اقتدار حاصل کیا جاسکتا ہے۔

بعض طلباء نے یہ سمجھا کہ وہ فاقوں اور ہڑتالوں کے موثر حربوں سے منتظمین تعلیم کو اپنے نادرا اور بے ہنگم مطالبات کے تسلیم کرنے کے لئے مجبور کرسکتے ہیں

فریب خوردہ مزدوروں نے سمجھا کہ پیداوار میں اضافہ کی کوشش کئے بغیر اجرت زیادہ ملنی چاہئے۔ [illegible] ہندوستانی عورتوں نے سمجھا کہ [illegible] امور خانہ داری سے آزادی ہے۔

صوبائی کانگریسی کمیٹیوں نے سمجھا کہ وہ وزارتوں کی ہدایت کار ہیں۔

کانگریس کے علیحدگی پسند عنصر نے سمجھا کہ سرکاری ٹھیکے اور عہدوں کا افراز اس کی قربانیوں اور سیاسی سرگرمیوں کی تلافی یا مکافات ہیں سہ

ہمیں کو حق پہنچتا ہے تری تیغ شہادت کا
کہ قاتل ہے تری عظمت پہ اب تک رنگ ہے

صوبہ پرستوں نے سمجھا کہ صوبہ پرستی ملک کی یکجہتی اور ہم آہنگی اور یکتائی سے زیادہ ضروری ہے۔

بعض سرکاری ملازمین نے سمجھا کہ رشوت ستانی جانبداری اور سیاست میں حصہ لینے کے خلاف حکومت [illegible]

پولیس کے فرض ناشناس عنصر نے سمجھا کہ [illegible]

بعض تنگ نظر [illegible] نے سمجھا کہ [illegible] ذمہ داری اور انسانی حقوق کے تمام زریں اصول شخصی نظریات، ذاتی معتقدات اور سیاسی تصورات کے تابع ہیں۔

(باقی صفحہ ۱۲ پر)

مشینری و متعلقہ سامان

ہمارے ہاں بینڈ (آرا) مشین، کارڈنگ مشین (پنبہ) تیل کے کولہو۔ جننگ مشین (کپاس کا بیلنا) دھان مشین ہشینگ مشین (رندہ) خراد، کھانڈ بنانے کی مشین، آٹا پیسنے کی چکیاں کٹنگ ڈائنمو۔ آئیل انجن، پانی کے پمپ، پالش کے اڈے و لکڑی کے خراد تیار ملتے ہیں۔ علاوہ ازیں گڈ ایئر کا ربڑ کا پٹہ، مل برانڈ اونٹ کے بالوں کا پٹہ، بنگال ہیر و کینوس بیلٹنگ ہر سائز موجود ہے۔

جیکسن کوائر بورڈ و اشر انگلش کے ہم واحد ایجنٹ ہیں۔ قیمت پچھلے سال سے چار صد روپیہ فی ٹن کم رکھی گئی ہے۔ نیز کپاس کی مشین و جھانبہ کے تمام پرزے ہر قسم کے بکفایت ملتے ہیں۔ نٹ فنٹ۔ پلیاں۔ بال و براس بیرنگ براکٹ۔ پلیں و کالر رنگ کے دام بہت کم کردئے ہیں۔ لبریکیٹنگ آئیل۔ ڈیزل آئیل۔ جننگ آئیل و گریس کا نیا سٹاک آگیا ہے۔ نرخ رعایتی

مل سٹور کمپنی لمیٹڈ

نیا بازار دہلی * ہیکسن روڈ انبالہ چھاؤنی * ریلوے روڈ سہارنپور

روغن برق رجسٹرڈ

[illegible]

سول ڈسٹری بیوٹرس:- قمرالدین بدرالدین پرفیومر چوک الہ آباد

یہی ننھے معصوم بچے نوجوان ہو کر "آپکی" اور ہندوستان کی حفاظت کریں گے
والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے پیارے بچوں کی صحت کا ضرور خیال رکھیں

YOUR BABY'S BEST FRIEND
BAL SEHAT

बाल सेहत

بال صحت
(رجسٹرڈ)

بال صحت بچوں کے معدہ و جگر کی اصلاح کرکے بھوک لگاتی ہے، [illegible] قبض، [illegible] دانت نکلنا، [illegible] بچوں کو طاقتور اور تندرست بنانے میں بہت ہی مفید ہے بال صحت کے اجزاء کی ترتیب [illegible]

پتا کھو کو: منیجر دواخانہ چشمہ حیات سبزی منڈی مظفر نگر یوپی

MUSAFFI AZAM

موسمی سمیت سے جسم کو بچانے اور اس کو پاک کرنے کیلئے
ہمدم کا مصفی اعظم استعمال کیجئے

جو گرمی اور برسات کے موسم میں پھنسی پھوڑوں خارش کھرنڈ مہاسے داغ، دھبے وغیرہ تمام جلدی امراض سے محفوظ رکھتا ہے خون کو حیرت انگیز طریقہ پر صاف کرتا ہے جسم کے گندے مادہ کو پیشاب اور پاخانہ کے ذریعہ خارج کر دیتا ہے جو لوگ جلاب کی کڑوی کسیلی دواؤں سے گھبراتے ہیں ان کیلئے بیش بہا چیز ہے۔ دودھ پیتے بچوں سے لیکر اسی سالہ بڈھے تک ہر موسم میں بلاخوف و خطر

استعمال

کرسکتے ہیں نہایت بے ضرر اور خون صاف کرنے میں بے نظیر

حافظ نور محمد مالک ہمدم دواخانہ دہلی

بے پایاں مسرت و محبت کے ساتھ ہم اپنے ان بیشمار گاہکوں
کی خدمت میں آزادی مبارک پیش کرتے ہیں
جنہوں نے طویل و مسلسل تجربہ کے بعد ہمیشہ تسلیم کیا ہے
کہ

ستارہ مارکہ بیڑی

ہر لحاظ سے تمام دوسری بیڑیوں سے بہتر ہے اور کروڑوں آدمی اسے
بڑے ذوق و شوق سے پیتے ہیں، آپ بھی ہمیشہ اصلی ستارہ چھاپ بیڑی پیا کیجئے
دھوکہ بازوں اور نقالوں سے ہوشیار رہئے

برانچ آفس کالیخاں محمد حنیف بارہ ہندوراؤ دہلی

جناب مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

ہمارے حال کا ماضی کیلئے

کیا یہی آزادی تھی جس کے لئے قربانیاں پیش کی تھیں

قسمت نے کیا اس لئے چنوائے تھے تنکے
بن جائے نشیمن تو کوئی آگ لگا دے

آج ہم آزادی کی دوسری سالگرہ منا رہے ہیں۔ لال قلعہ پر قومی جھنڈا لہرایا جا رہا ہے۔ ہندوستان کی بحری، بری اور ہوائی فوجوں کے ممتاز دستے قلعہ کے سامنے اپنی شوکت و حشمت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ایک آزاد خود مختار جمہوریہ کے وزیر اعظم کی حیثیت سے پنڈت جواہر لال نہرو لال قلعہ کے پشتہ پر کھڑے ہوئے تقریر کر رہے ہیں اور ان کی یہ تقریر تمام دنیا میں نشر کی جا رہی ہے۔

حکومت ہند کے وزراء، سکریٹری، انڈر سکریٹری، کمانڈر ان چیف، دوسری فوجوں کے ذمہ دار افسر، اعلیٰ ملک اور قوم کے لیڈر، اور ہر طبقہ کے معزز اور منتخب زعماء و خواتین کے ساتھ، اے بی سی اور ڈی کلاسوں کی کرسیوں پر اپنے اپنے درجہ کے مطابق رونق افروز ہیں۔ ایک عجیب سماں بندھا ہوا ہے۔ عجیب دلفریب منظر ہے۔ دوسرے ممالک کے سفراء بھی اپنے اپنے ملک کے خاص لباس اور خاص خاص امتیازی نشانات کے ساتھ اس منظر کو دیکھنے کے لئے تشریف لائے ہوئے ہیں۔ اس میدان سے تقریباً دس گز کے فاصلے پر پولیس کا دستہ لاکھوں انسانوں کی بھیڑ کو روکے ہوئے ہے۔ جو سڑک پر، میدان میں، کوٹھوں پر، اونچے ٹیلوں پر [illegible]

[illegible]

ہیں جمعیت پسندی ڈالدی گئی تھی۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ سب کچھ آزادی کا نتیجہ ہے کہ کانگریس کا دوسرا حصہ جو انگریز کے پیچھے پڑا تھا۔ انگریز کے بعد ملک کو نہ سنبھال سکا۔

وہ مسلمان جس کو لیگ سے انس رہا ہے جس کے آنکھوں کی پٹی اب تک نہیں کھلی تقسیم ہند کو غنیمت سمجھتا ہے کہ پاکستان بن جانے سے مسلمانوں کے لئے پناہ کی جگہ نکل آئی وہ بیچارہ یہ نہیں سمجھتا کہ پاکستان میں جن کو پناہ ہے ان کو پہلے بھی پناہ تھی۔ پہلے بھی ان کا غلبہ تھا۔ پہلے بھی ان کی حکومت وہاں قائم تھی۔ سر سکندر حیات خاں پنجاب کے وزیر اعظم تھے اور اے۔ کے۔ فضل حق یا خواجہ ناظم الدین بنگال کے۔ بلکہ پہلے ان کا اقتدار پورے پنجاب اور پورے بنگال پر تھا۔ اب آدھا پنجاب آدھا بنگال جس میں کلکتہ کا عظیم الشان شہر بھی ہے ان کے احاطۂ اقتدار سے نکل گیا۔

سوال ان ساڑھے چار کروڑ بد نصیب مسلمانوں کا تھا جو ہندو یونین کے صوبوں میں پہلے بھی اقلیت میں تھے اور اب بھی اقلیت میں ہیں۔ پہلے ان کو پنجاب اور بنگال فرنٹیئر اور سندھ وغیرہ کی اکثریت کا سہارا تھا۔ اب یہ تمام علاقے افغانستان، ایران، عراق، مصر، انڈونیشیا کی طرح الگ ملک بن گئے ہیں ان کا سہارا لگنا ایک طلب [illegible]

[illegible]

شروع کر دیا اب یہ زہر تقویت کے بجائے موت کا پیغام پیش کر رہا ہے تو سوال کیا جاتا کہ مجبوری کے بعد یہ ہلاکت کیوں ہے

آج اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ جنگ عظیم اول میں نصف صدی سے جنگ آزادی کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھ رہے تھے وہ دو ہی تھے اور جنھوں نے تقسیم ہند کا مطالبہ کیا وہ وہ تن آسان تھے جو اس تمام دور مصیبت میں عیش کرتے رہے جن مدبرین نے آزادی کو نصب العین بنایا تھا جیسے ان کے اپنے ذہن کی قربان گاہ تھا۔ وہ سمجھتے تھے کہ انقلاب کیا ہوتا ہے۔ اس کی نفرت کیا ہے۔ اور اس کی خاصیت کیا ہے۔ وہ سمجھتے تھے کہ انقلاب ایک طوفان ہوتا ہے۔ تباہی اور بربادی کا ایک سیلاب ہوتا ہے علماء کرام قرآن پاک کی روشنی میں اس کے نتائج اور اس کی خاصیت سے واقف تھے۔

انھوں نے انقلاب کا نقشہ اس طرح قائم کیا تھا کہ سیلاب کا رخ غیر ملکیوں کی طرف رہے خود ہندو مسلمانوں کی طرف نہ ہو۔ انھوں نے تحریک آزادی کی بنیاد ہندو مسلم اتحاد پر قائم کی تھی۔ انقلاب زندہ باد کے نعروں کے ساتھ ان کا دوسرا نعرہ یہ ہوتا تھا کہ ہندو مسلم بھائی بھائی۔

[illegible]

وہ نظریئے مقابلہ میں نفرت پیدا کرتی ہے اور آپس میں تصادم کرا دیتی ہے

۱۹۱۴ء کی جنگ میں خلافت اسلامیہ کے مقابلے پر استقلال و وحدت عرب کا نظریہ ایجاد کیا۔ اور عربوں کو سلطنتِ الاسلام کے مقابلہ پر صف آرا کر دیا جس کا خمیازہ عرب آج تک بھگت رہے ہیں۔

۱۹۳۹ء کی جنگ عظیم میں فسطائیت کو مطعون کر کے جمہوریت کا ڈھنڈورا پیٹا اور دنیا میں ہٹلر اور اس کے جرمن کو شکست دے دی۔

اب کمیونزم کے مقابلہ میں مذہب کو زندہ کیا جا رہا ہے۔ خدا پرستی کا چرچا ہے اور انگلستان میں مذہبی تعلیم کا خاص اہتمام کیا جا رہا ہے۔

اسی طرح متحدہ قومیت جو ایک فطری حقیقت ہے، اس کے مقابلہ پر دو قومی نظریہ ایجاد کیا گیا، اور وحدت ہند کو پارہ پارہ کرنے کے لئے تقسیم ہند کا مطالبہ پیدا کیا گیا۔

یہ ہے ہمارے "حال" کی تاریک ماضی جس کے نتیجہ ہیں "ہندو مسلم اتحاد" "متحدہ قومیت" "متحدہ ہندوستان" کے تمام نظریات شکست کھا گئے۔

انڈین نیشنل کانگریس بظاہر کامیاب ہوئی مگر نظریات کے لحاظ سے اس کو ایسی سخت شکست برداشت کرنی پڑی کہ جس کا پنپنا مشکل ہو رہا ہے۔

کامیاب کون ہوا؟

(۱) ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہئے کہ کانگریس کے مقابلہ میں انگریز کامیاب رہا۔ [illegible]

[illegible]

محمد عمر صاحب نعمانی شملہ

آج ان اکثر و بیشتر شدائد و تکالیف کا ارتفاع جو ہندوستان و پاکستان میں رونما ہیں محض تبادلہ آبادی و پرمٹ سسٹم کی تنسیخ میں مضمر ہے۔ کیا چالیس بیالیس کروڑ سے زائد باشندگان ہندو پاکستان لیکن دراصل بندگان خدا کی قسمتوں کی مالک حکومتیں خدائے بندوں کے جذبات و خیال کی قدر کریں گی!

جشن یوم حریت اور تنسیخ معاہدہ تبادلہ آبادی

ہمیں ڈیڑھ برس ہونے دو سال گذشتہ کے عرصہ میں صد ہا خطوط پاکستان و ہندوستان سے مہاجرین کے موصول ہوئے، کاتبین میں عوام بھی ہیں خواص بھی اور اخص الخواص بھی۔ گو ہر شخص بلا استثنا اپنے وطن مالوف شملہ کے لئے قدرتی طور پر باہی ہے آپ کی طرح مضطرب دکھائی نظر آیا کیا۔ اپنے مرزبوم کی محبت انسانی عادات وخصائل کا ایک قدرتی جذبہ ہے۔ اس جذبہ کو کسی غیر فطری حیلہ سے دبایا غیر ممکن ہے۔ [illegible]

[illegible]

خود وطن کی مفارقت کا داغ اپنے ساتھ قبروں میں لے گئے۔ سچ ہے کہ

بزیر شاخ گل افعی گزیدہ بلبل را
نواگران نخوردہ گزند را چہ خبر

[illegible]

حافظا ذلیفہ تو دعا گفتن است و بس
در بند آں مباش کہ نشنید یا شنید

ایک نظر ادھر بھی!

شاندار معجز نما قرآن مجید

تصانیف

سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

سنت سورہ مترجم		جنت کی کنجی	
خدا کی باتیں		دوزخ کا کھٹکا	
رسول کی باتیں		صلوٰۃ والسلام	۱۲
پردہ کی باتیں		رسول اللہ	

تصص القرآن — از مولانا حفظ الرحمن صاحب

اسلام کا اقتصادی نظام

مسلمانوں کا عروج و زوال

مضامین آزاد

لغات القرآن

شان رسالت

مناجات مقبول

حیات المسلمین

تعلیم الدین

اصلاح الرسوم

نشر الطیب

علاج الغضب

قصد السبیل

ذکر محمود

مجالس الابرار اردو

حکایات صحابہ

امت کی مائیں

معجز نما حمائل شریف

مجربات

حمائل شریف

منیجر کتاب محل۔ گلی قاسم جان دہلی

مبلغ ۱۰۰۰/- ایک ہزار روپیہ انعام

سفید بالوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کر دیجئے

اگر آپ میں جوانی میں بوڑھے نظر آتے ہیں اور آپ کے بال سفید ہو گئے ہیں تو ہماری مشہور عالم "نیمو" استعمال کیجئے۔ ایک گولی روزانہ رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے استعمال کرنے پر سفید بالوں کو ہمیشہ کے لئے قدرتی طور پر کالا کر دے گی اور بال ہمیشہ کے لئے کالے رہیں گے۔ [illegible] قیمت دس روپیہ [illegible] ناکام ثابت ہونے پر روپیہ واپسی کی گارنٹی۔ [illegible] ۱۰۰۰/- روپیہ انعام دیا جائے گا۔

ہاؤس آف کامرس ۴۲، جی بی روڈ (A ن) دہلی

پرزہ جات مشین سلائی

ہم نے اپنے بیوپاریوں کے لئے بہترین قسم کا [illegible] جرمنی، اٹلی، جاپان، امریکہ وغیرہ سے [illegible]

[illegible]

پسند اپنی اپنی

منشی پریم چند		فطرت نگار سدرشن		مہاتما گاندھی		متفرقات	
غبن (ناول)	۵/-	اصول نگار	۴/-	شاہراہ تندرستی	۱/۸	[illegible]	۲/۴
پردہ مجاز	۶/-	زہریلا آب حیات	۲/۴	اصول ضبط	۱/۸	[illegible]	۱/۱۲
خواب و خیال (افسانے)	۲/۸	قدرت کے کھیل	۲/۸	گیتا بودھ	۱/-	[illegible]	۲/۸
روٹھی رانی	۱/۸	خوش انجام	۱/-	تعمیری پروگرام	۱/-	[illegible]	۱/۸
کربلا ناٹک	۲/۸	[illegible]	۱/۴	کستوربا گاندھی	۲/۴	انسانیت کا خون	۶/-

غبن — عدیم المثال افسانہ نگار منشی پریم چند (مرحوم) کی لاجواب تصنیف [illegible]

لاجپت رائے اینڈ سنز پبلشرز اردو بازار دہلی

تحریک پٹھانستان

(خان عنا زی کابلی — سکریٹری خدائی خدمت گار جرگہ دہلی)

آج دنیا میں آزاد پٹھانستان یا پختونستان کا غلغلہ ہے۔ اس کا تحرک اول اور دارادہ کار پٹھان افسانہ بادشاہ خان کہتے ہیں جو فرنگی سامراج سے مسلسل جنگ کے بعد آج اپنے ہی مسلم بھائیوں کی قید میں ہیں ان کا جرم یہ ہے کہ وہ پٹھانوں کی آزادی کے طلب گار ہیں بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ پٹھانستان کے نام سے بادشاہ خان پاکستان سے کوئی علاقہ چھیننا چاہتے ہیں یہ صحیح نہیں ہے۔ پٹھانستان تو اس وقت سے قائم ہے جب کہ پاکستان کا وجود تو کیا کسی کے وہم و خیال میں بھی نہ تھا۔ پٹھانستان اس علاقے کا نام ہے جس میں وہ لاکھ پٹھان بستے ہیں جس کی قدرتی حد شرقی میں دریائے سندھ ہے۔ بادشاہ خان اس علاقے کی آزادی چاہتے ہیں یعنی پاکستان سے کچھ لینا نہیں چاہتے بلکہ پاکستان سے اپنے وطن کا حق خود ارادیت منوانا چاہتے ہیں۔

افغان اور پاکستان

پاکستان کے [illegible] افغانستان کو [illegible] بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ حالانکہ یہ مسئلہ پٹھانستان کے پٹھانوں اور پاکستان کا ہے۔ پٹھانستان کا مدعی افغانستان نہیں ہے۔ بلکہ وہ تو ایک ہمدردی کی حیثیت رکھتا ہے اور اسے یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ پٹھانستان کے مسئلہ میں کوئی تفصیلی بحث کر کے بادشاہ خان یا پٹھانوں کی تحریک کو کمزور کرے۔ بادشاہ خان پٹھانستان کے تحریک کے بانی ہیں۔ ان کے مجوزہ پٹھانستان کے نقشے میں ڈیورنڈ لائن اور دریائے سندھ کے درمیان کا تمام علاقہ اور پورا بلوچستان شامل ہے۔

ادھر ہے کہ پٹھانستان تحریک ہے کوئی مطالبہ نہیں ہے۔ پاکستان نہایت ہوشیاری سے "پٹھانستان" کو جواب دینے کے بجائے افغانستان سے الجھ کر حقیقت [illegible]

[illegible]

بنا، اسی میں اتحاد افغانستان و آزادی لمبی افغان کا نعرہ اس اعلان کے ساتھ بلند کیا گیا کہ تمام لوگ جو پشتو بولتے ہیں اور اس ملک میں رہتے ہیں وہ سب پٹھان ہیں اس مقصد کے لئے افغان جرگہ کا قیام عمل میں لایا گیا اور رضاکاروں کا نام خدائی خدمتگار رکھا گیا۔ خدائی خدمتگاروں کے اصول یہ تھے۔

(۱) اپنے خدا اور وطن کی وفاداری۔
(۲) عدم تشدد کا پابند رہنا۔
(۳) صنعت کا کوسما و نہ قبول نہ کرنا۔
(۴) بے خوف قربانی کے لئے تیار رہنا۔
(۵) پاک زندگی بسر کرنا۔

خدائی خدمتگاروں کے پرچم اور وردی کا رنگ سرخ تجویز کیا۔ (اس سے شہیدوں کے خون کے ساتھ نسبت کرنا مقصود تھا) جب ۱۹۳۰ء کی جنگ آزادی میں خدائی خدمتگاروں نے سرفروشانہ حصہ لیا تو فرنگی سامراج نے ان پر روسی دوستی کا الزام لگانے کی ٹھانی اور اسے سرخ پوش کا نام دے اور بادشاہ خان کو سرحدی گاندھی کے نام سے مشہور کیا۔ تاکہ پٹھانوں پر یہ ثابت کیا جا سکے کہ ان کا لیڈر ایک ہندو لیڈر کا پیرو ہے اس کی تردید میں بادشاہ خان نے بارہا اپنی تقریروں میں کہا کہ ہمارے دوست خدمتگار کو سرخپوش نہ کہیں۔ وہ اول و آخر خدائی خدمتگار ہیں اس کے سوا کچھ نہیں۔ اور مجھے سرحدی گاندھی کے نام سے یاد نہ کریں کیونکہ ہندوستان میں گاندھی ایک ہی ہے۔ اور وہ مہاتما گاندھی ہے۔ بہرحال بادشاہ خان نے پٹھانوں کی غلامی کا [illegible]

[illegible]

حلف نامے گئے لیکن ہندوستان کی جنگ آزادی کے جلیل القدر جرنیل خان عبدالغفار خاں ملک کی تقسیم، سالہا سال کے ساتھیوں کی جدائی اور خانہ جنگی پر خون کے آنسو بہاتے تھے ۱۹۴۸ء میں آزادی کی پہلی سالگرہ منائی گئی تو اس وقت بھی پٹھانستان کی یہی حالت تھی۔ آج جبکہ آزادی کی دوسری سالگرہ منائی جا رہی ہے۔ بادشاہ خان اور ان کے سرفروش خدائی خدمتگار پاکستانی جیلوں کی آہنی سلاخوں میں بند ہیں اور ہندوستان اور پاکستان کو آنسوؤں کی زبانی یہ پیغام دے رہے ہیں کہ اے جشن آزادی منانے والو ہمارا یہ آزادی ہماری قربانیوں کی رہین منت ہے کیونکہ انگریزوں کو ہماری قربانیوں نے ہی ٹین پاٹ اٹھانے پر مجبور کیا تھا۔ ہندوستان خوش ہے کہ وہ آزاد ہے لیکن کیا وہ اپنے قدیم وفادار دوستوں کو بھول گیا ہے؟

پٹھانستان کی تحریک

خدائی خدمتگار اور پٹھانستان کی آزادی کی جنگ خان عبدالغفار خاں کی رہنمائی میں لڑ رہے ہیں۔ اور خان عبدالغفار خان نے اس سلسلے میں اپنے عزم کا اظہار اس طرح کر دیا ہے "میں پاکستان میں پٹھانوں کے لئے ایک آزاد پٹھانستان کے قیام اور حکومت قائم کر کے دم لوں گا۔ اور اس کے لئے اس وقت تک جد و جہد جاری رکھوں گا جب تک کہ میرے جسم میں خون کا آخری قطرہ باقی ہے۔"

بادشاہ خان نے ہندوستان کی جنگ آزادی اور اب پٹھانستان کی جنگ آزادی میں جو حلف نامہ خدائی خدمتگاروں سے پُر کرایا وہ حسب ذیل ہے۔

حلف نامہ

(۱) میں اپنا نام خدائی خدمتگاری کے لئے صداقت اور ایمانداری سے پیش کرتا ہوں۔

(۲) میں اپنی جان، مال و آرام، ایمانداری کے ساتھ اپنی قوم کی خدمت اور وطن (پٹھانستان) کی آزادی کے لئے قربان کرنے کو تیار ہوں گا۔

(۳) [illegible] تحریک کو نقصان پہنچے۔

(۴) میں کسی دوسری جماعت کا ممبر نہیں ہوں گا اور جنگ آزادی میں معافی مانگ کر یا ضمانت دیکر رہائی [illegible]

[illegible]

آزادی میں کس نے کیا سمجھا؟

تقسیم صفحہ ۱۱

پولیس نے سمجھا کہ فحش تصاویر، ناز و انداز ڈرامے بھی زندگی میں ہیں کیونکہ منافرت آمیز اور خود ساختہ خبروں کی اشاعت کی انہیں کھلی اجازت ہے۔

فلم ساز کمپنیوں نے سمجھا کہ وہ عریاں، مخرب اخلاق پست خیالات اور گھٹیا جذبات کی ترجمانی کرنے والی فلمیں بنا کر عوام کی جیبوں سے زیادہ سے زیادہ رقم کھینچ سکتے ہیں۔

فاقہ کش مزدور نے سمجھا

کل بھی تھی سرمایہ داری ایک ملائے زندگی
خون کے آلام میں مزدور دہقاں آج تک
رہبران قوم کے پیرایشوں سے اکتائے غریب نے

کہا

جہاں غریب کو نان جویں نہیں ملتی
وہاں کے دور میں خودی کو کیا جانے
روشنی مستقبل کے وہ دیش آئندہ خواب دیکھنے والے

عوام نے محسوس کیا

جہاں ہم تھے وہیں ہیں آج بھی ہندوستان
ابھی ایک منزل تک محدود سر آوازہ ہے ساقی
پشیماں کرنے والوں کی نہ یقین کیا

[illegible]

اندرونی اور بیرونی رجعت پسند عناصر نے سمجھا کہ فرقہ وارانہ منافرت اور کشیدگی کو ہوا دے کر ہندوستان کی بین الاقوامی شہرت پر کاری ضرب لگائی جا سکتی ہے۔

سرمایہ داروں نے سمجھا کہ مزدوروں کو محنت پر [illegible]

[illegible]

چور بازاریوں اور نفع خوروں نے سمجھا کہ [illegible]

[illegible]

پر نفع اندوزی اور چور بازاری سے حکومت کے ٹیکس ادا کئے بغیر کرتے چلے جا سکتے ہیں۔

المختصر ایسے معقول اور فرض شناس لوگ بہت کم ہیں جنہوں نے آزادی کا مفہوم صحیح طور پر سمجھا ہو کہ کوئی آدمی مجبور کا اور زندگی کا سبب ہے ایک انسان دوسرے انسان کی محنت سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائے، کوئی شخص ہزاروں انسانوں کی محنت کو سمیٹ کر اپنے خزانوں میں نہ رکھے۔ ملک سے بیماری، جہالت اور ننگ، افلاس دور ہو، سماجی اونچ نیچ اور معاشی اعتبار سے طبقاتی امتیاز ختم ہو۔ [illegible]

[illegible]

مساوات، انصاف، وسیع نظری، رواداری اور تعلیم کو دور دورہ ہو۔ [illegible] انسانیت کی شمع ہر طرف روشنی پھیلائے۔ [illegible] ہر شخص کو حسب صلاحیت کام اور اس کی مناسب اجرت ملے۔ لوگوں کی ذہنیتوں اور رجحانات میں صالح تبدیلی واقع ہو [illegible]

[illegible]

ہوشیار!

دھوکہ سے بچو!

ہر قسم کے عرق، شربت، خوشبودار تیل، روغن، سرکہ، اچار، مربے وغیرہ خریدتے وقت ہمیشہ

دہلی جام فیکٹری

نیا بانس بیٹری مارکٹ دہلی

کے تیار کردہ مال اصلی گلدستہ چھاپ دیکھ کر خریدا کیجئے اور خریدتے وقت ہر لیبل پر ہمارا نام اور ہر بوتل شیشی پر ہماری مہر دیکھ لیا کیجئے تاکہ نقال دھوکہ نہ دیں بازاروں کے جال سے آپ محفوظ رہیں خوب یاد رکھئے یہی وہ کارخانہ ہے کہ جس کے ساختہ مال عرصہ [illegible]

دہلی جام فیکٹری

देहली जाम फैक्टरी
नया बांस बेटरी मार्किट
देहली

اِدارہ بانو دہلی کا دوسرا ہنگامہ خیز اعلان

ایک ضخیم اور شاندار سالنامہ ۱۹۴۹ء

سوا دو سو صفحات کا مصور اور منقش سالنامہ اس میں درجنوں تصاویر بلاکوں میں شائع کی گئی ہیں، کئی درجن معیاری افسانے اور پرکیف و اصلاحی نظمیں بھی شریک اشاعت ہوں گی، ملک کے اصلاح پسند طبقہ کے ایسے مضامین بھی آپ کو اس خاص نمبر میں نظر آئیں گے جن کی بدولت آپ کی اور ہماری معاشرت اور روزمرہ کی زندگی میں ایک کامیاب ترین انقلاب ہو سکتا ہے۔ طبی مشورے، اقوال زریں، قابل تقلید ہستیوں کی سوانحعمریاں گلے شکوے، گذرے ہوئے زمانے، مطالعہ فرمایئے! ہم عرض کریں گے!، مقالے، کشیدہ کاری کے نمونے اور ضروری پیغامات بھی شامل کئے گئے ہیں۔

ان تمام خوبیوں کے باوجود قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے، لیکن سالانہ خریداروں کو یہ سالنامہ بھی پانچ روپیہ سالانہ قیمت میں ہی پیش کیا جائے گا، البتہ رجسٹری فیس کے لئے خریداروں کو چار چار آنے کا وی پی ضرور کیا جائے گا، تاکہ سالنامہ بحفاظت پہونچ جائے، اسلئے

خرچ رجسٹری کے لئے کوئی بھائی یا بہن ٹکٹ
نہ بھیجیں، کیونکہ راستہ میں گم ہو جانے
کا بہرحال خطرہ رہتا ہے،
اور خطرہ کیوں مول لیا جائے،

زینت انور — مدیرہ بانو دہلی

پتہ:- صرف ماہنامہ "بانو" دہلی کافی ہے

کیا آپ کی جلد "خارش پروف" ہے؟

۹۹ فی صدی اصحاب کھجانے کی بدنما عادت میں مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ عادت خراب خون اور غیر تن درست جلد کی وجہ سے ہوتی ہے۔

آپکی جلد آپکے اندرونی اعضا کا لباس ہے۔ کیا لباس کی طرح جلد کو بھی صاف اور بے داغ رکھنا ضروری نہیں ہے؟

ہمدرد کی صافی خون کو پاک و صاف کر کے خارش، ایکزیما، داغ، دھبے مہاسے اور داد وغیرہ جلدی امراض کو دور کرنے میں لاثانی ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ

رسالہ "جلد اور خون کی دیکھ بھال" مفت طلب فرمایئے

صافی سے خون بھی صاف اور جلد بھی صاف

ہمدرد

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹریز دہلی

سیاسی آزادی مکمل آزادی نہیں

ہندوستان کو پیداوار بڑھا کر مالی آزادی بھی حاصل کرنا ہے۔ مگر مال کی لگاتار سپلائی کے لئے مناسب انشورنس ضروری ہے

بھارت فائر اینڈ جنرل انشورنس لمیٹڈ

ہر وقت خدمت کے لئے کمربستہ ہے

فون ۵۹۲۳
ہیڈ آفس ۶۔ دریا گنج۔ دہلی
تار "بھارت فائر"

سیٹھ شانتی پرشاد جین، چیئرمین
پرمیشوری پرشاد گپتا، جنرل منیجر

ہندی سکھانے والی لاجواب اور سستی کتاب

معلم ہندی

اس کتاب کے ذریعہ ہر اردو جاننے والا صاحب پندرہ یوم میں بلا استاد ہندی لکھنے اور پڑھنے میں ماہر ہو جاتا ہے۔ کتاب کے مصنف جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسن خاں صاحب مہتمم تکمیل الطب اندرا طبیہ کالج دہلی نے دعویٰ کیا ہے کہ جب تک معلم ہندی کا مطالعہ نہ کیا جائے۔ ہندی کا بڑے سے بڑا عالم ہندوستان کی مروجہ زبان کو صحیح نہیں لکھ سکتا۔ کتاب میں ہندی سیکھنے کے عام فہم اور نہایت آسان طریقے لکھے گئے ہیں۔ قیمت فی کتاب مع محصولڈاک ایک روپیہ۔ پانچ کتابوں کی قیمت تین روپے دو آنے۔ کتاب ختم ہونے والی ہے جلد منگوائیے۔

منیجر شاہی مطب عقب جامع مسجد پوسٹ بکس ۱۲ دہلی

یوم آزادی کے مبارک دن ہم اُن تمام شہیدان وطن کو شردھانجلی پیش کرتے ہیں جنہوں نے حصول آزادی میں اپنی جانیں قربان کیں

نسخوں کی تیاری
ہماری خصوصیات سے ہے
دوا کو الیفائڈ دواساز کی زیر نگرانی تیار کرکے دیجاتی ہے

ملیریا کی قابل اعتماد دوائی
ڈاکٹر ہیم چندر سین کا
اینٹی فیبر آئل مکسچر

قائم شدہ [illegible]

ایچ سی سین اینڈ کو۔ فوارہ چاندنی چوک دہلی

سب سے پرانے اور قابل اعتبار [illegible]



رجسٹرڈ ٹریڈ مارک

"یوٹروک"

عورتوں کے پوشیدہ امراض کیلئے سو فیصدی کامیاب دوا

سفید رطوبت کا خارج ہونا۔ لیکوریا اور چکنی رطوبت خارج ہونا۔ ایام کا کثرت سے آنا یا کم مقدار میں آنا۔ رحم میں آنول کا ٹکڑا رہ جانا۔ ورم رحم سوزش رحم۔ رحم کی پھنسیاں۔ رحم کا جھک جانا۔ رحم پر خراش ہونا۔ خارش ہونا۔ بار بار حمل گر جانا [illegible] امراض [illegible] حمل قرار نہیں پاتا

پینے کیلئے ۲۴ خوراک دوا اور ۲۴ ٹیبلیٹس

قیمت پانچ روپے علاوہ محصولڈاک

ملنے کا پتہ: دی بینر فارمیسی [illegible] دہلی [illegible]

ٹریڈمارکس۔ ڈیزائن پیٹنٹ وغیرہ کرانے

کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں

دی الکیمی ٹریڈنگ کمپنی چاندنی چوک
بالمقابل [illegible] دہلی

آزاد ہندوستان کی خارجی پالیسی

جناب بشیر الاسلام صاحب عثمانی پانی پتی

۱۵ اگست کو ہند کی خود مختاری کا اعلان کیا گیا۔ آزادی کے اس اعلان اور انتقال اختیارات کے بعد ملک کو جہاں بے شمار داخلی مسائل کا سامنا کرنا پڑا وہاں قدرتی طور پر اس کے سامنے ایک آزاد خارجی پالیسی وضع کرنے اور اس پر کامیابی کے ساتھ عمل کرنے اور بالخصوص جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کے ساتھ اس کے تعلقات کی نوعیت کا اہم سوال بھی آیا۔ اس زمانہ میں جبکہ پنڈت نہرو کے قول کے مطابق کسی بھی ملک کے لئے اپنے قومی مسائل کو بین الاقوامی حالات اور واقعات کی عالمگیر رفتار سے علیحدہ رکھنا ممکن نہیں رہا اور جبکہ سارے ایشیا میں ایک زبردست ہل چل مچی ہوئی ہے۔ ہماری حکومت کے لئے ایک کامیاب اور سود مند خارجی پالیسی اختیار کرنا کم از کم اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ داخلی نظم و نسق کو عمدگی کے ساتھ چلانا۔ اس لئے بے محل نہ ہوگا اگر آزادی کی دوسری سالگرہ کے موقع پر خارجی شعبہ میں اپنے سود و زیاں کا محاسبہ کیا جائے اور اس مختصر جائزہ کے بعد یہ معلوم کرنے کی کوشش کی جائے کہ ملک کے بہترین مفاد کے حصول کے لئے ہمیں مستقبل میں کس قسم کی پالیسی پر عمل کرنا چاہئے۔

ہمارے ملک کو ایک ایسے دور میں آزادی ملی ہے جو تاریخ کا سب سے زیادہ پرآشوب، واقعات تلاطم خیز اور انقلابی دور سمجھا جاتا ہے۔ جمہوریت اور آزادی کی طاقتیں ایک طویل اور خوفناک کش مکش کے بعد فسطائیت اور ظلم کی قوتوں کو زیر کرنے میں کامیاب ہوگئی تھیں۔ سامراجی نظام کی کہنہ عمارت انقلابی سیلاب کے تھپیڑوں کی تاب نہ لاکر بیٹھنے لگی تھی۔ اور اتحادی اقوام کی جانب سے عالمگیر مساوات اور بین الاقوامی تعاون کے جن اصولوں کی بنا پر مجلس اقوام متحدہ کو قائم کیا گیا اس کے پیش نظر انسانیت کا مستقبل نہایت درخشاں اور تابندہ نظر آرہا تھا لیکن بدقسمتی سے باہمی تعاون کا یہ دور چند سال بھی نہ چل سکا بمشکل جنگ کا وقت گذر جانے کے بعد بلند اصولوں کو بالائے طاق رکھ دیا گیا۔ سامراجی اور استعماری ممالک نے جن اصولوں کے لئے جنگ لڑی تھی انھیں فراموش کردیا گیا جن اصولوں کو ختم کرنے کے لئے دنیا نے اتنا انسانی خون بہایا تھا انہی اصولوں کو محکوم ممالک پر تھوپنے کی کوشش شروع ہوگئیں اور پسماندہ اقوام کی قیمت پر سامراجی ممالک کے سرمایہ داروں کی منفعت کا پروگرام پورے زور شور کے ساتھ شروع ہوگیا کل کے حلیف آج حریف بن گئے اپنی اپنی [illegible] کی برتری قائم رکھنے کے لئے ایک نئی جنگ کا چرچا ہونے لگا۔ اور دنیا ایک بار پھر دو ٹکڑیوں میں بٹ گئی۔

اگر اس پس منظر کو سامنے رکھا جائے تو واضح ہو جائے گا کہ ہندوستان کو آزادی دینے میں برطانیہ کی مصلحت تھی ...... جنگ ہو جانے کی شکل میں محکوم ممالک کا سامراجی حکمرانوں کے لئے ایک زبردست خطرہ بن جانا یقینی تھا لہٰذا وسائل کو مجتمع کرنے اور محکوم ممالک کے وسائل کو ساتھ ملانے کے لئے ضروری تھا کہ ان سے دوستی کی جائے اور اس کے لئے اس سے بہتر طریقہ ممکن نہ ہوسکتا تھا کہ ان ممالک کو آزادی دے کر حکمران جماعتوں یا طبقوں کے ساتھ اتحاد کیا جائے اور واقعات نے ثابت کردیا ہے کہ سامراجیوں کی یہ حکمت عملی بڑی حد تک کامیاب رہی اور آج ہند پاکستان لنکا اور اسی قسم کے دوسرے ممالک کے وسائل ان سامراجیوں کے [illegible] بحالی میں معاون ثابت ہورہے ہیں۔

حسن اتفاق کہئے یا واقعات کی ستم ظریفی کہ ہند کی خارجی پالیسی ایک ایسے شخص (پنڈت نہرو) کے ہاتھ میں آئی جو اس میدان میں نو آموز نہ تھا اور جو ہمیشہ بین الاقوامی مسائل اور مختلف ممالک میں آزادی کی تحریکوں کے ساتھ گہری دلچسپی رکھتا تھا۔ بالخصوص چین اور انڈونیشیا کے معاملے میں اس کی گہری دلچسپی سے یہ توقع قائم ہوگئی تھی کہ ایشیا میں ہند ترقی پسند قوتوں کا ساتھ دے گا جن کی وہ ہمیشہ حمایت کرتا رہا ہے یا جنھوں نے اس کی تحریک آزادی کی حمایت کی ہے۔ آزادی ملنے سے پہلے بھی ظاہر ہوتا تھا کہ ہند سارے ایشیا کی آزادی کا علمبردار بنے گا اور اس سرزمین کو تمام غیر ملکی سامراجیوں سے پاک کرکے عالمی امن و امان کی بحالی میں ایک موثر قوت ثابت ہوگا۔

اور یہی وجہ ہے کہ "ایشیا کی قیادت" ہند کا قدرتی حق تصور کیا جانے لگا تھا۔ لیکن عہدہ کی ذمہ داریوں نے ہند کے اس بے باک اور پرجوش رہنما کی طبیعت میں ایک ایسی کیفیت پیدا کردی کہ وہ جذبات پر عملی اور افادی پہلوؤں کو ترجیح دینے کی زیادہ کوشش کرنے لگے اور اپنے جذبات سے بھرپور انسان کے لئے یہ بڑی قربانی اور ایثار تھا لیکن اس ایثار کے نتائج کے بارے میں دو رائیں پیدا ہوگئی ہیں اس موقع پر ان پر بحث کرنے کی گنجائش نہیں۔

برطانوی سامراج کے خلاف مسلسل جہاد کرنے والے شخص کا سامراجی مظالم اور کئی سو سالہ تشدد اور لوٹ کھسوٹ کو یکسر فراموش کرکے دوستی کا ہاتھ قبول کرلینا ایک بڑا کارنامہ ہے۔ اور اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز واقعہ ہند کا برطانوی دولت مشترکہ کے ساتھ وابستہ رہنا ہے۔ بین الاقوامی تعاون خواہ کسی بھی شکل میں ہو ایک قابل تعریف اور کار آمد چیز ہے۔ لیکن بعض اوقات اس تعاون سے قبل یہ دیکھ لینا بھی ضروری ہو جاتا ہے کہ اس تعاون سے کوئی بنیادی اصول تو نہیں ٹوٹ جاتا۔ یا جس کے ساتھ تعاون کیا جارہا ہے وہ اس کا اہل بھی ہے یا نہیں۔

یہاں افسوس کے ساتھ یہ اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ برطانوی سامراجیوں یا امریکی اجارہ داروں کو اس تعاون کا اس وقت تک مستحق نہیں سمجھا جاسکتا جب تک کہ وہ تمام محکوم ممالک اور بالخصوص ایشیائی ممالک کے ساتھ اپنے رشتہ کی نوعیت بدل کر انھیں آزاد ــــ اور دوسرے سامراجیوں کی پشت پناہی کی عادت ترک کردیں مثال کے طور پر ملایا میں برطانوی جبر و تشدد ابھی تک جاری ہے یہاں تک کہ برطانیہ کے سامراجیوں نے ہندوستان کے اس قابل فخر فرزند کو بھی (گنپتی) پھانسی کے تختہ پر چڑھا دیا جس نے پنڈت نہرو کی ایشیائی کانفرنس میں ملایا کی نمائندگی کی تھی۔ اور برطانیہ کے ساتھ اپنے نئے رشتہ کے باعث ہم یہ سب کچھ برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ اسی پالیسی کا یہ نتیجہ ہوا کہ پنڈت نہرو کی دوسری ایشیائی کانفرنس میں (جو آزادی ملنے کے بعد ہوئی تھی) ملایا ویٹ نام اور دوسرے محکوم ممالک کے کسی نمائندے کو نہ بلایا جاسکا۔ جیسا کہ

باقی صفحہ ۱۴ پر

پاور یا ہاتھ سے چلنے والی
راب سے کھانڈ بنانیوالی مشین

تفصیل و قیمت پتہ ذیل سے معلوم فرمادیں۔
حاجی غلام حسین اینڈ سنز
مکینکل انجینیرز اینڈ مینوفیکچررز رڑکی (یو۔پی)

ہندوستانی شارٹ ہینڈ

جناب گاندھی جی کی دلی خواہش رہی کہ ہندوستان کی زبان ہندوستانی ہو۔ چنانچہ اب حکومت ہندوستان کی زبان ہندوستانی [illegible] قیمت صرف [illegible] ۲/۸/۰

اورینٹل اکیڈمی۔ رنگ محل خورد۔ پھاٹک حبش خاں دہلی

علاج بذریعہ بجلی تجربہ ۲۲ سال

آلات بجلی، پانی بھاپ سے پوشیدہ امراض، سوپن دوش، کمزوری نیز پوشیدہ زخم، پیپ چلن، درد گٹھیا، ادھرنگ، لقوہ، رعشہ، رنگین، دمہ، بواسیر، دائمی قبض، امرگی و ہر قسم کے بخار و اعصابی تکالیف او جلدی امراض کا کامیاب علاج کیا جاتا ہے عورتوں کے علاج کیلئے نرس کا انتظام ہے خود ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں۔

ڈاکٹر دولت رام شرما، ۷، جی بی روڈ دہلی

پودے اور بیج

ہر قسم کے پھل پھولوں کے پودے و بیج نیچے لکھے ہوئے پتہ سے منگائیے اسوقت موسم بھی پودے لگانے کا نہایت عمدہ ہے فہرست مفت ملے گی۔

پتہ:۔ ایل۔ آر۔ برادرس۔ گھنٹہ گھر۔ سہارنپور

یونیورسل ہومیو پیتھک کالج فارمیسی

۵ افیض بازار دریا گنج دہلی

بورک ٹیفل امریکہ سے تازہ اسٹاک ابھی ابھی آیا ہے۔ علاوہ ازیں کتب و سامان ڈاکٹری وغیرہ کے لئے ہمارے رعایتی نرخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ فہرست مفت منگوائیں۔

زیر نگرانی:۔ ڈاکٹر بی۔ ایل نرولہ آف لاہور

بفضلہ تعالیٰ

مسلم خواتین کیلئے پاکیزہ مضامین کا مجموعہ

خاتون مشرق

بارہ سال سے پابندی کیساتھ دہلی سے شائع ہوتا ہے

اس میں مسلم خواتین کی گھریلو زندگی کو نمونہ جنت بنانے والے مضامین شائع ہوتے ہیں، اصلاحی افسانے، دلچسپ نظمیں، غزلیں اور مذہبی، تبلیغی، علمی اور ادبی مضامین بھی پیش کئے جاتے ہیں کشیدہ کاری کے بہترین نمونے، سلائی، بنائی، کراس اسٹچ کے پھول، بیلیں اور بوٹے اور خانہ داری کے تجربے، تعلیم یافتہ خواتین کے لکھے ہوئے خطوط اور پیام و سلام، ہر مہینے چھپتے ہیں، تہذیب کے خلاف گندے اور جھوٹے اشتہارات اور مضامین "خاتون مشرق" میں شائع نہیں ہوتے، اس لئے ہر مسلم گھرانے میں "خاتون مشرق" کا پڑھنا ازبس ضروری ہے۔

لکھائی، چھپائی بہترین، کاغذ عمدہ، ۶۴ صفحات، نمونہ مفت، سالانہ قیمت چار روپے آٹھ آنے (للعہ)

شروع ستمبر میں "خاتون مشرق" کا "چمن کشیدہ کاری نمبر" شائع کیا جارہا ہے، اور ماہ جنوری میں نہایت شاندار اور بیش قیمت سالگرہ نمبر شائع کیا جائے گا، یہ دونوں قیمتی نمبر تمام خریداروں کو موجودہ سالانہ قیمت ہی میں پیش کئے جائینگے، انکی علیحدہ قیمت نہیں لی جائیگی۔

انوری بیگم، مالکہ رسالہ "خاتون مشرق"
اردو بازار دہلی۔

تماشائے پاکبازی

مجاہدین اسلام کے رحیمانہ کارنامے

از جناب قاضی اطہر صاحب مبارکپوری

خلیفہ رسول اللہ سیدنا صدیق اکبرؓ کی خلافت کا زمانہ ہے۔ اسلامی برکات کا دھارا سرزمین عجم کی طرف بہ رہا ہے۔ اور اللہ کی تلوار خالد بن ولیدؓ اپنی پوری آن بان کے ساتھ برکات خداوندی کے پیاسوں کو لے کر مقام حیرہ آگئی ہے۔

یہاں کے باشندے رومی محاربات کی خون آشامی دیکھ چکے ہیں، رضیاطانی جنگوں کا منظر ان کی نگاہوں کے سامنے ہے۔ مسلمانوں کے شہر میں داخل ہوتے ہی ہر طرف خوف و ہراس پھیل گیا۔ حیرہ کے بیرونی بڑے بڑے قلعے قصر ابیض، قصر عدسیں اور قصر ابن بقیلہ بند کردیئے گئے اور رومی سلطنت کی رعایا ان میں پناہ گزیں ہوگئی کہ کہیں عربی فوج بھی وہی جنگی رنگ اختیار نہ کرے جو خاندان ایران کا شیوہ رہا ہے۔ لوگوں کو کیا معلوم کہ یہ جنگی فوج نہیں رحمت کے مبلغ ہیں، یہ لوگ اصلاح کا بیڑا اٹھا کر چلے ہیں۔ اور اللہ کی محبت اس کے بندوں کے سامنے پوری کرنے آئے ہیں۔

حیرہ کی رومی رعایا کا اسلامی لشکر سے واسطہ پڑا ہے مسلمانوں کی اجتماعی شکل انھیں پہلی مرتبہ دیکھنے میں آئی ہے۔ اور خیر مقصد انسانوں کا یہ [illegible] سے ابتدائی سابقہ پڑا ہے۔ اہل حیرہ کی پریشانی بجا ہے۔ ان کا خوف طبعی تقاضے کے عین مطابق ہے ایرانی لشکر کی تباہ کاری وہ پہلے ہی دیکھ چکے ہیں۔ اب خدا جانے عربی لشکر ان کے ساتھ کس نوعیت سے پیش آئے گا۔

کسی کی ہمت نہیں پڑتی کہ قلعہ سے باہر آکر عربی لشکر سے بات کرے، محاصرہ کرنے والوں کا منشاء دریافت کرے، لیکن محاصرین و محصورین کی یہ ہماہمی کب تک رہے گی؟ حیرہ والوں کے لئے ان لشکریوں کی آزمائش ضروری ہے تاکہ ان کا مقصد معلوم ہو کہ کس نیت سے یہ لوگ یہاں آئے ہیں۔ اگر لوگ ان کے پاس جائیں تو قتل کردئے جانے کا خطرہ ہے لہٰذا رائے ٹھہری کہ پہلے قلعہ کے ذریعے اپنی معصوم صورتیں انھیں دکھائیں اگر یہ لوگ لوٹ مار کرنے والے ہوں گے، فسادی ہوں گے، اور خدا کی زمین پر خون خرابہ کرنے والے ہوں گے تو ان کے دل میں رحم نہ ہوگا معصوم صورتیں ان کے دلوں کو نرم نہ کرسکیں گی ان لوگوں کے آزمانے کی یہی شکل بہتر ہے۔

چنانچہ جب معصوم بچوں کی صورتیں قلعہ کی دیوار پر نظر آئیں تو امیر لشکر حضرت خالدؓ نے اپنے ایک ذمہ دار آدمی کو ان کے پاس بھیجا اور اسکے ذریعہ پیغام سنایا۔

ابعثوا الی رجلا منکم اکلمه	تمہارا ایک مرد میرے پاس آئے میں اس سے گفتگو کرنا چاہتا ہوں،

یہ جائز کر ایک شخص نے اگر کہا ہاں مگر اس شرط پر کہ جو شخص آپ سے گفتگو کرنے کے لئے آئے اسے ہر طرح کا امن ہو۔

حضرت خالدؓ نے فرمایا "اسے امن ہے"۔ اس گفتگو کے بعد عیسائی مذہب کا سب سے بڑا معزز عالم عبدالمسیح بن حیان بن بقیلہ اور حیرہ کا گورنر ایاس بن قبیصہ طائی، یہ دونوں حضرت خالدؓ کے پاس آئے آپ نے ان دونوں کو اپنا پیغام سنایا۔

ادعوکم الی اللہ والی الاسلام فان اجبتم الیه فانتم من المسلمین لکم ما لهم وعلیکم ما علیهم وان ابیتم فالجزیة فان ابیتم فقد اتیتکم بقوم هم احرص علی الموت منکم علی الحیاة (کتاب الخراج قاضی امام ابو یوسف)	میں تمہیں خدا اور اسلام کی طرف دعوت دیتا ہوں اگر تم اسے قبول کرلو تو تمہیں بھی وہی حقوق حاصل ہوں گے جو مسلمانوں کو حاصل ہیں اور تمہارے فرائض وہی ہوں گے جو مسلمانوں کے ہیں۔ اور اگر اس سے انکار ہے تو پھر جزیہ دو اور اگر اس سے بھی انکار ہے تو پھر تیار ہو جاؤ میں تمہارے پاس ایسے انسانوں کو لیکر آیا ہوں جنھیں اپنی موت کی حرص تمہاری زندگی کی حرص سے بدرجہا زیادہ ہے۔

اثنائے گفتگو میں حضرت خالدؓ نے دیکھا کہ عبدالمسیح کے ہاتھ میں ایک شیشی ہے آپ نے دریافت فرمایا یہ کیا چیز ہے؟ اس نے جواب دیا اس میں زہر ہے اگر میری منشا کے مطابق صلح نہ ہوئی تو اسے پی کر جان دیدوں گا کیونکہ میں اپنی قوم کے پاس ایسے شرائط صلح لیکر نہیں جاسکتا جنھیں وہ ناپسند کرتی ہو۔

یہ سن کر حضرت خالدؓ نے اسکے ہاتھ سے وہ شیشی لے لی اور پھر آپ یہ کہکر پی گئے

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمه شیء فی الارض ولا فی السماء	اس خدا کے نام سے یہ زہر کی شیشی پیتا ہوں جس کے نام کی برکت سے زمین و آسمان کی کوئی شے ضرر نہیں پہنچا سکتی

یہ تماشا دیکھکر وہ [illegible] ٹھہر سکا۔ وہاں سے اٹھکر اہل حیرہ کے پاس آیا اور ان سے صاف کہدیا:

جئتکم من عند قوم لا یعمل فیهم السم	میں ایسے لوگوں کے پاس سے آیا ہوں جن پر زہر بھی اپنا کام نہیں کرتا

اب حیرہ کے گورنر اور چند دوسرے رئیس حیرہ اور اسلامی لشکر کے امیر خالدؓ کے درمیان گفتگو ہونے لگی اور معاملہ جزیہ پر طے ہوگیا۔ اور فوراً ایک لمبا چوڑا معاہدہ لکھا گیا [illegible] ایک بات یہ بھی تھی،

وجعلت لهم ایما شیخ ضعف عن العمل او اصابته آفة من الآفات او کان غنیا فافتقر وصار اهل دینه یتصدقون علیه طرحت جزیته وعیل من بیت مال المسلمین وعیاله ما اقام بدار الهجرة ودار الاسلام	اور میری طرف سے یہ بھی انھیں حق ہے کہ ان لوگوں میں جو بوڑھا کام کرنے کی طاقت نہ رکھے یا کسی کو کوئی ناگہانی مصیبت درپیش آجائے یا مالدار تھا مگر ایسا محتاج ہوگیا کہ خود اس کے ہم مذہب اسے خیرات دینے لگے ہوں تو ان سب صورتوں میں ایسے شخص کا جزیہ میں ساقط کرتا ہوں بلکہ اس شخص اور اسکے خاندان کی جب تک دار الہجرۃ اور دار الاسلام میں سکونت ہے [illegible] پرورش کی جائے گی۔

یہ واقعات [illegible] نہیں بلکہ انسانوں کے واقعات ہیں، یہ عہد قدیم کی من گھڑت روایات نہیں بلکہ انسانی ترقی کی بنیاد رکھنے والے کے کارنامے ہیں، یہ طبقہ سفلی کے چوپالوں کی خوش کن داستانیں نہیں بلکہ انسانی تاریخ میں اسلامی صفحات کے روشن نقوش ہیں!

یہ ان انسانوں کی زندگی کے سچے واقعات ہیں جن کے لئے آج دنیا ماتم کررہی ہے جن کی کمی کو وہ بڑی شدت سے محسوس کر رہی ہے، اور جن کے نقش قدم پر چلنے والے شاید خال خال تو دنیا میں ہوں لیکن کسی اجتماعی شکل میں عنقا ہیں،

یہ مقدس انسان مافوق الفطرت انسان نہ تھے آدم ہی کے بیٹے اور حوا ہی کے لڑکے تھے جس طرح ایک آدمی زندگی بسر کرتا ہے، انسانی ضروریات کے لحاظ سے بعینہ اسی طرح وہ لوگ بھی زندہ تھے۔

البتہ آج کے انسانوں میں اور ان میں فرق ضرور ہے وہ مسلمان تھے، موحد تھے اسلام کے مبلغ تھے، توحید کے داعی تھے، کائنات کے آخری اور ابدی مصلح صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی کے سچے آئینے تھے، اور امت اسلامیہ کی انفرادی اجتماعی، ملکی اور سیاسی تعلیمات کے حقیقی پیرو کار تھے۔

ان کی بغلوں اور سینوں میں وہی قرآن تھا جو آج تمہارے طاقوں میں ہے۔ ان کے وہی دین وہی عقائد تھے جو تمہاری زبانوں پر ہیں، اور اُن کی زندگی اسلام کے اسی سانچے میں ڈھلی تھی جس سانچے کو تم آج اپنی خواہشوں میں ڈھالنا چاہتے ہو۔

پس رونا اس کا نہیں کہ مسلمان لٹ رہے ہیں بلکہ رونا یہ ہے کہ اسلامی تعلیمات کا سوسائٹی میں فقدان ہے یقیناً اغیار اپنا تنکا ہماری آنکھوں میں ڈالنا چاہتے ہیں مگر ہمارا شہتیر دیکھ کر۔

ہل منکم رجل رشید

ہمارے حال کا ماضی

بقیہ صفحہ ۱۷

فرائض کو بڑی حد تک ہموار کردیا ہے اور ریاستیں بھی انڈین یونین کے صوبہ جات کی سطح پر آگئی ہیں مگر ریاستوں سے زیادہ خطرناک طبقہ "مالکان مل" کا اب تک باقی ہے جو [illegible] سے اب تک حکومت کر رہی [illegible] ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ہندو پریس اور ہندو اخبارات فرقہ واریت کی رو میں بہ رہے ہیں۔ اور امن و اتحاد کی اسپرٹ پیدا کرنے کے بجائے اشتعال انگیز اور توہین آمیز خبروں کو موٹی موٹی سرخیوں سے شائع کرنا ان کا عام شیوہ ہے۔

لیکن غالباً یہ بات عام پبلک کو معلوم نہ ہوگی کہ نہ صرف اردو سے بلکہ انگریزی کے بھی بعض مشہور اور کثیر الاشاعت اخبار جو قوم پرور سمجھے جاتے تھے ۱۹۴۷ء میں سرمایہ داروں کے ہاتھ بک چکے ہیں۔ اور جونہی بکے وہ غریب اپنی اشاعت باقی رکھنے کے لئے ان کے نقش قدم پر چلنا ضروری سمجھتے ہیں آج پنڈت نہرو۔ سردار پٹیل یا مولانا آزاد جو کچھ کہتے ہیں۔ وہ پریس میں کچھ شائع ہوتا ہے۔ یہ اس سرمایہ داری کی کامیابی کی برکت ہے۔

راشٹریہ سیوک سنگھ ہندوستان کی وہ جماعت ہے اگر جمہوری معیار پر اس کو پرکھا جائے تو دو فیصدی سے زیادہ اس کے حامی نہیں نکلیں گے۔ لیکن وہ پورے ہندوستان میں کانگریس کے مقابلہ میں سینہ تانتی ہے۔ اور آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کانگریسی حکومت کا مقابلہ کرتی ہے۔ اگر اس کا نقاب اٹھا جائے تو یہاں بھی وہی طاقت نظر آئے گی جو [illegible] پشت پکار رہی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ یہ سب جدوجہد ہندو حکومت قائم کرنے کے لئے ہے۔ [illegible] مگر کیا ہندو حکومت مسلمانوں کے قتل و خون سے قائم ہوتی ہے۔ اور کیا ہندو حکومت مسلمان کے لئے موت کے مرادف ہے!

ہندوستان کی وہ ریاستیں جن کا ابھی [illegible] ہوا ہے اپنی زندگی کے زمانہ میں ہندو ریاستیں یا مسلم ریاستیں تھیں وہاں جمہوری حکومتیں نہیں تھیں۔ بلکہ شخصی حکومتیں تھیں اور اگرچہ اقتدار اعلیٰ برطانیہ کے ہاتھ میں تھا۔ مگر اپنے اندرونی معاملات میں وہ مختار کلیتیں اور اندرونی نظام کے لحاظ سے ڈکٹیٹر شپ کے مشابہ تھیں۔

لیکن ان ریاستوں میں ہندو مسلمان شیر وشکر کی طرح رہتے تھے۔ ہندو مسلمان کے بہترین تعلقات کی روایتیں جو صدہا سال سے چلی آرہی تھیں وہ چند سال پہلے تک ان ریاستوں میں زندہ تھیں۔

ہندو ریاستوں میں مسلمان اور مسلم ریاستوں میں ہندو پورے اطمینان۔ عزت اور احترام کے ساتھ رہتا تھا۔ بلکہ عجیب و غریب بات یہ تھی کہ بڑی بڑی ہندو ریاستوں کے وزیر مسلمان ہوتے تھے۔ اور حیدرآباد اور بھوپال جیسی ریاستوں کے وزراء ہندو۔ مہاراجہ کشن پرشاد حیدرآباد کے وزیر اعظم رہ چکے ہیں۔ اور نواب سر مرزا اسمعیل [illegible] صاحب جیسے خود دار مسلمان جے پور میسور اور بڑودہ کے وزیر تھے۔

بہرحال ہندو سنگھٹن خطرناک نہیں۔ البتہ خطرناک وہ سرمایہ دارانہ اور رجعت پسندانہ عزائم ہیں جو ہندو سنگھٹن کا نام لے کر نوجوانوں کو مشتعل کرتے ہیں۔ اور ہندو عوام کو دام فریب میں مبتلا کرتا ہے۔

خلاصہ کلام

خلاصہ کلام یہ ہے کہ آج جو پریشانی ہمارے سامنے ہیں یہ جدوجہد آزادی کا نتیجہ نہیں بلکہ ان کوششوں کا نتیجہ ہے جنہوں نے کانگریس کو کامیابی کے بعد ناکام کیا اور فتح کے بعد اس کو شکست دی۔ کیا عبرت آج ہمارے سامنے ہے کہ جس طرح کانگریس ۱۵ اگست سے پہلے ایک اقلیت تھی۔ اس کے کارکن چند لاکھ بلکہ چند ہزار افراد تھے وہی صورت آج بھی درپیش ہے۔ [illegible] اور ہندوستان کی [illegible] گورنمنٹ اس کی ہمنوا ہوئی ہے۔

چارہ کار

اس عجیب و غریب صورت کو دیکھ کر ایک مایوسی چھا جاتی ہے اور خیال ہونے لگتا ہے کہ سیکولر اسٹیٹ اور [illegible] ذمہ دارانہ حکومت کا تخیل کامیابی کا منہ نہ دیکھ سکے گا اور ہندوستان کی بحالی ختم ہو چکی لیکن جو لوگ

اورینٹ ایرویز وکنگ حج

سروس!

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ نہایت مسرت سے اعلان کرتی ہے کہ انہوں نے کراچی تا جدہ اور ڈھاکہ تا جدہ کیلئے وکنگ ایرکرافٹ حج سروس کا آخر اگست سے لیکر ستمبر ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ تک انتظام کیا ہے۔ واپسی پرواز حج کے بعد ماہ اکتوبر میں ہوگی۔ واپسی شرح کرایہ حسب ذیل ہے:۔

کراچی تا جدہ ......۱۵۷۵ روپیہ
ڈھاکہ تا جدہ ......۲۳۰۰ روپیہ

اس سروس کے ذریعہ سفر کرنے والے خواہشمند اصحاب کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ ہمارے نزدیک ترین بکنگ آفس سے فوراً رجوع کریں۔ جو کہ مندرجہ ذیل شہروں میں واقع ہیں۔

کراچی۔ لاہور۔ راولپنڈی۔ پشاور۔ کوئٹہ۔ بمبئی۔ دہلی۔ کلکتہ
ڈھاکہ۔ اکیاب۔ چٹاگانگ ــــ اور ــــ رنگون

واپسی کرایہ کے علاوہ مسافروں کو ہمارے بکنگ آفسوں میں مندرجہ ذیل ڈیپازٹ جمع کرانے ہوں گے۔ جو کہ کمپنی کے ذریعہ عرب حج سعودی حکومت کو ٹیکسوں کی صورت میں واجب الادا ہیں۔

(۱) سعودی عربین گورنمنٹ ٹیکس جس میں معلم کی فیس بھی شامل ہے:۔ ۰-۶-۳۶۳ روپیہ
(۲) قرنطینہ فیس ۰-۱۲-۴۰ روپیہ

مسافروں کو یہ ٹیکس اور اس کے ساتھ جدہ کے لئے واپسی کرایہ کا نصف بکنگ رجسٹر کراتے وقت اس بکنگ آفس میں ادا کرنا ہوگا جہاں کہ وہ بکنگ کرا رہے ہیں۔ کرایہ کا دوسرا نصف ٹکٹ خریدتے وقت واجب الادا ہے۔ ہر ایک پوری سواری کے لئے فری سامان ۴۴ پونڈ تک لیجانے کی اجازت ہے۔ تین سے بارہ سال تک کی عمر کے بچے کے ٹکٹ کی شرح نصف واپسی کرایہ ہے۔ اور فری سامان بھی نصف یعنی ۲۲ پونڈ تک لیجانے کی اجازت ہے، تین سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے واپسی کرایہ کا دس فیصدی لیا جائیگا، لیکن فری سامان کے لئے کوئی الاونس نہیں دیا جائے گا۔

چونکہ سیٹوں کی محدود تعداد واجب الحصول ہے۔ لہٰذا مسافروں سے التماس ہے۔ کہ وہ فوراً بلاتاخیر الاٹمنٹ کیلئے درخواست کریں۔ الاٹمنٹ منظور ہو جانے کے بعد ان سے ٹکٹ خریدنے کے لئے کہا جائیگا۔ مسافروں کو مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کراچی اور ڈھاکہ پہنچنے کیلئے اپنا انتظام خود کریں اور اس مطلب کیلئے ہماری معمولی مقرر کردہ سروسز کو عام مقرر کردہ شرائط پر استعمال کریں۔

بیت اللہ میں تشریف لیجانے والے حاجیوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوالیں اور اپنے ہاں کے سول سرجن یا ڈسٹرکٹ یا میونسپل میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں۔ جیسا کہ اس وقت تک فیصلہ کیا گیا ہے۔

اورینٹ وکنگ حج سروس مندرجہ ذیل تاریخوں پر چلے گی۔

بیرونی سروس			واپسی سروس		
۲۶ر اگست	کراچی	جدہ	۸ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۲۹ر اگست	کراچی	جدہ	۱۰ر اکتوبر	جدہ	کراچی
یکم ستمبر	ڈھاکہ	کراچی	۱۳ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۳ر ستمبر	کراچی	جدہ	۱۴ر اکتوبر	جدہ	ڈھاکہ
۸ر ستمبر	کراچی	جدہ	۲۱ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۱۰ر ستمبر	کراچی	جدہ	۲۳ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۱۴ر ستمبر	ڈھاکہ	کراچی	۲۶ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۱۵ر ستمبر	کراچی	جدہ	۲۷ر اکتوبر	جدہ	ڈھاکہ
۱۸ر ستمبر	کراچی	جدہ	۳۱ر اکتوبر	جدہ	کراچی
۲۰ر ستمبر	کراچی	جدہ	۲ر نومبر	جدہ	کراچی
۲۳ر ستمبر	کراچی	جدہ	۶ر نومبر	جدہ	کراچی

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ

ORIFNT AIRWAYS LTD.

رفتار ــ [illegible] ــ حفاظت

ٹیلیفون [illegible] | تار کا پتہ [illegible]

یوم آزادی کے

اس مبارک دن اپنے بے شمار کرمفرماؤں کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے

گلی قاسم جان۔ دہلی

میں اپنی برانچ آفس قائم کرنے کا نہایت مسرت سے اعلان کرتے ہیں

ہندوستان ــ (و) ــ پاکستان
کے درمیان

جہاز اور ریل کے ذریعہ سفر کی ٹکٹیں اور تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت جلد اور ارزاں [illegible] پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔

گپتا برادرس (ایجنٹس)

ہیڈ آفس:۔ کاروینشن ہوٹل، چاندنی چوک، فتحپوری دہلی
ایجنسی ــ لاہور ــ واہگہ، امرتسر، فیروزپور

مشہور و معروف قیصر واچ کمپنی میرٹھ کا آزادی کی خوشی میں رعایتی اعلان

ملک بھر میں قابل اعتماد میرٹھ کی پرانی نامور قیصر واچ کمپنی جو بیالیس سال سے قائم ہے۔ مندرجہ ذیل گھڑیاں ٹائم پیس جو سینکڑوں میں انتخاب اور ہماری تجربہ شدہ نمونہ فیشن مقبول عام ہیں اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہیں یہ گارنٹی ہے کہ ایک مرتبہ استعمال کرکے آپ ہمیشہ کے لئے ہمارے گاہک ہوجائیں گے۔ نوٹ:۔ ہر گھڑی اور ٹائم پیس کا محصول ڈاک وغیرہ بذمہ خریدار۔ البتہ یکمشت دو عدد کی خریداری پر معاف ہوگا۔ جلد آرڈر دیں۔ ایسا نہ ہو کہ اسٹاک ختم ہو جائے۔

تصدیق شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی

"مالک قیصر واچ کمپنی صدر میرٹھ" نہایت معتبر اور قابل اطمینان ہیں۔ ان کے معاملات نہایت صاف اور صحیح ہیں۔ میں تمام مسلمانوں سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ صاحب موصوف پر اعتماد کریں۔ مجھے قوی امید ہے کہ ان کے معاملات سے لوگوں کو پورا پورا فائدہ ہوگا

واللہ ولی التوفیق

(دستخط) حسین احمد۔

[illegible] جلد آرڈر دیجئے

[illegible]	۱۳/۰
[illegible]	۱۸/۰
[illegible]	۲۴/۰
[illegible]	۳۴/۰
[illegible]	۳۸/۰
[illegible]	۴۷/۰
[illegible]	۴۷/۰

بیمار گھڑیوں کا ہسپتال

اگر آپ کے پاس کوئی گھڑی یا ٹائم پیس ہے [illegible]

MEERUT [illegible]

ہم اپنے کرمفرماؤں، سرپرستوں، اسپیل مینوں اور ایجنٹوں کو

آزادی مبارک پیش کرتے ہیں

اچھی اور خالص چائے کا واحد نام

انڈین ٹی کمپنی کی

انڈین ٹی سلور لیبل

چائے

ایجنسی کیلئے لکھیں

مینیجر انڈین ٹی کمپنی، کوچہ پنڈت دہلی

یوم آزادی کے مبارک دن اپنے ہم وطنوں کے نام ایک اہم پیغام

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے

اور ہمارا نام اچھے کھانوں کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں سے آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیر، گردہ، بریانی، شیر مال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چائے، انڈا، کیک، مکھن، وغیرہ نہایت اعلیٰ قسم کے دستیاب ہوسکتے ہیں۔

بہترین انتظام ہے ایک بار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

[illegible] شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

انڈونیشیا

بقیہ صفحہ (۷)

کی قیصوں کے نیچے ایک آقا کی غلامی سے نکل کر دوسرے آقا کی غلامی میں پہونچ گئے۔

انڈونیشیوں کا عزم

لیکن اس بار انھوں نے عزم کر لیا تھا کہ جاپان کو ایک بار شکست ہو جانے کے بعد وہ پھر کسی بیرونی طاقت کی غلامی برداشت نہیں کریں گے۔ اس موقع پر انڈونیشیا کی تحریک آزادی دو حصوں میں تقسیم کر دی گئی تھی۔ ایک جماعت نے جاپان کے ساتھ انڈونیشیا کے نظم و نسق کے سلسلے میں تعاون کیا اور دوسری جماعت نے پہلی جماعت کے ساتھ خفیہ تعلق رکھتے ہوئے روپوشی اختیار کی کہ وقت آنے پر مشترکہ دشمن کو سرزمین انڈونیشیا سے نکال باہر کیا جائے۔

جاپانیوں نے انڈونیشیا میں جو پالیسی اختیار کی اس سے حقیقی معنی میں بالواسطہ طور پر مستقبل کی انڈونیشی جمہوریت کے لئے زمین تقویت پہونچی۔ دوسری جنگ عظیم میں جب وہ دور تک پھیل گئی تو اپنی طاقت کو بچانے کے لئے جاپان نے شہری نظم و نسق میں انڈونیشیوں کو زیادہ سے زیادہ حصہ دیا اور اس مقصد کے لئے انہیں فوجی و شہری تربیت بھی دی۔ اب اس طرح انڈونیشیوں میں اپنے ملک کے نظم و نسق کو سنبھالنے کی بہترین صلاحیت پیدا ہو گئی۔ چنانچہ جاپان کی ہتھیار ڈالنے کے بعد ۱۷ اگست ۱۹۴۵ء کو آزاد جمہوریہ انڈونیشیا کے قیام کا اعلان کر دیا گیا۔

آزادی کی جنگ

جاپان سے ہتھیار رکھوانے کے لئے سب سے پہلے برطانوی فوجیں انڈونیشیا پہونچیں ان کا خیر مقدم انڈونیشیائی نے ساتھ استقبال کیا گیا لیکن جب وہ اپنے پیچھے ہالستانی فوجوں کو لائیں تو لڑائی شروع ہو گئی۔ برطانیہ اور دوسرے سامراجیوں نے ہالینڈ کی مدد کی۔ حد یہ کہ برطانیہ نے ہندوستانیوں کی مرضی کے خلاف ہندوستانی فوجوں کو بھی انڈونیشیا میں استعمال کیا اور اس طرح انڈونیشیوں کی آزادی کو کچلنے کی کوشش کی گئی۔ یہ لڑائی اگرچہ بہت مختصر عرصہ تک جاری رہی لیکن اس میں جان و مال کا سخت نقصان ہوا۔ انڈونیشیوں نے ہالستانیوں کا جو براہ راست سیاسی کنٹرول حاصل کرنے کے لئے ہتھیار بند رہے تھے زبردست مقابلہ کیا۔ نومبر ۱۹۴۶ء میں جمہوریہ اور ہالستانیوں کے مابین لنگا جاتی میں ایک معاہدہ عمل میں آیا۔ ہالستانیوں کی عیارانہ چالوں کی بنا پر مارچ ۱۹۴۷ء سے قبل اس پر دستخط نہ ہو سکے۔ اس معاہدہ کی [illegible] دفعہ میں کہا گیا تھا کہ اگر کوئی نزاع پیدا ہوئی تو اسے ثالث کے ذریعے طے کیا جائے گا۔ لیکن اس شرط کے باوجود جولائی ۱۹۴۷ء میں ہالستانیوں نے انڈونیشیوں کے خلاف جنگ شروع کر دی۔ اس جنگ میں اقوام متحدہ کی مداخلت ضروری ہو گئی اور اس مسئلہ پر دنیا کی سب قوموں نے غور کیا اور بالآخر اقوام متحدہ کے حکم سے یکم اگست ۱۹۴۷ء کو ہالستانی جنگ بند کر دینے کے لئے تیار ہو گئے۔ اگرچہ ہالینڈ کی فوجیں [illegible] تک اپنے وعدہ کی خلاف ورزی کرتی رہیں۔

رین وائل سمجھوتہ

لنگا جاتی کے معاہدہ کے بعد اس بار اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کی وساطت سے ایک اور سمجھوتہ عمل میں آیا جو رین وائل سمجھوتہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس سمجھوتہ پر ۱۷ جنوری ۱۹۴۸ء کو رین وائل نامی جہاز پر دستخط کئے گئے تھے۔ اس معاہدہ کی رو سے جمہوریہ کو نقصان [illegible] سے نافذ ہوا اور [illegible] کے تمام مشہور شہر [illegible] اور [illegible] ہالستانیوں کے قبضہ میں ہیں۔ [illegible] کا بیشتر حصہ بھی ان ہی کے قبضہ میں ہے جس پر انھوں نے اقوام متحدہ کے حکم اختتام جنگ کے بعد قبضہ کیا۔ لیکن گیارہ ماہ کے بعد ہالستانیوں نے پھر کسی جنگ کے اس معاہدہ کو پھر توڑ دیا اور مصالحتی کمیٹی یا جمہوریہ انڈونیشیا کو کوئی سبب بتائے بغیر انھوں نے جمہوریہ پر دوبارہ حملہ کیا جسے انھوں نے دنیا کو دھوکہ دینے کے لئے پولس ایکشن سے تعبیر کیا۔

قدرتی طور پر ہالستانیوں کے اس اقدام سے تمام جمہوریت پسندوں اور بالخصوص ایشیائی ممالک میں زبردست ہیجان پھیل گیا اور خود اقوام متحدہ نے بھی نئی پیدا شدہ صورت حالات پر غور کیا اور ہالستانیوں کو جنگ بند کرنے کے احکام دئے جنھیں ہر مرتبہ نظر انداز کیا گیا۔ اس سلسلہ میں پنڈت نہرو نے نئی دہلی میں ایک کانفرنس بھی بلائی جس میں چند تجاویز منظور کی گئیں اور مجلس تحفظ سے ہالینڈ کے خلاف [illegible] کرنے کی سفارش کی گئی۔

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے انڈونیشیا میں ہالینڈ نے ہمیشہ لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی پر عمل کیا۔ چنانچہ وہاں جمہوریوں کے مقابلہ میں اس وقت بھی مختلف پارٹیاں موجود ہیں اور ان سب میں مضبوط وفاق پسند گروپ ہے۔ لیکن ہالینڈ کے مسلسل اشتعال انگیز اقدامات کے نتیجہ میں تمام انڈونیشی اپنے اتحاد کی اہمیت کو سمجھ گئے ہیں اور انھیں اچھی طرح معلوم ہو گیا ہے کہ انگریزوں کے باہمی اختلافات جاری رہے تو وہ [illegible] کے مقابلہ میں کبھی بھی جمعیت نہ سکیں گے۔

انڈونیشی لیڈروں کی کانفرنس

چنانچہ حال ہی میں جب جمہوری لیڈر [illegible] قیدی کی مداخلت سے رہا ہو کر آئے تو انھوں نے وفاق پسند گروپ سے مشورہ کیا اور جوگ جاکرتا میں ان کے راہنماؤں کا کانفرنس ہوئی جس میں ان باتوں پر اتفاق ہو گیا کہ وہ ریاستہائے انڈونیشیا کے قیام کے سلسلے میں متحدہ طور پر قدم اٹھائیں گے۔

آئندہ انڈونیشیا میں حالات کا رخ کیا ہو گا۔ اس کی انحصار راس گول میز کانفرنس پر ہے جو اس وقت ہالینڈ کے دار السلطنت ہیگ میں منعقد ہو رہی ہے اور جس میں ہالستانی اور انڈونیشیا کے جمہوری اور وفاق پسند گروہ کے نمائندے شریک ہو رہے ہیں۔ لیکن اس کانفرنس کا جو کچھ بھی نتیجہ نکلے یہ ظاہر ہے کہ [illegible] آزادی وطن کے انڈونیشی اب غلام نہیں رکھے جا سکتے۔ انڈونیشیا میں ضرور آزاد قوم بنے گی —— ڈاکٹر حتیٰ وزیر اعظم انڈونیشیا کے الفاظ میں "نئی حکومت جو دنیا کی تمام قوموں سے اشتراک و تعاون کرے گی اور جس میں تمام اختیارات وہاں کے عوام کو حاصل ہوں گے۔"

آج جب ہم اپنا یوم آزادی منا رہے ہیں ضروری ہے کہ ہم اپنے ہمسایہ ملک انڈونیشیا کو بھی آزادی کی مبارکباد پیش کریں جس نے ہمیں بھی مناسب ہے کہ اسی مہینے کی ۱۷ تاریخ یعنی ہندوستان کی آزادی سے صرف دو دن بعد کی تاریخ کو آزاد جمہوریہ انڈونیشیا کے قیام کا اعلان کیا گیا تھا۔

مے طہور

—— از جناب اطہر مبارک پوری

جز نگاہ کرم میں کیا جانوں ؟
ان کا ذوقِ ستم میں کیا جانوں ؟

جب غمِ زندگی ہے، لاحاصل
زندگانی کا غم میں کیا جانوں ؟

دردِ صبح فراق کیا کہئے
لذتِ شامِ غم میں کیا جانوں ؟

مصحفِ [illegible] کے اس دبستاں میں
درسِ لوح و قلم میں کیا جانوں ؟

آشنائے حقیقتِ غم ہوں
پھر مسرت کا دم میں کیا جانوں ؟

نشۂ فقر ہے سکوں اطہرؔ !
گردشِ جامِ جم میں کیا جانوں ؟

آزاد ہند کی خارجہ پالیسی

(بقیہ صفحہ ۱۳)

اوپر کہا جا چکا ہے دنیا دو ذہنوں میں بٹ چکی ہے اور اس حقیقت کو ہماری حکومت کے نمائندے بھی اکثر تسلیم کر چکے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے نمائندے دونوں بلاکوں سے علیحدہ رہ کر ایک آزاد خارجہ پالیسی کا اعلان کرتے ہیں بلکہ بعض حلقوں میں تو ہند کی قیادت میں ایک تیسرا بلاک یا کیمپ بنانے کا بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر اگر ہم اس سوال کو نظر انداز بھی کر دیں کہ آیا ہم واقعی ایک غیر جانبدار پالیسی پر عمل کر سکتے ہیں یا نہیں اور ایسے زمانہ میں جب کہ دنیا کی تقسیم اصولوں اور آدرشوں کی بنا پر ہو چکی ہے کسی ملک کے لئے کسی ایک بلاک کے اثر سے آزاد رہنا ممکن نہیں تب بھی ہمیں اس سوال پر سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا پڑے گا کہ یہ غیر جانبداری حقیقی ہو اور ہم کوئی ایسا کام نہ کریں جس کی وجہ سے ہمیں بلا وجہ کسی ایک فریق کی دشمنی یا مخالفت مول لینی پڑے۔ اس کے علاوہ اپنی خارجی پالیسی وضع کرتے وقت ہمیں اپنے ملک کے ایشیا کے اندر اس کے بعد عالمی امن و خوشحالی کے مفاد کو بھی پیش نظر رکھنا پڑے گا۔ اس وقت سارے جنوب مشرقی ایشیا میں ایک طوفان اٹھ رہا ہے اور وہاں کی محکوم اقوام اپنی غلامی کی زنجیریں توڑ پھینکنے کے لئے جد و جہد کر رہی ہیں۔ اگر ہند واقعی یہ چاہتا ہے کہ اسے ایشیا میں ایک مخصوص مقام حاصل ہو تو اس پر واجب ہو جاتا ہے کہ وہ آزادی کی ان تحریکوں کی حمایت کرے۔

آج کل ایشیا کی قیادت کے سوال پر کافی بحث ہو رہی ہے لیکن یہ بحث ان حلقوں میں ہو رہی ہے جو قیادت کا ایک خاص مفہوم رکھتے ہیں۔ امریکہ ساری دنیا کی قیادت کا دعویدار ہے۔ برطانیہ دنیا کی رہنمائی سے دستبردار ہو کر دولت مشترکہ کی رہنمائی پر قانع ہو گیا ہے اور ہند کو ایشیا کی قیادت تفویض کی جا رہی ہے بالکل اسی طرح جس طرح کچھ عرصہ قبل چین کو ایشیا کا قائد بنا دیا گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ آزاد ہند اس قسم کی قیادت کا تصور نہیں کر سکتا جس کی بنیاد چھوٹی اقوام کی لوٹ کھسوٹ اور سامراجی توسیع کے اصولوں پر رکھی گئی ہو۔ اور نہ ہی وہ ڈکٹر ممالک کے پست مقاصد کی تکمیل کا ذریعہ بننا پسند کرے گا۔ اس کے علاوہ چین میں نئی انقلابی طاقتوں کے ابھر آنے کے بعد ایشیا کا توازن اقتدار لیٹ چکا ہے اور وہ ایک نئی صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ اس لئے ہند کو اس راہ پر بہت پھونک پھونک کر قدم بڑھانا ہے۔ آبادی رقبہ اور وسائل کسی بھی اعتبار سے ہند چین کا مقابلہ نہیں کر سکتا اس لئے اگر اسے ایشیا میں اپنے لئے ایک مخصوص مقام پیدا کرنا ہے تو اس کے لئے اسے جغرافیائی اور قدرتی اسباب [illegible]

کی جگہ دوسری [illegible] اتوں پر انحصار کرنا ہو گا اور وہ ایشیائی ممالک کو ان کی جد و جہد میں امداد دینے کی ان کی گلو خلاصی کرائی ہو گی۔ خواہ اس کے لئے اسے سامراجی ممالک کی ناراضگی ہی کیوں نہ مول لینی پڑے۔

گذشتہ دو سال کے عرصہ میں ہمارا ملک جس خارجی پالیسی پر عمل کرتا رہا ہے اس کا ایک نتیجہ یہ ہوا ہے کہ بین الاقوامی جلسوں میں ہماری اکثر شنوائی نہیں ہوتی اور اگر چہ ہم نے اپنے آپ کو ایک فریق کے ساتھ وابستہ کر رکھا ہے رجحان ظاہر کر کے دوسرے فریق کو مخالف بنا لیا لیکن ضرورت کے وقت ہمارے ان ساتھیوں نے بھی ہماری حمایت نہیں کی۔ چنانچہ جنوبی افریقہ کے مسئلہ کو چھوڑ کر تقریباً تمام دوسرے مسائل پر ہمیں مجلس اقوام کی اکثریت کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ اگر ہماری پالیسی مضبوطی کے ساتھ غیر جانبدار نہ ہوتی تب بھی یہ حالت پیدا نہیں ہو سکتی تھی۔ مجلس اقوام میں ماوسی بلاک کے کل چھ ووٹ ہیں لیکن اس کے باوجود یوکرین سہنہ کے مقابلہ پر مجلس تحفظ کا رکن منتخب ہو جاتا ہے کیونکہ با کو ایمپائر بشمول مصر کینیڈا، ناروے اور ہالینڈ جیسے ممالک مجلس تحفظ کے رکن بن جاتے ہیں لیکن ہند کو ہر بار ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت بین الاقوامی میدان میں اپنی موجودگی اور اقتدار کو محسوس نہیں کرا سکی۔ یہ صورت حال اسی وقت ختم ہو سکتی ہے جب ہمارا ملک اپنے لئے ایک بااصول واضح اور غیر مشکوک خارجی پالیسی اختیار کرے گا۔

جنوب مشرقی ایشیا کی طرح مشرق قریب اور مشرق بعید کے اسلامی ممالک اور افریقہ کی نو آبادیات کو بھی تقریباً اسی قسم کے مسائل سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے اور جب مسائل مشترک ہوں تو اتحاد اور تعاون کے لئے

باقی صفحہ ۱۷ پر

آزادی کی حفاظت۔ بقیہ صفحہ ۔

وہ اس امریکہ کی پیروی ہے۔ جو دعوے جمہوریت کے باوجود حبشیوں کو غلام رکھنے پر مصر ہے جو بذاتہ انفرادی رفعت خودی کا نام ان دنوں روز بروز گرمی سے گرم تر ہوتا جا رہا ہے۔ فرقہ واریت کو ختم کرنے کی ہم خود ختم ہو چکی ہے اور ملک مہاتما گاندھی کو گیسر بھلا چکا ہے "!

تقریبا آچاریہ کرپلانی۔ اسٹوڈنٹس کانگریس بنگلور

تو پھر ہمیں آزادی کی اس دوسری سالگرہ کے موقعہ پر پھر اس عہد کو دہرانا چاہئے اور دہرانا چاہئے کہ ہم بھولا ہوا سبق یاد کریں جو ہمیں گاندھی جی نے پڑھایا تھا۔ یعنی عدل۔ انصاف۔ سچائی ہمدردی محبت اور مساوات کشادہ دلی اور رواداری سے بغیر ہم اپنی قیمتی آزادی کو برقرار نہیں رکھ سکتے۔

قطعہ

(۱۵ اگست)

پندرہویں تاریخ ہے ماہ اگست
ذرہ ذرہ ہند کا آزاد ہے اے ہم نشین
[illegible] مبارک ہو جواہر لال کو
[illegible] آزادی ہے آزادی [illegible]

جوہر سہسوانی

پرنٹنگ مشین

چانڈلر پریس

امریکن ری بلٹ ٹریڈل ہر سائز کی حاضر مال سے مل سکتی ہیں۔ تشریف لائیے یا خط و کتابت کیجئے۔

آروند برادرس معرفت [illegible] کشمیری گیٹ۔ دہلی

کیا آپ چاہتے ہیں کہ
آپ ان سوالات کے جوابات دے سکیں

(۱) حضرت آدم علیہ السلام کو تمام ملائکہ و خدا کی دوسری تمام مخلوق پر کیوں فضیلت ہوئی ؟
(۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود پر کون سے علم سے فتح پائی ؟
(۳) حضرت یوسف علیہ السلام نے قید خانہ سے کس علم سے نجات حاصل کی تھی ؟
(۴) محمد جواد فقیر مفلس انسان سے بادشاہ کی لڑکی کا نکاح کیسے ہوا ؟
(۵) ایک شخص کے لئے ایک غیر عورت کا صبح کے وقت دیکھنا ناجائز تھا اور جب دن چڑھا تو وہی عورت اسکے لئے حلال ہو گئی۔ پھر سورج ڈھلا تو اس کا دیکھنا حرام ہو گیا۔ عصر کے وقت پھر حلال ہو گئی مغرب کے وقت پھر حرام عشاء کے وقت پھر حلال آدھی رات کو پھر حرام صبح کے وقت پھر وہی عورت حلال ہو گئی۔
(۶) ایک مرد پر ایک ہی عورت سو گھنٹے میں چار مرتبہ حلال اور چار مرتبہ حرام کس صورت سے ہو سکتی ہے
(۷) ایک عورت کے دو لڑکے ہوئے ایک ہی وقت میں پیدا ہوئے اور ایک ہی وقت مرے ان میں سے ایک کی عمر سو برس بڑی اور ایک کی عمر سو برس کم کیسے ہوئی ؟
(۸) وہ کون سی زمین ہے جہاں قیامت تک صرف ایک ہی مرتبہ سورج نکلا ہے ؟ اگر آپ کو معلوم نہیں تو اس قسم کے بہت سے سوالات کے جوابات ہماری [illegible] میں ملاحظہ فرمائیں۔ قیمت بارہ آنہ (۱۲)

ایمان کو تازہ کرنے والی کتابیں [illegible]

ایجنٹ صاحبان کو خاص رعایت دی جاتی ہے۔

ادارہ آفتاب رسالت پبلشنگ دہلی

قمیض — آزادی کی سال گرہ کی خوشی میں — پاجامہ

دو آنے فی کپڑا دھلوائیے

علاوہ اونی، ریشمی و دیگر بڑے پارچات کے

ایکسپرٹ ڈائیر اینڈ ڈرائی کلینرز

[illegible] دہلی

جمپر — وغیرہ

یوم آزادی کے مبارک لمحوں کو مسرور اور خوشگوار بنانے کیلئے
آزاد لائبریری امروہہ دو نایاب ادبی تحفے پیش کرتی ہے

اشک و تبسم — خم خانۂ نشاط

[illegible]

آزاد لائبریری امروہہ محلہ کوٹ [illegible]

ہم اپنے ہم وطنوں کو نہایت محبت اور خلوص کیساتھ
آزادی مبارک پیش کرتے ہیں

عینکیں، چشمے، فریم اور مصنوعی آنکھوں کے لئے ہمیشہ یاد رکھیں
حمید اوپٹیکل کمپنی
ہول سیل مینوفیکچررز بازار لیماران دہلی

دانتوں کی جملہ تکالیف [illegible] کیلئے
دہلی کے مشہور دندان ساز
ڈاکٹر حفیظ الرحمن ڈینٹسٹ
بازار لیماران کی خدمات سے فائدہ اٹھائیے

تمام انعامات گارنٹی شدہ ہیں اور کسی بھی حالت میں کم نہیں کئے جا سکتے

مقابلہ نمبر ۲۲۲ مبلغ بارہ ہزار روپیہ جیتئے

پہلا انعام ۷۰۰۰ روپیہ۔ دوسرا انعام ۳۰۰۰ روپیہ۔ تیسرا انعام ۱۰۰۰ روپیہ
فیس داخلہ۔ ایک روپیہ فی خاکہ یا چار روپے چھ خاکوں کے لئے

زائد انعامات: [illegible]

حل بھیجنے کی آخری تاریخ آپ کے مقام سے ۵ ستمبر ۱۹۴۹ء

[illegible]

	۴۷	

قواعد و شرائط: [illegible]

Managing Director
The Progressive Indian Competition No. 222
West Mambalam (Dept. 17) Thyagarayanagar, Madras

افسانہ

کلو صلو دو بھائی

جناب شیخ محمد احمد صاحب ایم اے

اللہ بخشے میاں مرزا افرنگ خاں کو۔ خوب آدمی تھے۔ بڑے ٹھاٹ و شوکت رعب اور جلوہ کے۔ سایہ تلے والے ان سے تھرایا کرتے تھے۔ خدا کی شان مرحوم کی اولاد نالائق نکلی۔

وہ اپنی زندگی میں یہی کہا کرتے تھے۔ کہ میری اولاد آپس میں سر ٹکرا ٹکرا کر مر جائے گی۔ اور ہوا بھی یہی۔ دیکھو یہ سامنے جو جگہ ویران پڑی ہے۔ یہاں مرزا کی حویلی تھی۔ ایک بوڑھے نے انگلی سے اشارہ کیا اور اسکے ساتھ جو نوعمر لڑکا تھا اس کا پوتا اس نے غور سے اس ویران جگہ کو دیکھا۔

وہاں جب مرزا افرنگ حیات تھے تو اس جگہ بڑی گہما گہمی رہتی تھی۔

"دادا جان مرزا افرنگ کیسے تھے ؟"

"بیٹا وہ کے بے تر تھے۔ رنگ سرخ سفید تھا بھاری بھرکم تھی۔"

ان کے دو لڑکے تھے۔ ایک صلو اور ایک کلو۔ کلو عمر میں بڑا تھا۔ خوش مزاج۔ نرم گفتار تھا۔ صلو عمر میں چھوٹا تھا۔ ذرا خود پسند سر پھرا ہوا تھا۔ اعلیٰ تعلیم کلو اور صلو دونوں میں سے کسی نے نہ پائی۔ کلو البتہ ذرا ہشیار چالاک تھا۔ حساب میں بڑا تیز تھا۔ صلو رنگین مزاج تھا ہمیشہ ریشمی تہبند باندھا کرتا اور سلمہ کی صدری پہنتا۔ خدا جانے کیوں اس کو اپنی مونچھ پر تاؤ دینا نہ آتا تھا۔ لکھنا پڑھنا خاک نہ جانتا تھا۔

ایک رات ٹھیک بارہ بجے مرزا افرنگ بیگ کا حرکت قلب بند ہو جانے سے اچانک انتقال ہو گیا۔ مرزا افرنگ کی زندگی میں ہی دونوں لڑکوں کی نہیں بنتی تھی۔ ہر وقت کی جوتم پیزار تھی لیکن بڑے میاں کے چل بسنے کے بعد سے تو گویا لڑنے کے لئے آزادی مل گئی۔

چونکہ مرزا صاحب کا انتقال [illegible] تھا اسلئے کسی کو [illegible] کا اتفاق نہ تھا۔ [illegible] ساجھے داروں کو دل کی حسرتیں نکالنے کا موقع ملا۔

ادھر میر صاحب نزع کی گھڑیاں گزار رہے تھے وہاں متجسس آنکھیں الماریوں۔ کونوں اور کوٹھڑیوں میں مال کا جائزہ لے رہی تھیں۔ کلو اور صلو جب باپ کے قریب جاتے تو اسکے گلے کے سنہری بٹن چمکتے ہوئے نظر آتے۔ کچھ مال منقولہ کے علاوہ مرزا صاحب نے موروثی جائداد میں ایک حویلی چھوڑی تھی۔ یہ سر سر پرانے طرز کی تھی۔ بوسیدہ تھی اندر سے کھوکھلی اور ٹوٹی تھی۔ دیواریں کہیں کہیں پھٹی تھیں۔ مرزا افرنگ بیگ کو عیش و عشرت سے کب فرصت تھی کہ وہ اس کی طرف بھی توجہ دیتے۔ انھوں نے اس پر کبھی سفیدی تک نہ کرائی۔

شروع سے صلو کے دماغ میں یہ بات بیٹھی ہوئی تھی کہ کلو پوری حویلی پر قبضہ کرنا چاہتا ہے۔ اس کی نیت بخیر نہیں [illegible] کہ کس حد تک اس غلط فہمی کے پیدا کرنے کا ذمہ دار تھا۔ البتہ اکثر ایک دشمن خاندان میر صاحب صلو کے کان بھرا کرتے تھے۔ دیکھو بھائی کے قریب میں نہ آجانا ورنہ کہیں کا نہ رہے گا وہ ساری حویلی پر قبضہ کرنا چاہتا ہے جو لے جائے سو غنیمت۔ اگر یہ ٹھیکرا ہاتھ سے نکل گیا تو پھر سر چھپانے کو جگہ نہ ملے گی کہیں کے۔ اب لٹ گئے تو پھر لٹ مرو گے۔ ورنہ تمہاری اور تمہارے بچوں کی زندگی حرام ہو جائے گی۔ دیکھو وہ بھائی ہو کر تم سے کتنا دور دور رہتا ہے۔ ایک میز پر بیٹھ کر کھا نہیں سکتا۔ کبھی اس نے تمہیں گلے نہیں لگایا۔ کبھی چھوٹا بھائی نہ سمجھا۔

صلو نے میر صاحب سے پوچھا

"پھر کیا علاج"

"علاج ؟ علاج ایک ہے۔ تم تیار ہو اسکے لئے ؟"

"کیا ؟"

"تقسیم"

"یہ کیسے ممکن ہے ؟"

"اگر ممکن نہیں تو تمہاری زندگی بھی ممکن نہیں۔"

غرض صلو کے دماغ میں بات ایسی بیٹھی کہ کوئی دوسری بات سمجھ میں نہیں آسکتی تھی۔

غلط خیال میاں افرنگ کو آرام گاہ گور میں لٹائے کچھ دیر نہ گزری تھی کہ ساری حویلی تقسیم تقسیم کے نعروں سے گونج اٹھی۔

کلو سونچ اور عمل کا آدمی تھا۔ صلو غل مچاتا تھا۔ جانتا تھا۔

تقسیم تقسیم کے نعروں سے کلو بہت گھبرایا۔ لیکن میر صاحب بروقت اس کی مدد کو پہنچ گئے۔ اس خورد برد سے تمہارا چھٹکارا مشکل ہے۔

"یہ تو احمق ہے جو تقسیم مانگتا ہے۔ تم اسکو ایک ٹکڑا دو اور اس کا تصفیہ پاک کرو۔ باقی کے تم بلا شرکت غیرے مالک ہو گے۔ اگر تقسیم نہ کرو گے تو یہ جھگڑا بے آبرو ہر وقت تمہاری چھاتی پر سوار رہے گا۔"

میر صاحب کی بات نے کلو کے دل و دماغ کو مسخر کر لیا۔ وہ انتہائی خوش تھا کہ میں نے اس مشکل کا حل پا لیا۔

غرض ابھی عمر میں صلو کے بچے اور بیوی الگ الگ تقسیم تقسیم کے نعرے لگا رہے تھے کہ ادھر سے کلو نے للکارا۔

"منظور —— منظور"

پھر کیا تھا مرزا افرنگ کی میراث پر ہاتھ پڑنے لگے صلو کا لڑکا دوڑ گیا اور دادا کا جوتا جس پر کئی جگہ پیوند لگے تھے اٹھا کر لے بھاگا۔

شور ہوا لوٹ۔ لوٹ —— ارے [illegible]

لوٹ۔ ڈاکہ —— اس شور و واویلا میں صلو کے لڑکے کے ہاتھ سے ایک جوتا گر پڑا۔ کلو کی بیوی جو کھڑی دانت پیس رہی تھی جھپٹی اور وہ جوتا لے بھاگی۔

جوتے کا ایک پیر صلو کے پاس پہنچا۔ دوسرا کلو کے پاس۔ مرزا افرنگ کا ایک تن زیب کا انگرکھا تھا۔ بٹوارہ کس طرح ہو ؟

میر صاحب اور فریقین کی محفلیں بیٹھیں لیکن لا حاصل۔ گول میز مجلس منعقد ہوئی۔ قریب تھا صلو اور کلو کسی ایک فیصلہ پر پہنچ جاتے لیکن دونوں کی بیویاں درمیان میں کود پڑیں۔ خوب لڑائی ہوئی۔ انگرکھے کے چیتھڑے اڑ گئے۔ یہ دونوں میں سے کسی کے کام نہ آیا اور اسطرح [illegible] کا فیصلہ چک گیا۔

میز ایک کے حصہ میں آئی کرسی دوسرے کے۔ کتابوں کے ورق ورق کرکے بانٹے گئے گھنٹہ کا لنگر ڈائل اور سوئیاں صلو کو ملیں اور [illegible] کلو کو۔

اچانک ایک اہم مسئلہ پیدا ہو گیا مرحوم کے سامان میں سے ایک عینک نکلی۔ صرف ایک عینک لیکن [illegible] ایک عینک کے دو حصے ہوتے ہیں اور وہ دو کمانیاں لیکن اس خاندان کی پشتوں سے مرزا افرنگ [illegible] اس بات کی تحقیق نہ ہو سکی کہ شیشہ گول گنے سے پہلے ہی [illegible] تھا یا گول گنے کے بعد ہوا۔

لیکن اس تاریخی حادثہ میں مرزا صاحب کی عینک کی ایک کمانی جاتی رہی۔ اسکی جگہ ڈورا بندھا تھا۔ یہ ڈورا [illegible] دہی جگہ پر قائم رہا۔

مسئلہ یہ تھا
صلو کو ایک شیشہ
کلو کو ایک شیشہ
ٹھیک ہے
صلو کو ایک کمانی
کلو کو ؟ ڈورا

جب سے انسان نے جنم لیا ہے دھرتی پر اس سے بڑی بے انصافی دیکھنے میں نہیں آئی۔ ایک کو کمانی دوسرے کو ڈورا !

غضب خدا کا بغرض خوب غل مچا۔ دشنام۔ چھکیاں لکڑیاں یہاں تک کہ چاقو نکل آئے کلو کی بیوی کے ہاتھ میں موسل آئی صلو کی بیوی کے کپڑے پھٹے صلو کے صاحبزادہ لمبداقبال کلو کا سر پھٹا۔ کلو کے فرزند ارجمند منصو ہسپتال پہنچے۔

یہ تو بٹوارہ تھا مال منقولہ کا۔

لیکن اصل سوال تھا غیر منقولہ کا !

حویلی بٹی۔ صلو کے حصے میں ایک کوٹھڑی۔ ایک چھوٹی بیٹھک اور ڈیوڑھی آئی۔

چھوٹی بیٹھک اور کوٹھڑی ایک طرف تھی اور ڈیوڑھی دوسری طرف ایک مشرق میں دوسری مغرب میں فاصلہ اتنا تھا کہ زمین آسمان میں ہو صلو کو اپنی ڈیوڑھی تک پہنچنے میں کلو کی زمین پر سے گزرنا پڑتا تھا لیکن کلو کو یہ کب گوارا !

صلو کے بچے روزانہ شام سے پہلے تھے اکثر کلو کے گھر اسکے بچوں سے کھیلنے پہنچ جاتے۔ یہ بات کلو کی بیوی کو ایک آنکھ نہ بھاتی تھی۔ وہ کہا کرتی تھی بٹوارہ کر لیا اب بھی ہماری چھاتی پر مونگ دلتے ہو۔ خدارا ہمارا پیچھا چھوڑو ہمارے پیچھے تمہارے گھر جا کر تھوکتے بھی نہیں تم یہاں چلے آتے ہو غرض حویلی کے اندر کلو اور صلو کے حصوں کے درمیان کبھی دیواریں کھڑی ہو گئیں۔ کوئی ایک طرف سے دوسری طرف جھانک بھی نہیں سکتا تھا۔

صلو کے پاس پانی کلو کے پاس سے پہنچتا تھا۔ کلو نے پانی کا نل کاٹ دیا۔ صلو کے پاس کربلا پہنچ گئی اپنے آسمان سر پر اٹھا لیا۔

کانفرنس ہوئی۔

کلو نے کہا تم اپنے پانی کا الگ انتظام کرو۔ اپنا الگ نل لگوا لو۔

صلو نے مطالبہ کیا، نیا نل لگوانے کی قیمت ملنا چاہیے۔ کلو نے کہا۔ قیمت ؟ اچھا جی ! اتنے دن پانی استعمال کیا ہے پہلے اسکی قیمت دلاؤ۔

"ظلم —— ظلم"

"بے انتہا ظلم"

صلو نے کلو کے [illegible] کا کنکشن کاٹ دیا کلو کے پاس اندھیرا چھا گیا ———

دیواریں اونچی ہوتی گئیں چھتیں ٹپکتیں لیکن مرمت دیواروں کی ہوتی۔ ایک دوسرے کے [illegible] کبھی جوش محبت زوروں پر ہوتا تو [illegible] نوبت یہ پہنچا دیتی کہ صلو اور کلو کے لڑکے چھتوں پر چڑھ جاتے اور ایک دوسرے کو گھونسے دکھاتے آئے دن کے خرخشوں سے [illegible] ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہو گئے۔

ایک روز آدھی رات کے وقت شور محشر برپا ہوا۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ کے شعلے بھڑکتے گئے چھتیں بلند ہو رہی تھیں تو اسی دیر میں شعلے آسمان سے باتیں کرنے لگے اور چھتیں دھم دھم پڑنے لگیں۔

صبح کو آگ ٹھنڈی ہو گئی۔ لوگوں نے راکھ کے ڈھیر کو بہت کریدا۔ لیکن اس میں نہ حویلی کا پتہ چلا نہ صلو کا نہ کلو کا اور نہ انکی اولاد کا۔ صرف چند ہڈیاں ملیں۔

لوگوں کا کہنا تھا کہ یہ آگ ان کی باہمی دشمنی کا نتیجہ تھی۔ غالباً کسی ایک نے دوسرے کو تباہ کرنے کا سامان کیا تھا۔ لیکن دونوں تباہ ہو گئے۔

میر صاحب نے کہا خدا جو کرتا ہے اچھا کرتا ہے۔ "آئے دن کی ہنگامہ آرائیوں سے یہ سکوت بہتر ہے"

[illegible] دیر ہو رہی ہے۔ بوڑھے نے نوعمر پوتے کو جو [illegible] یہ قصہ سن رہا تھا۔ اور کہا "چلو اب گھر چلیں۔"

ڈاکٹر ایم احمد
ایل ڈی ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دنداں
خصوصاً
پائیوریا و دنداں سازی بلا درد
بالائے [illegible] پریس۔ دہلی

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی کا ارشاد

دواخانہ رشیدیہ واقع دیوبند ضلع سہارنپور معتبر قدیمی دواخانہ ہے مجھکو اس کے پیٹنٹ مرکبات کے استعمال کرنے اور دوسروں کو کرانے کی بار ہا نوبت آئی اسکے مجربات سے مریضوں کو بہت فائدہ پہونچا ہے ہندوستان کے مشہور اطبائے حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم اور جناب حکیم عبد الوہاب صاحب نابینا دہلوی وغیرہ اطبا اور دوسرے نامور حضرات نے اسکی بارہا تصدیق فرمائی ہے [illegible] اسکے مجربات سے ضرور فائدہ حاصل فرمائیں۔

حضرت قدس مولانا الحاج قاری حافظ محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند تحریر فرماتے ہیں

دواخانہ رشیدیہ دیوبند ایک قدیمی معتبر اور ملک کی زبردست ہستیوں کا مستند دواخانہ ہے [illegible] اسکے مجربات سے ضرور فائدہ اٹھائیں گے۔

خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ — [illegible]
موسم گرما کا عجیب تحفہ مفرح دلکشا — [illegible]
اکسیر جلد — [illegible]
اکسیر کامل — [illegible]
تریاق الرحم — [illegible]
سفوف [illegible] — [illegible]

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

دل کی بیتابیوں کے باوجود ہم اپنے مسلمان بھائیوں سے ملاقات
کا شرف حاصل کرنے سے محروم ہیں
ہمارے کرم فرما اور سرپرست آزادی کے یوم مبارک پر ہماری دلی مبارکباد قبول فرماویں

ہم ہیں آپ کی ہر دلعزیز
اسپیشل کوالٹی بیڑی اصلی پان کا یکہ
کے واحد مینوفیکچررز
سیٹھ لال چند جین اینڈ کو بارہ ٹوٹی صدر بازار دہلی

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی — دھوکہ باز نقالوں سے ہوشیار

قائم شدہ ۱۹۰۳ء
قدرتی تیل رجسٹرڈ
ہر قسم کے درد و زخم، چوٹ، گٹھیا، لقوہ، فالج و ورم کی شرطیہ دوا

[illegible]

دماغی قوت کا ضامن — بالوں کی سیاہی کا محافظ
خوشبودار روغن بہار تیلوں کا بادشاہ

[illegible]

کارخانہ دارالصحت رجسٹرڈ مئوناتھ بھنجن یوپی انڈیا

مکمل انتظام آبپاشی

یعنی ٹیوب ویل لگانا ہو موزوں و مناسب پمپنگ سیٹ بجلی یا انجن سے چلنے والا مہیا کر کے فٹ کرنا اور پائپ وغیرہ لگا کر چالو پانی حاصل کرنا چاہیں تو ہمیں یاد فرمائیے گا

ہند واٹر سپلائی کمپنی اسٹیشن روڈ سہارنپور

اہل ہندوستان کو اپنے عزیز وطن کی
آزادی مبارک ہو

لاہور
[illegible] موٹر مال بھیجنے اور وہاں سے منگانے اور
ہوائی جہاز سے
سفر کرنے اور مال روانہ کرنے کیلئے ہماری خدمات حاصل کیجئے
انتظام
[illegible]
المشتہر: دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران لیماران چاندنی چوک دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر 6841
سالانہ قیمت ۴۰ روپے
جلد ۳۱
دہلی یوم جمعرات مورخہ ۲۲ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۸ اگست ۱۹۴۹ء
نمبر ۱۹۱
قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان کے درمیان
جہاز اور ریل کے ذریعہ سفر کی کٹنگ اور تجارتی و گھریلو سامان کی حفاظت سے
نرخ پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں
گپتا برادرس ایجنٹس
ہیڈ آفس: کارونیشن ہوٹل، چاندنی چوک، فتحپوری دہلی
برانچ: گلی قاسم جان
ٹیلیفون نمبر 5671
تار کا پتہ "GUPOS"

ہارنیز مثل
ولائتی آئیل انجن
۴ ہارس پاور سے
۱۴ ہارس پاور تک
حاضر مال دہلی گودام سے
کے جی کھوسلہ اینڈ کمپنی۔ فون نمبر ۱۳۶
۲۲ سکول لین۔ نئی دہلی

ہندوستان کو مضبوط بنانے کیلئے اپنا فرض ادا کرو

ہندوستانی عوام سے پنڈت جواہر لال کی اپیل

لال قلعہ کے سامنے پرچم کشائی ہوائی جہازوں نے سلامی دی

دہلی ۱۶ اگست۔ کل وزیراعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے آزادی کی دوسری سالگرہ پر تاریخی لال قلعہ کے سامنے ایک بہت بڑے مجمع کے سامنے تقریر کرتے ہوئے تمام شہریوں سے اس بات کے لئے زور دیا کہ وہ ہندوستان کو مضبوط اور خوشحال بنانے کے سلسلہ میں جو فرض ان پر عائد ہوتا ہے اسے پورا کریں۔

پنڈت نہرو نے کہا ہمارا فرض ہے کہ ہم نے مصیبتوں اور سخت امتحانات کے بعد جس آزادی کو حاصل کیا ہے اسے قائم رکھیں [illegible]

گروپ بندی

شام کے انقلابی لیڈر نے اختیارات شہری حکومت کو سونپ دیے

فوج اب سیاسی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے گی

نئی حکومت نے اپنی پالیسی کا اعلان کر دیا۔ دستور نئے سرے سے بنایا جائے گا

ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں آزادی کی دوسری سالگرہ

دہلی میں عوام کا جوش و خروش، پرسکون جلسے اور جلوس

راج گھاٹ پر لاکھوں عقیدتمندوں کا ہجوم

ڈھائی سو سال بعد چندرنگر پھر ہندوستان میں شامل ہو گیا

ایڈمنسٹریٹو کونسل نے اختیارات سنبھال لئے اور ہندوستانی جھنڈا لہرایا گیا

چندرنگر ۱۶ اگست (پی ٹی آئی) شہر چندرنگر کی پولیس کا انتظام جو دو سو پچاس سال سے فرانسیسی حکام کے ہاتھ میں تھا۔ کل ایک چھوٹی سی تقریب میں شہر کی کونسل کے صدر [illegible] کے حوالے کر دیا گیا اس اقدام سے چندرنگر کو ہند یونین میں شامل کرنے کا آغاز ہو گیا ہے۔

چندرنگر کی تاریخی اہمیت

کراچی میں ہندوستانی ہائی کمشنر کے کوارٹر پر ہندوستانی پرچم لہرانے پر ہنگامہ

پولیس کو گولی چلانی پڑی، شہر میں ۲۴ گھنٹہ کا کرفیو نافذ کردیا گیا

آزادی کی پرامن تقریبات میں مداخلت کرنے کی کوشش

کلکتہ میں مخالف گروہوں کے مابین تصادم

الجمعیۃ کی ترقی کیلئے نئی جدوجہد

کیا آپ ضروری سمجھتے ہیں کہ آپ کا مذہب، آپ کا تمدن، آپ کی تعلیم اور آپ کی معاشرتی زندگی محفوظ رہے اور آپ ہندوستان کی سرزمین میں آزادی کے ساتھ آبرومندانہ زندگی بسر کر سکیں؟ کیا آپ چاہتے ہیں کہ جمعیۃ علماء ہند ان ضروریات میں آپ کی رہنمائی کرے؟ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو آیئے [illegible]

The Aljamiat Delhi

جمعیۃ علماء کی بنیاد اسلام کے اس عالمگیر اصول کی بنیاد پر رکھی گئی تھی کہ دنیا کے تمام انسان بھائی بھائی ہیں۔ غیر مسلم برادران کے ساتھ ہمدردی اور اتفاق، مذہبی حقوق کی نگہداشت اور مسلمانوں کی رہنمائی یہ اس کے خصوصی مقاصد تھے۔ اس کی سیاست کبھی فرقہ وارانہ سیاست نہ تھی — آزادی وطن کی جدوجہد میں وہ [illegible] سے [illegible] تک پیش پیش رہی — اور آج بھی وہ مسلمانوں کی ایک مذہبی اور تمدنی جماعت ہے۔ اس نے اپنی نئی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کا عزم کرلیا ہے۔ اور وہ یقیناً اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگی۔ بشرطیکہ عوام بھی اس کے ساتھ اشتراک و تعاون کریں۔

آزادی کی جدوجہد اور جمعیۃ علماء

(از - ادارہ)

مسلمانوں کی بے حسی

جمعیۃ علماء ہند کا قیام

کانگریس کے ساتھ تعاون

ہند کی خارجہ پالیسی

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ

قائم شدہ ۱۹۲۴ء (لاہور) حال دہلی
تار کا پتہ "کلوریم دہلی"

نامی گرامی ڈاکٹروں مستند حکیموں کے سرٹیفکیٹ

فوائد: سوائے پیدائشی اندھے کے آنکھوں کے باقی تمام امراض مثلاً [illegible]

استعمال کرنیوالوں کے سرٹیفکیٹ

پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ

خالص ہندوستانی جڑی بوٹیوں اور قیمتی اجزا سے مرکب ہے

قیمتیں: پرل کلوریم آئی ڈراپ رجسٹرڈ اسپیشل پوٹینسی بارہ روپے بارہ آنے
نارمل پوٹینسی بڑی شیشی پانچ روپے چار آنے
نارمل پوٹینسی چھوٹی شیشی دو روپے بارہ آنے۔ علاوہ محصول ڈاک و خرچ پیکنگ۔ پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ دوائی ہوگا۔

مفصل معلومات کے لئے "پرل کلوریم گائیڈ" معہ فہرست ادویات مفت طلب کریں۔ اپنے شہر کے دوافروشوں سے طلب کریں یا براہ راست پتہ ذیل سے منگوائیں۔

نقالوں سے بچیں

نقالوں سے بچیں

پرل اینڈ کمپنی رجسٹرڈ پوسٹ بکس ۱۹۴ سول لائنز (A.N) دہلی

ملک کے طول وعرض میں یوم آزادی کی تقریبات

جلسے جلوس اور فوج وپولیس کی پریڈ کے شاندار منظر

(بقیہ صفحہ اول)

پریس ٹرسٹ [illegible] نے مختلف مقامات سے یوم آزادی کی تقریبات کی جو اطلاع دی اس کا خلاصہ ذیل ہے۔

بمبئی

گو شہر [illegible] دو ماہ کے عرصہ میں پہلی مرتبہ بارش تھمی اور [illegible] شہر کے مختلف مقامات پر یوم آزادی کی تقریبات میں شرکت میں سیکڑوں ہزاروں کی تعداد میں جمع ہو گئے۔

براباورن اسٹیڈیم میں ایک شاندار پریڈ ہوئی اس موقع پر تمام وزراء، سفراء [illegible] اور تقریباً ۳۰ ہزار افراد موجود تھے۔ گورنر مہاراجہ سنگھ نے جھنڈا لہرایا۔ اس کے بعد ہز ایکسلنسی نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اس تقریب میں بری بحری اور فضائی فوجوں نے شرکت کی۔ مارچ پاسٹ کے وقت عوام نے تالیاں بجائیں۔

سفید قمیص اور سفید شلواریں پہنے ہوئے [illegible] عوام نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ عورتوں کے ہوم گارڈز نے پہلی مرتبہ اس قسم کی کسی تقریب میں حصہ لیا ایک عورت گرمی کی شدت کے باعث بیہوش بھی ہو گئی لیکن اس کے معنی یہ نہیں تھے کہ یہ عورتوں کی کمزوری کی علامت تھی بلکہ بعض مرد بھی شدت گرمی کے باعث بیہوش ہوئے اور ان کو فوری طبی امداد پہنچائی گئی۔

تمام بمبئی میں کئی مقامات پر جھنڈا لہرانے کی شاندار تقریبات انجام پذیر ہوئیں۔ [illegible] کے میدان میں ہوئی جہاں سات سال قبل مہاتما گاندھی کی رہنمائی میں "ہندوستان چھوڑ دو" کی قرارداد منظور ہوئی تھی۔

بمبئی کانگریس کے صدر مسٹر پاٹل نے جھنڈا لہرایا اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے دلوں کی جانچ کریں اور ملکی مفاد کو ذاتی اور طبقاتی مفاد پر ترجیح دیں۔

بھنڈی بازار میں جہاں مسلمانوں کی تعداد زیادہ آباد ہے بمبئی کے قاضی صاحب کے دفتر میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی گئی۔ شہر کے شمالی حصہ میں [illegible] سوشلسٹ پارٹی کی تقریب میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی۔

مدراس

ساحل سے ۲۱ سلامی کی توپوں کی آواز نے اس جنوبی دارالسلطنت کے عوام کو یاد دلایا کہ آج ان کو دوسرے یوم آزادی کی تقریبات کے منانے کا فخر حاصل ہوا ہے۔ [illegible] اس دن ہندوستان کا مشہور جہاز دہلی [illegible] اور جہاز دہلی اور دوسرے جہازوں کو اس موقعہ پر آراستہ کیا گیا تھا۔

رائل انڈین نیوی کے دو دوسرے جہاز مختلف مقامات پر لنگر انداز تھے۔ اور تمام توپوں کی سلامی دے رہے تھے [illegible]

مدراس کے گورنر مہاراجہ بھاؤنگر نے جھنڈا لہرایا [illegible] بری بحری اور فضائی فوجوں نے پریڈ میں حصہ لیا [illegible] کانگریس کمیٹی کے دفتر [illegible] جھنڈے کو سلامی دی [illegible] تقریب بھی انجام پذیر ہوئی۔ یہ تقریب سرکاری افسروں اور غیر سرکاری ممتاز افراد نے انجام دی۔ [illegible]

کلکتہ

[illegible] پریڈ گراؤنڈ میں ایک لاکھ باشندوں نے پریڈ کو دیکھا [illegible] پولیس اور فوجی دستوں [illegible] گورنر مغربی بنگال ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو نے سلامی لی۔ مغربی بنگال کے وزرا سرکاری افسران اور دوسرے ملکوں کے سفراء اس موقع پر موجود تھے۔

گورنمنٹ ہاؤس میں [illegible] گورنر نے اپنے ہاتھ سے اس تقریب کو انجام دیا۔ [illegible]

گورنمنٹ ہاؤس میں ایک ایٹ ہوم [illegible]

بعد ازاں ایک گھنٹہ تک چرخا کاتا گیا

بنارس

اس شہر میں نصف رات کو توپوں کی سلامی دی گئی جو یوم آزادی کے آغاز کی علامت تھی۔ صبح سے بارش ہو رہی تھی۔ لیکن اس کے باوجود جلوس نکالا گیا۔ شہید ہونے والوں کی یادگاروں پر کانگریس کمیٹی کے صدر [illegible] نے پھول چڑھائے۔ جلوس تقریباً ایک میل لمبا تھا۔

ہوائی فوج کے ملازمین نے پولیس اور فوج کے ساتھ پریڈ کی۔ ایک جلسہ عام [illegible] باغ میں ہوا۔ شام کے وقت ہوائی فوج [illegible] کا جلوس نکلا۔ اس وقت ہوائی جہاز بھی شہر پر پرواز کر رہے تھے۔ یو۔ پی کے وزیر [illegible] نے سلامی لی۔

بھوپال

مرکز کے تحت لئے جانے کے بعد بھوپال نے پہلا یوم آزادی منایا۔ اس موقعہ پر ایک پریڈ ہوئی۔ [illegible] چیف کمشنر [illegible] نے سلامی لی۔ [illegible] کانگریس کمیٹی کے صدر نے ایک تقریب میں جھنڈا لہرایا۔ [illegible] کو ممبر بنانے کی مہم جاری کئے ہوئے ہے۔

پٹنہ

موسم کی خرابی کے باوجود عوام نے سرکاری اور غیر سرکاری دونوں قسم کی تقریبات میں اس موقعہ پر سرگرم حصہ لیا۔ بہار کے وزیر اعظم مسٹر سری کرشنا سنہا نے گاندھی میدان میں [illegible] جھنڈا لہرانے کی تقریب انجام دی۔ فوج اور پولیس کی مشترکہ پریڈ میں وزیر اعظم نے سلامی لی۔ [illegible] میں وزیر فنانس [illegible] جھنڈا لہرایا۔

پنڈت [illegible] مصرا نے صداقت آشرم میں جھنڈا لہراتے ہوئے کہا کہ [illegible] کی خدمت میں تہہ دل سے [illegible] جنہوں نے ملک کے قافلہ کی [illegible] رہنمائی میں ہمیں موجودہ بلندی اور شان حاصل کی ہے۔ اس موقعہ پر ہمیں یہ عزم کرنا چاہئے کہ ہم ملک کی تعمیری خدمت کی طرف پہلے سے زیادہ متوجہ ہو جائیں گے۔

مظفر پور (بہار)

[illegible] ڈسٹرکٹ [illegible] اور پولیس نے ایک شاندار پریڈ میں حصہ لیا۔ [illegible] میدان میں جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی گئی۔ صدر سب ڈویژن میں ۱۵ ہزار درخت لگائے گئے۔

ناگپور

فوج، پولیس، ہوم گارڈز اور نیشنل کیڈٹ کور نے ایک شاندار پریڈ میں حصہ لیا مختلف مقامات پر اس موقعہ پر تقریبات انجام دی گئیں۔ صوبہ متوسط کے گورنر نے سلامی لی۔ [illegible] گورنر نے کستور چند پارک میں عوام کو نصیحت کی کہ اس وقت ملک کے سامنے جو مسائل ہیں ان کے حل کے لئے ضروری ہے کہ مکمل امن وامان اور مکمل اتحاد ہو۔ [illegible] ملک کو خوشحالی اور فارغ البالی کی طرف لے جانے میں ہم ممکن کوشش کریں گے۔

ریوا (وندھیہ پردیش)

چیف منسٹر [illegible] نے یوم آزادی پر پولیس کی پریڈ کے موقعہ پر اعلان کیا کہ پولیس کے ملازمین کی تنخواہوں پر نظر ثانی کی جائے گی اور [illegible] کے معیار پر لایا جائے گا۔

[illegible]

اکولہ

[illegible]

احمد آباد

نصف رات کو [illegible] جلوس نکالے گئے [illegible] کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر غلام رسول قریشی نے کانگریس ہاؤس میں جھنڈا لہرایا۔

راجکوٹ

[illegible]

غیر ممالک میں ہندوستان کی آزادی کی تقریبات

واشنگٹن میں مسز وجے لکشمی پنڈت کی تقریر

واشنگٹن ۱۵ اگست۔ [illegible]

واشنگٹن میں آزادی کی تقریب ہندوستانی سفارت خانہ میں منائی۔ ہندوستانی سفیر شریمتی وجے لکشمی نے [illegible] کے سامنے ہندوستانی اور انگریزی میں تقریر کی۔ آپ نے کہا کہ آزادی حاصل کرنے کے بعد ہندوستان نے اپنے بہت سے مسائل کو حل کر لیا ہے۔ آپ نے کہا ابھی بہت سے اور مسائل پر قابو پانا اور ان کو حل کرنا ہے۔ آج اس موقع پر ہمیں "مہاتما گاندھی" کے آدرشوں پر چلنے اور ان کو پورا کرنے کا عزم کرنا ہے جو اس کے لئے [illegible]

ہندوستانی سفیر کی درخواست پر جاپان میں ہندوستانی [illegible] ہندوستانی شامل تھے۔ [illegible] بعد ازاں شریمتی وجے لکشمی نے پرچم کشائی کی اور قومی ترانہ گایا گیا۔

نیویارک

مسٹر [illegible] قونصل جنرل نے پرچم کشائی کی سیکڑوں ہندوستانی شریک تھے۔ سمندر پار کے ہندوستانیوں کے نام پنڈت نہرو کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

لندن

ہزاروں کی تعداد میں ہندوستانی اور ان کے دوست سفارت خانہ میں ہندوستان کے وزیر اعظم کا پیغام سننے کے لئے جمع ہوئے۔ پیغام میں پنڈت نہرو نے تمام ہندوستانیوں سے ہندوستان کے مستقبل پر بھروسہ رکھتے ہوئے خدمت کرنے کے لئے کہا تھا۔

ہند کے ہائی کمشنر مسٹر وی۔ کے کرشنا مینن نے پیغام سناتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سالوں میں ہمیں بہت سی مشکلات کا سامنا تھا۔ گزشتہ سال بھی یہ حالات [illegible] کے ساتھ مقابلہ کرینگے [illegible]

[illegible]

بڑودہ

بڑودہ میں دو مقامات پر جھنڈا لہرانے کی تقریب منائی گئی۔ ایک سکریٹریٹ میں۔ پولیس اور فوج کی پریڈ بھی ہوا۔ کلکٹر نے درخت لگانے کی تقریب کی رہنمائی کی۔

پونہ

رات میں صبح کے قریب مشعلوں کی روشنی میں ایک جلوس نکالا گیا۔ جس سے یہاں یوم آزادی کا افتتاح ہوا۔ سوشلسٹ پارٹی نے سائیکلوں کا ایک جلوس نکالا۔ [illegible] کانگریس کے جنرل سکریٹری [illegible] نے کانگریس بھون میں جھنڈا لہرایا۔ تقریب میں [illegible] کے [illegible] لیڈر [illegible] شریک ہوئے [illegible] کمشنر کے دفتر میں [illegible] تقریبات انجام دی گئیں [illegible] نے جھنڈا لہرایا۔ پولیس اور ہوم گارڈ نے مشترکہ پریڈ کی۔ [illegible] نے اس موقعہ پر شہر کی صفائی کی۔

کولہاپور

صوبہ بمبئی کے ایک جزو ہونے کی حیثیت سے کولہاپور نے پہلی مرتبہ یوم آزادی میں حصہ لیا۔ کلکٹر [illegible] نے جھنڈا لہرانے کی رسم انجام دی پولیس اور فوج نے مشترکہ طور پر پریڈ کی۔

حیدرآباد

[illegible] یوم آزادی کے موقع پر منائی گئیں۔ حیدرآباد میں پہلی مرتبہ یوم آزادی منایا گیا۔ فوجی گورنر جنرل جے۔ این چودھری نے [illegible] یونیورسٹی میں جھنڈا لہرایا۔ [illegible] کانگریس کے صدر دفتر میں جھنڈا لہرایا۔ مکانات اور دکانوں پر بھی جھنڈے لگائے گئے [illegible]

بنگلور

بنگلور شہر میں کئی مقامات پر قومی جھنڈا لہرایا گیا۔ سڑکوں پر دکانوں پر جھنڈے لگائے گئے۔ جلوس نکالے گئے فوج اور پولیس نے مشترکہ طور پر پریڈ کی۔ [illegible] کانگریس کے [illegible] نے جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ میسور [illegible]

[illegible]

ترچناپلی

[illegible] ترچناپلی میں ایک پہاڑی پر ایک تاریخی مندر ہے یہ چٹان ۳۰۰ فٹ اونچی ہے۔ اس مندر پر ایک بڑا قومی جھنڈا نصب کیا گیا۔ تمام شہر میں جھنڈے نصب ہوئے جلوس نکلے اور پولیس نے پریڈ کی۔ [illegible] جھنڈا لہرایا۔ ہزاروں درخت لگائے گئے۔

مدورا

مسری منیکشی مندر کی بڑی بڑی گھنٹیاں یوم آزادی پر بجائی گئیں۔ یہ تاریخی شہر اسی مندر کے ارد گرد بسا ہوا ہے۔ ۲۰۰ فٹ اونچے مندر گوپورم پر بڑا جھنڈا نصب کیا گیا۔

(باقی صفحہ ۲ پر)

طول وعرض پاکستان میں یوم آزادی کی تقریبات

وزیر اعظم پاکستان کی تقریر۔ فوجوں کی پریڈ۔ جابجا پرچم کشائی

کراچی ۱۵ اگست (پی ٹی آئی رائٹر) پاکستان کی دوسری سالگرہ تمام مملکت پاکستان میں بڑے تزک واحتشام اور مسرت وانبساط کے ساتھ منائی گئی۔ اس میں فوجوں کی پریڈ، رسم پرچم کشائی، عوامی جلسے جلوس وغیرہ شامل ہیں۔

کراچی میں گورنر جنرل پاکستان خواجہ ناظم الدین نے صبح کو ایک فوجی پریڈ میں سلامی لی جس میں بری، بحری اور فضائی فوجوں کے ۴ ہزار فوجیوں نے حصہ لیا اور پاکستانی فضائیہ کے [illegible] طیارے [illegible] پرواز کرتے ہوئے سلامی دی۔ [illegible] اونٹوں کے جلوس قائد اعظم کے مزار پر جاتے دکھائی دیئے۔

وزیر اعظم پاکستان نے ڈرگ روڈ پر پاکستانی فضائیہ کے نوجوانوں کو خطاب کرتے ہوئے بہترین نظم اور عزم کا ثبوت دینے کے لئے کہا تاکہ وہ پاکستانی فضائیہ کو دنیا کا بہترین فضائی بیڑہ بنا دیں۔

رات کو شہر میں مشعل کا ایک جلوس بڑے بازاروں اور گلی کوچوں سے گزرا۔ گرجاؤں، مندروں اور مسجدوں میں استحکام پاکستان کی دعائیں مانگی گئیں۔

شہر کے تمام بڑے بڑے سینماؤں میں پاکستان کے دو سالہ کارناموں کی فلمیں دکھائی گئیں۔ تمام سرکاری عمارتوں پر پرچم پاکستان لہرا رہا تھا۔

شہر میں ہوائی جہاز کے ذریعہ گورنر جنرل کے پیغام کے اشتہارات پھینکے گئے۔ بیگم ناظم الدین نے لیڈی ڈفرن ہسپتال میں بیماروں کو مٹھائی تقسیم کی۔

جلسہ عام میں وزیر اعظم کی تقریر

شام کو چودھری خلیق الزماں صدر پاکستان مسلم لیگ کی صدارت میں ایک جلسہ عام ہوا جس میں تقریر کرتے ہوئے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی نے پاکستان کی دو سالہ کارگزاریوں پر روشنی ڈالی کہ حکومت اپنے دفاع اور لوگوں کے معیار زندگی کو بلند کرنے میں مصروف رہی۔ جلسہ میں تقریباً دو لاکھ کا اجتماع ہوگا جس کو خطاب کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اب بنیادیں مستحکم ہو گئی ہیں، اور ہمیں ایک مناسب ڈھانچہ تعمیر کرنا ہے۔

مسٹر لیاقت علی خاں نے کہا کہ مسلمان خواہ کہیں بھی ہوں ہم ان کا خیال کئے بغیر نہیں رہ سکتے (نعرہ ہائے تحسین) تمام روئے زمین کے مسلمان ہمارے بھائی ہیں۔ اور ہم ان کی [illegible] ترقی اور فلاح وبہبودی کے لئے جدوجہد کرتے رہیں گے۔

مسٹر لیاقت علی خاں نے قیام پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے اپنے مرحوم لیڈر کا ذکر کیا۔ اور مسٹر جناح کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائد اعظم نے پاکستان قائم کر کے ایک محیر العقول کارنامہ انجام دیا ہے اور جب تک پاکستان قائم ہے اور دنیا میں ایک بھی مسلمان باقی ہے وہ قائد اعظم کو فراموش نہیں کر سکتا۔

ہندوستان کے ساتھ دوستی

اپنی ہمسایہ مملکت ہندوستان سے دوستانہ تعلقات قائم رکھنے کے لئے کہا کہ تمام ایسے معاملات کا فیصلہ ہو جانا ضروری ہے جن کا اب تک فیصلہ نہیں ہو سکا۔ آپ نے کہا کہ اگر کشمیر کا مسئلہ منصفانہ طریق پر طے ہو جائے تو یہ تعلقات قائم رہ سکتے ہیں۔ ہم اس مسئلہ کا پرامن حل چاہتے ہیں کہ کشمیر بھارت یا پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کرے لیکن ہم ہندوستان کو بزور شمشیر کشمیر کو اپنے ساتھ نہ ملانے دیں گے۔

مسٹر لیاقت علی خاں نے پاکستان کے دفاع کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ اس وقت پاکستان اپنے دفاع پر ۵۰ کروڑ روپیہ خرچ کر رہا ہے بر خلاف منقسم ہندوستان کے دفاع پر قبل از جنگ صرف ۵۰ کروڑ روپیہ خرچ ہوتا تھا۔ آپ نے سامعین کو یقین دلایا کہ ۱۹۵۰ء تک تمام انگریز افسران پاکستان سے چلے جائیں گے۔

آپ نے یہ بھی کہا کہ ہماری مسلح طاقتیں تمام دنیا میں اعلیٰ ہیں۔ جب کہ دوسری فوجیں اس کی منزل پر پہنچیں جہاں پاکستان کی افواج حالت [illegible]

[illegible] مملکت میں تمکنیس اسلامی اصول کی بنیاد پر قائم ہوگی۔

(باقی صفحہ ۔۔ پر)

مدھیہ بھارت کے مسلم لیڈر کو مشرقی پاکستان کی طرف سے دھمکی

اندور ۱۶ اگست۔ سید احمد علی سابق وزیر مدھیہ بھارت کو مشرقی پاکستان کی طرف سے ایک انتباہ موصول ہوا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ وہ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان کے خلاف کچھ کہنے سے باز رہیں۔ یہ مکتوب ہیں جسے مسٹر احمد نے پریس کو دیدیا ہے۔ "انہیں" "ہندوؤں کا ایجنٹ" قرار دیا گیا ہے۔ یاد رہے مسٹر احمد علی نے حال ہی میں مسٹر لیاقت علی خاں کے اس بیان کی مذمت کی تھی جو انہوں نے عید الفطر کے موقع پر دیا تھا۔ اور جس میں ہندوستانی مسلمانوں کا ذکر کیا تھا (پ۔ ٹ۔ ا)

پبلک جلسہ میں تصادم

کرپانیں استعمال کی گئیں

امرت سر ۱۶ اگست۔ کل امرت سر کے نزدیک ایک صنعتی بستی میں ایک پبلک جلسہ میں دو گروہوں کے مابین تصادم ہو گیا۔ جس میں اینٹ پتھروں اور کرپانوں کا استعمال کیا گیا۔ پبلک جلسہ اس ضمنی انتخاب کے سلسلہ میں کیا گیا [illegible] علاقے کی ایک نشست کے لئے منعقد [illegible]

پولیس نے صورت حالات پر قابو پالیا اور طلبہ [illegible] مجروح لوگوں نے تقریر [illegible] ان میں ڈاکٹر [illegible] سردار پرتاپ سنگھ کیرون، ممبر کانگریس ورکنگ کمیٹی شامل تھے (پ۔ ٹ۔ ا)

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے مابعد سیزن میں حاجیوں کے لئے جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس ایس "مظفری" ——— وزن ۷۰۴۴ ٹن

(بمبئی سے مورخہ ۲۱ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

ایس ایس محمدی ——— وزن ۷۰۲۶ ٹن

(بمبئی سے مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۰۵/ روپیہ

عرشہ (ڈیک) ۔۔۔۔۔۔۔ ۴۹۵/۸ روپیہ

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس حفظان صحت جدہ کے محاصل اور وکیلی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۱۲/۲/۲۰ روپے ہوتی ہے شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انہیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے۔ اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لیجانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ کی جا چکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوا لیں اور اپنے اس کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے جب تک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے۔

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

منیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

الجمعیۃ کی توسیع وترقی کا پروگرام

ایک لاکھ اشاعت کر دینے کی جدوجہد

"الجمعیۃ" روزانہ وسہ روزہ کی تعداد اشاعت کو جلد از جلد ایک لاکھ تک پہنچا دینے کا جو پروگرام اکابر ودانشوران جمعیۃ علماء ہند نے بنایا ہے، اسے کامیاب بنانے کے لئے متعدد شعبہ توسیع وترقی الجمعیۃ ملک کے مختلف حصوں میں روانہ کئے جا رہے ہیں۔ اس پروگرام کا آغاز ضلع بجنور اور ضلع مظفر نگر سے کیا گیا ہے۔ ضلع بجنور میں کام کرنے کے لئے جناب عبد القیوم صاحب سیوہاروی اور ضلع مظفر نگر کے لئے جناب اقبال احمد صاحب دیوبندی متعین الجمعیۃ روانہ ہو چکے ہیں۔ دوسرے حلقوں میں بھی عنقریب ادارہ کے متعین روانہ کئے جائیں گے۔ یقین ہے کہ ہمدردان ملک وملت اس پروگرام کو جلد از جلد کامیاب بنانے اور ملک وقوم کی بہی خواہی کے جذبہ سے الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا دینے کی پوری پوری کوشش فرمائیں گے۔ الجمعیۃ حفظ الرحمن کی آواز ہے [illegible]

(ارکان ادارہ)

روزانہ

الجمعیۃ دہلی

۱۸ اگست ۱۹۴۹ء

شکست کس نے کھائی؟

انصاف، دیانتداری اور ایفائے عہد کی دنیا میں یہ بات یقیناً حیرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی نے ہندی زبان کو ناگری رسم الخط کے ساتھ قومی اور سرکاری زبان قرار دیدیا اور اس ہندوستانی کو بھی کی طرح نکال کر پھینک دیا جو گاندھی جی کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھی، جیسا کہ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے سچ فرمایا کہ کانگریس پارٹی کا یہ فیصلہ انصاف اور واقعات کا آئینہ دار نہیں بلکہ ملک کی تقسیم کا رد عمل ہے یعنی یہ ایک انتقامی کارروائی ہے جس کی بنیاد صرف جذبات اور دماغی توازن کے بگاڑ نے دماغوں پر قفل چڑھا دیئے ہیں۔

ہندوستانی زبان کے حامی تو شاید اس فیصلہ سے بہت زیادہ مایوس ہو گئے ہوں گے لیکن ہم مایوس نہیں ہیں بلکہ اس فیصلہ کو دوسرے ہی نقطہ نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ تعصب اور فرقہ پرستی کا جذبہ تو وہ رہ کر اچھلے گا کہ اردو زبان کے حامیوں کو یہاں بھی شکست دی اور اردو کو یہاں بھی پچھاڑا۔ اور یا توں ہی باتوں میں اردو کے حامیوں کے سر غرور کو توڑ کر رکھ دیا لیکن ہم ان غمازیوں سے نہ تو کوئی برا اثر لینا چاہتے ہیں اور نہ انتقام کے شیطان کو ڈھیل دینے کی خواہش رکھتے ہیں، کیونکہ ہمیں یقین ہے کہ جن دلوں نے اردو دشمنی میں ہندوستانی پر چھری چلائی ہے انہوں نے دراصل ایک ہی حربہ سے کانگریس جیا تما گاندھی، پنڈت جواہر لال نہرو اور اپنی اخلاقی قدروں کو شکست دی ہے، انہوں نے اردو کی گردن نہیں مروڑی، بلکہ اپنی ساکھ اپنی روایات اور اپنی غیر جانبداری کو شہ رگ پر نشتر چلایا ہے! جو لوگ ہندوستانی کو ملک بدر کر کے خوش ہیں وہ اپنی خیر منائیں کہ اس فیصلہ کے بعد ان کا اعتماد اور اعتبار بالکل اٹھ گیا ہے اور وہ حق اور انصاف کی عدالت میں منہ دکھانے کے قابل بھی نہیں رہے ہیں۔

کانگریس پارٹی کے اس فیصلہ سے زبان کا فیصلہ تو کیا ہوا۔ یہ فیصلہ ضرور ہو گیا کہ اس پارٹی نے دو قومی نظریہ کو اپنانے کی ایک دوسری راہ نکالی ہے۔ زبان سے تو یہ لوگ مسلمانوں کو طعنہ دیتے رہے کہ ان کے دو قومی نظریہ نے پاکستان بنایا مگر دل ہی دل میں خوش تھے کہ چلو یہ ٹھیک ہوا، اور جب زبان کے فیصلہ کا وقت آیا تو ٹونیشن تھیوری کا نام لئے بغیر ایک دوسری راہ سے اس پر تصدیق کی مہر لگا دی! حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے پارٹی کے ممبرے اجلاس میں قومیت متحدہ کے دعویداروں کو اسی نکتہ کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ

"آخری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ناگری رسم خط کو انگریزی کی جگہ دیجائے اور ثانوی حیثیت میں اردو کو تسلیم کیا جائے، تاکہ ہندوستان میں بسنے والی ایک قوم کے افراد یہ سمجھیں کہ ان کی زبان کو غیر ملکی اور غیر قومی قرار دیکر دو قومی نظریہ کو زندہ نہیں کیا جا رہا"

مگر اس مشورہ کو تسلیم نہیں کیا گیا جس کے معنی یہ ہیں کہ زبان کی آڑ لیکر دو قومی نظریہ حقیقت کا رنگ دیدیا گیا اور مسٹر جناح کی روح سے معافی مانگ لی گئی کہ ہم نے اس کی مخالفت کر کے غلطی کی اور اب اس کی تلافی کے لئے اردو زبان اور اس کے رسم خط کو غیر قومی غیر ملکی اور صرف مسلمانوں کی جاگیر قرار دیدیا گیا ہے! ہم پوچھتے ہیں کہ یہ ۔۔۔ ہندوستانی کے حامیوں کی شکست ہے یا کانگریس اور اس کی آئیڈیالوجی کی! اور کانگریس پارٹی نے اپنی جڑ پر کلہاڑی چلائی یا ان لوگوں پر جو اسے خودکشی سے باز رکھنا چاہتے تھے، اور ہمیشہ کیلئے اعتبار کس کا گیا، کانگریس کا یا ہندوستانی زبان کے حامیوں کا!

حیرت کی بات یہ ہے کہ کانگریس پارٹی نے اپنا فیصلہ صادر کرتے وقت یہ بھی نہ سوچا کہ وہ خود کانگریس کو شکست دے رہی ہے کیونکہ کانگریس دو دفعہ ریزولیوشن پاس کر چکی ہے کہ آزاد ہندوستان کی قومی اور سرکاری زبان ہندوستانی ہوگی، جو ناگری اور اردو دونوں رسم خطوں میں لکھی جائے گی! ہم نے آج تک کوئی پارٹی اس قدر بے مہار نہیں دیکھی کہ اپنی مخالفت کر کے اور اپنے آپ کو شکست دیکر کبھی خوش ہوتی ہو!

اپنی شکست کے بعد کانگریس نے بہاتما گاندھی کو بھی شکست دی اور ان کی ساری محنت پر خود ہی جھاڑو پھیر دی، اگر اس کے بعد بھی کانگریسی لیڈر یہی کہتے رہے کہ ہندوستان گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنا چاہیئے تو اس کا بہترین مطلب یہ ہوگا کہ ہندوستان گاندھی جی کی پیروی اس طرح کرے جس طرح ہم نے کی ہے، یعنی وہ ہندوستانی کی حمایت کرتے رہے اور ہم نے اسے اس کی قبر میں دفن کر کے چھوڑا۔ اب گاندھی جی کی پیروی کے معنی تعصب، جانبداری، نفرت اور فرقہ پرستی کی پیروی ہے کیونکہ کانگریس نے اپنے عمل سے بتا دیا ہے کہ انتقام کے دور میں بغاوت ہی عین وفاداری ہے! اس طرح کانگریس پارٹی نے ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو بھی شکست دی اور ان کی اپیل اور دلیل پر کوئی توجہ نہ دی! یہ ہیں کانگریس کی شکستیں جو اسے زبان کے سلسلہ میں کھانی پڑی ہیں، اردو کی شکست تو ابھی ادھار کی مد میں ہے، لیکن جو شکست کانگریس کو گاندھی جی کو، متحدہ قومیت کو اور اخلاقی قدروں کو ہوئی ہے وہ نقد ہے، یہ بات دوسری ہے کہ انتقام کے گرم گھاؤ میں اس کا احساس تک نہ ہوا!

ہم اردو اور اردو رسم خط کے حامیوں کو مشورہ دیں گے کہ وہ اس فیصلہ کے بعد اپنے اندر کمتری اور پستی کا احساس ہرگز پیدا نہ ہونے دیں بلکہ پوری دلیری اور جرأت کے ساتھ اسے کانگریس کی شکست تصور کریں اور اسے حقارت کے ساتھ نہیں بلکہ قابل رحم سمجھ کر نظر انداز کر دیں، قوموں کی زندگی میں یہ الٹ پھیر ہمیشہ آیا کرتے ہیں اور سچائی کو بھی کبھی نہ کبھی ابھرنا پڑتا ہے، اب اس فیصلہ کا رد عمل نفرت اور غصہ کی صورت میں نہ ہونا چاہئے بلکہ اس طرح ظاہر ہونا چاہئے کہ وہ اپنے رسم خط اور زبان کی خدمت کرتے ہوئے ہندی کے میدان میں اتریں اور "قومی زبان" کو اپنا کر کانگریس پارٹی کو دو قومی نظریہ کی دلدل سے نکالنے کی کوشش کریں اور جب تک یہ مقصد حاصل نہ ہو جائے اور اردو زبان کو بھی قومیت کے کسی خانہ میں باوقار جگہ نہ ملے چین سے نہ بیٹھیں اور اس خام خیالی میں مبتلا نہ ہوں کہ ہندوستانی زبان کا قصہ ختم ہوا، اور زبردستی کا مقابلہ کون کرے؟ عزم وہمت کی چٹان کوئی معمولی چٹان نہیں ہے اس سے ٹکرا کر جور وتعدی کے جہاز ہمیشہ پاش پاش ہوئے ہیں اور بڑے بڑے فیصلوں کو واقعات کے مقابلہ میں منہ کی کھانی پڑی ہے!

اچھی باتیں

یا ایہا الذین۔ تا۔ ظالمون (پ ۲۶)

اے اہل ایمان! کوئی مرد کسی مرد کا اور کوئی عورت کسی عورت کا مذاق نہ اڑائے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ تم جس کا مذاق اڑاؤ وہ تم سے بہتر ہو اور آپس میں عیب نہ لگاؤ اور نہ کسی کو برے القاب اور الفاظ سے یاد کرو۔ ایمان کے بعد فسق کا نام تو بہت ہی برا ہے اور جو شخص ان باتوں سے توبہ نہیں کریگا وہ ظالم قرار پائے گا۔

یہاں چند چیزوں سے عام لوگوں کو منع کیا گیا ہے (۱) ایک دوسرے کا مذاق نہ اڑاؤ، کیونکہ مذاق کا مقصد توہین ہے، لیکن تمہیں کیا علم کہ جس کا تم مذاق اڑاتے ہو وہ تم سے بدرجہا بہتر ہو! اگر تم برے ہو تو مذاق تو تمہارا اڑنا چاہئے۔ پس اس بیہودگی سے پرہیز کرو۔ تاکہ میل کا بیل نہ بڑھے اور محبت کا آبگینہ نہ ٹوٹے۔ (۲) ایک دوسرے پر عیب نہ لگاؤ کیونکہ یہ بات شرافت نفس کے خلاف ہے، جو شخص اپنی عزت کی قدر نہیں کرتا وہ دوسروں کی عزت کے درپے رہتا ہے، (۳) کسی کو برے الفاظ سے یاد نہ کرو، نہ کسی کے نام دھرو۔ کیونکہ اس طریقہ سے دلوں میں نفرت پیدا ہوتی ہے اور دوسروں کو بھی موقعہ ملتا ہے کہ وہ تمہیں برے الفاظ سے یاد کریں۔

سوویٹ یونین میں اسلام

اے۔ جے۔ این۔ ابراہیم

۲

عبادت گاہیں عوامی ملکیت ہیں حکومت انہیں غیر معینہ مدت کے لئے کام میں لانے کے لئے بلا معاوضہ مذہبی انجمنوں کے سپرد کر دیتی ہے۔ مذہبی انجمنوں کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی مکانات خرید لیں اور تعمیر کریں۔ مذہبی رسومات کی ضروری اشیا تیار کرنے کے لئے کارخانہ کی ملکیت حاصل کریں انہیں اپنی رقوم خود اپنی مرضی سے صرف کرنے کی پوری آزادی ہے اور ان اخراجات پر حکومت کسی قسم کا کنٹرول نہیں کرتی۔

مذہبی انجمنوں کے سامنے ان کی تنظیمی اور معاشی سرگرمیوں کے سلسلہ میں جو مسائل درپیش رہتے ہیں انہیں ایک خاص سرکاری ادارہ طے کرتا ہے اس کا نام مذہبی معاملات کی کونسل ہے اور یہ سوویت یونین کی مجلس وزرا کے ماتحت ہے۔

سوویت یونین میں مسلمانوں کے دو سب سے بڑے فرقے ہیں سنی اور شیعہ اقلیت میں ہیں اور سب سے زیادہ اور ماورائے قفقاز کے علاقوں میں آباد ہیں۔ مسلمانوں کی مذہبی سرگرمیوں کی رہنمائی چار مرکزوں سے علماء دین کی تنظیمیں کرتی ہیں جن کا انتخاب متعلقہ علاقوں کے متقدین کے عام اجلاس میں عمل میں آتا ہے۔

وسط ایشیا و قزاقستان کی اسلامی جمعیت میں [illegible] (تاشقند میں ہے) سوویت یونین کی پانچ جمہوریتوں (قزاقستان، ازبکستان، کرغیزیہ، تاجکستان، ترکمانیہ) کے متقدین متحد ہیں اور اس کے صدر ۹۰ سالہ مفتی احسان بابا خان ابن عبد المجید خان، اور گلی میں جو سوویت یونین میں سب سے بزرگ مسلمان ہیں اس جمعیت کا انتخاب وسط ایشیا کے مسلمانوں کے ایک بڑے اجلاس میں عمل میں آیا تھا۔ اس جمعیت میں سب سے زیادہ مشہور اور سب سے زیادہ محترم گیارہ مسلمان لیڈر شامل ہیں اور اس کی بنیاد یہ ہے کہ اس میں تمام بڑی قومیتوں کے نمائندے شامل ہیں۔

سوویت یونین کے یورپی علاقوں اور سائبیریا کے مسلمانوں (تاتاری، باشکیر) کی مرکزی اسلامی جمعیت کے صدر ۷۶ سالہ مفتی عبد الرحمن رسولی الیف ہیں جن کا سلسلہ نسب مشہور مذہبی پیشواؤں کے خاندان سے ملتا ہے۔ اس جمعیت کا مرکز اوفا میں ہے۔ اس جمعیت کا انتخاب اکتوبر ۱۹۴۸ء کے عام اجلاس میں عمل میں آیا تھا۔ اس کا تعلق [illegible] سے ہے۔ تحصیلات پر مشتمل ہے جو مغرب میں اردلیپس، لتھوانیا سوویت سوشلسٹ جمہوریہ سے شروع ہو کر مشرق بعید میں ایر کوتسک تک پہنچتے ہیں۔

شمالی قفقاز میں آباد مسلمانوں کی اسلامی جمعیت کا مرکز جنوبی قفقاز اسلامیہ جمہوریہ [illegible] ان [illegible] سوشلسٹ جمہوریہ میں ہے اور اس کے صدر ۸۰ سالہ شیخ الاسلام علی زادے آخوند آغا ہیں جو شیعہ مسلمانوں کے سب سے بڑے اور مانے ہوئے عالم ہیں۔

چونکہ ماورائے قفقاز کے مسلمانوں میں اکثریت سنی مسلمانوں کی ہے اس لئے اسلامی جمعیت کے نائب صدر ایک سنی ۵۰ سالہ مفتی ابراہیم آفندی ہیں۔

متعدد مسجدوں میں باقاعدہ نمازیں ہوتی ہیں اور اولیا اور بزرگوں کے مزارات کی زیارت کے لئے لوگ آتے ہیں۔

مسلمان مذہبی پیشواؤں، قاریوں وغیرہ کی تعلیم بخارا کے مدرسہ میں مسلم اعلیٰ مدرسوں کے نصاب کے بموجب ہوتی ہے۔ مذہبی مطبوعات میں ایک نہایت ہی تمام نئی بڑی تعداد میں [illegible] شائع ہوتی ہیں۔ [illegible] قرآن کی [illegible] ہوتی ہے جو سوویت یونین کے مسلمانوں میں بہت مقبول ہے۔

حج کے لئے باقاعدہ انتظامات ہوتے ہیں اور مسلمان کہ مدینہ اور کربلا جایا کرتے ہیں۔ مسلم ممالک ایران، مصر، شام، لبنان اور عراق کے مسلمان پیشواؤں سے سوویت یونین کے مسلمان لیڈر خط وکتابت کرتے اور دوستانہ تعلقات قائم رکھتے ہیں۔ شیخ الاسلام علی زادے آخوند آغا نے ایران کا دورہ کیا۔ مفتی احسان بابا خان، عبد المجید خان، اور گلی اور عبد الرحمن رسولی الیف حاجیوں کے ساتھ قاہرہ گئے تھے اور قاہرہ میں مسلمانوں کے مشہور جامعہ الازہر دیکھنے بھی گئے تھے۔ اسلامی جمعیتوں میں دیگر ممالک کے مسلمان اور دیگر مذہبوں کے نمائندے بھی ملاقات کرنے آتے ہیں۔

سب سے زیادہ قابل غور بات یہ ہے کہ پہلے زمانہ میں مختلف مذہبوں کے متقدین کے درمیان جو کشیدگی اور تعصب پایا جاتا تھا وہ اب خرچ ہو پرانی تاریخ بن گیا ہے۔ زار شاہی حکومت کے انجیب شیعہ اور سنی [illegible] کو کہیں نام ونشان بھی نہیں ہے۔

سوویت یونین کے مسلمان ماہ رمضان میں روزے رکھتے اور عید الفطر عید الاضحیٰ کے تہوار آزادانہ مناتے ہیں۔ سوویت یونین میں مشہور علماء اسلام کی مدفنوں کی یادگاریں محفوظ ہیں، سمرقند میں شاہ زندہ کا مزار، ترمذ میں حکیم ترمذی کا مزار، نوغانہ میں شاہ مردان کا مزار، خیفا میں جان [illegible] کا مزار وغیرہ سب اسلامی جمعیتوں کی نگہبانی میں ہیں اور یہاں زیارت کے لئے کافی لوگ آتے ہیں۔

ہٹلریوں کے خلاف جنگ کے دوران میں سوویت یونین کی اسلامی جمعیتوں نے بھی انسانیت کے دشمن کے خلاف جدوجہد میں اپنا حصہ ادا کیا۔ انہوں نے ہٹلریوں کے خلاف جدوجہد کے لئے متحدہ اپیلیں جاری کیں۔ مذہبی پیشواؤں نے لاکھوں [illegible] اور مذہبی متبرکات کے [illegible] کافی امداد کی [illegible] سے تمام دنیا کو دکھا دیا کہ تمام سوویت عوام [illegible] یونین کے مسلمانوں میں اپنی اور وطن کی خاطر [illegible] کرنے کے [illegible] سے [illegible] انہوں نے اس کی حفاظت اور ترقی کے لئے کوئی فرو گذاشت نہیں رکھی۔

ہم موجودہ عبوری دور سے سرخرو ہوں گے

آزادی کی سالگرہ پر آنریبل سردار ولبھ بھائی پٹیل کا پیغام

سردار ولبھ بھائی پٹیل نے ہندوستان کی آزادی کی سالگرہ پر قوم کے نام ذیل کا پیغام جاری کیا ہے۔

"ہندوستان کی آزادی کی دوسری سالگرہ کے موقع پر بمبئی میں میری موجودگی مجھے ۱۹۴۲ء کی یاد دلاتی ہے جب کہ ہم نے غلامی کے جوئے کو اتارنے کی آخری اور قطعی کوشش کے ریزولیوشن پر مہر تصدیق ثبت کی۔ حصول آزادی کے لئے ہم نے جو قربانیاں کی ہیں اور ہمارے بہت سے ساتھیوں اور ہمدردوں نے [illegible] آزادی اور اس سے حاصل ہونے والی حقیقی مسرت کی امید ہیں جو مصائب بھی خوشی خوشی جھیلے آج مجھے ان کی بھی یاد آ رہی ہے۔ علاوہ ازیں بھائی چارہ اتحاد اور ضبط کے وہ نظارے بھی میری آنکھوں کے سامنے آ رہے ہیں جو ہماری اس جدوجہد کا نمایاں پہلو تھے۔

[illegible] کا مقابلہ موجودہ کامیابیوں اور ناکامیوں اور تنہ کئے ہوئے عہدوں کے لحاظ سے اور اخلاقی کمزوری سے کرتا ہوں، میرے دماغ میں صرف یہی خیال آتا ہے کہ کاش باپو آج آپ زندہ ہوتے۔ ہندوستان کو اس وقت آپ کی ضرورت تھی۔ ممکن تھا کہ آپ کی زندہ مثال اور رہنمائی ہم [illegible] آپ کی موجودگی ہمارے اندر وہ توازن اور وہ خوبیاں پیدا کرنے کی موجب ہوتی جن کا ثبوت ہم نے آپ کی رہنمائی میں دیا اور جو آپ کی غیر حاضری میں ختم ہو چکی ہیں۔ ان کے خاتمے ہی ان مندیوں کے پیچھے گر گئے ہیں جن پر اس سنہری دور میں ہم چلتے تھے۔

باایں ہمہ اگر ہم ان بگڑی، مقامی یا تنظیمی مسائل کا گہرا مطالعہ کریں جیسے مجھے مایوسی اور تاسف کی کوئی گنجائش نظر نہیں آتی جو مسائل ابھی حل نہیں ہوئے، جو مشکلات ابھی باقی ہیں، اور جو اغراض ابھی پورے نہیں ہو سکے ان کی طرف ہماری اور یہاں جانا فطرتی ہے مگر صرف انہی کا خیال نہ صرف یکطرفہ ہوگا بلکہ بے انصافی بھی ہوگی۔ جس کے لئے ہم سب پوری کوشش اور محنت سے کام کر رہے ہیں وہ انصافی ہوگی مگر کیونکہ ہم ان مسائل اور مشکلات پر غور کریں۔ جنہیں ہم نے کامیابی سے حل کر لیا ہے یا ان فرائض کا جائزہ لیں جنہیں ہم نے اطمینان بخش طریقہ سے سرانجام دیا ہے تو تمام کی تصویر بھی کی مایوسی اور اندھیرے میں کیسی شامیں دکھیں گی جو امید اور مسرت [illegible] اپنے عقیدوں اور دکھوں [illegible] کا جب [illegible]

[illegible]

جمہوریت کے کار آمد ہونے میں ہماری [illegible] اور ہمارا ملک جمہوری [illegible] اور [illegible] امکانات ہیں۔ [illegible]

"موجودہ وقت ایک عبوری دور ہے۔ ایسے دور میں ہمیشہ خدشات، امتیازات، شبہات اور عارضی خدمات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ ترکیب وتشکیل دینے والے کچھ اثرات بھی ہوتے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم نے لوگوں کے افکار اور اخلاقی توازن کو پریشان اور منتشر کر دیا۔ اس سے دنیا بھر میں کچھ نابسندیدہ قوتیں بھی نمود آزمائی کرنے لگی ہیں اور یہ بہت سے ملکوں میں جن میں ہمارا ملک بھی شامل ہے غیر معمولی اہمیت اور انتہا کے خاتمات کے باعث بنی ہیں۔ مزید برآں ملک کی تقسیم سے ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے اور نظم ونسق میں [illegible] تقسیم سے بھی جو مسائل پیدا ہوئے ہیں [illegible] کامیاب رہے ہیں۔ اسی طرح ہم سب کچھ بھی کی مصائب کا مقابلہ کر کے آگے بڑھ رہے ہیں۔

سوئم ارحوم کے دل ودماغ صحیح ہے۔ اگر ہمارے مقاصد صحیح ہیں اور اگر ہمارے ارادوں کی بنیادیں پختہ ہیں تو ہمیں اس میں شبہ نہیں کہ ملک موجودہ عبوری دور سے سرخرو ہونے کے بعد [illegible] اس قابل ہو جائے گا کہ ایک جمہوری ہندوستان کا بھرپور نمونہ پیش کر سکے۔"

شیر کشمیر پر الزام

شیر کشمیر شیخ عبد اللہ نے کشمیر کے معاملہ میں اپنی جس استقامت، وفاداری اور اصول پسندی کا ثبوت دیا ہے اس کی نظیر ہندوستان کی تاریخ میں نہیں ملتی، اس بہادر نے ہندوستان سے جو قول وقرار کیا تھا اس کا نباہنا صرف انہی کا کام تھا لیکن افسوس ہے کہ فرقہ پرستوں نے اب انہیں بے عزت کرنا شروع کر دیا ہے اور ان کی ذات کو بدنام کرنے کے لئے بیان پر بیان شائع کئے جا رہے ہیں! دستور ساز اسمبلی کے کئی ممبروں نے شیر کشمیر پر الزام لگایا ہے کہ انہوں نے جموں کی ہندو آبادی کو پریشان کر رکھا ہے اور بہت سے معزز لوگ ان کے اشاروں پر گرفتار کرلئے گئے ہیں، دہلی میں بھی اس قسم کے پوسٹر شائع ہو رہے ہیں، جن کا نتیجہ اس کے سوا اور کچھ نہ ہوگا کہ مسلم نیشنل کانفرنس کے ہمنواؤں کے دلوں میں بل پڑ جائے اور وہ ہندوستانی فرقہ پرستوں کے نام سے کانوں پر ہاتھ رکھنے لگیں، حکومت جموں وکشمیر نے ان الزامات کی تردید میں ایک سرکاری کمیونکے شائع کیا ہے جس میں فرقہ پرستوں کی چالوں کو اچھی طرح بے نقاب کیا گیا ہے، جو لوگ جموں میں جاکر شیخ صاحب کے خلاف ہنگامہ بپا کرنا چاہتے ہیں انہیں شاید یہ معلوم نہیں کہ اس پروپیگنڈا سے پاکستان کو [illegible] ہیں کہ اگر اس حرکت [illegible]

کا اندازہ نہ ہوا اور شیخ صاحب کا مسلمان ہونا فرقہ پرستوں کی نظروں میں کھٹکتا رہا تو ہم نہیں کہہ سکتے کہ استصواب رائے پر اس کا کتنا برا اثر پڑیگا!

شام میں دوسرا انقلاب

یہ عجیب بات ہے کہ شامی فوج کے کمانڈر کرنل زعیم جنہوں نے گزشتہ تیس مارچ کو شام میں فوجی انقلاب برپا کیا تھا وہ ایک دوسرے فوجی انقلاب کا شکار ہو گئے اور گولی مار کر ہلاک کر دیئے گئے۔ ان کے ساتھ ہی ان کے وزیر اعظم حازن البرازی کو بھی اپنا چلا دیا گیا۔ کرنل زعیم نے شام کا فوجی انقلاب خونریزی کے بغیر برپا کیا تھا اور سابق وزرا کو قتل کرنے کے بجائے نظر بند کر دیا تھا مگر ان کے مقابلہ پر جو انقلاب برپا ہوا اس میں صدر اور وزیر اعظم دونوں ختم کر دیئے گئے! یہ انقلاب کیوں ہوا! اس کی وجہ انقلابیوں کے ایک سرکردہ زعیم نے وہی بیان کی ہے جو کرنل زعیم نے اپنے وقت میں بیان کی تھی یعنی جمہوری نظام کا قیام، عوام کی آزادی! اور الزام بھی وہی جو کرنل موصوف نے دوسروں پر لگایا تھا کہ یہ لوگ قوم کا روپیہ برباد کر رہے ہیں، عوام کی آزادی کو کچل رہے ہیں وغیرہ! اگرچہ اس دوسرے انقلاب میں بھی باہر کی مداخلت اور سازش سے انکار کیا گیا ہے، لیکن کوئی مانے یا نہ مانے، شام میں فرانس اور برطانیہ کی سازشیں کام کر رہی ہیں ایک طرف برطانیہ اور دوسری طرف فرانس شام میں اپنا اپنا اقتدار جمانا چاہتے ہیں، کرنل زعیم اگر فرانس کے ارادوں کے آئینہ دار تھے تو موجودہ انقلابی برطانی عزائم کے آئینہ دار ہیں اور ہم منتظر ہیں کہ دیکھئے شام کی شام غم صبح نشاط میں کب تبدیل ہوتی ہے!

حامیان اردو تعلیم مندرجہ سوالات کا جواب دیں

جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

دہلی ۱۵ اگست۔ جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا محمد میاں نے حسب ذیل سوالنامہ اردو زبان کے سلسلہ میں جاری کیا ہے:-

صوبہ یو۔ پی کے جن اسکول، ہائی اسکول، مدرسہ یا اسلامیہ کتب میں اردو کی تعلیم بند کی گئی ہے یا بند کرنے کی فرمائش کی جا رہی ہے اس کے منیجر، مہتمم یا کوئی مدرس یا مقامی جمعیۃ کے کسی ذمہ دار کے ذریعہ ۳۰ اگست تک عنایت فرما کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر فرما کر میرے نام دفتر جمعیۃ پر ارسال فرمائیں۔ اگر بذریعہ رجسٹری ارسال فرمائیں تو بہتر ہو۔

سوالات

۱۔ یہ اسکول یا مدرسہ یا مکتب کتنے عرصہ سے قائم ہے

۲۔ سرکاری امداد پاتا ہے یا نہیں کبھی کوئی [illegible] امداد ملتی ہے

۳۔ اس میں کتنے طلبہ ہیں مسلمانوں کی کتنی تعداد ہے کیا جماعتیں اور کلاس وار کیا تعداد ہے۔

۴۔ اردو کی تعلیم کس کے حکم سے بند کی گئی یا بند کئے جانے کے لئے کون صاحب فرمائش کر رہے ہیں

۵۔ اگر یہ حکم تحریری تھا تو اس کی نقل بھیجی جائے۔

۶۔ اردو کی تعلیم بند ہونے سے کتنے مدرسوں کو جواب دیا گیا۔ بایں طرف سوالات عنایت فرما کر اسکول کا نام مع مقام کا نام اور سوالات کے جوابات خوشخط تحریر فرمائیے۔ اگر منیجر یا مہتمم صاحب یا جمعیۃ کے ذمہ دار جواب تحریر فرمائیں تو اس پر دفتر کی مہر بھی لگا دیں۔ جوابات جلد اس پتہ پر آنے چاہئیں۔

(مولانا) محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند، دفتر جمعیۃ علماء ہند، گلی قاسم جان، دہلی۔

خط وکتابت کے وقت پتہ خوشخط لکھیے

دار السلطنت
۱۶ اگست

محلہ کشن گنج میں یوم آزادی

۱۵ اگست بوقت صبح آزادی کی خوشی میں مدرسہ ضیاء الاسلام کے متعلم بچوں نے ایک جلسہ زیر انتظام محلہ کمیٹی منعقد کیا جس میں جناب حاجی محمد شفیع صاحب ... اور حاجی جلال الدین صاحب ... نے خصوصیت سے شرکت فرمائی۔ بچوں نے اپنی تقریروں کے علاوہ قومی نظمیں بھی پڑھیں۔ ... آزادی ہندو مسلم اتحاد سے حاصل ہوئی ہے ... آج ہمارے لئے خوشی اور مسرت کا دن ہے ...

گورنر جنرل کی طرف سے دعوت

گذشتہ شب گورنر جنرل کی طرف سے آزادی کی دوسری سالگرہ کی تقریب میں ایک دعوت کا انتظام کیا گیا ... گورنر جنرل نے ... ایک عظیم الشان سالگرہ ... ہندوستان کی ... آزادی ... مہاتما گاندھی کی ...

اخبار نویسوں کا اجتماع

چینی سفیر کو چاندی کی کشتی

گورنر جنرل ... چینی سفیر کو ... چاندی کی ایک کشتی پیش ... آزادی کی ...

یوم آزادی کی تقریب

۱۵ اگست کو یوم آزادی کی تقریب کے موقعہ پر ... اسکول محلہ کشن گنج ... جلسہ ... بچوں کو شیرینی تقسیم کی گئی ...

ہمارے اخبار کا آزادی نمبر

یادگاری مشاعرہ

دہلی میونسپلٹی میں عصرانہ

تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب میں جھنڈے کی رسم

پانچ سالہ بچے نے پرچم کشائی کی

دہلی ۱۵ اگست آج تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب میں ساڑھے آٹھ بجے پرچم کشائی کی رسم ادا ہوئی۔ تعلیمی مرکز کے ایک پانچ سالہ بچے محمد اسلم نے پرچم کو لہراتے ہوئے کہا:

یہ جھنڈا ہمارا اپنا جھنڈا ہے۔ اس جھنڈے کی عزت کے لئے ہندوستان کے کروڑوں مسلمانوں نے ... گولیاں کھائیں، پھانسیاں لگیں ... ہم ان ہندوؤں اور سکھوں کی عزت کرتے ہیں جنھوں نے ہندوستان کی آزادی کے لئے قربانیاں کی ہیں ... ہم اس ہندوستان میں پیدا ہوئے ہیں یہیں پر رہیں گے ...

بچوں کی تقریر کے بعد جناب اقبال صاحب ... نے چند اشعار پڑھے ... مولانا ... صاحب ... کی تقریر ...

قرآن مجید کی تلاوت کے بعد بچوں نے ... آزادی پر نظمیں پڑھیں ... مولانا ... صاحب نے تقریر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ...

مولانا نے فرمایا مسلمان کو سچا مسلمان بن جانا چاہیئے ...

وزیر اعظم راجستھان کا دلچسپ انداز میں عہد

”میں اپنے ہاتھوں سے اپنے حصہ کا غلہ پیدا کروں گا“

جے پور ۱۵ اگست پرسوں شام یہاں راجستھان یونین کے وزیر اعظم پنڈت ہیرا لال شاستری نے ایک ... عہد کیا ...

فرمودات وزیر اعظم پاکستان کی تقریر
بقیہ صفحہ ۲

افغانستان سے تعلقات

افغانستان کے ساتھ پاکستان کے تعلقات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم پاکستان نے کہا کہ ہمارے تعلقات اس سے ویسے ہی ہونے چاہیئیں کہ ایک بڑے اور چھوٹے بھائی میں ہوتے ہیں۔ آپ نے کہا کہ اگر ضرورت ہوتی ہے تو بڑا بھائی چھوٹے بھائی کو برا بھلا بھی کہہ سکتا ہے لیکن اس میں ہمیشہ محبت کا جذبہ کار فرما ہوتا ہے۔ آپ نے امید ظاہر کی کہ افغانستان کے ساتھ پاکستان کے تعلقات دوستانہ ہو جائیں گے۔ پاکستان تمام ممالک بالخصوص اسلامی ممالک سے دوستانہ تعلقات رکھنا چاہتا ہے۔

راجستھان اور مدھیہ بھارت میں جاگیرداری نظام کا مستقبل غور و خوض

مسٹر مینن اور راج پرمکھ کے مابین اہم مذاکرات

جے پور ۱۵ اگست اطلاع مظہر ہے کہ حکومت ہند کی ریاستی وزارت کے مشیر مسٹر وی۔ پی۔ مینن نے یہاں اپنے چار روزہ قیام کے دوران میں راجستھان کابینہ کے وزراء اور راج پرمکھ سے فوجی اور انتظامی معاملات پر تبادلہ خیال جاری رکھا۔ معلوم ہوا ہے کہ زیر بحث آئے معاملات جن کا کہ یونین اور مرکز سے ... ہے عام طور پر گفتگو ہو گیا ہے۔

راجستھان یونین میں جاگیرداری کے مستقبل کے بارے میں ریاستی وزارت نے ایک کمیٹی بنانے کی تجویز پیش کی ہے یہ کمیٹی آئندہ ۱۵ اکتوبر تک اپنی سفارشات پیش کرے گی اور ان سفارشات کی روشنی میں ہی جاگیرداری نظام کے مستقبل کے ... فیصلہ کیا جائے گا۔

ایک اور کمیٹی کی تشکیل کا معاملہ زیر تجویز ہے کہ مجوزہ کمیٹی مدھیہ بھارت ریاست میں جاگیرداری نظام کے بارے میں غور کرے گی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مندرجہ بالا ہر دو کمیٹیوں کا ایک مشترکہ ممبر ہوگا۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ کمیٹی کے اندر جو ارکان شامل ہوں گے ان کے ناموں کا اعلان حکومت ہند ایک ہفتہ کے اندر کر دے گی۔

مسٹر مینن نے قیام جے پور کے دوران میں جاگیرداروں کے چار ... سے بھی ابتدائی بات چیت کی۔ ... آئندہ ... ستمبر ... مذاکرات ... کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

کشمیر میں حالات پر کوئی آہنی پردہ نہیں ڈالا گیا

ہندوؤں پر مظالم کی بے بنیاد کہانی کے متعلق سرکاری طور پر تردید

سری نگر ۱۵ اگست کل حکومت جموں و کشمیر نے ایک پریس نوٹ میں ہندوستان کی مجلس دستور ساز کے رکن ڈاکٹر مکھرجی کے الزامات کی تردید کی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ صوبہ جموں میں وسیع پیمانہ پر ہندوؤں میں بے چینی پائی جاتی ہے اور یہ کہ سرکردہ شہریوں کی وسیع پیمانہ پر گرفتاریاں ہو رہی ہیں۔ پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اس قسم کی غلط باتوں سے یہاں کی فضا میں کشیدگی پیدا ہونے کا امکان ہے جو کہ یہاں پہلے سے نہیں ہے۔

پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومت جموں اور کشمیر کی توجہ ہندوستان کی مجلس کی طرف مبذول کرائی گئی ہے یہ بیان سراسر غلط بیانیوں سے پر ہے ...

ہند کی مجلس دستور ساز کے رکن مسٹر دھرم پرکاش کے کشمیر حکومت پر الزامات

نئی دہلی ۱۵ اگست ہندوستان کی مجلس دستور ساز کے رکن مسٹر دھرم پرکاش نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ...

سنگھ ایک سیاسی جماعت ہے

الہ آباد میں مسٹر گوبند سہائے کی تقریر

الہ آباد ۱۵ اگست ... یو۔ پی۔ کے پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے نے ... کے زیر اہتمام ... پارک کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے راشٹریہ سنگھ کے اس دعوے کی پر زور تردید کی کہ وہ ایک غیر سیاسی جماعت ہے ...

جھانسی میں خودکشی کی دو وارداتیں

ملازمت نہ ملنے سے ...

سید رضا علی انتقال کر گئے

کراچی ۱۴ اگست ... کل صبح یہاں سید رضا علی انتقال کر گئے ...

پاک ائیر لمیٹڈ
روزانہ مقررہ سروسیں

	دہلی سے	کراچی / لاہور
دہلی ـ کراچی	ہر منگل کو	
دہلی سے روانگی		دو بجکر ...
کراچی میں آمد		۶ بجکر ... منٹ
دہلی ـ لاہور	روزانہ سروس	
دہلی سے روانگی		صبح ۹ بجکر ... منٹ
لاہور میں آمد		صبح ۱۱ بجکر ... منٹ

کرائے

دہلی کراچی	یکطرفہ ۲۵۰ روپیہ	واپسی ۴۵۰ روپیہ
دہلی لاہور	یکطرفہ ۶۶ روپیہ	واپسی ۱۲۶ روپیہ

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے
ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی
ٹیلیفون نمبر ۷۴۸۸ ـ تار کا پتہ ـ ...

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء کا اجلاس

آزادی کی دوسری سالگرہ پر

پاکستانی ہائی کمشنر کا پیغام مبارکباد

نئی دہلی ۱۵ اگست ... آزادی کی دوسری سالگرہ پر پاکستانی ہائی کمشنر متعینہ نئی دہلی مسٹر محمد اسمٰعیل نے ہندوستان کے گورنر جنرل ... کو حسب ذیل پیغام بھیجا ہے ...

شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ کا سری نگر ریڈیو سے نشری پیغام

آج ہمیں مہاتما گاندھی کے اصولوں پر قائم رہنے کا عہد کرنا چاہیئے

سری نگر ـــــ پی ٹی آئی ـــــ ۱۵ اگست

جموں اور کشمیر کے وزیر اعظم شیخ محمد عبداللہ نے گذشتہ شب یوم آزادی کے سلسلہ میں تقریر کرتے ہوئے ...

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلہ میں
ڈرافٹ یا چک کس کے نام ہو
جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات اگر امدادی رقوم بذریعہ چک بھیجیں تو چک یا ڈرافٹ صرف مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کے نام پر ہونا چاہیئے۔
محمد حمید قاسمی دفتر جمعیۃ علمائے ہند دہلی

شام میں نیا انقلاب۔ صدر اور وزیر اعظم کو پھانسی دے دی گئی

کرنل حسنی زعیم کی ۴½ ماہ کی حکومت کا خاتمہ

ایک اور فوجی کرنل سمیع نے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لئے

دمشق ۱۵ اگست: (رائٹر) دمشق ریڈیو کے ایک اعلان کے مطابق کل شام کے صدر حسنی زعیم اور وزیر اعظم محسن برازی کو پھانسی دیدی گئی۔ کرنل سمیع حناوی جن کے متعلق خیال ہے کہ انھوں نے اختیار اپنے ہاتھ میں لے لئے ہیں حسنی زعیم کے ایک سابق افسر ہیں معلوم ہوا ہے کہ اعلیٰ جنگی کونسل نے جس کے قائد سمیع حناوی ہیں سویلین لیڈر کو اختیارات سونپے جانے تک تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لئے ہیں۔

بیان کیا گیا ہے کہ تین مسلح کاروں میں کچھ لوگوں نے صدر زعیم کی پرائیویٹ رہائش گاہ کو کل صبح تین بجے گھیر لیا۔ اور ایک بڑا افسر صدر کے باڈی گارڈ سے جس نے گویا ان کا مقابلہ کیا ہوتے ہوئے عمارت میں گھس گیا۔ اور کرنل حسنی زعیم کو اپنے ساتھ چلنے پر مجبور کیا۔ ٹھیک اسی وقت یہی کارروائی وزیر محسن برازی کے خلاف کی گئی۔ اس کے فوراً بعد کرنل سمیع نے نئی اعلیٰ جنگی کونسل قائم کی جس میں گیارہ اعلیٰ ... صدر شام اور وزیر اعظم کو پھانسی کی سزائیں دیں اور فوراً اس سزا کو ... کے پاس عمل میں لایا گیا۔ کرنل سمیع حناوی کے دستخطوں سے چند اعلانات نشر کئے گئے جن میں جدید انقلاب کے وجوہ بیان کئے گئے۔

ان اعلانات میں کہا گیا کہ صدر زعیم نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا تھا۔ اور انھوں نے عوام کا روپیہ برباد کیا اور پہلے انقلاب کے وقت اعلان کردہ اصولوں کے خلاف ... آزادی کا گلا گھونٹا۔ چنانچہ شام کی فوج نے ان کا ظلم ... کا فیصلہ کر لیا۔

اعلان میں مزید کہا گیا کہ فوج صرف عارضی طور پر اختیارات اپنے ہاتھ میں لے رہی ہے ...

وہ اس ترکی فوج میں تھے جس نے اتحادی فوج کے سامنے ہتھیار ڈالنے سے انکار کر دیا تھا اور ... مدینہ میں محصور کر دیا گیا تھا۔ فوجی ملازمت میں وہ دو مرتبہ زخمی ہوئے۔

کرنل زعیم شادی شدہ تھے لیکن ان کے کوئی اولاد نہ تھی وہ ایک سپاہی تھے۔ اور بات کرتے وقت کھڑے رہنے کو ترجیح دیتے تھے۔ ... شام میں ... آزادی کی نشانی سمجھی جاتی ہے۔ ... فوج کی کمان اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد انھوں نے ... اختیارات اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد انھوں نے عورتوں کو رائے کا حق دینے کا وعدہ کیا۔

کرنل زعیم کے برسر اقتدار آنے کے بعد شام اور عراق کے درمیان تعلقات کشیدہ ہو گئے تھے۔ اس نے کہا انھوں نے عراق کی اس اسکیم کو مسترد کر دیا کہ عراق اور شام کو ایک سلطنت میں ملا دیا جائے۔

یہ بھی اطلاع موصول ہوئی تھی کہ پانچ ہزار عراقی فوج شامی سرحد پر جمع ہو رہی ہے۔ ...

کرنل زعیم شمالی شام کے شہر حلب میں پیدا ہوئے ... کی عمر اس وقت ۵۲ سال کی تھی ...

فوجی خدمات

سہارنپور کی خبریں

سہارنپور ۱۰ اگست ... آج دن میں ... کے قریب ... ایک ... میں ایک بھیا ... اس کی لاش ...

سہارنپور ۱۰ اگست ... پولیس نے یوپی کے ۵ مشہور ڈاکوؤں کو گرفتار کیا ہے ...

اخبارات کی اشاعت اور اشتہاروں پر ٹیکس لگائیں

نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس کا مطالبہ

نئی دہلی ۱۴ اگست ـ انڈین نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس کی اسٹینڈنگ کمیٹی، انڈین اینڈ ایسٹرن نیوز پیپرز سوسائٹی اور علاقائی زبانوں کے اخباروں کی سوسائٹی کا ایک مشترکہ اجلاس ... میں منعقد ہوا۔ اس میں گورنمنٹ آف انڈیا سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صوبائی حکومتوں کی تحریک کرے کہ اخباروں کی اشاعت اور اشتہاروں پر ٹیکس نہ لگائیں ...

بھائی شیخ وحید الدین کے انتقال پر

انجمن امن میرٹھ کی تعزیتی قرارداد

۱۴ اگست ۱۹۴۹ء کو میرٹھ میں جناب حاجی شیخ وحید الدین صاحب رئیس اعظم میرٹھ کے انتقال پر انجمن امن میرٹھ کا ایک جلسہ ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء کو بمقام لال کرتی میرٹھ زیر صدارت جناب پروفیسر عبد المجید خاں صاحب منعقد ہوا جس میں حسب ذیل تعزیتی تجویز منظور کی گئی:

یہ جلسہ جناب بھائی حاجی شیخ وحید الدین صاحب رئیس میرٹھ کے انتقال کو ملک کے لئے ایک نقصان عظیم تصور کرتا ہے ... آپ کی نیک نفسی ... آپ کے حسن اخلاق ... آپ کی ... بلا امتیاز مذہب و ملت ... ہندو مسلم اتحاد کے مشن کی تکمیل کے لئے ...

نئی دہلی کانفرنس کے کامیاب نہ ہونے پر ایڈمرل نمٹز کو بلایا جائے گا

کراچی ۱۴ اگست (پی ٹی آئی) نواب مشتاق احمد گورمانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ...

افکار ـــ پاکستان

خویش پروری

پاکستان کے سرکاری محکموں میں آج کل جو نا اتفاقی اور ... عام ہو رہی ہے اس کی اصلی وجہ خویش پروری اور ... ہے ...

(ڈان کراچی ـ ۹ اگست)

بچے

یہ بڑی حیرت انگیز بات ہے کہ جب ہم اپنے بچوں کے سلسلے میں کوئی تحریک شروع کرتے ہیں تو ہمارے ہاں ابھی اس کی کوئی پروا نہیں ہے ...

(مغربی پاکستان لاہور ۹ اگست)

حجازی ریڈیو

الحمدللہ حجازی ریڈیو کی تکمیل ...

مجلس اتحاد المسلمین توڑ دی گئی

مجلس کے مفید لیڈروں کا فیصلہ

ہندوستانی مال کے بائیکاٹ پر مشرقی بنگال کے وزیر تجارت کا بیان

کتنے سگریٹ آئے
اور کتنے سگریٹ گئے
مگر ڈی لکس
برابر چل رہا ہے
۵ آنے میں ۱۰
ڈی لکس ٹینر
ہمیشہ طلب کیجئے
جیس کارلین لیمیٹڈ لندن

نادر موقع
اپنا روپیہ اور قیمتی وقت بچائیے
ہر قسم کا مال بذریعہ ریل پاکستان کو دہلی کسٹم آفیسران کی نگرانی میں سیل بند روانہ کیا جاتا ہے جو کہ راستہ میں کہیں نہیں رک سکتا ہماری قیمتی خدمات سے فائدہ اٹھائیے
محمد سلام گنج
مکان عہ۱۵ فیاض گنج
بہادر گڑھ روڈ دہلی
ملاقات کا صبح ۹ بجے تک شام ۵ بجے کے بعد

معلم ہندی
...

ہوائی جہاز
کے ٹکٹوں کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں۔
(المشتہر)
دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران دہلی

مفت طلب کیجئے
...

ضرورت ...

ESTD. 1925
Daily **Aljamiat** الجمعیۃ
Delhi. 18-8-49

کرین باغیوں نے برما کی حکومت سے دو شہر واپس چھین لئے

حکومت برما کا سرکاری اعلان

شام کے سابق صدر کو واپس بلانے کی کوشش

قاہرہ ۱۷ اگست۔ شام کی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ شام کے نئے انقلاب میں جو کرنل حسنی کی سرکردگی میں ہوا ہے سابق صدر کو دوبارہ صدارت پر لانے کی کوشش کی جائے گی۔

شام کا انقلاب

(بقیہ صفحہ اول)

قاہرہ میں ماتم

کمنتان کے ۴۵ لیڈروں نے چینی حکومت سے بغاوت کر دی!

جنرلسمو چیانگ کائی شیک کی شدید مخالفت میں مشترکہ بیان

جنوبی چین کی فوجوں میں پست ہمتی کے آثار

ہانگ کانگ ۱۶ اگست۔ پیپنگ کے کمیونسٹ ریڈیو نے دعوی کیا ہے کہ وسطی، شمالی اور مغربی چین میں کمیونسٹ فوجیں تیزی کے ساتھ پیش قدمی کر رہی ہیں۔

کراچی کا ہنگامہ

(بقیہ صفحہ اول)

مغربی جرمنی پارلیمنٹ کے انتخابات

کیتھولک کرسچین پارٹی کی کامیابی

کرسچین ڈیموکریٹ	۶،۳۵۷،۵۷۹ ووٹ	۱۳۹ سیٹیں
سوشل ڈیموکریٹ	۶،۹۳۲،۲۷۲	۱۳۱
نوی ڈیموکریٹ	۲،۹۳۲،۲۶۲	۱۳۱
کمیونسٹ	۱،۳۶۰،۴۳۳	۱۵
ویرین پارٹی	۹۸۶،۶۰۶	۱۷

پنڈت نہرو کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

امریکہ کا دورہ

مسودہ آئین

تین باتیں

ہیگ کانفرنس کی تیاریاں

دی ہیگ ۱۷ اگست۔ انڈونیشیا کے متعلق ... کانفرنس کی تاریخ اور طریقہ کار کے ... کل قطعی طور پر طے ہو جانے کا امکان ہے ...

کنیڈا میں نئے ہندستانی ہائی کمشنر کی آمد

کرین باغیوں کی کامیابی

تقریبات آزادی

(بقیہ صفحہ ۱)

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے زبان کے مسئلہ پر اپنا فیصلہ دیدیا

ہندی ہی ایسی زبان ہے جس کو عوام کی زیادہ تعداد بولتی اور سمجھتی ہے

نئی دہلی ۱۶ اگست۔ دستور ساز اسمبلی کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے زبان کے متعلق اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی طور پر کسی زبان کو تمام ہندوستان کے لئے اختیار نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ صرف شمالی ہندوستان کی زبان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ اس کو ملک کی قومی زبان قرار دیا جائے۔ اس میں اس وقت جو الفاظ موجود ہیں یا وہ ہزاروں الفاظ جو غیر زبانوں کے پائے جاتے ہیں ان کو نہیں نکالا جا سکتا۔

۲۶ طالب علموں کی گرفتاری

لوزان میں مشترک کانفرنس کا التواء

لوزان ۱۶ اگست۔ عربوں اور یہودیوں کے ... اقوام متحدہ کمیشن کی وساطت سے گذشتہ سات ماہ سے یہاں گفت و شنید ہو رہی ہے ...

اورینٹ ایرویز وکنگ حج سروس

اورینٹ ایرویز نہایت مسرت سے اعلان کرتی ہے کہ انہوں نے کراچی تا جدہ اور ڈھاکہ تا جدہ کے لئے وکنگ ایرکرافٹ حج سروس کا ۲۶ اگست سے لیکر ستمبر ۱۹۴۹ء کے آخری ہفتہ تک انتظام کیا ہے۔ واپسی پر واز حج کے بعد ماہ اکتوبر میں ہوگی۔ واپسی شرح کرایہ حسب ذیل ہے:۔

کراچی تا جدہ ——— ۱۵۷۵ روپیہ
ڈھاکہ تا جدہ ——— ۲۱۰۰ روپیہ

اس سروس کے ذریعہ سفر کرنے والے خواہشمند اصحاب کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ ہمارے نزدیک ترین بکنگ آفس سے فوراً رجوع کریں۔ جو کہ مندرجہ ذیل شہروں میں واقع ہیں۔
کراچی - لاہور - راولپنڈی - پشاور - کوئٹہ - بمبئی - دہلی - کلکتہ - ڈھاکہ - اکیاب - چٹاگانگ - عدن - رنگون -

واپسی کرایہ کے علاوہ مسافروں کو ہمارے بکنگ آفسوں میں مندرجہ ذیل ڈیپازٹ جمع کرانے ہونگے جو کہ کمپنی کے ذریعہ عرب کی سعودی حکومت کو ٹیکسوں کی صورت میں واجب الادا ہیں۔

(۱) سعودی عربین گورنمنٹ ٹیکس جس میں معلم کی فیس بھی شامل ہے ۔ ۔ ۔ ۳۷۲ ۔ ۔ ۶ ۔ ۔ ۰ روپیہ
(۲) قرنطینہ فیس ۔ ۔ ۔ ۷۰ ۔ ۔ ۱۲ ۔ ۔ ۰ "

مسافروں کو ٹیکس اور اس کے ساتھ جدہ کے لئے واپسی کرایہ کا نصف بکنگ رجسٹر کراتے وقت اس بکنگ آفس میں ادا کرنا ہوگا جہاں کہ وہ بکنگ رجسٹر کرائیں گے۔ کرایہ کا دوسرا نصف ٹکٹ خریدنے کے وقت واجب الادا ہے۔ ہر ایک پوری سواری کے لئے فری سامان ۴۴ پونڈ تک لے جانے کی اجازت ہے۔ تین سے بارہ سال تک کی عمر کے بچے کی ٹکٹ کی شرح نصف واپسی کرایہ ہے۔ اور فری سامان بھی نصف یعنی ۲۲ پونڈ تک لے جانے کی اجازت ہے۔ تین سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے واپسی کرایہ کا دس فی صدی لیا جائے گا لیکن فری سامان کے لئے کوئی الاؤنس نہیں دیا جائے گا۔

چونکہ سیٹوں کی محدود مقدار واجب الحصول ہے۔ لہٰذا مسافروں سے التماس کی جاتی ہے کہ وہ فوراً بلا تاخیر الاٹمنٹ کے لئے درخواست کریں۔ الاٹمنٹ منظور ہو جانے کے بعد ان سے ٹکٹ خریدنے کے لئے کہا جائے گا۔ مسافروں کو مزید مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کراچی اور ڈھاکہ پہنچنے کے لئے اپنا انتظام خود کریں۔ اور اس مطلب کے لئے ہماری معمولی مقرر کردہ سروس کو عام مقررہ شرائط پر استعمال کریں۔

بیت اللہ میں تشریف لے جانے والے حاجیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن میں لگوالیں۔ اور اپنے ہاں کے سول سرجن یا ڈسٹرکٹ یا پبلک ہیلتھ آفیسر آف ہیلتھ سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں جیسا کہ اس وقت مہیا کیا گیا ہے۔

اورینٹ وکنگ حج سروس مندرجہ ذیل تاریخوں پر چلیگی

ابتدائی سروس	واپسی سروس
۲۶ اگست — کراچی — جدہ	۸ اکتوبر — جدہ — کراچی
۲۸ اگست — کراچی — جدہ	۱۰ اکتوبر — جدہ — کراچی
یکم ستمبر — ڈھاکہ — کراچی	۱۳ اکتوبر — جدہ — کراچی
۲ ستمبر — کراچی — جدہ	۱۴ اکتوبر — جدہ — ڈھاکہ
۸ ستمبر — کراچی — جدہ	۲۱ اکتوبر — جدہ — کراچی
۱۰ ستمبر — کراچی — جدہ	۲۳ اکتوبر — جدہ — کراچی
۱۲ ستمبر — ڈھاکہ — کراچی	۲۶ اکتوبر — جدہ — کراچی
۱۵ ستمبر — کراچی — جدہ	۲۷ اکتوبر — جدہ — ڈھاکہ
۱۶ ستمبر — کراچی — جدہ	۳۱ اکتوبر — جدہ — کراچی
۲۰ ستمبر — کراچی — جدہ	۲ نومبر — جدہ — کراچی
۲۳ ستمبر — کراچی — جدہ	۶ نومبر — جدہ — کراچی

اورینٹ ایرویز لمیٹڈ
ORIENT AIRWAYS LTD.
رفتار ——— خدمت ——— حفاظت

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

سالانہ قیمت ۴۰ روپے | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۲ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۹ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۹۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

گارنٹی شدہ
خالص سونے کے
وسادہ کاری قیمتی زیورات
بھراتاجی دری مہتی (رجسٹرڈ)
جیولرز
چاندنی چوک متصل بلیماران دہلی
فون نمبر 5124

یوگوسلاویہ نے یونانی گوریلوں پر حملہ کر دیا

لندن ۱۸ اگست۔ آزاد یونانی ریڈیو نے خبر دی ہے کہ یوگوسلاویہ نے یونان میں یونانی گوریلا دستوں پر حملہ کر دیا ہے۔ ... البانیہ کی سرحد پر امن و انتظام قائم کرے۔ (رائٹر)

کینٹن خالی ہونے لگا۔ امریکن قونصل خانہ کو بند کرنیکا حکم

شنگھائی سے بھی امریکنوں کو نکالنے کی بات چیت ہو رہی ہے

شانسی کے پورے صوبہ میں کمیونسٹ فوجیں پھیل گئیں۔ پیپنگ ریڈیو کا اعلان

یوم آزادی پر وزیر داخلہ سی پی کی جمعیۃ علماء کے جلسہ میں تقریر

فرقہ پرستی اور کمیونزم سے دور رہنے کیلئے مسلم طلباء کو تلقین

جس قیمت پر بھی ہو ملک کی آزادی کی حفاظت کرو

انڈونیشی کمانڈر انچیف کا پیغام

صدر فلپائن واپس چلے گئے

امریکہ کو زبردست انتباہ

گولوالکر اور سردار پٹیل کی ملاقات

جائداد کی بحالی کے متعلق عربوں اور یہودیوں کی کانفرنس

اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کے ممبران کی شرکت

پشاور میں آتشزدگی

پینگ ریڈیو کا اعلان

پاکستان نے جائدادوں کا تبادلہ کرنے کی اجازت دیدی

صرف ۳۱ اگست تک درخواستیں لی جائیں گی

فرانسیسی سامراجیوں نے ہند چینی میں وسیع پیمانہ پر حملہ شروع کر دیا

چینی کمیونسٹوں کے سرحد پر پہنچنے سے قبل فیصلہ کن فتح کی کوشش

ڈچ پارلیمنٹ میں انڈونیشیا کے مسئلہ پر بحث شروع ہو گئی

استعمار پسند ممبر انڈونیشیا کو بدستور غلام رکھنے کے حق میں

جمہوریہ انڈونیشیا پر بے بنیاد الزامات

دی ہیگ ۱۷ اگست۔ کل ڈچ پارلیمنٹ میں الزام لگایا گیا کہ ...

کانپور میں ایک مل کی چھت گرپڑی۔ پانچ اشخاص ہلاک و مجروح

سخت بارش کا نتیجہ

ہفتہ میں ایک دن کا راشن نہیں ملیگا

کچ بچ کے علاقہ میں ایک جلوس پر پولیس کا فائر

جلوس میں شریک ہونے والوں نے پولیس پر بم پھینکے

انگریزی اور ہندی اخبار کے اجراء اور پریس کے قیام

ہند چینی میں اہم گرفتاریاں

فوچو پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو گیا

کلکتہ میں کمیونسٹوں نے پولیس پر بموں اور اینٹوں سے حملہ کردیا

پولیس نے مجمع منتشر کرنے کے لئے گولی چلائی

کلکتہ ۱۸ اگست۔ کل پولیس نے بڑا بازار (جنوبی کلکتہ) میں تقریباً .. کمیونسٹوں کے جلوس کو منتشر کرنے کے لئے گولیوں کے چھ راؤنڈ چلائے۔ ہلاک شدگان اور زخمیوں کی تعداد ابھی معلوم نہیں ہوسکی بتایا جاتا ہے کہ اہل جلوس سڑک پر کمیونسٹ نعرے لگاتے جا رہے تھے۔ اور لوگوں کو پولیس کے خلاف اکسا رہے تھے۔ ان کے پاس لوہے کی سلاخیں، بم اور دوسرے ہتھیار تھے۔ پولیس اطلاع ملنے پر موقعہ پر پہنچی جس نے اہل جلوس کو منتشر ہونے کو کہا۔ لیکن جلوس نے بموں اور اینٹوں سے پولیس پر حملہ کردیا جب صورت حالت بدتر ہوگئی تو پولیس نے گولی چلائی۔ اہل جلوس نزدیکی گلی میں گھس کر بھاگ گئے۔

پولیس نے اسلحہ چھین لیا اور چار اشخاص گرفتار کرلئے۔ اس علاقے میں مسلح پولیس بٹھادی گئی ہے

مزید اطلاع مظہر ہے کہ گذشتہ روز بعد دوپہر بلیا گھاٹ پر چند کمیونسٹوں اور ایک کلب کے ارکان کے درمیان تصادم ہوا۔ کلب کے دروازے پر قومی جھنڈا لہرا رہا تھا کمیونسٹوں نے قومی جھنڈے کو گرانے کی کوشش کی اور اپنا لال جھنڈا لہرانا چاہتے تھے۔ ارکان کلب نے عوام کی مدد سے کمیونسٹوں کا تعاقب کیا۔ ایک کمیونسٹ کو پکڑلیا۔ اور اسے پولیس کے حوالے کردیا۔ تصادم کے دوران فریقین کے کئی اشخاص کو معمولی زخم آئے۔ بلیا گھاٹ میں پٹ سن کی ایک مل کے مزدوروں نے جلوس نکالا جس پر دو بم پھینکے گئے جن میں سے ایک پھٹ گیا لیکن کوئی آدمی زخمی نہیں ہوا۔ اس ضمن میں کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی کل شام رانی ہندرہ اسٹریٹ میں (کلکتہ) .. میدان پر یوم آزادی کے سلسلے میں جلسہ منعقد ہوا چند فسادیوں نے جلسہ پر خشت باری کی پتھر لگنے سے ایک لڑکا زخمی ہوا۔ فسادی بھاگ گئے۔

موٹر وغیرہ کے پرمٹوں کا ناجائز استعمال

مشرقی پنجاب میں تحقیقات ہوگی

دہلی ۲۰ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان سے ایک خیرسگالی مشن حجاز مقدس جا رہا ہے اس مشن کے دو ممبر حضرت مولانا محمد میاں فاروقی [illegible] جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدنی رکن جمعیۃ مرکزیہ ۲۰ اگست کو روانہ ہو رہے ہیں۔ دو اور ارکان حضرت مولانا سعید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند اور حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی ممبر مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند بعد کو روانہ ہوں گے۔ (نامہ نگار)

کراچی ۲۰ اگست۔ ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان [illegible] گفت وشنید [illegible] کامیاب ہوگئی ہے۔ [illegible] ۔ (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

زبردستی کوئی زبان ٹھونسنے سے وحدت واتحاد کا مقصد حاصل نہ ہو سکیگا

مادری زبان جیسے بنیادی مسائل پر شکایت کا موقع نہ دیا جائے

تمام صوبائی حکومتوں سے حضرت مولانا آزاد وزیر تعلیم کی اپیل

وزراء تعلیم کی کانفرنس میں مسئلہ زبان پر مولانا آزاد کے خیالات کی تائید

نئی دہلی ۲۰ اگست۔ ہندوستان ایک وسیع ملک ہے جہاں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں ہمیں بلاشک وشبہ یہ بات تسلیم کرلینی چاہیے کہ یہ تمام زبانیں ہندوستان ہی کی زبانیں ہیں۔ اور ان کے ساتھ یکساں سلوک ہونا چاہیے۔ چونکہ یہ سب زبانیں ہندوستانی ہیں پھر کیا اعتراض باقی رہ جاتا ہے اگر کسی خاص صوبہ کی اقلیت ایک ایسی زبان برتتی ہے یا سیکھتی ہے جو اکثریت کی زبان نہیں ہے؟ اگر ہمارا مقصد وحدت قائم کرنا بھی ہو تب بھی یہ مقصد جبر واکراہ یا زبردستی کوئی زبان ٹھونسنے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ یہ ہیں وہ الفاظ جو امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم حکومت ہند نے کل صوبائی وزراء تعلیم کی ایک کانفرنس میں کہے۔ جو مرکزی وزارت تعلیم نے نئی دہلی میں طلب کی ہے۔

اس کے بعد حضرت مولانا نے حاضرین کانفرنس کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ حال ہی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی نے اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر غور کیا ہے۔ اور نہایت غور وخوض کے بعد ایک قرارداد منظور کی ہے جو یقیناً آپ حضرات کی نظروں سے گزری ہوگی۔ میں مطمئن ہوں کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے جو طرز عمل اختیار کیا ہے وہ ایک صحیح طرز عمل ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ لوگوں کی رائے بھی یہی ہوگی اور آپ بھی نہایت صفائی اور حسن ذہنی سے اس مسئلہ کو سوچیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر ایسا کیا گیا تو ہر قسم کی شکایات رفع ہو جائیں گی۔ اور تب ہم اس مسئلہ کو دائمی طور پر اس طرح حل کر سکیں گے کہ مستقبل میں کسی قسم کی شکایت کا موقع نہ رہے گا۔

زبان کے مسئلہ کی اہمیت

ہماری نئی جیتی ہوئی آزادی کی سیاق عبارت میں مسئلہ زبان کا ایک تسلی بخش حل خصوصی اہمیت رکھتا ہے ہم نے ابھی آزادی حاصل کی ہے اور یہ بہت ضروری ہے کہ قوم کے اجزاء ضروری میں یگانگت اور استحکام پیدا کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش عمل میں لائی جائے۔ اگر ہم نے مادری زبان جیسے بنیادی سوال پر شکایت کا موقع دیا تو مجھے خدشہ ہے کہ اس کے نتائج قومی زندگی کے تمام پہلوؤں پر اثر انداز ہوں گے۔

راجکماری امرت کور، ڈاکٹر ایس ۔ پی ۔ مکرجی، مسٹر بی ۔ جی ۔ کھیر، اور ڈاکٹر بی ۔ ایس ۔ ونکٹیشور نے حضرت مولانا کے خیالات کی تائید کی تمام مقررین نے بغیر کسی ذہنی تحفظ کے زبان کے معاملہ میں ہر قسم کے ایسے جبر کی مذمت کی جو طلباء پر ان کی مادری زبان کا لحاظ رکھے بغیر کیا جائے۔ کانفرنس کے تمام شرکاء بلا کسی اختلاف کے کانگریس ورکنگ کمیٹی کے منظور کردہ اصولوں پر متفق ہوگئے۔

کانفرنس میں جب دوسرے مسئلہ پر بحث کی گئی وہ بچوں کی صحیح دیکھ بھال اور ان کی صحیح تعلیم سے متعلق تھا حضرت مولانا آزاد کے خیال میں یہ خاص توجہ کا محتاج ہے۔ (باقی صفحہ ۲ پر ملاحظہ فرمائیں)

حیدرآباد میں گرفتاریاں

حیدرآباد دکن ۲۰ اگست۔ [illegible] جو اقوام متحدہ کے اجلاس میں شرکت کیلئے [illegible] حیدرآباد دکن [illegible] گرفتار کر لئے گئے۔ (پ ۔ ٹ)

صدر کو ہنگامی حالات میں زبردست مالی اختیارات دیدیئے گئے

یہ اختیارات جمہوری اسپرٹ کے لئے ایک چیلنج ہیں بعض ممبران کی طرف سے سخت اعتراضات

نئی دہلی ۲۰ اگست ۔ دستور ساز اسمبلی میں آج دفعہ ۲۷۷ پر بحث جاری رہی۔ اس دفعہ میں ہنگامی حالات کے وقت صوبوں اور مرکز کے درمیان مالی انتظامات میں تبدیلی کرنے کے لئے اختیارات کا ذکر ہے۔

اڑیسہ کے سابق وزیر اعظم مسٹر بسواناتھ داس نے دفعہ کی مخالفت کی اور کہا کہ [illegible] کمیٹی ایسے اختیارات کو نہیں چاہتی۔ اگر مرکز اور صوبوں میں مختلف سیاسی پارٹیاں برسر اقتدار ہوں تو اس دفعہ کے غلط استعمال کا سخت اندیشہ ہے۔ مدراس میں اس قسم کا خطرہ ہو چکا ہے۔ [illegible]

[illegible] کا شکار ہو جائے۔ کیونکہ اگر برما سے کمیونسٹ داخل ہو گئے تو مرکز اس اختیار کو ضرور استعمال کرے گا۔ دوسرے اس طرح صوبے مرکز کے ہاتھ میں محض کٹھ پتلی بن کر رہ جائیں گے۔ مدراس کی [illegible] نے دفعہ کی حمایت کی۔ لیکن کہا کہ صدر سے مراد وہ صدر ہوگا جو کابینہ کے مشورے پر عمل کر رہا ہو۔ دوسرے یہ اختیار صرف ہنگامی حالات کی صورت میں ہوں گے۔ تیسرے یہ اختیارات ہر صورت میں مالی سال سے زیادہ نہیں بڑھیں گے۔ چوتھے اس اختیارات پر عمل کی صورت میں پارلیمنٹ ہر وقت مداخلت کر سکتی ہے۔ [illegible]

میسور کے مسٹر [illegible] نے اس دفعہ کی حمایت کی شدید ہنگامی حالات میں تمام ذمہ داری مرکز کی ہونی چاہیے اگر ایسا نہ ہوا تو صوبوں اور مرکز میں سخت اختلافات رونما ہوں گے۔ (باقی صفحہ ۲ پر)

آسام کے ممبر مسٹر [illegible] نے کہا کہ یہ بہت خطرناک ہے اور اس کا بہت امکان ہے کہ آسام سب سے پہلے اس

پاکستان میں ترقی کے چھ منصوبے

فوری طور پر کام شروع ہو رہا ہے

کراچی ۲۰ اگست۔ حکومت پاکستان نے ترقی کی چھ [illegible] اسکیموں کے سلسلہ میں [illegible] کا فیصلہ کیا ہے ان میں [illegible]

اطالوی سابقہ نوآبادیات کا مسئلہ

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کا بیان

لیک سکسس ۲۰ اگست۔ مسٹر ٹریگولی سکریٹری جنرل اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ وہ باضابطہ طور پر اپنی کوئی تجویز پیش نہیں کریں گے کہ اٹلی کی سابقہ نوآبادیات کو براہ راست اقوام متحدہ کی تولیت میں دیدیا جائے۔

مسٹر لی نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ انہوں نے اپنی سالانہ رپورٹ میں جو جنرل اسمبلی کے روبرو پیش کی جائے گی اطالوی سابقہ نوآبادیات کو براہ راست اقوام متحدہ کی تولیت میں دے دینے کی سفارش کی ہے۔ [illegible]

مالیگاؤں ۲۰ اگست (یو ۔ پی ۔ آئی) یہاں پر جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ ضلع [illegible] جعفر آباد کے نزدیک [illegible] میں تصادم ہو گیا جس میں گیارہ اشخاص ہلاک اور ۳ زخمی ہوئے۔ مزید اطلاعات کا انتظار ہے۔

آزاد کشمیر کی فوجوں کا معاملہ پھر ہند وپاکستان کے درمیان زبردست رکاوٹ بن کر آگیا

کشمیر کمیشن کی مجوزہ مشترکہ کانفرنس اختلاف کے باعث نہیں ہو سکی

کمیشن کو اب بھی دونوں میں سمجھوتہ کرانے کی امید ہے

نئی دہلی ۲۰ اگست کشمیر کمیشن کی طرف سے ایک اعلان شائع ہوا ہے جس میں ان امور کو بتایا گیا ہے جو ہند و پاکستان کی [illegible] کانفرنس [illegible] کا باعث ہوئے۔ [illegible]

آزاد کشمیر کی فوجوں کی واپسی، پاکستانی باشندوں کی واپسی، ہندوستانی فوجوں کے ایک بڑے حصہ کی واپسی [illegible] (باقی صفحہ ۶ پر دیکھئے)

لکھنؤ میں پاکستان جانے والوں کی جائدادوں اور اداروں پر قبضہ!

ایک دو دن کے اندر ایک ہزار مکانات پر قبضہ کیا جائے گا

کسٹوڈین جنرل مسٹر اچھرو رام مشورہ کرنے کیلئے لکھنؤ پہونچ گئے

لکھنؤ ۲۰ اگست۔ حکومت یوپی کے احکام کے تحت حکام متعلقہ نے کل لکھنؤ میں متروکہ جائدادوں پر اپنا قبضہ کر لیا پاکستان جانے والوں کے مکانوں اور اداروں پر قبضہ کیا گیا ہے ان کی تعداد تقریباً ایک سو ہے ان میں صدر پاکستان مسلم لیگ چودھری خلیق الزماں کی جائداد بھی شامل ہے

[illegible]

ارکان مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا ضروری اعلان

دہلی ۲۰ اگست۔ [illegible]

حکومت حیدرآباد نے اعلان کے باوجود قاسم رضوی کو قانونی سہولتیں نہ دیں

نواب معین نواز جنگ کی مجلس تحفظ کے سامنے شکایت

مجلس کے صدر کے نام حیدرآباد کے سابق وزیر خارجہ کا خط

لیک سکسس ۔ ۲۰ اگست

ریاست حیدرآباد کے سابق وزیر خارجہ نواب معین نواز جنگ نے ریاست میں حکومت ہند کے ایکشن کے خلاف مجلس تحفظ کے صدر کو پھر شکایت پیش کر دی۔ انہوں نے صدر کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ:

"میں آپ کو یہ اطلاع دیتا ہوں کہ باوجود اس کے کہ حیدرآباد کی فوجی حکومت نے یہ اعلان کیا تھا کہ سید قاسم رضوی اور وزراء کو ان کے خلاف مقدمات میں پوری قانونی سہولتیں بہم پہونچائی جائیں گی۔ ریاست کی فوجی حکومت نے مذکورہ بالا اشخاص کو تمام قانونی سہولتیں حاصل کرنے کے راستے بند کر دیئے ہیں۔ ان لوگوں کو اس وقت سے جب سے کہ حکومت ہند نے حیدرآباد میں پولیس ایکشن کیا ہے، ان کو آزادی سے محروم کر دیا گیا ہے۔"

چودھری خلیق الزماں کا بیان

کراچی ۲۰ اگست۔ چودھری خلیق الزماں صدر آل پاکستان مسلم لیگ نے جو عنقریب مشرق وسطیٰ کے دورہ پر جا رہے ہیں ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کو بتایا کہ ان کے دورہ کا مقصد یہ ہے کہ [illegible] مقاصد کے لئے مسلم ریاستوں کی علاقائی گروہ بندی سے قبل ایک عوامی تنظیم کے قیام کے امکان پر وہاں کے عوامی لیڈروں سے گفت وشنید کی جائے۔

[illegible]

سرکاری افسروں نے کینٹن سے بھاگنا شروع کر دیا

کمیونسٹ فوجیں کانسو صوبہ کے دارالسلطنت سے صرف بیس میل کے فاصلہ پر

ہانگ کانگ ۲۰ اگست۔ حکومت چین کے دارالسلطنت کینٹن کا انخلاء شروع ہو گیا ہے۔ نصف سے زائد سرکاری افسران شہر سے بھاگ گئے ہیں اور جو باقی بچے ہیں بھاگنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

[illegible]

اسٹرلنگ علاقے سے جرمنی کا معاہدہ

[illegible]

زائرین بیت اللہ شریف متوجہ ہوں

بمبئی ۲۰ اگست (پی ۔ ٹی ۔ آئی) [illegible]

ہمیں بلا امتیاز تمام ہندوستانی زبانوں سے مساوی سلوک کرنا چاہیئے (مولانا آزاد)

یونانی باغیوں کی البانیہ میں گرفتاریاں

مادری زبان کیلئے لڑنیوالے برطانوی بیوروکریسی سے زیادہ سخت ہو گئے ہیں (ڈاکٹر مکرجی)

۱۹۵۱ء کی تجارتی کانفرنس

شاید مصر میں منعقد ہوگی

شام کی نئی حکومت پر فرانس اور برطانیہ

آزادی کے استحکام کیلئے زبان کے معاملہ میں فراخدلی برتی جائے (مسٹر کھیر)

صوبائی وزراء تعلیم کے جلسہ میں مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت پر غور

(بقیہ صفحہ اول)

کرین باغیوں کے خلاف شان باشندوں نے اعلان جنگ کر دیا

برما کی موجودہ سیاست میں ایک اور اہم تبدیلی

چین کے کمیونسٹ رہنما ماؤ سی تنگ کے متعلق افواہیں

سخت بیمار ہیں؟ انتقال کر گئے؟؟ ماسکو گئے ہیں

کشمیر کے معاملہ پر ہند اور پاکستان کو مشورہ

ایک انگریزی اخبار میں ایک مضمون

باؤ ڈائی سے سمجھوتہ

سید قاسم رضوی کو پوری قانونی امداد کی اجازت نہیں دی گئی

عالمی مسلم کانفرنس کی طرف سے اقوام متحدہ میں شکایت

ایران امریکہ سے امداد کا مطالبہ کر رہا ہے

روس سے خوف۔ طہران کے اخبارات کی تحریک

منگل کے دن انڈونیشیا کی گول میز کانفرنس کا افتتاح

افتتاح ہالینڈ کے وزیر اعظم مسٹر ڈریس کرینگے

پوری کارروائی ریڈیو سے نشر کی جائے گی

برطانیہ ایٹم بموں کیلئے جنوبی افریقہ سے یورینیم حاصل کریگا

جنوبی افریقہ کے نمائندوں سے گفت و شنید

ناقابل اطمینان توجیہ

مجوزہ بل

بائیں بازو والی پارٹیوں کے متحدہ محاذ کو فی الحال ملتوی کر دیا گیا

متحدہ سوشلسٹ کانگریس کے اجلاس میں محاذ کا فیصلہ ہو گیا

پانچ لاکھ سے زائد عرب پناہ گزین

شرق اردن میں مقیم ہیں

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کے سلسلہ میں

ڈرافٹ یا چک کس کے نام ہو؟

جمعیۃ علماء ہند کی امداد کرنے والے حضرات اگر امدادی رقوم بذریعہ چک بھیجیں تو چک یا ڈرافٹ صرف مولانا حفظ الرحمن صاحب کے نام پر ہونا چاہیئے۔

محمد حمید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۲ اگست ۱۹۴۹ء

جمہوریت اور کمیونزم

دہلی یونیورسٹی میں ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی موجودگی میں اس موضوع پر ایک زبردست مباحثہ ہوا ہے کہ کمیونزم کو جمہوریت کا بہترین جواب کیا ہوسکتا ہے، یہ مباحثہ اس قدر دلچسپ تھا کہ اس میں پنڈت جی کو بھی شریک ہونا پڑا، ہندوستان کے دو نمایندوں نے دو امریکن نمایندوں کے ساتھ اس بحث میں حصہ لیا اور ہر شخص نے کمیونزم کو جواب دینے کے لئے جمہوریت کی پناہ لی۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا کہ کمیونزم کے چیلنج کا جواب یہ ہے کہ رنگ کا امتیاز ختم کیا جائے ... جمہوریتوں کے ذریعہ مجلس متحدہ اقوام کو باوقار بنایا جائے اور جمہوری سوشلزم کو اپنایا جائے۔

اچھی باتیں!

ولقد۔ تا۔ الورید (پ ۲۶)

ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اس لئے ہم جانتے ہیں کہ اس کے دل میں کیا کیا وسوسے اٹھتے ہیں اور ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

خدا انسان کا اور تمام کائنات کا خالق ہے اور خالق اس لئے ہے کہ وہ ہر چیز سے باخبر ہے اگر وہ باخبر نہ ہوتا تو خالق بھی نہ بنتا وہ جانتا ہے کہ انسان کے دل میں کیا ہے اور اس کے سینہ میں کیسے کیسے ولولے اٹھتے ہیں سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ خدا انسان کو پیدا کرکے بے تعلق نہیں ہوگیا اور نہ وہ اس سے جدا ہوا وہ تو انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے اور اسی لئے اس کی حرکات و سکنات سے بخوبی واقف ہے، یہ تصور جس قدر قوی ہوگا کہ خدا ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے اسی قدر اس میں ذمہ داری کا احساس پیدا ہوگا اور ہر قسم کی برائیوں سے بچے گا آج یہی تصور کمزور پڑگیا ہے اس لئے ہمیں برے کام کرنے میں کوئی شرم محسوس نہیں ہوتی ضرورت ہے کہ ہر مسلمان بلکہ ہر انسان خدا کے قرب کو محسوس کرے تاکہ خدا کی دوسری مخلوق کو بھی اپنے قریب لا سکے۔

افسوسناک اور تعجب انگیز

(از جناب مولانا احمد سعید صاحب اکبر آبادی پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ)

(۲)

افکار پاکستان

غداروں اور بدکرداروں کو سزا

چیانگ کی شکست کے اسباب

فلسطین اور پاکستان

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

دہلی میونسپلٹی کے حکام سے

جائدادوں کا تبادلہ

عورتوں میں جمعیۃ علماء کی تنظیم

سلیم پور ضلع سہارنپور کا پرائمری اسکول

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

ہماری آزادی مہاتما گاندھی کے عدم تشدد کے ہتھیار کی مرہون منت ہے

استنبول میں ہند کی یوم آزادی کی شاندار تقریب۔ ترکی اخبارات کے تبصرے

استنبول [illegible] اگست۔ یوم آزادی کے موقع پر ترکی میں مقیم ہندوستانی سفیر دیوان چمن لال اور مسز چمن لال نے پارک ہوٹل استنبول میں ایک دعوت کا اہتمام کیا جس میں فرانس، مصر، چین، برطانیہ، ارجنٹائن، لبنان، چلی، ڈنمارک، ناروے کے سفیر اور [illegible] ترکی کے فوجی و شہری افسر اور دیگر سرکردہ اخباروں کے مالک اور ایڈیٹر شامل ہوئے۔ [illegible] مہاتما گاندھی کی تصویر رکھی گئی تھی۔

[illegible] ہندوستان کا قومی جھنڈا لہرایا گیا۔ [illegible]

ترکی کے اخبارات نے ہندوستان کی گزشتہ دو سال کی کامیابیوں پر مضامین لکھے۔ [illegible] ہندوستان کی آزادی مہاتما گاندھی کے عدم تشدد کے بے نظیر ہتھیار کی مرہون منت ہے [illegible]

انقرہ میں ہندوستان کا یوم آزادی

[illegible]

ہندوستان کی آزادی کی دوسری سالگرہ

دنیا کے کونے کونے سے مبارکباد کے پیغامات

نئی دہلی ۱۹ اگست۔ ہندوستان کی آزادی کی دوسری سالگرہ کی تقریب پر گورنر جنرل ہند کو مبارک باد اور نیک خواہشات کے مزید بے شمار پیغامات موصول ہوئے ہیں۔ جن کا اختصار درج ذیل ہے۔

محمد ظاہر شاہ افغانستان نے اپنی اور اپنے ملک کے لوگوں کی طرف سے ہندوستان کے لوگوں کو دوستانہ مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے [illegible] دونوں ملکوں کے [illegible] تعلقات اور ہندوستان کی خوش حالی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

ہیل سلاسی اول، شہنشاہ ابیسینیا نے مبارک باد اور نیک خواہشات کا پیغام بھیجا ہے۔

[illegible]

تقسیم کشمیر کا پروپیگنڈا کرنیوالی جماعت

[illegible]

یوپی کی زبان ہندی اور دیوناگری رسم الخط سے ہندی نہ جاننے والوں کو مشکلات

آسان زبان استعمال کرنے کے لئے پنڈت سیتا رام [illegible] کا مطالبہ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) یوپی پراونشل کانگرس کمیٹی کے رکن پنڈت سیتا رام [illegible] نے دو قرار دادیں مرتب کی ہیں جو [illegible] اگست کو ہونے والے یوپی کانگرس کمیٹی کے اجلاس میں پیش کریں گے۔ [illegible] پنڈت سیتا رام [illegible] کی دونوں قرار دادوں کا متن حسب ذیل ہے۔

قرارداد نمبر ۱۔ یوپی کی زبان ہندی اور رسم الخط ناگری ہونے کی وجہ سے ہندی نہ جاننے والے لوگوں کو بڑی دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ لہذا صوبہ کانگرس کمیٹی یوپی اسمبلی اور اخباروں کے ایڈیٹروں اور نامہ نگاروں سے باادب گزارش کرتی ہے کہ وہ جہاں تک ممکن ہو آسان سے آسان لفظوں کو استعمال کریں تاکہ عام پبلک کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

قرارداد نمبر ۲۔ ہندوستان اور دنیا کے حالات پر کافی غور کرنے کے بعد [illegible] کانگرس کو [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے لبیک کہی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ امید ہے کہ دیگر مخلصین [illegible] بھی اس طرف توجہ فرمائیں گے۔

[illegible]

ٹونک میں یوم آزادی کا جلسہ

صدر جمعیۃ علماء راجستھان کی تقریر

ٹونک [illegible] اگست کو یوم آزادی کی تقریب کے موقع پر [illegible]

[illegible]

دارالیتامیٰ سردار پور

ضلع بھاگلپور کا انتخابی جلسہ

[illegible]

امروہہ میں نوجوانان قریش کی کانفرنس

[illegible]

کل ہند اردو کانفرنس کی انتظامی کمیٹی کے عہدیداروں کا انتخاب

مختلف سب کمیٹیوں کا قیام۔ اور مجلس عاملہ کا اجلاس

بنارس [illegible] اگست۔ کل ہند اردو کانفرنس بنارس کی مجلس انتظامیہ کا ایک جلسہ [illegible] زیر صدارت جناب محمد شکور صاحب ایم اے، ایل [illegible] منعقد ہوا [illegible] حسب ذیل ہے۔

[illegible]

شکر کی پیداوار کا نقشہ

[illegible]

مفت طلب کیجئے

[illegible]

ادارہ آفتاب رسالت۔ بلی ماران دہلی

ضرورت

[illegible]

پتہ:۔ میلتھو کیور انسٹی ٹیوٹ (۵۱) گاندھی نگر۔ پوسٹ شاہدرہ دہلی

پاک ایئر لمیٹڈ

روزانہ مقررہ سروسیں

دہلی سے کراچی لاہور

اوقات

دہلی کراچی ہر منگل کو

دہلی لاہور روزانہ سروس

کرائے

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے۔

ایرینر وسنز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

یادگار سلف

[illegible] سید احمد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ [illegible] سید سلیمان ندوی [illegible] شیخ الاسلام مولانا [illegible]

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ

الجمعیۃ بک ایجنسی [illegible]

ہندی زبان مسلمان ہو رہی ہے

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جزو یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی رسم الخط سیکھیں۔ اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے اس مقصد کے لئے حسب ذیل کتابیں مفید ہیں۔ [illegible]

ہندی ماسٹر حصہ اول سات آنے

حصہ دوم

حصہ سوم بارہ آنے

ہندی اردو لغت:۔ لعنی ہندی الفاظ کا ترجمہ اردو میں

اردو ہندی لغت:۔ یعنی اردو الفاظ کا ترجمہ ہندی میں

اسلام کا پرچیہ:۔ [illegible]

اسلام کی بنیادی تعلیم قیمت صرف سات آنے

سنتیہ دھرم:۔ قیمت صرف چھ آنے

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت

۲۰ اگست

موٹر بسوں کی ہڑتال

ٹرانسپورٹ ممبر سے مسٹر سکسینہ کی اپیل

نئی دہلی بسوں کے بارہ صد ورکروں کی ہڑتال کو آج بارہ دن ہو گئے۔ ابھی سمجھوتہ کی کوئی صورت پیدا نہیں ہوئی۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] مسٹر سکسینہ نے اس سلسلہ میں ایک چٹھی [illegible]

[illegible]

محفل وعظ

آج مورخہ [illegible] اگست بروز ہفتہ بعد نماز عشاء [illegible] کوچہ پنڈت چاہ بنگلی محفل وعظ منعقد ہوگی۔ جس میں مولانا مولوی محمد فضل صاحب دہلوی اور جناب مولانا مولوی محمد احمد صاحب صابری دہلوی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تقاریر فرمائیں گے [illegible]

جامعہ طبیہ میں [illegible] کا اجتماع

[illegible]

برطانوی وزیر خارجہ نئی دہلی میں

[illegible]

صوبائی وزراء تعلیم کا جلسہ

بقیہ صفحہ ۲

[illegible]

پاکستان میں ہندوستانی مال کا بائیکاٹ

کپڑے کے تھوک تاجر اپنی کانفرنس بلا رہے ہیں

کراچی ۲۰ اگست۔ پریس ٹرسٹ کا نامہ نگار رقم طراز ہے کہ یہاں مشرقی اور مغربی پاکستان کے کپڑے کے تاجروں کی ایک کانفرنس وسط ستمبر میں منعقد ہوگی جس میں وسیع پیمانہ پر ہندوستانی کپڑے کے بائیکاٹ کو کامیاب بنانے کے طریقوں پر غور و خوض کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ [illegible] اگست کو کپڑے کے تھوک تاجروں کی ایکشن کمیٹی نے کیا ہے۔

[illegible]

نئی دہلی کی اطلاع

[illegible]

شمالی انگلستان میں ایک ہوائی جہاز کے تصادم کا حادثہ

۲۷ افراد ہلاک اور ۷ اشخاص مجروح

[illegible] اگست۔ کل شمالی انگلستان میں ایک ہوائی جہاز کے حادثہ میں ۲۷ اشخاص ہلاک ہو گئے۔ [illegible]

(رائٹر)

پنڈت نہرو کا دورہ مشرقی پنجاب

[illegible] ۲۰ اگست۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ پنڈت نہرو کا مشرقی پنجاب کا دورہ [illegible] ملتوی کر دیا گیا ہے۔ [illegible] (پ ٹ)

نیا جاپانی نقلی ریشم کا بیوپاری

[illegible]

کالے گورے بن سکیں گے

امریکہ میں نئی دوا دریافت کر لی گئی

[illegible]

یوپی میں غلہ جمع کرنے کی اسکیم

[illegible]

کانپور میں کانگریس منیوں کی کانفرنس

پنڈت نہرو تقریر کریں گے

[illegible]

مشرق وسطیٰ میں امریکہ اور برطانیہ میں کشمکش

ایک روسی اخبار کا حالیہ واقعات پر تبصرہ

ماسکو ۲۰ اگست۔ ایک روسی فوجی اخبار ریڈ اسٹار نے بتایا ہے کہ برطانیہ پاکستان سے مصر تک ایک مسلم فیڈریشن بنانا چاہتا ہے تاکہ مشرق وسطیٰ کے تیل کو [illegible] برطانیہ میں مسلسل اندرونی کشمکش ہو رہی ہے۔ [illegible]

(رائٹر)

الطولیہ کے زلزلہ میں ۶۵ ہلاک

۱۲۰ زخمی اور ۱۲۰۰ بے خانماں ہوئے

[illegible]

(رائٹر)

گارڈ نے عصمت دری کی کوشش کی

عورت چلتی گاڑی سے کود پڑی

[illegible]

ٹریکٹروں کی تیاری

[illegible]

آل انڈیا مسلم لیگ کے فنڈ کا جھگڑا

[illegible]

برطانوی نمائندے سے مصری وزیر اعظم کی ملاقات

[illegible]

کینیڈا میں گیہوں کی پیداوار

نئی فصل بہت اچھی ہوگی

[illegible]

غلہ سے بھری ہوئی اسپیشل گاڑی کو لوٹنے کی کوشش

کلکتہ کے قریب پولیس کی گولی سے ایک شخص ہلاک

[illegible]

۵ مصری تیراکوں کا [illegible]

[illegible]

پاکستان نے اسرائیل کو فوج بھیجنے پر کوئی گفتگو نہیں کی

افغانستان کے ایک اخبار کی خبر کی حکومت کی طرف سے تردید

[illegible]

مصری مصنف کا انتقال

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

۲۰ اگست

دھلی

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

فولاد کی مل

[illegible]

جمعیۃ علماء کا فیصلہ ہے

کہ

(۱) ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں میں الجمعیۃ اردو کی تعداد اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا دی جائے۔

(۲) بلا تاخیر انگریزی اور ہندی کے اخبار جاری کرنے کا سامان کیا جائے۔

(۳) فوری طور پر اردو۔ انگریزی اور ہندی کے پریس قائم کر دیئے جائیں۔

ہمت اور حوصلہ سے کام لے کر

آپ اس مہم کو سر کر سکتے ہیں اور دنیا کو اپنے باعزت طور پر زندہ رہنے کی تمنا کا یقین دلا سکتے ہیں۔

معاونین الجمعیۃ سے

گذارش ہے کہ دفتر اخبار نہایت پابندی اور دیکھ بھال کے بعد ہر خریدار کے نام روانہ کیا جاتا ہے۔ لیکن [illegible] ضروری ہے۔

حق صاحب

کو بروقت اخبار نہ پہنچے براہ کرم وہ اپنے نمبر خریداری کے حوالے سے [illegible]

منیجر الجمعیۃ دہلی

منی آرڈر

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہترین اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔ منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف و خوشخط اردو میں ضرور تحریر فرما دیں۔ تاکہ تعمیل میں آسانی ہوسکے۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

قیمت بذریعہ ہوائی ڈاک ڈھائی آنے | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۲۰ شوال المکرم سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۴ اگست سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۱۹۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان ـــ و ـــ پاکستان
کے درمیان
جہاز اور ریل کے ذریعہ سفری ٹکٹیں اور تجارتی و دیگر سامان حفاظت سے اور ارزاں نرخ پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔
گپتا برادرس ایجنٹس
ہیڈ آفس۔ کارونیشن ہوٹل چاندنی چوک۔ فتحپوری دہلی
برانچ۔ گلی قاسم جان ایجنسی۔ لاہور، [illegible]
ٹیلیفون نمبر 5071
تار کا پتہ GUPCO

برنارڈ
آئیل انجن
نہایت پائدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کر سکتے
سول ایجنٹ
کے۔ جی۔ کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۲ سکول لین۔ نئی دہلی
فون نمبر ۱۳۰

سبھاش چندر بوس کی زندگی کا کوئی ثبوت نہیں ہے،

راجہ مہندر پرتاپ کی پٹنہ میں تقریر

[illegible]

دیہاتیوں کو کسی قصور کے بغیر اعلیٰ تعلیم سے محروم رکھا گیا ہے

صرف پبلک سیفٹی ایکٹ اور بندوق کی گولیوں پر بھروسہ نہ کرنا چاہیے

پبلک سروس کمیشن کے سلسلہ میں ممبران کی دلچسپ تقریریں

نئی دہلی ۲۲ اگست:- آج دستور ساز اسمبلی میں مسودہ دستور کی ان دفعات پر غور ہوا جن کا تعلق انڈین یونین اور صوبوں کے لئے پبلک سروس کمیشن مقرر کرنے اور ان کی مدت سے ہے۔

[illegible]

انڈونیشیا کی طرف سے ہندوستان کی اخلاقی مدد کا شکریہ

جمہوری فوجوں کے افسران کی کلکتہ میں آمد

کلکتہ ۲۲ اگست:- انڈونیشیا جمہوری فوج کے پانچ افسر [illegible]

ریل میں سے کپڑے کی چوری

۷ اشخاص گرفتار

[illegible]

کھدر لیشور میں عوام کے دو طبقوں کے درمیان تصادم

اینٹوں اور پتھروں سے لڑائی۔ ۲۱ افراد مجروح

[illegible]

جنوبی افریقہ میں قوم پرستی کے جذبے سے گوروں کو تشویش

لڑاؤ اور حکومت کرو کی پالیسی پر عمل کرنے کا مشورہ

[illegible]

ضلع پٹنہ میں سخت بارش اور سیلاب

کئی گاؤں تباہ دس ہزار افراد بے خانماں

[illegible]

دریائے گنگا میں زبردست سیلاب

ضلع اناؤ کے ۵۰ گاؤں غرق

[illegible]

ہندو سبھائی کانگریس میں شامل ہو گیا

[illegible]

دو قیدی جیل سے فرار ہو گئے

[illegible]

ڈھاکہ کے پہلے بارہ ڈاکٹر

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا اعلان!

دہلی ۲۱ اگست۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکرٹری جمعیۃ علماء ہند نے اعلان کیا ہے کہ حضرت صدر محترم نے مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کا ایک ضروری اجلاس طلب فرمایا ہے جو ۲ ستمبر سنہ ۴۹ء یوم جمعہ کو صدر دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی میں ۱۰ بجے صبح منعقد ہوگا۔

اجلاس کا ایجنڈہ اراکین محترم کی خدمت میں روانہ کر دیا گیا ہے۔ جس کی دفعات حسب ذیل ہیں!

(۱) گذشتہ چار ماہ کی آمد و صرف کی رپورٹ۔
(۲) مسودہ قضا کی منظوری۔
(۳) سب کمیٹیوں کا انتخاب۔
(۴) اخبار الجمعیۃ کے مالی استحکام پر غور۔ دیگر امور باجازت صدر محترم۔

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امیدگاہ ہے
طبی مشورہ مفت ہے
حالات لکھیے
پتہ:- منیجر بڑا دواخانہ بازار لال کنواں دہلی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 22-8-49

سردار نشتر کی کوششوں کے باوجود مغربی پنجاب کی گتھی نہیں سلجھ سکی

حکومت پاکستان صوبائی مناقشات کو تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہی ہے

وزیر اعظم پاکستان کے لاہور آنے کو بہت اہمیت دی جا رہی ہے

[illegible]

متروکہ جائدادوں کا کرایہ صرف کسٹوڈین کو ادا کیا جائے

حکومت پاکستان نے جائدادوں کے متعلق نیا حکم جاری کر دیا

[illegible]

قومی جھنڈے کے خلاف مظاہرہ کرنیوالے امن و عافیت کے دشمن ہیں

کراچی کے ہنگامہ کے متعلق مولانا احمد سعید صاحب کا بیان

دہلی ـــ ۱۹ ـــ اگست

مولانا احمد سعید صاحب دہلوی صدر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے:- "۱۵ اگست کو جو ہنگامہ کراچی میں قومی جھنڈے کے خلاف برپا ہوا، اس پر ہر سمجھ دار اور بین الاقوامی قانون کو سمجھنے والے انسان نے انتہائی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جن لوگوں نے اس قسم کا حماقت آمیز مظاہرہ کیا ہے وہ امن و عافیت کے بدترین دشمن ہیں۔ ہندوستان کا جھنڈا ایک مشترک جھنڈا ہے اور اس جھنڈے کی توہین ہر اس شخص کی توہین ہے جو سیکولر اسٹیٹ میں رہتا ہے۔ یہ جھنڈا صرف مسلمانوں یا ہندوؤں کا نہیں ہے بلکہ اس جھنڈے کے ساتھ ہر اس شخص کی عزت وابستہ ہے جو انڈین یونین کا باشندہ ہے۔ جن لوگوں نے اس جھنڈے کے ساتھ توہین آمیز برتاؤ کیا ہے ان کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ انہوں نے ان چار کروڑ مسلمانوں کی بھی توہین کا ارتکاب کیا ہے جو اس وقت انڈین یونین میں اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔ بلکہ ان لوگوں نے اس اسٹیٹ کی بھی [illegible]

۱۸۸ رضاکاروں کو مختلف مقدمات میں دو سے دس سال تک سزائیں

حیدرآبادی ٹریبونل کا فیصلہ

[illegible]

ریاست حیدرآباد میں سنگھ کا قیام

[illegible]

سید قاسم رضوی کا معاملہ

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

کشمیر کمیشن

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

پاکستان کا رویہ

[illegible]

گورنر سندھ نے صوبہ کی اقلیتوں کو پورے تحفظ کا یقین دلایا

ہندوؤں کے ایک وفد کی گورنر سے ملاقات

[illegible]

تشدد پسندی اور انارکی سے ملک کو کوئی فائدہ نہیں پہونچے گا

کلکتہ کے ایک پبلک جلسہ میں مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

[illegible]

متحدہ محاذ

[illegible]

آسام میں کمیونسٹ سرگرمیاں تیز ہو گئیں

صوبہ بھر میں گرفتاریاں

[illegible]

سینما دیکھ کر سمندری بیماری ہو گئی

[illegible]

ہندوستانیوں کے لئے وظیفے

[illegible]

کنیڈا میں لازمی فوجی تعلیم

[illegible]

مشترکہ کانفرنس کے التوا سے اقوام متحدہ میں ناامیدی

ایڈمرل نمٹز بھی پریشان ہیں

[illegible]

یوپی سے بلا کسی روک ٹوک کے کپڑا باہر بھیجا جا سکے گا

مل اپنی مرضی پر مال فروخت کر سکیں گے

[illegible]

سار کا علاقہ قانونی طور پر علیحدہ ہے

سابق فرانسیسی وزیر اعظم کا بیان

[illegible]

ادبی سرقہ

[illegible]

ہوائی جہاز
کے ٹکٹ کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی
بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں
المشتہر
دہلی کمرشل کارپوریشن
بلیماران دہلی

جیون (رجسٹرڈ) ـــ سونا، چاندی، فولاد، مشک اور عنبر کا قیمتی مرکب
رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو واپس لے آتی ہے صبح شام ایک گولی دودھ یا پانی کے ساتھ کھائیں
[illegible] ۵/ روپیہ دہلی دواخانہ [illegible] دہلی

ایشیائی قوموں میں ثقافتی تعلقات کو استوار کیا جائیگا

ایشیائی نمائندوں کی نمائندہ کانفرنس کا اہم فیصلہ

ثقافتی تعلقات سیاسی تعلقات سے بھی زیادہ اہمیت رکھتے ہیں

حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی تقریر

نئی دہلی ۲۲ اگست۔ کل ایشیا اور مشرق وسطی کے ممالک کے ڈپلومیٹک نمائندوں، ہندوستانی علماء اور ماہرین تعلیم کی ایک کانفرنس میں ہند اور دیگر ایشیائی ممالک کے درمیان ثقافتی تعاون اور تعلقات کو مضبوط بنانے کے مقصد سے ایک جماعت کا قیام عمل میں آیا۔

کانفرنس میں جس کی صدارت امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد نے فرمائی، دوسرے لوگوں کے علاوہ مصر، ترکی، عراق، افغانستان، ایران اور برما، نیپال، سیلون اور پاکستان کے ہائی کمشنر، انڈونیشیا کے نمائندہ ڈاکٹر سدرسونو، وزیر صنعت و رسد حکومت ہند ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی، اور [illegible] ڈاکٹر [illegible] نے شرکت کی۔

جس جماعت کا قیام عمل میں آیا ہے اس کا نام انڈین کونسل آف کلچرل کوآپریشن ہوگا۔

اس مقصد کی ضرورت دیکھتے ہوئے ایک عارضی کمیٹی مقرر کی گئی ہے جسے ۱۵ اکتوبر تک مجوزہ کونسل کے آئین کا مسودہ تیار کرنا اور ایک لائبریری اور ریڈنگ روم کے قیام کا پروگرام اور دوسرے ابتدائی کام سرانجام دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کونسل کا افتتاح نومبر میں ہوگا۔

پندرہ افراد پر مشتمل ایک سب کمیٹی بھی بنائی گئی ہے جسے آئین کا مسودہ تیار کرنے میں مدد دینے کا کام سونپا گیا ہے۔ اس سب کمیٹی میں چین کے سفیر ڈاکٹر لیون، مصر کے سفیر مسٹر اسمٰعیل کمال بے، افغان سفیر سردار نجیب اللہ خان، ڈاکٹر ایچ این کنزرو، شری کے ایم منشی، شری [illegible]، ڈاکٹر ایس این سین، شری کے پی ایس مینن، ڈاکٹر تارا چند، ڈاکٹر این پی چکرورتی اور پروفیسر اجمل خان شامل ہیں۔

مولانا آزاد کی تقریر

اپنی افتتاحی تقریر میں مولانا آزاد نے کہا کہ [illegible] ہوگیا ہے کہ قوموں کو متحد کرنے میں سیاسی دوستی کے مقابلہ میں ثقافتی تعلقات زیادہ مؤثر ہیں۔

حضرت مولانا کی پوری تقریر ذیل میں درج ہے۔

میں آپ حضرات کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے [illegible] مختصر نوٹس پر میری دعوت نامہ کو منظور کیا۔ میں عرصہ سے محسوس کر رہا تھا کہ ہمیں اس قسم کے تعلقات [illegible] قدیم ابتدائی دور سے [illegible] زمانہ تک مشرق و مغرب کے ساتھ ہندوستان کے گہرے تعلقات رہے ہیں [illegible]

[illegible]

ایران کا [illegible]

[illegible]

ہندوستان کے یورپ کے مختلف ممالک اور امریکہ کے ساتھ تعلقات قائم ہوئے ہیں لیکن آج اس حلقہ کے باہر کے ممالک سے تعلقات استوار کرنے کی زیادہ ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لئے ضروری ہے کہ ایک جماعت کا قیام عمل میں لایا جائے۔ مجھے [illegible] اس قسم کی جماعت کا نام تجویز کرتے ہیں۔

[illegible]

جماعت کا مقصد

ظاہر ہے اس جماعت کا مقصد ہندوستان اور ان ممالک کے درمیان ثقافتی تعلقات کو استوار کرنا ہوگا [illegible] اور افراد کا مبادلہ بھی ہوگا۔ ہندوستان کے پروفیسر اور طلبہ ان ممالک میں جائیں گے اور وہاں کے پروفیسر اور طلبہ یہاں ہندوستان میں آئیں گے اور اس طرح باہمی تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ کونسل کی ایک اپنی لائبریری اور ریڈنگ روم بھی ہوگا [illegible]

[illegible]

سوالات ہندی یا مرہٹی میں کیے جائیں

سی پی اسمبلی کا سرکلر

ناگپور ۲۲ اگست۔ (پی ٹی آئی) سی پی اسمبلی نے ایک سرکلر جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اسمبلی میں سوالات ہندی یا مرہٹی میں کئے جائیں، انگریزی میں نہیں۔

اسمبلی کا اگلا اجلاس ۱۲ ستمبر سے شروع ہو رہا ہے۔

خیال ہے کہ اسمبلی کے ۱۱۲ ممبران میں سے بارہ دونوں تسلیم شدہ زبانوں سے ناواقف ہیں۔

[illegible]

دو گاؤں کے باشندوں میں تصادم

ایک ہلاک اور کئی زخمی ہوئے

بہار شریف ۲۲ اگست۔ دو گاؤں کے باشندوں کے درمیان آب پاشی کے لئے ایک جگہ سے پانی لینے پر جھگڑا ہوگیا جس میں ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ اور کئی زخمی ہوئے۔ ایک گاؤں کے باشندے بند کاٹنا چاہتے تھے اور دوسرے گاؤں کے باشندوں نے اس کی مخالفت کی اور جھگڑا ہو گیا۔

انتخابی جلسہ میں بم پھینکے گئے

مدورا ۲۲ اگست۔ [illegible] کانگریس کے انتخابی جلسہ میں [illegible] بم پھینکے گئے لیکن کوئی شخص زخمی نہیں ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ ۲ آدمی جو کمیونسٹ تھے جلسہ گاہ میں آئے اور وہ بم پھینک کر فرار ہوگئے۔ (ب ٹ)

حاجیوں کے جہاز جدہ پہونچ گئے

جدہ ۲۲ اگست معلوم ہوا ہے کہ بمبئی سے یکم ۲ اور ۳ اگست کو روانہ ہونے والے حاجیوں کے جہاز ۱۲، ۱۳، اور ۱۴ اگست کو جدہ پہونچ گئے۔ جن کے نام یہ ہیں مظفری اس میں ۱۲۵۰ مسافر تھے۔ جل درگا اس میں ۱۲۱۴ مسافر تھے۔ اسلامی اس میں ۱۲۰۰ مسافر تھے اور علوی اس میں ۵۰۰ مسافر تھے۔

جمعیۃ علماء ضلع مرادآباد کے اختلافات کا تصفیہ

حضرت مولانا بشیر احمد کی کامیاب کوشش

دہلی ۱۷ اگست۔ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب جمعیۃ علماء صوبہ یوپی نے حسب ذیل بیان پریس کو دیا ہے:—

میں جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے تعمیری پروگرام کے سلسلہ میں ۱۲ اگست کو مرادآباد پہنچا۔ شاہی مسجد [illegible] ممبران و احباب سے جمعیۃ کے کام کے متعلق مشورہ کیا۔ ہر ورکر کو جمعیۃ کے کام کے لئے مستعد پایا۔ جس کے بعد مجھے یہ محسوس ہوا کہ یہاں جو جزوی اختلافات پہلے سے تھے وہ بہت حد تک کم ہوگئے ہیں اور فریقین میں جو کہ سب ایک ہی جماعت کے رکن ہیں اور اپنے اکابر علماء کے ہر طرح فرمانبردار ہیں کام کرنے کا جذبہ پیدا ہو گیا ہے۔ شام کو ۸ بجے ورکرز میٹنگ میں میں نے تعمیری پروگرام کے متعلق اظہار خیال کیا جس کو احباب و اکابرین نے پسند فرمایا۔ اور عملی جدوجہد کے لئے اقرار کیا۔ حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب نے سب صاحبوں کی طرف سے نمائندگی فرمائی۔ اس ورکرز میٹنگ میں حضرت مولانا عبد الحق صاحب مدنی برابر تشریف فرما رہے اور شب میں حسب بیان ان کی قیام گاہ پر گیا۔ موصوف نے خاص خاص ہدایات بھی فرمائیں جن کو میں نے بخوشی منظور کیا۔ ورکرز میٹنگ کے بعد باہمی اختلافات کو دور کرنے کے لئے ابتدائی گفتگو ہوئی۔ میں نے مفاہمت کے جدید طریقے پیش کئے جن پر تبادلۂ خیالات ہوا۔ آخر میں سب صاحبان نے فرمایا کہ جس طرح آپ فیصلہ کر دیں ہمیں منظور ہے۔ لیکن میں نے اس اختیار کے باوجود بھی بعض چیزیں ان سے دریافت کرتے ہوئے نوٹ کیں اور [illegible] ان کی روشنی میں اپنا فیصلہ دے رہا ہوں۔ میں نے اس فیصلہ کے بارے میں جمعیۃ علماء ہند کے بعض دوسرے اکابر اور کارکنان سے بھی مشورہ کر لیا ہے۔ میری جو رائے قائم ہوئی ہے اور جو فیصلہ میں کر رہا ہوں اس کی دفعات حسب ذیل ہیں۔

(۱) جمعیۃ علماء ضلع کے ارکان وہی رہیں گے جو بریلی میں صدر جمعیۃ کے اجلاس سے پہلے طے کئے گئے تھے۔

(۲) جمعیۃ علماء امروہہ کا وہی انتخاب صحیح ہے جو مولانا محمد قاسم صاحب کی موجودگی میں ہوا تھا۔ دوسرا انتخاب جو کیا گیا وہ غلط اور ناجائز ہے۔

(۳) جمعیۃ علماء ضلع کے عہدہ داروں کا جو انتخاب کیا گیا اگرچہ اس میں یہ نقص تھا کہ جمعیۃ علماء امروہہ کے ناجائز انتخاب سے جو ممبران ضلع میں آئے تھے ان کو شریک انتخاب کیا گیا تھا جس پر فریق ثانی کا اعتراض تھا لیکن اب اس فریق نے خالص مفاہمت کی اسپرٹ میں اس کو منظور کر لیا اس وجہ سے میں بھی ان عہدہ داروں کو اب جائز عہدہ دار سمجھتا ہوں۔

(۴) چونکہ انتخاب کے بعد سے اب تک ورکنگ کمیٹی کا انتخاب نہیں ہوا تھا۔ اس لئے ایسے ممبران کا انتخاب کرتا ہوں جن میں سے اکثر کو فریقین نے پسند فرمایا ہے۔ البتہ بعض ناموں کا اضافہ میں نے اپنی طرف سے اس لئے کیا ہے کہ باہمی اعتدال باقی رہے چنانچہ میں ورکنگ کمیٹی کے ممبران کے اسمائے گرامی ذیل میں پیش کر رہا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ضلع مرادآباد کے اکابر و احباب مل جل کر جلد از جلد کام کی ابتدا کریں گے۔

(۱) مولانا فخر الدین احمد صاحب (۲) مولانا عبد الحق صاحب مدنی (۳) حکیم منظار احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء مرادآباد (۴) مولوی محمود احمد صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء مرادآباد (۵) مرزا اختر الاسلام صاحب (۶) سید سادات حسین صاحب (۷) منشی عبد القیوم صاحب (۸) منشی حاجی حسین صاحب (۹) کامریڈ محمد ابراہیم صاحب (۱۰) منشی علیم الدین صاحب (۱۱) مولانا محمد اسمٰعیل صاحب سنبھلی (۱۲) مولانا مقصود احمد صاحب سنبھلی (۱۳) حافظ عبد الواحد خاں صاحب ساکن ٹھاری (۱۴) ڈاکٹر مطلوب صاحب ازمری (۱۵) سید محمد میاں صاحب رضوی (۱۶) سید شریف احمد صاحب (۱۷) مولانا افضال الحق صاحب (۱۸) حکیم غلام عباس صاحب (۱۹) مرزا ظفر احمد صاحب چندوسی (۲۰) مولانا عبد اللہ صاحب بچھرایونی (۲۱) مولانا امجاز حسین صاحب امروہہ۔

(۵) دفتر کا جملہ کام ناظم اعلیٰ صاحب خود کریں۔ دیگر عہدہ داروں کو جو کام ان کے سپرد کیا جائے گا۔ اس میں ورکنگ کمیٹی سے مشورہ ضروری ہوگا۔ اس ہدایت کی روشنی میں اگر کسی عہدہ دار کے سپرد دفتر کا کوئی کام ہے تو اس کو ناظم اعلیٰ اپنے ہاتھ میں لے لیں۔

میں پھر اپنے اکابر و احباب سے دردمندانہ استدعا کرتا ہوں کہ جمعیۃ علماء کے کام کو جلد از جلد شروع کر دیا جائے اور ان جزوی اختلافات کو دلوں سے محو کر دیا جائے جو کام نہ ہونے کا باعث بنے ہوئے ہیں۔

ڈاکٹر لوہیا آج سویڈن روانہ ہونگے

کلکتہ ۲۲ اگست۔ سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کل سوشلسٹ دوستوں کی دعوت پر آج سویڈن روانہ ہو رہے ہیں۔ وہاں چند ہفتوں کے قیام کے بعد آپ اکتوبر میں لندن جائیں گے۔ جہاں آپ انٹی امپیریلسٹ کانفرنس میں شامل ہوں گے۔ ڈاکٹر لوہیا اور مسٹر مکن پرشاد بنرجی کو سوشلسٹ پارٹی نے اس کانفرنس میں پارٹی کی نمائندگی کرنے کے لئے نامزد کیا ہے۔

نقصان اٹھانے والوں کو امداد

پٹیالہ ۱۷ اگست۔ پٹیالہ و مشرقی پنجاب ریاستی یونین حکومت نے اعلان کیا ہے کہ ۱۹۴۲ء کی تحریک آزادی سے لے کر یونین کے قیام تک جن لوگوں یا جن کنبوں اور جن جماعتوں یا اداروں کو نقصانات پہونچے ہیں انہیں امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

جمعیۃ علماء کا فیصلہ ہے کہ

(۱) ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں میں الجمعیۃ اردو کی تعداد اشاعت ایک لاکھ تک پہنچادی جائے۔

(۲) بلاتاخیر انگریزی اور ہندی کے اخبار جاری کرنے کا سامان کیا جائے

(۳) فوری طور پر اردو۔ انگریزی اور ہندی کے پریس قائم کر دیئے جائیں۔

ہمت اور حوصلہ سے کام لے کر

آپ اس مہم کو سر کر سکتے ہیں اور دنیا کو اپنے باعزت طور پر زندہ رہنے کی تمنا کا یقین دلا سکتے ہیں۔

کلکتہ کے نزدیک دو پارٹیوں میں خوفناک تصادم

پولیس کو گولی چلانی پڑی۔ ۳۳ اشخاص مجروح ہوگئے

کلکتہ ۲۱ اگست۔ بیان ہے۔ [illegible] ضلع ہگلی میں [illegible] کے مقام پر ایک ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے پولیس کو آج گولی چلانی پڑی۔ [illegible] دو مخالف پارٹیوں میں خوفناک تصادم ہوگیا جس میں لاٹھیوں، سوڈا واٹر کی بوتلوں اور تیروں کا آزادانہ استعمال کیا گیا۔ نتیجے کے طور پر ۳۳ اشخاص مجروح ہوئے۔ تین پولیس مین بھی زخمی ہوئے [illegible]

[illegible] کا کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔

شہر میں آتش زدگی کی بھی چند وارداتوں کی اطلاع ملی ہے مجروحین میں سے تین کی حالت نازک بیان کی جاتی ہے۔ [illegible]

[illegible] (ب ٹ)

حیدرآباد میں بھی متروکہ جائداد کا آرڈیننس نافذ کر دیا گیا

چھوڑی ہوئی تمام جائدادوں پر کسٹوڈین کا قبضہ رہے گا

سکندرآباد ۲۲ اگست:- حیدرآباد کی فوجی حکومت نے حیدرآباد میں متروکہ جائدادوں کا ایکٹ نافذ کر دیا ہے۔ جس کی رو سے ان اشخاص کی جائدادوں کو جو یکم جولائی ۱۹۴۸ء کے بعد حیدرآباد ریاست سے باہر چلے گئے ہیں یا جنہوں نے پاکستان میں رہائش اختیار کر لی ہے یا جنہوں نے کسی طریقہ سے پاکستان میں متروکہ جائدادوں سے فائدہ اٹھایا ہے۔ متروکہ جائداد تصور کیا جائے گا۔ اور ان کا تمام انتظام [illegible] کسٹوڈین سنبھال لے گا جسے فوجی گورنر ایک [illegible] ریگولیشن کی رو سے مقرر کرے گا۔

حکومت حیدرآباد نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ کوئی بھی شخص [illegible]

[illegible] کسٹوڈین کی اجازت کے بغیر [illegible] جو شخص [illegible] کسٹوڈین کے [illegible] کسٹوڈین یا اس کے ایجنٹ کے حوالے کر دینا ہوگا۔ کسٹوڈین کو ایسی جائدادوں کا قبضہ حاصل کرنے کے لئے بشرطیکہ ضرورت ہو طاقت استعمال کرنے کا اختیار بھی ہوگا۔ اگر کسی شخص کو کسی جائداد کے متروکہ ہونے کے خلاف اعتراض ہو تو وہ ایک ماہ کے اندر اندر کسٹوڈین کے پاس نظرثانی کی درخواست دے سکتا ہے۔ [illegible] کسٹوڈین کے حکم کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل کی جا سکے گی۔ (ب ٹ)

علم جفر [illegible]

مولانا اظفر فاضل۔ [illegible] مرادآباد۔

مفت طلب کیجئے

[illegible]

ادارہ آفتاب رسالت [illegible] دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے بعد سیزن میں حاجیوں کے لئے مزید جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس ایس محمدی —— وزن ۷۰۲۶ ٹن

بمبئی سے مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

ایس ایس جہانگیر —— وزن ۳۵۶۶ ٹن

بمبئی سے مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول —— ۱۱۰۵/- روپیہ

عرشہ (ڈیک) —— ۳۹۵/- روپیہ

ان کرایوں میں [illegible] قرنطینہ کامران کی فیس [illegible] جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۱۸۲/۱۷ روپے ہوتی ہے۔ شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انہیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے اس لئے کہ اس سال حاجیوں کو لے جانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ کی جاچکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضے اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوالیں اور اپنے ہاں کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے

جب تک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

مینیجنگ ایجنٹس

دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۴ اگست ۱۹۴۹ء

"اسلامستان"

آل پاکستان لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں نے عالم اسلام سے اپیل کی ہے کہ تمام مسلم ممالک پین اسلام کے نام پر ایک محاذ بنائیں اور ایک اسلامستان کی بنیاد ڈالیں! جہاں تک اپیل اور اس کے مقصد کا تعلق ہے اس کے جاذب توجہ ہونے میں شک نہیں کیونکہ یہ تحریک ان تمام عناصر کو ایک مشترک نقطہ پر جمع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، جن میں اسلامیت یا اتحاد اسلامی کا داعیہ موجود ہے اور جو اسلام کو مرکزی حیثیت سے نقطۂ اشتراک قرار دیتے ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پھل کچھ اپنے موسم ہی میں مزہ دیتا ہے بے موسم کے پھل کو آپ پھل کہہ لیجئے مگر ہے وہ تلچھٹ ہی جیسے موسم کے خاتمہ کا اعلان سمجھنا چاہیئے۔ چودھری صاحب نے یہ نہیں دیکھا کہ اس تحریک کی راہ میں کس قدر مشکلات حائل ہیں اور اسلامی ممالک کے لئے یہ بات کس قدر مشکل ہے کہ وہ امریکہ اور برطانیہ کی موجودگی میں اسلامی اتحاد کا تصور بھی کر سکیں! مگر خیر جب اسلامی ممالک کے نام اپیل کی گئی ہے تو ان کی طرف سے اسکا کچھ نہ کچھ تو جواب ہونا چاہیئے، چنانچہ مصر کے ایک مشہور لیڈر نے اپیل پر توجہ کرنے میں پہل کی ہے۔ حافظ عفیفی پاشا نے اس دعوت پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اگرچہ مسلم ممالک میں ربط و اتحاد پیدا کرنے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے لئے یہ اپیل بہت موزوں ہے اور ہمیں اس کا خیر مقدم کرنا چاہیئے لیکن اسی کے ساتھ مصری لیڈر اس بات پر متفق ہیں کہ مشرق وسطی میں غیر یقینی حالات کے پیش نظر اس موقعہ پر کسی کانفرنس کا انعقاد مناسب نہیں ہے، اس جواب سے صاف ظاہر ہے کہ اگرچہ اسلامی اتحاد کے مقصد سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا لیکن بین الاقوامی نزاکتوں کے پیش نظر ہر مسلم حکومت یہی کرے گی کہ اس اپیل کو سنکر انتہائی خوبی کے ساتھ انکار اور گریز کی راہ اختیار کرے اور اس پان اسلامزم کی حمایت سے باز آئے جس کی دعوت مفکر مشرق ..... جمال الدین افغانی نے دی، جس کی مخالفت میں [illegible] فرانس میونا لو تونے حصہ لیا، جس کی اہمیت شریف حسین کی بغاوت نے ختم کی اور جس کی صدائے بازگشت اب پاکستان سے بلند ہوئی ہے۔

یہ بات ظاہر ہے کہ مسلم ممالک میں ترکی ایک بااثر طاقت ہے اور اس کی پالیسی تمام مشرق وسطی پر اثر انداز ہوتی ہے، لیکن یہ معلوم ہے کہ اس تحریک کو ترکی کی حمایت حاصل نہیں ہو سکتی، ترکی اتحاد اسلامی، اسلامی لیگ، اسلامستان اور اس طرز کی دوسری مذہبی تحریکات کے نام سے کانوں پر ہاتھ رکھتا ہے وہ نہیں چاہتا کہ اپنی خاموش تحریک تورانیت کا سرا کسی اور تحریک سے ملائے، اور بین الاقوامی سیاست میں [illegible] کے لئے، تیار ہو، خلافت جو دنیا میں سب سے بڑی کارفرما اور بے پناہ طاقت تھی اس کا خاتمہ ترکوں ہی کے ہاتھوں ہوا، اب جو ترک خلافت کے نہ ہو سکے اور عربوں کی بغاوت کا انسداد نہ کر سکے اور جو اسلامی اتحاد کے نام سے خود نقصان اٹھائے بیٹھے ہیں، وہ متحدہ اقوام اور امریکہ کی نگاہوں میں نکو بننے کے لئے کس طرح اس تحریک کی حمایت کر سکتے ہیں!

اتحاد اسلامی یا اسلامستان کی راہ میں سب سے بڑی روک نیشنلزم کی دیوار ہے، ہم اس نظریہ کو خواہ کتنا ہی حقیر اور غیر اسلامی تصور کریں لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ آج قومی مفادات کے تحفظ کے لئے نیشنلزم کی طاقت ایک زبردست طاقت ہے اور جو لوگ اسے نہیں مانتے وہ بھی اسکا سہارا لینے پر مجبور کر دیئے گئے ہیں، عرب، مصر اور ترکی میں قوم پرستی کی جڑیں خاصی مضبوط ہو چکی ہیں۔ اور انہیں یہ کہہ کر اکھاڑا نہیں جا سکتا کہ تمام مسلم ممالک اسلامستان کے نام پر [illegible] ہو جائیں اور اسلامی بھائی چارہ کے ہتھیار کا پھر تجربہ کر کے دیکھیں۔

ابھی کچھ دن ہوئے خان قلات پاکستان کے نمائندہ کی حیثیت سے متحدہ اقوام کے اجلاس میں شریک ہوئے تھے، موصوف لیک سکسس سے ترکی بھی پہونچے اور ترکی اخبارات کے نمائندوں سے یہ بھی کہہ بیٹھے کہ "ہمارا ملک مسلم اقوام کو ایک رشتہ میں منسلک کرنا چاہتا ہے" اس پر ترکی اخبارات نے اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور اس تحریک کو ناقابل عمل بتایا، ایک اخبار نے تو عرب لیگ کی بے وقعتی اور ناکامی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ بھی کہدیا کہ "اگر پاکستان کوئی اسلامی لیگ بنانے والا ہے تو اسے مبارک ہو مگر وہ ایک خیالی اور دل خوش کن چیز ہوگی"

اصل بات یہ ہے کہ "اسلامستان" کی تحریک آج بھی کامیاب ہو سکتی ہے بشرطیکہ وہ مسلم ممالک کے لئے تجارتی، سیاسی، اور فوجی تحفظات کا ذمہ لے، یہ ممالک ان ہی مسائل میں الجھے ہوئے ہیں، اور ان ہی بنیادوں پر وہ کسی نہ کسی بلاک میں شامل ہیں اور چونکہ وہ اپنے ان مسائل میں بھی آزاد نہیں ہیں اس لئے وہ دوسروں سے کٹ کر اپنا ایک محاذ نہیں بنا سکتے، انہیں متحدہ اقوام سے تو یہ توقع ہے کہ وہ آڑے وقت میں گرتے پڑتے کام آسکے گی، لیکن یہ توقع نہیں ہے کہ مسلمانوں کے کمزور ممالک کا بلاک اور اسلامی رشتہ کی طاقت انہیں کسی بڑے امتحان سے بچا لیگی اور اسلامستان اس قدر طاقتور بن سکیگا کہ جب متحدہ اقوام کی بالادستی کو ٹھکرا دے اور امریکہ برطانیہ کی پالیسی کو خاطر میں نہ لائے! ترکی روس کو اپنے لئے خطرہ سمجھتا ہے، یا دوسروں نے ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں کہ روس کو خطرہ بنا کر ترکی کو اپنے مفاد کے لئے استعمال کریں اس لئے ترکی مجبور ہے کہ اپنے بچاؤ کے لئے برطانیہ اور امریکہ کی پناہ میں آئے اور اس فریق کا ساتھ دے جس نے یہ یقین دلا رکھا ہے کہ جنگ کی صورت میں ترکی کی امداد کی جائے گی، اور جب ترکی امریکن بلاک میں شامل ہے تو اس کی خارجہ پالیسی بھی وہی ہوگی جو امریکہ کی ہے ایسی حالت میں ترکی کو اتنی فرصت کہاں کہ وہ اسلامستان کی خیالی اسکیم پر غور کرے یا اس کی حمایت کر کے امریکن بلاک کو شبہ میں ڈالے!

خلاصہ یہ کہ جب تک مسلم ممالک کی سیاسی، اقتصادی اور فوجی پالیسی آزاد نہ ہوگی وہ دوسروں سے کٹ کر اتحاد اسلامی کے نام سے اپنی کوئی مستقل پوزیشن قائم نہیں کر سکتے۔ مگر کیا اسلامستان اس کا ذمہ لے سکتا ہے، ظاہر ہے کہ نہیں پھر ترکوں اور مصریوں کے پاس اس کے سوا جواب بھی کیا ہو سکتا ہے کہ ؎

دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے

اسکے علاوہ ایک بات اور بھی ہے، وہ یہ کہ اس کا کیا ثبوت ہے کہ پاکستان جس اسلامستان کی دعوت دے رہا ہے اس میں امریکہ اور برطانیہ کا ہاتھ نہیں ہے، مصر اور ترکی اتنے بھولے نہیں ہیں کہ کسی تحریک کے محرکات کو نہ سمجھ سکیں، ممکن ہے کہ مصر نے اس چیز کو بھانپ لیا ہو مگر اظہار مناسب نہ سمجھا ہو!

بہر حال اسلامستان کی دعوت کو وہی حکومت کامیاب بنا سکتی ہے جو شدید القوی ہو اور جو یورپ کی بڑی طاقتوں سے ٹکر لے سکے اور مسلم ممالک کی سیاسی اور اقتصادی پالیسی کو خود کنٹرول کرنے میں آزاد ہو!

اسلام اور محبت

ٹنڈن جی کی تقریر پر مجلہ معارف کا تبصرہ

پارلیمنٹ کے سپیکر ٹنڈن جی نے ادھر چند دنوں سے کلام مجید کی جانب توجہ کی ہے اور اس کے متعلق ایک مرتبہ دہلی اور حال میں بلند شہر کی ایک تقریر میں اظہار خیال فرمایا ہے۔ جس میں انہوں نے مصطفیٰ کمال کی جانب منسوب اس قول کو سراہا ہے، کہ تیرہ سو سال پرانی کتاب اس زمانہ میں کام نہیں دے سکتی، اور کلام مجید کو بھی ان مذہبی کتابوں میں شامل کیا ہے جو انسانوں کی بنائی ہوئی ہیں، جن سے غلطیاں ممکن ہیں اور کلام مجید کی خوبی کے اعتراف کے باوجود اس کے ان مقامات میں ان کو انسانی ہمدردی کی کمی نظر آتی ہے جہاں ان کے خیال کے مطابق کافروں سے نفرت کی تبلیغ ہے، (ڈیسنشل ہیرلڈ ۸ اگست) ان میں سے ہر چیز قابل بحث ہے، اولاً مصطفیٰ کمال کی جانب منسوب قول کی نسبت کی صحت کی کوئی دلیل نہیں، اور اگر بالفرض اس کو صحیح مان بھی لیا جائے، تو اس کی حیثیت خرافات سے زیادہ نہیں، قرآن کے بارے میں مصطفیٰ کمال کیا ان سے بھی بڑے کسی انسان کی رائے کی کیا وقعت ہو سکتی ہے۔ غالباً ٹنڈن جی کو یہ سن کر ملال ہوگا کہ اب ان ہی مصطفیٰ کمال کے وطن میں حکومت کی جانب سے اسی تیرہ سو سال پرانی کتاب کی تعلیمات کو زندہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، ٹنڈن جی کے ذاتی خیال سے بحث نہیں لیکن ہر مسلمان کا یہ عقیدہ اور ایمان ہے کہ قرآن انسان کی نہیں بلکہ خدا کی بنائی ہوئی کتاب ہے، جو اس کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے۔ وہ مسلمان نہیں نفرت پھیلانے کا مفہوم و مقصد بھی بحث طلب ہے۔

اخلاق کے برگ و بار

اسلام اور قرآن مجید کا سب سے بڑا اور بنیادی مقصد توحید کی تعلیم ہے، جس میں خدا کی وحدانیت کے اقرار کے ساتھ سارے فضائل اخلاق پر عمل داخل ہے، آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں" گویا توحید ایک تخم ہے، جس میں مکارم اخلاق کے سارے برگ و بار پنہاں ہیں ان پر عمل کے بغیر توحید کی تکمیل نہیں ہوتی، اس کے مقابلہ میں کفر نام ہے خدا اور اس کے احکام کے انکار، شرک اور ان سے پیدا شدہ رذائل کا، اور دنیا میں کسی نیکی اور بھلائی کی تعلیم و تبلیغ اس کی ضد کی برائی ظاہر کئے بغیر نہیں ہو سکتی، جب سچائی، اخلاص اور دیانت یا اور اس قبیل کی کسی چیز کی تعلیم دی جائے گی تو جھوٹ نفاق اور خیانت وغیرہ کی خرابی بھی ظاہر کی جائیگی، اس قسم کی برائی کی مذمت سے دنیا کی کوئی تعلیم و تبلیغ بھی خالی نہیں ہے اور برائی اور اس میں مبتلا انسان کی مذمت میں کوئی فرق نہیں، اگرچہ چوری بری چیز ہے تو چور کو برا کہنے میں کیا قباحت ہے، قرآن نے اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کیا ہے کہ کفر اور شرک کے ساتھ ان سے [illegible] والوں کی مذمت کی ہے۔ اگر اس کو نفرت سے تعبیر کیا جا سکتا ہے تو ایسی نفرت سے دنیا کا کوئی اخلاقی ضابطہ خالی نہیں [illegible] سیاسی مقاصد کے لئے انسانوں میں نفرت پھیلانا خدمت وطن کہا جا سکتا ہے تو دین و ملت، حق و صداقت اور عالم انسانیت کی فلاح کے لئے برے انسانوں کے خلاف نفرت پھیلانا کیوں برا ہے۔

اسلام اور نفرت

[illegible] انسانی ہمدردی [illegible] اصلاح ہی ممکن نہیں ہے اور ٹنڈن جی کو کفر و شرک یا کفار و مشرکین کی مذمت اس لئے قابل اعتراض نظر آتی ہے اور انہوں نے اس کو نفرت سے تعبیر کیا ہے کہ انہوں نے کفار و مشرکین سے مراد موجودہ زمانہ کے غیر مسلموں کو لے لیا ہے، یہ صحیح ہے قرآن کی دعوت توحید کے مخاطب تو بلا شبہ ہر زمانہ کے منکرین خدا اور مشرکین ہیں لیکن جن کفار کے خلاف نفرت کی تبلیغ پر ان کو اعتراض ہے اس سے مراد عرب کے وہ کفار ہیں جو اسلام اور مسلمانوں کے دشمن اور ان کے مٹانے کے درپے تھے اور تبلیغ اسلام میں رکاوٹیں ڈالتے تھے۔ اس کے باوجود قرآن نے ان دشمنان اسلام کے ساتھ بھی جادۂ اعتدال پر قائم رہنے کا حکم دیا ہے کہ "کسی قوم کی دشمنی کے سبب سے انصاف کو ہرگز نہ چھوڑو عدل پر قائم رہو" یا "اگر وہ صلح و آشتی کے لئے آمادہ ہوں تو تم بھی" اس کا جواب صلح و آشتی سے دو، اس سے زیادہ انسانی ہمدردی کی سچی تعلیم اور کیا ہو سکتی ہے۔

جمعیۃ علماء کا تعلیمی پروگرام

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس، مسلمانوں کا پرانا ادارہ ہے اور ایک زمانہ میں اس کی تعلیمی خدمات [illegible] چکا ہے لیکن ادھر عرصہ سے بے جان تھا، اب اس کی جدید تنظیم عمل میں آئی ہے اور اس کی جانب سے امداد کے لئے اپیل شائع ہوئی ہے، مسلمانوں کی موجودہ ضروریات کے پیش نظر اس ادارہ کا احیاء ضروری ہے، اس لئے ان کو اس کے لائف ممبر یا معاون خاص، یا عام بن کر جس کی فیس علی الترتیب [illegible] ایک مشت یا دس اور پانچ روپے سالانہ ہے اس کی مدد کرنی چاہیئے اور ادارہ کا فرض ہے کہ وہ کاغذی تجویزوں اور رزولیوشنوں کے بجائے تعلیمی کاموں میں عملی جدوجہد کو کام میں لائے۔

اس وقت سب سے زیادہ اہم مسئلہ مسلمان بچوں کی ابتدائی تعلیم کا ہے، ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپلٹیوں کے پرائمری اسکول [illegible] بنیادی مدرسے ہیں جن کا مقصد ہندو مذہب و تمدن کا احیاء ہے، اس لئے ان کا نصاب، طریقۂ تعلیم، ماحول سب اسی کے مطابق ہے۔ ان میں مسلمانوں کی ضروریات کا مطلق کوئی لحاظ نہیں، زبان تمام تر ہندی ہے، تاریخ، جغرافیہ اور حساب وغیرہ فنون کے نام تک بدل دیئے گئے ہیں، ان کی ریڈروں میں بھی ہندو مذہب کے قصص و حکایات کے علاوہ مسلمانوں کی تاریخ و روایات کا کہیں گذر نہیں، ان کو پڑھ کر مسلمان بچوں کا کیا انجام ہوگا، مسلمانوں کے جن مکاتب کی گورنمنٹ مدد کرتی ہے ان میں بھی [illegible] نصاب پڑھانا ضروری ہے، البتہ نصاب سے الگ دوسری کتابیں بھی پڑھائی جا سکتی ہیں، لیکن ایسی کتابیں ہر جگہ نہیں ملتیں، اس بارہ میں گورنمنٹ سے کسی قسم کی توقع رکھنا محض سادہ لوحی ہے۔ [illegible] اس کی پالیسی کے خلاف کچھ نہیں ہو سکتا۔ جمعیۃ علماء نے ابتدائی تعلیم کو اپنے پروگرام میں رکھا ہے، [illegible] اگر ابتدائی تعلیم کا مسئلہ حل نہ ہو سکا تو جن علاقوں میں مسلمان ہیں مسلمان باقی نہ رہیں گے اس لئے

گر کردنی است چارۂ مجنون کنون کنید

صوبائی وزراء تعلیم نے مادری زبان میں ابتدائی تعلیم کا اصول تسلیم کر لیا

پورے اسکول میں چالیس اور ایک جماعت میں دس طلبا ہونے چاہئیں

مادری زبان میں تعلیم کیلئے علیحدہ اسکول قائم کئے جا سکتے ہیں

حکومت ایسے اسکولوں کو تسلیم کر کے مالی امداد دے گی!

نئی دہلی ۲۱ اگست۔ صوبائی وزراء تعلیم کی جو کانفرنس دہلی میں ہو رہی ہے اس نے کل یہ رزولیوشن اتفاق رائے سے پاس کیا کہ پرائمری اسکولوں میں ذریعہ تعلیم بچوں کی مادری زبان ہو اور جس جگہ سرکاری علاقائی زبان کچھ بچوں کی مادری زبان سے الگ ہے تو اگر اسکول میں چالیس اور جماعت میں دس لڑکے ایسے ہوں تو ان کے لئے الگ ٹیچر کا انتظام کیا جائے ہائی اسکولوں میں ریاست کی علاقائی زبان استعمال ہو سکتی ہے، لیکن طلبا کو ان کی مادری زبان میں پرچوں کے جوابات دینے کا اختیار دیا جائے، اگر کسی علاقہ میں ایسے طلباء کی تعداد اتنی ہو گی جن کی مادری زبان سرکاری زبان سے مختلف ہے تو ان کے لئے ہائی اسکول بن سکتا ہے اور اس اسکول کے بچوں کو ان کی مادری زبان میں تعلیم دی جائے گی، اگر کسی ایجنسی کی طرف سے کوئی ایسا اسکول کھولا جائے تو گورنمنٹ اسے منظور کرے گی اور امداد دے گی سرکار کے تمام اسکولوں میں جن میں میونسپلٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے اسکول بھی شامل ہیں، مادری زبان کی تعلیم کا انتظام کیا جائے گا۔ البتہ ہائی اسکولوں میں علاقائی زبان پڑھنا بھی لازمی ہوگا، ایسے انتظامات بڑے شہروں میں اور بالخصوص ان علاقوں میں خاص طور پر کئے جائیں گے، کیونکہ وہاں مختلف علاقوں کے بچے رہتے ہیں، یہ رزولیوشن چار سو الفاظ پر مشتمل ہے۔

صوبائی وزراء تعلیم کی کانفرنس نے دوسرا رزولیوشن نابالغوں کی اصلاح کے .... سلسلہ میں پاس کیا، رزولیوشن کل والی مولانا آزاد کی تقریر سے مطابقت رکھتا ہے، جس میں ہر ایک صوبہ کی حکومت سے کہا گیا ہے کہ وہ نابالغوں کے جرائم کی اصلاح کے سلسلہ میں خاص توجہ دے، مرکز سے اس مطلب کے لئے جو بل پاس کیا جائے مقامی حالات کے مطابق اصلاح کر کے ہر ایک صوبہ میں ایسے ہی ایکٹ پاس کئے جائیں اور ان پر عمل کیا جائے، اس مطلب کے لئے ایک کمیٹی بنانے کی تجویز بھی پاس ہوئی اس کے بعد کانفرنس ختم ہو گئی۔

معلوم ہوا ہے کہ کل کی کانفرنس میں یوپی کے وزیر تعلیم مسٹر سمپورنا نند نے اپنی حکومت کے خلاف اردو زبان کی تعلیم کے سلسلہ میں لگائے گئے الزامات کا جواب دیا ہے۔

قسموں کی اصلاح کے لئے جو کمیٹی بنائی گئی ہے وہ نومبر ۱۹۴۹ء میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

تمام عرب ریاستوں میں یکساں شہری قوانین نافذ ہونگے

عبد الرزاق پاشا کا بیان

اسکندریہ ۱۳ اگست۔ عرب دنیا کے مشہور مقنن اور مصری کونسل آف اسٹیٹ کے صدر عبد الرزاق السنہوری پاشا نے عرب ریاستوں میں یکساں شہری قوانین نافذ کرنے کی [illegible] تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالی [illegible]

[illegible]

ہندوستان واپس آنیوالے مسلمانوں پر پابندیاں سخت کر دی گئیں

نئی دہلی [illegible] معلوم ہوا ہے کہ [illegible] کراچی میں [illegible] ڈپٹی ہائی کمشنر [illegible]

[illegible]

کشمیر کمیشن کی جانب سے حکومت ہند کے نام خط

کمیشن کا ایک افسر [illegible] دہلی سے کراچی روانہ ہوگیا

پاکستان گورنمنٹ نے "آزاد فوجوں" کو توڑنے سے انکار کر دیا

نئی دہلی ۲۱ اگست پاکستان گورنمنٹ نے کشمیر کمیشن کو لکھا ہے کہ "آزاد کشمیر فوج پاکستانی فوج کا ایک حصہ ہے اس لئے اسے توڑنے یا غیر مسلح کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔" اس سے کمیشن نے سمجھ لیا کہ مفاہمت کا کوئی امکان نہیں۔ چنانچہ اس نے ۲۲ اگست کی مجوزہ کانفرنس ملتوی کر دی۔

کشمیر کمیشن کے ایک افسر نے ہند کے دفتر خارجہ کو [illegible] سے ایک خط لا کر دیا ہے۔ جو پاکستان کے اس جواب کی نقل ہے۔ جو اس نے اس سلسلہ میں کمیشن کو بھیجا تھا۔

معتبر حلقوں کے خیال میں پاکستان کے اس جواب کا مطلب یہ ہے کہ گذشتہ ۱۳ اگست کو جو معاہدہ ہوا تھا اسے پاکستان نے مسترد کر دیا۔ یعنی اس کی پوزیشن وہی ہے جو اس معاہدہ سے پہلے گذشتہ سال تھی۔ اس کے بعد مختلف تشریحات ہوتی رہی تھیں۔ جس کے بعد پاکستان نے ریزولیوشن منظور کیا تھا۔ اور ہندوستان کو جو وضاحت دی گئی تھی۔ اور یقین دلایا تھا۔ اس کی بنا پر کشمیر کمیشن یہ تین باتیں ایجنڈے میں شامل کرنے کو کہا تھا۔ (۱) شمالی علاقوں یعنی لداخ اور گلگت وغیرہ کے انتظام کا معاملہ طے کیا جائے (۲) آزاد کشمیر فوج کے قبضہ میں جو علاقہ ہے اس کے مقامی افسروں کے اختیارات وغیرہ (۳) آزاد کشمیر فوج کو توڑنے اور غیر مسلح کرنے کا سوال

پاکستان کا اب نظریہ ہے کہ ان وضاحتوں سے کیا واسطہ نہیں۔ وہ صرف ریزولیوشن میں جو الفاظ درج ہیں ان پر عمل کرے گا۔ لیکن ہندوستان کو جو وضاحت کی یا یقین دلایا ہو۔ پاکستان اسے نہیں مانتا۔ بلکہ پاکستان کا کہنا ہے کہ ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے مطابق صرف اتنا ہی کافی ہے کہ کشمیر سے ہندوستانی پاکستانی اور آزاد کشمیر فوج ہٹائی جائے۔ صرف اتنی ہندوستانی فوج کشمیر میں رہے جو امن قائم رکھنے کے لئے ضروری ہو۔ آزاد کشمیر فوج پاکستان کی فوج کا حصہ ہے اور رہے گا۔

اب کشمیر کمیشن کی پوزیشن بہت عجیب ہو گئی ہے جس وقت یو این او اسمبلی میں یہ مسئلہ پیش ہوا تھا اس وقت پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خاں نے کہا تھا کہ آزاد کشمیر فوج سے پاکستان کا کوئی تعلق نہیں۔ لیکن کمیشن کو تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ آزاد کشمیر فوج کی کمانڈ پاکستان گورنمنٹ کر رہی ہے اور خود پاکستانی فوج کشمیر میں موجود ہے۔

اس وقت یہ اندازہ تھا کہ آزاد کشمیر کی فوج کی تعداد پانچ بٹالین ہوگی۔ لیکن درحقیقت ۳۵ بٹالین ہے کمیشن ہندوستان کے مطالبہ کو جائز سمجھتا ہے اس لئے اس نے آزاد کشمیر فوج کو توڑنے اور غیر مسلح کرنے والا نقطہ ایجنڈے میں شامل یا منظور کر لیا تھا۔

یونان کے باغی سپہ سالار کی ہلاکت

کشتی ایک جھیل میں غرق ہوگئی

ایتھنز ۲۱ اگست۔ گوریلا قیدی تبلیغ ہے کہ حال ہی میں کوہ وانس کی جنگ کے دوران میں اس علاقے کے گوریلا دستوں کے سپہ سالار گوسیانس معہ اپنے عملے کے جھیل پریسپا میں ڈوب کر ہلاک ہوگئے، بتایا جاتا ہے کہ پوری جماعت ایک کشتی کے ذریعے سفر کر رہی تھی کہ یونانی فضائیہ نے کشتی پر مشین گن سے گولیوں کی بوچھاڑ کی جس کے باعث کشتی الٹ گئی۔

یونان کے وزیر جنگ نے گذشتہ روز نامہ نگاروں کو بتایا کہ ۱۰ جنوری سے اب تک ۱۵ ہزار گوریلاؤں کو قید کیا گیا ہے۔ لیکن ان میں سے صرف ۵۵ قیدیوں کو ابتک موت کی سزا دی گئی ہے اور وہ بھی فوجی مقدمے کے بعد (گلوب)

پرنس علی خاں اور ریٹا ہیورتھ کراچی کا دورہ کرینگے

کراچی ۲۱ اگست۔ یہاں خبر موصول ہوئی ہے کہ شہزادہ علی خاں اور ملکہ علی خاں — سابق ایکٹریس ریٹا ہیورتھ اس سال دسمبر میں کراچی کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

مصری قومیت

مصر میں غیر ملکی باشندوں کو مصری قومیت کے حصول میں بہت سی مشکلات درپیش تھیں لیکن اب ایک نئے قانون کی رو سے ہر اس غیر ملکی کو جسے مصر میں رہتے ہوئے پانچ سال گذر چکے ہیں خود بخود شہری اور قومی حقوق حاصل ہو جائیں گے ابتک وہ یہودی اور آرمینی عیسائی جو مصری قومیت کے بغیر زندگی گذار رہے تھے مصری قومیت کا جزو لاینفک بن جائیں گے اور ان غیر ملکی کمپنیوں کو بھی فائدہ ہوگا جو اب تک قانون کے بموجب اپنے ملازموں میں ۷۵ فیصدی مصریوں کو رکھنے پر مجبور تھے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو شخص مصر میں پانچ سال سے رہتا آیا ہے وہ مصری ہے اور اسے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو وہاں کے قدیم باشندوں کو حاصل ہیں۔

آج ہندی کے حامی مہاتما گاندھی کی خواہشات اور کانگریس کے اعلانات سے منحرف ہو رہے ہیں

کانگریسی ممبران اسمبلی اور وزیر اعظم اپنا اثر کام میں لائیں

ہندستانی زبان اردو اور دیوناگری خطوں کے لئے مسلم ممبروں کی اپیل

نئی دہلی ۲۰ اگست (پی ٹی آئی) ہند کی مجلس دستور ساز کے مسلم ممبران نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دیوناگری اور اردو رسم الخط کے ساتھ ہندستانی کو ملک کی قومی زبان قرار دیا جائے۔

یہ بیان جن کے دستخط سے [illegible] اور اس میں کہا گیا ہے کہ ہم مسلم ممبران مجلس دستور ساز کو اس طریقہ کار سے صدمہ ہے جو اسمبلی کے اندر اور باہر زبان کے مسئلہ کے لئے اختیار کیا جا رہا ہے۔ ہندی کے کارکنوں کے ہتکنڈے استعمال کئے جا رہے ہیں۔ اور ہند دیہان باندھے جا رہے ہیں۔ دیوناگری رسم خط کے ساتھ ہندی زبان کے حامیوں پر سیاسی جذبات اور تعصبات جو تقسیم کے نتیجے میں پیدا ہوئے غالب ہیں اور وہ اردو رسم خط کو مٹا دینے کا عزم کر چکے ہیں۔

ہمارے عظیم رہنما مہاتما گاندھی نے ۱۰ اگست ۱۹۴۷ء کے ہریجن میں اس مسئلہ پر لکھا تھا کہ ”کانگریس ایک چٹان کی طرح قائم ہے۔ اس کو ہندوستان کی قومی زبان کے بارے میں متزلزل نہ ہونا چاہئے۔ یہ زبان نہ فارسی آمیز اردو ہو سکتی ہے اور نہ سنسکرت زدہ ہندی۔ یہ دونوں زبانوں کے سادہ اور آسان الفاظ کا مرکب ہونا چاہئے۔ اور یہ دونوں رسم خطوں میں لکھی جا سکے یعنی اردو رسم خط سے منسلک ہونا چاہئے۔“

آج ہندی کے حامی مہاتما گاندھی اور ان کی خواہشات کا احترام نہ کرتے ہوئے کانگریس کے ان اعلانات سے منحرف ہو رہے ہیں۔ اور قطعاً بے التفاتی برت رہے ہیں جو تقسیم سے قبل وہ قائم تھے۔

ہم اس بات کو پوری طرح محسوس کرتے ہیں کہ موجودہ فرقہ وارانہ فضا میں ہم بے بس ہیں لیکن ہم یہ بات یاد دلانا چاہتے ہیں کہ اس کا اکثر ممبران مجلس دستور ساز پر ہے جن میں سے بیشتر کانگریسی ہیں۔ اور بالخصوص وزیر اعظم کہ وہ اس موقعہ پر آگے آ کر اپنے سابقہ اعلانات پر قائم رہیں۔

دونوں خطوں کے ساتھ ہندستانی ملک کی لنگوا فرینکا ہونی چاہئے۔ یہ مستقبل کے اتحاد اور قومی ملاپ کے لئے مفید ہوگی اور ہندستان کا ایک طبقہ خوش حال اور مطمئن ہوگا۔

دستخط کرنے والوں میں نواب اسمٰعیل خاں، مسٹر نظیر الدین احمد، مسٹر پوکر صاحب، مسٹر عبد الحلیم غزنوی اور مسٹر لطیف الرحمٰن شامل ہیں۔

رود بار انگلستان کو تیر کر عبور کرنے کا مقابلہ اتوار کو ہوگا۔ مصری تیراکوں کی روانگی

قاہرہ ۲۱ اگست۔ تین مصری تیراک فہمی عطاء اللہ، برق حسن حمید اور ابو المنعم کل صبح برطانوی ترتیبی صدر دفتر کو روانہ ہو رہے ہیں چونکہ فرانس میں اس کے نیز تیزمیں واقع ہے وہ لوگ اتوار کو صبح ۲ بجے پانی میں اتر جائیں گے جبکہ آبنائے رود بار کو تیر کر عبور کرنے کا مقابلہ شروع ہوگا (یہ آبنائے بعض مقام پر ۲۲ میل چوڑی ہے)

ان تیراکوں کو کرنل ڈاکٹر محمد ابراہیم نے تربیت دی ہے وہ خود مقابلہ کے وقت موٹر کشتی میں تیراکوں کے ساتھ ہوں گے۔ انہیں پوری توقع ہے کہ مصری تیراک اس مقابلے میں کامیابی حاصل کریں گے

روم ۲۱ اگست۔ یہاں کی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ اٹلی میں ”غیر ضروری“ چاول کی اس قدر بہتات ہے کہ حکومت پورے ملک میں پروپیگنڈا کر رہی ہے جو گھریلو عورتوں کو ”چاول پکانے کے ایک سو طریقے“ بتائیں گی۔

سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں استغاثہ کے ۵۳ گواہ پیش ہونگے

سلطانی گواہ پر جرح ختم ہو گئی

[illegible] قاسم رضوی اور اس کے ساتھی ملزموں کے خلاف شعیب اللہ کے قتل کے مقدمہ کی سماعت کے دوران سلطانی گواہ [illegible]

سلطانی کی جرح ختم ہو گئی۔ صدر ٹریبونل نے [illegible] استغاثہ کی طرف سے ۵۳ گواہ پیش کئے جائیں گے۔

مزید سماعت کے دوران آج وعدہ معاف گواہ امیر نے وکیل صفائی کی مزید جرح کے جواب میں کہا کہ حیدرآباد کی ایک وارڈ کمیٹی کا صدر ہونے کی وجہ سے میرے ماتحت دو ہزار رضاکار تھے۔ وارڈ کے صدر کی سفارش پر رضاکار جماعت کے ہیڈکوارٹرز سے رضاکاروں کو بندوقیں، بھالے اور ہینڈ گرنیڈ وغیرہ تقسیم کی جاتی تھیں۔ میرے وارڈ کے سوا میرے کنبے کے تمام افراد رضاکار جماعت کے ممبر تھے۔ شعیب اللہ کو ختم کر دینے کے لئے قاسم رضوی نے جو حکم دیا تھا میں نے اس کے متعلق اپنے والد سے کوئی مشورہ نہیں کیا تھا۔ کیونکہ مجھے یقین تھا کہ اس طرح سے میں اپنے محبوب لیڈر کے حکم کی تعمیل نہ کر سکوں گا۔ پولیس ایکشن کے فوراً بعد میں عام گرفتاریوں کے بعد نظربند ہو گیا۔ اس مرحلہ پر رضوی کے وکیل مسٹر بابر حسین نے جرح ختم کر دی۔ دوسرے ملزمان کے وکلا نے بعد ازاں وعدہ معاف گواہ پر جرح [illegible]

[illegible] اس نے بیان کیا کہ قتل کی اسکیم تیار کرنے کے سلسلے میں نے قاسم رضوی سے صرف تین ملاقاتیں کیں۔ ازاں بعد ٹریبونل کے صدر نے وضاحت کیلئے وعدہ معاف گواہ سے [illegible]

بریلی ۱۰ اگست۔ گذشتہ روز [illegible] سوشلسٹ رہنماؤں نے [illegible] کے خلاف ایک زبردست تحریک کا آغاز کیا [illegible] حکم دیا گیا ہے اور اعلان [illegible]

مزدوروں کو تحریک کے لئے تیار رہنے کا حکم دیا گیا ہے اور اعلان کیا ہے کہ حکومت کے معاشی قوانین پر اعتراضات کئے گئے ہیں۔

بقر عید کیلئے عیدکارڈ

عید کارڈ ابھی منگا لیجئے۔ تفصیل قیمت۔ تعلق شدہ [illegible] مراسلہ مکتوب الیہ لکھ کر قیمت پیشگی بھیجکر رجسٹری یا بذریعہ [illegible] جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے منگوائیے۔

گمشدہ کی تلاش

مولوی صاحب گل کابلی فاضل دارالعلوم دیوبند جو کہ امسال سند تکمیل حاصل کرتے ہوئے وطن جانے کو تھے۔ بتاریخ [illegible] شوال المکرم بغیر کسی اطلاع کے غائب ہو گئے۔

لہذا اگر ناظرین اطلاع [illegible] کا شخص گذرے تو براہ کرم [illegible]

[illegible]

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف خانوادۂ سید احمد مجدد شہید رحمۃ اللہ کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے ملک کے مایۂ فخر سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے مطبوعہ معارف اعظم گڈھ صفحات ۴۹۴ قیمت (عہ)

الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مسلمانوں کا روشن مستقبل

مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بار بار طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکی ہے عہ

غدر کے چند علماء۔ از مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی مجلد عہ

ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء۔ از مفتی صاحب مذکور عہ

علماء حق اور ان کی مظلومیت کی داستان۔ قیمت عہ

روح روشن مستقبل۔ روشن مستقبل کا خلاصہ قیمت ۸؎

باغی ہندوستان:۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات (ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل مولانا فضل حق صاحب خیرآبادی کے قلم مبارک سے) قیمت عہ

مجاہد جلیل۔ از حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی (مختصر سوانح) ۵؍

حیات شیخ الاسلام۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات مجلد عہ

علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے از حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ جلد اول عہ جلد دوم عہ

علمائے ہند کا شاندار ماضی۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند طبع دوم کی مجلد

سفرنامہ شیخ الہند۔ حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہ مجلد عہ

ذاتی ڈائری (مولانا عبید اللہ سندھی قدس اللہ سرہ) مجلد عہ

سفرنامہ شیخ ابن بطوطہ (نہایت مفید اور مشہور کتاب) عہ

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو ــــ گلی قاسم جان دہلی

اٹاوہ کی خبریں

(از نامہ نگار خصوصی)

۱۰ اگست۔ زیر نگرانی حافظ محمد صدیق اسلامیہ انٹر کالج اٹاوہ کے کلاسوں کے نمائندوں کا ایک جلسہ زیر صدارت شری اے۔ ایس۔ شاق گنڈوی منعقد ہوا اور حسب ذیل طلبہ عہدہ داران یونین منتخب ہوئے صدر اے۔ ایس شاق گنڈوی۔ سکریٹری۔ ایس امیر حسن

۱۴ اگست کو دگی ناتھ کا جلوس جو جنم اشٹمی سے پہلے نکلا کرتا ہے اس سال بھی نکلا اور پورے اہتمام سے بخیر و خوبی ختم ہوا۔

۱۴ اگست۔ شری ملکھان سنگھ سوشلسٹ لیڈر اٹاوہ آئے اور حکام ضلع اور سوشلسٹ پارٹی اٹاوہ کے اراکین سے ملے اور جس قدر بھی سوشلسٹ جیلوں میں تھے وہ رات ہی کو رہا کر دئے گئے۔ حکام نے ۱۴۴ واپس لے لی۔ جن گیارہ آدمیوں کو بتاریخ ۱۳ اگست سات ماہ ایک روز کی سزا ہوئی تھی وہ بھی رہا کر دئے گئے۔ اس طرح ستیہ گرہ ختم ہوا۔

شری گوپال دوبے سٹی کوتوال کا تبادلہ جھانسی ہو گیا آپ انسپکٹری پر جا رہے ہیں۔ اور یہاں تھانہ بلہور ضلع کانپور کے سب انسپکٹر شری رام سروپ سنگھ کوتوال ہو کر آ رہے ہیں۔

اس کثرت سے بارش ہو رہی ہے کہ پانی بند ہونے کا نام ہی نہیں لیتا۔ [illegible] پریشان ہے۔

شہر میں باوجود اس قدر بارش کے اب بھی ہیضہ کے حادثے ہوتے رہتے ہیں۔ جگہ جگہ میونسپل بورڈ نے ہیلتھ افسر اور ایک [illegible] افسر کے شہر کے ہر حصہ میں کام سے ہیں اور عوام کو ہدایات کر رہے ہیں کہ وہ ہیضہ سے بچنے کی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ روزانہ ٹیکے لگائے جا رہے ہیں۔ شہر میں ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے تاکہ کھلا [illegible] اور کٹے ہوئے سڑے ہوئے پھل فروخت نہ ہوں۔ حلوائیوں وغیرہ کو خاص ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کھلی ہوئی مٹھائی فروخت نہ کریں۔ آئس کریم کی سخت ممانعت کر دی گئی ہے۔

خوراک کی پیداوار بڑھانے کے لئے نظام کار

مرکزی بورڈ نے مفصل سفارشات پیش کر دیں

نئی دہلی ۲۱ اگست۔ خوراک کے متعلق خود کفیل بننے کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کمشنر بہائے افزائش خوراک کی امداد کے لئے خوراک کی پیداوار کا جو مرکزی بورڈ قائم کیا گیا ہے اس بورڈ نے حالیہ اجلاس میں اس نظام کار کی تفصیلی سفارشات پیدا کی ہیں۔ جو خوراک کے بارے میں خود کفیل بننے کے پروگرام کو نافذ العمل کرنے کے لئے صوبوں اور ریاستوں میں قائم کیا جائے گا۔

بورڈ نے سفارش کی ہے کہ صوبائی حکومتیں خوراک کی پیداوار کے ڈائرکٹر مقرر کریں۔ جن کے ذمہ یہ کام رکھا جائے۔ کہ ان کے صوبوں کے ذمہ جس قدر زائد خوراک پیدا کرنے کا کام سپرد کیا گیا وہ اتنی مقدار پیدا کرائیں۔ خوراک کی پیداوار کے لئے وزارت کی جو سب کمیٹی ہوگی۔ ڈائرکٹر اس کا کنوینر ہوگا اس کی امداد کے لئے مرکز کی طرح خوراک پیداوار بڑھانے والا بورڈ قائم کیا جائے گا۔ ڈائرکٹر کی حیثیت مقامی ضروریات کے مطابق ایک سکریٹری یا افسر یا کمشنر کے افسر کی ہوگی۔ اضلاع میں خوراک کی پیداوار کے لئے زیادہ تر ڈپٹی کمشنر ہی ذمہ دار ہوگا اور اسے یہ اختیارات دئے جانے چاہئیں کہ وہ مختلف محکموں کی سرگرمیوں کو مربوط کر سکے۔

جس قدر زمین دستیاب ہو سکتی ہے۔ اس کو زیادہ سے زیادہ استعمال میں لانے کے لئے بورڈ نے یہ سفارش کی ہے کہ صوبائی حکومتیں ایسے قوانین وضع کریں۔ جن کے ذریعہ مالکان زمین کے لئے یہ لازمی قرار دیدیا جائے۔ کہ وہ موجودہ خالی زمینوں اور کاشتکاری کے قطعی ناقابل زمینوں کے علاوہ اپنی تمام زمینوں میں کاشتکاری کریں۔

خوراک بڑھانے کے کام کے ساتھ غیر سرکاری ایجنسیوں کو شامل کرنے پر زور دیتے ہوئے بورڈ نے سفارش کی ہے کہ ہر ایک ضلع افسر کے ساتھ ایک مشاورتی کمیٹی ہو جس کے غیر سرکاری ممبر وہ خود ہی نامزد کرے۔

ملک میں کپاس کی خرید و فروخت

اصلاح کے لئے کمیٹی کی تدابیر

نئی دہلی ۲۱ اگست۔ وزارت زراعت نے کپاس کی خرید و فروخت کے بارے میں اصلاحی تدابیر مرتب کرنے کے لئے جو کمیٹی مقرر کی تھی۔ اس کمیٹی نے صوبائی و ریاستی اور کپاس کا کام کرنے والوں کو لکھا ہے کہ وہ ملک میں کپاس کی خرید و فروخت میں اصلاح کے لئے اپنے خیالات کا اظہار کریں جو ادارے یا افراد اس معاملہ کے بارے میں کوئی رائے ظاہر کرنا چاہتے ہیں وہ سکریٹری کاٹن مارکٹنگ کمیٹی۔ ڈائرکٹوریٹ آف مارکٹنگ اینڈ انسپکشن، ای بلاک نئی دہلی کے پتہ پر ۱۵ ستمبر تک اپنی رائے بھیج دیں۔

اس سے قبل وزارت زراعت کے لئے مجلس قانون ساز کی اسٹینڈنگ ایڈوائزری کمیٹی کی سفارش پر حکومت ہند نے کپاس کی خرید و فروخت سے متعلق مذکورہ بالا کمیٹی قائم کی تھی۔ آئین ساز اسمبلی کے رکن [illegible] کمیٹی کا چیرمین اور [illegible] (اراکان آئین ساز اسمبلی) کمیٹی کے ممبر بنائے گئے تھے۔ یہ کمیٹی اس مقصد کے لئے قائم کی گئی تھی کہ کپاس کے کاشتکاروں اور کپڑے کے کارخانہ داروں کے رابطوں کو قائم کرنے سے کاشتکاروں کو فائدہ پہنچانے کے طریقے معلوم کئے جائیں۔

کتنے سگریٹ آئے
اور کتنے سگریٹ گئے
مگر ڈی لکس
برابر چل رہا ہے
ڈی لکس ٹیلر
۵ آنے میں ۱۰
ہمیشہ طلب کیجئے
جیمس کارلٹن لمیٹڈ لندن

دائم السلطنت

ہندی کے ساتھ اردو زبان کو مساوی حیثیت سے تسلیم کیا جائے

انجمن تعمیر اردو کے جلسہ میں ادیبوں اور شاعروں کا متفقہ مطالبہ

(نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی۔ اتوار کی شام ارزہال اردو بازار میں مولانا اسرار احمد صاحب آزاد ایڈیٹر ہفتہ وار الجمعیۃ کی صدارت میں انجمن تعمیر اردو کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں موجودہ حالات میں اردو زبان کی ترویج و اشاعت اور بقا و تحفظ کے مسئلہ پر غور ہوا اور ایک قرار داد متفقہ طور پر پاس ہوئی۔

اس اجلاس میں زبان کے متعلق ہند کی مجلس دستور ساز کی کانگریس اسمبلی پارٹی کے فیصلہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک قرارداد متفقہ طور پر پاس کی گئی جس میں مجلس دستور ساز سے مطالبہ کیا گیا کہ ہندی زبان اور دیوناگری رسم الخط کے ساتھ ساتھ اردو زبان اور رسم خط کو بھی مساوی درجہ دیا جائے۔

اس کے علاوہ یہ بھی طے پایا کہ انجمن کی عام مہینہ واری سے اور اردو زبان کی ترویج و اشاعت کے لئے کچھ ٹھوس قدم اٹھایا جائے۔ جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ لوگوں کو اردو زبان پڑھنے اور لکھنے کا شوق دلایا جائے۔ تاکہ اردو کے جاننے والوں کا حلقہ وسیع ہو سکے۔ اور اردو زبان کی بنیاد مستحکم ہو۔

صوبائی اسپیکروں کی کانفرنس

آئندہ ۱۰، ۱۱ اور ۱۲ تاریخ کو دہلی میں صوبائی اسپیکروں کی ایک کانفرنس ہوگی خیال ہے کہ ہند پارلیمنٹ کے اسپیکر مسٹر ماونلنکر اس کی صدارت کریں گے کانفرنس میں صوبائی اسمبلیوں کے علیحدہ سکریٹریٹ قائم کرنے کے مسئلہ پر غور کیا جائے گا۔

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۶٫۵ درجہ اور کم سے کم ۷۸٫۲ درجہ تھا۔

دہلی میں ٹرام سروس کے انتظامات

(نامہ نگار)

دہلی میں ٹرام سروس جاری ہو گئی ہے ہر ٹرام میں دو پولیس مین چلتے ہیں۔ اب فٹ بورڈ پر کھڑے ہونے اور زیادہ سواریوں کے سوار ہونے سے روکنے کی روک تھام پوری طرح ہو رہی ہے۔ گاڑی میں جتنے آدمیوں کی جگہ ہوتی ہے اتنے ہی آدمیوں کو سوار ہونے کی اجازت ہوتی ہے۔

محفل ادب کے زیر اہتمام مشاعرہ

محفل ادب [illegible] حسام الدین حمید [illegible] کے زیر اہتمام ایک بزم مشاعرہ بروز ۲۰ اگست شب کو بر مکان جناب شیخ نور الٰہی صاحب [illegible] ساکن بازار چتلی قبر دہلی منعقد ہوئی۔ مشاعرہ حضرت [illegible] کی ایک نعتیہ نظم پر اختتام پذیر ہوا۔

ہندستان کے ورکنگ جرنلسٹوں کا اجتماع

دہلی یونین آف جرنلسٹس کی ایگزیکٹو کمیٹی نے کل فیصلہ کیا کہ ہندستان بھر کے ورکنگ جرنلسٹوں کی یونینوں اور انجمنوں کو دہلی آنے کی دعوت دی جائے تاکہ آل انڈیا فیڈریشن آف ورکنگ جرنلسٹس یونینس کے قیام کی تجویز پر غور کیا جائے۔ ابتدائی میٹنگ جس میں صوبائی یونینوں اور انجمنوں کے نمائندوں کو دعوت دی جائے گی ۱۰ اکتوبر کو نئی دہلی میں ہوگی۔ کمیٹی نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ ابتدائی میٹنگ کے ساتھ ورکنگ جرنلسٹوں کی ایک کنونشن بلائی جائے۔ مسٹر کے پی ناتھ سری واستو صدر یوپی ورکنگ جرنلسٹس فیڈریشن [illegible] (پ ٹ)

مجلس وعظ

مورخہ ۲۲ اگست ۱۹۴۹ء بعد نماز عشاء اندرون مٹیا محل مسجد میں محفل وعظ منعقد ہوگی جس میں مولوی محمد احمد صاحب [illegible] و مولوی محمد فضل صاحب دہلوی و دیگر حضرات سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائیں گے تمام مسلمان بالخصوص بازار مٹیا محل جامع مسجد کے حضرات اس مبارک مجلس میں شرکت فرما کر ثواب حاصل کریں۔

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

۱۵ فیض بازار دریا گنج دہلی

بورک ٹیفل امریکہ سے تازہ اسٹاک ابھی ابھی آیا ہے علاوہ ازیں کتب، سامان ڈاکٹری وغیرہ کے لئے ہمارے رعایتی نرخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ فہرست مفت منگائیں۔

نیگراں ـــ ڈاکٹر بی ایل زولا آف لاہور

منگل گئی پر بمباری کا حادثہ

ہرجانہ کے متعلق بات چیت

کراچی ۲۳ اگست۔ افغانستان کے علاقہ مغل گئی میں پاکستانی ہوائی جہاز کی بمباری کے سلسلے میں پاکستان نے افغانستان کو ہرجانہ دینا منظور کیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ ہرجانہ کی رقم طے کرنے کے لئے کابل میں دونوں حکومتوں کے درمیان بات چیت ہو رہی ہے۔ یہ بات چیت کابل میں پاکستانی سفیر کی معرفت ہو رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے افغان گورنمنٹ کے پاس پروٹسٹ کیا ہے۔ کہ کابل ریڈیو اور افغان پریس پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کر رہا ہے۔ حالانکہ جب بمباری کے واقعہ کی مشترکہ تحقیقات کرانے کا فیصلہ ہوا تھا۔ تو دونوں حکومتوں نے ایک دوسرے کے خلاف پروپیگنڈا نہ کرنے کا عہد کیا تھا۔ اب پاکستان کو شکایت ہے کہ اس عہد کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔

مسودہ آئین میں جائدادوں کے متعلق دفعہ پر قیاس آرائیاں

یوپی والوں کا خیال ہے زمینداروں کے حقوق مبنی بر انصاف نہیں ہیں

لکھنؤ ۲۲ اگست (ا۔ م)

اگرچہ ابھی تک مسودہ آئین میں جائداد کی دفعہ التوا میں ہے مگر صوبائی اخبارات میں اس پر دلچسپ بحث شروع ہو گئی ہے معلوم ہوا ہے کہ یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گوبند ولبھ پنت نے دہلی میں اس سلسلہ میں کافی حمایت حاصل کر لی ہے کہ معاوضہ دینے والی جائداد میں زمینداروں کو مستثنیٰ رکھا ہے قطعی طور پر منصفانہ ہے۔

عام طور پر جو دلائل پیش کئے جاتے ہیں وہ یہ ہیں کہ کوئی بنیادی حقوق کا قانون اس کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ یوپی نے برسر اقتدار پارٹی کے منشور کے مطابق ایک بل تیار کیا ہے جس میں زمینوں کو کاشتکاروں کے سپرد کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ دہلی کی کشمکش و تنقید کا اثر اس صوبہ اور دوسرے صوبوں میں اس ملتوی شدہ مسئلہ کو حل کرنے میں اثر انداز ہوں گے۔

دوسری وجہ زمینداروں کے حقوق کے سلسلہ میں یہ بتائی جاتی ہے کہ [illegible] زمینداری [illegible] ترقی میں کوئی ہاتھ نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ صرف زمین سے روپیہ پیدا کرتا ہے۔

تیسرے یہ کہ صوبہ متحدہ کے وزیر اعظم کی قیادت میں یوپی کے ممبران مجلس دستور ساز نے مالکان اور زمینداروں کے حقوق کا ثبوت یوں دیا ہے کہ اگر موجودہ فیکسیشن نظام میں دخل دیا تو پیداوار بالکل درہم برہم ہو جائے گی۔ البتہ اگر زمینداری ختم ہو گئی تو اس میں اضافہ کا امکان ہے۔ لیکن اگر خوراک کی پیداوار میں فوری طور پر کوئی اضافہ نہ ہو تو اس میں کمی کا بھی کوئی امکان نہیں ہے کیونکہ زمیندار اقتصادیات میں کوئی پارٹ ادا نہیں کرتا۔ دہلی کے مذاکرات میں ان کی پوزیشن کو یوپی میں ”دخل در معقولات“ کرنے والے جیسی سمجھی جا رہی ہے۔

مجلس دستور ساز میں یوپی کے ارکان جن میں بالخصوص ترقی پسند عناصر شامل ہیں وہ بڑے جوش و خروش سے اس بات کی حمایت کر رہے ہیں کہ زمینداروں کے حقوق غیر منصفانہ ہیں۔ اور زمینوں میں کاشت کرنے والوں کے ساتھ انصاف ہونا چاہئے کیونکہ یہ طریقہ بہر حال برسوں سے ایک ایسے طبقہ کی پرورش کر رہا ہے جو اقتصادی طور پر بار رہتے اعتنائیت نہیں۔

زمیندار انجمن کے نمائندوں کا اس سلسلہ میں یہ خیال ہے کہ آخر اس بات کا فیصلہ کون کرے گا کہ معاوضہ جو دیا جا رہا ہے وہ برا ہے یہ ان کا خیال ہے کہ اس سلسلہ میں عدالت میں پہنچا جائے تو شاید یہ فیصلہ ہو کہ ہزاروں زمینداروں کے سلسلہ میں تو یہ بالکل ضبط کرنے کے برابر ہے ان کا خیال ہے کہ اس سے مختلف مالکان جائداد کے درمیان ایک امتیازی سوال پیدا ہو جائے گا۔

تنسیخ زمینداری بل کے سلسلہ میں کسانوں سے فنڈ جمع ہونے لگا

لکھنؤ ۲۳ اگست (ا۔ م) کل سے یوپی میں کسان تنسیخ زمینداری فنڈ میں اپنا حصہ دینا شروع کر دیں گے۔ اگرچہ اس سلسلہ میں حکومت کی جانب سے باقاعدہ فنڈ جمع کرنے کی مہم ۲ اکتوبر سے شروع ہوگی۔

زمینداری بل میں یہ ہے کہ کسان لگان کا دس گنا ادا کر دیں جو زمینداروں کو معاوضہ دینے کے کام آئے گا تنسیخ زمینداری کے بعد وہ اس پر حق حاصل کرے گا۔

اس سلسلہ میں گذشتہ ہفتہ ایک قانون جاری کیا گیا ہے جس کی رو سے یہ روپیہ جمع کیا جا سکتا ہے اور اس کو بے دخل نہیں کیا جائے گا۔ دوسرے یہ کہ اس کی ادائیگی کے بعد لگان نصف ہو جائے گا۔

حکومت نے سرکاری خزانوں کو کسانوں سے پیسہ لینے کے لئے کہہ دیا ہے۔

فن لینڈ کی سوشل ڈیموکریٹ حکومت

کمیونسٹوں کی زور آزمائی کا مقابلہ کرے گی

ہیلسنکی ۲۲ اگست۔ فن لینڈ میں کمیونسٹوں نے طاقت آزمائی کے لئے جو تحریک شروع کی ہے فن لینڈ کی سوشل ڈیموکریٹ گورنمنٹ اور وہاں کی ٹریڈ یونین کونسل نے اس کا مقابلہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

کونسل نے ایک الٹی میٹم جاری کیا ہے۔ اگر ہڑتالی یونینوں نے اسے قبول نہیں کیا تو ٹریڈ یونین دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گی اور بہت سے ہڑتالی مزدور کام پر واپس چلے آئیں گے۔

الٹی میٹم میں کہا گیا ہے کہ اگر ہڑتالی یونینوں کے لیڈر ہڑتال واپس نہیں لیں گے تو ان کی انجمن کو کونسل سے خارج کر دیا جائے گا۔ شمالی فن لینڈ کے قصبہ کیمی میں اب امن ہے (گلوب)۔

دنیا کے لئے ایک نیا کیلنڈر

ایک امریکی خاتون کی کوششیں

لندن ۲۲ اگست۔ اقوام متحدہ میں ایک نیا عالمی کیلنڈر (جنتری) پیش کیا جانے والا ہے۔ جس کے متعلق دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اس سے دنیا کے لاکھوں اسٹرلنگ بچ جائیں گے اس کیلنڈر کی موجد ایک امریکی خاتون مس الزبیتھ ایکلس ہیں جو آج کل لندن میں ہیں اور اس سلسلہ میں برطانیہ کی حمایت حاصل کرنا چاہتی ہیں (گلوب)

آزاد ہندستان کی دو سالہ کارگذاری

برطانوی اخبارات کی طرف سے خراج عقیدت

لندن ۲۱ اگست۔ آزادی ہند کی دوسری سالگرہ کے موقع پر برطانیہ کے متعدد اخبارات نے ہندوستان کی حاصل کردہ ترقیوں کو سراہا اور خراج عقیدت پیش کی۔

اخبار ٹریبیون نے ”ہندوستان میں معجزہ“ کے عنوان سے ایک مقالہ شائع کیا جس میں مقالہ نگار مسٹر وولڈ ریاٹ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ہندوستان کو جنوب مشرقی ایشیا کی لیڈری سنبھالنی چاہئے۔ وہ لکھتے ہیں۔ آج ایک عظیم الشان آزاد جمہوریہ اس علاقے میں کمیونزم کے مقابلے میں ہے اگر ہندوستان آزاد نہیں ہوا ہوتا تو مشرق وسطیٰ کا پورا ایشیا بے اطمینانی اور انارکی کی نذر ہو گیا ہوتا۔ وہ اب بھی دولت مشترکہ کا رکن ہے اور اس طرح کی آزادی قابل قدر ہے

اخبار مذکور نے دوسرے مسائل کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اگر جنوبی افریقہ نے نسلی منافرت کا مسئلہ اطمینان بخش طریقے پر حل نہ کیا تو دولت مشترکہ کو مجبوراً اسے رکنیت سے علیحدہ کرنا پڑے گا۔

اخبار نامہ اینڈ نیشن نے ہندوستان کی حاصل کردہ ترقیوں کو سراہا۔ اس نے لکھا ہے کہ ہندوستان میں کسی قسم کی لاقانونیت نہیں پھیلی جیسا کہ بعض انگلو انڈین کہا کرتے تھے۔ اور توقع ظاہر کی ہے کہ مسئلہ کشمیر اطمینان بخش طریقے پر حل کر لیا جائے گا (گلوب)

مارشل امداد کے نتائج

مسٹر ہاف مین کا بیان

ایتھنز۔ ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے مارشل امداد اسکیم کے ناظم مسٹر ہاف مین نے یورپ کے مستقبل کی طرف سے پر امید ہونے کی ۵ وجوہات بتائیں۔

(۱) جن ممالک نے مارشل امداد قبول کی ہے وہاں پر کثرت زر پر قابو پایا جا چکا ہے۔

(۲) قبل از جنگ کی پیداوار کی نسبت وہاں کی موجودہ پیداوار میں ۱۵ فیصدی کا اضافہ ہو چکا ہے۔

(۳) مغربی یورپ میں مستقل جمہوری حکومتیں قائم کی جا چکی ہیں۔

(۴) مغربی یورپ کے ہر ملک میں جمہوری تحریکیں طاقتور ہوتی جا رہی ہیں۔

(۵) حکومتیں [illegible] اور لوگوں میں ان کا اعتماد پیدا ہو چکا ہے (گلوب)

شاہ وکٹر عمانوئیل کی لاش

قبر سے دوبارہ باہر نکالی جائیگی

پیرس ۱۲ اگست۔ اٹلی کے سابق بادشاہ وکٹر عمانوئیل کی لاش [illegible] سے باہر نکالی جائیگی [illegible]

[illegible] (گلوب)

ڈربن کے ہندوستانیوں کو عطیہ

ڈربن ۱۸ اگست۔ ڈربن کے ایک ہندوستانی تاجر مسٹر ایم ابل سلطان نے نیٹال میں آباد ہندوستانیوں کی سماجی و تعلیمی ترقی کے لئے ایک لاکھ پونڈ سے ایک ٹرسٹ قائم کیا ہے (ایک لاکھ پونڈ ۱۳ لاکھ روپے کے برابر ہے) اب تک جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں نے جو عطیات ہندوستانیوں کی بہبودی کے لئے دئے ہیں ان میں یہ عطیہ سب سے بڑا ہے۔

ہندوستانی رہنماؤں کا خیال ہے کہ یہ رقم ہندوستانی آبادی کی ترقی کے لئے بڑی مددگار ثابت ہوگی کیونکہ گذشتہ چند برسوں سے ابتدائی سکولوں کی قلت کی وجہ سے ہندوستانیوں کی تعلیمی ترقی رک گئی تھی۔

مسٹر سلطان کے پرانے دوست اور ٹرسٹ کے سکریٹری مسٹر ونسنٹ لارنس نے ٹرسٹ کے مقاصد بتلاتے ہوئے کہا کہ اس وقف کا مقصد ہندوستانیوں کی تعلیمی اور سماجی حالت کو ترقی دینا ہے اور مدد کے سلسلے میں مذہب اور نسل کا امتیاز نہیں برتا جائے گا۔ (گلوب)

والدین کو اب غلط فہمی نہ ہو گی

امریکی زچہ خانوں کی نئی ایجاد

نیویارک ۲۰ اگست۔ زچہ خانوں میں اگر بچہ [illegible]

یہاں کے زچہ خانوں میں نوزائیدہ بچوں کو عریاں کر کے کچھ دیر کے لئے روشنی کے سامنے رکھا جاتا ہے اور لوشن پر بچے اور اس کے والدین کے نام کی تختیاں لگا دی جاتی ہیں اس طرح سے بچے کی پیٹھ پر اس کا نام ابھر آتا ہے۔ (گلوب)

یوپی میں سیمنٹ کاغذ اور بجلی کا سامان بنانے کے کارخانے کھولے جائینگے

لکھنؤ ۲۲ اگست۔ یوپی حکومت کے محکمہ صنعت کے ایک ترجمان نے بتلایا کہ حکومت نے بڑی بڑی صنعتوں اور گھریلو و چھوٹی چھوٹی دستکاریوں کی ترقی کے لئے جو پروگرام بنایا ہے اس نے کافی کامیابی حاصل کی ہے۔ ترجمان نے پریس ٹرسٹ کے نمائندے کو بتایا کہ یوپی حکومت کی سب سے پہلی اسکیم جو کامیاب ہوئی ہے ضلع مرزاپور میں رابرٹس گنج کی سیمنٹ فیکٹری ہے۔ اس فیکٹری میں ہر سال ڈھائی لاکھ ٹن سیمنٹ تیار کیا جائے گا۔ مشینری کا آرڈر دیدیا گیا ہے۔ اور اس کی تعمیری کام زور شور سے شروع ہے۔ حکومت نے الہ آباد کے نزدیک ایک ریزن فیکٹری بھی کھولنے کی تجویز [illegible] حکومت کاغذ، بجلی کے سامان، بیٹری، گھڑیاں، کلاک وغیرہ تیار کرنے کے کارخانے بھی کھول رہی ہے۔ اس طرح حکومت گھریلو دستکاری کی امداد کے لئے بھی ٹریننگ سنٹر کھول رہی ہے۔ (پی ٹی آئی)

معلم ہندی

ہندی سکھانے والی لاجواب اور سستی کتاب

اس کتاب کے ذریعہ ہزاروں جاننے والا صرف چند دن میں بلا استاد ہندی لکھنے پڑھنے میں ماہر ہو جاتا ہے۔ کتاب کے مصنف جناب شفاء الملک حکیم دلبر حسن خانصاحب مہتمم طبیہ کالج دہلی نے دعوے کیا ہے کہ جب تک معلم ہندی کا مطالعہ نہ کیا جائے۔ ہندی کا بڑے سے بڑا عالم ہندوستان کی مشترکہ زبان کو صحیح نہیں لکھ سکتا۔ کتاب میں ہندی سیکھنے کے عام فہم اور نہایت آسان طریقے لکھے گئے ہیں۔ قیمت فی کتاب معہ محصولڈاک ایک روپیہ۔ پانچ کتابوں کی قیمت تین روپیہ دو آنہ

کتاب ختم ہونے والی ہے۔ جلد منگوا لیں۔

منیجر شاہی مطب عقب جامع مسجد پوسٹ بکس ۵۸ دہلی

[illegible]

لندن میں دو سالہ جشن آزادی ہند

(الجمعیۃ کے اپنے نامہ نگار مقیم لندن کے قلم سے)

لندن ۱۶ اگست (ہوائی ڈاک کے ذریعہ) ۱۵ اگست کا دن تاریخ عالم اور ہند میں درج ہونے کے علاوہ وہ خاص دن مقرر ہو گیا ہے کہ جس روز ہندوستان اور جہاں جہاں ہندوستانی مقیم ہیں نہایت دھوم دھام سے آزادی ہند کے جشن کو منایا جاتا ہے لندن میں بھی بہت زیادہ تعداد میں ہندوستانیوں کے ہونے کے علاوہ کہ ہائی کمشنر موجود ہے [illegible] بڑے کروفر سے آزادی کے جشن کو منایا گیا۔

صبح کے دس بجے آزاد ہند کے پرچم کو ہائی کمشنر ہند نے سلامی دی۔ یہ رسم ہائی کمشنر کے دفتر کے سامنے ادا کی گئی۔ ہزاروں کی تعداد میں انسان جمع ہو گئے تھے۔ ایک مختصر سی تقریر بھی ہوئی جو ہمارے ہائی کمشنر نے کی۔

۱۵ اگست کو پانچ بجے ہائی کمشنر کی طرف سے ایک پارٹی کی دعوت دی گئی جس کے واسطے دعوت نامے جاری کئے گئے تھے۔ وہ بھی صرف مخصوص آدمیوں کے واسطے۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ آزادی ہند کے دن سارے ہندوستانیوں کو عام دعوت دی جاتی۔ کیونکہ اس سے ہندوستان کی تاریخ میں اور کونسا بڑا دن ہوگا۔

جدید لندن کی مزدور سبھا کی طرف سے شام کے چھ بجے عام ہندوستانیوں کو ایک پرتکلف چائے کی دعوت دی گئی۔ سردار گربچن سنگھ گرلوال کی مہربانیوں کی وجہ سے ہندوستانی مٹھائی کھانی نصیب ہوئی۔ چودھری اکبر خاں صاحب نے جلسہ کی صدارت کی۔ چودھری صاحب کی وہ ہستی ہے جو ایک عرصے سے سبھا کو چلا رہے ہیں اور ہندوستانیوں میں اتفاق کر رکھا ہے۔ ہندوستان کی خدمت کر رہے ہیں۔ دو انگریزوں نے بھی اپنے خیالات سے حاضرین کو فائدہ پہونچایا۔ چودھری رام لال صاحب نے [illegible] جلسہ کی خوش قسمتی تھی کہ برلن ریڈیو سے حبیب الرحمٰن نے بھی تقریر کر کے نیتا جی سبھاش کی خدمات کو سراہا۔

ان کی تقریر کا بہت اچھا اثر ہوا۔ شام کے آٹھ بجے انڈیا لیگ کا بھی جلسہ ہوا جس میں داخلہ ٹکٹ لیا گیا بلکہ جلسہ میں بھی چندہ کیا گیا۔ مجمع کا اس حیثیت سامعین پر زیادہ اثر پڑا کہ آزاد ہند کے کمشنر وہیں موجود تھے۔ جلسہ کی کارروائی شروع ہوئی۔ [illegible] کھڑے ہوئے اس وقت چاروں طرف سے آوازیں لگے جانے لگے۔ اعتراضات ہوئے۔ اور جو دیا گیا کل تک ہندوستان کے خلاف تھے اور آج [illegible] امریکہ کے وزیر خارجہ سے بولنے کی اجازت لے لی ہے کیا تم نے اپنی تقریر اسکو دکھا لی وغیرہ وغیرہ۔ جلسہ میں بہت گڑبڑ ہوئی۔ اور غریب برطانوی وزیر کو پریشان کر دیا۔ ان کے ہوش باختہ ہو گئے۔ ان کے بعد جلسہ کی بڑی مشکل سے کاروائی ہوئی۔ آج کا دن بھی یاد رہے گا۔

”الزعیم نے شامیوں کو بتا دیا کہ کس طرح مرنا چاہئے“

سابق صدر شام کو فرانسیسی اخبارات کا خراج عقیدت

پیرس ۲۰ اگست۔ سابق صدر شام کرنل حسنی الزعیم مرحوم کو ایک فرانسیسی اخبار لی موند نے اچھے الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ مشرق وسطیٰ سے دلچسپی رکھنے والے مشہور مقالہ نگار ایڈورڈ سبلیز نے ایک مقالہ میں لکھا ہے۔

کسی نئے تجربے کے نتائج کا اندازہ لگانے کے لئے ۱۲۰ دن بہت کم ہیں۔ تاہم بہت سے مبصرین کی رائے ہے کہ کرنل زعیم نے قومی بحالی کی ابتدا کر دی تھی جو بڑی تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی تھی۔

زعیم کی معاشی سیاسی سماجی اور قانونی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے مقالہ نگار لکھتا ہے کہ دنیا کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ نئی وزارت کرنل زعیم کی مہم کو پورا کرے گی یا دمشق کا دروازہ شاہ عبد اللہ والی اردن کے لئے کھول دے گی۔

وہ آخر میں لکھتا ہے زعیم اپنے ساتھیوں کو یہ نہ بتا سکا کہ کس طرح زندہ رہنا چاہئے تاہم اس نے یہ بتا دیا کہ کس طرح مرنا چاہئے (گلوب)

شام کیلئے معاشی مضبوطی ضروری ہے

نئے وزیر مالیات خالد العظم کا بیان

دمشق ۲۱ اگست۔ گلوب کو انٹرویو دیتے ہوئے شام کے نئے وزیر مالیات خالد العظم نے کہا۔ شام کے لئے معاشی مضبوطی ضروری ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس مضبوطی کو حاصل کرنے کے لئے حکومت عوام کی خواہش کے مطابق حکمت عملی مقرر کرے گی۔

سابقہ رائے شماری نے ملک کو نقصان پہونچایا ہے اسے بھلا دیا جانا چاہئے۔ کیونکہ وہ رائے شماری خوف و ہراس پھیلا کر کرائی گئی تھی اور یہ پچھلے دستور کی خلاف ورزی ہے۔

نئے وزیر انصاف ڈاکٹر شاکر [illegible] نے گلوب کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ وہ نئے اور پرانے دستور کا مطالعہ کریں گے اور ملک کے مفادات کو مد نظر رکھتے ہوئے بہتر دستور مرتب کریں گے (گلوب)

یوپی میں چینی کے نرخوں پر کنٹرول

لکھنؤ ۲۱ اگست۔ چینی کے بڑھتے ہوئے نرخ کو کم کرنے کے سلسلے میں ابتدائی قدم کے طور پر صوبائی حکومت نے ۲۲ شہروں اور قصبوں میں ضلعوں کی کواپریٹیو یونینوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ممبروں کو اپنے ڈپوؤں سے [illegible] غیر ممبروں اور عام لوگوں کو ۱۴ آنے فی سیر کے نرخ سے چینی فروخت کریں۔ ان مقامات کے لئے ڈسٹرکٹ مارکیٹنگ و ڈیولپمنٹ فیڈریشن [illegible] کا کام کرے گی۔ ان شہروں میں چینی کی تقسیم آج ہی سے شروع ہو جائے گی۔ دیہاتی رقبوں میں بھی تقسیم عنقریب شروع ہو جائے گی۔ اگر اس سے بھی نرخ نہ گرے تو حکومت کوئی زیادہ سخت قدم اٹھائے گی۔ (پی ٹی آئی)

پاک ایئر لمیٹڈ

روزانہ مقررہ سروسیں

دہلی سے ـــــ کراچی / لاہور

اوقات

دہلی ـــ کراچی ـــ ہر منگل کو

دہلی سے روانگی ـــ ۲ بجے ۴۵ منٹ

کراچی میں آمد ـــ ۶ بجکر ۱۵ منٹ شام

دہلی ـــ لاہور ـــ روزانہ سروس

روزانہ { دہلی سے روانگی ـــ صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ

لاہور میں آمد ـــ صبح ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ

کرائے

دہلی	کراچی	یکطرفہ	۱۵۰ روپیہ	واپسی	۲۸۵	روپیہ
دہلی	لاہور	یکطرفہ	۶۶ روپیہ	واپسی	۱۲۶	روپیہ

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

ٹیلیفون نمبر ۸۲۰۰

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر 6841

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ڈیڑھ آنہ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۲۹ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۹۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

عازمین حج بیت اللہ شریف کیلئے قابل قدر رهبر

(معلم)

حج اور متعلقات حج کے مسائل میں مکمل [illegible] ... صرف جوابی کارڈ پر ... منگائیے۔

حاجی ذوالفقار علی سکریٹری خدام الحج کمیٹی
مراد آباد ۔ یوپی

سندھ میں چمڑا رنگنے کی صنعت

کراچی ۲۰ اگست ۔ معلوم ہوا ہے کہ سندھ میں چمڑا رنگنے کا کاروبار پوری طرح جاری ہو گیا ہے ۔ بتایا گیا ہے کہ ملک کی تقسیم کے بعد اس صنعت پر بہت خراب اثر پڑا تھا لیکن اب پھر یہ صنعت شروع کر دی گئی ہے ملک اب تک اس کام میں جو لوگ ہیں سب خامیاں [illegible] ان کی بھی اصلاح کر دی گئی ہے ۔

مسئلہ کشمیر کا حل نکالنے کیلئے ہر ممکن کوشش عمل میں لائی جائیگی

ابھی تک کسی ثالث کے مقرر کئے جانیکا کوئی امکان نہیں ہے

لیک سکسیس کے سیاسی حلقوں کا اظہار خیال!

اقوام متحدہ کو کشمیر کمیشن پر پورا اعتماد ہے

لیک سکسیس ۲۳ اگست ۔ اقوام متحدہ کے سیاسی حلقے آج اقوام متحدہ کے [illegible] کے اس امکانی اقدام پر غور کر رہے تھے کہ مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کے لئے ایڈمرل نمٹز کو ثالث مقرر کیا جائے گا ۔ اگرچہ نیویارک ٹائمز نے کشمیر کے متعلق ایک ایسی خبر شائع کی ہے ۔ جس میں کہا گیا ہے کہ ایڈمرل نمٹز کو کشمیر کا ثالث مقرر کیا جائے گا ۔ لیکن اس خبر [illegible] اقوام متحدہ کے ایک افسر کے ساتھ ایک [illegible]

کشمیر کمیشن اب تک جو کچھ کیا ہے اسے اقوام متحدہ کا سکریٹریٹ اسے اس کی زبردست کامیابی سمجھتا ہے ۔ اور اقوام متحدہ امن کی جو کوششیں کر رہی ہے اس میں سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگولی نے کشمیر کا متعدد بار ذکر کیا ہے ۔ اقوام [illegible]

کراچی میں تیرہ غیر مسلم فرموں پر کسٹوڈین کا قبضہ

ڈالمیا سیمنٹ فیکٹری اور مشہور سیسل ہوٹل پر قبضہ کا امکان

کراچی ۲۳ اگست (پی ۔ ٹی ۔ آئی) [illegible]

ٹیکہ لگوانے کی فیس

میونسپلٹی نے حجاج کو مستثنیٰ کر دیا

دہلی ۲۳ اگست [illegible]

پنڈت جی الہ آباد کو

[illegible]

ہیگ کے مشہور ہال میں آج انڈونیشیا پر گول میز کانفرنس کا آغاز

وزیر اعظم ہالینڈ ۵ نمائندوں کا استقبال کریں گے

ڈچ حلقوں کو امید ہے کہ یہ کانفرنس کامیاب ہوگی

دی ہیگ ۲۳ اگست [illegible]

آزاد انڈونیشی حکومت تمام دنیا میں سب سے بڑی اسلامی سلطنت ہو گی

لندن میں مقیم انڈونیشی نمائندہ کا بیان

لندن ۲۳ اگست [illegible]

بیون عبداللہ مذاکرات

[illegible]

بلوچستان میں زلزلہ سے نقصانات

[illegible]

صوبہ سندھ

[illegible]

کمیونسٹ فوجیں صوبہ کانسو کے دار السلطنت تک پہنچ گئیں

کینٹن کے قریب ایک شہر پر کمیونسٹوں نے قبضہ کر لیا

ہانگ کانگ ۲۳ اگست [illegible]

مسٹر موہن لال گوتم یورپ جا رہے ہیں

بین پارلیمانی کانفرنس میں شرکت

[illegible]

بیت المقدس کے دمشق دروازے سے

اسرائیل نے اپنا گولہ بارود منتقل کر دیا

عمان ۲۳ اگست [illegible]

ملازمتوں سے خویش پروری کو کس طرح ختم کیا جا سکتا ہے

مسودہ دستور ہند کی دفعات میں اہم ترمیمیں

دستور ساز اسمبلی میں سروس کمیشنوں کے اختیارات پر اہم بحث

نئی دہلی ۲۳ اگست ۔ دستور ساز اسمبلی نے یونین اور ریاستوں (صوبوں) کے لئے آج پبلک سروس کمیشن سے متعلق [illegible]

مسٹر نذیر الدین کی ترمیمیں

[illegible]

ہوشیار پور میں بھنگیوں کی ہڑتال

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi -24-8-49

یو۔پی میں اردو کی تعلیم کا اہم سوال

گذشتہ سال جب ہندی کو ذریعہ تعلیم قرار دیا گیا تھا تو حامیان اردو کے ایک سوال کے جواب میں حکومت یوپی نے جولائی ۱۹۴۸ء میں ایک حکم (جی ۔ او) جاری کیا تھا کہ جہاں اردو کا مطالبہ ہوگا ۔ اردو کی تعلیم کا انتظام کیا جائیگا اس آرڈر کی رو سے ضروری تھا کہ جن بچوں کی مادری زبان اردو ہے وہ مادری زبان اردو ہی درج کرائیں اور اگر اسکول میں اردو کی تعلیم کا انتظام نہ ہو تو اردو کی تعلیم کے لئے انتظام کا مطالبہ کریں ۔

اس عرصہ میں بیشمار شکایتیں موصول ہو رہی ہیں کہ اردو بند کر دی گئی اور ہندی رائج کر دی گئی ۔ لیکن یہ بہت کم واضح کیا جاتا ہے کہ افسران محکمہ تعلیم کے اس فعل کے جواب میں حامیان اردو نے کیا کوشش کی ۔ اور اس کا کیا نتیجہ برآمد ہوا گذشتہ سال بھی اخبارات میں واضح کر دیا گیا تھا کہ اردو کی تعلیم کے لئے ضروری ہوگا کہ جو صاحب اردو تعلیم کے خواہاں ہوں افسران متعلقہ سے مطالبہ کریں اور اگر [illegible] جد وجہد کو آخری منزل تک پہنچائیں ۔ اب جو شکایتیں موصول ہو رہی ہیں ان میں اس اہم پہلو کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے ۔ اس سلسلہ میں جن حضرات نے کوئی درخواست دی ہے [illegible]

[illegible]

حامیان اردو سے ضروری گذارش

دہلی ۲۲ اگست ۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے ۔

[illegible]

دہلی میں سنگھی والنٹیروں کے سامنے سنگھی لیڈر کی تقریر

اکھنڈ بھارت کے استحکام اور ہندو کلچر کے احیاء کا ذکر

نئی دہلی ۲۳ اگست ۔ کل شام رام لیلا گراؤنڈ میں [illegible]

زبان کا مسئلہ

[illegible]

یو۔پی اور بہار کے دس کروڑ دیہاتی اپنے دار الحکومتوں کی طرف مارچ کریں گے

کسان پنچایت سبھا ۲ نومبر سے تحریک شروع کر رہی ہے

تنسیخ زمینداری کے سلسلہ میں سست روی پر احتجاج۔ ڈاکٹر لوہیا کا بیان

کلکتہ ۔۔۔ (پی ۔ ٹی ۔ آئی) ۔۔۔ ۱۸ اگست

[illegible]

مادھوبنی سب ڈویژن میں زبردست سیلاب

مادھوبنی ۲۲ اگست [illegible]

نیتاجی سوبھاش چندر بوس جاپان، روس یا چین میں ہیں

کرنل حبیب الرحمن کے بیان ”موت“ کی تصدیق نہیں ہوتی (جنرل موہن سنگھ

کلکتہ ۔۔۔ (پی ۔ ٹی ۔ آئی) ۔۔۔ ۲۲ اگست

[illegible]

اب تو کوئی مرتا ہی نہیں

لاہور کے گورکنوں کا شکوہ

لاہور ۱۹ اگست (اے ۔ پ) [illegible]

کمسن طالبعلموں کی ہڑتال

ابھی تک انگریزی کا استاد مقرر نہیں ہوا

[illegible]

لاہور میں ڈاکٹروں کی کمی

لاہور ۲۲ اگست [illegible]

یوگوسلاویہ نے روس کے الزامی نوٹ کا جواب دے دیا

برطانیہ سے گفت گو دستی وزیر خارجہ کی تحریک پر کی گئی تھی

لندن ۲۰ اگست ۔ روس اور یوگوسلاویہ کے درمیان [illegible]

جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کا افتتاح

[illegible]

تنگی کا علاج دستکاری

مولانا محمد عاقل الہ آبادی کی تقریر

فرقہ وارانہ اتحاد کے لئے اپیل

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

صفحہ اول سے آگے

چودھری کا نبیر سنگھ (مشرقی پنجاب) نے کہا کہ ملازمتوں میں [illegible] ہیں دیہاتی عوام کی نمائندگی بھی ہونی چاہئے ۔ [illegible] کے ۶۰ فیصدی ممبروں وہ ہوں جن کو دیہاتی عوام سے ہمدردی ہو ۔ [illegible] نے کہا کہ ملازمتوں میں خویش پروری کو بالکل نکالا نہیں جا سکتا ۔

اس مرحلہ پر صدر اسمبلی ڈاکٹر راجندر پرشاد نے ممبروں کو بتایا کہ وہ ایسی تقریریں کر رہے ہیں جن کا دفعہ زیر بحث سے کوئی تعلق نہیں ۔ میں موضوع سے ہٹنے کی اجازت نہیں دوں گا ۔ ممبروں کو دفعہ تک ہی اپنی تقریروں کو محدود رکھنا چاہئے ۔

ڈاکٹر ایم احمد
ایل ۔ ڈی ۔ ایس (کلکتہ)
معالج خاص امراض دندان
خصوصاً
پائیوریا ۔ و دندان سازی
بلیماران بالائے جید پریس دہلی

مولوی بہاؤالدین صاحب کہاں ہیں

تشویشناک گمشدگی

ایک نوجوان ۔ پستہ قد ۔ گول چہرہ ۔ رنگ سانولا چہرہ پر معمولی داڑھی ۔ عمر تقریباً ۲۴ سال ۔ نام بہاؤالدین [illegible]

میر مشتاق احمد جے پور کو

[illegible]

صوبہ کرناٹک بنانیکا مطالبہ

کرناٹک کانگریس کا وفد دہلی میں

[illegible]

تمام دنیا کے مدبرین کی نگاہیں ہیگ کی گول میز کانفرنس پر لگی ہوئی ہیں

اس کانفرنس کی کامیابی سے ہی کمیونزم کے پھیلنے کو روکا جا سکتا ہے

امریکہ اور برطانیہ کے تجارتی حلقے اس کانفرنس کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں

کانفرنس کے سامنے بعض اور پیچیدہ مسائل ہیں

لندن ۲۳ اگست۔ ایشیا کے قوم پرست، یورپ اور امریکہ کے سیاسی لیڈر اور دنیا کے بعض زبردست تجارتی حلقے انڈونیشیا پر ہونے والی گول میز کانفرنس پر نظر لگائے ہوئے ہیں۔ ان حلقوں اور سیاسی لیڈروں کو یہ امید ہے کہ جنگ کے بعد انڈونیشیا سے ڈچ چلے جائیں، توقع کے لحاظ سے بہت اہم ہے) مشرق اور مغرب کے تعاون کا ایک زبردست سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

ان حلقوں کو توقع ہے کہ اگر انڈونیشیا ... الہند کا ... ہو گیا اور متحدہ انڈونیشیا عالم وجود میں آیا تو مشرق میں کمیونزم کے پھیلنے کو روکا جا سکتا ہے۔

مارچ ۱۹۴۷ء میں لنگا جاتی معاہدہ ہوا جس میں یہ طے پایا تھا کہ انڈونیشیا کی ایک خود مختار حکومت قائم کی جائے جو ڈچ کے [illegible] الہند سے وابستہ رہے لنگا جاتی معاہدہ سے یہ توقع تھی کہ انڈونیشی جمہوریہ اور ڈچ فوجوں کے درمیان جنگ بند ہو جائے گی جو اس وقت شروع ہوئی تھی جب جاپانیوں کی شکست کے بعد انڈونیشی جمہوریہ کا اعلان کیا گیا تھا۔

لیکن معاہدہ مذکور کی تشریح میں اختلاف ہو گیا اور دونوں فوجوں کے درمیان جنگ بند نہیں ہوئی۔ سیاسی طور پر جمود پیدا ہو گیا۔ کمیونسٹوں نے بغاوت کر دی وہ ڈچ حکومت کے خلاف کھلی ہوئی لڑائی چاہتے تھے۔ اس پر ڈچ حکومت نے دوسرا پولیس ایکشن کیا۔

دوسرا پولیس ایکشن گذشتہ دسمبر میں ہوا۔ ڈچ فوجوں نے جمہوریہ کا تمام علاقہ قبضہ کر لیا۔ ڈچ حکومت نے اقوام متحدہ کے انڈونیشی کمیشن سے گفت و شنید کے بعد جمہوریہ کی حکومت کو بحال کر دیا۔ اس پر جمہوری لیڈر ہیگ کی گول میز کانفرنس میں شرکت پر راضی ہو گئے۔

گذشتہ [illegible] جمہوریوں اور وفاق پسندوں کے درمیان ایک کانفرنس ہوئی جس میں دونوں میں سمجھوتہ ہو گیا۔ سمجھوتہ ان امور پر ہوا کہ گول میز کانفرنس میں کیا کیا مطالبات کئے جائیں۔

لندن کی جو اطلاعات آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ہونے والی گول میز کانفرنس میں ڈچ حکومت اور انڈونیشیوں کے درمیان سمجھوتہ کا زیادہ امکان ہے۔

مشاہدین کا خیال ہے کہ جمہوریوں اور وفاق پسندوں نے یہ مطالبات کر دیا ہے کہ [illegible] کی ایک کمیشن مقرر کی جائے جو [illegible] حکومت کا انتخاب کرے [illegible] ڈچ حکومت سے انڈونیشیا کا اقتدار سنبھالے۔

نگران عارضی حکومت اس وقت تک کام کرے گی جب تک کہ انڈونیشی دستور ساز اسمبلی کا انتخاب نہ ہو [illegible] انڈونیشیا کا جدید دستور تیار نہ کر لے [illegible] کے آزاد انتخابات نہ ہوں۔

گول میز کانفرنس کے سامنے سب سے بڑا مشکل مسئلہ جدید قوانین کی ترتیب کا ہے جس میں یہ بتایا جائے گا کہ انڈونیشیا سے ہالینڈ کا کیا تعلق [illegible] کرے گی۔

وزراء شریک ہوں گے۔ لیکن یہ نہیں بتایا جا سکتا کہ کونسل کو کیا اختیارات دیئے جائیں گے۔

انڈونیشیا کے جمہوری نمائندوں کو یہ اندیشہ تھا کہ یہ کونسل اقتدار اعلیٰ سے [illegible] متعلق بعض اختیارات اپنے ہاتھ میں [illegible] کے وزیر نوآبادیات نے اپنے ایک بیان سے ان اندیشوں کو غلط ثابت کر دیا ہے۔

یہ بھی توقع ہے کہ اس کانفرنس میں انڈونیشیا سے ڈچ فوجوں کی واپسی کے متعلق اسکیم بنائی جائے گی۔ نیز انڈونیشیا میں [illegible]

مشاہدین کا یہ بھی خیال ہے کہ نیو گنی کے مستقبل کے متعلق بھی گول میز کانفرنس میں مشکلات پیدا ہوں گی۔ ڈچ نیو گنی پہاڑی علاقہ ہے۔ یہ پہلے سلطان ٹیڈور کے قبضہ میں تھا اس کے مستقبل کے متعلق دسمبر ۱۹۴۶ء میں ڈین پاسر کانفرنس میں گفتگو ہوئی تھی۔ اس وقت یہ طے ہوا تھا کہ ڈچ نیو گنی اس وقت تک ڈچ کے [illegible] رہے [illegible] نیو گنی میں تیل کے زبردست ذخیرے ہیں۔ [illegible] بڑی تیل کمپنیاں اس تیل پر قابض ہیں۔

ڈچ جمہوری انڈونیشیا، اور انڈونیشی وفاق پسند کے نمائندوں کے علاوہ اقوام متحدہ کے انڈونیشی کمیشن کے تین ممبر بھی اس گول میز کانفرنس میں شریک ہوں گے۔ یہ ممبر امریکہ، بلجیم اور آسٹریلیا کے ہیں۔

مشاہدین کا خیال ہے کہ امریکہ کے ممبران معاملات میں جن میں مشکلات پیدا ہوں گی، نمایاں حصہ لیں گے امریکی ممبر نے گذشتہ ہفتہ ملکہ جولیانا سے بھی ملاقات کی تھی اس ملاقات کو بہت اہمیت دی جا رہی ہے۔

ڈچ وفد کے لیڈر وان مارسیون ہوں گے جو ہالینڈ کے وزیر نوآبادیات ہیں۔ انڈونیشی وفد کے لیڈر انڈونیشیا کے نائب صدر اور وزیر اعظم ڈاکٹر محمد حتی ہوں گے۔ انڈونیشی وفاق پسندوں کے لیڈر [illegible] سلطان [illegible] جو پہلے جمہوری انڈونیشیا کے وزیر اعظم تھے جلسہ میں ہیگ جا رہے ہیں۔ وہ انڈونیشی جمہوری وفد کو مشورہ دیں گے۔

پاکستان جانیوالے مسلمانوں کی جائداد پر قبضہ

مراد آباد ۲۳ اگست۔ حکومت کے احکام کے تحت ڈسٹرکٹ کسٹوڈین مراد آباد نے ان تمام مسلمانوں کی غیر منقولہ جائداد پر قبضہ کر لیا ہے جو پاکستان چلے گئے ہیں۔ اسی جائداد میں مرحوم سید رضا علی کے مکانات بھی شامل ہیں۔ (اے پی آئی)

ہندوستانی کپڑے کے سلسلہ میں پاکستان کی مزید یقین دہانی

ضروری اشیاء کے تبادلہ کے معاہدے پر سختی سے عمل ہوگا

کراچی ۲۳ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے حکومت ہند کو یقین دلایا ہے کہ وہ سختی کے ساتھ اس معاہدہ پر عمل کرے گی جو دونوں مملکتوں کا بین ضروری اشیاء کے مبادلہ کے سلسلہ میں ہوا ہے۔

حال ہی میں پاکستان کے کپڑے کے تاجروں نے ہندوستان کے [illegible] کپڑے کے متعلق آرڈیننس کے خلاف احتجاج [illegible] ہندوستانی کپڑے کے بائیکاٹ کے سلسلہ میں تحریک شروع کی ہے اس پر حکومت ہند نے حکومت پاکستان سے وضاحت طلب کی تھی۔ ضروری اشیاء کے مبادلہ کے معاہدہ کے تحت [illegible] ہے کہ ہندوستان کپڑے کی چار لاکھ گانٹھیں پاکستان کو سپلائی کرنے پر رضامند ہو گیا ہے۔

مزید معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے سوتی کپڑے کو عام لائسنس کی مد میں شامل کر دیا ہے اور اس کی درآمد کے سلسلہ میں [illegible] جاری تھا اسے ختم کر دیا ہے۔ (اے پی آئی)

سابق نازی افسر کے خلاف

برطانیہ کی فوجی عدالت میں مقدمہ

ہیمبرگ ۲۳ اگست۔ آج برطانوی فوجی عدالت میں سابق نازی فیلڈ مارشل وون ایرش [illegible] مینسٹین کے خلاف [illegible] الزامات کے سلسلہ میں مقدمہ کی سماعت شروع ہو گئی ہے۔ جرمن افواج کے اس اعلیٰ افسر پر [illegible] کے اندر عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اس کے خلاف پولینڈ کے شہریوں اور [illegible] پر ظلم و ستم توڑنے [illegible] سوویٹ ممبروں کو بغیر کسی مقدمہ کے [illegible] لوگوں کو بڑے پیمانہ پر قتل کا الزام ہے۔ (اے پی)

اورنگ آباد میں سنگھ کا قیام

۲۵ اگست کو افتتاح ہوگا

اورنگ آباد ۲۳ اگست۔ اورنگ آباد میں [illegible] سیوک سنگھ کی ایک شاخ کھولی جا رہی ہے جس کا افتتاح ۲۵ اگست کو ہوگا۔ ۳۵۰ افراد پہلے ہی اس جماعت میں شامل ہو چکے ہیں۔

سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں عبدالقادر کی گواہی

سرکاری وکیل کی جرح بعض حالات کا انکشاف

حیدرآباد ۲۳ اگست۔ سید قاسم رضوی اور دوسرے دو ملزمین کے خلاف اسپیشل ٹریبونل کے سامنے مقدمہ شروع ہوا۔ ٹریبونل کے صدر مسٹر [illegible] تھے۔ دوسرے گواہ استغاثہ سید عبدالقادر سکرٹری مجلس اتحاد المسلمین [illegible]

اسپیشل سرکاری وکیل [illegible] جرح کی۔

گواہ نے بیان دیا کہ وہ جیل بازار مجلس اتحاد المسلمین کا صدر رہ چکا اور [illegible] وارڈ مجلس اتحاد المسلمین کا سکرٹری جس کا صدر اسیر تھا۔ دوسرے الفاظ میں وہ اسیر کا سکرٹری تھا۔ اس نے کہا میں ذاتی طور پر شعیب اللہ خاں سے واقف نہیں تھا مجھے ان کی موت کا علم ہے۔

قتل سے تقریباً چار ماہ قبل اسیر میرے پاس جیل بازار کے دفتر میں آیا اور [illegible] قرآن شریف کی ایک جلد دی اور مجھ سے قسم کھلائی۔ اس کے بعد اس نے مجھ سے کہا کہ شعیب اللہ خاں [illegible] اخبار میں مجلس اتحاد المسلمین، مسلمانوں اور صدر سید قاسم رضوی کے خلاف مضامین لکھ رہا ہے۔ صدر نے مجھے ہدایت کی ہے کہ شعیب اللہ خاں کو قتل کر دیا جائے۔

گواہ نے [illegible] اسیر سے کہا کہ [illegible] کام نہیں [illegible]

گواہ نے کہا میں نے اسیر کو یہ مشورہ دیا کہ اگر دوبارہ اس سلسلہ پر گفتگو ہو تو تمہیں اس سے گریز کرنا چاہئے۔ اس گفتگو کے تین یا چار ماہ بعد اسیر نے مجھے طلب کیا اور [illegible] اسیر نے مجھ سے کہا کہ سید قاسم رضوی نے مجھے پستول دیا ہے اور شعیب اللہ کو قتل کرنے کے متعلق ہدایت کر دی ہے۔

(باقی صفحہ ۵ پر)

یوپی میں زبردست طغیانی۔ پانچ سو دیہات زیر آب

لکھنؤ ۲۳ اگست۔ یوپی میں چار دریا [illegible] رام گنگا، گنگا [illegible] گومتی طغیانی پر ہیں جس سے ۵ سو دیہات زیر آب ہو چکے ہیں۔ یوپی سرکار ایک لاکھ روپیہ سیلاب زدگان کی امداد کے لئے منظور کر چکی ہے۔ ضلع [illegible] کے دو سو دیہات کو خالی کرایا گیا ہے۔ ضلع مراد آباد میں بھی ۵ میل چوڑے اور ۲۲ میل لمبے علاقہ میں سیلاب آیا ہوا ہے۔ سیتاپور ضلع میں گنگا کے کنارے کے ۲۰۰ دیہات میں سیلاب کا خطرہ ہے۔ کانپور سے اطلاع ملی ہے کہ [illegible] ۵ مربع میل کا رقبہ زیر آب ہے۔ اور ۸ ہزار سے زیادہ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔ [illegible] سے جو اطلاع ملی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ پانی آج رات اور چڑھ آئے گا۔ [illegible] (اے پی)

ایڈمرل نمٹز کو کشمیر کے معاملہ میں ثالث مقرر کیا جائے گا

مجلس تحفظ ہند اور پاکستان سے انکا نیا عہدہ تسلیم کرنے کی درخواست کریگی

لیک سکسس ۲۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ سیکیورٹی کونسل کشمیر کے معاملہ کا فیصلہ کرنے کے لئے ایڈمرل نمٹز کو ثالث بنا رہی ہے۔ مجلس تحفظ نے ہند اور پاکستان سے اپیل کی ہے کہ رائے شماری کے نگراں ہونے کے علاوہ انہیں ثالث بھی تسلیم کر لیا جائے۔

کشمیر کمیشن نے جنگ بندی [illegible] عمل کرانے [illegible] پاکستان اور ہندوستان میں براہ راست [illegible] ناکام رہا ہے لہذا اس نے مجلس تحفظ سے درخواست کی ہے کہ وہ امیرالبحر نمٹز کو ثالث بنا کر بھیجے۔ مجلس اقوام متحدہ کے ایک افسر نے بتایا کہ اگرچہ ہندوستان اور پاکستان میں کسی ملک نے بھی جنرل نمٹز کو وسیع اختیارات دیئے جانے کی تجویز پیش نہیں کی۔ لیکن اس سلسلہ میں بات چیت ضرور ہوئی ہے کہ اب کیا طرز عمل اختیار کیا جائے۔

ایڈمرل نمٹز نے کہا کہ گو اس قسم کی بات چیت ہوئی تو اس میں میرا کوئی دخل نہیں۔ البتہ میں یہاں سے ہٹنا نہیں چاہتا مجلس تحفظ مجھے جو کام سپرد کرے گی بخوشی سر انجام دوں گا۔

اقوام متحدہ کے ایک اور افسر نے بتایا کہ [illegible] کشمیر کے متعلق کوئی تازہ فیصلہ نہیں ہوا۔ [illegible] فلسطین میں [illegible] کمیشن کے ناکام ہونے کے بعد ثالث [illegible] (رائٹر)

کشمیر کمیشن ابھی کوشش جاری رکھے گا

سری نگر ۲۳ اگست۔ کشمیر کمیشن نے آج اپنے آئندہ پروگرام کے متعلق دو گھنٹہ تک بحث کی۔ کمیشن کے حلقوں کے مطابق کمیشن ابھی سمجھوتہ کی کوشش جاری رکھے گا۔ اور ایک دو روز میں وہ اپنے آئندہ اقدام کا اعلان کرے گا۔

کمیشن کے [illegible] نے اس امر کی تصدیق کی ہے کہ ابھی کمیشن واپس جا کر مجلس تحفظ سے اپنی ناکامی کی رپورٹ دینے کے لئے تیار نہیں۔ صدر [illegible] نے آج ایک بیان میں کہا کہ [illegible] کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ [illegible] (پ ٹ)

پٹیالہ یونین کے قیام کی پہلی سالگرہ

مہاراجہ پٹیالہ کے کام کی تعریف

[illegible] ۲۳ اگست۔ پٹیالہ یونین کے قیام کی پہلی سالگرہ [illegible] ایک جلسہ ہوا جس میں مہاراجہ پٹیالہ [illegible]

احمد آباد کے دو کارخانوں پر قبضہ

احمد آباد ۲۳ اگست۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ احمد آباد [illegible] کارخانوں پر قبضہ کر لیا [illegible]

فرانسیسی سوشلسٹ پارٹی کی نظر میں

سار کے علاقہ کا مسئلہ

[illegible] ۲۳ اگست۔ فرانسیسی سوشلسٹ [illegible]

بنگال کانگریس کارکنوں کے جلسہ میں

ایگزیکٹو کو توڑنے کا مطالبہ

کلکتہ ۲۳ اگست۔ پرسوں ہوڑہ ٹاؤن ہال میں مغربی بنگال کے کانگریسی کارکنوں کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ صوبہ کے قائم مقام [illegible] مسٹر [illegible] نے تقریر کرتے ہوئے کہا۔ اس وقت کانگریسی کارکنوں میں اتحاد کی اشد ضرورت ہے۔ ان کو اپنے تمام اختلافات ختم کر دینے چاہئیں اور کانگریس کے مفاد کو برقرار رکھنے کے لئے جوش و خروش سے کام کرنا چاہئے۔

آپ نے مزید کہا عوام کے دلوں میں یہ خیال تھا کہ حصول آزادی کے بعد ان کی مشکلات دور ہو جائیں گی [illegible] کہ ان کی تمنائیں بر آئیں۔ [illegible]

[illegible] صوبائی کانگریس کمیٹی کی ایگزیکٹو کو توڑ دینا چاہئے۔ [illegible]

سکھ شیر کشمیر کی حکومت سے تعاون کرینگے

شری گلنی دھر دیش سیوک اکالی دل میں تقریر

[illegible] ۲۳ اگست۔ [illegible]

کمیونزم کیخلاف مشرقی ایشیائی یونین قائم کیجائیگی

برمی وزیر خارجہ لندن پہنچ گئے

لندن ۲۳ اگست۔ [illegible] برما کے وزیر خارجہ [illegible] امریکہ کا دورہ کرنے کے بعد کل بذریعہ ہوائی جہاز یہاں پہنچے اور [illegible] برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون سے ملاقات [illegible]

صدر فلپائن کی سرگرمیاں

منیلا ۲۳ اگست۔ بریگیڈیر جنرل کارلوس رومیلو جو اقوام متحدہ میں فلپائن کے مستقل ڈیلیگیٹ ہیں۔ ان کی واپسی پر توقع ہے کہ کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک جنوب مشرقی ایشیائی یونین کے قیام کے سلسلہ میں بات چیت شروع ہوگی۔ جنرل رومیلو جو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس ستمبر کی صدارت کریں گے۔ [illegible]

کشمیر میں پرجا پریشد کی تحریک ختم ہو گئی

ہوا مے تحریک سے لاتعلقی کا اظہار کیا

گرفتار شدہ خواتین نے معافی مانگ کر رہائی حاصل کر لی

جموں ۲۳ اگست۔ نام نہاد پرجا پریشد کی تحریک [illegible]

چندر نگر کو فوراً حوالہ کرنے کا فیصلہ

[illegible] ۲۳ اگست۔ [illegible]

صفائی کرنیوالوں کی ہڑتال ختم

[illegible]

ضمنی خوراک کی ترکیبیں

[illegible]

Amico Tonic

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

[illegible]

امیکو طلاء

[illegible]

ملنے کا پتہ:۔ امین اینڈ کمپنی لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۶ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

ضرورت

[illegible] دہلی

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۵ راگست ۱۹۴۹ء

کونسل آف یورپ

انسانی فطرت کا مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ ایک طرف تو انسان اختلاف پیدا کرنے کی فکر میں رہتا ہے دوسری طرف وہ اشتراک اور تعاون کی ضرورت بھی محسوس کرتا ہے قومیت اور نسل پرستی نے ہمیشہ تفریق پیدا کی ہے اور انسانی فطرت نے اس کا سہارا لے کر ہمیشہ انسانوں کا خون بہایا ہے لیکن ساتھ ہی وہ اس بات کی بھی کوشش کرتا رہا ہے کہ کوئی ایسا نقطۂ اشتراک مل جائے جس سے مختلف الخیال لوگوں کو جمع کیا جا سکے، اگر اس نے کسی وقت گوشت پوست اور زمین کی حد بندیوں کی حمایت میں جنگ لڑی ہے تو دوسرے وقت وہ اصول اور اخلاقی قدروں کی پناہ میں آ کر اجتماع اور تعاون کے لئے بھی مجبور ہوا ہے قومیت اور نسل کے جذبہ نے اگر گذشتہ دو جنگیں پالیں تو تہذیب اور اخلاقی قدروں نے مسٹر چرچل کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ یورپ کی کونسل کی تشکیل کریں اور اس میں ان قوموں کو شمولیت کی دعوت دیں جو اپنی تہذیب و روایات کی بنیاد پر سیاسی بحران کے ہر دور میں زندہ رہنا چاہتی ہیں، دنیا کی پہلی بڑی جنگ قومیت کی بنیاد پر لڑی گئی جس کا نتیجہ صفر کے سوا کچھ نہ نکلا، مگر مدبرین نے سوچا کہ کسی ایسے ادارہ کو معرض وجود میں لایا جائے جو قوم پرستانہ جنگوں کے لئے کوئی گنجائش نہ رکھے، چنانچہ لیگ آف نیشنز (مجلس اقوام) کا وجود اس مقصد کے لئے عمل میں لایا گیا، لیکن یہ مجلس خود فاتحین کی نالائقیوں کی وجہ سے فیل ہو گئی کیونکہ انہوں نے اسے اپنے مقصد کے لئے استعمال کیا اور یہ چاہا کہ یہ مجلس لوٹ کے مال کو جائز قرار دیدے اس راز کے کھلنے پر سب قومیں آہستہ آہستہ الگ ہو گئیں، اور آخر میں برطانیہ اور فرانس بھی اٹھانے کے لئے رہ گئے۔

چونکہ قومیت اور نسل پرستی کے جراثیم کچلے نہیں جا سکتے تھے اس لئے ایک دوسری جنگ کی طرح ڈالی گئی، یہ جنگ ایسی تھی جس کے خاتمہ پر کسی کو معلوم نہ ہو سکا کہ فاتح کون ہے اور مفتوح کون، کون کامیاب رہا، اور کون ناکام رہا، اگرچہ جرمنی اور جاپان نے شکست کھائی لیکن نتیجہ کے اعتبار سے فاتحین بھی تباہ و برباد ہو گئے اور وہ اپنے ساتھ ساری دنیا کو لے ڈوبے، جنگ کے بعد پھر خیال پیدا ہوا کہ جنگ کو ناممکن بنانے کے لئے ایک اور ادارہ قائم کیا جائے چنانچہ مجلس متحدہ اقوام کا بت بنا کر کھڑا کیا گیا اور اس میں ان ہی قوموں کو نمایاں جگہ ملی جو گذشتہ مجلس اقوام کو اپنی خود غرضیوں کی وجہ سے فیل کر چکی تھیں اب اگرچہ اعلان تو نہیں ہوا کہ یہ مجلس بھی ناکام رہی، لیکن یورپی اقوام کو جو بے چینی لاحق ہے اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ انہیں اس پر اعتماد نہیں رہا اور ان کی بے اعتمادی کا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے متحدہ اقوام سے تعاون کرتے ہوئے معاہدہ اوقیانوس (اٹلانٹک پیکٹ) کی عمارت کھڑی کی اور اس کو سہارا دینے کے لئے برسلز پیکٹ کو بھی [illegible] اسی کے ساتھ مغربی یورپ کے اتحاد کا ڈھانچہ تیار کیا گیا اور اب ایک تیسرا قلعہ معاہدہ بحر اوقیانوس کے نام سے تیار کیا جا رہا ہے، چاہیے تھا کہ ان معاہدوں کے بعد کسی اور معاہدہ کا خیال نہ آتا، لیکن مسٹر چرچل کی قیادت میں کونسل آف یورپ کے نام سے ایک چوتھا گھروندہ کھڑا کیا جا رہا ہے جس میں اب تک یورپ کی بارہ قومیں شامل ہو چکی ہیں اور مزید قوموں کے شامل ہونے کی توقع ہے حتیٰ کہ مسٹر چرچل جرمنی کو بھی اس کا رکن بنانا چاہتے ہیں! لیکن جیسا کہ مسٹر چرچل نے کہا اس کونسل کی بنیاد دولت نہیں بلکہ تہذیب اور مغربی روایات کی بنیادوں پر قائم کیا گیا ہے، یہ بات دوسری ہے کہ یہ تہذیب بھی ایک فریب ہو اور اس کے پس منظر میں اسی ڈالر بلاک اور روبل بلاک کی کارفرمائی ہو جس کے لئے سابقہ معاہدے مرتب کئے گئے ہیں!

کونسل آف یورپ کے سلسلہ میں پہلی چیز تو یہ ہے کہ اس کی تشکیل میں فرانس اور برطانیہ کا اختلاف ہے، برطانیہ چاہتا ہے کہ یہ کونسل لیگ آف نیشنز کے طرز کی ایک ایسوسی ایشن ہو، لیکن فرانس کی خواہش ہے کہ یہ کونسل یورپین اسمبلی ہو، جس میں یورپین اقوام کی مؤثر اور غیر جانبدارانہ نمائندگی ہو سکے! اب سوال یہ ہے کہ یورپین کونسل کے ایوان زیریں اور ایوان بالا کے ممبروں کا انتخاب کون کرے گا؟ اس کے جواب میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ کونسل میں حکومتوں کی نہیں بلکہ قوموں کی نمائندگی ہوگی، لیکن اس کے ممبروں کا انتخاب پبلک نہیں کرے گی بلکہ حکومتیں کریں گی! گویا یہ جواب کونسل کی ناکامی کی ایک کھلی پیشین گوئی ہے کیونکہ اب تک جو ادارے بھی ناکام ہوئے ہیں اس کی بڑی وجہ ممبروں کا سرکاری انتخاب ہے یعنی مختلف حکومتیں خود اپنے نمائندے مقرر کرتی رہی ہیں جو اداروں میں پہنچ کر اپنی حکومتوں کی نمائندگی کے سوا کچھ نہیں کر سکے مگر ہونا یہ چاہیئے کہ کونسلوں اور مجلسوں کے لئے ممبروں کا انتخاب پبلک کی طرف سے ہو، [illegible] ہند اور پاکستان اپنے [illegible] خود منتخب کر کے کسی ادارہ میں نہ بھیجیں بلکہ ہند اور پاکستان کی پبلک اپنے نمائندوں کا انتخاب کرے وہ ان حکومتوں کی طرف سے اس قسم کے اداروں میں بھیجے جائیں اس قسم کے انتخاب کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ جو نمائندے کونسلوں میں جائیں گے وہ حکومتوں کی نہیں بلکہ قوموں کی نمائندگی کریں گے اور حکومتی مفاد کے بجائے قومی مفاد ان کے پیش نظر ہوگا جو بیہودگی ممبروں کے انتخاب میں پہلے ہوتی رہی ہے وہی بیہودگی اگر کونسل آف یورپ میں بھی ہوئی تو قوموں کی نمائندگی کا قصہ ختم ہو جائے گا، مگر ہمیں بحث کے اس نقطہ سے کوئی دلچسپی نہیں کیونکہ یہ یورپ کا گھریلو معاملہ ہے، ہمیں تو یہ دیکھنا ہے کہ کونسل آف یورپ کی تشکیل ایشیائی سیاست کو کس حد تک متاثر کرے گی اور اس کے نتائج [illegible] حق میں کیا نکلیں گے! جب ہم اس پہلو پر غور کرتے ہیں تو خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کونسل یورپ کے گھریلو معاملات تک محدود رہے گی، یا اٹلانٹک ڈیموکریسی کے نام پر اس کا [illegible] بین الاقوامی ہوگا، اگر پہلی صورت ہے تو ہمیں اس کے نتائج کا انتظار کرنا پڑے گا، اگر صورت دوسری ہے تو تسلیم کرنا چاہئے کہ وہ ایشیا کے لئے ایک نیا خطرہ ہوگا۔

اس کونسل سے ہماری دلچسپی زیادہ گہری نہیں ہے لیکن جہاں تک اس کے محرکات کا تعلق ہے ایک بات بالکل ظاہر ہے اور وہ یہ کہ یورپ نسلی اور قومی جتھہ بندیوں کے نقصانات ظاہر ہونے کے بعد [illegible] اور اب وہ گوشت و پوست اور زمین کے ٹکڑوں کے لئے نہیں بلکہ تہذیب اور اخلاقی قدروں کے لئے متحد ہونا چاہتا ہے، مگر اس بات کی ضمانت نہیں لی جا سکتی کہ تہذیب اور اخلاق کو کسی گہری سیاست کے لئے آلہ کار نہیں بنایا جا رہا ہے، ممکن ہے کہ یہ تہذیبی جتھہ بندی، ڈالر بلاک کی کوئی دوسری شکل ہو اور اسے انجام کار روبل بلاک کا حریف بنا دیا جائے۔

اچھی باتیں

مایلفظ۔ تا۔ عتید۔ (پ ۲۶ ع ۱۷)

جب انسان کوئی بات منہ سے نکالتا ہے تو اسے اچکنے والا اچک لیتا ہے۔

انسان یہ نہ سمجھے کہ وہ جو کچھ بولتا ہے وہ ہوا میں اڑ جاتا ہے اور اس کی جوابدہی اس پر عاید نہیں ہوتی قدرت نے یہ انتظام کر رکھا ہے کہ جہاں کسی نے منہ سے کوئی بات نکالی وہ فوراً محفوظ کر لی جاتی ہے تاکہ باز پرس کے وقت اس کا کچا چٹھا اس کے سامنے کھولکر رکھدیا جائے بس یوں سمجھو کہ خدا کی طرف سے الفاظ کو محفوظ کرنے کے لئے ایک گراموفون لگا ہوا ہے جہاں الفاظ منہ سے نکلے فوراً انکا ریکارڈ ہو گیا۔ اگر انسان بولتے وقت یہ خیال کر لیا کرے کہ کہیں اس کے الفاظ کی گرفت نہ ہو جائے تو وہ یقیناً اپنی ذمہ داری کو محسوس کرے گا اور اپنی زبان کو لگام دے گا اس آیت میں اسی تصور کو زندہ کیا گیا ہے کہ انسان اپنے قول سے پکڑا جائے گا۔

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

جامعہ اردو کے امتحانات

جناب مکرم۔ السلام علیکم۔ اس وقت ’’اردو زبان‘‘ کے مسئلہ نے بڑی اہمیت حاصل کر لی ہے اور اس کی مخالفت بڑی ہی شد و مد کے ساتھ کی جا رہی ہے۔ سرکاری اداروں سے اسے بالکل نکال دیا گیا ہے ضرورت ہے کہ اردو کے تمام بہی خواہ زبان و ادب کی خدمت اور اس کی حفاظت و اشاعت کے لئے جان توڑ کوشش کریں۔

اردو زبان ہمیشہ ہندو مسلم اتحاد کا قوی ترین ذریعہ رہی ہے۔ اور آج بھی ملک کے انصاف پسند ہندو اس کو اتحاد کا ذریعہ سمجھ کر اس کی تائید و حمایت میں [illegible] کسی زبان اور ادب کی خدمت ملک اور قوم کی سب سے بڑی خدمت ہوتی ہے۔ اس لئے ہمیں اس مسئلہ پر کسی مخالفت اور ضد کی اسپرٹ میں نہ سوچنا چاہئے بلکہ قومی و ملکی ترقی کے سوال کو ہر وقت پیش نظر رکھنا چاہئے۔

اس وقت ہمارے سامنے ان تمام اداروں کا مستقبل ہے جو اردو کی ترویج و اشاعت کے لئے [illegible] ہمارا ذہنی و ملکی فرض ہو جاتا ہے کہ ایسے تمام اداروں کی ہر ممکن امداد کریں۔ اور اردو کو زیادہ سے زیادہ پڑھیں اپنے بچوں کو اردو کے امتحانات میں شریک کرا کر اردو زبان کی خدمت کا اہم فرض ادا کریں۔

جامعہ اردو علی گڈھ ’’زبان اردو کی تعلیم و تبلیغ‘‘ کے لئے وجود میں آیا ہے۔ اور ۱۹۳۹ء سے اردو کی ترویج و اشاعت کے لئے سرگرم کوشش کر رہا ہے۔ اسی سال سے جامعہ نے اردو کے امتحانات ادیب، ادیب کامل اور ادیب ماہر جاری کئے تھے جن میں ہر سال طلبہ کثرت سے شامل ہوتے رہے۔ [illegible] جامعہ اردو [illegible] یونیورسٹیوں [illegible] اسے اپ ٹو ڈیٹ کیا گیا ہے۔ [illegible]

موجودہ وقت کے تقاضے کے مطابق رجسٹرار صاحب جامعہ نے اس سال سے نصاب میں ہندی بھی رکھ دی [illegible] جامعہ اردو کے مرکز ہندوستان کی [illegible] قائم کر رکھا ہے۔ ٹونک میں دار العلوم خلیلیہ نظامیہ نے بھی اپنے ہاں جامعہ کا مرکز ۱۹۳۹ء سے قائم کر رکھا ہے۔ اور ہندوستان کے اس مشہور دار العلوم میں جامعہ کے امتحانات ہر سال منعقد ہوتے ہیں اور یہاں اس کی تعلیم کا بھی باقاعدہ انتظام ہے۔

یہ امر قابل مسرت ہے کہ آجکل جامعہ اردو کے رجسٹرار مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے شعبہ فارسی و اردو کے قابل و لائق پروفیسر جناب مولانا ضیاء الدین صاحب علوی ایم اے، ایل ایل بی ہیں آپ کی مساعی جمیلہ سے جامعہ اردو کے امتحانات [illegible] امید ہے کہ ہندوستان کی دوسری یونیورسٹیاں بھی اس کو سرکاری طور پر تسلیم کریں گی۔

لہذا [illegible] انجمنوں کے اراکین سے [illegible] التماس ہے کہ وہ جامعہ اردو کے امتحانات میں طلبہ کو زیادہ سے زیادہ شریک کرائیں۔ [illegible] قائم [illegible] کوشش کریں۔ [illegible] الاسلام ناظم جامعہ [illegible] امتحانی [illegible]

ٹونک [illegible] والسلام

ہند و پاکستان میں پرمٹ سسٹم

جناب مکرم سلام مسنون۔ [illegible]

[illegible] دونوں حکومتوں کے کسی ذمہ دار مقامات پر پاکستان جانے سے سال سال [illegible] (خواہ وہ مستقل [illegible] انتخابات یا ملازمت) [illegible]

[illegible]

سہارنپور میں مکانوں کی واپسی

[illegible]

افکار پاکستان

امریکہ اور فلسطین

جنگی منصوبوں کی تکمیل کے لئے صدر ٹرومین نے امریکی کانگریس کے سامنے ایک فوجی امداد کا بل بھی پیش کیا ہے جس کے ذریعہ اس کا مکمل اختیار مانگا ہے کہ وہ جب اور جس ملک کو چاہیں فوجی امداد اور جنگی اسلحہ دیں۔

اس طرح دنیا کے ہر گوشہ میں فوجی خیرات بھیجنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے اور اس منصوبے کے تحت امریکی سینیٹ نے [illegible] ساڑھے [illegible] کی منظوری دیدی ہے۔ ان سارے جنگی منصوبوں کے ساتھ امریکہ اور برطانیہ کا اندرونی تضاد بھی جاری ہے۔ فلسطین کے معاملے سے اس کا اظہار بالکل صاف طور پر ہو رہا ہے۔ [illegible]

[illegible]

(امروز، کراچی ۱۷ اگست)

احرار کونسل کی کارروائی

[illegible]

چین اور امریکہ

امریکی وزیر خارجہ بڑے بھولے پن سے اعلان کرتے ہیں [illegible] امریکہ کی حکمت عملی [illegible]

[illegible]

تہذیبی رشتہ

مولانا ابوالکلام آزاد نے ایک ایسے محکمہ کے قیام پر زور دیا ہے جس کے ذریعہ ہندوستان اور باقی ایشیائی اقوام میں تہذیبی رشتہ قائم ہو سکے اور یہ رشتہ انہیں مستحکم بنیاد پر قائم کر دے مولانا کے خیال میں اس مقصد کی تکمیل کے لئے، دو شعبوں کا قیام ضروری ہے: ایک وہ شعبہ جو مغربی ایشیا پر حاوی ہو، مثلاً ترکی، افغانستان، مصر اور دوسرا وہ شعبہ جس کا دائرہ کوریا، چین اور جاپان تک وسیع ہو۔

مولانا نے بالکل سچ فرمایا کہ سیاسی اتحاد صرف سودا بازی کے لئے ہوتا ہے لیکن تہذیبی رشتہ اس سے کہیں مضبوط اور پائدار ہے اور اس کے ذریعہ ایک دوسرے کو سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے! بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ تہذیبی رشتہ...... انسانیت کو یاد دلاتا ہے اور انسانیت کا احساس اخلاقی قدروں کو ابھار کر انسانی وحدت کا تصور پیدا کرتا ہے، افسوس ہے کہ اب تک اس قسم کا کوئی تہذیبی رشتہ قائم نہیں ہو سکا۔

[illegible]

نقطۂ اتحاد

اصل میں تفریق و اختلاف تو مصنوعی ہے اور حقیقت کی معنویت صرف انسانی رشتہ کو حاصل ہے، ہندو، مسلمان، مذہب کے اعتبار سے مختلف ہیں لیکن شہریت کے اعتبار سے متفق ہیں شہریت کا تصور، صوبائیت میں جا کر کمزور ہو جاتا ہے لیکن وطنیت کا رشتہ پھر اسے مضبوط بنا دیتا ہے، ایک ہندو دوسرے صوبے کے ہندو سے اپنے آپ کو مختلف سمجھتا ہے لیکن ہندوستانی کی حیثیت سے پھر ان کا جوڑ مل جاتا ہے، ہندوستان کا ہندو مسلمان اپنے آپ کو مصریوں اور ایرانیوں سے علیحدہ سمجھتا ہے لیکن ایشیائی ہونے کی وجہ سے پھر وہ ایک خانہ میں آ جاتے ہیں، اسی طرح ایشیا کے لوگ، یورپ کے لوگوں سے جدا سمجھتے ہیں، لیکن انسانیت کا رشتہ آڑے آتا ہے، اور تفریق کی اس دیوار کو ڈھا کر سب کو ایک صف میں کھڑا کر دیتا ہے، غرض اختلاف کے مقابلہ میں اتفاق کے محرکات زیادہ قوی، زیادہ پائدار اور زیادہ مفید ہوتے ہیں

مولانا آزاد مستحق تبریک ہیں کہ انہوں نے ایشیا کو تہذیبی نقطہ پر متحد کرنے کی راہ نکال لی اور ایک ایسے پاکیزہ تصور کو زندہ کیا جو اخلاقی اور سیاسی زندگی کے لئے بہت ضروری ہے!

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن مخلص حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ اخبار میں جگہ کی قلت کے پیش نظر پانچ روپے سے کم امداد دینے والے حضرات کے ناموں کی تفصیل دینے سے معذوری ہے۔ امید ہے کہ حضرات خود ... اپنے ناموں کی اشاعت کا مطالبہ نہ کریں گے۔

اسمائے گرامی	مقام	رقم	مد
جناب حاجی غلام محمد صاحب	احمد آباد	[illegible]	[illegible]
حاجی جانی جی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جناب حاجی محمد اسحٰق محمد شفیع	[illegible]	[illegible]	زکوۃ
مسلمانان جیورہ	ضلع رانچی	[illegible]	زکوۃ
معرفت مولانا عبدالرحیم صاحب	[illegible]	[illegible]	زکوۃ
مولوی محمود احمد صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]
معرفت خلیل احمد صاحب	مراد آباد	[illegible]	[illegible]
مسلمانان تکیہ کلاں	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جناب محمد سلیم صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جناب محمد حنیف صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مولانا محمد شبلی صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	مظفرنگر	[illegible]	[illegible]

جمعیت علماء یوپی کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

عہدہ داران جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کی اپیل پر صوبہ کے جن بہدرد دان ملت اور اہل خیر حضرات نے صدقہ و فطرہ میں امدادی رقمیں بھیجی ہیں ہم شکریہ کے ساتھ ان کے اسمائے گرامی اور رقموں کی تفصیل شائع کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو جزائے خیر دے اور دوسروں کو توفیق بخشے آمین (ناظم دفتر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی)

بقیہ حضرات کے نام دوسری اشاعت میں شائع کئے جائیں گے۔

نمبر شمار	اسمائے گرامی	رقوم	
۱	منیجر اسٹنڈرڈ بوٹ ہاؤس نمبر ۱ مارکیٹ آگرہ	۲۵	زکوۃ
۲	حافظ وضاحت حسین صاحب لکھنؤ	۱۰	
۳	ابن حسین، فدا حسین صاحبان فیروزآباد آگرہ	۱۰	
۴	سید مبارک حسین صاحب ... مظفرنگر	۵	
۵	مولوی جلیل الرحمن صاحب سہارنپور	۲۵	
۶	شمس الحق صاحب اینڈ سنز بنارس	۲۵	
۷	مرزا حکیم ... فرخ آباد	۲	فطرہ
۸	محمد وکیل اللہ صاحب ... ضلع گونڈہ	۵	زکوۃ
۹	مولانا قمر الہدیٰ صاحب فردوسی ...	۵	عطیہ
۱۰	مولانا عبدالستار صاحب ...	۲۵	زکوۃ
۱۱	عبدالصمد قصبہ بکسر (میرٹھ)	۳۶-۳	امداد
۱۲	مرزا سعید بیگ صاحب فیروزآباد	۲۵	
۱۳	منشی شفیق احمد صاحب ...	۱۴-۹	فطرہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

بجنور کی خبریں

فہرست دو وٹران میں کتر بیونت

کواپریٹو سوسائٹی کی غلط کاری

بجنور ۱۹ اگست - آج کل ضلع بجنور میں میونسپل کمیٹیاں اور کواپریٹیو سوسائٹیاں یاد و پبلکس کا انکشاف بنی ہوئی ہیں۔ میونسپل الیکشنوں کے لئے جو فہرست رائے دہندگان بنائی گئی ہیں وہ بورڈ کو معطل کرکے ایک خاص پروگرام کے تحت راشن کارڈوں کے ذریعہ تیار کرائی گئی اور راشن کارڈوں کی تفتیش کے دوران میں میونسپل حلقوں میں اکثریتی فرقہ کے ہزاروں عاقل بالغ ممبر کا نام کاٹ دیا گیا ہے ... [illegible]

کواپریٹو سوسائٹیاں

ضلع کی دوسری کواپریٹو سوسائٹیوں کی بہ نسبت نگینہ سوسائٹی کی حالت نہایت بری ہے ... [illegible]

اٹاوہ کی خبریں

۲۴ گھنٹہ میں گیارہ انچ بارش

ہزاروں مکان گر گئے

اٹاوہ ۱۸ اگست کل ۲۴ گھنٹہ میں ۱۱ انچ بارش ہونے سے ہزاروں مکان گر گئے۔ کچھ جانیں بھی ضائع ہوئیں۔ ابھی تک صحیح اطلاع نہیں ملی ... [illegible]

اسلام کی حقیقی تعلیمات نہ ہونے کے باعث بہت سے جھگڑے پیدا ہوئے

جمعیت علماء اپنی مساعی میں کامیاب ہی تو بہتر ہوگا صدر بہار کانگریس کی تقریر

[illegible]

ٹنڈن جی کی حالیہ تقاریر پر احتجاج

مسلمانان سہارنپور کا جلسہ عام

[illegible]

خرابیوں کو دور کرنے کی ذمہ داری ہم سب پر ہے

جودھپور میں محمد عاقل الہ آبادی کی تقریر

[illegible]

خط و کتابت

کرتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط لکھئے

امن و اتحاد کے سلسلہ میں اردو مشاعرہ

۱۸ اگست اتوار کی شب کو ایک غیر طرحی مشاعرہ ... منعقد ہوا ... تمام سرکردہ شعراء شریک ہوئے ... [illegible]

معین نواز جنگ کی شکایت کی حیدرآباد کے چار لیڈروں کی طرف سے تردید

[illegible]

ایشیا کی تھوک قیمتوں کا اتار چڑھاؤ

[illegible]

نگینہ کی صفائی

[illegible]

ہندی زبان مسلمان سیکھ رہے ہیں

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جز یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی رسم الخط سیکھیں اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل کتابیں مفید ہیں۔ ان کتابوں کے مصنف مولانا ابو محمد ... صاحب مستحق صد شکر ہیں کہ انہوں نے ہندی سیکھنے والوں کے لئے بہت زیادہ سہولت پیدا کر دی ہے اور اسلامی لٹریچر کو ہندی میں منتقل کرنے کی اہم بنیاد ڈالدی ہے۔

ہندی ماسٹر حصہ اول سات آنے ۷/

" " دوم " " "

" " سوم بارہ آنے ۱۲/

ہندی اردو لغت:۔ یعنی ہندی الفاظ کا ترجمہ اردو۔ قیمت ... ۱۲

اردو ہندی لغت:۔ یعنی اردو الفاظ کا ترجمہ ہندی میں ۔ عہ

اسلام کا پرچیہ:۔ یعنی۔ اسلام عقائد اسلام اور اسلامی احکام کا بہترین مجموعہ قیمت عہ

اسلام کی بنیادی تعلیم:۔ قیمت صرف سات آنے ۷/

ستیہ دھرم:۔ قیمت صرف چھ آنے ۶/

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

بقر عید کیلئے عید کارڈ

عید کارڈ اعلیٰ سے منگوائیے۔ تفصیل قیمت ... [illegible]

بلیماران دہلی سے منگوائیے

ہوائی جہاز

کے ٹکٹ کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں۔

المشتہر

دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران دہلی

مفت طلب کیجئے

کتب مسائل۔ بہشتی زیور کے چھوٹے سائز ... تیار ہو چکے ہیں۔ ایجنٹ صاحبان کو معقول کمیشن دیا جاتا ہے۔

ادارہ آفتاب رسالت پبلشنگ دہلی

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر فائدہ اٹھائیے

حکومت ہند کیلئے ضرورت ہے

مضبوط دل اور دماغ رکھنے والے فولادی انسانوں کی۔ لیکن جریان کے مریضوں کا نہ دل ٹھیک رہتا ہے نہ دماغ نہ ان کے پٹھے ہی کسی کام کے رہتے ہیں۔ اکسیری ... اسی مرض کی سوفی صدی کامیاب دوا ہے ... اپنا کام شروع کر دیتی ہے

ایک ماہ کی دوا ۷/۸ صدیقی دواخانہ (دلی دو گھر) نور گنج دہلی

یادگار سلف

یہ یادگار تصنیف خانوادہ سید احمد شہید کے سلسلہ کی ایک معتبر تاریخ ہے، ملک کے مایہ فخر سید سلیمان ندوی مدظلہ نے اس پر مقدمہ تحریر فرمایا ہے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا مدظلہ نے اپنے والا ناموں میں اس خدمت کی تحسین فرمائی ہے۔ مطبوعہ معارف اعظم گڈھ صفحات ۱۹۴ قیمت (عہ)

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ایجنسی دفتر جمعیۃ علماء لکھنؤ ...

دارالسلطنت

آنوار کے روز رام لیلا گراؤنڈ میں سرکاری ملازمین سنگھ کے جلسہ میں شرکت

سرکاری حلقوں میں صورت حال پر سنجیدگی سے غور ہو رہا ہے

نئی دہلی ---- (اسٹیٹسمین) ---- ۲۳ اگست

اتوار کے روز رام لیلا گراؤنڈ میں راشٹریہ سیوک سنگھ کے جلسہ میں سرکاری ملازمین کی بڑی تعداد میں شرکت سے ایک دلچسپ صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ سنگھ پر پابندی سے قبل اور پابندی کے بعد بھی سرکاری ملازمین کے لئے راشٹریہ سنگھ میں شریک ہونے پر پابندی تھی، کیونکہ یہ کہا گیا تھا کہ وہ ایک سیاسی جماعت تھی۔ اور بعد ازاں خلاف قانون قرار دیدی گئی تھی۔

لیکن اس کے پروگرام میں حالیہ ... اس پر سے پابندی اٹھائی گئی۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کو ایک سیاسی جماعت ... قانون ... کے طور پر اس میں شرکت کے لئے قانونی طور پر جواز پیدا ہو گیا تھا۔

لیکن سرکاری حلقوں میں اس صورت حال کو اس قدر معمولی نہیں سمجھا جا رہا ہے۔ جیسا کہ وزیر اعظم نے اپنی پریس کانفرنس میں کہا تھا ابھی سنگھ کے بارے میں کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہ کہ کڑی نگرانی کی ضرورت ہے۔ وزارت داخلہ کے فیصلے کا انتظار ہے۔

متروکہ جائداد کے متعلق پاکستان کا آرڈیننس

حکومت ہند وضاحت طلب کریگی

نئی دہلی ۲۲ اگست۔ معلوم ہوا ہے حکومت ہند عنقریب پاکستان سے اس کے حالیہ پریس نوٹ کی وضاحت طلب کریگی جس کی رو سے اس نے متروکہ جائدادوں ... [illegible] ... حکومت ہند کو اس پریس نوٹ کے متعلق سرکاری طور پر کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ [illegible]

مفرور پولیس مین کو سزا

نئی دہلی کے ایک اسپیشل مجسٹریٹ نے ایک سپاہی کو جو چار ماہ ہوئے نوکری سے غائب ہو گیا تھا چھ ماہ قید بامشقت کی سزا دی ہے۔ ملزم پر بدعنوانی کے الزام میں بھی مقدمہ چلایا گیا ... قید بامشقت کی سزا دی گئی۔

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ... درجہ اور کم سے کم ... درجہ تھا۔

جلسوں پر پابندی میں توسیع

[illegible]

کپڑے کے سوداگروں کی گرفتاری

[illegible]

لوہے کے سوداگروں کا مقدمہ

[illegible]

مقامی ڈاک کی تقسیم

[illegible]

ابھی کاغذ پر کنٹرول جاری رہے گا

حکومت ہند کا فیصلہ پریس نوٹ کے ذریعہ اعلان

دہلی ۲۳ اگست۔ حکومت ہند کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت عرصہ سے کاغذ پر کنٹرول جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے متعلق غور و خوض کر رہی ہے ... [illegible]

بازار دہلی کے بھاؤ

۲۳ اگست

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

بیاری مارکیٹ

[illegible]

صرافہ مارکیٹ

[illegible]

بھنگی سے رشوت لینے والا معطل

[illegible]

سائیکل چور موقع پر گرفتار

[illegible]

قطب روڈ پر چوری

[illegible]

انجمن خواتین کا جلسہ

[illegible]

رضا کاران جمعیۃ علماء کا اجتماع

حضرت مولانا احمد سعید اور مولانا حفظ الرحمن کا خطاب

دہلی ۱۷ اگست۔ اتوار کو رضا کاران جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا حفظ الرحمن صاحب نے رضا کاروں کے فرائض پر تقریر فرمائی۔ حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے فرمایا۔ آپ لوگ اس نئے عہد میں جبکہ آزادی کے ساتھ ملک کو آزادی ملی ہے ... [illegible] ... ہندوستان کی تعمیر نو کے لئے عوام کی اخلاقی اصلاح اور خدمت خلق کے اس پروگرام کو کامیاب بنانا آپ کا فرض ہے جسے جمعیۃ علماء نے پیش کیا ہے۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے رضا کاروں کے فرائض اور ان کے جذبہ خدمت کی وضاحت فرمائی ... [illegible]

ہر انسان کی خدمت کو اپنا ایمان سمجھا ہے۔ آپ کے اخلاق اعلیٰ ہونے چاہئیں۔ خلوص اور ایثار کا جذبہ آپ کی زندگی کا حقیقی سرمایہ ہے ... اور اپنے طرز عمل سے اسلام کی سچائیوں کو روشن کریں۔

اس کے بعد اجتماع میں یہ طے ہوا ... [illegible] ... مولانا اخلاق حسین قاسمی ... نے شرکت کی۔

پٹیالہ یونین کی وزارتی ردوبدل کی بات چیت ٹوٹ گئی

پٹیالہ ۲۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ پٹیالہ یونین کی عبوری وزارت میں ردوبدل کی بات چیت جو چل رہی تھی ناکام ہو گئی ہے۔ [illegible] (پ - ٹ - س)

پریس کانفرنس میں جنرل موہن سنگھ کی کانگریس پر نکتہ چینی

بائیں بازو کے اتحاد میں تاخیر نہ کرنے کا مطالبہ

کلکتہ ۲۳ اگست۔ مشرقی پنجاب کی ... پارٹی کے بانی اور صدر سردار موہن سنگھ سابق جنرل سکریٹری آزاد ہند فوج نے کل کہا ہے کہ کانگریس پر رجعت پسندوں کا قبضہ ہے۔ اور اس کی حالت ایسی خستہ عمارت کی سی ہے جو منہدم ہو کر رہے گی۔

[illegible]

مسٹر برلا واپس آگئے

بمبئی ۲۳ اگست۔ مسٹر جی۔ ڈی۔ برلا ... امریکہ اور برطانیہ کا تجارتی دورہ ختم کرنے کے بعد یہاں واپس آگئے۔ (پ - ٹ - ا)

ہر دیشور کے واقعہ کی تحقیقات

نقصان جان و مال کا اندازہ لگایا جائے گا!

[illegible]

پیسہ گلاس

[illegible]

عراقی وزیر اعظم اسکندریہ میں

وزیر اعظم مصر سے گفت و شنید

[illegible]

قاسم رضوی کا مقدمہ

[illegible]

کپڑے کی نقل و حرکت پر پابندی

[illegible]

چیف انجینیروں کی کانفرنس

[illegible]

کشمیر کے فیصلہ میں تاخیر بین الاقوامی پیچیدگیاں پیدا کریگی

آل جموں اور کشمیر مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اظہار خیال

سیالکوٹ ۲۳ اگست۔ آل جموں اور کشمیر مسلم کانفرنس کی مجلس عاملہ کے ایک اجلاس میں ... اگر معقول وقت کے اندر بین الاقوامی طور پر کشمیر کے مسئلہ کو حل نہیں کیا گیا تو ... [illegible] ... کشمیر کے عوام کی بے چینی میں اضافہ ہو جائے گا۔

[illegible]

گوڈسے کے عدالتی بیان پر پابندی

[illegible]

کیمونسٹ نظربندوں کی بھوک ہڑتال ختم

[illegible]

ورنگل اور نالگنڈہ کی حالت

[illegible]

درشنوں کی نذر

[illegible]

کیمونسٹ پارٹی کا پوسٹر ضبط

[illegible]

جلسے جلوسوں کی پابندیوں میں توسیع

[illegible]

امریکہ تیزی کے ساتھ یورپ کو اسلحہ مہیا کرے گا

صدر ٹرومین کا اعلان

[illegible]

پندرہ سال تک ملک کی سرکاری زبان انگریزی رہیگی

انگریزی ہندسوں کا استعمال بھی برابر جاری رہے گا

نئی دہلی ۲۳ اگست۔ کل کانگریس اسمبلی پارٹی نے ملک کی سرکاری زبان کے متعلق غور و خوض کیا۔ امید ہے کہ پارٹی آج اپنا آخری فیصلہ دے دے گی۔ مسودہ کمیٹی نے زبان کے متعلق جو نئی دفعات مرتب کی ہیں ان دفعات پر پارٹی کے زیادہ تر ممبروں کو پورا پورا اتفاق ہے۔ ان دفعات میں دیوناگری رسم الخط میں لکھی جانے والی ہندی کو ملک کی قومی زبان قرار دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صوبوں کی علاقائی زبانوں کو بھی سرکاری زبان تسلیم کیا جا سکے گا۔ مگر پندرہ سال کے دوران تک انگریزی رسم الخط کا ہی استعمال ہوتا رہے گا جب تک کہ صدر اس کے خلاف کوئی ہدایت جاری نہ کرے۔ اس مسودہ میں مزید درج ہے کہ اس آئین کے نفاذ کے پندرہ برس تک انگریزی ہی ملک کی سرکاری زبان رہے گی۔ لیکن صدر اگر چاہے تو اس عرصہ میں کسی بھی وقت ایک بار سرکاری کاموں کے لئے ہندی کے استعمال کی ہدایت دے سکتا ہے۔ نیز پارلیمنٹ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ پندرہ برس کے بعد بھی کسی خاص کام کے لئے کچھ عرصہ تک انگریزی کے استعمال کے متعلق قانون بنا سکتی ہے۔ اس پندرہ برس کے عرصہ میں صدر اگر چاہے تو کسی کام کے لئے انگریزی ہندسوں کے استعمال کی ممانعت کر سکتا ہے یا انگریزی کے ساتھ ہندی کے ہندسوں کے استعمال کی بھی ہدایت کر سکتا ہے۔ جب تک صدر کوئی مزید ہدایت جاری نہ کرے تب تک صوبوں کی آپس میں اور مرکز سے خط و کتابت کے لئے صرف یونین کی سرکاری زبان کا استعمال کیا جائیگا۔ خاص حالتوں میں علاقائی زبانوں کے متعلق خاص ہدایت کی جا سکیگی۔ جب تک پارلیمنٹ اس کے خلاف فیصلہ نہ کرے تب تک ہائیکورٹ، سپریم کورٹ اور قوانین وغیرہ کی زبان انگریزی ہی ہوگی۔

معاونین الجمعیۃ سے

گذارش ہے کہ دفتر الجمعیۃ نہایت پابندی اور دیکھ بھال کے بعد پرچہ روانہ کرتا ہے۔ لیکن اخبارات کے حصول کی احتیاط کے باوجود کچھ پرچے ضروری طور پر ... لیتے ہیں۔

جن صاحب

کو بروقت اخبار نہ پہنچے براہ کرم وہ اپنے نمبر خریداری کے حوالے سے دفتر کو مطلع کر دیا کریں کہ فلاں تاریخ کا اخبار نہیں ملا۔ تاکہ دوبارہ بھیج دیا جائے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

منی آرڈر

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند اور ادارہ الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہترین اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔ ... [illegible]

محمد وحید قاسمی

دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۹ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ڈھائی آنہ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۶ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۱۹۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

گارنٹی شدہ
خالص سونے کے
وسادہ کاری فینسی زیورات
بھرآ تاجی دی ہٹی (رجسٹرڈ)
جیولرز
چاندنی چوک متصل بلیماران دہلی
فون نمبر ۵۱۲۳

بائیں بازو کی جماعتوں کے متحدہ محاذ کی گفت و شنید ناکام ہو گئی

سوشلسٹ پارٹی مسٹر سرت چندر بوس کی طلب کردہ کانفرنس میں شریک نہیں ہو گی

کوئی بھی جماعت اپنی الگ وجود کو ختم کرنے کیلئے تیار نہیں

سوشلسٹ پارٹی کے ایک ترجمان کا بیان۔ مسٹر جے پرکاش کی کلکتہ سے روانگی

کلکتہ ۲۲ اگست: بائیں بازو سے تعلق رکھنے والی جماعتوں کے اتحاد کے سلسلہ میں ماہ رواں کے اوائل میں جو گفت و شنید شروع ہوئی تھی۔ اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ جہاں تک سوشلسٹوں کا تعلق ہے وہ ناکام ہو گئی ہے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ سوشلسٹ پارٹی نے یہ طے کیا ہے کہ مسٹر سرت چندر بوس نے ناگپور میں جو کانفرنس طلب کی ہے اس میں شرکت نہ کی جائے۔

سوشلسٹ پارٹی کے ایک ترجمان نے کہا کہ متحدہ محاذ کی گفت و شنید ان تین خصوصی نکات پر مرکوز رہی (۱) بائیں بازو سے تعلق رکھنے والی تمام جماعتوں کا ایک پارٹی کی صورت میں الحاق (۲) کمیونسٹوں کے علاوہ بائیں بازو کے تمام گروپوں کا ایک ...... متحدہ محاذ یا متحدہ کمیٹی اور (۳) الیکشن کے بارے میں مختلف پارٹیوں کے بین کسی قسم کی مصالحت۔

[illegible]

مغربی بنگال ورکرز کانفرنس کا فیصلہ

انتخابات اور عارضی حکومت کے قیام پر کانگریس

[illegible]

ویٹ نام کے سرکاری ملازموں کا قتل

قاتلوں کی جماعت کی سردار ایک عورت تھی

[illegible]

جہاز بھک سے اڑ گیا

[illegible]

ضروری اشیاء کے معاہدہ کا کلکتہ میں جائزہ لیا جائے گا

پاکستان نے ہندوستان کے مقابلہ میں برطانیہ وغیرہ کو زیادہ مراعات دی ہیں

[illegible]

وردی پہننے پر پابندی

[illegible]

روس اور ہند کا تجارتی معاہدہ

[illegible]

کلکتہ کے قریب ہگلی ضلع میں جھگڑا ہو گیا

کرفیو کا نفاذ

[illegible]

انخلا کنندگان کی جائداد کے متعلق

گورنر جنرل کا نیا آرڈیننس

[illegible]

خط و کتابت جلد شائع کر دی جائے

کشمیر کمیشن کے روبرو پاکستان کی تجویز

[illegible]

بنارس میں سات مکانوں پر قبضہ

[illegible]

آسٹریلیا کی فوج میں کمیونسٹوں کو داخل نہیں ہونے دیا جائیگا

وزیر فوج کا اعلان

[illegible]

ہندی ممنوع قرار دیدی گئی

[illegible]

کل ہند فنون لطیفہ کانفرنس

مولانا آزاد صدارت کریں گے

[illegible]

ہندوستان میں پاکستان کا ٹریڈ کمشنر

جلد ہی نئی دہلی آ رہا ہے

[illegible]

مسئلہ زبان پر کانگریس پارٹی میں بحث

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

یونین پارلیمنٹ میں پست اقوام کی سیٹوں کی تخصیص پر بحث

[illegible]

روس اور پاکستان کی تجارتی گفت و شنید

[illegible]

عازمین حج بیت اللہ شریف کے پانچ جہاز بمبئی سے جدہ پہنچ گئے

جن لوگوں کا انتظام نہیں ہوا وہ روانگی سے قبل مشکلات پر غور کر لیں

بمبئی ۲۱ اگست (بذریعہ ڈاک)

پورٹ حج کمیٹی بمبئی کے ایگزیکٹو افسر مسٹر اے اے زبیدہ دار مطلع کرتے ہیں کہ یہ اطلاع ملی ہے کہ زائرین بیت اللہ شریف کے جہاز ... ایس ایس مظفر ... بخیریت جدہ پہنچ گئے ہیں۔

[illegible]

فارورڈ بلاک کا جلسہ

[illegible]

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

روزانہ الجمعیۃ

Delhi -25-8-49

بنگال کے وزیر اعظم بڑے بڑے منصوبوں کے ساتھ واپس آ رہے ہیں

صنعتوں کو ترقی دی جائیگی اور غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی

[illegible]

زبان کے بارے میں حکومت کے فیصلہ سے مایوس ہونے کی ضرورت نہیں

اردو رسم خط کی حفاظت کے لئے بالکل علیحدہ کوشش کی جائے

مشہور مصنف نیاز فتح پوری کا اہم بیان

[illegible]

مصنوعی بارش لانے کیلئے بمبئی کارپوریشن میں قرارداد

سائنس کی جدید ایجادات سے فائدہ اٹھانے کیلئے مطالبہ

[illegible]

جمعیۃ علماء کا فیصلہ

[illegible]

آپکا فرض

[illegible]

سید قاسم رضوی کا مقدمہ

(بقیہ صفحہ ۱)

[illegible]

راشن کارڈوں کا غلط چیکنگ

[illegible]

قدرتی ذرائع کی حفاظت کے لئے پاکستان کی تجویزیں

اقوام متحدہ کے سامنے پاکستانی سائنس دانوں کی عرضداشت

لیک سکسس ۲۳ اگست۔ رائٹر کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ پاکستان کے انجینیروں اور سائنس دانوں نے اقوام متحدہ کے سامنے چند کاغذات پیش کئے ہیں جن میں ممالک کے قدرتی ذرائع کے تحفظ کے طریقے تجویز کئے گئے ہیں۔

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

نجیب آباد میونسپلٹی کا فیصلہ

[illegible]

کمیونسٹ سادھوؤں کے بھیس میں کام کرتے ہیں

[illegible]

حیدر آباد کے سابق صدر المہام تعلیمات کیخلاف جعلسازی کا مقدمہ

[illegible]

فرانس کے جنگلوں میں خوفناک آتشزدگی

اس وقت ۱۲۳۰ افراد ہلاک ہو چکے ہیں

[illegible]

ہندوستان صرف گاندھی جی کے نقش قدم پر چل کر دنیا کیلئے مثال بن سکتا ہے

گاندھی جی کے مشہور انگریز دوست مسٹر پولک کے ارشاد

[illegible]

سہسوان میں خطرناک آگ

پچیس ہزار کا نقصان

[illegible]

بیگم آغا خاں کے ۲۰ لاکھ پونڈ کے لوٹے ہوئے زیور واپس ہو سکتے ہیں

لوٹنے والے کی طرف سے اخبار میں اعلان

[illegible]

غیر مسلم فرموں پر قبضہ

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

مدراس ریلوے پر بکنگ کھل گیا

[illegible]

بیسویں صدی کا فرہاد

[illegible]

اطلاع عام

[illegible]

اسٹاپ پریس

جائداد کا مسئلہ صرف حکومتی بنیاد پر حل ہو سکتا ہے

حکومت ہند کی طرف سے حکومت پاکستان کے نام نوٹ

معاہدہ کراچی کی خلاف ورزیوں پر حکومت ہند کا سخت احتجاج

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ ہندوستان کی طرف سے کل حکومت پاکستان کے نام ایک احتجاجی نوٹ ارسال کیا گیا ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ پاکستان متروکہ جائدادوں سے متعلق معاہدہ کی برابر خلاف ورزی کر رہا ہے۔ اور ان حالات میں حکومت ہند اپنے اس حق کو محفوظ رکھتی ہے کہ وہ ہندوستان کے اندر متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں مناسب قدم اٹھائے۔

ایک ہزار الفاظ پر مشتمل اس احتجاجی نوٹ میں تفصیل کے ساتھ پاکستان کی طرف سے معاہدہ کی خلاف ورزیوں [illegible]

اس امر کا پھر اعادہ کیا گیا ہے کہ اس مسئلہ کو صرف حکومتی سطح پر ہی حل کیا جا سکتا ہے [illegible]

سرکاری نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہندوستان پاکستان سے سمجھوتہ کرنے کی کس حد تک خواہش رکھتا ہے۔ [illegible]

انکم ٹیکس

کراچی میں ایک اور جن غیر مسلم بڑی بڑی فرموں کے سلسلہ میں پاکستان کے [illegible] اقدام کا ذکر کرتے ہوئے نوٹ میں حکومت نے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے [illegible]

بیان کیا گیا ہے کہ پاکستان کا یہ اقدام ہندوستان کو اس بات کے لئے مجبور کرتا ہے کہ وہ متروکہ جائداد سے متعلق اپنے قوانین میں [illegible]

[illegible]

کسٹوڈین جنرل الہ آباد میں

الہ آباد ۲۴ اگست (پی ٹی آئی) ہندوستان کے کسٹوڈین جنرل مسٹر اچھرو رام کل یہاں آئے ہیں آپ حکومت کے متروکہ جائداد کے آرڈیننس پر کارروائی کو دیکھیں گے اور یہاں ۲۶ اگست تک قیام کر کے ہوائی جہاز سے دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

پچھلے سال میں مسافر گاڑیوں کو ۲۴ حادثے پیش آئے

حکومت ہند کے چیف انسپکٹر کی سالانہ رپورٹ شائع ہو گئی

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ حکومت ہند کے ریلوں کے چیف انسپکٹر کی سالانہ رپورٹ شائع کر دی گئی ہے۔ اس رپورٹ میں ۳۱ مارچ ۱۹۴۹ء تک کے ہندوستانی ریلوں کے حادثوں کی روداد اور آئندہ ان کی روک تھام کے لئے تجویزیں درج ہیں۔

مسافر گاڑیوں کو جو ۲۴ حادثے پیش آئے، حکومت کے انسپکٹروں نے ان کی تفتیش کی۔ [illegible]

[illegible]

یہ رپورٹ منیجر آف پبلکیشنز دہلی سے [illegible] کی جا سکتی ہے۔ (پ ۱۰)

گومتی کا پانی لکھنؤ کی تاریخی عمارت چھتر منزل میں داخل ہو گیا

اٹاوہ میں خطرناک بارش۔ ایک دن میں دو ہزار مکان منہدم ہو گئے

شاہجہاں پور اور کانپور میں سیلاب کی تباہکاریاں بیسیوں دیہات بہہ گئے

لکھنؤ ۲۴ اگست پریس ٹرسٹ آف انڈیا

مشرقی یوپی میں بہار کی سرحد پر گنگا کے کنارے دونوں طرف آباد ہزاروں دیہات میں کانپور سے لے کر بلیا تک تقریباً تین سو میل کے ٹکڑے میں [illegible] گنگا کے سیلاب سے [illegible]

گذشتہ سہ پہر گومتی کا پانی [illegible] کے کنارے تک آ گیا ہے۔ گومتی کا پانی لکھنؤ کی تاریخی عمارت چھتر منزل کے اندر داخل ہو گیا ہے [illegible]

ضلع اٹاوہ میں [illegible] دو ہزار مکانات [illegible] منہدم ہو گئے ہیں۔ حکومت یوپی نے [illegible]

شاہجہاں پور [illegible]

[illegible]

تین ہزار کا انخلا

[illegible]

ڈچ اور جمہوری فوجوں میں جھڑپیں

جمہوری حلقوں کی طرف سے احتجاج

[illegible]

امسال ۵ ہزار زائرین بیت اللہ شریف کیلئے انتظامات ہو رہے ہیں

سعودی عرب کا ٹیکس جدہ کی بجائے بمبئی میں نیدرلینڈ ٹریڈنگ کمپنی کو ادا کیا جائیگا

[illegible] ۲۴ اگست۔ امسال زائرین بیت اللہ شریف کو بمبئی سے جدہ جانے کے لئے پندرہ ہزار نشستوں کا انتظام کر دیا گیا ہے۔

[illegible]

حکومت ہند نے امسال زائرین بیت اللہ شریف کی امداد و اعانت کے لئے بنارس کے مولوی عبدالمجید صاحب کو حجاز میں اسپیشل حج افسر مقرر کیا ہے۔

کیا روس یوگوسلاویہ پر چڑھائی کرے گا؟

ٹیٹو کی علیحدگی کے مطالبے پر برطانوی اخبارات کے اندازے

لندن ۲۴ اگست۔ اس انکشاف کے بعد کہ روس نے یوگوسلاویہ کو ایک نوٹ روانہ کیا ہے جس میں ٹیٹو کی حکومت سے علیحدگی کا مطالبہ کیا گیا ہے برطانوی اخبارات اندازے لگا رہے ہیں کہ کیا روس یوگوسلاویہ پر چڑھائی کر دے گا نئی دھمکی کے خطرات سے لوگ بخوبی آگاہ ہیں [illegible]

یورکشائر پوسٹ کے سیاسی نامہ نگار نے لکھا ہے۔ لندن میں یہ محسوس کیا جا رہا ہے کہ روس [illegible] اپنی پوزیشن ایسی بنا رہا ہے [illegible]

نامہ نگار مزید لکھتا ہے [illegible] (رگلوب)

جنرل چیانگ کائی شیک کمیونسٹوں کے خلاف جوابی حملوں کی تیاری کر رہے ہیں

کینٹن میں جنرل سمو کی غیر متوقع آمد اور ہنگامی فوجی کانفرنس

کینٹن ۲۴ اگست [illegible]

[illegible]

چینی کمیونسٹ فولاد چاہتے ہیں

لندن ۲۴ اگست [illegible]

[illegible] (رگلوب)

جنگ یونان کا حال

فوجی مہم کی تفصیل

[illegible] ۲۴ اگست [illegible]

[illegible] (رگلوب)

بہار میں تمباکو اور بیڑی کا کاروبار

پٹنہ ۲۴ اگست۔ شمالی بہار میں تمباکو اور بیڑی کی صنعت ۴ لاکھ باشندوں کے لئے روزگار مہیا کرتی ہے [illegible]

[illegible]

قوم پرستوں کی ناکہ بندی سے شنگھائی کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے

[illegible]

ڈچ حکومت انڈونیشیا کو مکمل آزادی دینے کا عزم کر چکی ہے

ڈاکٹر ڈریس

انڈونیشیا مکمل آزادی کے بغیر کسی دوسری چیز سے مطمئن نہیں ہو سکتا

ڈاکٹر حتیٰ

گول میز کانفرنس کے افتتاح پر ڈچ اور انڈونیشی وزرائے اعظموں کی تقریریں

ہیگ ۲۴ اگست۔ ڈچ وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس نے انڈونیشیا پر گول میز کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہالینڈ نے یہ قطعی عزم کر لیا ہے کہ وہ انڈونیشیا کو اقتدار اعلیٰ قطعی طور پر منتقل کر دے گی۔

[illegible]

رہنمائی کے اصول

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۶ اگست ۱۹۴۹ء

مادری زبان میں تعلیم

جن لوگوں نے ہندی زبان اور ناگری رسم خط کی حمایت غیر متوازن طریقہ پر کی تھی اور یہ باور کرایا تھا کہ ہندی سے قومی زبان کا مسئلہ حل ہو جائے گا وہ بہت جلد محسوس کریں گے کہ ہندی کے بعد بھی قومی زبان کا مسئلہ حل نہیں ہوتا بلکہ اس کے حل کا طریقہ ہی دوسرا ہے! چنانچہ جب ہندوستان کے مختلف صوبوں کو یہ محسوس ہوا کہ قومی زبان کا مسئلہ زور اور زبردستی سے طے کیا جائے گا تو قدرتی طور پر ان میں تشویش پھیلی اور سب کو اپنی صوبائی زبانوں کے تحفظ کی پڑ گئی، اور کھلے الفاظ میں کہا کہ زبان کے بارے میں زبردستی کو برداشت نہیں کیا جائے گا! ہندی کے حامیوں کو زیادہ اندیشہ مسلمانوں کی طرف سے تھا کہ وہ اردو کی حمایت میں ہندی کی مخالفت کریں گے مگر وہ مطمئن تھے کہ مسلم اقلیت کی مخالفت کو آسانی سے دبا دیا جائے گا۔ لیکن ہوا یہ کہ مسلمانوں نے نہ صرف یہ کہ ہندی کی مخالفت نہیں کی بلکہ اس کے حامی بنے اور ان کے لیڈروں نے ہندی کو اپنانے کے لئے مسلمانوں کو ہدایت کی۔ گویا مسلمانوں کا معاملہ صرف اس حد تک رہ گیا کہ ہندی اور ناگری کے ساتھ اردو اور اس کے رسم خط کو بھی ثانوی حیثیت حاصل ہونی چاہیئے۔ اس طرح مسلمانوں نے ہندی کی بالادستی تسلیم کر لی صرف اردو زبان کی ثانوی حیثیت پر زور دیتے رہے۔

ہندی کے حامی مسلمانوں کی طرف سے خطرہ کا احساس کر رہے تھے مگر وہ یہ دیکھ کر حیرت میں رہ گئے کہ مسلمانوں نے تو ہندی کو اپنا لیا لیکن ہندوؤں کی طرف سے اس کی مخالفت شروع ہو گئی۔ پنجاب میں ہندی اور گورمکھی کی کش مکش نے تصورات کا رنگ ہی بدل دیا ہے۔ بنگال بھی تیار نہیں کہ اپنی علاقائی اور صوبائی زبان پر ہندی کو ترجیح دے اور بنگالی بولنے والے ہندی کو اپنا کر قومی زبان کے مسئلہ کو حل کرنے میں مدد دیں! مدراس میں آج سے نہیں سال ڈیڑھ سال سے ہندی کی شدید مخالفت ہو رہی ہے حتی کہ مدراسیوں نے اس کے خلاف ستیہ گرہ کرنے سے بھی گریز نہیں کیا، وڑا اوڑیا بولنے والے علاقے ہندی کے نام سے الگ ناراض ہیں آدی باسی اور پہاڑی قومیں بھی ہندی کا خیر مقدم کرنے کے لئے تیار نہیں۔ خلاصہ یہ کہ جن مسلمانوں پر بدگمانی کی گئی تھی اور ان کی ضد میں اپنے مطالبہ میں زور پیدا کیا گیا تھا وہ تو ہندی کے حامی نکلے اور جس اکثریت کے نام پر ہندی کو قومی زبان بنایا جا رہا تھا اس کا ایک بہت بڑا حصہ اس کے مقابلہ پر نکل آیا اور بات یہی درست ٹھہری کہ ہندی کو زبردستی قومی بنا دینے سے قومی زبان کا مسئلہ حل نہیں ہوتا!

ہمیں اس بات سے اطمینان ہوا کہ صوبوں کے وزرائے تعلیم کی کانفرنس میں زبان کے مسئلہ پر رواداری اور حالات کے تقاضوں کے پیش نظر فیصلہ کیا گیا ہے، مولانا آزاد صدر کانفرنس نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے انہوں نے حقائق کی گرہ کھول کر رکھدی ہے آپ نے فرمایا

> "ہندوستان بڑا وسیع ملک ہے جس میں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں ہمیں دل کھول کر تسلیم کر لینا چاہیئے کہ یہ سب زبانیں ہندوستانی ہیں اور چونکہ یہ سب زبانیں ہندوستانی ہیں، اس لئے اگر کوئی اقلیت کسی صوبہ میں کسی ایسی زبان کو بولتی ہے جو اکثریت کی زبان نہیں ہے تو اس میں اعتراض کی کیا بات ہے۔ اتحاد کا مقصد جبر سے حاصل نہیں ہو سکتا"

حضرت مولانا نے کانفرنس سے اپیل کی کہ

> "اس مسئلہ میں فراخ دلی سے کام لے اور اقلیتوں کی خواہشات اس طرح پوری کرنے کی کوشش کرے کہ کسی کو شکایت کا کوئی موقع نہ رہے"

ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے فرمایا کہ ہندوستان کی مختلف زبانوں کے درمیان غیر صحت مند رقابت نہ ہونی چاہیئے۔

> "یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ جن لوگوں نے اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے برطانیہ سے جنگ کی تھی وہ خود زبان کے معاملہ میں سخت متعصب ہو گئے ہیں"

لیکن یہ واضح رہے کہ یہ فیصلہ صرف صوبائی زبانوں کے متعلق ہے، رہی مرکز کی سرکاری اور قومی زبان سو وہ ناگری رسم خط کے ساتھ ہندی ہی ہو گی اس معاملہ میں کانگریس نے کوئی لچک باقی نہیں رہنے دی اور اردو کو اس کے رسم خط کے ساتھ انتہائی بیدردی کے ساتھ تحت الثریٰ میں پہونچا دیا!

بہرحال صوبائی حالات کے اعتبار سے اس کانفرنس نے جو فیصلے کئے ہیں ان کا ماحصل یہ ہے:

(۱) پرائمری اسکولوں میں ذریعہ تعلیم اور امتحان بچوں کی مادری زبان ہو۔

(۲) مادری زبان وہ ہو گی جسے بچے کے والدین یا گارجین مادری قرار دیں۔

(۳) جہاں سرکاری یا علاقائی زبان بچوں کی مادری زبان سے مختلف ہو اور ایسے بچوں کی تعداد اسکول میں چالیس اور جماعت میں دس ہو تو ان کے لئے الگ ٹیچر کا انتظام کیا جائے اور ایسے بچوں کو سرکاری اور علاقائی زبان تیسرے درجے سے پہلے شروع نہ کرائی جائے۔

(۴) جب ثانوی درجوں میں بچوں کا ذریعہ تعلیم علاقائی زبان ہو تو پھر بھی بچوں کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ سوالات کے جوابات اپنی مادری زبان میں دیں۔

(۵) اگر کسی علاقہ میں ایسے طلبار کی تعداد جن کی مادری زبان سرکاری یا علاقائی زبان سے مختلف ہے اتنی ہو جو ان کے لئے مستقل اسکول کے قیام کو حق بجانب ثابت کر سکے تو ان کے لئے ہائی اسکول قائم ہو سکتا ہے، جس میں ان کو مادری زبان میں تعلیم دیجائے گی۔

(۶) اگر ایسا اسکول کسی سوسائٹی کی طرف سے کھولا جائے تو گورنمنٹ اسے منظور کر کے امداد دے گی۔

(۷) سرکاری میونسپل اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کے اسکولوں میں بھی مادری زبان میں تعلیم دیجائے گی، بشرطیکہ طلبار کی مجموعی تعداد میں سے ایک تہائی تعداد اس کا مطالبہ کرے، اسی شرط کے ساتھ حکومت امدادی اسکولوں میں بھی مادری زبان میں تعلیم کا انتظام کرے گی۔

(۸) ثانوی درجہ میں علاقائی زبان بہر صورت جبری ہو گی۔

جن شرطوں کے ساتھ مادری زبان میں تعلیم کی اجازت دیگئی ہے اس سے اردو زبان کو مادری قرار دینے والے کم ہی فائدہ اٹھا سکینگے تاہم اس فیصلہ میں ایسی راہ ضرور کھولدی گئی ہے کہ اگر اقلیتوں نے عزم و ہمت کے ساتھ قدم بڑھایا تو اس میں ان کے لئے فائدہ اٹھانے کی کافی گنجائش ہے اور سچ تو یہ ہے کہ جب تک ان فیصلوں پر عمل نہ ہو اور انکا نفاذ کرنے والوں کا عمل معلوم نہ ہو جائے انکی کامیابی اور افادیت کے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہو گا۔ کاش اتنی ہی لچک مرکز کی سرکاری اور قومی زبان کے معاملہ میں بھی باقی رکھی جاتی اور اقلیتوں کی زبان کے تحفظ کے لئے مرکز کوئی اچھا نمونہ پیش کرتا۔

طاقت کا کرشمہ

ہندی، ہندوستانی اور اردو کا فیصلہ ہو گیا یعنی اردو اور ہندوستانی کو شکست ہوئی اور اکثریت کی طاقت نے ہندی کو اس کے ناگری رسم خط کے ساتھ سرکاری اور قومی زبان قرار دیدیا اسی پر بس نہیں دستور ساز اسمبلی پارٹی میں یہ بھی طے ہوا ہے کہ حکومت ہندی زبان کو ترقی دینے اور اس کی حفاظت کرنے کا پورا سامان کرے، اور ناگری رسم خط کو تمام ہندوستان میں مقبول بنائے! غیر طاقت کے سامنے کسی کی نہیں چلتی، حکومت نے جو کچھ کیا صحیح کیا اور ہم اسے صحیح ماننے پر مجبور ہیں لیکن یہ بات اچھی نہیں کہ ہندی زبان کو ہندوستان کے مشترک کلچر اور خصوصیات کا سنگم بنا دیا جائے، ایک چیز طاقت کے زور سے منوالی گئی قصہ ختم ہوا لیکن اس سے آگے قدم بڑھانا یقیناً اختلاف [illegible] کے متعلق ہر کوئی یہی بات ہے کہ یہ تہذیب چھوت چھات، ذات پات، نسل پرستی اور تفریق و امتیاز کی سب سے بڑی علامت ہے، یہ زبان انسان کو انسان سے جدا کرتی رہی ہے اور اس نے ہندوستانی قومیت کو کبھی متحد ہونے نہیں دیا، گویا نسل پرستی کے تصورات کو تشکیل دینے میں ہندی زبان کو بہت بڑا دخل رہا ہے اور یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ ہندوستان کے مشترک کلچر اور خصوصیات کا سرچشمہ ہے!

حد ہو گئی

شاہ عبداللہ والی شرق اردن لندن ہو کر گئے ہیں، مگر مقصد؟ اخبار اسکاٹسمین کا بیان ہے کہ آپ دردانیال سے سندھ تک کے اسلامی ممالک کا اتحاد چاہتے ہیں اور اس کے لئے برطانیہ کی امداد کے خواہاں ہیں، اسی اخبار نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس اتحاد کا رہنما قدرتی طور پر پاکستان ہو گا جس کی آبادی آٹھ کروڑ ہے، اس کے بعد بلاک کے دوسرے سرے پر ترکی کی طاقت ہو گی!

اسلامی ممالک کے اتحاد کا تخیل خواہ قابل عمل ہو یا نہ ہو لیکن یہ سنکر تو ہر شخص کو ہنسی آئے گی کہ شاہ عبداللہ کی گذرگی نے اسلام کو بھی نہ چھوڑا اور وہ آخر مسلم ممالک کو متحد کرنے کی خواہش کو لے کر لندن کے آستانہ پر پہونچ ہی گئے! یہ معمولی بات تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ برطانیہ جس اتحاد کو قائم کرے گا وہ سب کچھ ہو سکتا ہے، اسلام اور مسلمانوں کا اتحاد نہیں ہو سکتا! جس اسلام نے انسانیت کو متحد کرنے کی دعوت دی ہو آج اسکے پیرو خود متحد ہونے کے لئے برطانیہ سے استمداد کر رہے ہیں! اگر اس لابہ گری اور چاپلوسی کی رفتار یہی رہی تو آگے چل کر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مسلمانوں کو نمازی بنانے کے لئے لندن سے استمداد کی جائے، اور انگریز سے جا کر کہا جائے کہ آپ ہمیں سچا مسلمان بنایئے!

اچھی باتیں

مایبدل۔ تا۔ للعبید (پ ع ۱۶)

ہماری بات میں کبھی ردو بدل نہیں ہوتا اور نہ ہم اپنے بندوں پر ظلم کرتے ہیں۔

جس طرح خدا کے فعل میں جسے قانون فطرت یا لاآف نیچر کہتے ہیں ردو بدل نہیں ہوتا اور کائناتی قانون اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اسی طرح خدا کے قول میں بھی تبدیلی نہیں ہوتی، خدا نے جو بات ٹھہرا دی ہے اور قرآن میں جو اصول مقرر کر دیئے گئے ہیں وہ اٹل ہیں آپ پتھر اوپر پھینکتے ہیں تو وہ نیچے گر پڑتا ہے اور ہمیشہ ایسا ہی ہوتا آیا ہے۔ روئی پانی پر تیرتی ہے اور لوہا غرق ہو جاتا ہے اس قانون میں کبھی تبدیلی نہیں ہوئی تو پھر خدا کے قولی قانون میں کس طرح تبدیلی ہو سکتی ہے! دوسری بات یہ کہ خدا اپنے بندوں پر کبھی ظلم نہیں کرتا خود انسان ہی ظلم کرتا ہے اور اس کا نتیجہ اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔

خیالات ناظرین

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

اردو والے کیا کریں؟

جناب اڈیٹر صاحب السلام علیکم! یہ دیکھ کر کہ اردو کو کوئی حیثیت نہیں دی گئی نہ افسوس ہوا اور نہ تعجب کیونکہ میں پہلے ہی جانتی تھی کہ ہماری زبان اردو کو دیس نکالا دیا جائے گا۔ اگر اس کو کوئی درجہ نہ بھی دیا گیا تو اس کے حامیوں کو مایوس نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ نئے عزم سے میدان میں آنا چاہیئے۔ ایسا کیوں نہ ہو کہ حامیان اردو ہی اپنی کوششوں سے اسے زندہ رکھیں۔ مسلمانوں کو خاص طور سے چاہیئے کہ وہ اپنے ہر محلہ میں اپنے خرچ سے مکتب اور اسکول کھولیں اور کچھ وقت اس اپنی زبان کی تعلیم کے لئے بھی نکالیں۔

(خادم قوم [illegible])

[illegible]

میں ہندو مسلم سکھ قتل کئے جانے کے بعد جو کچھ باقی بچے وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ رفیوجی بنا کر بھیجدیئے گئے اس کا نتیجہ ہوا کہ ہم لوگ آج ہندوستان میں مارے مارے پھر رہے ہیں نہ رہنے کو مکان ہے نہ روزگار کرنے کو کوئی دوکان یا ملازمت جو کچھ سرمایہ تھا وہ سب خرچ ہو گیا۔ ہمارا کوئی پرسان حال نہیں [illegible]

[illegible]

(سہارنپور)

دسہارنپور ۲۱ اگست ۱۹۴۹ء

امروہہ میں راشن کی اسکیم

جناب اڈیٹر صاحب السلام علیکم! امروہہ میں بہت جلد بلیک کو راشن سے غلہ ملنے والا ہے اس کے متعلق کچھ ایسا سننے میں آیا ہے کہ اگر امروہہ میں کوآپریٹو سوسائٹی کے ممبر زیادہ تعداد میں بن سکے تو دکانوں کا انتظام کوآپریٹو سوسائٹی کو دیدیا جائے گا [illegible]

[illegible]

(اصطفائی بیگم)

امروہہ ۱۶ اگست ۱۹۴۹ء

شرنارتھی بھائیوں سے

منتریان اڈیٹر صاحب نمستے! میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہماری کانگریس گورنمنٹ نے ہم بدنصیب شرنارتھیوں کے لئے کیا سوچا ہے۔ پاکستان بننے سے پہلے ہمارے نیتاؤں نے کہا تھا کہ پاکستان ہرگز نہیں بنے گا۔ اگر بنا تو ہماری لاشوں پر بنے گا۔ [illegible]

[illegible]

حکومت ہند کی طرف سے انڈونیشیا کو تحفہ

صدر سوئیکارنو کی طرف سے شکریہ!

[illegible] ۲۴ اگست۔ حکومت ہند نے پنڈت جواہر لال نہرو کی طرف سے ہندوستان کے کونسل جنرل [illegible] نے صدر سوئیکارنو کو ایک قلم بطور تحفہ پیش کیا۔

گذشتہ جنوری میں انڈونیشیا کے متعلق نئی دہلی میں جو ایشیائی کانفرنس ہوئی تھی۔ یہ اس کا قلم ہے۔ [illegible]

[illegible]

آزادی کے دو برس

(دی ارل آف سکاربرو سابق سر رد جر لملی)

صاحب مضمون سابق گورنر بمبئی ہیں اور ۳۷ء تا ۴۳ء پارلیمنٹری انڈر سیکرٹری آف اسٹیٹ برائے ہند اور ۱۹۴۵ء میں پریذیڈنٹ رائل ایشیاٹک سوسائٹی رہے ہیں۔

ہندوستان کی آزادی کی دوسری سالگرہ کے موقعہ پر اگر ہم دولت مشترکہ میں ہندوستان کی نئی پوزیشن کا جائزہ لیں تو یہ بات خاص دلچسپی کا باعث ہو گی بہت تھوڑا عرصہ گذرا ہے ہند کو آزاد ہوئے۔ لیکن حکومت ہند نے اس تھوڑے سے عرصہ میں بہت کام کیا۔ اس نے نہ صرف ایک نئی اسٹیٹ کو قائم کرنے کے لئے وقت نکالا سیاسی الجھنوں کو سلجھانے کی کوشش کی بلکہ اس نے اس عرصہ میں دولت مشترکہ کی دوسری حکومتوں کے ساتھ مل کر ایک ایسی راہ بھی نکالی جس سے ہندوستان دولت مشترکہ کا رکن رہ سکتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ایک با اقتدار آزاد جمہوریہ بھی بن سکتا ہے۔

یہ سمجھوتہ اس سال ۲۷ اپریل کو ہوا تھا۔ اس سمجھوتہ سے دولت مشترکہ کی نوعیت بدل گئی ہے بین الاقوامی سیاست میں امن و سلامتی کا یہ پہلا تجربہ نہیں ہے۔ کوئی شخص بھی یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ یہ تجربہ کہاں تک کامیاب ہو گا۔ لیکن مضمون لکھنے کا میرا مقصد یہ بتانا ہے کہ آج برطانیہ میں ہر ایک کی یہ خواہش ہے کہ اس تجربہ کو کامیاب بنایا جائے۔

اتحاد کا جذبہ

دولت مشترکہ کے وزرائے اعظم کی کانفرنس کے نتیجہ کے متعلق ہند کے نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے کہا کہ "ہم باہمی دوستی اور خیر خواہی سے اس رشتہ کو جس کے متعلق اب ہم نے فیصلہ کیا ہے مضبوط بنا سکتے ہیں۔ ہمیں امید کرنی چاہیئے کہ ہم سب اس جذبہ کے تحت کام کریں گے اس نئے رشتہ کو مضبوط بنائیں گے"

سردار پٹیل کے یہ الفاظ بالکل اسی جذبہ اور خلوص کا اظہار کرتے ہیں جو اس وقت برطانیہ کی تمام سیاسی پارٹیوں میں پایا جاتا ہے۔

بالکل اسی وقت سردار پٹیل نے یہ الفاظ کہے ایوان عام میں قدامت پسند پارٹی کے لیڈر مسٹر چرچل نے وزیر اعظم کے سمجھوتہ پر رائے زنی کرتے ہوئے قدامت پسند پارٹی کا نقطۂ نظر پیش کیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ قدامت پسند پارٹی دولت مشترکہ کے اتحاد کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔

میں نے پڑھا ہے کہ ہندوستان کے بعض حلقوں میں اس سمجھوتہ پر غلط فہمی ہوئی ہے اور اس سمجھوتہ کو برطانوی حکمت عملی کی کامیابی کہا گیا ہے۔

برطانیہ میں کوئی بھی اسے برطانوی حکمت عملی کی جیت نہیں کہے گا۔ برطانوی عوام کی اکثریت کو یہ امید تھی کہ جمہوریہ بننے کا جو مسئلہ اٹھایا جائے گا اس قسم کی الجھنوں کی وجہ سے کچھ تو جوابات اٹھیں اور کچھ ایسے بھی خیال تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہندوستان کی پوزیشن میں جس کے لئے ہمیں بہت عقیدت ہے اور جس کے اپنی جد وجہد نے دولت مشترکہ کی بنیادوں کو مضبوط کیا ہے کچھ فرق آ جائے۔ اس کے علاوہ وہ ایک ایسا تجربہ کرنے کے بلاوجہ طور پر خواہش مند نہ تھے جس کے نتائج پہلے سے ہی دیکھے نہیں جا سکتے۔

تاہم ہم نے یہ ہمیشہ کہا ہے کہ درجہ نوآبادیات جنہیں ہندوستان کو انتقال اختیارات کے بعد ملا تھا اس بات کی پوری اجازت دیتا ہے کہ اگر اس کی خواہش ہو تو وہ امن و طنطنہ سے اپنا رشتہ توڑ لے۔ ہندوستان نے فیصلہ کیا کہ نئے آئین کے تحت وہ جمہوریہ بنے گا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ وہ دولت مشترکہ کا رکن بھی رہے گا۔ برطانیہ کی تمام سیاسی پارٹیوں نے اس کی تجویز کا خیر مقدم کیا۔ [illegible]

اب جب ہندوستان دولت مشترکہ میں جمہوریہ کی ایک نئی جگہ حاصل کرے گا تو دیکھے گا کہ باہمی دوستی کا جذبہ جس کا سردار پٹیل نے ذکر کیا ہے برطانیہ میں ہر جگہ ہے۔

دوستی اور خیر خواہی کا جذبہ ایک نہایت ضروری چیز ہے مگر کامیابی کے لئے یہ لازمی ہے کہ اسے عملی شکل دی جائے امن و طمانیت عالم کے صلاح مشوروں میں سیاسی دانش مندی اور سوجھ بوجھ کو بھی نہایت اہم حیثیت حاصل ہے۔ ہندوستان نے پہلے سے ہی اپنے وزیر اعظم کے ذریعہ یہ دکھا دیا ہے کہ وہ امن و طمانیت عالم کی بحالی کی اہمیت میں نہایت اہم حصہ لے سکتا ہے۔ ہندوستان امن و طمانیت کا رکن رہ کر عالمی معاملات کو کافی متاثر کر سکتا ہے اور امن عالم کو قائم رکھنے والی قوتوں میں وہ ایک بڑا اضافہ ہے۔

ہمیں اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ بعض ایسے موقعے بھی آئیں گے کہ جب امن و طمانیت کے ممبروں کے مفاد کے درمیان ہم آہنگی اور میل جول پیدا کرنا مشکل ہو جائیگا اور خاص کر معاشی دباؤ کے وقت۔ لیکن وہ سیاست داں جو اپنے مسائل پر دوستی کے ماحول میں بحث کرنے کے عادی ہو گئے ہیں۔ ان مشکلات کو حل کرنے میں کامیاب ہو جائینگے لیکن سب کچھ ہر ملک کے چند سیاست دانوں کے سپرد کر دینا کافی نہ ہو گا ہر ملک کے عوام کے لئے بھی یہ لازمی ہے کہ وہ ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

متروکہ جائداد کے قانون میں تبدیلیاں

اس ہفتہ فیصلہ ہو جائے گا

[illegible] ۲۴ اگست۔ [illegible] متروکہ جائداد کے قوانین میں تبدیلیاں کرنے کے [illegible]

[illegible]

افکار پاکستان

افسوسناک حادثہ

۱۵ اگست انڈیا کے جشن استقلال کے دن کھاد [illegible] کے قریب بستی مندر میں انڈیا کے ہائی کمشنر کے اسٹاف کے لوگ رہتے ہیں، انہوں نے بہ تقریب جشن استقلال اس مندر پر انڈیا کا جھنڈا نصب کیا۔ معمولاً اس عمارت پر کبھی جھنڈا نہیں ہوتا، مسلمانوں نے اس عمارت پر خلاف معمول جھنڈا دیکھ کر اعتراض کیا، اس پر بحث ہوئی، ہائی کمشنر کے عملے کے لوگ کسی طرح جھنڈا اتارنے پر رضامند ہوئے۔ اس گفتگو کے دوران میں ہجوم بڑھتا گیا اور لوگوں میں اشتعال بھی۔ پولیس نے گولی چلائی، لوگوں نے پتھر پھینکے۔ مجمع میں سے ایک شخص ہلاک ہوا اور کئی زخمی ہوئے۔ پہلے خواجہ شہاب الدین صاحب نے اور ان کے بعد مسٹر لیاقت علی خاں نے مجمع کو سمجھانے کی کوشش کی، مسٹر لیاقت علی خاں کی تقریر کا اثر ہوا اور مجمع منتشر ہوگیا۔

اس حادثے میں کئی باتیں قابل تحقیقات ہیں۔

(۱) یہ کہ اس عمارت پر انڈیا کے ہائی کمشنر کے عملے کے لوگوں کو جھنڈا نصب کرنے کا حق تھا یا نہیں؟

(۲) لوگ مشتعل کیوں ہوئے، اس کا باعث کیا تھا؟

(۳) کیا پولیس کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ کار باقی نہیں رہا تھا کہ وہ گولی چلاتے؟

ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس حادثے کی نہایت احتیاط کے ساتھ اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے تاکہ لاعلمی کی وجہ سے جو غلط فہمیاں پیدا ہوئی ہیں اور ہوسکتی ہیں وہ رفع ہوجائیں، اور بہرحال جو مجرم ثابت ہو اس کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ (ڈان کراچی ۱۸ اگست)

کشمیر مسلم کانفرنس میں اختلاف

تازہ خبر (۱) سے معلوم ہوا ہے کہ مسلم [illegible] کانفرنس کے بعض اراکین کے درمیان اچھے تعلقات نہیں رہے ہیں، بعضوں کو اعتراض ہے کہ جناب ساغر کو جمعیۃ کا قائم مقام صدر کیوں منتخب کیا گیا ہے۔ لیکن انہیں کیوں نہیں چنا گیا۔ اس سلسلہ میں روزنامہ زمیندار لاہور کے ۱۳ اگست کی اشاعت کے مطابق یہ خبر ملی ہے کہ میر واعظ محمد یوسف شاہ وزیر تعلیم آزاد کشمیر، آغا شوکت علی جنرل سیکرٹری مسلم کانفرنس، جناب محمد اسحاق قریشی پبلسٹی سیکرٹری مسلم کانفرنس، مولوی نور الدین صدر مجلس عمل مسلم کانفرنس، جناب محمد یوسف رکن عاملہ مسلم کانفرنس اور چودھری حمید اللہ خاں صدر [illegible] پونچھ نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے۔

کچھ عرصے سے مسلم کانفرنس کے اعلیٰ عہدہ داروں میں مکروہ اور تکلیف دہ صورت حال رونما ہوچکی ہے۔ مسلم کانفرنس سازشوں اور فضول اقتدار کے جھگڑوں کی آماجگاہ بن گئی ہے۔ مسلم کانفرنس کے قائم مقام صدر کی حیثیت مسٹر ساغر کی غیر آئینی نامزدگی سے صورت حال نازک صورت اختیار کرچکی ہے۔ اس اندرونی کشمکش کو ختم کرنے اور متحدہ محاذ کا قیام عمل میں لانے کی مہم انتہائی کرتے رہے لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ہم اپنی مساعی میں کامیاب نہ ہوسکے۔ ان حالات میں ہمارے لئے اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہیں کہ ہم پاکستان اور باشندگان کشمیر کے بہترین مفاد کے پیش نظر [illegible] علیحدگی اختیار کرلیں اور تحریک کشمیر کی بدستور خدمت کرتے رہیں گے اور ہم ملت کو یقین دلاتے ہیں کہ ریاست جموں و کشمیر من حیث المجموع پاکستان میں شمولیت کے ہمارے ایمان کا جزو ہوگا۔

ہم نہیں جانتے کہ یہ خبر کہاں تک صحیح ہے۔ خدا کرے غلط ہو۔ لیکن اگر یہ خبر صحیح ہے تو پھر بڑے افسوس کی بات ہے۔ (پاکستان ٹائمز ۱۹ اگست)

جمعیۃ علماء جبلپور کی جانب سے یوم آزادی پر درخت لگایا گیا

درخت لگانے کی رسم وزیر سی۔ پی پنڈت مصرا نے ادا کی

جبلپور (بذریعہ ڈاک) آنریبل پنڈت دوارکا پرشاد مصرا کو جمعیۃ علماء جبلپور نے ۱۵ اگست ۱۹۴۹ء کو یوم آزادی کے موقعہ پر درخت لگانے کی رسم کی ادائیگی کے لئے مدعو کیا تھا۔ حاضرین جلسہ میں علاوہ دیگر حضرات کے آنریبل [illegible] صاحب ڈپٹی کمشنر جبلپور، خان بہادر رشید ڈاکٹر علی صاحب، پیارے لال صاحب کپتان پولیس، شہر کوتوال صاحب نرسنگھ داس صاحب، لکشمی شنکر بھٹ صاحب سکریٹری صوبہ کانگریس، رتن [illegible] صاحب سکریٹری ضلع کانگریس کمیٹی، دیگر کانگریسی حضرات موجود تھے۔

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے حکومت پاکستان سے دریافت کیا ہے کہ کیا اس بات میں کوئی صداقت ہے کہ پاکستانی حکام نے غیر مسلم تاجروں کے بینک کے حساب اور نقد روپیہ [illegible]

کشمیر کا وفد خیرسگالی دہلی آرہا ہے

[illegible]

لیجئے رشوت کا خاتمہ ہو گیا

چودھری چرن سنگھ کا بیان

[illegible]

اختتام جنگ کی خلاف ورزی

بٹاویہ میں مشترکہ بورڈ میں غور

[illegible]

امریکہ میں ایک لاکھ ۲۵ ہزار ملازمین کی تخفیف

فوجی مصارف کو کم کرنے کی نئی اسکیم

[illegible]

برما میں کیرن باغیوں کے مرکز پر بمباری

[illegible]

میثاق بحر الکاہل کے سلسلہ میں امریکہ کی سست روی

آئندہ اقدامات سنسنی خیز ہو سکتے ہیں

[illegible]

چینی حکومت نے اپنی ناکہ بندی کو وسیع کر دیا

فوچو سے ایموے تک کے علاقہ کی ناکہ بندی

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۷ اگست ۱۹۴۹ء

خطرناک اعلان!

ہمارا زمانہ ہر اعتبار سے نازک ہے، موجودہ نسل ہی کی قسمت میں لکھا تھا کہ دنیا کی ہر مصیبت اٹھائے اور ہر بلا کو انگیز کرے۔ کیسے خوش قسمت تھے وہ لوگ جو آج سے پچاس سال پہلے گذر گئے انہیں ایک غلامی کا دکھ تو ضرور لگا ہوا تھا، باقی انکے لئے چین ہی چین تھا، ان غریبوں نے بیچاریوں کا تماشہ کہاں دیکھا تھا جو آج دیکھا جا رہا ہے انہوں نے صنعتی انارکی اور گھریلو انتشار کے کھیل کہاں دیکھے تھے، جو آج ہم دیکھ رہے ہیں، انہیں معلوم بھی نہ تھا کہ کوئی جنگ عالمگیر بھی ہو سکتی ہے وہ تصور بھی نہ کر سکتے تھے کہ دنیا میں جتنی شکلیں ہیں اتنے ہی ازم بھی ہو سکتے ہیں، انہیں یہ موقعہ ہی نہ ملا کہ وہ چار سیر دودھ اور سات روپے سیر گھی" کا خواب دیکھیں اور خواب ہی میں یہ بھی معلوم کر لیں کہ نہ دودھ، دودھ ہے، نہ گھی گھی ہے، وہ اگر یہ سن لیتے کہ مٹھائی چاندی کے بھاؤ اور سبزی مٹھائی سے دوگنی قیمت پر فروخت ہوگی، اور کسی زمانہ میں صرف چٹنی پر دو آنے خرچ آئیں گے تو کبھی باور نہ کرتے، وہ بیچارے بھولے بھالے اور سیدھے سادے انسان تھے، انہیں ان بے ایمانیوں اور شرارتوں سے کیا تعلق جو آج کل تہذیب و تمدن اور روشن خیالی کے بطن سے پیدا ہو رہی ہیں، سچ یہ ہے کہ ان میں اور آج کے انسان میں زمین و آسمان کا فرق ہے، [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

ان فی ذالک ... تا شهید (پ ۲۶ ع ۱۰)

جس کے سینہ میں دل ہے، اور وہ کانوں سے سن سکتا ہے تو اس کے لئے قرآن میں نصیحت ہی نصیحت ہے، اور سننے والا اس پر گواہی دے سکتا ہے۔

اگر انسان میں سننے کی طاقت ہے اور قدرت نے سمجھنے کے لئے اسے دل دیا ہے تو وہ سن کر اور پڑھ کر دیکھ لے کہ قرآن تو سراسر نصیحت ہی نصیحت ہے قرآن کسی پر طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ کسی سے ایسی باتیں تسلیم کرنے کے لئے نہیں کہتا جو فطرت اور عقل کے خلاف ہوں کسی سے یہ نہیں کہتا کہ وہ خرافات اور اوہام میں گرفتار ہو، وہ سوجھ بوجھ کی بات کہتا ہے اور ایسی باتیں پیش کرتا ہے کہ فطرت سلیم فوراً ہی قبول کرلے اسکا سب سے بڑا کام یہ ہے کہ وہ ہر بات میں نصیحت اور بھلائی کو پیش نظر رکھتا ہے اور اس بات کی گارنٹی دیتا ہے کہ اس پر عمل کرنے والا کبھی نقصان میں نہیں رہے گا۔ تاریخ بتاتی ہے کہ قرآن نے نصیحت قبول کرنے والوں کو کہاں سے کہاں پہونچایا اور اس سے اعراض کرنے والوں کی کیا گت بنی۔

کیا طبیب بیمار سے نفرت کرتا ہے؟

(از:۔ مولانا اخلاق حسین قاسمی)

قرآن حکیم نوع انسانی کے روحانی امراض کے لئے نسخہ شفا ہے۔ وہ بیماروں کو تندرست کرنے اور تندرستوں کو توانا بنانے آیا ہے اس کے نزول کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ روحانی اور فکری گمراہیوں سے نجات دلاکر انسان کو انسانیت کے مقام اعلیٰ پر پہنچائے۔ یا ایها الناس قد جاءتکم موعظة من ربکم وشفاء لما فی الصدور وهدی ورحمة۔

روحانی بیماریاں کیا ہیں۔ حسد، بغض و کینہ، بخل و غرور، خودغرضی و خودنمائی — یہ برائیاں انسان کے باطن میں پیدا ہوتی ہیں اور ان سے آہستہ آہستہ روح و دل کو گھن لگ جاتا ہے۔ انسانیت عبارت ہے روحانی زندگی سے۔ جب روح پر موت طاری ہو جاتی ہے تو انسان انسان نہیں، انسان نما حیوان ہے۔

قرآن ان بیماریوں کے لئے طبیب حاذق ہے، کیا طبیب بیمار سے نفرت کرتا ہے۔ نفرت خود بیماری ہے، اور تمام بیماریوں کی جڑ۔ جب طبیب ہی ایک مرض میں مبتلا ہو تو وہ دوسروں کو اس مرض سے کیا نجات دلا سکتا ہے۔ طبیب بیماریوں سے نفرت کرتا ہے۔ مریض سے نفرت نہیں کرتا، [illegible]

[illegible]

هدی ورحمة للمحسنین — لقمان ۱
هدی ورحمة لقوم یوقنون — جاثیہ ۲
شفاء ورحمة للمومنین — بنی اسرائیل ۹
بشری للمحسنین — احقاف ۲
نور وکتاب مبین — مائدہ ۳

[illegible]

(باقی صفحہ ... پر)

افکار پاکستان

ڈھاکہ کی ململ

(ڈان کراچی) ۳۰ اگست

[illegible]

للہ شیرازۂ ملت منتشر ہونے سے بچائیے

[illegible]

سچی بات

[illegible]

اردو زبان کیلئے اہم قرارداد

انجمن مصباح الادب کا جلسہ

[illegible]

مکئی سے بھی سستا!

[illegible]

(بقیہ کالم ۵)

آوارہ مویشی!

[illegible]

سہارنپور کی خبریں

جمعیۃ العلماء ضلع سہارنپور کے ماتحت قانونی امدادی کمیٹی کا قیام

کمیٹی عام مسلمانوں کو کسٹوڈین سے متعلقہ امور میں امداد دے گی

سہارنپور ۲۴ اگست۔ [illegible]

دوسری جگہوں کے واقعات اور تجربات سے یہ ثابت ہوچکا ہے کہ قانون اور اس کی پیچیدہ دفعات سے ناواقفیت کی بنا پر عام مسلمانوں کو کسٹوڈین سے متعلق امور میں بڑی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے اور بسا اوقات ناواقفیت اور غلط فہمی کی بنا پر ان کی جائدادیں بھی کسٹوڈین کے تصرف میں چلی جاتی ہیں جو درحقیقت انخلا کنندہ نہیں بلکہ ہندوستان ہی کے باشندے ہیں۔

اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ضلع جمعیۃ العلماء سہارنپور کے ماتحت ایک امدادی قانونی کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ انشاء اللہ یہ کمیٹی عام مسلمانوں کو کسٹوڈین سے متعلق امور میں ضروری مشورہ اور امداد دیتی رہے گی۔ اور محکمہ کسٹوڈین کے ساتھ یہ قانونی امدادی کمیٹی ضلع سہارنپور کے مسلمانوں کے لئے مفید ثابت ہوگی اور مسلمان اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔

خودکشی کی واردات

سہارنپور ۲۳ اگست۔ چھپری اور ناگل کے درمیان ایک شخص نے ریلوے لائن پر ایک چلتی گاڑی کے نیچے سر دیکر خودکشی کرلی۔ پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ خودکشی کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔

کپڑے کی ناجائز درآمد پر گرفتاری

سہارنپور ۲۳ اگست۔ پچھلے روز چند شخص پنجاب سے تین ہزار کی مالیت کا کپڑا لے کر آرہے تھے جب وہ ریلوے اسٹیشن پر اترے تو پولیس نے انہیں گرفتار کرلیا۔

شراب کی کھلی فروخت

سہارنپور ۲۳ اگست۔ یوپی میں حکومت کی ہدایتوں کے مطابق چند ہوٹلوں میں لائسنس دار شراب وقت مقررہ پر فروخت کرسکتا ہے۔ مگر سہارنپور کے لائسنسداروں نے اپنی دوکانوں کے قریب ہوٹل جاری کردیئے ہیں جس میں ہر وقت کھلی شراب فروخت ہوتی ہے۔

نتیجے کے طور پر ایسی جگہ ہر وقت غنڈہ گردی رہتی ہے جس سے پبلک کو نہایت پریشانی ہوتی ہے محکمہ ایکسائز کو اس طرف دھیان دینا چاہیئے۔

ایکسائز کلرک رشوت کے الزام میں گرفتار

سہارنپور ۲۳ اگست۔ اطلاع ملی ہے کہ ایک ٹھیکیدار نے ڈی ایم کے پاس گیا اور ان سے شکایت کی کہ ایکسائز کلرک رشوت مانگتا ہے۔ چنانچہ ڈی ایم نے بیس روپیہ کے نوٹوں پر دستخط کردیئے اس کے بعد ڈی ایم نے اس کلرک کو گرفتار کرلیا اور یہ روپے بھی برآمد ہوگئے۔

سی پی کے لئے اسکولوں کی منظوری

ناگپور ۲۴ اگست (پی ٹی آئی) [illegible] ۲۲ [illegible] اسکول کھولنے کا فیصلہ کیا [illegible] پچاس اسکول [illegible] ۱۹۱ اسکول کھولے جائیں گے۔

علاج بجلی پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر شاہ، جی، بی روڈ، دہلی
سے لیس یا لٹریچر مفت طلب کریں

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
۱۵ فیض بازار دریا گنج دہلی
[illegible] امریکہ سے تازہ اسٹاک ابھی ہی آیا ہے علاوہ ازیں کتب، سامان ڈاکٹری وغیرہ [illegible]
[illegible] ڈاکٹر جی ایل زولا آف لاہور

واشنگٹن مالیاتی کانفرنس ۷ ستمبر کو شروع ہوگی

لندن ۲۴ اگست۔ [illegible] خیال ہے کہ برطانیہ امریکہ اور کنیڈا کے درمیان مالیاتی بات چیت واشنگٹن میں ۷ ستمبر کو شروع ہوگی۔ اس بات چیت کا مقصد یہ ہے کہ ڈالر اور اسٹرلنگ حلقوں کے درمیان تجارتی خسارہ [illegible] برطانیہ کو جو تکلیف درپیش ہے اسے زیر بحث لایا جائے گا [illegible]

وزارت مالیہ نے اعلان کیا ہے کہ پچھلے ماہ لندن میں امریکی وزیر خزانہ مسٹر جان سنائیڈر اور کنیڈا کے وزیر خزانہ مسٹر ڈگلس ایبٹ کے ساتھ جو باتیں طے ہوئی تھیں ان کے مطابق برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون اور وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس واشنگٹن جارہے ہیں۔

واشنگٹن میں اس بات کا اعلان ہوا ہے کہ امریکی وزیر خزانہ مسٹر سنائیڈر اجلاس کی صدارت کریں گے۔ [illegible] اور امریکہ کے سیکریٹری آف اسٹیٹ مسٹر ایچیسن کے ساتھ مل کر کانفرنس میں حصہ لیں گے۔

فاؤنٹین پن کی روشنائی کی صنعت

ٹیرف بورڈ کو تحفظ کا مطالبہ پیش کیا جائیگا

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ فاؤنٹین پن کی روشنائی کی صنعت کے نمائندوں نے تحفظ کے لئے جو درخواست بھیجی تھی حکومت ہند نے انہیں ٹیرف بورڈ کو بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ایسے ادارے بالخصوص جو اس صنعت یا اس روشنائی کو استعمال کرنے والی صنعتوں سے دلچسپی رکھتے ہیں اور اس بارے میں ٹیرف بورڈ کو کوئی رائے دینا چاہتے ہیں انہیں چاہیئے کہ اپنی رائے سکریٹری ٹیرف بورڈ کنٹریکٹر بلڈنگ نکل روڈ بمبئی نمبر ۱ کے پتہ پر بھیجدیں۔

اون کی درجہ بندی کیلئے مشرح المعیار

تجارت برآمد کی مشکلات دور کردی گئیں

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ انڈین سٹینڈرڈز انسٹی ٹیوشن کی [illegible] ڈویژن کونسل نے ہندوستان سے باہر بھیجی جانے والی اون کی مختلف قسموں کی درجہ بندی اور معیار مقرر کرنے کی غرض سے ایک مشرح المعیار تیار کیا ہے۔

توقع ہے کہ اس تشریح بندی کے ذریعہ ہندوستان سے اون برآمد کی صنعت کو اپنی ان مشکلات [illegible] میں کافی مدد ملے گی جو باہر جانے والی اون کی مختلف قسموں اور درجوں میں کوئی کنٹرول نہ ہونے کی وجہ سے پیش آتی ہیں۔ یہ مشرح المعیار [illegible] انڈین سٹینڈرڈز انسٹی ٹیوشن اولڈ سکریٹریٹ دہلی سے دستیاب ہوسکتا ہے۔

زائرین بیت اللہ کیلئے تحفہ "فریضہ حج کا راہنما"

انڈین یونین کے مسلم زائرین بیت اللہ کی سہولت اور ادائیگی فریضہ ارکان حج کی انجام دہی کے لئے خادم حرم نے حسب ذیل دو کتابیں چھپوائی ہیں

(۱) دعائیں۔ طوافات، استلام، اشواط۔ کو بوضاحت بتایا گیا ہے اور ان کی دعائیں ہیں۔

(۲) [illegible]

مکہ معظمہ سے جانب جنوب کے مقامات مقدسہ اور جانب شمال مدینہ طیبہ تک اور اس کے ارد گرد مساجد و زیارت گاہوں میں پہنچنے، رہنے اور زیارت حرم نبوی کے آداب و دعائیں۔ جنت البقیع، زیارت بی بی فاطمہ [illegible]

حاجی محمد یامین دریاپور ضلع بجنور (یوپی)

عرب ریاستیں اپنی فوجی طاقت میں اضافہ کر رہی ہیں

سوویت روس یا اسرائیل کی طرف سے حملہ کا خطرہ

قاہرہ ۲۴ اگست۔ مشرق وسطیٰ کو اسلحہ کی بہم رسانی پر جو پابندی عائد کردی گئی تھی اس کے خاتمہ کا مشرق وسطیٰ کے تمام ملکوں نے خیر مقدم کیا۔ پوری عرب دنیا میں فوجی طاقت بڑھائی جارہی ہے۔ اور فوجوں کو جدید ترین آلات حرب سے مسلح کیا جارہا ہے تاکہ روس کی طرف سے ہونے والے حملہ کا مقابلہ کیا جاسکے۔ یا اگر کبھی ریاست اسرائیل کی طرف سے ہو تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جاسکے۔ [illegible]

[illegible] (رائٹر)

ڈاکٹر داؤد آبائی وطن میں

سورت ۲۴ اگست (اے پی آئی) جنوبی افریقہ کے [illegible] لیڈر ڈاکٹر داؤد نے ایک جلسہ میں [illegible] تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ملان گورنمنٹ کو ختم کرنے کے لئے جنوبی افریقہ کے دیسی لوگوں اور ہندوستانیوں کا اتحاد [illegible] ہے۔

دہلی ۲۴ اگست۔ [illegible]

قطب شمالی کے برفستان میں

ایک شاداب نخلستان دیکھا گیا

[illegible] ۲۴ اگست۔ شمالی کینیڈا کے برفستان سے جہاں اب تک کسی آدمی کا گذر نہیں ہوا دورہ کرکے واپس آنے پر تین آدمیوں نے یہاں ایک عجیب و غریب داستان سنائی ان کا بیان ہے کہ انہوں نے [illegible] سرسبز و شاداب خطہ دیکھا، جہاں پھولوں کی [illegible]

ماہانہ مشاعرہ انجمن سفینہ ادب الہ آباد

انجمن سفینہ ادب الہ آباد کے چوتھے ماہانہ مشاعرہ [illegible] ۱۴ ذیقعدہ ۲۴ اگست ۱۹۴۹ء یوم چہارشنبہ [illegible] بصدارت [illegible] منعقد ہوگا [illegible]

مصرع طرح حسب ذیل ہے:

دل دے سکتے نہیں بندے خدا کے [illegible]

[illegible] قافیہ [illegible] ردیف۔

یکم اکتوبر سے ہندوستان کے اندر

قبل از جنگ کے برابر ریلیں چلیں گی

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اکتوبر سے ہندوستان کے اندر اتنی ریلیں چلنے لگیں گی جتنی کہ قبل از جنگ چلا کرتی تھیں۔ ہندوستان کی ریلوں کی حالت اب پہلے سے بہت بہتر ہے۔

فرانسیسی جنگلات کی آگ بجھانے کیلئے برطانوی دستے روانہ ہوگئے

ایک لاکھ ۲۱ ہزار ایکڑ زمین کی تباہی۔ سو افراد کی ہلاکت

لندن ۲۴ اگست۔ بورڈو کے قریب جنگلات کی خوفناک آتشزدگی کا مقابلہ کرنے کے لئے حکومت فرانس کی طرف سے امداد کی اپیل موصول ہونے پر برطانیہ کا آگ بجھانے والا ایک دستہ جس میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں بندرگاہ ڈوور سے فرانس روانہ ہوگیا۔ اس آتشزدگی کی وجہ سے اب تک ایک لاکھ ۲۱ ہزار ایکڑ زمین تباہ ہوئی ہے۔ اور تقریباً سو افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔

گو کہ کل اعلان کیا گیا تھا کہ آگ پر قابو پالیا گیا لیکن جلے ہوئے جنگلات میں وقتاً فوقتاً آگ بھڑک اٹھتی ہے۔ آج دس ہزار فرانسیسی فوج آگ سے [illegible] ہلاک ہونے والوں کی لاشوں کو تلاش کررہے ہیں۔ پولیس نے دو نوجوانوں کو آگ لگانے کے الزام میں گرفتار کرلیا ہے۔

علیگڈھ مسلم یونیورسٹی میں داخلہ لینے کیلئے کامیاب طلباء سے اپیل

ڈاکٹر ذاکر حسین کے سایہ تربیت میں آپ اپنے تئیں اپنے گھر میں محسوس کرینگے

علیگڈھ [illegible] علیگڈھ مسلم یونیورسٹی یونین کے معتمد عمومی [illegible] سکریٹری مسٹر حفیظ زیدی نے یونیورسٹی میں داخلہ لینے کے لئے حسب ذیل اپیل کی ہے۔

دوستو! امتحانات میں آپ کی کامیابی پر میں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مسلم یونیورسٹی کے طلباء کی جانب سے آپ کو علیگڈھ آنے کی دعوت دیتا ہوں۔ علیگڈھ مسلم یونیورسٹی ایک ایسا علمی ادارہ ہے جہاں آپ کو زبان و بیان کی آزادی ہوگی۔ آپ کے سیاسی و معاشی نظریات و خیالات کے لئے علیگڈھ کی فضا موافق ہوگی۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی کے ارباب بست و کشاد کی جانب سے آپ پر کوئی بیجا پابندی نہیں ہوگی۔ لیکن بایں ہمہ آپ کے چال چلن کی اصلاح و درستگی میں ہر قسم کی پابندی [illegible] روا رکھی جائے گی خصوصاً ہمارے محبوب شیخ الجامعہ جناب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب کے سایہ تربیت میں آپ کو ایسا محسوس ہوگا گویا آپ اپنے گھر میں ہیں۔ [illegible]

عزیزو! تمام طلباء کی جانب سے میری گذارش ہے کہ آپ علیگڈھ مسلم یونیورسٹی میں داخل ہوں اور یہاں کی زندگی کے تمام پہلوؤں سے استفادہ کریں۔

کیا طبیب بیمار سے نفرت کرتا ہے؟

(بقیہ صفحہ تین)

[illegible]

کون کہتا ہے کہ قرآن دائمی نفرت و کراہت کی تعلیم دیتا ہے کس آیت میں ہے کہ فلاں قوم اور فلاں شخص سے نفرت کرو۔ [illegible]

[illegible]

اطالیہ میں پاکستانی ٹریڈ کمشنر

کراچی ۲۴ اگست (پی پی آئی) اطالیہ میں پاکستان کے پہلے ٹریڈ کمشنر عنقریب روم میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت پاکستان نے مسٹر مسعود اللہ خان کو اس عہدے کے لئے نامزد کیا ہے۔ آپ ستمبر کے شروع میں روم روانہ ہوجائیں گے۔

دی مغل لائن لمیٹڈ
(سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی)
مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے بعد سیزن میں حاجیوں کے لئے ذیل جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔
ایس ایس محمدی وزن ۶۰۲۶ ٹن
جو کہ بمبئی سے مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا
ایس ایس جہانگیر وزن ۳۵۶۶ ٹن
جو کہ بمبئی سے مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا
ایس ایس اکبر وزن ۴۰۴۳ ٹن
جو کہ بمبئی سے مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا
کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ
بمبئی تا جدہ اور واپسی
درجہ اول ۱۱۰۵/- روپیہ
عرشہ (ڈیک) ۳۹۶/- روپیہ
ان کرایوں میں قسطنطنیہ کامران کی فیس حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم -/۱۲/۲۰۲ روپے ہوتی ہے شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ وہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انہیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے۔ اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لے جانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ ہوچکی ہیں۔
حاجیوں کو ان کے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوالیں اور اپنے ہاں کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر ان کی تصدیق کرالیں۔
کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کی جائے
جب تک کہ کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
مینیجنگ ایجنٹس
دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

حکومت ہند کیلئے ضرورت ہے
مضبوط دل اور دماغ رکھنے والے فولادی انسانوں کی۔ لیکن جہان کے مریضوں کا نہ دل ٹھیک رہتا ہے نہ دماغ۔ ان کے پتلے ہی کسی کام کے رہتے ہیں "اکسیری" اس مرض کی سو فیصدی کامیاب دوا ہے جو گلے سے اترتے ہی اپنا کام شروع کردیتی ہے
ایک ماہ کی دوا ۸/۔ صدیقی دواخانہ (دلی دواگھر) نورگنج دہلی

وردوظائف عملیات کی کتابیں
عملیات، تعویذات اور اوراد وظائف کی کتابیں، مسئلہ مسائل، فقہ و حدیث کی کتابیں جنرل نیوز ایجنسی [illegible] سے خریدیئے۔

دہلی سے لاہور پاکستان
اور
پاکستان سے ہندوستان
استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت و عجلت [illegible] ہماری معرفت بھیجئے
المشتہر:- [illegible]

دار السلطنت:-

دہلی بس سروس اسٹرائک کو ختم کرنے کیلئے ممبران اسمبلی کی مساعی

سمجھوتہ کے امکانات پیدا ہوگئے

دہلی بس سروس میں پندرہ روز سے جو اسٹرائک جاری ہے اس کو ختم کرنے کے لئے مجلس دستور ساز کی کانگریس اسمبلی پارٹی کے کچھ ممبران نے کل سے کوشش شروع کردی ہے اور گذشتہ شب بہت دیر تک گفت و شنید جاری رہی۔

یقین کیا جاتا ہے کہ ہڑتالیوں اور حکام بس سروس دونوں نے [illegible] شروع کردیا ہے۔ ہڑتالیوں کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس کو توقع ہے کہ ایک سمجھوتہ ہوسکے گا۔

آج صبح دہلی بس سروس کے ہڑتالی ملازمین کی ایک ہنگامی میٹنگ پروفیسر شبن لال سکسینہ کے مکان پر ہونے والی تھی۔

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۵.۳ درجہ اور کم سے کم ۷۷.۱ درجہ تھا۔

نئی دہلی میں سائیکلوں پر ٹیکس نہیں ہوگا

نئی دہلی میونسپل کمیٹی کے سکرٹری نے اعلان کیا ہے کہ جو سائیکلیں نئی دہلی کی حدود میں چلائی جاتی ہیں ان پر دہلی میونسپل کمیٹی کوئی ٹیکس عائد نہیں [illegible] دہلی میونسپل کمیٹی نے یکم اگست سے سائیکلوں پر ٹیکس لگایا ہے۔

آج سے معاہدہ اوقیانوس نافذ ہوگیا

واشنگٹن ۲۴ اگست۔ فرانس، بیلجیم، لگزمبرگ اور اطالیہ نے آج منظوری کی دستاویز داخل کردیں۔ اور آج سے معاہدہ اوقیانوس نافذ ہوگیا۔ جس پر ۱۲ ملکوں کے دستخط ہیں جن کے درمیان یہ معاہدہ ہوا ہے کہ ایک پر حملہ کرنے کی صورت میں تمام معاہدہ کرنے والے امداد کریں گے۔ (رائٹر)

یوپی کانگریس کا جھگڑا

پنڈت نہرو ختم کرائیں گے

لکھنؤ ۲۴ اگست۔ معتبر طور پر معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے [illegible] یوپی اسمبلی کے [illegible] کے درمیان اختلافات کو جس کی بنا پر گذشتہ ماہ ایک گروپ کا قیام عمل میں آیا ختم کرانے کا وعدہ کرلیا ہے۔ یہ گروپ پنڈت جواہر لال کی سخت نکتہ چینی کے بعد ۱۰ جولائی کو توڑ دیا گیا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ پنڈت جی نے یہ وعدہ یوپی اسمبلی کے ممبروں کے اس وفد سے کیا جس نے گذشتہ ہفتہ نئی دہلی میں ملاقات کی تھی۔

روس اور مشرقی یورپ کے ممالک

یوگوسلاویہ سے سیاسی تعلقات منقطع کرلینگے؟

لندن ۲۴ اگست۔ یہاں جو خبریں پہنچی ہیں ان کے مطابق یہ توقع کی جارہی ہے کہ روس اور اس کے ساتھی ممالک جلد ہی یوگوسلاویہ سے اپنے سیاسی تعلقات منقطع کرلیں گے۔ سمجھا جاتا ہے کہ یہ فیصلہ گذشتہ ہفتے کی کومنفارم کی میٹنگ میں کیا گیا تھا۔ [illegible] (رائٹر)

بازاروں کے بھاؤ

۲۵ اگست ۱۹۴۹ء

دہلی:-

بازار صرافہ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپڑ مارکیٹ

[illegible]

روس کیلئے نامزد سفیر ڈاکٹر رادھاکرشنن کے اعزاز میں عصرانہ

پنڈت نہرو اور صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ کی تقاریر

نئی دہلی ۲۵ اگست (اے پی) [illegible] نے روس کے لئے نامزد سفیر ڈاکٹر ایس رادھا کرشنن کے اعزاز میں ایک عصرانہ دیا جس میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت نہرو نے موصوف کے تقرر کو مناسب بتایا۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ نئے سفیر کا انتخاب بہت موزوں ہے [illegible] روس سے ہمارے اچھے تعلقات بہت ضروری ہیں۔ [illegible] یہ ہندوستان کا پڑوسی بھی ہے، اور پڑوسیوں کو [illegible] چاہیئے۔

آپ نے کہا کہ آپ کا مشن بہت اہم اور نازک ہے۔ اور روس میں ہندوستان کی نمائندگی کرنا آسان کام نہیں ہے۔ [illegible] آپ نے اس بات پر اظہار مسرت کیا کہ ڈاکٹر رادھا کرشنن نے اس عہدے کو قبول کرلیا۔ اور ان کی کامیابی کی امید ظاہر کی۔ پنڈت نہرو نے معترضین کی یہ بات تسلیم کی کہ ایک ماہر تعلیم اور فلاسفر کو اس کے میدان سے نہیں ہٹانا چاہیئے تھا مگر یہ ایک ایسا ہی معاملہ تھا اور اس میں مجبوری تھی۔

صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیہ نے کہا کہ ڈاکٹر رادھا کرشنن ہندوستانی کلچر اور سرتا پیر ہندوستان کے نمائندہ ہیں۔

اس موقع پر ڈاکٹر کرشنن کو ایک سپاسنامہ بھی پیش کیا گیا جس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے قبل دو بار ۱۹۳۲ء اور ۱۹۴۶ء میں ان سے روس جانے کے لئے کہا گیا۔ پہلی بار وہ جا نہ سکے۔ دوسری بار یونیورسٹی کے کاموں میں اتنے مصروف تھے کہ انہوں نے روس جانے والے خیر سگالی وفد کے کام پر اس کو ترجیح دی۔ لیکن اس دفعہ یہ دعوت نامہ آزاد ہندوستان کے وزیر اعظم کی طرف سے آیا تھا جس کو وہ انکار نہ کرسکے۔

لفافوں کی قیمت میں دو پیسے کم کرنیکی تجویز پر غور ہو رہا ہے

کارڈوں کی قیمت میں تخفیف نہ ہوگی

نئی دہلی ۲۵ اگست (اے پی) حکومت ہند کی وزارت مالیات اس تجویز پر غور کررہی ہے کہ لفافوں پر محصول ڈاک گھٹاکر ڈیڑھ آنہ کردیا جائے۔

[illegible] کارڈوں کا محصول بھی ۶ پائی سے بڑھاکر ۹ پائی کردیا گیا تھا۔ [illegible]

مجوزہ ڈیڑھ آنہ کی تخفیف کی تجویز کا ہوائی ڈاک پر بھی اطلاق ہوگا۔ [illegible]

البتہ کارڈوں میں کسی قسم کی تخفیف کا کوئی امکان نہیں ہے کیونکہ اس کے مصارف ۹/۳ پائی فی کارڈ [illegible]

مسئلہ زبان پر مزید بحث

ابھی تک کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ کانگریس اسمبلی پارٹی میں کل پھر زبان کے مسئلہ پر بحث ہوئی۔ لیکن کوئی فیصلہ نہ ہوسکا [illegible] ایک جلسہ میں حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد [illegible]

کانگریس کے ابتدائی ممبروں کی بھرتی

میعاد میں دو ماہ کی توسیع کردی گئی

نئی دہلی ۲۴ اگست۔ آل انڈیا کانگریس کے جنرل سکرٹری مسٹر کالا وینکٹا راؤ نے ابتدائی ممبروں کی بھرتی کے متعلق [illegible]

قبائلیوں اور ہریجنوں کی سیٹیں مخصوص ہونگی

دستور ساز اسمبلی نے اقلیتی کمیٹی کی سفارشات منظور کرلیں

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ کل دستور ساز اسمبلی نے اقلیتوں سے متعلق سب کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر یہ بات منظور کرلی کہ ہریجنوں پسماندہ قبیلوں اور اینگلو انڈینوں کی نشستیں محدود طریقہ پر مخصوص ہوں گی۔ ممبران کی بحث کا اختصار کل کی اشاعت میں دیا جاچکا ہے۔

آخر میں ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر اسمبلی نے [illegible]

جس وقت ایوان اسمبلی ملتوی ہوا تو اس دفعہ پر بحث جاری تھی جس کے تحت نشستوں کی تخصیص کے لئے صرف دس سال کی حد رکھی گئی ہے۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے ایوان کو متوجہ کرتے ہوئے ڈاکٹر رادھا کرشنن کے استعفیٰ کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ ایک ایسے ملک میں جس کے ساتھ ہندوستان دوستانہ تعلقات قائم رکھنا ہے ان کی تقرری بہت مفید ثابت ہوگی۔ (اے پی)

کھانڈ کی درآمد کھول دی جائیگی

کابینہ کی اقتصادی سب کمیٹی میں غور

نئی دہلی ۲۳ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ آج کابینہ کی اقتصادی سب کمیٹی [illegible]

[illegible] ڈالر اور اسٹرلنگ کے وسیلوں کے [illegible] کے پیش نظر درآمد اور برآمد کو متوازن کرنے کے لئے [illegible] بجٹ تیار کرنے کے مسئلہ پر غور کیا جارہا ہے۔ کھانڈ کا مسئلہ خوراک اور زراعت سے تعلق رکھتا ہے۔ لیکن کھانڈ کی بڑھتی ہوئی قیمت اور گرانی کی روک تھام کے لئے [illegible] کی طرف سے یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ کھانڈ کی درآمد پر عائد کردہ پابندی اٹھاکر ایک محدود مقدار درآمد کرنے کی اجازت دی جائے۔ [illegible]

زمینداری کے سوال پر مشرقی پنجاب کابینہ میں اختلاف پیدا ہوگیا

وزیر تعمیرات عامہ چودھری ہری سنگھ کا بیان

فیروزپور ۲۴ اگست۔ مشرقی پنجاب کے وزیر امور عامہ چودھری ہری سنگھ نے یہاں ایک ملاقات میں کہا کہ صوبائی کابینہ میں [illegible] اختلاف پیدا ہوگیا ہے۔ [illegible]

گورنر مغربی پنجاب کے مشیر

مسٹر لیاقت علی سے مولوی عبدالباری کا مشورہ

لاہور ۲۴ اگست۔ مولوی عبدالباری [illegible] مغربی پنجاب مسلم لیگ نے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں سے جو یہاں آئے ہوئے ہیں [illegible] ملاقات کی [illegible] گورنر کے مشیروں کی تعیناتی کے سلسلہ میں ابتدائی گفت و شنید کی۔ [illegible]

ہندوستان اور مجلس تحفظ

نیوزی لینڈ دست بردار ہو رہا ہے؟

لندن ۲۴ اگست۔ [illegible]

بغدادی وزیر اعظم

لندن سے یکایک واپسی

لندن ۲۴ اگست۔ بغداد کے وزیر اعظم جنرل نوری السعید پاشا کی یہاں سے یکایک واپسی کی وجہ سے یہاں بڑی تعجب و اضطراب کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ [illegible]

فن لینڈ کی جمہوری حکومت پر حملہ

ہڑتالوں کے متعلق وزیر اعظم کی رائے

اسٹاک ہالم ۲۴ اگست۔ فن لینڈ کے وزیر اعظم [illegible] نے آج ایک اعلان کیا ہے [illegible] ہماری جمہوری تشکیل پر ایک خطرناک ترین حملہ ہے۔ [illegible]

جوتوں کے چور کو عجیب سزا

کراچی ۲۵ اگست۔ کراچی میں ایک مسجد سے ایک شخص جوتے چراتے ہوئے موقع پر گرفتار ہوگیا۔ اس کا منہ کالا کیا گیا۔ اسے ایک گدھے پر بٹھایا گیا۔ [illegible] اور اس کو سارے شہر میں پھرایا گیا۔ (اے پی)

حکومت ہند کو گوانیشنل کانگریس کا میمورنڈم

ایک قدیمی پنڈت نہرو سے ملیگا

بمبئی ۲۵ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ گوا نیشنل کانگریس کے [illegible]

افریقہ کی نیشنلسٹ حکومت

بی بی سی سے شکایت

لندن ۲۴ اگست۔ برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن (بی بی سی) کے پروگراموں سے جنوبی افریقہ کی نیشنلسٹ حکومت [illegible]

پاکستانی جھنڈے کا استعمال

ڈپٹی کمشنر لاہور کا حکم

لاہور ۲۴ اگست۔ [illegible]

چین اور امریکہ کے تعلقات

امریکن وزیر ریاست کی پریس کانفرنس

واشنگٹن ۲۴ اگست۔ [illegible]

بمبئی کا ایک طالب علم

نیویارک کی ۲۰ ویں منزل سے گر پڑا

نیویارک ۲۴ اگست۔ [illegible]

پاک ایئر لمیٹڈ
روزانہ مقررہ سروسیں
دہلی سے کراچی / لاہور
اوقات
دہلی کراچی ہر منگل کو
دہلی سے روانگی دو بجے سہ پہر
کراچی میں آمد ۶ بجکر ۱۰ منٹ شام
دہلی لاہور روزانہ سروس
دہلی سے روانگی صبح ۹ بجکر ۵۰ منٹ
لاہور میں آمد صبح ۱۱ بجکر ۴۰ منٹ
کرایہ
دہلی کراچی یکطرفہ ۱۵۰ روپیہ واپسی ۲۸۵ روپیہ
دہلی لاہور یکطرفہ ۶۶ روپیہ واپسی ۱۲۶ روپیہ
مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے
ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
نگل بلڈنگ کناٹ سرکس
نئی دہلی
ٹیلیفون نمبر ۸۲۰۰ تار کا پتہ [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

رجسٹرڈ نمبر ۹۷

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 5841

بذریعہ ہوائی ڈاک ڈیڑھ آنہ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۲ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۰۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان
جہاز اور ریل کے ذریعہ سفر کی ٹکٹیں اور تجارتی و گھریلو سامان محفوظ طریق اور مناسب نرخ پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیے۔
گپتا برادرس ایجنٹس
ہیڈ آفس: کارپوریشن ہوٹل، چاندنی چوک، فتحپوری دہلی
برانچ: گلی قاسم جان ایجنسی
ٹیلیفون نمبر 5071
تار کا پتہ GUPOS

رشوت ستانی کے خلاف اقدام

کلکتہ ۲۶ اگست۔ محکمہ خوراک اور سول سپلائی میں انسداد رشوت ستانی کے لئے جو قدم اٹھایا گیا تھا اس کے تحت ۲۲ سرکاری ملازموں کو برخاست کیا گیا اور چار کی تنزلی عمل میں آئی اور ۱۶ کو معطل کیا گیا۔ پولیس اور رشوت ستانی سے متعلق محکمے نے جو مقدمات چلائے ہیں یہ اقدام ان سے الگ ہے۔ (اے پی)

ہند پارلیمنٹ میں پہلی حزب مخالف کا قیام

پارٹی کا نام سوشل ڈیموکریٹک پارٹی ہوگا اور وہ نومبر سے کام شروع کرے گی

تمام صنعتوں کو جلد از جلد قومی بنانے کی کوشش کی جائیگی

پارٹی کے کنوینر کی طرف سے حزب مخالف کے مقاصد کا اعلان

نئی دہلی ۲۷ اگست۔ ہند پارلیمنٹ کے بارہ ممبروں نے بمبئی کے مشہور ماہر اقتصادیات پروفیسر کے۔ ٹی۔ شاہ کی قیادت میں حزب مخالف کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ اس پارٹی میں تین سابق کانگریس مین جو حال ہی میں کانگریس اسمبلی پارٹی سے مستعفی ہوئے ہیں، پانچ سابق مسلم لیگی ممبران اور سوشلسٹ لیڈر سیٹھ دامودر سروپ شامل ہیں۔ پارٹی کا نام قانون ساز اسمبلی میں سوشل ڈیموکریٹک پارٹی ہوگا۔ چونکہ دستور ساز اسمبلی پارٹیوں کی الگ الگ حیثیت کو تسلیم نہیں کرتی اس لئے نئی پارٹی پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس سے اپنا کام شروع کرے گی جو ترقع ہے کہ نومبر سے شروع ہوگا۔

نئی پارٹی کے ممبروں کے نام یہ ہیں: پروفیسر کے۔ ٹی۔ شاہ (بمبئی)، مسٹر اچ۔ وی۔ کامتھ، سیٹھ دامودر سروپ، [illegible]، مولانا حسرت موہانی (صوبہ متحدہ)، [illegible]

ہند کے ہائی کمشنر اسٹیلی سے ملے

لندن ۲۵ اگست۔ (پی ٹی آئی) لندن میں ہند کے ہائی کمشنر مسٹر وی۔ کے۔ کرشنا مینن کل شب کو برطانیہ کے وزیراعظم مسٹر کلیمنٹ اٹیلی سے ان کی سرکاری رہائش گاہ ڈاؤننگ اسٹریٹ میں ملے۔ مسٹر مینن کل ہی اپنے دورے سے واپس آئے ہیں۔ مسٹر مینن نے ۵۰ منٹ تک گفتگو کی۔

ہندوستانی بحریہ میں ایک اور تباہ کن کا اضافہ

لندن ۲۶ اگست۔ تباہ کن جہاز [illegible] جو ستمبر کو ہندوستان کی بحریہ کا ایک حصہ ہو جائے گا۔ ہندوستانی ہائی کمشنر مسٹر مینن اس جہاز کو لینے کے لئے خود پلائی [illegible]

کشمیر کمیشن آئندہ ہفتہ کوئی ٹھوس قدم اٹھائے گا

سری نگر ۲۶ اگست۔ (پی ٹی آئی) [illegible]

برما کی سرکاری فوجوں کا باغیوں کے علاقے پر حملہ

بتیس باغی ہلاک۔ برما ریڈیو کا اعلان

رنگون ۲۶ اگست۔ برما کے ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ سرکاری فوجوں نے ۔۔۔ باغیوں کے مقبوضہ دیہات پر حملہ کیا جس میں ۳۲ باغی ہلاک ہوئے۔ [illegible]

دو کروڑ روپے کی جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ

[illegible]

ہندوستان کی درآمدی تجارت میں زبردست کمی

غیر ملکی تبادلہ کا نیا بجٹ تیار ہو گیا

[illegible]

جالندھر میں ایک مسلمان گرفتار

جالندھر ۲۶ اگست۔ ایک مسلمان کو جس نے اپنا نام محمد اسلام بتایا کل جالندھر چھاؤنی میں مشتبہ حالت میں گھومتا ہوا گرفتار کیا گیا۔ اسے اب مقامی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا اور پولیس نے پندرہ دن کا ریمانڈ لے لیا۔ (اے پی)

کمیونسٹوں کے جلوس پر پولیس کا لاٹھی چارج

۳۰ افراد کی گرفتاری۔ بعض لوگ معمولی زخمی

[illegible]

عرب ممالک میں دفاعی معاہدہ ہوگا! وزیر اعظم عراق کا انکشاف

عرب لیگ کی از سر نو تشکیل و تنظیم کی جائے گی

مصر میں صورت حال کا جائزہ لینے کیلئے وزراء کا خاص اجلاس

اسکندریہ ۲۶ اگست (ڈاکٹر ریپبلک نیوز سروس) مصر کے وزیر اعظم حسین سری پاشا نے اعلان کیا ہے کہ عرب ممالک کے اتحاد اور نو معاہدے کے متعلق عراق کے وزیر اعظم جنرل نوری السعید سے [illegible]

ملایا کا مشہور کمیونسٹ لیڈر ہلاک

[illegible]

آسٹریا سوئٹزرلینڈ اور پاکستان کے درمیان تجارتی گفت و شنید

[illegible]

بھنگیوں کی ہڑتال ختم

[illegible]

ملازمتوں میں اقلیتوں کا تحفظ اب بھی باقی رہنا چاہیے

دستور ساز اسمبلی میں مسٹر نذیر الدین کا اہم قانونی اعتراض

ڈاکٹر امبیدکر کی ترمیم شدہ دفعہ پر بحث روک دی گئی

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ آج جب دستور ساز اسمبلی میں ملازمتوں میں پسماندہ طبقوں کے مطالبات سے متعلق ڈاکٹر امبیدکر کی طرف سے پیش کردہ ایک نئی دفعہ پر غور ہو رہا تھا مسٹر نذیر الدین احمد نے کامیابی کے ساتھ ایک قانونی اعتراض اٹھایا کہ اس پر غور نہیں کیا جانا چاہیے۔ [illegible]

صرف تیرہ روپے میں دہلی تا لاہور پاکستان سفر کرنے کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔
گپتا برادرس کارپوریشن — فتحپوری دہلی
برانچ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

Daily Aljamiat
ESTD. 1925
Delhi 27-8-49

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کھڈی کے کپڑے کی آمد و برآمد

۳۱ دسمبر ۱۹۴۹ء تک کے لئے ایک نیا معاہدہ ہو گیا

نئی دہلی (۲۵) اگست۔ کل ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہند اور پاکستان کے درمیان کھڈیوں کے بنے ہوئے کپڑے کے متعلق ایک معاہدہ ہوا ہے۔ اس معاہدہ پر فوری طور پر عمل در آمد ہوگا اور ۳۱ دسمبر ۱۹۴۹ء تک رہے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ ۱۳ جون ۱۹۴۸ء کے معاہدے کے مطابق ہندوستان کو پاکستان کے لئے دھاگے کے جو لائسنس جاری کرنے تھے وہ اس کے علاوہ دس ہزار گانٹھوں کا اور جاری کرے گا۔ [illegible]

جمعیت کو سیاست سے کوئی تعلق نہیں وہ ایک تہذیبی جماعت ہے

مسٹر گولوالکر کا ایک پریس کانفرنس میں اعلان!

[illegible]

کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا

[illegible]

اقلیتیں

[illegible]

وزیر اعظم کو چائے نہیں ملی

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ کل سوویٹ روس کے نئے مقرر کئے ہوئے ہندوستانی سفیر ڈاکٹر رادھا کرشنن کی دعوت میں ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا۔ [illegible]

موجودہ شرح تبادلہ کو زیادہ دیر تک قائم نہیں رکھا جا سکتا

یورپین اسمبلی کے اجلاس میں برطانوی ماہر اقتصادیات کا انتباہ

[illegible]

۲ اکتوبر تک دستور ساز اسمبلی تمام مسودہ دستور منظور نہیں کر سکتی

دوسری خواندگی میں ابھی تین ہفتے اور صرف ہوں گے!

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ ہندوستان کے مسودہ دستور کی تیسری خواندگی کے ختم کی آخری تاریخ ۲ اکتوبر مقرر کی گئی تھی جو مہاتما گاندھی کا یوم پیدائش ہے۔ لیکن اب اس خیال کو ترک کر دیا گیا ہے۔ [illegible]

یوپی کے دریاؤں میں سیلاب کم ہو رہے ہیں

گذشتہ ۲۴ گھنٹے میں ایک فٹ پانی کم ہو گیا

[illegible]

سوشلسٹوں کو دعوت نہیں دی گئی تھی!

سرت بابو کا بیان

کلکتہ ۲۵ اگست۔ [illegible]

بیکاری کے باعث خودکشی

[illegible]

میں روس میں ان کی پالیسی سمجھنے اور اپنی سمجھانے کی کوشش کرونگا

مجلس دستور ساز میں ڈاکٹر رادھا کرشنن کی الوداعی تقریر

دہلی ۲۵ اگست (پی ٹی آئی) کل اسمبلی میں آخری تقریر کرتے ہوئے روس کے لئے نامزد سفیر ڈاکٹر رادھا کرشنن نے کہا کہ اگر ہم اپنی قرار داد مقاصد پر قائم رہیں اور جم کر آگے بڑھیں تو ہماری کامیابی اور مستقبل کا استحکام لازمی ہے۔ [illegible]

اختلافات کا حل

[illegible]

جمعیت علماء کا فیصلہ

(۱) مسلمانوں کو ہندوستان کی صحت مند فضا میں عزت کے ساتھ زندگی بسر کرنے کے قابل بنایا جائے۔

(۲) اس مقصد کے لئے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں میں اردو الجمعیۃ کی تعداد ایک لاکھ تک پہونچائی جائے۔

(۳) جمعیۃ علماء کی آواز کو دور دور تک پہونچانے کے لئے انگریزی اور ہندی اخبار جاری کرنے کا سامان کیا جائے۔

(۴) ان اخبارات کی طباعت کے لئے فوراً اردو، ہندی، اور انگریزی کا پریس قائم کیا جائے۔

آپ کا فرض

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

ہیگ کانفرنس

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

آسٹریا کے ساتھ معاہدہ صلح

[illegible]

اسلام کے اقتصادی و سیاسی نظام کے متعلق چند کتابیں!

اسلام کا اقتصادی نظام۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب کی مشہور کتاب قیمت ۴
مسلمانوں کا نظم مملکت۔ ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی بے نظیر کتاب ہے ۵
نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم۔ ندوۃ المصنفین کی بہترین کتاب ہے ۲
خلافت راشدہ ۲
خلافت بنی امیہ ۲
مسلمانوں کا عروج و زوال۔ ۵، غلامان اسلام ۔ ۴
تاریخ اسلام۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب جو سوال و جواب کی شکل میں ترتیب دی گئی ہے۔ [illegible]
رسالہ ہمارے پیغمبر۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب بہت سے مدارس میں داخل درس ہے
کاروان خیال۔ از امام الہند مولانا آزاد جس کی شہرت اور مقبولیت محتاج بیان نہیں
سفر نامہ شیخ الہند۔ حضرت مولانا محمود الحسن صاحب قدس سرہ مجلد
ذاتی ڈائری۔ (مولانا عبید اللہ سندھی قدس اللہ سرہ) مجلد
ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو ——— گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

زبان کے مسئلہ پر کانگریس اسمبلی پارٹی میں نئے مسودہ پر بحث

اُردو بھی علاقائی زبانوں میں شامل کر لی گئی

ہر شخص اپنی درخواست کسی بھی علاقائی زبان میں پیش کر سکے گا

نئی دہلی ۱۹ اگست۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو اور سردار پٹیل نے کل شام پھر کانگریس اسمبلی پارٹی کے [illegible] زبان کا مسئلہ زیر بحث ہے۔ مسٹر کے۔ ایم۔ منشی اور مسٹر گوپال سوامی آئینگر نے [illegible] ایک نیا مسودہ پیش کیا ہے جس میں [illegible]

وزیر اعظم نے جلسہ میں کہا کہ [illegible] ہندوستان کی [illegible] کو پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے [illegible]

گیا ہے۔ جس میں چودہ زبانوں کو علاقائی زبانیں قرار دیا گیا ہے۔ ان کے نام یہ ہیں ہندی، اردو، پنجابی، کشمیری، بنگالی، آسامی، اوڑیا، تیلگو، تامل، ملیالم، کنڑی، مرہٹی، گجراتی [illegible]۔

جنتی [illegible] مسودہ

مسٹر [illegible] گوپال سوامی آئینگر نے اس [illegible]

۳۰۱ ب (۱) آئین کے نفاذ کے پانچ سال بعد [illegible] کے بعد پریذیڈنٹ ایک کمیشن مقرر کرے گا جس میں ان تمام ۱۴ زبانوں کے نمائندے شامل ہوں گے جنہیں شیڈول میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ سرکاری کاموں کے لئے رفتہ رفتہ ہندی کے استعمال اور انگریزی کے استعمال پر پابندی [illegible] کے بارے میں سفارشات کرے گا جس میں ہندی نہ بولنے والے علاقوں کے مفاد اور ملک کی صنعتی، تمدنی اور سائنسی ترقی کو مد نظر رکھا جائے گا۔

آئین کے نفاذ سے پندرہ برس تک تمام سرکاری کاموں کے لئے انگریزی زبان استعمال کی جاتی رہے گی۔ مگر اس دوران میں صدر اگر چاہے تو انگریزی کے ساتھ ساتھ [illegible] کے لئے ہندی کے استعمال کے بھی احکام جاری کر سکتے ہیں۔ پندرہ برس کے بعد بھی اگر پارلیمنٹ مناسب سمجھے تو کسی خاص سرکاری کام کے لئے انگریزی کے استعمال کے متعلق قانون بنا سکتی ہے۔

پارلیمنٹ تیس ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائے گی جس میں بیس ممبر ایوان عام اور دس ایوان بالا سے لئے جائیں گے جن کا انتخاب متناسب نمائندگی کے طریقہ سے ناقابل انتقال واحد ووٹ کے ذریعہ عمل میں آئے گا۔ کمیٹی کا یہ فرض ہوگا کہ وہ کمیشن کی سفارشات کی جانچ کرے۔ اور یونین کے صدر کو اپنی رائے سے مطلع کرے۔ صدر پوری رپورٹ یا اس کے کسی حصہ کو منظور کرے گا۔

۳۰۱ سی۔ ۳۰۱ ای۔ اور ۳۰۱ الف کے قاعدے کا لحاظ رکھتے ہوئے ایک ریاست شیڈول میں بیان کردہ کسی زبان یا ہندی کو سرکاری زبان قرار دے سکتی ہے۔ تاوقتیکہ ریاست کی اسمبلی کوئی فیصلہ نہ کرے۔ انگریزی زبان ہی اس ریاست میں سرکاری زبان رہے گی۔

۳۰۱ ی۔ فی الحال ایک ریاست اور یونین کے مابین مواصلات کے لئے وہی زبان استعمال ہوگی جو یونین کی سرکاری زبان ہوگی

۳۰۱ الف۔ اگر صدر اس بات سے مطمئن ہو جائے کہ کسی ریاست کی آبادی کا ایک خاص حصہ اس زبان کے استعمال کی خواہش رکھتا ہے جو شیڈول میں درج ہیں، تو وہ اس بات کی ہدایت کر سکتا ہے کہ وہ زبان بھی ان مقاصد کے لئے سرکاری زبان ہوگی جن کے لئے وہ اجازت دے گا

۳۰۱ جی۔ سپریم کورٹ، ہائی کورٹ کے تمام [illegible] بل اور ترمیمات جو پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں پیش ہوں گی تمام قوانین، قاعدے اور ضمنی قوانین جو منظور کئے جائیں گے وہ سب انگریزی زبان میں ہوں گے۔

۳۰۱ ایچ۔ پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں کوئی بل یا ترمیم زبان کے مسئلہ پر صدر کی منظوری کے بغیر پیش نہیں ہوگی۔

۳۰۱ آئی۔ ہر شخص کو حق ہے کہ درخواست [illegible] کسی افسر کے نام شیڈول میں درج کسی بھی زبان میں [illegible]

۳۰۱ جے۔ [illegible]

مریض علاج کیلئے فضائی امداد

سنگاپور ۱۹ اگست۔ برطانوی شاہی بحریہ کے بحری طیارہ "سنڈر لینڈ" [illegible] سے پرواز کر کے [illegible] کے عملہ کے ایک [illegible] مریض کی امداد کے لئے [illegible] طیارہ ایک ملاح کی مدد کرنے کے لئے گیا تھا جو [illegible] سخت بیمار تھا۔

سنڈر لینڈ "اس جہاز کے [illegible] پرواز کر گیا جس کے بعد جہاز نے ایک کشتی اتار دی تھی جس میں طیارے سے ایک ڈاکٹر اور ایک نرس اتری۔ یہ دونوں اس مریض کی حفاظت کریں گے۔ جہاز آج سنگاپور پہنچ جائے گا جس کے بعد مریض کو اسپتال داخل کر دیا جائے گا۔

جنوبی افریقہ کی خشک سالی ختم

کیپ ٹاؤن ۲۰ اگست۔ آج البرٹ لینڈ میں موسلا دھار بارش کے درمیان [illegible] رہے تھے۔ [illegible]

فولادی پھیپھڑوں کا آرڈر

جنیوا ۲۰ اگست۔ ہندوستان نے عالمی صحت کے ادارے سے ایک فوری تار کے ذریعہ بچوں کے فالج کے خلاف جدوجہد میں امداد کی درخواست کی ہے اور کہا ہے کہ ۲۰ فولادی پھیپھڑے فوراً بطور تحفہ بھیج دئے جائیں۔

عالمی صحت ادارے نے واشنگٹن کے دفتر کو حکم دیا ہے کہ فولادی پھیپھڑے مہیا کر کے ہندوستان کو بھیجے۔

حکومت ہند نے [illegible] نہیں دئے بلکہ صرف اتنا کہا ہے کہ بمبئی اور دوسرے علاقوں میں بچوں کا فالج بیماری پھیل رہی ہے۔ (رپورٹ ۔ ۱۰ اے)

پاکستان میں زرعی ترقی

لیک سکیسن ۱۹ اگست۔ ڈاکٹر اور پاکستانی نمائندہ سر [illegible] نے اقوام متحدہ کے عالمی خوراک [illegible] میں کہا کہ اگر پاکستان نے زراعت کو ترقی دینے کے لئے مناسب قدم اٹھایا تو وہ بہت جلد اس قابل ہو جائے گا کہ اپنے پڑوسیوں کو غلہ مہیا کر سکے۔ (رپورٹ ۔ ۱۰ اے)

روسیوں نے ایرانی چوکی کو اڑا دیا

تہران ۱۹ اگست۔ غیر سرکاری حلقوں میں [illegible] بیان کیا گیا ہے کہ گزشتہ ۱۰ اگست کو روسی فوجوں نے خراسان میں ایرانی سرحدی چوکی کو اڑا دیا۔ (رپورٹ ۔ ۱۰)

جے پور میں سنگھی لیڈر کا استقبال

جے پور ۱۹ اگست۔ سنگھی لیڈر مسٹر ایم۔ ایس گول والکر دہلی سے جے پور پہنچے۔ اسٹیشن پر ان کا استقبال کیا گیا۔ مقامی شاخ سوئم سیوک سنگھ کی طرف سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

اسٹیشن کے باہر ایک جلسہ ہوا جس میں مسٹر گول والکر نے تقریر کی اور کہا کہ ایک شخص سے عقیدت قوم کے لئے خطرناک ہے۔ میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ سوئم سیوک سنگھ اور اس کے کام کا نمائندہ ہوں۔ میں اس کام کی ایک علامت ہوں اور اس کے سوا اور کچھ نہیں۔

مسٹر گول والکر درگا پورا اور رسالگا ایر کے پناہ گزین کیمپ بھی جائیں گے کل وہ دہلی آجائیں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ وہ ۲۸ اگست کو احمد آباد بھی جائیں گے (رپورٹ ۱۰)۔

لباس پر پابندی

پٹنہ ۱۹ اگست۔ حکومت بہار نے ہرا [illegible] لباس کو پہننے کی ممانعت کر دی ہے جو فوج یا پولیس کی وردی سے مشابہ ہو۔ (رپورٹ ۔ ۱۰)

یمن میں پھر خانگی جھگڑے پیدا ہو گئے!

ولی عہد کے تقرر کے مسئلہ پر امام یمن اور ان کے بھائی میں اختلاف

[illegible] سے جو خبریں یہاں موصول ہوئی ہیں ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امام [illegible] کے خاندان کے درمیان خانگی جھگڑے ابھر آئے ہیں۔ جن کی وجہ سے ملک کو ترقی دینے کے لئے جو اصلاحات نافذ کی جانے والی تھیں وہ سب رکی پڑی ہیں۔ اس تنازعہ کی اہم وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ امام یمن نے اپنے بھائیوں سے [illegible] حاصل کئے بغیر اپنے فرزند سیف الاسلام آل بدر کو ولی عہد مقرر کر دیا تھا۔

یمن کی امامت ورثہ میں نہیں ملا کرتی بلکہ زمانۂ قدیم سے یہ عہدہ انتخاب کے ذریعہ پر کیا جاتا رہا ہے۔ چنانچہ سیف الاسلام کو ولی عہد نامزد کر دیا جو کہ اس وقت بھی یمن کے سپہ سالار ہیں۔ حکمراں خاندان کے دوسرے افراد کے لئے غم و غصہ کا باعث بن گیا ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ یمن کے حکمراں خاندان میں اس ان بن کا باعث خود غرضیاں ہیں۔ یمن کے موجودہ وزیر اعظم سیف الاسلام الحسن جو کہ امام کے سب سے بڑے بھائی ہیں، عنان حکومت اپنے ہاتھوں میں لینا چاہتے ہیں۔ درحقیقت آج بھی وہ یمن کے خود مختار فرماں روا بنے ہوئے ہیں یمن کے صدر مقام صنعا پر عملی طور پر آج ان کا ہی قبضہ ہے وہاں یہاں کے حامیوں کی اکثریت ہے اور ان کے اختیارات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

امام کے دوسرے بھائی سیف الاسلام عبداللہ موجودہ حکومت کے وزیر خارجہ بھی امامت حاصل کرنے کی فکر میں ہیں۔ اس کا اظہار اس سے بھی ہوتا ہے کہ وہ امام کے احکام کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ وہ صحت کی بنا پر ملک سے باہر دن گزار رہے ہیں۔ اور امام کے کئی بار بلانے پر بھی یمن واپس نہیں آئے۔

ان ناقابل عبور اختلافات کے سبب نظامین کے موجود [illegible] امام احمد صنعا سے ۲۰۰ [illegible] سکونت پذیر رہتے ہیں۔ جو عدن کی سرحد سے نسبتاً قریب واقع ہے کیونکہ دارالحکومت صنعا پر ان کے بڑے بھائی کا قبضہ ہے۔ (گلوب) ۔۔۔

سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں ایک کانسٹبل اور مجسٹریٹ کی گواہیاں

حیدرآباد دکن ۱۹ اگست۔ سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں ایک کانسٹبل غلام یزدانی نے اسپیشل ٹریبونل کے سامنے گواہی دیتے ہوئے ان حالات کو بیان کیا جن کا نتیجہ شعیب اللہ خاں کے قتل اور ان کے ساتھی کے زخمی ہونے کی صورت میں ظاہر ہوا۔

غلام یزدانی نے کہا کہ مجھکو تفصیلات ملزم منعم خاں نے قتل کے چند دن بعد بتائی تھیں۔

گواہ نے کہا کہ میری رہائی کے دوسرے دن راس کر شت پہرہ کے لئے پکڑ لیا گیا تھا) میں اسیر سے ملا اور میں نے اس سے کہا کہ منعم خاں کے متعلق کچھ ہنگامہ خیزیاں ہو رہی ہیں کہ وہی ہے جس نے رمضان کے مہینے میں ایک رات کے عشاء کے بعد دن چیلی بازار کی مسجد میں تپنچہ مارا تھا۔

اسیر نے مجھے جواب دیا کہ میں سید قاسم رضوی سے ہدایت حاصل کر دوں گا کہ اب کیا کیا جائے۔

گواہ نے کہا کہ اسی دن شام کو منعم خاں نے مجھے بتایا کہ میں نے ضمیر الدین اور محسن رضا کے ساتھ شعیب اللہ پر جبکہ وہ اپنے ساتھی کے ساتھ دفتر سے آ رہے تھے۔ حملہ کیا تھا۔ جب میں نے (منعم خاں) فائر کیا تو محسن رضا دوڑ گیا۔ اور ضمیر الدین نے اسمٰعیل خاں (شعیب اللہ کے ساتھی) پر حملہ کیا۔ ضمیر الدین نے محسن رضا کی تلوار سے حملہ کیا تھا شعیب اللہ خاں گر پڑے اور انہوں نے منعم خاں کا سید ھا ہاتھ پکڑ لیا۔ ضمیر الدین نے شعیب اللہ خاں کے ہاتھ پر تلوار ماری۔ اور ان کا ہاتھ کٹ گیا۔ اس کے بعد منعم خاں اور اس کے ساتھی متعلقہ گروہ سے مکان پر چلے گئے۔

شام کو اسیر نے مجھے بتایا کہ سید قاسم رضوی نے ہدایت کی ہے کہ منعم خاں اور ضمیر الدین کو دوسروں کے ساتھ عالم پور شاخ کو روانہ کر دیا جائے۔

دوسرے گواہ مسٹر اے شنکر پرشاد اسسٹنٹ سکریٹری ہوم ڈپارٹمنٹ حکومت حیدرآباد نے گواہی دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال ۲۶ اگست کو میں مجسٹریٹ تھا میں نے عثمانیہ جنرل ہسپتال میں تقریباً ۱۵ اشخاص کی شناختی پریڈ کرائی۔ میں نے ایک زخمی شخص کا بیان پڑھا اور اس سے کہا کہ جس شخص کا نام تم نے ذکر اپنے بیان میں کیا ہے اس کو شناخت کرو۔ لیکن وہ ملزم کو شناخت نہیں کر سکا۔ اس کے بعد میں نے اپنی رپورٹ مرتب کی۔

اور پریڈ کے بعد میں زخمی آدمی کے پاس گیا اور میں نے گفتگو کی۔ اس نے مجھے بتایا کہ سچائی سے میرا مطلب وہ شخص ہے جس نے چیلی بازار کی مسجد میں اس زخمی کو مارا تھا۔

گواہ نے کہا کہ میں نے منعم خاں کا بیان قلمبند کیا جس کو عدالت میں پہچان لیا گیا تھا۔ گواہ نے صحیح بیان پڑھا جو اردو میں لکھا ہوا تھا۔ اور جس کو گواہ نے خود لکھا تھا۔

منعم خاں کے وکیل صفائی مسٹر [illegible] اور خاں نے گواہ پر جرح کی۔ گواہ نے کہا کہ جب شناختی پریڈ کے بعد میں زخمی شخص کے پاس گیا تو اس نے چیلی بازار والا واقعہ بیان کرنا شروع کیا۔ ابھی جرح ختم نہیں ہوئی تھی کہ عدالت برخاست ہو گئی۔ (اے پی اے ۔ ۱۱)

روس اور پاکستان کی بات چیت

کراچی ۱۹ اگست۔ (پی ٹی آئی رائیٹرز) روس اور پاکستان کے درمیان دو طرفہ تجارتی معاہدہ کی بات چیت ہو رہی تھی وہ کامیابی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ دونوں وفود کے ارکان کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔

یقین کیا جاتا ہے کہ ممبران وفود کے درمیان کبھی کبھی گفت و شنید شروع ہو جاتی ہے جبکہ دونوں طرف کے ماہرین کے درمیان بات چیت جاری ہے۔

سولہ قوموں کی اسپیشل کمیٹی

ہندوستانی نمائندہ صدر منتخب ہوا

لیک سکسس ۱۹ اگست۔ مسٹر بی شیوا راؤ (ہندوستان) کو کل سولہ قوموں کی اسپیشل کمیٹی کا صدر منتخب کر لیا گیا۔ یہ کمیٹی تقریباً ساٹھ ایسے غیر حکومتی علاقوں کے حالات کا جائزہ لے گی۔ (رپورٹ ۱۰ اے)

ٹیٹو کے قتل کا خطرہ

سخت حفاظتی اقدامات

لندن ۲۰ اگست۔ لندن کے اخبار "ایوننگ اسٹینڈرڈ" میں ایک مقالہ لکھتے ہوئے مسٹر نورمن براؤن نے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ مارشل ٹیٹو کی زندگی آج کل بڑے خطرات میں گھری ہوئی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ مغربی طاقتوں کو اطلاعات مل چکی ہیں کہ حال ہی میں دو بار انہیں قتل کرنے کی کوششیں کی گئی تھیں۔ مارشل ٹیٹو نے اپنی زندگی کو بچانے کے لئے خاص فوجوں کا انتظام کر لیا ہے۔ (گلوب)

چیانگ کائی شیک نے

جاپانی ہوا باز حاصل کر لئے

ٹوکیو ۲۰ اگست۔ امریکی سپاہ رسانوں کے دفتر واقع جاپان کو یقین ہے کہ مارشل چیانگ کائی شیک نے کمیونسٹوں کے خلاف جنگ کرنے کے لئے ۵۰۰ جاپانی ہوا باز حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ تاہم اب تک ان میں سے تقریباً نصف تعداد کو غیر قانونی طور پر فارموسا لے جایا گیا ہے تاکہ انہیں تربیت دی جائے۔ چیانگ نے ان ہوا بازوں کو کثیر رقم دینے کا وعدہ کیا ہے۔ چیانگ کے چینی سفیر مقیم ٹوکیو کو ۲۰ لاکھ ڈالر دے گئے تھے۔ ان ڈالروں کی وجہ سے جاپانی ین (سکہ) کے کالے بازار پر برا اثر پڑا ہے۔ اس کے علاوہ مارشل چیانگ نے مزید ایک کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

سابق جاپانی کمانڈر مقیم چین جنرل [illegible] ان ہوا بازوں کی قیادت کریں گے۔

کراچی میں کچھ اور مہریں لگائی گئیں

کراچی ۲۰ اگست۔ (پی ٹی آئی رائٹرز) کراچی میں ڈپٹی کسٹوڈین نے متروکہ جائیدادوں کے سلسلے میں چار اور غیر مسلم فرموں پر مہر لگا دی ہے ان میں "سیرینا ہوٹل" کا گودام کلفٹن روڈ پر شراب کی ایک دکان پیرس، اور فرنیچر ایٹ روم اور ایک بارڈ ویئر اسٹورز کا گودام ہے۔ [illegible]

لاہور کے مندر میں ہندو زائرین

لاہور ۲۰ اگست۔ ۵ ہندو زائرین نے لاہور کے قلعہ کے باہر بابا جھنگڑ شاہ کے مندر میں عبادت کی مغربی پنجاب کی حکومت کے بااخلاق طرز عمل سے یہ زائرین بہت خوش ہوئے۔ مندر کو بڑے [illegible] سوامی سوہن [illegible] نے یہ امید ظاہر کی کہ پھر ہندو سکھ اور مسلمان بھائیوں کی طرح رہنے لگیں گے ان زائرین کی زیادہ تعداد دلی سے آئی تھی سرحد پر مغربی پنجاب کے حفاظتی دستہ نے ان کا خیر مقدم کیا اور ان کو بحفاظت تمام مندر تک پہنچایا۔

بابا جھنگڑ شاہ ہندوؤں کے سوکھرشن فرقہ کے بانی کے نمبر سے نائب تھے۔

طلبا کی ہڑتال ختم

دہلی ۲۰ اگست۔ مسٹر نیوسیل بورڈ ہائر سیکنڈری اسکول کی کلاس ۱۰ کے طلبا جو کئی روز سے ہڑتال کئے ہوئے تھے کلاس میں واپس آ گئے۔ ان کو پرنسپل کی جانب سے یقین دلایا گیا ہے کہ جلد ہی انگریزی کے نئے ٹیچر مقرر کئے جائیں گے۔

مسٹر لیاقت علی کے جلسہ میں میاں عبدالباری کیخلاف نعرے

میاں عبدالباری کو ہٹانے کا مطالبہ؛ لیاقت علی خاں کی نصیحت

لاہور ۲۲ اگست (ا ۔ م)

پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کے صوبائی مسلم لیگ کے زیر تحت ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے مغربی پنجاب کے عوام سے اپیل کی کہ وہ صوبے کے نئے گورنر سردار عبدالرب نشتر سے پوری طرح تعاون کریں آپ نے کہا کہ مغربی پنجاب پاکستان کا دل ہے اور اس لحاظ سے یہاں پر انتظامی ضروری ہے۔

آپ نے کہا کہ ہمیں پاکستان اور مسلم لیگ مشترک جدوجہد کے ذریعہ ملے ہیں۔ اس لئے ہمارا فرض ہے کہ ان کی ہر طرح حفاظت کریں اگر ہم لوگ جو اعلیٰ عہدوں پر ہیں کوئی کام خراب کرتے ہیں تو آپ ہمیں ہٹا دیجئے۔ آپ نے کہا کہ سردار عبدالرب نشتر بہت قابل آدمی ہیں اور آپ کا فرض ہے کہ ان کے کٹھن کام میں آپ ان سے تعاون کریں۔

آپ نے کہا کہ تقسیم کے بعد رشوت اور بدعنوانیاں مغربی پنجاب میں بہت بڑھ گئی ہیں مگر حکومت کسی کو معاف نہیں کرے گی اور وہ سخت کارروائی کرے گی۔

وہ اپنے لوگوں کے اثروں سے متاثر ہونا نہیں چاہتے جو شخصیت کا ناجائز طور پر نام لے کر اپنے اغراض پورے کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے کہا کہ جاگیر داروں کا زمانہ ختم ہو چکا ہے اور پاکستان میں چند سرمایہ داروں کو عوام میں لوٹ کھسوٹ مچانے کی اجازت نہ دی جائے گی۔

کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اس کے منصفانہ حل کی ضرورت ہے اور وہ کسی حالت میں بھی کشمیر کو بزور طاقت قبضہ نہ کرنے دیں گے بلکہ وہ لوگوں کے حق خود ارادیت کے فیصلہ کی بنا پر اس کا فیصلہ تسلیم کریں گے۔ ہمیں کو ہندوستان نے تقسیم سے قبل منظور کر لیا تھا۔

آپ نے کہا کہ سیاسی لیڈروں اور افسروں میں اتفاق [illegible] بہت نقصان دہ ہے ان کا فرض ہے کہ وہ عوام کی تکالیف دور کریں۔ یہ نہیں کہ انقلاب سے ناجائز فائدہ اٹھائیں۔ ان کا کام ہے کہ لوگوں کی ضرورتوں میں کام آئیں نہ کہ ان کو پریشانیوں کا شکار بنائیں۔ آپ نے اخبارات سے اپیل کی کہ وہ عوام میں تعمیری رجحانات پیدا کریں۔ اور ان کی صحیح طریقہ پر رہنمائی کریں۔

زرعی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اصلاحات آئین شریعت کے خلاف نہ ہوں گی۔ لیکن [illegible]

جب وزیر اعظم پاکستان تقریر کر رہے تھے تو مجمع میں سے ایک شخص نے چلا کر کہا کہ میاں عبدالباری کو ہٹاؤ۔ اس سے قبل بھی جب میاں عبدالباری تقریر کر رہے تھے انتہائی [illegible] لوگوں نے مخالف نعرے لگائے تھے۔ وزیر اعظم [illegible] نصیحت کی۔

صحیح جمہوریت ہی پاکستان کو طاقتور بنا سکتی ہے

مغربی پنجاب کے افسران کے سامنے لیاقت علیخاں کی تقریر

لاہور ۲۰ اگست۔ گورنمنٹ ہاؤس میں مغربی پنجاب کے افسروں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے کہا کہ ہم پاکستان کو اسی وقت مستحکم بنا سکتے ہیں جب ہم یہاں صحیح جمہوریت قائم کر لیں یہ اس وقت ممکن ہے۔ جب [illegible] سیاست سے علیحدہ رہیں اور وہ [illegible] کے ساتھ اپنے فرائض کو انجام دیں۔

اس موقع پر سردار عبدالرب نشتر گورنر مغربی پنجاب موجود تھے۔

لیاقت علی خاں نے کہا کہ مشکلات کے باوجود [illegible] افسروں نے نہایت خوش اسلوبی سے اپنے فرائض انجام دیئے ہیں۔ اگر ان کی کوششیں شامل نہ ہوتیں تو ہم وہ حاصل نہیں کر سکتے جو ہم نے [illegible]

[illegible] کیجئے میں پوری کوشش کریں۔ (رپورٹ داشترا)

امرت سر میں انتخابی چہل پہل

امرت سر ۲۰ اگست۔ [illegible] کے علاوہ جو بیان پر کانگریسی امیدوار کی حمایت میں تقاریر کریں گے۔ پنڈت [illegible] وزیر اعظم مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم مسٹر بھیم سین سچر کریم کتبہ کر بیان پہلے ہی آپ امرت سر کے علاوہ بٹالہ۔ جالندھر اور جالندھر وغیرہ میں تقاریر کریں گے۔

ویش بندھک پارٹی بھی اپنے ذرائع کو بروئے کار لانا چاہتی ہے۔ اور بڑے بڑے لیڈروں کو طلب کر رہی ہے بعض کمیشن چوہدری پہلے ہی یہاں موجود ہیں۔

اس کے علاوہ امرت سر میں ۲۰ اگست کو مسٹر گول والکر کی آمد پر سنگھیوں کی ایک بہت بڑی ریلی ہونے والی ہے جس میں خیال ہے ایک لاکھ اشخاص کا اجتماع ہوگا۔ مسٹر گول والکر کے اعزاز میں کئی تقریبات منعقد ہوں گی۔ ان کے استقبال کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے۔

زرعی اصلاحات کے سلسلہ میں

صوبوں کی رائے طلب کی جا رہی ہے

نئی دہلی ۱۹ اگست۔ کانگریس کی زرعی اصلاحات کمیٹی نے حال ہی میں اپنی رپورٹ صدر کانگریس کے روبرو پیش کی تھی۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ رپورٹ اب مختلف صوبائی اور ریاستوں کی حکومتوں کے روبرو پیش کی جائے گی تاکہ وہ اس [illegible] اپنی رائے دے سکیں۔ [illegible]

راجستھان کی پانچ کمشنریاں

جے پور ۱۹ اگست۔ حکومت راجستھان کے ایک گزٹ کے مطابق راجستھان میں پانچ کمشنریاں مقرر کی گئی ہیں [illegible]

کینٹن میں اندرونی بغاوت کا زبردست خطرہ پیدا ہوگیا

ممتاز کمانڈروں اور جنرلوں کی شبہ میں گرفتاریاں

مارشل چیانگ کا زبردست حامی جنرل کینٹن سے فرار ہوگیا

ہانگ کانگ ۲۰ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مارشل چیانگ کائی شیک کے حامیوں میں سے ایک جنرل [illegible] کو جنوبی چین کا سول انچیف مقرر کیا گیا تھا۔ کینٹن سے ہانگ کانگ فرار ہو گیا ہے۔

مشاہدین کا خیال ہے کہ اگر کینٹن سے آئی ہوئی اطلاعات صحیح ہیں تو کینٹن میں اندرونی بغاوت کا سخت خطرہ ہے۔ [illegible] جنرل [illegible] کمیونسٹوں سے صلح کرنا چاہتے ہیں۔

اس وقت کمیونسٹ فوجیں کوانگ تنگ کی سرحد پر ہیں اور وہ جنوبی چین کے صدر مقام کی طرف بڑھنے والی ہیں۔ لیکن خیال ہے کہ کمیونسٹ فوجیں اس وقت تک نہیں بڑھیں گی [illegible]

حکومت چین نے دعویٰ کیا ہے کہ [illegible]

[illegible] ہیں۔ ان کو کچھ عرصے سے روک دیا گیا ہے۔ یہ مقام ہانگ کانگ جانے والی سڑک پر سرحد کے اندر ہے تا کہ کینٹن سے ۳۰ میل دور ریلوے پر واقع ہے۔

کیانگسی میں

[illegible] کیانگسی کے جنوبی حصہ میں [illegible] فوجوں کو شکست [illegible] قبضہ کر لیا ہے۔ لیکن چینی حکومت کے نمائندے نے اس اطلاع کی تصدیق نہیں کی [illegible]

شمال مغربی چین میں کمیونسٹ فوجیں [illegible] بڑھ رہی ہیں [illegible]

(۳ مالکام)

الجمعیۃ

روزانہ

دہلی

۲۰ اگست ۱۹۴۹ء

زبان کی ٹریجڈی!

بنارس سے مولوی پنڈت مہیش پرشاد صدر شعبہ السنہ مشرقیہ بنارس ہندو یونیورسٹی نے اردو زبان کے حشر پر ایک بیان میں فرمایا ہے کہ:

"بہت تھوڑے لوگوں کی رائے خواہ کچھ ہو لیکن میں یہ سمجھے بیٹھا ہوں کہ اردو کی بنیاد کچھ کمزور نہیں ہے، تاہم سیاسی فضا کی وجہ سے اردو کو نقصان ضرور پہنچے گا اس احساس سے اردو دنیا میں زبردست ہلچل پڑ گئی ہے اور ایسا ہونا ایک قدرتی بات بھی ہے، حیدرآباد دکن عرصہ دراز سے اردو کے لئے پناہ گاہ رہا ہے، لیکن اب وہاں بھی اردو کے لئے حسرت و یاس کا عالم برپا ہو گیا ہے، اس قسم کے حالات میں بہی خواہان اردو کے حلقوں میں اس قدر بھی بے چینی پیدا ہو جانا بلاشبہ کم ہے اس کے باوجود ہمیں مایوس نہ ہونا چاہئے اور نہایت صبر اور خاموشی کے ساتھ اردو کے لئے اپنی سرگرمیوں کو تیز کر دینا چاہئے۔"

یہ بیان اپنی جگہ سو فیصدی صحیح ہے اور اب اس کے سوا چارہ بھی کیا ہے کہ اردو کے تحفظ کا بار اردو کے بہی خواہ اپنے ناتواں کندھوں پر اٹھائیں اور دو قوموں کی اس متحیر العقول کو بے زبان کے پردہ میں زندہ کیا ہے، اپنی کوششوں سے غلط ثابت کر دیں، اگرچہ دستور ساز اسمبلی میں ابھی تک زبان کا مسئلہ طے نہیں ہوا ہے اور ہماری تھوڑی بہت جو توقعات ہیں وہ اسی کے ساتھ وابستہ ہیں لیکن اب تک پیچھے کے جتنے مرحلے طے ہو چکے ہیں ان پر تبصرہ کرنا اور پیدا شدہ نتائج سے دستور ساز اسمبلی کے ارکان کو آگاہ کرنا ہمارا حق ہے۔

زبان کے بارے میں دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی اور اکثریت کے دوسرے نمائندوں نے جو رویہ اختیار کیا ہے، اس نے علم دوستوں اور متحدہ قومیت کے حامیوں کو سخت حیرانی میں ڈال دیا ہے حقیقت میں ہندی زبان اور ناگری رسم خط کے حق میں جو فیصلہ کیا گیا ہے وہ دنیا کے عجائبات میں سے ایک عجوبہ ہے۔ جو لوگ زبان کے بارے میں تعصب کی تنگ نظری سے پوری طرح آگاہ تھے انہوں نے اس تنگ نظری کا اندازہ زیادہ سے زیادہ یہ لگایا تھا کہ اگر یہ لوگ بہت گرے اور دیانتداری کی بتی آنکھوں سے بالکل ہی اتار دی تو وہ کم از کم اتنا ضرور کریں گے کہ ہندی کے ساتھ اردو کو ثانوی حیثیت دیدیں کیونکہ اردو زبان اور اس کا رسم خط ایسا نہیں ہے کہ اسے کسی کی طرح نکال کر پھینک دیا جائے اور یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ جو لوگ انگریزی زبان کو جو بالاتفاق غیر ملکی زبان ہے سینے سے چمٹائے پھریں اور اردو زبان جو اسی ملک میں بنی، اسی ملک میں پروان چڑھی اور اسی ملک کا مشترک ورثہ قرار پائی اسے درجہ دوم کی حیثیت بھی نہ دیں! یہ لوگ جب گفتگو کیا کرتے تھے تو یقین کے ساتھ کہتے تھے کہ اردو کی ثانوی حیثیت تو ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے، اسے تو کانگریس ضرور مان ہی لے گی، اس لئے اس پر تو بحث فضول ہے البتہ کوشش یہ ہے کہ اسے ہندی کے برابر درجہ حاصل ہو، اگر اسے یہ پوزیشن حاصل نہ ہوئی تو یہ کانگریس کے اصولوں کے خلاف ہوگا۔

[illegible] اس کا امکان اسی بات کا ہے کہ ہندی کے ساتھ اردو بھی سرکاری اور قومی زبان قرار دیدی جائے گی اگر ہمیں اس میں کامیابی نہ ہوئی تو اردو کی ثانوی حیثیت تو بہرحال مانی ہوئی رکھی ہے، کیا یا کانگریس [illegible] ہوئی کہ اردو کی ثانوی حیثیت بھی تسلیم نہ کرے [illegible]

یافتہ اور غیر متعصب لوگوں کی جماعت ہے اور کیوں نہ ہو کہ گاندھی جی کی پیرو بھی تو ہے، اسلئے اردو کی ثانوی حیثیت بحث سے خارج ہے بھلا کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ کانگریس اسکی یہ پوزیشن بھی تسلیم نہ کرے اور اپنی شاندار روایات کو فراموش کر دے۔

غرض یہ بات کسی کے گمان اور تصور میں بھی نہ تھی کہ کچھ لوگ جو متحدہ قومیت کے حامی ہیں، اردو اور اس کے رسم خط کو سرکاری اور قومی کتاب سے .... کھرچ ڈالیں گے اور اپنے ملک کی زبان کے ساتھ وہ سلوک کریں گے جو دنیا میں آج تک کسی زبان کے ساتھ نہیں کیا گیا! یقیناً ایسے لوگ یہ سنکر..... متحیر ہو گئے ہوں گے کہ انگریزی اقتدار سے نجات پانے والی جماعت نے انگریزی زبان کو تو سینہ سے لگایا، اور اس کے تحفظ کے لئے اپنی بہترین قابلیتیں صرف کر دیں مگر اپنے مقدس ہاتھوں سے اردو کے تابوت میں وہ تمام کیلیں گاڑ دیں جو خدا معلوم کب سے بمد حفاظت رکھ چھوڑی تھیں! اب ان لوگوں کی حالت دیکھنے کے قابل ہے، کاٹو تو لہو نہیں، ندامت کے عرق سے تمام چہرہ شرابور ہے! رنج اور افسوس سے سینہ ابل رہا ہے اور اس سوچ میں پڑے ہوئے ہیں کہ [illegible] کیوں کر دی گئی؟ [illegible] کامیابی کا یقین تھا مگر جب کانٹا بدلا تو یہیں تک تو لوگوں کو یقین بھی نہ آیا کہ وہ شکست کھا رہا ہے، اسی طرح کسی ایک شخص کو بھی یقین نہیں تھا کہ انگریزی زبان کو اپنانے .... والی جماعت اردو زبان سے اس درجہ بیزار ہے جسکا تصور خواب و خیال میں بھی نہیں آ سکتا!

اس سلسلہ میں اگر کچھ ہاتھ پیر ہلائے تو مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و ممبر دستور ساز اسمبلی نے یا پھر ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے! پنڈت جی نے ہر پہلو سے کوشش کر کے دیکھ لی مگر کچھ نہ بنا، کبھی اس پہلو سے اردو لانے کی کوشش کی کبھی اس پہلو سے ایک دفعہ ناکام ہوئے تو دوسرے موقعہ پر قابو پانے کی کوشش کی، ایک طرف سے مایوس ہوئے تو دوسری طرف سے آ نکلے، مگر جذبات و خواہشات کی اس دیوار کو نہ توڑ سکے جو مہاتما پنڈتوں کے مقدس ہاتھوں سے تعمیر ہو چکی تھی، آخر آپ نے بھی کہدیا کہ زبانوں کے ساتھ چھوت چھات ہو رہی ہے یہ چھوت چھات ہمیں کب تک زندہ رہنے دے گی! جن لوگوں نے عین موقعہ پر اپنے روحانی استاد اور قوم کے باپ ـــ گاندھی جی ـــ کو جل دی ہو وہ وزیر اعظم کی التجاؤں، درخواستوں اور دلیلوں کو کب خاطر میں لانے والے تھے۔

لوگ مانیں یا نہ مانیں زبان کے متعلق کانگریس کا فیصلہ دنیا کی سب سے بڑی ٹریجڈی ہے، تاریخ اس پر ماتم سرا ہوگی، واقعات دانتوں میں انگلیاں دبائیں گے! خیر جو کچھ ہونا تھا وہ تو ہو گیا! اب ہمیں اس کے نتائج کے پیش نظر اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ آئندہ ہماری سیاست کا رنگ کیا ہوگا! مختصر طور پر اسکو کچھ اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ۔

(۱) اردو کے تابوت میں آخری کیل ٹھونکے کے بعد دو قومی نظریہ ایک حقیقت بن گیا ہے اور اس پہلو میں ...... بعض لوگوں نے اپنے دل کی بات کہدی ہے!

(۲) زبان کے مسئلہ پر چونکہ اقلیتوں کے جذبہ اتحاد کو بہت بڑی چوٹ لگی ہے اس لئے اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اکثریت کا اعتماد اٹھ جائے اور اقلیتیں یہ سمجھیں کہ اکثریت ہمیشہ ان [illegible] کے زور سے اپنی . ہر ناجائز بات منوانی چاہیگی۔

اب حامیان اردو کا فرض ہے کہ وہ اپنی زبان کی حفاظت کرتے ہوئے ان تینوں دیواروں کو مسمار کر دیں اور ...... ملک کو بتا دیں کہ مسلمان دو قومی نظریہ کو کسی راہ سے تسلیم نہیں کریں گے اور نہ اکثریت کو اس حالت میں رہنے دیں گے کہ وہ اپنے فیصلے زبردستی منوائے اور اقلیتوں کے دلوں میں کسی طرف سے بدگمانی جڑ پکڑے۔ ہم اکثریت کی شان کو بلند دیکھنا چاہتے ہیں، اگر اس کی تنگ نظریاں رنگ لاتی رہیں تو مسلمانوں کے جذبہ وفاداری کو بے انتہا صدمہ ہوگا!

یہ کسی طرح جائز نہ ہوگا کہ زبان کی آڑ میں کوئی اقلیت، اکثریت سے نفرت کرے یا اس پر تاریخ کا کوئی بہت بڑا الزام لگائے، وقت تو اب آیا ہے کہ مسلمان اپنی محبت اپنی رواداری، اپنے تحمل اور اپنی خیر سگالی کا سکہ چلائیں اور اپنی فراخ دلی سے ...... تنگ نظری کا جواب دیں، نفرت کا جواب محبت ہے، جدائی کا جواب ملاپ ہے۔ دشمنی کا جواب دوستی ہے، ظلم اور جبر کا جواب انصاف ہے، دوسرے جو چاہیں کریں مگر مسلمان وہی کریں جو عقل، اخلاق اور عدل کے معیار پر پورا اترے اور وہی کہیں جو ان کی شان کے شایاں [illegible]

اچھی باتیں

فاصبر۔ تا۔ الغروب (پ ۲۶ ع ۱۷)

یہ لوگ جو کچھ بھی کہتے ہیں اس پر صبر کرو۔ طلوع آفتاب سے پیشتر خدا کی حمد و ثنا میں لگ جاؤ۔

خدا علام الغیوب ہے وہ جانتا تھا کہ سچائی کی دشمنی میں مسلمانوں کو ستایا جائے گا انہیں برا بھلا کہا جائے گا۔ انہیں تکلیفیں پہونچائی جائیں گی اور انکی ہمتوں کو پست کرنے کے سامان کئے جائیں گے اس کا علاج یہ بتایا کہ سب کچھ سنو مگر اپنے اصولوں سے نہ ہٹو، ہر تکلیف کو برداشت کرو مگر تحمل اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ دو۔ یہ بھی یاد رہے کہ صبر اور بے غیرتی میں بڑا فرق ہے، برائی کو بھلائی سے دفع کرنے کے لئے نفس پر کنٹرول کرنے کا نام صبر ہے۔ اور برائی کو ہلکا تصور کر کے... خاموش رہنا بے غیرتی ہے اسلام نے بے غیرتی کی تعلیم نہیں دی صبر اور تحمل کی تلقین کی ہے اور صبر یہ ہے کہ ستانے والوں سے انتقام نہ لو لیکن اپنی جدوجہد کو ترک نہ کرو ایک وقت آئے گا کہ تمہاری مصیبتیں دور ہوں گی اور تمہاری کاٹ کرنے والے شرمندہ کئے جائیں گے۔

افکار پاکستان

ارض عالم پر مسلمان کیا حیثیت رکھتے ہیں؟

مسلمانوں کی موجودہ جغرافیائی حیثیت اور ان ممالک کے تیل اور دوسری اشیاء کے ذخائر مغرب کی متحارب قوتوں کو مجبور کرتے ہیں۔ کہ وہ ان علاقوں اور یہاں کی آبادیوں سے فائدہ اٹھائیں، اور اپنے گروہ کی اغراض کے لئے ان کو استعمال کریں۔ اس مقصد کے لئے یا تو اسلامی ممالک کے سربراہ لوگوں کو اپنے شیشے میں اتار لیتے ہیں جو عام مسلمانوں کو یقین دلاتے ہیں کہ ان کی یہی راہ یہی اسلام کی حفاظت کی ہے یا ان ممالک میں ترغیب و تحریص اور غیر مطمئن عناصر کو انگیخت دے کر اپنے منصب کے انقلابات برپا کر دیتے ہیں۔ ہر صورت میں نتیجہ ایک ہی ہو رہا ہے۔ کہ عرصہ مدید سے ہر جگہ کے مسلمان غیروں ہی کے لئے استعمال ہوتے رہے ہیں۔ اور اسلام کے لئے کسی نے اگر سر اٹھانے کی جرأت کی تو اس اسلامی ممالک کے بر سر اقتدار طبقہ نے جو درپردہ مغربی قوتوں کا ایجنٹ ہوتا ہے۔ اسلام کے نام ہی پر ان مردان حق کو کچلنے کی کوشش کی ہے۔

آج کل "اسلامی بلاک" [illegible]

پھر زبان زد خاص و عام ہے اور لائق رشک دیتے ہوتے ہیں یہ اسلام کو سربلند کرنے کی تڑپ [illegible] پیش کر سکتے ہیں۔ لیکن اسکی حقیقت یہ اصل [illegible]

آ رہا ہے کہ "اسلامی بلاک" یا "اسلامستان" کو کسی ایک یا دوسرے مغربی گروہ کی اغراض کے استعمال کرایا جائے۔

اسلامی ممالک کے بلاک کا قیام اگر کسی ایسی نامسعود غرض سے ہے۔ اور مسلمانوں کو بدستور مغرب کی سیاست میں بازیچۂ اطفال بنانا مقصود ہو تو یہ اسلام سے بہت بڑی دشمنی ہے۔ مسلمان اگر دنیا میں تیسری قوت اور فیصلہ کن طاقت بننا چاہتے ہیں تو اس کی ایک ہی صورت ہے کہ اسلامی ممالک [illegible] اصلاح [illegible] کی آنے والی جنگ سے الگ رہیں۔

(الانصاف ۔ لائلپور۔ ۱۳ اگست)

ستم ہی نہیں ستم ظریفی

پرانے قانون کی رو سے کسی شخص کو چھ ماہ کے لئے صرف ایک پولیس افسر کے اس اطمینان پر قید کیا جا سکتا تھا، کہ اس کی قید ریاست و حکومت کے تحفظ کے لئے ضروری ہے اور اس حکم کے خلاف ہائیکورٹ میں حبس کا رپس کی درخواست دی جا سکتی تھی، جس میں تنقیح یہ ہوتی تھی کہ گرفتاری [illegible] ہائیکورٹ کو اس [illegible] وجوہ کا بھی جائزہ لے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ بے گناہ شہری کو بھی سرکاری ملازموں کی حسب دید کے ہاتھ میں دے دیا گیا تھا۔ تاہم ہائیکورٹ اور مقدمہ کی پیروی کا ایک بار احساس موجود تھا۔

لیکن اب اس میں یہ ترمیم کی گئی ہے کہ مقدمہ چلائے بغیر کسی شخص کو تحفظ حکومت کے بہانے سے قید نہیں کیا جا سکے گا۔ لیکن اگر قید کر بھی لیا جائے گا اس شرط کے ختنہ کو ملاحظہ فرمایئے ـــ تو ایک ماہ کے اندر اندر تمام امور کو کسی سیشن جج کے سامنے پیش کیا جائے۔ دوسرے لفظوں میں اب بھی اس امر کی پوری گنجائش رکھی گئی ہے کہ تحفظ حکومت کے نام سے لوگوں کو کم از کم ایک ماہ کے لئے بلا تکلف قید کر دیا جائے اور پھر اس کے متعلق "تمام" امور کسی سیشن جج کے سامنے پیش کئے جائیں۔ اور پیش قانونی تقاضا کی رو سے آئی کے مطابق اس ترتیب سے فیصلہ حاصل کر لیا جائے کہ ملزم کو غیر معین مدت کے لئے قید کر دیا جائے۔ یعنی پاکستان کے ایک بے گناہ شہری کی جان، مال اور آبرو اب بھی پہلے ہی کی طرح افراد حکومت کے رحم و کرم پر ہیں۔ اور صرف اس کی ترکیب بدل دی گئی ہے۔

ہم حکومت پنجاب کی اس ستم ظریفی کے خلاف سختی کے ساتھ احتجاج کرتے ہیں۔ یہ قوم کے ساتھ ستم ہی نہیں ستم ظریفی بھی ہے۔ زیادتی اور ظلم ہی نہیں مذاق اور استہزا بھی ہے۔

باقی صفحہ ۴ پر

حج و زیارت کی تڑپ

اینجا ہیا کہ مہبط انوار ایزدی است
اینجا بیا کہ مشرق نور محمدی است

سب جانتے ہیں کہ مکہ معظمہ ہی دنیا کا وہ مقدس اور محترم شہر ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی خاص تجلی گاہ کعبۂ مکرمہ واقع ہے، جس کو حضرت ابراہیم و اسمٰعیل (علیہما السلام) نے اللہ کے امر و حکم سے کبھی اپنے پاک ہاتھوں سے بنایا تھا اسی میں مقام ابراہیم ہے اسی میں زمزم کا وہ چشمہ ہے جو حضرت اسمٰعیل و حضرت ہاجرہ کے لئے معجزانہ طور پر جاری کیا گیا تھا، اور وہی رب العزت کی وہ تجلی گاہ اور انوار الٰہی کا وہ مرکز ہے جس کو حق تعالیٰ نے اپنے گھر (بیتی) ہونے کا شرف بخشا اور قیامت تک کے لئے مشرق و مغرب اور جنوب و شمال میں بسنے والے اپنے سب پرستاروں کا اس کو قبلہ بنایا۔

پھر یہی وہ شہر ہے جس میں ہمارے ہادی و آقا سیدنا حضرت محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پیدا ہوئے اسی میں پلے بڑھے جوان ہوئے، اسی میں آپ کو نبوت عطا ہوئی اسی میں قرآن کی بہت سی سورتیں نازل ہوئیں، اسی میں آپ نے دین کی دعوت کا کام شروع کیا، اور دس بارہ سال مسلسل اسی کی گلیوں اور بازاروں میں آپ دین کی دعوت دیتے رہے اور "یا ایھا الناس قولوا لا الٰہ الا اللہ تفلحوا" کی صدائیں بلند کر کے اس کی فضا کو گونجتی رہی، پھر اسی میں آپ کو معراج ہوئی، بہرحال دعوت اسلام کے ابتدائی دس بارہ سال اسی شہر میں گذرے اور اسی بلد اللہ الحرام میں دین کی بنیاد قائم ہوئی۔

مرکز ہدایت

اسی طرح سب جانتے ہیں کہ مدینہ طیبہ ہی وہ پاک اور پیارا شہر ہے جس کی طرف اللہ کے آخری رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنے رب کے حکم سے ہجرت فرمائی اور یہیں پہنچ کر آپ کو اور آپ کے مخلص دینی رفیقوں (مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم) کو دین اور دعوت کی آزادی نصیب ہوئی۔ پھر اسی شہر کو آپ نے اور آپ کے ان رفقاء نے اپنا مستقل وطن بنایا اور حیات طیبہ کے آخری دس سال (جہاد اور حج کے سلسلہ کے سفروں کے علاوہ) اسی پیارے شہر میں گذارے اور قرآن مجید کا زیادہ تر حصہ اور اسلام کے تفصیلی احکام یہیں نازل ہوئے، اور دعوت و جہاد اور تعلیم و تربیت کا جو کام اس عرصہ میں ہوا وہ اسی پاک شہر سے ہوا ــــ نیز اسی میں حضور نے اپنی خاص مسجد بنائی جو اس دنیا میں سب سے آخری وہ مسجد ہے جو اللہ کے کسی پیغمبر نے اللہ کے حکم سے بنائی ہے، اسی لئے اس کا ایک نام "خاتم مساجد الانبیاء" بھی ہے۔ اسی مسجد میں حضور نمازیں پڑھتے تھے خطبے دیتے تھے اور اسی میں بیٹھ کر دین کے دوسرے مہمات انجام دئے جاتے تھے اسی مسجد سے تبلیغی وفود روانہ ہوتے تھے، اور اللہ کا نام بلند کرنے اور دنیا کو گمراہیوں کی اندھیری سے نکال کر ہدایت کی روشنی میں لانے کے لئے مجاہدین حق کے لشکر بھی اسی مسجد سے روانہ ہوتے تھے۔ الغرض حیات نبوی کے آخری دس سالوں میں اعلاء کلمۃ اللہ، مخلوق کی ہدایت اور تعلیم و تربیت کا جو کام ہوا، وہ اسی مقدس شہر میں اور اسی مسجد کے صحن سے ہوا۔ پھر یہیں آپ کا وصال ہوا اور اسی کے ایک گوشہ میں آج بھی آپ آرام فرما ہیں۔

آقائے محبوب

جب کہ مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ کو اللہ کے تعلق اور رسول کے تعلق کی یہ خصوصیتیں اور عظمتیں حاصل ہیں ـــ جو دنیا کے کسی دوسرے شہر کو حاصل نہیں ـــ تو بالکل قدرتی بات ہے کہ اللہ و رسول پر ایمان رکھنے والوں کی نظر میں یہی دو مقدس شہر دنیا کے سارے شہروں اور ملکوں سے زیادہ معظم و محترم اور زیادہ محبوب ہوں گے۔ جس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا اس کو دنیا کے بڑے سے بڑے ترقی یافتہ اور پر رونق شہروں سے زیادہ دلچسپی اور اپنے وطن سے بھی زیادہ پیار اور محبت مکہ اور مدینہ سے ہونا لازمی ہے ــــ محبت کی نگاہ میں وہی شہر سب سے زیادہ پیارا، اور قلب و روح کو عزیز ہوتا ہے جس کو محبوب سے نسبت ہو، خصوصاً جہاں اس کا وصال میسر ہو یا وصال کی امید ہو۔ بس اگر بالفرض حج کو اسلام کا رکن قرار نہ بھی دیا گیا ہوتا اور حج و زیارت پر کسی ثواب کا وعدہ کیا گیا ہوتا تب بھی آئین محبت کا تقاضا تھا کہ اللہ و رسول سے تعلق و محبت رکھنے والے وہاں جائیں اور سر کے بل جائیں۔

بہرحال اگر حج و زیارت پر کچھ بھی اجر و ثواب ملنے والا نہ ہوتا جب بھی اللہ کے وہ بندے جن کو محبت کا کوئی ذرہ بخشا گیا ہے صرف محبت کی کشش ہی سے وہاں جاتے اور ان کو ضرور جانا چاہئے تھا ــــ لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے حج و زیارت پر (جس کے لئے خود ہمارے اندر خواہش اور طلب و تڑپ کے اسباب موجود ہیں) اتنے عظیم اجر و ثواب کا وعدہ فرمایا ہے۔ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے حج و زیارت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مغفرت و رحمت کی اور اپنی طرف سے شفاعت کی ایسی بشارتیں سنائی ہیں جن کو اہل ایمان اللہ کے [illegible]

بندے جان عزیز بھی کھو دیں تو سودا گراں نہیں۔

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا:-

"من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ" (ترجمہ) جس شخص نے خالص اللہ کے لئے (یعنی صرف اس کے حکم کی تعمیل اور اس کی رضا طلبی کی نیت سے) حج کیا، اور اس حج میں نہ رفث اس سے سرزد ہوا نہ فسق (یعنی کوئی فحش بات نہیں کی اور نہ اللہ کی کوئی نافرمانی کی) تو وہ شخص گناہوں سے ایسا پاک ہو کر واپس ہوگا جیسا کہ اپنی پیدائش کے دن وہ بالکل بے گناہ تھا (صحیح بخاری و مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) ہی سے صحیح بخاری اور مسلم ہی میں یہ بھی مروی ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا:-

الحج المبرور لیس لہ جزاء الا الجنۃ

خالص حج (جس میں حج کی شان کے خلاف کوئی حرکت سرزد نہ ہوئی ہو) اس کی جزا بس جنت ہی ہے

اور حضرت عمرو بن العاص (رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ایک طویل حدیث کے ضمن میں فرمایا:- ان الحج یھدم ما کان قبلہ (ترجمہ) حج پہلے سارے گناہوں کو ڈھا دیتا ہے یعنی ان کا صفایا کر دیتا ہے۔ (مسلم)

ان حدیثوں میں صاف تصریح ہے کہ حج اگر خلوص کے ساتھ اور صحیح طریقہ پر ادا ہو اور اللہ کی کوئی نافرمانی اور بے عنوانی اس میں سرزد نہ ہو تو حاجی کے سارے گناہوں کی بخشش کا وہ ذریعہ بن جاتا ہے اور اس کو جنت کا مستحق بنا دیتا ہے۔

اور زیارت کے متعلق منجملہ دارقطنی وغیرہ نے حضرت عبداللہ بن عمر (رضی اللہ عنہ) سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا:-

من زار قبری وجبت لہ شفاعتی (ترجمہ) جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ

من حج فزار قبری بعد موتی کان کمن زارنی فی حیاتی۔ (ترجمہ) جو شخص حج کرے اور میری قبر کی اس نے زیارت کی تو وہ ایسا ہی ہے جیسے کہ اس نے زندگی میں میری زیارت کی۔

اہم مشورہ

غور کیجئے۔ ایک مومن کی اس سے بڑی جاہت اور سعادت اور کیا ہو سکتی ہے۔ کہ اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں۔ جنت کو اس کا مسکن بنا دیا جائے۔ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے شفیع ہوں اور روضۂ اقدس پر اس کی حاضری حضور کی نگاہ کرم میں زندگی کی ملاقات کے برابر ہو

"برپیا خرد گھر جان نشانم روا است"

لیکن مبیگا کہا ہے کہ ایک [illegible] عبادت [illegible] شب [illegible] کے ہم ہر چیز سے زیادہ محتاج ہیں اور وہ بالکل انعام ہی انعام ہے اور علی الخصوص شفاعت کا وعدہ حضور کا کرم ہی کرم ہے۔ [illegible] مقدس کی حاضری اور اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوبوں کی مقدس یادگاروں کی زیارت سے آنکھوں کو ٹھنڈا کرنا اور دل کی لگی کو بجھانا خود ہماری اپنی خواہش اور طلب ہے۔ آخر مسلمان کہلانے والوں میں کون ایسا بدنصیب ہوگا جس کے سینہ میں اس کی تڑپ موجود نہ ہو۔

اللہ تعالیٰ جن بندوں کو یہ سعادت نصیب فرمائے ان کو سب سے زیادہ اہم مشورہ یہی ہے کہ وہ کعبۃ اللہ و مدینہ طیبہ و روضۂ اقدس کی ان خصوصیتوں اور عظمتوں کا دھیان اور تصور کر کے شوق و ذوق کی کیفیات اور عشق و محبت کا سوز و گداز اپنے اندر پیدا کریں لیکن خبردار دونوں درباروں کے لئے ادب کی جو حدود مقرر کر دی گئی ہیں ان سے بھی سر مو تجاوز نہ ہو کیونکہ یہاں عشق کو ادب سے بے نیاز ہونے کی اجازت نہیں ہے

یارسا پاس ادب اور دل ناشاد رہے
نالہ جتنا ہو سکے لب تک نہ فریاد رہے

(بہ شکریہ الفرقان)

انجمن تحفظ اردو سہسوان

انجمن تحفظ اردو سہسوان ضلع بدایوں کا سالانہ انتخاب حسب ذیل ہوا۔

صدر۔ حکیم سید عبد القوی۔ نائبین صدر چودھری [illegible] حسین اور مولوی نظام علی خاں۔ جنرل سکریٹری محمد اسمٰعیل [illegible]۔ سکریٹریان [illegible]۔ خازن، چودھری [illegible]۔ [illegible]

سہارنپور کی خبریں

(اپنے نامہ نگار سے)

پراسرار چوری کا سراغ مل گیا

سہارنپور [illegible] ایک ہوشیار پولیس کی خبری جیالوں نے خارجی جان [illegible] پولیس کو ایک اسٹیشن پر بتایا کہ پچھلے دنوں شاہ کرمی [illegible] کے ٹھیکیدار کے یہاں جو چوریاں ہوئی تھیں ان کا سراغ مل گیا ہے۔ بہت سا مال مسروقہ برآمد ہونے کے علاوہ چوروں کے ایک منظم گروہ کی گرفتاری کی توقع ہے۔

شرنارتھی نے شرنارتھی کو لوٹ لیا

گزشتہ روز ایک شرنارتھی نے اپنے آپ کو کپڑے کا بیوپاری ظاہر کر کے ایک سادہ لوح شرنارتھی [illegible] سے پندرہ سو روپیہ اینٹھ لیا۔ تفصیل یوں بیان کی جاتی ہے کہ اس نے پندرہ سو روپیہ مال سپلائی کرنے کے لئے بطور پیشگی لے لیا۔ اور پھر کپڑا لانے کے بہانے سے فرار ہو گیا۔

بلا ٹکٹ سفر کرنے والا چور

سہارنپور [illegible] ریلوے پولیس نے ایک شخص کو اس جرم [illegible] بلا ٹکٹ سفر کر رہا تھا [illegible] اس کی جامہ تلاشی کے دوران میں اس کے [illegible] کے ڈبے نکلے۔ تحقیقات پر پتہ چلا کہ [illegible] مال مسروقہ ہیں [illegible] تحقیقات ہو رہی ہے۔

حضرت شمس میرٹھی کا انتقال

ادبی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن و ملال سے سنی جائیگی کہ میرٹھ کے شاعر و ادیب حضرت مولانا منشی شمس الدین صاحب شمس میرٹھی چند یوم [illegible] عارضہ میں مبتلا رہ کر [illegible] کی درمیانی شب [illegible] رحلت فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی [illegible] اور ملنسار واقع ہوئے تھے۔ [illegible] احباب نہایت وسیع تھا آپ کی عمر اردو علم و ادب کی ترویج و توسیع اور خدمت میں گذری [illegible]

افکار پاکستان

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible] ایک ہائیکورٹ کے جج، تنقید اور ایک پیروی کرنے والے ذہین وکیل کی بحث کا بوجھ بھی نہیں [illegible] جج کے کمرے کی [illegible] انتظام کیا گیا ہے۔ جس کو بہر حال "عالم الغیب" ہونے کا دعویٰ [illegible] کا دعویٰ کرنیکا بھی حق نہیں ہے۔

(کوثر۔ لاہور۔ ۲۰ اگست)

مرکزی حکومت میں ملازمتوں کا تناسب

معلوم ہوا ہے کہ مرکزی حکومت نے مرکز کی ملازمتوں میں پاکستان کے مختلف صوبوں کا حسب ذیل تناسب رکھا ہے۔

بنگال ۴۲ فیصدی، پنجاب ۲۴ فیصدی، سندھ، سرحد، بلوچستان [illegible] فیصدی اور کراچی ۲ فیصدی [illegible] ۱۵ فیصدی ان امیدواروں کے لئے مخصوص ہوں گی جو ان صوبوں سے تعلق نہیں رکھتے [illegible] ہندوستان میں [illegible]

مرکزی حکومت کا یہ اقدام اس لحاظ سے تو درست ہے کہ قرارداد مقاصد کے بعد پاکستان ایک وفاقی ریاست [illegible]

شیخ الاسلام کا تعلیمی مرکز امروہہ میں پرتپاک خیر مقدم

کارکنان ادارہ کی جانب سے عصرانہ اور سپاسنامہ

امروہہ (بذریعہ ڈاک) مرکز کی خوش قسمتی کہ ناظم مرکز جناب مولوی محمد احسان حسین صاحب ناظم مرکز کی درخواست پر کل ۱۹ اگست بروز جمعہ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ چار بجے شام کو تشریف لائے۔ صدر دروازہ پر ناظم ادارہ برکات احمد صدیقی صدر مدرس و دیگر اساتذہ نے ممدوح کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور بچوں نے صحن مدرسہ میں مولانا حسین احمد صاحب زندہ باد کے نعروں سے استقبال کیا۔

مولانا مدظلہ العالی نے ناظم ادارہ کی خواہش پر ادارہ کے تمام شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ خصوصی طور پر بچوں کا بنک، بچوں کا ڈاکخانہ، بچوں کی دوکان اور بچوں کے دواخانہ کا معائنہ کیا۔ بنک کی آمدنی، دوکان کی آمدنی اور حساب و کتاب کو نہایت غور سے مطالعہ کیا اور انتہائی مسرت کا اظہار فرمایا۔

بعد ازاں عصرانہ پر تشریف لائے۔ جہاں آپ کی خدمت میں ناظم ادارہ، اسٹاف اور طلباء کی جانب سے ایک سپاسنامہ مولوی محمد اسمٰعیل خاں صاحب زبیری [illegible] انجمن ترقی اردو ادب امروہہ نے پیش کیا۔

سپاسنامہ

سپاسنامہ میں کہا گیا تھا کہ امروہہ کے تمام مسلمان نادار بچوں کی زبوں حالی، کس مپرسی اور نامعقول تربیت قیام مرکز کی محرک ہوئی۔ اور ابتدائی حالت میں مرکز کا اثاثہ ایک جھونپڑی [illegible] ٹوٹے پھوٹے سامان نشست اور بہت ہی مختصر سامان نوشت و خواند پر مشتمل تھا۔ اسٹاف کا نصب العین خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ کا مصداق تھا اور یہاں کے دولت مند مسلمانوں کی لاپرواہی، میونسپلٹی کے معاندانہ رویہ اور جبری تعلیم کے افسر [illegible]

[illegible] بڑی حد تک [illegible] کام انجام دیئے ہیں۔ آئندہ اس کا کیا قدم ہوگا۔ اور مرکز کے مستقبل اور وسیع تعمیری پروگرام پر بھی روشنی ڈالی ہے اور مرکز کی موجودہ حالت بھی بتاتی ہے کہ [illegible] طلباء زیر تعلیم ہیں۔ تقریباً پچاس طلبا درس قرآن حاصل کر رہے ہیں۔ پانچ مدرسین دیگر خدمتی فرائض بھی انجام دینے والے ہیں۔

سپاسنامہ کے اختتام پر محترم اور آپ کے ہمراہیان و دیگر معززین شہر کی خدمت میں عصرانہ پیش کیا گیا۔

معائنہ

حضرت مولانا نے معائنہ بک میں اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ: "میں نے مرکز تعلیم کے ہر کام اور ہر شعبہ کو نہایت غور اور دلچسپی سے مطالعہ کیا۔ اگرچہ قبل ازیں بھی غائبانہ طور پر کافی معلومات مرکز حاصل تھیں لیکن اب خوش قسمتی سے مرکز میں آنے کا اتفاق ہوا۔

حقیقت یہ ہے کہ کارکنان مرکز نے علاوہ تعلیم تربیت کی طرف خاص توجہ بنہایت امید افزا اور قابل اطمینان طرز پر ہے میری خواہش ہے کہ یہ طریق تعلیم و تربیت مسلم قریوں اور اداروں میں نہایت محنت سے جاری ہو جائے۔"

[illegible] اس کا تناسب مقرر کیا جاتا ہے۔ لیکن قرارداد مقاصد کی بنا پر جب پاکستان ایک اسلامی ریاست بن چکا ہے جس کی اساس اسلامی آئین پر [illegible] جو مسلمانوں کے درمیان کسی معاملہ میں تفریق گوارا نہیں کر سکتی۔ ہمارے یہاں جغرافیائی اور صوبائی قومیت کا کوئی تصور موجود نہیں ہے۔ اس لئے ہمارے ارباب حل و عقد کو اس طرح کا نظام کر کے مسلمانوں میں انتشار، پھوٹ اور جاہلی عصبیت پیدا کرنے کی حماقت نہیں کرنی چاہئیے۔

رہا یہ سوال کہ اگر یہ تناسب نہ مقرر کیا گیا تو پھر بھی بنگالی اور پنجابی، سندھی اور بلوچی کا سوال باقی رہیگا اور اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہماری سوسائٹی میں یہ مرض موجود ہے۔ لیکن اس کا علاج یہ تو نہیں ہے کہ اس مرض کو باقی رکھا جائے اور اس کو ابھارا رکھنے کے لئے ملازمتوں کا تناسب بھی مقرر کر دیا جائے۔ اس کا صحیح علاج یہ ہے کہ ہمارے قومی اور صوبائی لیڈر مسلمانوں کے اندر سے تنگ نظر جغرافیائی قومیت اور صوبائی تعصب کو نکالنے کی کوشش کریں اور ان کے اندر اسلامیت پیدا کریں پھر نہ تو صوبائی جھگڑے پیدا ہوں گے۔ نہ مرکز یا دوسرے صوبوں کی ملازمتوں میں تناسب کا فتنہ پیدا ہوگا۔

لیکن مشکل یہ ہے کہ ہمارے لیڈروں کے سوچنے کا ڈھنگ بالکل قوم پرستوں جیسا ہے [illegible] کہ مسلمان ایک امت ہیں۔ ان کے یہاں اس طرح کا کوئی تصور موجود ہی نہیں ہے۔ اگر ان کی درست تربیت کی گئی۔ تو وہ ملازمتوں کے لئے اپنی بین الاقوامیت ترک نہیں کریں گے۔

(تسنیم لاہور۔ ۲۱ اگست)

نام نہاد پرجا پریشد کی خدمت

یوتھ کانفرنس کا خیر سگالی وفد گورداسپور میں

گورداسپور (بذریعہ ڈاک) پہلے دنوں [illegible] یونین جموں اور کشمیر یوتھ کانفرنس کا خیر سگالی وفد یہاں پہنچا۔ مقتدر [illegible] اصحاب نے وفد کا استقبال کیا اور اس کے دورہ کے اعزاز میں ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا جس میں ارکان وفد [illegible] مسٹر [illegible] وغیرہ نے جموں و کشمیر کے صحیح حالات عوام کے سامنے رکھے۔ جن سے عوام کی غلط فہمیاں دور ہوئیں۔ اور لوگوں نے پوری پوری مدد کرنے کا وعدہ کیا۔ شام کو نہرو پارک میں ایک تجویز کے ذریعہ پرجا پریشد کی مذمت کی گئی۔ اور شیخ عبداللہ حکومت پر پورا پورا بھروسہ ظاہر کیا گیا۔

پاکستان اور ہندوستان کا تجارتی معاہدہ

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ حکومت ہند کے ایک پریس نوٹ میں بتلایا گیا ہے کہ ہند اور پاکستان کے مابین ایک ایسا معاہدہ ہو گیا ہے۔ جس کی رو سے دونوں ملک ایک دوسرے کو ملک سے بنا ہوا کپڑا فراہم کریں گے۔ اس معاہدہ پر فوراً عملدرآمد شروع کر دیا جائے گا۔ اور یہ ۳۱ دسمبر تک قابل عمل رہے گا۔

اس معاہدہ کے ماتحت ہند اور پاکستان کے گزشتہ تجارتی معاہدہ میں بیان کردہ کپڑا کے علاوہ ہندوستان، پاکستان کو سوت [illegible] مزید [illegible] فراہم کرے گا۔ اور اس کے لئے لائسنس دے گا۔

جمعیۃ علماء صوبہ متحدہ کے صدر اور ناظم کے زبردست عزائم

اختلافات کو رفع کرتے ہوئے ملی اتحاد عمل کی طرف قدم

لکھنؤ ۲۳ اگست (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا بشیر احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء یوپی اور مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء یوپی کانپور، آگرہ وغیرہ میں جمعیۃ میں تعلق اندرونی اختلافات دور کرنے کے لئے روانہ ہو رہے ہیں۔ صدر صاحب نے فرمایا کہ اگرچہ اختلافات ایسے اہم نہیں ہیں لیکن انسانیت و مذہب کے اس تاریک بحران میں ہم کوئی بھی اختلافی کشمکش برداشت نہیں کر سکتے۔ کیونکہ جمعیۃ اب اپنے وسیع و عمیق تعمیری پروگرام میں داخل ہو رہی ہے۔

کانپور، آگرہ وغیرہ کے سفر کا پروگرام مندرجہ ذیل رہیگا جس سے ذمہ داروں کو مطلع کر دیا گیا ہے۔

۲۹ اگست کانپور میں ورکرس میٹنگ شب میں۔

۳۰ اگست کو تبادلہ خیالات کے کارکنوں سے ملاقاتیں۔ فیصلے اور تعمیری ہدایات۔

۳۱ اگست دن کو آگرہ میں ورکرس میٹنگ تبادلہ خیالات۔ ملاقاتیں۔ گہرا جائزہ اور کچھ تعمیری ہدایات۔

[illegible] اگست کو دہلی کے لئے روانگی۔ یکم ستمبر کو کسٹوڈین کے مسئلہ پر مرکزی دفتر دہلی میں اہم اجلاس کی شرکت وغیرہ۔

ہم ملک کو آزاد کر کے ہی دم لینگے

سردار بدھ سنگھ کی تقریر

پانڈی پور (بذریعہ ڈاک) جناب ڈائرکٹر ثقافت سردار بدھ سنگھ جی کی تشریف آوری پر پانڈی پور میں ایک عظیم الشان جلسہ ہوا۔ جس میں تقریر کرتے ہوئے سردار بدھ سنگھ جی نے کہا کہ ہم ملک کے کونے کونے سے پاکستانی حملہ آوروں کو نکال دیں گے۔ اور تب تک دم نہیں لیں گے جب تک ریاست جموں و کشمیر کی ایک ایک انچ زمین دشمن سے خالی نہ ہو جاتی۔ تقریر کرتے ہوئے آپ نے مزید فرمایا کہ کشمیر ہند کے لئے اتنی اہمیت رکھتا ہے جتنی اہمیت بدن میں سر اور آنکھوں کو حاصل ہے۔ اور ہمیں ہند کی امداد پر پورا پورا بھروسہ ہے۔ سردار صاحب نے ہندوستانی فوج کی تعریف کی اور ہندوستان کی طرف سے ساٹھ من آٹے کی روٹیاں غرباء میں تقسیم کیں۔

اسپین تخت کے دعویدار لندن میں

لندن ۲۲ اگست۔ اسپین کے تخت کے دعویدار ڈون جان گزشتہ روز لندن پہنچے۔ وہ یہاں پر تعطیل گزار رہے ہیں اور ان کی آمد کی سیاسی اہمیت بہت کم ہے۔ (گلوب)

چینی کمیونسٹوں سے ویٹ نام کو زبردست خطرہ

فرانسیسی افسران کا موجودہ سیاسی صورت حال پر تبصرہ

سیگاؤں ۱۵ اگست۔ فرانسیسی افسروں کا کہنا ہے کہ موجودہ چینی کمیونسٹ لشکر کے ٹانکن کی سرحد کے قریب آنے سے جانبین ویٹ نام میں نیشنلسٹوں کی پالیسی اور فریق کار میں زیادہ سختی پیدا ہو جائے گی۔

ان افسران کا کہنا ہے کہ اس کا نتیجہ یہ بھی نکل سکتا ہے کہ ویٹ نام میں کمیونسٹ پارٹی کی تشکیل باقاعدہ عمل میں آ جائے۔

نیشنلسٹ لیڈر ڈاکٹر [illegible] نے جو [illegible] کے ساتھ کیا تھا اس کا مقصد محض [illegible] حاصل کرنا تھا [illegible]

ترکی اور ریاست اسرائیل

ترکی رویہ کی وضاحت

نیویارک ۲۴ اگست۔ اخبار کرسچن سائنس مونیٹر میں شام کے حالیہ واقعات پر ایک مقالہ لکھتے ہوئے مسٹر [illegible] نے لکھا ہے کہ ترکی کی سب سے بڑی خواہش اپنی جنوبی سرحد پر امن دیکھنا ہے۔ مسئلہ فلسطین کے سلسلہ میں ترکی رویہ سے بحث کرتے ہوئے مقالہ نگار نے لکھا ہے کہ عرب یہودی تصادم کے ابتدائی دنوں میں ترکی کی حیثیت ایک [illegible] کی سی تھی لیکن جب یہ بات واضح ہو گئی کہ جنگ فلسطین نے اسرائیل کے قیام کو ممکن بنا دیا ہے تو ترکی نے ایک حیثیت ترک کر دی اور اس نے مشرق وسطی میں امن قائم رکھنے کے لئے اپنی خدمات پیش کر دیں۔ (گلوب)

بہار میں نظر بندوں کی بھوک ہڑتال

سرکاری حلقوں میں قطعی تردید

پٹنہ ۲۰ اگست۔ [illegible] صوبہ کے مختلف جیلوں میں نظر بند قیدیوں نے جیل میں برسر اقتدار حکام کی جانب سے اچھے کلاس کے یہاں سیاسی قیدیوں کا درجہ نہ دیئے پر بھوک ہڑتال کر دی ہے۔ اس کا انکشاف بہار کمیونسٹ پارٹی [illegible] ایک [illegible] بیان میں کیا ہے۔

سرکاری حلقوں میں اس کی کوئی تصدیق نہیں ہو سکی اور ایک اعلیٰ افسر نے [illegible] سے قطعی انکار کیا [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے اس فہرست میں صد روپے سے زائد رقوم کے نام درج ہیں۔ عطیہ کم رقوم کے نام معرفت یا متفرق میزان میں جمع کر دئے گئے ہیں چونکہ اخبار میں جگہ کم ہوتی ہے اور چھوٹی چھوٹی رقوم کے نام بکثرت ہوتے ہیں اس لئے مجبوراً اکتفا کیا گیا ہے۔ امید کہ متعلقہ حضرات معاف فرمائیں گے۔ راجی علی اللہ

۱۔ جناب منشی محمد قاسم صاحب گنگوہ سہارنپور [illegible]
۲۔ معرفت صوفی عبدالواحد صاحب [illegible] کمشنر گنجینہ بجنور [illegible]
۳۔ جناب عبدالحمید صاحب قطب شہر سہارنپور [illegible]
۴۔ محمد ناظم صاحب حسینی خراسان مونگھیر [illegible]
۵۔ متفرق ...... [illegible]
۶۔ جناب پٹیل ظلم الدین امیر میاں [illegible]
۷۔ پٹیل صدر الدین [illegible]
۸۔ مولوی ابراہیم خاں صاحب [illegible]
۹۔ مولانا عبدالرحیم صاحب مظفر نگر [illegible]
۱۰۔ حافظ [illegible] خاں [illegible]
۱۱۔ عبدالغفور صاحب [illegible]
۱۲۔ رستم خاں صاحب [illegible]
۱۳۔ معرفت مولوی نصیرالدین صاحب [illegible]
۱۴۔ خلیفہ حاجی محمد بنی صاحب [illegible]
۱۵۔ جناب سید ابن حسن صاحب [illegible]
۱۶۔ حاجی محمد حسن صاحب [illegible]
۱۷۔ حافظ عبدالحمید صاحب [illegible]
۱۸۔ معرفت حافظ محمد صدیق عبدالغفور صاحبان [illegible] نہٹور بجنور
۱۹۔ معرفت مولانا فضل الرحمن صاحب نہٹور بجنور [illegible]
۲۰۔ جناب شیخ محمد حافظ صاحب [illegible] الٰہ آباد [illegible]
۲۱۔ حافظ عبدالحق صاحب [illegible]
۲۲۔ مولوی محمد علی صاحب [illegible]
۲۳۔ انصار الدین صاحب [illegible]
۲۴۔ چندہ عیدگاہ [illegible]
۲۵۔ معرفت حافظ محمد عبدالحق [illegible]

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں



رجسٹرڈ

لیوڈروک (دوا)

سیلان رحم (لیکوریا) ماہواری ایام کی بے قاعدگی و ورم رحم باربار حمل گر جانا کیلئے خاص دوا مکمل کورس [illegible]

قیمت پانچ روپیہ [illegible] دی ہمیشہ فارمیسی [illegible] دہلی

مفت طلب کیجئے

کتب مسائل، بہشتی زیور کے چھ حصے [illegible] ایجنٹ صاحبان کو معقول کمیشن دی جاتی ہے۔

ادارہ اشاعت و رسالت پبلشنگ دہلی

ہندی زبان مسلمان ہو رہی ہے

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جزو یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی رسم الخط سیکھیں اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل کتابیں مفید ہیں۔ ان کتابوں کے مصنف مولانا ابو محمد امام الدین صاحب مستحق صد شکریہ ہیں کہ انہوں نے ہندی سیکھنے والوں کے لئے بہت زیادہ سہولت پیدا کر دی ہے اور اسلامی لٹریچر کو ہندی میں منتقل کرنے کے اہم کام کی بنیاد ڈال دی ہے۔

ہندی ماسٹر حصہ اول قیمت /۸
حصہ دوم /۸
حصہ سوم /۱۲

ہندی اردو لغت۔ یعنی ہندی الفاظ کا ترجمہ اردو قیمت ۹/
اردو ہندی لغت۔ یعنی اردو الفاظ کا ترجمہ ہندی میں قیمت ۸/
اسلام کا پرچہ۔ یعنی اسلام عقائد اسلام احکام کا بہترین مجموعہ قیمت ۸/
اسلام کی بنیادی تعلیم۔ قیمت /۸
ستیہ دھرم۔ قیمت /۶

ہر قسم کی علمی مذہبی ادبی تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے طلب کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو ــــ گلی قاسم جان ــــ دہلی (انڈیا)

کشیدہ کاری۔ درزی فیشن بک۔ فیشن پلیٹ۔ آئینہ خیاطان۔ دوست درزی۔ زبان فیشن پلیٹ۔ فیشن بک۔ کشیدہ کاری کی کتابیں جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے خریدیئے۔

میونسپل بورڈ سنبھل

ٹنڈر نوٹس

راقم الحروف کو مورخہ ۹/۹ تک ٹینڈر درکار ہیں جو کہ صبح ۱۰ بجے بورڈ کے کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر فارم اس دفتر سے مبلغ ۱/ روپیہ فی سیٹ قیمت پر کسی بھی دن مل سکتے ہیں جبکہ دفتر کھلا ہو۔ اسٹیمیٹ وغیرہ بھی دفتر کے اوقات میں کسی بھی دن ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔ زرامانت فارم کے ہمراہ آنا چاہئیے اور ضمانت کا روپیہ جب طلب کیا جائے۔

تفصیلات	مقدار	نرخ	تخمینہ قیمت	زرامانت	سیکورٹی
۱۰/۱ انچ موٹی مجیب آبادی پتھری کا ذخیرہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
کنکر چری کا ذخیرہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible] انچ موٹی مجیب آبادی پتھری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
میکس فالٹ [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

دستخط ایگزیکٹیو آفیسر
برائے چیرمین



سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا، قطرہ قطرہ پیشاب آنا، پیشاب کی نالی میں جلن ہونا، گردہ مثانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گونوسیٹس جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خاص [illegible] مریض گونوسیٹس کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں [illegible] مفت سوزاک سے متعلق اردو میں باتصویر اور مفید ازمعلومات کتاب مفت طلب کریں۔ [illegible]

سٹاکسٹ: [illegible] فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP LTD. POST BOX No 90 [illegible] BOMBAY

کوئی ذہین طالب علم غربت کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم سے محروم نہیں رہیگا

یونیورسٹی کمیشن کی طرف سے دیہاتی یونیورسٹیوں کے قیام کی سفارش

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ آٹھ مہینے کے غور و فکر کے بعد یونیورسٹی کمیشن نے اپنی رپورٹ مکمل کر لی ہے۔ اس دوران میں کمیشن نے یونیورسٹیوں کے مرکزوں کا دورہ کیا اور تعلیم میں دلچسپی لینے والے سینکڑوں لوگوں کے بیانات لئے۔ یہ رپورٹ [illegible] صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں ہندوستانی یونیورسٹیوں کے تاریخی ارتقا اور یونیورسٹی تعلیم کے مقاصد پر بھی الگ الگ ابواب میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ علاوہ ازیں معیار تعلیم، نصاب تعلیم، اعلیٰ تعلیم و تحقیق پر بھی علیحدہ علیحدہ ابواب ہیں۔ پیشہ ورانہ تعلیم پر بھی تفصیلی بحث کی گئی ہے مثلاً زراعت، انجینئرنگ، حرفت، قانون اور طب پر الگ الگ ابواب ہیں۔ تعلیم دینیات، ذریعہ تعلیم، امتحانات، طلباء کی سرگرمیوں، تعلیم نسواں، یونیورسٹیوں کے دستور و انتظام پر بھی الگ الگ ابواب ہیں اور مختلف یونیورسٹیوں کے خاص مسائل پر دو ابواب میں بحث کی گئی ہے۔ آخری دو باب نئی اور دیہاتی یونیورسٹیوں کے لئے وقف ہیں۔

تعلیمی سدھار

کمیشن نے اپنی رپورٹ میں یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ تعلیم کو کس طرح حقیقی طور پر ہندوستانی بنایا جا سکتا ہے اور اسے کس طریقے سے ملک کی زندگی کے مطابق بنایا جائے۔ یونیورسٹیاں محافظ ذہانت ہیں اور وہ اس حیثیت سے اعلیٰ تعلیم اور تحقیقات کے ذریعہ ملک کو ترقی دے سکتی ہیں۔ کمیشن کی رائے میں اس مقصد کے لئے یہ ضروری ہے کہ جو طلباء یونیورسٹی میں داخل ہوں انہوں نے اپنے اسکول کا نصاب مکمل کر لیا ہو اور ان کے ذہن پختہ ہو چکے ہوں۔ کمیشن نے امتحان کے سسٹم کی برائیاں کم سے کم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور لیکچروں اور ٹیوٹوریل گروپوں کے ذریعہ موجودہ طریقہ تعلیم کو سدھارنے کی تجویز کی ہے۔ یونیورسٹیوں کے نظام اور دستور میں ترمیموں کے بارے میں جو سفارشیں کی گئی ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ انتخابی طریقہ کی خرابیوں کو دور کیا جائے۔ حرفتی اور سائنسی تعلیم کے مسائل پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ اور نئی یونیورسٹیوں کی ضرورت پر بحث کرتے ہوئے کمیشن نے دیہاتی یونیورسٹیوں کے قیام کی تجویز بھی پیش کی ہے۔

امدادی رقوم

ان سفارشات کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ زیادہ امدادی رقوم دی جائیں۔ یونیورسٹی کی تعلیم خاص طور پر اعلیٰ مدارج اور تحقیق کے دور میں مرکزی حکومت کے خرچ سے چلیگی۔ وظائف اور امدادی رقوم میں اضافہ کرنا پڑے گا۔ تاکہ کوئی ذہین طالب علم غربت کی وجہ سے یونیورسٹی کی تعلیم سے محروم نہ رہنے پائے۔ پہلی ڈگری کے معیار کو بلند کرنے کے لئے یہ سفارش کی گئی ہے کہ نصاب کو دو سال کی جگہ تین سال کا کر دیا جائے۔

اعلیٰ تعلیم کے لئے علاقائی زبان کو استعمال کیا جائے گا۔ لیکن طالب علم کو اختیار ہوگا کہ وہ خاص مضامین کے لئے یا کل مضامین کے لئے فیڈرل زبان لے۔ اس کے علاوہ ہائیر سکنڈری اور یونیورسٹی درجہ کے طلباء کو تین زبانوں سے واقف ہونا پڑیگا گویا انہیں اپنی مادری زبان اور فیڈرل زبان کے علاوہ انگریزی بھی جاننی پڑے گی۔

مولانا آزاد کی طرف سے مبارکباد

اشاعت سے قبل ۲۵ اگست کو تیسرے پہر کمیشن کے چیرمین پروفیسر ایس۔ رادھا کرشنن نے کمیشن کے دوسرے اراکین کے ساتھ وزیر تعلیم کے کمرے میں ایک مختصر سی رسم کے ساتھ آنریبل مولانا ابوالکلام کی خدمت میں کمیشن کی رپورٹ پیش کی۔ [illegible] اس موقعہ پر پروفیسر رادھا کرشنن نے تقریر کی [illegible] اس رپورٹ کے سلسلہ میں [illegible] کمیشن کے اراکین نے سب یونیورسٹیوں کا دورہ کیا ہے۔ ماہرین تعلیم سے بحث تمحیص کی ہے۔ اور طویل غور و فکر کے بعد مقررہ وقت میں کام ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے پروفیسر رادھا کرشنن اور کمیشن کے دوسرے اراکین کو مبارکباد دی اور کہا کہ فیڈرل کمیشن نے صرف کلکتہ یونیورسٹی کے بارے میں ہی دو سال میں اپنی رپورٹ تیار کی تھی۔ اس کے مقابلہ میں آپ نے ۸ مہینے میں ۲۳ یونیورسٹیوں کا دورہ کیا۔ ان کی سرگرمیوں پر غور و فکر کیا ہے۔ بعد میں ممبران کمیشن پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم سے ملے۔ اور انہیں اپنی رپورٹ کی ایک نقل پیش کی۔

دار السلطنت:

دہلی بس سروس کے تیرہ سو ملازمین کی اسٹرائک ختم

مجلس عاملہ اور یونین کا مشترکہ فیصلہ

کل دہلی ٹرانسپورٹ سروس کے ملازمین نے اپنی ہڑتال ختم کر دی۔ اور ملازمین ورکنگ کمیٹی کے فیصلہ کے مطابق مختلف دفتروں اور ڈپوؤں میں کام پر واپس آ گئے۔

جنرل منیجر ڈی ٹی ایس نے بتایا کہ جو لوگ کام پر واپس آ رہے ہیں ان کو نیا پروگرام تیار ہونے تک کام پر نہیں لگایا جائیگا۔ انھوں نے کہا کہ حکام نے کوئی یقین نہیں دلایا اور اسٹرائک کرنے والے از خود کام پر واپس آ گئے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ [illegible] دن سے ایک ہفتے تک تنخواہیں وصول کر سکتے ہیں۔

یہ فیصلہ اسٹاف ایسوسی ایشن اور ورکرز یونین کی مجلس عاملہ نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔ انھوں نے [illegible] لال سکسینہ کے اس خط کو پسند کیا جو انھوں نے کانگریس اسمبلی پارٹی کے سکرٹری [illegible] لکھا تھا جس میں ان کی مداخلت کا شکریہ ادا کیا تھا کہ آپ کی یقین دہانی کے باعث حکومت ہڑتالیوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کریگی۔

آپ نے یہ بھی لکھا تھا کہ ورکنگ کمیٹی نے آپ کے خط کو بہت پسند کیا ہے۔ مسٹر سکسینہ نے ایک [illegible] خط بھی لکھا تھا جس میں ہڑتال ختم کرنے کے فیصلہ کی وجہ تحریر کی تھی۔

شرنارتھیوں کیلئے سیمنٹ

وزارت بحالیات شرنارتھیوں کے مکانوں کی تعمیر کے لئے چھ ہزار ٹن سیمنٹ صوبوں میں تقسیم کرے گی تاکہ وہ ان مکانات کی تعمیر کی تکمیل کر سکے جو وہ شرنارتھیوں کے لئے بنا رہی ہے۔ مرکزی حکومت نے سال گذشتہ کے وسط سے ۲۴۷۲ ٹن فولاد [illegible] شرنارتھیوں کے لئے تعمیرات میں صرف کرنے کے لئے دیا ہے۔

دہلی میونسپل کمیٹی کی کارروائی

آنجہانی ڈاکٹر جوشی کی لڑکی مس این ایس جوشی نے دہلی میونسپلٹی سے درخواست کی تھی کہ جہاں ان کے والد ڈاکٹر جوشی کو گولی ماری گئی تھی ایک درخت لگانے کی اجازت دی جائے [illegible] میونسپلٹی کے صدر کی سفارش پر گلی میں اس جگہ کنکریٹ کا ایک کمبھ لگانے کی اجازت دی اور ان کے گھر کے قریب سے جو سڑک گذرتی تھی جس کا نام جاپان روڈ تھا اس کا نام ڈاکٹر جوشی روڈ رکھنے کا فیصلہ کیا۔

تعلیم بالغان کے پانچ مرکزوں میں کمیٹی نے بحث مباحثہ کے بعد بجلی کے پنکھے لگانے کے لئے ۴۴۰ روپے منظور کئے۔ لاجپت رائے مارکیٹ میں لاؤڈ اسپیکر لگانے اور اس کو مشتہر کرنے کے لئے سینماؤں میں سلائڈ چلانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔

چالیس ہزار کا کپڑا اور چالیس آدمی

کل صبح اسپیشل پولیس نے چاندنی چوک نئی سڑک اور کٹرہ نیل میں چھاپہ مار کر چالیس آدمیوں کو بغیر لائسنس کے کپڑا فروخت کرنے پر گرفتار کیا ان کے قبضہ سے چالیس ہزار کا کپڑا بھی برآمد کیا۔

جگہ حاصل کرنے کا قانون

دہلی میں جگہ حاصل کرنے [illegible] قانون اب سے دو سال قبل بنایا تھا [illegible] حکومت اس میں ایک سال کی توسیع کرنے کے متعلق سوچ رہی ہے [illegible]

درجہ حرارت

دہلی میں کل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۵٫۸ درجہ اور کم سے کم ۷۹٫۵ درجہ تھی۔

ٹرک کا حادثہ

قرول باغ میں [illegible] روڈ پر [illegible] ایک ٹرک ایک اسٹال سے ٹکرا گیا جس سے ایک شخص ہلاک اور [illegible] زخمی ہوئے [illegible]

سبزی منڈی مارکیٹ میں توسیع کی تجویز

دہلی امپروومنٹ ٹرسٹ [illegible] سبزی منڈی [illegible] مارکیٹ میں توسیع [illegible]

کاغذ کے گودام میں آگ لگ گئی

رام نگر (پہاڑ گنج) میں کاغذ کے ایک گودام کو آگ لگ گئی جس سے کہ ۹۰ ہزار روپیہ کے نقصان کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ آگ بجھانے کے لئے نئی اور پرانی دہلی سے فائر بریگیڈ آئے اور تقریباً ۳ گھنٹے بعد آگ پر قابو پایا جا سکا۔ آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

"سفید ٹوپی" کی بے عزتی کا مقدمہ

آج دیوان رام سروپ کی عدالت میں ایک کانسٹبل کے خلاف سفید ٹوپی کی بے عزتی کرنے کے الزام میں مقدمہ پیش ہوا۔ استغاثہ کی کہانی یوں پیش کی جاتی ہے کہ ایک شخص رام چرن اگروال ایک دن سکندرا روڈ سے ہارڈنگ برج کی طرف جا رہے تھے تو راستہ میں ایک دوسرے شخص سے بات چیت کرتے ہوئے کانسٹبل کو انہوں نے موٹر کا راستہ بتلانے کو اشارہ کیا۔ مگر کانسٹبل نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اگروال کے پر اصرار کرنے پر کانسٹبل نے یہ کہا کہ [illegible] سفید ٹوپی والے لوگ دوسروں پر رعب جمانے آ جاتے ہیں۔

مقدمہ ۱۳ ستمبر پر ملتوی کر دیا گیا۔

پرانے سکرٹریٹ میں چھت گر گئی

ایک زنانہ آفیسر اور ایک چپراسی زخمی

دہلی ۲۵ اگست۔ پرانے سکرٹریٹ کے ایک کمرے میں جہاں حکومت ہند کے پبلکیشن ڈویژن کا دفتر ہے ایک کمرہ کی چھت گر گئی۔ جس سے دو اشخاص جن میں ایک زنانہ افسر اور ایک چپراسی ہیں زخمی ہوئے۔ انہیں ہسپتال میں داخل کیا گیا۔

انجنیئرنگ کی تعلیم پانے والے

خانماں برباد طلباء کو امداد

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ ان شرنارتھی طلباء کو [illegible] مضامین کی تعلیم حاصل کرنا چاہیں انہیں ترجیحاً [illegible] کان کنی، خام دھاتوں کو صاف کرنا، کپڑے، چمڑے، کھانڈ، چھاپہ خانہ، فلم سازی، ریڈیو کی مرمت وغیرہ اور [illegible] ہوا بازی کے ڈپلومہ کورس [illegible] جہاز رانی، آبپاشی اور [illegible]

وزارت بحالیات نے تمام صوبوں اور ریاستوں کی حکومتوں کو اس بارے میں ہدایات [illegible] ارسال کر دی ہیں۔

بیکانیر میں زمین کی غیر قانونی تقسیم

ایک کمیٹی نظر ثانی کرے گی!

نئی دہلی ۲۷ اگست۔ حکومت ہند کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی گئی ہے کہ بیکانیر میں [illegible]

چنانچہ وزارت بحالیات نے حکومت راجستھان کے مشورہ سے تین اشخاص کی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کمیٹی میں حکومت ہند، حکومت راجستھان اور [illegible] کا ایک ایک نمائندہ شامل ہوگا۔ اس کمیٹی کے سپرد حسب ذیل کام کئے جائیں گے۔

(الف) جو الاٹمنٹ کئے گئے ہیں ان پر نظر ثانی کرنا [illegible]

ایک کروڑ نئے ابتدائی ممبران

کانگریس کی ممبر سازی کی رفتار

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے [illegible]

یکم اکتوبر سے قبل از جنگ کے برابر ریلیں چلنے لگیں گی

میل ٹرین اور ایکسپریس ٹرین کی باقاعدگی میں اضافہ

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ ۲۰ جولائی کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران حکومت ہند کی ریلوں پر مسافروں کی نقل و حرکت میں نمایاں ترقی دیکھنے میں آئی ہے۔ وقت کے مطابق چلنے والی میل گاڑیوں اور ایکسپریس گاڑیوں کی نسبت [illegible] ۸۵ فی صدی تھی۔ لیکن ای۔ آئی ریلوے پر پچھلے ہفتے کے مقابلہ میں اس ماہ انجینئرنگ کی پابندیوں وغیرہ کی وجہ سے خرابیاں پیدا ہوئیں۔

یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ تقسیم ہند کے وقت سے اب تک اس ہفتے میں جی آئی پی اور [illegible] ریلوں پر بہت ہی عمدہ نتائج دیکھنے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم اکتوبر سے مملکت ہند میں قبل از جنگ کے برابر ریلیں چلنے لگیں گی۔

مسٹر جناح کی کوٹھی پر قبضہ

پاکستان کی طرف سے احتجاج

نئی دہلی ۲۶ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے حکومت ہند سے اس بات پر احتجاج کیا ہے کہ مسٹر محمد علی جناح کی کوٹھی پر قبضہ کیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان نے اپنے احتجاج میں لکھا ہے کہ مسٹر جناح کی کوٹھی پاکستانیوں کے لئے ایک مقدس مقام ہے لہذا اسے متروکہ جائداد قرار نہیں دیا جانا چاہئیے۔

حکومت ہند نے اس احتجاج کا یہ جواب دیا ہے کہ جن دنوں مسٹر جناح حیات تھے ان ہی دنوں اس مقدس مقام کی فروخت کا سودا ہو رہا تھا۔ اور ان کے ہوتے ہوئے برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم دہلی کو یہ کوٹھی کرایہ پر دی گئی تھی [illegible] اس مقدس مقام کی شان میں گستاخی نہیں ہوئی تھی۔

صوبجات متوسط میں محنت کش لوگوں کے اخراجات زندگی

نئی دہلی ۲۵ اگست۔ جون کے مہینے میں جبل پور کے محنت کش لوگوں کے اخراجات زندگی کا اشاریہ (بنیاد ۱۹۳۹ء = ۱۰۰) دو درجے بڑھ کر ۴۰۶ ہو گیا۔ چاول، دودھ، آٹا، لال مرچ، ایندھن، پان اور بیڑی کی قیمتیں بڑھ گئیں لیکن کپڑے دھونے کے صابن اور سرسوں کے تیل کے بھاؤ گر جانے سے مہنگائی کا اعداد کچھ کم ہو گیا۔

اکولہ میں جوار، گیہوں، گوشت [illegible] اور لال مرچ کی قیمتیں بڑھ جانے سے اشاریہ ایک درجہ بڑھ کر ۱۴۰ ہو گیا۔

کمیونسٹ ہانگ کانگ کی ناکہ بندی کریں گے؟

برلن کی طرح ہانگ کانگ کو طیاروں کے ذریعہ ضروری اشیا پہنچائی جائینگی

لندن ۲۶ اگست۔ اگر کمیونسٹوں نے ہانگ کانگ کی ناکہ بندی کرنے کی کوشش کی تو [illegible] فضا کے ذریعہ ضروری اشیاء پہنچائی جائینگی [illegible]

شہریوں کے ایک قافلہ پر حملہ

تین افراد ہلاک

رنگون ۲۷ اگست [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

۲۶ اگست

دہلی:

بازار صرافہ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ کے نرخ

[illegible]

جموں میں گرفتاریاں اور رہائیاں

جموں ۲۶ اگست۔ پرجا پریشد تحریک کے سلسلہ میں ۲۶۲ افراد کو گرفتار کیا گیا تھا ان میں سے ۲۵ نے معافی مانگ لی اور ان کو رہا کر دیا گیا۔ کشمیر رفاہ عامہ قانون کے ماتحت ۲۱۰ افراد گرفتار کئے گئے تھے ان میں سے ۱۰۴ کو سزا دی گئی اور ۲۷ کو معافی مانگنے پر رہا کر دیا گیا۔ ۲۲ عورتوں کو ان کے وعدہ پر رہا کر دیا گیا۔

حال ہی میں کوئی مظاہرہ اور گرفتاریاں نہیں ہوئی لیکن خفیہ تلاشیاں ضرور ہوئی ہیں۔

۲ سالہ لڑکی ۴۸ گھنٹے تک کھیلتی رہی

لندن ۲۳ اگست۔ ایک دو سالہ لڑکی مسلسل ۴۸ گھنٹے تک کھیلتی اچھلتی اور اپنے والدین سے باتیں کرتی رہی [illegible] اسے ایک ہسپتال میں داخل کر دیا گیا [illegible]

ہندوستان کی برآمدیں

بمبئی کروڑ کی کمی ہوگی

[illegible]

ایرانی باشندوں کی رجسٹری

دہلی ۲۶ اگست۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان ایرانیوں کو جو [illegible] سے قبل ہندوستان میں داخل ہوئے تھے [illegible]

روپیہ کمائیے

محنتی آدمی کے لئے ہماری فرم نے روپیہ کمانے کے کتنے سوا تیرہ قسم کے [illegible] سے تھوڑے سے سرمایہ سے کام کر کے اچھی آمدنی پیدا کرنے والے [illegible] اب آپ گھر بیٹھے [illegible]

۱۔ لمبائی ۲۹×۲۰ انچ	پوری آستین	فی بنڈل	[illegible]	روپیہ
۲۔ لمبائی [illegible] انچ	نصف آستین	ایضاً	[illegible]	روپیہ
۳۔ لمبائی ۲۳×۲۲ انچ	ایضاً	ایضاً	[illegible]	روپیہ
۴۔ لمبائی ۲۱×۲۰ انچ	ایضاً	ایضاً	[illegible]	روپیہ
۵۔ سلیمانی ۲۰×۱۴ انچ	ایضاً	ایضاً	[illegible]	روپیہ

[illegible]

ہیرا لال کھتری ٹریڈنگ ہاؤس متصل اسٹیشن رامپور (یوپی)

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi -28-8-49

بالغ رائے دہندگی اور جمہوری حقوق کا مطالبہ

کلکتہ میں زرعی مزدوروں کی عظیم الشان کانفرنس

[illegible]

یورپ کی اقتصادی بہتری کی رفتار سست ہوگئی

اقتصادی تعاون کمیٹی کا اعلان

[illegible]

پنڈت نہرو یوپی کانگرس کمیٹی کے جلاس میں شرکت کیلئے جارہے ہیں

تلک ہال میں کانگرس ورکروں سے خطاب کریں گے

[illegible]

اب برطانیہ امریکہ سے مالی امداد طلب نہیں کرے گا

امریکہ میں برطانوی حکام کا اعلان

[illegible]

ایک ہوائی جہاز سے جواہرات غائب

[illegible]

کینٹن کے باشندے کمیونسٹوں کی آمد کا انتظار کر رہے ہیں

شہر سے آئے ہوئے چینی سوداگروں کا بیان

[illegible]

دہلی کی بس اور ٹرام کے ملازمین نے ہڑتال ختم کر دی

مسٹر آینگر کی مداخلت سے ناخوش گوار صورت حال سدھر گئی

[illegible]

مسٹر آینگر کی مداخلت

[illegible]

آزاد انڈونیشیا میں درمیانی عرصہ کیلئے آئین کی تیاری شروع ہوگئی

جمہوری اور وفاقی نمائندے کام جلد از جلد ختم کرنا چاہتے ہیں

قانون تیار کرنے والی کمیٹی میں سہ جماعتی نمائندے شامل ہیں

[illegible]

حزب مخالف

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

صوبہ متحدہ میں مچھلی کی سپلائی

لکھنؤ ۲۶ اگست۔ صوبہ متحدہ میں [illegible] مچھلی کی سپلائی میں ۳۳۵۰۰ من کا اضافہ [illegible]

ہندوستانی افسروں کیلئے لباس

حکومت کا سرکلر

[illegible]

تین کمیونسٹوں کی رہائی

[illegible]

فرانس دوسروں سے فوجی امداد طلب کرنے لگا

معاہدہ اوقیانوس کے ممالک کو حکومت فرانس کا نوٹ

[illegible]

ایک عجیب و غریب بچے کی پیدائش

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

آتشک، سوزاک، جریان، احتلام، سرعت انزال، عورتوں کی پوشیدہ امراض کے لئے خاندانی شفاخانہ [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹۷

فون نمبر 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ۔/

جلد ۳۱

دہلی یوم پیر مورخہ ۳ ذیقعد ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۹ اگست ۱۹۴۹ء

نمبر ۲۰۱

قیمت فی پرچہ دو آنے

پنڈت نہرو کانپور میں

کانپور۔ ۲۷ اگست۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان ہوائی جہاز کے ذریعہ دہلی سے کانپور تشریف لائے۔ ہوائی اڈہ پر وزیر اعظم یوپی گووند بلبھ پنت اور دوسرے افسران نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے [illegible] آف آرمز کا بھی معائنہ کیا۔ (ا پ ا)

عراق اور پاکستان کے تعلقات

بغداد۔ ۲۷ اگست۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت عراق پاکستان کے ساتھ ایک ثقافتی معاہدہ کرنے کے مسئلہ پر غور کر رہی ہے۔ [illegible] تعلیم نے [illegible] عرب ممالک سے آنے والے طلباء کی تعلیم کے لئے [illegible] ہزار دینار منظور [illegible] حکومت عراق کے خرچ پر اعلیٰ تعلیم حاصل کر چکے ہیں (رائٹر)

پنڈت نہرو نے مغربی بنگال کی وزارت کے خلاف الزامات کا فیصلہ کر دیا

سترہ میں سے بارہ الزامات کی وضاحت قابل اطمینان ہے

وزیر اعظم بنگال کے جواب کے بعد پنڈت جی کا اہم اعلان

کلکتہ ۲۷ اگست۔ مغربی بنگال کے قائم مقام وزیر اعظم مسٹر [illegible] سرکار نے پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان کے اس [illegible] کو شائع کر دیا ہے۔ جو وزیر اعظم ہندوستان نے مغربی بنگال کی وزارت کے خلاف الزامات کے سلسلہ میں ان کو بھیجا تھا۔

پنڈت نہرو نے اپنے نوٹ کے ابتدائی حصہ میں کہا ہے کہ کل سترہ الزامات ہیں ان میں سے بعض [illegible]

[illegible]

ہم عوام کی بھلائی کے لئے کام کریں گے

وزیر اعظم مغربی بنگال کی عوام سے اشتراک کی اپیل

[illegible]

الحاق کے متعلق فیصلہ درست ہے

[illegible]

پولینڈ میں پھانسی کی سزائیں

[illegible]

بلوچستان کی ریاستوں کا مستقبل

والیان ریاست میں سمجھوتہ ہو گیا

[illegible]

اقوام متحدہ کے فنڈ میں ممبر ملکوں کا حصہ

[illegible]

عرب لیگ کا اجلاس غیر محدود مدت تک کے لئے ملتوی کر دیا گیا

سکریٹری جنرل عزام پاشا کا لبنانی حکومت کو تار!

[illegible]

پانچ سفارتخانوں کا ایک وفد اپنے باشندوں کے انخلا کیلئے ٹونگی روانہ کیا گیا

حکومت برما غیر ملکیوں کے انخلا کے بعد زبردست بمباری کریگی

ٹونگی میں غروب آفتاب سے طلوع سحر تک کرفیو نافذ کر دیا گیا

[illegible]

مسٹر جے پرکاش نرائن نے انتخابات لڑنے کیلئے پروگرام کا اعلان کر دیا

جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ صنعتوں کو قومی ملکیت بنانے کا منصوبہ

خارجی پالیسی میں پنڈت نہرو کی پالیسی سے اتفاق

[illegible]

برن میں ہند کا فوجی مشن

ایک استقبالیہ جلسہ میں مہمانوں کی شرکت

[illegible]

ریاست بنارس کے مستقبل کا فیصلہ

مہاراجہ کی مسٹر مینن سے ملاقات

[illegible]

البانوی سرحد سے یونانی فوج پر فائرنگ

[illegible]

کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال ختم

[illegible]

ریجنٹ عراق کی واپسی

[illegible]

مباحث امروز

(دوسروں کی نظر میں)

متروکہ جائدادیں — ہندوستانی زبان — پاکستان اور کشمیر

متروکہ جائدادیں

پاکستان اور کشمیر

ہندوستانی زبان

خیالاتِ ناظرین!

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

الجمعیۃ اور مسلمان

متروکہ جائدادوں کی کشمکش

اچھی باتیں

نحن اعلم ۔ تا ۔ وعید (ق ع ۳)

وہ لوگ جو کچھ بھی کہتے ہیں ہمیں اس کا خوب علم ہے لیکن آپ ان پر داروغہ نہیں ہیں، آپ کا کام تو یہ ہے کہ جو شخص وعید کے دن کا کچھ بھی خیال رکھتا ہے اسے قرآن کے ذریعہ نصیحت کریں۔

یعنی مسلمانوں کے مخالف جو کچھ کہتے ہیں ان کی یہ باتیں ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں ہمیں معلوم ہے کہ وہ تمہارے خلاف کیا کچھ کرتے رہتے ہیں لیکن انہیں کہنے دو اور تم اپنے کام سے کام رکھو، تم اس لئے نہیں بھیجے گئے کہ اختلافات کی بنا پر کسی پر جبر کرو اور ان سے زبردستی اپنی باتیں منواؤ۔ زبردستی سے تم اقرار کرا سکتے ہو مگر قلب و دماغ کو مطمئن نہیں کر سکتے اگر کچھ کر سکتے ہو تو یہ کرو کہ قرآن کی طاقت سے ان کی ذہنیت کو بدلو اور قرآن کی اخلاقی تعلیم سے انہیں رام کرو۔ قرآن خود ایک ایسی طاقت ہے جس کے بعد زبردستی کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔ خود قرآن پر عمل کرو اور دوسروں کو قرآن کا حسن و جمال دکھاؤ، جب تک قرآن تمہارے پاس ہے تمہیں کسی اور ہتھیار کو استعمال کرنے کی ضرورت نہیں

ہندوستان کی غذائی صورت حال

(مانچسٹر گارڈین کا تبصرہ)

کیا یہ صحیح ہے؟

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۹ اگست ۱۹۴۹ء

پسماندوں کیلئے ریزرویشن

انسان محبت کا بھوکا ہے اس لئے وہ ہر اعتبار سے برابری اور اتحاد چاہتا ہے کیونکہ پوری محبت اور پورا انصاف اسی وقت ہو سکتا ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کو برابر سمجھا جائے اور اس احساس کو قوی کیا جائے کہ ایک کا نقصان دوسرے کا نقصان ہے، لیکن جہاں برابری نہیں ہوتی اور امتیاز باقی رہتا ہے، وہاں ایک دوسرے کے ساتھ اچھے سے اچھا سلوک تو ہو سکتا ہے مگر اس احساس کو زندہ نہیں کیا جا سکتا کہ دوسرے کے نفع میں ہمارا نفع اور اس کے نقصان میں ہمارا نقصان ہے، تو اصل سوال اچھے سلوک کا نہیں ہے بلکہ برابری اور اتحاد کا ہے۔

عرب لیگ

ہم کسی کیساتھ برائی کرنا نہیں چاہتے اور نہ پڑوسی ملک سے جھگڑا چاہتے ہیں

پاکستان ہمیں دھمکیاں دے کر مرعوب نہیں کر سکتا

امرتسر کے جلسہ عام میں سردار بلدیو سنگھ کی تقریر

کرنل زعیم اور ان کے ساتھیوں نے ملکی مفاد کو نظر انداز کر دیا تھا

شام کے دوسرے فوجی انقلاب کے لیڈر سمیع حناوی کا بیان

کشمیر میں خوراک کی کوئی کمی نہیں

دہلی کے سرکاری حلقوں سے پاکستانی اطلاع کی تردید

[illegible] میں کرفیو ختم

شاہ عبداللہ اسپین کو

ڈاکٹر سوکارنو کے مکان کی واپسی

تنظیم جدید کیلئے جمعیت علماء گوڑگانوں کی اہم قراردادیں

مکاتب کے قیام - اوقاف کے انتظام اور جمعیت علماء ہند کی امداد کی تجویز

مولانا آزاد مغربی بنگال کی دھڑے بندی ختم کرنے کی کوشش کرینگے

کلکتہ میں وزارتی گروہ اور پراونشل اگزیکٹو سے گفت و شنید ہوگی

سرخ افواج کینٹن سے پچانوے میل کے فاصلہ پر

کوانٹنگ میں گوریلا دستوں کی سرگرمیاں!

مسلمانوں کی جائداد پر ناجائز قبضہ

جمعیۃ علماء یوپی کی طرف سے واپس دلانے کی جدوجہد

مسلمان پریشان اور مایوس نہ ہوں

فلسطین کے متعلق اقوام متحدہ کی پالیسی میں تبدیلی

سیاسی کے علاوہ اقتصادی اور سماجی عناصر پر بھی غور و خوض

ایشیائی ممالک کے مابین تمدنی تعلقات بیحد ضروری ہیں

ایشیائی حلقوں میں ہندوستان کے اقدام کا خیر مقدم

ضلع مظفرپور میں سخت سیلاب

نہر سوئز کے ساتھ ساتھ

ایک اور نہر بنائی جا رہی ہے

اموئی کو خطرہ

امریکہ میں چینی سفیر کی کوشش

غضبناک حبشی ریلوے ملازمین کا فرانسیسی افسروں پر حملہ

عدیس ابابا سے جبوتی جانے والی ریلوے لائن بند کر دی گئی

تپ دق کے خلاف جنگ

[illegible]

لندن میں ایک پراسرار کی نمائش

[illegible]

ڈاک کے تھیلوں کی دیکھ بھال

لندن میں برطانیہ کے محکمہ ڈاک کا ایک … ادارہ قائم ہے۔ یہ ادارہ ڈاک کے تھیلوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ … اس ادارہ میں تمام تھیلوں کو مرمت وغیرہ کے لئے اچھی طرح دیکھا جاتا ہے۔ … (لندن پریس سروس)

عالمی غذائی مسئلہ کا حل

اگر تمام دنیا کی نئی زمین کو اتنی مشقت سے ہی کاشت کیا جائے کہ برطانیہ کے کھیتوں کو کیا جاتا ہے تو خوراک کا مسئلہ باقی نہیں رہے گا۔ … (لندن پریس سروس)

رام پور میں انجمن ترقی پسند مصنفین کا قیام

رامپور ۲۳ اگست۔ … [illegible]

جلسۂ ایصال ثواب

[illegible]

اسپغول کی پیداوار فروخت اور برآمد کے متعلق مفید معلومات

نئی دہلی ۲۷ اگست۔ حکومت ہند … اسپغول کے متعلق ایک رسالہ ابھی ابھی شائع کیا ہے۔ اسپغول، ہندوستان کی ایک مشہور دوا ہے … [illegible]

عیسائیوں کے مقدس مقامات کی بےحرمتی

فلسطین کے یہودیوں کی اشتعال

لندن ۲۷ اگست۔ لندن کے کلیسا کے حلقوں نے سخت بےاطمینانی کا اظہار کر رہے ہیں کہ فلسطین کے یہودی اب تک مقدس مقامات کو اپنی فوجوں کے لئے بارک کے طور پر استعمال کر رہے ہیں … [illegible] (دگلوب)

واشنگٹن اور بلگریڈ میں خفیہ گفت و شنید

[illegible] (دگلوب)

سہارنپور کی خبریں

مسلم نکاسیوں کی جائیداد کسٹوڈین کے حوالے

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) ۲۵ اگست۔ ضلع ریفیوجی آفیسر نے مقامی اخباری نمائندگان کی ایک ملاقات میں بتایا کہ انہوں نے ڈسٹرکٹ کسٹوڈین کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ اور مسلم نکاسیوں کی جائیداد کی فہرستیں مرتب کی جا رہی ہیں۔ … [illegible]

موضع کھجوری میں دو پارٹیوں میں تصادم

[illegible]

پبلسٹی آفیسر کی پریس کانفرنس

[illegible]

کسٹوڈین یوپی سہارنپور میں

[illegible]

ملایا کے کمیونسٹوں سے قصبہ بینگ کراک چھین لیا

فوج نے کمیونسٹوں کو پسپا کر دیا۔ سخت نقصان

[illegible] (دگلوب)

خط و کتابت کرتے وقت اپنا پتہ صاف لکھیے۔

کمیونزم کی روک تھام میں ہندوستان اور پاکستان کا حصہ

لندن … مشہور انگریزی اخبار … لکھتا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں نے اپنی آزادی کی دوسری سالگرہ منائی ہے۔ دنیا کے ہر گوشے سے انہیں پیغامات ملے ہوں گے۔ لیکن جس محبت اور خوشی سے برطانوی عوام نے پیغامات بھیجے وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ … [illegible]

ہندوستان میں فاضل گنے سے

عمدہ کاغذ تیار کیا جائے گا

نئی دہلی ۲۷ اگست۔ معلوم ہوا ہے کہ ایک ہندوستانی مل فاضل گنے سے نہایت عمدہ کاغذ تیار کرے گی۔ … [illegible]

خیالات ناظرین

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible]

خواجہ عبدالرب … کا انتقال

[illegible] … انا للہ وانا الیہ راجعون۔

چینی ساحل کی ناکہ بندی

آزمائش کی گھڑی آگئی

[illegible] (دگلوب)

اردن میں تنکر کی درآمد

صرف جو کے عوض خریداری

عمان ۲۷ اگست۔ سرکاری طور پر فیصلہ کیا گیا ہے … [illegible]

برطانیہ کی شرح پیدائش میں اضافہ

[illegible]

حکومت ہند کیلئے ضرورت ہے

مضبوط دل اور دماغ رکھنے والے فولادی انسانوں کی لیکن جیران کے مریضوں کا نہ دل ٹھیک رہتا ہے نہ دماغ … ہیں۔ اکسیری اس مرض کی سو فی صدی کامیاب دوا ہے جو گلے سے اترتے ہی اپنا کام شروع کر دیتی ہے۔

"جب میں نے دیکھا کہ قومی زبان کے مسئلہ میں دلیل اور فہم و فراست سے کام لینے کے بجائے غلط جذبات کی پیروی کی جا رہی ہے اور انہیں جذبات پر اصرار کیا جا رہا ہے تو میں نے ڈرافٹنگ کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا"

نامہ نگار خصوصی کے بیان کے بموجب یہ تھے وہ الفاظ جو امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد نے کانگریس اسمبلی پارٹی (کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی) کی میٹنگ میں فرمائے جبکہ ڈاکٹر امبیدکر کا تیار کیا ہوا مسودہ زیر بحث تھا۔ مولانا نے مزید فرمایا!

"جب میں نے دیکھا کہ انڈین یونین میں مسلم لیگ کے ختم ہو جانے اور [illegible] بعد بھی ایک دو اصحاب کے سوا [illegible] کے لئے کوئی تیار نہیں ہے تو میں نے ڈرافٹنگ کمیٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ اور یہ لکھ دیا کہ میں اس مسئلہ میں خدمت نہیں کر سکتا۔

(باقی صفحہ ۶ پر)

بمبئی میں دس کروڑ کی جائداد پر قبضہ

[illegible]

ہندی میں ڈپلومے

[illegible]

توہین آمیز مجسمے علیحدہ کر دیئے جائیں گے

[illegible]

دستور ساز اسمبلی میں تمسخر کی باتیں

ایک سیارہ سے دوسرے سیارہ میں سفر کو بھی حکومت کنٹرول کرے

[illegible]

کینٹن کے چین کے باقی علاقے سے کٹ جانے کا زبردست خطرہ

کمیونسٹ فوجیں ہانگ کانگ سے پچاس میل دور رہ گئیں

برطانوی نوآبادی کے دفاع کے لئے مزید کمک

[illegible]

صدر امریکہ نے کشمیر کے جھگڑے میں براہ راست مداخلت کر دی

ہندو پاکستان سے جھگڑے کو طے کرنے کی اپیل

پنڈت نہرو اور لیاقت علی خاں کے نام ذاتی پیغامات

[illegible]

غلہ اور کپڑے وغیرہ کی قیمتوں میں دس فیصدی کمی ہو جائے گی

حکومت نے افراط زر کو روکنے کیلئے جدوجہد شروع کر دی

مصارف حکومت میں بھی زبردست کمی کی جا رہی ہے

[illegible]

کرین باغیوں نے ریاست شان کے ایک سردار کو ہلاک کر دیا

دوسرا سردار زخمی ہو کر رنگون پہنچ گیا

[illegible]

قومی زبان کے مسودہ پر مولانا حفظ الرحمن صاحب کی زبردست تقریر

مسودہ میں مہاتماجی کے اصولوں اور کانگریس کی تیس سالہ تاریخ کو پامال کیا گیا ہے

یہ مسودہ کانگریس کی تاریخ کا سب سے بڑا حادثہ تھا

دستور ساز اسمبلی کی کانگریس پارٹی کے اجلاس میں مجاہد ملت کی معرکۃ الآراء تقریر

[illegible]

ہندو مسلم سکھ سب کے ہمدرد ہندوستان کے سب سے بڑے حکیم بھورے خاں کا قائم کردہ بڑا دواخانہ آج مایوس بیماروں کی امید گاہ ہے

طبی مشورہ مفت ہے

حالات لکھیے

پتہ:- منیجر بڑا دواخانہ لال کنواں دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi - 2-9-49

شعیب اللہ خاں کے مقدمہ قتل میں پولیس انسپکٹر کی شہادت

پنچوں کے بیانات جائے واردات کی چشم دید تفصیلات

[illegible]

سیام کے شمالی علاقوں میں کمیونسٹ گھسنے شروع ہوگئے

وزیراعظم سیام کی ممالک غیر سے امداد کی فوری اپیل

[illegible]

برما کے وزیراعظم کراچی میں

لیاقت علی خاں سے دو گھنٹہ تک ملاقات

[illegible]

ہند اور پاکستان میں مغویہ عورتوں اور بچوں کی برآمدگی

حکومت ہند کے مہیا کردہ اعداد و شمار!

دہلی ۳۱ اگست۔ حکومت ہند کو جو اعداد و شمار مہیا ہوئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ مئی ۱۹۴۹ء تک ۱۰۵۱۹ مسلمان عورتیں اور بچے ہندوستان میں برآمد ہوئے اور پاکستان میں ۵۸۰۱ غیر مسلم عورتیں اور بچے برآمد ہوئے۔

[illegible]

مغربی پنجاب سے مغویہ عورتوں کے سلسلہ میں ایک وفد کا مطالبہ

[illegible]

آہ غالب محمود

[illegible]

دستور ساز اسمبلی میں شیڈول ۷ کے اندراج ۵۰ پر بحث

ڈاکٹر امبیدکر کے پیش کردہ اندراج پر کڑی نکتہ چینی

[illegible]

کشمیر مسلم کانفرنس کے سکریٹری

[illegible]

سوشلسٹ پارٹی کا چناؤ

[illegible]

علیگڈھ یونیورسٹی کے امتحانات

[illegible]

سنیئے ایک لاکھ کا پروگرام

اگر اخبار الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچ جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں میں ایک اخبار [illegible]

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے کسٹوڈین کمیٹی قائم کر دی

[illegible]

مادری زبان کو ہی ذریعہ تعلیم ہونا چاہیئے

نیشنلسٹ سکھ لیڈر بابا کھڑک سنگھ کا بیان

[illegible]

شام اور اسرائیل کی گفتگو

حکومت شام کی طرف سے تردید

[illegible]

سکریٹری جمعیت علماء جبلپور دہلی کو

[illegible]

ڈاکٹر رام منوہر لوہیا اسٹاک ہوم میں

[illegible]

غیر خود مختار علاقوں کی خصوصی کمیٹی کے جلسہ کی کارروائی

روس کی جانب سے انڈونیشیا کو آزاد ملک شمار کرنے کا مطالبہ

[illegible]

ایک بنگالی نوجوان کا قتل

[illegible]

عمرانیات کے ماہرین کی آمد

[illegible]

کپاس کی فصل کے متعلق تجرباتی اندازہ

[illegible]

قاسم رضوی پر ایک اور مقدمہ

[illegible]

روس نے مارشل ٹیٹو کے خلاف فوج بھیج دی

جرمنی کے ایک مشہور اخبار کا انکشاف

[illegible]

برطانیہ اور فرانس سے روس کی جھڑپ

غیر خود مختار علاقوں کی اطلاعات

[illegible]

پنجاب نیشنل بینک کے ملازمین کی بھوک ہڑتال

[illegible]

مردہ زندہ ہو گیا

[illegible]

ہندوستانی کو سرکاری زبان بنانے کی اپیل

[illegible]

یوگوسلاویہ کا معاملہ مجلس تحفظ میں پیش ہونے لگا

روس کے خلاف اقدام پر غور وخوض

یوگوسلاوی سپاہیوں نے آخر وقت تک لڑنے کا اعلان کردیا

لندن یکم ستمبر۔ سیاسی حلقوں کا بیان ہے کہ روس اور یوگوسلاویہ کے مابین جو [illegible] پیدا ہوگیا ہے اس کے پیش نظر مغربی طاقتیں بلقان میں امن و امان قائم رکھنے کے مسئلہ پر غور کر رہی ہیں۔ [illegible]

یونان میں گوریلا مہم ختم

تمام باغی البانیہ فرار ہوگئے

[illegible]

اقوام متحدہ کمیشن کی نئی تجاویز

پاکستانی وزراء جمعہ کو غور کرینگے

[illegible]

مسٹر کھوڑو کی صدارت میں سندھ کی صوبائی لیگ کا اجلاس

انخلا کنندگان کی اراضی کے معاوضہ کی قرارداد منظور

[illegible]

اللہ مہر علی کی لڑکی

[illegible]

عرب اسٹرلنگ بیلنس کا مسئلہ

[illegible]

تری پورہ میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

[illegible]

مغربی بنگال کانگریس کے جھگڑے کو چکانیکے لئے

وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کی کامیاب مساعی

[illegible]

چھرا گھونپ کر روپیہ چھین لیا

روز روشن میں ڈاکہ زنی کا واقعہ

[illegible]

مغربی پاکستان میں رکے ہوئے قیدیوں کی رہائی کے لئے اکالی دل کا مطالبہ

[illegible]

اطلاعات یوپی:

خوراک کی پیداوار بڑھانیکے لئے حکومت یوپی کا اہم فیصلہ

[illegible]

سڑکوں کی تعمیر کا پروگرام ملتوی

[illegible]

گائے کے معاملہ نے یوپی وزارت کو الجھن میں ڈالدیا

پارلیمنٹری سکریٹری نے سرکاری فارم سے "پریم لتا" کو اپنے گھر منگالیا

[illegible]

"اسٹالن تیواڑی" کا مقدمہ

[illegible]

کانگرس ورکروں کیلئے تربیتی اسکول

[illegible]

الہ آباد یونیورسٹی کا کنووکیشن

[illegible]

الہ آباد میں مکمل راشننگ

[illegible]

اٹاوہ کی نمائش

[illegible]

ایک نئی سیاسی پارٹی کی سرگرمیاں

بنارس میں پولیس کی تحقیقات

[illegible]

سرکاری کاغذات میں خطابات استعمال نہ ہوں گے

[illegible]

انگلستان میں پانی کی کمی!

[illegible]

سید قاسم رضوی کے مقدمہ میں مزید تین گواہوں کی شہادتیں

گواہی میں انکی ایک تقریر کے بعض اشارات کا حوالہ

[illegible]

قوم پرست چینیوں کے جانشین

بحری ڈاکو ہوں گے

[illegible]

ماسٹر تارا سنگھ کے پرائیویٹ سکریٹری گرفتار

[illegible]

آسٹریلوی ہائی کمشنر کی پریس کانفرنس

[illegible]

شامی خواتین کیلئے حق رائے دہی

[illegible]

میسور کے دیہات کیلئے ریڈیو

[illegible]

یوگوسلاویہ پر روسی حملہ ناممکن نہیں

[illegible]

وزیر اعظم مشرقی بنگال کا بیان

پٹسن میں کمی کرکے غلہ پیدا کیا جائیگا

[illegible]

بقیہ کالم چار

[illegible]

فرید آباد میں ٹاؤن شپ کی تیاریاں

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۳ ستمبر ۴۹ء

افکار عالیہ!

ہندوستان کے وزیراعظم پنڈت جواہرلال نہرو نے کان پور کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ

"اگر ہندوستان ترقی چاہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے مشترک کلچر کو دنیا کے کلچر میں سمونے کی کوشش کرے، یہ صحیح ہے کہ ہندوستان اپنے تہذیبی ورثہ کا قدیم زمانے سے مالک رہا ہے، لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ موجودہ زمانہ میں کلچر کسی خاص ملک کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اگر ہم نے اس نئی تہذیب کو جو مشینی عہد کی پیداوار ہے اپنانے کی کوشش نہیں کی تو ہم اپنی قدیم تہذیب کو بھی ہاتھ سے دے بیٹھیں گے، اگر آپ نے جدید نظریات کو قبول کرنے کے لئے اپنا دروازہ کھلا رکھا تو آپ اپنی تہذیب کو ترقی دیکر دنیا پر اثر ڈال سکیں گے، لیکن اگر آپ نے گذشتہ کی طرح اپنے آپ کو دنیا سے علیحدہ کرلیا تو دنیا تو آگے نکل جائے گی، مگر آپ پیچھے رہ جائیں، مہاتما گاندھی نے ہم کو بتایا ہے کہ ہم کس طرح امن وسلامتی کے ساتھ زندگی گذار سکتے ہیں، لیکن حیرت ہے کہ لوگوں نے اس مقصد کو بھلا دیا ہے حتی کہ کانگریسی بھی اس نصب العین کو بھلا چکے ہیں، بہت سے لوگ کلچر اور تہذیب کی باتیں کرتے ہیں لیکن کام ایسے انجام دیتے ہیں جن کا کلچر سے دور کا بھی تعلق نہیں ہوتا۔"

دراصل مختلف قوموں کے کلچر ان موتیوں کے مانند ہیں جن کے رنگ جدا جدا ہیں اور ایک لڑی میں پروئے گئے ہیں، ہر موتی اپنی جگہ قیمتی ہے لیکن اس کا حسن اسی وقت کھلتا ہے جب وہ آپس میں مل کر ایک لڑی میں منسلک ہو جائیں، اس طرح موتیوں کی انفرادیت بھی قائم رہتی ہے اور ان میں اشتراک کا رنگ بھی پیدا ہو جاتا ہے وہ کتنا بڑا بے وقوف ہوگا جو لڑی کو توڑ کر دانوں کو منتشر کر دے اور ایک دانہ کو اٹھا کر دوسرے دانوں کو ٹھوکر مار دے، اسی طرح اس شخص کی حماقت میں بھی کوئی شک نہیں کہ تمام موتیوں کو پیس کر ان کا سرمہ بنائے اور خوش ہو کہ اس نے تمام موتیوں (تہذیبوں) کو ایک کر دیا ہے، موتیوں کو پیس کر آپ سفوف تو بنا سکتے ہیں، ان کے حسن جمال اور انفرادیت کو قائم نہیں رکھ سکتے۔

ہندوستان مختلف تہذیبوں کا گہوارہ ہے اس میں ہندوستانی تہذیب بھی ہے، ایرانی تہذیب بھی ہے، عربی اور اسلامی تہذیب بھی ہے، اشوک اور مغل تہذیب بھی ہے اس سب کے باوجود یہ موتی ایک لڑی میں منسلک ہیں یعنی یہاں کی... مشترک زندگی میں وہ اس قدر پیوست ہو گئے ہیں کہ انہیں ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا جدا کرنے کے لئے لڑی کی شکست ضروری ہے مگر اس شکست کے بعد لڑی لڑی نہیں رہتی بکھرے ہوئے موتیوں کے چند دانے رہ جاتے ہیں، اگر ان تہذیبوں کی انفرادیت ختم کر دی جائے تو پھر وہ سفوف بن کر ہوا کے ایک جھونکے سے اڑ سکتے ہیں جس کے بعد نہ قدیم تہذیب رہتی ہے نہ جدید تہذیب نہ ہندو تہذیب رہتی ہے نہ اسلامی تہذیب، وہ ایک معجون مرکب بن جاتا ہے جس کے اجزا کا معلوم کرنا بھی مشکل ہے۔

زندہ اور ترقی پذیر تہذیب میں اتنی لچک ہونی چاہیئے کہ جدید تہذیب کے صالح عناصر کو جذب کر سکے، اگر اس میں یہ صلاحیت نہیں تو وہ مردہ تہذیب ہے جو زندہ تہذیبوں کے مقابلہ میں ایک لمحہ بھی نہیں ٹہر سکتی، جو لوگ ایک تہذیب کا نعرہ بلند کرکے دوسری تہذیبوں سے انتقام لینے پر تلے ہوئے ہیں وہ ملک کے بہت بڑے دشمن ہیں، اگر ایک تہذیب سے مراد ایک لڑی ہے جس میں مختلف تہذیبوں کے موتی اپنا حسن دکھا رہے ہیں، تو اس میں اتنی... گنجائش بھی ہونی چاہیئے کہ وہ دوسرے خوبصورت موتیوں کو اپنے اندر سمو سکے اگر ایک تہذیب سے مراد تین ہزار سال کی کوئی خیالی تہذیب ہے تو وہ لٹھوں اور چھکڑوں پر لاد کر ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں میں تو بھیجی جا سکتی ہے، ریلوں اور ہوائی جہازوں پر سوار نہیں کرائی جا سکتی! واقعی پنڈت جی نے صحیح فرمایا کہ جو لوگ تہذیب اور کلچر کا شور بلند کر رہے ہیں وہ خود تہذیب سے تہی دامن ہیں اور ان کے نعرہ کو تہذیب سے دور کا بھی واسطہ نہیں یہی حال زبانوں کا ہے جو فطرت کی آغوش میں پلتی ہیں اور مادر آغوش میں بولتی ہیں، اسلئے صحیح روشن خیالی یہ ہے کہ ہر زبان کو نمو پانے کا موقعہ ملے اور ہر تہذیب کو اپنے خزانہ میں جگہ دیجائے

پنڈت جواہرلال نہرو نے اسی تقریر میں یہ بھی فرمایا اور واقعی یہ کہہ کر دماغوں کے پردے ہٹا دیئے کہ

"یہاں ایسے لوگ بھی ہیں جو چاہتے ہیں کہ ہندوستان کو ایک ایسی ریاست بنایا جائے جس کا صرف ایک مذہب ہو، اگر انکا یہ مشورہ قبول کر لیا جائے تو یہ ایک بنیادی غلطی ہوگی"

ظاہر ہے کہ ایک مذہب کا نعرہ لگانے والے کون لوگ ہیں اور ایک مذہب سے ان کی مراد کیا ہے؟ ان کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہندوستان میں صرف ایک مذہب اسلام ہو، نہ ان کی مراد یہ ہے کہ عیسائی مذہب کے سوا کوئی دوسرا مذہب باقی نہ رہے، بلکہ ایک مذہب سے مراد اکثریت کا مذہب ہے جو قدیم زمانہ سے چلا آرہا ہے! اگر اس دعوے کو تسلیم کر لیا جائے تو یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اسلام جو تمام ادیان میں آخری دین ہے، ہندوستان کا واحد مذہب کیوں نہ قرار پائے! اگر ہم تازہ ترین ایجادات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور عصری افکار کو زیادہ سے زیادہ قبول کر سکتے ہیں تو ہمارا رجحان قدامت پرستی کی طرف کیوں ہو اور کیوں نہ ہم اسلام کو ایک تاریخی، فکری، اور عصری مذہب کی حیثیت سے تسلیم کریں! شاید یہ کہا جائے کہ اسلام ایک بدیشی اور غیر ملکی مذہب ہے، لیکن نئی ایجادات اور نئے افکار بھی تو بدیشی ہیں! آخر یہ ٹیلیفون اور ریڈیو، یہ ہوائی جہاز اور موٹریں کہاں سے آئیں! غرض پنڈت جی کا یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ ہندوستان کے ایک مذہب کا نعرہ ایک بنیادی غلطی ہے اگر کثرت سے وحدۃ کی طرف رجوع کا یہی حال رہا تو کوئی کہنے والا ایک دماغ اور خیال کا نعرہ بھی لگا سکتا ہے یعنی ہندوستان کے تیس کروڑ دماغوں کو ایک دماغ بن جانا چاہیئے تاکہ ایک دماغ سے ایک ہی قسم کے خیالات ابھریں اور خیالات کی وحدۃ کردار کی وحدۃ میں منتقل ہو جائے! جس روز یہ آرزو پوری ہوگی انسان ہی ختم ہو جائے گا اور کائنات کی نیرنگیاں اس کا ساتھ دینے سے انکار کر دیں گی!

ہمیں امید ہے کہ جو لوگ تہذیب اور مذہب سے دلچسپی رکھتے ہیں وہ پنڈت جی کے [illegible] کی روشنی میں ان مسائل پر غور کریں گے اور کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالیں گے جو اقلیتوں کو بدگمانی میں مبتلا کر دے اور ہندوستان کی جمہوریت معرض خطر میں پڑ جائے۔

اچھی باتیں

وما۔ تا۔ لیعبدون (پ ۲۷ ع ۲)

ہم نے جنوں اور انسانوں کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔

عبادت کے معنے ہیں خدا کی اطاعت میں لگ جانا خدا کی بتائی ہوئی راہوں پر چلنا دین اور دنیا کو اسی طرح استعمال کرنا جس طرح خدا نے بتایا ہے اس معنے میں ایک شخص کا پورا نظام زندگی عبادت میں داخل ہو جاتا ہے۔ خدا نے جنوں اور انسانوں کو اسی مقصد کے لئے پیدا کیا ہے کہ وہ اپنے فرض کو پہچان کر خدا کی بتائی ہوئی راہوں پر چلیں اگر انسان مجبور ہے کہ قانون طبعی پر چلے تو اس کا یہ بھی فرض ہے کہ قانون شریعت پر بھی گامزن ہو اور خدا کے فعل (قانون فطرت) کے ساتھ خدا کے قول (قانون شریعت) کو بھی مانے۔ اگر انسان اپنی بنائی ہوئی راہوں کو چھوڑ کر خدا کی راہوں پر چلنے لگے اور اپنے آپ کو جوابدہ سمجھے تو آج دنیا کو ہر قسم کی مشکلات سے نجات مل سکتی ہے اور ہم آنے والی تباہی سے اپنے آپ کو بچا سکتے ہیں۔

جمہوریہ متحدہ انڈونیشیا کے دستور کا خاکہ

بین انڈونیشی کانفرنس کے فیصلے

(۳)

[illegible]

(ب) مالیات اور معاشی پالیسی

[illegible]

افکار پاکستان

کراچی کارپوریشن

[illegible]

روزنامہ ڈان کراچی۔ ۲۹ اگست

پبلک سیفٹی ایکٹ کی تلوار

[illegible]

روزنامہ سعادت۔ لائلپور۔ ۲۹ اگست

ضروری اعلان

[illegible]

ہندوستان کے فارغ التحصیل طلباء

لندن سے بذریعہ طیارہ واپسی

[illegible]

لندن میں سائنسی ترقیات کی کانفرنس

ہندوستانی نمائندے بھی شریک ہونگے

[illegible]

جمعیۃ علماء ہی سوقت ہندوستان میں باعمل جماعت ہے

بھوپال میں نئی جماعت قائم کرنیکے متعلق نائب صدر جمعیۃ علماء بھوپال کا بیان

آج ہندوستان کے مسلمان جن حالات سے گزر رہے ہیں ان میں ان کی مذہبی تعلیمی اور ثقافتی امور کی حفاظت کی ذمہ داری اور ... جمعیۃ علماء ہند نے اپنے کندھوں پر اٹھایا ہے اور فی الواقع اس وقت کوئی منظم ادارہ اس کام کے لئے موجود بھی نہیں ہے۔ ان حالات میں بھوپال میں ایک نئی جماعت کا قیام جو ... بھوپال کے نائب صدر نے اس سلسلہ میں جو جواب دیا ہے وہ نہایت معقول ہے۔

مولانا عبدالرشید صاحب صدر جمعیۃ علماء بھوپال نے ایک دعوت نامہ جاری کر کے ... نائب صدر جمعیۃ علماء بھوپال نے جو جواب دیا وہ اور اصل دعوت نامہ درج ذیل ہیں۔

دعوت نامہ

حالات حاضرہ میں مسائل کی غور و فکر ... مسلمانوں کی قومی حیثیت ... اس کے حل کی صورت ... کی ضرورت ... کے لئے بتاریخ ۱۰ اگست ۱۹۴۹ء بوقت ... بھوپال ... ایک اجلاس منعقد ہوگا براہ کرم شرکت فرما کر مشکور فرمایا جائے۔ یکم اگست ۱۹۴۹ء

(داعی عبدالرشید عفی عنہ)

جواب

جناب کرم و محترم مولانا عبدالرشید صاحب زاد مجدہ

السلام علیکم! آں مکرم کا دعوت نامہ موصول ہوا تھا۔ مجھے اس روز شدید بخار تھا اس لئے حاضر نہ ہو سکا۔ اور اب بھی کمزور ہوں۔ اس دن کے اجتماع کے حالات مولوی ... رکن مجلس العلماء سے معلوم ہوئے۔

مجھے نئی جماعت بنانے سے اختلاف ہے میری رائے میں جماعتیں ... ہیں سب کو ایک ہو جانا چاہیے۔ بھوپال کا تعلق مرکزی حکومت سے ہو چکا۔ اور ہندوستان میں مسلمانوں کی نمائندہ جماعت جمعیۃ علماء ہند ہے۔ آپ چونکہ اس جماعت کے صدر تھے اس کے اغراض و مقاصد آپ کے پیش نظر ہوں گے۔ مجملاً عرض کرتا ہوں۔ ملاحظہ ہو جمعیۃ علماء کیا ہے حصہ اول صفحہ دستور العمل جمعیۃ علماء ہند کے الفاظ میں اغراض و مقاصد حسب ذیل ہیں۔

دفعہ ۳ اسلامی نقطہ نظر سے ملت اسلامیہ کی حسب ذیل امور میں رہنمائی اور جد و جہد کرنا۔

(الف) اسلام مرکز اسلام (حجاز) جزیرۃ العرب اور شعائر اسلامی کی حفاظت اور اسلامی قومیت کو نقصان پہنچانے والے اثرات کی مدافعت۔

(ب) مسلمانوں کے مذہبی اور وطنی حقوق اور ضروریات کی تحصیل و حفاظت

(ج) علماء کو ایک مرکز پر جمع کرنا۔

(د) ملت اسلامیہ کی شرعی تنظیم اور محاکم شرعیہ کا قیام

(ہ) شرعی نصب العین کے مطابق قوم اور ملک کی کامل آزادی۔

(و) مسلمانوں کی مذہبی، تعلیمی، اخلاقی، معاشرتی، اقتصادی اصلاح اور اندرون ملک حسب استطاعت اسلامی تبلیغ و اشاعت۔

(ز) ممالک اسلامیہ اور دیگر ممالک کے مسلمانوں سے اسلامی اخوت و اتحاد کے روابط کا قیام و استحکام

(ح) شرعی حدود کے مطابق غیر مسلم برادران وطن کے ساتھ ہمدردی اور اتفاق کے تعلقات کا قیام۔

میرے خیال میں یہ جامع لائحہ عمل ہے کوئی نئی جماعت اس سے بہتر اور مناسب اگر کوئی منشور شائع کرے۔ اس کے بعد اس پر غور کیا جا سکتا ہے۔

یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ علماء کی شاخ نے بھوپال میں کیا کام کیا۔ یہ اعتراض بالکل صحیح ہے لیکن کسی جماعت کے ارکان کی بے عملی اس جماعت کی شکستگی کا باعث نہیں ہو سکتی۔ باعمل حضرات اس کے ممبر ہوں اور وہ کام سنبھالیں جنہیں ما روشن دل ما شاد۔

ہندوستان میں آج یہی باعمل جماعت ہے۔ اور اس کے ساتھ طاقت ہے بھوپال کی شاخ کا بھی مرکز سے تعلق ہے۔ یہاں اس جماعت کے ارکان ممبر سازی میں مشغول رہے اور مجھے امید ہے کہ اب ان میں عملی احساس پیدا ہوگا اس لئے میں اس جماعت کے علاوہ کسی اور جماعت کا وجود یا قیام نہیں چاہتا ہوں۔ والسلام احقر خالد

پالی ریاست جودھپور میں فرقہ پرستوں کی شرانگیزیاں

جمعیۃ علماء ہند کے وفد کے دورہ کی تفصیلات

(از نامہ نگار)

جمعیۃ علماء ہند کا ایک وفد مشتمل برمسٹر سلطان یار خان ایڈوکیٹ اور شیخ محمد ابراہیم ادا ... ریاست جودھپور کے واقعات کی تفتیش کے لئے گیا تھا وہ دہلی واپس آگیا ہے

وفد کے اراکین نے بتایا

کہ اس وقت پالی (جودھپور) میں حالات سکون پذیر ہیں۔ وفد کے دورہ سے مسلمانوں میں کافی اطمینان اور بھروسہ پیدا ہو گیا ہے۔ پالی کے مسلمان صبر و استقلال سے کام لے رہے ہیں اور وطن عزیز کو ترک کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔

اراکین وفد نے پالی کے کانگرسی کارکنوں کی مخلصانہ خدمات کو بہت سراہا اور کہا ان کانگرسی کارکنوں نے کانگرس کی قدیمی روایات اور مہاتما گاندھی کی تعلیمات کو پیش نظر رکھا اور قیام امن اور اقلیت کے تحفظ کے لئے پوری کوشش کی۔

البتہ کانگرسی اراکین اور مسلم اقلیت کو حکام کی غفلت یا چشم پوشی سے یکساں شکوہ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر مقامی حکام نے اب بھی تشدد پسند اور فرقہ پرست عناصر کا سختی سے مقابلہ نہ کیا تو اس سے سخت نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پالی کے واقعات کی تفصیل بتاتے ہوئے اراکین وفد نے کہا کہ قصبہ پالی کے پاس کوئی تقریباً چھ ہزار سندھی شرنارتھیوں کا کیمپ لگا ہوا تھا۔ ... کچھ فتنہ پرداز ... مسلمانوں پر ...

حکومت راجستھان نے جولائی ۱۹۴۹ء کے تیسرے ہفتہ میں اعلان کیا کہ یکم اگست سے پناہ گزینوں کو کیمپ میں مفت راشن نہیں دیا جائے گا۔ اس سے قدرتی طور پر شرنارتھیوں میں ناراضگی پیدا ہو گئی۔

بعض فرقہ پرستوں نے اس موقعہ سے فائدہ اٹھا کر ان کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکایا۔ ۱۵ اگست کو شرنارتھیوں نے ... کانگرسی حکومت اور مسلمانوں کے خلاف نعرے لگائے۔

۱۷ اگست کو راشٹریہ سیوک سنگھ والوں نے ایک جلوس نکالا اور اس میں اشتعال انگیز نظمیں پڑھیں اور نعرے لگائے

۱۹ اگست کو صبح کے وقت ایک ضعیف العمر مسلمان تیم علی شہ پر چاقو سے وار کیا گیا۔ اسے سخت ضربات آئیں ۲۰ اگست کی شام کو ایک سکھ نے ایک مسلمان نوجوان عورت ہاجرہ زوجہ کریم کو اس کے گھر میں گھس کر زخمی کیا۔ اس عورت کے گلے اور شکم پر زخم آئے۔ لیکن فضل خداوندی سے دونوں کی جانیں محفوظ رہیں۔ پالی کے ڈاکٹر صاحب نے ان دونوں کے معالجہ میں انتہائی کوشش صرف کی

۲۷ اگست کو پھر ایک فتنہ اٹھ کھڑا ہوا۔ کچھ مسلمان اسٹیشن کے قریب ایک مسجد سے نماز پڑھ کر نکل رہے تھے کہ کچھ شرنارتھیوں نے ان پر حملہ کر دیا۔ تین آدمی سخت زخمی ہوئے۔ ایک غریب سوار مسلمان سرکاری ملازم کو لوٹ لیا

وفد کے اراکین نے جمعیۃ علماء جودھپور کے محترم اراکین صمصام الحق صاحب اور ظفر حسین صاحب ایڈوکیٹ کے ہمراہ زخمیوں کو ان کے گھر جا کر دیکھا۔ دوسرے روز ہسپتال میں داخل شدہ زخمیوں کو دیکھا۔

۲۸ اگست کو صبح راجستھان یونین کانگرس کے صدر مسٹر جے نرائن ویاس پالی پہنچے اسی روز صبح جودھپور جمعیۃ العلماء کے صدر حکیم محمد ابراہیم اور بیکانیر کے مشہور قومی رہنما مسٹر احمد بخش ایڈوکیٹ بھی پالی تشریف لے آئے۔

... ۲۹ اگست کو وفد واپس جودھپور پہنچا اور راجستھان یونین کے ایک وزیر مسٹر ... سے ملاقات کی اور ان کو پالی کے حالات سے آگاہ کیا صاحب موصوف نے پورے وثوق اور ذمہ داری سے فرمایا کہ راجستھان کی گورنمنٹ کسی شکل میں بھی قانون شکنی اور امن سوز کارروائیوں کو برداشت نہیں کرے گی۔ اور مفسد عناصر کے خلاف سخت اقدام کرے گی انہوں نے مزید فرمایا کہ حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ کسی مذہب اور فرقہ کے لوگوں کے ساتھ بے انصافی نہ ہو ... راجستھان کی قدیم امن پسندانہ روایات کو قائم رکھیں گے۔

اس سلسلہ میں ایک باعمل اور مخلص شخصیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور وہ پالی کے قدیم قوم پرست کانگرسی رہنما مسٹر ... ہیں ...

موضع کھمولی اعظم گڈھ کے فساد کے سلسلہ میں عبدالغنی ایم ایل اے کا بیان

ایک لاکھ کے نقصان کا اندازہ۔ اور اخبار سنمارگ کی غلط بیانیوں کی تردید

اعظم گڈھ (بذریعہ ڈاک) مسٹر عبدالغنی انصاری ایم ایل اے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ۲۷ جون ۱۹۴۹ء کو موضع کھمولی ضلع اعظم گڈھ میں جو فرقہ وارانہ فساد ہوا تھا اس کے متعلق سنمارگ نے ۱۷ جولائی ۱۹۴۹ء کے پرچہ میں اپنے نامہ نگار خصوصی کا بیان شائع کیا ہے جو اس وجہ سے قابل توجہ ہے کہ ... شاستری جی کے بیان پر مبنی ہے جو مرکزی اسمبلی اور یو۔ پی اسمبلی کے ممبر ہیں اور اعظم گڈھ کے ... ہیں

واقعہ یوں ہے کہ ۲۶ جون ۱۹۴۹ء کو کھمولی میں ایک مسلمان صاحب کے یہاں شادی کے سلسلہ میں دعوت تھی۔ انھوں نے دن میں اپنے مکان کے زنانے حصے میں جو گھرا ہوا ہے ایک گائے ذبح کی۔ پھر تقریباً دو تین گھنٹے رات گزرنے پر دوا اور گائیں مکان سے باہر گاؤں کے اس حصہ میں ذبح کیں جہاں صرف مسلمانوں کی آبادی ہے۔ اس کی خبر کسی نے پاس کے ہندو مواضعات میں پہونچا دی۔ وہاں کے لوگ فوراً کھمولی پہنچ گئے اور ذبح شدہ گایوں کو اپنے قبضہ میں کر لیا اور کچھ وہ ... گاؤں کے لوگوں سے جھگڑا شروع کر دی۔ گاؤں کے لوگوں نے معذرت کی کہ انھوں نے محض دعوت کی وجہ سے اور بلا کسی اور خیال کے گائے ذبح کی جیسا کہ وہ پہلے بھی کرتے تھے اور ان کو اس کا کوئی گمان نہ تھا کہ اس پر کوئی اعتراض ہوگا۔ بہرکیف صبح ہوتے ہوتے مجمع نے گاؤں پر حملہ کر دیا جس کے دوران میں مکانات لوٹے اور جلائے گئے اور کچھ لوگ جو بھاگ نہ سکے ان کو مارا پیٹا گیا۔ چار آدمی ہسپتال میں داخل کئے گئے جن میں سے ایک جانبر نہ ہو سکا۔

لیکن شاستری جی کی طرف جو بیان منسوب کیا گیا ہے اس کو پڑھ کر حیرت ہوتی ہے۔ اس بیان کے خاص اجزا یہ ہیں۔

۱۔ مسلمانوں نے بقیر کو خود زندہ کرنے کے لئے خود اپنی جھونپڑیوں میں آگ لگا دی جن کا کوئی استعمال نہیں تھا۔

۲۔ ... اس میں ایک کی کھوئی ... وغیرہ ہے۔

۳۔ جو مکانات جل گئے ہیں ان کی تعداد ۵-۶ ہے۔

۴۔ ہندو مسلم کشیدگی کی تمام تر ذمہ داری موجودہ مجسٹریٹ ضلع پر ہے۔ ... ان کی پالیسی کی وجہ سے ضلع کی پولیس ایک طرح سے بیکار ہو گئی ہے۔ ... آئے دن مسلح ڈکیتیاں پڑتی ہیں اور لگ بھگ تین آدمیوں کا روزانہ قتل ہوتا ہے۔

۵۔ شبلی منزل جو پہلے نیشنلزم کا نشان تھا آج سازش کرنے والوں کا اڈا کہا جاتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ پاکستانی جاسوسوں کی ساری کاروائیاں یہیں سے شروع ہوتی ہیں۔

میں نے خود ۲۰ جون کو موقع کا معائنہ کیا۔ جس وقت میں موقع پر پہونچا اس وقت شاستری جی اور شری ستیا رام اسٹیپانہ موجود تھے ان سے جو گفتگو ہوئی ان سے واقعات کے متعلق کسی شدید اختلاف کا گمان بھی نہ ہوتا تھا۔ میں نے ایک ایک جلے ہوئے مکان کا خود معائنہ کیا اور مجھے ۲۷ مکان ایسے ملے جن میں آگ لگائی گئی تھی ان میں سے نصف سے زیادہ مکانات کو شدید نقصان پہنچی تھی اور باقی مکانات کو مقابلتاً کم نقصان ہوا۔ میں نے خود غلہ بھوسہ اور دیگر سامان بڑی مقدار میں جلا ہوا پایا۔ آجکل کی گرانی کا لحاظ کرتے ہوئے کم سے کم ایک لاکھ روپے کا نقصان ہوا ہوگا۔ ان حالات میں یہ کہنا کہ مسلمانوں نے خود ہی اپنی بیکار جھونپڑیوں میں آگ لگا دی انصاف کا خون کرنا ہے۔

مجسٹریٹ ضلع پر جو الزامات لگائے ہیں ان کی قطعاً کوئی اصلیت نہیں ہے۔ ...

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے اس فہرست میں صرف ادا ہی ہستی ... رقوم کے نام درج ہیں۔ جو رقوم کے نام معرفت یا متفرق عنوان میں جمع کئے گئے ہیں۔ چونکہ اخبار میں جگہ کم ہوتی ہے اور چھوٹی چھوٹی رقوم کے نام بکثرت ہوتے ہیں اس لئے مجبوراً ایسا کیا گیا ہے۔ امید کہ متعلقہ حضرات معاف فرمائیں گے

وآخرہ علی اللہ

(۱) انجمن الاسلام۔ شملی پاڑہ ہگلی۔ ... تبلیغ

(۲) عیدگاہ کھتولی۔ کھتولی مظفر نگر ... امداد

(۳) جناب بشیر احمد صاحب۔ نہٹور۔ بجنور ...

(۴) ... محمد الیاس عالم صاحب۔ پیرو ضلع شاہ آباد ...

(۵) معرفت منشی محمد اشتیاق ... ہنڈیا ...

(۶) جناب مولوی بشارت علی صاحب۔ جھلنا پور۔ فرخ آباد ... امداد

(۷) جناب مولوی بشارت علی صاحب۔ جھلنا پور فرخ آباد ... زکوۃ

(۸) مسلمانان اورنگ آباد۔ ضلع میرٹھ ... امداد

(۹) مسلمانان اورنگ آباد ... ریلیف

(۱۰) معرفت محبوب احمد صاحب۔ محمد پور گونتی فتحپور ... زکوۃ

(۱۱) جناب محبوب احمد صاحب۔ محمد پور گونتی فتحپور ... امداد

(۱۲) معرفت شیخ رضی الدین صاحب بمبئی ... زکوۃ

(۱۳) جناب ظہیر الدین صاحب بمبئی ... امداد

(۱۴) جناب علی داؤد اسمٰعیل صاحب ...

(۱۵) جناب حاجی آدم علی اسمٰعیل صاحب ...

(۱۶) ... یعقوب احمد صاحب ...

(۱۷) ... احمد اسحٰق بالا صاحب ...

(۱۸) ... اسمٰعیل محمد سلیمان صاحب ...

(۱۹) ... احمد محمد عمر صاحب ...

(۲۰) ... سلیمان اسمٰعیل صاحب ...

(۲۱) ... ابراہیم محمد عمر صاحب ...

(۲۲) ... موسیٰ محمد بابو صاحب ...

(۲۳) ... الحاج علی ابراہیم ... چاچا ...

(۲۴) ... احمد داؤد صاحب ...

(۲۵) ... محمد یعقوب ...

(۲۶) ... ملک آدم ...

(۲۷) ... محمد اصغر صاحب۔ میرٹھ ...

(۲۸) ... ابوالفضل محمد ... صاحب ... زکوۃ

(۲۹) جناب اکرام الحق صاحب۔ کاشی پور ...

(۳۰) معرفت ... [illegible]

حیدر آباد کے مسائل کا حل

ہندکسان سبھا کے جنرل سکریٹری کا بیان

حیدر آباد دکن ۳۱ اگست: ہند کسان سبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر مصرا نے ایک بیان میں کہا کہ اس وقت ریاست حیدر آباد کے سامنے جو مسائل ہیں ان کا حل یہ ہے کہ وہاں کے دیہات کا انتظام پنچایتوں کے سپرد کر دیا جائے جن کا انتخاب آزاد اور خفیہ رائے دہندگی سے ہو اور کاشتکاروں کو زمینوں کا مالک بنا دیا جائے۔ (پ ٹ ا)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضروری ہے

کل ہند اردو کانفرنس بنارس کی امداد کی جائے

شاعر انقلاب علامہ انور صابری کی بستر علالت سے اپیل

دیوبند ۱۳ اگست۔ شاعر انقلاب علامہ انور صابری نے خون کے دباؤ بڑھ جانے کی وجہ سے اندرون علیل ہیں حسب ذیل بیان الجمعیۃ کے لئے دیا ہے۔

اردو ہندوستان کی خالص ہندوستانی تہذیب و تمدن کی پیداوار اور زندہ یادگار ہے اسے کسی خاص قوم کی طرف منسوب کرنا ہندوستان کے تمدن قدیم کی توہین کرنا ہے۔ بنارس کے وہ پختہ عزم اور زندہ دل نوجوان جنہوں نے اپنے ملک کی آزادی کے لئے ہزاروں مصائب برداشت کئے ہیں۔ ... قابل مبارکباد ہیں۔ کل ہند اردو کانفرنس کے مستقل بنیاد پر انعقاد کی جد و جہد ان کے خلوص عمل اور حب وطن دوستی کی دلیل ہے۔ میں فی الحال کمزوری صحت کی بنا پر بذات خود رضا کارانہ خدمات انجام نہیں دے سکتا۔ انشاء اللہ ولیسی فرصت میں ان کا ہاتھ بٹانا اپنے لئے موجب فخر سمجھوں گا۔

اردو سے محبت کے یہ معنی ہرگز نہیں ہیں ... ہم ہندی کے مخالف ہیں۔ ... اگر باہمی سلوک ...

پاک ایئر لمیٹڈ

روزانہ مقررہ سروسیں

دہلی سے کراچی لاہور

اوقات

دہلی کراچی ہر منگل کو

دہلی سے روانگی ۱۰ بجے سہ پہر

کراچی میں آمد ۶ بجکر ۱۰ منٹ شام

دہلی لاہور روزانہ سروس

روزانہ دہلی سے روانگی صبح ۹ بجکر ۵۰ منٹ

لاہور میں آمد صبح ۱۱ بجکر ۴۰ منٹ

کرائے

دہلی	کراچی	یک طرفہ	۱۵۰	روپیہ	واپسی	۲۸۵	روپیہ
دہلی	لاہور	یک طرفہ	۶۶	روپیہ	واپسی	۱۲۶	روپیہ

مزید تفصیلات کے لئے حسب ذیل پتہ سے معلومات حاصل کیجئے

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس

نئی دہلی

ٹیلیفون نمبر ۸۳۰۰ تار کا پتہ ایئر ٹیکسیز

الجمعیۃ بکڈپو کی شائع کی ہوئی چند کتابیں

جو جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں رہنی ضروری ہیں

جمعیۃ علماء کیا ہے۔ حصہ اول ۶/ حصہ دوم

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل (از جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی) موجودہ دور میں اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی موجودہ پوزیشن کو صحیح طور پر سمجھ سکے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کر سکے۔ قیمت صرف دس آنہ ۱۰/

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق۔ پنڈت سندر لال جی کی بہترین تصنیف ۸/

ہمارا ہندوستان اور اس کے فضائل۔ قیمت ۲/

جمعیۃ علماء کی شرعی اہمیت۔ قیمت ۱/

اسلام کا اقتصادی نظام۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب کی مشہور کتاب ۴/

مسلمانوں کا نظم مملکت۔ ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی بے نظیر کتاب ہے قیمت

اصلاح الرسوم۔ قیمت

تعلیم الدین۔ قیمت

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (۶)

دار السلطنت

حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کیا جائے

پولیو سے بچنے کیلئے راجکماری امرت کور کی اپیل

راجکماری امرت کور وزیر صحت نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں لوگوں سے اپیل کی گئی ہے کہ بچوں کے فالج کی بیماری کے خلاف احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور حفظ صحت کے اصولوں کا خیال رکھیں دہلی اور ہندوستان کے بعض شہروں میں اس بیماری کے حملے ہوئے ہیں۔ ایسی خوراک جس پر مکھیاں بیٹھتی ہوں اس سے بھی یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے بخار، درد سر، ناک بہنا اور کبھی کبھی تکسیر پھوٹنا اس مرض کی علامات ہیں۔ اس سے بچنے کے لئے مکھیوں کا خاتمہ کر دینا چاہیے۔ کوڑے پر ڈی ڈی ٹی چھڑکی جائے ایسی غذائیں جن پر مکھیاں بیٹھی ہوں استعمال نہ کرنی چاہئیں اس بیماری میں گردن بھی اکڑ جاتی ہے۔ عام طور پر اس کے مریض بچے نہیں بچتے جو بچ جاتے ہیں ان کو عام طور پر مختلف قسموں کا فالج ہو جاتا ہے۔ اس کے مریض کو تین ہفتہ تک دوسروں سے الگ رکھا جائے اور فوراً طبی حکام کو اطلاع دی جائے۔ پانی ابال کر استعمال کیا جائے بچے بازار، سینما وغیرہ نہ جائیں۔ تالابوں میں نہ نہائیں ہر قسم کی احتیاط کریں۔ ... گرم دن میں سرد پانی سے غسل نہ کیا جائے۔ سینما وغیرہ صاف رکھے جائیں۔

جولائی میں ۱۲۷ گرفتاریاں

چیف کمشنر نے مشاورتی کونسل کے ایک حالیہ اجلاس میں بتایا کہ جولائی میں دفعہ ۱۱ کے تحت ۱۲۷ گرفتاریاں کی گئیں۔ انھوں نے بتایا کہ ان لوگوں کی ضمانت پر رہائی یا تخفیف کرنے کا کوئی حکم نہیں دیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ مقدمات واپس لینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ کالی سیٹ ... پنجاب ہائی کورٹ ... کے جوابات ...

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۳ء۹ درجہ اور کم سے کم ۸۰ء۶ درجہ تھا۔

ہندی عدالتی زبان

شاورتی کونسل میں ایک سوال کے جواب میں مسٹر شنکر پرشاد چیف کمشنر نے بتایا کہ یکم نومبر سے دہلی کی عدالتوں میں دیوناگری رسم الخط میں ہندی کو دفتری زبان قرار دیدیا جائے گا۔

میونسپل اسٹاف کیلئے ڈسپنسری

دہلی میونسپلٹی کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں میونسپل ملازمین کے لئے ایک ڈسپنسری کھولی گئی ہے۔ یہ ڈسپنسری ... بجے سے ... بجے شام تک کھلی رہا کرے گی۔

بلا اجازت اناج رکھنے پر گرفتاری

کوئینس روڈ پر پولیس نے دو آدمیوں کو بلا اجازت اناج رکھنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ چاول ... اور سیتا رام بازار کے ایک دکاندار کو گرفتار کیا ہے ... اسی الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔

ایک ملازم پر حملہ

ایک ترقی ... نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ... ان پر حملہ کیا ... اس کو بچا لیا۔

اغوا کا مبینہ الزام

مہرولی کی ایک عورت نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ وہ تین دوسری عورتوں کے ساتھ کھیتوں میں جا رہی تھی کہ چند اشخاص نے ... کو اغوا کر لیا ... موقعہ پا کر وہ بھاگ آئی۔

ہوٹل ورکروں کو سزا

کل ریزیڈنٹ مجسٹریٹ نئی دہلی نے ... ہوٹل میں کام کرنے والے ۲۵ لڑکوں کے خلاف فیصلہ سنایا ... جرمانہ ... حکم سنایا۔

... تو دوسرے اشخاص کا جن ... کا حکم سنایا ...

شاخ کاٹنے پر سزا

ایک شخص ... درخت کی شاخ کاٹنے پر ... سزا دی۔

ارون ہسپتال کیلئے کوارٹر

مرکزی حکومت مرکز کے زیر اہتمام اسپتالوں کی توسیع کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ مرکزی حکومت کی درخواست پر ایک برطانوی فرم کے دو افسر یہاں پہونچے ہیں جو اس بارہ میں مرکزی حکومت کو رپورٹ پیش کریں گے۔ فی الحال اسپتالوں میں ... کے تعمیر کردہ گھروں کے مقام کا مسئلہ زیر بحث ہے اور اسپتالوں میں اس قسم کے وارڈ بھی بنائے جائیں گے۔ وزارت صحت کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس طرح مکانوں کا مسئلہ حل ہو جائے گا اور اگر یہ طریقہ کامیاب رہا تو صوبائی حکومتوں کو بھی اس کے استعمال کی سفارش کی جائے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ یکم ستمبر سے نظام الدین کی بستی میں ... مکانات کی فیکٹری کی بعض مشینوں کے ذریعہ ... سے کام شروع کرے گی اس فیکٹری کے بنائے ہوئے مکان ... ہسپتال کے لئے استعمال کئے جائیں گے۔

دوسرا معیاری مشاعرہ

محفل ادب ... حسام الدین حیدر ... دہلی کے زیر اہتمام دوسری مجلس مشاعرہ طرحی ... ستمبر ۱۹۴۹ء ... بمقام ... منعقد ہو رہا ہے ... امید ہے کہ ... حضرات شعر و ادب سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب اپنی شرکت سے بزم کو رونق بخشیں گے۔

مصرع طرح: ... زندگی ہے ...

قوافی: ... ردیف ...

سوفٹ کوک کے لائسنس کی درخواستیں

ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ سوفٹ کوک کی ... کے لائسنس کے لئے درخواستیں ... ستمبر کے بعد موصول ہونگی ان پر غور نہیں کیا جائے گا۔ ... سوفٹ کوک کی تھوک ... اور خوردہ کی شرح ... مقرر کی ہے۔

طلائی انگوٹھی چھین لی

قرول باغ میں رہنے والی ایک عورت نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ایک شخص نے راستہ میں اس پر حملہ کیا اور اس کی طلائی انگوٹھی چھین لی۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا اور تحقیقات کر رہی ہے۔

آٹھ جواری گرفتار

پہاڑ گنج کے تھانہ کی پولیس نے ... آٹھ مبینہ جواریوں کو گرفتار کیا ہے۔

... سبزی منڈی کے ... ایک شخص کو ... کے جوڑے ... باہر لے جاتے ہوئے پکڑ لیا۔ یہ شخص حوالہ پولس کر دیا گیا۔

ٹریننگ سنٹر کا معائنہ

سوڈان کے سفیر ... نے ... ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر کا معائنہ کیا۔ انھوں نے سنٹر کے کام کی بہت تعریف کی اور ہندوستان کے لئے اسے بہت اہم قرار دیا۔

فیلڈ انسپکٹر کو سزا

اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ... نے ... ایک فیلڈ انسپکٹر کو ... کے تحت تا برخاست عدالت قید کی سزا دی۔ انھیں بیس روپے جرمانہ یا عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ایک ماہ قید سخت کی سزا بھی دی گئی۔ ... کا الزام ہے۔

سوشلسٹ پارٹی کی اطلاع

تمام سانتھیوں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ... کو شام ... بجے ... کی میٹنگ ...

بازاروں کے بھاؤ

دہلی یکم ستمبر ۱۹۴۹ء

بازار صرافہ

سونا ... روپے ... چاندی ...

غلہ مارکیٹ

گیہوں ... روپے ... چنا ... جو ... مونگ ... سرسوں ... تیل ...

کریانہ مارکیٹ

ہلدی ... گڑ ... مرچ ... زیرہ ... بادام ... کالی مرچ ... چھوہارا ... ناریل ...

منیاری مارکیٹ

شیئر مارکیٹ

ڈالمیا سیمنٹ ... ہندوستان موٹرز ... دہلی کلاتھ ... انڈین آئرن ... بھارت بینک ...

سائیکل مارکٹ

ہرکولیس سائیکل ... روپے ... ڈنلپ ... جاپان ... پیڈل ...

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی ... گیہوں ... چنا ... گڑ ...

[illegible]

نئی سڑک کے پٹری پر بیٹھنے والوں کو

ہٹانے کے لئے ڈپٹی کمشنر کا وعدہ

معلوم ہوا ہے کہ ڈپٹی کمشنر دہلی کو نئی سڑک کے دکانداروں نے ... میموریل دیا تھا ... ڈپٹی کمشنر نے ... دکانداروں کو یقین دلایا ہے ... پٹری پر بیٹھنے والوں کو ... ہٹانے کا انتظام ...

ریلوں میں چار درجہ ہوں گے

نئی دہلی یکم ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ریلوں کی مرکزی مشاورتی کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ ریلوں میں پھر چار درجوں کا سسٹم شروع کر دیا جائے گا۔ اور یہ چار کلاسیں فرسٹ کلاس اسپیشل سکنڈ کلاس اور معمولی سکنڈ کلاس ہوں گی اور تھرڈ کلاس ہے۔ اسپیشل سکنڈ کلاس میں سونے اور ... کا انتظام ہوگا۔ ... اس فیصلہ پر جلد عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔

سینما بھی ادھار دیکھئے

امریکی مالکین سینما کی جدت

نیویارک ۳۰ اگست۔ سینما گھروں کو تماشبینوں سے پر رکھنے کے لئے امریکہ کے سینما مالکان نے ایک نئی ترکیب دریافت کی ہے جس کے تحت تماشبین ... ٹکٹ خرید سکیں گے ... ٹکٹ حاصل کر سکیں گے البتہ ٹکٹ کی قیمت مہینے کے آخر میں وصول کی جائے گی۔ ...

ہندوستانی طالب علم قرطبہ میں

... ہندوستانی طالب علم ...

جعلی سکے برآمد ہونے پر سزا

امرتسر یکم ستمبر ... ایک شخص کو جعلی سکے بنانے اور برآمد ہونے پر سزا دی ہے۔

پنڈت نہرو بمبئی جائیں گے

نئی دہلی یکم ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... پنڈت نہرو بمبئی جائیں گے۔ پنڈت جی وہاں ... ملاقات کریں گے۔

بھوپال اندر اطبیہ کالج جاری ہے

... بھوپال اندر اطبیہ کالج ... جاری ہے ... حکیم ... صاحب ...

جلتے ہوئے کوئلہ بردار جہاز پر ایک ہزار میل کا سفر

جہاز کے بندرگاہ پہونچنے پر بہادر ملاحوں کے کارنامہ پر اظہار تحسین

برمنگھم یکم ستمبر۔ ایک ہفتے تک آگ اور طوفان کا مقابلہ کرتے ہوئے برطانوی کوئلہ بردار جہاز "ایس لوٹ" آج بندرگاہ فری مینٹل میں داخل ہوا۔ بندرگاہ میں جہاز کے داخلہ کے وقت بھی جہاز پر لدے ہوئے ۹ ہزار ٹن کوئلے کا ایک حصہ پوری شدت کے ساتھ شعلے اگل رہا تھا۔ جہاز پر کام کرنے والے ۳۲ برطانوی اور عرب ملاح تھکن کے تقریباً مردہ ہو چکے تھے۔ لیکن اس پر بھی وہ اپنے فرائض ادا کرتے رہے اور آگ بجھانے والے مقامی دستوں کی مدد کرتے رہے۔

کوئلے میں آگ اس وقت لگی جبکہ جہاز اپنی منزل مقصود سے تقریباً ایک ہزار میل کے فاصلہ پر بحر ہند میں سفر کر رہا تھا۔ جہاز کے کپتان مسٹر جیمس تھامسن جہاز کی سرگزشت بیان کرتے ہوئے کہا۔ ملاح باہمت تھے انہوں نے جہاز کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک آگ کا تعاقب کیا ہے وہ پانچ دن تک اپنے کپڑے تبدیل نہ کر سکے لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ دو ملاح دھوئیں کے کثیف بادلوں کے درمیان بیہوش ہو گئے تھے۔ لیکن انہیں مصنوعی تنفس کے ذریعہ ہوش میں لایا گیا۔ اور وہ اس کے فوراً بعد آگ سے جنگ کرنے میں مشغول ہو گئے۔ آتشزدگی کی وجہ سے ملاحوں کے کوارٹر ناقابل رہائش ہو گئے تھے۔ لیکن انہیں جب کبھی موقع ملتا تھا وہ ... تختوں پر سو لیتے تھے۔ وہ دن رات کام کرتے رہے ہیں۔ جہاز کے ساحل تک آنے کے کارنامے پر آج پورے آسٹریلیا میں خوشی منائی جا رہی ہے۔ (رگلوب)

لندن کا ہندوستانی سفارتخانہ

نئی شاندار عمارت کی تعمیر کا مسئلہ

لندن یکم ستمبر۔ آئندہ سال جب ہندوستان اپنے جمہوریہ ہونے کا اعلان کرے گا تو لندن میں اس کے لئے ایک شاندار سفارتخانہ قائم کیا جائے گا۔ یہ سفارتخانہ بیلیس گرین میں سویٹ سفارتخانہ سے چند قدموں کے فاصلہ پر واقع ہوگا۔

گذشتہ چند مہینوں سے ایک اعلیٰ شان عمارت تعمیر کرنے کے لئے گفت و شنید ہو رہی ہے۔ ابتدائی طور پر معاوضہ ۲۰ ہزار پونڈ طلب کیا گیا تھا۔ لیکن یقین کیا جاتا ہے کہ ہندوستان نے ۵۰ ہزار پونڈ میں سودا کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے سفارتخانہ پر ہندوستان کو کافی رقم خرچ کرنی پڑیگی۔ (گلوب)

انگریز کپتان کے ساتھ

چینی قوم پرستوں کی سخت گیری

ہانگ کانگ یکم ستمبر ... انگریز ملاح کپتان ... سے مرتے مرتے بچے مصیبت ان پر ۱۵ جون سے نازل ہوئی تھی۔ ... کے قریب قوم پرستوں کی ناکہ بندی توڑتے ہوئے ان کے جہاز کو قوم پرستوں نے گرفتار کیا تھا۔ چونکہ وہ بہت زیادہ کمزور ہیں اس لئے گذشتہ روز انھوں نے اپنے چیف انجینئر کو برطانوی قونصل کے پاس بھیجا تھا تاکہ وہ انہیں سارے واقعات بتائیں۔

کپتان رسل پر ناکہ بندی توڑنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

اور کپتان مسلسل یہ اصرار کرتے رہے ہیں کہ انہیں ناکہ بندی کا علم نہیں تھا۔ قوم پرستوں نے کپتان رسل کو ... پہنچانے کا حکم دیا جہاں کپتان رسل اور ان کے چیف انجینئر کو ایک جہاز پر قید رکھا گیا تھا۔ اور انہیں دن میں دو دفعہ تھوڑا سا چاول بطور غذا دیا جاتا (گلوب)

جنرل کریا پا کو امریکی فوجی اعزاز

اردن اسٹیڈیم میں امریکی سفیر کی تقریر

نئی دہلی۔ یکم ستمبر۔ ... سرکاری افسروں اور ... کی موجودگی میں کل یہاں ہندوستان کے کمانڈر انچیف جنرل کریا پا کو امریکہ کے صدر کے ذاتی نمائندے اور ہندوستان میں امریکہ کے سفیر مسٹر ہینڈرسن نے چیف کمانڈر کی ڈگری پیش کی۔ جنرل کریا پا کو حکومت امریکہ نے وہ سب سے بڑا فوجی اعزاز پیش کیا ہے جو امریکہ کسی غیر ملکی شخص کو پیش کر سکتا ہے۔ اس موقعہ پر امریکہ کے فوجی افسر نے ایک پیغام پڑھا جس پر صدر ٹرومین کے دستخط تھے۔ اس میں جنرل کریا پا کی فوجی خدمات کو سراہا گیا تھا جو انہوں نے دوسری جنگ عظیم میں سرانجام دی تھیں۔ اس اعزاز کے ذریعہ امریکہ اور صدر ٹرومین نے مسٹر جنرل کریا پا کی فوجی خدمات کا کم ہندوستان کی فوجی خدمات کا بھی اعتراف کیا۔ اعزاز دینے کی رسم اردن اسٹیڈیم میں ادا کی گئی۔ اس موقعہ پر ایک فوجی پریڈ ہوئی۔ جس میں ہندی فوجیوں نے حصہ لیا۔ امریکی سفیر کا اردو میں ہندی اور امریکی فوجیوں نے ... ہندوستان کی فوجی خدمات کا اعتراف اور ... امریکی ... ہندوستانی ... کا ذکر تھا۔ امریکی سفیر کی تقریر اور صدر ٹرومین کے پیغام کا ایک فوجی افسر نے ہندوستانی میں ترجمہ کیا۔

ہندوستانی تمدنی کانفرنس

دمشق یکم ستمبر۔ ہندوستان اور مشرق وسطیٰ کے مشترکہ تمدنی مسائل پر غور کرنے کے لئے نئی دہلی میں جو تمدنی کانفرنس منعقد ہونے والی ہے۔ اس میں شرکت کے لئے شامی حکومت نے حکومت شام کو بھی دعوت دی ہے۔ عرب لیگ کے دوسرے ممبران کو بھی اس کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے دعوت نامے بھیجے گئے ہیں۔

آسٹریلیا کا کمیونسٹوں کے خلاف اقدام

پارلیمنٹ کی آئندہ نشست میں نئے بل پیش کئے جائیں گے

اسپرا۔ یکم ستمبر۔ تر ... حکومت آسٹریلیا کا اقدام ہے کہ کمیونسٹوں کے خلاف ... پارلیمنٹ کے آئندہ نشست کے دوران میں ... عام انتخابات سے قبل آخری نشست ہے۔ ...

آسٹریلیا کی جماعتیں ... کمیونسٹ ... قانون کا مقصد یہ ہے کہ کمیونسٹ اقلیت ... نیصلہ کرنے پائے۔

حکومت نے دعویٰ کیا ہے کہ ... کمیونسٹ پارٹی ... (گلوب)

تمام ریاستوں میں بارش کی پیمائش کرنے والے مراکز اپنی اسٹیشنوں کی اطلاعات شامل کی گئی ہیں جو گذشتہ پانچ سال تک بارش کا اندازہ رکھتے ہیں۔ ... مقامی حکام ... کے بارش کے نقشوں میں درج کی جاتی ہیں۔

... ہر ضلع کے علاوہ ... بارش ... اوسط ...

ہندوستان کے محکمہ موسمیات کی زندہ یادگار

پچھلے ۶۰ سال میں بارش کی اوسط

... محکمہ ... سرکاری گزٹ ... عوام کی واقفیت کے لئے موسمیات کی اطلاعات ... اس میں پچھلے ساٹھ سال میں بارش کی ... دہلی ... اس سے بارش کے اعداد و شمار درج کئے گئے ہیں۔

جنوبی افریقہ فسطائی ریاست بن جائیگی

سابق وزیر اعظم جنرل اسمٹس کی تقریر

کیپ ٹاؤن یکم ستمبر۔ جنرل اسمٹس نے ... انگلش پارٹی کے حامیوں کے روبرو تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی افریقہ کی نیشنلسٹ حکومت ایک ناقابل برداشت ... بنا رہی ہے ... خطرناک ... کرتے ہیں۔

جنوبی افریقہ ... کی ایک طاقت ور ریاست ہوگی۔ ... جنرل اسمٹس نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ... جمہوریت ... (گلوب)

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی

سے ملئے یا لٹریچر مفت طلب کریں

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

۱۵ فیض بازار دریا گنج دہلی

... ہومیوپیتھک ادویات ... کتابیں ...

ڈاکٹر بی ایل نرولا ...

دہلی سے لاہور پاکستان

اور

پاکستان سے ہندوستان

استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت ... کفایت ... ہماری معرفت بھیجئے

... کاروان سرائے ... دہلی

مولوی سید محمد کہاں ہیں؟

مولوی سید محمد ... ہمارا ... دہلی سے ... اب جہاں کہیں ہوں اپنے پتے سے مطلع کریں۔

ماسٹر سید احمد ... دہلی بازار۔ میرٹھ

کلام مجید مترجم مع لقلم

... ملنے کا پتہ ... دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۰

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ۔ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۹ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۴ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۰۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان — و — پاکستان
کے درمیان
جہاز اور ریل کے ذریعہ سفر کا ٹکٹ [illegible] اور تجارتی و گھریلو سامان [illegible]
گپتا برادرس ایجنٹس
ہیڈ آفس [illegible] چاندنی چوک [illegible] دہلی
برانچ [illegible] لاہور [illegible] امرتسر فیروزپور
ٹیلیفون نمبر 5071
تار کا پتہ "GUPOS"

افغانستان میں ۲۰ ہزار ہندو اور سکھ
صفحہ ۶ پر ملاحظہ فرمائیے

متروکہ جائداد کے آرڈیننس سے مسلم حلقوں میں بے اطمینانی — یوپی میں رہنے والے ہر مسلمان کی جائداد خطرہ میں

تمام صورت حال پر غور کرنے کے لئے دہلی میں اہم اجتماع!
ہندیونین کے مختلف صوبوں کے نمایندوں کی شرکت

دہلی ۲ ستمبر۔ کسٹوڈین کے سلسلہ میں جگہ جگہ سے بہت سی شکایتیں جمعیۃ علماء ہند کے صدر دفتر میں پہنچ رہی ہیں کسٹوڈین سے متعلق جو دشواریاں اور پریشانیاں پیدا ہو رہی ہیں ان کی صحیح صورت حال معلوم کرنے کے لئے نیز ایسی صورتوں کو سلجھانے کے لئے جن سے جمعیۃ علماء کے کارکن اس معاملہ میں فوری امداد پہنچا سکیں ایک اجتماع طلب کیا گیا۔

چنانچہ یکم ستمبر کو ۲ بجے دفتر الجمعیۃ کے ہال میں یہ اجتماع شروع ہوا۔ [illegible]

[illegible]

صرف ۵ فیصدی بس ملازمین کو واپس نوکری پر لیا گیا ہے

[illegible]

گوڈسے کی اپیل کے کاغذات پریوی کونسل میں پیش کرنے کی تیاری

[illegible]

یوگوسلاویہ پر فی الحال روسی حملہ کا امکان نہیں
اقوام متحدہ میں شکایت کرنے کے بارے میں یوگوسلاویہ سے وضاحت طلبی

لندن ۲ ستمبر۔ [illegible]

دنیا بھر کے ماہرین کی کانفرنس

[illegible]

رضاکاروں کے مقدمات کی سماعت

[illegible]

کشمیر کمیشن کی تجویزوں کو مان لو
وزیر اعظم برطانیہ کی اپیل

[illegible]

کسٹوڈین کی طرف سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو مطلق العنان اختیارات
کسی کی جائداد پر قبضہ کرنے کیلئے شہادت کی بھی ضرورت نہیں

لکھنؤ ۲ ستمبر یوپی کے کسٹوڈین کی طرف سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو ضروری ہدایات دی گئی ہیں اور متروکہ جائدادوں پر جلد از جلد قبضہ کرنے کی اہمیت ظاہر کی گئی ہے۔ کسٹوڈین نے کہا ہے "یہ ایک ایسا کام ہے جس میں ذرا سا وقت بھی نہیں گنوانا چاہیئے"۔

اس نے مزید ہدایت کی ہے کہ اگر کسی جائداد کے بارے میں شبہ ہو تو "انتہائی" یہ ہے کہ قبضہ سے جائداد کو چھوڑنے کے بجائے متروکہ فہرست میں شامل کر لیا جائے۔ [illegible]

ان درخواستوں کو التواء میں رکھیں ان کا فیصلہ جوڈیشیل کام کے لئے مقرر شدہ اسسٹنٹ کسٹوڈین کرے گا۔

کسٹوڈین نے کہا کہ اگر ہندوستان میں رہنے والے [illegible]

فرونگی پر پابندی

[illegible]

دفتر جمعیۃ مرکزیہ میں مجلس عاملہ جمعیۃ کا اہم اجلاس

دہلی ۲ ستمبر۔ مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند کا اجلاس شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی صدارت میں [illegible]

[illegible]

جوہنسبرگ میں افریقیوں اور پولیس میں زبردست تصادم
پولیس کا فائرنگ۔ ایک ہلاک۔ چار سپاہی زخمی

[illegible]

دستور ساز اسمبلی میں تعلیم زراعت اور آبپاشی سے متعلقہ اندراجات پر بحث

مولانا حسرت موہانی کو دستور کی نوعیت میں تبدیلی اور خلاف اردو کی شکایت
اسمبلی کا اجلاس آج بھی ۵ منٹ تاخیر سے شروع ہوا

نئی دہلی ۲ ستمبر۔ کورم پورا نہ ہونے کے باعث اسمبلی کا اجلاس آج ۵ منٹ دیر سے شروع ہوا۔ [illegible]

مولانا حسرت موہانی کی تقریر

[illegible]

ESTD. 1925

Aljamiat

Delhi -3-9-49

مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

مصر میں گاندھی جی کی یادگار قائم کرنے کی تحریک
سعد زاغلول پاشا اور گاندھی جی کے گہرے تعلقات کا ذکر!

قاہرہ یکم ستمبر۔ مشرق وسطی کے سب سے کثیر الاشاعت عربی اخبار المصری نے ایک ایڈیٹوریل میں لکھا ہے کہ [illegible]

[illegible]

فی الحال انگریزی کو ترک نہ کیا جائے
سندھ یونیورسٹی کانووکیشن میں لیاقت علی خاں کی تقریر

[illegible]

ہانگ کانگ میں ہوا مالہ توپیں

[illegible]

ٹوکیو میں سخت طوفان

[illegible]

صدر امریکہ کی اپیل
(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

غلہ اور کپڑے کی قیمتوں میں کمی
(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

وزراء کی تجویزیں

[illegible]

امام ہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کا استعفیٰ
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

مغربی بنگال کے عام انتخابات جنوری تک مکمل ہو جائیں گے

[illegible]

آسٹریا اور زیک کی سرحد بند

[illegible]

جاپان پھر دوسرے ممالک سے عنقریب تعلقات استوار کریگا
قونصل خانوں کے قیام کی تیاری

[illegible]

ہندکیلئے آہنی پھیپھڑے

[illegible]

معاہدہ گندم میں جاپان کی شمولیت

[illegible]

میں جتنی شادیاں چاہوں کرسکتا ہوں

[illegible]

کرین باغیوں نے ایک سردار کو ہلاک کردیا
(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

روس یوگوسلاویہ کے خلاف جارحانہ اقدام نہیں کریگا
روسی فوجوں کی نقل وحرکت پر بلگریڈ میں تبصرہ

[illegible]

مغربی پنجاب میں زرعی اصلاحات

[illegible]

کیمونسٹ چین میں امریکی ہوا باز
رہائی کیلئے امریکی دفتر خارجہ کی کوشش

[illegible]

جنوبی کوریا کی امریکہ سے فوجی امداد کی اپیل

[illegible]

غیر خود مختار علاقے اور انڈونیشیا
روس کی تجویز ناکام ہوگئی

[illegible]

ریاست تری پورہ کا مستقبل
ریاست مرکزی صوبہ میں جائیگی

[illegible]

وزیر خارجہ برما دہلی میں

[illegible]

آخری جاپانی جنگی مجرم
جمعہ کو فیصلہ سنایا جائے گا

[illegible]

مغربی پنجاب میں روپیہ بچانے کی مہم

[illegible]

اسٹاپ پریس

شکر کی قیمتیں کم کرنے کے لئے حکومت کا اقدام
بہت جلد راشن جاری کردیا جائے گا

[illegible]

ڈاکو کانسٹبلوں میں بھرتی ہوگیا

[illegible]

صدر امریکہ کی مداخلت کے بعد نہرو پٹیل ملاقات کی اہمیت بڑھ گئی

کابینہ آئندہ ہفتہ کشمیر کے مسائل پر غور کرے گی

صدر امریکہ کو فوری مفصل جواب نہیں دیا جاسکے گا

نئی دہلی ۲ ستمبر۔ کشمیر کے مسئلہ میں صدر امریکہ مسٹر ٹرومین کی طرف سے پنڈت نہرو کو جو پیغام موصول ہوا ہے اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جی اس کا جواب فی الوقت نہیں دیں گے۔ بلکہ صرف یہ اطلاع دے دیں گے کہ پیغام مذکور ان تک پہونچ گیا۔ مفصل جواب دینے میں کئی دن کا عرصہ لگے گا۔

صدر امریکہ کی اپیل اور کشمیر کمیشن کی تجویزوں کا جواب تو اس وقت دیا جائے گا جب پنڈت نہرو بمبئی جاکر سردار پٹیل سے ملاقات کریں گے اور اس مسئلہ پر تبادلۂ خیال کر لیں گے۔ پنڈت جی شاید پیر کے دن بمبئی جائیں گے۔

کشمیر کے معاملے میں صدر امریکہ کی مداخلت کے بعد سے پنڈت نہرو کے بمبئی جانے اور سردار پٹیل سے اس مسئلہ پر تبادلۂ خیال کرنے کی اہمیت زیادہ ہو گئی ہے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کابینہ میں ان دونوں مسائل پر اس وقت تک کوئی بحث نہیں ہوگی جب تک کہ کشمیر کے متعلق ان مسائل پر تفصیلی گفت و شنید شروع نہ ہو جائے۔ اب اس پر مشکل سے ہی شک کیا جا سکتا ہے کہ کشمیر کی صلح کے سلسلہ میں ان تجویزوں میں جو کمیشن نے ہند اور پاکستان کی حکومتوں کے سامنے پیش کی ہیں، کشمیر میں ثالث مقرر کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔

جو مراسلت اس مسئلہ پر ہند اور پاکستان اور کشمیر کمیشن کے درمیان کمیشن کی مجوزہ کانفرنس کے متعلق ہوئی تھی اس میں اختلاف رائے کا باعث دو امور تھے۔ ایک آزاد کشمیر کی فوجوں کا سوال، دوسرے شمالی پہاڑی علاقہ کا دفاع اور انتظام۔

چونکہ کمیشن کی طرف سے تجویزیں اور صدر امریکہ کی طرف سے اپیل دونوں بیک وقت موصول ہوئی ہیں، اس لئے یہ گمان کیا جا رہا ہے کہ صدر امریکہ نے بھی اس جھگڑے میں ثالث کے تقرر کو ضروری تصور کیا ہے۔ [illegible]

یورپ کے شہریوں کیلئے ۱۱ آزادیاں

اسٹراسبرگ ۲ ستمبر۔ [illegible] اپنے اسٹراسبرگ کے اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی ہے جس میں یورپ کے شہریوں کے لئے ۱۱ بنیادی آزادیاں طلب کی گئی ہیں۔ یہ بنیادی آزادیاں یہ ہیں۔ جان کا تحفظ، [illegible] غلامی اور بیگار سے نجات، [illegible] اور گھریلو معاملات میں مداخلت سے نجات۔ [illegible] مذہبی اعتقادات اور فکر کی آزادی، اجتماع اور اعلان کی آزادی [illegible]

یونانی گوریلوں کی سرگرمیاں

موسم سرما میں جنگ جاری رہے گی

ایتھنز ۲ ستمبر۔ یونانی فوج نے بچے ہوئے گوریلاؤں کو بھی کوہ گراموس کے علاقے سے البانیہ کی طرف دھکیل دیا ہے۔ گذشتہ شب بچے ہوئے ۶ ہزار گوریلاؤں کو البانیہ کی سرحد کے قریب گھیر لیا گیا تھا۔

[illegible] پہلے اندازے سے پتہ چلتا ہے کہ میدان میں تقریباً ۲۹۶ گوریلا مرے پائے گئے۔ اور ۵۰۰ گوریلاؤں نے ہتھیار ڈال دئے یا انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ تقریباً دو ہزار گوریلے یقیناً زخمی ہوئے ہونگے۔ [illegible] اب تک ان کے کل ۱۰۰ افراد ہلاک اور ۱۱۷ زخمی ہو چکے ہیں۔

فوجی مبصرین کی رائے ہے کہ یونان کے دوسرے علاقوں میں اب تک تقریباً ۶ ہزار گوریلا باقی ہیں۔ اور تقریباً ۶ ہزار گوریلا البانیہ میں جا چکے ہیں۔ فوجی ماہرین کو یقین ہے کہ آئندہ موسم سرما میں [illegible] ان گوریلاؤں کو دوبارہ یونان میں جنگ کرنے کے لئے بھیج دیگی۔ (رائٹر)

بندرگاہوں کو ترقی دینے کیلئے پاکستان کی اسکیم

برطانوی فرم سے ٹنڈر طلب کر لئے گئے

لندن ۲ ستمبر۔ قدامت پسند پارٹی کے اخبار ڈیلی ٹیلی گراف میں ایک بیان شائع ہوا ہے کہ بندرگاہ چٹاگانگ کو ترقی دینے کے لئے برطانوی فرموں سے حکومت پاکستان دو کروڑ پونڈ کے ٹھیکہ کی بات چیت کر رہی ہے۔ بندرگاہ میں اس وقت جتنا مال آسکتا ہے اس کی مقدار دس گنی کر دینا مقصود ہے۔ اس بات کی کوشش کی جائے گی کہ بندرگاہ سے لاکھوں ٹن سالانہ مال برآمد اور درآمد ہو سکے۔ پاکستان ہاؤس کے افسروں نے اس خبر پر تعجب کا اظہار کیا لیکن ٹیلی گراف کے نامہ نگار کے بیان کے مطابق پاکستانی ترجمان نے کہا یہ اسکیم حکومت پاکستان کی سب سے بڑی اسکیم ہے کیونکہ پاکستان میں کوئی بڑی کاریگروں کی فرم نہیں ہے۔ اس لئے غیر ملکی کمپنی کو یہ کام انجام دینا ہوگا۔

ایک دوسری اطلاع ہے کہ امریکی فرموں سے بھی اس کام کے لئے ٹنڈر دینے کو کہا گیا ہے۔ جلد ہی ٹھیکہ کے کاغذات پر دستخط ہو جانے کی امید ہے۔ ڈیلی ٹیلی گراف کی خبر میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ چٹاگانگ کے علاوہ کراچی کی بندرگاہ اور مشرقی بنگال کے دریائی راستوں کی ترقی کا بھی منصوبہ ہے۔ مغربی پاکستان میں سندھ کو دریائی جہازرانی کے لئے استعمال کرنے کی تجویز بھی ہے۔ ایک برطانوی فرم کے ترجمان نے کہا دو کروڑ پونڈ کا اندازہ مبالغہ سے خالی نہیں ایسا معلوم ہوتا ہے یہ رقم کل مشرقی پاکستان کی ترقی کے لئے ہوگی۔ (رائٹر)

سکھوں اور سوشلسٹوں میں تصادم

بنارس میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

بنارس ۲ ستمبر۔ [illegible]

پنڈت نہرو سے پھر ملوں گا

[illegible]

شنگھائی کے برطانوی قونصل خانہ کے ملازمین کا مطالبہ

نوٹس کے عوض ۶ ماہ کی تنخواہ دی جائے

شنگھائی ۲ ستمبر۔ [illegible]

ہند یا پاکستان کی مصنوعات پر برطانوی کارخانہ دار کی چھاپ

برطانوی کمپنی تحقیقات کرے گی

لندن ۲ ستمبر۔ لندن کے ایک شام کے اخبار کی اطلاع ہے کہ یہاں کے کارخانہ دار ہندوستان اور پاکستان میں تیار ہونے والے کھیل کود کے سامان دیکھ کر سخت پریشان ہیں جن پر ٹھپے لگے ہیں کہ وہ برطانوی مصنوعات ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک برٹش کمپنی (جس کا نام ظاہر نہیں کیا گیا ہے) کو حال ہی میں فٹ بال کا ایک ڈبہ موصول ہوا۔ جس پر اس کمپنی کا رجسٹرڈ نام چھپا ہوا تھا۔ البتہ طرز تحریر کچھ مختلف تھا۔ یہ فٹ بال "ہندوستان یا پاکستان" میں تیار کیا گیا تھا۔

[illegible]

لندن میں مقیم ایک ہندوستانی تاجر نے جو ہندوستان اور پاکستان سے کھیل کود کی اشیاء مثلاً فٹ بال، ہاکی، اور کرکٹ بال، ٹینس اور بیڈمنٹن کے سامان انگلستان درآمد کرتے ہیں۔ اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے گلوب سے کہا کہ مجھے یہ سن کر سخت حیرت ہوئی کہ ہندوستان اور پاکستان کے [illegible]

طبیہ کالج کی بدنظمی

[illegible] کی رائے

گاندھی اجمل طبیہ کالج کے طلباء اور بورڈ آف ٹرسٹ کے درمیان گزشتہ ایک ماہ سے جھگڑا چل رہا ہے اس بارے میں اخبارات کے ذریعہ طالب علموں نے اپنے نقطۂ نظر کو عوام کے سامنے رکھنے کی کوشش کی لیکن ٹرسٹ کے ممبران یا سکریٹری صاحب کی طرف سے کوئی وضاحتی بیان نہیں آیا۔ اس سلسلہ میں سید عزیز حسن صاحب بقائی سے معلوم ہوا کہ [illegible]

[illegible] کالج گیا اور اس کی ناگفتہ بہ حالت کو دیکھ کر بہت رنج ہوا۔ ہوسٹل کے برتن نہایت گندے اور ٹوٹے پھوٹے گلاس، غیر قلعی شدہ تھالیاں، غسل خانے اور پاخانے نہایت غلیظ، ہوسٹل کے کمروں کی چھتیں ٹپکتی ہیں۔ دو دو انچ گرد پڑا ہوا ہے۔ بہترین سامان جو حکیم اجمل خاں مرحوم نے بڑی کاوشوں سے فراہم کیا، [illegible]

مغربی بنگال کے مخالف گروپ

اسمبلی ہاؤس میں اجتماع

کلکتہ ۲ ستمبر۔ [illegible]

سپاہیوں کو مفت سفر کی ممانعت

کلکتہ ۲ ستمبر۔ [illegible]

عراقی کاشتکاروں کیلئے امداد

[illegible]

ہانگ کانگ کیلئے مزید افواج

ہانگ کانگ ۲ ستمبر۔ [illegible]

کرین باغیوں کے مقبوضہ علاقوں میں خوراک کی شدید قلت

تونگی سے برطانوی اور امریکن باشندوں کا انخلا

رنگون ۲ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ تونگی میں جس پر کرین باغیوں کا قبضہ ہو گیا ہے سخت خوراک کی کمی پائی جاتی ہے۔ وہاں سے برطانوی اور امریکی قونصل خانوں نے اپنے اپنے ملک کے باشندوں کو نکال لیا ہے اور دوسرے ممالک کے باشندے ابھی تک وہاں ہیں [illegible]

حکومت کی کفایت شعارانہ اسکیم کے ماتحت وزارت خارجہ میں تخفیف

مشہد میں اب قونصل جنرل مقرر نہیں کیا جائیگا

نئی دہلی ۲ ستمبر۔ [illegible]

نامہ نگاران الجمعیۃ کو ضروری اطلاع

جو حضرات الجمعیۃ کے لئے خبریں ارسال کرتے رہتے ہیں وہ فوراً ہی اپنا نام مکمل پتہ وغیرہ ارسال کر دیں تاکہ ان کو [illegible] اختیارنامہ اور تعارفی کارڈ دیا جاسکے

اخبارات اور اشتہارات پر ٹیکس لگانے کا مسئلہ

دستور ساز اسمبلی میں دلچسپ بحث

نئی دہلی ۲ ستمبر۔ [illegible]

نئی دہلی میں عالمی مذہبی کانفرنس

پنڈت نہرو نے تجویز منظور نہیں کی

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۴ ستمبر ۱۹۴۹ء

اسرائیل اور مشرق وسطیٰ

فارس بے الخوری نے جو متحدہ اقوام میں شامی نمایندوں کے لیڈر تھے دمشق سے ایک بیان دیا ہے جس میں انہوں نے عربوں سے یہودیوں کے مقابلہ کرنے کے لئے ایک دردمندانہ اور عاجزانہ اپیل کی ہے، یہ بیان جن اجزاء پر مشتمل ہے ان کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) فلسطین کے جس حصہ پر یہودیوں کا قبضہ ہے وہ اسی پر قناعت نہیں کریں گے، بلکہ حرص و آز کی چادر پھیلا کر سارے فلسطین پر قبضہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

یہاں پر جو اطلاعات ملی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ اکال گڑھ ضلع لدھیانہ کے گوردوارہ میں ایک جلسہ ہوا جس میں سکھوں نے اعلان کیا کہ وہ اس سلسلہ میں ہر ممکن قربانی کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان سے لڑنا نہیں چاہتے لیکن ہم عبادت کی آزادی کا حق چاہتے ہیں انہوں نے کہا اگر دونوں حکومتیں کسی فیصلہ پر نہیں پہنچ سکتیں تو [illegible] فیصلہ کرنے کے لئے کہا جائے۔

سید قاسم رضوی کا مقدمہ

اخبار امروز کے منیجر اسمعیل خاں کا چشم دید بیان

منعم خاں کے فائر کرنے اور تلوار سے حملہ کرنے کی تفصیل

سکندر آباد ۸ ستمبر۔ سید قاسم رضوی اور دوسرے دو اشخاص پر جو جرح جاری ہے [illegible] مقدمہ چل رہا ہے اس میں کل اسمعیل نامی ایک شخص کی جو شعیب اللہ کے مقدمہ قتل میں بہت اہم شخصیت ہے گواہی ہوئی۔

اس نے بتایا کہ شعیب اللہ خاں [illegible] تھی میں امروز کا منیجر تھا اور امروز کے مالک شعیب اللہ خاں ایڈیٹر تھے [illegible] کی خصوصی جرح پر اسمعیل نے بتایا کہ ۲۲ اگست کی رات کو [illegible] ہم دونوں شعیب اللہ خاں امروز کے دفتر سے گھر آرہے تھے۔ جس وقت ہم گھر پہنچے تو تین اشخاص پیچھے سے دوڑتے ہوئے آئے۔ گواہ نے بتایا کہ ان میں منعم خاں (ملزم) کو ان میں دیکھا۔ اس کے بعد منعم خاں نے شعیب اللہ خاں پر فائر کیا۔ جب میں [illegible] بند کرنے کے لئے [illegible] تو انہوں نے شعیب اللہ خاں پر دو آدمیوں کو تلوار سے حملہ کرتے دیکھا۔

جس آدمی نے شعیب اللہ خاں پر فائر کیا تھا اس نے تلوار سے وار کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میرا ہاتھ کٹ گیا۔ اس شخص نے مجھ پر دوبارہ تلوار سے حملہ کیا اور میرا دایاں ہاتھ زخمی ہوا۔ ہمارے شور مچانے پر شعیب اللہ خاں کی بیوی باہر آئی اور اس کے بعد پولیس بھی آ گئی۔

بولیویا کی بغاوت کا مسئلہ

باغیوں کو غیر ملکی امداد مل رہی ہے

بیونس آئرس ۸ ستمبر۔ چونکہ بولیویا کے [illegible] دونوں یہ الزام عائد کر رہے ہیں کہ بولیویا کے معاملات میں غیر ملکی مداخلت ہو رہی ہے۔ اس لئے اس کا امکان پیدا ہو گیا ہے کہ اقوام متحدہ اس ملک کے معاملات پر غور کرے۔ بولیویا کی حکومت نے ان اطلاعات کی تحقیق کرنے کے لئے کہ باغیوں کو غیر ملکی امداد مل رہی ہے، ایک اسپیشل کمیٹی مقرر کر دی ہے۔ ارجنٹائن کے وزیر خارجہ نے [illegible] ملاقات کرنے کے بعد یہ اعلان کیا کہ ارجنٹائن بولیویا کے معاملات میں بالکل غیر جانبدار ہے [illegible] بولیویا کے باغیوں نے یہ الزام عائد کیا ہے کہ حکومت چلی بولیویا کی حکومت کو امداد دے رہی ہے، لیکن حکومت چلی نے اس الزام کی تردید کر دی ہے۔ (رپ ٹ رائٹر)

سن یات سن روس کی حمایت میں

پی کنگ ریڈیو کا نشریہ

سان فرانسسکو ۸ ستمبر۔ پی کنگ کمیونسٹ ریڈیو نے چینی جمہوریہ کے بانی سن یات سن کی اہلیہ کا بیان نشر کیا ہے کہ مرحوم سن یات سن کی یہ دلی خواہش تھی کہ روس اور چین کے درمیان نہایت قریبی اشتراک عمل ہو۔

انہوں نے چین اور روس کی اشتراکی کمیٹی کے سامنے کہا کہ مرحوم سن یات سن کا یہ خواب اب شرمندہ تعبیر ہوا ہے اب ہم یہ امید کر سکتے ہیں کہ ہم اپنے طاقتور ساتھی روس کے ساتھ ازسرنو تعمیر اور آبادکاری کے تمام مسئلوں کو حل کر سکیں گے (رپ ٹ۔ رائٹر)

[illegible] ناکام رہیں۔ ویٹ نام فوجیوں کی لاشوں کے [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

رامپور میں بھی متروکہ جائدادوں کا آرڈیننس نافذ کر دیا گیا

محکمہ راشننگ کی امداد سے فہرست مرتب ہوگی

رام پور ۸ ستمبر۔ (ا م) ایک گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ متروکہ جائدادوں کے قانون کا اطلاق اب رامپور پر بھی کر دیا گیا ہے محکمہ راشننگ کی امداد سے تمام متروکہ جائدادوں کی فہرست تیار کی جائے گی۔ یکم جنوری ۱۹۴۷ء کے بعد اگر کسی نے جائدادوں کا تبادلہ یا فروخت کی ہوگی تو اس کو ناجائز قرار دیا جائے گا۔

گزٹ میں کہا گیا ہے کہ اس قسم کے تبادلوں کی اطلاع ہونی چاہئے اگر کسی منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس کی اطلاع فوراً کسٹوڈین کو دی جائے۔

حکام کی اجازت کے بغیر مسلمانوں کو جائداد فروخت کرنے کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ قانون کی خلاف ورزی یا اس کی ترغیب جرم قرار دیا گیا ہے اور اس میں تین سال تک کی سزا یا جرمانہ ہو سکتا ہے۔

ویٹ نام فوجوں کی سرگرمیاں

فرنچ حکومت کا کمیونک

سیگاؤں ۸ ستمبر۔ ایک فرانسیسی سرکاری کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ہنوائے کے شمال میں ۸۰ میل دور [illegible] کے مقبوضہ علاقہ پر ویٹ نام کی فوجوں نے دوبارہ قبضہ کرنے کی کوشش کی لیکن [illegible]

مسٹر سری پرکاش کے طیارہ کو حادثہ

بمبئی ۸ ستمبر۔ مسٹر سری پرکاش جس طیارہ میں بمبئی آرہے تھے، پالن پور کے قریب اس کو مجبوراً اترنا پڑا۔ وہ دہلی سے کل صبح [illegible] بجے روانہ ہوئے تھے جب حکومت آسام کا یہ جہاز جس میں مسٹر سری پرکاش سفر کر رہے تھے، احمد آباد وقت پر نہ پہنچا تو اس طیارہ کی تلاش شروع ہوئی [illegible] مسٹر سری پرکاش نے [illegible] پالن پور کے محل میں رات گذاری [illegible]

ضلع کلکٹر فوراً موقعہ پر پہنچ گئے۔ آج مسٹر سری پرکاش خصوصی طیارہ سے بمبئی جائیں گے۔ (پ ٹ ا)

مشرقی پنجاب کے ضمنی انتخاب میں دھاریوال کے حادثہ پر سرکاری اعلان

امرتسر کانگریس پارٹی کے جنرل سکرٹری اور صدر کا بیان

شملہ ۸ ستمبر۔ صوبائی حکومت نے دھاریوال کے حادثہ پر ایک پریس نوٹ میں کہا ہے کہ جب ووٹ ڈالے جارہے تھے تو دیش سیوک پارٹی کے امیدوار اور ان کے حامیوں نے گڑبڑ کی، اور پولیس کے انتظامات کے انچارج ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو مارا۔ جب امن کرانے کی تمام کوششیں ناکام رہیں تو مجسٹریٹ کے حکم کے مطابق ہلکا سا لاٹھی چارج کیا گیا۔ دس اشخاص کے معمولی زخم آئے۔ کچھ گرفتاریاں ہوئیں۔ تحقیقات جاری ہے۔

امرتسر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ کل مختلف پارٹیوں نے دھاریوال کے حادثہ پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانگریس کمیٹی کے صدر اور جنرل سکرٹری نے مندرجہ ذیل بیان جاری کیا۔ دیش سیوک پارٹی نے جس کو شرومنی اکالی دل، ہندو مہاسبھا اور کمیونسٹوں کی حمایت حاصل تھی ۱۴ اگست کو [illegible] کانگریس کے جلسے پر حملہ کر کے الیکشن کی اپنی مہم غنڈہ گردی سے شروع کی، وہ راہ نمائی کے لئے کلکتہ کی طرف دیکھتے ہیں۔ لیکن پنجابیوں نے غنڈہ گردی کے سامنے جھکنے سے انکار کر دیا۔ اشتعال دلانے اور پنڈت نہرو کو برا بھلا کہنے پر بھی کانگریسی پر امن رہے۔ کانگریسی کارکنوں نے اپنے طرز عمل سے ظاہر کیا کہ جمہوریت کیا ہوتی ہے۔

اس ماحول میں ووٹنگ شروع ہوا۔ دیش سیوک پارٹی کا رویہ جاری رہا۔ پہلے ہی دن کانگریس کو جتنے کثیر ووٹ ملے اس سے وہ حیران رہ گئے۔ ان حالات میں دھاریوال کا واقعہ آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے۔ دھاریوال میں تمام رائیں کانگریس کو ملتی دیکھ کر کرنل ڈھلن نے لڑائی پیدا کرنی شروع کی۔ انہوں نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس گورداسپور کو مارا۔ اس نے بھی صبر سے کام لیا اور کرنل ڈھلن سے کہا کہ وہ پریزائڈنگ افسر سے شکایت کریں۔ اس پر دیش سیوک پارٹی کے حامی جمع ہو گئے [illegible] منتشر ہونے کے لئے کہا لیکن وہ منتشر نہ ہوئے [illegible] اشتعال انگیز نعرے لگاتے تھے [illegible] قیام امن کے لئے لاٹھی چارج ناگزیر تھا۔ کچھ عرصہ بعد ووٹنگ پھر شروع ہو گیا [illegible]

اکالیوں نے دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کی ناکام کوشش کی۔ اس دن بھی کانگریس کے حق میں زیادہ ووٹ آئے۔ اس لئے بائیکاٹ کی وجہ سمجھ آ گئی ہے۔ دیش سیوک پارٹی نے بائیکاٹ کر کے اپنی شرمندگی مٹانے کی کوشش کی۔

دیش سیوک پارٹی کے جنرل سکرٹری مسٹر رام کشن نے اپنے بیان میں کانگریس پر دھوکے کے الزامات لگائے اس میں کہا گیا ہے کہ دھاریوال میں کانگریسی منسٹر اپنے پورے زور شور سے ظاہر ہوئے، سرکاری افسر اپنے اپنے حلقوں کے لئے پولنگ ایجنٹ بنائے گئے۔ کانگریسی کارکن پریزائڈنگ افسروں کے قریب بیٹھے تھے ان ہی پولنگ ایجنٹ کو [illegible] بدلے گئے۔ ووٹروں کو ڈرایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر گورداسپور کو ان واقعات سے مطلع کیا گیا لیکن اس نے مداخلت سے انکار کر دیا۔

اکالی دل کے نائب صدر نے اپنے بیان میں کہا کہ کارکنوں کی بے ضابطگی، مار پیٹ، کارکنوں کی گرفتاری غرض کانگریس کی حرکتوں سے یہ الیکشن ایک دھوکہ بن کر رہ گیا ہے۔ اور دیش سیوک پارٹی نے انتخاب کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ اس فیصلہ سے اکالی دل کانگریس کے خلاف اپنے اعتمادی کے اظہار سے محروم ہو گئی ہے۔ جدوجہد جاری ہے اور اس وقت تک جاری رہے گی جب تک کہ سکھوں کے مطالبات منظور نہ ہو جائیں۔ سکھ طلباء کی فیڈریشن کے صدر نے بھی احتجاجی تار دیئے ہیں۔ (ا)

پورا ہندوستان کمیونسٹ بن جائے گا

کلکتہ میں ٹریڈ یونین لیڈر ڈاکٹر سریش چندر کا بیان

کلکتہ ۸ ستمبر۔ ڈاکٹر سریش چندر بنرجی صدر انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کی مغربی بنگال کی شاخ کے صدر ہیں انہوں نے کہا کہ اگر ہندوستانی عوام کی حالت کو اس طرح بہتر نہ بنایا گیا جس طرح کہ یورپ میں کیا گیا ہے تو پورا ہندوستان کمیونسٹ بن جائے گا۔

ڈاکٹر بنرجی جو جنیوا میں ہونے والی بین الاقوامی لیبر کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد واپس آئے ہیں انہوں نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ اگر کسان اور مزدوروں کو مناسب پناہ نہ دی گئی اور ان کے لئے غذا، تعلیم اور [illegible] امداد کا انتظام نہ کیا گیا تو [illegible]

جب سوال کیا گیا کہ چین میں کمیونسٹوں کی کامیابی کے پیش نظر [illegible] کے لوگوں کا ہندوستان کے متعلق کیا خیال ہے تو ڈاکٹر بنرجی نے کہا کہ [illegible] کے لوگوں کو ہندوستان کے متعلق بڑی تشویش ہے کیونکہ ان کے خیال میں چین پر کمیونسٹوں کے قبضہ کے بعد پورے جنوب مشرقی ایشیا پر ان کا اثر پڑے گا۔ اس صورت میں ان کا خیال ہے ہندوستان [illegible] (پ ٹ ا)

مغربی پنجاب اسمبلی کے انتخابات

عورتیں ووٹر نہیں بن رہیں

لاہور ۸ ستمبر۔ مغربی پنجاب کی عورتیں صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات میں بہت کم دلچسپی لے رہی ہیں اور رائے دہندگان کی فہرستیں تیار کرنے والوں کو عورتوں کو ووٹر کی حیثیت سے درج کرنے میں دشواریاں ہو رہی ہیں [illegible] حکومت نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ اس طرح یہ لوگ اپنی عورتوں کو ایک ضروری حق سے محروم کر رہے ہیں [illegible] حکومت نے اس بارہ میں تمام [illegible] کہ عورتوں کے نام انتخابی فہرستوں میں درج کرائے [illegible] ہے کہ مسلمانوں کی ذاتیں نہیں لکھی جائیں گی۔ ان کی ذات کی بابت تحقیقات نہیں کی جارہی ہیں۔ (ا)

علاج بجلی پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر [illegible] دہلی
سے ملیں [illegible]

ضرورت رشتہ۔ [illegible]
ایم۔ اے معرفت روزنامہ الجمعیۃ
گلی قاسم جان دہلی

شادی رقعہ [illegible]
جنرل نیوز [illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی
[illegible] دہلی
[illegible]
ڈاکٹر بی ایس نرولا [illegible]

جائداد خریدنے والے اپنا بیعنامہ پختہ کرالیں

جن لوگوں نے پاکستان جانے والے مسلمانوں سے جائدادیں خریدی ہیں ان کو ضروری ہے کہ وہ اپنے اپنے صوبوں میں جہاں آرڈیننس ۱۲ مطبوعہ گورنمنٹ آف انڈیا گزٹ مورخہ ۱۳ جون ۱۹۴۸ء متعلق جائداد انخلا کنندگان (E.P. ORDINANCE) کا نفاذ ہے، تاریخ نفاذ سے دو ماہ کے اندر اندر اپنی خریداری (منتقلی) کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے (CONFIRM) پختہ کرالیں۔ ورنہ ایسی خریدشدہ تمام جائدادیں (E.P.) جائداد انخلاء کنندگان قرار دیدی جائینگی۔

حسام الدین غفرلہ انچارج ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء ہند دہلی

مظفر نگر میں مشاعرہ

ہندوستان کی موجودہ فضا کو خوشگوار بنانے کے لئے اور ہندو مسلم اتحاد کو برقرار رکھنے کے لئے جین دائر ہیں کے اسٹیج پر زیر صدارت جناب مولوی فضل الٰہی خانصاحب ناظر ایک کامیاب مشاعرہ منعقد ہوا۔ جو لاؤڈ اسپیکر سے ریلے کیا گیا۔ جس میں حضرت بیتاب نظیری، حضرت شاہد زیدی، شاہد نوحی، پرکاش چند جانچ گجراتی، ودیا ساگر جین صاحب بیتابی، محمد انیس انیق ...

شمس الحسن شمس، کنول چند کنول وغیرہ نے شرکت فرمائی۔ طرحی کلام کے بعد غیر طرحی نظمیں بھی پڑھی گئیں۔

سستی چینی کی دوکانیں

لکھنؤ، ۸ ستمبر۔ لکھنؤ ڈسٹرکٹ کواپریٹو ڈیولپمنٹ اور مارکیٹنگ فیڈریشن نے چینی کی خوردہ فروش کی ۱۴ دوکانیں کھولی ہیں جہاں ممبروں کو ۱۳ ... سیر کے حساب سے چینی فروخت کی جائے گی۔

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مکرمی جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم!

میں آپ کے موقر اخبار کے ذریعہ مسلمانان جبل پور و صوبہ اور سرکار کی توجہ انجمن اسلامیہ ہائی اسکول جبل پور کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں تاکہ اس ادارہ سے مسلمانان جبل پور کو زیادہ سے زیادہ تعلیمی اور سماجی فائدہ پہونچ سکیں۔

(۱) سرکار نے انجمن ہائی اسکول جبلپور کو ۱۹۴۶ء میں تقریباً چودہ ہزار روپیہ کی گرانٹ نئی عمارت کے لئے دی تھی۔ عمارت چندہ جو کی وجہ سے ۱۹۴۸ء تک نہ بن سکی۔ ۱۹۴۸ء میں صدر انجمن نے بذریعہ ایک خط حکام بالا کو مطلع کیا کہ عمارت دسمبر ۱۹۴۸ء تک مکمل ہو جائے گی۔ بدانتظامی اور چند عہدہ داروں کے غلط رویہ کی وجہ سے عمارت مارچ ۱۹۴۹ء تک بھی پلان کے مطابق نہ بن سکی۔ اب ایسا معلوم ہوا ہے کہ سرکاری گرانٹ کی رقم انجمن کو نہ مل سکے گی۔

(۲) انجمن ہائی اسکول کے چار کلاس روم ... ضرورت ہے۔ اس کے لئے بھی تقریباً سات ہزار روپیہ کی سرکاری گرانٹ منظور ہوئی تھی۔ لیکن ابھی تک کارکنان انجمن نے اس طرف کوئی توجہ نہیں کی۔ یہ گرانٹ بھی ختم ہو چکی ہے۔ فی الحال سرکار کے سامنے دیگر اہم تر اسکیمیں ہیں اور کوئی امید نہیں کہ گرانٹ کی تجدید ہو سکے۔

(۳) اراکین کی غفلت کی وجہ سے ہی اسکول کے ...

صدر صاحب ... لیکن تعلیم بھی اس سے کم اہم نہیں۔ شاید اس صوبہ میں یہ پہلی مثال ہے کہ مدرسہ کی زمین آبادکاری کے کام میں آگئی جبکہ اس سے بہتر مقامات پر زمینیں دستیاب ہو سکتی تھیں۔ مدرسہ کے اتنے قریب بازار کا ہونا بھی نہایت معیوب بات ہے دوسرے صوبہ کی حکومتیں تو پبلک سے زمینیں لے کر مدرسوں کو دے رہی ہیں۔ لیکن یہاں کا معاملہ بالکل مخالف ہے ...

لوگوں کی وجہ سے ادارہ کا نقصان نہ ہونے دے۔ اور ملک انجمن اسلامیہ قوم پر بڑا احسان کریں گے اگر وہ دوسرے بازی سے ... حرفت، قوم کی تعلیمی اور سماجی خدمت کریں۔ ... دوسرے حضرات کو خدمت کرنے کا ... موقع دیں۔

(ایک بہی خواہ انجمن)

کوتوالی، کوتوالی انسپکٹر ... مقامی تمام ہندوؤں نے بڑی شرافت کا ثبوت دیا۔ پولیس کی مردانہ مساعی اور مقامی ہندوؤں کی شرافت سے مسلمانوں کے بچے ... بچ گئے۔ پھر بھی صد افسوس کہ ایک عالم خاتون اس فساد میں شہید ہو گئی۔ جلد ہی مہوچھاؤنی سے امدادی پولیس پہنچ گئی۔ اور فوراً قابو پالیا گیا۔ شرافت سے کوئی قوم خالی نہیں ہوتی۔ دس افراد کا ایک مسلم خاندان خالص اس کے پڑوسی شرنارتھی کے پناہ میں آجانے سے محفوظ رہ سکا۔ اتفاقاً اس موقعہ پر صدر جمعیۃ العلماء صوبہ مالوہ مولانا محمد احمد صاحب صدیقی سفر میں تھے۔ فساد کے تیسرے دن صاحب موصوف مان پور پہونچ کر سب سے پہلے پولیس اسٹیشن گئے۔ جہاں ڈپٹی انسپکٹر جنرل صاحب پولیس سے آپ نے ملاقات کی۔ اور تقریباً بیس گیارہ ضروری سوال ڈی، آئی، جی بہادر سے کئے۔ صاحب موصوف نے نہایت خوش اخلاقی سے ان کا جواب دیا۔ چونکہ معاملات تفتیش کے ابتدائی منزل میں ہیں اس لئے فی الحال سوال و جواب کو مشتہر کرنا غیر مصلحت ہیں۔ ڈی، آئی، جی صاحب بہادر نے ... تحقیقات کے لئے ہر قسم کی امداد کی۔ سرکاری لاری ... کو ایک سب انسپکٹر صاحب پولیس کی معیت میں تمام فساد زدہ علاقوں میں صدر صاحب جمعیۃ کا دورہ کرا دیا۔ ...

(محمد یعقوب ناظم نشر و اشاعت جمعیۃ العلماء صوبہ مالوہ) مہو چھاؤنی، ۴ ستمبر

اسلام اور جمہوریت

بقیہ صفحہ ۳

یہاں ایک کہ جزیرہ نما عرب کی نظم جمہوریت ... ایک دوسرے سے علیحدہ اور خود مختار تھے۔ ان شہروں کو پولیس کہا جاتا تھا جس کے معنی شہر یا شہر ریاست کے ہیں۔ ... آج کل ہم بعض ... کے استعمال کرتے ہیں مثلاً ہیلیوپولس، ناپولی، قاہرہ کے نزدیک ایک شہر ہے۔

چونکہ یونان میں تمام شہر ایک دوسرے سے جدا تھے اور ان شہروں کی آبادی ڈیڑھ ہزار سے زائد تھی۔ اس لئے ان شہروں کے درمیان کوئی مضبوط سلسلہ نہ تھا لیکن نظم و نسق انسانی سماج کا جزو لاینفک ہے اس شہروں کے باشندوں نے اس امر کو محسوس کیا کہ شہروں کی نگرانی کے لئے ایک دوسرے سے تعاون کیا جائے۔ ... ہر شہر کے نقطۂ نظر کو مدنظر رکھتے ہوئے نظم و نسق چلانے کے لئے ایک ادارہ قائم کیا جاتا ہے۔ ان مختلف نظریات اور طاقت کی تقسیم کی وجہ سے شہروں کا نظم و نسق ایک دوسرے کے موافق نہ رہا۔ عوام ایک یا ایک سے زیادہ آدمیوں کو منتخب کرتے تھے ... حکومت چلانے کے قابل سمجھا جاتا تھا۔ ... ایک سال کے لئے۔ اس کے بعد دوسرے موزوں آدمیوں کا انتخاب ہوتا تھا۔

مان پور (مدھیہ بھارت) میں فساد

محترمی! سلام مسنون۔ مان پور میں لگ بھگ ۳ ہزار سندھی شرنارتھیوں کے کیمپ ہیں اور تقریباً بیس کیمپ مکانات مسلمانوں کے ہیں۔ باقی سب ہندو ہیں۔ ... مرکزی حکومت کے اس اعلان نے کہ جو شرنارتھی کسی کام کے لئے تیار نہ ہوں۔ ان کا ... اگست ۱۹۴۹ء ... کر دیا جائے گا، شرنارتھیوں کو مشتعل کر دیا۔ ... پولیس کے اعلیٰ افسروں نے بڑی تدبیروں سے ... مکانات اور دکانیں لوٹ لی گئیں قیمتی سامان اور نقد روپیہ ... جلا دئے۔ باقی کل سامان سوخت کر دیا گیا۔ ...

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے بزم اصلاح سخن کا فیصلہ

ہر ممکن مدد دینے کا عزم

مراد آباد، (بذریعہ ڈاک) کل بزم اصلاح سخن مراد آباد کا ایک ضروری جلسہ صدر دفتر میں منعقد ہوا جس میں یہ طے کیا گیا کہ اخبار الجمعیۃ دہلی کے زیادہ سے زیادہ خریدار پیدا کئے جائیں اور اخبار مذکور کی اشاعت کا پروگرام جیسا کہ اخبار میں اپیل شائع ہو چکی ہے کامیاب بنانے میں ہر ممکن مدد کی جائے۔ جلسہ مذکور سعادت کے دوران عالیجناب مسیح الملک حکیم محمد نذیر الاکرم صاحب مالک ہمیشہ دواخانہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ بزم اصلاح سخن کو حکیم صاحب قبلہ کی سرپرستی کا فخر حاصل ہے نیز جلسہ میں یہ بھی طے کیا گیا کہ ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء بروز شنبہ ایک شاندار مشاعرہ زیر صدارت عالیجناب ڈاکٹر ظہور الحسن صاحب ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی لندن منعقد ہوگا جس میں مراد آباد کے علاوہ بیرونی شعراء بھی تشریف لائیں گے۔ مشاعرہ مقامی طور پر بذریعہ لاؤڈ اسپیکر نشر کیا جائے گا۔ مصرع طرح:

فریب کفر سے شان مسلمانی نہیں جاتی

قافیہ پریشانی، نگہبانی۔ ردیف نہیں جاتی

ملک کی حکومت کی بنیاد سارے عوام کے انتخاب میں ... لینے پر تھی۔ اور تمام اقتدار عوام کے ہاتھوں میں رہتی تھی عوام کو ہر سال انتخابات کے موقعہ پر اپنے نمائندے منتخب کرنے کی آزادی حاصل تھی۔ یہ لوگ اس قسم کے طرز کو ڈیموکریسی کہتے تھے (باقی آئندہ)

ہمیشہ یاد رکھیے

ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مراد آباد

جہاں ہر قسم کا اصلی مراد آبادی کھانے کا تمباکو سائنٹیفک طریقہ پر تیار کیا جاتا ہے۔ یہ تمباکو کھانے میں نہایت خوش ذائقہ اور دانتوں کے لئے مفید ہے اور منہ کی ناقص رطوبات کو خارج کرتا ہے۔ آپ بھی استعمال کیجئے۔ المشتہر

منیجر ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مراد آباد

ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے

تھوک خریداروں کو خاص رعایت دی جاتی ہے

سورج مارکہ دیکھ کر خرید یئے ہر جگہ ملتا ہے۔



رشک منیر پرفیومری کمپنی

سہارنپور کی خبریں

شراب کی ناجائز فروخت پر گرفتاریاں

سہارنپور، ۸ ستمبر (بذریعہ ڈاک) شہر میں ناجائز شراب کی فروخت کے متعلق جو شکایات پیدا ہو رہی تھیں ان کے پیش نظر شری نند لال کلکٹر مجسٹریٹ درجہ اول سپرنٹنڈنٹ پولیس شری ... ایل بجلی اور کوتوال شہر شری تارا چند نے گذشتہ شب بعض مقامات پر چھاپہ مارا اور خلاف قانون شراب فروخت کرنے والوں کو حراست میں لے لیا۔ جن میں بازار شہید گنج کے ٹھیکیدار کیشو رام ... اور رام پرشاد شامل ہیں۔

مبینہ قاتل عورت کی ضمانت نامنظور

گذشتہ دنوں یہ خبر ملی تھی کہ ایک بڑھیا اور دو نوجوان لڑکیوں نے اپنے لڑکے کی بیوی کو مٹی کا تیل ڈال کر جلا کر مار ڈالا۔ ... پولیس نے اپنے قبضہ میں ... لے لئے ... ایک بڑھیا کی شادی شدہ لڑکی کا اپنا بہنوئی کے ... پرکاش نے ... شادی شدہ ... سے دونوں کی عشق بازی کا انکشاف ہوا ہے۔

جرنلسٹوں کا تعزیتی جلسہ

مقامی جرنلسٹ ایسوسی ایشن نے اپنے ایک مخصوص اجلاس میں یوپی کے مشہور جرنلسٹ مسٹر گوپی ناتھ سریواستو کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔

آگرہ شوز مارکیٹ کے مزدور طبقہ کا واویلا

آگرہ، ۲۰ ستمبر (بذریعہ ڈاک) شوز (جوتوں کی) مارکیٹ کے مزدور طبقہ کی ... بے روزگاری بڑھتی جا رہی ہے۔ ... حکومت ... مزدوروں کو ... فرمائے تاکہ ... اپنی ... لوٹا جائے۔ ...

دہلی سے لاہور پاکستان

اور

پاکستان سے ہندوستان

استعمال شدہ و تجارتی سامان حفاظت، عجلت وکفایت ہماری معرفت بھیجئے۔

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران بلیماران، چاندنی چوک دہلی

میونسپل بورڈ سنبھل

ٹنڈر نوٹس

راقم الحروف کو مورخہ ... ۱۹۴۹ء تک سر بمہر ٹنڈر درکار ہیں جو کہ اسی دن بورڈ کے سامنے ۲ بجے کھولے جائیں گے۔ ٹنڈر فارم اس دفتر سے مبلغ -/۱۰ روپیہ فی سٹ قیمت ادا کرنے پر کسی بھی دن مل سکتے ہیں جب کہ دفتر کھلا ہو۔ اسٹیمیٹ وغیرہ بھی دفتر کے اوقات میں کسی بھی دن ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔ زر امانت فارم کے ہمراہ آنا چاہئیے اور ضمانت کا روپیہ جب طلب کیا جائے رجسٹرڈ ٹھیکہ داران زر امانت ٹنڈر کی منظوری کے بعد ضمانت کی رقم کے ساتھ جمع کرا سکتے ہیں۔

تفصیلات	مقدار	تخمینہ قیمت	زر امانت	سیکورٹی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲ فی صدی	۵ فی صدی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲ فی صدی	۵ فی صدی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲ فی صدی	۵ فی صدی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲ فی صدی	۵ فی صدی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲ فی صدی	۵ فی صدی

دستخط انگزیکٹیو آفیسر

برائے چیرمین

عازمین حج کے لئے خوشخبری

انڈیا ٹریول سروس

حج بیت اللہ شریف کو تشریف لے جانے والے اصحاب کی خدمت میں بڑی خوشی کے ساتھ اپنی خدمات پیش کرتی ہے۔ ہماری ایجنسی نے حجاز تشریف لے جانے والے اصحاب کی ایک کثیر تعداد کی اچھی سے اچھی خدمت کی ہے۔ اور اس کی کلی تسلی و تشفی ہمارے سروس کے بہترین ہونے کی ضامن ہے۔ ہمارے نرخ بہت ارزاں ہیں۔ آپ یک طرفہ ہوائی مسافت کیجئے۔ یا واپسی ٹکٹ لیجئے۔ ہم نے ہر دو طرح کا انتظام کر رکھا ہے۔ بچوں کا نصف کرایہ لیا جاتا ہے۔ اور سامان لیجانے کا الاؤنس مقابلتاً زیادہ دیا جائیگا۔

بمبئی جدہ براہ راست ہوائی پرواز بک کرنے کی آخری تاریخ ۱۰ ستمبر ہے۔ بشرطیکہ اس سے قبل تمام جگہ بک نہ ہو چکی ہو۔

ہمارا انتظام مصروف ترین اصحاب کیلئے نہایت فائدہ مند ہے کیونکہ پرواز ماہ ستمبر کے تقریباً دوسرے، تیسرے اور چوتھے ہفتہ سے ہوگی اور اسی طرح فضول وقت ضائع نہ ہوگا۔

مفصل تفصیلات طلب کرنے پر فوراً بھیجی جائینگی

انڈیا ٹریول سروس لمیٹڈ

۱۶ اولڈ کسٹم ہاؤس روڈ بمبئی

تار کا پتہ انڈٹریول — ٹیلیفون نمبر 34793

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی، لاہور، راولپنڈی براستہ لاہور، پشاور براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)
روانگی دہلی 14-0
آمد کراچی 18-10

دہلی لاہور (روزانہ)
روانگی دہلی 09-50
آمد لاہور

لاہور راولپنڈی پشاور
ہر سوم، بدھ، جمعہ، سنیچر وار
روانگی لاہور 12-30
آمد راولپنڈی 13-40
روانگی راولپنڈی 14-0
آمد پشاور 14-50

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ، کناٹ سرکس نئی دہلی

پاکستان آزاد کشمیر کی فوجوں کو توڑنے اور غیر مسلح کرنے پر رضامند نہیں ہوا

مجوزہ مشترکہ کانفرنس کیوں منعقد نہ ہو سکی

کشمیر کمیشن نے خط وکتابت شائع کردی (بقیہ صفحہ ۳)

(۵) مجھے آپ کا مکتوب مورخہ ۱۸ اگست موصول ہوا جس میں آپ نے کمیشن کو دہلی میں مجوزہ مشترکہ جلسوں کے انعقاد کے سلسلہ میں حکومت ہند کے نقطۂ نظر سے مطلع فرمایا ہے۔

(۲) اسی مسئلہ پر کمیشن کو حکومت پاکستان کی طرف سے بھی ایک خط موصول ہوا ہے جس کی ایک کاپی منسلک ہذا ہے۔

(۳) دونوں مراسلوں کا مقابلہ کرنے کے بعد اور متعلقہ امور کو سامنے رکھتے ہوئے کمیشن اس نتیجہ پر پہونچا ہے کہ مجوزہ مشترکہ جلسوں کا کوئی مفید نتیجہ برآمد نہیں ہوگا۔

کشمیر کے چیرمین کا جواب

(۱) ۱۳ اگست کو کمیشن کے چیرمین مسٹر ... نے سر ظفر اللہ کے ۱۲ اگست کی رسید دیتے ہوئے لکھا۔

(۲) آپ کی حکومت کی درخواست کے تحت ہم آپ کے خط کا متن حکومت پاکستان کو بھیجا جا رہا ہے۔ حکومت کی اطلاع کے لئے پاکستان کے جواب کی نقل منسلک ہے۔

(۳) کمیشن کو امید ہے کہ حکومت پاکستان آپ کی تجویز کو کانفرنس ۱۹ اگست کو شروع ہو تسلیم کرے گا کمیشن نے پاکستان سے درخواست کی ہے کہ اپنے وفد کے اراکین سے مطلع کرے۔ حکومت پاکستان سے یہ معلومات حاصل ہوتے ہی حکومت ہند کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

(۴) آپ کی حکومت کی تجاویز اور حکومت پاکستان کی رائے پر کمیشن کے ۹ اگست کے خط کے ساتھ کیا ہی ... کے تحت غور کیا جائے گا۔

(۵) کمیشن بڑا احسان مند ہوگا اگر وفد کے باقی اراکین کے ناموں سے مطلع کیا جائے۔

حکومت پاکستان کا جواب

وزیر خارجہ حکومت پاکستان نے کمیشن کی طرف سے مشترکہ میٹنگ کی دعوت کے جواب میں ۱۱ اگست کو یہ خط لکھا۔

(۱) سر ظفر اللہ نے کمیشن کی دعوت کے خط کی رسید دیتے ہوئے لکھا کہ ...

ہندوستانی خبروں پر تبصرہ

ہندوستانی جنرل پرتبصرہ ... آل انڈیا ریڈیو کا تازہ شمارہ ... ملی تبصرہ میں ہندوستان کی خوراک ... ہے۔

گورنر جنرل کو گورنمنٹ ہاؤس دہلی کی زمین میں مکئی کی فصل کی دیکھ بھال کرتے ہوئے ... کی پیداوار بڑھانے کی مہم کی رہنمائی کرتے ہوئے پردہ فلم پر نظر آتے ہیں۔ ... سرگرمی درجہ اول کے طور پر حصہ لیتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

دلی میں کانگریس کے انفارمیشن آفیسر ... کا استعفیٰ دینے کی رسم کے مناظر کو اس تبصرہ میں خاص اہمیت حاصل ہے۔

جاپانی بچوں کو پنڈت نہرو نے ... ہاتھی کا تحفہ بھیجا ہے اس کی روانگی کے مناظر نے اس فلمی تبصرہ کو خاص طور پر رنگین بنا دیا ہے۔ پونا کے آل انڈیا کھیلوں کے سین بھی اسی میں شامل ہیں۔

انڈین نیشنل ریلوے تمام اہم خبروں کو جلد ... اور جامع طور ...

دستور ساز اسمبلی میں پیر کو زبان کا مسئلہ پیش ہوگا

ملازمتوں کی دفعہ پر بحث کے دوران میں علاقائی زبانوں کی حمایت

نئی دہلی، ۸ ستمبر۔ لسانی مسئلہ پر دستور ساز اسمبلی کے اراکین کے جذبات کا ایک مختصر مظاہرہ کل اسمبلی میں اس وقت ہوا جب اس دفعہ پر بحث ہو رہی تھی جو یونین یا اسٹیٹ میں پبلک سروسوں میں بھرتی کی بابت ہے۔ لسانی مسئلہ پیر کے دن اسمبلی میں بحث کیلئے لایا جائے گا۔

مسٹر ستیش چندر مکرجی بنگال نے ایک ترمیم کے ذریعہ خواہش کی کہ پبلک سروسوں میں بھرتی کے لئے یونین کی زبان کے علاوہ کسی علاقائی زبان کا جاننا بھی لازمی قرار دیا جائے۔

ڈاکٹر اس ... نے خواہش کی کہ یونین کی ملازمتوں میں بھرتی ہونے والوں کے لئے یونین کی زبان انگریزی اور ایک علاقائی زبان کا جاننا لازمی قرار دیا جائے۔

یوپی کے مسٹر ... نے کہا تمام امتحانات ... اور امتحانات مقابلہ جہاں تک ممکن ہو یونین یا ریاست کی زبان میں منعقد کئے جائیں۔ اگرچہ بحث مختصر تھی لیکن بہت سے مقررین نے ریاستوں کی زبان پر بہت زور دیا تھا۔

جن لوگوں نے یونین کی زبان کے علاوہ ایک علاقائی زبان کے جاننے پر زور دیا ان کی کوشش یہ تھی کہ جن امیدواروں کی زبان یونین کی زبان سے مختلف ہے ان کی مشکلات اور دشواریوں کا ازالہ کیا جائے۔ ... نے سرکاری ملازمین کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ تنخواہ ... کی کوشش کی۔

سے متعلق کمیشن کی تجاویز کا ذکر اس کی ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کی قرارداد میں موجود ہے جسے حکومت ہند اور حکومت پاکستان دونوں نے تسلیم کیا ہے ہم اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ قرارداد کی شرطوں پر بحث کی جائے لیکن آزاد کشمیر کی فوجوں کے متعلق حکومت ہند نے جو تشریح کی ہے ...

(۷) حکومت پاکستان اس امر کا اعادہ کرنا چاہتی ہے کہ چونکہ مجوزہ مشترکہ گفت وشنید خاص طور سے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کی قرارداد کے حصہ دوم کے نفاذ سے متعلق ہے، اس لئے بحث و مذاکرات قرارداد کے اسی حصہ تک محدود رہنے چاہئیں اور ایجنڈے میں کوئی دوسرا مسئلہ شامل نہ کیا جائے۔

بمعہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء میں پاکستانی فوج اور ہندوستانی فوج کے ... حصہ کی واپسی کا ذکر ہے لیکن اس میں آزاد کشمیر کی فوجوں کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ اپنے مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۴۸ء کے پیرہ ۲ (سی) میں کمیشن نے واضح طور پر حکومت پاکستان کو اس بات کا یقین دلایا ہے کہ ۱۳ اگست والی قرارداد کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آزاد کشمیر کی فوجوں کو غیر مسلح یا توڑ دیا جائے۔

کمیشن کی تجاویز مورخہ ۱۱ دسمبر ۱۹۴۸ء کے فقرہ ۴ کی جو استصواب کے معاملہ سے متعلق ہے تشریح کرتے ہوئے ڈاکٹر لوزانو کے متعلق بتایا گیا ہے کہ انہوں نے ۲۰ دسمبر ۱۹۴۸ء کو وزیر اعظم ہند سے کہا کہ کمیشن کا ارادہ یہ ہے کہ آزاد کشمیر کی فوجوں کو بڑے پیمانہ پر غیر مسلح کر دیا جائے۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۸ء کو ڈاکٹر لوزانو نے مجھے بتایا کہ آزاد کشمیر کی فوجوں کو صرف استصواب کے موقع پر غیر مسلح کیا جائے گا ...

سر گرجا شنکر کا خط

سر گرجا شنکر باجپائی سکریٹری جنرل وزارت خارجہ ہندوستان نے ۱۸ اگست کو ہز ایکسیلنسی ڈاکٹر الفریڈ لوزانو قائم مقام چیرمین کشمیر کمیشن ...

چینی قوم پرست ہانگ کانگ میں پناہ نہ لے سکیں گے

نیا قانون وضع کرلیا گیا۔ دفاعی انتظامات کا حال

ہانگ کانگ ۸ ستمبر۔ حکومت ہانگ کانگ نے برطانوی قونصل خانہ کی اجازت حاصل کئے بغیر مسلح قوم پرست فوجیوں کا نوآبادی میں داخلہ ممنوع قرار دیدیا ہے۔ اس طرح سے یہ برطانوی نوآبادی اب قوم پرست چینیوں کی پناہ نہ بن سکیگی۔

یہ نیا قانون سرکاری خدشات کا اظہار کرتا ہے کہ جب کیونسٹ ہانگ کانگ کے قریب پہونچیں گے تو ممکن ہے کہ قوم پرست چینی سپاہی ہانگ کانگ میں پناہ حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اس طرح سے شائد بدانتظامی پیدا ہو جائے۔

دفاعی انتظامات مزید سخت کئے جا رہے ہیں بندرگاہ اور ساحلی علاقوں کو بند کیا جا رہا ہے اور ناپسندیدہ عناصر کی گرفتاری کے انتظامات بھی ہو رہے ہیں۔

یہ خبر بھی مسلسل پہنچ رہی ہیں کہ فرانسیسی انڈو چائنا اور تبت میں کمیونسٹوں کے متوقع حملے کے خلاف زبردست انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ (ملاپ)

امریکی ساخت کے ریلوے انجن عنقریب ہندوستان آرہے ہیں

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ امریکی ساخت کے ریلوے انجن ہندوستان پہونچانے کے لئے ایک بھاری اسباب اٹھانے والا برطانوی جہاز جو حکومت برطانیہ نے دوران جنگ میں چھوٹے چھوٹے جہاز ساحل تک اور دوسرے مشرقی ممالک کو پہونچانے کے لئے بنایا تھا کرایہ پر حاصل کر لیا گیا ہے۔ یہ جہاز ۸۸ ٹن کے ۳۶ ریلوے انجن اور ۱۰۰ کے قریب بڑے بڑے مال کے ڈبے ... ٹن بوجھ اٹھا سکتا ہے۔ دنیا کا یہ اپنی قسم کا واحد جہاز ہے جس میں ... بوجھ لادا جا سکتا ہے۔

کشتی الٹنے سے ایک درجن سے زائد ہلاک

بھاگلپور ۸ ستمبر۔ گذشتہ اتوار کو ایک کشتی کے الٹ جانے سے درجن سے زیادہ اشخاص ہلاک ہو گئے۔ جبکہ گنگا کے قریب ایک دیسی کشتی طوفان میں الٹ گئی۔ ... ایک زمیندار کے ہاتھی سے سواریوں کو بچانے میں امداد کا کام لیا گیا اور اس نے ... میں سے ایک چھوٹے بچے کو زندہ نکالا۔ (ایسوسی ایٹڈ)

ایران اور مشرق وسطیٰ کیلئے تار

نئی دہلی ۸ ستمبر۔ ڈائرکٹر جنرل پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف کی طرف سے حسب ذیل اعلان کیا گیا ہے۔ کہ ہمیں عراق ایران اور سعودی عرب کو تار روانہ ...

برطانیہ پاکستان کی تجارتی گفت وشنید

کراچی ۸ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ اور پاکستان کے درمیان ٹیرف اور تجارت کے نئے معاہدہ کی گفتگو یہاں گفت وشنید کی بنیاد طے ہو جانے پر شروع ہو جائے گی۔ (رائٹر)

سوجت (راجستھان) میں قیام جمعیۃ

جودھپور (بذریعہ ڈاک) قاضی شفیع احمد صاحب صدر انجمن ہمدرد اسلام سوجت (مارواڑ) کی دعوت پر مولانا محمد عاقل الٰہ آبادی مبلغ و آرگنائزر جمعیۃ علماء جودھپور تشریف لائے اور سوجت شہر میں ... اور تقریروں کے ذریعہ مسلمانوں میں دینی احساس کی ...

چینی کمیونسٹوں کے حملے کا دفاع

ایڈیٹر امرت بازار پتریکا کی تقرری

سر گرجا شنکر کا خط

سر گرجا شنکر کا خط

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی — فون نمبر 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ — جلد ۳۱ — دہلی یوم اتوار مورخہ ۱۷ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۱ ستمبر ۱۹۴۹ء — نمبر ۲۱۳ — قیمت فی پرچہ دو آنے

مسٹر گول وال کر پر کسی مسلمان نے حملہ نہیں کیا!

پٹنہ ۹ ستمبر۔ سوشلسٹ پارٹی بہار کے جوائنٹ سکریٹری ... (نامہ نگار)

گودھرا میں ٹڈیوں کا حملہ

راجکوٹ ۹ ستمبر۔ ضلع پنچ محل کے تعلقہ گودھرا میں ٹڈیوں ...

جمعیۃ علماء آج بھی قوم پرور جماعت ہے مگر بزدل اور منافق نہیں

بے بنیاد الزامات پر صدر پرسٹیٹ ایسوسی ایشن مسٹر گدوانی کو چیلنج

متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں مولانا حفظ الرحمان کا بیان

دہلی ۱۰ ستمبر۔ مہاتما گاندھی کے دہلی آنے کے بعد سے آج تک جمعیۃ علماء نے جس طرح اپنے مقدور بھر پیڑتوں کی امداد کی ہے اسی طرح وہ ان مظلوم مسلمانوں کی بھی مردانہ وار مدد کرتی رہے گی جو ہند یونین ہی کے باشندے ہیں۔ مسٹر گدوانی پہلے اپنی وفاداری کا ثبوت پیش کریں اور پھر دوسروں سے وفاداری کا ثبوت مانگنے کی جرأت کریں۔ یہ ہیں وہ الفاظ جو حضرت مولانا حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے اپنے ایک بیان میں کہے ہیں۔

ہندوستان پر امریکی اجارہ داروں کی للچائی ہوئی نظریں

روسی ٹریڈ یونین اخبار کی رائے

ہانگ کانگ میں سخت طوفان۔ ایک جہاز ٹوٹ گیا

بارہ جہاز ساحل پر چڑھ گئے۔ سلسلہ رسل و رسائل منقطع ہوگیا

یوپی میں زمینداری فنڈ شروع ہوگیا

فارورڈ بلاک جلسہ

کولمبیا پارلیمنٹ میں گولی چل گئی

ایک ممبر ہلاک اور کئی زخمی

دھاریوال کے لاٹھی چارج کی مذمت

امرتسر میں اکالیوں کا جلسہ

حکومت ہند راشٹریہ سنگھ کی پوزیشن پر نظرثانی کر رہی ہے

یوپی میں اینٹی سنگھ مظاہروں پر پابندیوں کے باعث چہ میگوئیاں

پاکستان کی ریلوے

چالیس لاکھ کا نقصان

کیرن مورچوں پر گولہ باری

مسٹر گوالکر کی تقریر

یونین کی جائدادوں پر لوکل باڈیز کو ٹیکس لگانے کے اختیارات

دستور ساز اسمبلی میں ڈاکٹر امبیدکر کی پیش کردہ دفعہ پر بحث

لکھنؤ میں عہدہ داران جمعیۃ کا اجتماع

کسٹوڈین کے مسئلہ پر غور ہوگا

انسانی حقوق سے متعلق یورپین اسمبلی کا چارٹر

ہر شخص اپنی حکومت کے خلاف دعویٰ کر سکے گا

عوامی لیگ کے جنرل سکریٹری سرحد سے نکال دئے گئے

یونان کی بغاوت ختم ہوگئی

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi -10-9-49

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہوائی جہازوں کی باقاعدہ سروس

سعودی عرب کے وزیر دفاع کا لندن میں بیان

پاکستان پریوی کونسل کو اپیلیں بھیجنا بند کر دے گا

کراچی میں سرکاری طور پر اعلان

بازار کے بھاؤ

دہلی

غلہ گڑ

بازار کریانہ

ہندوستانی ہائی کمشنر کے دفتر پر پندرہ اگست کے مظاہرے کی تحقیقات شروع ہوگئی

موقع پر موجود لوگوں کے چشم دید حالات کی تفصیلات

کراچی ۸ ستمبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) محمد یعقوب خاں جو ہندوستانی ہائی کمشنر مقیم کراچی کے اسٹاف کوارٹروں سے متصل رہتا ہے کل دوسرے دن پھر اپنا چشم دید بیان کراچی میں ہندوستانی پرچم لہرانے پر ہنگامہ کے سلسلہ میں اسپیشل کورٹ کے سامنے جاری رکھا۔

صنعتوں کو قومی ملکیت بنانے کی مخالفت

لندن میں مسٹر ٹاٹا کا بیان

۷ لاکھ عرب پناہ گزینوں کی امداد

اقوام متحدہ کے اقتصادی کمیشن کا بیان

رادھا کرشنن اور وشنسکی ملاقات

سیام کو سب سے بڑا خطرہ کمیونسٹوں سے ہے

برطانیہ اور امریکہ سے امداد کی اپیل۔ وزیر مالیات کا بیان

حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ کے ایک واقعہ کا اعادہ

ایک لڑکی کی دو عورتیں دعوے دار!

جموں اور کشمیر کے لئے غلہ

جاپان اور اسٹرلنگ علاقہ میں تجارت

نیشنل ٹریڈ یونین کا اجلاس

گجراتی ذریعہ تعلیم ہو

مسٹر ماؤلنکر کی تقریر

انٹر پارلیمنٹری یونین کا اجلاس

مسٹر قدوائی نے اپنے استعفیٰ کی تردید کر دی

پل بنگش میں سٹہ ہو رہا ہے

(حافظ) محمد عثمان تاجر گڑ میر محلہ باغ بیری والا دہلی۔

لوبیہ وزیر اعظم سویڈن سے ملے

گوریلوں کا ایک دستہ کینٹن سے صرف دس میل رہ گیا!

نیشنلسٹ فوجی گوریلوں کو ہتھیار بیچنے لگے!

ہانگ کانگ ۸ ستمبر۔ کینٹن کے قرب و جوار میں کمیونسٹ پانچویں کالم کی سرگرمیوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ کانٹن کی طرف پیش قدمی کرنے والی کمیونسٹ فوجوں کے آگے کمیونسٹ گوریلے اپنی سرگرمیاں دکھا رہے ہیں۔

بردوان میں شام کے چھ بجے سے صبح کے چھ بجے تک کرفیو

اب امن و امان ہے!

دستور ہند —

سرکاری ملازموں کی برخاستگی اور علیحدگی کے مسئلہ پر غور

سرمایہ نہ مل سکنے پر سیمنٹ کمپنی بند ہوگئی

یونان کے ایک جہاز پر فائرنگ

اقوام متحدہ سے شکایت

کپڑے کی صورت حال پر غور

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۱ ستمبر ۴۹ء

مخالفت کا طوفان

دہلی ہندو مہاسبھا کی ایگزیکٹو کمیٹی نے ..... ایک ریزولیوشن میں حکومت کی توجہ جمعیۃ علماء ہند کی ان سرگرمیوں کی طرف مبذول کرائی ہے جو اس نے نکاسی جائداد آرڈیننس کو ناکام بنانے کے لئے جاری کر رکھی ہیں، پنجاب کے مقامی معاصر بھی آج کل جمعیۃ علماء پر خوب برس رہے ہیں اور جائداد کے پردہ میں اسے بدنام کرنے کے لئے خوب زور لگا رہے ہیں، ان کی شکایت کا ماحصل یہ ہے کہ ریفیوجیوں میں اس سے بھی غلط فہمی راہ پا رہی ہے اور وہ بھی جلسے کرکے جمعیۃ علماء کو الزام دے رہے ہیں کہ جمعیۃ علماء کے بعض لیڈر پاکستان سے آئے ہوئے مسلمانوں کی امداد کرکے ان کی جائداد واگذار کرا رہے ہیں لہٰذا اگر یہ لوگ دانستہ شرارت نہیں کر رہے ہیں تو انہیں جمعیۃ علماء کے متعلق غلط فہمی ضرور ہوئی ہے اور جائدادوں کے معاملہ میں انہیں غلط اور بے بنیاد اطلاعات ملی ہیں، جہاں تک جمعیۃ علماء کی سرگرمیوں کا تعلق ہے وہ یقیناً انصاف اور جمہوریت کے تقاضوں کو پورا کرنے والی ہیں کیونکہ اس کی کوشش یہ ہے کہ جو مسلمان ہندوستان کے شہری ہیں اور جنہوں نے پاکستان جاکر غیر مسلموں کی نکاسی جائداد سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا ہے ان کی جائداد پر ناجائز قبضہ نہ ہو، ورنہ اس کے معنی یہ ہوں گے کہ ہندوستان کا ہر مسلمان پاکستانی اور نکاسی ہے اور مسلمان ہونے کے جرم میں اس کی جائداد ضبط کی جا سکتی ہے۔ اس کے ساتھ جمعیۃ علماء نے یہ کوشش کبھی نہیں کی کہ جو لوگ پاکستان چلے گئے ہیں اور وہاں نکاسی کی جائداد پر قابض ہو گئے ہیں ان کی جائداد پر حکومت قبضہ نہ کرے یا پاکستان سے آئے ہوئے مسلمانوں کی امداد کرکے ان کی جائداد واگذار کرائے۔

ہم پوچھتے ہیں کہ کیا مہاسبھا اور ان کے ہم خیال یہ چاہتے ہیں کہ ہندوستان کے وہ شہری مسلمان جو پاکستان نہیں گئے اور نہ وہاں کی کسی جائداد سے فائدہ اٹھایا ان کی جائداد محض مسلمان ہونے کے جرم میں ضبط کر لی جائے؟ ہمارا خیال یہ ہے کہ کوئی کٹر سے کٹر فرقہ پرست بھی یہ نہ چاہے گا کہ ہندی مسلمانوں کو اس کے مسلمان ہونے کی سزا میں اور اس کی تمام جائداد پر حکومت کا قبضہ ہو جائے، سوال یہ ہے کہ جب وہ خود بھی یہ نہیں چاہتے تو جمعیۃ علماء سے انکا کیا اختلاف رہا؟ اور جمعیۃ علماء کی ان سرگرمیوں کو کیوں شک و شبہ کی نظروں سے دیکھا جا رہا ہے؟ اگر وہ اور جمعیۃ علماء دونوں یہ نہیں چاہتے کہ ہندوستان کے کسی شہری مسلمان کو بیٹھے بٹھائے پاکستانی بنا دیا جائے اور یہاں رہتے ہوئے محض جائداد پر قبضہ کرنے کی وجہ سے نکاسی قرار دیا جائے تو اس میں جمعیۃ علماء کا کیا قصور؟ اور اس سے اختلاف کرنے اور اسے بدنام کرنے کی کیا ضرورت؟

البتہ یہ الزام بہت سخت ہے کہ جمعیۃ علماء کے بعض لیڈر پاکستان سے آئے ہوئے مسلمانوں کی امداد کرکے ان کی جائداد واگذار کرا رہے ہیں؟ اور اس نے نکاسی جائداد کے آرڈیننس کو ناکام بنانے کے لئے اپنی سرگرمیاں جاری کر رکھی ہیں؟ اگر یہ الزام ثابت ہو جائے تو پھر بلاشبہ ہم ہتھیار ڈال دیں گے اور اپنے جرم کا اعتراف کرکے ہر سزا کو بھگتنے کے لئے تیار ہوں گے لیکن ہم اپنے معاصرین کو اور ہندو مہاسبھا کو اور ریفیوجیوں کو یقین دلاتے ہیں کہ یہ الزام قطعی بے بنیاد ہے، جمعیۃ علماء نے نہ کسی پاکستانی کو ہندوستان میں اس کی جائداد واگذار کرانے کی کوشش کی ہے اور نہ اس کی ایک مثال بھی ثابت ہو سکتی ہے کہ جمعیۃ علماء نے پاکستان سے آئے ہوئے کسی ایک مسلمان کی جائداد واگذار کرانے کی کوشش کی جس نے وہاں کسی غیر مسلم کی متروکہ جائداد پر قبضہ کر لیا ہے۔

جمعیۃ علماء ہرگز یہ نہیں چاہتی کہ پاکستان کی جائداد سے فائدہ اٹھانے والے یہاں بھی اپنی جائدادوں سے فائدہ اٹھاتے رہیں اور وہاں کے غیر مسلم پناہ گزین یہاں در در کی ٹھوکریں کھاتے رہیں، اس کی کوشش صرف یہ ہے کہ قانون کا غلط استعمال نہ ہو اور یہاں کے شہری مسلمانوں پر جو پاکستان نہیں گئے اور نہ وہاں جاکر غیر مسلموں کی جائداد سے کوئی فائدہ اٹھایا، کوئی مصیبت نہ پڑے مگر یہ وہ مقصد ہے جس سے کسی ہندوستانی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔

البتہ اگر مہاسبھا اور مقامی معاصرین کا منشا یہ ہے کہ ہر ہندوستانی مسلمان کو نکاسی اور پاکستانی قرار دے دیا جائے اور ان کی ساری جائدادوں پر حکومت کا قبضہ ہو تو پھر ان کا کام یہ نہیں ہے کہ جمعیۃ علماء سے الجھیں اور اسے آرڈیننس کو ناکام بنانے کا الزام دیں، ان کا کام تو یہ ہے کہ وہ کھلا اعلان کرائیں کہ ہندوستان کا ہر مسلمان نکاسی اور پاکستانی ہے، اور ان کی تمام جائداد حکومت کی ملکیت ہے، اس قسم کے اعلان کے بعد جمعیۃ تاریکی میں نہیں رہے گی اور اس کے سامنے یہ سوال ہی نہیں آئے گا کہ ہندوستان میں رہنے والے مسلمانوں کی جائداد محفوظ رہے اور قانون کا استعمال غلط طریقہ پر نہ ہو! لیکن جب تک وزیر بحالیات مسٹر سکسینہ یہ کہتے رہیں گے کہ صرف پاکستان جانے والوں کی جائداد پر قبضہ کیا جائے گا اور ہندوستان میں رہنے والے مسلمانوں کی جائداد محفوظ رہے گی اسوقت جمعیۃ علماء بھی قانون کا غلط استعمال نہ ہونے دے گی اور یہاں کے مسلمانوں کی جائداد کو خطرہ میں نہ ڈالنے دے گی۔

خلاصہ یہ کہ جمعیۃ علماء کی سرگرمیوں پر صرف دو ہی صورتوں میں اعتراض ہو سکتا ہے، اول یہ کہ اس نے ان مسلمانوں کی جائداد کو بچانے کی کوشش کی ہو جنہوں نے پاکستان جاکر غیر مسلموں کی متروکہ جائداد سے فائدہ اٹھایا ہے، لیکن ظاہر ہے کہ یہ الزام سراسر بے بنیاد ہے اور اس کے ثبوت میں ایک مثال بھی پیش نہیں کی جا سکتی۔ دوم یہ کہ حکومت نے ہر ہندوستانی مسلمان کو تارک وطن اور پاکستانی قرار دے دیا ہو اور جمعیۃ علماء نے کسی کی جائداد کو قانون کے غلط استعمال سے بچانے کی کوشش کی ہو جب یہ دونوں صورتیں نہیں تو ہمارے معاصرین کو اختلاف کی وجہ بتانا چاہئے اور جائداد کے معاملہ کو آلہ کار بنا کر اپنی کمزوری پر پردہ ڈالنے کی کوشش نہ کریں۔

اگر جمعیۃ علماء یہ کہتی ہے کہ بعض حکام کی طرفداری اور بے احتیاطی کے باعث ان مسلمانوں کی جائداد پر بھی قبضہ کیا جا رہا ہے جنکا پاکستان سے کوئی تعلق نہیں تو ہم کہتے ہیں کہ جمعیۃ علماء آرڈیننس کو ناکام بنانے کی کوشش کر رہی ہے، مگر آپ ہی بتائیے کہ کیا یہ الزام صحیح ہوگا؟ کیا اسے آرڈیننس کو ناکام بنانے سے تعبیر کیا جائے گا؟ قانون کے صحیح استعمال کی طرف حکومت کو توجہ دلانا قانون کا سب سے بڑا احترام اور جمہوریت کی سب سے بڑی حمایت ہے، کیا جمعیۃ علماء اپنے اس فرض سے دستبردار ہو جائے؟ کیا بے گناہ مسلمانوں کی جائداد کو خطرہ میں ڈال دے؟ کیا یہاں کے رہنے والوں کو بیٹھے بٹھائے نکاسی بنا دے؟ معلوم نہیں ان معترضین کے پاس اسکا کیا جواب ہے؟ حقیقت تو یہ معلوم ہوتی ہے کہ [illegible] محاذ کو مضبوط بنانے کے لئے جمعیۃ علماء کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، حکومت پر قبضہ کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ عوام کی ہمدردیاں حاصل کی جائیں اور جمعیۃ علماء کے خلاف ایسا محاذ بنا کر ایک نیا فتنہ کھڑا کیا جائے لیکن ہمیں حق اور انصاف کی طاقت پر یقین ہے اور اس بات کی پوری توقع ہے کہ ان فرقہ پرستوں کو اپنے مقصد میں کبھی کامیابی نہ ہوگی!

ہم معترضین کو اس نکتہ کی جانب غور و تدبر کی دعوت دیتے ہوئے یہ بتلائیں گے کہ جمعیۃ علماء قانون کے غلط استعمال کو روک کر دنیا پر ثابت کر دینا چاہتی ہے کہ انڈین یونین ایک سیکولر (غیر مذہبی) غیر فرقہ وارانہ جمہوری حکومت ہے اور اس میں مذہب کی بنا پر کسی کیساتھ امتیازی سلوک نہیں کیا جاتا، کیا یہ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ جمعیۃ علماء اپنی خاموشی سے یہ ثابت کرے کہ ہندوستان میں مسلمان کا مسلمان ہونا جرم ہے اور اس کی سزا یہ ہے کہ اس کی جائداد ضبط کر لی جائے؟ کیا یہ لوگ اسی وقت خوش ہوں گے کہ حکام کی غلطیوں کی وجہ سے حکومت پر دو قومی نظریہ کا الزام لگے؟ جمعیۃ علماء چاہتی ہے کہ حکومت اس قسم کے الزامات سے پاک رہے اور قانون کے نام سے کوئی ایسی حرکت ظہور میں نہ آئے جو کسی مخالف کے لئے مجلس اقوام میں [illegible] جو کام سیکولر [illegible] کرنا تھا اسے صرف جمعیۃ علماء انجام دے رہی ہے، لیکن فرقہ پرستوں کے نزدیک یہی وہ جرم ہے جو شاید کبھی معاف نہ ہو سکے!

وہاں اور یہاں

ہندوستان کے مشہور سائنس داں مسٹر سی وی رامن نے بنگلور میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "ہندوستان کو سوئٹزرلینڈ سے سبق سیکھنا چاہئے، اگرچہ وہاں جرمنی، فرانسیسی اور اٹالین زبانوں کو سرکاری حیثیت حاصل ہے لیکن قومی زبان کا فتنہ وہاں کبھی کھڑا نہیں ہوا۔ وہاں کے لوگ صرف یہ بات جانتے ہیں کہ زندہ رہو اور زندہ رہنے دو، وہاں نہ تہذیبی غلبہ کا سوال ہے نہ لسانی وحدت کا جھگڑا، نہ جرمنی کو فرانسیسی زبان سے کوئی بیر نہ فرانسیسی کو اٹالین سے کوئی پرخاش۔"

مگر یہ بات تو سمجھ میں نہ آئی کہ ہندوستان سوئٹزرلینڈ سے سبق سیکھے [illegible]

اچھی باتیں

فدعا ربہ انی مغلوب فانتصر

(پ ۲۷ ع ۸)

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے فریاد کی کہ اے مولیٰ! میں مغلوب ہوں، میری مدد فرما!۔

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کی خدمت کی اور اسے برائیوں سے روکا لیکن قوم دشمن بن گئی اور آپ کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا حتیٰ کہ حضرت نوح کو اپنی جان بچانی بھی مشکل ہو گئی اور جب آپ پر مایوسی طاری ہونے لگی تو علام الغیوب نے آپ کے قلب کو تحریک کی کہ آپ خدا کی بارگاہ میں فریاد کریں اور یہ کہیں کہ اے میرے پروردگار اے میرے پالنہار! اے وہ ہستی جو سب کی آخری پناہ گاہ ہے! میں مغلوب اور بے بس ہو چکا ہوں اور جان بخشی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اب میری التجا ہے کہ میری عاجزی کی لاج رکھ اور میری مدد فرما! میں مغلوب اور لاچار تیرے در کو چھوڑ کر کہاں جاؤں تیری ہی بارگاہ سے مجھے نصرت ملے گی اور تو ہی میری بے بسی پر رحم فرمائے گا! اس آیت میں مسلمانوں کو تلقین کیگئی ہے کہ وہ بھی بے بسی اور لاچاری کے عالم میں خدا کے سامنے اپنی مغلوبیت کا اعتراف کریں اور اس کے دامن تقدس سے لپٹ جائیں، تاآنکہ انکی مراد پوری ہو اور خدا کی طاقت انکی کمزوری کیلئے سہارا بنے

مباحث امروز

نقاد کے قلم سے

یہ ہے جمہوریت

گذشتہ اتوار کو نیویارک میں پھر اس بات پر نسلی فساد ہو گیا کہ نغمہ سرود کے ایک جلسہ میں نیگرو گویے پال روبسن کو اپنے نغمات سنانے کا موقع دیا گیا تھا، اس فساد میں بہت سے لوگ مجروح ہو گئے اور بہت سی کاریں جلسہ گاہ سے بھاگتے ہوئے سڑکوں پر الٹ گئیں۔ لطف یہ ہے کہ پولیس اس جلسہ میں بھی جو ڈیوٹی پر متعین تھے، اس فساد کو نہ روک سکے۔

معلوم ہوتا ہے کہ نسلی امتیاز کے جراثیم امریکہ میں اب پھر سے ابھرنے لگے ہیں۔ اس بات کی تصدیق کانگریس کے اس پیغام سے بھی ہوتی ہے جو صدر امریکہ مسٹر ٹرومین کے نام بھیجا گیا ہے اور جس میں کہا گیا ہے کہ گورنر ڈیوی (جو سابقہ انتخابات میں صدارت کے امیدوار تھے) نیویارک کی ریاست میں نیگرو باشندوں کے خلاف پالیسی پر عمل کر رہے ہیں۔

جو امریکہ دنیا کو نسلی مساوات کا سبق پڑھا رہا ہے اور جہاں اپنی جمہوریت کا ڈھنڈورہ پیٹا جاتا ہے اس کے اپنے ملک کی حالت یہ ہے کہ ایک بہترین آواز رکھنے والا گویا صرف اس لئے پبلک جلسہ میں نہیں آ سکتا کہ اس کی چمڑی گوری نہیں اور وہ اس نسل سے تعلق نہیں رکھتا جس کے ہاتھ میں خوش قسمتی سے اس وقت امریکی حکومت کی باگ ڈور ہے مگر ایشیا کو کمیونزم سے بچانے کا دم بھرتا ہے، لیکن کیا وہ اپنی اس "کالی گوری" پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے ایشیائی قوموں کی حمایت حاصل کر سکے گا؟

یہ سوئٹزرلینڈ نہیں ہے

ڈاکٹر سی۔ وی۔ رمن نے بنگلور انسٹی ٹیوٹ کی الیکٹریکل انجینئرنگ سوسائٹی کے ممبروں سے تقریر کرتے ہوئے بتایا کہ "سوئٹزرلینڈ بہت سی زبانوں والا ملک ہے اور وہاں لوگ فرانسیسی، جرمن، اطالوی اور اسی قسم کی دوسری زبانیں بولتے ہیں مگر اس کے باوجود وہاں زبان کی بنیاد پر کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوتا اور کوئی شخص بھی قومی زبان کے مسئلہ پر نہیں جھگڑتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سوئٹزرلینڈ میں زندہ رہو اور زندہ رہنے دو کے اصول پر عمل ہوتا ہے اور اسی لئے وہاں تہذیبی و لسانی غلبہ کا وجود نہیں۔"

ڈاکٹر رمن نے بات تو بڑی پتے کی کہی مگر ڈر ہے کہ کہیں [illegible] بھلا کہاں سوئٹزرلینڈ اور کہاں ہندوستان

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

سب سے بڑا فرق تو یہ ہے کہ سوئٹزرلینڈ کی کوئی سرحد سمندر سے نہیں ملتی، ایک چھوٹے سے ملک کا ہندوستان جیسے وسیع ملک سے کیا مقابلہ، ہندوستان کی اپنی دنیا الگ ہے اور یہاں کوئی اصول نہیں بلکہ اکثریت کا اصول چلے گا اور اکثریت ہی کی سنسکرتی غالب رہے گی۔

غلبہ ہے نہ لسانی غلبہ، یہاں خدا کا دیا سب کچھ موجود ہے، اس کے باوجود ہم تو یہی کہیں گے کہ ہندوستان کی "روحانیت" اپنے شباب پر ہے اور اس کا جنت نشان ہونا شک و شبہ سے بالاتر [illegible] انشاء اللہ سب ہی کا بیڑا پار ہے!

ہندوستانی کپڑے کا بائیکاٹ

پاکستان میں جو کروڑوں کے ہندوستانی کپڑے کے بائیکاٹ کی جو تحریک شروع کی گئی ہے وہ اگرچہ ناکام ہو گئی ہے اور حکومت پاکستان نے اس سے لاتعلقی ظاہر کرکے اس امر کا وعدہ کیا ہے کہ وہ اس تجارتی معاہدہ کو عملی جامہ پہنائے گی جو اس سلسلہ میں حکومت ہند سے ہوا ہے تاہم یہ افسوسناک امر ہے کہ پاکستان کے تاجروں نے کپڑے کا بائیکاٹ کرکے وہ قدم اٹھایا جس سے انہیں فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہے اور یہ صرف انہی کا نقصان نہیں بلکہ ان لاکھوں ہندوستانی مسلمانوں کا بھی نقصان ہے جو کپڑا بنانے کا کام کرتے ہیں۔

جہاں تک اطلاعات ملی ہیں بتایا گیا ہے کہ کپڑے کا یہ بائیکاٹ حکومت ہند کے اس آرڈیننس کے خلاف بطور احتجاج کیا گیا ہے جو حال ہی میں متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں جاری کیا گیا تھا۔ اس آرڈیننس میں جو خامیاں ہیں [illegible] یہ کہ حکومت پاکستان کو اس بات کے لئے تیار کریں کہ وہ حکومتی سطح پر جائدادوں کے سلسلہ میں بات چیت کرے اور بات چیت کے ذریعہ اس معاملہ کو منظور کرے کہ دونوں طرف کی جائدادوں کی قیمت کا اندازہ لگایا جائے اور جس کی رقم زیادہ نکلے اسے حکومتی سطح پر ادا کرنے کی کوشش کی جائے۔

اس کے علاوہ پاکستانی عوام جو بھی قدم اٹھائیں گے اس کا اس کے سوا کوئی نتیجہ نہ نکلے گا کہ ایک طرف وہ اپنے ہمسایہ ملک سے اپنے دوستانہ تعلقات خراب کریں گے اور دوسری طرف ہندوستان کے مسلمانوں کی راہ میں مشکلات پیدا کرنے کا موجب بنیں گے۔ ہندوستان کے مسلمانوں کی اس وقت سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ پاکستانی عوام حکومت پاکستان کو متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں اپنی پالیسی بدلنے پر مجبور کریں اور یہ غیر اسلامی تخیل اپنے دلوں سے نکالیں کہ جو جائدادیں ہندو وغیرہ چھوڑ کر گئے ہیں ان پر بغیر کوئی فیصلہ کئے قبضہ کرنا ان کا حق ہے۔

اسلام اور جمہوریت

(۲)

[illegible]

مطلق العنانی

[illegible]

اچھا اور برا

[illegible]

حکومت امراء

[illegible]

ڈیموکریسی

[illegible]

انتخاب کے لئے

[illegible]

(باقی آئندہ)

حکومت برطانیہ دولت مشترکہ کے دو ممبروں کے تعلقات خراب ہونے پر تشویش محسوس کر رہی ہے

مسٹر اٹیلی کا خط صرف ایک دوستانہ نصیحت تھا

مسٹر اٹیلی کے خط پر برطانوی کابینہ کے قریبی حلقہ کا بیان

لندن ۹ ستمبر۔ برطانوی کابینہ کے ایک قریبی حلقہ نے آج کہا کہ ہند اور پاکستان میں مسئلہ کشمیر پر خط و کتابت ہونے کی خبر عام ہو جانا بڑی افسوسناک بات ہے برطانوی حکومت کو اس بات پر بھی افسوس ہے کہ مسٹر اٹیلی کی اس دوستانہ اپیل کو جو انہوں نے اپنی حکومت کے سب سے بڑے عہدہ دار ہونے کی حیثیت سے ایک دوسری حکومت کے سب سے بڑے عہدہ دار سے کی تھی بعض حلقوں میں "برطانوی مداخلت" قرار دیا۔ [illegible]

امریکی حکومت کی ہمدردی

[illegible]

الور کسان کانفرنس میں

سوشلسٹ لیڈر کی تقریر

[illegible]

(سکریٹری سوشلسٹ پارٹی۔ الور)

اقوام متحدہ میں نیپال کا داخلہ

روس نے پھر ویٹو استعمال کیا

[illegible]

دنیا میں گرمی بڑھ رہی ہے

قطبین کی برف پگھلنے کا نتیجہ

[illegible]

کسٹوڈین کی بدولت آگرہ کے مزدور بے روزگار ہو گئے

شو مارکیٹ کی دوکانوں کی سیل بندی پر سخت بے چینی ایک لاکھ روپیہ کا نقصان

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے علی صاحب کی اہل مراد آباد سے اپیل

[illegible]

بنارس کا نام بدل دیا جائیگا

[illegible]

ڈاکٹر سیتا رامیا رامپور نہیں جائیں گے

[illegible]

جناب ظہور احمد انصاری کی وفات

[illegible]

یوپی کے ہوائی اڈوں کی قیمت

صوبہ کی حکومت کا مرکز سے مطالبہ

[illegible]

کانپور میں چینی کا اسٹاک ضبط

[illegible]

کمیونسٹ پارٹی کے دفاتر پر چھاپہ

[illegible]

بریلی میں "استرا چھوڑ" اسٹرائک

[illegible]

یوپی کی گھوڑا پولیس توڑی نہیں جائیگی

[illegible]

مراد آباد میں سوشلسٹ لیڈر کی بھوک ہڑتال

کسٹوڈین کی ناانصافیوں پر احتجاج

[illegible]

یوپی میں دق کے خلاف مہم شروع ہوگی

[illegible]

آسٹریلیا کے ذی اثر مسلمانوں اور خوش منظر مسجدوں کے حالات

تمام مسلمان خوش و خرم زندگی گذارتے ہیں

[illegible]

نیوجرسی میں ایک شخص نے گیارہ افراد کو ہلاک کر دیا

پولیس نے قاتل کے خلاف مشین گن استعمال کی

[illegible]

زکام پر قابو پانے کیلئے تجربات

[illegible]

چینی سمندروں میں

بحری ڈاکوؤں کی سرگرمیاں

[illegible]

سنگھ کے لیڈر مسٹر گول والکر زخمی ہو گئے

فیض آباد کے قریب سنگھ کے خلاف مظاہرہ

کانگریسی طلباء اور سنگھیوں میں تصادم پولیس نے گولی چلائی

(نامہ نگار خصوصی)

[illegible]

سمندر پار رہنے والے چینی

چینی کمیونسٹ کی حمایت شروع کر دی

[illegible]

لاہور میں بعض دکانوں کو سربمہر کر دیا گیا

[illegible]

مولا کے نام پر

[illegible]

دولت مفت

[illegible]

برطانیہ کے ننگوں کی پانچ سالہ اسکیم

سب لوگوں کو ننگا رہنے کی ترغیب دی جائیگی

لندن ۱۰ ستمبر۔ برطانیہ کے پچاس ہزار اشخاص نے متحد ہو کر ایک تحریک شروع کر رکھی ہے جس کے تحت ... سب لوگوں کو ترغیب دیجائیگی کہ وہ بالکل ننگے رہیں۔ (گلوب)

امروہہ میں متروکہ جائدادوں پر قبضہ کے سلسلہ میں جمعیۃ کی امدادی کمیٹی کا قیام

امروہہ (بذریعہ ڈاک) ۲۷ اگست کو جمعیۃ علماء امروہہ کی مجلس منتظمہ کا ایک جلسہ ہوا جس میں ایک امدادی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا۔ ... اس وجہ سے تمام شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا ...

مجلس طلبا دار العلوم چلہ امروہہ کا انتخاب

امروہہ (بذریعہ ڈاک) مجلس طلبا دار العلوم کے ایک نمایندہ جلسہ میں مجلس طلباء متعلم علوم مشرقیہ الہ آباد یونیورسٹی کے لئے حسب ذیل سالانہ انتخاب ہوا۔

سرپرست۔ مولانا محمد انوار الحق صاحب صدیقی شیخ الحدیث دار العلوم ...

مکتوب پاکستان

معیار اخلاص

کرنل زعیم کا قصور

(کوثر لاہور ۷ ستمبر)

خوش پوش غنڈے

دعوت علم وادب

مسلمانان کرنیل گنج کا جلسہ عام

اسلام اور جمہوریت

(بقیہ صفحہ اول)

اخبار "انصاری" کی شائع کردہ خبر کی تردید

چٹاگانگ میں جگہ کی قلت دور کرنے کیلئے پاکستان کے فوری اقدامات

جلدی بندرگاہ کی گنجائش چوگنی ہوجائے گی

لندن ۹ ستمبر۔ ... چٹاگانگ کی توسیع کے ٹھیکے کی بابت ایک برطانوی فرم کے ساتھ معاہدہ ... اس سال کے اندر اس بندرگاہ سے ... لاکھ ٹن مال لایا اور لیجایا جاسکے گا۔

اجلاس سابق مسلم اساتذہ ضلع گوڑگانوہ

گھر کے گھر ...

مدرسین کی ضرورت

جامعہ مظہر العلوم بنارس کو ایسے مدرسین کی ضرورت ہے جو اردو کے اچھے ادیب ہوں، عربی، فارسی اور انگریزی سے بقدر ضرورت واقف ہوں، اسلامی عقائد و مسائل اچھی طرح جانتے ہوں، تاریخ اسلام اور تاریخ اکابر اسلام سے باخبر ہوں۔ نیز ان چیزوں کی باقاعدہ تعلیم دے سکتے ہوں اور تمدنی علوم اور درجہ ہشتم تک کے حساب، جغرافیہ اور مبادی سائنس کی بھی باقاعدہ تعلیم دے سکتے ہوں، ہندی بھی جانتے ہوں تو بہت بہتر ہے۔ تنخواہ پچاس روپے سے ستر روپے تک دی جائے گی۔ درخواستیں ۱۵ ستمبر ۱۹۴۹ء تک جامعہ کے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں۔ درخواست کے ساتھ اسناد کی نقلیں بھی بھیجی جائیں۔ حفیظ الرحمن ناظم علوی

کلام اللہ شریف

جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے طلب کیجئے

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی دھوکہ باز نقالوں سے ہوشیار

قائم شدہ ۱۹۰۳ء

قدرتی تیل رجسٹرڈ

ہر قسم کے درد، زخم، چوٹ، گٹھیا، لقوہ، فالج، ورم کی مشہور دوا

قیمت فی پونڈ نو روپیہ۔ قیمت فی شیشی مع پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنہ

روغن بہار

دماغی قوت کا ضامن، بالوں کی سیاہی کا محافظ، خوشبودار تیلوں کا بادشاہ

کارخانہ دار الصحت رجسٹرڈ مئوناتھ بھنجن یوپی (انڈیا)

تاریخ اسلام سے متعلق بیش بہا جواہر!

نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم۔ ندوۃ المصنفین کی بہترین کتاب۔ قیمت

خلافت راشدہ۔ قیمت

خلافت بنی امیہ۔

مسلمانوں کا عروج و زوال (۵ (غلامان اسلام

تاریخ اسلام۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب جو سوال و جواب کی شکل میں ترتیب دی گئی ہے بہت سے مدارس میں داخل درس ہے۔ قیمت حصہ اول ... دوم ... حصہ سوم ... مکمل ...

رسالہ ہمارے پیغمبر۔ حضرت مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب ہے۔ قیمت

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود



سٹاکسٹ:- نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMACORP LTD POST BOX No. 1340 BOMBAY

حکومت ہند نے کشمیر کمیشن کی تجاویز کیوں مسترد کیں

صدر ٹرومین اور مسٹر ایٹلی کو جواب دے دیا گیا

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ صدر ٹرومین اور مسٹر ایٹلی کی طرف سے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کے نام جو مکتوب موصول ہوئے تھے۔ ان کے جوابات ہر دو ملکوں کے سفراء کو نئی دہلی میں حوالہ کر دئے گئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی تازہ تجاویز کے بارے میں حکومت ہند نے جو جواب دیا ہے اس کی نقل بھی ان سفراء کو دی گئی ہے۔

پنڈت نہرو کا سفر امریکہ

لندن کے قیام میں تقریریں کریں گے

میووں کو پھر سے بسانے کا کام روک دیا گیا

شیخ عبداللہ سے میو وفد کی ملاقات

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

مغربی بنگال میں عارضی وزارت بنانے کی تجویز

رائے دہندگان کی فہرستوں کی تیاری میں ابھی ایک مہینہ لگے گا

جائدادیں خریدنے والے اپنا بیعنامہ پختہ کرالیں

جن لوگوں نے پاکستان جانے والے مسلمانوں سے جائدادیں خریدی ہیں انکو ضروری ہے کہ وہ اپنے اپنے صوبوں میں جہاں آرڈیننس ۱۲ مطبوعہ گورنمنٹ آف انڈیا گزٹ مورخہ ۱۳ جون ۱۹۴۹ء متعلق جائداد انخلاء کنندگان (E.P. MINNA NCE) کا نفاذ ہے تاریخ نفاذ سے دو ماہ کے اندر اندر اپنی خریداری (منتقلی) کو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے (CONFIRM) پختہ کرالیں ورنہ ایسی خرید شدہ تمام جائدادیں (۵۔ ۵) جائداد انخلاء کنندگان قرار دیدی جائیں گی۔

حسام الدین عفی عنہ ناظم ... جمعیۃ علماء ...

پاکستان اور دوسرے ممالک کو کیا کیا چیزیں برآمد کی جاسکتی ہیں

مرکزی حکومت کی وزارت تجارت کا سرکاری اعلان

بازاروں کے بھاؤ

۹ ستمبر

دہلی

بازار صرافہ

غلہ مارکیٹ

سائیکل مارکیٹ

اپلہ مارکیٹ

پاکستان نے ہندوستان کی تجویز منظور کرلی

کراچی ۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے حکومت ہند کی اس تجویز کو منظور کر لیا ہے کہ ... بنگال اور آسام کے درمیان کی سرحد کے تنازعہ کے تصفیہ کے لئے کمیشن کے چیرمین کے طور پر ... جج ... کو مقرر کیا جائے۔

پاکستان کے جوابات

کشمیر گیٹ میں کسٹوڈین

کشمیر سے متعلق پالیسی کا واضح اعلان کیا جائے

مسٹر سرت بوس کی وزیر اعظم سے درخواست

کلکتہ ۹ ستمبر۔ مسٹر سرت چندر بوس نے ایک بیان میں پنڈت نہرو سے درخواست کی ہے کہ ...

یوپی میں بسنے والوں کو قرضہ

ہمیشہ یاد رکھئے

ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مرادآباد

المشتہر

نیجر ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مرادآباد

برآمدی تجارت میں اضافہ کرنے کیلئے پاکستان کی مساعی

مختلف ممالک میں ٹریڈ کمشنر مقرر کئے جائینگے اور برآمدی مشاورتی کمیٹی قائم ہوگی

مشرقی افریقہ میں کمیونسٹوں کی خفیہ سرگرمیاں شروع ہوگئیں

وزیر اعظم کے خلاف پرچوں کی تقسیم اور دہشت پسندی کے واقعات

پندرہ ہزار کے سے زائد پاکستانی حج کو جائیں گے

حجاج لیگ کے صدر کا بیان

کراچی ۹ ستمبر۔ صدر حجاج لیگ حاجی ... نے بتایا کہ اس سال پاکستان سے پندرہ ہزار اشخاص حج کو جائیں گے اور یہ ایک ریکارڈ ہوگا۔

لوہیا کی سوڈان کے وزیر اعظم سے ملاقات

کشمیر میں ججوں کی تنخواہیں

مسٹر ویلوڈی حیدرآباد میں

خوراک کی پیداوار بڑھانے کی جدوجہد کو طلبا کامیاب بنا سکتے ہیں

طلبا سے خوراک کی پیداواری کمیٹی کے وائس چیرمین کی اپیل

بھوپال میں مزدوروں کی گرفتاریاں

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۰

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲۰ ۔ | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۱۸ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۱۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ایجنٹ صاحبان
توجہ فرمائیں
نوٹ

[illegible]

سنگاپور میں ایک سپاہی کو سزا

[illegible]

کانگریس تنسیخ زمینداری کے وعدہ کو ہر حالت میں پورا کریگی

کسٹوڈین یوپی کی ہدایتیں انتہائی غیر منصفانہ ہیں

کوئی قانون اور کوئی جج ہماری راہ میں حائل نہیں ہو سکتا
دستوریہ ہند میں پنڈت جواہر لال نہرو کا بیان
پیر اور منگل کے دن اسمبلی میں زبان کا مسئلہ زیر بحث آئیگا

نئی دہلی (پی ٹی آئی) ۱۰ ستمبر

ہندوستان کے وزیراعظم جواہر لال نہرو نے آج مجلس دستور ساز میں کہا کہ تنسیخ زمینداری کے متعلق کانگریس اپنے وعدوں کو مکمل طور پر [illegible]

[illegible]

کلکتہ یونیورسٹی میں طلباء کا مظاہرہ پولیس کا لاٹھی چارج
دس طالب علم اور تین سپاہی زخمی ۔ تقریباً سو گرفتاریاں
یونیورسٹی غیر معینہ عرصہ کے لئے بند کر دی گئی

[illegible]

محمدی اور جل درگا جدہ پہنچ گئے

بمبئی ۔ بذریعہ ڈاک ۔ ایگزیکٹو ٹیپورٹ ٹرسٹ کمیٹی نے مطلع کیا ہے کہ ۵ ستمبر کو جل درگا اور محمدی نامی جہاز ... حاجیوں کو لے کر جدہ پہنچ گیا ۔ یہ جہاز بالترتیب ۲۶ اگست اور ۲۸ اگست کو بمبئی سے روانہ ہوئے تھے۔

صوبہ شانسی میں عوامی حکومت قائم
پی پینگ کے کمیونسٹ ریڈیو کا اعلان

[illegible]

مالٹا میں برطانوی زمین

[illegible]

کانگریس پارٹی کے اجلاس میں
جموں اور کشمیر کے متعلق بحث

[illegible]

جمعیۃ علماء یوپی کے ورکنگ صدر کا اہم بیان
آبادی کے تمام طبقوں کیساتھ یکساں سلوک کئے جانیکا مطالبہ

لکھنؤ (۱۰) ستمبر

جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کے ورکنگ پریسیڈنٹ مولانا [illegible] نے ان ہدایتوں پر اپنی سخت تشویش کا اظہار کیا ہے جو یوپی کے کسٹوڈین کی طرف سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو دی گئی ہیں حضرت مولانا نے اپنے بیان میں فرمایا کہ جہاں تک ان مسلمانوں کی جائدادوں پر قبضہ کرنے کا سوال ہے جو پاکستان چلے گئے ہیں اور وہاں وہ متروکہ جائدادوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں اس آرڈیننس پر ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن کسٹوڈین کی طرف سے اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے کہ کوئی جائداد متروکہ جائداد ہے یا نہیں جو ہدایتیں دی گئی ہیں وہ سخت غیر منصفانہ ہیں۔

[illegible]

منقولہ جائداد

[illegible]

ملک کی تقسیم

[illegible]

مجلس دستور ساز کے دفتر سے ہندی ساہتیہ سمیلن کا ایک پمفلٹ تقسیم کیا گیا
پمفلٹ میں پنڈت نہرو اور ممبران اسمبلی کے خلاف توہین آمیز الفاظ درج تھے

[illegible]

یمنی قبائلیوں نے انگریزی طیارہ کی بمباری

[illegible]

پاکستان اپنی افغانی پالیسی میں نظرثانی کر رہا ہے
مسٹر چندریگر اور سر ظفر اللہ میں دو گھنٹہ تک اہم کانفرنس

[illegible]

برطانیہ کے وزیر صحت کا دورہ ہند

[illegible]

ساری دنیا کو برباد کرنے کا نسخہ مل گیا
ایٹم بم اب بچوں کا کھیل ہو گیا

[illegible]

ESTD. 1925

Daily

Aljamiat

Delhi -11.9.49

عید کے دن مونگھیر میں معمولی سا فرقہ وارانہ جھگڑا ہوا تھا
صرف چھ آدمی زخمی ہوئے اور حالات ایک گھنٹہ میں قابو پا لیا گیا
وزارت داخلہ کی طرف سے کراچی کے روزانہ اخبار کی گمراہ کن اطلاعات کی تردید

[illegible]

عام زبان اور اعداد کے لئے مشرو والا کی اپیل
منشی آئینگر فارمولا پر تجویز

[illegible]

بردوان کے تمام تعلیمی اداروں میں ہڑتال
حکام کے طالب علم کی لاش نہ دینے پر طلباء میں بے چینی

[illegible]

شکر کے متعلق مغربی بنگال حکومت کا حکم

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان کی یوم عید کی تقریر
حکومت ہند کے احتجاج کا جواب دیدیا

[illegible]

اگلے دو سال میں صنعتی ترقی کیلئے پاکستان کو تین ارب کا روپیہ ہوگا
صنعتی کونسل میں وزیر اعظم کی طرف سے غیر ملکی سرمایہ کو دعوت

[illegible]

دستوریہ ہند
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

دو کانسٹبلوں کی گرفتاری

[illegible]

اخبارات پر ٹیکس صرف مرکز عائد کریگا
کانگریس اسمبلی پارٹی کا فیصلہ

[illegible]

شکر کے متعلق حکومت حیدرآباد کا پریس نوٹ ۔ عوام کو انتباہ

[illegible]

اٹلی سے تازہ آلو منگائے گئے
ڈھاکہ میں تجربہ کیا جائیگا

[illegible]

بہار میں کسٹوڈین کا تقرر

[illegible]

پنجاب یونیورسٹی کے سرٹیفکیٹ فارم برآمد
جبلپور میں پولیس کا چھاپہ ۔ چھ گرفتار

[illegible]

سید قاسم رضوی دوبارہ
اسپیشل ٹریبونل کے سامنے

[illegible]

بمبئی میں نئی سڑکوں کی تعمیر
۲ ارب روپیہ صرف کیا جائیگا

[illegible]

بریلی میں چینی کی قیمتیں

[illegible]

انگلستان میں توہم پرستی

[illegible]

رنگون سے مزید دو سو ہندوستانی کلکتہ پہنچ گئے

[illegible]

مولانا حفظ الرحمن صاحب کا بیان
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

سہارنپور میں مکمل راشن بندی

[illegible]

شعیب اللہ کے قتل کے مقدمہ میں اسمٰعیل خاں کی شہادت
چیل بازار والے واقعہ اور دوسرے امور کی وضاحت

[illegible]

سوراشٹر میں کپڑے کا اسٹاک

[illegible]

جنرل اسمبلی میں برطانوی وفد

[illegible]

عورتوں کو کیا کرنا چاہیے؟
بیگم ناظم الدین کا بیان

[illegible]

چینی کمیونسٹوں سے امریکہ کا احتجاج

[illegible]

مشرقی پنجاب میں لسانی مسئلہ
وزراء نے ایک نیا فارمولا تیار کر لیا

[illegible]

امریکی کانگریس کے انتخابی انتظامات
صدر امریکہ کا پریس کانفرنس میں بیان

[illegible]

چینی حکومت کے جنگی جہازوں نے
کمیونسٹ جہازوں کو غرق کر دیا

[illegible]

۰۰ پرائمری اسکول کھولے جائینگے

[illegible]

پچاس ہزار کمیونسٹوں نے کینٹن آنے والی اہم ریلوے لائن پر زبردست حملہ کر دیا

کمیونسٹ ایموئی کی بندرگاہ کو فارموسا پر حملے کیلئے استعمال کریں گے

ہانگ کانگ کے دفاع کیلئے مزید برطانوی سپاہیوں کی امداد

[illegible]

ہند اور پاکستان کے جوابات

کشمیر کمیشن کو موصول ہو گئے

[illegible]

قبرستان پر ناجائز تصرف اور [illegible]

[illegible]

کپڑا بننے کے گیارہ کارخانے بند ہو گئے ۲۵ ہزار مزدور بیکار ہیں

صنعتی حالات کی اصلاح بمبئی میں ڈاکٹر مکرجی کی سرگرمیاں

[illegible]

ہندوستانی کپڑے کا بائیکاٹ

امرتسر کے تاجروں کا فیصلہ

[illegible]

سکھر بیراج کی مرمت

[illegible]

چین کی فتح مکمل ہوتے ہی جنوب مشرقی ایشیا کو خطرہ بڑھ جائیگا

کمیونسٹ خطرے پر ملایا کے اخبار کا اہم مقالہ

[illegible]

تبت کو آزاد کرانا چینی عوامی فوج کا فرض ہے

تبت پر حملہ کرنے کے لئے پیپنگ ریڈیو کا پروپیگنڈا

[illegible]

روسی کمانڈر سے

برطانوی افسران کا احتجاج

[illegible]

بندرگاہ چٹاگاؤں کی گنجائش میں اضافہ

[illegible]

مشرقی افریقہ کی پچاس لاکھ حبشی آبادی میں صرف ۵ گریجویٹ ہیں

نوآبادیاتی طاقتوں کی عوام کو ناخواندہ رکھنے کی ایک معمولی مثال

[illegible]

چٹاگاؤں میں مزدوروں کی شکایت

[illegible]

صوبہ یوپی میں زمینداری کا کام شروع ہو گیا

کاشتکار جوق در جوق جمع ہو کر پیشگی دس گنا لگان جمع کرا رہے ہیں

[illegible]

یوپی پرنٹنگ پریس کی تاریخ میں

طباعت کا سب سے بڑا کام

[illegible]

ٹریننگ کے طریقہ کار [illegible]

[illegible]

کلکتہ کے نزدیک فائرنگ

ایک افسر اور چھ پولیس والے ہلاک

[illegible]

غازی آباد کے نزدیک پولیس کا چھاپہ

[illegible]

ہند چینی میں تشدد پسندوں کی سرگرمیاں پھر شروع ہو گئیں

مسلح ہجوم کا پولیس اسٹیشن پر بموں اور مشین گنوں سے حملہ

[illegible]

مزدوروں کی دو پارٹیوں میں تصادم

پستولوں، بموں اور اینٹوں کا آزادانہ استعمال

[illegible]

بمبئی اسمبلی کے سامنے دو گھنٹہ تک سوشلسٹوں کا مظاہرہ

۵۲ ورکروں کی گرفتاری اور سزا

[illegible]

جاپان میں سوتی کپڑے کی پیداوار میں اضافہ

[illegible]

دستور کی دوسری خواندگی اکتوبر کے آخر سے پہلے ختم نہیں ہو سکتی

توقع ہے ۱۵ نومبر تک نیا دستور منظور ہو جائے گا

[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۲ ستمبر ۱۹۴۹ء

ایک عاجزانہ گذارش!

یہ ماننا پڑے گا کہ مسلم لیگ کا دو قومی نظریہ ہندوستان کے لئے بہت ہی تباہ کن ثابت ہوا اور اس نے دلوں میں فتور ڈال کر ملک کے ٹکڑے کر ڈالے! محبت کی خاطر تو ٹوٹے ہوؤں کو جوڑا جاتا ہے، مگر لیگ نے اپنے نفس کی خاطر جڑے ہوئے دلوں کو توڑ ڈالا اور ملک کی وحدت کا افسانہ ماضی بنا کر چھوڑ دیا۔ اس غلطی اور گمراہی کا احساس سب سے پہلے جمعیۃ علماء ہند کے صدر شیخ الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کو ہوا اور آپ نے اس نظریہ کی تردید میں نہ صرف بے شمار تقریریں کیں بلکہ ایک مستقل کتاب لکھ کر ہندوستان کو آگاہ کر دیا کہ وہ اس فتنہ کا ادراک کرے اور ملک کی تقسیم کو ناممکن بنا دے۔ مولانا کے دلائل و شواہد اور مستقبل کے متعلق پیش بینی سے کانگریسی اصحاب کی آنکھیں بھی کھلیں اور انہیں پہلی بار احساس ہوا کہ اس نظریہ کے نتائج کس قدر دور رس نکل سکتے ہیں اور ملک کی جغرافیائی وحدت کس حد تک خطرہ میں پڑ سکتی ہے، چنانچہ جمعیۃ علماء نے نہ صرف اس نظریہ کی مخالفت پوری شدت کے ساتھ کی بلکہ اس کے نتیجے۔ ملک کی تقسیم۔ کو بھی ماننے سے انکار کر دیا آخری وقت میں جب کہ کانگریس نے ملک تقسیم پر آمادگی ظاہر کی [illegible] اس کے خلاف استعمال کرنا چاہا تو یہی جمعیۃ علماء اور اس کے ارکان تھے جنہوں نے تقسیم کی مخالفت میں اپنا پورا زور لگایا اور کانگریس کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کی مگر قدرت کو یہی منظور تھا کہ کانگریس ساری عمر کی مخالفت کے باوجود آخر کار تقسیم کو منظور کرے اور جمعیۃ علماء ہند انتہائی مخالفت کے باوجود ناکام رہے! جمعیۃ علماء چونکہ پہلے دن سے دو قومی نظریہ کی مخالف تھی اس لئے اس نے اس کے نتیجہ کو بھی نہیں مانا، کانگریس نے اس نظریہ کی مخالفت تو کی لیکن اس کے نتیجے کو مان کر اپنے کرے کرائے پر پانی پھیر دیا [illegible]

[illegible]

سرکوبی میں کافی وقت صرف ہوا تھا چنانچہ جب حالات نے رنگ بدلا، حالات نے پلٹا کھایا، پاکستان اور ہندوستان میں اصول اور خیالات کی جنگ چھڑی اور جائداد کے مسئلہ اور کشمیر کے جھگڑے نے افسوسناک صورت اختیار کی تو مختلف راستوں سے وہی چیز سامنے آئی جس سے خدا خدا کر کے دامن چھڑایا گیا تھا اور یہ یقین کر لیا گیا تھا کہ دو قومی نظریہ اپنے اثرات و نتائج کے ساتھ پاکستان کو رخصت ہو گیا ہے اور ہندوستان کو ہمیشہ کے لئے اس فتنہ سے نجات مل گئی ہے۔

ہم نے جب کبھی مسلمانوں کو مخاطب کر کے ان کے حوصلے بڑھانے کی کوشش کی تو کہا گیا کہ متحدہ قومیت کے ملک میں کسی خاص فرقہ سے خطاب کرنے کی کیا ضرورت ہے، لیکن ہمارا خطاب متحدہ قومیت کے منافی نہ تھا کیونکہ کانگریس اچھوت ادھار کا کام کیلئے خود اچھوتوں کو مخاطب کرتی ہے، سردار پٹیل اچھوت کانفرنس کو پیام تبریک دیتے ہیں، دستور ساز اسمبلی پسماندوں کے لئے نشستیں مخصوص کرتی ہے، پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پیش کر کے ایک خاص طبقہ کے لئے کام کیا جاتا ہے! اس کے مقابلہ میں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج [illegible] کہیں کانگریس نے ملک کی تقسیم کو منظور کر کے دو قومی نظریہ پر تو مہر نہیں لگا دی!

آپ دہلی کے پنجابی اخبارات کو دیکھئے وہ ہر بات میں "مسلمان" کا نام لے کر [illegible]

[illegible]

مباحث امروز

نقاد کے قلم سے

جمعیۃ کیا چاہتی ہے

مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے آل انڈیا ریڈیو [illegible] کو جو جواب دیا ہے اس سے وہ تمام غلط فہمیاں دور ہو جانی چاہئیں جو بعض حلقوں میں جمعیۃ کے خلاف پیدا ہو گئی تھیں یا پیدا کر دی گئی ہیں۔

[illegible]

میووں کی آبادکاری

[illegible]

عدالت انصاف

[illegible]

اچھی باتیں

(ولقد ۔ تا ۔ مدکر (پ ۲۷))

ہم نے ان لوگوں کے لئے، جو نصیحت حاصل کرنا چاہتے ہیں قرآن کو بہت آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے؟

قرآن چونکہ ہر انسان کے لئے آیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ وہ آسان اور عام فہم ہو اور ہر شخص اس سے نصیحت حاصل کر سکے۔ قرآن نہ تو کوئی چیستاں ہے کہ سمجھ میں ہی نہ آئے نہ کوئی داستان ہے جس کا کوئی مقصد نہ ہو وہ نظام حیات کا ایک مکمل ضابطہ ہے اور انسانی زندگی کا جامع دستور العمل ہے۔ یہاں فرمایا کہ قرآن نصیحت اور عبرت ہے اسلئے اسے آسان کر دیا گیا ہے اس کے باوجود لوگوں کے تمرد کا یہ حال ہے کہ اس سے انحراف کرتے ہیں اور اسے مشکل بتا کر پیچھا چھڑانا چاہتے ہیں اگر آج مسلمان اس سے استفادہ کرتے اور اسکی ہدایتوں پر عمل پیرا ہوتے تو انکا مقام بہت اونچا ہوتا۔

خیالات ناظرین!

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

حکومت کی پرانی مشینری

[illegible]

کسٹوڈین صاحب اگر متوجہ ہوں

[illegible]

ایک معاصر کا سوال

[illegible]

افکارِ پاکستان

ہماری لیڈرشپ

میاں عبدالباری صدر مغربی پنجاب صوبائی لیگ کے تازہ بیان سے ایک مرتبہ پھر حقیقت پوری شدت کے ساتھ سامنے آگئی ہے کہ اس وقت صوبہ کے سادہ لوح عوام نے جن لوگوں کے ہاتھوں میں [illegible] باگ ڈور [illegible] سیاسی سازشوں اور جوڑ توڑ میں مصروف ہیں۔ بلکہ عام انتخابات کے قرب کے ساتھ یہ جنگ اقتدار روز بروز زیادہ شدید اور گھناؤنی صورت اختیار کررہی ہے۔ جس کی اگر بروقت روک تھام نہ ہوئی تو اس بات کا قوی اندیشہ ہے کہ ملت کی عظیم الشان قومی تنظیم اس صوبے میں پارہ پارہ ہوجائے گی۔ اور اگر پنجاب میں لیگ کی حالت پتلی ہوگئی جو بقول قائد اعظم مرحوم و مغفور سارے پاکستان کا دل ہے۔ تو یہ بتانے کی کسی نجومی کی ضرورت نہیں کہ تمام پاکستان میں لیگ کی بنیادیں ہل جائیں گی۔

صوبائی سیاست کے موجودہ اجارہ دار انجان نہیں ہیں البتہ وہ اس حقیقت کو سمجھتے ہیں اور باہم آویزی کے خطرناک اندیشوں کا بھی پورا اندازہ رکھتے ہوں گے۔ کیونکہ اپنی تمام دوسری کمزوریوں کے باوجود یہ ماننا پڑے گا کہ وہ سیاسی شعور کے معاملہ میں دوسرے صوبوں کے ہم عصر لیڈروں سے [illegible]۔ اگر آج پنجاب کے عوام کا سیاسی شعور بھی پوری شدت سے بیدار ہوچکا ہے۔ مگر بچھو ہمیں حیرت اور حیرت سے زیادہ افسوس ہے کہ موجودہ لیڈر صرف [illegible] اپنی تمام توانائیوں کو بھی اس خطرناک "سیاسی خانہ جنگی" میں ضائع کررہے ہیں [illegible] یا ان کے کسی عمل [illegible] پاکستان [illegible] (زمانہ۔ لاہور۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء)

فوجی تربیت

ان دنوں سیاست کے اسٹیج پر جو ڈرامہ کھیلا جارہا ہے اس کے سین جلد جلد بدل رہے ہیں۔ آج حیدرآباد کا عجب حال ہے۔ استقلال و پایداری نام کو نہیں۔ سکنڈوں میں ماشہ سکنڈوں میں تولہ کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا۔ بے اطمینانی کی فضا ہے۔ جس میں ہر کوئی سانس لے رہا ہے سکون کسی کو نصیب نہیں۔ اطمینان کسی کو میسر نہیں۔

اس بے اعتباری کے دور میں دنیا کا کوئی ملک اپنی مدافعت کی طرف سے غافل نہیں ہے۔ ہر کوئی سمجھتا ہے کہ کسی وقت بھی جنگ کے شعلے بھڑک سکتے ہیں۔ کون جانے راکھ میں دبی ہوئی چنگاریاں شعلہ بننے کی منتظر ہیں۔ بارود کا خزانہ ہے جسے دیا سلائی کے ایک تنکے کی ضرورت ہے۔

دنیا کی موجودہ بڑھتی ہوئی اضطرابی کیفیت سے پاکستان بھی بے خبر نہیں رہ سکتا۔ اسے بھی اپنی مدافعتی تدبیروں کا پورا پورا بندوبست کرنا ہوگا۔ جس آزادی کے حصول کے لئے ہم نے اتنی قربانیاں کی ہیں اس کی حفاظت کے لئے بھی ہمیں بہت کچھ کرنا ہوگا۔ پاکستان کے قیام کے بعد سے ہمارے قائدین ملک کی تعمیر و ترقی کے مسائل پر بہت زور دے رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں بڑی بڑی اسکیمیں زیر غور ہیں جن میں ملک کو سائنس کی جدید ترقیات سے روشناس کرانے کی مہم بھی شروع ہوچکی ہے۔ ملک میں پیداوار کو بڑھانے کے لئے ہر ممکن ذریعہ استعمال کیا جارہا ہے۔ [illegible] اپنی جگہ بہت ضروری ہیں۔ مگر ان میں سب سے ضروری ملک کی مدافعت کے لئے قوم کے نوجوانوں کو تیار کرنا ہے۔ (پاسبان ڈھاکہ کیم ستمبر سنہ ۴۸ء)

جائداد خریدنے والے اپنا بیعنامہ پختہ کرالیں

جن لوگوں نے پاکستان جانے والے مسلمانوں سے جائدادیں خریدی ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ دہلی کے علاوہ دوسرے اپنے اپنے صوبوں میں جہاں آرڈیننس نمبر ۱۲ مطبوعہ گورنمنٹ آف انڈیا گزٹ مورخہ ۱۳ جون سنہ ۴۹ء متعلق جائداد انخلا کنندگان (E.P.ORDINANCE) کا نفاذ ہے صوبہ میں تاریخ نفاذ سے یا تاریخ رجسٹری سے جو بھی کم ہو دو ماہ کے اندر اندر اپنی خریداری دستاویز (منتقلی) کو کسٹوڈین سے (CONFIRM) پختہ کرالیں ورنہ ایسی خریدشدہ تمام جائدادیں (E.P.) جائداد انخلا کنندگان قرار دیدی جائیں گی۔ دہلی میں تاریخ [illegible] ختم ہوچکی ہے۔ جن لوگوں کی میعاد گذر گئی ہے وہ لوگ قانونی مشورہ کرکے معقول عذرات کی بنا پر درخواست دے سکتے ہیں۔

حسام الدین غفرلہٗ: انچارج ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء ہند دہلی

اخبار الجمعیۃ کو ہر قصبہ اور ہر گاؤں تک پہنچائیے

بلند شہر کی شاخوں کے نام سرکلر

بلند شہر (بذریعہ ڈاک) مولوی حسن علی صاحب مہتمم نشر و اشاعت جمعیۃ علماء بلند شہر نے جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کی شاخوں کو لکھا ہے کہ ضلع بلند شہر کی تمام جمعیتوں کو توجہ دلائی جاچکی ہے کہ وہ روزنامہ "الجمعیۃ" کی اشاعت کو ترقی دینے میں پوری اور انتھک کوششوں سے کام لیں۔ اس سلسلہ اب تک کیا کچھ کیا جاچکا ہے وہ جملہ عہدیداران جمعیۃ کو معلوم ہوگا۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ جمعیۃ مرکزیہ اس بارہ میں کئی بار آپ صاحبان سے اپیل کرچکی ہے۔ ہمارے ضلع کے بلند نام سے یہ توقع ہونی چاہئے کہ وہ دوسروں کے مقابلہ میں اپنی بلندی کو قائم رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ ضروری ہے کہ کسی بھی گاؤں کی ایک مسجد ایسی باقی نہ رہے جہاں الجمعیۃ نہ پہونچتا ہو اور اسے تعلیم یافتہ یا غیر تعلیم یافتہ اصحاب کو پڑھ کر نہ سناتے ہوں۔ جن مواضعات میں روزانہ ڈاک پہونچنے کا انتظام نہیں وہاں ہفت روزہ الجمعیۃ جاری کرادینا چاہئے۔ قصبوں میں جہاں تک ممکن ہو الجمعیۃ بنانے کی کوشش کی جانی چاہئے تاکہ آپ اگر ہندیونین کے مسلمانوں کی بہبودی اور اردو کی حفاظت چاہتے ہیں تو یہ پہلا پروگرام ہے جس پر آپ کو فوراً عمل کرنا ہے چونکہ جمعیۃ مرکزیہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ عنقریب ہی ایک انگریزی اور ایک ہندی اخبار جاری کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جو ہندیونین کے مسلمانوں کی اجتماعی آواز ہوں گے ایسی صورت میں جو کچھ فرائض آپ پر عائد ہوتے ہیں ہمیں قوی امید ہے کہ آپ ان کو پورا کریں گے تاکہ آپ کی آواز دوسروں تک پہونچائی جاسکے اور آپ کا ایک مضبوط پریس قائم ہوجائے جو آج کسی قوم کے لئے زندگی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

لندن ۱۰ ستمبر۔ امریکہ کے ایک کیمیا داں نے ایک نئے قسم کا کپڑا بنایا ہے جو کہ کوئلہ سے تیار کیا گیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ نئے قسم کے ریشے سوت، اون اور مصنوعی ریشم کے ساتھ ملاکر بھی کپڑے بن استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

جنگی جہاز "رانا" کی جنگی سرگرمیاں

جنگی جہاز "رانا" (جس کا پہلا نام "ریڈر" تھا) ۹ ستمبر کو حکومت ہند کے نمائندے مسٹر کرشنامنین کے سپرد کردیا جائے گا۔ یہ جہاز ۱۴ نومبر سنہ ۴۲ء کو پانی میں اتارا گیا تھا۔

مشرقی بحیرہ روم میں کام کرنے کے بعد جون سنہ ۴۳ء میں اس تباہ کن جہاز کو بحیرہ روم میں چلنے کا حکم دیا گیا۔ یہاں اس نے جولائی سنہ ۴۳ء میں سسلی کے حملہ میں حصہ لیا اور کئی بار بمباری کی۔

اگست سنہ ۴۵ء تک اس جہاز نے جاپانیوں کے خلاف برما اور ملایا میں کئی اہم عہدے لئے۔ [illegible] اگست سنہ ۴۵ء کو یہ جہاز سماٹرا میں جاپانیوں کے ہتھیار ڈالنے کے وقت موجود تھا۔

مرادآباد میں آل علیصا کی بھوک ہڑتال

انجمن بقائے ادب کا اظہار تشویش

مرادآباد ۱۰ ستمبر۔ بذریعہ ڈاک ۹ ستمبر ۱۰ ستمبر دفتر انجمن بقائے ادب [illegible] انجمن کا ایک عام اجلاس ہوا جس میں مقامی اور بیرونی اراکین انجمن نے شرکت کی اور اپنے ایک ساتھی آل علیصا کے مرن برت پر غور کیا۔ واقعات و حقائق کو سامنے رکھ کر اس میں کوئی شک نہیں کہ مقامی حکام نے اردو ٹیچر کو [illegible] غلط طور پر استعمال کیا ہے۔ [illegible] حکومت کی پوزیشن کو خراب نہیں کیا بلکہ سارے ملک میں ایک ہیجان برپا کردیا ہے۔ [illegible] حکام سے اس رویہ پر اظہار تشویش کرتے ہوئے اپیل کی کہ آل علیصا صاحب رکن انجمن ہذا کے مطالبات کو منظور کرکے اس ہیجان کو دور کیا جائے۔

چیانگ کائی شک وہ سونا استعمال کرے جو فارموسا میں جمع ہے

کمیونسٹوں کے خلاف اقدامات

واشنگٹن ۹ ستمبر۔ امریکن سینٹ کمیٹی میں کمیونسٹوں کے خلاف امداد کے سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے ایڈوال باڈ کرنے کہا غیر کمیونسٹ چین میں ۱/۲ ۲ کروڑ ڈالر استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ انھوں نے کہا چین کو امداد کا دروازہ بند نہیں کرنا چاہیے۔

[illegible]

سینیٹر کونیلی نے کہا اڈمرال کا باڈ گرنے کہا ہے چین میں ہم ملاقے ہیں۔ جہاں مدد دیکر کمیونسٹوں کو روکا جاسکتا ہے۔ انھوں نے ان میں سے جنوبی فارموسا جنوب مغربی چین اور شمال مغربی چین کا ذکر کیا۔ جہاں ایک مسلمان جنرل اپنی فوج کے ہمراہ موجود ہے۔ انھوں نے کہا بڑی امداد دے کر برما، ہندوستان اور سیام میں پہنچنے سے کمیونسٹوں کو روکا جاسکتا ہے۔

انھوں نے کہا اگر چیانگ نے کوئی پلان پیش کیا تو اس میں وہ تیس کروڑ ملائن ڈالر بھی استعمال کرنے ہوں گے جو اس نے فارموسا میں محفوظ کرکے رکھے ہیں (رائٹر)

ایران میں انتخابات سے عدم دلچسپی

طہران ۱۰ ستمبر۔ ایرانی پارلیمنٹ کے انتخابات کے سلسلہ میں جو پہلی رپورٹ ملی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایرانی رائے دہندگان کی سونیصدی تعداد کو انتخابات میں حصہ لینے کی ترغیب دلانے کے لئے جس قدر بروپگنڈے کئے گئے تھے وہ ناکام ثابت ہوئے ابھی تک نتائج معلوم نہیں ہوئے ہیں۔ گورنمنٹ کے حامی تمام امیدوار دال لے اجارات میں امیدواروں کی فہرستوں کا اشتہار دیا تھا اور اخبارات نے اپنے اداریوں میں رائے دہندگان سے ووٹنگ میں زیادہ سے زیادہ شرکت کرنے کی اپیل کی تھی۔

پہلی خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ ووٹنگ کے مرکزوں پر لائن لگی ہوئی ہیں۔ اور فضا میں خاموش جوش ہے۔ لیکن غیر جانبدار مبصرین کا بیان ہے کہ جوش سے زیادہ خاموشی ہے۔ کیونکہ سرکاری دہندہ گروہ نے ناموں کی ایک فہرست تیار کرلی تھی۔ [illegible] شمالی کے طور پر طہران میں دس لاکھ ہم ہزار باشندوں میں سے صرف ڈیڑھ ہزار باشندوں نے ووٹ دیا۔ (گلوب)

صدر جمعیۃ العلماء چمپارن کی دفتر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی میں آمد

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا ابوالمحاسن احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء چمپارن اور جناب احمد حسین الرحمٰن صدیقی ناظم جمعیۃ علماء چمپارن دہلی کے اجلاس سے واپسی پر آج صبح پانچ بجے دفتر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی لکھنؤ میں تشریف لائے۔ جہاں مولانا عبدالحمید صاحب ناظم جمعیۃ [illegible] نے آپ کا استقبال کیا۔ [illegible]

ملایا میں اسلامی کالج قائم کیا جائیگا

سنگاپور ۱۰ ستمبر۔ ملایا میں ایک اسلامی کالج قائم کیا جارہا ہے۔ ۵ لاکھ سے زائد ڈالر خرچ کرکے یہ کالج آئندہ سال تک کھل جائے گا۔ اسلامی کالج کمیٹی کے صدر کا بیان ہے کہ رقم جمع کرنے کا منصوبہ تیار کیا جاچکا ہے۔ اور کالج کے لئے مدرسین عرب، مصر اور دوسرے ممالک سے بھرتی کئے جائیں گے۔ (گلوب)

قصبہ بھٹ میں ضلع جمعیۃ کانفرنس

مولانا محمد قاسم کی سہارنپور میں آمد

سہارنپور ۹ ستمبر۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء یوپی ۷ ستمبر کی شب کو سہارنپور تشریف لائے اور صبح کو لکھنؤ تشریف لے گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ مولانا صاحب کی آمد ضلع جمعیۃ علماء کے اجلاس کے سلسلہ میں تھی جو ۲۵ و ۲۶ ستمبر کو قصبہ بھٹ میں منعقد ہورہا ہے۔ اس اجلاس میں تمام سرکردہ لیڈر شرکت کے لئے تشریف لارہے ہیں۔ مولانا محمد قاسم صاحب نے اس کانفرنس کے سلسلہ میں جو انتظامات ہونے ہیں۔ ان کے متعلق کارکنان ضلع کو ہدایت دی اور پروگرام مرتب کیا گیا۔ نیز اس کانفرنس کے موقعہ پر بھٹ میں جمعیۃ علماء یوپی کی ورکنگ کمیٹی کو بھی دعوت دی جارہی ہے مولوی محمد یٰسین صاحب سکریٹری جمعیۃ علماء بھٹ کانفرنس کو کامیاب کرنے کے لئے بڑی سرگرمی سے کام کررہے ہیں۔ (نامہ نگار)

مرغی کی ٹانگ توڑکر

اصلی سلاجیت [illegible] ٹوٹی ہوئی ٹانگ پھر جڑجاتی ہے یہی سلاجیت، مونگا، مصطگی اور سچے موتی رسائن کے بڑے بڑے اجزا ہیں۔ رحم کی کمزوری، سیلان رحم (لیکوریا) وقت سے پہلے بچے گرنا۔ دل کی دھڑکن۔ چہرہ کی بدرونقی اور خون کی کمی کے لئے دنیا کی سب سے بڑی رسائن ہے۔ ایک ماہ کی دوا ۱۰/

صدیقی دواخانہ (دلی دواگھر) نور گنج دہلی

سلے سلائے کپڑے

خاص رعایتی قیمتوں پر

اگر آپ سلائی کی مہنگائی اور کپڑے سلوانے کی پریشانیوں سے بچنا چاہتے ہیں تو سلے سلائے کپڑے خریدیئے۔ دہلی کلاتھ ملز نے سلے ہوئے کپڑوں کا پرچار کرنے کے لئے ۱۲ ستمبر سے ۱۷ ستمبر تک ان کے دام خاص طور پر کم کردیئے ہیں۔ مندرجہ ذیل قیمتوں سے آپ خود اندازہ لگاسکتے ہیں کہ سلے ہوئے کپڑے خریدنے میں کتنی بھاری بچت ہے:-

پوری آستین کی قمیص، دھاریدار مہین کپڑے کی	۱۴ انچ سے ۱۷ انچ (کالر)	۴ روپے ۱۲ آنے
پوری آستین کی قمیص، رنگدار پاپلین کی		۴ روپے ۰ آنے
پاجامے مہین لٹھے کے	۳۶ انچ سے ۴۲ انچ (لمبائی)	۳ روپے ۲ آنے
پتلون مہین زین کی	۳۶ انچ سے ۴۰ انچ (کمر)	۸ روپے ۱۲ آنے
پتلون درمیانی زین کی		۴ روپے ۱۲ آنے
بش شرٹ مہین کپڑے کی پوری آستین کی	۳۰ انچ سے ۴۲ انچ (چھاتی)	۱۱ روپے ۴ آنے
بش شرٹ مہین کپڑے کی آدھی آستین کی		۱۰ روپے ۴ آنے
شلوار مہین لٹھے کی مردانہ	۳۶ انچ سے ۴۴ انچ (لمبائی)	۵ روپے ۲ آنے

اسی طرح اور کپڑوں کی قیمتوں میں بھی بھاری کمی کردی گئی ہے آپ کو جیسی بھی چیز چاہئے (مہین، درمیانے یا موٹے کپڑے کی) ہر ناپ میں مل جائے گی۔ یہ سلے ہوئے کپڑے آپ کسی بھی مندرجہ ذیل ڈی سی ایم سٹورز سے خرید سکتے ہیں۔

★ اتنے کم داموں پر کپڑے پھر نہیں ملیں گے۔ اس لئے ۱۲ سے ۱۷ ستمبر تک اپنی ضرورت کے مطابق کپڑا خرید کر رکھ لیجئے۔

ڈی سی ایم سٹورز

۱۔ کناٹ پلیس نئی دہلی ۲۔ مل گیٹ باڑہ ہندو راؤ ۳۔ سبزی منڈی ۴۔ موری گیٹ ۵۔ دریا گنج ۶۔ چاندنی چوک ۷۔ پہاڑ گنج ۸۔ قرول باغ ۹۔ ڈی سی ایم ویلفیئر کس [illegible]

دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ۔ پوسٹ بکس ۳۹ دہلی

ضرورت

ہر ملک [illegible] جو بن کر [illegible] صرف تیرہ ادویات سے انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیابی سے علاج [illegible] آج تک کوئی سائنسدان اس [illegible] تعلیم بذریعہ خط و کتابت کورس ایک ماہ [illegible] سی آئی تو اور مفت۔ پتہ:- میگنیٹو کیورائٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی، لاہور، راولپنڈی ـــ براستہ لاہور، پشاور ـــ براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

روانگی	دہلی	۱۴ ـ ۰
آمد	کراچی	۱۸ ـ ۰

دہلی لاہور (روزانہ)

روانگی	دہلی	۰۹ ـ ۵۰
آمد	لاہور	۱۱ ـ ۴۰

لاہور ـــ راولپنڈی ـــ پشاور (ہر سوم ـــ بدھ ـــ جمعرات اور سنیچر)

روانگی	لاہور	۱۲ ـ ۳۰
آمد	راولپنڈی	۱۳ ـ ۴۰
روانگی	راولپنڈی	۱۴ ـ ۰
آمد	پشاور	۱۴ ـ ۵۰

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ ـــ کناٹ سرکس ـــ نئی دہلی

ٹیلیفون نمبر ۸۱۰۸

ہمیشہ یاد رکھیئے

ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مرادآباد

جہاں ہر قسم کا اصلی مرادآبادی کھانے کا تمباکو [illegible] یہ تمباکو کھانے میں خوشبودار، خوش ذائقہ اور دانتوں کے لئے مفید ہے [illegible] استعمال کیجئے۔

المشتہر

منیجر ہند تمباکو ہاؤس رجسٹرڈ مرادآباد

ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے

تھوک خریداروں کو خاص رعایت دی جاتی ہے

سورج مارکہ دیکھ کر خریدیئے ہر جگہ ملتا ہے

پرنٹنگ مشین

چانڈلرز پریس

امریکن ری ایٹ ٹریڈلر ہر سائز کی حاضر مال سے مل سکتی ہیں۔ تشریف لائیے یا خط و کتابت کیجئے۔

آرنند برادرس نفرروی برادرز کشمیری گیٹ ـــ دہلی

ہوائی جہاز

کے ٹکٹ کی خرید اور تجارتی مال کی روانگی بذریعہ ہوائی جہاز ہماری معرفت فرمائیں۔ المشتہر

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران بلیماران دہلی

کشیدہ کاری، درزی فیشن بک، فیشن پلیٹ، آئینہ خیالات، دوست درزیاں، فیشن پلیٹ، فیشن بک، کشیدہ کاری کی کتابیں: جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے خریدیئے۔

دارالسلطنت

۱۱ ستمبر سنہ ۴۸ء

حکیم ظفر احمد صاحب کا عزم حجاز

خاندان شریفی کے چشم و چراغ افضل الحکماء عالیجناب حکیم ظفر احمد صاحب دہلوی امسال سفر حج کے لئے تشریف لیجارہے ہیں۔

موصوف ۱۲ ستمبر بروز سنیچر کے روز صبح فرنٹیر میل کے ذریعہ دہلی سے بمبئی کے لئے روانہ ہوں گے اور ۱۷ ستمبر کو جہاز سے تشریف لے جائیں گے۔ (نامہ نگار)

کسٹوڈین یوپی کو مرکز کی ہدایت

دہلی ۱۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی جانب سے یوپی کے کسٹوڈین کو اس مفہوم کا ایک سرکلر بھیجا گیا ہے کہ متروکہ جائداد کے متعلق اس وقت تک جو کارروائی کی جارہی ہے اسے فوراً ملتوی کردیا جائے اور اس سلسلہ میں دوسری ہدایات کا انتظار کیا جائے۔ (نامہ نگار)

تری پورہ کے مستقبل کا فیصلہ ہوگیا

۱۵ اکتوبر کو ریاست مرکز کے تحت آجائیگی

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ حکومت ہند ۱۵ اکتوبر کو ریاست تری پورہ پر قابض ہوجائے گی اور اس تاریخ کو تمام ہندوستانی ریاستوں کا مسئلہ سوائے کشمیر اور حیدرآباد کے طے ہوجائے گا۔

تری پورہ کی مہارانی نے ضروری دستاویزات پر دستخط کردیئے ہیں۔ یہ دستخط ریاستی محکمہ کے منسٹر مسٹر ملن کی موجودگی میں ہوئے ہیں۔ سمجھوتہ کی تفصیلات طے کرنے کے لئے راجستھان کے راج پرمکھ اور مہارانی کے والد مہاراجہ پٹیالہ بھی موجود تھے۔

لاہور اور کراچی کے ۱۰۰ روپے کے نوٹ

۱۲ ستمبر سے قانونی نہیں رہیں گے

[illegible] کی طرف سے اعلان جاری کیا گیا ہے کہ حکومت ہند کے ایک فیصلے کے مطابق ۱۲ ستمبر سے گورنمنٹ آف انڈیا کے "کراچی" اور "لاہور" کی چھاپ والے سو روپے کے کرنسی نوٹ قانونی زر نہیں رہیں گے۔ اس تاریخ کے بعد ایسے نوٹ صرف ریزرو بینک کے ذریعہ سرکاری خزانوں اور امپیریل بینک کی ان شاخوں میں جہاں ریزرو بینک کے خزانہ کا کوئی کرنسی ان کی طرف سے نقدی کے لین دین کا انتظام ہے۔ قانونی زر کے طور پر لئے جائیں گے۔

۱۰ ستمبر کے گزٹ آف انڈیا میں اس فیصلے کا اعلان کردیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ ریزرو بینک کے کراچی اور لاہور کے حلقوں والے نوٹ ملکی سکے کی گردش سے نکال لئے جائیں۔ ہندوستان کی تقسیم کے بعد ریزرو بینک آف انڈیا کے کراچی اور لاہور والے دفاتر پاکستان کے حصے میں چلے گئے۔ اور اب ہندوستان میں ان دفاتر کے نوٹوں کا جاری رہنا مناسب نہیں۔

تقسیم کے بعد ان نوٹوں کا اجرا بند کردیا گیا تھا لیکن اب انھیں اپنے پاس رکھنے والوں کو تکلیف پہنچانے کا امکان نہیں ہے۔ یہ نوٹ مستعمل نہیں رہیں گے۔ البتہ ریزرو بینک کے دفتروں اور ایجنسیوں میں ان کا تبادلہ بدستور ہوتا رہے گا۔

رومن کی جگہ اردو رسم الخط

کراچی ۱۰ ستمبر۔ کل یہاں پر معلوم ہوا کہ عنقریب پاکستان دفاعی افواج کے تعلیمی نظام میں رومن رسم الخط کی جگہ اردو رسم الخط اختیار کرلیا جائے گا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

ہندوستان کی پہلی حزب مخالف کی پالیسی کا اعلان

پارٹی کانگریس کی اصلاح کرے گی

دہلی ۱۰ ستمبر۔ آزاد ہندوستان کی پارلیمنٹ میں پہلی حزب مخالف کے ۱۲ ممبروں میں سے ۹ نے اپنی آئندہ پالیسی کی خاص خاص باتیں بتائیں۔ انھوں نے کہا ہمارا پہلا مقصد تو کانگریس کی اصلاح ہوگا جو بالعموم قوم کے تعلیم دیئے ہوئے اصولوں سے منحرف ہوتی جارہی ہے۔

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہم آئندہ انتخابات میں حصہ لیں یا کوئی دوسری سرگرمی اختیار کریں۔ لیکن فی الوقت ہماری سرگرمیاں قانون ساز اسمبلی تک ہی محدود رہیں گی۔ حزب مخالف کا کام سروشن ڈیا کرتا ہے۔

خارجی پالیسی کے متعلق پارٹی لیڈر مسٹر [illegible] نے کہا کہ اس سلسلہ میں ہماری وہی پالیسی ہے جس کا پنڈت نہرو اعلان کرچکے ہیں۔ [illegible]

[illegible] مسٹر [illegible] نے اس خیال کا اظہار کیا کہ ان کی پارٹی کبھی مسلم لیگ نہیں ہوسکتی۔ [illegible]

بیگ محرم کا بیان ہے کہ اس پارٹی نے کانگریس پارٹی پر الزام عائد کیا ہے کہ تمام طاقت اور اختیارات مرکز ہی میں رکھ لینا چاہتی ہے اور صوبوں کو کچھ دینا نہیں چاہتی۔ [illegible]

پاکستان نے ثالث کے مقرر کی تجویز منظور کرلی

کراچی ۱۰ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان نے کشمیر کمیشن کی پیش کردہ حالیہ تجویز کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشمیر کے جھگڑے میں امیر البحر نمٹز کو ثالث مقرر کیا جائے تسلیم کرلیا ہے۔

اسی ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان کو اس امر پر افسوس ہوا کہ حکومت ہند نے اس تجویز کو تسلیم نہیں کیا۔ اگر امیر البحر ثالث مقرر ہوجاتے پھر بھی استصواب رائے سے قبل بعض مشکلات باقی رہتیں لیکن ثالث کا تقرر اس مسئلہ کے حل میں ایک اقدام ہوتا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

کم از کم میٹرک تک لڑکیوں کی تعلیم ضروری ہے

مسلمانوں کو ترکی خاتون کا مشورہ

جوہانسبرگ ۱۰ ستمبر۔ ڈاکٹر خیر النساء عطاء اللہ نے یہاں ایک اسکول میں بچوں اور ان کے والدین کے روبرو تقریر کرتے ہوئے ہندوستان اور پاکستان کے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ پردے کے رواج میں اس قدر لچک پیدا کریں کہ لڑکیاں اعلیٰ اسکولوں میں شامل ہوکر کم از کم میٹرک تک تعلیم حاصل کرسکیں۔ ڈاکٹر خیر النساء [illegible] [illegible] جہاں ہم مسلم رواج کے مطابق صرف [illegible]

ڈاکٹر خیر النساء نے کہا کہ ۱۳ سال کی عمر میں مسلم لڑکیوں کو اسکول سے [illegible] کا رواج اب ختم ہونا چاہیئے۔ [illegible] (گلوب)

ریل گاڑی پر برمی باغیوں کا حملہ

رنگون ۱۰ ستمبر۔ برما کے فوجی ہیڈکوارٹر نے گذشتہ شب بتایا ہے کہ حب سرکاری ہے کے ہتھیاری مال والے حلقے کے پانچ میل کے فاصلہ پر معلوم باغیوں نے ایک ریل پر حملہ کیا تو سدر حقوں سے لڑائی ہوئی جس میں ایک سرکاری سپاہی مارا گیا اور دو زخمی ہوئے۔ باغیوں کے تین آدمی ہلاک ہوئے اور باقی فرار ہوگئے۔

فوجی ہیڈکوارٹر کے ترجمان نے یہ بھی بتایا ہے کہ [illegible] باغی عنقریب اپنے نوٹ جاری کردیں گے کیونکہ ان کے پاس روپے کی کمی ہے۔

انھوں نے یہ بھی بتایا کہ کرینوں نے اپنی کوٹھلی اسٹیٹ [illegible] دفاع مقرر کیا ہے۔

ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی سردار پٹیل سے ملے

بمبئی ۱۰ ستمبر۔ ہندوستان کے وزیر صنعت ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی [illegible] سردار پٹیل سے ملاقات کی [illegible]

مسئلہ کشمیر

میر صاحب نے اپنی تقریر میں مسئلہ کشمیر کا بھی ذکر کیا اور پنڈت نہرو کے اس اعلان پر جو انہوں نے بمبئی میں کیا مبارکباد دیتے ہوئے تنبیہ کی کہ اگر کشمیر کی تقسیم منظور کی گئی تو ملک میں عام تباہی واقع ہوجائے گی۔

میر صاحب نے ایک طلباء کے اجتماع میں تقریر کی اور سوشلسٹ ساتھی کے جلسہ کھولنے والے طلبا سے مختلف سوالات کا جواب دیا۔

ساڑھے سات بجے تانگہ یونین الور کا افتتاح کیا اور افتتاح کرتے ہوئے تانگہ والوں سے متحد ہونے کی اپیل کی۔ (نامہ نگار)

لدھیانہ کے ستیہ گرہی سوشلسٹوں کی سات روزہ بھوک ہڑتال

لکھنؤ ۱۰ ستمبر۔ کل سوشلسٹ پارٹی کے ہیڈکوارٹر میں اطلاع موصول ہوئی ہے کہ لدھیانہ میں سوشلسٹ پارٹی کی ستیہ گرہ کے سلسلہ میں گرفتار شدہ چار سوشلسٹوں نے گذشتہ سات روز سے جیل کے حکام کی بدسلوکیوں اور بدسلوکی کے خلاف بھوک ہڑتال کررکھی ہے۔

۲۳ سوشلسٹ کے ساتھ [illegible]

پٹرول نکالنے کی ایرانی کمپنی کا قیام

طہران ۱۰ ستمبر۔ ایران کے سات سالہ منصوبے کے ناظم اعلیٰ ڈاکٹر تقی ناصر نے ایرانی آئیل کمپنی کی تفصیلات بتائی ہیں۔ جو کہ ایران کے ان علاقوں سے تیل نکالے گی جن پر اینگلو ایرانین کمپنی کا اجارہ نہیں ہے۔

یہ کمپنی دس کھرب ایال کے سرمایہ سے شروع کی جائے گی جس کے کچھ حصص نجی بیوپاری خرید سکیں گے اور کچھ حکومت خریدے گی۔

اس سرمایہ سے حکومت سامان خریدے گی اور غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کرے گی پہلے پہل صوبہ کرمان میں کھدائی کا کام شروع کیا جائے گا۔ (گلوب)

خرطوم میں بھی طلباء کی ہڑتال کی دھمکی

قاہرہ ۱۰ ستمبر۔ اگرچہ خرطوم کی مشہور درسگاہ گورڈن کالج کے طلباء کی انجمن کو وزارت تعلیم نے منظور نہ کیا تو طلباء ہڑتال کریں گے، طالب علموں نے ہڑتال کی دھمکی دے دی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ وزارتی حلقے الزام لگاتے ہیں کہ طلباء کی انجمن میں خراساں عناصر شامل ہیں جس کا ثبوت اس وقت ملا تھا جبکہ اس انجمن نے بریگیڈ میں منعقد ہونے والے طلباء کی کانفرنس کو ایک بحری نام نہاد کیا تھا۔ بریگیڈ کانفرنس پر کمیونسٹوں کا غلبہ ہے۔ (گلوب)

الور میں سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

میر مشتاق احمد کی تقریر

الور ۱۰ ستمبر۔ یہ سوشلسٹ یوتھ کے ایک عام جلسہ میں جس کی صدارت سراوم پرکاش دو کیل نے کی۔ میر مشتاق احمد جنرل سکریٹری سوشلسٹ لیگ نے مزدور طبقہ کی بڑھتی ہوئی بے چینی پر تبصرہ کیا اور کہا کہ عوام کی مصیبتوں کو جن میں اب بہت کچھ اضافہ ہوگیا ہے۔ دور کرنا سب لوگوں کا کام ہے اور سب مل کر ہی اسے دور کرسکتے ہیں۔

آپ نے چور بازاری اور رشوت خوری کو بھی سخت تنبیہ کی اور کہا کہ جو لوگ رشوت دیتے ہیں انہیں بھی ایسا نہ کرنا چاہیئے۔ اس لئے کہ رشوت دینا بھی اتنا ہی گناہ ہے جتنا کہ رشوت لینا۔

آپ نے کہا کہ اگر [illegible]

میر صاحب نے اس امر کا شکوہ کیا کہ ریاستوں کے وزیر اعظم [illegible] نے سرکاری افسروں اور عام لوگوں کو بلاکر [illegible] پیش کرنے کے لئے کہا ہے یہ بہت بری بات ہے۔ آپ نے کانگریسی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ غیر حقیقی جمہوری پالیسی کا اعلان کرکے [illegible] انھوں نے کہا سب لوگ [illegible] کی حالت پہلے کے مقابلہ میں خراب ہوگئی ہے۔

ہوپے میں کمیونسٹوں کی مزاحمت

۴۰ ہزار گوریلا دستے میدان عمل میں

ہانگ کانگ ۱۰ ستمبر۔ وسطی خبررساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ ہوپے کے [illegible] اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ اس علاقہ میں ۴۰ ہزار گوریلا دستے کمیونسٹوں کے خلاف میدان میں آگئے ہیں۔ یہ دستے صوبہ کے [illegible] مشرقی حصوں میں کمیونسٹوں کے اقتدار قائم کرنے کی زبردست مزاحمت شروع کردی ہے۔

ایجنسی مذکور نے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ [illegible] گوریلا دستوں نے کمیونسٹوں کے خلاف [illegible] شروع کردی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

مسٹر گولوالکر ناگپور پہونچ گئے

ناگپور ۱۰ ستمبر۔ [illegible] مسٹر گولوالکر آج کلکتہ سے بذریعہ طیارہ ناگپور پہونچ گئے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

کل بمبئی میں یوم ہندوستانی منایا گیا

اخبارات نے خصوصی نمبر نکالے اور ہندوستانی کو قومی زبان بنانیکا مطالبہ کیا

بمبئی ۱۰ ستمبر۔ کل بمبئی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات اور رسالوں نے یوم ہندوستانی منایا۔ اور اس سلسلے میں اپنے اخبارات کے خاص نمبر نکالے۔ اور ایک اپیل شائع کی جس میں ہندوستانی کو سرکاری زبان بنانے کی اپیل کی گئی تھی۔ ان اخبارات کے ایڈیٹروں نے اس ماہ کے شروع میں ایک قرارداد کے ذریعہ دستور ساز اسمبلی سے مطالبہ کیا تھا کہ ہندوستانی معہ دیوناگری اور فارسی رسم الخط کے سرکاری زبان بنایا جائے۔ کل کی خصوصی اشاعت میں گاندھی جی کی تقریروں اور تحریروں کے اقتباسات درج کئے گئے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

ضلع لدھیانہ میں زبردست ڈاکہ

لدھیانہ ۱۰ ستمبر۔ یہاں اطلاع ملی ہے کہ اس ضلع کے گاؤں [illegible] میں آدھے درجن مکانات ڈاکوؤں نے لوٹ لئے۔ ڈاکوؤں کا گروہ جس میں دو پولیس افسر بھی شامل تھے آدھی رات کو گاؤں میں پہونچا اور مکانات کو لوٹ لیا۔ وہ ہزاروں روپے کے زیورات اور نقدی لے گئے۔ پولیس تحقیقات کررہی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

ہند اور فن لینڈ میں سفارتی تعلقات

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ ہند اور فن لینڈ کی حکومتوں نے فیصلہ کیا ہے کہ آپس میں سفارتی تعلقات قائم کئے جائیں اور اس کا اعلان کل وزارت امور خارجہ نے کیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

بارچہ فروشوں کے دو گروہوں میں لڑائی

کلہاڑیاں اور لاٹھیاں استعمال کی گئیں

جالندھر ۱۰ ستمبر۔ یہاں بارچہ فروشوں کی دو پارٹیوں میں لڑائی ہونے پر پولیس نے دس اشخاص کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس لڑائی کے سبب کی تحقیقات کررہی ہے۔ دونوں گروہوں نے لڑائی میں کلہاڑیاں اور لاٹھیاں استعمال کیں جس سے چار اشخاص زخمی ہوگئے۔ گرفتار شدگان کو ضمانت پر رہا کردیا گیا۔ (اے پی ا)

رادھا کرشنن نے مراسلہ تعارف پیش کردیا

ماسکو ۱۰ ستمبر۔ ہندوستانی سفیر برائے روس ڈاکٹر رادھا کرشنن نے نصف گھنٹہ کی تقریب میں کریملن کے کمرہ میں [illegible] اپنا مراسلہ تعارف پیش کردیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

جالندھر میں ناموں کی تبدیلی

جالندھر ۱۰ ستمبر۔ جالندھر میونسپل کمیٹی نے ان سڑکوں، باغوں اور گلیوں کے نام تبدیل کردیئے ہیں جو پہلے مسلمانوں یا انگریزوں کے نام سے منسوب تھے۔ برٹن پارک اور ریلوے بازار کے نام گاندھی نگر اور بابولال سنگھ چوک رکھے گئے ہیں۔ میونسپل کمیٹی نے ۱۰ ستمبر کو پنڈت نہرو کی آمد کے موقع پر انھیں سپاسنامہ پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔

پاکستانی کابینہ میں تین نئے وزراء

کراچی ۱۰ ستمبر۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ جلد ہی پاکستانی کابینہ میں تین وزیروں کے تقرر کا اعلان کیا جانے والا ہے۔

باخبر حلقوں کی اطلاع کے مطابق مشرقی بنگال کے ڈاکٹر اے ایم ملک اور مغربی پنجاب کے چودھری نذیر احمد درجہ ثانی کے وزیر رسل و رسائل اور سردار بہادر خاں کو وزیر مقرر کیا جائے گا۔

مصری خواتین جلد ہی اپنے حقوق حاصل کرلیں گی

مادام دوریہ شفیق کا بیان

قاہرہ ۱۰ ستمبر۔ مصری خواتین کی رہنما مادام دوریہ شفیق نے خواتین کے ماہوار رسالہ "النیل" میں ایک مقالہ سپرد قلم کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آج مصری خواتین اور وزیر تعلیم کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہوگئے ہیں یہ اسلئے ناز ہے جس کی شدید توقع تھی اور نہ خواہش ہے لیکن اس کی امنداد کی وجہ سے وزیر تعلیم کی تعلیمی پالیسی ہے جو مصری خواتین کی حاصل کردہ ان تمام کامیابیوں پر پانی پھیر دیتی ہے جنھیں مصری خواتین نے محمد علی اعظم خدایو اسمٰعیل اور شاہ فواد کے زمانے میں تعلیمی میدان میں حاصل کیا تھا اور نوجوان شاہ فاروق نے تعلیمی میدان میں عورتوں کو مردوں کے مساوی مرتبہ دے کر جنھیں انتہائی بام عروج پر پہنچادیا تھا۔

[illegible] اگر وزیر تعلیم [illegible] لیکن میں انھیں اتنا بتادینا چاہتی ہوں کہ خواہ موجودہ وزیر تعلیم اپنے عہدے پر قائم رہیں یا کسی دوسرے عہدے پر چلے جائیں لیکن مصری خواتین جلد ہی اپنا نہ اور حقوق حاصل کرلیں گی۔ جب تک کہ عورتوں کے کالج سرے سے بند نہ کردیئے جائیں اور تمام تعلیم یافتہ عورتوں سے ان کی اسنادوا پس نہ لے لی جائیں۔

شرم کے مارے خودکشی کرلی

جہانپور (مشرقی بنگال) ۱۰ ستمبر۔ یہاں [illegible] نے اپنے آپ کو مجرم قرار دیئے جانے پر شرم سے چاقو لگاکر خودکشی کرلی۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے بھائی کے گھر سے جو مقامی یونین بورڈ کا صدر ہے دس من دھان چوری ہوئے گاؤں والوں نے اسے مجرم مشہور کیا اس پر اس نے خودکشی کرلی۔ (اے پی ا)

پانڈے کے قریب ریل پر باغیوں کا حملہ

رنگون ۱۰ ستمبر۔ برطانوی فوج کے ریڈیو نے بتایا کہ باغیوں نے پانڈے کے قریب ایک ریل گاڑی پر حملہ کیا اور ریل کے محافظوں کی گولیوں سے تین باغی ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے۔ سرکاری فوج میں بھی ایک ہلاک اور چار زخمی ہوئے۔ [illegible] (اے پی ا)

بھوپال میں مزدوروں کی ہڑتال

بھوپال ۱۰ ستمبر۔ یہاں دو کپڑے کے مزدوروں سے بھوک ہڑتال کی یونین کے صدر اور سکریٹری کو گرفتار کرنے پر کل بھوپال کے تین ہزار مزدوروں نے ہڑتال کردی۔

پان اسلامک اسٹیم شپ کمپنی کے قیام کی تجویز

کراچی ۱۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پانچ کروڑ روپے سے پان اسلامک اسٹیم شپ کمپنی قائم کی جائے گی جس میں تمام اسلامی ممالک کا سرمایہ لگایا جائے گا۔ یہ کمپنی پاکستان اور اسلامی ممالک کی بندرگاہوں کے درمیان اسٹیمر چلایا کرے گی۔ [illegible] کمپنی ایک نہایت موزوں سے [illegible] (س۔ ہ۔ گ)

کے باوجود قابل عمل ہے۔ پارٹی کے ممبروں کی تعداد اس وقت صرف ۱۲ ہے اور یہی ممکن ہے کہ مستقبل قریب میں تعداد بڑھ جائے۔ یہ پارٹی اس وجہ سے قائم کی گئی ہے کہ موجودہ حکومت کی جو کہ گاندھی جی کے اصولوں سے دور ہٹتی جارہی ہے۔ مخالفت اور نکتہ چینی منظم طور پر کرنا ضروری ہوگیا ہے۔ جہاں تک خارجی پالیسی کا تعلق ہے۔ اگر موجودہ حکومت نے بڑی طاقتوں کی گروہ بندیوں سے اپنے آپ کو علیحدہ رکھا تو ہم اس کی مخالفت نہیں کریں گے۔ [illegible] پارٹی کو تسلیم کرسکتے ہیں۔ معلوم انتخابات میں [illegible] حالات کو دیکھتے ہوئے کریں گے [illegible] ہم انتخابات لڑنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔

سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کا پروگرام

پروفیسر کے ٹی شاہ کی طرف سے وضاحت

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ [illegible] پارٹی کے لیڈر پروفیسر کے ٹی شاہ نے [illegible] سوشل ڈیموکریٹک پارٹی رکھا گیا ہے [illegible]

آسٹریلوی ہوا باز

رنگون ۱۰ ستمبر۔ [illegible] آسٹریلوی ہوا باز [illegible] گرفتار کرلیا گیا [illegible]

بلانسا و ویٹ کے بھاؤ

دہلی ۱۱ ستمبر

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی ۹۷ نمبر

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۲۰ ذیقعد ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۱۵ | قیمت فی پرچہ دو آنے

برانڈ
آئیل انجن
نہایت پائدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے
سول ایجنٹ
کے۔جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۳۳ سکول لین۔ نئی دہلی
فون نمبر ۱۲۹

بریلی میں الجمعیۃ
علی سعید خاں صاحب ایجنٹ اخبارات
معرفت احمد حسین حامد حسین صاحبان
گیس مرچنٹ نینی تال روڈ بریلی
سے
مل سکتا ہے

دستور ہند میں زمینداروں کو معاوضہ دینے کے سوال پر اہم بحث

تنسیخ زمینداری کے سلسلہ میں ہمیں بین الاقوامی حالات کو سامنے رکھنا ہوگا

زمیندار و سرمایہ داروں کو پنڈت پنت کا جواب

نئی دہلی ۱۲ ستمبر۔ دستور ساز اسمبلی میں آج املاک جائداد کو معاوضہ دینے کا سوال زیر بحث آیا۔ اس سلسلہ میں پنڈت جواہر لال نہرو نے پہلے ہی ایک قرارداد پیش کی تھی۔

پنڈت پنت نے تنسیخ زمینداری کے سلسلہ میں کانگریس نے جو وعدے کئے تھے ایوان کو یاد دلائے اور کہا کہ اس سلسلہ میں ہمیں بین الاقوامی حالات کو پیش نظر رکھنا ہوگا۔ مثال کے طور پر اس وقت چین اور برما میں جو کچھ ہو رہا ہے اسے ہم نظر انداز نہیں کر سکتے۔ ہم کسی کے مخالف نہیں ہیں اور کانگریس زمینداروں کو ان کا مناسب معاوضہ دینا چاہتی ہے۔ ایوان نے پنڈت پنت کی زبردست تقریر پر پرجوش طریقہ پر خراج تحسین ادا کیا اور جب وہ تقریر ختم کر چکے تو تالیاں بجائیں۔

[illegible]

پنڈت پنت کی تقریر

[illegible]

بریلی میں متروکہ جائدادوں پر قبضہ کے سلسلہ میں مسلمانوں میں اضطراب

افسران کے ناجائز رویہ پر احتجاج جمعیۃ کے وفد کی ڈپٹی کسٹوڈین سے ملاقات

[illegible]

جمعیۃ کے خیر سگالی وفد کے ارکان کل صبح عازم حجاز ہوں گے

اپنے مشن کے متعلق وفد کے رکن حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن کا بیان

دہلی ۱۲ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حجاز مقدس کو جمعیۃ علماء ہند کا خیر سگالی مشن جانے والا تھا۔ اس کے باقی ارکان حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی رکن مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ہند و حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند کل صبح فرنٹیئر میل سے بمبئی روانہ ہو جائیں گے۔ اور وہاں سے ۱۰ ستمبر کو جہاز میں سوار ہو کر عازم بیت اللہ ہوں گے۔

[illegible]

مغربی جرمنی کے وفاقی صدر کا انتخاب

۸۰۴ ممبران اکثریت سے آج فیصلہ کریں گے

[illegible]

کسٹوڈین سے متعلق جمعیۃ علماء ہند کا میمورنڈم

وزیر مالیات اور ان کے محکمے کے دوسرے افسروں سے تفصیلی ملاقات

[illegible]

(نامہ نگار)

باغیوں کے حملہ کو پسپا کر دیا گیا

[illegible]

ہندی ہندوستانی سنسکرت بنگالی وغیرہ کو سرکاری زبان بنانے کی تجویز

مسٹر نذیر الدین احمد بھی سنسکرت کی حمایت میں

[illegible]

کشمیری فوجوں کا خرچ بھی حکومت ہند ہی برداشت کرے گی

[illegible]

صرف تیرہ روپے میں دہلی تا لاہور پاکستان سفر کرنے کیلئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں
گپتا برادرس کارونیشن ہوٹل چاندنی چوک دہلی
برانچ۔ گلی قاسم جان بلیماران دہلی

افراد کی گرفتاری و نظر بندی کے خلاف تحفظات

کانگریس اسمبلی پارٹی نے نئی دفعہ منظور کر دی

[illegible]

فی الحال حکومت حیدرآباد میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں

حیدرآباد بوٹ کلب میں میجر جنرل چودھری کی تقریر

[illegible]

جنوبی افریقہ کے معاملہ سے ساری دنیا کا امن خطرہ میں ہے

ڈاکٹر دادو کی تنبیہ

[illegible]

مجلس تحفظ کے روبرو

تیرہ ملکوں کی درخواست

[illegible]

انجمن ملازمین ٹکسال پاکستان کی شکایات

وزیر خزانہ کی خدمت میں یادداشت

[illegible]

کمیونسٹوں سے نجات دلانے کی درخواست

تبت اور مسلمانوں کے نمائندے فوجی ہیڈکوارٹر میں

[illegible]

جاپان میں کوریائی اشخاص گرفتار

[illegible]

اقوام متحدہ کے حلقوں میں کشمیر کے معاملہ پر تشویش

سیکرٹری جنرل کا پریس کانفرنس میں بیان

[illegible]

مدراس میں بھی کسٹوڈین مقرر کر دیا گیا

[illegible]

امن اور غذا کے مسائل ایک دوسرے سے الگ نہیں کئے جا سکتے

انٹر پارلیمنٹری یونین کانگریس میں ہندوستان اور برطانیہ کے نمائندوں کی تقریریں

[illegible]

برطانیہ مزید قرض نہیں لے رہا

سر اسٹیفورڈ کرپس کی تردید

[illegible]

بردوان میں ۱۶ طلبا اور ڈاکٹر گرفتار

[illegible]

ڈالر کانفرنس کا چوتھا اجلاس ختم ہو گیا

برطانیہ اور امریکہ کے سمجھوتہ کا امکان

[illegible]

شاہ عبداللہ میڈرڈ میں

[illegible]

بمبئی اسمبلی کا اجلاس

پولیس کے پہرہ میں منعقد ہوا!

[illegible]

ہندوستان اور پاکستان میں ادائیگی کے متعلق نیا معاہدہ

کنٹرول کے خاتمہ کی توقع!

[illegible]

کراچی فائرنگ تحقیقات

مسٹر ممندر خاں کی شہادت

[illegible]

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ

ٹیکس کم کرنے کی تجویز

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ

[illegible]

تباہ کن جہاز رانا کے عرشہ پر

مسٹر کرشنا مینن کی تقریر

[illegible]

مولانا فاخری کا بیان

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

مسلمانوں کی املاک پر پابندی

[illegible]

گورنر جنرل کے کتوں کا آنا

[illegible]

حیدرآباد کے دیہی ملازمین کو تنبیہ

حیدرآباد ۱۱ ستمبر۔ حکومت حیدرآباد نے اپنے دیہاتی ملازمین کو سیاسی جماعتوں میں شرکت کے خلاف تنبیہ کی ہے۔ اس سلسلہ میں ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ حکومت کو اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ پٹیل اور پٹواری بعض سیاسی جماعتوں میں مختلف عہدوں پر مقرر ہیں۔ اس لئے حکومت ان لوگوں کو مطلع کرتی ہے کہ پٹیل اور پٹواری کسی سیاسی جماعت کے رکن نہیں بن سکتے۔ اس کی خلاف ورزی کرنے پر ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ (اپ ٹ)

ضرورت رشتہ

[illegible]

معرفت روزنامہ الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان دہلی

منی آرڈر؟

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔ منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف و خوشخط اردو میں ضرور تحریر فرما دیں۔ تاکہ تعمیل میں آسانی ہو سکے۔

(محمد وحید قاسمی)۔ دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

مغربی بنگال میں عبوری دور کیلئے وزارت کی تشکیل غیر یقینی ہو

کابینہ میں ڈاکٹر رائے مخالف گروپ کے نمائندے بھی شامل کرینگے

پنڈت نہرو سے ملاقات کے بعد آج آخری فیصلہ ہو جائیگا

نئی دہلی ۱۳ ستمبر:۔ مغربی بنگال کی کانگریس اسمبلی پارٹی کے پرسوں کے اس فیصلہ کے پیش نظر جس میں [illegible] مغربی بنگال میں عارضی وزارت کی تشکیل کے اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرے اب مغربی بنگال [illegible] وزارت کی تشکیل کے امکانات بہت کم ہو گئے ہیں۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ [illegible] مغربی بنگال کیبنٹ کی توسیع کر دی جائے گی تاکہ اس میں مخالف گروپ کے ایک دو نمائندے شامل ہو سکیں۔ ڈاکٹر [illegible] پنڈت نہرو سے ملاقات کرنے کے لئے یہاں پہنچے [illegible] پنڈت نہرو سے بات چیت کی۔ بعد میں انہوں نے مغربی بنگال کی صورت حالات پر مولانا آزاد سے [illegible] ڈاکٹر پی۔ سی گھوش [illegible] مل کر [illegible] پنڈت نہرو سے ملاقات کریں گے جب شاید اس مسئلہ کا آخری فیصلہ ہو جائے۔

ڈاکٹر رائے کا بیان

کلکتہ ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

ملان حکومت ختم ہو جائیگی

لندن ۱۲ ستمبر:۔ جنوبی افریقہ کے سابق وزیر اعظم جنرل اسمٹس نے [illegible] ایک سیاسی جلسے میں تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا "میں ایسے آثار دیکھ رہا ہوں جو ملان حکومت کے تنزل کا باعث ہو سکتے ہیں [illegible]"

لائلپور کیلئے اسلامیہ کالج

لائلپور ۱۳ ستمبر:۔ (ا۔م) معلوم ہوا ہے کہ یہاں پر ایک اول درجہ کے اسلامیہ کالج کے قیام کے سلسلہ میں تمام تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں [illegible] کالج کی اہم خصوصیات فوجی تربیت اور اسلامی کلچر کی لازمی تعلیم ہوگی۔

مسٹر اٹیلی کو پنڈت نہرو کا جواب

وزیر اعظم برطانیہ کے حوالہ کر دیا گیا!

لندن ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

بمبئی اسمبلی میں بھی متحدہ حزب مخالف قائم ہونے لگی

فورتھ پارٹی کے لیڈر مسٹر خان کی مساعی

[illegible]

پاکستان میں تیل کی تلاش

اب تک کامیابی نہیں ہوئی

کراچی ۱۲ ستمبر:۔ برما آئل کمپنی کی طرف سے پاکستان میں تیل کے ذخیرہ کی تلاش [illegible]

مسٹر بوس کی نکتہ چینیاں

کلکتہ ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

سوشلسٹ اور بین الاقوامی امداد

کلکتہ ۱۳ ستمبر:۔ سوشلسٹ لیڈر آچاریہ نریندر دیو نے اعلان کیا کہ ہندوستان میں بین الاقوامی امداد کو [illegible]

بریلی میں جائداد پر کس طرح قبضہ کیا جا رہا ہے

نہ صرف مکانات بلکہ دوکانات پر بھی قبضہ کر کے لوگوں کے کاروبار کو ختم کر دیا گیا

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

بریلی کے [illegible] کی جائداد پر قبضہ کے سلسلہ میں جو زیادتیاں کی گئی ہیں [illegible]

کشمیر کی بابت پنڈت نہرو کے اظہار خیال پر لندن کے اخبار کی تنقید

ہندوستان میں دو لاکھ کمیونسٹوں کی نظر بندی کا افسانہ

لندن ۱۲ ستمبر:۔ [illegible]

ہندوستان میں معاشی ناکہ بندی اور لیڈروں کے اخراج کی تجویز

جنوبی افریقہ کے نسل پرستوں کی ہندوستانیوں کے خلاف مہم

[illegible]

باغی گورنر پھر حکومت چین کا وفادار بن گیا!

صوبہ یونان میں ساٹھ ہزار گوریلا دستے سرگرم عمل ہیں

کینٹن ۱۳ ستمبر:۔ جنوب مغربی چین کے کمانڈر جنرل [illegible] نیشنلسٹ کابینہ کو بتایا کہ صوبہ یونان میں ساٹھ ہزار کمیونسٹ گوریلا سرگرمیاں دکھا رہے ہیں [illegible]

دفعہ ۱۴۴ کے تحت ذبیحہ گاؤ ممنوع

شاہجہانپور ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

قومی بچت کا نیا طریقہ

کلکتہ ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

نئی قسم کی بیماری کا ظہور

لندن ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

جاپانی کمیونسٹ پارٹی

غیر قانونی قرار دے دی جائے گی؟

[illegible]

طیارہ کے ذریعے بیوی کی تلاش

لندن ۱۳ ستمبر:۔ [illegible]

حیرت انگیز آبدوز کشتی

[illegible]

جہاز ایمپیشنٹ کی روانگی

[illegible]

انڈونیشیا کی بندرگاہ سرابیہ

امریکہ کی بحری اڈا بنائے گا

[illegible]

جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں کی پوزیشن کے متعلق کانفرنس

لندن میں پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ کا بیان

اسلامستان، شام، افغانستان کے متعلق اظہار خیال

[illegible]

اطلاع

آپ دہلی سے پاکستان کو ہر قسم کا مال کسٹم آفیسر صاحب کی سیل بند ریلوے کی ذمہ واری پر مال روانہ کرنے میں ہم سے خدمات لیجئے۔

محمد سلام مکان نمبر ۱۴۵۰۔ فیاض گنج۔ بہادر گڈھ روڈ دہلی

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ [illegible]

بنارس کانگریس سودیشی نمائش

۲ اکتوبر سے ۱۴ نومبر ۱۹۴۹ء [illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

۱۵ فیض بازار دریا گنج دہلی [illegible]

طبی کتابیں [illegible]

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۴ ستمبر ۱۹۴۹ء

ظالم اور جفاکار!

تجربہ بتاتا ہے کہ جس قدر انسان کی اصلاح کی جاتی ہے وہ اتنا ہی بگڑتا ہے اور جتنا سمجھائیے اتنا ہی ناسمجھ بنتا ہے! اچھی اور فائدہ کی بات دل کو تو ضرور لگتی ہے مگر عمل میں نہیں آتی۔ زندگی کے بہتر سے بہتر فلسفے پیدا ہوئے مگر لوگوں نے سر ہلانے اور گردن ہلانے کے سوا کچھ نہ کیا، آپ روز جمہوریت کی تعریف سنتے ہیں مساوات اور انصاف پر خطبے سنتے ہیں مگر جس قدر سنتے ہیں اسی قدر اس سے دور ہوتے جاتے ہیں، حتی کہ جو لوگ دنیا کو کوئی بہتر بات بتاتے ہیں وہ خود اس کی مخالفت کرتے ہیں، زبان سے انسانی حقوق اور مساوات کا اعلان مگر عمل سے ان کی مخالفت! اور مخالفت بھی چھپ چھپا کر نہیں بلکہ خم ٹھوک کر، دنیا کو سنا کر، ریڈیو پر اعلان کر کے اخباروں میں چھاپ کر اور حقوق کی کمیٹیوں کے سینہ پر مونگ دلتے ہوئے! برا ماننے والے بیشک برا مانیں لیکن اس مشاہدہ سے کس کو انکار ہو سکتا ہے کہ ہزار میں ایک کو چھوڑ کر انصاف کا درس دینے والے وقت پر بڑے ہی ظالم اور جفاکار ثابت ہوتے ہیں۔ مساوات کا صور پھونکنے والے بڑے ہی غاصب اور نفس پرست نکلتے ہیں جمہوریت کا اعلان کرنے والے وقت پر سب کی گردن کاٹتے ہیں، انسانی حقوق کا شور بلند کرنے والے انسانوں ہی کو کتوں اور سوروں سے بدتر سمجھتے ہیں، نہیں معلوم کیا بات ہے کہ، اچھی بات کا نتیجہ برا نکلتا ہے اور وہ انسان بڑا ہی استاد ثابت ہوتا ہے، جو سب سے زیادہ بھلا اور ایک نیک معلوم ہوتا ہے!

بتائیے امریکہ کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ ہم سمجھتے ہیں کہ جمہوریت کا گہوارہ، حقوق کی کان، مساوات کا سرچشمہ، تہذیب اور شائستگی کی درسگاہ ہے لیکن یقین جانیئے جتنا بڑا اس کا نام اتنا ہی گندہ اس کا کام ہے، حیرت ہوتی ہے کہ امریکہ میں وہاں کے حبشیوں کو شہریت کے معمولی حقوق بھی حاصل نہ ہوں! مگر بات وہی ہے کہ انصاف اور حقوق کے نام لیوا ہمیشہ ظالم اور ستمگر ثابت ہوتے رہے ہیں۔

گذشتہ ہفتہ امریکہ میں ایک امریکن حبشی پال روبسن کے ساتھ جو سلوک ہوا [illegible] رائٹر کی معرفت ساری دنیا میں شائع ہو چکی ہے۔ مسٹر روبسن اپنی موسیقاری میں بین الاقوامی شہرت کا سرمایہ دار ہے اور امریکہ کا ایک مانا ہوا آرٹسٹ ہے، اس غریب نے ایک جگہ موسیقی کی محفل جمائی اور پندرہ ہزار انسان سننے کے لئے جمع ہوئے۔ ایک ہزار پولیس سپاہیوں نے ان کی حفاظت کا انتظام کیا مگر ڈیڑھ ہزار سفید فام.... باشندوں نے روبسن اور اس کی پارٹی پر محض حبشی ہونے کی بنا پر حملہ کر دیا جس میں نہ صرف وہ خود مجروح ہوا بلکہ دوسرے ایک سو سے زائد اشخاص بھی زخمی ہوئے خود روبسن نے روتے ہوئے اور آنسو بہاتے ہوئے بیان دیا کہ جو پولیس ان کی حفاظت کے لئے آئی تھی وہ خود حملہ آوروں کے ساتھ شریک ہو گئی!

گویا امریکہ میں کیسے اچھے حقوق تقسیم ہو رہے ہیں، کیسی اچھی مساوات پانی کی طرح بہہ رہی ہے اور جمہوریت کی کیسی حسین و جمیل دیوی [illegible] ہو رہی ہے! آپ جانتے ہیں کہ یہ کیوں ہوا؟ صرف چھوت چھات اور نسلی امتیاز کی وجہ سے! اور پھر کوئی ہے جمہوریت کا، انصاف و مساوات کا انسانی... حقوق اور شہری آزادی کا!

اب دوسری جگہ کا حال سنئے، جنوبی افریقہ کے وزیر اعظم ڈاکٹر ملان نے دیسی باشندوں کو ذلیل اور ہندوستانیوں کو جانور بنا کر ایک اور پالیسی اختیار کی ہے یعنی اعلان کیا گیا ہے کہ سفید باشندوں کی حفاظت کے لئے شناختی کارڈ جاری کئے جائیں گے جن پر لکھا ہوگا کہ یہ دیسی ہے، یہ ہندوستانی ہے، یہ یوروپین ہے! اس متن کی تشریح کے لئے ان تجاویز کو مد نظر رکھئے جو ٹرانسوال نیشنل کانگریس میں ۱۰ ستمبر کو منظور کی گئی ہیں، ان میں حکومت جنوبی افریقہ کی نسلی پالیسی کو سراہتے ہوئے مندرجہ ذیل... مطالبات کئے گئے ہیں۔

(۱) اگر ڈاکٹر دادو اور چند دوسرے لوگ جو نسلی پالیسی کے خلاف ہیں، افریقہ واپس آئیں تو انہیں ملک بدر کر دیا جائے۔

(۲) تمام ہندوستانیوں کو ــــ جن میں نوے فیصدی افریقہ ہی میں پیدا ہوئے ہیں۔ ملک سے خارج کر دیا جائے اور دیسی باشندوں کے ساتھ انہیں رہنے کی اجازت نہ دی جائے۔

(۳) دوسرے ممالک کا چاول ہندوستانیوں کے ہاتھ فروخت نہ کیا جائے۔

(۴) ہندوستانیوں کو خوانچہ فروشی اور فرسٹ کلاس ٹیکسی چلانے کے جو لائسنس دیئے گئے ہیں وہ واپس لے لئے جائیں۔

(۵) سرکاری ملازمتوں میں حبشیوں کو کلرکی نہ دی جائے اور موجودہ کلرکوں کو برطرف کر دیا جائے،

یہ ہے تہذیب کے استادوں کا سلوک... ہندوستانیوں اور دیسی باشندوں کے ساتھ! اور یہ سب کچھ خم ٹھوک کر مجلس متحدہ اقوام کی موجودگی میں ہو رہا ہے، اقلیتوں کے حقوق کی کمیٹی کی ناک کے نیچے ہو رہا ہے مگر اس کے خلاف نہ متحدہ اقوام کی آواز اٹھتی ہے، نہ یورپ کی کوئی حکومت مداخلت کرتی ہے! امریکہ نسل پرستی Racialism اور Jim Crow اور Colour Bar کی لعنت میں گرفتار ہے، افریقہ کے سر پر..... Apartheid اور [illegible] کا بھوت سوار ہے، اب سوال یہ ہے کہ دنیا سے یہ چھوت چھات اور رنگ و نسل کا امتیاز کس طرح دور ہو؟ جواب صاف ہے کہ برائی کیا کوئی برائی بھی دور نہ ہوگی اور دنیا کے نالائق اور بدکردار حکمران قوم پرستی اور نسل پرستی کی آڑ میں یہی کھیل کھیلتے رہیں گے، یا پھر جیسا کہ انگلستان کے ایک اخبار نے لکھا ہے کمیونزم آکر ان سب کا دماغ درست کرے گا، اور وہ جس خطرہ سے بچنا چاہتے ہیں وہی ان سب کو پیش آئے گا۔

بنارس کی ریشمی صنعت

معلوم ہوا ہے کہ بنارس کے ایک لاکھ دستکار اور بنکار جو ریشمی صنعت کے لئے ساری دنیا میں مشہور ہیں بیروزگاری سے تباہ ہو رہے ہیں [illegible] حکومت سے بھی فریاد کی مگر ابھی تک [illegible] بنارسی کپڑوں میں جو ریشم لگتا ہے وہ غیر ملک سے آتا ہے مگر وہ یہاں آ کر اس قدر گراں فروخت ہوتا ہے کہ بنارس کے بنکار غیر ملکی کپڑوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے، مثلاً جاپان کا جو ریشم بارہ روپے پونڈ کا ہوتا ہے وہی اٹھارہ روپے پونڈ تک کلکتہ کے بڑے تاجروں کو پچیس روپے پونڈ [illegible] بنارس میں [illegible] روپے پونڈ میں فروخت ہوتا ہے [illegible] مقابلہ نہیں کر سکتے [illegible]

ہے نتیجہ یہ کہ بنارس کی یہ قدیم صنعت مٹ جانے کی [illegible] اگر حکومت یہ ساگرے کہ ریشم کی درآمدی ڈیوٹی کو کم کرے، دیسی ڈیوٹی باہر کے ریشمی کپڑوں پر بڑھا دے تو پھر شاید یہ صنعت تباہ ہونے سے بچ سکے، نیز سرمایہ داروں کو ریشم کی چور بازاری سے سختی کے ساتھ روکا جائے اور اس کی قیمت معمول سے زیادہ چڑھنے نہ دی جائے اس کے ساتھ ہندوستان کے ملوں کو جس قیمت سے ریشم مہیا کیا جاتا ہے اس سے کم قیمت پر کرگھے والوں کو مہیا کیا جائے تاکہ مل کے مقابلہ میں کپڑے کی قیمت بڑھنے نہ پائے۔

ہمارے نزدیک بنارس کے ایک لاکھ بنکاروں کی بیروزگاری اپنی جگہ بڑی اہمیت رکھتی ہے [illegible]

احترام کیجئے

کیا ہی اچھا ہو اگر اخبارات اور لیڈر دوسروں کے خیالات پر رائے زنی کرتے ہوئے احتیاط سے کام لیں اور کج کلامی سے حتی المقدور احتراز کریں [illegible] ہندوستان مختلف مذاہب کا گہوارہ ہے [illegible] احترام کو ملحوظ رکھیں [illegible]

اردو کے تحفظ کی ذمہ داری مشترکہ کلچر ماننے والوں پر ہے

(از مولانا نیاز صاحب فتح پوری)

دنیا میں ہر چیز تقسیم ہو سکتی ہے ہر ملک کے حصے کئے جا سکتے ہیں ہر چیز کو بانٹا جا سکتا ہے۔ لیکن زبان اور کلچر کے ٹکڑے نہیں کئے جا سکتے۔

ہماری سرزمین ہند کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ دو حکومتیں علیحدہ علیحدہ بن گئیں۔ لیکن زبان (اردو) جو کروڑوں ہندو مسلمانوں کی زبان اور دونوں کے مشترکہ کلچر کی نشانی ہے جیسے ایک تھی ویسی ہی ہے۔ اردو دونوں کی مشترکہ ملکیت کی حیثیت سے رہے گی [illegible]

[illegible]

مباحث امروز

(روشنی کی زبانی)

مایوسی کیوں؟

ملک کو غلط اور مذہبی سیاست سے جو نقصان پہنچ چکا ہے وہ شاید ہی کبھی پورا ہو سکے [illegible]

[illegible]

کشمیر کا مسئلہ

مسئلہ کشمیر میں ان بڑی دول (برطانیہ و امریکہ) کی [illegible]

[illegible]

زمینداروں کی حالت

[illegible]

سنسکرت کو قومی زبان بنانے کے لئے دستوریہ کے ۱۴ ممبروں کا مطالبہ

دستخط کرنے والوں میں ڈاکٹر امبیدکر اور مسٹر نذیر الدین بھی شامل ہیں

[illegible]

حکومت کا ڈر

[illegible]

کشمیر کمیشن کی تجاویز شائع ہو گئیں۔ ممبران آج دہلی آرہے ہیں

عارضی صلح کی شرائط کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ثالث کی تجویز پیش کی گئی تھی

نئی دہلی، ۱۱ ستمبر۔ کشمیر کمیشن کے چیرمین نے کل یہاں کشمیر کے جھگڑے کو حل کرنے کے لئے ہندوستان اور پاکستان کی گورنمنٹوں کو جو تجاویز پیش کی تھیں وہ آج شائع کر دی گئی ہیں۔ ان تجاویز میں عارضی صلح کی شرائط کو عملی جامہ پہنانے سے متعلقہ سوالات پر دونوں حکومتوں میں جو اختلاف پایا جاتا ہے انہیں دور کرنے کے لئے ثالثی کا طریقہ اور ایڈمرل نمٹز کو ثالث کے طور پر تسلیم کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔

مزید تجویز کی گئی ہے کہ عارضی صلح کا ثالثی فیصلہ ہو جانے کے بعد کمیشن ۵ جنوری ۱۹۴۹ء والے ریزولیوشن کے مطابق مزید کارروائی کرے گا۔ کشمیر کمیشن کے اس مراسلے کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ (۱) کشمیر کمیشن نے ۲۸ اپریل کو جو تجاویز پیش کی تھیں ان کے متعلق ہندوستان سرکار نے اپنے خطوط مورخہ ۱۸ مئی اور ۷ جون کو جو جواب دیا ہے اور پاکستان سرکار نے ۲۸ مئی کو جو جواب دیا ہے اور اس کے علاوہ کمیشن کے نمائندوں نے ۵ سے ۲۸ جون تک کراچی میں حکومت پاکستان سے جو گفت و شنید کی تھی، اس پر کمیشن نے بغور اور طویل سوچ بچار کیا ہے جیسا کہ دونوں حکومتوں کو علم ہے۔ دونوں میں سے کسی نے بھی کمیشن کی تجاویز کو غیر مشروط طور پر تسلیم نہیں کیا ہے۔

(۲) کمیشن نے ۱۸ جولائی میں جنگ بندی کی لائن کے معاہدے کا فیصلہ کرنے کے لئے دونوں حکومتوں کے فوجی نمائندوں کی کانفرنس بلائی جو کراچی میں ۱۸ سے ۲۸ جولائی تک منعقد ہوئی جس میں جنگ بندی کی لائن کا فیصلہ ہو گیا اور اس طرح سے کمیشن کے ریزولیوشن مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کا پہلا حصہ پایہ تکمیل کو پہنچ گیا جس کے لئے کمیشن شکر گزار ہے۔

(۳) اس کانفرنس کے حوصلہ افزا نتائج سے تحریک پاکر کمیشن نے عارضی صلح کے معاہدے سے متعلقہ ۱۳ اگست کے ریزولیوشن کے دوسرے حصہ کو عملی جامہ پہنانے کے متعلق دونوں حکومتوں کے اختلافات کو ختم کرنے کے لئے ایک مشترکہ کانفرنس کی دعوت دی۔ مگر دونوں حکومتوں نے اس کے جواب میں کمیشن کو جو خطوط ارسال کئے ان میں وہ اپنے نظریات پر سختی سے کاربند رہے اور کانفرنس کے عارضی ایجنڈا کے متعلق دونوں نے اپنے پہلے اختلافات کی تکرار کی۔ چنانچہ کمیشن کو مجبور ہو کر کانفرنس کے استفسار کا فیصلہ کرنا اور دعوت نامے واپس لینے پڑے جس کی تفصیل کمیشن اپنے خط مورخہ ۱۹ اگست ۱۹۴۹ء میں دے چکا ہے۔

(۴) کمیشن کے ۱۳ اگست والے ریزولیوشن کا دوسرا حصہ ابھی تک ادھورا رہتا ہے۔ کمیشن محسوس کرتا ہے کہ اس سلسلے میں کوئی فیصلہ کن [illegible] حکومتوں کا بھی یہی خیال ہے۔ کمیشن کو یہ بھی احساس ہے کہ دونوں حکومتیں اس سلسلہ میں اپنی ان تمام ذمہ داریوں کا پاس منصفانہ طور پر پورا کرنے کا صدق دل سے ارادہ رکھتی ہیں جن کا کہ وہ عہد کر چکی ہیں۔

(۵) موجودہ حالات کی روشنی میں کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ دونوں حکومتوں سے دریافت کرے کہ کیا وہ عارضی صلح کے معاہدے کے متعلق مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کرنے کو تیار ہیں۔

(۱) کمیشن کے ریزولیوشن مورخہ ۱۳ اگست کے دوسرے حصے یعنی عارضی صلح کو عملی جامہ پہنانے کے متعلق جن سوالات پر دونوں حکومتوں میں اختلافات ہیں [illegible] ثالث کے سپرد کر دیئے جائیں گے [illegible] ان اختلافات کا منصفانہ فیصلہ کرے۔ ثالث کا فیصلہ دونوں حکومتوں کو منظور کرنا ہوگا۔ (ب) عارضی صلح کی شرائط کا فیصلہ ہونے تک ہی ثالثی ختم ہو جائے گی۔ (ج) ایڈمرل نمٹز ثالث ہوں گے (د) ثالثی کا طریقہ کار بعد میں طے کر لیا جائے گا۔ [illegible] صرف عارضی صلح کے معاہدے کی تکمیل تک ہی محدود رہے گا۔ کمیشن اپنا کام کاج جاری رکھے گا۔ ثالثی فیصلے کے بعد کمیشن اپنا کام شروع کرے گا جو عارضی صلح کے معاہدے اور ۵ جنوری ۱۹۴۹ء کے ریزولیوشن کے تحت کمیشن کو کرنا ہے۔ کمیشن کا یہ خیال ہے کہ جب تک دونوں حکومتیں ثالثی کی تجاویز اور ثالث کے نام کی منظوری نہ دے دیں تب تک ثالثی کے طریقہ کار کی وضاحت لاحاصل ہوگی۔

عارضی صلح کے معاہدے کو عملی شکل دینے کے متعلق دونوں حکومتوں کے راستے میں اب تک جو رکاوٹیں آ رہی ہیں ان کے متعلق کمیشن کا یقین ہے کہ اس نے جس طریقہ کار کی سفارشات کی ہیں وہ ان رکاوٹوں کو دور کرنے میں کافی موثر اور مفید ثابت ہوگا۔ اگر دونوں حکومتوں نے ان تجاویز کو قبول کر لیا تو کمیشن کو پورا یقین ہے کہ عارضی صلح کے معاہدے کو عملی شکل دینے کا کام تیزی سے شروع ہو سکے گا۔ نیز کمیشن اور دونوں حکومتیں اس پوزیشن میں ہوں گی کہ اس مسئلہ کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لئے اپنا کام جاری رکھ سکیں۔ کیونکہ ان اختلافات کی موجودگی نہ صرف دونوں حکومتوں بلکہ مجلس متحدہ اقوام کے دیگر تمام ممبروں کے لئے شدید تشویش کا باعث بنا ہوا ہے۔ (۷) کمیشن آپ سے درخواست کرتا ہے کہ اس معاملے پر اچھی طرح غور کرنے کے بعد اپنے جواب سے کمیشن کو تحریری مطلع کریں۔

امید ہے کہ کشمیر کمیشن کے چیرمین اور وائس چیرمین پیر کو نئی دہلی آئیں گے [illegible] سکریٹری جنرل [illegible] امید ہے کہ اس بات چیت میں کمیشن کے نمائندے [illegible] کچھ نکات کی وضاحت طلب کریں گے۔ کمیشن نے آج اپنی تجاویز تو شائع کر دی ہیں مگر [illegible]

دہلی کا ردعمل

کشمیر کے متعلق صدر ٹرومین اور مسٹر ایٹلی کے مراسلات کے جو جوابات حکومت ہند نے دیئے ہیں اگرچہ ان کا متن ابھی شائع نہیں ہوا لیکن نئی دہلی کے امریکی اور برطانوی سفارتی حلقوں سے قریبی تعلق رکھنے والے حلقوں سے پتہ چلتا ہے کہ پنڈت نہرو کے ان الفاظ کا کہ میں مداخلت سے حیران رہ گیا ہوں [illegible] اچھا اثر نہیں ہوا۔ سرکاری حلقوں کی رائے ہے کہ امریکہ اور برطانیہ شروع سے ہی معذوری ظاہر کرتے آئے ہیں کہ چونکہ کشمیر کا مسئلہ سیکورٹی کونسل کے سپرد ہے لہذا وہ اس معاملہ میں کچھ نہیں کر سکتے [illegible] مداخلت کی ہے تو اس سے حیرانی اور تعجب ناگزیر تھی۔ کشمیر کمیشن پاکستان پر [illegible] باقاعدہ طور پر قبائلی حملہ آوروں اور آزاد کشمیر فوج کے متعلق اپنے بیانات [illegible] کشمیر کمیشن سے بات چیت [illegible]

شعیب اللہ خاں کے سالے پر جرح

عثمانیہ ہسپتال کے میڈیکل افسر کا بیان

حیدرآباد، ۱۱ ستمبر۔ میر شعیب اللہ خاں ایڈیٹر امروز کے مقدمہ قتل کی سماعت اسپیشل ٹربیونل کے سامنے ہوئی۔ شعیب اللہ خاں کے سالے مسٹر محمد اسمٰعیل خاں پر جرح ہوئی۔ قاسم رضوی کے وکیل نے گواہ سے اس لڑکے کے متعلق پوچھا جو چیلی بازار میں [illegible] تھا۔ گواہ نے کہا اس لڑکے کا نام صدیقی یا اسی قسم کا کوئی نام تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں گواہ نے کہا [illegible] گواہ نے یہ بھی کہا کہ میں چیلی بازار مسجد میں نماز پڑھنے جایا کرتا تھا۔ اس واقعہ کے روز میں خطبہ پڑھنے والے شخص سے [illegible] فاصلہ پر تھا۔ لیکن درمیان میں دیوار اور ایک ستون تھا اس لئے میں خطبہ پڑھنے والے کی شکل نہ دیکھ سکتا تھا۔

عثمانیہ ہسپتال کے ڈاکٹر سید عباس حسن میڈیکل افسر نے [illegible] شعیب اللہ خاں کی لاش اور مسٹر محمد اسمٰعیل خاں کو زخمی حالت میں ہسپتال میں لایا گیا تھا۔ بیان دیتے ہوئے کہا شعیب اللہ کا دایاں ہاتھ بازو سے کٹا ہوا تھا بازو کے بالائی حصہ پر زخم تھے۔ چھاتی پر بھی گہرا زخم تھا [illegible] مسٹر محمد اسمٰعیل کے جسم پر بھی زخم تھے۔ اور ان کا بایاں بازو کلائی سے کٹ چکا تھا۔ گواہ نے دو سارٹیفکیٹ شناخت کئے جو اس نے ان دو اشخاص کے متعلق دیئے تھے۔ مسٹر حمید الدین احمد کا بیان ہے کہ گواہ گذشتہ سال [illegible] اگست تک حکومت حیدرآباد کے محکمہ اطلاعات [illegible] سکریٹری تھا۔

سیاحوں کی آمد میں اضافہ کے لئے

حکومت کشمیر کی اسکیم

سری نگر [illegible] ریاست میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے حکومت کشمیر ایک جامع اسکیم مرتب کر رہی ہے۔ اس اسکیم کے تحت ریاست میں ایک خاص [illegible] قائم کیا جائے گا۔ [illegible] ہندوستان اور غیر ملکوں سے سیاحوں کو [illegible] کی کوشش [illegible] اس کے علاوہ اس اسکیم کے تحت سیاحوں کے لئے [illegible] وسائل [illegible] انتظام بھی [illegible] خیال ہے۔

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہازی کمپنی

مغل لائن نہایت مسرت سے رمضان المبارک کے مابعد سیزن میں حاجیوں کے لئے آخری جہازوں کی روانگی کا اعلان کرتی ہے۔

ایس ایس "خسرو" وزن ۴۰۴۳ ٹن
(بمبئی سے مورخہ ۱۵ ستمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

ایس ایس "محمدی" وزن ۷۰۴۶ ٹن
(بمبئی سے مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا)

کرایہ جہاز خوراک کے ساتھ

بمبئی تا جدہ اور واپسی

درجہ اول ۱۱۰۵/ روپیہ
عرشہ (ڈیک) ۳۹۸/ روپیہ

ان کرایوں میں قرنطینہ کامران کی فیس حفظان صحت جدہ کے محاصل اور کشتی کا کرایہ جن کی مجموعی رقم ۱۲۷/۴ روپے ہوتی ہے۔ شامل نہیں ہے۔ عازمین حج کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اس وقت تک اپنے گھروں سے روانہ نہ ہوں جب تک کہ کمپنی انہیں بمبئی آنے کے لئے نہ لکھے۔ اس لئے کہ امسال حاجیوں کو لیجانے والے جہازوں میں تمام نشستیں محفوظ ہو چکی ہیں۔

حاجیوں کو ان کے مفاد کے پیش نظر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہیضہ اور چیچک کے ٹیکے اپنے وطن ہی میں لگوا لیں اور اپنے ہاں کے محکمہ صحت کے سرکاری افسر سے انٹرنیشنل فارموں پر تصدیق کرا لیں۔

کوئی پیشگی رقم اس وقت تک روانہ نہ کیجئے جب تک کمپنی اس کے بھیجنے کی درخواست نہ کرے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
مینیجنگ ایجنٹس
دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

کپڑے کے اسٹاک کو ختم کرنے کے لئے بارہ نکاتی پروگرام

نگران کمیٹی کا تقرر، سوتی کپڑا فروخت کرنے کی اجازت۔ ڈاکٹر مکرجی کا بیان

بمبئی ۱۱ ستمبر۔ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے ایک پریس کانفرنس میں موجودہ کپڑے کے اسٹاک کو ختم کرنے اور کپڑے کی ملوں کو دوبارہ چلانے کے اقدامات کا اعلان کیا۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ کپڑے کی حالت کا وقتاً فوقتاً جائزہ لینے کے لئے مرکزی اور علاقائی کمیٹی بنائی جائے گی جو پیدا ہونے والے مسائل کے متعلق سفارشات کیا کرے گی۔ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی نے مندرجہ ذیل نکات کا اعلان کیا ہے۔

(۱) قیمتوں پر کنٹرول باقی رہے گا۔ [illegible] دسمبر تک نظر ثانی نہیں ہوگی۔ [illegible] (۳) اس سال کے [illegible] صوبائی حکومتیں [illegible] کوئی محصول نہیں لیں گی۔

(۴) اور (۵) [illegible] اسٹاک جمع ہے۔ [illegible] لائسنس شدہ بیوپاریوں کے ذریعے بیچنے کی اجازت ہوگی۔

(۶) تھوک فروش اور خوردہ فروش بیوپاریوں کو لائسنس عام دیئے جائیں گے۔ (۷) ملوں کو اپنی [illegible] اجازت ہوگی [illegible] صوبائی حکومتوں کے مشورے سے دیں گے۔

(۸) [illegible] کپڑے کی نقل و حرکت پر کوئی پابندی عائد نہیں کریں گی [illegible] (۱۰) ریاستوں اور صوبوں میں کپڑے کی تقسیم سے متعلق [illegible] (۱۱) [illegible] لائسنس شدہ بیوپاریوں کے ذریعہ جہاں چاہیں بھیج دیں۔ (۱۲) اس سکیم کی نگرانی کے لئے مرکزی اور علاقائی [illegible]

مغربی بنگال اسمبلی پارٹی کی قرارداد

کانگریس ہائی کمان سے نظر ثانی کا مطالبہ

کلکتہ ۱۱ ستمبر۔ مغربی بنگال اسمبلی کانگریس پارٹی نے آج اپنی ایک میٹنگ میں ایک ریزولیوشن منظور کر کے [illegible] ان کی وزارت پر اعتماد کا اظہار کیا۔

ایک اور ریزولیوشن کے ذریعے کانگریس ورکنگ کمیٹی سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ مغربی بنگال میں عارضی وزارت قائم کرنے کے متعلق اپنے ۲۸ جولائی کے فیصلہ پر نظر ثانی کرے۔ ۲۴ ممبر وزارت گروپ کے حامی ہیں ریزولیوشن کے حق میں تھے۔ اور [illegible] گروپ کے ۴ ممبر خلاف تھے۔ [illegible] نے کسی طرف ووٹ نہ دیا۔ ایک ممبر غیر جانبدار رہا۔ ورکنگ کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر پی سی گھوش غیر حاضر رہے۔

ریزولیوشن پر ووٹ لینے سے پہلے [illegible] گروپ کی طرف سے مسٹر گپتا نے اس کے مقابلے میں دوسرا ریزولیوشن رکھا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ عارضی وزارت کی اس طرح تشکیل کی جائے کہ اکثریت اور اقلیت کا لحاظ کئے بغیر اس میں کانگریس کے تمام گروپوں کو نمائندگی حاصل رہے۔ اگر گروپ [illegible] تو کانگریس ورکنگ کمیٹی خود ایسی عارضی وزارت بنائے جس سے مغربی بنگال میں کانگریس کا وقار پھر بحال ہو جائے۔ تاکہ الیکشن میں کانگریس کی جیت کا یقین ہو سکے۔ چونکہ پہلا ریزولیوشن پاس ہو گیا اس لئے اس پر ووٹنگ نہیں ہوئی۔

مظفر نگر میں جمعیۃ ریلیف کمیٹی کا قیام

متروکہ جائداد کے سلسلہ میں اقدام

مجلس انتظامیہ علماء شہر مظفر نگر کا اجلاس [illegible] ناظم جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر نے رپورٹ سنائی کہ صوبہ یو۔پی کے مختلف شہروں میں متروکہ جائداد کے متعلق آرڈیننس کے تحت جس طرح پر کام شروع ہوا۔ اس سے عام طور پر خوف و ہراس پیدا ہو گیا ہے۔ چنانچہ صدر صاحب جمعیۃ علماء یو۔پی نے اپنی ماتحت شاخوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امدادی کمیٹیاں قائم کر لیں۔ تاکہ قانونی امداد دی جا سکے۔ چنانچہ تجویز ہوا کہ اس سلسلہ میں حسب ذیل پندرہ اصحاب پر مشتمل ایک سب کمیٹی بنائی جاتی ہے۔ جن میں جمعیۃ علماء مظفر نگر کی مجلس انتظامیہ کے رکن اور شہر کے قانون داں و دیگر با اثر معزز اصحاب شامل ہیں۔ اس کمیٹی کے کنوینر حکیم محمود الحق صاحب ہوں گے۔ ارکان کمیٹی حسب ذیل ہیں۔

حکیم محمود الحسن صاحب، سید ارشاد علی صاحب، منشی رفیق احمد صاحب، حافظ اشرف خاں صاحب، سید محمد ظفر صاحب، حافظ حبیب اللہ صاحب، مفتی عبد الغنی صاحب، مفتی عبد الجبار صاحب، مرزا محمد ابراہیم صاحب، منشی احمد بخش صاحب، شیخ ضمیر الدین صاحب، سید محمد امیر صاحب وکیل، سید سعد مرتضیٰ صاحب، قاضی محمد عباس صاحب، منشی محمد کامل صاحب۔

چھ ماہ میں برطانیہ آنے والے سیاح

امید ہے کہ سال رواں میں برطانیہ آنے والے سیاحوں کی آمد گذشتہ سال سے زیادہ رہے گی۔ بورڈ آف ٹریڈ نے جو اعداد و شمار حال ہی میں شائع کئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ اس سال کی پہلی ششماہی میں ۲۹۷۲۲۸ غیر ملکی سیاح برطانیہ آئے۔ یعنی پچھلے سال کی پہلی ششماہی سے ۱۷ فیصدی زیادہ۔ جون میں ۷۶۰۵۰ سیاح آئے جو جون ۱۹۴۸ء کی تعداد سے ۲۵ فیصدی زیادہ تھے۔

کتنے سگریٹ آئے
اور کتنے سگریٹ گئے
مگر ڈی لکس
برابر چل رہا ہے
DE LUXE TENOR
۵ آنے میں ۱۰
ڈی لکس ٹینر
ہمیشہ طلب کیجئے
[illegible] لمیٹڈ لندن

دارالسلطنت

۱۲ ستمبر

طبیہ کالج کے متعلق جائنٹ سکریٹری

حافظ عزیز حسن بقائی کی پریس کانفرنس

انجمن طبیہ کالج کے جائنٹ سکریٹری حافظ عزیز حسن بقائی نے ہفتہ کے دن ایک پریس کانفرنس میں اس غلط پروپیگنڈہ کی تردید کی جو کالج کے متعلق بعض حلقوں کی جانب سے کیا جا رہا ہے [illegible] انہوں نے اس بات کی تردید کی کہ کالج [illegible] انہوں نے کہا کہ [illegible] بقائی صاحب نے طلباء کے مطالبات پر ہمدردانہ غور کرنے کا وعدہ کیا [illegible] افسوس کیا [illegible] ایک نیا پرنسپل مقرر کر دیا گیا ہے جو اتوار کے دن سے چارج لے لیگا۔

آپ نے بیرونی مداخلت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کسی حالت میں برداشت نہیں کی جائے گی۔ اگر حکومت نے [illegible] کالج کا انتظام سنبھال لیں گے۔ آپ نے بتایا کہ یہ ایک پرائیویٹ ٹرسٹ کے ماتحت کام کر رہا ہے اور پبلک ٹرسٹ نہیں ہے۔

ٹرسٹیوں کے استعفیٰ کے متعلق آپ نے بتایا کہ ان میں بعض نے چونکہ وقت پر چندہ ادا نہیں کیا اس لئے وہ قاعدے کے مطابق ٹرسٹی نہ رہے اور بعض نے [illegible] کمیٹی اور بورڈ کی عہدیداری سے استعفیٰ دیا ہے آپ نے یہ بھی بتایا کہ [illegible] کسی کو علیحدہ کرنے کا اختیار نہیں ہے کہ کسی کو علیحدہ کرے۔ پاکستان سے کسی کے ذریعہ [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ چیز بورڈ کے قاعدوں کے مطابق ہے اور وہ لوگ اس وقت سے ٹرسٹی ہیں جب پاکستان بنا بھی نہ تھا اور ایسے تین آدمی ہیں ایک [illegible] ایک راولپنڈی اور ایک لاہور میں۔ (نامہ نگار)

ہندی اردو رسم خط کے ساتھ ہندوستانی کو قومی زبان بنایا جائے

مزدور سبھا مظفر نگر کا راجن بابو، نہرو، آزاد، شاہ اور مولانا حفظ الرحمن کو تار

مظفر نگر ۱۱ ستمبر (نامہ نگار) کل شری کیپٹن رام شرما صدر مزدور سبھا مظفر نگر نے دستور ساز اسمبلی ہند کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد، وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو، حزب مخالف کے لیڈر پروفیسر کے ٹی شاہ، وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا حفظ الرحمن کے نام تار روانہ کیا ہے۔

صدر مزدور سبھا نے اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ ہندی اور اردو رسم خط کے ساتھ ہندوستانی کو قومی زبان قرار دیا جائے جیسا کہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں اس سلسلہ میں قرارداد منظور کر چکی ہے اور جس کو مہاتما گاندھی نے بھی پسند کیا تھا۔

بزم سخن کا مشاعرہ

بزم سخن احاطہ کالے صاحب دہلی کا ہفت روزہ مشاعرہ ۱۰ ستمبر ۱۹۴۹ء کو زیر صدارت کپتان عبد الحکیم صاحب منعقد ہوا۔ سامعین حضرات میں ہر قوم کے معزز افراد معقول تعداد میں موجود تھے۔ مقامی و بیرونی مشاہیر شعراء نے بھی بہت کافی تعداد میں شرکت فرما کر مشاعرہ کو کامیاب بنایا اور کانفرنس جس کا اعلان گذشتہ اتوار کو کیا گیا تھا۔ وقت کی کمی کے باعث اس کی مکمل تیاریاں نہ ہو سکیں لیکن عنقریب منعقد کی جائے گی جس میں ہندوستان کے مشاہیر شعراء و ادباء شرکت فرمائیں گے۔ تاجدار سخن حضرت نوح ناروی، [illegible] جگر مراد آبادی یقینی شرکت فرمائیں گے۔

سکریٹری عزیز وارثی

تاریخی نادرات ملے

عمان ۱۲ ستمبر۔ کچھ دنوں قبل نابلس کے علاقہ میں زمین کھودتے ہوئے مزدوروں کو کچھ قیمتی اشیاء ملیں۔ ان میں سے بعض اشیاء پر جو تاریخیں کندہ ہیں۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ چیزیں آج سے ڈیڑھ ہزار سال پہلے کی ہیں۔ ان اشیاء میں تیل سے جلنے والی ایک بتی بھی شامل ہے۔ جس میں سونے کے تین ٹکڑے پائے جاتے ہیں جو غالباً اس زمانے کے سکے ہیں۔ (گلوب)

بانی پاکستان کی پہلی برسی پر پاکستان کے طول و عرض میں جلسے

مساجد میں قرآن خوانی، گرجاؤں میں عبادت اور ملت کے رہنماؤں کا اظہار عقیدت

لاہور ۱۲ ستمبر (ا پ ا) کل یہاں پر پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح کی پہلی برسی تمام تقریبات کو خیرباد کہہ کر پوری عقیدت مندی اور سنجیدگی سے منائی گئی۔ تمام مساجد میں ایصال ثواب کے لئے جلسے ہوئے بالخصوص بادشاہی مسجد میں جہاں سردار عبد الرب نشتر نے بھی شرکت کی۔ عیسائی گرجاؤں میں بھی اسی قسم کی مجلسیں منعقد ہوئیں۔

شام کو گورنر مغربی پنجاب سردار عبد الرب نشتر نے ایک جلسہ عام میں تقریر کی جس میں لوگوں کو بانی پاکستان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کے لئے زور دیا تاکہ وہ ان مقاصد کو حاصل کر سکیں جو انہوں نے ملک کے سامنے رکھے تھے۔ شام کو غرباء کو کھانا بھی تقسیم ہوا۔

پشاور

پشاور اور اس کے قرب و جوار کی اطلاعات سے بتایا گیا ہے کہ مساجد میں گھروں میں اور دوسرے اداروں میں پٹھانوں اور قبائلی لوگوں نے قرآن خوانی کی۔ پشاور میں سینما اور دوسرے تجارتی مرکز بند رہے۔ غریبوں کو کھانا کھلایا گیا اور خیرات تقسیم ہوئی۔

پشاور ریڈیو سے ایک خاص پروگرام نشر کیا گیا جس میں وزیر اعظم کی ریکارڈ کی ہوئی تقریر اور مسٹر جناح کی زندگی پر ایک فیچر تھا۔ کل چونکہ اتوار تھا اس لئے آج سرکاری طور پر تعطیل دی جائے گی۔

مسٹر جناح کی برسی

دن میں بہت سے جلسے ہوئے جس میں ہر ملت کے رہنماؤں نے تقاریر کیں اور بابائے ملت کے قول اتحاد، اعتقاد اور تنظیم پر زور دیا۔ صوبہ سرحد کے [illegible] ایک رہنما [illegible] نے کہا کہ [illegible] قائد اعظم سے محبت کرتے ہیں کیونکہ انہوں نے زندگی بھر ان کے کاز کی حمایت کی ہے۔

فرنٹیئر شیڈولڈ کاسٹ فیڈریشن کے صدر چودھری جان داس نے کہا کہ قائد اعظم ہمارے سچے ہمدرد تھے ہم ان کی عنایات کبھی نہیں بھول سکتے کیونکہ انہوں نے انٹرم گورنمنٹ میں بھی ہمارے نمائندے مسٹر جوگندر ناتھ منڈل کو لیا اور اس کے بعد ان کو پاکستانی کابینہ میں شامل رکھا۔

کراچی

بانی پاکستان کی پہلی برسی کے موقعہ پر پاکستانی فضائیہ کے [illegible] کی فضائی قوت کو مستحکم کرنا چاہیئے تاکہ اس سے ہمارے ملک کا تحفظ ہو [illegible] آج سرکاری طور پر تعطیل رہے گی۔

مسٹر جناح کی برسی کے موقعہ پر وزیر اعظم پاکستان کا پیغام

کراچی ۱۲ ستمبر۔ لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے مسٹر جناح کی پہلی برسی کے موقعہ پر ایک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ "مستقبل ان لوگوں کا ہے جن کا یہ سمجھنا ہے کہ وہ تمام مشکلات کے باوجود عزم و ارادے کے مالک ہیں اور کبھی خوف زدہ نہیں ہوتے۔"

پیغام میں کہا گیا ہے کہ [illegible] معمولی آدمی کی زندگی کا خاتمہ ہو کر بھی رہتی ہے۔ لیکن ایک بڑے آدمی کی موت بھی بقا ہوتی ہے۔ معمولی آدمیوں کو یہ بات نصیب نہیں ہوتی۔

"قائد اعظم ان بڑے لوگوں میں سے ایک تھے جو ہمیشہ زندہ رہتے ہیں وہ ہمارے ساتھ ہیں کیونکہ ان کی کوششوں کے پھل ہمارے سامنے ہیں۔ ہم ان کی یادگار کو سب سے زیادہ خراج پیش کر سکتے ہیں کہ ان کے پیغام کو ہمیشہ سامنے رکھیں اور پاکستان کو [illegible] اسلامی [illegible] قائد اعظم [illegible]"

سیام، ملایا اور انڈونیشیا سے چار ہزار مسلمان حج کیلئے روانہ ہو گئے

سیاسی حالات کے پیش نظر انڈونیشیا سے مزید مسلمانوں کی روانگی غیر متوقع ہے

سنگاپور ۱۲ ستمبر۔ اس سال ملایا انڈونیشیا اور سیام سے تقریباً چار ہزار مسلمان حج کو جا چکے ہیں۔ خاص طور پر انڈونیشیا سے توقع تھی کہ بہت سے مسلمان حج کے لئے جائیں گے لیکن ڈچ حکام اور جمہوریہ انڈونیشیا کے افسران کے درمیان موجودہ اختلافات کے باعث ایسا نہ ہو سکا۔ ڈچوں نے توقع ظاہر کی تھی کہ پچھلے سال حاجیوں کے لئے زیادہ آسانیاں دی تھیں لیکن جمہوریہ کے افسران نے محض اس لئے ان سے فائدہ نہیں اٹھایا کہ ایسا کرنے سے ان پر ڈچوں کا اقتدار ثابت ہو سکتا تھا۔

مقامات مقدسہ کے محافظ ہونے کی حیثیت سے شاہ عبد العزیز ابن سعود سے توقع کی جا رہی ہے کہ وہ امسال حاجیوں کے روبرو تقریر کریں گے۔ ملایا اور انڈونیشیا کے بہت سے مسلمان کمیونزم کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ مشرق بعید اور جنوب مشرقی ایشیا کے بعض علماء یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اسلام اور کمیونزم کے درمیان [illegible] کمیونزم محض ایک سیاسی حکمت عملی ہے۔ [illegible] (گلوب)

جاپانی ہوا باز چینی فوج میں

جنرل میک آرتھر تحقیقات کر رہے ہیں

ٹوکیو ۱۲ ستمبر۔ جنرل میک آرتھر کے ہیڈ کوارٹر کے ایک نمائندے نے کہا کہ جنرل میک آرتھر ان اطلاعات کی تحقیقات کر رہے ہیں کہ حکومت چین نے بعض جاپانی ہوا بازوں کو کمیونسٹوں کے خلاف فضائیہ میں بھرتی کر لیا ہے۔ سرکاری حلقوں میں بتایا گیا کہ یہ ممکن ہے کہ بعض جاپانی ہوا بازوں کو خفیہ طریقہ سے فارموسا پہنچایا گیا ہے۔ ایک اطلاع ہے کہ شمالی چین یا سابق جاپان کی فوجوں کا کمانڈر انچیف چینی حکومت کی طرف سے فضائیہ کی کمان کر رہا ہے۔ حکام اس شخص کی سخت تلاش میں ہیں۔ (رپ، رائٹر)

مشہور آبشار غائب ہو جائے گا

زبردست بند کی تعمیر

لندن ۱۲ ستمبر۔ یہاں جو خبریں پہنچی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصر میں اب دس سال کے ایک منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جائے گا اس کے مطابق دنیا کا ایک مشہور آبشار غائب ہو جائے گا۔ اس منصوبے کا نام [illegible] اسکیم ہے۔ یہ آبشار آج سے ۷۰ سال قبل ایک شخص نے دریافت کیا تھا جس کا نام [illegible] تھا۔

آبپاشی کے لئے ایک زبردست تالاب بنایا جائے گا۔ اور بند بنا دیا جائے گا۔ اس تالاب کی وجہ سے دریائے نیل کی سطح [illegible] بلند ہو جائے گی۔ اور [illegible] بجلی کا مرکز تیار ہو جائے گا۔ [illegible]

کشتی الٹ جانے کا حادثہ

تین غرق چار لاپتہ

مظفر آباد ۱۲ ستمبر۔ [illegible] کے قریب ایک کشتی کے الٹ جانے سے [illegible] لاپتہ ہیں [illegible]

مشرقی پنجاب میں کپڑے کا کنٹرول

امرتسر ۱۲ ستمبر۔ امرتسر کے کپڑے کے تاجروں کو اطلاع دی گئی ہے کہ مشرقی پنجاب کی حکومت نے کپڑے کی تمام نقل و حمل پر سے پابندی اٹھا لی ہے [illegible] ہندوستانی ملوں کا بنا کپڑا [illegible] کنٹرول کچھ عرصہ پہلے اٹھایا جا چکا ہے۔

قیمت پر کنٹرول بدستور جاری رہے گا اور تاجروں کو حق ہوگا کہ وہ ملوں سے کپڑا خرید سکیں۔ لائسنس کی پابندی بھی جاری رہے گی اور تاجروں کو حساب کتاب اس طرح رکھنا پڑے گا جس طرح کہ وہ آج کل رکھتے ہیں۔

انگلستان کا بنیاد العوام

ہند ایک دروازہ پیش کرے گا

لندن ۱۲ ستمبر۔ [illegible] ہندوستان ایک [illegible] دروازہ پیش کرے گا جو [illegible] صنوبر کی لکڑی سے بنا ہوا ہوگا۔ [illegible] (گلوب)

جمیعۃ علماء ہند کے اجلاس لکھنؤ میں

صوبہ آسام کے نمائندے

جمیعۃ علماء ہند کے سالانہ اجلاس عام بمقام لکھنؤ منعقدہ [illegible] ۱۹۴۹ء میں جمیعۃ علماء صوبہ آسام کی جانب سے حسب ذیل ارکان مرکزی شریک ہوئے تھے۔

(۱) مولانا [illegible] صاحب [illegible]
(۲) مولوی ابراہیم علی صاحب [illegible]
(۳) محی الدین [illegible] صاحب [illegible]

اجلاس لکھنؤ کی جو رپورٹ طبع ہوئی ہے اس میں کاتب صاحب کی غلطی سے صوبہ آسام کے مذکورہ بالا نام [illegible] رہ گئے ہیں جس کا انتہائی افسوس ہے اگرچہ مطبوعہ رپورٹ صفحہ ۶ پر مولانا محمد عبد الجلیل صاحب کا اسم گرامی چھپا ہے لیکن چونکہ فہرست اسماء گرامی ارکان مرکزی میں مذکورہ بالا نام درج [illegible] ہیں اس لئے بذریعہ اخبار ہذا جمیعۃ علماء صوبہ آسام کی اطلاع کے لئے اس غلطی کی تلافی کی جاتی ہے۔ (محمد وحید [illegible] دفتر جمیعۃ علماء ہند دہلی)

چلتی ٹرین میں چھرا مارنے کا حادثہ

زخمی کر کے ٹرین سے باہر پھینک دیا

جالندھر ۱۲ ستمبر۔ مشرقی پنجاب ریلوے [illegible] معلوم ہوا ہے کہ ایک چلتی ٹرین میں نامعلوم اشخاص نے [illegible] انسپکٹر کو زخمی کر کے ٹرین سے باہر پھینک دیا۔ ایک [illegible] انسپکٹر کی امداد کو پہونچا اس کو بھی زخمی کیا گیا اور وہ ہلاک ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ بدمعاشوں نے انسپکٹر [illegible] ریوالور چھیننے کی کوشش کی جب انسپکٹر نے مزاحمت کی تو کرپان سے اس کو زخمی کر دیا اس کے بعد زنجیر کھینچی اور فرار ہو گئے۔ (ا پ ا)

مدھوبنی کے تاجر کو سزا

مدھوبنی ۱۲ ستمبر۔ مقامی سپلائی آفس میں بلا پرمٹ داخل [illegible] سزا دی گئی ہے۔ (ا پ ا)

سنسکرت کو قومی زبان بنانے کی حمایت

پٹنہ ۱۲ ستمبر۔ کل ہند دیو بھاشا پریشد کے جوائنٹ سکریٹری پنڈت [illegible] ڈاکٹر [illegible] اور [illegible] الدین احمد کو تار دے کر ان کی سنسکرت کو قومی زبان بنانے کی [illegible] پسندیدگی کی ہے۔ (ا پ ا)

پنڈت نہرو کا مشرقی پنجاب کے دورہ کا پروگرام

نو تقریریں۔ ایک پریس کانفرنس اور کئی اداروں کا معائنہ

انبالہ ۱۲ ستمبر۔ پنڈت نہرو کا دورہ مشرقی پنجاب [illegible] ستمبر سے شروع ہو رہا ہے [illegible] مشرقی پنجاب اسمبلی پارٹی کے اجلاس میں تقریر کریں گے۔ اس کے علاوہ [illegible] کانگریسی کارکنوں [illegible] لدھیانہ [illegible] ایک عام جلسہ [illegible] طلباء [illegible] ایک پریس کانفرنس [illegible]

ہندوستانی کپڑے کے خلاف کراچی کے تاجروں کا فیصلہ

کراچی ۱۲ ستمبر۔ کراچی کے کپڑے کے تاجروں کی ایسوسی ایشن [illegible] پانچ آدمیوں کی ایک کمیٹی [illegible] تمام پاکستان میں ہندوستانی کپڑے کا بائیکاٹ کیا جائے [illegible] (اے پی پی، رائٹر)

پولیس کی لاری میں گرفتار شدہ پانچ طالب علم بے ہوش ہو گئے

حکومت مغربی بنگال نے تحقیقات کرنے کا حکم دیدیا

کلکتہ ۱۲ ستمبر۔ مغربی بنگال کی حکومت نے آج چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ اور پولیس کمشنر کو ہفتہ کے دن پولیس کی گاڑی میں پانچ گرفتار شدہ طلباء کے بے ہوش ہو جانے کی تحقیقات کا حکم دیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ طلباء جنہیں عدالت میں لایا جا رہا تھا گرمی اور ہجوم زیادہ ہونے کے باعث بے ہوش ہو گئے تھے [illegible] جمعہ کے دن کلکتہ یونیورسٹی میں مظاہرہ کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ [illegible] کالجوں کے پرنسپلوں نے یونیورسٹی کے چانسلر سے [illegible] درخواست کی [illegible] کالجوں کو بند کر سکتے ہیں۔

لدھیانہ کے سوداگر کو سزائے موت

لدھیانہ ۱۲ ستمبر۔ [illegible] ایڈیشنل سیشن جج لدھیانہ نے مقامی جوہری [illegible] کو اپنے ایک ساتھی [illegible] قتل کے الزام میں سزائے موت کا حکم دیا ہے۔

جج نے فیصلہ میں لکھا ہے کہ یہ ایک ظالمانہ اقدام ہے۔ جس کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں ہو سکتی جس آدمی نے ایک اجنبی کے ساتھ یہ اقدام کیا ہے غیر انسانی فعل ہے۔

پنڈت نہرو نے نئے مکانات کے ماڈلوں کا معائنہ کیا

عنقریب ۲۸۰۰ روپے میں بنا بنایا مکان مل سکے گا

نئی دہلی ۱۲ ستمبر۔ [illegible] سستے مکان بنانے کی جو فیکٹری قائم کی جا رہی ہے کل پنڈت نہرو نے ان مکانوں کے ماڈلوں کا معائنہ کیا [illegible] یہ ماڈل مکانات دو کمروں پر مشتمل ہیں [illegible] غسل خانہ [illegible] ۲۸۰۰ روپے [illegible] (رپ، ا)

مسجد دوجانہ میں ترجمہ

مولانا اخلاق حسین صاحب کی علالت طبع کے باعث مسجد دوجانہ والی [illegible] کا ترجمہ ملتوی تھا۔ اب انشاء اللہ [illegible] ستمبر سے [illegible] شروع ہو جائے گا۔ (ترجمہ کمیٹی پہاڑی بھوجلہ)

کشمیری لیڈروں کی آمد

نئی دہلی ۱۲ ستمبر۔ شیخ عبد اللہ وزیر اعظم کشمیر مرزا افضل بیگ وزیر مالیات کے ہمراہ کل شام سری نگر سے یہاں پہنچ گئے۔ مولانا محمد سعید [illegible] سکریٹری نیشنل کانفرنس بھی ان کے ہمراہ ہیں۔ شیخ عبد اللہ یہاں [illegible] دستور ساز اسمبلی کے اجلاس [illegible] (ا پ ا)

ڈاکٹر لوہیا یورپ کے دورہ پر

بمبئی ۱۲ ستمبر۔ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا ہندوستان کے سوشلسٹ لیڈر یورپ کے دو ماہ کے دورہ کے بعد یہاں پہنچ گئے ہیں۔ (رپ، رائٹر)

ملک کی اقتصادی بدحالی پر ہندو مہا سبھا کی تشویش

مجلس عاملہ کا اجلاس۔ ۱۶ نکات پر مشتمل اصلاحی پروگرام

نئی دہلی ۱۲ ستمبر۔ ہندو مہا سبھا کی مجلس عاملہ نے اپنے دو روزہ اجلاس میں ہندوستان کی مالی اور اقتصادی تباہ حالی پر سخت اظہار تشویش کیا۔

مجلس عاملہ کے خیال میں ملک کی موجودہ اقتصادی تباہی کا باعث حکومت کی فضول خرچی اور عوامی روپیہ کا بے دریغ صرف ہے۔ حکومت نے اپنی درآمد و برآمد کی پالیسی میں بھی تنگ نظری سے کام لیا ہے۔ [illegible]

پانچ روپے سے زیادہ کے سکے پاکستان نہیں بھیجے جا سکتے

دہلی ۱۲ ستمبر۔ حکومت ہند کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ حکومت ہند اور ریزرو بنک آف انڈیا کی طرف سے [illegible] ستمبر کے غیر معمولی گزٹ میں ایک اعلان شائع ہوا ہے جس کی رو سے کوئی شخص پاکستان یا افغانستان کو ایک وقت میں پانچ روپے سے زیادہ کے سکے نہیں بھیج سکتا [illegible]

جائداد خریدنے والے اپنا بیعنامہ پختہ کرا لیں!

جن لوگوں نے پاکستان جانے والے مسلمانوں سے جائدادیں خریدی ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ [illegible] (E. P. ORDINANCE) [illegible] (CONFIRM) [illegible]

سبحان صاحب نارنول والے اپنی ہمشیرہ سے ملاقات کریں

دہلی ۱۲ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ سبحان صاحب جو نارنول کے رہنے والے ہیں [illegible] دفتر جمیعۃ علماء ہند دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
فون نمبر 6841
تار کا پتہ "الجمعیۃ" دہلی
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۵ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۱۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

سنکیانگ کو ٹیلی گرام بند

بمبئی ۱۳ ستمبر۔ محکمہ تار کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ سنکیانگ کو تار بھیجنا بند کر دیا گیا ہے۔ (پ ٹ ا)

دستور ساز اسمبلی میں مسئلہ زبان پر بحث کا دوسرا دن

سنسکرت نما ہندی کے ذریعہ خواندہ لوگوں کو ناخواندہ بنایا جا رہا ہے

اینگلو انڈین لیڈر مسٹر انتھونی اور قاضی کریم الدین کی تقریر

کانگریسی ممبروں سے مہاتما گاندھی کے اصولوں پر چلنے کی اپیل

(نمائندہ خصوصی)

زبان کے مسئلہ پر مولانا حفظ الرحمن صاحب کی تقریر صفحہ ۴ پر ملاحظہ فرمائیں

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ دستور ساز اسمبلی میں آج مسئلہ زبان کی بحث کا دوسرا دن تھا۔ [illegible]

جذبات کا غلبہ

قاضی کریم الدین نے کہا کہ ہندی کے خلاف نہیں بلکہ [illegible]

روس کی مثال

[illegible]

چندر نگر کے ہند یونین میں ادغام کی طرف اہم قدم

شہر پانڈیچری کی حکومتی کونسل کے کنٹرول سے باہر قرار دے دیا گیا

پانڈی چری ۱۳ ستمبر۔ فرانسیسی ہند کے گزٹ کے تازہ شمارے میں گورنر کا ایک فرمان شائع کیا گیا ہے، جس کے تحت چندر نگر کا شہر پانڈی چری کی حکومتی کونسل کے کنٹرول سے باہر قرار دے دیا گیا ہے۔ [illegible]

ریلوں کی آمد و رفت میں تاخیر
مشکوک اشخاص چھوڑتے دیکھے گئے

[illegible]

چھنگنگ میں خوفناک آگ

ہانگ کانگ ۱۳ ستمبر۔ چھنگنگ کے جنوبی حصہ میں آگ لگ جانے سے ... مکانات تباہ ہو گئے۔ [illegible] (پ ٹ رائٹر)

انڈونیشی یونین کے اقتدار اعلیٰ کے تحفظ کی تجویز

ہیگ کانفرنس میں انڈونیشی نمائندوں کی جانب سے یونین کا حل

ہیگ ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

حیدرآباد میں جاگیروں پر قبضہ
پائیگاہوں اور سمستھان بھی شامل ہیں

حیدرآباد ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

برما سے ہندی پناہ گزینوں کی آمد

کلکتہ ۱۴ ستمبر۔ [illegible]

شب پور کے بنک میں مسلح ڈاکہ۔ دو گرفتاریاں

پولیس نے تحقیقات کے بعد چھ بندوقیں برآمد کیں!

کلکتہ ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

دو سو ٹیکسیاں بند ہو گئیں

مدراس ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

عوامی کانگریس کا اجلاس

[illegible]

وزیر اعظم اسرائیل پر قاتلانہ حملہ

[illegible]

جلد یا بدیر اسلامستان بنے گا

چودھری خلیق الزماں کا اعلان

کراچی ۱۳ ستمبر۔ آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں نے [illegible]

برما سے چین جانے والی سڑک پر گھمسان کی جنگ

اہم مقام پر رات بھر گولہ باری ہوتی رہی

رنگون ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

انڈونیشی عورتوں کی کانفرنس

[illegible]

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
Delhi - 14-9-49

طلبا کی انجمنیں سیاست سے علیحدہ رہیں

دہلی میں طلبا کے جلسہ میں پنڈت نہرو کی تقریر

[illegible]

سکریٹری نشریات مسٹر حمید الدین پر جرح

سید قاسم رضوی کے مقدمہ کی مزید سماعت

حیدرآباد دکن ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

پاکستان کی زندگی سے تنگ آکر
بغیر پرمٹ کے ہندوستان میں داخلہ

امرتسر ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

جیلوں میں لاٹھی چارج کا واقعہ

ناگپور ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

ہندی کو سرکاری زبان بنانے کا مطالبہ

"ورنہ ۱۹۴۲ء کی طرح پھر تحریک شروع کی جائے گی"

الہ آباد کے ایک جلسہ عام کی روداد

الہ آباد ۱۲ ستمبر۔ ہندی یوواک سوشل یونین کی طرف سے منعقدہ ایک جلسہ عام میں یہ [illegible] ہندی کو دیوناگری رسم الخط میں سرکاری زبان قرار دیا جائے اور ہندی اعداد کو تسلیم کر لیا جائے۔ نیز انگریزی کو ختم کرنے کے لئے پندرہ سال کے بجائے دس سال کی مدت مقرر کی جائے۔ [illegible]

گوبند سہائے کی تقریر میں گڑبڑ ڈالنے کیلئے سنگھ کی ناکام کوشش

مسٹر سہائے نے سنگھ کے فسطائی ارادوں پر سخت نکتہ چینی کی

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[illegible]

چودھری خلیق الزماں اسلامستان کیلئے برطانیہ کی حمایت حاصل کریں گے

۱۴ ستمبر کو مشرق وسطیٰ روانہ ہو جائیں گے

کراچی ۱۳ ستمبر۔ [illegible]

کشمیر کمیشن کا وفد دہلی میں
سر گرجا شنکر باجپائی سے ملاقات

[illegible]

اب حکومت چین کے لئے سب سے زیادہ نازک وقت آگیا

براہ راست کینٹن پر حملہ کیلئے ۹ کمیونسٹ فوجیں جمع ہو گئیں

چینی حکومت نے بھی زبردست مدافعی تیاریاں شروع کر دیں

[illegible]

ایک طالوی نوجوان کی بہادری

ایک انجن والے طیارہ پر نیو یارک کی جانب

[illegible]

بریلی میں جائدادوں پر قبضہ

[illegible]

ڈائیو کے مقام پر پُراسرار حالت میں دو انگریز گرفتار

خاص کام سے کینٹن جا رہے تھے

[illegible]

صوبہ متحدہ اور نیپال کی سرحد پر جنگلی ہاتھیوں کی شورش

[illegible]

ڈپٹی کمشنر بھٹنڈا کا عوام کو سخت انتباہ

[illegible]

پیراگوے کے صدر کا استعفیٰ

[illegible]

دربھنگہ میں چینی کا اسٹاک ضبط!

[illegible]

غیر ذمہ دارانہ تقاریر اور پوسٹروں کا جمعیت علماء سے کوئی تعلق نہیں

مسلمان مضطرب نہ ہوں حکومت شکایات سے بے خبر نہیں

جمعیت علماء کا راستہ انشاء اللہ مسلمانوں کیلئے بہتر ہوگا حضرت سحبان الہند کا بیان

(نامہ نگار الجمعیۃ)

دہلی ۱۳ ستمبر۔ کسٹوڈین کے عمل کی شکایات کے سلسلہ میں جمعیت علماء ہند کے نائب صدر سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دہلی میں چند دنوں سے مسلمانوں میں ایک عام اضطراب اور ہیجان پایا جاتا ہے۔ اور بعض غیر معتلق لوگ پھر فرار کی ترکیبیں سوچ رہے ہیں [illegible] مسلمانوں کو مطلع کرتا ہوں کہ ان کی تمام آئینی اور غیر آئینی شکایات سے گورنمنٹ کو آگاہ کر دیا ہے۔ اور گورنمنٹ ان حالات پر غور کر رہی ہے۔ جو آرڈیننس پر عمل کرنے یا بعض عمال حکومت کی بے ضابطگیوں سے پیش آ رہے ہیں۔

[illegible]

پاک ایر لمیٹڈ
باقاعدہ مقررہ سروسیں
دہلی تا { کراچی / لاہور / راولپنڈی — براستہ لاہور / پشاور — براستہ لاہور
اوقات
دہلی تا کراچی
ہر منگل کو
روانگی دہلی ۵ — ۱۲
آمد کراچی ۵ — ۱۵
دہلی لاہور (روزانہ)
روانگی دہلی ۵۰ — ۵۹
آمد لاہور ۴۰ — [illegible]
لاہور — راولپنڈی — پشاور
روانگی لاہور ۵۰ — ۱۲
آمد راولپنڈی ۴۰ — ۱۳
روانگی راولپنڈی ۰ — ۱۴
آمد پشاور ۵۰ — ۱۴
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی
ٹیلیفون 8308

گمشدہ کی تلاش
[illegible]
اطلاع دیں
[illegible]

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۵ ستمبر ۴۹ء

افکارِ پاکستان

تعلیم کے اسلامی اصول

اب سے چند صدی قبل مسلمانوں کے دار العلوموں میں جن تاریخ، جغرافیہ، منطق، فلسفے، ادبیات، طبیعات، ریاضیات وغیرہ کی تعلیم ہوتی تھی اگر کوئی یہ کہے کہ آئندہ پاکستان میں جنس انہیں کی تعلیم ہو اور جو اس دوران میں دنیا نے ان فنون میں اور خصوصاً سائنس میں ترقیاں کی ہیں انہیں بالکل نظر انداز کیا جائے۔ تو یہ حماقت ہے۔ یہ سب فنون ہیں ان میں اس کے سوائے کوئی غیر اسلامی اور غیر اسلامی نہیں ہوتی کہ مثلاً فلسفہ کے ذریعہ کائنات کی حقیقتوں کی تلاش سے خالق کون و مکان کے عرفان میں مدد حاصل کرتا ہے۔ اور غیر مسلم انانیت اور گمراہی کے فروغ میں مدد لیتا ہے۔ اور زاویہ نظر کے فرق کے ساتھ مسلمانوں کو بھی دنیا کے تمام مروجہ فنون اور علمیات کا جوش کے ساتھ حاصل کرنی ہیں جس کے ساتھ غیر مسلم انھیں حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ ان سے بھی زیادہ انہماک اور مجتہدانہ ہمت کے ساتھ۔

یہ اس صدی میں نہیں ہوا ہے اور پاکستان میں بھی نہیں کہ مسلمانوں نے یونانی علوم و حکمت کے تراجم کئے۔ اور پھر ایسے شاندار اضافے کئے کہ یورپ انھیں نظر انداز نہیں کر سکا۔ علم و حکمت کے حصول میں مسلمان کبھی تنگ نظر نہیں رہے۔ مسلمانوں نے تو علم و حکمت کو اپنا ورثہ سمجھا ہے اور اپنے ہادی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہدایت کے مطابق اس معاملے میں مسلمانوں کو تعصب چھو بھی نہیں گیا۔

لیکن اسلامی اصولوں کے مطابق تعلیم کے کیا معنی ہیں اسے سمجھنے کی اشد ضرورت ہے۔ اسلامیات اور اسلامی اصولوں کی تعلیم تو ہوتی ہے اسے سب سمجھتے ہیں لیکن تعلیم کے اسلامی اصول کیا ہیں۔ ان سے ہم واقف نہیں۔ وہ بھی ضرور دیکھ رہے ہوں گے۔ ماہرین تعلیم انہیں جانتے ہوں گے ہمارے خیال میں اس تقریب میں انہیں ہم کا مقصد اسلامی اصولوں ہی کی تعلیم ہے ہے۔ کیونکہ انھوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جب تک ہم ان سے واقف نہ ہوں گے اس وقت تک ہم اسلامی طریقہ پر زندگی بسر نہیں کر سکتے

(ڈان کراچی)

شاہی ترجیح

ایک خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ آئندہ ملکہ پاکستان کی کابینہ شاہی ترجیح کے سمجھوتے کو منسوخ کرنے کی تجویز پیش کرے گی۔ سر محمد ظفر اللہ خاں، آنریبل غلام محمد اور آنریبل فضل الرحمٰن اس سے قبل کئی بار کہہ چکے ہیں کہ ۱۹۳۲ء کا اوٹاوا پیکٹ پاکستان کے لئے سخت مضرت رساں ہے۔

اپنی ساری خوش فہمیوں کے باوجود ہمیں یقین نہیں آتا کہ متذکرہ بالا قیاس صحیح ہے۔ پاکستان کے وزراء نے اوٹاوا پیکٹ اور شاہی ترجیح کی لاکھ زبانی برائیاں کیوں نہ کی ہوں عملاً انھوں نے ہر موقع پر پاکستان کی تقدیرات کو برطانیہ سے منسلک کرنے کی کوشش کی۔ اور برطانوی سٹرلنگ کو بچانے کے لئے پاکستان کے تجارتی اور اقتصادی مفاد کو قربان

انگلستان کا سب سے بڑا ثبوت وہ معاہدہ ہے جو حال ہی میں آنریبل غلام محمد نے برطانیہ سے طے کیا۔

اوٹاوا پیکٹ دور غلامی کی بدترین یادگار ہے اس مذموم معاہدے سے انگریز ہماری ساری اقتصادی زندگی پر مسلط ہو گیا ہے۔ انگریز تاجروں نے اس برعظیم پر منافع خوری اور معاشی استحصال کے لئے قبضہ کیا تھا۔ ان کی اقتصادی حکمت عملی ہمیشہ یہ رہی کہ اس ملک سے خام مال حاصل کیا جائے۔ یہاں صنعتیں قائم نہ ہونے دی جائیں اور برطانیہ کا بنا بنایا مال من مانے داموں یہاں کے بازاروں میں کھپایا جائے۔

۱۹۳۲ء میں بمقام اوٹاوہ جو معاہدہ ہوا تھا اس معاہدہ کو ایک کھلا ہوا فریب اس لئے کہ اس وقت ہندوستان کا حکمران تاج برطانیہ تھا۔ حکومت برطانیہ اور انگریز دانشوروں کے درمیان اس ملک کے بارے میں جو سمجھوتہ ہوا اسے بین الاقوامی قانون کی رو سے معاہدہ نہیں کہا جا سکتا۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ درست ہے کہ اوٹاوہ میں برطانیہ نے ایک غلام ملک سے زیادہ سے زیادہ طلب منفعت حاصل کیا تاکہ برطانوی مصنوعات ہندوستان میں کھپ سکیں اور ہندوستان کی خام پیداوار پر برطانیہ کا اجارہ قائم ہو جائے۔ اور یہاں صنعت قیامت تک نہ پنپنے پائے۔ (امروز کراچی ۱۱ ستمبر)

شرمناک خلفشار

یونیورسٹی گراؤنڈ کے جلسہ عام میں مولوی عبدالباری صدر مسلم لیگ کے خلاف جو مظاہرہ کیا گیا تھا اسے باری صاحب نے ایک سازش کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے ایک طویل بیان ارشاد فرمایا اور اس بیان میں لیگ کے بعض کارکنوں پر کچھ الزامات عائد کئے جن میں ایک چودھری محمد اقبال چیمہ کے جنرل سکریٹری مقرر ہونے کے متعلق تھا۔ اس بیان کے شائع ہونے پر میاں ممتاز دولتانہ سابق صدر مسلم لیگ اور چودھری محمد اقبال چیمہ جنرل سکریٹری کی طرف سے خاص تحسین ہوئی۔ چنانچہ مولوی عبدالباری کے بیان کے جواب میں دونوں اصحاب نے اپنے بیانات شائع کرائے ہیں جن میں مولوی صاحب کے عائد کردہ الزامات کی تردید نہایت زور سے کی گئی ہے۔ اس بحث کو جانے دیجئے کہ سچا کون ہے کس کا بیان وزن دار ہے اور کس کے دلائل میں جان ہے۔ یہ ایک بات مسلم ہے کہ لیگ کے عہدہ داروں اور ارکان میں انتشار، خلفشار اور نااتفاقی موجود ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مسلم لیگ مغربی پنجاب کے مسلمانوں کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے اور یہ حضرت قائد اعظم کی یادگار ہے لیکن اس سب سے بڑی سیاسی جماعت کے ارکان میں نہایت شرمناک خلفشار موجود ہے۔ شائع شدہ بیانات سے یہ بات قطعی ظاہر ہو گئی کہ لیگ کے صدر اور جنرل سکریٹری کی آپس میں ان بن ہے۔ ان حالات میں لیگ کے ہونے کے معنی کیا رہ گئے؟

اچھی باتیں

والسماء رفعها ووضع المیزان (پ ۲۷)

خدا نے آسمان کو اونچا بنایا ہے اور اس کی ایک میزان مقرر کر دی ہے تم کو چاہیئے کہ مول تول میں کمی زیادتی نہ کرو اور وزن کرتے وقت انصاف کو ملحوظ رکھو اور ترازو کو ٹھیک ٹھیک استعمال کرو۔

یہاں انسانی معاشیات کے ایک خاص پہلو کی تشریح کی گئی ہے یعنی زمین و آسمان کی ایک ترازو ہے اور ان کا قیام اسی ترازو پر مبنی ہے اگر کائنات کی یہ ترازو بگڑ جائے تو ہر وجود کی گرہ کھل جائے گی اور کوئی چیز قائم نہ رہ سکے گی اسی طرح معاشیات میں ترازو کی اہمیت کو بہت بڑا دخل ہے اور اس کا توازن صحیح مول تول سے قائم رہتا ہے، پس تم کاروبار میں ترازو اور پیمانہ کو ٹھیک رکھو کیونکہ اسی ترازو سے انسان کی نیت کا اندازہ ہوتا ہے جو لوگ مول تول میں کمی بیشی کرتے ہیں وہ در اصل معاشیات کے توازن کو خراب کرتے ہیں اور ان سے دنیا کے دوسرے معاملات میں عدل اور انصاف کی کوئی امید نہیں ہو سکتی در اصل ترازو قوموں کے اخلاق کا ایک زبردست معیار ہے اور معاشیات کا توازن اور عدم توازن صرف اسی ایک بات سے معلوم ہو جاتا ہے۔

خوراک پیدا کرنے کی مہم

خوراک کا مسئلہ روز بروز اہم بنتا جا رہا ہے، کیونکہ انسانی اور حیوانی زندگی کا اس پر انحصار ہے اس بارے میں حکومتوں کو اس لئے تشویش ہے کہ ایک طرف تو دنیا کی آبادی میں اضافہ پر اضافہ ہو رہا ہے، دوسری طرف خوراک اس اندازہ سے پیدا نہیں کی جا رہی ہے کہ سب کے لئے کفایت کر سکے اگر آبادی اور خوراک میں تناسب اور توازن قائم نہ ہو تو لامحالہ کسی نہ کسی ملک کو خوراک کی کمی سے دوچار ہونا پڑے گا اور دوسرے ممالک، مقامی ضروریات کے پیش نظر اس کی کوئی امداد نہ کر سکیں گے، روٹی کا مسئلہ در اصل زندگی کا مسئلہ ہے اگر زندگی ہی خطرہ میں پڑ گئی تو حکومت کرنے والے حکومت کس پر کریں گے اور کاروبار کرنے کے لئے کس کے ذریعے کاروبار کریں گے جان ہے تو جہان ہے۔ اسی زندگی کے ساتھ دنیا کی رونق وابستہ ہے اور اسی کے لحاظ حرکت و عمل کا بازار گرم ہے؛

اس سلسلہ میں ایک سوال بہت ہی اہم ہے وہ یہ کہ کیا واقعی دنیا میں خوراک کی کمی ہے؟ کیا آبادی کے مطابق خوراک پیدا نہیں کی جاتی؛ کیا اس بات کا امکان ہے کہ کسی وقت جا کر خوراک کی پیداوار اور کھپت کا توازن بگڑ جائے اور کروڑوں انسان بھوک کا شکار ہو جائیں؟ اس کے جواب میں اب تک جو کچھ کہا گیا ہے وہ اس قدر پراگندہ اور متضاد ہے کہ کسی ایک پہلو کا تعین یقین کے ساتھ نہیں کیا جا سکتا، کبھی تو اس قسم کے اعداد و شمار شائع ہوتے ہیں کہ انہیں دیکھتے ہی دل پریشان ہو جاتا ہے اور یقین ہو جاتا ہے کہ خوراک کے مسئلہ نے بڑی نازک شکل اختیار کر لی ہے اور کبھی ایسی قسم کی اطلاعات آتی ہیں کہ خوراک کی کوئی کمی نہیں ہر ملک میں غلہ بھرا پڑا ہے بلکہ بعض ملکوں میں تو خوراک کو کم پیدا کرنے کے منصوبے گانٹھے جا رہے ہیں، یہی لوگ ہمیں یہ بھی بتاتے ہیں کہ قیمتوں کو بڑھانے کی خاطر بعض ممالک میں غلہ کو کثیر مقدار میں ضائع کر دیا جاتا ہے اور یہ حساب لگا کر کہ آیا زیادہ غلہ اور کم قیمت کی ارزانی میں زیادہ فائدہ ہوگا یا کم غلہ اور قیمت کی گرانی سے سرمایہ داروں کی تجوریاں بھریں گی،

بھی کام لینا پڑے گا دوسرے ممالک میں ایک ایکڑ زمین میں جس قدر غلہ پیدا ہوتا ہے، اتنا ہندوستان میں پیدا نہیں ہوتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کاشتکاری کے سلسلے جہالت اور بے خبری کو طور دی گئی ہے اور جہالت کے باعث کسانوں کو یہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ سائنٹفک زراعت کیا چیز ہے اور پیداوار کو بڑھانے کے لئے کیا کیا تدابیر اختیار کرنی پڑتی ہیں، حکومت کی طرف سے بھی کوئی خاص ایسا انتظام نہیں ہے کہ زراعت کے ماہرین کسانوں کے پاس پہونچ کر انکا ہاتھ بٹائیں اور انہیں مفید مشورے دے کر ان میں ترقی کا کوئی ذوق پیدا کریں۔ زراعتی محکمے ہر جگہ موجود ہیں لیکن کسانوں کو یہ بھی نہیں بتایا جاتا کہ وہ ان سے کس قسم کی امداد حاصل کر سکتے ہیں اور ان کی امداد انہیں کیا فائدہ پہونچا سکتی ہے۔

ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ محکمہ زراعت کے افسر کھیتوں پر پہونچے ہوں اور کسانوں کو بتایا ہو کہ بہتر تخم کہاں سے مہیا ہو سکتا ہے، زراعت کو کس طرح ترقی دی جا سکتی ہے کسانوں کو امداد دینے کا طریقہ کیا ہے اور حکومت کسانوں سے کیا چاہتی ہے؟

خود کسانوں کو اتنی فرصت اور ہمت کہاں کہ وہ خود جا کر زراعتی محکموں سے فائدہ اٹھائیں اور جدید معلومات حاصل کر کے اپنے زراعتی معیار کو بلند کریں ہمارے خیال میں یہ بہتر ہوگا کہ محکمہ زراعت کے افسر خود کسانوں کی جھونپڑیوں میں پہونچیں اور انہیں گھر پر پیداوار بڑھانے کی تدابیر بتائیں، یا پھر کوئی قانون ایسا ہو جس کی رو سے ہر کسان کے لئے زراعتی امتحان دینا لازمی ہو!

اب گویا یہ بات تو مان لینی چاہیئے اور اس پر عمل بھی شروع کر دینا چاہیئے کہ خوراک زیادہ سے زیادہ پیدا ہو اور دس فیصدی کی کمی جلد سے جلد پوری ہو جائے۔ اس کے بعد ہی یہ دوسرا مشورہ کہ خوراک کی کھپت میں بھی کمی ہو سو اس کے لئے ایک تحریک یہ شروع ہونے والی ہے کہ ہر شخص ایک ہفتہ میں ایک وقت بغیر خوراک کے گذارے اور یا اس سے زیادہ سے کھائے کہ ہفتہ میں ایک وقت کی خوراک کی بچت ہو جائے، اگر لوگ سچائی اور دیانتداری کیساتھ

تحریک کی جگہ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ حکومت غلہ کو چوہوں اور کیڑوں سے بچانے کا انتظام کرے اور دیہات و قصبات میں یہ مہم شروع کر دے تاکہ غلہ اس طریقہ سے ضائع نہ ہونے پائے، ہمارا تجربہ ہے کہ چوہوں کی ضیافت اور کیڑوں کی یلغار سے ایک من غلہ تیس سیر رہ جاتا ہے، کیڑے غلہ کو کھوکھلا کر کے اس کی غذائیت فنا کر دیتے ہیں اور اس طرح ہر سال کروڑوں من غلہ ضائع ہوتا رہتا ہے، اب حکومت کا فرض ہے کہ وہ غلہ کو کیڑوں سے بچانے کی تدبیر بتائے اور اسے چوہوں سے محفوظ رکھنے کے لئے کوئی ایسی صورت پیدا کرے جو عوام کیلئے قابل عمل ہو، اس تدبیر سے جو غلہ بچے گا اس کی مقدار اس غلہ سے بہت زیادہ ہوگی جو ہفتہ میں ایک وقت کھانے سے بچایا جائے گا۔

سے یہ بتایا جائے کہ یہ نرا پروپیگنڈہ ہی نہیں ہے بلکہ حقیقت ہے کہ غلہ کھپت کے مطابق پیدا نہیں ہوتا، اس یقین دہانی کے بعد خوراک زیادہ پیدا کرنے کی مہم پر لوگوں کی توجہ مبذول ہوگی اور کھپت میں کمی کرنے کا رجحان بھی ترقی پکڑے گا۔

جہاں تک خوراک زیادہ پیدا کرنے کا سوال ہے اسے تو کسی صورت میں نہیں ٹالا جا سکتا، ہندوستان کے لئے تو یہ مہم ازبس ضروری ہے کیونکہ خوراک کے بارے میں وہ ابھی تک خود کفیل نہیں بن سکا ہے بلکہ اسے ہر سال غلہ باہر سے منگانا پڑتا ہے، دنیا میں خوراک کم ہو یا زیادہ، بہرحال ہندوستان میں خوراک کی کمی ایک مانی ہوئی حقیقت ہے اس کے لئے صرف یہ پروپیگنڈا ہی کافی نہ ہوگا کہ خوراک زیادہ پیدا کرو بلکہ فالتو زمینوں کو زراعت کے قابل بھی بنانا پڑے گا اور ساتھ ہی زراعت کے سائنٹفک آلات سے

مسلمانوں کی مذہبی تعلیم او اصلاح کیلئے ایک اہم مضمون

(از: مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی)

دینیات کے ابتدائی نصاب کے متعلق ایک اہم تبصرہ کے عنوان سے ایک مفصل مضمون اخبارات میں شائع کرایا تھا جس کے آخر میں ایک نصاب بھی تھا جو ابتدائی مکاتب اور شبینہ مدارس میں پڑھایا جائے گا یہ نصاب نہ صرف یہی نہیں بلکہ ہر مقصد سے شائع کیا جا رہا ہے کہ اہل بصیرت حضرات دینی تعلیم کی ضرورت اور مناسب ہو اس سے مطلع فرمائیں تاکہ یہ نصاب ایک مفید نصاب بن سکے اور اس قابل ہو جائے کہ اس کو جمعیۃ علماء ہند کا مرتب کردہ نصاب کہا جا سکے۔

اس سلسلہ میں آج کی اشاعت میں ایک مضمون مولانا مناظر احسن صاحب گیلانی کا شائع کیا جا رہا ہے یہ مضمون در حقیقت ایک خطبہ ہے جس نے مضمون کی شکل اختیار کر لی ہے۔ اس مضمون میں ایک اہم اور خاص تجویز پیش کی گئی ہے جو بہت زیادہ قابل غور ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد دار العلوم دیوبند پاسبان ملت ثابت ہوا جس نے حفاظت ملت کے ساتھ وطن عزیز کی فلاح و بہبود کے لئے ترقی پذیر جماعتوں کی صف میں کھڑے ہو کر

دستور ہند میں قومی زبان کے مسئلہ پر اہم بحث مولانا حفظ الرحمٰن کی زبردست تقریر

صرف ہندوستانی ہی اس ملک کی قومی زبان بن سکتی ہے، مہاتما گاندھی کی بھی یہی خواہش تھی خود کانگریس بھی تیس سال تک اسی کا پرچار کرتی رہی ہے!

اگر صرف سنسکرت کیلئے اردو کو ختم کرنا چاہتے ہو تو ہندوستانی زبان نہیں ملیا میٹ کردو

ہندی زبان صرف ایک طبقہ کو مرعوب کرنے کیلئے ٹھونسی جا رہی ہے

ہندی پریمیوں کی لچر دلیلوں کا مدلل جواب!

منشی آئینگر کا مسودہ

گوپال سوامی کا مسودہ

سنسکرتی اور تہذیب

مغربی بنگال کے نئے انتخابات اعلان کے مطابق ہونگے

وزارت میں مخالف گروہ کے نمائندہ ڈاکٹر گھوش کی شمولیت کا امکان!

نئی دہلی ۱۳ ستمبر (پریس ٹرسٹ)

باخبر حلقوں کی رائے ہے کہ کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اس فیصلہ میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں ہے کہ اس سال کے اختتام تک مغربی بنگال میں نئے انتخابات کرائے جائیں۔

اسمبلی میں سنسکرت میں بات چیت

اسمبلی میں معاوضہ کی دفعہ منظور

۱۶ برس سے کم عمر کے بچوں پر سینما دیکھنے کی پابندی

سیگاؤں سے بیس میل کے فاصلہ پر ویٹ منھ کے گوریلوں کا حملہ

دنیا کی آبادی میں ہر سال ۲ کروڑ کا اضافہ

انڈونیشیا کے لئے فلپائن سے قرضہ

جمہوری وفد عنقریب روانہ ہوگا!

بٹاویا ۱۳ ستمبر۔ مسٹر لائرہ کی سرکردگی میں انڈونیشیوں کا ایک وفد عنقریب فلپائن جا رہا ہے تاکہ جمہوری حکومت کے لئے ان چیزوں کا انتخاب کرے جن کی فلپائن کی حکومت نے انڈونیشی حکومت کو دینے کی منظوری دی ہے۔ حکومت انڈونیشیا کو دس لاکھ امریکی ڈالر کا قرض دے رہی ہے۔

کشمیر کی فوجوں کا انتظام

حکومت ہند نے سنبھال لیا

سری نگر ۱۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے ریاست جموں و کشمیر کی تمام فوجوں کا انتظام خود سنبھال لیا ہے۔ ان فوجوں کے مصارف بھی حکومت ہند ہی برداشت کرے گی۔ نیشنل ملیشیا پر حملہ کرکے … کشمیر کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ (دی۔ پی)

کون جانتا ہے کہ ۵۵ء تک موجودہ حکومت قائم رہیگی (یوسف مہر علی)

سوشلسٹ پارٹی کے برسراقتدار آنے کا ۲۵ فیصدی بھی امکان نہیں (مرار جی)

(مسٹر مرار جی ڈیسائی اور یوسف مہر علی میں جھڑپ)

بمبئی ۱۳ ستمبر (پریس ٹرسٹ) کل بمبئی اسمبلی میں بمبئی کے وزیر داخلہ مسٹر یوسف مہر علی نے کہا کہ "مجھے یقین ہے کہ اس صوبے میں ۱۹۵۲ء میں بھی سوشلسٹ پارٹی کے برسر اقتدار آنے کی کوئی امید نہیں ہے"

وزیر داخلہ مسٹر مرار جی ڈیسائی نے فوراً جواب دیا کہ سوشلسٹ ممبر نے پہلے ہی سے اس کا فیصلہ کیا ہے کہ اگر وہ برسر اقتدار آگئے تو کیا ہوگا۔ لیکن مجھے یقین نہیں ہے کہ ۱۹۵۲ء میں سوشلسٹ وزارت برسر اقتدار آ سکے گی۔

مغربی جاوا میں دار السلام پارٹی کے گوریلوں پر ڈچوں کا حملہ

اسی افراد ہلاک و زخمی۔ جمہوری فوجی حلقوں کا بیان

انڈسٹریل ایمپلائرز ایسوسی ایشن کا اجلاس

مسٹر جین کی صدارتی تقریر

ہندی کی بجائے سنسکرت

معلوم ہوا ہے کہ ڈاکٹر امبیدکر نے بڑی سرگرمی

سے یہ تحریک شروع کر دی ہے کہ ہندوستان کی قومی اور سرکاری زبان سنسکرت ہو۔ اس سلسلہ میں آپ نے فرمایا کہ "آخر سنسکرت میں کونسی کمی

سہارنپور کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

مغویہ عورت برآمد ہوئی

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) دفتر جمعیۃ العلماء سہارنپور سے معلوم ہوا ہے کہ مسماۃ شریفاں دختر قاضی منتو شاہ موضع [illegible] والی ریاست پٹیالہ کی ایک مغویہ عورت ہے جس کو کسی سکھ پرچند دہلی سے لے آیا تھا اور اس وقت سے اب تک اس کو موقع نکلنے کا نہیں ملا تھا چنانچہ ۹ ستمبر ۱۹۴۸ء کو پرچند سے چھٹکارا مل گیا اور [illegible] کے سامنے اس نے بیان دیتے ہوئے کہا کہ میں مسلمانوں میں جانا چاہتی ہوں۔ فساد کے بعد سے میں دہلی میں پرچند کے یہاں رہی اور اس نے مجھے نکلنے کا موقع نہیں دیا۔ حکومت نے مسماۃ شریفاں کو جالندھر کیمپ کے لئے بھیج دیا ہے۔

دکھانے کے بہانے برتن لے اڑا

سرداوہ ۹ ستمبر۔ پولیس نے کلکتہ سے ایک [illegible] کو اس جرم میں گرفتار کیا ہے کہ وہ دکانداروں سے کپڑے اور برتن [illegible] دکھانے کے بہانے لے جاکر رفو چکر ہو گیا تھا۔ (ن۔ ن۔ س)

ناجائز شراب کی فروخت

سرداوہ ۹ ستمبر۔ ان دنوں پولیس ناجائز شراب فروخت کرنے والوں کی سرگرمی سے سرکوبی کر رہی ہے لوگوں نے شراب کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لئے نئے نئے طریقے نکالنے شروع کر دیئے ہیں۔ [illegible] ربڑ کی تھیلیوں میں بھر کر پہنچائی [illegible] (ن ن س)

نکوڑ میں نکاسیوں کی جائدادیں ضبط ہونگی

نکوڑ (ضلع سہارنپور) ۹ ستمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ نکوڑ میں مسلم نکاسیوں کی جائدادوں کو سپرد کرنے کا سلسلہ سرگرمی سے جاری ہے۔ کچھ مسلمانوں نے جمعیۃ علماء نکوڑ سے شکایت کی ہے کہ ان کا کوئی رشتہ دار پاکستان نہیں گیا۔ مگر ان کی بھی جائداد کسٹوڈین کے سپرد کر دی گئی ہے۔ (ن ن س)

دیوبند کا نیا ایس ڈی ایم

دیوبند ۹ ستمبر۔ سرکاری حلقوں سے پتہ چلا ہے کہ [illegible] ایس ڈی ایم دیوبند مقرر ہوئے ہیں اور آج کل میں چارج لے لیں گے۔ (ن ن س)

میرٹھ میں زمیندارہ سسٹم ختم

میرٹھ ۱۰ ستمبر۔ یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گوبند ولبھ پنت "زیادہ اناج اگاؤ" اور زمیندارہ سسٹم کے خاتمہ کے بارے میں ایک سرکاری کیمپ کی رسم افتتاح ادا کریں گے۔ اس میں فوڈ کمشنر بھی شمولیت کریں گے۔ (ن ن س)

مالابار کا ایک صوبہ بنانے کا مطالبہ

کالی کٹ ۱۳ ستمبر۔ مالابار کے لیڈر [illegible] متحدہ کیرالا صوبہ کی تشکیل کی طرف ایک قدم [illegible] انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ [illegible] مالابار [illegible] کے علاقوں کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔ [illegible] (اپ ٹ)

دولت مفت

[illegible] کے کرامی [illegible] اردو [illegible] مفت طلب فرمائیے۔ [illegible] منیجر دولت ویکلی۔ آوارہ روڈ بھوپال

ہوائی جہاز
بذریعہ پارسل
بذریعہ ٹرک و ریل
سامان ہماری معرفت [illegible] روانہ کریں اور [illegible] کمیشن خریدیں۔
دی کمرشل کارپوریشن [illegible] سوداگران [illegible] دہلی

ہندوستان نے کمیشن کی تجویز منظور نہ کرکے اچھا نہیں کیا

اقوام متحدہ کمیشن کی تجاویز پر لندن کے اخبار کا تبصرہ

لندن ۱۲ ستمبر۔ مانچسٹر گارجین نے کشمیر کے [illegible] تبصرہ کرتے ہوئے [illegible] کی اشاعت میں کہا ہے کہ اگرچہ پاکستان وزیر اعظم [illegible] اور صدر ٹرومین کی اپیل کہ کشمیر کی عارضی صلح کی شرائط ایڈمرل نمٹز [illegible] منظور نہیں کر سکتا تو مجلس تحفظ کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا۔ اب کیا کیا جائے اس اخبار نے اقوام متحدہ کمیشن کے طریق کار پر نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھا کہ اس پر اعتراض کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اب تک اس مسئلہ میں کامیابی نہ ہونا استقلال کی کمی کی وجہ سے نہیں ہے اس اخبار نے لکھا ہے کہ کمیشن نے فریقین کو [illegible] کرنے کے لئے دونوں کو اس قسم کے اطمینان دلانے میں [illegible] پاکستان کے مسٹر [illegible] اور [illegible] کی اپیل منظور [illegible] کا ذکر کرنے کے بعد اس اخبار نے ہندوستان کے لئے یہ اپیل منظور کرنے پر نکتہ چینی کی ہے اور لکھا ہے کہ ہندوستان نے [illegible] معاملہ میں اچھا طرز عمل اختیار نہیں کیا۔ اس اخبار نے یہ بھی لکھا کہ جب کشمیر کا مستقبل استصواب رائے پر منحصر ہے تو ہندوستان کو دستور ساز اسمبلی میں کشمیری نمائندے کو نہیں بٹھانا چاہیئے تھا اور یہ اعلان نہیں کرنا چاہیئے تھا کہ کشمیر ہندوستان کا حصہ ہے پاکستان بھی ہندوستان کی طرح اپنے مقدمہ کے مبنی بر انصاف ہونے کا یقین رکھتا ہے اس اخبار نے آخر میں لکھا کہ کسی پارٹی کو ایسا رویہ نہیں اختیار کرنا چاہیئے جس سے یہ ظاہر ہو کہ مسئلہ کا اس کے حق میں فیصلہ ہو چکا ہے۔ (رٹ)

حکومت صوبہ متحدہ نے شکر کی قیمت مقرر کر دی

لکھنؤ ۱۲ ستمبر۔ حکومت صوبہ متحدہ نے شکر کی قیمت ۱۳ [illegible] فی سیر مقرر کر دی ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے مقرر کئے ہوئے تاجروں کو ممنوعہ شکر کے اسٹاک میں سے کچھ حصہ دیئے جانے کی بھی اجازت دے دی گئی ہے۔

بانکی پور جیل کے وارڈروں کی ہڑتال

پٹنہ ۱۲ ستمبر۔ مسٹر [illegible] سنگھ سکریٹری بہار پولس اینڈ جیل مین ایسوسی ایشن نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ بانکی پور جیل کے وارڈروں نے ۱۰ ستمبر کو ۴۸ گھنٹہ کی ٹوکن ہڑتال کر دی۔ ان کا مطالبہ ڈیوٹی کے اوقات کا تعین، بارک اور کچن کی آسانیاں تھیں۔ (اپ ٹ)

ریلوے اسٹیشن کو آگ لگا دی

سنگاپور ۱۲ ستمبر۔ کل شور و غل مچاتے ہوئے تین سو چینی کمیونسٹوں نے ملایا کے ضلع پہانگ کے شہر [illegible] پر حملہ کر دیا۔ تھانہ کا محاصرہ کر لیا اور ریلوے اسٹیشن کو آگ لگا دی بعد میں ایک ریل کو [illegible] سے اتار دیا۔ ریلوے کے دو انگریز انجینیر پولس [illegible] طرف آ رہے تھے ان کو گوریلوں نے پکڑ لیا اور ہلاک کر دیا۔ (گلوب)

چینی بحریہ کے ساتھ برطانوی جنگی جہازوں کا دوستانہ رویہ

اردن میں قحط کا خطرہ

عمان ۱۲ ستمبر۔ سلطنت اردن کے جنوبی حصہ کے بعض دیہات میں قحط پڑ جانے کے خطرہ کے پیش نظر وزارتی کمیٹی کی تشکیل ضروری ہو گئی ہے۔ پرسوں وزارتی کمیٹی کا خصوصی اجلاس ہوا [illegible] انتظامات کی منظوری دی گئی۔ کمیٹی نے ہر شخص کو کام دلانے کا بھی ذمہ لیا ہے۔ (گلوب)

بیت المقدس پر ڈی ڈی ٹی چھڑکی جائے گی

عمان ۱۳ ستمبر۔ بیت المقدس کی بین الاقوامی ریڈکراس [illegible] نے ارادہ ظاہر کیا ہے کہ تمام بیت المقدس پر ڈی ڈی ٹی (ایک جراثیم کش دوا) چھڑکنے میں حکام کی پوری پوری مدد کرے۔ یہ دوا اس لئے چھڑکی جا رہی ہے کہ بیماریاں زیادہ نہ پھیل سکیں۔ (گلوب)

پنجابی زبان کی یونیورسٹی قائم کی جائے

سکھ ایجوکیشنل کانفرنس کا مطالبہ

پٹیالہ ۱۳ ستمبر۔ سکھ ایجوکیشنل اور سوشل کانفرنس نے اپنے [illegible] اجلاس میں مطالبہ کیا ہے کہ پٹیالہ اور مشرقی پنجاب اسٹیٹس یونین کے لئے فوراً ایک یونیورسٹی قائم کی جائے جس میں ذریعہ تعلیم پنجابی اور رسم خط گورمکھی ہو۔ [illegible] ہندوستان کی قومی زبان کی حیثیت سے اپنی جگہ سنبھالے گی۔ جہاں پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کا تعلق ہے پنجابی زبان اور گورمکھی رسم خط کی جگہ نہ لے سکے گی۔ (اپ ٹ)

لوہے فولاد کی کمیٹی کا تیسرا اسیشن

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ آئی ایل او کی لوہے اور فولاد کی کمیٹی کا تیسرا سیشن ۲۳ نومبر سے ۳ دسمبر تک جنیوا میں ہوگا یہ اطلاع حکومت ہند کی وزارت محنت کے ایک کمیونک میں دی گئی ہے۔ سیشن کے ایجنڈے میں لوہے اور فولاد کی صنعت اور ان صنعتوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی بہتری کے معاملات شامل ہیں۔ (اپ ٹ)

آلوؤں کی برآمدی ڈیوٹی کم ہو گئی

شملہ ۱۳ ستمبر۔ ہماچل پردیش کی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۵ ستمبر سے آلوؤں کی برآمدی ڈیوٹی [illegible] کم کر دی جائے۔ اس امر کی اطلاع ایک سرکاری اعلان میں دی گئی ہے۔ حکومت نے [illegible]

اڈمرل کری ینگ جنگ کا بیان

ہانگ کانگ ۱۳ ستمبر۔ چین کی سرکاری [illegible] ایڈمرل کری ینگ جنگ کی جو چین کی قومی فوج کے کمانڈر ہیں کے [illegible] برطانوی جنگی جہاز [illegible] چینی سرکاری جہازوں [illegible] (رپٹ)

انڈین کوآپریٹو یونین کی نمائش

نئی دہلی [illegible] ستمبر۔ انڈین کوآپریٹو یونین نئی دہلی [illegible] سے ۲۱ اکتوبر تک کوآپریٹو دستکاریوں کی نمائش کرے گی۔ [illegible] (اپ ٹ)

اکیوے ڈور کو تار جا سکتے ہیں

[illegible] (اپ ٹ)

کرپا پالدھیانہ جائیں گے

لدھیانہ ۱۲ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ۱۶ ستمبر کو ہندوستان کے کمانڈر انچیف جنرل کرپا [illegible] لدھیانہ آ رہے ہیں۔

بمبئی میں چالیس ہزار کا سونا برآمد

بمبئی ۱۳ ستمبر۔ [illegible] عربوں کے قبضہ سے چالیس ہزار کا سونا برآمد کر لیا گیا۔ [illegible] (اپ ٹ)

بقر عید کیلئے عید کارڈ

عید کارڈ [illegible] تفصیل قیمت [illegible] جنرل نیوز۔ بلیماران دہلی سے منگوائیے

ضرورت

[illegible] ڈاکٹر بنانا چاہیں۔ [illegible] سنگانہ ٹولیوٹ [illegible] شاہدرہ دہلی

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے ہند کے گوشہ گوشہ میں گرمجوشی

مضبوط پریس کے قیام اور انگریزی ہندی اخبار کی تجویز پر اظہار پسندیدگی

جمعیۃ علماء ہند [illegible] کو معلوم ہوا ہے کہ اخبار الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانے اور اپنی آواز کو موثر بنانے کے لئے انگریزی اور ہندی اخبار کے ایڈیشن نکالنے۔ اور ایک بہترین پریس قائم کرکے اپنے تنظیمی پروگرام کی تکمیل کرے۔ اس سلسلہ میں [illegible] توجہ دلائی گئی ہے کہ وہ جمعیۃ علماء کے ان مقتدین کے ساتھ تعاون کریں جو اس مقصد کو لے کر ان کی خدمت میں پہنچنے والے ہیں۔ اور انہیں خود دعوت دے کر جمعیۃ علماء کے کام کو سہل بنائیں۔ چنانچہ اس سلسلہ ناظرین کرام نے اپنی ذمہ داری کو محسوس کرنا شروع کر دیا ہے اور اس دعوت [illegible] لبیک کہنے کو تیار ہو گئے ہیں۔

جمعیۃ علماء باندا کا جلسہ

ریلیف کمیٹی کا قیام

باندہ (بذریعہ ڈاک) جامع مسجد میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع کی میٹنگ منعقد ہوئی کسٹوڈین کی بدعنوانیوں کا جائزہ لیتے ہوئے ریلیف کمیٹی کا قیام عمل میں آیا تاکہ وہ مقامی حکام سے مل کر ان کو اس امر کی جانب توجہ دلائے جس سے آرڈیننس پر عمل درآمد کے سلسلہ میں ایسا طرز عمل اختیار کریں کہ کوئی منافرت اور بداعتمادی پیدا نہ ہو۔ بلکہ جمہوریت کے شایان شان ہو۔ ارکان ریلیف کمیٹی کے نام یہ ہیں۔

(۱) مولانا محمد عبدالکریم صاحب قدوائی (۲) نواب علی شیر خاں صاحب (۳) اقبال احمد صاحب [illegible]۔

ایک دوسری تجویز میں مقامی تعلیمی سب کمیٹی کو ترغیب دی گئی کہ وہ تعلیمی ادارہ کے مسلمان بچوں کی [illegible] کرے۔ [illegible] مادری زبان میں تعلیم دلانے کے لئے [illegible] اور آئندہ میٹنگ میں اپنی رپورٹ پیش کرے۔ [illegible]

کانپور میں جمعیۃ ریلیف کمیٹی کا قیام

آرڈیننس بابت کسٹوڈین آف پراپرٹی کے نفاذ سے تجربہ ہوا ہے کہ قانون اور اس کی پیچیدہ دفعات سے ناواقفیت کی بنا پر عام مسلمانوں میں [illegible] پائی جاتی ہے۔ [illegible] ناواقفیت اور غلط فہمی کی وجہ سے ان لوگوں کی جائدادوں پر بھی کسٹوڈین کا تصرف ہو رہا ہے جو ہندوستان کے باشندے ہیں۔ اس کے پیش نظر جمعیۃ العلماء کانپور نے حسب ہدایت جمعیۃ مرکزیہ دہلی ایک ریلیف کمیٹی قائم کر دی ہے۔ [illegible]

(۱) جائز شکایات حکومت تک پہنچانا اور اس کا تدارک کرنا (۲) عوام کو صحیح مشورہ بہم پہنچانا اور ان کی ہمت بندھانا۔ (۳) حکام ضلع کے تعاون سے قانون کے صحیح نفاذ کی کوشش کرنا۔

پروفیسر رادھا کرشنن پیرس کو

ماسکو ۱۳ ستمبر۔ پروفیسر رادھا کرشنن روس میں متعین ہندوستانی سفیر یہاں سے پیرس جانے کے لئے بذریعہ طیارہ پراگ روانہ ہو گئے۔ وہ پیرس میں اقوام متحدہ کی اقتصادی سماجی کونسل میں ہندی وفد کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے [illegible] روس اور ہند کے تعلقات اور اپنے فرائض کی بابت کچھ نہیں کہنا۔ (اپ ٹ)

اقوام متحدہ کمیشن کے نمائندے دہلی میں

[illegible] اقوام متحدہ کمیشن کے [illegible] (اپ ٹ)

رانچی [illegible] جمعیۃ کے [illegible] تحریک [illegible] اسلام [illegible] ریاست ٹونک کی ایک اطلاع ہے کہ جمعیۃ علماء ٹونک کی مجلس منتظمہ کے اجلاس میں ایک تجویز پیش ہوئی جس میں جمعیۃ علماء کے اس پروگرام کی پرزور تائید کی گئی۔ اور انگریزی اور ہندی اخبار کی تجویز کو بنظر استحسان دیکھا گیا۔ نیز مسلمانوں کو الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی طرف توجہ دلائی گئی۔ اس سلسلہ میں جناب مولانا [illegible] صاحب برکاتی ناظم جمعیۃ علماء راجستھان خاص طور پر کوشش فرما رہے ہیں۔

[illegible] جمعیۃ علماء کے ناظم جناب [illegible] نے اطلاع دی ہے کہ آپ اپنے حلقہ میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے انتھک کوشش فرما رہے ہیں۔ اور اس کوشش میں آپ کو متعدد جگہ ایجنسیاں قائم ہو گئی ہیں۔

جناب حکیم [illegible] صاحب صدر جمعیۃ علماء [illegible] بھی اخبار کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ اور پوری توجہ کے ساتھ اس مقصد کی تبلیغ میں منہمک ہیں۔ [illegible] الجمعیۃ کی توسیع اشاعت اور انگریزی اور ہندی اخبار کے اجراء کے سلسلہ میں محنت اور استقلال، گرمجوشی اور سرفروشی کی ضرورت ہے [illegible] مسلمان [illegible] اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں [illegible]

اٹاوہ میں جمعیۃ العلماء کے تحت

کمیٹی احیائے اردو کا قیام

اٹاوہ [illegible] ستمبر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ العلماء کے تحت زبان اردو کے احیاء کے لئے ایک کمیٹی بنانے کی غرض سے ایک جلسہ [illegible] صادق حسین صاحب سود اگر کے مکان پر زیر صدارت [illegible] منعقد ہوا۔ اور حسب ذیل حضرات اصحاب کی ایک کمیٹی کی تشکیل عمل میں آئی۔

[illegible] (نامہ نگار)

ایک انگریز کی جاسوسی میں گرفتاری

جھانسی ۱۳ ستمبر۔ مقامی پولس نے مسٹر [illegible] ایکسپلوسیو سارجنٹ کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ [illegible] (ہندوستان ٹائمز)

سنگاپور ۱۳ ستمبر۔ وسط ایشیائی ممالک سے تعلقات بڑھانے کی پالیسی کے پیش نظر حکومت ہند نے سنگاپور میں ایک لائبریری قائم کرنے کا [illegible] حکومت ہند کی اطلاعات کی سروس [illegible] فن تعمیر [illegible]

نجیب آباد کی خبریں

خاتمہ زمینداری کے سلسلہ میں

نجیب آباد ۱۱ ستمبر (بذریعہ ڈاک) [illegible] میں خاتمہ زمینداری کے سلسلہ میں جگہ جگہ جلسے ہو رہے ہیں۔ ۱۰ ستمبر کو موضع جلال آباد، نجیب آباد، اور [illegible] میں جلسے ہوئے جن میں کانگریس [illegible] ضلع کے مشہور لیڈر مولوی عبداللطیف صاحب [illegible] زمیندارہ ختم ہونے کے فوائد [illegible]

اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کیمپ

نجیب آباد ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء سے ہندوستان اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے [illegible] کیمپ ہو رہا ہے

رام لیلا کمیٹی

رام لیلا کمیٹی بڑی سرگرمی سے اپنے کام میں مشغول ہے۔ ۲۰ ستمبر سے ۲۲ ستمبر تک ڈرامہ ہوگا۔ اور ۲۳ ستمبر سے رام لیلا شروع ہو جائے گی۔ (نامہ نگار)

شادی ہمشیرہ مہر فاطمی

جناب مولوی قاری محمد میاں صاحب [illegible] مالیر کوٹلہ کی دختر [illegible] کی شادی خانہ آبادی [illegible] اسلامی طریق پر انجام پذیر ہوئی۔ حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی صدر جمعیۃ علماء ہند نے بہ طریق مسنون نکاح پڑھایا۔ [illegible]

ضلع جمعیۃ علماء دیوریا کی سرگرمیاں

ضلع جمعیۃ کی مجلس منتظمہ کا جلسہ ہوا۔ پچھلی کارروائی کی تصدیق کی گئی۔ حساب آمد و خرچ [illegible] منظور کیا گیا۔ صوبہ جمعیۃ کے پروگرام کی تکمیل کے لئے [illegible] دفتر کے مصارف [illegible] مستقل انتظام ہوا۔

۲۸ اگست کو مولانا مشتاق احمد صاحب [illegible] مبلغ ضلع جمعیۃ نے ضلع کے مختلف مقامات کا دورہ کیا اور حسب ذیل مقامات پر مکاتب [illegible] قائم کرائے۔

[illegible]

شیروں کو مارنے کے لئے انعامات

جبلپور ۱۲ ستمبر۔ صوبہ متوسط کے جنگلات میں آدم خور کھانے والے شیروں کی شورش کے باعث حکومت نے [illegible] انعامات مقرر کئے ہیں [illegible] جو شخص ان علاقوں میں کوئی شیر مارے گا اس کو [illegible] روپیہ انعام ملے گا۔ [illegible] (اپ ٹ)

طیارہ کے ذریعہ روانہ ہو کر [illegible] حکومت ہند نے [illegible] کے بارے میں جو جواب دیا ہے [illegible] (اپ ٹ)

AMICO'S COUGH SYRUP

امیکو کف سیرپ

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے، پیدا ہوتے بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، تر کھانسی ہو یا خشک، نزلہ زکام کی کھانسی ہو، گلے کا بیٹھ جانا، خون تھوکنا، پرانی دق و سل کی کھانسی، دمہ، سانس کا پھولنا، نمونیہ، انفلوئنزا کی کھانسی، امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے لئے بے حد مفید اور کامیاب ہے۔

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں۔ پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے۔ بہت دنوں کی پرانی کھانسی کے مریض اچھے ہوئے ہیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنہ۔ تین شیشیاں چار روپیہ چار آنہ۔ علاوہ محصول ڈاک مزید معلومات و دیگر امراض کی فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

دلی السلطنت

۱۲ ستمبر

اردو مجلس کا قیام

محترمہ حمیدہ سلطان سکریٹری اردو مجلس تحریر فرماتی ہیں اردو مجلس (دہلی لٹریری سوسائٹی) کی انتظامیہ کمیٹی کی میٹنگ ۱۰ ستمبر بروز جمعہ شام کے ۵ بجے ہارڈنگ لائبریری میں ہوئی اس میٹنگ میں علامہ کیفی دہلوی اور کنور مہندر سنگھ بیدی بھی شامل تھے اردو مجلس کی پہلی باقاعدہ نشست ۱۸ ستمبر بروز ہفتہ بوقت ۵ بجے شام ہارڈنگ لائبریری میں زیر صدارت علامہ کیفی دہلوی منعقد ہوگی اس میں قاضی عبدالغفار صاحب حضرت جوش ملیح آبادی پرویز شاہدی، کنور مہندر سنگھ بیدی سحر، ڈاکٹر عابد حسین، بیگم صالحہ عابد حسین مسٹر شنکر لال صاحب، ساحر ہوشیارپوری، ڈاکٹر عبادت بریلوی، نہال صاحب سیوہاروی، گوپی ناتھ صاحب امن لکھنوی، سرشانتی سروپ بھٹناگر شرکت فرما رہے ہیں اردو سے محبت رکھنے والوں کا فرض ہے کہ وہ بلا امتیاز مذہب و ملت اردو مجلس میں شریک ہو کر اس کو ہر طرح کامیاب بنائیں ہر ہفتہ ۵ بجے شام سے ۸ بجے رات تک ہوا کرے گی۔

سپاس تعزیت

۱۲ ستمبر کو صبح ۸ بجے میری والدہ محترمہ کا ۶۵ سال کی عمر میں انتقال ہو گیا اور ان کو دو بجے سپرد خاک کر دیا گیا۔ بے شمار دوستوں، بزرگوں اور عزیزوں کی جانب سے فون اور ٹیلیگرام سے اور ذاتی طور سے قدم رنجا فرما کر اظہار تعزیت کیا جا رہا ہے۔

میں اس صدمہ روح فرسا میں ہمدردانہ اظہار تعزیت کے لئے مشکور ہوں اور سپاس تعزیت ادا کرتا ہوں دعا فرمائیے کہ مجھے اس صدمہ کو برداشت کرنے کی طاقت اور مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔

ان کی فاتحہ خوانی ۱۵ ستمبر جمعرات کے روز صبح ۸ بجے حریت آفس گلستان اردو بازار جامع مسجد میں ہوگی۔

(سید عزیز حسن بقائی)

ڈکیتیوں کی وارداتیں

ایسی متعدد وارداتیں ہو رہی ہیں جن میں لوگوں سے ان کا سامان وغیرہ چھین لیا جاتا ہے۔

ایک واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ مسٹر سندر سنگھ کو جو بمبئی سے دہلی آئے تھے۔ ان کے دو نوجوان ہمسفر اور دو شہری دوست لال قلعہ کے پیچھے دریا کی جگہ دکھانے کے بہانے سے لے گئے اور وہاں جا کر اس کے کپڑے دستی گھڑی اور ۱۵۰ روپے چھین لئے اور اس کو درخت سے باندھ دیا۔ اور ایک راہگیر نے جو اس طرف سے گزرا اس کو درخت سے کھولا۔

کلکتہ کے رام نگار نامی ایک شخص نے اطلاع دی ہے کہ دو آدمی جو اس کو دہلی ریس کورس میں ملے تھے۔ قرول باغ میں جگہ دینے کے بہانہ سے لے گئے اور پر مقام روڈ پر انھوں نے اس کے ۹۶۰ روپے چھین لئے اور فرار ہو گئے۔

شیخ لال نامی ایک شخص کو سنگیلہ پیلس سے نانگلوئی جا رہا تھا مسلح ڈاکوؤں نے حملہ کیا اور اس کی سائیکل چھین لی۔

گاندھی جینتی کا پروگرام

دہلی میں ۲ اکتوبر کو گاندھی جینتی منائی جائے گی۔ اس سلسلہ میں پروگرام کے لئے دہلی کانگریس کمیٹی نے شہر اور دیہات میں تعمیری کاموں [illegible] پرارتھنا، چرخہ، سوت کاتنا اور کرشنا کا ایک زبردست پروگرام بنایا ہے۔

راشٹریہ سیوک سنگھیوں کے فسطائی طریقے

مسٹر رادھا رمن کی طرف سے مذمت

دہلی صوبہ کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر رادھا رمن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کل سنگھی [illegible] کی تقریریں ہوئیں [illegible] عوام کو ایک عبرت آموز [illegible] کہ وہ کانگریس اور سنگھ میں کیا فرق ہے۔ [illegible] کانگریس [illegible] فسطائی جماعت ہے۔

سجان صاحب نارنول والے
اپنی ہمشیرہ سے مل لیں

سجان صاحب نارنول والے جو آج کل دہلی میں کسی جگہ رہتے ہیں ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ ان کی ہمشیرہ کیمپ آگئی ہیں۔ [illegible] فوراً ملاقات کے لئے گلستان میں مل لینا چاہئے۔

(انجمن [illegible] دفتر جمعیۃ علماء دہلی)

دستور ساز اسمبلی

بقیہ صفحہ ۲

کہ جہاں تک ممکن ہو سرکاری مقاصد کے لئے وہ زبان استعمال کی جائے جو اس وقت [illegible] میں استعمال ہوتی ہو۔ مرکز اور مختلف وحدتوں [illegible] کے درمیان باہمی مراسلت کے لئے انگریزی زبان استعمال ہو بشرطیکہ دو وحدتوں کے درمیان جن میں ہندی استعمال ہوتی ہو یہ طے ہو جائے کہ وہ آپس میں ہندی میں مراسلت کریں گے۔

جہاں تک اس زبان کے مسئلہ کا تعلق ہے جس کو مقننہ، عدالت العالیہ، اور سپریم کورٹ میں استعمال ہونا چاہیئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ہندی بحثوں کے لئے استعمال ہو۔ اور [illegible] کی زبان مقننہ میں بھی استعمال ہو سکتی ہے یہ ضروری ہے کہ قانون سازی، ایکٹوں، قواعد احکام اور قوانین اور عدالت العالیہ کے ججوں کے فیصلوں کی توضیحات کے لئے انگریزی استعمال ہو۔

مسٹر آئینگر نے کہا کہ مسودہ کی دفعات کی بنیاد پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ مسودہ بہت کچھ غور و خوض کا نتیجہ ہے یہ نتیجہ ہے ان مختلف والوں کے اتحاد کا جن کا آسانی سے متحد ہونا ممکن نہ تھا۔ اس لئے جب آپ مسودہ پر غور کریں تو [illegible]

ذکر کریں کہ یہ مسودہ میرا یا میرے ساتھیوں کا پیش کیا ہوا ہے۔ بلکہ یہ مسودہ مختلف والوں کے اتحاد سے پیش کیا گیا ہے اور اس اتحاد کو حاصل کرنے کے لئے ذاتی خیالات رجحانات اور میلانات کی قربانی پڑی ہے۔

مسٹر آئینگر نے کہا کہ اس مسودہ کا بنیادی اصول یہ ہے کہ یونین کے سرکاری مقاصد کے لئے ہندی کو دیوناگری رسم خط میں اختیار کیا جانا چاہیئے یہ بھی بنیادی پالیسی ہے کہ ہندوستانی اعداد کی بین الاقوامی شکلیں استعمال کی جائیں اس مسودہ کے مرتب کرنے والے یہ سمجھتے ہیں کہ ان امور کو بنیادی اصول تسلیم کیا جائے۔

میں اس تجویز سے متفق نہیں ہوں کہ جہاں تک ہندوستانی اعداد کی بین الاقوامی شکلوں کا تعلق ہے ان کو اور انگریزی زبان کو ایک ہی سطح پر لایا جائے جس طرح ہندی دیوناگری رسم خط اس ملک کی مشترکہ زبان مستقل طور پر ہوگی اسی طرح ہندوستانی اعداد کی بین الاقوامی شکلوں کا استعمال بھی مستقل ہوگا۔

دو رعایتیں

[illegible] مسودہ میں [illegible]

رعایتیں رکھی گئی ہیں۔ اول یہ کہ صدر یہ اجازت دے سکتا ہے کہ یونین کے ایک یا زیادہ مقاصد کے لئے بین الاقوامی اعداد کے ساتھ ساتھ دیوناگری اعداد بھی استعمال کئے جائیں۔ دوسرے یہ کہ ہندوستانی اعداد خاص خاص سرکاری مقاصد کے لئے استعمال ہوں گے۔ ان کی جانچ ایسا کمیشن کر سکتا ہے جو اس دفعہ کے ماتحت مقرر کیا جائے۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ کمیشن یہ فیصلہ دے سکتا ہے کہ ہندوستانی اعداد شمار کے بجائے مطلقاً دیوناگری اعداد استعمال ہوں [illegible] اس یقین پر پہنچنے کو تیار ہیں کہ ہم سے مختلف خیال رکھنے والے لوگ ہمارے اس اقدام کو پسند کریں گے۔ مسودہ مرتب کرنے والوں کو یقین ہے کہ ایک غیر جانبدار کمیشن کے سامنے بین الاقوامی اعداد کو قائم رکھنے کے دلائل زیادہ وزنی ثابت ہوں گے۔ [illegible] اس مسودہ کو مرتب کرنے والے ان خطرات کو قبول کرنے کو تیار ہیں۔

آخر میں انہوں نے کہا کہ میں نے جو دفعات پیش کی ہیں ان کے تمام اجزا ایک دوسرے سے اس قدر وابستہ ہیں کہ اگر ایک حصہ کو چھیڑا گیا تو تمام عمارت منہدم ہو جائے گی۔

ہندوستانی ساہتیہ سمیلن کے صدر سیٹھ گوبند داس نے

انگریزی میں کہا کہ میں پریشان ہوں کہ اس موقع پر انگریزی میں تقریر کروں یا ہندی میں میں نے یہ طے کیا تھا کہ میں ہندی میں بولوں تاکہ یہ بات ریکارڈ میں رہے کہ میں ہندی کی حمایت میں انگریزی میں بولا۔ انہوں نے جنوبی ہندوستان کے ممبروں کو یقین دلایا کہ میں ایسی زبان بولوں گا جس کا ہر لفظ سمجھا جا سکے۔

متفقہ حمایت

سیٹھ گوبند داس نے خوشی کا اظہار کیا کہ زبان کا ۹۵ فی صدی مسئلہ حل ہو چکا ہے اور تمام ممبران نے اس کی حمایت کی ہے بقیہ نکات کی بابت جن پر ابھی اختلاف رائے ہے سیٹھ گوبند داس نے کہا کہ ان پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے۔ اگر ان نکات پر ووٹ لئے جائیں تو صرف ٹھنڈے دل سے ہونا چاہیئے۔ جمہوری نظام میں اکثریت کا ہی فیصلہ قبول کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا جب دیوناگری رسم خط منظور کر لیا گیا تو ہندی اعداد پر اعتراض کیا جا سکتا ہے۔ [illegible]

[illegible] اہم [illegible] ہندوستانی اور [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی

بازاروں کے بھاؤ

[illegible]

غلہ منڈی

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارٹ

[illegible]

دہلی بازار حصص

[illegible]

رومال سفید

[illegible]

راج کانگریس کے جنرل سکریٹری کے دستخط ہیں۔ جس میں یہ بات قبول کی گئی ہے کہ دیوناگری رسم خط میں ہندی کو قومی زبان بنایا جائے اس وقت ہندوستانی کا کوئی سوال نہیں اٹھایا گیا۔

سیٹھ گوبند داس نے مسٹر آئینگر کے اس خیال کی مخالفت کی کہ پندرہ سال کے بعد بھی بعض خاص مقاصد کے لئے انگریزی ضروری ہوگی۔ انہوں نے اس امر کو بھی تسلیم نہیں کیا کہ اس دوران میں انگریزی کی جگہ بتدریج ہندی رائج کرنے کا کام ملتوی کر دیا جائے آخر میں انہوں نے کہا ہندوستانی اس وقت تک سوراج کا مفہوم صحیح طور پر نہ سمجھ سکیں گے جب تک زبان کا مسئلہ اطمینان بخش طور پر حل نہ ہو جائے۔

ہندی نہ بولنے والے علاقوں کی مشکلات

مسٹر نذیر الدین احمد (مغربی بنگال) نے کہا کہ ایوان کو عوام سے اس بارے میں خاص ہدایات حاصل کئے بغیر اس اہم مسئلہ کا تصفیہ کرنے کا کوئی حق نہیں۔ جلد بازی میں اس مسئلہ کا فیصلہ کرنا اور ہندی نہ بولنے والے علاقوں کی مشکلات کو [illegible] اس کا قومی زبان [illegible] قومی زبان نہیں بنا کرتی۔ قومی زبان سکھانے سے قبل عوام کو ان کی اپنی زبان سکھانے کی ضرورت ہے ان علاقوں کے لئے جہاں ہندی نہیں بولی جاتی ہندی ایک غیر ملکی زبان ہے [illegible] کسی اور ذریعے سے نہیں سیکھ سکتا۔ اس ملک کے [illegible] لسانی [illegible] ایسے صوبہ میں جہاں دو زبانیں بولی جاتی ہیں کیا ہر بچہ کو دونوں علاقائی زبانیں اور قومی زبان سیکھنی ہوگی۔ اس سے اس کی طاقت پر بہت بار پڑے گا۔

اگر اب ہندی کو قومی زبان بنایا گیا تو انگریزی اسکول بند ہو جائیں گے۔ اس کا نتیجہ [illegible]

یہ ہوگا کہ صرف امیر آدمی جو تعلیم پر کثیر روپیہ صرف کر سکتے ہیں اپنی اولاد کو جدید تعلیم دلا سکیں گے۔ درمیانہ طبقہ اور غریب لوگ نقصان میں رہیں گے مغربی زبان کے انتخاب میں صرف قدر و قیمت کا سوال نہیں ہونا چاہیئے اگر یہ اصول تسلیم کر لیا گیا تو بنگالی اور سنسکرت بھی قومی زبان ہونے کا دعویٰ کر سکتی ہیں۔ بنگالی ملک کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ زبان ہے اور اس کو رچرڈ چند اچاریہ بنکم چند چٹرجی اور ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور نے مالا مال کیا ہے اگر قومی زبان کا انتخاب اس کی صلاحیتوں کی بنا پر بھی ہونا ہے تو بنگالی کو فوقیت حاصل ہے۔

[illegible]

پویو معدی بیماری ہے

چیف کمشنر دہلی نے پولیو کو ایک متعدی بیماری قرار دیا ہے۔ اور ڈاکٹروں سے کہا ہے کہ وہ اس قسم کے کیس فوراً اپنے علاقہ کے میڈیکل آفیسر کو رپورٹ کریں [illegible]

بستی ہرپھول سنگھ میں گرفتاری

اتوار کے دن پولیس نے بستی ہرپھول سنگھ میں دو جواری گرفتار کئے ہیں۔

کنگزوے کے نزدیک حادثہ

اتوار کے دن کنگزوے مہاجر کیمپ کے نزدیک ایک ٹیکسی ایک گڈز ٹرک سے ٹکرا گئی جب کہ ٹیکسی میں سوار [illegible] ہوئے چار اشخاص زخمی ہو گئے۔

جمعیۃ علماء ضلع کا اجلاس

۱۷ ستمبر [illegible] بوقت ۸ بجے رات دفتر جمعیۃ علماء ضلع [illegible] بازار چتلی قبر میں مجلس منتظمہ کا جلسہ منعقد ہونا قرار پایا ہے۔

چاہیئے کہ دنیا سنسکرت کو کتنے احترام سے دیکھتی ہے مختلف ممالک کے عالم اس بات پر متفق ہیں کہ یہ ملک کی سب سے بڑی زبان ہے۔ ایک آواز۔ لیکن یہ ہندوستان میں کسی گروہ کی مادری زبان نہیں۔

مسٹر نذیر الدین احمد یہ بھی اس کی ایک انتہائی ہے۔ یہ ہندوستان کے سب لوگوں کے لئے برابر کی مشکل ہوگی۔ ہندی زبان ہندی بولنے والے علاقوں کے لئے آسان ہے لیکن دوسرے علاقوں کے لئے مشکل ہے میں ایسی زبان انتخاب کرنی چاہیئے [illegible] ساتھ ساتھ سب [illegible] اور اچھی ہو۔

ہندی رسم الخط کی بابت انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر [illegible] نے جو بنارس یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں ایک پمفلٹ میں اس کو سب سے زیادہ "فرسودہ" رسم الخط قرار دیا ہے آکٹوپس کی طرح اس کے ہاتھ پیر ہر سمت میں پھیل جاتے ہیں اور اسے آسانی سے نہیں لکھا جا سکتا۔

مسٹر کرشنا موورتی کی تقریر

مسٹر کرشنا موورتی راؤ (میسور) نے کہا مسٹر گوپالا سوامی آئینگر کی قرارداد کا مقصد دونوں فریقوں کو مطمئن کرنا ہے۔ بد قسمتی سے۔

اسمبلی میں جس کثرت سے اس قرار داد پر ترمیمیں پیش کی گئی ہیں ان سے سٹرپٹ [illegible] سوال کو آئندہ کی یادگار [illegible] کی حمایت [illegible] موجودہ شکل میں پہنچ گئے ہیں۔ ان کو الگ کر دینا سب سے بڑا احمقانہ فعل ہوگا۔ ہم پیچھے ہٹ رہے ہیں یا دنیا کے ساتھ آگے چل رہے ہیں۔ ہندوستان کی موجودہ سیاسی شکل میں دنیا کو ہندوستان کا سب سے بڑا عطیہ ہے [illegible] کو فرقہ پرستی سمجھ کر [illegible] اچھا نہ ہوگا۔ انہوں نے تجویز کی کہ ایک اکیڈمی بنائی جائے جو [illegible] شکل دے کر جو ساری ہندوستان کے لئے قابل قبول ہو جائے۔ آج ہندی ایک علاقائی زبان ہے [illegible] ہندوستان کی زبان کو قبول کرنے کے لئے تیار ہے۔ لیکن ہندی ترقی کرکے ابھی تک اس مقام پر نہیں پہنچی ہے۔ (اپ ٹ)

ایک اہم مضمون

بقیہ صفحہ ۳

[illegible] (باقی)

سنسکرت کو سرکاری زبان کی تجویز

مجوزین کو جگت گرو کی مبارکباد

احمد آباد ۱۳ ستمبر۔ دوارکا پیٹھ کے جگت گرو شنکر اچاریہ نے سنسکرت کو قومی زبان بنانے کی تجویز پیش کرنے والوں کو مبارکباد دی ہے انہوں نے صدر دستور ساز اسمبلی ڈاکٹر راجندر پرشاد کے نام ایک تار میں کہا ہے کہ سنسکرت کو قومی زبان بنا کر دستور ساز اسمبلی تاریخ میں ایک [illegible] اضافہ کرے گی۔ (اپ ٹ)

جالندھر کے مقدمہ سے سید قاسم رضوی کا نام نکالنے کا امکان

بی بی نگر کا دوسرا مقدمہ ابتدائی احکام کیلئے جمعرات کو پیش ہوگا

حیدرآباد ۱۲ ستمبر۔ جالندھر کے مقدمہ قتل کے ملزمان کی فہرست میں سے سید قاسم رضوی کا نام واپس لیا جا رہا ہے یہ کیس ڈسٹرکٹ گلبرگہ کی فائل سے منتقل ہو کر اسپیشل ٹریبونل کے پاس آیا تھا۔ سید قاسم رضوی اور ۵۶ دوسرے ملزمان کے خلاف الزام تھا کہ انھوں نے گزشتہ سال ستمبر میں ضلع گلبرگہ میں جالندھر کے نزدیک ۹ اشخاص کو قتل کیا تھا۔

آج صبح جب اسپیشل ٹریبونل نے کارروائی شروع کی تو چیف پبلک پراسیکیوٹر نے مقدمہ کا ذکر کیا۔ ایڈووکیٹ جنرل مسٹر دیسائی نے عدالت کو بتایا کہ بعض ہدایات موصول ہوئی ہیں کہ ملزم نمبر ۱ سید قاسم رضوی کا نام واپس لیا جائے۔ عدالت نے رضوی کے وکیل نواب عسکر یار جنگ سے پوچھا "کیا آپ کو کچھ کہنا ہے"۔

نواب عسکر یار جنگ نے کہا۔ میں اپنے آپ کو مبارکباد دے سکتا ہوں۔ ۱۰ بجے پر

قاسم رضوی نے چیرمن سے پوچھا کیا میرا نام کاٹ دیا گیا ہے چیرمین نے جواب دیا جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے آپ کا نام کاٹا جا رہا ہے مقدمہ کا [illegible] اسپیشل ٹریبونل نے اس سلسلہ میں [illegible]

[illegible]

اسپیشل ٹریبونل سے سامنے آج ارجنٹن شٹہ کے بی بی نگر والے واقعہ کا مقدمہ پیش ہوا۔ اس میں نظر بندی اور حاجی محسن کے علاوہ ۸۰ سے زیادہ ملزم ہیں [illegible] یہ مقدمہ ابتدائی احکام کے لئے جمعرات کو پیش ہوگا۔

بھوپال میں کسٹوڈین کا تقرر

چھوڑی ہوئی جائدادوں پر قبضہ

بھوپال ۱۰ ستمبر (بذریعہ ڈاک) چیف کمشنر بھوپال نے مسٹر [illegible] کو صوبہ بھوپال کی متروکہ جائدادوں کا کسٹوڈین مقرر کیا ہے۔ جائدادوں کے کسٹوڈین اپنا کام فوراً ہی شروع کر دیں گے۔

بھوپال میں سرکاری عمارتوں کو حاصل کرنے کا قانون

بھوپال ۱۰ ستمبر۔ حکومت بھوپال نے سرکاری عمارتوں کے حاصل کرنے اور دیگر [illegible] کا ایک قانون نافذ کیا ہے۔ [illegible] کام چیف کمشنر بھوپال کریں گے۔

۵ لاکھ سے زیادہ روپیہ کی تقسیم

ناگپور ۱۳ ستمبر۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ صوبہ متوسط کی حکومت نے صوبہ کے دس ڈپٹی کمشنروں کو ۵ لاکھ ۴۰ ہزار روپیہ کی تقسیم کا اختیار دیا ہے۔ [illegible]

سیلون میں نئی ناظم الامور کا تقرر

۲۱ ستمبر کو کولمبو روانہ ہو جائیں گے

رنگون ۱۳ ستمبر۔ برما کے دفتر خارجہ نے آج اعلان کیا کہ سیلون میں برما کا ناظم الامور مسٹر [illegible] کو مقرر کیا گیا ہے۔ [illegible] سفارت خانے کے فرسٹ سکریٹری ہیں۔ ۲۱ ستمبر کو کولمبو روانہ ہو جائیں گے۔ برما اور سیلون کے [illegible] ۲۵ ستمبر کو پیش کریں گے۔

مراد آباد کے سوشلسٹ لیڈر نے بھوک ہڑتال ختم کر دی

کسٹوڈین کے عملہ کی ناانصافیاں ختم ہو جائینگی

مراد آباد ۱۰ ستمبر (بذریعہ ڈاک) مقامی سوشلسٹ لیڈر [illegible] علی صاحب نے کل رات ۸ بجے اپنا برت ختم کر دیا۔ انہوں نے یکم ستمبر کو مراد آباد کسٹوڈین کے عملہ کی بے انصافیوں اور بدعنوانیوں کے خلاف شروع کیا تھا۔

باشندگان مراد آباد کی جانب سے صدر جمعیۃ علماء مراد آباد حضرت مولانا فخر الدین صاحب، منشی طیم الدین صاحب [illegible] حکیم [illegible] صاحب سابق صدر جمعیۃ علماء وغیرہ نے [illegible] فخر الدین صاحب نے [illegible] تقریر [illegible] ختم کرایا [illegible]

[illegible] علی صاحب نے ۸۰ گھنٹے کے بعد برت ختم کیا۔ [illegible]

برت افسران کی غیر منصفانہ اور دل آزار حرکات کے خلاف ہے۔

جن حضرات نے اس اپیل پر دستخط کئے تھے ان کے نام یہ ہیں۔ [illegible] (نامہ نگار)

یونانی گوریلوں کا سرحدوں کے اس طرف بھی تعاقب کیا جائے گا

یونان کے وزیر جنگ کا اعلان۔ کابینہ نے نئی پالیسی مرتب کر لی

ایتھنز ۱۲ ستمبر۔ یونان کی مشترکہ حکومت کے مختلف پارٹی لیڈروں نے کمیونسٹوں کے بارے میں نئی پالیسی مرتب کر لی ہے۔ ان ملکوں کے بارے میں بھی جو ان گوریلوں کو امداد دے رہے ہیں۔ نئی پالیسی ترتیب دے لی گئی ہے۔ ابھی یہ پالیسی خفیہ رکھی گئی ہے لیکن وزیر جنگ نے جو دو تقریریں کی ہیں ان سے بہت کچھ اندازہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کل کہا کہ اگر سرحد پر دوبارہ حملے ہوئے تو ہم ڈاکوؤں کا ان کے مرکزوں تک پیچھا کریں گے۔ خواہ وہ کسی ملک میں واقع ہوں۔

ایک اور مقام پر انہوں نے کہا کہ اگر ہم شمالی ہمسایوں کو ڈاکوؤں کو امداد دینا برداشت نہیں کریں گے۔ جہاں سے یہ لوگ یونان پر حملہ کرتے ہیں وہاں بھی ان کا پیچھا کیا جائے گا۔ (رپٹ)

ریاست کوچ بہار کا انتظام

مرکزی حکومت نے سنبھال لیا

نئی دہلی ۱۳ ستمبر۔ حکومت ہند نے کل ریاست کوچ بہار کا انتظام سنبھال لیا۔ یہ ریاست مغربی بنگال کے ضلع جلپائی گوڑی، آسام اور مشرقی پاکستان کے درمیان واقع ہے اس کا کل رقبہ ۱۳۰۰ مربع میل کے لگ بھگ ہے اور آبادی ۶ لاکھ ہے۔ مہاراجہ کوچ بہار نے ہندی میں اپنی ریاست کے ادغام کے موقعہ پر اپنی رعایا کو ایک پیغام دیا ہے جس میں اپنی اور اپنی ماں کی طرف سے ان کی نیک خواہشات کا یقین دلایا ہے۔ [illegible]

[illegible] (اپ ٹ)

سیلون سے تجارتی وفد آرہا ہے!

کولمبو ۱۳ ستمبر۔ سیلون کے وزیر تجارت کی سرکردگی میں عنقریب سیلون سے ایک تجارتی وفد ہندوستان آرہا ہے۔

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
روزنامہ الجمعیۃ
Delhi -15-9-49

بریلی میں کسٹوڈین کے عملہ کی حیرت انگیز بدعنوانیاں

ہند میں موجود سرکردہ کانگریسی مسلمانوں کی جائداد بھی مقفل کردی

نمائندہ الجمعیۃ مولانا شفیق امروہی بلند شہر میں

بلند شہر (بذریعہ ڈاک) نمائندہ الجمعیۃ مولانا شفیق امروہی جو بسلسلہ ترقی اشاعت الجمعیۃ مختلف مقامات کا دورہ کررہے ہیں پانچ یوم سے بلند شہر تشریف فرما ہیں اور یہاں علماء ضلع و دیگر اراکین کے ہمراہ مقامی اصحاب سے خریداری الجمعیۃ قبول کرلینے کے لئے ملاقاتیں کررہے ہیں، نیز قرب وجوار کے مواضعات کا دورہ بھی اس سلسلہ میں جاری ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ کو مقصد میں کامیابی ہو رہی ہے۔

جنوری میں مغربی بنگال میں عام انتخابات ہوں گے (ڈاکٹر رائے)

مسلمانوں اور اچھوتوں کیلئے نشستیں مخصوص مگر انتخابات مخلوط ہونگے

راجستھان میں زیادہ پیداوار کی اسکیم

ایک کروڑ روپے سے نئے کنوؤں اور تالابوں کی تعمیر

انڈونیشیا کو اپنے پیروں پر کھڑا کیا جائے

ڈاکٹر اسٹکر وزیر خارجہ ہالینڈ کا بیان

حکومت برما کا سنہ ۱۹۴۹-۵۰ء بجٹ

تقریباً پونے دو کروڑ کا خسارہ

مارشل ٹیٹو کا روس پر الزام

چین سے بڑی بڑی رقمیں ہانگ کانگ بھیجی جارہی ہیں

بیاور میں ایک مجمع کا حملہ

پنڈت نہرو کیلئے ٹروپین کا خصوصی طیارہ

ڈالر کی قلت ۱۹۵۲ء تک دور ہو جائے گی

امریکہ، برطانیہ اور کینیڈا کا فیصلہ

دریائے گنڈک میں زبردست سیلاب

دہلی میں مجلس مصنفین کا قیام سرکردہ ادیبوں کی شرکت

سستا اور عام فہم لٹریچر شائع کیا جائیگا

مسٹر گوبند سہائے پارلیمنٹری سکرٹری بلند شہر میں

گاندھی جینتی پر مشاعرہ

کمیونسٹ حملے کی صورت میں تبت برطانیہ سے امداد لے گا

امریکہ بھی ہر قسم کی امداد کیلئے تیار ہے

دستور ساز اسمبلی

(بقیہ صفحہ اول)

ہند پاکستان جنوبی افریقہ کیخلاف سخت پابندیوں کا مطالبہ کریں

ڈاکٹر دادو اور مسٹر کچھالیا کی دونوں حکومتوں سے اپیل

ہندستان اور فلپائن کے تعلقات

فلپائن کے قونصل جنرل کا بیان

مسٹر کے سی نیوگی کا پروگرام

مسٹر گولوالکر اندور میں

"یوٹروک"
وی ٹینز فارمیسی



قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ دہلی نمبر ۵۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ الجمعیۃ
ید اللہ علی الجماعۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۲۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۶ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

حضرت شیخ الاسلام کی تشریف آوری

دہلی ۱۴ ستمبر۔ آج شام کو حضرت شیخ الاسلام بمبئی سے دہلی تشریف لارہے ہیں۔

ملازمتیں اور اقلیتیں

صدر اسمبلی کو میمورنڈم

انڈونیشی اور ڈچ نمائندے جمعہ کے روز خفیہ مقام کو روانہ ہو رہے ہیں

ہیگ گول میز کانفرنس کو تعطل سے بچانے کی تجویز

تمام نمائندے غیر رسمی طور پر پوری کانفرنس کا جائزہ لیں گے

مسجدوں کے متعلق مہاسبھا کا مطالبہ!

ہندی کے پریمی آپے سے باہر ہوگئے شنکر راؤ دیو کی تقریر پر ہنگامہ

صدر اسمبلی کو بار بار مداخلت کرنی پڑی

ہندستانی کی حمایت میں مولانا آزاد کی تقریر

برمی فوجوں نے جزیرہ رامری پر قبضہ کرلیا

ٹونگی میں باغیوں کے اڈوں پر برمی طیاروں کی بمباری

غیر سرکاری دولت مشترکہ کی کانفرنس

ایشیا کے پست ملکوں کی ترقی کا مسئلہ

صوبہ کوانٹنگ پر حملہ شروع ہونے والا ہے

تین مختلف صوبوں میں ۵ لاکھ سپاہی جمع کئے جارہے ہیں

انڈونیشیا کے یوریشین باشندوں نے قومی وطن کا مطالبہ کردیا

اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ کا اجلاس شروع ہوگیا

تیرہ ممالک کی رکنیت کی درخواستوں پر زبردست بحث

ڈچ نیوگنی میں جا کر بسنے کے ارادے

اسلامیہ اسکول مالیر کوٹلہ کا فیصلہ

اردو ہی ذریعہ تعلیم رہیگی

ہنوئی کے قریب فرانسیسی چھاتہ فوج کا کامیاب حملہ!

جرمنی کے نئے صدر کی تقریر

دستور ساز اسمبلی میں حامیان ہندی کی تاناشاہی پر پنڈت نہرو کا زبردست انتباہ

ہندی کو ان لوگوں پر نہیں ٹھونسا جاسکتا جنکی یہ مادری زبان نہیں ہے

زبان کے معاملہ میں ہمیں جمہوری طریقہ پر غور کرنا چاہئے

زبان میں اردو و ہندوستانی کے الفاظ بھی جذب کئے جائیں وزیر اعظم کی مدلل تقریر

نئی دہلی ۱۴ ستمبر۔ دستور ساز اسمبلی کی شام کے اجلاس میں بھی "منشی آئینگر فارمولا" کے حق میں زبردست تقریریں کی گئیں [illegible] تک بحث ہوئی۔ اور وزیر اعظم پنڈت نہرو کے علاوہ حکومت ہند کے دو اور وزیروں ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی اور این۔ وی گاڈگل نے حصہ لیا۔ پنڈت نہرو نے ایک زوردار تقریر کی جس میں انہوں نے ممبران سے دریافت کیا کہ اس دور جدید میں آیا وہ پیچھے کی طرف جانا چاہتے ہیں۔ یا آگے کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں۔ پنڈت نہرو نے ہندی پسندوں سے درخواست کی کہ وہ اس مسئلہ کو جمہوری نقطہ نظر سے حل کرنے کی کوشش کریں۔

ہندی کے حامیوں کا اکتفاء تھا کہ آزاد ہندوستان میں کسی غیر ملکی زبان کے لئے گنجائش نہیں ہو سکتی انہوں نے انگریزی کے [illegible] پر سخت حملے کئے اور کہا کہ وہ عوام کے جذبات کا احترام نہیں کر رہے ہیں۔ انگریزی کے حامیوں کی طرف سے بھی سخت باتیں کی گئیں اور ہندی والوں کو کہا گیا کہ وہ تعصب سے کام لے رہے ہیں۔

پنڈت نہرو کی تقریر

پنڈت نہرو نے مسٹر گوپال سوامی آئینگر کی اپیل کی دوبارہ پرزور حمایت کی۔ اور ہندی والوں سے درخواست کی کہ وہ مطلق العنانہ طور پر اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش نہ کریں۔

آپ نے کہا کہ ہم زبان کے انقلاب کے دروازہ پر کھڑے ہیں ہمیں اس امر کا دھیان رکھنا ہوگا کہ اس انقلاب کی سمت اور شکل و صورت درست ہو اور یہ انقلاب ہمیں دھوکہ دے کر غلط راستہ پر نہ لے جائے۔

پنڈت جی نے مزید فرمایا کہ اگر ہم اس زبان کے مسئلہ کو شائستگی سے نباہیں گے تو ہندی ترقی کرکے ایک عظیم زبان بن جائے گی۔ دو باتوں کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے پہلی یہ کہ ہماری قومی زبان میں ملک بھر کے تمام مشترکہ عناصر شامل ہونے چاہئیں۔ زبان عوام کے رابطے سے محروم نہیں ہونی چاہئے ہمیں اس زبان کو قانون سازی کے ذریعہ نہیں [illegible] طرح سے ترقی پانے دینا چاہئے جیسے کوئی زبان عام طور پر ترقی پاتی اور پنپتی ہے دوسری بات یہ ہے کہ زبان زبردستی ان لوگوں پر نہیں ٹھونسنی چاہئے جو اسے قبول کرنے کو تیار نہ ہوں

آگے چلکر پنڈت جی نے فرمایا کہ زبان کے مسئلہ سے زبردست دلچسپی ہے میں اس سلسلہ میں پیش کردہ سینکڑوں ترامیم کو پڑھ چکا ہوں میں آئینگر کی پیش کردہ تجویز کی پر زور حمایت کرتا ہوں (تالیاں) میں اس تجویز کی حمایت اس وجہ سے نہیں کرتا ہوں کہ یہ ہر لحاظ سے کامل ہے بلکہ اس وجہ سے کہ یہ تجویز مسلسل کوشش اور غور و خوض اور صلاح و مشورہ کا نتیجہ ہے یہ تجویز تمام مصلحت ہے یہی وجہ ہے کہ اس میں ردو بدل کرنا مشکل ہے اس میں محض کہیں کہیں کوئی ادنیٰ تبدیلی کرنا اصل تجویز اور اس شخص کے ساتھ بھی جو اسے بدلنا چاہتا ہو انصاف [illegible] مسٹر آئینگر کی پیش کردہ تجویز میں ادھر ادھر کوئی تبدیلی کرنے سے بہتر ہوگا کہ اگر اسے نا پسند کیا جائے تو اس کی بجائے کوئی اور متبادل تجویز تلاش کی جائے۔

پیش کردہ تجویز نہ صرف زیادہ سے زیادہ اتفاق رائے کی حامل ہے بلکہ ایک مشکل اور پیچیدہ مسئلہ کا درست اور بھلا سوچا حل ہے۔

نظریات کا تنازعہ

تنازعہ محض لفظی نہیں ہے بلکہ نظریات کا [illegible] کی دوڑ میں ہو جانے کی بجائے ہمیں اصولی اور بنیادی امور کو طے کرنا ہے زبان اتحاد بھی پیدا کرتی ہے اور علیحدگی بھی جیسے دو مختلف زبانیں یا دو مختلف ممالک کے درمیان علیحدگی موجود ہوتی ہے ہم سب ہند کا اتحاد چاہتے ہیں لیکن بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہماری قومی اور مکمل زبانی اتحاد کرنے کا یہ [illegible] اور بعض کا خیال ہے کہ اگر ہم اس مسئلہ کو درست طور پر حل کرنے میں ناکامیاب رہے تو شاید قومی زبان ہماری پھوٹ اور تباہی کا موجب بن جائے۔

گاندھی جی کا نظریہ

پنڈت جی نے مزید کہا کہ گاندھی جی بھی ہمیشہ اس مسئلہ پر ہماری توجہ دلاتے رہے اور قوم کو اپنا مشورہ دیتے رہے [illegible]

ڈاکٹر [illegible] نے اس سلسلہ میں آخری بات یہ کہی کہ ہماری ملکی زبان ہند کی مجموعی سنسکرتی کی نمائندہ ہونی چاہئے جہاں تک ہندی کا تعلق ہے تو صرف مجموعی کلچر کا نمائندہ ہونا چاہئے جو کہ شمالی ہند میں پروان چڑھی ہے [illegible] اس اصول کا حامی رہا ہوں۔ اب میرے لئے اسے خیر باد کہنا مشکل ہے۔

زبان کیسی ہو؟

سلسلہ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے پنڈت جی نے فرمایا کہ لوگ زبان کو بناتے ہیں اور زبان لوگوں کو۔ اگر ہماری زبان کمزور ہے تو ہمیں بھی کمزور کر دے گی۔ اگر ہماری زبان ایسی ہے جس میں کسی بیرونی عنصر کو دخل نہیں ہو سکتا تو وہ ہمارے دماغ کے کواڑ بھی بند کر دے گی اور ہمارا ذہن بھی ویسا ہی ہو جائے گا۔ اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہماری قوم ترقی کرے [illegible] بن سکے اگر ہم یہ خواہش رکھتے ہیں کہ ہماری قوم باقی دنیا کے خیالات [illegible] مستفید ہونے کے اہل رہے [illegible] تو ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ مسٹر آئینگر نے مسئلہ کا جو حل پیش کیا ہے وہی درست ہے۔

بین الاقوامی تمدن

ہمیں اس بات کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم ایک نئے عہد کے دروازہ پر کھڑے ہیں ہمیں آگے کی طرف دیکھنا ہے یا پیچھے کی طرف۔ اپنے ماضی سے کہ جس میں ہماری جڑیں ہیں منقطع ہونے کا کوئی سوال نہیں۔ قوم کا انحصار سنسکرتی پر ہوتا ہے جو کہ ماضی پر مبنی ہے لیکن پھر بھی ہم اگر آگے بڑھتے ہوئے ہمیشہ پیچھے کی طرف ہی دیکھتے رہے تو ٹھوکر کھا کر گر جائیں گے [illegible] بین الاقوامی تمدن کا نقشہ [illegible] باقی دنیا [illegible] کے باوجود [illegible] گر گئے۔ اور دوسروں کے غلام بن گئے کیا پھر ہم اس قسم کی سنسکرتی کی طرف واپس جانا چاہتے ہیں جس کا نتیجہ غلامی ہوا؟ ہر شخص کہے گا کہ نہیں۔ لیکن کل اور آج کی بعض تقریریں اس امر کا ثبوت ہیں کہ بہت سے اشخاص میں پیچھے جانے کا رجحان موجود ہے۔ مجھے یقین ہے کہ موجودہ مشکلات کے باوجود ہند نہایت تیز رفتاری سے ترقی کی راہ پر بڑھے گا لیکن اگر ہم پرانے رسم و رواج سے چمٹے رہے [illegible] ملک ترقی نہ کرے تو قصور کس کا ہوگا؟

انگریزی کی اہمیت

تقریر جاری رکھتے ہوئے پنڈت جی نے غیر ملکی زبانیں سیکھنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اپنی زبان کے علاوہ انگریزی [illegible] رہیگی۔ اسوقت انگریزی عملی طور پر بین الاقوامی زبان کا درجہ حاصل کر چکی ہے اس زبان کے بغیر ہم باقی دنیا سے رابطہ قائم نہیں رکھ سکتے لہٰذا انگریزی دوسرے درجہ کی زبان کے طور پر ہندوستان میں موجود رہے گی۔ مسٹر آئینگر کی تجویز [illegible] اس بات کو بھی مد نظر رکھنا ضروری ہے۔

آگے چلکر پنڈت جی نے فرمایا [illegible]

چاہتا ہوں کہ ہندی کو مضبوط بنانے کے لئے ہندوستانی اور اردو کے الفاظ کو بھی اس میں جذب کر لیا جائے۔

بین الاقوامی ہندسے

آخر میں پنڈت جی نے کہا کہ مجھے یقین ہو چکا ہے کہ بین الاقوامی ہندسوں کی ہندوستانی صورت کو قبول کرنا ہی بہترین ہوگا [illegible]

ایک سے زیادہ قومی زبانوں کی ضرورت

[illegible]

انہوں نے کہا کہ ہندی علاقوں کے ممبران نے جس طرح ہندسوں کے مسئلہ پر رواداری کا ثبوت دیا ہے [illegible]

اڑیسہ اسمبلی کے مسٹر داس نے کہا کہ یو پی اور سی پی کا [illegible] رویہ نے ہندی نہ بولنے والے علاقوں کے لوگوں کے دلوں میں خطرہ اور شبہ پیدا کر دیا ہے [illegible]

انہوں نے کہا [illegible]

جنوبی ہند کا نقطہ نظر

ڈاکٹر سیتا رامیا نے اپنی تقریر میں ہندوستانی زبان اور رومن رسم خط کی حمایت کی۔ [illegible] ایک صوبہ یا دوسرے صوبہ کا خیال نہیں رکھنا چاہئے بلکہ تمام دنیا کا اور عالمی حکومت کا خیال کرنا چاہئے۔ حصول آزادی کے بعد بھی ہندوستانیوں کی انگریزی سے نفرت دور نہیں ہوئی

انہوں نے امریکہ کی مثال دی جہاں [illegible] باشندے ہونے پر بھی سرکاری زبان انگریزی بنائی گئی [illegible] صدی تک انگریزی ہندوستان کی سرکاری زبان رہی لیکن ابھی تک فارسی کی زبان سے لاتعلقی کا جذبہ برقرار ہے۔ لوگ ہر وقت مہاتما گاندھی کا نام لیتے ہیں لیکن زبان کے مسئلہ میں گاندھی جی کا نام لینے کے لئے تیار نہیں۔ اور یہ کہتے ہیں کہ زبان کے معاملہ میں اسی نام کو نہ گھسیٹا جائے۔

انہوں نے کہا رومن رسم خط اختیار کرنے سے ہندوستانی دنیا کے ساتھ ساتھ رہیں گے۔

انہوں نے کہا جنوبی ہند کے باشندے قومی جذبات کے احترام کے پیش نظر [illegible] جو حکومت یو۔ پی زبردستی نکالنا چاہتی ہے لیکن یو پی کے لوگ زور دیتے ہیں کہ [illegible]

انہوں نے مدراس میں ہندی کے خلاف مظاہروں کا ذکر کرتے ہوئے کہا جب کانگریسی وزارت کے زمانہ میں ہندی رائج کی گئی تو [illegible] کے نعرے لگائے گئے تھے [illegible] یو پی والوں کو جنوبی ہند کے ممبران کی مشکلات کا اندازہ لگانا چاہئے [illegible] علاقائی زبانوں کی فہرست میں انگریزی اور سنسکرت کو بھی شامل کرنا چاہئے۔

سنسکرت کی حمایت

آسام کا نمائندہ مسٹر [illegible] نے سنسکرت کو قومی زبان بنانے کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا [illegible] ہندوستان کے درمیان میں ہندوستانی کو اختیار کروں گا۔ انہوں نے ہندی کی بجائے ہندوستانی کو بہتر بتایا، انہوں نے کہا کہ ہم ۵۰ سال سے بین الاقوامی ہندسے استعمال کر رہے ہیں ان کو اختیار کر لینا چاہئے۔

بمبئی کے مسٹر گپتا نے مقامی ہندسے اختیار کرنے کی حمایت کی۔ [illegible] نے ہندی کو سنسکرت سے لادنے کی مخالفت کی۔

وزیر اعظم سی پی کی تقریر

مسٹر شکلا وزیر اعظم سی پی نے کہا زیادہ سے زیادہ عرصہ کے لئے [illegible] انگریزی باقی رکھی جائے اور ہندی کو جلد از جلد رائج کیا جائے۔ انہوں نے کہا یہ دو پہلو اس مسئلہ کے ہیں۔ کمیٹیوں وغیرہ کی تقرر کی وجہ سے [illegible] کے راستہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے جو ہندی کو انگریزی کی جگہ دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا پانچ سال صوبوں اور مرکز میں انگریزی سرکاری زبان ہوگی۔ [illegible] انہوں نے کہا ہندی کے سرکاری زبان کے لئے انتخاب میں کوئی شبہ نہیں۔ [illegible] مسٹر کرشنا سوامی بھارتی نے ان کے بیان کو چیلنج کیا اور کہا کانگریس نے ہمیشہ ہندوستانی کی حمایت کی۔ [illegible] انہوں نے بین الاقوامی ہندسوں کی مخالفت کی۔

(ا پ ا)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

قاسم رضوی کے مقدمہ میں پی ڈبلو کے چپراسی کی شہادت

عدالت میں تلوار شناخت کی گئی

سکندرآباد ۱۳ ستمبر: آج قاسم رضوی کے خلاف شعیب اللہ خاں کے قتل کے مقدمہ کی مزید سماعت ہوئی سب سے پہلے پی ڈبلو ڈی کے چپراسی مسٹر محمد عباس کی شہادت ہوئی، جس نے شعیب اللہ کی لاش کے پنچ نامہ پر دستخط کئے تھے اس نے عدالت میں شعیب اللہ خاں کی تصویر پہچان لی، اس کے خلاف خفیہ پولیس انسپکٹر محمد اللہ خاں کی شہادت ہوئی جس نے شعیب اللہ خاں کے قتل کی تفتیش کی۔

گواہ نے کہا کہ ۲۳ اگست کو یہ کیس تفتیش کے لئے میرے سپرد کیا گیا۔ میں نے تینوں غلام بھائیوں کی شناختی پریڈ کرائی تھی۔ محمد اسمٰعیل ان میں سے کسی ایک کو پہچان سکا تھا پریڈ کے بعد محمد اسمٰعیل خاں نے بتایا کہ [illegible] یا غلام محمد صابانی سے مراد اس کی اس شخص سے ہے جس نے ماہ رمضان کے آخری جمعہ کو تیلی بازار کی مسجد میں ایک لڑکے کو چھپٹر مارے تھے اس کے بعد میں نے اس شخص کی تلاش شروع کر دی اور ۲۰ اکتوبر ملزم نمبر ۱ منعم خاں کو گرفتار کر لیا گیا اس کے بعد شناختی پریڈ میں اسمٰعیل خاں نے منعم خاں کو شناخت کر لیا۔ اور کہا کہ اس نے شعیب اللہ خاں پر حملہ کیا تھا، اور اس نے مسجد میں لڑکے کے چھپٹر مارے تھے بعد میں منعم خاں نے مجھے قتل کے مزید حالات سے مطلع کیا جس کی بنیاد پر میں نے ملزم نمبر ۲ محسن رضا کو ۱۰ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو گرفتار کیا [illegible] اکتوبر کو گرفتار کیا۔ گواہ نے مزید کہا

کہ یہ پتہ چلا ہے کہ قتل کے بعد وہ تلوار قاسم رضوی کے سکریٹری کے حوالہ کر دی گئی تھی، میں نے وزیر محمد خاں سے استفسار کیا جس نے مجھے ان ہتھیاروں کی رسید دکھائی جو تھانہ میں جمع کرائے جا چکے تھے، ملزم محسن رضا کو تھانہ میں پڑی تلواریں دکھائی گئیں اور اس نے یہ کہتے ہوئے ایک تلوار اٹھائی (یہی) وہ تلوار ہے جو شعیب اللہ پر استعمال کی گئی تھی، چنانچہ تلوار کو سر بمہر کر دیا گیا جس پر ملزم مذکور نے بھی دستخط کئے وہ تلوار جائے وقوعہ کی خون آلود مٹی ایک گولی اور دو کارآمد کارتوس عدالت کو بھیج دیئے گئے تاکہ اس کا کیمیائی معائنہ کیا جا سکے۔ گواہ نے مزید بتایا کہ ۲۹ اکتوبر کو اسیر ضمانت پر رہا کر دیا گیا اس دن انہیں عدالت میں پیش کیا گیا تاکہ سماعت کے بعد سلطانی گواہ اس کا بیان قلمبند کیا جا سکے عدالت نے اسیر کے علاوہ منعم خاں اور محسن رضا کے اقبالی بیانات بھی [illegible] ملزموں کے علاوہ میں نے قاسم رضوی کے اے ڈی سی سجاد حسین اور سکریٹری وزیر محمد خاں ضیاء الدین خاں، علی محمد خاں اور محمد اسحاق کی بھی تلاش کی مجھے پتہ چلا کہ وہ سب پاکستان جا چکے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں گواہ نے کہا کہ میں نے ۷ جنوری ۱۹۴۹ء کو اپنی تفتیش ختم کر لی تھی اس کے بعد میں دوسرے اشخاص کی شہادتیں بھی اپنی ڈائری میں درج کیں [illegible] خفیہ پولیس [illegible] حیدرآباد نے قلمبند کی تھیں۔

تین مسائل پر ہند اور پاکستان کا تنازعہ ہے

نیویارک میں وزیر خارجہ پاکستان کا بیان

نیویارک ۱۴ ستمبر۔ وزیر خارجہ پاکستان مسٹر ظفر اللہ خاں نے یہاں پہنچ کر ایک بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ہونے والے اجلاس میں پاکستان کا سب سے زیادہ مسئلہ کشمیر کی بابت فکر ہے۔

سر ظفر اللہ لندن سے یہاں طیارہ کے ذریعہ پہنچے ہوائی اڈہ پر اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندہ مسٹر عبدالرحیم خاں نے ان کا استقبال کیا۔ پاکستانیوں کی بہت بڑی تعداد بھی ہوائی اڈہ پر موجود تھی۔ انہوں نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ پاکستان نے اقوام متحدہ کمیشن کی تجاویز کشمیر کے تصفیہ کے لئے بلا شرط منظور کر لی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دو اور معاملات ہیں جن پر ان کے ملک کا ہندوستان سے جھگڑا ہے ان میں سے ایک دریائے راوی بیاس اور ستلج دریاؤں کے متعلق ہے۔ سر ظفر اللہ نے کہا قیام پاکستان کی وجہ سے یہ دریا بین الاقوامی ہو گئے ہیں۔ اپنے اور ہندوستان کے درمیان اس بارہ میں سمجھوتہ نہ ہو سکنے کے باعث پاکستان نے تجویز کیا ہے کہ یہ مسئلہ بین الاقوامی عدالت انصاف کے سامنے رکھا جائے اگر ہندوستان نے ان دریاؤں میں وہ سب کچھ کیا جو وہ کرنا چاہتا ہے تو پاکستان ریگستان بن کر رہ جائے گا۔

تیسرے امر کی بابت سر ظفر اللہ نے کہا کہ وہ متخلف کنندگان کی جائیداد کا مسئلہ ہے انہوں نے کہا اس بارہ میں معاہدہ کراچی کے تحت دونوں ممالک میں سمجھوتہ ہو گیا تھا۔ جب اس پر عمل درآمد کا وقت آیا تو معلوم ہوا کہ ہندوستان نے ایسے قانون جاری کر دئے ہیں جن کا اثر یہ ہوگا کہ ان علاقوں میں جو معاہدہ کراچی میں مذکورہ علاقوں سے باہر ہیں مسلمانوں کی بڑی بڑی جائیدادیں حکومت ہند کے قبضہ میں پہنچ جائیں گی سر ظفر اللہ نے کہا اس کے نتیجہ میں مسلمانوں کی مزید ہجرت شروع ہو جائے گی۔ پاکستان میں کمیونزم کے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا مغربی پاکستان میں اس کا وجود نہیں لیکن مشرقی پاکستان کی سرحد برما سے ملتی ہے اور برما کی سرحد چین سے ہے وہاں پر خطرہ ہے اور ہم کو ہوشیار رہنا چاہئے۔ (اے پی رائٹر)

پاکستان اپنے اقتصادی استحکام پر فخر کرسکتا ہے

لاہور میں مسٹر مشتاق احمد گورمانی کی تقریر

لاہور ۱۳ ستمبر۔ پاکستان کے معاملات کشمیر کے وزیر مسٹر مشتاق احمد گورمانی نے کہا کشمیر پاکستان کے لئے بہت ہی زیادہ اہم ہے۔ اور [illegible] کشمیر کی خاطر پاکستانی اپنے خون کا ہر قطرہ بہا دیں گے۔ انہوں نے یہ تقریر مغربی پنجاب کے مسلم طلبا کی فیڈریشن کے زیر اہتمام ایک جلسہ میں کی۔ انہوں نے کہا ہم کشمیر کے لئے اپنے اصولوں پر برقرار رہیں گے [illegible]

اقتصادیات سے بہتر ہے۔ (ا پ ا)

الہ آباد میں ۱۲ روپے سیر چینی

الہ آباد ۱۳ ستمبر (ا م) یہاں پر چینی عملاً ناپید ہو چکی ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے قیمت ۱۳ آنے مقرر کی تھی اور خوردہ فروشوں کو انتباہ کیا تھا کہ اس سے زیادہ قیمت پر فروخت نہ کریں۔ دیگر نہ قانونی کارروائی کی جائے گی۔ لیکن اسوقت چینی [illegible]

سنگاپور کی معاشی حالت

[illegible]

ہزار روپیہ انعام

طاقت مفت

لٹریچر اور مشورہ مفت [illegible] نامردی، کمزوری، ناطاقتی [illegible]

[illegible]

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۱۶ ستمبر ۱۹۴۹ء

خطرناک کھیل

یہ اطلاع آچکی ہے کہ پاکستان میں ہندوستانی کپڑے کے بائیکاٹ کی تحریک شروع ہو گئی ہے اب یہ مزید اطلاع آئی ہے کہ اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے ایک وفد سارے پاکستان اور پاکستانی ریاستوں کا دورہ کرے گا اور اس تحریک کو مؤثر بنانے کے لئے رائے عامہ کو اپنے ساتھ ملائے گا، پہلے تو ہم یہ سمجھے تھے کہ یہ تحریک چند پاکستانی تاجروں کا مذاق ہے لیکن اب ہماری رائے بدل گئی ہے اور ہمیں محسوس ہو گیا ہے کہ شاید یہ ایک منظم تحریک ہے جو جائدادوں کے مسئلہ کا انتقام لینے کے لئے نہایت عاقبت نااندیشی اور حماقت کے ساتھ شروع کی گئی ہے۔

اسلام نے کہا ہے کہ استفت قلبک یعنی جس بات کا ارادہ کرو پہلے اپنے دل سے فتویٰ لے لو اور اپنے ضمیر سے پوچھ لو کہ تمہارا یہ ارادہ صحیح ہے یا غلط اور اس سے تمہیں فائدہ پہنچے گا یا نقصان اس لئے ہم اظہار رائے سے قبل حکومت پاکستان اور پاکستانی مسلمانوں سے دریافت کریں گے کہ کیا انہوں نے اپنے اس فیصلہ کی بابت اپنے دل سے بھی دریافت کر لیا ہے، کیا ان کے ضمیر اور ایمان کا فیصلہ یہی ہے کہ ہندوستانی کپڑوں کا بائیکاٹ ہونا چاہئے، کیا انہیں یقین ہے کہ یہ بائیکاٹ انکے حق میں مفید اور نفع بخش ثابت ہوگا، اگر وہ ضمیر کی عدالت سے اپنے فیصلے کے متعلق کچھ پوچھ لیتے تو ہمیں یقین ہے کہ پھر انکا فیصلہ کچھ اور ہوتا اور وہ اپنے مقاصد کے لئے ان اوچھے ہتھیاروں کو کبھی استعمال نہ کرتے! جہاں تک بائیکاٹ اور تجارتی عدم تعاون کا سوال ہے، معمولی سمجھ کا انسان بھی اس کا جواب اثبات میں نہ دے گا، بائیکاٹ کوئی بچوں کا کھلونا نہیں کہ خود ہی فیصلہ کر لیا اور خود ہی خوش ہو کر مطمئن ہو گئے یہ بڑی سخت اور نازک چیز ہے اور اسے بروئے کار لانے کا خیال وہی جماعت کر سکتی ہے جو عقل و خرد ہوش و حواس اور تدبر سے محروم ہو چکی ہو، کیونکہ ضروری نہیں کہ بائیکاٹ کا صرف مفید پہلو ہو بلکہ ممکن ہے کہ اس تحریک سے خود پاکستانی مسلمانوں کو نقصان پہنچے اور چینے کے ساتھ ہندوستانی مسلمان بھی پس جائیں بائیکاٹ کی تلوار دو دھاری تلوار ہے جو بسا اوقات خود چلانے والے کو کاٹ کر رکھ دیتی ہے! آخر یہ کیوں فرض کر لیا گیا ہے کہ صرف پاکستان ہی بائیکاٹ کر سکتا ہے اور ہندوستان اس کا جواب نہیں دے سکتا، کیا ہندوستان کو بائیکاٹ کرنا نہیں آتا، اگر وہ جواب دینے پر اتر آئے تو وہ پاکستان کے پٹ سن کو بھی آسانی سے تلانجلی دے سکتا ہے اور نمک اور کوئلہ کو بھی برآمد سے روک سکتا ہے، اور اس کی تکمیل کے لئے وہ کوئی ہتھیار بھی استعمال کر سکتا ہے، اگر ہندوستان کو بھی بائیکاٹ کا حق حاصل ہے تو پاکستانی تاجر بتائیں کہ ان کی اس تحریک کو کیا امتیاز حاصل ہوا، اور وہ اپنے نقصان کی تلافی کے لئے کیا شکل اختیار کریں گے؟

بھلائی سے بھلائی اور برائی سے برائی پیدا ہوتی ہے، اور انتقام کا نتیجہ ہمیشہ الٹا نکلتا ہے، اگر پاکستان کو جائداد کے سلسلہ میں کوئی شکایت ہے تو اسے اس جھگڑے کو اپنی حد میں رکھنا چاہئے لیکن یہ کونسی سیاست ہے کہ کپڑے پر غصہ اتارا جائے اور وہ حرکت کیجائے جو عقل و نقل کی میزان میں کسی طرح پوری نہ اترے! بے شک سیاسی زندگی میں ایک مرحلہ ایسا بھی آتا ہے کہ ایک ملک کو دوسرے ملک سے عدم تعاون بھی کرنا پڑتا ہے لیکن ہندوستان اور پاکستان نہ تو جغرافیائی اعتبار سے دو ملک ہیں اور نہ ایسے حالات پیدا ہوئے ہیں کہ پاکستان جان بوجھ کر اپنے پیروں پر کلہاڑا چلائے۔ اور ہندوستانی کپڑے کا بائیکاٹ کرکے بین الاقوامی

ابتری کا ایک نیا دروازہ کھول دے، یہ مانا کہ پاکستان پورے ملک سے کٹ کر الگ ہو گیا ہے لیکن یہ تو کوئی بھی نہیں مانے گا کہ اس کی سیاسی اقتصادی اخلاقی اور فوجی ضرورتیں بھی الگ ہو گئی ہیں اور وہ لوگ جو دو سال پہلے ہزاروں سال سے تن واحد کی طرح رہتے چلے آتے تھے آج ہر اعتبار سے ایک دوسرے سے بے نیاز ہو گئے ہیں، اور انہیں تعاون و اشتراک، خیر سگالی اور ہمدردی کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہی؛ ہندوستان اور پاکستان کی مصلحتیں، ضرورتیں صنعتیں تعلقات، دوستداری اور دوسرے امور آپس میں اسی طرح گتھے ہوئے اور مربوط ہیں کہ ان کا ٹوٹنا اور جدا ہونا محال ہے، ہند کو پاکستان کی اور پاکستان کو ہند کی ضرورت ہے اور یہ ضرورت اسیوقت ختم ہوگی جب دونوں کا نام و نشان باقی نہ رہے گا یا پاکستان اڑ کر سائبیریا میں اور ہندوستان چلکر الاسکا میں فٹ ہو جائے گا، یا پھر ہند اور پاکستان کی سرزمین شعلہ جوالہ بن کر آفتاب کے سمندر میں غرق ہو جائیگی ہم بدقسمت ہندوستانی مسلمان عجیب کشمکش میں مبتلا ہیں، جہاں اس قسم کا کوئی حادثہ پیش آتا ہے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے کیونکہ یہ اندیشہ رہتا ہے کہ کہیں نزلہ بر عضو ضعیف کا معاملہ نہ ہو جائے اور ان کے کئے کا خمیازہ ہم کو بھگتنا نہ پڑے ہماری حالت بھی عجیب غریب ہے کہ [illegible] کو خوب ہی بھر کر رد لو اور ابھی بدقسمتی پر پیٹ بھر کر ماتم سرائی کر لو، تماشہ کے لئے اکھاڑہ پاکستان میں جمتا ہے اور درد و رنج ہماری قسمت ہوتی ہے، گویا دوسروں کے رحم و کرم پر ہمارا جینا رہ گیا ہے، رات دن دعا کرتے ہیں کہ خدایا! پاکستان والوں سے کوئی قابل اعتراض حرکت سرزد نہ ہو تاکہ ہم بھی آرام سے پیر پھیلا کر سو سکیں، ہر وقت پاکستان کی طرف ہی آنکھیں لگی رہتی ہیں کہ وہاں دانائی، رواداری محبت اور انصاف کا مظاہرہ ہو اور ہم یہاں سرخروئی کے ساتھ زندگی بسر کر سکیں! اگر پاکستانیوں کو ہندی مسلمان کے ساتھ کوئی ہمدردی ہوتی تو انکا طرز عمل یقیناً یہ نہ ہوتا جواب دیکھنے میں آرہا ہے وہ وہاں یہ سوچ کر کھانستے اور یہ سمجھ کر سانس لیتے کہ کہیں ہندی مسلمان کی نیند اچاٹ نہ ہو جائے مگر انہیں ہمارے ساتھ کیا ہمدردی؛ جو بھی میں آتا ہے کرتے ہیں اور ہم یہاں دل مسوس کر رہ جاتے ہیں۔

سنا گیا ہے کہ ہندوستان کے کپڑے کا بائیکاٹ اس لئے کیا جا رہا ہے تاکہ پاکستان کا وہ ولائتی کپڑا جو مہنگے داموں خریدا گیا ہے ستا نہ ہو جائے اور وہاں کے سرمایہ داروں کو نقصان نہ اٹھانا پڑے کیونکہ ہندوستانی کپڑا ولایتی کپڑے کے مقابلہ میں ارزاں ہے اور یہ ارزانی وہاں کے تاجروں کے خواب و خور کو حرام کر رہی ہے اگر بات یہی ہے تو اس کی تلافی کے لئے دوسری شکلیں بھی اختیار کیجا سکتی تھیں، یہ آخر کیا تک ہے کہ چند سرمایہ داروں کی خاطر ہندوستان سے بگاڑا جائے اور یہاں کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں پر بلا وجہ ایک نئی بلا نازل ہو!

ہم پاکستان کے باشعور اور ارباب تدبر و تدبیر سے گزارش کریں گے کہ وہ اسی بات پر بھی غور کریں کہ کہیں وہ انگلستان کے دام فریب میں تو گرفتار نہیں ہو گئے، کہیں اس تحریک کے پس پردہ مانچسٹر کے بانندوں کا ہاتھ تو نہیں ہے؛ کہیں انگریز نے تو پاکستان کے ساتھ کوئی نیا کھیل نہیں کھیلا، ممکن ہے کہ تحریک کے اسباب کچھ اور بھی ہوں لیکن ہمارا مشورہ یہ ہے کہ پاکستانی تاجر بائیکاٹ کی اس تحریک کو جس قدر بھی جلد دستبردار ہو جائیں اتنا ہی اچھا ہے، کیونکہ انتقام کی تلوار اپنے اور پرائے [illegible] کو نہیں دیکھتی، اگر [illegible] بڑھ گیا تو اس کے نتائج پاکستان کے حق میں بہت ہی خطرناک ہوں گے۔

چینی کی گرانی

اس وقت دنیا کے سرمایہ دار [illegible]

[illegible] چینی [illegible] سیر فروخت ہو رہی تھی۔ [illegible] سرمایہ داروں نے [illegible]

[illegible] عوام کو گرانی کی مصیبت سے بچائے۔ اول بھی سرمایہ دار اور آخر بھی سرمایہ دار۔ حکومتیں ان کی انگلیوں پر ناچتی ہیں۔ [illegible] شوگر [illegible] نے اعتراف کیا ہے کہ چینی کافی مقدار میں موجود ہے۔ اس کے باوجود [illegible]

اچھی باتیں

هل جزاء الاحسان الا الاحسان

(پ ۲۷ ع ۱۳)

کیا احسان کا بدلہ احسان سے نہیں دیا جاتا؟

یعنی احسان سے احسان، حسن سے حسن اور بھلائی سے بھلائی پیدا ہوتی ہے احسان کا بدلہ ہمیشہ احسان ہی سے دینا چاہیئے، کیونکہ فطرت اور اخلاق کا یہی تقاضہ ہے، احسان فراموشی انسان کی بدترین خصلت ہے اور ایسے شخص سے بھلائی کی کوئی امید نہیں ہو سکتی جو احسان کو بھول جائے۔ اور حسن سلوک کا بدلہ بدسلوکی سے دے،.... مسلمانوں کو سخت تاکید کی گئی ہے کہ وہ حسن و احسان کو اپنا مدار کار بنائیں۔ اور احسان کے بدلہ میں احسان کریں اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو یہ ان کے قومی مزاج پر ایک بدنما داغ ہوگا اور دنیا کو ان سے بھلائی کی کوئی امید نہیں رہے گی۔

مسلمانوں کی مذہبی تعلیم اور اصلاح کیلئے ایک اہم مضمون

(از۔ مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی)

(۳)

میرا خیال ہے کہ ہمارے متعدد اور منتشر کتابوں کے ان اقامت خانوں کے درس کو صرف قرآن ہی کی حد تک محدود رکھنا چاہئے۔ تجربہ کی بنیاد پر یہ توقع ہے کہ میٹرک پاس کرنے والے طلبا میں اتنی استعداد اقامت خانوں کی طرف سے اگر پیدا کر دی جائے کہ قرآن کی عربی عبارت کے براہ راست ترجمہ پر وہ قادر ہو جائیں۔ قرآن کی اردو بھی ایسے اردو جاننے والوں سے بوجوہ مختلف بہتر ہوگی۔ جو عربی زبان سے واقف ہیں، خواہ اردو زبان میں انہوں نے بی۔ اے یا ایم۔ اے ہی کیوں نہ پاس کر لیا ہو۔

ہاں! درس کے سوا ہر اقامت خانے میں ایک دارالمطالعہ بھی قائم کرنا چاہئے جس میں اردو زبان کی دینی کتابیں اور جرائد و اخبار منگائے جائیں اور طلباء میں ان کے مطالعہ کا مذاق پیدا کیا جائے۔

جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس قسم کے اقامت خانوں کی ہر شہر اور ہر قصبہ میں مسلمان عام طور پر ضرورت محسوس کر رہے ہیں بلکہ ان کی ایک بڑی تعداد اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کی ہمت اسی لئے اپنے اندر نہیں رکھتی کہ موجودہ عصری اقامت خانوں کے مصارف کا بار وہ برداشت نہیں کر سکتے۔ اور جہاں مدارس اور اسکول کالج اور یونیورسٹیاں ہیں، جہاں ان کے بچوں کے قیام کی کوئی دوسری صورت ممکن نہیں ہوتی۔

معقول ہے تو معاصر کو اس کی حمایت کرنی چاہیئے اور ان غلط فہمیوں کو دور کرنا چاہیئے جو اس بارے میں اس کے خلاف پھیلائی جا رہی ہیں مگر وہ حمایت کے بجائے الٹا اس پر الزام لگا رہا ہے کہ وہ نکاسیوں کی جائداد کو بچانا چاہتی ہے! کیا معاصر کے نزدیک اس کی یہ پوزیشن صحیح ہے؟ کیا اس اقرار کے بعد انکار کرنا اس کی شان کے شایاں ہو سکتا ہے؟

معاصر نے لکھا ہے کہ ہندوستان ایک سیکولر اسٹیٹ ہے اور پاکستان فرقہ وارانہ اسٹیٹ دونوں میں بنیادی فرق ہے! نیز جو لوگ پاکستان میں جائدادیں چھوڑ کر ہندوستان آئے ہیں ان کی حق رسی کرنا ہندوستان ...

کی طرف سے پیش کردہ تجاویز مسترد کر دیں۔ ان تجاویز میں کہا گیا تھا کہ مارشل ٹیٹو کا سفیر ملک کریں اور اپنے لقب کے نئے اعلانیہ طور پر اپنی غلطیوں کا اعتراف کریں۔

فرانس سے موصول ہونے والی خبر بتاتی ہیں کہ مارشل ٹیٹو کی پیرس میں سفارت کے ... رکن ڈاکٹر ذی ... نے مارشل ٹیٹو تک پہنچائی تھیں۔ ... مارشل ٹیٹو سے ملاقات کی تھی۔

کے غرض لیگ کو سنبھالا دیا اگر آپ نے اس چیز کو نظر انداز کر دیا تو جمعیۃ علما کو بھی اس سے سروکار نہ ہونا چاہیئے تھا۔

معاصر نے یہ بھی لکھا ہے کہ مولانا حفظ الرحمن اور مولانا حبیب الرحمن میدان میں نکلے اور ایک ایک مسلم مکان کا دروازہ کھٹکھٹا کر تحقیقات کرتے کہ اس میں پاکستانی جرائم تو نہیں ہیں، تو دیش پر بڑا احسان کرتے۔ ہم پھر عرض کرتے ہیں کہ ان بزرگوں نے نہ صرف اس اخبار میں بلکہ اپنے بیانات اور تقریروں میں بار بار اعلان کیا کہ مسلمان نکاسیوں کی جائداد کسٹوڈین کے حوالہ کر دیں۔ اگر ان بزرگوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے تو آپ کا فرض بھی ہے کہ سیکولر اسٹیٹ کی ساکھ اور آپ کو چلنے کے ...

کے ہر ڈویژن میں سوراغ تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن کسی نے بیڈ یہ بنے کسٹوڈین کو یہ اطلاع دینے کی زحمت گوارا نہیں کی کہ فلاں مکان کا مالک پاکستان چلا گیا ہے اس پر قبضہ کر لیا جائے یہ قطعی بے بنیاد اور واقعات سے بے خبری کا نتیجہ ہے؛ جہاں تک مخصوص حلقوں میں غیر مسلموں کے داخلہ کا سوال ہے کیا ہمارا معاصر کوئی ایسا علاقہ بتا سکتا ہے، جہاں شرنارتھی آباد نہ ہوں، پھر اس غلط بیانی سے کیا فائدہ کہ جمعیۃ علما نے مخصوص حلقوں میں کسی غیر مسلم کو داخل نہ ہونے دیا بلکہ جمعیۃ علما نے یہ ضرور کیا کہ جن علاقوں میں مسلمانوں کی اکثریت تھی ان میں غیر مسلموں کے آباد ہونے سے خونریزی پھیلنے اور شرنارتھیوں کے پردہ میں ان کے ...

معاصر تیج کا الزام

ایک تحفہ!

چاندنی چوک کا لرزہ!

خیابان نظر

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اردو کی اہمیت

جناب مکرم تسلیم شہروں اور دیہاتوں میں لائبریریوں کا انعقاد ہو۔ تعلیم یافتہ مائیں اور بہنیں چھوٹے بچوں کو اردو میں گفتگو کرنے کی امداد دیں اور عادت ڈالیں۔ اساتذہ صاحبان احاطہ مدرسہ کے اندر اور باہر اردو میں گفتگو کریں۔ اور طلباء پر زور دالیں کہ وہ بھی حتی الامکان اردو میں شوق لیں۔ اور اس کو زندہ زبان کا درجہ دیں صبح کی اسمبلی میں طلباء کو تقاریر کا موقع دیا جائے اور اساتذہ کرام طلباء پر روشن کر دیں کہ اب اردو ہی کی قدر و منزلت ہے آہستہ آہستہ پرانا خیال کافور ہو جائے گا۔ اور طلباء اردو زبان سے مانوس ہو جائیں گے۔ سائنس بجائے انگریزی کے اردو میں لکھے جائیں ...

طبقہ عمل میں ریاضی اور تاریخ، جغرافیہ کتب ... انگریزی میں تھیں لیکن اب جبکہ مادری زبان میں تعلیم دینے کا فیصلہ ہو چکا ہے ہر مضمون پر اردو میں کتابیں باقاعدہ طور پر شائع کی جائیں۔ تاکہ اردو میں تعلیم حاصل کرنے والے ... اس طرح پیدا ہو کہ ... خطرات اور اندیشے آج نظر آتے ہیں سب مٹ جائیں گے۔ اور اردو خوب پھولے پھلے گی۔

اردو کی ترقی کے لئے کتابوں کی اشاعت اور ارزاں فروخت بھی لازمی ہے۔ اگر ہم اچھی دلچسپ مفید، علمی، ادبی اور تاریخی کتب اردو میں پیش کر سکیں گے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ لوگ اردو ادب سے دلچسپی نہ لیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ اردو کے حامی عملی قدم اٹھائیں اور اردو زبان کی ترقی میں حصہ لیں۔ ... زبانیں عوام سے بنتی ہیں حکومت کے سہارے سے نہیں ... اردو ایک زندہ اور مستحکم زبان ہے اسکو حکومتوں کے سہارے کی ضرورت نہیں وہ عوام کی زبان ہے اور اسی میں زندہ رہے گی تمام انجمنیں موجود ہیں۔

(امید قریشی کا شانۂ احباب)

کی ہے کہ کم از کم اخبار الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچائی جانے میں تمام جماعتوں سے بالعموم اور آل انڈیا انجمن اصلاح روغن گران کے ناظم ہونے کی حیثیت سے برادران روغن گران سے بالخصوص اپیل کرتا ہوں کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں اخبار الجمعیۃ کے خریدار بنیں۔ بہتر صورت یہ ہے کہ سالانہ یا ششماہی چندہ منیجر الجمعیۃ دہلی کے پتہ پر روانہ فرما کر فوراً اخبار جاری کرا لیا جائے۔ روغن گر برادری کی تعداد ہندوستان میں لاکھوں کے قریب ہے جس فرقہ سے میری اپیل کا ... جمعیۃ العلماء کی ممبر سازی کے زمانہ میں برادران روغن گران نے احترام کیا تھا میں امید کرتا ہوں کہ یہ اپیل بھی اسی احترام کی مستحق ہوگی۔ جمعیۃ العلماء اور الجمعیۃ کی بقا ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی بقا ہے۔

(حافظ) بشیر احمد سکریٹری آل انڈیا انجمن اصلاح روغن گران

جلا وطن

مکرمی تسلیم و نیاز۔ ... الجمعیۃ میں ... جلا وطنی ... کا اظہار کیا ہے۔ یہ ایک جذبات ... نہیں بلکہ دونوں طرف کے ایک کروڑ جلا وطنوں کے جذبات کی ترجمانی ہے۔

وطن کی محبت وہی جانتے ہیں جو بے گھر ہو کر ادھر ادھر جگہ جگہ وطنی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ باوجود دونوں حکومتوں کی پوری مدد کے بھی مطمئن نہیں ہیں۔ ... حکومت ... دائمی امن کی خواہش مند ہیں تو تبادلہ آبادی ... پرمٹ سسٹم جیسی لعنت کو منسوخ کر دیں اور وطن کی واپسی کی عام اجازت دے دیں ... دونوں حکومتوں کا اولین فرض ہے ... عوام کا بھلا اسی میں ہے ... کی امید ہے۔

ایم۔ ایس۔ ... ——— ... پنجاب

روغن گران برادری سے اپیل

محترمی تسلیم! جمعیۃ علماء ہند اور اس کا نقیب الجمعیۃ موجودہ دور میں انڈین یونین کے مسلمانوں کی جو اہم خدمات انجام دے رہے ہیں وہ ارباب فہم و بصیرت سے پوشیدہ نہیں۔ اس بنا پر الجمعیۃ نے عام مسلمانوں سے اپیل ...

کسٹوڈین سے سراسیمہ اقلیت کا ہراس دور کرنے کے لئے جمعیۃ علماء پیلی بھیت کا مطالبہ

پیلی بھیت ۱۵ ستمبر۔ پیلی بھیت کی اطلاع ہے کہ یہاں حکیم محمد حسن صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع کے مکان پر جمعیۃ علماء کی طرف سے ایک اہم ہندو مسلم حضرات کا مشترکہ جلسہ زیر صدارت جناب بابو گندن لال صاحب ایم۔ ایل۔ اے منعقد ہوا۔ اس جلسہ کی کارروائی اور قرارداد حسب ذیل ہے۔

(۱) آج باشندگان ضلع و شہر پیلی بھیت کا یہ شاندار جلسہ نکاسی جائداد کے آرڈیننس کے اصل منشاء سے کلی اتفاق کرتے ہوئے اور اس کے تحت مکمل تعاون کا یقین دلاتے ہوئے اس کا خیر مقدم کرتا ہے لیکن اس سلسلہ میں حکومت اور حکام ضلع کی توجہ اس طرف منعطف کراتا ہے کہ وہ اس قانون کو ایسے نامناسب اور غیر آئینی طور پر نافذ نہ ہونے دیں جس سے مسلمانوں میں بلا وجہ خوف و ہراس پیدا ہو جائے۔ نیز جہاں کہیں کوئی ایسی بیجا اور خلاف قانون کارروائی کی گئی ہے اس کی پوری تحقیقات کے بعد اس کا فوری مداوا کیا جائے۔

(۲) یہ جلسہ حسب ذیل اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی بنا کر اختیار دیتا ہے کہ وہ اس آرڈیننس پر عمل کرتے ہوئے قابل اعتراض اور بیجا صورتوں پر حکومت کو توجہ دلاتا رہے۔

(۱) بابو گندن لال صاحب اگروال ایم۔ ایل۔ اے (۲) بابو بھگوان سنگھ صاحب ایم ایل۔ اے (۳) بابو درگا شنکر صاحب [illegible] (۴) بابو لچھمی نرائن صاحب سیکرٹری ضلع کانگریس کمیٹی (۵) مقصود عالم صاحب صدر شہر کانگریس کمیٹی (۶) عزیز اللہ صاحب انصاری (۷) مولوی فضل الرشید صاحب وکیل (۸) مولوی [illegible] صاحب وکیل (۹) ناصر الدین خاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء پیلی بھیت (۱۰) [illegible] (۱۱) جناب نثار احمد صاحب میونسپل کمشنر

سہارنپور کی خبریں

(اپنے نامہ نگار سے)

ضلع میں وزیروں کا دورہ

سہارنپور ۱۸ ستمبر بذریعہ ڈاک۔ تنسیخ زمینداری اور اس کی تحقیقات جمع کر کے زمینوں کے مالک بننے کے طریقوں پر روشنی ڈالنے کے لئے یو۔ پی کے وزراء ضلع سہارنپور کا دورہ کر رہے ہیں جن کا پروگرام حسب ذیل ہے۔ [illegible]

ضلع جمعیت کانفرنس

جمعیۃ علماء ضلع کانفرنس قصبہ بہٹ میں ۲۵ و ۲۶ ستمبر کو منعقد ہو رہی ہے جس کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔ اجلاس میں شرکت کے لئے شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، حضرت مولانا بشیر احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء یو پی، مولانا شاہد میاں صاحب فاخری ورکنگ صدر جمعیۃ علماء یو پی، حضرت مولانا محمد قاسم صاحب شاہجہانپوری، حضرت مولانا ابو الوفا صاحب اور دیگر اکابر تشریف لا رہے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ مولانا محمد قاسم صاحب سہارنپور تشریف لا رہے ہیں اور ضلع جمعیۃ علماء کا دفتر بھی ۲۸ ستمبر کو سہارنپور سے قصبہ بہٹ میں تبدیل ہو جائے گا تاکہ اجلاس کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنایا جا سکے۔

زمینوں کے مالک بننے کا جوش

ضلع بھر کے کسانوں میں زمینوں کے مالک بننے کے لئے زبردست جوش پایا جا رہا ہے۔ دس گنا لگان تحصیلوں میں جمع کرانے کے لئے سرکار کی طرف سے پرچیاں تقسیم کی گئی ہیں۔ پرچیوں کی تقسیم کا سلسلہ ۱۵ ستمبر تک جاری رہے گا۔ پچھلے تین دنوں میں بیس ہزار روپیہ جمع ہو چکا ہے۔ ضلع کانگریس کمیٹی اس ضمن میں کوئی خاص مہم جاری کرے گی۔ (ن۔ س)

رام لیلا کمیٹی کے جلوس

رام لیلا کمیٹی کی طرف سے ان دنوں روزانہ جلوس نکلتے ہیں۔ [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ اس فہرست میں صرف دو روپیہ اور اس سے زائد رقوم کے نام درج ہیں اور اس سے کم رقوم کے نام معرفت یا متفرق میزان میں جمع کئے گئے ہیں۔ چونکہ اخبار میں جگہ کم ہوتی ہے اور چھوٹی چھوٹی رقوم کے نام بکثرت ہوتے ہیں اس لئے مجبوراً ایسا کیا گیا ہے۔ امید کہ متعلقہ حضرات معاف فرمائیں گے۔ واجرہ علی اللہ

(۱) جناب منشی عبد الرحمن صاحب جمعدار، رام پور [illegible] زکوٰۃ
(۲) ″ حاجی محمد صدیق صاحب [illegible]
(۳) ″ عبد المجید صاحب [illegible]
(۴) ″ حاجی قادر بخش صاحب [illegible]
(۵) ″ شرف الدین صاحب [illegible]
(۶) چندہ از عیدگاہ رام پور [illegible]
(۷) جناب سید لیاقت علی صاحب [illegible]
(۸) ″ حاجی علی حسین صاحب [illegible]
(۹) ″ ریاض الدین صاحب۔ شکرکوٹ [illegible]
(۱۰) ″ مولوی عبد الحق صاحب [illegible]
(۱۱) ″ حاجی عبد الغفور نور محمد صاحبان۔ دہلی [illegible]
(۱۲) ″ ″ معین الدین شاہ محمد صاحبان [illegible]
(۱۳) باشندگان سکندر پور ضلع مظفر نگر [illegible]
(۱۴) جناب حافظ بشیر احمد صاحب۔ دیوبند [illegible] امداد
(۱۵) معرفت شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی [illegible]
(۱۶) معرفت [illegible] صاحب۔ مظفر نگر [illegible] زکوٰۃ
(۱۷) جناب شیخ رحمت الٰہی صاحب۔ ہاپوڑ [illegible]
(۱۸) ″ حاجی جمال الدین صاحب [illegible]
(۱۹) معرفت حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب [illegible] امداد [illegible] زکوٰۃ
(۲۰) معرفت مولانا حبیب الرحمن صاحب [illegible] امداد [illegible] زکوٰۃ
(۲۱) جناب شیخ غلام حسن صاحب۔ فیض آباد [illegible] زکوٰۃ
(۲۲) انجمن خادم المسلمین۔ رام گڈھ [illegible]
(۲۳) معرفت محمود خاں صاحب۔ بلاسپور [illegible]
(۲۴) جمعیۃ علماء [illegible]
(۲۵) محمد ابراہیم صاحب [illegible] بجنور [illegible]
(۲۶) مولوی [illegible] صاحب [illegible]
(۲۷) جمعیۃ علماء ضلع اجمیر شریف [illegible]
(۲۸) متفرق [illegible]
(۲۹) متفرق معرفت محمد یٰسین صاحب، رام پور [illegible]
(۳۰) [illegible]
(۳۱) جناب [illegible] صاحب۔ سہارنپور [illegible]
(۳۲) [illegible]
(۳۳) ″ شیخ محمد الیاس صاحب۔ دہلی [illegible] زکوٰۃ
(۳۴) [illegible]
(۳۵) [illegible]
(۳۶) [illegible]
(۳۷) [illegible]
(۳۸) [illegible]
(۳۹) [illegible]

سی پی کے مسلمانوں میں زندگی کی لہر پیدا کرنے کے لئے سعیٔ مستحسن

ناگپور میں سی پی جمعیۃ علماء کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ

کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے مسلمانوں سے عبد الستار صاحب فاروقی کی اپیل

ناگپور (بذریعہ ڈاک) مولوی عبد الستار صاحب فاروقی ایڈیٹر ہفتہ وار الفاروق، کامٹی اور جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء سی پی نے کانفرنس صوبہ جمعیۃ علماء کے سلسلہ میں مسلمانان سی پی کے نام حسب ذیل اپیل جاری کی ہے۔

آج ہندوستان میں مسلمانوں کی حیثیت ایک بھٹکے ہوئے مسافر کی سی ہے۔ غالباً مسلمانوں نے یہ فرض کر لیا ہے یا بدلے ہوئے حالات نے انھیں یہ باور کرنے پر مجبور کر دیا ہے کہ ان کی منزل پاکستان تھی اور عزت کے ساتھ وہ صرف پاکستان میں رہ سکتے ہیں۔ جس قدر جلد ہو سکے مسلمانوں کو اس غلط خیال یا خبط کو اپنے دماغوں سے خالی کر دینا چاہئے۔ ان کے قومی درد کا علاج نہ پاکستان تھا اور نہ آئندہ کبھی ہو سکتا ہے۔ پاکستان پر بحث کیا موقوف ہے۔ ہم تو یہاں تک کہنے کے لئے تیار ہیں کہ کوئی ملک بھی خواہ وہاں مسلمان ہی حکمراں کیوں نہ ہوں ان کے بچنے کا سبب نہیں بن سکتا۔ مسلمانوں کی پچھلی شاندار تاریخ میں آپ کوئی مثال ایسی نہیں بتا سکتے کہ ایک مسلم آبادی نے دوسری مسلم آبادی کے سہارے اپنی زندگی کے دن کاٹے ہوں۔

مسلمانوں کی پچھلی تاریخ کو الگ رکھئے موجودہ دور پر ہی نظر ڈالئے۔ تو آپ کو معلوم ہوگا کہ اس سطح ارضی کے ہر خطہ میں مسلمان آباد ہیں۔ [illegible] آبادی دوسرے خطہ کی مسلم آبادی کی طرف ہندوستانی مسلمانوں کی طرح للچائی ہوئی نظروں سے نہیں دیکھتی۔ دراصل یہ ایک مسلمان کی شان سے بعید ہے کہ وہ جہاں ہے وہاں خود اپنے پاؤں پر کھڑا نہ ہو اور دوسروں کی نگاہ التفات یا دست امانت کا محتاج ہو۔ ہم مانتے ہیں کہ اس وقت مایوس کن ماحول میں عام مسلمان پچھلی غلط قیادت کی وجہ سے ڈھکیل دیئے گئے ہیں۔ اس غلط قیادت کی پھیلائی ہوئی مایوسی کے بادل اسی وقت چھٹ سکتے ہیں جب کہ مسلمانوں کے سامنے اس نظریۂ حیات اور دستورِ زندگی کو رکھا جائے جس کا نام اسلام ہے۔ اور جس کو ہم نسلی مسلمانوں نے اب تک سمجھنے کی کوشش کی اور نہ کسی نے اپنے عملی نمونوں سے سمجھانے کی سعی کی۔ اگر خالی خالی کچھ نمونے ہیں بھی تو ان شاذ و نادر کالمعدوم کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بہرحال اب وقت آ گیا ہے کہ ان بھٹکے ہوئے اور بھولے ہوئے مسافروں کو اٹھایا جائے اور سیدھے راستے پر لگایا جائے۔

ظاہر ہے کہ اس فرض کو علماء ہی بخوبی انجام دے سکتے ہیں۔ اور یہ انھیں کا منصب ہے جو آج ہمارے بیچ انبیاء بنی اسرائیل کے برابر ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ اس ضرورت کا احساس کرتے ہوئے ہمارے صوبہ کی جمعیۃ نے اکابر علماء ہند کو دعوت [illegible]

[illegible]

پونڈ پر تبصرہ

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible]

نجیب آباد کی خبریں

(نامہ نگار خصوصی)

ایکسائز انسپکٹر کا چپراسی غائب

ایکسائز انسپکٹر ۸ ستمبر شام کو نجیب آباد سے پرویاں جانے والے تھے۔ روانہ ہونے سے پہلے ان کا چپراسی لقمہ کے لئے رسیدات کی کاپی لے کر چلا گیا۔ انسپکٹر صاحب سائیکل خراب ہو جانے کی وجہ سے تھوڑی دور جا کر واپس آ گئے لیکن ابھی تک چپراسی کا پتہ نہیں چلا تلاش جاری ہے۔

موضع کماڑی والا میں جھگڑا

موضع کماڑی والا تھانہ نجیب آباد میں حال ہی میں چمار اور جاٹوں میں جھگڑا ہو گیا ہے۔ دونوں فریق ایک دوسرے کو مفسد بتلاتے ہیں اور مبالغہ سے کام لے رہے ہیں۔ دونوں فریق کے چوٹیں آئی ہیں۔ چاروں کے ایسی چوٹیں بھی دکھلائی ہیں جن کو دیکھ کر جھگڑے سے پہلے کی تشخیص کیا ہے۔ نیز جاٹوں نے ڈاکہ کی جو رپورٹ کی تھی وہ غلط ثابت ہو چکی ہے۔ موقعہ پر سپرنٹنڈنٹ نے تحقیقات کی ہے۔ خیال یہ ہے کہ چالان ہونے پر عدالت میں صحیح حالات سامنے آئیں گے۔ اس جھگڑے میں ایک بڑا قطعہ زمین [illegible]

اردو کا جنازہ جمہوریۂ ہند کے کندھوں پر

اس عنوان کے تحت کلکتہ کے مشہور قوم پرور اردو اخبار ہند نے ایک اداریہ شائع کیا ہے جس میں دستور ہند کے اس فیصلہ پر تبصرہ کیا گیا ہے جو اس نے قومی زبان کے متعلق کیا ہے اور یہ عنوان بلیک کے سیاہ ماتمی حاشیہ میں ہے۔ معاصر موصوف نے لکھا ہے:

یہ بھی آزادی کا ایک طرفہ ہے کہ وہ زبان جس نے دو سو سال تک یہاں کے باشندوں کی عام بول چال اور علمی زبان ہونے کا فخر حاصل کیا آج اسے معزول کر دیا گیا جس کے دامن کو میر، مومن، آتش، غالب، انیس، دبیر، داغ، شکیبا، نسیم، رتن ناتھ سرشار، برج لال چکبست، سورج لال زار، پریم چند، عبد الحلیم شرر، حالی، سرسید، برجموہن دتاتریہ کیفی، جوش ملیح آبادی وغیرہ سیکڑوں شاعروں اور ادیبوں نے مالا مال کیا آج اسے مفلس اور بے سیم و زر قرار دیا گیا یہاں تک کہ بالکل قابل اعتنا نہیں سمجھا گیا۔

ستارہ میں ناظم جمعیۃ العلماء کا خیر مقدم

ستارہ (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد تقی صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ بمبئی ستارہ پہنچے۔ مقامی مسلمانوں نے آپ کا تپاک سے خیر مقدم کیا اور بعد نماز عشاء مسجد [illegible] میں آپ کی تقریر ہوئی جو نہایت ہی موثر اور کامیاب رہی۔ تمام حاضرین جلسہ نے جمعیۃ العلماء کے اغراض و مقاصد سے کلی اتفاق کیا اور اگلے دن بعد نماز جمعہ جامع مسجد ستارہ میں بتقاضائے عوام و خواہش قوم چنانچہ بعد نماز جمعہ ایک عظیم الشان جلسہ میں مولانا موصوف کی نہایت جامع اور مبسوط تقریر ہوئی حاضرین پر اتنا گہرا اثر ہوا کہ سب نے بالاتفاق ستارہ میں جمعیۃ کی شاخ قائم کرنے کی اہمیت و ضرورت کو محسوس کیا۔ اور اسی وقت یہ طے پایا کہ ایک عام جلسہ میں ... جمعیۃ العلماء کی تشکیل کی جائے۔ تمام مسلمان ممبر بننے پر تیار ہیں۔ (نامہ نگار)

ہوائی جہاز

بذریعہ ٹرک و ریل

[illegible]

مشتہر: دہلی کمرشل [illegible] کمیشن ایجنٹ سوداگران [illegible] دہلی

ضرورت

[illegible] ۔ آج تک کوئی سائنسدان اس کا علاج [illegible] ایسی طرف [illegible] مفت [illegible] میکنیکو کیور اینٹی ٹیوٹ (۵) [illegible] گرپوسٹ شاہدرہ دہلی

[illegible]

[illegible] جنرل [illegible] دہلی

امیکو ٹانک

Amico Tonic

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ، اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

[illegible]

امیکو طلاء [illegible]

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

فہرست ادویات مفت طلب کیجئے

بیت المقدس

[illegible]

قیمت چار روپے

تاریخ زبان اردو

[illegible]

قیمت ساڑھے تین روپے

کیسا خوب آدمی تھا

[illegible]

صفحات ۱۳۰

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو، گلی قاسم جان، دہلی (انڈیا)

اشتہار

ہر خاص و عام

جب ذیل گھیات و سامان ساز وغیرہ قابل فروخت ہے۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جس کسی کو خریداری منظور ہو وہ اپنا ٹنڈر دفتر سنٹرل اسٹورز واقع ششم محل بتاریخ ۲۸ ستمبر ۱۹۴۹ء تک داخل کر دیں۔ منجانب قیمت وصول ہونے پر گھیات کا فروخت کرنا منظور کیا جائے گا۔

تفصیل گھیات قابل فروخت

[illegible]

محمد وحید سپرنٹنڈنٹ سنٹرل اسٹورز بھوپال

دار السلطنت

۲۰ ستمبر

دہلی میں اضطراب

روپیہ اور اسٹرلنگ کی قیمت کم ہونے سے دہلی کے مالی اور تجارتی حلقوں میں اضطراب پیدا ہو گیا ہے۔ اگرچہ بازار صرافہ بند ہے لیکن غیر سرکاری طور پر لوگ کہہ رہے ہیں کہ سونے کی قیمت ۱۱۰ روپیہ ہو گئی ہے۔ پہلے سونے کی قیمت ۱۱۳ روپے تھی۔ اگرچہ قیمتوں میں عام اضافہ نہیں ہوا لیکن دوکاندار ابھی سے سامان آرائش کی قیمتیں زیادہ مانگنے لگے ہیں۔ امریکن کاروں، کپڑے اور دوسرے سامان کی قیمتوں میں مزید اضافہ کی توقع ہے۔ پونڈ کی قیمت میں جس حد تک کمی کی گئی اس سے دہلی کے تجارتی حلقوں کو سخت تعجب ہوا۔ یقین کیا جاتا ہے کہ اس کے نتیجہ میں قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔

ہوائی سفر سستا ہو جائے گا

یکم اکتوبر سے بمبئی کی ہوائی ڈاک کی سروس شروع ہو رہی ہے۔ جو لوگ اس سروس کے جہازوں سے سفر کریں گے۔ ان سے فرسٹ کلاس کے ریل کے کرایہ سے صرف ۱۲ فی صدی زیادہ کرایہ لیا جائے گا۔

مستقبل قریب میں ہوائی جہازوں کے ذریعہ سفر کو سستا بنانے کی طرف یہ پہلا قدم ہے۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی کا کہنا ہے کہ اس طرح لوگ زیادہ سفر کریں گے اور ہوائی جہازوں کی کمپنیوں کو زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس وقت اگر ایک ڈکوٹا جہاز کرایہ پر لیا جائے تو صرف میل کے حساب سے کرایہ دینا پڑتا ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ تین روپے فی میل کے حساب سے تمام اخراجات وغیرہ پورے ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ان کمپنیوں کے اس قدر زیادہ نفع لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

دہلی میں گوشت کی گرانی

گذشتہ ہفتہ سے گوشت کی قیمت میں اضافہ ہو گیا ہے اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ حکومت یو پی اور مشرقی پنجاب نے مویشیوں کی منتقلی پر امتناع کر دیا ہے ان سے قبل دہلی کے قریب دیہات سے [illegible] آیا کرتے تھے۔ اب اندازہ ہے کہ ان کو پرمٹ لینے ہوں گے اور جب تک یہ پرمٹ حاصل ہو سکیں گے اس وقت تک دہلی میں گوشت گراں رہے گا۔

مصر میں طیارے بنانے کے کارخانے قائم کئے جائیں گے

وزیر جنگ کا انکشاف

قاہرہ ۱۹ ستمبر۔ مصر کے وزیر جنگ فاروق حیدر پاشا نے حال میں مصر کے شہرۂ آفاق اہرام کو بتایا کہ جلد ہی مصر میں جنگی جہاز اور اسلحہ بنانے کے کارخانے قائم ہو جائیں گے۔ انہوں نے مصری اکیڈمی کے کورس میں بھی تبدیلی کرنے کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ فوجی افسروں کو مختلف ذرائع سے بھی سکھائی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ فوجی ڈاکٹروں کو بھی جنگ کے زخمیوں کے علاج کی تربیت کے واسطے یورپ بھیجا جائے گا۔ (گلوب)

ریڈیو سیٹ کے لائسنس کی فیس میں اضافہ

دہلی ۱۹ ستمبر۔ یکم نومبر ۱۹۴۹ء سے مختلف قسم کے وائرلیس کے لائسنسوں کی نئی شرحیں عمل درآمد شروع ہو جائیں گی۔ مندرجہ ذیل لائسنسوں کے لئے چندہ روپیہ سالانہ کی فیس مقرر کی گئی ہے۔ براڈکاسٹ ریسیونگ لائسنس ڈیلر [illegible] لائسنس۔ [illegible] لائسنس دھندا جہازوں اور ہوائی جہازوں کے لئے۔ ٹرانسپورٹ اسٹیشن کا لائسنس [illegible] حکومت کی طرف سے نہیں ہیں۔ کمرشل براڈکاسٹ ریسیونگ تجارتی نظام پر [illegible] کے لئے پچاس روپیہ سالانہ فیس لی جائے گی۔

اسکول اور اندھوں کے اداروں کے لئے کمرشل ریسیونگ سیٹ کے لئے براڈکاسٹ ریسیونگ لائسنس کی فیس تین روپیہ سالانہ ادا کرنی ہوگی لیکن کمیونٹی ریسیونگ لائسنس اور براڈکاسٹ ریسیونگ کا لائسنس (ایکسٹینشن ریسیونگ سیٹ) [illegible] سالانہ مل سکتا ہے۔

مشرقی پنجاب میں تنازعۂ زبان

۲۲ ستمبر کو غور کیا جائے گا

جالندھر ۱۸ ستمبر۔ مشرقی پنجاب کے گورنر چندو لال ترویدی، وزیر اعظم مسٹر بھیم سین سچر اور نائب وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو۔ راجے سبھا کے ممبر اور ریاست کے ممبران ۲۲ ستمبر کو مشرقی پنجاب کے لسانی تنازعہ کا حل تلاش کرنے کے لئے جمع ہوں گے۔

مشرقی پنجاب کی حکومت کے موجودہ فارمولے کی [illegible] کر رہے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کانگریس کے چیف ماسٹر تارا سنگھ نے مشرقی پنجاب کے دوسرے ممبران دستور ساز اسمبلی کے ساتھ زبان کے مسئلہ پر ایک یادداشت تیار کر رہے ہیں جو پنڈت نہرو اور سردار پٹیل کو [illegible]

ماسٹر انشاء اللہ کی وفات

۱۸ ستمبر کو شعبہ انصار اللہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے اپنے ایک اجتماع میں ماسٹر انشاء اللہ خاں کی وفات پر اظہار رنج کیا۔ اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کی۔

مرحوم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کے رکن اور دہلی کے منجھے ہوئے قومی کارکن تھے۔

اس اجتماع میں رضا کاروں کے علاوہ مولانا اخلاق حسین قاسمی، مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی، شیخ عبد الغنی صاحب نے بھی شرکت کی۔ (سعید الدین سکریٹری شعبہ انصار اللہ)

شہر سہارنپور میں سیلیں کھل گئیں

قصبات میں سیلیں لگ گئیں

سہارنپور ۱۸ ستمبر بذریعہ ڈاک جمعیۃ علماء سے اطلاع ملی ہے کہ گذشتہ دو دنوں میں شہر سہارنپور کی وہ دکانیں جو ۲۶ اگست اور اس کے بعد سیل کی گئی تھیں، ضمانت آنے اور دوسری شرائط کے ساتھ ان کی سیلیں توڑ دی گئی ہیں۔ تعجب کی بات ہے کہ ایسی دکانیں جن کا کرایہ بھی [illegible] سے ساتھ ہی اس کام کو کرنے کا حکم دیا۔

حکیم کل اور پرسوں کی اطلاعات قصبات اور دیہات سے آئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ قصبات اور دیہات میں لوگوں کے مکانوں پر سیلیں کیا جا رہا ہے۔ [illegible] تحصیل ناگل [illegible] حکومت سے درخواست کی گئی ہے کہ اس طرف توجہ کرے تاکہ پبلک میں جو غلط فہمی پیدا ہوئی ہے اس کو دور کیا جا سکے۔ (ا۔ن۔ا)

ایک گاؤں پر ڈاکوؤں کا حملہ

۵ اشخاص کی ناک کاٹ دی

راج کوٹ ۱۹ ستمبر گذشتہ شب گوہل ڈسٹرکٹ کے ضلع میں جونا سار کے قریب مسلح ڈاکوؤں کے حملے میں ایک شخص ہلاک ہو گیا اور بیس ہزار کا سامان لوٹ لیا گیا۔ ڈاکوؤں نے پانچ آدمیوں کی ناک کاٹ دی۔ [illegible] جنرل اکثر سنسنی ہوتی رہی ہے۔ (اے پی)

سی پی کے مسلمانوں کا فیصلہ

ناگپور ۱۹ ستمبر۔ سی پی اور برار کے مسلمانوں نے ایک کانفرنس میں [illegible] مسلمانوں سے بغیر کسی جھجک کے کانگریس میں شامل ہونے کی اپیل کی گئی۔ [illegible] (اے پی)

بازاروں کے بھاؤ

۲۰ ستمبر

دہلی

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

وزیر اعظم مغربی بنگال کے مکان پر تیزاب کے بم پھینکے گئے

طلبا کا مظاہرہ پولیس نے اشک آور گیس استعمال کی

کلکتہ ۲۰ ستمبر۔ کل بعد دوپہر کیمونسٹوں کے زیر اثر اسٹوڈنٹس فیڈریشن نے مغربی بنگال کے وزیر اعظم ڈاکٹر بی سی رائے کے مکان کے سامنے مظاہرہ کیا۔ مکان پر تیزاب کے بم پھینکے گئے۔ مظاہرین نے خشت باری بھی کی۔ چار مظاہرین کو حراست میں لے لیا گیا۔

مظاہرین نعرے لگا رہے تھے کہ طلباء کے لیڈروں کو رہا کر دیا جائے۔ ڈاکٹر بی سی رائے سیکرٹریٹ میں رہے جب طلباء مکان کے باہر مظاہرہ کر رہے تھے تو اس وقت مکان کے اندر موجود تھے چنانچہ بعد دوپہر جب مظاہرین پر اشک آور گیس کا استعمال کیا گیا۔ مظاہرین کی تعداد تقریباً دو ہزار تھی۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ اور مظاہرین کو منتشر ہونے کو کہا۔ لیکن مظاہرین نعرے لگاتے رہے۔ اور پولیس پارٹی پر خشت باری کی۔ اس پر پولیس نے اشک آور گیس استعمال کی اور ان کو منتشر کر دیا۔

سردار پٹیل روبہ صحت ہیں

بمبئی ۲۰ ستمبر (اے پی) کل شام جب سردار پٹیل کی صحت کے متعلق معلوم کیا گیا تو سردار پٹیل کے ذاتی اسٹاف کے ایک رکن نے بتایا کہ وہ روبہ صحت ہیں۔

کل جو لوگ آپ سے ملنے گئے ان میں وزیر مالیات مسٹر سکسینہ، [illegible] وزارت داخلہ مسٹر آئینگر، مسٹر [illegible] قابل ذکر ہیں۔

ہزاروں سال پرانے گیہوں کی روٹی

لندن ۲۰ ستمبر۔ برطانوی سائنسدانوں نے ان گیہوں کی روٹی کھائی جو ہزاروں سال قبل کے بیج سے پیدا کئے گئے تھے۔ انھیں تعجب ہوا کہ یہ روٹی عمدہ ذائقہ دار تھی اور موجودہ گیہوں کی بعض قسموں سے بہتر ہے۔

یہ بیج مصر میں ایک قبر سے برآمد ہوئے تھے جو اہرام مصر سے بھی پرانی بتائی جاتی ہے۔ یہ بیج انگلستان روانہ کئے گئے تھے اور تجربہ کے لئے یہاں ان کی کاشت کی گئی تھی۔ (گلوب)

مہاراجہ بڑودہ کتے خرید رہے ہیں؟

لندن ۲۰ ستمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ یہاں آئے ہوئے ایک ہندوستانی مہاراجہ بڑودہ کی ایک نئی ایجاد "برقی کتے" کا جو کہ یہاں ایک ٹیلیفون کمپنی نے بنایا ہے۔ [illegible] کے خلاف ان کی حفاظت کرتا ہے۔ [illegible] جو کہ کبھی نہیں سوتا۔ جواہرات کے صندوق پر بٹھایا جاتا ہے اور جونہی صندوق کھولا جاتا ہے روشنی کی وجہ سے تیز آواز سے بھونکنے لگتا ہے۔ برقی کتے کی قیمت تقریباً ۱۴۰ پونڈ ہے۔ (گلوب)

برما میں ڈاکٹروں کی قلت

رنگون ۲۰ ستمبر۔ برما میں ڈاکٹروں کی قلت کی وجہ سے برما کے محکمۂ طب کے ہدایت کار نے ملازمتوں کے لئے غیر برمیوں سے درخواستیں طلب کی ہیں۔ غیر برمی ڈاکٹروں کو ۳ یا ۵ سال کے کنٹریکٹ پر ملازم رکھا جائے گا۔ جو لوگ تین سال کا کنٹریکٹ کریں گے انھیں تین سو روپے ماہوار تنخواہ اور رہائش مفت اور جو لوگ ۵ سال کا کنٹریکٹ کریں گے (تخمیناً ۳۷۵) روپے تنخواہ مفت رہائش کی آسانیاں دی جائیں گی۔ (گلوب)

جنگ ملایا کے اعداد و شمار

لندن ۲۰ ستمبر گذشتہ سال ۱۸ جون سے اب تک ملایا میں ۶۸۲ باغیوں کو ہلاک کیا گیا اور اس دوران میں تقریباً ۴۷۰ باغیوں کو گرفتار یا زخمی کیا گیا ہے۔ پتہ چلا ہے کہ باغیوں کو ۲۲۶ شہریوں اور ۱۹۲ پولیس والوں کو ہلاک کرنے کے سلسلہ میں مجرم ٹھہرایا گیا۔

یہ اعداد و شمار گذشتہ روز کرنل لال بہادر سیام نے ... کئے ہیں جبکہ یہ اعلان کیا گیا کہ ملایا اور سیام کی سرحد کی نگرانی کرنے کے لئے ۵۰۰ نوجوانوں کا ایک دستہ روانہ کیا جا رہا ہے۔ (گلوب)

آسام میں مزید پناہ گزینوں کی گنجائش نہیں

صوبہ کی سوشلسٹ پارٹی کی تجویز

گوہاٹی ۲۰ ستمبر۔ صوبہ آسام کی سوشلسٹ پارٹی نے ایک تجویز منظور کی ہے کہ اب آسام میں مزید پناہ گزینوں کو آباد کرنے کی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے اب ان کو آسام میں نہ بھیجا جائے۔ اگر مزید پناہ گزین آسام میں آتے تو ان کو دوسرے صوبوں میں آباد کرنے کی ذمہ داری مرکز کی ہوگی۔

تجویز میں یہ کہا گیا ہے کہ مزید پناہ گزینوں کی آمد کو روکنے کے لئے پرمٹ سسٹم جاری کیا جائے۔

ہندوستانی فضائی فوج

مختلف شعبوں کے مابین کھیلوں کا مقابلہ

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ اٹھارہ تا تیرہ ستمبر تک نئی دہلی میں ہندوستانی فضائی فوج کے شعبوں کے مابین کھیلوں کے مقابلے ہوں گے۔ فضائی ہیڈ کوارٹرز، آپریشنل اور ٹریننگ کمانڈ کے اسٹیشن اور فضائی فوج کے ہندوستان بھر کے ٹیم ان کھیلوں میں حصہ لیں گے۔ اپنے کھلاڑیوں اور نمائندہ ٹیموں کا انتخاب کر رہے ہیں۔

ان کھیلوں کے انعقاد سے فوج کے دستوں اور صوبوں کو تین مختلف گروپوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان کے اگست کے تجارتی اعداد و شمار

برآمد کے مقابلہ میں درآمد میں اضافہ

کراچی ۲۰ ستمبر۔ اس سال ماہ اگست میں پاکستان سے ۳ کروڑ ۵۰ لاکھ کا تجارتی سامان گیا۔ [illegible]

[illegible]

دریائے تاپتی میں طغیانی

سورت ۲۰ ستمبر۔ دریائے تاپتی میں [illegible]

مشرقی پنجاب کے حالات پر اطمینان کا اظہار

پنڈت نہرو تین دن کے دورہ کے بعد دہلی واپس آ گئے

دہلی ۲۰ ستمبر۔ پنڈت نہرو مشرقی پنجاب کے تین روزہ دورہ کے بعد پیر کے دن شام کو دہلی واپس آ گئے۔ [illegible]

[illegible]

دہلی میں تفریحات کا ٹیکس چار آنے فی روپیہ کرنے کا فیصلہ

سیلز ٹیکس کی بھی سفارش

معلوم ہوا ہے کہ دہلی میں تفریحات پر جو ٹیکس تھا اب اس کو دوگنا کر دیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں فیصلہ ہو گیا ہے کہ آئندہ دو آنے روپے کی بجائے چار آنہ فی روپیہ ٹیکس ہوگا۔ [illegible]

[illegible]

چینی، گڑ اور چنے کی قیمتوں میں اضافہ

دہلی ۲۰ ستمبر۔ ایک سرکاری جائزہ میں بتایا گیا ہے کہ ۱۳ ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ہندوستان میں اشیاء کی قیمتوں میں [illegible]

[illegible]

گاندھی جینتی کا پندرہ روزہ پروگرام

آج صبح آٹھ بجے دہلی میں بارہ گھنٹہ کا کتائی پروگرام [illegible]

[illegible]

خدائی خدمتگار جرگہ کا مطالبہ

خدائی خدمتگار جرگہ کی ورکنگ کمیٹی کا ایک اہم اور ضروری اجلاس زیر صدارت مولانا محمد یار خاں منعقد ہوا جس میں ایک قرارداد [illegible]

[illegible]

مسٹر فرینک انتھنی کو حادثہ

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲۰ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ موضہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۳ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

آگرہ میں
اخبار الجمعیۃ دہلی میں دی یونائیٹڈ پریس
سروس سول لائنز سے طلب فرمائیں۔

سرینگر میں الجمعیۃ
جیمز اونکار برادرس۔ نیوز ایجنٹ
نوش بہ سرینگر کشمیر سے مل سکتا ہے

پاکستان نے اپنے روپیہ کی قیمت میں کمی نہ کرنیکا فیصلہ کردیا

بیس گھنٹہ کے غور و خوض کے بعد سرکاری اعلان

ہندوستان کے ایک سو چوالیس روپیہ پاکستان کے سو روپے کے برابر ہونگے

اسٹرلنگ علاقہ کے ممالک میں پاکستان کا سب سے الگ فیصلہ

مجلس تحفظ کشمیر پر از سر نو غور کریگی

اس سال ۵۳ ہزار مسلمان حج کو گئے ہیں

خان برادران کی رہائی کا مطالبہ

نیشنل کانفرنس کیجانب سے قرارداد

جنرل کارلو رومیولو کو صدر منتخب کرلیا گیا

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا چوتھا اجلاس

الینڈ کا متوازن بجٹ

وزیر خزانہ نے پیش کردیا

صوبہ ہونان میں کمیونسٹ فوجیں بڑی تعداد میں اکٹھی ہو رہی ہیں

کینٹن کی قسمت کا فیصلہ کرنے والی جنگ جلدی ہونے والی ہے

دستور ہند کا آئندہ اجلاس

یوپی بورڈ کے امتحانات

کشمیر کا جھگڑا از سر نو مجلس تحفظ میں پیش ہوگا!

کمیشن اس جھگڑے کو چکانے میں ناکام رہا

آئندہ ہفتہ کمیشن یورپ واپس چلا جائے گا!

شاہ لیوپولڈ کی واپسی کے متعلق استصواب

نیا سپرنٹنڈنٹ واٹر ورکس میرٹھ

عراقی سکہ کی قیمت میں کمی

صوبہ سوئیان آزاد ہوگیا

چینی کمیونسٹوں کا ایک اعلان

دنیا کے چھوٹے ممالک غلط فہمیاں دور کرنے کے طریقوں پر غور کریں

سرراد ہا کرشن کی تجویز

اٹیشن افیسر رام پور ضلع سہارنپور کا مقدمہ

چاروں ملزم بری کردیئے گئے

خان عبد الغفار خاں

کمیٹی کے ممبر منتخب ہوگئے

گول میز کانفرنس کی اسٹیرنگ کمیٹی کا کئی اہم امور پر اتفاق رائے

وزراء کی کانفرنس اور ثالثی عدالت کے قیام پر اتفاق رائے ڈاکٹر حتی کا بیان

بمبئی کے بازار حصص کی کیفیت

اسٹرلنگ ڈالر کے ماتحت آجائیگا

ماسکو ریڈیو کا تبصرہ!

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi 19-9-49

الجمعیۃ

دہلی میں متروکہ جائدادوں پر قبضہ کرنیکے بارے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے احکام

نائب تحصیلدار پنڈت کانشی رام کو اختیارات

گورکھوں اور ڈاکوؤں میں تصادم

۲۰۰ طالبعلموں کی بھوک ہڑتال

الور میں شرنارتھی بسادیئے گئے

سات ہزار اور بسادیئے جائیں گے

یوپی یونین بینک نجیب آباد کا اسٹاف گرفتار

جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ کی مساعی

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے قابل تقلید مثال

نواب معین نواز جنگ کی جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ

حکومت حیدر آباد کا پریس نوٹ

مسٹر غلام محمد کا بیان

بقیہ صفحہ اول

تمام یقین دہانیوں کے باوجود برطانیہ نے امریکہ کے سامنے ہتھیار ڈالدیئے

برطانیہ کے پونڈ کی قیمت کم کرنے پر ماسکو ریڈیو کا تبصرہ

انڈونیشیا نے فلپائن سے سمجھوتہ توڑدیا

نام نہاد فخر کشمیر کا انتقال

امریکہ اور برطانیہ کا بلقانی ریاستوں پر الزام

رومانیہ۔ بلغاریہ اور ہنگری کو احتجاجی نوٹ

متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں غلطیاں قانون کے باعث نہیں ہوئیں

کیا پاکستانی روپیہ کی قیمت کم ہوگی؟

جنرل اسمبلی کا اجلاس

بقیہ صفحہ اول

اس کیلئے برطانوی بیوروکریسی کی چھوڑی ہوئی مشینری ذمہ دار ہے

بریلی کے مسلمانوں سے خوف و ہراس دور کرنیکیلئے مساعی

کانگریس اور جمعیۃ علماء کی جانب سے وارڈ وار جلسے

موجودہ حالات پر غور کرنیکے لئے پارلیمنٹ کا اجلاس طلب کیا جائے

برطانوی حکومت سے حزب مخالف کے قائد مسٹر چرچل کا مطالبہ

ڈالر کی قیمت کم ہونے سے برطانیہ کی برآمدی تجارت بڑھ جائیگی

بقیہ صفحہ ۲ کالم ۳

نیوزی لینڈ

آسٹریلیا

آسٹریلیا

جاپان

چیکوسلواکیہ

پنڈت نہرو کے جلسہ پر بم پھینکنے والے

کوئی ثبوت نہ ہونے پر رہا کردیئے گئے

کرنسی کی قیمتوں میں کمی اور پاکستان

وزیر خزانہ پاکستان کا بیان دینے سے انکار

سرگوجا کے مہاراجہ کا ایثار

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست

سبق آموز اور دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جن کی شہرت اور مقبولیت عام ہوچکی ہے

علماء ہند کا شاندار ماضی۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ جلد دوم کی جلد اول۔ عہ

علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ جلد اول عہ۔ جلد دوم عہ

حیات شیخ الاسلام۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات۔ مجلد عہ

مجاہد جلیل۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب کی مختصر سوانح عہ

باغی ہندوستان۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات۔ ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل۔ مولانا فضل حق خیر آبادی کے قلم مبارک سے۔ قیمت عہ

مسلمانوں کا روشن مستقبل۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف۔ چھٹا ایڈیشن طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوچکی ہے۔ عہ

غدر کے چند علماء۔ از مفتی انتظام اللہ شہابی۔ مجلد عہ

ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء۔ از مفتی صاحب مذکور عہ

علماء حق اور ان کی مظلومیت کی داستان۔ قیمت عہ

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

اگر آپ کے شہر میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ کی ایجنسی نہیں ہے تو ایجنٹ سے مطالبہ کیجئے کہ وہ دفتر سے جلد سے جلد خط و کتابت کرکے ایجنسی حاصل کرے نیز اپنے حلقہ اثر میں توسیع اشاعت کی سعی فرمائیے۔ (منیجر)

کسٹوڈین کو دیکھنا چاہئے کہ کوئی بے قصور پارٹی اذیت نہ پائے

روپے کی قیمت کم ہونے کے بُرے اثرات کا مقابلہ کیا جائیگا پنڈت نہرو کا اعلان

سفارشی خطوط کا کوئی خیال نہ کیا جائے

نکاسی جائدادوں کے کسٹوڈینوں کو مرکزی حکومت کی ہدایت

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ملک میں جہاں جہاں نکاسیوں کی جائداد کا قانون نافذ ہے وہاں کی نکاسی جائداد کے کسٹوڈین

روپے کی قیمت میں کمی کے باعث غیر ملکی تبادلہ بجٹ میں ترمیم

ماہرین اقتصادیات درآمد اور برآمد میں توازن پیدا کرنیکی کوشش کر رہے ہیں

ملک کی اقتصادی حالت جوں کی توں رہیگی

عوام سے نفع خوروں کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل

دہلی ۲۱ ستمبر۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کل رات آل انڈیا ریڈیو سے پونڈ کی قیمت کم کرنے کے بارے میں تقریر کی۔ پنڈت جی کی یہ تقریر آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں سے نشر کی گئی۔ پنڈت جی نے تاجروں کو امریکہ سے درآمد کردہ مال کی قیمت بڑھانے کے خلاف تنبیہہ کی اور پبلک سے اپیل کی کہ ان لوگوں سے مال نہ خریدے جو زیادہ نفع لیتے ہیں۔ انہوں نے غذائی محاذ پر سرگرمیوں کی رفتار تیز کرنے کی اپیل کی تاکہ ۱۹۵۱ء سے پہلے ہی غیر ممالک سے غلہ درآمد کرنا بند کر دیا جائے

روپے کی اندرونی قیمت

ہندوستان پر کیا اثر ہوگا

عوام کو تعلیم یافتہ بنانے کی نصیحت

مسٹر عبدالقیوم خان کا طالبعلموں کو مشورہ

چینی کی برآمد پر پابندی

گونڈل میں اب امن ہے

گرفتار شدگان ضمانت پر رہا

گونڈل میں میونسپل انتخابات ملتوی

سفارشی خطوط

ایک موثر تدبیر

حکومت برطانیہ کے خلاف تحریک مذمت

مسٹر چرچل اور اُن کے ساتھی غور کر رہے ہیں

چور بازاریوں کو کوڑے لگائے جائیں گے

حکومت کے مصارف میں ۵ فیصدی کی کمی

ملکہ جولیانا کی تقریر

ہند پاکستان اختلافات ختم ہونے سے دونوں کو فائدہ پہونچیگا

ہندوستان کے مختلف مسائل پر سر راما سوامی آئر کا بیان

ایران نے پونڈ کی نئی قیمت مقرر کر دی

ہاتھیوں کا مورث اعلیٰ

لنکا نے ہندوستانی سکے سے اپنے سکے کا تعلق منقطع کر لیا

عراق میں نئی سیاسی جماعت

جنگی قیدیوں پر اسرائیل کے مظالم

۱۶ یہودیوں کی گرفتاری

بھوپال میں سرکاری مصارف میں کمی

مرکزی حکومت کی ہدایت پر غور و خوض

اسرائیل کی معاشی حالت خراب ہو گئی

اب پناہ گزینوں کا خیر مقدم نہیں کیا جاتا

اجمیر کو راجستھان میں ملانے کا مطالبہ

وزیر تعلیم راجستھان کی تقریر

کراچی کی ہوائی بندرگاہ میں

ایک کرکٹ رن وے کا افتتاح

شام میں نئے انتخابی قوانین

ہزار روپیہ انعام

طاقت مفت

منیجر دی ہیرو فارمیسی رجسٹرڈ

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۲۳ ستمبر ۱۹۴۹ء

مایوسی کی کوئی وجہ نہیں

یہ بات تو طے ہو گئی کہ ہندی ناگری رسم الخط کے ساتھ سرکاری زبان ہے اور اس بات کا بھی فیصلہ ہو گیا کہ اردو زبان سرکاری زبان نہیں ہے حتی کہ اس کی حیثیت ثانوی بھی نہیں بس وہ ایک ایسی زبان ہے جسے اگر مسلمان چاہیں تو باقی رکھیں باقی حکومت تو صرف انگریزی اور ہندی کی سرپرستی کرے گی اور ان ہی کے ذریعہ اپنا کاروبار چلائے گی۔ اس سلسلہ میں پچھلے قصوں کو یاد دلانا اور پرانی باتوں کا دہرانا قطعی بے سود ہے، کیونکہ ہندوستان کا انقلاب ایسا انقلاب تھا جو اپنے ساتھ نہ صرف پرانی سیاست کو بلکہ اخلاق اور پرانی قدروں کو بھی بہا کر لے گیا

اچھی باتیں

الم یان ۔ تا ۔ فسقون (پ ۲۷ ع ۱۸)

کیا اہل ایمان کے لئے ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل خدا کے خوف سے بھر جائیں اور جو حق نازل کیا گیا ہے اس پر استوار ہو جائیں! کہیں ایسا نہ ہو جائے کہ اس سے پہلے جن لوگوں کو کتاب دی گئی تو زمانہ گذرنے کے بعد ان کے دل سخت ہو گئے اور ان کی اکثریت فاسق نکلی!

یہ آیت کریمہ مسلمانوں کے لئے دنیا کی سب سے بڑی تنبیہ اور نصیحت ہے فرمایا کہ کیا ایمان والوں کے لئے کھڑے ہونے اور کام کرنے کا وقت نہیں آیا؟ کیا ان کے لئے عبرت پذیری کا کوئی اور وقت آئے گا؟ پہلے لوگوں کا تو یہ حال ہوا کہ انہیں کتاب بھی دی گئی مگر جوں جوں زمانہ گذرتا گیا ان کے دل بھی سخت ہوتے گئے اور ان میں اثر پذیری کی کوئی صلاحیت باقی نہیں رہی اور آخر میں ان کی اکثریت فسق عملی اور فسق اعتقادی میں مبتلا ہوئی۔ اگر مسلمانوں نے بھی یہی روش اختیار کی تو وہ آگاہ ہو جائیں کہ خدا کا قانون ان کے ساتھ بھی وہی سلوک کریگا جو پہلی قوموں کے ساتھ کر چکا ہے۔

زبانیں حکومت کے سہارے زندہ نہیں رہتیں

اردو زبان کے مستقبل پر ایک نظر

(از: مولانا شاہ معین الدین احمد ندوی)

امید افزا اعلان

انصاف کی بھیک

افکار پاکستان

مشیروں کا تقرر ضروری نہیں!

اشتراکیت کا سنہرا جال

مشیروں کے تقرر پر اعتراض کیوں؟

بنارس کل ہند اردو کانفرنس کی کامیابی کیلئے دعا

نواب صدریار جنگ مولانا حبیب الرحمن شیروانی کا بیان

علیگڈھ (بذریعہ ڈاک) نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمن شیروانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ [illegible] کل ہند انجمن ترقی اردو کا علی گڈھ میں اجلاس ہو رہا ہے اور انجمن کے نئے سیکرٹری جناب قاضی عبد الغفار صاحب اور ان کے رفقا کار نے پورے انہماک کے ساتھ کام کا آغاز کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ مجھے بہت زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ جناب مولانا خیر بہوروی صاحب اور بنارس نیز مشرقی اضلاع یوپی کے مسلم اور غیر مسلم حامیان اردو کی کوشش اور توجہ سے عنقریب ایک شاندار کل ہند اردو کانفرنس بنارس میں منعقد ہو رہی ہے جس کی صدارت میرے عزیز ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی نے قبول و منظور فرمائی ہے۔

انجمن ترقی اردو سے اپنے پچاس سالہ قریبی وابستگی کی بنا پر میں اس کانفرنس کی کامیابی کے لئے دست بدعا ہوں۔

مدرسہ اشاعت القرآن کا سنگ بنیاد

کاسگنج ضلع ایٹہ (بذریعہ ڈاک) جامع مسجد کاسگنج میں مدرسہ اشاعت القرآن قائم کیا گیا ہے جس میں قرآن پاک فقط ناظرہ اور دینیات کی تعلیم بلا فیس دی جائے گی۔ یتیم اور لاوارث طلبا کو قاعدے سپارے قرآن پاک اور دیگر کتب مسائل مدرسہ کی طرف سے مہیا کی جائیں گی۔

جو لوگ دن میں کاروبار میں مصروف رہتے ہیں یا وہ طلبا جو دیگر مدارس میں تعلیم پاتے ہیں ان کے لئے رات کو مغرب سے بعد نماز عشا تک قرآن پاک اور اردو ہندی کی تعلیم کا معقول انتظام کیا گیا ہے۔ برادران اسلام سے درخواست ہے کہ موجودہ دور اور مستقبل کو پیش نظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں اپنے بچوں کا داخلہ کرائیں۔ اس وقت تک تقریباً ساٹھ طلبا کا داخلہ ہو چکا ہے۔ اس خالص مذہبی ادارہ کو مالی امداد دے کر مضبوط بنانا اور اپنے بچوں کو قرآن پاک کی تعلیم دلانا مسلمانوں کا مذہبی اور قومی فرض ہے۔

مالیر کوٹلہ اسکول میں ذریعہ تعلیم

مالیر کوٹلہ (بذریعہ ڈاک) ہیڈ ماسٹر صاحب اسلامیہ مڈل اسکول مالیر کوٹلہ تحریر فرماتے ہیں کہ الجمعیۃ کی ۱۹ ستمبر کی اشاعت میں اسلامیہ اسکول مالیر کوٹلہ میں ذریعہ تعلیم کے متعلق ایک خبر شائع ہوئی ہے یہ خبر بے بنیاد ہے۔ سکول ہذا میں ذریعہ تعلیم کی تبدیلی کے متعلق ابھی تک مجلس منتظمہ نے کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا۔ یہ سوال ابھی تک زیر غور ہے۔

مغویہ لڑکیوں کی برآمدگی کی مہم

بمبئی ۱۸ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند اور پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ دونوں میں اغوا شدہ لڑکیوں کی برآمدگی کا کام مارچ ۱۹۵۰ء تک جاری رکھا جائے۔ اس مہم کو تیز کرنے کا پروگرام مرتب کیا جا رہا ہے۔

نواب صاحب ٹونک کا زبردست ایثار

شرنارتھیوں کیلئے اپنا تاریخی قلعہ عنایت فرمادیا

ٹونک (بذریعہ ڈاک) راجستھان کے دوسرے شہروں کی طرح ٹونک میں بھی شرنارتھیوں کی آبادکاری کا کام نہایت تیزی اور دلچسپی کے ساتھ شروع کر دیا گیا ہے۔ کلکٹر صاحب ٹونک شہر کے ہندو مسلم عمائدین کے مشوروں سے آبادکاری کے مسئلہ کو نہایت اچھے اسلوب سے انجام دے رہے ہیں۔ ایک "بسانے کمیٹی" بنا دی گئی ہے جس میں کانگریس، جمعیۃ علماء، جماعت اسلامی اور میونسپل بورڈ کے ممبران شامل ہیں۔

خوشی کا مقام ہے کہ جناب نواب محمد اسمٰعیل علی خاں صاحب نے شرنارتھیوں کی رہائش کے لئے اپنا تاریخی قلعہ مرحمت فرمایا ہے۔ یہ قلعہ نہایت وسیع اور کشادہ ہے۔ اس میں بہت سے محلات ہیں۔ جو اپنی خوبصورتی اور رہائش کے لحاظ سے بے نظیر ہیں۔ شرنارتھیوں کو یہاں ہر طرح کا آرام ملے گا۔ بجلی کی روشنی اور پانی کے نلوں کا بھی انتظام کر دیا گیا ہے۔ اس وقت تک ٹونک میں تقریباً ایک ہزار شرنارتھی آچکے ہیں۔ قلعہ میں قیام سے شرنارتھی بہت خوش ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ ۱۸ ستمبر کو قلعہ میں شرنارتھیوں نے ایک میٹنگ کی تھی، اس میں نواب صاحب بہادر کے اس عنایت پر شکریہ ادا کیا ہے۔ (نامہ نگار)

تقریباً دس بارہ یوم تک رہ چکا۔

انجمن ترقی اردو نے کام شروع کر دیا

قاضی عبد الغفار صاحب کا بیان

علیگڈھ (بذریعہ ڈاک) قاضی عبد الغفار صاحب جنرل سکریٹری کل ہند انجمن ترقی اردو نے حسب ذیل صحافتی بیان جاری کیا ہے۔

دلی میں ۱۹۴۷ء کے حادثات کے بعد سے کچھ عرصہ تک انجمن ترقی اردو کا کام اس لئے رکا رہا کہ انجمن کے دفتر کا بڑا حصہ لٹ گیا تھا۔ چند ماہ بعد جناب مولوی عبد الحق صاحب نے یہ فیصلہ کیا کہ اب وہ پاکستان میں کام کریں گے تو ہندوستان میں انجمن کے کام کو جاری رکھنے کا سوال آیا۔ انجمن کے نظام میں مشورہ کرنے کے بعد یہ طے کیا گیا کہ انجمن کی تحریک کو ہندوستان میں بدستور جاری رکھنا ضروری ہے۔ چونکہ دلی میں دفتر کے لئے مکان کا ملنا سخت دشوار تھا اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا کہ فی الحال انجمن کا دفتر علی گڈھ میں قائم کیا جائے۔ حکومت ہند نے بھی از راہ علم دوستی انجمن کے لئے چالیس ہزار روپیہ سالانہ کی امداد منظور فرمائی اور اب انجمن کے دوسرے وسائل بھی پیدا کئے جا رہے ہیں۔ انجمن کا شعبہ دار الاشاعت بھی عنقریب اپنے نئی کتابوں کی اشاعت شروع کر دے گا۔ نیز اخبار ہماری زبان اور رسالہ اردو بھی بہت جلدی جلدی جاری کئے جائیں گے۔ انجمن کے صدر اب ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی منتخب ہوئے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ انجمن کو ہندوستانی عوام کی پہلے سے زیادہ تائید حاصل ہوگی۔

صدر جمعیۃ علماء راجستھان مالیر کوٹلہ کو

جے پور (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی صدر جمعیۃ علماء راجستھان ٹونک سے ۱۹ ستمبر کو ہز ہائینس نواب صاحب مالیر کوٹلہ کی دعوت پر مالیر کوٹلہ تشریف لے گئے ہیں۔ وہاں آپ کا قیام "بسنت" میں ہے۔

جنوبی بورنیو میں ڈچ اور انڈونیسی جنگ بند ہو گئی

انڈونیسی کمانڈر انچیف نے اپنا دورہ ملتوی کر دیا

بٹاویہ ۲۰ ستمبر۔ انڈونیسی جمہوری جنرل سدیرمن [illegible] نے جنوبی بورنیو کے دورہ کو ملتوی کر دیا ہے وہ وہاں انڈونیسی گوریلا دستوں کو ڈچوں کے خلاف جنگ بند کرنے کی تلقین کے لئے جا رہے تھے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ مجھے ڈچ فوجی ہیڈ کوارٹر سے اطلاع ملی ہے کہ جنوبی بورنیو میں حالات ٹھیک ہو گئے ہیں۔ اس لئے اب وہاں میرے جانے کی ضرورت نہیں رہی۔

۱۳ ستمبر کو انڈونیسی کمانڈر انچیف نے جنوبی بورنیو کے گوریلا دستوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ ڈچ فوجوں کے خلاف جنگ بند کر دیں۔ (رائٹر)

امراؤتی جیل کے تصادم کا واقعہ

مجسٹریٹ نے اپنی رپورٹ پیش کردی

ناگپور۔ ستمبر۔ ۲ ستمبر کو امراؤتی جیل میں جو حادثہ پیش آیا تھا اس کے متعلق ایک مجسٹریٹ نے تحقیقات کو مکمل کر کے رپورٹ پیش کر دی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس کا سارا الزام کمیونسٹ قیدیوں پر آتا ہے اور جیل اور پولیس کے حکام اس الزام سے بری ہیں۔

امراؤتی جیل کے بعض کمیونسٹ قیدیوں کو دوسری جیل میں منتقل کرنے کا حکم دیا گیا تھا لیکن انہوں نے انکار کر دیا جب پولیس ان کو لینے گئی تو اس پر لوٹوں، برتنوں وغیرہ سے حملہ کر دیا جس سے پولیس افسروں اور کانسٹبلوں کو شدید زخم آئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس امر کی دستاویزی شہادت موجود ہے کہ یہ سب ایک پلان کے ماتحت تھا جو پہلے سے تیار کی گئی تھی۔ (پ ٹ)

موکپو میں کرفیو لگادیا گیا

سوئیل (جنوبی کوریا) ۲۰ ستمبر۔ جنوبی کوریا کے شہر موکپو میں ۲۰۰ کمیونسٹ قیدی اور دوسرے قیدی جیل سے فرار ہو گئے۔ اس شہر میں شام سے صبح تک کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ [illegible] ایک کیمونسٹ نے بتایا ہے کہ پولیس نے ۲۲ قیدیوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ (ر پ ٹ رائٹر)

اردو مجلس امروہہ کا نیا سالانہ انتخاب

امروہہ (ڈاک) حسب معمول اردو مجلس امروہہ کا ایک اجلاس زیر صدارت جناب اکرم صاحب امروہوی منعقد ہوا۔ جس میں تجاویز بالاتفاق پاس ہو کر سال آئندہ کے لئے نیا انتخاب عمل میں آیا۔

پہلی تجویز میں جلیل ہند مسز سروجنی نائیڈو، احسن مارہروی، سر تیج بہادر سپرو، مسٹر سید عبد اللہ بریلوی اور ڈاکٹر تسکین کی وفات پر اظہار تعزیت کیا گیا۔ دوسری تجویز میں، امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کے مسودہ کمیٹی سے مستعفی ہونے کے اقدام کو ملک اور قوم کے لئے صداقت اور ایمانداری پر عمل کرنے کے لئے رہنمائی خیال کیا گیا۔ تیسری تجویز میں بنارس اردو کانفرنس کے انعقاد کی حمایت کی گئی۔

مجلس کا نیا انتخاب حسب ذیل ہے:۔ حبیب احمد صاحب شبنم، صدر، حافظ جمیل احمد صاحب انصاری نائب صدر، مولوی سید قاری احمد رضوی ناظم، علی ماسٹر قمر علی نائب ناظم، [illegible] ناظم نشر و اشاعت۔ حافظ محمد یامین صاحب خازن۔

پیش ہوا ہے کہ صدر صاحب جلد اپنی مجلس عاملہ کا انتخاب کر کے مجلس کے پروگرام کو آگے بڑھانے کے لئے جلد اجلاس طلب کریں۔ کم از کم تین شاخیں مجلس کی قائم کی جائیں اس لئے جو اصحاب اپنے علاقہ میں شاخ قائم کرنی چاہیں فوراً صدر اور سکیٹری صاحب سے خط و کتابت کریں۔

جمعیت علماء دھوریٹہ کا جلسہ

موضع دھوریٹہ جمعیۃ علماء کے زیر اہتمام اور زیر صدارت جناب شاہ نبی میاں صاحب ایک جلسہ عام منعقد ہوا جس میں غیر مسلموں نے بھی شرکت کی مولانا ابو الکلام آزاد محمد عبد الرؤف صاحب صدر جمعیۃ نے اتفاق و اتحاد پر تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ موجودہ دور میں مسلمانوں کو تمام جماعتوں کو پس پشت کر کے سیاسی حیثیت سے [illegible] صرف جمعیۃ علماء میں شریک ہونا چاہئے۔ [illegible]

لندنی ریلوے ملازموں کا آہستہ کام کرنے کا فیصلہ

کرپس کی اپیل کا جواب

لندن ۲۰ ستمبر۔ کل رات لندن کے ریلوے ملازموں نے اپنی یونین کے مطالبات منوانے کے لئے آہستہ کام کرنے کا فیصلہ کیا۔ [illegible] بحث و تکرار کے بعد یونین کے جنرل کونسل نے [illegible] (پ ٹ رائٹر)

اور بہت جلد انجمن کی مجلس نظما ملک کے سامنے اپنا پروگرام پیش کرسکے گی۔

ستارہ میں جمعیۃ العلماء کا قیام

بمبئی (بذریعہ ڈاک) الحمد للہ کہ ۲۹ ستمبر کو بعد نماز عشا ستارہ میں جمعیۃ العلماء کا قیام ہو گیا اور سر دست ایک سب کمیٹی قائم ہو گئی جس کے ارکان حسب ذیل مقرر ہوئے:

جناب محترم سیٹھ عبد اللہ ابراہیم صاحب متولی مسجد، [illegible] جناب محترم شیخ محمود میاں غفور صاحب، جناب محترم جنتو بھائی محمد سبحانی صاحب [illegible] حضرات ممبر سازی کا کام شروع کر چکے ہیں اور نہایت تیزی و سرگرمی کے ساتھ ممبر سازی کا کام ہو رہا ہے اور کامل توقع ہے کہ بہت کافی تعداد میں جمعیت کے ممبر ہو جائیں گے۔ اختتام جلسہ مولانا محمد تقی صاحب نے مسلمانان ستارہ کا شکریہ ادا کیا اور جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

جنرل نیوز لٹریچر سپلائی ایجنسی

جدید کا قرآن پاک، مترجم غیر مترجم، چھوٹی بڑی [illegible] بیگ سیٹ، سبھی سیل، سبھی کتابیں تصوف [illegible] وظائف، تاریخ، جغرافیہ، حساب، ڈرائنگ، نقشہ نویسی کی کتابیں جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے منگائیے

سہارن پور کی خبریں

صدر شہر کانگرس کمیٹی کیخلاف عدم اعتماد

سہارن پور (بذریعہ ڈاک) ۱۸ ستمبر آج شام شہر کانگریس کمیٹی کی ایک خاص میٹنگ دفتر شہر کانگرس کمیٹی چوک [illegible] میں ہوئی جس میں ۳۳ ممبران نے اکثریت کی بیس ارا کی موافقت اور ایک کی مخالفت میں صدر کے خلاف تحریک عدم اعتماد پاس ہو گئی۔ دو ممبران غیر جانبدار رہے۔

ضلع جمعیۃ علماء کانفرنس کی صدارت

ضلع جمعیۃ العلماء کی ایک خاص کانفرنس ۲۶ ستمبر کو قصبہ بہٹ میں ہو رہی ہے۔ صدارت کے فرائض مولانا ابو الوفا شاہجہانپوری انجام دیں گے۔ کانفرنس میں جمعیۃ علماء ہند کے اکابرین کے علاوہ صوبہ یوپی کے وزیر حافظ محمد ابراہیم کے شامل ہونے کی توقع ہے۔

سہارنپور کے قصبات میں کسٹوڈین کی جنبانیاں

سہارن پور (بذریعہ ڈاک) ۱۸ ستمبر معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ قصبات نانوتہ، رامپور، منہاران اور مختلف دیہات میں مکان میں بسے ہوئے لوگوں کو نکالا جا رہا ہے اور حکومت کے لئے ایک اور نئی پریشانی پیدا کی جا رہی ہے جمعیۃ العلماء کے ذمہ دار حضرات سے جو گنگوہ، دہلی اور لکھنؤ میں ہوئی اس کا ماحصل یہ تھا کہ کسی بھی شخص کو جو حالی یا دکان میں بیٹھا ہے نہیں نکالا جائے گا۔ ان تمام ہدایات کے باوجود حکام متعلقہ اور خاص کر کسٹوڈین لوگوں کو مکانوں سے نکال رہے ہیں۔ ان خبروں نے لوگوں میں ایک بے چینی اور خوف و ہراس کی لہر دوڑا دی ہے۔ یوپی کے کسٹوڈین کو فوری طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔ [illegible]

بہٹ کانفرنس کے انتظامات

[illegible] ڈیلی گیٹ اور اراکین انتظامیہ کے علاوہ دوسرے لوگوں کے لئے بھی یہ انتظام کیا گیا ہے کہ ان کو کانفرنس میں کم سے کم قیمت پر بہتر کھانا مل سکے مجلس استقبالیہ کی فیس [illegible] روپیہ رکھی گئی ہے۔ سہارنپور سے بہٹ جانے کے لئے کار اور لاری کا معقول انتظام کر دیا گیا ہے۔

انسپکٹر پولیس بمبئی نے اطلاع ملنے پر موضع ہرلال پور تھانہ مہر بنگر کا محاصرہ کر لیا اور بڑی ہوشیاری سے ڈکیت کو گرفتار کر لیا۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ سردار [illegible] نے مغربی پنجاب میں ان گنت ڈکیتی و قتل کی وارداتیں کیں۔

اٹاوہ کی خبریں

(از نامہ نگار خصوصی)

اٹاوہ (بذریعہ ڈاک) حسب دستور [illegible] آفیسر اور مسٹر اودھ بہاری لال سنگھ [illegible] کام شروع کیا ہے ان کے متعلقات وغیرہ کے بارے میں [illegible] سے زیادہ تعداد میں فیصل کر دئے۔

ایمانداری اور دیانت داری کے ساتھ ان کا کام کرنے کا چرچا ہر شخص کی زبان پر ہے۔ ابھی چند روز ہوئے نوجوانوں وکلاء نے مسٹر معرا کی مخالفت کی لیکن جب معاملہ بار ایسوسی ایشن میں پہنچا تو اس طبقہ کو شکست ہوئی۔ اسی لئے کہ وکلاء کی اکثریت مسٹر معرا کی دیانت داری تیزی اور غیر جانبداری کی مداح ہیں۔

اٹاوہ ۱۵۔ ۱۶ ستمبر کو اٹاوہ اور ایتاوہ ڈویژن سرکاری بس چلنا شروع ہوئی۔ پرائیوٹ بسیں بھی چلیں لیکن کوئی تصادم نہیں ہوا۔

۱۷ ستمبر کی شام کو ٹریفک انسپکٹر کانپور رنجیل نے اٹاوہ سے اوریا آتی ہوئی ایک پرائیوٹ بس کو روک کر چالان کر دیا اور گاڑی پولیس اسٹیشن اوریا کی حراست میں دے دی۔ حالانکہ اس لاری کے پاس ۳۰ ستمبر ۱۹۴۹ء تک کا پرمٹ تھا جب مالکان موٹر لاری مذکور کے متعلق دریافت کرنے گئے تو ٹریفک انسپکٹر نے کہا کہ تم لوگ اپنی لاریاں بند کر دو۔ ورنہ بذریعہ پولیس گارد بند کرادی جائیں گی۔ ٹریفک انسپکٹر کا برتاؤ مالکان موٹر کے ساتھ نہایت نامناسب اور سخت قابل شکایت تھا۔ اس موقعہ پر کانگرس منڈل اوریا کے صدر بھی موجود تھے۔

اٹاوہ ایڈیٹر صاحب مونس الفت جیادہ [illegible]

قربانی کی کھالوں کیلئے اپیل

[illegible]

صوبجات بمبئی و پنجاب کا ڈاکو گرفتار

بمبئی ۱۸ ستمبر (بذریعہ ڈاک) ضلع فتح گڑھ صاحب کی پولیس نے [illegible] ایک ڈاکو [illegible] سے آیا ہوا ایک مفرور تھا ہے اکو گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم دس برس سے مفرور تھا اور اس نے صوبہ بمبئی و مشرقی پنجاب میں خوفناک نوعیت کے ۹۵ ڈاکے ڈالے اور چار اشخاص کو بیدردی سے قتل کیا۔

گرفتاری کی تفصیلات منظر عام پر آگئی ہیں کہ سردار گھنٹہ سنگھ [illegible]

اطلاع

آپ دہلی سے پاکستان کو ہر قسم کا مال کسٹم آفیسر صاحب کی سیل بند ریلوے کی ذمہ واری پر مال روانہ کرنے میں ہم سے خدمات لیجئے۔

محمد سلام مکان نمبر ۱۴۵ فیاض گنج بہادر گڈھ روڈ دہلی

کیاخوب آدمی تھا

یہ ان گیارہ تقریروں کا مجموعہ ہے جو عبد الماجد دریا آبادی، خواجہ [illegible] اور ملا واحدی وغیرہ نے ہندوستان کے گیارہ بڑے آدمیوں علامہ اقبال، مولانا حالی، ڈاکٹر انصاری، حکیم اجمل خاں، مولانا محمد علی، داغ، ڈپٹی نذیر احمد، علامہ راشد الخیری، چکبست لکھنوی، منشی پریم چند اور سر راس مسعود کے متعلق آل انڈیا ریڈیو دہلی سے نشر کیں۔ کتاب اردو ادب میں ایک شاہکار اور قابل مطالعہ ہے۔

صفحات سوا سو

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنہ

تاریخ زبان اردو

ہر اس شخص کو جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتا ہے اور اس کو زندہ رکھنا چاہتا ہے اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے ڈاکٹر مسعود حسین ایم اے پی ایچ ڈی علیگ پروفیسر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ نے تقریباً پونے تین سو صفحات کی اس کتاب میں ہندوستان کی موجودہ زبانوں کے حالات شمالی ہند میں اردو کا عہد بعہد ارتقا اور اس کو ہندوستان کی ایک شیریں اور پیاری زبان ایک مشترکہ تہذیبی سرمایہ اور ہندوستان ہی نہیں بیرون ہند میں مقبول عام بنا کر بین الاقوامی زبان بنانے میں ہندو و مسلمانوں کی مساعی کا با تفصیل جائزہ لیا ہے۔

قیمت ساڑھے تین روپے

بیت المقدس

یہ ہم اسلام کی سرزمین، مسلمانوں کا قبلہ اول، جہاں صلیبی جنگوں کا وہ مرکز جس کی عظمت کے لئے مسلمانوں نے کھول جدوجہد شوں کر قربان کیا اور دس بار یورپ کے تمام عیسائی حکمرانوں کو شکست فاش دی ۔۔۔ اور پاپائے روم کی بیدرو پر پانی پھیرا۔ آج برطانیہ اور امریکہ کی سازشوں کے باعث ختم ہو چکا ہے۔ جس کا تمام پس منظر یہودی عیسائی اور اسلامی ادوار کی تاریخ، مقامات مقدسہ مشہور اور اوراق آثار قدیمہ قبل مسیح سے آج تک مشہور و معروف شخصیتوں کے حالات ہندوستان کے مشہور مصنف منشی عبد القدیر کی کتاب بیت المقدس میں درج ہیں۔ ضخامت ۔۔ ہے تین سو صفحات۔

قیمت چار روپے

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

منی آرڈر؟

دفتر مرکزی جمعیت علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔ منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف خوشخط اردو میں ضرور تحریر فرما دیں تاکہ تعمیل بآسانی ہو سکے۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

اشتہار

ہر خاص و عام

حسب ذیل بگھیات و سامان ساز وغیرہ قابل فروخت ہے۔ لہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جس کسی کو خریداری منظور ہو وہ اپنا ٹینڈر دفتر سنٹرل اسٹورز واقع شیش محل بتاریخ ۲۸ ستمبر ۱۹۴۹ء تک داخل کر دیں۔ مناسب قیمت وصول ہونے پر بگھیات کا فروخت کیا جائے گا۔

تفصیل بگھیات قابل فروخت

بگھی لینڈو باڈی یک منزل
فٹن ربر ٹائر یک منزل
زین مختلف قسم ۱۵ عدد
بگھی لینڈو باڈی یک منزل
ساز جوڑی ۲ سٹ
ساز مجراں ۵ جوڑ
لینڈو پوسٹش چمڑہ ۳ منزل
ساز جوڑی ۱۶ سٹ
فٹن سائیکل وہیل یک منزل
ہاتھی جھول ۹ عدد

محمد وحید سپرنٹنڈنٹ سنٹرل اسٹور بھوپال

دار السلطنت

۲۱ ستمبر ۱۹۴۹ء

چینی نہ ملنے کے باعث ہزاروں بیکار ہو گئے

دلی کے دو دلی کلاتھ ملز اینڈ کمپنی [illegible] نے چینی نہ ملنے کے باعث بہت سے ملوں نے اپنا کام بند کر رکھا ہے۔ ان اداروں میں تقریباً ہزاروں کام کرنے والے بیکار ہو گئے ہیں۔

مسلح ڈاکوؤں کا کانسٹبلوں پر حملہ

دلی کے [illegible] ساڑھے نو بجے علی پور روڈ پر سات ڈاکوؤں نے جو لاٹھیوں اور بندوقوں سے مسلح تھے دو کانسٹبلوں پر حملہ کر دیا۔ کانسٹبلوں نے بڑی ہمت سے پندرہ منٹ تک لگاتار ان کا مقابلہ کیا جس کی وجہ سے ایک کانسٹبل شدید زخمی ہو گیا۔ اسے فوراً ہسپتال پہنچایا گیا اس کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ڈاکو موٹر کار وہیں چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں۔ پولیس بڑی سرگرمی سے تفتیش کر رہی ہے۔ کچھ حلقوں میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ ان ڈاکوؤں کا تعلق اس گروہ سے ہے جو شہر میں ڈکیتیاں کرانے والے اشخاص پر مشتمل ہے۔ اس گروہ کے ۱۱ اشخاص علی گنج سبزی منڈی سے گرفتار کئے گئے ہیں۔

انہی واقعات کے دو دن پہلے ہی علی پور روڈ پر لالہ [illegible] کے مکان میں چوری ہوئی تھی۔ جس میں زیورات کے علاوہ ایک پستول اور بندوق بھی چوری ہو گئے ہیں۔

چینی کی نایابی سے

ہزاروں مزدور بے روزگار

دہلی میں انگریزی طرز کی مٹھائی بنانے والوں کی ۵ دکانیں [illegible]

کاشتکاروں کیلئے نقد انعامات

[illegible]

غیر ممالک سے اناج کی درآمد

دہلی ۱۹ ستمبر۔ ۱۷ ستمبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران میں اناج کی حسب ذیل مقدار غیر ممالک سے ہندمیں درآمد کی گئی۔ گندم ۱۴ ہزار چار سو ٹن، آٹا ۶ ہزار تین سو ٹن۔ چاول سولہ ہزار بڑھ سو ٹن اور جو تین سو ٹن۔ یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے لے کر اس ہفتہ تک کل ۳۱ لاکھ ۲۷ ہزار آٹھ سو پچاس ٹن اناج باہر سے ہند میں درآمد کیا جا چکا ہے۔ (پ ا)

سردار پٹیل ۲۴ ستمبر کو

دہلی واپس آرہے ہیں

نئی دہلی ۱۰ ستمبر۔ توقع ہے کہ سردار پٹیل نائب وزیر اعظم ہندوستان ۲۴ ستمبر کو ہفتہ کے دن دہلی واپس آجائیں گے بمبئی سے اطلاع ملی تھی کہ وہ ۷ ستمبر کو واپس آئیں گے لیکن معلوم ہوا ہے کہ بمبئی کی اطلاع غلط ہے اور سردار صاحب ۲۴ ستمبر کو دہلی واپس آرہے ہیں۔

صوبوں اور ریاستوں کو پٹرول کے کوٹہ میں ۳۰ فیصدی کی کمی کر دی گئی

دہلی ۱۰ ستمبر۔ حکومت ہند کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ صوبوں اور ریاستوں کو دیئے جانے والے پٹرول کے کوٹہ میں ۳۰ فیصدی کی کمی کا فیصلہ کر دیا گیا ہے پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ اسٹرلنگ کی موجودہ مشکلات کے باعث اکتوبر اور دسمبر ۱۹۴۹ء میں ختم ہونے والے [illegible]

غلہ کی پیداوار میں اضافہ کی مہم

شہریوں سے عملی کام کرنے کی اپیل

دہلی ۲۰ ستمبر۔ [illegible] لوگوں سے اپیل کی ہے کہ خوراک کی پیداوار بڑھانے کی مہم میں وہ بھی حکومت کی مدد کریں اور جتنے بھی لوگ اپنے دن کے فالتو وقت میں کھیتوں میں کام کرنے کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں جو لوگ رضاکارانہ طور پر اس کام میں شامل ہونا چاہیں انہیں اپنے نام متعلقہ حکام کے پاس درج کرانے چاہئیں۔

سردار بلدیو سنگھ وزیر اطلاعات اور براڈ کاسٹنگ کمشنر نے پچھلے دنوں ایک بیان میں بتایا ہے کہ حکومت نے لوگوں کو خوراک کی امداد بہم پہنچانے پر بیرونی کروڑ روپیہ خرچ کیا ہے۔ اس کے علاوہ بنجر زمینوں کو سنٹرل ٹریکٹر آرگنائزیشن کے ذریعہ قابل کاشت بنانے پر ایک کروڑ روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔

خوراک کی پیداوار بڑھانے کے لئے زیادہ سے زیادہ زمینوں کو زیر کاشت لانے کے لئے [illegible] اس مقصد کے لئے [illegible] ضرورت اس امر کی ہے کہ پانی بہم پہنچانے کے ذرائع [illegible] یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے [illegible]

مہاتما گاندھی کی تصویر لگانے کا حکم

بمبئی ۱۸ ستمبر۔ حکومت بمبئی نے تمام ضلع افسروں کو حکم دیا ہے [illegible]

اسلامی معاشی کانفرنس

بحرین کویت میں کانفرنس

[illegible]

جنرل اسمبلی کا اجلاس

مسز پنڈت وزیٹرز گیلری میں

فلشنگ میڈو ۱۹ ستمبر۔ آج جنرل اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو مسز وجے لکشمی پنڈت سفیر ہند وزیٹرز گیلری میں موجود تھیں اور جس وقت ان کا آغاز ہوا تو [illegible] زیر قیادت ہندوستانی ڈیلیگیشن کے تمام ممبر اجلاس میں موجود تھے۔

جب برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر اچیسن اور روس کے وزیر خارجہ مسٹر وشنسکی اپنی سیٹوں پر پہنچے تو کیمرہ مینوں نے ان کے بہت سے فوٹو لئے۔ (رائٹر)

چاندی کی قیمت بڑھ گئی

لندن ۱۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ چاندی کی نئی قیمت ۶۴ پنس فی اونس مقرر کر دی گئی ہے۔ اسٹرلنگ کی قیمتوں میں کمی سے قبل چاندی کی قیمت ۴۴ پنس تھی۔ دلالوں کا کہنا ہے کہ موجودہ قیمت برقرار رہے گی۔ (پ ٹ رائٹر)

اس لئے حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ صوبوں اور ریاستوں کے کوٹوں میں ۳۰ فیصدی کی کمی کر دی جائے۔ (پ ٹ)

پنڈت نہرو کا اعلان

بقیہ صفحہ ۲

سنٹ گروہ حرکت سے اور عوام اور ملک کے خلاف غداری کی حرکت ہوگی۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ حاصل شدہ اشیا کی قیمتوں میں اضافہ کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔

میں بیوپاریوں اور عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ ملک کے مفاد کو ذاتی فائدہ پر قربان نہ کریں۔ عوام کو تباہ کر کے ذاتی فائدہ حاصل کرنا اور قومی اقتصادیات کے منافی اقدام کرنا ناقابل برداشت ہے۔ ایسا کرنے والا ملک دشمن اور قومی غدار ہوگا۔ کوئی حکومت بھی اس قسم کے رجحان کو برداشت نہیں کر سکتی۔ اور حکومت ہند اس کا سد باب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے گی۔ میں عوام سے بھی اپیل کروں گا کہ کسی شے کے دام زیادہ نہ دیں جتنے وہ اب تک دیتے رہے ہیں۔ حکومت محض عوام کے تعاون سے ہی ایسی مکروہ حرکت کا مقابلہ کر سکتی ہے۔

آپ نے مزید فرمایا کہ ہندی تجارت میں سب سے زیادہ اہمیت اسٹرلنگ والے علاقہ کی ہے۔ ہماری تجارت اب ان علاقوں سے خوب بڑھے گی۔ ہماری خوراکی اشیا عموماً اسٹرلنگ والے علاقوں سے آتی ہیں۔ ہم نے ڈالر والے علاقوں سے خوراک منگوانی بالکل چھوڑ دی ہے۔ کپاس بھی ہم اسٹرلنگ والے علاقوں سے منگواتے ہیں۔ اس لئے لازمی طور پر چیزوں کی قیمتوں کے بڑھنے کا کوئی امکان نہیں۔ اسی طرح ہمارا مٹی کا تیل بھی اسٹرلنگ والے علاقوں سے آتا ہے۔

آخر میں پنڈت جی نے فرمایا کہ میں نے آپ سے بار بار کہا ہے کہ خوراک کا سوال بنیادی ہے۔ یہ ہمارے لئے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا [illegible]

برطانیہ میں کپڑے کی قیمتیں پانچ فیصدی کم ہو جائینگی

انڈونیشی گلڈر کی قیمت کم ہوگئی

[illegible] گلڈر کی قیمت کے مطابق ۳۰ فیصدی کی کمی کر دی گئی ہے۔ پاؤنڈ اسٹرلنگ [illegible] اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ [illegible] نصف کیا اب کرنسی کے علاقوں میں فروخت کر ناممکن نہیں ہوگا۔ (پ ٹ رائٹر)

اردو زبان کا مستقبل

بقیہ صفحہ ۔۔

کی سرکاری سند دی کے برابر قرار دے [illegible] کے تحفظ اور ترقی کی اور بہت سی صورتیں ہیں۔ [illegible]

ابتدائی تعلیم کی زبان کے اہم سوال [illegible] جو بچوں کے والدین چاہیں گے۔ [illegible] چالیس طالب علم یا کسی درجہ میں دس طالب علم کسی زبان کو سیکھنا چاہیں گے تو اس کا انتظام کیا جائے گا۔ [illegible] صوبوں کے باشندوں کو بھی اطمینان ہو جانا چاہئے [illegible] جمعیۃ العلماء ہند ایجوکیشنل کانفرنس اور انجمن ترقی اردو کے ذمہ دار [illegible] (پ ٹ)

بازاروں کے بھاؤ

۲۰ ستمبر ۱۹۴۹ء

دہلی:

غلہ مارکیٹ

گڑ کھنڈساری ۔۔۔ ۲۲ شکر ۔۔۔ ۲۲ روپے [illegible]

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

ہرکولیس سائیکل ۔۔۔ ۲۲۰ ہند سائیکل ۔۔۔ ۱۱۰

ریلے سائیکل ۔۔۔ ۲۳۰ روپے [illegible]

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

ہلدی ممبئی ۔۔۔ ۵۱ ہلدی ہردوٹ ۔۔۔ ۴۸ روپے

ہلدی کیمبل ۔۔۔ ۴۴ ہلدی نظام آبادی ۔۔۔ ۴۷ روپے

[illegible]

اپولو مارکیٹ

[illegible]

امریکہ کے ہندوستانی طلبا کی پنڈت نہرو سے فریاد

روپے کی قیمت میں کمی پر مشکل کا سامنا

مدراس ۱۹ ستمبر۔ امریکہ میں مقیم ہندوستانی طلبا کی طرف سے مسٹر کیپاڈیا نے پنڈت نہرو کو تار دیا ہے کہ پونڈ کی قیمت کم ہونے سے امریکہ کے ہندوستانی طلبا کو سخت نقصان پہنچا ہے۔ اگرچہ پونڈ کی قیمت میں صرف تیس فیصدی کی کمی کی گئی ہے۔ لیکن ضروریات زندگی ۳۰ روپے ماہانہ سے بڑھ کر ۴۳ روپے ماہانہ ہو گئے ہیں یعنی تقریباً ۴۴ فیصدی بڑھ گئے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ طالب علم کو اخراجات پورے کرنے کے لئے سالانہ مزید ۵ ہزار روپے کی ضرورت ہوگی۔ ان کی جانب سے میں امداد کی درخواست کرتا ہوں۔ مسٹر کیپاڈیا نے وزیر خزانہ اور وزیر تعلیم کو بھی اسی مطلب کے تار دیئے ہیں۔ (پ ٹ ا)

چینی عوام سے چیانگ کی اپیل

[illegible] کہ کمیونسٹوں کے خلاف جنگ کو تیز کریں اور کمیونسٹوں کے خلاف جنگ سے [illegible] (پ ٹ رائٹر)

مہاراجہ میسور کا سالانہ جیب خرچ

مدراس ۲۰ ستمبر۔ ایک اطلاع کے مطابق مہاراجہ میسور کو ۲۶ لاکھ روپیہ سالانہ جیب خرچ ملتا ہے۔ [illegible] جیب خرچ میں کمی نہیں ہوئی۔ سال گذشتہ تک موجودہ مہاراجہ کے جیب خرچ چالیس لاکھ روپیہ سالانہ تھا۔ (پ ٹ ا)

امریکہ سے واپسی پر پنڈت نہرو سیام جائیں گے

پنڈت جی کی بنکاک کانفرنس میں شرکت کی توقع

بنکاک ۲۱ ستمبر۔ سیام کے وزیر اعظم مارشل سونگ رام سال رواں کے اواخر میں بنکاک میں ہندوستان، برما، فلپائن اور سیام کے نمائندوں کی ایک کانفرنس منعقد کرانا چاہتے ہیں جس میں معاشی سیاسی اور سماجی مسائل پر گفت و شنید کی جائے گی۔ یہاں پر پورے اعتماد کے ساتھ یہ امید کی جارہی ہے کہ پنڈت نہرو آئندہ اکتوبر میں امریکہ کے دورے سے واپس ہونے کے بعد یہاں آئیں گے۔ اور اس کانفرنس میں شریک ہوں گے۔

شاہ افغانستان یورپ جارہے ہیں

پشاور ۱۸ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ افغانستان کے بادشاہ محمد ظاہر شاہ آنکھ کے علاج کے لئے اس ہفتہ یورپ جارہے ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ [illegible] جائیں۔ فی الحال ان کا علاج ایک برطانوی کا سرجن [illegible] (پ ٹ رائٹر)

راجستھان میں پنچایت [illegible]

[illegible]

مشرق میں صرف ہندوستان ہی کمیونزم کا مقابلہ کرسکتا ہے

مغربی ممالک کو ہند کی مدد کرنی چاہئے۔ ہائی کمشنر کا خیال

[illegible]

یوپی میں آبپاشی [illegible]

[illegible]

چار سینما پر مہر لگادی گئی

کراچی ۱۹ ستمبر۔ تخلیہ کنندگان کی املاک کے [illegible] کراچی کے چار سینماؤں پر مہر لگا دی ہے [illegible]

یوپی میں گھریلو صنعتوں کی [illegible]

مسٹر مالویہ کی افتتاحی تقریر

[illegible]

وزیر اعظم پٹیالہ یونین کی یقین دہانی

پٹیالہ ۲۰ ستمبر (اے پی) کل مختلف دیہات اور تحصیلوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے پیپسو کے وزیر اعظم سردار گیان سنگھ راڑیوالے نے کہا کہ [illegible] آپ نے کہا کہ حکومت بدعنوانیوں کو ختم کرنا چاہتی ہے مگر یہ عوام کی اعانت سے ہی ہو سکتا ہے۔ [illegible]

کام آہستہ کرنے کی تحریک منظور

لندن کے ریلوے ملازمین کا فیصلہ

لندن ۲۰ ستمبر۔ لندن کے ریلوے ملازمین نے [illegible] (رپ ٹ رائٹر)

اکسیر

جریان، احتلام اور پٹھوں کی طاقت کی بے نظیر ٹکیاں۔ ایک ماہ کی دوا ۷/۸

برسائن

سیلان (لیکوریا)، رحم کی کمزوری اور کمر کی طاقت کے لئے سو فی صدی کامیاب ٹکیاں۔ ایک ماہ کی دوا [illegible]

صدیقی دواخانہ دہلی دواگھر، نور گنج دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ مورخہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پاکستان سے تجارت

پاکستان کو تجارتی و دیگر قیمتی سامان بھیجنے اور منگانے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔ بغیر تکلیف اٹھائے آپکا مال جس کی گورنمنٹ آف انڈیا نے منظوری دے رکھی ہے۔ منزل مقصود تک پہنچانے کی گارنٹی کی جاتی ہے۔ بہ مقام امرتسر و فیروزپور بذریعہ ریل موٹر ہمارا مکمل انتظام ہے۔ پوسٹ والے مسافروں کو پاکستان جانے میں سہولت دی جاتی ہے۔ مکمل دریافت کے لئے لکھیں یا تشریف لادیں۔

سٹیرا سنز لمیٹڈ کسٹم کلیرنگ ایجنٹس [illegible] دہلی

ہیڈ آفس

31 کوئنز روڈ امرتسر

بمبئی میں زبردست سیلاب۔ ۲۴ گھنٹہ میں پندرہ انچہ بارش

ریل گاڑیاں، بسیں اور ہر قسم کی ٹریفک بند

سڑکوں اور میدانوں میں تین تین فٹ پانی

ہوائی اڈہ بھی جھیل بن گیا فضائی سروس بند کر دی گئی

بمبئی ۲۲ ستمبر۔ گذشتہ ۲۵ سالوں میں آج بمبئی نے سب سے بڑا سیلاب دیکھا۔ آج صبح نو بجے تک [illegible] کی پٹریوں پر گھٹنے گھٹنے پانی تھا۔ فوارہ کے علاقہ میں تو سمندر معلوم ہوتا تھا۔ ٹیلی گراف اور [illegible] دفاتر میں رات کو کام کرنے والے اپنے گھر نہ جا سکے اور دن کے کام کرنے والے لوگ اپنے دفتروں میں نہ پہنچ سکے۔ صبح ۱۱ بجے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گذشتہ تین دن کی طرح آج بھی بینکوں میں تعطیل رہے گی۔

آج صبح دس بجے تک گذشتہ ۲۴ گھنٹوں کے اندر [illegible] پندرہ انچ بارش [illegible] شہر کے دوسرے حصوں میں اس سے بھی زیادہ [illegible] تمام رات بادل گرجتے رہے اور [illegible] بجلی کی کڑک کے ساتھ پانی برستا رہا۔

[illegible]

بارش کی وجہ سے تعطیل

بمبئی ۲۲ ستمبر۔ آج دوپہر کو [illegible]

[illegible]

فضائی سروس بند

[illegible]

میدانوں میں پانی

[illegible]

حکومت ہند کشمیر کے متعلق آئندہ کیا اقدام کرے گی؟

کشمیر کمیشن کی مکمل رپورٹ کا انتظار کیا جا رہا ہے!

نئی دہلی ۲۲ ستمبر۔ ہندوستان قبل اس کے کہ وہ کشمیر کے متعلق اپنے آئندہ اقدام کا فیصلہ کرے۔ وہ اس کا انتظار کرے گی کہ کمیشن اپنی مکمل رپورٹ مجلس تحفظ کے سامنے پیش کر دے۔

[illegible]

الور میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

[illegible]

راجستھان میں چینی ضبط کرنے کا حکم

[illegible]

کمیشن جلد اپنا بیان شائع کر رہا ہے

[illegible]

محمدی اور حسنہ کی روانگی

[illegible]

روپے کی قیمت نہ گھٹانے سے اخراجات زندگی کم ہو جائیں گے

یہ فیصلہ ملک کی صنعتی ترقی کیلئے بھی نفع بخش ثابت ہوگا

روپے کی سابقہ قیمت برقرار رکھنے پر حکومت پاکستان کا پریس کمیونکے

کراچی ۲۲ ستمبر۔ حکومت پاکستان نے روپیہ کی قیمت [illegible]

[illegible]

ہند کے لئے جاپانی ماہرین

[illegible]

کمیونسٹوں نے چین میں عوامی حکومت کے قیام کا اعلان کر دیا

"عوامی قومی مشاورتی کانفرنس" کا اہم اجلاس

کمیونسٹ لیڈر ماؤزی تنگ کی تقریر!

سان فرانسسکو ۲۲ ستمبر۔ پیپنگ میں آج چینی کمیونسٹ لیڈر ماؤزی تنگ نے "چینی عوامی جمہوریہ" کے قیام کا اعلان کر دیا۔

یہاں وہ تقریر سنی گئی جو چینی کمیونسٹ لیڈر ماؤزی تنگ نے "چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس" کے افتتاح کے وقت کی۔ کانفرنس کا اجلاس اس لئے طلب کیا گیا تھا کہ چین کے اس تمام علاقہ کے لئے جو کمیونسٹوں کے ماتحت آ چکا ہے، ایک حکومت قائم کی جائے۔

کانفرنس میں [illegible] سے زیادہ نمائندے شریک ہوئے۔ ان میں تمام چین کی جمہوری جماعتوں، اداروں، فرقوں اور کمیونسٹ فوج کے نمائندے شامل تھے۔ ماؤزی تنگ نے ان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ [illegible]

[illegible]

خیرسگالی مشن کے دو ممبر بخیر و عافیت مکہ معظمہ پہنچ گئے

[illegible]

ہند اور پاکستان میں شرح تبادلہ پر گفت و شنید شروع ہو گئی

تا فیصلہ باہمی تجارت اور مالی کاروبار بند رہے گا

ہند پاکستان کے درمیان روپیہ پیسہ کے تبادلہ پر کنٹرول لگنے کا خطرہ

آج پاکستان کے بازار حصص اور تمام بنکوں میں تعطیل رہی

کراچی ۲۲ ستمبر۔ ہندوستان کے ریزرو بنک کے اس فیصلہ کے پیش نظر [illegible]

[illegible]

ہاوڑہ میں ذبیحہ گاؤ ممنوع

[illegible]

الموڑہ کی متروکہ جائدادیں

[illegible]

پاکستان میں فرانس کا تجارتی مشن

[illegible]

بریلی ڈویژن کے مجسٹریٹوں کی کانفرنس

[illegible]

الموڑہ میں شکر کا قحط

[illegible]

Daily

Aljamiat

ESTD. 1925

الجمعیۃ

Delhi-23-9-49

ہم محبت کا پیغام لیکر حجاز مقدس جا رہے ہیں

بمبئی سے روانہ ہوتے وقت خیرسگالی مشن کے ممبروں کا بیان

بمبئی (بذریعہ ڈاک) ہندوستان کے خیرسگالی مشن کے جو جمعیۃ علماء کے سرکردہ کارکنوں پر مشتمل ہے دو ممبر حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء اور حضرت مولانا عتیق الرحمن صاحب گزشتہ ۱۸ ستمبر کو حجاز مقدس کے لئے روانہ ہوگئے۔ روانگی سے قبل انہوں نے حسب ذیل بیان دیا۔

[illegible]

ضلع مردان میں پیر مانکی شریف کا داخلہ بند کر دیا گیا

عوامی لیگ کے سرکردہ لیڈر گوجر خاں کو تین سال کی قید کا حکم

[illegible]

بیت المقدس میں پھر دہشت انگیزی شروع ہو جائے گی

دہشت پسندوں کے لیڈر کا پریس کانفرنس میں اعلان

بیت المقدس ۱۸ ستمبر۔ سابقہ دہشت پسندوں کے ایک کمانڈر نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ [illegible]

[illegible]

مشرقی پنجاب کا صدر مقام کپورتھلہ کو بنانے کی تجویز

[illegible]

ناگپور میں چینی کی گرانی

[illegible]

شنگھائی سے یورپینوں کا انخلا

ایک امریکن جہاز شنگھائی جائیگا

[illegible]

ساڑھے سات لاکھ روپے کے سرمایہ سے انگریزی اخبار نکالنے کی اسکیم

لکھنؤ کے ایک نمائندہ جلسہ میں اسکیم کا خیر مقدم!

لکھنؤ ۱۸ ستمبر (بذریعہ ڈاک) آج شام کو چودھری محمد حسین خاں بیرسٹر کی کوٹھی پر ایک نمائندہ جلسہ شہر کے مسلمانوں کا منعقد ہوا۔ جس میں مولانا عبدالوحید صاحب منیجر اخبار الجمعیۃ نے جمعیۃ علماء ہند کی اس اسکیم کو پیش کیا جس کے ماتحت ایک انگریزی اخبار ساڑھے سات لاکھ روپے کے سرمایہ سے نکالنے کا طے کیا گیا ہے۔ آپ نے کہا کہ اگرچہ ہندوستان کی زبان اب ہندی ہے۔ لیکن ابھی پندرہ سال تک ہم انگریزی اخبار نکال سکتے ہیں۔

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے ضمن میں

ایک قابل قدر مثال

[illegible]

کرنسی کی قیمتوں میں کمی اور اشیاء میں اضافہ پر قیاس آرائیاں

برطانوی سرکاری حلقے ڈالر حاصل کرنے کیلئے مطمئن ہیں

[illegible]

قیمتیں چڑھنے کی کوئی وجہ نہیں

ڈالر کے علاقوں سے کم مال آ رہا ہے

[illegible]

بمبئی میں پچیس ہزار طلباء کی علامتی ہڑتال

فیسوں میں اضافہ کے خلاف احتجاج جلوس اور مظاہرے

[illegible]

مغربی بنگال کے پٹ سن کارخانے ایک ہفتہ تک بند رہیں گے

پاکستان کی مالی پالیسی سے جوٹ حاصل کرنے میں مزید مشکلات پیش آئیں گی

[illegible]

چینی کمیونسٹوں سے خطرہ

برطانوی اور امریکی افسروں کی کانفرنس

[illegible]

ڈاکٹر لوہیا کی تقریر

[illegible]

مدراس کے مسلمانوں کا کنونشن

مسلمانوں کی کانگریس میں شمولیت کی تجویز

[illegible]

راجستھان کا جاگیری سسٹم

[illegible]

طلباء اور خوراک کی پیداوار

بابا راگھوداس کا مشورہ

[illegible]

حیدرآباد میں مرحوم سر سالار کی جاگیر پر قبضہ کر لیا گیا

[illegible]

مسٹر ڈالمیا نے بھی بیان دیدیا

[illegible]

چین کے مسئلہ پر جنرل اسمبلی میں اہم بحث کا امکان

[illegible]

عراق کے سکہ کی کمی کو

بین قومی مالی فنڈ نے تسلیم کر لیا

[illegible]

گورکھا صوبیدار کی ہلاکت

[illegible]

[illegible] کا فیصلہ

[illegible]

برآمد اور قیمتوں میں اضافہ کو روکنے کیلئے حکومت ہند نے آرڈیننس جاری کردیا

ہندوستان ہر مسئلہ پر اس کی خوبیوں کے لحاظ سے نظر ڈالے گا

ڈالر کے علاقوں سے دواؤں کی درآمد دوگنی کردی گئی

بناسپتی، تمباکو اور فولاد و پٹ سن کی اشیاء کے ٹیکس بڑھا دئیے گئے

دہلی ۲۲ ستمبر۔ قیمتوں میں اضافہ کو روکنے کے لئے حکومت نے کل کے جاری کردہ ایک آرڈیننس کے تحت بناسپتی تیلوں، بناسپتی گھی، اسپلاک، فولاد اور تمباکو پر برآمدی ڈیوٹی لگادی ہے اس آرڈیننس میں حکومت کو خام پٹ سن اور پٹ سن سے بنی ہوئی اشیاء کی برآمدی ڈیوٹی لگانے کا بھی اختیار دیا گیا ہے وزارت تجارت کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ یہ اقدام اس پالیسی کے مطابق کئے گئے ہیں جس کا وزیراعظم نے اپنی تقریر میں اعلان کیا تھا۔

اس آرڈیننس کے تحت جو اختیارات ملے ہیں ان کے تحت ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ جس کے تحت ہر قسم کے تیل پر فی پونڈ کی برآمدی ڈیوٹی لگادی گئی ہے۔ ۴۰ فیصدی ڈیوٹی لوہے اور فولاد کی بنی ہوئی تمام اشیاء پر لگائی گئی ہے۔ چادروں پر ۳۰ فیصدی ڈیوٹی لگائی گئی ہے۔ اگر سٹہ بازی کی وجہ سے ملک کے اندر قیمتوں میں اضافہ شروع ہوا تو دوسری اجناس پر بھی برآمدی ٹیکس لگادیا جائیگا یا ٹیکس میں اضافہ کردیا جائے گا تاکہ ملک کے اندر قیمتوں میں اضافہ نہ ہو۔

حکومت کو اطلاعات ملی ہیں کہ بعض دواؤں کی جو زیادہ تر ڈالر کے علاقوں سے آتی ہیں قیمتیں بڑھنے لگی ہیں اور ان کا اسٹاک چھپایا جارہا ہے اس لئے حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ امریکہ سے ایسی دواؤں کی درآمد کے لئے [illegible] زیادہ کردی جائیگی [illegible] حکومت [illegible] دواؤں کے [illegible] ایسا انتظام کیا جائے کہ دواؤں کا ذخیرہ اور ناجائز نفع خوری کا امکان نہ رہے۔

حکومت ہند نے اس بات کا بھی فیصلہ کیا ہے کہ برآمد ہونے والی خاص خاص اجناس کی سٹہ بازی بند کردی جائے چنانچہ اس سلسلہ میں پہلا اقدام یہ ہے کہ حکومت مغربی بنگال کو کہا گیا ہے کہ پٹ سن کی بنی ہوئی اشیاء کے وعدہ کے سودے بند کردئے جائیں۔

جن اقدامات کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کا مطلب یہ ہے کہ بعض عناصر کی غیر سماجی سرگرمیوں کو روکا جائے، جو لوگوں کی عدم واقفیت سے جو روپیہ کی قیمت میں کمی اور اس کے اقتصادی اثرات [illegible] ناجائز فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ حکومت صورت حالات پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے اور حسب ضرورت مناسب اقدامات کرے گی۔ [illegible]

ہندوستانی مجنوں کا انتقال

آگرہ (بذریعہ ڈاک) [illegible] (ہندوستانی مجنوں) کا ۱۸ ستمبر کو رات کے آٹھ بجے انتقال ہوگیا۔

ہاپوڑ پٹواری کانفرنس

تحصیل پٹواری کانفرنس میں کام کرنے کے مقررہ اوقات تنخواہوں میں اضافہ مہنگائی الاؤنس بڑھانے کا مطالبہ کیا گیا۔

یوگوسلاویہ بھی مجلس تحفظ کا امیدوار ہے!

فلاشنگ نیویارک ۲۲ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے حلقوں میں قیاس کیا جارہا ہے کہ یوگوسلاویہ سوویٹ یونین کے ساتھ اپنے تنازعہ کو اقوام متحدہ میں لے جائے گا۔ اور سوویٹ روس کی طرف سے نامزد کئے ہوئے امیدوار کے مقابلہ میں مجلس تحفظ کے لئے اپنے لئے ایک سیٹ کا مطالبہ کرے گا۔ بعض حلقوں میں کہا گیا ہے کہ مارشل ٹیٹو کے نائب وزیر خارجہ مسٹر ایڈورڈ کارڈل جو اقوام متحدہ میں یوگوسلاوی ڈیلیگیشن کے لیڈر ہیں مجلس تحفظ کی ممبری کے سلسلہ میں ۲۲ لاطینی امریکن قوموں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کریں گے لیکن ذمہ دار حلقوں کا بیان ہے کہ انہوں نے صرف افواہ ہی سنی ہے اور ابھی اس امر کی شہادت نہیں ہے کہ یوگوسلاویہ واقعی مجلس تحفظ کی امیدواری کے لئے کھڑا ہوگا۔ یا یہ کہ وہ اس سلسلہ میں مغربی قوموں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ (اے پی رائٹر)

پاکستان کے فیصلہ سے جوٹ کی صنعت پر بہت برا اثر پڑے گا

سوشلسٹ لیڈر کا بیان

پونہ ۲۲ ستمبر۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر اشوک مہتہ نے کہا حکومت پاکستان نے روپیے کی قیمت کم نہ کرنے کا جو فیصلہ کیا ہے اس کا بنگال میں جوٹ کی صنعت پر بہت برا اثر پڑنے کا امکان ہے۔ انہوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ اس فیصلہ سے شاید ہندوستان میں زندگی کے اخراجات میں اضافہ ہوجائے گا۔ ایک [illegible] کے عرصہ میں مسٹر مہتہ نے کہا کہ بنگال میں جوٹ کی صنعت پہلے ہی بہت کم ہوگئی ہے، اور وہاں ہفتہ میں جوٹ ملیں صرف ہم ۴ گھنٹے کام کررہے ہیں لیکن اب پاکستان کے اس فیصلہ سے اس صنعت پر اور زیادہ برا اثر پڑے گا۔ اور اگر جوٹ کی قیمت اونچی رہی تو [illegible] صورت حال کا جوٹ کی صنعت پر اور بھی برا اثر پڑے گا۔

ملک کی اقتصادی صورت حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے مسٹر مہتہ نے کہا کہ سوشلسٹ پارٹی اس بارے میں حکومت سے اتفاق کرتی ہے کہ یہ حالت اتنی خطرناک ہوچکی ہے کہ آئندہ دو سال تک اس سے بچاؤ پانے کے لئے پوری قوم کو بغیر کسی اضافہ شدہ معاوضہ کے کام کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ آپ نے کہا تاوقتیکہ ہر ہندوستانی یہ محسوس نہ کرے گا کہ خرچ کرنے کے مقابلہ میں پیداوار اس کا ذمہ ہے ہم سلامت نہ رہ سکیں گے۔

لیکن آپ نے کہا کہ مشکلات پر قابو پانے کے لئے حکومت نے جو طریقہ تجویز کیا ہے سوشلسٹ پارٹی اس سے متفق نہیں ہے۔ وہ اس بات کو پسند نہیں کرتی کہ عوام سے [illegible] کام کی توقع کی

مشرقی پنجاب کابینہ کا اجلاس خاص طلب کرلیا گیا

وزیراعظم کی کابینہ میں اتحاد پیدا کرنیکی کوشش

شملہ ۲۲ ستمبر۔ انبالہ میں پنڈت نہرو سے ملاقات کے بعد مشرقی پنجاب کے وزیراعظم مسٹر بھیم سین سچر نے کابینہ میں زیادہ سے زیادہ اتحاد و اشتراک پیدا کرنے کے لئے صوبائی کابینہ کا ایک خاص اجلاس طلب کیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ پنڈت نہرو نے صوبہ کی ترقی پر اطمینان کیا۔ لیکن اس پر افسوس کیا کہ کابینہ کے ممبران میں اتحاد نہیں ہے مسٹر سچر کو بھی عدم اتحاد کی اطلاعات پر تشویش ہے اور یہ اطلاعات کانگریس ہائی کمانڈ تک بھی پہنچ گئی ہیں۔ اور اس پر غور ہورہا ہے کہ کس طرح ان اختلافات کو ختم کیا جاسکتا ہے۔

اسی بابت وزیراعظم بھیم سین سچر خاص کوشش کررہے ہیں۔ اور خاص طور پر ڈاکٹر [illegible] اشتراک و تعاون کی اپیل کررہے ہیں۔ انہوں نے صوبائی کانگریس کمیٹی کے صدر اور ممبران سے بھی درخواست کی ہے۔ کہ اس اتحاد کو حاصل کرنے کے طریقوں کے متعلق ان کو مفید مشورے دیئے جائیں۔ تاکہ اختلافات دور ہوکر اتحاد کی اسپرٹ پیدا ہو۔

پنڈت نہرو مشرقی پنجاب سے مطمئن ہیں

لالہ بھیم سین سچر کا بیان

شملہ ۲۲ ستمبر (پی ٹی آئی) مشرقی پنجاب کے وزیراعظم لالہ بھیم سین سچر نے پنڈت نہرو کے حالیہ دورہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ پنڈت نہرو مشرقی پنجاب سے مطمئن ہوکر گئے ہیں لیکن مجھے زیادہ خوشی ہوتی اگر کانگریس میں کوئی تفرقہ نہ ہوتی۔

وزیراعظم [illegible] مشرقی پنجاب کے عوام اور افسران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے پنڈت نہرو کے دورہ کے موقع پر نظم و ضبط کا ثبوت دیا۔

کشمیر، جنوبی افریقہ، اطالوی نوآبادیات وغیرہ کے متعلق ہندوستان کا نقطہ نظر

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ہندی وفد کے لیڈر کی تقریر

فلشنگ میڈوز ۲۲ ستمبر۔ ہندوستانی وفد کے لیڈر مسٹر بی۔ این۔ راؤ نے جنرل اسمبلی کے سامنے ایک بیان دیتے ہوئے کہا [illegible] ہندوستان ہر مسئلہ پر اس کی خوبیوں کے لحاظ سے نظر ڈالے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے اس سے پہلے بھی ایسا ہی کیا ہے اور اب بھی ایسا ہی کرے گا۔

ہندوستان اور پاکستان کے تنازعہ کشمیر کے متعلق مسٹر راؤ نے کہا کہ کشمیر کمیشن نے حال ہی میں فیصلہ کیا ہے کہ وہ قضیہ کشمیر مجلس تحفظ کے سامنے ازسرنو پیش کردے گا۔ اس لئے ہم یہاں اور اس موقعہ پر اس مسئلہ پر بحث کرنا نہیں چاہتے۔ [illegible] اس مسئلہ کے متعلق ایک تمام بیان ضرور دیگا۔ اس سے انکار نہیں کہ جب ایک وسیع ملک جیسے ہندوستان کا ایک دو حصوں میں تقسیم ہوجائے تو یقیناً ایسے پیچیدہ مسائل پیدا ہوجائیں گے جن کے حل کے لئے صبر اور وقت کی ضرورت ہوگی وہ مسائل جو پہلے خانگی تھے اب وہ بین الاقوامی بن گئے ہیں۔

جہاں تک کشمیر کا تعلق ہے ہم اصولی طور پر ثالث کے تقرر کے خلاف نہیں ہیں۔ [illegible] اسی وقت تک یہ اندیشہ رہے گا کہ وہ مسائل بھی [illegible] جن پر پہلے فیصلہ ہوچکا ہے [illegible]

خواہ کشمیر کا مسئلہ ہو یا کوئی دوسرا مسئلہ ہندوستان اقوام متحدہ کا سب سے زیادہ وفادار ممبر ہونے کے ناطے [illegible] حل چاہتا ہے۔

مسٹر راؤ نے کہا کہ امید ہے کہ [illegible] جنوبی افریقہ [illegible]

[illegible]

انہوں نے جنوبی افریقہ پر اس پر بھی تنقید کی کہ وہ جنوب مغربی افریقہ کو اپنے میں شامل کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ کے اس اقدام کو حکومت ہند تشویش کی نظر سے دیکھتی ہے۔ [illegible]

[illegible]

ہیگ کی گفت و شنید

مسٹر [illegible] نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ہیگ میں انڈونیشیا پر جو گول میز کانفرنس ہورہی ہے وہ قابل اطمینان طریقہ پر [illegible] اجلاس کے ختم ہونے سے قبل ختم ہوجائے گی۔ اور انڈونیشیا کے مسئلہ پر اسمبلی میں بحث کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔

[illegible]

انہوں نے [illegible] اقوام متحدہ کی طرف سے [illegible]

انہوں نے [illegible] کے صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ (پ ٹ رائٹر)

جودھپور کے علاقہ میں سخت ہیضہ

حکومت راجستھان کے انسدادی اقدامات

جے پور ۲۲ ستمبر۔ حکومت راجستھان نے اس علاقہ کو جس پر پہلے ریاست جودھپور مشتمل تھی ہیضہ زدہ قرار دیا ہے۔ اس مرض کو پھیلنے سے روکنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ گذشتہ ہفتہ [illegible] ۷۹ اشخاص کو ہیضہ ہوا۔ [illegible] (پ ٹ ا)

پاکستان سے روپیہ کا لین دین بند ہوگیا!

ریزرو بینک کی طرف سے ہدایت

بمبئی ۲۲ ستمبر۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے کل تمام بینکوں کو مطلع کردیا ہے کہ وہ پاکستانی روپیے کی خرید و فروخت کے لئے کوئی شرح مقرر کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے جس کا مطلب یہ ہوا کہ پاکستان اور ہندوستان کے مابین تجارت اور لین دین عملی طور پر بند رہے گا۔ اس سلسلہ میں ریزرو بینک آف انڈیا نے جو اعلان کیا ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ ہند اور پاکستان میں ادائیگیوں کا جو معاہدہ ہوا تھا اس میں ایک شرط یہ تھی کہ ہند اور پاکستان کے روپے کی قیمت برابر برابر ہوگی اور حکومتیں بغیر اطلاع اور باہمی صلاح مشورہ اس میں تبدیلی نہیں کریں گی۔ [illegible] جس کی اطلاع تمام بینکوں کو دی جاتی ہے۔

مہاتما گاندھی کے قتل کے مقدمہ کی اپیل

پارلیمنٹ کے سوشلسٹ ممبر مخالفت کریں گے

لندن ۲۲ ستمبر۔ مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل میں سزایافتہ پانچ افراد کی درخواست [illegible] پریوی کونسل [illegible]

مسٹر [illegible] پارلیمنٹ کے سوشلسٹ ممبر ہیں اور ہندوستان [illegible] پر اکثر لکھتے رہتے ہیں۔ [illegible] پریوی کونسل کے سامنے پیش ہوگی اور غالباً آئندہ اجلاس میں جو ماہ اکتوبر کو شروع ہورہا ہے پیش ہوگی۔ [illegible] کی اجازت طلب کی ہے۔ (دپ ٹ)

مصر میں روسی کپڑے کی بھرمار

لندن ۲۲ ستمبر۔ [illegible] مصری بازاروں میں روسی رنگین کپڑوں کی بھرمار نظر آرہی ہے۔ [illegible]

قاہرہ کی ایک خبر سے ظاہر ہوتا ہے کہ [illegible] کپڑا فروخت کررہا ہے۔ [illegible] کا انتظام بگڑ گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حکومت روسی کپڑے کے ذخیرہ یا ان کے خلاف اقدام کرنے والی ہے۔ [illegible] کی تحقیقات کی جارہی ہے۔ (رکٹوب)

اوٹو اسٹراسر کی واپسی کی تحریک

بون ۲۲ ستمبر۔ بہت سے جرمن اوٹو اسٹراسر کی واپسی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ یہ ہی شخص ہے جس نے ہٹلر کو برسراقتدار لانے میں [illegible] جدوجہد کی تھی۔ اور ہٹلر کا مددگار ثابت ہوا تھا۔ لیکن جب ہٹلر برسراقتدار آگیا تھا تو دونوں میں کچھ تنازعہ ہوگیا تھا جس کے بعد [illegible] جانا پڑا تھا۔ اور وہاں پر [illegible] آباد ہوگیا تھا۔ [illegible] کے ۳۳ جرمنوں نے "اسٹراسر کو واپس لاؤ" تحریک شروع کردی ہے لیکن معلوم ہوا ہے کہ اگر اسٹراسر جرمنی کے برطانوی مقبوضہ علاقے میں داخل ہونے کی اجازت طلب کریگا تو برطانوی افسران انکار کردینگے۔ (رکٹوب)

۱۲ ہزار لوگ حکومت کشمیر کی پناہ میں

جموں ۲۲ ستمبر۔ پونچھ کے منتظم مسٹر غلام محمد قادر [illegible] نے ایک بیان میں کہا کہ پونچھ کے پاکستانی علاقے سے ۱۲ ہزار افراد اس علاقہ میں آگئے ہیں جو حکومت کشمیر کے پاس ہے۔ ان لوگوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے علاقوں میں خوراک کی شدید قلت ہے اور بہت سے لوگ وہاں سے منتقل ہونے کو تیار بیٹھے ہیں۔ ان تمام ۱۲ ہزار افراد کو اس علاقہ میں ازسرنو آباد کردیا گیا۔ [illegible] (اشا)

علی گڑھ میں بارش سے ٹیلی فون پر اثر

علی گڑھ ۲۲ ستمبر (اے ایم) [illegible] بارش کے باعث ٹیلی فون سروس تقریباً نصف ناکارہ ہوگئی [illegible]

عرب پناہ گزینوں میں بے چینی

بیروت ۲۱ ستمبر۔ فلسطینی عرب پناہ گزینوں کی طرف سے وطن واپس ہونے کی تحریک زیادہ مضبوط ہوتی جارہی ہے حال ہی میں [illegible] مقیم عرب پناہ گزینوں نے [illegible] ایک عظیم جلسہ کیا جس میں ایک تجویز کے ذریعہ [illegible] بتادیا گیا کہ وہ اپنے وطن واپس جانا چاہتے ہیں اور وہ کسی دوسری تجویز سے مطمئن نہیں ہوسکتے۔ (رکٹوب)

شملہ میں چینی کا راشن

شملہ ۲۲ ستمبر (اے ایم) جمعرات کے دن سے شملہ میں چینی کا راشن شروع ہوجائے گا اور ایک شخص کو ہفتہ میں تین چھٹانک چینی ملے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ مرکزی حکومت نے ہنگامی حالات کے لئے جو کوٹہ مقرر کیا تھا اس میں سے [illegible] بوریاں شملہ پہنچ چکی ہیں۔ اور چار سو کا [illegible]

یہودی دہشت پسندوں کی تیاریاں

لندن ۲۲ ستمبر۔ یہودی دہشت پسندوں کی اس دھمکی کے بعد کہ اگر حکومت اسرائیل نے شہر یروشلم کو بین الاقوامی علاقہ قرار دینے کی اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن کی تجویز قبول کرلی تو یہودی انتہا پسند یروشلم میں اپنی دہشت پسند سرگرمیاں دوبارہ شروع کردیں گے۔ اب تل ابیب میں اسٹرن گینگ (یہودیوں کی مشہور دہشت پسند جماعت) کے سابق لیڈر ناتھان فریڈمین یلین نے اعلان کیا ہے کہ یروشلم یہودی علاقہ ہی رہے گا، اور ریاست اسرائیل کا صدر مقام بنے گا۔ دونوں۔ نیا شہر جس پر اس وقت اسرائیل کا قبضہ ہے، اور پرانا شہر بھی۔

یلین نے مزید اعلان کیا ہے کہ "یہودی نوجوان ہر ذی حیثیت غیر ملکی حکومت کے خلاف جنگ کریں گے اور اسے تباہ کردیں گے۔"

ہفتہ کے روز [illegible] سابق یہودی دہشت پسند جماعت "ارگن زوائی" کی جانشین [illegible] کے ایک اجلاس میں ارگن کے سابق ناظم [illegible] نے اعلان کیا تھا۔ ارگن اور اسٹرن گینگ تحلیل کردی گئی ہیں [illegible] دوبارہ تیار کیا جاسکتا ہے اور جنگ شروع کی جاسکتی ہے! (رکٹوب)

ہندوستان پاکستان سے کم سے کم مال منگوائے گا

پاکستان کے فیصلہ کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان تجارت میں کمی

نئی دہلی ۲۲ ستمبر۔ پاکستان نے یہ فیصلہ کرکے کہ وہ اپنے روپیہ کی قیمت میں ڈالر کے حساب سے کوئی کمی نہیں کرے گا۔ اسٹرلنگ علاقہ کو جس میں ہندوستان بھی شامل ہے۔ تشویش میں ڈال دیا ہے۔

ہندوستانی حکومت کے لئے پاکستان کا فیصلہ نہ صرف تعجب ہے۔ اور نہ غیر معقول کیونکہ ڈالر کے علاقہ اور باقی دنیا سے پاکستان کی تجارت [illegible] ہے پاکستانی اور [illegible] روپیہ میں ۴۴ فیصدی کا فرق خاص طور پر ہندوستان کے لئے اس لئے زیادہ اہم ہے کہ ہندوستان کی بیرونی تجارت کا [illegible] پاکستان سے ہوتا ہے۔ ہندوستان انسداد دو طریقوں سے کرے گا ایک تو [illegible] پاکستان سے مال منگانا کم کرے گا اور اسٹرلنگ علاقہ کے دوسرے ممالک سے وہ مال حاصل کرنے کی کوشش کرے گا جو پاکستان سے آتا ہے [illegible]

ہندوستان سے مشورہ نہیں کیا

حکومت ہند کو اس بات پر افسوس ہے کہ پاکستان نے فیصلہ کرنے سے قبل حکومت ہند سے مشورہ نہیں کیا۔ [illegible] دونوں ملکوں کے درمیان [illegible] مشورہ کرنا چاہئے تھا ابھی تک ہندوستان کو پاکستان کی طرف سے نئے شرح تبادلہ کے متعلق کوئی سرکاری اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے ۳۰ جون کو [illegible] پاکستان کے درمیان اشیاء کی تجارت کے تبادلے کے متعلق سمجھوتہ ہوا تھا۔ اس کی رو سے ۱۹۴۹-۵۰ء کے لئے دونوں ملکوں کے درمیان [illegible] کی تجارت کا اندازہ کیا گیا تھا جس میں ہندوستان پر ۳۱ کروڑ کا بقایا نکلتا تھا۔ لیکن اب موجودہ صورت حال کے پیش نظر یہ بقایا ۲۶ کروڑ ہوگیا۔

وزارت مال اور وزارت تجارت کے افسران کے درمیان پاکستان کے اس فیصلہ کی پیچیدگیوں پر باہمی مشورے ہوئے۔ بعض حلقوں کا خیال ہے کہ پاکستان اور ہندوستان کی تجارت محدود ہے۔ پاکستان سے زیادہ تر روئی اور پٹ سن آتا ہے اگر ہندوستان نے پٹ سن لینا کم کردیا تو ملوں کے کام میں کمی ہوجائے گی۔ جس کا اثر دوسرے ممالک کے ساتھ ہندوستان کی تجارت پر پڑیگا کیونکہ اس طرح ہندوستان زیادہ ڈالر نہیں کما سکے گا۔

پاکستانی پٹ سن اور روئی کی قیمتیں بڑھ جانے سے ان کی مصنوعہ اشیاء کی قیمتیں بھی بڑھ جائیں گی جس کا اثر امریکہ اور دوسرے بازاروں میں پٹ سن کی مصنوعات کی مقابلہ کی پوزیشن پر پڑے گا۔ [illegible] معیار زندگی کی قیمت بڑھ جائے گی۔

پاکستان کے اس فیصلہ کے بعد مصر اور مشرقی افریقہ سے سوت حاصل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جہاں تک پٹ سن کا سوال ہے سوائے پاکستان سے خریدنے کے کوئی اور صورت ہی نہیں۔ اس کو بھی زیادہ سے زیادہ کم کرنے کی کوشش کی جائیگی اگرچہ فی الحال اس کا امکان نظر نہیں آتا۔

ملایا کے لئے مسلم یونیورسٹی کی تجویز

سنگاپور ۲۲ ستمبر۔ کل ملایا مسلم مشنری سوسائٹی کے ایک جلسہ میں مسٹر الاگوف نے تجویز پیش کی تھی کہ ملایا میں مسلم یونیورسٹی قائم کی جائے۔

انہوں نے اعلان کیا ہے کہ ہر مسلمان کو اس تجویز کی حمایت کرنی چاہئے اور یونیورسٹی تعمیر کرنے کا منصوبہ تیار بھی کیا جاچکا ہے۔ مسٹر الاگوف کو توقع ہے کہ ایسے تمام مسلمان جنہیں ملایا کے مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی ہے۔ ملایا یونیورسٹی [illegible] اور مسلم کالج کی امداد کریں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ مصر اور پاکستان جیسے ترقی یافتہ ممالک کے مسلمان اس سلسلے میں ان کی مدد کریں گے۔ (رکٹوب)

برطانوی تجربہ امریکی حکمت عملی پر عامل ہے

ہانگ کانگ ۲۲ ستمبر۔ امریکہ اور برطانیہ کے درمیان فوجی اشتراک کا انکشاف آج اس خبر سے بھی ہوا کہ ایک برطانوی طیارہ بردار جہاز "ٹرمپ" نے طیارے اتارنے اور روانہ کرنے کا امریکی طریقہ اختیار کرلیا ہے۔ یہ جہاز آج کل ہانگ کانگ میں لنگر انداز ہے۔

ٹرمپ کے بالائی عرشہ پر کنٹرولر آفیسر لفٹنٹ آر۔ ایس۔ ویسٹ فیلڈ نے آج اعلان کیا کہ امریکی طریقہ برطانوی طریقہ کے [illegible] زیادہ بہتر ہے۔ برطانوی طریقہ کے مطابق [illegible] فاصلہ سے ہی طیارہ جہاز کے بالائی عرشہ کے قریب پہنچ جاتا ہے جس کے بعد جہاز پر اترجاتا ہے۔ امریکی طریق کے مطابق طیارہ صرف ڈیڑھ سو فٹ کے فاصلے سے جہاز پر اترنا شروع کردیتا ہے۔ برطانوی ہوابازوں نے امریکی طریقہ کی خوب مشق کی ہے۔ (رکٹوب)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۲۴ ستمبر ۱۹۴۹ء

ہم کہاں کھڑے ہیں؟

ہم فی الحال باہر کی دنیا سے تو کوئی بحث نہیں کرتے لیکن ہندوستان اور پاکستان کے متعلق ضرور عرض کریں گے کہ ملک تقسیم کے بعد ان کی حالت بہت کچھ دگرگوں ہوگئی ہے اور آزادی کا صلہ یہ ملا ہے کہ ہم اپنے اخلاقی اور انسانی خطوط سے پچاس سال پیچھے ہٹ گئے ہیں اور ہماری سیرت اور کردار کو ایسا گھن لگا ہے جس کا علاج نہ حکومتوں کے پاس ہے نہ لیڈروں کے پاس! اور یہ پستی اسقدر عام ہے کہ اس سے آپ کسی طبقہ کو مستثنیٰ نہیں کرسکتے! اگست ۱۹۴۷ء سے پہلے کے متحدہ ہندوستان کو بعد کے ہندو پاکستان کے مقابلہ پر رکھ کر دیکھ لو۔ زمین و آسمان اور مشرق و مغرب کا فرق نظر آئیگا اور ایسا معلوم ہوگا کہ ہماری دنیا بالکل بدل گئی ہے اور ہم ازسرنو ایک بدترین حالت سے دوچار ہوگئے ہیں!

ملک کی تقسیم کے نتائج میں جو چیز نمایاں نظر آتی ہے اور جس میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے وہ انسان کی بے رحمی اور خود غرضی ہے، ہندوستان اور پاکستان کے لوگ اس قدر بے رحم اور سنگدل بن گئے ہیں کہ خود اپنے آپ کو دیکھ کر دہشت ہوتی ہے۔ انصاف اور ہمدردی کا نام و نشان نہیں رہا۔۔۔ رواداری اور سیر چشمی خواب و خیال ہوکر رہ گئی ہر شخص میں یہ امنگ پیدا ہوتی ہے کہ وہ کسی پر ظلم کرے، کسی کو ستائے، کسی کو تکلیف دے ماحول اس قدر خطرناک بن گیا ہے جس میں خواہ مخواہ حیوان بننے کو جی چاہتا ہے، اخلاق و مروت کا جنازہ نکل چکا ہے، اخلاقی قدروں کے دھندلے نقش مٹائے جارہے ہیں! عدالتوں میں جائیے، پولیس اسٹیشنوں کی سیر کیجئے، سرکاری دفتروں میں قدم رکھیئے، ریل کے محکموں کا مطالعہ کیجئے کسی جگہ نہ تو سکون، اعتماد، بھروسہ اور امید کی کرن نظر آئے گی، جس کو دیکھو ایک چلتی پھرتی خود غرضی ہے جس پر نظر ڈالو ایک متحرک دہشت ہے!

ہمیں رشوت ستانی، بے انصافی، بدعنوانی، ذخیرہ اندوزی، چور بازاری، فرائض سے غفلت کا اعتراف کرتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے؛ [illegible] بار بار کہتے ہیں کہ یہ برائیاں موجود تو ہیں مگر اس قدر زیادہ نہیں جس قدر بیان کی جاتی ہیں گویا وہ نہیں چاہتے کہ ان برائیوں کا ایک مکمل نقشہ سامنے آئے اور عوام ایک دوسرے کی خطرناک کمزوریوں سے آگاہ ہوں، اگر واقعات کو چھپانے سے برائیوں کی مقدار گھٹ سکتی ہے تو اس میں بھی کوئی برائی نہیں مگر چونکہ برائی عام ہونے کے ساتھ بہت زیادہ ترقی کرچکی ہے اس لئے واقعات کو چھپانا خود برائی ہے اور جہاں دوسری برائیوں میں اضافہ ہو، وہاں یہ ایک نئی برائی بھی پیدا ہونی چاہیئے کہ واقعات کو چھپایا جائے اور اس کی اہمیت کو گھٹانے کے لئے یہ کہا جائے کہ برائیاں تو موجود ہیں مگر اس قدر نہیں جسقدر کہ مبالغہ کے ساتھ ظاہر کیجارہی ہیں!

ہندوستان اور پاکستان کے چند دماغوں نے طے کیا کہ مشرقی اور مغربی پنجاب کی آبادی کا تبادلہ ہو، وہاں کے ہندو یہاں چلے آئیں اور یہاں کے مسلمان وہاں چلے جائیں، آپ سمجھتے ہیں کہ آبادی کا تبادلہ ہوا لیکن یہ ایک دھوکہ ہے، نہ صرف آبادی کا بلکہ اخلاق و انسانیت اور تمدن و معاشرت، دماغ اور صلاحیت سب کا تبادلہ ہوا ہے، یہ لوگ جو یہاں سے وہاں گئے اور وہاں سے یہاں آئے وہ اپنی جائدادوں سے ہی محروم نہیں ہوئے بلکہ اپنی انسانیت اور اخلاق سے بھی محروم ہوگئے اور وہ سب کچھ کھو بیٹھے جو انہیں خاندانی، روایتی، مذہبی اور تعلیمی ورثہ میں ملا تھا، حیرت ہے کہ چند دماغوں نے تبادلہ کی تجویز منظور کی مگر کروڑوں دماغ بگڑ گئے اور دماغ کے بگڑتے ہی تمدن کی بنیادیں ہل گئیں اور انسانیت کا کوئی ستون سالم نہ رہا، خیر یہ تو ہوا جو ہوا اب رونے سے کیا فائدہ لیکن ایک بات تو بالکل واضح ہے کہ اگر حکام اور افسران یہ چاہتے اور اس چاہت کی تکمیل کے لئے جان تک قربان کردیتے کہ یہ تمام پناہ گزین آباد کردیے جائیں، تو یقین کیجئے کہ وہ اسی فیصدی آباد کردیے جاتے ...... حکومت نے چاہا کہ ایسا ہی ہو اور اس کے لئے اس نے بہت سے محکمے قائم کئے اور ان پر بے شمار روپیہ خرچ کیا لیکن اس مقصد میں کامیابی نہ ہوئی کیونکہ اس مسئلہ کا تعلق اخلاق اور انسانیت سے تھا، ہمدردی اور غمخواری سے تھا، ہمدردی اور ایثار سے تھا لیکن چونکہ تبادلہ آبادی کے ساتھ ان اوصاف کا تبادلہ بھی ہوچکا تھا اور بے رحمی اور سنگدلی کو منہ چھوٹ آزادی مل چکی تھی اس لئے آباد کرنے والے آباد نہ کرسکے اور یہ مسئلہ دونوں حکومتوں کے لئے درد سر بنکر رہ گیا!

جو لوگ جہاں اکھاڑے گئے اور جہاں بے گھر کئے گئے ان کے سامنے [illegible] پھر یہ ہے کہ کوئی بے روزگاری کے چکر میں ہے کسی کے سینہ پر بھائی کا سانپ لوٹ رہا ہے کسی کو حکام سے شکایت ہے، اب ایسے لوگوں کے سامنے جو روٹی کی تلاش میں ہوں آپ کا اخلاقی اور انسانی درس کیا کام دے سکتا، جس بھوکے کو روٹی کی ضرورت ہو اور اسے اخلاق کی قاشیں دیجائیں تو بتائیے اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟ گویا اخلاق و انسانیت کا سارا فلسفہ بیکار ہوکر رہ گیا اور کروڑوں انسان اپنے خطوط سے پچاس سال پیچھے جا پڑے اس کے معنے یہ ہیں کہ ایک کثیر آبادی کی شہری زندگی میں کوئی ربط باقی نہیں رہا، تمدن کی بنیادیں ہل گئیں، اعتماد و تعاون کی اسپرٹ کو گھن لگ گیا اور جمہوریت کے وہ نقش مٹ گئے جو آزادی کی جان تھے!

تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں مختصر یہ کہ تقسیم کے بعد سوسائٹی کا جو معیار گرا ہے اس کے بلند ہونے کی کوئی امید باقی نہیں رہی، یہ خیال بہت ہی غلط ہے کہ ان نتائج پر حکومتیں قابو پاسکیں گی حکومتیں قانون بنا سکتی ہیں، نہریں کھدوا سکتی ہیں، سائنس کے شعبے قائم کرسکتی ہیں لیکن اخلاقی تمدنی اور انسانی بگاڑ کی اصلاح نہیں کرسکتیں خصوصاً وہ ...... حکومتیں جو تبادلہ آبادی کے لئے ذمہ دار ہیں، اور جن کی پناہ گزینوں کی نظروں میں کوئی زیادہ وقعت نہیں [illegible] بحال اس کے سوا کیا کہہ سکتے ہیں کہ حالات امید افزا نہیں ہیں اگرچہ ہم ان کا ادراک نہ کرسکیں!

نفع خوروں کا بائیکاٹ

پنڈت جواہرلال نہرو وزیراعظم ہندوستان نے ڈالر اور پونڈ پر تقریر کرتے ہوئے منافع بازوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اشیاء کی قیمتیں نہ بڑھائیں ورنہ ان کے ساتھ سخت کارروائی کیجائے گی آپ نے پبلک کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ مہنگی چیزیں نہ خریدے اور منافع بازوں کا بائیکاٹ کردے جس وقت پنڈت جی یہ تقریر فرمارہے تھے بازاروں میں مہنگائی آچکی تھی اور منافع باز اپنی حرکتوں میں مشغول ہوچکے تھے، اگر نفع خور اتنے شریف ہوتے کہ پنڈت جی کی باتیں سنتے ہی رک جاتے تو پھر بات ہی کیا تھی، یہاں تو وہ سب کچھ ہوگا جسے پنڈت جی روکنا چاہتے ہیں، اور تو اور دیہات اور قصبات میں سرمایہ داروں نے یہ افواہ اڑاکر کہ روپے کی قیمت کم ہوگئی ہے، انہوں نے سو سو روپے کے نوٹ ستر اور پچھتر روپے میں خریدے ہیں اور دوہی روز میں انہوں نے معمولی سادہ لوحوں سے کراہی تجوریاں بھرلیں، بہرحال نفع خوری کا انسداد اس طرح تو نہ ہوگا کہ ہمارے وزیراعظم نصیحت فرمادیں۔ اس کے لئے تو وہی طریقہ مفید ہوسکتا ہے کہ جس میں نفع خوروں کے سینوں میں گولیاں پیوست ہوں اور دس بیس کو پھانسی ملے ورنہ آپ دیکھیں گے کہ ہوگا وہی جو سرمایہ دار چاہے گا، اور وہ نہ ہوگا جو حکومت چاہتی ہے۔

اچھی باتیں

اِعلموا - تا - تعقلون (پ۲۷ ع۱۸)

اس بات کو جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہی مردہ زمین کو زندہ کردیتا ہے، ہم نے تمہارے لئے بہت سی نشانیاں کھول کھول کر بیان کردی ہیں تاکہ تم سمجھ بوجھ سے کام لو۔

فرمایا۔ مایوس ہونے کی کوئی بات نہیں جب زمین مردہ ہوجاتی ہے اور لوگ اس کی زندگی سے مایوس ہوجاتے ہیں تو خدا تعالیٰ باران رحمت نازل فرماکر اسے ازسرنو زندگی بخش دیتا ہے اور مردہ زمین یک بیک سرسبز و شاداب بن جاتی ہے۔ اسی طرح خدا اس پر بھی قادر ہے کہ مردہ دلوں کو زندگی بخشدے اور کمزوروں کو طاقتور بنادے، اگر دلوں پر مردنی چھائی ہے تو صرف کروٹ کی ضرورت ہے خدا انہیں حرکت میں لے آئے گا اور مایوسیوں کے بادل پھٹتے چلے جائیں گے۔ پس مایوس نہ ہو، ہمت کو نہ توڑو، ہاتھ پیر توڑ کر نہ بیٹھ جاؤ، جو خدا مردہ زمین میں جان ڈالدیتا ہے وہی خدا مردہ اور شکستہ دلوں میں حرارت پیدا کرسکتا ہے۔

عالمی تجارت اور پونڈ کی قیمت

(ڈیوڈ ہے وارڈ)

برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس نے برطانوی پونڈ کی قیمت میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان نے برطانیہ اور باقی دنیا کے درمیان صحت مند اور بہتر تجارت کے لئے راستہ صاف کردیا ہے۔

اس فیصلہ نے برطانوی عوام کو تھوڑا سا صدمہ ضرور پہنچایا ہوگا۔ لیکن اس صدمہ کی شدت وزیر خزانہ کی اس یقین دہانی سے کم ہوگئی کہ پونڈ کی اندرونی قیمت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اور اخراجات زندگی میں بہت معمولی سا اضافہ ہوگا۔ وزیر خزانہ نے اپنے اعلان میں بتایا کہ یہ بڑا سخت قدم ہے لیکن ڈالر کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ایسا قدم اٹھانا نہایت ضروری تھا۔

ڈالر کا مسئلہ بہت نازک ہوگیا تھا، اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ اس سال کی دوسری سہ ماہی میں پہلی سہ ماہی کے مقابلہ میں ڈالروں کی کمی کی رفتار دوگنا ہوگئی تھی۔ اس کمی کی ایک وجہ یہ تھی کہ اس قسم کی بہت سی افواہیں پھیلی ہوئی تھیں کہ برطانوی شرح مبادلہ میں تبدیلی ہونے والی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسٹرلنگ حلقہ کی ڈالر کمانے کی رفتار سست ہوگئی۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ اسٹرلنگ حلقہ کے خام مال کی قیمت اور ضخامت کم ہوگئی اور اسٹرلنگ حلقہ نے امریکہ سے بہت کم ڈالر کمائے۔ تیسری وجہ یہ تھی کہ برطانیہ جو ڈالر دوسرے علاقوں کو بھیجتا تھا ان میں بہت کمی واقع ہوگئی۔ ان تمام باتوں کی وجہ سے اسٹرلنگ حلقہ کے ڈالر کے ذخیرہ میں دن بدن کمی واقع ہوتی گئی اور ابھی تک ہورہی ہے۔

پونڈ کی قیمت میں کمی خود بخود ڈالر کے مسئلہ کو حل نہ کرسکے گی۔ لیکن اس مسئلہ کو کافی حد تک آسان بنادے گی۔ کیونکہ ڈالر کی منڈیوں میں برطانوی مال کی ہمت افزائی کرے گی۔ اور اس طرح سے ڈالر کی تجارت میں اضافہ ہوگا۔

قیمت گھٹنے کا ایک مطلب یہ بھی ہوگا کہ درآمدی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوجائے گا۔ یہ ایک ایسی برائی ہے جس سے بچنا مشکل ہے۔ اگر برطانوی تجارت ترقی کرنا چاہتی ہے تو یہ برائی برداشت کرنا ہی پڑے گی۔ حکومت کو اس بات کا پورا یقین ہے کہ اس نقصان کی تلافی ڈالر تجارت کرے گی۔

سر اسٹیفورڈ کرپس کے اعلان کے ایک گھنٹہ بعد یہ رپورٹیں پہنچیں کہ بہت سے کامن ویلتھ ممالک نے اپنی کرنسیوں کی قیمتوں میں کمی کردی ہے کچھ غیر کامن ویلتھ ممالک نے بھی اس ارادہ کا اعلان کیا ہے کہ وہ بھی اپنی کرنسیوں کی قیمتیں گرادیں گے۔ ہالینڈ، فرانس اور سویڈن غور کررہے ہیں کہ انہیں کیا قدم اٹھانا چاہئے۔

برطانیہ نے کامن ویلتھ ممالک کے اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے ان کا یہ اعلان اسٹرلنگ حلقہ کی ڈالر کمانے کی طاقت میں اضافہ کرے گا، اسٹرلنگ کی قیمت کی کمی ڈالر اور غیر ڈالر ممالک کے درمیان تجارت کے فرق کو پورا کرے گی اور اس طرح دنیا کی تجارت مستحکم بنیادوں پر کھڑی ہوجائیگی۔

ایڈیٹر کے نام خط

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آل انڈیا ریڈیو سے گذارش

جناب مکرم سلام مسنون

اخبارات میں خبر آئی تھی کہ امسال حکومت ابن سعود نے انتظام کیا ہے کہ حج بیت اللہ شریف کے موقع پر حج کی تمام کارروائی کو مکہ معظمہ سے ریڈیو سے نشر کیا جائے گا۔

اس سلسلہ میں ہماری خواہش ہے کہ اگر آل انڈیا ریڈیو کے تمام اسٹیشن بھی اس کارروائی کو نشر کرنے کا انتظام کریں تو آل انڈیا ریڈیو ہند کے مسلمانوں کی دلچسپی کے لئے ایک اہم خدمت انجام دے گا۔ اگر یہ مشکل ہو کہ اس کو تمام ریڈیو اسٹیشنوں سے نشر کیا جائے تو کم از کم اتنا تو ضرور ہونا چاہئے کہ صرف دہلی ریڈیو اسٹیشن اس پروگرام کو نشر کرنے کا اہتمام کرے اور ایسا ہونا کوئی مشکل بات نہیں ہے۔ امید ہے کہ محکمہ ریڈیو اس کا اہتمام کرے گا۔

رفیق احمد خان جامع مسجد

(دہلی ۔۔ ۱۹ ستمبر)

گورنر جنرل پاکستان کی موٹر سے

خودکشی کرنے کی کوشش

کراچی ۲۲ ستمبر۔ غلام محمد نامی ایک شخص کو [illegible] خودکشی کرنے کی کوشش کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا تھا [illegible] بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible] گورنر جنرل پاکستان کی موٹر [illegible] شخص نے ان کی موٹر کے سامنے [illegible] کی کوشش کی تھی۔ غلام محمد پر [illegible] خودکشی کرنے کا الزام [illegible] اور اسے ضمانت پر رہا کردیا گیا ہے۔ (رکٹوب)

میرٹھ میں جلسہ ایصال ثواب و مشاعرہ

جملہ ہمدردان [illegible] شعرائے کرام اور معتقدین و متوسلین حضرت مولانا شمس وارثی میرٹھی مرحوم و مغفور کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء [illegible] قرآن خوانی اور جلسہ ایصال ثواب ہوگا اور بعد نماز عشاء ایک عظیم الشان محفل مشاعرہ بیاد حضرت مولانا شمس وارثی مرحوم بمکان [illegible] (ایم ایل سی) دہلی بازار میرٹھ میں منعقد ہوگی۔ جس میں مقامی شعراء کے علاوہ مشاہیر شعراء ہند بھی شرکت کا وعدہ فرمارہے ہیں۔

فاؤنٹن پن کی روشنائی کی صنعت

بمبئی ۲۱ ستمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ فاؤنٹن پن کی روشنائی کی صنعت کی کفالت کی درخواست ٹیرف بورڈ کو پیش کردی گئی ہے۔ جب ٹیرف بورڈ [illegible] کے لئے تیار ہوگا تو متعلقہ حضرات کو مطلع کردیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں [illegible] ٹیرف بورڈ کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہیں [illegible]

"سوشلسٹوں نے زمینداروں سے ملکر کانگریس کیخلاف محاذ بنالیا ہے"

زمیندارہ فنڈ کے سلسلہ میں پنڈت پنت کی تقریر

سوشلسٹوں پر ابتری پھیلانے کا الزام سہارنپور کے کسانوں کو مشورہ

سہارنپور ۱۹ ستمبر۔ (بذریعہ ڈاک) حکومت یوپی نے جو زمیندارہ سسٹم کو ختم کرنے کی مہم کا آغاز کیا ہے یوپی کے وزیراعظم پنڈت گووند بلبھ پنت کی موضع ناگل میں آمد اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی۔ وزیراعظم کی تقریر سننے کے لئے مختلف دیہات سے کسان لوگ جتھے بناکر آئے تھے یہ قریب تیس ہزاروں کی تعداد میں موضع ناگل کی جلسہ گاہ میں شامل ہوئے، عورتیں بھی جلسہ گاہ میں موجود تھیں۔

[illegible] گاندھی جی اور پنڈت نہرو وغیرہ بھائیوں کی رہنمائی میں تمام لوگوں نے دیش کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرایا ہے۔ اب دیش کی آزادی کا سر فخر سے بلند ہے۔ کانگریس گورنمنٹ اسی خیال کے پیش نظر عوام کو آرام پہنچانے کے لئے ہمیشہ کام کررہی ہے۔ ملک کی گری ہوئی حالت کو سدھارنا ہمارا اخلاقی فرض اولین ہے عوام کی سہولت کے لئے حکومت ہر سال صوبہ یوپی میں [illegible] اسکول کھول رہی ہے تاکہ عوام میں بیداری پیدا ہو۔ سرکار [illegible] نہریں، سڑکیں، ہسپتال، ڈسپنسری کھولنے کا انتظام کررہی ہے۔ اس خیال کے تحت یوپی میں [illegible] ۳۵ ہزار پنچایتیں قائم کی گئی ہیں۔ یوپی میں پنچایت راج قائم کیا جارہا ہے تاکہ دیہاتی عوام اپنے فیصلے ان پنچایتوں کے ذریعہ سے کرلیا کریں کسانوں کی بہتری کا سوال ہمیشہ ہی کانگریس کے پیش نظر رہا ہے۔ جس وقت ہم نے وزارتیں سنبھالیں تو ہم نے ان کا موروثی حق قائم کردیا تھا۔ اب زمینداری کا خاتمہ کرکے کانگریس سرکار نے انہیں سنہرا موقع بہم پہنچایا ہے کہ وہ دس گنا مالیہ داخل کرکے زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کرلیں [illegible] میں یہ روپیہ تقسیم کی جائیگی اور گاندھی جی کے جنم دن ۲ اکتوبر سے کسان لوگ سرکاری خزانہ میں روپیہ داخل کرنا شروع کردیں۔ وہاں سے انہیں حقوق مالکانہ کی سندیں ملیں گی۔ بعض بھائی معترض ہوئے کہ ہم کسانوں سے دس گنا مالیہ کیوں وصول کریں اس کے بارہ میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ [illegible] کی کوئی قدر نہیں رہی ہے۔ روپے دیکر جو چیز خریدی جاتی ہمیشہ اسی کی قدر رہتی ہے۔

آپ نے کہا کہ ان دنوں اگر کسان لوگ لگان [illegible] جمع کرادیں تو انہیں کوئی زیادہ بوجھ نہیں محسوس ہوگا کیونکہ آج جتنی رقم وہ ڈیڑھ من گندم فروخت کرکے وصول کرلیتے ہیں اگر پہلے دنوں کے بھاؤ دوبارہ آجائیں تو انہیں پندرہ من گیہوں فروخت کرکے اتنی رقم وصول کرنی پڑے گی! اس وقت لگان جمع کرانیکا ایک خاص فائدہ یہ بھی ہوگا کہ آئندہ اگر بھاؤ گرجائیں تو کسانوں کو مالیہ صرف نصف ادا کرنا پڑے گا چالیس سال تک یہی بندوبست جاری رہے گا۔ کسان کو زمین کے مالکانہ حقوق مل جانے پر اس کے حقوق میں زبردست اضافہ ہوجائیگا وہ زمیندار کی طرح زمین کا مالک ہوگا اسے پورے اختیارات مل جائیں گے اگر وہ چاہے زمین کو

آپ نے کسانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انگریز کے زمانہ میں برطانوی نوکر شاہی کا رعب سب ہندوستانیوں کی [illegible] اگر کوئی انگریز چلا جاتا [illegible] ہندوستانی [illegible] فریاد نہ ہوتی تھی۔

فروخت کرنے گروی رکھنے کا بافراغت حق دے۔ اس طرح کسانوں میں جذبہ خودداری پیدا ہوجائے گا۔ ان کی عزت و آبرو میں کافی اضافہ ہوجائے گا اس لئے کسانوں کو چاہیئے کہ وہ جلد از جلد لگان کا دس گنا روپیہ سرکاری خزانہ میں داخل کرکے زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کریں اور زمینداروں کی غلامی کا جوا اتار کر پھینک دیں۔ گھر میں پڑے ہوئے نوٹ اگر کیڑے کھاجائیں یا چوری ہوجائیں تو کیا فائدہ؟

پنڈت پنت نے آخر میں کہا کہ ان دنوں سوشلسٹ لوگوں نے زمینداروں کے ساتھ مل کر کانگریس کے خلاف متحدہ محاذ قائم کرلیا ہے، سوشلسٹ ملک میں ابتری پھیلانا چاہتے ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ کسان لوگ کانگریس سے علیحدہ ہوجائیں۔ لیکن کانگریس کی خدمات بدستور بحیثیت عوام و کسانوں کے لئے جاری رہیں گی، کسان ہی کانگریس کی طاقت ہیں اس لئے کسانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اس نادر موقع کا فائدہ اٹھاکر زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کریں اور عزت کی زندگی بسر کریں۔ (نیشنل نیوز سروس)

مچھلی پور میں تقریر

موضع مچھلی پور میں یوپی کے وزیراعظم پنڈت پنت نے تقریر کرتے ہوئے کہا ہم لوگ اپنے ملک کی حالت درست کرنے کے لئے تدابیر سوچ کر کام کررہے ہیں۔ [illegible] ہمارے گورنر جنرل [illegible] پنڈت نہرو [illegible] کانگریس [illegible] کا فیصلہ کیا تھا کہ کسان کا کیا وجہ ہونا چاہئے [illegible] ان کو دلانے کی کوشش کی ہے۔ پنچایتوں کے ذریعہ ہمارے گاؤں میں نئی زندگی آجائے گی۔

زمینداری کے خاتمہ کے بعد جب اس طرح سب میں برابری کا جذبہ [illegible] تو سب اپنے کو بھائی بھائی کی طرح سمجھیں گے۔

ہمارا ملک جب آزاد ہوگیا ہر شخص کو یہ حق ہے کہ وہ آزادی سے سرکاری کام کرسکے۔ [illegible] سوشلسٹ اور زمیندار ایک ہوگئے ہیں۔ سوشلسٹ اس لئے ان کی مدد کرتے ہیں تاکہ ان کا میل ہوجائے۔

حالانکہ غیر ممالک سے ہمیں سات روپیہ من گیہوں مل رہا ہے مگر ہم اپنے ملک کا روپیہ باہر نہیں بھیجنا چاہتے اور آپ کو زیادہ روپیہ دے کر گیہوں لیا جارہا ہے۔ کانگریس کی طاقت آپ کی طاقت ہے اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ آپ کی طاقت بڑھ جائے۔ جلسہ ختم ہوا۔ (نامہ نگار)

مسٹر سکسینہ کی بے گھر لوگوں سے اپیل

راجکوٹ ۱۹ ستمبر۔ ہندوستان کے وزیر بحالیات مسٹر موہن لال سکسینہ نے گذشتہ شب ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے بے گھر لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے آپ کو آزاد ہندوستان کا شہری سمجھیں۔ آپ نے کہا کہ آپ لوگوں کو یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ آپ کے لئے ہر چیز حکومت ہی کرے گی۔ مسٹر سکسینہ دو روز تک سوراشٹر کا دورہ کریں گے۔ (ا پ)

مجاہدین کی گوریلا جنگ

ایک اطلاع کے مطابق ڈچ فوجوں نے بتادیا ہے تاسک ملاجا کے رقبہ میں تحریک دارالاسلام کے علمبردار مسلمانوں کا مقابلہ کیا اور صرف چار روز میں ان میں سے تیس مسلمان شہید کردیے، یہ مسلمان جو انڈونیشیا کو اسلامی اسٹیٹ بنانا چاہتے ہیں ڈچ فوجوں کے خلاف گوریلا جنگ کررہے ہیں اور اپنے ارادہ کے اس قدر مضبوط ہیں کہ ہالینڈ کی فوجی طاقت کے مقابلہ پر برابر ڈٹے ہوئے ہیں، یہ امر بعید نہیں کہ دارالاسلام کی تحریک انڈونیشیا میں زور پکڑ رہی ہو اور رائے عامہ اس طبقہ کے ساتھ ہو جو اسلامی اسٹیٹ کا حامی ہے اگر انڈونیشیا کی سات کروڑ کی آبادی میں مسلمانوں کی آبادی چھ کروڑ ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ڈچ گورنمنٹ ان کی خواہشات کا احترام نہ کرے اور ان کا معاملہ ان پر نہ چھوڑ دے، لیکن یہ صورت حال تو ناقابل برداشت ہے کہ ڈچ فوجیں جاوا میں مقیم رہیں اور اپنی موجودگی سے ناجائز فائدہ اٹھائیں اور مسلمانوں سے جنگ کرکے وہاں کی رائے عامہ کو مشتعل کریں!

غذائی اجناس کی حفاظت کیلئے اقدام

خنک خانوں کی تعداد میں اضافہ

نئی دہلی ۱۹ ستمبر۔ غذائی اجناس، مچھلی اور شربت والی چیزوں کو خراب ہونے سے بچانے کیلئے وزارت زراعت دیگر طریقوں کے علاوہ عام تاجروں کو خنک سازی کی سہولتیں بہم پہونچا رہی ہے۔

پچھلے دو سال میں سرکاری مدد کے نتیجہ کے طور پر ملک میں خنک خانوں کی تعداد میں خاصہ اضافہ ہوا ہے ۱۹۴۷ء میں ملک میں صرف ایک درجن خنک خانے کولڈ اسٹوریج تھے لیکن ۱۹۴۹ء کی گرمیوں میں ان کی تعداد پچاس تھی۔ اور ہر خنک خانے کی صلاحیت پانچ سو ٹن تھی۔ امید ہے کہ ۱۹۵۰ء کی گرمیوں تک ملک میں ایک سو خنک خانے ہو جائیں گے۔ [illegible]

سرخ چین سے غیر ملکیوں کا انخلاء

شنگھائی ۱۹ ستمبر۔ سرخ چین سے یورپین باشندوں کا اجتماعی انخلاء اس ہفتہ شروع ہو جائے گا جب کہ تقریباً ایک ہزار غیر ملکی مسافر جہاز "جنرل گورڈن" کے ذریعہ یہاں سے روانہ ہوں گے یہ جہاز ۲۳ ستمبر کو یہاں کی بندرگاہ میں پہنچنے والا ہے۔ ان ایک ہزار مسافروں میں ۴۰ قوموں کے افراد شامل ہیں جن میں ۵۵۰ امریکی اور ۳۵۰ انگریز بھی شامل ہیں۔ [illegible]

ضلع دیوریا میں جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

[illegible]

ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر

متروکہ جائداد کے سلسلہ میں کارروائی

[illegible]

اسکول کے لڑکوں نے روپیوں کا صندوق لوٹ لیا

پہلے کلرک اور مسلح گارڈ پر لڑکوں کا حملہ

گوہاٹی ۱۸ ستمبر۔ کل اسکول کے لڑکوں کے ایک گروہ نے رنگیا اور امین گاؤں کے درمیان کیتھکان اسٹیشن پر ایک ریلوے کلرک اور آسام ریلوے کے ایک مسلح گارڈ پر حملہ کر دیا اور ۴۰ ہزار روپے کے ایک صندوق کو لوٹ لیا۔ لڑکوں نے مسلح گارڈ سے رائفل کو بھی چھین لیا۔

گارڈ اور کلرک آسام ریلوے ہیڈ کوارٹر سے روپیہ لے کر واپس آ رہے تھے۔ [illegible]

یو۔پی میں طب یونانی کا مستقبل

سکریٹری میڈیکل ڈپارٹمنٹ یو۔پی کا خط

[illegible]

الیس بی پانڈے سکریٹری میڈیکل ڈپارٹمنٹ کا خط حکیم عبد الحسیب صدر انجمن طبیہ کے نام

[illegible]

وائس چانسلر لکھنؤ یونیورسٹی آچاریہ نریندر دیو کا خط صدر انجمن طبیہ حکیم عبد الحسیب صاحب کے نام

[illegible]

لکھنؤ میں سرکاری طبی کالج کا قیام

[illegible]

مدرسہ احسن العلوم لاوڑ کا جلسہ

مولانا قاری محمد طیب صاحب کی تقریر

لاوڑ ضلع میرٹھ ۔ جمعیۃ حلقہ لاوڑ کی جانب سے مدرسہ احسن العلوم کا جلسہ زیر اہتمام جناب مولوی محمد حنیف خاں صاحب سکریٹری جمعیۃ العلماء ضلع میرٹھ منعقد ہوا حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ تشریف لائے مسلمانان قصبہ نے آپ کا شاندار استقبال کیا۔ [illegible]

مدرسہ اسلامیہ عربیہ کاشف العلوم چھٹمل پور کے

متعلق مولانا مدنی صاحب اور مولانا زکریا صاحب کی رائے

چھٹمل پور ضلع سہارنپور۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ اور حضرت مولانا زکریا صاحب شیخ الحدیث مظاہر العلوم سہارنپور نے مدرسہ اسلامیہ عربیہ چھٹمل پور کے متعلق حسب ذیل رائے کا اظہار کیا ہے [illegible]

(ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ صدر مدرس دار العلوم دیوبند ضلع سہارنپور)

واللہ الموفق۔

(زکریا کاندھلوی مظاہر العلوم سہارنپور)

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک

کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے [illegible]

[illegible]

بہٹ جمعیت کانفرنس میں مشاعرہ

[illegible]

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروس

دہلی تا

کراچی

لاہور

راولپنڈی براستہ لاہور

پشاور براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

دہلی تا لاہور (روزانہ)

لاہور راولپنڈی پشاور

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

رنگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

ٹیلیفون ۸۰۰۸

علاج بجلی پوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی

سے لیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

دنیا کا سب سے چھوٹا کتب خانہ

[illegible]

جنرل نیوز، بلیماران، دہلی

ہندی زبان مسلمان ہو رہی ہے

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جزو یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی رسم الخط سیکھیں اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل کتابیں مفید ہیں۔ ان کتابوں کے مصنف مولانا ابو محمد امام الدین صاحب مخفی صدر شکریہ ہیں کہ انہوں نے ہندی سیکھنے والوں کے لئے بہت زیادہ سہولت پیدا کر دی ہے اور اسلامی لٹریچر کو ہندی میں منتقل کرنے کے اہم کام کی بنیاد ڈال دی ہے۔

ہندی ماسٹر حصہ اول

ہندی ماسٹر حصہ دوم

ہندی ماسٹر حصہ سوم

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

اشتہار

ہر خاص و عام

[illegible] ستمبر ۱۹۴۹ء [illegible]

محمود حمید سپرنٹنڈنٹ سنٹرل اسٹورز بھوپال

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج

[illegible]

ڈاکٹر بی ایل نرولا آف لاہور

[illegible]

اخبار الجمعیۃ دہلی ، دی یونائیٹڈ پریس

سرکس ... لائنز سے طلب فرمائیں

(منیجر)

پاکستان کے فیصلہ سے پیدا ہونیوالی مشکلات پر دوسرے ممالک کے تعاون سے حکومت ہند قابو پالے گی

بین المملکتی تجارتی معاہدہ میں تبدیلیاں ہونے کا امکان

پاکستان سے کپاس اور پٹ سن خریدنے کے بارے میں نظر ثانی کی جائیگی

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ پاکستان کی طرف سے اپنے روپیہ کی قیمت نہ گرانے کے ہندوستان پر کیا اثرات ہوں گے اس پر مختلف خیالات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ پاکستان سے آنے والی اشیاء مہنگی ہونے کے خطرات ظاہر کئے جا رہے ہیں۔ پاکستان سے خاص طور پر پٹ سن، کپاس، نمک اور کھالیں ہندوستان آتی ہیں۔ پاکستان کے اس فیصلہ کا ان پر اثر پڑنا ضروری ہے۔ [illegible]

بین المملکتی تجارت پر اثر

[illegible]

پٹ سن کا مسئلہ

[illegible]

کپاس کا مسئلہ

[illegible]

کھالیں اور نمک وغیرہ

[illegible]

ملیں بند ہو جائیں گی ؟

[illegible]

پاکستان مقابلہ نہیں کر سکیگا

[illegible]

انگریزی اخبار کے اجراء کے لئے سرمائے کی فراہمی

لکھنؤ کے شہریوں کی طرف سے پچاس ہزار روپیہ جمع کیا جائیگا

[illegible]

(نامہ نگار)

دار السلطنت

۲۲ ستمبر

رام لیلا کا انتظام

دہلی ۲۲ ستمبر۔ چونکہ دہلی میں رام لیلا کا سلسلہ شروع ہونے والا ہے اس لئے ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر دہلی نے ۲۴ ستمبر سے تھانہ کوتوالی کے لئے حافظ محمد نسیم صاحب [illegible]

کانگریسیوں نے ہریجن بستیاں صاف کیں

[illegible]

مرکزی حکومت کے کلرکوں کی کانفرنس

[illegible]

آل انڈیا ہریجن لیگ کا فیصلہ

مہاتما گاندھی کی مورتی کا مندر بنایا جائے

[illegible]

راجستھان میں طلباء کاشت کریں گے

یونین کی وزارت تعلیم کی اسکیم

[illegible]

پاکستانی فوج نے

چار غیر مسلح ہندوستانیوں کو گرفتار کر لیا

نئی دہلی ۲۲ ستمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ ۵ ستمبر کو پاکستانی فوج کا چار ہندوستانی فوجیوں کو جو غیر مسلح تھے۔ [illegible]

(ا۔پ)

روپے کی بابت حکومت پاکستان کا فیصلہ

پاکستان میں پسند کیا جا رہا ہے

کراچی ۲۲ ستمبر۔ پاکستان کی ایسوسی ایٹڈ پریس کے بیان کے مطابق حکومت پاکستان کے روپیہ کی قیمت میں کمی نہ کرنے کے فیصلہ کو یہاں عام طور پر پسند کیا گیا۔ [illegible]

(پ ٹ رائٹر)

پاکستان نے دو تباہ کن جہاز خریدے

ایک کا نام ٹیپو سلطان رکھا جائیگا

[illegible]

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کا خیر مقدم

[illegible]

(پ ٹ رائٹر)

گاندھی یادگار فنڈ میں چندہ

[illegible]

مشرقی پنجاب کے وزراء کشمیر جائیں گے

[illegible]

میثاق بحر الکاہل کے لئے فضا سازگار نہیں

[illegible]

اسٹاف میں کمی تو کی جائیگی مگر ایمپلائمنٹ ایکسچینج بند نہ ہوگا

پنڈت نہرو کی تقریر۔ قیمتیں نہ بڑھنے کی یقین دہانی

پنڈت جواہر لال نہرو نے پیشین گوئی کی کہ آئندہ بہت سخت دور آ رہا ہے۔ مگر ہمیں یقین ہے کہ ہم تمام مشکلات پر عبور حاصل کر لیں گے۔

آپ نے کہا کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہندوستان ایک مضبوط اور خوشحال ملک بنے۔ [illegible]

محکمہ کسٹم کے چار افسروں کو سزا

[illegible]

مسٹر چند ریگر کی جائداد پر قبضہ

جائداد کئی لاکھ روپے کی ہے

[illegible]

اکالی قیدیوں کی فاقہ کشی

[illegible]

کناڈا نے گندم کی قیمت بڑھا دی

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

۲۲ ستمبر

دہلی

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

بلیون مارکیٹ

[illegible]

کوئلہ کی برآمد پر کنٹرول

[illegible]

بمبئی میں چینی کی قلت

حکومت ہند نے اسپیشل گاڑیاں بھیجیں

[illegible]

انگلستان میں کپڑا گراں ہو جائیگا

[illegible]

B3

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ، الجمعیۃ، دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۰ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۳۰ ذیقعدہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے



ہندوستان و پاکستان

کے درمیان

جہازوں اور ریل کے ذریعہ سفری ٹکٹیں اور تجارتی وگھریلو سامان

بحفاظت جلدی اور مناسب نرخ پر روانگی کے لئے ہماری خدمات سے

فائدہ اٹھائیں

گپتا برادرس ایجنٹس

ہیڈ آفس: کارونیشن ہوٹل - چاندنی چوک - فتح پوری

برانچ: گلی قاسم جان - ایجنسی - لاہور، واہگہ امرتسر، فیروزپور

ٹیلیفون نمبر 507

سردار پٹیل کل دہلی روانہ ہو جائینگے

راستہ میں ایک دن احمد آباد میں قیام کرینگے

احمد آباد ۲۴ ستمبر۔ سردار وبھ بھائی پٹیل نائب وزیر اعظم ہند جو ایک ماہ سے بمبئی میں آرام کر رہے تھے، کل ایک خصوصی طیارہ کے ذریعہ دہلی روانہ ہو جائیں گے اور راستہ میں ایک دن کے لئے یہاں قیام کرینگے... اپنے پرانے دوستوں سے ملاقات کرینگے۔ ہفتہ کی صبح کو دہلی روانہ ہو جائیں گے۔

(پ ٹ ا)

کشمیر کمیشن، ہند اور پاکستان کے مابین ہونے والی خط وکتابت شائع ہو گئی

حکومت ہند نے کیوں ثالث کے تقرر کی تجویز مسترد کر دی؟

ثالث مقرر کرنے کا طریقہ بالکل نیا تھا

سکریٹری جنرل حکومت ہند کا کشمیر کمیشن کو جواب

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن اور ہند و پاکستان کے مابین کشمیر کے تنازعہ کو ثالث کے سپرد کرنے کے سلسلہ میں جو خط وکتابت ہوئی تھی اب اسکا اشاعت کے لئے دے دیا گیا ہے۔ خط وکتابت کا پہلا خط جو کشمیر کمیشن کی طرف سے ثالثی فیصلہ کے سلسلہ میں ۲۹ اگست کو لکھا گیا تھا، ۱ ستمبر کو پہلے ہی شائع ہو چکا ہے۔

سکریٹری جنرل حکومت ہند کا خط

"آپ نے ۳۰ اگست کو جو یادداشت کمیشن کی طرف سے مجھے دی تھی اور اس میں جو درخواست کی گئی تھی اس کے متعلق عرض ہے کہ کشمیر کے جھگڑے میں کمیشن کا ثالث مقرر کرنے کی تجویز کے متعلق جس کا ذکر یادداشت کے پانچویں پیرا میں ہے۔۔۔"

(باقی صفحہ ۴ پر)

(دستخط) ایم۔ اے۔ گرمانی

کشمیر نیشنل کانفرنس کے نمائندوں کی آمد

کانفرنس کا پنڈال محل کی طرح معلوم ہوتا ہے

معاہدہ آسٹریا پر سمجھوتہ کا امکان

بھنگیوں نے بھوک ہڑتال ختم کردی

بمبئی کو طیاروں کی روانگی

کوڑا الیکٹرک اسٹیشن پہنچ گئی

کیمسٹوں کی کانوں پر مہر لگا دی گئی

انڈونیشیوں میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش

ڈیڑھ من گانجہ پکڑا گیا

مجلس اقوام کی جنرل اسمبلی میں روس اور اس کے مخالفین میں پہلا تصادم

یونان، کوریا اور یوگوسلاویہ کے مسئلوں پر جھڑپیں

مجلس اقوام نے ایجنڈا منظور کر کے عام بحث شروع کر دی

اموئے کے بندرگاہ پر کمیونسٹوں نے قبضہ کر لیا

چیانگ کائی شیک کینٹن میں پہنچ گئے

مشرق وسطیٰ کے مسائل پر اہم گفتگو

مصری وزیر اعظم اور برطانوی سفیر کی ملاقات

تیل کے گودام میں زبردست آگ

شعلے دور سے نظر آ رہے تھے

ہندوستان کی پارلیمنٹ کا اجلاس

بمبئی میں ہوائی جہازوں کی آمدورفت شروع ہو گئی

موسم کی حالت بہتر ہوئی ۳۶ گھنٹے میں اکتیس انچ بارش

باقی صفحہ ۴ پر

ہوائی سروس شروع ہو گئی

Daily

Aljamiat

الجمعیۃ

Delhi - 24-9-49

امریکہ نے دنیا کے بڑے بڑے مسائل کے متعلق اپنی پالیسی کا اعلان کر دیا

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں مسٹر ڈین اچیسن کا بیان

(۵) پست علاقوں کی ترقی

(۷) ایٹمی طاقت کا کنٹرول

پوسٹر بازی کے ذریعہ امن و شانتی میں خلل پیدا نہ کرو

آرگنائزنگ سکریٹری سوشلسٹ پارٹی کی اپیل

پاکستان کو نقصان پہنچیگا

واشنگٹن کے پرائیوٹ حلقوں کی رائے

پنڈت نہرو کے اعزاز میں

نیویارک میں ڈنر کا انتظام

درگاہ خواجہ صاحب کیلئے

گورنر جنرل نے آرڈیننس جاری کر دیا

جنرل اسمبلی کا شاندار آغاز

ہندوستانی نمائندہ کو مبارکباد دی گئی

جالندھر میں نوٹوں سے انکار

بازار میں خریداری کیسے ہو

بدایوں پٹواری میٹنگ

المورہ میں سنگھیوں اور کمیونسٹوں میں تصادم

پولیس کو مداخلت کرنی پڑی

مغربی بنگال میں افیون کی دکانیں بند رہیں گی

پٹی کے راجہ کی کہانی

ڈاکٹر داؤد کا بیان

برآمد میں اضافہ کیلئے سنگھانیہ کی تجویز

برما میں گرانی کو روکنے کی کوشش

کمیونسٹوں کے خلاف باردولی کا عزم

جمعیت علماء کو بدنام کرنے کیلئے مفاد پرستوں کی سازش

بے بنیاد اور غلط الزامات۔ بدنام کن پوسٹر کی اشاعت

کشمیر نیشنل کانفرنس نے کشمیر کے اندر جمہوریت کے قیام کا فیصلہ کر لیا

جماعتی نظام اور اغراض ومقاصد میں تبدیلی مجلس عاملہ کی قرارداد

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں روس کی ناکامی

اقوام متحدہ کی ممبری

روپیہ کی قیمت کم نہ کرنے کی برطانوی اخبارات کی طرف سے مذمت

پاکستان کے فیصلہ پر تبصرہ

ہٹلر کی اسکیم ظاہر کر دی گئی

خفیہ دستاویزات کی اشاعت

پاکستان نے اسٹرلنگ علاقوں کیلئے کھلے لائسنس دینے بند کر دیئے

ہندوستان سے آنے والی بعض اشیاء پر بھی پابندی لگا دی گئی

بقیہ کالم ۲

مجلس تحفظ اکتوبر کے آخر میں مسئلہ کشمیر پر غور کرے گی

کمیشن وسط اکتوبر تک اپنی رپورٹ پیش کر دیگا

ہندوستانی نوجوان نے کوئی فائرنگ نہیں کی

پاکستانی اخبارات کی اطلاع کی تردید

کن ملکوں نے اپنے سکہ کی قیمت کم کردی

ضرورت کاتب

روزنامہ الجمعیۃ کے لئے چند

کاتبوں کی فوراً ضرورت ہے

ضرورتمند اصحاب اپنی درخواستیں

اور نمونے جلد سے جلد ارسال

فرمائیں۔ (مینیجر)

مدرسین کی ضرورت

جامعہ مظہر العلوم بنارس کی طرف سے مدرسین کی ضرورت کے عنوان سے جو اشتہار شائع ہوا تھا اس میں حسب ذیل اضافہ کیا جاتا ہے۔

درخواستیں ۲۵ ستمبر تک جامعہ کے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں اور درخواست دینے والے ۔۔۔ جامعہ کے دفتر میں آجائیں۔

حفیظ الرحمن ناظم عمومی

مشتاق پریس

پٹ سن کے وعدے کے سودے ناجائز قرار دیدئے گئے

گورنر مغربی بنگال کا نیا آرڈیننس

دونوں بنگالوں کے درمیان مال و اسباب کے نقل و حمل میں رکاوٹ پیدا ہوگئی

کلکتہ ۲۴ ستمبر۔ حکومت بنگال نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے تحت صوبائی حکومت کو پٹ سن کے وعدے کے سودوں کی ممانعت کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ یہ آرڈیننس فوراً نافذ کیا جا رہا ہے اور اس کا اطلاق پورے مغربی بنگال پر ہوگا۔ اس آرڈیننس کی خلاف ورزی پر ایک سال یا ایک ہزار روپیہ جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔

کوئٹہ ۲۴ ستمبر۔ کاسٹوڈین جائداد کے سلسلہ میں کوئٹہ ... ہندوؤں کی دو دکانوں پر قبضہ کرکے انہیں سربمہر کر دیا ہے۔ ان دکانوں کے مالک ہند چلے گئے تھے اب ان دکانوں کو ان کے ایجنٹ چلا رہے تھے۔

نئی شرح مبادلہ

کلکتہ ۲۴ ستمبر۔ حکومت پاکستان نے کل جس نئی شرح مبادلہ کا اعلان کیا ہے اس کی بنا پر ... مغربی بنگال سے مشرقی بنگال جانے والے سامان کی نقل و حمل میں رکاوٹ پیدا ہو گئی ہے۔ [illegible]

پاکستان نے کپاس اور پٹ سن پر سے محصول اڑا دیا

کراچی ۲۳ ستمبر۔ ہندوستانی خام مال کے مقابلہ میں پاکستانی پٹ سن اور کپاس کی امداد کے لئے حکومت پاکستان نے ڈالر کے علاقہ میں ان اشیاء کی برآمد پر سے ... فی صدی محصول اڑا دیا ہے۔

پاکستان ایسوسی ایٹڈ پریس نے وہاں کے باخبر حلقوں کے ذریعہ اطلاع دی ہے کہ اب جب کہ پاکستان نے ان اشیاء کی برآمد پر سے محصول اڑا دیا ہے تو پاکستان، کپاس، پٹ سن، لکڑی، چمڑے، کچی کھالیں وغیرہ کو دوسرے ملکوں کے مال کے مقابلہ میں ترجیح دی جاسکے گی۔

خیال ہے کہ اگلے ہفتہ نئے نرخ نامہ اور محاصل کا اعلان کر دیا جائے گا۔

ہند امریکہ سے قرض نہیں لے رہا

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ دہلی کے سرکاری حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ کلکتہ کی ان افواہوں میں کوئی صداقت نہیں کہ حکومت ہند ریلوں کی ... کے لئے امریکہ سے ۳ کروڑ ... ڈالر قرض لے رہی ہے۔

مشرقی بنگال میں شراب بندی کی تیاریاں

ڈھاکہ ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

روپے کی قیمت کم نہ کرنے سے صنعتوں کی ہمت افزائی ہوگی

لندن میں پاکستانی ہائی کمشنر مسٹر ابراہیم رحمت اللہ کا بیان

لندن ۲۳ ستمبر۔ پاکستانی ہائی کمشنر متعینہ انگلستان مسٹر رحمت اللہ نے یہاں پر اپنے ملک کے کرنسی کی قیمت کم نہ کرنے کے فیصلہ کی بابت بتایا کہ اس فیصلہ کا یہ مطلب ہے کہ پاکستان میں برطانیہ سے زیادہ مال اور خصوصاً بھاری سامان مشینری وغیرہ جائیگی۔ امید ہے برطانیہ اس موقعہ سے فائدہ اٹھائیگا انہوں نے کہا کہ گذشتہ کے مقابلہ میں اس سال برطانیہ زیادہ مال بھیجیگا۔ گذشتہ سال پاکستان نے ... پونڈ کا مال برطانیہ سے منگوایا تھا۔ انہوں نے اس بات کی بھی امید ظاہر کی کہ پاکستان سے جو مال برطانیہ آتا ہے اس میں کوئی کمی نہ ہوگی۔ گذشتہ سال پاکستان سے برطانیہ میں ... ۱۳۵۹ پونڈ اسٹرلنگ کا مال آیا۔

انہوں نے کہا حکومت پاکستان کا یہ فیصلہ دانشمندانہ اور دلیرانہ ہے۔ اس سے پاکستان کو صنعتی ملک بننے میں بڑی مدد ملے گی کیونکہ امریکہ کے سابقہ قیمت پر ڈالر کے علاقوں سے مشینری وغیرہ مل سکے گی۔

ہم کو اپنے سامانوں میں اضافہ کرنا ہوگا۔ کیونکہ ڈالر کے علاقہ میں ہماری بعض پیداوار کا سخت مقابلہ ہوگا۔ پاکستان ڈالر والے علاقوں کو صرف خام مال بھیجتا ہے اور روپے کی قیمت کم کرنے سے ان کی تجارت میں کوئی فائدہ نہیں ہوتا کیونکہ ان کی پیداوار اور تجارت میں توسیع کا کوئی امکان نہیں۔ اگر پاکستان کی روئی پٹ سن اور کھالوں وغیرہ کا کوئی بازار بند بھی ہو جائے تو بھی دنیا میں ان کی اتنی زبردست مانگ ہے کہ پاکستان کو اپنی برآمدی تجارت کو موجودہ شرح پر برقرار رکھنا زیادہ مشکل نہ ہوگا، اس وقت بھی پیداوار کی نسبت مانگ زیادہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کو نرم کرنسی کے علاقوں کے لئے پٹ سن کا خاص طور سے کوٹا مقرر کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے اس خیال کا بھی اظہار کیا کہ روپے کی قیمت میں کمی نہ کرنے سے پاکستان کو جو نقصان پہنچیگا وہ اس نقصان سے کہیں زیادہ ہوں گے جو برطانیہ کے پاس پاکستان کی جمع شدہ ایک ارب ساٹھ کروڑ پونڈ کی رقم میں کمی ہونے سے پہنچیں گے۔ (رائٹر)

چینی کا ذخیرہ حکومت کو فروخت کرو

راجستھان حکومت کا حکم

جے پور ۲۳ ستمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت راجستھان نے چینی پیدا کرنے والوں کو حکم دیا ہے کہ وہ چینی کے تمام اسٹاک کو منظورہ قیمت پر حکومت کے ہاتھ فروخت کر دیں۔ ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ... افسروں کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ چینی کے ذخیروں کی جانچ کرکے ان کو سربمہر کر سکتے ہیں۔ (اے پی آئی)

روپے کی قیمت گرانا ہماری مشکلات کا حل نہیں ہے

حکومت ہند کے فیصلہ پر مسٹر جلان کا اظہار تعجب اور نکتہ چینی

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

شرنارتھیوں کے بسانے کیلئے انتظامات

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ تقریباً ... ہزار شرنارتھی ... [illegible]

کپڑے پر کنٹرول ہٹنے سے ۲۰ لاکھ بیکار

[illegible]

جنرل آتما سنگھ کی

موٹر کے حادثہ میں ہلاکت

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ ... جنرل آتما سنگھ کل سری نگر کے نزدیک ایک موٹر حادثہ سے ہلاک ہوگئے۔ جنرل موصوف کی لاش آخری رسوم کی ادائیگی کے لئے آج نئی دہلی لائی جائے گی [illegible]

ہند پاکستان تجارت رکی ہوئی ہے

ڈھاکہ ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

ایٹم بموں کا ایک ذخیرہ برطانیہ منتقل کر دیا جائے گا

لندن ۲۴ ستمبر۔ واشنگٹن میں امریکہ برطانیہ اور کینیڈا کے ایٹمی ماہروں کے مابین جو کانفرنس ہو رہی ہے [illegible]

برطانیہ چینی کمیونسٹوں کی حکومت تسلیم کرلے گا

واشنگٹن کانفرنس میں فیصلہ ہوگیا

لندن ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

منڈولی میں فرقہ وارانہ فضا خراب کرنے کی افسوسناک کوشش

تھانیدار پولیس کا قابل تقلید رویہ

[illegible]

اقوام متحدہ کو چین کی موجودہ حالت کی طرف فوری توجہ دینی چاہئے

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں چینی نمائندہ کی تقریر

لیک سکسس ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

پاکستان نئی تجارتی پالیسی مرتب کر رہا ہے

بینکوں میں کاروبار بند

کراچی ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

جاپان میں سخت طوفان

[illegible]

کراچی کے تجارتی حلقوں میں روپیہ کی قیمت کم نہ کرنے پر مسرت

پاکستانی حکومت کے فیصلہ کی تائید

کراچی ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

مدراسی تاجروں پر پاکستانی فیصلہ کا اثر

مدراس ۲۳ ستمبر۔ [illegible]

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۵ ستمبر سنہ ۴۹ء

بڑوں کی دعوت!

ڈاکٹر رادھاکرشنن جو ماسکو میں ہندوستان کے سفیر مقرر کئے گئے ہیں ملک کے ان چیدہ اور برگزیدہ لوگوں میں سے ہیں جن پر تیس کروڑ عوام بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں، آپ ایک سیاستداں ایک فلاسفر اور ایک معلم ہی نہیں ہیں بلکہ ایک امن پسند انسانیت کے ہمدرد اور اخلاق و ضمیر کے علمبردار بھی ہیں اگر ہندوستان میں ایسے دس بیس بزرگ اور پیدا ہو جائیں اور عنان حکومت ان کے ہاتھ میں ہو تو دنیا کا نہیں ہندوستان کا بیڑا بہت جلد پار ہو جائے دنیا میں سیاستدانوں اور فلاسفروں کی کمی نہیں ہے، کمی ان لوگوں کی ہے جو صحیح معنی میں انسانیت کے ہمدرد اور بنی نوع انسان کے ضمیر خواہ ہوں اور جنکی خودغرضی اپنے لئے نہیں، اپنی قوم کے لئے نہیں ...... اپنے ملک کے لئے نہیں بلکہ تمام انسانوں اور تمام ملکوں کے لئے ہو، رادھاکرشنن بجا طور پر اس قابل ہیں کہ بین الاقوامی تنازعات کے لئے آپ کو حکم بنایا ...... جائے اور آپ اپنے فیصلے سے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ کر دیں۔

موصوف نے پیرس میں یہ آواز بلند کی ہے کہ آپس کی غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لئے دنیا کی تمام قوموں کے بڑے لوگ ایک جگہ بیٹھیں اور عالمی امن کے لئے کوئی پروگرام تیار کریں [illegible] بڑے لوگوں میں دو تو ایشیائی ہوں اور دو یورپ کے ہوں اور دو میں مارشل اسٹالن اور مسٹر ٹرومین ہوں آپ نے اس دعوت کا آغاز کرتے ہوئے فرمایا کہ "کیا ہم دنیا کے لیڈروں کو انسانیت کی آواز سے جنگلی طریقوں کو چھوڑنے اور انسانی طریقے کا انتخاب کرنے کے لئے دعوت نہیں دے سکتے۔ کیا ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ لوگ اپنی جنگی کو دور کریں، سیاسی چپقلش کو ختم کریں اور عالمی امن کے لئے کوشاں ہوں؟ ہم زیادہ عرصہ تک خوف و ہراس کے ساتھ مسلح کیمپوں میں نہیں رہ سکتے، یہ چند بڑے لوگ جمع ہو کر اپنی غلط فہمیوں کو دور کریں اور تعصب کی دیواروں کو مسمار کر دیں، قیام امن کا مقصد اگر چہ ابھی تو ہماری دسترس سے باہر نہیں ہے، کیا ہم امن کے لئے کوشش نہیں کر سکتے جبکہ تعمیر نوں پر وہ خون جو میدان جنگ میں سمندر اور پہاڑوں میں گرایا جاتا ہے بلکہ اس کی بنیاد سچائی اور نیکی ہو، وہ سچائی جو دل و دماغ میں پیوست ہو اور جس پر ضمیر کی مہر لگی ہوئی ہے"

اس دعوت میں جس عظیم الشان مقصد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اس کی اہمیت سے کس کو انکار ہو سکتا ہے، لیکن اصل سوال اس کے بعد بھی حل نہیں ہوتا، یعنی بلی کی گردن میں گھنٹی کون ڈالیگا! جن بڑے لوگوں کو دعوت دی گئی ہے انہیں کون سمجھائے گا کہ وہ عالمی امن اور انسانیت کے لئے کوشش کریں؟ یہ صحیح ہے کہ ڈاکٹر رادھاکرشنن نے دنیا کے ان اکابر مجرمین ہی کو دعوت دی ہے جو ہمارے دور کے تمام فتنوں کے لئے ذمہ دار ہیں لیکن کیا مجرمین اس وقت بھولے ہیں کہ قوم پرستی نسل پرستی اور وطن پرستی کے مذہب کو چھوڑ کر حق پرستی اور سچائی کے مذہب کو اختیار کر لیں گے اور انسانی خدمت اور امن پسندی کو اپنا نصب العین قرار دیں گے، ان لوگوں کے پاس جنگ کی فیکٹریاں ہیں جن میں بیشمار اسلحہ تیار ہوتے ہیں اگر جنگ نہ ہو تو وہ انہیں کس جگہ کھپائیں گے اور ان کی جنگی تجارت کو کس طرح فروغ حاصل ہوگا، جو ملک سرمایہ دار ہیں اور جن پر لارڈ اور بیرن ڈیوک اور پرنس حکومت کر رہے ہیں وہ کس طرح ایک ایسے ملک سے مفاہمت کر سکیں گے جو سرے سے ان کے وجود ہی کو ختم کرنا چاہتا ہے، غلط فہمیاں تو وہ دور کرے جو انہیں دور کرنا بھی چاہے لیکن جو لوگ روز روز نئی غلط فہمیاں پیدا کرتے ہوں اور اپنے گناہ دوسروں پر لادنے کی فکر میں ہوں انہیں کیا ضرورت پڑی ہے کہ دوسروں کی سنیں اور اپنی سنائیں اور مفاہمت کی راہ نکالکر قوم پرستی، نسل پرستی اور اپنے "رازوں" کی دیواروں کو منہدم کر ڈالیں!

بے شک ابتک یہی ہوتا رہا ہے کہ بڑوں نے ہمیشہ بڑوں کی خوشامد کی ہے، یا فلاسفروں نے اہل سیاست سے امن اور انصاف کی اپیل کی ہے لیکن تجربہ کے بعد یہ طریقہ غلط ثابت ہو چکا ہے، اب ضرورت اس بات کی نہیں کہ کوئی فلسفی بڑوں کی خوشامد کرے اور انہیں غلط فہمیوں کو دور کرنے کی دعوت دے، ضرورت اس کی ہے کہ چھوٹوں سے خطاب ہو، غریبوں سے اپیل ہو مزدوروں سے درخواست ہو، سپاہیوں کو دعوت دیجائے کہ وہ امن و امان کی خاطر انسانیت کی خاطر، حق اور سچائی کی خاطر بڑوں کا گھٹنا چھوڑ دیں اور اپنی تنظیم کرکے دنیا کے نالائقوں کو کرسی صدارت سے نیچے گرا دیں جو کام مزدور انجام دے سکتے ہیں، جس بات کو سپاہی سمجھ سکتے ہیں جو دعوت غریبوں کو اپیل کر سکتی ہے وہ بڑوں [illegible] بڑے ہیں اور اس لئے دنیا کو تباہ کر رہے ہیں کہ مزدور ان کا آلہ کار ہیں اور غریب ان کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں، اگر مزدور کہدیں کہ جنگی ... کارخانوں میں کام نہیں کرینگے [illegible] دماغ آج درست ہو سکتا ہے اور جس عالمی امن کی خواہش کی جا رہی ہے اس کا استقبال [illegible] اگر مزدور جنگی مقاصد کے لئے کام کرنے سے انکار کر دیں تو جنگی کارخانوں کا شور آج ختم ہو سکتا ہے، اگر سپاہی انکار کر دے کہ امن پسند مزدوروں کو گرفتار نہیں کرے گا اور اس بارے میں کسی بڑے کی بات نہیں مانے گا اور خود بھی جا کر میدان کارزار گرم نہیں کرے گا تو بڑوں کی عدالتیں اور قید خانے، پھانسیاں اور جیل، کورٹ مارشل فوجی قوانین سب دھرے کے دھرے رہ جائینگے اور یہ بڑے گھٹنوں کے بل گر کر مزدوروں سے پناہ چاہیں گے مگر انہیں پناہ نہ مل سکے گی۔

بڑوں سے ہمیشہ خطاب کیا گیا، بڑوں کی ہمیشہ خوشامد کی گئی مگر وہ پھیلتے اور بگڑتے ہی گئے کیونکہ جانتے تھے کہ مزدور اور سپاہی ہمارے قبضہ میں ہیں، ان کے صدقے میں ہمارا عہدہ بھی مضبوط رہے گا اور کارخانے بھی گرم رہیں گے، کوئی اپنی ساٹھ لاکھ فوج پر مغرور ہے کسی کو اپنے ... ٹینکوں اور ہوائی جہازوں پر ناز ہے لیکن اگر مزدور متحد ہو جائیں اور عالمی امن کی ذمہ داریوں کو قبول کر لیں تو جنگ و قیصریت کی یہ فلک بوس عمارت آن کی آن میں زمین پر آ سکتی ہے، اس کے بعد نہ اسٹالن اور ٹرومین اور نہ کوئی ایسا بڑا نظر آئے گا جس کی خوشامد کے لئے رادھاکرشنن جیسے فلسفی کو پیرس جانا پڑے، ہم نے بڑوں سے خطاب کرکے دو جنگوں کا تماشہ دیکھ لیا، اب ہرج ہی کیا ہے کہ چھوٹوں سے بھی خطاب کرکے دیکھیں اور بڑوں کو چھوٹا اور چھوٹوں کو بڑا کرکے دکھائیں۔

❦

اچھی باتیں

انّ المصدقین۔ تا۔ کریم (قرآن)

صدقہ کرنے والے مرد اور صدقہ کرنے والی عورتیں جنہوں نے اللہ کو قرض دیا ہے انہیں اس ایثار کا دگنا ملے گا اور ان کو اس کا اجر دے کر خاص اعزاز بخشا جائے گا۔

یہاں مالی ایثار کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کیونکہ کوئی قوم مالی قربانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی اور مالی ایثار ہی وہ کسوٹی ہے جس سے قوموں کے عروج و زوال کو پرکھا جاتا ہے فرمایا کہ مردوں کی طرح عورتوں کو بھی مالی ایثار کا ثبوت دینا چاہیے اور یاد رکھنا چاہئے کہ جو کچھ وہ خرچ کریں گے وہ ضائع نہیں ہوگا بلکہ اس کا دگنا ملے گا۔ اور اس پر جو اجر مرتب ہوگا وہ الگ ہے جس طرح تم کسی کو قرض حسنہ دیتے ہو۔ اسی طرح تمہارا یہ ایثار بھی قرض حسنہ میں شمار ہوگا اور دین و دنیا دونوں میں اس کے اثرات مرتب ہونگے کوئی قوم زندہ نہیں رہ سکتی اگر وہ اجتماعی کاموں پر اپنے مال کو قربان نہ کرے کروڑوں روپے کی جائداد پر روتے پھرنا اور اپنی خوشی سے اجتماعی کاموں پر خرچ نہ کرنا خدا کے ہاں کوئی قیمت نہیں رکھتا۔

سنسکرتی کے نام پر فسطائیت قائم کرنیوالوں کے نظریات کا انکشاف

امن و ترقی کی جدوجہد کیلئے مسٹر گوبند سہائے کی حقیقت افروز تقریر

[illegible] مسٹر گوبند سہائے [illegible] ایک عام جلسہ میں تقریر فرماتے ہوئے کہا کہ آج ملک میں پراچین سنسکرتی کا نعرہ بلند کیا جا رہا ہے۔ مگر ان نعرہ لگانے والوں کا وجود ملک میں بیس پچیس سال سے پایا جاتا ہے لیکن جس وقت ملک کو غلامی سے نجات دلانے کی لڑائی چل رہی تھی اس وقت نہیں کہا جا سکتا کہ یہ لوگ کن بلوں میں چھپے ہوئے تھے۔ [illegible]

[illegible]

ہمایوں کا تاریخی واقعہ

پراچین سنسکرتی کی جانب نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس نے انسانوں ہی پر نہیں بلکہ دوسروں پر بھی اپنا اثر ڈالا ہے [illegible]

شرنارتھیوں سے ہمدردی

[illegible]

متروکہ جائدادوں کا قانون اور حکام کا طرز عمل

قانون کے نقائص دور کرنے کا مشورہ

از جناب حفیظ ... صاحب ...

[illegible]

شرارت کی انتہا

دہلی کے وہ ہندو معاصر جو مغربی پنجاب سے یہاں آئے ہیں جمعیۃ علماء کے خلاف اس قدر زہر اگل رہے ہیں [illegible]

اصل واقعہ کیا ہے؟

[illegible]

B3

عذر داریوں کے فیصلے سے قبل الاٹمنٹ پر اظہار تشویش

متروکہ جائدادوں کے سلسلہ میں کسٹوڈین سہارنپور کے خلاف احتجاج

سہارنپور۔ (بذریعہ ڈاک) دفتر جمعیۃ علماء میں ضلع جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا [illegible] صاحب منعقد ہوا جس میں ضلع بھر سے کافی تعداد میں حضرات نے شرکت فرمائی۔ اس کے بعد کسٹوڈین کے متعلق حالات اور اس کے اثرات پر مولانا محمد ایوب صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء نے مفصل روشنی ڈالی اور اس سلسلہ میں جو کچھ مرکزی جمعیۃ کی ہدایت کے ماتحت دفتر ضلع و شہر جمعیۃ علماء نے طریق کار اختیار کیا۔ اس کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا۔ کافی بحث کے بعد حسب ذیل تجویز پاس کی گئی۔

یہ تجویز ہے کہ متروکہ جائداد و لاء کے سلسلہ میں ضلع سہارنپور میں جو طریق کار حکام نے اختیار کیا ہے اس کو یہ اجلاس بہ نظر تشویش دیکھتا ہے اور حکام کے اس طریق کار کو کہ تحقیق کے بغیر دکانوں اور مکانوں کو سیل کیا گیا انصاف پر مبنی نہیں سمجھتا۔ مجلس عاملہ گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ یہ اصول تسلیم کر دیا جائے کہ سیل بعد تحقیقات لگائی جائے گی۔ ان کاروباری لوگوں کی فرموں پر سیلیں لگائی گئیں اور بعد میں کھولی گئیں ان کو نقصان برداشت نہ کرنا پڑتا جو کاروبار کے بند ہونے سے کو پہنچا ہے اور وہ فرمیں جو بعد تحقیقات واگذار کی جائیں گی اس طویل مالی نقصان سے بچ جائیں۔

ب۔ عذر داریوں کی سماعت اور متعلقہ اشخاص کو اپنا ثبوت پیش کرنے سے پہلے جو مکانات وغیرہ الاٹ کئے جا رہے ہیں، یا غیر ارادتی کو قبضہ کرنے کا موقعہ دیا جا رہا ہے اس پر یہ اجلاس انتہائی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سخت احتجاج کرتا ہے اور صوبائی اور مرکزی گورنمنٹ کو اس طرف فوری توجہ دلاتا ہے کہ وہ فوراً مداخلت کر کے انصاف کے تقاضوں کو پورا کریں۔

حضرات پر مشتمل ایک حفاظتی ریلیف کمیٹی کی تشکیل ہے یہ کمیٹی ہندوستانی مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کرے گی اور نکاسی جائداد کے سلسلہ میں موجودہ آرڈیننس کے ماتحت اگر کوئی کارروائی کسٹوڈین کے دفتر سے ہوگی تو اس کی قانونی امداد کی جائے گی۔ اس کمیٹی کو اس امر پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا اگر کسی ایسے مسلمان کی جائداد کو نکاسی جائداد قرار دیا جائے جو پاکستان چلا گیا ہے اور وہاں نکاسی جائداد سے فائدہ اٹھا رہا ہے۔

ب) مسرت قابل تعریف ہے کہ ڈیرہ دون کے اسسٹنٹ کسٹوڈین شری ایس ایس شرما نہایت منصف المزاج اور سلجھے ہوئے دماغ کے ہیں۔ موصوف نے ہنوز کوئی ایسا قدم نہیں اٹھایا جو انصاف پر مبنی نہ ہو اور پوری طرح حکومت کی منشاء کے مطابق احکامات نافذ کر رہے ہیں۔ ممبران کمیٹی حسب ذیل ہیں۔

۱۔ شری مہابیر پرشاد صاحب تیاگی ممبر دستور ساز اسمبلی۔ ۲۔ شری سولاش چند در راجپند صدر ضلع کانگریس کمیٹی ۳۔ شری امیر چند مالک فرنیچر مسیل ہاؤس (ریفیوجی) ۴۔ وصیت علی خاں صاحب صدر جمعیۃ العلماء شہر۔ ۵۔ مولوی مظہر محمد صاحب وکیل نائب صدر جمعیۃ العلماء شہر ۶۔ مسٹر مخدوم بخش صاحب پنشنر صدر حلقہ جمعیۃ ٹیلی پور ضلع دہرہ دون۔ ۷۔ حکیم رفعت حسین فاروقی صدر جمعیۃ العلماء دہرہ دون۔ (کنوینر)

کسٹوڈین کے متعلق حالات کے انتظام کے لئے جو طریق کار امدادی قانونی کمیٹی کی صورت میں اختیار کیا گیا ہے اس کو بہ نظر قابل تعریف سمجھتا ہے اور مولانا محمد ایوب صاحب جنرل سیکرٹری ضلع جمعیۃ علماء، خواجہ ظہیر حسین صاحب صدر، غازی رشید احمد سیکرٹری شہر جمعیۃ علماء کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے اس طریقہ سے امدادی قانونی کمیٹی کام کر رہی ہے اس کی تصدیق اور توثیق کرتا ہے اور اس کمیٹی کے کارکنان کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

اس کے بعد جمعیۃ علماء قصبہ بہٹ کی درخواست پر اجلاس ضلع جمعیۃ علماء کانفرنس ۲۵، ۲۶ ستمبر کو ہونا قرار پایا۔

"نئی زندگی" کی سیل کھل گئی

الہ آباد۔ (بذریعہ ڈاک) روزنامہ الجمعیۃ میں "نئی زندگی" پر کسٹوڈین کے تالا اور مہر لگنے کی اطلاع شائع ہوئی تھی۔ اب معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا شاہد میاں فاخری اور دیگر معززین کی کوششوں سے تالا کھول دیا گیا۔ قصہ یہ تھا کہ سید انیس الرحمن صاحب نے اسٹار پریس خلیل صاحب سے خرید لیا تھا وہ پاکستان چلے گئے اور موصوف ہی کے مکان پر چونکہ پریس نصب تھا اس نئے مکان کو الاٹمنٹ کرا کر اسی مکان میں پریس کے ساتھ دفتر "نئی زندگی" بھی لے آئے اور رہنے بھی لگے۔ کسٹوڈین آفیسر صاحب کسی کی غلط اطلاع پر اسٹار پریس سیل کرنے آئے تھے۔ مگر ساتھ ہی "نئی زندگی" بھی سیل ہو گیا۔

بلند شہر میں ریلیف کمیٹی کا قیام

بلند شہر۔ (بذریعہ ڈاک) ۳۰ یو۔ پی کے متروکہ جائدادوں کے آرڈیننس کے سلسلہ میں ضلع جمعیۃ علماء بلند شہر کی مجلس منتظمہ کا ایک ضروری جلسہ ماسٹر برکت اللہ صاحب کی زیر صدارت دفتر جمعیۃ علماء ضلع میں منعقد ہوا جس میں بالاتفاق رائے یہ طے ہوا کہ موجودہ آرڈیننس متروکہ جائداد کے متعلق قانونی مشورہ اور امداد دینے کے لئے ایک ریلیف کمیٹی قائم کی جائے جس کے مقاصد حسب ذیل ہوں گے۔

۱۔ ضرورت مند اصحاب کو قانونی مشورہ و دیگر قانونی امداد۔

۲۔ بشرط ضرورت متعلقہ افسران وا ماتحت عملہ کی بے عنوانیوں کے متعلق افسران ضلع یا ڈپٹی کسٹوڈین کو متوجہ کرنا۔

ارکان کمیٹی حسب ذیل اصحاب منتخب ہوئے۔

۱۔ مولوی محمود اسلم خاں صاحب وکیل بلند شہر۔ ۲۔ مولوی سید کفیل احمد صاحب وکیل بلند شہر۔ ۳۔ مولوی سوار حسین صاحب وکیل بلند شہر۔ ۴۔ مولانا حمید الدین صاحب محلہ کوٹ۔ ۵۔ صوفی محمد ابراہیم صاحب نفیس سکندر آباد۔ ۶۔ مولوی محمود عالم صاحب مختار سکندر آباد۔ ۷۔ صوفی باطن المصطفیٰ صاحب بلند شہر۔ حسن علی برنی بلند شہر کنوینر۔ ۹۔ مولوی غوث صاحب وکیل خورجہ۔

عربوں کے سیاسی اتحاد میں از سر نو جان پڑ گئی ہے

عرب ممالک کے شامی حکومت کو تسلیم کرنے پر عرب ترجمان کا تبصرہ

نیویارک ۲۳ ستمبر۔ یہاں ایک عرب ترجمان نے بتایا کہ کل جب مصر، لبنان اور سعودی عرب نے شام کی نئی حکومت کو تسلیم کیا تو عربوں کے سیاسی اتحاد عرب لیگ کی از سر نو تائید ہو گئی۔

عراق اور اردن کی ہاشمی سلطنت نے دمشق کی نئی حکومت کو اس کی تشکیل کے فوراً بعد تسلیم کر لیا تھا۔ یمن کے نائب وزیر خارجہ قاضی عبد اللہ العمری نے بتایا کہ ان کی حکومت بھی جلدی شام کی نئی حکومت کو تسلیم کرے گی۔ عرب لیگ کی باقاعدہ کانفرنس جو ۲۰ اگست کو ہونے والی تھی اس لئے ملتوی کر دی گئی تھی کہ شام کو عارضی طور سے عرب بلاک سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔ عرب ترجمان نے بتایا کہ عرب ممالک کے شام کی نئی حکومت کو تسلیم کر لینے سے عرب لیگ کونسل کا اجلاس یکم اکتوبر کو منعقد کرنے کی راہ میں جو رکاوٹ تھی دور ہو گئی ہے۔ امریکہ برطانیہ اور فرانس نے بھی شامی حکومت کو تسلیم کر لیا ہے۔ امریکہ کے ایک اعلان میں کہا گیا امریکہ نے شامی حکومت کے اس اعلان پر کہ بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پابندی کی جائے گی اس حکومت کو تسلیم کیا ہے۔ شام کی نئی حکومت کے سردار حسنی الحناوی ہیں، اگست کے شروع میں کرنل زعیم کو قتل کرنے کے بعد نئی حکومت قائم ہوئی تھی۔ (پ ٹ ا)

متروکہ جائدادوں کا قانون

بقیہ صفحہ ۳

غیر محفوظ سمجھنے پر مجبور ہوا ہوں خصوصاً ایسی جائدادوں پر جو اس وقت انخلا کنندہ کے کسی خاندانی رشتہ دار یا اس کے قانونی وارث کے قبضہ میں ہیں بغیر اسے نوٹس دئے قبضہ نہ کرنا چاہئے اور نوٹس دینے کے بعد اگر کوئی دعویدار اپنا دعویٰ پیش کرے تو اس دعوے کے قطعی طور پر فیصل ہو جانے کے بعد قبضہ کیا جائے البتہ دوران فیصلہ تک کے لئے اس جائداد کے منافع و آمدنی کی ادائیگی کے لئے ایک اقرار نامہ لکھایا جا سکتا ہے تاکہ اس دعوے کے خارج ہونے کی صورت میں قابض کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے قبضہ لینے کے وقت پولیس اور بہت سے شرفاء، دھکیں اور تماشبین کا ساتھ ہونا غیر معمولی خوف و دہشت و ہراس کا باعث ہوتا ہے پولیس وغیرہ انتہائی ضرورت اور مزاحمت کے یقینی اندیشہ کے بغیر ہرگز ساتھ نہ لے جانی چاہئے اور میرے خیال میں مزاحمت کرنے کی کوئی بھی جرأت نہیں کرے گا۔

سہارنپور کی خبریں

حضرت شیخ سے پنڈت پنت کی ملاقات

دیوبند ۱۹ ستمبر۔ (بذریعہ ڈاک) یو۔ پی سرکار کی تبلیغ و اشاعت مہم کے سلسلہ میں چیف منسٹر یو۔ پی کے ذریعہ معظم پنڈت گووند ولبھ پنت یہاں تشریف لائے۔ آپ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی سے ملنے کے لئے ان کے دولت کدہ پر پہنچے اور کہا کہ میں تو فقط آپ کو ملنے کے لئے آیا ہوں۔ مولانا صاحب اور پنڈت پنت ایک دوسرے سے گلے ملے۔ ڈاک بنگلہ پر قیام کرنے کے بعد کانگریس کارکن ماسٹر کاشی رام کے دولت کدہ پر کھانا کھایا اور پھر آپ جیپ میں بیٹھ کر دیہاتوں کے دورہ کے لئے روانہ ہو گئے۔ (نامہ نگار)

سہارنپور جمعیت کانفرنس

سہارنپور ۲۰ ستمبر۔ قصبہ بہٹ میں ہونے والی کانفرنس میں باہر سے شامل ہونے والے حضرات کے لئے قیمتاً کھانے کا نہایت معقول انتظام ہوگا۔ روٹی اور چائے نہایت ارزاں نرخ پر مل جائے گی۔

بہٹ سہارنپور سے ۱۷ میل ہے باہر سے آنے والے حضرات کو ریلوے روڈ اور پل فرمان پر لاریاں ملیں گی۔ جمعیۃ کے رضاکار ان کی سہولت کے لئے موجود ہوں گے۔ (نامہ نگار)

سہارنپور کے سوشلسٹ جتھے لکھنؤ کو

اطلاع ملی ہے کہ سہارنپور سے کسان جتھے سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام لکھنؤ جا رہے ہیں۔ پہلے ۲۴ ستمبر سے ضلع بھر میں جلسہ کئے جائیں گے۔ پھر جتھے روانہ ہونے شروع ہو جائیں گے۔ یہ جتھے زمینداروں کو دس گنا لگان ادا کرنے کے خلاف اسمبلی ہاؤس کے سامنے مظاہرہ کریں گے۔ جتھوں کے انچارج وغیرہ سب مقرر کر دیئے گئے ہیں۔

نئی دہلی ۲۰ ستمبر۔ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ ٹرکوں کے ۱۲۰۰ ٹن کا کوٹہ سیلون کو اور چھ ہزار ٹن کا کوٹہ چاول کو الاٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کوٹہ ۳۱ دسمبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے لئے ہوگا۔ (پ ٹ ا)

کر رہے ہیں۔

دوسری ترقی پسند مسلمانوں کو تشکیک مندی اور مایوسی بھی نہیں ہونا چاہئے۔ بہت ممکن ہے یہ حالات ہمارے گناہوں کی سزا ہوں یا کسی گو دوارہ پر ہم کو کوئی امتحان مقصود ہو اور اگر ہم ہندوستان کے باشندے ہیں تو ہمیں یہاں سے کوئی نہیں نکال سکتا الا اللہ جان لے سکتا ہے۔ دنیا کے انقلابات ہیں اور انہیں انقلابات کا نام زندگی ہے بہار کے بعد خزاں اور خزاں کے بعد بہار، کا آنا فطرت کا اٹل قانون ہے اور خدا کی رحمت پر کامل یقین ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہونا چاہئے۔

مدرسہ فرقانیہ مسلمانان ہند کی بہترین دینی درسگاہ ہے

حکومت یوپی مدرسہ کو باقی رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرے

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مدرسہ فرقانیہ کی موجودہ نازک حالت پر مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے۔

"مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ ہندوستان کی وہ بہترین درسگاہ ہے جہاں قرآن حکیم کی تعلیم فن تجوید کے ساتھ اس طرح دی جاتی ہے کہ اس کی مثال ملک کی کسی اور درسگاہ میں ملنی ناممکن ہے۔ دیکھا جاتا ہے کہ اس مدرسہ کے کثیر اخراجات کا بار اب تک لکھنؤ کے مشہور تاجر اصغر علی محمد علی کے کارخانے سے پورا کیا جاتا تھا۔ کارخانہ کے مالکوں کا عرصہ سے خیال ہو رہا تھا کہ اس جائداد کا کوئی حصہ مدرسہ پر وقف کر دیا جائے تاکہ وہ ہمیشہ مالیات سے مطمئن ہو کر قرآن کی خدمت کر سکے۔

مسلمانان ہند نے اس خبر کو بہت ہی دکھ اور افسوس کے ساتھ سنا کہ اصغر علی محمد علی کے کارخانہ اور ان کی جائداد کسٹوڈین کے آرڈیننس کی وجہ سے جھگڑے میں پڑ گئی ہے اور اس کے نتیجہ میں مدرسہ فرقانیہ کی موت و حیات کا سوال سامنے آ گیا۔ اس خبر کو سنتے ہی ذمہ داران جمعیۃ علماء صوبہ یوپی حضرت مولانا بشیر احمد صاحب رجعیۃ علماء صوبہ یوپی مولانا شاہد فاخری ورکنگ صدر، حضرت مولانا ابو الوفا صاحب نائب صدر اور میں خود اس مدرسہ کے ذمہ دار حضرات سے مختلف اوقات میں مل کر مدرسہ کی بقا کے متعلق مختلف صورتوں پر باتیں کر چکا ہوں۔

سر دست میں حکومت کو توجہ دلاتا ہوں کہ جھگڑے والی جائداد کا جلد سے جلد فیصلہ کر کے مسلمانان ہند کے اضطراب کو دور کرے اور کم از کم اصغر علی محمد علی کی جائداد کا وہ حصہ تو ضرور واگذار کر دے جو مدرسہ کی بقا کے لئے کافی ہے تاکہ ہندوستان کے کروڑوں مسلمانوں کا اضطراب سکون سے بدل جائے۔ مجھ کو یقین ہے کہ حکومت اس معاملہ میں مسلمانان ہند کے جذبات کا احترام کرے گی اور مدرسہ فرقانیہ کے بقا کی ہر ممکن صورت عمل میں لائے گی۔ اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء صوبہ کا ایک وفد بھی ڈپٹی کسٹوڈین سے جو ان دنوں بیمار ہیں ان کے صحت مند ہوتے ہی ملاقات کرے گا۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء یوپی کا اجلاس

بہٹ ضلع سہارنپور میں ہوگا

لکھنؤ ۲۰ ستمبر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ کی مجلس عاملہ کا اجلاس بہٹ ضلع سہارنپور میں ۲۶ ستمبر ۱۹۴۹ء کو منعقد ہونے والا ہے۔ وقت کے اہم اور ضروری موضوعات پر مشتمل ایجنڈا ارکان عاملہ کے نام جاری کر دیا گیا ہے اور سہارنپور سے بہٹ تک اسی اجلاس کی سرگرم تیاریاں شروع ہو چکی ہیں۔

مجلس عاملہ کے اجلاس کے ساتھ ساتھ بہٹ میں جمعیۃ علماء ضلع کی کانفرنس بھی ہو رہی ہے جس کے سلسلہ میں حضرت شیخ الاسلام کی شرکت یقینی ہے۔ مولانا قاسم صاحب اجلاس کے اہم انتظامات کے لئے آج سہارنپور کے لئے روانہ ہو گئے۔

اطلاع ملی ہے کہ ڈھنگیڑہ رفیوجی کیمپ کے پانچ اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں جن میں رفیوجی کمیٹی کے صدر منشی نند لال بھی شامل ہیں۔

مزید معلوم ہوا ہے کہ ان کیمپوں کو کیمپ کمانڈر کے خلاف زبردست شکایات تھیں۔ انہوں نے تحقیقات کا وعدہ کیا تھا مگر پناہ گزینوں نے بھوک ہڑتال بھی شروع کر دی۔

مسٹر گوبند سہائے کی تقریر

بقیہ صفحہ ۳

فعالی سے جب یہ دریافت کرتے ہیں کہ آپ یہ بتائیں کہ ہم کو ملک کی ترقی اور بہبودی کے لئے کیا کرنا چاہئے۔ تو جواب دیا جاتا ہے (ہم نہیں بتاتے) اور جو کچھ ہم کرنا چاہتے ہیں اس پر اعتراض کیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ تو ہو نہیں سکتا کہ جو کچھ ہم سوچیں وہ بھی نہ کیا جائے۔ ہم ملک کی جماعتوں پر کوئی پابندی عائد کرنا نہیں چاہتے تاوقتیکہ کسی جماعت کی جانب سے ایسا قدم نہ اٹھایا جائے جو ملک کے امن کو خطرہ میں ڈالنے والا ہو۔ یہ راز کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اس تحریک نے سب سے پہلے انسانیت کے دیوتا کو غلامی سے نجات دلانے والے لیڈر باپوجی کی بھینٹ لی۔ اس پر بھی حکومت نے راشٹریہ سوئم سیوک سنگھ پر سے لگائی گئی پابندی کو اٹھا لیا۔ اور ایسے عام لوگوں کو جیلوں سے رہا کر دیا جو اس پارٹی کے کارکن تھے ہو سکتا ہے کہ ہم غلطی پر ہوں یا آزادی مل جانے کے بعد کانگریس والوں کا دماغ خراب ہو گیا ہے۔ اگر آپ کے پاس بہتر دماغ ہے اور جنتا کو آپ پر بھروسہ ہے تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اس گورنمنٹ کو ختم کر کے دوسری گورنمنٹ بنا لیں۔ چونکہ یہ اختیار تو ہم نے صرف جنتا ہی کے ہاتھ میں رکھا ہے۔

دوسری پارٹیاں

آپ نے کہا ملک میں دو پارٹیاں سیاسی مقاصد کے لئے اور بھی ہیں جن میں سے ایک کمیونسٹ اور دوسری سوشلسٹ پارٹی ہے۔ ہمارے اور ان کے درمیان حکومت کے کاموں کو چلانے کے [illegible] حکومت چلا رہے ہیں ان کو پسند نہیں کہ اس طرح حکومت چلائی جائے۔ ہندی کا پرچار بہت زوروں پر ہے میں ہندی نہیں جانتا تھا۔ لیکن کوشش کر رہا ہوں کہ ہندی جان سکوں ہو سکتا ہے میں نے ناواقفیت کی بنا پر ہندی کے الفاظ غلط بولے ہوں ان کو نظر انداز فرما دیجئے۔ زبان کا مسئلہ [illegible] جانے والے الفاظ کا ترجمہ جس طرح کیا جا رہا ہے وہ حیرت انگیز ہے۔

آگے چل کر آپ نے کہا ہم نامسٹ والوں کے اس فلسفہ کو کبھی قبول نہیں کر سکتے [illegible] جس پر چل کر ہم نے ملک کی غلامی سے چھٹکارا حاصل کیا ہے اور وہ جینا ہمارے لئے مشعل راہ بنا رہے گا۔ باپوجی کہا کرتے تھے جس میں دشمنی سے اس میں شکتی ہے یہی وہ فلسفہ ہے جو جنگ آزادی میں ہمارا راہبر تھا۔ اس کے بعد آپ نے خاتمہ زمینداری کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر سہائے نے بتایا کہ حکومت زمینداری کسی ضد کی بنا پر ختم نہیں کر رہی ہے بلکہ یہ ایک ضرورت ہے اور ایسی ضرورت جس کے بغیر اناج کی پیداوار کا مسئلہ دشوار بنا رہے گا۔ آپ کو یہ جاننا چاہئے کہ ملک میں ہر سال پچاس لاکھ آبادی کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ ہمارا ملک ایک زراعتی ملک ہے لیکن پھر بھی ملک کی جنتا کے لئے پیدا شدہ غلہ ناکافی ہوتا ہے جس کی وجہ سے حکومت کو باہر کے ملکوں سے ہر سال ایک کروڑ روپیہ سے زیادہ کا غلہ منگانا پڑتا ہے۔ چونکہ زمینداری سسٹم میں غلہ کی پیداوار پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ کاشتکار غلہ زیادہ سے زیادہ پیدا کریں لیکن وہ ایک زیادہ پیدا کرتے ہیں۔ حالانکہ یہاں کی جینی قیمتیں روپیہ من پڑتی ہے۔ اور جاوا کی اٹھارہ روپیہ من۔ ایسی صورت میں حکومت کے لئے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی منشا کے مطابق اجناس وغیرہ کی پیداوار کرانے کے لئے زمینوں کو اپنے قبضہ میں لے

اچھی کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے

اور ہمارا نام اچھے کھانوں کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں سے آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے، مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھچڑی، گردہ، بریانی، سٹیر مالی، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چائے، انڈا، کیک، مکھن وغیرہ نہایت اعلیٰ قسم کے دستیاب ہوسکتے ہیں۔ بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے۔

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

بنارس

کانگریس سودیشی نمائش

بمقام ٹاؤن ہال بنارس

۲ اکتوبر سے ۴ نومبر ۱۹۴۹ء

دوکان ۹ فیٹ × ۸ فیٹ کرایہ ۷۵ روپیہ

عید کیلئے

اپنی شیروانی اور دیگر ضروری کپڑے آج ہی بھیج دیجئے ورنہ کام کی زیادتی کے سبب شاید آپ کو اس مرتبہ مایوس ہونا پڑے

نیو بنگال لانڈری بلیماران دہلی

دہرہ دون کی ریلیف کمیٹی

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنا، پیشاب کی نالی میں جلن ہونی، گردہ مثانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گرونیٹس جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ لاکھوں مریض گرونیٹس کے استعمال سے شفا حاصل کر چکے ہیں۔ ایک شیشی جو آپ کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دے گی صرف دو روپیہ چار آنے۔ محصول ڈاک۔ مفت۔ سوزاک کے متعلق اردو میں مفصل معلومات کی کتاب مفت طلب کریں۔ ہر بڑے شہر کے اندر ایجنسی کی ضرورت ہے۔

ڈاکٹروں کو تجارتی شرح پر سپلائی کی جاتی ہے۔

سٹاکسٹ: نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMA CORP LTD POST BOX 904/A.J. BOMBAY

اطلاع

آپ دہلی سے پاکستان کو ہر قسم کا مال کسٹم آفیسر صاحب کی سیل بند ریلوے کی ذمہ داری پر مال روانہ کرنے میں ہم سے خدمات لیجئے۔

محمد سلام

۹۰۶ کوچے والی گلی۔ بازار بلیماران دہلی

عیدیاں۔ عید رومال۔ عید کارڈ لفافے

فرمائش بھیجتے وقت مد نظر رکھئے کہ عزیز رشتہ داروں کو بھیجتے ہوئے آپ کا اپنا تعلق ضرور لکھ دیں تاکہ افسر دلی اور دوسرے مضمون جانے والے رشتہ داروں کے لئے غلط راہ دانی نہ ہو جائے۔

جنرل بیو ٹولز بلیماران دہلی

پاکستانی روپیہ کی قیمت کم نہ کرنیکا فیصلہ آخری ہے

اس میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں۔ مسٹر زاہد حسین کی تقریر

کراچی ۲۳ ستمبر۔ مسٹر زاہد حسین گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا حکومت پاکستان کا روپیہ کی قیمت کم نہ کرنے کا فیصلہ آخری ہے۔ اس میں کسی تبدیلی کا کوئی امکان نہیں۔ [illegible] پاکستان کا سٹرلنگ علاقے سے الگ ہونے کا کوئی خیال نہیں۔ بلکہ پاکستان اس علاقے کی پوزیشن مضبوط کرنے کے لئے ہر امکانی کارروائی کر رہا ہے۔ روپیہ کی قیمت کم نہ کرنے سے پاکستان اپنے اور سٹرلنگ علاقے کے مفاد کو پیش نظر رکھا ہے یہ فیصلہ کسی حکومت اور روپیہ حکومت ہند کے خلاف نہیں ہے۔ پاکستان اپنی پیداوار ہند کے ہاتھ فروخت کر رہا ہے۔ اور ہندوستانی خرید رہا ہے لیکن مناسب داموں پر۔ (پ ٹ ا)

سیمنٹ کی نقل و حمل کے لئے منصوبہ بندی

اکتوبر سے دسمبر تک کا پروگرام منظور کر دیا گیا

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ سیمنٹ کی نقل و حمل کے لئے جو پروگرام بنایا گیا اس کے مطابق ان تین مہینوں میں ریلوں نے کارخانہ داروں کی مقررہ مقدار سے کچھ زیادہ مطلوبہ مقامات پر پہنچائی سیمنٹ کی نقل و حمل کے لئے کارخانوں کے سارے مطالبے پورے کئے گئے۔ سوراشٹر ریلوے دوارکا میں ایک کارخانے کے مطالبے پورے نہیں کئے گئے کیونکہ یہ مقام براہ راست طور پر ریلوے بورڈ کے ماتحت نہیں۔

یہ واقعات آج ٹرانسپورٹ کے مرکزی بورڈ کی ہسٹنڈنگ کمیٹی کے ایک خاص اجلاس میں بتائے گئے۔

یہ اجلاس اکتوبر سے دسمبر تک کی سہ ماہی کے لئے سیمنٹ کی نقل و حمل کا پروگرام طے کرنے کے سلسلہ میں منعقد کیا گیا تھا دو مہر ماہنیں، کپڑا اور فولاد جیسی اشیاء کو بھی نقل و حمل کی پوری سہولتیں دی جا رہی ہیں۔

اس اجلاس کی صدارت وزارت ٹرانسپورٹ کے ڈپٹی سکرٹری مسٹر ایس چکرورتی نے کی۔ اس میں اے۔ سی۔ سی ڈالمیا سیمنٹ کمپنیوں اور وزارت ہائے ٹرانسپورٹ ریلوے، صنعت و رسد کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

صنعت کے نمائندوں نے کہا کہ ان تینوں مہینوں خصوصاً جولائی اور اگست میں کارخانوں سے کمیٹی کے ملاقات کی۔ سیمنٹ کی نقل و حمل بہت سست رہی۔ جیسی مزدوری اور دیگر مشکلوں کی وجہ سے کچھ کارخانوں نے مقررہ کوئلے کی سپلائی تک لینے سے انکار کر دیا۔

صنعت کے نمائندوں نے تین مہینوں کے لئے [illegible] خام مال ہر کارخانے کو نقل و حمل کے لئے پیش کیا تھا کمیٹی نے کل طور سے منظور کر لیا۔

کولمبو میں ہڑتال نہ ہو سکی

کولمبو ۲۳ ستمبر۔ کولمبو کے میونسپل اور بندرگاہ میں کام کرنے والے مزدوروں کے مطالبہ پر ہمدردی کی ہڑتال نہ کرنے پر آج چار سو اور بہت سے [illegible] ہڑتال ہونے والی تھی وہ ملتوی کر دی گئی۔ [illegible] علامتی ہڑتال کی گئی تھی۔ سیلون انڈین کانگریس لیبر یونین [illegible] ہڑتال پر مجبور نہ ہوتی۔ صورت حال پر غور کرنے کے لئے منگل کو ٹریڈ یونینوں نے ایک جلسہ طلب کیا ہے۔ (پ ٹ ا)

پناہ گزینوں کے لئے امداد کی مہم

[illegible] قربانی کی کھالیں جمع کی جائیں اس مقصد کے لئے سندھی صوبائی کمیٹی نے مغربی پنجاب کے ڈپٹی کمشنروں سے ضلع کمیٹیاں [illegible]

یوپی اسمبلی کی سیٹوں کے انتخابات

لکھنؤ ۲۳ ستمبر۔ یوپی اسمبلی کی خالی نشستوں کے انتخابات آئندہ دسمبر میں ہوں گے ان میں ایک مسلم اور ایک جنرل سیٹ اور لوئر ہاؤس میں جو کچھ ایک جنرل سیٹ خالی ہوئی ہے۔ ان کے علاوہ اپر ہاؤس کی دو مزید نشستیں دوسرے ذریعوں سے پر کی جائیں گی۔ (پ ٹ)

پاکستان جانے والوں کیلئے حکومت ہند کی طرف سے پرمٹ

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ حکومت ہندوستان نے جو ہندوستان سے پاکستان جانے والوں کے لئے پرمٹ سسٹم جاری کیا ہے اسی طرح حکومت ہند نے بھی باقاعدہ ان لوگوں کا ریکارڈ رکھا ہے جو ہندوستان سے پاکستان جانا چاہتے ہیں۔ [illegible] پاکستان ویزا لینا پڑے گا۔ [illegible]

اسی وقت ایسے لوگوں کو پاکستان ہائی کمشنر کی طرف سے پرمٹ دیا جاتا ہے اور پاکستان سے ہندوستان آنے والوں کو ہندوستانی ہائی کمشنر متعینہ پاکستان پرمٹ جاری کرتا ہے۔

پاکستان نے ہندوستان کیلئے منی آرڈر بند کردیا

کراچی ۲۳ ستمبر۔ حکومت پاکستان کے فیصلہ کو بیان بہت سراہا جا رہا ہے کہا جا رہا ہے صرف یہی اقدام کر کے پاکستان میں قیمتیں گھٹائی جا سکتی تھیں اور اسی طرح ملک کو تیزی سے صنعتی بنایا جا سکتا تھا۔ پاکستان اپنے ملک کو خوشحال بنانے کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہ کریں گے اس میں شک نہیں کہ پاکستان سے ہندوستان کو سرمایہ کی منتقلی کے امکانات ہیں لیکن دونوں ملکوں کے درمیان تبادلہ زر بند ہو جانے سے اس امکان کو ختم کر دیا جائے گا۔ اسی قسم کے احکام جلدی نافذ ہوں گے جن کے ذریعہ پاکستان سے منی آرڈر اور پارسل بند کر دیئے جائیں۔ مقامی حلقوں کے تحفظ اور ان کے سہولت اور آسانیوں کا بھی مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ (۱)

پریس اڈوائزری کمیٹی کا قیام

سہارنپور ۲۱ ستمبر (بذریعہ ڈاک) آج ضلع کلکٹر کی کوٹھی پر نمائندگان پریس و مقامی اخبارات کے ایڈیٹروں کی ایک میٹنگ زیر صدارت ضلع کلکٹر مسٹر جاپانی سہائے ہوئی۔ نمائندگان پریس نے اس امر کی زبردست شکایت کی کہ ان کے لئے سرکاری اور ضروری اطلاعات کی فراہمی کا کوئی معقول انتظام نہیں ہے۔ [illegible] ضلع کی بعض اوقات تو بہ صرف ٹائپ سیٹ ہو جاتی ہے بلکہ ضروری خبریں تلف بھی کر دی جاتی ہیں۔

ضلع کلکٹر نے ان شکایات کو نہایت غور سے سنا اور فوری ازالہ کا یقین دلایا۔ حکام اور پریس میں باہمی تعاون پیدا کرنے کے لئے پریس اڈوائزری کمیٹی کی تشکیل عمل میں لائی گئی جس میں سرکار کی طرف سے مسٹر کرپا شنکر، پریس آفیسر، مسٹر بہادر سنگھ پبلسٹی انچارج، مسٹر شیخ محمد حسن خاں، ایڈیٹر ستیگرہ، [illegible] مسٹر شیخ زمیندارہ، کفیر مسٹر امر ناتھ، دوبا سبھا صدر ضلع کانگریس کمیٹی، بابو پریم ناتھ ایڈوکیٹ ممبر ضلع تحریک زمیندارہ کمیٹی اور تین نمائندگان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے ہوں گے۔ (نامہ نگار)

دارالسلطنت

۲۳ ستمبر ۱۹۴۹ء

سونے کی قیمت میں اضافہ

کل جب دہلی میں صرافہ، بینک ڈاک خانہ وغیرہ کھلے تو بازاروں میں کسی قسم کی بے چینی یا گھبراہٹ نہیں پائی جاتی تھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پنڈت نہرو کی تقریر کا عوام پر اچھا اثر ہوا۔ دوبارہ ان میں اعتماد پیدا ہو گیا ہے۔ بینکوں پر مطلق بھیڑ نہ تھی۔ سونے کی قیمت ۱۱۳ روپے سے بڑھ کر ۱۴۰ ہو گئی ہے امریکہ سے آنے والے سامان کی قیمت ۵ فیصدی بڑھ گئی ہے دوسری اشیاء کی قیمتوں میں بھی خفیف سا اضافہ ہوا ہے۔ (۱)

گاڑیوں میں سگرٹ نوشی

شمرد منی گوڑوارہ پر ہندھک کمیٹی کی درخواست پر جو سردار پٹیل اور مسٹر کے سامنے کی گئی تھی ریلوے منسٹر نے تمام ریلوں کو ہدایت کی ہے گاڑیوں میں یہ نوٹس لگا دیئے جائیں کہ اگر کوئی مسافر اعتراض کرے تو سگرٹ وغیرہ نہ پی جائے اس قسم کے نوٹس تقسیم سے قبل ہوتے تھے مگر بعد کو رفتہ رفتہ ختم ہو گئے۔

سول لائن کے علاقہ میں

ایک اور مسلح ڈکیتی

گزشتہ شب بارہ بجے کے قریب تھانہ سول لائنز کے علاقہ میں کمنہ پورے کے گاؤں کے نزدیک ڈکیتی کی ایک اور واردات ہوئی۔ جس میں پستولوں اور بندوقوں سے مسلح تین کے قریب ڈاکوؤں نے کمنہ پور کے نزدیک ایک جھٹہ پر جہاں میں کے قریب گھر میں حملہ کر دیا۔ اور ایک گھنٹہ تک لوٹ مار کرتے رہے۔ دوران لوٹ مار میں ایک چار [illegible] کو لے جائے۔ کچھ آدمی اس کے ساتھ ہوئے لیکن ڈاکوؤں نے ان کو آتا دیکھ کر ان کی طرف فائرنگ کرنی شروع کر دیئے اور ان کو وہاں سے آگے نہ بڑھنے دیا۔ ایک گھنٹہ تک لوٹ مار کرنے کے بعد ڈاکو بھاگ گئے۔ تیار ڈاکوؤں کا مقابلہ کرتے ہوئے شدید طور پر زخمی ہو گئے۔

دہلی تبادلہ جائداد پر پابندی

حکومت ہند نے ایک اعلان جاری کیا ہے جس کی رو سے ۲۰ ستمبر سے تین ماہ کے لئے دہلی میں غیر منقولہ جائداد کا تبادلہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی مرضی کے بغیر ناجائز قرار دیا ہے۔

صرف عورتوں کا معاملہ!

[illegible]

دو مغویہ عورتیں برآمد

[illegible] کو منتظر کی سید الدین نامی لڑکی دہلی سے [illegible] اور فخر الدین کی لڑکی جمیلہ برآمد ہوئی ہیں ان کے رشتہ دار [illegible] سے ہیں یا ان کو خط لکھیں۔

بازاروں کے بھاؤ

۲۳ ستمبر

دہلی

سونا ۱۴۰۔ [illegible]

چاندی [illegible]

رہتک مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکٹ

[illegible]

دہلی میں ۸۰ دکانوں سے ساڑھے تیرہ آنہ سیر چینی ملنے لگی

بلیک مارکٹ کی روک تھام کے لئے کارڈ دکھا کر راشن پر چینی کا انتظام کیا جائے

دہلی میں چینی کا اب عام دکانوں پر تو تعطل ہے لیکن دہلی کلاتھ ملز کی اور سرکاری دو دکانیں ہیں جہاں ۱۳ آنہ فی سیر کے حساب سے چینی ملنے لگی ہے مگر اس کے لئے لائن بنا کر کھڑا ہونا پڑتا ہے اس میں بڑا وقت ضائع ہوتا ہے جب جا کر ایک سیر چینی ملتی ہے چینی لینے والوں کی لائن دن بدن لمبی ہوتی جا رہی ہے اس وقت کل ۸۰ دکانیں کھلی ہیں، ۳۰ دہلی کلاتھ مل کی دکانیں ہیں اور ۵۰ سرکاری۔ اسبات کی سخت ضرورت محسوس کی جا رہی ہے کہ دکانوں کی تعداد میں اضافہ ہو لیکن بہتر صورت یہ ہے کہ راشن کی دکانوں پر چینی کی تقسیم کا انتظام کیا جائے تاکہ ہر شخص کو آسانی سے چینی مل سکے اور وہ اپنے راشن کارڈ دکھا کر چینی لے سکے۔ اس صورت میں ایک شخص لائن میں لگ کر ایک دن میں باآسانی تین چار جگہ سے چینی لے سکتا ہے اور اس طرح بلیک مارکٹ کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔

گلی کوچوں میں لوگ چینی نہ ملنے کے باعث حکومت کو برا کہتے ہیں اس وقت دہلی کی آبادی ۵ لاکھ ہے اس لئے ضرورت ہے کہ کم از کم ۵۰۰ دکانیں ہوں دہلی کو پندرہ دس ہزار بوری کا ملا تھا جو آئندہ دس روز چلے گا۔ خیال ہے دوسرا کوٹہ جلد ہی آ جائے گا۔

کل ایک افسر نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ تین ہزار ٹن چینی عنقریب دہلی کے لئے پہنچ جائے گی اس بات کا انتظام کیا جا رہا ہے کہ ہوٹلوں وغیرہ کو چینی نہ دی جائے۔

برطانوی پارلیمنٹ کا ہنگامی اجلاس

لندن ۲۳ ستمبر۔ کیبنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ پونڈ کی قیمت پر بحث کرنے کے لئے پارلیمنٹ کا اجلاس اگلے ہفتہ منعقد کیا جائے۔ اور یہ بحث کو بتایا جائے جب تک پونڈ کی قیمت کم کرنے کی منظوری نہ دے دے اس سلسلہ میں سرکاری اعلان ہو گا۔ (رپ ٹ ا)

شام کی نئی حکومت تسلیم کرلی گئی

عرب لیگ کا از سر نو احیاء

نیویارک ۲۳ ستمبر۔ سرکاری حلقوں کے ایک نمائندہ نے کہا ہے کہ عرب ملکوں کا سیاسی اتحاد اس طرح مکمل ہو گیا کہ مصر، لبنان اور سعودی عرب نے شام کی جدید حکومت کو تسلیم کر لیا۔ عراق اور ہاشمی اردن نے فوری طور پر ہی شام کی حکومت کو تسلیم کر لیا تھا۔

بمبئی میں تاش کی بازی جرم ہے

دوسرے صوبوں کیلئے قابل تقلید

پونا ۲۳ ستمبر۔ (پی ٹی آئی) کل بمبئی اسمبلی میں وزیر قانون مسٹر ڈنگر داؤ و دیسائی نے بتایا ہے کہ تاش پر بازی لگا کر کھیلنا خواہ پرائیویٹ مکانوں میں کلبوں میں ہو یا کانفرنس وغیرہ میں جرم ہو گا۔ لیکن بغیر بازی کے تاش کھیلنا جرم نہ ہوگا۔ مسٹر ڈیسائی نے کہا ہم حکومت تجربہ کے طور پر عدالت میں ایک مقدمہ لے جائیں گے تاکہ یہ فیصلہ ہو سکے کہ آیا یہ جرم ہے یا نہیں۔

جنوبی افریقہ نے امریکہ کی جلیش ملا دی

[illegible]

دلبور بہار میں سوشلسٹ سنیہ گرہ کی رفتار

تین گرفتار شدہ عورتوں کی بھوک ہڑتال

لکھنؤ ۲۳ ستمبر۔ (پی ٹی آئی) ریوا ریاست کے سلسلہ میں گرفتار شدہ تین عورتوں نے جیل میں بدسلوکی پر احتجاج کے طور پر بھوک ہڑتال کر دی ہے۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری [illegible] سنیہ گرہ میں اب تک ۸ کسان گرفتار ہو چکے ہیں۔ [illegible]

اردن نے پونڈ کی قیمت کم کر دی

اردن ۲۳ ستمبر۔ اردن کی ہاشمی حکومت نے پونڈ کی قیمت کم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ [illegible]

یوپی میں سرچارج سے آمدنی

لکھنؤ ۲۳ ستمبر (پی ٹی آئی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت یوپی نے ایک سرچارج لگایا ہے [illegible]

پٹنہ کے قریب ریل کا حادثہ

مرنے والوں کی تعداد سترہ تک پہنچ گئی

بمبئی ۲۳ ستمبر۔ [illegible] اپ ٹ ا)

مالیر کوٹلہ میں الجمعیۃ

ایم عبد الحمید نیوز ایجنٹ اخبارات

موتی بازار مالیر کوٹلہ (مشرقی پنجاب) سے

طلب کریں۔

برازیل اور ترکی میں فی الحال نئے ہندی سفیر مقرر نہ کئے جائینگے

اخراجات کم کرنے کیلئے وزارت امور خارجہ کا فیصلہ

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی اخراجات میں کمی کی مہم کے پیش نظر آئندہ ممالک غیر میں ہندوستان کے نمائندگی کرنے والے مشنوں میں جو جگہیں خالی ہوں گی ان کو پر نہیں کیا جائے گا۔ مشن کے سربراہ کا عہدہ پر بھی اس قاعدہ کا اطلاق ہوگا۔ چنانچہ جاپان میں ہندی سفارت خانہ میں سربراہ کی جگہ خالی ہے۔ اس کو پر نہیں کیا جائے گا۔ [illegible] سفیر کی جگہ خالی ہونے والی ہے۔ دیوان چمن لال جو ترکی میں ہندوستان کے سفیر ہیں اپنے عہدہ کی مدت ختم کر کے واپس آنے والے ہیں ان کی واپسی کے بعد ترکی میں بھی فی الحال سفیر مقرر نہیں کیا جائے گا۔ وزارت امور خارجہ میں اخراجات کی کمی کرنے کے سلسلہ میں جو مہم چلائی جا رہی ہے اس کے تحت تنخواہوں میں ۱۵ فیصدی اور سفر خرچ میں ۵ فیصدی کمی کر دی جائے گی۔ (پ ٹ ا)

پٹیالہ یونین کے ایک گاؤں میں ڈاکوؤں اور دیہاتیوں میں مقابلہ

چھ گھنٹے متواتر گولی چلتی رہی۔ ایک کسان ہلاک ہو گیا

بھٹنڈہ ۲۳ ستمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ گذشتہ روز شام کے چار بجے بیتہ منڈی (پٹیالہ یونین) کے نواحی ایک گاؤں میں دو درجن سے زائد مسلح ڈاکوؤں کا گروہ آ گھسا۔ اور دیہاتیوں کو خوفزدہ کرنے کے لئے ڈاکوؤں نے گاؤں میں گھستے ہی ہوائی فائر کرنے شروع کر دیئے۔ چونکہ اس دیہات سے کئی کنواری لڑکیاں ڈاکو اٹھا لے گئے تھے۔ برتین وجہ گاؤں والے اپنی عصمت لٹیروں سے بچانے کے لئے کمر بستہ ہو گئے۔ اور انہوں نے بھی جواب میں گولی چلا کر ڈاکوؤں کے گروہ کو مقابلہ کے لئے للکارا۔ مسلح ڈاکوؤں کے گروہ اور دیہاتیوں کے درمیان چار بجے شام سے رات کے دس بجے تک متواتر چھ گھنٹے زبردست مقابلہ ہوتا رہا۔ اور گولی چلتی رہی۔ آخر ڈاکو مقابلہ کی تاب نہ لا کر میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ اور اندھیرا ہونے کی وجہ سے نزدیکی جنگل میں چھپ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ مقابلہ میں ایک کسان ہلاک ہو گیا۔ ڈاکو اس کسان کی لاش کو جاتے ہوئے ساتھ لے گئے۔ دیہاتیوں کو بعد تلاش کسان کی لاش بنجر سے ملی ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ اس گروہ میں پٹیالہ اور بھٹنڈہ کے اضلاع کے کئی مفرور بھی شامل ہیں۔ اس گروہ نے علاقہ میں دہشت پھیلا رکھی ہے اور کسانوں نے کھیتوں میں جانا بھی چھوڑ دیا ہے۔ (س۔ ا۔ س)

بھیڑ بکریوں کو گھروں پر ذبح کرنے پر پابندی لگادی گئی

جنوبی افریقہ میں مذہبی حقوق میں دست اندازی

ڈربن ۲۳ ستمبر۔ نیٹال انڈین کانگریس کی طرف سے ایک مکتوب میں بتایا گیا ہے کہ ڈربن کی میونسپلٹی نے حکم جاری کیا ہے کہ پرائیویٹ گھروں میں بھیڑوں اور بکریوں کو ذبح کرنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ [illegible] دست اندازی ہے۔

[illegible] مسلمانوں کو مذہبی حقوق حاصل ہیں [illegible] کیا جائے۔

[illegible] پابندی سے [illegible] (پ ٹ ا)

سیمنٹ بنانے کے پتھر کا انکشاف

نئی دہلی ۲۳ ستمبر۔ ضلع کرنول (مدراس) میں چونے کے پتھر کے زبردست ذخائر ملے ہیں جو سیمنٹ بنانے کے کام میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ ذخائر کرنول شہر سے قریب ہی ہیں اور کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ پتھر مستقبل میں استعمال ہو سکتا ہے۔ [illegible]

ایشیا میں جپسم کی سب سے بڑی کان

[illegible] ۲۳ ستمبر۔ [illegible] جیولوجیکل سروے آف انڈیا کی ایک پارٹی نے [illegible] ایشیا میں جپسم کی سب سے بڑی کان [illegible] (پ ٹ ا)

ہندوستان سے پٹ سن کی برآمد پر پابندی عائد کردی گئی

پاکستانی پٹ سن کی قیمتیں گر گئیں کوئی خریدار نہیں مل رہا

دہلی ۲۳ ستمبر۔ وزارت تجارت اور کامرس نے اعلان کیا ہے کہ ہندوستان سے پٹ سن کی برآمد پر پابندی عائد کر دی ہے سوائے اس کے کہ کسی ملک کو بغیر لائسنس حاصل کئے برآمد نہیں کیا جا سکتا۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ سخت کرنسی کے علاقوں کو پٹ سن کی برآمد کی بہت حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ پٹ سن کے تاجروں کے ایک وفد نے وزارت تجارت سے ملاقات کی اور مسائل پر بات چیت کی۔ [illegible]

ڈھاکہ اور چٹاگانگ سے تجارتی حلقوں کے متعلق جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں پٹ سن کے متعلق سخت تشویش پیدا ہو گئی ہے تمام پٹ سن کی قیمت گر گئی ہے اور کوئی خریدار نہیں مل رہا۔

ہندوستانی اس وقت تک پاکستانی پٹ سن نہیں خریدیں گے جب تک اس کی قیمتیں ہندوستانی پٹ سن کے برابر نہ آ جائیں۔

انتخابات کو کالعدم قرار دینے کا اختیار

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۴۲ — قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841 — تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر مورخہ ۲ ذی الحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۶ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پنڈت نہرو سرینگر پہنچ گئے

نئی دہلی ۲۴ ستمبر (یو پی آئی) پنڈت جواہر لال نہرو آج ہوائی جہاز سے سرینگر پہنچ گئے ہیں۔ ان کے ہمراہ …

آل انڈیا ریڈیو کے مذہبی پروگرام بند

نئی دہلی ۲۱ ستمبر — معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ آئندہ سال سے آل انڈیا ریڈیو اپنے گیتا، رامائن، اور قرآن کے پروگراموں کا سلسلہ بند کردیگا اس لئے کہ وہ غیر مذہبی حکومت کی اسپرٹ کے منافی ہیں (پ ٹ)

روس میں ایٹم بم کی تیاری سے ساری دنیا میں ہلچل

امریکہ کی طرف سے اب بین الاقوامی کنٹرول کی اہمیت ظاہر کیجانے لگی

نئی پیدا شدہ صورت حال پر دنیا کے مختلف لیڈروں کے تبصرے

روس نے ابھی تک ایٹم بم کی خبر کی تصدیق نہیں کی

لندن ۲۴ ستمبر۔ آج ساری دنیا اس بات کا انتظار کر رہی ہے کہ روس مغرب کے اس انکشاف کا کیا جواب دیتا ہے کہ اس نے ایٹم بم تیار کرلیا ہے … چند گھنٹے بعد اقوام متحدہ میں ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی … انہوں نے کسی قسم کے تعجب کا اظہار کیا۔

اٹلانٹک کا دفاع

نیویارک کے اخبار

وزیر خارجہ امریکہ کا بیان

ایمائے کے شمال مغرب میں کمیونسٹوں اور سرکاری فوجوں میں سخت جنگ

کینٹن کو اب نیا خطرہ لاحق ہوگیا۔ ایک نیشنلسٹ نمائندہ کا بیان

پنڈت نہرو کی دوستانہ تحریک کا دوستانہ اسپرٹ سے ہی جواب دیا جائے

گورنر جنرل اور وزیر اعظم پاکستان سے ہندوستان کے چار ممتاز مسلمانوں کی اپیل

ثالث کی تجویز اپنے اندر تصادم کے بدترین جراثیم رکھتی ہے

ہم اپنے حق خود اختیاری سے ہرگز دستبردار نہیں ہوسکتے

ہندوستان میں شمولیت کے باوجود ہم اپنے معاملات میں آزاد ہیں

آل جموں کشمیر نیشنل کانفرنس میں شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر کا خطبۂ صدارت

امن عالم کے استحکام کیلئے روسی وزیر خارجہ کی تین نکاتی تجویز

ایٹم بم پر پابندی لگانے اور امن کا معاہدہ کرنے کی دعوت

مزدوروں میں تخفیف کی مخالفت

تین مزدور لیڈروں کا بیان

صدر کشمیر کانفرنس کے نام مولانا حفظ الرحمن صاحب کا پیغام

مساوات

صحت دولت ہے

اسے بازاری ناقص گھی کے استعمال سے خراب نہ کیجئے

ہمارے ہاں سے دیہات کا خالص دیسی گھی استعمال کیجئے

زمیندار گھی اسٹور — پروپرائٹر۔ ظفر احمد حافظ محمد یاسین

بازار بلیماران دہلی

Daily Aljamiat — Delhi 25-9-49 — Estd. 1925

امریکن سینٹ نے ایک ارب اکتیس کروڑ ڈالر کے فوجی امدادی پروگرام کی تجویز منظور کرلی

یورپ کی ایک ارب ڈالر کی امداد کے بل پر پھر منظوری لی جائیگی

ترکی ایران کوریا وغیرہ کو ۲۱ کروڑ ڈالر کی امداد دی جائیگی

واشنگٹن ۲۴ ستمبر۔ امریکہ کی سینٹ نے صدر ٹرومین کا ایک ارب اکتیس کروڑ چالیس لاکھ ڈالر کے اسلحہ کے پروگرام کی تجویز منظور کرلی …

ایشیا میں کمیونزم کو کس طرح روکا جاسکتا ہے

امریکہ نے اسکیم تیار کرلی

آج کشمیر کمیشن مراسلت شائع کردے گا

سرینگر ۲۴ ستمبر۔ آج کشمیر کمیشن اس مراسلت کو شائع کردے گا جو اس کے اور ہندوستان و پاکستان کی حکومتوں کے درمیان ثالث مقرر کرنے کی تجویز پر ہوئی تھی …

اشیاء کی گرانی کے سلسلہ میں حکومت حیدرآباد کا اقدام

راجہ جی کو اعزازی ڈگری ملیگی

پاکستان میں غیرملکیوں کے اخبارات

پناہ گزینوں کو نصیحت

مسٹر موہن لعل سکسینہ کا بیان

دسہرہ پر گورنر جنرل کا پیغام

پیغام کے بجائے صرف ایک خط

لکاسی جائدادوں کا پتہ چلانے کیلئے لیڈی انسپکٹروں کا تقرر

ہندوستان اور فلپائن میں ہوائی معاہدہ

تمام چرچوں پر کنٹرول کا بل

مدراس میں گاڑیوں کی آمدورفت

بارش کے باعث غیر معمولی تاخیر

ضلع کانگریس کمیٹی نمبر ۲ کی گاندھی جینتی کا پروگرام

خط وکتابت

بقیہ صفحہ اول

برطانیہ اور کناڈا کی تجارت میں اضافہ

کناڈا کے وزیر تجارت کا بیان

پروگرام

خط وکتابت

پاکستان کے محکمہ خارجہ کا جائنٹ سکریٹری ایک یہودی ہے

حکومت پاکستان کی یہودنوازی

سورت میں سخت بارش

کسان بغیر معاوضہ کے زمین خیرات کے طور پر نہیں لینا چاہتے

تنسیخ زمینداری فنڈ کے سلسلہ میں پنڈت پنت کی تقریر

چین کی صنعتی ترقیاتی اسکیمیں

میڈیم سن یات سن کا بیان!

فرانسیسی جہاز کو ہانگ کانگ جانیکا حکم

اقوام متحدہ کی بڑی بڑی کمیٹیوں کیلئے ہندی اراکین کا تقرر

فلشنگ میڈوز میں ہندوستانی وفد کا خصوصی اجلاس

بغیر مشورہ اپنے روپیہ کی قیمت کم کیوں کی؟

حکومت پاکستان کا حکومت ہند کو احتجاجی نوٹ

بمبئی کا موسم

بقیہ صفحہ اول

فصلوں کو نقصان

مہاراشٹر کو صوبہ بنانے کا مطالبہ

صوبائی کانگریس کے اجلاس میں ایک تجویز

اردو درخواستیں لینے سے انکار

عرائض نویسوں کی طرف سے ہڑتال کی دھمکی

روپیہ کی نئی شرح تبادلہ پر ہندوستان اور پاکستان میں کانفرنس

موجودہ صورت حالات کے پیش نظر کانفرنس کا انعقاد ناگزیر ہے

ہندوستان کا حکومت پاکستان سے احتجاج، پاکستان نے احتجاج نہیں کیا

پاکستان برما سیلون سے ہوائی تار کی سروس بند

ڈالری علاقوں میں ہندوستان کی برآمد میں اضافہ ہونا مشتبہ ہے

انڈین چیمبر آف کامرس کے صدر مسٹر نانک کا بیان!

کلکتہ ۲۴ ستمبر۔ انڈین چیمبر آف کامرس کے صدر مسٹر نانک نے کہا پاکستانی روپیہ کے مقابلہ میں روپیہ کی قیمت کم ہوجانے سے ڈالر کے علاقہ میں ہندوستان کے پٹ سن کے سامان کی برآمد پر بہت اثر پڑے گا۔

ہے ہندوستان جتنا غیر ملکی زر تبادلہ حاصل کرتا ہے اس کا ۶۲ فیصدی پٹ سن کی تجارت سے حاصل ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ جب پٹ سن کی قیمت کم تھی تو لاگت کا ۷ فیصدی پٹ سن خریدنے میں صرف ہوتا تھا پٹ سن کی قیمت میں اضافہ سے لاگت اور بڑھ جائے گی۔ انہوں نے اس بارے میں شبہ

مسٹر اونگ سان ہندوستان کو

رنگون ۲۴ ستمبر۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ عورتوں اور بچوں کے اصلاحی بورڈ کے ڈائرکٹر مسٹر اونگ سان عالمی صحت کانفرنس میں شرکت کے لئے ہفتہ کے دن ہندوستان آرہے ہیں۔ ان کے ہمراہ صحت عامہ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر [illegible] بھی آرہے ہیں۔

استصواب میں ہمیں اکثریت حاصل ہوگی

پریس کانفرنس میں وزیر اعظم کشمیر شیخ عبداللہ کا بیان

سری نگر ۲۴ ستمبر۔ کشمیر کے وزیر اعظم شیخ عبداللہ نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ اگر رائے شماری کے لئے مناسب حالات پیدا کردیے جائیں تو ہمیں کافی اکثریت حاصل ہوگی

کشمیر کے سلسلہ میں نئی صورت حال پیدا ہوگئی

سری نگر کے سیاسی حلقوں کا ردعمل

سری نگر ۲۴ ستمبر۔ یہاں ذمہ دار حلقوں کے خیال کے مطابق اب کشمیر پر ہندوستان اور پاکستان کا تنازعہ ایک نئے مرحلہ میں داخل ہوچکا ہے۔ اقوام متحدہ کے کمیشن نے ہندوستان اور پاکستان کی حکومتوں کو مطلع کردیا ہے کہ وہ آئندہ ہفتہ [illegible] پیش کرنے کے لئے ہندوستان روانہ ہورہا ہے۔

اس کے معنی یہ ہیں کہ پاکستان کی حیثیت ایک حملہ آور کی تسلیم کرلی گئی اور جب استصواب سے قبل آزاد فوجوں کو توڑنا ضروری تھا تو کمیشن نے گفت وشنید میں اس نقطہ کو اپنے پیش نظر کیوں نہیں رکھا۔

کشمیر کمیشن کی روانگی!

فیروز پور کے حلقہ میں ضمنی انتخاب

حیدرآباد کے نئے سال کے بجٹ میں خسارہ ہوگا

بمبئی کے تاجروں نے پاکستانی کپاس کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا

کام چلانے کیلئے مصر اور مشرقی افریقہ کی روئی منگائی جائے گی

بمبئی ۲۴ ستمبر۔ بمبئی کے کپاس کے تاجروں نے فیصلہ کیا ہے کہ موجودہ فصل میں پاکستان سے کپاس نہ خریدیں گے۔ یہ فیصلہ شہر کے روئی کے تاجروں میں طویل گفت وشنید کے بعد کیا گیا ہے۔

[illegible] تنخواہ کے لئے مظاہرہ

اندرا ٹوکیو میں

ٹوکیو ۲۴ ستمبر (پی ٹی آئی) پنڈت نہرو کا بھیجا ہوا تحفہ ۵ سالہ ہتھنی "اندرا" ٹوکیو کے بندرگاہ میں ۶۹۰۰ ٹن کے جاپانی جہاز سے اترتے ہوئے معمولی طور پر زخمی ہوگئی۔

"حکم مقرر کرنے کا مقصد کشمیریوں کو انصاف سے محروم کرنا ہے"

نیشنل کانفرنس کے اجلاس کے لئے اہم قرار دادیں

دنیا بھر کے آزادی پسندوں سے امداد کی اپیل، پاکستانی آزادی پسندوں کو مبارکباد

سری نگر ۲۴ ستمبر۔ جموں کشمیر نیشنل کانفرنس کی ایک قرارداد جو آج اخبارات کو دی گئی اس میں کہا گیا ہے کہ اس میں اقوام متحدہ کمیشن کی مسئلہ کشمیر کے حل کرنے کے لئے حکم کی تجویز پر سخت خطرہ کا اظہار کیا جارہا ہے۔ جس کا مقصد کشمیری عوام کو انصاف سے محروم کرنا اور حملہ آور کو خوش کرنا ہے۔ نیشنل کانفرنس کے آئندہ اجلاس میں اس قرارداد پر غور کیا جائے گا۔

حکم مقرر کرنے کی تجویز

اس لئے جموں کشمیر کی حکومت حکم مقرر کرنے کی تجویز کو بڑے خطرے کے ساتھ دیکھتی ہے اور اس کو حملہ آور کو خوش کرنے کی ایک ترکیب سمجھتی ہے۔

کلکتہ کے بنکوں پر بھیڑ

پاکستانی نوٹوں کے تبادلہ کے لئے ہجوم!

پریسیڈنسی جیل کی بھوک ہڑتال ختم

آگرہ میونسپلٹی کا حکم

انڈونیشیا اور ہالینڈ کی نئی یونین کے متعلق سمجھوتہ ہوگیا

ہیگ کی گول میز کانفرنس کی رفتار میں اب تیزی پیدا ہوجائے گی

1۔ یونین کے صدر کی پوزیشن اور فرائض۔

2۔ وزرا کی کانفرنس کی تشکیل اور ان کے فرائض جو باقاعدہ منعقد ہوتی رہیں گی۔

3۔ یونین کے لئے ایک ثالثی عدالت کا تقرر۔

4۔ یونین کے ممالک کی پارلیمنٹوں کے درمیان باقاعدہ اشتراک۔

یو پی ٹیکسٹائل کمیٹی کا اجلاس ملتوی

الہ آباد ۲۳ ستمبر (پی ٹی آئی) یو پی گورنمنٹ نے

ہندی زبان مسلمان ہورہی ہے

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جزو یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی کا رسم الخط سیکھیں اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل کتابیں مفید ہیں۔ ان کتابوں کے مصنف مولانا ابو محمد امام الدین صاحب مستحق صد شکریہ ہیں کہ انہوں نے ہندی سیکھنے والوں کے لئے بہت زیادہ سہولت پیدا کردی ہے اور اسلامی لٹریچر کو ہندی میں منتقل کرنے کے اہم کام کی بنیاد ڈالدی ہے۔

ہندی ماسٹر	حصہ اول	قیمت ۷؍
ہندی ماسٹر	حصہ دوم	۸؍
ہندی ماسٹر	حصہ سوم	۱۲؍

ہندی اردو لغت — یعنی ہندی الفاظ کا ترجمہ اردو میں قیمت ۱؍

اردو ہندی لغت — یعنی اردو الفاظ کا ترجمہ ہندی میں۔ ۱؍

ہر قسم کی علمی، سیاسی، تاریخی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ:

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

تحریک اسلامستان

چودھری خلیق الزماں صدر کل پاکستان مسلم لیگ مشرق وسطیٰ اور دیگر ممالک اسلامیہ کا دورہ فرمارہے ہیں۔ آپ کراچی سے اتوار کے روز بذریعہ طیارہ روانہ ہوئے۔ اور بصرہ پہنچ گئے ہیں۔ آج کی اطلاع ہے کہ گورنر بصرہ کے ساتھ آپ نے اسلامستان کے مسئلہ پر طویل گفتگو کی۔ مسلمانوں کے درمیان عالمگیر اتحاد کے لئے تمام دنیا کے اسلام کی ایک مشترکہ عوامی انجمن کی ضرورت ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ مگر مشکلات و دشواریاں بڑی سخت ہیں بالخصوص عرب ممالک میں یہاں کشتیاں عربی ہیں۔ اور طلاح غیر عرب ان میں اکثر کا رخ مغرب کی طرف اور اسلامی مطمح نظر کے خلاف اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ چودھری صاحب کی تحریک مسلم ممالک کے عوام میں ضرور مقبول ہوگی۔ اور با اختیار طبقہ بھی اس کی افادیت سے انکار نہیں کرسکے گا۔ لیکن وہ جو لندن اور واشنگٹن میں بیٹھ کر مشرق وسطیٰ کے مسائل طے کررہے ہیں۔ اس تحریک کو آگے بڑھنے دیں گے۔ اور صاحب اختیار عرب ان کی مخالفت کے باوجود تائید کرنے کی ہمت کریں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ چودھری خلیق صاحب کا کام جتنا مفید ہے اتنا ہی دشوار بھی ہے۔ خدا کرے سازگار حالات پیدا ہوجائیں۔ اور عرب ممالک کے عوام تک مسلم لیگ کا پیغام پہنچ سکے۔ اور ہنفسداں کے دل نشین ہوجائے۔ ہزار بار ناکام ہونے کے بعد بھی یہ کام ایسا ہے کہ جاری رہنا چاہیئے۔

بہرحال چودھری صاحب جمہوریہ پاکستان کی موت اور خیرسگالی کے پیامبر کی حیثیت سے جہاں بھی جائیں گے۔ پاکستان کو زیادہ سے زیادہ متعارف ضرور کرائیں گے اور اس پہلی کوشش کا نتیجہ بھی بہت شاندار رہے گا

(ڈان کراچی۔ ۱۹ ستمبر ۴۹ء)

اقتدار کی جنگ

کچھ فضاؤں میں لٹ گیا موسم

اخبارات میں آج کل پاک پنجاب کو کون بچا سکتا ہے کے زیر عنوان مضامین شائع ہورہے ہیں۔ مختلف حضرات اپنی تجاویز اور خیالات کا اظہار کررہے ہیں کہ پاک پنجاب اس طرح اور اس طرح بچ سکتا ہے۔

پاک پنجاب کے سیاست دانوں میں اقتدار کی جو جنگ جاری ہے۔ اس سے قومی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ پاک پنجاب کے حالات ہر قابو پانا سر دست ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ کیونکہ جنہوں نے پاک پنجاب کو بچانا ہے وہ خود اقتدار کی جنگ میں اور مصروف ہیں۔ [illegible] نے صحیح طور پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب سے مرکزی حکومت نے پنجاب کے انتخابات کا اعلان کیا ہے پنجاب کی کہنہ اور فرسودہ قیادت میں زندگی اور حرکت کے آثار رونما ہونے لگے ہیں۔ لیکن یہ حرکت و زندگی قوم و ملت کی بہتری کی خاطر نہیں بلکہ حصول اقتدار کی باہم آویزش پر مبنی ہے۔

جس وقت وزارت ممدوٹ پر زوال آیا تھا تو میاں ممتاز دولتانہ صوبہ مسلم لیگ کے صدر تھے۔ اور ان کا خیال تھا کہ وہ ممدوٹ کو تخت اقتدار سے ہٹا کر خود اس پر قابض ہوجائیں گے۔ لیکن جب اسمبلی ہی برخاست ہوگئی تو لیگ کی صدارت کی تمام لذتیں بھی ختم ہوگئیں۔ اور ممدوٹ، دولتانہ اور شوکت نے میاں عبدالباری کو اس غرض سے صدر لیگ بنادیا کہ کسی خاص گروہ کی پاسداری اور حمایت نہیں کریں گے۔ اور لیگ کو اس وقت تک غیر جانبدار رکھیں گے۔ جب تک کہ انتخابات کی مہم کا خلفشار ختم نہیں ہوتا۔ اور قیادت کے قدیم اجارہ داروں کو دوبارہ میدان وزارت میں داد شجاعت دینے کا موقع نہیں مل جاتا۔

(سعادت لائل پور ۱۹ ستمبر)

اسلامی مساوات

پاکستان کا حکمراں طبقہ جو اسلامی مساوات اور اسلامی سوشلزم کا دعویدار ہے۔ اس کی ایک جھلک آپ کو ان کی تنخواہوں میں نظر آئے گی۔ پاکستان کے ایک عام شہری کی زیادہ سے زیادہ آمدنی پچاس روپے ماہوار ہے۔ لیکن ہمارے ارباب اقتدار اس غریب ملک سے جو ملکی خدمت وصول کرتے ہیں اس کی تفصیل معاصر "سائنز" نے شائع کی ہے۔ ہم اس کو شکریہ کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔

عہدہ	سالانہ تنخواہ	ایک عام آدمی جتنے عرصے میں کمائے گا
گورنر جنرل بہادر	تین لاکھ چھتیس ہزار	۵۶۰ سال
مرکزی وزراء	۶۰ ہزار روپے	۱۰۰
صوبائی گورنر	۴۸ ہزار علاوہ الاؤنس	۸۰
جنرل منیجر ریلوے	۴۲ ہزار ( )	۷۰
صدر دستور ساز اسمبلی	۳۶ ہزار ( )	۶۰
[illegible]	۲۴ ہزار [illegible]	۴۰

عوام اور حکمرانوں کی آمدنیوں کا یہ تناسب اس ملک میں ہے جس کو اسلامی سیاست ہونے کا دعویٰ ہے۔

اچھی باتیں

والذین امنوا۔ تا۔ الجحیم (پ ۲۷ ع ۱۸)

جو لوگ خدا پر اور اس کے بھیجے ہوئے رسول پر ایمان لائے وہی سچے لوگ ہیں اور یہی لوگ اپنے رب کی بارگاہ میں گواہ بنیں گے، ان کے لئے بڑا اجر مقرر ہے اور ان کے لئے نور اور روشنی ہے اور جن لوگوں نے انکار و تکذیب کی راہ اختیار کی اور ہماری آیات کو جھٹلایا وہ اپنے کئے کی سزا پائیں گے۔

ایمان باللہ اور اطاعت رسول کی طاقت انسان کو سب سے تامر راستباز اور صداقت شعار بنا دیتی ہے اور مومن کا یہ امتیازی وصف ہو جاتا ہے کہ وہ ساری عمر سچ بولنے اور سچائی کو اپنی زندگی کا دستور العمل بنائے ایسے لوگ اگر سچائی کے معیار پر مضبوطی کے ساتھ قایم ہو جائیں تو [illegible] راہ ہے اور خدا کی نظر میں مکذب اور مصدق راستباز اور ریاکار برابر نہیں ہو سکتے ہیں۔

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۲۶ ستمبر ۴۹ء

پونڈ اور ڈالر کا شوشہ

دنیا میں واقعی یہ بہت بڑا انقلاب ہے کہ ڈالر کے مقابلہ میں پونڈ کی قیمت گھٹا دی گئی اور ان دو کی کرنسی پر ناگوار اثر پڑا جن کا رشتہ پونڈ کے علاوہ سے بندھا ہوا تھا، اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہندوستان جو چیزیں اشیا ڈالر والے علاقوں سے منگائے گا تو اسے چالیس فیصدی کے قریب زیادہ روپیہ دینا

اپنی پوری قیمت ادا کرنے کے لئے تیار ہے۔ لیکن یہ تو ایک اصولی بحث ہے جسے ہر شخص کو سمجھنا چاہیئے، اس کا عملی پہلو یہ ہے کہ نوری اشیا کی قیمتیں بڑھنی شروع ہوگئی ہیں اور ہر طریقہ سے ہاتھ رنگنے کے لئے چاق وچوبند ہوگئے ہیں، ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے

کوئی سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہونگے ورنہ تو بھیڑ بڑھتی رہیں گی اور عوام کا یہ خیال صحیح نکلے گا کہ پونڈ اور ڈالر کی لڑائی میں ہندوستانی روپے کا کچومر نکل گیا ہے اور پونڈ کے ساتھ ساتھ اس کی قیمت بھی گھٹ گئی ہے۔

والے علاقوں میں نہیں گھٹی تو خود گھر کے اندر کس طرح گھٹ سکتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان کا روپیہ بیرونی شرح تبادلے سے بالکل بے نیاز [illegible] پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اور جب گھریلو روپے کی قیمت نہیں گھٹی تو روز مرہ کی ضروری چیزیں بھی مہنگی نہ ہوں گی، حتیٰ کہ وہ اشیا بھی مہنگی نہ ہونگی جو ڈالر والے علاقوں سے یہاں آچکی ہیں کیونکہ ان کی قیمت اس وقت ادا کی جاچکی ہے جب ڈالر کی قیمت میں اضافہ نہیں ہوا تھا، البتہ اب جو مال امریکہ سے منگایا جائے گا وہ مہنگا پڑے گا اور اسی حساب سے یہاں بھی مہنگا ہی فروخت ہوگا۔ آج عوام یہی مال بازاروں میں دوگنی اور تگنی قیمت پر فروخت ہورہا ہے وہ کھلی چور بازاری ہے، کیونکہ اس وقت جو مال مارکیٹ میں موجود ہے وہ پہلے کا آیا ہوا ہے، لہذا اس کی قیمت میں ایک پیسہ کا بھی اضافہ نہ ہونا چاہیئے۔

جہاں تک روپیہ کی قیمت کا تعلق ہے عوام کو صرف اتنی بات سمجھ لینی چاہیئے کہ ان کے پاس جو روپیہ پس انداز ہے وہ اپنے معیار پر قایم ہے اور اس کی قیمت کم نہیں ہوئی ہے، یہ جو اکثر شہروں اور قصبوں میں سو روپے کا نوٹ ستر روپے کو فروخت کردیا [illegible] کوئی قصور نہیں یہ قصور یا تو جہالت کا ہے کہ بے سوچے سمجھے نوٹوں کو نکالنا شروع کردیا، یا ان بدمعاشوں چور بازاروں اور نفع خوروں کا ہے جنہوں نے غلط افواہیں پھیلا کر ناواقفوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور حرام کمائی سے اپنی تجوریاں بھرلیں، ورنہ روپیہ اپنی جگہ قایم ہے اور ہر قیمت

آج جمعیۃ علماء کی پوری طاقت ہند کو سیکولر اسٹیٹ بنانے میں لگی ہوئی

جمعیۃ علماء سے سرد مہری اسلامی زندگی کیلئے تباہ کن ہوگا

(سید جلال الدین صدر جمعیۃ علماء مدراس کی تقریر):۔

مدراس (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء مدراس کی مجلس منتظمہ کے اجلاس میں جمعیت علماء مدراس کے صدر الحاج مولانا سید جلال الدین صاحب نے جو بصیرت افروز تقریر کی وہ درج ذیل ہے۔

علمائے کرام، ارکان محترم اور معزز حضرات!

سب سے پہلے میں آپ حضرات کی اس عزت افزائی کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اپنی موقر جماعت کی صدارت کا اعزاز بخشا۔ علماء کی جماعت کی صدارت کا اعزاز اور وہ بھی ایسی جماعت کا جس کے ساتھ قومی بیش قربانیوں اور شاندار جدوجہد کی ایک مسلسل تاریخ ہے معمولی اہمیت نہیں رکھتا، جب میں اس جماعت کی سربلندیوں کے ساتھ اپنی بے بضاعتی کو دیکھتا ہوں تو میرا سر انفعال وندامت کے بوجھ سے جھک جاتا ہے۔ مجھے بے عالم نہ ہونے کا احساس اور اعتراف ہے لیکن علم اور علماء کی خدمت میری زندگی کا فرض اولیں رہی ہے۔ اس تعلق کی وجہ سے آپ حضرات کی یہ قدر افزائی اور ذرہ نوازی میرے لئے موجب فخر اور باعث امتنان ہے اور آپ کی یہ عنایت میرے جذبہ عقیدت اور شوق خدمت کو تیز تر بنانے میں کلیدی کا کام دے گی۔

آزردہ ہیں نے خدا کی خوشنودی پر سب کی خوشنودی کو قربان کردیا ہو نہ سے کس طرح کا طبع اپنی طرف مائل کرسکتی ہو یہ کسی کا خیال!

انگریزی حکومت کے دور میں اس کی جس قدر ظلم و ستم اس ملک کو ملک کی اکثریت کو ملک کی حکومت کو کانگریس کو اس کے مسلمانوں کو بھی اسے زیادہ آزادی کے تحفظ و بقا کے لئے آزاد ہندوستان کو بیکس مسلمانوں کو ملک کی حکومت کو اور کانگریس کو آج ہے۔

حضرات! جمعیت علماء وہ جماعت ہے جس نے

بیں کہ خاندان کا بڑا آدمی تو ہندوستان رہ گیا اگر اس نے اپنے لڑکے کو پاکستان بھیج دیا تاکہ وہ وہاں کی کسی جن کو فائدہ اٹھائے۔ تشریح کا محتاج ہے اگر یہ ثابت ہوجائے کہ کسی شخص نے اپنے لڑکے کو اس غرض کے لئے پاکستان بھیجا ہے اور وہ اس طرح سے دونوں جگہ ہاتھ مارنا چاہتا ہے تو جمعیۃ علماء نے کبھی ایسے خود غرضوں کی وکالت نہیں کی لیکن اس طرز کی بعض ملی جلی صورتیں ایسی بھی ہیں۔ جو کسٹوڈین کو مغالطہ میں ڈال سکتی ہیں، مثلاً ایک شخص اپنی زمین داری سمجھانے بجھانے کے باوجود پاکستان چلا گیا تو اس کا باپ جو ہندوستان ہی میں موجود ہے اس جرم کی سزا کیوں بھگتے، اگر ایک بیٹی پاکستان بھاگ جائے اور اس کا کانگریسی لڑکا جس نے آزادی کی جدوجہد میں ہمیشہ کانگریس کا ساتھ دیا یہیں رہ جائے تو کیا حکومت کے لئے جائز ہوگا کہ وہ باپ کی جائداد ضبط کرکے کانگریسی لڑکے کو سزا دے اور اس سے یہ کہہ دے کہ چونکہ تمہارا باپ پاکستان چلا گیا ہے لہذا تمہیں اس جرم کی سزا بھگتنی چاہیئے اور اس کی ساری جائداد کسٹوڈین کے حوالہ کردینی چاہیئے، کہنے کا مطلب ہے کہ ایسی خامیوں اور غلطیوں کیلئے جمعیۃ علماء کو ذمہ دار قرار دینا اور اس کی مخالفت کو فیشن بنالینا جمہوریت اور سیکولرازم سے کبھی میل نہیں کھا سکتا،

یہ الزام کس پر

وہی ایک بات

معاصر "ہندوستان ٹائمز" کے نامہ نگار خصوصی نے جائدادوں کے سلسلہ میں پھر جمعیۃ علماء کے خلاف غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی ہے، ان پروپیگنڈہ کرنے والوں اور ان کے ہمخیال اخبارات نے جمعیۃ علماء کو یہ مشورہ کبھی نہیں دیا کہ وہ مسلمان نکاسیوں کی جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ کرائے اور ہم ان مسلمانوں کی جائداد کو خرد برد ہونے سے بچائیں گے، جو پاکستان نہیں گئے یا انہوں نے وہاں غیر مسلموں کی جائداد سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا، اگر جمعیۃ علماء یہ دونوں کام انجام دیتی ہے تو وہ ایک کا تو ذکر نہیں کرتے اور دوسرے کام کو بدنام کرنے کے لئے الزام لگاتے ہیں کہ وہ پاکستان جانے والے مسلمانوں کی جائدادوں کو بچا رہی ہے، حالانکہ ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی طرف سے بار بار کہا گیا۔ یہ الزام سراسر بے بنیاد ہے اور اسے بار بار اس لئے دہرایا جارہا ہے تاکہ ہندوستان کے شہری مسلمانوں کی جائدادیں بھی کسٹوڈین کی زد میں آجائیں!

تشریح طلب

اس سلسلہ میں ہندوستان ٹائمز کے نامہ نگار خصوصی کا یہ لکھنا کہ ایسے بہت سے کیس علم میں آئے

مہاتما گاندھی کے پیرکاروں نے اُن کے پیغام کو نظرانداز کر دیا ہے

اردو زبان کو نظرانداز کرنے پر احتجاج۔ مسٹر لاری کا تفصیلی بیان

الہ آباد (بذریعہ ڈاک) دستور ساز اسمبلی سے استعفیٰ دیتے ہوئے مسٹر لاری نے جو مفصل بیان دیا ہے ...

روہل کیس کی تفصیلات

ناگور (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد عاقل صاحب ...

امبوئے پر قبضہ کی تصدیق نہیں ہوئی

ہانگ کانگ ۲۴ ستمبر: یہاں اس اطلاع کی تصدیق نہیں ہو سکی ...

بیجاپور ضلع کی بس سروس بند

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

دہلی بیعت کے شہریوں کا نمائندہ جلسہ

متروکہ جائدادوں کے لئے ریلیف کمیٹی کا قیام

جمعیۃ العلماء کی پوری طاقت

(بقیہ صفحہ ...)

خیالاتِ ناظرین

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

متروکہ جائدادیں اور کسٹوڈین

ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

ہندوستان اور مشرقی افریقہ میں قریبی تعلقات

مشرقی افریقہ کے ماہر تعلیم مسٹر کونسل نگے کی تقریر

ترکی اور برطانیہ کی تجارت بند ہوجانیکا خطرہ

ترکی سکہ کی قیمت کم نہ ہونے پر مالی ماہرین کے تاثرات

لندن ۲۳ ستمبر۔ ترکی حکومت کا اپنے پونڈ کی قیمت ...

سہارنپور کے حالات پر غور کرنیکے لئے سرکردہ لیڈروں کا اجتماع

بہٹ میں جمعیۃ کانفرنس کا انعقاد

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) مولوی محمد ایوب صاحب انصاری صدر جمعیۃ علماء ضلع سہارنپور نے حسب ذیل بیان جاری کیا ہے۔

دہرے کتابی عید کارڈ

عید کیلئے

ضرورت

ہزار روپیہ انعام

طاقت مفت

ثالث کی تجویز کو حکومت ہند نے کیوں مسترد کر دیا

کشمیر کمیشن کے ساتھ ہونے والی خط وکتابت کی تفصیل

نئی دہلی ۲۴ ستمبر۔ اگرچہ ہندوستان اصولاً ثالثی تجویز کو تسلیم کرتا ہے ...

بازاروں کے بھاؤ

۲۴ ستمبر ۱۹۴۹ء

غلہ مارکیٹ

دہلی کریانہ مارکیٹ

سائیکل مارکیٹ

شیئر مارکیٹ

ہاپوڑ مارکیٹ

دار السلطنت

چینی کی بلیک مارکیٹ راشننگ ہی کے ذریعہ ختم ہو سکتی ہے

موجودہ انتظام سے بلیک مارکیٹ میں اضافہ ہو گیا ہے

(نامہ نگار الجمعیۃ)

چینی کے عام کوٹے میں سے جو چینی بازار میں آئی تھی وہ کل ختم ہو گئی ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ اب اگلے ہفتہ ملے گی۔

اجلاس مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع

جمعیۃ علماء ضلع ... کی مجلس منتظمہ کا ایک جلسہ دفتر ضلع میں منعقد ہوگا۔

(۱) اخبار الجمعیۃ کی فروخت اور سابقہ پروگرام کی رپورٹ۔ آئندہ کا پروگرام

(۲) بدعنوانیوں کا انسداد اور علاقہ میں اصلاحی پروگرام

(۳) ضلع میں ابتدائی مکاتب کا قیام۔

(۴) ممبر سازی کی تحقیقاتی سب کمیٹی کی رپورٹ۔

(۵) دیگر امور باجازت صدر۔

چینی عوامی جمہوریہ کا قیام روسی انقلاب کے بعد سب سے اہم واقعہ ہے

چین میں کمیونسٹ حکومت بننے پر برطانوی اخباروں کے تاثرات

اس وقت ملک کو کشمیر، کمیونزم اور خوراک کے اہم مسائل کا سامنا ہے

گاندھی جینتی پر صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی کا بیان

دہلی کے تیل کے ذخیروں میں خوفناک آتشزدگی

۲۰ ہزار گیلن تیل کا نقصان۔ کمپنی کے جنرل منیجر کا بیان

آگ کے شعلے میلوں دور سے دکھائی دے رہے تھے

۱۳ فائرمین زخمی

امید ہے کہ انڈونیشیا کا مسئلہ حل ہو جائے گا

ہالینڈ کے وزیر خارجہ کا اقوام متحدہ میں بیان

پنڈت نہرو سے گول والکر کی ملاقات

کرانہ میں مذبح خانہ بند

مجلس وعظ

اردو مجلس کا اعلان!

میجر جنرل آتما سنگھ کی آخری رسوم

ارتھی جلوس میں وزیر اعظم اور وزیر دفاع شریک تھے

حادثہ کی تفصیل

امبوئے کے نزدیک کئی شہروں پر قبضہ

شنگھائی جانے کی کوشش کرنا خطرہ سے خالی نہیں

ممالک غیر سے منی آرڈر بند

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

لاہور (روزانہ)

راولپنڈی

پشاور

(ہر سوم ... ویراد سنیچر)

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۲۲

تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ /۔ | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ مورخہ ۴ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۲۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان کے درمیان

گپتا برادرس ایجنٹس

برنارڈ

آئیل انجن

نہایت پائدار اور سستے

ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے

سول ایجنٹ

کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی

۲۲ سکول لین۔ نئی دہلی

فون نمبر ۔ ۶۱۳۸

کشمیر کا مسئلہ پر امن طریقہ سے حل ہو کر رہے گا!

کمیشن نے واپس جاتے وقت اپنا بیان شائع کردیا

بعض غلط فہمیوں کو دور کرنے کی کوشش

کمیشن جنیوا میں مجلس تحفظ کو پیش کرنے کے لئے رپورٹ تیار کریگا

نئی دہلی (۲۶ ستمبر) کشمیر کمیشن نے ہندوستان سے یورپ کو روانگی کے وقت اتوار کے دن ایک بیان شائع کیا ہے جس میں اس یقین کا اعادہ کیا گیا ہے کہ کشمیر کے موجودہ جھگڑے کا پر امن سمجھوتہ ہو جائے گا۔

کمیشن نے اپنے بیان میں موجودہ حالات کا ایک واضح خاکہ پیش کیا ہے اور بتایا ہے کہ اس مسئلہ میں کون کون سے خاص خاص اقدام کے لئے کمیشن نے کہا ہے کہ اس کے بیان سے وہ بہت سی غلط فہمیاں جو اس سلسلہ میں اور کمیشن کی تجویز کے متعلق پیدا ہوگئی ہیں۔ دور ہو جائیں گی۔ [illegible]

سنتھالوں پر فائرنگ

امریکہ کی فوجی قوت کو آج بھی روس پر فوقیت حاصل ہے

جنگ کی صورت میں روس ساحل یورپ پر قبضہ کی کوشش کریگا

[illegible]

ایٹمی دھماکہ کے اعلان پر برطانوی کابینہ میں بحث کا امکان

لندن ۲۶ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پیر کے دن برطانوی کابینہ میں ایٹمی دھماکہ کے اعلان پر بحث ہوگی لیکن باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ حکومت [illegible] پارلیمنٹ میں بحث کرنا پسند نہیں کرے گی۔ (رپٹ روئٹر)

مصری وزیر کا قاتل گرفتار

دمشق ۲۶ ستمبر۔ حسین توفیق جس کی مصری پولیس کو سابق وزیر خزانہ مصر کے قتل کے سلسلہ میں تلاش تھی۔ دمشق میں گرفتار کر لیا گیا۔ مصری حکومت نے اس کی گرفتاری کے لئے دس ہزار مصری پونڈ کے انعام کا اعلان کیا تھا۔

چینی حکومت کے ہوائی جہازوں کی شنگھائی پر زبردست بمباری

اب کینٹن پر حملہ میں تاخیر ہو جائے گی۔ مبصرین کا خیال

[illegible]

ایک وقت کھانا نہ کھانے کی تحریک

حیدرآباد ۲۶ ستمبر۔ ریاست حیدرآباد میں ہفتہ میں ایک وقت کھانا نہ کھانے کی تحریک مقبول ہوتی جارہی ہے۔ مسٹر جے پی چندرا نے جو اس تحریک کے آرگنائزر ہیں بتایا کہ لوگوں کو ہفتہ کو ایک وقت کھانا نہیں کھانا چاہیئے۔ مسٹر چندرا کے خیال میں اس تحریک میں کامیابی کے اچھے امکانات ہیں۔ [illegible]

روپیہ کی قیمت کم ہونے کے مسائل پر گفتگو کیلئے سردار پٹیل نے تاجروں کو طلب کر لیا

[illegible]

جھنگ والہ کے جاگیردار نے پھر بغاوت کردی

مسلح آدمیوں کو لیکر اپنی جاگیر پر چڑھ آیا

پولیس کا بروقت اقدام۔ جاگیردار کی پسپائی

[illegible]

جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کا سرحد کے غیور پٹھانوں کو خراج عقیدت

بادشاہ خان زندہ باد کے پرجوش نعروں کے درمیان قرار داد پاس ہوگئی

[illegible]

الہ آباد و کلکتہ کے درمیان نئی ٹیلی پرنٹر سروس کا افتتاح

[illegible]

سائنس دانوں نے اب جراثیمی جنگ کی باتیں شروع کر دیں

روس کے ایٹم بم سے سب کے ہوش اڑ رہے ہیں

تیسری جنگ دس سال تک جاری رہے گی سائنسدان ڈاکٹروں کے اندازے

[illegible]

اپنی پریشانیوں کے مداوہ کے لئے پاکستان کی طرف نظر نہ کرو

کلکتہ میں مولانا حفظ الرحمن اور مولانا نور الدین کی تقریریں

[illegible]

بھوک ہڑتالیوں کو زبردستی کھلایا جارہا ہے

[illegible]

ل بند ہونے کے خلاف ستیہ گرہ

[illegible]

Daily

Aljamiat

ESTD. 1925

Delhi. 26-9-49

کلکتہ کارپوریشن کے ملازم ہڑتال کریں گے

مختلف گروپوں نے ۵ اکتوبر اور ۲۲ اکتوبر سے ہڑتال کا نوٹس دیدیا

[illegible]

جائدادوں کے متعلق فوراً عذر داری داخل کرنیکا مشورہ

[illegible]

روس نے بھی ایٹم بم بنا لیا امریکہ کی اجارہ داری ختم ہو گئی

گذشتہ ہفتوں میں روس میں ایک زبردست ایٹمی دھماکہ ہوا تھا

صدر امریکہ کا ایک پریس کانفرنس میں اہم اعلان

[illegible]

یوپی جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

مولانا شاہد فاخری اور مولانا اعظمی سہارنپور روانہ ہوگئے

[illegible]

پاکستان میں سامان تعیش پر مزید ٹیکس لگائے جائیں گے

ٹیرف کی نئی پالیسی سے پاکستانی اقتصادیات زیادہ بہتر ہو جائینگی

[illegible]

انقلابی سوشلسٹ پارٹی مغربی بنگال کی ہر نشست پر مقابلہ کریگی

ہندوستان اسٹرلنگ علاقہ سے علیحدہ ہو جائے۔ سہ روزہ میٹنگ میں مطالبہ

[illegible]

آزادی کے بعد کشمیر نیشنل کانفرنس کا پہلا اجلاس شروع ہو گیا

کشمیر کے طول و عرض سے پانچسو نمائندوں کی شرکت

[illegible]

پنڈت نہرو کی دوستانہ تنبیہ

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

امن آزادی اور انصاف

[illegible]

شیخ عبداللہ کا خطبہ صدارت

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

حکومت پاکستان سے درخواست

[illegible]

دیش سیوک پارٹی کے کارکنوں کی رہائی

[illegible]

کرشنا اور گنڈولا دریاؤں میں زبردست سیلاب۔ دس ہزار اشخاص بے گھر

مویشی اور جھونپڑے بہہ گئے۔ فصلیں زیر آب ریل اور ٹریفک بند

[illegible]

بریلی میں جمعیۃ علماء کے وفد کی ڈپٹی کسٹوڈین سے ملاقات

[illegible]

ہڈلینڈ کی مشہور چائے کیلئے

[illegible]

ہڈلینڈ ٹی اینڈ ٹریڈ کمپنی

روس میں ایٹم بم کے تیار ہونے کی تصدیق ہوگئی

مگر روس کے ایٹم بم سے ڈرنے کی ضرورت نہیں

سوویٹ یونین کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کا اعلان

تمام ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی لگانے کی [illegible]

ماسکو ۲۶ ستمبر — (۲۶)

سوویٹ روس کی سرکاری ایجنسی "تاس" نے اس امر کی تصدیق کر دی ہے کہ روس کے پاس ایٹمی ہتھیار ہے اور یہ ہتھیار روس کے پاس ۱۹۴۷ء سے ہے لیکن کہا گیا ہے کہ اس سے کسی قسم کی تشویش پیدا ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ روس اب بھی اس بات کا حامی ہے کہ ایٹمی ہتھیار کے استعمال پر پابندی لگا دی جائے۔

تاس ایجنسی نے امریکہ، برطانیہ اور کناڈا کے اعلانات [illegible] سوویٹ یونین میں بڑے پیمانہ پر تعمیری کام [illegible] اور ہائیڈرو الیکٹرک اسٹیشن، نہریں، سڑکیں اور کانوں کی [illegible] عمل میں آ رہی ہیں [illegible]

لیکن جہاں تک ایٹمی طاقت کا سوال ہے اس سلسلہ میں تاس ایجنسی نے روس کے وزیر خارجہ مسٹر مولوٹوف کے اس بیان کا [illegible] جو انہوں نے ۱۹۴۷ء میں دیا تھا [illegible] اس بیان کا مطلب [illegible] ایٹمی ہتھیار استعمال کر سکتا ہے۔

امریکہ کے سائنٹفک حلقوں نے مولوٹوف کے اس بیان کو محض [illegible] سمجھا تھا اور ان کا خیال تھا کہ ۱۹۵۲ء سے قبل روس ایٹمی ہتھیار نہیں بنا سکتا۔ انہوں نے غلطی کی تھی [illegible]

ایٹمی طاقت پر کنٹرول کے متعلق تاس ایجنسی نے کہا کہ ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری پر پابندی لگانے کے لئے ایٹمی طاقت پر بین الاقوامی کنٹرول ضروری ہوگا۔ اس نے کہا کہ ایٹمی ہتھیار کے باوجود روس اب بھی یہ چاہتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کو قطعی طور پر ممنوع قرار دیا جائے۔

ایٹم بم کی تصدیق ہو جانے کے بعد [illegible] ایک سال قبل [illegible] سائنسدانوں کو [illegible] کا مطالعہ کر رہے تھے [illegible] کا استعمال [illegible]

ٹڈی کے انسداد کی علاقائی کانفرنس

پاکستان کا مشرق وسطی کے ممالک کو دعوت نامہ

کراچی ۲۷ ستمبر۔ حکومت پاکستان نے یہاں پاکستان سے مراکو تک پھیلے ہوئے وسیع علاقہ میں ٹڈی کی پیدائش وغیرہ کے بارے میں غور کرنے کے لئے یہاں ۱۲ اکتوبر کو ایک علاقائی کانفرنس طلب کی ہے یہ کانفرنس ایک ہفتہ تک جاری رہے گی۔ کانفرنس کے سلسلہ میں اب تک برطانیہ، فرانس، مصر، ایران، عراق اور دوسرے ممالک کو دعوت نامے بھیجے گئے ہیں۔ برطانیہ اور فرانس ان ملکوں میں سے ہیں جنہوں نے دعوت منظور کر لی ہے (رائٹر)

عراق کے لئے پٹ سن کا کوٹا!

نئی دہلی ۲۷ ستمبر۔ حکومت ہند نے عراق کو پٹ سن کے بنے ہوئے سامان کا ۳۰ ستمبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والی ششماہی کے لئے ۲۲۵۰ ٹن کا کوٹا دینا منظور کر لیا ہے یہ اطلاع وزارت تجارت کے ایک پریس نوٹ میں دی گئی ہے

محکمہ ٹیلیگراف کے افسروں کی ایسوسی ایشن

نئی دہلی ۲۷ ستمبر۔ کل یہاں محکمہ ٹیلیگراف کے ٹریفک افسروں کے جلسہ میں ٹیلیگراف کے افسروں کی ایسوسی ایشن بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔

مسٹر رائے صدر منتخب کئے گئے اور مسٹر کھنہ جنرل سکریٹری بنائے گئے۔ انجمن کے قیام کا ایک مقصد [illegible] کی بہتر ضمانت بھی قرار دیا گیا۔ اس قسم کی علاقائی ایسوسی ایشن بھی بنائی جائیں گی۔ (دیا۔ ٹے سا)

[illegible] کا استعمال

[illegible]

حاجیوں کیلئے شام کا مشن

دمشق ۲۶ ستمبر۔ حاجیوں کی صحت کی دیکھ بھال کرنے کے لئے شام کا ایک طبی مشن مکہ روانہ ہو رہا ہے۔ اس مشن میں ڈاکٹر اور نرسیں شامل ہیں۔ مشن کی قیادت ڈاکٹر شریف الرفاعی کریں گے حجاز میں مقیم شامی سفیر وہاں پر ایک خاص ہسپتال کا انتظام بھی کریں گے۔ یہ طبی مشن چند دنوں میں مکہ روانہ ہو جائے گا۔ (گلوب)

[illegible] قونصل [illegible]

[illegible]

تہذیب اور ثقافت پر عربوں کے عظیم احسانات

امریکن مجلہ "سیٹرن آرک" میں مشہور امریکی مصنف کا اعتراف

واشنگٹن [illegible] یہاں کے مشہور مبصر اور مصنف مسٹر [illegible] نے ایک مشہور مجلہ میں ایک مضمون لکھا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ امریکی تہذیب نے عربی تہذیب سے کس طرح فائدہ حاصل کیا۔

انہوں نے بتایا کہ امریکی لوگوں کی روزمرہ کی زندگی پر عربوں کے کافی اثرات ہیں [illegible]

[illegible] آج دنیا کی سب سے پرانی یونیورسٹی الازہر ہے جو قاہرہ میں واقع ہے۔ یہ مضمون امریکہ کے مشہور انگریزی اخبار "سیٹرن آرک" میں شائع ہوا تھا۔ (س م گ)

مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ سے اٹھا لیا جائے گا

کشمیر نیشنل کانفرنس میں پیش ہونے والی ایک قرارداد

سری نگر ۲۶ ستمبر۔ نیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی نے کشمیر کمیشن کی ناکامی کو پیش نظر رکھ کر مستقبل کے فیصلے کے متعلق جو قرارداد منظور کی ہے اس میں کشمیر نیشنل کانفرنس کی مجلس مضامین نے ایک ترمیم منظور کی ہے جس میں اقوام متحدہ سے کشمیر کے مسئلہ کو اٹھا لینے اور ان علاقوں کو خالی کرانے کا مطالبہ کیا ہے جن پر اس وقت دشمن کا قبضہ ہے۔ اس ترمیم پر آج کے کھلے اجلاس میں بحث ہوگی۔

مسئلہ کشمیر کو مجلس تحفظ اور کشمیر کمیشن سے حل کرنے کی کوشش [illegible] اس مجلس مضامین کے جلسہ میں اکثر ممبروں نے اپنی عدم اطمینانی کا اظہار کیا۔

کانفرنس کے کھلے اجلاس میں کل دو تعزیتی قراردادیں منظور کی گئیں ان میں سے ایک پاکستان کے ساتھ جنگ میں شہید ہونے والوں کے متعلق اور دوسری میجر جنرل [illegible] کے متعلق تھی۔

پہلی قرارداد پیش کرتے ہوئے شیخ عبداللہ نے ریاستی عوام سے اپیل کی کہ وہ حملہ کا مقابلہ کریں۔ انہوں نے کہا جب تک ایک کشمیری بھی زندہ ہے اس وقت تک ہم اپنی ایک انچ زمین بھی پاکستان کے [illegible] میں نہیں جانے دیں گے۔

شیخ عبداللہ نے کہا کہ کشمیریوں نے کبھی بھی مسٹر جناح کی دو قوموں کی تھیوری کو منظور نہیں کیا ریاست کے [illegible] لاکھ مسلمان قبل اس کے کہ پاکستان ریاست کے غیر مسلموں پر حملہ کرے اپنی جانیں نچھاور کر دیں گے۔ کشمیریوں کے لئے [illegible] ہندو، مسلمان سکھ سب شامل ہیں۔ ہم بھائی کی طرح رہیں گے اور دنیا کی کوئی طاقت ہمیں ایک دوسرے سے جدا نہیں کر سکتی۔

وزیر اعظم کشمیر نے کہا کہ ہم جانتے ہیں [illegible] اصولوں کے [illegible]

[illegible]

میر لائق علی کی کابینہ پر جلد مقدمہ چلایا جائے گا

میجر جنرل چودھری فوجی گورنر کا پریس کانفرنس میں اعلان

حیدرآباد ۲۶ ستمبر۔ میجر جنرل چودھری نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ حکومت حیدرآباد جلد ہی لائق علی کابینہ کے تمام ممبروں پر مقدمہ چلانے کے متعلق فیصلہ کرے گی انہوں نے بتایا کہ [illegible] رضاکاروں کے خلاف کوئی خاص بات نہیں پائی گئی ان کو رہا کر دیا گیا ہے۔ اس وقت ۷۵۰ پر مقدمہ چل رہا ہے گذشتہ سال [illegible] ہزار رضاکار گرفتار تھے۔

انہوں نے کہا کہ تمام مسلمان پناہ گزین انڈین یونین کو واپس چلے گئے ہیں۔ سوائے تین ہزار کے جو ذرائع معاش کی بنا پر یہاں ٹھہرے ہوئے ہیں، ان مسلمان پناہ گزینوں کی تعداد اس وقت جب کہ پولیس ایکشن کیا گیا، [illegible] لاکھ تھی۔ اسی طرح وہ تمام ہندو جو انڈین یونین کو فرار ہو گئے تھے واپس آ گئے ہیں۔ حکومت نے [illegible] پر ایک کروڑ روپیہ صرف کیا ہے کیمپوں پر ریاست میں [illegible]

[illegible] میجر جنرل چودھری نے بتایا کہ ریاست میں [illegible] کی حالت اچھی ہے [illegible]

امرتسر میں ایک صراف ہلاک

ڈاکو سولہ ہزار کے زیورات لے گئے

امرتسر ۲۶ ستمبر۔ پرسوں تین سکھ ڈاکوؤں نے چوک [illegible] وسط شہر میں دو صرافوں کو پکڑ لیا اور ان سے ۱۶ ہزار روپے کے زیورات کا ایک بکس چھین لیا اور ایک صراف کو ہلاک کر دیا معلوم ہوا ہے کہ مقتول صراف جودھ سنگھ اور اس کا کارندہ [illegible] زیورات کا بکس لے کر اپنی دوکان سے لوٹ رہے تھے کہ ان کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ اور جودھ سنگھ کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس نے جائے واردات پر پہنچ کر تحقیقات شروع کر دی۔ چند ماہ قبل امرتسر کے ایک محلہ میں ایک صراف کو اسی طرح ہلاک کر دیا گیا تھا۔ (پ۔ ٹ)

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا
کراچی
لاہور
راولپنڈی — براستہ لاہور
پشاور — براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی ——— (ہر منگل کو)
روانگی دہلی ——— ۵ — 14
آمد کراچی ——— ۱۵ — 18

دہلی لاہور ——— (روزانہ)
روانگی دہلی ——— ۵۰ — 9
آمد لاہور ——— ۴۰ — [illegible]

لاہور ——— راولپنڈی ——— پشاور
ہر سوم ——— بدھ ——— جمعرات و سنیچر
روانگی لاہور ——— 30 — 12
آمد راولپنڈی ——— 40 — 13
روانگی راولپنڈی ——— 0 — 14
آمد پشاور ——— 50 — 14

ایجنٹ
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ — کناٹ سرکس — نئی دہلی

ہندوستان سے مسلمانوں کے جدید انخلا کی اطلاعات بے بنیاد ہیں

پاکستانی اخبار کی غلط بیانیوں کی پرزور تردید

نئی دہلی ۲۷ ستمبر۔ انڈین یونین میں انخلا کنندگان کی جائداد کے آرڈی نینس پر عملدرآمد کے سلسلہ میں ہندوستان سے مسلمانوں کے مزید انخلا کا حکومت ہند کو کوئی علم نہیں نہ ہی حکومت ہند مسلمانوں کے مزید انخلا کا کوئی سبب دیکھتی ہے۔ پاکستانی پریس میں ہندوستان سے مسلمانوں کے انخلا کی جو اطلاعات شائع ہوئی ہیں ان کو بیان غیر صحیح قرار دیا گیا ہے [illegible] ہائی کمشنر پاکستان نے [illegible] کے اجرا سے قبل اور بعد پرمٹ جاری ہوئے ہیں ان سے صحیح صورت حالات معلوم ہو جاتی ہے۔

لیکن اس بات کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ان لوگوں کے علاوہ جنہیں ہائی کمشنر پاکستان نے پرمٹ جاری کئے ہیں بعض اور لوگ بھی سرحد کو پار کر رہے ہیں کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ [illegible] مسلمان ہیں جن کا مذہب تبدیل کیا گیا تھا۔ اور دونوں حکومتوں کے [illegible] کے تحت ان کا تبادلہ کیا جا رہا ہے اور ان کا نکاسیوں کی جائداد کے قوانین سے کوئی تعلق نہیں کہا جاتا ہے کہ [illegible] جائداد کے آرڈی نینس کے تحت انخلا نہیں ہو سکتا کیونکہ نکاسی اسی کو قرار دیا جاتا ہے جو پاکستان میں ہو یا جس نے وہاں جائداد حاصل کر لی ہو جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہندوستان سے آیا ہوا پناہ گزین ہے۔

اسٹیشن کی مندرجہ بالا اطلاع پاکستانی پریس کی جو اطلاع کی تردید کی گئی ہے وہ پاکستان کے انگریزی روزنامہ سول اینڈ ملٹری گزٹ کے لاہور ایڈیشن میں ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کے حوالہ سے شائع ہوئی تھی اس میں کہا گیا تھا [illegible] سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان سے پاکستان آنیوالے مہاجرین کے ایک تازہ خطرہ کے پیش نظر پاکستان کو ہندوستان سے زبردست احتجاج کرنا پڑا ہے خیال کیا جاتا ہے کہ احتجاجی نوٹ بھیج دیا گیا ہے کہ پاکستان کو جسے ابھی ابھی سترہ لاکھ مہاجرین کے عدیم المثال مسئلہ سے فرصت حاصل ہوئی ہے ہجرت کے مزید امکانات کے پیش نظر تشویش ہو گئی ہے

ہندوستان سے یہ احتجاج میجر جنرل عبدالرحمن ڈپٹی ہائی کمشنر جالندھر کے بیان سے موصول شدہ اطلاعات کی بنا پر کیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جالندھر کیمپ میں تقریباً [illegible] مسلمان پناہ گزین پہنچ رہے ہیں۔

مسلمانان فجی کے مطالبات منظور کرانے کیلئے پاکستان سے امداد کی درخواست

کراچی ۲۷ ستمبر۔ فجی مسلم لیگ کے صدر مسٹر سید حسن [illegible] ذریعہ ۱۰ ہزار میل کا سفر کر کے کراچی پہنچ گئے ہیں اور حکومت پاکستان کو فجی کے ۲۰ ہزار مسلمانوں کی مشکلات سے باخبر کر رہے ہیں، انہوں نے ایک بیان میں فجی کے مسلمانوں کی شکایات بتائیں جو نکاح طلاق، وراثت وغیرہ کے بارے میں شرعی قوانین کے اطلاق نہ کئے جانے کی بابت ہیں انہوں نے بتایا کہ فجی کی ایک لاکھ ۲۰ ہزار ہندوستانی آبادی میں جو فجی کی کل آبادی کا نصف ہے ۲۰ ہزار مسلمان ہیں [illegible] دس ہزار یورپین اور باقی مقامی باشندے ہیں۔ مسٹر سید حسن ستائیس سال تک فجی کی لیجسلیٹو کونسل کے رکن رہ چکے ہیں انہوں نے بتایا کہ اگرچہ سابقہ گورنروں نے ان حقوق کے عطا کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن مسلمان اب تک ان حقوق سے محروم ہیں۔ فجی کے مسلمانوں نے [illegible] ایک ہزار پونڈ امداد دی تھی۔

مسٹر سید حسن فجی کے مشہور مسلم بیرسٹر ہیں انہوں نے پاکستان کے امور خارجہ کے سکریٹری اور سندھ کے گورنر سے ملاقات کی ان کا وطن لاہور ہے اور وہ لاہور بھی جائیں گے فجی آسٹریلیا کے مشرق میں ۰۰۰,۱ میل کے فاصلہ پر ہے۔ (اے پی)

یو پی کے وزراء کا دورہ

حافظ محمد ابراہیم کی مصروفیات

اٹاوہ ۲۶ ستمبر۔ قصبہ [illegible] میں پولیٹیکل کانفرنس ہوئی جس میں آنریبل نثار احمد خاں شروانی اور آنریبل لال بہادر شاستری وزیر پولیس نے شرکت کی۔ آنریبل منسٹران نے زیادہ تر زور اس امر پر دیا کہ کاشتکار زیادہ سے زیادہ تعداد میں خاتمہ زمینداری فنڈ میں روپیہ جمع کریں۔ ساتھ ہی کانگریس کو مضبوط بنانے کی نصیحت فرمائی۔

۱۱ ستمبر کو آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر رسل و رسائل صبح [illegible] بجے اٹاوہ تشریف لائے۔ دس بجے دن کو قصبہ [illegible] میں آپ کی تقریر ہوئی [illegible] خاتمہ زمینداری کے فوائد بتاتے ہوئے کاشتکاروں سے زمینداری فنڈ میں روپیہ جمع کرنے کی اپیل کی۔

[illegible] جناب عبدالشکور [illegible] ضلع کانگریس کمیٹی کی جانب سے [illegible] جس میں حکام ضلع کے علاوہ شہر کے معززین اور کانگریسی کارکنوں نے شرکت کی [illegible] موصوف [illegible] تشریف لے گئے۔ جہاں آپ نے کاشتکاروں کے ایک بڑے مجمع کے سامنے خاتمہ زمینداری پر تقریر کی۔ (نامہ نگار)

منی آرڈر

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء ہند اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے

منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف اور خوشخط درج فرما دیں۔ تاکہ تعمیل میں آسانی ہو۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

دمہ کی بہت ہی قوی الاثر دوا

رجسٹرڈ

چھتر کوٹ والی

دمہ کی خاص دوا

[illegible]

مجلس متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی میں سر ظفر اللہ خاں کی تقریر

کشمیر کے مسئلہ میں مزاحمت اور نہروں کے پانی کے متعلق ہند پر الزامات

فلشنگ میڈوز ۲۶ ستمبر (رائٹر) پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں نے کل مجلس اقوام کی جنرل اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے ہندوستان پر کشمیر کے مسئلہ کے حل ہونے میں مزاحمت کا الزام لگاتے ہوئے نہروں کے پانی کے تنازعہ کا ذکر کیا۔ اور کہا کہ یہ معاملہ اہم ہے اور اس کو [illegible] نہیں کیا جا سکتا۔ اگر باہمی سمجھوتہ کے تمام امکانات ختم ہو گئے تو پاکستان اس مسئلہ کو بین الاقوامی عدالت میں پیش کر کے انصاف چاہے گا۔ اور اس تجویز سے ہند کو باخبر بھی کر دیا گیا ہے کیونکہ کسی معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں۔

سر ظفر اللہ خاں نے اسمبلی کو بتایا کہ یہ بات با آسانی سمجھ میں آ سکتی ہے کہ چونکہ کروڑوں انسانوں کا اس دریا پر انحصار ہے اور آبپاشی کے موجودہ طریق پر سیاسی سرحدیں قائم ہونے سے پانی کی تقسیم میں کوئی فرق نہیں پڑنا چاہئے۔

[illegible] ایک سال گزرا کہ پانی کے [illegible] جو پاکستان کے زیریں علاقوں کو سیراب کرتا ہے [illegible] مداخلت یا اس کی دھمکی دی جائے تو لاکھوں ایکڑ زمین کو ایک بنجر بنا دے گی جس سے بین الاقوامی امن و امان کو خطرہ پیدا ہو سکتا ہے اور جو بذات خود مجلس اقوام کے چارٹر کے خلاف ہے۔

اس کے بعد سر ظفر اللہ خاں نے حیدرآباد کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ گزشتہ دسمبر سے مجلس تحفظ کے ایجنڈے پر ہے۔ [illegible] افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مجلس تحفظ نے اب تک اس اقدام کے خلاف جو بلا شبہ ایک جارحانہ کارروائی تھی اور جاری ہے۔ اپنے آپ کو اس قابل نہ پایا کہ کوئی اقدام کر سکے۔

مجلس اقوام کی غیر سیاسی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ مجلس اقوام نے اقتصادی، سوشل اور انسانی معاملات میں کافی کچھ کیا ہے۔

ٹیکنیکل امداد

پس ماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے اقتصادی امداد کے نئے پروگرام سے پاکستان کو بڑی دلچسپی ہے۔ اور ہم اس کی پوری طرح تائید کریں گے۔

مجلس متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی کے ایجنڈے کا ذکر کرتے ہوئے [illegible] کے مسئلہ کے طے ہو جانے کی امید ہے [illegible]

[illegible]

[illegible] غیر متزلزل طریقہ پر اختیار کر رکھا ہے وہ اس پر [illegible] پاکستان اس کے متعلق جو احتجاج کیا تھا افسوس ہے ان میں سے بہت سی باتیں اس سرزمین کی ایک غریب طبقہ کی بے سروسامانی کا باعث ہوئیں۔

ہم اس مسئلہ میں پوری حمایت کریں گے اگر مجلس متحدہ اقوام [illegible] بین الاقوامی [illegible] اپنے فیصلہ پر قائم رہے کیونکہ اس سلسلہ میں اس حکومت نے مجلس متحدہ اقوام کو چیلنج کر دیا ہے اور یہ ایک نازک موقعہ ہے جس پر مجلس کو اپنے مفید ہونے اور باقی رہنے کی ضرورت کا ثبوت دینا ہوگا۔

البانیہ کے ساحل کی ناکہ بندی کی تجویز

ایتھنس ۲۶ ستمبر۔ لندن کے اخبار ایوننگ نیوز کے سفارتی نامہ نگار کا بیان ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں یونان غالباً یہ تجویز پیش کرے گا کہ ایک بین الاقوامی بحریہ البانیہ کے ساحلی علاقوں کی ناکہ بندی کرے۔

نامہ نگار کا بیان ہے کہ اقوام متحدہ کے بلقان کمیشن نے جنگ یونان پر جو رپورٹ پیش کی تھی اس میں الزام لگایا گیا تھا کہ البانیہ یونانی باغیوں کی مدد کر رہا ہے چنانچہ ناکہ بندی کی تجویز اس کی حمایت حاصل کر سکے گی۔ (گلوب)

کانگریس کے دفتر کے سامنے بھوک ہڑتال

جالندھر ۲۴ ستمبر۔ [illegible] ایک مشہور کانگریسی [illegible] کانگریس کمیٹی کے دفتر کے سامنے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے انہوں نے مشرقی پنجاب کانگریس کے صدر [illegible] (پ۔ ٹ)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی

۲۸ ستمبر ۱۹۴۹ء

روس کا ایٹم بم

ایٹم بم کا نام بھی کس قدر خوفناک ہے! اس کا تصور کرتے ہی دنیا کی بربادی کا نقشہ آنکھوں کے سامنے آ جاتا ہے۔ صرف ایک بم نے جاپان کے شہر ہیروشیما کے ڈھائی لاکھ انسانوں کو ہلاک کر ڈالا، عمارتیں روئی کے گالوں کی طرح اڑ گئیں، زمین میں دس دس فٹ تک اس کی سمیت سرایت کر گئی، جو تھوڑے بہت انسان بچے وہ مہلک بیماریوں کا شکار ہو گئے یہی حال دوسرے شہر ناگاساکی کا بھی ہوا کہ گنجان آبادی شہر خموشاں میں تبدیل ہو کر رہ گئی!

یہ بات یقیناً حیرت انگیز ہے کہ جس انسان نے زکام سے لے کر تپ دق تک کے امراض کو روکنے کی تدبیریں کیں اور جس نے پھوڑے پھنسیوں سے بچنے کے لئے علاج تجویز کئے، وہی انسان آن کی آن میں لاکھوں اور کروڑوں انسانوں کو ہلاک کرنے کیلئے ایٹم بم بھی ایجاد کرتا ہے اور گنجان شہروں پر اسے آزما کر دیکھتا ہے، ایک طرف ہمدردی اور رحمدلی کا یہ عالم کہ دانت کے درد کے لئے دوائیں موجود اور دوسری طرف شقاوت اور سنگدلی کا یہ درجہ کہ تندرست اور بھلے چنگے انسانوں کو لاکھوں کی تعداد میں ہلاک کرنے کے لئے ایٹم بم کی ایجاد اور اس پر فخر اور برتری کا احساس! جو انسان اس درجہ شقی اور ظالم ہو اس کی ہمدردی کو دور ہی سے سلام، کیا ضمانت ہے کہ جس سائنس نے سر کے درد کی بہتر سے بہتر دوائیں ایجاد کیں وہی سائنس سر کا بھیجا اڑانے اور دلوں کے ٹکڑے کرنے کے لئے استعمال نہ ہوگی؟ جو لوگ پھنسی کا علاج فرماتے ہیں ان کے لئے رگ حیات کو کاٹنے کا فرض انجام دینا کوئی مشکل کام ہے؟

ایٹم بم کی ایجاد کا فخر امریکہ کو حاصل ہوا مگر دوسری بڑی حکومتوں کو بھی اس کی لت لگی اور انہوں نے اس کا توڑ کرنے یا اسی طرز کا بم ایجاد کرنے کے لئے اپنے سائنس دانوں کو جمع کیا اور فیکٹریوں کو حرکت دی، سوویٹ روس جو اپنے آپ کو ایٹم بم کی زد میں سمجھتا تھا برابر اس کے تعاقب میں رہا اور اس پر قابو پانے کے لئے دن رات ایک کر دیئے، امریکہ سمجھتا تھا کہ روس اس کا کیا توڑ کرتا ہے، برطانیہ بھی اس بات کی فکر میں تھا کہ کہیں روس پر اس راز کا انکشاف نہ ہو جائے، اور جب دیکھا کہ روس کی اکڑی ہوئی گردن کسی وقت بھی خمیدہ نہیں ہوتی اور اس کی آن اور شان میں کوئی فرق نہیں آیا تو کہنا شروع کر دیا کہ روس کو بھی ایٹم بم کا راز معلوم ہو گیا بلکہ اس کے کارخانوں میں یہ صنعت پایۂ تکمیل کو بھی پہنچ چکی ہے۔ مگر یہ بدگمانیاں صرف قیاس آرائیوں تک محدود رہیں اور لوگ یقین نہ کر سکے کہ روس بھی اس بم پر قابو حاصل کر چکا ہے، لیکن مسٹر ٹرومین صدر امریکہ نے حال ہی میں دفعتاً یہ اعلان کر کے دنیا کو حیرت میں ڈال دیا کہ روس نے ایٹم بم بنائے ہیں اور ان کا کامیاب تجربہ کر کے دیکھ لیا ہے! یہ بات اس طرح معلوم ہوئی کہ امریکہ میں کچھ ایسے آلات ایجاد کئے گئے ہیں جن کے ذریعہ دنیا کے سارے دھماکے ریکارڈ ہو جاتے ہیں اور ان ہی سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ دھماکا معمولی بم کا ہے یا ایٹم بم کا، چنانچہ ٹرومین کا بیان ہے کہ سوویٹ روس نے حال ہی میں کسی جگہ ایٹم بم کا تجربہ کر کے دیکھا ہے لیکن یہ نہیں معلوم کہ تجربہ کس مقام پر کیا گیا اور یہ بم کہاں پھٹا؟ اسیطرح جولائی سال رواں میں روس کے سائنسدانوں نے سائبیریا میں ایٹم بم کا تجربہ کیا تھا جس کی رپورٹ پیرس کے اخبار میں شائع ہوئی۔ اگرچہ ایٹمک انرجی کمیشن نے اس رپورٹ پر خیال ظاہر کرنے سے انکار کیا لیکن اس بات کی تکذیب نہیں ہو سکتی کہ سائبیریا میں بھی اسی طرز کا ایٹم بم پھٹا تھا، یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ خود مولوٹوف اور ویشنسکی نے اعتراف کیا تھا کہ روس کے پاس ایٹم بم موجود ہیں اسی طرح یوکرین کے وزیر خارجہ نے باتوں ہی باتوں میں کہا تھا کہ صرف امریکہ ہی ایٹم بم کا اجارہ دار نہیں ہے بلکہ یہ چیز دوسروں کے پاس بھی موجود ہے۔

ٹرومین کے اس انکشاف سے یہ حقیقت تو ثابت ہو گئی کہ سوویٹ روس امریکہ کے اس راز کو لے اڑا اور اس نے اس کا تجربہ بھی شروع کر دیا، گویا امریکہ کا فخر ٹوٹا، اس کی اجارہ داری ختم ہوئی اور اس کا رعب زائل ہوا اور جس دشمن سے بچنے کے لئے ایٹم بم کو پرورش کیا جا رہا تھا اور جس ملک پر رعب جمانے کے لئے اس ہتھیار کی نمائش کی جا رہی تھی وہ خود دشمن کے پاس موجود نکلا اور مسٹر ٹرومین کو اس کا کھلم کھلا اعتراف کرنا پڑا۔

اب سوال یہ ہے کہ روس کے معاملہ پر بڑوں کی روش کیا رہے گی؟ اس نئے انکشاف کے بعد جنگ کا امکان ختم ہو جائے گا یا جنگ قریب آ جائے گی؟ اور امریکن بلاک، پر اس صورت حال کا کیا اثر پڑے گا؟ یہ باتیں دونوں ہی ممکن ہیں ہو سکتا ہے کہ امریکن بلاک برابر کی چوٹ کا تصور کر کے جنگ کو ٹال دے اور صلح صفائی کے ذریعہ اختلافات کو مٹانے اور عالمی امن کو برقرار رکھنے کی کوشش کرے اور روس بھی یہ سوچ کر کہ ابھی جنگ سے کوئی فائدہ نہ ہوگا اپنے موقف کو بدل دے۔ اگر بدقسمتی سے ایسا نہ ہوا تو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ روس امریکن بلاک کو نیچا دکھانے کے لئے اس کی تیاریوں کا جواب تیاریوں سے، دھمکیوں کا جواب دھمکیوں سے اور ایٹم بم کا جواب ایٹم بم سے دے اور تیسری جنگ جو سارے عالم کی تباہی کا پیش خیمہ ہوگی شروع ہو جائے!

جہاں تک سوویٹ روس کی مساعی کا تعلق ہے وہ شروع ہی سے کہتا رہا ہے کہ ایٹم بم کو ہمیشہ کے لئے ممنوع قرار دیا جائے اور اس کے تمام ذخائر تباہ کر دیئے جائیں، اس نے یہی بات متحدہ اقوام کی مختلف کمیٹیوں میں کہی اور یہی مطالبہ ایٹمک انرجی کمیشن سے کیا۔ لیکن امریکہ اور برطانیہ اس پر مصر ہے کہ ایٹم بم ممنوع تو قرار نہ دیا جائے البتہ اس پر کنٹرول ہو اور وہ جنگی مقاصد کے لئے استعمال نہ ہو سکے! جس روز مسٹر ٹرومین نے روس کے ایٹم بموں کا انکشاف کیا ہے اسی روز روس کے وزیر خارجہ نے متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی میں اپنے مطالبہ کو دہرایا ہے کہ ایٹم بم کو ممنوع قرار دیا جائے اور پانچ بڑی طاقتیں عالمی امن کے قیام کے لئے ایک معاہدہ پر دستخط کر دیں، مگر اب جبکہ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ روس بھی خالی نہیں ہے اور وہ ایٹم بم کا تجربہ بھی کر چکا ہے تو اس بات کا امکان پیدا ہو گیا ہے کہ امریکن بلاک، روس کے مطالبہ پر غور کرنے کے لئے آمادہ ہو جائے اور ایٹم بم کے امتناع کے لئے کوئی راہ نکل آئے، لیکن اگر روس کا مطالبہ منظور نہ کیا گیا اور بلاک پر بلاک بنتے رہے تو پھر نہ امریکن بلاک کی خیر ہے نہ روس کی اور نہ ایشیا اور یورپ، افریقہ اور آسٹریلیا کی، دونوں طرف کے ایٹم بم ہوں گے اور ساری دنیا میں تہلکہ اور زلزلہ ہوگا اور جو رقبے ایٹم بم کی زد سے بچیں گے وہاں فاقے اور بیماریاں ہوں گی اور آخر میں بے بسی کی قابل رحم موت!

اچھی باتیں

ما اصاب۔ تا۔ فخور۔ (پ ۲۷ ع ۱۹)

تم کو جو مصیبت پہونچتی ہے یا جو مصیبت زمین پر نازل ہوتی ہے وہ ظہور میں آنے سے پہلے ہی مقدر ہو چکی ہوتی ہے، اور یہ خدا پر بہت آسان ہے اور یہ اس لئے تاکہ تمہیں نقصان پر افسوس اور نفع پر غرور نہ ہو اور اللہ تعالیٰ فخر کرنے والے بد دماغ کو پسند نہیں کرتا۔

یہاں رنج اور خوشی کے فلسفہ پر روشنی ڈالی گئی ہے فرمایا کہ جب مصیبتوں کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں تو ان کا برپا ہونا لازمی ہے اور کوئی تدبیر انہیں روک نہیں سکتی مگر مومن اس صورت حال سے گھبراتا نہیں بلکہ اس سے زندگی کے اصول اخذ کرتا ہے اور انہیں اپنی زندگی کا دستور العمل بناتا ہے مومن کا فرض ہے کہ نقصان پر زیادہ افسوس نہ کرے بلکہ یہ سمجھے کہ یہ چیز تو زندگی کے ساتھ لگی ہوئی ہے اور جو چیز ہونی ہے اس پر تاسف اور رنج کرنے سے کیا فائدہ؟ اسیطرح اگر پانسہ پلٹ گیا اور اسے کامیابی ہوئی تو اس پر اسکو مغرور نہ ہونا چاہئے، یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ یہ دن ہمیشہ یکساں رہیں گے اور اس کی خوشحالی میں کبھی فرق نہ آئے گا، غرض مصائب پر افسوس اور کامیابی پر غرور نہ ہونا چاہئے کیونکہ دونوں کی باگڈور اس ہستی کے ہاتھ میں ہے جس کی مرضی ہر چیز پر غالب ہے

فتنہ پردازی

حکومت پاکستان کو چاہئے کہ وہ مولوی اکرم خاں کی زبان کو لگام دے اور اسکے اخبار کو جلد سے جلد ضبط کرے! آخر اس پروپیگنڈہ کا کیا مطلب کہ مشرقی پاکستان کے ہندو نکاسیوں کی تمام جائدادیں ضبط کر لی جائیں اور مغربی بنگال کے مسلمانوں کو مشرقی بنگال میں جگہ دیجائے؟ کیا اس کا مطلب یہ نہیں کہ تبادلہ آبادی کے فتنہ کو پھر سے بیدار کیا جا رہا ہے اور جائدادوں کی ضبطی سے مغربی بنگال کے مسلمانوں پر تباہی کی نت نئی راہیں کھولی جا رہی ہیں؟ اگر مشرقی بنگال کے سوا کروڑ غیر مسلم تبادلہ کی نذر کر دیئے گئے تو مولوی اکرم خاں سے پوچھنا چاہئے کہ وہ ہندوستان کے دوسرے مسلمانوں کو کس درخت پر لٹکائیں گے اور انہیں لقمہ کہاں سے لا کر دیں گے؟ اگر پاکستان اپنے بھلے برے کی تمیز رکھتا ہے تو اسے اپنی پہلی فرصت میں اس شخص کے خلاف سخت سے سخت قدم اٹھانا چاہئے، ورنہ اس کے نتائج کی ذمہ داری خود اسی پر عائد ہوگی۔

ایک نیا ادارہ

بغداد میں ایک نیا ادارہ "جمعیۃ الاخوۃ الاسلامیۃ" کے نام سے قائم کیا گیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ وہ اسلام کی عالمگیر اخوت اور مساوات کی اشاعت کے لئے مسلمانوں کو متحد کرے اور اسلام کے نظام اخلاق کو دنیا میں پھیلائے، اگر اس ادارہ کی تہ میں کوئی سیاسی مقصد نہیں ہے جیسا کہ ہم انجمن اخوان المسلمین کے معاملہ میں دیکھ چکے ہیں تو ہم اسے مشورہ دینگے کہ وہ پہلے نسلی مسلمانوں کو قرآنی مسلمان بنائے اور ان کے کردار کو اسلام کے سانچہ میں ڈھالے، کیونکہ صدیوں کے تجربہ کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ اسلام کی راہ میں مسلمانوں کی غیر اسلامی زندگی بہت بڑی روک ہے اگر یہ روک اٹھ جائے تو پھر کوئی بیرونی طاقت اسلام کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتی، پہلے مسلمان کو "انما مع الصادقین" کے صحیح مخاطب بنئے اسکے بعد دیکھیں کہ "لیظهره علی الدین کلہ" کی جلالی پیشگوئی کس طرح پوری ہوتی ہے!

مذہب میں مداخلت

بڑے افسوس کی بات ہے کہ آج جس قدر جمہوریت کا شور بلند ہے اسی قدر مذہب اور ضمیر کی آزادی کو سلب کیا جا رہا ہے اور روز روشن میں ان قوانین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے جو جمہوریت اور انسانی حقوق کی بنیاد ہیں۔ ابھی حال میں ڈربن کی سٹی کونسل نے حکم دیا ہے کہ کوئی شخص اپنے مکان میں بھیڑ بکری ذبح نہ کرے جس کے معنے یہ ہیں کہ وہاں کے مسلمان آزادی کے ساتھ قربانی بھی نہ کر سکیں۔ اگرچہ نٹال کی انڈین کانگریس نے اس پر احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ کونسل رائے دہندگی سے محروم شہریوں کی مذہبی آزادی پر بھی دست درازی کر رہی ہے اور اس بات کی پروا نہیں کرتی کہ اس کے اس اقدام سے مسلم ممالک میں بے چینی پھیل جائے گی، لیکن اس کی سنتا کون ہے۔ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ جمہوریت کی مٹی پلید جمہوریت کے علمبرداروں ہی کے ہاتھوں ہو رہی ہے اور [illegible] کو ہمیشہ خطرہ میں ڈالا جا رہا ہے۔

عالمی سیاست

جرمنی کا نیا جنم!

(ڈبلیو۔ این۔ ایور)

جنگ کے بعد جرمنی کو چار منطقوں میں تقسیم کر دیا گیا تھا، اور ان پر برطانیہ، امریکہ، فرانس اور روس نے قبضہ کر لیا تھا۔ جنگ عظیم کے ان اتحادیوں نے وہاں اپنی فوجی حکومتیں قائم کر دی تھیں۔

بعد میں امریکی، برطانوی اور فرانسیسی منطقوں کو ملا دیا گیا اور ان علاقوں کو مغربی جرمنی کا نام دیا گیا۔ اس وقت جرمنی دو حصوں میں تقسیم ہے ایک حصہ تو مغربی طاقتوں کے پاس ہے اور دوسرا سوویٹ روس کے قبضہ میں ہے۔ روس شروع ہی سے اپنے منطقہ میں ایک علیحدہ معاشی سیاسی اور سماجی ڈھانچہ قائم کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں مغرب اور مشرق کے درمیان [illegible] اس صورت حال کیلئے روسیوں کو قصوروار ٹھہرانا فضول ہے۔ مغربی اتحادی اس بات کے خواہشمند ہیں کہ مغربی جرمنی کی نشو و نما مغربی جمہوریت کے اصولوں پر ہو۔ اس لئے یہ قدرتی تھا کہ روسی بھی مشرقی جرمنی کی تعمیر اس طریقہ سے کرتے جو انہوں نے خود اختیار کیا ہے۔ لیکن ایک بات بالکل صاف ہے کہ مغرب اور مشرق کے اصولوں میں سمجھوتا نہیں ہو سکتا۔

اگر جرمنی ایک بار پھر متحد ہونا چاہتا ہے تو یہ لازمی ہے کہ مشرق مغرب کے اصولوں کو اختیار کرے یا مغرب مشرق کے طریقوں پر عمل درآمد کرے۔ دونوں نظریوں کے درمیان کسی قسم کے سمجھوتے یا ربط کا امکان نہیں۔

مگر اس بات کا اندازہ لگانا کہ یہ جھگڑا کیسے ختم ہوگا تقریباً ناممکن ہے۔ فی الحال جرمنی کی تقسیم برقرار رہے گی۔

روسی جمہوری آزادی کو مشرق میں کبھی بھی برداشت نہیں کر سکتے، دوسری طرف جرمن اور مغربی طاقتیں [illegible] آزادی کی قدروں کو قربان نہیں کر سکتے۔ اس لئے جرمنی کی تقسیم اب ایک حقیقت بن گئی ہے۔

مغربی جرمنی

مغربی اتحادیوں نے مغربی جرمنی کی اپنی حکومت قائم کرنے کے لئے ایک منصوبہ تیار کیا تھا۔ اس منصوبہ کے مطابق مغربی جرمنی میں انتخابات ہو چکے ہیں اور [illegible]

[illegible]

برطانوی منطقہ کا نظارہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ فوجی حکومت کے افسروں نے جب اپنا کام شروع کیا تھا تو ملک کی حالت قابل رحم تھی۔ [illegible] کی تقسیم کا سلسلہ ختم ہو چکا تھا۔ اسکول بند پڑے تھے [illegible] نے ان حالات میں اپنا کام شروع کیا تھا [illegible] لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے اپنی ذمہ داریاں کو بڑی خوبی سے نبھایا۔

مغربی جرمنی میں [illegible] میں بھوکوں نہیں مرا۔ جرمن عوام بیماریوں کا شکار نہیں ہوئے ایک شکست خوردہ دشمن کو شکست کے بدترین نتائج سے بچا لیا گیا۔

[illegible] کے حالات میں فوجی حکومت ہی طریقہ ہی قابل عمل تھا اور یہ کامیاب بھی رہا لیکن [illegible] یہی تھی کہ فوجی حکومت جتنی جلد ممکن ہو سکے ختم کر دی جائے اور حکومت کی باگ ڈور جرمنوں کے ہاتھوں میں دے دی جائے۔

آج یہ خواہش پوری ہو گئی ہے۔ [illegible]

لیکن امتحان کا وقت اب آیا ہے۔ [illegible]

مباحث امروز ——— (دوسروں کی زبانی)

ہوا کا رخ

کلکتہ میں کانگریس کی شکست کے بعد اب بمبئی کی باری آئی یعنی ہندوستان کے یہ دو صنعتی مرکز کانگریس کے اثر و اقتدار سے نکلتے جا رہے ہیں، یہ صحیح ہے کہ شہر کے لوگ، اور خاص کر متوسط طبقے کے اور تعلیم یافتہ لوگ [illegible] چار پیسہ قیمت ہو جانے پر اپنی حکومت کو آنکھیں دکھانے لگے ہیں، اور یہ مانتے ہوئے بھی کہ اب بھی ہندوستان کی ۹۰ فیصدی دیہی آبادی کانگریس کے ساتھ ہے، کانگریس کو اس خطرے کی گھنٹی پر سو نہ جانا چاہئے بلکہ اندرونی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔

ان حالات میں یہ اعتراف کرنے کے باوجود کہ اس وقت کانگریس کا نعم البدل ممکن نہیں ہے ہندوستانی عوام کا شہری طبقہ جسے زندگی کے مسائل کا احساس کسی قدر جلد ہو جاتا ہے احتجاج کے راستے پر چلنے پر مجبور ہو رہا ہے اور کانگریسی لیڈروں کا فرض ہے کہ وہ اسباب احتجاج پر غور کریں، اب بھی وقت ہے کہ کانگریسی کارکن ہوا کا رخ سمجھیں اور [illegible] کے راستے پر چلنے کا عزم لیکر تعمیری اور اصلاحی قدم اٹھائیں آزاد ہندوستان کی تعمیر و ترقی کی باگ ان کے ہاتھ میں کس لئے دی گئی ہے اس کا احساس بھی اگر پیدا ہو جائے تو ہوا کا رخ بدل سکتا ہے اور کانگریس باہمی اتحاد حاصل کر کے اگلے انتخابات میں پھر اسی طرح کامیاب ہو سکتی ہے جیسے ۱۹۳۶ء اور ۱۹۴۶ء میں ۹۰ فی صدی سے زیادہ ووٹروں کا اعتماد حاصل کر کے اسے شاندار فتح ملی تھی۔ (شعیب، حیدرآباد دکن)

کسان اور سیاست

ہندوستان کو اس وقت غلے اور دوسری اشیائے [illegible] کی جتنی ضرورت ہے اس سے کون انکار کر سکتا ہے یہ بھی تسلیم کر لینے میں مطلق قباحت نہیں کہ کسانوں کو پوری توجہ سے کھیتی باڑی کرنی چاہئے کیونکہ اس میں ملک کی بھلائی کے ساتھ ساتھ خود ان کی بھلائی بھی مضمر ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ کسانوں کو یہ مشورہ دیا جائے کہ وہ سیاست سے دلچسپی نہ لیں اور یہ مشورہ حکومت بھی کے ایک وزیر اور شہری کی زبانی دیا جائے؟ آج اگر کسانوں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے تو بہت ممکن ہے کہ کل کو یہی مشورہ مزدوروں کو اور ملک کے دوسرے طبقوں کو بھی دیا جائے اور ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ ایسی آواز ٹائمز آف انڈیا جیسے اخبار میں بھی اٹھنے لگی ہے۔

ہمارا خیال تھا کہ آزاد ہندوستان میں وہ جماعت جس کے ہاتھ میں ملک کی باگ ڈور ہے اور جو برسر اقتدار ہے عوام کو جن کی بڑی تعداد کسانوں اور مزدوروں پر مشتمل ہے یہ مشورہ دے گی کہ وہ ملک کے سیاسی مسائل سے دلچسپی لیں، اس بات کو محسوس کریں کہ وہ اب آزاد ہیں، آزاد ملک کے شہریوں کی حیثیت سے ان کا فرض ہے کہ اپنے حقوق و اختیارات کی اہمیت سمجھیں اور یہ محسوس کریں کہ ملک کے حکمران حقیقی معنی میں وہی ہیں کیونکہ اب یہ طاقت ان کے ہاتھ میں ہے کہ جسے چاہیں حکومت کی کرسیوں پر بٹھا دیں اور جسے چاہیں وہاں سے ہٹا دیں مگر اس کی بجائے ہم یہ سن رہے ہیں کہ لوگوں کو سیاسی معاملات میں دلچسپی نہ لینی چاہئے بس اپنے اپنے کام کاج کرتے رہنا چاہئے۔

یہ مشورہ اگر [illegible] نے اپنی ذاتی مرضی سے دیا ہے تب بھی افسوس ہے لیکن وزارت کی مشترکہ ذمہ داری کے اس دور میں اگر ان کی وزارت کی بھی یہی سوچی سمجھی ہوئی اور جانی بوجھی ہوئی رائے ہے تب تو یہ بات انتہائی باعث افسوس ہے اور ایک ایسے خطرے کی طرف اشارہ کرتی ہے جس کا بر وقت سد باب نہ کیا گیا تو اس سے بڑے برے نتائج پیدا ہوں گے۔ (جامعہ، دہلی)

انجمن ترقی اردو

انجمن ترقی اردو کا دوسرا دور شروع ہو رہا ہے، اس کا دفتر علی گڑھ میں قائم ہو گیا ہے۔ صدر ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب ہیں اور سکریٹری قاضی عبدالغفار صاحب۔ حکومت ہند نے پچاس ہزار کی ایک رقم سرپرستی کے طور پر بھی دے دی ہے، اور اب انجمن کی طرف سے اس کا ہفتہ وار "ہماری زبان" اور سہ ماہی اردو بھی شائع ہونے لگے گا۔ اس خبر کو کوئی چھوٹی خبر نہ سمجھنا چاہئے کیونکہ اب ہندوستان میں اردو کی بقا اور ترقی کا انحصار انجمن کی کامیابی پر ہے۔ اگر کہیں یہ انجمن بھی اردو کے حامیوں کے [illegible] اور سستی اور کم ہمتی بلکہ بے عملی کا شکار ہو گئی تو پھر ہندوستان میں اردو اگر بچے گی تو تبرک کی طرح۔

اس وقت اردو کے لئے صرف عمل اور جوش ہی کی نہیں سمجھداری اور اونچ نیچ دیکھ کر قدم اٹھانے کی بھی سخت ضرورت ہے۔ اس وقت کی ذرا سی غلطی، ذرا سی بھول، ذرا سی تنگ نظری یا ذرا سی خودغرضی، اردو کے مستقبل کو ہمیشہ کے لئے تاریک کر سکتی ہے۔ اس وقت اردو کے تمام مصنفوں اور حامیوں کو آپس کے تمام اختلافات کو چھوڑ کر انجمن سے اشتراک عمل کرنا چاہئے اور [illegible] (قومی آواز۔ لکھنؤ)

بمبئی میں کانگریس کی شکست

بمبئی کارپوریشن کے ضمنی انتخابات میں سوشلسٹوں کی سو فیصدی کامیابی پر جتنا زیادہ کانگریسی لیڈروں کو سوچنا چاہئے اتنا سوشلسٹوں کو نہیں۔

کانگریسی لیڈروں میں سب سے بڑا نقص یہ پیدا ہو گیا ہے کہ وہ اپنے پر ضرورت سے زیادہ اعتماد کرنے لگے ہیں [illegible]

[illegible] (ہمارا ہندوستان۔ بمبئی)

[illegible]

کشمیر کمیشن کے ممبران دہلی پہنچ گئے

نئی دہلی ۲۷ ستمبر۔ کشمیر کمیشن آج کراچی سے واپس دہلی پہنچ گیا ہے۔ کمیشن کے ممبران کل دوپہر کو محکمہ امور خارجہ کے جنرل سکریٹری سر گرجا شنکر باجپائی کے ساتھ [illegible] پنڈت نہرو سے ملاقات کریں گے۔ [illegible] کمیشن چند روز دہلی میں قیام کرے گا۔

معلوم ہوا ہے کہ کمیشن کشمیر کے متعلق اپنی رپورٹ یہیں تیار کرے گا۔

اگر طاقت میرے ہاتھ میں تھی تو میں «امروز» کو جب چاہتا بند کرا سکتا تھا

مجھے شعیب اللہ خاں کو قتل کرانے کی ضرورت نہ تھی

شعیب اللہ کے قتل کے مقدمہ میں سید قاسم رضوی کا بیان

سکندرآباد ۲۶ ستمبر۔ آج یہاں اسپیشل ٹریبونل نے شعیب اللہ کے قتل کے سلسلہ میں قاسم رضوی وغیرہ ملزموں پر فرد جرم لگادی۔ اس سے پہلے ٹریبونل کے صدر نے قاسم رضوی سے پوچھا کیا اس کو کچھ بیان دینے کی خواہش ہے۔ قاسم رضوی نے جواب دیا جی ہاں میں ایک سال سے جیل میں ہوں۔ جس کی وجہ سے میری صحت پر برا اثر پڑا ہے۔ اس لئے اگر میں اپنے خلاف اس قدر زیادہ شہادت کے متعلق کوئی غلطی کروں تو مجھے معاف کیا جائے۔ دوم کچھ ایسی باتیں ہیں جو میں اس وقت کہنا نہیں چاہتا۔ سب سے پہلے امروز کی پالیسی پر غور کیا جائے جس کی بنا پر میرے خلاف مقدمہ چلایا جا رہا ہے۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ امروز کی پالیسی میری جماعت اور میری پالیسی کے خلاف تھی۔ میں نے سازش کی اور پھر قتل کا جرم کرایا۔

دوسری طرف استغاثہ کا یہ بھی کہنا ہے کہ میں حیدرآباد کا حکمراں تھا اس کی حکومت کے پیچھے اصلی طاقت تھا میرے ایک ہاتھ میں فوج تھی اور دوسرے میں پولیس ڈائرکٹر جنرل پولیس میرے انگوٹھے کے نیچے دبا ہوا تھا۔ اگر استغاثہ کی دونوں دلیلوں کو درست مان لیا جائے تو وہ خود اپنی تردید کر رہا ہے۔ استغاثہ نے امروز کے ۵۸ پرچے اس کی پالیسی کو ثابت کرنے کے لئے پیش کئے ہیں۔ اگر استغاثہ کی یہ دلیل درست ہے تو امروز کا دوسرا پرچہ بھی نہیں نکل سکتا۔ کیونکہ بقول استغاثہ طاقت میرے ہاتھ میں تھی میں اس کو بند کرا سکتا تھا اس کے ایڈیٹر کو گرفتار کرا سکتا تھا۔ لیکن خدا جانے کہ اس اخبار کی کتنی اشاعتیں باہر ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ میں اس اخبار کی پالیسی کے خلاف نہ تھا دوسری بات یہ ہے کہ ریاست میں اور بھی کئی اخبارات تھے جو میرے اور مجلس اتحاد المسلمین کے خلاف لکھا کرتے تھے۔ مثلاً پیام، مملکت، خادم وغیرہ وہ ہر روز میرے خلاف لکھتے تھے لیکن ان کا زندہ رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ میں پریس کی آزادی کا حامی تھا۔ «امروز» کے متعلق اور میری پالیسی کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے۔ لیکن اس بارے میں کوئی شہادت نہیں ہے۔

پولیس سب انسپکٹر اور مرحوم شعیب اللہ خاں کے رشتہ دار کی شہادت (استغاثہ) کے بارے میں رضوی نے کہا کہ استغاثہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سازش کو خفیہ رکھا گیا۔ لیکن اس گواہ نے عدالت کو بتایا ہے کہ میں نے شکور اور دیگر لوگوں کی موجودگی میں شعیب اللہ کی جان لینے کی دھمکی دی۔ استغاثہ نے اپنی شہادت کی تصدیق کے لئے شکور یا کسی اور کو پیش نہیں کیا۔ قاسم رضوی نے کہا کہ استغاثہ کا اگلا اہم گواہ خادر اللہ خاں ہے۔ جس نے اپنے کو رضا کار بیان کیا ہے جس طرح سے اس نے شروع سے آخیر تک شہادت دی ہے وہ ایک گھٹیا قسم کا ایکٹر معلوم ہوتا تھا۔ آخر میں قاسم رضوی نے کہا کہ وہ بے قصور ہے۔ اس نے ججوں سے کہا کہ میں جو کچھ نہیں کہوں گا وہ مجھے وہ نہیں بتا سکتے استغاثہ کے مقدمہ میں سیاست کو گھسیٹا جا رہا ہے۔ اگر میں جواب دیتا ہوں تو بہت سے لوگ قانونی شکنجے میں آجائیں گے۔ اگر میں جواب نہیں دیتا تو میری زندگی کا سوال ہے۔ مجھے قربانی کا بکرا بنایا جا رہا ہے۔ اور مجھ پر اس لئے مقدمہ چلایا جا رہا ہے تاکہ میرے خلاف ہندستان اور دنیا بھر میں ڈیڑھ سال پروپیگنڈا کرنے کے بعد، حکومت نے حیدرآباد کے خلاف جو کچھ کیا وہ اس کو حق بجانب قرار دیا جا سکے۔

ڈاکوؤں نے دیہاتی کو ہلاک کر دیا

راجکوٹ ۲۵ ستمبر۔ سکنڈ [illegible] کے علاقہ میں [illegible] کے مقام پر [illegible] کی رات کو ڈاکوؤں نے ۵ دیہاتیوں کو [illegible] اور ایک کو ہلاک کر دیا۔ اور ہزار روپیہ لیکر فرار ہو گئے دیہاتی بلا کسی [illegible] کے ہیں اور اپنے آپ کو سخت مجبور خیال کرتے ہیں۔

بمبئی میں کئی اشخاص ہلاک!

بارش کے بعد مکان گر گیا

بمبئی ۲۵ ستمبر۔ گذشتہ [illegible] گھنٹے میں شہر بمبئی اور بمبئی کے نواح میں ۱۰ اشخاص ہلاک ہو چکے ہیں دو آدمی اور ایک بچہ ایک مکان کے گرنے سے ہلاک ہوئے۔ بچہ اشخاص جو مکان کے ملبے میں دب گئے تھے نکال کر اسپتال بھیجے گئے۔ ایک سپاہی کے ہلاک ہونے کی بھی اطلاع موصول ہوئی ہے۔

جامعیشی کے قریب ایک کشتی الٹ جانے سے کئی بچے [illegible]

امریکہ نے اپنی فوجی طاقت میں اضافہ شروع کر دیا

روس کے ایٹم بم بنا لینے کا شاخسانہ

واشنگٹن ۲۵ ستمبر۔ امریکہ کے ایٹمی انرجی کمیشن نے "ایٹم" کو فراہم کرنے کے انتظامات کا اعلان کیا ہے۔ اعلان میں بتایا گیا ہے کہ بیس کروڑ ڈالر سے [illegible] امتحان کرنے کے سامان خریدا جائے گا۔ صدر ٹرومین نے کانگرس سے مسلح افواج کے لئے خاص فوجی اہمیت کا سامان خریدنے کے لئے ۲۸ کروڑ ڈالر وقف کرنے کی درخواست کی ہے یہ سامان سٹرلنگ رقبہ سے خریدا جائے گا۔ اس انکشاف سے کہ روس ایٹم کا اجارہ دار نہیں رہ گیا، امریکی حلقوں میں گہری تشویش پائی جاتی ہے اور ہر امریکی صرف یہی بات کہتا نظر آتا ہے۔ اچھا۔ تو روس نے بھی ایٹم بم بنا لیا۔ اور اب یہ تجویز کیا جا رہا ہے کہ (۱) ۱۹۵۰ء تک جو دفاعی کام کرنے تھے وہ فوراً کر دیئے جائیں (۲) ہوائی فوج کو ۴۸ گروپ کی جگہ ۷۰ گروپ کر دیا جائے (۳) یورپی ممالک کو ایک ارب امریکی امداد کا جو پروگرام ابھی زیر بحث ہے فوراً منظور کر دیا جائے اور مارشل ایڈ کو جلد از جلد عمل جامہ پہنایا جائے (۴) جنگی سامان کا ذخیرہ کرنے کی [illegible] کوشش کی جائے (۵) امریکہ، برطانیہ اور دوسرے مغربی یورپ کے ممالک ایٹم انرجی ریسرچ میں تعاون کریں (۶) ایٹم کے حملوں سے بچنے کے لئے اب امریکہ ہوائی حملوں سے بچاؤ کے مکمل انتظام کرے گا اور انٹی ایٹم ریڈار کے ہوائی دستے بنائے جائیں گے۔

ریڈار دائرہ بنانے کی تجویز پر جلد عمل کیا جائیگا دور سے حملہ آوروں کو دیکھنے کے آلے بھی لگائے جائیں گے علاوہ ازیں امریکہ اپنے علاقوں سے غیر ملکی ہوائی جہازوں کے گذرنے پر مزید پابندی لگا دے گا۔

نیویارک ڈیلی نیوز کے نامہ نگار نے روم سے کہا ہے کہ جب روس میں ایٹم بم کا تجربہ کیا گیا تو ایٹالی موجود تھا [illegible] امریکہ کو پتہ چل گیا تھا کہ روس نے ایٹم بم بنا لیا ہے (پ ٹ ا)

وجے واڑہ میں زبردست سیلاب

مکانات اور مویشی بہہ گئے

وجے واڑہ ۲۴ ستمبر۔ علاقہ کرشنا میں زبردست بارشوں کی وجہ سے بھاری سیلاب آیا ہے جس نے دس ہزار اشخاص کو بے گھر بنا دیا ہے۔ بہت سے مویشی اور جھونپڑیاں سیلاب میں بہہ گئی ہیں۔ دریا کے دونوں طرف کے دیہات اور ان میں کھڑی دھان کی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ سڑک کی [illegible] ٹوٹ جانے کی وجہ سے وجے واڑہ حیدرآباد روڈ پر ٹریفک بند کر دیا گیا ہے۔ خطرناک علاقوں سے لوگوں کو نکالا جا رہا ہے۔ انھیں مناسب ریلیف دیا جا رہا ہے۔ جیرالہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ دریائے گنڈلا کما میں طغیانی آئی ہے اور دھان والی زمین کا قریباً ۶ ہزار ایکڑ علاقہ پانی میں ہے۔ ریلوے لائنیں بھی پانی میں ہیں جس پر کلکتہ جانے والی تمام ریل گاڑیاں بند کر دی گئی ہیں۔ (پ ٹ)

ہندوستانی طلبا کی سائنس کی تعلیم

پٹنہ ۲۵ ستمبر۔ سر سی وی رمن ہندوستانی سائنسداں نے کہا ان کو ہندوستانی طلبا کو بیرونی ممالک میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجنے پر جو ڈالر بیکار صرف ہو رہے ہیں ان پر افسوس ہے انھوں نے کہا ہندستان میں طلبا کو اعلیٰ سائنسی تعلیم دینے کے لئے کافی ذرائع موجود ہیں۔ انھوں نے یہ تقریر پٹنہ سائنس کالج میں تقریر کرتے ہوئے کی۔ انھوں نے کہا حکومت ہند کو اپنے سائنسدانوں پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ ہندوستان میں سائنسدانوں کی ہمت افزائی نہیں کی جاتی۔ انگلستان نے اپنے سائنسدانوں کی ہمت افزائی کرکے خوب ترقی کی ہندوستان اپنے سائنسدانوں کی ہمت افزائی نہیں کرتا۔ (پ ٹ ا)

کیا کمیونسٹ تبت پر بھی قبضہ کرنا چاہتے ہیں

تبت کے کمیونسٹوں نے بھی بغاوت کر دی

پیکنگ ۲۵ ستمبر۔ چینی کمیونسٹ تبت کو ہتھیانے کے لئے جو چال چل رہے ہیں اس کا انکشاف ہوا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ تبت سے ایک ڈیلیگیٹ سائنس رگیا اس آیا ہوا ہے جو سیاسی مشوروں کی کانفرنس کی ابتدائی کمیٹی میں حصہ لیتا ہے۔ جس کا کام نئی مرکزی سرکار بنانا ہے۔ سائنس رگیا اس نے اپنے ہم وطنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امریکہ، ہندوستان اور برطانیہ کی تبت پر قبضہ کرنے کی چال کی مزاحمت کریں اور تبت کے کمیونسٹ چین کے کمیونسٹوں سے تعلقات بڑھا کر خود مختاری حاصل کریں گے۔ کمیونسٹ حلقوں سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ لاچو سے ساٹھ میل جنوب مغرب میں تبت کے کمیونسٹوں کی افواج باغی ہو چکی ہیں۔ لاچو ہو کانسو کی راجدھانی ہے اور اس علاقے سے کمیونسٹوں کا دعویٰ ہے کہ ان کو تبتی بھائیوں کی طرف سے دعوت موصول ہوئی ہے کہ وہ آئیں اور انہیں نجات دلائیں۔ کانسو اس وقت روسی اثر کی ہراول جنگ بنا ہوا ہے اور ۲۶ اگست کو اس راجدھانی پر کمیونسٹوں نے قبضہ کیا تھا۔ اس وقت سے روس سے ہوائی جہازوں کے ذریعے یہاں لوگوں کو سامان مل رہا ہے۔ جس کی سپلائی سرکاری افواج نے مغرب کی طرف سے بند کر دی ہے اور ان سول ہوائی جہازوں کے ساتھ روس کے جنگی ہوائی جہاز بھی آتے رہتے ہیں، اور شہادتوں سے پتہ چلتا ہے کہ روس کی ہوائی فوج نے لاچو کو اپنے اختیار میں لے لیا ہے تاکہ یہاں ہوائی اڈہ بنایا جائے۔

سرینگر ۲۵ ستمبر۔ شہر کے بازار میں ایک قسمت کی دکانوں میں آج صبح آگ لگ گئی۔ فائر بریگیڈ فوراً موقع پر پہنچ گئے، اور آگ بجھانے میں کامیاب ہو گئے۔ کسی جان کا نقصان نہیں ہوا۔ مال کے نقصان کا اندازہ پانچ لاکھ کیا جاتا ہے۔ (پ ۔ ا)

نکاسی مسلمانوں کے مکانات میں رہنے والے کرایہ دار

سہارنپور ۲۴ ستمبر۔ [illegible] مولوی محمد ایوب انصاری سیکریٹری ضلع جمعیۃ علما سہارنپور نے [illegible] سے زبردست شکایت کی کہ نکاسی مسلمانوں کے مکانات میں مقیم کرایہ داروں کو سرکاری نوٹس [illegible] کرایہ جمع کرانے کے لئے بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ دفتر والے بذریعہ منی آرڈر کرایہ وصول کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ کسٹوڈین نے سرکاری پالیسی کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ کچھ خاص حالات کے پیش نظر بذریعہ منی آرڈر کرایہ وصول کرنے کی عملہ دفتر کو ہدایات جاری کی تھیں مگر عوام کی تکلیف کو محسوس کرتے ہوئے یہ حکم واپس لے لیا گیا ہے۔ اب بے شک لوگ کرایہ بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ (ن ن س)

بریلی میں غیر ذمہ دارانہ تقاریر

صدر شہر کانگرس کمیٹی کی صدر صوبہ سے اپیل

بریلی۔ (بذریعہ ڈاک) کل موتی پارک بریلی میں پیرشاہ تھی نوجوان سیوادل کے زیر اہتمام رجہا بھی ادون سے عالم وجود میں آیا ہے ایک جلسہ اس غرض سے ہوا کہ مقامی حکام کی طرف سے تصفیہ [illegible] کے بارے میں [illegible] اس کو بے اثر کیا جائے۔

بریلی کے سنجیدہ مزاج [illegible] انصاف پسند ہندو مسلمانوں نے جب یہ دیکھا کہ اس جلسہ میں شری [illegible] اور ڈسٹرکٹ بورڈ، شری [illegible] چند آزاد، شری [illegible] پرشاد نے بھی تقریریں کیں تو ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔

ایک صاحب نے فرمایا: پیرشاہ تھی بھائیو ہمیں دو سال کی مہلت دو [illegible] پاکستانیوں سے ہم نہیں [illegible] مسلم لیگ [illegible] روح جمعیۃ علما کی [illegible] جواب ملک کے ساتھ غداری کر رہے ہیں۔

بریلی جمعیۃ علما کے کونسل سیشن کی طرف سے [illegible] اجازت دے [illegible] مولانا عبداللطیف صاحب [illegible] پریزیڈنٹ ڈسٹرکٹ کانگرس بریلی کی [illegible] پکتان [illegible] جب ہمارے بھائیوں کی جائدادیں پاکستان میں چھینی جا رہی ہیں تو یہاں کیوں نہ چھینی جائے۔

پاکستان کی مستقل شہری [illegible] لیکن نہ حکومت کے پاس کوئی متعین پالیسی اور واضح پروگرام ہے [illegible]

نگار پاکستان

واعظ کی باتیں

[illegible]

انصار اور مہاجر

ہمیں نظر آ رہا ہے کہ باہمی اختلاف بھی خدمت اور طریق خدمت کا نہیں۔ بلکہ [illegible] ہے۔ [illegible]

(کوثر لاہور)

سورۂ یٰسین کا استعمال

قرآن مجید نے آیا تھا کہ گمراہی اور انسانیت اس کے ذریعہ [illegible]

کتنے سگریٹ آئے
اور کتنے سگریٹ گئے
مگر ڈی لکس
برابر چل رہا ہے
de Luxe Tenor
ڈی لکس ٹینر
۵ آنے میں ۱۰
ہمیشہ طلب کیجیے
جیمس کارلائل لمیٹڈ لندن

آج دنیا کو چھوٹے بلاکوں کی نہیں بلکہ انسانیت دوستی اور محبت کی ضرورت ہے

ہندی سفیر متعینہ مصر مسٹر آصف علی اصغر فیضی کا قاہرہ میں بیان

قاہرہ ۲۴ ستمبر۔ ہندوستانی سفیر متعینہ مصر مسٹر آصف علی اصغر فیضی نے آج گلوب کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے کہا۔ گو کہ ہندوستان مجوزہ اسلامی بلاک بنائے جانے کا مخالف نہیں ہے تاہم ان کا ذاتی خیال ہے کہ اس قسم کا بلاک نہ بنایا جائے کیونکہ وہ کامیاب ہو سکے گا۔

انہوں نے کہا مجھے اس تحریک کی کامیابی کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ کیونکہ پاکستان اور عرب ممالک کے درمیان مشترکہ مفاد بہت کم ہیں آج دنیا کو بلاک اور چھوٹے چھوٹے جتھوں کی ضرورت نہیں ہے بلکہ انسانیت کو دوستی اور محبت کے سچے اصول پر بلا تفریق مذہب و ملت اتحاد کی ضرورت ہے۔

ہندی سفیر گذشتہ بدھ کو جامعہ الازہر یونیورسٹی سے ملاقات کرنے گئے تھے انہوں نے گلوب کو بتایا کہ وہ شیخ الازہر کی دعوت پر گئے تھے کیونکہ شیخ صاحب ہندوستان اور پاکستان کے درمیان اصولی اختلافات معلوم کرنا چاہتے تھے۔

انہوں نے کہا ایک زمانہ سے تہذیب یافتہ لوگوں نے مذہب کو سیاست سے علیحدہ کر دیا ہے کیونکہ وہ مذہب کو خالص ذاتی معاملہ تصور کرتے ہیں لیکن پاکستان ایسا ملک ہے جہاں مذہب کو فوقیت حاصل ہے جیسا کہ ریاست اسرائیل میں ہے اس کے برعکس ہندوستان ایک سیکولر ریاست ہے جو امن، عدم تشدد، صبر اور سب کے لئے یکساں حقوق پر چلتا ہے۔ ہمارے اصول زیادہ معقول ہیں اور تہذیب یافتہ ہیں۔

ہندی سفیر نے کہا کہ ہندوستان اور مصر کے درمیان طلبا اور پروفیسر کے تبادلہ کے سلسلے میں گفت و شنید جاری ہے اس سے کہ ہندوستان اور عرب دنیا کے درمیان تہذیبی تعلقات بڑھ جائیں گے اور ہندوستان کے مسلمانوں کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کر سکیں گی۔ ہمارے یہاں ہندوستان میں بہت سے مدرسے عربی کی تعلیم دیتے ہیں اور بہت سے لوگ عربی زبان اور اسلامی تعلیمات کے عالم ہیں۔

سوال کیا گیا کہ لیبیا کے متعلق ہندوستان کی پالیسی کیا ہے۔ ہندی سفیر نے کہا کہ ہندوستان تمام غلام قوموں کی آزادی کا حامی ہے ہم لیبیا کے متعلق بیرون یلان کی مخالفت کرتے ہیں۔

مسئلہ کشمیر کا تذکرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا حال ہی میں کشمیر کے متعلق دنیا کے اخبارات نے جو خبریں شائع کی ہیں وہ غلط اور پروپیگنڈا ہیں ہم کشمیر میں جنگ شروع کرنا نہیں چاہتے ہیں۔ ہم ثالثی قبول کرتے ہیں لیکن اس شرط پر کہ پہلے آزاد کشمیر والے ہماری سرزمین کشمیر سے واپس بلا لئے جائیں ان کی موجودگی سے آزادانہ استصواب رائے نہیں ہو سکے گا ہم نے بھی اپنے فوج کو واپس بلانے کا وعدہ کیا ہے لیکن مقابل کی جماعت کو بھی ایسا ہی کرنا چاہئے۔

ریاست اسرائیل کا تذکرہ کرتے ہوئے ہندی سفیر نے کہا کہ ریاست اسرائیل کی بنیاد بھی [illegible] جیسی ہی ہے۔ انہوں نے کہا اگر آپ پاکستان کے ساتھ اتحاد کر سکتے ہیں تو آپ کو اسرائیل کے ساتھ بھی اتحاد کرنا چاہئے۔ (مگریب)

ہندی سفیر نے کہا کہ ہندوستان اور مصر کے درمیان طلبا اور پروفیسر کے تبادلہ کے سلسلے میں گفت و شنید جاری ہے۔

نیپال میں اصلاحات کے نفاذ کی کوشش

نیشنل کانگریس نیپال کے لیڈر کا جواب

لہرمی ۲۵ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت نیپال نے ملک میں اصلاحات نافذ کرنے کے لئے نیپال نیشنل کانگریس کے لیڈر مسٹر بی پی کوئرالا کی اعانت حاصل کرنی چاہی ہے۔ مسٹر کوئرالا نے حکومت کو جواب میں لکھا ہے کہ جب تک تمام سیاسی قیدیوں کو رہا نہ کیا جائے اور جب تک سیاسی پارٹیوں کو آزادانہ کام کرنے کی اجازت نہ دی جائے اس وقت تک حکومت کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کر سکتے۔

جنوبی افریقہ کے پادریوں کی پریشانی

ڈربن ۲۴ ستمبر۔ حکومت جنوبی افریقہ کے قانون کے رو سے ڈربن میں شادی کے چھ یوروپین پادری گرفتار [illegible] جنوبی افریقہ کے پادری محتاج [illegible] سا جی سیاہ فام باشندوں کی شادی کا انتظام کرنے سے انکار کر رہے ہیں تاکہ سرکاری قانون کی خلاف ورزی ہو جائے اور انھیں اس کی سزا بھگتنی پڑے۔

جنوبی افریقہ کا ایک گورا شہری ہونے والی بیوی کے ساتھ انگلستان آباد ہونے جا رہا ہے کیونکہ ڈربن میں جب یہ جوڑا شادی کرنے گرجا گیا تو پادری نے یہ کہہ کر شادی کرنے سے انکار کر دیا کہ دلہن کچھ نیلی معلوم ہوتی ہے۔ اور وہ پوری طرح سے یقین نہیں کر سکتا کہ لڑکی یورپین ہے۔ (گلوب)

مراقش کے مسلمان حج کو روانہ ہوگئے

لندن ۲۵ ستمبر۔ میڈرڈ سے ایک اطلاع موصول ہوئی جس میں بتایا گیا ہے کہ شاہ عبدالعزیز کے میڈرڈ پہنچنے پر وہاں سے فرانکو اور شاہ عبدالعزیز کا ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا جس میں بتایا گیا ہے کہ جنرل فرانکو کی حکومت نے مراقش کے مسلمانوں کو حج کرنے کی سہولت دی ہے اور مسلمانوں کے لئے چند طیاروں کا انتظام کر دیا ہے جس کی وجہ سے مراقش میں اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ (گلوب)

ہندوستانی ماہرین زراعت جاپان کو

مسٹر چمن لال کا اعلان

بنگلور ۲۶ ستمبر۔ آل انڈیا تھرپوسنعتی بورڈ کے سکریٹری مسٹر چمن لال نے اعلان کیا ہے کہ ہندوستان کے زراعت کے ماہرین جلد جاپان بھیجے جا رہے ہیں تاکہ وہاں زراعت کے طریقوں کو دیکھیں۔ جاپان میں ہندوستان کے مقابلہ میں تین گنا زیادہ فی ایکڑ پیداوار ہوتی ہے۔

جنگ کے بعد جاپان کی پیداوار میں ۸۰ فی صدی کمی ہو گئی ہے۔ لیکن جاپان کو توقع ہے کہ وہ دو سال کے اندر اندر اپنی اس کمی کو پورا کرلے گا۔

میجر جنرل چودھری دہلی میں

سکندرآباد ۲۶ ستمبر۔ حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری اور سول ایڈمنسٹریٹر مسٹر ڈی ایس باکھلے ۲۷ ستمبر کو نائب وزیر اعظم سردار پٹیل سے مشورہ کرنے کے لئے دہلی آ رہے ہیں۔ دونوں دو روز تک دارالسلطنت میں قیام کریں گے۔ اور شاید وزیر اعظم سے بھی ملاقات کریں۔ (ی پ)

شاہ فاروق بھی اسپین جائینگے

لندن ۲۶ ستمبر۔ لندن کے مصری اور ہسپانوی سفارتخانوں نے گلوب کو بتایا کہ انھیں اس اخبار کی خبر کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہے کہ شاہ فاروق والی مصر بہت جلد جنرل فرانکو کے مہمان کی حیثیت سے اسپین کا دورہ کریں گے۔ (گلوب)

حکومت بہار کی اہم اسکیم

پٹنہ ۲۵ ستمبر۔ حکومت بہار نے ڈی ڈی ٹی اور دوسری جراثیم کش دوائیں بنانے کا کارخانہ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کارخانہ کی اسکیم بنانے کے لئے دو جرمن سائنسدانوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔

دس لاکھ کا پٹ سن جل گیا!

ڈھاکہ ۲۶ ستمبر۔ نرائن گنج میں پٹ سن کے گودام میں آگ لگنے سے کئی ہزار من پٹ سن جلکر خاکستر ہو گئی۔ نقصان کا اندازہ دس لاکھ روپیہ کیا جاتا ہے۔

آگ بجھانے کے عملے نے تین گھنٹے تک آگ بجھانے کی کوشش کی۔ آگ لگنے کا سبب معلوم نہیں ہو سکا۔

بلند شہر میں ۱۸، ۱۹ اکتوبر کو بلند شہر ڈسٹرکٹ کی کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لئے بلند شہر کے مالکان موٹر کا ایک وفد تمام اضلاع یوپی کا دورہ کر رہا ہے [illegible]

کمیشن نے طرفین کو مطلع کئے بغیر کسی کو کوئی یقین نہیں دلایا

اقوام متحدہ کمیشن کا بیان۔ بقیہ صفحہ اول

کمیشن ان غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لئے ایک بیان جاری کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ موجودہ حالات کو صحیح طور پر سمجھنے کے لئے کمیشن کی سرگرمیوں کے بعض خاص ادوار پر اجمالی نظر ڈالنا ضروری ہے۔

مجلس تحفظ کی ۱۳ اپریل ۱۹۴۸ء کی قرارداد کے تحت جسے فریقین نے منظور نہیں کیا تھا جس کا سب سے بڑا مقصد کشمیر میں امن و قانون بحال کرنا تھا کمیشن یکم جولائی کو برصغیر ہند میں پہنچ گیا تھا کمیشن نے چھ ہفتے تک دونوں حکومتوں سے جداگانہ گفت و شنید کے بعد التوائے جنگ کا معاہدہ کرنا چاہا۔

حکومت پاکستان نے غیر مشروط التوائے جنگ کی جس کے بعد آخری فیصلہ ہوتا تجویز کی حکومت ہند اس تجویز کو اس وقت تک منظور کرنے کے لئے تیار نہ تھی۔ جب تک پاکستانی باشندے اور قبائلی جو لڑائی کے مقصد سے کشمیر کے علاقہ میں داخل ہو گئے ہیں باہر نہ نکل جائیں۔

دونوں کے درمیان جو خلیج تھی اس کو پر کرنے کے لئے کمیشن نے ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء کی قرارداد پیش کی جو تین باہم وابستہ لیکن ممیز امور پر مشتمل تھی جو یہ ہیں (۱) عارضی صلح (۲) عارضی صلح کا معاہدہ جس میں فوجوں کی واپسی عمل میں آئے گی (۳) ان حالات کے پیدا کرنے کے لئے مشورہ جن کے تحت عوام کی آزادانہ اور غیر جانب دارانہ رائے معلوم ہو سکے۔

حکومت ہند نے کمیشن کی قرارداد منظور کرلی پاکستان نے یہ قرارداد مشروط طور پر منظور کی اور خصوصاً تیسرے حصہ کے لئے کچھ شرائط لگا دیں جو کمیشن کی نظر میں منظور نہ کرنے کے برابر تھا۔

یہ خیال رکھنا چاہئے کہ اس [illegible] مسایل میں سے جو عارضی صلح کے سمجھوتہ پر عمل در آمد میں حائل تھے دو کو شامل نہیں کیا گیا تھا (۱) مبینہ کم آبادی شمالی علاقہ کا دفاع (۲) آزاد کشمیر افواج کو توڑنا۔

کمیشن کی سرگرمیوں کا دوسرا دور نومبر ۱۹۴۸ء سے شروع ہوا جب کمیشن پیرس میں مجلس تحفظ کو رپورٹ دینے کے لئے پہنچا تھا۔ تب اس نے ہند اور پاکستان کی حکومتوں سے گفت و شنید شروع کی۔ اس گفتگو سے یہ ظاہر ہوا کہ استصواب رائے کے بارے میں اصولوں پر سمجھوتہ ہو سکتا ہے اس پر کمیشن نے اپنے ایک رکن مسٹر لوزانو کو دونوں حکومتوں سے گفت و شنید کے لئے برصغیر میں بھیجا۔ ہند اور پاکستان نے ان اصولوں پر اتفاق کر لیا اور تفصیلات [illegible] ۵ جنوری ۱۹۴۹ء کے ریزولیوشن میں شامل کیا گیا [illegible]

اس مرحلہ پر آزاد کشمیر افواج کے بارے میں [illegible] کی نئی ترتیب کے سلسلہ میں [illegible] پوری ہو جائے گی۔ اور دوسرے حصہ کے اجرا کا کام شروع ہو جائیگا۔

کمیشن کی سرگرمیوں کا تیسرا دور فروری میں شروع ہوا۔ جب دونوں حکومتوں نے کمیشن کی قراردادوں کی مزید توضیحات طلب کیں۔ انھوں نے عارضی صلح کے سمجھوتہ کے بارے میں اپنے اپنے خیالات کا بھی اظہار کیا۔

حکومتوں سے جداگانہ گفت و شنید سے یہ ظاہر ہوا کہ عارضی صلح کے سمجھوتہ پر دونوں حکومتیں کبھی متفق نہ ہو سکیں گی اس لئے کمیشن نے اپنی طرف سے سمجھوتہ کی تجاویز مرتب کیں۔ ۱۵ اپریل کو کمیشن نے دونوں حکومتوں کو سمجھوتہ کی پہلی تجاویز پیش کر دیں۔

کمیشن نے دونوں حکومتوں کے تاثرات کی روشنی میں اپنی تجاویز کو سرے سے مرتب کیا اور ۲۸ اپریل کو دونوں حکومتوں کو تجاویز پھر پیش کر دیں۔ ۱۸ اور ۲۰ مئی کو کمیشن کو ہند اور پاکستان کے جوابات وصول ہو گئے۔

کسی جواب میں بھی غیر مشروط منظوری شامل نہ تھی۔ اس کے بعد کمیشن نے دونوں حکومتوں کے اختلافات کم کرنے کی ایک اور کوشش کی۔ یہ اختلافات فوجوں کی واپسی کی شیڈول آزاد کشمیر افواج کے مرتبہ اور شمالی علاقہ کے امن اور حفاظتی علاقوں کی بابت تھے۔ دونوں حکومتوں نے جو رویہ اختیار کیا اس میں پھر بھی زبردست اختلافات تھے۔ ان اختلافات کے پیش نظر کمیشن نے تجویز کیا کہ کیونکہ التوائے جنگ کی لائن کے تعین پر نشان لگانا ضروری ہے اس کے فوجی پہلو کو اس کے سیاسی پہلو سے علیحدہ کر دیا جائے تاکہ لائن کے بارے میں جلد معاہدہ ہو جائے۔

۱۸ جولائی کو کراچی کے جلسہ میں کمیشن نے دونوں حکومتوں کے نمائندوں کو طلب کیا جولائی کو تصفیہ ہو گیا اور دونوں حکومتوں نے اس کی تصدیق کر دی۔

التوائے جنگ کی سب کمیٹی کی میٹنگ کے وقت جو دوستانہ اصول موجود تھا اس کے پیش نظر کمیشن کو امید تھی کہ دونوں حکومتیں کمیشن کی نگرانی میں عارضی صلح کے سمجھوتہ کے بارے میں اپنے بقیہ اختلافات کا بھی تصفیہ کر لیں گی چنانچہ ۲۲ اگست کو دہلی میں مشترکہ جلسہ طلب کیا گیا۔ دونوں حکومتوں نے کمیشن سے عارضی ایجنڈے کی ترتیب کے لئے کہا اور ایک دوسرے کے نقطہ نظر کی بابت معلومات طلب کی۔ اس پر جو رد عمل ہوا۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ صورت حالات اب بھی پوری طرح مختلف ہے ایک حکومت دعوے کرتی تھی کہ بعض امور پر بحث ہی نہیں کی جا سکتی دوسری حکومت کہتی تھی کہ ایجنڈے میں ان نکات کا شامل کرنا ضروری ہے۔ کمیشن اس نتیجہ پر پہنچا کہ ایسی کانفرنس جس میں حصہ لینے والوں میں ابتدائی اختلافات ہوں اس کی ناکامی یقینی ہے [illegible] جب کمیشن اس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ اس کی ثالثی کا کوئی مفید نتیجہ نکلنے کا امکان نہیں۔ تو اس نے دونوں حکومتوں سے دریافت کیا کہ آیا وہ عارضی صلح کے سمجھوتہ کے متنازعہ مسائل کو ایک ثالث کے سپرد کرنے کے لئے تیار ہیں۔

حکومت پاکستان نے کمیشن کی یہ تجویز منظور کرلی حکومت ہند نے یہ تجویز منظور نہ کی کمیشن نے اپنی گفت و شنید کے دوران میں پوری راز داری سے کام لیا ہے اور کسی فریق کو دوسرے فریق کو مطلع کئے بغیر کسی بات کا یقین نہیں دلایا ہے۔ (پ)

کمیشن مجلس تحفظ کو جو رپورٹ پیش کرے گا اس میں اس بات کی مزید وضاحت کر دی جائے گی کمیشن کو یقین ہے کہ تنازعہ کشمیر کا پر امن سمجھوتہ ہو سکتا ہے اور کمیشن ہند و پاکستان سے اس یقین کے ساتھ رخصت ہوتا ہے کہ اس بارے میں مجلس تحفظ میں جو رپورٹ پیش ہوگی وہ اس مقصد کے حصول میں معاون ہوگی۔ (پ ٹ)

بینکوں میں مسلمانوں کا روپیہ

کیا کسٹوڈین نے کوئی ہدایت دی ہے؟

پلکھوہ ۲۶ اگست۔ یہاں کے گوردوارہ بینک نے فرم حاجی عبداللہ و حاجی رحمت اللہ کو چوکیدار کے ہنڈی کے ذریعہ روپیہ دینے سے انکار کر دیا کہ کسٹوڈین کا یہ حکم ہے کہ کسی مسلمان کو بینک سے روپیہ نہ دیا جائے۔ مذکورہ فرم کی طرف سے گذشتہ ۲۶ اگست کو گیارہ سو روپیہ کی ایک ہنڈی [illegible] ریاست پٹیالہ بھیجی گئی تھی۔ بینک والوں نے بتایا کہ اگرچہ بلٹی کا روپیہ بھی ہمارے پاس آچکا ہے لیکن وہ کسٹوڈین کی اجازت کے بغیر کسی مسلمان کو روپیہ نہیں دے سکتے۔ [illegible]

دارالسلطنت

۲۶ ستمبر ۱۹۴۹ء

سبیل کو مندر بنانے کی ناکام کوشش

دہلی ۲۵ ستمبر۔ گذشتہ شب پھاٹک حبش خاں کے اندر چوک میں ایک مسلم سبیل کو چند میونسپلٹی دہلی کی طرف سے بھی منظور شدہ ہے پولیس اور نانتی دل کی بر وقت مداخلت سے مندر میں تبدیل کرنے کی کوشش ناکام کر دی گئی۔ واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ کچھ شرارت پسند لوگ نصف شب کے [illegible] سبیل کو مندر بنا دیا گیا [illegible] پولیس افسران کو بھی بلا لیا گیا جنھوں نے تحقیقات کرنے کے بعد [illegible] سبیل کو [illegible] بحال کر دیا۔ (ن ن س)

ڈھلائی یونین کا اعلان

ڈھلائی یونین کے تمام ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جس نے اب تک اپنا یونین کا ممبر کارڈ حاصل نہیں کیا وہ جلد از جلد ۳۰ ستمبر تک کارڈ حاصل کرلے۔ [illegible]

جمعیۃ الاخوت اسلامیہ کا قیام

کراچی ۲۶ ستمبر۔ بغداد میں ایک نئی مذہبی جماعت قائم ہوئی ہے جس کا نام جمعیۃ الاخوت اسلامیہ رکھا گیا ہے اس کا مقصد مسلمانوں کو منظم کرنا اور اخوت اسلامی کی تبلیغ کرنا ہے۔ [illegible]

میں بڑی امیدوں کے ساتھ لکھنؤ سے واپس جا رہا ہوں

مولانا عبدالوحید صدیقی کی طرف سے اہالیان لکھنؤ کا شکریہ

لکھنؤ ۲۵ ستمبر۔ "ادارہ الجمعیۃ" دہلی کے جنرل منیجر حضرت مولانا عبدالوحید صدیقی تقریباً ایک ہفتہ سے لکھنؤ میں مقیم تھے ان کی اس اسکیم کو کامیاب بنانے کی جد و جہد کر رہے تھے جس میں جمعیۃ نے اپنے خاص نشر و اشاعت اور الجمعیۃ کے متعلق کی صحیح ترجمانی کے لئے [illegible] آج لکھنؤ سے دہلی واپس ہوتے ہوئے موصوف نے حسب ذیل بیان اخبارات کو دیا۔

"میں جمعیۃ علما ہند کی اس اسکیم کو کامیاب بنانے کے لئے جس میں مضبوط پریس کے قیام کے ساتھ ایک انگریزی اخبار کا اجرا بھی داخل ہے۔ ۱۹ ستمبر کو لکھنؤ حاضر ہوا تھا۔ آج تقریباً دس دن کے بعد اہالیان لکھنؤ میں اس اسکیم کو کامیاب دیکھ کر بڑی امیدوں کے ساتھ دہلی واپس جا رہا ہوں۔ میں نے سب سے پہلے جمعیۃ علما ہند کی اصل اسکیم کو شہر کے ان معززین اور اونچے طبقہ کے لوگوں کے سامنے پیش کیا جو ۸ ستمبر کو چودھری حیدر حسین کی [illegible] بعد عصرانہ کے سلسلہ میں تشریف لائے تھے۔ اور پھر اس کے بعد انفرادی طور سے میں نے شہر کے دوسرے تعلیم یافتہ حضرات کے سامنے بھی وقت کی اس اہم ضرورت کو رکھا۔ مجھے مسرت ہے کہ شہر لکھنؤ کے تعلیم یافتہ اور ذمہ دار طبقہ نے جس میں آنریبل منشی احمد بشارت اور نانی رانی سر محمد اقبال [illegible] چیف جسٹس، چودھری نعمت اللہ سابق جج ہائیکورٹ، چودھری حیدر حسین بار ایٹ لا، نواب سید [illegible] رسول، نواب مہدی حسن، شیخ منتصر اللہ منشی احترام علی وغیرہ خصوصیت سے قابل ذکر ہیں اس اسکیم کو سراہا اور جمعیۃ علما کے وفد کی اقامت کے سلسلہ میں [illegible] اس طرح جمعیۃ علما ہند کو [illegible] مولانا شاہد فاخری، حضرت مولانا محمد [illegible] حضرات منشی شیخ منتصر اللہ منشی احترام علی الحاج محمد [illegible] وغیرہ حضرات نے میرے ساتھ بہت محنت اور خلوص سے اس اسکیم کو کامیاب بنانے کے لئے شہر میں دورہ کیا۔ وہ میری توقعات سے بالاتر ہے۔ میں ان تمام مخلصین کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور یقین رکھتا ہوں کہ شہر کے معززین اور وہ حضرات جن کی پچاس ہزار روپیوں کی یہ اپیل کی تکمیل بہت جلد عملی شکل اختیار کرے گی اور لکھنؤ ہندوستان کے دوسرے شہروں کے لئے ایک نمونہ اور مثال بن جائے گا۔"

جیون

رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو واپس لانے کے لئے بے نظیر گولیاں ہیں۔
۴۰ دن کی دوا ۱۵/-

رسائن

سیلان (لیکوریا) رحم کی کمزوری اور گرمی کی طاقت کے لئے سو فی صدی کامیاب ٹکیاں ہیں۔
ایک مہینے کی دوا ۸/-

صدیقی دواخانہ (دہلی دواگھر) نورگنج دہلی

طاقت مفت

ہزار روپیہ انعام

[illegible] مفت لے کر آپ کریم حکیموں کی پہچان جیسے کہ نامردی، کمزوری، ناطاقتی کے علاج میں [illegible]

منیجر دی ہیرو فارمیسی رجسٹرڈ (۱۲) دریا گنج [illegible] دہلی

اطلاع

آپ دہلی سے پاکستان کو ہر قسم کا مال کسٹم آفیسر صاحب کی سیل بند ریلوے کی ذمہ داری پر مال روانہ کرنے میں ہم سے خدمات لیجئے۔

محمد سلام مکان نمبر ۹۰ کٹرہ دولی گلی بازار سلطان دہلی

بنارس

کانگرس سودیشی نمائش

بمقام ٹاؤن ہال بنارس

۲ اکتوبر سے ۱۴ نومبر ۱۹۴۹ء

دکان وغیرہ [illegible] فیٹ کرایہ [illegible]

یونیورسل ہومیوپیتھک کالج فارمیسی

۵ لیفن بازار دریا گنج دہلی

[illegible]

زیر نگرانی ڈاکٹر بی ایل زوبرک [illegible] لاہور

مڈلینڈ کی مشہور چائے کیلئے

سول ایجنٹوں اور کنونیسروں کی ضرورت ہے۔ [illegible]

مڈلینڈ ٹی اینڈ پروڈیوس کمپنی [illegible]

بلیاروں کا ننھا منا سا کتب خانہ

[illegible] جنرل نیوز ایجنسی بلیاران [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

مدیر: محمد عثمان فارقلیط

رجسٹرڈ ایل ۵۲۳۲

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات مورخہ ۵ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۹ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۳۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پاکستان سے تجارت

پاکستان کو تجارتی و گھریلو سامان بھیجنے اور منگانے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔ بغیر تکلیف اٹھائے آپکا مال جس کی گورنمنٹ آف انڈیا نے منظوری دے رکھی ہے۔ منزل مقصود تک پہنچانے کی گارنٹی کی جاتی ہے۔ براستہ امرتسر و فیروزپور بذریعہ ریل موٹر ہمارا مکمل انتظام ہے۔ پرمٹ والے مسافروں کو پاکستان جانے میں سہولیت دی جاتی ہے۔ مکمل دیانت کے لئے ایک بار تشریف لا دیں۔

سٹر اسٹر لینڈ کسٹم کلیرنگ ایجنٹس چتلا ہوٹل کٹرہ بریاں

دہلی

ہیڈ آفس ۳۱۰ کوئنز روڈ امرتسر

کانگریس اسمبلی پارٹی کا اجلاس

نئی دہلی ۲۶ ستمبر۔ دستور ساز اسمبلی لیجسلیٹیو کانگریس اسمبلی پارٹی کے دفتر کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ روپے کی قیمت کم کرنے کے بارے میں غور کرنے کے لئے ۲۸ ستمبر کو شام کے چھ بجے کنسٹی ٹیوشن ہاؤس میں اسمبلی پارٹی کا اجلاس ہوگا۔ (اپ۔ پ)

برطانیہ ایٹم بم پر پابندی لگانے کے لئے تیار ہوگیا

اب تک صرف روس کی طرف سے سمجھوتہ کی راہ میں کاوٹ پیدا کی جارہی ہے

جنرل اسمبلی میں وزیر خارجہ مسٹر بیون کی تقریر

مختلف ممالک کی سیاسی صورت حالات پر تفصیلی تبصرہ

واشنگٹن میڈیو ر (۲۷) ستمبر

برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون نے آج روس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ اپنی خلوت سے باہر آئے اور ایٹمی طاقت پر بین الاقوامی کنٹرول میں شامل ہونے کے لئے تیار ہے تو ایٹم بم پر پابندی لگائی جاسکتی ہے

مسٹر بیون نے کہا کہ اگر اب تک ایٹمی طاقت پر کنٹرول کے سلسلہ میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا تو اس میں سارا قصور سوویٹ یونین کا ہے ہماری طرف سے سمجھوتہ کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کی گئی ہے۔ آپ نے کہا کہ سوویٹ یونین نے بجز [illegible] ایٹمی طاقت کے کنٹرول کی کسی اسکیم پر بھی غور کرنے سے انکار کردیا۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں سوویٹ روس کی اس تجویز پر کہ پانچ بڑی طاقتوں کے مابین صلح کا سمجھوتہ ہو اور ایٹم بم پر پابندی لگادی [illegible]

جنرل اسمبلی کے اجلاس میں روس کی تجویز کی مخالفت

روس پر سامراجی ملک ہونیکا الزام۔ کناڈا کے وزیر خارجہ کی تقریر!

یوگوسلاویہ کا روس سے پالیسی بدلنے کا مطالبہ

نہرو میر مشاعرہ

(نامہ نگار)

حیدرآباد اور کشمیر بین الاقوامی مسائل نہیں

مسٹر دواکر کی حیدرآباد میں تقریر

برطانیہ اور امریکہ کے ایٹمی ماہرین کی خفیہ کانفرنس

کانگریس ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں اہم مسائل پر غور ہوگا

پنڈت نہرو کی امریکہ کو روانگی کی اہمیت

ہندوستانی روپیہ کی خرید و فروخت

پاکستان نے سابقہ نوٹیفیکیشن منسوخ کردیا

کلکتہ سے حضرت ناظم اعلیٰ کی مراجعت

مسٹر شنکر راؤ دیو کی تقریر

یوکرین کی طرف سے یوگوسلاویہ پر سنگین الزامات

روس سے سوویٹ یونین کے شہریوں کی حفاظت کرنیکی اپیل

ہندوستان کو مزید ڈالر کا قرضہ

بین الاقوامی بینک کے اعلان کی توقع

مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

امن کیلئے "زہر آلود" روسی پیشکش

پونڈ کی خرید و فروخت کی شرح

حکومت پاکستان نے مقرر کردی

بمبئی کے ہوٹل والے کو دس ہزار روپے جرمانہ

عید کے دن آپ کا لباس

اگرچہ وقت کم ہے —— لیکن کام کی زیادتی کے سبب ہم نے اپنا عملہ بڑھالیا ہے۔ لہذا اب ہم عید سے پہلے دینے کیلئے معمولی ہی ریٹ پر ۳۰ ستمبر تک کام بک کرسکیں گے

نیو بنگال لانڈری۔ بلیماران دہلی نے آپکے فائدہ کیلئے شائع کیا

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

Delhi: 28-9-49

شرنارتھیوں کی امداد ہمارا اخلاقی اور انسانی فرض ہے

صدر جمعیۃ علماء راجستھان کا بیان۔ اہالیان ٹونک سے شرنارتھیوں کا خیر مقدم کرنیکی اپیل

ٹونک (جمعیۃ ڈاک) تقسیم ہند کے فوراً بعد ہند و پاکستان کے طول و عرض میں فرقہ وارانہ فسادات کی جو آگ [illegible] کے نتیجہ میں ان دونوں ہمسایہ ملکوں کے ہزاروں شہریوں، لاکھوں بے قصور و بے گناہ باشندوں کو گھر سے بے گھر ہونا پڑا۔

اور اگرچہ آج دو سال ہوچکے ہیں لیکن حکومت کی ان تھک اور ہمدردانہ کوششوں کے باوجود ابھی بے شمار مظلوم و خانماں برباد بندگان خدا کی آبادکاری کا معقول انتظام نہیں ہوسکا جس کی وجہ سے ان کی اکثریت کھلے ہوئے میدانوں اور کیمپوں میں بسر کر رہی ہے

میں پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں، کہ جس طرح آدمی کا آدمی کے خون سے ہاتھ رنگنا قابل نفرت و لعنت ہے ٹھیک اسی طرح لاکھوں انسانوں کا اتنے دن تک بے گھر اور بے کار رہنا انسانیت کے دامن پر ایک کبھی نہ دھلنے والا داغ ہے۔

کسی مذہب کی رو سے بھی غالباً یہ جائز نہیں ہے۔ کہ ہم آرام سے اپنے وسیع و کشادہ مکانوں میں رہیں۔ اور وہ بے قصور و مظلوم تپتی ہوئی گرمیاں، کڑاکے کے جاڑے اور خوفناک برساتوں سے کھلے ہوئے میدانوں میں جنگ کریں۔

میں ٹونک کے تمام ہندو اور مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ ہمارا اخلاقی فرض ہے کہ آنے والے شرنارتھیوں کا کھلے دل، خندہ پیشانی [illegible] اور حسن اخلاق سے استقبال کریں گے اپنی تاریخی اور روایتی مہمان نوازی کا ثبوت دیں؛

وہ ستم رسیدہ ہیں، بے وطن ہیں، پریشان حال ہیں، مصیبت زدہ ہیں، ہمیں زبان سے نہیں عمل سے یہ ثابت کرکے دکھا دینا چاہیئے۔ کہ ان کی مصیبت ہماری مصیبت ہے ان کی تکلیف ہماری تکلیف ہے۔ ان کا غم ہمارا غم ہے ہمارے گھر ان کے گھر ہیں، ہمارا شہر ان کا شہر ہے [illegible] ہم ان کے ہیں۔

وہ رحم کے قابل ہیں، وہ امداد کے مستحق ہیں، وہ محبت کے بھوکے ہیں، وہ پیار کے پیاسے ہیں ان پر رحم کھاؤ، ان کی امداد کرو، ان کے ساتھ محبت سے پیش آؤ، ان سے پیار سے بولو، وہ تمہارے بھائی ہیں تم ان کے بھائی ہو،

میں صاف صاف بتادینا چاہتا ہوں کہ ماضی قریب میں اس برصغیر کے ہندوؤں اور مسلمانوں نے اخلاق اور انسانیت کا جو خون کیا ہے، اس کی تلافی اگر کچھ ہوسکتی ہے تو صرف اسی صورت سے کہ جو لوگ اس وحشت و حیوانیت کا براہ راست شکار ہوکر بے گھر اور بے روزگار ہوگئے ہیں ان کے جلے گھروں کا انتظام کرو، ان کی مصیبت [illegible] کے زخموں پر مرہم رکھ دو [illegible]

(صدر جمعیۃ علماء راجستھان)

شنگھائی پر بمباری

(بقیہ صفحہ ایک)

پھاٹک حبش خاں کی املاک

پاکستان اور بین الاقوامی مالی فنڈ کی خبر

باخبر حلقوں میں تعجب اور غصہ کا اظہار

کپاس کا مسئلہ

تجارتی وفد کی آمد

مغربی پاکستان کے سکھ گوردواروں کا مسئلہ

سکھ وفد گورنر مشرقی پنجاب سے ملا

لال دروازہ میں گاندھی اوتسو

پنڈت پنت کا دورہ الہ آباد

کانگریس ورکروں کو مشورہ

مہاراجہ منی پور امفال روانہ ہوگئے

کشمیر ہند کا ناقابل علیحدگی حصہ ہے

مسٹر عبدالقیوم انصاری کا بیان

غیر ملکی زرتبادلہ پر مزید پابندی

میں نے کبھی کسی مسلمان کو کسی غیر اخلاقی فعل کے لئے نہیں اکسایا

سید قاسم رضوی کا عائد کئے ہوئے تمام الزامات سے انکار

اسیر کے متعلق سوالات

رضاکاروں کا قانون

جراثیمی جنگ

(بقیہ صفحہ اول)

مغویہ عورتوں کے بچے

کپاس کی قیمت میں اضافہ

لندن ۲۶ ستمبر۔ خام سوت کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ آج سے خام کپاس کی قیمت میں اضافہ کردیا گیا ہے۔

گائے کی قربانی نہ کرنے کا فیصلہ

ہند اور مشرقی بنگال کے درمیان مواصلت

چینی فوج کی بغاوت

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ

حضرت مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ

حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی۔ حکیم محمد احمد خاں صاحب مرحوم دہلوی

جیسی بالاتر ہستیوں کی مصدقہ

دواخانہ رشیدیہ کی خصوصی مجربات

روغن مقوی دماغ

مفرح دلکشا

اکسیر جلد

اکسیر کامل

روغن خنازیر

تریاق الرحم

کحل الجواہر

جوہر جریان

المشتہر

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور (یوپی)

چاندنی چوک دہلی میں

روزنامہ و ہفت روزہ الجمعیۃ نیوز پیپر ایجنسی، صدر دروازہ مسجد فتحپوری سے طلب فرمائیں

[illegible] کے ماتحت دیا، میرا قتل سے کوئی تعلق نہیں

شعیب اللہ کے قتل کے مقدمہ میں ملزم عبدالمنعم خاں کا بیان

حیدرآباد دکن، ۲۷ ستمبر۔ شعیب اللہ خاں کے قتل کے سلسلہ میں اسپیشل ٹریبونل کے ایک ممبر مسٹر محمد علی خاں نے ملزم نمبر ۲ عبدالمنعم خاں سے چند سوالات کئے۔ جن کے جواب میں ملزم نے قطعی انکار کیا کہ شعیب اللہ کے قتل سے اس کا کوئی تعلق ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ وہ اقراری بیان جو میں نے مجسٹریٹ کے سامنے دیا ہے وہ محض پولیس کے دباؤ سے دیا ہے۔

عبدالمنعم خاں نے کہا کہ مجھے شعیب اللہ خاں کے قتل کی کوئی اطلاع نہیں ہے اور نہ میرا اس قتل سے کوئی تعلق ہے۔ میں کبھی کسی چائے کی دکان میں شعیب اللہ کے متعلق پوچھنے نہیں گیا اور نہ کسی لڑکے کو جیل بازار کی مسجد میں گذشتہ سال ماہ رمضان میں چپت لگایا میں نے اس لڑکے کو عدالت میں پہلی مرتبہ دیکھا ہے۔ نہ مجھے یہ حکم دیا گیا تھا کہ میں عالم پور جاؤں اور نہ میں وہاں کبھی گیا۔

ملزم نے کہا کہ جب پولیس ہیڈ کوارٹر میں شناختی پریڈ ہوئی تھی تو اسمٰعیل خاں نے جو شعیب اللہ خاں کے سالے ہیں پہلے ایک سی۔ آئی۔ ڈی کو پہچانا اس کے بعد میری طرف اشارہ کیا۔ پریڈ میں ۱۸ آدمی تھے لیکن عدالت کے سامنے جو فہرست ان لوگوں کی پیش کی گئی ہے اس میں صرف ۱۳ آدمیوں کے نام ہیں۔

زیادتی کا ڈر

منعم نے کہا کہ مجھے حیدرآباد کے چیف سٹی مجسٹریٹ نے سٹی مجسٹریٹ کے پاس بھیجا تھا جنہوں نے میرا بیان لیا۔ مجھے جب جبر نے اقراری بیان دینے پر مجبور کیا تو وہ پولیس کی زیادتی کا ڈر تھا۔ اس نے کہا کہ مجھے دو دن تک سخت اذیت پہنچائی اور مجھ سے ایک بیان دیا گیا کہ میں اس کو کورٹ اور ایک مجسٹریٹ کے سامنے دہراؤں۔ اس لئے میں مجسٹریٹ کے سامنے یہ بیان دینے پر مجبور ہوا۔ مجسٹریٹ نے مجھے بیان دینے سے پہلے سوچنے کا وقت نہیں دیا۔

منعم خاں نے کہا کہ جب میں اپنا بیان مجسٹریٹ کے سامنے دے چکا تو مجھے عدالت کی کوٹھری میں بھیج دیا گیا۔ اور ایک گھنٹہ بعد مجھے بیان پر دستخط کرنے کے لئے طلب کیا گیا۔

منعم خاں نے کہا کہ میں کبھی اس پیر (سلطانی گواہ) کے پاس نہیں گیا اور نہ میں نے قرآن پاک پر کوئی قسم کھائی۔ یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ میں نے اس پر پستول [illegible] کیا۔ پھر محسن رضا کے ساتھ گیا اور شعیب اللہ خاں کے قتل کا ارتکاب کرکے واپس آیا۔ اور پستول اسیر کو واپس کیا۔ میں نے محسن رضا کو اس سے قبل کبھی نہیں دیکھا تھا صرف اس کو جیل میں دیکھا۔ کیونکہ میں ان کے حالات سے واقف نہیں۔ جن کے ماتحت شعیب اللہ خاں کا قتل ہوا ہے اس لئے میں اس سلسلہ میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔

شعیب اللہ خاں کے قتل کے سلسلہ میں دوسرے اور سوالات بھی ملزم سے کئے گئے مثلاً یاقوت پورہ [illegible] سے تلوار کا برآمد ہونا۔ ان تمام سوالات کے جواب میں ملزم نے کہا کہ مجھے ان واقعات کا کوئی علم نہیں ہے

تیسرے ملزم محسن رضا سے کل سوال و جواب ہوں گے اس کے بعد بیبی نگر کی ڈکیتی کے ملزم پیش کئے گئے ملزموں کو حیدرآباد سنٹرل جیل میں رکھنے کا حکم دیا گیا اور عدالت برخاست ہوگئی۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

ملک کی اقتصادی حالت پر تبادلہ خیال

سردار پٹیل کی صنعت کاروں اور تاجروں سے ملاقات

نئی دہلی، ۲۷ ستمبر۔ سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے ڈاکٹر متھائی اور مسٹر نیوگی کے ہمراہ پانچ ممتاز صنعت کاروں سے دو گھنٹے تک ملک کی موجودہ اقتصادی حالت پر تبادلہ خیال کیا۔ زیر بحث ملک کی وہ اقتصادی حالت تھی جو روپیہ کی قیمت کم ہونے کے باعث پیدا ہوگئی ہے

صنعت کاروں میں مندرجہ ذیل حضرات تھے، سر شری رام، [illegible] مسٹر جی ڈی برلا، [illegible] اس ملاقات کے وقت وزارت تجارت اور مال کے سکریٹری بھی موجود تھے وزیر تجارت اور وزیر مال کی ابتدائی تقریر کے بعد صنعت کاروں نے روپیہ کی قیمت کم ہونے کے [illegible] درآمد و برآمد کی تجارت، اس کے اثرات اور ملک کی عام اقتصادی حالت کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کیا۔ گفت و شنید میں پاکستان کے روپیہ کی قیمت کم ہونے کے سوال پر بہت زور دیا گیا۔ بعض ایسی تجویزیں بھی پیش کی گئیں جن میں بتایا گیا کہ پاکستان کے اس فیصلہ کا اثر جو ہندوستان کی اقتصادی حالت پر پڑے گا اس کا توڑ کیسے کیا جاسکتا ہے

پٹ سن کی قیمتیں

پاکستان سے خام پٹ سن خریدنے کے متعلق سب کی یہ رائے تھی کہ چونکہ پاکستان پٹ سن کی قیمت ہندوستانی روپیہ کے لحاظ سے زیادہ ہوگئی ہے اس لئے اس کی خرید ہندوستان کے لئے مناسب نہیں۔

قبل کی قیمتوں میں اگر تبدیلی کی گئی تو ہندوستان غیر ملکوں میں اپنا پٹ سن فروخت نہیں کرسکتا۔ قیمت بڑھنے سے ہندوستان کی پٹ سن کی مصنوعات کے مقابلہ کی پوزیشن پر بھی زیادہ اثر پڑے گا۔

اسٹاک پوزیشن کے متعلق کہا گیا کہ اگر ہندوستان [illegible] ماہ پاکستان سے پٹ سن نہ خریدے تو ملک کی بیرونی تجارت پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ گفت و شنید کل بھی جاری رہے گی۔

"اگر ہم پر اعتماد ہے تو ہمارے ساتھ مشکلات کا مقابلہ کرو"

برمی پارلیمنٹ کے ممبروں کو وزیر اعظم کی جھاڑ

رنگون، ۲۷ ستمبر۔ برمی وزیر اعظم مسٹر تھاکن نو نے برمی پارلیمنٹ کے ممبران پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ پر تنقید کرتے ہوئے ان میں ذمہ داری کا احساس نہیں ہے اور وہ اپنی تنقید میں تمام حدود سے گذر جاتے ہیں۔

پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے کابینہ کے وزراء پر یہ الزام عائد کیا تھا کہ وہ اپنے وعدوں کو پورا نہیں کرتے اور ذمہ داریوں کا احساس نہیں کرتے۔ مسٹر تھاکن نو نے کہا کہ آپ نے ہمیں طاقت دی ہے اگر آپ کو ہم پر اعتماد ہے تو آپ کو ہمارے ساتھ مشکلات کا مقابلہ کرنا چاہئے اور محض الزام نہیں دھرنا چاہئے انہوں نے اس امر کا اقرار کیا کہ انتظامی امور میں نقائص ہیں لیکن اس وقت تک ان کا علاج نہیں ہوسکتا جب تک کہ حالات بہتر نہ ہو جائیں

سوراشٹر میں مسلح ڈاکوؤں کی سرگرمیاں۔ ڈکیتی اور قتل کی وارداتیں

ڈاکوؤں کے خوف سے کاشتکاروں نے کھیتوں میں جانا چھوڑ دیا!

راجکوٹ، ۲۷ ستمبر۔ گذشتہ چند دنوں میں ضلع گوہل واڑ سے مسلح ڈاکوؤں کی زبردست سرگرمیوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

گذشتہ جمعہ کو پالی تانا کے قریب موضع [illegible] پر ڈاکوؤں نے حملہ کیا اور دو اشخاص کو مجروح کردیا۔ دیہاتیوں سے تین ہزار روپیہ چھین لئے گئے۔ ایک دوسرے گاؤں سے بھی ڈاکہ کی اطلاع ملی ہے جس میں ڈاکو [illegible] ہزار کا مال لے گئے۔ موضع رام پور میں پولیس کے چیف کو سخت زد و کوب کیا گیا۔ قریب کے گاؤں [illegible] سے لوٹ مار کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ موضع [illegible] میں ایک شخص کو گولی کا نشانہ بنا دیا گیا۔

[illegible] ڈاکوؤں کے [illegible] اور کھڑی ہوئی فصل خوب کام دیتی ہے۔ سوراشٹر میں ڈاکوؤں کی ان سرگرمیوں کے انسداد پر غور کرنے کے لئے [illegible] کی ایک کانفرنس ہوئی۔ کہا جاتا ہے کہ بعض بعض جگہ کاشتکار اپنے کھیتوں میں جانے سے خوف کھاتے ہیں باوجودیکہ فصلیں تیار ہیں۔ (پ ٹ ا)

مغربی جرمنی اور روس میں تجارتی معاہدہ

فرانکفورٹ، ۲۷ ستمبر۔ جرمنی میں امریکہ کے ہائی کمشنر نے اعلان کیا ہے کہ مغربی جرمنی اور روس کے درمیان ایک تجارتی معاہدہ ہوگیا ہے اعلان کے ساتھ [illegible] نہیں کئے گئے ہیں لیکن توقع ہے کہ [illegible] شائع ہو جائیں گی۔ (پ ٹ ا)

مسلمانوں کی مستقل تہذیب کا اعتراف اور اس کے تحفظ کا وعدہ

پونہ اینگلو اردو اسکول کے طلبا سے وزیر اعظم بمبئی کا خطاب

پونہ ۲۷ ستمبر۔ وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیر نے [illegible] اینگلو اردو اسکول کے طلبا کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلمان اقلیت اور دوسری اقلیتوں کی زبان اور ان کی تہذیب کی ہندوستان میں [illegible] حفاظت کی جائے گی۔ آزاد ہند کے دستور میں اقلیتوں کو اس قسم کے حقوق دیئے گئے ہیں۔ لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ ہندوستان کی حکومت سیکولر ہے اور برطانوی عہد حکومت کے برعکس کسی قسم کے فرقہ وارانہ رجحان کی حوصلہ افزائی نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان مختلف فرقوں کے مخصوص اسکول [illegible] کی اس پالیسی کے تحت کیا گیا ہے کہ ایسے اداروں کی ہمت افزائی نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا تعلیم کا مقصد طلباء کے کیرکٹر اور ان کی جسمانی صحت کی تعمیر ہے مختلف فرقوں کے لئے جداگانہ اسکول اس مقصد کے لئے ضروری نہیں ہیں۔

مسٹر کھیر نے کہا کہ حکومت کے فیصلہ کا یہ مطلب نہیں کہ اقلیتوں کی زبان یا ان کی تہذیب کا خاتمہ کردیا جائے گا۔ انہوں نے تمام ہندوستانیوں سے اپیل کی کہ اپنی مادری اور علاقائی زبانوں کے ساتھ ساتھ قومی زبان کے خزانہ میں بھی اضافہ کریں۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

گورنر مغربی پنجاب کا آپریشن

راولپنڈی ۲۷ ستمبر۔ سردار عبدالرب نشتر گورنر مغربی پنجاب کے مثانہ کا [illegible] ہسپتال میں آپریشن ہوا [illegible] وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں اور صوبہ سرحد کے وزیر اعظم خان عبدالقیوم خاں گورنر مغربی پنجاب کو ہسپتال میں دیکھنے آئے۔ (پ ٹ مانٹر)

متحدہ سوشلسٹ کانگریس ملتوی

ناگپور ۲۷ ستمبر۔ مسٹر آر ایس روئیکار نے اعلان کیا ہے کہ متحدہ سوشلسٹ کانگریس جو ناگپور میں اکتوبر کے دوسرے ہفتہ میں منعقد ہونے والی تھی غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردی گئی ہے التوا کا سبب مسٹر سرت بوس کی خرابی صحت بتایا گیا ہے۔ (ا)

برطانیہ میں جلد ہی بڑے پیمانہ پر ایٹم بم بننے لگیں گے

لندن کے اخبار ڈیلی ایکسپریس کے نامہ نگار کا انکشاف

لندن، ۲۷ ستمبر۔ لندن ڈیلی ایکسپریس نے کل لکھا کہ جلد ہی برطانیہ ایٹم بم بنانے لگے گا، اس اخبار میں صفحہ اول پر اس کے سائنسی نامہ نگار کا ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ برطانیہ ایٹم بم کی تیاری میں روس سے سبقت لے جائیگا اس نے بتایا کہ مغربی کمبرلینڈ کے ساحل پر واقع برطانیہ کے ایٹمی کارخانہ میں جلد ہی پلوٹونیم بننے لگے گی جو نہایت ترقی قسم کے بم بنانے کے لئے ضروری ہے اس نے بتایا کہ [illegible] امریکی کارخانہ کی نسبت یہ کارخانہ بہت بڑا ہوگا جہاں سب سے پہلے بڑے پیمانہ پر پلوٹونیم بنائی گئی تھی اس نے لکھا ہے کہ روس تو قابل استعمال بم بنانے کی کوشش کر رہا ہے اور برطانیہ کے سائنسدان جنہوں نے ابتدائی کام زمانہ جنگ ہی میں پورا کرلیا تھا بڑے پیمانہ پر یورینیم بنا رہے ہیں اس نے انکشاف کیا کہ لنکا شائر میں یورینیم پگھلانے کا ایک کارخانہ برطانیہ کی ایٹمی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل یورینیم بنا رہا ہے واشنگٹن سے ڈیلی میل کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ انگلستان میں امریکن بمباروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے اور نہ ہی انگلستان میں ایٹم بم کا ذخیرہ کرنے کا ارادہ ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

شملہ میں بچر فارمولے پر غور

شملہ، ۲۷ ستمبر۔ زبان کے بارے میں مسٹر بچر نے جو فارمولا تجویز کیا ہے اس پر کل مشرقی پنجاب کے تمام بڑے بڑے شہریوں کی کانفرنس میں دیر تک غور کیا۔ کانفرنس چار گھنٹے تک جاری رہی اور آج ختم ہوگی۔ گورنر کے علاوہ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو وزیر تعلیم گوسوامی گنیش دت بخشی سر ٹیک چند سر گوکل چند نارنگ۔ پنڈت ٹھاکر داس بھارگو اور رائے بہادر بدری داس نے اس کانفرنس میں شرکت کی (پ ٹ ا)

ہندوستانی کونسل کا خیر مقدم

بمبئی ۲۷ ستمبر۔ "ہندوستان برما" سوسائٹی نے آج تہذیبی تعاون کی ہندوستانی کونسل کی تشکیل کا خیر مقدم کیا یہ کونسل مولانا آزاد کی صدارت میں قائم ہوئی ہے انہوں نے اس تحریک کو مختلف ایشیائی اقوام میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے ضروری قرار دیا (پ ٹ ا)

موٹر کے حادثہ میں ۱۰ ہلاک ۲ زخمی

بردوان ۲۷ ستمبر۔ یہاں سے ۴۰ میل کے فاصلہ پر کار کے حادثہ میں ۱۰ اشخاص ہلاک اور ۲ زخمی ہوگئے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کار میں تین بھائی اور چار رشتہ دار [illegible] کے لئے جارہے تھے کہ کار ٹرک سے ٹکرا گئی۔ ۷ شخص فوراً ہلاک ہوگئے۔ زخمیوں کو بردوان کے اسپتال میں داخل کیا گیا۔ جہاں مزید تین اشخاص ہلاک ہوگئے۔ باقی دو کی حالت ابھی نازک بیان کی جاتی ہے (پ ٹ)

راولپنڈی میں جرائم میں کمی

راولپنڈی، ۲۷ ستمبر۔ (ا م) سرکاری حلقوں میں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ راولپنڈی ڈویژن میں جرائم کی رفتار گھٹ گئی ہے۔

گذشتہ سال پہلے سات ماہ میں قتل اور لوٹ مار کے ۳۷۴ اور ۱۳۴ واقعات ہوئے تھے اور امسال اسی عرصہ میں علی الترتیب ۲۵۱ اور ۱۱۵ ہوئے ہیں۔

مسٹر [illegible] پولیس نے بتایا کہ اس کا سبب پولیس کی نگرانی میں اضافہ اور [illegible] حالات میں بہتری ہے۔

کشمیر کی لڑائی میں ہندوستانی فوجوں کی دلیری کی تعریف

نیشنل کانفرنس کے کھلے اجلاس میں ہندی فوجوں کی بابت قرارداد کی منظوری

سری نگر ۲۷ ستمبر۔ آل جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے کھلے اجلاس میں ایک قرارداد منظور کی گئی جس میں ہندوستانی افواج کے سپاہیوں اور افسروں نے کشمیر کی جنگ میں جس جذبہ کے ساتھ کام انجام دیا اس پر تحسین کا اظہار کیا گیا۔ کل کا اجلاس سخت بارش اور آندھی کی وجہ سے کچھ دیر کے لئے ملتوی ہوگیا۔ بارش اور آندھی شام تک جاری رہی۔ بارش کی وجہ سے کشمیر کے بارے میں نیشنل کانفرنس کی قرارداد پر غور نہ کیا جاسکا۔ شیخ عبداللہ نے اعلان کیا کہ کانفرنس کے اجلاس میں ایک دن کی توسیع کی جاتی ہے۔ آج شام کے کھلے اجلاس میں یہ قرارداد اور اقتصادی حالت پر دو دوسری قراردادیں پیش کرکے منظور کرائی جائیں گی۔

مولانا محمد سعید [illegible] سکریٹری نے ایک دوسری قرارداد پیش کی جس میں پاکستانی حملہ آوروں کی لوٹ مار اور قتل و غارت کی مذمت کی گئی۔ اس قرارداد میں لوٹ مار کا نشانہ بننے والوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا تھا۔ اس قرارداد میں نیشنل کانفرنس کے کارکنوں سے ہوشیار رہنے اور فرقہ پرستی کا مقابلہ کرنے کی بھی اپیل کی گئی تھی۔

شیخ عبداللہ نے اس قرارداد پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا طرز عمل غیر اسلامی ہے اور وہ تباہی کی طرف جارہا ہے اس وقت سخت بارش کی وجہ سے اجلاس ایک گھنٹے کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

ہندوستانی سپاہیوں کی بہادری

ہندوستانی فوج کی عظیم خدمات کا ذکر کرتے ہوئے قرارداد میں کہا گیا تھا کہ ہند اور کشمیر کے بہادر سپوتوں نے انسانی آزادی اور انصاف کے اصولوں کی خاطر مشترکہ طور پر جو خون بہایا تھا اس نے ہمیشہ کے لئے کشمیر اور ہند کی دوستی پر مہر تصدیق ثبت کردی ہے۔ لڑائی میں ہندی سپاہیوں اور ہوابازوں نے ثابت کردیا کہ ان کے نزدیک عزت زندگی سے مقدم ہے۔ ہماری اپنی فوجیں [illegible] کے بہادری اور [illegible] اس قرارداد میں کہا گیا کہ ہندوستانی فوجیں جہاں کشمیریوں کی حفاظت [illegible] بلکہ ہندوستان سے دوستی کا پیغام لائیں وہاں جنگ کے دوران انہوں نے اپنے طرز عمل کے لئے تحسین بھی حاصل کیا۔ ہندوستانی فوجیں جہاں بھی گئیں انہوں نے [illegible] کو گرفتار کیا [illegible] قرارداد کو پیش کرتے ہوئے بخشی غلام محمد نائب وزیر اعظم کشمیر نے کہا ہندوستانی فوجوں نے کشمیر کی جنگ میں دو قومی نظریہ کے پرخچے اڑا دیے۔ انہوں نے خود غرضی سے [illegible] کام کیا۔ اور کشمیریوں کے دلوں کو جیت لیا اب کشمیر ہمیشہ ہندوستان کے ساتھ رہے گا۔ اور [illegible] ہے کہ ہندوستانی فوجوں نے کشمیریوں کو انسانیت کا وہ سبق دیا جو مشرق اور دنیا کے عظیم الشان رہنما مہاتما گاندھی نے سکھایا تھا انہوں نے کشمیر میں ہندوستانی فوج کے کارناموں کا تفصیلی ذکر کیا۔ اس موقعہ پر سخت آندھی اور بارش کی وجہ سے کچھ عرصہ تک اجلاس جاری نہ رہ سکا جب حاضرین [illegible] کے نیچے جگہ [illegible] تو کارروائی پھر شروع ہوئی۔

پرسوں مسٹر بھیم سین سچر وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے کانفرنس کے اجلاس میں تقریر کی۔ انہوں نے کہا جب دنیا بھر میں کشت و خون کا بازار گرم تھا۔ تو کشمیر دنیا بھر کو امن کا سبق دے رہا تھا۔ انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ کشمیر شیخ عبداللہ کی قیادت میں اپنی زندگی قربان کرنے کے لئے تیار ہے۔ آخر میں انہوں نے مشرقی پنجاب کے حالات کا ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ مشرقی پنجاب مہاتما گاندھی کے بتائے ہوئے امن کے راستہ پر چلنے لگے گا۔ (پ ٹ ا)

ہندوستان نے پاکستان کو پانی کی سپلائی بند نہیں کی

حکومت ہند کی طرف سے سر ظفر اللہ خاں کے بیان کی تردید

نئی دہلی ۲۷ ستمبر۔ ہندوستان سرکار نے سر ظفر اللہ خاں کی اس تقریر کو غلط بیانی سے تعبیر کیا ہے جو انہوں نے یو این او اسمبلی کے کھلے اجلاس میں کی اور جس میں انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے پاکستان کو پانی کی سپلائی کاٹ دی ہے حکومت ہند کے پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان میں جانے والی دو نہروں کے متعلق جنہیں ہند کے دریا سے پانی ملتا ہے [illegible] حکومت ہند نے کچھ نہیں کیا اور نہ ہی اس کی خلاف ورزی کا ارادہ رکھتی ہے پچھلے سال پاکستان کو پانی کی جو سپلائی بند کی گئی تھی، اس کی ذمہ داری پاکستان پر ہے جس نے بار بار یاد دہانی کرانے پر بھی سابقہ معاہدہ کی تجدید نہ کی پاکستان نے تقسیم ملک کے وقت ان نہروں کے پانی کے متعلق کوئی کلیم نہیں کیا اور نہ ہی اسے ثالث کے پیش کیا حالانکہ ایسے دوسرے مسائل اس کے سامنے پیش کئے گئے تھے ۱۹۴۸ء میں دونوں پنجابوں کے چیف انجینئر مرکز کے کہنے پر ملے اور انہوں نے نیا معاہدہ کیا جو کہ پہلا معاہدہ ۳۱ مارچ ۱۹۴۸ کو ختم ہوچکا تھا، لیکن پاکستان حکومت نے اس کی تصدیق نہ کی اس کے بعد دونوں حکومت کے وزیروں میں بات چیت کے بعد ۴ مئی ۱۹۴۸ کا معاہدہ ہوا۔ اور اس پر تینوں وزیروں کے دستخط ہیں لیکن سر ظفر اللہ نے اس کا ذکر تک نہیں کیا اس معاہدہ کے تحت پاکستان نے تسلیم کیا تھا کہ مغربی پنجاب کے لئے مشرقی پنجاب کو آہستہ آہستہ پانی کی سپلائی کم کی جاسکتی ہے اور اس عرصہ میں پاکستان نے دوسرے ذرائع [illegible] کی اسکیم نہیں ڈالی ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ ان نہروں کے پانی کی تمام تاریخ ہندوستان کی پاکستان پر فراخدلانہ سخاوت کی تاریخ ہے تقسیم سے مغربی پنجاب کے حصہ میں ایک کروڑ ۶۱ لاکھ ایکڑ زمین آئی، جب کہ مشرقی پنجاب کو صرف ۳۰ لاکھ ایکڑ زمین ملی اور سندھ کے دریا سے پاکستان پانی لے سکتا ہے اور اگر پاکستان موجودہ معاہدہ کی شرائط کو جو اس نے ہندوستان سے کر رکھی ہے، نبھائے گا اور مشرقی پنجاب اور اس کی ملحقہ ریاستوں کے قانونی دعووں کو تسلیم کرلیا گیا، تو بین الاقوامی ان کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوسکتا اور نہ ہی کسی کے ثالث کے سامنے اس معاملہ کو پیش کرنے کی ضرورت ہوگی۔ (پ ٹ ا)

گوتم بدھ کے متعلق فلم پر

سیلون کے بدھوں کا احتجاج

کولمبو، ۲۷ ستمبر۔ امریکن فلم "بدھ کی دلہن" کے برطانیہ میں دکھائے جانے کے خلاف احتجاج کرنے کے لئے بدھوں کا احتجاجی مذہبی وفد مسٹر سینانائک وزیر اعظم سیلون کی معرفت برطانوی وزیر خارجہ مسٹر ارنسٹ بیون کی خدمت میں بھیجا جا رہا ہے۔ اب اس فلم کا نام بدل کر "مشرقی دلہن" کر دیا گیا ہے۔ وفد نے کہا اس فلم میں بدھ کی زندگی کو غلط رنگ میں پیش کیا گیا ہے اور اس سے دنیا بھر کے بدھوں کے جذبات مجروح ہونگے وزیر اعظم سیلون نے کہا کہ وہ صرف برطانوی عوام کے نیک جذبات سے اپیل کرسکتے ہیں کہ اس فلم کی [illegible] صورت میں نمائش کی جائے۔ (پ ٹ ا)

مشرقی اور مغربی جرمنی کا تجارتی معاہدہ

فرانکفورٹ، ۲۷ ستمبر۔ مغربی اور مشرقی جرمنی میں ایک تجارتی معاہدہ ہوا ہے اس امر کا اعلان امریکہ کے ہائی کمشنر [illegible] جرمنی نے کیا، لیکن معاہدہ کی تفصیلات نہیں بتائیں [illegible]

انہوں نے یہ بھی کہا کہ زیادہ تر تاجر پناہ گزین نہیں ہیں ان میں سے بعض ایسے ہیں جنکو [illegible] میں دوکانیں دی جا چکی ہیں۔ [illegible]

ایک لاوارث لڑکی

ٹاٹانگر اسٹیشن میں ایک لڑکی جس کی عمر اندازاً سولہ سترہ سال ہے قد چھوٹا اور رنگ سفید ہے۔ پریشان بیٹھی ہوئی پائی گئی۔ اپنا نام زینب بی بی اور والد کا نام ظہور خاں مرحوم بتاتی ہے۔ مدار پور کی رہنے والی ہے اور اسے اپنا مکمل پتہ یا کسی رشتہ دار کا پتہ بھی نہیں معلوم ہے بہت پریشانی میں ہے اگر کسی صاحب کو اس لڑکی کی تلاش ہو یا کوئی رشتہ دار ہو تو براہ مہربانی مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں یا خود تشریف لاویں تاکہ مزید اطلاعات مل سکیں۔

جناب حکیم مولی یسین خاں صاحب ناظم [illegible] ضلع سنگھ بھوم آزاد منزل دواخانہ نمبر ۲۱ کالی ماٹی روڈ ساکچی بازار جمشید پور ۱۰ اکتوبر ۱۹۴۹ء تک کوئی خبر موصول نہ ہوئی تو کسی دیانتدار مسلمان سے نکاح کر دیا جائے گا

محمد یاسین علی عنہ جمشید پور

نئی دہلی کے تاجروں کی ہڑتال

برآمدہ سے دوکانداروں کے ہٹائے جانے کا معاملہ

نئی دہلی، ۲۷ ستمبر۔ نئی دہلی کے ۳۰۰ تاجروں نے آج ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ مقامی حکام فٹ پاتھ اور برآمدوں میں بیٹھنے والے دکانداروں کو ہٹانے میں ناکام رہے ہیں۔

تاجروں کے ایک وفد نے چیف کمشنر سے بھی ملاقات کی تھی اور ان دوکانداروں کو ہٹانے کے لئے مطالبہ بھی کیا تھا۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ دکانوں کے سامنے برآمدہ گاہکوں کی سہولت کے لئے بنایا گیا ہے۔ اور اس پر [illegible] سے زیادہ دکانداروں نے قبضہ کرلیا ہے۔

چھوت چھات ختم کیجئے

مسٹر پاٹل کی عوام سے اپیل

بمبئی، ۲۷ ستمبر۔ بمبئی کے میئر مسٹر پاٹل نے اپیل کی ہے کہ چھوت چھات کو ختم کر دیا جائے۔ انہوں نے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ چھوت چھات کا خاتمہ قومی ترقی کے لئے ضروری ہے یہ جلسہ عام ہریجن کے سلسلہ میں منعقد کیا گیا تھا۔ شام کے وقت ایک جلوس نکالا گیا جو مختلف سڑکوں پر ہوتا ہوا ختم ہوا۔ اختتام جلوس پر جلسہ منعقد ہوا۔ (پ ٹ)

العدروس ریٹائر ہو رہے ہیں

حیدرآباد دکن ۲۷ ستمبر۔ میجر جنرل العدروس حیدرآباد کی افواج کے سابق کمانڈر چھ ماہ کی رخصت پر جا رہے ہیں اس کے بعد وہ ریٹائر ہو جائیں گے۔ ان کی یہ رخصت یکم اکتوبر سے شروع ہوگی۔ ریاستی افواج کے حکومت ہند کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بعد میجر جنرل العدروس اگرچہ افواج کے کمانڈر نہیں رہے تھے لیکن ریاستی فوجوں میں ان کا افسر کا درجہ تھا۔ خیال ہے وہ اپنی رخصت حیدرآباد ہی میں گذاریں گے۔ (پ ٹ ا)

مہاراجہ ٹراونکور کو

۱۸ لاکھ روپے سالانہ ملیں گے

مدراس ۲۷ ستمبر۔ مہاراجہ ٹراونکور کے ذاتی اخراجات کے لئے ۱۸ لاکھ روپے سالانہ منظور ہوا ہے۔ راج پرمکھ ہونے کی حیثیت سے انہیں ۲ لاکھ روپیہ [illegible] کے ذاتی اخراجات کے لئے [illegible] روپے سالانہ منظور کئے گئے ہیں۔ (پ ٹ ا)

مسٹر دواکر حیدرآباد میں

دسہرہ کی تقریب میں حصہ لیں گے

حیدرآباد ۲۷ ستمبر۔ مسٹر آر آر دواکر جنوبی ہند کے دورہ کے لئے دہلی سے بذریعہ طیارہ یہاں پہونچ گئے۔ حکیم پیٹ کے ہوائی اڈہ پر ان کا استقبال کیا گیا۔ وہ یہاں دسہرہ کی تقریب میں حصہ لیں گے۔ وہ حیدرآباد ریڈیو سے تقریر کریں گے اور اپنے موجودہ پروگرام کے مطابق کئی پبلک جلسوں میں بھی حصہ لیں گے اور ۲۹ ستمبر کو بذریعہ طیارہ بنگلور روانہ ہو جائیں گے۔ (پ ٹ ا)

ہندو راج کے منصوبے

مہاسبھا کے جنرل سکریٹری کا بیان

بمبئی ۲۷ ستمبر۔ ہندو مہاسبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر [illegible] نے کہا کہ ہندو مہاسبھا کا مقصد ہندوستان میں ہندو حکومت قائم کرنا اور ہندوستان و پاکستان کو ایک کرنا ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ ہندوستان میں اگرچہ سیکولر اسٹیٹ (غیر مذہبی راج) کی باتیں ہو رہی ہیں لیکن ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے یقین آتا ہے کہ یہاں ہندو راج قائم ہونا بالکل یقینی امر ہے آپ نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے لوگوں کو [illegible] آپ نے ہندو مہاسبھا کے اقتصادی پروگرام کے بارے میں کہا کہ مہاسبھا تمام کلیدی صنعتوں کو راشٹریہ بنانا چاہتی ہے اور ہندو مہاسبھا کے برسر اقتدار آنے پر ہر انسان کو عمدہ تنخواہ ملے گی۔ تمام تعلیم سرکاری کنٹرول میں ہوگی جب کہ تعلیم مفت ہوگی۔ اور زمین بھی کاشتکاروں میں تقسیم کی جائیگی۔

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۹ ستمبر ۴۹ء

اردو کانفرنس

یہ بات موجب اطمینان ہے کہ مسلمانوں نے اردو زبان کے تحفظ کے لئے حرکت شروع کر دی ہے اور انہیں پہلی بار محسوس ہوا ہے کہ سارے کام حکومت ہی نہیں کیا کرتی بلکہ بہت سے کام خود بھی کرنے پڑتے ہیں۔ زبان کے بارے میں حکومت نے تو اپنا ایک کام انجام دے لیا وہ یہ کہ وہ ہندی زبان اور ناگری رسم الخط کی حفاظت کرے گی اور اسے سرکاری بنانے کے لئے، ہر کوشش عمل میں لائے گی۔ اس کے ساتھ ہی اس نے انتہائی وسعت نظری کے ساتھ پندرہ سال کے لئے انگریزی زبان کو گھر میں رکھنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کا ذمہ بھی لے لیا ہے تاکہ ملک بین الاقوامی زبان سے محروم نہ رہ جائے اور حکومت اس طبقہ کی خدمات سے فائدہ اٹھاتی رہے جو انگریزی ماحول میں پلا ہے اور انگریزی ہی کے ذریعہ وہ اپنی قابلیت کا ثبوت دے سکتا ہے، اس بحث کو چھوڑیئے کہ جس اردو زبان نے ملک میں جنم لیا اور جسے ہندو مسلمانوں کی مشترک زبان بننے کا فخر حاصل ہوا اسے ثانوی حیثیت بھی نہ دی گئی۔ کیونکہ اب یہ بحث اردو کے بہی خواہوں کو کوئی فائدہ نہ پہونچا سکے گی، اب تو ہمیں اعتراف کر لینا چاہیے کہ سارے کام حکومت ہی نہیں کیا کرتی بلکہ دوسروں کو بھی موقعہ دیا جاتا ہے کہ وہ کچھ کام خود بھی کرکے دکھائیں اور جس کام کو وہ بہتر سمجھتے ہوں اسے انجام دینے کی کوشش کریں، گویا ہمارے نئے کام کرنے کا وقت اب آیا ہے اور ہمیں اپنی حرکت سے اس بات کا ثبوت دینا ہے کہ ہم اپنے فرائض سے غافل نہیں ہیں، اور جو کام حکومت سے چھوٹ جائے اسے ہم خود کرنے کیلئے تیار ہیں۔

یہ بڑی ہی اہم بات ہے کہ اس ماحول میں کل ہند انجمن ترقی اردو پھر سے اپنا کام شروع کر رہی ہے اور ایک دفعہ اسے ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی علیگڑھ کی صدارت کا فخر حاصل ہوا ہے ملک کے مشہور صحافی اور ادیب جناب قاضی عبدالغفار صاحب اس کے جنرل سکریٹری مقرر ہوئے ہیں اور حکومت ہند نے بھی اسے چالیس ہزار روپے سالانہ امداد دے کر اپنی دلچسپی کا اظہار کیا ہے، اب ظاہر ہے کہ ملک کی ان دو زبردست ہستیوں کی نگرانی اور سرپرستی کا فخر حاصل کرکے یہ ترقی کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ ہندوستان کے ہندو مسلمان اور اردو زبان کے بہی خواہ اسے ترقی دینے اور کامیاب بنانے کا عزم پوری طرح کریں اور ہزاروں کاموں کو چھوڑ کر زبان کی خدمت کے لئے وقف ہو جائیں۔

اسی کے ساتھ ہمیں یہ دیکھ کر اطمینان ہوا کہ اردو کی ترقی اور بقا کے لئے بنارس میں ایک اردو کانفرنس بھی منعقد ہو رہی ہے جس کی صدارت جناب ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے منظور فرمائی ہے۔ بنارس کے ارباب اردو کا یہ اقدام یقیناً قابل تحسین و تبریک ہے کہ انہوں نے سرکاری فیصلہ کے بعد سب سے پہلے اردو زبان کو لبیک کہا اور اس کے مستقبل کو شاندار بنانے کے لئے ایک کانفرنس کی بنا ڈالی۔ بے شک یہ کانفرنس ہوگی اور بڑی شاندار ہوگی، اور ضرورت بھی ہے کہ جگہ جگہ ایسی کانفرنسیں ہوں لیکن اگر کام کا دائرہ وسیع نہ کیا گیا اور اردو کی بقا کے لئے کچھ عملی اور مسلسل کوشش نہ کی گئی تو اس طرز کی کانفرنسوں سے کوئی ٹھوس نتیجہ پیدا نہ ہوگا اور اس بے دلی سے کام نہ ہو سکے گا جو خاص اردو کے لئے ہونا چاہیے، اس سلسلہ میں جن حضرات کو کام کرنا ہے انہیں اس مقصد کے لئے اپنی زندگی وقف کر دینا چاہیے یہ وقت ان کی آزمائش کا ہے [illegible] انہیں اب بہت سے کام انجام دینے ہیں، پہلے تو اس بات کی فکر تھی کہ اردو زبان کو ترقی ہو اور جو لوگ علمی رنگ میں اس کی مخالفت کرتے ہیں انہیں مخالفت سے روکا جائے، لیکن آج کام کرنے کا رنگ دوسرا ہے اور اس انداز سے کام کرنا ہے جو ماحول سے مطابقت پیدا کرسکے۔

یوں تو کام کرنے والے اپنی راہ آپ پیدا کریں گے مگر ہمارے نزدیک دو نکتے اس قدر اہم ہیں کہ قدم اٹھانے سے پہلے ان پر پوری احتیاط کے ساتھ غور کر لینا چاہیے۔

اول یہ کہ اردو زبان کے بہی خواہ، ہندی زبان سے نفرت نہ کریں کیونکہ نفرت سے نفرت پیدا ہوتی ہے، اور نفرت کا انجام ناکامی ہے، زبانیں سب اپنی ہیں اگر ہمیں انسانوں سے نفرت نہیں تو زبانوں سے نفرت کیوں ہو؟ البتہ جن لوگوں کو انسانوں سے نفرت ہے اور وہ ایک انسان کو پاک اور دوسرے کو ناپاک سمجھ کر چھوت چھات کرتے ہیں، وہ زبانوں سے بھی ضرور نفرت کریں گے اور اسی نفرت کی بنا پر اردو کی مخالفت پر بھی آمادہ ہو جائیں گے، لیکن اردو کے بہی خواہوں کے لئے سنبھلنے اور اپنے اصولوں پر قائم رہنے کا وقت بھی یہی ہے وہ اپنے عمل سے بتا دیں کہ انہیں کسی زبان سے نفرت نہیں ہے: ہندی اپنے دائرہ میں پھلے پھولے اور ترقی کرے یہ ہماری عین خوشی ہے ہم اردو زبان کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑیں گے اور ایسے وقت میں جب کہ اس کے ساتھ نفرت کی جارہی ہے ضرور اس کی سرپرستی کریں گے۔

ممکن ہے کہ انتقام کے جوش میں ہندی کو [illegible] لوگ اردو سے نفرت کرتے ہیں تو ہم ہندی سے نفرت کیوں نہ کریں اپنے اصولوں سے بغاوت کیجائے لیکن ذرا ٹھہریئے ہم اسی مقام پر آپ کو ایک دوسرا فرض یاد دلاتے ہیں وہ یہ کہ جو لوگ اردو سے نفرت کرتے ہیں آپ ان کی نفرت کو دور کریں اور ان کو اردو سے قریب لانے کی کوشش فرمائیں دوسروں کی نفرت کا علاج نفرت نہیں ہے محبت ہے اور محبت کا تریاق ہی نفرت کے زہر کو مار سکتا ہے، لوگ جس قدر اردو سے نفرت کریں آپ اسی قدر ہندی سے محبت کرکے دکھائیں، اور اپنی الفت کا اس قدر ثبوت دیں کہ نفرت کرنے والوں کو اپنی نفرت سے گھن آنے لگے اور آپ کی محبت کا سکہ ان پر بیٹھ جائے: یاد رکھیئے نفرت پھیلانے والے اپنے مشن میں ضرور فیل ہوں گے اگر آپ نے بھی نفرت کا جواب نفرت سے دیا تو آپ کا حشر بھی ان ہی جیسا ہوگا جو نفرت کے پائے چوبیں کے سہارے سے زندہ رہنا چاہتے ہیں، پس اگر ایک طرف آپ کا فرض یہ ہے کہ آپ دوسری زبان سے نفرت نہ کریں تو دوسری طرف یہ فرض بھی آپ ہی کا ہے کہ دوسروں کی نفرت کو دور کریں اور..... انتقام کی آگ کو الفت و داد کے ٹھنڈے پانی سے بجھائیں۔

اس بنیادی اصول کے بعد اردو کے بہی خواہوں کو تعمیر کی طرف قدم بڑھانا چاہیے مثلاً ہر شخص اپنے بچہ کو اردو زبان کی تعلیم دے، اردو زبان کے فوائد ذہن نشین کرائے اور ایک ایک اور دو دو ان پڑھوں کو اردو کی تعلیم سے آشنا کرے، جو لوگ اہل قلم ہیں وہ مفید اور آسان لٹریچر پیدا کریں جو اخبار نویس ہیں وہ اردو کی ترقی کے لئے مفید تجاویز سوچیں اور ان کو عمل میں لائیں، اور ساتھ ہی یہ کوشش بھی ہو کہ اردو کے قاعدے اور رسالے جدید طرز پر لکھے جائیں جو کم سے کم مدت میں پڑھائے جاسکیں اس کوشش کو طے کامیابی خود آگے بڑھ کر آپ کا استقبال کرے گی۔

اچھی باتیں

الذین یبخلون۔ تا۔ الحمید (پ۲۷)

جو لوگ بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل کا حکم دیتے ہیں (وہ سوسائٹی کے مجرم ہیں)۔ اور جو شخص اعراض کرتا ہے تو سمجھ لو خدا کی ذات بے پروا اور قابل ستائش ہے۔

اسلام میں بخل اور کنجوسی ایک جرم ہے کیونکہ اس سے سوسائٹی کو نقصان پہونچتا ہے بخل کا مطلب یہ ہے کہ ذاتی کام تو چلتے رہیں مگر اجتماعی کام بند ہو جائیں اپنی ذات کو تو فائدہ پہونچے امت کو فائدہ نہ پہونچے جس سوسائٹی میں بخل کا مرض سرایت کر جاتا ہے اور اجتماعی کاموں کو نظر انداز کرکے صرف اپنی ذات باقی رہ جاتی ہے وہ سوسائٹی کبھی زندہ نہیں رہ سکتی۔ فرمایا کہ جو شخص ایثار اور قربانی کے احکام سے اعراض کرتا ہے وہ اپنے آپ ہی کو نقصان پہونچاتا ہے، خدا کی ذات تو مجمع کمالات ہے اور ہر احتیاج سے بری اس لئے اگر ایثار پیشگی سے کام لوگے۔ تو اس میں تمہارا ہی بھلا ہوگا

مباحث امروز

مہاتما گاندھی کی تصویر

حکومت بمبئی نے افسروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے دفتروں اور عدالتوں میں مہاتما گاندھی کی تصویر آویزاں کریں۔ اس ہدایت کا منشا شاید یہ معلوم ہوتا ہے کہ عوام یہ محسوس کر سکیں کہ حکومت مہاتما گاندھی کے اصولوں پر عمل پیرا ہے۔ ورنہ عوام کو بھی ان .... اصولوں پر عمل کرایا جاتا۔ بہت ممکن ہے کچھ لوگ مہاتما گاندھی کی تصویر دیکھ کر ایسا سمجھ لیں لیکن جن لوگوں نے اسمبلی ہال میں مہاتما گاندھی کی تصویر اور اس تصویر کے نیچے مہاتما جی کے اصولوں کو پامال ہوتے دیکھا ہے۔ وہ حکومت بمبئی کے مذکورہ فیصلہ سے کسی غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہوسکتے۔

اصل سوال تصویریں لٹکانے کا نہیں بلکہ افسروں کے دلوں کو بدلنا ہے۔ ان دلوں کو جو انگریز کے ڈھلے ہوئے ہیں اور جن پر ابھی تک برطانوی امپیریلزم کا ملمع باقی ہے جب تک اس ملمع کو اتار کر نہ پھینکا جائے گا اور دلوں پر پالش نہ کی جائے گی خالی تصویر لٹکانے سے افسروں کے طور طریقے بدلے نہیں جاسکتے

مضبوط پریس

آج کی ترقی یافتہ دنیا میں ایک مضبوط پریس کی کتنی اہمیت اور ضرورت ہے اس پر ان کالموں میں ایک سے زیادہ بار لکھا جا چکا ہے۔ اس اہمیت کو سامنے رکھنے کے بعد ہی جمعیۃ علماء نے یہ پروگرام بنایا ہے کہ اردو کے علاوہ ہندی اور انگریزی میں بھی اخبارات نکالے جائیں۔ تاکہ ایک طرف مسلمانوں کی مذہبی اور سماجی اصلاح ہوسکے اور دوسری طرف ان لوگوں کو بھی ہمارا نقطہ نظر معلوم ہو جائے جو اردو سے واقفیت نہیں رکھتے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ عوام نے بھی اس ضرورت کو محسوس کیا ہے اور انہوں نے جمعیۃ کے اس پروگرام [illegible] سے چندہ لینا شروع کر دیا ہے۔

جس طرح کلکتہ نے انگریزی اخبار کے لئے سرمایہ کی فراہمی میں پچاس ہزار روپیہ کا وعدہ کیا ہے اسی طرح دوسرے شہر بھی اس کی پیروی کریں تو بہت آسانی سے سرمایہ [illegible] ہمیں امید ہے کہ [illegible] انگریزی اخبار کے اجرا کے لئے اس سلسلہ میں جتنی تیز گامی کے ساتھ قدم اٹھایا جائے گا اتنا ہی ہمارے حق میں وہ مفید ہوگا۔

بینکوں میں حساب

کچھ ایسی اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ بعض بینکوں نے مسلمانوں کے روپے کو صرف اس لئے روک لیا ہے کہ وہ مسلمان ہیں ان کا بیان ہے کہ جب تک کسٹوڈین اجازت نہیں دے گا اس وقت تک وہ روپیہ نہیں دیں گے۔ قدرتی طور پر اس سے ان مسلمانوں میں تشویش پیدا ہو رہی ہے جو تجارت کرتے ہیں اور ان کا کاروبار بینکوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔ بینکوں سے [illegible] کے معنی یہ ہوں گے کہ ہندوستان کا کوئی مسلمان اس ملک میں کوئی تجارت نہ کرسکے گا۔ حالانکہ جہاں تک معلوم ہے حکومت کا ہرگز یہ منشا نہیں ہے اور اس نے بلا تخصیص مذہب و ملت سب لوگوں کو یکساں شہری حقوق دینے کا اعلان کیا ہے۔ وہ سیکولر اسٹیٹ ہے اور صرف مذہبی عقیدہ کی بنیاد پر اس قسم کا امتیاز روا رکھنا حکومت کی سیکولر پالیسی کے بالکل خلاف ہے ضرورت ہے کہ اس سلسلہ میں حکومت واضح اعلان کرے کہ کیا اس نے بینکوں کو اس بارے میں کسی قسم کی ہدایت دی ہے اور اگر دی ہے تو کیا اس کا اطلاق بلا کسی امتیاز ہندوستان کے تمام مسلمانوں پر ہوگا؟

ہم آج بھی جس بات کو حق سمجھیں گے ڈنکے کی چوٹ کہیں گے

ملک تقسیم نہ ہوتا تو آج ہندوستان میں محبت کا دریا موجیں مارتا ہوتا

جمعیت مسلمانوں کے مذہبی کلچرل، اور تعلیمی مفاد کے تحفظ کی جدوجہد کرے گی

(کلکتہ میں مولانا حفظ الرحمٰن کی تقریر)

کلکتہ ۲۶ ستمبر (ا ک) [illegible] پارک میں تقریباً [illegible] ہزار کے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے مولانا حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی پریشانیوں کے مداوا کے لئے پاکستان کی طرف نظر نہ رکھیں بلکہ یہیں رہ کر ثابت قدمی سے مشکلات کا مقابلہ کریں۔ مولانا نے یہ بھی کہا کہ اگر ہندوستان کی کوئی جماعت یہ چاہے کہ مسلم اقلیت کو غیر ملکی قرار دیا جائے یا دبا دیا جائے تو ایسا ہونا ناممکن ہے۔

مولانا نے کہا کہ اس ملک کو سیکولر غیر مذہبی، جمہوری ریاست بنانے کا فیصلہ کیا جا چکا ہے اور ایسا ہی ہو کر رہے گا۔ پاکستان مذہبی ریاست ہے اسلامی ریاست ہے [illegible] اس کے لیڈر جو فیصلہ بھی چاہیں کریں اس کا اثر ہند میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔

اس ملک میں جتنا حق کسی ہندو یا سکھ یا پارسی کو ہے اتنا ہی ایک مسلمان کو بھی ہے

جلسہ جمعیۃ علماء کلکتہ کے زیر اہتمام منعقد ہوا [illegible] مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے اپنی تقریر میں [illegible] اور کہا کہ ہم نے جس بات کو حق سمجھ کر ایک رائے قائم کی اس پر آج تک قائم ہیں۔ اور آئندہ بھی جس بات کو حق سمجھیں گے ڈنکے کی چوٹ کہیں گے۔

انہوں نے کہا کہ [illegible] آج بھی اس بے خوفی سے اپنے نظریات کا اظہار کرتے ہیں [illegible] دستور ساز اسمبلی میں [illegible]

مولانا نے انکشاف کیا کہ تقسیم [illegible] کے بعد جب آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں پنڈت نہرو [illegible] مخالفت میں [illegible] مولانا حفظ الرحمٰن کی آواز تھی۔

مولانا نے بتایا کہ کانگریسی [illegible] نے کہا تھا کہ ہم دو برائیوں میں سے چھوٹی برائی کو قبول کر رہے ہیں [illegible] اور نفرت کا یہ تمام سیلاب [illegible]

نے کہا کہ میں نے اس وقت بھی کہا تھا اور اب پھر کہتا ہوں کہ اگر ہم اپنے نظریہ پر ڈٹے رہتے اور ثابت قدمی سے ماؤنٹ بیٹن پلان کو مسترد کر دیتے تو ہرگز ہرگز پنجاب میں ایک کروڑ انسان خون کی ہولی کھیلنے کے بعد نقل مکان نہ کرتے اور ملک کا یہ بٹوارہ کبھی نہ ہوتا

مولانا نے کہا کہ اگر ملک تقسیم نہ ہوتا تو آج ہندوستان میں پریم اور محبت کا دریا موجیں مارتا ہوتا جس کی آج ہم کو تلاش ہے۔ اور جو ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتا۔

فرقہ پرستی کا زہر

[illegible]

مدرسہ عالیہ کلکتہ کیا ہے؟

(جناب مولانا سعید احمد اکبرآبادی پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ)

کلکتہ مدرسہ مشرقی ہند کی ایک بہت پرانی اور مشہور درسگاہ ہے جس کو وارن ہیسٹنگز نے ۱۷۸۱ء میں عربی فارسی اور ان سے متعلقہ علوم و فنون کی تعلیم کے لئے قائم کیا تھا یہ درسگاہ اپنے ساتھ ایک تاریخ رکھتی ہے جب اگست ۱۹۴۷ء میں تقسیم صوبہ کے وقت ختم ہوگئی جب کہ یہاں کے تمام اساتذہ، طلبا، پورے فرنیچر لائبریری اور ساز و سامان کے ساتھ ڈھاکہ چلے گئے۔ چند ماہ کے جمود و تعطل کے بعد خوشی کی بات ہے کہ مسلمانان بنگال کی خواہش اور تمنا کے مطابق صوبہ کی گورنمنٹ نے پھر اس مدرسہ کو اس کی پرانی شان و روایات کے مطابق جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ چنانچہ چند ماہ ہوئے کہ یہ مدرسہ پھر از سر نو قائم ہوگیا ہے۔ اب یہاں اساتذہ بھی ہیں اور طلبا بھی اور تمام مضامین کی باقاعدہ تعلیم ہو رہی ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ صوبائی گورنمنٹ نے اس مدرسہ کو دوبارہ جاری کرکے مسلمانوں کے ساتھ غیر معمولی ہمدردی اور اسلامی علوم و فنون کے ساتھ منصفانہ رواداری کا جو ثبوت دیا ہے وہ ہر مسلمان کے شکریہ کا مستحق ہے۔ لیکن اس موقع پر ضروری ہے کہ مسلمان خود بھی اپنے فرض کو پہچانیں اور اس سلسلہ میں جو ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے اس کو پورے طور پر محسوس کریں [illegible] مسلمانوں کو اس سے بے خبر نہ ہونا چاہیے کہ مدرسہ عالیہ کلکتہ ایک نہایت وسیع اور ہمہ گیر ارادہ ہے۔ گورنمنٹ نے اساتذہ کی تنخواہوں اور فرنیچر وغیرہ کا خرچ اپنے ذمہ لے رکھا ہے لیکن ایک عربی درسگاہ کے قیام اور اس کو کامیابی کے ساتھ چلانے کے لئے بڑی ضرورت اس بات کی ہے کہ طلبا کے طعام و وظائف کا بندوبست ہو، عربی درسگاہوں کے طلبا کا زیادہ تر گزارہ پہلے بھی چندہ کی امداد سے ہوتا تھا۔ اور اب تقسیم ہند کے بعد جب کہ یہاں کے مسلمانوں کی عام اقتصادی حالت بہت ہی ناگفتہ بہ ہوگئی ہے اس چیز کی ضرورت اور بھی بڑھ گئی ہے اس میں شبہ نہیں کہ گورنمنٹ نے غریب طلباء کے لئے کچھ وظائف بھی رکھے ہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ یہ وظائف مدرسہ کے طلباء کی تمام اور ہمہ گیر معاشی ضرورتوں کو پورا نہیں کرسکتے اور آجکل صوبائی گورنمنٹ کو جو اہم اور ضروری سیاسی اور تعمیری مطالبات و مسائل درپیش ہیں ان کے پیش نظر ہم اس سے زیادہ کی توقع بھی نہیں رکھ سکتے تقسیم صوبہ سے قبل بھی طلبا کی یہ ضروریات اوقاف یا عطیات وغیرہ دوسرے ذرائع سے پوری ہوتی تھیں۔ موجودہ حالات میں تو بدرجہ اولیٰ اس کا انتظام مسلمانوں کو خود ہی کرنا چاہیے اور واقعہ یہ ہے کہ ان کی غیرت و حمیت کا بھی تقاضا یہی ہونا چاہیے کہ وہ ان کا انتظام خود کریں تاکہ غریب طلبا اطمینان و سکون کے ساتھ اسلامی علوم و فنون کی تعلیم حاصل کریں اور مدرسہ کے وجود کا مقصد بوجہ احسن کامیاب ہو۔

اس مقصد کے لئے "مدرسہ ایجوکیشن فنڈ" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور اس وقت اس فنڈ کی طرف سے ۵۰ طلباء کو [illegible] وظائف بھی دیئے جا رہے ہیں جس پر [illegible] روپے ماہوار کا خرچ ہے اور ابھی ایسے طلباء کی تعداد بہت ہے جو وظیفہ نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ ضرورت ہے کہ ارباب خیر اس طرف خاص توجہ کریں لیکن کسی چیز کی امداد کرنے کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اس چیز کی اہمیت اور اس کی اصلی ضرورت اور اس کے بنیادی مقصد کو عمل طور پر ذہن نشین کر لیا جائے اس بنا پر ہم ذیل میں اس کے متعلق مختصر کچھ عرض کرنا چاہتے ہیں جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ مدرسہ عالیہ اپنے پیچھے ایک طویل تاریخ رکھتا ہے جس کا ایک باب ختم ہو چکا ہے اور اب اس کا دوبارہ احیا ایک نئی تاریخ پیدا کرنے کی غرض سے ہوا ہے۔

اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اسلامی علوم و فنون دنیا کے ایک عظیم الشان کلچر کے عناصر ترکیبی ہونے کے باعث اس کے مستحق ہیں کہ ہر متمدن اور ترقی یافتہ ملک میں ان کی حفاظت و بقا، اور ان کی تعلیم و تدریس کا بندوبست کیا جائے کیونکہ اب یہ کسی ایک خاص قوم یا ملک کا نہیں بلکہ اپنی عالمگیر اور بین الاقوامی اہمیت کے باعث دنیا کی ہر مہذب اور شائستہ قوم کو [illegible]

چینی بام عروج پر

ہم نے کئی روز ہوئے چینی کی بڑھتی ہوئی گرانی کے متعلق لکھا تھا کہ وہ آج کل ۱۳ آنے سیر سے ایک روپیہ چھ آنے سیر فروخت ہو رہی ہے، اب دو چار روز گذرنے کے بعد یہ خوشخبری بھی سن لیجئے کہ اس وقت بازار میں ایک روپے بارہ آنے سیر کے حساب سے چینی کا بلیک مارکیٹ ہو رہا ہے اور وہ بھی آسانی سے دستیاب نہیں ہوتی، جو چینی [illegible] سیر فروخت ہو رہی ہے اس کا حاصل کرنا جوئے شیر لانے سے کم نہیں، اس کے لئے آدھ آدھ میل کی لائن لگتی ہے اور اس میں وہی لوگ کھڑے ہو سکتے ہیں جو لائن لگانے میں مشاق اور دھکا مکی میں ماہر ہوں، غرض چینی کا معمولی مسئلہ غیر معمولی بنتا جارہا ہے اور اس سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ گرانی اور چور بازاری کا انجام کیا ہوگا اور حکومت اسے کنٹرول کرنے میں کس قدر بے بس ہے اسی لئے ہمارا خیال ہے کہ جب تک حکومت کو عوام کا تعاون حاصل نہ ہو وہ اپنی جگہ کچھ نہیں کرسکتی اور عوام کا جو حال ہے اس سے یہ امید نہیں کہ حکومت اپنا فرض انجام دے سکے۔

پوسٹر بازوں سے سوشلسٹ لیڈر کی اپیل

دہلی ۲۹ ستمبر۔ سوشلسٹ لیڈر میر مشتاق احمد صاحب نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت پریس کو دیا ہے:-

دہلی شہر کی پر امن فضا کو بگاڑنے کے لئے چند خود غرض لوگ [illegible] پوسٹر بازی کر رہے ہیں۔ افسوس اس بات کا ہے کہ [illegible] اشتعال انگیز پوسٹروں کے بارے میں [illegible] دہلی کی حکومت کا فرض ہے کہ ایسی پوسٹر بازی جس سے شہر کے امن کو خطرہ ہو [illegible] ان پوسٹروں کو غور سے پڑھنے کے بعد ہر شخص اس نتیجہ پر پہنچے گا [illegible] ایک خاص جماعت یعنی جمعیۃ العلماء کی مخالفت مقصود ہے۔ اور [illegible] فرقہ پرستی کے جذبات ابھارے جا رہے ہیں۔ اگرچہ میں جمعیۃ العلماء کی سیاسی پالیسی کا سخت مخالف ہوں اور [illegible] کانگریس کا ضمیمہ سمجھتا ہوں لیکن حق اور انصاف کا تقاضا ہے کہ جمعیۃ العلماء پر جو بے بنیاد الزامات لگائے گئے ہیں۔ واقعات کی روشنی میں عوام کو صحیح بات سے واقف کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ جمعیۃ العلماء کے کارکنوں نے کسٹوڈین کے انسپکٹر صاحبان کے ہمراہ گلی کوچوں میں گھوم کر نکاسی جائدادوں کی سراغ رسانی میں ان کی امداد کی اور نکاسی مسلمانوں [illegible] نے تین مرتبہ [illegible] تینوں مرتبہ جمعیۃ کے کارکنوں [illegible] حکومت ہند کی پالیسی پر عمل کرنے کی مسلمانوں کو تلقین کی۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ نکاسیوں کی جائداد کا قبضہ کسٹوڈین نے لیا۔ البتہ جمعیۃ نے غیر نکاسی مسلمانوں کی جائداد [illegible] کسٹوڈین کے قبضہ سے [illegible] دلائی۔ یہ کوئی جرم نہ تھا اور یہ کام تو حکومت کی پالیسی کے مطابق ہے۔ اگر ان پوسٹر بازوں کو کوسنا ہے تو حکومت کو کوسیں۔

چونکہ غیر نکاسی مسلمانوں کے حق میں پوسٹر بازی کر کے ان کے حقوق کی حفاظت کرنا چاہتے ہیں [illegible] وہ بھی سخت غلطی پر ہیں اس لئے کہ اس سے بلا وجہ فرقہ پرستی کی آگ کو ہوا لگتی ہے۔ اس لئے میں درخواست کروں گا کہ متانت اور سنجیدگی سے معاملات کو سلجھایا جائے اور جوش کی بجائے ہوش کو زیادہ کام میں لایا جائے۔

جمعیۃ العلماء پر لیگی ہونے کا الزام لگانے والے کو اپنے گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا چاہیئے اور ان کو یہ بات نہ بھولنی چاہیئے کہ تقسیم ہند کو کانگریس نے قبول کی لیکن جمعیۃ نے اس کے خلاف تجویز پاس کی۔

شریک [illegible] موصوف کو ان کے والد بزرگوار کے انتقال پر ملال سے صدمہ عظیم پہنچا نیز جناب مولانا قطب الدین صاحب عبدالوالی فرنگی محلی کے سعید صالح نوجوان [illegible] انتقال [illegible] بارگاہ ایزدی میں دعا ہے کہ اللہ رب العزت مرحومین کو غریق رحمت فرمائے [illegible] آمین ثم آمین۔

اسلام پور میں جمعیۃ العلماء کی مقبولیت

[illegible] (بذریعہ ڈاک) اسلام پور ضلع [illegible] میں مولانا محمد تقی صاحب ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ بمبئی [illegible] کو تشریف لائے [illegible] مسجد میں ایک جلسہ ہوا۔ باوجود بارش کے اجتماع بہت کافی ہوا۔ مولانا موصوف نے جمعیۃ العلماء کی اہمیت پر ایک موثر و مبسوط تقریر فرمائی۔ الحمد للہ کہ جلسہ حاضرین نے متفقہ طور پر جمعیۃ العلماء کی اہمیت و ضرورت کو تسلیم کیا۔ اور اسلام پور میں جمعیۃ العلماء کا قیام منظور کر لیا [illegible] انتخاب [illegible] اس سلسلہ میں پیش امام [illegible] مستحق ہیں کہ [illegible] (نامہ نگار)

انجمن سیرت النبی کا تعزیتی جلسہ

فیض آباد۔ (بذریعہ ڈاک) انجمن سیرت النبی کے تعزیتی جلسہ میں صدر [illegible] انجمن سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے کہ ہم جناب تفضل حسین صاحب نائب صدر انجمن ہذا کے رنج و غم میں برابر کے

الجمعیۃ میں اشتہار دینا کلید کامیابی ہے

اٹاوہ کی خبریں

یوپی کی پائلٹ پروجکٹ اسکیم

[illegible] اٹاوہ آئے۔ [illegible] پائلٹ پروجکٹ اسکیم کے کام کو دیکھ کر [illegible] اس اسکیم کو جاری کرنے کی تجویز ہے۔

سالانہ ٹریننگ کیمپ

سینٹ جانس ایمبولنس برگیڈ [illegible] کا سالانہ کیمپ اس سال اٹاوہ میں ہوگا۔ امید کی جاتی ہے کہ ہز ایکسلنسی گورنر یوپی اس کیمپ کا افتتاح ۱۵ نومبر کو فرمائیں گے۔ [illegible] کیمپ کے ڈائرکٹر ہوں گے۔

حافظ ابراہیم کی صدارت میں مشاعرہ

آئندہ ۱۰ نومبر ۱۹۴۹ء کو آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر [illegible] گورنمنٹ یوپی کی صدارت میں ایک عظیم الشان اردو مشاعرہ ہوگا۔ جس میں بیرونی شعراء صاحبان کو بھی دعوت شرکت دی جا رہی ہے۔ یہ مشاعرہ سالانہ نمائش اٹاوہ کے سلسلہ میں ہو رہا ہے جو [illegible] نومبر سے شروع ہوگی۔

شہر فیض آباد میں
جمعیۃ علماء ریلیف کمیٹی کا قیام

[illegible] ستمبر [illegible] جمعیۃ علماء شہر فیض آباد کی مجلس منتظمہ کا ایک اجلاس زیر صدارت مولانا احمد میاں صاحب [illegible] منعقد ہوا [illegible] ریلیف کمیٹی [illegible] حسب ذیل دس حضرات کی [illegible]

(۱) مولانا احمد میاں صاحب (۲) مرزا احمد بیگ صاحب (۳) مولانا حکیم [illegible] (۴) [illegible] شیخ غلام حسن صاحب (۵) [illegible] (۶) منشی حبیب احمد [illegible] وکیل (۷) منشی نصر اللہ صاحب وکیل (۸) حکیم مرتضیٰ حسن صدیقی صاحب (۹) [illegible] (۱۰) محمد فاروق صاحب [illegible]

[illegible] ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ [illegible] میں گوالیار اور ساگر وغیرہ کے جو بچے کھچے مسلم مہاجرین اب تک رہتے تھے [illegible] خالی کرالی گئی ہیں۔ (ن۔ م)

مولانا حفظ الرحمن کی تقریر

(بقیہ صفحہ [illegible])

[illegible] مولانا نے فرمایا [illegible] ہندوستانیوں نے [illegible]

[illegible]

مولانا نے کہا کہ مسلمانوں کو بھی فرقہ پرستیوں کے [illegible]

[illegible]

مولانا نے کہا کہ پاکستان کی حیثیت [illegible]

[illegible]

پاکستان کا حوالہ

مولانا حفظ الرحمن نے کہا کہ پاکستان سے ایک اسلامی [illegible]

ایک سیر چینی لینے کیلئے چار چار گھنٹہ لائن میں کھڑا رہنا پڑتا ہے

چینی کی بعض دوکانیں عملہ اور اسٹاک نہ ہونے کے باعث بند رہیں

دہلی ۲۹ ستمبر۔ [illegible] چینی کی [illegible] بلیک مارکیٹ میں چینی کی قیمت [illegible]

[illegible]

اب جمعیۃ مسلمانوں کے مذہبی، کلچرل، تعلیمی مفاد کے تحفظ کی جدوجہد کرے گی۔

مسلمانان کلکتہ کو چاہیئے کہ جمعیۃ کو سہارا دیں اور اگر اس کے کارکنوں سے کوئی غلطیاں سرزد بھی ہوئی ہوں تو درگذر [illegible] کی خلیجیں، و مذہبی خدمات کے لئے جمعیۃ سے بڑھ کر اور کوئی جماعت موزوں نہیں ہے۔

مولانا نورالدین

مولانا نورالدین بہاری نے مولانا نے پہلے تقریر کی جس میں انہوں نے مسلمانوں کو رسول کریم اور صحابہ کرام کے صبر و برداشت کی یاد دلائی۔ اور کہا کہ ہمیں ان کے رویہ سے سبق لینا چاہئیے۔ اور تمام مصائب کو خندہ پیشانی سے برداشت کریں۔ ایک دن ایسا آئے گا جب ہندو اور مسلمان پہلے کی طرح شیر و شکر ہو کر رہیں گے۔ مولانا نورالدین بہاری نے جمعیۃ کی سرگرمیوں اور موجودہ موقف پر بھی روشنی ڈالی۔

زبان کا مسئلہ

[illegible]

مسلمانان کلکتہ سے اپیل

آخر میں مولانا نے جمعیۃ علماء ہند کی جماعتی حیثیت [illegible] سیاسیات سے علاحدگی اختیار کرنے کے فیصلہ [illegible]

نمک کی بلیک کرتے ہوئے گرفتار

انبالہ ۲۹ ستمبر۔ [illegible] نے ایک نمک فروش کو کنٹرول سے زیادہ قیمت پر نمک فروخت کرتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ [illegible] بلیک مارکیٹ میں فروخت نہ ہو سکیں۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

جذبات بھاشا

اردو خط میں۔ بھاشا زبان میں، ہندی دوہے جن کو پڑھ کر وجدانی کیف طاری ہوتا ہے۔

جنرل نیوز بلیماران دہلی

ہوائی جہاز یا ٹرک و ریل

سامان ہماری معرفت لاہور روانہ کریں۔ [illegible] کمیشن خرید یں۔

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران بلیماران دہلی

ضرورت

دل، ہاتھ پاؤں [illegible] کی ضرورت ہے [illegible] میں صرف تیرہ ادویات سے انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیابی سے علاج ہو جاتا ہے۔ آج تک کوئی سائنسدان اس علاج کو چیلنج نہ کر سکا۔ [illegible]

میگنیٹو کیور انسٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

اسٹینڈرڈ اردو انگلش ڈکشنری

جس قدر اردو انگلش ڈکشنریاں اب تک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل ڈکشنری ہے۔ اس میں تخمیناً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ انگریزی زبان میں اب تک جو تازہ ترین اضافے ہوئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام اس میں آ گئے ہیں۔ ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہیں اور ان کے نازک اختلاف کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا ان کی وضاحت مثالیں دے کر کی گئی ہیں۔ [illegible] سائز حجم ۱۵۴۶ صفحات قیمت -/۳۰ تیس روپیہ علاوہ محصولڈاک۔

قواعد اردو — یہ کتاب مولانا عبدالحق صاحب کی تالیف ہے۔ [illegible]

اردو صرف و نحو — [illegible]

نوٹ:- تاجر کتب جلد متوجہ ہوں کیونکہ جلدیں کم تعداد میں باقی رہ گئی ہیں۔

بک ڈپو انجمن ترقی اردو۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی (انڈیا)

نقالوں سے بچیں

ہمیشہ "زمیندارہ ٹوکہ" رجسٹرڈ (کتی کاٹنے کی مشین) خریدیں بھارت کے سبھی زمیندار اسے پسند کرتے ہیں۔ یہ چلنے میں ہلکا اور پائیدار ہے۔

ملنے کا پتہ۔

نیو زمیندارہ فونڈری بٹالہ (پوربی پنجاب)

دہلی ایجنٹ:- ہندوستان گیرج۔ ۲۹ فیض بازار دریا گنج دہلی

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

ضرورت رشتہ

ایک غیر شادی شدہ مسلم ۲۵ سالہ ایم اے پاس نوجوان کے لئے جو کہ حکومت ہند کے ماتحت ۲۵۰ روپیہ ماہوار مستقل ملازم ہے [illegible] کی ضرورت ہے۔ لڑکی کا خوبصورت و نیک سیرت اور امور خانہ داری سے واقف ہونا ضروری ہے [illegible]

ک۔ ب معرفت روزنامہ الجمعیۃ دہلی

امیکو کف سیرپ

AMICO'S COUGH SYRUP

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے

[illegible] بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے۔ ہر قسم کی کھانسی [illegible] پرانی دق و سل کی کھانسی، دمہ، سانس کا پھولنا [illegible]

اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں [illegible]

سول ایجنٹ:- امین اینڈ اسمعیل لمیٹڈ۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

بہار کانگریس کا مسلمانوں کیلئے علیحدہ شعبہ کھولنے کا فیصلہ

مسٹر عبدالاحد محمد نور اس شعبہ کے انچارج ہونگے

پٹنہ ۲۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ بہار کانگریس کمیٹی نے مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ شعبہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مسٹر عبدالاحد محمد نور [illegible] اس شعبہ کے انچارج [illegible]

[illegible]

متحدہ گڑھوال کی تشکیل کا مطالبہ

[illegible] ۲۹ ستمبر۔ پنڈت نرائن دت [illegible] گڑھوال [illegible] بیان پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ٹہری گڑھوال اور برطانوی گڑھوال کے اضلاع [illegible] ایک متحدہ صوبہ کی تشکیل گڑھوال کی ترقی کے لئے ضروری ہے [illegible] ان پہاڑی باشندوں کی ترقی کا کام ہو سکے گا۔ [illegible] نے یہ تقریر متحدہ گڑھوال کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے کی [illegible] کانفرنس میں تینوں اضلاع کے [illegible] شرکت کی۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

دہلی میں شکر کا راشن کر دیا جائے گا

مقامی حکومت کی مرکزی حکومت کے سامنے سفارش

دہلی ۲۹ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آئندہ دو یا تین دن میں چینی کا راشن ہو جائے گا۔ چونکہ کنٹرول کی قیمتوں کے ساتھ چینی کی تقسیم کی اسکیم ناکام ہو چکی ہے اس لئے مقامی حکومت نے مرکزی حکومت سے سفارش کی ہے کہ چینی کا راشن کر دیا جائے۔ راشن ہونے کے بعد چینی کے ڈپو سے راشن کارڈ رکھنے والوں کو چینی دی جائے گی۔ کنٹرول کی قیمت کی دکانیں بھی کھول دی گئی ہیں [illegible] عوام کو چینی نہیں ملتی [illegible] بلیک مارکیٹ بھی سخت ہو گیا تھا۔ [illegible] چینی اور دیگر [illegible] ہیں اور چینی کی قیمت اس طرح اور بھی بڑھ گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ تاجروں نے اسٹاک کو چھپا دیا ہے اور اس کو بلیک مارکیٹ میں فروخت کر رہے ہیں۔

ہارڈنگ پارک کا نام بدلا جائیگا

تلک پارک نام رکھنے کی سفارش

[illegible] میونسپل کمیٹی نے چیف کمشنر کو سفارش کی ہے کہ "ہارڈنگ پارک" کا نام بدل کر "تلک پارک" کر دیا جائے اور [illegible] کا مجسمہ بھی وہاں سے ہٹا دیا جائے۔

اسی طرح کمیٹی نے یہ سفارش کی ہے کہ "میوری میل [illegible]" کا نام بھی جو [illegible] روڈ پر لگا ہے اس کو ہٹا دیا جائے۔

یہ سفارش اس بنا پر کی گئی ہے کہ عوام کی طرف سے شکایت کی گئی تھی کہ اس سے ان ہندوستان کے شہریوں میں غم و غصہ پیدا ہوتا ہے وہ یہ چاہتے ہیں کہ ان کی جگہ دوسرے ایسے مجسمے لگائے جائیں جن سے ہندوستان کے شہریوں میں جذبہ وطنیت پیدا ہو۔

اس سلسلہ میں چیف کمشنر کی ایڈوائزری کمیٹی نے ایک رزولیوشن پاس کیا تھا جس میں دہلی سے تمام مجسمے ہٹانے کے لئے کہا گیا تھا۔ چونکہ ہندوستان کے قومی مفاد کے لئے مضرت رساں خیال کئے جاتے ہیں۔

بہاولپور کے شرنارتھیوں کی آبادکاری

دہلی ۲۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ وزارت بحالیات حکومت ہند نے بھٹنڈہ، کوٹ کپورہ، اور فرید کوٹ میں ۵ ہزار بے گھر لوگوں کو ۷۵ لاکھ روپیہ قرض دیا ہے۔ یہ بے گھر لوگ ریاست بہاولپور کے ہیں اور فی الحال کورکشیتر کیمپ میں مقیم ہیں۔

بھٹنڈہ میں عنقریب ایک ہینڈلوم کی ٹریننگ کے لئے کھل جائے گا [illegible]

[illegible]

ایک ہزار کے زیورات کی چوری

دہلی ۲۶ ستمبر:- ۲۳ تاریخ کی رات کو بیوہ مہر جہاں کے مکان نمبر ۵۱۳ [illegible] سے تقریباً ایک ہزار روپے کے زیورات چوری ہو گئے۔ اس سلسلے میں تھانہ دریا گنج پولیس نے حبیب الرحمن عرف ببو ولد احسان علی اور دو دوسرے آدمی حنیف اللہ اور محمد اسحاق کو حوالات میں لے لیا ہے حبیب الرحمن عرف ببو مسماۃ مذکورہ کے یہاں سویا کرتا تھا۔ شبہ کیا جاتا ہے کہ چوری اسی کی سازش کا نتیجہ ہے۔

مسٹر آصف علی دہلی پہونچ گئے

دہلی ۲۹ ستمبر۔ مسٹر آصف علی گورنر اڑیسہ کل بذریعہ طیارہ دہلی پہونچ گئے۔ وہ یہاں ستمبر کے آخر تک قیام کریں گے۔

کاشی پور کے یتیم خانہ پر چھاپہ

منتظمین کو حراست میں لے لیا گیا

بنارس ۲۹ ستمبر (ا۔ ف۔ ت) پولیس نے کاشی پور کے دیانند یتیم خانہ پر چھاپہ مار کر تقریباً نصف درجن منتظمین کو حراست میں لے لیا۔ ان میں ایک عورت بھی شامل ہے۔ یتیم خانہ کے تقریباً سو رہنے والوں جن میں سات آٹھ سال کی لڑکیاں بھی شامل ہیں۔ گورنمنٹ کے ماتحت کاشی یتیم خانہ میں بھیج دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں [illegible] یتیم خانہ میں رہنے والوں کو شکایت تھی کہ ان کے ساتھ بد سلوک کیا جاتا ہے۔ ایک لڑکی نے بری طرح رونے ہوئے شکایت کی کہ اسے ریلوے اسٹیشن سے اٹھا لیا گیا تھا اگرچہ اس کا باپ کی کوشش کے باوجود بھی واپس نہ کی گئی۔ عورتوں کی ان کی مرضی کے خلاف شادی کر دی جاتی تھی۔ ایک دن ان میں سے کہ اندر سے آوازیں اور شور سنائی دیا لوگ جمع ہو گئے [illegible] اسی پر پولیس کو اطلاع دی گئی اور چھاپہ مارا گیا۔

پانی لینے پر جھگڑا

دہلی ۲۹ ستمبر۔ کل باڑہ ہندو راؤ میں میونسپل کمیٹی کے نل پر پانی لینے [illegible] مقامی باشندوں کی ایک جماعت اور ہریجنوں میں جھگڑا ہو گیا جس پر پولیس نے ۸ اشخاص کو گرفتار کر لیا ہے۔ دو اشخاص کے زخمی ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ (ا۔ ن)

سونے کی قیمت میں اضافہ

دہلی میں سونے کی قیمت میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ پیر کے دن سونا ۱۱۷ روپے تولہ فروخت ہوا ہے جبکہ تیجیوں کے گہنے کے [illegible] ۱۱۳ روپے تولہ فروخت ہوا تھا۔

ہند پارلیمنٹ میں روپیہ کی قیمت میں کمی پر بحث

۵ اکتوبر کو پارلیمنٹ کا اجلاس خاص

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ ۵ اکتوبر کو ہندوستانی پارلیمنٹ کا ایک خاص اجلاس روپیہ کی قیمت کم کرنے کے مسئلہ پر بحث کے لئے طلب کیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ اس مسئلہ پر شدید بحث ہوگی۔

وزیر مال نے ایک تحریک پیش کی ہے کہ اسٹرلنگ کی قیمت کم ہونے سے پیدا شدہ صورت حال پر غور کیا جائے۔ ممبران اس پر ترمیمیں پیش کریں گے۔ یہ موضوع اہم ہونے کے ساتھ ساتھ عوام کی دلچسپی کا مرکز بھی ہے۔ اس [illegible] بحث ایک روز میں ختم نہیں ہو سکتی اور ۶ اکتوبر کو بھی جاری رہے گی۔ اس لئے دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ۶ اکتوبر کو شروع ہونے والا تھا۔ اسپیکر مسٹر ماولنکر [illegible] اکتوبر کو دہلی آ جائیں گے۔

امرتسر کی سرحد پر تجارت پھر تبادلہ کی صورت میں شروع ہوگئی

کرنسی کے اختلاف پر سرگودھا میں بے چینی

امرتسر ۲۹ ستمبر (ا۔ س۔ م) چونکہ روپے کے تبادلہ کی شرح میں بند ہو گئی ہیں اس لئے اب پھر ہندوستان اور پاکستان کی سرحد پر تجارت اشیا کے تبادلہ کی صورت میں شروع ہو گئی ہے۔ اگرچہ افغانستان اور پاکستان کے تازہ پھل بدستور آ رہے ہیں مگر دوسری اشیاء کی تجارت میں فرق آ گیا ہے۔ یہ چیزیں ہند اور پاکستان کی سرحد پر کسٹم کے مرکز پر تبادلہ ہو رہی ہیں۔

جنیتر [illegible] بند ہو جانے سے ہو رہا ہے۔ مغلوں کے متعلق صورت حال صاف نہ ہونے کے باعث امرتسر میں ایکسچینج میں [illegible] کی قیمت گذشتہ چند دنوں میں بڑھ کر ۱۰۵ روپے فی من ہو گئی ہے۔ ایک ماہ پیشتر پشاوری بادام کی قیمت ۸۰ روپے من تھی مگر اب سو روپے من ہو گئی ہے۔ گذشتہ ہفتہ [illegible] روپے من تھا۔ ۱۱۰ روپے ہو گیا ہے۔

شملہ ۲۹ ستمبر۔ حکومت مشرقی پنجاب نے اعلان کیا ہے کہ اگست ۱۹۴۹ء میں ۹ فیکٹریاں اور بے گھر لوگوں کو الاٹ کی گئی ہیں اب تک مشرقی پنجاب میں ۱۲۳ فیکٹریوں کا الاٹمنٹ ہو چکا ہے۔

صرف راولپنڈی میں تین فیصدی مہاجروں کو روزگار

ہر ماہ چھ سو آدمی بیکار ہو جاتے ہیں

راولپنڈی ۲۷ ستمبر (ا۔ س۔ م) مقامی ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے دفتر سے جو اعداد و شمار موصول ہوئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ صرف گذشتہ ماہ میں ۸۱۳ نام رجسٹر ہوئے جن میں سے ۲۹۰ کو ملازمت ملی اس طرح ہر ماہ چھ سو آدمی اوسطاً بیکار رہتے ہیں۔

لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو حقیقی تعداد [illegible] سے کہیں زیادہ ہے [illegible] میں سے بیشتر لوگوں کو اپنے طور پر دوڑ دھوپ کر کے ملازمت حاصل کرنی پڑتی ہے۔ بلکہ شکایت تو یہ ہے کہ ایکسچینج والے توجہ تک نہیں دیتے۔

تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ایسے لوگ جن کے مئی اور جون میں نام رجسٹر ہوئے تھے اور جن میں مکینک، انجینیر اور ٹیکنیشین تھے۔ ابھی تک ملازمت حاصل نہیں کر سکے۔ اس ضلع میں پچاس ہزار آدمی بے روزگار ہیں۔ یہ تعداد راولپنڈی کی کل آبادی کا تیس فیصدی ہے۔

ہجرت کے متعلق پاکستانی اطلاعات

سرکاری طور پر تردید

وزارت بحالیات کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ کچھ دنوں سے پاکستانی اخبارات یہ پروپیگنڈا کر رہے ہیں کہ پھر مسلمانوں نے وسیع پیمانہ پر ہجرت شروع کر دی ہے۔ انہی اطلاعات میں بڑی تشویش کے ساتھ یہ کہا گیا ہے کہ بہت سے مسلمان جو پاکستان جا رہے ہیں وہ مشرقی پنجاب کے وہ مسلمان ہیں جو مرتد ہو گئے تھے جن کے متعلق معاہدے کے تحت جبری تبدیل مذہب کو تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ حکومت ہند کو ان تاسیوں کے انخلاء کے سلسلہ میں الزام نہیں دیا جا سکتا کیونکہ یہ انخلاء ڈپٹی ہائی کمشنر پاکستان مقیم جالندھر کر رہا ہے۔

[illegible]

لکھنؤ ۲۹ ستمبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے یو۔ پی کو ۲ لاکھ ٹن چینی [illegible] مرکزی حکومت اس سے [illegible]

بازاروں کے بھاؤ
۲۷ ستمبر
دہلی
بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار حصص

[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

مدراس میں کمیونسٹ پارٹی خلاف قانون قرار دیدی گئی

مزدور یونینوں پر بھی پابندی

مدراس ۲۹ ستمبر۔ حکومت مدراس نے صوبہ بھر کی تمام کمیونسٹ جماعتوں کو خلاف قانون قرار دیدیا ہے۔ جن میں آل انڈیا کمیونسٹ پارٹی، آندھرا کمیونسٹ پارٹی، کیرالا کمیونسٹ پارٹی اور ۱۹ لیبر یونینیں بھی شامل ہیں۔ حکومت مدراس نے ایک اعلان میں کہا ہے کہ مذکورہ بالا چاروں کمیونسٹ پارٹیاں آل انڈیا کمیونسٹ پارٹی کی برانچیں تصور کی جاتی ہیں۔ جن کا مقصد نظم و نسق میں مداخلت کرنا اور قانون اور نظام کو درہم برہم کرنا ہے لہٰذا یہ سب جماعتیں امن عامہ کے لئے سخت خطرہ کا باعث ہیں۔ اور انہیں خلاف قانون قرار دینا ضروری ہے۔

حکومت مدراس کے اس اعلان میں مزید کہا گیا ہے کہ ۱۹ لیبر جماعتیں جو کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے زیر کنٹرول اور زیر ہدایت ہیں اور کمیونسٹ پارٹی کے شیڈول میں درج ہیں وہ بھی اسی مقصد کے لئے کام کرتی ہیں لہٰذا تمام ۱۹ جماعتوں کو ان کی برانچوں سمیت ہی خلاف قانون قرار دے دیا گیا ہے۔ [illegible] کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

ساؤتھ انڈین ریلوے یونین، تر چنا پلی ریلوے یونین اور اس کی تمام برانچیں۔ سنٹرل ورکشاپ یارڈ ورکرز یونین۔ وزیگا پٹم مدراس مکینکل ورکرز یونین ایل اینڈ ٹی ورکرز یونین ورکمنڈ یونین گورنمنٹ کمبوڈا اس کی تمام برانچیں۔ مدراس ہاربر ورکرز یونین۔ کسان سنگھ۔ کسان سبھا تمبر کسان سبھا، تھنجور کسان سبھا [illegible] کوئمبٹور [illegible] ٹیکسٹائل لیبر یونین [illegible] مدراس الیکٹرک [illegible] حکومت مدراس نے مزید کہا ہے کہ حکومت پر کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ جن کمیونسٹوں کو رہا کیا گیا ہے انہوں نے بھی امن و امان کو توڑنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیا۔

حال ہی میں جو سرکلر پکڑے گئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ پروگرام عارضی نہیں بلکہ ان کا منتہائے مقصود یہ ہے جس کے ذریعہ وہ تشدد سے حکومت کا تختہ الٹنا چاہتے ہیں۔

زمینداره فنڈ کیلئے کانگریس اور حکومت کی جدوجہد

تمام کاموں کو پس پشت ڈال کر پوری توجہ دینے کی ضرورت

لکھنؤ ۲۹ ستمبر (ا۔ م) حکومت یوپی تنسیخ زمینداری کے سلسلہ میں ایک ارب سات کروڑ روپیہ جمع کرنے کے لئے جو جدوجہد کر رہی ہے اس میں تمام سرکاری اور غیر سرکاری ذرائع صرف ہو رہے ہیں اور کامیابی کی صورت نظر آ رہی ہے یہ فنڈ ماہ اکتوبر سے جمع کیا جائیگا [illegible] اس سلسلہ میں سرکاری افسران اور کانگریس ورکر پوری جدوجہد کر رہے ہیں۔

اس سلسلہ میں حکومت کی جانب سے ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ کے حکام کو لکھا گیا ہے کہ فنڈ کے جمع کرنے پر سب سے زیادہ توجہ اور اہمیت دی جائے۔ اگر ضرورت پڑے تو تمام دوسرے کام بند کر دئے جائیں اور تمام کام کو سوائے قیام امن [illegible] کے پس پشت ڈال دیا جائے۔ اسی قسم کی ہدایات یوپی پراونشل کانگریس کی جانب سے [illegible]

مگر اس بات کی بھی ہدایت کی گئی ہے کہ کہیں کسی [illegible]

مراد آباد میں زمیندارہ فنڈ

مراد آباد ۲۷ ستمبر (ا۔ م) ضلع بھر میں زمیندارہ فنڈ کے سلسلہ میں [illegible] مسٹر گردھاری لال وزیر آبکاری کے علاوہ ضلع کے افسران اور چیرمین ڈسٹرکٹ بورڈ نے مختلف مقامات پر دورہ کیا۔

مسٹر ٹنڈن کی کار کو حادثہ

کانپور ۲۹ ستمبر۔ مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن اسپیکر یوپی اسمبلی صدر یوپی کانگریس کمیٹی مسٹر ٹنڈن یہاں سے بدایوں کی جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک کار کے حادثہ میں زخمی ہونے سے بال بال بچ گئے۔ [illegible] کار کو ان کی کار کو جو بدایوں سے قریب حادثہ پیش آیا۔ ڈرائیور کے سوا سب لوگ بال بال بچ گئے۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

مراد آباد میں راشن کی قلت

مراد آباد ۲۹ ستمبر۔ بازاروں میں غلہ جس میں چاول اور گیہوں [illegible] کی وجہ سے [illegible] پریشانی ہے۔ کیونکہ کنٹرول سے ہر راشن نہیں ملتا۔ [illegible] عام بازاروں میں غلہ کی خرید و فروخت کی اجازت دیجائے یا کنٹرول [illegible] (نامہ نگار)

مشہور ڈاکو بالا سنگھ گرفتار

ساتھی بھی پکڑے گئے۔ اسلحہ بھی برآمد ہوا

لکھنؤ ۲۹ ستمبر۔ یو۔ پی کا مشہور ڈاکو بالا سنگھ [illegible] اور اس کے آٹھ ساتھی شہر سے [illegible] پولیس ہاتھ کے تعاون سے گرفتار کر لئے گئے [illegible] سپرنٹنڈنٹ پولیس اور تین دوسرے پولیس افسر [illegible] ایک خنجر ڈاکوؤں کے پاس سے برآمد ہوا [illegible] بالا سنگھ کے مکان پر چھاپہ مار کر پولیس نے اسلحہ سازی کی چھوٹی سی فیکٹری بھی برآمد کی۔ ۳۰ سالہ ڈاکو بالا سنگھ اور اس کے آٹھ ساتھی [illegible] اور قتل کی واردات [illegible]

کانپور میں راشننگ ملتوی

کانپور ۲۹ ستمبر۔ سرکاری طور پر کل اعلان کیا گیا ہے کہ کانپور میں یکم اکتوبر سے جو کل راشننگ ہونے والا تھا اسے غیر معینہ عرصہ کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔

اس سلسلہ میں بتایا جاتا ہے کہ [illegible] راشن کا انتظام کرنا مشکل ہے۔

یمن نے شام کی حکومت تسلیم کر لی

دمشق ۲۹ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ [illegible] حکومت [illegible] (رائٹر)

ہیگ میں ہونے والے فیصلوں پر انڈونیشیا میں اظہار بے اطمینانی

نیشنل مسلم پارٹی کے لیڈر کو ہیگ سے واپس بلایا جا رہا ہے

دی ہیگ ۲۹ ستمبر۔ پریس ٹرسٹ کا نامہ نگار رقمطراز ہے کہ اب جبکہ انڈونیشیا کے مستقبل کے متعلق گول میز کانفرنس میں فیصلہ ہو گیا ہے [illegible] دونوں ملکوں کے تعلقات میں سب سے بری رکاوٹ [illegible]

بٹاویہ کے جمہوری حلقوں میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر محمد سلیمان کو واپس بلایا گیا ہے [illegible] (رائٹر)

معتبر حلقوں کی اطلاعات کے مطابق مستقبل کے انڈونیشیا اور ہالینڈ کے تعلقات میں اقتصادی اور مالی تعلقات کے متعلق ایک بہت بڑا [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ اسٹیرنگ کمیٹی کا کل دو پہر بعد اجلاس منعقد ہوگا [illegible]

[illegible]

اسٹرلنگ کی قیمت کم کرنے پر بحث کیلئے برطانوی پارلیمنٹ کا ہنگامی اجلاس

حکومت برطانیہ کی طرف سے اعتماد حاصل کرنے کی تحریک

لندن ۲۷ ستمبر۔ آج برطانوی پارلیمنٹ کا ہنگامی اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔ جس میں حکومت کے اسٹرلنگ کی قیمت کم کرنے کے فیصلہ پر غور کیا جائے گا۔ اس اجلاس میں حکومت اپنے فیصلہ پر پارلیمنٹ سے اعتماد کے ووٹ کی طالب ہوگی۔

کابینہ نے ایک تحریک تیار کی ہے جس میں نہ صرف قیمت کی [illegible] واشنگٹن کی گفت و شنید [illegible] کیا گیا ہے۔

سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ حکومت اس معاملہ میں بہت ہی سخت رویہ اختیار کرنا چاہتی ہے۔ [illegible]

آج لیبر پارٹی کا ایک خاص اجلاس بھی ہو رہا ہے جس میں حکومت پارٹی کے تمام ممبران سے [illegible] پالیسی کی حمایت کی طالب ہوگی۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

منی آرڈر؟

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔ منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف و خوشخط اردو میں ضرور تحریر فرما دیا کریں تاکہ تعمیل با آسانی ہو سکے۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

دیکھو کہ بازنقالوں سے ہوشیار

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

قائم شدہ ۱۹۰۳ء

قدرتی تیل رجسٹرڈ

ہر قسم کے درد، زخم، چوٹ، گٹھیا، لقوہ، فالج، ورم کی بے نظیر دوا

یورپ کی پیٹنٹ دواؤں سے زیادہ مفید، ہندوستانی اطباء و ولایت کے ڈاکٹروں کا تصدیق کردہ قدرتی تیل رجسٹرڈ [illegible] ہر قسم کے درد، [illegible] چوٹ، ورم، گٹھیا، فالج، لقوہ، نزلہ، زکام [illegible]

روغن بہار

دماغی قوت کا ضامن — بالوں کی سیاہی کا محافظ — خوشبودار — تیلوں کا بادشاہ

روغن بہار بہترین آئل [illegible] نرم و چمکدار [illegible]

قیمت:- فی پونڈ (نو روپیہ)۔ قیمت فی شیشی [illegible]

کارخانہ دار الصحت رجسٹرڈ منوناتھ بھنجن یوپی (انڈیا)

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۲

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ
الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

شرح چندہ الجمعیۃ دہلی
روزنامہ الجمعیۃ
ایک سال کے لئے چالیس روپے
چھ ماہ کے لئے بیس روپے
تین ماہ کیلئے گیارہ روپیہ
سہ روزہ الجمعیۃ
ایک سال کیلئے
چھ ماہ کے لئے
منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

چاندنی چوک دہلی میں
روزنامہ وسہ روزہ الجمعیۃ
الجمعیۃ نیوز پیپر ایجنسی صدر دروازہ
مسجد فتحپوری سے طلب فرمائیں

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۳ ؍ ۰ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ مورخہ ۶ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۳۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پونڈ کی قیمت کم کرنے کے خلاف برطانیہ کی ٹوری پارٹی میدان میں آگئی

پارلیمنٹ میں حکومت کی تحریک اعتماد پر مسٹر چرچل کی ترمیم

اگر ترمیم منظور ہوگئی تو عام انتخابات عمل میں آئیں گے

نیپال کو بھی کمیونسٹوں سے خطرہ پیدا ہوگیا

واشنگٹن میں نیپالی سفیر کا بیان امداد کے لئے درخواست

ڈالری کاروبار میں دولت مشترکہ کے تمام ممالک سے پاکستان کی پوزیشن بہتر ہے؟

مالی فنڈ کی رکنیت کے بارے میں پاکستان کے سرکاری حلقوں کا بیان

برطانیہ نے منقسمہ منافع پر ۳۰ فیصدی محصول بڑھا دیا

پارلیمنٹ میں چانسلر آف دی ایکسچیکر سر اسٹافورڈ کرپس کا اعلان

سوویٹ لیڈروں کی پالیسی

مارشل ٹیٹو کا اعتراض

مشرقی پنجاب کا ضمنی انتخاب

چین کی سیاسی آزادی اور مشرق بعید کے امن کو خطرہ پیدا ہوگیا ہے

چینی وفد کی طرف سے اقوام متحدہ میں شکایت پیش کردی گئی

روس پر چینی کمیونسٹوں کی امداد۔ اور معاہدہ کی خلاف ورزی کا الزام

ڈاکوؤں کے سروں کی قیمت

ہالینڈ انڈونیشیا میں اپنا اقتدار برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے

کانفرنس ناکام رہی تو اقوام متحدہ میں پھر مسئلہ پیش کیا جائیگا۔ مسٹر پلا کا بیان

رنگون میں ایک اور باغیانہ تحریک

تھاکن نو کی حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش

ناگپور اسمبلی کیلئے دلچسپ رزولیوشن

ہیٹ پہ پابندی لگانے کی تجویز

یوگوسلاویہ کا انتقامی اقدام

انڈونیشی مسلمانوں کا وفد مکہ روانہ ہوگیا

وفد سلطان ابن سعود کو تحفہ پیش کریگا

پنڈت نہرو کینیڈا کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کرینگے

Daily Aljamiat
Delhi. 29-9-49
1925

برطانوی پارلیمنٹ کے اجلاس میں ایٹم بم پر بحث نہیں ہوگی

مسٹر چرچل محض توضیحات کا مطالبہ کریں گے

پاکستان برآمدی تجارت کی پالیسی کا نئے سرے سے تعین کریگا

سفارشات پیش کرنے کے لئے چار خصوصی کمیٹیاں بنادی گئیں

مسٹر بیون کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

سنبھل فرقہ وارانہ فساد کے نواب محمد حسن کی ضمانت نامنظور

چھتاری میں کئی گرفتاریاں جمعیۃ علماء کے سکریٹری کو بھی گرفتار کرلیا گیا

لدھیانہ جیل سے تین کمیونسٹ قیدیوں کا فرار

۲۷ فٹ لانبی سرنگ کھود کر نکل بھاگے

جرمنی کا مسئلہ

پاکستان نے کپاس اور پٹ سن کی برآمدی ڈیوٹی نہیں گھٹائی

وزارت خزانہ کے ایک افسر کا پاکستانی نیوز ایجنسی کو بیان!

روس کی تجویز کی مخالفت

بقیہ صفحہ اول

مدراس میں سائیکل سازی کے کارخانے

سالانہ دو لاکھ سائیکل تیار ہونگے

پاکستان اپنے روپیہ کی قیمت میں کمی نہیں کریگا

مشرقی بنگال کے وزیر اعظم کی نشری تقریر

ایٹم کے مسئلہ پر ہند کی تجویز

صدر اسمبلی کی پریس کانفرنس

کمیونسٹ پارٹی کی ڈکٹیٹر شپ

کلکتے سے سولہ میل پر مسلح ڈاکہ

مزاحمت کرنے والے پر فائرنگ

جنگ روکنے میں مجلس تحفظ کا اہم حصہ

جنرل اسمبلی میں کناڈا کے نمائندہ کی تقریر

طاعون کا انسدادی کام سب سے پہلے ہندوستان میں شروع کیا جائیگا

یوگوسلاویہ

چینی فوجوں نے چوکیاں چھوڑ دیں

کمیونسٹ پارٹی کے دفاتر پر چھاپے

مدراس میں سو کمیونسٹ گرفتار

بمبئی میں بارش سے نقصانات

وزیر اعظم کا بیان

تری وندرم میں مظاہرین کا جلوس اور جلسہ

مغربی یورپ پر راکٹ نہیں چلائے جاسکتے

ہندستانی کرنسی کے تبادلہ پر کنٹرول

پاکستان کے ایوان تجارت کا مطالبہ

یوگوسلاوی افسر کے اخراج کا حکم

تبت جانے والے راستہ کا اہم شہر کمیونسٹوں نے قبضہ کر لیا

ایٹمی طاقت

باجلاس صاحب ڈپٹی کسٹوڈین بہاولپور گورنمنٹ
اشتہار

مباحث امروز

برطانیہ کی پالیسی

[illegible]

اقلیتوں کی زبان

[illegible]

جراثیمی جنگ

[illegible]

اچھی باتیں

نقد ارسلنا۔ تا۔ عزیز حکیم ع ۱۹

ہم نے اپنے رسولوں کو کھلی نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور انہیں کتاب اور میزان دی تاکہ وہ لوگوں کو انصاف پر قایم کریں، اور ہم نے لوہا بھی اتارا ہے جس میں لوگوں کے لئے خوف بھی ہے اور فائدہ بھی۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ کون لوگ اسکے رسول اور اس کے دین کی امداد کرتے ہیں اور بے شک اللہ تو بہت قوی اور غالب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو دو چیزوں کے ساتھ بھیجا، ایک کتاب دوسری میزان یا ترازو۔ کتاب کے ذریعہ اس نے حق و باطل اور نیکی بدی کی راہیں بتائیں اور میزان کے ذریعہ عدل اور مساوات کو قایم کیا۔ اور ساتھ ہی ہتھیاروں کی شکل میں لوہا بھی اتارا جس سے اشرار کی شرارتوں کا سدباب ہوتا ہے اور وہ اس سے خوف کھاتے ہیں اور ان لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے جن کی حفاظت کے لئے ہتھیار اٹھائے جاتے ہیں۔ گویا خدا کے رسولوں کا یہ مشن تھا کہ وہ کتاب الٰہی کے ذریعہ دنیا کو رشد و ہدایت کی طرف بلائیں اور دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں، یہ بھی فرمایا کہ خدا خوب جانتا ہے کہ انبیاء کرام کے اس مشن کو کون پورا کرتا ہے اور ان کی طرح کون کامیاب ہوتا ہے۔

روزانہ الجمعیۃ دہلی

۳۰ ستمبر ۴۹ء

یہ فتنے کبھی ختم بھی ہونگے؟

کسی حکومت کے ساتھ وفاداری یا عدم وفاداری کا مسئلہ اعلانوں سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ دل سے تعلق رکھتا ہے اور دل اس وقت وفادار بنتا ہے جب اسے مطمئن کیا جائے، اس کے ساتھ بہتر اور اچھا سلوک ہو اور اسے ابھارنے اور پرچانے کے انداز اختیار کئے جائیں اگر کسی ملک کے کسی طبقہ کے ساتھ ایسا عمدہ سلوک ہو تو اس سے وفاداری کا مطالبہ کرنے کی نوبت ہی پیش نہ آئے گی، بلکہ وہ طبقہ حسن سلوک سے متاثر ہو کر خود اس کا ثبوت مہیا کرے گا اور اس کی آرزو ہوگی کہ موقع آئے تو جان کی بازی لگا کر اپنی وفاداری کے جوہر دکھائے اور وفاداری کی دوڑ میں نمبر اول کا انعام حاصل کرے لیکن اگر کسی ملک کی اکثریت کی روش یہ ہو کہ کسی طبقہ سے اٹھتے بیٹھتے وفاداری کا مطالبہ کرے اور اسے کچوکے لگا کر یہ کہے کہ تیری وفاداری میں شک ہے اگر جان کی خیر ہے اور اس ملک میں رہنا ہے تو میدان میں نکل کر ثابت کر کہ تو وفادار ہے، تو اس کا نفسیاتی مطلب یہ ہوگا کہ مطالبہ کرنے والے بے وفاؤں کو باوفا نہیں بناتے بلکہ وفاداروں کو بے وفا بننے پر مجبور کر رہے ہیں، کیونکہ انسان کی فطرت ہے کہ وہ دوسروں کو اپنے اوپر شک کرنے کی اجازت نہیں دیتا اور یہ بات اسے سخت ناگوار گذرتی ہے کہ اس سے کوئی بیٹھے بٹھائے بھلا آدمی بننے کا مطالبہ کرے اور اس میں ضد پیدا کر کے وہ بات منوانا چاہتے جسے وہ خلوص دل کے ساتھ پہلے ہی سے مان رہا ہے! آخر دل کے حال سے تو کوئی واقف نہیں، ممکن ہے کہ آپ.... خواہ مخواہ کسی شخص سے وفاداری کا مطالبہ کریں اور وہ زبان سے تو یہ کہے کہ ہاں ہم وفادار ہیں اور دل میں یہ کہے کہ ایسی وفاداری پر لعنت، ہم تو غداری اچھے جو کچھ کرنا ہے اور کر کے دیکھ لو، زبردستی کی بات تو ہم اپنے باپ کی بھی نہیں مانیں گے، تو بتایئے اس مطالبہ سے کیا فائدہ؟ البتہ جو لوگ دوستداری اور محبت کے ساتھ تعلقات کو استوار رکھنا چاہتے ہیں اور جن کا مذہب ہے کہ محبت سے محبت اور وفاداری سے وفاداری پیدا ہوتی ہے انہیں کسی مطالبہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی، وہ جانتے ہیں کہ وفاداری کی چمک دل سے پیدا ہوتی ہے اور جب وہ پیدا ہو جاتی ہے تو پھر دھوکہ نہیں دیتی۔

[illegible]

ایٹم بم پر پابندی کیوں نہیں لگائی جاتی

لبرل پارٹی کے اخبارات کی شکایت

[illegible]

پاکستانی زائرین کل واپس آئیں گے

[illegible]

ہندوستان نے کوئلہ کی قیمت میں اضافہ کردیا

حکومت پاکستان کا حکومت ہند سے احتجاج

کراچی ۲۹ ستمبر۔ [illegible]

برلن کی گفت وشنید بند ہوگئی

[illegible]

دارالامرا میں لیبر حکومت کو شکست ہوگئی

[illegible]

افغانستان کا چینی سفیر ہانگ کانگ میں

[illegible]

آسٹریلیا اور ہندوستان میں تجارتی معاہدہ

[illegible]

لنکا کے لئے یکم نومبر سے پاسپورٹ

[illegible]

ناگپور میں مسلمانوں کی جائداد پر قبضہ

[illegible]

مظلوموں کی امداد کیوں کیجاتی ہے

جمعیت علماء جودھپور کا کارنامہ

حالیہ واقعہ

۲۴ اگست ۱۹۴۸ء کو قصبہ [illegible] میں شیر محمد [illegible] مسلمانوں میں [illegible] ہوگئی۔ [illegible] سے پہلے [illegible] اور دو مسلمانوں کے [illegible] ایک [illegible] بستی ہے جس میں ہندو مسلمان ہمیشہ سے دوستانہ تعلقات رکھتے چلے آئے ہیں۔ یہاں ایک درگاہ شریف کے سالانہ عرس میں میلوں کی [illegible] میں ہندو مسلم برابر کا حصہ لیتے ہیں۔ [illegible] آر۔ ایس۔ ایس سے بھی تعلق کر لیا اور وہ موقعہ کا منتظر رہتا کہ کب ہندو مسلم [illegible] ہو۔

پہلا جھگڑا

[illegible] میں درگاہ شریف میں برادران وطن کے ایک باجا [illegible] بجانے پر ہوا۔ جس پر مسلمانوں سے راضی نامہ کر کے ایک دوسرے طریقہ پر [illegible] جس کا اب کوئی جھگڑا نہیں۔

دوسرا جھگڑا

اپریل ۱۹۴۸ء میں ایک مسلم نوجوان کی ایک غیر مسلم [illegible] ہوگئی۔ جو فرقہ وارانہ رنگ اختیار کر گئی۔ جس کے نتیجہ میں [illegible] مسلمان زخمی ہوئے۔ اور درگاہ و مسجد [illegible] کوٹھڑیاں توڑ ڈالی گئیں [illegible] کمبل وغیرہ اٹھا لے گئے۔ پولیس نے دو طرفہ مقدمہ قائم کیا۔ جو ابھی چل رہا ہے۔

الف ۲۵ اگست کے ذاتی نوعیت کے جھگڑے کو شیر [illegible] فرقہ وارانہ رنگ دیدیا۔ جس کے نتیجہ میں ایک مسلمان شیر محمد کو برچھیوں سے زخمی کر دیا گیا۔ [illegible] ہسپتال [illegible]

ایس۔ ڈی۔ او ناگور کا رویہ

شیر محمد زخمی کے پاس کچھ مسلمان دیکھ بھال کے لئے موجود تھے کہ اس کو ہسپتال پہنچایا۔ [illegible] ایس ڈی۔ او مع پولیس کے پہنچے۔ اور مسلمانوں کے گھروں کی خانہ تلاشی لی۔ اور اس جگہ موجود مسلمانوں کو گرفتار کر کے ایک ہزار کی ضمانت پر رہا کر دیا۔

۲۶ اگست کا واقعہ

ڈپٹی کمشنر صاحب [illegible] ایس۔ ڈی۔ او مع عملہ پولیس [illegible] پہنچے اور ضمانت پر رہا شدہ [illegible] (۲۷) مسلمانوں کو گرفتار کر کے عورتوں اور بچوں کو [illegible] سب مسلم مکانات کی تلاشی لے کر [illegible] کھیتی کی نگرانی بھی کی جاتی تھی [illegible] ۲۱ ستمبر ۱۹۴۹ء [illegible] مقدمہ بنایا گیا۔

قابل ذکر واقعہ

شیر محمد زخمی کو جب ناگور ہسپتال لایا گیا [illegible] ہسپتال سے [illegible]

تعجب کی بات

اس [illegible] کانگریس [illegible] جمعیۃ علماء ہی کو بروقت اطلاع مل جاتی۔

تحقیقات

[illegible] کانگریس و جمعیۃ علماء جودھپور کے منتظم ناظم جناب شمس الدین صاحب [illegible] جودھپور کانگریس [illegible] تفتیش حالات کے لئے [illegible] ستمبر کی شام کو پہنچے۔ [illegible] کانگریس [illegible] کے ذریعہ [illegible] معلومات حاصل کیں اور وہاں کے چند قاضی صاحبان نے تحریری بیان دیئے۔ اس تفتیش میں [illegible] الہ آبادی کی معیت بھی رہی۔

افسران بالا سے رجوع

شاہ شمس الدین صاحب نے جودھپور کانگریس اور جمعیۃ کے مشورہ سے کمشنر صاحب کی عدم موجودگی میں ڈی۔ آئی۔ جی صاحب کے یہاں واقعات پیش کئے۔ انھوں نے [illegible] کی بنا پر واقعات سے لاعلمی اور [illegible] کا اظہار کیا۔ اس لئے ہمارے شاہ شمس الدین صاحب مع قاضی غلام محمد (نمائندہ مظلومین) کے جے پور پہنچے وزیر اعظم اور دیگر ذمہ داران کی خدمت میں تمام حالات پیش کئے۔

ہدایات

از راہ شفقت۔ آزاد تفتیش، ملزمان کی ضمانت، کا حکم جاری ہوا۔

ہمارا رویہ

ہم نے ان تمام سنگین [illegible] اخبارات میں نہیں دیا تاکہ کسی قسم کی فرقہ وارانہ [illegible] بلکہ [illegible] (سرکاری و غیر سرکاری) علاقائی کانگریس و جمعیۃ علماء، حکومت راجستھان سے رجوع کیا۔ تاکہ ایسے طریقے اختیار کئے جائیں جس سے

(الف) [illegible] پولیس کا بھرم [illegible] کرایا جائے۔ اور ذاتی نوعیت کے معاملات جو عدالت میں جاری ہیں یا آئندہ پیش آویں ان کو فرقہ وارانہ رنگ نہ دیا جائے۔

(ب) واقعہ کی اصلیت کا پتہ لگایا جائے۔ اور ان کے خلاف آئینی کاروائی کی جائے۔

فقیر محمد و سمیع الحق پشاوری کہاں ہیں

رمضان ۱۳۶۶ھ کے وسط میں فقیر محمد ساکن پشاور محلہ [illegible] اپنے خاندان کے جن میں ۷ افراد تھے۔ (سمیع الحق پسر سکینہ دختر [illegible] اہلیہ فقیر محمد) احمد آباد سے اپنے وطن پشاور کو بذریعہ ٹرین [illegible] آ رہے تھے [illegible] اسٹیشن پر سکینہ اپنے والدین سے جدا ہوگئی۔ مذکورہ خاندان کا اب تک پتہ نہیں چلا۔ لہٰذا ہر مسلمان سے درخواست ہے کہ اگر فقیر محمد یا اس کا لڑکا سمیع الحق مل جائے تو [illegible] پتہ پر خط و کتابت کریں۔

محمد [illegible] صدر مدرس مدرسہ تعلیم الاسلام [illegible]
جے پور (راجستھان)

انجمن طبیہ دیوریا کا جلسہ

انجمن طبیہ دیوریا کا ایک جلسہ بصدارت جناب مولوی حکیم محمد ابو بکر صاحب منعقد ہوا۔ جس میں کثرت رائے انجمن طبیہ ضلع دیوریا کے لئے رجسٹریشن کمیٹی کا [illegible] جناب مولوی حکیم محمد ابو بکر صاحب کو منتخب کیا گیا [illegible] جناب حکیم [illegible] صاحب منتخب کئے گئے۔ [illegible]

ہندی زبان مسلمان ہو رہی ہے

جمعیۃ علماء ہند کے لائحہ عمل کا ایک جزیہ ہے کہ جمعیۃ علماء کے ارکان ہندی زبان اور ہندی رسم الخط سیکھیں اور ہر ایک جمعیۃ علماء کے دفتر میں ہندی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے حسب ذیل کتابیں مفید ہیں۔ ان کتابوں کے مصنف مولانا ابو محمد امام الدین صاحب مستحق صد شکریہ ہیں کہ انہوں نے ہندی سیکھنے والوں کے لئے بہت زیادہ سہولت پیدا کر دی ہے اور اسلامی لٹریچر کو ہندی میں منتقل کرنے کے اہم کام کی بنیاد ڈالدی ہے۔

- ہندی ماسٹر — حصہ اول — قیمت ۸/
- ہندی ماسٹر — حصہ دوم — قیمت ۸/
- ہندی ماسٹر — حصہ سوم — قیمت ۱۲/

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سپارے، اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر جن حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ہے۔ ضرورت ہے کہ اہل خیر اور صاحب ثروت اس طرف مزید توجہ فرمائیں۔ وجزاہ علی اللہ

(۱) جمعیۃ علماء ساندھی ضلع ہردوئی — عہ/ — امداد
(۲) جناب انیس احمد صاحب [illegible] — مار — ″
(۳) جناب شیخ فضل حسین صاحب [illegible] — عہ/ — ″
(۴) ″ مولانا ابو الہدیٰ [illegible] — [illegible] — ″
(۵) ″ حافظ نذیر حسین صاحب [illegible] — ″

بمعرفت جمعیۃ علماء دہرہ دون — عہ/

(۶) جمعیۃ علماء راجا پور ضلع سہارنپور — للعہ/ — ریلیف
(۷) محترمہ بیگم صاحبہ ایم۔ اے بی [illegible] پاڑہ۔ ناگور — [illegible] — ″
(۸) جمعیۃ علماء خورجہ ضلع بلند شہر — [illegible] — زکوٰۃ / امداد
(۹) جناب محمد یامین صاحب [illegible] — صہ/ — [illegible]
(۱۰) جناب شیخ محمد احمد صاحب [illegible] — [illegible] — امداد
(۱۱) جمعیۃ علماء دہرہ دون — [illegible] — زکوٰۃ
(۱۲) معرفت مولانا محمد عثمان صاحب — [illegible] — ″

موضع سارا ج بھاگلپور — عہ/ — ″

(۱۳) جناب عبد الباری صاحب [illegible] — [illegible] — زکوٰۃ
(۱۴) جناب غلام صابر صاحب [illegible] — [illegible] — ″
(۱۵) ″ حافظ کمال الدین صاحب — [illegible] — ″
(۱۶) ″ عبد الحفیظ صاحب [illegible] بمبئی — [illegible] — فطرہ
(۱۷) ″ نذیر احمد صاحبان۔

تھانہ بھون۔ مظفر نگر — صہ/ — زکوٰۃ

(۱۸) جناب ابو محمد شبلی صاحب [illegible] — صہ/ — ″
(۱۹) ″ مولانا محمد عبد الحق صاحب [illegible] — عہ/ — ″
(۲۰) معرفت حافظ محمد اسحاق صاحب

کبیر پور سہارنپور — لعہ/ — ″

(۲۱) جناب شیخ محمد الیاس صاحب دہلی — عہ/ — ″
(۲۲) جناب عزیز الحق صاحب کشن گنج پورنیہ — صہ/ — ″
(۲۳) ″ منیجر صاحب بیگ اسٹوڈنٹ کمپنی۔ کلکتہ — عہ/ — خیرات
(۲۴) جناب شیخ محمد صدیق صاحب [illegible] دہلی — مار — زکوٰۃ
(۲۵) ″ محمد صدیق صاحب [illegible] دہلی — عہ/ — ″
(۲۶) ″ مفتی بشیر الدین صاحب [illegible] — صہ/ — ″
(۲۷) بلومیرا جناب حاجی عبد اللہ [illegible] صاحب

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/

(۲۸) جناب سید عبد الرزاق صاحب ″ ″ — [illegible] — ″
(۲۹) ″ پیر سعید عبد السبحان صاحب ″ ″ — [illegible] — ″
(۳۰) جنانی حاجی عبد [illegible] صاحب ″ ″ — [illegible] — ″
(۳۱) بلومیرا عبد السبحان صاحب ″ ″ — [illegible] — ″
(۳۲) جنانی ″ ″ — [illegible] — ″
(۳۳) حکیم مولوی عبد الباری صاحب

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/ — ″

(۳۴) جناب مولوی حکیم مسعود احمد صاحب

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/ — ″

(۳۵) بلومیرا محمد عبد الحمید صاحب عطار

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/ — ″

(۳۶) منشی فضل احمد صاحب [illegible] — صہ/ — ″
(۳۷) جماعت اہلحدیث [illegible] — عہ/ — امداد
(۳۸) جناب محمد محسن صاحب [illegible] — صہ/ — ″
(۳۹) ″ [illegible] محمد یعقوب صاحب

برنام بٹ مدراس — [illegible] — ″

(۴۰) جناب [illegible] — صہ/ — ″
(۴۱) ″ [illegible] — صہ/ — ″
(۴۲) ″ حاجی عبد الغفور صاحب

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/

(۴۳) ″ مسعود احمد صاحب مدنی

برنام بٹ۔ مدراس

(۴۴) جناب مولوی عبد الحق صاحب [illegible]

برنام بٹ۔ مدراس — عہ/ — ″

(۴۵) ″ موذن [illegible] — صہ/ — ″
(۴۶) ″ [illegible] — [illegible] — ″
(۴۷) ″ [illegible] — [illegible] — ″
(۴۸) ″ مولانا محمد ابراہیم صاحب

سدا بھاگلپور

(۴۹) جناب حاجی حبیب احمد صاحب [illegible] — [illegible] — ″

سوداگران [illegible] — مار — زکوٰۃ

(۵۰) جناب عبد الرشید عبد المجید [illegible] — [illegible] — ″
(۵۱) ″ محمد الیاس صاحب [illegible] — صہ/ — ″
(۵۲) ″ منیجر صاحب بیگ اسٹوڈنٹ کمپنی۔ کلکتہ — صہ/ — خیرات

عیدیاں۔ عید رومال۔ عید کارڈ [illegible]

[illegible] بھیجنے وقت [illegible] (ان سے اپنا تعلق ہموار رکھیں) [illegible]

جنرل نیوز [illegible] دہلی سے طلب کیجئے

اردو ہندوستانی زبان ہے

[illegible] اردو کو ترقی دینا چاہتے ہیں تو گھر بیٹھے [illegible] اردو شارٹ ہینڈ [illegible]

[illegible] دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما ہے جی بی روڈ دہلی

سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

جمعیۃ علماء بہار کے وفد کی کسٹوڈین سے ملاقات

پٹنہ۔ بذریعہ ڈاک۔ کسٹوڈین صاحب صوبہ بہار سے مسلم ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء پٹنہ کا ایک وفد ملا۔ ملک محمود صاحب بیرسٹر، ظہیر قاسم صاحب سابق ایم۔ ایل۔ سی، سلطان صلاح الدین [illegible] اور محمد عثمان سیکرٹری ریلیف کمیٹی ارکان وفد تھے۔

ملک محمود صاحب بیرسٹر نے وفد کی قیادت کی کسٹوڈین صاحب سے کہا گیا کہ [illegible] آخری تاریخ مقرر کی گئی تھی وہ بہت کم تھی۔ اکثر مسلمانوں کو اس کی اطلاع بھی نہ مل سکی۔ اس لئے ضرورت ہے کہ مزید وقت دیا جائے۔

کسٹوڈین صاحب نے کہا کہ وہ اس سلسلہ میں لیجسلیٹو ڈیپارٹمنٹ اور گورنر صاحب کے مشورہ کے بعد ہی کوئی اعلان کر سکیں گے اور وہ جو فیصلہ کریں گے اس سے جمعیۃ علماء کو مطلع کر دیں گے۔

اجمل ریڈنگ دہلی کے لئے عطیہ

حافظ رحمت الٰہی صاحب نے اجمل ریڈنگ روم اردو بازار دہلی کو تعمیری اور تعلیمی کاموں کے لئے مبلغ پچاس روپے کا عطیہ عنایت فرمایا۔

سہارنپور کے مدرسین کی بھوک ہڑتال

سہارنپور۔ بذریعہ ڈاک۔ [illegible] میونسپل بورڈ سہارنپور کا عام اجلاس ہوا۔ جس میں اتفاق رائے سے پاس ہوا کہ میونسپل بورڈ سہارنپور نے بورڈ کے ٹیچروں کے [illegible] ملازمین سے [illegible] ان کی تنخواہوں میں جو ماہ فروری اور مارچ ۱۹۴۹ء میں [illegible] مزید کمی کر دی ہے۔ جس کے لئے بورڈ سے کئی بار درخواست بھی کی گئی۔ مگر شنوائی نہیں ہوئی۔ اس سے دکھی ٹیچروں نے [illegible] بھوک ہڑتال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بلند شہر میں ہیضہ

بلند شہر۔ ۳۰ ستمبر۔ بذریعہ ڈاک۔ [illegible] ہیضہ پھیلا ہوا ہے۔ اموات بھی کافی ہو رہی ہیں حسب الحکم ضلع مجسٹریٹ اسکول اور سینما بند کر دیئے گئے ہیں۔ میونسپل عملہ ہیضے [illegible] کام نہیں کر رہا ہے جتنا کہ اس کے فرض میں شامل ہے۔ [illegible] اپنے کاموں میں مشغول نظر آتا ہے۔

مسٹر احمد حسین عابدی انسپکٹر صفائی نے ہیضے کے [illegible] اس وقت تک (انجکشن) دانے [illegible] جا چکی ہے۔ اور صفائی کی ایک بار بھی نہیں کرائی گئی۔ [illegible] مرسے ہوئے کیڑوں کی کافی مقدار لوگوں کے گھروں [illegible] میں نظر آتی ہے [illegible] پانی کو استعمال میں لایا جا رہا ہے۔

اکابرین جمعیۃ کی کامیاب کوشش

مدرسہ فرقانیہ پورے انتظامات سے کھل گیا

لکھنؤ۔ بذریعہ ڈاک۔ شہر کے معروف [illegible] کے محرم کار کن الحاج محمد ابراہیم صاحب خوشنویس [illegible] مظفر آباد لکھنؤ نے مسلمانوں کے اس اضطراب اور بے چینی کو دور کرنے کے لئے جو مدرسہ فرقانیہ کے بند ہو جانے کی وجہ سے پیدا ہوگئی تھی حسب ذیل بیان بغرض اشاعت ارسال فرمایا ہے۔

[illegible] علی محمد علی کے کارخانہ کی جائداد کو کسٹوڈین جائداد میں شمار کرنے کی وجہ سے مدرسہ فرقانیہ کے بند ہونے کی وحشتناک خبر نے مسلمانان ہند کو بہت بے چین کر دیا تھا۔ کیونکہ مدرسہ کے تمام اخراجات اس کارخانے کی آمدنی سے چلا کرتے تھے۔

جمعیۃ علماء صوبہ کے ذمہ دار حضرات اور ہم لوگ اس کوشش میں تھے کہ مدرسہ کو اپنی حالت پر قائم رکھ کر اس کے فیض کو جاری رکھا جائے۔

اللہ تبارک تعالیٰ کا فضل ہے کہ ہمیں اس مقصد میں پوری کامیابی حاصل ہوئی۔ مدرسہ میں ۱۸ ستمبر سے باضابطہ تعلیم جاری ہوگئی۔

طلباء کے وظائف وغیرہ کا انتظام ہوگا اور حضرات مدرسین کو بھی باقاعدہ مشاہرہ دیا جائے گا ہمدردان ملت اس مدرسہ کی ترقی کے لئے دعا فرمائیں۔

ضرورتمندوں کو ۸ کروڑ روپے کی امداد

لندن۔ بذریعہ ریڈیو۔ برطانوی قومی امدادی بورڈ نے گذشتہ سال بیماروں اور ضرورتمندوں کی مدد کے لئے ۸ کروڑ روپیہ کی رقم صرف کی۔ تقریباً ۱۵ لاکھ افراد نے اس امداد سے فائدہ اٹھایا۔

(لندن پریس سروس)

پونہ میں زلزلہ کا جھٹکا

پونہ ۲۹ ستمبر۔ پونہ سے ۸۱ میل کے فاصلہ پر ایک [illegible] کے زلزلہ کے جھٹکے پونہ کے زلزلہ نگار آلہ نے درج کئے یہ زلزلہ ۲۸ ستمبر کو ہندوستانی رقت کے [illegible] بجے آیا تھا۔ (پ۔ ا)

منی آرڈر

دفتر مرکزی جمعیۃ علماء اور اخبار الجمعیۃ دہلی کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔

منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف و خوشخط ادنیٰ ضرور تحریر فرما دیں تاکہ تعمیل بہ آسانی ہو سکے۔

محمد وحید قاسمی دفتر جمعیۃ علماء ہند دہلی

حیدر آباد میں مسٹر دواکر کی تقریر

حیدر آباد ۳۰ ستمبر۔ (پی ٹی آئی) حکومت ہندکی وزارت نشریات کے نائب وزیر مسٹر آر آر دواکر نے کل ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ پالیسی کا اگر سچ جس نے حیدر آباد کی آزادی کے لئے جدوجہد کی ہے یہاں پر ایک صحیح جمہوری حکومت قائم کرنے میں بھی کامیاب ہو جائے گی۔ آپ نے کہا کہ ہندوستان حیدر آباد کا مسئلہ حل کرنے میں صحیح قدم اٹھا چکا ہے جو کہ ابھی تک مجلس متحدہ اقوام کے ایجنڈا پر ہے۔

مسٹر دواکر نے کہا کہ بعض لوگ یہ پراپیگنڈا کرتے ہیں کہ چونکہ کشمیر میں اکثریت مسلمانوں کی ہے اس لئے اس کو پاکستان میں ملنا چاہیئے لیکن کشمیری اس کی مخالفت کرتے ہیں۔

کمیونسٹوں کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ وہ [illegible] سے نہیں گرتے بلکہ اس لئے وجود میں آتے ہیں کہ عوام اپنی ذمہ داریاں محسوس نہیں کرتے۔

برطانوی ماہر صنعت ہندوستان آ رہے ہیں

لندن (بذریعہ ریڈیو) مشہور برطانوی ماہر صنعت مسٹر مارلیس جے واٹ جلد ہی ہندوستان، پاکستان سیلون اور برما کا دورہ کریں گے۔ اپنے دورہ کے دوران میں مسٹر واٹ ہند اور پاکستان کی صنعتی اور تجارتی ضروریات کا جنہیں برطانوی صنعتیں پورا کر سکتی ہیں۔ جائزہ لیں گے۔ اس بارے میں وہ سرکاری افسروں اور کارخانہ داروں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

(لندن پریس سروس)

فالج اطفال پر ڈاکومنٹری فلم

لندن۔ بذریعہ ریڈیو۔ برطانیہ کی وزارت صحت نے ایک فلم تیار کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ان لوگوں کو جن پر فالج اطفال کا حملہ ہوا ہے کس طرح از سر نو بسایا جا سکتا ہے۔ فلم میں پھر سے بسانے کا ایک نیا طریقہ بتایا گیا ہے۔ مسٹر روز ویلٹ سے ساتھ ساتھ اس فلم پر تبصرہ بھی کیا ہے۔ یہ یاد رہے کہ امریکہ کے صدر مسٹر روز ویلٹ فالج اطفال کا شکار ہوئے تھے۔

(لندن پریس سروس)

انجمن اردو ادب سہارنپور کا مشاعرہ

سہارنپور۔ بذریعہ ڈاک۔ یکم اکتوبر کو محلہ [illegible] میں انجمن اردو ادب کے زیر اہتمام ایک مشاعرہ ہو رہا ہے۔ صدارت کے فرائض منشی محمد احمد صاحب [illegible] انجام دیں گے۔

بچے اٹھا لیجانے والا گروہ

ڈھاکہ ۲۸ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ڈھاکہ میں ایک گروہ سرگرم عمل ہے جو بچوں کو اٹھا لیجاتا ہے خیال ہے کہ گروہ بچوں کو بھیک منگوانے کے لئے بیچ دیتا ہے [illegible] ان کو سخت جسمانی [illegible] دی جاتی ہیں۔ [illegible] کے جسم میں کوئی نقص پیدا کر دیا جاتا ہے تاکہ لوگ ان پر رحم کھا کر بھیک دیں۔ [illegible] اس گروہ کو گرفتار کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ (پ۔ رائٹر)

معلوم ہوا ہے کہ مریضوں کو میڈیکل [illegible] کافی دیر ہو جاتی ہے پورے اسٹاف میں صرف ڈاکٹر [illegible] لال جیزہ [illegible] ڈاکٹر [illegible] کی تعریف کی گئی ہے۔ [illegible]

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی، لاہور، راولپنڈی براستہ لاہور، پشاور براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

روانگی دہلی	۱۰	14
آمد کراچی	۱۵	18

دہلی تا لاہور (روزانہ)

روانگی دہلی	50	9
آمد لاہور	40	۱۱

لاہور تا راولپنڈی و پشاور (ہر سوموار، بدھ، ویرادو سنیچروار)

روانگی لاہور	30	12
آمد راولپنڈی	40	13
روانگی راولپنڈی	0	14
آمد پشاور	50	14

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس

نئی دہلی

کلکتہ میں عملاً چینی کا قحط۔ ڈھائی ڈھائی سیر کے پیکٹ فروخت ہوئے

راشننگ کے خطرہ کے پیش نظر دکانداروں نے اسٹاک روک لیا

چینی کی خبریں

کلکتہ ۲۹ ستمبر (ا م) کلکتہ میں شکر کی قلت برابر قائم ہے۔ بہت سی دکانوں پر شکر نہیں ہے اور جن کے پاس اسٹاک ہے ان کی دکانوں کا محاصرہ کر رکھا ہے جن میں بہت سے حقیقی طور پر خریدار بھی نہیں ہیں۔

اس دوران میں بنگال شکر مرچنٹ ایسوسی ایشن جو شکر برآمد کرنے والوں کی انجمن ہے امداد کرنے کے لئے حکومت مغربی بنگال کے مشورہ سے یہ طے کیا گیا ہے کہ خوردہ فروشوں میں چینی دی جائے۔ ایسوسی ایشن نے آج چار لاریاں کاغذ کے تھیلوں میں ڈھائی ڈھائی سیر چینی بھر کر مختلف علاقوں میں تقسیم کرنے کے لئے بھیجی ہیں۔ یہ تھیلے ہندرہ آنے فی سیر کے حساب سے گلیوں میں فروخت کئے گئے۔ ہر شخص کو صرف ایک ہی تھیلہ دیا گیا۔

ایسوسی ایشن نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ اس مقدار میں چینی کا راشن کر دیا جائے اور خوردہ فروشوں کے پاس رکھ دی جائے۔ کہا جاتا ہے کہ کلکتہ میں روزانہ ۳۰۔۴۰ من کی [illegible] ہزار بوریاں خرچ ہوتی ہیں۔ ایسوسی ایشن کی مجلس عمل کے رکن مسٹر رستوگی نے اپیل کی ہے کہ عوام گھبرا کر خریدنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ اس سے مشکلات پیدا ہوں گی۔ یوپی اور بہار کے ضبط شدہ اسٹاک سے کلکتہ کے لئے کافی مقدار میں چینی آ رہی ہے۔

پی ٹی آئی کی اطلاع ہے کہ خوردہ فروشوں کے اسٹاک اور راشننگ کے خطرہ کے پیش نظر روک لینے سے کلکتہ میں چینی کا قحط پیدا ہو گیا ہے اس وقت خوردہ فروشوں میں چینی عملاً نایاب ہے۔ اور اس سے ہندوؤں کو جب کہ درگا پوجا کا تہوار شروع ہو گیا ہے بڑی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔

حکومت مغربی بنگال نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ خوردہ فروشوں کے ٹھیک طرح سے کام نہ کرنے کے باعث شکر کی قلت نہ [illegible] ہو گئی ہے۔ اب حکومت نے بنگال شکر مرچنٹ ایسوسی ایشن کی معرفت چودہ ہزار کلکتہ میں ڈھائی ڈھائی سیر کے پیکٹ فروخت کرانے کا بندوبست کیا ہے۔

بازاروں کے بھاؤ

۲۹ ستمبر

بازار صرافہ

چاندی ۱۹۹ روپے۔ [illegible]
[illegible]

غلہ مارکیٹ

کھانڈ دیسی [illegible] ۵۵ سے ۵۶ روپے فی من
[illegible]

سائیکل مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

بمبئی مارکیٹ

چاندی تیار [illegible]
سونا تیار [illegible]

سیوہارہ میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

سیوہارہ (بذریعہ ڈاک) شاہی مسجد میں جمعیۃ علماء کا ایک جلسہ زیر صدارت جناب مولانا [illegible] منعقد ہوا جس میں حکیم سید مظاہر حسین صاحب، مولوی جمیل الرحمن صاحب، حاجی حبیب الرحمن صاحب، مولوی مقبول الرحمن صاحب، مولوی جلیل احمد صاحب وغیرہ [illegible] جمعیۃ کے [illegible] کے [illegible] آئین میں مسلم عوام کو کیا [illegible] ہیں کہ [illegible] پاکستان جانا چاہتے ہیں [illegible] جمعیۃ علماء کی [illegible] ہیں۔

مرکزی یونین اینگیران ہند کی مجلس منتظمہ کی میٹنگ

میرٹھ۔ بذریعہ ڈاک۔ [illegible] بروز جمعرات یونین اینگیران ہند کی مجلس منتظمہ کمیٹی کی میٹنگ [illegible] منعقد ہوگی۔ [illegible] اجلاس میں چند ضروری امور پر غور کیا جائے گا۔

امریکن فلم کے خلاف بدھوں کا احتجاج

[illegible] اپنی فلم "[illegible]" [illegible] حکومت سے احتجاج کیا [illegible] بدھ مذہب [illegible] (پ ٹ)

پوسٹ آفس ٹیلیفون بنگلہ [illegible] ایک ہزار [illegible] سے [illegible] (لندن پریس سروس)

پشاور میں ہونے والے فرقہ وارانہ ہنگامہ کی تفصیل

مسلمانوں کے جان و مال کے تحفظ کا یقین دلایا گیا

[illegible] بعض مقامی شہروں اور دہرہ دون کے واقعات [illegible] سے اور اگرچہ بعد کو [illegible] آزادی سے شہر پر قبضہ ہو گیا۔

چند پولیس کانسٹیبلوں اور [illegible] کچھ سندھی اور مسلم [illegible] پر جگہ کے ہیں مسلمانوں [illegible] تلوار اور [illegible] سے مسلح تھے۔ [illegible] ہتھیار [illegible] لوٹ مار [illegible] سے مسلمانوں کی طرف سے آج نقصانات کی فہرست ڈپٹی کمشنر صاحب کو دیدی گئی ہے۔

پشاور ۲۹ ستمبر۔ جیلانی [illegible] سٹی کمشنر صاحب نے فرقہ وارانہ ہنگامہ کے بعد یہاں کے حالات کا معائنہ کیا۔ مسلمانوں کو ان کے جان و مال کی حفاظت کا یقین دلایا ہے۔

یاد رہے کہ پچھلے ہفتے یہاں [illegible] ۲۷ ستمبر کو صبح [illegible] پانچ مسلمان بچے اور ایک ضعیف عورت کو شہید کر دیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں دکانیں لوٹی گئیں اور مکانات میں آگ لگانے کے واقعات بھی رونما ہوئے۔ [illegible] انتظام کرتے ہوئے [illegible] زخمی ہوئے اور ضلع کے افسران [illegible] کانگریس کمیٹی کے [illegible] ایم ایل اے بھی یہاں تشریف لائے اور سب سے پہلے [illegible] ہوئی دکانوں اور مکانوں کو دیکھا اور اپنے [illegible] افسوس کا اظہار کیا۔

کار السلطنت

دہلی ——— ۲۹ ستمبر

ممالک غیر سے خوراک کی آمد!

دہلی ۲۹ ستمبر۔ ۳۱ اگست ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران غیر ممالک سے ۸ ہزار [illegible] ٹن گندم اور [illegible] ٹن چاول ہندوستان میں درآمد کئے گئے۔

یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے لیکر اب تک جتنا اناج بیرونی ممالک سے ہندوستان میں درآمد کیا جا چکا ہے اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ گندم ۱۶ لاکھ ۸۸ ہزار ۲ سو ٹن۔ آٹا ۸۲ ہزار ۲ سو ٹن۔ چاول ۷ لاکھ ۸ ہزار ۲ سو ٹن۔ مکا ایک لاکھ تیس ہزار نو سو ٹن۔ باجرہ بیس ہزار نو سو ٹن۔ جو ایک لاکھ ۸۸ ہزار چار سو ٹن۔ میلو ۷ لاکھ ۸۴ ہزار ٹن اور دیگر ۸ ہزار چھ سو ٹن۔

مونگ پھلی کی بابت پہلا اندازہ

دہلی ۲۹ ستمبر۔ وزارت زراعت کے ڈائرکٹر اقتصادیات اور اعداد و شمار کے حساب کے مطابق ہندیونین میں ۱۹۴۹–۵۰ء کے لئے مونگ پھلی کی فصل کا پہلا اندازہ حسب ذیل ہے۔ [illegible] زیر کاشت اٹھائیس لاکھ [illegible] ہزار ایکڑ پچھلے برس [illegible] زیر کاشت اٹھائیس لاکھ پانچ ہزار ایکڑ تھا اس سال [illegible] فیصدی اضافہ ہوا ہے۔

مولانا آزاد بچوں کے گھر میں

ہفتہ کے روز وزیر تعلیم مولانا ابو الکلام آزاد نے [illegible] بچوں کے گھر کا معائنہ کیا [illegible] بچوں کی امدادی سوسائٹی کی صدر [illegible] آزاد سے [illegible] کی مالی امداد کے لئے [illegible] شاید یہ فیصلہ ہو جائے۔ اعزازی سکریٹری [illegible]

جہانگیر اور اکبر جدہ پہونچ گئے

نئی دہلی ۲۹ ستمبر۔ حاجیوں کو لے جانے والے جہاز جہانگیر اور اکبر جو کراچی سے بالترتیب ۹ اور ۲۰ ستمبر ۱۹۴۹ء کو جدہ روانہ ہوئے تھے ۲۲ ستمبر کو ۹۹۲ اور ۱۰۰۰ حاجیوں کو لیکر جدہ پہنچ گئے۔ یہ اطلاع وزارت امور خارجہ کے ایک پریس نوٹ میں دی گئی ہے۔ (ا پ ٹ)

مصری رصدگاہ کیلئے

برطانیہ سے دوربین خریدی جارہی ہے

قاہرہ ۲۸ ستمبر۔ دریائے نیل کے مشرقی ساحل پر واقع مصری رصدگاہ کے لئے برطانیہ کی ایک کمپنی کو بہت بڑی ایک دوربین کا آرڈر دیا گیا ہے۔ اس دوربین کی قیمت ۹۰ ہزار پونڈ ہوگی۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس دوربین کو تیار کرنے میں کم از کم پانچ سال لگیں گے جس کے بعد سے استعمال کیا جا سکے گا۔

رصدگاہ حلوان میں اس وقت جو دوربین موجود ہے وہ ۳۰ انچ کی ہے یہ دوربین پہلے مغربی آسٹریلیا کی رصدگاہ میں نصب تھی۔ (گلوب)

کرایہ پر ٹریکٹر نہیں ملیں گے

لکھنؤ ۲۹ ستمبر۔ یوپی گورنمنٹ نے کرایہ پر ٹریکٹر دینے کی ہدایتیں منسوخ کر دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ کیونکہ حکومت نے بنجر زمینوں کو پھر سے زیر کاشت لانے کی جو اسکیم تیار کی ہے اس کی وجہ سے ٹریکٹروں کی مانگ بہت بڑھ گئی ہے۔ حکومت یوپی نے چاول اور پٹ سن کی فصلوں کے لئے [illegible] خریف کے دوران میں موجودہ شرح [illegible] پر ۲۵ فیصدی سرچارج عائد کر دیا ہے [illegible] فصلوں پر پچاس فیصدی سرچارج لیا جائے گا۔

کلکتہ زائرین بیت اللہ شریف کی بذریعہ ہوائی جہاز جدہ کو روانگی

کلکتہ ۲۹ ستمبر (ا م) کل پہلی بار کلکتہ سے زائرین بیت اللہ شریف بذریعہ ہوائی جہاز جدہ کے لئے روانہ ہوئے۔ زائرین کی تعداد ۵ تھی جن میں پانچ عورتیں بھی شامل تھیں۔ یہ ہوائی جہازوں میں [illegible] حج کو جا رہے ہیں۔ [illegible]

[illegible] زائرین میں دھرم تلہ کی مسجد کے امام صاحب بھی تھے۔

سستی روئی پیدا کرنے کا طریقہ

مشینوں کا استعمال

لندن ۲۹ ستمبر۔ روئی کی کاشت میں مشینیں استعمال کر کے ہندوستانی کاشتکار سستی روئی پیدا کر سکتے ہیں [illegible] خاصہ فائدہ ہوگا۔ سکوں کی قیمت کم ہو جانے کی وجہ سے امریکی روئی [illegible] گراں ہو گئی ہے۔ [illegible] امریکہ میں روئی کی کاشت میں [illegible] مشینیں استعمال ہونے لگی ہیں۔ اسی کی وجہ سے روئی کی لاگت کم ہونے لگی ہے [illegible] ہندوستان میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (گلوب)

دو منزلہ بس آگئی

بمبئی ۲۹ ستمبر۔ [illegible] دو منزلہ بس [illegible]

دہلی میں طلوع و غروب

۳۰ ستمبر۔ طلوع ۶–۱۲ غروب ۶–۱۱

درجہ حرارت

کل زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت [illegible] اور کم سے کم ۷۷ درجہ تھا۔

سونے کی قیمتوں میں اضافہ

سونے کی قیمت برابر بڑھ رہی ہے [illegible] بمبئی میں [illegible] روپے تولہ [illegible]

فیض آباد میں خاتمہ زمینداری کے جلسے

فیض آباد (بذریعہ ڈاک) خاتمہ زمینداری اسکیم کو سمجھانے کے لئے ضلع کے ہر منڈل میں پبلک جلسے ہو رہے ہیں۔ [illegible] کسان بڑے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کر رہے ہیں۔ [illegible] جلسوں میں شرکت فرمائی۔

مراد آباد میں مشاعرہ

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) انجمن مصلح الادب [illegible] ایک جلسہ و مشاعرہ منعقد کر رہی ہے جس کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

(۱) ۸ بجے شب تا ۱۰ بجے — تقاریر
(۲) [illegible] — مضامین
(۳) ۱۰ بجے سے طرحی مشاعرہ ہوگا۔

طرح: مجھ سے میری حیات بھی دامن کشاں گئی
قوافی: جہاں، کہاں۔ ردیف گئی

نیشنل کانفرنس کے انفیلات متفقہ

سرینگر ۲۹ ستمبر۔ مناسب متفقہ کی عدم موجودگی کی صورت میں جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کی جنرل کونسل ریاستی متفقہ کے طور پر کام کرے گی۔ اور دو نئی جماعت [illegible] کونسل کا اجلاس [illegible] وزراء کو [illegible] انتظام سے متعلق [illegible] سوالات کئے جن کے جوابات دیئے گئے۔

کاشتکاروں کے لئے ٹیلیفون

لندن۔ بذریعہ ڈاک۔ دیہات میں [illegible] کو بہتر بنانے اور کاشتکاروں کی سہولت کے لئے [illegible]

بمبئی شکر مارکیٹ پر عورتوں کا مظاہرہ

گودام والوں کو کھانا بھی نہ کھانے دیا!

بمبئی ۲۹ ستمبر۔ پی۔ ٹی۔ آئی۔ کل بمبئی میں تقریباً [illegible] خوانچہ فروش عورتوں نے بمبئی شکر مارکیٹ پر گودام کو گھیر لیا اور اس وقت تک جانے سے انکار کیا جب تک ان کو چینی نہ دی جائے۔ مظاہرہ کرنے والی عورتوں نے گودام میں کام کرنے والوں کو کھانا کھانے کے لئے بھی باہر نہیں نکلنے دیا [illegible] دہلی [illegible] عورتوں کے ساتھ شامل ہو گئے۔

شہر میں شکر کی قلت بدستور جاری ہے چینی کی قیمت ڈیڑھ روپیہ اور دو روپیہ کے درمیان پہنچ گئی ہے۔ جب کے اس ماہ کے شروع میں جو دہ آنے سیر تھی۔ افسران کا کہنا ہے کہ جلد ہی شکر کا کافی اسٹاک آ جائے گا [illegible]

فیروز پور میں چینی کا راشن

فیروز پور ۲۹ ستمبر (ا م) یہاں پر یکم اکتوبر سے تین چھٹانک فی کس کے حساب سے راشن کارڈوں پر چینی ملنے لگے گی۔ ضلع کے دیہات وقصبات میں اکتوبر کے پہلے ہفتہ میں تقسیم شروع ہوگی اور ڈیڑھ چھٹانک فی کس چینی دی جائے گی۔

تحصیل زیروانہ میں ہندی اور پنجابی کا تنازعہ

تحصیل زیروانہ کے ستره اسکول بند۔ طلباء کا احتجاج اور ستیہ گرہ

جالندھر ۲۹ ستمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کی اطلاع ہے کہ تحصیل زیروانہ کے ستره اسکول ۲۴ ستمبر سے بند ہیں اور پنجابی زبان جاری کرنے کے خلاف ستیہ گرہ جاری ہے۔ اور اس علاقہ کو ہندی علاقہ قرار دینے کے باعث طلباء نے بھی ایک ماہ سے ہڑتال کر رکھی تھی۔ پٹیالہ و مشرقی پنجاب کی حکومت نے مشرقی پنجاب کے خلاف طلباء کے والدین کو ذریعہ تعلیم کا انتخاب کرنے کا حق نہیں دیا ہے۔ اور اسکی پنجابی ذریعہ تعلیم کے طور پر [illegible] جاری ہے اور اس کے خلاف لسانی احتجاج طلباء نے ہڑتال کی ہے۔ ستیہ گرہ کی مجلس عمل کے ایک ترجمان نے بتایا کہ زیروانہ سو فیصدی ہندی بولنے والوں کا علاقہ ہے اور یہاں کی آبادی ۹۲ فی صدی ہندو ہے۔

واشنگٹن میں مہاتما گاندھی کی یادگار قائم کر نیکا بل

صدر ٹرومین نے دستخط کر دیئے

واشنگٹن ۲۹ ستمبر۔ صدر ٹرومین نے کل اس بل پر دستخط کر دیئے جس کے تحت واشنگٹن میں مہاتما گاندھی کی یادگار قائم کی جائے گی۔ دستخط کرنے کی رسم وائٹ ہاؤس میں ادا کی گئی جس میں امریکہ میں مقیم ہندی سفیر مسٹر جے کے [illegible] پنڈت، مسٹر جے جے سنگھ صدر انڈیا لیگ امریکہ، مسٹر جارج مک گھی مشرق قریب کے معاملات کے اسسٹنٹ سکریٹری آف اسٹیٹ، ماسٹر [illegible] اور سر [illegible] ہندوستان میں امریکی سفیر نے شرکت کی۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

نوجیوں کے زراعتی فارم کا افتتاح

شیلانگ ۲۹ ستمبر۔ پچھلے دنوں شری گوپی ناتھ باردولائی وزیر اعظم آسام نے شیلانگ میں فوجیوں کے ایک زراعتی فارم کا افتتاح کیا۔ اس فارم کے لئے صوبائی حکومت نے فوجی حکام کو آدمی کا ایک وسیع قطعہ برائے نام کرایہ پر دیا ہے اور ایک لاکھ روپیہ قرض بھی دیا ہے۔ اس کے علاوہ ٹریکٹر اور دیگر اوزار بھی فوجی حکام کو مہیا کئے جائیں گے۔ اس فارم میں پہلے پہل صرف گندم کاشت کی جائے گی۔ ایک اطالوی ماہر اس کام کی نگرانی کرے گا۔ بعد میں اس جگہ جنے، جوار اور مکا وغیرہ بھی پیدا کئے جائیں گے۔

شاہ افغانستان ایران جائیں گے

تہران ۲۹ ستمبر۔ یہاں پر اس امر کی تصدیق ہوگئی کہ شاہ افغانستان محمد ظاہر شاہ جب اپنی آنکھوں کے علاج کیلئے یورپ یا امریکہ جائیں گے تو شاہ ایران سے بھی ملاقات کریں گے ابھی ان کے طہران پہنچنے کی تاریخ کا سرکاری طور پر اعلان نہیں کیا گیا لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ وہ جلد ہی طہران آ جائیں گے۔ (گلوب)

ہانگ کانگ کے رہنے والوں کو طیاروں کے ذریعہ رسد پہونچے گی

ہانگ کانگ ۲۸ ستمبر۔ ہانگ کانگ کے ۲۰ لاکھ باشندوں کو رسد پہنچانے کے لئے طیارے استعمال کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا گیا ہے۔ منصوبہ بنانے والے انگریزوں کو اس سلسلہ میں کوئی دشواری نہیں ہے کیونکہ سنہ ۱۹۴۸ء میں جاپانی بھی اس نو آبادی پر اس لئے آسانی سے قبضہ کر سکے تھے کیونکہ وہاں اناج کی سخت قلت ہو گئی تھی۔

منصوبہ بنایا گیا ہے کہ نو آبادی کے انگریز باشندوں کے لئے آسٹریلیا اور دوسرے دوست ممالک سے تازہ گوشت اور سبزیاں بذریعہ طیارہ لائی جائیں گی اور ہانگ کانگ کے ۹۹ فیصدی چینیوں کے لئے سرکاری گوداموں میں چاول کا ذخیرہ جمع کیا جا رہا ہے جو کہ ان کی مرغوب غذا ہے۔ (گلوب)

جنرل اسمبلی کی اقتصادی کمیٹی کا اجلاس

لیک سکسس ۲۹ ستمبر۔ جنرل اسمبلی کی اقتصادی کمیٹی نے کل لبنان کے [illegible] [illegible] کے سرکاری [illegible] کمیٹی کے [illegible] ایجنڈا منظور کیا۔ [illegible] کمیٹی کے سامنے سب سے اہم مسئلہ غیر ترقی یافتہ ممالک کی اقتصادی ترقی کا ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

ہندوستان میں بنا ہوا پہلا ریڈیو

منسٹر پٹیل کی خدمت میں پیش کر دیا گیا

بمبئی ۲۹ ستمبر۔ کل بمبئی کے منسٹر پٹیل کو ہندوستان کا بنا ہوا پہلا ریڈیو سیٹ پیش کیا گیا ہے [illegible] بمبئی نے ریڈیو بنانے کی صنعت [illegible] ریڈیو سیٹ [illegible] مسٹر [illegible] نے اپیل کی کہ [illegible] ہندوستان میں ریڈیو کی صنعت کی ہمت افزائی کرے گی۔ (پ ٹ)

برطانیہ نے مالی جنگ شروع کر دی

پونڈ کی قیمت میں کمی پر تبصرہ

پیرس ۲۹ ستمبر۔ فرانسیسی وزیر خزانہ نے کابینہ میں سکوں کی قیمت میں کمی کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے کہا۔ برطانیہ نے پونڈ کی قیمت کم کر کے مالی جنگ شروع کر دی ہے۔ کابینہ اس وقت مزدوروں کی طرف سے تنخواہیں بڑھ جانے پر بونس کے مطالبہ پر غور کر رہی تھی۔ وزیر خزانہ نے بونس کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ فرانسیسی بازاروں میں انگریزوں سے سخت مقابلہ کرنا ہوگا۔ سوشلسٹ لیبر منسٹر مزدوروں کے لئے فوری طور پر بونس کا مطالبہ کیا ہے۔ [illegible] فرانسیسی وزارت کے قیام کا دار و مدار بھی مزدوروں کے مطالبہ کے تصفیہ پر ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

پرتاپ پر سے پابندی اٹھ گئی

ماضی پر تاسف مستقبل کیلئے یقین دہانی

اخبار پرتاپ پر احتساب با قبل (پری سنسر شپ) کا جو حکم نافذ تھا وہ واپس لے لیا گیا ہے چیف کمشنر نے ایک پریس نوٹ میں بتایا ہے کہ ایڈیٹر نے ماضی کے طریق پر اظہار تاسف کرتے ہوئے مستقبل میں بہتر طریق اختیار کرنے کا یقین دلایا ہے۔

سنسر کا حکم اگست میں لگایا گیا تھا [illegible] پرتاپ کے بعض مضامین کو مشرقی پنجاب کی صوبائی مجلس شوریٰ کمیٹی نے اپنی ۲۲ اگست کی میٹنگ میں قابل اعتراض خیال کیا تھا اور فیصلہ کیا [illegible] اس یقین دہانی کی خلاف ورزی نہ کرے۔ [illegible] بہتر رویہ اختیار کرے گا۔ چیف کمشنر نے احتساب با قبل کا حکم جاری کیا تھا۔ [illegible] ستمبر کی میٹنگ میں چیف کمشنر کو سفارش کی کہ ایڈیٹر نے مضامین کی قابل اعتراض حیثیت تسلیم کیا ہے اور اس پر اظہار تاسف کرتے ہوئے مستقبل میں بہتر انداز تحریر [illegible] ہے اس پر چیف کمشنر نے حکم واپس لے لیا ہے۔

دوسرے ممالک کو فوجی امداد دینے کا پروگرام

صدر امریکہ کی اسکیم ایوان نمائندگان کے سامنے

واشنگٹن ۲۸ ستمبر۔ کل ایوان نمائندگان کے سامنے صدر امریکہ مسٹر ٹرومین کا فوجی امداد کی اسکیم کو پیش کر دیا گیا۔ اس اسکیم کے ماتحت اس فوجی امداد پر ایک ارب کے قریب ڈالر صرف کئے جائیں گے۔ یہ اسکیم مشترکہ کانفرنس کمیٹی نے تیار کی ہے۔

توقع ہے کہ ایوان اسے ایک مختصر بحث کے بعد منظور کرے گا اور اس کے بعد اس کو سینیٹ کے پاس بھیجا جائے گا۔ وہاں بھی توقع ہے کہ وہ جلد منظور ہو جائے گی۔ مشترکہ سینیٹ ہاؤس کانفرنس کمیٹی نے دو روز پروگرام کو منظور کیا اور اسکیم کی بعض [illegible] منظور کیا گئی۔

گذشتہ مشترکہ کانفرنس میں بعض تبدیلیات [illegible] کی گئی جن کا تعلق روسی حملہ کے خلاف شمالی اوقیانوس کے ممالک کو فوجی امداد دینے سے ہے۔

ایک سینیٹر نے اس پروگرام کے متعلق بیان دیتے ہوئے کہا کہ دنیا کو معلوم ہو جانا چاہئے کہ امریکہ کی پالیسی یہ ہے کہ وہ دوستوں کے ساتھ ساتھ عمل کرے گا۔

اکالی قیدی معافی مانگ کر رہا ہو گئے

پٹیالہ ۲۸ ستمبر۔ گیارہ اکالی قیدی جنہیں پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت [illegible] سزائیں دی گئی تھیں غیر مشروط معافی مانگنے پر رہا کر دیئے گئے۔ (پ ٹ)

سڑک پر دو حادثے

[illegible] دہلی میں سڑک پر دو حادثے ہوئے [illegible] ایک ۵ سالہ لڑکا [illegible] ٹرک کے نیچے آ گیا [illegible] دوسرا [illegible] ایک کلرک [illegible] بچ گیا۔

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۲

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار مورخہ ۸ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲ اکتوبر ۱۹۴۹ء | نمبر | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان
جہاز، ریل اور بانڈڈ (سمندر) کے ذریعہ مسافروں، بھوگیرو سامان اور تجارتی مال بحفاظت اور ارزاں اجرت پر بھیجنے کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔
گپتا برادرس ایجنٹس
ہیڈ آفس: [illegible] چاندنی چوک [illegible]
برانچ: [illegible] لاہور [illegible]
ٹیلیفون نمبر 507
تار کا پتہ "GUPOS"

بقرعید کے دن آل انڈیا ریڈیو سے
ناظم اعلیٰ جمعیۃ کی تقریر نشر ہوگی
[illegible] حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند [illegible] آل انڈیا ریڈیو دہلی سے پیغام ابراہیم کے عنوان پر اپنی تقریر نشر کریں گے۔ (نامہ نگار)

برطانوی پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل کو شکست ہوگئی

لیبر حکومت کی اعتماد کی تحریک زبردست اکثریت سے منظور

عوام کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔ مسٹر اٹیلی کی طرف سے اعتراضات کا جواب

لندن — ۳۰ ستمبر

گزشتہ شب حکومت برطانیہ کو اسٹرلنگ پونڈ کی قیمت کم کرنے کی پالیسی پر اعتماد حاصل ہوگیا جبکہ پارلیمنٹ میں حزب مخالف کی تحریک جو فی الواقع حکومت کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک تھی ۲۱۲ ووٹ کے مقابلہ میں ۳۵۰ ووٹ سے نامنظور ہوگئی اس کے بعد پانچ ووٹوں کے مقابلہ میں ۳۴۲ ووٹوں کی اکثریت سے حکومت کی وہ تحریک منظور کرلی گئی جس میں سرکاری پالیسی کی تصدیق کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ مخالفت میں اتنی کم ووٹیں اس لئے آئیں کہ قدامت پسند حزب مخالف کے ممبران نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا جب ایوان کے نظریات کا اظہار ہو چکا ہو تو یہ پارلیمنٹ کا قدیم دستور ہے کہ حزب مخالف رائے شماری میں حصہ نہیں لیتی لیکن لیبر پارٹی کے ان پانچ ممبروں نے جنہیں حال ہی میں لیبر پارٹی سے نکال دیا ہے رائے شماری پر زور دیا۔

رائے شماری تین روز کی بحث کے بعد عمل میں آئی جس کے دوران میں عام انتخابات کی افواہیں بھی پھیلیں [illegible]

مسٹر اٹیلی کی تقریر

[illegible]

دیگر نکات

[illegible]

کمیونسٹوں نے امائے کے تمام مورچوں پر قبضہ کرلیا

بیرونی منگولیا کی جنوبی سرحد پر کمیونسٹوں کا کنٹرول!!

[illegible]

روس کے ایٹم بم سے امریکہ کی پریشانی بڑھ گئی

بین الاقوامی کنٹرول کیلئے روس کو نئی پیش کش

روس جو تجویز بھی پیش کریگا اس پر پورے طور پر غور کیا جائے گا

نیویارک — ۳۰ ستمبر

امریکہ نے آج سوویٹ یونین سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایٹمی طاقت بین الاقوامی کنٹرول کے لئے کوئی نئی اسکیم پیش کرے وعدہ کیا ہے کہ اس پر پوری طرح غور و خوض کیا جائے گا۔

[illegible]

روس نے یوگوسلاویہ سے باہمی امداد کے معاہدہ کو منسوخ کردیا

ٹیٹو کی حکومت سامراجیوں کا آلۂ کار بن گئی ہے

یوگوسلاویہ کی حکومت پر روس کا الزام

ماسکو — ۳۰ ستمبر

[illegible]

بھوپال میں سندھی پناہ گزیں

[illegible]

عالمی بنک نے ہندوستان کو ایک کروڑ ڈالر کا قرض دیدیا

گذشتہ چھ ہفتہ میں یہ دوسرا قرض ہے

[illegible]

تخت انگلستان کے گیارہویں وارث کی شادی

دلہا دلہن کے مشتاقان دید کا جمگھٹ۔ عورتوں نے رات بھر انتظام کیا

[illegible]

ایک عورت ستی ہوگئی

[illegible]

کینٹین کی ریل گاڑی پٹری سے اتر گئی

دس ہلاک تیس زخمی

[illegible]

پٹیالہ میں چینی کی نقل و حرکت پر پابندی

[illegible]

چینی نیشلسٹوں نے امریکہ کے تین بحری جہاز روک لئے

[illegible]

کوریا کو مجلس متحدہ اقوام کے مذاکرات میں شرکت کی دعوت

[illegible]

برطانوی قدامت پسند پارٹی پاکستان کی سرحد کی حفاظت کی ضامن ہوگی

اکتوبر میں پارٹی کی اہم سالانہ کانفرنس۔ ایک سو تجویزیں

[illegible]

ESTD. 1925
Daily
Aljamiat
Delhi 1-10-49

برطانوی حکومت اپنی ذمہ داریوں کا حل کرنے کی ہمت نہیں رکھتی

سر اسٹیفورڈ کرپس کی تقریر پر برطانوی اخبارات کی نکتہ چینی

[illegible]

انگریز سے پہلے ہندو مسلمان یہاں محبت سے رہتے تھے

ہندوستان مسلمانوں کا وطن ہے اور وہ یہاں قدیم سے رہتے ہیں

سہارنپور ضلع جمعیۃ کانفرنس میں اکابر جمعیۃ کی تقریریں

[illegible]

مضبوط پریس

[illegible]

تقسیم وطن

[illegible]

مولانا حبیب الرحمن کی تقریر

[illegible]

مولانا عبدالوحید صدیقی کی تقریر

[illegible]

برما کن شرائط پر غیرملکی سرمایہ کو قبول کرسکتا ہے

ملک کی بغاوت کو ختم کرنے کے لئے ایک نئی تجویز

وزیر اعظم برما کا پارلیمان میں ایک تفصیلی بیان

[illegible]

سوشلسٹ پارٹی نے نئی خارجی پالیسی کا اعلان کردیا

امور خارجہ کمیٹی نے پاکستان اور دوسرے مسائل پر بھی غور کیا

[illegible]

صوبہ سنکیانگ نے چین کی نیشلسٹ حکومت سے بغاوت کردی

اپنا تعلق کینٹن کی حکومت سے منقطع کرلیا

چینی کسٹم افسران نے حکم ماننے سے انکار کردیا

[illegible]

برطانیہ میں مقیم پاکستانی باشندے

تعلیم دینے کے انتظامات کئے جارہے ہیں

[illegible]

ہندوستان مصر اور دوسرے ممالک سے ان کی حفاظت کا خرچہ وصول کرو

پارلیمنٹ میں زمانہ جنگ کے وزیر اعظم مسٹر چرچل کی تقریر

لیبر حکومت کی پالیسی پر زبردست نکتہ چینی

[illegible]

صنعتوں کو قومی بنانا

[illegible]

عام انتخابات

[illegible]

کم از کم مزدوری کی تجویز!!

حکومت برطانیہ نے مسترد کردی

[illegible]

درگاہ اجمیر کے آرڈیننس کا چیلنج

مسلمانان جونپور کی اپیل

[illegible]

جرمن مارک کی قیمت کم کردیگی

اتحادی ہائی کمشنروں نے فیصلہ کرلیا

[illegible]

انخلا کنندگان کی جائداد کا مسئلہ

جلد ہی کل ہند آرڈیننس جاری کیا جائیگا

[illegible]

اسٹینڈرڈ انگلش اردو ڈکشنری

جس قدر انگلش اردو ڈکشنریاں اب تک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل یہ ڈکشنری ہے اس میں تخمیناً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ انگریزی زبان میں اب تک جو تازہ ترین اضافے ہوئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام اس میں آگئے ہیں ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہوں اور ان کے نازک اختلافات کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا ان کی وضاحت مثالیں دے کر کی گئی ہے۔ ڈائی سائز حجم ۱۵۲۶ صفحات قیمت مجلد [illegible] روپے علاوہ محصولڈاک

قواعد اردو — یہ کتاب مولانا عبدالحق صاحب کی تالیف ہے بلاخوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ زبان اردو کی قواعد پر اب تک اس سے بہتر اور جامع کتاب نہیں لکھی گئی۔ قیمت [illegible] روپیہ

اردو صرف و نحو — اردو زبان کے تمام ضروری قواعد بہت جامعیت کے ساتھ قلم بند کیے گئے ہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ۔ میٹریکولیشن کا نصاب [illegible]

نوٹ: تاجر کتب جلد متوجہ ہوں کیونکہ جلدیں کم تعداد میں باقی رہ گئی ہیں۔

بک ڈپو انجمن ترقی اردو۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی (انڈیا)

[illegible] لینا پڑیگا

سکوں کی قیمت میں کمی کے اثرات انگریزی اخبار کا تبصرہ

[illegible] ہندوستان [illegible] پاکستان [illegible]

مسٹر لیاقت علی نے مسئلہ کشمیر کے تعطل کی ذمہ داری ہندوستان پر عائد کر دی

گلگت کے ایک جلسہ عام میں وزیر اعظم پاکستان کی تقریر

گلگت۔ ۳۰ ستمبر۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے آج یہاں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے ساتھ ہمارے تعلقات خود ہمارے پیدا کردہ نہیں بلکہ ہم پر ٹھونسے گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے جنہوں نے ہند اور پاکستان کے تعلقات کا ذکر کیا، خصوصی طور پر مسئلہ کشمیر کا ذکر کیا۔ [illegible] آخری اور قطعی ہے [illegible] ہمیں روپیہ کی قیمت میں کمی کرنی پڑے گی [illegible] کبھی نہیں ہوگا اور ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔

وہ ساری کی بنا پر ہم بھی اپنے بھائیوں سے الگ رہنا چاہتے ہیں۔ کشمیری پاکستانیوں کے مذہب، تمدن اور تہذیب کا ایک جزو ہیں اور اس کی اقتصادی ترقی پاکستان سے وابستہ ہے۔

کشمیر کمیشن کی تجویز کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر لیاقت علی نے کہا کہ ہندوستان سرکار کی ہٹ دھرمی نے کشمیر کمیشن کی مصالحانہ کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ ہند سرکار کا بیان ہے کہ آزاد کشمیر فوجوں کو توڑے بغیر مسئلہ آگے نہیں بڑھ سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ ۱۳ اگست کی قرارداد میں اس امر کا کوئی ذکر نہیں۔ کمیشن نے ۱۹ ستمبر ۱۹۴۹ء کو پاکستان کو صاف بتایا ہے کہ اس کی قرارداد کی رو سے آزاد کشمیر فوجوں کو توڑنا ضروری نہیں۔ آزاد کشمیر فوجوں کے توڑنے کا عارضی صلح کے معاہدہ کی تکمیل سے پیشتر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

پاکستان تہیہ کر چکا ہے کہ کشمیریوں کو اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا حق دلایا جائے گا۔ مسٹر لیاقت علی نے حکومت ہند کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کو ایک قوم کی خود مختاری پر اس قدر بھروسہ ہے تو استصواب رائے سے کیوں گھبراتے ہیں۔

نہر کے پانی کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر لیاقت علی نے کہا کہ حکومت ہند نے ہی پہلے اس معاہدہ کو توڑا ہے۔ جہاں تک جائدادوں کی قیمتوں کا اندازہ لگانے کا تعلق ہے یہ مسئلہ مغربی پنجاب کے [illegible] کا فیصلہ ہو چکنے کے بعد ہی [illegible] لایا جا سکتا ہے۔ (اے۔ پی۔ پی)

مسٹر لیاقت علی نے کہا کہ پنڈت نہرو کے اس بیان [illegible] سے اس خواہش کا اظہار کئی مرتبہ کر چکا ہے۔

کشمیر اور پاکستان

مسٹر لیاقت علی نے اعلان کیا ہے کہ کشمیر تمدنی، اقتصادی، جغرافیائی یا مذہبی ہر نقطہ نگاہ سے پاکستان کا ایک اہم حصہ ہے۔ ہندوستان نے مہاراجہ سے ساز باز کرکے شمولیت کی دستاویز پر دستخط کرائے جو اخلاقی اور قانونی نقطہ نظر سے ناجائز ہے۔ [illegible]

پاکستانی سکوں کی موجودہ قیمت زیادہ عرصہ تک برقرار نہ رہ سکے گی

لندن، ۳۰ ستمبر۔ لندن کے [illegible] اور دوسرے اہم تجارتی حلقوں کا خیال ہے کہ پاکستان زیادہ سے زیادہ چھ ماہ تک اپنے موجودہ سکوں کی قیمت کو برقرار رکھ سکے گا جس کے بعد پاکستانی سکوں کی قیمت گرا دی جائے گی۔

[illegible] کے تجارتی حلقوں کے ایک افسر اعلیٰ نے گذشتہ روز [illegible] کی روئی اور چائے کے نرخ میں اضافہ ہو جائے گا [illegible] اس طرح سے [illegible] اخراجات زندگی میں اضافہ ہو جائیگا [illegible]

جرمنی کے سکہ مارک کی قیمت کا مسئلہ

مغربی حکومت نے اتحادیوں کا فیصلہ مان لیا

بون، ۳۰ ستمبر۔ مغربی جرمنی کی حکومت نے اتحادی ہائی کمشنروں [illegible]

ہند کیلئے مشرقی افریقہ کی کپاس

[illegible]

مدراس میں کمیونسٹوں کی پابندی غیر ضروری ہے

صدر مدراس سول برٹیز یونین کا بیان

بنگلور، ۳۰ ستمبر۔ مسٹر [illegible] صدر مدراس سول برٹیز یونین نے ایک بیان میں مدراس میں کمیونسٹوں پر پابندی لگانے کو غیر ضروری قرار دیا [illegible]

کداپہ کے قریب پولیس پر ہجوم کا حملہ

پولیس پر سنگباری، سپاہی سے بندوق چھین لی

[illegible]

برمی فوجوں نے ایک شہر پر دوبارہ قبضہ کر لیا

پارلیمان میں حکومت کی صنعتی پالیسی پر بحث

رنگون، ۳۰ ستمبر۔ [illegible]

شعیب اللہ کے قتل کے سلسلے میں سید قاسم رضوی پر فرد جرم لگا دی گئی

سید قاسم رضوی اور دوسرے ملزمان کا صحت جرم سے انکار

حیدرآباد دکن، ۳۰ ستمبر۔ [illegible] سید قاسم رضوی [illegible] شعیب اللہ خاں [illegible] کے قتل [illegible] فرد جرم [illegible]

جب جج نے دریافت کیا کہ آیا سید قاسم رضوی [illegible] کی ایک فہرست پیش کروں گا۔

دوسرے دو ملزمان نے بھی جرموں سے انکار کیا یعنی شعیب اللہ کے قتل کی سازش اور اعانت قتل اور شعیب اللہ خاں کے ساتھ محمد اسمعیل خاں کے قتل کا۔ مقدمہ کی مزید سماعت ۵ اکتوبر تک کے لئے ملتوی کر دی گئی۔ (اے۔ پی۔ آئی)

صدر ٹرومین اپنا مخصوص طیارہ پنڈت نہرو کے لئے بھیجیں گے

امریکہ میں وزیر اعظم ہند کا جلوس نکالا جائے گا!!

نیویارک میں

۱۵ اکتوبر کو پنڈت جی بذریعہ ہوائی جہاز نیویارک [illegible] جہاں آپ ایک ہفتہ قیام کریں گے۔ پہنچتے ہی آپ یہاں کے ہندوستانیوں بالخصوص ہندوستانی طلباء سے ملاقات کریں گے۔ [illegible] جہاں آپ امریکہ کے سابق صدر روزویلٹ کی بیوہ کے مہمان ہوں گے۔ ۱۷ اکتوبر کو سٹی ہال میں نیویارک کا میئر پنڈت جی کا استقبال کرے گا۔ پولنگ گرین سے سٹی ہال تک پنڈت جی کو جلوس کی شکل میں لے جایا جائے گا۔ فوجی بینڈ اور پولیس کے [illegible] جلوس کے ساتھ ہوں گے [illegible] کولمبیا یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر آف لا کی اعزازی ڈگری پیش کریں گے۔ اس موقع پر پنڈت جی کی تقریر عام کسی پبلک جلسہ میں پہلی تقریر ہوگی۔ ۱۸ اکتوبر کا دن پنڈت جی [illegible] سے بات چیت میں صرف کریں گے۔ ۱۹ اکتوبر کو ایک بڑے ہوٹل میں پنڈت جی کے اعزاز میں پبلک ڈنر کا انتظام کیا جائیگا۔ (اے۔ پی۔)

نیویارک، ۳۰ ستمبر۔ [illegible] پنڈت نہرو کو واشنگٹن لے جانے کے لئے صدر ٹرومین اپنا ذاتی ہوائی جہاز [illegible] پنڈت جی کے اعزاز [illegible] ان کے پہلے دن پنڈت نہرو واشنگٹن [illegible] کانگرس کے ہر دو ایوان کے مشترکہ اجلاس میں تقریر کرنے کی دعوت بھی دی جائے گی۔

چینی حکومت کی شکایت جنرل اسمبلی کے ایجنڈے میں شامل کر لی گئی

تجویز کے حق میں ۴۵ اور مخالفت میں صرف ۶ ووٹ آئے

لیک سکیس، ۳۰ ستمبر۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے کل روس کے خلاف چین کی شکایت کو بھاری اکثریت سے اپنے ایجنڈے میں شامل کرنا منظور کر لیا۔ روسی بلاک نے اسٹیرنگ کمیٹی کی تجویز کے خلاف رائے دی۔ اسٹیرنگ کمیٹی نے چین کی شکایت کو ایجنڈے میں شامل کرنے کی سفارش کی تھی۔ شکایت کو ایجنڈے میں شامل کرنے کی تجویز ۶ کے مقابلہ میں ۴۵ رائیوں سے منظور ہوئی۔ ۵ ممالک غیر جانبدار رہے۔

چینی حکومت کے نمائندہ ڈاکٹر سیانگ نے اسمبلی کو بتایا کہ چین نے اپنی خوشی اور مرضی سے اقوام متحدہ میں روس کی شکایت کی ہے۔ انہوں نے کہا مسٹر ویشنسکی نے کہا ہے کہ امریکہ نے چین کو شکایت کرنے پر اکسایا، یہ غلط ہے۔ بحث کے دوران میں روسی وزیر خارجہ مسٹر ویشنسکی نے قوم پرست چینی حکومت پر روس کے خلاف کذب و افترا کا الزام لگایا۔ (اے۔ پی۔ رائٹر)

حکومت شام کا شاہ عبداللہ کو پیام

سفارتی تعلقات کی تجدید کی مبارک مساعی

عمان، ۳۰ ستمبر۔ مسٹر مجیب اللہ ارسلان زی برطانیہ میں سابق شامی وزیر نے حکومت شام کی طرف سے شاہ عبداللہ کو ایک خصوصی پیغام پہنچایا ہے۔ دمشق سے آنے والی اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اردن اور شام میں سفارتی تعلقات دوبارہ قائم کرنے کے لئے بات چیت ہو رہی ہے۔ یہ تعلقات گذشتہ دو سال سے ٹوٹے ہوئے تھے۔ عمان کے سرکاری حلقوں نے کہا امیر شام سے سفارتی تعلقات کی تجدید کو بہت زیادہ خوش آمدید کہا جائے گا۔ مسٹر مجیب اللہ ارسلان [illegible] دمشق واپس جائیں گے۔ (اے۔ پی۔ رائٹر)

جاپانی وزیر اعظم تحفہ قبول کر لیں گے

ٹوکیو، ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے یکم اکتوبر کو جاپانی وزیر اعظم مسٹر یوشیدا سرکاری طور پر "اندرا" کو جو جاپان کے بچوں کے لئے پنڈت نہرو کا تحفہ ہے، قبول کریں گے۔ ڈاکٹر [illegible] جو ہندوستانی مشن کے قائم مقام صدر ہیں ہتھنی کو پیش کرنے کی سرکاری طور پر رسم ادا کریں گے۔ [illegible] (اے۔ پی۔ آئی)

ہاری سال کا ۳۷ سالہ ڈیٹر گرفتار

[illegible]

مشرقی بنگال میں ٹین کی تجارت

ڈھاکہ، ۳۰ ستمبر۔ [illegible]

میجر جنرل چودھری کی ملاقات

دہلی، ۳۰ ستمبر۔ حیدرآباد کے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری [illegible] حیدرآباد [illegible] واپس جائیں گے۔

کلکتہ کے نزدیک پولیس اور ہجوم میں تصادم

کلکتہ، ۱۰ ستمبر۔ یہاں سے پندرہ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں جہانپور میں پولیس اور ایک گروہ کے درمیان تصادم ہو گیا۔ جس میں کلکتہ پولیس کے تین افسر اور دو سپاہی زخمی ہوئے۔ پولیس کے افسر چند سپاہیوں کے ہمراہ اس گاؤں میں چند آدمیوں کو گرفتار کرنے کی غرض سے گئے تھے۔ جو چاولوں کی ناجائز تجارت کر رہے تھے۔ جب پولیس گاؤں کے نزدیک پہنچی تو بانسوں سے مسلح تقریباً اشخاص نے پولیس پر پتھر پھینکنے شروع کر دیئے۔ جس سے پولیس افسران زخمی ہو گئے۔ قریبی گاؤں سے مزید پولیس پہنچ گئی۔ اور صورت حال پر قابو پا لیا گیا۔ اس سلسلہ میں ۴۸ اشخاص گرفتار کئے گئے ہیں۔

کمیونسٹ چین کے نمائندے جلد اقوام متحدہ میں پہنچ جائینگے

پنڈت نہرو سرخ چین کی حکومت تسلیم کرنے کے حامی ہیں!

وہ اس بارے میں امریکن اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ سے بھی مشورہ کریں گے

لیک سکیس، ۳۰ ستمبر۔ [illegible] کا نامہ نگار خصوصی لکھتا ہے۔ چین کی قوم پرست حکومت کے وفد کو یقین ہے کہ اس نے سوویٹ [illegible] کے خلاف جو الزامات لگائے ہیں ان کی [illegible] جنرل اسمبلی میں جلدی ہی ہوگی۔ تاہم وہ چاہتے ہیں کہ یہ سماعت جلد شروع ہو جائے تاکہ کمیونسٹ چین کا وفد یہاں پہنچ جائے اور اسے نمائندہ تسلیم کر لیا جائے۔

کمیونسٹ چین سے سمجھوتہ کر لینے کا مغربی رویہ پنڈت نہرو کے دورے سے مزید تقویت پا لے گا۔ کہا جاتا ہے کہ پنڈت نہرو سرخ چین کی حکومت کو تسلیم کر لینے کی سختی کے ساتھ حمایت کر رہے ہیں [illegible] کی حمایت کرنے کے لئے آزاد ہو گی، اور امریکی اس وقت بھی پرقوم پرست چینیوں کا وفد اس کوشش میں ہے کہ اس کے مقدمہ کی سماعت جلد شروع ہو جائے۔ (ڈکسن)

سیکنڈری ایجوکیشن کانفرنس

سہارنپور میں وزیر تعلیم کی تقریر

سہارنپور، ۲۹ ستمبر۔ یوپی سیکنڈری ایجوکیشن کانفرنس کا ۲۷واں اجلاس جین انٹر کالج سہارنپور میں ہوا۔ کانفرنس کی صدارت پروفیسر [illegible] نے کی۔ یوپی کے ہر ضلع سے تین سو کے قریب ڈیلیگیٹ کانفرنس میں شریک ہوئے۔ یوپی کے وزیر تعلیم مسٹر سمپورنانند نے کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا۔ [illegible]

راجستھان میں ۵۹ ہزار پناہ گزین آباد کر دیئے گئے

جے پور، ۳۰ ستمبر۔ وزیر نو آبادکاری نے کوٹہ میں کہا کہ جولائی سے لے کر اس وقت تک راجستھان کی زمینوں میں ۵۹ ہزار پناہ گزینوں کو آباد کر دیا ہے۔ انہوں نے پناہ گزینوں سے اپیل کی کہ وہ اس طرح رہیں کہ مقامی آبادی اور ان کے درمیان کوئی افتراق پیدا نہ ہو۔ (اے۔ پی۔ آئی)

راجستھان میں ہوم گارڈ بنائے جائیں گے

جے پور، ۳۰ ستمبر۔ راجستھان کے وزیر داخلہ مسٹر [illegible] نے کہا ہے کہ یونین میں امن و قانون کو برقرار رکھنے کے لئے حکومت ہوم گارڈ کے قیام کے متعلق غور کر رہی ہے۔ انہوں نے یہ اعلان گنگا نگر کے ایک جلسہ عام میں کیا۔

سری نگر اور کرنال کے درمیان بس سروس

[illegible] ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت مشرقی پنجاب اور حکومت کشمیر نے سری نگر اور کرنال کے درمیان بس سروس جاری کرنے کے متعلق بات چیت کی ہے۔ [illegible]

دستور میسور میں ریاست کے دستور پر بحث

میسور، ۳۰ ستمبر۔ کل دستور ساز اسمبلی میسور میں دستور ریاست کے مسودہ پر بحث ختم ہو گئی۔ دستور ہند کے باب ۹ میں بعض ترمیمیں ہوئیں۔ سابق وزیر مسٹر [illegible] نے کہا کہ ملک کے مفاد کے لئے ضروری ہے کہ مرکز کو مستحکم کیا جائے۔ والیان ریاست نے مرکز کو طاقت ور بنانے میں بہت کچھ قربانی دی ہے۔ [illegible]

مسٹر [illegible] نے کہا کہ مہاراجہ کے ماتحت حکومت قائم میں ریاست کے دفاتر کو بڑھانے میں مفید ثابت ہوگی۔ اس کی کوئی ضرورت نہیں کہ مہاراجہ کے بجائے راج پرمکھ کا لفظ استعمال کیا جائے کیونکہ مہاراجہ کے لفظ سے عوام [illegible]

آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے ممبر مسٹر [illegible] نے مہاراجہ کی ذاتی رقم کے تقرر کے متعلق کہا کہ بہتر ہے [illegible]

ڈاکٹر ڈی ایس راجیندرا نے ذمہ دار حکومت کی جدوجہد کا تذکرہ کرتے ہوئے میسور کے عوام کو مبارکباد دی۔ [illegible]

یونان کیلئے مصالحتی کمیشن کی تجویز

[illegible]

شکر سنڈیکیٹ کی قرارداد

سنڈیکیٹ پر مسٹر جیسنی کا اعتراض

لکھنؤ، ۳۰ ستمبر۔ (بہ پریس ٹرسٹ) ہندوستانی شکر سنڈیکیٹ نے حکومت بہار اور یوپی سے کہا ہے کہ اگر وہ اور عوام یہ سمجھتے ہیں کہ ملک کا مفاد اسی میں ہے تو وہ سنڈیکیٹ کی قانونی حیثیت کو ختم کر دیں۔

سنڈیکیٹ کا ایک خاص اجلاس ملک میں شکر کی صورت حال پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوا تھا۔ سنڈیکیٹ نے ایک قرارداد میں کہا ہے کہ سنڈیکیٹ نے ہر موقع پر حکومت سے تعاون کیا اور اس کے کہنے پر عمل کیا اور سنڈیکیٹ پر یہ الزام غلط ہے کہ اس کو اجارہ داری حاصل ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ شکر کی کمی یا تو غلطی کا نتیجہ ہے یا پھر سنڈیکیٹ کو بدنام کرنا مقصود ہے۔

قرارداد میں پاکستان سے گفت و شنید اور اس [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ انہوں نے اس کی چور بازاری کو نہیں روکنے کی کوشش کی اور دس ہزار ٹن سوٹن شکر مغربی پاکستان کی سرحد پر پہنچائی گئی ہے۔

ڈھاکہ اور چٹاگانگ میں بازار حصص

کراچی، ۳۰ ستمبر۔ معلوم ہوا ہے ڈھاکہ اور چٹاگانگ میں بازار حصص کھولنے کی تجویز ہے۔ یہ تجویز ان دونوں شہروں کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے پیش نظر پیش کی گئی ہے۔

جمعیۃ علماء دھولیہ ضلع خاندیس کا تعمیری پروگرام

ماتحت شاخوں کے نام ناظم جمعیۃ علماء خاندیس کا سرکلر

دھولیہ (بذریعہ ڈاک) ناظم جمعیۃ علماء مغربی خاندیس مولوی رمضان عبدالستار صاحب ایڈیٹر ماہنامہ الحافظ دھولیہ نے ایک سرکلر جاری کیا ہے جس میں جمعیۃ علماء کے تعمیری پروگرام پر روشنی ڈالی ہے۔

ملک کی تقسیم سے جس طرح ملت کا شیرازہ منتشر ہوا اور تقسیم کے بعد جو حادثات اور مصائب مسلمانوں پر نازل ہوئے وہ ناقابل انکار حقیقت ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ ایسے نازک وقت میں مسلمانان ہند کی مخلص ترین جماعت "جمعیۃ علماء ہند" نے ہندوستان کے کروڑوں مضطرب بے چین اور اپنے مستقبل کو مشکوک نگاہوں سے دیکھنے والے مسلمانوں کی رہنمائی کی۔ ان کی ڈھارس بندھائی اور ان کے قلب و دماغ میں اس بات کا یقین محکم پیدا کرانے کی کوشش کی کہ ہندوستان کے مسلمان اپنے مذہب، تعلیم اور تمدن کو پوری آزادی اور حوصلہ مندی سے فروغ دے سکتے ہیں۔ اسی باہمت اور صاحب بصیرت جماعت نے لکھنؤ کے اجلاس میں مسلمانوں کی مذہبی تعلیم، اصلاح اور ان کی زندگی کو بہتر بنانے کا ایک جامع اور مکمل پروگرام پیش کر کے ملک کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کے انتشار کو ختم کر دیا۔

جو بقاء و تحفظ اور مذہبی آزادی کا امید افزا پروگرام معلوم کرنے کے لئے سخت بے چینی سے جمعیۃ علماء ہند کی طرف نظریں لگائے ہوئے تھے۔ ہندوستان کے وہ مفکر اور اعلیٰ دماغ جو واقعات اور حقائق کی بنیاد پر مستقبل کا نقشہ قائم کرنے کے عادی ہیں بالیقین کہتے ہیں کہ یہ پروگرام مسلمانوں کے مستقبل کا شاندار [illegible] اور ان کی خوش آئند زندگی کا ذمہ دار ہے۔

خاندیس کے مسلمانوں سے اپیل

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع مغربی خاندیس اس پروگرام پر اپنے اطمینان اور پورے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام عہدہ داروں، کارکنوں اور جمعیۃ علماء سے تعلق رکھنے والے ہر ایک مسلمان سے اپیل کرتی ہے کہ نہ صرف شہروں میں اس نظام کو پھیلا کر کامیاب کرنے کی کوشش کی جائے بلکہ گاؤں گاؤں پہنچ کر مسلمانوں کی قابل اصلاح زندگی اسی سانچہ میں ڈھالنے کی کوشش کی جائے جس کی طرف جمعیۃ علماء نے اپنے اس پروگرام والی تجویز میں رہنمائی کی ہے۔

ماتحت شاخوں کو ہدایت

(۱) مجلس عاملہ اس پروگرام کے عملی نتائج خاندیس میں کامیاب دیکھنا چاہتی ہے اور فوری اقدام کے طور پر تمام ماتحت جمعیتوں اور ان کے ارکان و عہدہ داران نیز مسلمانان مغربی و مشرقی خاندیس کو ہدایت کرتی ہے کہ

(الف) جہاں مذہبی تعلیم کا انتظام نہ ہو وہاں مکتب، مدرسہ، شبینہ درسگاہ فوراً قائم کر دی جائے اور اس میں باضابطہ کام شروع کر دیا جائے۔

(ب) مقامی جمعیت کے جملہ عہدہ دار، ارکان اور کارکن ہفتہ وار کسی مقررہ وقت پر دفتر میں جمع ہوں، ہفتہ بھر کے کام کی تحریری رپورٹ پیش کریں اور آئندہ ترقی دینے کی صورت طے کریں۔

(ج) جہاں جمعیۃ کا دفتر نہ ہو وہاں فوری طور پر ہفتہ وار اجتماع کے لئے کوئی مناسب جگہ طے کر لی جائے اور جلد از جلد باضابطہ دفتر قائم کیا جائے۔

(د) اردو زبان ناگری رسم الخط کی تعلیم کا انتظام مقامی جمعیۃ کے ذمہ داروں کی طرف سے کیا جائے، خود کارکن اور عہدہ دار حضرات بھی سیکھیں اور دوسرے مسلمانوں کو سکھانے کا بھی انتظام کریں۔

مذہبی تعلیم اور عام مسلمانوں کا فرض

یہ انتظامات بالکل عارضی نوعیت کے ہیں اور جونہی تحقیقاتی کمیٹی کی آخری سفارشات کی بنا پر انتظامی کمیٹی عمل میں آجائے گی۔ درگاہ کے انتظامات اس کمیٹی کے سپرد کر دئیے جائیں گے۔

ہندو پاکستان کے درمیان تجارت

پاکستان سے تازہ پھل آرہے ہیں

امرتسر ۶ اکتوبر۔ اگرچہ تبادلہ زر کی مشکلات کے باعث ہند اور پاکستان کے درمیان تجارتی پابندیاں ہیں۔ پھر بھی گذشتہ تین یا چار دن سے افغانستان اور پاکستان سے تازہ پھل ہندوستان آرہے ہیں۔

معلوم ہوا ہے کہ کسٹم ڈیوٹی کے متعلق دونوں ملکوں میں ایک سمجھوتہ ہوا ہے گو فی الحال نقد ادائیگی نہیں ہو رہی ہے ہندوستان سے کوئلہ پاکستان جانا شروع ہوگیا ہے۔ لیکن پھر بھی موجودہ تجارتی پابندیوں کے باعث [illegible] کو سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔

کلکتہ میں تین بم پھٹ گئے

ایک شخص مجروح۔ ایک گرفتار

کلکتہ ۶ اکتوبر۔ ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ ہیرسن روڈ کلکتہ پر تین بم پھٹنے سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں ایک گرفتاری کی۔ پولیس کا کافی انتظام کر دیا گیا ہے اور حالات پر قابو کر لیا گیا ہے۔ (پ ٹ ا)

چھ ماہ کے اندر انڈونیشیا کو کل اختیارات مل جائینگے

ہالینڈ کی فوجیں انتقال اختیار کے فوراً بعد واپس چلی جائیں گی

جمہوری فوج کی چوتھی سالگرہ۔ صدر انڈونیشیا کی تقریر

جوگجاکارتا ۶ اکتوبر۔ جمہوریہ انڈونیشیا کے صدر ڈاکٹر سوئیکارنو نے جمہوری فوجوں کی چوتھی سالگرہ کے موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ چھ ماہ کے اندر اندر متحدہ انڈونیشیا کو تمام اختیارات منتقل کر دئیے جائیں اور ہالینڈ کی فوجوں کو واپس بھیج دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ انتقال اختیارات کے فوری بعد ہالینڈ کی فوجوں کا انخلا شروع ہو جائے گا اور ان کو واپس بھیجنے کے لئے پہلے بندرگاہوں میں اکٹھا کر دیا جائے گا انہوں نے انڈونیشی عوام سے اپیل کی کہ وہ ہیگ کو گئے ہوئے انڈونیشی وفد کو پوری پوری اخلاقی امداد دیں۔ (پ ٹ ا)

امریکہ سونے کی قیمت نہیں بڑھائیگا

واشنگٹن ۶ اکتوبر۔ امریکی خزانہ کے سکریٹری مسٹر سنائیڈر نے پھر اس امر پر زور دیا کہ امریکہ کو سونے کی قیمت میں اضافہ نہیں کرنا چاہئے۔ انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں نامہ نگاروں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا ارادہ نہیں ہے کہ ہم سونے کی قیمت بڑھائیں۔ اس وقت سونے کی قیمت ۳۵ ڈالر فی اونس [illegible] ہے۔ (رپٹ رائٹر)

چینی کے مسئلہ پر تحریک التوا

پارلیمنٹ میں پیش کرنے کی اجازت نہیں ملی

نئی دہلی ۶ اکتوبر۔ کل پارلیمنٹ میں مسٹر کامتھ نے ایک تحریک التوا پیش کرنے کی اجازت طلب کی تاکہ ملک میں چینی کی کمی سے جو صورت حال پیدا ہوئی ہے اس پر غور کیا جائے۔ اسپیکر ماونلنکر نے کہا یہ کوئی فوری مسئلہ نہیں ہے [illegible] پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام نے کہا کہ حکومت ہند نے چینی کے اسٹاک کو [illegible] کا فیصلہ کر لیا ہے کیونکہ چینی کی قیمت بڑھ رہی تھی۔ نئی فصل آنے تک ملک کے لئے چینی کا [illegible] اسٹاک نہیں ہے اس لئے صوبائی حکومتوں کو اختیار دے دیا گیا ہے کہ مقامی حالات کے مطابق کارروائی کریں [illegible] چینی کا اسٹاک پوری طرح حکومت کے قبضہ میں نہ تھا بلکہ فیکٹریوں یا کارخانوں میں پڑا ہوا تھا۔ (پ ٹ ا)

خان ممدوٹ کے مقدمہ کی سماعت

فرد جرم پڑھکر سنائی گئی

لاہور ۶ اکتوبر۔ مغربی پنجاب کے سابق وزیر اعظم خان افتخار حسین خان ممدوٹ کے خلاف مقدمہ کی سماعت کل صبح لاہور ہائی کورٹ کے اسپیشل ٹریبونل کے سامنے شروع ہوئی [illegible]

سب سے پہلے خان ممدوٹ کے خلاف فرد جرم پڑھ کر سنائی گئی فرد جرم میں ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء سے لیکر ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء تک جبکہ وہ وزیر اعظم تھے۔ ناجائز طریقہ کار کا الزام عائد کیا گیا ہے اس سلسلہ میں مرزا احمد بیگ [illegible] کی شہادت قلمبند ہوئی۔

تپ دق کے ماہرین حیدرآباد میں

ڈاکٹروں کو ٹریننگ دی جائے گی

حیدرآباد (دکن) ۶ اکتوبر۔ ڈینمارک کے تین ڈاکٹر جو تپ دق کے علاج کے ماہر ہیں۔ ایک ٹیم اس وقت حیدرآباد [illegible] ڈاکٹروں اور نرسوں وغیرہ کو ٹریننگ دے گی۔ یہ ٹیم [illegible] اکتوبر کو یہاں پہنچی۔ تقریباً تین ماہ تک یہاں رہے گی جس کے دوران میں ٹیم کے ممبر تمام اسکولوں اور پرورش گاہ بچگان، تپ دق کے کلینک اور حیدرآباد شہر میں تمام وارڈ [illegible] کا معائنہ کریں گے۔ پہلے شہر کے اندر تپ دق کے ٹیکے لگائے جائیں گے اور اس کے بعد دیہات میں کام شروع کیا جائے گا۔ حکومت حیدرآباد نے ٹیکوں کا انتظام کر دیا ہے۔ (پ ٹ ا)

پاکستانی کپاس کا برآمدی محصول

کراچی ۶ اکتوبر۔ کل سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ پاکستان نے باریک ریشے کی کپاس پر بیس روپے فی گانٹھ برآمدی محصول کم کر دیا ہے۔ اب [illegible] برآمدی محصول ساٹھ روپے فی گانٹھ تھا۔

آپ کے بنگلوں، عالیشان عمارتوں، اداروں، گھروں، سکولوں و ہسپتالوں کی حفاظت و خوبصورتی کے لئے اصلی رنگ استعمال کیجئے۔



بھارتیہ ڈسٹمپر

کیڑے مکوڑوں کو ہلاک کرنے والے اجزا سے مرکب

ہر قسم کے خوبصورت رنگوں میں۔ مقامی بیوپاریوں سے خریدئیے۔ ایجنٹوں و سٹاکسٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے سیمپل، شو کارڈ، پرائس لسٹ مفت منگائیے۔

تیار کردہ: گلیڈون پراڈکٹس (انڈیا)، جواہر ہوٹل کے سامنے گاندھی روڈ۔ احمد آباد

روزانہ

الجمعیۃ

دہلی

۸ر اکتوبر ۱۹۴۹ء

مہاتما گاندھی!

۲ اکتوبر۔ کو مہاتما گاندھی کا یوم پیدائش منایا گیا اور لوگوں نے اپنے اس محسن اعظم کی خدمت میں خراج عقیدت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی، ہم اس سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار ذرا تاخیر سے کر رہے ہیں، کیونکہ ہم یہ بھی چاہتے تھے کہ اس بارے میں دوسروں کی بھی سنیں اور خیالات کے [illegible] کا اندازہ لگائیں، چنانچہ آپ محسوس کریں گے کہ [illegible] تاخیر ہی مناسب تھی اور ہمیں اس تاخیر سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملا۔

یہ تو سب ہی نے کہا کہ گاندھی جی دنیا کے سب سے بڑے انسان تھے، اور عدم تشدد کے ہتھیار سے آپ نے اتنے بڑے ملک کو آزادی دلائی اخبارات نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بین الاقوامی امن اور عالمی صلح آپ ہی کے طریقوں پر چلنے سے حاصل ہو سکتی ہے اور آپ ہی کے مشن کو اپنا کر جنگ کے امکانات کو ختم کیا جا سکتا ہے، لیکن اسباب پر بہت کم توجہ دی گئی کہ آپ کا مشن کیا تھا اور اس مشن کی بنیاد کن افکار و نظریات پر رکھی گئی تھی؟ آپ کا عدم تشدد آپ کا چھوت چھات [illegible] آپ کی انصاف پسندی اور آپ کے پیغام کا جوہر کیا تھا؟

اپنے وطن اور اپنی قوم کی سربلندی کیلئے انسان سب کچھ کیا کرتا ہے، نپولین بونا پارٹ اس لئے بڑا مانا گیا کہ اس نے اپنے وطن کے لئے یادگار زمانہ جنگیں لڑیں، ہٹلر اور مسولینی بھی ایک معنی میں بڑے انسان تھے کیونکہ وہ اقوام عالم میں اپنی قوم کو صف اول میں جگہ دینا چاہتے تھے، اگر گاندھی جی بھی ان معنوں میں بڑے انسان ہوتے تو آپ کو اور آپ کی وجہ سے ہندوستان کو کوئی امتیاز حاصل نہ ہوتا، اگر آپ کی بڑائی اس میں تھی کہ آپ نے انسانیت کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا اور انسانیت کے رشتہ شکستہ کو جوڑنے کی از سر نو کوشش کی آپ کے خیالات اور اخلاقی فلسفہ کا محور انسانیت کے سوا کچھ نہ تھا اور جب کوئی انسان نسلی، قومی، اور جغرافیائی حدود سے بالاتر ہو جائے اور طبقاتی امتیاز کے لئے کوئی گنجائش نہ چھوڑے تو عدم تشدد، محبت، اور سچائی کے سوا اس کے پاس کیا رہ جاتا ہے؟... گاندھی جی نے اسی ہتھیار سے خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر اتنے بڑے ملک کو آزادی دلائی اور انگریز کے جبروت کو آخری اور فیصلہ کن شکست دی۔

لوگ عدم تشدد کا ذکر کرتے ہیں لیکن انسانیت کا ذکر نہیں کرتے، کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ نسلی اور قومی عصبیت بھی باقی رہے اور عدم تشدد کی کامیابی بھی واضح ہو جائے، لیکن یہ تنگ نظری، انسانیت کے تصور سے میل نہیں کھا سکتی اگر ہم چاہتے ہیں کہ گاندھی جی کی حقیقی عظمت کا اظہار ہو تو ہمیں دنیا کو بتانا پڑے گا کہ آپ صرف انسانیت کے علمبردار تھے اور انسانیت کا تصور ہی عالمی امن اور بین الاقوامی دوستی کی بنیاد قرار پا سکتا ہے!

عدم تشدد کی ایک بنیاد تو انسانیت کا تصور تھا، اس کی دوسری بنیاد وہ اخلاقی تصور ہے جو مادی تصور کی عین مخالف سمت میں واقع ہوا ہے

گاندھی جی کا فلسفہ حیات اخلاقی قدروں سے عبارت ہے مادی تصور، اخلاقی قدروں کا قائل نہیں ہے مگر گاندھی جی کے تصورات انہی قدروں کو چمکا سکتا اور انہی کو زندگی کا معیار بنا سکتے ہیں، ان کے نزدیک سچائی، محبت اور عدم تشدد کی طاقت مادی طاقتوں سے کہیں زیادہ موثر ہے اور اسی طاقت سے ظلم ناانصافی اور نفرت کو دور کیا جا سکتا ہے، انہوں نے اس طاقت کو آزما کر دیکھا اور سو فیصدی کامیاب پایا! دہلی کا آخری برت اس کامیابی کی زندہ مثال ہے، آپ نے یہ حربہ استعمال کر کے دیکھتے ہی دیکھتے ملک کی فضا کو بدل دیا اور بدی کی طاقتوں پر غلبہ پایا۔

سچ پوچھو تو ہندوستان پر گاندھی جی کے بڑے احسانات ہیں، انہوں نے ایک ایسے ملک کو جو طبقاتی امتیازات، چھوت چھات ذات پات اور نسلی تعصب کا گہوارہ تھا اور جس کی شان اس کے سوا کچھ نہ تھی کہ انسان سے انسان نفرت کرے آسمان شہرت پر آفتاب بنا کر چمکایا اور اسے اتنا اونچا اٹھایا کہ دنیا کو اس کی عظمت اور طاقت کا... اعتراف کرنا پڑا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ہندوستان نے اپنے اس محسن کے نقش قدم پر چلنے کی کہاں تک کوشش کی؟ آپ کے ساتھیوں نے کہاں تک آپ کے مشن کو کامیاب بنایا؟ اور آپ کے پیغام پر چلنے کی کتنے اشخاص کو توفیق ہوئی؟ اس سوال کے جواب میں پوری ناگواری کے ساتھ ہمیں عرض کرنا پڑتا ہے کہ گاندھی جی کا مشن ناکام رہا اور آپ کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ کے لئے رخصت ہوا، وہ لوگ جو آج بھی گاندھی جی کا دم بھرتے اور ان کے نام سے فائدہ اٹھاتے ہیں، ان کے ساتھ اپنا رشتہ [illegible] مگر عمل اس کے خلاف ہے چھوت چھات کی برائیاں کرتے رہتے ہیں، لیکن عملی زندگی میں اس کے لئے کوئی گنجائش نہیں، یہ لعنت آج بھی اپنے شباب پر ہے اور وہی لوگ اس کے سرپرست ہیں جو پلیٹ فارموں سے اس کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں، گاندھی جی چاہتے تھے کہ ہندوستان میں غیر طبقاتی سماج کی تشکیل ہو [illegible] انگریزی مشینری بدل جائے، ہندو مسلم اتحاد کا عملی ظہور ہو، اور نفرت، ناانصافی [illegible] کا کوئی نقش باقی نہ رہے، لیکن کیا ہندوستان میں یہ نقشہ موجود ہے؟ کیا ہمارا ملک ان برائیوں سے پاک ہو گیا ہے؟ اگر جواب نفی میں ہے تو یہ گاندھی جی کے مشن کی ناکامی نہیں تو کیا ہے؟ کمیونسٹوں نے کمیونزم کے فلسفہ کو مانا تو روس میں اس کا عملی تجربہ بھی کر کے دکھایا، لیکن ہندوستان کو یہ توفیق نہ ہوئی کہ وہ اپنا نقشہ گاندھی جی کے فلسفہ کے مطابق بناتا اور اخلاق کے ذریعہ مادیت کو شکست دیتا، ہمیں گاندھی جی کی اس ناکامی پر دکھ ہے اور شاید یہ دکھ ایک ہزار جینتی منانے سے بھی دور نہ ہو سکیگا۔

حیوان پروری

[illegible] منایا گیا جس میں اس بات کی ضرورت ظاہر کی گئی کہ بے زبان جانوروں کے ساتھ بہتر سلوک ہو اور ان کے ساتھ بیرحمی کا برتاؤ نہ کیا جائے [illegible] ان پر زیادہ سے زیادہ بوجھ تو لادا جاتا ہے لیکن انہیں ضرورت کے مطابق خوراک نہیں دی جاتی [illegible]

ہے، لیکن آج بھی ملک حیوان پروری کے جذبات کو فراموش کر چکا ہے کہاں حیوان پرستی اور کہاں یہ سلوک کہ ان بے زبانوں کو پوری خوراک بھی نہیں دی جاتی!

گویا انسان، انسان کی پرستش تو کر چکا [illegible] کسی انسان کے ہاتھوں دوسرے [illegible] انسانوں کی بلائیں لے رہا ہے اور ہر جگہ محبت اور بھائی چارے کے دریا بہہ رہے ہیں اس لئے اب [illegible] انسان اپنی ہمدردی اور محبت میں جانوروں کو بھی شریک کرنا چاہتا ہے اور اس کی [illegible] کا یہ عالم ہے کہ جانوروں کی ذرا سی تکلیف بھی [illegible]

تو کار زمیں را نکو ساختی

کہ بر آسمان نیز پرداختی!

انسان، انسان کا حق ادا کر چکا، اب اس کی آرزو ہے کہ حیوان کا حق بھی ادا کرے اور جانوروں کو اپنی رحمدلی اور فرشتگی پر گواہ بنائے!

اچھی باتیں!

کتب اللہ۔ تا۔ عزیز۔ (پ ۲۸ ع ۳)

خدا نے اس بات کو ضروری ٹھہرا دیا ہے کہ خدا کی باتیں ہی بالا رہیں گی اور خدا کے رسولوں کو ہی غلبہ حاصل ہوگا کیونکہ اللہ ہر اعتبار سے قوی اور غالب ہے۔

حق ہمیشہ غالب رہتا ہے اور حق کے علمبردار کبھی شکست نہیں کھاتے جو قومیں حق سے منحرف ہیں اور خدا پرستی کے بجائے مخلوق پرستی میں منہمک ہیں ان کا مغلوب ہونا ضروری ہے، ہوسکتا ہے کہ عارضی طور پر چند روز کے لئے باطل پرستوں کو غلبہ حاصل ہو جائے اور اہل حق کو زیر ہونا پڑے لیکن یہ حالت زیادہ عرصہ تک باقی نہیں رہ سکتی عزیمت ایمان مقصد پر یقین اور قربانی کا جذبہ موجود ہونا چاہیئے پھر کوئی طاقت نہیں جو اہل حق کو غالب ہونے سے روک سکے، یہاں خدا نے اپنے قانون کی طرف اشارہ کیا ہے یعنی خدا کا قانون ہی یہ ہے کہ سچائی کو غلبہ حاصل ہو اور باطل انجام کار شکست پائے

قربانی پر پابندی

ڈربن سٹی کونسل نے مسلمانوں پر یہ پابندی لگائی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں قربانی نہ کریں، اس فیصلہ پر جنوبی افریقہ کے مسلمانوں میں سخت ہیجان پیدا ہوگیا ہے اور نٹال کے مسلمانوں نے کونسل کے اس فیصلہ پر احتجاج کرتے ہوئے اسے مذہبی مداخلت سے تعبیر کیا ہے چونکہ جنوبی افریقہ کی حکومت نے نسلی برتری کے جوش میں دوسرے مذاہب میں بھی مداخلت شروع کر دی ہے، اس لئے اس بات کا امکان ہے کہ حکومت ہند متحدہ اقوام میں اس معاملہ کو بھی لیجائے اور وہاں اس کے خلاف سخت اور شدید احتجاج کرے، ہمیں افسوس ہے کہ دوسرے مسلم ممالک نے اس مذہبی مداخلت کے خلاف ابھی تک کوئی احتجاج نہیں کیا اور نہ امریکہ اور نہ برطانیہ کو توفیق ہوئی کہ ملان گورنمنٹ کی اس نئی اپج کے متعلق کوئی باز پرس کریں، کیا دنیا جنوبی افریقہ کے شہری، نسلی اور مذہبی مظالم کو خاموشی کے ساتھ برداشت کرتی رہے گی؟

لیبیا کی آزادی

ہندوستان کے نمائندہ مسٹر بی۔ این راؤ نے متحدہ اقوام کی سیاسی کمیٹی میں یہ تجویز پیش کی ہے کہ لیبیا کو فوراً آزاد کر دیا جائے اور تین ممبروں کا ایک کمیشن اس بات کی تحقیقات کرے کہ آزاد لیبیا کا دستور حکومت کس نہج پر اور کتنی مدت میں تیار ہو سکتا ہے، حکومت عراق نے بھی لیبیا کی فوری آزادی کا مطالبہ کیا ہے، [illegible] لیبیا کی آزادی کی تجویز پیش کر چکا ہے [illegible] نمائندوں کی رائے [illegible] لیبیا پر متحدہ اقوام کی تولیت قائم ہو مگر اب مسٹر راؤ نے صاف صاف کہدیا کہ جب ملک آزادی کے لئے تیار ہے تو کیوں نہ اسے آزادی دیدی جائے؟ اس مسئلہ پر ہم آئندہ تفصیل کے ساتھ لکھیں گے۔

جمعیۃ علماء کیا چاہتی ہے؟

(از ایس رحمٰن صاحب)

[illegible] قومی آواز [illegible] جمعیۃ [illegible] کے زیر عنوان ایک [illegible] اگرچہ اس سے پہلے [illegible] نے ایسی تفصیل اور معقولیت کے ساتھ [illegible] کا جواب دیا تھا کہ [illegible] تمام [illegible] اعتراضات [illegible] ختم ہو گئے [illegible] جو کسی بے لوث اور پرخلوص دل و دماغ کی پیداوار ہو سکتے ہیں۔ مگر مجھے یہ دیکھ کر حیرت اور افسوس ہے کہ ٹھیک اسی جگہ پھر وہی سوال آیا

[illegible]

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر مضامین [illegible] کا ذمہ دار نہیں ہے)

[illegible]

میرٹھ میں بیماریوں کی افزائش

[illegible] (سید محمد)

میرٹھ ۔۔۔۔۔۔ یکم اکتوبر

"یہ اسلام نوازی"

مکرمی ایڈیٹر صاحب! سلام و نیاز

[illegible]

گاؤں پنچائتیں متوجہ ہوں

محترمی! سلام مسنون،

[illegible]

(راقم) اسیں الانصاری ناظم جمعیۃ [illegible]

[illegible] ۔۔۔۔۔۔ یکم اکتوبر

بیوی کی جان لینے کیلئے ٹائم بم سے ہوائی جہاز اڑا دیا

حادثہ کے سلسلہ میں ۲۳ اشخاص کی ہلاکت کا سنسنی خیز مقدمہ

عدالت میں زبردست ہجوم۔ گواہوں کے اہم بیانات

ٹول کیس کی سماعت!

آخری بحث ۱۲ اکتوبر کو ہوگی۔

بھرتی کے میلہ میں حادثہ

جنرل ڈھلوں بیہوش ہوگئے

لکھنؤ ۴ اکتوبر:- میجر جنرل جی ایس ڈھلوں جنرل آفیسر کمانڈنگ یوپی ایریا کو صبح بھرتی کے میلہ کے افتتاح کے فوراً بعد بلرام پور اسپتال لے جایا گیا۔ جنرل موصوف یوپی کے وزیر پولیس مسٹر لال بہادر شاستری کا استقبال کرنے کے بعد اپنی نشست پر بیٹھ گئے۔ کرنل بیدی کی تقریر کے دوران میں جنرل ڈھلوں کو سر چکرا تا ہوا محسوس ہوا۔ اور وہ بیہوش ہوگئے۔ ہسپتال میں دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ جنرل ڈھلوں اب اچھے ہو رہے ہیں۔ (پ ٹ)

ٹانڈہ میں تعلیمی جلسہ

عرب مجلس تحفظ کی نشست کے لئے ہند کی حمایت کرینگے

نمائندہ گلوب کو لبنانی وفد کے قائد مسٹر چارلس ملک کا بیان

لیک سکسیس ۸ اکتوبر اقوام متحدہ میں لبنانی وفد کے قائد مسٹر چارلس ملک نے گلوب کے نامہ نگار کو خصوصی ملاقات میں بتایا کہ مجلس تحفظ کے انتخابات میں عرب ممالک ہندوستان کے نمائندے کی حمایت کریں گے۔ انھوں نے کہا میرا خیال ہے عرب کناڈا، ارجنٹائن۔ اور یوکرین کی جگہ ہند ایکویڈور اور یوگوسلاویہ کو منتخب کرنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ صحیح ہے کہ گذشتہ انتخاب میں ان لوگوں نے سلاو بلاک کے نمائندے یعنی روس کے نمائندہ کو ووٹ دیا۔ اس بار اس جگہ کے لئے چیکوسلاویکیا امیدوار ہے۔ لیکن ہم یوگوسلاویہ کے بارے میں اپنے اخلاقی فریضہ کو فراموش نہیں کرسکتے یہ ایسا ملک ہے جو روس کے خلاف اپنی بقا کے لئے جدوجہد کررہا ہے۔ چین کے متعلق مسٹر ملک نے کہا وہ منفی اقدام کے حق میں نہیں بلکہ تمام صورت حالات اور مواد کا بغور مطالعہ کر رہے ہیں۔ اور وہ بحث میں حصہ لیں گے۔ انھوں نے چینی قوم پرستوں کو زمانہ کا شکار قرار دیا۔

اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے کہ عرب وفود متفق نہیں ہیں انھوں نے عربوں میں اتحاد نہ ہونے کی سخت مذمت کی بہت سے عرب نمائندے ذاتی طور پر تعاون کرتے ہیں۔ لیکن حکومتوں کی طرف سے انھیں متضاد ہدایتیں ملتی ہیں۔ ان حکومتوں نے کئی امور کے متعلق کوئی واضح پالیسی متعین نہیں کی ہے۔ انھوں نے اس بات پر اظہار افسوس کیا کہ مجلس تولیت کے انتخاب کے لئے عرب کسی نمائندہ کے انتخاب پر متفق نہیں ہوسکتے ہیں اس نشست کے لئے لبنانی امیدوار ہے لیکن شاید شام اور عراق بھی اپنے نمائندے کھڑے کر رہے ہیں۔ یہ واقعہ کہ ایک ہی نشست کے لئے تین عرب امیدوار ہیں عرب لیگ کے لئے بدنامی کا باعث ہے اگر عرب لیگ کا اجلاس جنرل اسمبلی کے اجلاس سے پہلے منعقد ہوجاتا تو ایسی صورت حالات نہ پیدا ہوتی (گلوب)

مکرانہ مارواڑ میں جلسۂ عام

ہندو مسلم رہنماؤں کی اتحاد پرور تقاریر

مکرانہ (بذریعہ ڈاک) ہندوؤں اور مسلمانوں کے ایک مشترکہ جلسہ میں حاضرین کی تعداد دو ہزار تھی۔ مولانا محمد عاقل الہ آبادی مبلغ دار العلوم دیوبند نے مسلمانوں کو جمعیۃ علماء کی شاخ قائم کرنے کی ترغیب دی۔ اور تاریخی حیثیت سے ثابت کیا کہ یہی جمعیت مسلمانوں کے مذہبی، اقتصادی اور معاشرتی حقوق کی محافظ ہے۔

آپ نے فرمایا جمعیۃ علماء صرف مذہبی ضروریات کا بندوبست کرسکتی ہے۔ لیکن وطنی ضروریات کے لئے مشترکہ طور پر ہی کوشش کی جاسکتی ہے۔

یہ کوئی سیاسی جھنڈا نہیں ہے۔ اس لئے کسی کو تشویش میں نہ پڑنا چاہیے۔

آپ نے مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نہایت اطمینان کے ساتھ جمعیۃ علماء کے ممبر بنیں۔ اور اپنے دل و دماغ کو بچھلے خیالات سے پاک کریں اس طرح پر کہ اس جمعیۃ کو فرقہ واریت یا فرقہ وارانہ سیاست کا رنگ آپ نہ دیں۔ اس طرح جمعیۃ علماء کے وہ پرانے کردار دھرانا چاہئیے جو ہمیشہ سے قوم پرور اور ملک کے خدمت گذار رہے ہیں۔ آپ کی غلط حرکتوں سے شرمندہ نہ ہوں۔

بعد ازاں ماسٹر محمد شفیع صاحب نے تقریر کی اور تعلیمی ترقی پر زور دیا۔ ماسٹر صاحب سے قبل موتی خاں صاحب طالب نے بھی تعلیم کی طرف خاص توجہ دلائی۔ ساتھ ہی مذہبی تعلیم کی ضرورت کا بھی احساس دلایا۔ کیونکہ مسلمانوں کی آبادی میں کوئی اسلامی کتب بھی نہیں ہے۔ اس لئے اگر یہاں کے بسنے والے ذرا سی توجہ سے کام لیں تو یہ مشکل آسانی سے حل ہوسکتی ہے۔

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

جمعیۃ علماء بمبئی کے وفد کا دورہ!

کراڈ میں جمعیۃ علماء کا قیام

جمعیۃ علماء صوبہ رامپور کی کمیٹیاں

رامپور (بذریعہ ڈاک) مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء صوبہ رامپور کے اجلاس میں حسب ذیل مجالس قائم کرکے عہدیداران کا انتخاب کیا گیا۔

لکھنؤ میں اردو کے لیے شبینہ اسکول

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) اردو کی بقا اور تحفظ کے پیش نظر ماسٹر عبدالحمید خاں صاحب نے اپنی کوشش بلیغ سے جامعہ اردو علی گڑھ ادیب ادیب ماہر (ادیب کامل) کے امتحانات کی تیاری کے لئے شبینہ درجات کا انتظام فرمایا ہے۔ جن کا افتتاح مولانا محمود احمد صاحب صدیقی صدر جمعیۃ علماء صوبہ ... نے فرمایا اور ساتھ ہی اردو کی ضرورت پر ایک مدلل اور جامع تقریر بھی کی۔

مرکز تعلیم امروہہ میں گاندھی جینتی

امروہہ (بذریعہ ڈاک) مرکز تعلیم امروہہ میں گاندھی جینتی کے سلسلہ میں ایک عام جلسہ زیر صدارت حافظ محمد ... صاحب منعقد ہوا جس میں طلبہ اور اساتذہ کے علاوہ چند معززین شہر نے بھی شرکت کی۔

الموڑہ میں زلزلہ

جمعیۃ العلماء کیا چاہتی ہے؟

پٹیالہ یونین کو قرضہ

پٹیالہ ۵ اکتوبر:- پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کی حکومت کو مرکزی گورنمنٹ نے تیس لاکھ سے زائد روپیہ قرض دینے کا اعلان کیا ہے۔ تاکہ شہری اور دیہاتی شرنارتھیوں کو بسایا جاسکے۔ سرکاری طور پر بتایا گیا کہ رقم کی اصل تعداد کا فیصلہ مرکزی حکومت کرے گی۔ (پ ٹ)

کھٹمل ٹیکس کی تجویز!!

نجیب آباد (بذریعہ ڈاک) مسٹر انوار الحق نے ... میں جینیز کھٹملوں کے استعمال کے لئے کھٹمل ٹیکس کی تجویز پیش کی ہے۔

ایشیا اور مشرق بعید کی ٹرانسپورٹ کی کانفرنس

گیارہ ملکوں کے نمائندوں کی شرکت

خیالات ناظرین

(جدید مضمون)

ہند اور پاکستان کے تعلقات

(السلام علیکم)

سہارنپور میں فساد نہیں ہوا

جعلی پولیس مین گرفتار کرلئے گئے

زمینداروں اور کاشتکاروں میں تصادم

کسان زمینداروں نے اپنے کاشتکاروں کے مویشی اپنے قبضہ میں کرلیے۔ اس پر جھگڑا ہوگیا۔ جس کے نتیجے میں تین ہریجن ہلاک ہوگئے۔ ایک درجن کے قریب اشخاص کو چوٹیں آئیں۔ مقتولین میں سے ایک گرام پنچایت کا سرپنچ بھی ہے۔ پولیس نے موقع پر پہونچ کر کچھ اشخاص گرفتار کرلیے۔

خوراک کی بچت کرنے کے لیے ایک یادداشت کی خوراک رضاکارانہ طور پر ترک کردی جائے۔ اور چاول یا گندم کے بدلے میں اپنی روزمرہ کی خوراک میں سبزیاں یا دیگر قسم کی خوراک استعمال کی جائے۔

پاک ایئر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی — لاہور — راولپنڈی ...... براستہ لاہور — پشاور ...... براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

روانگی	دہلی	۱۲ ۔ ۰
آمد	کراچی	۱۶ ۔ ۱۵

دہلی تا لاہور (روزانہ)

روانگی	دہلی	۹ ۔ ۵۰
آمد	لاہور	۱۱ ۔ ۴۰

لاہور تا راولپنڈی ۔ پشاور (ہر سوم بدھ ۔ جمعرات ویر اور سنیچر)

روانگی	لاہور	۱۲ ۔ ۳۰
آمد	راولپنڈی	۱۳ ۔ ۴۰
روانگی	راولپنڈی	۱۴ ۔ ۰
آمد	پشاور	۱۴ ۔ ۵۰

جنرل ایجنٹ: ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ — ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

جنرل نیوز لٹریچر سپلائی ایجنسی

جمیع قرآن پاک مترجم غیر مترجم مجلد وغیرہ سبھی دینی، علمی کتابیں، تصوف، رمل، نجوم، تاریخ، جغرافیہ، حساب، ڈرل، ورزش، نقشہ کی کتابیں

جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض

کیلئے

ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی

سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

طلبا میں ڈسپلن اور اچھی عادتیں پیدا کی جائیں

سہارنپور میں مسٹر سمپورنانند وزیر تعلیم کی تقریر

لکھنؤ ۴ اکتوبر:- یوپی کے وزیر تعلیم مسٹر سمپورنانند نے حال ہی میں سہارنپور میں اعلان کیا کہ حکومت امتحان لینے کے طریقے ... اگر ختم نہ ہوئے تو کم سے کم محدود ضرور کر دیئے جائیں گے اگلے سال سے ہائی اسکول کے امتحان کا خاتمہ کرنے کا ارادہ ہے۔ اور ہائی اسکول کا امتحان بھی ایک علاقائی معاملہ بنا دیا جائے گا۔

انھوں نے یہ باتیں یوپی کی قانونی تعلیم کی کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے بتائیں۔ انھوں نے اساتذہ سے اپیل کی کہ وہ طلبا میں اچھے اخلاق اور عادتیں پیدا کریں۔ انھوں نے حکومت کے اس فیصلہ پر بھی سخت نکتہ چینی کی کہ لازمی تعلیم کے لئے یوپی کو امداد نہیں دی جاسکتی۔ انھوں نے کہا اگر ہم کو یہ اہم اسکیم ختم کرنی پڑی تو بہت برا ہوگا۔ انھوں نے کہا امتحان کے تمام نظام پر نظرثانی کرنے کی ضرورت ہے حکومت ہند کے فیصلہ پر نکتہ چینی کرتے ہوئے انھوں نے کہا جن اسکولوں میں لازمی فوجی تربیت کی اسکیم جاری کی گئی ہے وہاں ڈسپلن کی ... یہ اسکیم ہائے طلبا میں شہری ذمہ داریوں کا احساس اور ان کے دلوں میں دفاعی جذبہ پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے۔ انھوں نے کہا حکومت اب وہ امداد بھی نہیں دے رہی جو پہلے یوپی کو دیا کرتی تھی۔ طلبا کی فیسوں کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے ... یقین دلایا کہ فیس کے بارے میں درمیانہ طبقہ کو جو مشکلات پیش آتی ہیں ہم اس سے باخبر ہیں۔

لیکن فی الحال فیسوں میں کسی قسم کی کمی نہیں کی جاسکتی۔ اس وقت گورنمنٹ ... کی اسکیم پر خرچ کیا جارہا ہے ... مجھے امید ہے کہ طلبا ہماری مشکلات کو محسوس کریں گے۔ انھوں نے کہا: ــــ کہ طلبا کی اخلاقی گراوٹ پر بھی نکتہ چینی کی اور اساتذہ سے اپیل کی کہ طلباء کی اخلاقی حالت بہتر بنائی جائے۔

ایک عورت کو سزا

کانپور ۲ اکتوبر:- یہاں ایک ۲۲ سالہ عورت زلیخا بیگم کو چھ ماہ قید سخت کی سزا اس لئے دی گئی کہ اس نے اپنے پہلے شوہر سے طلاق لئے بغیر دوسری شادی کرلی۔ اس کی پہلی شادی تقریباً تین سال قبل ہوئی تھی۔ پہلے شوہر سے اس کے دو بچے ہیں۔ اس عورت کی ماں خاتون بیگم قاضی محمد رضا اور ... کو جو اس کا دوسرا شوہر ہے۔ ان سب کو بھی چار چار ماہ قید سخت اور ڈیڑھ ڈیڑھ سو روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔

موٹر آپریٹروں نے مثال قائم کردی

میرٹھ ۶ اکتوبر:- علاقہ میرٹھ کے پبلک کیریئرز پیٹرول سپلائی نے غیر استعمال شدہ کوپن واپس کرکے ایک مثال قائم کردی ہے انہوں نے ... کے کوپن بھی واپس کردیئے۔ بارش کی وجہ سے ان کوپنوں سے پیٹرول نہ لیا جاسکا۔

سات لوری گندم برآمد

میرٹھ ۶ اکتوبر:- کہا جاتا ہے کہ میرٹھ کے ایک غلہ فروش کی دکان سے ۷ لوری چاول برآمد ہوئے ہیں۔ ایک کانگریسی کارکن کو معلوم ہوا تھا کہ دوکان ...

عید خیریت سے گذرگئی

میجر جنرل ڈھلوں کی حالت بہتر ہے

لکھنؤ ۶ اکتوبر:- کل شام ۵ بجے اسپتال سے ایک بلیٹن جاری ہوا۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ میجر جنرل ڈھلوں کی حالت اتنی اچھی ہے جتنی اچھی ہونے کی توقع کی جاسکتی تھی۔ یوپی کے علاقہ کے ہیڈ کوارٹر کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ گذشتہ کل میجر جنرل سے کمزور ہوگئے تھے۔

بازاروں کے بھاؤ

۶ اکتوبر

دہلی :

بازار صرافہ

سونا پاسہ ۔۔ ۱۱۶ سونا بچھو ۔۔ ۱۱۶ — ۱۱۵ پونڈ ۔۔ ۷۶ چاندی — ۱۹۲ ۔۔ ۱۷۶ سونا دھرو ۱۱۵ ۔۔ چاندی دھرو

غلہ مارکیٹ

چھلکا نخود ۔۔ چنے ۔۔ ۱۲ ۔۔ مسور ۱۳ — گوار ۔۔ ۱۱ سرسوں ۔۔ ۳۳ تارامیرا ۔۔ ۲۹ — کالا ۔۔ ۲۱ مونگ ۔۔ اکھل سرسوں — ۱۱ تیل ۱۴۰ ۔۔ گڑ شکر ۔۔ ۲۷ ۔۔ ۲۹ کھانڈ دیسی ۔۔ ۵۸ بارہ دانہ — کالی داری ۔۔ ۱۲۵ لال داری ۔۔ ۱۴۴ ۔۔ ۶۰ روپے

کریانہ مارکیٹ

ہلدی بمبئی ۔۔ ۵۱ روپے ہلدی ہیروٹ — ہلدی نظام آبادی ۔۔ ۵۰ روپے — ہلدی گٹھ ۔۔ ۴۸ روپے — پچونا ۔۔ ۷۲ روپے کوڑی ۔۔ ۴۱ روپے ۔۔ پستہ ۱۲۵ ۔۔ ۶۰۰ بادام کاغذی — ۵۰ بادام گری کاغذی ۔۔ ۱۱ دار چینی — دھنیا ۔۔ ۱۵ ۔۔ کتھ کانپری ۔۔ ۱۹۰ — ۲۳۰ سپاری ۔۔ ۱۰۴ روپے — پھٹکری سفید ۔۔ ۱۵ ہلدی ۔۔ ۲۵ روپے گری بادام ۔۔ ۱۸۲ روپے

سائیکل مارٹ

ہرکولیس سائیکل ۔۔ ۲۲۵ نارمن سائیکل ۔۔ ۱۸۵ — ہند سائیکل ۔۔ ۱۱۲ بیٹس ٹائر ۔۔ بیٹس ٹیوب ۔۔ ۲۵ میڈی سینڈل ۔۔ ۱۹ بروکس سیڈل ۔۔ ۲۱

شیئر مارکیٹ

دہلی کلاتھ ۔۔ ۲۵ خانیکسٹائل ۔۔ ۸ روپے — انڈین آئرن ۔۔ ڈی سی ایم ۔۔ ۱۳ ۔۔ ۸ روپے — ہندوستان موٹرز ۔۔ ۵ ۔۔ ۵ روپے

سمینٹ کے لئے درخواستیں

میرٹھ ۶ اکتوبر:- ضلع سپلائی افسر نے اطلاع دی ہے کہ غیر ملکوں کا بنا ہوا ساٹھ سمینٹ یہاں پہنچ گیا ہے۔ یہ سمینٹ ڈسٹرکٹ ہاؤسنگ کمیٹیوں کے لئے اور معمولی مرمت وغیرہ کے لئے دیا جائے گا تحصیلوں میں بھی کافی سمینٹ بھیجا جارہا ہے ... ۱۵ اکتوبر سنہ ۴۹ء تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ (ا ۔ ٹ)

جرمنی سے اتحادیوں کو نکالنے کا عزم

سوشلسٹ کمیونسٹ اتحاد پارٹی کا پروگرام

برلن ۶ اکتوبر:- کمیونسٹ سوشلسٹ اتحاد پارٹی نے ایک جرمن حکومت قائم کرنے اور نازیوں کے لئے عام معافی کے حصول کے لئے ایک قومی متحدہ محاذ کا مطالبہ کیا ہے ایک قرارداد میں کہا گیا ہے کہ جرمنی کو متحد کیا جائے باقی کی مغربی جرمنی کی حکومت کو ختم کیا جائے۔ امن کا ایک معاہدہ ہو اور تمام غیر ملکی فوجوں کو فوراً واپس بھیج دیا جائے قرارداد میں کہا گیا ہے کہ جارحانہ فوجی بلاکوں کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی۔ جیسے یورپین یونین اور معاہدہ اوقیانوس وغیرہ (ب ۔ ٹ رائٹر)

پٹیالہ دربار اور مشرقی پنجاب کی زبان

نہرو پٹیل سفارشات بھی مسترد کردیں

پٹیالہ ۶ اکتوبر:- مشرقی پنجاب کی زبان کے متعلق نہرو پٹیل سفارشات پر دہلی میں سردار ... سنگھ کی صدارت کی پنتھک دربار کی مجلس عاملہ نے غور کیا۔ اور ان کو مسترد کردیا۔

دارالسلطنت

دہلی ــــ ۶ اکتوبر

ڈپٹی کمشنر کے نام سوشلسٹ لیڈر کا خط

معلوم ہوا ہے کہ سوشلسٹ لیڈر مسٹر شانتا نندنے ڈپٹی کمشنر دہلی مسٹر دیال کے نام ایک مکتوب ارسال کیا ہے۔ جس میں انہوں نے ڈپٹی کمشنر موصوف کی توجہ پہاڑ گنج کے ان واقعات کی طرف مبذول کرائی ہے جو گذشتہ سے ... سے اقلیتی فرقہ کے لوگوں کے ساتھ ہورہے ہیں۔ ... اس قسم کے واقعات گلی مرغان چاوڑی بازار میں بھی ہو رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آخر ایسا کیوں ہورہا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ان واقعات سے باخبر ہوں گے۔ (نامہ نگار)

تبلیغی وعظ

مسلمانان دہلی کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۷ اکتوبر ۴۹ء بروز جمعہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں تبلیغی وعظ ہوگا جس میں مولانا محمد ... صاحب مولانا حافظ محمد ادریس صاحب مولانا ... تبلیغی مسائل بیان فرمائیں گے۔

انتقال پر ملال

... دوا خانہ دہلی کی والدہ محترمہ کل شب اس دار فانی سے انتقال کرگئیں۔ ... آج صبح نو بجے جنازہ اٹھایا گیا۔ جس میں عائدین شہر، علماء اور عوام نے شرکت کی۔ نماز جنازہ مسجد فتح پوری میں ادا کی گئی اور موصوفہ کو قبرستان خواجہ باقی باللہ میں ہمیشہ کے لئے سپرد خاک کردیا گیا۔ ہمیں اس جانکاہ حادثہ میں جناب حکیم عبدالحمید صاحب کے ساتھ دلی ہمدردی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ پر رحمت و مغفرت کی بارشیں فرمائے اور اعزاء متعلقین کے قلب حزیں پر صبر جمیل کا الطاف کرے۔ اور حکیم صاحب موصوف کی استقامت کو لغزشوں سے بچائے۔ آمین۔

کرسچین کنونشن

کرسچین کا لونی قرولباغ دہلی میں آج صبح ... مارک تقریریں کریں گے اور شام ... ایس بی ... کی تقاریر ہوں گی۔

سوشلسٹ پارٹی کی لیبر اور خارجی پالیسی

جنرل کونسل میں قراردادوں کی منظوری!

بنگلور ۶ اکتوبر:- آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی کی جنرل کونسل نے جس کا اجلاس یہاں پر بمبئی کے مشہور سوشلسٹ لیڈر اور بمبئی اسمبلی کے رکن مسٹر یوسف مہر علی کی صدارت میں ہو رہا ہے خارجی پالیسی کے متعلق قرارداد ۴ ۔ کے مخالف ووٹوں اور لیبر پالیسی کے متعلق تیس مخالف ووٹوں سے پاس کردی۔

قرارداد پیش کرتے ہوئے بہار کے مسٹر بی سہائے نے تیسرا بلاک بنانے اور اینگلو امریکن اور روسی دونوں بلاکوں سے علیحدہ رہنے کی تجویز پیش کی۔ حیدرآباد کے مسٹر ... نے اس کی مخالفت کی اور سوشلسٹ حکومتوں کا ایک واحد بلاک قائم کرنے پر زور دیا۔ مسٹر ... دہلی نے تیسرے بلاک کی تجویز کی حمایت کی۔

لیبر پالیسی کی قرارداد مسٹر ... نے پیش کی جس پر ... کی جانب سے ترمیمیں پیش ہوئیں جنکو تیسرے پہر کے اجلاس میں منظور کرلیا گیا ... مسٹر نارائن کی تجویز بھی منظور ہوئی۔

علاوہ ازیں مسٹر ... کی زرعی پالیسی کے متعلق قرارداد پیش کی۔

زبان کے متعلق تبصرہ نہ کرو

حکومت مشرقی پنجاب کا حکم

شملہ ۵ اکتوبر:- حکومت مشرقی پنجاب نے آج ایک اعلان کے ذریعہ اخبارات کو انتباہ دیا ہے کہ وہ زبان کے متعلق ... فارمولہ پر ایسا تبصرہ کرنے سے احتراز کریں جو ...

مسٹر تارا سنگھ کی رہائی پر

میونسپلٹیوں کے خلاف

ایٹمی طاقت کی گفتگو جاری رہیگی

سکرٹری آف اسٹیٹ کا بیان

واشنگٹن ۶ اکتوبر:- مسٹر ڈین ایکسن سکرٹری آف اسٹیٹ نے ایک بیان میں بتایا کہ امریکہ برطانیہ اور کناڈا کے درمیان ایٹمی طاقت کی گفتگو ... جاری رہے گی ...

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۴ درجہ اور کم سے کم ۷۰ درجہ تھا۔

طلوع وغروب

۷ اکتوبر طلوع ۶ بجے صبح ۔ غروب ۶ بجے شام

اگر اکثریت اقلیت کے تعلقات اچھے نہ رہے تو ملک ترقی نہ کرسکے گا

ہندو مسلم اتحاد گاندھی جی کی زندگی کا مقصد تھا

گاندھی جینتی کے موقع پر یوپی کے وزیر مسٹر لال بہادر شاستری کی تقریر

لکھنؤ ۳ اکتوبر:- آج گاندھی جینتی کے سلسلہ میں شہری کانگریس کمیٹی کا ایک جلسہ گنگا پرشاد میموریل ہال میں ہوا۔ جلسہ کی صدارت شہری کانگریس کمیٹی کے نائب صدر مسٹر جینیش ناتھ نے فرمائی۔

حکومت یوپی کے وزیر پولیس مسٹر لال بہادر شاستری جی نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ گاندھی جی کی تعریف میں جتنا بھی کہا جائے کم ہے لیکن ہمارے سامنے ایک بہت بڑا سوال یہ ہے کہ ہم ان کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل بھی کر رہے ہیں یا نہیں اس سوال پر ہر شخص کو نہایت ایمانداری سے غور کرنا چاہیئے۔ یوں تو گاندھی جی نے زندگی کے ہر شعبہ کے بارے میں کچھ نہ کچھ کہا ہے اور وہ زندگی کے ہر مسئلہ کے متعلق اپنا ایک نقطۂ نظر رکھتے ہیں۔ لیکن بعض باتیں ایسی تھیں جن کی انھوں نے ساری زندگی تبلیغ کی اور وہ جن کو آخر دم تک کہتے رہے جن کے سننے سے شاید عوام تھک گئے ہوں لیکن جن کے کہنے سے وہ نہیں تھکے جب انہیں تین باتوں کے متعلق آپ لوگوں سے آج کہوں گا۔

وزیر پولیس نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ گاندھی جی نے جن باتوں پر سب سے زیادہ زور دیا۔ ان میں ہندو مسلم اتحاد کو انھوں نے اپنی زندگی کا مقصد بنایا ...

کم سے کم اتنا ضرور ہوجانا چاہیے کہ جو ... اگر پاکستان ہندوستان کے ساتھ زیادتی کرے تو اس کا مطلب نہیں ہے کہ اکثریت مسلمانوں سے انتقام لینا شروع کردے یہ چیز حکومت کے کرنے کی ہے اور اس قسم کے سارے کام حکومتی معیار پر ہونا چاہیے جہاں کہیں حکومت ہند اور صوبائی حکومتوں کا تعلق ہے انہیں سب کو ایک نگاہ سے دیکھنا چاہیے ... لیکن اس کے ساتھ ساتھ اقلیتوں کو بھی اپنا نقطۂ نظر اور طریقۂ فکر بدلنا چاہیے۔

گاؤکشی اور باجہ

ہم نے حال ہی میں سنا ہے کہ ہمارے صوبہ میں گاؤکشی اور باجہ پر جھگڑا رہا حکومت نے اس جھگڑے کو روک دیا اور یہ بھی بہتر ہے ... اب ان باتوں پر کیسے جھگڑا ہوتا ہے یہ سب چیزیں انگریزوں نے اپنے زمانہ میں ہندو مسلمانوں کو لڑانے کے لئے استعمال کی تھیں ...

ہندو مسلم اتحاد

اکثریت اقلیت کا ڈھنگ

بیگم شیخ عبداللہ مدراس میں

ضرورت ہے

لیتھو پریس کیلئے۔ بہترین مشین مین، پریس مین، اسنگماز، کاغذ لگانے والے

ٹریڈل کے لیے۔ بہترین رنگین بلاک چھاپنے والا مشین مین اور ہیلپر مین تنخواہ معقول اور حسب لیاقت۔ مینیجر فاروقی پریس لال کنواں دہلی

مسلمانان دہلی سے

درخواست ہے کہ

عید الضحیٰ کے موقع پر یتیم بچوں کو فراموش نہ کیجئے

سنی مجلس اوقاف صوبہ دہلی کے ماتحت ایک قدیمی یتیم خانہ موید الاسلام جو اب بچوں کے گھر کے نام سے موسوم ہے قائم ہے جہاں تقریباً سو یتامیٰ داخل ہیں جن کی تعلیم دتربیت، خورد و نوش اور رہائش کا معقول انتظام ہے دینی و دنیوی تعلیم کے علاوہ مختلف قسم کی دستکاریوں کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ بچے مسلمان قوم کی امانت ہیں اور اس وقت تک یہ یتیم نہیں ہے جاسکتے جب تک کہ مسلمان قوم زندہ ہے۔

ظاہر ہے کہ اتنا عظیم الشان تعمیری کام بغیر قومی تعاون کے نہیں چل سکتا۔ پچھلے ہنگامی حالات میں مسلمانوں کے دہلی سے چلے جانے کی وجہ سے یہ ادارہ آپ کی خصوصی توجہ کا مستحق ہوگیا ہے۔ ... قربانی کی کھالوں اور دیگر عطیات سے اس کی امداد کیجئے ...

(۱) دفتر جمعیۃ علماء ضلع (۲) تعلیمی مرکز جامع ... (۳) تعلیمی مرکز جامعہ قصاب پورہ (۴) دفتر جمعیۃ علماء ضلع ... (۵) دفتر جمعیۃ علماء ضلع ... (۶) تعلیمی ... (۷) دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی ... (۸) تعلیمی مرکز جامعہ ... (۹) بچوں کا گھر واقع ... دہلی

ناچیز۔ شوکت علی عباسی۔ ناظر سنی مجلس اوقاف صوبہ دہلی

"حکومت کا حق صرف خدا کے لیے ہے"

فطری حکومت

حضرت مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند کی ایک جدید تصنیف

فخر الاماثل حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہ نے جو اسلامی علوم و معارف کے دور حاضر میں ایک ممتاز محقق و مبصر ہیں اپنی اس کتاب میں خدا کی حکومت کی تمام تفصیلات اس کے قوانین اور اس کی بنیادی خصوصیات کو بیان فرمایا ہے۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر پہلی کتاب ہے جو خدا کی حکومت کی بالادستی اور برتری کا اس کے صحیح نقش و نگار کے ساتھ تعارف کراتی ہے۔ آج جب ساری دنیا میں جہاں بانی اور حکمرانی کے بہت سے طریقے رائج ہیں اور ان سب کے علمی تجربے نے دنیا پر یہ ثابت کردیا ہے کہ انسانی ضرورتوں اور زمین پر صلح و امن کی قابل اعتماد فضا پیدا کرنے میں حکمرانی کے یہ سارے طریقے ناکام اور بیکار محض ہیں۔ ضرورت ہے کہ انسان فطری حکومت کو تسلیم کرکے زمین پر پھیلے ہوئے ان فتنوں اور اپنی غلط کاری اور بدمستی سے پیدا شدہ ان بیماریوں کا خاتمہ کردے۔ یہ کتاب اس بنیادی نقطۂ اور سات مختلف موضوعات پر تین سو کے قریب ذیلی عنوانات کے ساتھ بحث کرتی ہے۔ ضخامت تین سو صفحات کے قریب، سائز ۲۰×۳۰ گرد پوش سنگ جو سولائٹ پیپر سے مزین ہے۔ یہ کتاب دہلی اور دیوبند کے تمام کتب خانوں سے خریدی جاسکتی ہے۔ یا براہ راست ادارہ سے طلب فرمائیے۔ تاجران کتب کے لئے خاص رعایت ہے۔ جو خط و کتابت سے طے ہوسکتی ہے۔ قیمت ... محصولڈاک ...

ناظم ادارہ تاج المعارف دیوبند (یوپی)

Daily Aljamiat
الجمعیۃ
Delhi 8-10-49

برطانیہ اور فرانس افریقی علاقوں میں سیاسی بیداری پیدا نہیں کرتے

تولیتی کونسل میں روس کا برطانیہ اور فرانس پر الزام

لیک سکسیس ۷ر اکتوبر۔ اقوام متحدہ کی تولیتی کونسل میں روسی مندوب نے برطانیہ اور فرانس پر اعتراض کیا کہ وہ افریقہ کے علاقوں ٹوگولینڈ اور کیمرون کے انتظام میں اقوام متحدہ کے چارٹر کے ان اصولوں کی کھلی ہوئی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ جن کا تعلق تولیت سے ہے۔ مندوب نے کہا کہ ان علاقوں میں برطانوی اور فرانسیسی حکام سیاسی بیداری پیدا نہیں کر رہے۔ حالانکہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق تولیت کے علاقوں میں سیاسی ترقی پیدا کرنا ضروری ہے۔ ان علاقوں کے عوام کو سیاسی حقوق مطلق حاصل نہیں۔

روسی مندوب نے آسٹریلیا پر بھی الزام لگایا کہ نیوگنی اور ناورو کے علاقوں میں وہ بھی [illegible] کر رہا ہے۔ نیوگنی کے مقامی باشندوں کو ملک کے انتظامی معاملات میں حصہ لینے کا کوئی حق حاصل نہیں۔ اور ایک شخص بھی حکومت میں شامل نہیں تمام انتظام آسٹریلوی حکام کے ہاتھوں میں ہے۔ آسٹریلیا کے نمائندے نے کہا کہ [illegible] اور تولیتی کونسل میں اس کو یقین دلایا تھا کہ آسٹریلیا کا ارادہ ہے کہ کم سے کم وقت میں ان علاقوں میں سیاسی ترقی پیدا کرے۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

دار العلوم دیوبند کی تلاشی پر سوشلسٹ لیڈر کا بیان

پولس کے دلآزار رویہ کی تحقیقات کے لئے حکومت یوپی سے مطالبہ

دہلی ۸ر اکتوبر دار العلوم دیوبند کی تلاشی کے سلسلہ میں پولس نے جو دلآزار رویہ اختیار کیا اس پر سوشلسٹ لیڈر میر مشتاق احمد صاحب نے حسب ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے

"مجھے سخت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سرکاری مشینری کے چلانے والے افسران بعض ایسی غلطیاں کر جاتے ہیں [illegible] دار العلوم دیوبند میں جو کچھ [illegible] افسران نے اختیار کیا وہ سخت قابل مذمت ہے۔ [illegible] کانگرس کی [illegible] دار العلوم دیوبند کو بین الاقوامی یونیورسٹی حاصل ہے [illegible] جہاں سے طلباء آتے ہیں۔

مجھے امید ہے کہ یوپی کے وزیر اعظم پنڈت گووند بلبھ پنت اس اہم معاملہ کی تحقیقات کرائیں گے۔ [illegible] افسران کو قرار واقعی سزا دیں گے۔ [illegible]"

میسور ریڈیو اسٹیشن کو حکومت اپنے ہاتھ میں لے لیگی

بنگلور ۷ر اکتوبر۔ میسور کے [illegible] ریڈیو اسٹیشن کو حکومت ہند اپنے قبضہ میں لے لیگی۔ [illegible] (پ ٹ)

چار نئے پارلیمنٹری سکریٹری

پونہ ۷ر اکتوبر۔ بڑودہ، کولہاپور، اور گجرات [illegible] کی ریاستوں کے صوبہ بمبئی میں شامل ہو جانے کے [illegible] اس لئے حکومت بمبئی نے چار نئے پارلیمنٹری سکریٹری مقرر کئے ہیں۔ (پ ٹ ا)

پاکستان سے لنکاشائر کے کارخانہ داروں کی تجارت

مانچسٹر گارجین کا تبصرہ

لندن ۷ر اکتوبر۔ برطانیہ کے [illegible] اخبار مانچسٹر گارجین [illegible] [illegible] (پ ٹ۔ رائٹر)

جرمنی کے کارخانے توڑنے کا مسئلہ

جرمن باشندے زیادہ سختی سے مزاحمت کریں گے

برلن ۷ر اکتوبر۔ جنرل سر برین رابرٹسن برطانوی ہائی کمشنر نے [illegible] رپورٹ شائع کی ہے۔ [illegible] (پ ٹ۔ رائٹر)

مسز ہوتھی سنگھ قاہرہ میں

قاہرہ ۷ر اکتوبر۔ پنڈت نہرو کی [illegible] مسز ہوتھی سنگھ کل بمبئی سے یہاں پہنچ گئیں۔ [illegible] جمعہ کی شب کو وہ پنڈت نہرو کے ہمراہ جب [illegible] امریکہ روانہ ہو جائیں گی۔

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

سفیر ہند دیوان چمن لعل کی ترکی سے ہندستان کے لئے روانگی

استنبول ۷ر اکتوبر۔ دیوان چمن لعل جو ترکی میں ہند کے سفیر ہیں اور جو ایک سال سے زائد عرصہ سے یہاں ہیں کل استنبول سے قاہرہ کے راستے ہندستان کے لئے روانہ ہو گئے۔ قاہرہ میں انھیں امید ہے کہ وہ پنڈت نہرو سے ملاقات کر سکیں گے۔ جو اس وقت واشنگٹن جاتے ہوئے وہاں موجود ہوں گے۔ گزشتہ تیس سال کے عرصہ میں ترکی عوام نے جو ترقی کی ہے دیوان چمن لال نے روانہ ہوتے وقت اس کی بہت تعریف کی اور ان احساسات کا ذکر کیا جو دونوں ملکوں کے درمیان دوستی قائم ہونے کے سلسلہ میں پائے جاتے ہیں۔ سفیر ہند کو ان کی روانگی کے وقت ترکی اخبارات نے خراج تحسین ادا کیا ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

ڈچ حکومت انڈونیشی فوج کو وردیاں اور اسلحہ سپلائی کریگی

بٹاویہ ۷ر اکتوبر۔ ڈچ حکام نے اعلان کیا ہے کہ انڈونیشی جمہوری فوجوں کو زیادہ سے زیادہ اہل بنانے کے لئے ڈچ وردی، اور اسلحہ وغیرہ مہیا کرے گی۔ ڈچ فوجیں سماٹرا وغیرہ میں معاہدہ کے مطابق داخل ہوں گی، اور اگر ضرورت ہوئی تو انڈونیشیا کے دوسرے علاقوں سے بھی اس قسم کے سمجھوتے کئے جائیں گے۔ (پ ٹ رائٹر)

گوردوارہ امرتسر میں آتشزدگی

آزادانہ تحقیقات کیلئے رزولیوشن

شملہ ۷ر اکتوبر۔ مشرقی پنجاب اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں جو ۲۴ر اکتوبر کو شروع ہو رہا ہے بحث کے لئے بذریعہ قرعہ اندازی جو رزولیوشن سب سے اول نکلا ہے وہ چودھری کرتار سنگھ ایم ایل اے کا ہے جس میں گوردوارہ دربار صاحب امرتسر میں آتشزدگی کے واقعہ کی جو [illegible] اگست ۱۹۴۹ء کو پیش آیا آزادانہ تحقیقات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

یہ حادثہ ماسٹر تارا سنگھ کی گرفتاری پر یوم احتجاج کے موقعہ پر، مختلف سکھ گروہوں کے درمیان تصادم ہونے پر پیش آیا تھا۔

عوام میں سخت تنظیم کی ضرورت ہے

ریواڑی میں سردار بلدیو سنگھ کی تقریر

انبالہ ۷ر اکتوبر۔ ریواڑی ضلع گڑگاؤں کے ایک کالج میں وزیر دفاع سردار بلدیو سنگھ نے اپنے کنووکیشن خطاب میں طالب علموں کو نصیحت کی کہ وہ [illegible] حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

انہوں نے کہا کہ [illegible] گاندھی جی کے نقش قدم پر چل کر ہی دنیا کی قوموں میں مناسب جگہ حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے عوام میں ضبط و تنظیم کی اسپرٹ پر زور دیا۔ [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جو لوگ امن اور استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں وہ ملک کے بدترین دشمن ہیں اور ایسے عناصر کے ساتھ مناسب اقدام کیا جائے گا۔

شیخ عبداللہ کی لیڈری کی تعریف کرتے ہوئے [illegible] (پ ٹ ا)

غلہ کے متعلق کشمیر کی حکومت کا اعلان

سرینگر ۷ر اکتوبر۔ جموں اور کشمیر کی حکومت نے حکم دیا ہے کہ ایک شخص ایک ماہ کے لئے [illegible] سیر دھان یا [illegible] سیر چاول، گیہوں، مکئی یا جو اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ اس سے زیادہ نہیں۔ [illegible] (پ ٹ)

روپے کی قیمت گھٹنے سے پیدا شدہ حالات کے مقابلہ کیلئے آٹھ نکاتی پروگرام

استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں کمی کی جائے گی

[illegible]

وقت کی پکار!

اس وقت ایک منٹ کی بے خبری بہت بڑے نقصان کا باعث ہوگی، اور ایک دن کی غفلت ہمیں مہینوں پیچھے ڈال دے گی، امتحان کا وقت آ گیا ہے، [illegible] جمعیۃ علماء نے الجمعیۃ کو ایک لاکھ تک پہنچانے اور ایک انگریزی اور ہندی اخبار جاری کرنے کی مہم شروع کر دی ہے [illegible]

مینیجر [illegible]

بقیہ پنڈت نہرو کی روانگی

صفحہ اول

لابی کے حلقوں کی رائے

کل پارلیمنٹ کی لابی میں پنڈت جی کی امریکہ کو روانگی کا مسئلہ زیر بحث تھا۔ [illegible]

"یوم پریم چند"

[illegible] (دہلی) ۸ر اکتوبر۔ [illegible] منشی پریم چند کی برسی کے موقع پر "یوم پریم چند" [illegible]

موٹر کا حادثہ

[illegible]

نہرو حکومت کو مضبوط کرو

صدر آل انڈیا پریم سبھا کا بیان

دہلی ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

ڈاکٹر امبیڈکر کی کوٹھی سے مشتبہ شخص کی گرفتاری

نئی دہلی ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

جے پرکاش نرائن کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

مغربی پنجاب میں مکمل شراب بندی کا مطالبہ

لاہور ۷ر اکتوبر۔ مغربی پنجاب کی [illegible] فیڈریشن نے حکومت سے درخواست کی ہے کہ شراب بندی صرف مسلمانوں کے لئے ہی نہیں ہونی چاہئے بلکہ تمام لوگوں کے لئے ہونی چاہئے۔ اعلان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر اس درخواست پر توجہ نہیں دی گئی تو راست اقدام کیا جائے گا۔

اعلان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ صرف مسلمانوں کے لئے شراب بندی کو محدود کرنے سے مزید برائیاں پیدا ہو جائیں گی۔

عراقی ریجنٹ دمشق میں!

ہوائی اڈہ پر پرجوش استقبال!

دمشق ۷ر اکتوبر۔ عراق کے ریجنٹ امیر عبدالالہ جب برطانیہ سے بغداد جاتے ہوئے دمشق پہنچے تو ہوائی اڈہ پر ان کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا اور بینڈ پر شامی اور عراقی ترانے بجائے گئے۔

شامی وزیر اعظم العظمی اور آرمی چیف کرنل سامی الحناوی نے ریجنٹ کا استقبال کیا۔ دوسرے لیڈر اور سفراء بھی اسی موقعہ پر موجود تھے۔

شام اور عراق کو ملا کر ایک حکومت بنا دینے کی تجویز بھی ان کے سامنے پیش کی گئی۔ انہوں نے عرب اتحاد کے لئے اس کی تعریف کی۔ اس کے بعد ریجنٹ بغداد کو روانہ ہو گئے۔ ان کے ہوائی جہاز کی حفاظت کے لئے شامی ہوائی جہاز سرحد تک گئے۔ (کلوب)

حیدرآباد کانگرس کے ڈیلیگیشن کا انتخاب

حیدرآباد (دکن) ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

بلا اجازت ریڈیو رکھنے پر سزا

نئی دہلی ۷ر اکتوبر۔ آل انڈیا ریڈیو کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ اپریل سے جون ۱۹۴۹ء تک ہندستان میں بلا اجازت ریڈیو رکھنے پر [illegible] اشخاص کو سزا دی گئی ہے۔ [illegible] (پ ٹ)

از محکمہ امین جائیداد تارکین ریاست بہاولپور (پاکستان)

نوٹس بنام فریق ثانی

[illegible]

از محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور

نوٹس حسب کلاز ۴ انٹر ڈومینین اگریمنٹ سال ۱۹۴۹ء

بنام

[illegible]

تحریر ۲۵ ستمبر ۱۹۴۹ء

دستخط حاکم

مہر عدالت

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر ۶۸۴۴

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر

جلد ۳۱

دہلی یوم الاتوار ۱۶ر ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ر اکتوبر ۱۹۴۹ء

نمبر ۲۳۸

قیمت فی پرچہ دو آنے

ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ نہیں ہوگی

واشنگٹن ۸ر اکتوبر۔ [illegible] ایٹمی ہتھیاروں کی دوڑ شروع نہیں ہوگی۔ [illegible] (پ ٹ رائٹر)

ہندستان و پاکستان

کے درمیان

[illegible]

گپتا برادرس۔ ایجنٹس

[illegible]

جنرل ڈلوائے کو جواب دینے کیلئے جنیوا میں طلب کر لیا گیا

نہرو پٹیل اور آزاد کے علاوہ کابینہ کے تمام وزراء "اُڑ جانیوالی چڑیاں" ہیں

کشمیر کمیشن نے اپنی سرگرمیوں کے متعلق رپورٹ تیار کرنا شروع کر دی

جواہرات کی چوری کے سلسلہ میں [illegible] سکریٹری جنرل [illegible]

لیک سکسیس ۷ر اکتوبر۔ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن نے [illegible] کشمیر کمیشن کے فوجی مشیر جنرل ڈلوائے پر الزام لگایا ہے کہ انھوں نے کشمیر ریاست کے [illegible] جواہرات کے بکس بچائے۔ [illegible] (پریس ٹرسٹ)

اکابر جمعیۃ کی دیوبند کو روانگی

دہلی ۸ر اکتوبر۔ (ناصر نگار) جمعیۃ علماء ہند کے [illegible] (پ ٹ ا)

۲ ممبروں کی کانگرس میں شرکت

[illegible] (پ ٹ)

متحدہ سوشلسٹ کانفرنس کلکتہ میں

کلکتہ ۷ر اکتوبر۔ [illegible] (پ ٹ ا)

اسمبلی میں بہار کے ایک ممبر کو اپنے الفاظ واپس لینے پڑے

آئین کے نفاذ کے بعد عبوری دور سے متعلق دفعات پر بحث

نئی دہلی ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

[illegible] اسمبلی کا ضمنی انتخاب

[illegible] (پ ٹ ا)

تیرہ سال بعد رسیدگی

[illegible] (پ ٹ)

حکومت کے مختلف محکمے ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک و تعاون نہیں کر رہے

بمبئی اسمبلی کے ممبروں کے روبرو تقریر کرتے ہوئے وزیر اعظم کا انکشاف

ہند اور ایشیا کے مختلف مسائل پر اہم تبصرہ

پونہ ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

حکومت فرانس چندر نگر کا اقتدار اعلیٰ منتقل کرنے کی تیاریاں کر رہی ہے

ہندستان دوستی کی اہمیت [illegible] ہندی سفیر متعینہ فرانس کا بیان

لندن ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

مدراس تامل ناڈ کا ایک حصہ ہے

شہر کی کارپوریشن کا فیصلہ

مدراس ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

اطالوی نو آبادیات پر [illegible]

ممبران کوئی فیصلہ نہیں کر سکے!

[illegible]

اقوام متحدہ اعلان کرے کہ کوئی ملک دوسرے کے معاملات میں مداخلت نہیں کریگا

یوگوسلاویہ نے روس کے خلاف ایک اور قدم اٹھایا

لیک سکسیس ۷ر اکتوبر۔ روس کے ساتھ اپنے جھگڑے کے سلسلہ میں آج یوگوسلاویہ نے ایک اور قدم اٹھایا جبکہ اس نے اقوام متحدہ سے یہ اعلان کرنے کا مطالبہ کیا کہ کوئی ملک دوسرے ملک کے اندرونی یا خارجی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریگا۔

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

شیخ عبداللہ انبالہ جائینگے

انبالہ ۷ر اکتوبر۔ ضلع کانگرس کمیٹی کے صدر [illegible] شیخ عبداللہ وزیر اعظم جموں و کشمیر [illegible] انبالہ آئیں گے۔ (پ ٹ ا)

فیض آباد کے فرقہ وارانہ ہنگامہ میں پچیس اشخاص مجروح

تین کی حالت نازک ہے۔ دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی گئی!

[illegible]

بنگلور میں سوشلسٹ پارٹی کی جنرل کونسل کا سہ روزہ اجلاس ختم

ملک کی موجودہ سیاسی حالات پر مسٹر جے پرکاش نرائن کا تبصرہ

بنگلور ۷ر اکتوبر۔ [illegible]

آسام اور ہندستان کو ریلوے کے ذریعہ ملانے کا کام

گوہاٹی ۸ر اکتوبر۔ متعلقہ ریلوے حکام نے بتایا کہ آسام کو بقیہ ہندستان سے ریل کے ذریعہ ملانے کا کام [illegible] (پ ٹ)

ہند پاکستان کا اخباری معاہدہ

حکومت راجستھان کی اپیل

جے پور ۸ر اکتوبر۔ حکومت راجستھان نے [illegible] (پ ٹ ا)

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۹ اکتوبر ۱۹۴۹ء

یہ آخری بات ہی

جہاں تک ہماری طاقت ہے، ہم تو یہی چاہتے ہیں کہ ہماری باتیں دلوں میں اتر جائیں اور قلب پر اتنا گہرا اثر ہو کہ مسلمان تڑپ کر میدان میں نکل آئے! دراصل یہ خدا کی رحمت ہے کہ مسلمانوں کو مفید مشورے دیئے جائیں اور وہ انہیں سنتے ہی قبول کرلیں اور جان و مال کی کوئی پروا نہ کریں، مومن کا کام ہے کہ جس چیز کو مفید سمجھتا ہو اسے مان لے اور اس کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردے! اول المومنین صحابہ کرام کی یہی شان تھی کہ اجتماعی کاموں کے لئے سب کچھ حاضر کردیا کرتے تھے اور پھر سمجھتے تھے کہ ان سے کچھ نہ ہوسکا! ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان کیا کہ جس سے جو ہوسکے مالی ایثار کا ثبوت دے اور تاخیر کے بغیر حاضر کرے، حضرت فاروق اعظم نے سنا اور وہ تمام اثاثہ کا نصف حصہ لے کر حاضر ہوگئے، حضرت صدیق رض نے سنا اور وہ گھر کی ہر چیز لے کر آگئے، حضور نے پوچھا کہ گھر پر بھی کچھ چھوڑ کر آئے ہو یا سارا سمیٹ کر لے آئے؟ صدیق رضی نے فرمایا کہ سب کچھ حاضر ہے اور گھر کے لئے اللہ اور اس کا رسول کافی ہے! نادان سمجھتا ہے کہ یہ لوگ بھی کیسے دیوانے تھے کہ اپنا سب کچھ لٹا بیٹھے، یہ نہ دیکھا کہ کاروبار کیسے چلے گا؟ بال بچوں کی تو اضع کیسے ہوگی؟ بیاہ شادی کا خرچ کہاں سے آئے گا؟ مرنے جینے کا انتظام کیسے ہوگا؟ یہ دیوانے نہیں تھے تو کیا تھے کہ اپنی کمائی کو مٹی کے برابر بھی نہ سمجھا اور اجتماعی کاموں پر اپنا سب کچھ نچھاور کردیا! لیکن کچھ مدت کے بعد جب مٹھی بھر مسلمان عرب سے نکل کر پھیلے اور انہوں نے افریقہ اور یورپ میں پہونچ کر اپنے جھنڈے نصب کئے اور خدا کی بھٹکی ہوئی مخلوق کو دین فطرت میں داخل کیا تو حیرت کرنے والوں کی حیرت دور ہوئی اور انہیں یقین آیا کہ اگر یہ صاحب ایثار اور اسلام کے علمبردار عرب کے ریگستان سے .... باہر نہ نکلتے تو وہ یثرب و بطحا کی وادیوں میں اپنے کچھ آثار چھوڑ کر بے نام و نشان ہوجاتے! عمر فاروق اور صدیق اکبر کا ایثار اسلام کی کامیابی اور مسلمانوں کی ظفرمندی کی ضمانت تھی! اس ضمانت نے آگے چل کر وہ کام دیا کہ نصف دنیا چند ہی سالوں میں ان کے قدموں پر نثار ہوگئی۔

ہم نے تمہارے دلوں کی اثر پذیری بھی خدا کی رحمت ہے، اب ہم کہتے ہیں کہ یہ بھی خدا کا عذاب ہے کہ ہم کہتے رہیں اور آپ سنتے رہیں اور ٹس سے مس ہوکر نہ دیں! صور پھونک کر بار بار بتائیں کہ تمہارا فائدہ اسی کام میں ہے، تمہاری زندگی کے لئے یہ کام ضروری ہے، تم تباہی اور ہلاکت سے صرف اس طریقے سے بچ سکتے ہو مگر تم ایک کان سنو اور دوسرے کان اڑا دو، انقلاب کا تلاطم پوری رفتار سے اٹھ رہا ہے اور زندگی کی کشتی گرداب میں پھنس رہی ہے اور ناخدا چلا چلا کر کہہ رہا ہے کہ زندگی چاہتے ہو تو میرے مشورے پر عمل کرو، آپ ہیں کہ تھیلیوں سے اشرفیاں نکال کر گن رہے ہیں کہ ان میں کمی تو نہیں آگئی، تو بتایئے یہ خدا کا عذاب ہے یا خدا کی رحمت؟ کیا ایسی کشتی کے مسافروں کو ان کا پیسہ کام دے سکے گا؟ کیا ناخدا کے مشورہ کو معمولی سمجھ کر کوئی مسافر اپنی جان بچا سکے گا؟

جو بات آج ہم کہتے ہیں اور جو مشورہ آج ہم دیتے ہیں ممکن ہے کہ دو سال پہلے اسکی کوئی اہمیت نہ ہو مگر آج زمین و آسمان گواہ ہے کہ اس سے اچھی بات آج کوئی نہیں، اس اچھی بات کے لئے اگر تمہیں پیٹ پر پتھر بھی باندھنا پڑے تو شوق سے باندھ لو، اگر عیش و آرام چھوٹے تو چھوٹ جانے دو، اگر تمہارے تمام کام رک جائیں تو پروا مت کرو، مگر وقت کی اس پکار کو رد نہ کرو، وہ پکار یہ ہے کہ اپنے اخبار الجمعیۃ کی آواز کو دور دور تک پہونچانے کا انتظام کرو اور اس کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہونچا دو! طارق بن زیاد نے تو اسپین کے ساحل پر قدم رکھتے ہی تمام ... جہازوں کو آگ لگادی تھی اور پوچھنے والے کو جواب دیا تھا کہ ہم جہازوں میں آگے بڑھنے کے لئے آئے ہیں واپس جانے کے لئے نہیں آئے! ان کے اس عزم نے اسپین کی سرزمین کو مسلمانوں کا وطن بنادیا اور دنیا کا وہ عظیم ترین کارنامہ انجام دیا کہ جبل الطارق (جبرالٹر) کا نام اسے کبھی فراموش نہ ہونے دے گا!

تم سے نہ تو اسپین کو فتح کرنے کے لئے کہا جارہا ہے، نہ تم سے یہ درخواست ہے کہ ہمالیہ کی بلند ترین چوٹی پر چڑھ کر نئی دنیا کی خبر لاؤ، تم سے صرف یہ کہا جارہا ہے کہ آج جس اخبار سے تمہاری زندگی وابستہ ہے اور جس کی بقا تمہاری بقا اور جس کا وجود تمہاری حیات ہے اسے زندہ رکھو، اسے ترقی دو اور اس کی آواز کو ہر کان میں پہونچا دو، کیا تم سے یہ کام بھی نہیں ہوسکتا؟ اگر نہیں ہوسکتا تو سمجھ لو کہ یہ بھی تم پر خدا کا عذاب ہے اور عذاب کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تم سے کچھ نہ ہوسکے گا اور جو دولت تم سمیٹے بیٹھے ہو وہ وقت پر تم کو دغا دے گی اور یہ اتنا بڑا نقصان ہوگا کہ اس پر تم افسوس کرنا چاہو گے مگر افسوس کرنے کی مہلت بھی نہ مل سکے گی!

جمعیۃ علماء نے اگرچہ اپنی جدوجہد کے دائرہ کو مذہبی، تہذیبی، تعلیمی اور اقتصادی امور تک محدود کردیا ہے تو یقین کیجئے کہ اس نے ایک بہت بڑے خطرہ پر قابو پانے کی کوشش کی ہے، اگر تم سے کہا جاتا ہے کہ اپنے اخبار کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہونچا دو تو ایمان سے کہو کہ اسی میں تمہاری زندگی ہے، اگر تم نے خدا کے عذاب کا ایک کرشمہ تو دیکھ لیا اب اگر تم نے اتنا کام بھی سرانجام نہ دیا کہ الجمعیۃ کو اپنی شان کا مظہر بناؤ اور اسے باقی رکھنے کا سر و سامان کرو تو اس طرح تم اپنی دولت کو بچانے کی کوئی گارنٹی نہیں دے سکتے، ممکن ہے کہ خدا کی گرفت پھر حرکت میں آئے اور تمہاری دولت تمہارے کام نہ آسکے! آج تمہاری زندگی کا معیار یہ ہے کہ تم الجمعیۃ کو ایک لاکھ تک پہونچاتے ہو یا نہیں؟ تمہاری دولت میں ہندی اور انگریزی کی خبر کے لئے کوئی حصہ ہے یا نہیں؟ تم کسی کے آنے کا انتظار مت کرو ورنہ وقت نکل جائے گا، اپنا فرض پہچانو اور اپنے طور پر کوشش کرکے ہمارا ہاتھ بٹاؤ! یاد رکھو تم الجمعیۃ کو زندہ رکھو گے تو الجمعیۃ تمہیں زندہ رکھے گا۔ تم مانو یا نہ مانو، الجمعیۃ کا انجام تمہارا انجام اور اس کا حشر تمہارا حشر ہے، اور یہ وہ حقیقت ہے جسے فی الحال تمہاری آنکھیں نہیں دیکھتیں مگر جو دیکھ رہے ہیں ان کی دید پر یقین کرو اور ہماری دعوت کو لبیک کہنے کے لئے تیار ہوجاؤ! (اگر اخبار کو ترقی دینے کے سلسلہ میں آپ معلومات حاصل کرنا چاہیں تو جنرل منیجر سے خط و کتابت کیجئے)

اچھی باتیں

رضی اللہ عنہم ... تا ... المفلحون (پ ۲۸ ع ۳)

خدا ان سے راضی ہوا اور وہ خدا سے راضی ہوئے اور یہی لوگ حزب اللہ ہیں اور یاد رکھو انجام کار کامیابی اسی حزب اللہ کی ہوگی۔

مسلمان کا کام یہ ہے کہ اپنے مولیٰ اپنے پروردگار اور اپنے خالق کو راضی کرے اور اس کی رضا پر قربان ہوجائے یہاں ایسے ہی بندگان خدا کا ذکر ہے جو خود بھی خدا سے راضی ہوئے اور خدا کو بھی راضی کیا اور جو خدا کا ہو جائے وہ کبھی ناکام نہیں رہتا، اس صالح گروہ کو حزب اللہ یعنی خدا کی جماعت کہا گیا ہے خدا کی جماعت وہی ہے جو خدا کے احکام کی تعمیل کرے اور جس میدان میں قدم رکھے کامیاب ہوتی چلی جائے۔ اب کون ہے جو حزب اللہ میں اپنا نام لکھوائے اور خدا کی رضا کو اپنی رضا بناکر فلاح اور کامیابی سے ہمکنار ہوجائے۔

مباحث امروز

روپیہ کی قیمت پر بحث

پارلیمنٹ میں روپیہ کی قیمت کم کئے جانے پر حکومت ہند کے وزیر خزانہ ڈاکٹر جان متھائی نے جو بیان دیا ہے اس سے دو چیزیں صاف ہوگئی ہیں اول یہ کہ حکومت برطانیہ نے اسٹرلنگ پونڈ کی قیمت کم کرتے وقت حکومت ہند سے کوئی مشورہ نہیں کیا اور دوم یہ کہ چونکہ ہندوستان اسٹرلنگ ایریا کا ممبر ہے اس لئے اسٹرلنگ پونڈ کی قیمت کم ہوجانے کے بعد روپیہ کی قیمت کم ہوجانا بھی ناگزیر تھا ورنہ اسٹرلنگ ... اس کا امین دین بہت کم ہوجاتا۔ اور اس کی برآمد و درآمد دونوں قسم کی تجارتوں کو سخت نقصان پہنچتا۔ وزیر خزانہ کی یہ دلیل تسلیم کرلئے جانے کے بعد بھی یہ سوال اپنی جگہ بدستور قائم رہتا ہے کہ حکومت ہند نے روپے کی قیمت کم کرنے میں انتہائی جلد بازی سے کیوں کام کیا؟ اگر روپیہ کی قیمت کم کی جانی تھی۔ تو ذرا سوچ سمجھ کر اور کچھ انتظار کے بعد بھی کم کیا جاسکتا تھا۔ حکومت کے جلد بازی کے اقدام سے نفسیاتی طور پر عوام پر بہت برا اثر پڑا۔ اور ایک مرحلہ تو ایسا آیا کہ معلوم ہوتا تھا ملک کی اقتصادی ... بالکل ابتر ہوچکی ہے اور وہ سدھارے ... عوام میں اس قدر بے چینی پھیل گئی کہ ... لوگوں نے اپنے نوٹ کم قیمت میں تڑائے اور بعض نے تو انہیں نصف قیمت میں فروخت کرڈالا انہیں دراصل یہ سمجھایا گیا کہ روپیہ کی قیمت کم ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اب اس کی قیمت دس آنے یا آٹھ آنے رہ گئی ہے۔ اور اس کے بدلہ میں انہیں اتنا ہی ...

اشیاء کی قیمتیں

... باوجود کہ حکومت اشیاء کی قیمتیں میں اضافہ نہ ہونے دیگی ان کی قیمتیں ناجائز طور پر بڑھی جارہی ہیں۔ حالانکہ جو اشیاء ڈالر والے علاقوں سے درآمد نہیں ہوتیں ان کی قیمت میں اضافہ کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ سب کچھ حکومت کے جلد بازی کے اقدام کا نتیجہ ہے۔ جس کو بہانہ بناکر نفع خوروں نے خوب پیسہ کمایا اور اب بھی کمار ہے ہیں۔ اگر عوام کو سکے کی قیمت میں کمی کرنے کے سوال پر سوچنے سمجھنے کا موقع دیا جاتا۔ اور مسئلہ کے دونوں پہلوؤں کے سامنے رکھ دیئے جاتے تو شاید یہ صورت حالات پیدا نہ ہوتی۔

بہر نوع اب سوال یہ ہے کہ ملک کی اقتصادی صورت حالات پر قابو پانے کے لئے کیا کیا جائے۔ اس سے کم اگر کچھ نہ کیا گیا تو اقتصادیات سے دلچسپی رکھنے والے بعض حضرات اس امر کا خدشہ ظاہر کرنے ہیں کہ کہیں ہندوستان کے اندر بھی چین جیسے حالات پیدا نہ ہوجائیں۔ ... ڈاکٹر متھائی کی یہ تجویز بالکل درست معلوم ہوتی ہے کہ نفع خوروں اور چور بازاریوں کے خلاف حکومت سخت قدم اٹھائے اور ان کے کرتوتوں کی انہیں عبرتناک سزائیں ... یا اسی قسم کی انہیں کوئی اور سزا دی جائے ... اپنے سماج دشمن سرگرمیوں سے باز آجائیں۔

ہائی کمشنر کی واپسی

دوم عوام میں اعتماد پیدا کرنے کے لئے ...

دردمندانِ دارالعلوم سے پُر زور اپیل

کنھیا لال کپور کے دو خط:۔

سیاسی مصلحتیں اردو کو فنا نہیں کرسکتیں

اردو کے مشہور طنز نگار کنھیا لال کپور نے مخصوص انداز میں چند خطوں کے ذریعہ سیاست، ادب اور ہمارے ملک کی عام صورت حال کا جائزہ لیا ہے۔ اردو اور ادیبوں سے متعلق ہم ان کے دو خط ... کے ساتھ شائع کرتے ہیں۔

ڈیر کیلاش چند! تم پوچھتے ہو کہ اردو زبان کا مستقبل تاریک ہے یا روشن ...

اب سے ڈیڑھ سو برس پہلے امریکہ نے اپنی آزادی کے لئے زبردست جدوجہد کی اور آج وہ ایک مضبوط قوم ہے ہندوستان اور امریکہ کی آوازیں مختلف ہوگئی ہیں۔ لیکن آپ کی طرح ہم نے ایک انقلاب کے ذریعہ آزادی حاصل کی ہے آپ کی طرح ہمارے یہاں بھی ایک فیڈرل ریپبلک ہوگی۔ اور ہم نے اپنے آئین میں ان تمام بنیادی انسانی حقوق کو سب سے پہلے رکھا ہے جنہیں تمام آزادی خواہ لوگ چاہتے ہیں۔ اس ریپبلک میں تمام شہریوں کو مساوی مجلسی اقتصادی اور سیاسی حقوق۔ تحریر و تقریر۔ مذہب و عبادت کی آزادی حاصل ہوگی۔

رہن سہن کا معیار!

پنڈت جی نے مزید کہا کہ ہم نے سیاسی آزادی تو حاصل کر لی ہے مگر ابھی انقلاب ادھورا ہے گو اس کی شکل نکھرتی آرہی ہے کیونکہ زندہ رہنے کے حق اور خوشحالی کی تلاش کا یقین دلائے بغیر سیاسی آزادی بھی لوگوں کو مطمئن نہیں کر سکتی اور خوشحالی کا سرچشمہ ہے اقتصادی ترقی۔ اس لئے ہمارا فوری کام لوگوں کے رہن سہن کے معیار کو اونچا اور ان تمام رکاوٹوں کو دور کرنا ہے جو ملک کی اقتصادی ترقی کا راستہ روکے کھڑی ہیں۔ ہم نے ہندوستان کے سب سے

(باقی صفحہ ۴ پر)

نئی جنگ روکنے کے لئے کوشش

ہندوستان کی مبارک مساعی

لیک سکسیس ۱۴ ر اکتوبر۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے ایٹم بم کے استعمال کو ممنوع قرار دیئے جانے کے بیان پر چھوٹی قوموں کے درمیان خفیہ گفت و شنید [illegible] ہندوستان کر رہا ہے۔ یہ قومیں امریکہ اور روس کے جارحانہ رویوں کے درمیان اعتدال پسندی کی دعوے دار ہیں۔ یہ قومیں خود پہل کر کے ایٹمی جنگ کو ممنوع قرار دینا چاہتی ہیں چنانچہ کینیڈا، آسٹریلیا، ارجنٹائن اور ہندوستان جنرل اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے متعدد تجاویز پر غور کر رہے ہیں۔ [illegible] کے درمیان پیدا شدہ تعطل کو دور کرنے کی [illegible] میں شریک ہے۔

جن تجاویز پر غور کیا جا رہا ہے وہ سب کی سب کسی نہ کسی طرح سے ایٹم بم کے استعمال کو ممنوع قرار دینے کی سفارش کرتی ہیں۔

فی الحال امریکی تجاویز [illegible] ایٹم بم کے استعمال کی مخالفت کی مخالفت کرتی ہیں۔ (رائٹر)

فرمانبردار بنانے کی دوا

لندن ۱۴ ر اکتوبر:۔ علم طب کے عروج کی تازہ ترین مثال یہ ہے کہ معمولی سے گل جراحی کے ذریعہ انسانی ذہنیت تبدیل کی جاسکتی ہے اور اگر بڑے پیمانہ پر اس تجربہ پر عمل کیا جائے تو پوری آبادی کو "فرمانبردار" [illegible] آنر ایبل مسٹر [illegible] ڈاکٹر [illegible] کرتے ہوئے کہا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے [illegible] نظر آتے تھے۔ [illegible] جس میں بیان کیا گیا ہے [illegible] پیش کئے جاتے ہیں۔ جن میں ذہنی ایذا رسانی، رشتہ داروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکی اور ایک خفیہ دوا کا استعمال بھی شامل ہے لیکن [illegible] جراحی [illegible] انسان بالکل فرمانبردار [illegible] (گلوب)

جبراً چندہ وصول کرنے کا حکم

قاسم رضوی کے مقدمہ میں ایک شہادت

حیدرآباد دکن ۱۴ ر اکتوبر۔ گواہ استغاثہ [illegible] جو [illegible] کے طلب کیا گیا۔ گواہ نے کہا [illegible] جبراً چندہ [illegible] سالار [illegible] سالار اعلیٰ [illegible] جبراً چندہ وصول کیا جائے [illegible] سالار کے حوالہ کر دیا گیا۔

گواہ نے کہا کہ [illegible] اس سے پہلے بعض لوگوں نے [illegible] کہا کہ اگر [illegible] سکتا ہے۔

عدالت خصوصی نے سید قاسم رضوی کی ان تقریروں کا ریکارڈ طلب کیا تھا جو انہوں نے ۱۵ ر اگست ۱۹۴۸ء اور ۷ ر ستمبر ۱۹۴۸ء کے درمیان کی تھیں اس ریکارڈ کو سید قاسم رضوی کے وکیل نواب عسکر یار جنگ نے دیکھا۔

یہ ریکارڈ وکلاء کی درخواست کے مطابق طلب کیا گیا تھا اس کے معائنہ کے بعد نواب عسکر یار جنگ کے ساتھ یہ ریکارڈ تو سید قاسم رضوی کی تقریروں کا ہے اس میں دوسرے مقررین کی [illegible] نہیں ہیں جب عدالت کے [illegible] جاری کرنے کے سلسلہ میں جرح کی جا رہی تھی تو نواب عسکر یار جنگ نے کہا کہ سید قاسم رضوی چاہتے ہیں کہ اس معاملہ کو ختم کر دیا جائے کیونکہ اس میں تاخیر ہوگی [illegible] منظور ہو گئی۔

عدالت کا اجلاس ہفتہ کے دن تک کے لئے ملتوی ہو گیا۔

کئی اہم معاملات پر سمجھوتہ ہوگیا

ہیگ کانفرنس کے متعلق سرکاری کمیونکے

دی ہیگ ۱۴ ر اکتوبر۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ ہیگ کانفرنس میں شامل ہونے والے تینوں وفدوں کے چیئرمین اور نائب چیئرمینوں کے درمیان ایک ہنگامی کانفرنس میں کئی اہم معاملات پر اتفاق رائے ہوگیا ہے یہ کانفرنس ہیگ کانفرنس کو کامیاب بنانے کے مقصد سے طلب کی گئی تھی۔ چونکہ انڈونیشیا کے مستقبل کے متعلق گفت و شنید سے ہیگ کانفرنس میں جو گفت و شنید ہو رہی تھی اس کی رفتار سست تھی اس لئے اس پر سخت اظہار تشویش کیا جا رہا تھا۔ (رپ ٹ رائٹر)

بمبئی میں بنیوں کی دوکانوں کی لوٹ مار

مشتعل ہجوم پر پولیس کو گولی چلانی پڑی۔ دو ہلاک گیارہ زخمی

بمبئی ۱۴ ر اکتوبر۔ آج دوپہر پولیس کو بمبئی کی شمالی بستی [illegible] میں ایک ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے گولی چلانی پڑی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ دو بنیوں کی دکانوں کے سامنے چند اشخاص [illegible] اور دکانداروں سے جھگڑا ہو گیا۔ اتنے میں ہجوم اکٹھا ہو گیا جس نے دکان میں گھس کر چیزیں باہر نکال دیں۔ ایک حصہ نے دوسری دکانوں کو لوٹنا اور پتھراؤ شروع کر دیا۔ مزید اطلاع ہے کہ گولی چلانے کے نتیجے میں دو اشخاص ہلاک اور گیارہ زخمی ہو گئے۔ پولیس نے قریباً بارہ گولیاں چلائیں۔ ہجوم نے اشیائے خوردنی کی بارہ دکانیں لوٹ لیں اور [illegible] کے تمام اسٹاک لوٹ لئے گئے [illegible] اشخاص گرفتار کر لئے گئے۔ دکانوں پر ہجوموں کے حملے کل شام سے لے کر آج دوپہر تک جاری رہے۔ ڈانگری میں کل شام مشتعل ہجوم نے چار دکانوں پر دھاوا بول دیا اور مال لوٹ رہے ہیں۔ ۴۰ اشخاص نے ایک دکان توڑ دی۔ جب وہاں نمک ملا تو ایک اور دکان کا تالا توڑ کر [illegible] سو روپے نقد اور [illegible] سو روپے [illegible] کی مالیت کا نمک لوٹ لیا۔ اس سلسلہ میں دس اشخاص گرفتار کر لئے گئے۔ ساڑھے دس بجے رات ایک اور ہجوم نے ڈونگل بھائی پٹیل روڈ پر ایک دکان کا تالا توڑا۔ اور جب وہاں چینی نہ ملی تو کیتلیں اٹھا لے گئے۔ اسی وقت تقریباً ایک ہزار افراد نے ڈی سٹری روڈ پر نمک کی ۳۰ بوریوں سے بھری ہوئی ایک لاری کو گھیر لیا۔ انہوں نے سمجھا کہ ان بوریوں میں چینی ہے۔ چار اشخاص نے ڈرائیور کو پکڑے رکھا۔ اور باقی نے تمام بوریاں لوٹ لیں۔ بعد میں اس سلسلہ میں ۱۲ اشخاص گرفتار کئے گئے۔ ان کے قبضہ سے نمک کی دس بوریاں برآمد کر لی گئیں۔

کالبا دیوی روڈ پر ہجوم نے تین دکانوں کے تالے توڑ کر لوٹ لیا۔ ان میں سے ایک میں دودھ کا ڈپو بھی تھا۔ حکومت بمبئی کے سپلائی ڈائرکٹر نے ایک اعلان جاری کیا ہے کہ حکومت کو اس بات کا افسوس ہے کہ عوام میں نمک کی قلت سے متعلق خواہ مخواہ ہیجان پیدا کیا گیا۔ یہ سب بعض غیر مجلسی عناصر کی شرارت ہے۔ شہر میں نمک کا کافی اسٹاک ہے۔ اور ۵ ہ لاکھ من نمک جلد یہاں پہنچنے والا ہے۔ گورنمنٹ اناج کی سرکاری دوکانوں اور کوآپریٹو اسٹوروں کے ذریعہ نمک کی تقسیم کا انتظام کر رہی ہے۔ کام ۲۵ ر اکتوبر سے شروع ہو جائے گا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

یروشلم کو بین اقوامی علاقہ بنانے کی تجویز

شاہ عبداللہ کی طرف سے مخالفت

عمان ۱۴ ر اکتوبر۔ شاہ عبداللہ نے جو آج کل فلسطین کا دورہ کر رہے ہیں بیت المقدس کے میئر کی خوش آمدید کا جواب دیتے ہوئے ایک تقریر میں یروشلم (جس میں بیت المقدس اور جدید یروشلم شامل ہیں) کو بین الاقوامی علاقہ قرار دینے کی تجویز کے متعلق اپنی سابقہ رائے پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے کا اعلان کیا۔

شاہ نے کہا کہ عرب شہر [illegible] جس میں مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں کے مقدس مقامات ہیں ہمیں اپنا ماضی اور مستقبل معلوم ہے ان شہریوں کے ساتھ ہمارے پرانے تعلقات ہیں جو انشاء اللہ کبھی نہیں ٹوٹیں گے۔ ہم تمام مذاہب کی تعظیم کرتے ہیں اور پرانے مراسم کی حفاظت کرتے ہیں۔

ترک حاجیوں کی واپسی

استنبول ۱۴ ر اکتوبر:۔ ترکی کے ۹ ہزار زائرین حج میں سے ۵۰ حاجی گذشتہ روز بذریعہ طیارہ مکہ سے یہاں پہنچ گئے۔ اطلاع ملی ہے کہ ۹ ہزار ترک حاجیوں میں سے حج کے دوران میں صرف ۴۹ حاجی [illegible] ضعیفی کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ لوگوں کو غیر ملکی کرنسی کا مسئلہ نہایت دشواریاں پیدا کر رہا تھا تاہم امسال ترکی سے اس قدر لوگ حج کرنے گئے تھے جتنے تاریخ میں کبھی نہیں گئے تھے۔ (گلوب)

مارشل امداد میں کمی کردی جائے گی

محفوظ سرمایہ فنڈ قائم کرنے کا طریقہ

پیرس ۱۴ ر اکتوبر۔ مارشل امداد کے فنڈ کے جنرل سکریٹری نے اعلان کیا ہے کہ ۱۹ قوموں کو اس اسکیم کے ماتحت جو امداد دی جانے والی ہے اس میں ۱۲ء۵ فیصدی کی کمی کی جائے گی تاکہ ایک محفوظ سرمایہ بھی باقی رہے۔

مذکورہ بالا فنڈ کے لئے اقتصادی تعاون کمیٹی نے درخواست کی تھی لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتایا تھا کہ اس قسم کی کوئی شرط موجود نہیں تھی۔ (رپ ٹ رائٹر)

سورت میں نمک اور ماچس کا مسئلہ

سورت ۱۴ ر اکتوبر:۔ (پی ٹی آئی) سورت کے لوگوں نے نمک اور ماچس خریدنے کے لئے بڑی بھاگ دوڑ شروع کر دی ہے اور بعض علاقوں میں دکانوں کے سامنے لمبی لمبی قطاریں نظر آتی ہیں کئی جگہ دکانداروں نے نمک کے متعلق انکار کر دیا ہے کہ ان کے یہاں نہیں ہے

ایک سرکردہ دوکاندار نے بتایا کہ شہر میں ماچس کی کوئی قلت نہیں ہے اور جہاں تک نمک کا تعلق ہے موجودہ اسٹاک آنے تک پورا ہونا چاہیئے۔ لیکن لوگوں کی اس دوڑ دھوپ سے مارکٹ بگڑ سکتا ہے۔

نیپالی کارکن کی بھوک ہڑتال

پٹنہ ۱۴ ر اکتوبر۔ مسٹر بھولا ناتھ شرما نے جو نیپالی نیشنل کانگریس کے ایک مشہور کارکن ہیں اور جنہیں چند دن ہوئے مغربی نیپال میں فوج کی مدد سے گرفتار کیا گیا تھا بھیرا جیل میں جہاں وہ قید تھے بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے انہوں نے یہ ہڑتال غیر انسانی رویہ کے خلاف شروع کی جو ان کے ساتھ روا رکھا گیا۔ ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ مسٹر شرما کو جیل میں وہ بیڑیاں ڈال کر رکھا گیا ہے اور ان کی حالت خطرناک ہے (پ ٹ ا)

لدھیانہ میں تین باغی گرفتار

لدھیانہ ۱۴ ر اکتوبر۔ ضلع پولیس نے تین باغیوں کو اچھیروال کے گاؤں سے گرفتار کیا ہے۔ گرفتاری کے وقت وہ نشہ میں تھے۔ ان کے قبضہ سے دو دیسی بندوقیں اور بہت کافی اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ (ناگ)

گوہر شاہکار
از
حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد
دعوت حیات نو [illegible]
خطبہ اسیائے ملت [illegible]
دونوں ایک ساتھ مجلد [illegible]
ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بکڈپو [illegible]

ریاستوں اور صوبوں کا درجہ یکساں رہے گا

دستور ہند پر ممبروں کے دستخط ہونے کے متعلق ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اعلان

نئی دہلی ۱۴ ر اکتوبر:۔ آج آئین ساز اسمبلی نے پرجوش تالیوں کے درمیان ریاستوں کے آئین کے متعلقہ باب ہملے پاس کر دیا۔ اور اس طرح صوبوں کے امتیازات کو ختم کرکے صوبوں اور ریاستوں کو ایک سطح پر لا کھڑا کیا۔ اب ریاستوں اور صوبوں کا اندرونی انتظامیہ ڈھانچہ اور مرکز سے تعلقات ایک جیسے ہی ہوں گے۔ مسٹر کے ایم منشی نے آج کی کارروائی کو ایک تاریخی تقریب قرار دیا۔ میسور کے نمائندہ شری گووند مینن نے کہا کہ اب ہندوستانی ریاستوں کے کروڑ [illegible] باشندوں کے خواب کی تعبیر [illegible]۔

کچھ ممبروں نے دفعہ ۳۰۶ ب پر اعتراض کیا کہ دس برس تک ریاستی حکومتیں مرکز کے عام کنٹرول میں رہیں گی۔ اور اگر پارلیمنٹ چاہے تو میعاد میں کمی بیشی بھی کر سکتی ہے۔ مگر سردار پٹیل کی تقریر اور مسٹر منشی کے یقین دلانے پر ممبر مطمئن ہو گئے۔ ۵۷۵ ریاستوں کی یکجہتی کے کام کی تکمیل پر ممبروں نے سردار پٹیل اور ریاستی محکمہ کو خراج تحسین ادا کیا۔

دوپہر بعد کے اجلاس میں اسمبلی نے پہلے پاس شدہ دفعات میں کچھ ترامیم منظور کر لیں۔ اور مرکز کے ماتحت علاقوں کو مرکزی پارلیمنٹ میں نمائندگی دینے سے متعلقہ آرٹیکل بھی پاس کر دیا گیا۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا اعلان

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے پرجوش تالیوں کے درمیان اعلان کیا کہ تیسری خواندگی پاس کرنے کے لئے آخری اجلاس ۱۷ ر دسمبر کو بلایا جائے گا۔ جو [illegible] تک رہے گا۔ اور اجلاس کا آخری دن [illegible] کے لئے وقف کیا جائے گا۔ کہ آئین کی ایک کاپی پر تمام ممبران [illegible] سے دستخط کرائے جائیں۔ اور وہ تاریخی دستاویز ریکارڈ میں محفوظ رکھا جائے گا ہندی ترجمہ آئین کے نفاذ سے پہلے مکمل ہو جائے گا۔ مگر آئین انگریزی ہی میں پاس کیا جائے گا۔

گوردواروں کے مسئلہ کو جلد حکومت پاکستان سے طے کیا جائے

مشرقی پنجاب اسمبلی میں ایک تجویز منظور !!

شملہ ۱۴ ر اکتوبر:۔ مشرقی پنجاب اسمبلی میں سردار بصیر سنگھ مجھیل نے ایک تجویز پیش کی کہ حکومت ہند [illegible] حکومت پاکستان سے پاکستان کے گوردواروں اور ان میں زیارت کے معاملہ کو [illegible] کانفرنس کی بنیاد پر طے کیا جائے۔

ایوان نے اس تجویز کو منظور کر لیا۔ گیانی کرتار سنگھ نے کہا کہ ملک کے ۱۰ لاکھ سکھ اس وقت تک بے چین رہیں گے جب تک اس مسئلہ کا حل نہ ہو جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ گرو نانک صاحب کی جائے پیدائش گوردوارہ ننکانہ صاحب سکھوں کے لئے اتنا ہی مقدس ہے جتنا کہ عیسائیوں کے لئے بیت المقدس ہے۔

سردار ایشر سنگھ نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات اس وقت دوستانہ نہیں ہو سکتے۔ جب تک کہ اس مسئلہ کا منصفانہ حل نہ نکل آئے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت سکھوں کے جذبات سے بخوبی واقف ہے اور اس مطالبہ کو فوراً مرکزی حکومت کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پاکستان نے اس اصول کو تسلیم کر لیا ہے کہ [illegible] جانے دیا جائے گا۔

اٹلی کی مشرقی افریقہ کی نوآبادیات

عربوں کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں

قاہرہ ۱۴ ر اکتوبر۔ عزام پاشا جنرل سکریٹری عرب لیگ نے آج ان خبروں کی تردید کی کہ عرب ریاستیں اٹلی کی مشرقی افریقہ کی نوآبادیوں کے مطالبہ کی حمایت کے لئے تیار ہو گئی ہیں ٹیکنیکس سے آنے والی اطلاعات سے ظاہر ہوتا تھا کہ عرب ریاستیں لاطینی امریکہ کی ریاستوں کے ساتھ مل کر مشترکہ محاذ بنا رہی ہیں لیکن آج یہ معلوم ہوا کہ عزام پاشا نے قاہرہ کے حبشی سفیر [illegible] بتایا کہ اٹلی کی سابقہ نوآبادیات کے بارے میں عربوں کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ (رپ ٹ رائٹر)

اورنگ آباد میں چینی کا قحط

اورنگ آباد ۱۴ ر اکتوبر:۔ پرسوں سے یہاں دکانوں پر چینی بالکل غائب ہو گئی ہے دکانوں کے سامنے چینی لینے کے لئے جو لمبی لمبی قطاریں لگی ہوئی تھیں ان سب کو اپنے گھر لوٹنا پڑا [illegible] بازار میں دو روپیہ سیر چینی بک رہی تھی۔ (اپ)

پنڈت نہرو ابراہیم لنکن اور ولسن کے ہم پایہ ہیں

ایک ڈنر کے موقعہ پر وزیر خارجہ امریکہ کا پنڈت نہرو کو خراج تحسین

واشنگٹن —— (۱۴) —— اکتوبر

مسٹر ڈین ایچسن سکریٹری آف اسٹیٹ نے گذشتہ شب پنڈت نہرو کو [illegible] لنکن اور امریکہ کے دوسرے [illegible] لیڈروں کے مساوی قرار دیا جنہوں نے دنیا کے جمہوری نمونہ پر ڈھلنے میں مدد دی۔

مسٹر اور مسز ایچسن نے پنڈت نہرو کو جو ڈنر دیا تھا اس میں پنڈت جی کے اعزاز میں جام صحت تجویز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ ٹامس جیفرسن، ووڈرو ولسن اور [illegible] گفت و شنید کرتے سننا چاہتے ہیں [illegible] پنڈت نہرو اور لنکن [illegible]

[illegible] پنڈت نہرو کے ہیں ... [illegible] مسٹر ایچسن نے [illegible] پنڈت نہرو نے کہا [illegible] مسٹر ایچسن نے [illegible]

دوسری صورتیں ہوتی ہیں لیکن اکثر دشواریاں زیادہ نمایاں رہتی ہیں۔ امریکہ ہندوستان کی نسبت کم عمر اور بڑا ملک ہے یہ توقع رکھنا عبث ہے کہ تمام ملک یکساں طور پر مہذب اور اچھے ہوں۔ کبھی ہم ان قوموں کو دوستانہ جذبات کے تحت دیکھتے ہیں۔ اور ان کو اچھا پاتے ہیں کبھی ہم ان کو دوسری طرح دیکھتے ہیں اور وہاں برائی ہی برائی نظر آتی ہے۔ [illegible] سے امریکی لیڈروں کو میں ہیرو سمجھتا رہا ہوں میں اس ملک سے وہ سب کچھ سیکھنا چاہتا ہوں جو سیکھ سکوں۔

پنڈت نہرو نے امریکہ میں اپنے استقبال پر جذبات سے بے قابو ہوتے ہوئے [illegible] ذکر کرتے ہوئے کہا میں یہاں آنکھیں بند کرکے نہیں آیا۔

مسز پنڈت اور مسٹر باجپائی گھوڑے کی نعل کی وضع کی میز کے گرد بیٹھے تھے۔ جس کے اردگرد ۳۰ مہمان موجود تھے۔ پھولوں سے بھرے ہوئے گلدانوں سے میز سجی ہوئی تھی۔ ہر مہمان کی نشست کے کارڈ پر امریکہ کی طلائی مہر لگی ہوئی تھی۔ یہ دعوت اینڈرسن ہاؤس کی تاریخی عمارت میں دی گئی تھی۔ امریکہ کے اعلیٰ افسران اور کابینہ کے اراکین دعوت میں موجود تھے۔

تمام مجمع بھی کھڑا ہو گیا اور ایک منٹ تک کھڑا رہا پنڈت جی چوڑی دار پاجامہ سفید شیروانی اور سفید گاندھی ٹوپی پہنے ہوئے تھے۔

پنڈت جی کا جواب

پنڈت جی نے یہ کہتے ہوئے کہ یہ ان کی عجیب [illegible] خوش قسمتی ہے کہ ان کو جیل میں کافی مدت گزارنی پڑی انھوں نے کہا وہ زمانہ ان کی زندگی کا بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اسی زمانہ میں انھوں نے کافی مطالعہ کیا۔ اور وہ ان دنوں سوچ سکتے تھے۔ جو ان [illegible] اور دماغ کے لئے مفید خیال کیا جاتا ہے۔

پنڈت نہرو نے مختلف اقوام میں ایک دوسرے کو سمجھنے کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا اچھائیوں اور [illegible]

چرس لیجاتے ہوئے دس اشخاص گرفتار

دربھنگہ ۱۴ ر اکتوبر:۔ سہالا موضع پر چوکی جب ایکسائز اسٹاف نے شبہ ہونے پر ایک پالکی کو روکا تو اس میں سے نیپالی گانجا سے بھرے ہوئے بکس برآمد ہوئے۔ دس آدمی جو یہ پالکی لئے جا رہے تھے فوراً گرفتار کر لئے گئے۔ (پ ٹ ا)

چاندنی چوک دہلی میں
رسالہ الجمعیۃ
الجمعیۃ نیوز ایجنسی صدر دروازہ
مسجد فتحپوری سے طلب فرمائیں۔

گاندھی جی کو خراج عقیدت!

ہندوستان میں بھی خود ہمارے ہی زمانہ میں ایک ایسا شخص عالم وجود میں آیا۔ جس نے ہمارے اندر عظیم جدوجہد کی روح پھونکی۔ اور جو ہمیں اس امر کی یاد دہانی کراتا رہا کہ خیال اور عمل کبھی اخلاقی اصول سے عاری نہیں ہونا چاہئے اور کہ انسان کے لئے اصل راستہ سچائی اور عدم تشدد ہے۔ اس شخص کی رہنمائی میں ہم ملک کی آزادی کے لئے جدوجہد کرتے رہے اور کامیاب ہوئے۔ [illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۱۶ ر اکتوبر ۱۹۴۹ء

غلہ کس طرح سستا ہو؟

کچھ آثار ایسے دکھائی دے رہے ہیں کہ ہندوستان کا اقتصادی بحران قابو میں نہیں آئے گا بلکہ ترقی کرکے عوام اور حکومت دونوں کو بے قابو کر دے گا، اس بحران کا علاج عوام کے پاس نہیں ہے اس کا علاج یا تو حکومت کے پاس ہے یا سرمایہ دار کے پاس، جہاں تک حکومت کا تعلق ہے وہ اس بحران کے جوش کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور اس نے اعلان بھی کیا ہے کہ غذائی اجناس کی قیمت میں دس فیصدی کی کمی کیجائے گی، اگرچہ حکومت کی یہ نیک خواہش قابل قدر ہے لیکن ضروری نہیں کہ وہ اپنی خواہش میں کامیاب بھی ہو جائے، دوسری طرف سرمایہ دار ہیں اگر یہ لوگ خلوص کے ساتھ حکومت کو تعاون کا یقین دلائیں اور اپنی تجارتی چالوں سے کام نہ لیں تو حکومت اپنی خواہش میں بہت بڑی حد تک کامیاب ہو سکتی ہے لیکن ان لوگوں کو سرمایہ اور لالچ نے اس قدر ڈھیٹ بنا دیا ہے کہ وہ اپنے سوا دوسروں کا خیال ہی نہیں کرتے اور ذرا نہیں سوچتے کہ اگر ملک میں انقلاب آیا اور مغربی سرمایہ داری کا پیچھا کیا تو ان کا حشر کیا ہوگا اور ان کا بے شمار سرمایہ کہاں جائے گا، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ حالات میں کوئی اہم اور غیر معمولی تبدیلی نہیں ہوگی اور نہ حکومت ان کے سرمایہ پر ہاتھ ڈالے گی، بس کام یونہی چلتا رہے گا اور اقتصادی بحران ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا!

حکومت سوچتی ہے کہ غلہ کی قیمت میں کمی کے بغیر آنے والے بحران کا مقابلہ مشکل ہوگا مگر مقابلہ کی جو صورت اختیار کی گئی ہے وہ بھی کچھ آسان نہیں ہے اگر حکومت مہنگا غلہ خرید کر سستے داموں فروخت کرے گی تو اس کا اثر اس کے مالیات پر پڑے گا، اگر وہ کسانوں سے ہی قیمت میں تخفیف چاہے گی تو وہ اس پر تیار نہ ہوں گے اگر تیار ہوں گے بھی تو اس شرط کے ساتھ کہ انہیں دیگر اشیاء بھی سستے داموں ملیں اور ان کی آمد و خرچ کا توازن بگڑنے نہ پائے، اگر حکومت نے یہ شرط منظور کر لی تو اس کے معنے یہ ہوں گے کہ وہ کسانوں کے لئے ضروریات زندگی اپنی ذمہ داری پر سستے داموں مہیا کرے گی اور حکومت کو یہ دیکھنا ہوگا کہ وہ یہ اشیاء کس قیمت پر مہیا کرے [illegible]

وزیر غذا ڈاکٹر [illegible] کا یہ ارشاد بجا ہے کہ اقتصادی بحران کی اصل جڑ غلہ کی گرانی ہے، جب تک غلہ گراں رہے گا مزدوروں کی بے چینی دور نہ ہوگی یا تو مزدوروں کے لئے غلہ کو ارزاں کیا جائے یا پھر ان کی تنخواہوں میں اضافہ ہو، اگر تنخواہیں بڑھیں تو کارخانوں کی چیزیں ضرور گراں ہوں گی کیونکہ تیل تو تلوں ہی سے نکلے گا اور سرمایہ دار بھی اپنے خزانہ سے نہ دے گا، تنخواہیں نہیں بڑھتی تو ہندوستان ہو، اگر دونوں باتیں نہیں ہوتیں تو مزدوروں کی طرف سے ہڑتالوں کا اندیشہ ہے اور جب ہڑتالیں ہوں گی تو کارخانے بند ہوں گے اور ان کی بنی ہوئی چیزوں کی قیمت کہیں سے کہیں پہونچ جائیگی غرض اقتصادی بحران کا مسئلہ اس قدر پیچیدہ ہے کہ حکومت اور اس کے ماہرین سب چکر میں ہیں البتہ غلہ کی قیمت میں دس فیصدی کی تخفیف ایک ایسا تیر ہے جو شاید نشانہ پر بیٹھ جائے، مگر اسکے بعد جو دوسرے مسائل پیدا ہوں گے وہ خود اقتصادی بحران میں اضافہ کا موجب بنیں گے یعنی ایک گرہ کھلے گی تو تین چار گرہیں اور لگ جائیں گی!

مگر ناظرین کرام اس الجھن سے مایوس نہ ہوں ان سب کا ایک اور علاج ہے جسے اگر اختیار کیا گیا تو غلہ کی ارزانی آسان اور بے ضرر ہو جائے گی یعنی ایک طرف تو غلہ کی قیمت میں کمی ہو اور دوسری طرف غلہ کی پیداوار میں اضافہ ہو، جب تک اضافہ کی تدبیریں [illegible]

ہوگا، اور پھر اس میں بھی دو کام کرنے پڑیں گے اول یہ کہ غلہ کی پیداوار سے اس کمی کو پورا کیا جائے جس کے لئے باہر سے غلہ منگایا جاتا ہے، دوم یہ کہ پیداوار میں اضافہ پر اضافہ ہو تاکہ فالتو غلہ ارزانی کے لئے کارآمد بن سکے اور کمی کے علاقوں میں قیمتوں پر کنٹرول رہے، لیکن کیا اس مقصد کے لئے کوئی ایسی مہم شروع کی گئی ہے جو موثر بھی ہو اور عملی بھی؟ اس کا جواب نفی میں ہے پروپیگنڈہ کی زیادتی سے اگر غلہ میں اضافہ ممکن ہوتا تو آج ہمارا کوئی کام بھی ادھورا نہ رہتا۔

مگر غلہ زیادہ پیدا کرنے کی مہم سے زیادہ ایک مہم اور بھی ہے جس پر افسوس ہے کہ کسی نے توجہ نہیں دی وہ یہ کہ جہاں پیداوار میں اضافہ ہو وہاں کھپت میں کمی ہونی چاہیے۔ بلکہ اگر کھپت میں احتیاط [illegible] کمی کرنے کے طریقے تلاش کرلئے جائیں تو پھر اضافہ کی ضرورت بھی نہیں رہتی اگر اضافہ ہو تو بہت اچھا نہ ہو تو کھپت کی کمی سے یہ مقصد پورا ہو سکے گا، آپ فرمائیں گے کہ کھپت میں کمی ہو تو کیسے ہو؟ کیا لوگ آدھا پیٹ کھانا شروع کر دیں؟ کیا لوگ فاقوں کی عادت ڈال لیں؟ نہیں ان میں سے کسی بات کی ضرورت نہیں، یہ مقصد اس طرح حاصل ہو سکتا ہے کہ غلہ کو برباد ہونے سے بچایا جائے آپ جنگلوں میں جا کر دیکھئے کہ بندر، ہرن، نیل گائے آوارہ گائیں اور سانڈ کھیتوں کو کس قدر تباہ کرتے ہیں، یو۔ پی میں چھ کروڑ کی آبادی ہے مگر یہاں بندر بھی دو کروڑ سے کم نہیں ہیں اور ان کی خوراک انسان کی خوراک سے تین گنی ہے گویا یو۔ پی میں جہاں چھ کروڑ انسانوں کو خوراک چاہیے وہاں دو کروڑ بندروں کے لئے بھی چھ کروڑ انسانوں کے برابر خوراک چاہیے، خوراک کے اعتبار سے دونوں کا وزن برابر ہے، اس کے علاوہ ہرن اور نیل گائیں ہیں جو منہ چھٹ پھرتی ہیں اور کھیتوں میں زبردستی اپنا حصہ بٹا لیتی ہیں! چنانچہ حکومت یو۔ پی نے نیل گائے کے مارنے پر بغیر کسی اعلان کے چپ چاپ پابندی ختم کر دی ہے، البتہ ابھی بندروں نے شکست نہیں کھائی، حکومت انہیں گرفتار کراتی ہے مگر دس بیس میل کے فاصلہ پر جا کر چھوڑ دیتی ہے اور وہ پھر اپنی اصلی جگہ پر آ جاتے ہیں!

اس کے علاوہ ناکارہ مویشیوں کا مسئلہ ہے۔ اندازہ یہ ہے کہ ایسے مویشیوں پر سالانہ گیارہ کروڑ روپیہ خرچ ہوتا ہے اور وہ اپنی موت مر کر متعدی بیماریوں کا سبب بنتے ہیں، حکومت کی طرف سے حال ہی میں جو ایکسپورٹ کمیشن کی رپورٹ شائع ہوئی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ ہر سال ہندوستان میں دو کروڑ بیس لاکھ مویشی اپنی موت مرتے ہیں اگر مویشیوں کے ذبیحہ پر صوبائی حکومتیں و مقامی ادارے پابندیاں لگاتے رہے تو نہ صرف یہ کہ اس کا اثر ہماری درآمد کی پالیسی پر پڑے گا، بلکہ ملک کی اقتصادی حالت بھی خراب ہو جائیگی! بیکار گائیں بھینسیں، کروڑ بندروں کی جہاں نوازی پر اور بیشمار نیل گایوں اور ہرنوں پر جو خوراک خرچ ہوتی ہے اسے آسانی سے بچا کر فالتو مد میں لایا جا سکتا ہے اور خوراک کے مسئلہ کی تمام پریشانیاں دور ہو سکتی ہیں! ہمیں یقین ہے کہ جب زر اور خوراک کا مسئلہ حکومت اور عوام کی مزاج پرستی کرے گا تو ہندوستان کا مذہبی جنون خود ٹھنڈا پڑ جائے گا اور جس طرح حکومت یو۔ پی نے نیل گایوں کے مارنے پر پابندیوں کو چپ چاپ ختم کیا ہے۔ مویشیوں کے ذبیحہ کو بھی کسی نہ کسی وقت برداشت کر لیا جائے گا، ہمارے ملک کا مفاد اسی میں ہے کہ ہم ہر اس مسئلہ کو جس کا تعلق ملک کی مرفہ الحالی سے ہو اقتصادی نقطۂ نظر سے دیکھیں اور جذبات کے بجائے حقائق کا سہارا [illegible]

اچھی باتیں

(ربنا لا تجعلنا۔ تا۔ الحکیم (پ ۲۸ ع ۷)

اے خدا! ہمیں کفار کا تختۂ مشق نہ بنا اور اے ہمارے رب ہماری خطاؤں سے درگذر کر، تو تو غالب ہے اور تیرا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں!

آغاز اسلام میں جب مسلمان بہت ستائے گئے اور ان کا مسلمان ہونا جرم ہو گیا تو خدا تعالیٰ کی زیر ہدایت انہیں یہ دعا سکھائی گئی، گویا ہر مسلمان مصیبت کے وقت دعا کرے کہ اے خدا اے عادل اور رحیم پروردگار! ہم عاجز ہیں ہمیں دوسروں کا تختۂ مشق ہونے سے بچا، دوسروں کے مظالم سے نجات دے دوسروں کی مسلم آزاریوں کا مداوا فرما! اور ہمارے جو قصور ہیں جو غلطیاں ہیں جو خطائیں ہیں انہیں اپنی رحمت سے معاف کر دے اور یہ تیرے لئے کوئی مشکل نہیں کیونکہ تو ہر چیز پر غالب ہے اور تیری حکمتیں تمام حکمتوں کا سرچشمہ ہیں۔ مسلمانوں نے جب یہ دعا مانگی تو سنی گئی اور انہیں نہ صرف پناہ دی بلکہ انہیں دنیا کے لئے پناہ گاہ بنایا گیا۔

مباحث امروز —— نقاد کے قلم سے

اقلیتوں کے متعلق شکایت

مشرقی و مغربی بنگال کی اقلیتوں سے متعلق حفاظتی کمیٹی کے صدر مسٹر جے۔ بی۔ [illegible] نے اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگوی لی کے نام ایک شکایت ارسال کی ہے کہ مشرقی بنگال میں اقلیتوں کو ختم کرنے کی پالیسی پر عمل ہو رہا ہے اور حکومت مشرقی بنگال اقلیتوں کے حقوق سے انحراف کر رہی ہے۔

اس شکایت کا منشا یہ ہے کہ انسانی حقوق کے تحت اقوام متحدہ پر جو ذمہ داریاں عائد ہیں ان کے پیش نظر وہ اس شکایت پر غور کرے اور مشرقی بنگال کے غیر مسلموں یا ہندوؤں کو جن پریشانیوں سے گذرنا پڑ رہا ہے وہ ان پریشانیوں کو ختم کروائے۔

اقوام متحدہ تمام دنیا کی قوموں کا ادارہ ہے اس لئے اس کے سامنے کسی قسم کی درخواست پیش کرنا نہ خلاف قاعدہ ہے اور نہ غیر موزوں۔ لیکن اب تک کا تجربہ یہ ہے کہ اقوام متحدہ مسائل کو سلجھانے کے بجائے اور زیادہ پیچیدہ بنا دیتی ہے۔ اپنے وجود سے آج تک شاید ایک کام بھی اقوام متحدہ نے ایسا نہیں کیا جس کے لئے اس کی تعریف کی جا سکے۔ فلسطین، جرمنی، اور کشمیر وغیرہ کے مسائل کے معاملہ میں ہنوز روز اول ہے۔ پھر ہم کس طرح توقع کر سکتے ہیں کہ اس قسم کی شکایت کا کوئی مفید نتیجہ برآمد ہوگا۔ اور مشرقی بنگال کی حکومت سے آج بھی جو شکایت ہے وہ دور ہو جائے گی۔

اس قسم کے مسائل کا حل صرف یہ ہے کہ دونوں ہمسایہ مملکتیں انہیں آپس میں مل بیٹھ کر سلجھائیں اور ایک دوسری مملکتوں میں رہنے والی اقلیتوں کو اکثریتی فرقوں سے جو شکایتیں ہیں انہیں مٹانے کی کوشش کریں۔ اس کے علاوہ جو بھی طریقہ اختیار کیا جائے گا اس سے اختلافات ختم ہونے کے بجائے بڑھیں گے۔ اور باہمی تعلقات میں کشیدگی بھی پیدا ہوگی۔ جس طرح علامہ مشرقی نے مغربی بنگال کے مسلمانوں کے متعلق اقوام متحدہ میں ایک درخواست بھیج کر غلط قدم اٹھایا اسی طرح مسٹر [illegible] کا شکایت کرنا بھی ایک صحیح طریقہ معلوم نہیں ہوتا۔ اس قسم کے اقدامات سے بعض اوقات فائدہ کے بجائے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اور پھر اقوام متحدہ پر جیسے سامراجی طاقتوں نے کٹھ پتلی بنا رکھا ہے اپنے مسائل چھوڑنا ایک طرح سے خود اپنی کمزوری کا اظہار کرنا ہے۔

ماؤسی تنگ کی حکومت

روس نے چین میں کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کر لیا ہے اور اب توقع ہے کہ چند روز کے اندر اندر برطانیہ بھی اسے تسلیم کر لے گا۔ دراصل برطانیہ کے چین میں اتنے تجارتی مفاد ہیں کہ کمیونسٹوں سے تعلق قائم کئے بغیر اس کا کام چل ہی نہیں سکتا۔ برطانیہ سب کچھ قربان کر سکتا ہے۔ لیکن تجارتی مفاد قربان کرکے برطانوی باشندوں کو بھوکا نہیں مار سکتا۔ اس لئے وہ اگر کسی اور وجہ سے نہیں تو اپنے مفاد کی خاطر اسے ضرور تسلیم کرے گا۔

سوال یہ ہے کہ ہمیں اس معاملہ میں کیا رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ ابھی تک ایسے آثار نہیں پائے جاتے جن سے ظاہر ہو کہ ہندوستان جلد ہی ماؤسی تنگ کی حکومت کو تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے

ہندوستان کی پوزیشن اس معاملہ میں خاص اہمیت کی حامل ہے۔ اور شاید اسی پوزیشن کا احساس کرکے مسٹر ٹرومین نے پنڈت نہرو کو امریکہ بلایا ہے۔ امریکہ ابھی کمیونسٹ چین کی حکومت کو تسلیم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔ اور وہ چاہتا ہے کہ ہندوستان کو بھی یہ مشورہ دے کہ وہ ماؤسی تنگ کی حکومت تسلیم نہ کرے۔ لیکن اگر ہندوستان نے امریکہ کے اس مشورہ پر عمل کیا تو اسے ایشیا کے اندر دو بلاک بن جانے کا خطرہ ہے۔ اور ایشیا کی اس پھوٹ سے سب کو فائدہ پہنچ سکتا ہے لیکن ہندوستان کو نہیں۔ ایسی صورت میں ہند کے ترقی پسندوں کا یہ مشورہ صحیح معلوم ہوتا ہے کہ ماؤسی تنگ کی حکومت تسلیم کرنے میں ہند کا فائدہ ہے۔

صدر کی تنخواہ دس ہزار

دستور ساز اسمبلی نے طے کر دیا کہ ہندوستان کے صدر کو دس ہزار روپیہ تنخواہ ملے گی۔ اس مسئلہ پر کافی دلچسپ بحث ہوئی۔ مسٹر [illegible] نے کہا کہ ہندوستان کا صدر ایک سنیاسی قسم کا ہونا چاہیئے۔ جو بالکل تنخواہ نہ لے اور روپیوں کے مقابلہ میں ملک کی خدمت کو مقدم سمجھے۔ ان کی تقریر کو بہت سراہا گیا لیکن اس کے باوجود ایوان کی اکثریت نے ان کی بات رد کر دی

ایک زمانہ تھا کہ سرمایہ کے مقابلہ میں خدمت خلق کو مقدم سمجھا جاتا تھا۔ [illegible]

آج جب [illegible]

سوال یہ ہے کہ کیا ہندوستان کے عام آدمی کی [illegible] دس ہزار روپیہ [illegible] کی اکثریت [illegible]

[illegible]

چین میں مسلم حکومتوں کے قیام کی جدوجہد

چین کی آمدہ اطلاعات مظہر ہیں کہ برصغیر ہند کی طرح وہاں بھی کوشش ہو رہی ہے کہ ایک پاکستان قائم ہو جائے۔ چنانچہ اس غرض کے لئے چین کے مسلمان جرنیل اپنی سرگرمیوں کو تیز کر رہے ہیں۔

پاکستان اس دور میں سب سے زیادہ تیزی کے ساتھ ابھر کر بحر اطلانٹک سے [illegible] تک ایک زبردست مسلم فیڈریشن ایشیا پر اپنا تسلط جمائے، پاکستان اپنے مشن اس نصب العین کو پورا کرنے کے لئے مختلف اسلامی ممالک تک بھیج رہا ہے۔

یہ ایک خواب ہے، جو اس وقت اسلامی دنیا کے لوگ دیکھ رہے ہیں کہ دنیا میں زبردست اسلامی فیڈریشن بن جائے پاکستان اپنے مشن ان ملکوں میں بھیج رہا ہے تاکہ دنیا کو بتایا جائے کہ مسلمانوں کی کتنی بڑی طاقت ہے اور تمام اسلامی ممالک پاکستان کے ہمراہ ہیں۔

[illegible] نے جنوری ۱۹۴۹ء میں شمالی مغربی مسلم فیڈریشن کی تعمیر [illegible] کے لئے [illegible] طلب کی تھی [illegible] جنرل [illegible] ایک حصہ کو [illegible] اس کے تحفظ میں مدد کرے۔

لیکن یہ عجیب بات ہے کہ مارشل چیانگ کائی شک کی پارٹی کا چیف آف جنرل اسٹاف، اور سب سے بڑا امریکی لیڈر بھی ایک مسلمان جنرل ہی ہے جو چین میں سب سے بڑا اسٹرٹیجسٹ مانا جاتا ہے۔ جنرل عمر پائی چنگ شی ہیں [illegible] جنرل عمر پائی چنگ شی کا نام [illegible] جنرل میں روز زور آرہا ہے کیونکہ [illegible] چین کے ساری ملٹری چالان کا دارومدار جنرل عمر پر ہے جنرل عمر چین کی مسلم انجمن چائنیز مسلم فیڈریشن کے صدر ہیں۔

[illegible]

ایک طرف یونائیٹڈ ری پبلک آف انڈونیشیا کے استقرار و استقلال پر جمہوری انڈونیشی پارٹیوں کا اتفاق و دوسری طرف انڈونیشی ملائی فیڈریشن کے قیام کا یونائیٹڈ ملائی نیشن آرگنائزیشن کی طرف سے مطالبہ، تیسری طرف شمال مغربی چین کے کلیدی صوبوں میں ایک مسلم فیڈریشن کا قیام اور نتیجۃً چینی کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے [illegible] جمہوری اسٹیٹوں کے اعتراف کی پیش کش اور چین کے ہر حصہ پر جنگی لیڈروں اور جرنیلوں کا بڑھتا ہوا اقتدار اور بحر متحدہ آزاد کیبیا کی بڑھتی ہوئی تحریک [illegible] کے استقلال کے سوال پر [illegible] کی بڑھتی ہوئی تحریک آزادی [illegible] یہ چند عنوانات ہیں، عالم اسلام کے ابھار کے جس کے بالکل ظاہر نشانات بحر الکاہل سے لے کر اطلانٹک تک دنیا کے سامنے ہیں اس وقت چین میں بڑے اور نمایاں حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے اور یہ عجیب بات ہے کہ چین کے ان حصوں پر مسلمان جرنیلوں اور لیڈروں کی سپہ سالاری اور قیادت مسلط ہو چکی ہے۔

(۱) چین کا سب سے بڑا اور طاقت ور حصہ تو یقیناً کمیونسٹ پارٹی کے قبضہ میں ہے جس کی رہنمائی ابتداً سے [illegible] جنرل ماؤسی تنگ کر رہا ہے اور جس میں مسلمانوں کا [illegible] چین کا دوسرا بڑا اور اہم حصہ شمال مغربی چین ہے جس پر مسلم فیڈریشن جنوری ۱۹۴۶ء [illegible] اس میں ۵ صوبے شامل ہیں ان صوبوں کے ساتھ منگولیا کا بڑا حصہ شامل ہے، ان صوبوں میں ۱۹۴۶ء سے مسلمان جنرلوں کا قبضہ اور اقتدار ہے ان مسلمان جرنیلوں میں سب سے زیادہ مضبوط لیڈر جنرل [illegible] ہیں۔ [illegible]

[illegible] چین کی کمیونسٹ پارٹی بھی مسلمانوں کو دوست بنانے اور ان کی خوشحالی و آزادی کی حامی ہے اور اپنی افواج کو سخت ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ ہر جگہ مسلمانوں کے حقوق اور مذہب کا پورا احترام کریں [illegible] کمیونسٹ پارٹی کی اسکیم ہے کہ وہ شمالی مغربی چین میں دو اسلامی جمہوریتیں ری پبلک قائم کرے [illegible] کے اسلامی جمہوریت اور مساوات کے اصول کے مطابق حکومت قائم کی جائے۔

[illegible]

اقتصادی کانفرنس

کراچی میں ۲۵ ر نومبر کو مسلم ممالک کی اقتصادی کانفرنس منعقد ہوگی جس میں دیگر چند ممالک کے ساتھ ترکی نے بھی شریک ہونا منظور کر لیا ہے، ترکی کی طرف سے ترکی ایوان تجارت کے نمائندے شریک ہوں گے اور ترکی کے سفیر برائے پاکستان بھی مشاہد کی حیثیت سے حصہ لیں گے۔ یہ معلوم نہیں کہ اقتصادی کانفرنس سے مراد کیا ہے؟ اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلم ممالک سے خصوصی تعلقات قائم ہوں اور معاشیات کو مذہب سے مربوط کرکے ایک خاص بلاک کی تشکیل عمل میں لائی جائے تو ہمارا خیال ہے کہ اس میں پاکستان کو خاطر خواہ کامیابی نہ ہوگی بلکہ غیر مسلم ممالک اسے شک و شبہ کی نظر سے دیکھیں گے لیکن اگر مطلب یہ ہے کہ کسی آئندہ بحران کے سدباب کے لئے حفظ ماتقدم کی شکل اختیار کی جائے اور مسلم ممالک آپس کے تعاون سے اس کا مقابلہ کریں تو وہ سیاسی نقطۂ نظر سے قابل اعتراض بھی نہیں ہے۔ اگر کسی کا خیال ہے کہ اس طریقہ سے اتحاد اسلامی کا خواب پورا کیا ہے تو اسے یقین رکھنا چاہیے کہ ایسا ہونا آسان .... نہیں ہے کیونکہ یورپ کبھی نہ چاہے گا کہ مشرق قریب اور وسطیٰ میں کوئی ایسا بلاک قائم ہو جو کسی وقت جا کر خطرناک صورت اختیار کرے اور وسط مشرق کا تیل اس کے ہاتھ سے نکل جائے۔

وزیر اعظم امریکہ میں

امریکہ نے پنڈت جواہر لال نہرو کا جو شاندار استقبال کیا ہے وہ ہندوستان کی عظمت پر کھلی دلیل ہے۔ درحقیقت دنیا ہندوستان کو صرف جواہر لال نہرو کی وجہ سے جانتی ہے اور اسے توقع ہے کہ اگر ہندوستان نے جواہر لال جی کے گاندھیائی اصولوں پر چلنے کی کوشش کی اور ان کی بین الاقوامی شہرت کو داغدار نہ ہونے دیا تو مشرق کا یہ سب سے بڑا ملک قیام امن کے لئے ایک بڑی طاقت ثابت ہوگا اور دنیا کو اس کی راست روی اور سچائی سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ ملے گا، امریکہ بھی جانتا ہے کہ ہندوستان کی آزادی اور پنڈت جواہر لال نہرو لازم و ملزوم ہیں، نہرو کی عزت ہندوستان کی عزت ہے اور ہندوستان کی عظمت کے لئے جواہر لال نہرو کی ذات سب سے بڑی گارنٹی ہے!

ہندوستان اتنا بڑا ملک ہے کہ اگر اس کے باشندے چاہیں تو اسے بڑے سے بڑا بنا سکتے ہیں اور ایک امریکہ کیا بیشتر اقوام کو اس کی دوستی پر فخر ہو سکتا ہے، لیکن اگر خدانخواستہ ہندوستان نے اپنی قدیم روایات کو نہ چھوڑا اور اس نے چھوٹے مسائل میں الجھنا شروع کر دیا اور بیرونی دنیا [illegible]

[illegible] پنڈت جواہر لال نہرو [illegible]

انگریز نے ہندو مسلمانوں کو لڑانے کیلئے تاریخ غلط طور پر مرتب کرائی

آج ہمارے بڑے بڑے نیتا یہی ہتھیار استعمال کر رہے ہیں

جمعیت علما اپنے موقف پر قائم ہے اس کا ماضی ایک روشن ستارہ ہے

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) مسٹر گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری وزیر اعظم صوبہ یو۔ پی نے سہارنپور میں تقریر کرتے ہوئے جمعیۃ علما کو ایک فرقہ وارانہ جماعت اور عالمگیر رح کو مذہبی مجنون بتایا تھا جس کے جواب میں مولانا حفیظ الرحمن صاحب نے شاہی مسجد سہارنپور میں ایک مختصر اور جامع تقریر فرمائی۔

آپ نے فرمایا۔ اگر جمعیۃ علماء کے بارے میں یہ بات کسی عامی اجنبی کی طرف سے کہی جاتی۔ تو ہم اس کو جہالت یا تعصب پر محمول کر سکتے تھے۔ لیکن مسٹر گوبند سہائے جیسے مشہور کانگریسی واقف کار شخص کے لئے یہ بات کسی طرح زیب نہیں دیتی۔

نکاسیوں کی جائداد کے بارے میں کسٹوڈین آرڈیننس کے عملے نے جو بدعنوانیاں کی ہیں۔ اس پر احتجاج صرف جمعیۃ علما نے کیا بلکہ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو اور دوسرے انصاف پسند ہندو لیڈروں نے بھی کیا ہے۔ جمعیۃ علما صرف یہ چاہتی ہے کہ اس سلسلہ میں صرف ان لوگوں کی جائدادوں کو ضبط کیا جائے جو پاکستان چلے گئے ہیں۔ نہ کہ جس کی جائداد چاہے ضبط کر لو اور ہندوستان کے پر امن سچے شہریوں کو صرف مسلمان ہونے کی وجہ سے پریشان کرو اگر مظلوم اور بیکسوں کی حمایت ہی فرقہ واریت ہے تو زہے قسمت جمعیۃ علماء ایک فرقہ وارانہ جماعت ہے۔

غالباً مسٹر سہائے کو معلوم ہوگا کہ ۱۹۱۹ء سے [illegible]

[illegible] کیا اصول پرستی کا نام فرقہ واریت ہے؟

[illegible]

میں مسٹر سہائے سے دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ کیا یہ وہی ہتھیار نہیں ہے جس کو انگریز ہمیشہ ہمارے خلاف استعمال کرتا رہا اور جس کے جواب میں ہم ہمیشہ یہی کہتے رہے ہیں کہ یہ غلام ہندوستان کی گمراہی ہے۔ انگریز نے ہندو مسلمانوں کو لڑانے کے لئے ہندوستان کی تاریخ غلط طریقہ پر مرتب کرائی ہے۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ آج ہمارے بڑے بڑے مشہور صاف دل نیتا یہی ہتھیار ہمارے خلاف استعمال کرتے نظر آتے ہیں۔ اگر یہ ہم اکثریت نہیں تو اور کیا ہے؟

جنرل سکریٹری شہر کانگریس بریلی کا بیان

بریلی ۔ ۱۱ اکتوبر۔ [illegible]

چینی مسلمانوں کا وفد عرب ممالک کے دورہ پر

عمان ۱۳ اکتوبر۔ توقع کی جاتی ہے کہ عنقریب ممتاز چینی مسلمانوں کا ایک وفد عمان آئے گا۔ جس کا مقصد چینی مسلمانوں اور اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات قائم کرنا ہے۔ یہ وفد دوسرے ممالک کے صدر مقامات کا بھی دورہ کرے گا (گلوب)

شام اور عراق کے اتحاد کی تحریک کا خیر مقدم

لبنان کے سابق وزیر اعظم سامی الصلح بے کی تقریر

بیروت ۱۳ اکتوبر۔ لبنان کے سابق وزیر اعظم سامی الصلح نے شام اور عراق کے اتحاد کی خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا شام اور عراق کی وحدت دونوں ممالک کے لئے مفید ہوگی۔ جہاں تک لبنان کا تعلق ہے اگر یہ بات پوری ہو گئی تو ہم دونوں کے ساتھ اپنے تعلق کو مضبوط بنائیں گے۔

انہوں نے کہا لبنان نے عرب لیگ کی تشکیل کا خیر مقدم کیا تھا لیکن اس کا کوئی مقصد پورا نہیں ہوا فلسطین کا حادثہ اس کا ثبوت ہے۔ آخری فیصلہ تاریخ کے ہاتھ ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ شامی اور عراقی تعلقات پر اس وقت غور کیا گیا۔ جب لبنانی وزیر اعظم نے ایران، عراق، سعودی عرب اور امریکہ کے نمائندوں سے ملاقات کی۔

بیروت کے سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ سعدآباد پیکٹ میں شام اور لبنان کو شامل کرنے کی گفت و شنید پایۂ تکمیل کو پہنچ چکی ہے۔ اس معاہدہ میں ایران، عراق، ترکی اور اردن بھی شامل ہیں۔

ماتحت جمعیتوں کے نام

چند روز سے اخبار الجمعیۃ کو جو مراسلات ماتحت جمعیتوں کی جانب سے موصول ہو رہے ہیں ان پر نہ تو صدر سیکرٹری کی کوئی تصدیق ہوتی ہے اور نہ کوئی مہر ثبت ہوتی ہے نہ وہ کسی فارم پر چھپے ہوئے ہوتے ہیں اور اس طرح پر بعض اہم مراسلات میں غیر معمولی تاخیر ہوتی ہے بلکہ وہ بالکل شائع نہیں کئے جا سکتے اسلئے اسکی پابندی لازمی ہے (ایڈیٹر)

بھوپال کی ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس

بھوپال (بذریعہ ڈاک) گورنمنٹ بھوپال کی ترقیاتی کمیٹی کا تیسرا جلسہ [illegible]

کھرگون میں مقدس مزارات کی بے حرمتی

[illegible]

چین میں مسلم حکومتوں کے قیام کی جدوجہد

بقیہ صفحہ ۳

دو مسلم جمہوری اسٹیٹوں کو تسلیم کرنا پڑے گا، بلکہ یونین میں بھی جو جنوب کی طرف واقع ہے مسلم اکثریت کو حکومت خود اختیاری دینا پڑے گی۔

چینی ناموں سے باہر والوں کو یہ دھوکہ ہوا کرتا ہے چینی رسم کے مطابق وہاں کے مسلمان دو نام رکھتے ہیں ایک نمائشی نام جو چینی زبان میں ہوتا ہے اور دوسرا عربی نام، اگر شمال مغربی چین کے مشہور عام شہسواروں کی قوم جو تنغان کہلاتی ہے ایک خاص خصوصیت رکھتی ہے ان کے ناموں کے پہلے "ما" کا سرنامہ ہوا کرتا ہے جیسے جنرل ما پو فنگ ان کے معنی مختلف بیان کئے جاتے ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ "ما" کے معنی گھوڑا ہیں اور چونکہ گھوڑا تنغانیوں کا سب سے نمایاں نشان ہے اس لئے وہ "ما" کہلاتے ہیں۔ تنغان قوم گویا گھوڑے کی پیٹھ پر پیدا ہوتی ہے۔ گھوڑے کی پیٹھ پر زندہ رہتی ہے اور گھوڑے کی پیٹھ پر ہی مرتی ہے شہسواری سپاہ گری اور سپہ سالاری تنغان قوم کا پیشہ ہے ان کے پرانے قدیم صوبوں میں جنرل ما چن شان (جنرل محمد مظفر) مشہور سپہ سالار ہوئے ہیں جن کی ترک بازیوں نے غازی انور پاشا کی طرح ایک زمانہ میں نام حاصل کیا تھا۔

چین اس وقت تین طاقتوں میں تقسیم ہوگیا ہے کمیونسٹ چین جس کے صدر مسلمان جنرل مان سی تنگ ہیں۔ وہ شمال مغربی مسلم فیڈریشن جس کے صدر مسلمان جنرل ما پو فنگ ہیں اور کومن تانگ (نیشنلسٹ) چین جس کے فوجی لیڈر مسلمان جنرل عمر پائی چنگ شی ہیں۔

[illegible]

فساد کے باعث چھتاری سے گئے ہوئے مسلمان واپس آکر آباد ہوگئے

ناظم جمعیۃ علما چھتاری کی رہائی، ہندو مسلمانوں میں اعتماد کی بحالی

دہلی ۱۳ اکتوبر۔ پچھلے دنوں چھتاری میں فرقہ وارانہ فساد کی وجہ سے مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد نے چھتاری چھوڑ دی تھی اور مسلمانوں میں کافی خوف و ہراس پیدا ہو گیا تھا جس کے لئے جمعیۃ علماء ہند کا ایک وفد روانہ کیا گیا تھا وفد نے مسلمانوں میں اعتماد پیدا کرنے اور افسران پولیس کو صحیح حالات سے باخبر کرنے کے لئے کئی روز تک کوشش کی تھی۔

اب اطلاع ملی ہے کہ حکیم نور العین صاحب ناظم جمعیۃ علما اور دوسرے گرفتار شدگان ضمانت پر رہا کر دیئے گئے ہیں اور مسلمان چھتاری میں دوبارہ آباد ہو گئے ہیں اور ہندو مسلمانوں میں اعتماد بحال ہو گیا ہے۔ عید کی نماز بھی مسلمانوں نے نہایت آزادی کے ساتھ ادا کی اور عیدگاہ میں چھتاری اور آس پاس کے دیہات مسلمانوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی۔

یاد رہے چھتاری میں رام لیلا کے جلوس کے موقعہ پر ایک معمولی ہنگامہ کے سلسلہ میں سو مسلمان اور چھ ہندو صاحبان کی گرفتاری ۲۸ ستمبر کو عمل میں آئی تھی

اور اوپر سے مولانا حکیم سید نور العین صاحب ناظم جمعیۃ علماء چھتاری کی گرفتاری بہت ہی حیرت انگیز تھی۔ نواب صاحب چھتاری بلا تفریق ہندو و مسلم باشندے صاحبان کی ضمانت کا انتظام کر رہے تھے۔ لیکن یہاں کے بعض ہندو صاحبان [illegible] منظور نہ کرتے ہوئے صرف چھ ہندو صاحبان کی ضمانت کی اور [illegible] اکتوبر کو ان چھ ہندو صاحبان کی رہائی عمل میں آئی سو مسلمان صاحبان بشمولیت ناظم جمعیۃ علماء کی ضمانت مسلمان صاحبان نے کی اور چار روز بعد ۱۰ اکتوبر کو سو مسلمان صاحبان بھی رہا ہو کر چھتاری بخیریت آگئے جناب ناظم جمعیۃ علماء چھتاری یہاں واپس آنے کے بعد سے برابر ہندو مسلم سمجھوتہ کے لئے سرگرم کوشاں ہیں اور امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد سمجھوتہ ہو جائے گا۔ مقامی فضا بڑی حد تک ہموار نظر آنے لگی ہے۔ اگر مقامی کانگریس کے صاحبان پوری نیک نیتی اور سمجھ سے سرگرم عمل ہیں تو امید ہے کہ [illegible] ہموار اور سمجھوتہ پائدار ہو جائے گا۔ (نامہ نگار)

سہارنپور میں ڈاک کی تقسیم میں گڑبڑ

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) آجکل سہارنپور میں ڈاک تقسیم ہونے کی حالت اس قدر خراب ہے کہ یہاں سے باہر کے لوگوں کے اخبار ڈاک سے آتے ہیں۔ ان میں اکثر غائب ہو جاتے ہیں [illegible] (نامہ نگار)

بلوچستان اور سرحد میں فاضل گندم

کراچی ۱۳ اکتوبر۔ [illegible]

مشرق وسطی کے تیل کے علاقوں کا دفاع

ترکی اخبار نویس کا تبصرہ

کراچی ۱۳ اکتوبر۔ ترکی کی ایک مشہور اخبار نویس [illegible]

مسلم ممالک کیلئے اقتصادی تعاون کی ضرورت

کراچی کی اقتصادی کانفرنس کی اہمیت

[illegible]

تخلیہ کنندگان کی جائدادوں کا مسئلہ

بمبئی میں جمعیۃ کی امدادی سب کمیٹی کی تشکیل

بمبئی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی نے [illegible]

سوم منسٹر مغربی بنگال سے جمعیۃ علماء کے وفد کی ملاقات

کلکتہ ۔ ۱۱ اکتوبر۔ [illegible]

چوروں میں قیام جمعیت کی کوشش

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے

ارکان مجلس عاملہ سکندرآباد کا وعدہ

سکندرآباد (ضلع بلند شہر) ۱۲ اکتوبر [illegible]

کانگریس منیوں کی کمزوری
اور
اس کی دوا
مصنفہ پنڈت سیتا رام لوکل ممبر یو۔ پی کانگریس کمیٹی
سابق ایم ایل اے بستی
قیمت [illegible]
ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان
دہلی

نئی دہلی
میں
روزانہ الجمعیۃ
سنٹرل نیوز ایجنسی
۲/۹۰ کناٹ سرکس سے طلب فرمائیے

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود
سوزاک نیا ہو یا پرانا۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔ پیشاب کی نالی میں جلن ہونا گردہ مثانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے "کونلیٹس" جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ لاکھوں مریض کونلیٹس کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کر چکے ہیں [illegible]
مفت: سوزاک کے متعلق اردو میں [illegible]
نیشنل فارمیسی دہلی
SUPER PHARMA CORP LTD POST BOX NO 904(A.J.) BOMBAY

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے!
اور ہمارا نام اچھے کھانوں کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے۔ ہمارے ہاں سے آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے، مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، کھیر، گردہ، بریانی، شیرمال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چائے، انڈا، کیک، مکھن وغیرہ نہایت اعلیٰ قسم کے دستیاب ہوسکتے ہیں۔
بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجیے
پروپرائٹر
شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی
جواہر ہوٹل

آرڈیننس ایک سیاسی ہتھیار کی طرح استعمال نہیں ہوگا

پاکستان آرڈیننس کے متعلق نائب وزیر کی یقین دہانی!!

کراچی ۱۴ اکتوبر۔ نائب وزیر ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے ایک بیان میں کہا۔ پاکستان پبلک سیفٹی ایکٹ سے بعض غلط فہمیاں پیدا ہو گئی ہیں۔ جنکو میں دور کرنا چاہتا ہوں۔ مرکزی حکومت نے صوبائی حکومتوں سے مشورہ کرکے اور ایک سال سے زیادہ عرصہ تک غور کرنے کے بعد اس آرڈیننس کے نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کا مقصد محض تحفظ اور امن برقرار رکھنا ہے۔ اس میں کوئی سیاسی اہمیت نہیں۔ اور میں یقین دلاتا ہوں کہ اس کو ایک سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال بھی نہیں کیا جائے گا۔

اس آرڈیننس کا مقصد یہ ہے کہ اگر ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے صوبائی حکومتوں کے پاس کافی اختیارات نہ ہوں تو یہ آرڈیننس انکو یہ اختیارات عطا کرے۔ ایسی مثالیں موجود ہیں کہ مجرموں نے پاکستان کے ایک حصہ میں پناہ لے لی ہے۔ اور ایک صوبہ سے دوسرے صوبہ میں وہ بھاگ گئے رہتے ہیں اور صوبائی حکومتیں کچھ نہیں کر سکتیں۔

اب اس آرڈیننس کے ذریعہ یہ ممکن ہو گیا ہے کہ تمام پاکستان میں ایک ہی قسم کا اقدام کیا جا سکتا ہے۔

اس آرڈیننس سے صوبائی حکومتوں کے اختیارات معطل نہیں ہوئے۔ بلکہ یہ آرڈیننس ان کے ہاتھوں کو اور زیادہ مضبوط کرتا ہے۔ حکومت پاکستان کا اصول یہ ہے کہ وہ کبھی قانون وغیرہ کے نافذ کرنے سے قبل صوبائی حکومتوں سے ضرور مشورہ کر لیتی ہے۔

انہوں نے کراچی کے متعلق کہا کہ کراچی میں ایک بڑی انتظامی مشکل یہ پیش آرہی ہے۔ کہ عام تبادلۂ آبادی کے وقت نامناسب لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد پاکستان میں آگئی۔ جن کے خلاف کوئی اقدام نہیں کیا جا سکتا۔ سوائے اس صورت کے کہ یہ اقدام تمام پاکستان کے لئے یکساں ہو۔

گورنر جنرل نے ۱۴ اگست ۱۹۴۸ء کو ہنگامی قانون نافذ کیا تھا۔۔۔ جو اب بھی نافذ ہے۔ اگرچہ ہنگامی حالات کی نوعیت کے درمیان اختلاف ہے۔ لیکن اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ ہنگامی صورت حال موجود ہے۔

حکومت نے ان حالات کے ماتحت شہری دفاع میں ضروری تیاریاں کرلی ہیں اور یہ آرڈیننس انہیں تیاریوں کا ایک جز ضروری ہے۔ اس کے غلط استعمال کے متعلق شبہات پیدا ہو سکتے ہیں لیکن میں پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کا کبھی غلط استعمال نہیں ہوگا۔ اصولی طور پر ہر قانون کے متعلق غلط استعمال کا امکان ہے لیکن ایک ذمہ دار حکومت ذمہ دار کام کرتی ہے [illegible] اس قسم کا شبہ نہیں کیا جا سکتا۔

ریل میں تین درجوں کا سسٹم

چھ ماہ میں دس کروڑ کا نقصان

نئی دہلی ۱۴ اکتوبر۔ اس سال اپریل میں ریلوں میں تین درجوں کا سسٹم تجربہ کے طور پر جاری کیا گیا تھا اس سے حکومت ہند کو اب تک دس کروڑ کا نقصان ہو چکا ہے۔ [illegible]

ہریجن فوج میں بھرتی چاہتے ہیں

[illegible]

وزیر اعظم برما کا سفر امریکہ

برما کے سرکاری ترجمان نے تردید کردی

رنگون ۱۴ اکتوبر۔ ایک سرکاری ترجمان نے آج اس خبر کی تردید کی کہ برما کے وزیر اعظم تھاکن نو کے صدر ٹرومین کی دعوت پر امریکہ جانے کا امکان ہے۔ [illegible] (پ ٹ ا)

کھڑگپور کے قریب پل کا حادثہ

مرنے اور زخمی ہونیوالوں کی فہرست

کلکتہ ۱۴ اکتوبر۔ [illegible]

پنڈت نہرو اور مسٹر ڈین آچسن کی ملاقات

۵۰ منٹ تک اہم معاملات پر باہمی تبادلہ خیال

واشنگٹن ۱۳ اکتوبر۔ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ پنڈت نہرو اور سیکریٹری آف اسٹیٹ ڈین آچسن کے درمیان ۵۰ منٹ تک باہمی تبادلہ خیال ہوا۔ [illegible] اس وقت ہلکی بارش ہو رہی تھی مسٹر ڈین آچسن نے پہنچتے ہی ان کا استقبال کیا امریکی کانگریسی لیڈروں نے ان کے اعزاز میں ایک دعوت دی تھی۔ پنڈت جی اس دعوت سے براہ راست مسٹر ڈین سے ملنے چلے آئے۔

[illegible] (پ ٹ ا)

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۵.۹ درجہ اور کم سے کم ۶۴.۸ درجہ تھا۔

طلوع و غروب آفتاب

۱۴ اکتوبر غروب ۵۳-۵ بجے
۱۵ اکتوبر طلوع ۲۱-۶ بجے غروب ۵۳-۵ بجے

ملازمتوں میں فرقہ وارانہ نمائندگی ختم

مسٹر بھیم سین سچر کا اسمبلی میں اعلان

شملہ ۱۴ اکتوبر۔ وزیر اعظم مشرقی پنجاب مسٹر بھیم سین سچر نے صوبائی اسمبلی میں بتایا کہ فرقہ وارانہ نمائندگی کو ختم کر دیا جائے گا [illegible] (پ ٹ ا)

روپے کی قیمت کم کرنیکے متعلق پاکستان کا فیصلہ اٹل اور آخری ہے

چٹاگانگ میں مسٹر لیاقت علی کی تقریر

چٹاگانگ ۱۴ اکتوبر۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خان نے آج اعلان کیا ہے کہ [illegible]

دار السلطنت

جمعیت علاقہ ۹ کا دار العلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاج

مرکزی اور صوبائی حکومت [illegible] فیصلہ

دہلی ۱۴ اکتوبر۔ (نامہ نگار) کل شام جمعیت علماء علاقہ نمبر ۹ کی مجلس عاملہ کا اجلاس مولوی محمد فاروق صاحب صدر علاقہ ۹ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں حسب ذیل قرار دادیں پاس کی گئیں۔

پہلی قرار داد میں دار العلوم دیوبند میں جو مسلمانان عالم کی ایک بین الاقوامی درسگاہ ہے تلاشی لینے پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آزاد ہندوستان میں ایک ایسی درسگاہ کے ساتھ جو ہندوستان کی [illegible] تحریکات کا مرکز رہی ہے یہ سلوک نفرت انگیز ہے۔ قرار داد میں حکومت یوپی سے تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔ [illegible]

دوسری قرار داد میں طے کیا گیا کہ مرکزی حکومت اور یوپی کی حکومت کو تاریں دیکر دار العلوم کی تلاشی پر اظہار تشویش کیا جائے اور تحقیقات کا مطالبہ کیا جائے۔

شرنارتھی دکان داروں کی رہائی

میونسپل اسٹاف پر حملہ کا الزام تھا

[illegible]

اختر شیرانی کی برسی

[illegible]

دہلی پولیس کیلئے نیا نشان

[illegible]

مغربی اور مشرقی جرمنی کی حکومتیں

برلن ۱۳ اکتوبر۔ [illegible] (رائٹر)

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۴۹ء

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ بمبئی

[illegible]

۱۷ اکتوبر سے قبل اعتماد کا ووٹ حاصل کرو

مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم مسٹر سچر کو پارلیمنٹری بورڈ کی ہدایت!

نئی دہلی ۱۴ اکتوبر۔ آج یہاں کانگریس کے مرکزی پارلیمنٹری بورڈ نے اپنے اجلاس میں مشرقی پنجاب کی وزارتی صورت حالات پر غور کرنے کے بعد مسٹر بھیم سین سچر وزیر اعظم مشرقی پنجاب سے یہ مطالبہ کرنے کا فیصلہ کیا کہ وہ ۱۷ اکتوبر سے پہلے پہلے صوبہ کی کانگریس اسمبلی پارٹی کے اعتماد کا ووٹ حاصل کریں بورڈ نے اپنے ریزولیوشن میں یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اگر مسٹر سچر اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے تو اس صورت میں بورڈ ان کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ جس کا کہ مخالف گروپ کے لیڈر نوٹس دے چکے ہیں پیش ہونے سے نہیں روک سکتا۔

مسٹر کالا وینکٹ راؤ جنرل سکریٹری نے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ اگر مسٹر سچر اپنے حق میں اعتماد کا ووٹ پاس کرانے میں کامیاب ہو گئے تو انہیں خالص اپنے گروپ پر مشتمل وزارت بنانے کی اجازت دے دی جائے گی بورڈ کو مسٹر سچر کا ایک مراسلہ موصول ہوا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ملی جلی وزارت کا تجربہ ناکام رہا ہے ان کے مقابلہ میں ڈاکٹر بھارگو نے بھی ایک مراسلہ بھیجا تھا اور اسمبلی کے ۳۲ ممبروں کے دستخطوں سے بورڈ کو ایک میمورنڈم موصول ہوا تھا جس میں صوبہ کے وزیر اعظم کے خلاف عدم اعتماد کا اظہار کیا گیا تھا۔

بورڈ کے اس فیصلے نے عملی طور پر سچر وزارت کی قسمت کا فیصلہ کر دیا ہے کیونکہ میمورنڈم پر دستخط کرنے والے ممبران کے علاوہ کئی دیگر ممبران بھی ہیں جو مخالف گروپ میں شامل ہونے کی آمادگی کا غیر سرکاری طور پر اظہار کر چکے ہیں۔ (پ ٹ ا)

اطلاعات یو۔ پی

حکومت یو۔ پی و بہار نے شکر کی قیمتیں کم کرنیکا فیصلہ کرلیا!

مرکزی حکومت کو سفارشات بھیج دی گئیں

لکھنؤ ۱۴ اکتوبر۔ (اے ام) حکومت یو۔ پی اور بہار کے نمائندوں کے درمیان جو گفت و شنید شکر کے متعلق جاری تھی وہ کسی قدر امیدوں کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئی ہے چینی کی قیمت کم کرنے کے متعلق حکومتوں کا فیصلہ بدستور قائم ہے [illegible]

روس کے ایٹم بم بنانے کا نتیجہ

مغربی ممالک کے دفاعی پلان میں مشکلات

لندن ۱۴ اکتوبر۔ ایوننگ نیوز کے سفارتی نامہ نگار کا خیال ہے کہ روسی ایٹم بم کے انکشاف کے بعد [illegible]

پارلیمنٹ کی حزب مخالف ٹوٹ گئی

[illegible]

آگرہ میں چینی کی قلت

آگرہ ۱۳ اکتوبر۔ [illegible]

تھاکن نو امریکہ نہیں جائینگے

ایک امریکن نمائندے کا بیان

رنگون ۱۳ اکتوبر۔ [illegible]

سپاری کاٹنے کی مشین
یہ مشین مضبوط [illegible] میں سیروں سپاری کاٹتی ہے۔ مشین کو ہینڈل کے ذریعہ گھمانے سے اپنے آپ مشین سپاری کاٹتی چلی جاتی ہے۔ طریقۂ استعمال ہمراہ مشین قیمت [illegible]
سنار ٹریڈنگ کمپنی (A.S.D.)
جاوڑی بازار — علی گنج دہلی

منی آرڈر؟
دفتر مرکزی جمعیۃ علماء اور اخبار الجمعیۃ کو روپیہ بھیجنے کا بہتر اور آسان ذریعہ منی آرڈر ہے۔
منی آرڈر بھیجنے والے حضرات کوپن پر اپنا نام پتہ اور روپیہ بھیجنے کی غرض براہ کرم صاف و خوشخط اردو میں تحریر فرمائیں تاکہ تعمیل آسانی سے ہو سکے۔
محمد عبد الحی ناظم دفتر جمعیۃ علماء ہند

دیوالی کارڈ محرم کی کتابیں
دیوالی کارڈ [illegible] محرم کی کتابیں [illegible]
دہلی سے لیجیے

ٹڈلینڈ کی مشہور چائے کیلئے
سول ایجنٹوں اور کنویسروں کی ضرورت ہے — کمیشن نہایت معقول دیا جائے گا۔ بہترین چائے مختلف سائز کے دلکش پیکٹوں، ٹن اور کینوں میں بند ہے [illegible]
ٹڈلینڈ ٹی اینڈ پروڈیوس کمپنی مدراس

خط و کتابت کے وقت نمبر کا حوالہ دیجیے

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

نمبر ۵۳۳۲

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۲۳ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۹ع | نمبر ۲۴۵ | قیمت فی پرچہ دو آنے

لکھنؤ

میں اخبار الجمعیۃ دہلی کیلئے ایک دیانتدار اور محنتی ایجنٹ کی فوری ضرورت ہے۔ خواہشمند صاحبان سبقت کرنے کی کوشش کریں

ناظم اعلیٰ لکھنؤ تشریف لیجارہے ہیں

دہلی ۱۵ اکتوبر (نامہ نگار) تنسیخ زمینداری کے باعث یو۔ پی کے اوقاف پر جو اثر پڑے گا اس پر غور کرنے کے لئے یو۔ پی وقف بورڈ نے یو۔ پی کے مشاہیر اور علماء دیوبند کا ایک جلسہ طلب کیا ہے۔

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب اس اجلاس میں شرکت کے لئے آج شام ۵ بجکر ۳۰ منٹ کی گاڑی سے لکھنؤ تشریف لیجارہے ہیں۔ حضرت مولانا ۱۸ اکتوبر کو دہلی واپس تشریف لے آئیں گے۔

جائدادوں کے نئے آرڈی ننس میں ہندوستانی مسلمانوں کیلئے تحفظات

صرف پاکستان جانیوالوں کی جائداد پر قبضہ کیا جائیگا

کسٹوڈین کے فیصلہ کیخلاف سیشن جج کی عدالت میں اپیل کا حق تسلیم کرلیا گیا

نئی دہلی (۱۵ اکتوبر) معلوم ہوا ہے کہ نکاسیوں کی جائداد کے نئے آرڈی ننس کا مسودہ جو انخلا کنندگان کی جائداد کے موجودہ آرڈی ننس کی جگہ مرکز صوبہ جات اور ریاستوں میں نافذ کیا جائے گا تیار ہو گیا ہے اور اسے حکومت نے منظور کرلیا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ اس نئے مسودہ کے فقرات میں نرمی کردی گئی ہے تاکہ ہندوستانی مسلمانوں میں مزید اشتباہ پیدا نہ ہوسکے۔ لفظ "نکاسی" کی تشریح اب واضح طور پر کردی گئی ہے اس طرح موجودہ قوانین میں جو نقائص تھے وہ دور ہوگئے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس تشریح کا غیر واضح ہونا مسلمانوں کے ایک حلقہ کے لئے سخت تکلیفوں کا موجب رہا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ اس مسودہ میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ صرف وہی شخص نکاسی ہوگا جو پاکستان جاچکا ہے یا اس نے اس مملکت میں نکاسیوں کی جائداد حاصل کرلی ہے اس کے رشتہ داروں اور شرکت داروں کی جائداد میں ان کے حصہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اس میں ہندوستان کے حقیقی مسلمان شہریوں کے لئے باقی تحفظات موجود ہیں۔ اس نئے قانون کا ایک امید افزا پہلو یہ ہے کہ متاثرہ شخص کو کسٹوڈین کے فیصلہ کے خلاف سیشن جج کی عدالت میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ آج کل کسٹوڈین جنرل کا فیصلہ آخری مانا جاتا ہے۔

اب اور خصوصاً ۲ اکتوبر کی تقریر میں پنڈت نہرو کے اس نازک مسئلہ کی طرف اشارہ کے بعد یہ حقیقت واضح ہوگئی ہے کہ تجویزہ آرڈی ننس کے مسودہ کے مختلف فقرات کی بابت اختلافات موجود تھے جن کے باعث اس کی منظوری میں تاخیر ہوئی۔ پنڈت نہرو نے کہا تھا کہ ان کی پالیسی یہ ہے کہ کسی کے ساتھ بے انصافی نہ ہو۔ معلوم ہوا ہے آخری مسودہ اس پالیسی کے مطابق ہوگا۔

نکاسیوں کی جائداد کے سلسلہ میں تمام ہندوستان کے لئے قانون بنانے کا اختیار حکومت ہند کو ایکٹ کے ذریعہ ملا تھا۔

طاقت کے ذریعہ حکومت امریکہ کا تختہ الٹنے کی کوشش

امریکن کمیونسٹ پارٹی کے ممبروں پر جرم ثابت ہوگیا!

نیویارک ۱۵ اکتوبر۔ ۱۱ امریکنوں پر آج یہ الزام ثابت ہوگیا کہ انھوں نے طاقت کے ذریعہ امریکہ کی حکومت کا تختہ الٹنے اور اسے تباہ کرنے کی سازش کی۔

انڈونیشیا میں پھر خطرناک حالت پیدا ہوگئی

ہیگ میں ہونیوالی گول میز کانفرنس کے ٹوٹ جانے کا امکان

ہیگ ۱۵ اکتوبر۔ کل ایک انڈونیشی ترجمان نے کہا گول میز کانفرنس میں خطرناک صورت حالات پیدا ہو رہی ہے جس سے گول میز کانفرنس کے ناکام ہو جانے کا خطرہ ہے۔

کمیونسٹ حکومت تسلیم کرنیسے قبل برطانیہ دولت مشترکہ سے مشورہ کریگا

برطانوی سفیر کی واپسی کا انتظار

البانیہ اور بلغاریہ میں معاہدہ

لندن کے اخبار نیوسٹیٹس مین کا مطالبہ

حکومت مصر نے کپڑوں پر محصول بڑھا دیا

لیبیا کی آزادی کے متعلق فیصلہ ہوگیا۔ ایک کمیشن انتقال اختیارات کی نگرانی کریگا

چھ ممالک کے نمایندوں پر مشتمل ایک مشاورتی کونسل کی تجویز منظور

روس کو مشاورتی کونسل میں شامل نہیں کیا گیا

چار روز کے انتظار کے بعد بمبئی کے زرو بنک نے سونا فروخت کرنا شروع کردیا

آج کمیونسٹ فوجیں کینٹن میں سرکاری طور پر داخل ہوگئیں

نیشنلسٹوں نے بھاگتے وقت گولہ بارود میں آگ لگادی

شہر میں زور کے دھماکے۔ رات کی تاریکی میں لوٹ مار کی وارداتیں

ہانگ کانگ ۱۵ اکتوبر۔ آج گیارہ بجے دن کمیونسٹ فوجیں سرکاری طور پر کینٹن میں داخل ہوگئیں۔

بمبئی میں آزاد ہند فوج کا کنونشن

سبھاش بابو کی حکومت کے ارکان شریک ہونگے

مولانا حفظ الرحمن صاحب حیدرآباد تشریف لیجائیں گے

دستوریہ میں بھوپال کا نمائندہ

ریاستی امور کی وزارت مقرر کریگی

مصر کشمیر کے معاملہ پر ہند اور پاکستان میں سمجھوتہ کرائے گا؟

مصری وزارت خارجہ کی طرف سے پیش کش

ایشیائی ممالک کی غیر جانبدارانہ مداخلت کیلئے فضا موزوں ہے

فقیر ایپی پر دمہ کا حملہ

حالت نازک ہے

Aljamiat Daily + Weekly

ESTD. 1925

PHONE 5855

DATE:- 16-10-49

اس سال عام انتخابات نہیں ہونگے

وزیراعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی کا اعلان

لندن ۱۴ اکتوبر۔ وزیر اعظم برطانیہ مسٹر اٹیلی نے کل اعلان کیا کہ اس سال کے اختتام تک عام انتخابات نہیں ہوں گے اس طرح وزیر اعظم نے اپنے اعلان سے ان قیاس آرائیوں کو ختم کردیا جو موسم بہار میں انتخابات کے متعلق کی جا رہی تھیں۔ اب انتخابات کے لئے اس وقت تک انتظار کرنا ہی ہوگا جب ۱۹۵۰ء میں پارلیمنٹ کی مدت ختم ہوجائے گی۔

ڈاؤننگ اسٹریٹ سے مندرجہ ذیل بیان شائع ہوا ہے۔ چونکہ انتخابات کے متعلق جو قیاس آرائیاں ہورہی ہیں ان سے ملک کی تجارت اور صنعت اور قومی سرگرمیوں پر اثر پڑ رہا ہے اس لئے وزیر اعظم یہ مناسب تصور کرتے ہیں کہ ملک کو اس فیصلہ سے مطلع کردیں۔

امریکہ میں ایٹم بم برابر تیار ہورہے ہیں

واشنگٹن ۱۴ اکتوبر۔ امریکہ کی ایٹمی طاقت تیزی سے بڑھ رہی ہے اس کے ایٹم بم کے ذخیروں میں بڑا اضافہ ہو رہا ہے۔

ناگپور میں نمک کا قحط!

جراثیمی جنگ سے نسل انسانی کے ختم ہوجانیکا خطرہ

صحت کی عالمی انجمن کے ڈائرکٹر کا بیان

لیک سکسس ۱۴ اکتوبر۔ جراثیمی جنگ میں جو ترقیاں ہوئی ہیں ان کے سامنے سب ہتھیار یہاں تک کہ ایٹم بم بھی بیکار ہوگئے ہیں۔ یہ انکشاف بروک چیشم ڈائرکٹر جنرل صحت کی عالمی انجمن نے کیا۔ انہوں نے کہا اب جنگ کرنا خودکشی ہوگی۔ انہوں نے اس لڑائی میں کسی کے درحقیقت کامیاب ہونے کا امکان نہیں اس جنگ میں نسل انسانی کا بڑا حصہ ختم ہوجائیگا۔

اب تک ان جراثیموں کے خلاف دفاع کا کوئی طریقہ معلوم نہیں ہوسکا۔ نہ ان کو کنٹرول کرنے کا طریقہ معلوم ہے۔ ان کی وجہ سے طاقت کا مفہوم بدل گیا ہے۔

ناگپور میں جمعیۃ علما کا قیام

جود هپور (بذریعہ تار) ۱۴ اکتوبر۔ مولانا ... صاحب الہ آبادی جو راجستھان میں جمعیۃ علماء کی تنظیم کا کام کررہے ہیں مطلع کرتے ہیں کہ ناگپور میں جمعیۃ علماء کا قیام عمل میں آگیا ہے۔

میں نے سوشلزم کی مخالفت ہوتے اور اسکے برسر اقتدار آنے میں فرق دیکھا ہے

لندن میں ڈاکٹر لوہیا کی پریس کانفرنس کا من ویلتھ سے انقطاع پر زور

پنڈت نہرو نہایت اچھے عوامی خادم ہیں

صدر امریکہ کا پریس کانفرنس میں اظہار خیال

دستور ہند

پنڈت نہرو کی ملاقات

پنڈت نہرو کے سفر کا مقصد

ماسکو کے اخبار نیو ٹائمز کا تبصرہ

جس طرح پر میرا خیر مقدم کیا گیا اس سے میرے دل پر بڑا اثر ہوا ہے

امریکن کانگریس میں پنڈت نہرو کی تقریر

(بقیہ صفحہ ۲)

روس کبھی یوگوسلاویہ پر حملہ نہیں کریگا

یوگوسلاویہ کے لیڈروں کا یقین

غیر ملکی پالیسی

جوگجا کرتا کے شمال اور شمال مغرب سے ڈچ فوجوں کا انخلا شروع

جمہوری اور ڈچ نمائندوں کی کانفرنس

ایک مہاراجہ کی لندن میں مشکل

اپنے مکان کے لئے کرایہ دار نہیں ملتا

سبحان الہند اور دیوان منگل سین سرحدی کی تقریر

ہاپوڑ میں پارٹیشن سفرر زبردست جلسہ

آسام میں تیل کی تلاش

دو کمپنیوں کی کوششیں ناکام رہیں

ہندی زبان کے لئے اصطلاحات کی تیاری

سی پی اسمبلی میں مسٹر مصرا کا بیان

عمان میں سیمنٹ کا کارخانہ

سہارنپور میں اتحاد و ترقی کانفرنس کی تیاریاں

کینٹن میں خاموشی

لوگوں کا انخلا جاری ہے

چترال میں ذمہ دار حکومت کا قیام

مباحث امروز
نقاد کے قلم سے

ادھورا انقلاب

پنڈت نہرو نے امریکن کانگریس کے روبرو تقریر کرتے ہوئے بالکل سچی بات کہی کہ اگرچہ ہم نے سیاسی آزادی تو حاصل کر لی ہے لیکن ابھی ہمارا انقلاب ادھورا ہے۔ یقیناً یہ انقلاب اس وقت تک ادھورا رہے گا جب تک ملک کی تمام پریشانیاں دور نہیں ہوں گی۔ [illegible]

[illegible]

بمبئی کا ہنگامہ

جب کسی ملک کی معاشی حالت خوشحال نہ ہو اور عوام کو ان کی ضروریات کی چیزیں مناسب قیمتوں پر نہیں ملتیں تو اس کا لازمی نتیجہ فساد اور ہنگاموں کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ [illegible]

دار العلوم کی تلاشی

[illegible]

الجمعیۃ
روزنامہ
دہلی

۱۷ر اکتوبر ۱۹۴۹ء

عالمگیر بے چینی!

پنڈت جواہر لال نہرو امریکہ جاتے ہوئے جب لندن پہونچے تو ہوائی اڈہ پر گھر گئے اور اخبار نویسوں نے سوالات شروع کر دیے۔ ایک سوال یہ کیا گیا کہ کیا ہندوستان میں ہر شخص خوش ہے، سوال بہت پیچیدہ تھا مگر جواب بہت سلجھا ہوا آپ نے فرمایا، "نہیں، کیا دنیا میں کوئی بھی جگہ ایسی ہے جہاں کے تمام لوگ خوش ہوں۔"

اس وقت دنیا جن حالات سے گزر رہی ہے اور سیاسی لیڈروں کے جو دارے ہیں ان کی موجودگی میں یہ سوال ہی فضول ہے کہ دنیا کے کس گوشہ میں امن چین ہے اور کون لوگ خوشحالی اور اطمینان کی زندگی بسر کر رہے ہیں، کیا امریکہ اور انگلستان کے لوگ خوشحال ہیں، کیا چین اور جاپان کو اطمینان نصیب ہے، کیا بلقان اور ترکی، افریقہ اور انڈونیشیا کہیں بھی سکون نظر آتا ہے؟ بس جو حال ان ممالک کا ہے وہی کم و بیش ہندوستان کا ہے۔ نہ حقیقی خوشی وہاں کے لوگوں کو حاصل ہے، نہ حقیقی اطمینان سے یہاں کے لوگ بہرہ ور ہیں، جہاں جاؤ اضطراب اور بے چینی کی آگ برس رہی ہے اور جس کو دیکھو درد و کرب سے کروٹیں بدل رہا ہے۔

بلاشبہ خیالات کے اظہار کے لئے نئے نئے الفاظ کثرت سے استعمال ہونے لگے ہیں اور جب لوگ باتیں کرتے ہیں تو بین الاقوامیت سے بھی پرے گزر جاتے ہیں لیکن لفاظی کے بعد معنویت گم ہے، اور حقیقت تلاش کرنے سے بھی نہیں ملتی؛ بین الاقوامی قانون، بین الاقوامی پارلیمنٹ، بین الاقوامی عدالت، بین الاقوامی انصاف حتی کہ بین الاقوامی نقطۂ نظر بھی مشہور ہو گیا لیکن یہ سب الفاظ ہیں جن کے کوئی معنی نہیں، یہ سب خیالات ہیں جن کا کوئی وجود نہیں البتہ دنیا جس بین الاقوامیت کا مشاہدہ کر رہی ہے، وہ بین الاقوامی جرائم ہیں، بین الاقوامی جنگ ہے، بین الاقوامی بحران ہے، بین الاقوامی مشکلات ہیں اور ان سب کا نتیجہ بین الاقوامی تباہی ہے؛ [illegible]

[illegible] سوال کیا گیا دنیا سے ناپید ہے!

جو قوم بین الاقوامی نعروں سے دھوکہ کھا کر انصاف کی توقع رکھتی ہے وہ اپنے اوپر ظلم کرتی ہے جو ملک یہ سمجھتا ہے کہ کوئی بین الاقوامی ادارہ اس کی مشکلات کو حل کرے گا وہ اپنی موت کو آپ دعوت دے گا جو مظلوم اس گمان میں ہے کہ بین الاقوامی دنیا اس کی بات سنے گی وہ نقصان میں رہے گا؛ جو اقلیت یہ چاہتی ہے کہ اس کے ساتھ انصاف ہو اور کسی بین الاقوامی اقلیتی ادارہ میں اس پر توجہ کی جائے وہ اپنی قبر آپ کھودے گی اور کوئی کمیٹی اس کے کام نہ آئے گی، یہ حقوق کے اعلانات سب دھوکہ کی ٹٹیاں ہیں، یہ مذہب اور ضمیر کی آزادیاں سب فریب ہیں، یہ مظلوموں کی ہمدردیاں اور اقلیتوں کے تحفظات سب نمائش اور ریاکاریاں ہیں، نہ کوئی مظلوموں کا ہمدرد ہے، نہ اقلیتوں کا محافظ سب تماشہ دیکھنے والے اور رپورٹ مرتب کرتے ہیں وصول کرنے والے ہیں، مظلوموں پر ظلم ڈھانے کیلئے کیا گزر جاتی ہے مگر یہ بحث ہی ختم نہیں ہوتی کہ تحقیقات کی ضرورت بھی ہے یا نہیں؛ اقلیتیں کتوں کی موت ماری جاتی ہیں اور ماری جا رہی ہیں مگر بین الاقوامی انصاف کو مہینوں بعد تو یہ اطلاع ہوتی ہے کہ کسی پر ظلم ہوا ہے اور پھر یہ بحث شروع ہوتی ہے کہ اطلاع صحیح ہے یا غلط؛ خدا کی بے شمار مخلوق کو چند گھنٹوں میں ذبح کر دیا جاتا ہے۔ اور سنسر شپ اس اطلاع کو دس میل جانے کی بھی اجازت نہیں دیتا [illegible] دنیا پر کیا گزر رہی ہے اور دنیا کے بڑے بڑے ظالم کس طرح معصوم بنے پھرتے ہیں!

آج حقوق اور انصاف کا سب سے بڑا ادارہ متحدہ اقوام ہے اور دنیا کی ہر قوم اس سے فریاد کر سکتی ہے لیکن کوئی بتلائے کہ [illegible] جنوبی افریقہ میں دیسی باشندوں اور ہندوستانیوں کی جو گت بن رہی ہے اور انسانی حقوق کو جس طرح وہاں پامال کیا جا رہا ہے اس سے دنیا کا کوئی فرد واقف نہیں لیکن بین الاقوامی دنیا تماشہ دیکھ رہی ہے اور متحدہ اقوام سے اب تک کچھ نہیں ہو سکا ہے، غضب خدا کا کہ وہاں ہندوستانیوں کو حیوانوں سے بدتر بنا دیا گیا ہے مگر دنیا کی ڈیڑھ سو حکومتیں [illegible] امریکہ میں حبشیوں کے پیچھے کو کلکس کلان کے تازی کتے لگے ہوئے ہیں اور وہاں کا کوئی قانون انہیں پناہ دینے کے لئے تیار نہیں ہے، گویا روز روشن میں اعلان کے ساتھ نسل کشی کا ارتکاب ہو رہا ہے اور وہ ادارہ لاچار ہے جس نے نسل کشی (جینو سائڈ) کو جرم عظیم قرار دیا ہے!

مذہب اور ضمیر کی آزادی جمہوریت کا طغرائے امتیاز ہے مگر وہ کونسی جگہ ہے جہاں مذہب کو سیاست کی لونڈی نہیں بنایا گیا اور مختلف بہانوں سے مذہب کی آزادی سلب نہیں کی جا رہی؛ مگر دنیا کے پاس اس کا کوئی علاج نہیں اور آزادی کا صور پھونکنے والے مذہب کے دشمنوں کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے!

غرض دنیا میں کونسا ظلم برپا نہیں ہے اور کیا کچھ نہیں ہو رہا، مگر کون ہے جو اس کا تدارک کرے [illegible] بین الاقوامی انارکی کا علاج سوچے، خیریت اسی میں ہے کہ کوئی مظلوم، کوئی اقلیت، کوئی حقدار، خوش فہمی میں مبتلا نہ رہے اور یہ خیال دل سے نکال دے کہ اس دنیا میں اس کے ساتھ ہمدردی کی جائے گی۔

اگر ان مایوسیوں میں امید کی کوئی کرن ہے تو صرف یہ کہ ہر مظلوم خود اعتمادی کے ساتھ اپنے قدموں پر کھڑا ہو اور گاندھی جی کے [illegible] کے مطابق ظلم کو اس حد تک برداشت کرے کہ ظالم خود شرمندہ ہو جائے اور اس پر دو راہوں میں سے ایک راہ کھل جائے، عزت کی زندگی یا عزت کی موت۔

اچھی باتیں

عسی اللہ ۔ تا ۔ رحیم (پ ۲۸ ع ۸)

(اگر تم حق پر قائم رہے تو) ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تم میں اور ان لوگوں میں جو تمہارے دشمن ہیں محبت پیدا کر دے، اور اللہ ایسا کرنے پر قادر ہے اور اس کی بخششیں اور رحمتیں بیکراں ہیں۔

یہاں مسلمانوں کو سمجھایا گیا ہے کہ دشمنی سے محبت زیادہ طاقتور ہے اور یہ تمہارے اختیار کی بات ہے کہ تم اپنے دشمن کو دوست بنا لو اور محبت کے ہتھیار سے اس کے دل کو فتح کر لو تمہیں حق پر قایم رہ کر اپنی روش کو درست رکھنا چاہیے راہ کی دشواریوں سے دل برداشتہ نہ ہونا چاہیے دشمنوں سے ہمیشہ کے لئے مایوس نہ ہونا چاہیے اس کے بعد تم دیکھوگے کہ تمہارے دشمن دوست بن جائیں گے اور تمہاری ساری مشکلات ایک ایک کرکے دور ہو جائیں گی پہلے مسلمانوں نے اس نسخہ کو آزمایا اور سو فیصدی کامیاب پایا انہوں نے اپنی محبت سے نہ صرف دشمنی کو شکست دی بلکہ دشمنوں کو بھی اپنے رنگ میں رنگ لیا اور انہیں اس قابل بنا دیا کہ اسلام کی خاطر اپنا سب کچھ لٹا سکیں، کیا ضروری نہیں کہ آج بھی مسلمان اس نسخہ کو آزمائیں؟

فکر و عمل

(جناب ضیاء الرحمن [illegible])

[illegible] THE RETURN OF THE NATIVE [illegible] SUFFERING IS [illegible] PURIFICATION [illegible]

[illegible]

مشکلات کا حل

پنڈت جواہر لال نہرو نے امریکن کانگریس میں تقریر کرتے ہوئے گاندھی ازم کو تمام مشکلات کا حل بتایا اور یہ فرمایا کہ گاندھی جی کے اصولوں کو مان کر ہی دنیا میں امن و امان قایم ہو سکتا ہے؛ واقعی سچائی، محبت اور عدم تشدد ہی امن اور سلامتی کی بنیاد ہیں، لیکن [illegible] اگر گاندھی ازم کو ہندوستان میں کامیاب نہیں بنا سکتے بلکہ عدم تشدد کے دیوتا کو قتل کرکے گاندھی جی کی ناکامی کا اعلان کر سکتے ہیں تو ہمیں باہر کی دنیا کو خطاب کرنے کا کوئی حق نہیں رہتا، افسوس ہے کہ کمیونسٹوں نے کمیونزم کو مانا اور اس کا تجربہ روس میں کرکے دکھایا لیکن ہم نے گاندھی جی کو مان کر دہلی کے خطہ میں بھی کوئی لیبوریٹری قایم نہیں کی، [illegible]

ترکی میں صنعتی ترقی

[illegible]

خیالات ـــ ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اصلاح اور الزام تراشی

محترم ایڈیٹر صاحب سلام مسنون۔

[illegible]

متروکہ جائدادوں پر قبضہ

[illegible]

ہند کا پاکستان کرنسی کا جھگڑا
دونوں حکومتیں کانفرنس کے لئے تیار ہو گئیں

[illegible]

پنڈت نہرو کولمبیا یونیورسٹی میں اہم سیاسی اعلان کریں گے

میں سودا کرنے نہیں بلکہ امریکی نظریات کو سمجھنے آیا ہوں
سیاسی اور سفارتی نمائندوں سے پنڈت نہرو کا خطاب

نیویارک ۱۴ر اکتوبر۔ آج کولمبیا یونیورسٹی نے اعلان کیا ہے کہ سوموار کی رات کو پنڈت نہرو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری لیتے وقت سیاسی نوعیت کا ایک اہم اعلان کریں گے۔

ایک خاص کانووکیشن میں کولمبیا یونیورسٹی کے صدر جنرل آئزن ہاور جو دوسری جنگ عظیم میں اتحادی کمانڈر انچیف تھے پنڈت جی کو یہ اعزازی ڈگری پیش کریں گے اس تقریب میں ساڑھے چھ سو اصحاب شریک ہوں گے۔

[illegible]

گاڈسے اور آپٹے کو پھانسی دینے کی جلد تاریخ مقرر کیجانیوالی ہے

[illegible]

پنڈت نہرو نے صدر ٹرومین کو ابھی تک کوئی یقین نہیں دلایا
غیر جانبداری کے اصول کی پابندی پر پنڈت نہرو کے دفاعی خیالات
امریکہ کو یقین ہو گیا کہ ہند اقتصادی لالچ میں ان کے چنگل میں نہیں پھنس سکتا

[illegible]

ہندوستانی بکثرت سیلون جا رہے ہیں

[illegible]

سہارنپور اسٹیشن پر پاکستان جانیوالے مسافروں کی تلاشی

[illegible]

شیخ عبداللہ نئی دہلی میں

[illegible]

نکاسی جائدادوں کے متعلق عذر داریاں

[illegible]

چینی نہ ملنے پر بمبئی میں ہڑتال

[illegible]

ہڑتال کے لئے اکسانے پر کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

پولیس افسر کو ہلاک کر دیا

[illegible]

بمبئی کی فائرنگ کی مذمت

[illegible]

اگر سکھ مخالفت کرتے تو پنجاب کی تقسیم نہ ہوتا، تقسیم کے حق میں سکھ پیش پیش تھے

دستور یہ ہند میں سردار پٹیل کیطرف سے سکھوں کے الزامات کی تردید

[illegible]

سنکیانگ پاکستان سرحد بند ہو گئی

[illegible]

صدر ٹرومین کو پنڈت نہرو کی دعوت

[illegible]

آسٹریلیا چین کی کمیونسٹ حکومت تسلیم کرے گا؟

[illegible]

سنسکرتی قائم رکھنے سے اتحاد مضبوط ہوتا ہے
ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

[illegible]

قومی جھنڈے کا احترام کرنے سے انکار
گاؤں پنچایت کے بعض ممبروں کا رویہ

[illegible]

سکریٹری جنرل اقوام متحدہ کا انتباہ

[illegible]

شاہ افغانستان کو راجہ جی کا پیام

[illegible]

آج کی دنیا

[illegible]

ایشیا کی قیادت

[illegible]

ضرورت معلم

[illegible]

دارالعلوم دیوبند کے ساتھ روا سلوک تکلیف و تشویش کا باعث ہے

حضرت مولانا عبدالحلیم صدیقی کا گورنر جنرل اور یوپی کے حکام کو تار

کلکتہ ۱۶ اکتوبر: بنگال (بذریعہ ڈاک) دارالعلوم دیوبند کے ساتھ [illegible] سلوک پر اظہار تشویش کرتے ہوئے جمعیۃ علماء ہند کے نائب صدر اور جمعیۃ علماء کلکتہ و صوبہ مغربی بنگال کے صدر حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی نے گورنر جنرل انڈیا، وزیر اعظم یوپی اور گورنر یوپی کو ایک تار روانہ کیا ہے۔

تار میں کہا گیا ہے کہ دارالعلوم دیوبند ایک مشہور قومی یونیورسٹی ہے جس کی [illegible] آزادی وطن کی درس گاہ ہے، جس نے ہندوستانیوں کو قومیت پروری کا سبق سکھایا ہے، پھر جس کی بین الاقوامی حیثیت مسلّم ہے۔ مختلف ممالک اسلامیہ کے طالب علم یہاں تعلیم حاصل کرتے ہیں، اس قومی یونیورسٹی کی تلاشی اور وہ بھی پرنسپل اور کونسل چانسلر کی اجازت و اطلاع کے بغیر ایک حرکت نامناسب اور توہین آمیز اور بے حد تکلیف دہ سلوک ہے۔ وہاں جو کچھ ہوا ہے اس کے لئے "قومی حکومت" کا فرض ہے کہ جلد از جلد آزاد تحقیقات کرائے۔ (نامہ نگار)

مراد آباد رکشا یونین کا جلسہ!

مراد آباد (بذریعہ ڈاک) یہاں پر رکشا یونین کا جلسہ ہوا جس میں دو قرار دادیں پاس ہوئیں۔ ایک میں میونسپلٹی سے رکشا اسٹینڈ بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور میونسپلٹی ملازمین کے بیگار لینے پر احتجاج ہے۔ دوسری میں چوراہوں پر کھڑے ہونے [illegible] بیگار لینے [illegible] اظہار تشویش کیا گیا ہے۔

دارالعلوم کے مسئلہ پر کرتپور میں احتجاج

کرتپور (بذریعہ ڈاک) ۱۰ اکتوبر زیر صدارت [illegible] جمعیۃ العلماء کرتپور کی جانب سے ایک جلسہ ہوا جس کے بعد ایک تار وزیر اعظم صوبہ یوپی کو دیا گیا۔ تار میں کہا گیا ہے کہ مسلمانان [illegible] مقامی حکام کے اقدام تلاشی دارالعلوم دیوبند پر انتہائی اذیت کا اظہار کرتے ہیں، اور اس عمل کو ایک سیکولر اسٹیٹ کے لئے نقصان دہ اور خطرناک تصور کرتے ہیں۔

جھالو میں بھی احتجاجی جلسہ

جھالو ضلع بجنور (بذریعہ ڈاک) جامع مسجد میں مسلمانان جھالو کا ایک جلسہ ہوا جس میں دیوبند کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ جلسہ میں دو قرار دادیں پاس ہوئیں۔ پہلی تجویز میں کہا گیا ہے کہ یہ جلسہ دارالعلوم دیوبند کی بیجا تلاشی پر اپنے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور مقامی پولیس کے اس رویہ کو غلط اور علوم مشرقیہ کی عالمی یونیورسٹی کی توہین محسوس کرتا ہے نیز حکومت یوپی سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ تحقیقات کرائے اور پولیس کے اس دل آزار اقدام کی معذرت کرے۔ دوسری تجویز دارالعلوم کے ان طلبہ [illegible] اظہار ہمدردی کیا گیا جو [illegible] فساد میں شہید ہوئے ہیں۔

ایک عجیب و غریب سمندری حیوان

کراچی ۱۴ اکتوبر: یہاں کے مچھیروں نے ایک ۲۴ فٹ لمبا سمندری حیوان پکڑا ہے اس کی سیاہ کھال پر سفید دھبے ہیں۔ مچھیروں نے اس حیوان کو [illegible] دیکھا تھا اس کو کنارہ پر لانے کے لئے ماہی گیروں کو تیس گھنٹوں تک جد و جہد کرنی پڑی۔

ایک ۷۰ سالہ ماہی گیر نے بتایا کہ اس نے کبھی ایسا جانور نہیں دیکھا اور نہ ہی اس کے خاندان نے جو گذشتہ [illegible] صدی سے سمندر کے کنارے آباد ہیں اس قسم کا جانور دیکھا [illegible] یہ وھیل مچھلی نہیں ہے اس جانور کی کھال بالکل چکنی ہے اس پر کسی قسم کے چھلکے جیسے مچھلی کی کھال پر ہوتے ہیں نہیں ہیں [illegible] اس کا وزن ۲۰ سے ۳۰ من تک خیال کیا جاتا ہے اس کے بدن کی چوڑائی [illegible] فٹ ہے اس کا دہانہ [illegible] ہے۔ گرد و نواح سے لوگ اس عجوبے کو بکثرت دیکھنے آرہے ہیں۔ [illegible]

دیوالی کارڈ محرم کی کتابیں

دیوالی کارڈ بڑے بڑے سندر، محرم کی کتابیں مرثیے اور جنگ نامے، طبی کتابیں۔ [illegible] بلیماران دہلی سے لیجئے۔

ہزار روپیہ انعام

طاقت مفت

سو فیصدی اور مشورہ مفت ہے کہ آپ کو نیم حکیموں کی پہچان ہو جائے گی۔ نامردی، کمزوری، نا طاقتی کے علاج میں کئی خاص خاص راز ہوتے ہیں۔ [illegible] سے دھوکہ کھانے والے آپ خود دیکھیں، بیشک شرط لکھوا کر علاج کروائیں، ادا قیمت بیشک آرام کے بعد دیں۔ جوانی کا پورا سماں دیکھ کر دنگ رہ جاؤ گے گارنٹی۔ ہمارے کل علاج سے کئی مریض صحت حاصل کر چکے ہیں۔ جھوٹی اشتہار بازی سے بھٹکے ہوئے مریض آئیں ہماری گارنٹی کو جھوٹا ثابت کریں تو ہزار روپیہ نقد انعام۔

منیجر دی ہیرو فارمیسی رجسٹرڈ آیورویدک وزیر آباد والے دریا گنج تراہا بیرم خاں دہلی

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا

کراچی
لاہور
راولپنڈی .... براستہ لاہور
پشاور .... براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

روانگی	دہلی	14 — 0
آمد	کراچی	18 — 10

دہلی لاہور (روزانہ)

روانگی	دہلی	9 — 50
آمد	لاہور	11 — 40 (راولپنڈی اور پشاور کیلئے)

لاہور — راولپنڈی — پشاور (ہر سوم — بدھ — [illegible] سنیچر)

روانگی	لاہور	12 — 30
آمد	راولپنڈی	13 — 40
روانگی	راولپنڈی	14 — 0
آمد	پشاور	14 — 50

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس
نئی دہلی

کلکتہ میں قیام امن و امان کے لئے مشترکہ جلسہ

جمعیۃ علماء کانگرس سوشلسٹ اور دیگر رہنماؤں کی تقاریر

(نامہ نگار الجمعیۃ)

کلکتہ۔ ۱۰ بروز جمعہ [illegible] محمد علی پارک میں جمعیۃ علماء، سوشلسٹ پارٹی، کانگرس اور فارورڈ بلاک کا ایک مشترکہ جلسہ زیر صدارت سری ستیا رام سکسریا منعقد ہوا جس میں تقریباً [illegible] ہزار باشندگان کلکتہ نے شرکت کی۔ ہندو اور مسلمان سب ہی خیال کے لوگ موجود تھے۔ یہ جلسہ اس غرض سے بلایا گیا تھا کہ دو چار روز سے کلکتہ کی فضا میں جو کشیدگی پیدا ہو گئی تھی اسے دور کیا جائے نیز آئندہ کے لئے لوگوں کو امن و اتحاد کی ضرورت و قیمت بتائی جائے۔ چنانچہ جلسہ کی کارروائی اس مقصد کے پیش نظر شروع ہوئی اور اس مقصد میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی۔

جلسہ کی ابتدا تلاوت قرآن مجید سے ہوئی اس کے بعد سری موہن داس [illegible] نے بندے ماترم [illegible] گایا۔ پھر سب سے پہلے حکیم محمد رحمت اللہ صاحب لکھنوی نے اپنی تقریر شروع کی اور بتایا کہ مسلمانان کلکتہ نے نہایت ہی امن و اطمینان سے اپنے عید کے تہوار کو منایا اور کلکتہ کے کسی مقام پر بھی کسی قسم کی ناخوشگوار صورت نہیں آئی مگر فرقہ پرستوں کو یہ گوارا نہ ہوا، وہ ہندو ہوں یا مسلمان، یہ چیز کبھی بھی پسند نہیں آسکتی تھی۔ اس لئے وہ لوگ اس کی برابر کوشش میں رہتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح کلکتہ کی پرسکون فضا ایک دفعہ پھر مکدر ہو جائے اور ان لوگوں نے ہر امکانی کوشش کی کہ یہ چنگاری شعلہ بن کر پورے شہر میں بھڑک اٹھے۔ مگر میں مبارکباد دیتا ہوں ان ہندو اور مسلمان نوجوانوں کو جنہوں نے شب و روز مسلسل کوشش کر کے فرقہ پرستوں کی تمام سعی بیکار کر دی۔ [illegible] پولیس کے کنٹرول میں آگیا۔ اس موقعہ پر پولیس نے جس ذمہ داری کا ثبوت پیش کیا ہے اس پر انہیں بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

آپ کے بعد کامریڈ [illegible] شرما نے بڑی پر جوش تقریر کی جس میں انہوں نے یہ بتلایا کہ [illegible] کا یہ واقعہ نتیجہ تھا فرقہ پرستوں کی ایک بڑی سازش کا۔ اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ ٹھیک اسی روز [illegible] کے پاس ایک مندر میں [illegible] گوشت کے ٹکڑے پھینکا گیا [illegible]۔ خالص ہندوؤں کی اس آبادی میں کسی فرقہ پرست ہی نے یہ سازش کی ہوگی تاکہ [illegible] اسٹریٹ اور مندر کا یہ واقعہ ہندو مسلم اشتعال کا باعث بن سکے۔ مگر مجھے بڑی خوشی ہے اس بات کی کہ ایسے لوگ اپنے ناپاک عزائم میں کسی وقت میں بھی کامیاب ثابت نہ ہوئے اور آج کا ہمارا یہ مشترکہ جلسہ ان لوگوں کے ناپاک ارادوں پر ایک اور بڑی ضرب ہے۔ مجھے یقین ہے کہ [illegible] جس نیک مقصد کے لئے اپنی پیاری جان قربان کر دی۔ وہ چیز کبھی ضائع نہیں ہو سکتی۔ ہندو مسلم [illegible] ہندوستان میں برابر رہا ہے اور رہے گی۔ اس کے بعد جمعیۃ علماء ہند کے نائب صدر اور جمعیۃ علماء کلکتہ و بنگال کے صدر مولانا عبدالحلیم صاحب [illegible]

حضرت مولانا نے بزرگانہ نصائح سے سامعین کو محظوظ فرمایا۔ مولانا ممدوح نے اپنی تقریر میں ہندو و مسلمانوں سے کہا کہ بھائیو! یہ ٹھیک ہے کہ مسلمان ہندوستان میں تھوڑے سے ہیں۔ لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ کسی چیز کی کمی اس کی ذلت کی دلیل نہیں ہے کہ اسے گھٹیا سمجھا جائے بلکہ [illegible] ہماری حیثیت جسم انسانی میں آنکھ ناک اور دل و دماغ جیسی ہے۔

مولانا نے ہندو مسلم اتحاد اور رواداری کی تلقین فرمائی اور بتایا کہ رواداری ہی ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کے مقابلہ میں وہ سب کچھ کر سکتے ہیں جسے دباؤ ڈال کر نہیں کیا جا سکتا۔

مولانا کے بعد پروفیسر ہیرا لال [illegible] کلکتہ کے مشہور سوشلسٹ لیڈر سیف الدین کشمیری نے ولولہ انگیز پُرجوش تقریر کی۔

اس کے بعد جناب مولانا حکیم محمود زماں صاحب حسینی نے سامعین سے خطاب فرمایا اور بتایا کہ ہم لوگ کس طرح سے امن و امان کی زندگی ہمیشہ گزار سکتے ہیں؟ دنیا میں کوئی شخص کبھی ایسا نہیں جو امن و چین کی زندگی نہ چاہتا ہو مگر امن و چین کی خواہش کے باوجود ہم فتنہ و فساد میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

آپ نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ کسی کی زیادتی کا برداشت کرنا بہت مشکل ہے لیکن یہی انسانیت کی نشانی ہے۔ آپ نے تمام ہندوستانیوں سے امن و اتحاد کی اپیل کی اور آپ کے بعد مولانا [illegible] صاحب نے اپنے خاص انداز میں ہندو مسلم اتحاد پر [illegible] تقریر کی۔ سب سے آخر میں صدر جلسہ شری ستیا رام سکسریا نے حاضرین کو خطاب کیا [illegible] ہم کلکتہ میں ہر قیمت پر امن برقرار رکھیں گے۔ میں آج اس وعدہ کو یاد دلا کر آپ لوگوں سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم لوگوں نے اگر کسی طرح بھی کلکتہ میں کوئی بدامنی ہونے دی تو [illegible] وعدہ خلافی ہوگی۔

کراچی میں ترکی کمپنی کی شرکت میں سگرٹ سازی کا کارخانہ

پچاس لاکھ سگرٹ روزانہ تیار کرنے کا منصوبہ!

لندن ۱۰ اکتوبر: ماسکو ریڈیو نے روم کی ایک خبر نشر کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ جنرل چیانگ کائی شیک نے سوئٹزرلینڈ کے فیڈرل بنک میں اپنی دولت جس کا اندازہ تین ارب ڈالر کیا جاتا ہے منتقل کر دی ہے۔ ریڈیو کا کہنا ہے کہ یہ [illegible] چیانگ کے سفیر [illegible] نے اپنے یورپ و امریکہ کے دورہ کے زمانے میں کیا تھا۔ [illegible] خطرہ تھا کہ امریکہ کی حکومت اس بات کی تحقیقات کرے کہ اس میں کتنا روپیہ چیانگ کا ذاتی ہے اور کتنا روپیہ اس نے امریکی امدادی رقوم سے اکٹھا کیا ہے۔ [illegible] سوئس فیڈرل بنک میں چیانگ کی رقم جمع ہونے کا پتہ اس وقت چلا جب [illegible] اس بنک سے ۵۰ ہزار کیلو سونا منگا [illegible] (ان ک)

ایک سگرٹ فیکٹری اس وقت بھی کراچی میں موجود ہے۔ لیکن اس کی پیداوار بہت کم ہے امید ہے اس فیکٹری کی بھی توسیع کی جائے گی۔ جولائی ۱۹۴۸ء سے جون ۱۹۴۹ء تک پاکستان نے صرف ہندوستان [illegible] کے سگرٹ درآمد کئے ہیں اس کے علاوہ [illegible] کا تمباکو درآمد کیا گیا تھا۔

اشتہار

گورنمنٹ پاٹری ڈیولپمنٹ سنٹر خورجہ (یو، آئی، آر) میں ۲۸ اور ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو ۱۱ بجے دن سے ۴ بجے شام تک، پہلے، دوسرے اور تیسرے درجے کے مٹی کے برتن جن کی مالیت [illegible] روپے ہے، نیلام کے ذریعہ فروخت کئے جائیں گے۔ جو چیزیں فروخت کی جائیں گی ان میں چائے دان، شکر دان، دودھ دان، پیالے، کٹورے، پیشاب دان، بیسن اور مرتبان (ڈھکن اور بغیر ڈھکن والی) پھول دان اور چینی کے متفرق برتن شامل ہیں۔ قیمت نقد یا گورنمنٹ پاٹری ڈیولپمنٹ سنٹر خورجہ کے ٹیکنیکل انچارج کے نام بینک یا ڈرافٹ کے ذریعہ ادا کرنا ہوگا۔

گلاس ٹیکنالوجسٹ ٹو گورنمنٹ یوپی کانپور

مفت تحفے

اگر آپ ہم سے تقریباً مفت تحفے حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آج ہی ایک جوابی پوسٹ کارڈ یا لفافہ میں دو آنہ کے ٹکٹ رکھ کر روانہ کریں اور ہم سے جلد از جلد پوری تفصیلات معلوم کیجئے۔ [illegible] اسٹاک ختم ہونے پر آپ کو [illegible] انتظار کرنا پڑے گا۔

لی ٹریڈرز پل بنگش دہلی

افکار پاکستان

مسلم لیگ کے کارکنوں سے

پاکستان کے قیام سے قبل عوام کی مسلم لیگ سے جو ہمدردی اور محبت تھی وہ پاکستان کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ تمام غیر لیگی جماعتیں مسلم لیگ [illegible] پاکستان کے قیام کے بعد کوئی اور جماعت جنم نہیں لے سکے گی۔ پاکستان بننے کے بعد ہمارے چند اکابرین کی غفلت اور اپنے فرائض سے لاپرواہ ہونے کے باعث مسلمانوں کے خون اور عزت کی جو بربادی ہوئی ہے اس سے ایک طبقہ مسلم لیگ سے بدظن ہو گیا۔ مسلم لیگ کے لیڈروں کی آپس میں نااتفاقی، حسد، بغض اور کینہ نے ان جماعتوں کو پھر ابھرنے کا موقع دیا جو جماعتیں گذشتہ انتخابات کی نذر ہو چکی تھیں۔

مسلم لیگ سے عداوت رکھنے والے افراد اور جماعتوں کو مسلم لیگ کے کارکنوں کی بے عملی نے موقع دیا کہ وہ پبلک [illegible] پر آکر مسلم لیگ اور مسلم لیگ ورکروں کو بدنام کر کے اپنی دکان اقتدار کو پھر سے جمانے کی کوشش شروع کر دی ہے۔

(سعادت، لائلپور، ۱۱ اکتوبر)

لیبیا کیلئے استقلال

لیبیا کے مستقبل کے معاملے میں کاؤنٹ سیفورزا وزیر خارجہ اٹلی نے اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں جو نئی تجویز پیش کی ہے، اس سے اس مسئلے پر اٹلی کی رائے میں بہت ہی اچھے تغیر کا اظہار ہوا۔ اٹلی اسی خیال پر آگیا جو اب سے ساڑھے چار ماہ قبل پاکستان نے ظاہر کیا تھا۔ یعنی یہ کہ پورے لیبیا کو کامل آزادی دی جائے۔

اب کاؤنٹ سیفورزا کہتے ہیں کہ سائرینیکا، طرابلس اور فیضان کو کامل آزادی دی جائے اور ان تینوں کے درمیان کسی قسم کے وفاق کے ذریعے اتحاد قائم ہو جائے۔ اٹلی غالباً اسی وجہ سے پورے لیبیا کو ایک ملک کی حیثیت سے ایک حکومت کے ماتحت نہیں چاہتا کہ طرابلس میں اطالوی آباد ہیں اور وہاں ان کی خاصی تعداد ہے۔ ان کی خواہش یہ ہے کہ [illegible] طرابلس اور فیضان الگ الگ [illegible] رہیں، [illegible] ان کے روابط اور اتحاد قائم رہ جائے۔ یہ معاملہ کہ طرابلس میں اطالوی بھی آباد ہیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اطالوی اکثریت میں نہیں ہیں۔

(ڈان کراچی، ۱۰ اکتوبر)

اسٹرلنگ ہنڈیوں کی ادائیگی کا مسئلہ

لندن ۱۰ اکتوبر: مانچسٹر گارجین کے اقتصادی ایڈیٹر نے انکشاف کیا ہے کہ امریکہ میں اس مسئلہ پر غور کیا جا رہا ہے کہ کیا امریکہ اسٹرلنگ ہنڈیوں کے ایک حصہ کی ادائیگی کی ذمہ داری قبول کرے؟ اس نے لکھا ہے برطانیہ اپنے قرض خواہوں کے خرید شدہ سامان کی قیمتیں اب ادا نہیں کر سکتا۔ برطانیہ ایک ہی وقت میں اپنا بجٹ متوازن کرنے اور اسٹرلنگ علاقہ کے لوگوں کی فضول خرچیوں کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ اقدام نہ کیا گیا تو پونڈ کی قیمت کم کرنے کا چنداں فائدہ نہ ہوگا۔ اس نے لکھا ہے ہند، پاکستان اور جنوبی افریقہ نے امریکہ اور کناڈا سے ۱۹۳۸ء کی درآمد کے مقابلہ میں ۱۹۴۸ء میں [illegible] گنا زیادہ مال درآمد کیا ہے۔ یہی سیلون اور ملایا کی حالت ہے۔ (رائٹر)

ہلدوانی میں ٹائیفائڈ کی ہلاکت خیزیاں

ہلدوانی ۱۲ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) یہاں ٹائیفائڈ کی بیماری پوری سرعت اور ہولناکی کے ساتھ پھیل گئی ہے۔ ایک ہی دن میں صرف تین جوان آدمی مر گئے اور بہت سے اسی مرض میں مبتلا ہو کر صاحب فراش ہیں۔ [illegible] ابھی تک قابو نہیں پا سکے ہیں۔ ضرورت ہے کہ حکومت اس طرف توجہ دے۔ (نامہ نگار)



اعصابی جنگ

جب ہم کوئی بے اعتدالی کرتے ہیں تو اس کا اثر ہمارے تمام اعضا پر پڑتا ہے۔ ہمارے اعضا جسم کی قوت کو برقرار رکھنے کیلئے فوری جد و جہد کرتے ہیں۔ ایک طرح سے کمزوری کے خلاف جسم میں باقاعدہ جنگ ہوتی ہے لیکن بار بار کی بے اعتدالیوں سے جسم کی کمزوری کے خلاف یہ مدافعت کم ہو جاتی ہے۔ ایسی حالت میں صرف شباب آور ہی آپ کے جسم میں از سر نو طاقت کی لہریں دوڑا سکتا ہے۔

شباب آور

معدہ میں داخل ہوتے ہی نہ صرف [illegible] اعضا میں جوانی کی نئی امنگ پیدا کرتا ہے بلکہ دل، دماغ اور جگر کی کمزوریاں بھی مستقل طور پر رفع ہو جاتی ہیں۔ قیمت پانچ روپے۔

جوانی قائم رکھنے کیلئے رسالہ ہمدرد نوجوان اور ہمدرد شباب مفت طلب فرمائیں۔

ہمدرد دواخانہ، دہلی

چیف اسٹاکسٹس

[illegible]

مراد آباد کے حالیہ فساد پر جمعیۃ علماء ہند کے وفد کی رپورٹ

دہلی ۱۴ اکتوبر: ۸ اکتوبر کو مراد آباد میں فرقہ وارانہ فساد کی اطلاع موصول ہونے پر دہلی سے جمعیۃ علماء ہند کا ایک وفد ۹ اکتوبر کو مراد آباد گیا تھا۔ اس وفد میں مولانا سید انیس الحسن اور جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے جنرل سکریٹری مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی شریک تھے۔

ان حضرات نے مراد آباد پہنچ کر فساد میں زخمی شدہ لوگوں کے گھروں پر ان سے ملاقات کی اور حالات معلوم کئے۔ ساتھ ہی پروفیسر رام سرن داس صدر کانگریس کمیٹی مراد آباد، اور بعض دوسرے معززین سے اور کچھ ان لوگوں سے جو موقعہ فساد پر موجود تھے حالات کی تحقیق کی۔ واپسی پر وفد نے جو رپورٹ پیش کی اس میں کہا ہے:

"مراد آباد کا حالیہ فساد ایک مقامی مسلمان اور شرنارتھی کے درمیان کاروباری تنازعہ کا نتیجہ تھا، جس میں گالی گلوچ اور مار پیٹ کی نوبت آگئی تھی اور ایک ہنگامہ کی شکل پیدا ہو گئی تھی۔ جس میں طرفین کے کچھ آدمی زخمی ہوئے۔ یہ ہنگامہ تقریباً ۱۵ منٹ میں ختم ہو گیا تھا لیکن اس سے شہر میں ایک سنسنی پھیل گئی اور عام طور پر بازار بند ہو گئے۔ اگرچہ اصلی واقعہ پندرہ منٹ میں ختم ہو گیا تھا لیکن اسی واقعہ سے شرنارتھیوں کے ایک گروہ میں غلط اشتعال پیدا ہو گیا۔ اور انہوں نے اسٹیشن روڈ پر اور ٹاؤن ہال کے قریب عام طور سے دکانوں پر بیٹھے ہوئے مسلمانوں اور راستہ چلنے والوں کو لاٹھیوں وغیرہ سے زخمی کرنا شروع کر دیا۔ بعض لوگوں کی نقدی وغیرہ بھی چھین لی۔ اسی دوران میں ایک شخص مسمی عبدالواحد جب اپنے گھر کو جا رہا تھا تو ٹاؤن ہال کے قریب اسٹیشن روڈ پر ایک رنگریز کی دکان کے قریب اس پر جارحانہ حملہ کیا گیا اور نالہ میں پھینک دیا گیا۔ اور وہ جانبر نہ ہو سکا۔

مقامی حکام کے وقت پر پہنچ جانے سے حالات جلد قابو میں آگئے۔ اور پولیس نے گرفتاریاں شروع کر دیں اور فساد کا سلسلہ رک گیا۔ اس کے بعد کوئی خاص واقعہ پیش نہیں آیا۔ البتہ ۹ اور ۱۰ تاریخ کو بھی اکا دکا واقعات پیش آئے۔ جن کی روک تھام کے لئے پولیس کا کافی انتظام شہر میں کیا گیا ہے۔

[illegible] ہنگامہ میں مجروحین کی تعداد ۱۷، ۱۸ سے زیادہ نہیں ہے۔ [illegible] مسلمان اور چند شرنارتھیوں کی گرفتاری عمل میں آئی جن کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ غرض اس فساد میں سب سے زیادہ دردناک واقعہ عبدالواحد کی شہادت ہے۔ وفد نے عبدالواحد شہید مذکور کے گھر جا کر ان کے یتیم بچوں اور دوسرے وارثوں سے بھی ملاقات کی۔ جو زار و قطار رو رہے تھے۔

چند گھنٹے کے فساد کے بعد شہر میں امن ہے۔ بازار کھل رہے ہیں۔ اور ہر فرقہ کے لوگوں کی آمد و رفت جاری ہے۔ اگرچہ ۹ اور ۱۰ اکتوبر کی چند وارداتوں سے مسلمانوں میں خوف و ہراس ضرور ہے۔ حکام کا فرض ہے کہ وہ شہر کے امن کی پوری نگرانی کریں۔

وفد نے عام طور سے ملاقاتوں میں یہ محسوس کیا کہ [illegible]

[illegible]

ایک نہایت ضروری چیز جس پر حکام کو فوری توجہ کرنی چاہئے وہ یہ ہے کہ جیسا کہ اس ہنگامہ کی پوری تحقیقات سے ثابت ہوتا ہے کہ مراد آباد کے مقامی ہندو مسلمان بالکل پرامن ہیں۔ اس فساد میں بھی مقامی ہندوؤں نے کوئی حصہ نہیں لیا لیکن باہر سے آئے ہوئے لوگوں میں سے [illegible] ایک گروہ ضرور موجود ہے جو کہ ان مسلمانوں کو کسی نہ کسی طرح مرعوب کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ ہنگامہ کے بعد بھی اسی گروہ نے [illegible] گشت کر کے اشتعال انگیزی اور دست درازی کی کوشش کی جو مسلمانوں کے صبر و ضبط سے ناکام ہوگئی۔ [illegible] اس لئے ضروری ہے کہ ایسے تمام [illegible] کا سراغ لگا کر انہیں قانون کے حوالہ کیا جائے۔ خواہ وہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتے ہوں۔ خصوصیت کے ساتھ اس ہنگامہ کے تمام مجرموں کو جلد [illegible] سزا دی جانی چاہئے۔

[illegible]

حادثہ اور ۱۱ تاریخ کو سلیمان نامی ایک شخص کا حادثہ جو سیالکوٹ ورکشاپ کے پاس پیش آیا۔ اگر کوشش کی جائے تو ان کے حملہ آوروں کا سراغ لگانا کچھ مشکل نہیں ہے۔ (نامہ نگار)

دارالسلطنت

[illegible]

ٹیلیفون کی نئی شرح پر عمل درآمد

کل سے دہلی میں ٹیلیفون کی نئی شرح پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا اور جتنی مرتبہ ٹیلیفون کیا جائے گا اس کے حساب سے رقم چارج کی جائے گی۔ اس کے علاوہ دس روپیہ سالانہ مزید دینا پڑے گا۔ [illegible] کی پبلک کی آسانی کے لئے دہلی میں سو پبلک ٹیلیفون نصب کئے جانے کا پروگرام بنایا ہے۔

رشوت ستانی کا مقدمہ

کامرس منسٹری کے سابق اڈمنسٹریٹو افسر سردار لال سنگھ [illegible] کے خلاف رشوت کے مقدمہ کے سلسلہ میں [illegible] سماعت ۲۷ اکتوبر تک ملتوی کر دی گئی۔

ہریجن لیڈروں کی شکایت

مسٹر راجا بھوج جنرل سکریٹری [illegible] کہ حکومت نے [illegible] اجازت مل گئی ہے [illegible] تو اس کا نتیجہ سنسنی خیز ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی شکایت کی کہ [illegible] پر پابندی نہیں ہٹائی گئی ہے۔

[illegible] کا فیصلہ

[illegible]

فوٹو لینے پر پابندی

[illegible] (پ ٹ آ)

مسٹر قدوائی سے وفد کی ملاقات

آل انڈیا پوسٹ مین اینڈ لوور گریڈ اسٹاف یونین کا ایک وفد مسٹر جے پرکاش نرائن کی سرکردگی میں مسٹر رفیع احمد قدوائی سے ملا۔ اراکین وفد نے ملازمین کی [illegible] اور تنخواہوں کے بارے میں بات چیت کی۔

شہریوں کیلئے فوجی تربیت

شہریوں کو فوجی تربیت دینے کی اسکیم کے سلسلہ میں [illegible] دہلی کے باشندوں کو پندرہ دن کی فوجی تربیت دینے کی اسکیم بنائی ہے۔ بھرتی [illegible] اکتوبر سے پندرہ دن تک جاری رہے گی۔ مختلف قسم کی ورزشیں سکھائی جائیں گی۔ [illegible] اجمل خاں پارک (قرول باغ) میں بھرتی کی جائے گی۔

دفتر کسٹوڈین کے ملازمین کی بھوک ہڑتال کی دھمکی

[illegible]

چیانگ نے اپنی تمام پونجی سوئٹزرلینڈ کے بنک میں جمع کرادی

اسکو ریڈیو کا سنسنی خیز انکشاف

کراچی ۱۴ اکتوبر: معلوم ہوا ہے کہ کراچی میں جلد ہی سگرٹ سازی کے تین کارخانے جاری ہو جائیں گے۔ جب سے پاکستان کی [illegible] حکومت پاکستان نے ترکی کی ایک کمپنی کو پاکستانی سرمایہ داروں کی شرکت میں کراچی میں کارخانہ کھولنے کی اجازت دے دی ہے۔ پہلی ترکی پاکستانی کمپنی دس لاکھ پاکستانی روپے کے سرمایہ سے کھولی جائے گی۔ سگرٹ سازی کی ایک عراقی فرم سے بھی اس قسم کی گفت و شنید جاری ہے اور امید ہے عنقریب سگرٹ سازی کی عراقی پاکستانی کمپنی بھی قائم ہو جائے گی۔ ترکی پاکستانی سگرٹ کمپنی ترکی سے تمباکو لا کر کراچی میں پچاس لاکھ روزانہ کے حساب سے سگرٹ تیار کرے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ کارخانہ رجسٹر ہو گیا ہے اس میں [illegible] فیصدی سرمایہ ترکی کا اور باقی پاکستان کا ہوگا۔ کام کرنے والے زیادہ تر پاکستانی ہوں گے۔ عراقی کمپنی [illegible] کراچی میں سگرٹ بنایا کرے گی۔ کراچی میں اس وقت [illegible]

پنڈت نہرو کی تقریر

(بقیہ صفحہ ۵)

مختلف سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ ہندوستان میں امریکی سرمایہ لگنے کو خوش آمدید کہیں گے۔ انہوں نے اس امر کا بھی خیال ظاہر کیا کہ دونوں ممالک کی تجارت اور زیادہ بڑھ جائے گی۔ ایک دوسرے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ایشیائی دفاعی معاہدہ کی گفتگو بے وقت ہے۔ دفاعی معاہدے سے زیادہ ضروری ہے کہ نفسیاتی بنیاد پر تعاون کیا جائے۔

پنڈت نہرو کا تعارف مسٹر [illegible] نے کرایا۔ جو نیشنل پریس کلب کے صدر ہیں۔ انہوں نے پنڈت جی کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی وزیر اعظم کی میزبانی سے کلب کی عزت افزائی ہوتی ہے۔ جو ایسے ملک کی طرف سے آئے ہیں جس کی تہذیب بہت پرانی ہے [illegible] خاندان کے ایک کم عمر ترین ممبر ہیں۔

جنگ اور [illegible] پنڈت نہرو [illegible] انسانی حقوق کے حامی کی حیثیت سے نمایاں ہیں جب کہ مشرق بعید کے بڑے حصہ میں انسانی آزادی کا سورج ڈوب چکا ہے۔ پنڈت نہرو اگرچہ دولت میں کھیلے [illegible] انسانی خدمت کے لئے وقف کر دیا [illegible] گاندھی جی کے نزدیک ترین [illegible] اور ساتھی ہیں۔ [illegible] (پ ٹ آ)

مسٹر لاری کی جگہ دستور ساز اسمبلی کیلئے انتخاب

لکھنؤ ۱۵ اکتوبر: چودھری حیدر حسین (کانگرس) بلا مقابلہ یوپی سے مجلس دستور ساز کے ممبر منتخب ہو گئے ہیں۔ ان کے مد مقابل راجہ سید علی خاں آف کوٹوارہ اور قاضی محمد احمد کاظمی نے اپنے نام واپس لے لئے ہیں۔ یہ جگہ مسٹر ظہیر الحسن لاری کے استعفے سے خالی ہوئی تھی۔ (پ ٹ)

بلا پرمٹ ہندوستان آنیوالا

امرتسر ۱۰ اکتوبر: کل ایک پاکستانی کو ہندوستان میں بلا پرمٹ داخل ہونے پر ایک مقامی مجسٹریٹ نے ایک ہفتہ قید سخت کی سزا دی۔ (پ ٹ)

سوشلسٹ ورکرز کا ہنگامی اجلاس

آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی کے جنرل سکریٹری شری جے پرکاش نرائن ایک سال کے بعد دہلی آرہے ہیں۔ ان کے استقبال کے لئے ۱۶ اکتوبر بروز اتوار دس بجے صبح دہلی سوشلسٹ ورکرز کا ایک ہنگامی اجلاس پارٹی دفتر میں منعقد ہو رہا ہے۔ جس میں پبلک جلسہ کا اور دیگر پروگرام مرتب کیا جائے گا۔ [illegible] وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔

درجہ حرارت اور طلوع و غروب

جمعہ کو دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۶ اور کم سے کم ۶۶ درجہ رہا۔ دہلی میں آج سورج ۶ بجکر [illegible] منٹ پر طلوع ہوا۔ اور ۵ بجکر [illegible] منٹ پر غروب ہوگا۔ کل اتوار کو طلوع آفتاب کا وقت [illegible] غروب آفتاب ۵ بجکر [illegible] منٹ پر ہوگا۔

مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر!

کل شام سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے رامجس کالج کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کے بعد طالب علموں پر [illegible] ذمہ داریاں عائد ہو چکی ہیں۔ جہاں تک طلباء کی یونین کا تعلق ہے انہیں سیاسی پارٹیوں کے جھگڑوں سے الگ رہنا چاہئے۔ مگر طلباء کو ذاتی طور پر سیاسیات میں حصہ لینا چاہئے۔ اور ملک کے لئے مفید ثابت ہونا چاہئے۔ گذشتہ چند سالوں کے تجربہ سے ہم نے دیکھا ہے کہ ملک کے اندر کوئی بھی تحریک طلباء کی مدد کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتی۔ طریقہ تعلیم کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر نرائن نے کہا کہ غیر ممالک کی طرح ہمارے نوجوانوں کو اتنی سہولتیں میسر نہیں کہ وہ ملک کی تعمیر کا کام بھی کر سکیں۔ ملک میں بڑھتی ہوئی رشوت خوری، خود غرضی، بے ایمانی وغیرہ کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر پرکاش نے کہا کہ [illegible] اس وقت زندگی میں داخل ہو چکے ہیں [illegible] مشکل ہے۔ مگر میری طالب علموں سے اپیل ہے کہ وہ ملک سدھار کی اسپرٹ لے کر زندگی میں داخل ہوں۔ گاندھی جی کے اقوال دہراتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں سماج اور لوگوں دونوں کے دلوں کو بدلنے کی ضرورت ہے۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۱۵ اکتوبر

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

سیام امریکہ اور برطانیہ کی مسلح فوجوں کا خیر مقدم کریگا!

کمیونسٹ خطرے کے پیش نظر سیام کا فیصلہ، وزیر اعظم کا گوب کو بیان!

بنکاک ۱۵ اکتوبر: وزیر اعظم سیام فیلڈ مارشل پبل سونگرام نے گوب کو ایک خاص انٹرویو دیتے ہوئے اپنی پالیسی کی وضاحت کی جس کے تحت وہ جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونسٹ سیلاب کو روکنے اور اپنے ملک کا دفاع کرنے کیلئے جمہوریتوں اور خاص طور پر برطانیہ اور امریکہ سے مکمل فوجی امداد طلب کریں گے۔

فیلڈ مارشل سونگرام نے پہلے اس بات کا انکشاف کیا، کہ میدان جنگ میں تھائی لینڈ امریکہ اور برطانیہ کی مسلح فوجوں کی امداد کا خیر مقدم کرے گا۔

وزیر اعظم نے تشریح کی کہ فوجی امداد کس وقت کی جائے۔ انہوں نے کہا اس کا فیصلہ حکومت تھائی لینڈ دوسری حکومتوں کے مشورے سے کرے گی۔

انہوں نے کہا کہ تھائی لینڈ نے جس [illegible] وہ سب کی سب دفاعی حیثیت رکھتی ہیں۔ چنانچہ فی الحال کسی قسم کا معاہدہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ہمارا مقصد بھی وہی ہے جو برطانیہ اور امریکہ کا ہے۔ کسی شخص کے خلاف اس وقت تک کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ جب تک کہ ہمارے جمہوری نظام کو خطرہ پیدا نہ ہو جائے۔

وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا [illegible] تھائی فوج کو مسلح کرنے [illegible] سوال کیا گیا کیا تھائی لینڈ اپنی فوج کو جدید ترین اسلحہ کا استعمال سکھانے کے لئے کسی ملک سے فوجی مشن بھیجنے کی درخواست کرے گا۔ وزیر اعظم نے جواب دیا کہ فی الحال ایسی کوئی تجویز نہیں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فی الحال چند فوجی افسران کو [illegible] اور ملایا کی سرحد پر باغیوں کے خلاف برطانوی اور تھائی فوجیں مشترکہ طور پر کارروائی کر رہی ہیں۔

سوال کیا گیا کہ کیا کوئی ایسا ماحول پیدا ہو سکتا ہے کہ [illegible] اتحادی فوجیں مسلح [illegible] خطرے سے تھائی لینڈ میں داخل ہو جائیں۔ وزیر اعظم نے جواب دیا کہ اس بات کا فیصلہ حالات کا مطالعہ کرنے کے بعد کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ تھائی لینڈ آگ برسانے والے [illegible] خرید رہا ہے۔ اور چونکہ تھائی ہوا باز اس قسم کے [illegible] کو استعمال کرنا نہیں جانتے [illegible] تھائی لینڈ طلب کئے جا رہے ہیں۔ [illegible] (گوب)

روزنامہ تنویر کے ایڈیٹر پرنٹر پبلشر کے خلاف توہین عدالت کا نوٹس

الہ آباد ۱۵ اکتوبر (اے پی) مسٹر کنہیا لال مصرا گورنمنٹ ایڈوکیٹ کی درخواست پر ایک نوٹس چیف جسٹس نے مسٹر محمد عمر قریشی اور مسٹر عبد الغفور دریا آبادی ایڈیٹر روزنامہ تنویر لکھنؤ اور حافظ احمد حبیب پرنٹر پبلشر کے خلاف جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کیوں نہ ان کے خلاف توہین عدالت کا مقدمہ چلایا جائے۔

درخواست میں الزام لگایا گیا ہے کہ [illegible] کے پرچہ میں محمد عمر قریشی کا ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں سب ڈویژنل مجسٹریٹ [illegible] آباد ضلع اعظم گڑھ کی عدالت کی توہین تھی۔

سب ڈویژنل مجسٹریٹ کی عدالت میں دفعہ [illegible] اور [illegible] کے تحت ایک مقدمہ چل رہا تھا جس میں استغاثہ کے گواہوں کے بیانات [illegible] کو ختم ہوئے تھے۔ اس میں [illegible] مارچ ۱۹۴۸ء کو شیو راتری کے دن موضع دلیر پور میں چالیس پچاس مسلمانوں کا جانب سے [illegible] شنکر جی کی مورتی [illegible] حملہ کرنے کا الزام تھا۔ ملزموں نے جرم سے انکار کیا تھا۔

بھول جائیں۔ مختلف قسم کے تمباکو کی سگرٹ میں کیا تناسب ہے یہ ایک تجارتی راز ہے [illegible]

سرخ چین میں بھاری صنعتیں

حکومت روس کی طرف سے ٹیکنیکل امداد

ہانگ کانگ ۱۵ اکتوبر: چین کمیونسٹ مقبوضہ علاقوں میں اس وقت تقریباً [illegible] روسی ماہرین فن [illegible] جو چینی ماہرین فن کو تربیت دے رہے ہیں۔ اس امر کا انکشاف چین سوویٹ دوستی انجمن کے ایک جلسہ میں کیا گیا جو حال ہی میں پیکنگ میں منعقد ہوا تھا اور جس کی خبر ابھی یہاں پہنچی ہے۔

انجمن کے صدر لیو شاؤ چی جو کہ نئی مرکزی چینی حکومت کے نائب صدر بھی ہیں۔ جلسہ میں اعلان کیا تھا کہ مزید روسی ماہرین [illegible] پارٹی اسٹالن سے اس قسم کی درخواست کرے اور اسٹالن [illegible] اجازت [illegible] چین میں خدمات انجام دینے جائیں گے۔ [illegible] اس وقت تک چین میں مقیم رہیں جب تک کہ چینی ماہرین فن کافی ہوشیار نہ ہو جائیں اور بغیر کسی غیر ملکی امداد کے اپنے کارخانوں کا انتظام نہ کر سکیں۔ [illegible]

لیو نے انکشاف کیا ہے کہ شمالی چین کی [illegible] روسی ماہرین فن کے سر ہے جنہوں نے شمالی چین کے ریلوے نظام کو بھی دوبارہ منظم کیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ چین اور روس کے درمیان بڑے پیمانے پر تجارت شروع ہو چکی ہے۔ (گوب)

برطانوی سگرٹوں میں ہندوستانی تمباکو

لندن ۱۵ اکتوبر: برطانوی [illegible] ہندوستانی تمباکو استعمال کیا جاتا ہے [illegible] "ورجینیا" [illegible] تمباکو کو آہستہ آہستہ [illegible]

اسلام غیر مسلموں کی نظر میں

بزبان ہندی

مصنفہ مولانا ابو محمد امام الدین صاحب رام نگری۔ اس کتاب میں اسلام، حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کی صداقت و حقانیت کے متعلق یورپ اور ہندوستان کے غیر مسلم اکابر کے افکار و خیالات ہندی زبان میں پیش کئے گئے ہیں۔ قیمت [illegible]

ہندی ماسٹر حصہ اول — قیمت [illegible]
ہندی ماسٹر حصہ دوم — قیمت [illegible]
ہندی ماسٹر حصہ سوم — قیمت [illegible]
اردو ہندی لغت — قیمت [illegible]
دفتری مراسلات و کاغذات — قیمت [illegible]

ہر قسم کی علمی، سیاسی، اخلاقی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو — گلی قاسم جان دہلی [illegible]

رجسٹرڈ ایل ۵۲۳۲

برانڈ
آئیل انجن
نہایت پائدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے
سول ایجنٹ
کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۲ سکول لین نئی دہلی
فون نمبر ۶۱۳۸

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان
گپتا برادرس ۔ ایجنٹس

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۲۵ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۹ اکتوبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۴۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

اسمبلی کے ممبروں کے الاؤنس میں پانچ روپیہ کم ہوگئے

ملک کی عام اقتصادی صورت حالات کے پیش نظر دستوریہ ہند کا اقدام

آزادی تقریر کے مسئلہ پر دلچسپ اور اہم بحث

کوئی شخص اب عدالت کی توہین نہ کرسکے گا

سزا کو معاف کرنے یا کم کرنے کے متعلق صدر ہند کو وسیع اختیارات

[illegible]

ہند پارلیمنٹ کے ۳۲ ممبران آئندہ ہندی میں تقریر کریں گے

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر۔ دستوریہ ہند کے ۳۲ ممبران [illegible]

سیگاؤں میں چار بم پھٹے

سیگاؤں ۱۷ اکتوبر۔ [illegible]

آسٹریلوی کمیونسٹ لیڈر کو سزا

سڈنی ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

امریکہ کی کمیونسٹ پارٹی کے خفیہ ہوجانے کا امکان

ممبروں کو شناختی کارڈ اور دوسرے کاغذات تباہ کرنے کی ہدایت

نیویارک ۱۷ اکتوبر۔ امریکہ کی ۲۹ سالہ کمیونسٹ پارٹی [illegible]

کمیونسٹ فوجیں کینٹن پر قبضہ کرنے کے بعد چینی ترکستان میں بھی داخل ہوگئیں

بندرگاہ اموئے کے قریب برطانوی جہاز پر گولہ باری

ہانگ کانگ کی سرحد پر برطانیہ کا زبردست دفاعی انتظام

ہانگ کانگ ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

مشرقی جاوا میں نازک صورت حال

جمہوری زیر دفاع کا بیان

[illegible]

یورپ میں خوراک کی کمی

خوراک و زراعت کے ادارہ کی تنبیہ

روم ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

ڈچ ترجمان کا جمہوری زیر دفاع پر الزام

معاہدہ جنگ بندی کی صریح خلاف ورزی کا الزام

بٹاویہ ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

مصری یونیورسٹیوں میں گاندھی۔ آزاد۔ ٹیگور۔ سروجنی نائیڈو کا فلسفہ پڑھایا جاتا ہے

ہندوستانی مفکروں کی کتابیں عربی میں ترجمہ کی جائینگی

ہند اور مشرق وسطی کے تعلقات مضبوط کرنے کیلئے جدوجہد کا آغاز

عرب ممالک میں ہندوستانی اقدام کا پرجوش خیر مقدم

قاہرہ ۱۷ اکتوبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) [illegible]

وزیر مالیات میسور میں

بنگلور ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

پنڈت نہرو کی واشنگٹن کی تقاریر

پاکستانی وزیر خارجہ کا تبصرہ

[illegible]

دستور میں تحفظ گاؤ کی دفعہ!

مطالبہ منظور کرانے کیلئے ستیہ گرہ

[illegible]

پٹیالہ سیکریٹریٹ کے سامنے بھوک ہڑتال

اکھنڈ پاٹھ کی اجازت نہیں ملی

پٹیالہ ۱۷ اکتوبر۔ [illegible]

ہر فرقہ کو اپنی تعلیم کا بندوبست خود ہی کرنا ہے

امروہہ میں مولانا بشیر احمد صاحب صدر یوپی جمعیۃ علما کی تقریر

امروہہ ۱۱ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) صدر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی نے جمعیۃ علماء امروہہ کی مجلس منتظمہ میں جس میں ممبران کے علاوہ شہر کے دیگر ذمہ دار حضرات بھی شریک ہوئے تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں کو ان کی مذہبی تعلیم کی طرف توجہ دلائی آپ نے فرمایا کہ ہندوستان اب آزاد ہے اور یہاں ایک سیکولر جمہوری حکومت قائم ہے۔ جس نے قاعدے کے مطابق بلاتفریق مذہب ہر ہندوستانی کی تعلیم کا بار اپنے ذمہ لیا ہے لیکن وہ کسی بھی فرقہ کی مذہبی تعلیم کا بندوبست نہیں کرے گی۔ اس طرح ہر فرقہ کو اپنی مذہبی تعلیم کا بندوبست خود ہی کرنا ہے۔ آپ نے ایک ایسا طریقہ کار پیش فرمایا جس کے ذریعہ تقریباً نصف بچے بلا کسی خرچ کے مذہبی تعلیم حاصل کرسکتے ہیں۔ تمام حضرات نے مولانا کے پیش کردہ طریقہ کار کو بہت پسند فرمایا۔ اور تعاون کا یقین دلایا۔

چنانچہ اس سلسلہ میں ایک کمیٹی [illegible] (نامہ نگار)

Estd. 1925

Daily + Weekly
Aljamiat

DATE - 17-10-49

PHONE 5855

ضروری سوال

اتوار کو روزنامہ الجمعیۃ شائع نہیں ہوتا۔ اس کی بجائے ہفت روزہ الجمعیۃ شائع کیا جاتا ہے روزانہ کی قیمت ۲ر فی پرچہ ہے اور ہفت روزہ کی قیمت ۴ر فی پرچہ ہے۔

بعض ہمدردوں نے تجویز پیش کی ہے کہ ہفت روزہ الجمعیۃ کو موجودہ شکل میں شائع کرنے کی بجائے اتوار کے دن بھی دو ورقوں کا اضافہ کرکے روزنامہ ہی اپنے اصل سائز پر شائع کیا جائے اور قیمت دو آنہ فی پرچہ ہی رکھی جائے۔ البتہ (۱) اتوار والی اشاعت میں اس دن کی تازہ ترین خبریں بھی ہوں تاکہ روزانہ الجمعیۃ پڑھنے والوں کو اس دن خبروں کے لئے کسی دوسرے اخبار کی ضرورت نہ رہے جیسا کہ اب انہیں دوسرے اخبار کی تلاش ہوتی ہے (۲) دو کالموں میں گذشتہ ۷ دنوں کی تمام ضروری خبریں اختصار کے ساتھ درج کردی جائیں تاکہ جو حضرات صرف اسی پرچہ کو پڑھیں وہ بھی ہفتہ بھر کے حالات سے پوری طرح باخبر ہوسکیں (۳) ہفتہ بھر کی جاذ خبریں بھی اختصار کے ساتھ درج کی جائیں (۴) موجودہ ہفت روزہ کی طرح مضامین اور نظمیں وغیرہ بھی شائع کی جائیں تاکہ یہ اشاعت بیک وقت ہفت روزہ اور روزنامہ دونوں کا کام دے سکے اور شہروں اور گاؤں کے لوگ یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔

قارئین الجمعیۃ و ایجنٹ صاحبان

سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں ہمیں جلد از جلد اپنی رائے سے آگاہ فرمائیں۔ براہ کرم جس خط میں اپنی رائے تحریر فرمائیں اس میں دوسرے امور نہ لکھیں۔

عبدالوحید صدیقی
جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

لالہ بھیم سین سچر کا مرکزی پارلیمنٹری بورڈ سے احتجاج

وہ اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتے ہیں!

شملہ ۱۷ اکتوبر۔ [illegible]

لڑکیوں کو امرت کور کی ہدایات

جلسہ تقسیم اسناد میں خطبہ

جے پور ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

ضلع جالندھر میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

جالندھر ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

روسی مسلمانوں کی حفاظت کا مطالبہ

لندن ۱۵ اکتوبر۔ ہندوستان اور دوسری حکومتوں کے وزرائے خارجہ (جن میں ترکی۔ پاکستان۔ برطانیہ۔ امریکہ اور فرانس کے وزرائے خارجہ بھی شامل ہیں) اور اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل مسٹر ٹرگوے لی کو ایک اپیل کی نقلیں بھیجی گئی ہیں [illegible]

کانوں اور کلیدی صنعتوں کو مشترکہ ملکیت بنایا جائے

مغربی جرمنی کے پچاس لاکھ مزدوروں کے نمائندوں کا مطالبہ

[illegible]

ایجنٹ صاحبان

نوٹ کرلیں
اخبار الجمعیۃ کی تعداد کے متعلق
کوپن منی آرڈر پر کچھ نہ لکھا کریں
کیونکہ منی آرڈر بہت تاخیر سے
وصول ہوتے ہیں اور تعمیل بروقت
نہیں ہوسکتی

ہندوستان پاکستان سے کھیل کے بڑے سامان کی درآمد

برطانوی تجارتی بورڈ نے پابندیاں ختم کردیں

لندن ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

ہندی ساہتیہ سمیلن کا اجلاس

نومبر کے آخر میں حیدرآباد میں ہوگا!

حیدرآباد ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

امریکہ نے جنگی تیاریاں شروع کردیں

نئے فوجی اڈوں کی تعمیر

واشنگٹن ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

سر ظفر اللہ اوٹاوا پہونچ گئے

اوٹاوا ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

انڈونیشیا کی گول میز کانفرنس

مغربی طاقتیں مداخلت کریں گی؟

لندن ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

سی پی و برار میں کسانوں کے مظاہرین کیلئے سوشلسٹوں کا فیصلہ

جنگلات کی آمدنی پر دیہات کا مطالبہ... مالگذاری کے خاتمہ پر مبارکباد

ناگپور ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

ترکی اور ایران میں تجارتی سہولتیں دینے کے لئے معاہدہ

ایک دوسرے کے مال پر ٹیکس لگیگا

طہران ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

زنان بازاری کا اخراج

شرنارتھیوں کے لئے مکانات

جے پور ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

فرانس کے نئے وزیر اعظم کا انتخاب

یہ حکومت بھی نہ چل سکے گی

پیرس ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

شامی دستوریہ کے انتخابات

دمشق ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

ہندوستان میں کپاس کی پیداوار میں اضافہ کے لئے اسکیم تیار ہوگئی

بمبئی ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

چین کی حالت سال آئندہ بھی بہتر ہونیکا امکان نہیں ہے

عنقریب ہر جگہ چینی کے راشن کا امکان

لکھنؤ ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

شیعوں سے ڈاکٹر کاٹجو کا خطاب

کلکتہ ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

کینٹن پر کمیونسٹوں کا قبضہ

(باقی صفحہ اول)

[illegible] ہانگ کانگ سے ساٹھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ لڑائی اسی جگہ ہورہی ہے۔ ڈرائیور نے گاڑی روک لی اور جوں ہی لڑائی شروع ہوئی وہ فرار ہوگیا۔

کینٹن اور ہانگ کانگ کے درمیان ریڈیو ٹیلی فون کا سلسلہ دو بجکر ۵ منٹ پر منقطع ہوگیا (رپورٹر۔ رائٹر)

جے پور میں باغات کی تعمیر

جے پور ۱۵ اکتوبر۔ [illegible]

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ	ہفت روزہ
سالانہ ۔ چالیس روپے	سالانہ ۔ بارہ روپے
ششماہی ۔ بیس روپے	ششماہی ۔ چھ روپے آٹھ آنے
سہ ماہی ۔ گیارہ روپے	فی پرچہ ۔ ۴ر

نوٹ
اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا۔
مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

ضروری اعلان

ایک معلم صاحب نے اخبار الجمعیۃ دہلی جاری کرانے کے لئے مبلغ [illegible] بذریعہ منی آرڈر دفتر کو ارسال کئے ہیں۔

لیکن موصوف نے نہ اپنا نام تحریر کیا اور نہ پتہ لکھا۔ مہر پر صرف سگرام پور ضلع بھاگلپور پڑھا جاتا ہے۔ نام و پتہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے اخبار بھی نہیں جاری کیا جاسکتا۔

جن صاحبان نے روپیہ بھیجا ہو براہ کرم وہ اپنا پورا پتہ تحریر فرمائیں تاکہ اخبار جاری کیا جاسکے۔

یہ بھی لکھیں کہ روزنامہ جاری کیا جائے یا ہفت روزہ۔

ضرورت

[illegible]

مہتمم میگنیفکیور انسٹی ٹیوٹ کرہ ۲۵ گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

[illegible]

دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر مسلمانان نیندڑو کا اظہار تشویش

تحقیقات کے لئے مرکزی وصوبائی حکومت سے مطالبہ

نیندڑو (بذریعہ ڈاک) ۱۰ اکتوبر کل بعد مغرب مسلمانان نیندڑو کا جلسہ زیر صدارت مولوی قاری عتیق احمد قاسمی منعقد ہوا جس میں حسب ذیل تجویز بالاتفاق پاس ہوئی۔ حکیم مولوی سید حامد علی صاحب نگینوی صدر جمعیۃ العلماء سرکل نیندڑو نے پیش کی۔ مسلمانان نیندڑو کا جلسہ عام دارالعلوم دیوبند جیسی دنیائے اسلام کی مرکزی دینی درسگاہ کے سلسلہ میں حکام ضلع سہارنپور کی اس غلط روش پر جو انہوں نے دارالعلوم کے سالانہ قربانی کے اشتہار کی ضبطی کے بارے میں تلاشی کے معاملے میں اختیار کی ہے سخت تشویش کا اظہار کرتا ہے اور مرکزی وصوبائی حکومت کو توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہے کہ حکام ضلع سہارنپور کی اس غلط روش پر خاص ایکشن لے اور آئندہ کوئی ایسا نامناسب اقدام دارالعلوم کے خلاف نہ کیا جائے کہ جس سے تمام دنیا کے مسلمانوں کی دل آزاری ہو اور ہماری سیکولر اسٹیٹ کی بین الاقوامی شہرت کو دھبہ لگے۔

دوسری تجویز میں کہا گیا ہے اراکین جمعیۃ العلماء سرکل نیندڑو ناظم جمعیۃ العلماء رفیع آباد کے شرارت پسندوں کے ہاتھوں مع متعلقین زخمی ہونے اور سامان کے برباد کئے جانے پر دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ حکومت مفسدوں اور مجرموں کو بعد تحقیقات پوری سزا دینے میں کوتاہی نہ کرے گی اور اس قسم کے فسادات کے اسباب کے سد باب کی کوشش کرے گی جو مذہبی تعصب پر خصوصیت سے غلط افواہیں پھیلا کر برپا کئے جاتے ہیں۔

وفد جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کا دورہ

۲۰ اکتوبر کو اعظم گڑھ پہنچے گا

لکھنؤ ۱۰ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ یوپی کی ورکنگ کمیٹی نے اپنے حالیہ اجلاس منعقدہ ضلع سہارنپور میں جمعیۃ کے تعمیری پروگرام کی تکمیل اور جمعیۃ کو اضلاع میں منظم کرنے کا جو خاکہ مرتب کیا ہے۔ اس کو کامیاب بنانے کے لئے جمعیۃ علماء صوبہ کا ایک وفد حضرت مولانا بشیر احمد ایم اے ایل ایل بی صدر جمعیۃ علماء صوبہ کی سرکردگی میں ۲۰ اکتوبر کو اعظم گڑھ پہنچ رہا ہے۔ ۲۱ اکتوبر کو شہر اعظم گڑھ میں حضرت صدر محترم تعمیری پروگرام کے نفاذ کے طریقوں پر کارکنان جمعیۃ کو ہدایات دیں گے۔ اور دیہات سے ممبر سازی کی مہم کا آغاز کریں گے۔ ۲۲-۲۳ اکتوبر کو ضلع کے اہم مقامات مثلاً مئو ناتھ بھنجن مبارکپور، جہانا گنج اور سرائے میر وغیرہ کا دورہ کریں گے۔ مولانا عبدالباری صاحب ناظم اعلیٰ ضلع جمعیۃ علماء نے دورہ کا پروگرام مرتب کر رہے ہیں۔ صوبہ دفتر سے ہدایات دی جا چکی ہیں۔ اس وفد میں حضرت صدر محترم کے علاوہ مولانا علی فاروقی صدر ضلع جمعیۃ علماء جونپور اور مولانا عبدالمجید صاحب اعظمی آفس سکریٹری جمعیۃ علماء صوبہ شامل ہیں۔

جمعیۃ کا دوسرا وفد تعمیری اور تنظیمی پروگرام کے سلسلہ میں گونڈہ، بہرائچ جا رہا ہے جس کی قیادت مولانا محمد قاسم ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ فرمائیں گے۔

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہونگے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندویونین میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ داریت کے زہر کو ختم کرکے ایک صالح اور توانا اتحاد کی بھی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن وتحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل واتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں!

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کمر ہمت باندھئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

نکاسی جائدادوں کے متعلق پاکستان کا نیا آرڈیننس

ناجائز قابض اور سلطنت نکاسی کی وضاحت

کراچی ۱۰ اکتوبر۔ پاکستان کے گورنر جنرل نے نکاسی جائداد کے انتظام وغیرہ کے لئے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے اور ایک اور آرڈیننس کے ذریعہ پاکستان اقتصادی بحالیات کے آرڈیننس مجریہ ۱۹۴۹ء میں ترمیم کر دی ہے۔ پہلا آرڈیننس پاکستان کے مفاد نکاسی جائداد کے آرڈیننس کی جگہ تھا۔

یہ آرڈیننس اکتوبر ۱۹۴۸ء میں جاری کیا گیا تھا۔ نئے آرڈیننس کے تحت نکاسی جائداد اور نکاسی کی تعریف زیادہ جامع کر دی گئی ہے۔ اور اس طرح ناجائز قابض کی تعریف میں بھی وسعت پیدا کر دی گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی تعریف ہندوستان آرڈیننس کے مطابق جامع کی گئی ہیں (پ۔ ٹ۔ ا)

راجستھان میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے

اراکین جمعیۃ علماء راجستھان کی سرگرمی

(نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

مرکزی جمعیۃ علماء ہند کا یہ پروگرام ہے کہ اس کے ترجمان اخبار الجمعیۃ کی اشاعت میں اضافہ کرکے اس کو ایک لاکھ تک پہنچا دیا جائے۔ اور ایک مضبوط پریس قائم کرتے کہ انگریزی اور ہندی کے ایڈیشن نکالے جائیں۔ اس سلسلہ میں مولانا سید قاضی الاسلام صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان نے مسلمانان صوبہ راجستھان کو توجہ دلائی ہے کہ مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے اس پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جمعیۃ علماء کے کارکنوں سے تعاون کریں۔ اور تمام ماتحت جمعیتوں کے عہدے داران اور ارکان سے یہ اپیل کی ہے کہ وہ اپنے شہروں میں جلد سے جلد زیادہ سے زیادہ خریدار پیدا کریں۔ اور ہندوستان کی ایجنسیاں قائم کریں۔

معلوم ہوا ہے کہ ریاست ٹونک میں بہت ہی سرگرمی کے ساتھ اراکین جمعیۃ اس پروگرام کو کامیاب بنا رہے ہیں۔ اور شہر کے لوگوں کو الجمعیۃ کی خریداری کی جانب توجہ دلا رہی ہے۔

اس سلسلہ میں خاص طور پر جناب حافظ حمید اللہ صاحب سوداگر رکن جمعیۃ علماء و جناب منشی احمد تقی صاحب خازن جمعیۃ علماء ٹونک جدوجہد کر رہے ہیں۔ حافظ حمید اللہ صاحب کی تنہا کوششوں سے ایک ہفتہ میں دس خریداروں کا اضافہ ہو گیا ہے۔

یاد رہے مولانا سید منظور الحسن صاحب برکاتی ناظم جمعیۃ نے ارکان مجلس منتظمہ کے اجلاس میں ایک تجویز منظور کی تھی جس میں اس پروگرام کی پرزور تائید کی تھی۔ اور مسلمانوں کو اخبار کی توسیع اشاعت کی جانب خاص توجہ دلائی تھی۔

اس تجویز کا بہت ہی خوشگوار اثر پڑا اور لوگوں کو اس کا احساس ہوا۔ مولانا منظور الحسن صاحب کی یہ تجویز دو ستمبر کے الجمعیۃ میں شائع ہو چکی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ راجستھان کے دیگر شہروں کوٹہ، بوندی، جے پور، کشن گڑھ، بانسواڑہ، پرتاب گڑھ، ڈونگر پور، اسود، چھبڑہ، جودھپور، اور بیکانیر میں اسی طرح گرم جوشی کے ساتھ کام کیا جائے گا۔

مرکزی حکومت کی وزارتوں میں تبدیلی

نئی دہلی میں قیاس آرائیاں

نئی دہلی ۱۶ اکتوبر۔ اس خبر کے بعد کہ مرکزی حکومت کے وزراء اپنی مرضی سے تنخواہوں میں کمی کر دینے کیلئے تیار ہیں سکریٹریٹ میں یہ خبر گشت لگا رہی ہے کہ مرکزی کیبنٹ نئے سرے سے بنائی جائے گی تاکہ وزراء کی تعداد کم کی جاسکے۔ بتایا جاتا ہے کہ دو وزیر یا تین محکموں کو ملا کر ایک منسٹر کے تحت رکھا جائے گا۔

روس ساری دنیا پر اقتدار چاہتا ہے

سڈنی ۱۷ اکتوبر۔ آسٹریلیا کے چیف آف دی جنرل اسٹاف لفٹننٹ جنرل وی سٹرڈی نے گذشتہ شب اعلان کیا کہ روس کیمونزم کے ذریعہ ساری دنیا پر اقتدار حاصل کرنا چاہتا ہے اور ہمیں اس نظریہ کو مان لینا چاہئے کہ جنگ ہم ہی میں سے کچھ لوگ شریک ہوں گے۔

انہوں نے کہا اقوام متحدہ کے قیام کے باوجود کوئی شخص نہیں جانتا کہ جنگ کو کس طرح سے روکا جائے اور یہ بتانا ناممکن ہے کہ جنگ کب شروع ہوگی۔ اگر روس نے یہ محسوس کیا کہ حالات اس کے موافق ہیں تو وہ فوراً جنگ شروع کر دیگا۔ روس کا خیال ہے کہ کیمونزم اور سرمایہ داری ایک ساتھ نہیں چل سکتی۔ (گلوب)

ہند مشرق ومغرب کی ٹھنڈی جنگ سے کنارہ کش رہیگا

پنڈت نہرو کی جانب سے صدر ٹرومین کو ہند آنے کی دعوت

(نیویارک میں پنڈت نہرو کی پریس کانفرنس)

نیویارک ۱۷ اکتوبر بذریعہ (پی ٹی آئی رائٹر) ہند کے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے نیویارک پہنچنے کے بعد پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ ہندوستان نے یہ طے کر لیا ہے کہ وہ مشرق ومغرب کی ٹھنڈی جنگ سے علحدہ رہیگا

کیمونزم کے درمیان جدوجہد کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے تو آپ نے کہا کہ قطعی طور پر ہم جمہوری اصولوں کی پیروی کرنے اور اس کی پالیسی پر چلنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس سوال کے جواب میں کہ آیا ہندوستانی سرحد پر روس کی طرف سے کوئی خطرہ محسوس کرتا ہے پنڈت جی نے کہا میرے خیال میں کوئی ایسی بات نہیں۔

ایک اور سوال کے جواب میں کہ آیا ہند کولمبو کانفرنس ...... پنڈت جی نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ ہند اور امریکہ کے تعلقات مضبوط شکل اختیار کر جائیں گے۔ مزید کہا کہ ہند مشرق ومغرب کی مخاصمانہ جنگ سے علحدہ رہنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ نیویارک کے ہوائی اڈے پر پنڈت جی کا ہوائی جہاز مقررہ وقت سے چھ منٹ پہلے پہنچ گیا اور اس سے اترنے سے پہلے ادھ گھنٹہ امریکہ کی وجہ سے ہوائی جہاز کو ہی ٹھہرنا پڑا۔

جب دریافت کیا گیا کہ کیا انہوں نے واشنگٹن کے چہار روزہ قیام میں کسی قسم کا اقرار کیا ہے تو پنڈت نہرو نے جواب دیا میں نے کسی وقت کسی سے کسی قسم کا اقرار کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ آپ نے یہ بھی بتایا کہ یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا اور نہ کبھی ہوا۔

پنڈت نہرو کی یہ کانفرنس .... پریس کلب میں ہوئی۔ جس میں دنیا بھر کے اخبارات کے تین سو سے زائد نمائندے موجود تھے آپ نے بتایا کہ میں امریکہ کوئی سودے بازی کرنے نہیں آیا بلکہ حالات دیکھنے آیا ہوں اور یہاں امریکہ کے تاجروں اور سرکردہ شخصیتوں سے ملوں گا۔ اور یہاں ہند کے مفاد کے .... ہوں گے۔

اگرچہ ہندوستانی ایک لحاظ سے قدرتاً انگریزوں کے مخالف رہتے ہیں۔ کیونکہ برطانیہ ہند پر کنٹرول کرتا رہا ہے لیکن تعلیم کے معاملہ میں ہند برطانیہ کا احسان مند ہے۔ میں خود برطانوی اسکولوں اور یونیورسٹیوں کی پیداوار ہوں۔ ہم برطانوی اور امریکی قانون اور دنیا کی چیزوں کے بارے میں سوچتے ہیں .... یہ درست ہے کہ ہندوستانیوں کا فلسفہ زندگی .... اور سیرت کی امتیازات جانے کس قدر زبردست کیوں نہ ہوں۔ ایک ہندوستانی بہر زیادہ اثر انداز نہیں ہوئے۔

جب سوال کیا گیا کہ کیا آپ نے صدر ٹرومین کو ۱۹۵۰ء کے شروع میں ہند آنے کی دعوت دی ہے تو جواب میں پنڈت جی نے کہا کہ اگر صدر ٹرومین ہند آئیں تو ہمیں درحقیقت خوشی ہوگی۔ اور ہم اس قسم کی دوستانہ دعوت دے کر بہت ہی خوش ہوں گے جب پنڈت جی سے پوچھا گیا کہ ڈیموکریسی اور ......

ہندوستانی یہودی بھی اسرائیل کو چلے

لندن ۱۷ اکتوبر: جیوش کرانیکل لندن کا بیان ہے کہ ریاست کوچین کے بہت سے یہودی اور خاص طور پر جو ان یہودی ریاست اسرائیل جانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ اخبار مذکور کا بیان ہے کہ کوچین کی حکومت یہودی اداروں کو .... یہودی ریاست اسرائیل جانے والے ہیں۔ ریاست اسرائیل جانے والے یہودیوں کے لئے .... بیان پر مدراس میں قائم کر رکھے ہیں۔ جہاں انہیں عبرانی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ (گلوب)

ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء ٹونک کا ضروری اعلان

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ٹونک نے ٹونک اور اس کے نواح کے مسلمانوں کی کسٹوڈین کے سلسلہ میں جائز قانونی امداد دینے کے لئے جو ریلیف کمیٹی جمعیۃ بنائی تھی اس نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ جناب منظور عالم صاحب بی اے ایل ایل بی اور جناب حبیب الرحمن خاں صاحب ایم اے ایل ایل بی مشیر قانون جمعیۃ لوگوں کو قانونی مشورہ دے رہے ہیں۔

جو لوگ پاکستان نہیں گئے ہیں اور ہند یونین ہی کے مستقل باشندے ہیں اگر ان کی جائیداد یا جائداد کے کسی حصہ پر قبضہ کر لیا گیا ہے۔ یا فہرست میں ان کا نام شائع ہو گیا ہے تو انہیں آرڈیننس کی دفعہ کے تحت تاریخ اشاعت سے تیس دن کے اندر عذرداری دائر کر دینی چاہئے اگر انہوں نے ابھی تک عذرداری دائر نہیں کی ہے۔ تو اس طرف انہیں فوراً توجہ کرنی چاہئے اور ناجائز قبضہ کے متعلق تمام تفصیلات اور ثبوت جمعیۃ علماء ریلیف کمیٹی ٹونک بازار علی گنج کو روانہ کر دینی چاہئے۔ تاکہ قانونی نوعیت سے انہیں مدد پہنچائی جاسکے۔ اس سے وہ محروم نہ رہیں۔

اب تک محکمہ کسٹوڈین کی طرف سے جن اشخاص کی جائیداد کو متروکہ جائیداد ہونے کا اعلان کیا گیا ہے ان کے نام درج ذیل ہیں۔

فہرست مکانات

(۱) مکان .... (۲) .... حسن میاں۔ ٹونک .... (۳) .... (۴) کپتان محمد انوار احمد۔ بال تلیا تالاب۔ (۵) محمد حیات خاں۔ بال تلیا تالاب (۶) اختر حسین شیرانی۔ مہندی باغ (۷) اختر شیرانی۔ مہندی باغ (۸) مولوی مصطفیٰ اللہ خاں۔ علی گنج۔ (۹) میر منشی ابراہیم صاحب۔ امیر گنج (۱۰) .... امیر گنج (۱۱) مولوی برکات۔ امیر گنج (۱۲) شیخ وزیر صاحب مرحوم امیر گنج (۱۳) محمد حبیب صاحب۔ امیر گنج (۱۴) محمد ظہیر الدین خاں سابق محمد بشیر۔ امیر گنج (۱۵) سلطان کیشیر پولیس۔ بہیر۔ (۱۶) نوشہ مجلی والا۔ نوشہ میاں کا محلہ۔ امیر گنج (۱۷) عبدالحفیظ خاں سابق پوسٹ ماسٹر علی گنج (۱۸) علی محمد صاحب (۱۹) دو مکان حسن میاں وکیل حبیب الدین صاحب .... قافلہ (۲۰) عبدالواحد صاحب پان والا۔ قافلہ (۲۱) محمد لیقوب خاں گوڑ چیئرمین۔

مشرقی پنجاب اور مغربی بنگال کے نام بدل دیئے

نئی دہلی ۱۷ اکتوبر: مجلس دستور ساز نے کل منتظمہ بحث کے بعد ہندوستان کے علاقوں کے متعلق شیڈول منظور کیا اس کے رو سے ملک کو ۲۹ انتظامی یونٹوں میں بانٹا گیا ہے .... یہ یونٹ مرکزی صوبوں کے ہوں گے .... مشرقی پنجاب کے نام بدل کر صرف پنجاب اور مغربی بنگال کا نام .... ہندوستان کی جائے گا۔

کتنے سگریٹ آئے
اور کتنے سگریٹ گئے .....
مگر ڈی لکس
ہے آج بھی چل رہا ہے
ڈی لکس
۱۰ ۵ آنے میں
ڈی لکس
فیبر
ہمیشہ
طلب کیجئے
جیمس کارلیس
لمیٹڈ

اسٹینڈرڈ انگلش اردو ڈکشنری

مرتبہ انجمن ترقی اردو

جس قدر انگلش اردو ڈکشنریاں ابتک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل یہ ڈکشنری ہے۔ اس میں تقریباً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ انگریزی زبان میں ابتک جو تازہ ترین اضافے ہوئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام اس میں آگئے ہیں ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہوں اور ان کے نازک اختلافات کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا ان کی وضاحت مثالیں دے دے کر کی گئی ہے۔ ڈبائی سائز حجم ۱۴۹۶ صفحات قیمت ۳۵/- تیس روپیہ علاوہ محصولڈاک

انجمن ترقی اردو کی تمام مطبوعات ہم سے طلب فرمائیں فہرست طلب کرنے پر مفت روانہ کیجاتی ہے۔ تاجر کتب جلد رجوع ہوں۔

بک ڈپو انجمن ترقی اردو۔ اردو بازار۔ دہلی

میں نے مشرق ومغرب کے درمیان کسی بات کیلئے اپنے آپ کو پابند نہیں کیا ہے

دیہاتیوں نے ایک حکیم کو ہلاک کر دیا

سکندرآباد ۱۷ اکتوبر۔ ضلع نظام آباد میں ایک دیہاتی حکیم کے قتل کے الزام میں ۲۲ اشخاص کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس حکیم کو جس کا نام .... تھا .... بیماری دور کرنے کے کام پر مامور کیا گیا تھا لیکن جب وہ اس کام میں ناکام رہا تو دیہاتیوں نے .... اس کو اس بنا پر قتل کر دیا کہ اس نے اپنے منتر .... ہر جسے بیس پڑھا۔

مہاراجہ پٹیالہ کی دعوت

جالندھر ۱۶ اکتوبر۔ مہاراجہ پٹیالہ نے مشرقی پنجاب اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین کے گورنر .... کو دعوت دی .... (پ۔ ٹ۔ ا)

نیویارک کے ہندوستانیوں کے روبرو پنڈت نہرو کی تقریر

وزیراعظم ہند صدر روزویلٹ کی قبر پر پھول چڑھانے گئے

نیویارک ۱۷ اکتوبر۔ نیویارک پہنچنے کے بعد پہلی صبح کو پنڈت نہرو آنجہانی صدر روزویلٹ کو نذر عقیدت پیش کرنے کے لئے ہائیڈ پارک گئے۔ جہاں وہ مدفون ہیں۔ پنڈت جی نے روزویلٹ کی قبر پر پھول چڑھائے۔

بعد کو پنڈت جی نے مسز روزویلٹ کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا۔ مسز وجے لکشمی پنڈت اور مسز اندرا گاندھی ان کے ہمراہ تھیں۔ واشنگٹن سے یہاں پہنچنے کے بعد وہ بہت مصروف رہے .... ہندوستانی طلبہ کا استقبالیہ اور وزیراعظم کی طرف سے .... پروگرام میں شامل ہیں۔ انہوں نے نیویارک .... کے صدر مسٹر لوید کے ساتھ .... جانے والے ہیں۔

پنڈت نہرو .... ہندوستانیوں میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت جی کو بڑا جوش .... ہندوستانی .... کسی قسم کی تفرقہ .... ہیں .... کسی نہیں کرنا چاہئے۔ .... اور ایک .... ہوں جس کے لئے ہم .... اس کو امداد کے لئے درخواست کرنا ہم کو .... وہ دیکھ بھال کر معاملات طے کریں گی۔

اس قسم کا کوئی معاہدہ۔ جو کہ اس کی بنیاد ایک دوسرے کے فائدہ پر ہوگی۔

پنڈت جی نے آگے چل کر کہا کہ آج جب کہ ہم ایک آزاد قوم بن گئے ہیں ہمیں اپنا کام کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے اور ایسی کوئی وجہ نہیں کہ ہم اپنے مستقبل کے بارے میں خوفزدہ ہوں۔

پنڈت نہرو نے اس کے بعد اس پریشان حالت کا ذکر کیا جس میں اس وقت دنیا کے اخبارات مبتلا ہیں۔ آپ نے کہا کہ بہت سے لوگوں نے میرے اس دورہ امریکہ کو ان باتوں سے متعلق کر دیا ہے جو اس وقت دنیا میں وقوع پذیر ہو رہی ہیں۔ لیکن یہ غلط ہے

پنڈت جی نے کہا: چار دن کے دورہ امریکہ کے دوران میں مجھ سے ایسے سوالات کئے گئے ہیں کہ کیا میں نے مشرق ومغرب کے درمیان اپنے آپ کو پابند کر لیا ہے میں کسی جگہ بھی کسی کے لئے پابند نہیں ہوتا۔ گذشتہ دو سو سال کے دوران پابندیوں کا بھی کوئی تجربہ ہو چکا ہے۔

والڈورف ہوٹل کی دعوت بہت شاندار تھی جو ایک مخصوص دعوتی کمرہ میں ہوئی۔ اس میں تقریباً چار سو افراد نے شرکت کی جس میں بعض دنیا کے مشہور ومعروف لوگ شریک تھے ان میں ایم وشنسکی وزیر خارجہ روس بریگیڈیر جنرل کیر اور صدر اقوام متحدہ اسمبلی ایڈورڈ نمسٹر اور ۱۵ ممالک کے وفود کے لیڈر شامل تھے۔

پنڈت نہرو جو سفید گاندھی ٹوپی کے ساتھ کھلی اچکن اور چوڑی دار پاجامہ پہنے ہوئے تھے۔ مسز وجے لکشمی پنڈت اور مسز لی۔ ایم راؤ کے درمیان کھڑے ہوئے تھے اور مہمانوں کا خیر مقدم کر رہے تھے۔ دعوت میں سیاسی تقریر نہیں ہوئیں لیکن سیاسی لیڈروں نے وزیراعظم ہند سے بڑی دلچسپی کے ساتھ باتیں کیں

اس دعوت کے بعد پنڈت نہرو نے اٹمی طاقت کے کمیشن کے لیڈر مسٹر لیلنتھل سے ملاقات کی یہ ملاقات اس کمرہ میں ہوئی جہاں پنڈت نہرو قیام فرما ہیں یہ ملاقات پرائیوٹ تھی اور اسی لئے اس کا انتظام کیا گیا تھا کہ پنڈت نہرو ہائیڈرو الیکٹرک کی ترقی سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ مسٹر لیلنتھل پہلے ٹینسی ویلی اتھارٹی کے چیئرمین تھے۔

مختلف ممالک کے درمیان سفر کی آسانیاں

کراچی ۱۶ اکتوبر۔ پاکستان نے مختلف ممالک کے درمیان سفر کی سہولت کے لئے .... جس کی رو سے .... سفر کے بعد .... پاس .... کی آسانیاں دی جائیں گی۔

معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلے میں .... حکومت ہند سے .... گفت وشنید جاری ہے۔

بمبئی میں آتش زدگی سے ہلاک

بمبئی ۱۶ اکتوبر۔ .... آج رات یہاں .... چار منزلہ عمارت میں آگ لگ جانے سے .... ہلاک ہو گئے .... سے .... زخمی ہوئے۔

معلوم ہوا ہے کہ .... آگ بجھانے والوں نے .... جب وہ .... ان کو مردہ پایا گیا۔

.... مارکیٹ .... ان کے .... سفیر .... (پ)

پاکستان نے اپنے روپے کی قیمت کس لئے کم نہیں کی

وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد کی توضیحی تقریر

کراچی ۱۶ اکتوبر۔ گذشتہ شب پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے اپنی ریڈیائی تقریر میں کہا کہ میں ہندوستان کے لوگوں کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ کرنسی کے معاملہ میں ہم نے جو فیصلہ کیا ہے اس کا مقصد کسی دوسرے کے مفاد کو نقصان پہنچانا نہیں ہے بلکہ صرف پاکستان کے مفاد کے تحفظ کے پیش نظر کیا گیا ہے آپ نے کہا کہ پاکستان نے ایسا فیصلہ کیا ہے جو اس کے حالات کے مطابق ہو۔ یہ فیصلہ اقتصادی حالات کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے۔

مسٹر غلام محمد نے کہا کہ پاکستان اپنے روپے کی قیمت میں کمی نہ کرنے سے جو .... بعض اشیاء کی درآمد .... پاکستانی روپے کی قیمت میں کمی .... مسٹر غلام محمد نے ڈاکٹر متھائی وزیر خزانہ حکومت ہند کے بیانات کا .... ذکر کیا .... تقسیم سے قبل .... جنہوں نے پاکستان کی مالی حالت کے بارے میں کی تھیں۔

باہمی گفت وشنید

مسٹر غلام محمد نے .... کی اور باہمی .... کے سلسلہ میں .... ہوگئی ہیں باہمی گفت وشنید کے ذریعہ طے پا سکتی ہیں

تقسیم .... میں رد وبدل کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر غلام محمد نے کہا کہ تقسیم سے قبل کی تجارت اور تعلقات کو قائم رکھنے کے پیش نظر ہم نے بہت سی ہندوستان میں تیار ہونے والی اشیاء کی ڈیوٹی کو کلیتاً ختم کر دیا ہے۔ ......

.... یا جزوی طور پر اس میں کمی کر دی گئی ہے؟ آخر میں وزیر خزانہ پاکستان نے عوام بالخصوص تجارتی طبقے سے اشتراک و تعاون کی اپیل کی۔ .... انہیں صرف استقلال سے انہیں برداشت کرنا چاہئے۔

فرانسیسی ہند میں شراب بندی کا خاتمہ

پانڈیچری ۱۷ اکتوبر۔ فرانسیسی ہند کی قانون ساز اسمبلی نے فرانسیسی ہند میں شراب بندی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس حکم کا اطلاق ماہے کریکال اور پانڈیچری کے دو دیہات پر ہوگا۔

پانڈیچری کے دوسرے دیہات میں شراب بندی اٹھانی گئی۔ فرانسیسی ہند کی اسمبلی نے امتناع شراب ختم کرنے کی تجویز اس وقت منظور کی جب وزیر خزانہ نے ۱۹۵۰ء کے خسارے کے بجٹ کو پورا کرنے کیلئے اس امر کی تجویز کی۔ بجٹ میں دس لاکھ کا خسارہ تھا۔ ماہے اور کریکال میں جنوری ۱۹۴۸ء میں حکومت .... درخواست پر شراب بندی کے احکامات جاری کئے گئے تھے (پ۔ ٹ۔ ا)

آذربائیجان کا ۱۴۰ سالہ کاشتکار

لندن ۱۷ اکتوبر: ماسکو ریڈیو نے اطلاع دی ہے کہ روسی آذربائیجان کے پہاڑی گاؤں کیرہ کوز میں محمد مزاکوف نامی ایک کاشتکار رہتا ہے جس کی عمر ۱۴۰ سال ہے۔ اس کے ۱۲ لڑکے لڑکیاں پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں اسی طرح پڑپوتے اور پڑپوتیاں اور سکڑ دادے اور سکڑ پوتیاں موجود ہیں۔ اس کی بیوی کی عمر ۱۱۷ سال ہے۔ اور اس کی سب سے بڑی لڑکی کی عمر بھی سو سال سے تجاوز کر چکی ہے (پ۔ ٹ۔ ا)

راجستھان یونین کے شہروں اضلاع اور مختلف علاقوں کیلئے کسٹوڈین کا تقرر

الور اور بھرت پور کے لئے علیحدہ کسٹوڈین مقرر ہونگے

جے پور ۱۵ اکتوبر۔ راجستھان کی حکومت نے الور اور بھرت پور میں دو کسٹوڈین مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس کے علاوہ تمام راجستھان کے لئے ایک کسٹوڈین مقرر کیا جائیگا جس کا صدر مقام جودھپور ہوگا۔ جودھپور، بیکانیر، ادے پور اور کوٹہ میں بحالیات کے ڈپٹی ڈائرکٹر ان شہروں کے ایکس آفیشو ڈپٹی کسٹوڈین ہوں گے۔ ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کے علاوہ ہر ضلع کا ڈپٹی کمشنر اپنے ضلع کا ایکس آفیشو ڈپٹی کسٹوڈین ہوگا۔ اسی طرح ہر تحصیل کا تحصیلدار اپنے علاقہ میں ایکس آفیشو اسسٹنٹ کسٹوڈین ہوگا۔ الور اور بھرت پور کے لئے الگ الگ اسسٹنٹ کسٹوڈین مقرر کئے جائیں گے۔ یہ تبدیلیاں جائداد کے بارے میں ہند پاکستان سمجھوتے کے تحت کی گئی ہیں جس میں الور بھرت پور کے لئے الگ الگ کسٹوڈین مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ جے پور اور کوٹہ کے اسسٹنٹ کسٹوڈین نے پاکستان جانے والے مسلمانوں کی جائداد پر قبضہ کرنا شروع کر دیا ہے۔ جے پور میں تقریباً اسی عمارتوں پر جن کی قیمت ۵۰ لاکھ بتائی جاتی ہے۔ قبضہ کر لیا گیا ہے۔ (ا)

فیلڈ مارشل ولیم سلم دہلی میں

دہلی ۱۷ اکتوبر۔ (پی پی آئی) سنگاپور اور ہانگ کانگ روانہ ہونے سے پیشتر فیلڈ مارشل سر ولیم سلم تین روز کے لئے کراچی سے نئی دہلی پہنچے۔

ہوائی اڈہ پر چیف کمانڈر انچیف جنرل کریاپا .... اور دیگر .... نے .... استقبال کیا۔ .... رائفلز کی جانب سے سلامی کے .... بعد آپ گورنمنٹ ہاؤس روانہ ہوگئے۔ جہاں آپ گورنر جنرل کے مہمان رہیں گے۔

آپ سردار ولبھ بھائی پٹیل اور .... بلدیو سنگھ سے ملاقات کریں گے۔ آپ بری، بحری اور فضائی افواج کے کمانڈروں، جنرل ہیڈ کوارٹر کے بعض اعلیٰ افسروں سے بھی ملاقات کریں گے اور اس کے بعد انبالہ روانہ ہو جائیں گے تاکہ وہاں کی فوجی یونٹوں کا معائنہ کر سکیں۔

آپ ۲۳ اکتوبر کو ٹونک پہنچیں گے۔

یوپی کی تعمیری اسکیمیں!

مرکزی حکومت نے امداد کم کر دی!

لکھنؤ ۱۵ اکتوبر۔ پریس ٹرسٹ کو معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے یوپی کی جنگ کے بعد کی تعمیری اسکیموں کے لئے پہلے جو .... کی امداد .... منظور کی تھی۔ اب اس رقم کو کم کر کے .... کر دیا گیا ہے۔

ایوان میں دیگر بحث خاص طور پر ان ترمیمات پر ہوئی۔ جو منظور شدہ وضاحت میں مستقبل کی گئی تھیں۔

میر مشتاق احمد کا ٹونک جانے کا پروگرام

آفس سکریٹری سوشلسٹ پارٹی نے اعلان کیا ہے کہ سوشلسٹ پارٹی ٹونک (راجستھان) کی دعوت پر میر مشتاق احمد صاحب ۱۵ اکتوبر کو ٹونک روانہ ہونے والے تھے۔ لیکن چند ضروری مقامی مصروفیات کی بنا پر یہ پروگرام ملتوی کر دیا گیا۔ اب آپ ۲۳ اکتوبر کو ٹونک پہنچیں گے۔

صوبوں کے بکری ٹیکس لگانے کے اختیارات کم کر دیئے گئے

دستوریہ ہند میں مالیات سے متعلق اہم دفعہ کی منظوری

ہنگامی حالات کے وقت صدر مالی معاملات کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لے گا

نئی دہلی ۱۷ اکتوبر۔ کل اتوار کے دن دستوریہ ہند نے اپنی ہر نشستوں میں بہت سی باقی رہ جانے والی دفعات کو منظور کر لیا۔ اب صرف آئین ہند کی تمہید باقی رہ گئی ہے جس پر آج بحث ہوگی۔ کل جو دفعات منظور کی گئیں ان میں صوبوں اور ریاستوں میں خرید وفروخت ہونے والے مال پر محصولات عائد کرنے اور ہنگامی صورت حالات میں ہندوستان کے مالی معاملات سے متعلق صدر کے اختیارات کے بارے میں تھیں۔

سیل ٹیکس کی بحث کے دوران میں صوبوں کی طرف سے شکایت کی گئی کہ ان سے .... آمدنی کو بہت زیادہ کم کر دیا گیا ہے۔ صدر اجلاس نے بھی وزیر مالیات کو جو اس موقع پر موجود تھے۔ اس طرف متوجہ کیا کہ انکم ٹیکس کی رسیدوں کی تقسیم کے وقت انہیں صوبوں کی بے اطمینانی کو اپنے پیش نظر رکھنا چاہئے۔

اسمبلی نے آرٹیکل نمبر ۲۶۴ الف پاس کر دیا جس کی رو سے بکری ٹیکس لگانے کے متعلق صوبوں کے اختیارات میں کمی کر دی گئی ہے .... مارچ ۱۹۵۱ء کے بعد کوئی صوبہ یا ریاست ایسے مال پر بکری ٹیکس نہ لگا سکے گی جس کی خرید وفروخت اس صوبہ سے باہر ہوتی ہو۔ .... کے سلسلے میں ہوتی ہو اس کے علاوہ صوبوں کی .... پر بھی بکری ٹیکس عائد نہ کیا جائے گا۔

صوبوں اور ریاستوں کو ان اشیاء پر جو صدر کی منظوری کے بغیر بکری ٹیکس لگانے کی اجازت نہ ہوگی جنہیں پارلیمنٹ ضروری اشیاء قرار دے گی۔ ڈاکٹر امبیڈکر نے دفعہ ۲۵۸ بھی پیش کی کہ اس آئین کے نفاذ سے پہلے جو ریاستیں دوسرے صوبہ یا ریاست کو جانے والے یا وہاں سے آنے والے مال پر کوئی ٹیکس یا ڈیوٹی وصول کرتی ہیں وہ دس برس تک ایسا کر سکتی ہیں بشرطیکہ اس بارے میں حکومت ہند سے معاہدہ ہو گیا ہو۔ .... اسمبلی نے دفعہ ۳۲۰ الف بھی پاس کر دی کہ حکومت ہند اور کسی ریاست کے حکمران کے درمیان جو سمجھوتے اور معاہدے ہوئے ہیں وہ عدالت کی دسترس سے باہر ہوں گے .... کی یہ ترمیم بھی منظور کر لی کہ صدر کو جو اختیارات حاصل ہیں وہ ان کا استعمال براہ راست یا اپنے ماتحت افسروں کی معرفت کر سکیں گے۔

جو .... ہے سکتے ہیں .... سرکاری ملازموں کی تنخواہوں میں کمی کرنے کا حکم دے سکتا ہے .... صوبوں کو ہدایت دے سکتا ہے کہ وہ ٹیکس لگانے کے متعلق .... پاس شدہ قوانین نافذ کرنے سے پہلے ان کی منظوری لی جائے۔

ہنگامی صورت حالات

اس تجویز پر بحث .... کی گئی کہ مرکز کو مالی ہنگامی صورت حالات کا اعلان کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ پنڈت کنزرو نے اس اختیار کو جمہوریت کے لئے ایک خطرہ تعبیر کیا اور کہا کہ یہ اختیار دینے والے صدر کو ایک اسکول ماسٹر کی حیثیت دینا ہے۔ جو صوبوں کیساتھ بچوں جیسا سلوک کرے گا۔

مسٹر منشی نے اپنے جواب میں ایوان کو متوجہ کیا کہ اس وقت ملک میں پہلے ہی سے مالی ہنگامی صورت حالات موجود ہے۔ روپیہ کی قیمت کم کرنے کے سوال پر ایوان میں جو بحث ہوئی۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ جب تک مرکز کو وسیع اختیارات نہیں ملیں گے مالی حالت کو خراب ہونے سے نہیں روکا جا سکے گا۔ عام حالات میں مرکز کو مداخلت کرنے کا حق نہ ہوگا بلکہ صرف ہنگامی صورت حالات کی صورت میں مداخلت کی جائے گی۔

ہنگامی صورت حالات

شام کو جب اسمبلی کا اجلاس ہوا تو .... دفعہ ۲۸۰ الف پاس کر دی گئی کہ .... مالی .... کا اعلان کر سکتا ہے۔

سی پی اسمبلی میں مالکانہ حقوق کے خاتمہ کا بل چیدہ کمیٹی کے سپرد

بل کو مشتہر کرنے کی تجویز نامنظور

ناگپور ۱۷ اکتوبر۔ کل سی پی اور برار کی لیجسلیٹو اسمبلی نے مالکان .... کی ایک چیدہ کمیٹی کے سامنے .... اور دیگر مالکانہ حقوق کے خاتمہ کا بل پیش کر دیا۔ اس بل کو وزیر مال نے ۱۶ اکتوبر کو پیش کیا تھا۔ اس بل کے تحت .... کا دس گنا .... معاوضہ ادا کر کے حکومت زمین کے مالکانہ حقوق حاصل کرے گی۔

ایوان نے حزب مخالف کے لیڈر کی یہ تجویز نامنظور کر دی کہ اس بل کو پبلک کی رائے معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے۔ (پ ٹ)

یوگوسلاویہ کا رومانیہ پر الزام!!

رومانیہ روسی سازش میں شریک ہے

بلغراد ۱۷ اکتوبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) یوگوسلاویہ نے رومانیہ پر یوگوسلاویہ کے خلاف نفرت وعداوت پیدا کرنے کی تحریک میں جس کا محرک روس ہے شریک ہونے کا الزام لگایا تاکہ ریاست کے طبقات میں پھوٹ پڑ سکے۔

یہ الزام ایک نوٹ میں لگایا گیا ہے جو رومانیہ کے لیگیشن کو رومانیہ کے حالیہ اقدام کے خلاف دیا گیا ہے کیونکہ رومانیہ نے یوگوسلاویہ سے جس سالہ دوستانہ معاہدے سے انحراف کیا تھا۔ .... جیسا کہ ہنگری اور بلغاریہ کو بھیجا گیا تھا۔

تین اشخاص کیلئے ۹۸ راشن کارڈ

ڈیرہ دون ۱۷ اکتوبر: .... راشن کارڈوں کے سلسلہ میں تحقیقات کے نتیجہ میں یہاں بلیک مارکیٹ کرنے والوں کے ایک گروہ کا سراغ مل گیا اور ۹۸ ناجائز راشن کارڈ برآمد کئے گئے۔ سٹی مجسٹریٹ اور دوسرے افسران نے دو شہر نا رفیقوں کے مکانوں پر چھاپا مارا اور ۹۸ فرضی راشن کارڈ .... راشن کا غلہ برآمد ہوا۔ .... ان دونوں شہر نا رفیقوں کو فوراً گرفتار کر لیا گیا لیکن دو لڑکے .... ابتک ان کا پتہ نہیں چلا۔ معلوم ہوا ہے۔ .... ایک سال سے بلیک مارکیٹ کر رہے تھے۔

پٹ سن پیدا کرنیوالوں کا خیال رکھا جائیگا

پاکستان کے وزیر صنعت کی یقین دہانی

کراچی ۱۷ اکتوبر (ا۔ پ۔ ا) سوئیڈن کے سفیر مسٹر ہیری ایرکسن سوئیڈن کے قونصل کے ہمراہ کل چودھری نذیر احمد خاں وزیر صنعت سے ملے اور مختلف صنعتوں اور پٹ سن کے متعلق بات چیت کی۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر صنعت نے یقین دلایا کہ حال ہی میں پٹ سن پیدا کرنے والوں کو وزیراعظم جو یقین دلایا ہے اس پر عمل کیا جائیگا اور اس بات کا پورا خیال رکھا جائے گا کہ ہندوستان کے تازہ اقدام سے مشرقی بنگال پر کوئی برا اثر نہ پڑے۔

ریاست جموں وکشمیر کے لئے ایک

ایک زبردست بجلی گھر کی تجویز

سری نگر ۱۷ اکتوبر۔ پریس ٹرسٹ حکومت جموں وکشمیر نے .... الیکٹرک کے لئے جو اسکیم ڈیڑھ کروڑ روپیہ .... کے .... ریاست کے انجینئر بات چیت کرنے کے لئے یہاں آئے ہیں۔

تجویز یہ ہے کہ سری نگر سے .... میل کے فاصلہ پر دریا کے منہ سے ایک نہر نکالی جائے .... گاندربل تک ختم ہو .... ایک بجلی پیدا کرنے والا اسٹیشن قائم کیا جائے جس سے .... ہزار کلوواٹ بجلی پیدا ہو سکے جو سارے کشمیر کے لئے کافی ہوگی۔

سخت .... (پ۔ ٹ)

ماسٹر تارا سنگھ نے صدارت کا چارج لے لیا

امرتسر ۱۶ اکتوبر (ا۔ م) جتھیدار پرتم سنگھ گوجراں نے جو ماسٹر تارا سنگھ کی نظربندی کے دوران میں صدارت کے فرائض انجام دے رہے تھے استعفیٰ دے دیا ہے اور شرومنی اکالی دل کا چارج ماسٹر تارا سنگھ کو دے دیا ہے

شروع میں ماسٹر تارا سنگھ نے معذرت کی مگر جب اس بات کے لئے زور دیا گیا کہ جتھیدار پرتم سنگھ پر جو پابندی .... بہت .... تو انہوں نے منظور کر لیا۔

سوشلسٹوں کی طرف سے مظاہرہ

جالندھر ۱۷ اکتوبر۔ .... کی قلت کے .... سوشلسٹ پارٹی کی طرف سے .... ایک مظاہرہ کیا گیا۔ .... گئے .... کی .... لیا گیا .... کے .... سے .... کیا گیا۔

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروس

دہلی تا { کراچی / لاہور / راولپنڈی / پشاور }

اوقات .... براستہ لاہور .... براستہ لاہور

دہلی	تا کراچی	(ہر منگل کو)
روانگی	دہلی	۱۴ — ۵
آمد	کراچی	۱۸ — ۱۰
دہلی	لاہور	(روزانہ)
روانگی	دہلی	۹ — ۵۰
آمد	لاہور	۱۱ — ۴۰
لاہور	راولپنڈی	پشاور
	(ہر سوم بدھ جمعرات جمعہ ہفتہ)	
روانگی	لاہور	۱۲ — ۳۰
آمد	راولپنڈی	۱۳ — ۴۰
روانگی	راولپنڈی	۱۴ — ۵
آمد	پشاور	۱۴ — ۵۰

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

جنرل بکنگ ایجنٹ کناٹ سرکس نئی دہلی

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۹ اکتوبر ۱۹۴۹ء

گہری سازش

یوں تو ملک کے فرقہ پرست اخبار اور انتہا پسند جمعیۃ علماء کے خلاف ایک مستقل محاذ بنائے ہوئے ہیں اور اسے فرقہ پرست بنانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں لیکن بعض اخبارات کو تو اس مقصد کے لئے وقف کر دیا گیا ہے کہ وہ جمعیۃ علماء پر نئے نئے بہتان لگائیں اس کے خلاف تند و تیز الزام تراشیں اور اس کی طرف وہ باتیں منسوب کریں جن سے وہ کبھی آشنا نہیں ہوئی۔ پچھلے دنوں میرٹھ کے ایک ہفتہ وار انگریزی اخبار نے یہ خبر شائع کی تھی کہ ہندی مسلم لیگ کے صدر محمد اسماعیل صاحب مدراس سے دہلی آئے اور انھوں نے ایک خفیہ جلسہ کیا جس میں جمعیۃ علماء کے بعض ارکان نے بھی شرکت کی۔ اس بہتان طرازی کا مقصد یہ تھا کہ کسی طرح مسلم لیگ سے جمعیۃ علماء کا تعلق ظاہر ہو جائے۔ اور کہنے والوں کی یہ بات رہ جائے کہ جمعیۃ علماء اب مسلم لیگ کی جگہ لے رہی ہے۔ اور وہ پارٹ ادا کرنا چاہتی ہے جو مسلم لیگ ادا کر چکی ہے۔ مگر ہم نے ان ہی کالموں میں اس گہری سازش کو بے نقاب کیا اور اخبار مذکور کو چیلنج کیا کہ وہ اپنی اس بہتان طرازی کا ثبوت دے اور اپنی معلومات کا ذریعہ بتائے۔ ہم نے لکھا تھا کہ یہ بہتان قطعی بے بنیاد ہے اور اتنا بڑا جھوٹ ہے جو شاید سیاست کی تاریخ میں بہت کم بولا گیا ہوگا۔ ہم نے اس سلسلہ میں حکومت کو بھی توجہ دلائی تھی کہ اگر اسے اپنی ذمہ داری کا احساس ہے تو وہ اس اخبار سے اس کا ثبوت مانگے اور [illegible] ۔ جمعیۃ علماء کے ارکان نے کب شرکت کی اور اس کی [illegible] کے ذرائع کیا ہیں؟ [illegible] اخبار مذکور سے کچھ نہ بن پڑا اور اس کی [illegible] آج تک [illegible] اخبار سے خاموشی کے سوا کچھ [illegible]۔

[illegible] کے اخبارات سے یہ [illegible] اگر حکومت نے [illegible] اس سے پھر جمعیۃ علماء کے خلاف جھوٹ اور افترا بات کا ایک طوفان [illegible] اور عوام کو مشتعل اور [illegible] کرنے کی سبیل نکالی ہے۔ اس اخبار کی سوچی سمجھی سکیم کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں کہ اقلیتوں کے خلاف جوش پھیلے [illegible] ۔ [illegible] کا فلسفہ حکومت بھی یہی تھا کہ وہ ہندو مسلمانوں کو لڑا کر [illegible] اور اس کا الزام کانگریس کو دے [illegible] ۔ فرق صرف یہ ہے کہ پہلے یہ کام انگریز انجام دیتا تھا۔ اب ملک کے فرقہ پرست انجام دے رہے ہیں۔ اگر خدا نخواستہ حکومت کی نیت بھی خراب ہوتی اور وہ اقلیتوں کی تباہی کا اپنی تباہی تصور نہ کرتی تو پھر جو کچھ ہوتا وہ ناقابل بیان ہوتا۔ کیا آزادی کے بعد اکثریت کے بعض فرقہ پرست [illegible] ہندوستان کو [illegible] دیں گے؟ کیا ان کی موجودگی میں ہماری سیکولر اسٹیٹ کا خواب [illegible] ہو سکے گا؟ کیا ان آنے والے [illegible] ملک کے مشہور مجاہدین اور علماء کی شاندار تاریخ پر خط تنسیخ کھینچا جا سکتا ہے؟

اس خفیہ پرداز اخبار کی الزام تراشیوں کا خلاصہ یہ ہے کہ لیگ ختم ہوئی مگر جمعیۃ علماء نے اس کی جگہ سنبھال لی اور اس کا پارٹ ادا کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس کے ارکان مجالس وعظ میں باغیانہ تقریریں کرتے ہیں۔ ان کے کارکنوں نے قومیت کشی اور مسلح دشمن سرگرمیوں میں [illegible] کارکنوں نے عید الضحیٰ سے قبل جلسوں اور خطبوں میں کہا

کہ مسلمان گائے کی قربانی کریں۔ اور مساجد کے سامنے ہندوؤں کو باجا نہ بجانے دیں اور ان کے جلوس روک کر فتنہ و فساد برپا کر دیں! اس کے بعد وہ نتیجہ نکالتا ہے کہ یوپی میں جس قدر فرقہ وارانہ فسادات ہوئے وہ جمعیۃ علماء کی ان ہی حرکتوں کی وجہ سے ہوئے۔ اخبار آگے لکھتا ہے کہ سازش بہت گہری اور پالیسی بہت خطرناک ہے۔ گویا اطمینان سے کہ فسادات خوب ہوں قتل و غارت گری کا بازار گرم ہو کیونکہ خیریت سے جمعیۃ علماء موجود رہے۔ جس پر ہر قسم کا الزام لگا کر اپنے آپ کو معصوم ثابت کیا جا سکتا ہے۔ سب کچھ کرو اور جمعیۃ علماء کے ذمہ تھوپ دو۔ ادھر کیا اور ادھر الزام لگا دیا۔ آزادی کے بعد قربانی کا بکرا اگر جمعیۃ کو نہ بنایا تو کمال ہی کیا ہوا۔ بس یہی موقعہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ گناہ کرو اور علی الاعلان جمعیۃ علماء کے ذمہ لگا دو! ایک تیر سے دو شکار کرنا اسی کا نام ہے۔ یعنی اقلیتوں کو نقصان بھی پہونچے اور جمعیۃ علماء کی فرقہ پرستی کی بھی شہرت حاصل ہو جائے۔ جہاں تک جمعیۃ علماء کا تعلق ہے اس کی صفائی میں زیادہ کہنا اس کی بہت بڑی توہین ہے۔ البتہ ہم یہ ضرور کہیں گے کہ اس اخبار نے جو کچھ لکھا ہے یا دوسرے اخبارات جو کچھ لکھ رہے ہیں وہ چند افراد کا کام نہیں ہے بلکہ ان کے پس پردہ کوئی ایسی منظم جماعت ہے جس نے بہت غور و فکر کے بعد فرقہ وارانہ فسادات کو جائز قرار دینے کے لئے یہ راہ نکالی ہے اور یہ پروگرام بہت ہی گہری سازش سے بنایا گیا ہے۔ اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ جمعیۃ علماء کی مخالفت میں ایک منطقی ربط اور تسلسل موجود ہے اور الزامات کی نوعیت بتا رہی ہے کہ یہ مہم پوری طرح سوچ سمجھ کر اور عواقب و نتائج کا اندازہ لگا کر شروع کی گئی ہے۔ اگر حکومت کو اپنی عزت اور وضعداری کا پاس و لحاظ ہے [illegible] کو منصفانہ قیمت سے کیا؟ چاہئے کہ وہ اس کا اخلاقی اور سیاسی فرض ہے کہ وہ اس گہری سازش کا [illegible] اور ان ہاتھوں کو کاٹے جو سازش کے تانے بانے کو حرکت دے رہے ہیں! آخر زندگی کی ضروریات، [illegible] کب تک جاری رہیں گی؟ اور ملک کی فضا کو مسموم کرنے والے اور جمہوریت کی جڑیں کھوکھلا کرنے والے کب تک آزاد پھرتے رہیں گے؟ اگر حکومت اس سازش کو کچھ کر کے نہیں نکال سکتی۔ اور دشمن دستیوں کے اس کھیل کو خاموشی کے ساتھ دیکھتی رہی تو سے معلوم ہونا چاہئے کہ اس کے نتائج خود اس کے حق میں بہت خطرناک ہوں گے۔ اور وہ ملک میں صحت مند فضا پیدا کرنے میں کبھی کامیاب نہ ہو سکے گی۔ ان سازشوں کے نتیجہ میں اقلیتوں پر جو گذرے گی سو گذرے گی لیکن سچائی اور انصاف کا جو نقصان ہوگا اس کی تلافی حکومت کو معاف نہیں کرے گا۔ اور سیکولرازم زیادہ خرچ نکل اس کے کام نہ آئے گا۔

علم معاشیات پر اُردو تراجم و تصانیف!

(از محمد مظہر الدین صدیقی)

معاشیات کیا ہے؟

معاشیات وہ علم ہے جو دولت پیدا کرنے، اور دولت استعمال کرنے کے طریقوں سے بحث کرتا ہے۔ جہاں تک یہ طریقے انسان کی اجتماعی اور تمدنی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں انسان اپنے لئے اشیائے مایحتاج کس طرح مہیا کرتا ہے اور معاشرہ کے مختلف افراد اور طبقات کے درمیان ان اشیاء کی تقسیم کس طرح عمل آتی ہے۔ یہ سوال علم معاشیات کا اصولی اور بنیادی مسئلہ ہے۔

فن معاشیات اُس وقت وجود میں آیا جبکہ سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں مغربی ممالک میں اشیائے صنعت کی تیاری کے لئے بڑے پیمانہ پر مشینوں اور کلوں کا استعمال شروع ہوا جس کے نتیجہ کے طور پر زراعت اور صنعت و حرفت کے مروجہ طریقوں میں ایک انقلاب عظیم برپا ہو گیا۔ اس لئے یہ دور صنعتی انقلاب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے جو نظام سرمایہ داری کا نقطۂ آغاز تھا۔ آزاد مسابقت (Free Competition) اس نظام کا اصل اصول تھا۔ اسکی ایک اہم خصوصیت یہ تھی کہ تجارت اور صنعت و حرفت پر حکمرانوں اور سیاستدانوں کا کوئی قابو نہ تھا نیز مزدوروں اور کاریگروں کو نقل مقام اور پیشہ کی تبدیلی کا حق حاصل تھا جاگیرداری نظام میں یہ دونوں باتیں مفقود تھیں۔ یعنی نہ تو مزدور اور کاریگر اپنا مقام اور پیشہ بدل سکتے تھے۔ اور نہ تجارت اور صنعت و حرفت میں بادشاہوں اور حکمرانوں کی مرضی کے خلاف کوئی کام ہو سکتا تھا۔ ان تبدیلیوں کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ مختلف شہروں اور علاقوں کے درمیان تبادلۂ اشیاء کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ تجارتی منڈیاں جو پہلے زمانہ میں مقامی پیداوار کی خرید و فروخت تک محدود تھیں؛ اتنی وسیع ہو گئیں کہ ان میں ساری دنیا کے مال کا لین دین شروع ہو گیا۔ اس طرح تجارت اور صنعت کا مقامی رنگ بالکل فنا ہو گیا۔ اور اس میں ایک عالمی شان پیدا ہو گئی۔ منڈیوں میں اس وسعت پذیری کے باعث انسانی تعلقات کی شکل و نوعیت بالکل بدل گئی۔ جیسے جاگیرداروں یا امراء اور ان کی رعیت کے تعلقات شخصی ہوتے تھے۔ اور زرعی مزدور اپنے آقاؤں کے مقابلہ میں موروثی حقوق، اور واجبات کے حامل ہوتے تھے لیکن دور کے آغاز سے مختلف طبقات اور افراد کے درمیان صرف نقدی تعلق (Cash nexus) باقی رہ گیا شخصی اور ذاتی تعلقات کی کوئی اہمیت نہیں رہی افراد اور اقوام ایک دوسرے کی امداد کے زیادہ محتاج ہو گئے [illegible] شخصی طریقوں سے نہیں بلکہ عام سعی کی بنیاد پر منڈیوں کی توسیع اور تقسیم کار کی وجہ سے ایک گروہ کی معاشی سرگرمیاں دوسرے گروہ کی مرفہ الحالی پر اثر انداز ہونے لگیں۔ لوگوں کو یہ محسوس ہونے لگا کہ ان کے مادی مفادات مشترک ہیں۔ بعض صورتوں میں مادی مفادات کا اختلاف بھی نمایاں ہونے لگا اور ایک گروہ معاشی امور میں دوسرے کو اپنا مقابل سمجھنے لگا۔ پھر مختلف مفادات کے آپس میں ٹکرانے سے بعض اہم اجتماعی مسائل پیدا ہو گئے جن کے حل معلوم کرنے کے لئے انسان کی معاشی سرگرمیوں کے اسباب و علل پر غور کرنا ضروری ہے۔ یہی ضرورت علم معاشیات کے وجود میں آنے کا سبب بن گئی۔

علم معاشیات کا ارتقاء

علم معاشیات کا پہلا ارتقائی دور اس وقت سے شروع ہوا جبکہ اٹھارھویں صدی میں فرانسیسی علماء کے ایک گروہ نے جنھیں فطرتیین (Physiocrats) کہا جاتا ہے، معاشی مسائل پر غور کرنا شروع کیا۔ یہ لوگ قدیم معاشی نظریہ کے سخت مخالف تھے۔ جسے تجارتیت (Mercantilism) کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس گروہ کے علماء میں رچرڈ کنٹیلان (Richard Cantillon) اور ٹرگوٹ (Turgot) بہت مشہور ہیں۔ اس کے بعد انگلستان آدم اسمتھ نے سنہ ۱۷۷۶ء میں معاشی مسائل پر "دولت اقوام" کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ اس کتاب میں بھی تجارتیت کے اصولوں کی مخالفت کی گئی تھی۔ آدم اسمتھ نے اس تصنیف میں یہ ثابت کیا ہے کہ کسی قوم کی دولت کا حقیقی وسیلہ اس کی محنت پیشہ افراد ہیں اور محنت پیشہ افراد [illegible] کی کارکردگی میں اضافہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب تقسیم کار کا اصول اپنی پوری وسعت اور ہمہ گیری کے ساتھ اختیار کیا جائے۔ آدم اسمتھ نے آزاد مسابقت اور حکومت کی عدم مداخلت کو تجارت اور صنعت و حرفت کے فروغ کے لئے ضروری قرار دیا۔ اس کے بعد ڈیوڈ ریکارڈو (David Ricardo) نے ۱۸۱۷ء میں اصول معاشیات پر ایک کتاب لکھی۔ جس میں اس علم کے قوانین مدون کئے گئے تھے۔ پھر جان اسٹوارٹ مل نے ۱۸۴۸ء میں اپنی کتاب (Principles of Political Economy) شائع کی۔ جس میں معاشیات کے اصولوں سے بحث کی گئی تھی۔ لیکن مل کو فن معاشیات میں کوئی خاص مقام حاصل نہ ہو سکا۔ البتہ مارشل آنجہانی کی کتاب کو جو اصول معاشیات پر ہے اور ۱۸۹۰ء میں شائع ہوئی تھی عام مقبولیت حاصل ہوئی۔ معاشیات کے اصول و مبادیات کی توضیح و تشریح میں یہ کتاب بہت مستند مانی جاتی ہے۔

سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف انیسویں صدی میں جو ردعمل شروع ہوا اس نے بالآخر اشتراکی تحریک کی صورت اختیار کر لی۔ اس تحریک کے علمبرداروں نے مروجہ معاشی نظریات کی پرزور تردید کی۔ اور یہ دعویٰ کیا کہ نظام سرمایہ داری کے تحت فن معاشیات کے جو اصول قوانین مدون کئے گئے ہیں ان کی کوئی دائمی قدر و قیمت نہیں ہے بلکہ یہ اصول و قوانین ایک مخصوص معاشرہ کی پیداوار ہیں۔ اور اس لحاظ سے اضافی نوعیت رکھتے ہیں۔ اشتراکیت کے امام کارل مارکس نے اپنی مشہور کتاب سرمایہ (Das Kapital) میں مروجہ معاشی نظریات پر سخت تنقید کی۔ اور فن معاشیات کے اصولوں کا جنھیں قوانین فطرت کی طرح دائمی اور اٹل سمجھا جاتا تھا تجزیہ کر کے ان کے نقائص اور کمزوریوں کا پردہ چاک کیا۔ روس میں انقلاب کے بعد فن معاشیات کو بالکل جدید اصولوں پر مرتب کیا گیا ہے۔ بہرحال علم طبیعی کے برعکس علم معاشیات کوئی قطعی علم نہیں ہے بلکہ ایک ظنی اور استخراجی علم ہے۔ جس کے قوانین زمانہ اور حالات کی تبدیلیوں کے مطابق بدلتے رہتے ہیں۔ (باقی آئندہ)

مباحث امروز

دوسروں کی زبانی

کانگرس ورکنگ کمیٹی کی غلطی

راشٹریہ سنگھ محض رضاکاروں کے ادارہ کا نام نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک ایسا خوفناک دیو ہے جو بہت سے لوگوں کے دلوں میں جو اصطلاحی اعتبار سے سنگھ میں شامل نہیں ہیں، بیٹھ چکا ہے سے داخل ہو چکا ہے۔ انقلاب کی طرح رجعت پسندی کی بھی کوئی حد بندی ممکن نہیں اور راشٹریہ سنگھ کا پھیلا ہوا جذبہ حد سے تجاوز کر رہا ہے حال میں مسخ شدہ قدامت پسندی اور فرقہ وارانہ جنگ پسندی کا جو مظاہرہ زبان اور اسی قسم کے دیگر مسائل کے سلسلے میں ہو چکا ہے ان کے بارے میں راشٹریہ سنگھ کا جو نقطہ نظر رہا ہے وہ محض اتفاق رائے کا نہیں بلکہ بہت گہرا اور قریبی تعلق کا رہ چکا ہے پاکستان نے جو اشتعال انگیز باتیں کی ہیں ان کے رد عمل نے تنہا راشٹریہ سنگھ والوں کے نقطہ نظر ہی پر اثر نہیں ڈالا ہے بلکہ بہت سے کانگریسیوں کو بھی غلط بحث میں مبتلا کر دیا ہے کانگریس کے لیڈروں کا فرض تو یہ ہے کہ وہ اس خبیث دیو کو بالکل کچل ڈالیں یا کم از کم اسے بالکل دبا دیں لیکن جس گھڑی سنگھ والوں کی بہت افزائی شرکت کانگریس کی اجازت ملنے کے باعث ہو جائے گی اس خبیث دیو کو اور تقویت حاصل ہو جائے گی بعض کوتاہ نظر کانگریسی ممکن ہے کہ اس خیال کے ہوں کہ آئندہ (الکشن میں) حصول قوت کے لئے سیاسی اعتبار سے راشٹریہ سنگھ کو حلیف بنانا بہ نسبت اس کے دشمن بنانے کے بہتر اور محفوظ تر ہو گا ان کوتاہ نظر کانگریسیوں کی اس موقعہ پسندی نے دوسرے کانگریسیوں کو سخت اندیشہ میں ڈال دیا ہے اندرون کانگریس میں سوشل اور سیاسی رجعت پسندی کے اس اتفاقی طور سے قوت پکڑ جانے کو حقیقی تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں کانگریس کی مجلس عاملہ نے زبردست غلطی کی اس سے ہمیں بحث نہیں کہ اس نے یہ غلطی دانستہ طور پر کی یا نادانستہ طور پر سیاسی مصالح کی بنا پر کی یا محض فراخدلی و فیاضی کے جذبہ کے اظہار کے طور پر

(نیشنل ہیرلڈ، انگریزی، لکھنؤ)

مسلک میں تبدیلی

راشٹریہ سیوک سنگھ کے مسلک و نظریہ و طرز عمل وغیرہ وغیرہ کے خلاف بیسیوں بار اکابر کانگریسی لیڈروں نے سخت الفاظ میں اظہار ملامت و مذمت کیا ہے اور ملک کے سب سے بڑے رہنما پنڈت جواہر لال نہرو نے بھی اپنی متعدد تقریروں میں صاف الفاظ میں کہہ دیا ہے کہ راشٹریہ سیوک سنگھ جیسی تنگ نظر جمعیتوں کی گنجائش آزاد انڈیا میں نہیں ہو سکتی باوجود ان امور کے مجلس عاملہ کانگریس نے جمعیۃ کو اپنے سینہ میں لگانے کے لئے آغوش کشادہ ہو گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ کانگریس کا دروازہ اس تنگ نظر رجعت پسند جمعیۃ کے لئے بھی کھول دیا گیا ہے با الفاظ دیگر کانگریس نے ملک کی سب سے زیادہ جمعیت

پند ذہنیت کو عوامی حیثیت دی ہے کہ وہ کانگریس میں داخل ہو کر اپنی مسموم ذہنیت سے فضا کو مسموم بنانے کی کوشش کریں بلا شک و شبہ کانگریس کا یہ فیصلہ بہت سے حلقوں کا باعث تعجب ہونے والا ہے اور ایک ایسے انقلاب کا پیش خیمہ نظر آتا ہے جس کے نتائج ملک و قوم کے لئے ہرگز خوشگوار و بہتر ثابت نہیں ہو سکتے۔

(عصر جدید کلکتہ)

سطحی فیصلہ

کانگریس ورکنگ کمیٹی نے راشٹریہ سیوک سنگھ کے ممبروں کو کانگریس میں شامل ہو جانے کی دعوت کی جو اجازت دی ہے اس سے ملک کے صرف قوم پرست حلقوں ہی میں نہیں بلکہ خود کانگریس میں بھی زبردست بے چینی پیدا ہو جانا ممکن ہے یو۔ پی کے ممتاز کانگریسی رہنما اور پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے کی طرح اس خیال کے لوگوں کی تعداد چھوٹی موٹی نہیں ہوگی کہ اب کانگریس اخلاقی طور پر اور اصولی نقطہ نظر سے تبدیل ہوتی جا رہی ہے اس سے خاص طور پر مسلمانوں کے دلوں میں تشویش پیدا ہو گئی ہے جو لیگی سیاسیات کے سے آزاد ہو کر وسیع پیمانہ پر اجتماعی طور پر کانگریس کی طرف مائل ہوتے جا رہے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کانگریس مجلس عاملہ نے یہ فیصلہ غیر سیاسی سے اور سطحی نظر سے کیا ہے اور اس اقدام پر غور کرتے وقت اس کے نتائج سے چشم پوشی کی گئی ہے۔

(ہندوستان بمبئی)

بڑی توندوالے

کانگریسی حکومت کی حالت قابل رحم ہے وہ چور بازاری اور نفع خوری کو جتنا بند کرنا چاہتی ہے اتنا ہی یہ بڑی بڑی توند والے تاجر یا کاروباری اسے بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں شکر کی مصیبت شکرساز کارخانوں کے مالکوں نے پیدا کی، ابھی حکومت اس کو سلجھانے میں پریشان تھی ہی کہ کلکتہ کے بعد بمبئی میں نمک کی چور بازاری شروع ہو گئی۔

بمبئی میں نمک پیدا ہوتا ہے اور ظالموں نے بمبئی ہی میں نمک کا کال پیدا کرنے کی کوشش کی۔ آخر پولیس کس کس کی نگرانی کرے اور حکومت کس کس بے ایمان کی گردنیں مارے۔

ایک بڑی مصیبت یہ ہے کہ کانگریس پارٹی کا نام کانگریس کے اصلی اور دوست دشمنوں میں تمیز نہیں کرتا وہ ایک ہی وقت میں دو متضاد عناصر کو خوش کرنا چاہتا ہے، سرمایہ داروں یا چور بازاریوں کو بھی اور مزدوروں یا غریبوں کو بھی! [illegible] حکومت کے لئے [illegible] بنانا چاہئے اور اگر وہ اب بھی سرمایہ داروں کی خوشامد اور رضاجوئی کرنے پر تیار رہے تو اس کا مطلب صرف یہی ہو سکتا ہے کہ حکومت خود کمیونسٹوں کے لئے میدان تیار کرنا چاہتی ہے۔

(ہمارا ہندوستان بمبئی)

سنگھ کو کانگریس میں شامل کرنیکے فیصلہ پر کانگریسی حلقوں میں بے چینی

کانگرس ورکنگ کمیٹی اس مسئلہ پر دوبارہ غور کرے گی

نئی دہلی ۱۵ اکتوبر۔ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے پچھلے دنوں یہ فیصلہ کیا تھا کہ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے ممبر کانگریس کے ممبر بن سکتے ہیں۔ اب معلوم ہوا ہے کہ چند ایک سرکردہ کانگریسی لیڈروں نے کانگریس کے صدر کو درخواست دی ہے کہ اس فیصلہ پر نظر ثانی کی جائے۔

اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ جس وقت یہ فیصلہ ہوا اس وقت ورکنگ کمیٹی کے تمام ممبر کمیٹی میں موجود نہ تھے۔ اور یہ لیے بھی اس وقت کسی نے اس سوال کو وہ اہمیت نہ دی جس کا یہ مستحق تھا۔ لہذا خیال کیا جاتا ہے کہ عنقریب کانگریس ورکنگ کمیٹی اس سوال پر دوبارہ غور کرے گی۔ لکھنؤ سے یونائیٹڈ پریس کا تار مظہر ہے کہ

یو۔ پی کے وزیر اعظم پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے نے صوبائی کانگریس کمیٹی کے ممبران کے ساتھ مل کر صوبائی کانگریس کمیٹی کے اگلے اجلاس میں ایک قرارداد پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے جس میں کانگریس ورکنگ کمیٹی سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ راشٹریہ سنگھ کے بارے میں منظور کردہ قرارداد پر پھر سے غور کرے۔

قرارداد میں مزید کہا گیا ہے کہ راشٹریہ سنگھ نے اپنی پالیسی بدلی ہے اور نہ تنظیمی اطوار اور اس کے مقاصد کانگریس کے بلند آدرشوں اور روایات کے خلاف ہیں صوبائی کانگریس کمیٹی کی اگلی میٹنگ نومبر کے پہلے ہفتہ بنارس میں ہو گی۔

کانگرس اسمبلی پارٹی کی اجلاس میں ٹیکسوں پر بحث و مباحثہ

مرکزی حکومت کو بکری ٹیکس لگانے کا اختیار دینے کی تجویز مسترد کر دی گئی

نئی دہلی ۱۵ اکتوبر۔ آج کانگریس پارٹی کی میٹنگ میں بکری ٹیکس کے متعلق دو نئی دفعات منظور کی گئیں جو کہ ان دو اصولوں کی بنا پر تیار کی گئی ہیں کہ برآمد اور درآمد کا محصول صرف مرکز کے اختیار میں کئے جائیں۔ اور صوبوں اور ریاستوں کی باہمی تجارت حرفت کو آزاد قرار دیا جائے۔ فیڈرل یونٹوں کو ایسے معاملات میں غاصبانہ دست اندازی کرنے سے روک دیا جائے گا۔ ان اصولوں کے مقاصد کی غرض سے صوبوں کی صورت میں ۱۹۵۰ء تک کے عرصہ اور ریاستوں کی صورت میں دس سال تک کا عرصہ انتہائی عرصہ تجویز کیا گیا ہے بحث میں سردار پٹیل، ڈاکٹر مکرجی، ڈاکٹر متھائی وغیرہ اصحاب نے حصہ لیا۔ اس مطلب کی تجویز مسترد کر دی گئی کہ مرکز ایک بکری ٹیکس لگائے اور اس کی آمدنی صوبوں میں تقسیم کر دی جائے۔ منظور شدہ دفعہ میں درج ہے کہ اگر کوئی خرید و فروخت کسی اسٹیٹ کے باہر کی جائیگی یا مال باہر بھیجا جائیگا یا باہر سے منگایا جائیگا تو اسٹیٹ کا کوئی قانون اس قسم کی خرید و فروخت پر ٹیکس لگانے کا اختیار نہ دیگا۔ اگر کوئی مال اسٹیٹ میں کھپت کی خاطر منگایا جائیگا تو اس کی خرید و فروخت اسٹیٹ کی خرید تصور کی جائے گی۔ چاہے بعد میں یہ مال کسی دوسری اسٹیٹ کو بھی بھیجا جائے

[illegible] ریاستوں یا صوبوں کی باہمی تجارت کے سلسلہ میں خرید و فروخت پر ٹیکس لگانے کا اختیار کسی اسٹیٹ کو نہ ہوگا۔

[illegible] ٹیکس میں ایسی دفعات بھی منظور کی گئیں جو کہ ہندوستان کی سالمیت یا پائیداری کے ٹوٹ جانے کی صورت میں نافذ ہوں گی۔ اس قسم کے خطرہ کی صورت میں پریزیڈنٹ ایک اعلان جاری کر سکیگا۔ جس کی رو سے یونین ایگزیکٹو کو مناسب اختیارات دیئے جائیں گے۔

پنڈت جواہر لال واشنگٹن سے نیویارک پہنچ گئے

صدر ٹرومین نے الوداع کہا۔ نیویارک میں شاندار استقبال

واشنگٹن ۱۶ اکتوبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہندوستان کل واشنگٹن سے خاص ہوائی جہاز میں نیویارک روانہ ہو گئے۔ ہوائی اڈے پر امریکی افسران کے ساتھ صدر ٹرومین بھی آپ کو الوداع کہنے آئے۔ روانگی سے پیشتر آپ انٹرنیشنل بنک کے دفتر میں دوستانہ ملاقات کے لئے گئے۔ اور اس کے بعد آپ واشنگٹن کی بڑی لائبریری میں گئے جہاں کسی کو خیال تک نہ تھا۔ وہ رولسن لائبریری میں آپ نے کچھ عرصہ گذارا اور لنکن کے کاغذات دیکھے۔ نیویارک کے دورہ کے دوران آپ نیاگرا آبشار اور ہائیڈپارک بوسٹن جائیں گے۔ نیز سان فرانسسکو اور شکاگو جائیں گے۔ ایک طرف آپ اٹاوہ جائیں گے تو دوسری طرف وسکونسن بھی پہنچیں گے۔

پنڈت نہرو کے ہوائی جہاز کے ساتھ ہندوستانی اور امریکی اخبار نویسوں کی ایک پارٹی بھی تھی جسے علیحدہ ہوائی جہاز دیا گیا۔ پارٹی ہندوستانی وقت کے مطابق ۹ بج کر ۲۵ منٹ پر چلی اور ساڑھے دس بجے نیویارک پہنچ گئی۔ جہاں آپ کا استقبال کرنے والوں میں امریکی افسروں کے علاوہ بہت سے ہندوستانی طالب علم بھی تھے اور وہاں سے آپ سیدھے انڈیا ہاؤس چلے گئے آپ کو ہندوستانی طلبا نے ایک پارٹی دی۔ ہوائی اڈہ پر جب ہی پنڈت نہرو آئے، امریکی بینڈ نے جن گن من گایا بعد میں پھر آپ کو مسز بی۔ نرسنگ راؤ نے پارٹی دی۔ اتوار کو آپ نیویارک سے ہائیڈ پارک جائیں گے جہاں یہ مقام مسٹر روزویلٹ کی جائے پیدائش تھا آپ صدر روزویلٹ کے مزار پر پھول چڑھائیں گے۔ اور [illegible] روزویلٹ کے ساتھ کھانا کھائیں گے۔ پیر کو پنڈت نہرو کا نیویارک کے میئر کی طرف سے سرکاری طور پر استقبال ہوگا

اسی روز آپ شہر کے بڑے ہال میں لائے جائیں گے اور دروازے پر آپ کا میئر استقبال کرے گا۔ پیر کی رات کو ساڑھے نو بجے کولمبیا یونیورسٹی آپ کو اعزازی ڈگری دے گی۔ اور اس وقت آپ اپنے دورہ کا سب سے اہم اعلان کریں گے

[illegible] یونیورسٹی نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعظم پنڈت نہرو ۲۶ اکتوبر کو یہاں آئیں گے۔ اور یونیورسٹی کے زیر اہتمام دو بار تقریر کریں گے۔ واشنگٹن میں پنڈت نہرو نے برطانوی سفیر سر اولیور فرانکس اور لیڈی فرانکس کو مدعو کیا۔ پریس ٹرسٹ آف انڈیا کی اطلاع ہے کہ تربیتی وجہ کشتی پنڈت نہرو کی بہن مسز اندرا گاندھی بھی پنڈت نہرو کے ساتھ نیویارک گئی [illegible] آپ اپنے دورہ [illegible] ہوائی جہاز تھا۔

پاکستان کی اقلیتوں کو برابر کے حقوق و تحفظات کی یقین دہانی

کشمیر میں آزادانہ استصواب رائے کیلئے مسٹر لیاقت علی کا مطالبہ

بار نیبل ۱۷ اکتوبر (ا۔ ہ۔ م) پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خان نے کشمیر کے غیر جانبدارانہ حل پر زور دیا ہے اس اعلان کا اعادہ کیا ہے۔ پاکستان اس معاملہ میں صرف یہ چاہتا ہے کہ کشمیر کے لوگوں کو آزاد اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کی صورت میں اپنے مستقبل کا خود فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے۔

وزیر اعظم پاکستان یہاں پر مسلم لیگ کے سپاسنامے کا جواب دے رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ جہاں تک پاکستان کے دفاع کا تعلق ہے۔ میں اس معاملہ میں عام کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی دفاعی حالت پچھلے سال سے سو فیصدی بہتر ہے اور ہر روز بہتر ہوتی جا رہی ہے۔

پاکستان کی اکثریت اور اقلیت کا تذکرہ کرتے ہوئے آپ نے عوام کو اور دوسرے لوگوں کو بہت تعاون دیا۔ [illegible] مسلم لیگ کے نام پر کہہ رہے ہیں لیکن مسلم لیگ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس سے پیشتر انہوں نے ہندوؤں کے اندر دوسری اقلیتوں کو اعلیٰ تحفظ کا یقین دلایا اور کہا ان کو مساوی حقوق حاصل ہوں گے اور کسی قسم کا خوف یا خطرہ نہیں ہو گا چاہئے لیکن ان کا بھی فرض ہے کہ وہ وفادار رہیں ہر حکومت کا فرض ہے کہ وہ دیکھے کہ تمام وفادار شہریوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں۔ آپ نے پاکستان کے آئین کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلہ کو ختم نہیں ہونا چاہئے بلکہ ان کو اس فیصلہ کا خیر مقدم کرنا چاہئے کیونکہ اسلام کی تاریخ ان کے سامنے ہے جو غیر مسلموں کے ساتھ سلوک کا ایک واضح ثبوت ہے۔

آج صبح جب مسٹر لیاقت علی خان یہاں پہنچے تو ان کا پرجوش خیر مقدم ہوا۔ اسی میں مخاصم سیمینار سکریٹری تھے شہر کی جانب سے ایک سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ جس میں پاکستان کا آئین تیار کرنے، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، اسمبلیوں اور وزارتوں میں مناسب نمائندگی کا مطالبہ تھا ایک وفد کانگریس کا بھی وزیر اعظم سے ملا۔ بیگم لیاقت علی نے ایک ہسپتال اور زنانہ خیمہ گاہ کی تقریب میں شرکت کی بعد دونوں اسلام آباد کے لئے روانہ ہو گئے۔

شاہ عبداللہ شہنشاہ بنیں گے

دسمبر میں تاجپوشی کی رسم ادا ہو گی!

قاہرہ ۱۷ اکتوبر۔ آزاد مصری اخبار المصری بتایا ہے کہ شرق اردن کے شاہ عبداللہ ہاشمی متحدہ ہاشمی سلطنت کے شہنشاہ بننے کا دسمبر میں اعلان کر دیں گے۔

ان کی سلطنت میں شرق اردن اور عرب فلسطین شامل ہوگا۔ اس اخبار نے یہ خبر عمان کے شاہی محل کے ذرائع سے حاصل کی ہے اسی نے یہ بھی کہا ہے کہ تاجپوشی کی رسم شاید بیت المقدس میں ادا ہوگی۔ [illegible]

طہران میں پارلیمنٹ کے انتخابات

پولیس سے مداخلت کے الزام کی تردید

طہران ۱۷ اکتوبر۔ پرسوں ایران کے دار السلطنت میں پارلیمنٹ کے جو انتخابات ملتوی کر دیئے گئے تھے آج پھر شروع ہو گئے۔ سابق وزیر اعظم آقائے محمد مصدق کی اس شکایت پر کہ انتخابی آزادی میں مداخلت کی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر مصدق اور ان کے بیس ساتھی ایران کے [illegible] کے مطابق پناہ لینے کے لئے شاہی محل میں پہنچ گئے تھے پرسوں شام وہ شاہی محل میں چلے گئے پولیس اور موجودہ وزیر اعظم کے دفاتر کی طرف سے انتخابات میں مداخلت کی خبر کی تردید کی گئی اور الزامات کے ثبوت پیش کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ صوبہ جات میں انتخابات بدستور جاری ہیں۔ (رپورٹر)

مصری عدالتوں کو اختیارات

غیر ملکیوں پر مقدمہ چلا سکیں گی

قاہرہ ۱۷ اکتوبر۔ گذشتہ ستر سال سے مصر کی عدالتوں کو مصر میں مقیم غیر ملکیوں پر مقدمہ چلانے کا اختیار ملا ہے! [illegible] مصر میں غیر ملکیوں کے مقدمات کی سماعت کے لئے علیحدہ عدالتیں قائم تھیں۔ اس وقت مخلوط عدالتوں کے روبرو تقریباً دس ہزار مقدمات زیر سماعت ہیں۔ اگلے ماہ ختم ہونے سے پہلے یہ عدالتیں قائم کر دی جائیں گی۔ امید ہے کہ حکومت اس تجویز کو قبول کرے گی۔ [illegible]

لیڈی ترویدی کی تقریر!

[illegible]

ٹاٹرائشکا

نئی دہلی میں ہندو پاکستان کی دوستی کی انجمن کی تشکیل

دستور سازی کے لئے عارضی کمیٹی بھی بنا دی گئی!

دہلی ۱۷ اکتوبر۔ اتوار کو نئی دہلی میں ایک جلسہ میں ہندوستان اور پاکستان میں دوستانہ تعلقات بڑھانے کے لئے ہند۔ پاکستان کی دوستی کی انجمن تشکیل کی گئی جلسہ میں ہائی کمشنر پاکستان اور ان کے فرسٹ سکریٹری بھی موجود تھے۔ جلسہ میں گیارہ افراد کی ایک عارضی کمیٹی بنائی گئی جسے دستور سازی اور مزید ممبروں کو کمیٹی میں شامل کرنے کا اختیار دیا گیا۔

کانگریس کے سابق جنرل سکریٹری اچاریہ جگل کشور اس انجمن کے صدر منتخب ہوئے۔ بیگم عزیز رسول سیکرٹری [illegible] ڈاکٹر ہری سنگھ [illegible] نائب صدر [illegible] اس کمیٹی کے ممبران بنائے گئے ہیں۔ [illegible] اس کمیٹی کے ممبر نامزد کئے گئے ہیں۔

مسٹر محمد اسماعیل نے اس انجمن کی تشکیل کو خوش آمدید کہا اور اس بات کی امید ظاہر کی کہ پاکستان میں بھی ایسی ہی ایک انجمن قائم کی جائے گی۔

ڈاکٹر اینی بیسنٹ کو خراج عقیدت

کل شام صدر کانگریس کی صدارت میں دہلی ٹاؤن ہال میں ایک اجلاس ہوا جس میں ڈاکٹر اینی بیسنٹ کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ڈاکٹر پٹابھی، مسٹر سری پرکاش، رانی [illegible] اور مسٹر جیت سنگھ چودھری نے تقریریں کیں، پروگرام میں ناچ بھی شامل تھا۔

راج کماری امرت کور کا ایڈریس

کل شام روشن آرا باغ سبزی منڈی میں سبزی منڈی کے باشندوں کی طرف سے وزیر صحت راج کماری امرت کور کو ایڈریس پیش کیا گیا۔

راج کماری نے اس ایڈریس کا جواب دیتے ہوئے پوری پوری مدد کا یقین دلایا اور کہا وہ اپنی طرف سے بھی صفائی وغیرہ کی بہتری کی کوشش کریں گی اور بہتے آپ کو دہلی سے شہری بھی اپنے حقوق اور فرائض کا دھیان رکھیں۔ اس ایڈریس کے جواب میں راج کماری صاحب نے دہلی میں بچوں کے پارکوں کا افتتاح کیا دہلی میں بچوں کے لئے جو بارہ پارک بنائے گئے جن پر ۲۵ ہزار روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔ ان پارکوں میں ۱۴ سال سے کم عمر بچوں کے لئے کھیل کود کا انتظام کیا گیا ہے۔ اس موقعہ پر دہلی کے چیف کمشنر شنکر پرشاد بھی موجود تھے

ایڈریس میں سبزی منڈی میں آبادی کے اضافہ کا ذکر کرتے ہوئے سہولیات میں اضافہ نہ ہونے پر افسوس کیا گیا تھا۔ اور اس بات کی درخواست کی گئی تھی کہ زچگی، پارکوں اور دواخانوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے۔

اجملی شفاخانہ

اجملی شفاخانہ میں جو عرصے سے بالمقابل دروازہ احاطہ کالے صاحب اجملی قائم ہے مریضوں کا علاج مفت ہوتا ہے حکیم محمد ظہیر الدین صاحب اجملی خود شفاخانہ میں آٹھ بجے سے دس بجے تک موجود رہتے ہیں۔ اور نہایت غور و فکر کے ساتھ مریضوں کو دیکھتے ہیں۔ ایک لیڈی ڈاکٹر کا بھی انتظام ہے۔ اس کسا بازاری کے زمانہ میں اس شفاخانہ سے غریبوں اور محتاجوں کو بہت بڑی مدد مل رہی ہے اور نہ صرف اس علاقہ کے لوگ بلکہ دیگر محلوں اور بیرون دہلی کے لوگ بھی اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

پاکستان کے مہمان کی حیثیت سے وہ یہاں چند روز قیام کریں گے

نوکر روپیے لیکر فرار

مسجد کھجور کے ایک شخص نے اطلاع دی ہے کہ اس کا نوکر چھ سو روپے نقدی اور [illegible] لیکر فرار ہو گیا۔

دھوکہ دہی کی واردات

صدر بازار میں کسی شخص نے ایک دوسرے شخص کو سونا ظاہر کر کے پیتل دیا اور اسے پکڑ لیا گیا اور پولیس کے حوالہ کر دیا گیا اس کے دو ساتھی بچ کر بھاگ نکلے۔

جمنا کے پل پر گرفتاری

جمنا کے پل پر سے ایک [illegible] ڈرائیور کو سونا پکڑے گئے [illegible] گرفتار کر لیا گیا۔

ایک شخص زخمی

پرسا روڈ کا ایک شخص سائیکل کے پہیے کے نیچے آ کر گر پڑا۔ ابھی وہ اٹھنے بھی نہ پایا تھا کہ اس پر سے ایک تانگہ گذر گیا اسے میو ہسپتال پہونچایا گیا۔

دو جیب کترے گرفتار

[illegible] ایک جیب کترا اجمیری دروازہ پر ایک راہگیر کی جیب سے بٹوہ نکال رہا تھا پکڑا گیا اور حوالہ پولیس کیا گیا۔

اردو مجلس

اردو مجلس کی نشست حسب معمول ۱۵ اکتوبر کی شام کو ۵ بجے زیر صدارت مولانا عبد الرزاق صاحب ملیح آبادی مدیر آزاد ہند کلکتہ منعقد ہوئی۔

اردو مجلس کی آئندہ نشست قاعدے کے مطابق یکم نومبر کو ہوگی۔ اردو ادب کی جانب اور تحریک کو آگے بڑھانے کے لئے اردو کے بہی خواہ اردو مجلس کی آئندہ نشست میں ضرور تشریف لائیں۔

(حمیدہ سلطان سکریٹری اردو مجلس)

سابق شاہ افغانستان کا پاکستان کے خلاف مقدمہ

ڈھائی لاکھ پونڈ کے ہرجانہ کا دعویٰ

کراچی ۱۷ اکتوبر۔ سردار محمد علی نے حکومت پاکستان پر مقدمہ دائر کیا ہے اور ڈھائی لاکھ پونڈ کے نقصانات کا ہرجانہ طلب کیا ہے۔ سردار محمد علی شاہ افغانستان امیر دوست محمد خان کے پوتے ہیں۔ جو کہ پہلی جنگ افغانستان کے وقت تخت افغان کے مالک تھے۔

نقصانات کا دعویٰ اس دلیل پر کیا گیا ہے کہ پہلی گذار اور اس کا کنبہ ہندوستان سے افغانستان جاتے ہوئے کراچی میں ایک ریل کے ڈبے میں قیام کرنے پر مجبور ہوا کیونکہ شہر کراچی میں مکانات کی قلت تھی۔

مزید الزام لگایا گیا ہے کہ فوج اور محافظوں کے ایک دستہ نے اس گھرانے کو ریلوے اسٹیشن سے نکالنے کیلئے اس پر مجبوری چارج کیا جس کے نتیجے کے طور پر پہلی گذار کی بیوی شدید طور پر زخمی ہوئیں۔

الزام لگایا جاتا ہے کہ اس کے بعد انہیں گرفتار کر لیا گیا تھا اور پولیس نے ان کے لاکھوں روپے کے مال و اسباب پر جن میں زیورات نقدی اور جواہرات بھی شامل تھے۔ قبضہ کر لیا۔ پھر جیل خانہ میں ان کا ایک لڑکا انتقال کر گیا۔ اور جب پہلی گذار استنبول یا مکہ میں پہونچا [illegible] طور پر خارش ہو چکا تھا

ہندوستان ایشیا کا قلعہ ہے

نیویارک ۱۶ اکتوبر۔ امریکہ کی ہمدردیاں ایک زمانہ سے ہندوستان کے ساتھ رہی ہیں جب سے کہ ہندوستان آزاد بھی نہیں ہوا تھا۔ چنانچہ جب ہندی وزیر اعظم یہاں آئے ہیں تو وہ امریکی عوام کے لئے اجنبی نہیں ہیں بلکہ امریکہ ایک زمانے سے ان کو دیکھنے اور گلے لگانے کا خواہش مند تھا یہاں پر انھیں نے ایشیا کا ایک بااثر مقرر تسلیم کیا جاتا ہے۔ چنانچہ وہ سفیر خیر سگالی کی حیثیت سے یہاں آئے ہیں۔ اور اسی پیمانہ پر ان کا خیر مقدم بھی کیا جا رہا ہے

لیکن وہ ایک ایسے زمانہ میں یہاں آئے ہیں جبکہ جنرل اسمو چیانگ کائی شک کی ناکامی کے بعد امریکہ ایشیا کے متعلق اپنی پالیسی پر نظر ثانی کر رہا ہے۔

چین کی قوم پرست حکومت کم و بیش ختم ہو چکی ہے اور امریکہ جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونزم کو روکنے کے لئے ایک نئے مرکز کی تلاش میں ہے گو کہ ابھی تک امریکہ کی نئی پالیسی تیار نہیں ہوئی ہے تاہم یہاں اکثر ایسے ساتھی کی باتیں ہوتی رہتی ہیں جو کمیونسٹ دشمن نہ ہو بلکہ غیر کمیونسٹ خالص امریکہ ایشیائی غیر کمیونسٹ حکومتوں کو ہر قسم کا مناسب مدد دینے کے لئے تیار ہے تاکہ وہ مضبوط ہو جائیں۔ اور ایشیائی حکومتوں میں ہندوستان کی حکومت سب سے بڑی حکومت ہے۔

چنانچہ دوستانہ میل ملاقات کے ساتھ امریکہ اور ہندوستان میں معاشی فیصلے ہونے کے امکانات پائے جاتے ہیں۔

امریکہ کے ممتاز اخبارات کے بیانات سے پتہ چلتا ہے کہ واشنگٹن کی خواہش ہے کہ ہندوستان کمیونزم کے خلاف زبردست محاذ بن جائے۔ اور امریکہ کے وسیع منڈی کا کام دے ان کا خیال ہے کہ پنڈت نہرو کی حکومت مقبول باہمت اور حدود کے اندر رہتے ہوئے جمہوری ہے۔ اور ہندوستان عملی طور پر چین کے ہم پلہ ہے جو کہ مغربی طاقتوں کے اثر سے عارضی طور پر نکل گیا ہے۔ ہندوستان اس وقت محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ لیکن اسے دو پریشانیاں لاحق ہیں معاشی اور مسئلہ کشمیر یہ دونوں مسائل بھی ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں۔ کیونکہ مسئلہ کشمیر کی وجہ سے پاکستان کے ساتھ جنگ ہو جانے کا خدشہ ہے۔ اور اس خطرے کو دور کرنے کے لئے ہندوستان کو فوج پر اپنے محاصل کا آدھی رقم خرچ کرنی پڑ رہی ہے۔

آزادی کی وجہ سے ہندوستان کی معاشی پریشانیاں مضبوط ہو گئی ہیں کیونکہ ایسے موقعہ پر جبکہ ملک دو حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے اسے اپنی ضروریات کا خود کفیل ہونے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ (رائٹر)

پابندیاں ہٹا دی جائیں سوائی حکام کا یہی کہنا ہے کہ مشترک اقتصادی انتظام اور تجارتی کاروبار کے لئے تحفظ کئے جائیں

جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کی مجلس عاملہ کا اجلاس

آج بعد نماز عشاء ۸ بجے شب میں مجلس عاملہ جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کا ایک ضروری اجلاس ہوگا۔ امید ہے ممبران ایجنڈے کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اور وقت کی پابندی کا خیال رکھتے ہوئے ضرور شریک ہوں گے۔

انجمن خواتین کا جلسہ

مورخہ ۱۵ اکتوبر کو تعلیمی مرکز جامعہ حافظ کالے صاحب میں انجمن خواتین کا ہفتہ وار جلسہ زیر صدارت محترمہ جمیل النساء منعقد ہوا جس میں کثیر تعداد خواتین نے شرکت کی۔ [illegible] جلسہ کی ابتدا خاتون جنت نے تلاوت قرآن پاک سے کی بعد ازاں انجم عقیلہ اور خورشید نے مل کر دعا پڑھی۔ اسکے علاوہ تسنیم زریں اور صالحہ نے بھی مختلف ترانے اور نظمیں پڑھیں اس کے بعد عصمت بانو نے مسلمان عورت کا پردہ اور عید قربان پر تقریر فرمائی۔ آخر میں خاتون جنت صاحبہ نے بچوں کی تعلیم و تربیت سے ماؤں کی بے جا غفلت اور اس کے نتائج پر روشنی ڈالی۔

(عصمت بانو سکریٹری انجمن خواتین تعلیمی مرکز جامعہ حافظ کالے صاحب دہلی)

عرب ممالک کی کسٹم کی پابندیاں ختم کرنیکا مطالبہ

دمشق ۱۷ اکتوبر۔ شام کے اقتصادی حلقوں کا بیان ہے عرب ممالک کے درمیان کسٹم کی

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست اور اسکی

سبق آموز دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جن کی شہرت اور مقبولیت عام ہو چکی ہے

علمائے ہند کا شاندار ماضی۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ طبع دوم کی جلد اول ——— قیمت ——— ۳/-

علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے از۔ مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ جلد اول ۲/- جلد دوم ۲/-

حیات شیخ الاسلام۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات ——— مجلد ——— ۳/-

مجاہد جلیل۔ از حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مختصر سوانح ۱/-

باغی ہندوستان۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل۔ مولانا فضل حق خیرآبادی کے قلم مبارک سے قیمت مجلد ۲/-

مسلمانوں کا روشن مستقبل۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بار بار طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکی ہے ——— قیمت ۴/-

غدر کے چند علماء۔ از مولانا مفتی انتظام اللہ شہابی۔ مجلد ۱/۸

ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء۔ از مفتی صاحب مذکور ——— ۲/-

رسالہ ہمارے پیغمبر۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب بہت سے مدارس میں داخل درس ہے ——— قیمت ——— ۱/-

ملنے کا پتہ الجمعیۃ بک ڈپو ——— گلی قاسم جان دہلی

دیوالی کارڈ محرم کی کتابیں

دیوالی کارڈ بڑے بڑے سندر، محرم کی کتابیں، مرثیے اور جنگ نامے۔ طبی کتابیں۔ جنتری تیار

بلیماران دہلی [illegible]

شرح قیمت الجمعیۃ

ہفت روزہ	روزنامہ
بارہ روپے	سالانہ۔ چالیس روپے
چھ روپے	ششماہی۔ بیس روپے
۳/-	سہ ماہی۔ گیارہ روپے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

سپاری کاٹنے کی مشین

یہ مشین مصنوعات کی بنی ہوئی ہے۔ ایک گھنٹے میں سیروں سپاری کاٹتی ہے۔ مشین کا ہینڈل ہاتھ سے گھمانے سے اپنے آپ سپاری باریک کٹتی چلی جاتی ہے۔ طریقہ استعمال ہمراہ مشین قیمت صرف [illegible] محصول ڈاک و پیکنگ [illegible] علاوہ

گلوب ٹریڈرز (C.C.M.) علی گڑھ (یوپی)

ضرورت معلم

جمعیۃ علماء ضلع [illegible] کے مدرسہ شبینہ کے واسطے ایک ایسے معلم کی ضرورت ہے جو کہ اردو ہندی کی تعلیم دے سکے۔ تجربہ کار اصحاب کرتجیح دی جائیگی تنخواہ اور دیگر معلومات کے واسطے ضلع کے دفتر واقع [illegible] سے ۵ بجے تک خود تشریف لا کر گفتگو کریں۔ فضل حسین ناظم جمعیۃ علماء ضلع [illegible] دہلی

ایجنٹ صاحبان

نوٹ کرلیں

اخبار الجمعیۃ کی تعداد کے متعلق کوئی منی آرڈر پر کچھ نہ لکھا کریں کیونکہ منی آرڈر بہت تاخیر سے وصول ہوتے ہیں اور تعمیل ہو چکتی ہے

لکھنؤ

میں اخبار الجمعیۃ دہلی کے لئے ایک ایماندار اور محنتی ایجنٹ کی فوری ضرورت ہے خواہشمند صاحبان [illegible]

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۲

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

مدیر: محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ — جلد ۳۱ — دہلی یوم جمعرات ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۰ اکتوبر ۱۹۴۹ء — نمبر ۲۴۷ — قیمت فی پرچہ دو آنے

ایجنٹ صاحبان

نوٹ کریں

اجراء الجمعیۃ کی تعداد کے متعلق کوپن منی آرڈر پر کچھ نہ لکھا کریں۔

منی آرڈر تاخیر سے وصول ہوتے ہیں

اس سے تعمیل میں دقت ہوتی ہے

منیجر

دو شاہکار

از حضرت مولانا ابو الکلام آزاد

دعوت حیات نو ــــ ۱۰/

خطبۂ احیائے ملت ــــ ۸/

دونوں ایک ساتھ مجلد ۱۲/

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو، گلی قاسم جان دہلی

کولمبیا یونیورسٹی میں پنڈت نہرو کا اہم سیاسی اعلان ہندستان کی پالیسی کی وضاحت

امن اور صلح کو خطرہ لاحق ہوا تو ہندستان لاتعلق نہیں رہے گا!

سیاسی غلامی اور اقتصادی غیر مساوات جنگ کے اسباب ہیں

ہندستان ساری دنیا کی بہتری اور ترقی کے لئے کام کرے گا

یونیورسٹی کی طرف سے وزیر اعظم ہند کو ڈاکٹر آف لا کی ڈگری دی گئی

نیویارک ۱۸ اکتوبر: گذشتہ شب (پیر کی شب) کو پنڈت جواہر لال نہرو نے کولمبیا یونیورسٹی کے ایک مخصوص کنووکیشن میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ "ہندوستان کے پر امن انقلاب سے کچھ سبق ملتا ہے جس سے ان بڑے مسائل کو حل کرنے میں مدد لی جا سکتی ہے جو اس وقت دنیا کے سامنے پیش ہیں"۔ تقریر سے قبل پنڈت جی کو جنرل آئزن ہوور (زمانہ جنگ کے اتحادی کمانڈر) چانسلر یونیورسٹی کی طرف سے ڈاکٹر آف لا کی اعزازی ڈگری دی گئی۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ ہندستان نے فلسفہ تقدیر کو قومی مفاد کے ساتھ ملانے کی کوشش کی ہے اور اس پالیسی کے خاص مقاصد ہیں بڑی طاقتوں کی گروہ بندی سے الگ ہو کر آزادانہ طور پر امن و آشتی کے لئے کام کرنا اور تمام متنازعہ فیہ مسائل کو اس طرح حل کرنا۔ غلام قوموں کو آزاد کرانا (انفرادی) اور قومی دونوں قسم کی آزادیوں کو قائم رکھنا، نسلی امتیازات ختم کرانا [illegible]

[illegible]

لاتعلق یا غیر جانبدار رہنا اس اصول سے غداری ہے جس کے لئے ہم نے جنگ کی۔ اور جس کی حمایت کے لئے آج ہم کھڑے ہوئے ہیں۔ (باقی صفحہ ۶ پر)

امریکہ کے سٹی ہال میں پنڈت نہرو کا شاہانہ استقبال

بازاروں میں امریکی عوام پنڈت جی کے جلوس کو دیکھ رہے تھے

نیویارک ۱۸ اکتوبر۔ کل پنڈت جواہر لال نہرو کا یہاں شاہانہ استقبال کیا گیا۔ جس وقت کاروں کی ایک لمبی قطار سڑکوں سے گذر رہی تھی تو ہزاروں آفس لڑکوں اور تماشبینوں نے اپنی کھڑکیوں سے اس نظارہ کو دیکھا اور سڑکوں پر کھڑے ہوئے ہزاروں لوگوں نے پنڈت جی کو مبارکباد دی۔

پنڈت جی کا جلوس اس وقت نکلا جبکہ انہیں شہر کے میئر مسٹر او ڈائر کی دعوت میں سٹی ہال لے جایا گیا۔ آسمان بادلوں سے گھرا تھا۔ لیکن سورج کی کچھ کرنیں چمک رہی تھیں۔ اور ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ چونکہ بارش نہیں ہوئی اس لئے پنڈت نہرو کا ایک کھلی کار میں استقبال کیا گیا۔ اور اس طرح عوام کو انہیں اچھی طرح دیکھنے کا موقع ملا۔

مسز وجے لکشمی پنڈت، مسز اندرا گاندھی اور مسٹر کرشنا ہٹھی سنگھ اور ان کی پارٹی کے دوسرے لوگ ان کے ساتھ تھے۔ والڈورف ہوٹل سے کاروں کا یہ جلوس ۱۱ بجے صبح سٹی ہال کی طرف روانہ ہوا۔

جلوس پروگرام کے مطابق دوپہر کو سٹی ہال پہنچا۔ جہاں شہر کے میئر نے پنڈت جی کا استقبال کیا۔ [illegible] (باقی صفحہ ۶ کالم ۴ پر)

[illegible] بذریعہ ہوائی جہاز [illegible] سے یہاں پہنچے ہیں۔ آپ نئی دہلی جا رہے ہیں جہاں اپنے عہدہ کا چارج لیں گے۔

مشرقی پنجاب کے نئے وزیر اعظم ڈاکٹر بھارگو نے اپنے عہدہ کا حلف اٹھا لیا

کانگریس ہائی کمانڈ سے مشورہ کے لئے ڈاکٹر صاحب دہلی روانہ ہو گئے

نئی کابینہ میں محکموں کی عارضی تقسیم۔ مزید وزراء بعد میں مقرر کئے جائیں گے

شملہ ۱۸ اکتوبر۔ مسٹر بھیم سین سچر اور ان کی منسٹری کابینہ کے مستعفی ہو جانے پر آج ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے وزیر اعظم کی حیثیت اور مسٹر پرتھوی سنگھ آزاد نے وزیر کی حیثیت سے حلف اٹھا لیا۔ بھارگو کابینہ کے باقی وزراء ڈاکٹر گوپی چند کی دہلی سے واپسی پر مقرر کئے جائیں گے۔ ڈاکٹر بھارگو آج دہلی آ رہے ہیں تاکہ کانگریس ہائی کمان سے مشورہ کریں۔

کل رات مشرقی پنجاب اسمبلی کی کانگریس پارٹی نے ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کو اپنا صدر منتخب کیا تھا۔

مسٹر سچر سابق وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے پارٹی کا اجلاس شروع ہونے سے پہلے ہی جس میں ان کے خلاف عدم اعتماد کی تجویز پر غور ہونا تھا۔ استعفیٰ دے دیا تھا۔ پارٹی نے چار بجے [illegible] اجلاس چودھری کرشن گوپال دت سابق وزیر خزانہ کی صدارت میں ہوا۔ ۹۷ میں سے ۵۸ اراکین موجود تھے۔ مسٹر سچر اور ان کی پارٹی [illegible] (باقی صفحہ ۶ کالم ۱ پر)

روسیوں نے اپنی بحری قوت میں اضافہ کرنا شروع کر دیا

نو تعمیر جنگی جہازوں کی بالٹک کی بحری جنگی مشق میں شرکت!!

لندن ۱۸ اکتوبر۔ لندن کے اخبار ڈیلی میل کے [illegible]

[illegible]

سالی لینڈ کے متعلق فیصلہ

دس سال میں آزاد کر دیا جائے گا!

لیک سکسیس ۱۸ اکتوبر۔ اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اطالوی سالی لینڈ کو دس سال کے بعد آزادی مل جانی چاہئے [illegible] (رائٹر)

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرضی کا ثبوت دیجئے۔

انڈونیشیا میں کمیونسٹوں اور دار الاسلام پارٹی کے زور پکڑ جانے کا خطرہ

ڈچوں کے رویے سے انڈونیشی فوجوں میں بے چینی بڑھنے لگی

ہیگ میں ایک انڈونیشی ترجمان کا سنسنی خیز اعلان

ہیگ ۱۸ اکتوبر۔ یہاں گول میز کانفرنس کے حلقوں میں اس چیز کے اثرات پر کافی تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے [illegible]

[illegible]

کمیونسٹ چین کو تسلیم کرنے کا مطالبہ کر کے پنڈت نہرو نے سنسنی پیدا کر دی

امریکن حلقوں کے خیال میں برطانیہ پنڈت نہرو کو سامنے لانا چاہتا ہے

سقوط کنٹین سے امریکن حلقوں میں بھی کھلبلی مچ گئی

نیویارک ۱۸ اکتوبر۔ پنڈت نہرو نے امریکی گورنمنٹ سے کہا ہے کہ وہ چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کر لے [illegible]

[illegible]

پاکستان کا دعوت نامہ

شاہ ایران نے منظور کر لیا

طہران ۱۸ اکتوبر۔ شاہ ایران محمد رضا شاہ پہلوی نے حکومت پاکستان کا مستقبل قریب میں پاکستان کا دورہ کرنے کا دعوت نامہ منظور کر لیا ہے [illegible]

[illegible]

کلکتہ ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

سہارنپور اسٹیشن پر پاکستان جانے والوں کی تلاشی اور سامان کی ضبطی

صرف دس آنے کے پیسے اور بدن کے کپڑے چھوڑے جاتے ہیں

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ پاکستان جانے والوں کے ساتھ سہارنپور اسٹیشن پر کیا سلوک ہو رہا ہے [illegible]

[illegible]

سولہ باغی گرفتار اور ۲ ہلاک

جنوبی فوج کے جنرل اسٹاف کا اعلان

[illegible]

کشمیر میں انتخابات کی تیاریاں

دستور ساز کشمیر مہاراجہ کے مستقبل کا فیصلہ کرے گی

جموں ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

موسیو وشنسکی روسی وزیر خارجہ آج پریس کانفرنس میں اہم اعلان کریں گے

لیک سکسیس ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

ESTD. 1925

Daily & Weekly Aljamiat

PHONE 58

DATE:- 19-10-49

پاکستان میں نکاسی جائدادوں کے انتظام کا نیا آرڈیننس

"نکاسی" اور "نکاسی جائداد" کی جدید تشریح!!

کراچی ۱۸ اکتوبر۔ گورنر جنرل پاکستان نے نکاسی جائدادوں کے متعلق ایک نیا آرڈیننس جاری کیا ہے۔ [illegible]

[illegible]

امریکی سیاستدانوں نے ہند کے متعلق واضح پالیسی وضع کرنی شروع کر دی

پنڈت نہرو کے بیانات سے صدر ٹرومین اچیسن اور عوام بہت متاثر ہیں

واشنگٹن ۱۸ اکتوبر۔ واشنگٹن سے پنڈت نہرو کے روانہ ہونے کے بعد سرکاری حلقوں میں ایک خاص اثر چھوڑا ہے جو مشرق و مغرب کی اس تاریخی ملاقات کے بعد پیدا ہوا ہے۔ [illegible]

امریکی حکام نے پنڈت نہرو کے بیانات کی روشنی میں ہندوستان کے متعلق ایک مفصل اور واضح امریکن پالیسی تیار کرنی شروع کر دی ہے۔

دستور ہند

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

مزدوری اور اشیا کی قیمت مقرر کرنے کے لئے

ڈاکٹر جاری والا کا مطالبہ

[illegible]

ریاست بنارس کا یو۔پی میں ادغام

اہل بنارس کو سردار پٹیل کا پیغام

لکھنؤ ۱۶ اکتوبر۔ کل ریاست بنارس یو۔پی میں مدغم کر دی گئی۔ اس موقعہ پر سردار پٹیل نے اہل بنارس کے نام ایک پیغام بھیجا۔ جس میں کہا گیا ہے کہ آج یو۔پی کے ساتھ بنارس کا الحاق مکمل ہو گیا ہے [illegible]

کانگریس نے سنگھ کے لئے نہیں بلکہ خود اپنے لئے دروازے کھولے ہیں

ورکنگ کمیٹی کے فیصلہ پر سوشلسٹ لیڈر کی سخت نکتہ چینی

[illegible]

پنڈت نہرو کا سفر امریکہ

انگلستان کے اخبارات کے تبصرے

لندن ۱۸ اکتوبر۔ امریکہ میں پنڈت نہرو کی [illegible]

[illegible]

حضرت مولانا حفظ الرحمن

لکھنؤ سے واپس تشریف لے آئے

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible]

مصری یونیورسٹی

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

جامعہ ایسوسی ایشن کے ممبران کو ضروری اطلاع

[illegible]

شام اور عراق کا اتحاد

شامی قوم پرست پارٹی کا رد عمل

دمشق ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

جاپان اور اسٹرلنگ علاقہ میں معاہدہ

[illegible]

جاپان کا نیا تجارتی منصوبہ

امریکہ سے ساڑھے سترہ لاکھ گانٹھ کپاس کی خریداری

ٹوکیو ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

کیرالا کانگرس کے صدر کا بیان

کمیونسٹ ابھی سے گڑبڑ کر رہے ہیں

[illegible]

تامل ناد کانگرس کا جلسہ

مدراس ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

کینٹین میں داخلہ

بقیہ صفحہ اول

آگ لگی ہوئی ہے

[illegible]

دکانیں کھل گئیں

[illegible]

انتقال پُر ملال

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرضی کا ثبوت دیجئے

کاسگنج

ضلع ایٹہ میں اخبار الجمعیۃ حافظ محمد ابراہیم صاحب قریشی نیوز پیپر ایجنٹ محلہ نواب سے طلب فرمائیں

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

[illegible]

کوی راج وید بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما

وید کی تیار کردہ خاص دوائی

رس پارہ

یہ اعلیٰ درجہ کی مصفیٰ خون دوائی ہے۔ ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اکسیر ہے۔ چمڑے کی سب خرابیاں جیسے داد، چنبل، دھبے، چھیپ جاتی رہتی ہیں۔ [illegible]

[illegible]

ملنے کا پتہ: امرت دھارا ڈیرہ دون

دستوریہ ہند کا اجلاس ختم ہو گیا دوسری خواندگی کی منظوری

تمہیدی باب پر دو گھنٹہ تک بحث

دستور ہند میں اہم تبدیلیاں کر دی گئیں

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر۔ دس روز تک جاری رہنے کے بعد گذشتہ شب دستور ساز اسمبلی کا اجلاس ختم ہو گیا۔ تقریباً ختم کے اجلاس میں صرف تمہیدی باب پر بحث ہوئی تھی تمہیدی باب میں خدا اور مہاتما گاندھی کے نام کی شمولیت پر [illegible] بحث ہوئی اور صدر اجلاس کی اس اپیل کا بھی کوئی خاص اثر نہیں ہوا کہ اس مسئلہ پر بحث کو نظر انداز کر دیا جائے۔ مسٹر کامتھ نے جو دستور ہند میں سب سے زیادہ ترمیمیں پیش کرنے والوں میں سے ہیں [illegible] رائے شماری کا مطالبہ کیا اور صرف ۴۹ ووٹ ان کے حق میں اور ۶۸ مخالفت میں آئے۔

[illegible]

سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے اس اجلاس میں تین اہم تقریریں کیں۔ اپنی پہلی تقریر میں انہوں نے سرکاری افسروں کے کام کی تعریف کی اور انہیں جو ضمانت دی جانے کی [illegible] دوسری تقریر میں انہوں نے ریاستوں کے الحاق پر تفصیلی تبصرہ کیا [illegible]

مولانا حسرت موہانی کی ترمیم

نام کے متعلق مولانا حسرت موہانی کی ترمیم یہ تھی کہ ہندوستان کا نام [illegible] ری پبلک کی جگہ [illegible]

سابرمتی جیل کے نظربندوں کا مقدمہ

ڈسٹرکٹ کورٹ کے احاطہ میں مظاہرہ

احمد آباد ۱۸ اکتوبر۔ ستمبر میں سابرمتی جیل میں جو گڑبڑ ہوئی تھی اس سلسلہ میں کل یہاں ۱۸ نظربندوں کے خلاف تحقیقات شروع ہو رہی ہے۔ مسٹر پائل نے جو اس مقدمہ کے جج مقرر کئے گئے ہیں۔ کل جیل کا معائنہ کیا۔ وکیل استغاثہ اور وکلائے صفائی بھی ان کے ہمراہ تھے جن سترہ نظربندوں پر مقدمہ چل رہا ہے۔ ان میں سے دو کو ضمانت پر رہا کر دیا گیا ہے۔ جب مسٹر پائل جیل جا رہے تھے تو ڈسٹرکٹ کورٹ کے احاطہ میں کچھ لوگوں نے مظاہرہ کیا۔ عدالت کے احاطہ سے ایک جلوس نعرے لگاتا ہوا روانہ ہوا لیکن پولیس جلد ہی موقع پر پہنچ گئی اور اس نے چھ مظاہرین کو ضلع مجسٹریٹ کے انتہائی احکام کی خلاف ورزی میں گرفتار کر لیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

بہار کی ہڑتالی پولیس کے لیڈر کو سزا

پٹنہ ۱۸ اکتوبر۔ مارچ ۱۹۴۷ء میں بہار کی پولیس نے جو ہڑتال کی تھی اس کے لیڈر رامانند تیواری کو [illegible] سال کی عمر قید کی سزا ہو گئی ہے۔ [illegible] فیصلہ سنا دیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

فرانسیسی ہند کا ریفرنڈم

ملتوی کرنے کی تجویز!

پانڈیچری ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] فرانس اور ہند کی حکومتوں [illegible] کانگریس نے ہم گھنٹہ کی بحث کے بعد سفارش کی کہ ۱۰ دسمبر کو مقرر کردہ استصواب رائے کو کسی اور تاریخ پر ملتوی کر دیا جائے تاکہ [illegible] فیصلہ کر لیا جائے۔

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ ان کی اشاعت کر سکیں۔ عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی۔

چین کی کمیونسٹ فوجیں ہانگ کانگ کی سرحد پر پہنچ گئیں

آمائے اور سواتو نامی شہروں پر کمیونسٹوں کا قبضہ

شم چون کا کمانڈر کمیونسٹوں سے مل گیا چینی کسٹم کی چوکی پر سرخ پرچم لہرانے لگا

چین
کینٹن
ہانگ کانگ
۲۰۰ میل

ہانگ کانگ ۱۸ اکتوبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) کل چینی کمیونسٹوں کی باقاعدہ فوجیں ہانگ کانگ کی سرحد پر پہنچ گئیں اور انھوں نے نیشنلسٹوں سے آخری دو بندرگاہ بھی چھین لئے۔ ایک شہر کا نام آمائے ہے۔ جو ایک جزیرہ ہے اور دوسرا سواتو جو ہانگ کانگ سے [illegible] میل شمال مشرق میں ہے۔

آمائے ایک ایسے مقام پر واقع ہے جہاں سے فارموسا پر بہت آسانی سے حملہ ہو سکتا ہے اور جو نیشنلسٹوں کی آخری پناہ گاہ ہوگا۔ [illegible] رسل و رسائل منقطع ہو گئے ہیں۔ [illegible] سرحد سے سترہ میل کے فاصلہ پر واقع ہے ایک شہر شام چون پر بغیر کسی مقابلہ کے قبضہ کر لیا ہے۔ [illegible] سے صرف پندرہ میل اور ہانگ کانگ سے بیس میل ہے۔

بھی کہا ہے اس جگہ کی فوجوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور یہاں کا کمانڈر کمیونسٹوں کے ساتھ مل گیا ہے۔ آمائے جس کی آبادی دو لاکھ چالیس ہزار ہے کسی زمانہ میں غیرملکی تجارت کا بہت بڑا مرکز تھا۔ [illegible] لڑائی کے بعد قبضہ میں آیا۔ نیشنلسٹ جنہوں نے اس کے ہاتھ سے نکل جانے کو تسلیم کر لیا ہے۔ کل علی الصباح ایک عقبی دستہ کو جنگ میں مصروف رکھ کر یہاں سے [illegible] میل کے فاصلہ پر واقع چینی [illegible] نامی جزیرہ میں چلے گئے ہیں۔ کمیونسٹ فوجیں جنرل [illegible] کی سرکردگی میں چینی ترکستان میں داخل ہو گئی ہیں۔ ایک کمیونسٹ خاص ذریعہ سے پتہ چلا ہے کہ یہ فوجیں [illegible] مغرب کی جانب بڑھتی ہوئی سنکیانگ کے شہر [illegible] میں داخل ہو گئی ہیں۔

نیشنلسٹوں کے دو جنگی جہازوں نے گذشتہ شب ایک چینی جہاز کو جو ہانگ کانگ سے کمیونسٹ مقبوضہ [illegible] کی طرف جا رہا تھا روک دیا۔ اس میں بہت سے چینی مسافر بھی تھے۔ انھوں نے جہاز کو واپس ہانگ کانگ آنے کے لئے کہا جو کل صبح دوبارہ ہانگ کانگ کے پانیوں میں داخل ہو گیا ہے۔

ایک چینی ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ چنگ کنگ میں نیشنلسٹ [illegible] کا اجلاس ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ کن منگ کو جو صوبہ یونان کا صدر مقام ہے چینی حکومت کا نیا صدر مقام بنایا جائے۔ [illegible] سے قبل کن منگ اور چنگ کنگ دو ہی جگہوں کے نام اس سلسلہ میں لئے جاتے تھے۔ چینی کسٹم کی چوکی کل شام کمیونسٹوں کے قبضہ میں آ گئی اور اس کی عمارت پر برطانوی علاقہ سے [illegible] فاصلہ پر سرخ پرچم لہرا دیا۔ ایک اور سرخ پرچم [illegible] کے باہر لہرایا جو ایک چھوٹی سی کسٹم کی چوکی ہے۔ کمیونسٹوں کے ایک چھوٹے سے دستے نے شانا ڈوک پر بھی قبضہ کر لیا ہے جو پہلے سے [illegible] گوریلوں کے قبضہ میں تھا۔

[illegible] اندر حالات معمول پر ہیں۔ اگرچہ کل اور زیادہ [illegible] باقاعدہ کمیونسٹ فوجوں کے آنے کا امکان ہے۔ کل ہانگ کینٹن کی تار کی لائن بھی کام نہیں کر رہی تھی۔ اسی دوران میں [illegible] سے ہونے والے بیس ہزار نیشنلسٹوں کا انخلا جاری ہے۔ خیال ہے کہ [illegible] پرتگالی بندرگاہ مکاؤ کے شمال میں جو دریا ہے [illegible] بھاگ جائیں گے۔ [illegible] دہانے پر نیشنلسٹ جنگی جہاز حفاظت کر رہے ہیں۔

آئندہ تمام میونسپل مدارس میں اردو بھی پڑھائی جائے گی

کمیٹی "احیائے اردو" جمعیۃ العلماء کی سعی کا نتیجہ

اٹاوہ ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء۔ ۹ ستمبر ۱۹۴۹ء کو شہری جمعیۃ علماء نے اپنے ایک جلسہ میں یہ فیصلہ کیا کہ اٹاوہ میں ایک کمیٹی "احیائے اردو" قائم کی جائے جو اردو کی بقا کے لئے کوشش کرتی رہے اس کمیٹی کا کنوینر غلام محی الدین خاں صاحب ایڈیٹر مونس کو مقرر کیا گیا۔ میونسپل بورڈ اٹاوہ کے تمام اسکولوں میں صرف ہندی کی تعلیم دی جا رہی تھی، اور اردو کی تعلیم کو عرصہ ہوا ایک ریزولیشن کے ذریعہ ختم کر دیا گیا تھا۔

ایڈیٹر صاحب مونس کنوینر کمیٹی، مولوی فدا حسین صاحب، عبدالشکور صاحب نے اس مسئلہ میں کافی کوشش کی۔ گورنر صاحب نے جہاں مسلم ممبران سے اس مسئلہ پر درخواست کی وہاں [illegible] پسند ہندو ممبران سے بھی گذارش کی کہ وہ گورنمنٹ یو۔ پی کے سرکلر کی روشنی میں اردو تعلیم کی بھی حمایت کریں۔ چنانچہ ۱۵ اکتوبر کو بورڈ کے جلسہ میں [illegible] کی تحریک اور مسٹر عابد حسن خاں کی تائید سے اس مضمون کا ایک رزولیوشن پیش کیا گیا کہ میونسپلٹی کے جن اسکولوں میں اردو پڑھنے والے طلباء کی تعداد ۱۵ ہے اور ان کے والدین اپنے لڑکے یا لڑکیوں کو اردو میں تعلیم دلانا چاہتے ہیں وہاں اردو کا بھی انتظام کیا جائے۔ کافی بحث ہوتی رہی۔ [illegible] چیئرمین میونسپل بورڈ کسی خاص ضرورت سے تشریف لے گئے اور لالہ سکھ چند صاحب جین کی صدارت میں میٹنگ جاری رہی اور یہ رزولیوشن پاس ہو گیا۔ بورڈ کا رویہ قابل تعریف تھا۔ (نامہ نگار)

ہم خدا کی نظروں میں مجرم ہیں

۱۷ مذہبی رہنماؤں کا اعلان!

[illegible] ۱۸ اکتوبر۔ ۱۷ پادریوں اور مذہبی لیڈروں نے ایک نسلی جھگڑے میں ایک نوجوان حبشی کے [illegible] کے بعد اپنے آپ کو خدا کی نظروں میں مجرم قرار دیا ہے انہوں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہم ایسے نام نہاد شہری ہیں [illegible] ہم اپنے آپ کو خدا کی نظروں میں اسی لئے مجرم سمجھتے ہیں کہ ہم ایسے شہر کے باشندے ہیں جہاں ایک حبشی کو صرف اسی کی جلد کی رنگت کی وجہ سے ہلاک کر دیا گیا۔ اس کی ہلاکت کے سلسلہ میں ایک ۱۸ سالہ نوجوان کو ملزم قرار دیا گیا ہے۔ (رائٹر)

کھاتوں کی قیمتوں کا اتار چڑھاؤ

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ اقتصادی مشیر نے سرکاری [illegible] کی قیمتوں کا ماہ ستمبر ۱۹۴۹ء کا جو اشاریہ تیار کیا ہے [illegible] ۱۹۲۷ء [illegible] گذشتہ ماہ کے مقابلہ میں [illegible] زیادہ بڑھ گیا ہے۔

ورکنگ کمیٹی نے سنگھیوں کو کانگریس میں شمولیت کی دعوت نہیں دی

عاملہ کے ایک ممبر پروفیسر رنگا کی توضیح

کرنول ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] پروفیسر رنگا [illegible] ورکنگ کمیٹی [illegible]

پورٹ حج کمیٹی کا اعلان

بمبئی ۱۸ اکتوبر۔ پورٹ حج کمیٹی کا ایک اعلان [illegible] (۲۰) [illegible] منظوری ضروری ہے۔

۲۲ ہزار روپیہ کا سن جل گیا

[illegible] ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] ایک کارخانہ میں آگ لگنے سے ۲۲ ہزار روپے کا سن [illegible] (پ ٹ ا)

برطانیہ کے دفاع پر اٹیلی اور چرچل کے مابین بات چیت

لندن ۱۸ اکتوبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر اٹیلی وزیر اعظم برطانیہ اور مسٹر چرچل عنقریب دفاعی معاملات پر غور و خوض کرنے کے لئے ملاقات کریں گے۔ سوویٹ یونین میں ایٹمی دھماکہ کے متعلق برطانیہ، امریکہ اور کناڈا کے اعلان کے بعد حکومت اور حزب مخالف کے درمیان یہ پہلی گفت و شنید ہوگی۔ جو برطانیہ کے دفاع کے سلسلہ میں کی جا رہی ہے۔

پارلیمنٹ کے چالیس سے زائد ممبروں نے حال ہی میں وزیر اعظم کے نام ایک درخواست بھیجی ہے جس میں تجویز کیا گیا ہے کہ دنیا کے لیڈروں بالخصوص صدر ٹرومین اور مارشل اسٹالن کی ایک کانفرنس طلب کریں۔ جس میں ایٹمی طاقت کے مسئلہ پر غور و خوض کیا جائے۔ (رائٹر)

وزیر خارجہ امریکہ

ہندوستان کے دورہ کی اطلاع غلط

واشنگٹن ۱۸ اکتوبر۔ امریکہ کے دفتر خارجہ کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ اس خبر میں کوئی صداقت نہیں کہ امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر ایچی سن آئندہ سال ہندوستان کے دورہ پر جانے کے متعلق سوچ رہے ہیں۔ (اے پی۔ انٹر)

(مراسلہ ورق کے ایک طرف لکھا جائے)

شرح قیمت الجمعیۃ

ہفت روزہ	روزنامہ
سالانہ بارہ روپے	سالانہ۔ چالیس روپے
ششماہی چھ روپے آٹھ آنے	ششماہی۔ بیس روپے
فی پرچہ ۴ ؍	سہ ماہی۔ گیارہ روپے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

نہروں کے پانی کا مسئلہ!

پاکستان کے مطالبہ پر غور شروع ہو گیا!!

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ "وائس آف امریکہ" کی اطلاعات کے مطابق مجلس متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی کی قانونی کمیٹی نے جمعہ کے روز مشرقی پنجاب کی نہروں کے پانی پر پاکستانی دعوے پر غور شروع کر دیا ہے۔

پاکستان نے بین الاقوامی عدالت سے درخواست کی ہے کہ وہ اس پانی پر پاکستان کے مالکانہ حقوق کو تسلیم کرے جو ان کے یہاں سے بہتا ہے۔

ڈپٹی ڈائرکٹر تعلیمات کا دورہ!

(اٹاوہ) ڈپٹی ڈائرکٹر تعلیمات جناب فیاض بہادر خاں اپنے دورہ کے سلسلہ میں الہ آباد سے تشریف لائے۔ اور یہاں کے کالجوں اور اسکولوں کا معائنہ کیا۔

پاکستان کا نیا آرڈی نینس!

مغربی پنجاب کے جرنلسٹوں کی طرف سے مذمت

لاہور ۱۸ اکتوبر۔ مغربی پنجاب یونین آف جرنلسٹس نے یہاں ایک قرارداد منظور کی جس میں حکومت پاکستان کے آرڈی نینس کی شدید مذمت کی گئی۔ اور اس پر سختی سے احتجاج کیا گیا۔

اجلاس میں ۴۰ جو اس جلسہ میں موجود تھے جن میں سے سات نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیئے۔ اس قرارداد میں پاکستان کے تمام صحافیوں سے آرڈی نینس کے خلاف رائے عامہ کو منظم کرنے کی اپیل کی گئی۔ (اے پی۔ ٹی رائٹر)

چیکوسلاواکیہ کے نئے سفیر کا مشورہ

پراگ ۱۸ اکتوبر۔ ہندوستان کے نئے چیکوسلواکی سفیر نے ہندوستان روانہ ہونے سے قبل یہاں کی خارجی تجارت کی وزارت سے ہند و پاکستان سے تجارتی معاہدہ کے بارے میں بات چیت کی۔ (رائٹر)

جنوبی تھائی لینڈ کی مسلمان ریاستوں میں علیحدگی کی تحریک

ملایا کے اخبارات کو صوبہ یالا کے گورنر کا بیان!!

یالا (تھائی لینڈ) ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] جنوبی تھائی لینڈ کی مسلمان ریاستوں [illegible] علیحدگی کی تحریک شروع کر دی ہے۔ [illegible]

پرواز کرتے ہوئے طیارہ میں ولادت

ماں اور بچہ بخیریت ہیں!!

لندن ۱۸ اکتوبر۔ کل ایک امریکی عورت کے یہاں جب وہ [illegible] طیارہ میں [illegible] بچہ پیدا ہو گیا [illegible] (رائٹر)

میجر جنرل چودھری کا دورہ برطانیہ

نئی دہلی ۱۹ اکتوبر۔ وزارت دفاع کے ایک ترجمان نے بتایا کہ اس خبر میں کوئی صداقت نہیں ہے کہ میجر جنرل چودھری گورنر حیدرآباد برطانیہ کسی فوجی مشن پر گئے ہیں [illegible] روانہ ہوئے تھے۔

جرمنی سے ہندوستان کیلئے تاوان جنگ

۴۰ کروڑ کی مشینری آ رہی ہے

بمبئی ۱۸ اکتوبر۔ [illegible]

پیر مانکی شریف پر پابندیاں

کوہاٹ میں داخل نہیں ہو سکتے

پشاور ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] کے تحت حکام ضلع نے صوبائی مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر پیر صاحب مانکی شریف پر کوہاٹ کے داخلہ پر پابندی لگا دی ہے [illegible]

ضرورت

[illegible] گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ۔ دہلی

دیوالی کارڈ محرم کی کتابیں

[illegible] جنرل نیوز [illegible] بلیماران دہلی سے طلب کیجئے۔

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۰ اکتوبر ۱۹۴۹ء

تقریریں اور وعدے

افسوس ہے کہ دنیا میں جو لوگ اس قابل ہیں کہ ان کے ساتھ بہتر سے بہتر سلوک ہو ان ہی کو آج جمہوریت کے اس دور میں ذلیل کرنے، تختۂ مشق بنانے اور غصہ اتارنے کے لئے مخصوص کر لیا گیا ہے اور جب انتقام کی ضرورت پیش آتی ہے تو بڑی آسانی سے ان ہی کا انتخاب کر لیا جاتا ہے۔ کم زوروں پر رحم کرنا، دبے کچلے لوگوں پر ترس کھانا انسانیت کا اولین فرض ہے لیکن جب سے آزادی، جمہوریت، انسانی حقوق، اقلیتوں کے تحفظ کا شور بلند ہوا ہے عملی زندگی اس کے خلاف جا رہی ہے اور یہ اعلانات کم زوروں کے لئے وبال جان بن گئے ہیں۔ آزادی برائے نام رہ گئی ہے جمہوریت پسند سب سے بڑے غیر جمہوری ثابت ہو رہے ہیں، انسانی حقوق کا ہر جگہ قتل عام ہو رہا ہے اور اقلیتوں کے لئے زمین تنگ کر دی گئی ہے۔ پہلے زمانہ میں جب لوگ ان الفاظ سے واقف بھی نہ تھے، ہر طبقہ کے لئے چین اور امن تھا، ہر گروہ اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا تھا، اقلیتوں کو احساس ہی نہ تھا کہ وہ اقلیت میں ہیں، اکثریت بھی نہ جانتی تھی کہ اکثریت کا مطلب کیا ہے، یہ احساس جمہوریت نے دلایا کہ فلاں کم زور ہے، فلاں اقلیت میں ہے، فلاں اجنبی ہے لیکن جب یہ تقسیم عمل میں آگئی اور اس کے نتائج خطرناک شکل میں ظاہر ہوئے تو پھر جمہوریت سے علاج نہ ہو سکا اب جو اٹھتا ہے وہ دل سے نہیں بلکہ فیشن سمجھ کر آزادی، جمہوریت، اقلیت، حقوق، امن، اتحاد کا نعرہ بلند کرتا ہے، خود بے ایمان ہے لیکن گلا پھاڑ پھاڑ کر اس بے ایمانی کا علاج کرنا چاہتا ہے جسے خود اس نے پیدا کیا ہے! دراصل نام اور اعلان سے جان مصیبت میں آ گئی ہے اور خود غرض لوگ ان سے اپنی غرض پوری کر رہے ہیں۔

چاہئے تو یہ تھا کہ ہندوستان اور پاکستان متحد ہو کر اور اپنے تعلقات کو استوار کر کے نام کی جگہ کام کر کے دکھلاتے اور دنیا کے جرائم پیشہ سیاست دانوں سے انسانوں کو نجات دلاتے مگر خود انہوں نے ایسے حالات پیدا کر دیئے اور ایسی روش اختیار کی جن پر فخر کے ساتھ ہم اپنا سر اونچا نہیں کر سکتے اور دنیا کو نہیں بتا سکتے کہ انہیں بین الاقوامی سیاست میں کس قسم کا امتیاز حاصل ہے! کیا پاکستان اپنی اقلیتوں سے ایمان داری کے ساتھ یہ کہلوا سکتا ہے کہ وہ مطمئن ہیں اور وہ پاکستان کو اپنی جان سے عزیز رکھتی ہیں؟ کیا پاکستان کی اقلیتیں اپنے ایمان اور عزم سے کہہ سکتی ہیں کہ انہیں کسی قسم کا خوف و خطر نہیں اور اکثریت کے سلوک نے ان کے حوصلوں کو بلند، ان کے دلوں کو مضبوط اور ان کی امیدوں کو شاندار بنا دیا ہے؟ اسی طرح کیا ہندوستان کی اقلیتوں سے بھی یہ اعتراف کرایا جا سکتا ہے کہ ان کے سینے خوشی اور اطمینان اور ولولوں سے معمور ہیں اور ان کی زندگی چین اور فراغت سے گذر رہی ہے؟

مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے مشرقی بنگال میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ

"پاکستان کی اقلیتوں کو یہ کہہ کر گمراہ کیا جا رہا ہے کہ ان کا مستقبل ایک مذہبی اسٹیٹ میں محفوظ نہیں رہ سکتا مگر اس پروپیگنڈا کا حقائق سے کوئی تعلق نہیں۔ میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان کی وفادار اقلیتوں کو اپنے مستقبل سے خائف ہونے کی کوئی ضرورت نہیں جہاں تک دستور اساسی کا تعلق ہے یہ ایک حقیقت ہے کہ انہیں پورا پورا تحفظ اسی حکومت میں مل سکتا ہے جو اسلامی اصول و روایات کی حامل ہو کیوں کہ اسلامی اصولوں میں جمہوریت کی وہ تمام قسمیں آ جاتی ہیں جن کا تجربہ ساری دنیا میں ہو رہا ہے، میں کامل یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اقلیتوں کی جان، مال اور عزت کا تحفظ اسلامی سوشلزم ہی میں بہتر طریقہ پر ہو سکتا ہے"

الفاظ کتنے بلند، شاندار اور کس قدر جذباتی ارادے کس قدر نیک ہیں لیکن یہ الفاظ ہی اس بات کی غمازی کر رہے ہیں کہ پاکستان کی اقلیتیں مطمئن نہیں ہیں! سوال یہ ہے کہ جو لوگ اقلیتوں کو گمراہ کر رہے ہیں وہ اپنے پروپیگنڈا میں کیوں کامیاب ہیں اور وزیر اعظم پاکستان کو کیوں ضرورت محسوس ہوئی کہ ان کی گمراہی کا ازالہ کریں! اگر اقلیتیں مطمئن ہوں اور انہیں پورا یقین ہو جائے کہ پاکستان میں ان کی جان و مال اور عزت کے لئے کوئی خطرہ نہیں تو پھر انہیں کون گمراہ کر سکتا ہے؟ ان شاندار تقریروں اور وعدوں کی ضرورت ہی پیش نہیں آ سکتی اگر اقلیتیں مطمئن ہوں اور ان کا دل گواہی دے کہ وہ واقعی مطمئن اور بے خوف ہیں اور ان کا مستقبل شاندار ہے!

ہمارا مطلب یہ نہیں کہ پاکستان اقلیتوں کو جان بوجھ کر پریشان کر رہا ہے یا وہ نہیں چاہتا کہ اقلیتوں کو چین نصیب ہو بلکہ مطلب یہ ہے کہ جن حالات میں اقلیتیں اپنے آپ کو غیر محفوظ اور خطرہ زدہ پاتی ہیں حکومت ان پر قابو حاصل نہیں کر سکی، حالات قدرتی طور پر کچھ ایسے بن گئے ہیں کہ اقلیتوں کو سکون محسوس نہیں ہوتا۔ اب یہ کام پاکستان کا ہے کہ وہ نہ صرف اطمینان کی فضا پیدا کرے بلکہ ان حالات کو بھی یکسر بدل ڈالے جو اقلیتوں کی نفسیات پر اثر انداز ہو رہے ہیں اور ایسا ماحول پیدا کرے جو اقلیتوں کو راس آ سکے۔ ہم اقلیتوں کی بزدلی اور عجلت پسندی سے بھی بے خبر نہیں ہیں، ہم جانتے ہیں کہ حالات کو ساز گار بنانے کے لئے اقلیتیں بھی کچھ نہیں کرتیں اور ان کو بھی اسی میں لطف آنے لگا ہے کہ شک و شبہ میں پڑ کر ادھر ادھر کی باتیں اور شکوہ شکایت کے علاوہ ان کا کوئی مشغلہ نہیں ہے لیکن یہی تو سوچنے کی بات ہے کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے اور اقلیتیں اپنی یہ عادت کس لئے ترک نہیں کرتیں؟

جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے سردار پٹیل نے اپنی تقریر میں خود تسلیم کر لیا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان خوش اور مطمئن نہیں ہیں مگر اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں پاکستان کی حرکتوں کا ردعمل ہوتا ہے۔ پاکستان راہ راست پر آ جائے تو عمل اور ردعمل کا یہ سلسلہ ختم ہو سکتا ہے لیکن یہ جواب نفسیاتی اعتبار سے بہت کم زور ہے کیوں کہ اگر کوئی حکومت ردعمل پر قابو نہیں پا سکتی اور انتقام کے سامنے ہتھیار ڈال دیتی ہے تو اس کی حالت اقلیتوں سے بہتر نہیں ہو سکتی۔ اقلیتوں کی مجبوری کسی اور وجہ سے ہے اور حکومت کی مجبوری کسی اور سبب سے!

ہمارا خیال ہے کہ اگر اقلیتوں کو خوش کرنے کیلئے تقریریں نہ کی جائیں تو بہتر ہے کیوں کہ اقلیتوں کے دلوں میں ان سے اور زیادہ شبہ پیدا ہوتا ہے جہاں الفاظ ہی الفاظ ہوں اور عمل کے لئے شاندار صفر وہاں بے اطمینانی کے لئے اور گنجائش نکلتی ہے۔ اور اقلیتیں اور زیادہ بے اطمینان ہو جاتی ہیں بہتر یہ ہے کہ

(۱) دونوں ڈومینیوں میں ایسے وزراء اور ارکان منتخب کر لئے جائیں جو ہر ہفتہ سرکاری افسروں سے خطاب کریں اور انہیں ہدایت کریں کہ اقلیتوں کے ساتھ ان کا سلوک بہتر ہو اور انہیں کسی قسم کی شکایت پیدا نہ ہونے دی جائے، افسروں اور کارکنوں کو بتایا جائے کہ اقلیتوں کے ساتھ انصاف کرنا خود حکومت کے لئے سود مند ہوگا، اور بین الاقوامی دنیا میں اس کی ساکھ قائم ہوگی یہ بات ذہنوں سے نکال دی جائے کہ اقلیتوں کو ستانا یا ان سے ناانصافی کا سلوک کرنا ملک کی تقسیم کا نتیجہ ہے کیوں کہ ہم نے ظالموں کو اب تک یہی بات کہہ کر شہ دی ہے کہ وہاں کا ردعمل یہاں ہو رہا ہے اور یہ ملک کی تقسیم کا قدرتی نتیجہ ہے۔

(۲) ہندوستان و پاکستان کے ہر ضلع اور تحصیل میں خدام خلق کی جماعتیں تیار کی جائیں، پاکستان میں مسلمان اور ہندوستان میں ہندو [illegible] قائم کریں اور کام اس طرح شروع ہو کہ پاکستان کے ہر علاقہ میں اس جماعت کے مسلمان کارکن ہندوؤں کے پاس پہنچیں انہیں تسلی دیں ان کے جھگڑے چکائیں ان کی شکایات سنیں اور انہیں دور کرنے کا ذمہ لیں ان سے پوچھا جائے کہ تمہیں کیا تکلیف ہے؟ کیا بے چینی ہے؟ اور تم کیا چاہتے ہو؟ اسی طرح ہندوستان کے ہر علاقہ میں اس جماعت کے ہندو کارکن مسلمانوں کے پاس پہنچیں اور ان کے خوف و ہراس کو دور کر کے یقین دلائیں کہ ان کا مستقبل روشن ہے اور ان کی ہر شکایت، ہر بے چینی اور ہر تکلیف کو دور کیا جائے گا۔

(۳) ہندوستان اور پاکستان میں ہر ہفتہ ریڈیو کے ذریعہ اقلیت اور اکثریت سے خطاب ہو جس میں اقلیتوں کے حوصلے بڑھائے جائیں، اور اکثریت کو ظلم و تعدی اور نازیبا سلوک سے روکا جائے اور یہ بتایا جائے کہ کوئی اکثریت اقلیتوں کو خائف کر کے زندہ نہیں رہ سکتی اور کم زوروں سے انتقام لینا انتہا درجہ کی بزدلی اور سفلہ پن ہے۔

(۴) پولیس افسروں، ریلوے ملازموں، کچہریوں کے کارکنوں، محکموں کے چپڑاسیوں اور چودھریوں کو بھی ہدایات دی جائیں کہ وہ اقلیتی فرقہ کے لوگوں سے بہتر سلوک کریں اور انہیں شکایات کا کوئی موقع نہ دیں، اگر وہ ایسا نہیں کریں گے تو انہیں تحقیقات کے بعد برطرف کر دیا جائے گا۔

(۵) دونوں جگہ ایسے دفاتر قائم ہوں جہاں اقلیتی فرقے کے لوگ اپنی تکالیف اور شکایات لکھ کر [illegible] سکیں اور حکومت تحقیقات کے بعد [illegible] مطمئن کر سکے۔

دراصل یہی کام کرنے کے ہیں باقی تقریریں اور وعدے سب فضول ہیں اگر کوئی حکومت اقلیتوں کو مطمئن کرنا چاہتی ہے تو وہ کوئی ٹھوس کام کرے ورنہ خاموش ہو کر بیٹھ جائے۔

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگار کے خیالات سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔)

اعظم گڈھ فرقہ واریت کے جنگل میں

محترم تسلیم!

گذشتہ سال سے اعظم گڈھ ضلع میں جمہوریہ ہند کی غیر فرقہ وارانہ حکومت اور انڈین نیشنل کانگریس کے بنیادی اصولوں کو ناکامیاب بنانے کی جو کوششیں جاری ہیں اور اس سلسلہ میں فرقہ وارانہ خیالات رکھنے والوں کا جو گروپ کام کر رہا ہے اب وہ کس طرح پوری قوت سے ضلع میں کانگریس کے اصول کو پامال کر کے [illegible] کو نکلا ہے، ایسے لوگ صرف یہی نہیں [illegible] سیاسی مشکلوں [illegible] کانگریس [illegible] ہے بلکہ ان کی اس ذہنیت سے لوگ کانگریس کے اندر بھی اپنا کام کر رہے ہیں اور وہ بڑے بڑے عہدوں پر بھی قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔

پچھلے دنوں میں گھوسی کا ہولناک فساد اور وہاں ایک فرقہ کے لوگوں کی تباہی و بربادی، ضلع مئو کو پاکستانی [illegible] کا اڈا بنانا اور مئو جیسے قصبہ میں [illegible] کے جلائے جانے کے من گھڑت افسانے کی ہندی اخبارات میں [illegible] عمارت کے کچھ حصہ کو گرا دینے کا مطالبہ اور اس کو بہانہ بنا کر ہندو بھائیوں کو [illegible] بائیکاٹ کی اسکیم یہ سب اسی گروپ کی کارستانیوں کا نتیجہ ہیں جن کے ایجنٹ مختلف شکلوں میں ضلع کے اندر کام کر رہے ہیں یہ خیال بالکل صحیح ہے کہ [illegible] کی روح کو بے چین کرنے والے اور کانگریس کو اس ضلع میں بدنام کرنے والے یہ لوگ ہندو مسلم فساد کرا کے کانگریس دشمن جماعتوں کو طاقت پہنچا رہے ہیں، مسلمانوں کو ڈرانا، دھمکانا ان کا اصلی مقصد نہیں۔ بلکہ ہندو رائے عامہ کو حاصل کرنے اور انہیں کانگریس سے بدظن کرنے کا ذریعہ ہیں۔

یہ بات آپ کیلئے تازہ ہے کہ ابھی بقرعید کے موقع پر قصبہ جہانا گنج کے مسلمانوں کو قربانی کرنے سے روک دیا گیا حالانکہ قربانی سے چند دن پہلے یہاں کے مسلمانوں نے جو ہمیشہ سے کانگریس کے ساتھ رہے ہیں [illegible] حضرات کے سامنے اس بات کا صاف اعلان کر دیا تھا کہ مسلمان ہندو بھائیوں کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے گورنمنٹ کے اعلان کے بموجب صرف بھینس اور بھینسے کی نسل کی قربانی کریں گے اور وہ بھی بالکل خوشگوار ماحول میں۔ مگر ٹھیک قربانی کے دن یہاں کے باشندے ایس، ڈی، او صاحب کا یہ حکم معلوم کر کے سخت حیرت میں پڑ گئے کہ مسلمان اس سال جہانا گنج میں بھینس کی بھی قربانی نہیں کر سکتے، چنانچہ قربانی کی بھینسیں پولیس نے اپنی نگرانی میں لے لیں اور مسلمان جہانا گنج گورنمنٹ کی پالیسی کے باوجود اپنے خالص مذہبی فرض کو ادا نہ کر سکے۔

[illegible] اور مسلسل واقعات سے سمجھا رہا ہے کہ [illegible] اس ضلع میں کانگریس اور اس کی غیر فرقہ وارانہ حکومت کو بدنام کرنے اور ناکامیاب بنانے کی منظم جدوجہد کوشش ہو رہی ہے جس سے نہ صرف اقلیت کو خطرہ ہے بلکہ خود کانگریس کی تنظیم کے لئے بھی شدید خطرہ پیش ہے۔

(ایس۔ ایم۔ عبدالحی انصاری اعظم گڈھ)

مسلمانوں کی اکثریت سے

مکرمی سلام مسنون!

آج جبکہ ملکی اور بیرونی طاقتوں میں کشمکش جاری ہے اور دنیا ایک بہت ہی نازک دور سے گذر رہی ہے بڑی بڑی طاقتیں چھوٹی طاقتوں کو ہڑپ کرنا چاہتی ہیں۔ [illegible] مظلوم انسانوں کی مصیبتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، ایسی حالت میں مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ جوش و ولولہ کے ساتھ پھر اسی آواز کو اٹھائیں جس سے آج سے تیرہ سو برس پہلے داعی اسلام حضور صلعم رحمۃ للعالمین شہنشاہ کونین نے عرب کی ایک پہاڑی پر کھڑے ہو کر دنیا کو مخاطب کیا تھا، اخوت و مساوات کے سنہری اصول پھیلائے تھے، حالانکہ مسلمانوں کا ایک طبقہ ان اصول کی ہمیشہ سے سعی کرتا آ رہا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ سلسلہ جاری رہے گا لیکن انہیں مسلمانوں کی اکثریت گمراہی کی طرف جا رہی ہے انہیں نہیں معلوم کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے اور کتنی تیزی سے دنیا آگے بڑھ رہی ہے [illegible] اور ایسی ہی بہت سی باتیں ہیں جنہیں ہم فیشن شمار کرتے ہیں اگر یہی حالت جاری رہی تو ہمارا حال اچھا نہیں ہوگا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ مذہب کی صحیح تعلیم پر عمل کیا جائے۔ نفرت، بغض و حسد سے باز رہیں اور احکام الٰہی کو مضبوط پکڑا جائے۔

محمد فاروق خاں ایم۔ ایس۔ آئی۔ ڈی۔ آئی۔ ایس سی

موضع فیض گنج ۱۳ اکتوبر

وفاداری

محترمی تسلیم!

دہلی کے ہندو معاصر نے دیو بند کے افسوسناک واقعہ کو جس غلط پیرائے میں پیش کیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے، ملاحظہ ہو [illegible] کی ناکام کوشش کی گئی، کانگریس کی حکومت کا نشانہ تو یہ تھا کہ اس کی حکومت میں ہر مذہب آزادی کی فضا میں سانس لے سکے کسی بھی مذہب کو کسی پر فوقیت حاصل نہ ہو۔ لیکن اب معلوم ہوتا ہے جیسے آزادی صرف اکثریت ہی کے حصہ میں آئی ہے۔ تازہ مثال یہ ہے کہ بقرعید کے موقع پر بقول معاصر تیج "بعض جگہ ہندوؤں نے غلط فہمی کا شکار ہو کر مسلمانوں پر یہ الزام لگایا کہ انہوں نے گائے کی قربانی کی ہے" معاصر تیج نے یہ بھی لکھا ہے کہ حالانکہ مسلمانوں نے جمعیۃ کے لیڈروں کی بات پر سختی سے عمل کیا اور کوئی ایسا واقعہ رونما نہیں ہوا۔

میری رائے ہے کہ اکثریت کا یہ رویہ کہ اقلیت پر اعتماد نہ کرنا اور بات بات پر اس کو دبانا اور دکھ کے بہانے تلاش کرنا نہ صرف شرمناک ہے بلکہ ملک و قوم کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ اور باعث رسوائی ہے۔ سلطان احمد

دہلی ۱۹ اکتوبر

مبارک تحریک

یہ معلوم کر کے بہت ہی خوشی ہوئی کہ [illegible] کی زیر صدارت دہلی میں انڈو پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن قائم ہوئی ہے جس کا مقصد یہ ہوگا کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوستی اور تعاون کی اسپرٹ کو طاقت پہنچائے، دونوں کے تعلقات کو درست کرے اور دونوں کے شکوک کو زائل کرنے کی سبیل نکالے۔ اس اجتماع میں پاکستان کے ہائی کمشنر مقیم دہلی نے بھی شرکت کی اور آپ نے نہ صرف اس ادارہ کا خیر مقدم کیا بلکہ یقین دلایا کہ اس مقصد کے لئے پاکستان میں بھی اسی طرز کا ادارہ قائم کیا جائے گا اور اس کا مقصد بھی یہی ہوگا کہ دونوں کے تعلقات میں استواری اور خوشگواری پیدا کرے اور دونوں کو قریب لانے کے امکانات کے لئے سعی عمل میں لائی جائے۔

اس سے بڑھ کر خوشی کیا ہو سکتی ہے کہ ہندوستان و پاکستان کی چپقلش ختم ہو اور ان کی خیر سگالی کے راستہ میں [illegible] دونوں طرف کی اقلیتوں کے لئے اطمینان کی کوئی صورت پیدا ہو جائے ہم اس مبارک اقدام کے لئے اس کے ارکان حضرات کو مبارکباد دیتے ہیں [illegible] تحریک [illegible] قائم کیا!

مباحث امروز

غیر مذہبی حکومت

سی۔ پی اور برار کی حکومت نے مندروں میں داخلہ اور پوجا سے متعلق کچھ قواعد و ضوابط مرتب کئے ہیں جن کی رو سے پیشہ ور فقیروں، غیر ہندوؤں اور ان لوگوں کو جو اپنے خاندانوں میں [illegible] کے سلسلہ میں [illegible] ہوں، مندروں میں داخلہ اور پوجا کی اجازت نہ ہوگی، حکومت ان کے علاوہ بھی مذہبی مراسم اور مندروں کے احترام کے لئے قانون بنا رہی ہے مثلاً کسی پوجا کے وقت مندروں میں شور و غل پر [illegible] اور مذہبی مراسم کی ادائیگی کے وقت نظم و ضبط کو برقرار رکھا جائے!

چونکہ ہندوستان کی مرکزی اور صوبائی حکومتیں مذہبی نہیں بلکہ غیر مذہبی (سیکولر اسٹیٹ) ہیں اور ان کے متعلق یہی ادعا کیا جاتا ہے کہ مذہب سے ان کا کوئی تعلق نہیں اس لئے سیکولر اسٹیٹ کی صحیح پوزیشن کو سمجھنے کے لئے ہر ہندوستانی یہ دریافت کرنا پسند کرے گا کہ

(۱) کیا سی۔ پی اور برار کی حکومت کے لئے یہ جائز ہوگا کہ وہ صرف ایک مذہب اور فرقہ کی عبادت گاہوں کے لئے از خود کوئی قانون وضع کرے؟ پوجا پاٹ کے اصول و قواعد کے لئے کوئی ضابطہ بنائے؟

(۲) کیا ایک غیر مذہبی حکومت کو یہ حق ہے کہ وہ غیر ہندوؤں پر مندروں کے دروازے بند کر دے اور انہیں ان کے اندر قدم رکھنے کی اجازت نہ دے؟

(۳) کیا کسی سیکولر اسٹیٹ کے لئے یہ بات زیبا ہے کہ غیر ہندوؤں کا ذکر ان لوگوں کے ساتھ کرے جو اپنے خاندانوں میں پیدائش اور موت کے سلسلہ میں عارضی طور پر ناپاک بن جاتے ہیں؟

(۴) اگر ایک سیکولر اسٹیٹ مندروں کے احترام کی خاطر شور و غل کی ممانعت کر سکتی ہے تو کیا وہ مسجدوں اور گرجاؤں کے احترام کو برقرار رکھنے کے لئے بھی ان حرکات کا انسداد کرے گی جو ان کی مذہبی حرمت کے منافی ہیں؟

اگر مذکورہ باتوں کا صحیح جواب مل گیا تو وہ بہت سے شکوک رفع ہو جائیں گے جو حکومت سی پی کے اقدام سے سیکولرزم کے بارے میں عام لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو سکتے ہیں۔

بین الاقوامی ہندسے

مدراس کے ایک ہندو اسکالر مسٹر [illegible] Biesubrmanian نے بین الاقوامی ہندسے پر ایک جامع مضمون لکھا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ:

"جس زمانے میں آریہ ہندوستان میں داخل ہوئے اسی زمانے میں خط ناگری رسم الخط بھی جاری ہوا۔ خود آریوں کے متعلق ان کا خاندانی دعویٰ ہے کہ یہ ہزاروں سال سے وسط ایشیا میں گھومتے رہے۔ یہاں تک کہ وہ ہندوستان میں داخل ہوئے اور گنواروں کے ساتھ گھل مل گئے۔ اسی طرح ان لوگوں سے موجودہ ہندوؤں کی بنیاد پڑی۔ اور چونکہ دیوناگری رسم خط اور ہندسے اور خود آریہ بھی جو موجودہ ہندی کلچر کے بانی ہیں اپنی اصل کے اعتبار سے غیر ملکی ہیں لہٰذا یہ کہنا کہ بین الاقوامی ہندسے اجنبی ہیں بالکل کوئی وزن نہیں رکھتا۔"

(ہندوستان ٹائمز ۱۶ ؍ ۹)

یہ تبصرہ کی تشریح کا محتاج نہیں۔ آجکل کے حالات میں جبکہ کلچر، زبان، لکھت اور غیر ملکی، ایک قومی اور دو قومی تھیوریوں کے متعلق مختلف خیالات ظاہر کئے جا رہے ہیں ہر شخص کو اپنی جگہ خود سوچنا چاہئے کہ یہ اقتباس اس کی معلومات کے اضافہ کے لئے کتنا مفید ہے۔

جمہوریت اور غیر جمہوریت

جسٹس ٹیک چند ڈپٹی چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے مشرقی پنجاب میں زبان کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں [illegible] سخت مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ اس کے ذریعہ اقلیت کا رسم خط اکثریت پر ٹھونس دیا جائے گا۔ اور یہ جمہوری اصول کے خلاف ہے۔" یہی نہیں بلکہ وہ کہتے ہیں اس فارمولے کا مقصد سکھوں [illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

علم معاشیات پر اردو تراجم و تصانیف!!

(از محمد مظہر الدین صدیقی)

(گذشتہ سے پیوستہ)

اردو زبان میں معاشیات پر علمی مواد

اردو میں مختلف علوم و فنون میں تعلیم دینے کا کام پہلے پہل دہلی کالج نے شروع کیا۔ ۱۸۴۳ء میں دہلی میں ایک انجمن قائم ہوئی جسے انجمن اشاعت علوم بذریعہ السنہ ملکی سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس انجمن نے مختلف علوم و فنون کی چند کتابیں اردو میں ترجمہ کرانے کے لئے منتخب کی تھیں۔ ان ہی کتابوں سے ویلینڈ کی کتاب پولیٹیکل اکانومی تھی جس کا انجمن مذکور کی جانب سے ترجمہ کرایا گیا۔ غالباً فن معاشیات میں یہ اردو میں پہلا ترجمہ تھا۔ اس کے ایک عرصہ دراز کے بعد اردو میں مغربی ممالک کے علوم کے تراجم کا کام نہیں ہو سکا بجز اس کے کہ ماضی قریب میں انجمن ترقی اردو، دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن، جامعہ ملیہ دہلی، اور ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد کی جانب سے علوم بشمول فن معاشیات میں انگریزی کتابوں کے اردو تراجم شائع کئے گئے۔ انجمن ترقی اردو کی طرف سے معاشیات پر جو کتابیں شائع کی گئی ہیں ان میں سے حسب ذیل کتب قابل تذکرہ ہیں:

(۱) آدمی اور مشین - مترجمہ محمد عاشق صاحب۔ یہ کتاب اسٹورٹ چیز کی کتاب (Man and machine) کا اردو ترجمہ ہے۔

(۲) ہمارے بینک مصنفہ محمد احمد سبزواری صاحب۔ یہ کتاب ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی۔

(۳) ہمارے مزدور۔ مصنفہ محمد عبداللطیف صاحب۔ یہ کتاب ۱۹۳۹ء میں شائع ہوئی۔

[illegible] ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب [illegible] ہندوستانی اکیڈیمی الہ آباد کی جانب سے علم معاشیات کے مقصد، حصول اور طریق کار پر کچھ تقریریں کیں۔ ان تقریروں کا ترجمہ ہندوستانی اکیڈیمی نے معاشیات - مقصد اور مناہج کے نام سے شائع کیا ہے۔ اسی طرح مولوی حبیب الرحمن صاحب پروفیسر معاشیات جامعہ عثمانیہ نے [illegible] اکیڈیمی کی طرف سے "کساد بازاری" کے موضوع پر چند تقریریں کیں جو ایک مختصر مجموعہ کی صورت میں موجودہ کساد بازاری کے اسباب کے عنوان سے شائع ہو چکی ہیں۔

جامعہ ملیہ دہلی کی جانب سے فن معاشیات پر جو کتابیں شائع ہوئی ہیں ان میں ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کی کتاب مبادی معاشیات خاص طور پر قابل ذکر ہے جس میں معاشیات کے اصولوں سے بحث کی گئی ہے۔ نیز ڈاکٹر موصوف نے جرمنی کے مشہور ماہر معاشیات فریڈرک لسٹ کی کتاب "معاشیات قومی" کا اردو میں ترجمہ کر کے ہماری قومی زبان کی ایک بڑی خدمت انجام دی ہے۔ جرمنی کے ایک مشہور ماہر فن معاشیات کی تصنیف ہونے کے باعث یہ کتاب جرمن ماہرین معاشیات کے رجحانات کی آئینہ دار ہے۔ اور اس میں اس حقیقت پر خاص طور پر زور دیا گیا ہے کہ زمانی اور مکانی تغیرات معاشی اصولوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس نظریہ کے مطابق فن معاشیات کے کوئی ایسے کلی اور قطعی اصول مدون نہیں کئے جا سکتے جو ہر ملک کی جغرافیائی خصوصیات اور ملکی حالات کا لحاظ کئے بغیر ہر ملک اور ہر قوم پر یکساں طور

(باقی صفحہ ۴ پر)

آمد و رفت کی آزادی

پاکستان نے مشرق وسطیٰ اور دوسرے ممالک سے درخواست کی ہے کہ وہ آپس کی خوشی سے پروانہ راہداری کو ختم کر دیں اور آنے جانے والے مسافروں کو مسافرت کی پوری پوری آزادی عطا کریں! اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ آزادانہ آمد و رفت سے آپس کے تعلقات اور زیادہ مستحکم ہو جائیں گے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب ہونے کا زیادہ موقعہ ملے گا! [illegible] حقوق انسانی کا خاکہ تیار کیا گیا ہے اس بات پر بہت زور دیا گیا کہ دنیا سے پاسپورٹ کی لعنت ختم کر دی جائے اور کسی بھی ملک کا دروازہ بند نہ رہے پاکستان کی یہ تجویز کہ متحدہ اقوام کے ذریعہ تمام ممالک کو پاسپورٹ کی دشواریوں سے نجات دلانے کے لئے کوئی حرکت کرنا اور ایک ایسی تحریک کرنا جس کا مقصد [illegible] جغرافیائی، قومی اور سیاسی حد بندیاں ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائیں۔ اگر پاکستان کی یہ درخواست منظور کر لی گئی تو مسلم ممالک کا ایک محدود مجموعہ بن سکتا ہے [illegible] اور پاسپورٹ کی [illegible] کوئی [illegible] ہو جائے!!

دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر مسلمانان ہند کا پرزور احتجاج
حکام کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر جا بجا اظہار مذمت

بنارس میں احتجاج

بنارس (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بنارس کی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا حبیب الرحیم صاحب منعقد ہوا جس میں مولانا [illegible] صاحب ناظم جمعیۃ علماء بنارس نے دارالعلوم دیوبند کی پرشکوہ تاریخ مختصراً بیان کی اس کے بعد ملک میں عام [illegible] موقع پر جو فسادات ہوئے ان پر اظہار افسوس کیا گیا اور دارالعلوم دیوبند کی تلاشی اور پولیس کے اہانت آمیز رویہ کے خلاف قرارداد میں سخت مذمت کی گئی۔ کیونکہ دارالعلوم دیوبند ہندوستان کی جنگ آزادی کا سب سے پہلا مرکز اور مضبوط قلعہ تھا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے (۱) دیوبند کے مقامی حکام کے اس توہین آمیز رویہ پر یہ اجلاس اظہار نفرت کرتا ہے جو انھوں نے دنیائے اسلام کی سب سے بڑی مذہبی یونیورسٹی کی تلاشی لینے میں اختیار کیا اور حکومت یوپی سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ان تمام حکام کے خلاف کارروائی کرے جن سے تمام مسلمانان ملک و ملت کو صدمہ پہنچا ہے۔

دوسری قرارداد فرقہ وارانہ فسادات کے متعلق تھی جو علیگڑھ اور رام لیلا کے موقع پر ہوئے۔ تیسری قرارداد میں ضلع بارہ بنکی میں نماز پر ۱۴۴ عائد کرنے کے خلاف احتجاج اور اس کی مذمت تھی

بریلی میں احتجاج

بریلی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بریلی کا ایک جلسہ ہوا جس میں دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاج کرتے ہوئے ایک قرارداد پاس کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ مسلمانوں میں اس خبر سے زبردست اضطراب اور تشویش پیدا ہوگئی ہے کہ ان کی محبوب مذہبی اور لائق احترام درسگاہ کی تلاشی نہایت بھونڈے طریقہ سے لی گئی۔ قرارداد میں انتہائی دکھ کے ساتھ اس کو ان افسران کی جانب سے ایک چیلنج قرار دیا گیا ہے جو اس بے ضابطگی کے ذمہ دار ہیں۔ اور کہا ہے کہ یہ وہ درسگاہ ہے جو جدوجہد آزادی کا مسکن اور مرکز رہی ہے اور جس کے آغوش میں بے شمار مجاہدین آزادی نے پرورش پائی ہے۔ جنھوں نے ملک و ملت کے جدوجہد کی اور آزادی تحریکات میں حیثیت سے زیادہ حصہ لیا ہے۔

صدر جمعیۃ العلماء یوپی کا احتجاجی تار

بھاتھ پارہ (رائے بریلی) (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد یٰسین صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی نے دارالعلوم دیوبند کی پولیس تلاشی کے متعلق ایک تار وزیر اعظم یوپی کے نام اور ایک تار گورنر جنرل ہند کے نام بھیجا ہے جس کی ایک نقل سردار پٹیل اور ایک نقل مولانا آزاد کے نام بھیجی گئی ہے۔

تار میں کہا گیا ہے کہ دارالعلوم کی تلاشی حضرت مولانا مدنی کی موجودگی میں مضحکہ خیز ہے

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر اس نازک دور میں جن مخلص اہل خیر حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ ضرورت ہے کہ اہل خیر اور صاحب ثروت حضرات اس طرف مزید توجہ فرمائیں۔

(دائرہ علی اللہ)

اس فہرست میں پانچ روپیہ سے کم امدادی رقوم کے نام درج نہیں ہیں۔ ایسے نام بمد معرفت یا متفرق جمع کردیئے گئے ہیں۔

(۱) جناب شیخ محمد عاقل صاحب۔ دہلی ۱۱ زکوۃ (۲) منیجر صاحب بنگ، سٹوڈنٹ کمپنی۔ کلکتہ صدر خزانہ (۳) جناب مولانا عبدالحفیظ خاں صاحب۔ باپوڑ صدر زکوۃ (۴) جناب حافظ عبدالعزیز صاحب۔ جہانا ضلع مظفرنگر صدقہ زکوۃ (۵) جناب مولوی محمد زبیر صاحب چھپانگر۔ بھاگلپور [illegible] زکوۃ (۶) جناب حافظ دیانت احمد صاحب سرنیا۔ بھاگلپور صدر زکوۃ (۷) جناب حاجی عبدالعزیز صاحب۔ دہلی۔ الغنی ریلیف (۸) معرفت مولوی عبدالغنی احمد صاحب ناظم جمعیۃ علماء مرادآباد ضلع [illegible] زکوۃ۔ جناب شیخ چکت اللہ [illegible] (۱۰) جناب منشی [illegible] (۱۱) جناب حاجی اسمٰعیل محمد بھائی صاحب۔ کوسائی ضلع سورت صدر زکوۃ (۱۲) جناب یوسف محمد بھائی صاحب کوسائی ضلع سورت صدر زکوۃ (۱۳) جناب مولانا غلام [illegible] (۱۴) جناب حاجی اسحٰق محمد بھولا صاحب کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۱۵) جناب ابراہیم محمد بھولا صاحب کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۱۶) جناب حاجی ابراہیم صاحب۔ کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۱۷) جناب یوسف محمد عمران صاحب۔ کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۱۸) جناب پٹیل ابراہیم محمد عمر صاحب کوسائی ضلع سورت۔ سے امداد (۱۹) جناب آدم محمد صاحب۔ کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۲۰) جناب مولوی موسیٰ داؤد بندیا صاحب۔ کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۲۱) متفرق معرفت مولانا غلام احمد صاحب کوسائی ضلع سورت صدر امداد (۲۲) جناب عبدالحمید خاں صاحب۔ اسٹیمی ضلع سلطانپور صدقہ زکوۃ (۲۳) متفرق از مظفرگڑھ دہلی۔ پیسے زکوۃ (۲۴) جناب حافظ فخر الدین خاں صاحب کو ہرہ وصین پور ضلع بہرائچ۔ گراہ۔ [illegible] فطرہ و خیرات (۲۵) جناب بشیر الدین صاحب بمسر ضلع سورت صدر امداد (۲۶) جناب قیام الدین صاحب۔ دہلی [illegible] امداد (۲۷) جناب منیجر صاحب بنک [illegible] کمپنی کلکتہ۔ دو مرتبہ صدر خیرات

جمعیۃ صوبہ یوپی کا تیسرا وفد
ایٹہ اور اٹاوہ جا رہا ہے

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء صوبہ یوپی نے اپنے اجلاس میں طے کیا کہ ضلع وار دورہ کرکے جمعیۃ کی جدید تنظیم اور تعمیری پروگرام کی تکمیل کا جو خاکہ مرتب کیا گیا ہے اس کو کامیاب بنانے کے لئے جمعیۃ علماء صوبہ کا تیسرا وفد مولانا ابوالبیان صدر جمعیۃ علماء ضلع فرخ آباد کی رہنمائی میں ۲۴ اکتوبر کو کاس گنج ضلع ایٹہ پہنچ رہا ہے وفد کے ارکان اسی دن کاس گنج میں ضلع جمعیۃ کے کارکنوں کو تعمیری اور تنظیمی پروگرام کے متعلق ہدایات دیں گے اور پھر ۲۵، ۲۶ اکتوبر کو مولانا آفاق ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع ایٹہ کی معیت میں ضلع کے اہم مقامات کا دورہ کریں گے۔ پھر وفد ۲۷ اکتوبر کو ضلع اٹاوہ پہنچے گا۔ وہاں جلسۂ عام میں تقریر کرنے کے بعد ضلع میں جمعیۃ کی تنظیم کے بارے میں ذمہ دار حضرات سے مبادلہ خیال کرکے مرزا علی جان صاحب ناظم جمعیۃ علماء کے ساتھ ۲۸، ۲۹ اکتوبر کو ضلع اٹاوہ کے اہم مقامات کا دورہ کریں گے۔ ۳۰ اکتوبر کو وفد اپنے دورہ کی رپورٹ صوبہ کے دفتر کو پیش کرے گا۔ وفد میں مولانا ابوالبیان کے علاوہ مولانا اخلاق حسین قاسمی صدر جمعیۃ علماء ضلع آگرہ اور مولانا شاہ محمد قمر الدین فردوسی صدر جمعیۃ علماء ضلع مین پوری بھی شامل ہوں گے۔

جمعیۃ علماء ٹونک کی اہم قراردادیں
ریلیف کمیٹی کا قیام الجمعیۃ کی اشاعت کیلئے اپیل

ٹونک۔ (بذریعہ ڈاک) مولانا مفتی قاضی محمد الیب صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع ٹونک کی صدارت میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ٹونک کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ناظم اعلیٰ جمعیۃ جناب مرزا صفی الدین بیگ صاحب کی تقریر کے بعد مولانا سید قاضی الاسلام صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء راجستھان اور صدر جمعیۃ علماء راجستھان حضرت مولانا حکیم سید ظہیر احمد صاحب برکاتی نے محکمہ کسٹوڈین سے متعلق امور پر مختصر سی تقاریر فرمائیں اور اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند کی بے لوث مساعی کو سراہتے ہوئے اپنے اس سفر دہلی کے حالات بیان فرمائے۔ آپ نے کسٹوڈین سے متعلق امور میں بعض ضروری مشورے اور مفید ہدایات بھی دیں جن کی روشنی میں ریلیف کمیٹی کا قیام عمل میں آیا۔

اس کے بعد مولانا سید منظور الحسن صاحب برکاتی ناظم جمعیۃ راجستھان نے اخبار الجمعیۃ کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اخبار کی اشاعت کو زیادہ سے زیادہ وسیع کرنے کے لئے ایک ریزولیوشن پیش کیا۔ آخر میں چند تجویزیں منظور کی گئیں۔

پہلی تجویز میں کسٹوڈین سے متعلق امور میں مسلمانوں کو مشورہ دینے اور محکمہ کسٹوڈین کو صحیح معلومات بہم پہنچانے کے لئے ایک جمعیۃ ریلیف کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔

دوسری تجویز میں طے کیا گیا ہے کہ: فرز جمعیۃ اور شہر کے دوسرے محلوں میں شعبۂ مکاتب دینیہ [illegible] کا قیام جلد سے جلد عمل میں لایا جائے۔ تیسری تجویز میں اسکول کے طلبہ کو ان مشکلات پر [illegible] جو اسکولوں سے اردو اور دینیات کے تعلیم سے خارج کردینے سے پیدا ہوگئی ہیں۔ چوتھی تجویز میں اخبار الجمعیۃ کی ترقی اور اس کی توسیع کے لئے مسلمانوں سے اپیل کی گئی ہے اور اراکین جمعیۃ سے درخواست کی گئی کہ وہ نئے نئے حلقوں اور محلوں میں خریدار بڑھانے کی کوشش کریں۔

پانچویں تجویز میں مسلمانان ٹونک کی دینی و مذہبی اصلاح کے لئے تبلیغ اور مواعظ حسنہ کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے سبحان اللہ حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء ہند کو ٹونک تشریف لانے کی دعوت دینے کا فیصلہ کیا گیا۔

علم معاشیات پر دارالترجمہ کی تصانیف

(بقیہ صفحہ ۳)

سے متعلق کے جا سکیں۔ جامعہ ملیہ کی شائع کردہ کتب میں سے معاشیات کے موضوع پر قاضی محمد حسین صاحب کی کتاب "مالیات عامہ" بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کتاب کمار اپا کی ایک انگریزی تصنیف کا ترجمہ ہے لیکن تراجم کے میدان میں اور علوم کی طرح معاشیات میں بھی دارالترجمہ عثمانیہ کا کام سب سے زیادہ اہم اور [illegible] کردہ کتب میں سے فن معاشیات پر [illegible] کی کتاب Principles of Economics اور ڈوورس کی کتاب Functions of money کے ترجمے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آخرالذکر کتاب کا ترجمہ مولوی نصیر الدین صاحب نے کیا ہے۔ یہ دونوں کتابیں علم معاشیات میں خاص اہمیت رکھتی ہیں تاریخ معاشیات پر دارالترجمہ کی شائع کردہ کتابیں حسب ذیل ہیں:

(۱) تاریخ معاشیات مصنفہ ڈاکٹر کیلس، مترجم رشید احمد صاحب۔

(۲) معاشی تاریخ ہند۔ مصنفہ رامیش دت مترجم نصیر الدین احمد صاحب۔

(۳) معاشیات ہند۔ مصنفہ جیتھر مترجم پروفیسر الیاس برنی صاحب۔

(۴) معاشی حالات۔ از اکبر تا اورنگ زیب مصنفہ مورلینڈ مترجم ہاشمی صاحب فرید آبادی

اس کے علاوہ جتھیاسا دریبری کی مشہور کتاب "ہندوستان کی اقتصادی تاریخ" کا بھی دو جلدوں میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ نیز پروفیسر الیاس برنی صاحب نے مورلینڈ کی کتاب Introduction to Economics کا اردو میں ترجمہ کیا ہے جو مقدمہ معاشیات کے نام سے دو جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔

ان ترجموں کے علاوہ جو مختلف اداروں کی طرف سے شائع کئے گئے ہیں بعض اہل علم حضرات نے انفرادی طور پر انگریزی زبان سے براہ راست یا بالواسطہ معاشیات کی کتابوں کا ترجمہ کیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ اہم اور قابل ذکر ترجمہ کارل مارکس کی مشہور کتاب (Das Kapital) کا ہے۔ یہ ترجمہ [illegible] صاحب نے انگریزی زبان سے کیا ہے اور مکتبہ [illegible] کی طرف سے شائع ہوا ہے لیکن یہ مارکس کی اصل کتاب کا پورا ترجمہ نہیں بلکہ ایک تلخیص ہے۔

اردو میں علم معاشیات پر بعض حضرات نے تصانیف بھی کی ہیں۔ ان میں سے چند تصانیف کا تذکرہ انجمن ترقی اردو کے سلسلہ میں اوپر کیا جا چکا ہے۔

ان کے علاوہ پروفیسر الیاس برنی صاحب کی کتاب علم المعیشت اور پروفیسر حبیب الرحمٰن کی کتاب اصول معاشیات بھی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ یہ دونوں کتابیں ضعف [illegible] ہیں۔ آخرالذکر کتاب ۱۹۱۷ء میں شائع ہوئی تھی۔ جبکہ اردو میں تراجم کا باقاعدہ سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا۔ معاشی مسائل پر جدید انداز سے ڈاکٹر محمد اقبال قریشی صاحب کی کتاب "اسلام اور سود" خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اس کتاب میں ڈاکٹر موصوف نے امتناع سود کے اسلامی حکم پر جدید معاشی اصولوں کے نقطۂ نظر سے روشنی ڈالی ہے۔ ان تصانیف سے معلوم ہوتا ہے کہ اب اردو زبان اس مرحلے سے گذر کر جہاں صرف ترجموں سے کام لیا جاتا ہے اس منزل میں داخل ہوگئی ہے جس میں اہل زبان علوم و فنون کی کتابیں اپنی ذاتی محنت و کوشش سے تصنیف کرکے مالا مال کرتے ہیں۔

مباحث امروز

(بقیہ صفحہ ۲)

کے فرقہ وارانہ مطالبات کو پورا کرتا ہے جو دو قوموں کی تھیوری کی بنا پر تیار کئے گئے ہیں یہ کار مولانا کے جس دلیل سے قطع نظر یہ امر باعث حیرت ہے جب اکثریت زبردستی اپنے رسم الخط اور اپنی زبان کو اقلیتوں پر ٹھونستی ہے اور اقلیتوں کے کروڑوں افراد کی خواہش کو اکثریت کے بل بوتے پر پیروں تلے روندتی ہے تو اس کا یہ اقدام عین جمہوریت ہے اور دو قومی تھیوری کے تکمیل کو بھی اس سے نقصان نہیں پہنچتا۔ لیکن جب اسی قسم کا اقدام کسی اقلیت کی طرف سے اٹھایا جاتا ہے تو اسے غیر جمہوریت اور دو قومی تھیوری کا طعنہ دے دیا جاتا ہے۔

کیا بخشی ٹیک چند کے بیان سے یہ سمجھا جائے کہ جو کام اکثریت کرے گی وہ تو عین جمہوریت اور ایک قومی تھیوری کی منشا کے مطابق ہوگا۔ اور جو کام اقلیتی فرقوں کی طرف سے ہوگا اسے غیر جمہوری اور دو قومی تھیوری کے تکمیل کا نام دیا جائے گا۔

یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی فوری طور پر وضاحت کی ضرورت ہے۔ ورنہ آئندہ چل کر اس سے بڑی پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

کریم گنج میں مسٹر آئنگر کی قیامگاہ پر مظاہرہ
سلہٹ کے بارہ تھانوں کو ہندوستان میں شامل کرنیکا مطالبہ

کریم گنج (آسام) ۱۷ اکتوبر۔ کل مسٹر آئنگر حکومت ہند کے محکمہ سکریٹری یہاں پہنچ گئے۔ اس سے قبل انھوں نے سونا مگڑی، بجارہ وغیرہ کا دورہ کیا جہاں انھوں نے شہریوں کے مختلف وفود سے ملاقات کی اراکین وفد نے ان سے سرحدی علاقوں اور پاکستانی اقلیتوں کی بابت گفت و شنید کی۔ ان کے کریم گنج پہنچنے پر سرکٹ ہاؤس کے سامنے جہاں وہ مقیم ہیں چند ہزار لوگوں نے مظاہرہ کیا اور اس بات کا مطالبہ کیا کہ پاکستان کے ضلع سلہٹ کے بارہ تھانوں کو ہندوستان میں شامل کیا جائے۔ (یو۔ پی۔ آئی)

اردو مشترکہ کلچر کی مظہر اور ناقابل شکست اتحاد کی یادگار ہے
اردو نے ان تقاضوں کو پورا کیا جو انسانیت اور شرافت کیلئے لازم تھے (مولانا محمد میاں)

بنارس اردو کانفرنس کے لئے پیغامات

بنارس (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند نے کل ہند بنارس اردو کانفرنس کے لئے حسب ذیل بیان دیا ہے۔

"مجھے یہ معلوم کرکے بے حد خوشی ہو رہی ہے کہ بنارس میں صحیح وقت پر کل ہند پیمانہ پر اردو کانفرنس کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ اردو آج جن حالات سے دوچار ہے اس کا اقتضا تھا کہ کوئی ایسا اجتماع منعقد ہو کہ جہاں بلا تفریق مذہب و ملت ہندوستان کے تمام ادیب، مفکر، رہنما اور اردو سے دلچسپی رکھنے والے ایک جگہ جمع ہو کر اردو کی خدمت، اس کے فروغ۔ اور اس کے تحفظ کے لئے کوئی سنجیدہ لائحہ عمل تجویز کریں۔ اردو ہندو و مسلمانوں کے مشترکہ کلچر کی مظہر ہے اور ناقابل شکست اتحاد و اتفاق کا شاہکار۔

میں دعا کرتا ہوں کہ کانفرنس اپنے مقاصد میں کامیاب ہو۔ اور میں متوقع ہوں کہ اردو سے دلچسپی رکھنے والے حضرات ہر ممکن تعاون سے کانفرنس کو کامیاب بنانے کی جدوجہد کریں گے!

مولانا محمد میاں کا پیغام

حضرت مولانا محمد میاں صاحب مراد آبادی ناظم جمعیۃ العلماء ہند نے بھی اس سلسلہ میں ایک پیغام بھیجا تھا جس میں کہا گیا ہے۔ یہ معلوم کرکے خوشی ہوئی کہ مستقبل قریب میں ہندوستان کے مشہور تاریخی شہر بنارس میں کل ہند اردو کانفرنس ہو رہی ہے۔ اور اس کے ساتھ علمی نمائش بھی کی جا رہی ہے۔

میں دعا کرتا ہوں کہ یہ کانفرنس اپنے مقاصد میں پوری طرح کامیاب ہو۔ اردو ہندو مسلمانوں کا وہ مشترکہ سرمایہ ہے جو انھوں نے پچھلی کئی صدیوں میں ترقی کے مختلف دور اور پیہم اور محبت کے ان تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے حاصل کیا جو انسانیت، شرافت اور تہذیب کے لئے لازم تھے۔ جو ہندوستانی اپنے ملک کو اخلاق اور تہذیب کی تہذیبی دنیا میں سربلند دیکھنا چاہتا ہے وہ لقیناً اس کانفرنس کی کامیابی کے لئے کوشش کرے گا

کاشی کی تاریخی عظمت نے اس کانفرنس میں عجیب و غریب اہمیت پیدا کردی ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ اس اہمیت کا پورا پورا خیال کریں اور کانفرنس کو ہر طرح کامیاب کریں۔ کانفرنس کی پہلی کامیابی یہ ہے کہ ہر فرقہ کے قابل قدر سنجیدہ اور علم دوست حضرات اس کی کامیابی کی کوشش فرما رہے ہیں۔ چنانچہ مسلمان نوجوانوں اور بزرگوں کی طرح ہندو احباب اور بزرگ بھی اردو کی محبت بھری فطرت کو اجاگر کرنے اور کانفرنس کو کامیاب کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔

جمعیۃ صوبہ کا وفد بہرائچ۔ گونڈہ
فیض آباد اور بستی کو

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) دفتر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی میں جرول ضلع بہرائچ، ناول، ضلع بستی، ہنسور اور پھول پور ضلع فیض آباد اور شہر فیض آباد سے ہنگاموں اور فسادات کی جو اطلاعات آئی ہیں ان کے پیش نظر جمعیۃ علماء کا ایک وفد جس میں ناظم اعلیٰ مولانا محمد قاسم صاحب اور مولانا ابوالوفا صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ شامل ہیں ۱۴ اکتوبر کو ان فساد زدہ علاقوں کے دورہ کے لئے روانہ ہو گیا۔ وفد کے ارکان نہ صرف یہ کہ واقعات کی تحقیقات کریں گے بلکہ مسلمانوں سے خوف و ہراس دور کرنے کی بھی کوشش کرکے فضا کو خوشگوار بنانے کی ہر ممکن صورت پر ہدایات دیں گے۔ وفد ۱۹ اکتوبر کو فیض آباد جائیگا اور ۲۰ اکتوبر کو لکھنؤ واپس آجائے گا۔

مولانا ابوالوفا صاحب گونڈہ سے کانپور راستہ سے روانہ ہو جائیں گے۔ اور مولانا محمد قاسم صاحب فیض آباد میں حضرت مولانا بشیر احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ کی خدمت میں اپنے دورہ کی رپورٹ پیش کریں گے ۱۹ اکتوبر کو فیض آباد پہنچ رہے ہیں۔

جمعیۃ علماء باندہ کا اجلاس

جامع مسجد باندہ میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع باندہ کا اجلاس منعقد ہوا۔

شہر باندہ میں جمعیۃ کے معاونین بنانے کے بارے میں طے ہوا کہ ناظم اعلیٰ حسب ضابطہ شہر کو چند حلقوں میں تقسیم کرکے ہر حلقہ کا ایک ذمہ دار، اراکین جمعیۃ میں سے منتخب کریں۔ منتخب شدہ ذمہ دار اراکین اپنے پسند کے دیگر منتخب کرکے کام شروع کردیں۔

دیہات میں معاونین بنانے کے بارے میں طے ہوا کہ پہلے ہر تحصیل میں جمعیۃ کی برانچ قائم کی جائے اسی طرح علی الترتیب تحصیل کے متعلقہ دیہاتوں میں ضلع و شہر کے عام مسلمانوں کے نام مطبوعہ اپیل شائع کی جائے کہ وہ جماعتی زندگی کو وزن دار بنانے کے لئے جمعیۃ کے نظام کار میں زیادہ سے زیادہ شریک ہوں۔ جمعیۃ کی مالیات کو مضبوط بنانے کی اپیل کی گئی۔

بناسپتی گھی تیار کرنیوالوں کی جدوجہد

سہارنپور۔ (بذریعہ ڈاک) بناسپتی گھی کی صنعت کو ختم کرنے کے لئے عوام میں اس وقت عام رجحان ہے۔ ان دنوں گھی کی سپلائی مختلف مقامات پر محدود کردی گئی ہے۔ بعض دوسرے [illegible] مختلف دوکانوں پر جا کر ان کے مالکان کو تلقین کررہے ہیں کہ وہ نئی دہلی میں وزیر خوراک کے نام بہت سی چٹھیاں لکھیں کہ بناسپتی گھی سے صحت کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے اس لئے اس کی سپلائی عام کردی جائے۔ چنانچہ کئی دکاندار فرضی ناموں سے بے شمار خطوط ارسال کر رہے ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند کا وفد منگرول کو

منگرول (بذریعہ ڈاک) حسب الحکم مجلس حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند بمبئی سے ایک وفد منگرول پہنچ گیا مولانا محمد عثمان صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی وہاں کے حالات کی تحقیقات کے لئے گئے ہیں۔ اراکین وفد حسب ذیل ہیں

(۱) جناب مولانا محمد عثمان صاحب صدر جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی (۲) مولانا سیف الدین شاہ صاحب صدر جمعیۃ علماء شہر بمبئی (۳) جناب محمد افضل خاں صاحب سکریٹری جمعیۃ علماء بمبئی اور دیگر حضرات وفد کے ساتھ ہیں۔ وفد کے واپس آکر اپنی رپورٹ مرکز کو دے گا۔ وفد مذکور نے اس سے قبل بھی جونا گڑھ کے حالات کی تحقیقات کے لئے شکر گزار جانے والا ہے۔

سہارنپور میں چینی کی سخت قلت

سہارنپور۔ (بذریعہ ڈاک) راشن ہو جانے سے چینی نایاب ہو گئی ہے۔ چینی کی سپلائی کا کام ناقص ہے۔ ڈپوؤں سے چینی لینے والوں کو مایوس ہونا پڑتا ہے ان دنوں گر سوا روپے سیر اور کھانڈ سوا روپے سیر اور چینی بلیک مارکیٹ میں تین روپے سے بھی زیادہ تک فروخت ہو رہی ہے۔

کسانوں کو زمینوں پر مالکانہ حقوق لینے کیلئے چلتا پھرتا خزانہ!

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) ضلع بھر کے کسانوں میں زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کرنے کے لئے کافی جوش و خروش پایا جاتا ہے۔ کافی کاشتکاروں نے سرکاری خزانہ میں زرلگان داخل کرکے مالکانہ حقوق کی سند حاصل کرلی ہے۔ باقی رہ گئے وہ گنے اور دھان کی فصلوں کے انتظار میں ہیں۔ کل رانا فتح سنگھ ایم۔ ایل۔ اے انچارج تحصیل نے نیند اور ڈپٹی کلکٹر نے کچھ کانگریسی کارکنان کے ہمراہ سنجیدپورہ میں کسانوں کے ایک جلسہ میں شرکت کی۔ اور انھیں جلد از جلد واجب ایک حالیہ کا دس گنا سرکاری خزانہ میں داخل کرا کر زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کرنے کی تلقین کی۔ تحصیلوں میں سرکاری خزانوں کے علاوہ ضلع بھر کیلئے ایک چلتا پھرتا خزانہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جو گاؤں گاؤں گھوم کر کسانوں سے مالیہ وصول کرے گا۔

سہارنپور میونسپل بورڈ کے انتخابات ملتوی

سہارنپور۔ (بذریعہ ڈاک) میونسپل بورڈ سہارنپور کے عام انتخابات دسمبر ۱۹۴۹ء میں ہونے طے پائے تھے۔ مگر اب کچھ مصلحتوں کے پیش نظر حکومت نے انہیں اپریل ۱۹۵۰ء تک ملتوی کردیا ہے۔ (نامہ نگار)

مذبح خانہ ہٹانے کی تجویز

سہارنپور ۱۲ اکتوبر۔ گورنمنٹ کرکٹ گراؤنڈ پر پرچھٹہ خانہ ہے اور جگہ دستور کاریگروں کے کوارٹر تعمیر ہو جانے سے اس علاقہ میں اچھی خاصی آبادی ہوگئی ہے۔ محکمہ صحت نے اس آبادی میں بوچڑ خانہ کا مضر صحت تو ار دیتے ہوئے میونسپل بورڈ کو لکھا ہے کہ بوچڑ خانہ کو یہاں سے ہٹا کر کسی اور کھلی جگہ منتقل کر دیا جائے۔ (نامہ نگار)

اہل برطانیہ کی صحت

لندن (بذریعہ ڈاک) سنہ ۱۹۳۱ء کے مقابلہ میں ۸۵ سال کی عمر تک پہنچنے والوں کی تعداد دوگنا ہو گئی ہے۔ مردم شماری کے اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ برطانیہ میں ۸۵ سال سے زیادہ عمر والوں کی تعداد ۱۹ لاکھ ۱۰ ہزار ہے۔ عورتوں کی تعداد مردوں کے مقابلہ میں زیادہ ہے

لائبریری جمعیۃ الاطفال امروہہ کا جلسہ

امروہہ سے مطلع کرتے ہیں کہ لائبریری کا ایک جلسہ زیر نگرانی حافظ محمد یونس صاحب شہباز صدیقی انگریزی جمعیۃ الاطفال امروہہ بروز بدھ مورخہ ۱۵ اکتوبر بوقت نو بجے صبح جامع مسجد کی مشہور درسگاہ دار الحدیث میں زیر صدارت جناب حکیم آفتاب احمد خاں صاحب جامعی منعقد ہوا جس میں مولوی سید اعجاز حسین صاحب مہتمم مدرسہ اسلامیہ عربیہ جامع مسجد امروہہ۔ علامہ نسیم احمد فریدی و قاری عزیز الحق صاحب قاری احترام الحق صاحب وغیرہ نے شرکت فرمائی

علامہ نسیم احمد فریدی نے "وہ بڑوں کا بچپن" کے عنوان پر تقریر کی۔ تلاوت قرآن پاک نور حسن صاحب قمر علی صاحب، نسیم احمد صاحب نے فرمائی۔ نظم پڑھنے والوں میں یٰسین احمد صاحب، نسیم احمد صاحب قمر علی صاحب، عبدالمنان صاحب نے حصہ لیا۔ عبدالحفیظ صاحب صدر لائبریری نے رپورٹ پیش کی قمر علی صاحب نسیم احمد صاحب عبدالرب صاحب جسیم احمد صاحب نور حسن صاحب نے مختلف عنوانوں پر تقریریں کیں۔

تھوک قیمتوں کے نرخوں میں اضافہ

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر سرکاری اندازہ کے مطابق کم اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ہندوستان میں تھوک قیمتیں اعشاریہ ۵ فیصد بڑھ گئیں۔

غذائی اجناس۔ زیر جائزہ ہفتہ میں جو اکا بھاؤ ۱۱ فیصدی دال کا بھاؤ پانچ فیصدی گڑ کا بھاؤ ۲ فیصدی بڑھ گیا۔ اسی کے مقابلے میں آٹا کا بھاؤ ۲ فی صدی گھی کا بھاؤ تین فی صدی بڑھ گیا۔ بکری کی کھال کا بھاؤ دس فی صدی گر گیا بکری کی کھال اور تیل ناریل کے بھاؤ ۱۰ فی صدی بڑھ گئے جنگلی اور عاشق کے بھاؤ ۲ فی صدی گر گئے مونگ پھلی کے تیل کا بھاؤ تین فی صدی بڑھ گیا اور سوت کا بھاؤ تین فی صدی گر گیا۔

برطانیہ آنے والے سیاحوں کی تعداد کا نیا ریکارڈ

لندن (بذریعہ ڈاک) اس سال کے پہلے آٹھ مہینوں میں ۴ لاکھ سیاح برطانیہ آئے۔ امید ہے کہ اس سال کے آخر تک یہ تعداد بڑھ کر ۵ لاکھ ۴۰ ہزار ہو جائے گی۔ اگست کے آخر تک جو امریکی برطانیہ آئے ان کی تعداد ۵ ہزار تھی۔ انھیں سیاحت کا اندازہ ہے کہ ریسٹ سال ۸ لاکھ سیاح برطانیہ آئیں گے (لندن پریس سروس)

ہند پارلیمنٹ کے حزب مخالف کو توڑ دیا گیا
تمام ممبر اجلاس میں اپنی انفرادی حیثیت میں شریک ہونگے

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر۔ پروفیسر کے۔ ٹی شاہ کی زیر سرکردگی سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کے نام سے ہند پارلیمنٹ میں جو مخالف پارٹی قائم کی گئی تھی اس نے اب فیصلہ کیا ہے کہ جب تک پارٹی کو بطور مخالف پارٹی کے سرکاری [illegible] طور پر تسلیم نہ کیا جائے۔ اس کے ممبران بطور گروپ اجلاس میں شامل نہ ہوں گے۔ بلکہ اپنی انفرادی حیثیت میں ہی شریک ہوں گے۔

پارٹی کی طرف سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ جب تک پارٹی کو سرکاری طور پر تسلیم نہ کیا جائے۔ اسے جماعت اور حقوق حاصل ہونے کی بجائے اس کے راستہ میں مزید مشکلات حائل ہوگئی ہیں۔ لہذا پارٹی کو سردست توڑ دیا گیا ہے۔ پارٹی کو توڑنے کا ایک اور سبب جس کا سکریٹری نے کوئی ذکر نہیں کیا یہ ہے کہ بارہ ممبروں میں سے پانچ ممبروں نے استعفیٰ دیدیا ہے جو صوبائی اسمبلیوں کے ممبر بھی ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں محمد علی بیگ (مدراس) مسٹر آر۔ ایم۔ نلواڑے (بمبئی) مولانا حسرت موہانی (یوپی) مسٹر سرکھ شر سنہا (بہار) اور مسٹر لکشمی نرائن ساہو (اڑیسہ) (نامہ نگار رپٹ رانٹر)

گورنر جنرل کا پیغام

ہند و کا لج کی اقوام متحدہ ایسوسی ایشن نے کل شام ہفتہ اقوام متحدہ کے سلسلے میں بین الاقوامی اجتماع کا اہتمام کیا۔ اس اجتماع میں پاکستانی ہائی کمشنر نیپال کے سفیر، روسی سفارت خانہ کا اٹیچی انڈونیشیا کے نائب نمائندے ہند پاکستان اور سیلون کے نئے اقوام متحدہ کے مرکز کے ڈائرکٹر وغیرہ شامل ہوئے۔ ۲۰ اقوام کے جھنڈے لگائے گئے تھے۔ گورنر جنرل نے ایک پیغام بھی بھیجا جس کو مسٹر آر۔ آر۔ کرپلانی نے پڑھ کر سنایا راج جی نے کہا تھا کہ "جو امن طلب دنیا میں امن قائم کر سکتا ہے"۔ موسیقی کے علاوہ مہمانوں کو دعوت طعام دی گئی۔

مصر میں روسی اشیاء کی درآمد پر پابندی

قاہرہ ۱۸ اکتوبر۔ وزیر اعظم مصر حسین سرّی پاشا نے بحیثیت فوجی گورنر کے مصر کے تمام کسٹم افسران کو لکھا ہے کہ وہ وزیر اعظم کی تحریری اجازت کے بغیر روس سے مصری بندرگاہوں تک پہنچنے والی اشیاء ملک میں داخل نہ ہونے دیں۔

روس سے برآمد ہونے والی اشیاء میں روئی کے کپڑے اور باناتا چوبی اشیاء شامل ہیں۔ حکومت خطرہ محسوس کرتی ہے کہ سستی روسی اشیاء کی وجہ سے مقامی معاشی حالت پر تباہ اثر پڑے گا۔ (گلوب)

ہندی اخباروں کی تردید!!

چند مقامی ہندی اردو کے اخباروں میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ مسز ارونا آصف علی نے سوشلسٹ پارٹی سے استعفیٰ دیدیا۔ یہ خبر بالکل غلط اور بے بنیاد ہے۔

کہ ارونا جی کی صحت خراب ہے۔ اس وجہ سے وہ آجکل سیاسی کاموں میں کم حصہ لے رہی ہیں۔ اور آرام کرنے کے لئے وہ بمبئی گئی ہوئی ہیں۔

ماہ دسمبر میں وہ یورپ کے دورہ پر تشریف لے جائیں گی۔ اور پھر واپسی پر وہ [illegible] میں حصہ لیں گی۔

(میر شانتی احمد۔ ارونا ہال۔ اردو بازار)

رضا ڈگری کالج رامپور میں!
مسٹر ٹنڈن کی آمد

رامپور ۱۸ اکتوبر۔ کل شام کے چھ بجے مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن رضا ڈگری کالج میں۔ کالج یونین کی رسم افتتاح ادا کرنے تشریف لائے۔

اس موقعہ پر کالج ہال کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور مہمانوں میں ٹھاکر جی کرپت سنگھ مسٹر جاسی موجود تھے۔ جانا گانا کے بعد پرنسپل عبدالشکور نے مہمان محترم کا خیر مقدم کرتے ہوئے کالج کی مختصر تاریخ بیان کی۔

اس کے بعد مسٹر ٹنڈن نے اپنی تقریر میں طلباء کو اقلیت کی جانب متوجہ ہونے کی دعوت دی اور فرمایا کہ ہندو اور مسلمانوں کی مذہبی کتابوں کا بھی مقابل دکھنے سے مطالعہ کرنا چاہئے۔

جلسے کے ختم پر ایک پرتکلف ایٹ ہوم سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ (نامہ نگار)

سوشلسٹ پارٹی یونٹ کا جلسہ

جامع مسجد سوشلسٹ پارٹی یونٹ کی اگزیکٹو کمیٹی کی ایک ضروری میٹنگ بروز منگل ۱۸ اکتوبر شام کو سات بجے ارونا ہال اردو بازار دہلی میں ہوگی۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے

(۱) اگزیکٹیو کمیٹی میں ممبران کا اضافہ۔

(۲) شریمتی کستوریہ وتی دیوی کا یوم وفات کا پروگرام۔

(۳) چینی کی قلت کے مسئلہ پر غور۔ (آفس سکریٹری)

مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

[illegible] سوشلسٹ پارٹی جمعرات ۲۰ اکتوبر کو شام کے ۶ بجے جسٹس کلب آف [illegible] آلڈوک روسی کے زیر اہتمام ہندو کالج میں "اقتصادی بحران اور اس سے باہر نکلنے کا راستہ" کے عنوان پر تقریر کریں گے۔

مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی عبادتگاہوں کا احترام کیا جائے
اکالی دل کی سکھوں کو ہدایت

امرتسر ۱۸ اکتوبر۔ شرومنی اکالی دل کی ورکنگ کمیٹی کی ایک قرارداد کے ذریعہ سکھوں کو ہدایت کی کہ وہ مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی عبادتگاہوں کا احترام کریں۔ اور اس بات کی دیکھ بھال کریں کہ ان عبادت گاہوں کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے میٹنگ کی صدارت جتھیدار پرتیم سنگھ گوجرانوالیہ نے کی اور اس میں ماسٹر تارا سنگھ بھی شریک ہوئے۔ کمیٹی نے زبان کے متعلق سچر فارمولا پر بھی غور و خوض کیا اور ۳۰ اکتوبر تک جبکہ اگزیکٹیو کمیٹی کا اجلاس ہوگا اس کے متعلق فیصلہ کو ملتوی کردیا اس لئے کہ اس درمیان میں ماسٹر تارا سنگھ کو ممبران اسمبلی سے بھی مشورہ کرلیں گے۔ (رپٹ)

آر۔ ایس۔ ایس والنٹیر ڈاکہ زنی میں زخمی ہوگیا

جھانسی (بذریعہ ڈاک) جھانسی ضلع جھانسی میں گذشتہ ہفتہ جو ڈاکہ زنی ہوئی تھی اس میں ایک ڈاکو جو ڈاکہ ڈالتے وقت بری طرح زخمی ہوئے کی حالت میں گرفتار ہوا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ آر۔ ایس۔ ایس کا سرگرم کارکن ہے جو جھانسی ہسپتال کے سنگین درجہ میں زیر علاج ہے۔ باقی ڈاکو ابھی گرفتار نہیں ہوئے۔ (نامہ نگار)

جشن [illegible] کی قیمت نہیں ملیگا

لندن ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] اپنے ذاتی کی قیمت نہیں ملیگی

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی سے بھیجنا ہے
تو ہماری معرفت روانہ کریں۔
ٹکٹ بھی بلا کمیشن خریدیں
المشتہر:۔ دہلی کمرشل کارپوریشن گلی سوداگران بلیماران دہلی۔

فوطہ بڑھ جانے اور آنت اترنے کی مجرب دوا

فوطہ میں پانی اتر آیا ہو یا کسی قسم کا ورم ہو اس دوا کے لگانے سے بذریعہ پسینہ فوطے اصلی حالت پر آجاتے ہیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی ہے بڑھے بڑے فوطے معتدل ہو کر کامل صحت ہو جاتی ہے اور آئندہ پھر بڑھنے نہیں پاتے۔ آپ آپریشن کی زحمت کیوں اٹھاتے ہیں فوراً اس دوا کا استعمال کیجئے۔ اسی طرح آنت اترنے کو بھی روکتی ہے یہ وہ اکسیر دوا ہے جو صدہا مریضوں پر تجربہ ہو چکی ہے۔ آپ آزمائش فرمائیں۔

حکیم شاہ بابت علی عالم مشہور سولانا روم صاحب محمود نگر ملاحظہ (الکھنؤ یوپی)

دارالسلطنت
صدر جمعیۃ علماء علاقہ ۹ کا یوپی اور مرکزی حکومت کے وزراء کو تار
دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاج

دہلی ۱۹ اکتوبر۔ مولوی محمد فاروق صاحب صدر جمعیۃ علماء علاقہ ۹ نے ہند کے گورنر جنرل، وزیر اعظم ہندوستان اور صوبہ یوپی کے گورنر وزیر اعظم اور ہوم منسٹر کے نام دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاجی تار ارسال کی ہیں۔

تار میں مسلمانوں کے اضطراب و بے چینی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے۔ کہ اس واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائے۔

ساٹھ جواری گرفتار

دیوالی قریب آنے پر پولیس نے شہر میں جواریوں کے اڈوں پر نظر رکھنی شروع کردی ہے۔ شہر میں مختلف مقامات پر چھاپہ مار کر پولیس نے سبزی منڈی پہاڑ گنج اور کوتوالی کے علاقوں سے ساٹھ جواری گرفتار کئے۔ گرفتار شدگان میں بعض بڑے بڑے لوگ بھی شامل ہیں۔

تھانہ کوتوالی پولیس نے ریلوے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ پہاڑ گنج پولیس کا بازار والوں سے بھتہ وصول کرنے والا ایک آدمی گرفتار کیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اینٹی کرپشن سٹاف ریلوے پولیس کا ایک حوالدار بھی ان قماربازوں میں شامل تھا۔ اسے بھی موقعہ پر گرفتار کرلیا گیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حوالدار مذکور ان قماربازوں سے روزانہ پانچ روپے وصول کرتا تھا۔ (م)

سردار پٹیل کی طرف سے دعوت

سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے دستور ساز اسمبلی کے اراکین اور صدر کو کل شام کونسل ہاؤس میں چائے کی دعوت دی۔ (پ ٹ ا)

طلائی نیکلس چھین لیا

ایک عورت نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ قطب روڈ پر اجمل خاں روڈ پر دو سکھوں نے اس کا طلائی نیکلس چھین لیا۔ (د ن ک)

ایک چوکیدار گرفتار

اتوار کو ایک شخص جمنا سیر خاں [illegible] اس الزام میں گرفتار کیا گیا کہ اس کے قبضہ سے ۸۰ بوتل ناجائز شراب برآمد ہوئی ہے۔ مسٹر بی ڈی جوشی کا ایک چپراسی مارننگ اپنے گھر کے پیچھے ہوئے فارم سے جانے پر گرفتار کرلیا گیا۔

جمنا برج پر لاری کی ٹکر

اتوار کو جمنا برج پر جب ایک کانسٹبل نے ایک موٹر لاری کو جس میں مسافر تھے روکنے کا اشارہ کیا تو وہ پل سے ٹکرا گئی۔ ڈرائیور لاری کو کنٹرول نہ کرسکا تین آدمی زخمی ہوگئے۔

ہفتہ اقوام متحدہ کا افتتاح

کل نئی دہلی میں راج کماری امرت کور نے کارروائی ہند سوسائٹی کی دہلی برانچ کی طرف سے ہفتہ اقوام متحدہ کا افتتاح کیا۔ انھوں نے کہا کہ دائمی امن صرف بین الاقوامی تعاون کے ذریعہ ہی حاصل کیا جا سکتا ہے

انھوں نے کہا کہ اقوام متحدہ پر زیادہ بھروسہ کرنا چاہئے انھوں نے اس امر پر اظہار افسوس کیا کہ بچوں کو دوسرے ممالک کی فلمیں دکھائی جانی چاہیئں تاکہ وہ دوسرے ممالک کے حالات سے واقف ہو سکیں۔

کمیونسٹ نظربندوں کے خلاف مقدمہ

دہلی جیل کے چار کمیونسٹ نظربندوں کے خلاف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کو نہ ماننے کے الزام میں [illegible] کے ماتحت مقدمہ چلایا جائے گا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انھوں

لوہے اور فولاد کے اسکینڈل کا مقدمہ

منے پولیس نے [illegible] کرنے سے انکار کردیا تھا۔ ان فولادوں کی فائل میں رکھنے کے لئے ضرورت تھی

مسٹر شانتی لال اپر جہ کی عدالت میں سیٹھ گوبندلال دھولپوری اور دہلی کے چار تاجروں کے خلاف لوہے اور فولاد کے اسکینڈل کے سلسلہ میں جو مقدمہ چل رہا ہے کل اس سلسلہ میں دو اور صفائی کے بیانات ہوئے عدالت میں اسپیل کنٹرولر تاسیا یونین اور دھولپور کے الیکٹریکل انجینئر کے خطوط اور سرٹیفکیٹ پیش کئے گئے۔ دھولپور پاور ہاؤس کے اکاؤنٹنٹ رام دیال صاحب کا بھی بیان ہوا۔ دہلی ریکلی اسٹاک ہولڈنگ اسوسی ایشن کے ایک کارکن کا بھی بیان ہوا۔ بعض دوسرے گواہوں کے بیان کے بعد مقدمہ ۳۱ اکتوبر تک ملتوی کردیا گیا۔

دیوبند پولیس کی مذمت

جمعرات کے دن رضا کاران احرار ضلع ۱۱۔ ۹ نے اپنے ایک جلسہ میں پولیس کی مذمت کی قرارداد منظور کی جس میں کہا گیا کہ یہ اجلاس پولیس دیوبند کے اس نازیبا رویہ کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو اس نے مسلمانان عالم کی سب سے بڑی مذہبی یونیورسٹی دارالعلوم دیوبند کی تلاشی کی صورت میں اختیار کیا تھا نیز یہ اجلاس گورنمنٹ آف انڈیا اور وزیر اعظم یوپی سے مطالبہ کرتا ہے۔ وہ تحقیقات کرا کے مسلمانان ہند کے دلوں کو مطمئن کریں اور پولیس دیوبند کی اس سازش کو بے نقاب کریں جس کے ماتحت پولیس دیوبند نے مسلمانوں کی سب سے بڑی مذہبی درسگاہ کی توہین کی ہے۔ (سکریٹری)

چینی کی بابت اعلان

سول سپلائیز ڈپارٹمنٹ کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ اکتوبر کے ختم ہونے والے پندرہواڑہ کے لئے چینی کے راشن کی تعداد میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی سابقہ مقدار یعنی سوا چھٹانک فی کس فی ہفتہ برقرار رہے گی۔ مختلف اداروں کو چینی کا جو راشن دیا جاتا ہے اس کی مقدار میں بھی تبدیلی نہ ہوگی۔ دیوالی کی وجہ سے بلیک مارکیٹ میں چینی کا بھاؤ چار سیر ہو گیا ہے۔

وزارت زراعت کے سکریٹری کا لڑکا زخمی

وزارت زراعت کے سکریٹری مسٹر نجابی کا ایک لڑکا موٹر کے ایک حادثہ میں زخمی ہوگیا۔ اسے فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ کار کو سردار بلدیو سنگھ وزیر دفاع کا لڑکا چلا رہا تھا۔ انڈیا گیٹ کے قریب کار الٹ گئی۔

گوالے ہڑتال کریں گے

اگر حلوائیوں اور گوالوں میں دودھ کی قیمت کے بارے میں فیصلہ نہیں ہوا تو جمعہ ۲۱ سے دودھ کا آنا بند ہو جائے گا۔ گوالوں نے حلوائیوں کو اپنے فیصلے سے مطلع کردیا ہے۔

ان کا مطالبہ ہے کہ دہلی میں چارہ کی قیمت میں اضافہ ہونے سے دودھ کی قیمت بھی ۱۲ روپے ٹھیکہ آنے من سے بڑھ کر ۱۶ روپے من کرنی چاہئے۔ [illegible] چارہ مہنگا ہوگیا ہے ان کے ایک ترجمان نے کہا کہ چارہ مہنگا ہونے سے سانڈ قیمت پر دودھ مہیا کرنا ان کے لئے مشکل ہو گیا ہے انھوں نے کہا مشرقی پنجاب میں چارہ چھ پانچ روپے من فروخت ہو رہا ہے۔ اور دہلی میں گیارہ روپے من فروخت ہوتا ہے

درجہ حرارت و طلوع و غروب

کل دہلی کا درجہ حرارت زیادہ سے زیادہ ۹۵/۸ اور کم سے کم ۶۶/۱ درجہ رہا۔

طلوع آفتاب ۶ بجکر ۳۳ منٹ پر ہوا اور کل ۵ بجکر ۴۸ منٹ پر ہوگا۔

آج ۵ بجکر ۴۸ منٹ پر اور کل ۵ بجکر ۴۸ منٹ پر آفتاب غروب ہوگا۔

نو ماہ کے اندر مدھیہ بھارت میں گیارہ پولیس افسر کام آئے
گیارہ ڈاکو ہلاک اور ۱۳۱ گرفتار کئے گئے۔ پولیس کی کارگذاری کی رپورٹ

گوالیار ۱۸ اکتوبر۔ جنوری سے ستمبر ۱۹۴۹ء تک کی مدت کی سرگرمیوں کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دوران میں ۹ ڈاکو ہلاک ہوئے اور ۱۳۱ گرفتار کئے گئے۔ ان کے مقابلہ میں گیارہ پولیس افسر کام آئے اور ۹ مجروح ہوئے۔ اس اطلاع میں کہا گیا ہے کہ جرائم پیشہ اور جیل سے بھاگ نکلنے والوں کا تعلق ہے اب حالات اطمینان بخش ہیں۔ کیونکہ مشہور ڈاکو مان سنگھ کی وجہ سے عام طور پر قانون کی زبردست خلاف ورزیاں ہوئیں۔ مان سنگھ کی سرگرمیوں کے علاوہ اس دوران میں یہ خاص خاص واقعات پیش آئے۔ ۱۳ مئی کو ضلع بھنڈ میں بچے چرانے کے سلسلہ میں ہجوم نے تین اشخاص کو اذیت دے کر ہلاک کردیا مندسور اور مان پور میں فرقہ وارانہ فساد ہوا۔ ڈاکخانہ والوں نے ہڑتال کی اور منڈ سور دل میں ہڑتال ہوئی۔ پولیس کی تنظیم اور اس کے قومی بنانے کا کام جاری رہا حکومت نے پولیس کی اہمیت اور اس کی ضروریات کو ترجیح دی اس میں کہا گیا کہ اگر سیاسی اور اقتصادی حالت نہ بگڑی تو پولیس کی مشکلات دور ہو جائیں گی۔ (پ ٹ ا)

اسرائیلی پارلیمنٹ پر یہودیوں کا مظاہرہ
بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا نتیجہ

قاہرہ ۱۸ اکتوبر۔ مصری وزارت خارجہ کو معلوم ہے کہ اسرائیل میں حال میں جو یہودی آئے تھے وہ اس وقت کیمپوں میں مقیم ہیں ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا جاتا ہے امریکہ سے درآمد میں اضافہ کرنے کا ملک کی داخلی صنعت پر برا اثر پڑا ہے اور کارخانے بند ہونے لگے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ بیکاری بڑھ گئی ہے اور ہزاروں اشخاص کام کی تلاش میں سڑکوں پر گشت کر رہے ہیں بیکاروں کی بہت بڑی تعداد نے تل ابیب میں مظاہرہ کیا اور اسرائیلی پارلیمنٹ کا راستہ بند کرکے لیبر منسٹر پر یہ بات واضح کرنی چاہی کہ وہ ان لوگوں کے لئے کام تلاش کرے اس اطلاع کے مطابق صورت حالات نازک ہے (گلوب)

جنوبی افریقہ سے درآمد پر پابندی
حکومت پاکستان اٹھالے گی؟

کراچی ۱۸ اکتوبر۔ شاید حکومت پاکستان جنوبی افریقہ کی اس خواہش کو منظور کرے کہ ہند اور پاکستان جنوبی افریقہ سے آنے والے سامان پر سے پابندی دور کریں۔ لندن میں ایک سہ جماعتی کانفرنس جس میں ایک طرف جنوبی افریقہ ہوگا اور دوسری طرف ہندوستان پاکستان جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے سلوک کے مسئلہ پر غور کرے گی۔ یہ گفت و شنید ابتدائی نوعیت کی ہوگی۔ اور اس سلسلہ میں اپنے سابقہ مشن میں اقوام متحدہ نے جو قرارداد منظور کی تھی یہ گفت و شنید اسی کے تحت عمل میں آئے گی۔ (گلوب)

انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہلی میں چارہ کی درآمد پر سے پابندی اٹھالی جائے۔ [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء

بازار صرافہ

سونا پاسہ ۱۲ ۔ ۱۱۵ روپے۔ [illegible]

[illegible]

بازار حصص

دہلی کلاتھ ملز [illegible] انڈین آئرن [illegible] ہندوستان موٹرز [illegible] ڈالمیا سیمنٹ [illegible]

غلہ مارکیٹ

چھلکا نخود [illegible] مونگ [illegible] اُڑد [illegible] گڑ [illegible] سرسوں [illegible] تیل السی [illegible] شکر [illegible] باردانہ [illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی [illegible] سونا [illegible] شکر [illegible] کھانڈ [illegible] سرسوں [illegible] گڑ [illegible] تیل [illegible] اُڑد [illegible] گندم [illegible] چنا [illegible]

بمبئی بازار صرافہ

سیزن کے [illegible] ۱۱ فی تولہ کے حساب سے ایک ہزار تولہ سونا فروخت کیا [illegible] چاندی کی دو سو سلاخیں فروخت کیں۔ کل کے نرخ یہ ہیں چاندی تیار [illegible] چاندی وعدہ [illegible] سونا تیار [illegible] سونا وعدہ [illegible] اشرفی [illegible]

مدراس کا ہینڈلوم کپڑا
پاکستان کے ٹیکسٹائل کمشنر کا انتخاب

مدراس ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] ہینڈلوم [illegible] ہندوستان [illegible] پاکستان [illegible]

Amico Tonic

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور نامردی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے۔ [illegible] رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ بھوک بڑھاتا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرتا ہے۔ اس دوا کی خاص صفت ہے۔ اس کے استعمال سے چہرہ پر رونق آجاتی ہے۔ دل کی کمزوری اور اختلاج قلب اعضاء شکنی وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے۔ مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار بنتے ہیں۔ مرد و عورت دونوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصولڈاک۔

امیکو طلا

یہ نہایت مشہور اور کامیاب دوا ہے جو سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے۔ حکمت قدیم اور سائنس جدید کی معلومات کا نچوڑ ہے۔ تمام خرابیاں اور کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ طلا نہایت قوت بخش اور مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نہ چھالا پڑتا ہے اور نہ جلن ہوتی ہے۔ دواکریم کی شکل میں بند ہے۔ قیمت فی شیشی تین روپے چار آنے تین شیشیاں ۹ روپے

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ نمبر ۷ اور دیگر ایجنٹ

برص کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج

یہ ایک نہایت ہی خبیث اور موذی مرض ہے۔ آج کون اس کے تباہ کن اثرات سے واقف نہیں۔ اس مرض کا حملہ ہوتے ہی مریض زندہ درگور ہو جاتا ہے۔ ایسی مایوسی کے عالم میں اس دھبے داغ صرف ایک معتبر دوا ہے جو عرصہ سے "درویشی" کے نام سے ملک میں مقبول ہو چکی ہے۔ جو کہ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے۔ جس سے اب تک ہزاروں مایوس العلاج مریض مکمل طور پر شفایاب ہو چکے ہیں جن پر جدید حکمت وغیرہ کے بہترین اصول ناکام ہو چکے تھے۔ درویشی کے چند دنوں کے استعمال سے از سر نو زندگی حاصل کی۔ شدید سے شدید مرض کی حالت میں درویشی کا فائدہ اکیس دن کے اندر نمایاں طور پر محسوس ہونے لگتا ہے اور چار سے چھ ماہ میں اللہ کے فضل سے مکمل صحت ہو جاتی ہے۔ سیکڑوں خطوط و تعریفیں موجود ہیں جن سے مندرجہ بالا بیان کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔ قیمت اور دوسری تفصیل کے لئے مکمل علاج کا پرچہ طلب کریں۔ دو ٹکٹ آنے پر آپ کو ارسال کیا جائیگا۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمٰن درویش فارمیسی ۶۰ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر مسلمانان ہند کا پرزور احتجاج

حکام کے غیر ذمہ دارانہ رویہ پر جابجا اظہار مذمت

بنارس میں احتجاج

بنارس ۵ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بنارس کی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت مولانا عبدالحلیم صاحب منعقد ہوا جس میں مولانا [illegible] صاحب ناظم جمعیۃ علماء بنارس نے دارالعلوم دیوبند کی پرشکوہ تاریخ مختصراً بیان کی اس کے بعد ملک میں عام ابتری اور بقرعید کے موقع پر جو فسادات ہوئے اور جو اخبار افسوس میں آئی اور دارالعلوم دیوبند کی تلاشی اور پولیس کے اہانت آمیز رویہ کے خلاف ایک قرارداد میں سخت مذمت کی گئی۔ کیونکہ دارالعلوم دیوبند ہندوستان کی جنگ آزادی کا سب سے پہلا مرکز اور مضبوط قلعہ تھا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے (۱) دیوبند کے مقامی حکام کے اس توہین آمیز رویہ پر یہ اجلاس اظہار نفرت کرتا ہے جو انہوں نے دنیائے اسلام کی سب سے بڑی مذہبی اور علمی یونیورسٹی کی تلاشی لینے میں اختیار کیا اور حکومت یوپی سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ ان تمام حکام کے خلاف کارروائی کرے جن سے تمام ملک و قوم کو صدمہ پہنچا ہے۔

دوسری قرارداد فرقہ وارانہ فسادات کے متعلق تھی جو بقرعید اور رام لیلا کے موقع پر ہوئے۔ تیسری قرارداد میں ضلع بارہ بنکی میں نماز پر [illegible] عائد کرنے کے خلاف احتجاج اور اس کی مذمت تھی۔

بریلی میں احتجاج

بریلی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء بریلی کا ایک جلسہ ہوا جس میں دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاج کرتے ہوئے ایک قرارداد پاس کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ مسلمانوں میں اس خبر سے بے حد اضطراب اور تشویش پیدا ہو گئی ہے کہ ان کی محبوب مذہبی اور لائق احترام درسگاہ کی تلاشی نہایت معاندانہ طریقہ سے لی گئی۔ قرارداد میں انتہائی رنج کے ساتھ اس کو ان افسران کی جانب سے ایک چیلنج قرار دیا گیا ہے جو اس بے عنوانی کے ذمہ دار ہیں۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ وہ درسگاہ ہے جو جد و جہد آزادی کا مسکن اور مرکز رہی ہے [illegible]

صدر جمعیۃ العلماء رسی پی کا احتجاجی تار

[illegible] صدر جمعیۃ علماء [illegible] نے دارالعلوم دیوبند میں پولیس تلاشی کے متعلق ایک تار وزیر اعظم یوپی کے نام اور ایک تار گورنر جنرل ہند کے نام بھیجا ہے جس کی ایک نقل سردار پٹیل اور ایک نقل مولانا آزاد کے نام بھیجی گئی ہے۔

تارمیں کہا گیا ہے کہ دارالعلوم کی تلاشی حضرت مولانا مدنی کی موجودگی میں [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر لبیک کہنے والے حضرات

جمعیۃ علماء ہند کی اپیل پر اس نازک دور میں جن مخلص دہندہ حضرات نے توجہ فرمائی ہے ان کی ایک فہرست درج ذیل ہے۔ ضرورت ہے کہ اہل خیر اور صاحب ثروت حضرات اس طرف مزید توجہ فرمائیں۔

دفتر جمعیۃ علماء

اس فہرست میں پانچ روپیہ سے کم امدادی رقوم کے نام درج نہیں ہیں۔ [illegible]

(۱) جناب شیخ محمد عاقل صاحب۔ دہلی ۱۱ زکوٰۃ [illegible] (۲) منیجر صاحب بنگ سوڈمنٹ کمپنی۔ کلکتہ [illegible] [illegible]

جمعیۃ صوبہ یوپی کا تیسرا وفد

ایٹہ اور اٹاوہ جا رہا ہے

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) مجلس عاملہ جمعیۃ علماء صوبہ یوپی نے اپنے اجلاس منعقدہ سہارنپور میں جمعیۃ کی جدید تنظیم اور تعمیری پروگرام کی تکمیل کا جو خاکہ مرتب کیا ہے اس کو کامیاب بنانے کے لئے جمعیۃ علماء صوبہ کا تیسرا وفد مولانا ابوالبیان صدر جمعیۃ علماء ضلع فرخ آباد کی رہنمائی میں ۱۴ اکتوبر کو کاس گنج ضلع ایٹہ پہنچ رہا ہے وفد کے ارکان اسی دن کاس گنج میں ضلع جمعیۃ کے ارکان کو تعمیری اور تنظیمی پروگرام کے متعلق ہدایات دیں گے اور پھر ۲۵، ۲۶ اکتوبر کو مولانا آفاق ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع ایٹہ کی معیت میں ضلع کے اہم مقامات کا دورہ کریں گے۔ پھر وفد ۲۷ اکتوبر کو اٹاوہ پہنچے گا۔ وہاں جلسہ عام میں تقریر کرنے کے بعد ضلع میں جمعیۃ کی تنظیم کے بارے میں ذمہ دار حضرات سے تبادلہ خیال کرکے مرزا علی جان ناظم جمعیۃ علماء کے ساتھ ۲۸، ۲۹ اکتوبر کو ضلع اٹاوہ کے اہم مقامات کا دورہ کریں گے [illegible] اکتوبر کو وفد اپنے دورہ کی رپورٹ صوبہ کے دفتر کو پیش کرے گا۔ وفد میں مولانا ابوالبیان کے علاوہ مولانا اخلاق حسین قاسمی صدر جمعیۃ علماء ضلع آگرہ اور مولانا شاہ محمد [illegible] صدر جمعیۃ علماء ضلع مین پوری بھی شامل ہوں گے۔

جمعیۃ علماء ٹونک کی اہم قراردادیں

ریلیف کمیٹی کا قیام الجمعیۃ کی اشاعت کیلئے اپیل

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا مفتی قاضی محمد ایوب صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع ٹونک کی صدارت میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ٹونک کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ناظم اعلیٰ جمعیۃ جناب مرزا صفی الدین بیگ صاحب کی تقریر کے بعد مولانا سید قاضی [illegible] جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء راجستھان و صدر جمعیۃ علماء راجستھان حضرت مولانا حکیم سید ظہیر احمد صاحب بگاتی نے مختلف کشنری سے متعلق امور پر مختصر سی تقاریر فرمائیں [illegible]

پہلی تجویز میں کشنری سے متعلق مسلمانوں کے مشورہ دینے اور ان کے نقصانات کی تحقیق [illegible] ایک جمعیۃ ریلیف کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔

دوسری تجویز میں کہا گیا ہے کہ شہر جمعیۃ اور شہر کے دوسرے محلوں میں شبینہ مکاتب اور مدارس کا قیام جلد سے جلد عمل میں لایا جائے۔ تیسری تجویز میں اسکول کے طلباء کی ان مشکلات پر غور کیا گیا جو اسکولوں سے اردو اور دینیات کے تعلیم کے خارج کر دینے سے پیدا ہوگئی ہیں۔ چوتھی تجویز میں اخبار الجمعیۃ کی ترقی اور اس کی توسیع کے لئے مسلمانوں سے اپیل کی گئی [illegible]

جمعیۃ سے درخواست کی گئی کہ وہ اپنے حلقوں اور محلوں میں خریدار بڑھانے کی کوشش کریں۔

پانچویں تجویز میں مسلمانان ٹونک کی دینی و مذہبی اصلاح کے لئے تبلیغ اور مواعظ حسنہ کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے [illegible]

علم معاشیات پر دارالترجمہ کی تصانیف

بقیہ صفحہ ۳

سے متعلق کہے جا سکیں۔ جامعہ عثمانیہ کی شائع کردہ کتب میں سے معاشیات کے موضوع پر قاضی محمد حسین صاحب کی کتاب "مالیات عامہ" بھی خاص اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کتاب کمار اپا کی ایک انگریزی تصنیف کا ترجمہ ہے لیکن تمام تر کے میدان میں اور علوم کی طرح معاشیات میں بھی دارالترجمہ عثمانیہ کا کام سب سے زیادہ اہم اور قابل قدر ہے۔ دارالترجمہ کی شائع کردہ کتب میں سے فن معاشیات پر سیگ Taussig [illegible] کی کتاب [illegible] اور [illegible] Theory of money [illegible] کے ترجمے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ آخر الذکر کتاب کا ترجمہ مولوی نصیر الدین صاحب نے کیا ہے۔ یہ دونوں کتابیں علم معاشیات میں خاص اہمیت رکھتی ہیں تاریخ معاشیات پر دارالترجمہ کی شائع کردہ کتابیں حسب ذیل ہیں:

(۱) تاریخ معاشیات مصنفہ ڈاکٹر کیلی [illegible] مترجم رشید احمد صاحب۔

(۲) معاشی تاریخ ہند۔ مصنفہ رامیش دت مترجم نصیر الدین احمد صاحب۔

(۳) معاشیات ہند۔ مصنفہ [illegible] مترجم پروفیسر الیاس برنی صاحب۔

(۴) معاشی حالات۔ از اکبرا [illegible] مصنفہ [illegible] مترجم ہاشمی صاحب فرید آبادی

اس کے علاوہ جناب ایاز برنی کی مشہور کتاب "ہندوستان کی اقتصادی تاریخ" کا بھی دو جلدوں میں ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔ نیز پروفیسر الیاس برنی صاحب نے مور لینڈ کی کتاب Introduction to Economics کا اردو میں ترجمہ کیا ہے جو مقدمہ معاشیات کے نام سے دو جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔

ان ترجموں کے علاوہ جو مختلف اداروں کی طرف سے شائع کئے گئے ہیں بعض اہل علم حضرات نے انفرادی طور پر انگریزی زبان سے براہ راست یا بالواسطہ معاشیات کی کتابوں کا ترجمہ کیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ اہم اور قابل ذکر ترجمہ کارل مارکس کی مشہور کتاب (Das Kapital) کا ہے۔ یہ ترجمہ [illegible] صاحب نے انگریزی زبان سے کیا ہے اور کتاب برائے نام ہی شائع ہوا ہے لیکن مارکس کی اصل کتاب کا پورا ترجمہ نہیں بلکہ ایک تلخیص ہے۔

اردو میں علم معاشیات پر بعض حضرات نے تصانیف بھی کی ہیں۔ ان میں سے چند تصانیف آئندہ کسی دوسرے سلسلہ میں [illegible]

ان کے علاوہ پروفیسر الیاس برنی صاحب کی کتاب علم المعیشت اور ڈاکٹر حبیب الرحمن کی کتاب اصول معاشیات بھی خاص طور پر قابل ذکر ہیں [illegible]

جمعیۃ علماء باندہ کا اجلاس

جامع مسجد باندہ میں مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع باندہ کا اجلاس منعقد ہوا۔

شہر باندہ میں جمعیۃ کے معاونین بنائے گئے ہیں [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کا وفد منگرول کو

منگرول (بذریعہ ڈاک) حسب الحکم جمعیۃ علماء حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند بمبئی سے ایک وفد منگرول پہنچا [illegible]

مباحث امروز

بقیہ صفحہ ۳

کے فرقہ وارانہ مطالبات کو پورا کرنا ہے جو دو قوموں کی تھیوری کی بنا پر تیار کئے گئے ہیں۔ تاہم مولانا کے حسن و بیخ سے قطع نظر یہ امر باعث حیرت ہے جب اکثریت زبردستی اپنے رسم الخط اور اپنی زبان کو اقلیتوں پر ٹھونستی ہے اور اقلیتوں کے کروڑوں افراد کی خواہش کو اکثریت کے بل بوتے پر پیروں تلے روندتی ہے تو اس کا یہ اقدام عین جمہوریت ہے اور دو قومی تھیوری کے تخیل کو بھی اس سے نقصان نہیں پہنچتا۔ لیکن جب اسی قسم کا اقدام کسی اقلیت کی طرف سے اٹھایا جاتا ہے تو اسے غیر جمہوریت اور دو قومی تھیوری کا طعنہ دے دیا جاتا ہے۔

کیا بخشی ٹیک چند کے بیان سے یہ سمجھا جائے کہ جو کام اکثریت کرے گی وہ تو عین جمہوریت اور ایک قومی تھیوری کی منشا کے مطابق ہوگا۔ اور جو کام اقلیتی فرقوں کی طرف سے ہوگا اسے غیر جمہوری اور دو قومی تھیوری کے تخیل کا نام دیا جائے گا۔

یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی فوری طور پر وضاحت کی ضرورت ہے۔ ورنہ آئندہ چل کر اس سے بڑی پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

جمعیۃ صوبہ کا وفد بہرائچ، گونڈہ

فیض آباد اور بستی کو

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) دفتر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی میں حیدرپور ضلع بہرائچ، نانپارہ ضلع بستی، ٹانڈہ اور مچھلی پور ضلع فیض آباد اور شہر فیض آباد سے ہنگاموں اور فسادات کی جو اطلاعات آئی ہیں ان کے پیش نظر جمعیۃ علماء کا ایک وفد جس میں ناظم اعلیٰ مولانا محمد قاسم صاحب اور مولانا ابوالوفا صاحب نائب صدر جمعیۃ علماء صوبہ شامل ہیں ۱۵ اکتوبر کو ان فساد زدہ علاقوں کے دورہ کے لئے روانہ ہو گیا۔ وفد کے ارکان نہ صرف یہ کہ واقعات کی تحقیق کریں گے بلکہ مسلمانوں سے خوف و ہراس دور کرنے کی بھی کوشش کریں گے فضا کو خوشگوار بنانے کی ہر ممکن صورت پر ہدایات دیں گے۔ وفد ۱۹ اکتوبر کو فیض آباد جائے گا اور ۲۰ اکتوبر کو لکھنؤ واپس آ جائے گا۔

مولانا ابوالوفا صاحب گونڈہ سے بہرائچ کا دورہ کرتے ہوئے روانہ ہو جائیں گے۔ اور مولانا محمد قاسم صاحب نے بستی آباد میں حضرت مولانا نصیر احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء [illegible] کی خدمت میں اپنے دورہ کی رپورٹ پیش کریں گے جو ۲۱ اکتوبر کو فیض آباد پہنچ رہے ہیں۔

بناسپتی گھی تیار کرنیوالوں کی جدوجہد

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) بناسپتی گھی کی صنعت کو ختم کرنے کے لئے عوام میں اس وقت عام رجحان ہے۔ [illegible] مختلف مقامات پر جدوجہد کر رہے ہیں [illegible]

سہارنپور میں چینی کی سخت قلت

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) راشن ہونے والی چینی نایاب ہو گئی ہے۔ چینی کی سپلائی کا کام ناقص ہے۔ [illegible]

کریم گنج میں مسٹر آئنگر کی قیام گاہ پر مظاہرہ

سلہٹ کے بارہ تھانوں کو ہندوستان میں شامل کرنیکا مطالبہ

کریم گنج (آسام) ۱۱ اکتوبر۔ کل مسٹر آئنگر حکومت ہند کے ہوم سکریٹری یہاں پہنچ گئے۔ اس سے قبل انہوں نے سورما کنڈی، شیلانگ وغیرہ کا دورہ کیا۔ یہاں انہوں نے شہریوں کے مختلف وفود سے ملاقات کی اراکین وفد نے ان سے سرحدی علاقوں اور پاکستانی اقلیتوں کی بابت گفت و شنید کی۔ ان کے کریم گنج پہنچنے پر سرکٹ ہاؤس کے سامنے جہاں وہ مقیم ہیں چند لوگوں نے مظاہرہ کیا اور اس بات کا مطالبہ کیا کہ پاکستان کے ضلع سلہٹ کے بارہ تھانوں کو انڈین یونین میں شامل کیا جائے۔ (پ۔ ٹ۔ آئی)

اردو مشترکہ کلچر کی مظہر اور ناقابل شکست اتحاد کی یادگار ہے

اردو نے ان تقاضوں کو پورا کیا جو انسانیت اور شرافت کیلئے لازم تھے (مولانا محمد میاں)

بنارس میں اردو کانفرنس کے بیانات

بنارس (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء ہند نے کل ہند بنارس اردو کانفرنس کے لئے حسب ذیل بیان دیا ہے۔

"مجھے یہ معلوم کرکے بے حد خوشی ہو رہی ہے کہ بنارس میں صحیح وقت پر کل ہند پیمانہ پر اردو کانفرنس کی تیاریاں کی جا رہی ہیں۔ اردو آج جن حالات سے دوچار ہے اس کا تقاضا ہے کہ کوئی ایسا اجتماع منعقد ہو جس میں بلاتفریق مذہب و ملت ہندوستان کے تمام ادیب، مفکر، رہنما اور اردو سے دلچسپی رکھنے والے ایک جگہ جمع ہو کر اردو کی خدمت، اس کے فروغ اور اس کے تحفظ کے لئے کوئی مجموعی لائحہ عمل تجویز کریں۔ اردو ہندو مسلمانوں کے مشترکہ کلچر کی مظہر ہے اور ناقابل شکست اتحاد و اتفاق کی یادگار۔

میں دعا کرتا ہوں کہ کانفرنس اپنے مقاصد میں کامیاب ہو۔ اور میں متوقع ہوں کہ اردو سے دلچسپی رکھنے والے حضرات ہر ممکن تعاون سے کانفرنس کو کامیاب بنانے کی جدوجہد کریں گے"!

مولانا محمد میاں کا پیغام

حضرت مولانا محمد میاں صاحب مراد آبادی ناظم جمعیۃ العلماء ہند نے بھی اس سلسلہ میں ایک پیغام بھیجا تھا جس میں کہا گیا ہے۔ "یہ معلوم کرکے بڑی خوشی ہوئی کہ مستقبل قریب میں ہندوستان کے مشہور تاریخی شہر بنارس میں کل ہند اردو کانفرنس ہو رہی ہے۔ اور اس کے ساتھ علمی نمائش بھی کی جا رہی ہے۔

میں دعا کرتا ہوں کہ یہ کانفرنس اپنے مقاصد میں پوری طرح کامیاب ہو۔ اردو ہندو مسلمانوں کا وہ مشترکہ سرمایہ ہے جو انھوں نے پچھلی کئی صدیوں میں ترقی کے مختلف دور اور پریم اور محبت کے ان تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے حاصل کیا جو انسانیت، شرافت اور تہذیب کے لئے لازم تھے۔ جو ہندوستانی اپنے ملک کی اخلاق اور تہذیب کی تہذیب کی دنیا میں سربلند دیکھنا چاہتا ہے وہ یقیناً اس کانفرنس کی کامیابی کے لئے پیش پیش رہے گا۔

کاشی کی تاریخی عظمت نے اس کانفرنس میں عجیب دلفریب اہمیت پیدا کر دی ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ اس اہمیت کا پورا پورا خیال کریں اور کانفرنس کو ہر طرح کامیاب کریں۔ کانفرنس کی پہلی کامیابی یہ ہے کہ ہر فرقے کے قابل قدر سنجیدہ اور علم دوست حضرات اس کی کامیابی کی کوشش فرما رہے ہیں۔ چنانچہ مسلمان نوجوانوں اور بزرگوں کی طرح ہندو احباب اور بزرگ بھی اردو کی محبت بھری فطرت کو اجاگر کرنے اور کانفرنس کو کامیاب کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔

لائبریری جمعیۃ الاطفال امروہہ کا جلسہ

امروہہ سید صدیق صاحب [illegible] مطلع کرتے ہیں کہ لائبریری کا ایک جلسہ [illegible] حافظ عبدالرحمن [illegible] ۱۵ اکتوبر کو بوقت نو بجے صبح زیر صدارت جناب حکیم آفتاب احمد خاں صاحب جامعی منعقد ہوا جس میں مولوی سید اعجاز حسین صاحب [illegible] امروہہ، علامہ نسیم احمد صاحب فریدی اور قاری عزیز الحق صاحب قاری اسرار الحق صاحب وغیرہ نے شرکت فرمائی [illegible]

کسانوں کو زمینوں پر مالکانہ حقوق لینے کیلئے چاہیے پھر تا خزانہ؟

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) کسانوں میں زمینوں پر مالکانہ حقوق حاصل کرنے کے لئے کافی جوش و خروش پایا جاتا ہے کاشتکاروں نے سرکاری خزانہ میں زر لگان داخل کرکے مالکانہ حقوق کی سند حاصل کر لی ہے۔ باقی رہ گئے ہیں اور دھان کی فصلوں کے انتظار میں ہیں۔ [illegible]

تھوک قیمتوں کے نرخوں میں اضافہ

[illegible]

سہارنپور میونسپل بورڈ کے انتخابات ملتوی

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) میونسپل بورڈ سہارنپور کے عام انتخابات دسمبر ۱۹۴۹ء میں ہونے والے تھے۔ [illegible] اپریل ۱۹۵۰ء تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔ (نامہ نگار)

مذبح خانہ ہٹانے کی تجویز

سہارنپور ۱۲ اکتوبر۔ [illegible]

برطانیہ آنے والے سیاحوں کی تعداد کا نیا ریکارڈ

لندن (بذریعہ ڈاک) [illegible] (لندن پریس سروس)

اہل برطانیہ کی صحت

لندن (بذریعہ ڈاک) [illegible]

ہند پارلیمنٹ کے حزب مخالف کو توڑ دیا گیا

تمام ممبر اجلاس میں اپنی انفرادی حیثیت میں شریک ہوں گے

نئی دہلی ۱۸ اکتوبر۔ پروفیسر کے۔ ٹی شاہ کی زیر سرکردگی سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کے نام سے ہند پارلیمنٹ میں جو مخالف پارٹی قائم کی گئی تھی اس نے اب فیصلہ کیا ہے کہ جب تک پارٹی کو بطور مخالف پارٹی کے سرکاری [illegible] طور پر تسلیم نہ کیا جائے۔ اس کے ممبران بطور گروپ اجلاس میں شامل نہ ہوں گے بلکہ اپنی انفرادی حیثیت میں ہی شریک ہوں گے۔

پارٹی کی طرف سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ جب تک پارٹی کو سرکاری طور پر تسلیم نہ کیا جائے اسے سہولتیں اور حقوق حاصل ہونے کی بجائے اس کے راستے میں مزید مشکلات حائل ہو گئی ہیں۔ مخالف پارٹی کو سردست توڑ دیا گیا ہے۔ پارٹی کو توڑنے کا ایک اور سبب جس کا سکریٹری نے کوئی ذکر نہیں کیا یہ ہے کہ بارہ ممبروں میں سے پانچ ممبروں نے استعفیٰ دیدیا ہے جو صوبائی اسمبلیوں کے ممبر بھی ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ محبوب علی بیگ (مدراس) مسٹر آر۔ ایم۔ نلاولے (بمبئی) مولانا حسرت موہانی (یوپی) مسٹر سرنگدھر سہنا (بہار) اور مسٹر کشمی نرائن ساہو (اڑیسہ) (نامہ نگار پ۔ ٹ۔ آئی)

گورنر جنرل کا پیغام

ہندو کمایون کی اقوام متحدہ ایسوسی ایشن نے کل شام ہفتہ اقوام متحدہ کے سلسلہ میں بین الاقوامی اجتماع کا انتظام کیا۔ اجتماع میں پاکستانی ہائی کمشنر، نیپال کے سفیر، روسی سفارت خانہ کے ایلچی، انڈونیشیا کے نائب نمائندے ہند، پاکستان اور سیلون کے لئے اقوام متحدہ کے مرکز کے ڈائرکٹر وغیرہ شامل ہوئے۔ ۳۰ اقوام کے جھنڈے لگائے گئے تھے۔ گورنر جنرل نے ایک پیغام بھیجا جس کو مسٹر آر کے گپتا نے پڑھ کر سنایا۔ راجہ جی نے کہا تھا کہ جو امن قائم کر سکتا ہے، [illegible] دعوت طعام دی گئی۔

مصر میں روسی اشیاء کی درآمد پر پابندی

قاہرہ ۱۸ اکتوبر۔ وزیر اعظم مصر حسین سری پاشا نے بحیثیت وزیر خزانہ کے محکمہ کسٹم افسران کو کہا ہے کہ وہ وزیر اعظم کی تحریری اجازت کے بغیر روس سے مصری بندرگاہوں تک پہنچنے والی اشیاء ملک میں داخل نہ ہونے دیں۔

روس سے برآمد ہونے والی اشیاء میں روئی کے کپڑے اور بناسپتی چربی اشیاء شامل ہیں۔ حکومت خطرہ محسوس کرتی ہے کہ سستی روسی اشیاء کی وجہ سے مقامی معاشی حالت پر برا اثر پڑے گا۔ (گلوب)

ہندی اخباروں کی تردید!!

چند مقامی ہندی اور اردو کے اخباروں میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ مسز ارونا آصف علی نے سوشلسٹ پارٹی سے استعفیٰ دے دیا۔ یہ خبر بالکل غلط اور بے بنیاد ہے۔

کہ ارونا جی کی صحت خراب ہے۔ اس وجہ سے وہ آجکل سیاسی کاموں میں عملی حصہ نہیں لے رہی ہیں۔ اور آرام کرنے کے لئے [illegible] گئی ہوئی ہیں۔

۱۰ دسمبر [illegible] تشریف لے جائیں گی۔ اور پھر واپس آ کر اپنی سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیں گی۔

(میر مشتاق احمد۔ ارونا ہال۔ اردو بازار)

رضا ڈگری کالج رامپور میں!

مسٹر ٹنڈن کی آمد

رامپور ۹ اکتوبر۔ کل شام کے چھ بجے مسٹر پرشوتم داس ٹنڈن رضا ڈگری کالج میں کالج یونین کی رسم افتتاح ادا کرنے تشریف لائے۔

اس موقعہ پر کالج ہال کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور مہمانوں میں نواب سکندر علی، مسٹر [illegible] موجود تھے۔ [illegible] کے بعد پرنسپل عبدالشکور نے مہمان محترم کا خیر مقدم کرتے ہوئے کالج کی مختصر تاریخ بیان کی۔

اس کے بعد مسٹر ٹنڈن نے اپنی تقریر میں طلباء کو اقلیت کی جانب متوجہ ہونے کی دعوت دی اور فرمایا کہ ہندو اور مسلمانوں کی مذہبی کتابوں کا بھی مقابل وطور سے مطالعہ کرنا چاہئے۔

جلسے کے ختم پر ایک پرتکلف ایٹ ہوم سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔ (ایک نامہ نگار)

سوشلسٹ پارٹی یونٹ کا جلسہ

جامع مسجد سوشلسٹ پارٹی یونٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی کی ایک ضروری میٹنگ بروز منگل ۱۸ اکتوبر کو شام کو سات بجے ارونا ہال اردو بازار دہلی میں ہوگی۔ ایجنڈا حسب ذیل ہے

(۱) ایگزیکٹو کمیٹی میں ممبران کا اضافہ۔

(۲) شریمتی سنیتا دتی دیوی کا یوم وفات کا پروگرام۔

(۳) چینی کی قلت کے مسئلہ پر غور۔ (آفس سکریٹری)

مسٹر جے پرکاش نرائن کی تقریر

مسٹر جے پرکاش نرائن جنرل سکریٹری سوشلسٹ پارٹی جمعرات ۲۰ اکتوبر کو شام کے ۵ بجے [illegible] میں [illegible] کے راستے کے عنوان پر تقریر کریں گے۔

مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی عبادتگاہوں کا احترام کیا جائے

اکالی دل کی سکھوں کو ہدایت

امرتسر ۱۷ اکتوبر۔ شرومنی اکالی دل کی ورکنگ کمیٹی نے کل ایک قرارداد کے ذریعہ سکھوں کو ہدایت کی کہ وہ مسلمانوں کی چھوڑی ہوئی عبادت گاہوں کا احترام کریں۔ [illegible] عبادت گاہوں کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے میٹنگ کی صدارت جتھیدار پریتم سنگھ گوجراں نے کی اور اس میں ماسٹر تارا سنگھ بھی [illegible]

شرنجیت سنگھ [illegible] کی زبان کے متعلق پنجاب کے فیصلہ پر بھی غور و خوض کیا اور ۳۰ اکتوبر تک جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ہوگا اس کے متعلق فیصلہ کو ملتوی کر دیا اس لئے کہ اس درمیان میں ماسٹر تارا سنگھ سکھ ممبران اسمبلی سے بھی مشورہ کرلیں گے۔ (پ۔ ٹ۔ آئی)

آر۔ ایس۔ ایس والنٹیئر

ڈاکہ زنی میں زخمی ہو گیا

چھپارن (بذریعہ ڈاک) چمپا ضلع چمپارن میں گذشتہ ہفتہ جو ڈاکہ زنی ہوئی تھی اس میں ایک ڈاکو جو جاتے ہوئے زخمی ہونے کی حالت میں گرفتار ہوا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ آر۔ ایس۔ ایس کا سرگرم کارکن ہے۔ وہ ہسپتال کے ایک وارڈ میں زیر علاج ہے۔ [illegible] (نامہ نگار)

جیش نیپکے کی قیمت نہیں گھٹیگا

لندن ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] ڈالر کی قیمت میں کمی نہیں [illegible]

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ ہوائی جہاز یا ریل

اگر حفاظت اور جلدی سے بھیجنا ہے تو ہماری معرفت روانہ کریں۔

ٹکٹ بھی بلا کمیشن خریدیں

المشتہر۔ دہلی کمرشل کارپوریشن کمیشن ایجنٹ بلیماران دہلی۔

دارالسلطنت

صدر جمعیت علماء علاقہ ۹ کا یوپی اور مرکزی حکومت کے وزراء کو تار

دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاج

دہلی ۱۸ اکتوبر۔ مولوی محمد فاروقی صاحب صدر جمعیت علماء علاقہ ۹ نے ہند کے گورنر جنرل وزیر اعظم ہندوستان اور صوبہ یوپی کے گورنر وزیر اعظم اور ہوم منسٹر کے نام دارالعلوم دیوبند میں تلاشی پر احتجاجی تار ارسال کی ہیں۔

"دہلی میں مسلمانوں کے اضطراب و بےچینی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائے۔"

ساٹھ جواری گرفتار

دیوالی قریب آنے پر پولیس نے شہر میں جواریوں کے اڈوں پر نظر رکھنی شروع کر دی ہے۔ شہر میں مختلف مقامات پر چھاپہ مار کر پولیس نے سبزی منڈی، پہاڑ گنج اور کوتوالی کے علاقوں سے ساٹھ جواری گرفتار کئے۔ گرفتار شدگان میں بعض بڑے بڑے لوگ بھی شامل ہیں۔

تھانہ کوتوالی پولیس نے ریلوے پولیس کو اسٹیشنوں پر چھاپہ مار کر گرفتار بازوں کے ایک گروہ کا سراغ لگایا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انٹی کرپشن اسٹاف ریلوے پولیس کا ایک حوالدار بھی ان قماربازوں میں شامل تھا۔ [illegible] کر لیا گیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حوالدار مذکور ان قماربازوں سے روزانہ پانچ روپے وصول کرتا تھا۔ (م)

سردار پٹیل کی طرف سے دعوت

سردار پٹیل نائب وزیر اعظم نے دستور ساز اسمبلی کے ممبروں اور صحافیوں کو کل شام کونسل ہاؤس میں چائے کی دعوت دی۔ (پ ٹ ا)

طلائی نیکلس چھین لیا

ایک عورت نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ قرول باغ میں اجمل خاں روڈ پر دو سکھوں نے اس کا طلائی نیکلس چھین لیا۔ (ان ک)

ایک چوکیدار گرفتار

اتوار کو ایک شخص کھیم سہرخان کو [illegible] اس الزام میں گرفتار کیا گیا کہ اس کے قبضہ سے ۸۰ بوتل ناجائز شراب برآمد ہوئی ہے۔ سنہری پل [illegible] کا ایک چپراسی [illegible] ملاک میں ایک ٹرک [illegible] فرار ہو جانے پر گرفتار کر لیا گیا۔

جنا برج پر لاری کی ٹکر

اتوار کو جنا برج پر جب ایک کانسٹبل نے ایک سوشل لاری کو جس میں مسافر تھے روکنے کا اشارہ کیا تو وہ [illegible] سے ٹکرا گئی۔ ڈرائیور لاری کو کنٹرول نہ کر سکا تین اشخاص زخمی ہو گئے۔

ہفتہ اقوام متحدہ کا افتتاح

کل نئی دہلی میں راج کماری امرت کور نے کاروان ہند سوسائٹی کی ایک برانچ کی طرف سے ہفتہ اقوام متحدہ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ امن صرف بین الاقوامی تعاون کے ذریعہ ہی حاصل کیا جا سکتا ہے

انہوں نے کہا اقوام متحدہ پر زیادہ بھروسہ کرنا چاہئے انہوں نے اس امر پر اظہار پسندیدگی کیا کہ بچوں کو دوسرے ممالک کی فلمیں دکھائی جائیں تاکہ وہ دوسرے ممالک کے حالات سے واقف ہو سکیں۔

کمیونسٹ نظربندوں کے خلاف مقدمہ

دہلی جیل کے چار کمیونسٹ نظربندوں کے خلاف ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کو نہ ماننے کے الزام میں سیفٹی ایکٹ کے ماتحت مقدمہ چلایا جائے گا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ انھوں [illegible]

نئے ہولیس خود گرفتار ہے [illegible] کی حالت میں رکھنے کی ضرورت تھی

لوہے اور فولاد کے اسکینڈل کا مقدمہ

مسٹر شانتی لال آہوجہ کی عدالت میں سیٹھ گوبند لال، دھولیپوری اور دہلی کے چار تاجروں کے خلاف لوہے اور فولاد کے اسکینڈل کے سلسلہ میں جو مقدمہ چل رہا ہے کل اس سلسلہ میں وہاں صفائی کے بیانات ہوئے عدالت میں اسٹیل کنٹرولر سپلائی اور دھولیپور کے الیکٹریکل انجینئر کے خطوط اور سرٹیفکیٹ پیش کئے گئے۔ دھولیپور پاور ہاؤس کے اکاؤنٹنٹ رام دیال صاحب کا بھی بیان ہوا۔ دہلی ریکل اسٹاک ہولڈرز ایسوسی ایشن کے ایک کلرک کا بھی بیان ہوا۔ بعض دوسرے گواہوں کے بیان کے بعد مقدمہ ۳ اکتوبر تک ملتوی کر دیا گیا۔

دیوبند پولیس کی مذمت

جمعرات کے دن رضاکاران احرار ضلع ہلال ۹ نے اپنے ایک جلسہ میں پولیس کی مذمت کی قرارداد منظور کی جس میں کہا گیا کہ یہ اجلاس پولیس دیوبند کے اس نازیبا رویہ کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو اس نے مسلمانان عالم کی سب سے بڑی مذہبی یونیورسٹی دارالعلوم دیوبند کی تلاشی کی صورت میں اختیار کیا تھا نیز یہ اجلاس گورنمنٹ آف انڈیا اور وزیر اعظم یوپی سے مطالبہ کرتا ہے۔ وہ تحقیقات کرا کے مسلمانان ہند کے دلوں کو مطمئن کریں اور پولیس دیوبند کی اس سازش کو بے نقاب کریں جس کے ماتحت پولیس دیوبند نے مسلمانوں کی سب سے بڑی مذہبی درسگاہ کی توہین کی ہے۔

(سکریٹری)

چینی کی بابت اعلان

سول سپلائیز ڈپارٹمنٹ کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ۱۶ اکتوبر کو ختم ہونے والے پندرہواڑہ کے لئے چینی کے راشن کی تعداد میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی سابقہ مقدار یعنی سوا چھٹانک فی کس فی ہفتہ برقرار رہے گی۔ مختلف اداروں کو چینی کا جو راشن دیا جاتا ہے اس کی مقدار میں بھی تبدیلی نہ ہوگی۔ دیوالی کی وجہ سے بلیک مارکیٹ میں چینی کا بھاؤ ۲ روپے سیر ہو گیا ہے۔

وزارت زراعت کے سکریٹری کا لڑکا زخمی

وزارت زراعت کے سکریٹری مسٹر پنجابی کا ایک لڑکا موٹر کے ایک حادثہ میں زخمی ہو گیا۔ اسے فوراً ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ کار کو سردار بلدیو سنگھ وزیر دفاع کا لڑکا چلا رہا تھا۔ انڈیا گیٹ کے قریب کار الٹ گئی۔

گوالے ہڑتال کریں گے

اگر جلد امسال اور گوالوں میں دودھ کی قیمت کے بارے میں فیصلہ نہیں ہوا تو جیسے دہلی میں دودھ آنا بند ہو جائے گا۔ گوالوں نے [illegible] کر دیا ہے۔

ان کا مطالبہ ہے کہ دہلی میں چارہ کی قیمت میں اضافہ ہونے سے دودھ کی قیمت بھی ۲۲ روپے آٹھ آنے من سے بڑھا کر ۳۴ روپے کر دی جائے۔ کیونکہ دہلی میں چارہ مہنگا ہو گیا ہے ان کے ایک ترجمان نے کہا چارہ مہنگا ہونے سے سائیکل قیمت [illegible] نے کہا مشرقی پنجاب میں چارہ چھ یا سات روپے من فروخت ہو رہا ہے اور دہلی میں گیارہ روپے من فروخت ہوتا ہے

نو ماہ کے اندر مدھیہ بھارت میں گیارہ پولیس افسر کام آئے

گیارہ ڈاکو ہلاک اور ۱۳۱ گرفتار کئے گئے۔ پولیس کی کارگذاری کی رپورٹ

گوالیار ۱۸ اکتوبر۔ جنوری سے ستمبر ۱۹۴۹ تک کی مدت کی سرگرمیوں کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دوران میں ۹ ڈاکو ہلاک ہوئے اور ۱۳۱ گرفتار کئے گئے۔ ان کے مقابلہ میں گیارہ پولیس افسر کام آئے اور ۹ مجروح ہوئے۔ اس اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ جرائم پر قابو اور جہاں تک لا اینڈ آرڈر کا تعلق ہے اب حالات اطمینان بخش ہے۔ کیونکہ مشہور ڈاکو مان سنگھ کی وجہ سے عام طور پر قانون کی زبردست خلاف ورزیاں ہوئیں۔ مان سنگھ کی سرگرمیوں کے علاوہ اس دوران میں یہ خاص خاص واقعات پیش آئے۔ ۱۳ راجپوتوں میں بچے چرانے کے سلسلہ میں ہجوم نے تین اشخاص کو اذیت دے کر ہلاک کر دیا مندسور اور مان پور میں فرقہ وارانہ فساد رہا۔ ڈاک والوں نے ہڑتال کی اور مندسور میں ہڑتال ہوئی۔ پولیس کی تنظیم اور اس کے ترقی دینے کا کام جاری رہا حکومت نے پولیس کی اہمیت اور اس کی ضروریات کو ترجیح دی اس میں کہا گیا کہ اگر سیاسی اور اقتصادی حالت نہ بگڑی تو پولیس کی مشکلات دور ہو جائیں گی۔ (پ ٹ ا)

اسرائیلی پارلیمنٹ پر یہودیوں کا مظاہرہ

بڑھتی ہوئی بے روزگاری کا نتیجہ

قاہرہ ۱۸ اکتوبر۔ مصری وزارت خارجہ کو معلوم ہوا ہے کہ اسرائیل میں حال میں جو یہودی آئے تھے وہ اس وقت کیمپوں میں مقیم ہیں ان کی تعداد ساٹھ ہزار بتائی جاتی ہے جو کہ دو ماہ میں اضافہ کرنے کا ملک کی داخلی معیشت پر برا اثر پڑا ہے اور کارخانے بند ہونے لگے ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ بیکاری بڑھ گئی ہے اور ہزاروں اشخاص کام کی تلاش میں سڑکوں پر گشت کر رہے ہیں بیکاروں کی بہت بڑی تعداد نے تل ابیب میں مظاہرہ کیا اور اسرائیلی پارلیمنٹ کا راستہ بند کرکے لیبر منسٹر سے یہ بات واضح کرنی چاہی کہ وہ ان لوگوں کے لئے کام تلاش کریں اس اطلاع کے مطابق صورت حالات نازک ہے (گلوب)

جنوبی افریقہ سے درآمد پر پابندی

حکومت پاکستان اٹھائے گی

کراچی ۱۸ اکتوبر۔ جلد حکومت پاکستان حکومت جنوبی افریقہ کی اس خواہش کو منظور کرلے گی کہ ہندوستان اور پاکستان جنوبی افریقہ سے آنے والے سامان پر سے پابندی دور کر دیں۔ زبن میں ایک سہ جماعتی کانفرنس جس میں ایک طرف جنوبی افریقہ ہوگا اور دوسری طرف ہندوستان اور پاکستان جنوبی افریقہ میں ہندوستانیوں سے سلوک کے مسئلہ پر غور کرے گی۔ یہ گفت و شنید اتفاقی زمیت کی ہوگی اور اس سلسلہ میں اپنے سابقہ سیشن میں اقوام متحدہ نے جو قرارداد منظور کی تھی یہ گفت و شنید اسی کے تحت عمل میں آئے گی۔ (گلوب)

انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہلی میں چارہ کی درآمد پر سے پابندی منسوخ کی جائے۔ ورنہ مویشیوں کا پیٹ بھرنا مشکل ہو جائے گا۔

درجہ حرارت و طلوع و غروب

کل دہلی کا درجہ حرارت زیادہ سے زیادہ ۹۵ / ۸ اور کم سے کم ۶۲ / ۱ درجہ رہا۔

طلوع آفتاب ۶ بجکر ۲۳ منٹ پر ہوا اور کل ۶ بجکر ۲۴ منٹ پر ہوگا۔

آج ۵ بجکر ۹ منٹ پر اور کل ۵ بجکر ۸ منٹ پر آفتاب غروب ہوگا۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹

بازار صرافہ

سونا پاسہ ۱۱۵-۱۲ روپے۔ چھوٹی ۸-۲-۱۱۲ روپے [illegible]

بازار حصص

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

بمبئی بازار صرافہ

[illegible]

مدراس کا ہینڈلوم کپڑا!

[illegible]

Amrico Tonic

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانیوالی دوا

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کیلئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور نا طاقتی کی جملہ شکایات کو رفع کرتی ہے [illegible] قیمت فی شیشی ۳ خوراک تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے (للعہ) علاوہ محصول ڈاک۔

امیکو طلا

یہ نہایت مشہور اور کامیاب دوا ہے سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے۔ [illegible] قیمت فی شیشی تین روپے چار آنے تین شیشیاں ۹ روپے

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ (فہرست ادویات مفت طلب کریں)

برص کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج

یہ ایک نہایت ہی خبیث اور موذی مرض ہے۔ آج کون اس کے تباہ کن اثرات سے واقف نہیں۔ اس مرض کا حملہ ہوتے ہی مریض زندہ درگور ہو جاتا ہے۔ [illegible] "درویشی" کے نام سے [illegible] درویشی کے چند دنوں کے استعمال سے [illegible] قیمت اور دوسری تفصیل کے لئے مکمل علاج کا پرچہ طلب کریں [illegible]

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویش فارمیسی ۱۶ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ

فوطہ بڑھ جانے اور آنت اترنے کی مجرب دوا

[illegible]

رجسٹرڈ ایل ۵۳۳۱

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۲۷ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۱ اکتوبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۴۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

جیل میں بھوک ہڑتال کرنیوالے قیدیوں کو سزا

ڈھاکہ ۱۹ اکتوبر۔ کل سات نظر بند عورتوں کو جن پر جیل کے قواعد کی خلاف ورزی میں مقدمہ چلایا گیا تھا دو دو ماہ قید سخت کی سزا دی گئی …… انھوں نے گذشتہ ستمبر میں بھوک ہڑتال کر کے جیل کے قواعد کی خلاف ورزی کی تھی۔ (پ۔ ٹ رائٹر)

روس نے چالیسویں بار ویٹو استعمال کیا

لیک سکسیس ۱۹ اکتوبر۔ روس نے آج چالیسویں بار اس تجویز کے خلاف مجلس تحفظ میں ویٹو استعمال کیا کہ دنیا بھر میں اسلحہ شماری کی جائے۔ اور ایسی ایجنسی قائم کی جائے جو فوج اور فوجی سامان کی بابت جو اطلاعات حاصل ہوں انھیں چیک کرے۔ (پ۔ ٹ رائٹر)

ہندوستان بہت جلد کمیونسٹ چین کو تسلیم کر لے گا؟

کینٹن سے ہندوستانی سفیر کو مشورہ کیلئے بلالیا گیا

حکومت ہند حقائق سے چشم پوشی نہیں کر سکتی

امریکی اخبار نویسوں کے روبرو پنڈت نہرو کا اعلان

نیویارک ۱۹ اکتوبر۔ پریس ٹرسٹ کے نامہ نگار ڈی۔ پی۔ دیکشت لکھتا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے کل کہا کہ ہندوستان اس بات کا ارادہ رکھتا ہے کہ جنوب مشرقی ایشیائی حلقہ میں ایشیائی اشتراک و تعاون کے لیے کام کرنے کے متعلق اپنے فرض کو پورا کرے۔

پنڈت نہرو نے ایک لیکچر میں جو امریکہ کے سمندر پار کلب کی طرف سے دیا گیا پالیسی سے زیادہ اخبار نویسوں کے روبرو ہندوستانی خواہشات اور مقاصد پر روشنی ڈالی۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہ ہندوستان چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ وزیر اعظم ہند نے کہا: "دوسری حکومتوں کی طرح ہم حقائق سے چشم پوشی نہیں کر سکتے۔" آپ نے مزید کہا کہ کینٹن سے ہندوستانی سفیر کو اس سلسلہ میں مشورے کے لیے طلب کیا گیا ہے۔

پنڈت نہرو نے کہا کہ جب سے ہندوستان نے آزادی حاصل کی ہے، بہت سوں نے ایشیا میں ہندوستان کی قیادت کا تذکرہ کیا ہے۔

بنیادی مسائل

پنڈت نہرو نے کہا: ہندوستان کے مسائل باقی ایشیا کی طرح خوراک اور زمینی ترقی کے مسائل ہیں۔

باقی صفحہ ۴ پر

برطانیہ نے چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنیکا فیصلہ کر لیا

وزارت خارجہ کے ایک ترجمان کا بیان۔ متعلقہ حکومتوں کو مطلع کر دیا گیا

لندن (پریس ٹرسٹ رائٹر) ۱۹ اکتوبر۔ باخبر حلقوں میں معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ عنقریب ہی چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کر لے گا۔ ایک برطانوی وزارت خارجہ کے ترجمان نے یہ بتاتے ہوئے کہ اس سلسلہ میں ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

(باقی صفحہ ۴ کالم ۵ پر)

آج پنڈت نہرو ہند و امریکہ کے تعلقات پر اہم اعلان کرینگے

امریکہ کے شاندار ہوٹل میں شاندار دعوت کا انتظام!

نیویارک ۱۹ اکتوبر۔ پنڈت جواہر لال نہرو ہند اور امریکہ کے تعلقات کے سلسلے میں آج ایک دعوت میں جو امریکہ کی خارجی پالیسی کی انجمن ہے اور بحر الکاہل سے متعلق ادارہ کی طرف سے دیجا رہی ہے۔ ایک اہم اعلان کرینگے۔

توقع ہے کہ والڈورف ہوٹل کے …… ہال میں تقریباً دو ہزار مہمان جمع ہوں گے۔ یہ اجتماع پنڈت نہرو کے دورہ امریکہ کے دوران میں سب سے الگ اور سب سے زیادہ شاندار ہوگا۔

ہانگ کانگ کی سرحد پر برطانوی افسر اور چینی کمیونسٹ دستہ کی ملاقات

کلکتہ میں چینی کیلئے عورتوں کا زبردست جلوس اور مظاہرہ

پولیس کو اشک آور گیس کے ذریعہ ہجوم کو منتشر کرنا پڑا

افریقہ کی اطالوی نوآبادیوں کی سرحد پر چار بڑوں کی کانفرنس

لیبیا میں کمشنر کے تقرر کے لئے کمیٹی کے قیام کا فیصلہ

لیک سکسیس ۱۹ اکتوبر (پریس ٹرسٹ رائٹر) مجلس اقوام میں فرانسیسی اور مصری نمائندوں نے …… افریقہ میں سابقہ اطالوی مقبوضات کے مسئلہ کے متعلق چار بڑوں روس، فرانس، امریکہ اور برطانیہ کے درمیان کانفرنس کی تجویز پیش کی ہے۔

کمیونسٹ چین میں ریلوں کا انتظام

روسی ماہرین کی کانفرنس میں شرکت

چینی کمیونسٹ بحری بیڑہ بنائینگے

کمانڈر لن سو کا اعلان

الجمعیۃ

کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیجئے۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب آج حیدر آباد تشریف لے جا رہے ہیں

شنگھائی پر بمباری

پاکستان کی مردم شماری

عرب لیگ کے اجلاس میں شرق اردن کے وفد کی شرکت!

پنڈت پنت کی پریس کانفرنس

زمینداری فنڈ میں کامیابی کی امید

روس کے پاس ۱۹۴۷ء سے ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ وزیر خارجہ روس کا اعلان

نیویارک میں مسٹر وشنسکی کی اہم پریس کانفرنس

مجلس تحفظ کے انتخاب کے سلسلہ میں امریکہ پر سازش کرنے کا الزام

لیک سکسیس ۱۹ اکتوبر۔ روس کے وزیر خارجہ موسیو وشنسکی نے گذشتہ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ روس کے پاس ۱۹۴۷ء سے ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔

وشنسکی کا پانچ نکاتی پروگرام!

EST. 1925

Aljamiat Daily & Weekly

الجمعیۃ روزانہ و ہفتہ وار

DATE:- 20-10-49

PHONE 5855

پنڈت نہرو اور امریکی وزارت خارجہ کے اعلیٰ حکام کی خفیہ گفت و شنید

پنڈت جی برطانوی کابینہ کو تمام باتوں سے مطلع کریں گے

ملک میں نمک کی کمی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

کافی مقدار میں اسٹاک موجود ہے ایک ترجمان کا بیان

نئی دہلی ۱۹ اکتوبر۔ کل ایک ترجمان نے کہا ملک میں نمک کافی مقدار میں موجود ہے اس نے اگر کہیں نمک کی کمی ہے تو وہ غیر سماجی عناصر کی حرکتوں سے ہے۔

جاپان کو نمک کی برآمد

تین ہفتے تک برطانیہ کمیونسٹ چین کی حکومت تسلیم کر لے گا

برطانوی سفیر کی شنگھائی سے واپسی کا انتظار

وزیر اعظم سندھ کیخلاف شکایات

کرنال میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

جائدادوں کے متعلق کسٹوڈین کا حکم

کسٹوڈین آف ایویکوئی پراپرٹی نے حکم جاری کیا ہے کہ درخواست برائے واپسی جائداد …… پر دس روپیہ کا ٹکٹ لگانا ہوگا۔ …… اس لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ جن صاحبان کی درخواستیں اب تک زیر غور ہیں وہ کورٹ فیس پوری کرنے کا جلد از جلد انتظام کریں۔

سیکریٹری قانونی امدادی کمیٹی جمعیۃ العلماء ہند دہلی

امریکی بچوں سے پنڈت نہرو کی باتیں۔!

بچوں نے وزیر اعظم ہند پر سوالات کی بوچھاڑ کر دی

نیویارک ۱۸ اکتوبر۔ کل پنڈت نہرو نے دس منٹ نیویارک سکول کے بچوں کے ساتھ گذارے۔ بچوں نے انہیں پھول وغیرہ نذر کئے۔

ایک چھوٹی لڑکی نے دریافت کیا کہ "ہندوستان کا سب سے نازک ترین مسئلہ کیا ہے؟" "غربت" پنڈت جی نے جواب دیا۔

افتتاحی تقاریر کے بعد عرب لیگ کا جلاس ہفتہ تک ملتوی کر دیا گیا

عظیم تر شام فلسطین اور مشترک بین الاقوامی وضع کرنے پر غور!!

قاہرہ ۱۸ اکتوبر۔ کل شب شامی خاندان کی صدارت میں عرب لیگ کونسل کا گیارھواں سالانہ اجلاس شروع ہوا۔

مہاتما گاندھی کے مقدمہ قتل کا مفرور

ملزم گوالیار میں گرفتار کر لیا گیا

چھانگ حشمت خاں والوں کیلئے ضروری اعلان

مسٹر رشید علی بیگ نئی دہلی کو

امریکن فیڈرل کورٹ کا پہلا حبشی جج

انڈونیشیا

بقیہ صفحہ اول

ڈچ حلقوں کا بیان!

پنڈت نہرو کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

جنگ کے حقیقی اسباب

انڈونیشیا

سنکیانگ لداخ تجارت بند

مشرقی پنجاب کی وزارت

(بقیہ صفحہ اول)

محکموں کی تقسیم!

امریکن حلقوں میں کھلبلی

بقیہ صفحہ اول

پنڈت نہرو کا استقبال

بقیہ صفحہ اول

پنڈت جی کا جواب

گھنٹہ مارکہ تمباکو

کھانے کے لئے بہترین تمباکو ہے

شیخ الہند جنتری

اس جنتری نے جو مقبولیت حاصل کی ہے ہندوستانی جنتریوں کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا لیکن فرمائشیں برابر جاری رہیں۔ اب دوسرا ایڈیشن آٹھ صفحات کے اضافہ کے ساتھ شائع ہوا ہے۔ اس میں ذالحجہ ۱۳۶۸ھ سے ایک جنتری اور اس سال کے بہترین تاریخی ایام۔ جمعیۃ علماء اور کانگریس کی تاریخ۔ دونوں جماعتوں کے لیڈروں کی زندگی کے حالات۔ ہندوستان کے نئے دستور کا خلاصہ۔ انبیاء علیہم السلام کے حالات۔ ڈاک و تار کے متعلق معلومات۔ عرسوں کی تاریخیں۔ تین ہزار سالہ کیلنڈر مفید کارآمد اور سیاسی معلومات سے جنتری ایک اچھی خاصی انسائیکلوپیڈیا بن گئی ہے۔

قیمت صرف نو آنے۔ بذریعہ منی آرڈر بھیجئے یا وی پی منگائیے

ملنے کا پتہ

منیجر گوشہ ادب ۱۰؍ حویلی اعظم خاں دہلی

کانگریس منیوں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت ستیارام لوکل میونسپل کانگریس کمیٹی سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

قیمت ۱۲ آنے

ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

ہفت سورہ مترجم مجلد	۵؍	جنت کی کنجی مجلد	۱۲؍
خدا کی باتیں مجلد	۱۲؍	دوزخ کا کھٹکا مجلد	۱۵؍
رسول کی باتیں مجلد	۱۲؍	صلوۃ والسلام	۱۲؍
پردہ کی باتیں مجلد	۱۲؍	رسول اللہ کا غلبہ	۱۲؍
پہلی تقریر سیرت مجلد	۵؍	دوسری تقریر سیرت مجلد	۱۲؍

شوکت آرا بیگم مجلد ۱۲؍

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

متروکہ جائدادوں کے بارے میں حکومتِ ہند نے اپنا نیا آرڈیننس شائع کر دیا

آرڈیننس میں ہندوستانی مسلمانوں کے لئے تحفظات

صرف پاکستان جانے والے مسلمانوں کی جائداد ہی کو متروکہ سمجھا جائیگا

نئی دہلی ۱۹ اکتوبر۔ گذشتہ شام حکومت ہند نے متروکہ جائداد کے متعلق وہ نیا آرڈیننس شائع کر دیا ہے جس کا بیتابی سے انتظار کیا جا رہا تھا۔ اس آرڈیننس کے تحت ہندوستانی مسلمانوں کے تحفظات کا خیال رکھا گیا ہے۔ اور بہت حد تک جمعیۃ علماء کی وہ ترمیمات منظور کر لی گئی ہیں جو اس کی طرف سے ہندوستانی مسلمانوں کے تحفظات کے متعلق پیش کی گئی تھیں۔

آرڈیننس کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ اس میں نکاسی کی تعریف بدل دی گئی ہے۔ اور کسٹوڈین کے خلاف اپیل کرنیکا حق تسلیم کر لیا گیا ہے۔ اب تک صرف کسٹوڈین کا فیصلہ اتفاقی سمجھا جاتا تھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سیکڑوں ہزاروں ان اشخاص کو بھی نکاسی بنا دیا گیا ہے جو ہندوستان ہی کے باشندے تھے۔ اور جنھوں نے ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں نمایاں پارٹ ادا کیا تھا۔ خود پنڈت نہرو نے گاندھی جینتی کے موقعہ پر [illegible] میں اس بات کا اعتراف کیا کہ "میرے بعض پچیس سال کے ساتھی نکاسی بنا دیئے گئے"۔ لیکن اگر [illegible] اور کسٹوڈین کے عملہ نے منصفانہ طور پر کام کیا تو وہ لوگ اب نکاسی نہیں سمجھے جائیں گے جو ہندوستان ہی کو اپنا وطن سمجھتے ہیں۔ نکاسی کی تعریف میں اس آرڈیننس کے تحت صرف وہ لوگ آتے ہیں جنھوں نے بذات خود یا [illegible] پاکستان میں چھوڑی ہوئی نکاسیوں کی جائداد پر حقوق حاصل کر لئے ہیں۔

جہاں تک طریق کار کا تعلق ہے ایک مشتبہ نکاسی پر پہلے ایک نوٹس کی تعمیل کی جائے گی جس میں اس سے معلوم کیا جائے گا کہ اسے نکاسی کیوں نہ قرار دے دیا جائے۔ اور تحقیقات کے بعد کسی جائداد کو نکاسی قرار دیا جائے گا۔ برخلاف پرانے قانون کے تحت ایک کسٹوڈین خود ہی اس بات سے مطمئن ہو کر کہ مالک جائداد نکاسی ہے کسی بھی جائداد پر قبضہ کر لیتا تھا۔ اور بعض صوبوں اور ریاستوں کے قانون ایسے تھے کہ اگر کوئی مسلمان اس صوبہ یا ریاست کے اندر نہیں ہے تو اگرچہ وہ ہندوستان ہی کے اندر کیوں نہ ہو نکاسی قرار دے دیا جائے گا۔ لیکن نئے قانون کے تحت صرف اس شخص کو ہی نکاسی قرار دیا جائیگا جو ہندوستان چھوڑ دے۔ جمعیۃ علماء کی ترمیم یہی تھی کہ صرف اس شخص کو نکاسی قرار دیا جائے جو ہندوستان سے پاکستان ہجرت کر گیا ہو۔ ایسے ان مسلمانوں کو بچانا مقصود تھا جو پاکستان کے علاوہ دوسرے ممالک میں رہتے ہوں۔

نئے آرڈیننس کے تحت کسٹوڈین کے فیصلہ کے خلاف ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں اپیل ہو سکے گی اور اس کے فیصلہ پر صرف ہائی کورٹ کی دو ججوں پر مشتمل بنچ نظر ثانی کر سکے گی اس سے قبل صرف کسٹوڈین ہی کا فیصلہ آخری ہوتا تھا۔

نئے آرڈیننس میں ایک نئی دفعہ "متوقع نکاسی یا ترک وطن" کے متعلق رکھی گئی ہے۔ اس میں وہ لوگ آتے ہیں جنھوں نے اپنی املاک کو منتقل کر لیا یا اپنے خاندانی افراد کے ذریعہ کوئی فائدہ یا حق اس جائداد پر حاصل کیا ہے جو غیر مسلم پاکستان میں چھوڑ آئے ہیں۔

وزیر اعظم کی مداخلت!

معلوم ہوا ہے کہ اس نئے آرڈیننس پر کئی ہفتوں سے بحث ہو رہی تھی اور اس میں غالباً پنڈت نہرو وزیر اعظم ہند کی مداخلت پر متعدد تبدیلیاں کی گئیں تاکہ ہندوستانی مسلمانوں کو کسی قسم کا گزند نہ پہنچے۔

وزارت بحالیات کی طرف سے گذشتہ شب حسب ذیل اعلان جاری کیا گیا۔

حکومت ہند نے نکاسی جائداد کے متعلق ایک مرکزی آرڈیننس نافذ کیا ہے۔ اب تک اس سلسلہ میں صوبوں اور ریاستوں کے اپنے اپنے قوانین تھے۔ اور مرکزی آرڈیننس کا اطلاق صرف ان علاقوں پر ہوتا تھا جن کا نظم و نسق مرکز کے ہاتھ میں ہے۔ اس آرڈیننس کا اطلاق صوبہ آسام اور مغربی بنگال پر نہیں ہوگا۔ کوچ بہار، تری پورہ اور منی پور کی ریاستیں بھی اس کے دائرہ نفاذ سے باہر ہیں۔

مرکزی قانون کے مطابق ایک آدمی صرف اس صورت میں نکاسی قرار دیا جا سکتا ہے۔ جب کہ وہ ہندوستان سے باہر چلا جائے۔ پچھلے کچھ ریاستی آرڈیننسوں میں یہ کہا گیا تھا کہ اگر کوئی اس علاقہ سے باہر چلا گیا ہو۔ خواہ وہ ہندوستان ہی میں کیوں نہ ہو۔ تو وہ نکاسی قرار دیا جائے گا۔

اس آرڈیننس میں کئی خصوصیات ہیں۔

(۱) سابقہ دفعہ ۲ (ڈی)، (الف) کی جگہ نئی دفعہ ۲ (ڈی) [illegible] نکاسی کی تعریف محدود کر دی گئی ہے۔

اب اس کا اطلاق صرف ان لوگوں پر ہوگا جنہوں نے خود الاٹمنٹ کے ذریعہ یا کسی اور طریقہ سے پاکستان میں نکاسی کی چھوڑی ہوئی جائداد پر کوئی حق یا منفعت حاصل کی ہو۔ [illegible] مزید برآں ہو تو بھی وہ نکاسی نہیں قرار دیا جائے گا۔

(۲) اگر کسی شخص نے اپنا اثاثہ منتقل کر دیا ہو یا اپنے خاندان کے کسی فرد کے ذریعہ پاکستان میں نکاسی یا چھوڑی ہوئی جائداد پر کوئی حق یا منفعت حاصل کی ہو تو اس صورت میں وہ نئے آرڈیننس کے مطابق ایسا نکاسی کہلائے گا جو ارادہ تخلیہ رکھتا ہو۔ مزید برآں تجارتی رقوم اور پاکستان میں خاندان کے لئے مناسب رقوم کو انتقال اس تعریف سے خارج قرار دیا جائے گا۔ اگر کسی آدمی کے متعلق تحریری ثبوت بہم پہنچ جائے کہ وہ ہندوستان میں اپنی جائداد کا پاکستان کی جائداد سے تبادلہ کرانا چاہتا ہے تو اس صورت میں اسے ایسا نکاسی قرار دیا جائے گا جس کا تخلیہ کا ارادہ ہے۔ قانون کے مطابق نکاس کا ارادہ رکھنے والے آدمی کی جائداد نہیں لی جا سکتی صرف یہ پابندی لگائی گئی ہے کہ وہ اپنی غیر منقولہ جائداد کو کسٹوڈین کی اجازت کے بغیر کسی طرح منتقل نہیں کر سکتا، جائداد کو اچھی حالت میں رکھنا بھی ضروری ہوگا۔

خاندانی افراد کی ہجرت

(۳) اس آرڈیننس کے تحت خاندان کے کسی فرد کی منتقلی یا ان کے گذارہ کے لئے مناسب رقم بھیجنے پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی لیکن کوئی آدمی اپنا سرمایہ منتقل کر دے یا پاکستان میں نکاسی یا چھوڑی ہوئی جائداد پر کوئی حق یا اس میں کوئی منفعت کسٹوڈین کی اجازت کے بغیر اور آرڈیننس کے نفاذ کے بعد حاصل کرے تو ایسے شخص کی جائداد کو نکاسی کی جائداد قرار دیا جا سکتا ہے جن لوگوں کے بارے میں اس بات کا تحریری ثبوت موجود ہو کہ وہ پاکستان کی جائداد سے ہندوستان کی جائداد کا تبادلہ کرنا چاہتے ہیں تو ان کے ساتھ بھی ایسا ہی سلوک ہوگا لیکن کسٹوڈین کی اجازت سے انتقال پایہ تکمیل کو پہنچ گیا ہو تو پھر کوئی قانونی تعزیر نہیں ہوگی۔

قبل از وقت اطلاع لازمی ہے

(۴) طریق کار کے بارے میں بھی قانونی ترمیمات کی ہیں اب کوئی جائداد [illegible] نکاسی کی جائداد قرار نہیں دی جا سکتی ہے جب تک کہ متعلقہ شخص کو اس بات کا نوٹس نہ دیا گیا ہو کہ وہ اس بات کا سبب بتائے کہ اس کی جائیداد کیوں نہ نکاسی کی جائداد قرار دے دی جائے۔ ایسے نوٹس کی تعمیل کے بعد ضروری تحقیقات پر ہی کسٹوڈین کسی جائداد کو نکاسی کی جائداد قرار دے سکتا ہے البتہ قطعی فیصلہ ہونے تک اس جائداد پر قبضہ کیا جا سکتا ہے۔

اپیل کا انتظام

(۵) اپیل کے سلسلہ میں بھی مراعات دی گئی ہیں پچھلے عمومی طور پر معاملات کا فیصلہ ڈپٹی کسٹوڈین کرتے تھے۔ اور اس کے فیصلہ کی اپیل کسٹوڈین کے پاس کی جا سکتی تھی لیکن اب کچھ خاص معاملوں میں خاص طور پر اختیار دیئے ہوئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کے پاس اپیل کی جا سکے گی ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ قطعی ہوگا لیکن کسٹوڈین جنرل کو نظر ثانی کا اختیار ہوگا۔

اگر کسٹوڈین جنرل کسی نکاسی جائداد کو غیر نکاسی جائداد قرار دے دے تو معاملہ بس ختم ہو جائے گا لیکن کسٹوڈین جنرل اگر یہ محسوس کرے کہ ڈسٹرکٹ جج نے کسی آدمی کو غلطی سے غیر نکاسی قرار دیا ہے تو وہ ایسے فیصلہ کو خود نہیں بدل سکتا۔ یہ معاملہ ہائی کورٹ کے سپرد کر دیا جائیگا۔ اور ہائی کورٹ کی دو ججوں کی بنچ اس کا فیصلہ کرے گی۔

سرظفر اللہ نے متحدہ اقوام میں لیبریا کی نمائندے سے معافی مانگ لی

لیک سکسیس ۱۹ اکتوبر۔ پاکستان کے [illegible] سرظفر اللہ نے [illegible] ڈاکٹر [illegible] سے معافی مانگ لی ہے۔ [illegible] سیاسی کمیٹی میں تقریر کرتے ہوئے سرظفر اللہ نے کہا تھا کہ [illegible] ڈاکٹر [illegible] سے معافی مانگتا ہوں۔

جنوبی ایران کا فضائی جائزہ

تیل کی تلاش کے سلسلہ ایک اور مہم

طہران ۱۹ اکتوبر۔ اینگلو ایرانین آئل کمپنی ایران میں تیل کی تلاش کے سلسلہ میں دو فضائی سروے شروع کر رہی ہے۔ فضائی جائزوں کے ذریعہ جنوبی ایران کے تیل والے مقامات کا جائزہ لیا جائیگا۔ اور ان کے نقشے اور تصویریں وغیرہ تیار کی جائیں گی تاکہ ان علاقوں کا پتہ چلایا جا سکے جن میں تیل موجود ہے۔ نقشوں کی تیاری کا زیادہ تر کام بیس ہزار فٹ بلند پہاڑی علاقوں میں ہوگا۔ (گلوب)

جموں و کشمیر کے نئے پرنسپل سکریٹری

سری نگر ۱۹ اکتوبر۔ مسٹر ایم کے قدوائی جو حکومت جموں و کشمیر کی وزارت اطلاعات و نشریات کے مشیر تھے، ریاست کے پرنسپل سکریٹری مقرر کر دیئے گئے ہیں۔ اب تک یہ عہدہ مسٹر ڈی نرائن کے پاس تھا جو مشیر مالیات ہیں اور پرنسپل سکریٹری کا ایڈیشنل عہدہ رکھتے تھے۔

مسٹر قدوائی یو۔ پی کی جوڈیشل سروس سے تعلق رکھتے ہیں اور پچھلے دنوں ریاست کی وزارت اطلاعات و نشریات کے مشیر مقرر ہوئے تھے۔

مشرقی کلکتہ میں بم کا حادثہ

کلکتہ ۱۹ اکتوبر (یو۔ پی۔ آئی) انٹیلی کے علاقہ (مشرقی کلکتہ) میں برتنوں کی ایک فیکٹری کے سامنے ایک نامعلوم شخص نے ایک دیسی بم پھینکا۔ یہ واقعہ مزدوری ہڑتال کے سلسلہ میں پیش آیا۔ ایک شخص اس میں زخمی ہو گیا [illegible] تیزاب سے زخم آئے دو آدمیوں کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

مسٹر ایٹلی نئی اقتصادی پالیسی کا اعلان کرینگے

لندن ۱۹ اکتوبر [illegible] برطانیہ اپنی نئی اقتصادی اسکیم کا اعلان کرے گا۔ جس کی سکہ کی قیمت گر جانے کے بعد ضرورت پیدا ہو گئی ہے۔ برطانوی دارالعوام کے لیڈر مسٹر ہربرٹ موریسن نے اعلان کیا ہے کہ برطانوی وزیر اعظم مسٹر ایٹلی اس کا اعلان کرینگے۔ وزیر اعظم مسٹر ایٹلی اور وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس پارلیمنٹ کی لیبر پارٹی کے سامنے تمام اسکیم پیش کرکے مشورہ و منظوری حاصل کریں گے۔

شمالی افریقہ کی معدنی دولت!

ٹیونس میں پٹرولیم گیس کا ذخیرہ ملا

پیرس ۱۹ اکتوبر۔ ٹیونس میں [illegible] کے قریب پٹرولیم گیس کے ایک تحت الارضی ذخیرہ کا سراغ لگا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ شمالی افریقہ میں تیل کی کافی مقدار موجود ہے۔ جب اس گیس کو آگ لگائی گئی تو تیس فٹ بلند شعلہ پیدا ہوا۔ یہ ایک ہفتہ سے جل رہا ہے۔ اور اس کے دہانہ میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ ابھی تک تیل نہیں نکلا۔ شمالی افریقہ میں تیس سال سے تیل کی تلاش جاری ہے۔

بمبئی اب مزید شرنارتھی نہ لیگا

بمبئی ۱۹ اکتوبر۔ (پی۔ ٹی۔ آئی) یہاں پر معلوم ہوا ہے کہ حکومت بمبئی نے حکومت ہند کے مشورہ سے بمبئی میں آباد کاری کے لئے پاکستان سے مزید شرنارتھیوں کو نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آئندہ پاکستان سے جو شرنارتھی آئیں گے وہ دوسرے علاقوں میں بسا دیئے جائیں گے۔ بمبئی گورنمنٹ کا یہ اقدام پاکستان کی تازہ صورت حال کے پیش نظر قرار دیا جا رہا ہے جو پاکستان میں متروکہ جائدادوں کے قانون سے پیدا ہو گئی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ حکومت بمبئی نے یہ بتایا ہے کہ صوبہ اب بالکل تقریباً بھر چکا ہے اور مزید شرنارتھیوں کو بسنے کی گنجائش نہیں ہے۔

ملک فیروز خاں نون وفد کی قیادت کرینگے

کراچی ۱۹ اکتوبر۔ ایشیا اور مشرق بعید کے اقتصادی کمیشن کے اجلاس میں حصہ لینے کے لئے جو پاکستانی وفد جا رہا ہے ملک فیروز خاں نون اس وفد کے لیڈر ہوں گے۔

ایشیا اور مشرق بعید کے اقتصادی کمیشن کا اجلاس سنگاپور میں ۲۰ اکتوبر سے شروع ہو رہا ہے۔

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

اگلی عالمگیر جنگ واشنگٹن پر ایٹم بم کے حملے سے شروع ہوگی

روس کے پاس سولہ ہزار طیارے اور ۱۷۵ ڈویژن مسلح فوج ہے

واشنگٹن ۱۹ اکتوبر۔ یہاں کہا جاتا ہے کہ جنرل عمر بریڈلے نے [illegible] امریکن سینیٹ کی [illegible] کمیٹی کے سامنے جو بیان دیا ہے اس میں امریکہ کے دفاعی انتظامات کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے کمیٹی کو بتایا کہ اگلی عالمگیر جنگ واشنگٹن پر ایٹم بم کے حملے سے شروع ہوگی۔ انہوں نے کہا اس وقت روس کے پاس ۱۷۵ ڈویژن فوج موجود ہے اس کے پاس ۱۶ ہزار ہوائی جہاز ہیں روس بہت کم عرصہ میں اپنی فوجی طاقت کو بڑھا کر [illegible] ڈویژن کر سکتا ہے۔

مولانا آزاد کو سپاسنامہ پیش کیا جائیگا

بنگلور ۱۹ اکتوبر (۱ م) بنگلور سٹی میونسپل کونسل نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جب مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیمات حکومت ہند یہاں آئیں تو بنگلور کے شہریوں کی جانب سے ان کو سپاسنامہ پیش کیا جائے۔ مولانا ابوالکلام آزاد [illegible] کو یہاں آ رہے ہیں۔

تھائی لینڈ نے چاول کی قیمت کم کر دی

نئی دہلی ۱۹ اکتوبر۔ تھائی لینڈ کے وزیر اعظم نے اعلان کیا [illegible] پانچ روپے کے [illegible] علاقوں کے چاول کی قیمتوں [illegible] بارہ فی صدی [illegible] کا مطالبہ واپس لے لیا۔

مشرق بعید کے ممالک میں چاول اور دیگر اناج کی پیداوار بڑھانے کے لئے یہ منصوبہ تیار کیا گیا ہے کہ ۱۹۵۰ء کی پیداوار [illegible]

۴۵ ہزار ٹن سے زائد غلہ کی درآمد

دہلی ۱۹ اکتوبر۔ ۱۳ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران میں [illegible] ہزار ایک سو ٹن گندم اور [illegible] ہزار دو سو ٹن چاول باہر کے ملکوں سے ہندوستان میں درآمد کئے گئے۔

چکوال میں تیل نکالنے کا آزمائشی کنواں

روزانہ ۱۶۰ پیپے تیل نکلتا ہے

کراچی ۱۹ اکتوبر۔ [illegible] پنجاب میں چکوال کے مقام پر تیل نکالنے کے لئے جو آزمائشی کنواں کھودا گیا تھا اس سے اب روزانہ ۱۶۰ پیپے تیل نکل رہا ہے گذشتہ سال جولائی میں اس کنوئیں سے تیل نکلا تھا اس وقت اس میں صرف سو پیپے روزانہ تیل کے نکلتے تھے۔

نواب صاحب بھوپال کی واپسی

میونسپل بورڈ کی طرف سے استقبال کی تجویز

بھوپال ۱۹ اکتوبر۔ بھوپال میونسپل بورڈ نے ۱۷ اکتوبر کے اجلاس میں نواب بھوپال کی صحت اور ان کی [illegible] کے لئے ایک قرارداد منظور کی [illegible] نائب چیرمین میونسپل بورڈ اور ممبر [illegible] کانگریس کمیٹی بھوپال نے پیش کی [illegible] نواب صاحب کی واپسی پر شاندار استقبال [illegible]

پاور ہاؤس کے لئے پانی کی مستقل سپلائی کا انتظام

دہلی کے سنٹرل پاور ہاؤس کے لئے موسم سرما میں پانی کی [illegible]

سرحدی شرنارتھیوں کی آباد کاری

دہلی ۱۹ اکتوبر۔ آئندہ دو سال [illegible] سرحدی خاندانوں کو دہلی سے [illegible] بسایا جائے گا۔ [illegible]

غلہ کی پیداوار میں اضافہ کے لئے

بمبئی کا منصوبہ

بمبئی ۱۹ اکتوبر۔ اس صوبہ کی حکومت نے [illegible]

کاشتکاروں کے لئے بونس!

حکومت سی۔ پی کا فیصلہ

ناگپور ۱۹ اکتوبر۔ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ [illegible] کاشتکاروں کو [illegible] فی ایکڑ کے حساب سے بونس دیا جائے۔

ایک نئے آرڈیننس کی رو سے صوبہ بہار اور [illegible]

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز ریل
[illegible]
دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible]
[illegible] دہلی

یورپ کے لئے ۱۹۵۰ء میں خوراک کی کمی

روم ۱۹ اکتوبر۔ خوراک و زراعت کی عالمی انجمن نے اندازہ لگایا ہے کہ [illegible] یورپ [illegible]

برما سے چاول کی آمد

رنگون ۱۹ اکتوبر۔ [illegible]

کھانڈ کی پیداوار میں اضافہ کیلئے اقدامات

دہلی ۱۹ اکتوبر۔ [illegible]

دیوالی کارڈ محرم کی کتابیں
[illegible]

پنڈت نہرو نے عالمی امن کی خواہش کے باعث عالم انسانیت میں اہمیت حاصل کی

وہ ایک عظیم الشان قوم کے رہنما اور غیر متزلزل ارادوں کے مالک ہیں

کولمبیا یونیورسٹی کے پریزیڈنٹ کی تقریر

نیویارک ۱۹ اکتوبر۔ [illegible] جنرل آئزن ہاور نے [illegible] وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو [illegible] ڈگری دیتے ہوئے [illegible]

منگھا رام بسکٹ فیکٹری!

حیدرآباد کا کارخانہ دار کے حوالہ کر دی گئی ہے

سکھر ۱۸ اکتوبر۔ [illegible] منگھا رام بسکٹ فیکٹری [illegible]

مجلس تحفظ کے انتخاب میں عرب ممالک کو ہند کی حمایت کرنیکی ہدایت

عرب لیگ کے ششماہی اجلاس میں فیصلہ۔ مصر اور لبنان نے یہ منظور کر لیا

قاہرہ ۱۹ اکتوبر۔ (رائٹر) [illegible] عرب لیگ کے سکریٹریٹ [illegible] مجلس تحفظ کے [illegible] ہندوستان کی حمایت کرنے کے لئے [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ مصر اور لبنان نے [illegible] دوسرے عرب ممالک بھی ان کی پیروی کریں گے۔

آگرہ کے سوبھاش پارک میں

جے پرکاش نرائن کی تقریر

آگرہ ۱۹ اکتوبر۔ [illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ
۲۱ اکتوبر ۱۹۴۹ء

دہلی اور نیویارک

ہمارے نزدیک وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کا امریکہ تشریف لے جانا غیر معمولی نتائج کا حامل ہے اور ہمیں اسی نقطہ نظر سے اس کا جائزہ لینا چاہئے آپ کہیں گے کہ ہر روز سیکڑوں انسان امریکہ جاتے ہیں اور وہاں بڑے بڑے جلسوں میں تقریریں بھی کرتے ہیں اور پریس کانفرنسوں میں بیان بھی دیتے ہیں، یہی کام پنڈت نہرو نے بھی انجام دیئے، پھر ان کا یہ سفر غیر معمولی کیسے ہو گیا؟ جن لوگوں نے پنڈت جی کی ان تقریروں کو پڑھا ہے جو امریکن کانگریس کے سامنے اور نیویارک میں کی گئی ہیں اور ان پر غور بھی کیا ہے تو وہ بیک نظر معلوم کر لیں گے کہ واقعی پنڈت جی کا یہ سفر غیر معمولی ہے اور شاید یہ پہلا سفر ہے جو مشرق کی شاندار روایات کا حامل ہے اور جو اپنے اندر ساری دنیا کے لئے ایک پیغام، ایک سبق اور ایک زندگی رکھتا ہے!

بے شک دوسرے لوگ بھی نیویارک اور واشنگٹن کا طواف کرتے ہیں اور ابراہام لنکن اور روزویلٹ کے مزارات پر گل پاشی بھی کرتے ہیں مگر ان کا یہ سفر فوجی اغراض کے لئے ہوتا ہے یا اقتصادی مقاصد کے لئے کوئی گولہ بارود لینے جاتا ہے، کوئی معاشی مسائل پر گفتگو کرتا ہے، کوئی جا کر قرض کی بھیک مانگتا ہے، کوئی وہاں پہنچ کر سازشوں کا جال بچھاتا ہے، لیکن ہمارے ملک کے وزیر اعظم کے پیش نظر نہ تو اقتصادی اور فوجی مسائل ہیں اور نہ وہ کسی کے خلاف سازش کرنے گئے ہیں وہ ایک پیغام لے کر گئے ہیں، وہ ایک دعوت دینے گئے ہیں اور ان کے سفر کا مقصد فوجی نہیں ہے بلکہ اخلاقی ہے، معاشی نہیں ہے بلکہ سماجی ہے!

پنڈت جی نے کانگریس میں تقریر کرتے ہوئے صفائی کے ساتھ کہا کہ ہندوستان کی خارجی پالیسی بین الاقوامی امن کا تحفظ اور آزادی کے دائروں کی توسیع ہے، ہندوستان امن اور آزادی چاہتا ہے یہی اس کی خارجی پالیسی ہے، یہی اس کا نصب العین ہے اور یہی اس کا موجب ہے۔ "جہاں آزادی کو جہاں بھی خطرہ ہوگا، انصاف کا گلا جہاں بھی گھونٹا جائے گا اور حملے کے لئے جہاں بھی کوشش کی جائے گی ہم بھی اور کسی وقت بھی غیر جانب دار نہیں رہ سکیں گے" کیا کسی اور نے بھی ایسے الفاظ [illegible] میں جا کر کہے [illegible] مقدرت رکھتے ہیں [illegible] کہ امن کی حفاظت کریں، آزادی کو دور دور تک پھیلائیں اور جنگ کے امکانات میں بریک لگائیں، اور جو قوم اس راہ سے ہٹے اس کو تباہ کر دیں [illegible] ہزاروں انسان امریکہ جاتے ہیں مگر ان میں اور پنڈت جواہر لال نہرو کے سفر میں زمین و آسمان کا فرق ہے!

لوگوں کو گمان ہے کہ ہندوستان امریکن بلاک میں جائیگا اور اس قوم کا ساتھ دے گا جو دنیا میں سب سے زیادہ طاقتور ہے، امریکن بلاک کی حمایت کا مطلب ہندوستان کی جانب داری اور کمزوری ہے اور جو لوگ اس گمان میں ہیں وہ یہی ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ہندوستان اپنی پالیسی میں آزاد نہیں ہے اور اس لئے اس کا غیر جانبدار رہنا بھی ممکن نہیں ہے لیکن پنڈت جواہر لال نہرو نے نیویارک میں بعض سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مشرق اور مغرب کے درمیان جو سرد جنگ جاری ہے ہندوستان اس میں جانب دار بن کر کسی ایک فریق کا ساتھ دینا نہیں چاہتا، یہ بھی فرمایا کہ ہندوستان کو روس سے کوئی خوف نہیں ہے اور نہ اس بات سے پریشان ہے کہ روس بھی اپنے پاس ایٹم بم رکھتا ہے!

اس اعلان سے نہ صرف اس بات کی تردید ہو گئی کہ روس اور امریکہ کی متوقع جنگ میں ہندوستان امریکن بلاک کا ساتھ دے گا، اور روس کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا، کیونکہ ہندوستان کو اپنی سرحدوں پر روس کا کوئی خطرہ نظر نہیں آتا اور نہ اس میں اس قدر گھبراہٹ ہے کہ ایٹم بم کا نام سنکر امریکہ سے جا ملے اور روس سے خواہ مخواہ کی دشمنی مول لے!

روس کا تذکرہ کرتے ہوئے پنڈت جواہر لال نہرو نے کمیونزم کی کوئی مخالفت نہیں کی، اور نہ کمیونسٹوں کے خلاف کسی قسم کی نکتہ چینی کی بلکہ اپنی غیر جانبداری کا ذکر اس انداز میں کیا گویا ڈیموکریسی اور کمیونزم دونوں کو زندہ رہنے کا حق حاصل ہے اور وہ زندگی کے دو ایسے متوازی خطوط ہیں جنہیں اگر اپنی حدود میں رکھا جائے تو ان میں کوئی ٹکراؤ بھی پیدا نہیں ہو سکتا! ممکن ہے کہ اس تقریر سے امریکہ کے انتہا پسند مدبرین کو مایوسی ہوئی ہو لیکن پنڈت نہرو کی شان یہی تھی کہ وہ دوسروں کے خیالات سے متاثر نہ ہوں اور اپنے فلسفہ اخلاق پر پورے اعتماد کے ساتھ قائم رہیں!

امریکہ کے باشندوں نے پنڈت جواہر لال کی تقریریں سنکر خیال تو ضرور کیا ہوگا کہ اس شخص نے مطلب کی کوئی بات نہیں کہی اور یہاں آ کر بھی اس نے گاندھیائی فلسفہ کو پھیلانا چاہا، لیکن یہی وہ بات ہے جس سے پنڈت نہرو کے سفر کو ایک خاص اہمیت حاصل ہو جاتی ہے اور یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ آپ نے امریکہ پہنچ کر دنیا کو وہ پیغام دیا جو پہلے کسی نے نہیں دیا تھا، امریکن بالخصوص اس بات کے عادی ہیں کہ جنگ کی باتیں ہوں، معاشی مسائل میں دلچسپی لیں، فوجی معاملات پر غور کریں، ڈالر اور دولت یا کمیونزم اور کیپٹلزم پر دماغ کھپائیں لیکن اب کی بار انہوں نے پہلی دفعہ امن اور آزادی کا سرمدی نغمہ سنا ہے اور [illegible] ڈیکلیریشن آف انڈیپنڈنس کے مالک ہیں، ایک ہندوستانی بھی اگر امن اور آزادی کا سبق دے سکتا ہے اور یہ سبق ایسا ہے جس سے ساری دنیا کو سبق لینا چاہئے!

غلط پروپیگنڈا

امریکہ کے سرکاری حلقوں کا بیان ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو نے مسٹر ایچسن سے دوران ملاقات میں کہا کہ کسی نہ کسی وقت تو کمیونسٹ چین کو تسلیم کر ہی لیا جائے گا۔ کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ اسے فوراً ہی تسلیم کر لیا جائے؟ آپ نے یہ بھی کہا کہ اس معاملہ میں امریکہ کو پہل کرنی چاہئے! ان ہی سرکاری حلقوں کا بیان ہے کہ دراصل برطانیہ خود کمیونسٹ چین کو تسلیم کرنے میں جلدی کر رہا ہے۔ مگر اس نے اس مقصد کے لئے پنڈت جواہر لال نہرو کو استعمال کرنا چاہا ہے۔ یعنی پنڈت جی کے کان میں پھونک دیا کہ آپ امریکن مدبرین کو جا کر یہ مشورہ دیں کہ وہ کمیونسٹ چین کو فوراً تسلیم کر لے اور اس معاملہ میں دوسروں کی رہنمائی کرے۔ ہمارا خیال ہے کہ امریکہ کے سرکاری حلقوں نے اپنا یہ خیال ظاہر کر کے [illegible] کچھ اچھا مظاہرہ نہیں کیا۔ کیا یہ بدگمانی نہیں ہے کہ پنڈت جی نے امریکہ سے پہل کرنیکی درخواست کی ہو؟ کیوں نہ ہندوستان پہل کر کے دوسروں کی رہنمائی کرے؟ اور پھر پنڈت جی کی نسبت یہ کہنا کہ وہ برطانیہ کا آلہ کار بن کر امریکہ پہونچے۔ اور جو بات ان سے کہلائی گئی تھی وہی انہوں نے وہاں جا کر کہہ دیا؟

ایٹم بم پر رحم!

امریکہ کے تین سو سر کردہ اشخاص نے صدر ٹرومین سے درخواست کی ہے کہ وہ مجلس متحدہ اقوام سے ایٹم بم کے ذخیروں کو برباد کرنے اور اسے خلاف قانون قرار دینے کا مطالبہ کریں، اور ساتھ ہی ان ہتھیاروں کے خلاف بھی آواز اٹھائیں جنہیں اجتماعی بربادی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے! واقعی یہ درخواست بہت معقول ہے اور اسے مجلس متحدہ اقوام کے سامنے پیش کرنا معقول تر ہے؟ کیا بات ہے کہ جب روس کے نمائندے نے متحدہ اقوام سے یہی مطالبہ کیا تھا تو اسے مسترد کر دیا گیا! کیا اس بات کے انکشاف نے تو دماغ درست نہیں کر دیئے کہ روس بھی ایٹم بم کا ماہر ہے اور وہ بھی اس کا استعمال جانتا ہے؟

اچھی باتیں

لاینہکم اللہ ۔ تا ۔ المقسطین ۔ (پ ۲۸ ع ۸)

جو لوگ دین کے بارے میں تم سے جنگ نہیں کرتے اور نہ تم کو وطن سے بے وطن کرتے ہیں ان کے ساتھ نیکی اور بھلائی کا سلوک کرنے اور انصاف سے پیش آنے سے خدا ایسے لوگوں کے ساتھ نیکی کرنے سے تم کو منع نہیں کرتا۔ اللہ تو ان ہی سے راضی ہے جو انصاف کرتے ہیں۔

یہ آیت اس بات کے لئے فیصلہ کن ہے کہ اسلام میں غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک انصاف اور نیکی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اور وہ لوگ جھوٹے ہیں جو کہتے ہیں کہ اسلام نے غیر مسلموں کو قتل کرنے اور وطن سے بے وطن کرنے کا حکم دیا ہے اور اسلام میں رواداری کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے یہ آیت بتاتی ہے کہ جو لوگ مسلمانوں سے مذہبی جنگ نہیں کرتے اور نہ مسلمانوں کو ملک بدر کرنا چاہتے ہیں وہ ہر نیکی اور بھلائی کے مستحق ہیں اور مسلمانوں کو ان کے ساتھ کسی قسم کی دشمنی نہ رکھنی چاہئے ہم چیلنج کرتے ہیں کہ دنیا کا کوئی مذہب اپنی مذہبی کتاب سے اس رواداری اور انصاف کی تعلیم دکھائے اور یہ ثابت کرے کہ اس کے مذہب نے دوسرے مذہب والوں کے ساتھ حسن سلوک، نیکی اور بھلائی کرنے کا حکم دیا ہے؟

اردو زبان میں ہندو مسلمانوں کا بہت بڑا لٹریچر منتقل ہو چکا ہے

ہندوستان کے بہت بڑے حصہ میں بھی روزمرہ یہی زبان بولی جاتی ہے

اردو کانفرنس کے لئے مولانا حبیب الرحمن کا پیغام

بنارس (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی کا ایک بیان بنارس اردو کانفرنس کے سلسلہ میں موصول ہوا ہے جو درج ذیل ہے۔

بنارس میں عنقریب کل ہند اردو کانفرنس ہونے والی ہے۔ اردو زبان نے پچھلی ایک صدی میں بہت بڑی ترقی کی ہے ہندوستان کے ہندو اور مسلمان دونوں نے مل کر اس زبان کو بنایا ہے اسی زبان کو جو فارسی رسم خط میں لکھی جاتی ہے پہلے پہل علمائے اسلام، ہندی زبان کہتے تھے۔ چنانچہ شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ دہلوی کا جو مشہور اور تسلیم شدہ ترجمہ قرآن پاک ہے۔ انہوں نے اس کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ یہ ترجمہ میں ہندی زبان میں ہندیوں کے سمجھنے کے لئے لکھ رہا ہوں۔ اسی طرح آج سے ستر برس پہلے کے تراجم اور تصنیفات جو آپ کو ملیں گی ان کے لکھنے والوں نے یہی لکھا ہے کہ "ہم ہندی زبان میں یہ ترجمہ یا کتاب لکھ رہے ہیں"۔ بدقسمتی سے لفظ اردو نے ہندی اور اردو دو زبانیں بنا دیں۔ ورنہ تمام ہندوستان کا ہندو مسلمان اسی زبان کو ہندی کہتا تھا جس کو آج اردو کہا جاتا ہے۔ اس زبان اور اس رسم خط میں ہندو اور مسلمانوں کا بہت بڑا مذہبی سیاسی [illegible] لٹریچر منتقل ہو چکا ہے۔ اور ہندوستان کے بہت بڑے حصہ میں روزمرہ یہی زبان بولی جاتی ہے جس کو آج ہم اردو یا ہندی سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ انگریزی حکومت کی برکتوں میں سے ایک برکت یہ بھی باقی رہ گئی ہے۔ کہ اس نے ہندی اور اردو کے نام پر مستقل جھگڑا پیدا کر دیا ہے گویا ہندو یہ سمجھنے لگے کہ ہندی ان کی زبان ہے اور مسلمان یہ سمجھنے لگے کہ اردو ان کی زبان ہے۔ بدقسمتی سے ان دونوں زبانوں کی [illegible] مذہبی نقطہ نظر سے [illegible] نہیں ہیں۔

اصل بحث یہ تھی کہ رسم خط کیا ہو۔ ناگری ہو یا فارسی رسم خط اور یہ جھگڑا بیکار و فضول پیدا کیا گیا کیونکہ دیوناگری اور فارسی رسم خط دونوں کو چھ مہینہ کے اندر ایک آدمی سیکھ سکتا ہے۔

میرے خیال میں اگر زبان کا نام پہلے علمائے اسلام کی طرح ہندی قرار دیا جائے اور رسم خط دونوں منظور کر لئے جائیں تو بہت سا جھگڑا خود بخود ختم ہو جائیگا۔

میں امید کرتا ہوں کہ سمجھدار ہندو اور مسلمان اس مسئلہ پر خاص توجہ دیں گے۔ اور یہ کانفرنس ہندوستان کے تمام ہندوستانیوں کے لئے زبان کے مسئلہ میں ٹھیک ٹھیک رہنمائی کرے گی۔

کانفرنس بلانے والے حضرات کو یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ زبان کے مسئلہ میں بہت محنت اور کام کی ضرورت ہے۔ صرف کانفرنس ہی اس کے لئے کافی نہیں ہوگی بلکہ ہم کو ایسے ہزاروں نوجوان پیدا کرنے چاہئیں کہ ملک کے عوام میں زبان کو صحیح طور پر ترقی دے سکیں۔

مبارک تحریک

شرومنی اکالی دل کی ورکنگ کمیٹی نے ایک قرارداد کے ذریعہ سکھوں سے اپیل کی ہے کہ مسلمان جو مساجد مشرقی پنجاب میں چھوڑ گئے ہیں ان کا احترام کیا جائے اور انہیں نقصان پہنچانے یا برباد ہونے سے بچایا جائے۔

اچھا کام جب بھی شروع ہو اچھا ہے اور اس کام کی اچھائی سے کون انکار کر سکتا ہے کہ مساجد و معابد کا ہر دل میں احترام ہو اور انہیں برباد ہونے سے بچایا جائے۔ اسلام کا حکم ہے کہ احسان کا بدلہ احسان کے ساتھ دو۔ خواہ سکھ مشرقی پنجاب میں مساجد کا احترام کرنے میں کامیاب ہوں یا ناکام پاکستان کو چاہئے کہ وہ گوردواروں اور مندروں کا احترام کرے اور ان کی حفاظت کو اپنا مذہبی فرض سمجھے!

سرخ کینٹن کے چشم دید حالات

ہانگ کانگ ۱۹ اکتوبر۔ ایک چینی جہاز [illegible] کے ذریعہ سو مسافر یہاں پہنچے ہیں جو کمیونسٹوں کے زیر انتظام شہر کینٹن کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرتے ہیں۔ اس جہاز کے ذریعے تازہ [illegible] اشیاء بھی ہانگ کانگ لائی گئی ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ کینٹن میں بالکل امن ہے اور سرکاری افسران کمیونسٹوں کے اشتراک سے حکومت چلا رہے ہیں۔ شہر میں دکانیں کھل رہی ہیں اور کرفیو کے اوقات کے علاوہ لوگوں کو ہر طرف آنے جانے کی پوری آزادی حاصل ہے۔

جب یہ چینی جہاز وہاں سے روانہ ہوا تو کمیونسٹوں نے اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کمیونسٹ ہانگ کانگ سے تجارت منقطع کرنا نہیں چاہتے۔ شہر کینٹن کی تمام دیواروں پر جو پوسٹر لگے ہیں جن میں کینٹن کی آبادی سے وعدہ کیا گیا ہے کہ شہر میں مقیم تمام چینیوں اور غیر ملکیوں کے جان و مال کی حفاظت کی جائے گی۔ قوم پرست حکام کی جائداد ضبط کر لی جائے گی۔ اور کرایوں اور شرح سود میں تخفیف کر دی جائے گی۔ یہ بھی وعدہ کیا گیا ہے کہ قابل کاشت زمین دوبارہ کسانوں میں تقسیم کی جائیں گی۔

برطانوی جہازوں نے اموئے اور سواتو کا سفر ملتوی کر دیا ہے۔ کیونکہ وہاں کے حالات بھی خراب بتائے جاتے ہیں۔ [illegible]

سوڈان اسمبلی کا اجلاس

خرطوم ۱۹ اکتوبر۔ سوڈان کی قانون ساز اسمبلی [illegible]

واقعات عالم پر ایک نظر

— گارڈن والٹر فیلڈ —

ذیل کا مضمون برطانوی انفارمیشن بیورو سے موصول ہوا ہے۔ ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ اس مضمون کو قارئین کرام محض واقعات میں اضافہ اور برطانوی نقطہ نظر سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے دیا جا رہا ہے۔ (ایڈیٹر)

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بڑی طاقتیں اپنی اپنی پالیسی کے متعلق تقاریر کر چکی ہیں۔ اب ہمیں ان تقریروں سے اندازہ لگانا ہے کہ کیا بڑی طاقتیں اہم سوالات پر ایک دوسرے کے ساتھ متفق ہو سکیں گی۔ جنرل اسمبلی کا اجلاس جو پیرس میں ہوا تھا۔ وہ بالکل بیکار اور غیر موثر ثابت ہوا تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ [illegible] واقعات ظہور میں آئے ہیں۔ ان کی موجودگی میں کیا یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسمبلی کا موجودہ اجلاس کامیاب رہے گا۔

میثاق اٹلانٹک

سب سے پہلا واقعہ تو یہ ہے کہ اٹلانٹک معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ اور اس معاہدہ کا اثر دن بدن بڑھ رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے ممبر [illegible]

کونسل آف یورپ

دوسرے مسٹر اسٹراس برگ کے مقام پر کونسل آف یورپ کا اجلاس [illegible] مغربی ممالک میں اتحاد کا جذبہ دن بدن بڑھ رہا ہے۔ [illegible]

یوگوسلاویہ اور روس

تیسرا اہم واقعہ یہ ہے کہ یوگوسلاویہ نے [illegible] اقوام متحدہ کی اسمبلی کے جلسے میں یوگوسلاویہ کے وزیر خارجہ نے یہ بات اپنی تقریر میں بالکل واضح کر دی ہے کہ یوگوسلاویہ سوویٹ روس کے خلاف دوسری طاقتوں کی صف میں کھڑا ہونے کے لئے بالکل تیار ہے۔ [illegible]

روسی سامراج

برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے اپنی تقریر میں مشرقی یورپ کی طرف اشارہ کیا [illegible] آزادی اور اقتدار اعلیٰ کے سوال پر کناڈا کے وزیر خارجہ مسٹر پیرسن نے کہا ہے کہ پرانا سامراج اب بڑی تیزی کے ساتھ ختم ہو رہا ہے۔ [illegible]

اقوام متحدہ میں چین کی نمائندگی!

[illegible]

آسٹریا کے متعلق سمجھوتہ!

[illegible]

[illegible] مطالبات کی حمایت نہیں کر رہا ہے کوئی سمجھوتہ ہو جائے۔

اطالوی نوآبادیات

مسٹر بیون نے اپنی تقریر میں یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ اطالوی نو آبادیات کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا انہوں نے ایک نئی تجویز پیش کی ہے۔ کہ لیبیا تین چار سالوں میں آزاد کر دیا جائے۔

یونان کی صورت حال

یونان کی صورت حال شاید اب بہتر ہو جائے کیونکہ اب یوگوسلاویہ نے یونانی باغیوں کو مدد دینا بند کر دیا ہے اگر روس نے یونان سے دلچسپی ختم کر دی تو [illegible] کی اپنی پوزیشن بہت غیر محفوظ ہے اور وہ روسی بلاک سے بالکل کٹ چکا ہے۔

ایٹمی توانائی کا کنٹرول

لوگوں کے دلوں میں سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ [illegible] ایٹم بم [illegible]

بنارس میں یوم پریم چند

بنارس (بذریعہ ڈاک) [illegible] پریم چند [illegible]

کمشنر جودھپور کو عصرانہ

جودھپور (بذریعہ ڈاک) [illegible]

دار العلوم دیوبند میں تلاشی پر مسلمانان فیروز آباد کی بےچینی

فساد میں شہید ہونے والوں سے اظہار ہمدردی

فیروز آباد (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء فیروز آباد کے تحت جامع مسجد میں مسلمانان فیروز آباد کا ایک عام جلسہ ہوا جس میں دار العلوم دیوبند کی خانہ تلاشی اور جلسہ میں جو شہید طلباء کے قتل پر افسوس کا اظہار کیا گیا۔ جلسہ کی صدارت سید فیاض علی صاحب نے فرمائی۔ مولانا اخلاق حسین صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع آگرہ نے دار العلوم کی عظمت اور اس کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے حسب ذیل قرارداد پیش کی۔

سلمانان فیروز آباد کا یہ عام جلسہ دار العلوم دیوبند کی خانہ تلاشی اور اساتذہ و طلبہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے۔ نیز دیوبند کے فرقہ وارانہ فساد میں طلباء دار العلوم کی شہادت اور ناجائز گرفتاری پر سخت غم و غصہ کا اظہار کرتا ہے۔ دار العلوم دیوبند کی توہین مسلمانان عالم کی توہین ہے۔ یہ جلسہ حکومت یوپی اور مرکزی حکومت سے پر زور درخواست کرتا ہے کہ اس معاملہ میں پوری تحقیق کرے ……

صدر کانگرس شہر سہارنپور کا انتخاب

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) شہر کانگرس کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت بابو ……… منعقد ہوا جس میں شہر کانگرس کے سب ممبران شریک تھے۔ اس اجلاس میں اتفاق رائے سے ڈاکٹر ……… صاحب کو شہر کانگرس کا نیا صدر منتخب کیا گیا۔

سہارنپور میں تین ملیں بند

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) اطلاع ملی ہے کہ مقامی تین ملیں، سنگھا آئل مل، مہیشوری مل اور دادا کاشن مل کے بند ہونے پر سینکڑوں مزدور بیکار ہو گئے۔ جس سے مزدوروں میں سخت بےچینی پھیل رہی ہے۔

ایک مشہور جیب کترا گرفتار

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ ایک بیوپاری جو اپنی کمر کے دونوں طرف بالترتیب ۴۲۰۰ اور ……… روپیہ کے نوٹ باندھ کر سہارنپور جانے کے لئے تھرڈ کلاس کا ٹکٹ خرید رہا تھا۔ ایک جیب کترے نے ۳۳۰۰ روپیہ پر ہاتھ صاف کر لیا۔ مگر اس کے ہاتھ سے کچھ نوٹ گر پڑے جسے ڈیوٹی پر کھڑے ہوئے سپاہی نے دیکھ کر اسے موقعہ پر ہی گرفتار کر لیا۔ ……

اردو مجلس امروہہ کا اجلاس

ریلوے کی مشاورتی کمیٹیوں کا نظم و نسق

مرکزی مشاورتی کونسل کی سفارشات

اٹاوہ کی خبریں

نمائش میں مشاعرہ

سالانہ نمائش کے موقع پر ۸ نومبر کو ایک عظیم الشان مشاعرہ زیر صدارت آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر رسل و رسائل گورنمنٹ یوپی منعقد ہو رہا ہے۔ ……

گورنمنٹ گرلس اسکول کو امداد

معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ یوپی نے گورنمنٹ گرلس کالج کی عمارت میں توسیع کرنے کے لئے ……… ہزار روپیہ کی امداد دی ہے۔

ڈسٹرکٹ پبلسٹی افسر کے کامیاب جلسے

گورنمنٹ گرلس کالج میں اسکاؤٹنگ کیمپ

فوجی ٹھیکیداران کی فرم کو سزا

فوج کا سامان چوری سے بیچنے کا نتیجہ

کشمیر کے بجٹ میں خسارہ کم ہوگیا

مشرقی پنجاب کے کیمپوں میں

۱ لاکھ سے زائد اشخاص مقیم ہیں!!

ضلع میرٹھ میں زمیندارہ فنڈ

تحصیل ہاپوڑ میں سب سے کم جمع ہوا

ہندوستان میں تیل کوئلہ اور لوہے کی تلاش جاری رہے گی

ضلع سہارنپور میں بھی تیل نکلنے کی بابت تحقیقات ہوگی!!

نئی دہلی ۱۹ اکتوبر۔ حکومت ہند نے ۱۹۵۰ء کے لئے جائزہ تحت الارض کا پروگرام منظور کیا ہے۔ اس میں تحت الارض نقشہ سازی کے حسب معمول کام کے علاوہ ……… میدانی تحقیقات بھی شامل ہیں۔

اس پروگرام کے مطابق تیل کی تلاش بدستور جاری رہے گی۔ ……

ہم راہ میں میر مشتاق احمد کی تقریر

کانگرس پر شدید نکتہ چینی

مدرسہ قاسمیہ نگینہ میں جلسہ عام

روس میں پاکستانی سفارتخانہ

غیر مزروعہ زمینوں کے فرضی کاشتکاروں کے خلاف اقدام

مجسٹریٹوں کو ایسے لوگوں کے خلاف نوٹس دینے کے اختیارات دیئے جارہے ہیں

غیر نکاسی جائیدادوں کی غیرقانونی تحویل

ناظم اعلیٰ ٹونک کا اعلان

صدر جمعیۃ علماء صوبہ یوپی چاندپور میں

جمعیۃ علماء جودھپور کا اعلان

انگلستان میں غیر قانونی سونا

مشرق بعید میں جاپانی سائیکلیں

ناگور میں قیام جمعیت

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور مارشیس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن۔ پورٹ سوڈان۔ جدہ۔ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کرسکیں گے۔

مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جملہ تفصیلات کیلئے خط و کتابت کیجئے

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

کاسگنج

ضلع ایٹہ میں اخبار الجمعیۃ حافظ محمد ابراہیم صاحب۔ نیوز ایجنٹ

محلہ نواب سے

طلب فرمائیں

ایجنٹ صاحبان

نوٹ کریں

اخبار الجمعیۃ کی تعداد کے متعلق کوپن منی آرڈر پر کچھ نہ لکھا کریں۔

منی آرڈر تاخیر سے وصول ہوتے ہیں

اس سے تعمیل بروقت نہیں ہوسکتی

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

جنت کی کنجی مجلد	۱	ہفت سورۃ مترجم مجلد	۱۲
دوزخ کا کھٹکا مجلد	۱۲	خدا کی باتیں مجلد	۱۱
صلوٰۃ والسلام	۱۲	رسول کی باتیں مجلد	۱۲
رسول اللہ کا غلبہ	۱۲	پردہ کی باتیں مجلد	۱۲
دوسری تقریر سیرت مجلد	۵	پہلی تقریر سیرت مجلد	۱۲
		شرکت آراسکیم مجلد	۱۱

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ

سالانہ۔ چالیس روپے

ششماہی۔ بیس روپے

سہ ماہی۔ گیارہ روپے

فی پرچہ۔ ……

سہ روزہ

سالانہ بارہ روپے

ششماہی۔ چھ روپے آٹھ آنے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

روسی گندم تبریز اور بندر پہلوی میں ایران کے حوالے کیا جائے گا

ایران اور روس کے گندم خریدنے کے معاہدہ کی تفصیلات

طہران ۱۹ اکتوبر۔ ایران کو ایک لاکھ ٹن گندم فراہم کرنے کے بارے میں روس سے معاہدہ ہوگیا۔ گندم کی قیمت ۴۴ پونڈ ۴ شلنگ فی ٹن مقرر کی گئی ہے۔ اس میں سے گیہوں کی مقدار خشکی کے ذریعہ تبریز میں ایران کے حوالہ کی جائے گی۔ اور نصف مقدار سمندری راستوں سے بندر پہلوی پہنچائی جائے گی۔ ایران اور عراق سے بھی ۱۴ ہزار ٹن گندم خریدنے کا معاہدہ کیا ہے۔ عراق سے گندم پہنچنے میں شاید کچھ دیر لگے۔ کیونکہ حکومت عراق ایرانی لاریوں کو عراق آنے کی اجازت نہیں دے رہی لیکن مسئلہ کے جلد حل ہونے کی امید ہے۔ ایران ابتک ممالک غیر سے ۲ لاکھ ٹن گندم خرید چکا ہے۔ روس اور عراق کے علاوہ امریکہ اور کناڈا نے اسی ہزار ٹن گندم فراہم کیا ہے۔ عراق نے ۵۰ ہزار ٹن گندم دیا ہے اور پاکستان نے سات ہزار ٹن گندم بہم پہنچایا ہے۔ (گلوب)

توسیع اشاعت کے طریقے؟

(۱) اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی موجود ہے تو ایجنٹ پر زور دیجئے کہ وہ الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

اگر وہ الجمعیۃ کے مقابلہ میں کسی دوسرے اخبار کے لئے زیادہ کوشش کرتے ہیں تو پھر کوئی ایسا ایجنٹ تجویز کر کے ہمیں لکھئے جو ایجنسی کی شرائط بھی پوری کرسکتے ہوں اور الجمعیۃ کی ترقی کے لئے دلی لگن کے ساتھ کوشش کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں۔

(۲) آپ اور آپ کے احباب اپنی بستی کے مختلف حصے بناکر ہر حصہ میں منظم طور پر گشت کریں اور تمام ایسے اصحاب کو جو ۲ ر یومیہ خرچ کرنے کی استطاعت رکھتے ہوں الجمعیۃ کی روزانہ خریداری پر آمادہ کریں۔ اور ان کے نام و پتے ایجنٹ کو دے دیں کہ وہ انہیں اخبار پہنچایا کریں۔

(۳) ایسے چند افراد کو مشترک طور پر الجمعیۃ خریدنے کے لئے آمادہ کیجئے جو تنہا خریداری کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔

(۴) ہر محلہ کی مسجد میں اہل محلہ کی مشترک امداد سے الجمعیۃ جاری کرانے کا انتظام کریں۔ اور نمازیوں کو خبریں اور مقالہ کے علاوہ اچھی باتیں پڑھ کر سنانے کا اہتمام بھی کریں۔

(۵) اگر ابتک آپ کے یہاں ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہے تو کسی مستعد اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی دینے کے لئے ہمیں لکھئے۔ اور مذکورہ بالا طریقوں سے توسیع اشاعت کی کوشش کیجئے۔

(۶) اگر آپ کے یہاں ایجنسی قائم ہونے کی مطلق گنجائش نہیں ہے تو مقامی طور پر اور قرب و جوار میں کوشش کیجئے کہ زیادہ سے زیادہ حضرات سہ ماہی یا ششماہی قیمت ہمارے پاس بھیج کر اخبار جاری کرائیں۔

(۷) اگر آپ کے یہاں ریلوے اسٹیشن یا ڈاکخانہ نہیں ہے اور ڈاک روزانہ حاصل نہیں کی جاسکتی تو الجمعیۃ کے ہفت روزہ ایڈیشن کے ماہوار خریدار بننے کی کوشش کیجئے۔

عبد الوحید صدیقی جنرل مینیجر ادارہ الجمعیۃ

دار السلطنت ۱۹ اکتوبر

جمعیۃ علماء ضلع ……… کا جمعیۃ کی دوسری شاخوں کے لئے قابل تقلید اقدام

جمعیۃ علماء ……… توسیع اشاعت کے سلسلہ میں نمایاں خدمت انجام دے رہی ہے جناب ……… صاحب سکریٹری جمعیۃ علماء ……… فرماتے ہیں:۔

……

اگر اسی طرح جمعیۃ کی دوسری شاخوں نے توسیع اشاعت کے سلسلہ میں عملی اقدام کیا تو توقع رکھی جاسکتی ہے کہ ایک لاکھ اشاعت کی جو امید کی جارہی ہے وہ بہت جلد انشاء اللہ پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے گی۔

نئی دہلی میں سائیکل اسٹینڈ

نئی دہلی میں عنقریب سائیکل اسٹینڈ بنا دیئے جائیں گے محکمہ کو اس مقصد کے لئے نئی دہلی میونسپلٹی نے ……… کا انتخاب کیا۔ یہ اسٹینڈ زیادہ تر سنیما، ہوٹلوں اور دکانوں کے باہر ہوں گے۔

مبلغین کی روانگی

تبلیغ الاسلام سے شوق رکھنے والے حضرات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آج بروز جمعہ ۲۱ اکتوبر بعد نماز مغرب شب کو دس بجے دہلی سے انجمن تبلیغ الاسلام فلاح الدارین کے چند مبلغین بغرض تبلیغ اسلام بمبئی اور گوالیار کے لئے روانہ ہوں گے جو حضرات اپنے خرچ پر مبلغین کے ہمراہ جانا چاہیں وہ مغرب کی نماز بڑی مسجد ترکمان دروازہ میں ادا کریں۔

حامد علی سکریٹری انجمن تبلیغ الاسلام فلاح الدارین ترکمان دروازہ دہلی

پیدائش و اموات

اگست میں نئی دہلی میں ۳۴۵ بچے پیدا ہوئے اور ۲۲۰ اشخاص کی موت ہوئی۔ مرنے والوں میں ایک چیچک سے مرا۔ لنگڑوں ہسپتال میں ملیریا کے ……… مریضوں کا علاج کیا گیا۔

درجہ حرارت اور طلوع و غروب

جواری گرفتار

ولیتی شراب برآمد

بیرڈ روڈ پر حادثہ

کپڑا برآمد کرنے پر گرفتار

چوری کی واردات

مسٹر برکاش دوبارہ صدر منتخب ہوگئے

چودہ سو بلا ٹکٹ مسافروں پر جرمانہ

طبیہ کالج کے ٹرسٹیوں کے نام نوٹس

میرے ساتھ مناسب سلوک نہیں کیا گیا۔ مسٹر سچر

کانگرس ہائی کمان پر ڈاکٹر بھارگو کی طرفداری کرنیکا الزام

شملہ ۱۹ اکتوبر۔ مسٹر بھیم سین سچر نے پریس کو ایک بیان دیتے ہوئے کانگرس ہائی کمان پر ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کی طرفداری کا الزام لگایا ہے۔ ……

دنیا بھر میں کھانڈ کی پیداوار میں اضافہ

سٹوریج بیٹریوں و سیلوں کی معیار بندی

سوشلسٹوں کے خلاف حکومت بمبئی کی اپیل

فلسطین کے عرب پناہ گزین

بازاروں کے بھاؤ

بمبئی

بازار صرافہ

بازار حصص

سائیکل مارکیٹ

غلہ مارکیٹ

کریانہ مارکیٹ

ٹونک میں سنگھیوں اور سوشلسٹوں میں تصادم

دفعہ ۱۴۴ اور کرفیو آرڈر کا پہلی بار نفاذ

(نامہ نگار خصوصی)

ٹونک (بذریعہ ڈاک) ۱۷ اکتوبر کو رات کے ۹ بجے ٹونک کے سوشلسٹ اور سنگھیوں میں زبردست تصادم ہوگیا۔ ……

بلغاریہ میں ترکوں کے خلاف مہم

سرمایہ دار ممالک کے ایجنٹ ہونے کا الزام

لاہور میں مہاجرین کی گرفتاری پر احتجاج

راجستھان میں جمعیۃ علماء کی وسیع تنظیم

مولانا محمد عاقل صاحب دہلی پہنچ گئے

ایک ہزار روپیہ انعام

طاقت مفت

……

نقد انعام مینیجر دی ہیرو فارمیسی رجسٹرڈ، دریا گنج، ترکمان گیٹ دہلی

ہر قسم کے بنگلوں، عالیشان عمارتوں، اداروں، گھروں، سکولوں و ہسپتالوں کی حفاظت و خوبصورتی کے لئے اصلی رنگ استعمال کیجئے۔

بھارت پینٹ

ہر قسم کے خوبصورتی رنگوں میں مقامی بیوپاریوں سے خریدئیے۔

کیڑے مکوڑوں کو ہلاک کرنے والے اجزاء سے مرکب ہے

ایجنٹوں و سٹاکسٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے

تیار کنندگان گلیڈون پراڈکٹس (انڈیا) ……… احمد آباد

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
ٹیلیفون نمبر 6831
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۲۸ ذالحجہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۲۲ اکتوبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۴۹ | قیمت فی پرچہ دو آنے

جوناگڑھ میں عورتوں کا جلوس
چینی کی قلت کے خلاف احتجاج

جوناگڑھ ۲۰ اکتوبر۔ کل یہاں کی عورتوں نے بلیک مارکیٹ اور چینی کی قلت کے خلاف احتجاجی جلوس نکالا۔ یہ جلوس شہر کی سڑکوں سے گذرا اور مختلف نعرے لگائے گئے اور قومی ترانے گائے گئے۔ (اے پ)

ایجنٹ صاحبان نوٹ کریں
اخبار الجمعیۃ کی تعداد کے متعلق کوئی کمی بیشی پرچہ بند نہ کیا کریں۔ منی آرڈر تاخیر سے وصول ہوتے ہیں اس سے تعمیل میں دقت پیش آتی ہے

یورپ میں جنگ کی تیاریاں شروع ہوگئیں یوگوسلاویہ کی سرحد پر زبردست خطرہ

ہنگری، بلغاریہ، رومانیہ اور البانیہ نے اپنی فوجیں جمع کر دیں

خندقیں اور مورچے تیار کئے جا رہے ہیں
سرحدی شہروں میں روسی دستے پہنچ گئے

بلغراد ۲۰ اکتوبر۔ یوگوسلاویہ کے ایک اخبار "بوربا" (BORBA) کی اطلاع کے مطابق ہنگری، رومانیہ، بلغاریہ اور البانیہ نے یوگوسلاویہ کی سرحد پر اپنی فوجیں تعینات کر دی ہیں۔ خندقیں اور مورچے تیار کئے جا رہے ہیں اور کانٹے دار تار لگائے جا رہے ہیں۔

[illegible]

کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا مسئلہ
امریکہ پر پنڈت جی نے کوئی زور نہیں دیا

[illegible]

اسلحہ کی تیاری سے قیام امن کا مسئلہ حل نہیں ہو سکتا
امریکہ کو ایک امریکی اخبار کی طرف سے انتباہ

[illegible]

وزیر اعظم مغربی بنگال کی کوٹھی پر ہجوم نے دو بم پھینکے
پولیس کو اشک آور گیس اور لاٹھی چارج کرنا پڑا

کلکتہ ۲۰ اکتوبر (پی ٹی آئی) پولیس نے کل شام ایک ہجوم پر جو وزیر اعظم مغربی بنگال ڈاکٹر بی سی رائے کی [illegible]

شام، عراق اور شرق اردن کی مجوزہ یونین پر عرب لیگ میں غور

سعودی عرب اور مصری حلقوں میں زبردست تشویش
شام کے جلا وطن صدر قوتلی بے کی مصر میں آمد

[illegible]

امریکہ کی چار اہم انجمنوں کی طرف سے پنڈت نہرو کی دعوت
مسز روزویلٹ نے مہمانوں سے پنڈت نہرو کا تعارف کرایا

[illegible]

روس بڑے پیمانے پر
ہتھیار تیار کئے جا رہے ہیں

[illegible]

تعلیم کا مسئلہ [illegible]
لندن میں ڈاکٹر تارا چند کی تقریر

[illegible]

مجلس تحفظ کے انتخاب کا مسئلہ
ناروے چیکوسلاویکیہ کی حمایت کریگا

[illegible]

ہندو پاکستان کی خوش حالی میں ایک دوسرے کے محتاج ہیں
ایک کی مضبوطی دوسرے کیلئے مفید ہوگی۔ آچاریہ جگل کشور کا بیان

[illegible]

امریکہ ابھی تک چین میں کمیونسٹ حکومت تسلیم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا
برطانیہ بھی فوری طور پر اس حکومت کو تسلیم نہیں کریگا
امریکہ کے سیاسی حلقوں کا رد عمل

[illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیجئے

نیشنل ٹریڈ کونسل کی طرف سے پنڈت نہرو کو ڈنر کی دعوت
پنڈت نہرو کے بیان پر امریکہ کے مالی حلقوں میں دلچسپی

[illegible]

انڈونیشیا کو انتقال اقتدار کی تاریخ پر گفتگو شروع ہوگئی
وفاقی لیڈر کا انکشاف۔ فوجی حالات پر بھی بات چیت ہوئی

[illegible]

چیکوسلواکیا میں سوشلسٹ سماج کا قیام
حکومت کی طرف سے اہم اقدامات

[illegible]

پاکستان پبلک سیفٹی آرڈیننس
کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے مذمت

[illegible]

پٹ سن کے کاشتکاروں سے اپیل

[illegible]

پنڈت نہرو کا اعلان
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

برطانیہ سے جھگڑا

[illegible]

آگرہ میں سنگھ کے سالانہ اجلاس میں کانگریس کے رہنماؤں نے بھی شرکت کی

[illegible]

مشرقی پاکستان میں پٹ سن کی پیداوار پہلے کی مقدار کا نصف رہ گئی

[illegible]

سکہ کی قیمت

[illegible]

پاکستان چیمبر آف کامرس کا اجلاس

[illegible]

برطانیہ میں طوفانی بارش اور آندھی

[illegible]

فن لینڈ اور مشرقی جرمنی کا تجارتی معاہدہ

[illegible]

کانپور جیل میں کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال

[illegible]

روسی وزیر خارجہ کا اعلان
بقیہ صفحہ اول

[illegible]

قاہرہ میں عرب لیگ کے ششماہی اجلاس کی سرگرمیاں
عراق اور شام کے اتحاد پر طویل اور گرما گرم بحث کی توقع

[illegible]

انڈونیشی فوجی زبردستی روپیہ وصول کرتے ہیں
جمہوریہ کے چینی باشندوں کا الزام

[illegible]

مجلس اقوام میں گوبلز کا [illegible]
برطانوی نمائندہ پر شاگردی کا الزام

[illegible]

شاہ بلجیم اپنی واپسی کے مسئلہ پر استصواب کیلئے تیار ہوگئے
۵۵ فیصدی سے زائد ووٹ نہ ملے تو تمام حقوق سے دست بردار ہو جائینگے

[illegible]

ہندوستان کو صنعتی بنانے کے منصوبوں پر گفت و شنید
امریکی انجینیروں اور ماہرین صنعت سے پنڈت نہرو کا مشورہ

[illegible]

پاکستان روز بروز مضبوط ہو رہا ہے
کھلنا میں مسٹر لیاقت علی خاں کی تقریر

[illegible]

وزیر اعظم بنگال کی کوٹھی پر مظاہرہ

[illegible]

سمن بغرض قرارداد امور تنقیح طلب
نام عدالت منصفی شرقی جے پور
نمبر و عنوان مقدمہ ۲۰۰۵/۴۵۵
ساۃ سعیدا بنام عبدالستار
دعوی جھگڑا

[illegible]

دستخط حاکم

بلیچ سے ہر کالا شخص یقیناً گورا ہو سکتا ہے
قیمت فی شیشی ۲ روپیہ
اپنے شہر کے ہر دوا فروش یا مینار سے طلب کریں

SCOT PILLS
For FEMALE IRREGULARITIES
24 PILLS Rs. 3
Selling at all Chemists

اسٹاکسٹس
دہلی: ینگ فرینڈ اینڈ کمپنی
آگرہ: گوپال میڈیکل اسٹور
سہارنپور: یو۔ این۔ بنرجی اینڈ کمپنی
لکھنؤ: سرکار اینڈ کمپنی
علیگڈھ: شاہ اینڈ کمپنی ریلوے روڈ
ایٹمی ہتھیاروں کو انسان کی بہتری کیلئے استعمال ہونا چاہیے

یو این او کے ہیڈ کوارٹر کا افتتاح کرتے وقت مسٹر ٹرومین کی ایک اہم تقریر

نیو یارک ۲۴ اکتوبر۔ مسٹر ٹرومین نے ایک بیان میں کہا کہ ایٹمی ہتھیاروں پر کنٹرول ہونا چاہیے۔ بہتر انسانی حقوق کا احترام کیا جائے۔ ساتھ ہی ساتھ بہتر دنیا کے لئے اقتصادی اور معاشی ذرائع وغیرہ کو ترقی دی جانی چاہیے۔

انہوں نے اقوام متحدہ کے نئے ہیڈ کوارٹر کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے اور اٹلانٹک چارٹر کی جو تقی یادگار مناتے ہوئے کہا اقوام متحدہ کی ایٹمی کمیشن نے ایٹمی طاقت کے کنٹرول کی پلان مرتب کی ہے۔ وہ نہایت عمدہ ہے۔ یہ ایک ایسی اسکیم ہے جس سے کنٹرول کی تمام ضروریات پوری ہو جاتی ہیں اور اسی اسکیم کے ذریعہ ان ہتھیاروں کے استعمال کو ممنوع قرار دیا جا سکتا ہے۔

صدر نے کہا کہ ہم اسی اسکیم کی تائید کرتے ہیں اور اس وقت تک کرتے رہیں گے۔ جب تک کوئی دوسری بہتر اسکیم ہمارے سامنے نہ آئے۔ اس وقت ہمیں سب سے زیادہ جس چیز کا مطالبہ کرنا ہے وہ یہ ہے کہ ایٹمی طاقت کو انسان کی بھلائی کے لئے استعمال کیا جائے نہ کہ انسان کی برائی کے لئے۔

پسماندہ علاقوں کو امداد دینے کے پروگرام کے متعلق انہوں نے کہا کہ اس وقت آدھے انسان افلاس میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ لاکھوں مرد، عورتوں اور بچوں کو صحیح خوراک، کپڑا اور دوسری ضرورت کی چیزیں میسر نہیں آ رہی ہیں۔ ہم اس وقت تک دنیا میں امن و امان قائم نہیں کر سکتے جب تک کہ ان پسماندہ علاقوں کے عوام کے معیار زندگی کو بلند نہ کریں۔

دنیا کے عام سماجی حقوق کے متعلق صدر امریکہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر میں شدت سے انسانی حقوق کا احترام کیا گیا ہے۔ ... (رائٹر)

حیدرآباد کے مشہور ڈاکٹر عبد اللطیف کانگریس میں شامل ہو گئے

مسلمانوں کو کانگریس میں شامل ہونے کا مشورہ

کرنول ۲۴ اکتوبر:۔ مقامی عثمانیہ کالج کے پرنسپل اور حیدرآباد کے مشہور ڈاکٹر سید عبد اللطیف نے دو ہزار دوسرے مسلمانوں کے ساتھ کانگریس میں شرکت کر لی۔ انہوں نے ابتدائی ممبر شپ کے فارمات پر دستخط کر دیئے۔

ڈاکٹر سید عبد اللطیف نے اپنے فیصلہ کا اعلان کرتے ہوئے ایک جلسہ عام میں کہا کہ مسلمانوں کو کانگریس میں شامل ہو کر ان لوگوں کے ہاتھوں کو مضبوط کرنے چاہئیں جو انڈین یونین کو ایک لادینی اور جمہوری حکومت بنانا چاہتے ہیں۔

انہوں نے مسلمانوں کے ایک بڑے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ جنوری میں نیا دستور نافذ ہو جائے گا۔ اس وقت ہندوستان کے باشندوں کو سیاست کے متعلق اپنا نظریہ بدلنا پڑے گا۔ سیاست کے پرانے طریقے بدل چکے۔

طاقت کی رسہ کشی۔ فرقہ پرست نقطہ نظر اب باقی نہیں رہے گا۔ ایک ایسا نیا نظام قائم کرنا ہو گا۔ جس میں ہر شخص بلا لحاظ مذہب وملت تمام مواقع حاصل کر سکے۔ اور اس کو وہ تمام بنیادی حقوق حاصل ہوں جن کا ذکر دستور میں ہے۔

ڈاکٹر عبد اللطیف نے مسلمانوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے فرائض پورے طور پر انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ ... (باقی صفحہ ۴ پر)

الجمعیۃ
کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی
کوششوں اور اس کے نتائج سے
ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ
کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔
عبد الوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

فرانسیسی ہند کا مسئلہ

کانگریسی لیڈروں کی مزید ملاقات

پانڈیچری ۲۴ اکتوبر:۔ فرانسیسی ہند کی نمائندہ اسمبلی کے کانگریس گروپ کے سکریٹری مسٹر ... نئی دہلی گئے تھے ... (ر۔ پ)

لکھنؤ میں چھ ایشیائی ممالک کی اہم کانفرنس شروع ہو گئی

خوراک اور زراعت کے مشترک مسائل پر غور ہو گا

جاپان کے مشاہدین بھی کانفرنس میں شریک ہو رہے ہیں

لکھنؤ ۲۴ اکتوبر۔ گورنمنٹ ہاؤس کے دربار ہال میں آج تین بجے ایشیا اور مشرق بعید کے سات ممالک ہندوستان، سلطنت متحدہ (برطانیہ)، آسٹریلیا، پاکستان، انڈونیشیا، سیلون اور تھائی لینڈ کے چالیس کو اپریٹو ایکسپرٹ جمع ہو رہے ہیں۔ یہ کانفرنس ہر گونہ بند دس روز تک جاری رہے گی۔ اقوام متحدہ کی خوراک اور زراعت کی تنظیم کی طرف سے طلب کی گئی ہے۔ ... (باقی صفحہ ۴ پر)

جیسے کو تیسا!

سکھوں کی کانگریس میں شمولیت کا نزاعی مسئلہ

یو۔ پی کے وزراء اور پارلیمنٹری سکریٹریوں کے تاثرات

حضرت مولانا حفظ الرحمن صوبہ سی پی کے بعض مقامات کا بھی دورہ کرینگے

حیدرآباد جاتے ہوئے ناگپور اسٹیشن پر حضرت مولانا کا استقبال

ناگپور ۲۴ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) کل ناگپور اسٹیشن پر جمعیۃ علماء صوبہ سی پی اور ناگپور کے ارکان اور دیگر معزز مسلمانوں نے جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کا شاندار استقبال کیا۔ حضرت مولانا گرانڈ ٹرنک ایکسپریس سے حیدرآباد تشریف لے جا رہے تھے اور مولانا ابو الوفاء ... آپ کے ہمراہ تھے۔

اٹھائیس دسمبر کو انڈونیشیا آزاد ہو جائے گا

بٹاویہ ۲۴ اکتوبر۔ پوسٹ ٹرسٹ پائنٹر، بٹاویہ کے باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کو آئندہ ۲۸ دسمبر کو خود مختار درجہ کے اختیارات مل جائیں گے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ہالینڈ کے دار السلطنت ہیگ میں گزشتہ ستمبر سے ایک گول میز کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس میں متحدہ ریاست ہائے انڈونیشیا اور متحدہ دار الحکومت کی کامیابی کی امید ظاہر کی گئی۔ انڈونیشیا جنوب مشرقی ایشیا میں سب سے بڑی اسلامی سلطنت ہو گی۔

افریقہ کے تعلیمی ادارہ میں فساد

تین یورپین عورتیں زخمی

کلکتہ کارپوریشن کی ہڑتال کا دوسرا دن۔ ہڑتالی لیڈروں پر حملہ

سمجھوتہ کیلئے ٹریڈ یونین کانگریس کے لیڈر اور وزیر محنت کی گفتگو

Teg's
SQUASHES
LEMON
BAHADURGARH FARMS, PATIALA

تیگز
کے مشہور و معروف
سکواش: لیمن۔ سنگترہ۔ گریپ فروٹ
اور انناس کی خرید و استعمال کیجئے
بہادر گڑھ فارمز پٹیالہ

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

DATE:- 24-10-49

PHONE 5835

یو پی میں چاول کی فراہمی کیلئے نئی قیمتوں کا اعلان

صوبائی حکومت نے مرکز کی منشاء کے خلاف قیمتیں کم نہیں کیں

لکھنؤ ۲۳ اکتوبر۔ حکومت یو پی نے چاول کی فراہمی کے لئے اس سال جو قیمتیں مقرر کی ہیں ان کا اعلان کیا ہے ... حکومت یو پی نے اس سال باجرہ، جوار اور مکئی خریدنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

کلکٹر ٹونک کا آرڈیننس

مسلم حلقوں میں اظہار تشویش

ضروری سوال!

اتوار کو روزنامہ الجمعیۃ شائع نہیں ہوتا۔ اس کی جگہ ہفت روزہ الجمعیۃ شائع کیا جاتا ہے۔ روزنامہ کی قیمت ۲ ر ڈاک خرچ ہے اور ہفت روزہ کی قیمت چار آنہ (۴ ر) فی پرچہ ہے۔

بعض ہمدردوں نے تجویز پیش کی ہے کہ ہفت روزہ الجمعیۃ کو موجودہ شکل میں شائع کرنے کی بجائے اتوار کے دن بھی دو صفحوں کا اضافہ کر کے روزنامہ ہی اپنے اصل سائز پر شائع کیا جائے اور قیمت دو آنہ فی پرچہ ہی رکھی جائے۔ ... تاکہ روزنامہ الجمعیۃ کے خریداروں کو اس دن خبروں کے لئے کسی دوسرے اخبار کی ضرورت نہ رہے۔ ... اور ہفت روزہ اور روزنامہ دونوں کا فائدہ پہنچ سکے اور شہر گاؤں کے لوگ یکساں فائدہ اٹھا سکیں۔

قارئین الجمعیۃ و ایجنٹ صاحبان!

سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں ہمیں جلد از جلد اپنی رائے سے آگاہ فرمائیں۔ براہ کرم جس خط میں اپنی رائے تحریر فرمائیں اس میں دوسرے امور نہ لکھیں۔

عبد الوحید صدیقی
جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

بریلی میں الجمعیۃ کے ایڈیٹر اور پرنٹر کے خلاف مقدمہ

اہم سیاسی انکشافات منظر عام پر آنے کا امکان!

تولیتی کمیٹی میں پروفیسر بخاری کی تقریر

حمائل شریف
کلام اللہ شریف مترجم اور معرا، چھوٹے اور بڑے سائز
تفسیر، حدیث، فقہ، دینیات، مسائل، مواعظ، اخلاق،
تاریخ، سیرت، اول قسم کی کتابیں جمعیۃ جنرل بک ایجنسی دہلی
سے منگائیے

اطالوی نوآبادیات

انعامی جلسہ

نایاب جامعہ سلفیہ بلیماران حویلی حسام الدین حیدر دہلی کا ایک جلسہ ... اکتوبر بروز شام کو سات بجے ڈاکٹر تاج الدین صاحب ... کی صدارت میں ہو رہا ہے۔ طلباء نظمیں اور مضامین پیش کریں گے اور انعام تقسیم کئے جائیں گے۔

پاک ایر لمیٹڈ
باقاعدہ مقررہ سروسیں
دہلی تا: کراچی، لاہور، راولپنڈی (براستہ لاہور)، پشاور (براستہ لاہور)

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)

روانگی	دہلی	۰	۱۴
آمد	کراچی	۱۰	۱۸

دہلی لاہور (روزانہ)

روانگی	دہلی	۵۰	۹
آمد	لاہور	۴۵	۱۱ (راولپنڈی اور پشاور کیلئے)

لاہور راولپنڈی پشاور (ہر سوم، بدھ، جمعہ اور سنیچر)

روانگی	لاہور	۳۰	۱۲
آمد	راولپنڈی	۴۰	۱۳
روانگی	راولپنڈی	۵۰	۱۶
آمد	پشاور	۵۰	۱۷

ٹیلیفون نمبر ۸۰۰۸
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ڈیگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

الجمعیۃ بکڈپو کی شائع کی ہوئی چند کتابیں
جو جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں رہنی ضروری ہیں
جمعیۃ علماء کیا ہے۔ حصہ اول ... ۶ر حصہ دوم ... ۶ر
مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل (از جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی)
موجودہ دور میں اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی موجودہ پوزیشن کو صحیح طور پر سمجھ سکے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کر سکے۔ قیمت صرف دس آنے (۱۰ر)
مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق۔ پنڈت سندر لال جی کی بہترین تصنیف ۸ر
ہمارا ہندوستان اور اس کے فضائل۔ قیمت ۲ر
جمعیۃ علماء کی شرعی اہمیت۔ قیمت ۱ر
اسلام کا اقتصادی نظام۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب کی مشہور کتاب ۵ر
مسلمانوں کا نظم مملکت۔ ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی بے نظیر کتاب۔ قیمت ۵ر
اصلاح الرسوم ... قیمت ۱۲ر
تعلیم الدین ... قیمت ۱۲ر
ہر قسم کی علمی، مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (۶)

دار العلوم دیوبند کی تلاشی سیکولر اسٹیٹ کی منشاء کے خلاف ہے

گورنر جنرل اور سردار پٹیل کے نام احتجاج

دہلی ۲۲ اکتوبر۔ گورنر جنرل، سردار پٹیل، مولانا آزاد اور یو پی کے وزراء کے نام دار العلوم دیوبند کی تلاشی کے سلسلہ میں احتجاجی تار ارسال کئے گئے ہیں۔ جن میں دار العلوم دیوبند کی تلاشی کو انتہائی شرمناک اور سیکولر اسٹیٹ کی منشاء کے خلاف قرار دیا گیا ہے۔

عرس حضرت سید شاہ بڑے صاحب

۲۸ اکتوبر کی شب ... کو عرس شریف ... قرآن کریم کے بعد قوالی ہو گی۔ اہل ذوق حضرات سے التماس ہے شرکت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں۔
بیلہ روڈ متصل درگاہ سید شاہ بڑے صاحب دہلی۔
(خادم محمد ناصر رضوانی تحصیلی)

جاٹ اور چماروں میں جھگڑا

بندوق اور لاٹھیوں کا استعمال

روڑکی ۱۸ اکتوبر۔ تحصیل روڑکی کے تھانہ منگلور کے ایک گاؤں نصیر پور میں ایک کھیت کے متعلق جھگڑے نے بڑھ کر بلوہ کی شکل اختیار کر لی۔ جھگڑا جاٹ اور چماروں میں ہوا جس میں بندوق اور لاٹھیوں کا کھلا استعمال ہوا جس سے ایک چمار مر گیا اور کئی زخمی ہوئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر آٹھ جاٹوں کو گرفتار کر لیا اور ابھی پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔ (نامہ نگار)

سندھی ہندوؤں کے انخلاء کے اسباب

انعامی مضمون لکھنے کا اعلان

بمبئی ... سندھ ہندو ... نے ایک ادبی انعامی مقابلہ کرنے کا اعلان کیا ہے جس میں انگریزی مضمون پر ... روپے اور دوسرے ... روپے کا انعام دیا جائے گا۔ مضمون کا عنوان ہو گا:
"سندھ سے ہندوؤں کے انخلاء کے اسباب و نتائج"

تعلیمی مسائل پر گفتگو

وزیر اعظم ہند کا استقبال

بقیہ صفحہ اول

ولزلی کالج میں تقریر

بوسٹن میں استقبال

جیون
رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت
پیدا کر کے جوانی کو واپس لانے کے لئے بے نظیر گولیاں ہیں۔
۴۰ دن کی دوا ۱۵ر

رسائن
سیلان (لیکوریا)، رحم کی کمزوری اور کمر کی طاقت
کے لئے سو فیصدی کامیاب ٹیکہ
ایک مہینے کی دوا ۴ر

مدن منجری دواخانہ (دہلی دواگھر) نور گنج دہلی

مباحث امروز

دوسروں کی باتیں

مجلس تحفظ اور ہند

ہندوستان کے ساتھ حفاظتی کونسل کے لئے ایکوڈیڈ اور یوگوسلاویہ بھی منتخب ہو گئے ہیں [illegible]

امریکنوں کی مایوسی

[illegible]

اکثریت کے لئے

[illegible]

دیوبند کا فساد

[illegible]

جمعیۃ علماء دوسروں کی نظر میں

[illegible]

روزنامہ

الجمعیۃ

۲۶ / اکتوبر ۱۹۴۹ء

ہند اور پاکستان کے تعلقات

کانگریس نے جمعیۃ علماء کی مخالفت کے باوجود ملک کی تقسیم کو اس لئے منظور کیا تھا کہ روز روز کی بدنصیبی سے نجات مل جائے اور کسی کے کام میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ اس نے سوچا تھا کہ اگر اب لیگ کے مطالبہ کو نہ مانا گیا تو مشترک ہندوستان میں کام کرنا مشکل ہو جائے گا اور یہ رسہ کشی ہندوستان کو آگے نہ بڑھنے دے گی۔ پاکستان اپنی حدود میں آزادی کے ساتھ عمل کرے اور کانگریس آزادی کے ساتھ ہندوستان کی خدمت میں لگ جائے چنانچہ اس خیال کے پیش نظر کانگریس مجبور ہوئی کہ پاکستان کے قیام کو منظور کرے اور مخالف عناصر کو اپنی حدود پوری کرنے کے لئے آزاد چھوڑ دے۔ اب چاہئے تو یہ تھا کہ دونوں کو اپنی اپنی جگہ اطمینان اور سکون حاصل ہو جاتا اور دونوں کو تعاون اور دوستی [illegible] کے سوا ایک دوسرے سے سروکار نہ رہتا لیکن افسوس ہے کہ یہ مقصد پورا نہ ہوا اور تقسیم کی قربانی ٹھکانے نہ لگی، ہندوستان محسوس کرتا ہے کہ پاکستان کیا بنا بغل میں پھوڑا پیدا ہو گیا اور بیٹھے بٹھائے ایک مصیبت نازل ہو گئی، پاکستان سمجھتا ہے کہ ہندوستان سے خیر کی کوئی امید نہیں، خبر نہیں کہ اس کی وجہ سے پاکستان کو کب پریشان ہونا پڑے اور کب اس کی ہستی خطرہ میں پڑ جائے اور جب اس خطرہ کا مقابلہ کرنا ہی ٹھہرا تو کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی فوجی طاقت مضبوط ہو اس کا ڈیفنس قابل اطمینان ہو اور اس کی معاشی حالت بگڑنے نہ پائے! گویا اپنی اپنی جگہ دونوں بے چین ہیں اور دونوں ہی کو ایک دوسرے سے خوف لگا ہوا ہے

اس بات کو جانے دیجئے کہ ملک کی تقسیم کا مقصد کہاں تک حاصل ہوا، اس بات کو سوچئے کیا یہ صورت حال کسی درجہ میں قابل برداشت ہے؟ کیا اس اضطراب اور بد اعتمادی کا سلسلہ یوں ہی چلتا رہے گا؟ کیا ان حالات میں دونوں کو پنپنے اور ترقی کرنے کا کوئی موقع مل سکتا ہے؟ یہ ناممکن ہے کہ دونوں حکومتوں کے تعلقات خراب ہوں اور دونوں طرف کے باشندوں پر ان کا اثر نہ پڑے؟ چنانچہ حکومتوں کے ساتھ عوام بھی پریشان ہیں اور ہندو مسلم سوال کا زہر ہر روز ابھرتا رہتا ہے، سوچئے کہ یہ کتنی بڑی مصیبت ہے کہ ہند اور پاکستان کے چالیس کروڑ باشندے بے چینی کی زندگی بسر کریں، اور آزادی راحت بننے کے بجائے مصیبت بن جائے۔ یہ دیکھ کر بہت ہی افسوس ہوتا ہے کہ ہندوستان نے آزادی اور ملک کی تقسیم کی بڑی سے بڑی قیمت ادا کی مگر اس کا پھل کسی کو نہ ملا اور دولتین کی ناگواری اور ناچاقی کا خاتمہ کسی جگہ بھی جا کر نہ ہوا۔ آخر ایسی زندگی سے کیا فائدہ جو شب و روز خلش اور خوف میں گذرے اور چالیس کروڑ انسانوں کو [illegible] راحت بھی نصیب نہ ہو؟

ضرورت تھی کہ ہندوستان اور پاکستان کے کچھ سلیم الطبع اور دانش ور لوگ کھڑے ہوتے اور وہ دونوں ڈومینینوں کے تعلقات کو خوشگوار بنانے، غلط فہمیوں کو دور کرنے اور تعاون اور دوست داری کے جذبات کو ترقی دینے کی کوشش کرتے اور ایسی صحت مند فضا پیدا کرتے جس میں دونوں کے باشندوں کو اطمینان کا سانس لینے کا موقع ملتا، لیکن بدقسمتی سے دو سال گذر گئے اور اس جانب کسی کو توجہ دینے کی مہلت نہ ملی غلط فہمیوں پر غلط فہمیاں پیدا ہوتی چلی گئیں الجھنوں پر الجھنیں بڑھتی چلی گئیں، تعلقات پر تعلقات خراب ہوتے چلے گئے لیکن ملک کے امن پسندوں اور انسان [illegible] مودت میں پرو کر رہیں گے اور بے اعتمادی کو دور کر کے اعتماد کی فضا کو بحال کریں گے تو اندازہ لگائیے کہ اس پر ہماری خوشی کا کیا حال ہو گا اور ہمیں ایسی کوشش کا خیر مقدم کس سرگرمی اور گرم جوشی کے ساتھ کرنا چاہئے

یہ بات یقیناً ہمارے لئے باعث فخر ہے کہ اس مبارک کام کی تحریک انڈیا پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن کے نام سے دہلی سے شروع ہوئی ہے اور دونوں مملکتوں میں اس کا خیر مقدم ہوا ہے! اگرچہ ایسوسی ایشن نے اپنی جدوجہد کے دائرہ کو دولتین کے سماجی تہذیبی اور اقتصادی تعلقات کی بحالی اور تعاون اور خیرسگالی کے جذبات کی ترقی تک محدود کر دیا ہے لیکن ان کی ترقی سے دولتین کی سیاست کا متاثر ہونا ضروری ہے، اقتصادی تعاون، تہذیبی مفاہمت، سماجی تعلقات ہی وہ اجزا ہیں جن سے سیاست کا ہیولیٰ تیار ہوتا ہے اور جو سیاست کی ہر منزل میں رہنمائی اور سلامت روی کا فرض انجام دیتے ہیں۔

ایسوسی ایشن کے صدر اچاریہ جگل کشور نے اس سلسلہ میں جو بیان دیا ہے وہ یقیناً دولتین کے چالیس کروڑ انسانوں کی ترجمانی کرتا ہے، اس میں کہا گیا ہے کہ

> "اگر ہندوستان اور پاکستان اپنے عوام کا معیار بلند کرنا اور بین الاقوامی امن اور تعاون کے لئے کوئی پارٹ ادا کرنا چاہتے ہیں تو وہ امن کی زندگی بسر کرنا سیکھیں آپس کے دوستانہ تعلقات کو ترقی دیں اور ایک دوسرے کے محرکات اور جذبات کا احترام کریں اگرچہ ہند اور پاکستان دو مستقل اور علیحدہ ادارے ہیں لیکن دونوں حکومتوں کا امن اور خوشحالی ایک دوسرے کی خیر سگالی پر ہے، ہندوستان کو ایک مضبوط اور پر امن پاکستان کی ضرورت ہے اور پاکستان کو ایک خوشحال اور پائدار ہندوستان کی ضرورت ہے اس لئے دونوں طرف کے باشندوں کو چاہئے کہ وہ ایک دوسرے کی خوشی اور مرفہ الحالی کے لئے کوشش کریں اور کھوئے ہوئے اعتماد کو بحال کرنے کی راہ نکالیں!"

ہم اس بیان کا خیر مقدم جس قدر بھی زیادہ کریں کم ہے لیکن یہ بات بھی عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ چند امن پسندوں کی خواہش سے دلوں کا بگاڑ دور نہیں ہو سکتا، یہ معاملہ چالیس کروڑ انسانوں کا ہے جس کے لئے بنیادی اور ٹھوس کام کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر صاف صاف بات سننا چاہو تو ہم عرض کریں گے کہ جب دونوں مملکتوں کی اقلیتوں کو اطمینان حاصل نہ ہو گا اور ان کا دل گواہی دینے لگے گا کہ وہ خطرہ سے نکل گئی ہیں اور انہیں اپنا مستقبل شاندار نظر آ رہا ہے اس وقت تک دولتین کے تعلقات میں دوستداری اور تعاون کی گرہ نہیں لگ سکتی!

دوسری بات جو اس مقصد کے لئے ضروری ہے وہ اخبارات کی سلامت روی اور ہمدردانہ کوشش ہے اس وقت دونوں طرف کے اخبارات جھوٹ ہی نہیں بولتے آگ برسا رہے ہیں ان کی گردن پر لاکھوں انسانوں کا خون ہے اور ان کے دفتر ہلاکو اور چنگیز کی قتل گاہوں کو ماند کر رہے ہیں۔ جب تک یہ اخبارات زندہ رہیں گے، اتحاد و تعاون، امن و سلامتی کی فضا سازگار نہ ہو سکے گی۔ ایک طرف دونوں طرف کی اقلیتوں کا انخلا جاری ہے دوسری طرف اخبار کے [illegible]

انتہائی افسوسناک!

[illegible]

گاندھی جی پر حملہ

[illegible]

صوبہ سنکیانگ کے دارالسلطنت پر کمیونسٹوں کے قبضہ کی تصدیق ہو گئی

چنکنگ کے علاقہ پر دو طرفہ سخت حملہ کی توقع!!

کینٹن میں فوجی کنٹرول کمیٹی قائم کر دی گئی!

[illegible]

کل رات پیکنگ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ گذشتہ جمعہ کو کینٹن میں ۱۲ آدمیوں کی ایک فوجی کنٹرول کمیٹی مقرر کی گئی ہے جس نے فوراً انتظامی کنٹرول کا کام شروع کر دیا ہے۔ (پ۔ ٹ رائٹر)

الجمعیۃ

کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرضی کا ثبوت دیں۔

جاپان کی آیندہ تجارت

[illegible]

مظفر پور کا کانگریس ورکر رہا کر دیا گیا

[illegible]

پاکستان کا فالتو غلہ

مشرق وسطی اور ہند کو دیا جائیگا

[illegible]

مسٹر اٹیلی اور مسٹر چرچل کے پیغامات

[illegible]

عنقریب ہی حکومت جہالت دور کرنے کیلئے اساتذہ بھرتی کریگی

تعلیم بالغان کے مرکز رابطہ کا افتتاح کرتے ہوئے مولانا آزاد کی تقریر

دہلی ۲۳ / اکتوبر۔ کل شام بلکہ باغ میں تعلیم بالغان کے مرکز رابطہ کا افتتاح کرتے ہوئے ہند کے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد نے معلم کی مشعل سے جہالت کے بھوت کو آگ لگائی اور اس میں سے تعلیم کی روشنی سے منور ہند کا نقشہ نمودار ہوا۔

[illegible]

اساتذہ کی بھرتی

[illegible]

گورونانک کا یوم پیدائش

۵۰ سکھ ننکانہ صاحب جائینگے

[illegible]

فرانس میں وزارت بنانے کی ایک اور کوشش

صدر نے سابق وزیر خارجہ کو اس مقصد کیلئے نامزد کر دیا

[illegible]

ماسکو میں پاکستانی ناظم الامور

[illegible]

اقوام متحدہ بہت مفید خدمت انجام دے رہی ہے

فلسطین کے عرب علاقے شرق اردن میں ضم کئے جائیں

[illegible]

اٹیلی اور چرچل کے پیغامات

[illegible]

گوڈسے اور آپٹے کے رشتہ داروں کی طرف سے گورنر جنرل سے رحم کی درخواست

[illegible]

دنیا میں صرف اس وقت امن قائم ہو سکتا ہے جب قومیں خدشات کو اپنے دلوں سے نکال دیں

ایٹمی ہتھیار کی دوڑ دنیا پر تباہی لائے گی

یوم اقوام متحدہ پر گورنر جنرل کی ریڈیائی تقریر!

[illegible]

روپے کی قیمت کم نہ کرنے کی تائید

سرحد چیمبر آف کامرس کی قرارداد

[illegible]

عالمی امن کانگریس سے یوگوسلاویہ کو نکال دیا گیا۔ ماسکو ریڈیو کا اعلان

[illegible]

جیم خانہ میں تقریب

[illegible]

پنڈت نہرو کی امدادی رسم

مدراس میں دکھائی جا رہی ہے

[illegible]

پنڈت نہرو امریکہ سے کناڈا پہونچ گئے

ہوائی میدان پر وزیر اعظم ہند کا شاہانہ استقبال

[illegible]

ڈھاکہ میں کلکتہ کی نسبت بڑے پیمانہ پر دیوالی

[illegible]

جالندھر کے قریب ۳ اشخاص قتل

[illegible]

گورنر جنرل کے مہمان

[illegible]

پاکستان کی پٹ سن کی پالیسی

ایک نئے آرڈی ننس کا اجرا

[illegible]

گورنر جنرل پاکستان کا پیغام

[illegible]

سرحد اور قبائلی علاقہ میں دیوالی

[illegible]

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
[illegible]
دہلی کمرشیل کارپوریشن [illegible]

ضرورت
[illegible]
عبدالسلام مسلم گرلز ہائر سیکنڈری اسکول مراد آباد

مفت
[illegible]

چینی کمیونسٹ روس کی خارجی پالیسی کی مکمل حمایت کریں گے

جنگ کی صورت میں روس کی جوانوں اور مزدوروں سے مدد کی جائیگی

[illegible]

شام اور عراق کا اتحاد

انگلستان کے ایک اخبار کا تبصرہ

لندن۔ ۲۴ اکتوبر۔ [illegible] اخبار [illegible] نے شام عراق اتحاد کی تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔ "گو کہ ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ یہ وفاق کس قسم کا ہوگا۔ تاہم اس بات کا امکان کم ہے کہ دونوں مملکتیں بالکل ایک ہو جائیں۔ کیونکہ اس طرح سے اقوام متحدہ کی اسمبلی میں ایک ووٹ گھٹ جائے گا۔ زیادہ تر امکان اس بات کا ہے کہ دونوں ملکوں کی فوجیں ایک کر دی جائیں۔ اور دونوں ریاستوں کے درمیان کسٹم کی وصولی بند کر دی جائے۔ جو کہ بعد میں ایک سیاسی وفاق کی شکل اختیار کرے گا۔" (گلوب)

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" [illegible]

مختصر یہ کہ

"الجمعیۃ" ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے [illegible] اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

پنجاب کی مزید تقسیم کا مطالبہ مبنی بر انصاف نہیں ہے

ماسٹر تارا سنگھ کی تحریک کا مقابلہ کرنے کے لئے ڈاکٹر گوپی چند کا اعلان

[illegible]

روس پورٹ آرتھر چین کے حوالے کردیگا

لندن۔ ۲۴ اکتوبر۔ توقع کی جاتی ہے کہ روس جلد ہی چین کے ساتھ ایک دوستانہ معاہدہ کرنے کیلئے گفت و شنید شروع کرے گا۔ [illegible]

یوگوسلاویہ کے دو دیہات پر رومانیہ سے نکل کر کمیونسٹوں کا حملہ

تیس یوگوسلاوی سپاہی گرفتار

فرینک فرٹ۔ ۲۴ اکتوبر۔ بلگریڈ سے جرمنی کی خبر رساں ایجنسی ڈی۔ پی۔ اے نے تار دیا ہے کہ ۵۰۰ کامن فارم سپاہیوں نے رومانیہ سے نکل کر جمعرات کو یوگوسلاویہ کے دو گاؤں پر قبضہ کر لیا۔ [illegible]

پونچھ گیریزن کمانڈر پر رشوت کا الزام

جموں میں کورٹ مارشل ہوگا

سیالکوٹ۔ ۲۴ اکتوبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پونچھ گیریزن کے کمانڈر بریگیڈیئر پریتم سنگھ [illegible]

پالی میں قیام جمعیۃ العلماء

[illegible]

کلکتہ میں راستہ بند کرنے کی کوشش

[illegible]

دہلی میں شرنارتھیوں کے کوٹھیاں [illegible]

[illegible]

پریوی کونسلوں میں اپیل بند ہوگی

فیڈرل کورٹ نے اختیارات سنبھال لئے

[illegible]

فرید کوٹ میں مشہور ڈاکو گرفتار

[illegible]

اسلام نے زندگی کے ہر شعبے میں انسان کی رہنمائی کی ہے

اعلیحضرت شاہ ایران کی عید الضحیٰ کے موقعہ پر تقریر

[illegible]

سکھ تعلیمی کانفرنس میں مہاراجہ پٹیالہ کی تقریر

[illegible]

برطانوی کابینہ میں نئے اقتصادی پروگرام پر غور و خوض

اخراجات میں دس لاکھ ڈالر کی کمی کا امکان!

لندن۔ ۲۴ اکتوبر۔ برطانوی سرکار [illegible]

دہرہ دون میں مسلم جائدادیں

سندھ میں مقیم مالکوں کو اطلاع

[illegible]

بہار میں خاتمہ زمینداری

۱۹۵۱ء تک کام مکمل ہو جائیگا

[illegible]

دیوداس گاندھی بمبئی پہنچ گئے!

[illegible]

انڈونیشیائی وفد کا نام

صدر سوئیکارنو کا پیغام

[illegible]

۹۰ ہزار یہودی مہاجرین بیکار ہیں

[illegible]

لدھیانہ میں بھارگو گروپ کی میٹنگ ہوگی

[illegible]

پاک ایر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی، لاہور، راولپنڈی براستہ لاہور، پشاور براستہ لاہور

اوقات

دہلی تا کراچی (ہر منگل کو)
روانگی دہلی ۱۰ — 14
آمد کراچی ۱۰ — 18

دہلی لاہور (روزانہ)
روانگی دہلی ۵۰ — 9
آمد لاہور ۴۰ — 11

لاہور راولپنڈی پشاور (ہر سوم، بدھ، جمعرات، سنیچر)
روانگی لاہور 30 — 12
آمد راولپنڈی 40 — 13
روانگی راولپنڈی 40 — 14
آمد پشاور 50 — 14

ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

کیا کمیونسٹ میکاؤ پر حملہ کریں گے؟

برطانیہ پرتگالی نوآبادی کی امداد کرے گا

میکاؤ ۲۴ اکتوبر۔ چین میں پرتگالیوں کی ایک نوآبادی ہے جس کا نام میکاؤ ہے اور جس کا رقبہ صرف چار مربع میل ہے۔ اگرچہ حکومت پرتگال نے یہاں اپنی فوج میں سیاسی حالات کے باعث اضافہ کر دیا ہے پھر بھی یہاں کمیونسٹوں کی پیش قدمی کے باعث کوئی خاص تشویش کا اظہار نہیں کیا جا رہا ہے۔

ایک اعلیٰ افسر نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ کمیونسٹ میکاؤ پر قبضہ کرنے کی کوشش نہیں کریں گے۔ اس نے کہا کہ عام طور پر یہی رائے ظاہر کی جا رہی ہے۔ افسر مذکور نے یہ بھی کہا کہ اگر [illegible] حملہ ہوا بھی تو اس مقبوضہ کا دفاع مشکل ہو جائے گا۔ یہ علاقہ گذشتہ چار سو سال سے پرتگال کے قبضہ میں ہے۔ [illegible] میں یکم دسمبر کو چین سے ایک معاہدہ ہوا تھا جس میں پرتگال کو اس علاقہ پر قابض رہنے کی اجازت دیدی گئی تھی۔ یہ علاقہ ہانگ کانگ سے ۴۰ میل مغرب میں ہے۔ [illegible] کی مردم شماری کے مطابق یہاں کی آبادی [illegible] تھی۔

گذشتہ اگست میں پرتگال اور برطانیہ کے درمیان خفیہ گفت و شنید ہوئی تھی اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ اگر اس علاقہ کو کوئی خطرہ ہوا تو برطانیہ امداد کرے گا۔ بعض مشاہدین کا [illegible] اور پرتگال دونوں نے اس معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔ (رائٹر)

شام اور عراق کے اتحاد کی تجویز

منصوبہ ترک کردیا گیا

قاہرہ ۲۴ اکتوبر۔ عرب لیگ کی سیاسی کمیٹی میں پرسوں اس بات پر اتفاق رائے ہو گیا کہ شام اور عراق کے اتحاد کے نزاعی مسئلہ کو کم سے کم اس وقت تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے جب تک کہ شام میں آئینی حکومت قائم ہو۔

اس سے قبل ۲۴ گھنٹہ تک باقاعدہ جلسے [illegible] کمیٹی ۲۴ گھنٹہ تک مشورہ اور گفت و شنید کرتی رہی۔ کمیٹی کا ایک اجلاس شام اور عراق کے اتحاد کی تجویز پر غور کرنے کے بجائے لبنان کی پیش کردہ تجویز پر بحث و مباحثہ شروع ہوا۔ لبنان کی یہ تجویز مصری تجویز کے مشابہ ہے۔ جس میں تمام عرب ممالک کے فوجی سیاسی اور اقتصادی اتحاد کا مطالبہ کیا گیا ہے تاکہ عرب ممالک کے درمیان تعلقات زیادہ مضبوط ہو جائیں۔

شام اور عراق کے مجوزہ اتحاد پر جس کی مصر، سعودی عرب، لبنان، اور یمن نے مخالفت کی سخت گرما گرم بحث ہوئی۔ شامی وزیر اعظم ڈاکٹر ناظم القدسی نے حسین سری پاشا کی اس تجویز پر سخت احتجاج کیا کہ اس تجویز کو ایجنڈے میں شامل کر لیا جائے۔ ڈاکٹر قدسی نے اس امر کو شام کے داخلی معاملات میں مداخلت سے تعبیر کیا۔ انہوں نے جلسہ سے چلے جانے کی دھمکی دی۔

[illegible]

لیگ کونسل کے اراکین رہا

لاہور ۲۴ اکتوبر۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کونسل کے دو اراکین خان عبداللہ خاں اور خان محمد ایوب خاں جو [illegible] اکتوبر کو پاکستان پبلک سیفٹی آرڈیننس کے تحت گرفتار کئے گئے تھے کل لاہور سنٹرل جیل سے رہا کر دیئے گئے۔ جیل کے دروازہ پر بہت سے مسلم لیگی کارکنوں نے ان کا استقبال کیا (پ۔ ا)

امریکی بجٹ میں خسارہ

[illegible]

ہندوستان امریکی بلاک کے حوالہ ہو رہا ہے

پنڈت جی کے سفر پر روسی اخبارات کا تبصرہ

[illegible]

عرب لیگ کو زیادہ موثر بنایا جائے

پریس کانفرنس میں وزیراعظم عراق کا بیان

[illegible]

دار السلطنت — ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۹ء

نئی دہلی کے ایک مکان میں پراسرار آتش زدگی

کپڑوں میں خود بخود آگ لگنی شروع ہو گئی

نئی دہلی ۲۳ اکتوبر۔ [illegible] ایک مکان میں ایک پراسرار قسم کی آتش زدگی کی واردات ہوئی ہے جسے دیکھنے کے لئے لوگ جوق در جوق جمع ہو رہے ہیں۔ واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ اس مکان میں رہنے والوں کے کپڑے یکایک جل اٹھتے ہیں اور دیگر کسی چیز کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔

کہا جاتا ہے کہ کل دوپہر مالک مکان کی دس سالہ لڑکی نے دیکھا کہ دیوار پر ٹنگے ہوئے اس کے چند کپڑوں کو یکایک آگ لگ گئی ہے لڑکی کے شور مچانے پر آگ فی الفور بجھا دی گئی لیکن مکان والوں کی حیرت کی انتہا نہ رہی جب کہ مختلف کمروں میں پڑے کپڑوں کو تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد آگ لگنا شروع ہو گئی۔ سب سے زیادہ حیران کن امر یہ ہے کہ سوائے کپڑوں کے اور کسی چیز کو آگ نہ لگی۔ کمرہ کی الگنی پر کچھ کپڑے لٹک رہے تھے کپڑے جل گئے لیکن الگنی جوں کا توں رہا۔ میز پر پڑا ایک میز پوش جل کر خاکستر ہو گیا لیکن میز کو کوئی آنچ نہ آئی۔

اس خطرناک قسم کی آگ سے گھبرا کر گھر والوں نے ایک پنڈت کو بلایا [illegible]

عرصہ تک پنڈت جی موجود رہے آگ نہ لگی لیکن ان کے روانہ ہوتے ہی یہ سلسلہ پھر شروع ہو گیا۔ اور آج صبح ساڑھے آٹھ بجے تک یہی ہوتا رہا۔ آخر کار گھر والوں نے تنگ آکر بچوں کو [illegible] میل دور ماتا سندری روڈ پر ایک مکان میں بھیج دیا۔ ترکمان روڈ پر لوگوں کا ایک ہجوم جمع ہو گیا۔ جسے قابو میں رکھنے کے لئے پولیس بلانی پڑی اتنے میں ماتا سندری روڈ سے خبر آئی کہ وہاں بچے جن بستروں پر سوئے تھے ان کے اٹھتے ہی بستر جلنے شروع ہو گئے۔ دس برس کی لڑکی نے اپنے کپڑے نہانے کی غرض سے اتار کر رکھے تو انہیں یکایک آگ لگ گئی۔ لوگوں میں اس عجیب و غریب واقعہ کے متعلق مختلف قسم کی چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں۔ بعض پڑھے لکھے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ فاسفورس کے ذرات کا نتیجہ ہے جو کہ دیوالی کے بعد کپڑوں میں سرایت کر گئے ہیں لیکن ضعیف الاعتقاد لوگوں کا پختہ یقین ہے کہ یہ کام بھوتوں کا ہے۔ بدن پر ہوتے ہوئے کپڑے نہیں جلے۔ پنڈت جی کی موجودگی میں آگ نہ لگی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس آگ کا اوپری اثر سے تعلق ہے [illegible]

مسجد دوجانہ میں ترجمہ

آج ۲۴ اکتوبر بروز پیر کے دن سے مسجد دوجانہ میں ترجمہ شروع ہو جائے گا۔ سامعین مطلع رہیں (ترجمہ کمیٹی [illegible])

دفتر جمعیت علماء بند نہیں ہوگا!

[illegible]

مشاعرہ

[illegible]

درجہ حرارت

[illegible]

طلوع و غروب

[illegible]

رشوت پیش کرنے والا گرفتار

[illegible]

نال گونڈہ میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

[illegible]

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کا خیر مقدم

[illegible]

کلرک کو رشوت کے الزام میں سزا

[illegible]

پنڈت نہرو کے امریکی دورہ کا پہلا حصہ ختم ہو گیا

امریکہ میں ہندوستان کے وزیراعظم سے زیادہ کسی کا استقبال نہیں ہوا

بوسٹن ۲۳ اکتوبر۔ پنڈت نہرو کے امریکہ کے دورے کا نصف حصہ تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ اس دورہ سے [illegible] دونوں مطمئن ہیں۔ یہاں کوئی شک ہے کہ وہ آخر کب تک اس طرح مصروف رہ سکیں گے۔

ہندوستانی وزیراعظم کسی دوسرے وزیراعظم یا حکمران کی بہ نسبت امریکہ میں زیادہ مصروف ہیں۔ وہ سب سے زیادہ سفر کر رہے ہیں۔ سب سے زیادہ دعوتیں کھا رہے ہیں۔ سب سے زیادہ تقریریں کر رہے ہیں۔ سب سے زیادہ مقامات کی سیر کر رہے ہیں۔

یہ تو ممکن ہے کہ واشنگٹن میں ان سے زیادہ شاندار استقبال دوسروں کا ہوا ہو، بوسٹن میں دوسروں نے زیادہ اہم تقریریں کی ہوں لیکن کسی شخص نے پنڈت نہرو کی طرح نئے نئے اور زیادہ مقامات کی سیر کی۔ نہ اتنے لوگوں سے ملاقات کی۔ پنڈت جی اخبارات کے نمائندوں سے بھی ملے۔ طالب علموں سے بھی ملے۔ افسران اور عوامی نمائندوں سے بھی انہوں نے ملاقاتیں کیں۔

پنڈت نہرو نے امریکی بینکاروں اور سرمایہ داروں سے بھی ملاقات کی اور ہندوستان کے لئے سرمایہ حاصل کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

پنڈت نہرو نے اس کا احساس کر لیا ہے کہ ہندوستان میں امریکی [illegible] اس کی صورت بالکل نئی ہے۔ انہوں نے متعدد امریکی افسروں سے ملاقات کی اور کم از کم یہ کہا جا سکتا ہے کہ پنڈت جی کو یقین دلا دیا گیا ہے کہ امریکہ کی نوآبادیاتی پالیسی پر عمل نہیں۔ اور امریکہ محض کمیونسٹ سامراج کے خلاف آزادی و قومیت وغیرہ کی ہمت افزائی کر رہا ہے۔

اگرچہ ہندوستان امریکہ اور روس کی اس اعصابی جنگ میں غیر جانبداری کا ثبوت دے رہا ہے۔ پھر بھی امریکہ کے اس دورہ سے یہ توقع کی جا رہی ہے کہ پنڈت نہرو [illegible]

کابینہ میں تبدیلیوں کا امکان نہیں

کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کے ترجمان کا اعلان

نئی دہلی ۲۳ اکتوبر۔ کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کے ترجمان نے کل بتایا کہ دستور ساز اسمبلی میں جو نشستیں ان ممبروں کے [illegible] سے خالی ہوں گی جو صوبائی اسمبلیوں کے بھی ممبر ہیں ان کے پر کرنے کے مسئلہ پر بورڈ اسی وقت غور کرے گا جب اسمبلی کے [illegible] کی شرائط کا اعلان کر دیں گے [illegible] اس نے مرکزی کابینہ میں تبدیلیوں کی خبر کو بھی بے بنیاد قرار دیا۔ اس نے کہا کانگریسی حلقوں میں سوشلسٹوں سے سرکاری یا غیر سرکاری طور پر کابینہ میں شمولیت کی درخواست کرنے کا کوئی خیال نہیں ہے۔

سرحد مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

پشاور ۲۳ اکتوبر [illegible] حضرت بادشاہ گل نے اعلان کیا ہے کہ مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۲۹ ستمبر کو یہاں منعقد ہوگا۔ [illegible]

آرامی عبرانی تحریروں کا انکشاف

ہاپکنس یونیورسٹی کے پروفیسر کا اعلان

[illegible]

ہردوار میں مکمل راشن ہوگیا

[illegible]

تنازعہ کشمیر کا پرامن تصفیہ

سر ظفر اللہ خاں کا اظہار خیال

[illegible] میں کہا کہ مسئلہ کشمیر کے پرامن تصفیہ کے امکانات بہت محدود ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہندوستان مسئلہ کشمیر کے پرامن تصفیہ کی تمام کوششوں کو ناکام بنا رہا ہے۔ کشمیر پر طاقت کے ذریعہ قبضہ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیا جائیگا۔ (رپ۔ ٹ رائٹر)

پٹ سن کے بین الاقوامی بازار ہندوستان کے ہاتھ سے نکلتے جارہے ہیں

جوٹ کی ملیں بند کرنا غیر منصفانہ ہے۔ مسٹر ہری ناتھ شاستری کی تقریر

[illegible]

خلیق الزماں قاہرہ میں!

[illegible] مسلم لیگ نے یہاں پر کہا ہے کہ وہ ان ممالک کے لیڈروں سے جن کا وہ دورہ کرکے یہاں پہنچے ہیں۔ اسلامستان لیگ کے بارے میں جو گفتگو ہوئی ہے۔ اس سے مطمئن ہیں۔ ایران شام و عراق اور سعودی عرب کا دورہ کرنے کے بعد وہ یہاں پہونچے ہیں۔

روس اقوام متحدہ سے الگ نہیں ہوگا

[illegible] (رائٹر)

یوگوسلاویہ کا امن عالم کی کانگریس سے اخراج

[illegible]

پاکستان کے عیسائی لیڈر کی وفات

[illegible]

کشیدہ کاری

[illegible] ساڑھے تین روپیہ محصول ڈاک [illegible] کشیدہ کاری ڈیزائن کی کتاب قیمت [illegible] انڈسٹریز ڈیلنگ کمپنی [illegible]

طلا معجز نمبر ۲

عضو کی تمام خرابیوں اور کمزوریوں کو دور کرکے اصلی طاقت پیدا کرنے کے لئے بیحد مفید ثابت ہوا ہے

فی شیشی ——— ۵/-

اکسیر جریان

جریان۔ احتلام۔ پٹھوں کی طاقت اور امساک کے لئے بے نظیر گولیاں ہیں۔

ایک مہینے کی دوا ——— ۸/۷

صدیقی دواخانہ دلی دواگھر انور گنج دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء
رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۲
جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان
روزنامہ
الجمعیۃ
فون نمبر 6841
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۳ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۷ اکتوبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۵۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

صرف مذہبی اعتقاد کی بنا پر تبت میں چوتھا قتل

مجلس تحفظ میں ہند کا انتخاب
خان عبدالقیوم خان کا اظہار خیال

سیام کے مسلمانوں نے حکومت کیخلاف بغاوت کا اعلان کردیا

(سنگاپور کے برطانوی اخبار سنڈے ٹائمز کا سنسنی خیز انکشاف)

ہم اپنی قدیم سلطنت پھر قائم کرنا چاہتے ہیں

اخباری نمائندوں کی ایک پارٹی سے مسلم لیڈروں کی بات چیت
طرز زندگی، زبان اور عقیدہ کی مکمل آزادی کا مطالبہ

سنگاپور ۲۵ اکتوبر۔ سنگاپور کے ایک برطانوی مقبوضہ اخبار سنڈے ٹائمز کی اطلاع کے مطابق سیام کے چار جنوبی صوبوں کے مسلمانوں نے حکومت کے خلاف ایک بڑے پیمانے پر بغاوت کا پروگرام تیار کرلیا ہے۔

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس ترقی کا ثبوت دیں۔

متحدہ جمہوریہ انڈونیشیا کیلئے نیا دستور تیار کر لیا گیا
ہیگ کانفرنس میں بعض اہم مسائل پر ابھی تک غور باقی ہے!
دسمبر کے آخری ہفتہ میں انڈونیشیا کو اقتدار اعلیٰ سپرد کردیا جائے گا...!

عربوں کے مشترکہ تحفظ کا سوال
عرب لیگ کونسل نے اصول تسلیم کیا

نظام حیدر آباد ووٹروں کی فہرست میں

ہندوستانی پریس کی اطلاعات مبالغہ آمیز ہیں
لاہور میں کشمیری غیر مسلم پناہ گزینوں کے متعلق پاکستانی ترجمان کا بیان

نیشنلسٹ فوجوں نے ایک پل اڑا دیا
۵۰ اشخاص ہلاک اور زخمی

جاپان سے حاصل ہونیوالے لوٹ کے مال کی تقسیم

سلیم میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

اس سال ساڑھے چار لاکھ مسلمانوں نے حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی
ہند سے ۱۵½ ہزار اور پاکستان سے ۴½ ہزار مسلمان حج کیلئے گئے
سال گذشتہ کے مقابلہ میں حاجیوں کی تعداد ایک لاکھ بڑھ گئی

ہندوستان کو دس لاکھ ٹن گندم ملنے کا قوی امکان
پنڈت جی کی تقریر کا امریکہ اور کناڈا میں خوشگوار ردعمل

برطانیہ میں بیکاری بڑھنے کا خطرہ پیدا ہوگیا بجٹ میں ۴ کروڑ کی کمی پر پریشانی کا اظہار

مغربی بنگال میں ساٹھ لاکھ افراد نظر بند ہیں
انتخابات شروع ہونے سے قبل سب کی رہائی کا مطالبہ

رامپور میں ہیضہ کی واردات

سامان خوراک کی قیمتیں بڑھ جائینگی مسٹر چرچل کی نکتہ چینی
بدھ سے برطانوی کابینہ کے جدید اقدام پر دو روزہ بحث شروع ہو جائیگی

کمیونسٹوں نے کانگ مون پر قبضہ کرلیا

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
PHONE 5856
DATE:- 26-10-49

مغربی پنجاب کے گورنر کے مشیروں کا عنقریب اعلان کردیا جائے گا
لاہور کی پریس کانفرنس میں سردار عبدالرب نشتر کا بیان

نصیر آباد کے فرقہ وارانہ فساد کی تفصیل
ایک گنبد پر جھگڑا اٹھ گیا

کانگریس میں شمولیت
بقیہ صفحہ اول

سیاسیات میں نہ پڑیئے
آزاد ہند فوج کے سپاہیوں کو ہدایت

بریلی میں الجمعیۃ کیخلاف مقدمہ
مولانا عبدالوحید صاحب کی روانگی

متحدہ گڑھوال کے صوبہ کا مطالبہ

شہد کی مکھیاں پالنے والوں کی کانفرنس

اقوام متحدہ اور کمیونسٹ چین
امریکی نمائندہ مسٹر آسٹن کا بیان

سہارنپور میں جوئے کے اڈوں پر
پولیس نے چھاپہ مارا سرکردہ لوگ گرفتار

الہ آباد ریلیف کمیٹی کی سرگرمیاں

موضع دولت پور میں!
کاشتکاروں، زمینداروں میں تصادم

ہندوستان کی امداد!
مغرب کس طرح کر سکتا ہے!

اقوام متحدہ انسانی پارلیمنٹ کا آغاز
ڈاکٹر ایواٹ کا بیان

کانگریس نے سنگھ کی مرتی ہوئی فرقہ پرستی میں پھر جان ڈال دی

ہندو مہاسبھا کے سالانہ اجلاس کی تیاری

”کانگریس کا یہ اقدام خود اس کے اور اسکے اصولوں کے لئے مہلک ثابت ہوگا“
دہلی کانگریس کمیٹی کے اجلاس کی ایک اہم تجویز!

یوپی میں ریشم کے کیڑوں کی پرورش

عرب لیگ کا اجلاس
ممبران میں اختلاف ہے؟

نکتہ چینی کرنے والوں کی مذمت

مسٹر گوبند سہائے کا خیال

کلکتہ کی ہڑتال
بقیہ صفحہ اول

سنگھ کے متعلق نظریات
بقیہ صفحہ اول

ایشیائی کانفرنس
بقیہ صفحہ اول

دھوکے بازی کی حد ہوگئی

پڑھو اور یاد رکھو

نام وہی پیکنگ وہی۔ پنڈت جی کی تصویر بھی وہی بالکل اصل کے مطابق مگر دوائی اندر بالکل اوٹ پٹانگ ڈال کر امرت دھارا کے ایجنٹ بن کر کچھ لوگ پبلک کو دھوکا دیتے ہیں اور امرت دھارا کو بدنام کرتے ہیں۔

سو دن چور کے ایک دن ساد کا

تمام امرت دھارا کے بیوپاریوں کو متنبہ کیا جاتا ہے

امرت دھارا ڈیرہ دون کے پتہ سے خط لکھیں

روزنامہ

الجمعیۃ

۲۷ر اکتوبر ۱۹۴۹ء

شام کبیر یا عرب فیڈریشن

پہلی جنگ عظیم میں برطانیہ نے عربوں کو ترکوں سے بھڑا کر یہ وعدہ کیا تھا کہ شریف حسین کو سارے عرب کا بادشاہ بنا دیا جائے گا، اس لالچ میں آکر عربوں نے اپنے پیروں پر وہ کلہاڑا چلایا اور اپنے سینوں میں وہ چھرے گھونپے کہ آج تک ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہے ہیں۔ ترکوں کی شکست کے بعد نہ تو شریف حسین کو متحدہ عرب کا لیڈر بنایا گیا اور نہ عرب کی آزادی بحال کی گئی بلکہ عربوں کی طاقت کو منتشر کرنے کے لئے شاہ عبداللہ کی خدمات حاصل کی گئیں، شام کے چار ٹکڑے کر کے اس کی فوجی اور اقتصادی توانائی [illegible]

مصر بھی اس تحریک کا ساتھ دیں گے؟ اس کا جواب تشکیک اور قبل از وقت ہے، موجودہ حالات میں مصر اس تحریک کو بھی نگاہ سے نہیں دیکھتا سلطان ابن سعود ہاشمی رقابت کے اثر سے اس کی حمایت کرنے سے قاصر رہیں گے، لیکن کوئی ایسی پوزیشن نہیں کہ شام کبیر کی تحریک میں اس کے مشورہ کو ضروری تصور کیا جائے گا۔

سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ شام ظلی کی تحریک کس طرح پروان چڑھے؟ یہ ظاہر ہے کہ اگر شاہ عبداللہ کو جو برطانیہ کے پیدائشی ایجنٹ ہیں ان دنوں کے نام برطانیہ کی غلامی کا پٹہ ہمیشہ کے لئے [illegible]

[illegible]

تو یہ دولت مشترکہ جو فیڈریشن کی شکل بھی اختیار کر سکتی ہے بہت کم زور رہے گی اور وہ سب مل کر بھی وہ بات پیدا نہ کر سکیں گے جو قدرتی طور پر ایک فیڈریشن کو حاصل ہونی چاہئے۔ اگر عربوں کی کوئی سلطنت [illegible] کی طاقت بھی ہوتی تو دولت متحدہ عربیہ کی تشکیل آسانی سے انجام پا سکتی تھی لیکن چونکہ کوئی سلطنت ایسی نہیں ہے اس لئے ہر حکومت کوئی اقدام کرتے ہوئے ڈرتی ہے اور آپس کی رقابتیں ان کے سامنے آجاتی ہیں! اگر ترکی، عربوں سے خفا نہ ہوتا اور عرب اس سے اپنا معاشی اور روحانی رشتہ نہ توڑتے تو آج وہی اس قابل تھا کہ اس تحریک کو پروان چڑھاتا اور سب اس پر اعتماد کر کے اپنی ذمہ داریوں سے سبک دوش ہو جاتے!

چونکہ شام کبیر کا معاملہ خود عربوں کے زیر غور ہے اس لئے نہیں کہہ سکتے کہ اس کی صورت کیا بنے گی اور اسکندریہ سے اسکندرونہ تک اس کا ردعمل کیا ہوگا۔ جب مزید حالات روشنی میں آئیں گے تو ہم بھی بہتر طور سے سمجھنے کے قابل ہو سکیں گے۔

[illegible] بہت مفید ہے کیونکہ یہ عرب ممالک اپنی [illegible] اور فوجی حالت کے اعتبار سے بہت کم زور ہیں [illegible] ایک ہو جائیں یا ان کا ایک فیڈریشن قائم ہو جائے تو ان کی فوجی اور معاشی کمزوری بھی دور ہو سکتی ہے اور ان کی پالیسی میں بھی وزن پیدا ہو سکتا ہے۔ لیکن مصیبت یہ ہے کہ انگریز کی ڈپلومیسی ہر جگہ شبہ پیدا کرتی ہے، اگر کوئی یہ خیال کرے کہ اس تحریک میں بھی انگریز کا ہاتھ ہے اور وہ ان کی وحدت سے کسی نہ کسی وقت ناجائز فائدہ اٹھا سکتا ہے تو ہم اسے کوئی الزام نہیں دے سکتے، ہم عربوں کی ہر طرح معیت ہے، اور ان کا ضعف ہزار مصیبتوں کی ایک بات، اگر انہیں اپنی بھلائی کا خیال بھی آتا ہے تو یہ یقین کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ اس میں دوسروں کا ہاتھ نہیں ہے خصوصاً برطانیہ کا اتحاد کیونکہ عربوں کی تباہی اسی کے ہاتھوں پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے!

ہم نے عرض کیا کہ ان ممالک کا فیڈریشن خود ان کے لئے بہت مفید ہوگا بشرطیکہ انہیں خود ہی اس کا خیال آیا ہو اور ان کا یہ ارادہ خلوص پر مبنی ہو! کہا جاتا ہے کہ شام کی عوامی اور قوم پرور پارٹیاں اس دولت متحدہ کی حمایت پر ہیں۔ شامی لیڈر جن میں سعد اللہ جابری [illegible] بھی شامل ہیں اس خیال کے مخالف نہیں ہیں عراق اور شرق اردن [illegible]

ریڈیو کی نئی زبان

جب آل انڈیا ریڈیو خبریں نشر کرتا تھا تو لوگ سنتے تھے کہ "اب آپ ہندوستانی میں خبریں سنئے" [illegible]

اچھی باتیں

یریدون ۔ [illegible]

وہ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ کی پھونکوں سے اللہ کی روشنی کو بجھا دیں لیکن اللہ چاہتا ہے کہ اپنی روشنی پھیلائے اگرچہ انکار کرنے والے برا ہی کیوں نہ مانیں

[illegible] حق کو مٹانے کی کوشش کی ہے اسلام حق ہے سچائی ہے عدل ہے، مساوات ہے لیکن مخالفوں نے اسلام کی روشنی کو بجھانے اور مسلمانوں کو ختم کرنے کی کوشش کی دوسری طرف اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہے کہ اسلام کی روشنی پھیلے اور حق کی آواز دور دور تک پہنچے خواہ انکار کرنیوالے اور حق کے دشمن برا ہی کیوں نہ مانیں چنانچہ اسلام کے دشمن فنا ہوئے بغداد کو تباہ کرنے والوں کا نشان تک مٹ گیا لیکن اسلام زندہ ہے اس کی روشنی ساری دنیا کو منور کر رہی ہے ناممکن ہے کہ جسمانی آفتاب آسمان پر چمکے اور روحانی آفتاب (قرآن) ہمیشہ کے لئے روپوش ہو جائے یہ آیت مسلمانوں کو ڈھارس بندھانے کے لئے عجیب تاثیر رکھتی ہے کاش ہمارا ایمان پختہ ہو کاش ہمیں خدا کے وعدوں پر یقین ہو۔

ہندوستان کی سرکاری زبان

"گنٹھ مروڑ اور جبڑا توڑ بھاشا"

از پنڈت سندر لال

دستور ساز ہند نے سرکاری زبان کے متعلق جو فیصلہ کیا ہے اس پر "ہماری رائے" کے عنوان سے جناب گاندھی کے مشہور رفیق کار پنڈت سندر لال نے جو تبصرہ ہندی میں کیا ہے وہ قارئین الجمعیۃ کی دلچسپی کے لئے درج ذیل ہے :-

مجلس دستور ساز کا رزولیشن

۱۸-۹-۴۹

30 A

(۱) یونین کی دفتری زبان دیوناگری لکھاوٹ میں ہندی ہوگی۔ یونین کے دفتری کاموں کے لئے ہندسوں کی جو شکل برتی جائے گی وہ ہندوستانی ہندسوں کی بین الاقوامی شکل ہوگی۔

(۲) اس دفعہ کے پیرا (۱) میں جو کچھ کہا ہے اس [illegible]

30 B

دفتری زبان پر کمیشن اور پارلیمنٹ کی کمیٹی

(۱) اس آئین کے شروع ہونے سے پانچ سال گذر جانے پر، اور اس کے بعد آئین کے شروع ہونے سے دس سال گذر جانے پر، پریسیڈنٹ اپنے حکم سے ایک کمیشن بنائے گا جس میں ایک چیئرمین ہوگا اور جس کے دوسرے ممبر [illegible]

[illegible]

مباحث امروز

مقالات و کلام

اردو کی خبریں بھی سنائیے

اب آل انڈیا ریڈیو سے ہندوستانی میں خبروں کے بجائے "ہندی میں سماچار" ہونے لگے ہیں، اس سے قبل بھی ہندوستانی کے پردے میں ہندی زبان ہی براڈ کاسٹ ہوتی تھی اب اسے ہندی کا نام دے کر اور زیادہ ملیدہ ووں کی زبان بنا دیا گیا ہے مگر یہ اچھا ہوا کہ ہندوستانی کا پردہ اٹھ گیا اور ہندوستانی زبان سے [illegible]

اب سوال یہ ہے کہ جو لوگ ہندی زبان کو نہیں سمجھتے اور جن کی مادری زبان اردو ہے آل انڈیا ریڈیو نے ان کو خبریں سنانے کا کیا انتظام کیا ہے؟ ہندی زبان کو جہاں ملک کی سرکاری زبان تسلیم کیا گیا ہے وہاں اردو زبان کو علاقائی زبان بھی مان لیا گیا ہے، گویا حکومت تسلیم کرتی ہے کہ اس ملک کے اندر ایسے لوگ بھی بستے ہیں جو اردو بولتے ہیں اور جن کی مادری زبان اردو ہے، دوسری علاقائی زبانوں مثلاً بنگالی، مدراسی اور مرہٹی وغیرہ زبانوں کے الگ ریڈیو اسٹیشن ہیں خود آل انڈیا ریڈیو بھی مختلف اوقات میں ان زبانوں کے اندر خبریں نشر کرتا ہے اسی صورت میں یہ ازبس ضروری ہے کہ یا تو اردو زبان کا بھی کوئی الگ ریڈیو اسٹیشن قائم کیا جائے یا آل انڈیا ریڈیو سے ہندی کے ساتھ ساتھ اردو زبان کی خبروں کو بھی کچھ منٹ دئے جائیں اور یہ چند منٹ اس دن کے پروگرام سے بآسانی نکالے جا سکتے ہیں [illegible]

کانگریس اور سنگھ

پنڈت نہرو کی عدم موجودگی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی نے سنگھیوں کو کانگریس میں شمولیت کی جو اجازت دی ہے اس سے قوم پرور حلقوں میں ایک قسم کی سخت بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔ اکثر کانگریسی لیڈروں اور کانگریس کمیٹیوں نے ورکنگ کمیٹی کے اس فیصلہ کو غلط فیصلہ سے تعبیر کیا ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں آر ایس ایس سنگھ ایک کانگریس دشمن جماعت ہے [illegible] کو غلط سمجھتی ہے۔ صوبہ دہلی کانگریس کمیٹی اور یو پی کے اکثر وزراء نے اس سلسلہ میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کانگریس میں کا روشن خیال طبقہ ورکنگ کمیٹی کے اس فیصلہ سے خوش نہیں ہے اور وہ اس فیصلہ میں فرقہ پرستوں کے مقابلہ میں قوم پرستوں کی شکست سمجھتا ہے۔ صوبہ کانگریس کمیٹی دہلی نے یہ کہہ کر "سنگھ کے ممبروں کو کانگریس میں شامل ہونے کی اجازت دے کر مرتی ہوئی فرقہ پرستی کو پھر زندگی بخشی گئی ہے" دراصل اسی روشن خیال طبقہ کی ترجمانی کی ہے۔

فیصلہ کیوں کیا گیا

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بعض کانگریس کا اندرونی حلقہ [illegible] کی وجہ سے ملک کے اندر کانگریس کے خلاف جو جذبہ پیدا ہو رہا ہے اس کا مقابلہ کرنے کے لئے کانگریس ہائی کمان نے سنگھیوں سے میل ملاپ کرنے کو ترجیح دی ہے تاکہ تہذیب و کلچر اور مذہب کے نام پر زیادہ تعداد میں لوگوں کو کانگریس کے جھنڈے تلے [illegible]

[illegible]

کشمیر کے جھگڑے کا حل ثالث کے ذریعہ ہی ہوسکتا ہے

ہندوستان کشمیر کے مسئلہ کو کوئی مذہبی معاملہ نہیں سمجھتا

پاکستان باقاعدہ فوجوں کے بجائے بے قاعدہ فوجیں کشمیر بھیج رہا ہے

اوٹاوہ میں ایک پریس کانفرنس میں پنڈت نہرو کے اعلانات

[illegible]

کشمیر میں بغیر اجازت کے داخلہ ممنوع

سری نگر ۲۵ر اکتوبر (پی ٹی آئی) کل سرکاری طور پر اعلان ہوا ہے کہ حکومت جموں و کشمیر نے ریاست کے باہر سے لوگوں کا ناجائز داخلہ ممنوع قرار دے دیا ہے۔

[illegible]

مدراس کے مستقبل کا مسئلہ

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

[illegible]

کلکتہ میں محرم کے جلوس نہیں نکلیں گے

[illegible]

جودھپور میں زبردست آتشزدگی

[illegible]

پٹیالہ یونین کی وزارت میں اکالیوں کو شامل کیا جائیگا

دہلی میں یونین کے نمائندوں اور اکالیوں میں گفت و شنید

[illegible]

سہارنپور ریلوے اسٹیشن پر مسلمانوں کے ساتھ بدسلوکی

حکومت یوپی تفصیلی طور پر تحقیقات کر رہی ہے

نئی دہلی ۲۵ر اکتوبر۔ سہارنپور اسٹیشن پر مسلم پناہ گزینوں اور پرمٹ رکھنے والوں کو پریشان کئے جانے کے متعلق پاکستان نے ہندوستان سے جو شکایت کی تھی اس کی ابتدائی تحقیقات کرنے کے بعد حکومت ہند کی طرف سے سرکاری طور پر بتایا گیا ہے کہ پاکستان کی طرف سے عائد کردہ الزامات میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ حکومت یوپی کی طرف سے اس سلسلہ میں مفصل تحقیقات جاری ہے یوپی سرکار کو ہند سرکار کی طرف سے ہدایت جاری ہوئی ہے کہ وہ تحقیقات کرے کہ سہارنپور میں یا کسی اور مقام پر اس قسم کا کوئی واقعہ درپیش آیا ہے۔

اس سلسلہ میں ایک سرکاری ترجمان نے کہا ہے کہ ستمبر میں سندھ سے ۲۷۱۳ ہندو ہندوستان میں داخل ہوتے ہیں اور یہ تعداد گذشتہ سال کے ماہ اپریل کی تعداد سے دس گنی ہے جبکہ پاکستان میں مستقل رہائش کے لئے صرف ۷۶ پرمٹ جاری کئے گئے ان اعداد و شمار سے ہر دو ممالک میں صورت حال کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ (اے پی آئی)

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

مشورہ دینے کے لئے خصوصی کمیٹی

مدراس ۲۵ر اکتوبر۔ حکومت مدراس نے ۱۲ افراد پر مشتمل ایک خصوصی کمیٹی بنائی ہے جو حکومت کو پس ماندہ طبقوں کی حالت بہتر بنانے کے بارے میں مشورہ دے گی [illegible]

بزم ادب رڑکی کا مشاعرہ

[illegible]

مشرقی پنجاب اسمبلی میں نامناسب مظاہرے

مسٹر بھیم سین سچر کو بیان دینا مشکل ہوگیا

گڑھوال کانفرنس کا مطالبہ

[illegible]

میسور میں دو نئے بل پاس ہوگئے

میسور ۲۵ر اکتوبر (اے پی) [illegible]

سید قاسم رضوی پر لوٹ مار اور ڈاکہ ڈالنے کا الزام!

اسپیشل ٹریبونل کے روبرو استغاثہ کی شہادتیں شروع ہوگئیں

سکندرآباد ۲۵ر اکتوبر۔ کل قاسم رضوی اور دیگر ملزموں کے خلاف بی بی نگر ڈکیتی کیس کی سماعت شروع ہوئی۔ [illegible]

آجکل میں کلکتہ کارپوریشن کے ملازمین کی ہڑتال ختم ہونے کی قوی امید پیدا ہوگئی

مسٹر شاستری اور مغربی بنگال کے لیبر منسٹر کی اہم بات چیت

مختلف علاقوں میں ہڑتالیوں اور والنٹیروں میں تصادم، ۲۰ زخمی ۱۰۴ گرفتار

کلکتہ ۲۵ر اکتوبر۔ کل کلکتہ کارپوریشن کے ملازموں کی ہڑتال کا تیسرا دن تھا اور ہڑتال کے اختتام کے امکانات بہت روشن تھے۔ [illegible]

مسٹر ہری ہرناتھ شاستری انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانفرنس کے لیڈر نے کل مغربی بنگال کے وزیر محنت سے دو مرتبہ ملاقات کی۔ انہوں نے لوٹتے وقت مسئلہ کے جلد تصفیہ کا امکان ظاہر کیا۔ [illegible]

لاہور میں کشمیری ہندو اور سکھ

حکومت پاکستان سے ہند کا احتجاج

نئی دہلی ۲۶ر اکتوبر۔ حکومت ہند نے حکومت پاکستان سے ان کشمیری ہندو اور سکھ پناہ گزینوں کے ساتھ بدسلوکی پر احتجاج کیا ہے [illegible]

امن عالم کے لئے مکمل تعاون کی اپیل

اقوام متحدہ کی سالگرہ پر برمی صدر کا پیغام

[illegible]

ڈھاکہ کے فوجی ادارہ کا معائنہ

مسٹر لیاقت علی خاں نے کیا۔

ڈھاکہ ۲۵ر اکتوبر۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں [illegible]

پنڈت نہرو نے ٹیکسی ڈرائیور کے ساتھ کھڑے ہو کر تصویر کھنچائی

نیویارک ۲۵ر اکتوبر۔ نیویارک کے روزنامہ اخبار "ڈیلی نیوز" میں پنڈت نہرو کا ایک فوٹو شائع ہوا ہے کہ وہ بوسٹن کے ایک ٹیکسی ڈرائیور کے بازو میں بازو دئے کھڑے ہیں اور سوٹ اور ہیٹ پہن رکھی ہے۔ اس تصویر کے نیچے یہ عبارت لکھی ہے "ایک معمہ ہے۔ جان بٹلر بوسٹن کا ایک ٹیکسی ڈرائیور ہے۔ جب وہ اپنی ٹیکسی میں وزیر اعظم ہندوستان کو ہوائی اڈہ پہنچانے گیا تو اس کو ایک زریں موقع ہاتھ آیا۔ وہ اپنے دوستوں سے کہے گا۔ لیکن کیا وہ اس کا اعتبار کریں گے۔ وزیر اعظم ہند نے اس کے ساتھ تصویر کھنچا کر معمہ حل کر دیا ہے۔" (رائٹر)

پنڈت نہرو کے جنم دن پر بزم نظیر کا پروگرام

مظفرنگر [illegible]

الہ آباد میں جواریوں پر فائرنگ

۷۰ جواریوں کی گرفتاری

الہ آباد ۲۵ر اکتوبر۔ [illegible]

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ: سالانہ چالیس روپے، ششماہی بیس روپے، سہ ماہی گیارہ روپے

ہفت روزہ: سالانہ بارہ روپے، ششماہی چھ روپے [illegible]

کانگریس منیوں کی کمزوری اور اس کی دوا

مصنفہ پنڈت ستیارام [illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

نئی دہلی میں روزنامہ الجمعیۃ [illegible]

چاندنی چوک دہلی میں روزنامہ الجمعیۃ [illegible]

بدایوں میں اخبار الجمعیۃ کے لئے ایک دیانتدار [illegible]

سنگرول کانگریس کمیٹی کے اراکین کی مساعی سے حالات پر قابو پالیا گیا ہے

جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کے نائب صدر کی فسادزدہ سنگرول پر رپورٹ

مواضعات کے مسلمانوں کی حالت اور مسائل پر خصوصی توجہ دینے کی اپیل

بمبئی ۔۔ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) ... گذشتہ دنوں کے ایک بڑے فساد ... سنگرول میں ... اس موقع پر مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی ہدایت پر بمبئی سے مولانا محمد عثمان صاحب صدر جمعیۃ علماء بمبئی کی قیادت میں ایک وفد ... کے حالات کی دیکھ بھال کے لئے سنگرول گیا تھا۔

مولانا ... جنرل سکریٹری ... جمعیۃ علماء ... [illegible]

... سنگرول کے مسلمان اب بھی ڈر رہے ہیں۔ ... دیہات کی کشمکش میں ہے۔ ... [illegible]

... ان حضرات سے یہ امید رکھتے ہیں کہ دیگر مقامات مذکورہ کے حالات سے تفصیلی طور پر باخبر ہو کر رعایا کو مطمئن کر سکیں گے۔

... صاحب موصوف کے سامنے رکھے گئے۔ نیز سنگرول کی تحقیقات ... جلسے کا تذکرہ کیا گیا۔ موصوف وہاں کی پوری تفصیلات بیان کیں۔ ... اور وہاں کے حالات معلوم کئے۔

... اکتوبر کی صبح کو جونا گڑھ سے روانہ ہو کر مانگرول پہنچا اور وہاں کی کانگریس کمیٹی کے ذمہ دار حضرات نیز معزز شہری و عام مسلمانوں سے ملاقات کی اور حالات معلوم کئے ... [illegible]

صدر کانگریس نے حاضرین سے وفد کا تعارف کرایا ... [illegible]

خلاصہ رپورٹ

سنگرول میں ہندو مسلم تعلقات چونکہ اچھے ہیں اس لئے یہاں پر مسلمانوں کو زیادہ پریشانی نہیں ہے ... [illegible]

بہار میں جوانوں کی کانفرنس

پٹنہ ۔۔ اکتوبر ... صدر صوبہ بہار کانگریس ... آل انڈیا یوتھ کانگریس کے صدر ... عنقریب نوجوان طبقہ کی ایک کانفرنس طلب کر رہے ہیں ... سیاسی نظام کی بنیاد رکھی جا سکے ... [illegible]

دھام پور اسکول کے شرارتی لڑکے راہ گیروں کو چھیڑتے ہیں

دھام پور ضلع بجنور ... اسکول کے چند ... شرارتی لڑکوں نے اسکول کے سامنے چلنے والی سڑک عام پر اقلیتی طبقہ کے لوگوں کا گذر مشکل کر رکھا ہے ... [illegible] (ایک نامہ نگار)

پنڈت نہرو کے سفر کی اہمیت

وزیر اعظم کنیڈا کی تقریر

اوٹاوہ ۔۔ اکتوبر ... وزیر اعظم کنیڈا مسٹر لوئی سینٹ لارینٹ نے ... پنڈت نہرو کا استقبال کرنے کے بعد ... پنڈت نہرو کے سفر کے نتیجہ میں مشرق اور مغرب کے تعلقات ... [illegible] (اے ۔ پی ۔ اے)

ڈاکٹر بھارگو کی بلدیو سنگھ سے ملاقات

شملہ ۔۔ اکتوبر ... ڈاکٹر بھارگو آج ... [illegible]

کمانڈر انچیف بلند شہر میں

عوام کو خدمت وطن کی تلقین

بلند شہر ۔۔ اکتوبر ... ہندوستان کے کمانڈر انچیف جنرل کری آپا نے ... [illegible]

توسیع اشاعت کیلئے رمضان عبدالستار صاحب ایڈیٹر الحافظ کی مساعی

ریل میں سفر کرنے والے مسلمان مسافروں میں الجمعیۃ کے لئے پراپیگنڈہ

دھولیہ (بذریعہ ڈاک) مولانا رمضان عبدالستار صاحب ایڈیٹر ماہنامہ الحافظ اور ناظم جمعیۃ علماء مغربی خاندیش اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے بڑی سرگرمی سے کوشش کر رہے ہیں۔ آپ حال ہی میں سفر میں تھے اور سفر میں جاتے وقت آپ اپنے ہمراہ الجمعیۃ کے پرانے پرچے رکھ لئے تھے راستہ میں گاڑی میں سفر کرنے والے مسلمانوں کو آپ نے الجمعیۃ دکھایا اس کے مضامین پڑھ کر سنائے ۔ دوراً الجمعیۃ کی خریداری اور توسیع اشاعت پر آمادہ کیا۔

... آپ نے الجمعیۃ کی خریداری اور جمعیۃ علماء کی شاخ قائم کرنے کے لئے لوگوں کو تیار کیا ... [illegible] (نامہ نگار)

جمعیۃ العلماء صوبہ بہار کا اعلان

... اکتوبر ... جمعیۃ علماء صوبہ بہار کا دفتر ... منتقل کر دیا گیا ہے ... [illegible]

جمعیۃ العلماء ہبٹ کا ضروری اعلان

جمعیۃ علماء حلقہ پرگنہ ... [illegible]

دیہاتیوں نے نامی غنڈے کو قتل کر دیا

پٹیالہ ۲۳ اکتوبر ... ضلع برنالہ سے اطلاع آئی ہے کہ وہاں ایک نامی غنڈے کو قتل کر دیا گیا ہے۔ ... [illegible] (اے ۔ ن ۔ س)

پٹیالہ میں جلسے جلوسوں پر پابندیوں میں توسیع

پٹیالہ ۲۳ اکتوبر ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پٹیالہ نے ... پٹیالہ شہر میں جلسے جلوسوں پر پابندی میں ایک ماہ کی اور توسیع کر دی ہے ... (ا ۔ پ ۔ ا)

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان ... کے لئے ہندو یونین میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے ہر قسم کو ختم کر کے ایک صالح اور توانا اتحاد کی ... فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جد و جہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

دیوبند پولیس کی اشتعال انگیز حرکت نے مسلمانوں کے دلوں کو مجروح کیا

ناظم جمعیۃ علماء مولانا ... کا تار

... ناظم جمعیۃ علماء ہند ... دیوبند پولیس کی اس اشتعال انگیز حرکت نے مسلمانوں کے دلوں کو سخت مجروح اور ہندوستان کی جمہوریت کے ساتھ مذاق کیا ہے پولیس کے اس نازیبا سلوک کی آزادانہ تحقیقات کرایئے اور مسلمانوں کو مطمئن کیجئے۔

جمعیۃ علماء نہٹور کا مطالبہ

حکام پولیس کو سخت سرزنش کی جائے

دار العلوم دیوبند کی تلاشی کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء نہٹور نے بھی ایک احتجاجی ریزولیوشن پاس کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ دار العلوم جیسی مقدس مجلس کی تلاشی جس کی بنیاد ہی تحریک آزادی کے لئے رکھی گئی تھی ... [illegible]

... حکومت یوپی سے اپیل کی ہے کہ وہ ... پولیس ... کی سرزنش کرے ... اس کا اعادہ نہ ہو سکے۔

ایک دوسری قرارداد میں ... اشتعال انگیز ... اور مسلمانوں کو صبر و ضبط سے کام لینے کی ہدایت کی گئی۔

ٹانڈہ میں انجمن تعمیر پسند مصنفین کا قیام

ٹانڈہ ۔۔ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) یہاں ... اجتماع ... جماعت اسلامی میں منعقد ہوا ... کامیاب بنایا۔

اجتماع کی کارروائی ... [illegible] (نامہ نگار الجمعیۃ)

راجستھان میں معاون سازی کیلئے قائم

صدر دفتر جمعیۃ علماء راجستھان (ٹونک) کی طلب

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا سید ... صاحب برکاتی ناظم جمعیۃ علماء راجستھان اطلاع دیتے ہیں کہ مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے ناظم حضرت مولانا ... صاحب بہار کے سرکاری دورہ پر ... [illegible]

روس اور یوگوسلاویہ کی کشمکش اور بڑھ گئی

یوگوسلاویہ کے مجلس تحفظ کے ممبر ہونے کا شاخسانہ

لندن ۲۴ اکتوبر ۔ چونکہ یوگوسلاویہ مجلس تحفظ کا ممبر بن گیا ہے۔ اس لئے کمنفارم اور یوگوسلاویہ کے درمیان کشمکش بڑھ گئی ہے ... [illegible]

[illegible] دہلی پولیس نے سول لائنز میں میڈنس ہوٹل سے نیپال کے [illegible] کو گرفتار کر لیا۔ آج دہلی کے [illegible] کو تین ہزار روپیہ کی ضمانت پر رہا کر دیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ رانا شمشیر سنگھ جو رانا جنگ بہادر نیپال کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ۹ اکتوبر کو رانا مذکور نے سول لائنز کے مشہور جوہری کانجی لال [illegible] سے ۲۴ ہزار روپیہ کے جواہرات لئے اور تین ہزار روپیہ نقد دیکر باقی روپیہ پھر دینے کا وعدہ کیا۔ [illegible] کو رانا مذکور پھر اس جوہری کے یہاں گئے اور اس سے مزید سات ہزار روپیہ کے جواہرات خریدے اور کلکتہ کے ایک بینک کے نام تیس ہزار روپیہ کا ایک چیک جوہری کو دیا کہ یہ چیک جلد کیش ہو جائے گا چنانچہ جب یہ چیک بینک مذکور کے دفتر میں پہنچا تو بینک والوں نے یہ چیک واپس کر دیا۔ کہ رانا مذکور کا بینک میں کسی قسم کا کوئی حساب نہیں ہے چنانچہ جب یہ چیک جوہری کو ملا تو اس نے پولیس میں رپورٹ کر دی کل [illegible] سب انسپکٹر رانا صاحب کو گرفتار کرنے گیا، اس وقت رانا صاحب اپنے کمرہ میں تھے سب انسپکٹر نے ان کو کہا کہ وہ ان سے بات کرنا چاہتا ہے اس لئے وہ [illegible] چنانچہ رانا صاحب بغیر کچھ کہے اس کے ساتھ ہو لئے [illegible] سب انسپکٹر نے ان کو گرفتار کر لیا مقدمہ کی سماعت دہلی کے سٹی مجسٹریٹ کنور ہندر سنگھ بیدی کی عدالت میں آج شروع ہو جائے گا۔

پٹ سن کی حالت اطمینان بخش ہے

مسٹر فضل الرحمن کا بیان

کراچی ۲۸ اکتوبر۔ پاکستان کے وزیر تجارت مسٹر فضل الرحمن خان جو مشرقی بنگال کے دورہ کے بعد یہاں پہنچے ہیں کہ وہاں پٹ سن کی حالت تسلی بخش ہے انہوں نے کہا کہ پٹ سن کی جو قیمت مقرر کی ہے اس سے نہ صرف یہ کہ کاشتکار کو کوئی کافی رقم ملے گی بلکہ پٹ سن کی برآمد بڑھے گی، انہوں نے بتایا کہ غیر ملکی بازاروں میں پٹ سن کی مانگ بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پٹ سن کے ٹرانسپورٹ کی بابت بتایا کہ گذشتہ سال چٹاگانگ کی بندرگاہ سے ۵ لاکھ گانٹھ پٹ سن باہر بھیجی گئی تھی اس سال اس سے دوگنی مقدار بآسانی بھیجی جا سکے گی۔

برما میں مسلح فوجوں کی توسیع

وزیر اعظم کا پبلک جلسہ میں اعلان

رنگون ۲۸ اکتوبر۔ پرسوں شب وزیر اعظم برما مسٹر تھاکن نو نے ایک پبلک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے بتایا کہ برما نے تمام بری فوجوں کی بھرتی شروع کر دی ہے۔ تاکہ سیاسی بغاوت کو علی الاعلان کچل دیا جائے۔

انہوں نے کہا حکومت ایک سال کے اندر اندر امن قائم کرنے کی کوشش کرے گی۔ ہمارے پاس کافی اسلحہ ہے اور گولہ بارود ہے۔ جب امن و قانون بحال ہو جائے گا تو حکومت اقتصادی بغاوت کو کچلنا شروع کرے گی۔

حکومت برما نے صنعتوں کو قومی ملکیت بنا کر اجارہ داری [illegible] کرکے اہم ذرائع پیداوار قبضہ میں کر لئے ہیں۔ اب ہم کو اس اقتصادی جنگ میں مدد حاصل کرنے کے لئے غیر ملکی ماہرین اور ٹیکنیشن درکار ہیں۔ (پ۔ٹ۔ رائٹر)

ترکی کا زرعی منصوبہ

انقرہ ۲۸ اکتوبر۔ ترکی حکومت نے زرعی پیداوار بڑھانے کے پروگرام کی تیاری کا اعلان کیا ہے۔ ایک ادارہ قائم کیا جائے گا جو کسانوں کو [illegible] بیج اور بہترین مویشی فراہم کرنے کا انتظام کرے گا۔ (گلوب)

کراچی میں شاہ ایران کی ولادت کا جشن

کراچی ۲۸ اکتوبر۔ یہاں کے ایرانی سفارت خانہ نے شاہ ایران کی ولادت پر استقبالی دعوت دی۔ جس میں پاکستان کے گورنر جنرل، وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں، [illegible] ہندوستانی ہائی کمشنر [illegible] پاکستان کے دوسرے اعلی افسران [illegible] شریک ہوئے۔

اقوام متحدہ پر مصری وزیر اعظم کی نکتہ چینی

قاہرہ ۲۸ اکتوبر۔ مصری وزیر اعظم حسین سری پاشا نے بیان [illegible] کہا کہ اقوام متحدہ نے بڑی غلطی [illegible] دنیا نے فلسطین کی بابت ایسے فیصلے کئے ہیں جن کا خمیازہ ابھی تک بھگت رہے ہیں۔ اقوام متحدہ نے شام اور لبنان کے مسائل کو منصفانہ طور پر تصفیہ کر دیا تھا لیکن ان مسائل کا کوئی تصفیہ نہیں کیا جن کا تعلق مصر اور باقی عرب دنیا سے ہے۔ مجلس تحفظ مصر کی سوڈان اور مصر سے برطانوی افواج کے انخلاء کی بابت درخواست پر کوئی منصفانہ فیصلہ نہیں کر سکی ہے۔

انہوں نے امید ظاہر کی کہ اطالوی نوآبادیات کے بارہ میں فیصلہ کرتے وقت اقوام متحدہ فلسطین کو سامنے رکھے گی۔ مصر نے اقوام متحدہ کے عظیم الشان مشن پر ہمیشہ بھروسہ رکھا ہے انہوں نے کہا مصر کو اقوام متحدہ میں جو جگہ حاصل ہے اس پر بہت فخر کرتا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی اقتصادی اور ثقافتی سرگرمیوں کو دنیا کے لئے بہت مفید قرار دیا۔

انڈونیشی یونین کے قانون کے متعلق سمجھوتہ ہوگیا

انسانی حقوق کے ۱۹ نکاتی پروگرام کو تسلیم کرلیا گیا

دی ہیگ ۲۸ اکتوبر۔ انڈونیشیا کی یونین کے قوانین کے متعلق جو مشکلات تھیں وہ اب معلوم ہوتا ہے کہ دور ہو چکی ہیں، مثلاً شہریت کے حقوق کے متعلق جو مسئلہ رکاوٹ بنا ہوا تھا اب وہ حل ہو چکا ہے اس طرح کہ ہالینڈ اور انڈونیشیا کے باشندوں کے درمیان برتاؤ میں کوئی فرق نہیں رہے گا۔

اس قانون میں ۱۹ نکاتی ایک پروگرام بھی شامل کیا گیا جس میں انسانی حقوق کا ذکر ہوگا اس کی بنیاد اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے اعلان پر ہے۔

اسٹیرنگ کمیٹی نے بہت سے ان مسائل پر غور کیا جن کا تعلق فوج سے ہے اور جو کمیٹی کی طرف سے پیش کئے گئے تھے۔ یہ توقع معلوم ہوتا ہے کہ اس سلسلہ میں ایک تجویز کو تسلیم کر لیا جائے گا۔

کل اسٹیرنگ کمیٹی نے پانچ مالی اور اقتصادی تجاویز کو منظور کر لیا۔ (ریوٹر)

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور ان کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

لیاقت علیخاں کے سفر ماسکو پر لندن میں دلچسپی

وزیر اعظم پاکستان روسی مسلمانوں کی حالت دیکھنا چاہتے ہیں

لندن ۲۸ اکتوبر۔ یہاں مسٹر لیاقت علیخاں کے سفر ماسکو سے بڑی دلچسپی ظاہر کی جا رہی ہے اور خصوصاً اس وجہ سے کہ وہ دولت مشترکہ کے پہلے وزیر اعظم ہیں جنہیں روس نے مدعو کیا ہے۔ اگرچہ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ نومبر میں ماسکو جائیں گے لیکن ابھی تک ان کے پروگرام کے بارے میں کسی قسم کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہیں، پاکستان ہائی کمشنر کے دفتر سے اس بارے میں سوالات کرنے والوں کو ایک ہی جواب دیا گیا اور بتایا کہ نہ تاریخ متعین ہوئی اور نہ کسی قسم کی تفصیلات معلوم ہو سکی ہیں۔ روس نے غیر ملکی مدبرین کی نقل و حرکت پر جو پابندی لگا رکھی ہے اس کے پیش نظر ان آسانیوں کے بارے میں بڑی دلچسپی ظاہر کی جا رہی ہے جو حکومت ماسکو ان کے لئے فراہم کرے گی اس دلچسپی کی خاص وجہ یہ بھی ہے کہ یہاں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ پاکستانی وزیر اعظم نے یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ روسی مسلمانوں کا حال دیکھنا چاہتے ہیں۔ (گلوب)

ہندوستان کی طرف سے دستخط کرنے کے اختیارات

امریکہ میں متعین ہندوستانی مشن کو دیدیئے گئے

دہلی ۲۸ اکتوبر۔ [illegible] گورنر جنرل ہندوستان نے واشنگٹن میں ہندوستانی مشن [illegible] ڈائرکٹر [illegible] ہندوستانی سفارت خانے کے [illegible] بین الاقوامی بنک [illegible] اس بارہ [illegible] گورنر جنرل کی طرف سے دستخط کر سکتے ہیں۔ [illegible] گورنر جنرل کی طرف سے کسی درخواست کو جو اس قسم کے قرضہ کے لئے دی جائے وہ پیش کر سکتے ہیں۔ نیز اس قسم کے قرضہ کے حصول پر وہ گورنر جنرل کی طرف سے دستخط کر سکتے ہیں یا کسی قسم کی دستاویز [illegible] اور سرٹیفکیٹ وغیرہ بین الاقوامی فنڈ اور ہندوستان کے [illegible] کے لئے وہ دستخط کر سکتے ہیں۔ (پ ٹ ا)

پنڈت نہرو کے دورہ سے امریکہ اور ہندوستان میں خیرسگالی کے جذبات پیدا ہوگئے

ہندوستان کو عالمی بینک سے مزید قرضے ملیں گے

امریکہ ہندوستان کو اقتصادی امداد دینا چاہتا ہے

واشنگٹن ۲۸ اکتوبر۔ اگرچہ یہ ایک اتفاق ہے کہ پھر بھی واشنگٹن میں ہندوستان کو اقتصادی امداد دینے کا چرچا پایا جاتا ہے [illegible] پنڈت نہرو کے دورہ امریکہ کا دوسرا دور شروع ہو چکا ہے۔ جب وہ شکاگو میں آئے تو ہندوستان کو گیہوں قرض دینے کا سوال سب سے اہم تھا۔ شکاگو۔ [illegible] کا دارالسلطنت ہے جو امریکہ کا سب سے زیادہ خوراک پیدا کرنے والا علاقہ تسلیم کیا جاتا ہے۔

مسٹر ڈین ایچیسن نے اس کو تسلیم کر لیا ہے کہ ہندوستان کو دس لاکھ ٹن گیہوں دینے کے سوال پر گفتگو ہو رہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ گیہوں کس طرح دیا جائے۔ ہندوستان امریکہ کے ساتھ پہلے ہی مالی حیثیت سے خسارہ میں جا رہا ہے اور صدر کے پاس اس قسم کی امداد کے لئے کوئی فنڈ موجود نہیں۔ عالمی بنک کے صدر مسٹر او جینی بلیک نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ ہندوستان کو مزید قرض مل سکے گا۔

صدر بنک نے اس وقت ہندوستان کو قرضہ دینے کا ذکر کیا جب پنڈت نہرو امریکہ کے دورہ پر آئے ہوئے ہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ محض حسن اتفاق نہیں۔ ہندوستان کو ایک کروڑ ڈالر پہلے ہی قرض دیئے جا چکے ہیں تاکہ ہندوستان ٹریکٹر وغیرہ خرید کر ۳۰ لاکھ ایکڑ زمین سے گھاس وغیرہ دور کرکے اس کو پیداوار کے قابل بنا سکے۔ اس طرح ہندوستان دس لاکھ ٹن غلہ پیداوار کے قابل ہو سکے گا۔ اس کے علاوہ تین کروڑ چالیس لاکھ ڈالر اور قرض دیئے گئے ہیں تاکہ وہ انجن وغیرہ خرید سکے۔ اور اپنی ریلوں کو بہتر بنا سکے۔ نیز [illegible] لاکھ ڈالر کا مزید قرضہ کا بھی جلد اعلان کر دیا جائے گا۔

بنک بہت سی اور ہندوستانی اسکیموں پر غور کر رہا ہے۔ خاص طور پر مشرقی پنجاب میں ایک بند بنانے کی اسکیم پر غور کیا جا رہا ہے۔ یہ بند دہلی سے ۲۰۰ میل دور بنایا جائے گا۔ اور اس طرح ۳۰ لاکھ زمین میں آبپاشی ہو سکے گی۔

شمالی ہندوستان میں آبپاشی کے لئے مزید کنوؤں کے کھودنے کا سوال بھی زیر غور ہے۔ نیز ہمالیہ کے دامن میں جنگلوں کو صاف کرکے مزید زمین قابل زراعت بنانے کا سوال بھی زیر غور ہے۔

بنک نے بعض ایسی اسکیموں کو بھی نظر انداز [illegible] سلسلہ میں کوئی مالی امداد نہیں دے سکتا۔ بنک زیادہ تر ان اسکیموں پر قرض دینے کو تیار ہے جو ہندوستان کی فوری ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں۔ طویل مدت کی اسکیموں پر بنک کوئی توجہ نہیں دے رہا۔

یہ کہنا کہ پنڈت نہرو کے امریکہ جانے کی وجہ سے بنک ہندوستان کو قرض دے رہا ہے، غلط ہے۔ کیونکہ ان قرضوں کے متعلق پنڈت نہرو کے امریکہ جانے سے بہت پہلے گفت و شنید شروع ہو چکی تھی۔ لیکن اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ پنڈت نہرو کے امریکہ جانے سے امریکہ اور ہندوستان میں زیادہ خیرسگالی کے جذبات پیدا ہوگئے۔

صوبہ جموں میں تین گاؤں کا اضافہ

جموں ۲۸ اکتوبر۔ لاروب اور راتے پور کو سنجار، ناڑی تین گاؤں صوبہ جموں میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ یہ [illegible] اور کشمیر حکومت کے احکام کے ماتحت عمل میں آئی ہے جموں کے گورنر راؤ صاحب [illegible] اس انتظام کو جلد ہی حکومت کشمیر کی طرف سے اپنے ہاتھ میں لے لیں گے۔

ایک دلچسپ قسم کا چور

میسور ۲۸ اکتوبر۔ ہرمحل کے گرد و نواح میں ایک لڑکے کی حرکت سے بہت سی شورش پیدا ہو گئی۔ [illegible] مندر سے جواہرات چرا کر مندر کے مینار پر چڑھ گیا۔ اور دھمکی دی کہ اگر اس کو گرفتار کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ اپنے آپ کو گرا دے گا۔ پولیس نے مینار کے ارد گرد جال پھیلانے کی تجویز کی ہے۔

کشمیر میں سنگھی لیڈر کی رہائی

جموں ۲۸ اکتوبر۔ پرجا پریشد کے لیڈر پنڈت پریم ناتھ ڈوگرا کو سرینگر کی سنٹرل جیل سے رہا کر دیا گیا۔ [illegible] گزشتہ فروری میں ان کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت نظر بند کیا گیا تھا۔ [illegible] پرجا پریشد کے لیڈر ہونے کے علاوہ راشٹریہ سیوک سنگھ کے بھی لیڈر رہیں۔ سنگھ اب بھی کشمیر میں خلاف قانون ہے۔

پاکستانی جہازوں پر سے محصول اڑا دیا گیا

صدر امریکہ کا ایک نیا اعلان

واشنگٹن ۲۸ اکتوبر۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے ایک اعلان خاص کے ذریعہ پاکستانی جہازوں پر سے تمام امتیازی محصول کو اڑا دیا ہے یہ اقدام پاکستان کی طرف سے اس یقین دہانی پر کیا گیا ہے کہ بندرگاہوں میں بھی امریکی جہازوں پر کوئی امتیازی محصول عائد نہیں کیا جائے گا۔ اور یہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ فریقین اس پر عمل کرتے رہیں گے۔

پ ٹ رائٹر

روزنامہ الجمعیۃ میں اشتہار دیکر تجارت کو کامیاب بنائیے۔

ملایا میں ۸۵ باغی ہلاک

کوالالمپور ۲۸ اکتوبر۔ ملایا کی وفاقی حکومت نے گزشتہ ہفتہ جو اعداد و شمار پیش کئے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ماہ ستمبر میں جس قدر باغی ہلاک کئے گئے اتنے سال رواں کے کسی اور مہینے میں قتل نہیں کئے گئے تھے ماہ ستمبر میں کل ۸۵ باغی ہلاک کئے گئے تھے [illegible] ماہ مارچ کے اعداد و شمار سے بھی ۸ زیادہ ہے۔ سال رواں کے دوسرے مہینوں کے اعداد و شمار یہ ہیں۔ جنوری ۲۲ فروری ۲۳ مارچ ۷۷، اپریل ۵۵، مئی ۳۹، جون ۵۱، جولائی ۴۵، ماہ اگست ۴۸۔ (گلوب)

آٹھ پاکستانی مسلمان گرفتار

امرتسر ۲۸ اکتوبر (ا م) کل جنڈیالہ میں پولیس نے آٹھ مسلمانوں کو بغیر پرمٹ کے ہندوستان میں داخل ہونے کے جرم میں گرفتار کر لیا ہے ان میں ایک عورت اور چار لڑکیاں ہیں، انھوں نے پولیس کو بتایا کہ وہ پاکستان میں بھوکوں مر رہے تھے اور کوئی اور ٹھکانہ نہ تھا۔

سرحد کے کسٹوڈین کو الیکٹرک کمپنی سنبھالنے کا حکم

پشاور ۲۸ اکتوبر (ا م) حکومت صوبہ سرحد نے صوبائی کسٹوڈین کے دفتر کو حکم دیا ہے کہ وہ پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی کا انتظام فوراً سنبھال لے۔ پشاور الیکٹرک سپلائی کمپنی [illegible] صوبہ سرحد کے الیکٹریسٹی ڈپارٹمنٹ کے [illegible] گئی ہے تاکہ [illegible]

[illegible] ۲۸ اکتوبر۔ [illegible] کو جلد سے جلد آباد کرنے کے سلسلہ میں حکومت [illegible] کرنے کا ایک آرڈیننس جاری کیا ہے۔ اس کے ذریعہ حکام کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی عمارت یا عمارت کے کسی حصہ کو حاصل کرنے کے لئے نوٹس کی تعمیل کرا سکتے ہیں۔ نوٹس کی میعاد ۴۸ گھنٹہ کی ہوگی۔ معاوضہ کے متعلق حکومت اور مالک جائیداد کے درمیان سمجھوتہ نہ ہوگا تو حکومت کسی ثالث کو مقرر کر دے گی۔ (اپ ا)

وی پی کے ذریعہ اخبار جاری نہ کرایئے

جو حضرات اخبار وی پی سے طلب کرکے اسے حاصل کر لیتے ہیں وہ اکثر شکایت کرتے ہیں کہ ہم نے فلاں تاریخ کو وی پی وصول کیا تھا مگر اخبار ابھی تک جاری نہیں ہوا [illegible] کے مطابق وی پی رقم دفتر میں وصول ہونے سے قبل اخبار جاری نہیں کیا جاتا اور وی پی بیشتر بہت دنوں بعد دفتر میں پہنچتی ہے اس لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اخبار وی پی کی بجائے زرچندہ منی آرڈر کے ذریعہ بھیجا جائے، کیونکہ وی پی کی نسبت منی آرڈر جلد پہلے وصول ہو جاتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے وی پی منگانے کی مجبوری ہو تو براہ کرم اس وقت تک انتظار کیا جائے جب تک اس کی رقم دفتر میں پہنچے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے

ہمارا انتظام اچھے کھانوں کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے۔ ہمارے یہاں آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت، [illegible]، بریانی، شیرمال، مچھلی، سبزی، چاول، [illegible]، چائے، انڈا، کیک، مکھن وغیرہ نہایت اعلی قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ والا بالمقابل جامع مسجد دہلی

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

۳۰/ اکتوبر سنہ ۴۹ء

کمیونسٹ چین

آسٹریلیا کے وزیر امور خارجہ ڈاکٹر ایوٹ نے دنیا میں سب سے پہلے سرکاری طور پر چین کی کمیونسٹ گورنمنٹ کو تسلیم کرنے کے لئے بعض شرائط کا اعلان کیا ہے اور اس بات پر آمادہ ہو گئے ہیں کہ اگر کمیونسٹ چین مجوزہ شرائط کو تسلیم کرے تو وہ اور ان کے ساتھ امریکہ اور برطانیہ اسے سرکاری طور پر تسلیم کر لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے چین کی کمیونسٹ گورنمنٹ اس بات کا اقرار کرے کہ وہ پڑوسی ممالک کے حقوق کا احترام کرے گی اور بالخصوصیت کے ساتھ ہانگ کانگ کے استقلال کو برقرار رکھے گی اور اسے خطرہ میں نہ ڈالے گی، اور پھر یہ بھی اعلان کرے کہ وہ بین الاقوامی معاہدات اور اقرارات پر کاربند رہے گی اور انہیں پورا کرکے دکھائے گی۔ اگر شرائط کو منظور کر لیا گیا تو کمیونسٹ چین کو تسلیم کر لیا جائے گا، منظور نہ کیا تو کوئی حکومت اسے تسلیم نہ کرے گی۔ ڈاکٹر ایوٹ نے بتایا کہ ان کے اس اعلان سے برطانیہ اور امریکہ بھی متفق ہیں اور شرائط کی تکمیل کے بعد وہ بھی کمیونسٹ چین کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہیں۔

جو لوگ بین الاقوامی سیاست کے مزاج سے واقف ہیں ان کا خیال ہے کہ یہ اعلان کمیونسٹ چین کی بہت بڑی فتح ہے کیونکہ اصولاً اس بات کو مان لیا گیا ہے کہ اس نئی گورنمنٹ کو تسلیم کر لیا جائے مگر بعض شرائط کے ساتھ لیکن یہ شرطیں اسلئے لگائی گئی ہیں تاکہ امریکہ اور برطانیہ کی کمزوری ظاہر نہ ہو اور دنیا یہ سمجھے کہ انہوں نے کمیونسٹ چین کو مانا تو سہی مگر اپنی کڑی شرائط کو منوا کر اور اپنی بات کو بالا کرکے، لیکن چین کے کمیونسٹ مدبرین ان پردوں کی [illegible] سے خوب واقف ہیں اور جانتے ہیں کہ امریکہ اور برطانیہ کے لئے تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں، اگر آسٹریلیا کی مجوزہ شرائط پر بھی تسلیم و رضا کا مدار رہا تو کمیونسٹ چین کو اس کے ساتھ موافقت کرنے میں کیا عذر ہو سکتا ہے؟ ہانگ کانگ کے سیاسی حقوق اور احترام کا اقرار کیا جائے گا مگر [illegible] کمیونسٹ حکومت چند ہی روز میں ایسے حالات پیدا کر دے گی یا ہانگ کانگ کے باشندے خود ہی اس راہ پر آ جائیں گے کہ تمام خطرہ میں شورشیں ہوں، کمیونسٹوں کی دہائی [illegible] اور عوام [illegible] کہ کمیونسٹ چین اور برطانیہ کے درمیان الحاق کے مسئلہ پر ریفرنڈم ہو اور خود باشندوں کو کمیونسٹوں کے ساتھ رہنے یا نہ رہنے کا اختیار دیا جائے۔ ظاہر ہے کہ جب یہ صورت حال پیدا ہوگی تو کمیونسٹ ہار نہیں مانیں گے اور وہ ہانگ کانگ کے الحاق کے لئے پوری طاقت صرف کریں گے جس کا صاف اور ظاہر نتیجہ الحاق ہی ہوگا۔

رہا بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری تو اس سے انکار کمیونسٹوں کو تو کیا کسی حکومت کو بھی نہیں ہو سکتا اور آج تک ہوتا بھی یہی رہا ہے کہ بین الاقوامی معاہدات کا احترام بھی اور پیمان شکنیوں کا طوفان بھی۔ آپ کہتے رہیئے کہ فلاں حکومت نے بین الاقوامی تقاضوں کو پس پشت ڈال دیا ہے مگر ملزم کو کبھی اس کا اقرار نہ ہوگا اور وہ الزام دینے والوں پر اس کا الزام لگا کر اپنی حرکتوں کو حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرے گا! پھر یہ کون کہہ سکتا ہے کہ برطانیہ نے معاہدہ شکنی کا جرم نہیں کیا؟ اس کی تو تاریخ ہی پیمان شکنیوں سے بنی ہے اور دیکھئے ہزاروں واقعات اس کی ان ہی وعدہ خلافیوں سے ظہور میں آئے ہیں امریکہ بھی یہی چال چل رہا ہے اس نے انگریز کو شہ دے کر اور متحدہ اقوام پر زور ڈال کر فلسطین کے عربوں پر قیامت نازل کی اور یہودی سلطنت قائم کرکے عہد شکنیوں کا ریکارڈ مات کر دیا۔ اگر کمیونسٹ چین بھی اپنے آپ کو منوانے کے لئے اقرار کر لیتا ہے کہ وہ اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کو محسوس کرے گا اور ہانگ کانگ کے علاقائی استحکام کو برقرار رہنے دیگا تو کون سا گناہ کرتا ہے؟ وہ یہ سب کچھ کرنے کے بعد نہ صرف ہانگ کانگ کی طرف بڑھے گا بلکہ تبت پر بھی قبضہ کرنے کی راہ نکالے گا اور یہ اس لئے کہ معاہدے پورے کرنے کے لئے نہیں کئے جاتے بلکہ توڑنے کے لئے کئے جاتے ہیں اور جب دوسرے بھی توڑتے ہیں تو کمیونسٹ چین کیوں نہ توڑے؟

خیر یہ تو کمیونسٹ چین کو ماننے نہ ماننے کا سوال تھا، اصل سوال تو یہ ہے کہ اگر تبت نئی حکومت کی زد میں آیا تو امریکہ پر کیا بنے گی؟ ہندوستان کی روش کیا ہوگی؟ روس اس جھگڑے کو کس نظر سے دیکھے گا؟ تبت نے فی الحال امریکہ سے امداد کی درخواست کی ہے گو یہ درخواست ہی اس کے لئے [illegible] ہو جائے گی اور سوویٹ روس کو دوسری دنیا کی نظر [illegible] لگے گی اور قبل اس کے کہ امریکہ تبت میں اپنے ہوائی اڈے بنائے کمیونسٹ چین کے لئے یہی مناسب ہوگا کہ وہ آگے بڑھ کر قبضہ کرلے اور امریکہ کی چال کو فیل کر دے لیکن معاملہ یہیں پر ختم نہیں ہو جائے گا، بلکہ یہ خطرہ پیدا ہوگا کہ کہیں ایشیا تیسری جنگ کا میدان نہ بنا لیا جائے اور بجائے اس کے کہ جنگ یورپ میں ہو اس کا رخ ایشیا کی طرف نہ پھیر دیا جائے! غرض کریملن اور واشنگٹن کا مقابلہ زبردست ہے اور ایشیا کا مستقبل خطرہ میں ہے۔ اگر ہندوستان اور پاکستان نے اپنے طور پر اپنے مفاد کے لئے سمجھوتہ کی کوئی راہ نہ نکالی اور دونوں طرف کے وزرائے خارجہ [illegible] اور ماسکو کی طرف دوڑتے رہے تو اس بات کا امکان ہے کہ ایشیا کو قربانی کا بکرا بنایا جائے اور اس کی قیمت ہند اور پاکستان سے وصول کی جائے اگر اس وقت بین الاقوامی سیاست کی ٹوٹی ہوئی کشتیوں کو [illegible] نکالا جائے تو خطرہ کے خانہ میں ایشیا ہی پیش نظر آئے گا اور اس میں سب سے زیادہ نقصان ان حکومتوں کو ہوگا جنہوں نے حال ہی میں آزادی حاصل کی ہے!

یہ دو قومی نظریہ

[illegible] ایک مقامی معاصر نے [illegible] جائدادوں کے [illegible] کسٹوڈین کو منسوخ کرنے کی سفارش کرتا [illegible] اس وقت انصاف اور قانون [illegible] ان ستر لاکھ لوگوں [illegible] ہندوستان کے لیڈروں [illegible] سے تباہ اور برباد ہو کر [illegible] ہیں اور جب قانون [illegible] نہیں تو مال مفت دل [illegible] کیوں نہ اپنایا جائے؟ چنانچہ [illegible] انصاف اور قانون کی تشریح کرتا ہوا لکھتا ہے کہ بجز اس کے کیا اس کے سوا کوئی چارہ ہے کہ آپ موجودہ آرڈیننس کو منسوخ کردیں اور زیادہ سے زیادہ مسلم جائدادوں کو نکاسی بننے کا حقدار کریں!!

گویا انصاف یہ ہے کہ کوئی انصاف نہ ہو اور قانون یہ ہے کہ کسی قانون کی پرواہ نہ ہو! کم بخت دو قوموں کی تھیوری کو ہزار بار دفن کیا گیا مگر وہ زندہ ہونے سے باز نہیں آتی! اگر مسلمانوں کو بھی ایک ہی قوم کا فرد سمجھا جاتا تو یہ کہتے ہوئے کچھ تو [illegible] معلوم ہوتا کہ زیادہ سے زیادہ مسلم جائدادوں کو نکاسی بننے کا مستحق کیا جائے!

اچھی باتیں

یاایھا الذین۔ تا تعلمون (پ ۲۸ ع ۱۰)

اے اہل ایمان! کیا ہم تم کو ایک ایسی تجارت نہ بتائیں جو تم کو کرب و مصیبت سے نجات دے دے؟ وہ یہ کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اس کے رسول کو سچا سمجھو اور اپنے مال اور اپنی جان سے اللہ کی راہ میں کوشش کرو، اگر تمہیں کچھ بھی علم ہے تو سمجھ لو کہ تمہارے لئے بھلائی کی صرف یہی ایک راہ ہے!

انسان پر جو مصیبت نازل ہوتی ہے اس کی ذمہ داری اس کے اعمال پر ہے زمانہ کے تسلسل کے ساتھ کسی طبقہ کا مزاج بگڑتا رہتا ہے اور کسی مناسب وقت پر وہ اسے نقصان پہنچاتا ہے فرمایا کہ ان مصیبتوں اور تکلیفوں سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہو تو باتیں بنانی چھوڑ دو اور زندگی کو سنوارنے کے لئے اپنی جان اور مال کی بازی لگا دو حق کے لئے مرنا سیکھو اور اجتماعی کاموں پر اپنا مال لٹا دو زندگی آسانی سے نہیں ملتی تم چاہو کہ تماشے دیکھ کر اور کھیل کود میں پڑ کر زندہ رہو تو یہ مشکل ہے اس کے لئے تم تمہیں اپنی محبوب سے محبوب چیز قربان کرنی پڑے گی اور اجتماعی نیکیاں ہی تم کو فائدہ پہنچا سکیں گی پس یہ گر کی بات یاد رکھو تمہاری مشکلات خود بخود دور ہو جائیں گی۔

ہندوستان کی سرکاری زبان

:(از پنڈت سندر لال):-

(۴)

اڑیسہ کے شہری بی داس نے کہا کہ "یو پی اور سی پی سے آئے ہوئے ممبروں کی زیادتی نے غیر ہندی بھاشی لوگوں کے دلوں میں ڈر پیدا کر دیا ہے۔"

پنجاب کے سردار حکم سنگھ نے دستور ساز اسمبلی میں ہندوستانی کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ "میں پہلے دیوناگری لکھاوٹ کا اور ہندی کا طرفدار تھا [illegible] اب میں ان [illegible] جنہوں نے دیوناگری لکھاوٹ میں ہندی سے [illegible] صرف ان لوگوں کی ہٹ دھرمی اور عدم برداشت کے سبب جو ہندی کے حامی ہیں۔"

[illegible]

وہی ہوگی۔ جسے ہم ہندوستانی کہتے ہیں۔ جو ملک کی ساری زبانوں کے رنگ اپنے تانے بانے میں لئے ہوئے ہوگی۔ [illegible]

دوسری بات یہ ہے کہ اسمبلی کے اس ٹھہراؤ میں "ہندوستانی زبان" اس کے ترتیب، اس کی خصوصیت [illegible]

[illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

نئی بولی

لکھنؤ کے ایک کلب میں ارکان کا انتخاب کرنے کے لئے تین درجن کے قریب ممبر حاضر ہوئے جن میں ہندو اور مسلمان تھے۔ ابتدا میں ایک ہندو نوجوان نے ہندی میں ایک قرارداد پیش کی کہ آئندہ کارروائی ہندی زبان میں ہونی چاہئے۔ غریب دو مسلمان تو خاموش بیٹھے رہے۔ مگر دوسری طرف سے مشورہ ہوا کہ تجویز ناقابل فہم ہے، [illegible] ایک پنجابی سکھ اور [illegible] لکھنؤ کے ایک ہندو نے اس نئی زبان کو سمجھنے سے معذوری ظاہر کی اور کہا کہ ایسی زبان سے ہمیں معاف ہی رکھا جائے تو اچھا ہے! در اصل کام ہمیشہ جنون سے ہوا کرتے ہیں، [illegible] خرد مندی بہت سے کاموں میں رکاوٹ ڈال دیتی ہے، اس جنون کا تقاضا ہے کہ ہمارے ہندی دوست [illegible] بولنے سے کام رکھیں اور یہ ہرگز نہ سمجھیں کہ زبان کا مقصد کیا ہے [illegible] اس کا سلوک ایسی زبان کے ساتھ کیا ہوگا!

قابل فخر

امریکہ میں پنڈت جواہر لال نہرو کا عظیم الشان استقبال ہوا ہے اس کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی [illegible] یہ ہندوستان کے لئے فخر کی بات ہے مگر اس میں بہت سے خطرات بھی پوشیدہ ہیں۔ جنرل چیانگ کائی شیک کی قومی حکومت کو بھی امریکہ نے دنیا کی پانچ بڑی طاقتوں میں شمار کیا تھا اور اس کی امداد بھی خوب کی تھی لیکن اس کا حشر بھی سامنے ہے اور ہندوستان اس سے سبق حاصل کر سکتا ہے۔ [illegible]

جنگ کا بھوت

آسٹریلین پارلیمنٹ کے لیڈر مسٹر رابرٹ گورڈن نے کہا کہ اگر آج [illegible] جنگ [illegible] ہوگی، تشویشناک بات یہ ہے کہ خطرناک جنگی تیاریوں کی دوڑ جاری ہے لہذا آسٹریلیا کو چاہئے کہ وہ جبری بھرتی کو پھر سے شروع کر دے [illegible] لہٰذا خود بھی جنگ کی تیاری کرو، حملہ کرنے کے لئے نہیں بلکہ اپنی حفاظت کے لئے [illegible] ضرورت رہے، جنگ کرنے کے لئے بھی اور جنگ سے بچنے کے لئے بھی، اور اعلان صحیح کیا ہے کہ وہ جنگ سے بچنے کے لئے جنگی سامان کر رہے ہیں!

مباحث امروز

(نقاد کے قلم سے)

ہند اور ایشیا کی اہمیت

ہند پارلیمنٹ کے سکریٹری مسٹر ایم این کول نے امریکہ میں [illegible] کانفرنس میں شرکت کے بعد یہ اندازہ لگایا ہے کہ اب یورپ [illegible] بین الاقوامی معاملات میں ہند اور ایشیا کی اہمیت کو سمجھنے لگا ہے۔ یقیناً سمجھنا چاہئے اس لئے کہ اب تک ایشیا کے اکثر ممالک مغربی طاقتوں کے غلام تھے لیکن اب ایشیا بیدار ہو چکا ہے اور ہر ملک استعماری قوتوں کے استبداد کے چنگل سے نکل چکا ہے اور جو ابھی تک نہیں نکلا ہے وہ عنقریب نکلنے والا ہے۔ ایسی صورت میں یقیناً ایشیا کی اہمیت کو نہ سمجھنا اپنی کوڑھ مغزی کا ثبوت دینا ہے۔

ہند اور ایشیا کی اہمیت اس لئے بھی ہے کہ یہ خطہ ارض قدرتی دولت سے مالا مال ہے۔ اور اس میں وہ خام اشیاء کثیر مقدار میں پیدا ہوتی ہیں جن کی پوری دنیا کو ضرورت ہے یورپ کی قوموں نے ہمیشہ اس دولت سے فائدہ اٹھایا ہے۔ اور وہ کوشش میں ہیں کہ بدستور فائدہ اٹھاتی رہیں۔ مگر ایشیا کی طاقتیں متحد ہو گئیں اور تنگ نظروں اور فرقہ پرستوں کے مقابلہ میں ترقی پسندوں اور روشن خیالوں کی جیت ہوئی تو ہند اور ایشیا کی اہمیت مسلم ہو جائے گی اور پھر دنیا کی کسی طاقت کو ایشیا اور ایشیائی قوموں کی طرف دیکھنے کی جرأت نہ ہوگی۔ لیکن اگر یہ نہ ہوا تو ہم بدستور سامراجی طاقتوں کی غلامی میں جکڑے رہیں گے یہ دوسری بات ہے کہ یہ غلامی سیاسی نہ ہوگی بلکہ اقتصادی ہوگی جو ایک معنی میں سیاسی غلامی سے بھی بدتر ہے۔

یہ مشرقی پنجاب ہے!

مشرقی پنجاب کے موجودہ وزیر اعظم ڈاکٹر بھارگو کے گروپ کی طرف سے سابق وزیر اعظم بھیم سین سچر پر جو [illegible] الزامات عائد کئے گئے تھے وہ اب [illegible] گئے ہیں ان الزامات میں ایک دلچسپ الزام یہ بھی ہے کہ مسٹر سچر نے حکومت اور کانگریس کے درمیان رابطہ پیدا کرنے کے لئے مولوی عبدالغنی کا نام بطور ایڈوائزر پیش کیا تھا۔

اس الزام میں اس امر کی تشریح نہیں کی گئی کہ مولوی عبدالغنی صاحب میں کیا برائیاں ہیں اور اگر وہ ایڈوائزر مقرر ہو جاتے تو مشرقی پنجاب پر کیا قیامت نازل ہو جاتی۔

سیاسی اور قومی خدمات کے لحاظ سے مشرقی پنجاب میں مولوی عبدالغنی صاحب کا مقام بہت اونچا ہے اسی لئے بھارگو گروپ کی طرف سے ان کی تقرری پر اعتراض کی بظاہر اس کے علاوہ اور کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ ان کا مذہبی عقیدہ وہ نہیں ہے جو بھارگو گروپ کے لوگوں کا ہے

ملک کی بدقسمتی

اگر صرف اس بنا پر بھارگو گروپ کی طرف سے مولوی عبدالغنی کے نام کی سفارش پر اعتراض پیدا ہوا تو اس سے زیادہ اس ملک کی کیا بدقسمتی ہو سکتی ہے جہاں ایک غیر مذہبی جمہوری حکومت کے قیام کا اعلان کیا گیا ہے۔

قطع نظر اس بات کے کہ مشرقی پنجاب میں کون گروپ حق پر ہے اور کون ناحق پر۔ اور کون پبلک کی خدمت کرتا ہے اور کون رسوخ بڑھاتا اور پبلک کو ستاتا ہے۔ بھارگو گروپ نے ایک سچے کانگریسی اور سچے محب الوطن کی ذات پر حملہ کرکے حقیقتاً اپنی پست ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے اور خواہ ان کے دوسرے تمام اعتراضات کتنے ہی معقول کیوں نہ ہوں اس قسم کا لچر اعتراض کرکے اس گروپ نے قوم پرور حلقوں میں اپنی پوزیشن کو بے حد گرا دیا ہے۔

وفد خیرسگالی واقعات کی روشنی میں

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلی جمعیۃ علماء ہند کا حقیقت افروز بیان

دہلی ۲۸ اکتوبر:- امسال انڈین یونین [illegible] ہند کے محترم علماء پر مشتمل ایک وفد خیرسگالی کا مشن لے کر حجاز گیا ہے۔ اس وفد کے مشن کے متعلق بعض حلقوں میں کچھ [illegible] کی گئی ہیں تاکہ عوام کو غلط فہمی میں مبتلا کیا جائے۔ اس صورت حال کے پیش نظر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے جو اس وقت حیدرآباد دکن کے دورہ پر ہیں، مشن کی اصل حقیقت کو واضح کیا ہے۔ اور حسب ذیل بیان پریس کو دیا ہے۔

"گورنمنٹ آف انڈیا کی جانب سے چند علماء کرام کا ایک وفد حجاز گیا ہے۔ کیوں گیا ہے؟ اور کس کی جانب سے گیا ہے؟ اس کی اطلاع مختصر الفاظ میں پریس میں شائع ہو چکی ہے۔ اور بعض ارکان وفد نے بھی چند الفاظ کے ذریعے اس کی تشریح کر دی ہے۔ لیکن اس دنیا میں [illegible] بد باطن، بد اندیش اور بد کلام انسانوں کی بھی [illegible]

نیش عقرب نہ از پے کین است

مقتضائے طبیعتش این است

کا مظاہرہ کرتے رہتے ہیں۔ اور ایک صاف اور سیدھی بات میں بھی کج نگاہی سے جھول دیکھ لیتے ہیں۔

میرا ارادہ نہیں تھا کہ میں اس بارے میں کوئی مزید بات کہوں۔ لیکن [illegible]

[illegible]

بلکہ یہ بھی ادعا کیا کہ ہندوستان میں اب مسلم آبادی مفقود ہے۔ [illegible]

[illegible]

ان حضرات نے حکومت ہند کو بھی خطوط لکھے اور [illegible]

(باقی صفحہ ۴ پر)

قائم شدہ ۱۹۲۰ء

برانڈ
آئیل انجن
نہایت پائدار اور سستے
ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے
سول ایجنٹ
کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی
۲۱۔ سول لین۔ نئی دہلی
فون نمبر ۱۳۸ء

فون نمبر:- 6841
قیمت فی پرچہ دو آنے | نمبر ۲۵۸ | ...ء

دہلی کی عدالتوں میں!!

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں مسٹر ... کو ... کے تحت ... سے جا ... طور پر آمد کے متعلق جرم ... مقدمہ ... اس میں مسٹر ... اور دوسروں نے جرم کا اقرار نہیں کیا۔ مقدمہ کی سماعت آج ملتوی ہوگی۔ ریاست ... کے مقدمہ کی سماعت آج بھی جاری ... یوپی کے ایڈوکیٹ جنرل مسٹر ... نے جو اپیل ... کی طرف ... اپنا بیان جاری رکھا۔ امید ہے ... مقدمہ دو دن اور چلے گا۔

مسٹر ... ابن ... نے سینٹرل پی۔ ڈبلیو ڈی کے ایک اوورسیئر اور ایک ٹھیکیدار کو رشوت لینے اور دینے کے جرم میں قید اور جرمانہ کی سزائیں دیں۔

مسٹر شانتی لال ... کی عدالت میں لائیڈز بنک کے کیشیئر وغیرہ کے مقدمہ کی کل سماعت ہوئی۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق ملزمین نے نقدی چھیننے کی سازش کی جو روپیہ کو ریزرو بنک لے جا رہا تھا۔ چنانچہ جب ... روپیہ لے کر ریزرو بنک جا رہا تھا اس نے اشارہ کیا۔ اور اس کے ساتھی ملزموں نے اس سے روپیہ چھین لیا ... سے فرار ہوگیا۔ ملزمین نے ... انکار کیا۔ استغاثہ کی طرف سے چار گواہ پیش ہوئے۔

ایک ڈاکٹر گرفتار

پولیس نے گذشتہ ... میں ایک ڈاکٹر کی دوکان پر چھاپہ مار کر اسے گرفتار کرلیا۔ اس پر ... لائسنس کے ... بیچنے کا الزام ہے۔ اس کے پاس سے ... ہوئی ہے۔ پولیس نے فرضی گاہک بھیجکر اسے گرفتار کرلیا۔

لاہوری گیٹ میں شرنارتھیوں کیلئے اسٹال

دہلی میونسپلٹی لاہوری گیٹ کے قریب شرنارتھیوں کے لئے دستکاری بنانے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ ان اسٹالوں میں وہ شرنارتھی کاروبار کریں گے جو کھاری باؤلی میں بیٹھتے ہیں۔ اس کی تعمیر پر ۷۰ ہزار روپے صرف ہونگے۔

دو عورتوں پر حملہ

سبزی منڈی اسٹیشن کے قریب دو عورتوں پر جو ... کو جا رہی تھیں ایک شخص نے حملہ کیا۔ اور ان میں سے ایک کا طلائی نیکلس اتار لیا۔ دوسری عورت نے جب ... منہ کو بند کرنا چاہا تو اسے بھی زخمی کردیا۔

سردار پٹیل کا یوم پیدائش

دہلی صوبہ کانگریس کمیٹی سردار پٹیل کے یوم پیدائش کی تقریب میں ایک اجتماع کا انتظام کر رہی ہے۔ امید ہے کہ نائب وزیر اعظم اس میں شریک ہوں گے۔

بیلی کوٹھی کے قریب لاش ملی

بیلی کوٹھی کے قریب تکیہ بھولو شاہ کے قریب ایک لاش جس کے چھ ٹکڑے کردیئے تھے ملی ہے کہا جاتا ہے کہ قتل کہیں اور جگہ کیا گیا۔ بعد میں لاش کو دوسری جگہ لا کر وہاں لا یا گیا۔ اور پھینک دیا گیا۔ ابھی تک اس کی شناخت نہیں کی جاسکی۔

دارالسلطنت

چتلی قبر کے نزدیک حادثہ

گذشتہ شب شام کو سات بجے کے قریب دو ساتھ آٹھ سال کے بچے سید روحانی ... چتلی قبر کے بالمقابل مکان کے برآمدہ سے سڑک پر آگرے۔ یہ حادثہ اچانک جنگلے کے ٹوٹ جانے سے پیش آیا۔ بچے برآمدے میں کھیل رہے تھے جب گرے تو لکڑی کا جنگلا جو کافی بھاری تھا۔ ان کے اوپر آ گرا۔ اس سے کسی راہ گیر یا نیچے کے دکاندار کو چوٹ نہیں آئی مگر بچوں کے شدید چوٹ آئی۔ ان کو فوراً ہسپتال پہنچادیا گیا۔ (نامہ نگار)

کسٹوڈین کے دفتر پر چھاپہ دو گرفتار

تھوڑے دن ہوئے مسٹر ... پرکاش مجسٹریٹ درجہ اول اور مسٹر روشن لال انسپکٹر اسپیشل پولیس نے مسٹر ... کے اسسٹنٹ کسٹوڈین کے دفتر پر چھاپہ مارا اور مسٹر میلا رام فیلڈ انسپکٹر کو ایک شرنارتھی سے ایک مکان الاٹ کرنے کے لئے تین سو روپے رشوت لینے کے بعد گرفتار کرلیا۔ اسی محکمہ کا ایک کلرک بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ... کلرک کے پاس سے ... نوٹ برآمد ہوئے ہیں۔

درجہ حرارت

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۹۰٫۹ درجہ اور کم سے کم ۵۵٫۱ درجہ تھا۔

طلوع و غروب

۳۰ اکتوبر طلوع ۶-۳۰ بجے غروب ۵-۲۹ بجے
۲۹ اکتوبر طلوع ۶-۳۰ بجے غروب ۵-۳۱ بجے

شرنارتھی ممبران کا استعفیٰ

نکاسی جائداد کے نئے آرڈی ننس کے خلاف بطور احتجاج رابطہ کمیٹی کے باقی ماندہ چار شرنارتھی ممبروں نے کمیٹی سے استعفیٰ دینے کا فیصلہ کیا ہے اس امر کا فیصلہ کل ڈاکٹر ... کی زیر صدارت کل ہند شرنارتھی انجمن کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں کیا گیا ان چاروں ممبروں کے نام یہ ہیں: لالہ اچنت رام ... ڈاکٹر ... ان ... ممبر ... پہلے ہی مستعفی ہوچکے ہیں بعض اراکین نے زیادہ سخت اقدامات کا مشورہ دیا ان اقدامات کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار آل انڈیا شرنارتھی ممبروں کی کانفرنس میں فیصلہ کیا جائے گا۔

گورنمنٹ سرکار نے ... گرانی کو کم سے کم ایکس فیکٹری قیمت ... دورانِ ... ۲۹ روپے ۵ آنے فی من تھا۔ جہاں تک فیکٹریوں کے اسٹاک اور اس کی تقسیم پر کنٹرول کا تعلق ہے کسی تبادلۂ خیال پر غور ہوجانے تک موجودہ انتظامات ہی جاری رہیں گے یوپی سرکار نے ... کی قیمت ایک روپیہ دس آنے مقرر کردی ہے۔

مشرقی پنجاب کے دو وزیروں کے خلاف تحقیقات کا مسئلہ

نئی کابینہ کے پانچ وزیر آج حلف اٹھائیں گے دو جگہیں ابھی خالی ہیں

شملہ ... اکتوبر مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے مرکزی کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کے ممبروں کے ساتھ مشرقی پنجاب کی نئی وزارت کی تشکیل کے متعلق بعض اہم امور پر گفتگو کی۔ پانچ وزیر آج حلف اٹھائیں گے۔ لیکن بقیہ دو خالی جگہوں کے متعلق ابھی تک ... فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

ڈاکٹر بھارگو نے تسلیم کیا تھا کہ ان جگہوں پر سردار ... مسٹر ... نمائندہ اور ڈاکٹر ... کو ... لیکن ان تجویزوں کو قانونی ... سمجھا گیا ... ۔ صدر کانگریس ڈاکٹر ... نے ... گفتگو کی کوشش کی تھی اس سلسلہ میں ... لیکن کل شام تک کوئی ... نہیں ہوا تھا۔

پہلی اطلاعات میں ... گیانی کرتار سنگھ کا نام بھی لیا گیا تھا۔ انہوں نے ... سردار ... ڈاکٹر بھارگو ... سردار پٹیل مسٹر ... کانگریس پارلیمنٹری بورڈ اور ... سے ملاقات کی۔

سردار پٹیل اور مسٹر کالا وینکٹا راؤ کے ساتھ گفتگو میں ڈاکٹر بھارگو نے مشرقی پنجاب اسمبلی کے بعض ممبروں اور بعض سابق وزیروں کے خلاف بد عنوانیوں کی تحقیقات کے متعلق بھی گفتگو کی۔

مسٹر ... سین ... کے وزیر اعظم کے عہدہ سے استعفیٰ سے قبل ... گروپ کے ۱۲ ممبروں کے خلاف قانونی طور پر تحقیقات کا حکم دیا تھا۔ ... سے درخواست کی گئی کہ ان لوگوں کے خلاف تحقیقات کرنے کے لئے دو ہائی کورٹ ججوں کا تقرر کردیا جائے۔ ڈاکٹر بھارگو نے وزیر اعظم ہوکر دو سابق وزیروں کے خلاف ... تحقیقات کا حکم دیا جو ... گروپ کے ممبر تھے ... اس کے ... ہونے سے قبل ... کمان کے سامنے پیش کیا جائے گا ... تحقیقات ... مدراس ... ہو رہی تھی۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۸ء

صرافہ مارکیٹ

سونا پاسہ ... ۱۱۵ سونا پچر ... ۱۱۲ سونا ... ۱۱۳ پونڈ ... چاندی ... ۱۶۵ سونا دسمبر ... ۱۱۴ چاندی ... ۱۲۹ روپے

غلہ مارکیٹ

چوری چنا ... چھلکا چنا ... گیہوں ... ارد ... مسور ... مونگ ... دال ارد ... دال مونگ ... بنولا ... تیل تل ... تیل سرسوں ... تیل ... کھل سرسوں ... روپے

شیئر مارکیٹ

رضا ٹیکسٹائل ... انڈین آئرن ... ہندوستان موٹرز ... پنجاب نیشنل بنک ... دہلی کلاتھ ... روپے

ہاپوڑ مارکیٹ

چاندی ... سونا ... گڑ ... شکر ... سرسوں ... تارامیرا ... مونگ پھلی ... تیل سرسوں ... تیل السی ... جو ... گیہوں ... مٹر ... ارہر ... بجھڑ ... روپے

مختلف اشیاء کی تھوک قیمتوں میں کمی

دہلی ۲۸ اکتوبر ۱۶ اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ہندوستان میں اشیاء کی تھوک قیمتیں ... گری ہیں۔ ... کا بھاؤ چودہ فیصدی کپڑا تیرہ فیصدی دال کا دو فیصدی گرا البتہ چائے کا بھاؤ چھ فیصدی اور نمک کا بھاؤ ایک فیصدی بڑھ گیا ہے۔ سرسوں کے بیج کا بھاؤ ... فیصدی بڑھا۔ خام تمباکو کا بھاؤ ... فیصدی بڑھا اور پٹ سن کا بھاؤ کچھ دیر رک جانے کے بعد پھر بڑھ گیا۔ مونگ پھلی کی قیمتیں تین فیصدی گر گئیں۔ بھیڑ کی کھال کا بھاؤ سات فیصدی گرا۔ بکری کی کھال کا بھاؤ چار فیصدی بڑھا۔ تلی کے تیل کا بھاؤ دو فیصدی گرا۔ ناریل مونگ پھلی ... اور کی کھلی کے بھاؤ دو فیصدی بڑھے۔

انڈین جوٹ ملز ایسوسی ایشن کی طرف سے زیادہ سے زیادہ قیمتوں کی ... مقرر کئے جانے کی وجہ سے پٹ سن کی اشیاء کے بھاؤ گرے۔ نقلی ریشم اور ریشم کی اشیاء کے بھاؤ تین فیصدی بڑھے۔ کیمیائی اشیاء کے بھاؤ تین فیصدی اور سوتی اشیاء کے بھاؤ ایک فیصدی گر گئے۔ صابون اور ... کے بھاؤ دو فیصدی گرے۔ البتہ ... کا بھاؤ ... فیصدی بڑھا۔

چینی کا کم سے کم بھاؤ ۲۸ روپے من

نئی دہلی ۲۷ اکتوبر وزارت زراعت نے اعلان کیا ہے ...

پٹیالہ یونین کی نئی وزارت کی تشکیل

ابھی تک دہلی میں گفت و شنید ہو رہی ہے

دہلی ۲۸ اکتوبر پٹیالہ یونین اور حکومت ہند کے ... ریاست کے نمائندوں کے درمیان یونین مذکورہ کی ... کے متعلق جو گفت و شنید ہو رہی ہے۔ ابھی تک کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے۔

مسٹر ... پٹیالہ یونین کے وزیر اعظم کے درمیان ... کی گفتگو ... دوسرے وزراء اور ریاستی کے ... تھے۔ گفتگو آج بھی جاری رہے گی معلوم ہوا ہے کہ اکالی پارٹی کے درمیان نمائندگی کے سوال پر اختلافات موجود ہیں۔ نئی مجوزہ وزارت میں اکالیوں کو شامل کیا جا رہا ہے۔

کشمیر کی سنکیانگ سے تجارت ختم ہوگئی

سری نگر ۲۸ اکتوبر ... معمول بند ہونے کے باعث سنکیانگ کے ساتھ ریاست سے جو تجارت بند تھی وہ اب تہران کا تھیک ہوچکا تھا کہ ... گلگت پر پاکستان کے قبضہ کے باعث اس میں ... ہوگیا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ حکومت جموں و کشمیر سنکیانگ ... کو ... سے ... لداخ کے ... کو ہندوستان سے گذر رہے گے۔ ہر طرح کی سہولتیں دی جائیں گی۔

معلوم ہوا ہے ریاست کی حکومت اس سلسلہ میں حکومت ہند سے بات چیت کر رہی ہے۔

گنگوہ میں جوا کھیلتے ہوئے گرفتار

سہارنپور ۲۸ اکتوبر۔ (بذریعہ ڈاک) ...

گنگوہ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بازار سے جوا کھیلتے ہوئے پولیس نے نو اشخاص گرفتار کئے جن میں چند معزز اشخاص بھی قابل ذکر ہیں۔

شمالی چین میں طاعون پھیل گیا

لندن ۳۰ اکتوبر۔ پیکنگ کے کیمونسٹ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ شمالی چین کے ایک کروڑ ... کسانوں کو موسمی مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ قحط سالی، طوفان، باد و باراں اور سیلاب نے ان کو تباہ کردیا اور ان میں ۵ لاکھ فوری اور سخت امداد کے محتاج ہیں۔

ایک خبر ہے کہ شمالی چین کے صوبہ چاہار میں طاعون پھیل گیا ہے۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ ۵۰ آدمی اس بیماری سے ہلاک ہوگئے۔ ڈاکٹر ۲۴ گھنٹے انسداد مرض کے لئے کام کر رہے ہیں۔ (رے۔ ٹ)

...آفاق مسجد کو نقصان

... اشخاص ہلاک ہوگئے

... مسجد ... گنگا کے کنارے ... مسجد کا بایاں حصہ ... ایک عظیم ... ہے اور بہت ... کا منظر پیش کرتا ہے۔ یہ مسجد ... بہترین عمارتوں میں سے ہے اس کی بنیاد دریا کی تہ سے زیادہ نیچے رکھی گئی تھی۔ اس کا صحن دریا کی عام سطح سے ... اونچا ہے۔ مسجد کی اصل عمارت ... ہے اور ... بلند ہے اس کے دو ... گنبد ہیں۔ مسجد دریا کی جانب والا مینار ... اچانک گرا۔ اور اس کی وجہ سے مسجد کا بایاں حصہ بھی ٹوٹ پھوٹ گیا۔ قریب کے ... بھی ... طرح تباہ ہوگئے ... دریا کے کنارے ... فٹ بلند ... تا معلوم ... اصل حصہ ... مینار ... کے اچانک گر جانے کا سبب اب تک معلوم نہیں ہوسکا۔

... کے دو ... ہیں ... فٹ پر جا پڑا ... مکانات بھی ٹوٹ پھوٹ گئے ...

...کے ساتھ تعاون کریںگی

... کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی حساس فرضی کا ثبوت دیجئے (منیجر)

ایک اہم اعلان

... اس امید میں کہ فلسطین کے مسئلہ کا کوئی مستقل حل نکل ... نے اقوام متحدہ کے مصالحتی کمیشن سے ... اختیار کرلی ... ابھی تک اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا ہے اور وہ اقوام متحدہ کے ... اقوام متحدہ نے فلسطین کے مسئلہ کے ... دوسری ...

...نہیں حقیقت میں غیر مذہبی ہونی چاہئے

... سکھ صوبے کا مطالبہ

... میں منظور کی گئیں۔

(۱) پاکستان میں ... شدہ ... عورتوں کی واپسی۔ (۲) شرنارتھیوں کی فوری بحالی (۳) ... (۴) صوبائی اسمبلیوں، کونسلوں، ملازمتوں اور لوکل باڈیز میں سکھوں کی مناسب نمائندگی۔ (۵) ... سکھوں کی حالت بہتر بنانے ...

... صوبہ کی تشکیل کا مطالبہ کیا جہاں سکھ تہذیبی ... کے ... شروع ہوکر ... ختم ہوگیا

... ابھی ...

... سکھ صوبے کے مطالبہ ... سنگھ نے کہا: میں اس مطالبہ ... کو پنجابی اخبارات کے ایک حصے نے ... صرف ... کردی ہے۔ میں نے ایک علیحدہ صوبے کا مطالبہ ... لیکن اخبارات نے یہ ظاہر کیا ... سکھ ریاست ... مطالبہ کر رہا ہوں۔ اس طرح میرے ... کو غلط ... پیش کیا گیا۔ انہوں نے ہندوستان کے ... ریاست کے دعوے کی بابت یہ خیال ظاہر کیا ... انہوں نے غیر مذہبی حکومت کے خیال کی حمایت کی۔ ... کہا ایسی حکومت نام ہی کی نہیں بلکہ حقیقت میں غیر مذہبی ہونی چاہئے۔

کانفرنس نے آج صبح حسب ذیل مطالبات کے ...

ایری ٹیریا کے متعلق ...

... کمیشن رپورٹ پیش کرے گا

لیک سکسیس ۲۹ اکتوبر۔ مجلس اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ایری ٹیریا کے متعلق ... افراد پر مشتمل کمیٹی بنائی ہے وہ ... تک اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ ... کمیشن کے قیام کے متعلق ... سب کمیٹی کی سفارشات کا مطلب ... کے متعلق ... تک فیصلہ ملتوی ... جنرل اسمبلی ... سے قبل پوری سیاسی کمیٹی کے سامنے آئیگا۔

مارو ڈر پر مسلح حملہ۔ ایک بس کنڈکٹر مجروح ہوگیا

دہلی ۳۰ اکتوبر دہلی ٹرانسپورٹ سروس کے ایک بس کنڈکٹر کی ٹانگ میں ... کے قریب اس وقت زخم آیا جب کہ ... تین مسلح اشخاص نے بس کو روکنا چاہا۔ پولیس کی تحقیقات کے مطابق اس وقت ... بس کو ... ان تینوں میں سے ایک شخص نے ایک گولی چلائی۔ جو بس کی دیوار میں سے ہوکر کنڈکٹر کی ٹانگ میں لگی ... دوسرے ... کی طرف متوجہ ہوگئے۔ اور ان تینوں میں سے دو شخص ... گرفتار ہوگئے لیکن تیسرا شخص بندوق ... کر بھاگ ... کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔ (اپ ٹ)

ہے ہر جگہ ملتی ہے
مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

ہرنیا
موتیابند۔ بواسیر۔ اپینڈیسائٹس بغیر اپریشن علاج (بذریعہ ...) یہ نئے امریکن علاج گورنمنٹ ہند کے ملاحظہ شدہ ہیں۔ کوئی پیسہ نہ دیں۔ ... نہ ہو۔ ... سبق آموز پراسپیکٹس بیماری کے حالات ضرور لکھیں۔
سی۔ جی ہسپتال درمیان سبزی منڈی سرکلر روڈ دہلی

طلا نمبر ۲۰
عضو کی تمام خرابیوں اور کمزوریوں کو دور کرکے اصلی طاقت پیدا کرنے کے لئے ... مفید ثابت ہوا ہے۔
... ٹپے
اکسیر رجسٹرڈ
جریان۔ احتلام۔ پٹھوں کی طاقت اور امساک کے لئے بے نظیر ٹکیاں ہیں
ایک مہینے کی دوا
۸/ روپے
صدیقی دواخانہ (دلی دو گھر) نور گنج دہلی

ذرا سوچ... کر جواب دیجئے
... پانچ وقت کی نمازیں کیوں مقرر ہوئیں ظہر، عصر، مغرب، عشاء، فجر کے اوقات کیوں خاص کئے گئے ... ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کیوں ہیں ... نماز میں الحمد پڑھنے اور قبلہ کو منہ کرنے کا کیا سبب ... اور آخر میں سلام کیوں ... کتاب ... کیا ... مسائل کے جوابات ...
اسلامی کتابیں
بہشتی زیور، ... پروگرام مجلد ...
ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

جذبات بھاشا حضرت نیاز فتحپوری کی معرکۃ الآرا تالیفات میں سے جذبات بھاشا کیا ہے حسن و عشق کی منہ بولتی تصویر دوہوں کی شکل میں ... دوہوں کی تشریح پڑھ کر پڑھنے والے رقص کرنے لگتے ہیں۔ جنرل نیوز ایجنسی ... دہلی سے بارہ آنہ میں ملتی ہے۔

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی سے بھیجنا ہے
تو ہماری معرفت روانہ کریں
ٹکٹ بھی بلا کمیشن خریدیں
... دہلی قلم کارپوریشن ... دہلی

شرح قیمت الجمعیۃ

ہفت روزہ	روزنامہ
سالانہ۔ بارہ روپے	سالانہ۔ چالیس روپے
ششماہی۔ چھ روپے ...	ششماہی۔ بیس روپے
فی پرچہ۔ ... آنے	سہ ماہی۔ گیارہ روپے

نوٹ
اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا
مہتمم شاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

جنگ آزادی کے جانباز رہنماؤں کے مرکز دارالعلوم کی تلاشی پر بےچینی

مہو، ناولی اور کریلنگنج کے مسلمانوں کا احتجاج اور مطالبہ

... (بذریعہ ڈاک) مولانا مفتی ... احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء ... نے یوپی کے گورنر سے دارالعلوم دیوبند کی تلاشی پر احتجاج کیا ہے اور اس کی نقول گورنر جنرل ... راجگوپال آچاری، قائم مقام وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل، وزیر تعلیم آنریبل مولانا ابوالکلام آزاد، مہتمم صاحب دارالعلوم اور شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی کو بھی ارسال کی ہیں۔

اس میں کہا گیا ہے کہ دارالعلوم دیوبند کی غیر ضروری اور بغیر اجازت کے تلاشی نے دنیا کے مسلمانوں کو اور خصوصاً ہندوستان کے مسلمانوں کو سخت دکھ پہنچایا ہے جو انگریز دارالعلوم دیوبند کا سخت دشمن تھا وہ اس قسم کے سخت ترین اشتعال انگیز اور غیر منصفانہ سلوک سے باز رہا۔ مسلمان اس تلاشی پر حیرت میں ہیں اور بالخصوص جبکہ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد دیوبند میں موجود تھے مسلمانان ہند حکومت سے تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہیں۔

مسلمانان کریلنگنج کا احتجاج

کریلنگنج، ضلع گونڈہ (بذریعہ ڈاک) احاطہ مدرسہ اسلامیہ میں زیر سرپرستی جمعیۃ علماء کریلنگنج جناب حافظ محمد علی صاحب گونڈوی کی صدارت میں مسلمانان کریلنگنج کا ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں حضرت مولانا عبدالرشید صاحب ... مفتی دارالعلوم دیوبند کی تاریخی ... شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ دارالعلوم دیوبند ہی بھارت ... کے بے شمار بہادر و جانباز نیشنلسٹ رہنماؤں کا مرکز رہا ہے اور اس کے بوریہ نشین علماؤں نے ہندوستان کی جنگ آزادی میں نمایاں حصہ لے کر وہ شاندار قربانیاں پیش کی ہیں اور جس پامردی و مستقل مزاجی کے ساتھ قومی حکومت کی حمایت کی ہے اس کو منصف پسند مورخ سنہرے حرفوں سے لکھے گا۔

اس کے بعد ... منظور ہوئی یہ جلسہ عام دارالعلوم دیوبند کی تلاشی اور اس کے ساتھ نازیبا و قابل نفرین حرکت کئے گئے جو حقارت آمیز رویہ اختیار کیا گیا۔ اس پر اپنی انتہائی ناراضگی و بےچینی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت یوپی و حکومت ہند سے احتجاج بلند کرتا ہے۔ اور پرزور درخواست کرتے ہوئے امید کرتا ہے کہ وہ پوری تحقیقات کے بعد اس ظلم و زیادتی کے خلاف کارروائی کرے گی مسلمانان ہند نہیں بلکہ مسلمانان عالم کے زخمی دلوں پر مرہم رکھے گی۔

جمعیۃ علماء ناولی کا احتجاج

مدرسہ اسلامیہ ... میں زیر صدارت ... صاحب رئیس ناولی جمعیۃ علماء ناولی کا ایک جلسہ ہوا جس میں دیوبند میں ہونے والے فسادات اور دارالعلوم دیوبند کی توہین آمیز تلاشی پر اظہار افسوس کیا گیا اور حکام متعلقہ کے رویہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ جن لوگوں کی جانب سے یہ امن سوز اور اشتعال انگیز حرکت ہوئی ان کے خلاف کارروائی اور بازپرس کرے۔ کیونکہ ایک آزاد جمہوری ملک میں اس قسم کے واقعات حکومت کے لئے باعث بدنامی اور مضرت رساں ہیں شہدائے فساد کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔

جے پور سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام جلسہ

میر مشتاق کی کانگریس پر شدید نکتہ چینی

جے پور (بذریعہ ڈاک) سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک پبلک جلسہ مانک چوک میں زیر صدارت کامریڈ شانتی بھائی ... ہوا میر مشتاق احمد صاحب نے تقریر کرتے ہوئے عوام کو بتایا کہ آج ہندوستان میں تین سیاسی پارٹیاں ہیں۔ جو مزدوروں، کسانوں، غریبوں کا نام لے کر کام کر رہی ہیں کمیونسٹ پارٹی۔ کانگریس پارٹی۔ سوشلسٹ پارٹی۔ کمیونسٹ پارٹی کا راستہ توڑ پھوڑ کا راستہ ہے۔ وہ بم اور ... پھینک کر سماج کو بدلنا چاہتی ہے۔ لیکن یہ راستہ تباہی اور بربادی کا راستہ ہے۔ اس لئے آج ترقی پسند طاقتیں منظم نہیں ہیں۔ ان کے مقابلہ پر رجعت پسند طاقتوں کا گٹھ جوڑ ہے۔ اس سرکار کو بھی ... کر دینے کا عوام کو تحریک کو دبانے کا موقع ملتا ہے۔ دوسری پارٹی کانگریس ہے۔ کانگریس کا تجربہ آپ کو پچھلے ڈیڑھ سال میں خوب ہوگیا۔ آپ نے دیکھ لیا کہ کانگریس کس رخ جا رہی ہے کانگریس نے ہندوستان کی تقسیم پر دستخط کرکے ہندوستان کو تباہی کے گڑھے میں دھکیل دیا۔ آج کانگریس سرمایہ داروں سے گٹھ جوڑ کرکے بیٹھ گئی ہے۔ افسران کی رشوت خوری، چور بازاری، لوٹ کھسوٹ کا سلسلہ ... سونا تو کیا ہے سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ سوشلسٹ پارٹی کے لیڈر اور کارکن اس کانگریس کا حصہ تھے۔ لیکن جب ہم نے ... دیکھا تو ہم نے ... سمجھ گئے کہ سرمایہ داروں اور زمینداروں نے کانگریس کو اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے۔

تیسری پارٹی سوشلسٹ پارٹی ہے۔ سوشلسٹ پارٹی کا یہ پروگرام ہے کہ مزدوروں، کسانوں، غریبوں کو ... سبھاؤں، کسان پنچایتوں اور یونینوں کو منظم کرکے ان کی طاقت کو بڑھایا جائے ... ہوئے راستہ پر چلے ... پر ... سرمایہ داری ... رکھنے کی ... کرتی ہے۔

مجسٹریٹ کی بیوی سے چار سو بیس

سہارنپور ۲۷ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) دیوبند کے ایس ڈی ایم جو یہاں سے تبدیل ہوکر کان پور چلے گئے ہیں۔ ان کے گھر پر ایک چار سو بیس شخص نے ان کی بیوی سے راشن خرید لانے کے لئے ۵۰ روپے طلب کئے۔ ایس ڈی ایم صاحب کی بیوی نے مذہبیہ نکال کر دیئے اور اپنا نوکر ساتھ کر دیا۔ وہ شخص سامنے نوکر کو انسپکٹر کے دفتر لے گیا اور نوکر کو باہر کھڑا کرکے دفتر کے دوسرے دروازہ سے غائب ہوگیا۔

... پولیس کو دی گئی ہے جو مصروف تحقیقات ہے۔

موضع ... کے ڈاکہ کا مقدمہ

سہارنپور ... اکتوبر (بذریعہ ڈاک) موضع ... کے ڈاکہ کے ... ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت سے ... تین کو پانچ پانچ سال قید اور ایک ہزار روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی۔

مشہور مسلم لیگی لیڈر مولانا عبدالحمید کی گرفتاری

مولانا کو عین حالت نماز میں گرفتار کیا گیا

ڈھاکہ ... مسلم لیگ کے سابق صدر اور مشرقی پاکستان کی عوامی لیگ کے رہنما مولانا عبدالحمید خاں ... کو سیفٹی آرڈیننس کے ماتحت گرفتار کرلیا گیا۔ مولانا کی گرفتاری پر عوام میں سخت ... پیدا ہوگیا ... مولانا عین نماز پڑھتے ہوئے گرفتار کئے گئے ...

... سب انسپکٹر ... (لاہور)

... سے ... ہاتھ ... جاسکتی ہے۔



سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود
سوزاک نیا ہو یا پرانا ... پیشاب ... جلن ہو ... سوزاک ... کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گونوسیس ... ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے لاکھوں مریض گونوسیس کے استعمال سے نئی زندگی حاصل کرچکے ہیں ایک شیشی آپ کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دے گی۔ قیمت ... دوا ... مفت: سوزاک کے متعلق اردو میں باتصویر ... معلومات کتاب مفت طلب کریں ... اپنے جملہ امراض میں مفت مشورہ ... ہمارے ڈاکٹروں سے ...
خط و کتابت کریں
اسٹاکسٹ: نیشنل فارمیسی دہلی
SUPER PHARMACORP LTD. POST BOX No 904/1, BOMBAY

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔
"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔
"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کرکے ایک صالح اور توانا اتحاد کی سچی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔
"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔
"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔
"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

"الجمعیۃ" ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہوچکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بسم اللہ آج ہی سے کھڑے ہوجایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔
آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

مولانا حفظ الرحمن کا بیان

(بقیہ صفحہ ...)

جمعیۃ علمائے ہند کو بھی؛ اور مجبور کیا کہ جمعیۃ کو ذمہ دار حضرات اس بارے میں حکومت سے مزید گفت و شنید کریں۔ بحمد اللہ حکومت ہند نے اس اہم ضرورت کو محسوس کیا اور گفت و شنید کا اثر یہ ہوا کہ محکمہ خارجہ نے یہ طے کردیا کہ پانچ ارکان وفد میں سے مؤخر الذکر کو چھ ماہ کیلئے اسپیشل جج انیسر مقرر کیا جائے۔ اور ساتھ ہی یہ بھی طے کردیا کہ حنا بلہ میں اگرچہ وہ تو نصل کے ماتحت ہونگے لیکن حجاج کی سہولتوں کے معاملات میں وہ ایک آزاد افیسر کی حیثیت سے کام کریں گے۔

مولانا عبدالمجید صاحب جو اسپیشل جج انیسر مقرر ہوئے با عمل عالم ہونیکے ساتھ عربی، انگریزی، فارسی، فرنچ، ترکی اور بعض دوسری زبانوں کے ماہر ہیں اور ان تمام زبانوں میں بے تکلف خط و کتابت اور گفتگو کرسکتے ہیں۔

اس دوران میں سیتاپور کے ایک محترم بزرگ نے جو گذشتہ سال بھی حج کیلئے گئے تھے اور اس سال بھی تشریف لے گئے ہیں۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علمائے ہند کی توسط سے جمعیۃ علمائے ہند کے صدر دفتر کو توجہ دلائی کہ بمبئی میں جہاز راں کمپنیوں کے کارکن اور دو سرے لوگ بلیک کر رہے ہیں اس کے لئے فوری قدم اٹھایا جائے۔

چنانچہ اس سلسلہ میں بھی ایک طرف جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی کو لکھا کہ وہ صحیح حالات سے مطلع کریں اور اس مفسدہ کے انسداد کی کوشش کریں اور دوسری جانب سنٹرل حج کمیٹی کے سکریٹری مسٹر ایس کے نیرجی کو لکھا کہ وہ فوراً سنٹرل حج کمیٹی کی میٹنگ بلائیں تاکہ اس بدعنوانی اور چور بازاری کے انسداد کے لئے ضروری تدابیر پر غور کیا جاسکے۔

سیکریٹری حج کمیٹی نے جمعیۃ کے خط کے جواب میں مسٹر ... نے ... کو یہ لکھا کہ:

"آپ کا خط ملا۔ اس سے بیشتر ہی حج کمیٹی کی جو سب کمیٹی بنائی گئی تھی اس کے ارکان حال ہی میں بمبئی گئے تھے۔ اور انہوں نے بلیک مارکیٹ کے بارے میں بھی چھان بین کی ہے اور اس کے انسداد کیلئے ضروری اقدام کیا ہے۔ اس لئے اب فوری میٹنگ کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔"

اس معاملہ نے بھی اس طرف متوجہ کیا کہ یہ وفد بمبئی سے اپنے آخری دور تک رہا ہوتا کہ فرض انجام دے تو بہتر ہوگا اور بمبئی سے جہاز مقدس تک حجاج کے تمام معاملات کے بارے میں ایک صحیح رپورٹ حاصل ہو سکے گی لیکن چونکہ مصر ہم نے ساتھ ... اس وفد کے فرائض میں یہ بات بھی شامل کی گئی ہے کہ وہ اس غلط پروپیگنڈے کی تغلیط و تردید کرے۔ جو مسلمانان ہند کے متعلق حجاز مقدس میں کیا گیا ہے کہ اب ہند میں مسلمان نہیں رہے۔ اس لئے یہ اندیشہ ہوسکتا تھا کہ محکمہ خارجہ کے افسران یہ نہ سمجھیں کہ یہ وفد حکومت ہند کا اور ہے یا ہر طرح حمایت کریگا۔ اور جو مشکلات مسلمانان ہند کو پیش آرہی ہیں۔ ان پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرے گا۔ اس لئے ضروری ہے اس نسبت سے کہ حضرت مولانا آزاد نے اس وفد کے تقرر کے بارے میں ... مولانا احمد سعید صاحب اور مولانا حبیب الرحمن صاحب کو بلا یا تھا۔"

... ۲۲ جولائی کو ... ایک خط محکمہ خارجہ کو ... لکھا کہ ... نے بھی فریاد کردیا کہ ... خط از جانب وزیر اعظم پنڈت جی ... ہم ...

ہندوستان کی سرکاری زبان

(بقیہ صفحہ ...)

گے۔ وہاں ہندی کی فہرست الفاظ کے نئے پیسے سنسکرت سے اور دوسری زبانوں سے مدد لے۔"

پنڈت جواہرلال نہرو نے اسمبلی میں تیرہ ستمبر کو اس سوال پر بولتے ہوئے اردو کے خطرے کی طرف ممبروں کا خاص دھیان دلایا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ:

"راشٹر پتا نے اس سوال پر بھی اسی طرح سوچا تھا۔ جس طرح دیش کے ملک کے مستقبل پر اثر ڈالنے والے اور بہت سے بڑے بڑے سوالوں پر سوچا تھا۔ اپنی زندگی بھر انہوں نے اس پر بہت بڑا دھیان دیا اور اس بارے میں وہ اپنی صلاح کو بار بار دہراتے رہے۔ انہوں نے بنیادی اور جڑ کی چیزوں کو لے لیا اور سوال کے اوپری پہلوؤں پر اپنا وقت اور اپنا دماغ بے کار نہیں کھویا۔"

"انہوں نے جس طرح اس سوال کو لیا وہ انہیں کا حصہ تھا۔ وہ بہت بڑے ادیب بھی تھے۔ پر انہوں نے اس سوال پر ایک ادیب کی نگاہ سے نہیں جنتا کے حق اور بھارت کے مستقبل کو سامنے رکھ کر سوچا۔"

"مہاتما گاندھی نے اس سوال کو اس اونچی سطح پر رکھا۔ جس پر انہوں نے دیش کی اس طرح کی برائیوں جیسے ودیشی راج، اونچ نیچ اور چھوت چھات کو دور کرنے کے سوالوں کو رکھا۔ وہ ایک ایسا ہندوستان بنانا چاہتے تھے جس میں بل ہو، ایکتا ہو۔ مہاتما گاندھی نے دیش کو بتایا کہ انگریزی زبان ایک بدیسی زبان ہے۔ کوئی ملک کسی ودیشی زبان کے سہارے سے بڑا نہیں ہوسکتا اس میں شک نہیں کہ انگریزی نے ہمیں بہت فائدہ پہنچایا ہے پر کوئی ودیشی زبان کبھی بھی جنتا کی زبان نہیں ہوسکتی گاندھی جی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایک ملکی زبان کے لئے زیادہ سے زیادہ کام کریں۔"

دوسرے مہاتما گاندھی نے اس پر زور دیا کہ ہماری ملکی زبان جنتا کی زبان ہونی چاہئے، تھوڑے سے عالموں کی زبان نہیں اس کا مطلب یہ نہیں کہ علم کی کوئی قیمت نہیں یا دنیا کی عزت نہیں کرنی چاہئے مطلب یہ کہ قومی زبان کی جڑیں جنتا میں ہونی چاہیئے۔"

"آج کل کے زمانہ میں پرانے زمانہ سے کہیں زیادہ کوئی ایسی زبان بڑی نہیں ہوسکتی۔ جو جنتا کی زبان سے الگ چلتی ہو ایک کل ہند زبان چننے میں اس زبان کو ان باتوں کو دھیان میں رکھنا چاہیئے۔"

"بھاشا کے معاملہ میں پاکیزگی پر زور دینے والی (PURISTS) دپیورسٹ، اور کانٹے کی تول تولنے والوں (پرسے سینرلیسٹ) ... کی باتوں کی بنیاد نہیں رہتے کسی زبان کے ... پر زور دینے والوں کا لاڈلا بچہ بن جاتا بڑی خطرناک بات ہے کیونکہ پھر وہ زبان عام فضا سے کٹ جاتی ہے ایک درجہ تک زبان کے ٹھیک ہونے اور اس کے گہرا ہونے کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو بھاشا کا نکلنا جتنا ہے بنا رہنا چاہئے، اور عام فضا سے ہی اسے خوراک ملنی چاہئے "جہاں تک ہندی زبان کی بات ہے ہندی کے دو ملی جلی کلچر ظاہر ہونی چاہئے جو شمالی ہند میں پیدا ہوئی اور پھلی پھولی تھی؛ یہاں ہندی زبان کا خاص طور پر رائج تھا ہندی زبان سے ملی جلی کلچر بھی ظاہر ہونی چاہیئے جو اسے ہندوستان کے دوسرے حصوں سے ملتی ہے اسی لئے مہاتما گاندھی نے ہندستانی لفظ کا استعمال کیا تکنیکی مطلبوں میں نہیں بلکہ ایک بڑے معنوں میں جس میں شمالی ہند کی عام جنتا اور الگ الگ گروہوں سب کی بولیاں شامل ہیں۔ (باقی)

ٹرین میں سادھو گرفتار

سردوار (بذریعہ ڈاک) سہارنپور ریلوے اسٹیشن پر ٹرین میں ریلوے پولیس نے ایک سادھو کو گرفتار کیا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک دیگر نامعلوم مسافر کے بستر پر قبضہ کیا ہوا تھا۔ (نامہ نگار)

امریکی ایجنٹ کا الزامات سے انکار

میونخ ۲۹ اکتوبر۔ چیکوسلواکیہ میں امریکی اسسٹنٹ اتاشی نے ان الزامات سے جو ان پر چیکوسلواکیہ کی طرف سے لگائے گئے ہیں۔ انکار کیا ہے۔ ان پر جاسوسی کا الزام لگایا گیا ہے اور ان کی واپسی کا حکومت امریکہ سے مطالبہ کیا گیا ہے انہوں نے فرنسیسوں کے سامنے کہا کہ یہ الزامات محض ... ہیں۔ وہ ... کے نے چیکوسلواکیہ سے گئے ہوتے ہیں (رپٹ رائٹر)

AWAKE YOUR
LATENT ENERGY
Hamdard
DAWAKHANA DELHI

خوابیدہ طاقتیں
فرانس اور پاکستان میں تجارتی گفت و شنید

کراچی یکم نومبر [illegible]

بریلی میں ایک کانسٹیبل ہلاک

ٹرک کے نیچے آن کر کچلا گیا

بریلی یکم نومبر۔ یہاں ایک ٹریفک کانسٹیبل [illegible] ایک ٹرک کو اس شبہ میں کہ اس میں غیر قانونی [illegible] روکنا [illegible] اس ٹرک کے نیچے آن کر کچلا گیا۔ پہلے اس نے ٹرک روکنے کا اشارہ کیا۔ لیکن جب ٹرک نہیں رکا تو اس نے ٹرک کے فٹ بورڈ پر کود کر اسے روکنا چاہا لیکن وہ کنٹرول نہ کر سکا اور اس کے پہیوں کے نیچے آن کر مارا گیا۔ بعد میں اس ٹرک کا تعاقب کر کے [illegible] گرفتار کر لیا گیا۔ (پ ٹ ا)

سرحد مسلم چیمبر آف کامرس کی تجاویز

ہندوستان سے شرح تبادلہ قائم کرنیکا مطالبہ

پشاور یکم نومبر۔ مسلم چیمبر آف کامرس صوبہ سرحد نے ایک قرارداد کے ذریعہ حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈالر اور اسٹرلنگ کے دوسرے علاقوں کی طرح وہ ہندوستان سے بھی ایک ایکسچینج کنٹرول قائم کریں۔ چیمبر نے ہندوستان اور پاکستان کے بعض ان سوداگروں کی [illegible] اشیاء سے تبادلہ کرتے ہیں

قرارداد میں کہا گیا ہے کہ چونکہ افغانستان نے اپنی کرنسی کو ہندوستان کی کرنسی سے منسلک کر لیا ہے حکومت پاکستان افغانستان کی سرحد میں فروخت ممنوع قرار دے کیونکہ اس سے پاکستان کو اقتصادی نقصان کا اندیشہ ہے۔

کشمیر کی دستور ساز اسمبلی چھ ماہ کے اندر اندر قائم ہو جائے گی

یہی اسمبلی مہاراجہ کے مستقبل کا بھی فیصلہ کرے گی

سری نگر یکم نومبر۔ شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر نے بتایا کہ جموں و کشمیر کی دستور ساز اسمبلی جو ریاست کا آئین بنائے گی چھ ماہ کے اندر اندر مقرر ہو جائے گی۔ وزیر اعظم کشمیر جولیڈرز کلب کے ایک جلسہ میں تقریر کر رہے تھے انہوں نے کہا اسمبلی کو مہاراجہ کے مستقبل کی بابت فیصلہ کرنے کا اختیار ہوگا۔ شیخ عبداللہ نے حکومت ہند کی امداد کے لئے اس کا شکریہ ادا کیا۔ وہ ہماری مدد کے لئے ایسے وقت آئے جب ہم بالکل مجبور تھے۔ [illegible] حال کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ [illegible] سے جاری ہے۔ [illegible] عوام کے اس مطالبہ کا کہ ماتحتی میں اضافہ کیا جائے، جواب دیا جائے گا۔ (پ ٹ رائٹر)

پنڈت جی بمبئی میں سالگرہ منائینگے

بمبئی یکم نومبر۔ یہاں کل اس بات کا اعلان کیا گیا کہ پنڈت نہرو اپنی سالگرہ ۱۴ نومبر کو یہاں منائیں گے [illegible] پنڈت نہرو نے اس بات سے اتفاق کر لیا ہے۔ پنڈت نہرو ۱۳ نومبر کو لندن سے بمبئی پہنچ جائیں گے۔ (ا پ ٹ ا)

یہاں پاکستان اور فرانس کے درمیان تجارتی گفت و شنید شروع ہوئی جو ایک گھنٹہ تک جاری رہی۔ اس وفد میں فرانسیسی وفد اور مغربی پاکستان کے [illegible] کے درمیان ہو گیا تھا۔

ضرورت رشتہ

ایک مذہبی تعلیم یافتہ دوشیزہ کے لئے ایک ایسے لکھے پڑھے نوجوان کی ضرورت ہے جو برسر روزگار ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی عقائد کا پابند ہو اور عمر ۲۸ سال سے زیادہ نہ ہو۔ یوپی کے باشندے کو ترجیح دی جائے گی۔

معرفت روزنامہ اخبار الجمعیۃ دہلی

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششیں اور اس کے نتائج سے دفتر کو برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ الجمعیۃ شکریہ کے ساتھ ان کی اشاعت کرسکے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

پاکستان نے پٹسن کی نئی قیمتیں مقرر کر دیں

کراچی یکم نومبر (اے پی آئی) معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے پٹسن کی مختلف قسموں کا کم سے کم خرید و فروخت کی قیمتیں مقرر کی ہیں وہ تمام ارکٹوں کا دلکشی کا باعث ہوں گی۔

وزارت تجارت کے ایک ترجمان کا بیان ہے کہ اس سے پہلے قیمتیں اتنی زیادہ چڑھ گئی تھیں کہ بعض ممالک اس کو قریبا اپنے لئے نقصان دہ خیال کرتے تھے۔ قیمتوں کا موجودہ تعین اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت [illegible] جو اس سلسلہ میں کی گئی اور موجودہ قیمتیں سال گذشتہ کی نسبت بہت کم ہیں۔

دھن باد کے گاؤں میں ڈاکہ تین ہلاک

دھن باد یکم نومبر۔ موضع کیورا میں تین مسلح ڈاکوؤں نے تین اشخاص کو ہلاک کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ رات کو تین مسلح ڈاکو بندوقیں لئے ہوئے ایک مکان میں داخل ہوئے اور انھوں نے مکان کے تینوں مردوں کو جنھوں نے ان کا مقابلہ کیا گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں اب تک ۴ گرفتاریاں کی ہیں، کہا جاتا ہے ان میں سے ایک نے جرم میں حصہ لینے کا اقبال کر لیا ہے۔ (اپ ٹ)

ملٹری میل سروس کے تین ملازم

پاکستان سے ہندوستان واپس لوٹا دئے گئے

جالندھر یکم نومبر۔ انڈین ملٹری میل سروس کے تین ملازم جو ایک ہند پاکستان سرحد کے ڈاک کے تبادلہ کے اسٹیشن پر ریل سے اترنے کے بجائے ریلوے میل سروس کی گاڑی میں بیٹھے ہوئے ریلوے میل سروس کے حکام کی غلطی سے پاکستان کی سرحد میں پہنچ گئے، پاکستانی پولیس نے ان کو [illegible] جیپ میں بٹھا کر ہندوستان بھیج دیا گیا۔ ان تینوں نے پاکستانی افسران کے رویہ کی تعریف کی۔ لیکن ان میں سے ایک نے شکایت کی کہ اسے پاکستان کی سرحدی پولیس نے زدوکوب کیا اور ایک رائفل دکھا کر دھمکایا۔ (پ ٹ ا)

چین کا برمی سفیر رنگون پہنچ گیا

رنگون یکم نومبر۔ یونیٹڈ چین میں متعین برمی سفیر نانکنگ سے کل شب یہاں پہنچ گئے وہ اپنی حکومت سے مشورہ کے لئے آئے ہیں گذشتہ ماہ پیکنگ میں کمیونسٹ حکومت کے قیام کا اعلان ہونے پر انہیں بلایا گیا تھا۔ (پ ٹ رائٹر)

توسیع اشاعت کے طریقے؟

(۱) اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی موجود ہے تو ایجنٹ پر زور دیجئے کہ وہ الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

اگر وہ الجمعیۃ کے مقابلہ میں کسی دوسرے اخبار کے لئے زیادہ کوشش کرتے ہیں تو پھر کوئی ایسا ایجنٹ تجویز کرکے ہمیں لکھئے جو ایجنسی کی شرائط بھی پوری کر سکتے ہیں اور الجمعیۃ کی ترقی کے لئے دلی لگن کے ساتھ کوشش کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں۔

(۲) آپ اور آپ کے احباب اپنی بستی کے مختلف حصے بنا کر ہر حصہ میں منظم طور پر گشت کریں اور تمام ایسے اصحاب کو جو ۱ روپیہ خرچ کرنے کی استطاعت رکھتے ہوں الجمعیۃ کی روزانہ خریداری پر آمادہ کریں۔ اور ان کے نام و پتے لکھ کر ایجنٹ کو دے دیں کہ وہ انھیں اخبار پہنچایا کریں۔

(۳) ایسے چند افراد کو مشترک طور پر الجمعیۃ خریدنے کے لئے آمادہ کیجئے جو تنہا خریداری کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔

(۴) ہر محلہ کی مسجد میں اہل محلہ کی مشترک امداد سے الجمعیۃ جاری کرانے کا انتظام کریں۔ اور نمازیوں کو خبروں اور مقالات کے علاوہ ”اچھی باتیں“ پڑھ کر سنانے کا اہتمام کریں۔

(۵) اگر اب تک آپ کے یہاں ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہے تو کسی مستعد اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی دینے کے لئے ہمیں لکھئے۔ اور مذکورہ بالا طریقوں سے توسیع اشاعت کی کوشش کیجئے۔

(۶) اگر آپ کے یہاں ایجنسی قائم ہونے کی مطلق گنجائش نہیں ہے تو مقامی طور پر اور قرب و جوار میں کوشش کیجئے کہ زیادہ سے زیادہ حضرات براہ راست اخبار کی قیمت ہمارے پاس بھیج کر جاری کرالیں۔

(۷) اگر آپ کے یہاں ریلوے اسٹیشن یا ڈاک خانہ نہیں ہے اور ڈاک روزانہ حاصل نہیں کی جا سکتی تو الجمعیۃ کے ہفتہ روزہ ایڈیشن کے براہ راست خریدار بنانے کی کوشش کیجئے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ

لندن فائیسٹ لڑکی پر پابندی

[illegible] جنوبی افریقہ کی حکومت نے لندن [illegible] نے ایک افریقی سردار سے شادی کر لی تھی ایک سرکاری [illegible] قرار دیا ہے۔ جنوبی روڈیشیا کی حکومت بھی ایسا ہی اعلان کر سکتی ہے [illegible] سردار کے متعلق کوئی تحقیقات ہو رہی تھی۔

ہمارے سامنے مشکلات ہیں لیکن ہمیں گھبرانا نہیں چاہیے

۷۴ ویں سالگرہ کے موقع پر ایک استقبالی جلسہ میں سردار پٹیل کی تقریر

نئی دہلی یکم نومبر۔ [illegible] سردار پٹیل نائب وزیر اعظم حکومت ہند نے ایک استقبالی جلسے کے موقع پر کی جو ۷۴ ویں سالگرہ کے سلسلے میں [illegible] کلب کی طرف سے منعقد کیا گیا تھا۔

سردار پٹیل نے اپنی سالگرہ کا دن خاموشی کے ساتھ اور سادہ طریقہ سے منایا۔ گورنر جنرل مسٹر راج گوپال اچاریہ ... حکومت کے اندر سفارتی شخصوں، صوبائی گورنروں اور وزیر اعظموں، کانگریسی لیڈروں اور ان کے دوستوں کی طرف سے مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے۔

کلب باغ کی تقریب میں ہندو دھرم، اسلام، عیسائیت اور سکھ دھرم کے عالموں نے سردار پٹیل کی درازی عمر کے لئے دعا مانگی اور سردار کو تلک لگایا گیا۔ اس کے بعد شہر کی مختلف جماعتوں کی طرف سے آپ کو ہار پہنائے گئے اور دلی میونسپلٹی کے صدر ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے ترنگا جھنڈا سردار پٹیل کے نذر کیا۔

سردار پٹیل نے اپنی تقریر میں [illegible] اس امر پر روشنی ڈالی کہ اقتصادی مشکلات صرف ہندوستان ہی کے اندر نہیں ہیں جب کہ [illegible] دنیا کا مسئلہ بنا ہوا ہے۔ سردار پٹیل نے کہا کہ انہیں معلوم ہے کہ ان اقتصادی مشکلات کا تمام طبقات پر اثر پڑا ہے [illegible] الزام لگایا گیا [illegible] مشکلات ختم نہ ہوئیں۔ وہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ صنعتوں کو قومیا لینے سے مستقل حل ہو جائے گا۔ انہوں نے موجودہ حالات پر اچھی طرح غور بھی کیا ہے۔ سردار پٹیل نے کہا کہ آئندہ سال بھی ایسا مشکل ہے اور ہم تلوار کی دھار پر چل رہے ہیں۔ اگر ذرا بھی ادھر ادھر پاؤں رکھا تو ہم تباہی کے گڑھے میں جا گریں گے۔ ہندو جیسے ملک میں ۷۴ سال کی عمر بہت زیادہ ہے لیکن میں خدا سے دعا کرتا ہوں۔ کہ آپ نے جن توقعات کا اظہار مجھ سے کیا ہے۔ میں ان کو پورا کرنے کے قابل ہو سکوں۔

آپ نے پنڈت نہرو کے دورہ امریکہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ملک کا قائد آج امریکہ میں ہے اور ہند کی عزت بڑھا رہا ہے۔ میرا کام تو اس کے ہاتھ مضبوط کرنا ہے۔ ہماری عزت غیر ممالک میں ہمارے ملک کی زندگی اور موت، پنڈت نہرو کی کوششوں سے بڑھی ہے اور بڑھ رہی ہے۔ لیکن ہماری اپنی عزت تبھی ہو سکتی ہے۔ جب کہ ہم ان امیدوں کو پورا کر سکیں جو زمانے کو ہم سے ہیں۔

آج بہت سے لوگ کہہ رہے ہیں کہ انگریز کا راج آزادی سے اچھا تھا۔ یہ بڑی خطرناک بات ہے۔ ہم کو یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ مصیبت کی کالی بدلیاں دور ہو کر خوشی کے دن آئیں گے۔ ہم سینکڑوں سالوں کی غلامی کے بعد آزاد ہوئے ہیں اور اگر ہم نے چلنا سیکھنے سے پہلے دوڑنے کی کوشش کی۔ تو ہمارے پیر ٹوٹ جائیں گے۔ چرچل کہا کرتا تھا کہ ہندوستان کی حکومت گھاس پھوس کے تنکوں کے حوالے کر دی گئی ہے لیکن اب اسے بھی ماننا پڑا کہ یہ حکومت مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ اگر ملک کی ایکتا جاری نہ رہی تو ہمارا ساری عمر کا کام بیکار ہے۔

روپے کی قیمت گرنے سے جتنی پیچیدگیاں پیدا ہوئی ہیں۔ ان کو دیہاتوں میں ہل جوتنے والا کسان نہیں سمجھ سکتا۔ ہمارے سامنے مشکلیں ہیں۔ لیکن ہم کو گھبرانا نہیں چاہئے۔

مشرقی بنگال میں غلہ پر سے پابندیاں اٹھالی گئیں

ڈھاکہ یکم نومبر۔ حکومت مشرقی بنگال نے بجٹ کے علاقوں اور خسارہ کے علاقوں کے درمیان غلہ کی نقل و حمل پر سے پابندیاں اٹھا لی ہیں۔ بجٹ کے علاقہ سلہٹ، میمن سنگھ، بوگرہ، رنگپور، پابنا، دیناجپور، راج شاہی، کشتیا، جیسور، کھلنا اور بریسال ہیں، اور خسارہ کے علاقہ فرید پور، ڈھاکہ، ٹپیرہ، نواکھالی اور چاٹگام ہیں۔

ان پابندیوں کو دور کرنے کا ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا گیا ہے۔ اور اجازت دی گئی ہے کہ ایک [illegible] سے دوسرے خلا تک غلہ لایا لیجایا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ اجازت [illegible] کے لئے نہیں ہے۔

۳ ہوٹل بند ہونے کا خطرہ

کلکتہ یکم نومبر۔ [illegible] (پ ٹ ا)

بنارس کی مسجد اورنگ زیب دیکھنے کیلئے تماشائیوں کا ہجوم

راستہ صاف کرنے کیلئے دن بھر مینار کا ملبہ ہٹایا جاتا رہا!!

بنارس یکم نومبر۔ (پی ٹی آئی) کل صبح سے پنچ گنگا گھاٹ پر جہاں مسجد اورنگ زیب کے دو میناروں میں سے ایک مینار کا ملبہ پڑا ہوا ہے تماشائیوں کا ایک زبردست ہجوم جمع ہو رہا ہے۔ مسجد گنگا کے بلائی ساحل پر واقع ہے۔ مسجد کی باہری دیوار بھی شکستہ ہو گئی ہے اور ایک جانب کو جھکی ہوئی ہے۔ مینار اور دو مکانوں کے ملبہ سے دریا کے کنارے جانے والا راستہ بند ہو گیا ہے۔ تمام دن ملبہ ہٹانے کی کوشش برابر جاری رہی تاکہ راستہ صاف کیا جا سکے۔

۶۲ ہزار سے زائد اشخاص بسا گئے

حکومت جموں و کشمیر کی سرگرمیاں

جموں یکم نومبر معلوم ہوا ہے کہ جموں کشمیر کی حکومت نے ۶۲ ہزار سے زائد اشخاص کو پناہ گزین کے طور پر بسا دیا ہے۔ پناہ گزین لوگوں کے مکان بنانے کے لئے تین لاکھ باون ہزار روپیہ منظور ہوا تھا اس میں سے اب تک ساٹھ ہزار روپیہ مختلف اضلاع کو الاٹ کیا جا چکا ہے۔ باقی دو لاکھ ۹۲ ہزار روپیہ سب سے زیادہ علاقوں کو الاٹ کیا جائے گا۔

جموں کو ۔۔ ہزار روپیہ، کٹھوعہ کو ۵ ہزار روپیہ، شہرہ ۵ ہزار روپیہ، تحصیل ریاسی تیس ہزار روپیہ، اودھم پور تیس ہزار روپیہ بیس ہزار روپیہ اور ادھم پور کو الاٹ کیا گیا ہے۔ اور ۲۰ ہزار روپیہ محفوظ رکھا گیا ہے۔

یاد رہے جموں کے واسطے بیل خریدنے کے لئے تیس ہزار روپیہ منظور ہوا تھا اس میں سے بیس ہزار روپیہ جموں کو الاٹ کر دیا گیا ہے اور ایک ہزار روپیہ کٹھوعہ کو۔ (پ ٹ ا)

پاکستان میں امریکہ کی فولاد کمپنی کا مشن

پاکستانی صنعتوں کیلئے فولاد کا تخمینہ

کراچی یکم نومبر۔ امریکہ کی فولاد برآمد کرنے والی کمپنی نے پاکستان گورنمنٹ کے اس دعوت نامہ کو قبول کر لیا ہے کہ پاکستان کی صنعتوں کے لئے جس قسم کے فولاد کی ضرورت ہو اس کا اندازہ کرنے کے لئے ایک مشن بھیجا جائے۔ یہ مشن وہ ذرائع بھی تجویز کرے گا جن سے مذکورہ بالا فولاد حاصل ہو سکتا ہے [illegible] بار بھی غیر ملکی تبادلہ پڑے۔ یہ مشن آئندہ ہفتہ پاکستان پہنچ جائے گا جس کے لیڈر مسٹر اے۔ اے۔ انیس ہوں گے۔ مشن میں ۵ ممبر ہوں گے۔ مسٹر غلام محمد جب امریکہ گئے تھے تو انہوں نے کمپنی کے صدر کو ماہرین کا مشن بھیجنے کی دعوت دی تھی۔ مشن دو ماہ پاکستان میں قیام کرے گا۔ اس کے بعد وہ اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔

امریکہ میں پاکستانی سفارت خانہ کے تجارتی سکریٹری مسٹر ایم ڈبلیو فاروقی مشن کے ساتھ افسر رابطہ کے طور پر آئیں گے۔

چار سنگھیوں کی گرفتاریاں

غیر قانونی سرگرمیوں کا نتیجہ

جموں یکم نومبر۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کے چار سنگھیوں کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ یہ گرفتاریاں اسی سلسلہ میں ہوئی ہیں جو جموں سے ساٹھ میل شمال میں ہے۔ ان لوگوں نے جموں سنگھ کے افسر اعلیٰ پنڈت پریم ناتھ ڈوگرا کی رہائی کے لئے غیر قانونی سرگرمیاں شروع کر دی تھیں۔

اسلحہ کا صندوق برآمد ہوا

جموں یکم نومبر۔ جموں پولیس نے ایک صندوق برآمد کیا ہے جو گولہ بارود اور اسلحہ سے بھرا ہوا تھا۔ اور جو پنج تیرتھ مندر کے قریب زمین میں دفن تھا۔ اس میں سے دس ریوالور پانچ رائفل، پانچ بم اور کچھ کارتوس وغیرہ تھے۔ (اپ ٹ)

مسٹر سرت چندر بوس

متحدہ سوشلسٹ تنظیم کے صدر منتخب ہو گئے

کلکتہ یکم نومبر۔ متحدہ سوشلسٹ پارٹی نے مسٹر سرت چندر بوس کو ہندوستان کی متحدہ سوشلسٹ تنظیم کا صدر منتخب کیا ہے۔ یہ بائیں بازو کی اٹھارہ سوشلسٹ جماعتوں کے اتحاد کا نیا نام ہے۔ ممبروں نے ایک جنرل کونسل بنانے کا فیصلہ کیا جس میں شامل ہونے والی تمام پارٹیوں کے دو دو نمائندے لئے جائیں گے۔

ایسے نمائندوں میں سے صدر کو اس نمائندے کے مقرر کرنے کا حق ہوگا جس کا کسی پارٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور جو کانفرنس میں شرکت کے لئے مدعو کئے گئے تھے۔ یہ کونسل متحدہ سوشلسٹ تنظیم کا آئین بھی بنائے گی اس کا پہلا اجلاس اس ماہ میں ہوگا۔ کانفرنس نے ایک قرارداد میں چین چیانگ کی حکومت کے خاتمہ اور عوامی فتح پر اظہار [illegible] کا مطالبہ کیا۔ (پ ٹ ا)

آسٹریلوی پارلیمنٹ توڑ دی گئی

دسمبر میں نئے انتخابات ہوں گے

کینبرا یکم نومبر۔ (پی۔ٹی۔آئی رائٹر) آسٹریلیا کی فیڈرل پارلیمنٹ کو توڑ دیا گیا ہے، اور ایک گزٹ میں اس کا اعلان کر دیا گیا ہے آئندہ انتخابات کے لئے ۱۰ دسمبر کی تاریخ مقرر ہوئی ہے۔

آسٹریلیا میں گذشتہ انتخابات ۲۸ ستمبر ۱۹۴۶ء میں ہوئے تھے جب لیبر پارٹی کامیاب ہوئی تھی [illegible] برسر اقتدار ہے جب اس نے آئین بازو والی متحدہ مخلوط وزارت سے چارج لیا تھا۔ خیال ہے کہ وزیر اعظم چیفلے حزب مخالف کے لیڈر مسٹر آر جی مینزیز اور کنٹری پارٹی کے لیڈر مسٹر فیڈن وسط نومبر میں اپنی اپنی پالیسی کا اعلان کریں گے۔

پولیس افسر پر حملہ پولیس کی فائرنگ

امرتسر یکم نومبر۔ [illegible] عدالت میں دو سکھ دیہاتیوں کے خلاف یہ مقدمہ پیش ہوا کہ انہوں نے ایک پولیس افسر پر حملہ کیا جس کے نتیجہ میں پولیس کو فائرنگ کرنی پڑی۔ ان دونوں کے نام [illegible] اور چرن سنگھ بتائے جاتے ہیں کہا جاتا ہے کہ ملزمان کھارا نہری میں [illegible] تھے پولیس نے انہیں روکنے کی کوشش کی۔ کہا جاتا ہے کہ دونوں نے پولیس افسر پر حملہ کر دیا پولیس نے حفاظت ذاتی میں فائرنگ کیا ملزمان کا ایک ساتھی ہلاک ہو گیا۔ ملزمان نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔ مزید سماعت ملتوی ہو گئی!!

ضرورت

بی اے پاس یا انیل طلباء جو جرمن کیور سیکھ کر اپنا ذاتی ڈاکٹری شفاخانہ کھولنا چاہیں۔ تیرہ ادویات سے انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیاب علاج [illegible] سائنسدان ہی علاج کو چیلنج نہ کر سکا۔ تعلیم بذریعہ خط و کتابت [illegible]

میڈیکو کیورانٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ۔ دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۳ نومبر ۱۹۴۹ء

آرڈی ننس کی مخالفت

جب سے نکاسی جائدادوں کے متعلق نیا آرڈی ننس جاری ہوا ہے کچھ عاقبت نااندیش لوگوں نے اس کے خلاف غم و غصہ کا اظہار شروع کر دیا ہے اور دہلی کے پنجابی اخبارات اسے نمک مرچ لگا کر عجیب انداز میں پیش کر رہے ہیں، جہاں تک آرڈی ننس کی مخالفت کا تعلق ہے یہ ماننا پڑتا ہے کہ کچھ غیر ذمہ دار لیڈروں نے اسے بہت بری نظر سے دیکھا ہے لیکن دہلی کے پنجابی اخبارات نے آرڈی ننس کے نام سے جو اشتعال انگیزی شروع کی ہے وہ بہت ہی افسوس کے قابل ہے، چونکہ یہ معاملہ روز بروز آگے بڑھتا جا رہا ہے اس لئے ہماری یہ درخواست بے جا نہ ہوگی کہ اخبارات کو اپنی اس نئی روش پر ضرور نظر ثانی کرنی چاہئے اور یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ وہ آرڈی ننس کی مخالفت کے ساتھ مسلمانوں کے خلاف اشتعال اور نفرت پھیلا کر اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں اور جن چھوٹی چھوٹی باتوں کو پہاڑ بنا رہے ہیں اس سے انہیں کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

کسی مسئلہ کے تاریک اور روشن پہلوؤں کو زیر بحث لانا کوئی جرم نہیں ہے لیکن یہ بات دیانتداری اور انصاف کے خلاف ہے کہ اسے دوسرے مسائل سے خلط ملط کر کے اپنا جوش اور جذبہ دکھا کر اور دوسروں کو ملزم گردان کر مہیب اور خطرناک بنا دیا جائے اور اس بات کی نوبت ہی نہ آنے دی جائے کہ غور کرنے والے اس پر ٹھنڈے دماغ سے غور کر سکیں! بھلا یہ بھی کسی مسئلہ کو حل کرنے کا کوئی طریقہ ہے کہ ہر سطر میں جمعیۃ علماء کا ذکر ہو، جمعیۃ علماء کی ”سازشوں“ سے پردہ اٹھے، حکومت پر جانبداری اور دوسروں کو خوش کرنے کا الزام لگے اور مسلمانوں کی وفاداری کو زیر بحث لایا جائے؟ کچھ دنوں سے ہر پنجابی اخبار اسی روش پر گامزن ہے کہ اصل مسئلہ کو غلط پروپیگنڈہ سے خلط ملط کر دیں اور ایک بے ضرر چیز کو خوفناک اور بھیانک بنا کر دکھائیں مثلاً بار بار یہ کہنا کہ ہندوستان کے مسلمانوں میں اکثریت غیر وفاداری کی ہے! فرض کیجئے کہ ہے، مگر اس کا نئے آرڈی ننس سے کیا تعلق؟ یا یہ کہنا کہ جو مسلمان یہاں سے پاکستان روپے بھیجیں گے اس سے کشمیر کے [illegible] فوج کی امداد کی جائے گی! مان لیجئے کہ یہ خیال صحیح ہے، لیکن آرڈی ننس کو موثر بنانے میں ایسی باتوں کو کیا دخل؟

جو اخبارات آرڈی ننس کے ذکر میں اس بات کا بار بار اعادہ کر رہے ہیں کہ پاکستان یوپی کے مسلمانوں نے بنوایا لہذا انہیں پاکستان بھیج دینا چاہئے اور ان کی تمام جائداد پر کسٹوڈین کا قبضہ ہونا چاہئے، ہم ان سے خطاب نہیں کریں گے کیونکہ اس بات کا تعلق آرڈی ننس سے نہیں ہے حکومت کی پالیسی سے ہے البتہ یہ ضرور عرض کریں گے کہ یہ اخبارات اس قسم کا ذکر کر کے فضول بحثوں کا دروازہ کھول رہے ہیں، مثلاً کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ چھوت چھات نے پاکستان کی بنیاد ڈالی، بھائی پرمانند اور لالہ لاجپت رائے نے ملک کی تقسیم کا نقشہ بنایا، مسلمانوں نے اسے اپنا کر لالہ جی کی تجویز کو خوش آمدید کہا اور کانگریس نے بہت سی مصلحتوں کی خاطر تقسیم کو منظور کیا، مگر سوچو، ان باتوں سے آخر کیا فائدہ؟ پاکستان کی بنیاد خواہ کسی نے رکھی مگر وہ بن چکا اور جمعیۃ علماء کی مخالفت کے علی الرغم اس کی منظوری دی گئی، اب تو دیکھنا یہ ہے کہ شرنارتھیوں اور تارکین وطن کی مشکلات کس طرح دور ہوں اور نکاسی جائدادوں کا منصفانہ حل کس طرح نکلے!

گو بہرکیف بات نکاسی جائدادوں پر آ کر ٹھہرتی ہے ان میں دو باتیں ایسی ہیں جن پر ہم سب کا اتفاق ہے۔ ایک یہ کہ جو مسلمان اپنی جائدادیں چھوڑ کر پاکستان چلے گئے ہیں اور اپنی جائدادوں کے معاوضہ میں وہاں کی جائدادوں سے فائدہ اٹھا رہے ہیں ان کی متروکہ جائداد پر فوراً کسٹوڈین کا قبضہ ہونا چاہئے اس بات میں نہ جمعیۃ علماء کو اختلاف ہے اور نہ شرنارتھی بھائیوں کو۔ کیا کوئی انصاف پسند یہ کہہ سکتا ہے کہ جو مسلمان اپنی جائداد کو چھوڑ کر پاکستان چلا گیا ہے اور وہاں اس نے متروکہ جائداد سے جب بھر بھی فائدہ نہیں اٹھایا یہاں اس کی متروکہ جائداد ضبط کر لی جائے؟ آخر کس جرم میں؟ ہمارا خیال ہے کہ اس صورت حال کو کوئی شخص بھی جائز قرار نہیں دے سکتا البتہ انتقام کا ضابطہ الگ ہے جس کے لئے کسی آرڈی ننس کی ضرورت نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو مسلمان ہندوستان ہی میں رہتے ہیں اور یہیں جینا اور مرنا چاہتے ہیں، ان کی جائداد کی حفاظت اسی طرح ہو جس طرح غیر مسلموں کی ہوتی ہے اور محض مسلمان ہونے کی وجہ سے اس کی جائداد کو نقصان نہ پہنچے، ہمارے خیال میں کوئی شرنارتھی بھائی اس مطالبہ سے انکار نہیں کر سکتا نہ ہم چاہتے ہیں کہ ایسے مسلمانوں پر زیادتی ہو اور نہ دوسرے اس کی خواہش کر سکتے ہیں، پھر اختلاف کس بات کا؟ اور جھگڑا کس لئے؟ اگر نئے آرڈی ننس کی رو سے مسلمانوں کا اضطراب دور کر دیا گیا اور بے انصافی کے دروازے بند کر دئے گئے تو اس میں شرنارتھی بھائیوں کا کیا نقصان ہوا؟ کیا کوئی بھی انصاف پسند اس بات کو گوارا کرے گا کہ ایک حصہ دار کے چلے جانے سے دوسرے حصہ دار کا حق بھی مار لیا جائے؟ اگر نہیں تو آرڈی ننس کی تعریف کرنی چاہئے یا اس کی مذمت؟ اگر کسی شخص نے حفاظت کے خیال سے اپنے [illegible] پاکستان بھیج دئے [illegible] لئے کچھ نہ بھیجا جائے؟ یہ تو حکومت کا فرض تھا کہ مسلمانوں کی حفاظت اس طرح کرتی کہ ہر شخص اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا اور جان کے خوف سے اپنے بال بچوں کو پاکستان نہ بھیجتا، مگر حالات ہی کچھ ایسے پیش آئے کہ لوگوں نے بال بچوں کو پاکستان بھیجنے ہی میں عافیت سمجھی۔ اب یا تو حکومت انہیں واپس ہونے کی اجازت دے یا ان کے ورثاء پر روپیہ بھیجنے کے سلسلہ میں کوئی پابندی نہ لگائے، اگر بات کا بتنگڑ بنانے والے اخبارات یہ چاہتے ہیں کہ جو مصیبت کے مارے پاکستان بھیجے گئے وہ وہاں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر جائیں اور یہاں سے ان کی خبر گیری نہ ہو تو بات دوسری ہے لیکن اگر ان کی انسانیت اس بات کو گوارا نہیں کر سکتی تو پھر مخالفت کس بات کی ہے؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت تو مسلمانوں کے ساتھ انصاف کرنا چاہتی ہے اور ہمارے یہ زہریلے اخبارات ناانصافی پر تلے ہوئے ہیں، اب معاملہ بنے تو کیوں کر بنے؟ چنانچہ دہلی کے ایک پنجابی معاصر نے لکھ ہی دیا کہ یہ اس وقت انصاف اور قانون کا سوال نہیں ہے، سوال ہے ان سترہ لاکھ لوگوں کو پھر سے بسانے کا جو ہندوستان کے لیڈروں کی تقسیم ملک کی پالیسی سے تباہ اور برباد ہو کر آئے ہیں! یہ ظلم کی حمایت کا تحریری اعتراف ہے۔ وما تخفی صدورہم اکبر! مگر ہمیں ایسے لوگوں سے کوئی تعلق نہیں جو لوگ انصاف کا ساتھ چھوڑ چکے ہیں انصاف بھی ان کا ساتھ چھوڑ دے گا اور کوئی آرڈی ننس انہیں فائدہ نہ پہنچا سکے گا! ہم اپنے شرنارتھی بھائیوں کو مشورہ دیں گے کہ وہ ایسی بات کریں جو نبھ سکے اور جو حکومت کو مشکلات میں نہ ڈالے! ان کا فائدہ اسی میں ہے کہ وہ کسی کے کہنے سے اشتعال میں نہ آئیں اور کوئی قدم اٹھانے سے پہلے حق و انصاف کے ضمیر سے فتویٰ لے لیں!

اچھی باتیں

حوالہ ی۔ق۔ جبین (پ ۲۸ ع ۱۱)

خدا ہی نے ان پڑھ لوگوں میں سے ایک رسول کو مبعوث کیا جو ان پر اللہ کی آیات کی تلاوت کرتا ہے، ان کو پاکی عطا کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور اس سے پہلے تو وہ کھلی گمراہی میں تھے۔

فرمایا کہ جو پیغمبر اصلاح عالم کے لئے بھیجا گیا وہ کوئی معمولی پیغمبر نہ تھا اس کی عظمت کا اندازہ اس کے انقلاب انگیز پروگرام سے لگاؤ اور دیکھو کہ اس نے اول تو ان پڑھ لوگوں کو خدا کی آیات سے روشناس کیا پھر انہیں اخلاقی اور روحانی پاکی عطا فرمائی اور ان کی گندگیوں کو دور کیا پھر انہیں کتاب کی تعلیم بھی دی اور حکمت کی باتیں بھی سمجھائیں اور یہ انقلاب اس قدر کامیاب ہوا کہ یہی ان پڑھ قوم جو الف بے تے سے بھی ناآشنا تھی سیاست اخلاق معاشیات اور انسانیت کے پیغام میں دنیا کی معلم قرار پائی پس جب رسول کی اطاعت اور شاگردی سے پست سے پست قوم کو دنیا کا معلم بنا سکتی ہے کیا کسی زمانہ کے مسلمان اس کی اطاعت سے نقصان میں رہ سکتے ہیں!

سرکاری زبان کے فیصلہ کے بعد اردو کا مستقبل

(از مولانا شاہ معین الدین احمد ندوی):۔

بالآخر دستور ساز اسمبلی نے بھی دیوناگری رسم الخط میں ہندی کو حکومت کی زبان قرار دے دیا۔ اور اردو بلکہ ہندوستانی تک کو ثانوی زبان کی حیثیت بھی نہیں دی گئی اور ہندو راج کے عاملوں کے سامنے بڑی بڑی آزاد خیال اور حق پرست شخصیتوں کو بھی سپر ڈال دینا پڑی۔ اور ہندوستانی کی حمایت میں پنڈت جواہر لال نہرو اور مسلمانوں کے علاوہ ایک آواز بھی نہیں اٹھی۔ اردو زبان پر یہ ظلم تو غلامی کے زمانہ میں اجنبی اور غیر ملکی حکومت نے بھی نہ کیا تھا۔ جو اس دور آزادی میں اپنی قومی و ملکی حکومت کے ہاتھوں ہوا۔ انگریزوں نے کسی ملکی زبان کو نہیں مٹایا بلکہ ان کی سرپرستی کی خصوصاً اردو اور ہندی کی ترقی میں ان کا بڑا حصہ ہے۔

زبان بلکہ کلچر کشی کی ایسی مثال دنیا کے کسی ملک میں نہیں مل سکتی۔ یورپ کے بعض بعض ملکوں میں بہت سی چھوٹی چھوٹی زبانیں رائج ہیں۔ جن کے بولنے والے چند لاکھ سے زیادہ نہیں۔ اس کے باوجود وہاں کی حکومتیں یا ان سب کی حیثیت مساوی مانتی ہیں۔ یا اگر ان میں سے ایک حکومت کی زبان مانی جاتی ہے۔ تو دوسری زبانوں کو ثانوی درجہ ضرور دیا جاتا ہے۔ اور حکومت ان سب کی سرپرستی کرتی ہے۔ اور تعلیم گاہوں میں ان کی تعلیمی اہمیت قائم رکھتی ہے۔ لیکن ہماری جمہوری حکومت میں اس جیسی وسیع اور ترقی یافتہ زبان کے لئے جس کے بولنے والے کروڑوں ہندو و مسلمان ہیں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ یہ ہیں آزادی اور جمہوریت کے کرشمے۔ ایسی صریح زیادتی اور ناانصافی کہ مولانا ابوالکلام جیسے عالی ظرف اور عالی حوصلہ دل و دماغ کے انسان کو بھی اس کے خلاف سخت احتجاج کرنا پڑا اور ان کی خاموش زبان سے بھی ان کے مسلک کے خلاف تلخ لیکن سچی حقیقتیں نکل گئیں لیکن اب ان کی بھی کون سنتا ہے

ماننے کی بات گئی ہیچ کا افسانہ گیا

اس سے بھی زیادہ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ صوبائی زبانوں کو جو حقوق ملے ہیں۔ ان سے بھی اردو کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ اس لئے کہ ہندوستان کی اور سب زبانیں تو مسلم ہیں یعنی ان کے بولنے والے صوبے اور ریاستیں ہیں جن کی حکومتیں ان کو اپنی زبان مانتی ہیں۔ اس لئے صوبائی حکومت کا کاروبار انہی زبان میں ہوگا۔ صوبہ کی تعلیم گاہوں میں ان کی تعلیم لازمی ہوگی۔ ان کے ذریعہ حصول ملازمت میں سہولت ہوگی۔ اس لئے ان کے صوبوں میں ان کی پوری اہمیت قائم رہے گی۔ اس کے مقابلہ میں اردو کی بدقسمتی یہ ہے کہ اس کے بولنے والے صوبوں دلی، صوبہ متحدہ اور بہار کے ہندو اور ریاستوں کی حکومتیں بھی اس کو اپنی زبان نہیں مانتیں۔ اس لئے اب اس کا ٹھکانا کہاں ہوگا۔ اس لئے صوبائی زبانوں کو جو حقوق ملے ہیں۔ اردو ان سے بھی محروم رہے گی۔ بجز اس کے کہ مسلمان اس کو اپنی زبان کہتے ہیں۔ لیکن ان کی حیثیت ہی کیا رہ گئی ہے۔ اگر کسی ملک اور ریاست کی حکومت میں ان کا کچھ حق بھی ہوتا تو اردو اس طرح یہاں سے نہ نکالی جاتی۔

یہ کس قدر عبرت کا مقام ہے کہ ہندوستان کی تمام چھوٹی سی چھوٹی اور معمولی سے معمولی زبانوں کا ایک وطن ہے ان کو بولنے والی اور اپنی زبان کہنے والی ایک قوم ہے ان کی سرپرستی کرنے والی ایک حکومت ہے۔ لیکن اردو جیسی ہندوستان گیر زبان کا کوئی وطن نہیں۔ اور دلی، صوبہ متحدہ اور بہار کے ڈیڑھ دو کروڑ مسلمانوں کے علاوہ کوئی اس کو اپنی زبان کہنے والا نہیں۔ یہ ہے جاری [illegible] کا نام جس پر آپ کو فخر بھی ہے۔

بہرحال جو کچھ ہونا تھا وہ ہو چکا۔ اب اردو کی حفاظت کی ذمہ داری اس کے حامیوں خصوصاً مسلمانوں پر ہے۔ موجودہ ذہنیت میں اردو و ہندی کو سمجھوتے کی امید میں اردو کو ہندی سے قریب لانے کی کوشش بالکل بے کار ہے۔ اردو کی مخالفت کا جو مقصد اور اس کی دشمنی ہے وہ [illegible] ہندوستان [illegible] کوئی گنجائش نہیں ہے۔ تو اردو کا کیا سوال ہو سکتا ہے [illegible] اور حالات ایک عام مشترک اور آسان زبان قبول کرنے پر مجبور کریں۔

اس کے علاوہ جب اردو ہندی دونوں ایک ساتھ چلیں گی تو دونوں ایک دوسرے سے [illegible] ہوں گی۔ [illegible]

[illegible] اس وقت [illegible] زبان کی مفید خدمت انجام دے سکتے ہیں [illegible] جاری رہنا چاہئے لیکن اسی کے ساتھ اس وقت اردو کی بقا کے لئے اس کی تعلیمی ضرورتوں کی جانب زیادہ توجہ کی ضرورت ہے [illegible]

[illegible] اس میں سے ایک کام سرکاری اسکولوں میں اردو کی تعلیم کی نگرانی [illegible]

[illegible] پڑھایا جائے۔ [illegible] ہمارا کام نصاب کی ترتیب کا ہے اس وقت ہر قسم کے نصابوں کی ضرورت ہے ایک خاص اردو زبان کا نصاب [illegible]

باقی صفحہ پر

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

اسلامی مسافر خانہ مراد آباد

جناب ایڈیٹر صاحب سلام مسنون!

چند دنوں سے کچھ شرارت پسند حضرات نے اسلامیہ مسافر خانہ کو اس کے متولیان اور منتظمین کو بدنام کرنے کی سازش اختیار کر رکھی ہے اور طرح طرح کی بے بنیاد شکایات گمنام طور پر مقامی حکام اور ذمہ داران مسافر خانہ کے پاس بذریعہ خطوط پہنچتی رہتی ہیں۔ یہ فرض اسلامیہ مسافر خانہ کی بہبودی اور مفاد کے خلاف ہے اور مخواہ اس کو بدنام کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ ہم نے ابتدائی شکایتوں پر طلازمین مسافر خانہ کو براہ راست تنبیہ کی اور خود بھی خفیہ طور پر تحقیقات کی۔ اور رات کو ایک دو بار خود بھی مسافر خانہ پہنچ کر قیام کیا۔ مسافروں سے پوری طرح دریافت کیا۔ اور عام اعلان کے ذریعہ مسافروں سے ان کی شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ مگر کوئی شکایت کسی مسافر نے نہیں کی۔ بلکہ اس کے برعکس انتہائی آرام کا اظہار اور ملازمین مسافر خانہ کی ادائیگی فرض کی تعریف کی اور رجسٹر اظہار آرا دیکھنے سے بھی یہی معلوم ہوا۔

ہم تمام حضرات کو مطلع کرتے ہیں کہ جن اصحاب کو صحیح طور پر شکایات ہوں وہ یا تو متولیان مسافر خانہ ہذا بذات خود دفتر آکر اس کے متعلق تبادلہ خیالات کریں یا اپنے کھلے پتہ کے ساتھ مطلع کریں۔ آئندہ اس قسم کی گمنام شکایات قابل توجہ نہ ہوں گی۔

ہمیں امید ہے کہ اس قسم کی حرکات کرنے والے آئندہ اپنی رنجشوں، دشمنیوں اور ذاتی مخالفتوں کا شکار ایک ایسے اسلامی ادارہ کو نہ بنائیں گے جو سستے اور بہترین طریقہ پر مسافروں کی خدمات انجام دے کر آرام و آسائش کا ہر ممکن انتظام و انصرام کر رہا ہے۔

(محمد حسین ناظم و متولی اسلامیہ مسافر خانہ)

مراد آباد ۹ اکتوبر

ایک کثیر الفوائد ”تجویز“

مکرمی جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم!

اخبارات سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ہندوستان کو آب پاشی اور بجلی ترقیات کے لئے کتنے کثیر روپیہ کی ضرورت ہے۔ اگر ملک کا معیار زندگی بلند ہو گرد و پیش کی تنگی سے [illegible]

سردار اگر لیڈروں کی اپیلوں کے باوجود گھٹتے نہیں آتے اور نہ شاید آئیں گے۔ تو ملک کا نظام [illegible] ہو جائے گا۔ [illegible]

(۱) حکومت اعلان کرے کہ وہ آب پاشی کا ذریعہ اور بجلی [illegible]

باب میں اس کا فیصلہ بالکل واضح ہے۔ کیا یہ بات بہت عجیب ہے کہ ہم اس نازک دور میں مضمون نگار کی توجہ پنڈت سندرلال کی کتاب ”گیتا اور قرآن“ اور ایک بنگالی کی انگریزی کتاب کی طرف مبذول کرائیں [illegible]

اور دوسرے دوسرے مفید کاموں پر رقم صرف کی جا سکے گی جن سے بے پناہ مالی و اقتصادی فوائد حاصل ہوں گے

(۳) مندرجہ ذیل تجاویز کی آمدنی اور خالص منافع حصوں پر تقسیم ہوا کرے گا۔ (الف) ایک حصہ [illegible] پر تقسیم ہوا کرے گا۔ (ب) ایک حصہ [illegible] کے معیار کو بلند کرنے پر صرف ہوا کرے گا۔ (ج) ایک حصہ سرکاری خزانہ کی ملکیت میں شمار و محسوب کیا جائے گا۔

مذکورہ بالا صورت کو پوری امانت داری سے عمل میں لایا گیا تو یقیناً ملک بہت جلد تھوڑے عرصہ میں ایک عظیم الشان درجہ حاصل کرے گا۔ اور اس کا معیار بھی بلند ہو جائے گا آب پاشی سے غذا اور کان کنی سے معدنیات کی دولت سے ملک فیل ہو جائے گا۔ [illegible]

(حاجی محمد صالح آف گوجری حاجی علی جان)

دہلی ۱۳ اکتوبر

شرنارتھیوں سے کرایہ کی وصولیابی

مکرمی تسلیم!

حکومت نے ایک اعلان میں آخری تنبیہ کی ہے کہ نکاسی جائیدادوں کے کرایہ دار ۳۰ نومبر تک اگر کرایہ ادا نہیں کریں گے تو ان سے مکان خالی کرا لیا جائے گا۔ یہ اعلان ان جائیدادوں کی بابت ہے جن کے مالک پاکستان چلے گئے۔ مگر ان مسلمانوں کی جائیدادوں کے کرایے کیا ہوں گے جو ہندوستان سے باہر [illegible]

[illegible] ان کی رسائی کہاں تک ہو سکتی ہے۔

[illegible] کانگریس کے ان مخلص ممبران اور دوسرے لوگوں کو جو خوشحالی کی آباد کاری میں دلچسپی رکھتے ہیں [illegible] اور مفلس مسلمانوں کی جائیداد کے کرایوں کا کچھ [illegible] کیلئے بااخلاق صورت سے دینے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ مسلمان اقتصادی بدحالی سے مجبور ہو کر پریشان اور ہراساں نہ ہوں۔

(جمال الدین انصاری ناظم جمعیۃ علماء ضلع [illegible])

دہلی ۱۳ اکتوبر

ایٹمی بادل

جوہری یا ایٹم بم کی ایجاد کا فخر امریکہ کو حاصل ہے

جب اس بات کی تصدیق ہو گئی کہ روس نے بھی اس پر قابو پا لیا ہے تو امریکہ کی اجارہ داری ختم ہو گئی مگر ساتھ ہی امریکہ کو دھچکا لگا ہو گا کہ کہیں روس کے پاس ایٹم کے ایسے ہتھیار نہ ہوں جن کے نتائج ایٹم سے زیادہ خطرناک ہوتے ہیں۔ چنانچہ اب اس دعوے کا ثبوت مل گیا کیونکہ یورپین ممالک پر غور کرنے والی یونین اٹامک کمیشن نے پہلی بار اس بات کا انکشاف کیا ہے کہ روس ایٹمی بادل بنانے کی فکر میں ہے جس کا مطلب یہ ہو گا کہ دشمن کی فوج، کارخانوں، ذخیروں اور صنعتی مرکزوں پر ایٹمی زہر کی بارش ہو گی اور دنیا کی کوئی چیز تباہی سے نہ بچ سکے گی! مبارک ہو یورپ کی جنگی اور تکنیکی ترقیوں کو کہ روس دن بدن ہر قسم آگے بڑھنے کی کوشش کر رہا ہے اور مادی تصورات نے اجتماعی خودکشی کا آخری فیصلہ کر لیا ہے! اب چلئے آپ کہاں چلتے ہیں آپ موت کی دعوت دیں گے تو روس موت کو دعوت دینے کے لئے ایک بڑی موت کی خدمات حاصل کرے گا آپ ہیروشیما کا قصہ لے گے تو وہ آپ کی تباہی کا آخری علاج سوچ لے گا!

عبادت گاہوں کا تحفظ

بنگلہ دربار کی ایجی ٹیشن کمیٹی نے اس مطلب کی ایک تجویز منظور کی ہے کہ سکھوں کے وہ گوردوارے جو انہوں نے پاکستان میں چھوڑے ہیں ان کی موقوفہ اراضی کے معاوضہ کے طور پر کسٹوڈین پاکستان کے کنٹرول میں دے دئے جائیں اسی طرح وہ مساجد جو مسلمان ہندوستان میں چھوڑ گئے ہیں ان کی موقوفہ املاک کے ساتھ پاکستانی ہائی کمشنر مقیم ہندوستان کی نگرانی میں دے دی جائیں۔ تجویز تو بہت معقول ہے لیکن اس کا کوئی فائدہ نہ ہو گا کیونکہ عبادت گاہیں امتحان سے نہیں بچیں گی بلکہ ان کا مقصد صرف کنٹرول کرنا ہے یہ مقصد حاصل نہیں ہوگا تاہم یہ خیال اس نقطۂ نظر سے صحیح ہے کہ دونوں طرف کی عبادت گاہیں کنٹرول میں لینے سے مذہبی جذبات کی تسکین ہو جائے گی اور اس کی نفسیاتی اثر یہ ہوگا کہ ہر مذہب کے لوگ یہ سمجھ جائیں گے کہ گوردواروں اور مساجد کے محفوظ ہونے کی تو ہین نہیں ہو رہی ہے۔ اگر تجویز کے مطابق کنٹرول کے اصول کو مان لیا گیا تو ہو سکتا ہے کہ آگے چل کر سکھ کو پاکستان جانے اور مسلمانوں کو مشرقی پنجاب میں آنے کی اجازت ہو جائے اور دونوں کو یہ اتنی تعداد اور اسی جانے کہ وہ آسانی سے خود ہی اپنی عبادت گاہوں کی حفاظت کر سکیں۔

فضول اور ناگوار

ایک مقامی اخبار میں یہ مسلم اور عیسائی دینیوں میں گئو پوجا کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ مصر اور یہودیوں میں گئے کی پوجا ہوتی تھی، یہودی بھی اس کی پرستش کرتے تھے اور قرآن نے بھی اس کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے ہمیں اس سے بحث نہیں کہ کون گئے کی پوجا کرتا ہے اور اس کے ذبیحہ پر کیوں پابندی لگا دی گئی لیکن یہ بات ٹھیک نہیں کر قرآن پر بھی ہاتھ صاف ہو اور بحث و مناظرہ کی ناگوار گنجائش پیدا کی جائے، قرآن خدا پرستی کی تعلیم دیتا ہے اور جانور پرستی کی تعلیم دینے نہیں آیا اور اس

حکومت کے غیر مذہبی ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ وہ مذہب کی دشمن ہو

نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ فرقہ پرست نعروں میں نہ پھنسیں، حضرت مولانا حفظ الرحمن کی تقریر

سکندرآباد ۳۰ اکتوبر۔ (وش) ہندوستان حقیقتاً ایک غیر مذہبی اور جمہوری اسٹیٹ ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ [illegible] فرماتے ہوئے کہا۔

جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن کی [illegible] کانفرنس کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے آپ نے کہا کہ اگر مسلمان ملک کے وفادار رہیں تو ان کو مذہب اور اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنے کی پوری پوری آزادی ہوگی۔

مولانا حفظ الرحمن نے کہا کہ اس ملک میں کانگریس ہی صرف ایک ایسی جماعت ہے جو ملک کے عوام میں خوشحالی لا سکتی ہے آپ نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ چھوٹے چھوٹے کمیونسٹ [illegible] میں مبتلا ہیں آپ نے مذہبی بنیاد والی پارٹیوں سے دور رہنے کی اپیل کی۔

نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اسلام اور ہندو دھرم کی بہترین باتوں سے ایک نئی فکر پیدا کریں جس سے عوام میں باہمی اتحاد کے ایک نئے دور کا آغاز ہو۔

ریاستی کانگریس کے صدر سوامی رامانند تیرتھ نے بھی تقریر کرتے ہوئے مسلمانوں سے ماضی کو فراموش کرنے اور اپنے دوسرے بھائیوں کے دوش بدوش کھڑے ہونے کی اپیل کی تاکہ ان مسائل کا مقابلہ کیا جا سکے جو ملک کو درپیش ہیں۔

جمعیۃ علماء ضلع بجنور کے وفود

بجنور (بذریعہ ڈاک) ضلع بجنور کی ماتحت جمعیتوں کے کام کی جانچ، معاون سازی کی مہم، تصادمات [illegible] تعلیمی احساسات کی تحریک، [illegible] ملک کی تحفظات اور مسلمانوں میں اعتماد علی اللہ، تفصیل احکام اسلام کی ترغیب و تبلیغ جیسے اہم مقاصد کے لئے جمعیۃ علماء ضلع بجنور کے زیر اہتمام ضلع کی چار تحصیلوں کے ۵۰ مقامات کے دورہ کے لئے حسب ذیل اصحاب پر مشتمل چار وفد ۳۰ اکتوبر کو ایک ہفتہ کے گشت پر روانہ ہو رہے ہیں۔ ضلع کی ماتحت جمعیتوں کو وفدوں کے پروگرام اور مقاصد سے مطلع کرتے ہوئے یہ ہدایت کی گئی ہے کہ وفد کے پہنچنے کے وقت وہ اپنی جمعیتوں کے ممبران اور حلقہ کے تمام مسلم برادریوں کے خاص خاص کارکن اصحاب کو دفتر میں مدعو کریں۔ امید ہے کہ ماتحت جمعیتوں کے اشتراک عمل سے جمعیۃ علماء ضلع کا یہ پروگرام بہت کامیاب اور مفید ثابت ہوگا۔ جو خالص مذہبی اور تعمیری ہے۔

۱۔ وفد تحصیل دھامپور۔ مولوی [illegible] ناظم دینی، [illegible] مولوی محمد یعقوب [illegible] مولانا حکیم [illegible] حکیم محمد جمیل ناظم عمومی [illegible] ڈاکٹر [illegible] احمد خاں ناظم [illegible] حاجی محمد شفیع [illegible]

۲۔ وفد تحصیل نگینہ۔ مولانا [illegible] الرحمن صدر [illegible] حافظ بشیر احمد [illegible] مولوی عبد اللطیف [illegible] مولانا جلیل احمد حسینی ناظم عمومی [illegible] بابو عبد الحفیظ [illegible]

۳۔ وفد تحصیل نجیب آباد۔ [illegible] مولانا خلیل احمد خاں، مفتی امین الدین [illegible] مولانا حکیم جواد حسین۔

۴۔ وفد تحصیل بجنور۔ مولانا احمد رضا [illegible] مولانا مرغوب الرحمن [illegible] مولانا حامد الانصاری [illegible] ضلع دفد بجنور میں [illegible] ناظم عمومی ضلع [illegible] دفد دھامپور میں نامزد ہیں۔ [illegible] تفصیلوں کے وفدوں میں شرکت کے علاوہ [illegible] پروگرام [illegible] تمام وفدوں کی نقل و حرکت کا انتظام اور نگرانی بھی کرتے رہیں گے۔

(نامہ نگار)

بمبئی کی مجالس محرم اور جمعیۃ علماء

بمبئی۔ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند صوبہ بمبئی نے اپنے تعلیمی اور مذہبی پروگرام کے سلسلے میں شہر بمبئی میں ایک نیا قدم اٹھایا ہے۔ [illegible] کے مطابق مجالس محرم منعقد ہوا کرتی تھیں جن میں عموماً غلط قصے [illegible] بیان کرکے [illegible] وصول کرتے ہیں اور چلے جاتے ہیں۔

جمعیۃ علماء ہند صوبہ بمبئی نے اپنے [illegible] کے پیش نظر اسسال مجالس محرم کے لئے صحیح الخیال اور اہل علم و فضل کا انتظام کیا ہے۔ اور ایک تعلیمی منصوبہ کے ماتحت براہ راست صوبائی دفتر سے یہ کہا گیا ہے کہ مسلمانان شہر یہاں آتے ہیں اور ان کے [illegible] علماء کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ [illegible] امسال ایسے علماء کرام دعوت فرما رہے ہیں جنہیں جمعیۃ علماء نے مقرر کیا ہے۔ جن کی منشا دین کی صحیح تعلیم پہنچانا ہے۔ اس سال کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے امید ہے کہ آئندہ سالوں میں شہر [illegible] مجالس محرم [illegible]

جمعیۃ علماء کی ممبرسازی کیلئے

مسلمانان ضلع نینی تال سے ناظم جمعیۃ علماء کی اپیل

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند ملکی سیاسیات میں حصہ نہ لے گی۔ بلکہ مسلمانوں کی مذہبی تبلیغی معاشرتی تعلیمی خدمت انجام دے گی۔ نیز اخلاقی اصلاح اور حقوق کی حفاظت کرے گی۔ جیسا کہ ۱۹۵۱ء کے بعد سے کر رہی ہے اب جمعیۃ علماء کے عام معاون یعنی ممبر بننے کا وقت شروع ہو گیا ہے۔ اس لئے میں مسلمانان ضلع نینی تال سے مخلصانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ جمعیۃ علماء کے زیادہ سے زیادہ ممبر بن کر مقامی و ضلع و صوبہ و مرکزی جمعیۃ کو مضبوط بنائیں۔ کیونکہ ممبری فیس ہی سے ہر جمعیۃ کو حصہ پہنچتا ہے۔ ممبری فیس چار آنہ ہے۔ ضلع کی ماتحت جمعیتوں کو بھی [illegible] کر دیا ہے۔ اور میں بھی عنقریب ضلع میں جمعیۃ کی تنظیم اور عام ممبر سازی کے سلسلہ میں دورہ کروں گا۔

جمعیۃ علماء ضلع سارن کا جلسہ ملتوی

سارن (بذریعہ ڈاک) مولانا [illegible] علی صاحب صدر مجلس استقبالیہ کے حکم سے اعلان کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ علماء ضلع سارن کا جلسہ بوجہ عدیم الفرصتی حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ملتوی کیا جاتا ہے۔ آئندہ جلسہ کے متعلق اطلاع دی جائے گی۔

جمعیۃ العلماء اوریا و خانپور کا جلسہ

اوریا (بذریعہ ڈاک) مولانا ابو البیان صاحب اور مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی پر مشتمل جمعیۃ کا ایک وفد اوریا آیا۔

مولانا ابو البیان صاحب کے زیر صدارت ایک عام جلسہ ہوا جس میں دونوں حضرات کی تقاریر ہوئیں [illegible] ہندو اور مسلمان سب شریک تھے۔ جلسہ نہایت کامیاب رہا۔ [illegible]

سندھی پناہ گزینوں کی سرکار عالی سے امداد

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان کا اظہار مسرت

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا سعید [illegible] الاسلام صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مورخہ ۲۲ اکتوبر کے الجمعیۃ میں ٹونک کے مسلمانوں کی جانب سے سندھی پناہ گزینوں کی امداد کے سلسلہ میں [illegible] جناب [illegible] صاحب مہتمم توشہ خانہ نواب صاحب ٹونک کے متعلق امداد کے [illegible] کا ذکر تھا۔

مجھے یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ جناب مہتمم صاحب موصوف نے سندھی پناہ گزینوں کی امداد کے لئے مبلغ [illegible] سوا ایک روپیہ گراں قدر رقم عطا فرمائی ہے۔ سندھی پنچایت کی جانب سے مہتمم صاحب کا اس ہمدردی پر زبانی شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ مہتمم صاحب ٹونک کے ان [illegible] جمعیۃ علماء کے بہی خواہ و ہمدردوں میں سے ہیں جو اکثر مصیبت زدگان کی امداد میں دل کھول کر حصہ لیا کرتے ہیں اور جمعیۃ علماء کو بھی اپنے عطیات سے امداد فرماتے رہتے ہیں۔

سندھی پنچایت ٹونک کی جانب سے ایک رسید بک دفتر جمعیۃ میں موصول ہوئی ہے۔ [illegible] صاحب [illegible] کی امداد کے سلسلہ میں کچھ تعاون فرمائیں وہ دفتر جمعیۃ میں تشریف لاکر رقم چندہ جمع کرا دیں۔ [illegible] (نامہ نگار)

طوائف کے لئے ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھا

سہارنپور ۲۹ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) ایک سپاہی مسمی [illegible] سنگھ نے ایک طوائف کو اپنے گھر میں رکھ لیا تھا۔

جب طوائف کے وارث اسے لینے آئے تو سپاہی مذکور نے ان کو چوری کے الزام میں گرفتار کرانا چاہا مگر تحقیقات کرنے پر یہ کیس جھوٹا ثابت ہوا۔ اور اصل راز کھل گیا۔ چنانچہ سپاہی کو نوکری سے علیحدہ کر دیا گیا اور رنڈی کو گرفتار کرکے جیل میں بھیج دیا۔

[illegible] کے ماتحت منعقد ہوا کرتی تھی۔ اور جمعیۃ علماء کو مسلمانوں کی خدمت کرنے کا موقع ملے گا۔ [illegible] مسلمانوں کی بہتری کی حد تک نجات مل جائے گی۔

سہارنپور پولیٹیکل کانفرنس کا افتتاح

ٹنڈن جی کریں گے

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) قصبہ بہٹ میں شری مہابیر تیاگی کی زیر صدارت ضلع پولیٹیکل کانفرنس ۱۵ نومبر کو منعقد ہونی قرار پائی ہے۔ کانفرنس کا افتتاح ٹنڈن جی کریں گے۔

جناب رفیع احمد صاحب قدوائی، شری خورشید لال، شری لال بہادر شاستری، شری گوبند سہائے، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب، شری جگجیون رام، [illegible] کانفرنس میں شرکت کی توقع ہے۔

سہارنپور میں سائیکل چور گرفتار

سہارنپور ۲۹ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) ایک شخص مسمی اوم پرکاش کو سائیکل چرا کر فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ تفتیش جاری ہے اور بھی بہت سی سائیکلوں کی چوری کا پتہ چلنے کی امید ہے۔

بیکاری کے الاؤنس کا دن منایا

کپڑے کے کارخانوں میں کام کرنیوالوں سے اپیل

بمبئی یکم نومبر۔ ٹیکسٹائل یونینوں کے کل ہند فیڈریشن نے آج کپڑے کے کارخانے میں کام کرنے والے مزدوروں سے اپیل کی کہ ۳ نومبر کو بیکاری کی امداد کا دن منائیں۔ فیڈریشن جنرل سکریٹری مسٹر [illegible] نے ایک بیان میں مطالبہ کیا کہ اس دن کارخانوں کی تعطل بندی سے بیکار ہونے والے مزدوروں کے لئے بیکاری کے الاؤنس کا مطالبہ کیا جائے حکومت ہندیا [illegible] کارخانوں کی مشکلات دور کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس موقع پر جاری کئے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ آج ۳۲ کارخانے مکمل طور پر بند ہیں۔ ۲۶ کارخانوں میں نصف کام ہو رہا ہے۔ اس طرح ۵۰ ہزار سے زائد مزدور بیکار ہیں۔ گذشتہ ۲ ماہ سے ان لوگوں کے پاس کچھ کام نہیں ہے۔ حالت مزید خراب ہو سکتی ہے۔ کیونکہ کارخانہ والوں نے کپڑے کی قیمت میں کمی کرنے پر بطور احتجاج کارخانہ بند کرنے کی دھمکی دی ہے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

کارپوریشن کی ہڑتالی ملازموں نے کام شروع کر دیا

کلکتہ یکم نومبر۔ نودن کی ہڑتال کے بعد کلکتہ کارپوریشن کے تمام ڈیپارٹمنٹوں میں باقاعدہ طور پر کام ہوا۔ جنوبی علاقہ میں صرف ایک معمولی سا واقعہ پیش آیا۔ کالی گھاٹ کے علاقہ میں کمیونسٹ ٹریڈ یونین سے تعلق رکھنے والے مزدوروں نے کچھ دیر کام نہیں کیا۔ جب اس علاقہ میں ایک مزدور کام کر رہا تھا تو بعض اشخاص نے جو ہڑتالی ملوں سے تعلق رکھتے تھے اس پر حملہ کیا۔ پولیس نے اس سلسلہ میں دو گرفتاریاں کیں۔ صفائی کرنے والے ۸ ہزار آدمیوں نے مزید اجرت ملنے کی امید میں زیادہ کام کیا۔ اور شام تک تقریباً نو دن کے جمع شدہ کوڑا کرکٹ کا اچھا خاصا حصہ صاف کر دیا تھا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

نجیب آباد میں کھجوروں سے گڑ کی تباہی

نجیب آباد۔ یہاں کھجوروں سے گڑ بنانے کی تعلیم کا کام اس ماہ شروع ہو گیا ہے پہلے دستہ میں ۱۵ طالب علم ٹریننگ لے رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندوؤں میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ایک بے نیاز دوست کی طرح ہر شعبہ کی صحیح اصلاح اور اتحاد کی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے شہری آزادی کا علمبردار رہنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بسم اللہ آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

اردو کا مستقبل

بقیہ صفحہ ۳

[illegible] المصنفین کے متعلق جو غور کی جائے اس کو وہ کچھ بغیر انجام دینے کے لئے تیار ہے۔

یہ معلوم کرکے مسرت ہوئی کہ انجمن ترقی اردو ہند جس کام کو اس کی ابتدا کا اعلان یہ کے بعد طلی گڑھ ہو گیا ہے، اپنا کام جلد شروع کرنے والی ہے اور اس کا رسالہ بھی عنقریب نکلنے لگا اور مرکزی حکومت نے انجمن کے لئے ۵ ہزار سالانہ کی امداد بھی منظور کی ہے یہ اردو زبان کا ثواب ہے یہ بھی غنیمت ہے۔

آخرش مردِ بی دم تو کہ از ہر ثواب

کشتہ غمزۂ خود را بہ نماز آمدہ

یقین ہے کہ کعبہ کے ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب اور قاضی عبد الغفار صاحب جیسے اصحاب علم و قلم کی نگرانی میں مرحوم انجمن کی جانشینی کا صحیح فرض انجام دے گی۔

ہندوستان سے پاکستان جانیوالوں کیلئے نئی شرط

دہلی ۳۰ اکتوبر۔ پاکستان ہائی کمشنر کے دفتر سے جاری کئے گئے اعلان کے بموجب جو لوگ ہندوستان سے عارضی پاکستان جانا چاہیں گے انہیں پہلے [illegible] رشتہ داری کا سرٹیفکیٹ ایک اس سرٹیفکیٹ کو اگر کسی جو عارضی پاکستان جانا چاہیں کے رشتہ داری کی تصدیق کرنی ہو [illegible] سرٹیفکیٹ کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص اپنے رشتہ دار کے پاس جا رہا ہے وہ اس سرٹیفکیٹ کے بعد وہاں کسی صورت بھی مستقل قیام نہ کر سکے گا۔ (نامہ نگار)

دیوبند میں سرکاری افسروں نے جو ہنگامہ کیا تھا اس پر حکومت کس نتیجہ پر پہنچی

اگر سرکاری افسروں کی غلطی تھی تو ان کو کیا سزا دی گئی

دہلی۔ ۳۱ اکتوبر۔ (نامہ نگار) لکھنؤ کے مشہور قوم پرور اخبار "قومی آواز" نے دارالعلوم دیوبند میں تلاشی کے متعلق ایک ایڈیٹوریل نوٹ میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ مرکزی یا صوبائی حکومت نے اس سلسلہ میں تحقیق کی [illegible] کیا نتیجہ پر پہنچی۔

"قومی آواز" نے لکھا ہے یہ بہت افسوس کی بات ہے کہ دیوبند میں سرکاری افسروں نے جو ہنگامہ کیا تھا اس پر ابھی تک حکومت ہند یا صوبائی حکومت کی طرف سے کوئی بیان نہیں شائع ہوا ہے حالانکہ اس بیان کی بہت سخت ضرورت ہے۔ ہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اس بارے میں ہماری حکومت کس نتیجہ پر پہنچی ہے کیا اس کا یہ خیال ہے کہ وہ سنسنی خیز اشتہار شائع ہوا اس کے واقعی اشتعال انگیز تھا۔ یا کہ محض سرکاری افسروں نے اس کو ایسا سمجھ لیا تھا اگر سرکاری افسروں کی غلطی تھی تو ان کو اس کی کیا سزا دی گئی اور اگر اشتہار غلط تھا تو اس میں کیا غلطی تھی کیا یہ کہنا بھی جرم ہے کہ گائے کی قربانی جائز ہے یا اگر ایسا ہے تو اشتہار پر کیا منحصر ہے مسلمانوں کی مذہبی کتابیں اس سے بھری ہوئی ہیں۔ کیا ان کتابوں کا چھپنا اور نشر کرنا قانوناً جرم ہے! اگر نہیں ہے تو پھر ہماری حکومت کس طرف سے دینا کہ حکومت ہے اور اگر ہے تو پھر اشتہار کے شائع کرنے میں علماء نے کیا غلطی کی تھی؟

فلاں جانور کی قربانی جائز ہے اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ مسلمان چاہیں تو اس کی قربانی کریں اور چاہیں تو نہ کریں۔ شاید اسی لئے دیوبند کے اشتہار میں یہ بھی لکھ دیا گیا تھا۔

"مناسب تو یہ ہے کہ مسلمان مصالح وقتیہ کا لحاظ کرکے اپنے گرد و پیش اور ساز گار احوال کی مراعات کریں اور ایسے طریقے اختیار کریں جن سے امن و امان میں کوئی فرق نہ پڑے اور نہ جان و مال اور عزت و شوکت کو کوئی خطرہ لاحق ہو۔"

اس کے باوجود سرکاری افسروں نے مدرسہ دیوبند کی تلاشی لی اور اس کی توہین کی۔!!

یورپ کی فوجی مالی پالیسیوں میں اتحاد کی ضرورت

مارشل پلان کے ایڈمنسٹریٹر کا اہم بیان

پیرس۔ ۳۱ اکتوبر۔ مارشل پلان کے ایڈمنسٹریٹر مسٹر ہوف مین نے کہا ہے کہ جب تک یورپ کے ڈالر کے ذخیروں میں کافی اضافہ نہیں ہوتا۔ اس وقت تک امریکہ کے ساتھ تجارت مصنوعی رہے گی۔ جس سے امریکہ اور ہمارے دونوں کے لئے سخت مشکلات پیدا ہوتی رہیں گی۔ انھوں نے کہا کہ سکہ کی قیمت میں کمی کافی نہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ افراط زر کو روکا جائے۔ ایک آزاد تجارتی علاقہ "اسی" پیدا کر کے اسی افراط "خاتم" پیدا کر سکتا ہے۔ اگر ڈالر کی کو دور بھی کر دیا جائے پھر بھی اگر ۱۹۵۲ء میں یورپ کی بحالی کے پروگرام کو ختم کر دیا گیا تو ڈالر علاقہ سے تجارت بہت سخت مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ اور اقتصادی توبیت پھر حرکت میں آ جائے گی۔ مغربی یورپ کی اقتصادی بحالی کا بازہ ابھی بہت دور ہے۔ اگر اس کے بجائے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کیا گیا تو اس کا نتیجہ تباہی ہوگا۔ ضرور ہی مقصد اقتصادی طور پر متحدہ یورپ ہونا چاہیے۔ اس اقتصادی اتحاد کے لئے مالی پالیسیوں میں اتحاد ضروری ہے کیونکہ جن ملکوں میں افراط زر مختلف حکموں اور درجوں میں موجود ہے۔ ان ملکوں میں آزادانہ تجارت مضر ہوگی۔ اس لئے یکساں سنیت کی ضرورت ہے۔ جب تک یہ متحدہ مالی پالیسی نہ ہو اس وقت تک عالمی تجارت پر کنٹرول کا خیال غلط ہے۔ (رپ۔ ٹ رائٹر)

ٹھنڈا کنواں نہ گرایا جائے

ہردوار میں جو ٹھنڈے پانی کے کنواں کے گرائے جانے کی تجویز ہے اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ پبلک میں بڑی بے چینی ہے اور بازار ہردوار کے قریباً ایک ہزار معززین کے دستخطوں سے چیرمین صاحب اور جناب سید [illegible] کی خدمت میں درخواست دی ہے جس میں عرض کیا گیا ہے کہ ایسے ٹھنڈے پانی کے بازاری کنواں کو جو تقریباً ایک صد پچاس سال سے پبلک کی سیوا کر رہا ہے نہ گرایا جائے۔

(نامہ نگار)

ایک اور طیارہ ٹوٹ گیا!

ناسک یکم نومبر۔ ہندوستان کے ہوائی بیڑہ کا ایک ہوائی جہاز دیولالی ہوائی اڈہ کے قریب ایک پہاڑی سے ٹکرا کر گر گیا۔ پائلٹ افسر ہلاک ہو گیا جہاز [illegible] کر رہا تھا۔ اس کا انجن فیل ہو گیا۔ اور ہوائی جہاز پہاڑی سے ٹکرا کر چکنا چور ہو گیا۔ حادثہ کی تحقیقات کی جا رہی ہے۔

آٹا پیسنے کی چکیوں پر بھی لائسنس

سہارنپور ۳۰ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) بجلی کے نئے کنکشن نہ ملنے پر یہاں آٹا پیسنے کے انجن دھڑا دھڑ لگ رہے ہیں۔ جس پر ڈسٹرکٹ بورڈ نے اپنی ایک میٹنگ میں پاس کیا ہے کہ آئل انجن سے چلنے والی چکیوں کے مالکوں کو لائسنس لینا ہوگا جس کی فیس فی چکی -/۵۰ روپیہ ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے والے کو دس روپیہ یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

ملایا اور ہانگ کانگ کے معاملات پر اہم کانفرنس

مشرق بعید اور ایشیا کے چیف آف اسٹاف کے مشورے

سنگاپور ۳۱ اکتوبر۔ اعلیٰ برطانوی سیاسی اور سروس چیفس کی جو ایشیا اور مشرق بعید میں ہے۔ ایک کانفرنس ہو رہی ہے۔ جس میں برطانیہ کے چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے پر ہانگ کانگ اور ملایا میں رد عمل پر غور ہوگا۔ [illegible] کا خیال ہے کہ گذشتہ ۱۷ ماہ میں ملایا میں صرف اسی قدر کامیابی ہوئی ہے کہ مقامی کمیونسٹوں کی بغاوت کو دبا دیا گیا ہے۔ ان علاقوں پر کمیونسٹوں کا کافی اثر ہے اور ان کمیونسٹوں کو چینی کمیونسٹوں کی پوری مادی اور اخلاقی امداد حاصل ہے۔ اور گوریلا دستے برابر نئی تنظیم میں مصروف ہیں۔ [illegible] کا کہنا ہے کہ اگر جنگل کے کمیونسٹ لیڈروں کو ختم نہیں کیا گیا تو حالات درست نہیں ہو سکتے۔ [illegible] باقی ہی تو یہ کمیونسٹ اپنی سرگرمیوں کو جاری رکھیں گے۔ [illegible] سوال کا اس پر دور دور اثر ہوگا۔

مذکورہ بالا کانفرنس ۲ نومبر کو ختم ہوگی اور اس کو جنوب مشرقی ایشیا کے برطانوی کمشنر جنرل مسٹر میلکم میکڈانلڈ نے طلب کیا ہے۔ (رپ۔ ٹ رائٹر)

وفد جمعیۃ علماء یوپی کی فیض آباد میں سرگرمیاں

حضرت مولانا بشیر احمد کی تقریر

فیض آباد (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ کا وفد جس میں حضرت مولانا بشیر احمد صدر جمعیۃ علماء صوبہ مولانا شہید احمد ناظم اعلیٰ اور مولانا شعار احمد اعظمی آفس سکرٹری صوبہ جمعیۃ علماء شریک تھے فیض آباد پہنچا۔ وفد کے ارکان نے فیض آباد پہنچ کر بقرعید کے موقع پر ہونے والے فسادات کے سلسلہ میں ہندو کانگریسیوں اور شہر کے ذمہ دار مسلمانوں سے تبادلہ خیال کیا اور مسلمانوں کے نقصانات کی تلافی کی کوشش کی۔ اس سلسلہ میں حکام سے بھی ملاقات کی گئی رات کو سرائے کی مسجد میں جمعیۃ کے کارکنان کا ایک مخصوص جلسہ بھی ہوا جس میں صدر جمعیۃ علماء صوبہ نے جمعیۃ علماء کی تنظیم اس کے تعمیری پروگرام اور موجودہ حکومت کو مضبوط کرنے کے متعلق بہت تفصیل سے کارکنوں کو ہدایات دیں۔ جس کا سلسلہ ایک گھنٹہ تک جاری رہا۔ اس اجلاس میں ناظم اعلیٰ نے بھی ایک مختصر تقریر میں مسلمانوں کو خوف و ہراس دور کرنے کی تلقین کی۔ اور افضل جمعیۃ علماء سے وابستہ رہ کر حکومت کی امداد کرنے کی اپیل کی۔

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب نے کارکنوں کو بتلایا کہ اب جمعیۃ علماء کا سیاسی معاملات میں جماعتی حیثیت سے دخل دینا مناسب نہیں ہے۔ اس لئے ہم نے مسلمانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ جمعیۃ علماء کے پلیٹ فارم سے صرف تعلیمی، تمدنی اور مذہبی کاموں کو انجام دیں۔ ہندوستان کی پالیٹکس میں انہیں مشترک پلیٹ فارم سے حصہ لینا چاہئے۔ مولانا نے جمعیۃ کا پروگرام بتاتے ہوئے فرمایا کہ ایسے ملک میں جس کی غیر فرقہ وارانہ حکومت اپنی حیثیت سے مذہبی امور کی بنا پر کسی فرقہ کے لئے مذہبی تعلیم کا انتظام کرنے کو تیار نہیں بلکہ وہ دنیاوی تعلیم کو عام کرنے کے لئے جبری تعلیم کو نافذ کر رہی ہے ہمارے سامنے مستقبل میں مذہبی تعلیم کی بقاء اور اس کو جاری کرنا آج خود مسلمانوں کے ذمہ ہے۔ جمعیۃ چاہتی ہے کہ مسلمان اس حقیقت کو سمجھ لیں کہ اگر ان کے بچے مذہبی تعلیم سے کورے رہے تو ان کی زندگی حیوان کی زندگی سے بدتر ہوگی۔ جمعیۃ علماء یوپی کی طرف سے میں اس کی سیدھی راہ یہ پیش کرتا ہوں کہ آپ اپنے شہر میں عملی پڑھے لکھے لڑکوں کی فہرست تیار کرکے بچوں کی بھی فہرست تیار کریں اور پھر ان کے والدین سے اپیل کریں کہ وہ کم از کم ایک گھنٹہ یا آدھ گھنٹہ اپنے بچوں کو دین کی ضروری تعلیم دیں۔ [illegible] صاف، سادہ اور سہل زبان میں جلد چھپ کر تیار ہو گئے ہیں۔

نجیب آباد میں طوائف کا قتل

نجیب آباد ۳۰ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) محلہ بازار چوک کے ایک بالاخانہ پر ایک طوائف [illegible] گئی۔ اس کا بدن چارپائی پر رسیوں سے جکڑا ہوا تھا لاش سے بدبو آنے لگی تھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کو تین یا دو دن پیشتر کسی نے مار دیا ہوگا۔ [illegible] لاش پوسٹ مارٹم کے لئے بجنور بھیجدی گئی ہے۔ پولیس مارنے والے کی تلاش میں سرگرم ہے۔ (نامہ نگار)

دھوکہ دہی کے الزام میں گرفتار

سہارنپور ۲۹ اکتوبر۔ ایک شخص مسمی سادھو رام کو دھوکہ دہی کے الزام میں گرفتار کر لیا ہے یہ شخص لوگوں سے فرضی سڑک کے نمبر پلیٹ کا سودا کرتا تھا۔ [illegible]

اقتصادی کانفرنس میں عرب لیگ کا نمائندہ

کراچی یکم نومبر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اسلامی ممالک کی اقتصادی کانفرنس میں عرب لیگ کی طرف سے محمد علی علوبہ پاشا شرکت کریں گے۔ یہ کانفرنس کراچی [illegible]

سہارنپور میں دلدل کا جلوس

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) محرم کے سلسلہ میں آج دلدل کا جلوس نکلا۔ جلوس کے ہمراہ کافی تعداد میں ہندو معززین بھی تھے۔ جلوس کو شہریوں اور علماء کے ساتھ پولیس نے مثالی نظم [illegible]

نکاسی جائیدادوں کے متعلق حکومت ہند کا نیا آرڈیننس

کسٹوڈین کس طرح ایک شخص کو مشتبہ نکاسی قرار دیگا

باب چہارم

[illegible] کی تعریف

۱۹۔ کسی شخص کا مشتبہ نکاسی قرار دیا جانا (۱) اگر کسٹوڈین کسی وجہ سے کسی شخص کو مشتبہ نکاسی سمجھتا ہے تو وہ ایک باضابطہ نوٹس سے کرائے شخص کو اس کا جواب دہی کے لئے طلب کرے گا کہ کیوں نہ اس شخص کو مشتبہ نکاسی قرار دے دیا جائے اور اس معاملہ کی جہاں تک کہ حالات کا تقاضہ ہو تحقیقات کرنے اور مذکورہ شخص کی طرف سے شہادتیں ملاحظہ کرنے کے بعد اس شخص کو مشتبہ نکاسی قرار دینے یا مقدمہ کو خارج کرنے کا حکم دمعہ وجوہ و دجوہ اعلان کرے گا۔

(۲) ضمنی دفعہ (۱) کے تحت کیا ہوا اعلان (کہ فلاں شخص مشتبہ نکاسی قرار دے دیا گیا ہے) سرکاری گزٹ میں شائع کیا جائے گا۔

(۳) اس مسئلہ کے حل ہونے تک کہ آیا فلاں شخص مشتبہ نکاسی ہے یا نہیں کسٹوڈین جائیداد کا نظم کرنے کی غرض سے بطور خود ایسی جائیداد کو ضبط کر سکتا ہے جس پر اس شخص کو کوئی استحقاق ہے یا اس سے کوئی مفاد وابستہ ہے اور جب اسے ضبط کر لیا گیا ہو تو ضبط شدہ جائیداد یا اس کے کسی استحقاق یا اس کے ساتھ البتہ کسی مفاد کی منتقلی یا واگذاری نیز کسی شخص کو ضبط شدہ جائیداد پر حاصل کئے ہوئے قرضہ کی ادائیگی ان تمام مطالبات کے سامنے ہیچ ہوگی جو کہ ضبط شدہ جائیداد کے تحت آتے ہیں۔

۲۰۔ اس اعلان کی اہمیت کہ فلاں شخص مشتبہ نکاسی ہے ایسا شخص جس کے متعلق زیر دفعہ ۱۹ مشتبہ نکاسی ہونے کا اعلان کر دیا گیا ہے کسی طرح پر بھی کسی غیر منقولہ جائیداد کا جس پر وہ کوئی حق رکھتا ہے یا جس کے ساتھ اس کا کوئی مفاد وابستہ ہے۔ اور جو اس آرڈیننس نافذ کے زیر نفاذ علاقوں کے کسی حصہ میں واقع ہے تبادلہ نہیں کر سکتا۔ الّا یہ کہ اس کے لئے متعلقہ کسٹوڈین سے پیشگی منظوری حاصل کرلی گئی ہو۔ کوئی تبادلہ جو دفعہ ہذا کی شرائط کے خلاف کیا گیا ہو وہ محض باطل اور بے اثر ہوگا۔

۲۱۔ مشتبہ نکاسی کی جائیداد کے بارے میں کسٹوڈین کے عبوری اختیارات۔ کسی ایسی جائیداد کو محفوظ رکھنے کی غرض سے جس پر کسی ایسے شخص کو حق ہے یا مفاد وابستہ ہے جس کے بارے میں زیر دفعہ ۱۹ اعلان کیا جا چکا ہو کہ وہ ایک مشتبہ نکاسی ہے کسٹوڈین (ا) تحریری حکم کے ذریعہ اس شخص سے ایسے اعداد و شمار حساب و کتاب یا دیگر اطلاعات طلب کر سکتا ہے جو اس جائیداد کے بارے میں درکار ہوں، نیز اس شخص سے ان دستاویزات پیش کرنے کے لئے مطالبہ کر سکتا ہے جو اس کے پاس موجود ہیں اور جو کسٹوڈین کے لئے مفید مطلب ہیں۔

(ب) اس شخص کے تیار کردہ یا اس کے پاس رکھے ہوئے بہی کھاتوں یا دوسری دستاویزوں کا معائنہ کر سکتا ہے۔

(ج) اس جائیداد کے بارے میں ضروری احکامات صادر کر سکتا ہے یا ضروری اقدام کی ہدایت کر سکتا ہے۔

(د) تحریری حکم کے ذریعہ [illegible] کسی رقم کی ادائیگی [illegible] کسٹوڈین جانتا ہو کرنا مناسب سمجھے منتقلی کی اجازت دے سکتا ہے۔

۲۲۔ باب ہذا کی کسی شرط کی خلاف ورزی کرنے والے مشتبہ نکاسی کا انجام۔ اگر کوئی ایسا شخص جس کے بارے میں زیر دفعہ ۱۹ یہ مشتہر کر دیا گیا ہو کہ وہ مشتبہ نکاسی ہے دفعہ ہذا کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی کسی ملکیت کی منتقلی کا مرتکب ہوتا ہے یا دفعہ ۲۱ کے فقرہ (ج) یا فقرہ (د) کے تحت دیئے گئے حکم کی تعمیل کرنے سے قاصر رہتا ہے تو کسٹوڈین سرکاری گزٹ کے نوٹیفکیشن کے ذریعہ متعلقہ صوبہ میں واقع کسی ملکیت کو جس پر کہ اس شخص کا کوئی حق یا حصہ ہے نکاسی جائیداد قرار دے سکتا ہے اور کوئی ایسا نوٹیفکیشن کے اشاعت پذیر ہونے پر وہ ملکیت جو نوٹیفکیشن میں مذکور ہے آرڈیننس [illegible]

عام کے مفہوم میں کسٹوڈین کی زیر تحویل آئی ہوئی نکاسی جائیداد سمجھی جائے گی۔

۲۳۔ ناجائز قبضہ لینے والے پاکستان کی نکاسی یا متروکہ جائیداد لینے والا اشتباہ نکاسی نقصان کی تلافی کرے گا۔ (۱) جیسا کہ کوئی شخص جس کے بارے میں زیر دفعہ ۱۹ یہ مشتہر ہو چکا ہو کہ وہ مشتبہ نکاسی ہے ذاتی طور پر یا اپنے کنبہ کے کسی فرد کی وساطت سے آرڈیننس ہذا کے نفاذ کے قبل یا بعد کسی ایسی جائیداد کا جو پاکستان میں رائج الوقت کسی ضابطہ کے تحت نکاسی یا متروکہ جائیداد ہو بھی جائے تب کسی ایسے سہولت کا فائدہ جو کسٹوڈین کی رائے میں مناسب یا نامناسب نہیں ہے حق حاصل کر چکا ہو یا اسی جائیداد سے تعلق پیدا کر چکا ہو یا اس کا منافع حاصل کر رہا ہو تو کسٹوڈین اس شخص کو نوٹس دینے اور اس شخص کو عذر داری کا کافی موقع دینے اور جہاں تک حالات اجازت دیں وہاں تک تحقیقات کرنے کے بعد تحریری حکم کے ذریعہ واجبی رقم کا مقدار کا تعین کر سکتا ہے جو وہ کردہ اندازہ کے مطابق اس جائیداد کی اصل قیمت کے برابر ہو اور اس شخص سے اس مدت کے اندر جو کہ حکم میں درج ہو کردہ رقم کے کسٹوڈین کو ادا کرنے کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

(۲) اگر مقررہ مدت یا مزید مدت کے اندر جس کی کسٹوڈین نے اجازت دی ہو مذکورہ مطالبہ تعمیل نہ کیا گیا تو کسٹوڈین اس مشتبہ نکاسی کی ملکیت میں سے اگر وہ متروکہ ملکیت ہے اتنی ملکیت پر قبضہ کر سکتا ہے جو اس مقررہ رقم کی مالیت کے برابر ہو [illegible] جو اس رقم کی وصولی کے لئے معقول سمجھتا ہے۔

(۳) کسی مشتبہ نکاسی کے ذمہ دفعہ ہذا کے تحت واجب الادا ہر رقم کی وصولی کرنے کی غرض سے کسی غیر منقولہ جائیداد کو جس کا قبضہ اس نے ضمنی دفعہ (۲) کے تحت لیا ہو ہر صورت منتقل کر سکتا ہے۔

باب پنجم

اپیل ریویو اور ریویژن — نظر ثانی

۲۴۔ احکامات زیر دفعات ۱۶، ۱۷، ۱۹ و ۳۸ کی اپیلیں

(۱) زیر دفعہ ۷، دفعہ ۱۶، دفعہ ۱۹، یا دفعہ ۳۸ کی رو سے دیئے گئے کسی حکم سے اگر کسی شخص کے مفاد پر زیادتی ہوتی ہے تو وہ اس طریق پر اور اس میعاد کے اندر جو تجویز کی جائے گی۔ ایک اپیل دائر کر سکتا ہے۔

(الف) اس صورت میں جب اسسٹنٹ کسٹوڈین کے یہاں دائر کر سکتا ہے جب کہ اصل حکم کسی ڈپٹی یا اسسٹنٹ کسٹوڈین کا جاری کردہ ہو۔

(ب) اس صورت میں کسٹوڈین جنرل کے یہاں دائر کر سکتا ہے جب کہ اصل حکم کسٹوڈین یا ایڈیشنل کسٹوڈین یا اتھارائزڈ (مجاز) ڈپٹی کسٹوڈین کا جاری کردہ ہو۔

لیکن جب اپیل کی نوعیت یہ ہو کہ آیا وہ شخص زیر دفعہ کے فقرہ (د) کا ضمنی فقرہ (۳) کے مفہوم میں نکاسی نہیں ہے یا متعلقہ جائیداد دفعہ ۲ کے فقرہ (ف) کے ضمنی فقرہ (۲) کے مفہوم میں نکاسی جائیداد نہیں ہے۔ اس وقت اپیل اس طریقہ پر دائر کی جائے گی جو دفعہ ۲۷ میں بیان کیا گیا ہے۔

(۲) کسٹوڈین جس کے یہاں ضمنی دفعہ (۱) کے فقرہ (ب) کے تحت اپیل دائر کی گئی ہو خود اپیل کا فیصلہ کرنے کے بجائے کسی ایڈیشنل کسٹوڈین یا اتھارائزڈ ڈپٹی کسٹوڈین کے یہاں جسے کسٹوڈین نے تحریری حکم کے ذریعہ اس بارے میں اپیل کی سماعت کا مجاز کر دیا ہو اور باب ہذا میں جسے اتھارائزڈ ڈپٹی کسٹوڈین پکارا گیا ہے برائے تجویز فیصلہ بھیج سکتا ہے لیکن ڈپٹی کسٹوڈین کے کسی حکم کے خلاف کوئی اپیل برائے تجویز فیصلہ اتھارائزڈ ڈپٹی کسٹوڈین کو نہیں بھیجی جائے گی۔

۲۵۔ دیگر احکامات کے خلاف اپیلیں۔ (۱) کسی ایسے حکم سے ناخوش کوئی شخص۔ (۱) جو دفعہ ۷ کے تحت دیا گیا ہو کہ جس میں اس کی جائیداد کو اس بنا پر کہ نکاسی جائیداد قرار دیا گیا ہو کہ دفعہ ۲ کے فقرہ (ف) کے ضمنی فقرہ (۲) کے مفہوم میں نکاسی جائیداد ہے یا

(ب) جو دفعہ ۱۹ کے تحت دیا گیا ہو کہ جس میں کسی مشتبہ نکاسی کی کسی ملکیت کو نکاسی جائیداد قرار دیا گیا ہو۔

اس طریقہ پر اور اس میعاد کے اندر جو مقرر کی جائے اس ڈسٹرکٹ جج کے یہاں جو صوبائی حکومت کی طرف سے اس بارے میں نامزد ہو اپیل دائر کر سکتا ہے۔

(۲) ضمنی دفعہ (۱) کے تحت دائر کردہ کسی اپیل کی سماعت کی غرض سے صوبائی حکومت ایک یا کئی ڈسٹرکٹ ججوں کو نامزد کرے گی اور ان کے اختیارات کی مقامی حدود کی تعریف بیان کرے گی۔

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ		ہفت روزہ	
سالانہ	چالیس روپے	سالانہ	بارہ روپے
ششماہی	بیس روپے	ششماہی	چھ روپے آٹھ آنے
سہ ماہی	گیارہ روپے	فی پرچہ	۴ آنے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

سرسوتی بال مندر سکنڈری اسکول میں جشن ہمیشی

گھمسا کرا دیا نے ۲۸ اکتوبر کو سکنڈری سے صبح و شام [illegible] تک سیاسی و سماجی لیکچروں کا انتظام کیا ہے ان لیکچروں میں کافی تعداد میں عورتیں شریک ہیں۔ [illegible]

دارالسلطنت

دہلی میں بھیک مانگنا جرم قرار دیدیا گیا

نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی کی سفارشات

دہلی یکم نومبر۔ نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی سول لائنز دہلی نے اپنے ایک حالیہ اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعہ بھیک مانگنا جرم قرار دیدیا ہے۔

کمیٹی نے پنجاب میونسپل ایکٹ ۱۹۱۱ء کی دفعہ ۱۵۱ کے تحت کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی رو سے بھیک مانگنا جرم ہے۔ کمیٹی نے صوبائی حکومت سے سفارش کی ہے کہ وہ ۱۹۵۰ء کے سپیرز ایکٹ کا دہلی صوبہ پر بھی اطلاق کرے۔

بہت سے ممبروں نے فقیروں کے لئے محتاج خانے بنانے اور فقیروں اور گداگروں کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے قانون کو صحیح طور پر استعمال کیا جا سکے۔

دس سیر چرس برآمد

پولیس نے سبزی منڈی کے ایک مکان سے ۱۰ سیر چرس برآمد کی۔ اور چار اشخاص کو گرفتار کیا۔ جامع [illegible] سلسلہ میں گرفتار کئے گئے۔ نئی دہلی میں بھی اسی سلسلہ میں ایک گرفتاری ہوئی۔

ارجنل روڈ پر حادثہ

ارجنل روڈ پر بس اور ٹرک کی ٹکر سے دو مزدور زخمی ہوگئے۔ ٹرک الٹ گیا۔ کونسل چیمبر کے قریب ایک سائیکل سوار ایک اسٹیشن ویگن کے نیچے آ کر زخمی ہو گیا۔ پل بنگش میں دو تانگے ٹکرا گئے۔

درجہ حرارت طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۸۱/۷ درجہ اور کم سے کم ۵۵/۲ درجہ تھا۔

یکم نومبر طلوع ۶-۳۳ بجے غروب ۵-۳۲

۲ نومبر طلوع ۶-۳۳ بجے غروب ۵-۳۱

ٹھگوں کا سرغنہ گرفتار

مقامی پولیس کے اسپیشل اسٹاف نے رام کرشن نامی شخص کو جسے پہلے بمبئی سے شہر بدر کیا جا چکا ہے اور جسے دہلی میں ٹھگوں کے ایک گروہ کا سرغنہ قرار دیا جاتا ہے دو مقامی جوہریوں کی شکایت پر جنہوں نے اس سے سونا [illegible] گرفتار کر لیا ہے۔

مسلمان دو ہفتہ کی چینی لے سکتے ہیں

دہلی کے مقامی مسلمانوں کو محرم کے سلسلہ میں دو ہفتہ کی چینی لینے کا حق دے دیا گیا ہے مسلمان ۲۸۵ نمبر کے حفتہ کا چینی راشن لے سکتے ہیں۔ ہر راشن کارڈ کا چینی کا کوٹا پہلے کے مطابق ہی چھٹانک ہفتہ وار ملیگا۔

سرکاری افسر پر گولی چلادی

حکومت کے اسسٹنٹ آنکالک او ڈائریکٹر ڈاکٹر طیب رتنرہ پر کل صبح ایک مسلح چور نے ان کی قیامگاہ ۱۰۰ پوسٹ روڈ پر گولی چلا دی۔ یہ چور رات کے تین بجے ڈاکٹر صاحب کے مکان میں داخل ہوا۔ اور جب انہوں نے شور مچایا تو چور نے اس پر گولی چلا دی۔ [illegible] ڈاکٹر طیب رتنرہ کو ہسپتال پہنچا دیا گیا جہاں ان کی حالت اطمینان بخش ہے۔

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

اگر حفاظت اور جلدی سے بھجوانا ہے تو ہماری معرفت روانہ کیجئے

کمیشن خریدیں۔

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ [illegible] دہلی

دہلی کمرشل کارپوریشن۔ مجیب منزل [illegible] دہلی

معجون عنبری

دماغی کمزوری کے لئے اکسیر [illegible]

[illegible] کی کمزوری اور کثرت مباشرت [illegible] اس سے حیرت انگیز فوائد [illegible] اس کو ضرور استعمال کیجئے [illegible] فی شیشی [illegible]

یوگوسلاویہ کے سپاہیوں نے ہنگری کی سرحد پر حملہ کر دیا

حکومت ہنگری کا یوگوسلاویہ پر سامراجی ایجنٹ ہونے کا الزام

بڈاپسٹ یکم نومبر۔ ہنگری نے یوگوسلاویہ پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ گذشتہ جمعرات کی رات کو ہنگری کی یوگوسلاویہ سرحد پر [illegible] سرحد کو پار کیا اور ہنگری کے کاٹنے دار تار کے جنگلوں کو کاٹ دیا۔

حکومت ہنگری کے ایک کمیونکے میں کہا گیا ہے کہ یوگوسلاویہ کے سپاہیوں نے جیورس پتاک کے جنوب میں سرحد کو پار کیا۔ ہنگری کے سرحدی فوجوں نے ۵ منٹ تک اور کافی فائرنگ کے بعد یوگوسلاویہ کی فوجوں کو واپس ہونے پر مجبور کر دیا۔

دونوں طرف سے کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں۔ بلگریڈ میں اس واقعہ کو بہت اہمیت دی جا رہی ہے ہنگری کا کہنا ہے کہ یوگوسلاویہ کی طرف سے ہنگری کے خلاف جو اشتعال انگیزیاں ہو رہی ہیں یہ واقعہ بھی ان میں ایک کی ہے اور ابھی تک یوگوسلاویہ نے اس واقعہ کا اعلان نہیں کیا ہے۔

ہنگری کے بیان میں کہا گیا ہے کہ یوگوسلاویہ کے لیڈر سامراجیوں کے ایجنٹ ہیں اور ان کے جاسوس ہی جو سرحدی جھگڑوں کو اس لئے پیدا کرانا چاہتے ہیں تاکہ مشرقی یورپ کا امن تباہ ہو جائے۔ (رپ۔ ٹ رائٹر)

شاہ ایران کے سفر امریکہ کا مفصل پروگرام

کولمبیا یونیورسٹی سے اعزازی ڈگری دی جائیگی

طہران۔ یکم نومبر۔ شاہ ایران کے سفر امریکہ کا اب مفصل پروگرام مل گیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ امریکہ میں اپنے ۶ ہفتہ کے قیام کے دوران میں تقریریں کریں گے۔ شاہ ایران یہاں سے ۱۵ نومبر کو روانہ ہونگے شاہ ایران بھی صدر ٹرومین کے خصوصی طیارہ میں سفر کریں گے۔ صدر ٹرومین کی قیامگاہ بلیئر ہاؤس میں چند دن گذارنے کے بعد وہ تین ہفتہ تک ریاستہائے متحدہ امریکہ کا دورہ کریں گے اور صنعتی مرکزوں کا معائنہ کریں گے نیز ٹینیسی اور نہروں کو بھی دیکھیں گے۔

شاہ ایران امریکہ میں دو مرتبہ تقریر کریں گے وہ اقوام متحدہ میں اور امریکہ کی کانگریس میں تقریر بھی کریں گے کولمبیا یونیورسٹی جنرل آئزن ہاور شاہ ایران کو اعزازی ڈگری بھی دیں گے۔ (رپ۔ ٹ رائٹر)

پشتونستان اسمبلی کا قیام

پاکستان کے خلاف افغانستان کی ایک اور شرارت

کابل یکم نومبر۔ افغانستان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی [illegible] نے اعلان کیا ہے کہ پشتونستان کی ایک نیشنل اسمبلی کا ۳۰ اکتوبر کو پہلا اجلاس ہوا۔ یہ علاقہ افغانستان اور پاکستان کے درمیان ما بہ النزاع ہے۔

اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ پشتونستان کی صوبائی حکومت کی تشکیل کے لئے ایک اسپیشل کمیٹی بنائی گئی ہے۔ پشتونستان کو پختونستان بھی کہا جا رہا ہے۔ اور اس میں وہ تمام علاقہ شامل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جو پشتو بولنے والے جنگجو پٹھانوں سے آباد ہے (رپ۔ ٹ رائٹر)

فرانسیسی جہاز کے ۴۸ مسافر ہلاک

پیرس۔ ۳۱ اکتوبر۔ ازورس کے قریب ایک فرانسیسی ہوائی جہاز جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ اس جہاز میں ۳۷ مسافر اور گیارہ ملازمین تھے۔

فرانس کے ہوائی صدر مقام سے معلوم ہوا ہے کہ جہاز کا کوئی شخص بھی سلامت نہیں رہا۔

کلکتہ میں دو سپاہی ہلاک

کلکتہ یکم نومبر۔ بنگال کے ایک تھانہ کے دو کانسٹیبل پرسوں ایک حادثہ میں ہلاک ہو گئے۔ ڈلاری کے فٹ بورڈ پر سفر کر رہے تھے لاری کے کھمبہ کے قریب سے گذرنے کے دوران میں وہ ایک کھمبہ سے ٹکرا گئے۔ ایک سپاہی تو فوراً ہلاک ہو گیا، دوسرے کو ہسپتال لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

مجھے مسلمانوں سے ہمدردی ہے

آگرہ میں ماسٹر تارا سنگھ کی تقریر

آگرہ ۳۰ اکتوبر۔ یہاں سکھوں کی کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے ماسٹر تارا سنگھ نے غیر مذہبی ریاست کو [illegible] کے دبانے کے لئے ایک [illegible] قرار دیا۔

یہاں ماسٹر تارا سنگھ کا جلوس نکالا گیا جس کے دونوں طرف ایک فرلانگ تک تلواروں سے محافظ بنی ہوئی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ گرمکھیوں نے اپنے وعدے کیا ہے مسلمانوں کو پاکستان مل گیا انھوں نے کانسٹی ٹیوشن بنا لیا۔ انگلو انڈین لوگوں کو ملازمتوں کے بارے میں گارنٹی مل گئی۔ لیکن سکھوں کے جائز مطالبات کو غداری قرار دیا جاتا ہے۔

انھوں نے کہا میں پاکستان کا دشمن ہوں کیونکہ گوردواروں اور عورتوں کی بے حرمتی ہوئی ہے۔ لیکن میں مسلمانوں اور بالخصوص ہندوستانی مسلمانوں کا دشمن نہیں ہوں۔ مجھے مسلمانوں سے ہمدردی ہے۔

انھوں نے کہا اگرچہ جیل میں مسلمانوں کو رکھو تو رکھو مگر ان کو ڈرا دھمکا کر مجبور کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ میں نے اس واقعہ سے جیل کے مسلمان سپرنٹنڈنٹ کو مطلع کیا لیکن کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ (پ ٹ ا)

امریکن سینٹ کے ممبران کراچی پہنچ گئے

کراچی یکم نومبر۔ امریکن سینٹ کے ۵ ممبر ۲ نومبر کو تین دن کے سفر کے لئے کراچی پہنچ رہے ہیں۔ یہ حکومت پاکستان کے مہمان ہوں گے ان کا سفر یکم نومبر سے شروع ہو رہا ہے یہ ایک [illegible] ہوائی جہاز سے [illegible]

ایک جیب چرالی

مسٹر سے ۔ ۱۵ روپے والا سیٹھ جیب انجینئر ہوٹل سینٹرل پریس آف انڈیا نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ ان کی جیب دہلی سٹیشن کے باہر سے کسی نے چرالی۔

اجمل شفاخانہ

اجمل شفاخانہ واقع غریبی دروازہ کے ارباب اختیار نے طے کیا ہے کہ شفاخانہ میں ہر ماہ جمعرات کے دن کچھ وقت تپ دق کے مریضوں کے لئے مخصوص کرنا چاہئے۔ ایسے تمام مریض ان دو دنوں میں صبح دس بجے سے گیارہ بجے تک دیکھے جائیں گے اور دوا مفت دی جائیگی۔ شفاخانہ کے کھلنے کا وقت روزانہ صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک اور شام کو تین بجے سے ۵ بجے تک ہے۔ روزانہ جمعہ مسلم بزرگ شاہ خاں اور سب لوگ بالخصوص مذہب و ملت اس شفاخانہ سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

تین کانسٹیبل فرار ہوگئے

دہلی پولیس کے تین کانسٹیبلوں کی بابت الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی چھوڑ کر فرار ہوگئے ہیں۔

شہر میں صفائی کی مہم

میونسپلٹی نے صفائی کی جو مہم شروع کی ہے اس کے نتیجہ میں شہر کے مختلف علاقے اور بازار پہلے کی نسبت زیادہ صاف دکھائی دیتے ہیں بلکہ بہت سے لوگوں نے صحت کی نمائش بھی دیکھی یہ نمائش روزانہ ۹ بجے سے تین بجے تک کھلی رہا کرے گی۔ سنیچر کے روز نمائش صرف عورتوں کے لئے کھلا کرے گی۔ چونا منڈی اور سبزی منڈی میں میونسپل ملازمین کے متعلق جلسوں کا بھی پروگرام ہے۔

دہلی کی عدالتوں میں

مسٹر شانتی لال آہوجہ کی عدالت میں جب مسٹر ڈی ایس نگی سابق اڈمنسٹریٹو افسر وزارت تجارت کا مقدمہ پیش ہوا تو انھوں نے ارتکاب جرم سے انکار کر دیا۔

مسٹر رام پرکاش بھگائی نے کل ایک شخص کو زیورات چرانے کے جرم میں چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

مسٹر بریز کاشن کیر نے ایک ریلوے قلی کو ایک مسافر کا سامان لے کر بھاگ جانے پر تین ماہ قید سخت کی سزا دی۔

مسٹر شانتی لال آہوجہ نے ایک شخص کو ۲۰ بوری اناج چرانے پر ایک سال قید سخت اور ۲۰۰ روپیہ جرمانہ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مزید ۲ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

جواری اور جیب کترے گرفتار

نئی بازار میں پولیس نے چھ جواری گرفتار کئے جن کے پاس سے ۲۰۰ روپے بر آمد ہوئے۔ کناری بازار میں ایک شخص کی جیب سے [illegible] نکال لیا گیا۔ [illegible] پانچ ہزار روپے کے کرنسی نوٹ [illegible] ایک شخص کو [illegible]

ایک شخص لوہے کو بلیک مارکیٹ میں فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ کوٹلہ کے علاقہ سے بارہ بارہ سال کے ۲ آوارہ گرد لڑکوں کو گرفتار کرکے ریفارمیٹری اسکول بھیجے گئے۔

دو کانسٹبل اور ایک ریڈر گرفتار

ایک ریڈر نے اس حوالاتیوں کے مقدمہ کا فیصلہ ڈیوٹی مجسٹریٹ کی عدم موجودگی میں اس سے کانسٹبلوں کی سازش سے سنا دیا اور ان کو دس دس روپے جرمانہ کر دیا اس نے جرمانہ وصول کرکے خزانہ میں بھی داخل نہیں کیا۔ کانسٹبل اور ریڈر کو گرفتار کر لیا گیا۔

محرم کی کتابیں

انیس، مونس، دبیر، مرثیے، [illegible] شہیر، نصیر، رہنما، ماتم، مجلس، تبلیغی [illegible] نفحۃ الشہدا۔ جنرل نیوز۔ بلیماران۔ دہلی

عمر بھر سیاہ بال

کی گارنٹی۔ [illegible] امریکن طریقہ علاج سے دس دن بالکل مفت تجربہ کریں۔

سی، ٹی ہسپتال۔ موری گیٹ۔ دہلی

AMICO TONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

[illegible]

امیکو طلا

یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے [illegible] قیمت فی شیشی [illegible] تین شیشیاں [illegible]

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگلش دواخانہ نمبر ۹ کولوٹلہ اسٹریٹ کلکتہ

فہرست ادویات مفت طلب کریں

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۳۳

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۳ مہر | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۱۳ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۵ نومبر سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ناظم اعلیٰ دہلی تشریف لا رہے ہیں

دہلی ۳۰ نومبر۔ جمعیۃ کے دفتر سے معلوم ہوا ہے کہ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند جو دو ہفتہ سے حیدرآباد دکن کا دورہ فرما رہے تھے آج شب کے ہوائی جہاز سے دہلی تشریف لا رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

کانپور میں الجمعیۃ فروخت کرنے کے لئے مستعد دیانتدار اور محنتی ایجنٹ کی فوری ضرورت ہے۔ صرف وہی اصحاب درخواست کریں جو رقم ضمانت داخل کر سکتے ہوں۔ مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ دہلی

ہیگ گول میز کانفرنس کی کامیابی کی خبر سے لیک سکسیس میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

انڈونیشیا کی آزادی سے جنوب مشرقی ایشیا میں ایک نئے دور کا آغاز ہو رہا ہے

ہند، پاکستان اور دوسرے ممالک کے نمائندوں کا ردعمل

تیس دسمبر سے انڈونیشیا کے سات کروڑ باشندے آزاد ہو جائیں گے

لیک سکسیس ۳ نومبر۔ انڈونیشیا سے متعلق گول میز کانفرنس کا جو نتیجہ برآمد ہوا ہے اس پر اقوام متحدہ کے نمائندے اور افسران بے حد خوش ہیں اور اسے اقوام متحدہ کی فتح سے تعبیر کر رہے ہیں۔

اقوام متحدہ میں ہندوستان کے نمائندہ سر بی این راؤ نے کہا کہ ہندوستان اس فیصلہ پر بہت خوش ہے خاص طور پر اس لئے کہ انڈونیشیا کے مسئلہ کا خوشگوار نتیجہ نکلنے کے سلسلہ میں اس نے خاص طور پر پارٹ ادا کیا ہے۔

ہیگ کا اعلان

سر ظفر اللہ خاں

امریکہ کا ردعمل

سفارتی حلقے

ہند اور پاکستان کی تجارت میں بتدریج کمی

کراچی ۳ نومبر (نمائندہ اے پی آئی)۔ ہندوستان اور پاکستان کی جو تجارت گزشتہ چھ ماہ سے جاری ہے ...

اردو پڑھنے کے لئے امریکن خاتون کی آمد

ہند اور آسٹریلیا کا شکریہ

انڈونیشیا لیڈر مسٹر پالر کا بیان

ویٹ نام کی سرحد پر فرانسیسیوں نے زبردست فوجیں بھیجیں

ویٹ نامی کمیونسٹوں کے حملہ کی اطلاع سے خطرہ پیدا ہو گیا

ریلوں میں چارہ رکھنے سے متعلق مشکلات

سکھوں کو کانگرس میں شامل کرنے کی آل انڈیا کانگرس کمیٹی کی جانب سے مخالفت

کانگرس ورکنگ کمیٹی سے نظرثانی کا مطالبہ

الجمعیۃ

نسلی امتیاز کے خلاف غیر یورپین متحدہ محاذ بنائیں

کیپ ٹاؤن میں ڈاکٹر دادو کا بیان

ہندوستان پنڈت جی کی واپسی کے بعد چینی کمیونسٹ حکومت تسلیم کر لیگا

مصر میں دو ریلوں کا تصادم

پنڈت نہرو کا وطن کو واپسی استقبال

امریکہ خدا کی ذات اور انسان کی برتری پر پورا یقین رکھتا ہے

مذہب کے ذریعہ ہی ہم دنیا میں امن و آزادی کی روح پھونک سکتے ہیں

صدر امریکہ کا مذہبی تعلیمات اور امریکہ کی ذہنیت پر ایک نشریہ

امریکہ کا ادائیگی کے توازن کا مسئلہ

سکریٹری آف اسٹیٹ کا بیان

کوہ نور خضاب بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کر دیتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

Daily Aljamiat

DATE:-5-11-49

برطانیہ یونان سے فوجیں واپس بلانے پر تیار ہو گیا

محکمہ خارجہ کے انڈر سکریٹری کا پارلیمنٹ میں اعلان

لندن یکم نومبر۔ خارجہ انڈر سکریٹری مسٹر مے ہیو نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ نے حکومت یونان کو مطلع کر دیا ہے کہ وہ برطانوی فوجیں جو یونان میں مقیم ہیں جلد واپس بلالی جائیں گی۔

وزرا اعظم یو پی ترکی خبیات کمیپ دیکھنے

ضلع میرٹھ میں ترف کی وصولی

ایک اطالوی وزیر کے استعفے کا فیصلہ

کریم گنج میں بیس اشخاص گرفتار

معاہدہ کا خیر مقدم

(بقیہ صفحہ اول)

پنڈت نہرو کے متعلق اظہار خیال (بقیہ صفحہ اول)

روس یونان کو اپنی خارجہ پالیسی میں آلۂ کار بنا رہا ہے

جو لوگ غیر آئینی طریقوں میں ناکام رہے ان کو حزب مخالف میں لانا چاہتا ہے

برطانوی نمائندے مسٹر میک نیل کی تقریر

امریکہ میں پنڈت نہرو کی آخری سیاسی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

گول میز کانفرنس (بقیہ صفحہ اول)

کانگرس ہائی کمان اور پارلیمنٹری بورڈ کے فیصلہ کے خلاف سچر گروپ کا جلسہ

سچر گروپ کا ایک وفد پنڈت نہرو سے ملاقات کرے گا

پاکستان میں ۱۹۵۳ء میں فالتو غلہ ہو جائیگا

وزارت خوراک کے سکریٹری مسٹر اسحٰق کا بیان

مشرقی پنجاب کے وزیروں کے محکمات

ڈاکٹر گوپی چند بھارگو: وزیر اعظم عام انتظام مع پبلسٹی، قانون، امن عامہ، بجلی اور انصاف فنانس اور آب پاشی۔

سردار پرتاپ سنگھ: مال گذاری، تعلیم و منتقلی۔

دار الامراء کے اختیارات میں کمی

رومانیہ میں گیارہ آدمی ہلاک کئے جائیں گے

پچاس روپیہ انعام

مورخہ ۳۱ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو میرا ایک چمڑے کا بیگ دہلی میونسپلٹی کے دفتر میں گم ہو گیا ہے۔ اس بیگ میں چند ضروری کاغذات کے علاوہ ایک رسید بھی تھی۔ ... جو صاحب کو میرا یہ بیگ ملے وہ مجھے پتہ ذیل پر پہنچا کر مبلغ پچاس روپے انعام حاصل کریں۔ روشن لال دوگل۔ شعبہ اشتہارات اخبار الجمعیۃ۔ گلی قاسم جان۔ دہلی

دہلی میں مسلمانوں کے ٹھہرنے کی سب سے اچھی جگہ
آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی


امریکن گرم کوٹ
(کراچی والی مشہور پرانی قسم)

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی

۵ نومبر ۴۹ء

عرب ریاستوں کا متحدہ محاذ

اس بات سے کون خوش نہیں ہوگا کہ مشرق وسطیٰ کی سات مسلم حکومتیں ایک ہو کر اپنی دفاعی پوزیشن کو مضبوط بنائیں اور بیرونی حملوں کو روکنے کے لئے ان کا محاذ اور نصب العین ایک ہو۔ پہلے بھی اس قسم کی بہت سی کوششیں کی گئیں مگر ان کا انجام ناکامی کے سوا کچھ نہ نکلا، ہو سکتا ہے کہ نئے نئے حالات پیدا ہونے سے عرب لیڈروں میں پھر متحد ہونے کی امنگ پیدا ہوئی ہو اور وہ نئے حالات میں نئے طریقہ کار اختیار کر کے اپنے پرانے منصوبہ کو بروئے کار لے آئیں، لیکن ہمیں اس نئی کروٹ پر اس وقت یقین آ سکتا ہے جب متحدہ محاذ بنانے کے سچے داعیات سامنے آئیں اور ہمیں کچھ ایسے ثبوت مل جائیں کہ اس دفعہ تو عرب ضرور ہی یہ کام کر کے چھوڑیں گے۔

قاہرہ کی ایک تازہ اطلاع کے مطابق عرب لیگ نے ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو عرب لیگ کے سات ممبروں کے درمیان باہمی تحفظ اور تعاون کے لئے معاہدہ کا مسودہ تیار کرے گی۔ سوال یہ ہے کہ تحفظ سے مراد کیا ہے اور کس چیز نے عرب لیگ کو باہمی تحفظ کے معاہدہ کی ترتیب پر مجبور کیا ہے؟ شام کے وزیر خارجہ نے اجلاس کے خاتمہ پر اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان سے کسی قدر ہمارے سوال پر روشنی پڑتی ہے۔ موصوف نے کہا کہ یہ مجوزہ معاہدہ عرب عوام کی اس خواہش کا پہلا جواب ہے کہ فلسطین کے ...

بلاشبہ فلسطین کے عبرت ناک حادثہ نے عربوں کی آنکھیں کھول دی ہیں اس لئے نہیں کہ انہوں نے یہودیوں سے شکست کھائی بلکہ برطانیہ اور امریکہ اس شکست کا باعث بنے اور انہیں یہ تجربہ ہوا کہ یہ مغربی مدبرین انہیں برباد کرنے کے لئے کتنے آگے جا سکتے ہیں!

یہ بات قطعی بے بنیاد ہے کہ عربوں نے یہودیوں سے شکست کھائی یہ بات ہر ریاست اپنی اپنی جگہ جانتی ہے، لیکن اصل مجرم کا نام زبان پر نہیں آتا یہ مانا کہ اسرائیلی فوج کو امریکہ اور دوسرے ممالک سے بڑی امداد ملی اور خود یہودی بھی دوسری جنگ کے آزمودہ کار سپاہی تھے۔ لیکن یہ بھی معلوم ہے ... کامیاب ہو جاتے، اگر ... امریکہ اور برطانیہ کا سیاسی اور فوجی دباؤ درمیان میں نہ ہوتا تو اسرائیل کو شکست دینے کے لئے صرف مصر ہی کافی تھا، لیکن بات کچھ اور ہے جو آہستہ آہستہ بے نقاب ہو رہی ہے۔

پہلی اور اصل چیز یہ ہے کہ عرب آپس میں متحد نہیں ہیں، ان کے اختلافات اس قدر شدید ہیں کہ ان کا احساس باہر کی دنیا نہیں کر سکتی۔ فلسطین میں یہ لوگ صرف اس لئے لڑے کہ کہیں جنگ کی آگ ان کی سرحدوں پر نہ پہنچ جائے ...

اچھی باتیں

مثل الذین ۔ تا ۔ الظالمین (پ ۲۸ ع ۱۱)

جو لوگ توریت کو اٹھائے اٹھائے پھرتے ہیں مگر اس پر عمل نہیں کرتے ان کی مثال اس گدھے کی سی ہے جس پر کتابوں کا بوجھ لاد دیا جائے، وہ لوگ جو اللہ کی آیات کو جھٹلاتے ہیں وہ ایک بری مثال قائم کرتے ہیں اور اللہ ظالموں کو ہدایت کی توفیق نہیں دیتا۔

یہاں یہ بات سمجھائی گئی ہے کہ علم بغیر عمل بے کار ہے اگر آپ توریت یا کسی اور آسمانی کتاب کا علم حاصل کر لیں مگر اس کو اپنی زندگی کا دستور العمل نہ بنائیں تو ایسے علم سے کیا فائدہ؟ آپ گدھے پر علم و حکمت کی بہت سی کتابیں لاد دیجئے ...... اسے کوئی فائدہ نہ ہوگا پس جو کتاب الٰہی کے وارث ہیں اور پڑھتے پڑھاتے ہیں لیکن اپنی عملی زندگی کو اس کے مطابق نہیں بناتے وہ بوجھ لادنے والے گدھے سے مختلف نہیں ہو سکتے

یہاں مسلمانوں کو سمجھایا گیا ہے کہ زندگی عمل کا نام ہے اگر وہ اللہ کی کتاب پر عمل بھی کریں تو یہ علم و عمل انہیں گرنے نہیں دے گا اور امامت اقوام کی باگ ان کے ہاتھوں میں ہوگی

ہندوستانی افسروں کو دلی سے جو بیانات ملیں ان پر جذبہ سے عمل کریں
حیدر آباد میں ہندوستانی عہدہ داروں سے تکلیف پہنچی تو وہ جواب دہ ہونگے
جلسہ عام میں حضرت مولانا حفظ الرحمٰن اور سوامی رامانند کی تقاریر

حیدر آباد (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا حفظ الرحمٰن نے حیدر آباد کے جلسہ عام میں جو تقریر کی تھی مختصر وہ گذشتہ اشاعت میں آ چکی ہے آج حضرت مولانا حفظ الرحمٰن اور سوامی رامانند تیرتھ صدر اسٹیٹ کانگریس کی تقاریر تفصیل سے پیش کی جاتی ہیں:

سوامی جی کی تقریر

سوامی جی نے اپنی تقریر میں کہا:۔

اب ہمیں اپنی پالیسی کو مذاہب کی بنیاد پر نہیں بلکہ معاشی اور اقتصادی بنیاد پر قائم کرنا چاہئے ہندوستان کا دکھ ایک ہی ہے اور سب کو ایک ساتھ مل کر سچائی، کانگریس اور ... کی طرف بڑھنا چاہئے۔

مباحث امروز
نقاد کے قلم سے

عربوں کا منصوبہ

فلسطین کی زبردست ٹریجڈی کے بعد عربوں نے اپنے مستقبل کو شاندار بنانے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے اور اس طرح کہ سات عرب ریاستوں کے درمیان جو عرب لیگ کی ممبر ہیں ایک حفاظتی معاہدہ عمل میں آئے گا، جس کے تحت غالباً عرب ریاستیں اپنے دفاع کے لئے مشترکہ محاذ بنانے کا ارادہ رکھتی ہیں تاکہ اگر کوئی بیرونی حملہ ہو تو وہ اس کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکیں۔

عرب لیگ کی اس کوشش کو ایک نیک کوشش سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ لیکن عربوں کے متحدہ محاذ کا جو حشر فلسطین کی لڑائی کے وقت دنیا دیکھ چکی ہے۔ اس کے پیش نظر کوئی شخص یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ عرب لیگ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہو سکے گی یا نہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ جب تک عرب ممالک اپنے بنیادی اختلافات کو ختم نہ کریں گے اور جن جن ممالک میں مطلق العنان فرمانروائی حکومتیں قائم ہیں ان کا خاتمہ نہ ہوگا اس وقت تک متحدہ محاذ ...

ایسا ملک جس کی اپنی فوج صرف دس ہزار ہو اور بھی اسلحہ جات جدیدہ سے غیر مسلح کس طرح کمیونزم کے سیلاب کو روک سکے گا؟ بہرحال امریکہ کا یہ اقدام کافی دلچسپ ہے، اور اس کے دلچسپ نتائج کا ہمیں انتظار کرنا چاہئے۔

ہند اور ایشیاء کی ترقی

پنڈت جواہر لال نہرو نے کیلی فورنیا یونیورسٹی میں اپنی آخری سیاسی تقریر کرتے ہوئے ایشیاء کی قوموں کی سیاسی اور اقتصادی آزادی پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ چیز صرف ایشیائی عوام کے نقطۂ نظر سے بلکہ امن عالم اور دنیا کے استحکام کے خاطر بھی ضروری ہے۔

پنڈت نہرو اس سے قبل بھی ایشیاء کی ترقی اور ایشیائی قوموں کے اتحاد پر زور دے چکے ہیں۔ دراصل پنڈت جی جب ایسا کہتے ہیں تو پوری دنیا کا نقشہ ان کے سامنے رہتا ہے اور وہ کنوئیں کے مینڈک کی طرح دنیا کو صرف اتنا بڑا نہیں سمجھتا جتنا کہ وہ کنوئیں کے اندر سے نظر آتی ہے۔

... مستقبل کی تباہی سے بچنے کے لئے ایشیاء اور ہندوستان کے لئے ضروری ہے۔ لیکن اگر ہم اپنے مذہب، کلچر اور زبان کے دائروں کو تنگ کر کے اپنی تنگ نظری کی پالیسی پر چلتے رہے۔ تو کیا ہم ایشیاء کی رہبری یا اسے ترقی کے راستے پر ڈال سکیں گے۔

سمندر کی تہ میں لڑنے کے لئے
جنگی بیڑے کی تیاری

لندن، ۳ نومبر۔ اخبار "سنڈے ایمپائر نیوز" کا بیان ہے کہ برطانیہ کے بحری ماہرین نے ایک جنگی بیڑے کا منصوبہ مکمل کیا ہے جو سمندر کی تہ میں بڑے پیمانے پر جنگ کے لئے استعمال کیا جا سکے گا۔ اخبار مذکور نے اس سلسلے میں مندرجہ ذیل تفصیلات شائع کی ہیں۔

آبدوزوں کا مجوزہ بیڑہ بالکل اسی طرح سے پانی میں جنگ، دفاع اور تعاقب کر سکے گا جس طرح سے سطح سمندر کے جنگی بیڑے کر سکتے ہیں ...

... یہ آبدوزیں اس قدر تیز رفتار ہوں گی کہ آبدوزوں کا شکار کرنے والے موجودہ جہاز بیکار ثابت ہوں گے۔ (مکمل)

فیڈرل کورٹ میں پریوی کونسل کا پہلا مقدمہ شروع ہو گیا

دہلی یکم نومبر۔ فیڈرل کورٹ آف انڈیا کے فل بنچ کے روبرو آج پہلی درخواست پیش ہوئی جس فیڈرل کورٹ دہ اختیارات استعمال کرے گی جو اس سے پہلے پریوی کونسل لندن کو حاصل تھے۔ یاد رہے کہ ۶۰ سال سے ہندوستان کی تمام اپیلیں کونسل میں ہوتی تھیں۔ (یو۔ پی۔ آئی)

آج کا دن مبارک ہے کہ ڈچ نوآبادیاتی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا
مشرق و مغرب کے مابین جھگڑوں میں ہند غیر جانبدار نہیں رہیگا

دونوں قومیں ایک دوسرے کیساتھ آزاد خود مختار تعلقات رکھیں گی
ہیگ کانفرنس میں سمجھوتہ کے موقع پر جمہوری اور ڈچ وزیر اعظموں کی تقریریں

(بقیہ صفحہ اول)

قرارداد میں کہا گیا ہے کہ انڈونیشیا جھگڑے کا ایک مناسب اور پائیدار حل باہمی تعاون اور اشتراک سے نکل آیا ہے۔

تصدیق۔ قرارداد میں مسودہ سمجھوتہ کا ذکر ہے جس میں اقتدار اعلیٰ کا انتقال اور انڈونیشیا یونین کا قانون شامل ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ اس کو تسلیم کرنے کے بعد ان تمام دستاویزات کو جو ان سے متعلق ہیں منظور خیال کیا جائے گا۔

ڈاکٹر حتیٰ نے سب سے پہلے دستخط کئے ان کے بعد سلطان حمید ... دستخط کئے پھر ڈاکٹر ... اور تمام ... کمیشن کے تین ممبروں نے دستخط کئے۔ سب کے آخر میں چیرمین نے دستخط کئے اور تمام دستخط کرنے والے ممبروں نے چیرمین سے مصافحہ کیا۔

تمام قوموں کے باشندوں کو مساوی حقوق حاصل ہوں گے۔ لیکن انڈونیشیا کی حکومت ڈچ باشندوں کو مراعات دینے پر غور کرے گی ...

تہذیبی اتحاد

افواج کی تربیت

ناخوشگوار واقعات کا خاتمہ

ایشیا کی بیداری کا تقاضہ ہے کہ وہ دنیا کو نیا پیغام دے
ملکی تعلیم کے منصوبہ میں تعلیم بالغان کی اہمیت
میسور میں یونسکو کے سیمینار میں مولانا ابوالکلام آزاد کی افتتاحی تقریر

سان فرانسسکو کے کلب میں وزیر اعظم ہند کی تقریر
حیدر آباد اور کشمیر کے معاملات پر حکومت ہند کی پالیسی کی وضاحت

سان فرانسسکو ۳ نومبر۔ گذشتہ رات پنڈت نہرو نے سان فرانسسکو پریس کلب میں ایک تقریر کرتے ہوئے ...

یونان سے برطانوی فوجوں کی واپسی
وزیر اعظم یونان کا افسوس

سوال:۔ ہندوستان امریکہ سے کس قسم کی مالی امداد کی توقع رکھتا ہے؟

جواب:۔ میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ ہم کچھ فنی امداد حاصل کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم اپنی صنعتوں کو فروغ دے سکیں

جنوبی اٹلی میں کسانوں کی باغیانہ سرگرمیاں
نجی جائدادوں پر قبضہ کی وارداتیں

تعلیم یافتہ لوگوں کی جبری بھرتی

استادوں کی فراہمی کا مسئلہ

تعلیم بالغان کی اہمیت

سکھ صوبہ کا مطالبہ اس لئے کیا گیا ہے کہ مشرقی پنجاب کے ہندو تنگ نظر فرقہ پرست بن گئے ہیں

سکھ اپنے صوبہ کے اندر ہندوؤں کی بالادستی سے آزاد ہونگے
ایک پریس کانفرنس میں ماسٹر تارا سنگھ کا بیان

نئی دہلی ۳ نومبر۔ ماسٹر تارا سنگھ نے ایک ملاقات میں کہا کہ مشرقی پنجاب کے ہندو بہت ہی تنگ نظر فرقہ پرست بن گئے ہیں اور انہوں نے ان وعدوں کو بھلا دیا ہے جو سکھوں سے کئے گئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ سکھوں کی طرف سے مشرقی پنجاب میں ایک الگ صوبہ کا مطالبہ کیا گیا ہے اور صرف اسی طریقہ سے سکھوں کی شکایات دور ہو سکتی ہیں۔

ماسٹر تارا سنگھ نے مجوزہ سکھ صوبہ کی سرحدات کی تشریح نہیں کی۔ بلکہ صرف اتنا کہا کہ یہ ایک تفصیلی معاملہ ہے جس پر بعد کو بحث ہو سکتی ہے۔ اس تجویز کو منظور کرنا پہلا بنیادی مسئلہ ہے۔

ماسٹر تارا سنگھ نے کہا کہ جالندھر، انبالہ اور فیروز پور کے علاقوں کی جہاں پنجابی بولی جاتی ہے ایک الگ صوبہ میں تشکیل کی جا سکتی ہے اور اگر یہ یونٹ اقتصادی لحاظ سے ...

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

دہلی کی عدالتوں میں ہندی کا استعمال شروع

دہلی ۳ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ دہلی میں ہندی کو بھی عدالتی زبان بنا دی گئی ہے اور آئندہ اردو اور انگریزی کے علاوہ ہندی میں بھی عدالتوں میں درخواستیں دی جا سکیں گی ہندی کو بھی عدالتی زبان بنانے کا فیصلہ چیف کمشنر کی مشاورتی کونسل میں کیا گیا تھا۔

پنڈت نہرو کا سردار پٹیل کو تار

نئی دہلی ۳ نومبر۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل کو پنڈت جواہر لال نہرو نے کیلیفورنیا سے مندرجہ ذیل تار ارسال کیا ہے:

"آپ کے جنم دن پر دلی مبارکباد، آپ ہندوستان کی خدمت کے لئے دیر تک جئیں۔" (پریس ٹرسٹ انڈیا)

مرکز کیلئے چار نئے وزیر

نئی دہلی ۳ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند سنٹرل سکریٹریٹ کی از سر نو تنظیم کی سکیم پر غور کر رہی ہے اس سلسلہ میں ایک سفارش یہ بھی ہے کہ سنٹرل کیبنٹ میں چار نئے وزیر بڑھائے جائیں (اے پی)

ہندوستان کی عذر پارلیمنٹ امریکہ میں
پنڈت نہرو کی ملاقات

سرکاری مال خانہ میں چوری

صوبہ یو۔ پی کا نیا نام رکھا جائیگا

یوم لاجپت رائے منانے کی اپیل

جالندھر ۳ نومبر۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو ... پنجاب کانگریس کمیٹی نے کل ایک بیان میں صوبائی عوام سے ۱۷ نومبر کو یوم لاجپت رائے منانے کی اپیل کی۔ (پ ٹ ا)

مقتول بیوی عدالت میں پہنچ گئی

سیتی کاشمیری کو نظر بند کر دیا گیا

ہزار روپیہ انعام
طاقت مفت
لٹریچر اور مشورہ مفت لے کر آپ کو نیم حکیموں کی پہچان ہو جائے گی۔ نامردی اکمزوری ناطاقتی کے علاج میں کئی خاص خاص راز ہوتے ہیں۔ نامردی وغیرہ کا نمونہ ... دھوکہ کھانے والے ہیں خود ملیں۔ بشکریہ شرط لکھوا کر علاج کرا لیں اور قیمت بیک آرام کے بعد دیں۔ جعلی کالیراسان دیکھ کر دنگ رہ جاؤ گے۔ گارنٹی۔ ہمارے مکمل علاج سے کئی مریض صحت حاصل کر چکے ہیں۔ جعلی اشتہار بازی سے تھکے ہوئے مریض آئیں۔ ہماری گارنٹی کو جھوٹا ثابت کریں تو ہزار روپیہ نقد انعام
منیجر دی نیرو فارمیسی رجسٹرڈ آیورویدک دریا گنج نمبر ۹ دہلی

جمعیت العلماء کی خبریں

مسلمان جمعیۃ العلماء کے فدائی ہو جائیں تب ہی جمعیۃ مذہبی خدمت انجام دے سکتی ہے

حضرت مولانا بشیر احمد صاحب صدر یو پی کا بیان

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) حضرت مولانا بشیر احمد صاحب صدر جمعیۃ العلماء یو پی نے اپنے تبلیغی دورہ سے واپسی پر مندرجہ ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے۔

میں ۸ اکتوبر کو اپنے دورے سے واپس آیا۔ میرے ساتھ مستقل مولانا عبد المجید صاحب اعظمی انچارج دفتر جمعیۃ العلماء صوبہ یو پی رہے۔ فیض آباد میں مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ اور اعظم گڑھ سے گورکھپور تک مولانا ابو الوفا صاحب ... رہے۔ میرا ادبی فرض یہ ہے کہ میں اپنے ان ساتھیوں کا شکریہ ادا کروں جنہوں نے اپنے چھوٹے کو بڑا بنا کر اس کے ساتھ احترام و خدمت کا مظاہرہ کیا جس سے بعض وقت مجھ کو ندامت بھی ہوتی تھی۔

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ یو پی کی الہ آباد میں مصروفیتیں

الہ آباد (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء یو پی ... سے الہ آباد تشریف لائے۔ اسٹیشن پر شاہد فاخری صاحب ایم۔ اے ... ورکنگ صدر صوبہ جمعیۃ ... ناظمین جمعیۃ نے آپ کا استقبال کیا۔

ناظم جمعیۃ علماء الہ آباد کی اپیل

مسلمانان کانپور سے اپیل

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہند یونین میں صحیح جمہوری اور غیر فرقہ وارانہ فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کر کے ایک صلح اور توانا اتحاد کی بھی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پُرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں با عزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر نام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

دار العلوم دیوبند کی توہین مسلمانان عالم کی توہین ہے

اجمیر، خورجہ اور ڈنگرا میں احتجاجی جلسے اور مذمتی قراردادیں

خورجہ (بذریعہ ڈاک) مسلمانان خورجہ کا ایک جلسہ جامع مسجد میں بصدارت جناب امام صاحب جامع مسجد منعقد ہوا۔ مولانا محمد ذکی صاحب ... صدر جمعیۃ علماء خورجہ نے فسادات دیوبند اور دار العلوم دیوبند کی غیر آئینی تلاشی پر اور دار العلوم دیوبند کی پوزیشن پر ایک مختصر اور جامع تقریر فرمائی۔

مولانا موصوف نے بتایا کہ کس طرح دار العلوم دیوبند کی پولیس نے تلاشی لے کر ایک عظیم اسلامی یونیورسٹی کی توہین کی۔

اجمیر میں احتجاجی جلسہ

تجویز

ڈنگرا میں احتجاج

دہرہ دون میں کمانڈر انچیف کی تقریر

دہرہ دون یکم نومبر۔ کمانڈر انچیف جنرل کریاپا نے ...

وزیر اعظم سوراشٹر کا نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کو خراج تحسین

سہارنپور ضلع پولیٹیکل کانفرنس

مسٹر وینکٹ راؤ کا بیان

غیر فولادی آمیز دھاتوں کا مسودہ معیار

موضع شکر پور کے زمینداروں کا ...

پانچ بڑی طاقتوں کے باہمی مشورہ / مجلس تحفظ کے صدر کا انکشاف

مراد آباد احرار خدام خلق کا فیصلہ

جنرل کریاپا سہارنپور میں

چھوٹے اوزاروں کا مسودہ معیار

سرخ چین اور حکومت سیلون

وزیر اعظم سیلون کا بیان

مشرقی پنجاب میں گورنر راج کی مذمت

گیانی کرتار سنگھ کا بیان

ویٹ منہ گوریلوں کا جنوبی چین پر حملہ

"محبت کرنے کے لئے وقت ہی نہیں ملا"

"مس آسٹریلیا ۱۹۴۹ء" کو شکایت

"سرخ پریگ" دیکھنے کا نتیجہ

الجمعیۃ بکڈپو کی شائع کی ہوئی چند کتابیں

جو جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں رہنی ضروری ہیں

جمعیۃ علماء کیا ہے۔ حصہ اول	۶/
دوم	۴/

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل (از جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی)

موجودہ دور میں اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی موجودہ پوزیشن کو صحیح طور پر سمجھ سکے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کر سکے۔ قیمت صرف دس آنہ (۱۰/)

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق۔ پنڈت سندر لال جی کی بہترین تصنیف	۸/
ہمارا ہندوستان اور اس کے فضائل۔ قیمت	۲/
جمعیۃ علماء کی شرعی اہمیت ...... قیمت	۱/
اسلام کا اقتصادی نظام ...... مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی مشہور کتاب	۵ عہ
مسلمانوں کا نظم مملکت ...... ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی بہترین کتاب	عہ
اصلاح الرسوم ...... قیمت	۱۲/
تعلیم الدین	۴/

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید سپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

عشرہ محرم پر مسلمانان دہلی کا عظیم الشان اجتماع

جامع مسجد دہلی میں علماء کرام کی تقریریں

ڈاک محکمے کے نئے اوقات

جنرل پوسٹ آفس اور آر ایم ایس

ہوائی پارسل

فی الحال مشرق میں کسی بڑی جنگ کا خطرہ نہیں

ایشیائی معاملات کے مشہور جاپانی ماہر کی رائے

مولانا آزاد کی تقریر

کشادہ دلی اور رواداری

خط کتابت کے وقت ... حوالہ ضرور دیجئے

پاک ایئر لمیٹڈ

سروس باقاعدہ مقررہ

دہلی تا کراچی / لاہور / راولپنڈی / پشاور

اوقات

دہلی - کراچی

ہر منگلوار

روزانہ

لاہور - راولپنڈی - پشاور

(ہر سوموار - بدھ - ... سنیچروار)

مزید معلومات مقامی ایجنٹ سے دریافت کیجئے۔

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ

ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے

ڈاکٹر شرما، ۷ جی بی روڈ دہلی سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

دستکاریاں ... جنرل ... دہلی

جیون

رسائن

صدیقی دواخانہ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان

دونوں طرف کی پبلک کو آمد و رفت اور روانگی سامان میں بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے آپ کی خدمات کے لئے

ہوائی جہاز و ریل اور لاری کے ذریعے

سفر کی ٹکٹیں، تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت اور ارزاں اجرت پر بھیجنے کا انتظام کیا ہے۔

پرشاد برادرز

فون نمبر 6841

نمبر ۲۶۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

بین المملکتی حد بندی کمیشن کے صدر

رنگون میں "تاموے" کی گرفتاری

... کابینہ نے حلف اٹھا لیا

انڈونیشی سیاسی قیدیوں کو عام معافی کا حکم دیدیا گیا

نظام کے سونے کی قیمت گرانے کی کوشش، بمبئی کے کاروباری حلقوں میں گھبراہٹ

ریزرو بینک کی طرف سے سونے کی فروخت بند ہو جانے کا امکان

ڈاکٹر عبد الرحیم سوکارنو انڈونیشیا کے پہلے صدر ہوں گے

گولمیز کانفرنس کے اختتام کے بعد ...

مسلمان جمعیۃ العلماء کے فدائی ہو جائیں تب ہی جمعیۃ مذہبی خدمت انجام دے سکتی ہے

حضرت علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی کا بیان

[illegible]

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ یو۔پی کی الہ آباد میں مصروفیتیں

[illegible]

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر فرقہ وارانہ فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کرکے ایک صالح اور توانا اتحاد کی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل، اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

دارالعلوم دیوبند کی توہین مسلمانان عالم کی توہین ہے

اجمیر، خورجہ اور ڈنگرا میں احتجاجی جلسے اور مذمتی قراردادیں

[illegible]

اجمیر میں احتجاجی جلسہ

[illegible]

تجویز

[illegible]

ڈنگرا میں احتجاج

[illegible]

دہرہ دون میں کمانڈر انچیف کی تقریر

[illegible]

وزیر اعظم سوراشٹر کا نائب وزیر اعظم سردار پٹیل کو خراج تحسین

[illegible]

سہارنپور ضلع پولیٹیکل کانفرنس

[illegible]

مسٹر وینکٹ راؤ کا بیان

[illegible]

غیر فولادی آمیز دھاتوں کا مسودہ معیار

[illegible]

چھوٹے اوزاروں کا مسودہ معیار

[illegible]

پانچ بڑی طاقتوں کا باہمی مشورہ

مجلس تحفظ کے صدر کا انکشاف

[illegible]

موضع شکر پور کے زمینداروں و کاشتکاروں میں جھگڑا ہو گیا

[illegible]

مراد آباد احرار خدام خلق کا فیصلہ

[illegible]

جنرل کریاپا سہارنپور میں

[illegible]

مشرقی پنجاب میں گورنر راج کی مذمت

گیانی کرتار سنگھ کا بیان

[illegible]

سرخ چین اور حکومت سیلون

وزیر اعظم سیلون کا بیان

[illegible]

"محبت کرنے کے لئے وقت ہی نہیں ملا"

"مس آسٹریلیا ۱۹۴۹ء" کو شکایت

کولمبو ۲ نومبر۔ مس آسٹریلیا ۱۹۴۹ء (جون جیس) اپنے وطن جاتے ہوئے اس ہفتے یہاں سے گذریں۔ [illegible]

"سرخ پرچم دیکھنے کا نتیجہ"

[illegible]

ویٹ منہ گوریلوں کا جنوبی چین پر حملہ

[illegible]

ناظم جمعیۃ علماء الہ آباد کی اپیل

[illegible]

مسلمانان کانپور سے اپیل

[illegible]

الجمعیۃ بکڈپو کی شائع کی ہوئی چند کتابیں
جو جمعیۃ علماء کے ہر ایک دفتر میں رہنی ضروری ہیں

جمعیت علماء کیا ہے۔ حصہ اول ۶/ دوم ۴/

مسلمانوں کی موجودہ مشکلات اور ان کا حل (از جناب سید محمد احمد صاحب کاظمی)
موجودہ دور میں اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ اپنی موجودہ پوزیشن کو صحیح طور پر سمجھ سکے اور اپنی پریشانیوں کا علاج کر سکے۔ قیمت صرف دس آنہ (۱۰/)

مہاتما گاندھی کی قربانی سے سبق۔ پنڈت سندر لال جی کی بہترین تصنیف ۸/

ہمارا ہندوستان اور اس کے فضائل۔ قیمت ۲/

جمعیۃ علماء کی شرعی اہمیت۔ قیمت ۱/

اسلام کا اقتصادی نظام۔ مولانا حفظ الرحمن صاحب کی مشہور کتاب صہ

مسلمانوں کا نظم مملکت۔ ندوۃ المصنفین دہلی کی شائع کی ہوئی کتاب

اصلاح الرسوم۔ قیمت ۳/

تعلیم الدین ۳/

ہر قسم کی علمی و مذہبی اور تاریخی و سیاسی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

فی الحال مشرق میں کسی بڑی جنگ کا خطرہ نہیں

ایشیائی معاملات کے مشہور جاپانی ماہر کی رائے

[illegible]

خدا کے لئے وقت جب تم [illegible]

[illegible]

عشرہ محرم پر مسلمانان دہلی کا عظیم الشان اجتماع

جامع مسجد دہلی میں علماء کرام کی تقریریں

[illegible]

ڈاک نکلنے کے نئے اوقات

[illegible]

جنرل پوسٹ آفس اور آر ایم ایس

[illegible]

ہوائی پارسل

[illegible]

مولانا آزاد کی تقریر

بقیہ صفحہ ۲

[illegible]

کشادہ دلی اور رواداری

[illegible]

پاک ایئر لمیٹڈ

سروس باقاعدہ مقررہ

دہلی تا کراچی، لاہور، راولپنڈی، پشاور

اوقات

دہلی - کراچی
ہر منگلوار

دہلی - لاہور
روزانہ

لاہور - راولپنڈی - پشاور

مزید معلومات مقامی ایجنٹ سے دریافت کیجئے۔

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ، کناٹ سرکس، نئی دہلی

علاج بجلی و پوشیدہ امراض
کیلئے
ڈاکٹر شرما، جی بی روڈ دہلی
سے ملیں

دستکاریاں
جنرل بک ڈپو۔ دہلی

جیون

آئن

صدیقی دواخانہ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

رجسٹرڈ ایل ۵۲۳۲

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر 6841

ہدیہ بیرونی ہوائی ڈاک ۳ ٫ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار ۱۴ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۶ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان اور پاکستان
کے درمیان
دونوں طرف کی پبلک کو آمد و رفت اور روانگی سامان میں بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسی کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم نے آپ کی خدمات کے لئے
ہوائی جہاز، ریل اور لاری کے ذریعے
سفری ٹکٹیں، تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت اور ارزاں اجرت پر بھیجنے کا انتظام کیا ہے۔
نوٹ:- ہوائی جہاز کے سفر اور مال کی بکنگ پہلے کرا لینے سے دقت پیش نہیں آتی۔
پرشاد برادرز
[illegible] اردو بازار جامع مسجد دہلی۔

ہندوستان و پاکستان
کے درمیان
[illegible]
گپتا برادرس ایجنٹس
[illegible]

ہندوستان امریکہ سے فالتو پُرزے اور ہوائی جہاز خرید رہا ہے

لیکن پنڈت نہرو نے اسلحہ جات کیلئے کوئی درخواست نہیں کی

واشنگٹن کی ایک پریس کانفرنس میں وزیر اعظم ہند کا اہم اعلان

انڈونیشیا کے متعلق اظہار مسرت اور ہند چینی میں باؤ دائی کی حکومت کی مخالفت

واشنگٹن ۴ نومبر- پنڈت جواہر لال نہرو نے کل یہاں ایک پریس کانفرنس میں ہند چینی کا ذکر کیا اور کہا کہ ہندوستان کی خواہش یہ ہے کہ وہاں اسی قسم کی حکومت قائم ہونی چاہیئے جیسی وہاں کے لوگ پسند کریں۔ اگر اوپر سے کوئی حکومت ہند چینی کے باشندوں پر تھوپی جائے گی تو وہ کامیاب نہیں ہوگی۔

جب باؤ دائی کی حکومت کے متعلق وزیر اعظم ہند سے پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ "میرا اپنا اثر یہ ہے کہ باؤ دائی کی حکومت کوئی زیادہ کامیاب حکومت نہیں ہے" [illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

رنگون میں "تاموے" کمیونسٹ گرفتار

رنگون [illegible] نے قبضہ کر لیا ہے۔ یہ جگہ رنگون سے [illegible] اور وہ کمیونسٹوں کا بہت بڑا مرکز ہے [illegible] رنگون میں گرفتار کر لیا گیا [illegible] (رائٹر)

بین المملکتی حد بندی کمیشن کے صدر

کراچی ۴ نومبر- [illegible] مسٹر جسٹس [illegible] ۲۳ نومبر کو [illegible] سوئیڈن کے مشہور جج ہیں اور بین المملکتی حد بندی کمیشن کے چیرمین مقرر کئے گئے ہیں۔ (اے پی پی رائٹر)

انڈونیشی سیاسی قیدیوں کو عام معافی کا حکم دیدیا گیا

بٹاویہ ۴ نومبر- [illegible] تمام سیاسی قیدیوں [illegible] انڈونیشی [illegible] عام معافی [illegible] ہوگی۔ (رائٹر)

حسین سری پاشا کی نئی کابینہ نے حلف اٹھایا

نئی کابینہ تیرہ وزیروں پر مشتمل ہے

قاہرہ ۴ نومبر- کل وزیر اعظم مصر حسین سری پاشا کی نئی کابینہ نے حلف اٹھایا۔ اس کابینہ میں [illegible] افراد پر مشتمل ہے۔ حسین سری پاشا کے پاس امور داخلہ اور امور خارجہ کے محکمے بھی ہیں۔

دیگر وزراء کے نام یہ ہیں۔ حسین عنان پاشا [illegible] طالب سامی پاشا (تجارت و صنعت) ڈاکٹر ابراہیم سوکی بے (صحت) عبد الخالق حسنی پاشا (سماجی معاملات) محمد رشادی پاشا (تعلیم) مصطفیٰ [illegible] پاشا (امور عامہ) مفتی خز اباز بے (اوقاف) سید [illegible] پاشا (عدلیہ) محمد ہاشم بے (وزیر ریاست) محمد حمید پاشا (جنگ بحریہ) محمد راتب بے (رسد) اور محمد علی علوی پاشا (مواصلات)۔ (رائٹر اے پی)

خان قلات کے بھائی کو
سیشن جج کی عدالت سے پھانسی کی سزا

کوئٹہ ۴ نومبر (اے پی ایس) [illegible] خان قلات کے چھوٹے بھائی شہزادہ محمد رحیم [illegible] سیشن جج کی عدالت سے اپنی بیوی کو قتل کرنے کے الزام میں پھانسی کی سزا دی گئی ہے۔

عراقی یہودیوں پر مظالم نہیں ہو رہے

واشنگٹن- دہلی ٹی آئی- رائٹر- کل امریکہ نے اسرائیل [illegible] کہ وہ عراق کے خلاف اس کے اس الزام کو [illegible] کوئی وجہ نہیں دیکھتا [illegible] اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے کہا کہ عراقی یہودی کچھ قید [illegible] ان کی تعداد اس سے بہت زیادہ کم ہے جتنی کہ [illegible] کی طرف سے بتائی جاتی ہے۔

الجمعیۃ
کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر
اپنی غیرت قومی اور احساس فرض
کا ثبوت دیجئے۔ منیجر

نظام کے سونے کی قیمت گرانے کیلئے بمبئی کے کاروباری حلقوں کی کوشش

ریزرو بنک کی طرف سے سونے کی فروخت بند ہو جانے کا امکان

بمبئی ۴ نومبر- ریزرو بنک نے جمعرات کو سونا فروخت نہیں کیا۔ کیونکہ بنک کی مطلوبہ قیمت کسی نے نہیں دی۔ بنک دس ہزار تولہ سونا فروخت کرتا ہے۔ لیکن کل صرف ایک ہزار [illegible] کے ٹنڈر دئیے گئے ہیں۔

[illegible]

گرونانک کی سالگرہ منانے کیلئے ۶۵ سکھ زائرین کا جتھا ننکانہ صاحب پہنچ گیا

سرحد پر اعلیٰ افسران اور مسلمانوں کی طرف سے پر جوش خیر مقدم

ننکانہ صاحب مسلم لیگ کی طرف سے زائرین کو دعوت اور چائے پارٹی

لاہور ۴ نومبر (اے پی) [illegible]

سردار پٹیل پلالی میں آرام کریں گے

نئی دہلی ۴ نومبر- سردار پٹیل [illegible] پلالی چلے جائیں گے۔ جہاں وہ کچھ عرصہ آرام کریں گے۔ [illegible]

کشمیر کے معاملات کا محکمہ
مسٹر لیاقت علی نے چارج لے لیا

کراچی ۴ نومبر- حکومت پاکستان کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے [illegible] کشمیر کے معاملات کا [illegible]

امن کانفرنس کی استقبالیہ کمیٹی

کلکتہ ۴ نومبر- امن عالم کی کانفرنس کے سلسلہ میں [illegible]

ریلوے ملازموں سے حج پرمٹ کی اپیل

[illegible]

واشنگٹن میں یورپ کی آٹھ حکومتوں کو مسلح کرنے کی بات چیت شروع ہو گئی

یوگوسلاویہ کو بھی ہوائی جہاز اور دوسرا سامان دیا جائیگا

واشنگٹن ۴ نومبر (یو پی) ڈی آئی رائٹر) کل امریکہ نے آٹھ مغربی طاقتوں سے اسلحہ اور فوجی امداد کے معاہدے کے تحت ایک اسیمبلی [illegible] کے متعلق گفت و شنید شروع کی۔

[illegible]

ڈاکٹر عبد الرحیم سوکارنو انڈونیشیا کے پہلے صدر ہوں گے

گول میز کانفرنس کے اختتام کے بعد انڈونیشی ممبر گھر واپس جا رہے ہیں

دی ہیگ ۴ نومبر- [illegible]

سنگھی لیڈر کے خلاف مظاہرہ
آٹھ افراد زخمی ہو گئے

[illegible]

ٹریڈ یونین کانگرس کے دفتر کی تلاشی

[illegible]

ریاست جموں اور کشمیر میں جنگ بندی کی نئی سرحد مقرر ہو گئی!!

فوجیں نئی پوزیشنوں پر بغیر کسی حادثہ کے پہنچ گئیں

اقوام متحدہ کے فوجی کنٹرول کے دفاتر سے اعلان

[illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

Daily Aljamiat
DATE 5-11-49
1923

نواب معین نواز جنگ کے خلاف لندن میں مقدمہ

مقدمہ کی سماعت اگلے پیر کو ہوگی!

حیدرآباد کا روپیہ غیر ملک کو منتقل کرنے کا الزام

لندن ۴ نومبر- حیدرآباد کے سابق وزیر خزانہ نواب معین نواز جنگ سے ۱،۰۰۷،۹۴۰ پونڈ وصول کرنے کے لئے نظام حیدرآباد کا دعویٰ آئندہ پیر کو برطانوی ہائیکورٹ میں پیش ہوگا۔ [illegible] ہائیکورٹ اس کی اجازت دے گی اور اس کی منظوری برطانیہ کے محکمہ خارجہ اور امریکہ کے محکمہ خارجہ سے لینی پڑے گی۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ جب نظام نے اقوام متحدہ [illegible] تھا اس نے اپنے [illegible] ۱،۰۰۷،۹۴۰ پونڈ وصول کرنے کے لئے [illegible] حکومت حیدرآباد کے حساب میں [illegible] نواب معین نواز [illegible]

(اے پی)

تلاش گمشدہ

[illegible]

براق کی نمائش

[illegible]

صدر بازار کے بے شمار رضیوں کی اجلاس

[illegible]

سرخ چین کے رہنماؤں کے درمیان کشمکش کا امکان
ماؤزے تنگ کی کامیابی کی توقع

[illegible]

امریکہ برطانیہ اور کینیڈا کے درمیان
ایٹمی رازوں کا تبادلہ

واشنگٹن ۴ نومبر- توقع کی جاتی ہے کہ جلد ہی امریکہ برطانیہ اور کینیڈا کے درمیان بڑے پیمانے پر ایٹمی رازوں کا تبادلہ شروع ہو جائے گا۔ [illegible]

اسپین میں دہشت پسندی کی ہلاکت

میڈرڈ ۴ نومبر- [illegible]

برما کا مشہور تاجر آزاد کرا لیا گیا

رنگون ۴ نومبر- ۶۵ سالہ ہندوستانی تاجر [illegible]

صدر ٹرومین کی تقریر (بقیہ صفحہ اول)

مذہبی اعتقاد

[illegible]

حیدرآباد کی خود مختاری کا خاتمہ ضروری تھا

پنڈت نہرو کی تقریر (بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

حیدرآباد میں پولیس ایکشن

[illegible]

کشمیر کا مسئلہ

[illegible]

دو قوموں کا نظریہ

[illegible]

سوشلسٹ مغربی بنگال کا انتخاب لڑینگی

کلکتہ ۴ نومبر- ہندوستان کی سوشلسٹ پارٹی نے مغربی بنگال کے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کر لیا ہے [illegible] (اے پی)

مزدوروں کی آزاد عالمی تنظیم!

[illegible]

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل

[illegible]

[redacted]

روزنامہ
الجمعیۃ

۶ / نومبر ۱۹۴۹ء

بیروزگاری

حکومت نے ملک کے لئے تعمیر کا جو نقشہ بنایا تھا وہ شاید صحیح اندازہ پر مبنی نہ تھا کیونکہ نئے حالات پیدا ہوئے اور اقتصادی ڈھانچہ کا جائزہ لیا گیا تو حکومت کو بھی احتیاط سے کام لینا پڑا اور بہت سے کام ملتوی کر دئے گئے۔ جن کا روزگار کا مسئلہ ...... حکومت کے تعمیری کاموں سے وابستہ ہے اور اس کا انحصار اس پر ہے کہ مزدور کی محنت ضائع نہ ہو اور اسے صحیح اور محل سے کام میں لایا جائے اس لئے تعمیری کاموں کے بند ہونے اور کارخانوں کے تعطل سے ضروری ہے کہ بے روزگاری بڑھے، ملک میں بے اطمینانی اور انتشار کی کیفیت پیدا ہو اور مزدور طبقہ اور اوسط درجہ کے عوام روٹی کے لئے محتاج ہوں۔ اگر یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے تو ہم اس پر یہاں کے عوام کو مبارکباد نہیں دے سکتے، اس کے بعد تو ہمارا فرض ہو جاتا ہے کہ ایسے حالات پر قابو پانے کی کوشش کریں اور ملک کو بے روزگاری کی بلا سے بچائیں۔

حکومت کے ایک کمیونک میں بتایا گیا ہے کہ ۱۹۴۸ء میں روزگار کا معیار گر گیا ہے کیونکہ اس لئے کہ بہت سے سرکاری دفتروں میں تخفیف عمل میں لائی گئی ہے، متعدد کارخانے بند ہو گئے ہیں، صنعتی ترقی کی اسکیموں کو چلانے کا خیال بدل دیا گیا ہے اور حکومت انہیں ملتوی کرکے اقتصادی توازن کو بحال کرنا چاہتی ہے ظاہر ہے کہ ان اسکیموں کے تعطل کے بعد [illegible] بڑھے گی اور بے روزگاری سے عوام میں ہیجان پیدا ہوگا، لیکن ہماری یہ خوبی نہیں کہ کاموں کو ملتوی کرکے مزدوروں کو بے سہارا بنا دیا جائے انہیں روٹی اور کپڑے تک سے محروم کر دیا جائے اس کا سارا الزام حکومت پر نہیں رکھنا چاہئے کیونکہ جن حالات کو ملک کی [illegible] [illegible]

سے ہو سکتی ہے اس تخفیف سے جیسے لوگوں کو تو نقصان نہ ہوگا لیکن لاکھوں انسانوں کو روزی مل سکے گی اور حکومت کے تعمیری کام بھی انجام پاتے رہیں گے۔ یہ بات تو کسی طرح مناسب نہیں کہ بڑے لوگوں کو ان کی ضروریات سے کہیں زیادہ ملتا رہے اور کفایت شعاری کے لئے ان لوگوں کو تختۂ مشق بنایا جائے جو اپنی محنت کرنے کے بعد ہی اپنا پیٹ بھر سکتے ہیں اور جن کی تعداد بڑوں کے مقابلہ میں کہیں زیادہ ہے۔

ہماری بنیادی غلطی یہ ہے کہ ہم بے روزگاری کا بیان کرکے اپنے فرض سے سبکدوش ہونا چاہتے ہیں حالانکہ ایسے اسباب کی موجودگی ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت ان پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہو سکی [illegible] اگر حکومت صرف اتنا ہی کرے کہ بڑے لوگوں کی بڑی بڑی تنخواہوں میں ایک تہائی کی تخفیف کر دے اور سرمایہ داروں کے منافع پر ٹیکس کی پوری مقدار نکالے تو لاکھوں بے روزگاروں کو معقول روزگار مل سکتا ہے اور حکومت کے تعمیری کام بھی آسانی سے انجام پا سکتے ہیں۔

جہاں تک کارخانوں کی بندش کا تعلق ہے یہ بات ظاہر ہے کہ کارخانہ دار ملک کی ضروریات کو پیش نظر نہیں رکھتے بلکہ زیادہ سے زیادہ نفع کمانا چاہتے ہیں اور آج کل نفع کی شکل یہ ہے کہ کم سے کم مال پیدا کرو اور اسے زیادہ سے زیادہ قیمت پر فروخت کرو [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

قل ۔ تا ۔ صدقین (پ ۲۸ ع ۱۱)

یہودیوں سے کہو کہ اگر تمہارا گمان یہ ہے کہ تم ہی دوسروں کی بہ نسبت خدا کے چہیتے ہو تو موت کی آرزو کرکے دکھاؤ اور موت کی دعوت دے کر اپنی سچائی کا ثبوت دو۔ لیکن ان لوگوں کے کرتوت ایسے نہیں ہیں کہ موت کو دعوت دیں اور اللہ ظالموں کے ظلم سے بے خبر نہیں ہے۔

یہود کا دعویٰ تھا کہ وہ خدا کے محبوب اور چہیتے ہیں اور وہ گناہ گار ہونے کے باوجود بھی بخشے جائیں گے فرمایا کہ اگر ان کا حساب پاک ہے اور وہ خدا کے لاڈلے ہیں تو ذرا موت کو تو دعوت دے کر دیکھیں! جس شخص کو اپنی نجات کا یقین ہو وہ موت کا استقبال کرتا ہے تاکہ اسے جلد سے جلد خدا کا وصل حاصل ہو جائے لیکن چونکہ یہ اپنے دعوے میں جھوٹے ہیں اس لئے وہ موت کی تمنا کبھی نہیں کریں گے۔ یہاں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جو شخص خدا سے محبت کرتا ہے وہ موت سے کبھی نہیں ڈرتا

انسانی امیدوں کا سہارا — مجلس اقوام متحدہ

(ولیم اسٹیڈ کے قلم سے)

پہلی جنگ عظیم کے بعد لیگ آف نیشنز وجود میں آئی۔ اس کا مقصد دنیا میں قیام امن تھا۔ مگر یہ اپنے مقصد میں ناکام رہی۔ [illegible]

[illegible]

جب اہل اسلام نے ہجرت کی تھی تو ان کے ساتھ کتنے مسلمان تھے

مغربی بنگال میں تو ۵۶ لاکھ مسلمان آباد ہیں

خوف اور ڈر دلوں سے نکالنے کیلئے مسلمانوں سے ڈاکٹر گھوش کی اپیل

کلکتہ ۔ ۴ نومبر

ڈاکٹر پی سی گھوش سابق وزیر اعظم مغربی بنگال نے مسلم انسٹی ٹیوٹ کلکتہ کے زیر اہتمام انسٹی ٹیوٹ ہال میں جلسۂ یوم شہادت حسین میں صدارتی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں امسال محرم منائے جانے کے سلسلے میں اکھاڑوں کے نکالے جانے یا نہ نکالے جانے کا حوالہ دیا اور کہا جب میں نے اخبارات میں پڑھا کہ اکھاڑے اور تعزیے نہیں نکلیں گے تو میں نے محسوس کیا کہ یہ بات غلط ہے۔

میں نے ایک صاحب کو ٹیلیفون کیا اور پوچھا کہ آخر یہ ڈر اور خوف کیسا اور کیوں، آپ لوگوں کو تعزیہ ضرور نکالنا چاہئے کیونکہ یہ سینکڑوں سال سے نکلتا آ رہا ہے۔

ڈاکٹر گھوش نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اگر مشرقی بنگال میں ہندو اپنے مذہبی جلوسوں اور تیوہاروں کے متعلق بھی ایسا ہی فیصلہ کریں تو میں ان سے بھی جا کر کہوں گا کہ یہ بات غلط ہے۔ اور بھاگو، ڈرو نہیں۔

اگر مغربی بنگال کے تمام مسلمان جب کبھی متفق ہو کر طے کریں کہ مذہبی اعتبار سے تعزیہ وغیرہ نکالنا [illegible] ہے تو یہ ان کا یہ فیصلہ اپنا ہوگا، اور کسی کو کچھ کہنے کا کوئی حق نہ ہوگا۔

ڈاکٹر گھوش نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا مسلمان ہوں یا ہندو، یا کوئی اور سبھی اپنے مذہب کو سب سے بڑا سمجھتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی سے ہمدردی نہ رکھے، یا ہندوؤں سے ہمدردی نہ رکھتا ہو۔ اسی طرح اگر کوئی ہندو ہندوؤں سے ہمدردی نہ رکھے اور مسلمانوں کا ہمدرد نہ ہو تو ان کا اپنے مذہب کی بڑائی کا دعویٰ غلط ہے۔

قرآن مجید میں لکھا ہے کہ تم خلق اللہ کی خدمت کرو خدا کو یہ خدمت کی ضرورت نہیں ہے۔ [illegible]

ہر کیف جہاں تک اکھاڑوں اور تعزیوں کا سوال ہے یہ یہاں صدیوں سے نکلتے آتے ہیں۔ اس لئے محض خوف کی وجہ سے ان سے دستبردار ہونا محض غلط ہے۔ آخر یہ تو دیکھئے، ابھی مغربی بنگال میں ۵۶ لاکھ مسلمان آباد ہیں۔

جب اہل اسلام حضرت محمد نے ہجرت کی تھی تو ان کے ساتھ کتنے مسلمان تھے؟ [illegible] آپ لوگوں کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ ان کی تعداد بمشکل مٹھی بھر تھی [illegible]

پس میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر آپ اتنی تعداد میں ہوتے ہوئے بھی خوف زدہ اور سراسیمہ کیوں ہیں؟ یہ خوف اور ڈر ظاہر کرتا ہے کہ نہ مسلمان اپنے مذہب کا سچا پرستار ہے اور نہ ہندو۔ اصل یہ ہے کہ آج نہ مسلمان، مسلمان کا ہمدرد ہے نہ ہندو ہندو کا۔

ڈاکٹر گھوش نے کہا کہ ہندو اور مسلمانوں کے درمیان میل ملاپ اور اتحاد دونوں کی بہتری کیلئے ضروری ہے میں سمجھتا ہوں کہ [illegible] دونوں ایک دوسرے کے جذبات و احساسات کا لحاظ رکھیں اور مل کر رہنا سیکھیں۔ [illegible]

حکومت کسی کو دبا کر نہیں کی جا سکتی۔ اگر ہندوستان میں چار کروڑ مسلمانوں کو دبا کر راج کیا گیا تو وہ حکومت، حکومت کہلانے کی مستحق نہیں ہو سکتی۔ ٹھیک اسی طرح اگر پاکستان کے ہندوؤں کو دبا کر حکومت کی گئی تو وہ بھی حکومت کے نام کی سزاوار نہیں ہوگی۔ میری دلی خواہش ہے کہ ہندوستان و پاکستان دونوں خوش حال رہیں اور ترقی کریں۔

[illegible]

یہاں جو بات کہنی ہے وہ یہ کہ ایک زمانہ تھا جب محرم کی تقریب ہندو مسلمانوں کی ایکتا کا ذریعہ تھی، اور محرم کے جلوس، تعزیوں اور اکھاڑوں میں ہندو مسلمان یکساں شریک ہوتے تھے۔ [illegible] مگر افسوس کہ آج یہ بات کہیں دکھائی نہیں دیتی [illegible]

جلسہ میں سید بدرالدجیٰ، مولانا عبدالحلیم صدیقی [illegible] نے بھی تقریریں کیں۔

ایک قدیم کانگریسی مسلمان کی خانہ تلاشی

مراد آباد [illegible]

سنکیانگ کے زائرین بیت اللہ شریف آمد

[illegible]

فیلڈ مارشل سلم!

سیلون میں آمد

[illegible]

انڈونیشیا کی آزادی

[illegible]

ایشیا کا امن

[illegible]

خوش گوار وعدہ

[illegible]

مشرق و مغرب کے اختلافات جلد ہی ختم ہو جائیں گے

امریکہ اور کینیڈا کا جذبۂ مفاہمت مستقبل کیلئے فال نیک ہے

ایشیائی قوموں کی اقتصادی ترقی ضروری ہے وین کوور میں پنڈت نہرو کی تقریر

وین کوور ۴ نومبر (پریس ٹرسٹ رائٹر) ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے یہاں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اور کینیڈا [illegible]

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔
عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ دہلی

جمعیۃ علماء اور سنگھ میں زمین و آسمان کا فرق ہے

جمعیۃ نے جدوجہد آزادی میں حصہ لیا اور سنگھ نے اس کی مخالفت کی

کلکتہ کے ایک اجتماع میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش کا بیان

(نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

کلکتہ ۔ ۴ نومبر ۔ [illegible]

[illegible]

ڈھاکہ میں مسٹر زاہد حسین کی سرگرمیاں

ڈھاکہ ۴ نومبر۔ مسٹر زاہد حسین [illegible]

بین الاقوامی مزدور کانفرنس میں

ہندوستانی نمائندے

[illegible]

مولانا آزاد وزیر تعلیم کو اعزازی ڈگری

میسور یونیورسٹی کا کنووکیشن

میسور ۴ نومبر۔ وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کو ڈاکٹر آف لٹریچر کی اعزازی ڈگری میسور یونیورسٹی کی طرف سے دی گئی۔ [illegible]

(پ ۔ ٹ ۱)

کانگریس کا مقصد اعلیٰ

سوراشٹر کے وزیر اعظم کا بیان

[illegible]

بند کے محافظوں پر حملہ

حملہ آوروں نے بند کو توڑ دیا!

[illegible]

ایک قسم کا مشترک دیوناگری رسم الخط ایجاد کیا جانا چاہئے

میسور یونیورسٹی کے کنووکیشن میں ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی کی تقریر

[illegible]

جنوبی فلپائن میں خوفناک طوفان

۲۷ ہلاک ۔ ایک کروڑ ڈالر کا نقصان

[illegible]

بین الاقوامی بینک کی شام کو امداد

ماہرین بھیجے جائیں گے

[illegible]

دولت مشترکہ اور یورپی نقطہ نظر

ڈاکٹر ہرایوٹ کا بیان

[illegible]

ہندوستانی مینگنیز اور ابرق کے بدلے امریکی گیہوں

قیمت زیادہ ہونے کے باعث گیہوں حاصل نہ ہو سکا

[illegible]

سنگھی سکریٹری کا سردار پٹیل کو خراج تحسین

[illegible]

پٹیالہ یونین کی وزارت میں تبدیلی

کانگریس کمیٹی کا اہم فیصلہ

[illegible]

مراد آباد میں مشاعرہ

[illegible]

خان مروٹ کا مقدمہ

[illegible]

کلکتہ میں تمام دنیا میں امن قائم کرنے کیلئے اہم ترین کانفرنس

جنگ کے ارادے رکھنے والے سامراجیوں کے خلاف

تمام ترقی پسند طاقتوں کا زبردست اتحاد و اشتراک

[illegible]

یمن کے علاقہ پر بمباری مسئلہ

سعودی عرب کے سفیر کی بات چیت

[illegible]

سکردو اور دوسرے علاقوں کے غیر مسلم

نظر بند کشمیریوں سے تبادلہ کیا جائے گا

[illegible]

یو۔پی میں مقدمات کو تیزی سے ختم کرنے کیلئے

تحقیقاتی کمیٹی نے رپورٹ پیش کر دی

[illegible]

سرینگر میں محترم بخشی غلام محمد کی تقریر

[illegible]

مسافروں کی بھری کشتی

دریائے گنگا میں الٹ گئی!

[illegible]

اسرائیل آنے والے یہودیوں کی تعداد

[illegible]

پنڈت نہرو حبشی لیڈروں سے ملیں گے

[illegible]

افغانستان اسلامی ممالک سے تعلقات

مضبوط کرے گا

[illegible]

پونہ میں زلزلہ کے جھٹکے

[illegible]

ہندوستان اور پاکستان

ہندوستانی روپیہ

پاکستان میں وہ روپیہ جس پر بادشاہ کی تصویر ہے۔ ہندوستانی روپیہ کے نام سے چالو ہے۔ لیکن حکومت پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ یہ روپیہ ۳۰ اکتوبر کے بعد چالو نہیں رہیگا۔ گورنمنٹ نے ابھی سے یہ روپیہ لینا بند کر دیا ہے اب عوام حیران ہیں کہ اس روپیہ کو کیا کریں۔ ہم حکومت کی خدمت میں با ادب التماس کرتے ہیں کہ یہی ہندوستانی روپیہ کو ابھی کچھ اور چالو رکھے۔ اور بینکوں کو احکام صادر کرے کہ وہ ان روپیوں کا تبادلہ کریں ورنہ عوام کو بے حد تکلیف ہوگی۔ پاکستان میں ایسے غریبوں کی کثرت ہے جن کا ایک ہندوستانی روپیہ بھی ضائع ہو گیا تو انھیں ایک ایک روٹی کو ترسنا پڑے گی۔ اس لئے حکومت کو ہندوستانی روپے کو بے حد اہمیت دینی چاہئیے اور اسے ختم کرنیکی میعاد کو فی الحال وسیع کرنی چاہیے تاکہ لوگ اس دوران میں ان روپیوں کو بینکوں کے یا حکومت کے حوالہ کر سکیں ہمیں امید ہے کہ حکومت جلد اس تکلیف کو رفع کرنے کی کوشش کرے گی۔

(غالب لاہور ۴ اکتوبر ۱۹۴۹ء)

آزادی خواہی یا پارٹی پالٹکس؟

پبلک سیفٹی ایکٹ کے استعمال و نفاذ کا تعلق جہاں تک ذہنی اور ملکی مخالفت سے ہے ہم اسے ایک ایسی لعنت سمجھتے ہیں جسے ایک منٹ کے لئے بھی برداشت نہیں کیا جا سکتا اور اس کے حق میں جو سب سے بڑی بات ہم کہہ سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ اخبار ہر صبح لاکھوں نگاہوں سے گذرتا ہے اس میں کوئی خبر ذہنی چھپی نہیں ہوتی۔ اخبار کے متعلق وہ کچھ نہیں کہا جا سکتا جو ایک مشکوک غیر ملکی یا ملکی کے متعلق کہا جا سکتا ہے۔ اور جہاں تک باز پرس و تعزیر کا تعلق ہے اخبار کی راہ بہت کٹھن اور دشوار ہے۔ اور بیک وقت اور کئی تلواریں اس کے سر پر لٹکتی رہتی ہیں۔ پھر ہم نہیں سمجھ سکتے کہ اخبارات کے معاملہ میں ہماری حکومت سیفٹی ایکٹ کے نفاذ و استعمال کو کس طرح بجا اور روا سمجھ سکتی ہے!

جہاں تک انفرادی شکایات کا تعلق ہے مرکزی حکومت سے ہزار ہا ہیں۔ لاکھوں شکایتیں موجود ہیں۔ خود "سفینہ" کی شکایتیں جو ذاتی ہیں اپنی جگہ نہایت اہم ہیں۔ [illegible] ہیں۔ پھر مرکزی حکومت کے ارکان تنقید سے بالا ہیں۔ [illegible] کی کوشش کریں۔ بلکہ ہمارا قومی اور ملی فرض [illegible]

مجلس تحفظ ہند کا انتخاب

امریکہ پر اس وقت کمیونزم کا بھوت سوار ہے۔ [illegible]

(رضوان لاہور ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۹ء)

[illegible]

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کر کے ایک صلح اور قومی اتحاد کی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جد و جہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بسم اللہ آج ہی سے خریدار ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرو مندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہو نا ضروری نہیں)

دہلی میں ہفتۂ صفائی

[illegible]

ریڈیو سے دلچسپی میں کمی

[illegible]

سرد ہنہ ضلع میرٹھ میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے یوم الجمعیۃ

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء مراد آباد کا فیصلہ

[illegible]

الجمعیۃ کا انگریزی ایڈیشن

[illegible]

جمعیۃ علماء مراد آباد کا حکومت یو۔ پی سے مطالبہ

[illegible]

باشندگان میرٹھ کو اطلاع

[illegible]

قمر جلال آبادی اور بسمل افریقی

[illegible]

ہنگری کے سابق وزیر خارجہ رجک کی بیوی روسیوں کی قید میں

[illegible]

بنگلور میں سنگھ کے خلاف مظاہرہ

[illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ آسام کا حکام دیوبند کے اقدام پر اظہار رنج و غم

دار العلوم عالم اسلام کا مقدس مرکز اور برطانوی سامراج دشمنوں کا اڈہ رہا ہے

[illegible]

انجمن ہمدرد روغنگران کی مجلس عاملہ کا احتجاج

[illegible]

جمعیۃ علماء ہاپوڑ و کھر سنگھ کا احتجاج

[illegible]

ایک ہفتہ میں ایک وقت کھانا نہ کھانے کی تحریک!

ڈاکٹر راجندر پرشاد کا پیغام

[illegible]

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز پارسل

[illegible]

دہلی کمرشل کارپوریشن

[illegible]

جمعیۃ علماء کی زندگی آپ کی زندگی اس کا استحکام آپ کا استحکام ہے

رکنیت اور معاونت کے سلسلہ میں ناظم جمعیۃ علماء آسام کی اپیل

[illegible]

قصبہ سرد ہنہ ضلع میرٹھ ریلیف کمیٹی کا قیام

[illegible]

آوارہ گردی میں گرفتاری

[illegible]

متروکہ جائداد کے متعلق حکومت ہند کا نیا آرڈی نینس

— (۷) —

باب ہفتم

(متفرق)

[illegible]

دار السلطنت

فیسوں میں اضافہ کے خلاف احتجاج

[illegible]

مسروقہ سائیکل برآمد

[illegible]

معاون اور رکن سازی کیلئے صوبائی جمعیۃ کی سب کمیٹی!

[illegible]

ڈاک خانہ میں چوری

[illegible]

مسلم ہائی سکول فتحپوری میں جلسہ

[illegible]

اینٹی پارٹیشن لیگ کا قیام

[illegible]

مسٹر گیڈگل کی تقریر

[illegible]

سبزی منڈی کے لئے ڈسپنسری

[illegible]

کینٹن پر ہوائی بمباری کا اعلان

چینیوں اور غیر ملکیوں کو انتباہ

[illegible]

کلکتہ میں بم پھٹ گیا

[illegible]

درجہ حرارت طلوع و غروب

[illegible]

کریم گنج میں تیس گرفتاریاں

پولیس پر حملہ کرنے کا شاخسانہ

[illegible]

جیب کترے اور چور گرفتار

[illegible]

چھ جھونپڑے جل گئے!!

[illegible]

ڈچ وزیر اعظم انڈونیشیا سے اقتصادی معاہدہ پر مطمئن ہیں

فوجوں کے انخلا کو وقت مقررہ پر ختم کرنے کے لئے ڈاکٹر ڈریز کا اعلان

ہیگ — پریس ٹرسٹ رائٹر — ۳ نومبر

ہالینڈ کے وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریز نے کانفرنس میں اقتصادی معاہدہ کو ایک معقول بنیاد قرار دیا۔ آپ نے کہا کہ اس بنیاد پر انڈونیشیا میں ڈچ کاروبار کامیابی سے چل سکیں گے۔

انھیں اس بات کا اطمینان ہو گیا ہے کہ ڈچ لوگ اب انڈونیشیا میں کاروبار حاصل کر لیں گے۔

آپ نے کہا کہ میں یہ جانتا ہوں کہ انڈونیشیا کے لوگ خود ڈچ ماہرین کی خدمات حاصل کرنا پسند کریں گے۔ اگرچہ یہ بات بالکل فطری ہے کہ بالآخر انڈونیشیا کے لوگ خود زیادہ سے زیادہ ان جگہوں کو پر کرنا چاہیں گے

ڈاکٹر ڈریز نے کہا کہ جہاں تک فوجوں کا تعلق ہے ان کی حکومت کی وہاں پر کوئی خواہشات اور مفادات نہیں ہیں سوائے اس کے کہ جتنا جلد ہو وہاں سے انخلا شروع کر دیا جائے اس کا کام وہاں پر قریب الختم ہے۔ آپ نے کہا کہ انڈونیشی وفد نے چھ ماہ کا جو عرصہ مقرر کیا ہے [illegible] کرنے کی کوشش کرے گا۔

بازار کے نرخ

دہلی — ۴ اکتوبر

صرافہ مارکیٹ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

دہلی شیئر مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

مسٹر گوپال سوامی آئنگر کلکتہ میں

[illegible]

رامپور ریاست یوپی میں ملا دیا جائیگا

[illegible]

سوزاک چوبیس گھنٹوں میں نابود

سوزاک نیا ہو یا پرانا۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنا، پیشاب کی نالی میں جلن ہونا، گردہ و مثانہ کی تکلیف ان تمام امراض کے لئے گونولیٹس جرمنی کے ڈاکٹروں کی ایجاد ہے جو خالص صندل کے عرق اور قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔ [illegible]

اسٹاکسٹ:- نیشنل فارمیسی دہلی

SUPER PHARMA CORP LTD POST BOX NO 904 BOMBAY

بزبان ہندی

اسلام غیر مسلموں کی نظر میں

مصنفہ مولانا ابو محمد امام الدین صاحب رامنگری۔ اس کتاب میں اسلام حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کی صداقت و حقانیت کے متعلق یورپ اور ہندوستان کے غیر مسلم اکابر کے افکار و خیالات ہندی زبان میں پیش کئے گئے ہیں — قیمت ۱۲/

ہندی ماسٹر حصہ اول	۶/
حصہ دوم	۹/
حصہ سوم	۱۲/
اردو ہندی لغت — قیمت	[illegible]
دفتری مراسلات و کاغذات	۱۲/

ہر قسم کی علمی، سیاسی، اخلاقی کتابیں، قرآن مجید، سپارے اور قاعدے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی (۶)

ہرنیا

موتیابند، ایپنڈے سائٹس کا بغیر اپریشن علاج [illegible]

سی، ای ہسپتال درمیان سبزی منڈی سرائے پھوس — دہلی

برص کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج

[illegible]

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی قاری بولائی ڈاکٹر سٹریٹ کلکتہ نمبر

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

فون نمبر ۵۳۴۱
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۱۵ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۷ نومبر سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ناظم اعلیٰ بنارس جا رہے ہیں

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کل ہی شام سیالدہ ایکسپریس سے بنارس تشریف لے جا رہے ہیں۔ جہاں وہ صوبہ یوپی کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت فرمائیں گے۔ حضرت مولانا پرسوں حیدرآباد (دکن) سے دہلی پہنچے ہیں۔ بنارس میں مولانا کا قیام تین روز رہیگا۔ ۱۱ نومبر تک دہلی واپس تشریف لے آئیں گے (نامہ نگار)

دی پاکٹ فارما لوپیا (ڈاکٹری)
اردو سنہ ۱۹۴۹ء
قیمت مجلد صرف پانچ روپے علاوہ محصولڈاک
ملنے کا پتہ: ایچ۔ ایچ۔ شمیم الدین سکھا آنولی
ضلع مظفر نگر (یوپی)

مسٹر لیاقت علی ہندستان سے مصالحت کرنے کیلئے تیار ہوگئے

لڑائی دونوں ملکوں کو تباہ کر دے گی

پنڈت نہرو کی سان فرانسسکو والی تقریر کا جواب

کراچی ۵ نومبر۔ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے گذشتہ شب پنڈت نہرو کو یقین دلایا کہ وہ ان تمام جھگڑوں کو طے کرلیں جو دونوں مملکتوں کے درمیان اس وقت ہیں

جمعیۃ علماء کی طرف سے انڈونیشیا کی آزادی کا خیر مقدم

ڈاکٹر حتیٰ کے نام مبارکباد کا تار

لیک سکسیس ۵ نومبر۔ اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی نے کل فیصلہ کیا ہے کہ آسٹریا۔ سیلون۔ فن لینڈ۔ آئرلینڈ کوریا کی ریپبلک۔ پرتگال۔ نیپال اور اٹلی کی اقوام متحدہ کی ممبری سے متعلق درخواستوں پر مجلس تحفظ از سر نو غور کرے۔ (رپ ٹ رائٹر)

مرکزی ملازمین کی تنخواہوں سے لازمی بچت کی اسکیم منظور ہوگئی

یہ لازمی بچت مارچ ۱۹۵۲ء تک قائم رہے گی

گورنر مغربی پنجاب کے پانچ مشیر مقرر کردیئے گئے

روس کے خلاف امریکہ اور برطانیہ نے یوگوسلاویہ کو استعمال کرنا شروع کردیا

یوگوسلاویہ کو ہوائی جہاز اور پٹرول وغیرہ مہیا کرنیکا فیصلہ

برطانیہ اور امریکہ یوگوسلاویہ کے ہوائی اڈوں کو استعمال کرسکیں گے

سرخ چین میں سخت قحط کا خطرہ

ایران کے وزیر اعظم پر قاتلانہ حملہ

سابق وزیر اعظم سخت مجروح۔ زندگی کی مایوسی

کمیونزم کے انسداد کے لیئے صدر امریکہ کا نیا پروگرام

منڈویسٹ میں تقریر کرتے ہوئے اعلان!!

چینی نیشنلسٹ حکومت نے اپنے علاقوں میں مارشل لا نافذ کردیا!

ہزاروں چینی نیشنلسٹ سپاہی ہانگ کانگ کی نوآبادی میں بھاگ کر آرہے ہیں

بین اقوامی سرحد پر کمیونسٹ فوجوں کا دباؤ بڑھ گیا

شیخوپورہ کے ڈپٹی کمشنر گوردواروں کی جانب سکھ زائرین کا استقبال

زائرین کو دیکھنے کے لئے راستوں پر مسلمانوں کا ہجوم

محکمہ مال کا آرڈیننس

(ادارہ)

تالا چابی مارکہ خضاب ۱۳۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے
ایس۔ ایچ محمد احمد اللہ والا ۱۴۰ صدر بازار دہلی

Estd 1925
Daily Aljamiat الجمعیۃ
DATE..6-11-49
PHONE 1835

ہندستان کے دستور کا جدید مسودہ مکمل ہو گیا!

دوسری خواندگی کے وقت کی ترمیمیں مسودہ میں شامل کر لی گئیں

دہلی ۴ نومبر۔ دستور ساز ہند کی مسودہ کمیٹی نے ہندستان کے دستور کے مسودہ کو مکمل کر لیا ہے۔ دستور کی دوسری خواندگی کے بعد اس میں جتنی ترمیمیں اور تبدیلیاں ہوئی ہیں ان سب کو ... (رپ ٹ)

کیلیفورنیا کے سائنسدان کو نوبل پرائز

اسٹاک ہالم ۴ نومبر۔ یہاں اس بات کا اعلان کیا گیا ہے کہ کیمسٹری کا نوبل پرائز کیلیفورنیا کے پروفیسر ولیم فرانسس کو دیدیا گیا (رپ ٹ رائٹر)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کا عزم صمیم

عثمانی صاحب کی قابل تقلید مساعی

کانپور میں جناب مشغول الحق صاحب عثمانی کی مخلصانہ کوششوں سے الجمعیۃ کے اب تک متعدد مستقل خریدار بن چکے ہیں۔ ... حق تعالیٰ موصوف کی مخلصانہ مساعی کو قبول فرمائے ...

مہتمم شعبہ نشر و اشاعت الجمعیۃ

پاکستان میں آثار قدیمہ کی تحقیقات بلوچستان میں ماقبل تاریخ بستیوں کی تلاش

موہن جوداڑو کا سنہ ۱۹۳۱ء سے ملتوی شدہ کام بھی شروع کیا جائے گا

کراچی ۴ نومبر۔ حال ہی میں بلوچستان کی وادی ژوب میں جو ہندستان اور مشرق وسطیٰ کی تہذیبوں کے درمیان ایک رابطہ کا کام کرتی تھی۔ حکومت پاکستان ماقبل تاریخ کی بستیوں وغیرہ کی تلاش شروع کرے گی۔ مولوی شمس الدین احمد نے جو پاکستان کے آرکیولاجیکل محکمہ کے ڈائرکٹر ہیں۔ پریس ٹرسٹ کو بتایا کہ یہ وادی جو آج کل تقریباً ویران ہے ایک زمانہ میں دجلہ اور فرات ... کا کام دیتی تھی۔ یہ شاہراہ کوئٹہ اور قندھار سے گذرتی تھی۔ ... ہے کہ زمانہ قدیم سے وادی سندھ اور عراق کی قدیم تہذیبوں کے درمیان آمدورفت ... رفت ہوتی تھی۔ اس وقت اس وادی میں ابتدائی سروے کیا جائے گا تاکہ موہن جوداڑو کے زمانہ کے شہروں کا پتہ چل سکے۔ انہوں نے بتایا کہ ۱۹۳۱ء میں موہن جوداڑو میں کھدائی کا جو کام روک دیا گیا تھا ... آئندہ سال کے آغاز میں پھر شروع ہو جائے گا۔ ... کام دو ماہ تک جاری رہے گا (رپ ٹ رائٹر)

مغربی جرمنی کا دار السلطنت بان ہوگا

پارلیمنٹ کا فیصلہ

بان ۴ نومبر۔ مغربی جرمن پارلیمنٹ نے ووٹ کے ذریعہ طے کیا کہ دریائے رائن کا شہر بان مغربی جرمنی کا دار السلطنت ...

پنڈت نہرو نیگرو لیڈروں سے ملیں گے!

(بقیہ صفحہ اول)

نیویارک میں اعلان کیا گیا ہے کہ پنڈت جواہرلال نہرو ہفتہ کے دن نیگرو لیڈروں سے ملیں گے۔ سوال پوچھنے والوں سے پنڈت جواہرلال نہرو نے کہا کہ انہوں نے امریکہ کی حکومت سے اسلحہ جات کے لئے کوئی درخواست نہیں کی۔ سوال یہ تھا کہ کیا آپ نے ہندستان کے لیئے امریکہ سے اسلحہ جات کے لئے درخواست کی ہے؟ آپ نے کہا ”نہیں“۔

وزیر اعظم ہند نے مزید بتایا کہ تجارتی خرید کے عام طریقہ کار کے مطابق ہندستان امریکہ سے فالتو پرزے اور ہوائی جہاز جیسی چیزیں خرید رہا ہے۔ لیکن ہم نے خود کسی قسم کے دفاعی سامان کی خرید کے لیئے درخواست نہیں کی۔

جب سوال کیا گیا کہ اس ایشیائی کانفرنس کا جو انہوں نے نئی دہلی میں طلب کی تھی انڈونیشیا کے سمجھوتہ پر کوئی اثر پڑا ہے۔ تو پنڈت جواہرلال نہرو نے کہا ”اس قسم کی تمام باتیں اپنا اثر رکھتی ہیں“۔

ایک رپورٹر نے دریافت کیا کہ کیا وہ اس قسم کی کانفرنسیں آئندہ بھی بلاتے رہیں گے۔ تو پنڈت جواہرلال نہرو نے جواب دیا کہ ہمیں ایک دوسرے سے صلاح و مشورہ کی ضرورت ہے۔ اس لئے کہ ایشیا کے معاملات علاقائی گروپ بندی کے تحت آتے ہیں۔

کل انہوں نے ایک ہندستانی زبان کے اخبار میں جو تقریر کی تھی اس میں انہوں نے کہا تھا کہ ہندستان کے اندر بعض نفرت انگیز رجحانات نشوونما پا رہے ہیں۔ پنڈت نہرو نے کہا اس سے میرا مطلب ان لوگوں سے تھا جو تنگ نظر قوم پرستی کی انتہا پسندانہ شکل کو ترویج دے رہے ہیں (رپ ٹ رائٹر)

انڈونیشیا کا نیا صدر

(بقیہ صفحہ اول)

انڈونیشی لوگوں نے اس کو واضح کر دیا ہے کہ ان کی سرگرمیاں محض اس لئے بند نہیں ہو جائیں گی کہ انڈونیشی پارلیمنٹ نے سمجھوتہ کی تصدیق نہیں کی ہے انڈونیشی پارلیمنٹ سے جلد از جلد تصدیق کرانے کی کوشش ... سب سے پہلا کام یہ ہے کہ وہ اقتدار اعلیٰ کو حاصل کرنے کے لیئے نئی حکومت کی تشکیل کریں۔

دونوں طرف اس کی امید ہے کہ دونوں ملکوں کی پارلیمنٹیں اس سمجھوتہ کی تصدیق کر دیں گی۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ اندیشہ بھی ہے کہ ...

اقتصادی معاملات میں اشتراک و تعاون کے بغیر ہند و پاکستان خوشحال نہیں ہو سکتے

کراچی میں ایک انگریز ایڈوائزر کی تقریر

روس اور ترکی کے تعلقات ابھی تک بہتر نہیں ہوئے

بلغاریہ میں ترکی قونصل خانہ پر پتھراؤ کیا گیا۔ صدر انونو کی اسمبلی میں تقریر

سکھ زائرین ننکانہ صاحب میں

(بقیہ صفحہ اول)

جرمنی کی تقسیم پر اظہار افسوس

بس کے حادثہ میں ۷ ہلاک

کشمیر میں جنگ بندی کی نئی لائن

(بقیہ صفحہ اول)

قاہرہ کی کابینہ

(بقیہ صفحہ اول)

اسرائیل کی خطرناک اقتصادی حالت

کئی یہودی کارخانے بند ہوگئے

پنڈت نہرو اور صدر ٹرومین!!

دونوں کے مقاصد یکساں ہیں

بحری بیڑہ

ذرا سوچ .... کر جواب دیجئے

کانپور میں الجمعیۃ فروخت کرنے کے لئے مستعد دیانتدار اور محنتی ایجنٹ کی فوری ضرورت ہے حسب ذیل اصحاب درخواست کریں جو رقم ضمانت داخل کر سکتے ہوں
مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ دہلی

شرح قیمت الجمعیۃ

سہ روزہ	روزنامہ
سالانہ بارہ روپے	سالانہ چالیس روپے
ششماہی چھ روپے آٹھ آنے	ششماہی بیس روپے
فی پرچہ ...	سہ ماہی گیارہ روپے

نوٹ
اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا
مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے
بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے
جواہر ہوٹل
پروپرائٹر شیخ اللہ دتا بازار جامع مسجد دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۷ ، نومبر ۱۹۴۹ء

انڈونیشیا کی آزادی

خوشی کی بات ہے کہ ایشیا میں ہمارا ایک اور ملک آزاد ہو رہا ہے! کون سا ملک؟ ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا، یا انڈونیشیا کی جمہوری حکومت، وہ حکومت جس کی آزادی پر ہزاروں مجاہدین نے گردنیں کٹوائیں اور لاکھوں اہل وطن کے چراغ گل ہوئے۔ زندہ باد ایشیا، زندہ باد انڈونیشیا، زندہ باد ڈاکٹر عبدالرحیم سیکارنو، زندہ باد ڈاکٹر حطا، زندہ باد آزادی اور تیرے سایہ سے ایشیا کا سر کبھی نیچا نہ ہو!

آزادی بڑی مشکل سے ملتی ہے، اس کے لئے بڑی قربانیاں اور بڑے امتحان دینے پڑتے ہیں، انڈونیشیا کے مجاہدین نے یہ تمام منزلیں ہنسی خوشی طے کیں اور آزادی کے ذروۂ کمال پر پہنچ گئے دوسری جنگ سے پہلے ہی انڈونیشیا نے آزادی کی تمہید رکھنی شروع کی تھی۔ ابھی جدوجہد کا آغاز ہی تھا کہ دوسری جنگ شروع ہوگئی اور جاپان نے بحرالکاہل میں تلاطم برپا کرکے جاوا اور دوسرے مقامات پر قبضہ کرلیا، یہ موقع انڈونیشیا کے لئے بڑا ہی صبر آزما تھا، ڈچ گورنمنٹ سے گوریلا جنگ لڑ لینا اور میدان میں آکر دو دو ہاتھ دکھا دینا بڑی بات نہ تھی، لیکن جاپان کی قاہر فوج سے مقابلہ کرنا بڑا ہی مشکل تھا، مگر انڈونیشیا کے مجاہدین اس کے مقابلہ پر بھی نہیں چوکے اور جاپان پر واضح کردیا کہ اگر وہ ڈچ گورنمنٹ کی غلامی برداشت نہیں کرسکتے تو جاپان کی محکومی کو بھی گوارا نہیں کرسکتے، دوسری طرف ڈچ فوجوں کا بھاگنا اور انڈونیشیا کو جاپان کے رحم و کرم پر چھوڑ کر فرار کرنا بڑا قابل عبرت منظر تھا، ادھر جاپانی فوجوں نے قدم رکھا ادھر ڈچوں کی بہادر فوجوں نے لنگر اٹھایا اور ایسی بھاگیں کہ ہالینڈ میں جاکر دم لیا!

جب جنگ ختم ہوئی اور کانپتے ہاتھوں سے جاپان کی شکست کے محضرنامہ پر دستخط کئے تو انڈونیشیا کے لوگ بڑے خوش ہوئے کہ انہیں بنی بنائی آزادی مل گئی کیوں کہ جاپان کی شکست کے بعد کوئی ایسا دکھائی نہ دیتا تھا کہ انڈونیشیا کو غلام بنانے کی کوشش کرتا۔ مگر [illegible] امریکہ اور برطانیہ کی سازش سے پھر انہوں نے پامال اور خستہ حال انڈونیشیا سے جبر آزمائی شروع کردی، انڈونیشیا نے بھی خدا کا نام لے کر جنگ کو لبیک کہا اور یہ باور کرادیا کہ انڈونیشیا کے تمام جزائر کو غرقاب کردینا منظور ہے مگر ڈچوں کی غلامی منظور نہیں ہے!

جنگ کے دوران میں کانفرنسیں ہوئیں، معاہدے ہوئے، جنگ کی شرائط ترتیب دی گئیں، ہالینڈ کے شاندار وعدوں کا اعادہ کیا گیا اور پھر ان کی ٹوٹ پھوٹ بھی دنیا نے دیکھی اور متحدہ اقوام کی قلابازیوں کے نظارے بھی کئے، الغرض بہت کچھ ہوا اور خدا خدا کرکے وقت آیا کہ اس کا آخری فیصلہ ہوا اور ڈچ حکومت کے غاصبانہ ہاتھوں سے تمام اختیارات ملک کی طرف منتقل کردئے جائیں، چنانچہ یہ مبارک ساعت آئی اور ہیگ میں جو گول میز کانفرنس ہو رہی تھی اس کا شاندار نتیجہ نکل آیا، ہیگ کانفرنس دو ماہ سے جاری تھی، اس دوران میں ایسے کئی موڑ آئے جہاں چلتی گاڑی بری طرح اٹکی اور اندیشہ ہوا کہ اب معاملہ آگے نہیں چلے گا، اور کانفرنس ناکامی پر ختم ہو جائے گی، مگر [illegible] انڈونیشیا کے تدبر نے اور کچھ ایشیا کی بڑھتی ہوئی بیداری نے معاملہ کو بگڑنے نہ دیا اور آخر کار ایک ایسا معاہدہ ہوگیا جس کے بعد انڈونیشیا کی آزادی اور خود مختاری میں کوئی شبہ نہیں رہتا!

چونکہ یورپ کی سرمایہ دار حکومتوں کو پہلے اپنے سرمایہ کی پڑ جاتی ہے اس لئے ڈچ گورنمنٹ نے مطالبہ کیا کہ انڈونیشیا چھ ہزار چار سو ملین (ایک ملین مساوی دس لاکھ) گلڈر قرضہ ادا کرے، پہلے تو انڈونیشیا کے نمائندوں نے اس قرضہ کے وجود سے ہی انکار کیا کیوں کہ یہ ان مصارف کو ادا کرنے کے مترادف تھا جو ڈچوں نے دوران جنگ میں خرچ کئے تھے، لیکن پھر معاملہ کو ختم کرنے کے لئے تین ہزار چار سو ملین گلڈر کی پیش کش کی گئی، آخر طے ہوا کہ ایک درمیانی راہ نکالی جائے اور انڈونیشیا چار ہزار چار سو ملین گلڈر ادا کرنے کا وعدہ کرے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور قرضہ کا پتھر درمیان سے ہٹا دیا گیا دوسرا مسئلہ نیوگنی کا تھا، ڈچ گورنمنٹ اس جزیرہ کو انڈونیشیا کے حوالہ کرنے کے لئے تیار نہ تھی لیکن انڈونیشیا اسے برداشت نہ کرسکتا، مگر خیر، یہ معاملہ اس طرح طے ہوا کہ اسے جوں کا توں چھوڑا جائے اور اس کے متعلق آئندہ گفت و گو کرلی جائے۔ ساتھ ہی یہ بھی طے ہوا کہ جمہوریہ انڈونیشیا کا دستور اساسی اور انتخاب لڑنے کا طریقہ کیا ہو، نمائندہ اسمبلی کے ممبروں کی تعداد کتنی ہو وغیرہ۔

[illegible] ہوئے یہ حقیقت بھی واضح کردی ہے کہ اگر انتقال اختیارات میں تاخیر کی گئی اور انڈونیشیا سے ڈچ فوجوں کو واپس نہ بلایا گیا تو یہ خلف عہدی کی ایک بدترین مثال ہوگی اور ملک میں جو گوریلا جنگ برپا ہے اس کا خاتمہ نہ ہو سکے گا۔

ہمیں امید ہے کہ اس معاہدۂ آزادی کے بعد جنوب مشرقی ایشیا کے جزائر بھی نوآبادیاتی غلامی سے نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں گے، اور اس معاملہ میں انڈونیشیا کے جہاد آزادی سے سبق لیں گے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ایشیا میں ہمارا ایک اور ملک آزاد ہوا، اور یہ فتح انڈونیشیا ہی کی فتح نہیں ہے بلکہ پورے ایشیا کی فتح ہے اور اس بات کی علامت کہ ایک نہ ایک روز تمام ایشیا انتداب، حمایت، نوآبادیاتی نظام، براہ راست محکومی اور دوسرے رنگ کی غلامیوں سے ضرور آزاد ہوگا، اور ہم سب مل کر اپنے گھر کا آپ انتظام کرسکیں گے! یہ بات فراموش نہ کرنی چاہیے کہ انڈونیشیا کی پونے آٹھ کروڑ کی آبادی میں مسلمانوں کی آبادی سات کروڑ ہے جنہوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ مسلمان زندہ ہیں اور آزادی کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کرسکتے ہیں، وہ نازک سے نازک حالات میں بھی مایوس نہیں ہوئے اور نتیجہ یہ ہوا کہ خدا نے ان کی نصرت فرمائی اور مایوسیوں کے بعد امید کا آفتاب طلوع ہوا۔ خدا کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا بشرطیکہ کوئی محنت کرنے والا بھی ہو اور وہ مایوس ہوکر اپنا خاتمہ آپ نہ کر دے!

غلہ بچاؤ

یہ جو ایک تحریک شروع ہوئی ہے کہ لوگ ایک ہفتہ میں ایک وقت کا کھانا بچا کر خوراک کے مسئلہ کو حل کرنے میں مدد دیں نہایت ہی مضحکہ خیز ہے! ہمیں یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے اس تحریک کی کامیابی کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے مگر جو لوگ انسانی فطرت کے رجحانات سے واقف ہیں وہ اس کی کامیابی کا کبھی گمان بھی نہیں کرسکتے۔ البتہ تحریک یہ ہونی چاہئے کہ غلہ کو چوہوں اور کیڑوں سے اور کھیتوں کو ہرنوں، نیل گایوں اور دوسرے جنگلی جانوروں سے بچایا جائے، کیوں کہ یہ جانور غلہ کا ایک تہائی حصہ برباد کردیتے ہیں، اگر کسی تحریک کے ذریعہ یہ حصہ بچا لیا جائے تو ہمارے خیال میں غلہ بچاؤ کا مقصد بہت بڑی حد تک کامیاب ہوسکتا ہے، ملک کی پیداوار کا ایک تہائی حصہ بہت بڑا ہوتا ہے اور اسے بچا لینا یقیناً ملک کی ایک بہت بڑی خدمت ہوسکتی ہے!

اچھی باتیں

قل ۔ تا ۔ تعلمون (پ ۲۸ ع ۱۲)

تم کہہ دو کہ جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تو ایک روز آنی ہی ہے پھر تم اس ذات کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو کہ ظاہر اور باطن سب سے واقف ہے اور پھر تم کو بتایا جائے گا کہ تمہارے کرتوت کیا ہیں۔

یہود سے فرمایا گیا تھا کہ اگر ان کا حساب پاک ہے تو موت کو دعوت دے کر دیکھیں یہاں ایک عام بات ارشاد فرمائی گئی ہے کہ موت سے بھاگنا بے سود ہے جو موت حق کی راہ میں ہو وہ تو عین زندگی ہے اور موت سے بھاگنا بھی بے سود ہے کیوں کہ وہ تو ایک نہ ایک روز آنے والی ہے بجائے اس کے کہ انسان ایڑیاں رگڑ کر مرے یہ بہتر ہے کہ اس کی زندگی حق کی راہ میں کام آئے اور اس کی شہادت کروڑوں انسانوں کی زندگی کا باعث بنے پس نتیجہ یہ نکلا کہ ایمان اور موت کا خوف ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتے اور جو شخص مومن ہوگا وہ موت سے کبھی ہراساں نہیں ہوگا۔

خیالات ——— ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میں ہفتہ صفائی

مکرمی تسلیم!

دہلی میونسپلٹی کی جانب سے ہفتہ صفائی منانے کے لئے بڑی دھوم دھام ہو رہی ہے اور اس میں صفائی کے افسران وغیرہ اور بورڈ نے جس تن دہی اور جانفشانی سے کام کیا ہے وہ قابل داد و تحسین ہے لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ محض اس ہفتہ پر بس نہ کی جائے۔ بلکہ اس کے بعد بھی عوام اور افسران اپنے اپنے اہم ترین فرائض کو پوری جانفشانی سے انجام دیں اس میں حکام اور عوام دونوں کے تعاون کی سخت ضرورت ہے۔ کیونکہ تعاون [illegible] کمیٹی بالخصوص ممبران کمیٹی صفائی کے معاملہ میں آئندہ بھی پوری دلچسپی لیں گے

(سید محمد احمد ممبر ہیلتھ کمیٹی تھانہ فیض بازار)

دہلی ——— نومبر

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت

مکرمی السلام علیکم!

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد جب کہ ہندوستانی مسلمان بے بس اور بے سہارا سمجھے جارہے تھے اور نام نہاد راہنماؤں نے مسلمانوں کی قیادت و حفاظت کا ٹھیکہ رکھنے والوں نے راہ فرار اختیار کرلی تھی اس بے بسی اور ناسازگار وقت میں جمعیۃ علماء ہند ہی میدان میں نکلی اور ہندوستانی مسلمانوں کی وہ بے لوث اور شاندار خدمات انجام دیں جن سے کوئی مخالف بھی انکار نہیں کرسکتا۔ یہ حقیقت ہے کہ استقامت، حق گوئی اور حق پرستی ہمیشہ جمعیۃ علماء کا طرۂ امتیاز رہی ہے۔ اور یہ وہ بنیادی صداقت ہے جسے حق و صداقت کی دنیا کبھی نہیں بھول سکتی اور آج بلامبالغہ کہا جاسکتا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند ہی ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی واحد مذہبی جماعت ہے۔ مسلمان آج جن نازک دور سے گزر رہے ہیں وہ عیاں ہے اس لئے اپنی آواز مضبوط کرنے اور اسے ملک کے گوشہ گوشہ تک پہنچانے کے لئے جمعیۃ علماء کے آرگن اخبار الجمعیۃ کی زیادہ سے زیادہ اشاعت بڑھانے کی کوشش کی جائے۔ یہ اخبار کسی فرد واحد کی ذاتی ملکیت نہیں پوری قوم کی امانت ہے اس کی ترقی جماعت اور قوم کی ترقی ہے اور اس کی بقا پوری قوم کی بقا ہے۔ اگر مسلمان چاہتے ہیں کہ ان کا مستقبل شاندار ہو اور وہ ملک میں امن و امان اور عزت کی زندگی بسر کریں تو پھر خدا کا نام لے کر اٹھ کھڑے ہوں اور اپنی پوری جدوجہد اور سرگرمیوں سے الجمعیۃ کی اشاعت ایک ہزار نہیں بلکہ اس کی شایان شان اس سے کہیں زیادہ بڑھانے کی سعی کریں اور جب تک چین سے نہ بیٹھیں کہ جب تک یہ مقصد پورا نہ ہو۔ آج پوری قوم کا امتحان ہے اگر وہ اس امتحان میں کامیاب رہا تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کا مستقبل شاندار نہ ہو۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

(محمد عمر خاں [illegible])

علی گڑھ ——— ۲۸ اکتوبر

ریڈیو کی جدید زبان

مکرمی ایڈیٹر صاحب السلام علیکم!

کچھ عرصے سے آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن دہلی نے جو زبان اختیار کی ہے وہ بہت ہی عجیب ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خفیہ لوگوں کو ہدایات دی جارہی ہیں اس کے کچھ بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کون سی ہندی ہے۔ اور اس کو سمجھنے کے لئے کون سی لغت دیکھنا ہوگی۔ مختصر یہ ہے کہ ریڈیو سیٹ کا جو ایک خاص فائدہ تھا اس سے حالات ملکی اور غیر ملکی [illegible] اس جدید اصطلاح نے بالکل ہی ختم کردیا ہے اور اب ریڈیو محض ایک [illegible] کر رہ گیا ہے۔

اگر مستقبل قریب میں ان سماچاروں، [illegible] بھاشنوں، گھوشناؤں وغیرہ وغیرہ کے ساتھ ساتھ عام فہم ہندستانی میں کوئی پروگرام جاری ہونے کی امید نہ ہو تو ہم اردو داں طبقہ اپنے ریڈیو سیٹ کسی سکنڈ ہینڈ سامان فروخت کرنے والے کے حوالے کردیں گے کہ فوائد سے محروم ہونے کے ساتھ ساتھ قیمت سے تو محروم نہ ہوں

(شریعت اللہ گھڑی ساز)

بلند شہر ——— ۸ اکتوبر

دار العلوم دیوبند کی تلاشی

مکرمی السلام علیکم!

یہ علوم نبوت کا مرکز جس نے صرف علماء، صلحاء، اولیاء ہی کو پیدا نہیں کیا بلکہ جب سے قدرت نے اس زمین کو [illegible] حریت و آزادی کے متوالوں کو بھی پیدا کرتا رہا۔ جس کے پروانے شمع آزادی کے [illegible] تاریخ جنگ آزادی میں [illegible] یونیورسٹی [illegible]

اور حکام پولیس نے [illegible] داغ لگایا [illegible]

آخر کس قصور کا نتیجہ ہے کیا یہ صلہ ہے ہماری قربانی و ایثار کا [illegible]

(محمد ارشاد [illegible])

شاہ آباد ——— ۳۱ اکتوبر

روس اور ترکی

ترکی کے پریزیڈنٹ عصمت انونو نے ترکی پارلیمنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے روس اور بلغاریہ کا ذکر جس طرح میں کیا ہے اس سے ترکی کی موجودہ مشکلات پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ آپ نے روس کے اس مطالبہ کی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ وہ درہ دانیال میں برابر کا حصہ دار بننا چاہتا ہے۔ بلغاریہ کے متعلق فرمایا کہ بین الاقوامی بنیادوں پر ترکی کو بلغاریہ سے تعلقات قائم کرنے میں بڑی مشکلات پیش آرہی ہیں اور جہاں تک روس کا تعلق ہے دونوں ملکوں کے لئے یہی بہتر ہے کہ آپس کے اختلافات باہمی سمجھوتہ سے طے کر لئے جائیں۔ ترکی سے مخاصمت کی بنیاد امریکہ کی مداخلت ہے اور چونکہ بلغاریہ بھی روسی بلاک میں شامل ہے اس لئے ترکی سے اس کے تعلقات بھی خراب ہو رہے ہیں اگر روس اور ترکی میں کوئی مفاہمت نہ ہوئی تو آئندہ جنگ میں جان بخشی کا سوال ذرا مشکل ہی سے پیش آئے گا۔

مباحث امروز ——— خادم کے قلم سے

کیا یہ آپ کا ریڈیو ہے؟

حال ہی میں سردار پٹیل نے اپنی ۷۵ ویں سالگرہ کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر ہم پیروں چلنے سے قبل بھاگنے کی کوشش کی تو ہم زخمی ہوجائیں گے اس سے ان کا مطلب تھا کہ ایک دم ہاتھوں پر سرسوں نہیں جمائی جاسکتی بلکہ رفتہ رفتہ ہی ہم اپنی منزل مقصود پر پہنچیں گے۔

لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آل انڈیا ریڈیو سردار پٹیل کی اختیار کردہ پالیسی کے بالکل برعکس کام کر رہا ہے وہ پیروں چلنا سیکھنے سے قبل بھاگنا اور دوڑنا چاہتا ہے اور ایک ہی شب میں ایسی زبان لوگوں کو سکھانا چاہتا ہے جس کے بیشتر لفظ کبھی ان کے خواب و خیال میں بھی نہیں آئے۔

پنڈتوں اور ہندی کے عالموں کی زبان کو عوام کے سامنے پیش کرنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی الف کے بچے کے سامنے ایم اے کے کورس کی کتابیں ڈال دے اور جب بچہ نہ پڑھ سکے تو اسے ان کتابوں کو پڑھانے کے لئے ڈنڈا سنبھالے۔

کیا آل انڈیا ریڈیو کو معلوم ہے اس کی اس پالیسی کا کیا نتیجہ نکلے گا۔ وہ پیدل چلنا سیکھنے سے قبل دوڑنے کی کوشش میں ٹھوکر کھاکر گر پڑے گا، اور وہ بچہ جو الف کی کتابیں پڑھتا ہے ایم اے کی کتابیں دیکھ کر تعلیم ہی کو خیرباد کہہ دے گا۔

آل انڈیا ریڈیو کا کام نشر و اشاعت ہے اسے عوام کے ساتھ ساتھ چلنا چاہئے اور ان ہی کی زبان میں اپنا پروگرام نشر کرنا چاہئے ورنہ اس ریڈیو کا کوئی فائدہ نہیں وہ اپنی اس پالیسی سے پاکستان اور دوسرے ملکوں کے ریڈیو اسٹیشنوں کو اپنا پروپیگنڈہ کرنے کا موقع دیتا ہے۔

اسرائیل کا پروپیگنڈہ

حال ہی میں عراقی حکومت نے اسرائیل کی طرف سے عائد کردہ اس الزام کی تردید کی تھی کہ عراق میں یہودیوں کے ساتھ برا سلوک ہو رہا ہے اور وہاں دو ہزار یہودی نظر بند ہیں۔ اب حکومت امریکہ کے اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ نے بھی تحقیقات کے بعد اسرائیل کے الزام کی تردید کردی ہے اور کہا ہے کہ حکومت امریکہ اس الزام کی حمایت میں کہ عراق میں دو ہزار یہودی قید ہیں کوئی وجہ نہیں دیکھتا۔ دراصل یہ عراق میں یہودیوں پر مظالم نہیں بلکہ اسرائیل میں عربوں پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں جس کے نتیجہ میں ملک کے [illegible] بے وطن ہوکر رہ گئے ہیں عراق کے خلاف پروپیگنڈا کرکے اپنے انسانیت سوز مظالم پر پردہ ڈالنا چاہتا تھا لیکن بھلا ہو امریکی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کا کہ اس نے اسرائیلی پروپیگنڈہ کا بھانڈہ پھوڑ دیا۔

ننکانہ صاحب کی زیارت

ہندوستان کے ہر حصہ کے نمائندہ ۲۵۰ سکھ گرو نانک کے جنم دن کے موقع پر ننکانہ صاحب گئے ہیں جہاں وہ اپنا مذہبی پاٹھ کریں گے، اس سے قبل بھی سکھ تقریبات کے موقع پر مغربی پاکستان جاتے رہے ہیں اور پاکستان کے مسلمان بھی بعض مقامات پر ہونے والے عرسوں میں شریک ہونے کے لئے آتے رہے ہیں۔

اس آمد و رفت سے یقینی طور پر دونوں مملکتوں کے عوام کے تعلقات پر خوشگوار اثر پڑے گا اور دلوں کے اندر ایک دوسرے کے خلاف بالخصوص مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان جو تلخی چلی آرہی ہے اس کے دور ہونے میں مدد ملے گی۔ متعلقہ حکومتوں کو آمد و رفت کی زیادہ سے زیادہ آسانیاں دینی چاہئیں اور زائرین کی تعداد میں اگر زیادہ نہیں تو اس حد تک ضرور اضافہ کردینا چاہئے کہ ملک کے مختلف حصوں میں رہنے والے باشندوں کے نمائندے زیارت میں حصہ لے سکیں، اس سے ایک دوسری مملکت میں رہنے والے اشخاص ایک دوسرے کو سمجھ سکیں گے اور باہمی تعلقات بہتر ہو جائیں گے

دار العلوم دیوبند سے وہی اصول برتے جائیں جو دوسری یونیورسٹیوں سے برتے جاتے ہیں

آزادی کے بعد یہ دوسرا حادثہ ہے ایسے واقعات کا سدباب ہونا چاہئے

ادارہ اہتمام کی بغیر اجازت تلاشی پر مہتمم صاحب دار العلوم دیوبند کا بیان

دیوبند ۔ (بذریعہ ڈاک) ادارہ اہتمام دار العلوم دیوبند نے مہتمم صاحب دار العلوم دیوبند الحاج مولانا قاری محمد طیب صاحب کا ایک بیان دار العلوم دیوبند کے ادارہ اہتمام کی تلاشی کے متعلق بغرض اشاعت جاری کیا ہے۔ بیان میں مسلح پولیس کے دار العلوم میں داخل ہوکر بغیر حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی کی اجازت کے تلاشی لینے پر اظہار رنج و غم کرتے ہوئے آزاد ہندوستان میں ایسے واقعات کے سدباب کا مطالبہ کیا گیا ہے یاد رہے کہ دار العلوم میں پولیس کی یہ مداخلت ہندوستان کی آزادی کے بعد دوسری بار ہوئی ہے۔ حضرت مہتمم صاحب کا پورا بیان درج ذیل ہے۔

۲۹ ستمبر میں دار العلوم دیوبند میں تلاشی لی گئی ایک مقامی افسر چالیس پچاس مسلح اور غیر مسلح پولیس کے ساتھ دار العلوم کے دروازے پر پہنچے [illegible]

اور انہوں نے دار العلوم کے دفتر اہتمام اور دفتر تنظیم و ترقی کی تلاشی لی اور تلاشی میں ان مطبوعہ اشتہارات پر قبضہ کیا [illegible]

[illegible]

حکومت ایک منظم ادارہ ہے [illegible] بیان دینے میں انتہائی احتیاط کی [illegible] باوجود حکومت کی طرف سے نہ تو کوئی ذمہ داری اور نہ ضروری طور پر واقعات کی تحقیقات کے لئے [illegible] عوام کو مطمئن کرنے کے لئے کوئی بیان شائع کیا گیا۔

[illegible]

ہمیں امید ہے کہ آئندہ کے لئے اس قسم کے واقعات کا سدباب ہوجائے گا اور دار العلوم جیسی دینی اسلامی اور مذہبی جامعہ کے لئے وہی اصول برتے جائیں گے جو اس قسم کی دوسری بلند پایہ یونیورسٹی کے لئے پہلے سے منظور شدہ ہیں۔

ٹیلی گراف میں آتشزدگی کی خبر پہنچی

کلکتہ ۔ ۳ نومبر۔ رات کے دس بجے ڈلہوزی اسکوائر کے ٹیلی گراف آفس میں آگ لگ گئی فائر بریگیڈ کو [illegible] اطلاع [illegible] پہنچنے پر معلوم ہوا کہ عمارت کے کچھ [illegible] کاغذ کو آگ لگائی گئی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آگ کی روشنی دیکھ کر کسی باہر کے شخص نے فون کر دیا۔ ٹیلی گراف آفس کے باہر ایک [illegible] (پ ٹ)

دہلی میں سکھوں کے جلوس پر لاٹھی چارج، آنسو گیس کا استعمال اور فائرنگ

تقریباً ایک درجن اشخاص مجروح ہوگئے۔ دو کانسٹیبل بھی زخمی

جلوس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کے خلاف نکالا گیا

دہلی ۔ ۶ نومبر ۔ گرو نانک کے یوم پیدائش کے موقع پر پولیس نے سکھوں کے ایک جلوس پر لاٹھی چارج کیا اور گولی چلائی جس میں تقریباً ایک درجن اشخاص مجروح ہوئے۔ سکھوں نے یہ جلوس، جلوسوں پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عائد کردہ پابندی کی خلاف ورزی میں نکالا تھا۔ جلوس پر پولیس نے اشک آور گیس بھی چھوڑی۔ جو لوگ زخمی ہوئے ہیں ان میں دو کانسٹیبل بھی شامل ہیں جن پر بارہ ٹوٹی پر حملہ کیا گیا۔

حکام کے بیان کے مطابق [illegible]

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی تجویز اور اس کی تائید سے ہمیں باہم مطلع کرتے رہئے [illegible] ساتھ اس کی اشاعت [illegible]

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ

ایشیائی حالات پر سنگاپور کی خفیہ گفت و شنید ختم ہوگئی

حکومت برطانیہ کے سامنے کانفرنس کی رپورٹ پیش کیجائیگی

سنگاپور ۔ ۵ نومبر ۔ یہاں ۳۲ برطانوی فوجی اور سیاسی مدبرین کی جو خفیہ کانفرنس ہو رہی تھی اور جس میں ایشیا کی موجودہ صورت حال پر غور ہو رہا تھا وہ اب ختم ہوگئی ہے۔ اعلان کیا گیا ہے کہ اس کانفرنس میں جو فیصلے ہوئے ہیں ان کو مخفی رکھا جارہا ہے۔ یہ کانفرنس جنوبی ایشیا کے کمشنر جنرل مسٹر میکڈانلڈ کے مکان پر ہوئی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ مشرق بعید میں برطانوی پالیسی پر [illegible]

جمعرات کے دن معتبر طریقہ سے اطلاع ملی تھی کہ کانفرنس میں جنوبی چین کے حالات اور ہندچینی کی سرحدی واقعات کے متعلق خاص طور پر غور کیا گیا۔ نوآبادیاتی پارلیمنٹری سکریٹری لفٹننٹ کرنل ڈیوڈ ریس ولیم اور مسٹر [illegible] ڈپٹی اسسٹنٹ انڈر سکریٹری وزارت خارجہ جب برطانیہ جائیں گے تو حکومت کے سامنے پوری رپورٹ پیش کریں گے۔

گذشتہ تین دن میں مذکورہ بالا مدبرین ایشیا کے مسائل پر تبادلہ خیال کرتے رہے۔ اس کانفرنس میں مشرق بعید اور جنوب مشرقی ایشیا میں برطانوی پالیسی پر بھی غور ہوا۔ مسٹر میکڈانلڈ نے کانفرنس کے اختتام پر ایک ضیافت دی جس میں ۸۰۰ افراد نے شرکت کی۔ (رائٹر)

دمشق کے ٹیلیفون ایکسچینج کا افتتاح

دمشق ۵ نومبر۔ شام کا محکمہ ڈاک و تار ۷ نومبر کو آٹومیٹک ٹیلیفون ایکسچینج کا افتتاح کر رہا ہے۔ افتتاح کی رسم میں شرکت کے لئے تمام عرب اور پڑوسی ممالک کے ڈائرکٹران محکمہ جات ڈاک و تار کو دعوت دی گئی ہے۔ تہران اور دمشق کے درمیان براہ بغداد ٹیلیفون کا سلسلہ بھی قائم ہوگیا ہے۔ (س)

کشمیر کمیشن وسط نومبر تک اپنی رپورٹ پیش کردیگا

ایک پاکستانی نمائندے کا لندن میں بیان

لندن ۔ ۵ نومبر۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد کے ایک ممبر مسٹر عزیز الدین احمد نے ایک بیان میں کہا کہ یہ توقع ہے کہ اس ماہ کے وسط تک کشمیر کمیشن اپنی رپورٹ مجلس تحفظ میں پیش کر دے گا۔ مسٹر عزیز الدین احمد نیویارک سے کراچی جاتے ہوئے لندن آئے ہیں۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان چاہتا ہے کہ مجلس تحفظ ہندوستان پاکستان کے کشمیر سے متعلق جھگڑے پر جلد از جلد غور کرے۔ کشمیر کمیشن جنیوا میں اپنی رپورٹ تیار کر رہا ہے جو مجلس تحفظ کے سامنے پیش کی جائے گی۔ مسٹر عزیز الدین احمد نے کہا کہ پاکستان نے جنرل اسمبلی میں اطالوی نوآبادیات اور دوسرے مسائل پر بحث میں اہم حصہ لیا۔ اس نے قانونی کمیٹیوں، ترسیلی، انتظامی اور بجٹ کے معاملات میں بھی اہم حصہ لیا۔ (رائٹر)

عراق سے پاکستان کی تجویز

بغداد ۵ نومبر۔ حکومت پاکستان نے حکومت عراق کو اطلاع دی ہے کہ وہ اس تجویز کو خوش آمدید کہتی ہے کہ پاکستانی یونیورسٹیوں میں تعلیم کے لئے ایک عراقی طالب علم [illegible] جس کے اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے۔ حکومت عراق سے بحرین کے شیخ نے گیہوں کی خریداری [illegible] کی اجازت کی درخواست بھی کی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ [illegible] حکومت نے عراق سے گیہوں خریدنے کی پیش کش کی ہے [illegible] ظاہر کی ہے۔ (س)

سلطان ٹیپو کا فلم بنایا جائیگا

کراچی ۵ نومبر۔ سندھ فلم کارپوریشن ٹیپو سلطان کی فلم بنائے گی۔ سندھ فلم کارپوریشن نے اس فلم کے تیار کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ لیکن ابھی اداکاروں کا انتخاب [illegible]

آج ہزاروں مصیبت زدہ ایسے ہیں جن کے پاس تن ڈھانکنے کیلئے کپڑا نہیں

موسم سرما شروع ہوچکا ان کی مدد کیجئے۔ اکابر جمعیۃ کی اہل خیر حضرات سے اپیل

جمعیۃ علماء ہند کے نائب صدر [illegible] مولانا احمد سعید صاحب اور ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے ایک مشترکہ اپیل جاری کی ہے [illegible] موسم سرما شروع ہوچکا ہے۔ آج ہزاروں مصیبت زدہ ایسے ہیں جن کے پاس اوڑھنے بچھانے کو تو درکنار تن ڈھانکنے کو بھی کوئی کپڑا نہیں [illegible]

[illegible] کپڑے، کمبل، لحاف وغیرہ [illegible] دہلی میں جمعیۃ کے دفتر [illegible] اس طرح ان مصیبت زدوں کی بروقت مدد کی جاسکے گی [illegible]

[illegible]

[illegible]

فلسطین کی پرانی صنعتوں کا احیاء

عمان ۵ نومبر۔ فلسطین کی جنگ کے قبل جو صنعتیں رائج تھیں جن سے تقریباً دس ہزار اشخاص روزی کماتے تھے اب ان کو از سر نو شروع کیا جارہا ہے۔ یہ صنعتیں ارض مقدس کی صنعتوں کے نام سے موسوم تھیں۔ ان میں سیپ کا کام، زیتون کی لکڑی کا کام، [illegible] اور چاندی سونے کا کام قابل ذکر ہے ان صنعتوں کے احیاء کے لئے ایک کمیٹی قائم کردی گئی ہے مختلف ملکوں کے دارالسلطنتوں میں ان صنعتوں کی [illegible] (س)

ناخواندگی کے خلاف مصر کی مہم

قاہرہ ۔ ۵ نومبر۔ مصر میں ناخواندگی کے خلاف جو مہم [illegible] ایک نیا قدم ہوگا۔ قاہرہ کے علاوہ اور گرد و نواح کی جیلوں میں بھی [illegible] قائم کی جائیں گی۔ چھوٹی لائبریریوں میں پانچ پانچ سو کتابیں ہوں گی۔ بچوں کے لئے علیحدہ [illegible] جن میں معتدد کتابیں ہوں گی۔ (س)

کاشتکاروں کی ۵۰ فی صدی زمین الاٹ کی گئی

ڈاکٹر لہنا سنگھ کا بیان

شملہ ۵ نومبر۔ ڈاکٹر لہنا سنگھ وزیر آبادکاری پنجاب نے [illegible] تقسیم ملک کے بعد سے اب تک کی گئی آبادکاری کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ کاشتکاروں کی ۵۰ فی صدی زمین مغربی پنجاب سے آنے والے پناہ گزینوں کو الاٹ کردی گئی ہے۔ باقی کام دسمبر کے آخر تک پورا کرلیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اخراجات کی بچت کرتے ہوئے تمام رشتہ داروں کو ایک جگہ بسایا جائے گا۔ انہوں نے زمین کی الاٹمنٹ کے ضلع وار اعداد و شمار بھی دئے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ مشرقی پنجاب کی حکومت نے مرکزی حکومت سے ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپیہ بطور قرضہ طلب کیا تھا جب کہ مرکزی حکومت صرف پچاس لاکھ روپیہ دے رہی ہے۔ ڈاکٹر لہنا سنگھ کا زیادہ وقت [illegible] گزرے گا۔ (پ ٹ)

صدر ایکوڈر کو قتل کرنیکی کوشش

کوئٹو ۵ نومبر۔ ایکوڈر کے صدر مسٹر پلازو کو ہلاک کرنے کی ایک کوشش کی گئی لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ صدر کی موٹر کار جب ایک پل پر سے گزر گئی تو ایک بم پھٹا جس نے پل کو تباہ کردیا۔ (رائٹر)

افریقی ہندستانیوں کا مسئلہ

ہندستانی کمشنر کی نئی دہلی میں طلبی

دہلی ۴ نومبر۔ برطانوی مشرقی افریقہ میں ہندوستانی کمشنر مسٹر آپا پنت کو حکومت ہند نے دہلی طلب کیا ہے تاکہ مشرقی افریقہ میں حالیہ منظور کردہ نقل مکانی قانون پر عمل کرنے کے متعلق گفت و شنید کی جاسکے۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر پنت [illegible] دہلی آجائیں گے۔

مسٹر پنت سے گفتگو مقننہ میں انتخابات، مشرقی افریقہ میں ہندستانی باشندوں کے نئے حلقوں کی تخصیص اور ان کے شہری حقوق کے متعلق ہوگی۔ جہاں تک مقننہ کے انتخاب کا سوال ہے حکومت ہند [illegible] حکومت نے ان کو منظور نہیں کیا۔ لیکن حکومت ہند کو یقین دلایا گیا کہ قوانین ہندستانیوں کے خلاف نہیں ہیں اس لئے حکومت ہند نے اپنے کمشنر کو ہدایت کی تھی کہ وہ دیکھے کہ قانون کس طرح عمل ہو رہا ہے یا نہیں اور اس کے متعلق حکومت ہند کو رپورٹ پیش کرے۔ (پ ٹ)

پاکستان کے گوردوارے [illegible]

سردار سنتوک سنگھ شاہپوری کی تقریر

پٹیالہ ۴ نومبر۔ ایک پریس کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے ننکانہ دربار کے سکریٹری سردار سنتوک سنگھ شاہپوری نے کہا کہ پاکستان میں جو سکھ گوردوارے ہیں [illegible] ہندستانی ہائی کمشنر کے کنٹرول میں دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ذریعہ ہائی کمشنر ان گوردواروں کی آمدنی کا حساب کرے۔ آخر میں سردار صاحب نے کہا کہ ادھر ہندوستان میں بھی اسی قسم کی پیش کش مسلمانوں کے مقدس مقامات کے متعلق پاکستان کے ہائی کمشنر مقیم دہلی کو کرنی چاہئے۔

پال رابسن کی امن کانفرنس میں شرکت

امریکہ پاسپورٹ نہیں دیگا

واشنگٹن ۵ نومبر۔ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے ایک نمائندے نے ایک بیان میں کہا کہ اس کا امکان کم نظر آتا ہے کہ پال رابسن کو کلکتہ کی امن کانفرنس میں شرکت کے لئے جانے کے واسطے پاسپورٹ دیا جائے گا۔

اس سے پیشتر اس قسم کے مواقع پر بعض لوگوں کو باقاعدہ پاسپورٹ نہیں دئے گئے یا ان کے پاسپورٹ واپس لے لئے گئے تاکہ وہ کمیونسٹ کے اجتماعوں میں جاکر [illegible] (پ ٹ رائٹر)

میں نے کبھی بھی جمعیۃ علماء اور راشٹریہ سنگھ کو ایک سطح پر قرار نہیں دیا!

جمعیۃ العلماء کی عظیم الشان قومی خدمات کا مجھے پورا اعتراف ہے

مسٹر گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری حکومت یو۔ پی کا اہم بیان

لکھنؤ ۵ نومبر۔ مسٹر گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری حکومت یو۔ پی نے تحریک کے نامہ نگار خصوصی کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ میں نے کبھی بھی جمعیۃ العلماء اور راشٹریہ سنگھ کو ایک سطح پر نہیں رکھا۔ [illegible] جو عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں اور مولانا حسین احمد صاحب اور مولانا حفظ الرحمن صاحب کے اس سلسلہ میں جو کارنامے ہیں ان کو کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔

جمعیۃ نے کانگریس ہی کی طرح مسلم لیگ کے مطالبہ پاکستان کی سخت مخالفت کی تھی [illegible]

[illegible]

ایران اور روس کے نمائندوں میں گفتگو

طہران ۵ نومبر۔ بحیرۂ کیسپین کی ماہی گیری کے مسئلہ پر ایران اور روس کے [illegible] نمائندوں کے درمیان گفت و شنید جاری ہے۔ اگرچہ اس بارے میں کوئی سرکاری اعلان جاری نہیں کیا گیا لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ ایران روس کو اس امر پر رضامند کرے گا کہ ماہی گیروں کا ڈائرکٹر ایک مرتبہ ایرانی ہو اور ایک مرتبہ روسی۔ (س)

ایران میں روسی گندم پہنچ گیا

طہران ۵ نومبر۔ ایران اور روس میں گندم کی سپلائی کا جو معاہدہ ہوا تھا اس سلسلہ میں روس سے گندم کی پہلی گاڑی ایران کے سرحدی شہر جلفا پہنچ گئی بندر پہلوی سے بھی جہاز آیا تھا اس کی تقسیم بھی شروع ہوگئی ہے۔ (س)

فوطے بڑھ جانے اور آنت اترنے کی مجرب دوا

[illegible]

حکیم [illegible] لکھنؤ

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن ۔ پورٹ سوڈان ۔ جدہ ۔ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان
ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور
امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کرسکیں گے
مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے
متعلق جملہ تفصیلات کیلئے خط و کتابت کریں
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بینک اسٹریٹ بمبئی

انڈونیشیا ایشیائی بلاک کی تشکیل کا مخالف ہے

پنڈت نہرو کی امن اور غیر جانبداری کی پالیسی کی حمایت کا اعلان

ہیگ ۔ ۵ نومبر۔ انڈونیشیا کی متحدہ ریاست تمام بیرونی اقوام کے ساتھ تعاون کرکے عالمی امن کی کوشش کرے گی۔ ہم کسی قسم کے ایشیائی بلاک سے متفق نہیں ہیں۔ کیونکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم کسی دوسرے بلاک کے مخالف ہیں۔ لیکن ہم پنڈت نہرو کی امن کی پالیسی سے پوری طرح متفق ہیں۔ یہ اعلان ڈاکٹر حطا نے انڈونیشیا کی غیر ملکی پالیسی کے بارے میں کیا۔

انہوں نے کہا دنیا کے مختلف گروہوں کی لڑائی میں انڈونیشیا غیر جانبدار رہے گا۔ اس سوال کے جواب میں کہ انڈونیشیا برطانوی بورنیو، سرواک، تیمور یا آسٹریلیائی نیو گنی کو اپنے ساتھ ملانے کے لئے تیار رہے گا، انہوں نے کہا [illegible]

امریکہ سے امداد کی بات چیت

[illegible]

سودیشی کی تحریک کی ضرورت بڑھ گئی

نائب وزیر خارجہ کی تقریر

الہ آباد ۵ نومبر۔ نائب وزیر خارجہ مسٹر آر۔ وی۔ کیسکر نے آج الہ آباد میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ اب آزادی حاصل ہوگئی ہے اس لئے سودیشی تحریک کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ [illegible] (پ ٹ)

شام کے آثار قدیمہ کی تحقیقات

کھدائی کا کام بلجیم کے ماہرین کریں گے

دمشق ۵ نومبر۔ [illegible]

[illegible]

عالمی غذائی تنظیم کا اجلاس سیلون میں ہوگا

کولمبو ۵ نومبر۔ عالمی غذائی تنظیم کا آئندہ اجلاس [illegible] منعقد ہوگا، توقع کی جاتی ہے کہ [illegible]

انتخاب [illegible] پاکستان

امتحان عمل

(غالب ۔ لاہور ۔ ۲۰ اکتوبر)

عالم اسلام کا نوروز

جس طرح یکم جنوری انگریزی سال کا پہلا مہینہ ہوتا ہے اور لوگ اس روز عام تعطیل کر کے خوشی کا اظہار کرتے ہیں ۔

سال کو مبارک کرے اور ہمیں سال بھر خوش و خرم رکھے ۔

(کوثر ۔ لاہور ۔ ۲۵ اکتوبر)

مرکز کا نیا سیفٹی آرڈیننس

جمعیۃ علماء راجستھان کا سرکلر

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے ؟

مختصر یہ کہ

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے !

سرکاری خطوط کیلئے ڈاک کا ٹکٹ

شاہ جارج کی شبیہ کی جگہ اشوک کی لاٹ

اس سال ادب کا نوبل پرائز نہیں ملیگا

آل انڈیا مسلم جماعت کانفرنس کے موقع پر

مدرسہ حسینیہ صالحیہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا

ماسٹر تارا سنگھ کی تقریروں میں فرقہ پرستی کی مذمت

پنڈت نہرو موجودہ دنیا میں خاص درجہ رکھتے ہیں

امریکہ کے ایک مشہور رسالہ کا پنڈت جواہر لال نہرو کو خراج تحسین

پنڈت نہرو کے دورہ کے متعلق اپنا تبصرہ میں لکھا ہے کہ یہ استقبال ان کی قوم کی آزادی اور بڑھنے والی طاقت کو ایک خراج تحسین ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان کی شخصیت کو بھی خراج تحسین ہے جو اپنی خوش خلقی اور شائستگی کے باعث بڑے قومی لیڈروں کی اس دنیا میں ایک خاص درجہ رکھتی ہے ۔

اخبار نے لکھا ہے کہ اس سے جتنا کہ کس قدر گرمجوشی سے سرکاری اور غیر سرکاری طور پر ان کا استقبال ہوا ۔

بزم مسالمہ

اہل ذوق حضرات سے شرکت کی توقع ہے

بدھ پیروؤں کی یادگاریں بنارس میں

جمعیۃ علماء کی ممبر سازی اور الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے مولانا حکیم اللہ کا دورہ



پھونکوں سے طوفان

آپ چاہیں کہ پھونکوں سے پرسکون سمندر میں طوفان پیدا کر دیں، تو یہ ممکن نہیں لیکن خوابیدہ اعضاء میں طوفانی طاقت پیدا کرنے کیلئے آپ کو صرف "شباب آور" کی ضرورت ہے۔

شباب آور

قیمت پانچ روپے

ہمدرد دواخانہ ۔ دہلی

چیف اسٹاکسٹ

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ دیجئے

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

فون نمبر 6841

نمبر ۲۶۳

قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان

کے درمیان

ہوائی جہاز و ریل کے ذریعہ مسافروں اور تجارتی سامان بھیجنے کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیے ۔ نوٹ :۔ ہوائی جہاز کرایہ دہلی تا لاہور ... کراچی ... یعنی اصلی کرایہ سے زائد اجرت نہیں لی جاتی ۔

گپتا برادرس ایجنٹس

ہیڈ آفس ۔ کارونیشن ہوٹل ۔ چاندنی چوک ۔ فتح پوری دہلی

دار السلطنت

نئی دہلی ٹاؤن ہال میں گورونانک جی کا یوم پیدائش

معززین شہر کا اجتماع ۔ مولانا حفظ الرحمن کی تقریر

دہلی ۹ نومبر ۔ کل یہاں گورونانک جی کا یوم پیدائش منایا گیا ۔ اس سلسلہ میں ... بجے شام ٹاؤن ہال نئی دہلی میں معززین شہر کا ایک اجتماع ہوا جس کی صدارت دہلی کے رئیس اعظم لالہ سری رام جی نے کی ۔

اجتماع میں سکھوں کی کثیر تعداد کے علاوہ ہندو اور مسلمان حضرات بھی بکثرت شریک تھے ۔

جو لوگ شریک ہوئے ان میں قابل ذکر سردار سنت سنگھ سابق ایم ایل اے ۔ پرنسپل گورکھ ناتھ سنگھ ۔ سر سری رام ، جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ۔ اور مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی ہیں ۔

سردار سنت سنگھ نے اپنی پندرہ منٹ کی تقریر میں گورونانک کی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تین چیزیں سکھائی ہیں ۔ انسانیت سے محبت ، ایک خدا کی پرستش اور انسانوں کی خدمت ، لیکن آج کے سماج سے خوبیاں ناپید ہیں ۔

سردار صاحب کے بعد حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند نے اپنی مختصر تقریر میں گورونانک جی کو خراج عقیدت پیش کیا ۔

آخر میں حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے بھی ایک تقریر فرمائی ۔

مرکز تعلیم بالغان کوچہ فولاد خاں

صوبہ دہلی کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر ... نے گذشتہ شب کوچہ فولاد خاں میں مرکز تعلیم بالغان کا افتتاح کیا ۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء کا اجلاس

درجہ حرارت طلوع و غروب

دہلی میں کانگریس کے ایک لاکھ ممبر

صوبہ دہلی میں کانگریس کے تقریباً ایک لاکھ ممبر بھرتی ہوئے ہیں ۔

دہلی ہمیشہ سے آزاد خیال مسلمانوں کا مرکز رہا ہے

معاون سازی کے سلسلہ میں ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا بیان

موٹر رکشا الٹ گئی

میونسپلٹی کی مدت میں توسیع

پچیس ہزار پونڈ کی جعلی اشرفیاں بنا کر چلا دیں

یونانی جعلسازوں کا کارنامہ

(مجلب)

گورونانک جنم دن پر راجہ جی کا پیغام

ایک عورت پر جرمانہ

سرکاری پٹرول بیچنے پر سزا

انڈین نیشنل ایرویز کے ملازموں کی تخفیف

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر ضرور لکھیے

اسٹرلنگ ہنڈیوں کا مسئلہ

(رائٹر)

بریلی کے تانگہ والوں کا جلسہ

ناظم امارت شرعیہ بہار اڑیسہ کی تشریف آوری

میرٹھ میں یوم الجمعیۃ

ایک مشہور کمیونسٹ گرفتار

اشتہار

ختم ہوگیا

انقلاب اکتوبر کی سال گرہ

مارشل اسٹالن کو مسٹر ... کا تار

صوبائی عصبیت کو فوراً ختم کیا جائے

گورنر مغربی بنگال ڈاکٹر کاٹجو کی تقریر

مسودہ قانون پر غور کرے گی

انڈونیشیا میں انتقال اقتدار کی تیاریاں شروع ہوگئیں

ڈاکٹر محمد رئیم کا اعلان

مصری پارلیمنٹ توڑ دی جائیگی

وزیر اعظم کا اعلان

پاکستان کیلئے لوہے کا کارخانہ

رنا چاہتا ہے

جمعیت علماء کے خلاف مسٹر جے پرکاش کی شکایت

ارکان وفد کو مسٹر جے پرکاش کی جھاڑ

(نامہ نگار الجمعیت)

ضرورت

ادبی کام

ضرورت

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ ۔ ڈاکخانہ جامعہ نگر ۔ دہلی

کلام اللہ شریف مترجم

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

دہلی کمرشل کارپوریشن

ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

افکار پاکستان

امتحان عمل

ڈھاکہ میں تقریر کرتے ہوئے ... وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے اقلیتوں کو یقین دلایا کہ اسلامی آئین کے ماتحت ان کو جو حقوق و تحفظات حاصل ہوں گے وہ کسی دوسرے آئین میں حاصل نہیں ہو سکتے یہ محض زبانی جمع خرچ نہیں بلکہ خلافت راشدہ میں ایسا کر کے دکھا دیا جا چکا ہے

مقرر نے اقلیتوں کے اس شبہ کا ازالہ کیا کہ مسلمان سلاطین و امراء کے زمانے میں غیر مسلموں کے ساتھ اچھا سلوک نہیں ہوا اور فرمایا کہ خلافت راشدہ کے بعد حقیقت میں جو مسلمان سلطنتیں قائم ہوئیں وہ صحیح معنی میں اسلامی آئین پر مبنی نہیں تھیں۔ غیر مسلموں کو اسلامی آئین کے اثرات و نتائج کے بارے میں خلافت راشدہ کے نظام پر نظر رکھنی چاہئیے۔ اگرچہ مسلمان بادشاہوں نے بھی اقلیتوں کے ساتھ ہمیشہ اچھا ہی سلوک کیا۔

اس تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان میں اسی [illegible] اسلامی [illegible] اختیار کیا۔

[illegible] لیاقت علی خاں کے دعویٰ و اعلان میں شک کرنے کی ضرورت نہیں مگر ہم ان کو یہ یاد دلانا ضروری سمجھتے ہیں کہ [illegible] حکومت نے اپنی سمت سفر نہیں بدلی۔ ضرورت ہے کہ اس سلسلہ میں عملی قدم اٹھایا جائے تاکہ مسلمانوں کو اطمینان ہو کہ [illegible] خلافت راشدہ کے عہد کا اسلامی آئین آ رہا ہے [illegible]

در امتحان بغیر تو یہ آپ کا غلام
قائل نہیں ہے [illegible]

(کوثر۔ لاہور۔ ۲۵ اکتوبر)

مرکز کا نیا سیفٹی آرڈیننس

یہ ظاہر ہے کہ ترقی پسندی کی آڑ میں ملک میں ایسی جماعتیں پیدا ہو گئی ہیں جو خدمت خلق اور خدمت ملک کی آڑ میں [illegible] دینا چاہتی ہیں۔ ایک معاصر میں لاہور کے علماء کے بیانات ... شائع ہوئے ہیں جن میں ... ایسی جماعتوں کے خلاف اقدام کرنے کی التجا کی گئی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ملک میں [illegible] ایسی جماعتیں ہیں اور ان جماعتوں کے اخبارات اور رسائل جاری ہیں جو افراط و تفریط سے کام لے رہے ہیں۔ یہ جماعتیں نہ صرف حکومت کا تختہ الٹ دینا چاہتی ہیں بلکہ اس کے ساتھ ہی دین اور اسلام کو بھی پاکستان سے رخصت کر دینا چاہتی ہیں جہاں تک حکومت اور ارکان حکومت کی اصلاح ... کا تعلق ہے ہم کسی جماعت یا افراد کے مخالف نہیں۔ لیکن جہاں حکومت کی آڑ میں دین و شریعت کی تخریب کا پہلو ہو ... ہم ایسی جماعت یا افراد کا جڑ سے خاتمہ کر دینے کے حامی ہیں۔

جمہوریت اور آزادی اپنی جگہ اس کا بھی [illegible] کے نام پر مطالبات سے استحصال کیا جائے۔ حکومت اور ارکان حکومت پر جائز نکتہ چینی ... اور اصلاح کرنے کا ہر ایک کو حق ہے اور ارکان حکومت کی تبدیلی بھی انتخابات کے ذریعہ جائز طور سے ہو سکتی ہے۔ ... تمام چیزیں جمہوریت اور حریت کا لازم ہیں لیکن حکومت کی اصلاح اور ... کی حمایت کی آڑ میں ملک کے ... کو نظر انداز کر دینا ... کی بنیادی عقائد کو خیر باد کہہ دینا ناقابل برداشت ہے۔ اگر سیفٹی آرڈیننس اس قسم کی جماعتوں ... اور جماعت پر قابو پانے کے لئے جاری کیا گیا ہے تو نہایت مبارک ہے۔ اگر اس آرڈیننس کے ... حکام کے اعمال کی پردہ پوشی منظور ہے تو ... پبلک سیفٹی ایکٹ کا ہی ہوا اور ... پیدا اس کے بعد ہوا ہے۔

(غالب۔ لاہور۔ ۲۸ اکتوبر)

عالم اسلام کا نوروز

جس طرح یکم جنوری انگریزی سال کا پہلا مہینہ ہوتا ہے اور لوگ اس روز عام تعطیل کر کے خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ ہمارے لئے اس سال کو مبارک کرے اور ہمیں سال بھر خوش و خرم رکھے۔ اسی طرح یکم محرم اسلامی سال کا پہلا دن ہوتا ہے دنیا بھر کے مسلمان یکم محرم کو عام تعطیل کرتے ہیں اور ... اللہ تعالےٰ سے دنیا و آخرت کی سب سے بڑی مسرت اور خوشی طلب کرتے ہیں۔ ایک مومن قانت کی زندگی کی سب سے بڑی خوشی اور شادمانی یہ ہے کہ وہ شہادت کی موت مرے اور ... بستر پر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت نہ آئے بلکہ وہ میدان شہادت میں ایک مومن قانت کی طرح جسم کی محبت سے ہم آغوش ہو

نشان مرد مومن با تو گویم
چو مرگ آید تبسم بر لب اوست

انگریزی حکومت سے سال کی خوشی میں یکم جنوری کو بعض لوگوں کو خطابات سے نوازتی تھی اور عام لوگ نئے سال پر اپنے دوستوں اور احباب کو تحفے بھیجتے تھے۔ جیسا کہ اسلامیہ میں یہی یکم محرم کو ادا کی جاتی ہے۔ مصر میں حکومت کی طرف سے یکم محرم پر بعض اصحاب کو خطابات دیئے جاتے ہیں اور تحفے تحائف تقسیم کئے جاتے ہیں ... جاتی ہیں۔

اسی ماہ محرم کی دسویں تاریخ کو نواسہ رسول جگر گوشہ بتول حضرت امام حسین نے ... ایک ... نانا سے ... ساتھ شہادت کی نعمت حاصل کر کے زندگی جاوداں حاصل کر لی۔ اسلامی سال کا پہلا ہی مہینہ مسلمان کو اللہ کی راہ میں اپنے وجود اور اپنے عزیزوں اور اقارب کی قربانی کا پیغام دیتا ہے گویا مسلمانوں کو سال کے شروع میں ہی اللہ کی راہ میں قربانی دینی ہے۔

(غالب لاہور۔ ۲۵ اکتوبر)

جمعیۃ علماء راجستھان کا سرکلر

ٹونک (بذریعہ ڈاک) ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء راجستھان نے اضلاع راجستھان کے جنرل سیکریٹریوں کے نام حسب ذیل سرکلر جاری کیا ہے۔

مورخہ ۱۸ جولائی کو آپ کی خدمت میں سرکلر بھیجا اور اس کیا گیا تھا جس میں فارم معاونین و اراکین کے متعلق چند امور دریافت کئے تھے لیکن افسوس ہے کہ آپ نے اس کی طرف توجہ نہیں فرمائی۔ اس لئے گذارش ہے کہ مرکزی جمعیۃ علماء ہند سے آمدہ سرکلر کے پیش نظر مندرجہ ذیل ہدایات پر خاص طور سے توجہ فرما کر ہند یونین کے سب سے بڑے صوبہ راجستھان میں جمعیۃ علماء کی تنظیم کو وسیع تر بنائیں۔

(۱) جمعیۃ علماء ہند کے دستور العمل کی دفعہ ... زیادہ سے زیادہ عام معاونین (ممبران) بنائے جائیں۔ جن کا چندہ ۴ر ہے۔ فارم معاونت اور فارم رکنیت مرکزی جمعیۃ کی ہدایت کے مطابق پورے راجستھان کے لئے صوبہ کی جمعیۃ نے طبع کرائے ہیں لہذا فارم معاونت اور فارم رکنیت حسب ضرورت "صدر دفتر جمعیۃ علماء صوبہ راجستھان ... ٹونک" سے طلب فرمائیں۔

(۲) ماتحت جمعیتوں کے نظام کو مکمل کریں جن قصبات میں جمعیۃ قائم نہ ہو وہاں فوراً جمعیۃ علماء کی شاخ قائم کریں۔ دیہات میں حلقہ بنا کر حلقہ وار جمعیتیں قائم کریں۔ تاکہ مذہبی تعلیم اور اصلاح کے پروگرام پر عمل ہو سکے۔

(۳) فارم معاونین کی ... [illegible]

گئی ہیں یہ چابیاں صرف ضلع کے ذمہ دار جمعیۃ اہلکار کے سپرد کی جائیں۔ یا صاحب ... کے ساتھ ... جائیں کہ وہ بھی ذمہ دار امانت دار حضرات کو تقسیم کریں۔

(۴) ایک صاحب کو ایک مرتبہ صرف ایک کاپی دی جائے اور جب وہ مکمل ہو کر آ جائے فیس ممبری داخل ہو جائے تو دوسری کاپی دی جائے۔ ... قصبات کے حضرات ... مستثنیٰ سمجھے جائیں اور حلقہ یا تھانہ کے ... ہو۔

(۵) حلقوں اور تھانوں کی جمعیتوں کو اطلاع دیدی ہے کہ کسی حلقہ یا تھانہ سے فارم ... مع فیس جب تک ضلع میں نہ ہو۔ ... جو کاپی ... ضلع میں نہ لیا جائے اسی طرح جب ضلع سے تمام فارم ... مع فیس کے صوبہ میں واپس نہ آ جائیں۔ اس وقت تک اس ضلع سے صوبہ کو کوئی ممبر نہ لیا جائے گا۔

(۶) آخر تاریخ ممبر سازی میں فارم اور رقوم کی واپسی کی تاریخ مقررہ کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اس وقت تک تمام فارم مع رقوم صوبہ کے دفتر میں آ جانا چاہئیں۔

(۷) حالات حاضرہ سے جلد جلد اپنے صوبہ کے دفتر کو مطلع کرتے رہا کریں۔ اس سلسلہ میں اور جو اہم مشورہ طلب ہوں ان سے بھی مطلع فرمائیں۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے دستور کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ پرستی کے ناسور کو ختم کر کے ایک صالح اور قومی اتحاد کی صحیح فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر باشندہ شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پر جوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و حفاظت حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد و مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر مبلغ ... آج روپے کٹوا کے چیف ہو جائیے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

پنڈت نہرو موجودہ دنیا میں خاص درجہ رکھتے ہیں

امریکہ کے ایک مشہور رسالہ کا پنڈت جواہر لال نہرو کو خراج تحسین

نیویارک ۷ نومبر امریکہ کے ایک رسالہ میگزین "لائف" نے پنڈت جواہر لال نہرو کے دورہ امریکہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وزیر اعظم ہندوستان کا استقبال امریکہ کی تاریخ میں کسی شخص کو نہیں ... اور ... کی مختلف تحریکوں کا پروگرام جانتے ہوئے بے مثالی ہے۔

پنڈت نہرو کے دورہ کے تصویری تبصرہ میں میگزین نے لکھا ہے کہ ان کا استقبال ان کی قوم کی آزادی اور بڑھنے والی طاقت کو ایک خراج تحسین ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ ان کی شخصیت کو بھی خراج تحسین ہے جو اپنی خوش خلقی، دانشمندی کے باعث بہت قومی لیڈر ہونے کا اس دنیا میں ایک خاص درجہ رکھتی ہے۔

میگزین نے لکھا ہے کہ امریکہ میں جس قدر غیر ملکی آئے ان میں پنڈت نہرو سب سے زیادہ پسندیدہ آدمی ہیں۔ اخبار نے لکھا ہے کہ اس سے کہ کس قدر گرمجوشی سے سرکاری اور غیر سرکاری طور پر ان کا استقبال کیا گیا۔

یہ بات قابل غور ہے کہ پنڈت جی نے امریکہ کے متعلق ہر قسم کی معلومات ... حاصل کرنے کی پوری کوشش کی۔ اخبار نے اپنے مقالہ کے ساتھ ایک تصویر بھی شائع کی ہے جس میں پنڈت جی ایک امریکن کسان ... کے ہاتھوں ... دیکھ رہے ہیں ... پنڈت جی ... خیر مقدم کر رہے ہیں (روٹر)

بزم مسالمہ

(بذریعہ ڈاک) ہر سال کی طرح اس سال بھی بتاریخ ۱۰ محرم الحرام مطابق ... بروز سنیچر ۲ بجے شب بمقام ... بزم مسالمہ منعقد ہو گی اہل ذوق حضرات سے شرکت کی توقع ہے

مصرع طرح: حسین ابن علی نے کر دیا روشن زمانے کو
مطلع: [illegible]

قافیہ: شہیداں۔ ردیف: ہے

بدھ پیروں کی یادگاریں بنارس میں

بنارس ۴ نومبر ... ہندوستان ... بدھ پیروں کی یادگاریں ... یہاں پہنچیں ... کا استقبال کیا ... [illegible]

یہ یادگاریں کلکتہ سے بنارس میں ایک خاص سپیشل میں ... لائی گئی تھیں ... اور جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کے بہت ... جب گورنر ... یادگاریں ... [illegible]

[illegible] اسٹیٹیوٹ ... کے اغراض سے حکومت سیلون کو ... [illegible]

جمعیۃ علماء کی ممبر سازی اور الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے مولینا حکیم اللہ کا دورہ

جلد دانی ۸ نومبر (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء ہند کی ممبر سازی نیز اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے مولینا حکیم اللہ صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع نینی تال ضلع کا دورہ ۴ نومبر ۱۹۴۹ء سے شروع کر رہے ہیں۔ آپ ... قاسم پور کا دورہ کریں گے۔ ... تحصیل کاشی پور تحصیل باز پور تحصیل کچھا ... کا دورہ کریں گے۔ مولینا اپنے دورہ میں جمعیۃ علماء کی تنظیم، تعمیر پروگرام کو عملی جامہ پہنانے اور جمعیۃ کی جدید شاخوں کا قیام و عام ممبر سازی نیز اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے جدوجہد کریں گے۔

مسلمانان ضلع نینی تال سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ جمعیۃ کے عام ممبر اور اخبار الجمعیۃ کے خریدار بن کر جماعت کو مستحکم بنائیں۔

آل انڈیا مسلم جاٹ کانفرنس کی موقع پر مدرسہ حسینیہ صالیہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا

مظفر نگر (بذریعہ ڈاک) ... صاحب رئیس تاؤلی کی کوٹھی پر مقامی جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ کا ایک جلسہ منعقد ہوا۔ جس کی صدارت حاجی چودھری محمد صدیق صاحب ناظم مدرسہ صالیہ حسینیہ اسلامیہ نے فرمائی۔ کمیٹی نے حسب ذیل تجویز منظور فرمائی۔

ایپیل ... ۱۹۴۹ء میں آل انڈیا مسلم جاٹ تبلیغی کانفرنس کی جلسے اور اس کی صدارت کے لئے شیخ الاسلام حضرت مولینا حسین احمد صاحب مدنی سے استدعا کی جائے اور حضرت مدظلہ کے دست مبارک سے سنگ بنیاد ... مدرسہ صالیہ حسینیہ کا رکھا جائے ... دیوبند کو دعوت نامے ارسال کئے جائیں خصوصاً حضرت مولینا قاری طیب صاحب۔ مولینا حفظ الرحمن صاحب ... مولینا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی۔ مولانا محمد میاں صاحب۔ مولینا ابو الوفا صاحب ... وغیرہم کو مدعو کیا جائے۔ کمیٹی میں حسب ذیل حضرات قابل ذکر ہیں ... چودھری محمد صدیق صاحب چودھری ... صاحب ... رئیس تاؤلی ... خاں صاحب ... مدرسہ صالیہ حسینیہ ... محمد صدیق صاحب۔

ماسٹر تارا سنگھ کی تقریروں میں فرقہ پرستی کی مذمت

دہلی ۴ نومبر۔ سوشلسٹ لیڈر مسٹر ... نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ماسٹر تارا سنگھ نے رہائی کے بعد دو اہم تقریریں کی ہیں۔ ان دونوں تقریروں میں فرقہ پرستی کی مذمت کی ہے۔ ہندوستان کی سیاست میں یہ ایک اچھا سہارا ہے۔ لیکن ماسٹر جی نے اپنے فرقہ کی بھلائی کیلئے اکثریت کے رویہ کو دیکھ کر جن اندیشوں کا اظہار کیا ہے وہ اپنی جگہ جائز ہیں۔ بعض اخبارات ماسٹر جی کی ان تقریروں پر فرقہ پرستی کا الزام لگا رہے ہیں۔ در اصل ان اخبارات کو خود اپنے دلوں کو ٹٹولنا چاہیئے۔ اور بجائے ماسٹر جی پر برسنے کے اپنے رویہ میں تبدیلی کر کے ان خدشات کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ آخر اگر اقلیت کوئی مطالبہ کرتی ہے تو اس پر غور کرنا چاہیئے کہ وہ جائز ہے یا ناجائز۔ نہ کہ اس کی مخالفت کر کے اسے سنگین مخالف بنایا جائے۔ یہاں تک کہ اس میں عناد پیدا ہو جائے۔ حقیقت شناس انسانوں کی طرح ہر ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ ٹھوس سچائی دیکھ کر چلے۔ کیونکہ اسی میں ملک کا فائدہ ہو سکتا ہے۔ آج سکھ ماسٹر تارا سنگھ کو ایسا لیڈر مانتے ہیں جیسے مسلمان جناح صاحب کو مانتے تھے۔ ماسٹر جی کو پریم اور محبت سے جیت کر ہی یقین دلایا جا سکتا ہے کہ ان کے فرقہ کے ساتھ برابری کا سلوک ...

سرکاری خطوں کیلئے ڈاک ٹکٹ

شاہ جارج کی شبیہہ کی جگہ اشوک کی لاٹ

نئی دہلی ۵ نومبر۔ جنوری ۱۹۵۰ء سے سرکاری ڈاک پر استعمال ہونے والے ٹکٹوں کا ایک نیا سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔ ٹکٹ پر حکومت ہند کا سرکاری نشان ہو گا اس میں ایک رنگ کے پس منظر پر اشوک کی لاٹ ہو گی اور اور گرد نقش و نگار ہوں گے۔ "سروس" کا لفظ ٹکٹ کے اوپر بڑے حروف میں چھپا ہو گا۔ نیچے ... "پیشہ" لکھا ہو گا ٹکٹ کی قیمت انگریزی اور ہندی میں لکھی ہو گی۔

ان ٹکٹوں کی قیمتیں ... سے لیکر ... روپیہ تک ہے اور یہ کئی رنگ کے ہوا کریں گے ... انڈیا سکیورٹی پریس میں ... چھپائے جا رہے ہیں ... کی تصویر والے موجودہ ٹکٹ بند ہو جائیں گے۔

سرکاری ڈاک پر استعمال ہونے والے ٹکٹوں کا یہ دوسرا سلسلہ ہے پہلا سلسلہ جون ۱۸۶۶ء میں جاری کیا گیا تھا اس سے پہلے سرکاری خط و کتابت کے لئے ... "سروس" یا "او ایچ ایم ایس" ... چھپے ہوتے تھے ... ٹکٹ بند کر دیئے گئے ہیں۔

سرکاری محکمے حکومت یا نیم سرکاری اداروں کے استعمال کے لئے ہوتے ہیں لیکن عوام ٹکٹ جمع کرنے والے انہیں سرکاری خزانوں سے خرید سکتے ہیں ایک وقت میں ساڑھے چھ روپے کے ٹکٹ خریدے جا سکتے ہیں اس کے ساتھ عام ... ٹکٹ جمع کرنے والے ایسے ٹکٹ اپنی ڈاک پر استعمال نہیں کر سکتے پچھلے سال حکومت ہند کے مختلف محکموں نے ... کروڑ روپیہ کے سرکاری ٹکٹ استعمال کئے ... باقی ایک روپیہ سے دس روپیہ تک کی قیمت کے تھے۔

اس سال ادب کا نوبل پرائز نہیں ملیگا

اسٹاک ہلم ۴ نومبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ امسال ادب کا نوبل پرائز کسی کو نہیں دیا جائے گا یہ انعام سال آئندہ دیا جائے گا ... نوبل پرائز ان کا انتخاب سویڈن کی ... کرتی ہے۔ یہ انعام الفریڈ نوبل کی وصیت کے مطابق دیا جاتا ہے جو سویڈن کا ایک مشہور کیمسٹ تھا جس کا انتقال ۱۸۹۶ء میں ہوا تھا۔ انعام کی رقم بدلتی رہتی ہے لیکن عام طور پر دس ہزار پونڈ ہوتی ہے

نئی دہلی ۴ نومبر۔ دستور ساز ... کانگریس پارٹی کے دفتر سے اعلان کیا گیا ہے کہ مسودہ دستور پر غور کرنے کے لئے ۱۲ نومبر کو شام کے ۶ بجے کانسٹی ٹیوشن ہاؤس میں اسمبلی پارٹی کا اجلاس ہو گا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

YOU CANNOT BLOW A STORM

پھونکوں سے طوفان

آپ چاہیں کہ پھونکوں سے پرسکون سمندر میں طوفان پیدا کر دیں، تو یہ ممکن نہیں لیکن خوابیدہ اعضا میں طوفانی طاقت پیدا کرنے کیلئے آپ کو صرف "شباب آور" کی ضرورت ہو۔

شباب آور

معدہ میں داخل ہوتے ہی نہ صرف نڈھال اعضا میں جوانی کی سی امنگ پیدا کرتا ہے۔ بلکہ دل، دماغ، اور جگر کی کمزوریاں بھی مستقل طور پر اس سے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت پانچ روپے۔

جوانی قائم رکھنے کے لئے رسالہ ہمدرد نوجوان اور ہمدرد شباب ... مفت طلب فرمائیں۔

ہمدرد دواخانہ، دہلی



چیف اسٹاکسٹ

(۱) میسرز موہن اسٹورز اجمل خاں روڈ قرولباغ دہلی (۲) وید گیان چند لودھی مارکیٹ نئی دہلی
(۳) حکیم جے پی کھترے پہاڑ گنج نئی دہلی (۴) حکیم منسراج سوری مردان والے سرائے کل رسیڈنٹ نئی دہلی
(۵) کشمیر اسٹورز کشمیری گیٹ دہلی (۶) یونائیٹڈ پراونس اینڈ جنرل مرچنٹس دہلی کینٹ
(۷) سکھ رام داس ہیرا ... داس سبزی منڈی دہلی (۸) حکیم ... فارسی ... دہلی

دارالسلطنت

نئی دہلی ٹاؤن ہال میں گرونانک جی کا یوم پیدائش

معززین شہر کا اجتماع۔ مولانا حفظ الرحمن کی تقریر

دہلی ۵ نومبر۔ کل یہاں گرونانک جی کا یوم پیدائش منایا گیا۔ اس سلسلہ میں کانسٹی ٹیوشن ... کے زیر اہتمام ۷ بجے شام ٹاؤن ہال میں معززین شہر کا ایک اجتماع ہوا جس کی صدارت دہلی کے رئیس اعظم لالہ سری رام جی نے کی۔

اجتماع میں سکھوں کی کثیر تعداد کے علاوہ ہندو اور مسلمان حضرات نے بھی بکثرت شرکت کی۔

اس تقریب کا افتتاح ہندوستان کے ایک نامور شاعر ... کی ایک ہندی نظم سے ہوا۔ حاضرین نے ... صاحب کی نظم بہت پسند کی۔

جو لوگ شریک ہوئے ان میں قابل ذکر سردار سنت سنگھ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ پرنسپل گورمکھ نہال سنگھ۔ مسٹر سری رام، جمعیۃ علماء ہند کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب۔ اور مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی ہیں۔

سردار سنت سنگھ نے اپنی پندرہ منٹ کی تقریر میں گرونانک کی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تین چیزیں سکھائی ہیں۔ انسانیت سے محبت، ایک خدا کی پرستش اور انسانوں کی خدمت، لیکن آج کے سماج سے نیکی نا پید ہے، قوموں میں اندیشے، خدشات اور نفرت کے بادل طاری ہیں جو سماجی نظام اخلاق پر قائم کم نہ ہو وہ زیادہ عرصہ قائم نہیں رہ سکتا۔

سردار صاحب کے بعد حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند نے اپنی پر مغز تقریر میں گرونانک جی کو خراج عقیدت پیش کیا اور فرمایا کہ میرا دل دکھتا ہے جب یہ دیکھتا ہوں کہ ہندو، مسلمان، اور سکھ سال میں ایک دن اپنے مذہبی پیشواؤں کی یاد مناتے ہیں لیکن سال کے باقی تین سو چونسٹھ دنوں میں انہیں جس عملی زندگی کا مظاہرہ کرتے ہیں وہ ان مقدس پیشواؤں کی تعلیمات کے سراسر خلاف اور ان کے مشن سے دور ہوتی ہے۔

جب ہم نے اپنی زندگی کے ہر گوشہ میں ان پیشواؤں کی تعلیمات کو پس پشت ڈال دیا ہے تو ہمیں کیا حق ہے کہ سال کا ایک دن ان کی تعریف اور توصیف میں گذاریں۔

آخر میں حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی نے بھی ایک تقریر فرمائی اور کارکنان ... کی جانب سے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ (نامہ نگار)

مرکز تعلیم بالغان کوچہ فولاد خاں

صوبہ دہلی کانگریس کمیٹی کے صدر مسٹر ... نے گذشتہ شب کوچہ فولاد خاں میں مرکز تعلیم بالغان کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر شری پرکاش ... دہلی پرنٹنگ کانگریس کمیٹی، اور شفاء الملک حکیم ... حسین خاں بھی شریک تھے۔ حکیم ... حسین خاں صاحب نے آخر میں حاضرین اور ... رحمن کا شکریہ ادا کیا مسٹر ... کے اعزاز میں ٹی پارٹی بھی دی گئی۔

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء کا اجلاس

مولانا محمد ... صاحب صدر جمعیۃ علماء ... نے اعلان کیا ہے کہ جمعیۃ علماء ... کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۷ نومبر بروز اتوار قومی کتب خانہ اردو بازار میں منعقد ہو گا۔ ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔ لیکن اگر ممبران کو نہ مل سکے تو وقت کی کمی کے باعث اس اعلان کو کافی تصور کیا جائے۔

درجہ حرارت طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ... اور کم سے کم ... درجہ رہا۔

۵ نومبر طلوع ۶ - ۲۵ غروب ۵ - ۳۴
۷ نومبر طلوع ۶ - ۳۶ غروب ۵ - ۳۳

دہلی میں کانگریس کے ایک لاکھ ممبر

صوبہ دہلی میں کانگریس کے تقریباً ایک لاکھ ممبر بھرتی ہوئے ہیں۔

سکرٹری کانگریس کمیٹی نے کہا ہے کہ ۱۵ نومبر تک دو لاکھ ممبر بنانے کا جو فیصلہ تھا اس کو پورا کیا جائے۔ کانگریس کے نئے آئین کے ماتحت کانگریس کے ابتدائی ...

دہلی ہمیشہ سے آزاد خیال مسلمانوں کا مرکز رہا ہے

معاون سازی کے سلسلہ میں ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا بیان

مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے معاون سازی کے سلسلہ میں حسب ذیل بیان دیا ہے

۱۹۵۰ء میں ہندوستان ایک غیر مذہبی جمہوریت بن جانے کے بعد مسلمانوں کی مذہبی اور تمدنی اصلاح و ترقی کی تمام ذمہ داری جمعیۃ علماء پر آ پڑی ہے

جمعیۃ علماء نے پچھلے دو سال میں باوجود مشکلات و معذوریات کے اس سلسلہ میں جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہندوستان کے مسلمانوں سے مخفی اور دہلی کے مسلمانوں سے ... پوشیدہ نہیں۔

اسی کی بنا پر مسلمانوں نے جس استقلال، پامردی سے فرقہ پرستی کا مقابلہ کیا اور ملک میں اعتماد اور باہمی تعاون کی اسپرٹ پیدا کی اس کے پیش نظر تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ ملک کی ترقی اور خوشحالی اور مسلمانوں کی دینی خدمت کے اس اہم کام میں جمعیۃ علماء کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں۔

دہلی کے مسلمانوں نے جمعیۃ علماء کے ساتھ تعاون کر کے دوسرے صوبوں کے لئے اپنے خلوص اور بیداری کی بہترین مثال قائم کی ہے۔ اس لئے مجھے امید ہے کہ مسلمانان دہلی زیادہ سے زیادہ تعداد میں ۴ر معاونت کے ادا کر کے جمعیۃ علماء کے معاون بنیں گے اور جو حضرات شرائط رکنیت میں سے کسی ایک شرط کو پورا کر سکتے ہیں وہ رکنیت کا فارم پر کر کے رکنیت قبول کریں گے۔

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے معاون سازی کے لئے ایک کمیٹی بنا دی ہے جس کے کنوینر مولانا محمد رفیق صاحب ہیں کمیٹی بہت جلد اپنا پروگرام شائع کرے گی۔

موٹر ٹرک الٹ گئی

مہرولی کے قریب ایک موٹر ٹرک کے ایک نالہ میں گر جانے سے ایک شخص ہلاک اور تین زخمی ہو گئے

موٹر ٹرک کی ایک درخت سے ٹکر ہوئی اور وہ الٹ گیا اور پھر ایک نالے میں گر گیا۔ چاروں سواروں کو چوٹ آئی جنہیں اسپتال پہنچایا گیا بعد میں ان میں سے ایک ہلاک ہو گیا۔

میونسپلٹی کی مدت میں توسیع

دہلی ۵ نومبر۔ حکومت نے دہلی میونسپلٹی کی ٹرم کو غیر معینہ مدت کے لئے بڑھانے کا فیصلہ کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ موجودہ حالات میں انتخابات نہیں ہو سکتے۔ دہلی میونسپلٹی کی مدت میں حال ہی میں جب کہ ختم ہونے ... توسیع کی گئی تھی اس سے یہ خیال پیدا ہوا تھا کہ جلد از جلد انتخابات کرانے کی کوشش کی جائے گی۔ دہلی میونسپلٹی کے موجودہ ممبر ۱۹۴۵ء میں منتخب ہوئے تھے۔

پچیس ہزار پونڈ کی جعلی اشرفیاں بنا کر چلا دیں

یونانی جعلسازوں کا کارنامہ

ایتھنس ۶ نومبر۔ یونان میں ایک جماعت کے ۱۲ ارکان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ گذشتہ چند برسوں میں اس جماعت نے ۲۵ ہزار پونڈ سے زائد قیمت کی جعلی برطانوی گنیاں یونان کے بازاروں میں چلا دیں۔

یہ گنیاں اتنی چالاکی کے ساتھ بنائی گئی تھیں کہ بنک آف انگلینڈ کے ماہرین بھی انہیں شناخت کر سکے ان ... کے لئے ... معلوم ہوا ... [illegible]

معلوم ہوا ہے کہ جعلی سکے بنانے والوں نے کم از کم دس ہزار گنیاں بنائی تھیں جن کی نصف مقدار سیاہ بازار ... کو ... [illegible] بنک آف انگلینڈ کو پہلی بار اس جعلسازی کا علم جب ہوا جبکہ ... [illegible] گنیاں موصول ہوئی تھیں ... برطانوی سفارت ... ایتھنس میں فروخت ہوا تھا۔ (گلوب)

ممبران کانگریس پنچایتوں کا انتخاب کریں گے۔

گورونانک جنم دن پر راجہ جی کا پیغام

... گورونانک جی ... یہ پیغام دیا ہے

... گورونانک جی ... ہندو اور مسلمان دونوں ... [illegible] گورو صاحب ... خدا کی ... [illegible] جواہرات سے زیادہ قیمتی ہیں اور ہمیشہ انمول رہیں گے۔

ایک عورت پر جرمانہ

سٹی مجسٹریٹ نے ... ایک عورت کو ... روپیہ جرمانہ ... [illegible]

سرکاری پٹرول بیچنے پر سزا

بلیک مارکیٹ میں سرکاری پٹرول فروخت کرنے کے ... ایک ڈرائیور ... کو چھ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

انڈین نیشنل ایر ویز کے ملازموں کی تخفیف

انڈین نیشنل ایر ویز کے ... آدمیوں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے ... [illegible] ملازمین کی جنرل باڈی کی ایک عام میٹنگ میں جو ... کے دن ہوئی تھی یہ فیصلہ کیا گیا کہ تخفیف کا مسئلہ حکومت کو پیش کر دیا جائے تاکہ ایک ٹریبونل کے سامنے ... [illegible]

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر ضرور لکھیے

اسٹرلنگ ہنڈیوں کا مسئلہ

لندن ۵ نومبر۔ برطانوی دارالعوام میں ... [illegible] اسٹرلنگ ہنڈیوں ... [illegible] اسٹرلنگ کے قرض کی بڑی بڑی قسطوں کی ادائیگی کے بارے میں جو مطالبہ کیا جا رہا ہے ... ہندوستان کو ... اسٹرلنگ ... برطانیہ ... [illegible] (رائٹر)

بریلی کے تانگہ والوں کا جلسہ

بریلی (بذریعہ ڈاک) ... تانگہ والوں کا ایک جلسہ شری ... کی صدارت میں ... جس میں ... تانگوں کے اسٹینڈ کے ٹھیکہ پر چلانے ... اسٹینڈ کو ہٹانے ... تشویش کا اظہار کیا۔

جنرل سکریٹری حافظ عبد الرحمن نے میونسپل کمیٹی ... اور خرچ تانگہ والوں کی تنظیم اور ان کے حقوق کے ... کے ... سے آگاہ کیا۔

میٹنگ میں سوشلسٹ لیڈر سردار سنت سنگھ اور ... صاحب نے ... تانگہ والوں کو ... [illegible] عام جلسہ ہو گا۔

ناظم امارت شرعیہ بہار اڑیسہ کی تشریف آوری

چیبا ... (بذریعہ ڈاک) قاضی احمد حسین صاحب ناظم امارت شرعیہ بہار اڑیسہ چیپارن کے دورہ پر تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ مولوی ... صاحب ... امارت ... ہیں۔ آپ یہاں سے ڈھاکہ تشریف لے جائیں گے۔ (نامہ نگار)

میرٹھ میں یوم الجمعیۃ

میرٹھ (بذریعہ ڈاک) بروز جمعہ جامع مسجد شہر میرٹھ میں ایک جلسہ یوم الجمعیۃ منانے کے سلسلے میں زیر صدارت جناب حکیم سید ... حسین صاحب منعقد ہوا جس میں حضرت مولینا سید شوکت علی صاحب ... نے ... مدلل تقریر فرمائی۔ ... سب حضرات ... [illegible] الجمعیۃ کی خریداری ... [illegible]

ایک مشہور کمیونسٹ گرفتار

کپورتھلہ ۴ نومبر۔ ایک ممتاز کمیونسٹ مسٹر ... سنگھ کو پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے ان پر تخریبی سرگرمیوں کا الزام ہے

بعدالت شیخ محمد کرم شاہ صاحب بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی ڈپٹی کسٹوڈین بھارل پرشیٹ

اشتہار

مقدمہ۔ چودھری چراغ الدین ولد چودھری خدا بخش قوم ... سب انسپکٹر پولیس۔ فریق اول
بنام
عطر چند، ست پال، رام سروپ ... قوم نامعلوم سکنہ منڈی چشتیاں ... فریق ثانی

درخواست بابت دلا پانے مبلغ ... بابت خرید مکان جو بطور امانت رکھا گیا تھا۔

بنام عطر چند، ست پال، رام سروپ ... قوم نامعلوم سکنہ منڈی چشتیاں حال نامعلوم ہندوستان
ہرگاہ مقدمہ ... چودھری چراغ الدین فریق اول نے تمہارے خلاف ... درخواست عنوان گذرانی ہے
چونکہ تم لوگ ... ہندوستان ہو گئے ہو۔ معلوم نہیں کہ کہاں سکونت پذیر ہو۔ لہذا بذریعہ اشتہار ... مطلع کیا جاتا ہے کہ ... مقررہ پر حاضر ہو کر جوابدہی کرو ... کارروائی ... مناسب ہو گی۔

دستخط حاکم

ضرورت

ہے ... یاسین ... کے لئے ... ایک علاج ... میں صرف تیرہ ادویات سے انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیابی سے علاج ہو جاتا ہے۔ آج تک کوئی سائنسدان اس علاج کو چیلنج نہ کر سکا تعلیم بذریعہ خط و کتابت ... ایک ماہ ... سی، آئی ... مفت

پتہ: میگنیٹو کیور انسٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

کلام اللہ شریف مترجم اور معرا۔ حمائل مترجم اور معرا۔ چھوٹی کاپی سائز کلام اللہ معرا ... ترجمہ شاہ عبد القادر، شاہ رفیع الدین، ... مفتی کفایت اللہ ... جنرل ... دہلی سے طلب کیجئے۔

ادبی کام

ضرورت

(۱) بعض درسی کتابوں کی ترتیب کے سلسلہ میں مضامین کی ضرورت ہے۔ معاوضہ پانچ روپے فی تین سو الفاظ پیش کیا جائے گا۔ نامنظور مضامین کا معاوضہ ایک ... دیا جائے گا۔ تفصیلات معلوم کیجئے اور اب تک جو ادبی کام کیا ہے اس کا حوالہ دیجئے۔ مطبوعہ مضامین یا کتاب خط کے ساتھ بھیجئے۔ (۲) انچارج شعبہ تصنیف و تالیف کی ضرورت ہے۔ ابتدائی تنخواہ مبلغ ... روپے۔ مزید براں کاموں کی انجام دہی پر ماہوار بونس ملیگا۔ اندازہ ہے کہ مجموعی یافت ڈھائی تین سو روپے تک ضرور ہو سکے گی زیادہ اور بہتر کام پر اس سے زیادہ کا امکان ہے اب تک جو ادبی کام کیا ہو اس کا حوالہ دیجئے اور مطبوعہ مضامین یا کتابیں درخواست کے ساتھ بھیجئے۔ ذاتی ملنے کی ضرورت نہیں۔

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ ڈاکخانہ جامعہ نگر، دہلی

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

اگر حفاظت اور جلدی سے بھیجنا ہے تو ہماری معرفت روانہ کریں۔ ...

المشتہر: دہلی کمرشل کارپوریشن ... دہلی

دہلی کمرشل کارپوریشن ... دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ۔ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر۔ 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/ | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۱۷/ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۹ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان و پاکستان کے درمیان

ہوائی جہاز کے ذریعہ مسافروں اور تجارتی سامان بھیجنے کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیے۔ نوٹ:- ہوائی جہاز کرایہ دہلی تا لاہور ۔/۶۲ کراچی ۔/۱۷۰ روپے۔ یعنی اصلی کرایہ سے زائد اجرت نہیں لی جاتی۔

گپتا برادرس ایجنٹس

[illegible]

بنارڈ

آئیل انجن

نہایت پائدار اور سستے

ان کا مقابلہ دوسرے انجن نہیں کرسکتے

سول ایجنٹ

کے۔ جی کھوسلہ اینڈ کمپنی

۲۲۔ سکول لین۔ نئی دہلی

فون نمبر ۱۳۸۰

پنڈت جواہر لعل نہرو کا امریکہ کا دورہ ختم ہوگیا

آج ہوائی جہاز میں انگلستان روانہ ہو رہے ہیں روانگی سے قبل اہم ملاقاتیں

میرے دورہ سے مشرق و مغرب کے تعلقات بہتر ہو جائیں گے

۲۶ روز تک دس ہزار میل کا دورہ کرنے کے بعد وزیر اعظم ہند کا اہم بیان

نیویارک ۸ نومبر۔ وزیر اعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو آج صدر ٹرومین کے خصوصی ہوائی جہاز "انڈیپنڈنس" میں امریکہ سے انگلستان روانہ ہو رہے ہیں ۲۶ دن کے اندر پنڈت جی نے امریکہ اور کناڈا کا دس ہزار میل کا دورہ کیا۔ پنڈت جی نے کل کہا کہ امریکہ کے میرے اس دورہ سے مجھے یقین ہے کہ مغربی دنیا اور ایشیا کے تعلقات گہرے ہو جائیں گے۔

[illegible]

آل پاکستان لوکل باڈیز کانفرنس

ڈاکٹر ایم حک وزیر صحت کی تقریر

[illegible]

پنڈت نہرو کی ساٹھویں سالگرہ

بمبئی کی طرف سے ہیروں والا تحفہ

[illegible]

انقلاب اکتوبر کی سال گرہ

مارشل اسٹالن کو سردار پٹیل کا تار

[illegible]

صوبائی عصبیت کو فوراً ختم کیا جائے

گورنر مغربی بنگال ڈاکٹر کاٹجو کی تقریر

[illegible]

جمعیۃ علماء حکومت ہند کے "اسپیشل میرج ایکٹ" کے مسودہ قانون پر غور کرے گی

دہلی میں ورکنگ کمیٹی کا فوری اجلاس طلب کر لیا گیا

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

[illegible]

پاکستان اور فرانس میں تجارتی معاہدہ

[illegible]

اغوا شدہ مسلم خواتین کی بازیابی

[illegible]

سرحد میں ریممبرنس ڈے

[illegible]

سوراشٹر کے ایک وزیر کا استعفیٰ

[illegible]

مادام سن یات سین کا انقلاب روس کی بتیسویں سالگرہ پر مارشل اسٹالن کو پیغام

[illegible]

انڈونیشیا میں انتقال اقتدار کی تیاریاں شروع ہوگئیں

ڈاکٹر محمد رئیم کا اعلان

[illegible]

مصری پارلیمنٹ توڑ دی جائیگی

وزیر اعظم کا اعلان

[illegible]

پاکستان کیلئے لوہے کا کارخانہ

[illegible]

امریکہ نئی جنگوں کے ذریعہ عالمی سلطنت قائم کرنا چاہتا ہے

روسی نائب وزیر اعظم کا بیان۔ ایٹمی ہتھیاروں کا ذکر

[illegible]

جمعیت علماء کے خلاف مسٹر جے پرکاش کی شکایت

ارکان وفد کو مسٹر جے پرکاش کی جھاڑ

(نامہ نگار الجمعیت)

[illegible]

چاول کم استعمال کرنے کی اپیل

[illegible]

الجمعیۃ کا ترقی کی طرف ایک اور قدم۔ صبح شام کو دو ایڈیشن شائع ہوں گے

اس وقت تک "الجمعیۃ" صرف شام کو شائع ہوتا تھا جس کے باعث ہم ٹیلی پرنٹر (مشین) کی خبروں کا زیادہ فائدہ نہ اٹھا سکتے تھے اور اکثر مقامات کے لوگوں کو شکایت رہتی تھی کہ انہیں "الجمعیۃ" کے ذریعہ تازہ خبریں نہیں ملتیں۔ اس شکایت کو رفع کرنے اور ناظرین کرام تک تازہ بتازہ خبریں پہونچانے کے لئے آئندہ ۱۵ نومبر سے "الجمعیۃ" کے صبح و شام کے دو ایڈیشن نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایک ڈاک ایڈیشن حسب معمول شام کو اور دوسرا مقامی ایڈیشن علی الصباح۔

(ایجنٹ صاحبان سے گذارش ہے کہ وہ جس وقت کی اشاعت کا پرچہ طلب کرنا چاہتے ہوں فوراً مطلع فرمائیں تاکہ یہاں سے ۱۵ نومبر کو روانہ کئے جانے والے پرچہ کی ضرورت اور روانگی کا اسی حساب سے انتظام کیا جاسکے۔

مہتمم اشاعت روزنامہ "الجمعیۃ"

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

Daily Aljamiat

DATE :- 7-11-49

ہندوستان پاکستان سے پٹ سن نہیں خریدیگا

ہندوستانی پٹ سن کے تاجروں کا فیصلہ

[illegible]

آسٹریلیا کے گندم کی قیمت میں اضافہ کرنے سے چاول کی قیمت

"ایشیائی علاقوں کے لوگ بھوکے مرنے لگیں گے"

گیہوں مہنگا کرنے پر سیلون کا سخت احتجاج!!

[illegible]

پنڈت نہرو نیویارک پہنچ گئے

آئندہ دو دن کا پروگرام

[illegible]

امریکہ بہت خوش ہے کہ ڈچ اور انڈونیشیا میں سمجھوتہ ہوگیا

یہ معاہدہ مشرق میں کمیونزم کے پھیلنے کو روک سکے گا

واشنگٹن کے سرکاری حلقوں کی رائے

[illegible]

ہیگ کانفرنس کی کامیابی پر

برطانوی اور امریکی مدبرین کا تبصرہ

[illegible]

مسٹر لیاقت علی خاں کا بیان (بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

مرکزی ملازمین کی تنخواہیں (بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

باجلاس شیخ محمد کرم شاہ صاحب بی۔ اے ایل ایل بی۔ ڈسٹرکٹ جج بہاولپور اسٹیٹ پاکستان

اشتہار

[illegible]

باجلاس شیخ محمد کرم شاہ صاحب بی۔ اے ایل ایل بی۔ ڈسٹرکٹ جج بہاولپور اسٹیٹ پاکستان

اشتہار

[illegible]

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ	ہفت روزہ
سالانہ چالیس روپے	سالانہ بارہ روپے
ششماہی بیس روپے	ششماہی چھ روپے آٹھ آنے
سہ ماہی گیارہ روپے	فی پرچہ ۔ ۴ آنے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی

۹ نومبر ۱۹۴۹ء

مذہب اور سیاست!

امریکہ کے پریزیڈنٹ مسٹر ٹرومین نے اتوار کو مذہب اور مذہبی زندگی پر جو تقریر کی ہے وہ یقیناً اس دنیا میں ایک انقلاب انگیز تقریر تصور کی جائے گی تاریخ کے ورق الٹنے کے بعد ہم یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ جب سے چرچ اور اسٹیٹ کی جدائی عمل میں آئی ہے اور انقلاب فرانس نے مذہب کو سیاست کے دائرہ سے باہر نکالا ہے، مذہب کی اہمیت اور حمایت پر اتنی اہم تقریر دنیا کے اتنے بڑے انسان نے کبھی نہیں کی، معلوم نہیں کہ مسٹر ٹرومین کو بیٹھے بیٹھے کیا خیال آیا کہ مذہب کی صداقت اور خدا کی ہستی پر اتنی اہم تقریر کر ڈالی، جس دماغ سے مذہب کے متعلق یہ الفاظ نکلے ہیں ہم اسے اتفاق پر محمول نہیں کر سکتے، یہ تقریر کسی جانے بوجھے ہوئے پروگرام کے ماتحت کی گئی ہے اور بہت سوچ سمجھ کر کی گئی ہے اگر مذہب کی اہمیت پر روم کے پاپائے اعظم بھی بولتے تو شاید اس سے بہتر نہ بولتے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ الٰہیات (تھیالوجی) کا کوئی معلم اور مذہب کا کوئی استاد پوری تیاری کے بعد ایک خاص مقصد کے تحت تقریر کر رہا ہے! جس طرح فلسفہ مادیت کے بعد سر جیمس جینز، جے۔ بی۔ ایس ہالڈین۔ سر آرتھر ایڈنگٹن اور اے۔ این وائٹ ہیڈ کے حدت شکن ذہنی نظریات نے ایک انقلاب پیدا کیا تھا اور لوگ حیرت کے ساتھ سنتے تھے کہ کہاں تو دنیا میں مادیت ہی مادیت تھی اور کہاں مادیت کی جگہ ذہن اور فکر نے لی اسی طرح آج لوگ بڑی حیرانی کے ساتھ سن رہے ہیں کہ چرچ اور اسٹیٹ کا تصادم کیسا جو کچھ ہے مذہب ہی مذہب ہے حتیٰ کہ سیاست بھی مذہب ہی کا ایک پرتو ہے اور مذہب ہی کے ذریعہ سیاست کے نوک پلک درست کئے جا سکتے ہیں!

صدر ٹرومین نے گو امریکن سیاست کو تھیاکریسی (حکومت الٰہیہ) کا نام نہیں دیا لیکن انہوں نے خالص سیکولر اسٹیٹ کی بنیادیں ضرور ہلا دیں، انہوں نے پہلی بار سیکولر اسٹیٹ کے غرور پر ضرب لگائی ہے اور پوری جرأت سے اقرار کیا ہے کہ امریکن باشندوں کی زندگی مذہب کی بنیادوں پر اٹھائی گئی ہے اور ہم مذہب کے ذریعہ ہی عالمی مسایل کو حل کرنا چاہتے ہیں آپ کی تقریر کا خلاصہ یہ ہے کہ

(۱) [illegible]

(۲) ہم دنیا کو امن، رواداری اور اخوت کی راہ پر ڈالنے کے لئے مذہب ہی رہنما بن سکتا ہے۔

(۳) امریکہ شروع ہی سے سخت مذہبی قوم ہے اور مذہب کی بنیاد پر ہی امریکہ کی تعمیر ہوئی ہے!

(۴) مذہب کے تقاضہ کی بنا پر ہمارے بزرگوں نے محسوس کیا کہ خدا کی پرستش کے لئے مذہبی آزادی حاصل ہونی چاہئے تاکہ ہر شخص اپنے عقیدہ کے مطابق خدا کی عبادت کر سکے۔

(۵) ہماری طاقت کا انحصار مذہبی عقیدہ کی بنا پر ہے اور بحیثیت ایک قوم کے ہماری طاقت کی بنیاد روحانی ہے۔

(۶) مذہب پر یقین ہی ہم کو مجبور کرتا ہے کہ ہم دنیا میں رواداری، آزادی اور اخوت کے لئے کام کریں۔

(۷) قدیم پیغمبروں کے نقش قدم پر چل کر اور پہاڑی وعظ کے مطابق زندگی بسر کر کے ہی ہم آج عالمی مسایل کو حل کر سکتے ہیں۔

(۸) مذہب کوئی مفروضہ نہیں ہے وہ ایک حقیقت ہے اور ہمیں اس کے لئے کام کرنا پڑے گا اور اس کے لئے بھی کہ انسان صحیح معنی میں مذہبی بن جائے۔

(۹) مذہب دنیا کی زندہ طاقت نہیں بن سکتا جب تک کہ انسان اسے اپنی زندگی کا دستور العمل نہ بنائے اور اپنے عقیدہ کو ظہور میں نہ لائے۔

(۱۰) دنیا میں اپنے [illegible] کو پیدا کرنے کے لئے مذہبی عقیدہ اور مذہبی سرگرمیوں ہی کی ضرورت ہے

اب تو آپ کو یقین آ جائے گا کہ چرچ اور اسٹیٹ کی جدائی کے بعد چرچ اور اسٹیٹ کی وحدت اور یگانگی کا یہ پہلا اعلان ہے جو صدر ٹرومین کی زبان سے ہوا ہے اور جس نے سرے سے یہ جھگڑا ہی مٹا دیا ہے کہ کوئی حکومت خالص سیکولر بھی ہو سکتی ہے! گویا یہ اس امر کا کھلا اعلان ہے کہ واشنگٹن اور نیویارک کی فلک بوس عمارتوں سے لے کر امریکہ کا ہر سیاسی اور معاشی، اخلاقی، تعلیمی اور صنعتی کاروبار مذہب کی گرفت میں ہے اور امریکہ کا ہر فرد حضرت مسیح کے پہاڑی وعظ اور قدیم پیغمبروں کے نقش قدم پر چل کر ہی اپنا انسانی اور سیاسی فرض ادا کرنا چاہتا ہے! گویا امریکہ کا اوڑھنا اور بچھونا مذہب ہے اور اس کی جد و جہد کا سارا مقصد مذہب کا احیا اور روحانیت کا ارتقا ہے! بالفاظ دیگر صدر امریکہ نے اپنی ریاست کو تھیاکریسی (مذہبی حکومت) کا نام نہیں دیا لیکن اس کی تشریح ایسے مذہبی رنگ میں کی ہے کہ اگر ہم اسے تھیاکریسی بھی کہیں تو اس میں مضائقہ نہیں! پاکستان نے تو برائے نام ہی اسے مذہبی اسٹیٹ بنایا لیکن صدر امریکہ اپنے ملک کی ایک ایک اینٹ مذہب کے حوالہ کر دینا چاہتے ہیں!

سوال یہ ہے کہ صدر ٹرومین کو یہ مذہبی ہدایتیں دینے اور پورے امریکہ پر مذہب کا خول چڑھانے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ کیا یہ مذہب کو غلط راہ سے استعمال کرنے کا تو کوئی فتنہ نہیں ہے؟ دنیا میں خالص مذہب اور خالص سیاست نے کبھی کسی تباہی کو دعوت نہیں دی، لیکن وہ سیاست جو اپنے جلو میں مذہب کو لے کر چلی اور جس نے ہر ایک وقت میں اپنے اغراض کے لئے مذہب کا غلط استعمال کیا ہمیشہ انسانوں کی تباہی کا [illegible] ہے! لطف کی بات یہ ہے کہ ایک طرف ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو امریکہ میں موجود ہیں جو نہ مذہب کے قائل ہیں نہ خدا اور روحانیت کے، حتیٰ کہ سیکولرازم کے سوا وہ کسی حکومت پر یقین ہی نہیں رکھتے، دوسری طرف صدر ٹرومین یہ مذہب میں ڈوبی ہوئی تقریر فرما رہے ہیں کہ عالمی مسایل کا حل مذہب کے ذریعہ ہی ہو سکتا ہے اور امریکہ نے یہ فرض اپنے ذمہ لیا ہے کہ ہر انسان کو مذہبی بنائے اور مذہب کو ایک زندہ طاقت بنا کر دکھائے!

بلاشبہ مذہب فطرت کے تقاضوں کا مکمل جواب ہے لیکن جس امریکہ کا انحصار ڈالر اور ایٹم پر ہو اسے کیا ضرورت پیش آئی کہ خدا پر بھروسہ کرنے اور مذہب کو ہر قسم کی زندگی کے لئے مشعل ہدایت قرار دے؟ لیکن ایسا تو نہیں ہے کہ کمیونزم کا مقابلہ کرنے کے لئے مذہب کی چٹان پر مورچہ جمایا جا رہا ہو اور آئندہ جنگ لڑنے کے لئے مذہب کی آڑ لی جا رہی ہو؟ پوری تقریر پڑھنے کے بعد یہ حقیقت صاف ظاہر ہو جاتی ہے کہ مسٹر ٹرومین کسی بڑے اعلیٰ مقصد کے لئے دنیا میں مذہبی حس پیدا کرنا چاہتے ہیں، اگر اس مذہبی سرمن کا یہی مقصد ہے تو ہم ادب کے ساتھ عرض کریں گے کہ اس سے تو وہ سیکولر اسٹیٹ ہی بہتر ہے جس کی بنیاد یورپ کے فری تھنکروں نے ڈالی تھی اور جس کے نتیجہ میں چرچ اور اسٹیٹ کی جدائی عمل میں آئی تھی۔ اگر سیاست کے لئے مذہب کا غلط استعمال کرنے والوں نے کسی خوفناک جنگ کو دعوت دی تو یہ مذہب کا قصور نہ ہوگا اس سیاست کا قصور ہوگا جو وقت پر تو اس کی دہائی دیتی ہے اور وقت نکل جانے پر اس کی جدائی کا راگ الاپتی ہے!

مفید مشورہ

لندن کی ہندوستان۔ پاکستان ایسوسی ایشن کے چیف ایڈوائزر سر پرسیول [illegible] نے کراچی میں تقریر [illegible]

ہندی سرکاری زبان بنائی جائے تو اردو کو قومی زبان قرار دیا جائے

اردو ہندی کی بیٹی اور برج بھاشا سے مل کر بنی ہے

(جناب ایس۔ پرشاد صاحب بھٹناگر)

معیار سخن یہ ہو معلوم کھرا کھوٹا [illegible] کرنے کی دلوں میں کھری باتیں کھری ہوگی

قبل اس کے کہ نفس مضمون پر [illegible] اس امر کا اظہار نہایت ضروری معلوم ہوتا ہے [illegible] قارئین کرام سے التجا ہے کہ وہ اس مضمون کو پڑھتے وقت مہاتما گاندھی [illegible] کی تلقین کے بموجب اپنے دل کو تعصب سے پاک و صاف رکھیں، کیونکہ بے تعصبی ہی راستی اور راست بازی کا بہترین نشان ہے [illegible] کہ ہندوستان کی تمام [illegible] اس قدر [illegible] کے قابل نہیں جس طرح کہ اردو زبان کو خیالات کے ادا کرنے کا بہتر اور سہل ترین ذریعہ تصور کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] اس بات کی مستحق ہے کہ اس کو ہندوستان کی قومی زبان بنایا جائے اور جہاں تک ممکن ہو۔ اس کو ترقی دی جائے۔ [illegible] اور قدیم ہندی یا بھاکت کی آخری [illegible] ہے اور برج بھاشا اور فارسی کے میل سے بنی ہے۔ مبالغہ سے پرہیز اور غلط تاویل سے [illegible] ہوگا۔ لیکن میں سچائی اور صفائی سے عرض کرتا ہوں کہ دعوی بالا میں ایک حرف بھی ایسا نہیں [illegible]

[illegible]

کراچی جان جو شو اکثر تھا اور جو شاہ عالم بادشاہ کے عہد حکومت میں بحیثیت ڈچ سفیر [illegible] اور اس نے اسی زمانہ میں ہندوستانی زبان کی قواعد ترتیب دی تھی۔ ان دنوں ترویج زبان ہندی کا سوال [illegible] کے ساتھ موضوع بحث بنا ہوا ہے۔ [illegible]

یہ واقعہ ہے کہ حکومتوں کی منتقلی اور ہندوستان کی دو قومی نظریہ کے تحت تقسیم کے بعد [illegible]

اس باب میں ہندو بھائیوں کی توجہ اس موضوع پر مبذول کرائی جاتی ہے کہ اردو ہندی نژاد ہے۔ [illegible]

یہ ایک امر متفقہ ہے کہ اردو زبان دنیا کی جدید ترین زبانوں میں سے ہے۔ [illegible]

[illegible]

مباحث امروز ═══ دوسروں کی زبانی

افسوسناک رجحانات

مشرقی پنجاب اسمبلی نے ایک تجویز پاس کی ہے جس میں حکومت ہند سے درخواست کی گئی ہے کہ نکاسی جائداد کا جو آرڈیننس نافذ کیا گیا ہے اس میں ترمیم کی جائے کیونکہ اس سے شرنارتھیوں کے مفاد کو نقصان پہنچتا ہے [illegible] اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی پر نظر ڈالئے [illegible] کی تقریر کے لب و لہجہ پر غور کیجئے۔ [illegible] پاکستان نے چونکہ قدم سخت تدم اٹھایا ہے اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ انڈیا بھی ویسی ہی کارروائی نہ کرے [illegible] ملک سیکولر ہے اور یہاں فرقہ وارانہ بنیاد پر کوئی کام نہیں ہوتا۔ [illegible] کا محرک انتقامی جذبہ نہیں ہونا چاہئے۔ [illegible] کیا یہ انتقامی رجحان نہیں ہے؟ اگر پاکستان ایک بیہودہ حرکت کا مرتکب ہے تو وہ ہر اعتبار سے قابل مذمت ہے اور ہماری سرکار بھی اس معاملہ میں جو کارروائی مناسب سمجھے گی کرے گی۔ مگر پاکستانی حرکت کی آڑ لے کر یہاں کے سیکولر نظام کو مسخ کرنا اور ایک انتقامی قدم اٹھانا کسی طرح بھی قرین انصاف نہیں۔ یہ رجحان یقیناً تباہ کن ہے۔

(آزاد ہند۔ کلکتہ)

ریلوں کی درجہ بندی

گذشتہ جنوری سے ہندوستان کی ریلوں میں چار کے بجائے تین درجے کر دیئے گئے تھے اور اس موقع پر ریلوے کے معمول کی ذمہ داری [illegible] کی ذمہ داری اور باخبر ہستیوں نے ان تین درجوں [illegible] انگریزوں کے دور غلامی کی بدترین یادگار [illegible] قومی حکومت نے اس کو ختم کر کے [illegible] سے یہ اعلان ہوگیا کہ تجربہ ناکام رہا [illegible] صرف اتنی تبدیلی کے ساتھ کہ انٹر کلاس کے بجائے سکنڈ [illegible]

[illegible] کلاس دو قسم کے ہوں گے اسکنڈ اسپیشل اور اسکنڈ معمولی اس قسم کی جلد جلد ہونے والی تبدیلیاں جن کو ہم اعلیٰ حکام کے تلون مزاجی کے اور کس چیز سے تعبیر کیا جا سکتا ہے، ملک کے عوام میں حکومت کے وقار کو بڑھانے کے بجائے گھٹانے کا سبب ہو رہی ہیں اور ان کے نتیجہ میں حکومت کی نئی اور حقیقی اسکیموں کو بھی لوگ بے اعتباری کی نگاہ سے دیکھنے اور ان کو بے ثبات سمجھنے لگے ہیں۔

(تنویر۔ لکھنؤ)

ریڈیو کی زبان

ہندی کے حامیوں کا ایک طبقہ تو ریڈیو کی زبان کو سنسکرت میں بدلنے کی تحریک پر زور دے رہا ہے اور اردو داں طبقہ خاموش ہے، بے حسی کے عالم میں ہے، ان پر جمود و تعطل چھایا ہوا ہے، اردو داں طبقہ والے بھی ہندوستان کے شہری ہیں اور ان کے حقوق بھی دوسرے طبقوں کے برابر ہیں، اگر آل انڈیا ریڈیو دوسری زبانوں میں جن میں فارسی اور عربی بھی شامل ہیں، خبریں نشر کر سکتا ہے تو پھر اسے اردو میں بھی خبریں نشر کرنا چاہئے کیونکہ ہندوستان کا اردو داں طبقہ آل انڈیا ریڈیو کی موجودہ زبان کو جسے زبردستی "ہندی" کہا جاتا ہے۔ سمجھنے سے قاصر ہے اور اردو داں طبقہ کی ہندوستان میں ایک خاصی تعداد ہے جسے کسی صورت میں بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اردو داں طبقہ اور اردو اخبارات کا یہ فرض ہے کہ وہ حکومت اور آل انڈیا ریڈیو سے پرزور مطالبہ کریں کہ خبریں یا تو عام فہم ہندی میں نشر کی جائیں جو حکومت کی زبان ہے اور جسے ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال جی بولتے ہیں یا پھر اردو داں طبقہ کے لئے اردو میں خبریں نشر کی جائیں۔

(ساتھی۔ پٹنہ)

کشمیر کا مسئلہ

کشمیر کا مسئلہ جنگ اور طاقت سے ہرگز نہیں طے ہونا چاہئے اس پر اتفاق کے باوجود ہم یہ کہنا ضروری سمجھتے ہیں اور یہی کشمیریوں کی نمائندہ جماعت کا موقف بھی ہے کہ نزاعی اور مداخلت اتحادی فوجوں کے مطابق ہونی چاہئے۔ اتحادی دار و طاقت اور استعمال کی کوشش کرنے والوں کو قطعی روکے اور کشمیریوں کو اپنی مداخلت کے ذریعہ اپنا نگرانی میں قطعی منصفانہ غیر جانبدارانہ اور صحیح استصواب رائے عامہ کی سہولت دلائے تو یہ امن اور دوستانہ حل کا واحد طریقہ ہی ہے۔ اور اگر اتحادی ادارہ جلد از جلد اس بات کو نہ سمجھ سکا تو صرف کشمیر، ہند اور پاکستان ہی کا امن خطرہ میں نہ ہوگا۔ بلکہ ساری دنیا کا امن واقعی خطرہ سے دوچار ہو جائے گا۔

(شعیب۔ حیدرآباد دکن)

تنظیم جدید، تعلیمی پروگرام اور آبکاری جائدادوں کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء پٹنہ کی خدمات

وزراء اور کسٹوڈین سے وفد کی ملاقات، تعلیمی اجتماع اور ریلیف کمیٹی کی سرگرمیاں

[illegible]

چند مقامات پر کثرت سے ایسی شکایتیں موصول ہو رہی تھیں کہ ہندوستان کے متعلق شہری مسلمانوں کی کچھ نہ کچھ دلی اور ذاتی جائدادیں کسٹوڈین جبراً لے رہے ہیں [illegible]

اس سلسلہ میں جمعیۃ علماء ضلع پٹنہ نے ان دو ماہ میں جو خدمات انجام دی ہیں ان کی مختصر رپورٹ جمعیۃ علماء ضلع پٹنہ کے دفتر سے موصول ہوئی ہے حسب ذیل ہے۔

(۱) ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے مہینوں میں جمعیۃ علماء ضلع پٹنہ کے زیر اہتمام عورتوں کے بارہ تعلیمی اجتماع ہوئے جن میں نصاب کے مطابق زبانی مذہبی تعلیم دی گئی۔

(۲) بقرعید کے اہتمام کے سلسلہ میں ۱۸ اکتوبر کو آنریبل وزیر اعظم کو ایک خط لکھا گیا اور امن و امان برقرار رکھنے کے ضروری انتظامات کی طرف توجہ دلائی گئی [illegible]

(۳) ۱۸ اکتوبر کو ضلع پٹنہ کے سربرآوردہ حضرات کا اجتماع زیر صدارت حضرت مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی منعقد ہوا [illegible]

[illegible]

[illegible] صاحب سے ملاقات کی تجاویز کیا گیا

(باقی صفحہ ۳ پر)

کمیونزم کا جواب

مسٹر ارنسٹ بیون نے اپنی ایک تقریر میں کہا ہے کہ کمیونزم کا صحیح جواب اور تیسری جنگ کو روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دنیا کی اقتصادی حالت بلند ہو کیونکہ کمیونزم ہندوستان ہی لوگوں میں پھیلتا ہے جو بھوکے اور نادار ہیں، دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دولت مشترکہ برطانیہ کا یہ اصول کہ عوام کا مفاد قومی مفاد پر مقدم ہے، ساری دنیا کے لئے دستور العمل بنے۔

بات بالکل صحیح ہے کیونزم اور ان خیالات میں کوئی زیادہ فرق نہیں ہے لیکن سوال عمل کا ہے کمیونزم نے کیا اور عمل کر کے دکھایا، یورپ کہتا ہے کہ عمل نہیں کرتا، دنیا اس لئے کمیونزم کی طرف جا رہی ہے کہ وہ ملنے والے اصولوں پر عمل کر کے دکھاتا ہے۔ اگر دوسرے لوگ بھی کہنے کے بجائے کر کے دکھانا شروع کر دیں تو عوام کے لئے یہ عمل ہی کمیونزم بن جائے گا۔ بھوکے کو روٹی چاہئے خواہ وہ کسی نام سے ہو۔ لیکن کیا یہ لوگ کر کے بھی کچھ دکھائیں گے؟ اس کا جواب اثبات میں نہیں ہے تو اور کمیونزم اپنا کام کر جائے گا۔

[illegible] جاتے ہیں کہ سیاست کی مارکیٹ میں ہمارے وزیر اعظم کی تقریروں کی قیمت گرنے نہ پائے اور وہ خواہ [illegible] ہی بولیں مگر جب بولیں تو دنیا اسے تاریخ کا ایک اہم واقعہ تصور کرے!

[illegible] کہتے ہوئے کہا کہ جب تک ہند اور پاکستان آپس میں اقتصادی تعاون نہیں کریں گے انہیں خوش حالی نصیب نہیں ہوگی! مگر ہمارا خیال ہے کہ اس قسم کی نصیحتیں کارگر نہیں ہوں گی کیونکہ تعاون کرنے والوں نے تعاون کا کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ لیکن بین الاقوامی حالات کا دباؤ اور داخلی ضروریات کا تقاضا ایک نہ ایک روز دونوں کو اقتصادی تعاون کے لئے مجبور کر دے گا اور وہ سمجھ لیں گے کہ آپس کے تعاون سے نہ صرف ہند اور پاکستان کا فائدہ ہے بلکہ ان کا اتحاد ایشیا کے لئے بھی بہت ضروری ہے۔

امریکہ میں تقریریں

ہمارے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے امریکہ میں جس قدر تقریریں کی ہیں ان کی اہمیت سے تو انکار نہیں ہو سکتا مگر جس کثرت کے ساتھ کی ہیں تاریخ میں ان کی نظیر ملنی مشکل ہے۔ ایک جگہ تو آپ نے صرف ایک دن میں گیارہ تقریریں کر ڈالیں جنہوں نے خطابت، قادر الکلامی کا ریکارڈ توڑ دیا ہے یہ صحیح ہے کہ پنڈت جی اپنے آپ کو دنیا سے مخفی رکھنا نہیں چاہتے اور ان کے ذہن پر ہر وقت وزارت عظمیٰ کا تصور غالب نہیں رہتا، لیکن اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ زیادہ بولنا خیالات کا وزن گھٹا دیتا ہے اور لوگ تقریروں کو معمولی سمجھنے لگتے ہیں، اسلئے ان بہت کم بولتا ہے، مگر جب بولتا ہے تو ساری دنیا اس کا وزن محسوس کرتی ہے، ہم [illegible]

فرقہ پرستی اقلیت کیلئے ایک ڈھال کی حیثیت رکھتی ہے

"اکثریت کی فرقہ پرستی تلوار کا کام کرتی ہے"

سکھ لیڈر ماسٹر تارا سنگھ کے خیالات!

امرتسر ۷ نومبر۔ [illegible] ماسٹر تارا سنگھ [illegible]

[illegible] سیاسی اختلافات کو دور کرنے کے [illegible] ہم سب ایک ہو جائیں۔ [illegible]

ماسٹر صاحب نے کہا کہ مجھے اس کا یقین ہے کہ ملک میں کانگریس کے علاوہ دوسری کوئی پارٹی حکومت قائم نہیں کر سکتی۔ لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ کانگریس عوام کے سرمایہ کو محفوظ نہیں کر سکتی [illegible] حکومت قائم نہیں کر سکتی کہ سب لوگ مطمئن ہو جائیں۔ [illegible] بہتر حل یہ ہے کہ عوام میں اتحاد اور غیر مسلموں کے جذبات پیدا کئے جائیں۔ انھوں نے عوام کو تلقین کی کہ وہ حکومت کی امداد کریں۔ (پ ٹ ا)

[illegible]

فرقہ پرستی اقلیت کے لئے اس صورت میں جبکہ اکثریت اس سے حقوق غصب کرنا چاہتی ہو ایک ڈھال کی صورت رکھتی ہے لیکن اگر اکثریت اس فرقہ پرستی میں مبتلا ہو جائے تو وہ ایک تلوار کا کام کرتی ہے۔ [illegible]

گجرات خواتین کانفرنس سے اخباری نمائندے بطور احتجاج واک آؤٹ کر گئے

سورت ۷ نومبر۔ (ا م) کل ہند خواتین کانفرنس کی گجرات برانچ کے کھلے اجلاس سے نمائندگان پریس ایک ریزولیشن کے خلاف بطور احتجاج واک آؤٹ کر گئے۔ ریزولیشن میں کہا گیا تھا کہ تمام پریس جھوٹی خبریں شائع کرتا ہے اور عوام کی امداد کرنے کے بجائے ان کو [illegible] گمراہ کرتا ہے۔ ریزولیشن بغیر کسی مخالفت کے پاس ہو گیا اور صدر جلسہ مسز انسویہ بین کا [illegible] اس طرف متوجہ کیا گیا۔ تو انہوں نے [illegible] ریزولیشن پر دوبارہ غور کرنے کے لئے کہا کیونکہ ایک پریس نمائندہ نے ریزولیشن کی غلط بیانی کی طرف متوجہ کیا تھا۔ صدر نے دونوں کی اکثریت سے ریزولیشن پر مزید بحث نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ بایں ہمہ نمائندگان پریس بطور احتجاج واک آؤٹ کر گئے۔

وزیر بحالیات اگرتالہ جائینگے

کلکتہ ۷ نومبر۔ مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات [illegible]

پٹ سن مل مزدوروں کے جلوس پر پولیس نے اشک آور گیس استعمال کی

شمالی اور وسطی کلکتہ میں بم پھٹنے کے واقعات کئی اشخاص مجروح

کلکتہ ۷ نومبر۔ [illegible] پولیس نے [illegible] اشک آور گیس استعمال [illegible] اس سلسلہ میں [illegible] اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا۔

مزدوروں کی ایک جماعت [illegible] ٹریڈ یونین کانگریس کے ماتحت [illegible]

شمالی کلکتہ میں ایک بم پھٹنے سے پانچ اشخاص معمولی طور پر زخمی ہو گئے [illegible]

الجمعیۃ

کی ترسیل و اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم تحریک کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالحمید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ

دہلی

مسٹر برش بھان کا تردیدی بیان

پٹیالہ ۷ نومبر۔ مسٹر برش بھان صدر پٹیالہ یونین [illegible] کانگریس کمیٹی نے ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ ان کا اکالیوں سے سمجھوتا ہو گیا ہے اور پٹیالہ یونین کی نئی وزارت میں انہیں نمائندگی مل گی۔ مسٹر برش بھان نے کہا کہ [illegible]

امریکہ سے سونا کی برآمد شروع ہو گئی

۱۹ کروڑ ڈالر کا سونا باہر جا چکا ہے

واشنگٹن ۷ نومبر۔ جنگ کے زمانے کے علاوہ پندرہ سال تک دنیا بھر سے سونا امریکہ پہنچتا رہا ہے۔ لیکن اب یہ سونا امریکہ سے باہر جانا شروع ہو گیا ہے یہاں کے سرکاری حلقوں نے کہا غیر ممالک میں جو امریکی سونا خریدا گیا ہے اس سے امریکہ کے اسٹاک میں سے ۱۹ کروڑ دس لاکھ ڈالر کا سونا کم ہو گیا ہے۔

بعض ممالک نے ایسے امریکی ڈالر جو انہیں فوری طور پر خرچ نہیں کرنے اس ڈر سے سونا خریدنا شروع کر دیا ہے کہ امریکہ ڈالر کی قیمت کم کرنے والا ہے۔

اگرچہ اس قسم کی افواہوں کی بار بار تردید کی گئی ہے اس وقت امریکہ میں سونے کا اسٹاک ۲۴ ارب ۸ کروڑ ۳۰ لاکھ ڈالر کے لگ بھگ ہے یہ مقدار دنیا بھر کے سونے کی مقدار کا [illegible] ہے (رائٹر)

وزیر اعظم ہند کو حبشی انجمن کی طرف سے سنہری تمغہ پیش

پنڈت نہرو نے حبشی لیڈروں کی سب سے زیادہ خدمت کی ہے

نیویارک ۷ نومبر۔ پنڈت نہرو نے [illegible] حبشی لیڈروں سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ [illegible] پنڈت جی کو امریکہ میں حبشیوں کی [illegible] کی طرف سے جس کا مقصد حبشیوں کی ترقی و فلاح و بہبود ہے سنہری تمغہ پیش کیا گیا۔ [illegible] ممبر بنایا گیا۔

حبشیوں کی انجمن کی طرف سے یہ تمغہ ہر سال اس شخص کو پیش کیا جاتا ہے جو سال گذشتہ میں حبشیوں کی سب سے زیادہ خدمت کرتا ہے۔ سنہری تمغہ پنڈت نہرو کو والڈورف اسٹوریا ہوٹل میں ایک دعوت میں [illegible] کے اعلان میں بتایا گیا ہے کہ امریکہ کے دفتر خارجہ کی مرضی کے خلاف منعقد کی گئی۔ سنہری تمغہ کے ساتھ ساتھ پنڈت جی کو اس انجمن کا زندگی بھر کے لئے ممبر بھی بنا لیا گیا۔

اس موقعہ پر انجمن اقوام متحدہ کے ڈاکٹر بنچ [illegible] [illegible] سے کہا کہ انجمن نے انہیں غلام ملکوں کی تحریک آزادی کا ہیرو، گل سیاست داں اور حقیقت میں مدبر کے طور پر [illegible] اس تقریب کے بعد حبشی لیڈروں کے ساتھ کھانا کھایا۔

پنڈت نہرو کے دورہ پر امریکہ کا خرچ

واشنگٹن ۷ نومبر۔ نیویارک جرنل امریکن کے ایڈیٹر مسٹر [illegible] نے حساب لگایا ہے کہ حکومت امریکہ پنڈت نہرو کے دورہ پر ۱۴۰ ڈالر یعنی ۵۰۰ روپے فی گھنٹہ کے حساب سے خرچ کر رہی ہے۔ پنڈت جی [illegible] دن یہاں رہیں گے۔ گویا اس دوران میں حکومت امریکہ تین لاکھ [illegible] ہزار روپے خرچ کرے گی۔

پنڈت نہرو کی مصری سفیر سے ملاقات

مشرق اور مغرب کے تعلقات بہتر ہونے کی توقع

نیویارک ۷ نومبر۔ پنڈت نہرو نے ایک مختصر بیان میں [illegible] امید ظاہر کی ہے کہ مشرق اور مغرب کے تعلقات میں زیادہ خوشگواری پیدا ہوگی۔ ان سے سوال کیا گیا کہ کیا ان کے امریکہ کے دورہ سے مشرق اور مغرب کے درمیان تعلقات زیادہ بہتر ہوجائیں گے تو انھوں نے جواب دیا کہ اگر مشرق سے [illegible] تعلقات بہتر ہو جائیں گے پنڈت نہرو نے کئی اشخاص سے ملاقات کی ان میں مسٹر کامل عبدالرحیم مصری سفیر برائے امریکہ بھی تھے۔ ان کے علاوہ سر دار ججے سنگھ صدر انڈیا لیگ امریکہ اور مسٹر بال [illegible] سابق امریکی سفیر برائے فلپائن سے بھی ملاقات کی (پ ٹ ا)

مسٹر فلپس مرے کا فیصلہ

کلیولینڈ ۷ نومبر۔ مسٹر فلپس مرے نے جو کانگریس آف انڈسٹریل آرگنائزیشن کے صدر ہیں یہاں یہ اعلان کیا کہ آئندہ کانگریس کے تمام افسروں کو اس قسم کے اعلانات پر دستخط کرنے ہوں گے کہ وہ کمیونسٹ نہیں ہیں [illegible] قانونی [illegible] کے ذریعہ اس قسم کے اعلانات لازمی قرار دیئے گئے تھے۔

دنیا بھر میں سب سے زیادہ ٹیلیفون امریکہ میں ہیں

نیویارک ۸ نومبر۔ امریکہ میں دنیا بھر کے ٹیلیفون کے زیادہ ٹیلیفون ہیں۔ دنیا میں کل چھ کروڑ ٹیلیفون ہیں اور ان کے ساٹھ فیصدی امریکہ میں ہیں۔

بمبئی میں سوشلسٹوں اور سنگھیوں میں تصادم پولیس کی بروقت مداخلت

گول والکر خدمت عوام کا نعرہ لگانے لگے

بمبئی ۷ نومبر۔ سنگھ کے لیڈر مسٹر گول والکر نے کل یہاں [illegible] سیوک سنگھ ملک کی سیاست میں کوئی حصہ نہیں لے گی۔ بلکہ وہ صرف ملک کی خدمت کرے گی۔

مسٹر گول والکر ایک استقبالیہ جلسہ میں تقریر کر رہے تھے جو ان کے اعزاز میں مقامی سنگھ کی طرف سے شیواجی پارک میں منعقد کیا گیا تھا۔

سوشلسٹوں کے دو گروپوں نے اس موقع پر سنگھی لیڈر کے خلاف سیاہ جھنڈیوں کا مظاہرہ کیا۔ ایک گروپ کا حسن میں عورتیں بھی شامل تھیں، سنگھی والنٹیروں سے تصادم ہو گیا۔ لیکن پولیس کی بروقت مداخلت سے معاملہ رفع دفع ہوا اور مظاہرین منتشر ہو گئے۔

سنگھی لیڈر نے اپیل کی کہ وقت کا سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ عوام کے معیار زندگی کو بلند کیا جائے ہر ہندوستانی کا فرض ہے کہ وہ پبلک کی بے لوث خدمت کرنے کے لئے قسم کھائے۔ یہ ملک کی بڑی خوش قسمتی ہوگی اگر عوام کے اندر خدمت کا جذبہ پیدا کیا جائے۔

مسٹر گول والکر کو چاندی کی تشتری میں ایڈریس پیش کیا گیا اور ان کی قیادت کی بہت تعریف کی گئی۔ (پ ٹ ا)

حکومت ہند نے چینی پر کنٹرول کیلئے نئے احکامات جاری کر دیئے

تمام صوبوں میں فی الفور اس پر عمل شروع ہو جائیگا

نئی دہلی ۸ نومبر۔ حکومت ہند کے ایک غیر معمولی گزٹ میں اعلان کیا گیا ہے۔ کہ حکومت نے چینی کے اسٹاک پر کنٹرول کا آرڈر پاس کیا ہے جو ہندوستان کے تمام صوبوں پر نافذ ہوگا۔ اور جس پر فی الفور عمل شروع ہو جائے گا۔ اس آرڈر کی رو سے کوئی کارخانہ دار مرکزی گورنمنٹ یا اس کے مقرر کردہ افسر کی ہدایت کے بغیر چینی نہیں فروخت کر سکتا۔ نہ ہی کسی صورت کا بھگتان کر سکتا ہے۔ مرکزی گورنمنٹ نے مختلف رقبوں کے لئے مختلف قسم کی وہ قیمتیں مقرر کرنے کے اختیارات لے لئے ہیں، جن پر کارخانہ دار چینی فروخت کریں گے۔ جب قیمتیں مقرر کر دی جائیں گی تو کوئی کارخانہ دار ان سے زیادہ قیمت پر چینی نہیں بیچ سکے گا۔ کسی جگہ پر بھگتان کا جو خرچ گورنمنٹ مقرر کرے گی اس سے زیادہ خرچ کارخانہ دار وصول نہیں کر سکے گا۔ (پ ٹ ا)

اقوام متحدہ کے ملازمین کا ہرجانہ

لیک سکس ۷ نومبر۔ اقوام متحدہ کی قانونی کمیٹی میں میاں ضیاء الدین نمائندہ پاکستان نے تقریر کرتے ہوئے اس اصول کی حمایت کی کہ ان ریاستوں سے ہرجانہ وصول کیا جانے جن میں اقوام متحدہ کے ملازمین کو نقصان پہنچا ہے انہوں نے کہا اقوام متحدہ اپنے ملازمین کے تحفظ کی ذمہ دار ہے خواہ وہ کہیں جائیں۔ (پ ٹ رائٹر)

شرح قیمت الجمعیۃ

روزنامہ	ہفت روزہ
سالانہ چالیس روپے	سالانہ بارہ روپے
ششماہی بیس روپے	ششماہی چھ روپے [illegible]
سہ ماہی گیارہ روپے	فی پرچہ ۔ ۳ آنے

نوٹ

اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا

مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

لندن میں چینی انجمن کا دفتر

سنگاپور ۸ نومبر۔ ملایا کے چینیوں کی ایسوسی ایشن لندن میں ایک دفتر کھول رہی ہے۔ تاکہ چینیوں کے متعلق جو غلط خیالات پیدا ہو گئے ہیں ان کو دور کیا جا سکے۔ چینیوں کی انجمن کے صدر نے کہا ملایا کا ہر چینی کمیونسٹ یا دہشت انگیز نہیں ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

کانگریس کی ممبر سازی کیلئے نقرئی تمغہ

بجنور ۷ نومبر۔ مرزا سلمان بیگ سیکرٹری ضلع کانگریس کمیٹی نے سیکرٹری ہیں اس شخص کو نقرئی تمغہ دینے کا اعلان کیا ہے جو کانگریس کے سب سے زیادہ ممبر بنائے گا۔

سنیما میں بجلی کے آٹھ ہزار بلب

پٹیالہ ۷ نومبر۔ پٹیالہ کے نئے سنیما "بھولی پکچرز" کا آج افتتاح ہو رہا ہے یہ پروگرام اس کا افتتاح کریں گے ہال کے ایئر کنڈیشنڈ ہونے کے علاوہ اس میں ۸ ہزار بجلی کے بلب لگائے گئے ہیں۔

ادی تحصیل نیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس

شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر کی تقریر

سری نگر ۷ نومبر۔ شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم کشمیر نے کل یہاں پر کہا کہ پاکستانی مجاہدوں نے اپنے طرز عمل سے اسلام کو سخت نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے یہ الفاظ ادی تحصیل نیشنل کانفرنس کے سالانہ اجلاس میں کہے جو کہ سری نگر سے ۵۵ میل کے فاصلہ پر موضع نوخان میں اجلاس ہوا۔ انہوں نے کشمیر یوں پر متحد رہنے کے لئے زور دیا۔ اور کہا اگر ہم متحد رہے تو ہم پھر غلام نہیں بنیں گے کشمیر کی اقتصادی حالت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ [illegible]

[illegible] امداد اور بلا جنا کا چاہئے۔ تعمیری کاموں میں حکومت کی مدد کرنی چاہئے۔ اس کا بوجھ تحفظاتی حصہ لینا چاہئے۔ اس کے بعد ہی ملک ترقی کر سکتا ہے۔ (پ ٹ ا)

حیدرآباد میں گورنری راج کے خاتمہ کے سلسلہ میں بدھ تک اعلان کر دیا جائے گا

ایک پریس کانفرنس میں میجر جنرل چودھری تقریر کریں گے

ریاستی محکمہ کے مشیر مسٹر مینن دہلی سے حیدرآباد پہنچ گئے

حیدرآباد ۸ نومبر۔ حیدرآباد میں فوجی حکومت کے خاتمہ کے متعلق بہت سی قیاس آرائیاں کی گئی ہیں معلوم ہوا ہے اس بارے میں بدھ تک کوئی ذمہ دارانہ اعلان کر دیا جائے گا۔

توقع ہے یہ اعلان ایک پریس کانفرنس میں کیا جائے گا۔ جس میں میجر جنرل جے۔ این۔ چودھری ملٹری گورنر حیدرآباد تقریر کریں گے۔ اس کانفرنس [illegible] خیال ہے کہ ریاستی محکمہ کے مشیر مسٹر وی۔ پی۔ مینن بھی شرکت کریں گے۔ مسٹر مینن دہلی سے بذریعہ ہوائی جہاز یہاں پہنچے [illegible] چودھری کے مہمان کی حیثیت سے [illegible] میں ٹھہرے ہوئے ہیں [illegible] مینن سے چند گھنٹہ قبل یہاں پہنچے ہیں۔ (پ ٹ)

پاکستان کے وزیر صنعت کی تقریر

ہندوستان پر نکتہ چینی اور الزامات

پشاور ۷ نومبر۔ چودھری نذیر احمد وزیر صنعت پاکستان آج اسلامیہ کالج کے طلباء اور اساتذہ کے سامنے تقریر کر رہے تھے [illegible] کے میدان میں زبردست خطرہ کا سامنا ہے اور یہ خطرہ پاکستان کی ہستی کو بھی خطرہ میں ڈال رہا ہے۔ میں نوجوانوں سے اپیل کروں گا کہ وہ ان خطروں کے مقابلے کے لئے کمر کس لیں کیونکہ پاکستان آگ ہے گیا تو مسلمان بچ جائیں گے۔ ورنہ سارے ہندوستان میں ایک بھی مسلمان باقی نہیں بچے گا آج ہندنے پاکستان کے خلاف جو پروپیگنڈہ شروع کر رکھا ہے وہ پاکستان کے لئے اقتصادی شکنجہ ثابت ہو رہا ہے ہندوستان اس طرح پاکستان کا گلا گھونٹ دینا چاہتا ہے۔

سی پی اسمبلی کا ضمنی انتخاب

سخت مقابلہ کا امکان

ساگر [illegible] نومبر۔ [illegible] سیاسی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ہے [illegible] نومبر کو سی پی اسمبلی کی دو مسلم نشستوں کے لئے پولنگ ہوگا۔ [illegible]

[illegible]

روسی انقلاب کی سالگرہ منانے پر گرفتار

[illegible] ۷ نومبر۔ یہاں روسی انقلاب کی سالگرہ منانے پر [illegible] گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ (پ ٹ رائٹر)

پاکستان میں برطانوی تجارتی وفد کی آمد

کراچی ۸ نومبر۔ ایک برطانوی تجارتی وفد پاکستان آنے والا ہے جو برطانیہ اور پاکستان کے تجارتی تعلقات پر [illegible] پاکستانی حکام سے تبادلہ خیال کرے گا۔ پاکستان کا ایک تجارتی مشن بھی مغربی جرمنی جانے گا یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کی وزارت تجارت کے سکرٹری بھی اس مشن کے ہمراہ ہوں گے (پ ٹ)

مسٹر پاٹل کلکتہ پہونچ گئے

کلکتہ ۸ نومبر۔ سنٹرل گورنمنٹ کے پارلیمنٹری سکرٹری مسٹر [illegible] پاٹل [illegible] کمشنر خوراک [illegible] کے سلسلہ میں یہاں پہونچ گئے ہیں۔ وہ یہاں تین دن کے قیام کے بعد آسام جائیں گے۔ کلکتہ میں وہ صوبائی حکام سے ملاقات کریں گے اور وہ غلہ اگانے کی مہم کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

اشتہار

[illegible]

ادبی کام

ضرورت

[illegible]

مکتبہ جامعہ لمیٹڈ۔ ڈاکخانہ جامعہ نگر۔ دہلی

NATURES BLOOD BANK

چالیس سال کے بعد آپ کو

اس عمر میں اگر اپنی صحت یا خون کے متعلق آپ نے ذرا بھی غفلت کی تو جلد ہی آپ کی کمر جھک جائے گی۔ بڑھاپا آپ کی زندگی کو تلخ بنا دے گا۔ تن درست ہوں یا مریض دونوں حالتوں میں آپ کو ہمدم کے مالیکم کی ضرورت ہے کیونکہ ہمدم کا مالیکم [illegible] ہے۔ یہ حلق سے اترتے ہی خون بن جاتا ہے۔ تازہ پھلوں اور مقوی میوؤں اور صحت بخش بیجوں اور خاص قیمتی دواؤں کے جوہر سے تیار کیا جاتا ہے۔ دل دماغ اور اعضاء رئیسہ میں نئی زندگی پیدا کرتا ہے۔

[illegible] ہمدم دواخانہ لال کنواں دہلی

کانپور

میں

الجمعیۃ

فروخت کرنے کے لئے مستعد دیانتدار اور محنتی ایجنٹ کی فوری ضرورت ہے۔ صرف وہی اصحاب درخواست کریں جو رقم ضمانت داخل کر سکتے ہیں۔

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ دہلی

پرنسٹن یونیورسٹی کے دس ہزار طلبہ کے سامنے پنڈت نہرو کی تقریر

مشرق اور مغرب کے نقطۂ نگاہ میں تبدیلی کی اپیل صدر ٹرومین کا شکریہ

پرنسٹن (امریکہ) ۸ نومبر۔ پنڈت نہرو نے یونیورسٹی کے دس ہزار طلباء کے سامنے اپنے دورہ کی ایک اہم ترین تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جس کی انفرادیت غیر ملکی غلبہ اور زمانہ کے نشیب و فراز کے باوجود ہمیشہ برقرار رہی ہے۔ [illegible]

آگے چل کر پنڈت جی نے فرمایا کہ دنیا میں نگاہ ڈالنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چند وزرائے خارجہ دنیا کی تقدیر کا فیصلہ کر دیں گے۔ لیکن درحقیقت عالم گیر سیاسیات کوئی شطرنج کا کھیل نہیں ہے [illegible]

سلسلۂ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے پنڈت جی نے فرمایا کہ یہ تبدیلی اتنی اہم تھی کہ اس نے فرانس کے انقلاب [illegible]

یہی وجہ ہے کہ انسانی ترقی کچھ عجیب سی ہو گئی ہے۔ [illegible]

سلسلۂ تقریر کو جاری رکھتے ہوئے پنڈت جی نے فرمایا کہ جغرافیائی طور پر ہند کی پوزیشن نہایت اہم ہے خواہ آپ امن کے نقطۂ نگاہ سے دیکھیں یا جنگ کے۔ [illegible]

اس مرحلہ پر پنڈت جی نے مغرب اور مشرق کے مابین زاویۂ نگاہ میں تبدیلی کی اپیل کی۔ اور دورۂ امریکہ کی دعوت کے لئے صدر ٹرومین کا شکریہ ادا کیا [illegible]

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے وقار کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کر کے ایک صالح اور توانا اتحاد کی بھی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں اخوت، زندگی اور اس کے تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل، اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جائیے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

دہلی میں اکالی لیڈروں کی گرفتاریاں سکھوں کے جلوس پر فائرنگ کے خلاف احتجاج

گرفتار شدگان کی نظربندی۔ زخمی کانسٹبل کی حالت تشویشناک ہے

دہلی ۸ نومبر۔ مقامی پولیس نے کل رات شہر کے کئی حصوں میں چھاپے مارے اور شہر کے مختلف حصوں سے قریباً بیس اکالی کارکنوں کو پنجاب پبلک سیفٹی ایکٹ کے ماتحت گرفتار کر لیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ گیانی کرتار سنگھ کو ۲ بجے کے قریب گرفتار کیا گیا۔ جبکہ سردار ادھم سنگھ کو ۳ بجے رات کے قریب ان کی کوٹھی واقع قرول باغ سے گرفتار کیا گیا۔

اس سلسلہ میں مزید معلوم ہوا ہے کہ ۷۵ اکالیوں کے وارنٹ گرفتاری جاری ہو چکے ہیں۔ یہ گرفتاریاں کل کے جلوس سے متعلقہ واقعات کے سلسلہ میں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔

آج قرول باغ میں ایک دیوان میں ماسٹر تارا سنگھ کی تقریر کے بعد ایک ریزولیوشن پاس کیا گیا جس میں کل کے سکھ جلوس پر گولی چلائے جانے کے خلاف پروٹسٹ کیا گیا۔ اور مطالبہ کیا گیا کہ اس بارے میں تحقیقات کی جائے۔ یہ بھی اطلاع موصول ہوئی ہے کہ جو پولیس کانسٹبل کل کے واقعے کے دوران میں زخمی ہوئے تھے ان میں سے ایک کی حالت نازک ہے۔ [illegible] شہر میں وسیع پیمانہ پر انتظامات کئے گئے ہیں۔

[illegible]

گوردوارہ پربندھک کمیٹی صوبہ دہلی نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ کل جب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے راستہ سے جلوس نکالنے کی اجازت نہ دی تو کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ جلوس نکالا جائے [illegible]

ڈاکٹر حق کو بمبئی آنے کی دعوت

بمبئی ۸ نومبر۔ ڈاکٹر حق کو مسٹر ایس کے پاٹل بمبئی کے میئر اور ہندوستان کے انڈونیشی لیگ کے صدر نے دعوت دی ہے کہ انڈونیشیا جاتے ہوئے بمبئی آئیں۔ معلوم ہوا ہے یہ دعوت وزارت امور خارجہ کی معرفت دی گئی ہے۔ (اے پی آئی)

ہندی سرکاری زبان بنائی جائے

(بقیہ صفحہ ۳)

کے شریک قرار پاتے اور سب سے زیادہ یورپی اقوام خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ اس لئے کہ انھوں نے اس کی ترویج میں نمایاں حصہ لیا ہے۔ [illegible]

ترکی سے ہندوستانی سفیر کی واپسی

بمبئی ۸ نومبر۔ ترکی میں سابق ہندوستانی سفیر دیوان چمن لال آج بمبئی واپس پہنچ گئے۔ ایک انٹرویو میں آپ نے کہا کہ ترکی اور ہندوستان کے تعلقات دوستانہ اور بے تپاک ہیں۔ (اے پی آئی)

رومانیہ میں فوجی بغاوت

گیارہ اشخاص کو سزائے موت

نئی اسٹیٹ ۸ نومبر۔ آج گیارہ اشخاص کو جن کو رومانیہ کی فوجی عدالت نے مسلح بغاوت کا مجرم قرار دیا تھا گولی سے مار دیا گیا۔

سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کر دی گئی تھی۔

ریلیف کمیٹی کی سرگرمیاں

(بقیہ صفحہ ۳)

آرڈیننس کی جگہ مرکزی حکومت نے تمام ہندوستان کے لئے ایک نیا آرڈیننس جاری کر دیا ہے اس لئے بھی ضروری ہے کہ سابق آرڈیننس کے تحت جو کام ہو رہا ہے وہ رد کر دیا جائے۔

آنریبل منسٹر صاحب (انصاری) نے ان شکایات کو پوری توجہ سے سنا اور ان کے انسداد کے لئے فوری توجہ فرمائی اور ڈپٹی کمشنر کو اس سلسلہ میں ضروری ہدایات دیں۔

اسی روز بیتر سے پہر ریلیف کمیٹی جمعیۃ علماء کا ایک وفد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے بھی ملا اور ان کو بھی ان شکایات سے مطلع کیا [illegible]

[illegible]

بی بی نگر کی ڈکیتی کے سلسلہ میں سید قاسم رضوی کا مقدمہ!

ریلوے پورٹر اور دیگر ملازمین کے بیانات

حیدرآباد دکن ۸ نومبر۔ کل قاسم رضوی اور دیگر رضاکاروں کے خلاف بی بی نگر کی ڈکیتی اور قتل کا مقدمہ پیش ہوا۔ ایک ریلوے پورٹر عبدالرحمن نے [illegible]

مسلمانان صوبہ بمبئی سے اپیل

جمعیۃ علماء کو مضبوط بنا کر خدمت کا موقع دیجئے

بمبئی (بذریعہ ڈاک) مولانا حکیم اعظمی صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء صوبہ بمبئی نے مسلمانوں سے اپیل کی ہے [illegible]

ہم جمعیۃ کے ممبر کیسے بنیں؟

[illegible]

مغربی بنگال میں پٹسن پر کنٹرول

کلکتہ ۸ نومبر (پ ٹ ا) مغربی بنگال کے گورنر نے مغربی بنگال میں پٹسن کی پیداوار، خرید اور اس کی تیاری کے لئے ویسٹ بنگال جوٹ گڈس کنٹرول آرڈیننس ۱۹۴۹ء جاری کیا ہے۔ [illegible]

یوگوسلاویہ دشمن پالیسی ختم کرو

[illegible]

غبارہ کی پرواز کا ریکارڈ!

[illegible]

سمندر میں ڈوبنے کے حادثات

[illegible]



غداری کے الزام میں یوگوسلاوی فوج کے چیف آف اسٹاف پر مقدمہ

مارشل ٹیٹو کے خلاف اپنی فوج نہ استعمال کرنے دینے کا شاخسانہ

بلغراد ۸ نومبر۔ جنرل ایوان کینیو بلغاریہ کی افواج کے چیف آف اسٹاف ہیں اس وقت صوفیہ جیل میں ہیں۔ باخبر حلقوں سے بتایا کہ ان کے خلاف اس الزام میں مقدمہ چلایا جا رہا ہے کہ انہوں نے روس کے اس حکم کو ماننے سے انکار کر دیا تھا جس میں بلغاریہ کی فوج کے ایک حصہ کو یوگوسلاویہ کے خلاف استعمال کرنے کے لئے تیار کرنے کو کہا گیا تھا۔ [illegible]

پیرس کے چینی سفارتخانہ میں جھگڑا

کمیونسٹوں کے حامیوں نے قبضہ کر لیا

پیرس ۸ نومبر۔ کل رات پیرس کے چینی سفارت خانہ میں کمیونسٹ خیالات کے افسران نے نسبت [illegible]

بی بی نگر کی ڈکیتی کا مقدمہ

اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر کی شہادت

[illegible]

حاجی اسرار احمد صاحب کی رحلت!

یہ خبر نہایت رنج و غم کے ساتھ سنی جائے گی کہ حاجی اسرار احمد صاحب (مرحوم) پچھلے ہفتہ شاہی نمائش کی علالت میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ [illegible]

مذہب کو ہمیں نفرت کا ذریعہ نہیں بنانا چاہیئے

گورونانک کے یوم پیدائش کے موقعہ پر گورنر جنرل کی تقریر

دہلی ۸ نومبر۔ گورنر جنرل سری راج گوپال اچاریہ نے گورونانک کے یوم پیدائش کے موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مذہب کو نفرت اور خونریزی کا ذریعہ نہیں بنانا چاہیئے۔ [illegible]

مولانا آزاد نے کہا کہ گورونانک جی ہندوستان کے اس وقت پیدا ہوئے جبکہ ایک بڑی خلیج نے ہندوؤں کو مسلمانوں سے الگ کر دیا تھا [illegible]

سردار بلدیو سنگھ

[illegible]

مولانا آزاد

[illegible]

سیام انڈوچائنا اور دوسرے ممالک میں بغاوت پھوٹ پڑنے کا خطرہ

چین میں کمیونسٹ فتوحات کا اثر

بینکاک ۸ نومبر۔ سیام اور جنوب مشرقی ایشیا کے دوسرے ممالک میں چین پر کمیونسٹ قبضے کا جو اثر ہو سکتا ہے وہ یہ خطرہ نہیں ہے کہ چینی کمیونسٹ ان ممالک پر چڑھائی کر دیں گے بلکہ یہ ہے کہ ان ممالک میں کمیونسٹوں کی اکسائی ہوئی داخلی بغاوتیں پھوٹ پڑیں گی۔ [illegible]

راشٹریہ سیوا سنگھ کے ممبران کانگرس سیوا دل کے ممبر نہیں ہو سکتے

جالندھر ۸ نومبر۔ آل انڈیا کانگرس سیوا دل نے اپنی تمام صوبائی یونٹوں کو ایک سرکلر بھیجا ہے جس میں راشٹریہ سیوک سنگھ کے متعلق اپنی پوزیشن واضح کرتے ہوئے کانگرس ورکنگ کمیٹی کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا ہے۔ [illegible]

غیر خود مختار علاقوں کی بابت رپورٹ

اقوام متحدہ کی مجلس تولیت کے فیصلے

لیک سکیس ۸ نومبر۔ کل اقوام متحدہ کی مجلس تولیت نے جنرل اسمبلی سے کہا کہ وہ ان تمام ممبران سے جن کے سپرد بعض علاقوں کا انتظام ہے کہے کہ وہ ہر سال ان علاقوں میں انسانی حقوق کی بابت رپورٹ پیش کرے۔ [illegible]

گڑھ مکتیشور کا سیلاب ختم ہو گیا

[illegible]

سکھ جلوس پر فائرنگ کی تحقیقات

شہر کے گوردوارہ کا فیصلہ کا مطالبہ

[illegible]

دہلی میں ہفتہ صحت کا خاتمہ

کل دہلی میں ہفتہ صحت ختم ہو گیا۔ چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد نے ان ۲۵۰ افراد کو جو مختلف مقابلوں میں کامیاب رہے انعام [illegible]

نیکی کا بدلہ

[illegible]

نوزائیدہ بچہ ملا

[illegible]

دریبہ میں چوری

[illegible]

درجہ حرارت طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۲/۲۲ درجہ اور کم سے کم ۵۲۲/۲ درجہ تھا۔

۸ نومبر طلوع ۶-۳۸	غروب ۵-۳۳
۹ نومبر طلوع ۶-۳۹	غروب ۵-۳۲

کولہاپور میں مسٹر گولوالکر کے خلاف مظاہرہ

کولہاپور ۸ نومبر۔ مسٹر ایم ایس گولوالکر کے کولہاپور پہنچنے پر جو مظاہرہ ہوا اس کے سلسلہ میں اکیس اشخاص گرفتار کئے گئے [illegible]

لائنس کلب کا سالانہ اجلاس

ہفتہ کے روز دہلی کے مشہور [illegible] کی صدارت میں دہلی کے نوجوانوں کی لائنس کلب کا سالانہ اجلاس ہوا [illegible]

اشتہار

[illegible]

اشتہار

[illegible]

پاک ایئر لمیٹڈ

باقاعدہ مقررہ سروسیں

دہلی تا کراچی لاہور راولپنڈی پشاور

اوقات

دہلی کراچی (ہر منگل وار)

دہلی لاہور (روزانہ)

لاہور - راولپنڈی - پشاور (ہر بدھ - جمعرات - اور سنیچر وار)

مزید معلومات مقامی ایجنٹ سے دریافت کیجئے

ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
سندھیا بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

کلام اللہ شریف حقانی
جنرل نیوز ایجنسی دہلی

مچھلی کے شکار کا سامان

بہترین اور ارزاں

ایم صالح اینڈ کمپنی

۲۳۴ عبدالرحمن اسٹریٹ بمبئی ۳

سائیکل کے بیوپاریوں کو خوشخبری

ہمارا مشہور سائیکل مارٹ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

مدیر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر: 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۱۸ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۰ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

سید مرتضیٰ صاحب کی رحلت

بیت اللہ سے حکیم ظفر خاں صاحب کی واپسی

وزیر اعظم ہند کی روانگی کے وقت نیویارک کے ہوائی میدان پر رقت انگیز مناظر

بھائی سے جدا ہونے پر بہن کی آنکھوں میں آنسو آگئے

میں یہاں سے زیادہ دولت مند ہو کر جا رہا ہوں پنڈت نہرو کا امریکنوں کو آخری پیغام

ایک ہندستانی تاجر کی طرف سے پنڈت نہرو اور مسز اندرا کو تحائف

امریکہ میں پنڈت نہرو نے صرف ایک ہیٹ خریدا

ایٹمی ہتھیار استعمال نہ کرنے کا معاہدہ کیا جائے

جنرل اسمبلی کے صدر تجویز پیش کریں گے

نئی ایرانی پارلیمنٹ کا افتتاح

لیاقت علی خاں کا سفر ماسکو ملتوی

اب اگلی گرمیوں میں جائیں گے

گوہاٹی میں پولیس اور مسلح مظاہرین میں تصادم تھانہ دار زخمی

گیارہ گرفتاریاں سولہ لاٹھیاں برآمد

مشرقی بنگال سے آنے والوں پر پرمٹ

تجویز پر صوبائی اور مرکزی وزراء کا غور

برما کے برطانوی سفیر کی سنگاپور سے واپسی

پیرس میں مغربی طاقتوں کے درمیان اہم فوجی مشورے ہونے لگے

معاہدہ اوقیانوس اور معاہدہ برسلز میں شامل ہونے والی طاقتوں کی کانفرنس

انڈونیشی وفد کے ممبران برطانیہ میں

آسٹریلیا کے کمیونسٹ چین سے تعلقات

اورینٹل کانفرنس کا مطالبہ

کلکتہ میں روزانہ بم پھینکنے کے واقعات

مغربی بنگال کے گورنر کی طرف سے مذمت

معاہدہ برسلز کرنے والی طاقتوں کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس

حیدر آباد میں پنڈت نہرو کا یوم پیدائش

شہریوں کی طرف سے لائبریری بنانے کا فیصلہ

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک ہو چکی ہے

غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

تالا چابی مارکہ خضاب ۱/۳۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

سٹاکسٹ

پنا لعل ولایتی رام جنرل مرچنٹ صدر بازار دہلی

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

PHONE 5835

DATE:- 9-11-49

روس اور مغربی طاقتوں میں عارضی صلح کرانے کی کوشش

جنرل رومیولو فریقین کے نمائندوں سے گفتگو کریں گے

روزنامہ الجمعیۃ کا سنڈے ایڈیشن

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

سوراشٹر کی انتظامی حالت بہتر ہے

محکمہ ریاست کے سکریٹری کا بیان

وزیر اعظم ہند کا بیان (بقیہ صفحہ اول)

سکھ زائرین کا جتھہ ننکانہ صاحب سے ہندوستان واپس آگیا

مسلمانوں کی مہمان نوازی اور محبت کی تعریف

سکھ اور مسلم اتحاد پر زور۔ جتھے کے لیڈر کا بیان

پنڈت نہرو امریکہ کی ترقی، مادی طاقت اور روحانیت سے بہت متاثر ہوئے ہیں!

سیاسی طور پر بھی پنڈت جی کا دورہ نہایت اہمیت رکھتا ہے

واشنگٹن کے سیاسی حلقوں اور افسروں کا اظہار خیال

ہند اور پاکستان کی سرحد پر فائرنگ

پاکستان سے ہندوستان کا احتجاج

جموں پاکستان کی سرحد پر میلہ

سو ہزار سے زیادہ مزدور بے روزگار

سابق وزیر اعظم ایران کی تجہیز و تکفین

۳۰ ہزار سے زیادہ افراد کی شرکت

ڈاکٹر محمد رویم کا اعلان

آسام کے علاقہ میں

پاکستان نے ہند کے علاقہ پر قبضہ کر لیا؟

مدرس کی ضرورت

غیر ممالک اور خصوصاً امریکہ ہندستان کو قرض دیں

انگلستان کے اخبار مانچسٹر گارڈین کا مقالہ

پنڈت نہرو نیگرو بستی میں

حبشی لیڈروں سے ملاقاتیں

پنڈت جی کو خراج تحسین

مال گاڑی کے لٹنے کا حادثہ

۲ ریلوے ملازمین ہلاک

دو شاہکار

انشا حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد

دعوت حیات نو ۱۰؍

خطبہ احیائے ملت ۸؍

دونوں ایک ساتھ مجلد عہ

ملنے کا پتہ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

متروکہ جائدادوں کا آرڈیننس

ملنے کا پتہ: منیجر گوشہ ادب ۱ حویلی اعظم خان دہلی

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

المشتہر: دلی کمرشل کارپوریشن

روزنامہ
الجمعیۃ
۱۰ نومبر ۱۹۴۹ء

امن کا دس نکاتی پروگرام

اگرچہ انسان ابھی حیوانیت کے خول سے باہر نہیں نکل سکا ہے اور اسے انسان بنتے بنتے کافی دیر لگے گی لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ وہ امن کو جنگ پر اور دوستی کو دشمنی پر ترجیح دیتا ہے، کیونکہ امن اس کو فائدہ پہنچاتا ہے اور جنگ نقصان پہنچاتی ہے، جنگ اس وقت ہوتی ہے جب اغراض میں تصادم پیدا ہوتا ہے اور ایک فریق اپنے فائدہ کے لئے دوسرے کو نقصان پہنچانا جائز سمجھ لیتا ہے، اگر اغراض میں تصادم نہ ہو، یا ایسی حالت میں ایک فریق کچھ قربانی کر کے دوسرے کے اقدام کو روک دے تو جنگ نہیں ہوگی اور کوئی فریق جان بوجھ کر امن کو خراب کرنے کی کوشش نہیں کرے گا۔

نکلتا ہے! جو ممالک سرمایہ پرست ہیں وہ اس نظام کو کس طرح قبول کر سکتے ہیں؟ کمیونزم اقتصادی مسائل کا حل دو طریقہ سے کرنا چاہتا ہے اول یہ کہ ہر شخص کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ ملے، دوم یہ کہ ہر شخص کو اس کی ضرورت کے مطابق معاوضہ ملے۔ یہ دوسری صورت پہلی صورت سے زیادہ ترقی یافتہ اور مکمل ہے چنانچہ روس نے دونوں صورتوں پر عمل کر کے دکھایا۔ لیکن امریکہ اور سرمایہ دار یورپ پہلی صورت کو تسلیم کرتا ہے مگر اسے عملی شکل نہیں دیتا کیونکہ سرمایہ داروں کا طبقہ جو ذرائع پیداوار اور حکومت دونوں پر قابض ہے اس حد تک جانے کے لئے تیار نہیں کہ مزدور کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

(النحل ۱۴ - ۳ یعلمون رکوع ۱۳)
ان لوگوں نے اپنی قسموں کو ایک ڈھال بنا رکھا ہے
تاکہ وہ خدا کی راہ سے روک سکیں مگر وہ ایسی حرکت
کر کے بہت ہی برا کام کر رہے ہیں

جو لوگ معاہدوں کی تاریخ سے واقف ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ انہیں توڑ کر کس طرح فساد برپا کئے گئے ہیں۔ اور کس طرح مظلوموں کے حقوق پر چھاپے مارے گئے ہیں۔ یورپ نے جس قدر عہد شکنیاں کی ہیں اور معاہدوں کو جن جن طریقوں سے اپنے لئے ڈھال بنایا ہے وہ جاننے والوں پر پوشیدہ نہیں یہاں فرمایا کہ مسلمانوں کو ایسے کفار سے عبرت حاصل کرنی چاہئے اور اپنی قسموں، معاہدوں اور وثیقوں کو ہرگز ڈھال نہ بنانا چاہئے جو معاہدہ ہو وہ پورا ہو جس بات کا اقرار ہو اسے آخر تک نباہنے کی کوشش کرنی چاہئے عہد کا ایفا قوموں کے کیرکٹر میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

کشمیر نیشنل اکیڈیمی کے قیام کا فیصلہ

جناب وزیر اعظم جموں و کشمیر کی زیر صدارت ایک تاریخی کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں کشمیر نیشنل اکیڈیمی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ اکیڈیمی کشمیر کی تمدنی میراث کے متعلق تحقیق و تجسس کرے گی، اور عوام کی ذہنی اور تمدنی ترقی کے وسائل پیدا کرنے کی کوشش کرے گی۔ درسی کتب کی تدوین و اشاعت کا کام بھی جاری رکھے گی۔ نیا کشمیر کے تعلیمی آدرش کو پورا کرنے کی طرف یہ ایک بڑا اہم قدم ہے۔

اس اجلاس میں آنریبل کرنل پیر محمد خان وزیر تعلیم، آنریبل پنڈت شام لال صراف وزیر مطالعات، مسٹر کاظمی ناظم تعلیمات، خواجہ غلام احمد شائق رجسٹرار جموں و کشمیر یونیورسٹی اور ٹیکسٹ بک ایڈوائزری بورڈ کے دیگر اراکین نے شمولیت فرمائی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حضرت شیر کشمیر نے ریاست کے ادبی وسائل کے ساتھ ساتھ ذہنی جوہر کی نشو و نما پر زور دیتے ہوئے فرمایا ”ہم نے ابھی [illegible]“ [illegible]

وزیر اعظم نے پرزور الفاظ میں فرمایا کہ کشمیر نے باوجود ہر قسم کے آلام و مصائب کے نمایاں ترقی کی ہے۔ [illegible] کشمیر نیشنل اکیڈیمی کے قیام کا فیصلہ کر کے ہم نے ایک طرح اعتراف کیا ہے کہ یہ بھی ہمارے عوام کی بنیادی ضرورتوں میں سے ایک ہے۔ [illegible]

اکیڈیمی کے آئین کا مسودہ تیار کرنے کے لئے ایک سب کمیٹی مقرر ہوئی تھی کسی آخری فیصلہ سے پہلے مناسب سمجھا گیا ہے کہ اسے رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے۔ تاکہ چیدہ چیدہ تعلیمی ماہرین اور عوامی رہنماؤں کی رائے سے استفادہ حاصل کیا جا سکے۔

آپ سے بھی التماس ہے کہ اس آئین میں مزید اصلاح کے لئے آپ اپنی زریں رائے اور مفید مشورے سے بھی مستفید فرمائیں۔ آپ کا یہ ایک قومی و ملکی فرض ہے کہ آپ اس آئین کا بغور مطالعہ فرمائیں۔

آپ کی رائے سیکریٹری ٹیکسٹ بک ایڈوائزری بورڈ جموں و کشمیر سری نگر کے پتہ پر بھیج دی جائے۔

مقاصد۔ کشمیر نیشنل اکیڈیمی کے مقاصد یہ ہوں گے (۱) ہماری تمدنی میراث کا تحفظ (۲) نیا کشمیر کے نصب العین اور اصولوں کے مطابق علم اور فکر کی ترویج و ترقی۔ ان نتائج اور مقاصد کو پورا کرنے کے لئے ان مصنفین، علماء اور محققین کے ذہنی اشتراک عمل اور ادبی امداد کی ضرورت ہے۔ [illegible]

شعبہ جات۔ اکیڈیمی کی وسعت کے پیش نظر اس کا کام مندرجہ ذیل شعبہ جات پر مشتمل ہوگا۔

۱۔ شعبہ نصاب تعلیم۔ [illegible]

۲۔ شعبہ تحقیق السنہ۔ کشمیری زبانیں (۱) کشمیری (۲) پنجابی (۳) ڈوگری (۴) بلتی وغیرہ۔

۳۔ شعبہ میراث قومی۔ [illegible]

مباحث امروز

(نقاد کے قلم سے)

نیا آرڈی نینس

نکاسی جائدادوں کے نئے آرڈی نینس کی آخری دفعہ کے تحت ان تمام کارروائیوں کو جائز قرار دیدیا گیا ہے جو اس آرڈی نینس کے نفاذ سے قبل کسی دوسرے ضابطہ یا آرڈی ننس کے تحت عمل میں لائی گئی تھیں۔ یوں سمجھئے کہ اگر اس آرڈی ننس سے قبل کسی کے ساتھ بے انصافی یا زیادتی ہوئی تو اسے بے انصافی یا زیادتی نہیں سمجھا گیا ہے بلکہ اسے قانونی طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے بہت سے لوگ آس لگائے بیٹھے تھے کہ نئے آرڈی ننس کے تحت وہ سرکار سے اپنے لئے انصاف کا مطالبہ کریں گے۔ خود پنڈت نہرو نے کسٹوڈین کے افسروں کی ناانصافیوں اور زیادتیوں کا جس پیرایہ میں ذکر کیا تھا اس سے یہ امید بندھ گئی تھی کہ سابقہ بے انصافیوں کا انصاف کیا جائے گا۔ مگر ہر شخص مایوس ہے اور خود سے پوچھ رہا ہے کہ یہ کیسا آرڈی ننس ہے کہ جس کے تحت بہت سی زیادتیوں اور بے انصافیوں کو بھی انصاف قرار دے دیا گیا ہے۔ بلاشبہ پچھلی بے ضابطگیوں کی چھان بین میں مشکلات پیش آئیں گی اور وقت لگے گا۔ لیکن انصاف کی راہ میں مشکلات یا دقت کا کبھی کوئی سوال پیدا نہیں ہونا چاہئے۔ بے ضابطگی اور بے انصافی بہرحال بے ضابطگی اور بے انصافی ہے اور اس کا ختم کرنا ہر منصف مزاج حاکم اور منصف مزاج حکومت کا فرض ہے — کیا ارباب حکومت اس پر غور کریں گے۔

مغرب اور ایشیا

نیو یارک سے روانگی کے وقت پنڈت جواہر لعل نہرو نے یقین ظاہر کیا ہے کہ میرے دورۂ امریکہ سے ایشیا اور مغرب کے درمیان تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ پنڈت جی نے یہاں بجز ایشیا کا ذکر کیا۔ اور تعلقات کی بہتری کو صرف مغرب اور ہندوستان تک محدود نہیں رکھا کیا وہ لوگ جو اپنی سرگرمیوں کو صرف ہندوستان کی حدود کے اندر رکھنا چاہتے ہیں، پنڈت جی کے ان الفاظ پر غور کریں گے۔ کاش ہم اپنی تنگ نظرانہ پالیسی کو خیرباد کہہ کر صرف ہندوستان ہی کے لئے نہیں بلکہ پورے ایشیا کے لئے کام کریں۔ اس لئے کہ ایشیا کی ترقی اور ایشیا کے اتحاد کے بغیر ہندوستان نہ کبھی ترقی کر سکتا ہے اور نہ کبھی وہ مغرب کی استعمار پسند طاقتوں کی محتاجگی سے نجات حاصل کر سکتا ہے۔

خوش گوار تبدیلی

سکھ زائرین کا وہ جتھہ ننکانہ صاحب گیا تھا وہ وہاں اپنی مذہبی رسوم ادا کرنے کے بعد امرتسر واپس آگیا ہے جتھہ کے لیڈر سردار امرائو سنگھ نے ننکانہ صاحب کی مسلم آبادی کی مہمان نوازی کی بہت تعریف کی ہے اور کہا ہے کہ سابقہ مواقع کے مقابلہ میں اس مرتبہ ان کی طرف سے زیادہ محبت اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

پاکستانی عوام کے طرز عمل میں یہ تبدیلی ایک نیک شگون ہے۔ اب تک کی اطلاعات یہ تھیں کہ پاکستان کے مسلمان سکھوں کے جانی دشمن ہیں۔ وہ ہندو کو برداشت کر سکتے ہیں لیکن کسی سکھ کو نہیں۔ لیکن سکھ جتھہ کے لیڈر کے تاثرات سے معلوم ہوتا ہے کہ پاکستانی عوام کے طرز عمل میں خوشگوار تبدیلی عمل میں آگئی ہے۔ اور جو فرقہ وارانہ تلخی ان کے دلوں میں پیدا ہو گئی تھی وہ اب رفتہ رفتہ دور ہو رہی ہے۔

یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ابھی تک ہندوستان اور پاکستان کے مابین وہ دوستانہ تعلقات قائم نہیں ہیں جو ہمسایہ ملکتیں ہونے کے سبب ان میں قائم ہونے چاہئیں۔ لیکن اگر عوام کے جذبات میں دونوں طرف اسی طرح تبدیلی ہوتی رہی اور فرقہ وارانہ منافرت کے بجائے فرق مٹانا قرار دیا تو دونوں ملکوں کی حکومتیں بھی ایک دوسرے کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے کے لئے مجبور ہوں گی۔

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

کمیونزم کا سیلاب

کرمی تسلیم!

حال ہی میں یہ خبر اخبارات میں شائع ہوئی ہے کہ چین میں بھی کمیونزم کے پھیلنے کا حادثہ واقع ہو گیا ہے جس کے لئے ڈالر کی لالچ امریکہ سے مدد بھی مانگی ہے۔ اور امریکہ نے اسے مدد دینا منظور بھی کر لیا ہے!

اس میں شک نہیں کہ دنیا اس وقت دو گروپ میں منقسم ہے۔ امریکن بلاک، روسی بلاک، امریکن بلاک جمہوریت کا دعویدار ہے۔ گو یہ بھی سرمایہ دار اور روسی بلاک کمیونزم کا علمبردار ہے۔ کمیونزم نے پچھلے دنوں میں جس سرعت سے ترقی کی ہے اسے دیکھ کر ہر شخص آسانی سے پیشین گوئی کر سکتا ہے کہ دنیا جلد ہی کمیونزم کے آغوش میں چلے جانے کا اندیشہ ہے۔

کمیونزم دراصل باہر سے نہیں آتا بلکہ ملک کے اندرونی حالات کمیونزم کو خود بخود جنم دیتے ہیں [illegible]

[illegible] چین میں دیکھا کہ نیشنلسٹ حکومت کی فوجی طاقت نے اس کے آگے سر جھکا دیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیونزم [illegible]

سے متمتع ہو سکتا ہے۔ خواہ وہ کسی مذہب کا پیرو ہو اس کتاب نے معاصرے موسیٰ کی طرح تمام زمانوں میں اپنے منکروں کے ساتھ مقابلہ اور مقابلہ کیا ہے۔ یہ زندہ کتاب وہی کتاب ہے جو زبان عربی نازل ہوئی ہے اور عرب کے پاک خطہ میں پاک مقامات پر اس کا نزول اجلال رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوا۔ اس مقدس کتاب کے ترجمے تقریباً دنیا کی تمام زبانوں میں موجود ہیں۔ [illegible]

اسلامی زبان عربی ہے

[illegible]

ہند اور امریکہ کے تعلقات اب اور زیادہ بہتر ہو جائیں گے۔ اپنے دورہ امریکہ پر وزیر اعظم ہند کا تبصرہ

پنڈت جی کو امید ہے کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل نکل آئیگا

ہندوستان کے اندر کمیونسٹ نہیں بلکہ فرقہ پرست لوگ خطرناک ہیں

اخبار نویسوں کی کانفرنس میں مختلف سوالات کے جوابات

نیویارک ۸ نومبر۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے اخباری نمائندوں کو [illegible] ”امریکہ کے دلکش اور ہیجان انگیز سفر“ [illegible] ہندوستان اور امریکہ کے تعلقات بہتر اور زیادہ بہتر ہو جائیں گے۔“

[illegible]

پنڈت نہرو نے مہمان نوازی اور ان کے قیام اور سفر کے بہترین انتظامات کے لئے امریکہ کی حکومت اور اس کے صدر کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے امریکن عوام کا ان کے جذبات کے لئے بھی شکریہ ادا کیا۔ [illegible]

مسئلہ کشمیر

کشمیر کے بارے میں پنڈت جی نے اس خیال کا اظہار کیا کہ اقوام متحدہ کے تحت انہیں سمجھوتہ کی توقع ہے انہوں نے کہا کہ انہوں نے تجویز کی ہے کہ ہندوستان اور پاکستان دونوں اس بات کا اعلان کریں کہ اس مسئلہ کا پرامن طور پر تصفیہ ہوگا۔

ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ لگانے کی بابت انہوں نے کہا کہ اگر غیر ملکی سرمایہ نہ لگا تو ہندوستان کی صنعتی ترقی کی رفتار سست ہو گی جو لوگ روپیہ لگایا کرتے اب ان کے پاس روپیہ نہیں ہے اور روپیہ عظیم اکثریت میں پھیلا ہوا ہے۔ جو روپیہ لگانا نہیں جانتی۔

کمیونسٹ چین

چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کی بابت انہوں نے کہا چین کے واقعات ایسے ہیں کہ انہیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بارے میں انہوں نے کہا حکومت اسرائیل کا وجود مشتبہ نہیں ہے بلکہ امر واقعہ ہے اس میں شک نہیں کہ اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا گیا ہے لیکن اس سے دوستانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان سامی نسل کا مخالف نہیں ہے۔

مہاتما گاندھی کے قاتل

پنڈت جی سے دریافت کیا گیا کہ کیا حکومت ہند مہاتما گاندھی کے قاتل کو پھانسی پر لٹکائے گی۔ پنڈت جی نے جواب دیا اس سلسلہ میں مجھے کل ہی کچھ امریکنوں کی طرف سے ایک مکتوب موصول ہوا ہے۔ [illegible]

مزدور لیڈروں کی گرفتاریاں

ہندوستانی مزدور لیڈروں کی گرفتاریوں کے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جہاں تک مجھے معلوم ہے کسی شخص کو صرف اس لئے قید نہیں کیا گیا کہ وہ مزدور لیڈر ہے۔ [illegible]

پاکستانی بحریہ کا نیا جہاز طارق

۲۰ دسمبر تک کراچی پہنچ جائے گا!

پلے متھ ۸ نومبر۔ [illegible] کل جہاز اونا کل پاکستانی بحریہ کے حوالہ کر دیا گیا اس کا نیا نام طارق رکھا گیا۔ [illegible] ۲۰ دسمبر تک کراچی پہنچ جائیں گے۔

ڈاکوؤں نے پولیس پٹیل کو ہلاک کر دیا

[illegible]

تھائی لینڈ کے وزیر خارجہ رنگون پہنچے

[illegible]

نا بھ کے شاہی ماہر نگار پر حملہ

حملہ آور سات نے پانچ گولیاں ماریں

[illegible]

مسٹر کاظمی نے کاغذات نامزدگی داخل کر دیئے

لکھنؤ ۸ نومبر۔ مسٹر محمد احمد کاظمی (کانگریس) کی طرف سے کل دستور ساز اسمبلی کی اس نشست کے ضمنی انتخاب کے لئے کاغذات داخل کر دیئے گئے جو مسٹر نواب احمد خاں کے انتقال سے خالی ہوئی ہے [illegible] (پ ٹ ا)

سابق وزیر اعظم ایران کے قتل کا سبب

عدالت میں قاتل کا بیان

طہران ۸ نومبر۔ آقائے عبدالحسین کے قاتل سید حسین امامی کو ایک فوجی عدالت نے مجرم قرار دیدیا اور اسے سزائے موت دی ہے [illegible]

میں گورنر سے ملاقات نہیں کرونگا

سکھ لیڈر ماسٹر تارا سنگھ کا بیان

شملہ ۸ نومبر۔ گورنمنٹ ہاؤس شملہ سے ان اطلاعات کی تصدیق نہیں کی گئی کہ ماسٹر تارا سنگھ اور مشرقی پنجاب کے گورنر میں ملاقات ہوگی۔ [illegible] ماسٹر تارا سنگھ کل شام دہلی سے یہاں پہنچ گئے۔

موٹر کے نیچے آ کر چار طلباء زخمی

[illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

مجلس عاملہ جمعیۃ کا اجلاس

[illegible]

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔“

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

کلکتہ میں بم پھینکنے سے سب انسپکٹر اور ۵ کانسٹیبل زخمی

آنسو گیس سے جلوس منتشر کر دیا گیا

[illegible]

وزیر اعظم عراق کا استعفیٰ

[illegible]

پاکستان کے وزیر مختار دنیا کے دورہ پر

[illegible]

پاکستان میں بادشاہ خان اور ڈاکٹر خان کے ساتھ حکومت پاکستان کا سلوک

انجمن اقوام متحدہ اور بڑی طاقتوں کو توجہ دلائی گئی

نئی دہلی ۸ نومبر۔ مقامی خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ ایک پبلک جلسہ میں ایک ریزولیوشن پاس کیا گیا جس کے ذریعہ انجمن اقوام متحدہ اور تین بڑی طاقتوں کی توجہ خان عبدالغفار خان اور ڈاکٹر خان صاحب پر مظالم کی طرف دلائی گئی ہے۔ خان عبدالغفار خان کو پاکستان کے خلاف مبینہ سرگرمیوں کے الزام میں تین سال قید سخت کی سزا دی گئی تھی۔ ڈاکٹر خان صاحب کو بھی اسی جرم میں سزا دی گئی ہے۔ [illegible] (پ ٹ)

حکومت اسرائیل

پناہ گزین عربوں کو واپس لینے کو تیار ہو گئی

[illegible]

فوڈ کمشنر کلکتہ میں

[illegible]

یونسکو کے ماہرین تعلیم نے میسور کی تاریخی یادگاریں دیکھیں

[illegible]

پیرس میں گرونانک کا جنم دن

[illegible]

مہاتما گاندھی کے قاتلوں کی رحم کی درخواستیں نامنظور کر دی گئیں

گوڈسے اور آپٹے کو ۱۵ نومبر کو پھانسی دے دیجائے گی

نئی دہلی ۸ نومبر۔ کل شام سرکاری طور پر اعلان کیا گیا کہ گورنر جنرل نے گاندھی جی کے قاتل ناتھو رام گوڈسے اور نارائن آپٹے کی رحم کی درخواست مسترد کر دی ہے [illegible] انبالہ جیل میں پھانسی دی جائیگی [illegible]

سرکاری ترجمان نے پریس کانفرنس کو ڈیڑھ بجے بعد دوپہر بتایا کہ گوڈسے اور آپٹے کی سزائے پھانسی میں گورنر جنرل نے کسی قسم کی مداخلت کرنے سے انکار کر دیا ہے اور رحم کی درخواستیں مسترد کر دی ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ وہ اس وقت انبالہ جیل میں بند ہیں اور ۱۵ نومبر کی صبح کو انہیں پھانسی دی جائے گی۔

یاد رہے کہ ناتھو رام گوڈسے نے ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو شام کے ساڑھے پانچ بجے کے قریب گاندھی جی کو گولی مار دی تھی [illegible]

پاکستان سے گیہوں خریدنے کی وجہ

لاہور ۸ نومبر۔ ہندوستان کے ڈپٹی ہائی کمشنر مقیم پاکستان نے آج ایک پریس نوٹ میں بتایا کہ ہندوستان نے پاکستان کی تیس لاکھ ٹن گیہوں کی پیشکش منظور کر لی ہے۔ [illegible]

میڈیکل کالج ڈھاکہ کے لڑکوں کو سزا

[illegible]

کلام اللہ شریف مع ترجمہ و تفسیر [illegible]

معجون عنبری [illegible]

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
[illegible]

متروکہ جائدادوں کا آرڈیننس
[illegible]
منیجر کوشۂ ادب حویلی اعظم خاں دہلی

ضرورت
[illegible]

جمعیۃ علماء بمبئی کا دار العلوم دیوبند کی تلاشی پر اظہار بے چینی

حکام پولیس کے خلاف کارروائی اور آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ

بمبئی (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء شہر بمبئی کا ایک جلسہ دفتر جمعیۃ علماء میں منعقد ہوا جس میں دار العلوم دیوبند کی تلاشی پر اظہار افسوس کیا گیا ہے اور یو۔ پی پولیس نے جو رویہ تلاشی لینے میں اختیار کیا اس پر شدید طور سے احتجاج کیا گیا ہے۔

قرارداد میں حکومت کو توجہ دلائی گئی ہے کہ یہ مجبور درحقیقت ان کے مذہب پر اور ان کے وجود کی حفاظت ہے پولیس کے نامعقول اور غیر ہمدردانہ اقدام جو اس نے اس مقدس درسگاہ کے خلاف کیا۔ جمعیۃ علماء کو انتہائی افسوس اور ملال ہے کہ ایک ایسے مرکز کے خلاف جس کا اس ملک کی آزادی کی جدوجہد کی تاریخ میں فقید المثال ریکارڈ ہے اور جس نے ملک کی تمام انجمنوں سے بڑھ چڑھ کر کام کیا ہے۔ جب آزادی کے بعد حکومت قائم ہوئی ہے تو اس کے حکام اس کے خلاف جس کا اس کے قیام میں زبردست حصہ ہے ایسا اقدام کرتے ہیں۔ اس ادارہ کے ارکان نے غیر ملکی حکومت کو ختم کرکے اپنی حکومت کے قیام کے لئے بے شمار مصائب اور تکالیف برداشت کی ہیں۔

قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ لہذا جمعیۃ علماء یہ چاہتی ہے کہ اس واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کراکر مجرموں کو سزا دی جائے تاکہ اس کا تدارک ہوسکے اور لوگوں کو اطمینان حاصل ہو۔

احرار خدام خلق مراد آباد کا احتجاج

مراد آباد۔ (بذریعہ ڈاک) مجلس احرار خدام خلق کی ورکنگ کمیٹی نے تجویز منظور کی جس میں کہا گیا ہے کہ مجلس احرار خدام خلق کا یہ جلسہ عالم اسلام کی سب سے بڑی دینی درسگاہ دار العلوم دیوبند کی حالیہ جابرانہ تلاشی کو مسلمانان ہند کی توہین تصور کرتا ہے اور دیوبند کی پولیس کے اس فعل کو [illegible] قرار دیتا ہے۔ نیز حکومت یوپی سے آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتا ہے۔

تلاشی دار العلوم پر سرائے ترین میں احتجاج

جمعیۃ العلماء سرائے ترین نے ایک جلسہ میں بالاتفاق دار العلوم کی تلاشی پر مدرسہ دیوبند پر ایک قرارداد میں اسکو بہت [illegible] اقدام قرار دیا ہے اور کہا ہے۔ کیونکہ کارکنان مدرسہ ہر طرح بہی خواہان حکومت ہیں اس لئے حکومت یوپی سے یہ جلسہ پرزور احتجاج کرتا ہے کہ ایسی کارروائیوں کا انسداد کرے اور اگر کوئی افسر قابل مواخذہ ہو تو اس سے بازپرس کرے تاکہ مسلم اقلیت کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے۔

ریاست رامپور میں مکمل راشن کا نفاذ

رامپور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ رامپور کے چیف منسٹر سید عبد الحسن صاحب نے ایک حکم جاری کیا ہے کہ ۱۰ نومبر سے رام پور میں مکمل راشن کردیا جائے گا اور راشن کی مقدار ۲ چھٹانک یومیہ فی کس کے حساب سے ہوگی اور یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے اناج منڈی کی خرید و فروخت بند کردی ہے جس سے سارے شہر میں ہلچل مچی ہوئی ہے۔

رام پور میں شرنارتھی اسٹال

رام پور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ حکومت رام پور نے شرنارتھیوں کی تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے ۲۵ دکانیں نئی تعمیر کرائی ہیں۔ یہ دکانیں محکمہ کے زیر نگرانی ہیں۔

پاکستان آرڈیننس پر غور

لاہور ۸ نومبر۔ مغربی پنجاب مسلم لیگ کی مجلس عاملہ نے ایک ہنگامی اجلاس میں پاکستان پبلک سیفٹی آرڈیننس پر زبردست بحث کی۔ اجلاس [illegible] گھنٹہ تک جاری رہا۔ نیز اجلاس میں ممبروں کو بھرتی کرنے اور نئے انتخابات کرنے پر بھی غور ہوا۔ (پ ٹ رائٹر)

دو شاہکار
از
حضرت مولانا ابو الکلام صاحب آزاد
دعوت حیات نو قیمت ۱/
خطبہ احیائے ملت قیمت ۸/
دونوں ایک ساتھ مجلد ۱۲/
ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

مراد آباد میں تعلیمی مشاعرہ

جمعیۃ علماء حلقہ سرائے ترین مراد آباد کے زیر اہتمام ایک تعلیمی مشاعرہ زیر صدارت جناب عزیز الرحمن صاحب قریشی سپرنٹنڈنٹ تعلیم میونسپل بورڈ مراد آباد مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۴۹ء بروز سنیچر بوقت ۸ بجے شب بمقام ولی ان خانہ قاضی شرافت حسین صاحب ایم ایل اے منعقد ہوگا۔ جس میں مقامی شعراء کرام کے علاوہ جناب انور صابری، جناب روشن صدیقی جوالاپوری، جناب محشر عنایتی رامپوری، جناب بشیر بدر دانی رامپوری، جناب کوثر احمد دہلوی، جناب ادیب لکھنوی، جناب آغا عزیز سرور لکھنوی و دیگر بیرونی حضرات کے تشریف لانے کی قوی امید ہے۔

اسی سلسلہ میں اردو پر مقالات بھی پڑھے جائیں گے۔ طالب علموں کو اول، دوم، سوم انعامات بھی تقسیم کئے جائیں گے۔ مزید معلومات مشاعرہ کمیٹی کے اراکین سے ہوسکتی ہیں جو مندرجہ ذیل اصحاب پر مشتمل ہے۔

(نوٹ) مقالات پڑھنے والے حضرات اپنے نام ایس۔ ایم۔ عارف۔ جنرل مرچنٹ دریبہ پان مراد آباد کے پاس پہنچا دیں۔

مدرسہ قاسمیہ مراد آباد کا ضروری اعلان

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ کوئی شخص یا اشخاص مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد کی سند جو اسکی سے طبع کرا رہے ہیں لہذا ہم ان کو خبردار کرتے ہیں کہ جو صاحب بغیر اجازت مہتمم صاحب مدرسہ کی سند طبع کرائیں گے ان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف دھوکا دہی کا مقدمہ چلایا جائے گا اور وہ اپنے اس ناجائز فعل کے ذمہ دار ہوں گے۔

(مولوی) محمود احمد نائب مہتمم مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مراد آباد

جمعیۃ علماء دھار کی سرگرمیاں

دھار (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ العلماء ہند ضلع دھار مدھیہ بھارت کے ناظم اعلیٰ جناب محمد عارف علی خاں صاحب اور نائب صدر شرف الدین فاروقی صاحب دیہات کا دورہ فرما رہے ہیں۔ محرم شہر قاضی عظمت اللہ صاحب نے پرزور اپیل کی کہ تمام دیہات کے باشندے دل سے جمعیۃ کی پوری امداد کریں۔ [illegible]، لیبسر، سوکھیر، تاج گڑھی، کسادہ، ناگورہ، [illegible] وغیرہ دیہات میں دورہ ختم ہوچکا ہے۔

جمعیۃ العلماء ہند کی شاخ کو منظم کرنے کی سعی پیہم اور ممبر سازی اور اخبار الجمعیۃ کی اشاعت کے لئے جد و جہد جاری ہے انشاء اللہ بہت جلد ہی مدرسہ بھی قائم کیا جائے گا۔

صوبہ یوپی میں جمعیۃ کا تنظیمی پروگرام

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء صوبہ یوپی نے صوبے کے طول و عرض میں جمعیۃ کے تنظیمی اور تعمیری پروگرام کی اشاعت اور تنظیمی پروگرام کو عملی شکل دینے کا ایک نقشہ مرتب کیا ہے کہ جس کو بروئے کار لانے کے لئے صوبہ جمعیۃ کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد تقی صاحب دو ہفتہ کے طویل پروگرام پر ۶ نومبر کو روانہ ہوگئے ہیں جس کا سلسلہ ۲۳ نومبر تک رہے گا اور ۱۲ نومبر سے ۲۳ نومبر تک صوبہ جمعیۃ کے ورکنگ صدر مولانا شاہد میاں صاحب فاخری اور ۸ نومبر سے ۱۰ نومبر تک کے دوران میں حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی بھی ناظم اعلیٰ کے شریک ہوں گے دورہ کا تفصیلی پروگرام حسب ذیل ہے:

تاریخ	مقامات
۷، ۸ نومبر	ماڈن ضلع بستی
۹ نومبر	روانگی برائے بھوجپور
۱۰ نومبر	شرکت جلسہ تبلیغی بھوجپور
۱۱ نومبر	روانگی برائے گورکھپور
۱۲، ۱۳، ۱۴ نومبر	گورکھپور شہر اور ضلع کے اہم مقامات میں ورکرس میٹنگ اور عام اجتماع کی شرکت
۱۵، ۱۶ نومبر	دیوریا۔ اور ضلع کے اہم مقامات میں ورکرس میٹنگ اور عام اجتماع کی شرکت

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے دستور کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کرکے ایک صالح اور توانا اتحاد کی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جد و جہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" مفلسوں، ناداروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و انصاف اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہوچکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہوجایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے

کشمیر نیشنل اکیڈمی

بقیہ صفحہ ۳

(۲) کتابوں پر تبصرہ کرنے والے (۳) محقق۔ (۴) یونیورسٹی کے ڈین آف فیکلٹیز (۵) کالجوں کے پرنسپل (۶) محکمہ تعلیم کے موزوں افسر۔ عالم یا مدارس کے ہیڈ ماسٹر جنہیں گورننگ کونسل نامزد کرے۔ (۷) اراکین گورننگ کونسل۔

اکیڈیمک اسمبلی مختلف شعبہ جات کی کمیٹیوں کے ذریعہ کام کرے گی۔ اور ہر شعبہ کی کمیٹی کا ایک داعی ہوگا۔

اکیڈیمک اسمبلی کے اجلاس میں صدر گورننگ کونسل، جب وہ اجلاس میں موجود ہوں تو صدارت کے فرائض انجام دیں گے۔

وزیر تعلیم صدر گورننگ کونسل کی غیر حاضری میں اکیڈیمک اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کے فرائض انجام دیں گے۔

صدر گورننگ کونسل اور وزیر تعلیم کی غیر حاضری میں اکیڈیمک اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کے فرائض نائب صدر گورننگ کونسل انجام دیں گے۔

فیلوز آف کشمیر نیشنل اکیڈمی

اکیڈیمک اسمبلی مجاز ہوگی کہ اکیڈیمی کے اراکین میں سے اعلیٰ خدمات کے صلہ میں فیلوز کا انتخاب کرے۔ طریقہ انتخاب یہ ہوگا کہ گورننگ کونسل کی سفارش پر اکیڈیمک اسمبلی تین چوتھائی کی اکثریت سے اکیڈیمک اسمبلی کے ۵۰ فیصدی اراکین تک کو فیلوز منتخب کرسکے گی لیکن گورننگ کونسل اگر مطمئن ہو کہ کسی شخص نے ایسی نمایاں خدمات انجام دی ہیں جو اکیڈیمی کے مقاصد کی برآوری میں ممد ہیں تو وہ ایسے شخص کی سفارش اکیڈیمک اسمبلی کے پاس کرسکتی ہے کہ علاوہ مقررہ تعداد کے ایسے شخص کا بطور فیلو انتخاب کیا جائے۔

۱۷ نومبر	آگرہ کے لئے روانگی۔
۱۸ نومبر	آگرہ شہر میں ورکرس میٹنگ اور جلسہ عام کی شرکت
۲۰ نومبر	فیروزآباد شرکت جلسہ عام
۲۱ نومبر	شکوہ آباد
۲۲ نومبر	علیگڑھ :- ورکرس میٹنگ اور جلسہ عام کی شرکت
۲۳ نومبر	بلند شہر
۲۴ نومبر	صوبہ سی پی جمعیۃ کانفرنس کی شرکت کے لئے ناگپور کو روانگی

سہارنپور میں یوپی اسمبلی کیلئے ضمنی انتخاب

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) مولوی منفعت علی ایم ایل اے یوپی کے پاکستان چلے جانے کی وجہ سے جو سیٹ خالی ہوئی ہے اس کے لئے خاں صاحب مقصود علیخاں رئیس کیلاش پور، چودھری ظفر احمد، خواجہ اظہر حسن سابق صدر سٹی کانگریس کے کھڑے ہونے کی اطلاع ملی ہیں۔

سہارنپور میں جمعیۃ علماء کی ممبر سازی

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) جمعیۃ علماء شہر نے جمعیۃ علماء کی ممبر سازی کے سلسلہ میں جلسے شروع کر دیئے ہیں خان عالمپورہ میں حکیم رفیق احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء شرقی وارڈ کی صدارت میں جلسہ ہوچکا ہے بہت جلد دوسرے حلقوں میں بھی جلسے ہونے والے ہیں امید کی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمعیۃ علماء کے ممبر بنیں گے شہر کی مختلف وارڈ کمیٹیوں کی طرف سے جلسوں کی دعوتیں آرہی ہیں جس سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ سب ہی لوگ جمعیۃ علماء کے موجودہ تبلیغی اور امدادی کام سے متفق ہیں۔

مسلمانان جودھپور کا قابل تقلید رویہ

اس سال محرم کی رسومات ترک کر دیں

جودھپور (بذریعہ ڈاک) شہر جودھپور کی فضا جو کہ [illegible] میں عظیم آتش زدگی اور واقعہ بم سے کسی قدر سراسیمگی اختیار کر رہی تھی جس کے نقص میں مسلمانوں کے گھروں میں تلاشی، دو نقص امن پر ضمانت طلبی ایک غیر جمہوری اور حق شہریت میں بیجا مداخلت کے طور پر ہوئی ان حالات میں اگر محرم کی تقریبات منائی جائیں جیسا کہ لوکل حکام چاہتے تھے۔ ممکن تھا کہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آتا۔ لیکن یہ مسلمانوں کا اخلاقی فرض تھا کہ جب حکام قیام امن کی خاطر پریشان نظر آتے ہیں ان پر مزید انتظامی بوجھ نہ ڈالیں، اور اپنے آزاد فیصلے سے اس سال محرم کی رسومات کی انجام نہ دیں۔ جمعیۃ کی ہنگامی میٹنگ نے ۲۵ اور ۲۶ اکتوبر کو یہ فیصلہ کر لیا۔ حالات کو بغور مطالعہ کے بعد کمشنر جودھپور ڈویژن۔ آئی۔ جی۔ پی کو ۲۹ اکتوبر کو اپنے رزولیوشن سے مطلع کر دیا۔

یہ فیصلہ اور اس پر عمل کسی قسم کا پروپیگنڈہ نہیں تھا۔ کہا جاتا ہے کہ لوکل حکام اور پولیس نے تعزیہ داری کو رسومات کی ادائیگی کی ترغیب دی۔ لیکن مسلمانوں نے کامل نظم اور ضبط کا ثبوت دیا۔ یہ چیز مسلمانوں کے لئے خوش آئند ہے۔ کلکتہ کے مسلمانوں نے پہل کی اور جودھپور کے مسلمانوں نے اس کی پیروی کی۔

کہا جاتا ہے کہ پولیس کے ایک جتھے نے بعض لوگوں کے تعزیہ کو اپنے اہتمام سے دفنایا جبکہ اس میں کسی مسلمان نے شرکت نہیں کی۔ اور نہ اس محلہ کے مسلمان تعزیہ نکالنا چاہتے تھے۔ پولیس یا بعض حکام کا یہ فعل قابل غور و تعجب انگیز ہے۔

(نوٹ) جودھپور کے تعزیے بڑی شان و شوکت اور ڈھولوں کی گرج میں نکلتے تھے۔ لیکن اس سال یہ ایام نہایت خاموشی سے گزر گئے۔ حق تعالیٰ مسلمانوں کو استقامت بخشے آمین)

مبارک پور میں محرم پر افسوسناک حادثہ

ٹانڈہ ۲۴ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) یہاں محرم تو نہایت پرسکون طریقہ سے منایا گیا مگر مبارکپور میں ساتویں کو ایک افسوسناک حادثہ پیش آگیا جس کی بنا پر سیکڑوں کو بھی مبارکپور میں تعزیہ نہیں رکھا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ جس طرح پہلے جلوس نکلتا تھا اسی طرح ساتویں کو جلوس نکلا۔ مگر جلوس والوں نے ایک خاص کنوئیں پر جو پاٹ دیا گیا تھا علم وغیرہ رکھا تو کسی طرف سے جلوس پر ڈھیلے اور کنکر آئے جس سے چند آدمی مشتعل ہوگئے کہا جاتا ہے کہ کسی نے ایک شخص پر لاٹھی سے کبھی مارا بھی ——— لیکن پولیس عین موقعہ پر پہنچ گئے اور اڑتالیس آدمیوں کو گرفتار کر لیا گیا جنہیں بعد میں ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ اب وہاں بالکل امن ہے (نامہ نگار)

ٹانڈہ میں نماز پڑھو تحریک کی کامیابی

ٹانڈہ ۳۰ اکتوبر (بذریعہ ڈاک) یہاں چند روز سے مسلمانوں نے نماز پڑھو تحریک شروع کی ہے، قصبے کے کچھ سرکردہ اصحاب نے بھی اس سلسلہ میں کوشش کی ہے انہیں مبلغین کی ہدایت پر یہ تحریک شروع کی گئی ہے۔ چنانچہ اب یہ حال ہے کہ بہت سے لوگ غازی بن گئے ہیں (نامہ نگار)

حکومت حیدرآباد کے امتناعی احکام

حیدرآباد (دکن) ۸ نومبر (پی ٹی آئی) حکومت حیدرآباد نے بمبئی کے ایک روزنامہ "انجام" "مغل" کا جو مرہٹی اور گجراتی میں شائع ہوتا ہے اور جس میں [illegible] بھی ہیں حیدرآباد میں داخلہ بند کر دیا ہے۔ اس قسم کی پابندی انگریزی [illegible] "کشمیر [illegible]" پر بھی [illegible] مسئلہ پر غیر جانبدارانہ [illegible] ہوگا۔

غیر مسلم لڑکیاں

معاصر "ریاست" رقمطراز ہے کہ پاکستان میں اس وقت جو غیر مسلم لڑکیاں موجود ہیں ان کی بازیابی کے لئے ایک صاحب ہندوستان سے پاکستان گئے تھے۔ لاہور میں وہ ایک مسلمان رکن اسمبلی سے ملے۔ اور ان مظلوم عورتوں کی بازیابی کے لئے امداد کی درخواست کی۔ تو اس نے جواب دیا "دیکھو بھائی صاحب! ہمارے ہاتھ میں یہ ہندو لڑکیاں صرف لڑکیاں نہیں ہیں بلکہ نسل انسانی کی بہترین قسم ہیں، پھر آگے چل کر ان سے نئی نسل پیدا ہونے والی ہے، وہ کتنی خوبصورت ہوگی، کتنی عقلمند، ہم بیوقوف ہی نہیں گدھے ہوں گے اگر ان ہندو لڑکیوں کو اپنے ہاتھ سے جانے دیں۔"

"ریاست" کا بیان ہے کہ اس مسلمان ایم ایل اے نے یہ بھی کہا کہ "یہ میری ہی رائے نہیں بلکہ پاکستان میں جتنے بھی سمجھدار مسلمان ہیں ان سب کی ہے" اسی سلسلہ میں اس شخص نے ایک اور قدم بڑھایا اور کہا "پھر ہمارے مذہب میں تو اسکو ثواب [illegible] گیا ہے" [illegible] گویا اس رکن اسمبلی نے نہ صرف اپنے خبث باطن کا اظہار کیا بلکہ اس گندگی کو تمام پاکستانیوں بلکہ اسلام کے خوبصورت چہرہ پر بھی مل دیا۔ حالانکہ بالکل ممکن ہے کہ اس شخص کے اپنے خیالات ایسے ہی احمقانہ اور ذلیل ہوں۔ مگر یہ نہ پاکستان کے باشندوں کے یہ خیالات ہیں اور نہ اسلام کے۔

جہاں تک اسلام کی تعلیمات کا تعلق ہے ان کی رو سے کسی غیر مسلم عورت کو اس کی مرضی یا بغیر مرضی اپنے پاس رکھ کر اس سے ازدواجی تعلقات قائم رکھنے کی سخت ممانعت ہے۔ غیر اہل کتاب عورت جیسا کہ ہندو اور سکھ ہیں مسلمان کے نکاح میں بھی نہیں آسکتی اور اس سے زناشوئی کے تعلقات خالص بدکاری پر مبنی ہیں۔ اسلامی حکومت میں اس شخص کو زنا کی حد لگائی جائے گی۔ جو کہ سنگساری ہے۔ اور اس کی مرضی کے بغیر تو اس کو گھر میں ڈال [illegible] دہرا جرم ہے۔ پھر جو شخص اس قبیح فعل کو جسے اسلام نے حرام قرار دیا ہے، کار ثواب سمجھتا ہے۔ "ریاست" سمجھ سکتا ہے کہ اسلام کے متعلق اس جاہل شخص کی معلومات کیا ہیں۔ مدیر "ریاست" کو ذاتی طور پر علم ہے کہ اسلام میں زنا بلکہ جبراً زنا کتنا شدید جرم ہے۔ اور زنا زنا ہے خواہ عورت مسلمان ہو یا غیر مسلم۔

باقی رہے پاکستانی باشندے تو ان کی حکومت جو یقیناً اس گستاخ اور بدکار ایم۔ ایل۔ اے سے زیادہ سمجھدار ارکان پر مشتمل ہے۔ اغوا شدہ غیر مسلم لڑکیوں کی بازیابی کے حق میں ہے اور اس کی پالیسی سے ہر شریف پاکستانی کو اتفاق ہو سکتا ہے کہ کچھ ادھر افراد بھی اس ایم ایل اے سے اتفاق رکھتے ہوں لیکن وہ بھی ایم۔ ایل۔ اے ہی ہیں جن کے اخلاق و کردار پر گورنر جنرل سرٹیفکیٹ دے چکے ہیں۔

حقیقت میں یہ ایم ایل اے نہ اسلام کا خیر خواہ ہے نہ پاکستان کا۔ اور نہ اپنی قوم کا۔ جو شخص اپنی قوم کی لڑکیوں کے مقابلہ میں ہندو لڑکیوں کو بہترین نسل انسانی کی لڑکیاں قرار دیتا ہے، حقیقت میں وہ تو اپنی قوم کا بھی دغا باز ہے وہ اپنی قوم کو گھٹیا نسل کی قرار دے کر اپنی گھٹیا فطرت اور طبیعت کا ثبوت دے رہا ہے۔ ہمیں افسوس ہے کہ ایسے لغو آدمی کی بات پر اعتبار کرکے بشرطیکہ یہ روایت صحیح ہو۔ اور غیر مسلم نے محض پاکستانیوں کو بدنام کرنے کے لئے ایک کہانی

زائرین بیت اللہ شریف کی واپسی

سہارنپور اسٹیشن پر استقبال

سہارنپور ۶ نومبر (بذریعہ ڈاک) زیارت بیت اللہ شریف کے بعد حجاج کرام واپس پہونچ رہے ہیں حاجیوں کی واپسی پر ریلوے اسٹیشن کے باہر بھی خاصی رونق ہوجاتی ہے [illegible] سہارنپور کی طرف سے ان کا استقبال کیا جاتا ہے۔ محکمہ ریلوے کے اسٹاف مسٹر چیلوان سنگھ ٹکٹ کلکٹر [illegible] لوگ ان کے ساتھ نہایت مخلصانہ برتاؤ کرتے ہیں۔

کانگریس سرمایہ داروں سے خائف نہیں ہے

وزیر محنت کا ایک کانفرنس میں بیان

اکولہ ۷ نومبر۔ ہندوستان کے وزیر محنت نے ایک تقریر میں کہا کہ کانگریس ایک قسم کا غیر فرقہ وارانہ سماج بنانا چاہتی ہے وہ صنعتی مزدوروں اور کسانوں کی حالت کو بھی بہتر کرنا چاہتی ہے۔

انہوں نے بہار صوبائی انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا۔ اس الزام کی تردید کی کہ کانگریس سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں کھلونا بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے دنیا کی سب سے بڑی سامراجی طاقت کو شکست دی اور ملکی طاقتور سرمایہ داروں سے خوفزدہ نہیں ہوسکتی۔ کانگریس ایک طبقہ کے مفاد کو دیگر سے ختم کر رہی ہے۔

افکار پاکستان

(مختلف پرچوں سے پاکستان کے متعلق مختلف رائے [illegible])

پاکستان اور امریکہ

امریکہ کا تمام ماضی وعدہ خلافی، دوست شکنی اور ظالم نوازی سے بھرپور ہے۔ جس کی وجہ صرف یہ ہے کہ اس کے پیش نظر کوئی اصول نہیں ہے جس کے مطابق وہ بین الاقوامی مسائل میں ہمیشہ صحیح فیصلہ صادر کرسکے اس پر تو صرف ڈالر کا بھوت سوار ہے جو اسے جائز و ناجائز کی تمیز کرنے کی مہلت نہیں دیتا۔ اس کی تمام ہمدردیاں صرف ان ممالک کے ساتھ وقف ہیں جو سوویٹ روس کے خلاف اس کے آلۂ کار بن سکیں اور جو ممالک اس کی سرمایہ دارانہ ذہنیت یا اس کی غیر جانبداری کو [illegible] نہیں پہنچا سکتے۔ ان کی دوستی اس کی نظر میں کوئی وقعت نہیں رکھتی۔ اس کی اس مفاد پرستانہ سیاست کا تازہ شکار اس کا پرانا حلیف و اتحادی چین ہے جس کو اس نے عالم نزع میں کوئی اخلاقی امداد بھی دینے سے انکار کر دیا ہے۔

بنا بریں ہم تمام پاکستانی مفکرین، مدبرین اور عوام کو اپنے لائحہ عمل پر نظر ثانی کرنے کا مشورہ دیں گے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہم امریکی لونڈی اقوام متحدہ کے انصاف اور اس کے یار غار برطانیہ کی دوستی پر بھروسہ کرنا چھوڑ دیں ہمیں اپنے لئے ایک آزادانہ راہ عمل اختیار کرنی چاہیئے۔ کوئی وجہ نہیں کہ ہم اپنے قریبی ہمسایہ سوویٹ روس سے مضبوط تعلقات استوار نہ کریں۔

("شہباز" پشاور، ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۹ء)

نیا آرڈیننس

حکومت نے ہر چند کوشش کی کہ کوئی ایسا قانون نافذ نہ کیا جائے جو ہماری آزادی پر بے جا مصر ہو۔ مگر جب حکومت کو خفیہ ذرائع سے معلوم ہوا کہ کچھ عنصر ملک میں مسموم فضا پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے تو پاکستان سیفٹی آرڈیننس ہمارے سامنے آموجود ہوا۔ بہ نظر غائر اگر اس سیفٹی ایکٹ کو دیکھا جائے تو حکومت نے اسے ناجائز استعمال کرنے کی کوشش کہیں بھی نہیں کی۔ ہندوستان کی طرح یہاں اندھیر نہیں صرف چند لوگوں کو نظر بند کیا ہے۔ حکومت کو اگر ان کے متعلق کسی وقت بھی یقین ہوگیا کہ ان کی نظربندی غلطی پر ہے یا امن کو منافی نہیں تو ان کی رہائی جلد عمل میں آسکتی ہے۔ جب تک عوام میں حکومت کا رعب اور خوف نہ ہو بعض سرپھرے لوگ عوام کو ملک اور ملت کے خلاف بھڑکانے پر تیار ہوسکتے ہیں۔

اس سے ہمارا مقصد سیفٹی آرڈیننس کی تائید نہیں بلکہ یہ کہنا مقصد ہے کہ اکثر لوگوں نے اس آرڈیننس کو از خود دعوت دی ہے۔ تخریبی کارروائیاں کرنے کا حق نہیں پہنچتا۔ مگر ہر دن کوئی ایسی طاقت ہے جو خفیہ طور پر نام نہاد پاکستانی باشندوں کے توسل سے پاکستان کو کمزور کرنا چاہتی ہے۔

("سعادت" لائلپور ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۹ء)

یوپی اسمبلی کے لئے امیدواروں کی دوڑ دھوپ

بریلی (بذریعہ ڈاک) مسٹر عزیز احمد خاں مرحوم ایڈووکیٹ کے انتقال سے یوپی اسمبلی کی جو مسلم نشست خالی ہوئی ہے اس کے حاصل کرنے کے لئے کچھ مقامی لوگوں نے دوڑ دھوپ شروع کر دی ہے معلوم ہوا ہے کہ امیر احمد وسراج الرحمن طبیب شہر کانگریس سے ایک ہی درخواست پر لوگوں کے دستخط کرا رہے ہیں۔ کہ ان کو کانگریس کا ٹکٹ دیا جائے اور کچھ امیدوار کے نام لئے جا رہے ہیں۔ جن لوگوں نے ابھی تک کوئی عملی کام نہیں کیا ہے ان اور ممبران کانگریس پر کوئی نیگ کر رہے ہیں مثلاً مولوی عبد الرؤف خاں، مولوی سلیمان احمد، مسٹر اکرام حسین، حاجی محمد یعقوب، مولوی ثروت حسین، شیخ ولی اللہ محمد صادق، لیڈر ماسٹر، مولوی اعتزحسین، وکیل، حکیم ضیاء اللہ خاں، منشی مقصود عالم خاں، شیخ سلیم اللہ وغیرہ۔

شرح قیمت الجمعیۃ

ہفت روزہ	روزنامہ
سالانہ ۱۰ روپے	سالانہ چالیس روپے
ششماہی ۵ روپے ۸ آنے	ششماہی بیس روپے
فی پرچہ ۳ آنے	سہ ماہی گیارہ روپے

نوٹ
اتوار کو روزنامہ شائع نہیں ہوتا
مہتمم اشاعت ادارہ الجمعیۃ دہلی

کیا کھادی نہ پہننے اور شراب پینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی؟

کانگریس کے جنرل سکریٹری سے مشرقی پنجاب اسمبلی کے مستعفی ممبر کا مطالبہ

نئی دہلی ۸ نومبر۔ (یو۔ پی۔ آئی) مسٹر سنگھ مہتہ جنہوں نے چند مہینے ہوئے کانگرس اسمبلی پارٹی سے استعفیٰ دیا ہے ایک خط میں یہ الزام لگایا ہے کہ بعض کانگرسی فرقہ واری کرتے ہیں جن میں بعض نمایاں [illegible] فرقہ پرست [illegible] ہیں۔

مسٹر مہتہ نے یہ خط آل انڈیا کانگرس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر کالا وینکٹ راؤ کے نام لکھا ہے۔ اس خط میں مسٹر مہتہ نے کانگرس سے مستعفی ہونے کی وجہ بیان کی ہے۔ آپ نے استعفیٰ ۱۹ اکتوبر کو ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کی دوبارہ وزیر اعظم بننے پر دیا تھا۔

خط میں کہا گیا ہے کہ میرے مستعفی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ مشرقی پنجاب کی کانگرس اسمبلی پارٹی فسطائی، فرقہ پرست اور بدعنوانیوں کی طاقتوں سے سمجھوتہ کرتی ہے۔ اور ایک سچے کانگرسی کی حیثیت سے مجھے ان طاقتوں سے جنگ کرنی چاہیئے۔ یا کم از کم ان سے تعاون نہ کرنا چاہیئے۔

مسٹر مہتہ نے مسٹر راؤ سے دریافت کیا ہے کہ کیا وہ ان ممبروں کے خلاف کارروائی کرنے کو تیار ہیں جو کھادی استعمال نہیں کرتے۔ جو شراب پیتے ہیں اور دوسری بدعنوانیوں میں مبتلا ہیں؟

حاجی جمال محمد صاحب کا انتقال

مدراس ۸ نومبر۔ کل صبح حاجی جمال محمد صاحب کا انتقال ہوگیا۔ وہ ہندوستان کے گنے چنے دولت مند اور جنوبی ہند کے قوم پرست مسلمانوں کے لیڈر تھے۔ حاجی صاحب کی عمر ۷۷ سال کی تھی۔ وہ مرکزی اسمبلی کے ممبر بھی رہ چکے تھے۔ [illegible] انہوں نے لندن کی گول میز کانفرنس میں شرکت کی تھی۔ وہ مدراس [illegible] مسلم لیگ کے [illegible] بھی [illegible] (رپٹ)

عشرہ پر گرفتار شدگان ضمانت پر رہا

مظفر پور ۸ نومبر۔ عشرہ محرم کو محرم اور جہاں پیر حسینی کا بغیر اجازت جلوس نکالنے پر جو ہندو و مسلمان گرفتار کئے گئے تھے بعد میں ضمانت پر رہا کر دیئے گئے۔ مسلمانوں نے ہندوؤں کی ضمانت دی اور ہندوؤں نے مسلمانوں کی ضمانت دی۔ (رپ ٹ)

کشمیر کے فوجی مبصرین کو کئی مقامات سے ہٹایا جارہا ہے

مدت پوری ہونے کے بعد نیا تقرر نہ ہوگا

سری نگر ۸ نومبر (امن سک) اب جبکہ جنگ بندی کی لائن مقرر ہوچکی ہے۔ اس لئے مجلس متحدہ اقوام کے فوجی مبصرین کا کام کم ہوگیا ہے۔ چنانچہ اب یہ تجویز ہے کہ ان کو کم از کم سردی سرد کے لئے دور دراز کی چوکیوں مثلاً گریز، دراس، اور کرگل سے ہٹا لیا جائے۔ کیونکہ اب وہاں شدید برف باری ہوگی۔ اور اس کے باعث یہ علاقے مہینوں کے لئے کٹ جائیں گے۔

تاہم سری نگر، اوڑی، مہنڈر، پونچھ، جموں، جھنگڑ، نوشہرہ اور پونچھ میں چھوٹے چھوٹے دستے رکھے جائیں گے۔ اس بات کا بھی امکان ہے کہ جب ان میں سے کچھ کی مدت پوری ہوجائے گی تو ان کی جگہ دوسروں کا تقرر عمل میں نہ لایا جائے گا۔

سکہ کی قیمت میں کمی کے اثرات پر بحث

برطانوی ٹریڈ یونین کانگرس کا اجلاس

لندن ۸ اکتوبر۔ [illegible] برطانوی ٹریڈ یونین کانگرس کی خصوصی [illegible] کمیٹی مزدوری اور معیار زندگی پر اسٹرلنگ کی قیمت کم ہونے کی اثرات پر بحث کررہی ہے۔ بحث کے بعد کمیٹی اپنی مفصل رپورٹ ٹریڈ یونین کانگرس کی جنرل کونسل کے اجلاس کے سامنے پیش ہوگی جو بدھ کے دن منعقد ہوگا۔

کوتوالی کے علاقہ میں پولیس کے انتظامات

کوتوالی پولیس چاندنی چوک نے نقب زنی، ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں کی روک تھام کے لئے زیادہ سخت انتظامات کر دیئے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اتوار کے روز اس قسم کی کوئی رپورٹ درج نہیں ہوئی اس نے آوارہ اور بدچلن لوگوں کو اور جن پر شبہ تھا گرفتار کر لیا ہے جن کی تعداد [illegible] ہے اور گرفتاریاں ابھی جاری ہیں۔

خواتین کا جلسہ

[illegible] تعلیمی مرکز [illegible] خواتین کا ہفتہ وار جلسہ زیر صدارت [illegible] منعقد ہوا جلسہ کی ابتدا [illegible] تلاوت قرآن پاک سے کی بعد میں مرکز کی طالبات نے [illegible] آمنہ بانو، زبیدہ [illegible] اور [illegible] نے مختلف عنوانات پر مذہبی اور تعلیمی [illegible] عصمت بانو نے موجودہ تباہی کے باعث اور اس کے علاج کے عنوان پر تقریر کی۔ کلثوم خانم نے اپنی تقریر میں بچوں کی تعلیم و تربیت پر روشنی ڈالی۔ جلسہ میں خواتین نے [illegible] شرکت کی۔

سوشلسٹ پارٹی سے اخراج

صوبہ سوشلسٹ پارٹی دہلی نے سردار بلونت سنگھ مسافر کو سوشلسٹ پارٹی کی ممبری سے خارج کرنے کی سفارش نیشنل ایگزیکیٹو آف انڈیا سوشلسٹ پارٹی سے کی ہے کیونکہ پارٹی کے پاس ان کی متعدد شکایات پبلک کی طرف سے آئی ہیں۔ عام طور پر یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ سردار بلونت سنگھ مسافر کا کوئی تعلق سوشلسٹ پارٹی یا اس کے دفتر واقع بلی ماران بازار دہلی سے نہیں ہے۔ (آس سکھ)

از محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور (پاکستان)

نوٹس بنام فریق ثانی

(۱) حاجی عبد المجید ولد حاجی گل محمد ذات بلوچ سکنہ موضع کوٹلی ستی تحصیل خانپور (۲) حاجی کریم بخش ولد اللہ بخش ذات منڑل سکنہ موضع شاہ منڑل تحصیل خانپور
سائلان

(۱) مسماۃ شانتی بائی دختر شالہ رام جلاوہ روڈ چھابڑہ زوجہ دین دیال چھابڑہ سکنہ خانپور حال وارد ہندوستان۔ (۲) مسماۃ سردار خاتون [illegible]
فریق ثانیان

بنام مسماۃ شانتی بائی دختر شالہ رام جلاوہ روڈ چھابڑہ زوجہ دین دیال چھابڑہ سکنہ خانپور حال ہندوستان

درخواست زیر دفعہ ۸ ایکٹ تحفظ جائیداد تارکین بہاولپور، بابت استقرار حق ملکیت اراضیات کھیوٹ نمبر ۱۔ ۲۱۔ ۲۵۔ ۲۶۔ ۲۷ ۔ ۳۸ ۔ ۴۵ ۔ ۲۰۲ واقع موضع شاہ محمد [illegible]

ہرگاہ کہ بجانب سائلان درخواست مندرجہ بالا دائر ہوچکی ہے۔ فریق ثانی کو اس کارروائی کی اطلاع دینی مناسب ہے اور فریق ثانی کا صحیح پتہ معلوم نہیں ہے۔ نوٹس ہذا کے ذریعہ مسماۃ شانتی بائی دختر شالہ رام جلاوہ زوجہ دین دیال چھابڑہ سکنہ خانپور حال وارد ہندوستان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلان کی درخواست مندرجہ عنوان کے خلاف اسے کوئی عذر ہو تو بتاریخ ۱۲ نومبر ۱۹۴۹ء بوقت دس بجے دن محکمہ ہذا میں حاضر ہوکر اصالتاً پیش کرے یا کسی اور طریق پر جسے محکمہ ہذا اطمینان بخش سمجھے ارسال کرے۔ عدم تعمیل کی صورت میں مقررہ تاریخ پر مناسب کارروائی کی جائے گی۔

آج بتاریخ ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم　مہر عدالت

دار السلطنت

۸ نومبر ۱۹۴۹ء

۲۵ روزہ بچہ

ایک بچہ جو تقریباً پچیس روز کا ہے کنگز وے سول لائن کے قبرستان کے نزدیک سے ملا ہے۔ بچہ زندہ تھا اس کو نرسنگ ہوم میں بھیج دیا گیا ہے۔

صراف کی گرفتاری

دہلی پولیس نے ایک سنار کو گرفتار کیا ہے اس کے گھر سے اٹھارہ سو روپے کی مالیت کے زیورات نکلے ہیں۔ یہ گرفتاری ایک اور شخص کی مخبری پر عمل میں آئی ہے جو چاندنی چوک کی ایک چوری کے سلسلہ میں پہلے سے گرفتار تھا۔

دوسرا شخص تنخواہ لے اڑا

مقامی پولیس میں ایک رپورٹ درج ہوئی ہے کہ کسی شخص نے اپنے آپ کو [illegible] بنا کر [illegible] تنخواہ وصول کرلی۔ اس بات کا انکشاف اس وقت ہوا جب وہ خود تنخواہ لینے پہنچا۔

پولیس والے کی جیب کترنے کی کوشش

درگا نامی ایک شخص نے کشمیری گیٹ کے نزدیک ایک پولیس مین کی جیب کترنے کی کوشش کی گو وہ دیکھ لیا گیا اس کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایک دوسرا شخص دہلی ریلوے اسٹیشن پر ایک مسافر کی جیب کترنے کی کوشش میں گرفتار ہوا۔

گمشدہ موٹر کی بازیابی

ہفتہ کی شب میں جو کار دو نا معلوم اشخاص نے ایک ڈاکٹر کے [illegible] سے زبردستی چھین لی تھی اور لیکر فرار ہوگئے تھے بعد کو [illegible] کالونی کے قریب سے کھڑی ہوئی ملی۔

آبکاری والوں کی سرگرمیاں

دو اشخاص نے اتوار کے دن دہلی ریلوے اسٹیشن سے دو اشخاص کو گرفتار کیا جن کے قبضہ سے ناجائز شراب کی پانچ بوتلیں نکل آئیں۔ بعض اور پولیس نے گلی قبرستان سے چھ اشخاص کو جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کیا۔ ایک اور شخص بغیر لائسنس کے چرس رکھنے کے الزام میں نیا نقاش بازار سے گرفتار ہوا۔ پولیس آبکاری نے کالا کوٹھی بازار سے [illegible] نامی ایک شخص کو چرس اور ناجائز شراب کی تین آدھی بوتلیں رکھنے پر گرفتار کیا۔

نمائش صحت میں توسیع

میونسپل کمیٹی نے نمائش صحت میں تین یوم کی توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے اب یہ نمائش بدھ کے دن تک رہے گی۔ نمائش روزانہ شام کے چھ بجے سے ۹ بجے تک رہے گی۔

بچوں کے گھر کو گورنر جنرل کا عطیہ

یہ امر باعث مسرت ہے کہ ہز ایکسیلنسی شری راج گوپال آچاریہ گورنر جنرل ہندوستان نے دو ہزار روپیہ کا گرانقدر عطیہ بچوں کے گھر واقع دریا گنج کو جو زیر انتظام مجلس اوقاف ہے عطا فرمایا ہے۔ پوری توقع ہے کہ راجہ جی اس ادارہ پر ہمیشہ نظر کرم فرماتے رہیں گے اور ہماری قومی حکومت اس ادارہ پر آئندہ بھی ہمیشہ توجہ کرتی رہے گی۔ بچوں کے گھر کے ممبران بارگاہ ایزدی میں صاحب موصوف کی درازی عمر کے لئے دعاگو ہیں اور ادارہ اس عطیہ پر ممنون ہے۔

(شوکت علی عباسی ناظم اوقاف صوبہ دہلی)

واشنگٹن ۸ نومبر امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ مسٹر ڈین ایچیسن کل شب بذریعہ طیارہ وزراء خارجہ کے جلسہ میں شرکت کے لئے پیرس روانہ ہوگئے۔ (پ ٹ رائٹر)

بازاروں کے نرخ

دہلی ۸ نومبر ۱۹۴۹ء

دہلی غلہ مارکیٹ

جنس	نرخ	جنس	نرخ
چنا چھنی	[illegible]	چکلا چنا	[illegible]
گوار	۱۱۔۰۔۰	ارنڈ	۱۵۔۰۔۰
سرسوں	[illegible]	کالا سرسوں	[illegible]
مونگ	[illegible]	تارامیرا	[illegible]
مونگ پھلی	[illegible]	سرسوں	[illegible]
بنولہ	[illegible]	دکنی	[illegible]
تیل	[illegible]	تیل مونگ پھلی	[illegible]
تیل سرسوں	[illegible]	تیل السی	[illegible]
کھل بنولہ	[illegible]	کھنڈ سری	[illegible]
گڑ	[illegible]	باردانہ	[illegible]
روغنی لیدا	[illegible]	مرچ لال	[illegible]

بازار صرافہ

جنس	نرخ	جنس	نرخ
سونا پانسہ	[illegible]	سونا کچا	[illegible]
روا	[illegible]	چاندی	[illegible]
چاندی	[illegible]	سونا ورقہ	[illegible]
چاندی ذرہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کریانہ مارکیٹ

جنس	نرخ	جنس	نرخ
ہلدی بمبئی	[illegible]	ہلدی مدراسی	[illegible]
ہلدی کانپوری	[illegible]	ہلدی نظام آباد	[illegible]
گولہ بنسی	[illegible]	چھوہارا	[illegible]
پشتہ	[illegible]	بادام	[illegible]
بادام گول کاغذی	[illegible]	بادام گول کاٹھ	[illegible]
الائچی بڑی	[illegible]	لونگ	[illegible]
دارچینی	[illegible]	پوست دانہ	[illegible]
گوند کتیرا	[illegible]	پھٹکری سفید	[illegible]
پھٹکری	[illegible]	سلی	[illegible]

(دی دہلی [illegible] کمیشن ایجنٹس کھاری باؤلی دہلی)

سائیکل مارکیٹ

سائیکل	نرخ	سائیکل	نرخ
بی ایس اے سائیکل	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ہندوستانی سائیکل	[illegible]	سنٹر برس	[illegible]
فار کلام	[illegible]	مراری لال سائیکل	[illegible]
بیٹیم سائیکل	[illegible]	ڈیکس سائیکل	[illegible]
ہیڈ لیمپ	[illegible]		

ہاپوڑ مارکیٹ

جنس	نرخ	جنس	نرخ
گیہوں	[illegible]	بیجڑ	[illegible]
گوار	[illegible]	شکر حاضر	[illegible]
ہگسر	[illegible]	شکر حاضر	[illegible]
ارد	[illegible]	مونگ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	گندم	[illegible]
چاول	[illegible]	چنا	[illegible]
جو	[illegible]	کسی گندم	[illegible]
مٹر	[illegible]	بیجڑ	[illegible]
تار	[illegible]	شکر	[illegible]
کرشل	[illegible]	کھنڈ سری	[illegible]
سرسوں	[illegible]	تارامیرا	[illegible]
تیل سرسوں	[illegible]	تیل السی	[illegible]
کھل	[illegible]	مونگ پھلی	[illegible]
بنولہ	[illegible]	باردانہ حاضر	[illegible]
سفید	[illegible]	مسیح	[illegible]
چیت	[illegible]	چاندی	[illegible]
دیسی	[illegible]	سونا	[illegible]

(دی کمیشن ایجنٹس ہاپوڑ)

یورپین کارخانہ داروں نے پٹ سن خریدنا شروع کر دیا

پٹ سن کی تجارت پر مانچسٹر گارجین کا مقالہ

لندن ۸ نومبر۔ مانچسٹر گارجین نے پٹ سن کے بازاروں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ چند [illegible] کے بعد جب سے پاکستانی پٹ سن کی قیمت ہندوستانی پٹ سن سے تقریباً ۴ فیصدی زیادہ رہی اب بھی بازار کی حالت مستحکم نہیں ہوئی۔

پاکستان نے پٹ سن کی جو قیمتیں مقرر کی تھیں وہ بڑے علاقوں میں پہلے کی نسبت کم ہوگئی ان سے بھی بازار مستحکم نہیں ہوا۔ گزشتہ ہفتوں میں بعض یورپین خریداروں نے نئی قیمت پر پاکستانی پٹ سن کی خریداری شروع کر دی ہے دوسرے بھی مجبور ہو کر ایسا ہی کریں گے۔

جب اس نے کہا ہے پونڈ کی قیمت کم ہونے کے سبب روپے کی دو قیمتیں ہوگئیں تو تاجروں نے کہا یہ ناممکن ہے بہت سوں کو یقین تھا کہ یا تو ہندوستان کو پاکستان کے سکہ کی قیمت کو تسلیم کرنا ہوگا۔ یا پاکستان کو اپنے سکہ کی قیمت گھٹانا پڑے گی۔ لیکن اب باوجود کہ پہلے سے پاکستانی پٹ سن کی قیمت زیادہ طلب کر رہا ہے۔

امریکہ کے بعد پٹ سن کی رسائی قیمت ہے جو پہلے [illegible] سے پاکستان کی ڈالر کی آمدنی حسب سابق رہے گی۔ لیکن پٹ سن کا بڑا وزن زیادہ تر کلکتہ سے ہوتی ہے ان کارخانوں کو اور برطانیہ کے ڈنڈی کے کارخانوں کو پاکستانی پٹ سن مہنگی پڑے گی۔ اس طرح اسٹرلنگ کی قیمت میں کمی سے جو فائدہ ہوا تھا وہ ایک حد تک باطل ہو جاتا ہے ۱۹۴۸ء میں ہندوستان نے پٹ سن کے ذریعہ پندرہ کروڑ ڈالر کمائے تھے لیکن پٹ سن کے مہنگے ہونے سے امریکن دوسری اشیاء کا استعمال شروع کر رہے تھے۔ اب جبکہ اسٹرلنگ کی قیمت کم ہونے سے پٹ سن کی تجارت کے نئے امکانات پیدا ہوگئے تھے تو دونوں ملکوں کے درمیان تجارت بند ہونے سے پھر خرابی پیدا ہوگئی ہے۔

اس اخبار نے لکھا ہے کہ [illegible] پٹ سن کی قیمت گرنی شروع ہوئی تھی کہ فوری کارروائی کی گئی اور پٹ سن کی قیمت پھر بڑھنے لگی۔ (پ ٹ رائٹر)

بمبئی کے وزیروں کی تنخواہ

کم نہیں ہوگی۔ وزیر خزانہ کا اعلان

بمبئی ۸ نومبر۔ بمبئی کے وزیر خزانہ مسٹر مہتہ نے کہا کہ صوبہ بمبئی کے وزراء کی تنخواہ میں کمی کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ انہوں نے وزراء اور افسران کی تنخواہوں میں رضاکارانہ کمی کی افواہوں کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

انہوں نے بتایا کہ بمبئی کے وزیروں کو ہندوستان کے تمام صوبوں کے وزراء سے کم تنخواہیں لینے پر صرف ۱۵۰۰ روپے ماہوار رہے ہیں۔ اگر مرکزی حکومت نے لازمی بچت کی اسکیم رائج کی تو حکومت بمبئی اس پر عمل درآمد کرے گی۔

مینور میں دفعہ ۱۴۴

سلیم ۸ نومبر۔ مینور کے سب مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ کو شہر میں نافذ کر دیا ہے۔ یہ شہر سلیم سے ۴۵ میل دور ہے دفعہ کا نفاذ ایک ماہ تک رہیگا۔ صحت عامہ کے ملازمین کی ہڑتال کے باعث دفعہ مذکورہ بالا نافذ کی گئی ہے ۱۱ اشخاص کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ (پ ٹ ا)

متروکہ جائدادوں کا نیا قانون

مرکزی سرکار ہند نے ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء کو متروکہ جائداد کے بارے میں ایک نیا آرڈیننس جاری کیا ہے جس کا نام انخلا کنندگان (نکاسیوں) کی جائداد کا انتظام ہے۔

اس کی رو سے کسی انتقال جائداد کو جو ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد کسی ایسے شخص نے کیا ہے جو نکاسی کی تعریف میں آتا ہے جائز نہیں سمجھا جائے گا اور خریدار کو تاوقتیکہ وہ کسٹوڈین سے اپنی دستاویز انتقال جائداد کی تصدیق کرالیگا ایسی جائداد میں کوئی مالکانہ حقوق حاصل نہیں ہوسکیں گے۔ اس لئے ایسے تمام اشخاص کو جنہوں نے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد کسی ایسے شخص کی جائداد خریدی یا حاصل کی ہے جو پاکستان میں ہے اور نکاسی کی تعریف میں آتا ہے نفاذ قانون سے دو ماہ کے اندر یعنی ۱۸ دسمبر ۱۹۴۹ء تک کسٹوڈین کے یہاں اپنی دستاویزوں کی تصدیق کرانے کے لئے درخواستیں دینی چاہییں۔ ان درخواستوں میں یہ ظاہر کرنا ضروری ہے کہ انتقال جائداد بالعوض حقیقی معاوضہ اور نیک نیتی سے ہوا ہے ایسی درخواستوں کے ساتھ دستاویزات انتقال بھی بطور ثبوت شامل کی جائیں۔

خواجہ ذکریا خانی وکیل بجنور

از محکمہ امین جائیداد تارکین اسٹیٹ بہاولپور (پاکستان)

مسماۃ صالحہ خاتون بنت فضل محمد ذات شیخ انصاری سکنہ صادق آباد ضلع رحیم یار خاں۔ مختار خاص سائلہ

بنام: پریم چند [illegible] پسران [illegible] ذات گکریجہ سکنہ صادق آباد ضلع رحیم یار خاں حال وارد ہندوستان

درخواست زیر دفعہ ۸ ایکٹ تحفظ جائیداد تارکین۔ بہمراد قرار دئے جانے اس امر کے کہ ایک احاطہ رہائشی مندرجہ دستاویز رجسٹری شدہ برخمہ درخواست ہذا جائیداد تارکین کی منزلت نہیں رکھتا۔

نبنام: پریم چند [illegible] پسران [illegible] ذات گکریجہ سکنہ صادق آباد ضلع رحیم یار خاں حال ہندوستان۔

ہرگاہ کہ بجانب سائلہ درخواست مندرجہ بالا دائر ہوچکی ہے۔ فریق ثانی کو اس کارروائی کی اطلاع دینی مناسب ہے اور فریق ثانی کا صحیح پتہ معلوم نہیں ہے نوٹس ہذا کے ذریعہ پریم چند [illegible] کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائلہ کی درخواست مندرجہ عنوان کے خلاف اسے کوئی عذر ہو تو بتاریخ ۲۲ نومبر ۱۹۴۹ء بوقت دس بجے دن محکمہ ہذا میں حاضر ہوکر اصالتاً پیش کرے یا کسی اور طریق پر جسے محکمہ ہذا اطمینان بخش سمجھے ارسال کرے۔ عدم تعمیل کی صورت میں مقررہ تاریخ پر مناسب کارروائی کی جائے گی۔

آج بتاریخ ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم　مہر عدالت

بلیچ سے ہر کالا شخص یقیناً گورا ہوسکتا ہے
قیمت فی شیشی ۲ روپیہ
اپنے شہر کے ہر دوا فروش یا منیارے سے طلب کریں۔

SCOT PILLS
For FEMALE IRREGULARITIES
24 PILLS Rs. 3
Selling at all Chemists

سٹاکسٹ
دہلی :- ینگ فرینڈ اینڈ کمپنی
آگرہ :- گوپال میڈیکل سٹور
سہارنپور :- یو۔ این۔ بنرجی اینڈ کمپنی
لکھنؤ :- سرکار اینڈ کمپنی
علیگڑھ :- شاہ اینڈ کمپنی ریلوے روڈ
کانپور :- پائنیر میڈیکل سٹورز
میرٹھ :- سٹینڈرڈ میڈیکل سٹور

عمر بھر سیاہ بال
کی گارنٹی۔ نئے سائنٹفک امریکن طریقہ علاج سے تیس دن بالکل مفت تجربہ کریں۔
سی۔ ٹی ہسپتال۔ موری گیٹ۔ دہلی

AMICO'S COUGH SYRUP
امیکو کف سیرپ
کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا شفایاب ہوئے
اس دوا کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ حکیموں اور ڈاکٹروں نے بہت پسند کیا ہے بچوں سے لے کر بوڑھوں تک سب کے لئے یکساں مفید ہے۔ ہر قسم کی کھانسی نئی ہو یا پرانی، تر کھانسی ہو یا خشک، نزلہ زکام کی کھانسی ہو، گلے کا بیٹھ جانا، خون تھوکنا، پرانی دق و سل کی کھانسی، دمہ سانس کا پھولنا، نمونیہ، انفلوئنزا کی کھانسی، امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے لئے بے حد مفید اور کامیاب ہے۔
اگر آپ کو کھانسی کی شکایت ہے تو امیکو کف سیرپ استعمال کریں۔ پہلی ہی خوراک میں فائدہ محسوس کریں گے۔ بہت دنوں کی پرانی کھانسی کے مریض اچھے ہوگئے۔
قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے۔ تین شیشیاں چار روپیہ۔ محصول ڈاک علاوہ۔ مزید معلومات و دیگر امراض کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔
ملنے کا پتہ
سول ایجنٹ:- امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء
روزنامہ
الجمعیۃ
ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط
تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی
فون نمبر :- 6841

آزاد ہند فوج کے لوگوں سے مسٹر سرت چندر بوس کی اپیل

کلکتہ ۔ ۱۰ نومبر ۔ مسٹر سرت چندر بوس نے آزاد ہند فوج کے جوانوں سے [illegible]

جو اس وقت بھی بمبئی میں جمع ہو رہے ہیں ۔ ہندوستان کو رجعت پسند سوشلسٹ [illegible] سے مکمل آزاد کرانے کے لئے ؟ ہند کے ترقی پسند سوشلسٹ عناصر کے ساتھ مل جانے کی اپیل کی ہے [illegible] حکومت ہند کے [illegible] (پ ۔ ا)

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۱ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۵ | قیمت فی پرچہ دو آنے

یوگوسلاویہ کے بیس لاکھ مسلمانوں نے مکمل آزادی حاصل کر لی

استنبول میں یوگوسلاویہ کے مفتی کا اہم اعلان

مسلمانوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لئے مارشل ٹیٹو کی مساعی

استنبول ۹ نومبر ۔ مفتی یوگوسلاویہ ابراہیم [illegible] اور ان کے نائب [illegible] حج کر کے واپس جاتے ہوئے یہاں پہنچ گئے ۔ انہوں نے کہا [illegible] مسلمانوں سے [illegible] ان کے نائب نے بعد میں بتایا کہ وہ یوگوسلاویہ کے مسلمانوں کے [illegible] حاصل کرنے آئے ہیں [illegible] وزیر اعظم نے کی ہے ۔

[illegible]

فلپائن کے انتخاب سے صدر امریکہ کو دلچسپی !

[illegible]

عرب ریاستوں کا اتحاد ان کے لئے بیحد فائدہ مند ہوگا !

مصری تجویز کی تائید میں شام کے سابق صدر کا بیان

اسکندریہ ۹ نومبر ۔ سابق شامی صدر شکری القوتلی نے [illegible] شام میں امن و امان قائم ہے ۔ [illegible] تمام عرب ریاستوں کی امداد ہوتی ہے ۔ [illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

جمعہ کے دن ڈاکٹر محمد حتی رنگون پہونچ جائینگے

حکومت برما کی طرف سے سرکاری اعلان !

رنگون ۹ نومبر ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ڈاکٹر محمد حتی وزیر اعظم جمہوریہ انڈونیشیا جمعہ کے دن انڈونیشیا کو ہیگ گول میز کانفرنس کی شرکت کے بعد واپس جاتے ہوئے رنگون پہونچیں گے ۔ وہ دو روز یہاں قیام کر کے برمی حکام سے گفتگو کریں گے ۔ ان کے ہمراہ ڈاکٹر سوبندریو اور [illegible] بھی ہوں گے جو نئی دہلی میں انڈونیشی نمائندہ ہیں ۔

ڈاکٹر محمد حتی نے قاہرہ میں اخبار والوں کو بتایا کہ ہیگ گول میز کانفرنس کی طور پر قابل اطمینان نہیں رہی ۔ [illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

کلکتہ کے جھگڑے میں گرفتار شدہ اشخاص

۲۳ نومبر تک کے لئے ریمانڈ لے لیا گیا

کلکتہ ۹ نومبر ۔ [illegible] (پ ۔ ا)

چنکنگ کے قریب ایک شہر پر کمیونسٹوں کا قبضہ

ہانگ کانگ ۹ نومبر ۔ کمیونسٹوں کے حامی چینی اخبارات نے اطلاع دی ہے کہ کمیونسٹ فوجوں نے [illegible] پر قبضہ کر لیا ہے جو چنکنگ سے ۷۰ میل مشرق میں ہے ۔ (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

بمبئی کارپوریشن کے لئے

ایک اور سوشلسٹ کامیاب

بمبئی ۹ نومبر ۔ [illegible] کانگریس پارٹی کے ممبروں کی تعداد [illegible] ہے

مشرقی بنگال میں

تنسیخ زمینداری کی تحریک

ڈھاکہ ۹ نومبر ۔ حکومت پاکستان کے زمینی حقوق کے [illegible]

ایران کے سابق وزیر اعظم نے قرآن کے جلوس پر گولی چلوائی تھی

عبدالحسین حاضر کے قتل کے اسباب پر قیاس آرائیاں

وزیر اعظم کے قاتل کو کورٹ مارشل کر کے باوجود ابھی تک پھانسی نہیں دی گئی

طہران ۹ نومبر ۔ [illegible] (باقی صفحہ ۹)

بمبئی کے سمندروں میں ماہیگیری

[illegible] (پ ۔ ٹ ۔ ا)

مذہب و کلچر کے واسطے کشمیری عوام کو پاکستانی قرار دینے کی کوشش

نیویارک میں پاکستانی نمائندے مسٹر سرور حسن کی تقریر

نیویارک ۹ نومبر ۔ [illegible] پاکستانی ڈیلی گیشن کے ممبر خواجہ سرور حسن نے اپنی ایک تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ کشمیر کا مسئلہ وہاں کے عوام کی مرضی کے مطابق طے ہونا چاہیئے ۔ [illegible] (باقی صفحہ ۹)

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں اٹلی کی سابقہ نوآبادیات پر غور !!

پاکستان کی طرف سے لیبیا کی مکمل آزادی کی حمایت

کمیٹی میں پاکستانی نمائندہ سر ظفر اللہ کی تقریر

لیک سکسیس ۹ نومبر ۔ پاکستان کے وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان نے اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں تقریر کرتے ہوئے [illegible] (باقی صفحہ ۹)

شکر کے ذخیرے رکھنے پر متعدد لوگوں کو سزائیں

ایک منیجر ایک حلوائی اور ایک دلال گرفتار

[illegible] (پ ۔ ٹ ۔ ا)

مدراس میں سیلاب سے نقصان

[illegible]

ہندوستان کی اقلیتی [illegible]

[illegible]

پاکستانی سفیر مصر میں

کشمیر کے جھگڑے میں حمایت حاصل کرنے کی کوشش

قاہرہ ۹ نومبر ۔ [illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

پنڈت نہرو کی لندن کو واپسی پر

مانچسٹر گارڈین کے ایڈیٹر کا تبصرہ

[illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

ہندوستانی فوج میں نئے چار میجر جنرل

نئی دہلی ۹ نومبر ۔ [illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
الجمعیۃ
PHONE 5855
DATE:-10-11-49

انقلاب روس کی ۳۲ ویں سالگرہ پر لینن کے مقبرہ پر پریڈ

ہندوستانی اور دیگر سفراء اور دس لاکھ روسیوں کی شرکت

ماسکو ۸ نومبر ۔ [illegible]

شاہ افغانستان نے مملکتی کونسل کا قیام منظور کر لیا

موجودہ وزیر اعظم سردار شاہ محمود کی قیادت میں نئی کابینہ کی تشکیل

کابل ۸ نومبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) افغانستان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی باختر کا بیان ہے کہ شاہ افغانستان محمد ظاہر شاہ نے افغانستان میں اعلی مملکتی کونسل یا کونسل آف اسٹیٹ کا قیام منظور کر لیا ہے ۔ کونسل کے صدر وزیر اعظم افغانستان ہز رائل ہائینس سردار شاہ محمود خاں ہوں گے ۔ ساتھ ہی ساتھ شاہ افغانستان نے ایک افغانستان کابینہ کا قیام بھی منظور کر لیا ہے ۔

باختر کا کہنا ہے کہ کابینہ تین حصوں میں منقسم ہو گی ۔ [illegible]

وزارتی گروہ

تین وزارتی گروہ جن میں کابینہ تقسیم کی گئی ہے حسب ذیل ہیں ۔

(۱) وزارت جنگ ۔ داخلہ رسل و رسائل اور قبائلی امور کا محکمہ ۔ [illegible]

(۲) وزارت ہائے اقتصادی امور ۔ مالیات ۔ [illegible]

(۳) وزارت ہائے ۔ معارف اور صحت ۔ [illegible]

[illegible]

سندھ میں نئی کابینہ بن گئی

گورنمنٹ ہاؤس سے اعلان

کراچی ۸ نومبر ۔ سندھ گورنمنٹ ہاؤس سے ایک [illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

درگاہ خواجہ صاحب اجمیر کے ایڈمنسٹریٹر نے چارج لے لیا

منتظم کی امداد کیلئے مشاورتی کمیٹی کا تقرر

اجمیر ۹ نومبر ۔ [illegible]

گورنر جنرل پاکستان کے حکم پر اعتراض

مغربی پنجاب مسلم لیگ کے ایک گروپ کا

لاہور ۹ نومبر ۔ [illegible]

سیام کے وزیر داخلہ برما میں

سفارت خانہ کھولنے کے انتظامات

رنگون ۹ نومبر ۔ [illegible] (پ ۔ ٹ ۔ رائٹر)

تخفیف کی بابت حکومت آسٹریلیا کی رپورٹ

[illegible]

چینی قومی جنگی جہاز نے ایک برطانوی جہاز کو روک لیا

برطانوی جہاز پر چینی علاقائی سمندر میں داخل ہونے کا الزام

ہانگ کانگ ۸ نومبر ۔ [illegible]

قومی انتباہ

[illegible]

ایجنٹ صاحبان مطلع فرمائیں

کہ انہیں آئندہ دوشنبہ ۱۴ نومبر سے شام کا ایڈیشن بھیجا جائے یا صبح کا ؟ اگر وہ یہ وضاحت بھی کر دیں کہ دہلی سے کس ٹرین سے روانہ کیا جائے تو بہت زیادہ بہتر ہو ۔ سنڈے ایڈیشن کی مطلوبہ تعداد سے بھی مطلع فرمائیں ۔

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ

پنڈت نہرو کا لندن کا پروگرام

وزیر اعظم برطانیہ بھی ذاتی طور پر استقبال کریں گے

لندن ۸ نومبر ۔ [illegible]

کمیونسٹوں کے خلاف مدراس کا فرد جرم

مدراس ۸ نومبر ۔ [illegible]

بی بی نگر کیس کی مزید سماعت

حیدر آباد دکن ۸ نومبر ۔ [illegible]

نواب مشتاق احمد گورمانی قاہرہ میں

کراچی ۸ نومبر ۔ [illegible]

مسٹر جے پرکاش نرائن کی

کانگریس راج پر نکتہ چینی

[illegible]

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

جو حضرات روزنامہ الجمعیۃ کا صرف سنڈے ایڈیشن طلب فرمانا چاہیں وہ حسب شرح ذیل قیمت ارسال فرما کر اپنا نام جاری کرا سکتے ہیں ۔ سنڈے ایڈیشن ہفت روزہ الجمعیۃ کی طرح ہر اتوار کو یہاں سے روانہ کیا جائے گا ۔

[illegible]

نمونہ مفت

نوٹ ۔ [illegible]

روزنامہ بشمول سنڈے ایڈیشن

[illegible]

انقلاب روس کی

لاہور میں ۳۲ ویں سالگرہ

لاہور ۸ نومبر ۔ [illegible]

روس کے صدر کو ٹیٹو کی طرف سے [illegible]

[illegible]

برطانیہ کو مشرق وسطی میں اپنی غلطیوں کا اعادہ نہیں کرنا چاہیئے

"اسلامستان کا مقصد کسی کی مخالفت نہیں" !!

کل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں کا بیان

لندن ۸ نومبر ۔ کل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں نے ایک بیان میں کہا کہ برطانیہ کو مشرق وسطی میں اپنی سابقہ غلطیوں کا اعادہ نہیں کرنا چاہیئے ۔ [illegible]

شاہ فاروق کے محل میں عرب ممبروں کی دعوت

میز پر فلسطین کے لئے خالی کرسی رکھی گئی

قاہرہ ۸ نومبر ۔ گذشتہ ہفتہ شاہ فاروق نے عرب لیگ کونسل کے نمائندوں کو قبہ محل میں ایک دعوت دی کھانے کی میز پر ایک کرسی خالی تھی ۔ [illegible]

لیگیوں کا آزادی یونین سے استعفی

مغربی پنجاب مسلم لیگ کا فیصلہ

لاہور ۸ نومبر ۔ [illegible]

چالیس سال کی لگاتار تپسیا کا پھل جو ہزارہا لوگوں کو امراض سے نجات دلا کر بیشمار سرٹیفکیٹ و سنہری تمغے حاصل کر چکا ہے

مصفی خون اور مقوی باہ

دراکشارک مدھو (رجسٹرڈ)

یہ عجیب بوٹی دراکشارک مدھو کو کن کی مختلف جڑی بوٹیوں کے عرق میں دراکشارس ملا کر تیار کیا گیا ہے ۔ اس سے خون صفرا اور بلغم کی خرابیوں سے پیدا ہونے والی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں ۔ دمہ اور کھانسی جڑ سے ختم ہو کر پھیپھڑے مضبوط ہو جاتے ہیں ۔ جوانی کی غلط کاریوں سے پیدا شدہ کمزوری دور ہو کر نئی قوت پیدا ہوتی ہے ۔ [illegible]

منیجر دراکشارک مدھو فارمیسی ۔ نپانی ضلع بلگام

کانگریس منیوں کی کمزوری
اور اس کی دوا
مصنفہ پنڈت رام شوکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم ایل اے بستی
قیمت ۸؍
ملنے کا پتہ ۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی

۱۱/ نومبر ۴۹ء

گاندھی جی کا رام راج

اس بات سے کون انکار کر سکتا ہے کہ حکومت کی مشینری اس طرح نہیں چل رہی ہے جس طرح اسے چلنا چاہئے، بلکہ اس طرح چل رہی ہے جیسے کوئی پرانی مشین ہو چلتی ہے مگر آہستہ۔ رفتار ایسی ہے جس میں کوئی یکسانیت نہیں، پرزے کھڑکھڑ ہوتے ہیں کبھی ایک کیل نکل جاتی ہے کبھی دوسری۔ کوئی پرزہ پھنس گیا تو نکلنے کا نام نہیں لیتا، کوئی ٹیڑھا ہو گیا تو سیدھا نہیں ہوتا، اب ایسی مشین سے کچھ نہ کچھ کام تو نکالا جا سکتا ہے مگر بے انجینئر کا ناک میں دم آجاتا ہے اور اس سے اتنا فائدہ نہیں ہوتا جتنا کہ نقصان ہو جاتا ہے۔

ہم جو بات کہہ رہے ہیں اس کا اعتراف کانگریس کو بھی ہے، حکومت کو بھی ہے اور جاننے والے بھی جانتے ہیں اس لئے ہمارے کہنے پر کان کھڑے نہ ہونے چاہئیں، ہمارا مقصد یہ نہیں کہ ایسی مشین پر کھڑے ہنستے رہیں اور انجینئر کا مذاق اڑائیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ مشین کی خرابی واضح ہو جائے اور درست کرنے والے اسے درست کرنے پر آمادہ ہو جائیں، اور جب مشین بھی ہماری ہی ہو تو یہ بات بے جا نہ ہوگی کہ ہم کھڑے دیکھتے رہیں اور اس کی خرابی کی نشان دہی نہ کریں۔

یہ معلوم ہے کہ حکام اپنا فرض دیانت داری سے ادا نہیں کرتے، دفتروں کے کلرک ایک دن کا کام چار روز میں بھی انجام نہیں دیتے۔ عوام کے دکھوں کی شنوائی ذرا مشکل ہی سے ہوتی ہے، متعلقہ افسروں کے اخلاق بھی کچھ زیادہ قابل فخر نہیں، کمزور اور مظلوم کی خدا ہی سنے تو سنے، ہاں خدا کی زمین پر اس کے ساتھ ہمدردی کرنے والا کوئی نہیں، قدم قدم پر رشوتوں کا زور ہے۔ غرض پرستی نے بڑوں بڑوں کو اندھا کر رکھا ہے نفع خوروں نے جو تباہی مچائی ہے اور چور بازاری نے جو شرارت پھیلائی ہے اس سے کون انکار کر سکتا ہے، ذخیرہ اندوزوں کے ہاتھ کھلے ہیں، اور سر کیا جاتی ہیں، مل مالکوں، زرداروں، مہاجنوں، اور ٹیکس چوروں کی تو کچھ نہ پوچھئے کہ حکومت کی چولیں ہلا رکھی ہیں، غرض نہ رحم اور انصاف کا نشان ہے نہ ایثار و محبت اور سچائی کا پتہ ہے، ہر طرف بے رحمی، شرارت، خود غرضی، جھوٹ، بد دیانتی، فریب اور چالاکی، تنگ دلی اور ذلت کا دور دورہ ہے اور گاندھی جی کا ہندوستان انسان کی شیطنت کی وجہ سے عفریتوں اور دیووں کا ملک بنا ہوا ہے! سوال یہ ہے کہ حکومت کیا کر رہی ہے اور وہ کیا کرنا چاہتی ہے کہ کیا اختیار کرے۔

رہ رہ کر پرانے بزرگوں اور حکمرانوں کے طریقے یاد آتے ہیں اپنے کو وہ لوگ مہذب اور نہ معلوم کیا کہا جاتے تھے لیکن واقعہ یہ ہے کہ انہیں حکومت کرنی خوب آتی تھی، آج کا طریقہ تو یہ ہے کہ حکومت کے وزراء کو کچھ پتہ نہیں کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے ان کے علم کا مبلغ صرف سرکاری رپورٹیں ہوتی ہیں، افسروں نے جو کچھ لکھ کر پیش کر دیا ہمارے حکمراں اس پر ایمان لے آئے، لیکن ہمیں افسروں کی اطلاعات کو صحیح ماننے میں بہت زیادہ تامل ہے، یہ لوگ خود بھی تو بے شمار غلطیاں کرتے ہیں جن کی وجہ سے حکومت کی مشین ٹھیک طریقہ پر نہیں چلتی مگر کیا یہ لوگ اپنی غلطیوں سے بھی حکومت کو مطلع کر سکتے ہیں؟ کیا ایسی رپورٹیں بھی حکومت کو موصول ہوتی ہیں کہ پولیس اپنا فرض دیانت داری سے انجام نہیں دیتی اور مظلوموں کی داد فریاد کو نہیں سنتی؟ اپنی کمزوریاں کون حکومت پر ظاہر کرتا ہے اور کس کو غرض پڑی ہے کہ مظلوموں پر ترس کھا کر حکومت کو حکام کی زیادتیوں کی طرف توجہ دلائے البتہ ملازموں کی رپورٹیں متعلقہ وزراء کو ضرور دی جاتی ہیں مگر ان کا مشین کی خرابی سے کوئی زیادہ تعلق نہیں ہوتا۔

حکومت کسی خرابی کے انسداد کے لئے زیادہ سے زیادہ یہ قدم اٹھا سکتی ہے کہ قانون کو سخت بنا دے، مگر قانون کی سختی تو وہاں اثر کرے گی جہاں مشینری تندرست اور صحیح ہو اور جہاں مشین ہی خراب ہو یا اس کا کوئی کلیدی پرزہ غائب ہو وہاں قانون کی سختی کیا کام دے سکتی ہے؟

آخر پھر پھر کر پرانے زمانہ کے حکمراں ہی یاد آتے ہیں اور یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہمارے حکمراں بھی ان کے نقش قدم پر چلیں اور ملک کے حالات سے براہ راست آگاہ ہونے کی کوئی راہ نکالیں پہلے حکمرانوں کا طریقہ یہ تھا کہ وہ حکام اور افسروں پر زیادہ اعتماد نہیں کرتے تھے کیوں کہ سمجھتے تھے کہ اگر حکام ہی خراب ہوں تو ان کی خرابی کی اطلاع کون کر سکتا ہے؟ اس لئے وہ اپنے قلعوں اور محلوں سے نکلتے تھے، بھیس بدل کر، فقیر یا سوداگر بن کر یا کوئی اور شکل اختیار کر کے کچہریوں میں جاتے تھے تاکہ ججوں اور قاضیوں کے فرائض کا معائنہ کریں اور یہ دیکھیں کہ وہ کسی کے ساتھ ناانصافی تو نہیں کرتے؟ کسی کے ساتھ بد سلوکی سے تو پیش نہیں آتے؟ کسی سے رشوت تو نہیں لیتے؟ کسی رات بھیس بدل کر کوچوں اور محلوں میں نکل گئے اور یہ معلوم کرتے رہے کہ حکام اور حکمرانوں کی نسبت عوام کی کیا رائے ہے اور اگر انہیں کوئی شکایت یا تکلیف ہے تو وہ کس قسم کی ہے، کبھی کسی مارکیٹ میں نکل گئے کہ ان پر ظلم تو نہیں ہو رہا؟ کسی وقت ہندوؤں میں گھس کر یہ تحقیقات شروع کر دی کہ ہندوؤں کو تو شکایت نہیں ہے؟ کبھی کسی بیوہ سے جا باتیں کیں کہ بہن تیرا کیا حال ہے اور بادشاہ تیری کس حد تک خبر لیتا ہے! غرض پہلے لوگ پارلیمنٹری دماغ کے لوگ نہ تھے، نہ انہوں نے دنیا کے قوانین از بر کئے تھے، نہ قدیم اور جدید فلسفوں کو گھول کر پیا تھا، نہ انہوں نے طبعیات اور سائنس کی لیبوریٹریاں قائم کی تھیں، البتہ انہیں اپنی رعایا سے محبت تھی اور یہ بھی جانتے تھے کہ حکام اور افسروں کی گمراہی سے رعایا کو تکلیف پہنچتی ہے اس لئے وہ بھیس بدل کر ملک کی خرابیوں سے آگاہ ہونے کے لئے چپکے سے نکل جاتے تھے اور عوام کے حالات سے براہ راست واقفیت بہم پہنچاتے تھے، نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ کوئی مظلوم دادرسی سے محروم نہ رہتا تھا، اور حکام اپنے حکمرانوں کو دھوکا نہ دے سکتے تھے!

کیا صوبوں کے وزراء یہ نہیں کر سکتے کہ ریلوے اسٹیشنوں پر جا کر رشوت ستانیوں کا مشاہدہ فرمائیں پولیس اسٹیشنوں میں جا کر پولیس کے اخلاق دیانت اور فرض شناسی سے آگاہ ہوں؟ دفتروں میں جا کر دیکھیں کہ اقلیتوں کے ساتھ کیسا کچھ سلوک ہو رہا ہے؟ حیدرآباد کے دیہات اور قصبات میں گھوم پھر کر دیکھیں کہ کمیونسٹوں کا کیا حال ہے، کانگریس کا پارہ کس درجہ پر ہے، مسلمانوں پر کیا گزر رہی ہے اور اچھوت کس حال میں زندگی بسر کر رہے ہیں؟ یہاں تو یہ بھی معلوم نہیں کہ سرکاری دفتروں میں ایک روز کا کام آٹھ روز میں ہو رہا ہے یا آٹھ روز کا کام ایک روز میں! ہاں جب ضرورت پڑی تو ایک تحقیقاتی کمیٹی بٹھا دی یا متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کر لی اور فائل منگا کر دیکھ لیا کہ لکھنے والوں نے کیا لکھا ہے!

یقین کیجئے، ہمیں گاندھی جی بار بار یاد آتے ہیں اگر وہ ہوتے تو اس پرانی مشین کو ضرور بدل ڈالتے اور وزراء کو آرام سے نہ بیٹھنے دیتے، وہ وہی کہتے جو پرانے بزرگوں اور حکمرانوں کا طریقہ تھا، اور جس کے لئے وہ بار بار حضرت عمر فاروق رضی کے انصاف اور خدا ترسی کی مثال دیا کرتے تھے مگر افسوس آں قدح بشکست و آں ساقی نماند! لیکن ہمیں بھی حق ہے کہ حکومت کو پرانے طریقوں کی دعوت دیں کیوں کہ ہمارا ایمان ہے کہ یورپ کی نقالی میں [illegible]

اچھی باتیں

یقولون ۔ ۳۰ ۔ (لا یعلمون رکوع ۱۳)

دشمن کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ پہنچ گئے تو وہاں سے ذلیل لوگوں کو نکال باہر کریں گے۔ لیکن یہ لوگ نہیں جانتے کہ عزت تو اللہ کے لئے ہے اور رسول کے لئے ہے اور اہل ایمان کے لئے ہے۔

اسلام کے دشمنوں نے منصوبہ باندھا تھا کہ مسلمانوں کو مدینہ سے نکال دیں اور ان کے مرکز پر حملہ آور ہوں ان کا خیال تھا کہ مسلمان اچھوت اور ذلیل ہیں اور ذلیل لوگوں کو نکال دینا زیادہ مشکل نہیں ہے اس کے جواب میں فرمایا گیا کہ عزت کا سرچشمہ تو خدا ہی کی ذات ہے اور اس کی بخشی ہوئی عزت اس کے رسول اور اہل ایمان ہی کو زیب دیتی ہے آگ کب سے معزز بن گئے معزز تو انسان اپنے کردار سے بنتا ہے جب مسلمان کے ہاتھ میں طاقت آئے گی تو وہ کمزوروں کو طاقت ور اور ذلیل لوگوں کو معزز بنائے گا اور ان کی پاک تعلیم انسانیت کا سر بلند کرے گی پس مسلمان مایوس اور کمزوری کے احساس میں مبتلا نہ ہوں اور یقین رکھیں کہ عزت کا تاج تو ان ہی کے سر پر رکھا گیا ہے اور وہ کسی کے ذلیل کرنے سے کبھی ذلیل نہیں ہوسکتے!

خیالات ——— نظریں

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

آل انڈیا ریڈیو کو مشورہ

مکرمی تسلیم۔

آج کل آل انڈیا ریڈیو سے ہندی میں جو سماچار سنائے جاتے ہیں اس کی زبان اس قدر مشکل اور ناقابل فہم ہوتی ہے کہ عام پبلک عموماً اور اردو داں طبقہ خصوصاً سمجھنے سے قاصر ہے جس کی وجہ سے ہر شخص کا یہ مطالبہ ہے کہ اردو میں بھی خبریں نشر ہونی چاہئیں لہذا میری رائے میں جس وقت آل انڈیا ریڈیو سے انگریزی میں خبریں براڈکاسٹ کی جاتی ہیں اس وقت ۳۳۸ء۶ میٹر پر سنگیت (موسیقی) کا جو پروگرام ہوتا ہے (جو خاص یا ضروری نہیں بلکہ وقت پورا کرنے کو ہوتا ہے)، اس کے بجائے اس میٹر پر اردو میں خبریں نشر کی جائیں تو نہایت مناسب ہوگا۔ اس طرح یہ مسئلہ بڑی آسانی سے حل ہو سکتا ہے ریڈیو والوں کو بھی کوئی دقت نہیں ہوگی اور پبلک کی شکایت بھی رفع ہو جائے گی امید ہے کہ پروگرام ڈائرکٹر صاحب غور فرمائیں گے۔

محمد کامل [illegible]

[illegible] ——— نمبر

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم۔

میں آپ کے اخبار میں آل انڈیا [illegible] نئی دہلی کے نام حسب ذیل کھلی چٹھی شائع کرانے کی عزت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

(۲) گذشتہ چند روز ہوئے کہ نئی دہلی کے حوالے سے اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ آئندہ سال سے آل انڈیا ریڈیو اپنے گیتا، رامائن، اور قرآن کے پروگراموں کو تبدیل کردے گا۔

(۳) ۱۰ نومبر کے ہند اخبار میں ایک سرالہ کھلی چٹھی کے نام سے پڑھا۔ اس سلسلہ میں مجھے ایک شبہ کی وضاحت کرانی ضروری معلوم ہوتی ہے وہ یہ کہ میں آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ غیر مذہبی حکومت کے کیا معنی ہیں؟ یعنی وہ حکومت جو مذہب کی دشمن ہو؟

اگر واقعی ہندوستان کی حکومت مذہب کی دشمن ہے تب پھر اس کا یہ ارادہ کہ گیتا، رامائن، اور قرآن کے پروگرام بند کر دے ٹھیک ہے اور اس پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔

اور اگر غیر مذہبی حکومت کے یہ معنی نہیں ہیں بلکہ ہندوستان میں ہر مذہب کے لوگوں کو اپنے مذہب پر قائم رہنے اور اپنے مذہب کی تعلیمات سے فائدہ اٹھانے کی آزادی ہے تو پھر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ گیتا، رامائن، اور قرآن جیسی مقدس کتابیں غیر مذہبی حکومت کی اسپرٹ کے خلاف کیسے ہیں۔

(باقی صفحہ [illegible] پر)

کیا جائے گا وہ بربادی کے سوا کچھ نہ لائے گا اور ہندوستان نے جس مقصد کے لئے آزادی حاصل کی تھی اسے بین الاقوامی سیاست میں کوئی امتیاز حاصل نہ ہو سکے گا!

رحم کی درخواست

چونکہ گاندھی جی کے قاتل گوڈسے اور اس کے ساتھی آپٹے کی درخواست رحم گورنر جنرل کی بارگاہ سے نامنظور ہو چکی ہے [illegible]

عرب ممالک کی درخواست

[illegible]

ماسکو کا سفر

[illegible]

مباحث امروز

مشرقی پنجاب

ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کے دوبارہ برسر اقتدار آجانے کے بعد مشرقی پنجاب اسمبلی کی کانگریس پارٹی کے جن چار ممبران نے استعفیٰ دیا تھا ان میں سے ایک ممبر مسٹر بیر سنگھ جنتہ نے اپنے استعفے کے وجوہ بیان کرتے ہوئے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری مسٹر کالا وینکٹا راؤ سے دریافت کیا ہے کہ کیا "وہ ان ممبروں کے خلاف کارروائی کرنے کے لئے تیار ہیں جو کھادی استعمال نہیں کرتے، جو شراب پیتے ہیں اور دوسری بدعنوانیوں میں مبتلا ہیں۔"

مسٹر جنتہ نے کانگریس پارٹی پر یہ بھی الزام لگائے ہیں کہ وہ خانگی طور فرقوں پر چل رہی ہے اور ان طاقتوں سے سمجھوتہ کرتی ہے جو فرقہ پرستی اور بدعنوانیوں کی ہمت افزائی کرتی ہیں۔ یہ الزامات بڑے سنگین ہیں بالخصوص شراب وغیرہ کے استعمال کئے جانے کے الزامات تو ایسے ہیں جن کی فوری تحقیقات کی ضرورت ہے۔

آل انڈیا کانگریس کمیٹی اگر پارٹی پالٹکس سے بالاتر ہوکر مشرقی پنجاب کے تمام حالات کی غیر جانبدارانہ اور صحیح تحقیقات کرے تو یقیناً بہت سے اہم انکشافات ہوں گے۔ اور انصاف کا تقاضہ ہے کہ اس قسم کی تحقیقات ضرور ہونی چاہئے۔ کیونکہ اس سے بعض لوگوں کا یہ الزام بھی غلط ثابت کیا جاسکے گا کہ خود سردار پٹیل ڈاکٹر بھارگو سے دل چسپی رکھتے ہیں، اور مشرقی پنجاب میں سب کچھ ان ہی کے اشارے سے ہوا ہے۔

فلسطین کی خالی کرسی

گزشتہ ہفتہ جب شاہ مصر نے عبدین محل کے اندر عرب لیگ کونسل کے ممبروں کو دعوت دی تو کھانے کی میز پر فلسطین کے نام سے ایک خالی کرسی رکھی گئی۔ یہ اس امر کا ظاہر ہے کہ فلسطین کا جو حشر ہوا ہے اس کا شاہ مصر کو دل میں بہت زیادہ درد ہے۔ اور وہ محسوس کر رہے ہیں کہ عربوں کی آپس کی پھوٹ سے ہی انہیں یہ دن دیکھنا پڑا کہ دعوت میں فلسطین کی کرسی خالی ہے۔ شاید اسی لئے شاہ موصوف نے عرب اتحاد پر زور دیا ہے۔ اور مصر کی طرف سے پیشکش کی ہے کہ وہ اس معاملہ میں اپنا ہر ممکن پارٹ ادا کرے گا۔

کاش اب بھی عرب متحد ہو جائیں اور متحد ہو کر اس سازش کا مقابلہ کر سکیں جو مغرب کے استعمار پرستوں کی طرف سے مشرق وسطی کو ایک طرح کا کھلونا بنانے کے سلسلہ میں ہو رہی ہے۔

چین کی کمیونسٹ حکومت

امریکہ سے روانہ ہونے سے قبل ایک پریس کانفرنس میں جب پنڈت جواہر لال نہرو سے دریافت کیا گیا کہ "کیا وہ چین کی کمیونسٹ حکومت تسلیم کر لیں گے" تو انہوں نے جواب دیا کہ "چین کے اندر جو واقعات رونما ہوئے ہیں وہ ایسے ہیں کہ جن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔"

پنڈت جی کے اس جواب سے اس امر کی تصدیق ہوتی ہے کہ ہندوستان عنقریب چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرے گا۔ کمیونسٹ حکومت کو تسلیم نہ کرنے کی کوئی وجہ بھی نہیں ہے۔ جنرل چیانگ کی گورنمنٹ عملی اعتبار سے بالکل ختم ہو چکی ہے اور جو اس کی رہی سہی پوزیشن باقی ہے اسے کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن وہ کروڑ انسانوں کے ایک عظیم ملک کی حکومت نہیں کہا جا سکتا۔

ایسی حالت میں ہندوستان کے سامنے اس کے سوا اور کوئی چارہ کار نہیں ہے کہ وہ چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرلے اور وہ جتنا جلد ایسا کرے گا اتنا ہی خود ہندوستان اور پورے جنوب مشرقی ایشیا کو اس سے فائدہ پہنچے گا۔

نکاسی جائیداد آرڈی ننس میں ترمیم!

سنگھ اور جمعیت کو ایک سطح پر لانے کی کوشش

نکاسی جائیداد آرڈی ننس

[illegible]

سنگھ اور جمعیتہ

[illegible]

وزیر اعظم برطانیہ اور وزیر اعظم ہند پنڈت نہرو کے مابین طویل پرائیویٹ ملاقات

جنوب مشرقی ایشیا کے مسائل پر غور و خوض!

ہندوستان روانہ ہونے سے قبل ایک اور پرائیویٹ ملاقات ہوگی

[illegible]

پیر کے دن پنڈت نہرو بمبئی پہنچ جائیں گے

بمبئی اور دہلی میں استقبال کی زبردست تیاریاں

[illegible]

مڈغاسکر سے ہندوستانیوں کو نکالا جا رہا ہے

حکومت ہند نے تحقیقات کیلئے اپنا افسر روانہ کر دیا

[illegible]

مسٹر اچیسن پیرس پہنچ گئے

تینوں بڑے وزرائے خارجہ کی کانفرنس

[illegible]

اسٹالن عنقریب امریکہ سے ملنے کی خواہش نہیں رکھتے

وہائٹ ہاؤس کے ایک نمائندہ کا بیان

[illegible]

ماسٹر تارا سنگھ منسٹر کے انتخاب کی مخالفت میں "میرے مطالبہ کا تصفیہ نہ ہوا تو سخت گڑبڑ ہوگی"

شملہ کے گوردوارہ میں اکالی لیڈر کی تقریر

[illegible]

سندھ کے وزیر اعظم کو اطمینان کے دس ماہ اور مل گئے

نئی وزارت سے مسٹر کھوڑو کے حامیوں کو نکال دیا گیا

کراچی ۹ نومبر۔ کابینہ میں تبدیلیوں کے باعث وزیر اعظم سندھ کو آئندہ دس ماہ کے لئے تشویش سے نجات مل گئی [illegible]

دنیا کا سب سے بڑا باربردار طیارہ

اپریل سے فضا میں آجائے گا

[illegible]

امریکی سفیر کمیونسٹ چین کا دورہ کرے گا

[illegible]

سیلون سے ہندوستان کیلئے

منی آرڈر پر پابندی

[illegible]

الجمعیۃ
کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔
عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بےنظیر
ماہنامہ "بانو" دہلی کا آئندہ خاص نمبر
۵۰ء کے شروع میں
قرآن نمبر
کے ——— عنوان ——— سے ——— شائع ——— ہو رہا ——— ہے

قرآن انسانی زندگی کا حقیقی دستور العمل ہے یہی لائحۂ عمل ہے جس پر چل کر ہم چین و امن اور عروج حاصل کر سکتے ہیں یہی حکیم ازل کا وہ حیات بخش نسخہ ہے جس سے ہم انسانیت کے تمام روگوں کا علاج کر سکتے ہیں۔ یہ کتنا افسوسناک مقام ہے کہ عام مسلمان نہ تو اسے سمجھتے ہیں اور نہ ہی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دوسروں کو سمجھانا تو ایک مدت سے انہوں نے ترک کر دیا ہے۔ خصوصاً ہماری عورتیں اور بچے قرآن کریم کی محض تلاوت کرتے ہیں اور اس کا مطلب سمجھے بغیر خوشنما جزدان میں لپیٹ کر طاق کی زینت بنا دیتے ہیں قرآن ہماری زندگی کی زینت ہے نہ کہ طاق کی اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ بانو کا "قرآن نمبر" شائع کیا جائے جس میں قرآن کریم کی اہم آیات کی تفسیر اردو میں شائع کی جائے گی۔ اس کے علاوہ قرآن مقدس پر ٹھوس مضامین قرآن کیا ہے؟ قرآن خدا سے، قرآن کی نظر میں، سیاست اور قرآن، معاشرت اور قرآن، اقتصادیات قرآن، عورت اور قرآن، اور قرآن کریم کی تعلیم کے آسان طریقے غرض یہ کہ اردو پڑھنے والے بچے بچیاں بھی قرآن پاک سمجھ سکیں گے کہ وہ جو قرآن پاک روزانہ تلاوت کرتے ہیں انہیں کیا سکھاتا ہے اور وہ اس سے کیا کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ خاص نمبر اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بےنظیر اور شاندار نمبر ہوگا جو تقریباً تین چار سو صفحات پر شائع کیا جائے گا بانو کی سالانہ قیمت پانچ روپیہ ہے اس سالانہ قیمت میں عام نمبروں کے علاوہ یہ بیش بہا اور نادر الوجود تحفہ اور ایک خاص نمبر اور بھی سال کے دوران میں حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے اور ذیل کے پتہ پر صرف پانچ روپے کا منی آرڈر روانہ کر دیجئے۔

پتہ صرف بانو دہلی کافی ہے

ماہنامہ بانو دہلی کا نمونہ صرف آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگایا جاسکتا ہے
ایجنٹ حضرات خط و کتابت سے معاملہ طے کریں

جمعیۃ علماء سی پی کی صوبائی کانفرنس کیلئے جوش و خروش

کانفرنس میں اکابر جمعیۃ کے علاوہ ہندوستان کے دیگر رہنماؤں کی شرکت کی توقع

ناگپور ۔ (بذریعہ ڈاک) جناب عبداللہ صاحب فاروقی ایم ایل اے جنرل سیکریٹری صوبائی جمعیۃ علماء کانفرنس ناگپور نے صوبے کے مختلف اضلاع کے دورے سے واپسی کے بعد صحافتی بیان دیتے ہوئے کہا کہ مجھے اور دیگر ارکان نیز جناب حاجی عبدالقادر صاحب صدر مجلس استقبالیہ اور منشی عبدالقادر صاحب نائب صدر کو یہ دیکھ کر اطمینان ہوا کہ صوبہ متوسط کے گوشہ گوشہ میں جمعیۃ سے ہمدردی اور ۲۵، ۲۶، ۲۷ نومبر ۱۹۴۹ء کو شہر ناگپور میں ہونے والی کانفرنس سے دلچسپی پائی جاتی ہے۔

مسلمان اپنے دینی اور ثقافتی مسائل کے لئے جمعیۃ کے پلیٹ فارم کو ایک موزوں اور مناسب پلیٹ فارم سمجھتے ہیں اور سیاسی حیثیت سے موجودہ حالات میں وہ کانگریس کو ایک موزوں جماعت قرار دیتے ہیں۔ مسلمانوں میں چند خود غرض اور مطلب پرست اشخاص ایسے بھی پائے گئے جو یہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں میں ان کی اپنی کوئی جماعت نہ ہو اور انکو براہ راست کانگریس میں شریک ہو جانا چاہئے۔ یہ رائے رکھنے والے اکثر وہ اصحاب ہیں جن کو مسلم لیگ سے واسطہ رہا ہے اور [illegible] وطن میں سرخروئی حاصل کرنے کے لئے کہا کرتے ہیں کہ مسلمانوں کی اپنی کوئی جماعت نہ ہونی چاہئے اور براہ راست کانگریس میں شریک ہو جانا چاہئے حالانکہ وہ خود جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کے رہنما مسلمانوں کو فرقہ وارانہ سیاست سے علیحدگی کا مشورہ دیا کرتے ہیں اور جمعیۃ العلماء ایسی وطن دوست آزمودہ کار جماعت جو مسلمانوں کو صحیح راستہ [illegible] خیال ہے [illegible] اس کے بڑے بڑے اجتماعات میں خود شریک ہوتے ہیں یا اس کی کامیابی کی تمنائیں ظاہر کرتے ہیں۔

جمعیۃ العلماء ہند کے اجلاس منعقدہ لکھنؤ کے موقع پر ہندوستان کے گورنر جنرل ایچ ای شری راجگوپال آچاریہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ جمعیۃ کی کوششوں سے مسلمانوں اور دوسرے فرقوں کے بھائیوں کے درمیان بہتر تفہیم پیدا ہوگی۔ پیغمبر اسلام (صلعم) کے پیغام کو [illegible] موصوف کی اور دوسرے بانیان مذہب کی تعلیمات کا مقصد انسان کو راہ مستقیم دکھانا ہے۔ دعا ہے کہ ناسمجھی اور تنگ نظری کم سے کم ہوتی جائے۔ شری راجگوپال آچاریہ تو پیغمبر اسلام کی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت کا خیال کرتے ہوئے جمعیۃ العلماء کے قیام کو مناسب خیال کرتے ہیں۔ مگر ہمارے ہی کچھ بھائی ایسے ہیں جو کل جمعیۃ کو جمعیۃ العلماء ہند کہا کرتے تھے اور خود مسلم لیگ کی بنائی ہوئی جمعیۃ العلماء اسلام میں شامل تھے آج ایسے نیشنلسٹ ہو گئے ہیں کہ سرے سے اس کی ضرورت کے بھی قائل نہیں ہیں۔ خدا ان کو سمجھ اور بصیرت دے۔ آپ کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ ہماری صوبائی کانفرنس میں اکابر جمعیۃ کے علاوہ پنڈت سندر لال جی شری [illegible] جہاں [illegible] شریک ہو رہے ہیں ان کے علاوہ ہم اپنے صوبہ کے محبوب وزیر اعظم پنڈت روی شنکر شکلا سردار عزیز وزیر امور داخلہ پنڈت مصرا اور صوبائی کانگریس کمیٹیوں کے صدور [illegible] اور سیٹھ گووند داس جی کو بھی اس کانفرنس میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں تاکہ ان نیتاؤں کے خیالات کو خود ان کی زبان سے مسلمان سن لیں مجھے امید ہے کہ ہماری یہ کانفرنس مسلمانوں کی نمائندگی کے لحاظ سے ہی نہیں بلکہ اس لحاظ سے بھی کامیاب ہوگی کہ ہم اس کے ذریعہ دور دور تک بھائی چارہ کا پیغام کامیابی کے ساتھ پہنچا سکیں گے۔ (نامہ نگار)

بنارس میں انجمن طبیہ یوپی کا اجلاس عام

لکھنؤ ۷ نومبر (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ عرصہ دراز سے مشرقی اضلاع اطباء کی یہ خواہش تھی کہ انجمن طبیہ یوپی کا سالانہ اجلاس عام مشرقی اضلاع کے کسی مرکزی شہر میں کیا جائے۔ اس خواہش کی بنا پر امسال انجمن طبیہ یوپی کا اجلاس نومبر کے آخر یا دسمبر کے پہلے ہفتہ میں بنارس میں منعقد ہوگا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس اجلاس کو کامیاب بنانے کے لئے حکیم محمد کاظم صاحب نے جدوجہد شروع کر دی ہے اور اس سلسلہ میں اطبائے بنارس کا ایک عام اجتماع کیا جا رہا ہے جس میں محسن طب جناب حکیم عبدالحسیب صاحب دریاآبادی صدر انجمن طبیہ یوپی کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔

اس امر کی کوشش کی جا رہی ہے کہ اس اجلاس کا افتتاح ہز ایکسی لینسی گورنر یوپی فرمائیں جیسا کہ گذشتہ اجلاس کا افتتاح آنریبل وزیر اعظم یوپی نے کیا تھا۔ (نامہ نگار)

نینی تال سے آتے ہوئے بس الٹ گئی

ہلدوانی ۔ (بذریعہ ڈاک) نینی تال سے آتے ہوئے رانی باغ سے دو میل اوپر ایک سواری الٹ گئی جس کی وجہ سے ڈرائیور اور کئی مسافر شدید مجروح ہوئے۔ مجروحین مقامی شفاخانہ میں داخل کئے گئے۔ ایک زخمی مسمی کریم بخش نامی زخموں کی وجہ سے جانبر نہ ہو سکا اور دو گھنٹہ کے بعد انتقال ہو گیا۔ بس کے الٹنے کا سبب یہ معلوم ہوا کہ پچھلا پہیہ کسی وجہ سے نکل گیا جس کے نتیجہ میں گاڑی الٹ گئی۔ (نامہ نگار)

توسیع اشاعت کے طریقے؟

(۱) اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی موجود ہے تو ایجنٹ پر زور دیجئے کہ وہ الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کرے۔

اگر وہ الجمعیۃ کے مقابلہ میں کسی دوسرے اخبار کے لئے زیادہ کوشش کرتے ہیں تو پھر کوئی ایسے ایجنٹ تجویز کر کے ہمیں لکھئے جو ایجنسی کی شرائط بھی پوری کر سکتے ہوں اور الجمعیۃ کی ترقی کے لئے دلی لگن کے ساتھ کوشش کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں۔

(۲) آپ اور آپ کے احباب اپنی بستی کے مختلف حصے بنا کر ہر حصہ میں منظم طور پر گشت کریں اور تمام ایسے اصحاب کو جو اوپر خرچ کی استطاعت رکھتے ہوں الجمعیۃ کی باقاعدہ خریداری پر آمادہ کریں۔ اور ان کے نام و پتے لکھ کر ایجنٹ کو دے دیں کہ وہ انہیں اخبار پہنچا دیا کریں۔

(۳) ایسے چند افراد کو مشترک طور پر الجمعیۃ خریدنے کے لئے آمادہ کیجئے جو تنہا خریداری کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔

(۴) ہر محلہ کی مسجد میں اپنی محلہ کی مشترک امداد سے الجمعیۃ جاری کرانے کا انتظام کریں اور نمازیوں کو خبروں اور مقالات کے علاوہ "اچھی باتیں" پڑھ کر سنانے کا اہتمام کریں۔

(۵) اگر اب تک آپ کے یہاں ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہے تو کسی مستعد اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی دینے کے لئے ہمیں لکھئے۔ اور مذکورہ بالا طریقوں سے توسیع اشاعت کی کوشش کیجئے۔

(۶) اگر آپ کے یہاں ایجنسی قائم ہونے کی مطلق گنجائش نہیں ہے تو مقامی طور پر اور قرب و جوار میں کوشش کیجئے کہ زیادہ سے زیادہ حضرات براہ راست اخبار کی قیمت ہمارے پاس بھیج کر اجراء کرائیں۔

(۷) اگر آپ کے یہاں ریلوے اسٹیشن یا ڈاک خانہ نہیں ہے اور ڈاک روزانہ حاصل نہیں کی جا سکتی تو الجمعیۃ کے سنڈے ایڈیشن کے براہ راست خریدار بنانے کی کوشش کیجئے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ

خیالات ناظرین

(بقیہ صفحہ [illegible])

(۳) پاکستان جیسی مذہبی حکومت تو گیتا، رامائن، اور قرآن میں کوئی فرق نہیں کرتی، پاکستان ریڈیو جس طرح قرآن پاک کا پروگرام نشر کرتا ہے اسی طرح باقاعدہ گیتا کا پروگرام نشر کرتا ہے۔

کیا از روئے انصاف پاکستان کے اس طرز عمل کا جواب یہی ہونا چاہئے۔ "کہ تم چونکہ گیتا، اور قرآن پاک کا پروگرام براڈکاسٹ کرتے ہو" اس لئے ہم بند کرتے ہیں" اور "جب تم بند کرو گے" تو "ہم جاری کریں گے"۔ ایسی ضد کا کیا ٹھکانہ . . . . . ہم ہوئے کافر تو وہ کافر مسلماں ہو گیا

(۴) اس کے علاوہ غیر مذہبی ملک اور بھی ہیں وہ مذہبی پروگرام کیوں براڈکاسٹ کرتے ہیں

(۵) اب دو سال کے عرصہ میں ہندوستان کا ریڈیو اسٹیشن اپنی ریڑھ کی ہڈی یعنی اپنے مستقل سننے والوں سے آشنا بے نیاز کیوں ہو گیا وہ برس ہا برس کے ان پسندیدہ اور مقبول پروگراموں کو جن پر ہندو مسلمان جان دیتے ہیں لاکھوں سننے والوں کی خواہشات کو پس پشت ڈال کر کیوں . . . بند کرنے پر تلا ہوا ہے۔

(۶) اگر آل انڈیا ریڈیو ایسے اہم پروگراموں کو بند کر کے اپنا دل ٹھنڈا کرنا چاہتا ہے "تو کرے" جہاں لاکھوں آدمی خبروں کی زبان نہ سمجھنے پر رو رہے ہیں وہاں دو چار کروڑ ہندو مسلمان بھی مذہبی پروگرام ہونے کا ماتم کرینگے

(۷) ہندوستان کا ریڈیو لوگ "نہیں سنتے"۔ "[illegible]"۔ "ریڈیو سٹ نہیں رکھتے"۔ "نہ رکھیں"۔ حکومت ہند پر اس چیز کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔ آل انڈیا ریڈیو اپنے پروگرام آپ ہی سن کر خوش ہو لیا کرے گا

(۸) اگر آل انڈیا ریڈیو کے ارباب حل و عقد اپنے [illegible] اور مخلص سننے والوں کی طرف سے اس درجہ بے پرواہ ہو چکے ہیں تب تو ان کی خدمت میں کوئی عرض پیش کرنا ہی بے سود ہے اور اگر یہ بات نہیں ہے تو میں آنریبل منسٹر سے درخواست کروں گا کہ وہ تکلیف گوارا فرما کر اس کی تشریح فرمائیں کہ "غیر مذہبی حکومت"۔ "مذہب کی دشمن تو نہیں ہے"۔

آرڈی نینس میں ترمیم

(بقیہ صفحہ [illegible])

ہے۔ وہ بلا تکلف فراموش کر سکتا ہے کہ جمعیت [illegible] سال تک کانگریس کے کندھے سے کندھا ملا کر ملک کی آزادی کی لڑائیاں لڑتی رہی ہے، اور سنگھ کے کرتا دھرتا اگر کچھ کر رہے تھے تو دشمن کی طرف داری اور کانگریس کی مخالفت کر رہے تھے! وہ یہ دیکھنے کی تکلیف گوارا نہیں کر سکتا کہ علماء کی جماعت نے غیر ملکی سامراج کے خلاف اس وقت مورچہ لگا دیا تھا جب کانگریس پیدا بھی نہیں ہوئی تھی۔ وہ اس حقیقت سے آنکھیں چرا سکتا ہے کہ ملک باپو کا [illegible] بھی سنگھ کے عقیدے پر اٹل ہے! وہ اس سچائی سے بھی منہ موڑ سکتا ہے کہ ملک کے بٹوارے کو جمعیت آج بھی تسلیم نہیں کرتی۔

اس ایمان دار اخبار نویس نے ان سب حقیقتوں کو بھلا دینا ہی سہل سمجھا! پرواہ نہیں اگر اخبار نویسی کا پہلا اصول دیانتداری اور سچ کہنا ہے۔ یہ اخبار نویس اس اصول کو تیاگ کر اپنے ضمیر کو مطمئن رکھ سکتا ہے۔

اس تکلیف زبانی کا شکریہ قبول فرمائیے۔

محمد عبدالرشید صدر بازار منڈی پان

دہلی ——— نومبر

اخبار "ارجن" کی غلط بیانی

قصبہ آنولہ ۔ ضلع بریلی ۔ (بذریعہ ڈاک) تحصیل آنولہ کے باشندے معزز ہندو مسلمانوں کی طرف سے ۳ تاریخ کے اخبار "ارجن" کی اس اشاعت کی تردید کی گئی ہے جس میں اس نے اپنے نامہ نگار کی وساطت سے یہ شائع کیا ہے کہ کچھ کانگریسی ورکروں نے "مسلم سود کشا" کے نام پر ہزاروں کا چندہ وصول کیا ہے۔ اصل واقعہ یہ ہے کہ کچھ فرقہ پرست اور سنگھی لوگوں نے ستمبر ۱۹۴۹ء سے آرڈی نینس کی آڑ لے [illegible] آنولہ مسلمانوں کے مکانات دبا لئے اور حکام کو غلط خبریں دے کر اور کلکتہ بمبئی میں تجارت کرنے والے کو پاکستان جانے والے سامان بتا کر تالے ڈلوا دیئے جو بعد کو وزارت کرنے پر تمام واگذاشت ہو گئے۔ مکانات کھلنے پر فرقہ پرستوں نے دوسری قسم کے ہنگامے مچائے اور مقامی حکام و پولیس کو فیور میں لے کر [illegible] مگر کانگریس کے مخلص ورکروں مثلاً شری رام مورتی جی ایم ایل اے، شری رگھوبن لال شاستری ایم ایل اے، شری دھرم دت جی نیا صدر شہر کانگریس، شری [illegible] عبدالرحمٰن دانش پریذیڈنٹ ڈسٹرکٹ بورڈ [illegible] ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ نے بھی [illegible] کر کے حالات کو سنوارا۔ ورنہ ۱۰ ستمبر سے [illegible] شہر میں لوٹ مار کرنے اور زیادتیوں سے سخت نقص امن کا اندیشہ ہو گیا تھا۔ قصبہ کے شیخ رسول احمد رئیس و شیخ عرفان احمد اور شری دیوکی نندن وغیرہ نے دن رات کی کوششوں سے ہندو مسلم اتحاد کے لئے جو کارہائے نمایاں کئے۔ اس سے فرقہ پرستوں کے حوصلے پست ہو گئے۔ اسی بنا پر انہوں نے غلط خبریں چھپوانا شروع کر دیں۔ ہم ہندی کے معزز اخبار "ارجن" سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس قسم کی خبروں کے چھاپنے میں احتیاط برتیں۔

دارالعلوم دیوبند کی تلاشی پر مونگھیر اور مظفر نگر میں احتجاج

حکام سے باز پرس کرنے اور آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ

مونگھیر ۔ (بذریعہ ڈاک) [illegible] مونگھیر کا ایک جلسہ دارالعلوم دیوبند کی ذلت آمیز تلاشی پر احتجاج کرنے کے لئے مولانا محمد ادریس صاحب مدرس جامعہ کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں دیوبند کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا اور حسب ذیل قرار دادیں منظور کی گئیں۔

پہلی میں کہا گیا ہے کہ یہ جلسہ دارالعلوم دیوبند کی ذلت آمیز تلاشی پر اپنے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور مقامی پولیس کے اس رویہ کو غلط اور اس کو عالمی [illegible] کی توہین نہیں بلکہ علوم مشرقیہ کی اہانت تصور کرتا ہے جو اس آزاد ہندوستان کے اندر ہوئی ہے۔ نیز حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ آزادانہ تحقیقات کے بعد مقامی پولیس کو قرار واقعی سزا دے اور دارالعلوم دیوبند کی اس توہین کی مکافات کرے۔

دوسری میں دارالعلوم دیوبند کے ان طلباء کے وابستگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کی گئی ہے جو [illegible] شہید ہوئے۔

شہر جمعیۃ علماء مظفر نگر

مظفر نگر ۔ (بذریعہ ڈاک) مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر نے دارالعلوم کے سلسلہ میں حسب ذیل تجویز پیش کردہ حکیم محمود الحسن صاحب صدر جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر منظور کی ہے:۔ دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور میں عید الضحیٰ کے اشتہار کے سلسلہ میں بلا اطلاع و اجازت ادارہ اہتمام جو تلاشی لی اس سے شدید ذہنی اذیت پہنچی ہے۔

قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ذاتی اور جماعتی اہانت میں بڑا فرق ہے۔ دارالعلوم ایک قومی یونیورسٹی کی حیثیت سے دنیائے اسلام میں اپنا ایک بلند مقام رکھتا ہے اس کی اہانت [illegible] صبر آزما ہے۔ اور جب یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ توہین آمیز سلوک محض اس اشتہار کی بنا پر کیا گیا ہے جس میں اسلامی سالہائے سال کے سبق کے مطابق مسائل عید الضحیٰ و قربانی بتائے گئے تھے تو صبر اور دل برداشتہ ہو جاتا ہے۔ مسلمانوں کے پاس بجز صبر کچھ برداشت اب کیا رہا ہے۔

جمعیۃ علماء شہر مظفر نگر کی مجلس انتظامیہ کے اراکین اس اہانت آمیز رویہ پر اپنے شدید [illegible] کا اظہار کرتے ہیں اور حکومت سے پر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے فرائض کو سمجھے اور اپنے ماتحت عمال کو قابو میں رکھے۔"

خوراک میں کفایت شعاری

حکومت ہند کی ہدایات

حکومت ہند نے تمام صوبوں، علاقوں، ریاستوں اور یونینوں کو ملک بھر میں خوراک میں کفایت شعاری کی یکساں تدابیر اختیار کرنے کی اہمیت و ضرورت کی طرف توجہ دلائی ہے۔

گذشتہ اگست میں دہلی میں وزراء خوراک کی کانفرنس منعقد ہوئی تھی کانفرنس میں جو آراء ظاہر کی گئی تھیں ان پر غور کرنے کے بعد مرکزی وزارت خوراک [illegible] ہو گئی تھی کہ اگر کھانا [illegible] جائے تو مہمانوں کی تعداد [illegible] ہونی چاہئے۔ چنانچہ شادی بیاہ اور موت کے موقعوں پر مہمانوں کی تعداد جنہیں راشن کا کھانا کھلایا جائے۔ ۵۰ سے زیادہ نہ ہونی چاہئے اس تعداد میں گھر کے آدمی شامل نہیں ایسی شادیوں میں جہاں عام طور پر ایک وقت سے زیادہ کھانا کھلایا جائے وہاں دو مرتبہ کے کھانے کے لئے راشن کا [illegible] کیا جائے مہمانوں کی تعداد کی اس رعایت [illegible] کھانا کھلانے کی اجازت دیدی گئی ہو کا اطلاق ایسی عام [illegible] موقعوں پر آدمیوں کی تعداد جن میں میزبان بھی شامل ہیں ۲۵ سے زیادہ نہ ہونی چاہئے۔

بنولوں کے وعدہ کے سودے

حکومت ہند نے بند کر دیئے!

حکومت ہند نے ۸ نومبر کے خاص گزٹ میں ایک اعلان کے ذریعہ یہ حکم جاری کیا ہے کہ ۸ نومبر ۱۹۴۹ء سے بنولوں کے وعدہ کے سودے کرنا ممنوع قرار دیدیا گیا ہے یہ حکم بنولوں کے سودوں کی ممانعت [illegible] ۱۹۴۹ء کے تحت جاری کیا گیا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ بنولوں کی بہم رسانی کو برقرار رکھا جائے اور یہ مناسب نرخوں پر دستیاب ہوتے رہیں۔

تلوں کے وعدے کے سودوں کی ممانعت کے حکم مجریہ ۱۹۴۳ء کی طرح اس حکم کے دائرے سے ان سودوں کو مستثنیٰ قرار دیدیا گیا ہے جو حقیقی طور پر مخصوص حوالگی کے لئے کئے جائیں گے اور کسی تیسرے فریق کے نام منتقل نہ ہو سکیں گے۔" (پریس ٹرسٹ)

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست اور اس کی سبق آموز دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جن کی شہرت اور مقبولیت عام ہو چکی ہے

علمائے ہند کا شاندار ماضی ۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند ۔ طبع دوم کی جلد اول ۔۔۔ قیمت ۔۔۔ [illegible]

علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے ۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند جلد اول [illegible] ۔ جلد دوم [illegible]

حیات شیخ الاسلام ۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات ۔۔۔ مجلد [illegible]

مجاہد جلیل ۔ از حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب (مختصر سوانح) [illegible]

باغی ہندوستان ۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل مولانا فضل حق خیرآبادی کے قلم مبارک سے ۔ قیمت مجلد [illegible]

مسلمانوں کا روشن مستقبل ۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بارہا طبع ہو کر فروخت ہو چکی ہے ۔۔۔ قیمت [illegible]

الجمعیۃ بکڈپو ۔ گلی قاسم جان دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

[illegible]

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانیوالے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن ۔ پورٹ سوڈان ۔ جدہ ۔ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کر سکیں گے۔

مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جملہ تفصیلات کیلئے خط و کتابت کریں

ٹرنر مارسین اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ

بمبئی

LADIES
look
for…
BEAUTY in a watch…
The MINIATURE "P-2"
The MINIATURE "L-2"
15-ct. Gold. Rs. 360.
18-ct. Gold. Rs. 380.
WEST END WATCH Co.
BOMBAY · CALCUTTA

عورتیں گھڑی کی خوبصورتی پسند کرتی ہیں

[illegible] ایک قیمتی اور خوبصورت زیور بھی ہے۔

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی بمبئی ۔۔۔ اور ۔۔۔ کلکتہ

دریاؤں کے راستے بدلنے کے لئے روس نے ایٹمی طاقت کا استعمال شروع کر دیا

برلن کے اخبار کا انکشاف

برلن ۹ نومبر ۔ برلن کے شائع ہونے والے ایک اخبار [illegible] کے بیان کے مطابق سوویٹ سائنسدانوں نے کوہ یورال کا ایک حصہ ایٹمی طاقت کی مدد سے اڑا دیا ہے اور اصل میں سائنسدان سائبیریا کے دو دریاؤں "اوب" اور "ینیسی" کی گذرگاہ میں تبدیلی چاہتے ہیں کہ یہ دریا بحر منجمد شمالی میں گرنے کے بجائے بحر کیسپین میں گریں تاکہ اس پاس کے بنجر علاقوں کو سرسبز و شاداب بنایا جا سکے اور [illegible] بندروں کا جال بچھایا جا سکے۔

اخبار مذکور کا بیان ہے کہ بحرہ کیسپین اور بحرہ ارل کے درمیان کی نچلی زمین کو سیراب کرنے کے لئے آبپاشی کا جو منصوبہ بنایا گیا تھا اس کو عملی شکل دینے کے لئے ایٹمی طاقت کا استعمال نہایت ضروری تھا اور جب یہ منصوبہ مکمل ہو جائے گا تو روس میں فرانس کے برابر رقبہ کا ایک اور علاقہ قابل زراعت ہو جائے گا۔

اس علاقہ میں [illegible] مرکز قائم کیا جا رہا ہے [illegible] پانی کا ذخیرہ جمع کیا جائے گا اور ایک ہزار میل سے زائد طویل بند باندھا جائے گا یہ مرکز سالانہ [illegible] برقی پیدا کر سکے گا۔

اخبار مذکور نے اس پورے منصوبہ کا نقشہ بھی شائع کیا ہے جس میں مجوزہ برقابی مرکز کا محل وقوع بتایا گیا ہے اور سائبیریا کی دو ندیوں کی نئی گذرگاہ بنائی گئی ہیں جو ۲½ ہزار میل طویل ہیں۔ (گلوب)

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی

دسمبر میں روس کا دورہ کریں گے

کراچی ۹ نومبر ۔ سرکاری طور پر اس خبر کی تردید کی گئی ہے کہ مسٹر لیاقت علی خان وزیر اعظم پاکستان نے ماسکو کا دورہ ملتوی کر دیا ہے۔ وزیر اعظم سے قریبی تعلق رکھنے والے ایک ذریعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ابھی دورہ کی کوئی تاریخ قطعی طور پر مقرر نہیں کی گئی ہے۔ اس سے قبل بعض حلقوں میں قیاس آرائی تھی کہ وہ نومبر میں ماسکو کے دورہ پر روانہ ہوں گے۔ اس حلقہ نے مزید بتایا کہ اس امر کا اب بھی امکان ہے کہ وزیر اعظم اس ماہ کے آخر میں یا دسمبر میں ماسکو جائیں گے۔ (رپٹ رائٹر)

کمیونسٹ اور غیر کمیونسٹ ٹریڈ یونینوں کے اجلاس

ایک پیکنگ میں دوسرا لندن میں

لندن ۹ نومبر ۔ توقع ہے کہ لندن میں اگلے چند ہفتوں میں غیر کمیونسٹ ٹریڈ یونینوں کا ایک [illegible] ہوگی جس میں مشرق بعید کے تمام ممالک کی ٹریڈ یونینوں کے لیڈروں کے شامل ہونے کی توقع کی جا رہی ہے۔

کانفرنس ۱۹ نومبر سے شروع ہوگی اور دسمبر تک جاری رہے گی تقریباً اسی زمانہ میں پیکنگ میں کمیونسٹوں کی ٹریڈ یونین کانگرس کا اجلاس منعقد ہوگا اور ایشیا کے لئے ایک مرکز رابطہ قائم کیا جائے گا اور ایشیا میں اقتصادی اور سماجی حالات کی اصلاح پر غور کیا جائے گا۔ (رپٹ رائٹر)

ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی لگانے کے لئے ہندوستان کی تجویز

اقوام متحدہ کی کمیٹی میں مسٹر راما راؤ کی قرارداد پر بحث

لیک سکسس ۔ ۹ نومبر ۔ اقوام متحدہ کی ایڈ ہاک پولیٹیکل کمیٹی میں ہندوستانی نمائندے سر بینیگال نرسنگھ راما راؤ نے ایک قرارداد پیش کر کے مطالبہ کیا کہ ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری پر اور ان کے رکھنے پر پابندی لگا دی جائے۔

قرارداد میں یہ بھی کہا گیا کہ اقوام متحدہ کا قانونی کمیشن ایک فرمان مرتب کرے جس کے تحت تمام اقوام ایٹمی طاقت کے بین الاقوامی کنٹرول کمیشن سے تعاون کریں اور ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری بالکل بند کر دی جائے۔ ایٹمی طاقت پر کینیڈا اور فرانس کے مشترکہ ریزولیوشن پیش کرنے کے بعد بحث شروع ہوئی یہ اپنا ریزولیوشن پیش کرتے ہوئے مسٹر راما راؤ نے کہا۔

چند ہفتہ قبل ہمیں اطلاع ملی تھی کہ ایک دوسرے ملک نے ایٹم بم بنا لیا ہے۔ اس بات کا امکان ہے کہ دوسرے ملک بھی ایٹم بم بنالیں اور نوع انسانی کے لئے خطرہ بڑھ جائے اس وقت اقوام متحدہ میں ایٹمی ہتھیاروں وغیرہ کے مسئلہ پر ڈیڈلاک پیدا ہو گیا ہے [illegible] پولیٹیکل کمیٹی [illegible] ایٹمی طاقت کے کنٹرول کے بارے میں غور کر رہی ہے۔

سلسلہ تقریر جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا ہم کو ایک فیصلہ پر پہونچنے کی کوششوں کے ساتھ ساتھ اب تک جو کچھ کام ہوا ہے اس کو محفوظ کرنا چاہئے۔ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایٹمی توانائی کمیشن کے کام کے نتیجوں کو ایک فرمان کی صورت دیدی جائے۔ جسے جنرل اسمبلی اسی طرح منظور کرے جس طرح انسانی حقوق کا چارٹر منظور کیا گیا۔

انہوں نے کہا بین الاقوامی قانونی کمیشن کی خدمات سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے جو ایٹمی توانائی پر کنٹرول کے لئے جلد سے جلد ایک مسودہ تیار کر سکے۔ اس بارے میں ضروری معلومات ایٹمی توانائی کے کمیشن کی رپورٹ اور دوسری رپورٹوں میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا اس فرمان میں بہت سی دوسری ترمیمیں بھی شامل کرنی ہوں گی۔

اس فرمان کے تحت ایٹمی اسلحہ بنانے رکھنے اور استعمال کرنے کی ممانعت ہوگی۔ ایٹمی توانائی صرف پرامن مقاصد کے لئے استعمال کی جا سکے گی۔ ایک بین الاقوامی کمیشن ان سب باتوں کی نگرانی کرے گا۔

مسٹر راما راؤ نے کہا ممکن ہے کہ اکثریت کو اعتراض ہوگا اور اقلیت کو اس پر اختلاف ہو سکتا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی لگا دی جائے۔ لیکن اس امر سے سب اتفاق کریں گے کہ ان ہتھیاروں پر پابندی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا اقوام متحدہ کے یہ اعلان منظور کرنے پر اکثر ممالک اس کی تصدیق کریں گے۔ چالیس حکومتیں فوراً بلا کسی شرط کے اسے منظور کر لیں گی [illegible] کے ساتھ اسے منظور کر لیں گے۔ اس سے کم سے کم اتنا تو ظاہر ہو جائے گا کہ چالیس اقوام ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری کی دوڑ میں حصہ نہیں لیں گی آخر میں انہوں نے کہا کہ مہاتما گاندھی کی یاد میں [illegible] کے جذبہ میں یہ قرارداد پیش کی ہے۔

[illegible] کے نمائندے نے کہا [illegible] ممالک سوائے روس کے بین الاقوامی کنٹرول ماننے کے لئے تیار ہیں۔ روس اور اس کے ساتھیوں کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے ہندوستان کی تجویز نامنظور کر دی۔ انہوں نے کہا ان کا وفد فرانس اور کناڈا کی تجویز کی حمایت میں ووٹ دے گا۔ جس کے تحت [illegible] کنٹرول کے ذریعہ ایٹمی ہتھیاروں کی ممانعت کی گئی ہے۔

[illegible] اور کناڈا کے ریزولیوشن کی حمایت کا اعلان کیا۔ (رپٹ رائٹر)

کانپور کے ہوٹل بند ہیں

کانپور ۹ نومبر ۔ یہاں کے پانچسو ہوٹل اور ریسٹوران ۸ نومبر سے [illegible] کے باعث بطور احتجاج بند ہیں۔ یہ اقدام کانپور ہوٹل اور ریسٹوران [illegible]

سرحد ایران پر ایرانی اور روسی سپاہیوں میں جنگ

دونوں طرف کے سپاہی ہلاک ہوئے

طہران ۹ نومبر ۔ ایک سرکاری ذریعہ نے انکشاف کیا ہے کہ روسی سپاہیوں نے گذشتہ ہفتہ کو ایرانی سرحد پر حملہ کر دیا جس میں دو ایرانی سپاہی ہلاک اور کئی زخمی ہوئے۔ غیر مصدقہ اطلاع ہے کہ تین روسی سپاہی بھی ہلاک ہوئے۔ [illegible] بحیرہ کیسپین کی بندرگاہ استارا کے جنوب میں ہے۔ دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان [illegible] گھنٹے تک جھڑپ ہوتی رہی۔ دونوں طرف کمک پہنچ گئی۔ اس کے بعد روسی سپاہی یکایک چلے گئے۔ (رپٹ رائٹر)

انڈونیشیا کے لئے مارشل امداد کا روپیہ

امریکہ سے سامان خریدا جائے گا!

ہیگ ۹ نومبر ۔ اقتصادی تعاون کے ادارہ نے اعلان کیا ہے کہ گول میز کانفرنس کی کامیابی کے بعد انڈونیشیا کو مارشل امداد دیا جانے لگا جب کا دیا جانا ممکن ہو گیا ہے۔ انڈونیشیا میں فوجی کارروائی شروع ہونے پر امداد بند کر دی گئی تھی۔

انڈونیشیا کو یکم جنوری کو انتقال اقتدار عمل میں آئے گا۔ اس امداد سے عام استعمال کی اشیاء فوری طور سے زیادہ تر امریکہ سے خریدی جائیں گی۔ انڈونیشیا کے لئے تین کروڑ ستر لاکھ ڈالر کی رقم مخصوص کر دی گئی تھی۔

پولیس کا کمیونسٹوں سے تصادم

الہ آباد ۹ نومبر ۔ (ا س) آج رات کو الہ آباد یونیورسٹی کے مین گیٹ کے قریب پولیس اور کمیونسٹوں میں تصادم ہونے کے باعث ایک ہیڈ کانسٹیبل دو کانسٹیبل اور دو دیگر اشخاص زخمی ہوئے۔

[illegible] اس وقت ہوا جبکہ [illegible] کے جلسہ کے اختتام پر اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے تحت انقلاب روس کی ۳۲ ویں سالگرہ کے موقع پر ایک مشعل کا جلوس نکالا گیا۔ چونکہ جلوس نکالنے کی اجازت نہ لی گئی تھی اس لئے پولیس نے ان کو روکا اس پر جلوس والوں نے ان پر حملہ کیا اور انہوں نے اپنا دفاع کیا جس میں طلباء کو جو کمیونسٹ تھے زخمی کر دیا۔



امریکن گرم کوٹ

(کراچی والی مشہور پرانی فرم)

[illegible]

[illegible] نئی سڑک ۔ دہلی

دارالسلطنت ——— ۹ نومبر

ہند کے وزیر اعظم کا امریکہ سے واپسی پر فقید المثال استقبال ہوگا

دارالسلطنت میں سرکردہ شہریوں پر مشتمل استقبالیہ کمیٹی نے کام شروع کر دیا

دہلی ۹ نومبر ۔ (پی ٹی آئی) ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی ۱۶ نومبر کو امریکہ سے واپسی پر باشندگان دارالسلطنت کی جانب سے وزیر اعظم کا شاندار استقبال کیا جائے گا۔

حال ہی میں دہلی صوبائی کانگریس کمیٹی نے سرکردہ شہریوں کی ایک میٹنگ میں یہ طے کیا تھا کہ پنڈت نہرو کو ۱۶ نومبر کو ایک ایڈریس پیش کیا جائے۔ اس سلسلہ میں چار ہزار دعوت نامے جاری کئے جا چکے ہیں۔ موجودہ انتظام کے مطابق پنڈت نہرو جی تقریر رام لیلا گراؤنڈ کے جلسہ عام میں ۱۶ نومبر کو کریں گے۔ پنڈت نہرو ۱۵ نومبر کو بمبئی پہنچ رہے ہیں۔

دہلی پراونشل کانگریس کمیٹی پنڈت نہرو کو ان کی ۶۰ ویں سالگرہ کے موقع پر ایک تحفہ پیش کرنے کے لئے فنڈ جمع کر رہی ہے اگرچہ ابھی تک تحفہ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے مگر یہ پنڈت نہرو کے خیالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے بہت عجیب چیز ہوگی۔

استقبالیہ کمیٹی میں [illegible] صدر دہلی صوبائی کانگریس کمیٹی۔ ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ صدر دہلی میونسپلٹی، [illegible]

جاپان سے صلح کرنے کا مسئلہ!

پیرس میں "اکابر ثلاثہ" غور کریں گے

لندن ۹ نومبر ۔ آئندہ ہفتہ پیرس میں "اکابر ثلاثہ" کا جلسہ منعقد ہو رہا ہے جس میں جرمنی اور مشرق بعید کے مسائل پر غور کیا جائے گا۔ پتہ چلا ہے کہ اس کانفرنس کے لئے لندن میں جاپان سے مجوزہ صلح کا مسودہ تیار کیا جا چکا ہے یہ مسودہ امریکہ اور برطانیہ کے ماہرین نے تیار کیا ہے اور توقع ہے کہ پیرس کانفرنس میں اس پر یقیناً نظر ثانی کی جائے گی۔

سفارتی حلقے کا خیال ہے کہ اس سلسلہ میں برطانیہ کا نظریہ وہی ہے جو ستمبر ۱۹۴۹ء میں کینبرا کی گفت و شنید میں ظاہر کیا گیا تھا، لیکن سرکاری طور پر ابھی تک اس کی اشاعت نہیں ہوئی ہے بیان کیا جاتا ہے کہ کینبرا اس تجویز کی حامی تھی کہ جاپان سے کوریا، [illegible] اور فارموسا چھین لئے جائیں اور اس کی کوئی فوج یا دوسری جنگی ضروریات کی اشیاء نہ ہوں اس کے علاوہ جاپان کچھ تاوان جنگ بھی ادا کرے۔

لیکن نیویارک ٹائمز کے نامہ نگار کا بیان ہے کہ روس اس بات پر مصر ہے کہ صلح کی گفت و شنید وزرائے خارجہ کی کونسل کرے اور اگر کسی دوسرے ذریعہ سے گفت و شنید کی کوشش کی گئی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ روس اور چین اس تحریک کا بائیکاٹ کریں گے۔

اس سلسلہ میں امریکہ کی رائے یہ ہے کہ ہر ملک جاپان سے علیحدہ علیحدہ صلح نامہ کرے۔ (گلوب)

ایٹمی طاقت سے چلنے والی آبدوز کشتی

[illegible] ۔ ۹ نومبر ۔ امریکی بحریہ ایٹمی طاقت سے چلنے والی دو آبدوزیں تیار کر رہا ہے۔ یہ آبدوزیں پانی میں ۳۰ ناٹ فی گھنٹے کی رفتار سے چلیں گی۔ اور مسلسل کئی ہفتوں تک پانی میں رہ سکیں گی۔

یہ انکشاف امریکن آرڈی نینس ایسوسی ایشن کے سرکاری پرچے نے کیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ان دونوں آبدوزوں پر [illegible]

ریلوے کے انجینئر اور ٹھیکیدار کو سزا

دہلی ۹ نومبر ۔ اودھ ترہٹ ریلوے پر بہرائچ کے ٹھیکیدار رام سیوک اور اسی ریلوے کے اسسٹنٹ انجینئر آئی پی گھوش کو دغابازی کے جرم میں سزا دی گئی ہے۔

انہوں نے ریلوے حکام کو [illegible] کام کے لئے بل ادائیگی کے لئے پیش کر کے دھوکہ دیا تھا جو حقیقت میں صرف ایک تہائی سرانجام پایا تھا۔ سیوک رام اور آئی پی گھوش دونوں کو ایک ایک سال قید بامشقت اور سات سات سو روپیہ جرمانہ کی سزائیں دی گئیں۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی حالت میں پانچ ماہ مزید قید بامشقت کی سزا ملے گی۔

درجہ حرارت اور طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت [illegible] درجہ اور کم سے کم [illegible] درجہ رہا ہے۔

[illegible] نومبر ۔ طلوع [illegible] بجے غروب [illegible] بجے

[illegible] نومبر ۔ [illegible]

"پولیو" کی وارداتیں

[illegible] دہلی میں پولیو (بچوں کے فالج) کی [illegible] وارداتیں ہوئیں۔ جن میں سے [illegible] پولیو کے اسپیشل وارڈ صفدر جنگ ہسپتال میں داخل ہو چکے ہیں۔ اس سلسلہ میں ڈاکٹروں سے کہا گیا ہے کہ وہ فوری [illegible] کریں اور ایسی وارداتوں کی جلد اطلاع دیں۔

الیکٹرک سٹی بورڈ کے قیام کا فیصلہ

گذشتہ دو سال میں دہلی میں بجلی کی کھپت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اور جس تیزی کے ساتھ دہلی میں مکانوں کی تعمیر ہو رہی ہے اس کے لحاظ سے لوگوں کو بجلی کے کنکشن نہیں مل سکتے [illegible] بجلی اور کانوں کی مرکزی وزارت دہلی کے گرد و نواح میں [illegible] قائم کرنا چاہتی ہے۔ اس لئے بجلی کے اچھے انتظامات اور اعلیٰ طاقت کی مشینری وغیرہ ہونے کی ضرورت ہے۔ اس لئے حکومت دہلی نے دہلی الیکٹرک [illegible] کے قیام کا فیصلہ کیا ہے۔ موجودہ انتظام [illegible] حکومت اس کو مالی مدد دیتی ہے مگر یہ [illegible] ہے۔

دو پاکستانی اخباروں پر پابندی

چیف کمشنر دہلی نے پاکستان کے دو اخبارات [illegible] کراچی کا داخلہ [illegible] سیفٹی ایکٹ سیکشن [illegible] کے تحت [illegible]

ایجنٹ صاحبان مطلع فرمائیں

کہ انہیں آئندہ دوشنبہ ۱۴ نومبر سے [illegible] ایڈیشن بھیجا جائے یا صبح کا؟ اگر وہ یہ وضاحت بھی کر دیں کہ دہلی سے کس ٹرین سے روانہ کیا جائے تو بہت زیادہ بہتر ہو۔ سنڈے ایڈیشن کی مطلوبہ تعداد سے بھی مطلع فرمائیں۔

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ

کانگریس مینوں کی کمزوری

اور

اسکی دوا

مصنفہ پنڈت سیتارام شکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی

سابق ایم ایل اے بستی

قیمت [illegible]

ملنے کا پتہ ۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے ہمدردان الجمعیۃ کی سرگرمی

قصبات اور دیہات میں اخبار پہنچانے کی کوششیں

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے یہاں پر بھی جدوجہد ہو رہی ہے اور بعض لوگ اس سلسلہ میں نہایت خاموشی کے ساتھ اپنے دوست احباب اور ان کے ذریعہ سے ان کے دوستوں کو الجمعیۃ کی خریداری کے لئے آمادہ کر رہے ہیں۔ چنانچہ ان ہی لوگوں میں بابو محمد ہاشم صاحب مختار نے نہ صرف شہر ہی میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے اپنے دوستوں اور ان کے ذریعہ کو کام میں لیا ہے بلکہ دیہات میں بھی الجمعیۃ کا پیغام پہنچایا ہے اور ان کو بھی الجمعیۃ کی خریداری کیلئے تیار کیا ہے۔ بابو ہاشم صاحب نے انگریزی الجمعیت کیلئے بھی میدان ہموار کرنا شروع کر دیا ہے۔

امروہہ میں الجمعیۃ کیلئے مساعی

امروہہ (بذریعہ ڈاک) یہاں پر الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے باقاعدہ کام شروع ہو گیا ہے۔ اور اس کو منظم طور پر چلانے کے لئے سید امتیاز احمد رضوی کو الجمعیۃ کی امدادی کمیٹی کا سکریٹری منتخب کیا گیا ہے۔ اس کمیٹی کے ارکان نے بھی اپنی جدوجہد شروع کر دی ہے۔

طبیہ کالج سہارنپور میں حفظان صحت کے لیکچر

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) گورنمنٹ یو۔ پی سے ایک سرکلر کے ذریعہ اطلاع آئی ہے کہ کوالیفائڈ اطباء اور وید یعنی وہ اطباء اور وید صاحبان جو رجسٹرڈ یا [illegible] کالجوں سے باقاعدہ تعلیم حاصل کر کے سند حاصل کر چکے ہوں، کو پبلک ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے چند روزہ عام اصول حفظان صحت اور انجکشنوں پر بذریعہ لیکچر ٹریننگ دی جائے گی جس کے بعد امتحان ہو کر سارٹیفکٹ بھی دیئے جائیں گے۔

اس سلسلہ میں اراکین طبیہ کالج سہارنپور کی طرف سے ایک وفد ۳ نومبر کو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صاحب سہارنپور سے ملا۔ وفد میں (۱) حکیم ڈاکٹر [illegible] رجسٹرڈ پریکٹیشنر (۲) حکیم ڈاکٹر [illegible] صاحب [illegible] (۳) [illegible] الدین صاحب (۴) [illegible] طبیہ کالج سہارنپور [illegible] حکیم خلیل احمد صاحب بی۔ ٹی۔ ایم۔ ایس شامل تھے وفد مذکور نے سرکلر مذکور کے متعلق گفتگو کی۔ اور یہ طے پایا کہ ٹریننگ طبیہ کالج سہارنپور میں ہوگی جس میں پریکٹیشنر اطباء اور وید صاحبان کے اوقات مطب کا لحاظ رکھا جائیگا تاکہ دوران ٹریننگ میں مطب کا نقصان نہ ہو۔ لہٰذا ان مسائل پر مفصل گفتگو کرنے کے لئے ایک میٹنگ بروز جمعہ [illegible] بجے دن ۱۱ نومبر کو ہونی قرار پائی ہے۔

ہلدوانی میں محرم کا جلوس نہیں نکلا

ہلدوانی ۔ (بذریعہ ڈاک) ہلدوانی کی تاریخ میں یہ پہلا موقعہ ہے کہ امسال تعزیہ نہیں اٹھائے گئے اور نہ جلوس نکالا گیا اگرچہ بعض لوگوں نے تعزیہ بنوانے کی کافی کوشش کی مگر ناکام رہے ملک کے ناخوشگوار اور افسوسناک حالات کے پیش نظر ایسا اقدام کیا گیا ہے

مجلس تولیت کی جنرل اسمبلی کو دعوت

لیک سکسس ۔ ۱۰ نومبر (رپٹ) [illegible] اقوام کی مجلس تولیت نے مجلس اقوام کی جنرل اسمبلی سے کہا ہے کہ [illegible] غیر خود مختار علاقوں کے ذمہ دار ممالک سے کہا جائے کہ مجلس اقوام کی ایجنسیوں سے زیادہ سے زیادہ [illegible]۔ اس سلسلہ میں کمیٹی نے دو قراردادیں بھی منظور کی ہیں۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ کوئی شخص یا اشخاص مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مسجد مرادآباد کی سند جو ابھی سے طبع کرا رہے ہیں لہٰذا ہم ان کو خبردار کرتے ہیں کہ جو صاحب بغیر اجازت مہتمم صاحب مدرسہ کی سند طبع کرائیں گے ان کو گرفتار کرا کر ان کے خلاف [illegible] اپنے اس ناجائز فعل کے ذمہ دار ہوں گے۔

(مولوی) محمود احمد نائب مہتمم مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مرادآباد۔

کرین باغیوں کے مرکز پر سرکاری فوجوں کا دوبارہ قبضہ

رنگون ۸ نومبر ۔ اتوار کے دن بری اور بحری فوجوں نے متحدہ طور پر پیگو سے [illegible] میل دور کرین باغیوں کے ایک [illegible] مرکز [illegible] پر دوبارہ قبضہ کرنے کی کوشش کی تمام رات سخت جنگ ہوئی جس کے بعد حکومتی فوجوں نے شہر مذکور پر قبضہ کر لیا۔ فوجی ہیڈ کوارٹر سے اعلان ہوا ہے کہ کرین باغیوں کو اس جنگ میں سخت نقصانات برداشت کرنا پڑے اور وہ [illegible] کی طرف پسپا ہو گئے۔ اب سرکاری فوجیں مقابلہ کرنے والے باغیوں کو صاف کرنے میں لگی ہوئی ہیں۔

قیدی سے وکیل کے مشورہ کے وقت سی آئی ڈی والے نوٹ نہیں لے سکتے

مدراس ۸ نومبر ۔ [illegible] یہ فیصلہ دیا کہ جب وکیل مجرم سے مشورہ کرنے کے لئے جیل میں ملاقات کرے تو سی آئی ڈی کے افسر کو اس کے نوٹ لینے کا حق نہیں ہے۔ یہ سوال اس لئے پیدا ہوا کہ کڈالور جیل میں سی آئی ڈی کا انسپکٹر نے ایسا کرنے کی کوشش کی تھی۔

ریلوے اسٹیشن سے ۳۵ ہزار روپیہ کی چوری

دو اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر گرفتار

امرتسر ۸ نومبر ۔ [illegible] ۳۵ ہزار روپیہ کی چوری کے سلسلہ میں گرفتار کیا ہے۔ یہ چوری [illegible] دن قبل ہوئی تھی۔ اس سے قبل دو اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر [illegible] اینشر داس اور کندن لال اور اینشر داس کے لڑکے ست رام کو اس سلسلہ میں گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ابھی مسروقہ روپیہ کا کوئی سراغ نہیں لگا ہے۔ تمام گرفتار شدگان پولیس کی حراست میں ہیں۔

بازاروں کے نرخ

دہلی ——— [illegible] نومبر ۱۹۴۹ء

غلہ مارکیٹ

[illegible]

شیئر مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

جیون

ناموں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرنے [illegible] کیلئے بےنظیر گولیاں ہیں۔

۴۰ دن کی دوا ——— ۱۵/۔

رسائن

سیلان (جریان) رحم کی کمزوری اور [illegible] طاقت کے لئے نہایت مفید و کامیاب گولیاں ہیں۔

ایک ہفتے کی دوا ——— [illegible]

صدیقی دواخانہ (دہلی دواگھر) نور گنج ——— دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ / جلد ۳۱ / دہلی یوم ہفتہ ۲۰ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۴۹ع / نمبر ۲۶۶ / قیمت فی پرچہ دو آنے

ایجنٹ صاحبان نوٹ کریں

ماہ اکتوبر کے بلوں کی رقوم زیادہ سے زیادہ ۱۵ نومبر تک آجانی ضروری ہیں ورنہ ۱۶ نومبر کو ابتدائی کاروائی کے طور پر سپلائی روک دی جائے گی۔

ہندوستان پاکستان کے درمیان

دونوں طرف کی پبلک کو آمدورفت اور سامان میں جو تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے آپ کی خدمت کیلئے ہوائی جہاز وریل اور لاری کے ذریعے [illegible] سامان [illegible] بھیجنے کا انتظام کیا ہے۔

پرشاد برادرز

اردو بازار جامع مسجد دہلی

ہند اور برطانیہ میں بہت کم تلخی باقی رہ گئی ہے

ایک ہزار سے زائد ہندوستانیوں اور انگریزوں کے اجتماع میں پنڈت نہرو کی تقریر

ایٹمک کنٹرول پر ایڈہاک پولیٹکل کمیٹی میں مزید بحث

برطانیہ اور امریکہ کے نمائندوں کے روس پر جوابی الزامات

۲۵۰ بندروں سے توقعات ہیں

پاکستانی فضائیہ کا افسر آسٹریلیا جائیگا

ہندوستان دنیا میں اپنا بڑا مقام حاصل کریگا

وزیر اعظم ہند کا ہندستان اور برطانیہ کے تعلقات پر تبصرہ

حیدرآباد عارضی طور پر ہندستان کے اندر شامل ہوجائے گا!!

ہند پاکستان کی خوشحالی کا دار و مدار باہمی تجارت پر ہے

نرائن گنج کے ایوان تجارت میں مشرقی بنگال کے گورنر کی تقریر

نظام حیدرآباد سے مسٹر مینن و جنرل چودھری کی ملاقات

لارڈ میئر کی دعوت میں پنڈت نہرو کی شرکت

امریکہ کی سکریٹری خزانہ مشرق بعید کے دورہ پر

پنڈت نہرو سے لندن کے ممتاز باشندوں کی ملاقات

لندن یونیورسٹی کے ہال میں زبردست اجتماع

لیبیا کو فوراً آزاد کرنے کے لئے روس کی تجویز مسترد کردی گئی!

تمام مسلم حکومتوں نے روسی تجویز کے حق میں ووٹ دیا

اب لیبیا یکم جنوری ۱۹۵۲ع تک آزاد ہوسکے گا سیاسی کمیٹی کا اہم فیصلہ

مدغاسکر سے ہندوستانیوں کو نہیں نکالا جارہا

فرانس کے ذمہ دار افسر کی طرف سے تردید

ہیرلوم میں مسٹر جے پرکاش کی تقریر

ہند اور امریکہ کے تعلقات پر اہم کانفرنس

امریکہ کی طرف سے ۳۰ نمائندوں کی شرکت

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

کوہ نور خضاب بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کر دیتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

DATE:-11-11-49

PHONE 5855

برطانیہ جاپان سے معاہدہ کرنے پر راضی ہوگیا

برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون کا بیان

افغان شہری غیر پسندیدہ قرار دیدیا گیا

کراچی میں سات سو بھنگیوں نے ہڑتال کردی ہے

ہجوم کے منتشر نہ ہونے پر لاٹھی چارج

سرحدی جھگڑوں کے ٹربیونل کے سامنے پاکستان کی طرف سے ایک برطانوی وکیل

نکاسی جائداد کا ترمیم شدہ آرڈیننس

(مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ)

میں جواہرات نہیں صرف کپڑے لیگیا تھا

جنرل ڈلوائے حکومت کشمیر کے الزام کی تردید کرنے لگے!!

جنوب مشرقی ایشیا کو زرخیز علاقے قبضہ کرنے کے لئے کمیونسٹوں کا منصوبہ

دنیا کا کم عمر ترین مصنف

۷ سال کی عمر میں کتاب کی تصنیف

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

نمونہ مفت

روزنامہ مع شمول سنڈے ایڈیشن

خانماں برباد طلبا کو مالی امداد

ڈاکٹر دادو پر سخت پابندیاں

جنوبی افریقہ کی حکومت کا نیا حکم

معین نواز جنگ پر امریکہ میں سمن تعمیل کرائے جائینگے

سردار پٹیل دہلی میں

سر ظفراللہ کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

یمن سے یہودیوں کا زبردست انخلاء

مدراس میں کمیونسٹ پارٹی پر سے پابندی نہیں اٹھائی جائیگی

صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ کا بیان

وزیر اعظم ترکی کی تقریر

امروہہ میں یوم مصحفی پر

عظیم الشان مشاعرہ منعقد ہوگا

دو جیکوسلاوی اشخاص کی گرفتاری

مسٹر حسن سرور کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

۳۷ قوموں نے بین الاقوامی گیہوں معاہدہ کی تصدیق کردی

لنکا اور اسرائیل کو گیہوں زیادہ دیا جائے گا

پراگ میں جاسوسی کی گرفتاری

سابق وزیر ایران کا قتل

(بقیہ صفحہ اول)

جاپان جلد ہی اقوام متحدہ کا رکن بنیگا

امریکہ کے سفیر دربار کا بیان

حیدرآباد میں دو مزید اسپیشل ٹریبونل

کانپور کے سینما میں آتشزدگی

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

دہلی کمرشل کارپوریشن

درود وظائف

متروکہ جائدادوں کا آرڈیننس

منیجر گوشۂ ادب حویلی اعظم خاں دہلی

ہوائی جہازوں کی دو بڑی کمپنیوں کے ایسے ہوائی جہاز چینی کمیونسٹوں کی طرف پہنچ گئے

بحری جہازوں کی بغاوت کا امکان بھی پیدا ہو گیا

نیشنلسٹ حکومت نے ایک کمپنی کے جہازوں کی آمدورفت پر پابندی لگا دی

[illegible]

ہند اور آسٹریا میں سفارتی تعلقات

[illegible] ہند اور آسٹریا کی حکومتوں نے فیصلہ کیا ہے [illegible] (پ ٹ ا)

وزیر اعظم نہرو کی لندن میں آمد بڑی اہمیت رکھتی ہے

مسٹر ایٹلی نے برطانیہ کی طرف سے دولت مشترکہ کے ممالک کو تعاون کا یقین دلایا

لندن ۱۰ ارنومبر (رائٹر پریس ٹرسٹ) برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر ایٹلی نے کل رات کو کہا کہ پنڈت نہرو کی لندن میں آمد بہت اہمیت رکھتی ہے۔ مسٹر ایٹلی لارڈ میئر کی دعوت کے موقع پر تقریر کر رہے تھے جس میں پنڈت نہرو بھی شریک تھے۔ مسٹر ایٹلی نے کہا کہ ہندوستانی مدبروں نے کئی سال سے دنیا کے معاملات میں بالخصوص لیگ آف نیشنز [illegible] اور مجلس متحدہ اقوام (یو۔ این۔ او) میں ایک اہم پارٹ ادا کیا ہے۔

مسٹر ایٹلی نے کہا کہ یہ بہترین موقع ہے کہ دولت مشترکہ کے وزراء اعظم میں سے ایک نئی دنیا کے دورہ پر گیا۔ میرا خیال ہے کہ سیاسیات عالم کا کوئی طالب علم دولت مشترکہ کی اس اہمیت سے انکار نہیں کرے گا [illegible]

[illegible]

برطانیہ امریکہ اور فرانسیسی وزرائے خارجہ کی اہم کانفرنس

جرمنی اور چین کے مسائل پر رازدارانہ تبادلۂ خیال

پیرس ۱۰ ارنومبر۔ کل شام کو برطانوی فرانسیسی اور امریکی وزرائے خارجہ کی کانفرنس کا دوسرا اجلاس ہوا۔ خیال ہے کہ اس کانفرنس میں مغربی جرمنی کے متعلق بعض اہم فیصلے ہوں گے۔

[illegible]

ایٹمی توانائی پر تعطل دور کرنے کیلئے

صدر جنرل اسمبلی کی چھ تجاویز

لیک سکسیس ۱۰ ارنومبر۔ (رائٹر) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر جنرل کارلوس رومولو (فلپائن) نے ایٹمی توانائی کا تعطل ختم کرنے کے لئے ایک چھ نکاتی تجویز پیش کی ہے۔

[illegible]

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تا کہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

پاکستان کا قومی بنک قائم ہو گیا

کراچی ۱۰ ارنومبر۔ حکومت پاکستان نے ایک آرڈیننس جاری کیا ہے جس کے تحت فوری طور پر پاکستان کا قومی بنک قائم کر دیا گیا ہے [illegible]

فرانسیسی ہند میں استصواب ملتوی

دونوں حکومتوں کے مشورہ سے نئی تاریخ مقرر ہوگی

مدراس ۱۰ ارنومبر۔ ۱۱ دسمبر کو چار فرانسیسی مقبوضات میں جو استصواب رائے ہونے والا تھا اب وہ ملتوی کر دیا گیا ہے [illegible] استصواب کی نئی تاریخ حکومت ہند اور حکومت فرانس کے درمیان مشورہ کے بعد مقرر کی جائے گی۔

اکالیوں کی گرفتاری

[illegible]

مشرقی پاکستان کی سرحد کا واقعہ

[illegible]

جمعہ کے دن مغربی پنجاب کے گورنر کے مشیروں کو محکمات دیئے جائینگے

صوبائی مسلم لیگ اختلاف پیدا کرنے والے گروپ کا مقابلہ کریگی

[illegible]

آسٹریا اب اتحادی قبضہ کو برداشت نہیں کر سکتا

ایک قابل قبول سمجھوتہ طے پا جانے کی ضرورت ہے

آسٹریا کے چانسلر کا پارلیمنٹ سے مطالبہ

[illegible]

ٹیکسٹائل کمشنر نے مارچ ۱۹۵۰ء کے بعد کپڑے کی برآمد بند کر دی

حکومت چینی کے تجربہ کو کپڑے کے معاملہ میں دہرانا نہیں چاہتی

[illegible]

سنگھ کے ممبر سیوادل کے ممبر نہیں بن سکتے

[illegible]

پاکستانی گندم کے لئے جاپان کی درخواست

[illegible]

مشرقی بنگال میں چاول کی قیمت میں کمی

[illegible]

لندن میں نہرو کے خلاف مظاہرہ

مردہ باد کے نعرے لگائے گئے

[illegible]

ملایا میں ایک یورپین عورت کا قتل

پہلی عورت ہے جس کو دہشت پسندوں نے قتل کیا

[illegible] ملایا کے [illegible] ایک یورپین عورت [illegible] دہشت انگیزوں [illegible] (رائٹر)

پاکستانی گندم مہنگا ہے!

وزارت خوراک کے قریبی حلقہ کا بیان

[illegible]

امریکہ انڈونیشیا کو فوراً تسلیم کر لے گا

واشنگٹن ۱۰ ارنومبر۔ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے افسران نے ظاہر کیا ہے کہ غالباً امریکہ انڈونیشیا کی جمہوری حکومت کے قائم ہوتے ہی فوراً اس کو تسلیم کر لے گا۔

[illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۲ نومبر ۱۹۴۹ء

ریڈیو کی زبان

ہندی زبان کو سرکاری زبان قرار دینے کے بعد اس بات پر بحث تو فضول ہوگی کہ ایسا کیوں کیا گیا؟ کیونکہ اس بحث کے چھیڑنے سے ملک کا کوئی فائدہ نہ ہوگا [illegible]

[illegible]

البتہ ہم یہ ضرور عرض کریں گے کہ ہندی زبان کا [illegible]

[illegible]

خیر اگر آل انڈیا ریڈیو کو اپنی مقدس زبان پر ہی اصرار ہے تو اس کی مرضی، لیکن اس سلسلہ میں ہمارا ایک مشورہ ہے [illegible]

[illegible] کہ ہندی اور اردو زبانوں میں سے کونسی زبان ہر جگہ زیادہ سنی اور سمجھی جاتی ہے۔ فرض کرو کہ ملک کی زبان ہندی ہو گئی مگر اردو زبان بولنے والوں سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا [illegible]

[illegible] پاکستان ریڈیو سے ہٹ جائیگی۔ اگر اس مشورہ پر ہمدردی کے ساتھ غور نہ کیا گیا تو ہمیں حکومت کی خیرسگالی اور معاملہ فہمی سے سخت مایوسی ہوگی، اور شاید ہمیں یہ غلط فہمی بھی ہو جائے کہ حکومت جان بوجھ کر غلط راستہ اختیار کر رہی ہے!

[illegible]

حاجیوں کیلئے پانی کی فراہمی کا انتظام

عرب لیگ کے سعودی نمائندہ کا بیان

قاہرہ ۱۰ ارنومبر۔ [illegible]

[illegible] (رائٹر)

انڈونیشیا۔ امریکہ سے تجارتی تعلقات قائم کرے گا

لندن ۱۰ ارنومبر۔ [illegible]

[illegible] (رائٹر)

اچھی باتیں

یا ایہا الذین — تا — خاسرون (پ ۲۸)

اے اہل ایمان! کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا مال اور تمہاری اولاد تمہیں خدا کی یاد سے غافل کر دے اور جس شخص نے ایسا کیا تو وہ بہت ہی خسارہ میں رہے گا۔

یہ خدا کی یاد سے غفلت ہی کا نتیجہ ہے کہ انسان مال پر مال کی حرص کئے چلا جاتا ہے اور اس میں حلال و حرام کی کوئی تمیز نہیں [illegible] نہیں ہو سکتا، وہ یہی چاہے گا کہ دوسروں کا خون چوس کر اپنی تجوریاں بھرے اور اپنے کارخانے چلائے یہی حال اولاد کا ہے کہ خدا فراموشی ایسے انسان کو نسل پرست بنا دیتی ہے۔ اور اولاد کی محبت میں وہ اندھا ہو کر دوسروں کے ساتھ ظلم کرتا ہے۔ غرض مسلمانوں کو ہدایت ہے کہ وہ بادشاہی میں بھی خدا کو فراموش نہ کریں اور مال اور دولت کے فریب میں مبتلا ہو کر اپنے مشن کو نہ بھول جائیں۔

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

نکاسی آرڈی ننس

مکرمی السلام علیکم:

حکومت ہند کے نکاسی آرڈی ننس کو پڑھنے کے بعد جو کہ الجمعیۃ میں شائع ہو چکا ہے ہماری سمجھ میں نہیں آیا کہ [illegible]

[illegible]

نثار احمد چوہدری سابق ساکن [illegible]

دہلی ——— نومبر

آزادی کے بعد

مکرمی تسلیم:

[illegible]

ریڈیو سے اردو پروگرام

مکرمی السلام مسنون:

[illegible]

ہمارے قومی اخلاق

(از جناب ایس پرشاد صاحب [illegible])

[illegible]

برطانوی نوآبادیات کی طرف سے ہندی کپڑے کی خریداری

نئی دہلی ۱۰ ارنومبر۔ ڈالر کی کمیابی کے باعث برطانوی نوآبادیوں نے سوتی کپڑا اصل الصول کے لئے [illegible] ہندوستان سے سوتی کپڑے کی ضروریات کا حسب ذیل تخمینہ کالونیل آفس (دفتر نوآبادیات) سے موصول ہوا ہے [illegible]

پنڈت نہرو کی آمد پر

انڈیا ہاؤس دولہن کی طرح سجایا گیا

لندن ۱۰ ارنومبر۔ پنڈت نہرو کی آمد پر لندن کے انڈیا ہاؤس کو دولہن کی طرح سجایا گیا ہے [illegible]

اکھل بھارتیہ ہندی پریشد کے قیام کا فیصلہ

[illegible] (پ ٹ ا)

جاپان میں تجارتی نمائش

[illegible]

جاپان سے صلح کیلئے کینبرا کانفرنس

امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان کا بیان

[illegible]

کھٹمنڈو کی فوجی تقریب میں ہندی سفیر کی نیپالی فوجی دستہ کو تحفے پیش کئے گئے

[illegible]

خوراکی اشیاء کی برآمد کنٹرول آرڈر میں ترمیم

[illegible]

افکار پاکستان

اسلامستان

پیدائشی پنجر چودھری خلیق الزماں جب پاکستان کی مسلم لیگ کی وحدت و تنظیم کا حق ادا کر کے اس کے نظام کو اٹل مستقر کر چکے تو ان کو اتحاد اسلامی کا خیال آیا۔ سید جمال الدین افغانی کو [illegible] رحلت کرتے ہیں اسلامزم کا نعرۂ حق لگائے سو سال ہو رہا ہے۔ چودھری صاحب نے سوچا اس آوازۂ حق کو کوئی بلند نہیں کرتا تو نہ سہی آخر یہ حقیر فقیر کس مرض کی دوا ہے ؎

عمر ہیست کہ آوازۂ منصور کہن شد
من از سر نو جلوہ دہم دار و رسن را

چنانچہ آپ نے اسلامستان کی اسکیم کو اپنی زنبیل قیادت میں ڈالا اور عالم اسلام کو روانہ ہوگئے۔ عراق نہ عرب کی سیر کی۔ مدبرین مشرق وسطی کے ساتھ چائے نوشی فرمائی۔ اسلامستان کی تجویز کو مکمل کیا۔ اور ٹھیک اس وقت جبکہ دنیا منتظر تھی پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے ڈانؔ نے اطلاع دی کہ اسلامستان کی اسکیم کے متعلق ذمہ دار انگریز افسروں سے مشورہ کرنے کے لئے عہد حاضر کے جمال الدین افغانی مرکز اسلام لندن تشریف لیجا رہے ہیں ؎

بس خوں ٹپک پڑا نگہ انتظار سے

(کوثر لاہور ۸ نومبر ۱۹۴۹ء)

مزارعوں کی بیدخلی

حکومت کے ایوانوں میں جب سے بڑے بڑے زمینداروں سے زمینیں لینے کی چہ میگوئیاں شروع ہوئی ہیں زمینداروں نے اپنے تحفظ کے لئے مختلف ذرائع اختیار کرنے شروع کر دیے ہیں۔ ہر شخص کو اپنی تنظیم اور تحفظ کا حق ہے مگر ایسے ہوتے ہیں جو صرف کسی ذات تک محدود نہیں رہتے۔ بلکہ اس کا اثر ملک کی عام حالت پر بھی پڑتا ہے۔ اس وقت خاص طور پر ہمارے صوبہ کے اندر بڑے بڑے زمینداروں نے مزارعوں کو بے دخل کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ متعلقہ زمینیں ان کی موروثی قرار نہ دی جائیں۔ اس عام بے دخلی سے ملک کے مزارعوں میں اضطراب پیدا ہوچکا ہے اور وہ بھی زمینداروں کے مقابلہ میں طبقاتی جنگ لڑنے کے لئے منظم ہو رہے ہیں۔ اس طرح ہمارے زمیندار بھائی از خود ملک میں کمیونزم کو دعوت دے رہے ہیں اور اپنی موت مرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ ایسا حضرات اپنا نقصان خود کر رہے ہیں اور دوسری طرف ملک میں ایک [illegible] اضطراب کا باعث بن رہے ہیں۔ حکومت کو زمینداری کے متعلق جو پالیسی اختیار کرنی ہے اس کے متعلق مستقبل قریب میں کچھ امید رکھنا عبث ہے لیکن ہمارے مزارعوں کی جان پر ابھی بن آئی ہے۔

(سعادت لائلپور ۲ نومبر ۱۹۴۹ء)

حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام

رمز قرآن از حسین آموختیم
ز آتش او شعلہ ہا اندوختیم
تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز
زندہ از تکبیر او ایماں ہنوز

دور حاضر میں ہمارے بعض دوست کہتے ہیں کہ قرآنی آئین اور قرآنی تعلیمات پرانی چیزیں ہیں۔ اس وقت دنیا بہت آگے نکل چکی ہے۔ مسلمانوں کے لئے چودہ صدیاں پرانا آئین اب مناسب نہیں۔ ایسا کہنے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے مغربی ممالک کی یونیورسٹیوں میں تعلیم پائی ہے۔ اور فرنگی درسگاہوں میں صرف مادی علوم کا مطالعہ کیا ہے۔ انھیں یہ معلوم کرنے کا کبھی موقع ہی نہیں ملا کہ قرآنی تعلیمات میں کیا ہے۔ علامہ اقبال اس کا جواب ایک شعر میں دیتے ہیں کہ قرآنی تعلیم ؎

اعتبار کوہ بخشد کاہ را
قوت شیراں دہد روباہ را

اسی قرآنی تعلیم نے حسین علیہ السلام اور ان کے ہمراہیوں کو شیروں کی قوت بخش دی تھی کہ انھوں نے دشمنوں کی لاتعداد فوجوں کی کچھ پرواہ نہیں کی۔ بھوک اور پیاس نے ان کے پائے استقلال کو ذرہ برابر بھی متزلزل نہیں کیا۔ وہ تعداد میں ۷۲ تھے جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے۔ اور دشمن کی تعداد ریت کے ذروں کی طرح بے حساب تھی۔ یہ قرآنی تعلیم ہی کا نتیجہ تھا کہ ان ۷۲ بھوکوں اور پیاسوں کا بھوکا اور پیاسا جیالا ہزاروں دشمنوں کے لاتعداد لشکر سے نبرد آزما ہوا۔ اسی تعلیم نے اسے قوی تر بنا کر دشمن کے مقابلہ میں ہزاروں مصائب کے باوجود صابر اور شاکر رکھا۔ قرآنی تعلیم ہی نے آپ کے قدم کو میدان جہاد میں جادۂ استقلال و ثبات سے ہٹنے نہیں دیا۔ یزید حسین علیہ السلام سے کوئی ملک نہیں چھین رہا تھا۔ کیونکہ یہاں ملک [illegible] کی شہنشاہی کے سوا کوئی [illegible] نہ تھی۔ نہ یزید حسینؓ سے زر و جواہر کا طالب تھا۔ کیونکہ یہاں توکل کے سوائے کوئی جنس نہ تھی۔ یزید حسین علیہ السلام سے کیا چاہتا تھا۔ صرف بیعت، صرف یہ اقرار کہ میں یزید کی حکومت کو تسلیم کرتا ہوں۔ ہمارے دوست وہ جن کا ذکر ہم نے آغاز میں کیا ہے، یزید کے اس مطالبہ کو شاید بالکل معمولی بات قرار دیں۔ لیکن حسینؓ نے یہ معمولی بات منظور نہیں کی۔ اور اتنی بڑی قربانی دی جس کو ہمارے بعض ترقی پسند اصحاب شاید خودکشی کہیں۔ وہ کیا بات تھی جس نے حسین علیہ السلام کو یزید کی بیعت سے روکا اور اتنی بڑی ہولناک اور حیرتناک قربانی پر آمادہ کر دیا۔ وہ کیا بات تھی کہ حسینؓ کے نوجوان اور نوعمر ہمراہی بھی یہ قربانی دینے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے لگے۔ وہ بات صرف یہی تھی کہ قرآنی تعلیمات نے انھیں حریت آزادی اور غریب عوام کی حمایت کا سبق دیا تھا۔

(غالب لاہور ۳ نومبر ۱۹۴۹ء)

راجکوٹ میں سنگھی لیڈر

راجکوٹ ۹ نومبر۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کے قائد مسٹر ایم ایس گولوالکر سوراشٹر ایکسپریس سے ایک دن ٹھہر کر [illegible] روانہ ہوگئے۔ جہاں سے وہ احمد آباد جائیں گے۔ انہوں نے راجکوٹ کے [illegible] کلب میں [illegible] ایک جماعتی [illegible] ہندوستانی [illegible] مسئلہ کا حل [illegible] یہ [illegible] دوسروں کے لئے ہمیں [illegible] قربانی [illegible] اس طرح ہم صرف اپنا [illegible]

نوٹس

ان متولیوں کے ذریعہ جو دہلی مسلم وقف ایکٹ ۱۹۴۳ء کے تحت رجسٹرڈ ہیں سنی مجلس اوقاف کے ایک ممبر کے الیکشن کے سلسلہ میں تیار شدہ فہرست پر جو اعتراضات اور مطالبات میرے دفتر میں موصول ہوئے ہیں ان کا فیصلہ میں اپنی عدالت واقع کشمیری گیٹ دہلی میں ۱۱ نومبر ۱۹۴۹ء کو گیارہ بجے کروں گا۔ متولیان اور دیگر وہ اشخاص جنہیں الیکشن سے دلچسپی ہے اعتراضات اور مطالبات کو مذکورہ تاریخ سے قبل معائنہ کر سکتے ہیں اور انہیں ہر اعتراض اور مطالبہ کی حمایت یا مخالفت میں مذکورہ تاریخ پر تحریری شہادت پیش کرنی چاہیے۔

دستخط - آر - دیال
ڈپٹی کمشنر دہلی ۷ نومبر ۱۹۴۹ء

علاج بجلی و پوشیدہ امراض کیلئے
ڈاکٹر شرما ہو جی بی ڈی دہلی
سے ملیں یا لٹریچر مفت طلب کریں

کانگریس منیوں کی کمزوری
اور
اس کی دوا
مصنفہ پنڈت سیتا رام ستوکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی
قیمت ۳
ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندوستان میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کر کے ایک صالح اور توانا اتحاد کی عملی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہوچکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کمر بستہ ہوجائیے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

ذبیحہ مویشی بند کرنیکے اثرات سے صوبائی حکومتوں کو مطلع کیا جائیگا

برآمدی تجارت بڑہانیکے لئے گور والہ کمیٹی کی رپورٹ پر حکومت ہند کا فیصلہ

نئی دہلی ۱۰ نومبر حکومت ہند نے تجارت برآمد بڑہانے والی کمیٹی کی کچھ سفارشات کے متعلق اپنے فیصلوں کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ کمیٹی گذشتہ جولائی میں قائم کی گئی تھی۔ حکومت نے اس کمیٹی کے کام کے متعلق اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہندوستان کی تجارت برآمد کو بڑھانے کے لئے خاص اقدام کرنے کی سفارش کو منظور کر لیا ہے کمیٹی کے کچھ زیادہ اہم سفارشوں کے متعلق حکومت کے فیصلے مختصراً درج ذیل ہیں۔

ذبیحہ مویشی کو بے قاعدہ اور بلا امتیاز روک دینے سے چمڑے اور کھالوں کی تجارت برآمد پر برا اثر پڑتا ہے حکومت ہند اس کے متعلق صوبائی حکومتوں کو مطلع کرے گی۔

[illegible] تجارت برآمد کے کنٹرول کو [illegible] آسان کیا جائے گا۔ لائسنسوں اور دیگر قاعدوں کو سہل کر دیا جائے گا۔ جو لوگ ایکسپورٹ کا کام کرتے ہیں یا تجارت برآمد کے [illegible] مال [illegible] کی فراہمی اور ٹرانسپورٹ [illegible]

یہ خیال رکھا جائے گا کہ ہندوستان کی اشیا [illegible] قسم کا [illegible] خریداروں کی [illegible] دور کیا جائے [illegible] حسب حالات حکومت برآمد [illegible] پر نظر ثانی کرنے کو تیار ہوگی۔

[illegible] کی مذمت کرتا ہے اور انسان میں زندہ رہنے کا ایک جذبہ پیدا کرتا ہے۔ (اپ ٹ ا)

ہندوستان کی مسلم خواتین کے نام محترمہ نجمہ مجید کا پیغام

جمعیۃ علماء کے استحکام اور الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی جدوجہد کی جائے

مراد آباد ۵ نومبر بذریعہ ڈاک محترمہ نجمہ مجید سابق صدر مسلم گرلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن مراد آباد نے ایک بیان میں ہندوستان کی مسلم خواتین سے اپیل کی ہے کہ وہ جمعیۃ علماء کے استحکام اور اخبار الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے پوری پوری جدوجہد کریں۔

آپ نے کہا ہے کہ یہی جماعت ہے جو مصیبت کے وقت سینہ سپر ہوکر مسلمانان ہند کے لئے میدان عمل میں آئی۔ اس کی خدمات کا اعتراف کرنے کے لئے ہمیں عملی طور پر ثبوت دینے کے لئے اس کو مضبوط بنانا ہے اور الجمعیۃ کے لئے زیادہ سے زیادہ خریدار پیدا کرنا چاہئیں۔ آپ نے اپیل کی ہے کہ تمام بہنیں ایسی انجمنیں بنائیں جو اپنے شہر میں الجمعیۃ کے خریدار پیدا کریں وہ اپنی تمام رشتہ دار بہنوں اور سہیلیوں کو خریداری کے لئے تیار کریں۔ یہی نہیں بلکہ جو بہن ان پڑھ ہوں ان کو اخبار پڑھ کر دوسروں سے بھی پڑھوا کر سنا کریں۔

الجمعیۃ کی توسیع کے لئے مساعی جمیلہ

دہلی ۹ نومبر۔ یہاں پر جو اطلاعات برابر دہلی سے پہنچ رہی ہیں ان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اب جابجا الجمعیۃ کے ہمدرد اس کی ترقی کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں بہت سے لوگوں نے اپنے اپنے شہروں سے سال بھر کا پیشگی چندہ بھیجا ہے۔ کچھ لوگ ایجنسیاں قائم کرا رہے ہیں اور کچھ اشتہارات فراہم کر رہے ہیں۔

مظفر نگر میں گرونانک کے عقیدتمندوں کا اجتماع

گوردوارہ مظفر نگر میں ممبر وارہ وحدت گرونانک دیو کے جنم دن پر کوئی دو ہزار [illegible] اجتماع ہوا۔ حضرت بیتاب نظیری، [illegible] ماسٹر عبدالوحید صاحب راقم، پرکاش چند [illegible]، محمد امین، سردار نگیندر سنگھ، پرکاش چند اور سردار مجن سنگھ وغیرہ نے بابا نانک کی سوانح حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے جادو اثر کلام سے مستفید و محظوظ فرمایا۔

جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کی ممبر سازی کی مہم

بلند شہر بذریعہ ڈاک زیر تحت جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر کے جملہ اراکین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ضلع میں ممبر سازی کا کام صوبہ کی ہدایت کے مطابق شروع کر دیا گیا ہے اور تمام ماتحت جمعیتوں کو فارم ممبری کے بھی روانہ کئے جاچکے ہیں اس سلسلہ میں صدر صاحب جمعیۃ علماء ضلع بلند شہر نے اپنا دورہ شروع کر دیا ہے۔ ضلع کے دیگر اراکین بھی اپنے پروگرام بنا کر جلد ہی دورہ شروع کرنے والے ہیں۔ اس لئے ماتحت جمعیتوں کے سب ہی اراکین کو انتھک کوششوں میں مصروف ہو جانا چاہیئے اور آخیر ماہ نومبر تک ممبر سازی کا کام مکمل کر دینا چاہیئے۔ کوشش کی جانی چاہیئے کہ ضلع میں کوئی قصبہ یا دیہات ایسا باقی نہ رہ جائے جہاں کسی مسلم گھر کے افراد جمعیۃ کی ممبری سے محروم رہ جائیں ایسے مقامات کے ہمدرد جہاں اب تک جمعیۃ قائم نہیں ہے کسی قریبی جمعیۃ یا دفتر ضلع سے فارم طلب فرما کر اپنا کام شروع کر سکتے ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ جہاں کہیں فریق پیدا ہو گیا ہو وہ اس موقع پر [illegible] کر کے جمعیۃ کے لئے نظرانداز فرمائیں گے

الجمعیۃ میں اشتہار دینا کامیابی ہے

ہند، پاکستان، برما اور سیلون کے بعد گولڈ کوسٹ بھی آزاد ہوگا

خود اختیاری حکومت کے لئے افریقی باشندوں کی جدوجہد

لندن ۱۰ نومبر ہندوستان کا حصول آزادی اور آزادی کے لئے اس کی کوششیں نہ صرف مشرقی ممالک پر اثر انداز ہو رہی ہیں بلکہ افریقہ جیسے دور دراز علاقے کے ممالک پر بھی اپنا اثر ڈال رہی ہیں۔ اطالیہ کی سابق نوآبادی لیبیا کو آزادی دینے کا مسئلہ دنیا کے سامنے ہے برطانیہ اپنی نوآبادی گولڈ کوسٹ کو بھی خود اختیاری دینے کی تیاری کر رہا ہے مبصرین اسے تسلیم کرتے ہیں کہ ہندوستان، پاکستان، برما اور سیلون کی مثالوں نے گولڈ کوسٹ کے افریقیوں کی ہمت بڑھا دی ہے جو ایک عرصہ سے حق خود اختیاری کے لئے جدوجہد میں مصروف تھے۔ [illegible] اختیارات [illegible] کافی ترقی یافتہ ہے گذشتہ چند سالوں سے یہاں کی قومی تحریک نے عوام میں کافی مقبولیت حاصل کر لی ہے۔ چنانچہ دستوری اصلاحات کا مطالبہ ہوتا رہا ہے تاکہ برطانیہ کی طرح یہاں بھی ایک دن انتقال اختیارات کا موقع آجائے۔

افریقی باشندے ایک عرصہ سے حکومت میں زیادہ نمائندگی طلب کر رہے تھے۔ جونہی جنگ ختم ہوئی حکومت برطانیہ نے ایک نئی قانون ساز اسمبلی بنائی جس میں افریقی باشندوں کو اکثریت حاصل تھی۔ لیکن سیاسی مخالفتیں بڑھتی گئیں۔ یہاں تک نوبت [illegible] ۱۹۴۸ء میں فسادات رونما ہوئے جن کے اثرات اب تک باقی ہیں۔

یوں تو گولڈ کوسٹ میں کئی سیاسی جماعتیں ہیں۔ لیکن اہمیت دو ہی جماعتوں کو حاصل ہے ایک جماعت آئینی ذرائع سے آزادی حاصل کرنا چاہتی ہے اور دوسری جماعت عدم تعاون کر کے آزاد ہونا چاہتی ہے۔ (گلوب)

سات سو اسٹال کی اسلامی ممالک کی نمائش کی تیاریاں

مختلف ملکوں سے نمائش کا سامان بھی آنا شروع ہوگیا

کراچی ۱ نومبر یہاں اسلامی صنعتی نمائش کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔ یہ نمائش ۵ نومبر سے شروع ہو رہی ہے۔ اس میں سات سو اسٹال ہیں جسمیں تقریباً تمام اسلامی ممالک شامل ہونگے۔ بیشتر مختلف ممالک کا صنعتی سامان پہنچنا شروع ہوگیا ہے نمائش میں جو کئی لحاظ سے اپنا جواب آپ ہی ہوگی کئی خاص چیزیں بھی ہونگی۔

نمائش کے وسط میں کنکریٹ کی سطح ہوگی جس پر بڑی آویزاں چھت کا ایک ہال ہوگا۔ دس ڈالروں والی برقی ٹربین ہوگی جو نمائش کے چاروں طرف چلا کرے گی مشرقی پاکستان کے دریائے برہم پترا کا نقل [illegible] کا نظام بھی دکھایا جائے گا۔ مصر ایران عراق ترکی سعودی عرب مسقط آزاد کشمیر اور دوسرے مسلم ممالک اپنے اپنے اسٹالوں کا انتظام کر رہے ہیں ایران اور عراق کی حکومتوں کے علاوہ وہاں کے پرائیویٹ تاجر بھی نمائش میں حصہ لے رہے ہیں صنعتوں کے علاوہ مختلف فنون ہنر اور گھریلو صنعتوں کی نمائش کی جائے گی۔ حکومت پاکستان اور اس کے صوبجات اور نئی ملحق شدہ ریاستیں بھی اس میں حصہ لے رہی ہیں [illegible] دستکاری کے محکموں میں کس طرح کام ہوتا ہے یہ بھی نمائش میں دکھایا جائیگا۔ مشرقی بنگال کے ذرائع آمد و رفت کی نمائش کیلئے ایک نہر تیار کی جا رہی ہے کشمیری ہنرمندوں کے کام کی نمائش بھی کی جائے گی لکڑی میں کھدائی کے کام کے نمونوں کے علاوہ شال [illegible] قالینوں اور کشیدہ کاری کے کام کی نمائش بھی کی جائے گی۔ نمائش کی عالی شان مسجد کا افتتاح نمائش کے آغاز سے قبل مولانا شبیر احمد عثمانی کریں گے۔ اذان کا وقت قریب آنے پر مسجد کے وسطی گنبد پر سرخ روشنی کی جایا کرے گی۔ نماز ادا ہونے کے اوقات میں کھیل تماشے اور موسیقی بند رہا کرے گی۔ (س)

ناظم جمعیۃ علماء صوبہ گجرات

سردار پٹیل کے نام تار

کاوی ضلع بھڑوچ بذریعہ ڈاک جمعیۃ علماء صوبہ گجرات کے ناظم اعلیٰ مفتی عیسیٰ بھائی ابراہیم نے سردار پٹیل ہوم منسٹر انڈین یونین کو ان کی چہتر ویں سالگرہ کے مبارک موقعہ پر ایک تار دیا جس میں ان کی درازی عمر کیلئے دعا مانگی گئی تھی۔ اور دارالعلوم دیوبند میں پیش آمدہ سانحہ سے دنیائے اسلام میں جو اضطراب و بے چینی پیدا ہوئی ہے اسے رفع کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔

اٹلی کو فوجی امداد دینے کیلئے بات چیت

پیرس ۹ نومبر گذشتہ شب یہاں پر برطانیہ کے وزیر دفاع مسٹر الیگزنڈر نے فرانسیسی اور اطالوی وزراء دفاع سے ملاقات کی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ملاقات کے دوران میں اٹلی کو فوجی امداد دینے کے مسئلہ پر گفتگو و تنقید کی گئی۔ (گلوب)

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

ہفت سورہ مترجم مجلد	[illegible]	جنت کی کنجی مجلد	[illegible]
خدا کی باتیں مجلد	[illegible]	دوزخ کا کھٹکا مجلد	[illegible]
رسول کی باتیں مجلد	[illegible]	صلوٰۃ وسلام	۱۲ر
بردہ کی باتیں مجلد	[illegible]	رسول اللہ	[illegible]
پہلی تقریر سیرت مجلد	[illegible]	دوسری تقریر سیرت مجلد	[illegible]

تقاریر [illegible] - شوکت آرا بیگم مجلد [illegible] مضامین [illegible] ازبلا [illegible]
ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو - گلی قاسم جان دہلی

پاک ایر لمیٹڈ
باقاعدہ مقررہ سروسیں
دہلی تا کراچی لاہور راولپنڈی پشاور
اوقات

دہلی - کراچی (براستہ لاہور) ہر منگلوار
دہلی روانگی ۲ بجے شام
کراچی آمد ۱۰ — ۶ بجے شام

دہلی - لاہور (روزانہ)
دہلی روانگی ۵۰ — ۹ بجے صبح
لاہور آمد ۴۰ — ۱۱ بجے صبح
(براستہ راولپنڈی اور پشاور)

لاہور - راولپنڈی - پشاور
(ہر سوموار - بدھ - وہ اور سنیچروار)
لاہور روانگی ۳۰ — ۱۲ بجے سہ پہر
راولپنڈی آمد ۴۰ — ۱ بجے سہ پہر
راولپنڈی روانگی ۲ بجے شام
پشاور آمد [illegible] بجے شام

مزید معلومات مقامی ایجنٹ سے دریافت کیجئے
ایر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی
ٹیلیفون [illegible]

سندھ کے پناہ گزینوں کو بسانے کیلئے کچھ زیادہ نہیں کیا گیا

ڈاکٹر چوئتھ رام گدوانی کی حکومت پر تنقید

دہلی ۱۰ نومبر ڈاکٹر چوئتھ رام گدوانی نے حکومت پر تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ سندھ کے ہندوؤں اور سکھوں کو آباد کرنے کی اخلاقی ذمہ داری انڈین یونین کی ہے۔

انھوں نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ سندھ کے ۱۰ لاکھ غیر مسلموں میں سے صرف ایک لاکھ ہندو اور سکھ وہاں رہ گئے ہیں اور ان کو بھی حکومت پاکستان مختلف ذریعوں سے ہندوستان منتقل ہوجانے پر مجبور کر رہی ہے سندھ کے ہندوؤں پر یہ دباؤ کشمیر کے مسئلہ پر ہندوستان اور پاکستان کے جھگڑے کے باعث ہے۔

اس کا دوسرا سبب مسلمان پناہ گزینوں کو آباد کرنے کا مسئلہ بھی ہے انھوں نے کہا کہ پاکستان نے سات لاکھ پناہ گزینوں کو آباد کرنے کی بہت کوشش کی ہے لیکن حکومت ہند نے اتنی ہی تعداد کے پناہ گزینوں کو آباد کرنے کی مقابلتاً کم کوشش کی ہے تقریباً [illegible] اتحادی سوسائٹیوں سے حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ ان کو زمینیں اور قرض دیا جائے گا۔ لیکن اب یہ اطلاع دی گئی ہے کہ حکومت اس وعدہ کو پورا نہیں کر سکتی۔

انھوں نے کہا کہ موجودہ انکم ٹیکس جائداد کا اور [illegible] سیلس ٹیکس [illegible] کے مقاصد میں [illegible] ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک سے سرمایہ باہر جا رہا ہے اور حکومت اس کو روکنے کا کوئی ذریعہ نہیں رکھتی۔

ممدوٹ کیخلاف تحقیقات

جعلی دستاویزوں کی تیاری کی داستان

لاہور ۹ نومبر۔ کل لاہور ہائیکورٹ میں جب ممدوٹ کے خلاف مقدمہ شروع ہوا تو دستاویزوں میں تبدیلیوں کے بارے میں دلچسپ شہادت پیش ہوئی کہ اقبال نگر کا فارم جو حکومت پاکستان کی ملکیت تھا کس طرح افتخار حسین خاں ممدوٹ کے نام الاٹ کر دیا گیا۔ چودھری عبدالرحمن منٹگمری کے سابق تحصیلدار نے کہا اقبال نگر کے ممدوٹ کو الاٹ کرنے کے بعد انہوں نے اقبال نگر حکومت پاکستان کو الاٹ کرنے کا کاغذ تیار کیا اس کے بعد پرانے کاغذات راجہ حسن اختر کے حکم سے تباہ کر دیئے گئے۔ گواہ نے بتایا کہ [illegible] کو انہیں راجہ حسن اختر نے بلایا۔ اور ۸ اپریل ۱۹۴۸ء کو پرانی تاریخ ڈالکر اس کاغذ پر دستخط کئے۔ انہوں نے ستمبر ۱۹۴۸ء کی کوئی تاریخ ڈالی۔ اس کے بعد راجہ حسن اختر نے ریکارڈ تیار کرائے۔ جب یہ ریکارڈ بن گئے تو انہیں اقبال نگر کے پٹواری کو بھیجدیا گیا۔ اس کے بعد یہ لوگ ممدوٹ والا گئے وہاں سے کسٹوڈین کے دفتر گئے اور ایک ہوٹل میں گئے جہاں ۱۹۴۸ء کی اقبال نگر کی فصل کی فروخت کے کاغذات تیار کئے گئے۔ آج اس پر جرح ہوگی۔ (ا)

ماسکو میں برطانوی وزیر کا تقرر

لندن ۹ نومبر۔ مسٹر جان کونسل کو جو پہلے برطانوی دفتر خارجہ میں جرمنی معاملات کے وزیر تھے۔ ماسکو میں برطانوی وزیر مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ روس میں پہلا سفیر موجود ہے لیکن ایک برطانوی وزیر کی تقرری بھی وہاں ضروری خیال کی جاتی ہے۔ اس سے پہلے مسٹر فرینک روبرٹس برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر متعینہ ہندوستان ماسکو میں برطانیہ کے وزیر تھے۔ (رپٹ [illegible])

مزید شرنارتھیوں کے لئے گنجائش نہیں ہے

نئی دہلی ۱۰ نومبر۔ ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ سرکاری طور پر دہلی میں تین لاکھ شرنارتھیوں کی بحالی پر غور کرنے کا ذمہ لیا جاتا ہے۔ لیکن اس وقت دہلی میں پانچ لاکھ شرنارتھی موجود ہیں۔ وزارت بحالیات کو اطلاع ملی ہے کہ دہلی میں ریلیف کیمپوں کے بند ہو جانے سے [illegible] شرنارتھی بھی یہاں [illegible] اعلان کیا جاتا ہے کہ [illegible] دہلی [illegible] ان نئے شرنارتھیوں کو جگہ نہیں دیں گے۔ ان کے حقوق بحالی چھینے جا سکتے ہیں۔

شرنارتھیوں کیلئے گزارہ دینے کی اسکیم

دہلی ۱۰ نومبر وزارت بحالیات نے حال ہی میں بے خانماں [illegible] بوڑھوں اور ناکارہ اشخاص کو گزارہ الاؤنس دینے کی جس اسکیم کا اعلان کیا تھا۔ اس پر صوبائی اور ریاستی حکومتیں عمل کریں گی۔ اس لئے اس بارے میں تمام خط و کتابت متعلقہ صوبائی یا ریاستی حکومتوں سے کی جائے وزارت بحالیات کو درخواستیں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (پریس نوٹ)

دہلی میں مزید شرنارتھیوں کی گنجائش نہیں

دہلی ۱۰ نومبر سرکاری طور پر دہلی میں تین لاکھ شرنارتھیوں کی بحالی کا ذمہ لیا گیا ہے لیکن اس وقت دہلی میں پانچ لاکھ شرنارتھی موجود ہیں۔

[illegible] آباد ہونے کے لئے یہاں آئیں گے وہ اپنی ذمہ داری پر ایسا کریں گے دہلی میں رہنے والے جو شرنارتھی ان نئے شرنارتھیوں کو جگہ دیں گے ان کے حقوق بحالی چھینے جا سکتے ہیں [illegible]

مدرسہ قاسمیہ مراد آباد کا ضروری اعلان

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ کوئی شخص یا اشخاص مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد کی سند چھپی سے طبع کرا رہے ہیں لہذا ہم ان کو تنبیہ کرتے ہیں کہ جو صاحب بغیر اجازت مہتمم [illegible] سند طبع کرائیں گے ان کو گرفتار کرا کر ان کے خلاف دھوکا دہی کا مقدمہ چلایا جائے گا اور وہ اپنے اس ناجائز فعل کے ذمہ دار ہوں گے۔

(مہتمم مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مراد آباد)

مسٹر مینن سے حیدر آباد کانگریس کے لیڈروں کی ملاقات

حیدر آباد ۹ نومبر۔ سوامی رامانند تیرتھ صدر حیدر آباد اسٹیٹ کانگریس نے کل شام ۴۰ منٹ تک ریاستی امور کی وزارت کے مشیر مسٹر مینن سے بات چیت کی۔ ریاستی کانگریس کی ورکنگ کمیٹی کے بعض ممبر بھی اس موقعہ پر موجود تھے۔ کانگریس کے دوسرے گروپ سے بات چیت آج ۹ بجے صبح شاہ منزل میں ہونے والی ہے۔ سوامی رامانند تیرتھ بھی اس میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ (پ ٹ ا)

سمن بغرض قرار داد امور تنقیح طلب

بعدالت منصفی شرقی جے پور

مقدمہ نمبر ۵۵ سمت ۲۰۰۱

السید عبدالرحمن ولد سیٹھ کریم بخش — مدعی

بنام

ننھے خاں ولد انوار الحق — مدعا علیہ

دعوئے برائے حساب

بنام مسماۃ بلقیس زوجہ محمد وحید ذات مسلمان
معرفت محمد مسعود این ڈبلیو ریلوے ہسپتال کراچی

ہرگاہ مذکورہ مدعی نے اس عدالت میں درخواست دی ہے کہ ننھے خاں کا انتقال ہو گیا ہے۔ لہذا ننھے خاں کا نام کاٹ دیا جائے اور اس کی جگہ وہ نام درج کئے جائیں جو کہ درخواست کی کاپی میں درج ہیں۔ لہذا آپ کو حکم دیا جاتا ہے کہ آپ بتاریخ [illegible] بوقت ۱۰ بجے اجلاس اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو اور جواب دہی استدلال پیش کرو۔ ورنہ مقدمہ بغیر حاضری تمہارے سماعت و فیصل ہوگا۔

میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ [illegible] کو جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم — مہر عدالت

سمن بغرض قرار داد امور تنقیح طلب

بعدالت منصفی شرقی جے پور

مقدمہ نمبر ۵۵ سمت ۲۰۰۱

السید عبدالرحمن ولد سیٹھ کریم بخش — مدعی

بنام

ننھے خاں ولد انوار الحق — مدعا علیہ

دعوئے برائے حساب

بنام عبداللہ قادر ولد ننھے خاں ذات مسلمان
معرفت محمد مسعود این ڈبلیو ریلوے ہسپتال کراچی

ہرگاہ مذکورہ مدعی نے اس عدالت میں درخواست دی ہے کہ ننھے خاں عرف عبدالکریم مدعا علیہ کا مورخہ [illegible] ۴۹ کو انتقال ہوگیا لہذا ننھے خاں عرف عبدالکریم خاں مدعا علیہ کا نام کاٹ دیا جائے اور اس کی جگہ وہ نام درج کئے جائیں جو کہ درخواست کی کاپی میں درج ہیں۔ لہذا آپ کو حکم دیا جاتا ہے کہ آپ بتاریخ [illegible] بوقت ۱۰ بجے اجلاس اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو اور جواب دہی استدلال پیش کرو ورنہ مقدمہ بغیر حاضری تمہارے سماعت و فیصل ہوگا۔

میرے دستخط اور مہر عدالت کے آج بتاریخ [illegible] کو جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم — مہر عدالت

دار السلطنت

۱۰ نومبر

پیدائش و اموات

نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۱۵۲ اشخاص مرے اور ۳۵۰ بچے پیدا ہوئے ۶۳ اموات بخار سے ایک چیچک سے باقی دوسرے امراض سے ہوئیں۔

تین سالہ بچیوں کی ہلاکت

پرسوں قرول باغ میں ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا ایک تین سالہ بچی ایک ٹرک کے نیچے آکر ہلاک ہوگئی۔ ٹرک ڈرائیور بھاگ گیا۔ ایک اور تین سالہ بچی چھتہ گیتا روڈ پر تانگے کے نیچے آکر ہلاک ہوگئی۔

ملازموں کیلئے رہائشی مکانات

سرکاری ایک ہزار کلرکوں اور [illegible] ہزار چپراسیوں کے لئے [illegible] رہائشی مکانات تیار ہو جائیں گے۔ سرکاری [illegible] کے مطابق [illegible] ہزار افسر اور کلرک رہائشی مکانات کے منتظر ہیں۔

اسکاؤٹوں کا میلہ

ہندوستان اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے زیر انتظام تین ہزار اسکاؤٹوں اور گرل گائیڈوں نے [illegible] کے اسکاؤٹ میلہ میں حصہ لیا۔ مسٹر گاڈگل نے میلہ کا افتتاح کیا اور تقریر کی۔ میلہ میں اسکاؤٹوں نے پچاس دستکاریوں کا بھی بندوبست کیا تھا۔

درجہ حرارت و طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ ۸۱.۲ اور کم سے کم ۵۱.۲ درجہ حرارت تھا۔ آج صبح ۶ بجکر ۳۹ منٹ پر سورج نکلا اور کل صبح ۶ بجکر ۴۰ منٹ پر آفتاب طلوع ہوگا۔ آج اور کل غروب آفتاب کے اوقات بالترتیب ۵ بجکر ۳۱ منٹ اور ۵ بجکر ۳۰ منٹ ہیں۔

بچے کی پیدائش کی دعوت پر سزا

میرا لال اور رام چند کو جو کوچہ تارا چند کے رہنے والے ہیں۔ تین تین سو روپیہ جرمانہ یا تین تین ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔ انہوں نے ایک بچے کی پیدائش پر عام اجتماع کی دعوت کی تھی۔ جب کہ راشننگ کے قواعد کے تحت ۲۴ اشخاص کی دعوت کی جاسکتی ہے۔

پولیس پر تیزاب کے بلب پھینکے گئے

دو کانسٹبل معمولی طور پر زخمی

کلکتہ ۱۰ نومبر سب پور (ہاوڑہ) میں ہڑتالیوں کے علاقے میں پولیس پر تیزاب کے بلب پھینکے گئے جس سے دو کانسٹبل معمولی طور پر زخمی ہوئے۔ اس سلسلہ میں ۴۸ اشخاص گرفتار کئے گئے۔

کہا جاتا ہے کہ یہ اطلاع موصول ہونے پر کہ بعض شورش پسند مزدور مل کے دوسرے مزدوروں کو ہڑتال کرنے پر اکسا رہے ہیں پولیس پارٹی وہاں بھیجی گئی جیسے ہی پولیس وہاں پہنچی تیزاب کے بلب اس پر پھینکے گئے جس سے ایک کانسٹبل معمولی طور پر زخمی ہوا۔ دوسرے مل کے سامنے ڈیوٹی پر کھڑے ہوئے کانسٹبل پر تیزاب کا بلب پھینکا گیا جس سے وہ معمولی طور پر زخمی ہوا۔ (پ ٹ ا)

طالب علم لاپتہ ہے

[illegible] کی ایک ۱۳ سالہ لڑکی جو میٹرک کی طالب علم تھی گذشتہ دو دن سے غائب بتائی جاتی ہے۔ وہ اسکول گئی لیکن وہاں سے واپس نہیں آئی۔ اس کی چھوٹی بہن اس کی کتابیں گھر واپس لے آئی اور کہا اس کی بڑی بہن نے کتابیں بھجوائی ہیں اور وہ دیر سے گھر آئے گی۔ کہا جاتا ہے ایک لڑکا [illegible] اس سے ملنے آیا کرتا تھا۔

دو موٹر سائیکلیں غائب

چھتی قبر کے ایک ڈاکٹر کی ایک [illegible] روپیہ کی [illegible] ہوگئی ہے صدر بازار [illegible] پولیس اسٹیشن کے قریب سے [illegible] دو موٹر سائیکلیں چرالی گئیں۔

دو من گیہوں برآمد

انفورسمنٹ پولیس نے قیض بازار میں چھاپہ مار کر دو من گیہوں اور ایک من چاول برآمد کئے اس سلسلہ میں ایک شخص گرفتار کیا گیا۔

عملیات اور اوراد - طب روحانی و جسمانی اسرار و تجربات
[illegible]
جنرل نیوز - [illegible] دہلی [illegible]

اجمل شفاخانہ کا معائنہ

مجھے آج اجمل شفاخانہ [illegible] میں حاضر ہونے کا موقع حاصل ہوا۔ مجھے یہ دیکھ کر دلی مسرت حاصل ہوئی کہ غریب مریضوں کا علاج خاص توجہ اور التفات سے کیا جاتا ہے۔ قیمتی دوائیں بالکل مفت تقسیم کی جاتی ہیں۔ عورتوں کے علاج کے لئے ماہر نرسیں اور لیڈی ڈاکٹر موجود ہیں۔ شفاخانہ کے کرتا دھرتا اور انچارج پروفیسر حکیم محمد ظہور الدین اجملی وائس پرنسپل جامعہ طبیہ ہیں جو خصوصاً اس شفاخانہ کو صف اول کا شفاخانہ بنانا چاہتے ہیں۔ اور اسے ایک وطنی خدمت سمجھ کر انتہائی خلوص ہمدردی اور محنت کے ساتھ اس ادارے کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

اس اہم اور نازک وقت میں جبکہ غریب مریضوں اور عورتوں کے اس علاقہ میں کوئی ترقی یافتہ دار الشفا نہیں ہے۔ یہ شفاخانہ ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ یہ امر بھی خوشی کی بات ہے کہ ہندو مسلم سکھ شرنارتھی سب یکساں فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

مہتمم تعلیمی مرکز

راشن کارڈوں کے غلط استعمال پر مقدمہ

مقامی پولیس نے ایک شخص کے خلاف جو دہلی کے ایک ہائی کمشنر کا ملازم بتایا جاتا ہے راشن کارڈوں کے بیجا غلط استعمال پر مقدمہ درج کیا ہے اس کے قبضہ سے [illegible] ایسے کارڈ برآمد ہوئے جن کے مالک [illegible] تھے۔

۱۷ آوارہ مویشی پکڑے گئے!

دہلی میونسپلٹی کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ [illegible] نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ۱۲۶ اشخاص کے خلاف میونسپل قواعد کی خلاف ورزی میں مقدمہ چلایا گیا [illegible] اسٹال جو بلا اجازت تعمیر کئے گئے تھے ہٹائے گئے۔ ۱۷ آوارہ مویشی پکڑے گئے۔

ایک پرچہ پر پابندی

دہلی کے چیف کمشنر نے ایک حکم کے تحت مقامی انگریزی ہفتہ وار "پرچہ" "دی نیشنلسٹ" پر قابل اعتراض مضامین کی اشاعت پر تین ماہ کے لئے پابندی لگادی ہے۔

دس سکھ اور گرفتار کرلئے گئے

دہلی ۵ مشہور سکھ بدھ کی صبح کو گردوارہ سیس گنج سے گرفتار کئے گئے ان کو پنجاب سیفٹی ایکٹ کی دفعہ ۳ کے تحت نظر بند کر دیا گیا۔ ان کے نام [illegible] دلیپ سنگھ صدر اور جنرل سکریٹری گوردوارہ پربندھک کمیٹی ہیں سردار بھگت سنگھ، سردار بسنت سنگھ، اور سردار [illegible] بھی جو گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے عہدیدار ہیں۔ گرفتار کئے گئے یہ گرفتاریاں گرونانک کے یوم پیدائش کے سلسلہ میں ہوئی ہیں گرفتاریوں کی کل تعداد اب ۲۷ ہوگئی ہے

وعظ سیرت النبی

مورخہ ۱۱ [illegible] کو بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں مولوی حافظ محمد فضل صاحب واعظ القرآن دہلی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر وعظ فرمائیں گے

شرنارتھی خوانچہ فروشوں کا مسئلہ

دہلی میونسپلٹی نے بدھ کے اجلاس میں فیصلہ کیا کہ جی بی روڈ [illegible] اسٹیشن [illegible] شرنارتھی خوانچہ فروشوں کے لئے دوکانیں بنا دیجائیں۔ لالہ بھیکورام نے [illegible] اسٹیشن کا قبضہ حاصل ہونے میں تاخیر کی شکایت کی۔ صدر نے بتایا کہ اس کا کچھ حصہ میونسپلٹی کو مل گیا ہے۔ اس میں مارکیٹ بنانے کا ارادہ ہے۔ [illegible] سنگھ نے کہا اس مارکیٹ کی تیاری میں چھ ماہ لگیں گے۔ انھوں نے کہا اجیت رائے مارکیٹ اور [illegible] مارکیٹ میں ۵۰۰ اسٹال خالی ہیں ان کو وہاں کیوں نہ جگہ دیجائے۔ مسٹر جیٹھا نند [illegible] نے کہا ان لوگوں کو مستقل طور پر ملکہ باغ میں جگہ دی جائے جس سے صدر نے انکار کیا۔

ایران کے سابق وزیر اعظم کا قاتل

عام مجمع میں پھانسی دیدی گئی!

طہران ۱۰ نومبر حسین امامی کو جس نے ایران کے سابق وزیر اعظم عبدالحسین ہژیر کو قتل کیا تھا کل پبلک میں پھانسی دیدی گئی۔ تقریباً بیس ہزار اشخاص نے جن میں تمام کے تمام سفیر بھی شامل تھے سابق وزیر اعظم کے جنازہ میں شرکت کی حسین امامی نے اس بات کا اقبال کر لیا تھا کہ اس نے مذہبی اور سیاسی اختلافات کی بنا پر عبدالحسین ہژیر کو قتل کیا تھا اس قتل کے سلسلہ میں جس قدر گرفتاریاں ہوئی ہیں وہ زیادہ تر حزب مخالف کے حلقہ سے ہیں۔ (پ ٹ ا)

جاپان اور مغربی یورپ کے معاہدہ صلح

کمیونسٹ لیڈر کی شدید مخالفت

ٹوکیو ۹ نومبر۔ جاپان کے کمیونسٹ لیڈر نے وزیر اعظم پر الزام لگایا کہ وہ جاپان کو امریکہ کے ساتھ متحد کر رہے ہیں اس طرح جاپان اور ایشیا کے درمیان ایک رکاوٹ کھڑی کر رہے ہیں۔ جاپانی ایوان زیریں کی عمارت میں ایک بیان میں انہوں نے کہا ہمارے پاس توپیں نہیں ہیں۔ صرف بانس کے برچھے ہیں۔ اس لئے جاپان کو صرف ایک قوم کی طرف نہیں بلکہ کل دنیا کے تحفظ کا خیال رکھنا چاہیئے۔

کمیونسٹ اس امر کے مخالف ہیں کہ ملک ایک قوم کے ہتھیاروں پر بھروسہ کرے۔ تاریخ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جاپان کی تاریخ تہذیب اقتصادیات اور جغرافیہ چین کوریا ایشیا کے طویل و عریض خطہ اور روس سے وابستہ ہے بمقابلہ برطانیہ۔ فرانس اور امریکہ سے معاہدہ صلح کرنے سے ہم اپنے پڑوسیوں سے بالکل الگ ہو جائیں گے۔ جو جنگ سے قبل تیس فیصدی سامان بھیجتے تھے اس سے جاپان کی بحالی میں زبردست رکاوٹ پڑے گی۔

کانگریس میں شمولیت کی اپیل

جام نگر ۱۰ نومبر۔ مسٹر عبدالکریم عیسیٰ بھائی پانی والا میونسپل کمشنر جام نگر نے سوراشٹر کے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ ملک میں بقائے امن کے لئے کانگریس کے ممبر بن جائیں۔ انہوں نے کہا کانگریس ہم کو عزت اور احترام سے رہنا سکھاتی ہے۔ اور یہ بات صرف کانگریس ہی میں رہ کر ممکن ہے

میر مشتاق صاحب کا بیان

میر مشتاق احمد صاحب سوشلسٹ لیڈر نے ایک بیان میں کہا کہ سوشلسٹ پارٹی نے جو نیا آئین پٹنہ کانفرنس میں پاس کیا تھا اب آل انڈیا سوشلسٹ پارٹی کی ہدایت کے مطابق اس پر عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ دہلی سوشلسٹ پارٹی نے دہلی کے مختلف علاقوں میں پارٹی کی نئی تنظیم آئین کے مطابق کر دی ہے۔ جامع مسجد سوشلسٹ پارٹی یونٹ نئے آئین سے پہلے ایک آرگنائزر کے ماتحت کام کر رہی تھی اور یہ خدمت میرے سپرد تھی۔ اب ابتدائی ممبروں کی بھرتی کے بعد باقاعدہ ۱۱ ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی بن گئی ہے جو اس علاقہ میں سوشلسٹ پارٹی کے پروگرام کو چلائیگی اور علاقہ کے غریب اور محنت کش عوام کی تنظیم کرے گی۔ اس کمیٹی کے سکریٹری ساتھی روپ نرائن چنے گئے ہیں اور روپ نرائن جی پرانے کانگریس کے آزمودہ کار سپاہی ہیں اور سوشلسٹ پارٹی کے [illegible] میں سے ہیں وہ پہلے صوبہ کانگریس کے جوائنٹ سکریٹری تھے۔ سوشلسٹ پارٹی کے خزانچی بھی ہیں۔ علاقہ کے محنت کش عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے علاقہ کی سوشلسٹ پارٹی کو مضبوط بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوکر غریبی بیکاری اور بے روزگاری کو دور کرنے میں مدد دیں۔ سرمایہ داری نظام کو ختم کر کے ہی عوام کے دکھ درد کو دور کیا جاسکتا ہے۔

پنڈت نہرو کی لندن میں آمد

(بقیہ صفحہ ۲)

کہ مسٹر [illegible] دنیا میں سب سے [illegible]

دولت مشترکہ کے تمام [illegible] اور میں جانتا ہوں مسٹر اٹیلی نے تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ تمام تجارت کے عدم توازن پر قابو پانے کا عزم رکھتے ہیں اور اس کے لئے ان میں برابر مشورے ہوتے رہتے ہیں۔

مسٹر اٹیلی نے کہا کہ مابعد جنگ کی دنیا میں زبردست اقتصادی مشکلات پیش آگئی ہیں۔ مگر ہم سب نے ان کو دور کرنے کیلئے عزم کیا ہے۔ آپ نے کہا ہمیں مسرت ہے کہ ہم نے پرامن آزاد اور خوشحال دنیا بنانے کا عزم کیا ہوا ہے۔

آپ نے کہا کہ ہماری یہ تمنا ہے کہ تمام براعظموں میں ہمارے اچھے تعلقات ہوں اور ہم ایک دوسرے کے زیادہ قریب ہو سکیں۔ برطانیہ کے بہت سے دوست ہیں اور ہمیں ان پر فخر ہے لیکن ہم دولت مشترکہ کی ہمشیرہ مملکتوں کی بنا پر قدر کرتے رہیں گے۔

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی درکار ہے
تو ہماری معرفت روانہ کریں
ٹکٹ بھی ہم سے خریدیں
المشتہر:- دہلی کمرشل کارپوریشن - گلی [illegible]
[illegible] چاندنی چوک دہلی

سنکیانگ سے پناہ گزیں ہندوستان آرہے ہیں

لداخ میں ہندوستانی فوجوں کے انتظامات

نئی دہلی ۱۰ نومبر۔ لداخ کی سرحد پر ہندوستانی فوج نے ان پناہ گزینوں کے پہنچنے کیلئے انتظامات کئے ہیں جو سنکیانگ سے ہندوستان آرہے ہیں۔ پارٹی کے چینی ممبروں میں صرف ۲۰ ممبران کے پاس نقل و حرکت کے اجازت نامے ہیں۔ اس لئے دوسرے ممبران کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ ۱۰ سفید روسی ہیں ان کی جانچ کی جائے گی۔ سفید روسیوں کے گروپ کے بیان کی تفصیلات معلوم نہیں۔ لیکن یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اقوام متحدہ کی بین الاقوامی امدادی ادارے سے امداد کی درخواست کی ہے۔

ایک سرکاری ذریعہ کی اطلاع کے مطابق حکومت چند اشخاص کی آمد پر کوئی اعتراض نہیں کرے گی لیکن غیر محدود لوگوں کی آمد کی اجازت نہیں دے سکتی۔

گورنر جنرل آسام کے دورہ پر جائینگے

نئی دہلی ۱۰ نومبر۔ گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ ۲۶ نومبر کو آسام اور اڑیسہ کے ایک ہفتہ کے دورہ پر روانہ ہو رہے ہیں۔ دو دن شیلانگ میں گزار کر ۲۹ نومبر کو اڑیسہ روانہ ہوں گے۔ ۲۹ کی شام کلکتہ میں گزاریں گے۔ وہاں سے وہ [illegible] جائیں گے۔ جہاں ان کا تین دن تک قیام ہوگا۔ ان کے ۴ دسمبر تک دہلی لوٹنے کی توقع ہے۔ (پ ٹ ا)

سکریٹریٹ کے کمپاؤنڈ میں

دہلی ۹ نومبر۔ پارلیمنٹ اسٹریٹ کی پولیس نے سکریٹریٹ کے ساتھ بلاک کے گھاس کے میدان میں چھ چپراسیوں کو جوا کھیلتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ گذشتہ کچھ عرصہ سے سکریٹریٹ کے کمپاؤنڈ میں عام طور پر جوا کھیلا گیا ہے اور کئی چپراسی اپنی تنخواہ سے محروم ہو چکے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ پولیس اب نگرانی کر رہی ہے۔ (ا پ ک)

بازاروں کے نرخ

دہلی — ۱۰ نومبر ۱۹۴۹ء

غلہ مارکیٹ

[illegible]	۰-۳-۷	[illegible]	۹-۸-۰
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۸۵/-

بازار صرافہ

سونا پاسہ	[illegible]	گنی	۱۱۳-۱۲-۰
روپیہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چاندی	۴۲-۴-۰	سونا رودہ	۱۱۰-۱۴-۰
چاندی رودہ	[illegible]		

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

دو شاہکار
از
حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد
دعوت حیات نو قیمت ۱۰ر
خطبۂ احیائے ملت ۸ر
دونوں ایک ساتھ مجلد عہ
ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

Daily Aljamiat
الجمعیۃ
1925
PHONE 5255
DATE:- 12-11-49

پنڈت نہرو کی شاہ برطانیہ سے اہم ملاقات

وزیراعظم ہندوستان کے اعزاز میں مختلف تقریبات

لندن ۔ ۱۰ نومبر۔ پنڈت نہرو نے کل بہت مصروف دن گذارا۔ انہوں نے انڈیا ہاؤس میں ایک گھنٹہ تک اخبار نویسوں [illegible]

پٹھانستان کا مطالبہ افغانستان کا نہیں بلکہ خدائی خدمتگاروں کا ہے

کلکتہ میں سرحد کے پٹھان لیڈر کی تقریر ۔ خدائی خدمتگاروں پر پاکستان کے مظالم کی مذمت

کلکتہ ۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible] محمد علی پارک میں خدائی خدمتگار جرگہ ہند کلکتہ کے اہتمام میں ایک عام جلسہ زیر صدارت غلام محمد خان پشاوری منعقد ہوا۔ پٹھانوں کے علاوہ ہزاروں اشخاص شامل ہوئے۔ مولانا محمد اکبر خان صدر خدائی خدمتگار جرگہ ہند نے ایک تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ انگریزی حکومت ختم ہونے کے بعد بھی حکومت پاکستان نے اس کے ہیرو آزادی کے علمبردار خان عبدالغفار خان کو بارہ ہزار خدائی خدمت گاروں کے ساتھ ڈیڑھ سال سے جیل میں بند کر رکھا ہے۔ مولانا نے مزید کہا کہ بعض اخبارات لکھتے ہیں کہ آزاد پٹھانستان کا مطالبہ افغانستان کا ہے۔ یہ بالکل غلط اور جھوٹا پروپیگنڈا ہے۔ بلکہ یہ مطالبہ سرحد کے خدائی خدمت گاروں کا ہے۔ جو پٹھانوں کی ہردلعزیز جماعت ہے۔ جس میں آزاد قبائل کے نمائندے بھی شریک ہیں۔ حکومت پاکستان نے خدائی خدمت گاروں پر ظلم کیا اور آزاد قبائل پر بھی، افغانوں نے اور حکومت افغانستان نے ان مظلوموں کی حمایت کی اور اس مطالبہ کو ٹھیک کہا۔

انہوں نے مزید کہا میں تمام ہندوستان کے پٹھانوں کی طرف سے حکومت افغانستان کا اور افغانستان کے عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اور تمام ہندوستانیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی ہمارے پیدائشی حق کو تسلیم کریں۔

ایک ریزولیوشن میں خان عبدالغفار خان اور ان کے ساتھیوں کو قید سے رہا کرنے کے متعلق حکومت پاکستان سے اپیل کرنے کے لئے بین الاقوامی عدالت سے درخواست کی گئی۔

دوسرے ریزولیوشن میں پنڈت جواہر لال نہرو سے کہا گیا کہ وہ اپنے جنگ آزادی کے ساتھیوں کی رہائی کے لئے خدائی خدمت گار جرگہ کی امداد کریں۔

تیسرے ریزولیوشن میں حکومت مغربی بنگال سے اپیل کی گئی کہ کلکتہ کے پٹھانوں پر پولیس ناجائز ظلم کرتی ہے اور بہت زیادہ تنگ کرتی ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ اس امر کی جانب فوری توجہ دے۔

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

جو حضرات روزنامہ الجمعیۃ کا صرف سنڈے ایڈیشن طلب فرمانا چاہیں وہ بشرح ذیل قیمت ارسال فرما کر اخبار جاری کرا سکتے ہیں۔ سنڈے ایڈیشن ہفت روزہ الجمعیۃ کی طرح ہوا کرے گا، جو یہاں سے روانہ کیا جائیگا

سالانہ ۔۔۔۔ ۸ ششماہی ۔۔۔۔ ۴

نمونہ مفت

نوٹ: ۔ سہ روزہ کے خریدار صاحبان کی مدت خریداری میں اسی حساب سے اضافہ کر دیا جائیگا، اور سہ روزہ کی بجائے سنڈے ایڈیشن انکی خدمت میں حاضر ہوتا رہیگا۔

روزنامہ الجمعیۃ مع سنڈے ایڈیشن

آئندہ روزنامہ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں سنڈے ایڈیشن بھی جاری ہو گیا ہے۔ [illegible] روزنامہ کی شرح قیمت حسب ذیل ہوگی

سالانہ ۔۔۔۔ ۴۵ ششماہی ۔۔۔۔ ۲۳

سہ ماہی ۔۔۔۔ ۱۲ ماہوار ۔۔۔۔ ۴

روزنامہ کے قدیم خریداروں کی مدت خریداری آئندہ کے لئے اسی حساب سے درست کر دی جائیگی۔ (مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ)

لیبیا کی آزادی

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

صوبہ متحدہ کا نام آریہ ورت ہوگا

صوبائی کانگریس کمیٹی کا فیصلہ

بنارس۔ ۱۰ نومبر۔ صوبہ متحدہ کی کانگریس نے سفارش کی ہے کہ صوبہ کا نام آریہ ورت رکھا جائے [illegible]

شعیب قریشی اس ماہ ماسکو پہنچ جائینگے

کراچی۔ ۱۰ نومبر۔ پاکستان کے نئے سفیر متعینہ روس مسٹر شعیب قریشی ماہ رواں کے خاتمہ سے قبل ماسکو پہنچ جائیں گے۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وہ مسٹر لیاقت علی خاں کے سفر ماسکو کی تاریخ کا تعین کریں گے۔ روس کے [illegible] پاکستان پہنچنے کی توقع ہے۔

ایجنٹ صاحبان مطلع فرمائیں

کہ انھیں آئندہ دوشنبہ ۱۴ نومبر سے شام کا ایڈیشن بھیجا جائے یا صبح کا؟

اگر وہ یہ وضاحت بھی کر دیں کہ دہلی سے کس ٹرین سے روانہ کیا جائے تو یہ زیادہ بہتر ہو۔ سنڈے ایڈیشن کی مطلوبہ تعداد سے بھی مطلع فرمائیں

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ

سکھ جلوس پر فائرنگ کی مذمت

اکالی ورکنگ کمیٹی کی قرارداد

امرتسر ۹ نومبر۔ [illegible]

صنعتی ایڈوائزری کونسل کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا دو روزہ اجلاس

سردار پٹیل کمیٹی اور کارخانہ داروں کے نمائندوں کے سامنے تقریر کریں گے

[illegible]

ہندوستان اور نیپال میں آخری معاہدہ

حکومت ہند نے مسودہ نیپال بھیج دیا

نئی دہلی ۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

وزیر اعظم ہند کا تبصرہ

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

گورنر بنگال کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

چاندنی چوک دہلی

میں

روزنامہ الجمعیۃ

الجمعیۃ نیوز پیپر ایجنسی صدر دروازہ مسجد فتحپوری سے طلب فرمائیں

مدراس اسمبلی میں شہری امن کے بل کی پہلی خواندگی

بل کی حمایت میں وزیر تعلیم کی تقریر

مدراس ۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس پر مدھیہ بھارت میں ڈاکوؤں نے گولیاں چلائیں

[illegible]

یوپی میں فصلوں کو شدید نقصان

بے وقت بارش کا نتیجہ

لکھنؤ ۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

خوراک کی قیمت چوگنی ہو گئی ہے اسلئے زیادہ غلہ پیدا کرنا چاہیئے

کلکتہ میں مسٹر پاٹل کی تقریر

کلکتہ ۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

دنیا کا سب سے کم عمر چیف آف اسٹاف

[illegible]

افریقہ کی اقتصادی چھان بین کے لئے برطانوی نمائندہ کی تجویز

ہند اور پاکستان کے نمائندوں کی حمایت

لیک سکسیس۔ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

جے پرکاش نارائن کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]



دہلی میں مسلمانوں کو ٹھہرنے کی سب سے اچھی جگہ
آزاد ہند ہوٹل جامع مسجد دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷
قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع
روزنامہ
الجمعیۃ
فون نمبر: 6841
تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲؍ | جلد ۳۱ | دہلی یوم اتوار ۲۱ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۳ نومبر سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۲۶۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ایجنٹ صاحبان نوٹ فرمائیں

۱۰ اکتوبر کے بلوں کی رقوم زیادہ سے زیادہ ۱۵ نومبر تک آجانی ضروری ہیں ورنہ ۱۶ نومبر کو ابتدائی کارروائی کے طور پر سپلائی بند کر دی جائے گی۔

ہندوستان پاکستان کے درمیان

[illegible]

مجیبا برادرس ایجنٹس

[illegible]

اراکان کے مسلمانوں نے حکومت کے خلاف باغیانہ سرگرمیوں کو پھر تیز کر دیا

بغاوت کو دبانے کے لئے حکومت برما کی کوشش ناکام

مشرقی پاکستان سے باغیوں کو ہتھیار سپلائی ہونے کی اطلاعات

رنگون۔ ۱۱ نومبر۔ [illegible]

پاکستان کی طرف سے نوآبادیاتی طاقتوں کے رویہ کی سخت مذمت

اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی میں پاکستانی نمائندہ کی تقریر

لیک سکسیس ۱۰ نومبر۔ پاکستان کی طرف سے کل اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی میں [illegible]

سومالی لینڈ کو اطالیہ کی تولیت میں رکھنے کا فیصلہ ہو گیا

مصر، فلپائن اور کولمبیا پر مشتمل مشاورتی کمیٹی نگرانی کے لئے بنا دی گئی

لیک سکسیس۔ (ڈاکٹر پریس فرسٹ) ۱۰ نومبر۔ کل مجلس متحدہ اقوام کی سیاسی کمیٹی نے یہ منظور کر لیا کہ اطالیہ کو اپنی سابق نوآبادی سومالی لینڈ پر تولیت حاصل ہو۔ [illegible]

روسی وزیر خارجہ نے ایٹم بموں کا ذخیرہ جمع کرنے کی دھمکی دے دی

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں وزیر خارجہ روس کا اعلان

ایٹمی طاقت پر بین الاقوامی کنٹرول سے متعلق امریکی اسکیم کی مخالفت

[illegible]

جاپان کا تجارتی مشن بمبئی میں

ہندی صنعت کاروں سے تبادلۂ خیال

بمبئی ۱۰ نومبر۔ [illegible]

مصری قونصل خانہ نے ڈاکٹر لوہیا کو ہندوستان آنے کا ویزا دینے سے انکار کر دیا

[illegible]

عرب ریاستوں کے مابین فوجی اتحاد پر گفت و شنید

مصر میں اعلیٰ فوجی افسران کا اجتماع

قاہرہ ۱۰ نومبر۔ [illegible]

جنرل میک آرتھر کی فیاضی سے توقعات

وزیر اعظم جاپان مسٹر یوشیدا کی تقریر

[illegible]

فرانس ہند چینی سے فوجیں نہیں ہٹائیگا

[illegible]

پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علیخاں شاید امریکہ جائیں

صدر امریکہ کا اپنی پریس کانفرنس میں انکشاف

واشنگٹن ۱۱ نومبر۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومان نے کہا کہ لیاقت علیخاں وزیر اعظم پاکستان کو امریکہ آنے کی دعوت [illegible]

چین کی کمیونسٹ گورنمنٹ کو تسلیم کرنے پر تین بڑوں میں خفیہ کانفرنس

کانفرنس کے ایجنڈے پر یوگوسلاویہ کا مسئلہ بھی ہے

پیرس۔ ۱۱ نومبر۔ [illegible]

امریکی قونصل کا انکشاف

[illegible]

پنڈت نہرو ماؤنٹ بیٹن کے مہمان ہیں

لندن۔ ۱۱ نومبر۔ [illegible]

چین اور برما کے درمیان ہوائی سروس بند کر دی گئی

[illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

نظام حیدرآباد نے ہندوستان میں شمولیت کے اقرارنامہ پر دستخط کردیئے

پنڈت نہرو کی واپسی پر کوئی سرکاری اعلان کیا جائیگا

نئی دہلی ۱۱ نومبر۔ حیدرآباد دکن سے پہنچنے والی ایک اطلاع کے مطابق نظام حیدرآباد نے ہند یونین میں شامل ہونے کے اقرارنامہ پر دستخط کردیئے ہیں بیان کیا جاتا ہے یہ شمولیت عارضی ہوگی اور مناسب عرصہ کے اندر حیدرآباد کی دستور ساز اسمبلی کی طرف سے اس کی تصدیق ضروری ہوگی۔

سرکاری حلقوں نے اس خبر پر تبصرہ کرنے سے انکار کردیا۔ لیکن معتبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ مسٹر وی پی مینن کے دورہ حیدرآباد کا حقیقی مقصد یہی تھا۔ ان حلقوں کے بیان کے مطابق مسٹر مینن اپنے ساتھ ضروری کاغذات بھی لے گئے تھے۔ اس سلسلہ میں مسٹر مینن اور پنڈت جواہر لعل نہرو کی واپسی کے بعد کوئی سرکاری اعلان کیا جائیگا۔ ہندوستان میں عارضی شمولیت کے بعد دستور ہند میں حیدرآباد کو نمائندگی حاصل ہوسکے گی۔ جس کے لئے مسودہ دستور ہند میں پہلے ہی قاعدہ بنا دیا گیا ہے (پی ٹی آئی) حیدرآباد کانگریس کے صدر [illegible] نمائندہ پریس ٹرسٹ سے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ حیدرآباد کے ہند میں شامل ہوتے ہی حیدرآباد اسٹیٹ کانگریس کمیٹی آل انڈیا کانگریس کمیٹی میں شمولیت کے لئے درخواست کرے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ سوامی رامانند تیرتھ نے صدر کانگریس ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیا سے [illegible] حیدرآباد کانگریس کی انڈین نیشنل کانگریس میں شمولیت کے بارے میں گفتگو کی۔ ڈاکٹر پٹابھی دہلی جانے کے لئے مدراس سے بذریعہ ہوائی جہاز یہاں پہنچے تھے۔ سوامی رامانند تیرتھ نے امید ظاہر کی کہ حیدرآباد کانگریس کی انڈین نیشنل کانگریس میں شرکت کے بعد وہ تمام اختلافات ختم ہوجائیں گے جو اس وقت حیدرآباد کانگریس میں پائے جاتے ہیں۔ اسٹیٹ کانگریس کے صدر نے حکومت ہند کے محکمہ ریاست کے سیکرٹری مسٹر مینن سے بھی ملاقات کی۔

غازی آباد ۱۱ نومبر (ادام) میرٹھ کی مختلف تحصیلوں سے "تذرف" (تنسیخ زمینداری فنڈ) دس لاکھ تک پہنچ گیا ہے جس میں صرف تحصیل غازی آباد میں [illegible] لاکھ روپیہ جمع ہوا ہے۔

امریکی افسران فوجی امداد پر گفتگو کیلئے یورپ اور لندن آرہے ہیں

لندن ۱۱ نومبر۔ [illegible] اعلان کیا ہے کہ امریکہ کے محکمہ دفاع اور [illegible] کے ۲ افسران یورپ جا رہے ہیں تاکہ معاہدہ اوقیانوس میں شامل ہونے والے ممالک کو ایک ارب ڈالر کی امریکی امداد کے سلسلہ میں ان کی فوجی حالت پر غور کریں۔ [illegible] افسران لندن [illegible] مغربی یورپ کے ممالک کے نمائندوں سے بات کرینگے۔ بعض روم جا رہے ہیں۔ بلکہ اطالوی حکومت سے گفت و شنید کرینگے۔ [illegible] (رائٹر)

روس میں اٹیم بم کا کوئی دوسرا دھماکہ نہیں ہوا

صدر ٹرومین کا بیان۔ روس کے ساتھ تعلقات کے متعلق سوالات

واشنگٹن ۱۱ نومبر۔ صدر ٹرومین نے کل یہاں اخبار نویسوں کی کانفرنس میں کہا کہ جہاں تک انہیں معلوم ہے روس میں اٹیم بم کے اس دھماکہ کے بعد جس کا انھوں نے ستمبر میں اعلان کیا تھا کوئی اور دھماکہ نہیں ہوا۔ صدر ٹرومین سے امریکہ اور روس کے مابین تعلقات کے بارے میں بھی سوالات کئے گئے انھوں نے کہا مجھے امید ہے کہ روس کے ساتھ کسی بات پر سمجھوتہ ہوجائے گا جب سوال کیا گیا کہ پیرس میں وزراء خارجہ کی کانفرنس کے نتیجے میں بہتر تعلقات کے سلسلہ میں کوئی سلسلہ جنبانی کیا جائے گا۔ تو صدر ٹرومین نے جواب دیا میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اس سوال پر کہ کیا روس اور مغربی طاقتوں کے مابین تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے کوششیں ہو رہی ہیں۔ صدر ٹرومین نے کہا کہ امریکہ ڈپلومیٹک ذرائع سے ہمیشہ اس قسم کی کوشش کرتا ہے۔ (رائٹر)

بحیرہ روم میں روسی آبدوزیں

برطانوی دارالامرا میں اظہار تشویش

لندن ۱۱ نومبر۔ لارڈ [illegible] نے دارالامرا میں الزام لگایا کہ روسی آبدوزیں بحیرہ روم کے قلب میں لائی جارہی ہیں۔ نیز یہ کہ روسیوں نے بحیرہ اڈریاٹک میں آبدوزوں کا ایک اڈہ قائم کرلیا ہے۔ دفاع کے بجٹ پر تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا روس کی آبدوزیں تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ نیز یہ کہ البانیہ کے ایک جزیرہ میں روسی آبدوزوں کا اڈہ تیزی سے بنا رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ روسی آبدوزیں بحیرہ [illegible]

پنڈت نہرو اردن کی ہاشمی سلطنت لبنان اور شام کا غیر سرکاری طور پر دورہ کرینگے

عمان کے باخبر حلقوں کا بیان

عمان ۱۱ نومبر۔ باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ پنڈت نہرو غیر سرکاری طور پر اردن کی ہاشمی سلطنت لبنان اور شام کا دورہ کرینگے پنڈت نہرو کا ارادہ ہے کہ [illegible] نومبر کو اپنی سالگرہ کے دن ہندوستان واپس پہنچ جائیں۔ یہ معلوم نہ ہوسکا کہ وہ ان عرب ریاستوں کا دورہ کب کرینگے امید ہے کہ وہ دمشق، بیروت کے دورہ [illegible] اور [illegible] ہندی سفیر مقیم مصر [illegible] اس منصوبے کا دورہ کریں گے۔ (ہندوستان ٹائمز)

تبت کی آزادی میں دیر نہیں لگے گی

چین کے کمیونسٹ لیڈر کی تقریر

ہانگ کانگ ۱۱ نومبر۔ کمیونسٹ چین کے ریڈیو نے کل بتایا کہ ایک بڑے کمیونسٹ نے کمیونسٹوں کے تبت کو آزاد کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ [illegible] انقلاب اکتوبر کی سالگرہ پر [illegible] روس کی کامیابی [illegible]

وزارت صنعت و رسد کے برآمدے میں ڈکیتی کے مجرموں کی سزا میں تخفیف

شملہ ۱۱ نومبر۔ مشرقی پنجاب ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس [illegible] نے اپیل کنندگان کی سزا سات سال قید بامشقت سے ۵ سال کردی ہے یہ سزا حکومت ہند کے وزارت صنعت و رسد کے محکمہ کے برآمدہ میں گذشتہ سال یکم اکتوبر کو ڈاکہ ڈالنے کے الزام میں دی گئی تھی اپیل کنندگان میں سے تین سرکاری ملازم تھے۔ استغاثہ کے بیان کے بموجب جب بنک کے [illegible] تنخواہ دینے کے لئے [illegible] ہزار روپیہ لے کر [illegible] تو [illegible] میں سے ایک کے پاس پستول تھا [illegible] اور دوسرا [illegible] تمام روپیہ بھی برآمد ہوگیا

۹½ لاکھ عربوں کیلئے اقوام متحدہ امداد اور خوراک وغیرہ فراہم کررہی ہے

لیک سکسس ۱۱ نومبر۔ اقوام متحدہ کے سکرٹری جنرل نے کل اعلان کیا کہ تقریباً ۹½ لاکھ فلسطینی عربوں کو اقوام متحدہ [illegible] فلسطینی پناہ گزینوں کو اقوام متحدہ کی طرف سے امداد کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے انھوں نے بتایا ان کی مشکلات اور تکلیفوں کے باوجود فلسطینی پناہ گزینوں کی حالت ٹھیک ہے نہ کوئی بیماری پھیلی ہے اور نہ ہی شرح اموات زیادہ ہے ۳۰ جون ۱۹۴۹ء تک کے اخراجات ۱۵۹۰۰۲۰ ڈالر ہیں [illegible] یکم دسمبر ۱۹۴۸ء [illegible] ۳ ستمبر ۱۹۴۹ء تک کی مدت ہے۔ (س)

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کرسکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

صوبہ متحدہ کی کابینہ نے آریہ ورت نام کو تسلیم کرلیا

دستور ہند سے اس نام کو منظور کرنے کی سفارش

لکھنؤ ۱۱ نومبر۔ صوبہ متحدہ کی کابینہ نے دستور ہند سے سفارش کی ہے کہ صوبہ متحدہ کا نام آریہ ورت رکھا جائے۔ کابینہ نے آریہ ورت نام پر غور کیا۔ صوبائی کانگریس نے بھی حال ہی میں اپنے اجلاس میں اس مسئلہ پر [illegible] کرکے اس کی حمایت میں فیصلہ کیا تھا۔ اور مسٹر سمپورنانند نے اس مقصد کے لئے [illegible] پیش کی تھی جس کو منظور کرلیا گیا۔

[illegible] نے ایک کروڑ [illegible] اس کے سال پر بحث کیا اور فیصلہ کیا کہ [illegible] کی کمی کی جائے اس سے پہلے کابینہ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ [illegible] مصارف میں ۳۲ لاکھ کی کمی کردی جائے۔ لیکن [illegible] فیصلہ ہوا کہ ۳۲ کی بجائے ۹۶ لاکھ کی کمی کی جائے۔

کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم پنڈت پنت کی صدارت میں ہوا۔ اور فیصلہ کیا گیا کہ [illegible] کی تعمیر کو غیر محدود مدت تک کے لئے ملتوی کردیا جائے۔ اس کی تعمیر پر ۴۲ کروڑ روپیہ مصارف کا اندازہ تھا کیونکہ [illegible] خطرات ہیں اور حکومت کے سامنے اس سے زیادہ اہم مسائل ہیں۔

سرحدی شرنارتھیوں کا وفد مولانا آزاد سے ملا

نئی دہلی ۱۱ نومبر۔ مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم سے صوبہ سرحد کے شرنارتھیوں کے وفد نے [illegible] ملاقات کی [illegible] اس کے بعد وفد نے ان مسائل کے بارے میں بات چیت کی جن کا سرحدی شرنارتھیوں کو سامنا ہے۔ (پی ٹی آئی)

پاکستان نے جنوبی افریقہ کی دعوت کو منظور کرلیا

گول میز کانفرنس کا ایجنڈا تیار کرنے کی کوشش

کراچی ۱۱ نومبر۔ حکومت پاکستان نے جنوبی افریقہ کے اس دعوت نامہ کو قبول کرلیا ہے کہ ہندوستان، پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان گول میز کانفرنس کے انعقاد کے لئے ایجنڈا مرتب کرنے کے لئے ابتدائی گفت و شنید میں شرکت کرے۔ ابتدائی گفت و شنید دسمبر میں ہوگی۔ جس میں مجوزہ گول میز کانفرنس کے مقام اور تاریخ کا فیصلہ کیا جائے گا۔ (رائٹر)

سستا سودا

نئی دہلی ۱۱ نومبر۔ جب دہلی میں ایک شخص نے ۴۴ روپے کی گھڑی ایک نیلام میں خریدی تو اس کو معلوم ہوا کہ [illegible] سستا سودا ہے۔ جب سودا [illegible] ہوگیا تو [illegible] پولیس [illegible] کے ضمن میں گرفتار کیا گیا (پی ٹی)

مسٹر چاری کیوں مڈغاسکر جارہے ہیں

حکومت ہند کے دفتر خارجہ کے نمائندہ کا بیان

دہلی ۱۱ نومبر۔ حکومت ہند کے دفتر خارجہ کے ایک نمائندہ نے بتایا کہ جنوبی افریقہ میں ہندوستانی ہائی کمشنر کے سکریٹری مسٹر چاری مڈغاسکر جارہے ہیں۔ جہاں وہ ان شکایات کی تحقیقات کریں گے جو ہندوستانیوں کی طرف سے موصول ہوئی ہیں اور حکومت ہند کو رپورٹ پیش کریں گے۔ کچھ عرصہ قبل حکومت ہند نے حکومت فرانس سے درخواست کی تھی کہ مسٹر چاری کو مڈغاسکر جانے کی اجازت دی جائے۔ تاکہ وہاں کے ہندوستانیوں کی حالت کا [illegible] کے حکومت ہند کے سامنے رپورٹ پیش کرسکیں۔ حکومت فرانس اس پر رضامند ہوگئی تھی۔ مسٹر چاری جلدی ہی مڈغاسکر جائیں گے۔ (پی ٹی آئی)

برطانوی ہنڈیوں کی قیمت میں مزید کمی

لندن ۱۱ نومبر۔ کل بعض برطانوی ہنڈیوں کی قیمت کم ہوگئی۔ [illegible] کروڑ کی [illegible] اور آج مزید ۸ کروڑ کی کمی ہوگئی۔ تین سال سے برطانوی ہنڈیوں کی قیمت میں جو مسلسل کمی ہو رہی ہے یہ اس کے علاوہ ہے۔ (پ ۔ ش رائٹر)

روس [illegible] جب اڈمرالٹی سے جنوبی ساحل کی اس روسی [illegible] کی بابت سوال کیا گیا تو [illegible] خاموش رہا۔ (رس)

احمدآباد اور بڑودہ میں گول وال کرکے خلاف مظاہرہ

مظاہرین اور سنگھیوں نے ایک دوسرے پر سنگباری کی تین اشخاص زخمی

احمدآباد ۱۱ نومبر۔ مسٹر گولوالکر سنگھ کے [illegible] کل تمام بذریعہ ریل یہاں پہنچ گئے۔ ریلوے اسٹیشن پر ان کے حامیوں نے ان کا استقبال کیا۔ جب وہ پولیس کی حفاظت میں اپنے قیام گاہ کو روانہ ہوئے تو بعض لوگوں نے سیاہ جھنڈے ہلائے۔

پرسوں شام جب وہ بڑودہ پہنچے تو سنگھیوں اور [illegible] کے آدمیوں کے مابین زبردست تصادم ہوا جس کے نتیجہ میں تین اشخاص مجروح ہوگئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جب مسٹر گولوالکر میزبان کے مکان پہنچے تو کچھ مظاہرین نے "گولوالکر واپس جاؤ" کے نعرے بلند کئے۔ اور پھر مظاہرین اور سنگھیوں نے ایک دوسرے پر سنگباری شروع کردی۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور اس نے حالات پر قابو پالیا۔ اس علاقہ کی تمام دکانیں بند ہوگئیں۔ [illegible] شام کو ایک سنگھی [illegible] پر تیز ہتھیار سے حملہ کرنے کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ (پ ت ا)

مولانا شاہد فاخری کا دورہ ملتوی

[illegible] ۱۱ نومبر سے شروع ہونے والا تھا۔ لیکن [illegible] مرکزی جمعیۃ علماء کا اجلاس ۱۳ نومبر کو دہلی میں شروع ہو رہا ہے۔ اس وجہ سے یہ دورہ ملتوی کردیا گیا۔ [illegible] ہوجائیں گے۔

برطانیہ کے وزیر صحت ہندوستان میں

لندن ۱۱ نومبر۔ برطانیہ کے وزیر صحت [illegible] جنوری میں تین ہفتہ کے لئے ہندوستان آرہے ہیں۔ [illegible]

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کلکتہ میں مبینہ کمیونسٹوں نے پھر گڑبڑ کردی

پولیس پر بموں پتھروں اور سوڈے کی بوتلوں سے حملہ

ٹراموں اور بسوں پر پتھراؤ اور آگ لگانے کی کوشش

پولیس نے اشک آور گیس استعمال کی۔ متعدد گرفتاریاں

کلکتہ ۱۱ نومبر۔ کالج اسٹریٹ [illegible] ایک جلسہ ہو رہا تھا پولیس نے [illegible] جلسہ کو منتشر کرنا [illegible] بموں اور پتھروں [illegible] پولیس نے [illegible] اشک آور گیس کا استعمال کیا [illegible]

نسلی اور قبیلہ واری ناموں کے خاتمہ کیلئے مسلم لیگ کی تجویز

گورنر مغربی پنجاب کو میمورنڈم

لاہور ۱۱ نومبر۔ مغربی پنجاب کی مسلم لیگ کی [illegible] کمیٹی نے تجویز کیا ہے کہ تمام نسلی اور قبیلہ واری امتیازات کو ختم کردیا جائے۔ [illegible]

حضرت علامہ فلسفی لاہور میں

لاہور ۱۱ نومبر۔ [illegible]

سید قاسم رضوی کو کیس ڈیفنس کے گواہوں کی فہرست پیش کرو

کچھ گواہ پاکستان سے بھی بلائے جائیں گے

[illegible]

مشرقی پنجاب کے دارالسلطنت کا سوال ملتوی

[illegible]

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے

[illegible]

بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے۔

جواہر ہوٹل

پروپرائٹر شیخ اللہ دتا - بازار جامع مسجد دہلی

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

۱۳ر نومبر ۱۹۴۹ء

امن پسندوں کی کانفرنس

حضرت مسیح نے فرمایا تھا کہ دشمن کا مقابلہ مت کرو۔ اگر وہ ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسرا بھی اسکی طرف پھیر دو۔ جو کرتا اتارے اسے چوغہ بھی اتار کر دیدو، جو ایک میل بیگار لیجائے، اسکے ساتھ دو میل چلے جاؤ، اور جو بھلا برا کہے انکے لئے دعا کرو۔ یہ تعلیم عدم تشدد اور اہنسا کی بنیاد ہے۔ اگر انسانی فطرت اسے قبول کرلیتی تو دنیا میں جنگ اور فساد کا کوئی سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ لیکن حضرت مسیح کے پیروکاروں نے اس پر کہاں تک عمل کیا؟ اسکا جواب آپ کو تاریخ کے اندر خون کے حرفوں میں ملے گا۔ جبتک عیسائیوں کے ہاتھ میں طاقت نہیں آئی تھی وہ اس تعلیم پر فخر کرتے رہے۔ مگر جب قسطنطین نے مسیحی مذہب قبول کیا تو حضرت مسیح کے پہاڑی وعظ کا مفہوم ہی بدل ڈالا گیا۔ بعد کے واقعات پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ مذہب کے پردہ میں جو تلوار سونتی گئی تھی وہ بیسویں صدی کے اوائل تک میان میں نہ ہوسکی اور کلیسا کے ہاتھوں اسقدر انسانوں کا قتل عام ہوا کہ انکی تعداد کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

چونکہ جنگ بری چیز ہے اور امن، فطرت کا تقاضہ ہے اسلئے ہر زمانہ میں ایسے لوگ موجود رہے ہیں جنھوں نے جنگ کی مخالفت کی اور عالمی امن کیلئے اجتماعی طور پر آواز اٹھائی۔ یورپ میں چرچ اور اسٹیٹ کی جدائی کے بعد قیام امن اور جنگ کی مخالفت کے لئے بہت سی سوسائٹیاں اور انجمنیں قائم ہوئیں۔ انگلستان کے کوئیکروں نے سوسائٹی آف فرینڈز کی بنیاد ڈالی دوسرے لوگوں نے پیسی فسٹوں کا ایک ادارہ قائم کیا اور جنگ کی مخالفت کو اپنا نصب العین بنایا ان لوگوں نے پہلی جنگ میں بھی جنگ کی مخالفت کی اور جیلوں میں گئے اور دوسری جنگ میں بھی اپنا فرض ادا کیا اور حکومتوں کے تختہ مشق بنے۔ بڑے عبرت کا مقام ہے کہ پادریوں اور کارڈینالوں نے جنگ کی حمایت میں اور ہٹلر کے خلاف بائبل کو استعمال کیا اور جنگی سپاہیوں کی ہمت افزائی کی لیکن یہ لوگ جنھیں امن پسند یا پیسی فسٹ کہا جاتا ہے جنگ کے خلاف نعرہ لگاتے رہے۔ اور اسکے لئے انہوں نے بڑی سے بڑی قیمت ادا کی مطلب یہ ہے کہ امن کے داعی انیسویں صدی تک برابر کام کرتے رہے اور انہوں نے ساری دنیا میں امن کا پیغام پہونچایا لیکن دنیا نے ان کی ہنسی اڑائی اور انکی کوششوں کے علی الرغم پہلی اور دوسری جنگ ہوکر رہی۔ اور اب تیسری جنگ کی تیاریاں زور شور سے شروع ہیں!

پچھلے پچیس تیس سال کے اندر لوگوں نے یہ بھی سنا کہ ہندوستان میں کوئی مہاتما گاندھی ہیں جنکا موٹو سچائی اور عدم تشدد ہے۔ بلاشبہ گاندھی جی نے عدم تشدد کا ہتھیار استعمال کیا، اور ساری دنیا کو اسکی دعوت دی۔ اس ہتھیار کو انہوں نے بار بار استعمال کرکے دیکھا اور کامیاب پایا، وہ عالمی مسائل سے لیکر گھریلو معاملات تک کو عدم تشدد کی حد میں لے آنا چاہتے تھے اور انکا ایمان تھا کہ انسان کی نجات اسی عقیدہ میں ہے کہ خود ظلم برداشت کرلو مگر دوسروں پر ہاتھ نہ اٹھاؤ، خود نقصان اٹھالو مگر دوسروں کو نقصان نہ پہنچاؤ چنانچہ گاندھی جی کے اس عقیدہ نے یورپ کے امن پسندوں کو بھی اپیل کیا اور انہوں نے اسے اختیار کرکے اپنے مشن کو کامیاب بنانا چاہا، انہی لوگوں نے شانتی نکیتن میں یکم دسمبر سے ۲ دسمبر تک امن پسندوں کی عالمی کانفرنس منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسکے بعد سیوا گرام میں کانفرنس ہوگی جس میں دنیا کے جانے پہچانے [illegible] امن اور شانتی کی باتیں کرینگے۔

چونکہ یہ اجلاس غیر معمولی ہوگا اور اس میں نہ صرف اہل سیاست ہی شریک ہونگے بلکہ سائنسدان الٰہیات کے ماہرین، ٹیچر، اخبار نویس، سوشل ورکرز، کاروباری لوگ، فنکار وغیرہ بھی شامل ہونگے، اسلئے ہم صاف صاف کہہ دینا چاہتے ہیں کہ گاندھی جی کے نام سے فائدہ اٹھانا کانفرنس کے لئے مفید ہوگا بےشک گاندھی جی نے عدم تشدد کی طاقت سے بہار میں امن قائم کیا۔ اور دہلی میں مرن برت رکھکر بہت ہی بڑا معجزہ کر دکھایا لیکن یہ طاقت بھی ان کے ساتھ ختم ہوگئی اور زبانی جمع خرچ کے سوا اسکا علمبردار اب کوئی نہ رہا، اور گاندھی جی اپنے اصولوں کی صداقت کے اعتبار سے کامیاب ترین انسان تھے لیکن عملی حیثیت سے [illegible] کہا جاسکتا۔ ہندوستان عدم تشدد [illegible] کو [illegible] دیکھ چکا ہے ہندو مسلمان اسے [illegible] کانگریس کے رہنماؤں نے اس فلسفہ سے کوئی سروکار نہیں رکھا ملک کا زمین و آسمان قطعی طور پر بدل چکا ہے، جو تحریک گھر میں فیل ہوچکی ہو وہ باہر کامیاب نہیں ہوسکتی اور اسکو عالمی امن کا ذریعہ بنانا تو اور بھی زیادہ غلط ہوگا۔ اور ایسی کوئی کانفرنس بھی پروان نہ چڑھ سکے گی۔

اس بات سے تو انکار نہیں کیا جاسکتا کہ امن اور بین الاقوامی اعتماد کی روح عدم تشدد اور سچائی ہے لیکن اس کی راہ میں جو رکاوٹیں ہیں ان میں سب سے بڑی رکاوٹ قوم پرستی (نیشنلزم) ہے، [illegible] ہم نیشنلزم اور قوم پرستی کے [illegible] نہیں ہیں لیکن نیشنلزم اور قوم پرستی کو ہم قاتل تصور کرتے ہیں، آج دنیا پر نسل پرستی اور قوم پرستی کے دو بھوت سوار ہیں، کیونکہ وہ دونوں توام ہیں، وہ عدم تشدد، سچائی، محبت، انسانی اخوت، مساوات کو پاس نہیں پھٹکنے دیتے جب تک ان بھوتوں کا سر نہ اتارا جائیگا اور انسان، انسان کے ساتھ تعلق پیدا نہ کریگا، اس وقت تک عدم تشدد اور سچائی سر پکڑ کر روتی رہے گی، اور اس گمراہی میں نہ تو گاندھی جی کام آسکیں گے، نہ انجیل مقدس کا پہاڑی وعظ رہنمائی کرسکے گا۔ آج قوم پرستی اور نسل پرستی کے محرکات کو شدید اور گہرے سوچتے ہیں کہ چند امن پسندوں کا جمع ہوجانا اور گاندھی جی کے نام کو استعمال کرلینا ہرگز سود مند نہ ہوگا۔ اگر ہندوستان زیادہ نہیں تو چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق ہی کو دور کردے، تو سمجھو کہ اس نے بڑا کام کیا۔ عدم تشدد کو عملی دنیا کی ایک حقیقت بنادینا نہ ہندوستان کے بس میں ہے، نہ یورپ کے امن پسندوں کے اختیار میں!

یوگوسلاویہ کے مسلمان

مسلمان مر کر بھی جی سکتا ہے اگر وہ یہ بات سن لے کہ اس کے دینی بھائی دنیا کے فلاں گوشہ میں اطمینان اور فراغت کی زندگی بسر کر رہے ہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اسلام کا حلقہ جس قدر زیادہ وسیع ہوگا، اسی قدر انسانیت کی زیادہ خدمت ہوسکے گی کیونکہ اسلام انسانیت کا مذہب ہے اور اس کا انسانی تصور اس کے تمام عقائد پر حاوی ہے [illegible] یوگوسلاویہ کے مفتی اعظم ابراہیم [illegible] نے فریضہ حج سے فارغ ہونے کے بعد استنبول میں جاکر ترکی اخبارات کو یہ بیان دیا کہ کئی مرتبہ کے قتل عام کے بعد یوگوسلاویہ کے بیس لاکھ مسلمانوں نے آزادی حاصل کرلی ہے اور ان کے ساتھ بہت اچھا برتاؤ ہو رہا ہے اسنا آپ نے کہ منہ کھلے اور آنکھ لجائے ان کے ساتھ سلوک اچھا ہوا اور ساری دنیا مارشل ٹیٹو کو خراج تحسین ادا کرے! دراصل اقلیتوں کے ساتھ حسن سلوک، شہرت دوام کی کلید اور نیک نامی کی سب سے بڑی ضمانت ہے اچھا سلوک ہرگز [illegible]

یہاں اور وہاں سے ساری دنیا میں! یوگوسلاویہ کے بیس لاکھ مسلمان یوگوسلاویہ میں جس زندگی بہت [illegible] حد تک اسلامی ہے [illegible] کی نعمت بھی حاصل ہوگئی ہے!

لیبیا کی آزادی

افسوس ہے کہ اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں روس کی تجویز کو لیبیا سے غیر ملکی فوجیں نہیں ہٹائے اندر اندر نکل جائیں اور اسے فوری آزادی عطا کردی جائے مسترد کردی گئی۔ عربوں نے اس تجویز کا ساتھ دیا ہندوستان غیر جانبدار رہا، دوسروں نے اس تجویز کی حمایت کی کہ لیبیا کو سائرنیکا، طرابلس، فیضان کے صوبوں پر مشتمل ہے یکم جنوری ۱۹۵۲ء کو آزاد کردیا جائے! ہمارے خیال میں تین سال بھی زیادہ دور نہیں اگر نیت بخیر ہو تو اب تین سال تو اب آئے لیکن شک اسی میں ہے کہ تجویز وقت پر عمل جامہ پہن سکتی ہیں؟

اچھی باتیں

وانفقوا مما ۔ الصلحین (پ ۲۸ ع ۱۴)

قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کو موت آئے، تم خدا کے بخشے ہوئے رزق میں سے لوگوں پر خرچ کرو ورنہ تم کو پچھتانا پڑے گا اور تم آرزو کرو گے کہ کاش موت نہ آتی اور میں خوب خرچ کرکے نیک بن جاتا

فرمایا کہ قوموں کی زندگی کا راز انفاق میں ہے۔ اگر تم خرچ کرو گے تو اس کا فائدہ تمام قوم کو ہوگا اور اس طرح تم خدا کو بھی راضی کرسکو گے۔ اور یہ مالی قربانی موت آنے سے قبل ہونی چاہئے ورنہ موت کے بعد تمہیں اس کا نقصان معلوم ہوگا اور آرزو کرو گے کہ تم کچھ روز اور زندہ رہتے اور اپنا سارا مال خدا کی راہ میں خرچ کر ڈالتے۔ مسلمانوں کی حالت اس کے بالکل خلاف ہے وہ خرچ کرینگے مگر ناجائز کاموں میں، اور جہاں خرچ کرنا ہو وہاں وہ بخیل بن کر بیٹھ جاتے ہیں اور وہ آہ بھر کر کہتے ہیں کہ ان کے پاس روپیہ پیسہ کہاں؟

خیالات ناظرین

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

گاندھی واد اور ہند

مکرمی اسلام۔ نیاز:۔

اس میں شک نہیں کہ موجودہ ہندوستان کو آزادی اگر حاصل ہوئی ہے تو گاندھی جی کا اس میں زبردست ہاتھ ہے۔ اور اس وجہ سے حصول آزادی کے بعد لوگ گاندھی ازم کو بہت زیادہ اچھا کہہ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ گاندھی جی کے نام پر عالمی امن کانفرنس ہوتی ہے غیر ممالک میں گاندھی واد کی تبلیغ کی جاتی ہے اور اسے دنیا کی نجات کا ذریعہ بنایا جاتا ہے سب کچھ تسلیم۔ لیکن اصل سوال یہ ہے کہ ہند نے ابتک گاندھی جی کی تعلیم پر کتنا عمل کیا! اس نے گاندھی ازم کا علمبردار ہوتے ہوئے کتنے ایسے کام کئے جن سے گاندھی جی کی روح کو سکون حاصل ہوتا۔ اس قسم کا پروپیگنڈا کرنے سے ہم کسی سے اپنے کو دھوکا دے لیں اور حقائق سے آنکھیں بند کرکے خود فریبی میں مبتلا ہوجائیں۔ مگر دوسرے آئینہ ہونے سے نہیں بچ سکتے [illegible] [illegible]

[illegible]

یہ ہلدوانی میونسپل بورڈ ہے!

مکرمی تسلیم:۔

کچھ عرصہ سے ہلدوانی میونسپل بورڈ کا نظم و نسق وہاں کے حکام نے تکلیف دہ اور مضحکہ خیز بنا رکھا ہے اور عوام [illegible]

وکیل انصاری ہلدوانی

ریاستہائے متحدہ میں حبشیوں پر مظالم

۔۔ (اے۔ ایوانوو ا) ۔

ذیل میں سوویت یونین کی نیوز ایجنسی تاس کی معرفت موصول شدہ ایک روسی اہل قلم کے تاثرات پیش کئے جاتے ہیں:۔ (الجمعیۃ)

امریکی اجارہ دارانہ سرمایہ داری ہٹلر مین منافقت کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔ دنیا پر اپنا اقتدار حاصل کرنے اور اپنی حکومت قائم کرنے کی دھن میں یہ خیالات پیدا ہو رہے ہیں جنھوں نے ہٹلریوں کو انسانیت کے نیست و نابود کرنے پر اکسایا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لئے امریکی محب وطن لیڈروں نے جو اسلحہ منتخب کئے ہیں وہ بھی ان کے ہٹلری چیمپئروں سے کسی طرح مختلف نہیں ہیں۔ نئی عالمی جنگ کی سرگرم تیاریوں کے ساتھ ہی ساتھ وہ خود اپنے وطن میں جمہوری آزادیوں کو نہایت بے دردی سے پامال کر رہے ہیں۔ ریاستہائے متحدہ میں جمہوری آزادیوں اور عوام کے حقوق کو پامال کرنے کے جہاں اور طریقے ہیں وہاں نسلی امتیاز بھی ہے۔

[illegible]

حبشیوں کے خلاف اس دہشت انگیزی پر ریاستہائے متحدہ کے ترقی پسند عوام نے صدائے احتجاج بلند کی۔ [illegible]

(باقی)

ہندوستانی بحری جہاز میں [illegible] شاگرد

[illegible]

فوج میں کم مدت کے کمیشن

[illegible]

امریکہ کی جاپان کو مالی امداد

[illegible]

بنکاک کے ہوائی اڈہ کیلئے ہندی ماہرین

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

رڑکی انجینئرنگ کالج کی صد سالہ جوبلی

[illegible]

جمعیت علمائے اسلام

اسلامستان کی اسکیم کا پایہ تکمیل کو پہنچنا دیکھ لیا۔ یہی وہ ہیں یہ خاک جہاں کا خمیر تھا اور مشرق کے رہنمائے اعظم کا طرز عمل ملاحظہ فرما لیا۔ اب حضرات علمائے کرام کے ترجمان خصوصی کا کارنامہ [illegible] سامنے آیا ہے۔

پاکستان میں علمائے کرام کی تنظیم و وحدت کا یہ حال ہے کہ صرف لاہور میں دو جمعیۃ علماء ہیں۔ کسی کے نام کے آگے پاکستان کا اضافہ ہے۔ کسی کے ساتھ "اسلام" شامل ہے کوئی جمعیۃ علمائے جامع کشمیر ہے۔ اور کوئی جمعیۃ علمائے آئین ساز اور سب کی اپنی اپنی ڈفلی اور اپنا اپنا راگ ہے۔ یعنی علمائے کرام کا بالکل وہی حال ہے جو مسلم لیگ کی تنظیم و وحدت کا۔ اب چونکہ پاکستان کے علماء ایک جمعیۃ کے سلک میں منسلک ہو چکے ہیں لہٰذا اگلا قدم یہ ہے کہ پورے عالم اسلام کے علمائے کرام کی جمعیت قائم کی جائے۔ چنانچہ جمعیۃ علمائے پاکستان کے نمائندہ خصوصی [illegible] مسٹر ظفر اقبال قریشی امر [illegible] کو صبح کو روانہ ہو گئے — کہاں؟

کیا مکہ معظمہ کو؟ نہیں!
بغداد شریف کو؟ نہیں!
پھر کیا دمشق کو؟ نہیں!
اچھا تو قاہرہ کو؟ نہیں!
مگر انگورہ تو ضرور گئے ہونگے؟ نہیں!
پھر کہاں کو؟ —— دنیا کی سب سے بڑی اسلامی سلطنت کے دارالخلافہ لندن کو!

("کوثر" لاہور ۹ نومبر ۱۹۴۹ء)

محمد کہتا ہے کہ وہ پاکستان کی فضاؤں میں سانس لے کر پاکستان کی ترقی اور تقویت کا باعث ہوتے ہیں یا پاکستانی لباس میں پاکستان کے لئے نفضہ کالمسٹ ثابت ہوتے ہیں۔ ("شہادت" لاہور ۱۰ نومبر ۱۹۴۹ء)

یہ لائل پور ہے

پاک پنجاب کے اندر لائل پور لاہور سے دوسرے درجہ پر ہے۔ اس لئے یہاں کی سیاست کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ انتخابات کا موسم آجانے سے کئی سیاسی جماعتیں پیدا ہو رہی ہیں۔ عوام میں مقبولیت ہردلعزیزی اور شہرت حاصل کرنے کے لئے مختلف سلسلے قائم کئے جا رہے ہیں۔ جن جماعتوں اور افراد کو لاہور میں مقبولیت اور تائید حاصل نہیں ہوئی ان کی اب لائل پور میں نشو و نما شروع ہو رہی ہے۔ ہر جماعت اور ہر فرد کی یہی کوشش ہے کہ وہ دوسروں سے بازی لے جائے۔ انتقاس کے لئے وہ ایک دوسرے پر کبھی کبھی وہ ایسی گوہر فشانی کرتے ہیں کہ ان کے معتقد بھی حیران رہ جاتے ہیں کہ کیا ہمارے رہنما یہی ہیں۔ ہر جماعت اور فرد کو پاکستان کی فضا میں سانس لینے کا حق ہے لیکن [illegible] بیان کرنے کی بھی آزادی ہے۔

متحدہ کمان

عرب لیگ کے ممبر ممالک نے فیصلہ کیا ہے کہ تمام عرب ممالک کی ایک متحدہ فوجی کمان قائم کی جائے۔ اس فیصلہ کا مقصد یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ممالک عربیہ کو اسرائیل سے جو خطرہ پیدا ہو گیا ہے اسے رفع کیا جائے۔ بادی النظر میں تو یہ تجویز نہایت خوش آئند دکھائی دیتی ہے [illegible] عرب ممالک کے بہی خواہوں کو اس مظاہرۂ اتحاد پر خوش ہونا چاہئے لیکن ہماری رائے میں عرب ممالک اس وقت تک اسرائیلی فتنہ کا سد باب کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے جب تک وہ اپنی سیاست کو اینگلو امریکن شاطروں کی سیادت سے آزاد نہیں کرا لیتے۔ جنہوں نے اپنے مخصوص مفاد کی خاطر عرب ممالک کے حلقوم پر زمانہ عالم قوم اسرائیل کو لا کر سوار کر دیا ہے اور وہ آج بھی اسرائیلی حکومت کے قیام پر متاسف نہیں معلوم ہوتے۔ اگر عرب ممالک برطانیہ و امریکہ کی دوستی سے زیادہ اپنی طاقت و اتحاد پر اعتماد کر سکتے تو ارض مقدس کی تقسیم عمل میں نہ آتی۔ برطانوی اور امریکی شعبدہ گروں کو فلسطین سے متعلق اپنے ناپاک عزائم میں صرف اس وجہ سے کامیابی ہوئی ہے کہ بعض عرب ممالک نے ان کے اشارہ چشم پر مجموعی قومی مفاد کو پس پشت ڈال دیا۔ اس لئے ہم متحدہ کمان کی اس تجویز کو بیکار محض سمجھتے ہیں۔ کیونکہ مغربی طاقتوں کے زیر اثر ہونے کی صورت میں یہ کارروائی بھی کچھ کارآمد ثابت نہ ہو سکے گی۔ (شہباز پشاور ۱۳ اکتوبر ۱۹۴۹ء)

مسلمانان مارواڑ جنکشن کا جلسہ

سیٹھ محمد حسین امام بخش صاحب کے مکان پر مسلمانان مارواڑ جنکشن کا ایک جلسہ زیر صدارت حاجی شفیع محمد صاحب جنرل سیکرٹری جمعیۃ علماء سوجت سٹی (مارواڑ) کے ہوا۔ کارروائی بعد تلاوت قرآن شریف شروع ہوئی اور باتفاق رائے مندرجہ ذیل عہدیداران کا انتخاب عمل میں آیا۔

حاجی لعل محمد صاحب صدر۔ حاجی عبد الغفار صاحب نائب صدر۔ محمد بخش خطیب مسجد مارواڑ جنکشن۔ نیز انکی سیٹھ امام بخش صاحب جنرل سیکرٹری صاحب اپنا سیکرٹری آپ مقرر کریں گے۔ علاوہ ازیں مجلس منتظمہ کے لئے [illegible] ممبران منتخب کئے گئے۔ اس کے بعد جنرل سیکرٹری صاحب نے ایک پیغام سیٹھ محمد حنیف صاحب جمعیۃ علماء [illegible] صاحب کا پڑھ کر سنایا کہ میں امید کرتا ہوں کہ مسلمانان مارواڑ جنکشن نے جو مجھ سے وعدہ کیا تھا اب اس کو پورا کریں۔ اس کے بعد حاجی صاحب نے موجودہ حالات پر تقریر فرمائی اور یہ فرمایا کہ ہم کو کانگریس میں شریک ہونا ضروری ہے۔ چند آدمیوں نے کچھ سوالات کئے تھے جن کا تسلی بخش جواب دیدیا گیا ہے۔

مدرسہ قاسمیہ مراد آباد کا ضروری اعلان

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ کوئی شخص یا اشخاص مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مسجد مراد آباد کی سند [illegible] کر رہا ہے لہٰذا ہم ان کو خبردار کرتے ہیں کہ جو صاحب بغیر اجازت مہتمم صاحب مدرسہ کی سند طبع کرائیں گے ان کو گرفتار کرا کر ان کے خلاف دھوکا دہی کا مقدمہ چلایا جائے گا اور وہ اپنے اس ناجائز فعل کے ذمہ دار ہوں گے۔

(مولوی) محمد احمد نائب مہتمم۔ مدرسہ قاسم العلوم عرف جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد مراد آباد۔

تسخیر عالم کے وظائف (اوراد روحانی، اذکار) سبحانی کتاب قرآنی والدعاء، مجموعہ اوراد و اعمال خانی قبالہ، اندرجال اردو، بیاض سلیمانی، عاملی مفتی، تاثیر سلیمانی، افلاطونی، اعجاز [illegible]، کشکول کلیمی، شجرہ نجوم، جادو، [illegible] رسالہ [illegible] تسخیر [illegible] جنرل نیوز [illegible]

سہارنپور میں سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

سہارنپور ۹ نومبر۔ چوک فوارہ پر گذشتہ شب سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ایک جلسہ ہوا جس میں سوشلسٹ لیڈر شری تارا چند سیٹھی نے کانگریس پر کڑی نکتہ چینی کے بعد دعویٰ کیا کہ ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی جاوے جو رشوت کی جانچ کرے میں ثابت کر دوں گا کہ کانگریسی رشوت لیتے ہیں۔ اگر یہ ثابت نہ ہو سکا تو مجھے پانچ سال کی قید دی جاوے۔ آفیسروں نے چند شرنارتھیوں کو بھی ساتھ ملا کر رشوت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ تانگہ اسٹینڈ پر جو کھوکے تھے ان پر تین تین سو روپیہ دیا گیا ہے۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ چھ ماہ دکھنے کھانے والوں کو دکان نہیں ملتی۔

ضلع پولیٹیکل کانفرنس کی تیاریاں

یوپی کے وزیر شرکت کریں گے

سہارنپور ۱۰ نومبر۔ ضلع کانگریس پولیٹیکل کانفرنس قصبہ بہٹ میں ۱۹ و ۲۰ نومبر کو زیر صدارت شری جہابیر تیاگی ممبر آئین ساز اسمبلی ہو رہی ہے کانفرنس کا افتتاح یوپی اسمبلی کے اسپیکر شری بابو پرشوتم داس ٹنڈن کریں گے۔

نیز کانفرنس میں جناب رفیع احمد قدوائی وزیر ڈاک و تار، بابو خورشید لال ڈپٹی منسٹر حکومت اور یوپی کے دیگر وزراء بھی شریک ہوں گے۔

ہلدوانی میں بھنگیوں کا جلوس

ہلدوانی (بذریعہ ڈاک) ۸ نومبر۔ ہلدوانی میونسپلٹی کے بھنگیوں نے اپنی تنخواہ میں اضافہ اور دیگر سہولتوں کی خاطر آج جلوس نکالا۔ اور "تنخواہ بڑھاؤ" کے نعرے لگاتے ہوئے رام لیلا کے احاطہ میں جلسہ کر کے اپنی شکایات اور مطالبات کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا اور پرزور الفاظ میں عوام اور میونسپلٹی کے ارباب بست و کشاد کو انتباہ دیا کہ اگر ان کے جائز مطالبات کو نہیں مانا گیا تو شہر میں مکمل ہڑتال کر دی جائے گی۔ اور ہم غلاظت نیز کوڑا کرکٹ کو نہیں اٹھائیں گے۔ (نامہ نگار)

توسیع اشاعت کے طریقے؟

(۱) اگر آپ کے یہاں الجمعیۃ کی ایجنسی موجود ہے تو ایجنٹ پر زور دیجئے کہ وہ الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کرے۔ اگر وہ الجمعیۃ کے مقابلہ میں کسی دوسرے اخبار کے لئے زیادہ کوشش کرتے ہیں تو پھر کوئی ایسے ایجنٹ تجویز کر کے ہمیں لکھئے جو ایجنسی کی شرائط بھی پوری کر سکتے ہوں اور الجمعیۃ کی ترقی کے لئے دلی لگن کے ساتھ کوشش کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں۔

(۲) آپ اور آپ کے احباب اپنی بستی کے مختلف حصے بانٹ کر ہر حصہ میں منظم طور پر گشت کریں اور تمام ایسے اصحاب کو جو ۳ روپیہ خرچ کی استطاعت رکھتے ہوں الجمعیۃ کی روزانہ خریداری پر آمادہ کریں۔ اور ان کے نام و پتے لکھ کر ایجنٹ کو دے دیں کہ وہ انہیں اخبار پہنچایا کریں۔

(۳) ایسے چند افراد کو مشترک طور پر الجمعیۃ خریدنے کے لئے آمادہ کیجئے جو تنہا خریداری کی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔

(۴) ہر محلہ کی مسجد میں اہل محلہ کی مشترک امداد سے الجمعیۃ جاری کرانے کا انتظام کریں اور نمازیوں کو خبروں اور مقالات کے علاوہ "آئینی باتیں" پڑھ کر سنانے کا اہتمام کریں۔

(۵) اگر اب تک آپ کے یہاں ایجنسی قائم نہیں ہوئی ہے تو کسی مستعد اور دیانتدار آدمی کو ایجنسی دینے کے لئے ہمیں لکھئے۔ اور مذکورہ بالا طریقوں سے توسیع اشاعت کی کوشش کیجئے۔

(۶) اگر آپ کے یہاں ایجنسی قائم ہونے کی مطلق گنجائش نہیں ہے تو مقامی طور پر اور قرب و جوار میں کوشش کیجئے کہ زیادہ سے زیادہ حضرات براہ راست اخبار کی قیمت ہمارے پاس بھیج کر اجراء کرا لیں۔

(۷) اگر آپ کے یہاں ریلوے اسٹیشن یا ڈاک خانہ نہیں ہے اور ڈاک روزانہ حاصل نہیں کی جا سکتی تو الجمعیۃ کے سنڈے ایڈیشن کے براہ راست خریدار بنانے کی کوشش کیجئے۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر ادارہ الجمعیۃ

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں ہمدردان الجمعیۃ کی مساعی

مختلف مقامات پر ایجنسیاں قائم ہو رہی ہیں اور توسیع اشاعت کی جدوجہد جاری ہے

دہلی ۱۱ نومبر (نامہ نگار) الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں مختلف اطراف سے کچھ اور خبریں موصول ہوئی ہیں۔ کئی جگہ حال ہی میں ایجنسیاں قائم ہو گئی ہیں اور کئی مقامات پر ہمدردان الجمعیۃ جدوجہد کر رہے ہیں اس سلسلہ میں کئی مقامات کے ایجنٹوں نے بڑی سرگرمی دکھائی ہے اور اخبار کی تعداد میں اضافہ کیا ہے اور قریب قریب ہر روز اس سلسلہ میں ایجنٹوں کے خطوط موصول ہو رہے ہیں۔

ایجنٹ حضرات نے اس سلسلہ میں جو کوشش کی ہے اور رقوم کی ترسیلات میں جن لوگوں نے بہت زیادہ احتیاط اور دیانت داری کا ثبوت دیا ہے، الجمعیۃ میں ان لوگوں کی خدمات کو بہ نظر استحسان دیکھا جا رہا ہے۔

حسن پور میں ایجنسی

اب سے کچھ روز قبل حسن پور ضلع مراد آباد میں کوئی ایجنسی نہ تھی مگر شیخ برکت حسین صاحب ناظم جمعیۃ علماء حسن پور کی مساعی بار آور ہوئیں اور وہاں ایجنسی قائم ہو گئی وہ اور ان کے احباب برابر توسیع اشاعت میں مصروف ہیں۔

احمد نگر میں جدوجہد

خلیل مظفر صاحب احمد نگر میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں کام کر رہے ہیں اور ان کے احباب اُن سے اس کام میں پوری طرح تعاون کر رہے ہیں امید ہے کہ وہ اپنی مساعی میں کامیاب ہوں گے۔

ٹونک والے اپنا بیعنامہ پختہ کرا لیں

ناظم جمعیۃ علماء راجستھان کا ضروری اعلان

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا سید منظور الحسین صاحب برکاتی ناظم جمعیۃ علماء راجستھان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جن لوگوں نے پاکستان جانے والے مسلمانوں سے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد جائدادیں خریدی ہیں۔ ان کے لئے ضروری ہے کہ گورنر جنرل ہند کے نافذ کردہ نئے آرڈیننس [illegible] مجریہ ۱۸ اکتوبر ۱۹۴۹ء کی دفعہ [illegible] ضمن [illegible] کے تحت تاریخ نفاذ سے دو ماہ کے اندر اندر اپنی خریداری (دستاویز منتقلی) کو کسٹوڈین سے پختہ کرا لیں۔ ورنہ ایسی خرید شدہ تمام جائدادیں، جائداد نکالنے کنندگان کو لوٹا دی جائیں گی۔ یہ آرڈیننس چونکہ ۱۸ اکتوبر کو نافذ ہوا ہے اس لئے یہ میعاد ۱۸ دسمبر کو ختم ہوگی۔ ٹونک اور راجستھان میں اس سے پہلے جو آرڈیننس [illegible] نافذ تھا وہ اس نئے آرڈیننس کی دفعہ ۵۵ ضمن [illegible] کے تحت منسوخ ہو چکا ہے اور اب کسٹوڈین کی تمام کارروائیاں اس نئے آرڈیننس کے تحت ہوں گی۔

مدھیہ بھارت میں سوشلسٹ کارکنوں کا اجتماع

شیوپوری ۱۰ نومبر۔ یہاں کل سے مدھیہ بھارت اور یو۔پی کے سوشلسٹ کسان کارکنوں کا ایک اجتماع ہو رہا ہے۔ اس میں شرکت کے لئے اجین، اندور، گوالیار، بھوپال، بھیلسہ اور ناگپور سے نمائندے آئے ہیں۔ یہ اجتماع آل انڈیا کسان پنچایت کے صدر مسٹر رام نندن مصر کی صدارت میں ہو رہا ہے۔ اس اجتماع میں باہر کے شامل ہونے والے ڈیلی گیٹوں کی تعداد [illegible] ہے۔ (نامہ نگار خصوصی)

کرنسی کی بین المملکتی گڑبڑ

موقع شناس فائدہ اٹھانے لگے

بمبئی ۱۱ نومبر۔ چونکہ حکومت پاکستان نے [illegible] سے اپنے سکوں کی قیمت گرانے سے انکار کر دیا ہے اور ہندوستان اور [illegible] اب تک پاکستان کے موجودہ گراں سکوں کو تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے۔ بہت سے لوگوں نے موجودہ اختلافات سے فائدہ اٹھانے کے نئے نئے طریقے اور راستے دریافت کر لئے ہیں۔

اس سلسلہ میں سب سے دلچسپ امر یہ ہے کہ ایسے تاجر جن کے ادارے ہندوستان میں ہیں لیکن پاکستان میں بھی ان کی شاخیں موجود ہیں اور جو موجودہ نا اتفاقی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ وہ غیر ممالک کا سفر کرنے کے لئے ٹکٹ وغیرہ ہندوستان میں نہیں خریدتے بلکہ پاکستان میں خریدتے ہیں کیونکہ غیر ممالک کے لئے ٹکٹیں اسٹرلنگ کے عوض خریدی جا سکتی ہیں اور ہندوستان کی نسبت پاکستان میں اسٹرلنگ تیس فیصدی ارزاں ملیں گی۔

ریزرو بینک آف انڈیا نے پاکستان کے موجودہ گراں سکوں کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے چنانچہ وہ پاکستانی سکوں کے عوض ہندوستانی سکے دینے سے انکار کر دیتا ہے لیکن تبادلہ کرنے والے دوسرے بینک ہندوستانی سکوں کے عوض پاکستانی سکے خریدتے ہیں اور دس سے سترہ فیصدی تک پریمیم بھی وصول کرتے ہیں۔ اس طرح سے ۱۰۰ پاکستانی روپے ۱۱۰ یا ۱۱۵ ہندوستانی روپیوں کے عوض ملتے ہیں۔

اس کے علاوہ سیاح پاکستان میں چیک حاصل کرتے ہیں اور ہندوستان میں اسے بھناتے ہیں۔ اس طرح سے ہر پونڈ اسٹرلنگ پر چند روپے منافع کماتے ہیں۔ (دگلوب)

مدھیہ بھارت میں دن دہاڑے ڈکیتی

اندور ۱۰ نومبر۔ مدھیہ بھارت کے ضلع [illegible] سے یہ خبر ملی ہے کہ موضع [illegible] میں ۱۶ مسلح ڈاکوؤں نے صبح ۸ بجے سے دن کے ایک بجے تک خوب لوٹ مار مچائی۔ بستی کے لوگ خوف کے مارے اپنے اپنے گھروں میں سہمے بیٹھے رہے۔ ایک سیٹھ کے ۵۰ ہزار روپے کی مالیت کے زیورات اور نقدی لوٹ لی گئی۔ (نامہ نگار خصوصی)

ہند میں مٹی کے تیل کی درآمد میں اضافہ کرنے کا فیصلہ

دہلی ۱۱ نومبر۔ کچھ روز پہلے حکومت ہند نے ہندوستان میں تیل کا بیوپار کرنے والی کمپنیوں کو پٹرولیم سے تیار ہونے والی اشیاء کے نرخ فروخت بڑھانے کی اجازت دے دی تھی تاکہ اس ملک میں درآمد کی جانے والی پٹرولیم کی اشیاء کی بڑھی قیمتوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ لیکن مٹی کا تیل ان میں شامل نہ تھا۔ تیل کی کمپنیوں نے درخواست کی تھی کہ مٹی کے تیل کا تھوک نرخ بھی اسی طرح بڑھانے کی اجازت دی جائے۔ جسے حکومت نے منظور کر لیا ہے۔ گاہکوں کے مفاد کا تحفظ کرنے کی غرض سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ مٹی کے تیل کی درآمد اس حد تک بڑھائی جائے جو تیل کی کمپنیوں کے اندازہ کے مطابق ملک بھر کی ساری ضروریات پوری کرنے کے لئے درکار ہے۔ اس طرح کل اتنی مقدار درآمد کی جائے گی جو ۱۹۴۸ء کی کل درآمد سے زیادہ ہوگی۔

حکومت نے لوگوں کو ان کی ضروریات زندگی کی اشیاء کی بہم رسانی میں اضافہ کرنے کی جو پالیسی اختیار کی ہوئی ہے اس کے مطابق مٹی کے تیل کی درآمد میں اس اضافہ کے لئے زرمبادلہ اسٹرلنگ کے تبادلہ کا خاص طور سے انتظام کیا گیا ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ مٹی کے تیل کی سپلائی میں اس اضافہ کی بدولت بیوپاریوں کے منافع کی شرح گھٹائی جا سکے گی اور جہاں تک ممکن ہوگا موجودہ پرچون نرخوں کو برقرار رکھا جا سکے گا۔ (پریس نوٹ)

فضائی فوج کے جھنڈے کی نمائشی پرواز

نئی دہلی ۱۱ نومبر۔ حصول آزادی کے بعد پہلی بار آسام کے [illegible] ہندوستانی فوجی دستے کے فضائی بازو کے ایک دستے کو "جھنڈے کی نمائش" کے ساتھ دورہ کرتے ہوئے دیکھیں گے۔

۱۸ نومبر کو فضائی فوج کا مشرقی ہندوستان کا ایک دستہ پالم کے ہوائی اڈہ سے پرواز کرے گا اور اسی دو پہر کو ڈم ڈم کی فضائی بندرگاہ پر اترے گا۔

۱۹ نومبر سے ۲۵ نومبر تک یہ دستہ کلکتہ کی فضا میں "جھنڈے کی نمائش" کی پروازیں کرے گا۔ ڈم ڈم سے یہ دستہ ۲۶ نومبر کو آسام میں گوہاٹی کو روانہ ہو جائے گا۔

یہ دستہ ونگ کمانڈر کرشن سری ہری کی کمان میں ہوگا [illegible] صاحب کل آر۔ آئی۔ اے۔ ایف۔ اپر شیلانگ کا نظم کے ایڈمنسٹریٹو کے سینئر آفیسر انچارج ہیں۔

فضائی فوج کا یہ دستہ مکمل طور پر نقل پذیر ہو گا سارا ساز و سامان [illegible] طیاروں کی کافی تعداد [illegible] جہازی ضروری کل پرزے اور سامان، طبی عملہ اور فضائی و بری جہازیوں کے لئے مختلف قسم کا سامان ساتھ ساتھ رہے گا۔ پروگرام کے مطابق یہ دستہ آسام میں جھنڈے کی نمائش کا دورہ کرنے کے بعد ۲۷ نومبر کو دہلی واپس آ جائے گا۔

ہماچل پردیش میں زمین کا تحفظ

نئی دہلی ۱۱ نومبر گزشتہ ہفتہ سے نئی دہلی میں زرعی تحقیقات کی ہندوستانی کونسل کی سائنٹیفک کمیٹی کا اجلاس ہو رہا ہے جس میں سائنس دان ملک میں خوراک کی پیداوار بڑھانے کی خاص غرض کے لئے زراعت اور مویشیوں کی پرورش کے مسائل پر غور و فکر کر رہے ہیں۔ کمیٹی کا اجلاس اس ہفتہ کے آخر تک جاری رہے گا۔ اس کے بعد سائنسدانوں کی یہ کمیٹی کونسل کے مشاورتی بورڈ کی معرفت اپنی سفارشات زرعی تحقیقات کی ہندوستانی کونسل کو پیش کر دے گی۔

نوٹس

ان متولیوں کے ذریعہ جو دہلی مسلم وقف ایکٹ ۱۹۴۳ء کے تحت رجسٹرڈ ہیں سنی مجلس اوقاف کے ایک ممبر کے الیکشن کے سلسلہ میں تیار شدہ فہرست پر جو اعتراضات اور مطالبات میرے دفتر میں موصول ہوئے ہیں ان کا فیصلہ اپنی عدالت واقع کشمیری گیٹ دہلی میں ۱۷ نومبر ۱۹۴۹ء کو گیارہ بجے کروں گا۔ متولیان اور دیگر وہ اشخاص جنہیں الیکشن سے دلچسپی ہے۔ اعتراضات اور مطالبات کو مذکورہ تاریخ سے قبل معائنہ کر سکتے ہیں۔ انہیں ہر اعتراض اور مطالبہ کی حمایت یا مخالفت میں مذکورہ تاریخ پر تحریری شہادت پیش کرنی چاہیئے۔

دستخط آر۔ دیال
ڈپٹی کمشنر دہلی، ۷ نومبر ۱۹۴۹ء

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی سے بھجوانا ہے تو ہماری معرفت روانہ کریں۔ ٹکٹ بھی بلا کمیشن خرید [illegible]
المشتہر:- دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible] سوداگران
بازار بلیماران نزد چاندنی چوک دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز ران کمپنی
بحر احمر اور ماریشس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن۔ پورٹ سوڈان جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کر سکیں گے۔
ایس ایس جہانگیر (وزن 3566 ٹن)
بمبئی سے ماریشس کے لئے مورخہ 5 دسمبر 1949ء تک
روانہ ہوگا
مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے [illegible]
متعلق جملہ تفصیلات کے لئے خط و کتابت کریں
ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

ایجنٹ صاحبان مطلع فرمائیں

کہ انہیں آئندہ دو شنبہ ۱۴ نومبر سے شام کا ایڈیشن بھیجا جائے یا صبح کا؟

اگر وہ یہ وضاحت بھی کر دیں کہ دہلی سے کس ٹرین سے روانہ کیا جائے تو یہ زیادہ بہتر ہو۔ سنڈے ایڈیشن کی مطلوبہ تعداد سے بھی مطلع فرمائیں۔

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ

کانگریس مینوں کی کمزوری
اور
اس کی دوا
مصنف پنڈت سیتا رام شکل ممبر
یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم ایل اے بستی
قیمت ۸/
ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

پیکنگ میں ایشیا آسٹریلیا اور یورپ کے کمیونسٹ رہنماؤں کی کانفرنس

ہندی رہنما بھی شریک ہونگے۔ عوامی جدوجہد کی امداد کا منصوبہ بنایا جائیگا

ہانگ کانگ ۱۱ نومبر۔ پیکنگ میں اس ہفتہ جو کانفرنس شروع ہو رہی ہے اس میں غالباً ایشیا اور آسٹریلیا میں کمیونسٹ سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لئے ایک منصوبہ بنایا جائے گا۔

اس کانفرنس میں یورپ آسٹریلیا اور ایشیا کے کمیونسٹ نمائندے شرکت کریں گے۔ ان میں سے کچھ لوگ پیکنگ پہنچ چکے ہیں اور بقیہ بذریعہ طیارہ مشرقی یورپ اور روس کے راستے پیکنگ پہنچنے والے ہیں۔

یہاں جو خبریں پہنچی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ روس اور چین کے اشتراک سے ایشیا میں "قومی آزادی کے لئے جو عوامی جدوجہد" جاری ہے اس کی امداد کرنے کا ایک منصوبہ تیار کیا جا چکا ہے۔ اور کانفرنس میں صرف اس کی تصدیق کرائی جائے گی۔

یہ کانفرنس انجمنوں کے عالمی وفاق کے زیر اہتمام طلب کی گئی ہے جس سے امریکہ برطانیہ اور مغربی یورپ کے دوسرے ممالک کی مزدور انجمنیں علیحدہ ہو چکی ہیں۔ کیونکہ انہیں شکایت ہے کہ یہ ادارہ کمیونسٹوں کے مفاد کا آلہ کار بن گیا ہے۔ تصور کیا جاتا ہے کہ اس کانفرنس میں ہندوستان کے کمیونسٹ نمائندے بھی شرکت کریں گے۔ (گلوب)

ہانگ کانگ کے قریب ڈاکوؤں کا حملہ

ایک لاکھ ڈالر کا مال لوٹ لیا

ہانگ کانگ ۱۱ نومبر۔ کل جب کینٹن آنے والی ایک ٹرین پر ڈاکوؤں نے حملہ کیا تو ٹرین کے محافظ دستہ اور ڈاکو [illegible] تک ایک دوسرے پر گولیاں چلاتے رہے۔ ریل میں ایک ہزار مسافر تھے۔ ڈاکوؤں نے اس میں سے [illegible] مسافروں کو اور کمیونسٹ گارڈ کو ہلاک کر دیا۔ ایک لاکھ ڈالر کا سامان لیکر فرار ہو گئے۔ [illegible] سے ٹرین روک دی گئی تھی جب سے کمیونسٹوں کے انتظام میں کینٹن اور شوہان کے درمیان ریلوں کی آمد و رفت شروع ہوئی ہے یہ پہلی ڈکیتی ہے۔ (رائٹر)

ہندو مہا سبھا کی صدارت کا عہدہ

بمبئی ۱۱ نومبر۔ [illegible] اشخاص کے نام جنہیں مسٹر [illegible] کھارے [illegible] بمبئی کی ہندو مہا سبھا نے آل انڈیا ہندو مہا سبھا کے اگلے اجلاس کے لئے پیش کئے ہیں۔ (پ ٹ ا)

ہندوستان اور کاچین کے درمیان ۹۴ میل لمبی سڑک کھولدی جائے گی

کاچین ہندوستان سے تجارت کرنا چاہتا ہے۔ صدر کاچین کا اعلان

رنگون ۱۱ نومبر۔ سرکاری طور پر بیان کیا گیا ہے کہ حکومت کاچین نے اس ۹۴ میل لمبی سڑک کو کھول دینے کا فیصلہ کیا ہے جس کو امریکہ کے فوجی انجینئروں نے دوسری عالمگیر جنگ میں ہندوستان اور برما کے درمیان پہاڑی علاقوں میں تعمیر کیا ہے۔ ایک افسر نے انکشاف کیا کہ بعض تباہ شدہ مقامات کی از سر نو تعمیر ہو رہی ہے اور ۷۰ لاکھ روپیہ صرف ہونے کا اندازہ ہے۔ یہ تعمیر [illegible] سے ہو رہی ہے۔ اس تعمیر کے مکمل ہونے پر ہی سڑک کو کھول دیا جائے گا۔

ریاست کاچین کے صدر نے اخبار نویسوں کو بتایا کہ حکومت ہند سے گفت و شنید ہو رہی ہے۔ تاکہ ناپسندیدہ عنصر اور خاص طور پر کمیونسٹوں کے داخل ہونے کو روکا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ [illegible] پہاڑوں پر چوکی [illegible] ہیں۔ پانگسان درے پر ایک چوکی قائم کی جائے گی۔ جہاں تمام مسافروں اور سواریوں کی جانچ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک [illegible] راستہ ہے جس کے ذریعہ کاچین ریاست ہندوستان سے تجارتی مال کا تبادلہ کرنا چاہتی ہے [illegible]

صدر مذکور نے کہا کہ ریاست کاچین کو غیر ملکی ماہرین کی امداد کی ضرورت ہے تاکہ کاچین کو ایک جدید [illegible] بنایا جا سکے۔

اقتصادی کانفرنس کیلئے عربی وفد

کراچی ۱۱ نومبر۔ سید عبد الحمید الخطیب پاکستان میں سعودی عرب کے غیر معمولی سفیر اور وزیر کل اپنے ملک کے اس پانچ نفری وفد کے لیڈر ہوں گے جو کراچی کی اسلامی ممالک کی اقتصادی کانفرنس میں حصہ لے گا۔

کانفرنس ۲۵ نومبر سے شروع ہو رہی ہے سعودی عرب کے وفد کے دوسرے اراکین یہ ہیں۔

شیخ صالح [illegible] شیخ صالح اسلام ڈائرکٹر جنرل محکمہ مالیات اور شیخ ابراہیم زینل کراچی کے مشہور عرب تاجر مسٹر صلاح الدین عبد الجبار اس وفد کے سکرٹری ہوں گے۔ (ص)

فی الحال ہندوستان میں کپڑے کی کوئی قلت نہیں ہے

برآمدی مشاورتی کمیٹی نے دس کروڑ گز کپڑے کی برآمد کی اجازت دیدی

بمبئی ۱۱ نومبر (پ ٹی آئی) ہندوستانی سوتی کپڑے اور دھاگے کی برآمد مشاورتی کمیٹی نے [illegible] گز کپڑا برآمد کرنے کی اجازت دی [illegible] ہندوستان کی ضرورت [illegible]

کمیٹی کا احساس [illegible] حکومت ہند [illegible] پاکستان [illegible] کپڑا [illegible]

پاکستانی ہائی کمشنر لاہور جا رہے ہیں

نئی دہلی ۱۱ نومبر۔ پاکستانی ہائی کمشنر مسٹر محمد اسمٰعیل کل دہلی سے بذریعہ موٹر ہفتہ ۱۲ نومبر کو چار دن کے لئے لاہور جا رہے ہیں۔ لاہور جاتے اور لاہور سے واپس ہوتے ہوئے وہ جالندھر میں ایک ایک دن قیام کریں گے۔

۱۸ نومبر کو وہ دہلی واپس پہنچ جائیں گے۔ ان کے [illegible] سکرٹری مسٹر [illegible] ان کے ہمراہ ہوں گے۔

دارالسلطنت

۱۱ نومبر ۱۹۴۹ء

اسکول کے بچوں نے ہڑتال کر دی

۱۱ نومبر۔ دہلی کے مختلف اسکولوں کے بچوں نے فیس میں اضافہ کے خلاف کل ہڑتال کی۔ جو بچوں کی بہت بڑی تعداد اسکول نہیں گئی بعض طلباء نے دہلی کے قانون تعلیم کے بورڈ کے سامنے بھی مظاہرہ کیا، طلباء کے چھوٹے چھوٹے گروہ بولنے شہر کی مختلف سڑکوں کا گشت کیا اور نعرہ لگا کر فیس میں اضافہ کے فیصلہ کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ یاد رہے دہلی میں یکم نومبر سے اضافہ کر دیا گیا تھا۔

لالہ لاجپت رائے کی برسی

۱۱ نومبر۔ لالہ لاجپت رائے کی برسی منانے کے لئے سرونٹس آف پیپل سوسائٹی نے ایک بڑا پروگرام بنایا ہے [illegible] شہر کے مختلف حصوں میں جلسے ہوں گے اور گاندھی گراؤنڈ میں شام کو ڈاکٹر راجندر پرشاد کی صدارت میں جلسہ ہوگا۔

دو حادثے

دہلی چھاؤنی میں ایک بس سے ٹکرا کر ایک سائیکل سوار سخت مجروح ہو گیا، ہر دول ریلوے اسٹیشن پر چلتی ٹرین میں سوار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے ایک لڑکی ہلاک اور اس کا باپ شدید زخمی ہو گیا۔

مولینا آزاد شملہ جائینگے

معلوم ہوا ہے کہ مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم ۲۰ نومبر کو [illegible] پہنچ رہے ہیں۔ یہ جگہ شملہ سے ۳۵ میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں وہ ایک اسکول کی ایک تقریب میں حصہ لیں گے۔ حضرت مولانا کا آزادی کے بعد یہ مشرقی پنجاب کا پہلا سفر ہوگا۔ وہ اسی دن دہلی واپس آ جائیں گے۔

جیب چوروں کا گروہ گرفتار

پارلیمنٹ اسٹریٹ پولیس نے دو [illegible] جیب کترے گرفتار کئے ہیں۔ اب ایسے گرفتار شدگان کی تعداد ۶ ہو گئی [illegible] یہ گروہ کچھ عرصہ سے دہلی میں سرگرم تھا۔ گزشتہ چند ماہ میں کناٹ پلیس سے ۵ جیب کاٹنے [illegible] چوری ہوئی ہیں [illegible] باقی کا سراغ لگانا باقی ہے۔

کرکٹ میچ دیکھنے کے لئے تعطیل

معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے مختلف محکموں کے [illegible] جو کرکٹ ٹیسٹ میچ دیکھنے کے لئے جانا چاہیں [illegible] ٹکٹ دکھانے پر چھٹی دیدی جائے۔

۸ سائیکلیں اور ایک موٹر سائیکل غائب

دہلی اور نئی دہلی کے مختلف علاقوں سے ۸ سائیکلیں اور ایک موٹر سائیکل چوری ہو گئی [illegible]

بیس سیر گندم برآمد

شاہدرہ پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے جس کے قبضہ سے بیس سیر گیہوں برآمد ہوا ہے۔

درجہ حرارت اور طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ ۸۵ اور کم سے کم ۵۱ درجہ حرارت رہا۔ آج طلوع آفتاب ۶ بجکر ۴۴ [illegible] آج اور کل غروب آفتاب کا وقت ۵ بجے ہے۔

جودھپور اور اودے پور میں قحط

حکومت کی ۱۴ لاکھ روپیہ کی امداد

جے پور ۱۱ نومبر۔ جودھپور اور اودے پور کے بعض اضلاع میں بارش نہ ہونے کے باعث قحط کے آثار پیدا ہو گئے ہیں۔ حکومت راجستھان نے ۱۴ لاکھ روپیہ امدادی کاموں کے لئے منظور کیا ہے۔ امدادی کاموں میں تالابوں کی تعمیر بھی شامل ہے۔ (پ ٹ ا)

امریکہ کا فولادی مشن لاہور میں

لاہور ۱۱ نومبر (ا م) امریکہ کے فولادی کارپوریشن کے مشن نے جو آج کل لاہور میں آیا ہوا ہے کارخانہ داروں سے بات چیت شروع کر دی ہے۔ انہوں نے اپنا دفتر اسمبلی چیمبر میں قائم کر لیا ہے۔ ارکان مشن نے [illegible] شاہدرہ میں مقامی طریقہ کار کی دیکھ بھال میں کافی وقت صرف کیا۔

مسٹر گورمانی لندن روانہ ہو گئے

مصر میں وزیروں اور لیڈروں سے بات چیت

قاہرہ ۱۱ نومبر۔ نواب مشتاق احمد گورمانی پاکستان کے منسٹر [illegible] یہاں تین دن کے قیام کے بعد آج لندن روانہ ہو گئے۔ انہوں نے پاکستان کے لئے کشمیر کے بارے میں مصری حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی۔ وہ یورپ اور امریکہ کا دورہ کریں گے۔ جہاں وہ اپنے ملک کا نقطۂ نظر پیش کریں گے۔ امریکہ جس وقت اقوام متحدہ میں مسئلہ کشمیر پر بحث ہوگی تو وہ [illegible] کے دفتر میں ہوگی۔ انہوں نے اپنے قیام مصر کے دوران میں مصری وزیر اعظم حسین سری پاشا عرب لیگ کے جنرل سکرٹری عزام پاشا اور مختلف سیاسی لیڈروں سے جن میں نقرہ پارٹی کے سابق وزیر اعظم نقراس پاشا بھی شامل ہیں ملاقات کی۔ (رائٹر)

علاقہ جودھپور میں محرم الحرام

جودھپور شہر (بذریعہ ڈاک) جودھپور کی گذشتہ روایات کا لحاظ رکھتے ہوئے مسلمانان جودھپور نے جمعیۃ علماء کی رہنمائی میں فیصلہ کیا کہ باوجود حکام کی یقین دہانیوں کے وہ اس سال محرم کی رسومات نہیں کریں گے یہ بات قابل ذکر ہے کہ جناب میر برکت اللہ خاں صاحب سابق کونسلر نے اس سلسلہ میں جمعیۃ کا پورا ساتھ دیا۔ مسلمانوں نے کامل نظم و ضبط کے ساتھ ایام محرم خیریت سے گزارے۔ صرف محلہ سرداپورہ کے بعض مسلمانوں کے تعزیے کے لائسنسدار نے تعزیہ دفنانے کے لئے نکالا۔ تاہم پولیس و کلکٹر وہاں پر صاحبان سر انتظام تھے۔

سوجت روڈ: اہل شہر کے اعتراض پر تعزیے رکوا دیئے گئے۔ مسلمانوں سے سولہ ہزار کی ضمانت لی گئی ہے۔ مزید اطلاعات کا انتظار ہے۔

پالی: حالات غیر معتدل ہونے کی بنا پر تمام [illegible] کی تیاری کے باوجود مسلمانوں نے اپنی مرضی سے محرم نہ منایا۔

ناگور: رسومات محرم بخیریت پوری ہو گئیں قاضی محمد بخش کی پارٹی سے ضمانت [illegible] ساتھ ہی منشی محمد عمر صاحب ناظم جمعیۃ کو بھی شامل کر لیا گیا۔

نادان: [illegible] شاہ بخش الدین [illegible] کے زیر اہتمام مقامی کانگریس اور [illegible] نے محرم کی رسومات کو بہترین انتظام کے ساتھ پورا کرا دیا جس میں ہندو [illegible] نے قدیم روایتی طریقے سے حصہ لیا۔

سوجت سٹی: یہاں محرم کی رسومات [illegible] سب انسپکٹر پولیس [illegible] تشریف رہا۔

شرح تبادلہ مقرر نہ ہونے کے باعث پاکستانی تاجروں میں بے چینی

ہند اور پاکستان کے درمیان تجارت قطعاً ختم ہو چکی ہے

لاہور ۱۱ نومبر (ا م) سرحد کے اس پار تاجروں میں ہند اور پاکستان کی حکومتوں کے شرح تبادلہ مقرر نہ کرنے کے باعث بڑی بے چینی پائی جاتی ہے۔ ہندوستان کے روپیہ کی قیمت کم کرنے سے تین دن قبل فیروز پور کی سرحد پر بہت زبردست تجارت ہوتی تھی۔ اور لاکھوں روپے کا کاروبار ہوتا تھا۔ لیکن آج شرح تبادلہ مقرر نہ ہونے کے باعث تجارتی سرگرمیاں یکسر موقوف ہو چکی ہیں۔

جن لوگوں نے ہند کے روپے کی شرح کم کرنے سے قبل ہندوستان کو مال بھیجا تھا وہ اس کشمکش میں ہیں کہ ان کو کس شرح پر اپنا روپیہ واپس ملے گا۔

موجودہ حالات سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ دونوں حکومتوں کے درمیان جلد ہی کوئی سمجھوتہ ہو جائے گا۔ لیکن انجام کار اس سے بین المملکتی تجارت کو نا قابل یقین نقصان پہنچے گا تاجروں میں جو بے چینی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ حکومتوں کے فیصلہ کا انتظار کریں گے۔

آنے جانے والے مسافروں کو بھی بڑی دقت محسوس ہو رہی ہے جن کو اپنے ہمراہ سرحد پار صرف پچاس ہی روپیہ لے جانے کی اجازت ہے۔ ادھر دونوں ملکوں کے درمیان [illegible] ٹریفک تجارت کے باعث تھا۔ اور اس کی وجہ سے منی آرڈر بھی کافی آتے جاتے تھے۔

جہاں تک منی آرڈروں کا تعلق ہے وہ بالکل ختم ہو گئے ہیں کیونکہ ایک مملکت سے دوسری مملکت کو روپیہ بھیجنے کی اجازت نہیں ہے۔

بازاروں کے بھاؤ

دہلی ۱۱ نومبر ۱۹۴۹ء

بازار صرافہ

سونا پاسہ	[illegible]	سونا تیزابی	[illegible]
سوا	[illegible]	پونڈ	[illegible]
چاندی	[illegible]	سونا [illegible]	[illegible]
چاندی [illegible]	[illegible]		

دہلی غلہ مارکیٹ

چیدی چنا	[illegible]	جوار	[illegible]
گوار	[illegible]	اڑد	[illegible]
مسور	[illegible]	ملکہ مسور	[illegible]
مونگ	[illegible]	دال اڑد	[illegible]
دال مسور	[illegible]	دال ارہر	[illegible]
دال مونگ	[illegible]	تل	[illegible]
مونگ پھلی	[illegible]	سرسوں	[illegible]
تیل سرسوں	[illegible]	تیل تل	[illegible]
تیل مونگ پھلی	[illegible]	گڑ	[illegible]
کھانڈ سری	[illegible]	تیل گولہ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

گیہوں	[illegible]	بجرہ	[illegible]
گوار	[illegible]	مٹر	[illegible]
گھی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
گڑ	[illegible]	اڑد	[illegible]
مونگ	[illegible]	مسور	[illegible]
[illegible]	[illegible]	چاول	[illegible]
[illegible]	[illegible]	شکر	[illegible]
چنا	[illegible]	مونگ پھلی	[illegible]
[illegible]	[illegible]	جو	[illegible]
کھل	[illegible]	سفید	[illegible]
سونا	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہندوستانی کوئلہ جنوبی کوریا کو

ٹوکیو ۱۰ نومبر۔ جنوبی کوریا کی حکومت اس سال ہندوستان سے ۳۰ ہزار ٹن کوئلہ خریدے گی۔ (رپ ٹ (رائٹر))

بگڑی ضلع بجنور میں جمعیۃ علماء کا قیام

موضع بگڑی بجنور میں بعد نماز عشاء ایک عام جلسہ حکیم شفیق احمد صاحب کی صدارت میں جمعیۃ علماء کے قیام کے متعلق ہوا۔ قاضی شفیع الدین جنرل سکرٹری جمعیۃ علماء [illegible] نے جمعیت کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ اور مسلمانان بگڑی کو تجویز کی طرف توجہ دلائی جلسہ نہایت کامیاب رہا۔ اور مندرجہ ذیل اصحاب عہدہ دار مقرر ہوئے

صدر حکیم شفیق احمد۔ نائب صدر ماسٹر عبد الکریم۔ جنرل سکرٹری ٹیلیا ماسٹر عبد العزیز۔ سکرٹری عبد الستار خوشنویس۔ جوائنٹ سکرٹری مومن عبد الغنی مرچنٹس، پروپیگنڈا سکرٹری عبد الکریم۔ خزانچی سیٹھ نظام الدین۔

(۱) سیٹھ مولا بخش (۲) مستری محمد رمضان (۳) حاجی شمس الدین (۴) ٹھیکیدار عبد اللہ (۵) عظیم بخش سائیکل مرچنٹس (۷) حسین بخش [illegible] مرچنٹس (۸) قطب الدین ایوری مرچنٹس (۹) [illegible] ایوری مرچنٹس (۱۰) قمر الدین (۱۱) سیٹھ احمد بخش بیوپاری (۱۲) سیٹھ مولا بخش بیوپاری (۱۳) سیٹھ قطب الدین (۱۴) عبد الغنی زرگر (۱۵) منشی رحیم بخش منتظمہ کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے۔

صدر صاحب نے وعدہ فرمایا ہے کہ قرب و جوار کے مسلمانوں کو شامل جمعیت کر لیا جائے گا۔

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کا مسئلہ

گول میز کانفرنس کی بابت اظہار رائے

جوہانسبرگ ۹ نومبر۔ یہاں کے اخبارات نے ہندوستان پاکستان اور [illegible] سے موصول ہونے والی ان خبروں پر تبصرہ کرتے ہوئے، کہ ہندوستان پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ایک گول میز کانفرنس منعقد کرنے کی تیاریاں جاری ہیں لکھا ہے کہ [illegible] (جنوبی افریقہ کا صدر مقام) میں سخت خاموشی [illegible] جاری ہے۔

اخبار مذکور کا بیان ہے کہ حکومت جنوبی افریقہ کو کسی کانفرنس کا علم نہیں ہے۔ البتہ بعض حلقے کہتے ہیں کہ کانفرنس بلانے کا خیال [illegible] جنوبی افریقہ کے وزیر داخلہ [illegible] ظاہر کی ہے کہ اگر جنوبی افریقہ سے تمام ہندوستانیوں کو نکالنے کے مسئلہ پر بحث کرنی ہو تو ہندوستان اور پاکستان کو کوئی کانفرنس کرنی چاہتے ہوں۔ تو حکومت جنوبی افریقہ ہر وقت تیار ہے لیکن ظاہر ہے کہ اقوام متحدہ نے جب گول میز کانفرنس کی تجویز پیش کی تھی تو اس کا ہرگز یہ مقصد نہ تھا اور نہ ہندوستان اور پاکستان نے اس خیال سے تجویز کو قبول کیا تھا۔

مراسلات خوشخط لکھئے

فوطہ بڑھ جانے اور آنت اترنے کی مجرب دوا
[illegible] آپریشن کی زحمت [illegible]
قیمت پانچ روپیہ۔ حکیم مولوی ثابت علی [illegible]
مولانا [illegible] صاحب [illegible] (یوپی)

ہرنیا
موتیا بند۔ بواسیر، اسپینڈ سائیکٹس کا بغیر آپریشن علاج [illegible]
سی۔ نی ہسپتال درمیان سبزی منڈی و سرائے پھوس دہلی

برص۔ کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج
[illegible]
ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی [illegible]

NATURES BLOOD BANK
چالیس سال کے بعد آپ کو
[illegible] ہمدم [illegible] تازہ پھلوں [illegible]
ایچ ہمدم دواخانہ لال کنواں دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۰

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

روزنامہ الجمعیۃ

تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ / | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۲۲ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۴ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۶۸ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ایجنٹ صاحبان
نوٹ کریں
ماہ اکتوبر کے بلوں کی رقوم زیادہ
سے زیادہ ۱۵ نومبر تک جمع
ہونی ضروری ہیں ورنہ ۱۶ نومبر
کو ابتدائی کارروائی کے طور پر
سپلائی روک دی جائے گی۔

ایران میں تازہ انتخابات ہونگے

طہران ۱۳ نومبر (پ۔ٹ۔ا) کل اعلان ہوا ہے کہ گذشتہ ماہ کے انتخاب میں دارالسلطنت کے لئے جو [illegible] بنائی گئی تھی اس نے استعفا دے دیا ہے اور اب انتخابات دوبارہ ہوں گے۔ کمیٹی نے مجلس و پارلیمان کے انتخابات کی [illegible] کا کام بند کر دیا۔ کمیٹی نے استعفے کے اسباب بیان نہیں کئے مگر خیال کیا جاتا ہے [illegible] مداخلت کی شکایت ہے۔ حزب مخالف نے انتخابات میں مداخلت کا بہت زیادہ چرچا کیا تھا اور صوبوں سے بھی مداخلت کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔

کلکتہ میں کمیونسٹوں کا ہنگامہ پولیس پارٹی پر بم سے حملہ۔ ایک سپاہی اور رکشا والا زخمی!

سرکاری بس کو آگ لگا دی گئی۔ ایک درجن اشخاص گرفتار

پولیس کے رویہ کے خلاف احتجاج جلسہ و جلوس

کلکتہ ۱۳ نومبر۔ کل شام کو میڈیکل کالج [illegible] پولیس پارٹی پر ایک بم پھینکا جس سے ایک رکشا والا اور ایک پولیس کانسٹیبل زخمی ہوئے۔ [illegible]

[illegible]

بحریہ کے کمانڈر انچیف کا دورہ

[illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی سنگھ کی شرکت کے مسئلہ پر از سر نو غور کریگی

کمیٹی کا اجلاس ۱۶ نومبر کو ہوگا جس میں صوبہ آندھرا کے قیام پر بھی غور ہو

[illegible]

ایری ٹیریا دس سال تک اٹلی کی تولیت میں رہیگا

پانچ قوموں پر مشتمل ایک کمیشن کا تقرر۔ سیاسی کمیٹی کا فیصلہ

[illegible]

حیدرآباد میں دستوریہ کا انتخاب ۸ مارچ ۱۹۵۰ء کو ہوگا

[illegible]

کلکتہ میں ہیضے کے ماہرین

وزیر اعظم سے ملاقات

[illegible]

لبنانی حکومت سونا خرید رہی ہے

وزیر خزانہ کا اعلان

بیروت ۱۲ نومبر۔ وزیر خزانہ مسٹر [illegible] حسین نے اعلان کیا ہے کہ لبنان کی آزادی کے بعد سے پہلی مرتبہ وہ لبنانی پاؤنڈ کی گارنٹی کے طور پر بڑی مقدار میں سونا خرید رہی ہے۔ (پ۔ٹ۔رائٹر)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے جمعیۃ علماء گوڑگاؤں کا اقدام

میوات کے گاؤں گاؤں میں الجمعیۃ پہونچادو۔ جمعیۃ کی شاخوں سے اپیل

[illegible]

کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لئے اس کی قیمت میں معمولی سے اضافہ کی تجویز

بمبئی میں کپاس پیدا کرنے والے صوبجات کے وزراء کی کانفرنس

کپڑا بننے کے کارخانوں کی ضروریات پوری کرنے پر غور

[illegible]

کلکتہ میں جاپانی مصنوعات کی نمائش

[illegible]

استعفے دینے والوں کا ضمنی انتخاب لڑ یقین دلاتے

مسٹر موہن لال روت کا جواب

[illegible]

حکومت امریکہ حملہ ہونے پر واشنگٹن سے دارالحکومت تبدیل کردیگی

[illegible]

لاہور میں ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس میں ہنگامہ پولیس کو مداخلت کرنی پڑی

تقسیم ہند پر ہندوستانی شاعر جان نثار اختر کی نظم پر اعتراض!

[illegible]

پنڈت نہرو کا بمبئی میں شاندار استقبال

صوبائی کانگریس کی تعاون کی اپیل

صوبہ بمبئی کی کانگریس کمیٹی نے تمام ماتحت کمیٹیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ پنڈت جواہر لال نہرو کی سالگرہ کی تقریب میں ان کے ساتھ پورا تعاون کریں۔ [illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرضی کا ثبوت دیں

تالا چابی مارکہ خضاب ۱۳۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

سٹاکسٹ پنا لعل ولایتی رام جنرل مرچنٹ صدر بازار دہلی

Daily Aljamiat

ESTD. 1925

DATE: 13-11-49

PHONE 3855

ملایا کے اخبارات میں پنڈت نہرو کے سفر سے دلچسپی کا اظہار

پنڈت نہرو مغرب سے آزاد رہ کر ایشیائی اتحاد بنانا چاہتے ہیں

[illegible]

ریاست رامپور کے یوپی میں انضمام کا یکم دسمبر کو باقاعدہ اعلان ہوجائیگا

یوپی ہندوستان کا سب سے بڑا صوبہ بن جائیگا

[illegible]

بچوں کی برادری کا ہفتہ وار جلسہ

[illegible]

نکاسی جایدادوں کے متعلق حکومت کا نیا انتباہ

حکومت مغربی پنجاب کا ایک پریس نوٹ

لاہور ۱۱ نومبر۔ مغربی پنجاب کی حکومت کے ایک پریس نوٹ میں اعلان کیا گیا ہے کہ [illegible] تعمیل کی صورت میں ایسے اشخاص کو قانونی طور پر سزا دی جائے گی۔

[illegible] کی اجازت کے کوئی حق نہیں ہوسکتا۔

[illegible]

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

جو حضرات روزنامہ الجمعیۃ کا صرف سنڈے ایڈیشن طلب فرمانا چاہیں وہ حسب ذیل قیمت ارسال فرما کر اپنا نام جاری کرا سکتے ہیں۔ سنڈے ایڈیشن ہفت روزہ الجمعیۃ کی طرح ہر اتوار کو یہاں سے روانہ کیا جائے گا۔

سالانہ [illegible] ششماہی [illegible]

نمونہ مفت

نوٹ: ہفت روزہ کے خریدار صاحبان کی مدت خریداری میں اسی حساب سے اضافہ کر دیا جائے گا۔ اور ہفت روزہ کی بجائے سنڈے ایڈیشن ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرے گا۔

روزنامہ بشمول سنڈے ایڈیشن

آئندہ روزنامہ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں سنڈے ایڈیشن بھی حاضر ہوا کرے گا۔ اور اتوار کی تعطیل نہ ہوا کرے گی۔ اس لئے روزنامہ کی شرح قیمت حسب ذیل ہوگی

سالانہ ۲۳-۰-۰ ششماہی [illegible]
سہ ماہی [illegible] ماہوار ۲-۸-۰

روزنامہ کے قدیم خریداروں کی مدت خریداری آئندہ کے لئے اسی حساب سے درست کردی جائیگی

(مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ)

چینی کمیونسٹوں کے انڈوچائنا کی سرحد پر پہنچنے سے برطانیہ میں تشویش

گفت و شنید کے لئے مشرق بعید کے برطانوی کمشنر کی روانگی

[illegible]

متحدہ مہاراشٹر بنانے کی جدوجہد

پونہ میں کانگریسیوں کا جلسہ عظیم

[illegible]

اراکان کی بغاوت

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

گورنر جنرل شیلانگ میں

[illegible] (پ۔ٹ۔ا)

اسلحہ جات کی سپلائی

[illegible]

بنگالی کمیونسٹوں سے اشتراک کئے ہوئے ہیں

مدراس اسمبلی میں وزیر قانون کی تقریر!

[illegible]

پیرس میں مشاورتی اسمبلی کا فیصلہ

[illegible]

جنوبی ہند کے ممالی صوبجات

شہر مدراس کے مستقبل پر جھگڑا!

[illegible]

کمیونسٹوں کی بھوک ہڑتال محض رہا ہونے کا بہانہ ہے

صوبہ متوسط کی حکومت کا ایک کمیونیکے

[illegible]

پاکستانی نمائندے کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

ہاوڑہ میں ایک سنار کی دوکان پر مسلح ڈاکہ!!

پولیس اور بدمعاشوں کے درمیان فائرنگ

[illegible]

انتقال اقتدار کے بعد ہند، پاکستان، برما، کوریا اور فلپائن میں انڈونیشیا کے سفیر مقرر کئے جائینگے

ہالینڈ انڈونیشیا کو اقوام متحدہ کا ممبر بنانے کی تجویز پیش کریگا

وزیر اعظم انڈونیشیا ڈاکٹر حتیٰ کا کراچی میں اعلان

[illegible]

۱۵ ارب گلڈر کا خسارہ

[illegible]

حیدرآباد میں مشترکہ کانفرنس

کمیونسٹوں کے مسئلہ پر غور ہوگا

[illegible]

شیخ الہند جنتری

[illegible]

ملنے کا پتہ ۔ گوشہ ادب ۱۵ حویلی اعظم خاں دہلی

ذرا سوچ ... کر جواب دیجئے

[illegible]

اسلامی کتابیں [illegible]

ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

نکاسی جائدادوں کے متعلق پالیسی کی وضاحت حکومت ہند کا پریس نوٹ

ہندوستان نے کسی بھی معاہدہ کی خلاف ورزی نہیں کی

وزارت اطلاعات کی طرف سے پاکستانی اخبارات کی تردید

نئی دہلی ۱۲ نومبر۔ حکومت ہند کے محکمہ اطلاعات نے حکومت پاکستان کے وزیر مہاجرین و بحالیات ڈاکٹر قریشی کے ایک بیان کے سلسلہ میں جو حال ہی میں پاکستانی اخبارات میں شائع ہوا ہے، ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے۔

شام کے نئے سکے اور نوٹ

فرانسیسی نوآبادیوں میں استصواب رائے کا مسئلہ

حکومت فی الوقت التوا کے خلاف نہیں

یونیسکو کا نیا رسالہ

عربوں کے فوجی اتحاد کی تجویز

اسرائیل کے اخبارات کو تشویش

ہندوستان میں پہلی موٹر بس

دمشق میں کمیونسٹوں کی گرفتاریاں

شاہ عبداللہ کے لبنانی لیڈر کو اعزاز

بارہ ہزار سے زائد اغوا شدہ

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کرسکیں

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

پاکستانی فوج کو موزوں و اہل افسران کی سخت ضرورت ہے

کمانڈر انچیف جنرل گریسی کا پریس کانفرنس میں بیان

مصری خواتین کی رہنما مادام شفیق

ہندوستان و پاکستان کا دورہ کریں گی

پنڈت نہرو روس کا دورہ کریں گے

ایک امریکی مقالہ نویس کی بجو...!

پنڈت نہرو کی بیون سے ملاقات

خریف کی فصل کی قیمت میں مجموعی حیثیت سے ۴ فیصدی کی کمی ہوگئی

ربیع کی فصل کی قیمت میں مزید کمی کی توقع کی جارہی ہے

شمالی کلکتہ میں دو ہزار آدمیوں کی شورش

پولیس پر پتھروں اور اینٹوں سے شدید حملہ

تین سرکاری افسران کو توہین عدالت کا مقدمہ چلانے کا نوٹس

مدغاسکر میں ہندوستانی سفارتخانے کے قیام کا مطالبہ

مکڈن کے امریکن قونسل کی رہائی کا مطالبہ

مشرقی پنجاب اسمبلی کو توڑ دینے کا مطالبہ

دینار کی قیمت گرانے کا نتیجہ

عراق میں بنیادی معاشی اصلاحات کی ضرورت

ہندوستانی زمینداروں کو معاوضہ دینے کا سوال

حکومت برما کی حکومت ہند کو اطلاع

چیئرمین پبلک سروس کمیشن کی واپسی

ہند چینی کو فوراً آزاد کردیا جائے

مانچسٹر گارڈین کا فرانس کو مشورہ

دہلی کا صحیح مطب

مرتبہ حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب

دفتر دار التالیفات قصبہ نہٹور ضلع بجنور، یوپی

ضرورت ہے

محمد مرتضیٰ خاں

منیجر ... جونیئر ہائی اسکول خورجہ

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

۱۴ نومبر سنہ ۱۹۴۹ء

عجیب ۔۔ اور خطرناک

اخبار اسٹیٹسمین کے سابق ایڈیٹر مسٹر آرتھر مور نے اپنے ہفت روزہ انگریزی اخبار "نقاط" میں! ایک نامہ نگار کے قلم سے یوپی کے مسلمانوں کا عجیب و غریب نقشہ کھینچا ہے۔ بے شک یہ نقشہ عجیب و غریب ہے لیکن اس کی صحت اور واقعیت سے انکار نہیں ہوسکتا وہ لکھتا ہے کہ یوپی کے اسی لاکھ مسلمانوں پر جمود طاری ہے، وہ ساکت اور مبہوت ہیں اور کشمکش کی زندگی گزار رہے ہیں! مگر یہ نقشہ ہمارے لئے نیا نہیں ہے، البتہ جو بات غور طلب ہے وہ بقول "نقاط" یہ ہے کہ یہ صورت حال نہ تو مسلمانوں ہی کے لئے مفید ہے اور نہ انکے ہندو پڑوسیوں کے لئے"!

یہ جملہ اس قابل ہے کہ اس پر زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے ہم ان ہی کالموں میں بار بار لکھ چکے ہیں کہ ملک میں مسلمانوں کا جامد اور ساکت رہنا نہ صرف انکے لئے بلکہ اکثریت کے لئے بھی بہت مہلک ہے وہ ایک پھوڑا ہے جو آہستہ آہستہ تمام بدن کو متاثر کرکے رہے گا۔ گرم گھاؤ میں بڑے سے بڑا زخم بھی محسوس نہیں ہوتا، ممکن ہے یہاں کی اکثریت مسلمانوں کے اس جمود اور تنزل کو محسوس نہ کرے بلکہ خوش ہو کہ اسے پستی میں پڑا رہنے دو لیکن جب گھاؤ ٹھنڈا ہوگا اور وقت کے ساتھ ٹیس اور چمک پیدا ہوگی اس وقت معلوم ہوگا کہ مسلمانوں کی مایوسی اور کم ہمتی کس طرح پوری قوم کو تباہ کرتی ہے! اس بارے میں ہماری دیانتدارانہ رائے یہ ہے کہ مسلمانوں کو گرنے نہ دینا اور انکے حوصلے بڑھانا ملک کی حکومت کی اور اکثریت کی سب سے بڑی خدمت ہے۔ اور جو لوگ مسلمانوں کی اس حالت پر مطمئن ہیں وہ اس کے اثرات ظاہر ہونے پر پچھتائیں گے۔ اور اپنا نقصان اٹھائیں گے جس کی تلافی کبھی نہ ہوسکے گی۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری نو یافتہ آزادی ہمارے کام آئے اور ملک ترقی کرے تو یوپی اور باقی صوبوں کے مسلمانوں کو سنبھالنا، ان میں امید اور امنگ پیدا کرنا انہیں مطمئن کرکے ترقی کی راہ پر ڈالنا نہ صرف ہمارا بلکہ ملک کی اکثریت کا سب سے بڑا کام ہے، اب مسلمان اگر ابھر سکتا ہے تو اکثریت کے حسن سلوک سے، اگر یہ نہ ہوا تو وہ ملک کے لئے ایک بار ثابت ہوگا اور کسی وقت ملک کی تعمیری سیاست اور معاشرت کو ایسا دھکا لگے گا جس کا اندازہ شاید ہم ابھی نہیں لگا سکتے! اگر ملک کے عام باشندے مسلمانوں کے تن بدن میں اپنا گرم خون داخل نہیں کرسکتے تو وہ اتنا تو کرسکتے ہیں کہ جمعیۃ علماء کے ہاتھوں کو مضبوط کریں، انکی حوصلہ افزائی کریں، انکی راہ کو مشکلات سے صاف کریں۔ کیونکہ ہندوستان میں صرف جمعیۃ علماء ہی ہے جو مسلمانوں کی ہمتوں کو بلند کررہی ہے اور انہیں روشن مستقبل کی امید دلا کر ساتھ ہی ملک کی اکثریت کو بھی انجام کی [illegible] ... لیکن افسوس کہ جمعیۃ علماء کی بھی شاملِ خدمت ہے [illegible] نظر انداز کیا جارہا ہے بلکہ اسے فرقہ پرستی کا رنگ دیکر بدنام کرنے کی کوشش بھی کی جارہی ہے اس سلسلہ میں "نقاط" کے یہ الفاظ یقیناً بہت اہم ہیں کہ

> جمعیۃ علماء ہند کانگریس کی پرانی رفیق ہے اور جس نے مسلم لیگ کی سخت اور شدید مخالفت کی ہے۔ اسے آج کانگریس ہی میں خوب بدنام کیا جارہا ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ کانگریس کے ان پرانے ساتھیوں کو کانگریس کی دشمن جماعت سیوک سنگھ کے پہلو میں جگہ دی جارہی ہے ..... کانگریس کی نظر میں ان کا سب سے بڑا جرم یہ ہے کہ یہ لوگ مسلمانوں کی مصیبت میں کام آئے۔ یہ قدرتی بات ہے کہ تقسیم کے بعد خوفزدہ مسلمان جمعیۃ کی طرف امداد کے لئے دوڑے لیکن کانگریس مین کیلئے اس بات کا صلہ دینا یقیناً غیر قدرتی ہوگا کہ جمعیۃ علماء ہی وہ جماعت تھی جس نے تقسیم ملک کی مخالفت میں اپنی پوری طاقت صرف کردی!

ان سطروں میں جمعیت کے جن مخالف لوگوں کی افسوسناک ذہنیت کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس پر ہم زیادہ ماتم سرائی کرنا نہیں چاہتے۔ صرف یہ عرض کرنے پر مجبور ہیں کہ اگر جمعیۃ علماء مسلمانوں کو تسلی نہ دے تو مسلمان گرنے سے بچ نہیں سکتے۔ اور جب مسلمان گریں گے تو وہ اکیلے ہی ہلاک نہیں ہونگے۔ پورے ہندوستان پر اخلاقی موت وارد کردیں گے! چاہئے تو یہ تھا کہ کانگریس اور ملک کی اکثریت خود ہی مسلمانوں کو دونوں ہاتھوں سے تھامتی، لیکن اگر اسے اس خدمت کا موقعہ نہیں ملا تو جمعیۃ علماء کی خدمات کو سراہتی اور یہ کہتی کہ اس کی یہ خدمت مسلمانوں ہی کی نہیں سارے ہندوستان کی خدمت ہے، حکومت کی خدمت ہے۔ انسانیت کی خدمت ہے۔ اور ہم سب کے مستقبل کی خدمت ہے لیکن [illegible]

افسوس! جس بات کا احساس نقاط تک کو ہے، اسکا ادراک کانگریس کو نہیں ہے۔ وہ اپنے ملک کے ایک اچھے عنصر کو بیکار کرنے میں خوش ہے اور یہ نہیں جانتی کہ اسے کانگریس میں شامل کرکے ملک کے لئے مفید بنائے اور اس کی مایوسی کو دوسروں میں پھیلنے نہ دے!

وہ بھی چلے

خوش فہمی

برطانوی مصنوعات کی سب سے بڑی منڈی

آج بھی ہندوستان ہی ہے

ریاستہائے متحدہ میں حبشیوں پر مظالم

(از لائے ایوا نووا)

(۲)

عوام کا جمہوری اتحاد

اطالوی نوآبادیات کا فیصلہ ہندوستان کی تجویز کے مطابق ہوا

اقوام متحدہ میں ہندوستانی نمائندہ سر راؤ کی کامیابی

شاہ افغانستان کے لئے سکھوں کی دعا

تحصیل سکندرآباد ضلع بلندشہر میں چینی کی قلت

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مہاتما گاندھی کے اصول

حکومت یوپی متوجہ ہو

مکرمی ایڈیٹر صاحب السلام علیکم

دہلی میں طب یونانی کی بدحالی

ڈاکٹر وقار احمد انصاری

افکار

میاں افتخار الدین کی پہلی کامیابی

مسلم سیاسیات میں میاں افتخار الدین کی پہلی کامیابی، تقسیم و انقلاب اور قیام پاکستان سے پہلے زمانہ کی ہے۔ لیکن وہ کامیابی بالکل عارضی ثابت ہوئی یا یوں سمجھئے کہ میاں افتخار الدین کے زندگی بھر کے رجحان طبیعت کے مطابق جب تک مسلمان کی سیاست دائرہ احتجاج میں اور بہ تخریب رہی۔ میاں صاحب کامیاب رہے اور کہنا چاہیئے کہ بے حد کامیاب رہے۔ انہوں نے بڑے بڑے تن آسانوں اور عافیت کوشوں کو جا بجا ہیدوں کی صف میں لا کھڑا کیا۔ لیکن جونہی احتجاج و تخریب کا دور ختم ہوا۔ میاں صاحب یا تو اپنی عادت کے خلاف فضا پاکر خود پیچھے ہٹ گئے یا مسلمانوں کے سیاسی شعور نے دباؤ دیکر پیچھے ہٹا دیا۔ یہاں تک کہ وہ مسلم لیگ منسٹری میں غالباً دو ماہ بھی نہ چل سکے۔ اور جب تک اسمبلی قائم رہی وزرائے کرام ان کی توضیح کرتے رہے۔ ممتاز دولتانہ انہیں ریشم میں لپیٹ لپیٹ کر مارتے رہے۔ اور شوکت حیات کی مصلحت سوزی نے اتنا بھی تکلف گوارا نہ کیا۔ بلکہ انہوں نے اسمبلی ہال میں میاں صاحب پر کھلی کھلی چوٹیں کیں اور میاں صاحب کو کہنا پڑا کہ موجودہ اسمبلی میں نہ ان کا کوئی ساتھی ہے نہ موجودہ اسمبلی کو نمائندہ سمجھتے ہیں۔

قیام پاکستان کے بعد میاں صاحب کی کامیابی کی بنیاد تو ۲۴ جنوری ۱۹۴۹ء کو ہی رکھی گئی تھی۔ لیکن انہیں کامیابی نصیب ہوئی۔ پورے دس ماہ بعد جبکہ انہوں نے ٹھہراتے ہوئے پنجاب، اکتاتے ہوئے پنجاب اور کنگ آمد بجنگ آمد کے ان لیڈروں کی بیعت لے لی۔ جو ذاتی اقتدار کی خواہش اتنی شدید رکھتے ہیں کہ اس کے مقابلے میں پاکستان کی ہر قومی اور ملکی مصلحت کو بھی نظر انداز کر سکتے ہیں اور جو بے حد اقتدار میں یا امیدگاہ میں میاں صاحب کو ہمیشہ جلی کٹی سناتے رہے۔ انہوں نے پاک دستور کے آئینے پنجابی ممبروں کی مٹھی بھر کر مرکزی حکومت کے منہ پر کھینچ ماری ہے اور وہی لوگ جو معراج تقریر و کمال سیاست اسی کو سمجھتے تھے کہ پنجاب کو میاں صاحب کے فرضی یا اصلی کمیونزم سے محفوظ رکھنے کا ڈھول پیٹا جائے۔ آج میاں صاحب کے دست جاہ پرست کہیئے یا دست لیگ شکست پر بیعت کر چکے ہیں۔

(سفینہ۔ لاہور۔ ۱۳ اکتوبر)

مشرق وسطی کے لئے معاشی مشن

یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ معاشی مشن ہو یا [illegible] مشرق وسطی سے امریکہ کو بڑی توقعات وابستہ ہیں۔ [illegible] مشرق وسطی اور دوسرے [illegible]

پسماندہ ملکوں کے لئے خوشحالی اور ترقی کی ایک نئی [illegible] نکلے گا۔

مشرق وسطی میں معاشی نقطہ نظر سے زرخیز اور سیاسی زاویہ نگاہ سے ایک اہم خطہ ہے۔ یہ علاقہ پسماندہ سہی مگر اس کی مٹی بڑی زرخیز ہے۔ یہ وہ سرزمین ہے جس کی ثقافت کے سکے ساری دنیا میں جاری ہیں۔ اور جس کی خوشحالی ایک امر مسلم تھی۔ آج معاشی مشن کی نظریں اس ثقافت خیز اور زرخیز خطہ پر پڑ رہی ہیں جو مالی اور فنی اور عدم تنظیم کے باعث پسماندہ ہے۔

(سعادت۔ لائلپور۔ ۲۹ اکتوبر)

پاکستان

نواب ممدوٹ کے مقدمہ میں چوہدری محمد حسن کی گواہی

عدالت میں کوئی مقدمہ پیش ہو تو اس پر رائے زنی نامناسب ہے۔ قانوناً بھی اور اخلاقاً بھی۔ قانوناً اس لئے کہ انصاف کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور اخلاقاً اس لئے کہ ہمیں اپنی عدالتوں کا احترام کرنا چاہیئے ہم مقدمہ پر بحث کرنا بھی نہیں چاہتے۔ اس لئے کہ ہمیں یقین ہے۔ عدالت اس معاملہ میں پورے انصاف سے کام لے گی۔ لیکن [illegible] قانون و عدالت کی پاسداری کے ساتھ ساتھ ہم سے اور بھی اہم تقاضے کرتے ہیں۔ مثلاً قانون و عدالت ہی سے متعلقہ امور کی اشاعت کے بارے میں ہماری احتیاط کی حدود کیا ہیں؟ قانون و عدالت ہر حال ہماری زندگی کے (اہم ترسہی) شعبے ہیں۔ اصل زندگی نہیں اور اگر ہمیں کسی وقت نظر آئے کہ کسی عدالتی کارروائی کی اشاعت کے سلسلہ میں کوئی بات ہماری قومی زندگی پر کسی اور پہلو سے اثر انداز ہوتی ہے۔ تو قانون و عدالت کے ہزار احترام کے باوجود ہماری خاموشی قومی خودکشی کے برابر ہوگی۔

ہمیں یہ حق حاصل نہیں ہے کہ ہم کسی مقدمہ میں کسی شہادت کو قانونی نقطہ نگاہ سے جانچیں۔ یہ عدالت کا کام ہے۔ نہ ہم شہادت کے کیف و کم کو اس نقطہ نظر سے زیر بحث لا سکتے ہیں کہ اس کا زیر سماعت مقدمہ سے کیا تعلق ہے۔ اور مقدمہ پر اس کا کیا اثر ہے۔ لیکن اگر کسی گواہ کا بیان ہمارے قومی زندگی کے دوسرے شعبوں پر اثر انداز ہوتا ہو۔ تو ہم اپنی عدالت سے یہ بجا توقع رکھتے ہیں کہ وہ گواہی کے اس پہلو پر بحث کو بھی برداشت کرے گی۔

ہائیکورٹ میں چوہدری محمد حسن کا جو بیان ہوا ہے اور اس کی جس طرح اشاعت ہوئی ہے۔ اس کا تعلق صرف زیر سماعت مقدمہ سے ہی ہوتا۔ تو ہم عدالت عالیہ کے احترام سے چپ رہتے بلکہ ہماری نظر میں چیف جسٹس [illegible] اشاعت سے متعلقہ احتیاط کے بارے میں تھا۔

لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ہم کو خود جس پہلو پر زور دینا چاہیئے وہ اسی بے احتیاطی سے متعلق ہے جو خود ہائیکورٹ کے نزدیک بھی پسندیدہ نہیں۔

(سفینہ۔ لاہور۔ ۲۷ اکتوبر)

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہوں گے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان کے رتبہ کو بلند کرنے کے لئے ہندو یونین میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کر کے ایک صالح اور توانا اتحادی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور اچھا شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلہ میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خوشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

مدورا میں بموں سے مسلح گروہ کا جوہری کی دکان پر حملہ

ڈاکو طلائی زیورات لے کر فرار ہو گئے

مدورا ۱۱ر نومبر۔ چھ اشخاص کے ایک گروہ نے جو دھار دار چاقوؤں اور کچے بموں سے مسلح تھے۔ یہاں شہر کے مشرقی حصہ میں ایک جوہری کی دوکان پر حملہ کیا۔ بم پھینکے اور چاقوؤں سے چوکیدار کو زخمی کرنے کے بعد وہ کچھ طلائی زنجیریں اور بکلیں لے کر فرار ہو گئے۔

ایک زخمی کے بیان کے مطابق یہ لوگ شام کو دوکان میں داخل ہوئے اور انہوں نے دو بم پھینکے اور اپنے خم دار چاقوؤں سے ان لوگوں کو زخمی کیا اور ڈرایا دھمکایا جو اپنے آقا کی مدد کے لئے بڑھے تھے۔

اس کے بعد انہوں نے دوکان کو لوٹ لیا اور جاتے وقت ایک بم اور پھینکا لیکن وہ پھٹا نہیں۔ تعاقب کرنے والا کانسٹیبل ایک بم سے زخمی ہو گیا۔ اس کے بعد انہوں نے بچنے کے لئے دو تین بم اور پھینکے۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

عظیم الشان مشاعرہ

مورخہ ۲۰ر نومبر ۱۹۴۹ء یوم یکشنبہ ساڑھے آٹھ بجے شب ایک عظیم الشان مشاعرہ طرحی زیر اہتمام

یوم مصحفی کی کارروائی شائع کیجائیگی

امروہہ ۸ نومبر۔ ڈاکٹر شہباز صدیقی ناظم نشر و اشاعت اردو مجلس امروہہ نے اطلاع دی ہے کہ ۱۳ر نومبر بروز اتوار کو ۸ بجے شب بدولت کدہ انجم صاحب امروہوی یوم مصحفی منایا جا رہا ہے جس میں مشاعرہ و مذاکرہ کی دو نشستیں ہوں گی۔ کارروائی کتابی صورت میں شائع کی جائے گی۔

شعرائے کرام و ادیب صاحبان نوٹ فرمائیں۔

"قصر الادب" باپوڑ منعقد کیا جا رہا ہے۔ اہل ذوق شعرائے کرام سے امید ہے کہ حسب ذیل مصرعہ طرح پر طبع آزمائی فرما کر شریک مشاعرہ ہوں گے اور اراکین قصر الادب کو ممنون فرمائیں گے۔ امید ہے کہ ہندوستان کے معیاری شعراء حضرات بھی اس میں شریک ہوں گے۔ مصرع طرح:۔

دریا کی موج موج کو ساحل بنا دیا

قوافی:۔ ساحل، حاصل وغیرہ

ردیف:۔ بنا دیا

نوٹ:۔ عورتوں کے لئے پردہ کا خاص انتظام کیا جائے گا۔ نیز لاؤڈ اسپیکر کا بھی انتظام ہوگا۔

(منتظم خورشید باپوڑی)

پاکستان میں مقیم ایک ایک کشمیری کی جان بچائی جائے گی!

کشمیر کے نائب وزیر اعظم کا بیان

سری نگر (بذریعہ ڈاک) میں پاکستانی حکام کو متنبہ طور پر بتانا چاہتا ہوں کہ ہم پاکستان میں رکے ہوئے بیکس کشمیری بھائیوں کو نسلی امتیاز لوٹ مار اور بے عزتی کا شکار نہیں ہونے دیں گے۔ اور ہم ان کو بچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے اور ہم ہر ممکن ذریعہ اختیار کریں گے جس سے ہم ان بیکس کشمیریوں کو پاکستانی مظالم سے نجات دلا سکیں۔

یہ ہیں وہ الفاظ جو نائب وزیر اعظم کشمیر جناب عزت مآب غلام محمد بخشی نے ایک بیان کے دوران میں فرمائے۔ ..... آپ نے مزید فرمایا کہ ان بے کس و بے بس کشمیریوں میں سے چند ایک نے ملک سے غداری کر کے پاکستان کی کٹھ پتلیاں بننا چاہا۔ پاکستان کے مظالم کے نتیجے میں ہلاک شدہ ایک ایک کشمیری کی موت کا انتقام لیا جائیگا۔ اور پاکستان کو اور کشمیر کے ان بیکس فرزندوں کے خلاف وحشیانہ سلوک روا رکھنے کے لئے گراں قیمت ادا کرنا پڑے گی۔ آپ نے فرمایا جن کیمپوں میں کشمیری پناہ گزینوں کو رکھا گیا ہے ان کی حالت نازی جرمنی کے کیمپوں سے بھی بدتر ہے۔

یوپی کانگریس کمیٹی نے سنگھ کی شرکت کے مسئلہ کو اگلے اجلاس تک ملتوی کر دیا

۷۵ فیصدی ممبران مسٹر سہائے کی قرارداد کے حق میں

بنارس ۱۱ر نومبر۔ وزیر اعظم یوپی کے پارلیمنٹری سکریٹری مسٹر گوبند سہائے جو اینٹی [illegible] فرنٹ کے لیڈر ہیں۔ گذشتہ شب اخبار والوں سے ایک ملاقات میں بتایا کہ اگرچہ یوپی کانگریس نے ان کی قرارداد پر غور آئندہ اجلاس تک ملتوی کر دیا ہے۔ مگر مجھے یقین ہے کہ تمام کانگریسی سنگھ کی تنظیم، آئیڈیالوجی طریقہ کار اور تکنیک کے خلاف ہیں۔

مسٹر سہائے نے بتایا کہ اس اجلاس میں شریک ہونے والے ممبران میں سے ۷۵ فیصدی ممبران نے اس فیصلہ پر دوبارہ غور کرنے کے مطالبہ پر دستخط کر دیئے ہیں۔ مسٹر گوبند سہائے نے کہا کہ مجھے یہ سن کر حیرت ہوئی کہ کونسل نے اس پر غور کرنے کو آئندہ اجلاس پر ملتوی کر دیا ہے۔ جس کی کوئی تاریخ مقرر نہیں ہے۔

یہ سالانہ ختم ۲۷، ۲۸ محرم الحرام مطابق ۱۹ اور ۲۰ نومبر ۱۹۴۹ء بمقام انبہٹہ پیرزادگان ضلع سہارنپور میں ہوگا۔ جملہ مریدین و معتقدین مطلع ہو کر عرس میں شرکت فرما دیں۔



عصابی جنگ

جب جسم کوئی بے اعتدالی کرتے ہیں تو اس کا اثر ہمارے تمام اعضا پر پڑتا ہے۔ ہمارے اعضا جسم کی قوت کو برقرار رکھنے کیلئے فوری جدوجہد کرتے ہیں۔ ایک طرح سے کمزوری کے خلاف باقاعدہ جنگ ہوتی ہے لیکن بار بار کی بے اعتدالیوں سے جسم کی کمزوری کے خلاف یہ مدافعت کمزور پڑ جاتی ہے ایسی حالت میں صرف شباب آور ہی آپ کے جسم میں از سر نو طاقت کی لہریں دوڑا سکتا ہے۔

شباب آور

[illegible]

ہمدرد دواخانہ، دہلی

Hamdard

چیف اسٹاکسٹس

(۱) میسرز موہن اسٹورز [illegible] (۲) [illegible]
(۳) حکیم [illegible] (۴) [illegible]
(۵) کشمیر اسٹورز [illegible] (۶) [illegible]
(۷) سکھرام داس [illegible] (۸) [illegible]

مراسلہ نگاروں کیلئے ہدایات

۱۔ تمام مراسلات کاغذ کے ایک طرف اور خوشخط لکھے ہوئے ہونے چاہئیں۔
۲۔ مراسلات مختصر ہوں۔
۳۔ جماعتی خبریں۔ مراسلات مثلاً کانگریس جمعیۃ یا کسی اور جماعت کی جانب سے چھپے ہوئے فارم پر یا مہر لگا کر بھیجنے چاہئیں۔
۴۔ جمعیۃ علماء کی ماتحت شاخوں کو خاص طور پر ان باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے ورنہ مراسلہ شائع نہ ہو سکے گا۔
۵۔ تمام مراسلات اردو میں ہونے چاہئیں۔

جوالاپور میں ہندو مہاسبھا کے لیڈر کی تقریر

جوالاپور (بذریعہ ڈاک) ہندو مہاسبھا کے ایک لیڈر نے ایک تقریر کی جس میں کانگریسی لیڈروں پر سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے ہندوؤں کو منظم ہو کر رہنے اور مسلمانوں کو شدھ کر کے ہندو بنا لینے میں ملانے پر زور دیا۔ (نامہ نگار)

دو بھائیوں کی خونریز جنگ

رام پور (بذریعہ ڈاک) معلوم ہوا ہے کہ موضع کاشی پور میں ایک بھائی کھیت جوت رہا تھا کہ دوسرے بھائی نے یکایک پیچھے سے آکر اس پر حملہ کر دیا اور اس کو مردہ جان کر چھوڑ کر چلا گیا۔ زخمی نے پولیس میں آکر رپورٹ درج کرائی۔ پولیس نے زخمی کو ہسپتال پہنچا دیا۔

قصبہ پھپھوند میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

پھپھوند (بذریعہ ڈاک) صوبہ جمعیۃ علماء کا وفد بہمراہ جناب حافظ کریم بخش صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع اٹاوہ و مرزا علی جان صاحب [illegible] ناظم اعلیٰ قصبہ پھپھوند آیا۔ اور جناب مولوی مصطفےٰ خاں صاحب [illegible] صدر کانگریس کے یہاں قیام پذیر ہوا۔ بعد نماز جمعہ جامع مسجد پھپھوند میں حضرت مولینا ابو البیان صاحب صدر جمعیۃ علماء ضلع فرخ آباد اور جناب مولینا اخلاق حسین صاحب قاسمی صدر جمعیۃ العلماء ضلع آگرہ نے نہایت عمدہ پیرائے میں جمعیۃ کا پروگرام پیش کیا۔ جس کو حاضرین نے نہایت دلچسپی سے سنا۔ شام کو مولوی مصطفےٰ خاں صاحب کے دولت کدہ پر کچھ حضرات کا اجتماع ہوا جس میں حضرت مولینا ابو البیان صاحب نے ایک عارضی کمیٹی بنا دی۔ حکیم سید عبدالعباد صاحب کنوینر۔ ڈاکٹر [illegible] صاحب نائب کنوینر۔ ماسٹر اسد اللہ صاحب۔ منشی امام علی صاحب۔ ماسٹر رحیم بخش صاحب۔ حافظ محمد عثمان خاں صاحب۔ محمد عبداللہ خاں صاحب اس کے ممبران منتخب ہوئے۔

ممبر سازی کیلئے مسلمانان ضلع ٹونک

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء کی اپیل

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مرزا صفی الدین بیگ صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع ٹونک نے ٹونک اور اس کے ملحقات نوائی، لیبرہ، علی گڑھ اور بنارہ اور اوادہ کے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ جمعیۃ علماء کا سال ختم ہو رہا ہے۔ سال آئندہ کے لئے جمعیۃ کے عام معاون یعنی ممبر بننے کا وقت شروع ہو گیا ہے۔

مسلمانان ضلع ٹونک سے مخلصانہ اپیل ہے کہ وہ دور حاضرہ کی نزاکتوں کے پیش نظر اجتماعی زندگی کی اہمیت کو محسوس کریں۔ اور جمعیۃ علماء کے زیادہ سے زیادہ ممبر بن کر جمعیۃ علماء کو مضبوط بنائیں۔ اور اپنی مذہبی و دینی بیداری کا ثبوت دیں۔

ضلع کی ماتحت جمعیتوں کو بھی سرکلر روانہ کر دیا ہے۔ اور ضلع جمعیۃ کی جانب سے تنظیم جمعیۃ اور عام معاون سازی کے سلسلہ میں عنقریب دورہ [illegible] ہونے والے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں۔

قصبہ بھرتنا میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

صوبہ جمعیۃ علماء کا وفد جس میں حضرت مولینا ابو البیان صاحب صدر جمعیۃ العلماء ضلع فرخ آباد حضرت مولینا اخلاق حسین صاحب قاسمی صدر جمعیۃ العلماء ضلع آگرہ اور حافظ کریم بخش صاحب ممبر [illegible] صدر جمعیۃ العلماء ضلع اٹاوہ و مرزا علی جان صاحب ناظم اعلیٰ شامل تھے بھرتنا آیا۔ اور حکیم عبدالشکور صاحب صدر کانگریس کمیٹی کے یہاں قیام پذیر ہوا۔ مسلمانان بھرتنا نے جلسہ کا اسٹیج بڑی شان و شوکت سے سجایا تھا۔ مگر بارش کی وجہ سے جلسہ پرائمری اسکول میں زیر صدارت حکیم عبدالشکور صاحب ہوا۔ جس میں حضرت مولینا ابو البیان صاحب و مولینا اخلاق حسین صاحب قاسمی نے بہت عمدہ اور مدلل تقریریں کیں۔ اگلے روز صبح کو مسلمانان بھرتنا جامع مسجد میں جمع ہوئے۔

حضرت مولینا ابو البیان صاحب اور حضرت مولینا اخلاق حسین صاحب نے مندرجہ ذیل اشخاص پر مشتمل ایک عارضی کمیٹی بنا دی۔ حکیم عبدالشکور صاحب نگران۔ ماسٹر عبدالغفور صاحب صدر۔ جناب منیر بخش صاحب سکریٹری جناب احمد بخش صاحب خزانچی۔ جناب عبدالرزاق صاحب ممبر جناب قاسم علی صاحب۔ جناب محمد طیب صاحب۔ جناب بعد و خان صاحب جناب میم بخش صاحب جناب محمد اسمٰعیل صاحب ممبر منتخب ہوئے۔

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست اور اس کی سبق آموز دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جنکی شہرت اور مقبولیت عام ہو چکی ہے

علمائے ہند کا شاندار ماضی۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند طبع دوم کی جلد اول قیمت [illegible]
علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند جلد اول [illegible] جلد دوم [illegible]
حیات شیخ الاسلام۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات مجلد [illegible]
مجاہد جلیل۔ از حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب (مختصر سوانح عمر)
باغی ہندوستان۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات (ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل۔ مولانا فضل حق خیر آبادی کے قلم مبارک سے) قیمت مجلد [illegible]
مسلمانوں کا روشن مستقبل۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بارہا طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکی ہے۔ قیمت [illegible]
غدر کے چند علماء۔ از مولانا مفتی انتظام اللہ شہابی مجلد [illegible]
ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء۔ از مفتی صاحب مذکور [illegible]
روح روشن مستقبل۔ روشن مستقبل کا خلاصہ قیمت [illegible]
رسالہ ہمارے پیغمبر۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب بہت سے مدارس میں داخل درس ہے۔ قیمت [illegible]

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

سردار پٹیل کی بابت سیلون کے ایک وزیر کا قابل اعتراض بیان

حکومت ہند کا سیلون کو سخت نوٹ۔ باقاعدہ احتجاج بھی کیا جائیگا

نئی دہلی ۱۲ر نومبر۔ سیلون کے سر جان کوٹیلا والا کے اس انٹرویو پر جس میں انہوں نے سردار پٹیل اور ان کے گروہ پر یہ کہکر حملہ کیا ہے کہ انہوں نے حیدرآباد کے امن پسند اور بے کس لوگوں پر ایسے مظالم کئے جو صرف عالم ظلمات ہی میں کئے جا سکتے ہیں" بڑے تعجب اور حیرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ سر جان کوٹیلا والا سیلون کے ایک وزیر ہیں۔ ان کا یہ بیان قاہرہ کی نیوز ایجنسی نے دیا ہے اور پاکستان کے اخبارات میں شائع ہوا ہے۔

خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت ہند اپنے سفیر متعینہ سیلون کی معرفت حکومت سیلون کو ایک نوٹ بھیج رہی ہے کہ سیلون کے اس وزیر کے بیان کی تحقیقات کیجائے اگر وزیر مذکور کے بیان کی تصدیق ہو گئی تو سرکاری طور پر احتجاج کیا جائے گا۔

جب ہندوستان ٹائمز کا نامہ نگار سیلونی ہائی کمشنر کے دفتر میں گیا اور سکریٹری سے مل کر اس بیان کی تصدیق چاہی تو سکریٹری نے اس بیان کی بابت لاعلمی ظاہر کی اور اس نامہ نگار کی موجودگی میں پاکستان کے ایک اخبار میں یہ بیان پڑھنے کے بعد اس نے کہا کہ "زیادہ سے زیادہ اس وزیر کے ذاتی خیالات ہو سکتے ہیں"۔

سکرٹری کا وعدہ

بڑی تعجب انگیز بات ہے کہ اگر کوئی وزیر اس قسم کے ذاتی خیالات رکھتے بھی ہوں تو ان کا ایک غیر ملک میں اس طرح عام مجمع میں اظہار کرے خصوصاً اس حالت میں کہ یہ الفاظ ایک پڑوسی مملکت کے قائم مقام وزیر اعظم کی بابت ہوں۔ سیلون کے ہائی کمشنر کے دفتر کے سکرٹری نے اس انٹرویو کی بابت تحقیقات کا وعدہ کیا۔ سر جان کوٹیلا والا جن سے یہ بیان منسوب کیا جاتا ہے ۱۹۳۶ء سے سیلون کے وزیر ہیں۔

پاکستان کے ساتھ ہمدردی

یہ تمام انٹرویو ہندوستان سے نفرت سے بھرا ہوا ہے ہندوستان کو اس کی توہین [illegible] کہ سیلون پاکستان سے کسی قسم کی حصہ داری قائم کرنا چاہتا ہے۔ جیسا کہ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے۔ لیکن ان کے الفاظ پر اعتراض کئے بغیر نہیں رہا جا سکتا۔ اگر سر جان نے ان تمام خیالات کا اظہار کیا ہے جو ان سے منسوب کئے جاتے ہیں تو حکومت ہند اس کو حکومت سیلون کا غیر دوستانہ اقدام سمجھے گی۔ [illegible] پاکستان ٹائمز میں شائع ہوا ہے۔

خبر کا متن

قاہرہ ۸ر نومبر سیلون کے ٹرانسپورٹ اور امور عامہ کے وزیر سر جان کوٹیلا والا نے جو یہاں مصر اور سیلون کے ثقافتی معاہدہ کے لئے آئے ہیں بڑے مداحانہ الفاظ میں پاکستانیوں کے اس عزم جذبہ اور ہمت کی تعریف کی جس سے وہ اپنی ریاست کی تعمیر میں مصروف ہیں"۔

ہندوستانی سیاستدانوں کے ایک گروہ کی [illegible] سیلون کے [illegible] انہوں نے کہا [illegible] ہندوستانی لیڈروں کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ سیلون آزاد ملک ہے [illegible] ہندوستان سے [illegible] نہیں سمجھنا چاہیئے"۔ [illegible]

حیدرآباد پر ہندوستان کے حملہ پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا سوائے عالم ظلمات کے ایسی بربریت اور ایسے ظالمانہ جرم نہیں کر سکتا تھا جو سردار پٹیل اور ان کے گروہ نے حیدرآباد کے بے گناہ اور امن دوست آدمیوں پر کئے ہیں"۔

سفارتی تعلقات کے قیام کا فیصلہ

انہوں نے پاکستان کی ایسوسی ایٹڈ پریس کو بتایا کہ پاکستان نے جس حالت میں بتایا کہ ان کے پاس کچھ نہ تھا اور اس کو عظیم مصائب کا سامنا تھا۔ دو سال کے اندر اندر اس نے ایک پوزیشن بنا لی ہے اور دنیا بھر کی توجہ [illegible] جب اس نے ایک باعزت مقام حاصل کر لیا ہے جب انہوں نے انکشاف کیا کہ سیلون نے پاکستان سے سفارتی تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے اور آئندہ سال اپریل تک ایک وزیر کراچی بھیجے جائیں گے۔ سیلون اور ہندوستان میں ہندوستانی مزدوروں کی بابت جو جھگڑا چل رہا ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگرچہ یہ مزدور سیلون میں بستے ہیں اور وہیں روزی کماتے ہیں لیکن یہ ہندوستان کو اپنا وطن سمجھتے ہیں یہ صورت حالات برداشت نہیں کی جا سکتی ان کو دو سال کا وقت دیا گیا ہے کہ شہریت کے بارے میں فیصلہ کر لیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس وقت تک اس مسئلہ کا تصفیہ ہو جائے گا۔

(ہندوستان ٹائمز)

پاکستانی قومی بنک کیلئے عمارت

خالی کرنے کا نوٹس دے دیا گیا

ڈھاکہ ۱۱ر نومبر۔ ڈھاکہ کے ضلع مجسٹریٹ نے [illegible] کو میلا بنکنگ کارپوریشن بلڈنگ کے لئے جانے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ مشرقی پاکستان میں یہ واحد عمارت ہے جس میں برقی لفٹ نصب ہے مالکوں نے ان لوگوں کو جو اس عمارت میں رہتے ہیں اس کے خالی کرنے کا نوٹس دے دیا ہے۔ اس نوٹس کا اطلاق کو میلا بنک اور سنٹرل پاکستان اری گیشن ڈیپارٹمنٹ پر بھی ہوا ہے۔ جو اس بلڈنگ میں واقع ہیں۔

معلوم ہوا ہے یہ عمارت پاکستان کے مجوزہ قومی بنک کے دفتر کے لئے خالی کرائی جا رہی ہے۔ [illegible]

کلکتہ کے جوٹ مل میں جھگڑا

کلکتہ ۱۱ر نومبر۔ کل شام [illegible] کے علاقہ میں ایک جوٹ مل کے اندر ملازموں اور دوسرے مظاہرین میں تصادم ہو جانے سے چار اشخاص زخمی ہو گئے۔

مظاہرین کمیونسٹ نعرے لگا رہے تھے وہ چوکیدار کو قابو میں کر کے مل میں داخل ہو گئے۔ اور جب انہوں نے مزدوروں سے ہڑتال کرنے کو کہا تو جھگڑا ہو گیا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

روسی وفد پاکستان سے واپس جا رہا ہے

قائد وفد ماسکو جا کر واپس نہ لوٹے

کراچی ۱۱ر نومبر (ڈپ) آج کل یہاں پر معلوم ہوا ہے کہ روس کے تجارتی وفد کے سات ارکان [illegible] ماسکو واپس پہنچ جائیں گے

یہ لوگ یہاں پر رہ گئے تھے اور اُن کے وفد کے قائد موسیو آئی ون ایبرین ۱۰ر اکتوبر کو ماسکو واپس چلے گئے تھے۔ جب وقت موسیو ایبرین گئے۔ اس وقت یہ توقع تھی کہ وہ گفت و شنید شروع کرنے کے لئے پھر کراچی واپس آئیں گے۔

جو ممبران وفد کراچی میں ہیں انہوں نے اس دوران میں پاکستانی ذمہ داروں سے کوئی بات چیت نہیں کی۔ [illegible] روسی نمائندوں کی آمد کی توقع ہے۔

امریکہ سونے کی قیمت میں کمی نہیں کریگا

صدر امریکہ کا غیر مشروط اعلان

واشنگٹن ۱۱ر نومبر۔ صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے اعلان کیا ہے کہ جب تک وہ صدر ہیں اس وقت تک سونے کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ [illegible] سوال کیا گیا تھا کہ کیا قومی قرضہ کو کم کرنے کے لئے حکومت [illegible] سونے کی قیمت میں کمی کرنے پر غور کر رہی ہے۔ تو انہوں نے غیر مشروط طور پر جواب دیا "قطعی نہیں"۔ (رائٹر)

چینی کمیونسٹ شہروں پر بمباری

قوم پرست چینی ہیڈکوارٹر سے اعلان

ہانگ کانگ ۱۲ر نومبر۔ چینی قوم پرست فضائیہ ہیڈکوارٹر تیوان سے اعلان ہوا ہے کہ چینی ہوائی جہازوں نے صوبہ چیکیانگ میں شنگھائی، نانکنگ اور ہانگچو میں ہوائی اڈوں اور ریل گاڑیوں پر بمباری کی۔ یہ بھی اطلاع دی گئی ہے کہ [illegible] کے قریب کینٹن [illegible] کی پوزیشنوں اور [illegible] جزیرہ پر فوجی مقامات پر بھی بمباری کی گئی۔ (پ۔ ٹ۔ ا۔ رائٹر)

کانگریسی مینوں کی کمزوری
اور
اس کی دوا
مصنفہ پنڈت سیتا رام شوکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم ایل اے بستی
قیمت [illegible]
ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

دارالسلطنت ۱۲ر نومبر

فیس میں اضافہ کے خلاف دہلی کے طالب علم مظاہرہ کرینگے؟

حکام کو جواب کے لئے ۱۳ر نومبر تک کی مہلت ستیہ گرہ کی دھمکی

مقامی اسکولوں میں فیس کے اضافہ سے طلباء میں بے چینی پیدا ہو گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے حکام سے فیس کو کم کر کے سابقہ معیار پر لانے کی درخواست کی ہے۔ جواب کے لئے حکام کو ۱۳ر نومبر کے ۴ بجے شام تک کی مہلت دی گئی ہے اگر حکام اس میں ناکام رہے تو طلباء پارلیمنٹ پر مظاہرے وغیرہ کرنے میں آزاد ہوں گے تاکہ اپنے مطالبات منظور کرا سکیں طلباء کی پارلیمنٹ کی مجلس عمل نے ایک قرارداد میں کہا ہے کہ حکومت کو اپنی ذمہ داری محسوس کرنی چاہیئے۔ تعلیمی اداروں کو سرکاری امداد کی کمی سے [illegible] پیدا ہوئی ہیں۔ دوسرے آزاد ممالک میں [illegible] تعلیم دی جاتی ہے ہندوستان میں فیس میں اضافہ غیر منصفانہ ہے۔ کونسل نے طے کیا ہے کہ اگر حکام نے [illegible] تو دہلی کے طلباء کو ستیہ گرہ کرنا پڑے گا۔ (ا۔ ا۔ س۔ ک)

۳۲ ½ من گیہوں برآمد

مہرولی میں ایک کارخانہ میں چھاپہ مار کر ساڑھے بتیس من گیہوں برآمد کیا گیا۔ اس سلسلہ میں ایک گرفتاری ہوئی ہے مہرولی کا ایک اور شخص بھی ایسے ہی الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔

جواری پکڑے گئے

سبزی منڈی پولیس نے جواری اور ناجائز افیون قبضہ میں رکھنے کے الزام میں دیگر اشخاص کو گرفتار کیا ہے۔

مشاورتی کونسل کی کارروائی

مسٹر شنکر پرشاد چیف کمشنر نے مشاورتی کونسل کے [illegible] بتایا کہ [illegible] ٹیکس کرنے کی جائے گی۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں [illegible] کونسل کے [illegible] کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا [illegible] کی تجویز نامنظور کر دی گئی ہے۔ کیونکہ دہلی میں [illegible] انہوں نے یہ بھی بتایا کہ دہلی میونسپل کارپوریشن کی تشکیل کے متعلق بھی ابھی تک حکومت ہند کی جانب سے فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے چیف کمشنر نے بتایا کہ نئی دہلی اور شاہدرہ میونسپلٹی میں انتخابات کے لئے ابھی تک تاریخوں کا تعین نہیں ہوا ہے۔ نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی میں انتخابات نہیں ہوتے ممبر مقرر کئے جاتے ہیں۔

انہوں نے ہریجنوں کی تعلیم اور ہندوستانی زبانوں کے امتحانات کے بارے میں بھی سوالوں کے جواب دیئے۔

درجہ حرارت اور طلوع و غروب

کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ [illegible] اور کم سے کم [illegible] درجہ حرارت رہا۔ آج صبح [illegible] آفتاب طلوع ہوگا۔ آج ۵ بجکر [illegible] منٹ پر غروب ہوگا۔

ہندو مہاسبھا مجلس عاملہ کا اجلاس

کلکتہ ۱۱ر نومبر۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی مجلس عاملہ کا ایک اجلاس نئی دہلی میں ۲۶ر اور ۲۷ر نومبر کو منعقد ہوگا۔

اسٹرلنگ کی کم قدری اور ہندی روپیہ

نہرو کرپس گفت و شنید کی بابت خیالی رائے

لندن ۱۱ر نومبر۔ پنڈت نہرو نے سر اسٹافورڈ کرپس کے ساتھ کس موضوع پر گفت و شنید کی ہے اس پر برطانوی محکمہ خزانہ کے افسران نے سخت پردہ ڈال رکھا ہے لیکن عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ گفت و شنید اسٹرلنگ سلبس کے سلسلہ میں کی گئی ہوگی۔

۷ اکتوبر کو واشنگٹن میں اسٹرلنگ سلبس کے متعلق سر کرپس نے جو تقریر کی تھی اس سے بعض لوگوں نے یہ اندازہ لگایا تھا کہ شاید اسٹرلنگ سلبس کی ادائیگی روک دی جائے گی۔ لیکن سر کرپس نے یہ الفاظ کہے تھے کہ خواہ ہم اسے پسند کریں یا نہ کریں لیکن ہمیں نسبتاً سست رفتاری اختیار کرنی پڑے گی

گذشتہ سال جنگ ہندوستان کا اسٹرلنگ سلبس ۷۸ کروڑ پونڈ کے قریب تھا اور پاکستان کا سلبس ۱۶ کروڑ پونڈ تھا۔ [illegible] ایک معاہدہ کیا گیا تھا جس کے تحت ہندوستان نے سالانہ ۴ کروڑ پونڈ وصول کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ (مخصوص)

مزید چار سکھوں کی گرفتاری

ضلع مجسٹریٹ کے احکام کی خلاف ورزی میں جلوس نکالنے اور پولیس سے تصادم کے سلسلہ میں چار مزید سکھوں کی گرفتاریاں ہوئی ہیں اس سلسلہ میں گرفتار شدگان کی تعداد اب ۱۶ ہو گئی ہے

فیڈرل کورٹ میں اہم مقدمہ

کل فیڈرل کورٹ میں ہائی کورٹوں کے حلقہ ہائے اختیارات کی بابت ایک اہم قانونی نکتہ فیصلہ کے لئے پیش کیا گیا۔ بمبئی ہائی کورٹ کے ایک فیصلہ کے خلاف اپیل کی [illegible] اس کا بیان پورا ابھی نہیں ہوا تھا کہ عدالت کا اجلاس ملتوی ہو گیا۔

سابق اسسٹنٹ کسٹوڈین کیخلاف مقدمہ

مسٹر شانتی لال آہوجہ کی عدالت میں [illegible] سابق اسسٹنٹ کسٹوڈین کے خلاف استغاثہ کے بیانات شروع ہوئے۔ [illegible] سازش کر کے رشوت لے کر اور مکانات کی الاٹمنٹ کرنے کا الزام ہے۔ [illegible] استغاثہ کی طرف سے [illegible] ابھی ان کا بیان جاری تھا کہ عدالت کا وقت ختم ہو گیا۔

تلاش گمشدہ

ایک لڑکی عمر ۹ سال [illegible] تین دن سے گم ہے جن صاحب کو ملے ذیل کے پتے پر پہنچا کر شکر گذاری کا موقع دیں۔ [illegible]

روپیہ خرد برد کرنے کا الزام

کنسٹرآرٹ امپوریم کے سابق [illegible] پر ساڑھے سات ہزار روپیہ خرد برد کرنے کا الزام لگایا گیا ہے جب حساب چیک کیا جا رہا تھا۔ [illegible] اس امر کا پتہ چلا۔

روز روشن میں چوری

سبزی منڈی [illegible] ایک کپڑے کی دکان میں تین اشخاص داخل ہوئے اور [illegible] لے کر فرار ہو گئے۔

دھوکہ دہی کی واردات

روہتک روڈ سے اطلاع ملی ہے کہ ایک شخص [illegible] دھوکہ دے کر [illegible] فرار ہو گیا۔

کپڑے کا تاجر گرفتار

چاندنی چوک کلاتھ مارکیٹ کا ایک تاجر ایک غیر مجاز شخص کے پاس ۵۰ جوڑے دھوتی فروخت کرنے کے سلسلہ میں گرفتار کر لیا گیا۔ بعد میں اُسے رہا کر دیا گیا۔ مسٹر [illegible] نے جو اس وقت وہاں موجود تھے یہ گرفتاریاں کی ہیں۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔

فتح عالم کے نسخے
[illegible]
جنرل نیوز ایجنسی [illegible] دہلی

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی سے بھجوانا ہے
تو ہماری معرفت روانہ کریں
ٹکٹ بھی بلا کمیشن خریدیں
المشتہر۔ دہلی کمرشل کارپوریشن۔ [illegible]
[illegible] نزد چاندنی چوک دہلی

ضرورت
مڈل پاس یا فیل طلبہ جو [illegible] ڈاکٹر بننا چاہیں۔ [illegible] انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیابی سے علاج ہوتا ہے۔ [illegible] تعلیم بذریعہ خط و کتابت کورس ایک ماہ [illegible]
پتہ۔ میگنیٹو کیور انسٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

اٹاوہ کی خبریں

(نامہ نگار خصوصی)

جمعیۃ العلماء کی تنظیمی کمیٹی بھرتنا میں

۳۰ اکتوبر کو قصبہ بھرتنا میں جمعیۃ العلماء کی تنظیمی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا۔ ماسٹر عبدالغفور صاحب صدر اور منیر بخش صاحب سکریٹری منتخب ہوئے۔ جمعیۃ کا صوبائی وفد ۲۹ اکتوبر کو بھرتنا آنے والا تھا لیکن وفد بر وقت نہ پہنچ سکا اور یہاں کے مسلمانوں کا کافی نقصان ہوا۔

کانگریس کی ممبر سازی

شہر اور ضلع میں کانگریس کی ممبر سازی پورے زور و شور سے ہو رہی ہے اس مرتبہ مسلمان بھی بکثرت ممبر بن رہے ہیں۔ عام طور پر کہا جا رہا ہے کہ ممبر سازی کی ۳۰ر نومبر تک صوبائی کانگریس کو بڑھا دینا چاہیئے۔ تاکہ کانگریس کے ممبران میں کافی اضافہ ہو جائے۔

ہاکی ٹورنامنٹ

[illegible] سوسائٹی حافظ محمد صدیق اسلامیہ انٹر کالج نے امسال ہاکی ٹورنامنٹ کرنے کا انتظام کیا ہے جو ۸ر نومبر سے شروع ہو گیا اس وقت تک ۲۲ ٹیمیں داخل ہو چکی ہیں جن میں آفتاب ہال مسلم یونیورسٹی [illegible] ہائی اسکول [illegible] ریلوے انسٹی ٹیوٹ علی گڑھ [illegible] خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔

آریہ سماج کا سالانہ جلسہ

آریہ سماج کا سالانہ جلسہ تین روز تک جاری رہا جس میں مشہور آریہ سماجی لیڈر [illegible] نے شرکت کی۔ [illegible] ڈرامہ [illegible] جو عام طور پر بہت پسند کیا گیا۔

ہریجن دیوس

۱۴ر نومبر کو کانگریس کی سرپرستی میں ہریجن دیوس منایا جائے گا۔

اردو مشاعرہ

۱۸ر نومبر کو [illegible] میں اردو مشاعرہ زیر صدارت حافظ محمد ابراہیم صاحب وزیر [illegible] ہوگا [illegible] میونسپل بورڈ کی طرف سے ایڈریس دیا جائے گا۔

دو کانوں پر ناجائز قبضہ کر لیا

[illegible]

قاہرہ میں زمین دوز ریلوے تعمیر کیجائیگی

قاہرہ ۱۲ر نومبر۔ پیرس میٹروپولیٹن ریلوے کے چیف انجینیئر مسٹر [illegible] نے ایک انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ قاہرہ جیسے وسیع شہر کو بھیڑ بھاڑ سے پاک کرنے کے لئے وہاں پر زمین دوز ریلوے لائن تعمیر کی جائیں جیسا کہ لندن اور پیرس میں کیا جا چکا ہے مسٹر [illegible] کلکتہ جا رہے ہیں حکومت ہند نے [illegible] کی تعمیر کے سلسلہ میں ان سے مشورہ حاصل کرنے کے لئے انہیں طلب کیا ہے۔ وہ کلکتہ میں ۳ ہفتہ قیام کریں گے جس کے بعد دوبارہ قاہرہ جائیں گے اور اس سلسلہ میں حکام سے مزید گفت و شنید کریں گے۔ (گلوب)

[illegible]

[illegible] کے نرخ

دہلی ۱۲ر نومبر ۱۹۴۹ء

بازار صرافہ

[illegible]

غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار کریانہ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

پاک ایئر لمیٹڈ
باقاعدہ مقررہ سروسیں
دہلی تا کراچی لاہور راولپنڈی پشاور
اوقات
دہلی کراچی (ہر منگلوار) [illegible]
دہلی لاہور (روزانہ) [illegible]
لاہور۔ راولپنڈی۔ پشاور ہر سوم۔ بدھ۔ جمعہ اور سنیچر [illegible]
مزید معلومات مقامی ایجنٹ سے دریافت کیجئے
ایئر سروسز آف انڈیا لمیٹڈ
ریگل بلڈنگ کناٹ سرکس نئی دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ الجمعیۃ

یداللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

ہندوستان پاکستان

گپتا برادرس ایجنسی

لاہور میں روزنامہ الجمعیۃ دہلی خریدئیے مولانا عبدالسلام ندوی معرفت ادارۂ فروغ اردو ایبک روڈ انارکلی

رجسٹرڈ ڈی۔ نمبر ۹

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: 6841

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ار | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۲۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۲۷۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دستور ساز ہند میں مسودہ آئین کی تیسری خواندگی پر بحث شروع ہوگئی

ڈاکٹر امبیدکر نے مسودہ کمیٹی کا پیش کردہ اور ترمیم شدہ آئین پیش کر دیا

کام جلد ختم کرنے کیلئے اسمبلی کے روزانہ دو اجلاس منعقد ہونگے

بدھ کے دن ایک بجے تک ۵۰۰ سو ترمیمات پر بحث ختم کردی جائیگی

نئی دہلی — (نامہ نگار اور پریس ٹرسٹ) ۱۴ نومبر۔ آج دن کے گیارہ بجے مجلس دستور ساز کا اجلاس صدر دستوریہ ہند ڈاکٹر راجندر پرشاد کی صدارت میں ہندوستان کے نئے آئین کے مسودہ پر تیسری خواندگی کے لئے شروع ہوا۔ ایوان نے پندرہ منٹ طریقہ کار طے کرنے میں صرف کئے۔ صدر آسمبلی ڈاکٹر راجندر پرشاد نے اعلان کیا کہ تمام ترمیمات میں سے جو تقریباً ساڑھے پانچ سو ہیں بدھ کے دن [illegible] ایک بجے تک ختم کردی جائیگی۔

[illegible]

شاہ ایران کے سفر امریکہ کی تیاری

حکومت کا کام چلانے کیلئے کونسل بنادی گئی

[illegible]

پنڈت نہرو ممتاز ترین شخصیت ہیں

[illegible]

بمبئی کے گوالیا ٹینک پر لاکھوں انسانوں کا پنڈت نہرو کو خراج عقیدت

پنڈت نہرو کی ساٹھویں سالگرہ پر پرچم کشائی اور مسٹر پاٹل کی تقریر

[illegible]

پنڈت نہرو کی سالگرہ پر اکابر جمعیۃ کی مبارکباد

حضرت شیخ الاسلام اور مولانا حفظ الرحمن صاحب کا برقیہ

[illegible]

ہندوستان کے محبوب وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی سالگرہ

قومی لیڈروں اور اکابر جمعیت کے تہنیتی پیغامات

درازی عمر کی دعائیں اور گرانقدر خدمات کا اعتراف

[illegible]

بحری کمانڈر کا طیارہ خراب ہوگیا

[illegible]

ہند اور پاکستان کے روپے کی شرح تبادلہ کو خود ہی طے ہونے دیا جائے

حکومت ہند کو ریزرو بنک کا مشورہ

مدورا کی تقریر میں بنک کے ڈائرکٹر کا انکشاف

[illegible]

بابا کھڑک سنگھ کا پیام

[illegible]

دولت مشترکہ ٹیم کا کرکٹ کا میچ

[illegible]

کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو زندہ باد

ہندوستان کے وزیر اعظم کی مراجعت وطن پر مولانا فاخری کا بیان

[illegible]

مسٹر بھوپیکر کا بیان

[illegible]

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

ESTD. 1925

DATE:- 14-11-49

PHONE 5855

مغربی جرمنی کو یورپین کونسل کا ممبر بنالیا جائے گا

تین بڑے وزرائے خارجہ کی مغربی جرمنی کو پیشکش!!

اتحادی ہائی کمشنروں کو چند اہم ہدایتیں!

[illegible]

سرحد کمیشن اگلے مہینہ اپنا کام شروع کر دیگا

ثالثی کے کام میں دوسرے جھگڑوں کو شامل نہیں کیا جاتا

[illegible] پاکستان نے یہ کوشش کی کہ سرحدی جھگڑوں کی ثالثی [illegible] شامل کیا تو ہندوستان اس کی شدید مخالفت کرے گا۔

[illegible]

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

[illegible]

نمونہ مفت

[illegible]

روزنامہ الجمعیۃ سنڈے ایڈیشن

[illegible]

(مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ)

ایجنٹ صاحبان مطلع فرمائیں

کہ انھیں آئندہ دوشنبہ ۱۴ نومبر سے شام کا ایڈیشن بھیجا جائے یا صبح کا؟

اگر وہ یہ وضاحت بھی کردیں کہ دہلی سے کس ٹرین سے روانہ کیا جائے تو یہ زیادہ بہتر ہو۔ سنڈے ایڈیشن کی مطلوبہ تعداد سے بھی مطلع فرمائیں۔

مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ

آزاد ہند فوج کے سابق سپاہیوں نے اپنی تنظیم شروع کردی

غیر سیاسی جماعت بنائی جائے گی۔ بمبئی کنونشن کا فیصلہ

[illegible]

نواب ممدوٹ کے مقدمہ کی سماعت

[illegible]

انڈونیشی گول میز کانفرنس کی کامیابی ہندوستان کی خارجی پالیسی کی فتح ہے

بٹاویا سے روانہ ہوتے وقت ہندوستانی قونصل جنرل کی تقریر

[illegible]

جاپانی پارچہ بافوں سے مقابلہ پر تشویش

برطانوی تاجروں کی امریکہ کو روانگی

[illegible]

امریکہ ایٹمی طاقت پر کنٹرول کی مناسب تجویز پر غور کرنے کیلئے تیار ہے

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں امریکی نمائندہ کا اعلان

[illegible]

مشرق وسطی کے امریکی سفیروں کی کانفرنس

[illegible]

گول میز کانفرنس اور پاکستان

مانچسٹر گارجین کا تبصرہ

[illegible]

بمبئی میں کپاس کانفرنس

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

اریٹیریا اٹلی کی تولیت میں

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

جوہری کی دکان پر ڈاکہ ۱۲ آدمی گرفتار

[illegible]

جنوبی ہند میں مسلح ہجوم کا تھانہ پر حملہ

ایک شخص ہلاک چھ زخمی

[illegible]

ایران کے دفاعی معاملات پر گفتگو

[illegible]

۱۰۶ سالہ بوڑھے کی وفات

[illegible]

لاہور میں اینگلو پاکستانی ڈے

[illegible]

کوئی تجویز نہیں

[illegible]

مشرقی مغربی بنگال

[illegible]

مشرقی بنگال آسام!

[illegible]

برطانوی کمیونسٹ پارٹی کی ممبری

[illegible]

تنگ بھدرا کے بندکی تیاری

[illegible]

مسٹر رفیع احمد قدوائی

پونہ کے بڑے ڈاکخانہ کا معائنہ کیا

[illegible]

جنوبی ہند کی سونے کی کانوں میں ہڑتال

[illegible]

شیخ الہند جنتری

کانگریس اور جمعیۃ علماء کی تاریخ، ہندوستان [illegible] تین ہزار سالہ کیلنڈر [illegible] کے قانون [illegible]

لنے کا پتہ: گوشہ ادب [illegible] علم خان دہلی

نقالوں سے بچئے۔ اصلی مچھلی چھاپ دیکھ لیجئے!

مچھلی چھاپ رجسٹرڈ

[illegible]

شفاء العین اینڈ [illegible]

[illegible] دہلی

امریکہ و برطانیہ سے پنڈت نہرو کی کامیاب واپسی

پنڈت جی آج سہ پہر کو بمبئی پہونچ جائیں گے

ہوائی میدان پر استقبال کی شاندار تیاریاں

ساتھ ہی نہرو کی ساٹھویں سالگرہ کی تقریب۔ گورنر جنرل ہند کا پیغام مبارکباد

لندن - ۱۳ر نومبر - پنڈت جواہرلال نہرو وزیر اعظم ہند آج صبح ایئر انڈیا انٹرنیشنل فضائی سروس کے ہوائی جہاز سے ہندوستانی ٹائم کے مطابق پونے سات بجے شام لندن سے ہندوستان کے لئے روانہ ہو گئے۔ ان کے ساتھ محکمہ خارجہ کے سکریٹری جنرل سر گرجا شنکر باجپائی اور وزیر اعظم کے دو سکریٹری بھی ہیں۔ لندن کے ہوائی میدان پر برطانیہ کے وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس، لیڈی کرپس اور مسٹر نوئیل بیکر وزیر تعلقات دولت مشترکہ پنڈت نہرو کو الوداع کہنے کے لئے موجود تھے۔ پنڈت جی کا ہوائی جہاز کچھ دیر کے لئے قاہرہ رکے گا اور کل سہ پہر کے وقت دو بجے بمبئی پہونچ جائے گا۔

بمبئی کے ہوائی میدان پر پنڈت نہرو کا شاندار استقبال کیا جائے گا اور اس موقعہ پر گورنر بمبئی، وزیر اعظم بمبئی اور وزراء اور بمبئی کے سرکردہ حضرات موجود ہوں گے۔ بمبئی صوبہ کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری نے اعلان کیا ہے کہ شام کو چھ بجے شیواجی پارک میں پنڈت جی کے استقبال کا جو پروگرام مرتب کیا گیا ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

سوشلسٹ پارٹی کے ایک ترجمان نے کہا کہ ان کی پارٹی پبلک طور پر پنڈت جی کے استقبال میں تعاون کریگی۔ اس امر کی توقع ہے کہ استقبالی جلسہ میں ایک سوشلسٹ لیڈر اپنی پارٹی کی طرف سے پنڈت جی کا خیر مقدم کریگا۔

گورنر جنرل کا پیغام

سردار پٹیل کی ریڈیائی تقریر

نئی دہلی - ۱۳ر نومبر - نائب وزیر اعظم سردار ولبھ بھائی پٹیل کل شام ۸ بجے شب قوم کے نام اپنی تقریر براڈکاسٹ کریں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی ریڈیائی تقریر میں عوام سے حکومت کے ساتھ ان اقدامات کے سلسلے میں تعاون کرنے کی اپیل کریں گے، جو ملک کی اقتصادی صورت حالات سے متعلق دشواریوں پر قابو حاصل کرنے کے لئے اٹھانا چاہتی ہے۔

کمیونسٹ نظربندوں نے بھوک ہڑتال ختم کردی

مسٹر تھاٹے کی گرفتاری

ملایا میں دہشت انگیزوں کیخلاف کارروائی

۱۷۰۰ دہشت انگیز ہلاک ہوچکے ہیں

بھتیجے نے چچا کو قتل کر دیا

سرکاری محکموں میں کفایت شعاری

ملازمین کی تعداد گھٹائی جارہی ہے

سہارنپور میں ڈگری کالج

پولیس مین کے مکان پر قبضہ کے الزام میں

دو اشخاص گرفتار

ٹرین کے ڈبہ سے لاش برآمد ہوئی

الجمعیۃ کی صبح و شام کی اشاعت پر ممبران مجلس عاملہ کا اظہار خوشنودی

توسیع اشاعت کے لئے عوام کے اشتراک و تعاون کی ضرورت

(اسٹاف رپورٹر کے قلم سے)

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا خصوصی اجلاس

حکومت ہند کے اسپیشل میرج ایکٹ کے مسودہ قانون پر غور کیا گیا

ارکان مجلس عاملہ نے شرکت فرمائی ان کے نام یہ ہیں: مفتی اعظم حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب، حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم صدر جمعیۃ علمائے ہند، حضرت مولانا سید فخرالدین احمد صاحب مرادآبادی، حضرت مولانا حبیب الرحمن صاحب لدھیانوی، مولانا عبدالصمد صاحب رحمانی (پٹنہ)، مولانا سید محمد شاہد الفاخری الہ آبادی، مولانا محمد میاں صاحب فاروقی الہ آباد، مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی (کلکتہ)، سید محمد جعفری صاحب، جناب بلال احمد صاحب زبیری، مولانا محمد ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری۔

(باقی صفحہ ۶ کالم ۲ پر)

ہالینڈ اور انڈونیشیا کے تعلقات بہتر ہوجائینگے

اقوام متحدہ کے کمیشن نے مجلس تحفظ کے روبرو اپنی رپورٹ پیش کردی

دنیا کے اعلیٰ ممالک کی صفوں میں آنے کیلئے ہمیں اعلیٰ کردار پیدا کرنا ہوگا

اقتصادی مشکلات کو دور کرنے کے واسطے حکومت سے تعاون کیجئے مولانا آزاد کا مشورہ

پاکستان میں چین کے مفرور افسروں کی آمد

یوگوسلاویہ کے سفیر کی پریشانی

آزمائشی کرکٹ میچ

امریکی جنرل فارموسا سے جاپان پہنچ گیا

دستور ساز اسمبلی کا اجلاس پھر شروع ہوگیا۔ مسودہ دستور ہند کی تیسری خواندگی پر غور و خوض

کانگریس پارٹی نے مسودہ کمیٹی کی ترمیموں کی تصدیق کردی

گوڈسے کو پیرول پر رہا کردیا جائے

مہاتما جی کے قاتل کے بھائی کی درخواست

کوبور میں بڑے پیمانے پر تبدیل مذہب

وفد جمعیۃ علماء ضلع بجنور کا دورہ

پنڈت نہرو کے ہاتھوں میں اقلیتوں کے مفاد محفوظ ہیں

غیر ہندوؤں کیلئے مندروں کے دروازے کھول دینے کا مشورہ

بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے - مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۶ر نومبر ۱۹۴۹ء

شہری حقوق

صدر امریکہ مسٹر ٹرومین نے عیسائیوں اور یہودیوں کی نیشنل کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے شہری حقوق ... کے خلاف ایک زبردست مہم جاری کرنے کا وعدہ فرمایا۔ شہری حقوق کی تشریح کرتے ہوئے آپنے اقرار کیا کہ امریکہ میں نسل، مذہب اور رنگ کو وجہ امتیاز بنا کر بہت سی ناانصافیاں ہوئی ہیں اور اب تک ہو رہی ہیں۔

اچھی باتیں

ولن۔ تا۔ تعلمون (پ ۲۸ ع ۱۴)

جب کسی نفس کی اجل آجاتی ہے تو خدا اسے تاخیر میں نہیں ڈالتا اور تم جو کچھ کرتے ہو خدا اس سے خوب واقف ہے۔

یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ ایک مومن کا موت سے ڈرنا فضول ہے کیونکہ خدا کے علم میں ہر شخص کی موت کا وقت مقرر ہے۔ جب موت آتی ہے تو گھر میں بیٹھے بیٹھے آجاتی ہے۔ نہیں آتی تو انسان میدان جنگ سے بھی سلامت بچ کر نکل آتا ہے اور جب موت کا ایک وقت مقرر ہے اور وہ نہ آگے ہوتی ہے نہ پیچھے تو اس سے ڈرنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔

امریکہ کے ولیم ڈریپر نے اپنی کتاب معرکہ مذہب و سائنس میں لکھا ہے کہ عہد اول کے مسلمانوں نے ہر میدان میں کامیابی اسی عقیدہ کی بدولت حاصل کی کہ موت اپنے وقت پر آتی ہے اور اسے ٹالنے والا کوئی نہیں۔

قوم پرست مسلمانوں کیخلاف شرانگیز پراپیگنڈا

معاصر انصاف دہلی شملہ کا ایڈیٹوریل نوٹ

غلط بیانی

شرانگیز بیان

شیخ عبداللہ دہلی کو

امریکہ کی تجارتی پالیسی

(عزیز الرحمن جامعی لدھیانوی)

امریکہ ایک ایسا ملک ہے جہاں کے باشندے صرف تاجر ہیں اور ان تاجروں کی زندگی کا واحد مقصد روپیہ کمانا ہے۔ گذشتہ دو عظیم جنگوں سے اگر کسی کو مالی طور پر فائدہ پہنچا ہے تو وہ امریکہ کو۔

امریکن حکومت، امریکن تاجروں کی حکومت ہے۔ اس حکومت کو صرف اس بات سے دلچسپی ہے کہ دنیا کے تمام ممالک کس طرح مالی طور پر امریکہ کے غلام بنائے جاسکتے ہیں۔

آج کے حالات کا مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ اس وقت دنیا دو بڑی طاقتوں میں تقسیم ہے۔ ایک امریکن طاقت ہے اور دوسری طرف روسی طاقت۔

مذہب اور امریکہ

امریکن امداد

عرب اور امریکہ

مسٹر گورسانی پیرس روانہ ہوگئے

جمعیۃ کا پیغام امن و اتباع شریعت و درستی اخلاق کا پیغام ہے

جمعیۃ کی ممبر سازی اور الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے مولانا شاہد فاخری کی اپیل

لکھنؤ حضرت مولانا شاہد فاخری، ورکنگ صدر جمعیۃ علماء یو۔ پی و ممبر مجلس عاملہ نے الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں ایک بیان میں فرمایا ہے:۔

جمعیۃ علماء کی ممبر سازی کا زمانہ شروع ہو گیا۔ صوبہ یو۔ پی کی جمعیۃ نے اس طرف خاص توجہ کی ہے۔ وقت تیزی سے گزرتا جا رہا ہے۔ یہ بڑا اچھا موقع ہے۔ کارکنان جمعیۃ علماء اس زمانہ میں گھر گھر جائیں گے۔ لوگوں کو ممبر بنائیں گے۔

حضرت مولانا نے کہا کہ جمعیۃ کا پیغام امن و دوستی اتباع شریعت اور درستی اخلاق ایک ایک کان تک پہنچانا یہی وقت مناسب ہے۔ جتنے جمعیۃ علماء کے کارکن ممبر سازی کی کاپی ہاتھ میں لے کر دروازہ دروازہ گھومیں گے۔ انکا اخلاقی اور قومی فرض ہوگا۔ کہ ہمارے ترجمان

روزنامہ الجمعیۃ

کی کاپیاں بھی ان ہی کارکنوں کے ہاتھ میں ہو جمعیۃ علماء ہند کا یہ لکھا لکھایا پیغام ایک ایک گھر میں پہنچا دیا جائے ہر گھر میں کم سے کم ایک خریدار "الجمعیۃ" کا بنایا جائے۔

صمیم قلب سے گذارش ہے۔ صوبہ یو۔ پی کے تمام ضلعے اور شہری ناظموں سے۔ ان کے اراکین سے۔ رہنا کاروں سے، عام مسلمانوں سے کہ اگر وہ اپنی زندگی سدھارنی چاہتے ہیں۔ اگر معلومات کی دنیا میں باخبری کی زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ ہمیشہ پڑھیں، اور خریدیں۔ پڑھنے کے بعد مقامی مسجدوں میں رکھدیں تمام نمازیوں کو سنائیں۔ اسکے فاضلانہ مضامین غور سے پڑھیں، مسلمانوں کی خصوصاً سارے ہندوستان کی جو خدمت ہمارا یہ ترجمان کر رہا ہے وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ الجمعیۃ کی طرف سے اگر ہمارے کارکنان نے اب بھی غفلت برتی تو یہ ناقابل معافی جرم ہوگا میں تمام [illegible] حضرات سے اپیل کرونگا کہ وہ الجمعیۃ کو دیکھیں اور اپنائیں۔

امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب میں آمد

دہلی ۱۳ نومبر۔ کل حضرت مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیم ہند، تعلیمی مرکز جامعہ احاطہ کالے صاحب میں تشریف لائے، آپ کی تشریف آوری پر مرکز کے بچوں نے تقریریں کیں اور نظمیں سنائیں۔

عزیز نصرت اللہ اور ان کے ساتھیوں نے، تعلیم بالغان کا ترانہ سنایا۔ ترانے کے بعد، عزیز محمد اسلم نے تندرستی اور صفائی کے فوائد پر تقریر کی۔ تقریر کے بعد عزیز نصرت اللہ نے میر تقی میر کے سفر لکھنؤ کا ڈرامہ پیش کیا۔

حضرت امام الہند بچوں کے تعلیمی شوق کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ آپ نے سب بچوں کو پیار کیا اور ترقی کی دعائیں دیں۔ مرکز سے جاتے وقت تعلیمی مرکز کے متعلق حضرت مولانا نے ارشاد فرمایا۔

"مجھے تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب کے مفید کام کو دیکھکر بہت خوشی ہوئی۔ بالغوں کی تعلیم کے علاوہ مرکز میں بچے اور بچیوں کی تربیت کا جو انتظام کیا گیا ہے اسکی سخت ضرورت تھی۔ اس حلقہ کے لوگوں کو چاہئے کہ وہ مولوی عزیز الرحمن صاحب اور کارکنان ادارہ کے ساتھ اس کام کے چلانے میں پورا پورا تعاون کریں۔"

دہلی انگریزی مٹھائی بنانیوالی دونوں جماعتوں میں سمجھوتہ

دہلی ۱۳ نومبر۔ دہلی کنفیکشنرز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن دسمبر ۱۹۴۸ء میں قائم ہوئی تھی جو برابر کام کر رہی تھی اب دہلی ریفائنڈ کنفیکشنرز ایسوسی ایشن کے نام سے ایک نئی انجمن بنائی گئی تھی۔ جس کی وجہ سے پہلی ایسوسی ایشن کے لئے کھانڈ کا کوٹہ کم کر دیا گیا۔ سردار صاحب اقبال سنگھ کنٹرولر آف راشننگ دہلی کو اس طرف توجہ دلائی گئی۔

مسٹر بی۔ ڈی مہتہ اسسٹنٹ کنٹرولر آف راشننگ نے یہ مشورہ دیا کہ تمام ممبر مل جائیں تاکہ دو انجمنیں نہ رہیں۔ اور ایک ہی کے ذریعہ کھانڈ کا کوٹہ حاصل کریں۔ چنانچہ ان کے مشورہ کو مد نظر رکھتے ہوئے دہلی ریفائنڈ کنفیکشنرز ایسوسی ایشن توڑ دی گئی اور دونوں انجمنوں میں سمجھوتہ ہو گیا۔ دہلی کنفیکشنرز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کو [illegible] تسلیم کر لیا گیا۔ سمجھوتہ پر دونوں انجمنوں کے صدر سیکرٹریوں نے دستخط کئے ہیں۔

ملایا میں ۲۵ ہزار سے زائد نظربند

[illegible]

معاون ساز سب کمیٹی کا تیسرا جلسہ

دہلی ۱۳ نومبر مولانا محمد رفیق صاحب دہلوی کنوینر معاون ساز سب کمیٹی نے سب کمیٹی کا تیسرا جلسہ ضروری المشورہ کے لئے بروز جمعہ ۱۸ نومبر ۱۹۴۹ء بوقت ۴ بجے شام کو دفتر جمعیۃ علماء صوبہ دہلی میں بلایا ہے۔ جس میں معاون سازی کے لئے جلسوں کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے لئے بھی غور کیا جائے گا۔

امید ہے کہ تمام ارکان اس جلسے میں شریک ہو کر اپنے مفید مشوروں سے مستفید فرمائیں گے۔ [illegible] اس غرض کیلئے ایجنڈا تصور فرمائیں۔

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی

روانگی اور سفر کا پروگرام

حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب صدیقی رکن ورکنگ کمیٹی جمعیۃ علماء ہند کے اجلاس میں شرکت کے لئے کلکتہ سے ۱۱ کی شب کو دہلی تشریف فرما ہوئے۔ ۱۳ کو اجلاس میں شرکت کی، فی الحال دفتر جمعیۃ علماء ہند میں قیام فرما ہیں۔ احباب ملاقات کر سکتے ہیں۔

۱۵ کی صبح کو ۸ بجے [illegible] گاڑی سے براستہ مراد آباد۔ لکھنؤ۔ فتح آباد قیام فرماتے ہوئے ۱۷ کو ڈاؤن ایکسپریس سے روانہ ہو کر ۱۸ کی صبح کو کلکتہ پہنچیں گے احباب [illegible] کلکتہ کا پتہ یہ ہے۔ [illegible] مدرسہ عالیہ کلکتہ [illegible]

بیکار ہونے والے مزدوروں کو معاوضہ

بمبئی میں یوم بیروزگاری منایا گیا

بمبئی ۱۴ نومبر [illegible] کے کارخانوں نے آج [illegible] کا دن منایا اور ایک قرارداد منظور کی جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ان مزدوروں کو جو مل بند ہونے یا ملوں میں تخفیف ہو یا کارخانوں کی جدید تنظیم سے بیکار ہوتے ہیں معاوضہ دیا جائے۔ [illegible] مزدور سبھا نے اس جلسہ کا انتظام کیا تھا مسٹر جی جی مہتہ سیکرٹری [illegible] مزدور سبھا نے جلسہ کی صدارت کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ ہمارا پختہ یقین ہے کہ حکومت کا فرض ہے کہ سب لوگوں کے لئے کام مہیا کرے اور ان کو بیروزگاری سے محفوظ رکھے۔ اس ملک کی حکومت نے مزدوروں کے لیے مطالبات سے بے رخی اختیار کر رکھی ہے [illegible] مزدوروں کو کوئی رعایت نہیں دی گئی جبکہ کارخانہ داروں اور تاجروں کو رعایت دی جا رہی ہے۔ ہم حکومت کو متنبہ کرتے ہیں کہ اگر ہمارے مطالبات منظور نہ کئے گئے تو تمام مزدور عمل کا اقدام کریں گے۔ تاکہ ان کی آواز سنی جائے۔ جب تک ان کے مطالبات پورے نہ ہوں ان کی جدوجہد جاری رہے گی۔ (اے پ ٹ)

عرس پیران کلیر

سہارنپور ۱۴ نومبر عرس مبارک حضرت مخدوم علاء الدین علی احمد صابر قدس سرہ امسال ۲۲، ۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء کو بڑے تزک و احتشام سے منایا جائے گا۔ وسیع پیمانہ پر ابھی سے تیاریاں شروع ہو گئی ہیں

زنانہ یونیورسٹی کے قیام پر غور کرنے کیلئے حکومت یوپی نے کمیٹی مقرر کر دی

الہ آباد میں پنڈت پنت کا انکشاف۔ تعلیم نسواں پر زور

الہ آباد ۲۰ نومبر پنڈت گوبند ولبھ پنت وزیر اعظم یو پی نے [illegible] ہندوستان کی عورتوں نے اسی [illegible] جنگ آزادی میں ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہندوستان کو ایسی جنت بنانا چاہتے ہیں [illegible] تعلیم لازمی کر دی جائے [illegible] انہوں نے کہا کہ ہندوستان عورتوں کی تعلیم کے بارے میں بہت پیچھے ہے۔ لیکن ہندوستانی عورتیں [illegible] کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ ملک کی لڑکیوں کی تعلیم کو بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ یہاں پر عورتوں کی یونیورسٹی قائم کرنے کے بارے میں غور کرنے کے لئے حکومت یو پی نے ایک کمیٹی مقرر کر دی ہے۔ تعلیم کے ساتھ ساتھ عورتوں کو خانہ داری کی تعلیم کو بھی جاری رکھنا چاہئے۔ [illegible] میدان سیاست میں قدم رکھنا چاہئے۔

اطلاع عام برائے ضلع سہارنپور

سہارنپور بذریعہ ڈاک، بحوالہ چٹھی مورخہ [illegible] نومبر ۱۹۴۹ء محترم جناب ڈی آر [illegible] صاحب [illegible] کسٹوڈین سہارنپور۔ عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کسٹوڈین شدہ مکانات کا زر کرایہ [illegible] کی تاریخ سے زر جناب ڈی آر [illegible] صاحب میں نقد بذات خود یا بذریعہ منی آرڈر یا امپیریل بنک آف انڈیا میں ڈپٹی کسٹوڈین صاحب سہارنپور کے حساب میں جمع کر سکتے ہیں [illegible] نیز زر کرایہ مذکورہ بذریعہ چیک بھی جمع کیا جا سکتا ہے لیکن بصورت ادائیگی چیک رسید وصولیابی اس وقت جاری کی جاوے گی جبکہ بنک متعلقہ اس چیک کو جائز قرار دیدیگا۔

قاضی رشید احمد جنرل سکریٹری جمعیۃ العلماء سہارنپور

آنریبل حافظ محمد ابراہیم صاحب بریلی میں

بریلی ۱۳ نومبر بذریعہ ڈاک۔ ضلع زمینداری فنڈ کی تحریک میں مزید سرگرمی پیدا کرنے کے لئے حافظ محمد ابراہیم صاحب بریلی تشریف لائے۔ اسٹیشن پر حکام ضلع کے علاوہ معزز کانگریسی منیوں نے بھی آپ کا استقبال کیا [illegible] صاحب ناظم جمعیۃ العلماء بالخصوص قابل ذکر ہیں [illegible] ضلع اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible] بجے کے بعد کانگریس کو آپ نے خطاب فرمایا۔ جس میں زمینداری فنڈ کے فراہمی کے سلسلہ میں [illegible] دورہ فرمائیں گے [illegible] عبدالواحد صاحب ایم ایل سی کے یہاں تناول فرمایا۔

کانپور میں لوہے کا تاجر گرفتار

کانپور ۱۳ نومبر۔ گذشتہ شب لوہے اور فولاد کے ایک لائسنس یافتہ تاجر کو اہلکاروں نے [illegible] مارکیٹ کرنے پر گرفتار کیا۔ حکومت کے [illegible] مقررہ قیمت سے زیادہ قیمت [illegible] اسسٹنٹ ڈائرکٹر [illegible] اس کے قبضہ سے دستخط شدہ نوٹ اور [illegible] لوہے کا سامان [illegible] برآمد ہوا۔ (اے پ ٹ)

کیا آپ اس امتحان میں کامیاب ہونگے؟

"الجمعیۃ" ملک کے بڑے لیڈروں کی خواہش کے مطابق ہندوستان سے فرقہ پرستی کو ختم کرنے کے لئے ہندوؤں میں صحیح جمہوری اور غیر مذہبی فضا میں پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ملک سے فرقہ واریت کے زہر کو ختم کرکے ایک صلح اور تعاون اتحاد کی بھی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہندوستان کے ہر آزاد شہری کے لئے ضمیر اور مذہب کی آزادی کا پرجوش حامی ہے۔

"الجمعیۃ" ہر مذہب کے ہندوستانی شہری کے لئے یکساں باعزت زندگی اور امن و تحفظ حاصل کرنے کی جدوجہد کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" کمزوروں اور مظلوموں کی پوری قوت کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔

"الجمعیۃ" ہر ہندوستانی کو سچا اور [illegible] شہری بنانا چاہتا ہے۔

مختصر یہ کہ

الجمعیۃ ہندوستان میں عدل و اتحاد اور مساوات کو سربلند کرنے کے لئے وقف ہو چکا ہے۔

اگر آپ بھی یہی سب کچھ چاہتے ہیں

تو کسی کا انتظار کئے بغیر بنام خدا آج ہی سے کھڑے ہو جایئے اور الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دینے کے سلسلے میں جتنا حصہ بھی لے سکتے ہیں اس میں کمی نہ کیجئے۔

آبرومندانہ زندگی کے خواہشمندوں کے لئے یہ پہلا امتحان ہے!

ناگپور میں صوبائی مشاعرہ

بہترین نظم لکھنے والے کے لئے طلائی تمغہ

ناگپور بذریعہ ڈاک۔ ناظم صاحب نشر و اشاعت مجلس استقبالیہ صوبہ جمعیۃ علماء کانفرنس مطلع فرماتے ہیں کہ ۲۸ نومبر ۱۹۴۹ء بروز پیر بوقت ۹ بجے شب ناگپور میں ایک صوبائی مشاعرہ جمعیۃ العلماء صوبہ سی۔ پی کی تحت ہوگا جس کی صدارت شاعر ملت حضرت آزاد صابری صاحب فرمائیں گے۔

مصرعہائے طرح۔

- ۱۔ لازم الفت کو ماحل آشیاں سمجھا تھا میں
- ۲۔ ہم تو چمن پرست ہیں پھول کہاں کے خار کیا
- ۳۔ کتنے مضطرب ہوئے کتنے بیقرار [illegible]

نظم کا عنوان فلسفہ نماز

شعراء کرام سے درخواست ہے کہ صرف کسی ایک طرح پر طبع آزمائی فرمائیں۔ نیز غزل ۹ اشعار اور نظم ۲۱ اشعار سے زائد نہ ہو۔

فلسفہ نماز بہترین نظم لکھنے والے صاحب کو ایک تمغہ طلائی اور دوسرے درجہ کی بہترین نظم پر ایک نقرئی تمغہ بطور انعام پیش کیا جائیگا

مسٹر دواکر بمبئی پہنچ گئے

بمبئی ۱۳ نومبر۔ مسٹر آر۔ آر۔ دواکر وزارت اطلاعات و نشریات کے منسٹر آف اسٹیٹ دو روزہ دورہ پر آج یہاں پہنچ گئے ہیں۔ یہاں سے دہلی جائیں گے (اپ ٹ ا)

حکومت مزدوروں کو نظرانداز کرکے سرمایہ داروں کے سامنے جھک گئی

سرکاری پالیسی پر مسٹر اشوک مہتہ کی شدید نکتہ چینی

نئی دہلی ۱۳ نومبر۔ مسٹر اشوک مہتہ۔ سوشلسٹ لیڈر نے صنعتوں کی مشاورتی مجلس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے دو روزہ اجلاس اور تعطیل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ سرمایہ داروں کی ہڑتال کامیاب ہو رہی ہے حکومت نے تمام صنعتی پالیسی پر سرمایہ داروں کے حق میں [illegible] کر دی ہے۔

سرمایہ داروں نے مزدوروں میں تخفیف اور صنعتوں کی جدید تنظیم کے جو مطالبات کئے تھے ان کو فی الحال منظور کر دیا گیا۔ لیکن مزدوروں کے مقابلہ میں حکومت سرمایہ داروں کی طرف زیادہ سے زیادہ جھک رہی ہے۔ اور اپنی پالیسی ایسی بنا رہی ہے کہ سرمایہ داروں کی چاہت حاصل کر سکے۔ [illegible] سرمایہ داروں کو زیادہ سے زیادہ منافع حاصل ہوگی۔

مسٹر اشوک مہتہ نے کہا۔ اگرچہ ملک بھر میں دو سو سے زائد کارخانے بند پڑے ہیں۔ اور اسی ۸۰ ہزار سے زائد مزدور بیکار رہیں۔ لیکن کارخانوں کے بند ہونے پر سب سے آخر میں غور کیا گیا ہے۔ مال کے سستا کرنے پر توجہ کی جا رہی ہے۔ اس لئے مزدوروں میں تخفیف اور صنعتوں کی جدید تنظیم پر مذاکرات کئے گئے ہیں۔ مزدوروں نے سرمایہ داروں کی طرف سے [illegible] کی ہے اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا ہے۔ ان کو وہ مناسب اجرت بھی نہیں مل رہی جس کا وعدہ کیا گیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ مزدوروں سے مشورہ لیا گیا ہے۔ لیکن فیصلہ کرتے وقت اس کی رائے کا خیال نہیں کیا گیا ہے۔ اور اس سے کہا گیا کہ اپنے آپ کو ضرورت حالات کے مطابق بنائے (اپ ٹ)

طلباء اور تعلیم

ہندوستان کے آزاد ہونے سے پہلے ہر غریب اور امیر کو اس بات کا یقین دلایا گیا تھا کہ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں ابھی شامل ہو۔ آزادی کے بعد ملک میں خوشحالی ہوگی۔ رہنے کو مکان پہننے کے لئے مفت انتظام ہوگا۔ ہر کسان کا بچہ ہر غریب کا بچہ مفت تعلیم حاصل کرے گا۔

اب ہندوستان کو آزاد ہوئے تین سال گزر چکے ہیں مگر ہندوستان کی تعلیم کا وہی حشر ہے جو پہلے تھا بلکہ اس سے بھی خراب۔ خیر یہ تعلیم کا سلسلہ کسی طرح چل ہی رہا تھا غریب تو مشکل سے اپنا پیٹ کاٹ کر پڑھاتے ہیں مگر امیر آسانی سے پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے باوجود [illegible] وہ چاہتے ہیں کہ غریب اگر چہ دن کے وقت کی طرح کارخانے میں چار آنے روز پر کام کریں۔ کیا ہندوستان کی آزادی صرف امیروں کی ہے۔ جن کے پاس دولت ہے اول تو پہلے ہی تعلیم کی فیس غریبوں کے لئے کافی سے زیادہ تھی مگر پھر اس کو کسی نہ کسی طرح ادا کر دیا جاتا تھا [illegible] پیٹ کاٹ کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ تمام ہندوستان سے جاہلیت کی لعنت ختم ہو جاتی۔ مگر افسوس ایسا معلوم ہوتا ہے کہ غریب ہندوستانی اب تعلیم حاصل نہ کر سکیں گے۔ اور [illegible]

جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ

ناظمین اضلاع کا فیصلہ

دہلی ۱۴ نومبر۔ ۱۰ نومبر ۶ بجے شام معاون ساز سب کمیٹی اور ناظمین اضلاع کا ایک مشترکہ جلسہ ہوا۔ جلسے کی صدارت مولوی محمد رفیق صاحب دہلوی نے فرمائی۔

کنوینر صاحب نے ناظمین کو ہدایت کی کہ وہ پوری مستعدی کے ساتھ معاون سازی شروع کر دیں ہر سیکرٹری کو ایک وقت میں صرف سو عدد رسیدیں دی جا سکتی ہیں۔ اگر کوئی سیکرٹری پیشگی فیس داخل کر چکا تو اسے اس سے زائد بھی دی جا سکتی ہیں۔ معاون سازی کے لئے بہ سرعت جلسے شائع کرنے ہوں گے۔

(رحیم الدین جمال ۔ دہلی)

انجمن ماہی گیران کا جلسہ

بریلی کے ماہی گیروں کا ایک جلسہ [illegible] صدر جمعیۃ ماہی گیران کی صدارت میں ہوا جس میں بریلی سے یو پی اسمبلی کے چنے جانے کے لئے ہر امیدوار کانگریس حامی امیر احمد ممبر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے لئے کانگریس پارلیمنٹری بورڈ سے درخواست کی۔

اور دیوبند میں پولیس کا روائی پر اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔

اور شہر کے تمام بھائیوں کو لباس [illegible] بہم پہنچانے کی گورنمنٹ سے درخواست کی گئی۔

ملایا میں دہشت پسندوں کے ہاتھوں چار برطانوی سپاہیوں کی ہلاکت

سنگاپور ۱۴ نومبر۔ یہاں سرکاری طور پر یہ اعلان کیا گیا ہے کہ یہاں دہشت پسندوں کے ساتھ ڈھائی گھنٹہ تک برطانوی فوج کا تصادم جاری رہا جس میں چار برطانوی سپاہی ہلاک اور ایک مجروح ہوا بیرونی سنگاپور کے علاقہ میں جو ہور کے قریب لڑائی شروع ہوئی تھی جب برطانوی فوج کی ایک کمپنی نے جنگل میں چھپے ہوئے دہشت پسندوں کے اڈے پر گولی چلائی تھی۔ اس کے بعد برطانوی فوج کی کمپنی کو محصور کر دیا گیا۔

اسرائیل کے علاقوں سے عربوں کو زبردستی نکالا جا رہا ہے

ایک ہفتہ کے اندر دو واقعات۔ اردن کی حکومت کا احتجاج

عمان ۱۴ نومبر یہاں کے ذمہ دار حلقوں نے بتایا کہ پانچ سو عرب مردوں، عورتوں، اور بچوں کو اسرائیلی حکام نے اردن کی سرحد پار کر کے بھگا دیا گیا ہے۔ یہ حادثہ بدھ کے دن پیش آیا۔ اور جنگ بندی کے معاہدہ کی صریحی خلاف ورزی ہے معلوم ہوا ہے کہ اردنی حکومت نے التوائے جنگ کے کمیشن سے ایسے ہی ایک حادثہ کے بارہ میں جو پیر کے دن عربوں کے علاقہ میں پیش آیا احتجاج کیا ہے جبکہ بیرشیبہ کے علاقہ سے جو بدوؤں کو دیا گیا ہے ۱۵۰ بدوؤں کو مار کر نکال دیا گیا تھا۔ دونوں واقعوں میں عربوں سے ان کی نجی ملکیت اونٹ اور مویشی وغیرہ سب کچھ چھین لیا گیا۔ (اے پ ٹ)

پیرس میں تین بڑوں کی گفت و شنید

برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون کی تقریر

لندن ۱۴ نومبر۔ برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون نے جرمنی کے متعلق پیرس میں ہونے والی تین بڑوں کی گفت و شنید کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہم امید کرتے ہیں اس سے فرانسیسیوں اور جرمنوں کی نسلوں پرانی مخالفت ختم ہو جائے گی۔ کانفرنس کے سامنے سب سے بڑا مسئلہ جرمنی کو مغربی تہذیب سے متحد کرنا ہے آئندہ چند ہفتوں میں تینوں مغربی طاقتیں باہمی مشترکہ پالیسی مرتب کریں گی۔ اور ان تمام باتوں پر غور کریں گی۔ اسی سال برطانیہ کی ادائیگی کی مشکلات بھی دور ہو جائیں گی۔

انہوں نے کہا امریکہ کو جو قرض دینے والے ملک بنا ہے اپنے آپ کو نہ صرف بڑا [illegible] ملک بنانا ہے انہوں نے کہا امریکہ کے سکریٹری آف اسٹیٹ مسٹر اچیسن نے اس بات کا احساس کیا ہے کہ امریکہ آئندہ قرض دہ کر دوسرے ممالک کی تباہ کن مشکلات کو حل نہ کر سکا جب تک کہ سامان خریدکر ادائیگی متوازن کرسکا۔ (اے پ ٹ رائٹر)

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

ہفت سورۃ مع ترجمہ مجلد	عہ	جنت کی کنجی مجلد	عہ
خدا کی باتیں مجلد	عہ	دوزخ کا کھٹکا مجلد	عہ
رسول کی باتیں مجلد	عہ	صلوۃ و سلام	۱۲
پردہ کی باتیں مجلد	عہ	رسول اللہ	عہ
پہلی تقریر سیرت مجلد	عہ	دوسری تقریر سیرت مجلد	عہ
تقاریر	عہ	شوکت آرا بیگم مجلد عہ	مضامین

ملنے کا پتہ
الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

دو شاہکار

از
حضرت مولانا ابوالکلام صاحب آزاد

دعوت حیات نو قیمت ۱۰/
خطبہ احیائے ملت ۸/
دونوں ایک ساتھ مجلد عہ

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

صنعتوں کی نئے سرے سے تنظیم کا فیصلہ۔ دو اہم قراردادوں کی منظوری

صنعتوں کی مرکزی مشاورتی مجلس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا اجلاس ختم

نئی دہلی ۱۳ نومبر۔ صنعتوں کی مرکزی مشاورتی مجلس کی اسٹینڈنگ کمیٹی کا دو روزہ اجلاس آج ختم ہو گیا۔ کمیٹی کا یہ اجلاس سب سے زیادہ اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ کمیٹی نے دو اہم قراردادیں منظور کیں۔ اجلاس میں وزیر خزانہ اور وزیر صنعت نے تقریریں بھی کیں۔ وزراء کے علاوہ سردار پٹیل قائم مقام وزیر اعظم نے اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبروں کی کابینہ سے ملاقات کرائی [illegible] حکومت مزدوروں اور کارخانہ داروں میں اس بات پر مکمل اتفاق رائے پایا گیا کہ صنعتوں کو نئے سرے سے منظم کیا جائے۔ کیونکہ بہت سی مشینیں وغیرہ پرانی ہو گئی ہیں اس لئے ان کو بدلا جائے یہ امر تسلیم کیا گیا کہ اس امر کے نتیجے میں کارخانوں میں تخفیف ہوگی۔ اور تخفیف شدہ مزدوروں کے نئے ملازمتوں کا بندوبست کرنے کے مسئلہ پر بھی غور کیا گیا۔

اس پر مزید غور کیا جائیگا۔ مسٹر شنمکھم چیٹی نے جو وزارت صنعت کے سکریٹری ہیں اخباری نمائندوں کو غیر رسمی گفتگو میں بتایا کہ حکومت کے سامنے سب سے اہم مسئلہ کارخانوں کی پیداوار بڑھانے کا ہے۔ اس فیصلہ کے بعد ایک بل مرتب کیا جائیگا۔ جس کے تحت حکومت ہر صنعتی پالیسی پر عملدرآمد کر سکے گی۔ عام طور پر اس بل کی مخالفت کی جا رہی ہے کیونکہ اس سے اس بات کا خطرہ ہے کہ کارخانہ داروں کا اعتماد ختم ہو جائیگا۔ اب حکومت اس بل میں ترمیم کرے گی۔ حکومت اس صرف چند خاص حالات میں مداخلت کر سکے گی۔

کمیٹی نے مل بند ہونے کے مسئلہ پر بھی غور کیا۔ اس اجلاس میں منظور کی گئی تجاویز۔ کمیٹی نے اپنی پہلی تجویز میں کہا ہے کہ اس وقت جو سب سے ضروری ہے وہ صنعتی پیداوار میں اضافہ۔ لاگت میں کمی۔ اور مال کو بہتر بنانے کے سوالات ہیں۔ اس سلسلہ میں مزدوروں کی امداد کی ضرورت [illegible] مال کو بہتر بنانے [illegible] تمام صنعتوں کو منظم کرنے۔ نیز ملک اور بیرون ملک میں [illegible] کمیٹی نے ایسی جماعتیں بنانے کی سفارش کی ہے جن کی سفارشات کے مطابق صنعتی ڈھانچہ میں جامعہ عمل پہنایا جا سکے۔ یہ جماعتیں سوتی پارچہ جات۔ کوئلہ۔ انجینیرنگ کے متعلق جیسی صنعتوں [illegible] پیش کریں گی۔ کمیٹی نے اس امر کی سفارش بھی کی ہے کہ ایسی جماعتیں ان صنعتوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں۔ یا ان میں کام کرنے والے مزدوروں کے نمائندوں۔ اور حکومت کے نامزد کئے ہوئے تین افراد پر مشتمل ہونی چاہئیں۔ اور اس کا چیرمین بھی [illegible]

[illegible] کرنے کے سلسلے میں ہر ممکن جدوجہد کرنے کے لئے امداد باہمی کی جماعت اور مزدوروں کی ایسی کمیٹیاں بنائی جائیں جو پیداوار میں اضافہ کی ذمہ داری لے لیں کے ساتھ ساتھ حکومت سے ضروری امداد حاصل کرنے کے لئے اس کے ساتھ رابطہ تعلق بھی قائم کریں۔ (اپ ٹ)

[illegible] انہوں نے صنعتوں کی ناقابل اطمینان حالت کا ذکر کیا۔ اور اسے تقسیم فرقہ وارانہ جھگڑوں۔ اسٹاک ایکسچینج میں سٹہ بازی وغیرہ کا نتیجہ قرار دیا۔ انہوں نے غیر ملکی سرمایہ کا ذکر کرتے ہوئے اس کو لگانا ضروری قرار دیا۔ اور کاروبار میں سرمایہ کی کمی کے اسباب دوا آمد کی کثرت اور انکم ٹیکس کے مطالبات کو قرار دیا۔ (اپ ٹ)

ساتھ سال کے اندر غلہ کی پیداوار میں دس لاکھ ٹن کا اضافہ

حکومت ہند کی نئی تجویز!

نئی دہلی ۱۴ نومبر۔ معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ حال ہی میں انٹرنیشنل بنک سے ہندوستان کو ایک کروڑ ڈالر کا جو قرضہ منظور کیا ہے اس کے نتیجے کے طور پر ہندوستان کی پیداوار خوراک میں دس لاکھ ٹن سالانہ کا اضافہ ہو جائیگا۔ حکومت ہند کی خوراک کے ایک افسر نے بتایا کہ [illegible] خوراک کے سلسلے میں تجویز مرتب کی گئی ہے کہ وہ آئندہ سات سال کے اندر ایسی تیس لاکھ ایکڑ زمین کو جس میں صرف جھاڑیاں اگتی ہیں اور جو سالہا سال سے زیر کاشت نہیں لائی گئی۔ نیز ایک لاکھ بیس ہزار ایکڑ زمین اور زیر کاشت لانے کے ارادہ بھی ہے۔

انٹرنیشنل بنک سے حاصل شدہ قرضہ سے ہندوستان کو ٹریکٹر اور کاشت کا دوسرا سامان خریدنے کے لئے دوسرا [illegible] اور ہل کارخانوں کے لئے سامان۔ مشینیں اور دوسرا سامان ان علاقوں سے خرید جانے کا جہاں ڈالر کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ اور اس تمام منصوبہ میں سات سال کے اندر بحیثیت مجموعی ہندوستان کو دو کروڑ روپیہ خرچ اس امر کی توقع کی جاتی ہے کہ انٹرنیشنل بنک کی معرفت ہندوستان نے جو ۳۷۵ ٹریکٹر خریدے ہیں وہ جنوری ۱۹۵۰ء سے مئی ۱۹۵۱ء تک ہندوستان میں استعمال کئے جا سکیں گے۔ اور آئندہ ۷ سال کی مدت میں ہر سال ۴۰۰۰۰ ایکڑ زمین کو قابل کاشت بنا سکیں گے۔ جس کے نتیجے کے طور پر ہر سال غلہ کی پیداوار میں ۱۷۰۰۰ ٹن غلہ کا اضافہ ہو جائیگا اور اس طرح جب یہ منصوبہ مکمل ہو جائے گا تو ہندوستان کی پیداوار خوراک میں دس لاکھ ٹن سالانہ کا اضافہ ہو جائے گا۔ (اپ ٹ ا)

نئے کولھو کے لئے انعام

دہلی۔ ۱۴ نومبر۔ ہندوستان کی آئل سیڈز کمیٹی نے ایک پریس نوٹ میں اس شخص کو جو موجودہ کولھو سے بہتر کولھو تیار کرے گا مبلغ پانچ ہزار روپیہ بطور انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ موجودہ کولھو ایک طرف تیل نکالنے میں بہت وقت لیتا ہے۔ اور دوسری طرف کھلی میں تیل کی بہت سی مقدار چھوڑ دیتا ہے۔ اس لئے دیہات میں تیل نکالنے کی صنعت کو ترقی دینے کے لئے جو شخص موجودہ کولھو سے بہتر کولھو تیار کرے گا اسے ۵ ہزار رقم بطور انعام دی جائے گی۔ (پ ٹ ا)

دہلی کا صحیح مطب

مرتبہ حکیم خواجہ رضوان احمد صاحب

مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب کے خاندان کا وہ مطب جو اسرار و رموز کی شکل میں خاندانی افراد کے سینوں میں محفوظ رہتا تھا اور مستند تلامذہ کا حق تھا [illegible] ملک کی بڑی ہستیاں اور قیمتی [illegible] سامنے آگئے ہیں۔ حکیم اجمل خاں صاحب کے خاندان کے علاوہ ہندوستان کے دیگر مشہور خاندان اور افراد کے [illegible] سے بھی استفادہ حاصل کیا گیا ہے [illegible] معمولی طبیت کا انسان مشکل سے مشکل امراض کا علاج اس مطب کے ذریعہ کر سکتا ہے [illegible] قیمت [illegible] دفتر دار التالیفات قصبہ نہٹور ضلع بجنور (یو پی)

کانگریس منیوں کی کمزوری اور اس کی دوا

مصنفہ پنڈت رام شرن ممبر یو پی کانگریس کمیٹی سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

قیمت ۴/

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

سنڈے ایڈیشن کی شرح قیمت

جو حضرات روزنامہ الجمعیۃ کا صرف سنڈے ایڈیشن طلب فرمانا چاہیں وہ بشرح ذیل قیمت ارسال فرما کر خریدار جاری کرا سکتے ہیں۔ سنڈے ایڈیشن ہفت روزہ الجمعیۃ کی طرح ہر اتوار کو پیش سے روانہ کیا جائے گا۔

سالانہ ۔۔۔۔ ۸ ششماہی ۔۔۔۔ ۴ ۔۔۔۔ ۸

نمونہ مفت

نوٹ:۔ سنڈے ایڈیشن روزنامہ کے خریداروں کی مدت خریداری میں اسی حساب سے اضافہ کر دیا جائے گا۔ اور ہفت روزہ کی بجائے سنڈے ایڈیشن انکی خدمت میں حاضر ہوتا رہے گا۔

روزنامہ مع سنڈے ایڈیشن

آئندہ روزنامہ کے مستقل خریداروں کی خدمت میں سنڈے ایڈیشن بھی حاضر ہوا کرے گا۔ اور اتوار کی تعطیل نہ ہوا کرے گی۔ اس لئے روزنامہ کی شرح قیمت حسب ذیل ہوگی۔

سالانہ ۔۔۔۔ ۲۵ ششماہی ۔۔۔۔ ۱۳
سہ ماہی ۔۔۔۔ ۷ ماہوار ۔۔۔۔ ۲

روزنامہ کے خریداروں کی مدت خریداری کو اسی حساب سے درست کر دیا جائے گا۔

(مہتمم اشاعت روزنامہ الجمعیۃ)

الجمعیۃ

کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں۔

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

کپاس کی پیداوار میں ۱۵ لاکھ گانٹھ کے اضافہ کا منصوبہ

وزراء زراعت کی دو روزہ کانفرنس میں منظور ہو گیا!

بمبئی ۱۳ نومبر۔ صوبجات کے وزراء زراعت کی دو روزہ کانفرنس آج ختم ہو گئی۔ اس نے اگلے سال کپاس کی پیداوار میں ۱۵ لاکھ گانٹھ کے اضافہ کا ایک منصوبہ منظور کر لیا۔

کانفرنس میں ہر صوبہ کے لئے کپاس کی کاشت کا کوٹہ بھی مقرر کر لیا گیا۔ بیج دینے کی، روئی کی بابت بھی جواب تک مصر۔ کینیا، نیاسا لینڈ اور یوگنڈا سے آتی تھی ہر صوبہ کا کوٹہ مقرر کیا گیا ہے یہ کانفرنس وزیر خوراک و زراعت مسٹر جے رام داس دولت رام کی صدارت میں ہو رہی تھی۔ انہوں نے ہندوستان کے کپاس کے تاجروں اور کپاس کی مرکزی کمیٹی کے نمائندوں سے بھی تبادلہ خیالات کیا۔ کانفرنس میں کپاس کی ان قسموں کی پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا جن کی ضرورت ملوں کو ہے۔ جب کہ کپڑا بننے کے کارخانوں کو یہاں کی ضرورت ہے۔ مسٹر جے رام داس دولت رام نے کارخانہ داروں کو یقین دلایا کہ حکومت روپیہ کی قیمت گرنے کے بعد سے کپاس کے بارے میں جو حالت پیدا ہو گئی ہے اس کا پورا احساس ہے۔ حکومت ملک کو اس اہم شے کے بارے میں خود کفیل بنانے کی کوشش کر رہی ہے کانفرنس نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ کچھ عرصہ بعد ملک کی کپاس کی پیداوار کو ۴۰ لاکھ گانٹھ سالانہ کر دے جائیگا۔ ۴۰ لاکھ گانٹھ سالانہ کرنے پر غور کیا جائے۔ اور اس مقدار کی ہندوستانی کارخانوں کو ضرورت پڑتی ہے۔ (اپ ٹ ا)

شاہ ایران کا سفر پاکستان!

کراچی ۔ ۱۱ دسمبر۔ شاہ ایران کو پاکستان کا سفر کرنے کے لئے حکومت پاکستان نے جو دعوت دی ہے اس سے یہاں یہ اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ سنہ ۱۹۵۰ء کے دوران میں ایران اور پاکستان کے درمیان گہرے دوستانہ تعلقات ہوں گے۔

گذشتہ کچھ دنوں سے دونوں ممالک میں کسٹم اور پاسپورٹ کے قوانین پر نظر ثانی کی جا رہی تھی۔ توقع کی جاتی ہے کہ ماہ جنوری میں شاہ ایران یہاں آئیں گے تو یہ مسئلہ زیر غور آئے گا۔ اس کے علاوہ تہذیبی تعلقات کو بھی وسعت دینے کا مسئلہ زیر بحث آئیگا۔

ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ شاہ ایران کے ساتھ کتنے افسر پاکستان آئیں گے۔ سمجھا جاتا ہے کہ کم از کم ۲۰ یا ۲۵ ایرانی [illegible] ایک جماعت شاہ کے ساتھ آئے گی۔ پاکستانی سفیر متعینہ ایران مسٹر غضنفر علی خاں بھی اس زمانہ میں پاکستان میں ہونگے۔

دو تھانیدار آپس میں لڑ مرے

امرتسر ۱۱ دسمبر۔ [illegible] سب انسپکٹر [illegible] سنگھ نا کا اسسٹنٹ سب انسپکٹر [illegible] سنگھ نے جو پہلا ہوئے تھانے پر تعینات تھے ایک دوسرے کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ (اپ ٹ)

الجمعیۃ کی توسیع و اشاعت

بقیہ صفحہ اول

بہت جلد لاکھ تک پہونچ جائے گی۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ الجمعیۃ کو ہے ملک کے سامنے ہر روز [illegible] کرنے کا اور اس طرح اپنے مفید مضامین اور خصوصیت اخبار سے مقامات کے ساتھ ساتھ تازہ بتازہ مکمل ریڈیو خبر رساں ایجنسیوں کے ذریعہ آنے والی ملکی اور غیر ملکی خبروں کو جلد سے جلد ملک کے گوشے گوشے تک پہونچا سکے گا۔ جس سے بجا توقع وابستہ کی جا سکتی ہے کہ دور دراز فاصلوں کے مقامات مثلاً بمبئی و کلکتہ، مدراس، اور دیگر مشہور دور افتادہ اسٹیشنوں کے مضافات میں قارئین کی یہ شکایت رفع ہو جائے گی کہ الجمعیۃ ان کے پاس تاخیر سے پہنچتا ہے۔

ہر جگہ صبح کو دہلی میں تقسیم ہوگا اور دوپہر تک ان شہروں میں بھی پہونچ جائے گا اور وہاں کے لوگ الجمعیۃ کے ذریعہ تازہ بتازہ خبریں پڑھ سکیں گے۔

جن مقامات پر ڈاک ایڈیشن کا بہ جبر پہنچنا [illegible] کے شکلیں ہیں کے مقابلہ میں تازہ خبروں سے [illegible] اس لئے ہم انتظام میں اس بات کا خاص طور پر لحاظ رکھا گیا ہے کہ کوئی شخص تازہ خبروں سے محروم نہ رہے

[illegible] نے نہ تھکنے کے ساتھ کام کیا اور اس کی اشاعت کو اپنے نصب العین میں شامل کر لیا تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمارا الجمعیۃ ان مشکلات سے عہدہ برآ نہ ہو سکے۔ جماعتی کی ماہیر اس وقت موجود ہیں ۔ اور الجمعیۃ جمعیۃ علماء کے اسم چہرہ کو ملک کا ایک بہترین پرچہ بنانے کا عزم رکھتے ہیں اور اس مرحلہ کی انجام دہی کے لئے عوام سے مخلصانہ تعاون کا متوقع ہے۔

پانی میں چوری کرنے کا الزام

چار افراد پر مقدمہ چلایا جا رہا ہے

رنگون ۱۱ دسمبر۔ یہاں چار افراد پر پانی کے اندر چوری کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ پولیس نے الزام لگایا ہے کہ سمندر میں غرق شدہ ایک تباہ شدہ جہاز سے تانبا نکال کر لائے تھے اور باہر فروخت کرتے ہوئے تھے۔ یہ تباہ شدہ جہاز رنگون میں [illegible] کے قریب غرق ہوا تھا۔ (رائٹر)

سمیلہ ۱۳ دسمبر۔ جنوبی فلپائن کے جزیرہ مانٹر میں گزشتہ جمعہ کو گھنٹے سے شدید طوفان آ رہا ہے۔ گزشتہ جمعہ کو طوفان آنے سے پہلے ۶ سو اشخاص جاں بحق ہو گئے۔ سمیلہ اور اس جزیرہ کے درمیان مواصلات کا سلسلہ موقوف ہو گیا ہے۔ مزید تفصیلات معلوم نہیں ہو سکی ہیں۔ طوفان نے راستہ نہ بدلا تو اس کے سمیلہ تک پہنچ جانے کا خطرہ ہے۔ (اپ ٹ رائٹر)

ضلع بریلی میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی جدوجہد

ناظم اعلیٰ اور نائب صدر کا بیان

مولانا حکیم صدیق احمد صاحب صدر جمعیۃ العلماء مولانا عبدالرؤف صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء بریلی نے حسب ذیل بیان بغرض اشاعت پریس کو دیا ہے۔

مسلمانان ضلع بریلی روزنامہ الجمعیۃ کی توسیع اشاعت میں اپنا پورا حق ادا کریں گے۔ اس وقت باشندگان بریلی نے الجمعیۃ کی توسیع میں جس طرح دلچسپی کی ہے گذشتہ ایام میں اس کی تعداد کو دو چند سہ چند کر دیا ہے وہ بہت زیادہ ہمت افزا اور کارکنان کی بے لاگ سعی کا ثمرہ ہے۔ جمعیۃ علماء یو۔ پی ممبر سازی کے سلسلہ میں ہفتہ جمعیۃ منا رہی ہے جس کی ایک کڑی ساتھ ہی ساتھ اخبار کی اشاعت بھی ہے۔ اسی طرح اگر حالات چلتے رہے تو توقع کی جاتی ہے کہ ۱۹۴۹ء کے ختم ہونے تک ضلع بریلی میں اخبار کی اشاعت ایک ہزار تک پہنچ جائیگی ہمارے مقامی ایجنٹ علی سعید خاں جس طرح انتہائی دلچسپی اور فرض منصبی سمجھتے ہوئے اخبار کی اشاعت میں کوشاں ہیں۔ اس سے ہماری جدوجہد میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ہمارا ارادہ ہے کہ اسی ماہ کے اندر اندر قصبہ آنولہ، بہیڑی اور ضلع کے دوسرے قصبات میں بھی ایجنسیاں قائم کرا دیں۔ ہم اپنے ضلع کے تمام مخلص افراد سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے اپنے مقام پر الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے ذری کوشش شروع کر دیں، ایجنسیاں قائم کرائیں۔ اور انفرادی خریداری کے چندے براہ راست دفتر الجمعیۃ کو بھجوائیں۔

یروشلم میں عربوں کی کثرت

یروشلم ۱۴ نومبر۔ جب سے شاہ عبداللہ نے یہ اعلان کیا ہے کہ یروشلم کو بین الاقوامی کنٹرول میں نہیں دیا جائے گا۔ بہت سے عرب دوبارہ آباد ہونے کے لئے بیت المقدس آ رہے ہیں۔ بیت المقدس کے بہت سے پرانے شہری اور یہودی علاقوں سے آنے والے پناہ گزیں اس کثرت سے یہاں آگئے ہیں کہ یہاں مکانات کی قلت محسوس کی جانے لگی ہے۔ حتیٰ کہ پرانا شہر جو برطانوی حکومت کے زمانے میں بہت کم آباد تھا اب بالکل گنجان ہو گیا ہے۔ اور مکانات کے کرایہ میں بے تحاشا اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔

حال ہی میں گورنر جنرل سے درخواست کی گئی تھی کہ باہر سے آنے والوں کو یہاں آباد ہونے کی [illegible] (الم کوب)

بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں سے وصولیابی

انبالہ ۱۴ نومبر۔ یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ۱۵ اکتوبر اور ۱۹ اکتوبر کو ایسٹ پنجاب ریلوے کے تمام اسٹیشنوں پر اچانک چھاپہ مارنے کے بعد بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں سے جرمانہ اور تاوان کے طور پر ۳۳ ۹۹ ۳ روپیہ جمع ہوئے ہیں۔

ان چھاپوں میں کل ۵۹۶۲ مسافر بغیر ٹکٹ سفر کرنے ہوئے پکڑے گئے تھے۔ جن میں سے ساٹھ جو جرمانہ ادا نہیں کر سکے جیل بھیج دئے گئے۔

تقریباً ۲۲۵ افراد ناجائز اسلحہ رکھنے غلہ کی چور بازاری کرنے جیب کترنے اور دوسرے الزامات میں گرفتار کئے گئے۔

جمعیۃ علماء کی مجلس عاملہ

بقیہ صفحہ اول

ندوۃ العلماء، لکھنؤ وغیرہ کے سربرآوردہ حضرات کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ چنانچہ حسب ذیل حضرات خصوصی دعوت پر شریک اجلاس ہوئے

مولانا سید شفیع اللہ صاحب رحمانی (بہار)، مولانا عبداللطیف صاحب ناظم مظاہر العلوم سہارنپور۔ مولانا مفتی محمد سعید صاحب (سہارنپور) حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحب (دیوبند) مولانا مفتی سید مہدی حسن صاحب (دیوبند) مولانا محمد عمران صاحب (لکھنؤ) مولانا محمد قاسم [illegible] (شاہجہانپور)

اجلاس نے سب سے پہلے حکومت کے مسودۂ قانون پر غور و فکر شروع کیا۔ جو اسپیشل میرج ایکٹ کے نام سے مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے بارے میں تمام فرقوں کی رائے حاصل کی جا رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ مجلس عاملہ نے اس ایکٹ کے بارے میں ایک رائے مرتب کر لی ہے جو عنقریب پریس میں آ جائیگی۔

اس اجلاس نے اس مسودہ قانون کے تمام پہلوؤں اور دفعات پر تفصیل کے ساتھ تقریباً ڈھائی گھنٹے غور کیا [illegible] جمعیۃ علماء ہند کی [illegible] میں زیر بحث آیا۔ جو اسپیشل میرج ایکٹ سے متعلق رکھتا ہے۔

(نامہ نگار)

مکان کرایہ پر دینے پر گرفتاری

سہارنپور ۱۲ نومبر:۔ ضلع میں اپنی قسم کے پہلے مقدمہ کی اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ایک شخص منظور خاں نے بغیر ڈی آر۔ او کی اجازت کے اپنا مکان کرایہ پر دیدیا۔ پتہ لگنے پر پولیس نے منظور خاں کو گرفتار کر لیا ہے۔

مولانا صاحب کی تقریر

بقیہ صفحہ اول

ہم نے اپنے بہترین دماغ کو۔ [illegible] بھی ہے اور ان پر قابو پانے کے لئے [illegible] اس کو پوری وقت دیکر اٹھ [illegible] ملک کو آزادی حاصل کر لی ہے مگر اقتصادی آزادی ابھی باقی ہے اور اس سلسلہ میں ہر شخص کو اپنے طور پر کوشش کرنی چاہئے اس طرح جب وزراء کی تنخواہوں میں تخفیف کا بھی ذکر کیا جو کہ مرکزی حکومت کے حلقوں کی نہ تخواہوں میں جاری ہے۔

بلیک مارکیٹ دور کرنے کے لئے ملک کی واضح کی تعریف کرتے ہوئے مولانا نے کہا کہ تمام تر دقت دور ہو سکتی ہے کہ جب تک بلیک مارکیٹ سے چیز خریدکر اسٹاک کرنے والوں کی سرپرستی چھوڑ دیں۔

[illegible]

چالیس سال کی لگاتار تپسیا کا پھل جو ہزارہا لوگوں کو امراض سے نجات دلا کر بے شمار سرٹیفکیٹ و سنہری تمغے حاصل کر چکا ہے

مصفی خون اور مقوی باہ

درکشارک مدھو

رجسٹرڈ

عجیب بوٹی درکشارک مدھو کی مختلف جڑی بوٹیوں کے عرق میں [illegible] درکشا رس تیار کیا گیا ہے۔ اس سے خون، معدہ اور دل [illegible] بیماری اور رنج و غم [illegible] فوراً قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ سرعت، احتلام، خواب اور پیشاب سے قبل و بعد کے تمام نقائص دور ہو جاتے ہیں۔ تازہ خون جسم میں پیدا ہوتا ہے۔ صحت یکی ہوتی، زردی اور [illegible] بوڑھے کبھی جوان بن جاتے ہیں۔ دل میں تیزی بدکار کھانے پر ہاضمہ درست اور [illegible] برقرار رہتا ہے۔ عورتوں کے تمام روگ دور ہو کر وہ تندرست [illegible] قیمت فی بوتل دو روپیہ آٹھ آنے۔ تین بوتل چھ روپے آٹھ آنے۔ ایک درجن بوتل [illegible] اور ایک بوتل مفت۔ محصول ڈاک علیحدہ۔

براہ کرم خط و کتابت انگریزی میں کریں۔

منیجر درکشارک مدھو فارمیسی۔ نپانی (ضلع بلگام)

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی ۹۷

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ الجمعیۃ

فون نمبر ۸۴۱

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ؎ | جلد | دہلی یوم جمعرات ۲۵ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۷ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۷۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

گیا۔ تو اس سے بیت المقدس حفاظت سے علاقہ نہ رہیگا۔ اور وہاں کے باشندے شہریت کے حقوق سے محروم ہو جائیں گے۔ کمیشن نے اس امر کی بھی تردید کی۔ بیت المقدس کے متعلق کمیشن کی طرف سے جو اسکیم پیش کی گئی ہے وہ متعلقہ پارٹیوں کے مشورہ سے تیار نہیں کی گئی ہے (ب۔ ٹ رائٹر)

بیت المقدس کے متعلق سب کمیٹی کمیشن کی اسکیم

لیک سکیس ۱۵ نومبر۔ اقوام متحدہ کے سب کمیٹی کمیشن نے اس اعتراض کا جواب دیا ہے کہ [illegible]

مہاتما گاندھی کے قاتلوں کو انبالہ جیل میں پھانسی دیدی گئی

گوڈسے فوراً مر گیا اور آپٹے کا دم نکلنے میں دو منٹ لگے

لاشوں کو ان کے رشتہ داروں کے حوالہ کرنے سے انکار کر دیا گیا

جیل کے سامنے یا شہر میں عوام کی طرف سے کوئی مظاہرہ نہیں کیا گیا

انبالہ ۱۵ نومبر۔ مہاتما گاندھی کے قاتل ناتھورام گوڈسے اور اس کے ساتھی نارائن آپٹے کو آج صبح آٹھ بجے انبالہ جیل میں پھانسی دیدی گئی۔ پھانسی دیئے جانے کے وقت جو افسران جیل کے علاوہ موجود تھے وہ آٹھ بجکر چھ منٹ پر باہر آ گئے۔

دونوں مجرموں کو ان کی کوٹھری سے پھانسی دینے سے صرف پانچ منٹ قبل یعنی سات بجکر پچپن منٹ پر باہر نکالا گیا۔ [illegible]

پھانسی کے وقت پبلک یا پریس کے کسی آدمی کو موقع پر موجود رہنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اس موقع پر صرف پانچ افسران موجود تھے۔

(باقی صفحہ ۶ پر)

پنڈت جواہر لال نہرو دہلی پہونچ گئے

پالم کے ہوائی میدان پر وزیراعظم کا شاہانہ استقبال

نئی دہلی ۱۵ نومبر۔ وزیراعظم ہند پنڈت جواہر لال نہرو کا آج زبردست استقبال کیا گیا جبکہ وہ دارالسلطنت ہند سے پانچ ہفتہ کی غیر حاضری کے بعد یہاں پہونچے۔

پنڈت جی کا ہوائی جہاز ایک بجکر [illegible] منٹ پر پہنچا۔ [illegible] مولانا ابوالکلام آزاد [illegible] دستور ساز اسمبلی اور مختلف وزارتوں کے سکریٹریوں نے ان کا استقبال کیا۔ [illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

ڈاکوؤں اور پولیس میں تصادم

کانپور ۱۵ نومبر۔ [illegible] ضلع کے ایک موضع [illegible] میں ڈاکوؤں کے ایک گروہ اور ایک پولیس پارٹی کے درمیان تقریباً ایک گھنٹہ تک گولی چلی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ چھ پولیس مین اور چھ دیہاتی مجروح ہوئے۔ پولیس نے چار ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا (ب۔ ٹ)

بریلی میں امیدواروں کے انتخاب پر جھگڑا

[illegible]

ایٹمی طاقت پر کنٹرول کرنے کے سلسلہ میں روس اور ہند کی تجاویز مسترد ہو گئیں

روس کی طرف سے ہیروشیما پر بم گرائے جانے پر نکتہ چینی

سیاسی کمیٹی میں روسی نمائندہ یعقوب ملک کی تقریر

لیک سکیس ۱۵ نومبر۔ [illegible]

جاپان امن کے خواہشمند ہیں

وزیراعظم جاپان کا اعلان

ٹوکیو ۱۵ نومبر۔ [illegible]

مسٹر پاٹل کی نئی دہلی کیلئے روانگی

بمبئی ۱۵ نومبر۔ مسٹر ایس۔ کے۔ پاٹل صدر بمبئی صوبہ کانگریس کمیٹی آج صبح بذریعہ ہوائی جہاز دہلی کے لئے روانہ ہو گئے۔ جہاں وہ ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں گے (ب۔ ٹ)

پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے ہندوستان سے مقابلہ کرنے کا اعلان کر دیا

اپنے روپیہ کی قیمت کم نہیں کریں گے

کراچی ۱۵ نومبر۔ پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے [illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

فلسطین میں امن کے امکانات ماند پڑ رہے ہیں

عرب سفراء کی متحدہ عرضداشت

[illegible]

شملہ مدراس کا معاملہ

[illegible]

دستور ہند میں بھوپال کا نمائندہ

[illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

دارالعوام نے دو سال کے اندر اندر تیسری بار پھر پارلیمنٹ بل منظور کیا

دارالامراء میں مسترد ہونیکا امکان

لندن ۱۵ نومبر۔ [illegible]

الجمعیۃ کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچا کر اپنی غیرت قومی اور احساس فرض کا ثبوت دیں

تالا چابی مارکہ خضاب ۴۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

سٹاکسٹ
پنا لعل ولایتی رام جنرل مرچنٹ
صدر بازار دہلی

Estd. 1925

Daily Aljamiat

PHONE 5855

DATE:—16-11-49

ادارہ اقوام متحدہ نے فلسطین کے مسئلہ کو مناسب طریقہ پر حل نہیں کیا

اقوام متحدہ کی سوشل کمیٹی میں سعودی عرب اور لبنانی نمائندوں کی تقریریں

لیک سکیس ۱۴ نومبر۔ [illegible]

مشرقی بنگال کے وزیر تجارت کی خویش پروری کے الزامات

ڈھاکہ ۱۴ نومبر۔ [illegible]

سوراشٹر کو انڈین یونین میں ضم کرنے کی حکمرانوں کی طرف سے مخالفت

ملایا کے ہندوستانیوں کے مسئلہ پر بات چیت

[illegible]

ترمیم شدہ اقرار نامہ منظور ہو گیا

[illegible]

اندھرا صوبہ کی فوری تشکیل کے لئے اندھرا کانگریس کا مطالبہ

صوبہ کے لئے ایک اسمبلی ہائی کورٹ اور پبلک سروس کمیشن مقرر کرنیکی درخواست

اندھرا ۱۴ نومبر۔ اندھرا صوبہ کانگریس کی مجلس منتظمہ نے حکومت ہند سے فوری طور پر صوبہ اندھرا کی تشکیل کا مطالبہ کیا ہے [illegible] (ب۔ ٹ)

کلکتہ کے اساتذہ کی علامتی ہڑتال

کلکتہ ۱۴ نومبر۔ [illegible]

شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے اجلاس میں زبردست ہنگامہ

سردار اودھم سنگھ ناگو کے صدر منتخب ہو گئے اور اپنے ساتھیوں کو بھی منتخب کرا لیا

امرتسر ۱۴ نومبر۔ [illegible]

مسودہ دستور پر غور

[illegible]

جمعیۃ علماء ضلع سارن کا جلسہ

[illegible]

کشمیر کے ہندو مسلمان ایک قوم کی طرح بھائی بھائی بن کر رہ سکتے ہیں

شولاپور میں مسٹر آر۔ آر۔ دیواکر کی تقریر

شولاپور ۱۴ نومبر۔ [illegible]

کراچی میں اسلامی ممالک کی اقتصادی کانفرنس

افغانستان بھی شرکت کے لئے تیار ہو گیا

کراچی ۱۴ نومبر۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ افغانستان بین الاقوامی اقتصادی کانفرنس میں حصہ لینے کیلئے تیار ہو گیا ہے۔ جزائر مالدیپ کی حکومت نے بھی جن کی آبادی کی اکثریت مسلمان ہے اس کانفرنس اور نمائش میں حصہ لینے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ [illegible]

بمبئی اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار بند رہا

بمبئی ۱۴ نومبر۔ [illegible] (ب۔ ٹ)

جنوبی کوریا میں گوریلوں نے توڑ پھوڑ شروع کر دی

مقامی آبادی گوریلوں کی پشت پر

[illegible]

مسلح ڈکیتی کے سلسلہ میں ۴۲ گرفتاریاں

[illegible] (ب۔ ٹ)

عالمی امن کیلئے روسی وزیر خارجہ کا سہ نکاتی پروگرام

امریکہ اور برطانیہ مسترد کر دینگے۔ آج بحث شروع ہو رہی ہے

[illegible]

تیرہ رشتہ داروں کو ہلاک کر دیا

پیرس کی ایک بیوہ کا کارنامہ

[illegible]

کلکتہ میں کل ہند امن کانفرنس

پولیس نے کھلے اجلاس کی اجازت نہیں دی

کلکتہ ۱۴ نومبر۔ [illegible]

بمبئی کے انسپکٹر جنرل پولیس واشنگٹن میں

[illegible]

۷ دسمبر کو فلیگ ڈے

[illegible]

ہندوستان میں مسلمانوں کی سیاست اور اس کی سبق آموز دلچسپ تاریخ کے متعلق چند تصانیف جن کی شہرت اور مقبولیت مسلّم ہو چکی ہے

- علمائے ہند کا شاندار ماضی۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ طبع دوم کی جلد اول
- علمائے حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے۔ از مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند۔ جلد اول، جلد دوم
- حیات شیخ الاسلام۔ حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مکمل سوانح حیات۔ مجلد
- مجاہد جلیل۔ از حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب کی مختصر سوانح عمری
- باغی ہندوستان۔ تحریک ۱۸۵۷ء کے چشم دید حالات ہندوستان کے مشہور و معروف عالم اجل مولانا فضل حق خیرآبادی کے قلم مبارک سے۔ قیمت مجلد
- مسلمانوں کا روشن مستقبل۔ مولانا سید طفیل احمد صاحب مرحوم کی خاص تصنیف جو بازار میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکی ہے
- غدر کے چند علماء۔ از مولانا مفتی انتظام اللہ شہابی۔ مجلد
- ایسٹ انڈیا کمپنی اور باغی علماء۔ از مفتی صاحب مذکور
- روح روشن مستقبل۔ روشن مستقبل کا خلاصہ
- رسالہ ہمارے پیغمبر۔ مولانا محمد میاں صاحب کی مشہور کتاب بہت سے مدارس میں داخل درس ہے۔

الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

بمبئی میں پنڈت نہرو کا شاہانہ استقبال

ہوائی اڈہ پر ہزاروں انسانوں کا زبردست ہجوم

سفراء وزراء، اور اعلیٰ افسران کی طرف سے خیر مقدم

بمبئی ۱۵ نومبر۔ وزیر اعظم پنڈت نہرو [illegible] ہوائی اڈہ پر پہنچ گئے [illegible]

[illegible]

مسودہ کمیٹی کی تجویز

[illegible]

وزیر اعظم آج دہلی واپس آجائینگے

ہوائی اڈہ پر استقبال

روس کی اس تجویز پر سیاسی کمیٹی میں جو نوک جھونک ہوئی ہے اور چاروں طرف سے جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے اسے دیکھ کر ہمیں بہت افسوس ہوا جو لوگ کمیٹی میں موجود ہوں گے انھوں نے محسوس کیا ہوگا کہ سوال و جواب میں کوئی معقول بات پیش نہیں کی گئی ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے خلاف بھرے بیٹھے تھے اور تہیہ کر کے آئے تھے کہ کہنے میں کسر نہ رکھیں گے اور [illegible] ۔ ان بڑوں کی تقریروں کو سن کر یہ معلوم کرنا [illegible] کہ دنیا کے بڑے [illegible] تو بہت ہی افسوس کی بات ہے جب ہمارے ان بڑوں کے جذبات کا یہ حال ہے تو چھوٹوں کے جذبات کا کیا ٹھکانا ؟ کیا دنیا ان لوگوں کے طرز عمل سے کوئی رہنمائی حاصل کر سکتی ہے ؟ کیا ان لوگوں کے اخلاق کا دنیا پر کوئی اچھا اثر پڑ سکتا ہے ؟ کیا امن ان ہی لوگوں کے ذریعہ قائم ہوگا ؟ جو لوگ امن کی باتیں جوش اور گرمی کے ساتھ کرتے ہوں ان سے کیا امید ہو سکتی ہے کہ وہ دائمی دنیا میں امن قائم کرنا چاہتے ہیں اور جنگ کے انسداد کا ایک موثر منصوبہ لے کر ایک جگہ جمع ہوئے ہیں !

سیاسی کمیٹی میں جس انداز کی تقریریں ہوئی ہیں ان سے ایک بات تو بالکل واضح ہے اور وہ یہ کہ بڑے لوگوں کے تعلقات صاف نہیں ہیں اور وہ امن اور جنگ کی باتوں کے بجائے صرف اپنے اقتدار کا سکہ جمانا چاہتے ہیں ! افسوس کہ ہم عامی چھوٹے اور بے حیثیت لوگ جب آپس میں باتیں کرتے ہیں تو ان میں مجلسی آداب ، تعلقات اور دوسروں کے جذبات کا ضرور خیال رکھتے ہیں اور یہ ضرور سوچتے ہیں کہ بھی دلوں میں کچھ بھی ہو لیکن جب ایک مجلس میں بیٹھ گئے تو منہ دیکھے کی شرم ضرور ہونی چاہئے لیکن متحدہ اقوام کے ایوان میں بڑے لوگوں کا یہ اجتماع ہماری تمام توقعات پر پانی پھیر دیتا ہے اور ہم کو اس میں وہ چیز نظر نہیں آتی جو ہر شریف انسان کو نظر آنی چاہئے [illegible] گفتگو سے ہی اندازہ لگائیے کہ قدرت نے یہ عظیم الشان کام کن لوگوں سے لینا چاہا ہے !

مجلس متحدہ اقوام کی سیاسی کمیٹی میں جو کچھ کہا گیا اس میں بات رہی سہی ہے جو اس کے ایک ممبر نے کہی ہے یعنی سیاسیات میں قومی اور انفرادی کردار کی ایک خلیج حائل ہو گئی ہے جس نے اخلاقی قدروں کو گھٹا کر سچ اور جھوٹ کے مختلف پیمانے مقرر کر دئے ہیں ہم لوگ انفرادی دائرہ میں جن اوصاف کو بہترین سمجھتے ہیں وہ قومی اور اجتماعی دائرے میں جا کر بہترین بن جاتے ہیں ! سچائی ، حسن سلوک ، انصاف اور کردار کی بلندی کو ہم انفرادی زندگی میں زیر عمل میں لانا چاہتے ہیں لیکن قومی زندگی میں ان کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتے ۔ [illegible] لیکن اجتماعی اور قومی رنگ میں ہمارا یہی جھوٹ ہر قسم کی پابندیوں سے آزاد ہو جاتا ہے اور ہم دنیا کا سب سے بڑا جھوٹ بول کر بھی کوئی ملامت محسوس نہیں کرتے کیونکہ قومی کردار ، سوسائٹی کی دسترس سے باہر ہیں اور ہم نے اس بات کو جائز سمجھ لیا ہے کہ جو کام انفرادی حیثیت سے غلط ہے وہ قوم کی خاطر پوری آزادی کے ساتھ انجام دیا جا سکتا ہے [illegible] اخلاق کے پیمانے کچھ اور ہیں اور قومی نقطۂ نظر سے کچھ اور [illegible] کی کوششیں نہ اجتماعی طور پر کامیاب ہو سکتی ہیں ۔ نہ انفرادی طور پر اور اس کا حشر وہی ہوگا جس کا مظاہرہ متحدہ اقوام میں ہوا یعنی صحیح بات کو غلط اور غلط کو صحیح بنانا ۔ ایک دوسرے کو الزام دے کر اپنا دامن بچانا ، امن کی آڑ میں جنگ کی فضا پیدا کرنا [illegible] اور آخر میں ایک عظیم الشان صفر کے سوا کسی نتیجہ کا برآمد نہ ہونا ! جب ہمارے بڑوں کا یہ حال ہو تو قیام امن کے بارے میں آپ چھوٹوں سے کیا توقع کر سکتے ہیں !

اقرار اور انکار راشٹریہ سیوک سنگھ کے چیف آرگنائزر شری گولوالکر نے جبلپور کی ایک پریس کانفرنس میں فرمایا کہ ہندو مہاسبھا سے سیوک سنگھ کا کوئی تعلق نہیں ہے دونوں کے مقاصد و نظریات الگ ہیں اور سیوک سنگھ کے مقاصد الگ ۔ دونوں کی رفتار علیحدہ علیحدہ خطوط پر جاری ہے اور دونوں کے درمیان کام کرنے کے خطوط میں بھی کافی فاصلہ ہے ! لیکن کلکتہ میں ہندو مہاسبھا کے جنرل سکریٹری مسٹر لاہری نے [illegible] فرمایا تھا کہ آئیڈیا لوجی کے اعتبار سے ہندو مہاسبھا اور سیوک سنگھ کے درمیان کوئی [illegible] نہیں ہے ۔ دونوں ہی یہ چاہتے ہیں کہ ہندو راشٹر کا قیام عمل میں آئے اور صرف ہندو تہذیب باقی رہے ۔ البتہ دونوں کے طریق کار میں اختلاف ضرور ہے مگر وہ مقاصد پر اثر انداز نہیں ہوتا ۔

کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ اس انکار و اقرار کا مقصد کیا ہے ؟ اور یہ نفی و اثبات کسی سمجھی بوجھی پالیسی کا پتہ تو نہیں دیتے ؟

مدبرانہ فیصلہ اسمبلی کی کانگریس پارٹی کا یہ فیصلہ واقعی مدبرانہ ہے کہ صوبہ کے نام میں فی الحال کوئی تبدیلی نہ ہو اور اپنی دماغی صلاحیتوں کو کسی اور کام میں لگایا جائے ۔ یوپی کانگریس کمیٹی نے تو اپنے صوبہ کا نام آریہ ورت رکھ کر اطمینان کا سانس لے ہی لیا تھا مگر کانگریس پارٹی نے اس کے فیصلہ کو بھی نامنظور کر دیا اور عام اصول کے تحت یہ بات بتا دی کہ اس وقت ٹھوس کام کرنے کی ضرورت ہے ۔ نام کے پھیر میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ ہمارے خیال میں کانگریس پارٹی کے اس فیصلہ کو موجودہ حالات کے پیش نظر بہت اہم [illegible] دیکھا جانا چاہئے کیونکہ ملک کے سامنے بڑے بڑے اہم مسائل ہیں اور ہمیں ایسے دماغوں کی ضرورت ہے جو موجودہ الجھنوں کو سلجھانے میں کام دے سکیں اگر یہ دماغ ناموں کے پھیر میں پڑے رہے تو دوسرے اہم کاموں کے لئے کہاں سے دماغ آئیں گے ۔

ہندوستان کی امن پسندی دہلی کی پریس کانفرنس میں پنڈت جواہر لال نہرو نے کشمیر کے معاملات پر بحث کرتے ہوئے نہایت صفائی سے فرمایا کہ ہم کشمیر کا فیصلہ جنگ کے ذریعہ نہیں کریں گے کیونکہ یہ طریقہ دونوں ملکوں کے لئے تباہی کا موجب ہوگا ۔

پنڈت جی کے اس اعلان سے کمزوری کے بجائے ایک بہت بڑی طاقت کا اظہار ہوتا ہے ۔ وہی طاقت جسے گاندھی جی تجربہ اور عمل میں لائے اور جس کا اعتراف ساری دنیا [illegible] ۔ ہندوستان نہیں چاہتا کہ جنگ کرے کیونکہ وہ امن اور مفاہمت کا قائل ہے تشدد کا قائل نہیں ہے ۔ پاکستان کو چاہئے کہ وہ پنڈت جی کے اس اعلان کا تجزیہ کرے اور یہ خیال نہ کرے کہ ہندوستان کی طرف سے کسی کمزوری کا اظہار کیا جا رہا ہے بلکہ یہ سوچے کہ اسے آئندہ کیا کرنا ہے اور دونوں ملکوں کا فائدہ اس راہ میں ہے جس پر ہندوستان گامزن ہے یا اس راہ میں جس پر پاکستان کے لیڈر چل رہے ہیں !

اچھی باتیں

فَآمِنُوا بِاللّٰہِ ۔۔۔ تا ۔ خبیر (پ ۲۸ ع ۱۵)

پس اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے ۔

فرمایا کہ ایمان باللہ کا تصور انسان کو غافل نہیں ہونے دیتا اور رسول کی اطاعت سے عمل کی شاہراہیں وا ہوتی ہیں اور قرآن پر ایمان جو نور اور ہدایت ہے انسان کو زندگی کا قانون دیتا ہے اور اس طرح انسان اس قابل ہو جاتا ہے کہ ایک صالح تمدن کی بنیاد ڈال سکے اور زندگی کے مقصد کو سمجھ جائے ۔ یہاں قرآن کو نور یعنی روشنی فرمایا ہے ، جس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی روشنی میں چلنے والے کو اپنے سفر میں چپ و راست کا تذبذب لاحق نہیں ہو سکتا روشنی اسے منزل مقصود پر پہونچائے گی اور گمراہ نہ ہونے دیگی ۔ کاش مسلمان سمجھیں کہ یہ روشنی کیا ہے [illegible] ہم کہاں سے کہاں پہونچ سکتے ہیں ۔

چین کے مسلمان

(نگارش ۔ سید انور [illegible] صاحب)

چین اپنے دشوار گذار راستوں کی وجہ سے صدیوں دنیا سے الگ تھلگ رہا ہے ۔ یورپ نے چین پر اقتدار قائم کرنے کی پوری کوشش کی ۔ مگر ساحلی علاقوں سے آگے اس کے قدم نہ بڑھ سکے ۔ جب یورپ ملکی اقتدار کے علاوہ چین پر قبضہ نہ کر سکا تو چینیوں کو اپنی تہذیب کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی ۔ مگر اس میں بھی اسے کامیابی نہ ہوئی ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ چینیوں کا اپنی تہذیب اور کلچر پر ناز ہے ۔ وہ اپنی تہذیب کو مغربی تہذیب سے بدرجہا بہتر سمجھتے ہیں ۔ اس کے علاوہ غیر ملک کو اپنانے میں بھی ان کو بڑا ملکہ ہے دنیا میں بار بار یہ دیکھا گیا ہے کہ مفتوح قوم کی ہر چیز فاتح قوم کے زیر اثر ہو جاتی ہے ۔ اور وہ صرف جسمانی ہی نہیں [illegible] سے مفتوح ہو جاتی ہے ۔ مگر چینیوں کے ساتھ یہ بات نہیں ہے ۔ منگول اور منچو [illegible] فاتح کی حیثیت سے چین میں داخل ہوئے ۔ لیکن وہ چینیوں میں اس طرح سے ضم ہو گئے کہ آج ان کی علیحدہ تہذیب کا نام و نشان بھی نہیں ہے ۔

اب بھی چینی دنیا سے بہت سی باتوں میں آگے ہیں ۔ اس وقت بھی چین کے مٹی کے برتن اور چینی کا ریشم دنیا میں اپنا جواب نہیں رکھتے ۔ ان کی چائے دنیا میں بہترین تصور کی جاتی ہے ۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ چاء (CHA) انہیں کا انکشاف ہے ۔

چین کی فتوحات

چین [illegible] خاندان ہان (HAN) [illegible] (۲۰۶ قبل مسیح سے ۲۲۰ عیسوی تک) کے زمانہ میں چینیوں نے تمام اقوام کو اپنے زیر نگیں کر لیا تھا ۔ ان کی حکومت انام ، برما ، منچوریا ، منگولیا ، تبت اور ترکستان تک پھیلی ہوئی تھی ۔ ان علاقوں کے علاوہ جزیرہ نما ملایا ، سیام ، بورنیو ، [illegible] ، جاوا ، سیلون ، نیپال اور بھوٹان کی حکومتیں انہیں خراج دیا کرتی تھیں اور ان کی فوجیں افغانستان میں گھس گئی تھیں ۔ غیر مصدقہ ذرائع سے تو یہاں تک پتہ چلتا ہے کہ ایک دفعہ چینی افواج آسام اور بنگال تک بڑھتی چلی آئی تھیں ۔ چینیوں نے اوروں کے مقابلہ میں [illegible] کا ثبوت دیا ہے ۔ اس کا آخری ثبوت وہ جاپان کے خلاف دے چکے ہیں ۔ جب ۱۹۳۷ء میں جاپان نے چین پر حملہ کیا تو سارے چین نے اپنے خانگی جھگڑوں کو یک لخت ختم کر دیا اور کمیونسٹوں اور نیشنلسٹوں نے شانہ بشانہ ہو کر اس کا مقابلہ کیا اور دنیا کو دکھلا دیا [illegible] ۔

چین کے مذاہب

چین میں اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب مثلاً تاؤ ازم ، بودھ ازم ، اجداد پرستی اور عیسائیت ہیں چینی اپنے مذہبی خیالات میں بہت ہی آزاد واقع ہوئے ہیں [illegible] ان میں مذہبی جوش اور خونریزی کی کمی ہے ۔ ایک شخص ایک وقت میں کئی کئی مذاہب کا پیرو ہو سکتا ہے ۔ مگر چینی مسلمانوں کے ساتھ یہ بات نہیں ہے ۔ [illegible] دوسرے مذاہب کے پیرو چینی مسلمانوں کو مذہبی تصور کرتے ہیں ۔ وہاں کے مسلمان خاتمہ اور نماز کی رسومات کے بھی پابند ہیں ۔

چین میں اسلام کا آغاز

چینیوں کو اسلام کے نام سے پہلی مرتبہ واقفیت ۶۵۱ء میں ہوئی اور وہ بھی اس طرح کہ ایران کے ساسانی خاندان کے آخری بادشاہ یزدگرد نے عربوں کے ہاتھوں شکست کھانے کے بعد چین کے شہنشاہ تائی تسنگ (TAY TSUNG) کو اپنے سفیر کے ذریعہ اس کی خبر کی ۔ اسی طرح [illegible] میں [illegible] نے بھی اس شاہ چین کو اپنی شکست کی خبر دی ۔ ان شکستوں کو سننے کے بعد شاہ تائی تسنگ کو بھی مسلمانوں سے راہ و رسم پیدا کرنے کا شوق ہوا ۔ اور اس نے [illegible] میں خلیفہ حضرت عثمان کے پاس اپنا ایلچی بھیجا ۔ حضرت عثمان نے بھی مناسب [illegible] ساتھ اپنے ایلچی کو شاہ چین کے پاس بھیجا ۔ شاہ چین نے مسلم ایلچی کی بڑی خاطر و مدارات کی ۔ اس ایلچی کے بعد بھی چین کے شاہی دربار میں عرب مسلمان آتے رہے اور اس طرح چینیوں کو بھی عربی زبان سے واقفیت ہوئی ۔

اس وقت تک چینیوں کو مسلمانوں کی طاقت کا علم نہ ہوا تھا ۔ شاہ تائی تسنگ کے تقریباً سو سال بعد شاہ سوان تسنگ (SHASUAN TSUNG) [illegible] نے اپنے [illegible] کی ماتحتی میں [illegible] افواج کے ساتھ مسلمانوں پر حملہ کیا ۔ خلیفہ ولید بن عبدالملک نے اس ملک کو [illegible] کے لئے اپنے جرنیل قتیبہ بن مسلم کو بھیجا جس نے چینیوں کو شکست فاش دی ۔ اس شکست کے بعد قتیبہ بن مسلم نے شاہ چین کو کہلا بھیجا کہ وہ اسلام قبول کرے یا جزیہ دے ۔ اس وقت جب کہ مسلمانوں کی فوج طوفان کی طرح چین کے دروازہ پر کھڑی شاہ چین کے [illegible] کا انتظار کر رہی تھی ۷۱۵ء میں خلیفہ ولید بن عبد الملک کا انتقال ہو گیا ۔ اور ساتھ ہی ساتھ قتیبہ بن مسلم کو [illegible] سلیمان کے کہنے سے قتل کر دیا ۔ ان واقعات کی وجہ سے مجبوراً مسلمانوں کو چین سے واپس آنا پڑا ۔ بہرحال مسلمانوں [illegible] چین کے [illegible] دائرہ اسلام میں آگئے [illegible] (HUI CHI) [illegible] اور آج تک مسلمان اسی نام سے یاد کئے جاتے ہیں اس کے علاوہ مسلمانوں کو چنگ چن (CHING CHEN) کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے اور اسلام کو چنگ چن چاؤ (CHING-CHEN-CHIAO) یعنی خالص مذہب کے نام سے ۔ چینی زبان میں چنگ کے معنی خالص اور [illegible] (CHE U) کے معنی سچا کے ہیں ۔ بہرحال چینیوں اور مسلمانوں میں برابر رسم جاری رہی ۔ اور چینیوں کو اسلام سے روشناس کرتے رہے ۔ (باقی)

امریکہ میں اعلیٰ تعلیم پانیکے لئے سہولتیں

نئی دہلی ۔ ۱۸ نومبر ۔ وزارت تعلیم نے ہندوستانی طلبا کو [illegible] ممالک میں اعلیٰ تعلیم پانے کی سہولتوں کے بارے میں مفصل اطلاعات بہم پہونچانے کے لئے پمفلٹ شائع کرنے کی جو اسکیم اختیار کر رکھی ہے ۔ اس کے تحت ایک اور پمفلٹ میں امریکہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی مختلف قسم کی درسگاہوں کے بارے میں معلومات درج ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی اعلیٰ تعلیم پانے کی غرض سے امریکہ جانے کے خواہشمند طلبا کے لئے ہر قسم کی مفید معلومات بھی درج کی گئی ہیں ۔ اس پمفلٹ میں ان ضروری ابتدائی باتوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ جو ایک طالب علم کو سفر شروع کرنے سے پہلے درکار ہوتی ہیں ۔

مباحث امروز ۔۔۔ نقاد کے قلم سے

ہندوستان میں کھالوں کی قلت

حکومت ہند نے کچی اور پکی کھالوں کی قلت کو دور کرنے کے لئے ان کی درآمد سے پابندی اٹھا لی ہے اور اب ہر شخص کسی لائسنس کے بغیر افغانستان ، عدن ، بحرین کے جزائر ، لنکا ، عراق ، ایران ، جاوا ، کینیا ، مشرقی افریقہ اور دوسرے ممالک سے کسی لائسنس کے بغیر کھالیں منگا سکتا ہے ۔

ایک وقت تھا کہ ہندوستان غیر ممالک کو کھالیں سپلائی کیا کرتا تھا لیکن آج یہ صورت ہے کہ انسانی ضرورت کی اس اہم چیز کے لئے ہم دوسروں کی طرف دیکھ رہے ہیں ۔ حکومت ہند خود کپڑے ، روئی ، جوٹ وغیرہ میں خود کفیل بننے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ وہ کسی کی محتاج نہ رہے اور اس کا سرمایہ باہر نہ جائے ۔ کیا وہ کھالوں کے معاملہ میں بھی خود کفیل بننے کی کوشش کرے گی ؟ اگر اس مسئلہ پر خالص اقتصادی نظر سے غور کیا جائے تو وہ نہ صرف کھالوں کے معاملہ میں خود کفیل ہو جائے گی بلکہ خوراک کے معاملہ میں بھی خود کفیل بننے میں اسے بڑی مدد ملے ۔ آج ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں ناکارہ مویشی دیہات اور شہروں میں پھر رہے ہیں ۔ جن کا اس کے سوا اور کوئی کام نہیں کہ انسانی خوراک میں حصہ لیں ۔ کھیتی اور کھڑی فصلوں کو خراب کریں ۔ ارباب اختیار جذبات سے بالا تر ہو کر اس اہم مسئلہ پر غور کرنا چاہئے ۔

شرنارتھیوں کی بحالی

یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ آزادی کے دو سال بعد بھی ملک کے اندر ایسے لوگوں کی تعداد [illegible] خیرات پر گذارہ [illegible] کر رہے ہیں [illegible] جا سکتا کہ پاکستان میں مہاجرین کی کیا حالت ہے ۔ لیکن تقسیم کے ایک سال بعد ہی پاکستان نے اعلان کیا تھا کہ اس کے علاقہ میں کوئی شخص کیمپ میں نہیں رہ رہا ۔

ہندوستان کا رقبہ اور ہندوستان کے وسائل پاکستان کے مقابلہ میں بہت زیادہ ہیں اس لئے شرنارتھیوں کی بحالی یہاں پاکستان کے مقابلہ پہلے ہو جانی چاہئے تھی لیکن افسوس ہے کہ ابھی تک ہزاروں انسان [illegible] ٹیٹریوں اور کیمپوں میں پڑے سسک رہے ہیں جن کے ساتھ قدرتی طور پر ہر ہندوستانی کو ہمدردی ہونی چاہئے بعض لوگوں کے خیال میں تو ان شرنارتھیوں کو بسانے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ بسے بسائے مسلمانوں کو اجاڑ دیا جائے اور ان کے گھر شرنارتھیوں کو دیدئیے جائیں ۔ مگر یہ کم سمجھی اور مذہبی تعصب کی باتیں ہیں ۔ اگر ہمارے [illegible] مسلمان سے ہمدردی نہیں [illegible] انسان سے ہمدردی ہے تو کیا ایک طبقہ کے بسنے اور دوسرے طبقہ کے اجڑ جانے سے ہمیں تکلیف نہ پہنچے گی ؟

شرنارتھیوں کو بسانے کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے اور ہر شخص یہ دیکھ کر حیرت زدہ ہے کہ جو حکومت دوران جنگ میں لاکھوں فوجوں کے لئے چند دن کے اندر بارکیں تعمیر کر سکتی تھی ۔ وہ شرنارتھیوں کے لئے اگر مستقل طور پر نہیں تو عارضی طور پر ان کے لئے کم از کم کچے جھونپڑے بھی تیار کیوں نہیں کر سکتی ؟

اقتصادی جنگ

جوٹ اور کپاس کے معاملہ میں خود کفیل بننے کے لئے ہندوستان جو کوشش کر رہا ہے اسے پاکستان کے وزیر خزانہ مسٹر غلام محمد نے پاکستان کے خلاف ایک اقتصادی جنگ کے خطرہ سے تعبیر کیا ہے اور پاکستانی تاجروں سے ہندوستان کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہنے کی اپیل کی ہے ۔

افسوس ہے کہ ہند اور پاکستان کے تعلقات ابھی ایسے ہیں کہ ایک دوسرے کی ہر بات کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اگر مسٹر غلام محمد کے قول کے مطابق ایک آزاد ملک ہونے کی حیثیت سے پاکستان اپنی کرنسی کے معاملہ میں جو قدم مناسب سمجھے اٹھا سکتا ہے تو ہندوستان کو بھی اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ جوٹ اور کپاس کے لئے پاکستان کی محتاجگی سے نکلنے کی کوشش کرے ۔ اس کوشش کی وزیر خزانہ پاکستان کو کسی قسم کی شکایت نہ ہونی چاہئے ۔ اگر پاکستان ایک الگ پالیسی بنا سکتا ہے ۔ تو ہندوستان کو بھی اس حق سے محروم نہیں کیا جا سکتا ۔

اگر وزیر خزانہ پاکستان کو ہندوستان سے کسی قسم کا اقتصادی خطرہ ہے تو اس کا ازالہ اس طرح نہیں ہو سکتا کہ پاکستانی تاجروں سے مقابلہ کے لئے تیار ہونے کی اپیل کی جائے بلکہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ مسئلہ کو پر امن طور پر حل کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر وہ پر امن طور پر اس مسئلہ کو حل کرنا چاہتے ہیں ۔ جیسا کہ انہوں نے کہا بھی ہے تو کسی قسم کا بیان دینے سے قبل ضروری ہے کہ وہ حکومت ہند سے گفت و شنید کریں ۔ پونڈ کے مقابلہ میں روپیہ کی قیمت کم نہ کرنے کے باوجود شرح مبادلہ کے سلسلہ میں یقیناً ایسا کوئی سمجھوتہ ہو سکتا ہے جو دونوں مملکتوں کے لئے قابل قبول ہو جتنا جلد ایسا ہوگا اتنا ہی اس سے دونوں مملکتوں کو فائدہ پہنچے گا ۔

مشرق اور مغرب کو سمو دینے کی خواہش

نئی دہلی ۔ ۱۸ نومبر ۔ [illegible] نومبر کو [illegible] کی "ایشیاٹک انسٹیٹیوٹ" میں ہندوستانی فلسفہ پر تقریر کرتے ہوئے ڈاکٹر رادھا کرشنن نے کہا :- اب مشرق اور مغرب ایک کل کے جزو ہیں ۔ اب ہمیں کوئی ایسا [illegible] نہیں ملتا جو اپنے تمدن میں محض مشرقی یا محض مغربی ہو ۔ افلاطون کے زمانہ سے مغرب نے مشرق کا [illegible]

[illegible] ہندوستانی فلسفہ کے متعلق جو غلط فہمیاں مغرب میں پائی جاتی ہیں وہ محض [illegible] کو غلط طریقے سے سمجھنے کے باعث [illegible] ہندوستان کے بہت سے [illegible] پنڈت نہرو بھی شامل ہیں ۔ دونوں تمدنوں کے [illegible] پر زور دے رہے ہیں [illegible] مشرق اور مغرب کے [illegible] آپس میں سمو دیا جائے ۔ [illegible] ہندوستان کے قدیم فلسفہ کا [illegible] مشرق [illegible] میں غرق ہے ۔

چار امریکن سینیٹر دہلی پہنچ گئے

اقتصادی سیاسی اور فوجی حالات کا مطالعہ

نئی دہلی ۔ ۱۸ نومبر ۔ چار امریکن سینیٹر جن کے لیڈر سینیٹر ایلینڈر ہیں ۔ امریکہ کی ہوائی فوج کے ایک طیارہ میں یہاں پہنچ گئے ہیں ۔ اپنے مشرق وسطیٰ اور مشرق بعید کے دورہ کے سلسلہ میں وہ [illegible] ہندوستان آئے ہیں وہ ہندوستان کے قیام کے دوران میں یہاں کے اقتصادی سیاسی اور فوجی حالات کا مطالعہ کریں گے ۔ یہ پارٹی حکومت ہند کی مہمان رہے گی اور گورنمنٹ ہاؤس میں قیام پذیر ہے ۔ ان کا وزیر اعظم اور حکومت کے بڑے بڑے افسران سے ملاقات کرنے کا ارادہ ہے ۔ پارٹی کا ایک گروپ ۲۰ نومبر کو بنارس جائے گا اور بعد میں تمام پارٹی جمع ہو کر ۲۱ نومبر [illegible]

ملک کے مختلف حصوں میں روزنامہ الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے سرگرمیاں

دہلی ۱۷ نومبر (نامہ نگار) الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کا کام ہندوستان میں بڑی سرگرمی سے جاری ہے۔ یہاں پر کئی ایجنسیاں قائم ہو رہی ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے لوگ دوسروں سے بازی لیجانا چاہتے ہیں۔ ادارہ الجمعیۃ اور جمعیۃ العلماء ہند کے حلقوں میں ان ہمدردان الجمعیۃ کی مساعی کو بنظر استحسان دیکھا جارہا ہے۔

اب سے چند ماہ پیشتر جودھپور میں صرف ۸ پرچے جاتے تھے۔ مگر وہاں حکیم حافظ محمد علی صاحب غوری حافظ جمعیۃ علماء جودھپور کی مساعی سے اب [illegible] پرچے جانے لگے ہیں۔ اگرچہ یہ تعداد جودھپور جیسے شہر کے لئے بہت تھوڑی ہے۔ مگر خیال کیا جاتا ہے کہ اگر حکیم صاحب موصوف کے احباب کی کوششیں جاری رہیں تو جلد ہی اشاعت سہ گنا اور چہار گنا ہو جائے گی۔

نہٹور میں وفود کا دورہ

نہٹور (بذریعہ ڈاک) دفتر اخبار مومن میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں ایک جلسہ ہوا تھا۔ جس میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے وفود کے دوروں کا پروگرام بنایا گیا تھا۔ چنانچہ اب ایک وفد مولانا ابراہیم انصاری ایڈیٹر مومن میں کام شروع ہوگیا ہے۔ مولانا موصوف نے کل کپڑے کے بازار میں بھی الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے متعلق زبردست تقریر کی ہے۔ اب نہٹور کا ایجنٹ کافی تعداد میں اخبار منگوا سکیگا۔ نہٹور کے [illegible] براہ راست بھی دفتر کو سالانہ چندہ بھیج رہے ہیں۔ اسی سلسلہ میں مولانا ابراہیم صاحب موضع سیجولی موضع محمد آباد۔ ملدور صلاح پور وغیرہ کا دورہ کریں گے۔

آگرہ شو مارکیٹ کی ستر مزید دوکانوں کی سیل کھولدی گئی

آگرہ (بذریعہ ڈاک) [illegible] نومبر کو سٹی مجسٹریٹ آگرہ نے شو مارکیٹ کی ستر دوکانوں کی سیل کھولدی۔ اس طرح اب تک ۳۳ دوکانوں کی سیل کھل چکی ہے۔ لیکن ابھی تک [illegible] دوکانیں باقی ہیں۔ [illegible] کی بھی سیل کھولدینے کے لئے جلد توجہ [illegible] (نامہ نگار)

حمید خاں تاج گنج آگرہ کی گمشدگی

حمید خاں عمر دس سال رنگ سیاہ سبزہ [illegible] کریم کوٹ، علیگڈھ کٹ پاجامہ اور [illegible] سفید جوتا پہنے ہوئے ہفتہ سے گم ہے۔ کسی کو ملے تو [illegible] جوتی فروش محلہ [illegible] تاج گنج آگرہ کو اطلاع دے یا پہنچا دیں۔

میسور نے دستور ہند کو تسلیم کرلیا

بنگلور [illegible] نومبر۔ میسور نے ہندوستان کے دستور کو اسی صورت میں کہ ریاستوں پر اس کا اطلاق [illegible] کرلیا ہے۔ میسور اسمبلی نے ایک تجویز منظور کی جس میں کہا گیا ہے کہ دستور ہند میں جو دفعات ریاستوں کے انتظام سے متعلق ہیں ان کو میسور تسلیم کرتا ہے۔ اب مہاراجہ اس منظوری کے متعلق اعلان شائع کریں گے۔ (اپ۔ ا)

طبی ہیرے آتک [illegible] خواص [illegible] جنرل نیوز [illegible] بلیماران۔ دہلی۔

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
اگر حفاظت اور جلدی کو بھجوانا ہے
تو ہماری معرفت روانہ کریں
[illegible]
المشتہر: دہلی کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران
بلیماران [illegible] چاندنی چوک دہلی

جیون
رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو واپس لانے کے لیے بے نظیر گولیاں ہیں۔
[illegible] ۱۵/- روپے

رسائن
سیلان (لیکوریا) رحم کی کمزوری اور کمر کی طاقت کے لئے سو فی صدی کامیاب ٹکیاں ہیں۔
ایک مہینے کی دوا ۷/۸ روپے

صدیقی دواخانہ (دہلی دواگھر) نور گنج دہلی

مؤرخ اسلام علامہ رفیق کا انتقال

بلند شہر (بذریعہ ڈاک) مؤرخ حضرت العلامہ مولانا آغا رفیق صاحب بلند شہری کی ذات گرامی محتاج تعارف نہیں ہے۔ وہ ہندوستان کے ایک معزز و ممتاز مصنف کی حیثیت سے دیکھے جاتے ہیں۔ حضرت مولانا نے ۱۳ نومبر ۱۹۴۹ء بروز یکشنبہ سرزمین پاکستان حیدرآباد سندھ میں انتقال فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ غریق رحمت فرمائیں۔

صوبہ انجمن حمایت چپراسیان کی میٹنگ

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) چیف کورٹ کے احاطہ میں پراونشل انجمن حمایت چپراسیان کی میٹنگ مسٹر ترلوکی سنگھ ایم ایل اے صدر انجمن کی صدارت میں ہوئی۔ میٹنگ میں خاص طور پر اودھ میں چپراسیوں کی تخفیف کے مسئلہ پر غور کیا گیا۔ فیض آباد [illegible] میں تخفیف اور تنخواہوں کے بارے میں اتفاق رائے سے [illegible] چپراسیوں کی شکایتیں پیش کرے گا۔ وفد کے سرگروہ ترلوکی سنگھ ہوں گے۔

آگرہ میں جواہر جینتی

آگرہ (بذریعہ ڈاک) ۱۴ نومبر کو شام کے ۴ بجے موتی لال [illegible] بھون میں شہر کانگریس کمیٹی کی جانب سے ایک جلسہ زیر صدارت شری بابو لال متل صدر شہر کانگریس کمیٹی منعقد ہوا۔ جس میں علاوہ دیگر کانگریسی اشخاص کے سیٹھ اچل سنگھ ایم۔ ایل۔ اے، جناب لطیف الدین [illegible] وائس پریسیڈنٹ شہر کانگریس کمیٹی، جناب [illegible] نارائن [illegible] لیڈر، جناب کرشن دت پالیوال [illegible] اور جناب سید [illegible] علی شاہ [illegible] نے شرکت فرمائی۔

جلسہ میں پنڈت جواہر لال نہرو کی [illegible] زندگی کے ہر پہلو پر روشنی ڈالی گئی۔ اور آپ کی درازی عمر کے لئے دعائیں کی گئیں۔ (نامہ نگار)

چاکلیٹ کے پارسل سے سونا برآمد ہوا
۴۲ ہزار روپے کا سونا

بمبئی [illegible] نومبر۔ خلیج ایران سے ایک پارسل بذریعہ [illegible] بمبئی پہنچا ہے۔ اس پارسل میں سے [illegible] سونا برآمد ہوا ہے جس کی قیمت ۴۲ ہزار روپے بتائی جاتی ہے۔ اس پارسل میں چاکلیٹ (ٹافی) تھے [illegible] افسران نے ان میں سے ایک نمونہ کھولا تو انہیں یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ چاکلیٹ کے بیچ میں سونے کا ٹکڑا مخفی تھا۔ مزید تحقیقات [illegible] کہ پارسل کے [illegible] چاکلیٹ میں سونے کے ٹکڑے مخفی ہیں۔

یہ پارسل بحرین سے آیا ہے اس کی اصل قیمت صرف [illegible] روپے ظاہر کی گئی ہے۔ (گلوب)

ایٹم بم کے حملے کے خلاف شہر کا دفاع

لندن ۱۶ نومبر۔ ہیروشیما اور ناگاساکی میں ایٹم بم کی تباہ کاریوں کا مشاہدہ کئے ہوئے سائنس دان برطانیہ کی نئی شہری دفاعی فوج کو ایٹم بم سے شہر کی حفاظت کرنے کی تربیت دینے کا انتظام کر رہے ہیں۔ اس نئی تنظیم کا افتتاح آج ہی کیا گیا ہے۔ جس میں پارٹ ٹائم کے لئے رضاکار بھرتی کئے جا رہے ہیں۔ (گلوب)

فوطہ بڑھ جانے اور آنت اترنے کی مجرب دوا

فوطوں میں پانی اتر آیا ہو یا کسی قسم کا ہو اس دوا کے لگانے سے بذریعہ پسینہ فوطے اصلی حالت پر آجاتے ہیں کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی ہے۔ بڑے بڑے فوطے حد اعتدال پر آکر کامل صحت ہو جاتی ہے اور آئندہ یہ مرض نہیں ہوتا۔ آپ آپریشن کی زحمت کیوں اٹھاتے ہیں اس دوا کو استعمال کیجئے۔ اسیطرح آنت اترنے کو بھی روک دیتی ہے یہ وہ اکسیر دوا ہے جس سے بیشمار مریض صحتیاب ہوئے ہیں۔ آپ اطمینان فرمائیں۔ قیمت پانچ روپیہ

حکیم ثابت علی عالم مثنوی مولانا روم صاحب
محمود نگر ۱۹۔ لکھنؤ (یوپی)

شیخ زمیندار فنڈ کے سلسلہ میں حضرت شیخ الاسلام کا ارشاد

سہارنپور [illegible] نومبر (بذریعہ ڈاک) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی نے خاتمہ زمینداری کے متعلق کسانوں سے ایک اپیل فرمایا ہے کہ میں عام کسانوں اور بالخصوص مسلمانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ خاتمہ زمینداری کے سلسلہ میں دس گنا لگان جمع کرکے بھومی داری کے حقوق حاصل کریں۔ اور فائدہ اٹھائیں۔ [illegible] دس گنا لگان ادا کرکے اس فصل کا لگان بھی معاف کرالیں۔

ضلع مرادآباد اور بجنور کے کسانوں کا دستہ پیدل لکھنؤ روانہ ہوگیا
دوسرا دستہ ۲۲ نومبر کو بذریعہ ٹرین روانہ ہوگا

(نامہ نگار الجمعیۃ)

مرادآباد (بذریعہ ڈاک) ۱۵ نومبر۔ لکھنؤ کسان پنچ کے سلسلہ میں ضلع مرادآباد اور بجنور کے کسانوں کا ایک دستہ پیدل لکھنؤ کے لئے روانہ ہوگیا ہے۔ یہ جلوس کل [illegible] اسٹیشن سے روانہ ہوا تھا۔ اور لکھنؤ پہنچ کر زمینداری فنڈ کے خلاف جو مظاہرہ ۲۵ نومبر کو ہونے والا ہے۔ اس میں شریک ہوگا۔

اس دستہ میں شریک ہونے والوں میں چودھری چندر سنگھ صدر کسان پنچایت اور [illegible] سنگھ جنرل سکریٹری سوشلسٹ پارٹی ضلع بجنور قابل ذکر ہیں۔ یہ دستہ رام پور، بریلی، شاہجہانپور وغیرہ ہوتا ہوا ۲۵ نومبر کو لکھنؤ پہنچے گا۔ ایک دوسرا دستہ ۲۲ نومبر بذریعہ ریل روانہ ہوگا۔ خیال ہے کہ اس دستے میں پانچ کسان شامل ہوں گے۔ اس کے ہمراہ مقامی سوشلسٹ لیڈر مسٹر رام غلام اور سید آل علی جائیں گے۔

خیال ہے کہ لکھنؤ میں کونسل ہاؤس کے سامنے تقریباً ۵ لاکھ کسان تنظیم زمیندارہ فنڈ کے سلسلہ میں مظاہرہ کریں گے وہ لوگ سرخ ٹوپیاں پہنے ہوئے آئیں گے اور ان کے ہاتھوں میں سرخ جھنڈے ہوں گے۔

کانگریس کے غیر ملکی سکریٹری کیرالا میں

[illegible] نومبر۔ کل ہند کانگریس کمیٹی کے غیر ملکی سکریٹری [illegible] دن کے قیام کے لئے گذشتہ شب یہاں پہنچ گئے۔ یہاں مختلف لیڈروں سے ملاقات کریں گے۔ (اپ۔ ا)

شرنارتھیوں کو حکومت مغربی بنگال کی تنبیہ

کلکتہ [illegible] نومبر۔ مغربی بنگال کی حکومت نے کل شرنارتھیوں کو تنبیہ کی کہ خالی زمینوں پر قبضہ نہ کریں۔ ان سے کہا گیا ہے کہ قانون پر عمل درآمد کریں ورنہ [illegible]۔ اس قسم کے خلاف قانون قبضہ کو حکومت اور عوام کے لئے نقصان دہ بتایا۔

مدراس کا بجٹ ۱۷ فروری کو پیش ہوگا

مدراس [illegible] نومبر۔ حکومت مدراس نے سرکاری طور پر اعلان کیا ہے کہ ۱۹۵۰-۵۱ء کا بجٹ صوبائی اسمبلی میں ۱۷ فروری ۱۹۵۰ء کو پیش کیا جائیگا۔

پنڈت نہرو کی سالگرہ پر بزم نظر کا مشاعرہ

مظفر نگر (بذریعہ ڈاک) پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند کی سالگرہ کے مبارک موقعہ پر بزم نظر کی جانب سے [illegible] میں حسب ذیل پروگرام جاری رہا۔

۱۔ ۹ بجے شام پارٹی دی گئی جس میں ادب نواز اور مقتدر ہستیاں شریک ہوئیں۔

۲۔ ۱۰ بجے شب زیر صدارت جناب مولوی حکیم سید محمود الحسن صاحب صدر جمعیۃ العلماء، نہایت کامیاب رنگدار مشاعرہ ہوا جو لاؤڈ اسپیکر سے نشر کیا گیا۔ مولوی ناہد حسین ناہد۔ لالہ سکھبیر سنگھ جین بہار رئیس صدر بزم ادب مظفر نگر۔ محمد فضل الٰہی خاں نادر نظری صدر بزم نظر۔ محمد ابراہیم صاحب شاہد نوحی۔ عبدالوحید صاحب راقم سرپرست بزم نظر۔ شاہد حسین نہیدی شاہد۔ دریا ساگر جین ساقیہ بیتابی۔ شمس الحسن صاحب شمس۔ محمد یسین صاحب معصوم۔ محمد انیس صاحب وغیرہ نے پنڈت جی کو عقیدت کے پھول پیش کئے۔

۳۔ جناب صدر نے پنڈت جی کی سوانح حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے مختصر مگر جامع تقریر فرمائی اور لوگوں سے پنڈت نہرو کے نقش قدم پر [illegible] اتحاد اور سچائی پر کاربند رہ کر حکومت ہند کے ہاتھ مضبوط کرنے کی اپیل کی۔ بعدازاں پنڈت نہرو کی درازی عمر کے لئے دعا مانگی گئی۔

الجمعیۃ کے خریدار بن کر اردو زبان کی خدمت کیجئے

علیگڈھ کے ہفتہ وار اخبار "ایشیا" نے اپنی ۱۳ نومبر کی اشاعت میں حسب ذیل اپیل شائع کی ہے۔

روزنامہ الجمعیۃ "جمعیۃ العلماء ہند" کا آرگن ہے۔ اس کا اجراء ۱۹۲۵ء میں ہوا تھا۔ انگریزی سامراجی دور اقتدار میں کئی بار حکومت کے عتاب کا شکار ہوا اور آخری وار غالباً ۱۹۴۰ء میں اس پر ایسا کیا گیا کہ تقریباً دس سال بند رہا۔ تقسیم ہند کے بعد ۱۹۴۷ء میں اس کا دوبارہ اجراء ہوا اور اس نے ہندوستان کی سیکولر اسٹیٹ (غیر مذہبی حکومت) اور مظلوم فرقہ (مسلمانوں) کی جس دلیری بیباکی اور خود اعتمادی کے ساتھ خدمت کی ہے۔ وہ ارباب بصیرت سے پوشیدہ نہیں۔ ادارہ الجمعیۃ ایک عرصہ سے اپیل کر رہا ہے کہ اس کی اشاعت ایک لاکھ تک پہونچادی جائے۔ ہندوستان کے مسلمانوں نے اس اپیل پر لبیک کہا ہے۔ اور مختلف شہروں میں کافی سرگرمی کے ساتھ اس کی اشاعت بڑھائی گئی ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ علیگڈھ میں بھی اس کی اشاعت بڑھی ہے۔ پہلے ۳۰ کاپیاں ایجنسی میں آتی تھیں اب ۱۰۰ آتی ہیں۔ لیکن علیگڈھ جیسے علمی شہر میں یہ تعداد بہت کم ہے۔ ہم ان حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اسکے خریدار بن کر نہ صرف اردو زبان کی خدمت انجام دیں بلکہ ایک مذہبی غیر سیاسی قدیمی خدمتگذار جماعت (جمعیۃ العلماء ہند) کی مدد کریں۔ جمعیۃ العلماء ہند اردو کی طرح انگریزی وہندی روزنامے بھی جاری کرنا چاہتی ہے۔ اس کے لئے کم از کم دس لاکھ روپے کی فراہمی ضروری ہے۔ ضرورت ہے کہ اہل خیر حضرات اس مفید و نیک کام کی طرف متوجہ ہوں اور ہر ممکن امداد سے دریغ نہ کریں۔

ایرانڈیا کے طیارہ کی روانگی میں تاخیر

بمبئی ۱۶ نومبر۔ ایرانڈیا کے ایک افسر نے بتایا کہ لندن میں موسم خراب ہونے کی وجہ سے وہاں سے ایرانڈیا کا جو طیارہ روانہ ہوتا ہے۔ اس میں ۴۸ گھنٹے کی تاخیر ہوگئی ہے۔ جو طیارہ آج شام آنے والا تھا اب وہ کل شام آئے گا۔ (پ۔ ٹ۔ ا)

جاوا میں انتقال اختیارات

بٹاویا ۱۷ نومبر۔ ابھی اس ملک میں مشکل سے کوئی ایسی علامت نظر آتی ہے جس سے اندازہ لگایا جاسکے کہ یہ ملک سلطنتوں کے اندر اختیارات حاصل کرے گا۔ تاہم ایک انتقالی کمیٹی بنائی جارہی ہے جس میں ۲۳ انڈونیشین جماعتیں شرکت کریں گی اس کمیٹی کا کام قانونی اور دستوری طور پر [illegible] کے اختیارات منتقل کرنا ہوگا۔

یہ کمیٹی ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کا پہلا صدر منتخب کرے گی اور فیصلہ کرے گی کہ کابینہ میں کون سے تین افراد لئے جائیں گے۔ اس کمیٹی [illegible] اور کوئی کام ابھی تک نہیں کیا گیا ہے۔ (گلوب)

مصر میں مارشل لاء
مصری وزیر اعظم کا بیان

قاہرہ ۱۷ نومبر۔ مصر کے وزیر اعظم حسین سری پاشا نے آج ان اخباری اطلاعات کی تردید کی کہ مصر میں فی الحال مارشل لاء اس کی انتظامی خصوصیات کے پیش نظر ختم نہیں کیا جاسکتا۔

اخبار الاہرام کا بیان ہے کہ مصر کے وزیر اعظم مصر کی موجودہ کابینہ کی حکمت عملی کی وضاحت کر رہے تھے جس کا مطلب [illegible] مصر پر سے مارشل لاء اٹھانا اور اس کے بجائے کوئی دوسرے حفاظتی قوانین جاری کرنا ہے۔

حسین سری پاشا نے کہا ہم ملک کو مارشل لاء سے نجات دلانے کے لئے ہر قسم کی دشواریاں برداشت کرنے کو تیار ہیں۔ (گلوب)

ایران اور شرق اردن میں دوستانہ معاہدہ

طہران ۱۲ نومبر۔ ایران اور شرق اردن کے درمیان ایک دوستانہ معاہدہ ہوگیا ہے۔ ایران کی طرف سے وزیر خارجہ علی حکمت اور شرق اردن کی طرف سے محمد شریف پاشا سفیر برائے ایران نے دستخط کئے۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

ہرنیا
موتیا بند، بواسیر، اپنڈسائٹیس کا بغیر آپریشن علاج [illegible]
یہ نئے امریکن علاج گورنمنٹ ہند کے ملاحظہ شدہ ہیں کوئی پیسہ نہ دیں۔ اگر پوری تسلی نہ ہو۔ لاثانی سبق آموز پراسپیکٹس بیمار کے حالات ضرور لکھیں۔
سی، ٹی ہسپتال درمیان سبزی منڈی وسرائے پھوس دہلی

ذرا سوچ ..... کر جواب دیجئے

[illegible] پانچ وقت کی نماز کیوں مقرر ہوئی۔ ظہر، عصر، مغرب، عشاء، فجر کے اوقات کیوں خاص کئے گئے [illegible] نماز کی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کیوں ہیں [illegible] نماز کے شروع میں اللہ اکبر اور آخر میں سلام کیوں مقرر ہوا بعض رکعتوں میں بلند آواز سے اور بعض میں آہستہ کیوں قرآن [illegible] نماز میں ہاتھ باندھنے اور کانوں تک ہاتھ اٹھانے کی کیا وجہ ہے؟ یہ اور نماز کے متعلق اس قسم کے دوسرے سوالات کے جوابات اگر سمجھ میں نہ آئیں تو آج ہی ایک خط لکھ کر "میری نماز" کتاب منگا لیجئے جس میں آپکو ان تمام سوالات کے [illegible]
[illegible]
اسلامی کتابیں [illegible]
ادارہ آفتاب رسالت پل بنگش دہلی

برص کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج

یہ ایک نہایت ہی خبیث اور موذی مرض ہے۔ آج کون اس کے تباہ کن اثرات سے واقف نہیں۔ اس مرض کا حملہ ہوتے ہی مریض زندہ درگور ہو جاتا ہے۔ ایسی مایوسی کے عالم میں [illegible] صرف ایک معتبر دوا ہے جو عرصہ سے "درویشی" کے نام سے ملک میں مقبول ہو چکی ہے۔ یہ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے جس سے اب تک ہزارہا مایوس العلاج مریض مکمل طور پر شفا پا چکے ہیں جن پر جدید حکمت وغیرہ کے بہترین اصول ناکام ہو چکے تھے درویشی کے چند دنوں کے استعمال سے ازسرنو زندگی حاصل کرلی۔ شدید سے شدید مرض کی حالت میں درویشی کا فائدہ [illegible] دن کے اندر نمایاں طور پر محسوس ہونے لگتا ہے اور چار سے چھ ماہ میں اللہ کے فضل سے مکمل صحت ہو جاتی ہے۔ [illegible] خطوط دفتر میں موجود ہیں جن سے مندرجہ بالا بیان کی تصدیق کی جاسکتی ہے۔ قیمت اور دوسری تفصیل کے لئے مکمل علاج کا پرچہ طلب کریں جو [illegible] آنے پر آپ کو ارسال کیا جائے گا۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمٰن درویش فاضل [illegible] بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ نمبر [illegible]

اچھا کھانا اچھی صحت کا ضامن ہے

[illegible] نام اچھے کھانوں کے لئے خاص شہرت رکھتا ہے [illegible] آپ کو بہترین لذیذ اور ارزاں کھانے مثلاً قورمہ، کوفتہ، آلو گوشت کھیری۔ کرودہ، بریانی، شیرمال، مچھلی، سبزی، چپاتی، قیمہ، چائے، انڈا، [illegible] وغیرہ نہایت اعلیٰ قسم کے دستیاب ہو سکتے ہیں۔
بہترین انتظام ہے۔ ایک بار آزمائش کیجئے
جواہر ہوٹل
پروپرائٹر: شیخ اللہ والا بازار جامع مسجد دہلی

تصانیف سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب دہلوی

ہشت سورہ مترجم مجلد — جنت کی کنجی مجلد
خدا کی باتیں مجلد — دوزخ کا کھٹکا مجلد
رسول کی باتیں مجلد — صلوٰۃ والسلام
بردہ کی باتیں مجلد — رسول اللہ
پہلی تقریر سیرت مجلد — دوسری تقریر سیرت مجلد
شوکت آرا بیگم مجلد

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

کوی ونود وید بھوشن پنڈت ٹھاکردت شرما
وید کی تیار کردہ خاص دوائی
رس پاپڑ

یہ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون دوائی ہے۔ ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اکسیر ہے۔ چمڑے کی سب خرابیاں جیسے داد، چنبل، دھپڑ، چھپاکی جاتی رہتی ہے۔ ناسور، بھگندر اور پرانے گرمی دانے، زخم بواسیر [illegible] وغیرہ بھی جاتی رہتی ہے۔ موسم کی تبدیلی سے جو پھوڑے پھنسیاں نکل آتی ہیں ان کو دور کرتی ہے۔ عام حالت میں اس کے سولہ دن کے استعمال سے ہر قسم کی جلدی بیماری دور ہوتی ہے۔ ۴۸ دن لگاتار استعمال کرنے سے سخت سے سخت امراض بھی جاتی رہتی ہے۔ اس کے استعمال سے پاخانہ صاف ہو جاتا ہے بھوک خوب لگتی ہے۔ قیمت: ۶۴ گولی (خوراک ۱۶ دن) صرف ۲/۸ [illegible]
[illegible]
ملنے کا پتہ:- امرت دھارا۔ ڈیرہ دون

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے سلسلہ میں اپنی کوششوں اور اس کے نتائج سے ہمیں برابر مطلع کرتے رہیئے تاکہ ہم شکریہ کے ساتھ اس کی اشاعت کر سکیں

عبدالوحید صدیقی جنرل منیجر الجمعیۃ دہلی

جنوبی افریقہ کی یونین کے متعلق ہندوستان نے دو قرار دادوں کا نوٹس دیدیا
یونین کی حکومت کی خلاف ورزیوں کے متعلق سوال

لیک سکس [illegible] نومبر۔ ہندوستان نے جنوب مغربی افریقہ کے متعلق دو قرار دادوں کا نوٹس دیا ہے جو جنرل اسمبلی میں [illegible] زیر بحث آئیں گے۔

ان میں سے ایک قرارداد میں ہندوستان بین الاقوامی عدالت سے یہ دریافت کر رہا ہے۔ (۱) آیا جنوبی افریقہ یونین کو اس اقدام کرنے کا حق حاصل ہے جو جنوب مغربی افریقہ کے علاقہ کے بین الاقوامی درجہ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ (۲) منفی جواب کی صورت میں جنوب مغربی افریقہ کے علاقہ کا بین الاقوامی درجہ مقرر کرنے کا اختیار کس کو حاصل ہے۔

دوسری قرارداد میں کہا گیا ہے کہ جنوب مغربی افریقہ کے نظم ونسق کے متعلق رپورٹ پیش نہ کرکے یونین کی حکومت نے ان [illegible] کی خلاف ورزی کی ہے جو اس نے اس سلسلہ میں [illegible] نیز یہ کہ جنوبی افریقہ کی یونین کو ٹرسٹی شپ کونسل کے [illegible] اس قسم کی رپورٹ پیش کرنی چاہئے۔ جب [illegible] کونسل میں یہ مسئلہ زیر بحث آئے گا [illegible] شیو راؤ ہندوستان کی نمائندگی کریں گے۔ (اپ۔ ٹ۔ ا)

مسٹر میکنیل کا روسی نمائندہ کو جواب

[illegible] مسٹر میکنیل [illegible] سیاسی کمیٹی میں روس کی عالمی امن کی تجاویز پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ جانتے ہیں اور روس کی حکومت کو بتا دیں کہ وہ اور صرف وہ دنیا کی اپنے سے ہمدردیاں منقطع کر رہے ہیں۔ وہ واپس جائیں اور بتادیں کہ دنیا کے دل میں ان کے خلاف بغاوت پیدا ہو گئی ہے۔

کراچی [illegible] نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان ایک بین الاقوامی فضائی کمپنی کھول رہی ہے اس کے طیارے غالباً کراچی سے لندن تک کا سفر کریں گے اور مشرق وسطیٰ اور [illegible] یورپ کے ممالک سے گذرا کریں گے۔ بعد میں طیارے دوسرے ملکوں کو بھی جانے لگیں گے۔ (رپورٹ رائٹر)

جمعیۃ علماء کے معاون بن کر اپنے مذہبی وملی احساس کا ثبوت دیجئے

جمعیۃ علماء مسلمانان ہند کی مذہبی وملی شیرازہ بندی اور تنظیم کا نام ہے آپ اس کے معاون بن کر اپنے مذہبی وملی احساس کا ثبوت دیجئے

(فقیہہ الدین رکن مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند وسکریٹری جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

ناظم جمعیۃ آگرہ جارہے ہیں

دہلی [illegible] نومبر۔ حضرت مولانا [illegible] ناظم جمعیۃ علماء ہند [illegible] آگرہ تشریف لے جارہے ہیں۔ جہاں آپ جمعیۃ علماء شہر آگرہ کے [illegible] فرمائیں گے [illegible] (نامہ نگار)

اندھرا کے سیلاب زدگان کیلئے عطیے
راجہ جی نے بھی دس ہزار روپے دیئے

مدراس [illegible] نومبر۔ گورنر جنرل [illegible] اندھرا میں طوفان اور سیلاب سے نقصان پہنچا ہے۔ دس ہزار روپے دیئے ہیں۔ راجہ جی نے [illegible] امید ظاہر کی ہے کہ جلدی روپیہ جمع ہو جائے گا۔

اس سے قبل وزیر اعظم ہندوستان پنڈت نہرو [illegible] ۶۵ ہزار [illegible] (پ۔ ٹ۔ ا)

مجھ سے جو بیان منسوب کیا گیا ہے وہ سراسر جھوٹا ہے
سیلون کے وزیر مسٹر کوٹل والا نے پاکستان کی اطلاع کی تردید کردی

کولمبو [illegible] نومبر۔ سیلون کے وزیر ٹرانسپورٹ مسٹر کوٹل والا سے منسوب کرکے پاکستان کی ایسوشی ایٹڈ پریس نے جو بیان ہندوستان کی مخالفت میں شائع کیا تھا اس کی مسٹر کوٹل والا نے تردید کردی ہے اور اسے بالکل جھوٹ قرار دیا ہے۔

مقامی اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ حکومت ہند نے اپنے ہائی کمشنر متعینہ سیلون کو ہدایت کی کہ وہ ان بعض غیر دوستانہ باتوں کی تصدیق کریں جن کی بابت کہا جاتا ہے کہ مسٹر جان کوٹل والا نے قاہرہ میں ایک حالیہ بیان میں کہیں جب کہ وہ حکومت مصر سے فضائی معاہدہ کے لئے بات چیت کر رہے تھے۔

مسٹر کوٹل والا کی بابت کہا گیا تھا کہ انہوں نے قاہرہ میں پاکستان کی ایسوشی ایٹڈ پریس کو ایک بیان میں بتایا کہ ہندوستان نے بھی ایسے مظالم [illegible] جو حیدرآباد کے بے گناہ اور امن پسند عوام پر [illegible]

[illegible] ہندوستان کی داخلی پالیسی پر بحث کرنے کی مجھے کیا ضرورت ہے؟ میری پالیسی ہمیشہ یہ رہی ہے کہ ہند پاکستان اور سیلون کا امن کا بلاک بنائیں۔ میں جیسا پاکستان کا دوست ہوں ویسا ہی ہندوستان کا دوست بھی ہوں۔ یہ بیان جو مجھ سے منسوب کیا ہے میری [illegible] ڈپلومیسی کے بالکل خلاف ہے۔ (گلوب)

شاہ ایران امریکہ پہونچ گئے

[illegible] کے متعلق تفصیلات معلوم کرسکے گا۔ شاہ موصوف نے جواب دیا کہ امریکہ کا دورہ کرنے کے سلسلہ میں [illegible] آپ کا دعوت نامہ منظور کیا تو وہ لمحہ میری زندگی کا سب سے زیادہ مسرت انگیز لمحہ تھا۔ شاہ موصوف نے مزید کہا آزاد دنیا کے اندر اس سب سے بڑی جمہوریت میں مجھے جو کچھ تجربہ ہوگا اس سے بڑی دلچسپی کے ساتھ محسوس کر رہا ہوں۔

مصروف پروگرام

امریکن افسروں نے دعوتوں اور دوسری تقریبات کا ایک بڑا مصروف پروگرام تیار کیا ہے۔ نیویارک اور دوسرے مشرقی شہروں کا دورہ کرنے کے بعد شاہ ایران بحر الکاہل کے ساحل کا دورہ کریں گے۔ جس وقت شاہ ایران کی موٹر واشنگٹن کی سڑکوں سے گذر رہی تھی تو ہزاروں اشخاص قطاروں میں سڑک کے دونوں طرف کھڑے ہوئے تھے۔ [illegible]

شاہ موصوف کا استقبال کولمبیا ڈسٹرکٹ کے کمشنر کی طرف سے کیا گیا جن کی طرف سے انہیں شہر کی "آزادی" دی گئی۔ [illegible]

چین کی کمیونسٹ حکومت تسلیم کرنیکا امکانات ختم ہوگئے
امریکی وزیر خارجہ کا اعلان

واشنگٹن [illegible] نومبر۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مسٹر ڈین ایچیسن [illegible]

انجمن اقوام متحدہ کی سوشل کمیٹی کا اجلاس

[illegible]

دہلی میں [illegible] نومبر کو امن کانفرنس ہوگی

[illegible]

مسودہ آئین منظور کرنیکے لئے دستور سازیہ سے ڈاکٹر امبیدکر کا مطالبہ
تیسری خواندگی پر اظہار خیال کرنیکے لئے ستر سے زیادہ آدمیوں کے نوٹس

نئی دہلی ۱۷ نومبر (پریس ٹرسٹ) دستور ساز اسمبلی میں آج مسودہ کمیٹی کے چیرمین ڈاکٹر بی آر امبیدکر نے [illegible]

ہوائی جہازوں کے حادثہ میں آٹھ آدمی ہلاک ہوئے

[illegible]

سندھ آبیز روڈ کی ہڑتال ختم

[illegible]

نیوزی لینڈ میں انتخابات

[illegible]

مغربی گلیلی میں کرفیو لگا دیا گیا
اسرائیلی گورنر کا اعلان

[illegible]

انڈونیشیا کے لئے امریکی امداد منظور ہوگئی

[illegible]

اسرائیل جانے والے جہازوں پر پابندی

[illegible]

پاکستان میں ہندوستان کی کرنسی

[illegible]

کانگریس منیوں کی کمزوری
اور
اس کی دوا
مصنفہ پنڈت سیتا رام [illegible]
ممبر یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی
قیمت [illegible]
ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

B3

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

روزنامہ الجمعیۃ

صبح کا ایڈیشن

رجسٹرڈ ڈی

فون نمبر 6841

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ہر | جلد ۳ | دہلی یوم اتوار ۲۸ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۰ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۷۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

نکاسی جائداد کا آرڈی ننیس

کیا اس میں کوئی ترمیم ہوگی۔؟

نئی دہلی ۱۸ نومبر [illegible] کمیٹی کا ایک اجلاس جس میں موجودہ نکاسی جائداد کے آرڈی ننیس پر عدم اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ [illegible]

مغربی بنگال میں تنخواہوں کی تخفیف

کلکتہ ۱۸ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مغربی بنگال کی حکومت نے ڈھائی ہزار روپیہ ماہوار سے زیادہ تنخواہ پانیوالے ملازمین کی تنخواہوں میں دس فیصدی کی تخفیف منظور کرلی ہے۔ جن ملازمین کی تنخواہ ڈھائی سو روپیہ سے زیادہ ہے لیکن ڈھائی ہزار سے کم ہے ان کی تنخواہوں سے ماہانہ دس فیصدی کی لازمی بچت کی جائے گی۔ اس پر عمل یکم جنوری ۱۹۵۰ء سے شروع ہوگا۔

حکومت برطانیہ کا روس کو سخت انتباہ۔ عالمگیر جنگ کی دھمکی

بلقان میں جارحانہ کاروائی سے عام جنگ چھڑ جائے گی

برطانوی دارالعوام میں مسٹر ہیرالڈ میک ملن کا بیان!

لندن ۱۸ نومبر۔ برطانوی دارالعوام میں مسٹر ہیرلڈ میکملن کے اس انتباہ سے جو انھوں نے روس کو دیا ہے ایک سنسنی پھیل گئی ہے۔ انھوں نے روس کو خبردار کیا ہے کہ وہ بلقان میں اپنے جارحانہ ارادوں کی تکمیل کی کوشش کرے تو عالمگیر جنگ کا چھڑ جانا یقینی ہے۔ [illegible]

اگر قدامت پسند پارٹی حکمراں ہوگئی تو دولت مشترکہ تباہ ہوجائے گی

وزارت دولت مشترکہ کے انڈر سکریٹری کی نکتہ چینی!

[illegible]

حکومت کی پالیسی سے افریقیوں میں اضطراب پایا جاتا ہے

اقوام متحدہ میں افریقی وفد کے لیڈر کا بیان

[illegible]

کانگرس کے ممبر بنانے کی مدت میں توسیع کردی گئی

مسٹر کالا وینکٹا راؤ کا بیان!

[illegible]

قبائلی علاقوں کے لوگ حکومت کے وفادار ہیں

[illegible]

پنڈت نہرو اور دولت مشترکہ کانفرنس

برطانوی سیاسی حلقوں کا خیال

[illegible]

چنکنگ پر تین طرف سے کمیونسٹوں کی یلغار۔ شہر صرف ۵۷ میل رہ گیا

کوانگسی کے محاذ پر کمیونسٹ قوم پرستوں کے مورچوں میں گھس گئے

چنکنگ کے جلد منسوخ ہوجانے کی توقع۔ مکاؤ کے قریب ہوائی اڈہ پر کمیونسٹوں کی گولہ باری

[illegible]

اسرائیل کو اسلحہ کی سپلائی جاری ہے

[illegible]

سلطان مسقط کی دہلی میں آمد

[illegible]

پٹیالہ یونین کی وزارت توڑ کر نگراں حکومت قائم کردی گئی

مہاراجہ پٹیالہ راج پرمکھ کی طرف سے اعلان

[illegible]

اگر صحیح جذبہ کے ساتھ دستور پر عمل ہو تو ہند میں امن و خوشحالی کا دور دورہ ہوگا

دستور ساز ہند میں مسٹر امبیڈکر کی تقریر، مسودہ آئین پر بحث

[illegible]

آندھرا سیلاب زدگان کی امداد

کانگرس کی مجلس عاملہ کی اپیل

[illegible]

اراکین مجلس دستور ساز کو صدر کا انتباہ

[illegible]

پنڈت جی کہنے پر ناراضگی

[illegible]

الجمعیۃ کا سنڈے ایڈیشن

اتوار ۲۰ نومبر سے شائع ہوگا

ایجنٹ صاحبان

اور

معاونین کرام نوٹ فرمائیں

صرف سنڈے ایڈیشن کی سالانہ قیمت ۸ روپے

ششماہی ۴ روپے ۸ آنے

اور ایجنٹ صاحبان سے فی پرچہ ۲ آنے

B3

Daily Aljamiat

DATE:-19-11-49

PHONE 5855

مشرق وسطیٰ کی سب سے طویل پایپ لائن کی تیاری کی بات چیت

روزانہ نو لاکھ پیپے تیل بحیرہ روم کے ساحل پر بھیجا جاسکے گا

[illegible]

راجستھان کے جودھپور ڈویژن میں بارش نہ ہونے سے قحط

بیس ہزار کسان اور چالیس ہزار مویشی سی۔ پی کو ہجرت کرگئے

[illegible]

کوائف دہلی

تین فریبی گرفتار

[illegible]

غنڈوں کی گرفتاری

[illegible]

آگ لگ گئی

[illegible]

مشاعرہ

[illegible]

لڑکوں کا احتجاج

[illegible]

یوم لالہ لاجپت رائے

[illegible]

برطانیہ عرب پناہ گزینوں کو امداد دیگا

[illegible]

برائے اطلاع عام

[illegible]

محمد سلطان خاں۔ ایڈوکیٹ

مسٹر برش بھان کے خلاف توہین عدالت کا مقدمہ

عدالت نے فیصلہ ملتوی رکھا

[illegible]

اجلاس سے پہلے دعا ہونی چاہیئے

دستور ساز میں ایک تجویز

[illegible]

شبینہ ہوائی سروس سے نقصان نہیں بلکہ فائدہ ہے!

وزیر رسل و رسائل مسٹر قدوائی کا معترضین کو جواب

[illegible]

صوبہ آندھرا کی تشکیل پر بحث

مدراس کونسل میں تجویز منظور نہ ہوسکی

[illegible]

واشنگٹن میں شاہ ایران کو عصرانہ

صدر ٹرومین کی تقریر

[illegible]

کانگرس مجلس عاملہ نے پنڈت نہرو کے بیان کی روشنی میں اپنے فیصلہ کی تشریح کردی

اگر سنگھی کانگرس کے ممبر بننا چاہیں تو وہ سنگھ کے ممبر نہیں رہ سکتے

دہلی میں مجلس عاملہ کا اجلاس اور اس کا بیان

[illegible]

صوبہ آندھرا کی تشکیل پر مبارکباد

[illegible]

جمعیۃ علماء [illegible] کا افتتاحی جلسہ

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب خطاب فرمائیں گے

[illegible]

ہند و نیپال کا مشترکہ دفاع

[illegible]

اہم عورتیں اور بچے جموں پہونچ گئے

[illegible]

میرٹھ میں خاتمہ زمینداری فنڈ

[illegible]

انڈونیشیا کو مزید امریکی امداد!

ڈچ انفرمیشن سروس کا اعلان

[illegible]

ریلوے ملازمین کی تخفیف کا مسئلہ

[illegible]

مہاراجہ بھاؤنگر بمبئی میں

[illegible]

متوسط طبقہ

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

سیام اور دولت مشترکہ کے ممالک کے تعلقات

[illegible]

شملہ میں یوم لاجپت رائے!!

[illegible]

اس وقت ہندوستان کو لالہ لاجپت رائے جیسے بے غرض خادموں کی ضرورت ہے

لالہ جی کی برسی کے موقع پر ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

[illegible]

ہندوستان کو باہر سے نہیں اندر سے خطرہ ہے

امریکی سفیر مسٹر ہینڈرسن کا بیان

[illegible]

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس ۲۸ نومبر سے شروع ہو رہا ہے

مختلف مسائل پر ایوان کے ممبروں کی طرف سے ایک ہزار سوالات

[illegible]

بنکاک میں امریکی نمائندوں کی کانفرنس

[illegible]

ہندوستان، برطانیہ اور فرانس چین کی کمیونسٹ حکومت کو عنقریب تسلیم کر لیں گے

ہندوستان کی طرف سے اوائل جنوری میں اعلان کا امکان

لندن میں دولت مشترکہ کے نمائندوں کے مابین اہم مشورے

لندن ۱۸ نومبر۔ [illegible] کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کے سلسلہ میں برطانیہ اور دولت مشترکہ کے مابین غیر رسمی طور پر گفت و شنید ہو چکی ہے۔ گذشتہ [illegible] نومبر کو دفتر خارجہ میں دولت مشترکہ کے ہائی کمشنروں کا ایک اجتماع ہوا جس میں اس سوال پر غور و خوض کیا گیا۔ برطانیہ کے وزیر خارجہ مسٹر بیون نے پرسوں دارالعوام میں کہا تھا کہ اس معاملہ میں حکومت نے ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے [illegible] اور دوسری دوست حکومتوں سے مشورہ کر رہی ہے۔ [illegible]

ہندوستان کا نیا آئین ایک معجون مرکب ہے

دستوریہ ہند میں مسودہ آئین پر ممبران کی سخت نکتہ چینی

نئی دہلی ۱۸ نومبر۔ [illegible]

امریکہ اور روس دو لڑنے والے دیو ہیں

سیاسی کمیٹی میں فلپائن کے نمائندے کی تقریر روس کی پالیسی پر نکتہ چینی

لیک سکسیس ۱۸ نومبر۔ کل فلپائن کے نمائندے نے امریکہ اور روس کو دو لڑنے والے دیوؤں سے تعبیر کیا [illegible]

کمیونسٹ فوجیں چنگکنگ کے دو سو میل جنوب میں پہنچ گئیں سولہ اہم شہروں پر قبضہ

کمیونسٹوں کے خطرہ سے چین میں امریکی قونصل خانے بند ہو جائیں گے

چنگکنگ کے امریکی سفارت خانہ کو بھی انخلا کا حکم دے دیا گیا

ہانگ کانگ ۱۸ نومبر۔ کمیونسٹوں کے مقبوضہ پیکنگ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ کمیونسٹ فوجوں نے [illegible]

بڑی پارٹیاں مسٹر جے پرکاش کی تجویز

[illegible]

دنیا اور خصوصاً مشرق وسطیٰ کے امن کیلئے ایران بہت اہم ہے

واشنگٹن کے اخبار نویسوں کو شاہ ایران کا بیان

واشنگٹن ۱۸ نومبر۔ شاہ ایران نے یہاں پر اخبار نویسوں کو بتایا کہ [illegible]

برطانوی پارلیمنٹ میں مسٹر چرچل وزیر خارجہ مسٹر بیون پر برس پڑے

جرمن کارخانوں کے انہدام کے متعلق حکومت کی پالیسی پر نکتہ چینی

لندن ۱۸ نومبر۔ کل برطانوی پارلیمنٹ میں [illegible]

مدراس کونسل میں ضابطہ تحفظ امن عامہ پر شدید نکتہ چینی

حزب مخالف کی طرف سے واک آؤٹ کی دھمکی اور رائے شماری کا مطالبہ

مدراس ۱۸ نومبر۔ کل مدراس کونسل میں [illegible]

سنکیانگ کے صوبہ سے چینی برابر بھاگ رہے ہیں

آٹھ پناہ گزین پشاور پہنچ گئے

[illegible]

بین الاقوامی مزدور تنظیم

ڈائرکٹر جنرل ہندوستان آرہے ہیں

[illegible]

پاکستان میں سالانہ لاکھوں ٹن فالتو گیہوں

وزارت خوراک کے جوائنٹ سکریٹری کا اعلان

[illegible]

برطانیہ کی برآمد اور پیداوار میں زبردست اضافہ

سر اسٹیفورڈ کی پریس کانفرنس

لندن ۱۸ نومبر۔ [illegible]

پٹ سن کی اشیاء، چائے اور سوتی کپڑے کی تجارت برآمد میں اضافہ

تین ماہ میں کمیاب سکے کے ملکوں سے ۱۲ کروڑ روپے کی آمدنی

ہندوستان کی تجارت برآمد کا سہ ماہی جائزہ

[illegible]

ہندوستان اور مشرقی افریقہ کے مابین ہوائی سروس

نیروبی میں افتتاحی پرواز کرنے والے ہندوستانی وفد کا خیر مقدم

[illegible]

ٹین کی سرکاری تجارت بند کر دی گئی

[illegible]

مجلس بحالیات کا اجلاس

[illegible]

کلکتہ کے مشہور کالج میں طلبا کا مظاہرہ

کالج غیر معینہ مدت کے لئے بند کر دیا گیا

[illegible]

اقتصادی کانفرنس کیلئے ایرانی وفد

[illegible]

سکریٹری تیلی یونین کا بیان

[illegible]

پٹیالہ کے نئے انسپکٹر جنرل پولیس

[illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ
دہلی
۳۰ نومبر ۱۹۴۹ء

ایک دردمندانہ اپیل

ایک انسان اگر مذہب کا نام نہ لے اور اپنے آپ کو ایک دنیادار آدمی سمجھتا رہے اور پھر کوئی غلطی کر بیٹھے تو لوگوں کی انگلیاں اس پر نہیں اٹھیں گی اور نہ اہتمام کے ساتھ اس کی غلطی کا چرچا ہوگا کیونکہ ایسے شخص کا دنیادار اور غیر مذہبی ہونا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی لغزش اہمیت کے قابل نہیں، لوگ یہی کہیں گے کہ اس نے تقویٰ اور پرہیزگاری کا دعویٰ ہی کب کیا تھا کہ اس کی غلطی پر حیرت کا اظہار ہو۔ اس نے تو کبھی نہیں کہا تھا کہ میں بڑا نیک اور خداترس ہوں۔ اس لئے جب اس سے کسی غلطی کا صدور ہوتا ہے تو لوگ اسے نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اور اسے اپنی حالت پر چھوڑ کر الگ ہو جاتے ہیں۔

لیکن جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ ایک مذہبی انسان ہے، خدا کے قانون کو مانتا ہے، اخلاقی قدروں کی قدر کرتا ہے، نیک اور پارسا ہے، گناہ اور معصیت سے گریز کرتا ہے تو وہ ان الفاظ کے ساتھ نرا دعویٰ ہی نہیں کرتا بلکہ ایک بہت بڑی ذمہ داری بھی اپنے سر لیتا ہے اور مذہب کا نمائندہ بن کر مذہب کو امتحان میں ڈالتا ہے۔ اب وہ یہ کہہ کر خاموش نہیں رہ سکتا کہ وہ ایک مذہبی اور متقی انسان ہے۔ بلکہ اس کا فرض ہو جاتا ہے کہ مذہب کے تقاضوں کو پورا کرے اور اپنے کردار کو مذہب کے سانچوں میں ڈھالے اسے قدم قدم پر سوچنا پڑے گا کہ کہیں اس کی حرکت [illegible]

[illegible] ایک ایسی نازک ذمہ داری اپنے سر لے لی ہے جو ذرا سی غلطی سے اسلام کا نقشہ بدل سکتی ہے اور اس کی وجہ سے دنیا کے تمام مسلمانوں کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔

مثال کے طور پر بھگائی ہوئی عورتوں کا معاملہ ہے، اگر واقعی پاکستان اسلام کے روشن اور تابناک اصولوں کا قائل ہے اور اس کی سربراہی میں اپنا سفر طے کرنا چاہتا ہے تو پاکستان کے کسی گوشہ میں مغویہ عورتوں کے لئے گنجائش نہیں نکل سکتی۔ اسلام اور بھگائی ہوئی عورتیں؟ اسلام اور بے گناہ عورتوں کا حبس بے جا؟ [illegible]

یہ سطور ہم نے شیخ صادق حسن صاحب کے ایک بیان سے متاثر ہو کر لکھی ہیں۔ شیخ صاحب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ

"ایک مسلمان اور ایک شریف اور خوددار قوم کی حیثیت سے ہمارا فرض ہے کہ [illegible]"

[illegible]

اچھی باتیں

ما اصاب ۔ تا ۔ علیم ۔ پ ۲۸ ع ۱۴

جو مصائب بھی نازل ہوتے ہیں وہ قانون الٰہی کے تحت نازل ہوتے ہیں اور جو شخص خدا پر ایمان رکھتا ہے اس کے قلب کو ہدایت کی روشنی دکھائی جاتی ہے اور اللہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔

فرمایا کہ مصائب کا نزول الل ٹپ نہیں ہوتا بلکہ اس کا بھی ایک قانون ہے اور اس کا نفاذ خدا کے اذن سے ہی ہوتا ہے۔ کوئی شخص [illegible] گناہ کرنے کے بعد مصائب سے نہیں بچ سکتا کیونکہ اعمال اپنے نتائج کے ظہور کے لئے بے تاب رہتے ہیں البتہ ایمان باللہ کی طاقت انسان کو استقلال کی راہ دکھاتی ہے اور خدا پر اعتماد اسے مصائب پر قابو پانے کی طاقت دیتا ہے۔ جو لوگ خدا سے بے نیاز ہیں وہ مصائب میں کوئی تسلی حاصل نہیں کر سکتے۔ لیکن جو لوگ خدا پرست ہیں انہیں مصائب میں بھی راہ نجات نظر آجاتی ہے اور وہ حالات سے مایوس ہو کر اپنی راہ گم نہیں کرتے۔

چین کے مسلمان

(از۔ سید انور [illegible] صاحب)

[illegible]

چینی درباروں میں مسلمانوں کا رسوخ

[illegible]

چینی مسلمانوں کی تہذیب

[illegible]

ترکی میں سازش

[illegible]

شیر پنجاب

[illegible]

مباحث امروز ——— نقاد کے قلم سے

آزاد ہند فوج کے آدمی

آزاد ہند فوج کے آدمیوں کی جو نیتاجی سبھاش چندر بوس کی قیادت میں دلیری کے ساتھ برطانوی سامراج کے خلاف لڑے یہ شکایت ہے کہ موجودہ حکومت نے ان کے لئے اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کیا کہ وزارت دفاع کے بجٹ میں سے ان کے لئے تیس لاکھ روپیہ منظور کر دیا گیا۔ ان کا خاص مطالبہ یہ ہے کہ انہیں آزاد ہندوستان کی فوج میں شامل کر لیا جائے اور انہیں خدمت وطن کا موقع دیا جائے۔

اب تک غالباً ان کیلئے آزاد ہندوستان کی فوج کے دروازے اس لئے بند تھے کہ ان کے بعض لیڈر راہ راست سیاست میں حصہ لے رہے تھے لیکن اب جبکہ بمبئی میں ان کی کنونشن نے سیاست سے علیحدگی کا فیصلہ کر دیا تو یہ رکاوٹ بھی دور ہو جاتی ہے اور انہیں ہندوستانی فوج میں خدمت کرنے کا حق حاصل ہو جاتا ہے۔ حکومت کو دیکھنا ہے کہ آیا وہ ان کے مطالبہ کو پورا کر سکتی ہے یا نہیں۔ اسوقت آزاد ہند فوج کے لوگ پریشان ہیں انہیں فوج میں بھرتی کر کے نہ صرف یہ کہ ان کو برسر روزگار کیا جا سکتا ہے بلکہ حکومت کو اپنی فوج میں تربیت یافتہ لوگ بھی بہ آسانی مل جائیں گے جن کی اسوقت ہندوستانی فوج کے لئے ضرورت ہے۔

ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ

[illegible]

کانگریس کی شہرت ہے کہ کوئی کانگریس میں کوئی الگ والنٹیئر دل نہیں بنا سکتا اور نہ وہ کسی ایسے دل میں شریک ہو گا۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اگر کوئی سنگھی بھی کانگریس میں شریک ہونا چاہتا ہے تو وہ صرف ہندوستانی کی حیثیت سے شریک ہو سکتا ہے اپنی اس جماعت کا ممبر رہ کر نہیں جس کے اصول فرقہ وارانہ ہیں ورکنگ کمیٹی نے یہ فیصلہ کر کے حقیقت میں ایک بڑی خامی کو دور کر دیا ہے۔ یہ خامی دور نہ کی جاتی تو کانگریس کی تنظیم کو سخت نقصان پہنچ سکتا تھا۔

شاہ ایران کا استقبال

امریکہ میں شاہ ایران کا اسی شان سے استقبال ہو رہا ہے جیسا کہ پنڈت نہرو کا کیا گیا تھا دراصل یہ سب روس اور فوجی بلاک کے اختلافات کا نتیجہ ہے کہ بین الاقوامی سیاست کی چالیں چلی جا رہی ہیں مگر یہ اختلافات نہ ہوتے تو شاید مشرقی ممالک کی اتنی خوشامد نہ کی جاتی۔ امریکہ کسی نہ کسی طرح مشرقی ممالک کو اپنے اثر میں لینا چاہتا ہے اور چین کے خاتمہ کے بعد اس کے لئے یہ اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ دیگر مشرقی ممالک میں اپنا اثر بڑھائے۔

ہندوستان کی اہمیت امریکہ کی نظر میں اس لئے ہے کہ جنوب مشرقی ایشیا میں چین کے بعد ہندوستان ہی ایک بڑا ملک ہے اور ایران کی اہمیت اس لئے ہے کہ اس کی سرحدیں روس سے ملتی ہیں۔ [illegible]

مغربی ممالک پر پولینڈ کا الزام

[illegible]

بمبئی میں ضم شدہ ریاستی حکمرانوں کا صرف خاص

[illegible]

ہوائی جہازوں میں کام کرنیوالوں کی ہڑتال

نصف گھنٹہ تک کام بند رہا

[illegible]

افکار — پاکستان

مولوی اور اشتراکی

برطانوی دفتر خارجہ

(ڈان کراچی ۱۳ نومبر)

سندھی پناہ گزینوں کی امداد کے لئے مسلمانان ٹونک کا عطیہ

مسلمانوں کی ہمدردی و اخوت پر سکریٹری سندھی پنچایت کا اظہار تشکر

ٹونک بذریعہ ڈاک:۔ جناب مرزا مصطفیٰ الدین بیگ صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ٹونک نے اشاعت کے لئے ایک بیان دیا ہے کہ:

صوبائی جمعیۃ العلماء کانفرنس سی۔ پی ناگپور

ضروری ہدایات اور اعلانات

پروگرام صوبائی جمعیۃ کانفرنس ناگپور

لکھنؤ میں جامعہ اردو علیگڈھ کی شاخ

سابق صدر کانگریس کا پنڈت جی کو تحفہ

مسلمانان اجمیر کی پنڈت نہرو کو مبارکباد

مغربی پنجاب میں تپ دق کی بیماری

ہر ضلع میں اسپتال بنایا جائے گا!

اگر مسلمانوں کو اس نازک دور کا آج بھی احساس نہیں تو کب وقت آئیگا

کیا ان کا فرض نہیں کہ بھولے بھٹکے مرعوب مسلمانوں کو دین اسلام پر قائم رکھیں

جمعیۃ علماء کے حقیقی کام اور استحکام کیلئے حضرت مولانا بشیر احمد صاحب کا بیان

وما علینا الا البلاغ۔

بریلی میں الجمعیۃ کے خلاف مقدمہ کی سماعت شروع ہوگئی

مستغیث کو نامہ نگار کا مکمل پتہ پیش کرنے کی آخری مہلت

ہندی مویشی سیام جائیں گے

امریکی تجارتی جہاز پر گولہ باری پر احتجاج

نشنلسٹ حکومت نے کوئی جواب نہیں دیا

مسٹر دیش مکھ کی نائب وزیر خارجہ سے ملاقات

اسمائے چندہ دہندگان سندھی پنچایت

(۱) جناب وکیل منظور عالم صاحب بی اے ایل ایل بی
(۲) جناب وکیل حبیب الدین صاحب بی اے ایل ایل بی
(۳) جناب منشی ذکا اللہ خاں صاحب
(۴) سوٹر الیکٹرک اینڈ کو
ریاست حیدرآباد دکن کا روزنامہ اخبار "شعیب" اطلاع دیتا ہے کہ فسادات اور پولیس ایکشن کے دوران میں دیہات کے مسلمان تباہ و برباد ہوگئے اور ان کے مکانوں کی تعمیر اور مرمت کے لئے صرف ۵۰ لاکھ روپے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ تو ریاست کے مسلمان امراء، رؤساء اور جاگیرداروں سے اپیل کی گئی کہ یہ رقم فراہم کرکے ان خاندان برباد مسلمانوں کی آبادی کا نیک کام سرانجام دو۔ مگر صدا بصحرا ثابت ہوئی۔

... یہ ہے کہ پنڈت نہرو جب حیدرآباد گئے تو انہوں نے نظام دکن سے بخصوص ہیئت نے اپیل کی کہ مسلمانوں کی دوبارہ آبادکاری کے لئے ایک کروڑ روپیہ چندہ دیں۔ مگر اعلیٰ حضرت بالکل خاموش رہے۔ حالانکہ وہ دنیا کے متمول ترین آدمی ہیں۔ اور آج بھی ان کے خاندان کے افراد کے لئے پانچ پانچ کروڑ کے ٹرسٹ بنائے جارہے ہیں۔

ریاست حیدرآباد میں اس وقت بھی ایسے امراء اور رؤساء اور تاجر موجود ہیں۔ جن میں سے ہر شخص پچاس لاکھ روپیہ چندہ دے سکتا ہے۔ اگر آج حکومت ہند انہیں ... تو اس کی خدمت کے لئے حضور نظام اور حیدرآبادی رؤسا کروڑوں روپیہ پانی کی طرح بہادیں۔ اور وہ انگریزی حکومت کے عہد میں بارہا ایسا کرچکے ہیں۔

(تسنیم لاہور ۔ ۱۹ نومبر)

ایک حدیث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث ہے حضور نے فرمایا کہ جب تمہارے رہنما تمہارے سب سے زیادہ بھلے آدمی ہوں۔ جب تمہارے دولت مند سخی اور فیاض ہوں اور تمہارے معاملات آپس کے مشورے سے طے پائیں تو زمین کی پشت تمہارے لئے اس کے پیٹ سے بہتر ہے۔ تمہارا زندہ رہنا مرجانے کی نسبت زیادہ بہتر ہے۔ مگر جب تمہارے رہنما وہ ہوں جو تم میں سب سے برے ہیں۔ تمہارے دولت مند بخیل اور کنجوس ہوں۔ اور تمہارے معاملات عورتوں کو ذریعے سے طے پائیں۔ تو زمین کا پیٹ تمہارے لئے اس کی پشت سے بہتر ہے۔ ... کوئی حق باقی نہیں رہا۔

مسلمان اور برطانیہ

اس کے بعد ہم خطاب کرتے ہیں ... برطانیہ سے جاہل ... (تسنیم لاہور ۔ ۱۹ نومبر)

... ہونی میں سکھ ... ہندو اور ہندو مہاسبھا ... سے نجات دے دے۔

امت مسلمہ کو اپنی طرف متوجہ رہنا چاہیئے۔ اور سوائے ایک طرح فکر کے یعنی اسلام اور متعلقات دین کے علاوہ کسی دوسری طرح اسے اپنا کوئی مسلک خود کے قابل نہیں سمجھنا چاہیئے۔ مسلمان جس دن یہ بات سمجھنے اور عمل کرنے پر کمربستہ ہوگئے کہ وہ صرف مسلمان ہیں اور ان پر قدرت کی طرف سے جو ذمہ داریاں عائد کی گئی ہیں انکا ادا کرنا وہ اپنے اوپر سب سے پہلے فرض سمجھتے ہیں تو انہیں دنیا کی کوئی طاقت ابھرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ اور بہرحال امامت عالم ان کے ہاتھ میں آجائے گی۔

... ہم نے پہلے بھی لکھ چکے ہیں۔ اسی پر آج متوجہ کر رہے ہیں۔ اور اسی کی طرف ہم ہمیشہ دعوت دیتے رہیں گے ... مسلمانوں کو صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق ... نگاہ ... سے محفوظ رکھے۔ (ڈان کراچی)

دلہن کے گھر پولیس کا چھاپہ

دہلی۔ ۲۰ نومبر۔ گذشتہ رات محلہ ہندو واڑہ سیتارام بازار میں قدرے سنسنی پھیل گئی جب بعض بازار پولیس نے دلہن کے گھر کا محاصرہ کرلیا جبکہ برات کھانا کھارہی تھی۔ دلہن کے چچا ہیج سنگھ نے برات کے کھانے کا انتظام مکان کی سب سے اوپر والی منزل میں کر رکھا تھا اور باہر سے دروازہ بند تھا۔ جب پولیس انسپکٹر نے اوپر کا دروازہ کھٹکھٹایا تو براتیوں میں گھبراہٹ چھاگئی۔ اور بھاگڑ مچ گئی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ دروازہ کھولنے سے پہلے میزبانوں نے براتیوں کو پچھلے راستہ سے نکالدیا۔ پولیس نے برتنوں اور کھانے پینے کے سامان کی مد برآمد کی ... اس سے پہلے پولیس نے ...

معلوم سالہ میں چھاپہ مارا جہاں برات کو ٹھیرایا گیا تھا لیکن وہاں برات کو صرف جائے پینے کے لئے دیگچی اور مٹھائی وغیرہ تقسیم نہ کی گئی۔ اسلئے پولیس نے مداخلت نہ کی۔ پولیس نے راشننگ کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزی کے الزام میں مقدمہ رجسٹر کرلیا

بے۔ یہ برات لالہ جگدیش رائے ایڈوکیٹ کی لڑکی کی تھی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ برات میں ایک صد کے قریب براتی شامل تھے۔ (ن۔ ن۔ و)

طہران میں چھ اشخاص کو سزائے موت

انتخابات پر فسادات کا شاخسانہ

طہران ۱۸ نومبر۔ ایران کی اعلیٰ فوجی عدالت نے چھ اشخاص کو اس الزام میں سزائے موت دیدی ہے کہ انہوں نے گذشتہ ماہ صوبہ خراسان میں صوبہ فارس کے ... مقام پر چار انتخابی افسروں کو اتنا مارا کہ وہ ہلاک ہوگئے ان کے علاوہ تین اشخاص کو چار سال قید بامشقت کی سزا دی گئی۔ دوسرے اشخاص کو تین تین سال قید بامشقت کی سزا دی گئی ایک شخص کو دیوانہ قرار دے کر چھوڑ دیا گیا۔ ۹ ملزمان رہا کردیئے گئے۔ کل طہران کی پولیس نے فدائیان اسلام نامی جماعت کے ایک رکن جواد غلام رضا کو گرفتار کیا اس پر الزام ہے کہ اس نے سابق وزیر عبدالحسین ہژیر کے قتل کے بعد پمفلٹ تقسیم کئے تھے۔ اس جماعت کے ایک دوسرے رکن حسین امامی کو عام مجمع میں پھانسی دیدی گئی تھی۔ (رپوٹ رائٹر)

لنکا میں دولت مشترکہ کانفرنس

زیر بحث آنے والے معاملات

لندن ۱۸ نومبر۔ پارلیمنٹری حلقوں کی اطلاع کے مطابق جنوری میں لنکا میں ہونے والی دولت مشترکہ کانفرنس میں خارجی پالیسی کی اقتصادی حالت اور سیاسی معاملات پر غور کیا جائے گا۔ معتبر ذریعہ سے بتایا گیا ہے کہ برطانوی وفد کی رہنمائی مسٹر بیون کریں گے اور وفد میں خزانہ کے افسران بھی ہوں گے شاید یہ خیال ہے کہ اس اقتصادی بحث سے لندن میں منعقد شدہ ایسی خزانہ کی گفت و شنید کے نتائج پر کوئی اثر نہیں پڑے گا لیکن چونکہ سیاسی اور دفاعی مسائل میں مصارف کا بھی سوال ہے اس لئے خزانہ کا افسران کو وفد میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ برطانوی وفد لنکا سے ہندوستان بھی جائے گا یا نہیں۔ البتہ خیال ہے کہ شاید ہندوستان جاکر اعلان جمہوریہ کی تقریب میں شرکت کرے (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

تارک وطن حکیموں اور ویدوں کو سہولتیں

حکومت ہند کا اعلان

نئی دہلی ۱۸ نومبر۔ یو۔ پی اور مغربی بنگال کی حکومتوں نے تارک وطن حکیموں اور ویدوں کو سہولتیں دی ہیں آج حکومت ہند وزارت بحالیات کے پریس نوٹ میں بیان کیا گیا ہے۔

اس پریس نوٹ میں کہا ہے کہ کچھ عرصہ ہوا حکومت ہند نے مدراس، بمبئی، یو۔ پی، مغربی بنگال، سی۔ پی اور برار کی حکومتوں کو اس امر کی ہدایات بھیجی ہیں کہ وہ اپنے صوبوں میں تارک وطن حکیموں اور ویدوں کو بسانے میں امداد دیں اور اگر ممکن ہو تو اس آئین میں جب کی رو سے ان کے صوبوں میں لائسنس لینے والے حکیم اور وید مطب نہیں کرسکتے ترمیم کرکے یا خصوصی احکام کے ذریعہ سے اس رکاوٹ کو دور کرکے انہیں مطب کرنے کی سہولتیں بہم پہنچائیں۔ اس سلسلہ میں ابھی تک مدراس، بمبئی اور برار کی حکومت کا کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔ لیکن دوسری حکومتوں کے جوابات موصول ہوگئے ہیں۔

یو۔ پی کی حکومت نے اپنے جواب میں لکھا ہے کہ ہمارے صوبہ میں غیر رجسٹر شدہ حکیموں اور ویدوں کو مطب کرنے کی آزادی حاصل ہے ہم نے لاہور اور پٹیالہ طبیہ کالج کی سند کو تسلیم کرلیا ہے اور تارک وطن حکیموں اور ویدوں کو برسر روزگار کرنے کے لئے ایک لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے مدراس کی حکومت نے اطلاع دی ہے کہ اس صوبہ میں یونانی طریقہ علاج کو صرف رجسٹر ڈ طبیبوں اور ویدوں تک محدود نہیں رکھا گیا لیکن اگر تارک وطن حکیم اور وید اپنے ناموں کو رجسٹر کرانا چاہیں تو وہ صدر انڈین میڈیسن بورڈ مدراس کو اپنی درخواستیں بھیج سکتے ہیں۔ (پ۔ ٹ۔ ا) (ناتمام)

"الجمعیۃ" میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

کتنے
سگرٹ آئے
اور
کتنے
سگریٹ گئے
مگر
ڈی لکس
ٹینر
برابر
چل رہا ہے!
۱۰ میں ۸ آنے
ڈی لکس ٹینر

تازہ ترین کتابیں

کیا خوب آدمی تھا؟

یہ ان گیارہ تقریروں کا مجموعہ ہے جو علامہ کیفی۔ بیخود دہلوی، مولانا عبدالماجد دریاآبادی، خواجہ غلام السیدین اور ملا واحدی وغیرہ نے ہندوستان کے گیارہ بڑے آدمیوں کے متعلق آل انڈیا ریڈیو دہلی سے نشر کیں کتاب اردو ادب میں ایک شاہکار اور قابل مطالعہ ہے۔ ـــ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

بیت المقدس

انبیاء علیہم السلام کی سرزمین۔ مسلمانوں کا قبلہ اول۔ جائے معراج اور صلیبی جنگوں کا وہ مرکز جس کی عظمت کے لئے مسلمانوں نے لاکھوں جگر کو قربان کیا اور دس بار یورپ کے تمام عیسائی حکمرانوں کو شکست فاش دی اور پاپائے روم کی امیدوں پر پانی پھیرا۔ قبل مسیح سے آج تک مشہور و معروف شخصیتوں کے حالات اس کتاب بیت المقدس میں درج ہیں۔ قیمت چار روپے

تاریخ زبان اردو

ہر اس شخص کو جو اردو زبان سے دلچسپی رکھتا ہے اور اس کو زندہ رکھنا چاہتا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے مصنفہ ڈاکٹر مسعود حسین ایم اے پی ایچ ڈی علیگ پروفیسر شعبہ اردو مسلم یونیورسٹی علیگڈھ۔ قیمت ساڑھے تین روپے

ملنے کا پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان ۔ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

صبح کا ایڈیشن

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۱۳۵

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم جمعرات ۲ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

فوجی امداد کیلئے شاہ ایران کی درخواست

نیویارک ۲۲ نومبر۔ ایران کے حکمراں محمد رضا پہلوی نے گذشتہ شب کو غیر ملکی تعلقات کی امریکی کونسل کے ایک جلسہ میں کہا ہے کہ میری سلطنت کو اپنی بقا کے لئے امریکہ کی فوجی امداد درکار ہے اور ایران جاننا چاہتا ہے کہ حملہ آور کے مقابلہ میں اس امداد کا استعمال کس طرح کیا جانا چاہئے (پ۔ت۔ا)

مظفر نگر میں روزنامہ الجمعیۃ دہلی متصل جامع مسجد جولی سید نیاز حسین صاحب زیدی سے خرید فرماویں

چین کی رہی سہی نیشنلسٹ حکومت کا آخری وقت آپہونچا

چنگنگ پر صرف دو مہینوں کے اندر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جائیگا

نیشنلسٹ اب نانکنگ بھاگنے والے ہیں

جنرلسمو چیانگ کا خط قائمقام صدر کے نام۔ جلد اپنی ڈیوٹی پر پہونچو۔

ہانگ کانگ ۲۳ نومبر۔ ایک خبر کے مطابق جو جزیرہ نما موسا اور چینی حلقوں ... [illegible] ... کہ چنگنگ پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جائیگا ... [illegible] ... نیشنلسٹوں کا موجودہ دارالسلطنت ہے ... [illegible]

دند حجاز ۲۲ نومبر کو دہلی آ رہا ہے

دہلی ۲۲ نومبر۔ ہندوستان کا جو وفد اس سال ۱۳ ستمبر کو حجاز مقدس گیا تھا زیارت حرمین شریفین کی سعادت حاصل کرنے کے بعد ۱۹ نومبر کو بمبئی پہونچ گیا ہے۔ اس وفد کے ارکان خرم میں سے مولینا محمد میاں صاحب ناظم ... [illegible] ... حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی ۲۴ نومبر کو شام کے ساڑھے ... [illegible] ... بجے ... دہلی سے آ رہے ہیں۔

امریکہ غلہ کی امداد کرے گا

صدر ٹرومین کا اعلان

واشنگٹن ۲۲ نومبر۔ آج ادارہ اقوام متحدہ کی مجلس خوراک و زراعت کے سالانہ جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے صدر ٹرومین نے اس ... [illegible] ... کیا ہے کہ ہم دنیا کے تمام ملکوں کے لئے خوراک کے بے شمار ذخائر پیدا کر سکتے ہیں ہم صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں عمریں طویل کر سکتے ہیں اور ہر جگہ انسان کی مسرتوں میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا ... [illegible] ... (پ۔ٹ۔ا)

جنرل چیانگ کا مکتوب

[illegible]

کشمیر میں جنگ کیلئے پاکستان ایبٹ آباد میں گوریلوں کو تربیت دے رہا ہے

شیخ عبداللہ کے خلاف ریاست میں بغاوت کرانے کا ارادہ

دہلی ۔ بلٹز کا نامہ نگار مقیم پاکستان رقمطراز ہے کہ ادھر تو ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہرلال نہرو بار بار یہ کہہ رہے ہیں کہ ہند اور پاکستان کے تنازعات جن میں مسئلہ کشمیر بھی شامل ہے جنگ کے ذریعہ طے نہیں ہو سکتے ادھر پاکستان کے جنگ پسند رہنما ہمالیہ کے دامنوں میں بڑے رازدارانہ طریقہ پر گذشتہ چند مہینوں سے نہایت جنگجو اور دلیر قسم کے گوریلے اور "خودکشی" کرنے والے گروہ تیار کر رہے ہیں ...

سابق فوجیوں کی سرگرمیاں

[illegible]

نئے آئین میں اقتصادی آزادی کا خیال نہیں رکھا گیا

تعلیم کے بغیر حق رائے دہندگی خطرناک ثابت ہوگا

مسودہ آئین ہند پر دستور ساز اسمبلی میں مزید نکتہ چینی

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ دستور ساز اسمبلی ہند کے ... [illegible]

اقتصادی جمہوریت

[illegible]

سفیر ہند مقیم اطالیہ کی موت پر اطالیہ کے صدر حکومت کا پیغام تعزیت

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ ہندوستان کے ... دیوان رام لال کی موت پر ہندوستان کے گورنر جنرل شری راجگوپال آچاریہ کو جمہوریہ اطالیہ کے صدر کی جانب سے پیغام تعزیت موصول ہوا ہے ... [illegible] ... (نامہ نگار خصوصی)

طرابلس کے لیڈر کی طرف سے ہندوستانی وفد کو خراج عقیدت

لیک سکسس ۲۲ نومبر ... [illegible] ... (پ۔ٹ۔ رائٹر)

دریاؤں کو بین الاقوامی قرار دینے کے متعلق پاکستان اپنی کوششوں میں ناکام رہا

جس ملک سے جھگڑا ہو براہ راست گفتگو کے ذریعے طے کرو

اقوام متحدہ کی خصوصی کمیٹی میں روسی نمائندہ کی تقریر!

پاکستان نے اپنی قرار داد واپس لے لی

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ حکومت ہند کو پاکستان کی ان ناکام کوششوں کی تفصیلات موصول ہوئی ہیں ... [illegible]

ڈاکٹر لوہیہ سخت مجروح ہو گئے

لکھنؤ ۲۲ نومبر۔ آج شام کو ہندوستانی سوشلسٹ رہنما کی کار کو ایک حادثہ پیش آگیا ... [illegible]

کسانوں کا مظاہرہ

کانپور ۲۲ نومبر۔ آج فرخ آباد ... [illegible]

ویت نام کو مشروط آزادی!

پیرس ۲۲ نومبر۔ آج سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت فرانس نے ایک بل کا مسودہ تیار کیا ہے جس کے تحت فرانسیسی یونین کے اندر رہتے ہوئے ویت نام کمبوڈیا اور ہندچینی کو مشروط آزادی دی جائیگی (پ۔ٹ۔ رائٹر)

لداخ کے لاما صاحب شیخ عبداللہ اور ان کے ساتھیوں پر عدم اعتماد

کہتے ہیں لداخ کو مرکز کے تحت دینے سے میری مراد دفاع کو سخت کرنا تھا

[illegible]

کپڑا کنٹرول ختم کرنیکا مطالبہ

[illegible]

تالا چابی مارکہ خضاب ۱۳۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

سٹاکسٹ اے ایس مدن لال اینڈ کو جنرل مرچنٹ صدر بازار دہلی

Daily Aljamiat

الجمعیۃ

DATE 23-11-49

PHONE 5855

جنوبی اطالیہ اور صقلیہ میں کسانوں اور پولیس میں شدید تصادم

کسانوں نے ناجائز طور پر زمینوں پر قبضہ کر لیا ہے

روم ۲۲ نومبر۔ جنوبی اطالیہ میں پولیس اور کسانوں میں سخت تصادم کی اطلاع موصول ہوئی ہے کسان زمینیں حاصل کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ جنوبی اطالیہ میں وزیر اعظم دورہ کر رہے ہیں ان کے آنے کے بعد ہی کسانوں نے احتجاج کیا جس پر پولیس کا ان سے تصادم ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ کسانوں نے ... [illegible] ... زمین پر قبضہ بھی کر لیا ہے ان کے خلاف پولیس کو طاقت استعمال کرنے کا حکم دیدیا گیا ہے۔

صقلیہ کی بھی اطلاع ہے کہ وہاں کے کسانوں نے بھی زمینوں پر قبضہ کر لیا ہے اور وہاں بھی پولیس اور کسانوں ... [illegible] ... کمیونسٹوں کے زیر اثر مزدوروں اور کسانوں کی فیڈریشن کی طرف سے یہ شورش برپا کی جا رہی ہے حالانکہ فیڈریشن اور حکومت کے درمیان گذشتہ ہفتہ ایک سمجھوتہ ہو چکا ہے لیکن فیڈریشن نے سمجھوتہ کا احترام کرتے ہوئے ... [illegible] (پ۔ٹ۔ رائٹر)

مصر میں ابھی مارشل لا ختم نہیں ہوگا

وزیر اعظم کا اعلان

قاہرہ ۲۱ نومبر۔ وزیر اعظم مصر سری پاشا نے کابینہ کے دو گھنٹہ کے اجلاس کے بعد اعلان کیا ہے کہ ابھی مصر میں مارشل لا کو ختم نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ عارضی طور پر بھی اس کو ملتوی نہیں کیا جائے گا۔ اسرائیل سے جنگ کے آغاز کے وقت مصر میں ایک سال کے لئے مارشل لا نافذ کیا گیا تھا اور اندرونی تحفظ کی بنا پر اس کو ایک اور سال کے لئے نافذ کر دیا گیا تھا۔ وزیر اعظم کے اعلان ... [illegible] ... ڈاک اور تار کا سنسر مصری سمندر میں جہازوں کا کنٹرول اور دوسرے اقدامات جن کا تعلق ملکی تحفظ سے ہے بدستور جاری رہیں گے۔ تقریباً ۵۰۰ اشخاص تخریبی سرگرمیوں کی بنا پر نظر بند کر دیئے گئے ہیں ... [illegible]

دستور پر ہیمنتا

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

الہ آباد میں ایک ہوائی جہاز ایک عمارت سے ٹکرا گیا

پائلٹ فوراً ہلاک۔ ایک اور شخص زخمی

الہ آباد ۲۱ نومبر۔ کل شام کو الہ آباد میں ایک تفریحی ہوائی جہاز ٹکرا گیا جس سے پائلٹ فوراً ہلاک ہو گئے اور ان کے ساتھی ... شدید زخمی ہوئے۔ جنہیں ہسپتال میں ہیں لیکن ان کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ ہوائی جہاز ایک مقامی فلائنگ کلب کا تھا ... پرنسپل کے ... میں ایک تقریب ہو رہی تھی۔ ہوائی جہاز نیچا ہوا اور مجمع پر پھول برسائے اسی طرح دوبارہ کرنے میں جہاز عمارت کے اوپری حصہ سے ٹکرا گیا۔ پائلٹ فوراً ہلاک ہو گیا۔ گذشتہ چھ ماہ میں یہ دوسرا حادثہ ہے جو فلائنگ کلب کے ہوائی جہاز کو پیش آیا۔

سی پی کے مسلمانوں سے پُرزور اپیل

جمعیۃ العلماء کانفرنس میں ضرور شرکت کریں

ناگپور ۲۱ نومبر۔ سی پی کے مسلمانوں سے پُرزور اپیل کی جاتی ہے کہ وہ جمعیۃ العلماء کانفرنس میں زیادہ سے زیادہ شرکت کر کے اس کو کامیاب بنائیں۔ یہ کانفرنس ۲۵، ۲۶ اور ۲۷ نومبر کو ناگپور میں منعقد ہو رہی ہے کانفرنس میں مندرجہ ذیل اکابر کی تشریف آوری کی توقع ہے۔ شیخ الاسلام مولینا سید حسین احمد صاحب مدنی سحبان الہند مولینا احمد سعید صاحب مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن مفتی اعظم حضرت مولانا کفایت اللہ خطیب ملت حضرت مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی مولانا نورالدین بہاری مولانا عبدالوحید صدیقی وغیرہ ... [illegible] ... پنڈت سندر لال ... وغیرہ بھی شرکت کریں گے۔ (نامہ نگار)

پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں انقرہ میں

وزیر اعظم ترکی اور وزیر خارجہ سے ملاقات

انقرہ ۲۱ نومبر۔ آل پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں ... پاکستانی سفیر برائے ترکی اپنے دورہ ... کے سلسلہ میں چار دن کے لئے ... انقرہ پہنچ گئے ہیں۔ وہ ایک ہفتہ استنبول میں رہے انہوں نے الجمعیۃ کے ... [illegible] ... انقرہ میں ترکی وزیر خارجہ سے ملاقات کی توقع ہے ... وزیر اعظم سے بھی ملاقات کریں گے ... [illegible]

اگلے سال ڈاکٹر ملان ریٹائر ہو جائیں گے

جنوبی افریقہ کے گورنر جنرل مقرر ہونے کی توقع

جوہانسبرگ ۲۱ نومبر۔ جنوبی افریقہ کے وزیر اعظم آئندہ سال اپنے عہدہ سے ریٹائرڈ ہو جائیں گے اور غالباً ان کی جگہ وزیر خزانہ ... مقرر ہوں گے ... ڈاکٹر ملان کو ان کی جگہ مقرر کر دیا جائیگا ... [illegible] ... ہے کہ وہ اس عہدہ کو ... انکار کر دیں گے۔

نائیجیریا کے فساد کی تحقیقات کا حکم

لاگوس ۔ نائیجیریا ۲۱ نومبر۔ ... [illegible] ... ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کی جا رہی ہے

نشریات کی بین الاقوامی تنظیم میں پھوٹ پڑ گئی

گیارہ ممالک کا واک آؤٹ اور استعفے

[illegible]

ڈان جان بادشاہ کیوں نہیں ہو سکا

لندن ۲۱ نومبر۔ ... [illegible] (گلوب)

مصر کے مزدور لیڈر لندن کو

قاہرہ ۲۲ نومبر۔ ... [illegible]

"شراب جیسی اچھی چیز کو ضائع نہیں کرنا چاہیئے"

پولیس والوں کے حوالہ سے اسمبلی کے ایک ممبر کا بیان

[illegible]

سول اسپتال کراچی میں مردہ زندہ ہو گیا!

کراچی ۲۱ نومبر۔ ... [illegible]

سنسکرت کو ہائی اسکولوں میں لازمی قرار دیدیا جائے

سنسکرت کے پنڈتوں کو درباری شاعر مقرر کیا جائے

اسمبلیوں میں سنسکرت پنڈتوں کو نمائندگی کا حق دیا جائے

آگرہ ۲۱ نومبر۔ ... آل انڈیا سنسکرت سمیلن ... [illegible]

قومی ترانہ کا مسئلہ!

نئی دہلی ۲۱ نومبر۔ آج دستور ساز اسمبلی میں ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر ... [illegible] ... (پ۔ٹ۔ا)

فرانسیسی نوآبادیاں

بقیہ صفحہ اول

[illegible]

ڈگریاں حاصل کرنے کا ریکارڈ

بنارس ۲۱ نومبر۔ بنارس ہندو یونیورسٹی کے ایک اسسٹنٹ پروفیسر پنڈت رام کمار چوبے نے ڈگریاں حاصل کرنے کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے ... [illegible]

جاپان نے اتحادیوں سے صلح کی شرائط پیش کر دیں

جاپان کو مکمل آزاد جمہوریہ بنانے کا مطالبہ

ٹوکیو ۲۱ نومبر۔ ... [illegible] ... (گلوب)

کانگریس منیوں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت سیتا رام شکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی سابق ایم ایل اے بستی

قیمت ۸ر

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

ایک گمشدہ بچہ

[illegible] ... منظور احمد حسین ... دہلی

زرچندہ منی آرڈر سے بھیجنے والے

[illegible]

منیجر اخبار الجمعیۃ گلی قاسم جان دہلی

جمعیۃ علماء کے معاون بن کر اپنے مذہبی و ملی احساس کا ثبوت دیجئے

جمعیۃ علماء مسلمانان ہند کی مذہبی و ملی شیرازہ بندی اور تنظیم کا نام ہے آئیے! آپ اس کے معاون بن کر اپنے مذہبی و ملی احساس کا ثبوت دیجئے۔

(فقیہ الدین رکن مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند و سکریٹری جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

ہندوستان دنیا میں سب سے بڑا لادینی ملک ہے

"دنیا کے بہترین مذہب کو بھی دستور میں کوئی جگہ نہیں"

تیسری خواندگی پر دستور یہ ہند میں بحث

اور نومبر۔ آج پھر دستور کی تیسری خواندگی پر دستور یہ ہند میں بحث شروع ہوئی۔ زیادہ تر ممبران کی طرف سے دستور کی تعریف کی گئی۔ بعض ممبران نے دستور کے لادینی ہونے کی تعریف کی اور اس کو نمایاں خصوصیت بتایا۔ اور کسی زبان میں تعلیم اور اور عورتوں کو دی گئی آزادی اور حقوق پر بھی اظہار خیال کیا گیا۔

دستوریہ کے اجلاس میں دستور کی تیسری خواندگی کے موقع پر صوبہ مدراس کا ممبر بیگم اعزاز رسول نے کہا کہ دستور میں اقلیتوں کی خواہشات اور امیدوں کو سمیٹ لیا گیا ہے۔ اس کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حکومت کو لادینی بنیادوں پر قائم کیا گیا ہے۔ اقلیتوں کا تحفظ کیا گیا ہے اور ان کے رسم الخط اور ان کی تہذیب کی حفاظت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا مجھے امید ہے کہ جہاں کہیں بھی مناسب طور پر مطالبہ کیا جائے گا ابتدائی تعلیم اور کاروبار میں دیکھا جائے گا۔ البتہ دفعہ ۳۱ نامنصفانہ اور نامناسب ہے جس میں جائیداد کا ذکر ہے کیونکہ اس سے بہار صوبہ بمبئی اور مدراس کی تنسیخ زمینداری کے درمیان فرق پیدا ہوتا ہے۔ نیز زمینداروں کی جائیداد کے درمیان بھی فرق قائم ہوتا ہے۔ (باقی صفحہ ۶ پر)

سڈنی ۲۲ نومبر۔ آسٹریلیا نے برطانیہ اور ہندوستان کو یہ بتانے کے لئے دس دن کی مہلت دی ہے کہ گندم کے متعلق بین الاقوامی معاہدہ کے تحت وہ کس قدر گندم حاصل کرنا چاہتے ہیں اگر وہ اس عرصہ میں جواب نہیں دیں گے تو ان کا کوٹہ کاٹ لیا جائے گا۔

کمیونسٹ فوجوں کو ہند چینی میں داخل ہونے پر غیر مسلح کر دیا جائیگا

باؤدائی نے نیلسٹ چین سے کوئی معاہدہ نہیں ہوا

ہند چینی کے فرانسیسی ہائی کمشنر کا اعلان!

پیرس ۲۲ نومبر۔ فرانسیسی ہائی کمشنر نے اعلان کیا ہے کہ اگر چینی فوجیں ہند چینی میں داخل ہوں تو ان کو فوراً غیر مسلح کر دیا جائے گا۔

ہائی کمشنر نے کہا کہ مجھکو باؤدائی کی حکومت کی طرف سے یہ اجازت مل گئی ہے کہ میں ان افواہوں کی تردید کردوں کہ باؤدائی کی حکومت نے چینی نیشنلسٹوں سے ویٹ نام کے کمیونسٹوں کے خلاف کوئی معاہدہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ بظاہر تو اس کی کوئی وجہ نہیں کہ چینی کمیونسٹ فوجیں ہند چینی میں داخل ہوں، میں ازدہ داخل ہوئیں تو ان کو فرانسیسی صدر کے اعلان کے مطابق فوراً غیر مسلح کر دیا جائے گا۔ صدر فرانس نے ایک اعلان میں کہا تھا کہ ویٹ نام کی آزادی برقرار رکھنے کے لئے فرانس ویٹ نام سے پورا پورا تعاون کرے گا نیز اگر ضرورت محسوس ہوئی تو اقوام متحدہ سے امداد بھی طلب کرے گا۔ اور امداد کا طلب گار ہوگا۔ (اپ۔ رائٹر)

پرتگیزوں نے برطانوی جہاز روک لیا

ہانگ کانگ ۲۲ نومبر۔ مکاؤ کے پرتگیزی حکام نے آج ایک برطانوی جہاز کو روک لیا جس میں ۔۔ چینی مسافر تھے جو مکاؤ سے آئے تھے ان کے پاس پاسپورٹ نہیں تھے پرتگیزی حکام نے کہا کہ پاسپورٹ کے بغیر انہیں اترنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

حکومت پر تنقید کرنا یا اس کی علیحدگی کی خواہش جرم نہیں"

ایک مقدمہ میں کلکتہ پریذیڈنسی مجسٹریٹ کا فیصلہ

کلکتہ ۲۲ نومبر۔ ایڈیشنل پریذیڈنسی مجسٹریٹ کلکتہ نے ایک فیصلہ میں لکھا ہے کہ موجودہ حکومت کے انتظام پر تنقید اور اس کی علیحدگی کی خواہش کے اظہار سے متعلق اشتہارات کا قبضہ میں رکھنا یا ان کو تقسیم کرنا یا ان کو دیواروں پر چسپاں کرنا تخریبی سرگرمیاں نہیں ہیں۔

چنانچہ انہوں نے ان تین اشخاص کو رہا کر دیا جن کو پولیس نے "بعید مزا ... " پوسٹر قبضہ میں رکھنے اور دیواروں پر چسپاں کرنے کے سلسلہ میں گرفتار کیا تھا۔ ان کے پاس سے ایسے پوسٹر برآمد ہوئے تھے جن پر لکھا ہوا تھا "کانگریس گورنمنٹ کو علیحدہ ہو جانا چاہیئے" "ملک کے لوگ کانگریسی حکومت کی بدنظمی سے تنگ آچکے ہیں" وغیرہ وغیرہ۔ مجسٹریٹ مسٹر ایل مکرجی نے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ ان پوسٹروں میں موجودہ حکومت کے انتظام کے خلاف تنقید اور اس کی علیحدگی کی خواہش کے سوا اور کچھ نہیں۔

کسی ملک کے باشندوں کو یہ حق ہے کہ وہ جائز طریقہ سے اپنی خواہش کے اظہار کریں۔ ہم ایک ضلع کے ملک میں نہیں رہتے جہاں انتظامی امور پر تنقید کی اجازت نہیں ہوتی۔

مجسٹریٹ نے لکھا ہے کہ ان پر مغربی بنگال تحفظ آرڈی نینس کے ماتحت یہ لوگ ملزم قرار نہیں پاتے۔ ان لوگوں کو اسی آرڈی نینس کے ماتحت گرفتار کیا گیا تھا۔ (اپ۔ ا)

حیدرآباد اور وندھیا پردیش کی نمائندگی پر دستور یہ ہند میں سوالات

وندھیا پردیش کے نمائندے نامزد کئے گئے اور حیدرآباد ابھی تک کوئی نہیں

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ (اپ۔ ا) دستوریہ ہند کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے مسٹر ایچ وی کامتھ کے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ وندھیا پردیش کے ممبروں کے انتخاب کے لئے فہرست رائے دہندگان بنانے کی کوشش کی گئی تھی مگر وہ کسی وجہ سے منظور نہ کی جاسکی اور نامزدگی کے لئے کہا گیا جس کو میں نے منظور کر لیا۔ مجھے امید تھی کہ نامزد ارکان اسمبلی میں شریک اجلاس ہوں گے۔

جب ڈاکٹر راجندر پرشاد نامزد ممبران کے نام پڑھ رہے تھے تو مسٹر کامتھ نے کہا کہ ان میں کون ممبر ہے معلوم نہیں ہوتا۔

مسٹر کامتھ نے دریافت کیا کہ اسمبلی میں حیدرآباد کی نمائندگی کے لئے کوئی کوشش کی جا رہی ہے۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کہا کہ جب تک حیدرآباد دستوریہ میں شمولیت پر رضامند نہ ہو جائے اور اپنے نمائندے نہ بھیجے وہ کوئی کارروائی نہیں کر سکتے تاہم آئندہ کی پارلیمنٹ میں حیدرآباد کو نمائندگی کے لئے نئے دستور میں قاعدہ ہے۔

وندھیا پردیش کے نمائندوں میں کپتان اودھیش پرتاپ سنگھ، مسٹر شمبھو ناتھ شکلا، پنڈت رام سہائے تیواری اور مسٹر منولال دویدی۔

ہمیں ہماری آزادی اور خودمختاری کا یقین دلایا جائے

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شاہ ایران کی تقریر

فلشنگ میڈوز: ۲۲ نومبر کل شب کو ایران کے حکمران محمد رضا پہلوی نے ایک بادشاہ کی حیثیت سے پہلی مرتبہ ادارہ اقوام متحدہ کی مجلس عمومی کے روبرو تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے سلسلہ میں آپ حضرات ہیں مایوس نہ کریں"

جس وقت شاہ ایران نے ایک چھوٹی سی قوم کی جانب سے تقریر کرتے ہوئے یہ بات کہی کہ آپ ہیں ہماری آزادی اور خودمختاری کا یقین دلائیں۔ تاکہ ہم ہر ملک میں اس کی تہذیب اور ترقی میں حصہ لے سکیں تو نمائندوں کی تالیوں کے شور سے جلسہ گاہ گونج اٹھی"

اس کے بعد شاہ ایران نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ سوویٹ روس اور ایران کی سرحد پر حادثات ہونے کے باوجود حالات حسب معمول ہیں اور میرے خیال میں سوویٹ روس اور ایران کے مابین جو اقتصادی معاہدہ ہوا ہے وہ ان دونوں ملکوں کے تعلقات کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں ایک نمایاں اقدام کی حیثیت رکھتا ہے اور ان دونوں ملکوں کے تعلقات کو ایک دوسرے کی آزادی اور تحفظ کے احترام کے اصول پر مبنی ہونا چاہیئے"

اسٹرلنگ ممالک اور جاپان کے درمیان تجارتی معاہدہ ہو گیا

لندن ۲۲ نومبر۔ اسٹرلنگ علاقہ اور جنرل میک آرتھر کے نمائندوں نے اعلان کیا ہے کہ برطانیہ اور دوسرے اسٹرلنگ ممالک اور جاپان کے درمیان ایک تجارتی سمجھوتہ ہو گیا ہے جس کی رو سے باہمی طور پر تبادلہ اشیاء ہوگا۔ (اپ۔ رائٹر)

اقوام متحدہ میں ہندی کا بیان

واشنگٹن ۲۲ نومبر۔ ہندوستانی وفد کے لیڈر سر بی۔ این۔ راؤ نے کہا کہ ایشیائی ملکوں کی آزادی کی جدوجہد کی کامیابی کا انحصار امید ہے کہ کس قدر جلد ان کو آزادی کی "ضروریات" مہیا کی جاتی ہیں۔ بھوکے پیٹ سے یہ امید نہیں رکھی جاسکتی کہ وہ عوام کی بہتری کی بڑی بڑی سیاسی اسکیموں پر عمل کر سکیں گے۔ (اپ۔ رائٹر)

چینی حکومت چنگ کنگ سے بھی فرار ہو گئی

کمیونسٹ فوجیں صرف ۲۰ میل دور رہ گئیں

لندن ۲۲ نومبر۔ اب جبکہ سرخ افواج چنگ کنگ سے مشرق کی جانب صرف ۲۰ میل کے فاصلہ پر رہ گئی ہیں چین کی قومی حکومت ایک مرتبہ پھر دارالحکومت منتقل کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہے۔ اطلاعات کے بیان کے مطابق اس مرتبہ وہ چنگ کنگ سے ۔۔ میل شمال مغرب میں واقع شہر چینگ ٹو کو اپنا دارالحکومت بنائے گی۔

اس وقت چنگ کنگ میں چینی کابینہ کے صرف تین ارکان یعنی وزیر اعظم، وزیر دفاع اور وزیر تعلیمات موجود ہیں قائم مقام صدر لی سنگ جین ہانگ کانگ میں ہیں لیکن کومن تانگ کی غیر معمولی مجلس کے ناظم اعلیٰ نے اس افواہ کی تردید کردی ہے کہ جنرل ۔۔۔

اسموچیانگ کائی شیک خود بحیثیت صدر زمام قیادت اپنے ہاتھوں میں لینے والے ہیں۔

واشنگٹن میں دفتر امور خارجہ عناصر اور وہ تمام افراد جو مشرق بعید کے سلسلہ میں ۔۔۔ (بقیہ صفحہ ۵ پر)

۲۶ جنوری کو ہندوستان کے آزاد جمہوریہ ہونے کا اعلان کر دیا جائے گا!

تقریبات کفایت شعارانہ طور پر منائی جائینگی

ملک کی مالی حالت شاندار تقریبوں کی اجازت نہیں دیتی

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ ۲۶ جنوری ۱۹۵۰ء کو ہندوستان میں جمہوری حکومت کا قیام عمل میں آئے گا۔ کسی قوم کے لئے اس قسم کے موقع غیر معمولی اہمیت اور مسرت کے حامل ہوا کرتے ہیں اور ایسی تقریبات پر جس قدر بھی نمود و نمائش کی جائے اسے کم تصور کیا جاتا ہے لیکن ہندوستان کی اقتصادی مشکلات کے پیش نظر حکومت ہند نے اس تاریخی تقریب پر کم سے کم روپیہ صرف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اس سے پہلے حکومت کا ارادہ یہ تھا کہ بعض ممتاز ممالک کے ممتاز نمائندوں کو اس تقریب میں شرکت کرنے کی دعوت دی جائے گی لیکن اب یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ تمام غیر ضروری مصارف سے محفوظ رہنے کے لئے اس ارادہ کو بھی تبدیل کر دیا گیا ہے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس تقریب کی تفصیلات طے کرنے کے لئے ایک مخصوص مجلس مقرر کی جائے جس میں ہند کی مجلس دستور ساز اور حکومت کے نمائندے شامل ہوں گے اور یہ مجلس غیر ضروری مصارف سے بچتے ہوئے ہندوستان کی تاریخ کے اس یادگار دن کے لئے ایک ایسا لائحہ عمل مرتب کرے گی جو ہند کی شایان شان ہوگا۔ آئندہ آٹھ ہفتہ کی مدت میں ۲۵ جنوری ۱۹۵۰ء کو مجلس دستور سازی کی آخری نشست سے قبل کانگریس پارٹی کو جمہوریہ ہند کے پہلے صدر کے معاملہ کو بھی طے کر دینا پڑے گا۔

مجلس دستور ساز کے گذشتہ اجلاس کے بعد جب کہ کانگریس پارٹی میں اس مسئلہ پر گفتگو ہوئی تھی اور سردار پٹیل نے یہ کہہ کر اس بحث کو ملتوی کر دیا تھا کہ اس معاملہ میں ارکین کی خواہشات کا لحاظ کیا جائیگا پھر اس سلسلہ میں کوئی باقاعدہ گفت و شنید نہیں ہوئی۔ باقی صفحہ ۵ پر

پاکستان میں روسی سفیر

کراچی ۲۲ نومبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان اس پر راضی ہو گئی ہے کہ روس کی طرف سے ایم یاکوسن آئی وان کو پاکستان میں سفیر مقرر کیا جائے۔ (اپ۔ ا)

سنگھ ایک حقیقی خطرہ ہے جس کا فوراً سدباب ہونا چاہیئے!

ضلع سہارنپور پولیٹیکل کانفرنس میں مسٹر گوبند سہائے کا انتباہ

سہارنپور ۲۱ نومبر۔ ضلع پولیٹیکل کانفرنس کے موقعہ پر کل رات ۸ بجے مسٹر گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری یو۔ پی سرکار کی صدارت میں نوجوان سمیلن کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ملک آزاد ہو چکا ہے مگر اس کی حالت ابھی تک نہیں سدھری۔ ۔۔۔ الزام لگاتا ہے اور کوئی رشوت خوری کا الزام ۔۔۔ مطلب حل نہیں ہو سکتا ہے۔

صرف تین چار سیر دودھ دیتی ہیں جبکہ یورپ کی گائیں پچاس سیر دودھ دیتی ہیں۔ ان باتوں کی طرف تو ہندوستان کی توجہ نہیں۔ یہاں تو لوگ آپس میں ایک دوسرے کا گلا کاٹنے پر ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ ہندو مسلمان کے خون کا پیاسا ہے اور مسلمان ہندو کی موت کا خواہشمند ہے۔ عوام کو ملک کی تعمیر میں کوشش کرنی چاہیئے صرف نکتہ چینی سے کام نہیں چل سکتا ہے۔ نکتہ چیں حضرات ملک کی مالی حالت سے واقف نہیں ہیں۔ ملک کی حالت ازحد بگڑ چکی ہے۔ ایک زبردست خطرہ پیش نظر ہے ہندو راشٹر کے بعد ملک کی بگڑی ہوئی حالت (باقی صفحہ ۵ پر)

بلکہ ہمیں اپنی تکلیفات کا مداوا ڈھونڈنا چاہیئے اسی فیصدی دیہاتی آبادی کی موجودگی میں اگر ہندوستان کو غیر ممالک سے منگانا پڑے تو خود فرمائیے ہم مشینری یا جنگی سامان کہاں سے منگوائیں گے۔ زیادہ اناج اگانے کی مہم کو تیز کرنے کے ہم وسائل اختیار کر رہے ہیں ابھی ہمارا کسان اناج پیدا کرنے کے طریقوں سے ناآشنا ہے۔

ہندوستان کے پانچ بیگہ زمین کی پیداوار یورپ کے ایک بیگہ زمین کی پیداوار کے برابر ہے۔ کھیتی کی زیادہ پیداوار کے لئے ہمارے پاس اچھے اوزار اور بیل ہونے چاہئیں۔ ہندوستان میں گائے کے ذبح ہونے پر جھگڑا ہوتا ہے مگر گائے کی پرورش کا تو یہ حال ہے کہ یو۔ پی کی گائیں چار ۔۔۔

کوئٹہ میں طالب علموں کا جلوس

پولیس کا لاٹھی چارج۔ چند افراد زخمی

کوئٹہ ۲۲ نومبر۔ صوبہ بلوچستان کے متعلق ایک حکم کے ذریعے ایک ماہ کے لئے جلسوں اور جلوسوں کی ممانعت کر دی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ طالب علموں نے ایک جلوس نکالا جس میں ان کے لیڈر کے ساتھ پولیس سے سلوک پر احتجاج کیا گیا۔ پولیس نے لاٹھی چارج کر کے جلوس کو منتشر کیا۔ طالب علموں نے پولیس پر پتھراؤ کیا جس میں چند طالب علم اور چند کانسٹیبل زخمی ہوئے اور مجبوراً حکم نافذ کر دیا گیا۔ (اپ۔ ا)

ملوں پر مزدوروں کا قبضہ

اندور کے کپڑے کے ملوں کے مزدوروں کا فیصلہ

اندور ۲۲ نومبر۔ اندور کے کپڑے کی مل مزدوروں نے ایک جلسہ میں فیصلہ کیا ہے کہ وہ کھیان مل ملوں کا انتظام اپنے ہاتھوں میں لے لیں۔ ملوں کے مالکوں نے ملوں کو بند کرنے کا نوٹس دیا ہے۔

حکومت ہند فسطائی پالیسی پر عمل کر رہی ہے!

ماسکو میں ہندوستان کے نمائندہ کا بیان

ماسکو ۲۲ نومبر۔ بین الاقوامی خواتین فیڈریشن کے جلاس میں جو ماسکو میں منعقد ہو رہا ہے ہندوستانی نمائندہ مس تروناوسس نے تقریر کرتے ہوئے کہا۔ پنڈت نہرو دہشت اور خوف دلا کر ملک کے جمہوری ترقی یافتہ عناصر کو مطیع کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ترقی یافتہ عناصر کا کہنا ہے کہ سختی کا جواب سختی سے دیا جانے۔

انہوں نے کہا کہ پنڈت نہرو کی حکومت فسطائی پالیسی پر عمل کر رہی ہے۔ انہوں نے ہندوستانی حکومت پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ وہ تعلیم میں ایک امتیازی پالیسی روا رکھ رہی ہے۔ اور یہ تعلیم اسی قدر حقیقی ہے کہ صرف مالدار طبقہ ہی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ (اپ۔ رائٹر)

انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں امدادیں بیرون جیل میں بھیجی جا رہی ہیں۔ اور ان کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ یہاں تک کہ ڈاکٹروں کو بھی جیل میں نظر بند کیا گیا ہے۔ برطانوی حکومت نے بنگال میں جو قانون رائج کیا تھا وہ اب بھی جاری ہے اس میں کچھ تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔

جامع مسجد جنگپورہ دہلی کی مجلس منتظمہ

دہلی ۲۲ نومبر۔ مسٹر ۔۔۔ صاحب کی صدارت میں جنگ پورہ دہلی اور مضافات کے مسلمانوں کا ایک عام جلسہ منعقد ہوا۔ درج ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

(۱) جامع مسجد جنگ پورہ دہلی جو قدیم زمانہ کی عمارت ہے اور جس کے انتظام کے لئے ایک کمیٹی بنی ہوئی تھی لیکن ارکان فسادات دہلی کے دوران میں پاکستان چلے گئے۔ ۔۔۔

جانے ۔ جو اس کا انتظام کرے۔

دوسری تجویز کے ذریعہ یہ طے پایا کہ کمیٹی حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہوگی۔

علامہ سید اخلاق حسین دہلوی، صدر، مفتی ۔۔۔ صاحب (نائب صدر)، سید مقبول حسن صاحب زیدی جنرل سکریٹری، حکیم سید حسین صاحب دہلوی (سکریٹری) ۔۔۔ صاحب خازن، شیخ رضی الدین صاحب رکن ۔۔۔ صاحب ۔۔۔

ذات پات کے فرق کو مٹانے کا سوال زیر خزانہ مدراس کا بیان

مدراس ۲۲ نومبر۔ مسٹر بی گوپال ریڈی وزیر خزانہ مدراس نے اسمبلی میں کہا کہ حکومت اس تجویز پر غور کرے گی کہ ملازمت میں ان لوگوں کو ترجیح دی جائے جنہوں نے اپنے فرقہ کے علاوہ دوسرے فرقوں میں شادی کی ہو۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہندوؤں میں ذات پات کو مٹانے کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔

ذات پات حکومت کے اقدام سے ہی دور نہیں ہو سکتی لیکن اگر عوام کی رائے یہ ہو جائے تو یہ فرق اٹھ جائے گا۔ انہوں نے اس کی تردید کی کہ کانگریس میں فرقہ داری نمائندگی دے کر حکومت نے ذات پات کے امتیاز کی ہمت افزائی کی ہے۔ حکومت نے وزیروں کے تقرر میں اس قسم کا کوئی امتیاز روا نہیں رکھا۔ (اپ۔ ا)

گمشدہ ہوائی جہاز کی تلاش

اوسلو ۲۲ نومبر۔ ناروے کا یہ جنگی اس ہوائی جہاز کی تلاش جاری ہے جس میں ۔۔ یہودی بچے سوار تھے اور جو لاپتہ ہو گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ چار قوموں کے ہوائی جہاز اس جہاز کی تلاش میں مصروف ہیں لیکن ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا۔ تلاش زیادہ تر دسلو کے پہاڑی علاقوں میں ہو رہی ہے۔ ریڈیو سے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس کی تلاش میں مدد کریں۔ (اپ۔ رائٹر)

صوبہ کرگ کا مستقبل

حکومت ہند کا فیصلہ

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ حکومت ہند نے فیصلہ کیا ہے کہ صوبہ کرگ کا انتظام بدستور اپنے ہاتھ میں رکھا جائے۔ صوبہ کے انتظام میں تبدیلی کے متعلق کچھ عرصہ سے تحریک ہو رہی تھی اس سلسلہ میں حکومت ہند کے نمائندوں اور کرگ کے عوامی نمائندوں کے درمیان ایک کانفرنس بھی ہوئی۔ ۔۔۔ (اپ۔ ا)

پٹیالہ یونین میں بچت کی اسکیم

پٹیالہ ۲۲ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی ریاستوں کی یونین سرکاری ملازمین کے لئے ایک لازمی بچت کی اسکیم پر غور کر رہی ہے۔ یہ اسکیم وہی ہے جو حکومت نے جاری کی ہے۔ (اپ۔ ا)

کے دروازوں کو تعلیم کے لئے کھول دیا جانے اور صرف ایک درجہ کھلا رکھا جائے۔ جس پر کہ ۔۔۔

تخلیہ کنندگان کی جائداد کا انتقال ناجائز ہے

کسٹوڈین کی طرف سے انتباہ

دہلی میں تخلیہ کنندگان کی جائداد کے کسٹوڈین کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ بعض لوگ جو کہ مجاز نہیں ہیں ان جائدادوں کا اپنے نام پر قبضہ یا انتقال کر رہے ہیں۔ ناجائز اور غیر قانونی انتقال کر رہے ہیں عوام کی اطلاع کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ کسٹوڈین نکاسی جائداد کے ایسے انتقال کو تسلیم نہیں کرے گا جو کوئی شخص اس طرح سے جائداد کو منتقل کرائے گا اسے جائداد سے بیدخل کیا جاسکتا ہے۔ اگر وہ قبضہ رکھے گا تو آرڈی نینس کے مطابق اس کے خلاف کارروائی کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح منتقل کرنے والے شخص کے خلاف بھی آرڈی نینس کی دفعہ ۲۳ کے مطابق کارروائی کی جاسکتی ہے۔ بشرطیکہ وہ ناجائز انتقال کرنے کے حکم کی خلاف ورزی کرے۔

اس امر کا بھی اعلان کیا جاتا ہے کہ نکاسی جائداد پر قبضہ رکھنے والا کوئی شخص اگر کرایہ یا کرایہ کے بقایا جات ادا نہ کر سکتا ہو اور اس وجہ سے پالیسی اور وجہ سے جائداد چھوڑنا چاہتا ہو تو اسے ایسی جائداد کا قبضہ کسٹوڈین کے حوالہ کرنا ہوگا۔ ۔۔۔

چار مزدوروں کی بھوک ہڑتال

جالندھر ۲۲ نومبر۔ اودے ۔۔۔ مل کے چار مزدور مل کی عمارت کے سامنے گذشتہ چار دن سے بھوک ہڑتال کئے ہوئے ہیں۔ تاکہ وہ اپنے مطالبات منوا سکیں ان کے مطالبات میں مل مزدوروں کی یونین کو تسلیم کرنا ہے اور تخفیف شدہ ملازمین کو پھر کام پر لے لیا جائے۔ (اپ۔ ا)

چوہے مار بھینسہ

لندن ۲۲ نومبر۔ (گلوب) لندن یارکشائر کا گھر میں ایک عجیب و غریب بھینسہ ہے جو چوہوں سے سخت نفرت کرتا ہے اور بلی کی طرح تاک لگا کر بیٹھا ہے جونہی کوئی چوہا نکلتا ہے وہ کود کر اس پر جھپٹتا ہے اور اس کو اپنے پیر سے دبا دیتا ہے۔

کلکتہ ۲۲ نومبر۔ ہندو مہاسبھا کی مجلس عاملہ نے ۔۔۔ مہاسبھا کے ۲۸ ویں اجلاس کے صدر نامزد کیا ہے۔ (اپ۔ ا)

دی گے۔ اگر وہ کرایہ ادا کرنے کے قابل نہیں تو ان کی ۔۔۔ کیا جائے گا۔

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۴ نومبر ۱۹۴۹ء

اپنا کانسٹی ٹیوشن

ہندوستان کا قانون پایہ تکمیل کو پہنچ گیا ہندوستان کا دستور اساسی تمام مرحلے طے کرنے کے بعد تیار ہو گیا بڑی خوشی کی بات ہے کہ آج ہندوستان کا اپنا قانون ہے جسے اپنے نمائندوں نے بنایا ہے اور ہمارے لئے بنایا ہے۔ تقریباً سو سال بعد آج ہماری قسمت کھلی کہ ہمارے ملک نے اپنا قانون بنایا اور غیروں کا بنایا ہوا قانون منسوخ ہوا، یوں سمجھو کہ ہندوستان آج آزاد ہوا ہے کیونکہ اس کے پاس اپنا قانون ہے، اپنی دفعات ہیں اور اپنی تشریحات ہیں، قرارداد مقاصد بھی اپنی بنیادی حقوق بھی اپنے اور کانسٹی ٹیوشن بھی اپنا گویا آزادی کی کنجی ہاتھ لگ گئی جس سے ہماری قسمت کے قفل کھلیں گے اور ہم اپنے خزانوں سے فائدہ اٹھائیں گے!

دستور ساز اسمبلی میں دستور کی تیسری خواندگی کے وقت ممبروں نے اس پر مختلف زاویہ نگاہ سے روشنی ڈالی، کسی نے اسے قانونی اور پارلیمنٹری نقطہ نظر سے دیکھا اور خوب تعریف کی، کسی نے اس پر علمی اور افادی اعتبار سے روشنی ڈالی اور اس کے نقائص گنائے، کسی کو اس وجہ سے مایوسی ہوئی کہ دستور سے گاندھی جی کے رام راج کا خواب پورا نہ ہوا، کسی کو شکایت ہوئی کہ دستور نہ تو لاہور کی جمہوریت کا آئینہ دار ہے اور نہ "روحانی کمیونزم" کا ترجمان! پھر کانگریسیوں نے اپنے خیال کے مطابق اس کا جائزہ لیا، سوشلسٹوں نے اسے اپنے طور پر جانچا، کمیونسٹ خیال کے ممبروں نے اسے کسی اور ہی ترازو سے تولا، آزاد اور غیر جانبدار اشخاص نے کسی اور ہی ہاتھ سے ٹٹولا، اور جس کا جیسا خیال تھا اس نے اسی کے مطابق دستور کی حمایت اور مخالفت کی، کسی نے اسے سولہ آنے کا خراج تحسین پیش کیا اور اس کے تعریف کے پل باندھے، کسی نے اس کی سخت اور شدید مخالفت کی اور یہاں تک کہہ دیا کہ وہ تو "قانون دانوں اور وکیلوں کی جنت ہے" کسی نے درمیانی راہ اختیار کی، یعنی حمایت کی تو مشروط طور پر اور موافقت کی تو کچھ کے بعض حصوں کے ساتھ، لہٰذا ان کی مخالفت کا درجہ حرارت بہت معمولی رہا اور وہ حمایت اور مخالفت کے بین بین چلتے رہے!

حقیقت تو یہ ہے کہ ملک کے دستور کی تشکیل اگر کوئی بڑا کارنامہ نہیں تو غنیمت ضرور ہے۔ یہ کیا کم بات ہے کہ تین برس کے عرصہ میں ملک کا دستور تیار ہو گیا ۔۔۔ اختلاف ہو سکتا ہے کیونکہ دستور کی تدوین میں جوہریت اور اصلیت کو بہت کم دخل ہے اور اس کی ترتیب میں زیادہ تر کاوشوں اور قابلیتوں سے کام نہیں لیا گیا ہے۔ وہ دراصل سوئٹزرلینڈ، آئرلینڈ، امریکہ اور برطانیہ کے دساتیر اور قوانین کا چربہ ہے اور یورپ کے قوانین سے کافی فائدہ اٹھایا گیا ہے اس لئے جن لوگوں نے دستور کی تعریف مبالغہ کے ساتھ کی ہے اور اسے آسمان پر چڑھا دیا ہے انہوں نے یقیناً خوش فہمی کا بے جا استعمال کیا ہے، انہیں چاہیئے تھا کہ درمیانی راہ اختیار کرتے اور اس بات کو نہ بھولتے کہ تعریف کے مستحق سوئٹزرلینڈ اور امریکہ ہیں جنہوں نے پہلے پہلے اور بڑے سلیقے سے قوانین مرتب کئے اور ہم پر دستور کی راہیں کھول دیں، اور جن لوگوں نے شدت کے ساتھ مخالفت کی ہے انہوں نے یہ نہ سوچا کہ اگر وہ خود قانون بناتے تو کیا کرتے اور اس کا مسالہ کہاں سے مہیا کرتے؟ نکتہ چینی بہت آسان ہے لیکن خود دستور بنا کر منوالینا بہت مشکل ہے!

جہاں تک دستور کی افادیت کا تعلق ہے وہ بے نقص اور بے عیب نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس میں چھوت چھات کو خلاف قانون قرار دیا گیا ہے، حق رائے دہی بالغان کو تسلیم کیا گیا ہے، قسمتوں کی تخصیص کا جھگڑا بھی ختم کیا گیا ہے اور دوسری بہت سی اچھائیاں بھی شامل کی گئی ہیں، اگر دیکھنے والوں کو یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ اس میں کام کرنے کے حقوق کی کوئی گارنٹی نہیں دی گئی، اور مزدوروں کی اجرت پر کوئی اشارہ نہیں کیا گیا، غریبوں، بھوکوں، مصیبت زدوں، بوڑھوں، بیواؤں کو کوئی تسلی نہیں دی گئی یا اسکول میں جاگیرداری سسٹم کی تنسیخ عمل میں نہیں لائی گئی، پریزیڈنٹ کو ہنگامی حالات میں وسیع تر اختیارات دے دیئے گئے، حکومت کا یہ حق تسلیم کر لیا گیا کہ اشخاص کو نظربند کیا جاسکتا ہے انگریزی زبان کو پندرہ سال تک باقی رکھنے کی سبیل نکالی گئی، گویا ایک طرح سے دستور کے عیب اس کے ہنر پر غالب ہیں، فائدہ ایک پلڑا ہے تو نقصان تین پلڑا عیب سے خالی تو دنیا کا کوئی بھی قانون نہیں ہے لیکن اس قانون کا عیب شکل ہی سے دور ہو جو مجموعہ ہو کی خوشہ چینی اور ذہنی ۔۔۔ اور مزاج کو نظرانداز کر کے بنایا گیا ہو۔

اس قانون میں ایک بنیادی خامی یہ ہے کہ آئندہ جب رائے دہی بالغان کے اصول پر انتخاب ہوگا اور اسمبلی میں ملک کے حقیقی نمائندے پہنچیں گے تو انہیں حق ہوگا کہ اس دستور کو معطل کر دیں اور دوسرا دستور بنائیں اور چونکہ اس بات کا امکان ہے اس لئے دستور کو عارضی تصور کرنا چاہیئے اس وجہ سے ہمارا خیال ہے کہ جن حالات میں یہ دستور مرتب کیا گیا ہے اس کے پیش نظر اسے بسا غنیمت سمجھنا چاہیئے، شاید کوئی دوسری جماعت بھی اگر یہ دستور مرتب کرتی اور حالات ایسے ہی ہوتے جواب ہیں تو وہ اس سے بہتر دستور نہیں بنا سکتی تھی اب ہمارا اور ملک کا فرض یہ ہے کہ اس کانسٹی ٹیوشن کا احترام کریں اور آپس کے تعاون کے ساتھ اسے زیادہ سے زیادہ مفید بنائیں

معقول اور قابل غور

دستور ساز اسمبلی میں دستور کی تیسری خواندگی کے وقت آسام کے ایک ممبر نے کہا کہ۔

"یہ بات تو قابل تحسین ہے کہ دستور میں قبائلیوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے لیکن آسام کے وہ قبائلی لوگ جو گائے کا گوشت کھاتے ہیں یہ خیال کرنے لگے ہیں کہ اگر قرارداد ہدایت میں بے کار گایوں کے ذبیحہ کو بھی ممنوع قرار دے دیا گیا اور اس کی یہ تشریح کی گئی کہ ہر قسم کی گائیں محفوظ ہوں گی اور حکومت کو ان کی خوراک پر ایک بڑی رقم خرچ کرنی پڑے گی۔ اگر حکومت ایسا نہیں کرے گی تو لاکھوں گائیں بھوکی مر جائیں گی آسام کے گورکھے بھی درگا پوجا کے موقع پر بھینسے ذبح کرتے ہیں اگر حکم امتناعی میں استثناء کیا گیا تو یہ دستور ہند کی پیشانی پر ایک داغ ہوگا اور ان قبائلیوں پر ظلم ہوگا جو گوشت استعمال کرتے ہیں"!

یہ تبصرہ ہمارے تبصرہ سے قطعی بے نیاز ہے!

اچھی باتیں

(ومن یتق اللہ ۔ تا ۔ قدرا ۔ پ ۲۸ ع ۱۰)

جو شخص خدا سے ڈرتا ہے تو اس کی رستگاری کی راہ پیدا کی جائے گی اور اسے ایسی جگہ سے رزق پہنچائے گا جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا اور جو شخص خدا پر بھروسہ کرتا ہے تو اسے یہی بھروسہ کفایت کرے گا اللہ تو اپنا کام پورا کر کے رہے گا اور اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر کر دیا ہے۔

فرمایا کہ خدا کی ذات کا تصور اور اعمال سے باز پرس کا خوف ہر ترقی کی بنیاد ہے خدا سے ڈرنے والوں کو خدا ہی اپنی پناہ میں لے گا اور اس پر رزق کے اسباب کشادہ کر دیگا تم گمان بھی نہیں کر سکتے اور خدا ایسے اسباب پیدا کر دیگا کہ حیران رہ جاؤ گے کیوں کہ جو شخص خدا پر اعتماد کر لے خدا بھی اسے نظر انداز نہیں کرتا غرض جو خدا کا ہو لے خدا بھی اس کا ہو جاتا ہے اور ایسے خدا دوست کو کبھی کوئی تباہ نہیں کر سکتا!

خیالات ناظرین

نیا آرڈی نینس

(گذشتہ سے پیوستہ)

(۵) اب جائداد کو نکاسی قرار دینے کے لئے نوٹس دینا ضروری ہے تاکہ شخص متعلقہ وجہ ظاہر کرے کہ کیوں اس کی جائداد نکاسی قرار نہ دی جائے مناسب تحقیقات کے بعد کسٹوڈین طے کرے گا کہ آیا جائداد نکاسی ہے مگر تاریخ نوٹس سے ہی جائداد قرقی سمجھی جائے گی

اپیلوں کا حق

پہلے ڈپٹی کسٹوڈین ہی مقدمہ کو طے کر سکتا تھا۔ اور اس کے فیصلہ کی اپیل کسٹوڈین کے یہاں ہوتی تھی اب بعض مقدمات میں اپیل ڈسٹرکٹ جج کے یہاں ہی ہوگا اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا، البتہ کسٹوڈین جنرل کو اس کے فیصلہ کے خلاف نگرانی کا حق ہوگا، جب کسٹوڈین جنرل کسی نکاسی شخص کو غیر نکاسی قرار دیدیگا تو فیصلہ قطعی ہوگا، لیکن اگر ڈسٹرکٹ جج کسی شخص کو غلطی سے غیر نکاسی قرار دیگا تو اس حکم کو استصواب رائے کے لئے ہائیکورٹ کے دو ججوں کے پاس بھیجدیا جائے گا۔

جدید آرڈی نینس کی روشنی میں ہمیں مذکورہ بالا مواد کا تجزیہ کرنا چاہیئے بعنوان ذیل میں جدید آرڈی نینس کو "نیا آرڈی نینس" اور آرڈی نینس نمبر ۱۲ ۱۹۴۹ء کو جو منسوخ ہو چکا ہے "پرانا آرڈی نینس" سے خطاب کیا گیا ہے مندرجہ ذیل دفعات یا فقرات کے ماسوا نیا آرڈی نینس منسوخ آرڈی نینس کا ہو بہو چربہ ہے۔

صرف کہیں کہیں الفاظ یا فقرات کا رد و بدل یا تقدم و تاخر بلحاظ موقع و محل عمل میں آیا ہے۔

دفعہ (ب) نئے آرڈی نینس میں ایک نئے عہدہ دار کے تقرر کی دفعہ بڑھائی گئی ہے جو افسر اعلیٰ ہوگا، اور کسٹوڈین جنرل کہلائے گا"

دفعہ (۲) ڈ۔ میں نکاسی شخص کی تعریف بتائی گئی ہے اس کی ابتدائی و ضمنی دفعات مثل پرانا آرڈی نینس ہی ہیں البتہ (ڈ ڈ ڈ ۲) میں قدرے تغیر واقع ہوا ہے پرانے آرڈی نینس میں یہ دفعہ ۲ (ج) (ڈ ڈ ڈ) ہے (نیا آرڈی نینس) کوئی شخص جس نے ۱۸ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد بذریعہ الاٹمنٹ یا غیر قانونی قبضہ یا ناجائز طریقہ پر کسی ایسی جائداد میں کوئی حق حصہ یا مفاد حاصل کیا ہے جو پاکستان میں کسی رائج الوقت قانون کے تحت نکاسی یا متروکہ متصور ہوتی ہے"

پرانا آرڈی نینس دفعہ (ج) (ڈ ڈ ڈ) کوئی شخص جس نے یکم مارچ ۱۹۴۷ء کے بعد کسی جائداد میں جو پاکستان کے کسی مروجہ قانون کے ماتحت نکاسی جائداد سمجھی جاتی ہے کوئی حق حصہ، یا مفاد کسی طریق پر حاصل کیا ہے سرکاری اعلانیہ میں غلطی سے ۲ (ڈ) (ڈ ڈ ڈ) کو نئی دفعہ ظاہر کیا گیا ہے اور اسے پرانے آرڈی نینس کی دفعہ ۲ (ج) (ڈ ڈ ڈ) کے شامل بتایا گیا ہے۔

اس نئی دفعہ میں یکم مارچ ۱۹۴۷ء کے بجائے ۱۸ اگست ۔۔۔

کا نقصان کرتے ہیں اس پر گورنر یو۔ پی نے ایک تقریر میں کہا کہ "میں حیران ہوں کہ بندروں کو زندہ رہنے کا حق حاصل ہے یا نہیں؟ یہ عجیب دنیا ہے کہ انسان تو فاقوں مرے اور بندر عیش اڑائیں"! اس پر پچھلے دنوں ایک اخبار لکھتا ہے کہ "اصل مصیبت یہ ہے کہ بندروں کو مقدس سمجھا جاتا ہے اور ہندوؤں کے مذہبی جذبات کو مجروح کئے بغیر ان پر ہاتھ صاف کرنا سخت مشکل ہو گیا ہے۔ ۔۔۔"

کہ ہم منطق میں الجھ رہیں گے اور ہمارے ساتھ کوئی زیادتی نہ ہوگی اگر پاکستان کی پولیس اقوام متحدہ کی فہرست کے افراد کو پریشان کرتی ہے تو اسے چاہیئے کہ پکڑے ہوئے ۔۔۔ نانصافی کو برداشت نہ کرے! اقلیتوں کے مسئلہ نے بہت پریشان کر رکھا ہے اور اب ضرورت ہے کہ کوئی قطعی فیصلہ کر لیا جائے کہ یہ ناگوار ہنگامہ کے لئے ختم ۔۔۔

سنگھ، اور جمعیۃ

معاصر "قومی آواز" لکھنؤ کا اداریہ

کانگریس نے پہلے سنگھیوں کو کانگریس کا ممبر بننے کی اجازت دی اور پھر دوبارہ اس کی یوں تشریح کی کہ اس ممبری کے بعد سنگھیوں کو سنگھ سے الگ ہونا پڑے گا۔ اس طرح وہ غلطی جو شروع میں ورکنگ کمیٹی سے ہو گئی تھی ختم ہو گئی۔ کانگریس نے چونکہ جمعیۃ والوں کے لئے کوئی قید نہیں لگائی ہے اس لئے اس کی نظر میں جو فرق جمعیۃ اور سنگھ میں ہے وہ واضح ہو گیا ہے اور سنگھ کو کانگریس میں داخلہ کا پروانہ ملا، اور ادھر ایک بالکل غیر ضروری بحث اٹھ کھڑی ہوئی۔ وہ یہ کہ جمعیۃ علما اور سنگھیوں کیا فرق ہے، اور کچھ فرق ہے بھی یا نہیں؟ اور یہ کہ کلچرل جماعتوں کو کانگریس کی ممبری کی اجازت دی جاسکتی ہے یا نہیں! اور یہ کہ جتنی کلچرل جماعتیں ہیں ان سب کو ایک ہی ترازو پر کیوں نہ تولا جائے؟ یہ بحثیں خوب اٹھیں اور خوب چلیں، لیکن اس وقت ہم ان بحثوں میں محض اس وجہ سے نہیں پڑے کہ ہمارے خیال میں مسئلہ کا حل صرف سنگھ کے اعمال نامے کے جائزے میں پوشیدہ تھا۔ سوال یہ تھا کہ کیا سنگھ کی ذہنیت، روایات اور منزل ایسی ہیں کہ وہ کانگریس کی ذہنیت، روایات اور منزل سے میل کھا سکیں؟ ہمارا جواب یہ تھا کہ نہیں۔ اور اسی بنیاد سے ہم نے ورکنگ کمیٹی کے فیصلہ کو ایک بھول کہا تھا۔

پہلا سوال تو یہ ہے کہ کانگریس میں کسی مذہبی یا کسی کلچرل جماعت کے ممبر شریک ہو سکتے ہیں یا نہیں۔ تھوڑی دیر کے لئے فرض کر لیجئے کہ کانگریس یہ فیصلہ کر دیتی ہے کہ نہیں شریک ہو سکتے ہیں تو کیا یہ فیصلہ قابل عمل ہوگا۔ اس وقت کانگریس میں جو لوگ شریک ہیں وہ دوسری بہت سی تحریکوں میں حصہ لیتے ہیں۔ وہ لوگ ہندی ساہتیہ سمیلن اور ترقی اردو انجمن ترقی پسند مصنفین کے ممبر ہیں۔ کچھ شہری سبھاؤں کے جن کا کام صرف شہر کو صاف ستھرا رکھنا ہے۔ ممبر ہیں۔ کچھ تعلیم بالغان میں حصہ لیتے ہیں۔ کچھ اصلاح رسوم یا عقیدہ ۔۔۔

جماعتیں اپنے سامنے جو منزل رکھتی ہیں وہ کانگریس کی منزل کے سراسر خلاف ہوتی ہے۔ پھر کانگریس کیسے ان لوگوں کو اپنے میں شامل کر سکتی ہے جو نظری حیثیت سے اس کے دشمن ہوں۔ ان دونوں باتوں کو پیش نظر رکھ کر ہم ایک ہی نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں۔ وہ یہ کہ کانگریس کو ہر کلچرل اور مذہبی جماعت کا جائزہ لینا چاہیئے۔ جس جماعت کے اصول اور روایات کانگریس سے ٹکراتے ہوں اس کے ممبروں کے لئے کانگریس کے دروازے بند ہو جانا چاہئیں۔ باقی جماعتوں کے لئے کھلے رہنا چاہئیں۔ یہ ممکن نہیں ہے۔ سب جماعتوں کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکا جائے لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ یا تو سب کلچرل جماعتوں کے ممبروں کو کانگریس میں داخلے کی اجازت دیدی جائے یا سب کے ممبروں پر اس کے دروازے بند کر دیئے جائیں۔ کانگریس نے ہمیشہ اسی اصول پر عمل کیا ہے اور اب بھی اسی پر عمل کرنا چاہیئے۔

کانگریس کی عدالت میں ماسٹر یہ سنگھ کا مقدمہ الگ پیش ہوگا اور جمعیۃ کا الگ۔ اور جانچ صرف اس بات پر ہوگی کہ ان جماعتوں میں سے کس کے اصول اور روایات کانگریس سے ٹکراتے ہیں اور کس سے میل کھاتے ہیں۔ اور اسی کا جائزہ لینا ہوگا۔ افسوس کی بات ہے کہ بہت سے لوگوں نے اس معاملہ میں ایسا غلط بحث کیا ہے کہ بات کو کہیں سے کہیں پہنچا دیا۔ حیرت ہوتی ہے شری منڈل پر جو ایک صوبائی اسمبلی کے اسپیکر ہیں اور کانگریس کے صدر ہیں اور حیرت ہوتی ہے شری کھیر پر جو یو۔ پی کابینہ کے ایک اہم ممبر ہیں کہ انھوں نے بھی اس معاملہ میں اسی طرح غلط بحث کیا جس طرح تیسرے درجے کے اخباروں اور لیڈروں نے کیا۔ یہ بات دوسری تھی کہ وہ کہتے کہ جمعیۃ کے اصول اور روایات ایسی قابل نہیں ہیں کہ اسے کانگریس میں داخلے کی اجازت دی جائے۔ یا وہ یہ کہتے کہ راشٹریہ سنگھ کے اصول اور روایات کانگریس کے اصول اور روایات سے ملتے ہیں ۔۔۔

مسلمانوں کی پوزیشن

پاکستان کے مال کی برآمد میں زبردست کمی
روپے کی قیمت کم نہ کرنے کے نتائج

جمعیت کی مخالفت سیاسی اہمیت کی توسیع کیلئے
مولانا خالد الغازی کا بیان

مدراس اسمبلی میں مسلم وقف اداروں کے انتظام کا بل
بل گیارہ ممبروں کی ایک منتخبہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

صنعتی تنازعات کی تعداد میں کمی!

ٹراونکور کوچین یونین کو مدراس میں ضم کرنے کا مطالبہ
ضلع ملا بار کانگریس کمیٹی کا ایک فوری اجلاس

ہندی اختیار کرنے پر مبارکباد
ہندی دیوناگری کانفرنس

فارورڈ بلاک کے ممبران گرفتار
رہائی کے لئے طالب علموں کا احتجاج

ایک ہوائی جہاز کو حادثہ
پانچ ہلاک ۷ زخمی

سہارنپور میں رکشا والوں کی ہڑتال
۱۵۰ افراد کا مظاہرہ

سہارنپور ۲۳ نومبر آج صبح چھ بجے سے شہر سہارنپور کے ۵۰۰ سے زیادہ رکشا والوں نے بطور پروٹسٹ مکمل ہڑتال کر رکھی ہے۔ ۱۰ بجے دن کے آزاد پارک سے رکشا والوں کا ایک جلوس نکلا جس نے کچہری اور میونسپل بورڈ میں ہوتے ہوئے [illegible] مختلف حصوں سے ہوتا ہوا چوک فوارہ پر ختم ہوا۔

انجمن نگار ادب گورکھپور

امریکی سفیر کی نظر بندی پر اظہار تشویش

ہند کابینہ کے نئے سکریٹری
یورپ سے بمبئی واپس آگئے

دھامپور میں مولانا ابو الفاخر کی تقریر

سہارنپور اسٹار پیپر مل بند!
مزدوروں میں زبردست بے چینی

سہارنپور ۲۳ نومبر اسٹار پیپر مل کے ایک ذمہ دار مزدور نے بتایا کہ دو روز سے پیپر مل بند کر دیا گیا ہے۔ اور مل مالکان نے گورنمنٹ کو لکھا ہے کہ ہمارے پاس کاغذ کا زبردست اسٹاک ہو گیا ہے یا تو گورنمنٹ خرید کرے یا مل کو بند کرنے کی اجازت دے۔ مزدوروں میں مل بند ہونے سے زبردست [illegible]

ریاستی افواج کیلئے ہندوستانی فوجی افسروں کا تقرر

پلی پار میں عام جلسہ

معجون عنبری

[illegible] حکیم مولوی شاہد علی [illegible]

آنجھ

نقالوں سے بچئے۔ اصلی مچھلی چھاپ دیکھ لیجئے۔

شفاء العین اینڈ کمپنی [illegible] حکیم نیاز حسین شاہ [illegible] بریلی

جیون

رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو واپس لانے کے لئے بے نظیر گولیاں ہیں۔ ۴۰ دن کی دوا ۱۵/-

رسائن

سیلان (لیکوریا) رحم کی کمزوری اور کمر کی طاقت کے لئے سونی صدی کامیاب ٹکیاں ہیں۔ ایک مہینے کی دوا ۸/۔

صدیقی دواخانہ (دہلی دواگھر) نورگنج دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانے والے جہازوں کا بیڑا بمبئی سے

عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصری بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کر سکیں گے۔

ایس ایس جہانگیر (وزن 3566)

بمبئی سے ماریشس کے لئے مورخہ [illegible] دسمبر ۱۹۴۹ء کو روانہ ہوگا

مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جملہ تفصیلات کے لئے خط و کتابت کریں

ٹرنر مارسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

ضرورت

[illegible] میکینیکو کیوراٹس انسٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

امیکو کف سیرپ

AMICO'S COUGH SYRUP

کھانسی کی بے مثل دوا ہے۔ لاکھوں مریضوں نے استعمال کیا۔ شفایاب ہوئے

[illegible]

ملنے کا پتہ

سول ایجنٹ:- امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

عمر بھر سیاہ بال

[illegible] سمی ای ہسپتال [illegible]

اردو ہندوستانی زبان ہے

[illegible]

علوم مشرقی میں کار آمد تصانیف

[illegible] جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی

دہلی سے لاہور
بذریعہ ہوائی جہاز پارسل

[illegible] دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible] چاندنی چوک دہلی

انڈونیشیا کو اختیارات دینے کی سرگرم تیاریاں
ہالینڈ کے وزیر خارجہ آئندہ ماہ انڈونیشیا جائیں گے

روس اور یوگوسلاویہ کے سیاسی تعلقات ختم نہیں ہوں گے

بی بی نگر ڈکیتی کیس میں گواہ استغاثہ غوث محمد خاں کا بیان
ریلوے پولیس سے ڈکیتی کا معاملہ تفتیش نہیں کرتی

صدر جمعیۃ علماء صوبہ سی پی دہلی میں

لیبیا کو آزادی دینے کی تجویز منظور ہوگئی

آل انڈیا امن کانگریس کے اجلاس میں روسی وفد کی شرکت
وفد مشرقی پاکستان ہوتا ہوا کلکتہ آئے گا

دستور ہند
بقیہ صفحہ

چار افراد کو فوجی اعزاز
سکندرآباد میں شاندار پریڈ

نہر پار کرتے ہوئے ۹ اشخاص ہلاک

علیحدہ سکھ صوبہ کا مطالبہ
ماسٹر تارا سنگھ کی تقریر

لیبیا کو آزادی دینے کی تجویز منظور ہوگئی!
ایری ٹیریا کے عوام کی خواہش معلوم کرنے کیلئے کمیشن کا تقرر

برطانیہ کی تجارتی برآمد میں اضافہ

چینی حکومت چنگکنگ سے بھاگ گئی
بقیہ صفحہ

البانیہ میں اندرونی بغاوت کے آثار پیدا ہوگئے
عوام میں بے چینی۔ اقلیتوں کا اہم مسئلہ

لیبیا کی آزادی کو منظور کرلیا گیا

آزاد جمہوریہ کا اعلان
بقیہ صفحہ

سکھ ایک حقیقی خطرہ ہیں

چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرلینے پر زور
مسٹر میکن کا دولت مشترکہ کے ہائی کمشنروں سے تبادلہ خیال

آسٹریا کی کمیونسٹ پارٹی میں اختلاف

نیپال جیل میں قیدیوں کی بھوک ہڑتال

امریکی قونصل جنرل کی گرفتاری
مسٹر وارڈ کی اپیل

کمیونسٹوں کا گاڑیوں پر حملہ
دو گاڑیوں کو جلا دیا گیا

دو سو انجن بمبئی پہنچ گئے

کانگریس منیوں کی کمزوری

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت سیتا رام شکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی
قیمت ۴/
ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان

منی آرڈر کوپن

پر ہمیشہ اپنا پورا پتہ صاف اور خوشخط ضرور لکھئے اور منی آرڈر کا مقصد بھی لکھئے۔

منیجر الجمعیۃ دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۹۷
قائم شدہ ۱۹۲۵ء
صبح کا ایڈیشن
روزنامہ الجمعیۃ
فون نمبر ۵۱۳۵
تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی
بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ — جلد ۳۱ — دہلی یوم جمعہ ۳ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۵ نومبر ۱۹۴۹ء — نمبر ۲۷۹ — قیمت فی پرچہ دو آنہ

وفد حجاز کی مراجعت دہلی

دہلی ۲۴ نومبر۔ وفد حجاز کے محترم ارکان حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدنی۔ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب ... مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی۔ آج شام پنجاب میل سے ۸ بجے دہلی تشریف لا رہے ہیں۔ (نامہ نگار)

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان
دونوں طرف کی پبلک کو آمد و رفت اور نقل سامان میں بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم نے آپ کی خدمت کے لئے
ہوائی جہاز، ریل اور لاری کے ذریعے
سفر کی ٹکٹیں، تجارتی و گھریلو سامان بحفاظت اور ارزاں اجرت پر بھیجنے کا انتظام کیا ہے۔
نوٹ:- ہوائی جہاز کے سفر اور سامان کی بکنگ پر اصلی کرایہ سے زائد اجرت نہیں لی جاتی۔
پرشاد برادرز
[illegible] اردو بازار جامع مسجد — دہلی

ملایا سیام اور ویٹ نام کا مشترکہ دفاع بنایا جائیگا؟

کمیونسٹ پیش قدمی کی روک تھام کی بابت خیال آرائیاں

لندن ۲۳ نومبر۔ چین میں کمیونسٹوں کی کامیابیوں سے مشرقی ایشیا کو جس میں اپنے محل وقوع کے اعتبار سے ملایا کو بڑی اہمیت حاصل ہے خطرہ پیدا ہو رہا ہے۔ چنانچہ ملایا میں کمیونسٹوں کے خلاف جو مہم جاری ہے اس پر بہت زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔ ہند چینی پہلے ہی سے خطرے کی زد میں آچکا ہے۔ اب سیام بھی خطرہ محسوس کر رہا ہے۔ ان حالات میں اگر ملایا کوئی ڈرامائی تبدیلی کرے تو نہ صرف یہ کہ برما خطرے میں پڑ جائے گا۔ بلکہ سنگاپور کے لئے بھی خطرات پیدا ہو جائیں گے۔

حال ہی میں ملایا کے حلقوں کی چند خبریں موصول ہوئی ہیں اس میں شک نہیں کہ ایک [illegible] تاہم خیال کیا جاتا ہے کہ یہ سرگرمیاں اہمیت نہیں رکھتیں۔

مختلف ذرائع سے جو خبریں موصول ہوئی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ کمیونسٹوں نے ایک مستحکم حکومت کے قائم کرنے کے ارادے سے اپنی تحریک شروع کی تھی۔ ان کا مقصد دور دراز کے آباد شدہ علاقوں میں ایک کمیونسٹ حکومت قائم کرنا تھا۔ [illegible]

کولہاپور ۔ ۲۳ ر نومبر ۔ دسش کاڈ کے قریب ۷ فٹ لمبا ایک بڑا ڈھانچہ دریافت ہوا ہے جس کا سر بہت بڑا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ڈھانچہ کسی غیر معمولی جانور کا ہے۔ جو ہزاروں سال قبل پایا جاتا ہو گا۔ ماہرین اس کے مطالعہ میں مصروف ہیں۔ (پ ۔ ٹ ۔ ا)

منشی اقبال احمد صاحب معتمد اخبار الجمعیۃ دہلی اس وقت جہاں کہیں ہوں فوراً دہلی پہونچیں۔

مہتمم اخبار الجمعیۃ دہلی

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے زر چندہ روانہ کرتے ہی اس کی رسید ہمیں بھیج دیجئے تاکہ اخبار آپ کے نام جلد جاری ہوسکے اور اخبار کا دی پی چھوڑ کر دی پی پیکٹ کا پیر (جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے) فوراً ہمیں بھیجیے تاکہ معلوم ہو جائے کہ آپ نے دی پی چھڑا لیا ہے تاکہ اور دی پی کی رقم آنے کی بہت تاخیر سے موصول ہوتی ہیں اگر آپ نے مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کر لیا گئے تو ہم وی پی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کر دیں گے

کوپن پر پورا پتہ ضرور لکھئے

(منیجر ۔ اخبار الجمعیۃ دہلی)

خوراک کے محاذ پر عالمی امداد و تعاون کیلئے پیشکش!

زراعت و خوراک کی عالمی انجمن کے سالانہ اجلاس میں صدر ٹرومین کی تقریر

واشنگٹن ۲۳ ر نومبر رپ ۔ ٹ ۔ رائٹر صدر ٹرومین نے ایک مضبوط دنیا کی تعمیر کے سلسلے میں زیادہ خوراک پیدا کرنے کے دوسرے ملکوں کی مدد اور تعاون کرنے کے لئے امریکہ کی جانب سے اعلان کیا ہے۔ صدر ٹرومین نے خوراک و زراعت کی عالمی انجمن کے سالانہ اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تمام ممالک کو چاہیئے کہ وہ زیادہ خوراک پیدا کرنے کیلئے [illegible]

[illegible]

فالج کا نیا علاج

لندن ۔ ۲۳ ر نومبر ۔ امریکہ کے سرجنوں نے رپورٹ پیش کی ہے کہ ایک آسان سی جراحی سے انتہائی مفلوج دماغ کی تندرستی کی کوئی امید ہو سکتی ہے [illegible] کی گردن کی دو رگوں ـــ ایک شریان اور دوسری ورید ـــ کی جراحی کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے دماغ میں خون پہنچانے کی رگیں اور زیادہ قدرت سے [illegible] (ا ۔ پ)

سنگاپور میں پہلا ہندوستانی بنک

سنگاپور ۔ ۲۳ ر نومبر ۔ سنگاپور میں جلد ہی مرکنٹائل بنک آف انڈیا کی شاخ قائم کی جائے گی۔ سنگاپور میں یہ پہلا بڑا ہندوستانی بنک ہوگا۔ [illegible]

چین کے قائم مقام صدر امریکہ چلے؟

ہانگ کانگ ۔ ۲۳ ر نومبر ۔ چین کی قوم پرست حکومت کے عارضی صدر جنرل لی تسنگ جن کی یہاں آمد پر محسوس کیا جا رہا ہے کہ قوم پرست حکومت میں فیصلہ کن پھوٹ پڑ چکی ہے ۔ جنرل لی اب ایک بار پھر سرگرمیوں کی قیادت کرسکتے [illegible] لیکن جنرل چیانگ کائی شیک [illegible]

[illegible] ہوچکی ہیں۔ دکوس بوئی میں جیف جنرل نے [illegible]

الجمعیۃ میں اشتہار دیکر ایک نتیجہ دو کاج کا مصداق بنئے

ویٹ نام کے وفد کو ہندوستان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ملی

روسی وفد کو بھی ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا گیا

آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے صدر کا اعلان

کلکتہ ۲۳ ر نومبر ۔ اعلان کیا گیا ہے کہ کلکتہ میں ہونے والی امن کانفرنس میں شرکت کے لئے جس وفد کو ابھی تک ہندوستان آنے کی اجازت نہیں ملی ان میں ویٹ نام کے چار نمائندے ہیں حکومت ہند نے نمائندوں کے ہندوستان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی۔

[illegible]

(پ ۔ ٹ ۔ ا)

بردوان کے قریب ریلوں میں تصادم

دو اشخاص ہلاک کئی زخمی!

بردوان ۲۳ ر نومبر ۔ پارسل ایکسپریس اور مال گاڑی میں اثنائے راہ تصادم ہونے سے دو اشخاص ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے [illegible]

[illegible]

عراق کے وزیر اعظم نے ایک نئی پارٹی بنالی!

برطانیہ اور عراق کے معاہدہ پر نظر ثانی کی جائے گی

بغداد ۔ ۲۳ ر نومبر ۔ جنرل نوری السعید پاشا عراقی وزیر اعظم نے جنہوں نے ۔ نومبر کو استعفیٰ دیدیا تھا، ابھی تک کام کر رہے ہیں، ایک نئی پارٹی بنائی ہے، جس کا ایک مقصد یہ ہے کہ انگلو عراقی معاہدہ پر نظر ثانی کی جائے ۔ پارٹی نے اعلان کیا ہے کہ [illegible] عراق کی خود مختاری کی حفاظت کی جائے گی۔

پارٹی کے دوسرے پروگرام مندرجہ ذیل ہیں۔ عرب اور اسلامی ممالک سے عراق کے سیاسی و اقتصادی تعلقات کو مضبوط کرنا ۔ فلسطینی عربوں کے حقوق کی حفاظت کرنا، اندرونی طور پر تخریبی عناصر کی روک تھام کر کے ملک کے دفاع کو مضبوط بنانا۔ (رپ ۔ ٹ رائٹر)

پاکستان میں اردو کی ٹائپ رائٹر

کراچی ۲۳ ر نومبر ۔ معلوم ہوا ہے کہ پاکستان میں اردو کے ٹائپ رائٹر بنانے کی جانب میں غیر ملکی کمپنیوں نے ٹائپ رائٹر بنانے کا کارخانہ قائم کرنے کی پیشکش کی ہے یہ حکومت غور کر رہی ہے۔

بین الاقوامی اسلامی کانفرنس

ترکی سے وفد کی آمد

استنبول ۲۳ ر نومبر ۔ ترکی حجاز [illegible] ایک وفد بذریعہ ہوائی جہاز پاکستان کیلئے روانہ ہو گیا ہے۔ جو کراچی میں بین الاقوامی اسلامی کانفرنس میں شرکت کرے گا جس کا اجلاس ۲۸ ر نومبر سے شروع ہوگا ۔ اس کانفرنس کا مقصد اسلامی ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون [illegible]

دولت مشترکہ کانفرنس میں ہندوستانی وفد

ناموں کا جلد ہی اعلان ہو جائیگا

لندن ۲۳ ر نومبر ۔ توقع ہے کہ [illegible] دولت مشترکہ کانفرنس [illegible]

لندن میں کرکٹ جنوبی ڈسٹرکٹ کی تیاری

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی ۹۶

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۱۳۵

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ | جلد ۳۱ | دہلی یوم ہفتہ ۴ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۶ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۸۰ | قیمت فی پرچہ دو آنے

ہندوستان اور پاکستان کے درمیان

ہوائی جہاز، ریل اور لاری کے ذریعے

پرشاد برادرز

جامع مسجد ۔ دہلی

ملایا کے اخبار کا مقالہ افتتاحیہ

مشرق میں فوجی محاذ کی مضبوطی کا مطالبہ

ایٹم بم پر پابندی نہیں لگائی جائے گی

جنرل اسمبلی میں روس کی تجویز نامنظور ہو گئی

لیکن ایٹمی طاقت پر کنٹرول کا فیصلہ کر لیا گیا

دستورِ ہند کی تیسری خواندگی پر بحث کا ساتواں دن

مختلف اراکین کی تقریریں۔ دستور کی تعریف و تنقید

چین میں کمیونسٹ اقتدار کے بعد کشمیر کا مسئلہ زیادہ اہم ہو گیا

پاکستان کے وزیر نواب گرمانی کی مسٹر بیون سے ملاقات

لندن ۲۴ نومبر۔ پاکستان کے وزیر بے محکمہ نواب مشتاق احمد گرمانی نے مسٹر بیون برطانوی وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ نواب صاحب اقوام متحدہ کے سامنے پاکستان کی طرف سے کشمیر کے معاملہ کو پیش کرنے کے لئے آئے ہوئے ہیں۔ وہ وہاں جانے سے قبل یورپ کے دار السلطنتوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

کشمیر کمیشن وسط دسمبر میں اپنی رپورٹ پیش کرے گا

مجلس تحفظ کی بحث میں شیخ عبداللہ بھی شرکت کریں گے

جاپان میں گاندھی آشرم قائم کیا جائے گا

امن پسندوں کی کانفرنس میں جاپانی نمائندہ کا بیان

بین الاقوامی اسلامی اقتصادی کانفرنس

عراقی وفد کی آمد

مغربی جرمنی اور پاکستان کی تجارت

گورنر جنرل پاکستان مغربی پنجاب کو

کابینہ ہند میں تبدیلیوں کا امکان

ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کے ساتھ اچھا برتاؤ ہو رہا ہے

ہندی سفیر برائے مصر مسٹر فیضی کا پریس کانفرنس میں اعلان

لندن میں سردار ابراہیم کا بیان

ہندوستانی دہشت پسندوں نے ہتھیار ڈال دیئے

ملایا میں دہشت پسندوں کی رفتار

ہفتہ کو دستور منظور کر لیا جائیگا

دہلی ۲۴ نومبر۔ آج دستور ساز اسمبلی میں صدر دستوریہ ڈاکٹر راجندر پرشاد نے اعلان کیا کہ ہفتہ کو جونہی دستور منظور ہو گا وہ اس کی تصدیق کر دیں گے اور اس کی بعض دفعات پر فوراً عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ (پ ٹ ا)

مغربی پنجاب اور سرحد میں سخت سردی

بمبئی میں عوام کی دلچسپی کے لئے

سپاسنامے چاندی سونے کے صندوقچوں میں نہ دیئے جائیں

پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان کا مفید مشورہ

بہار میں لازمی بچت کی اسکیم

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہر مسلمان کا فرض ہے۔

کوہ نور خضاب بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کر دیتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Daily Aljamiat

DATE - 25-11-41

PHONE 5135

دار السلطنت ۲۵ نومبر ۱۹۴۹ء

دہلی میونسپلٹی کی نامزد کمیٹی کا اجلاس!!

ممبران کی طرف سے چیف کمشنر کے حکم پر بحث

مختلف محکموں پر اخراجات

ناجائز شراب پر پولیس کا قبضہ

اجملی شفاخانہ کے متعلق حضرت شیخ الاسلام کی رائے

تین اکالی سکھ ضمانت پر رہا

فیسوں میں اضافہ کیخلاف طلبا کا فیصلہ

امریکہ اور برطانیہ پر جنگجوئی کا الزام لگانا غلط ہے

اقوام متحدہ کی پولیٹیکل کمیٹی میں ہندی نمائندہ کی تقریر

چیئرمین کا بیان

نمائندوں میں لفظی تصادم

مختلف صوبوں میں خوراک کی پیداوار بڑھانے کی مساعی

جنگلی جانوروں سے فصلوں کی حفاظت کا انتظام

نیل گائے اور سور وغیرہ کو مارنے کی بھی اسکیم تیار کر لی گئی

چین کے قائم مقام صدر امریکہ جا رہے ہیں

فوجی امداد لے کر کمیونسٹوں کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے

روس اور چین کی جھڑپیں

(بقیہ صفحہ اول)

عقبہ کے قریب یہودیوں کی سرگرمیاں

برطانیہ کے وزیر جنگ تحقیقات کریں گے

سنکیانگ کے مہاجرین کا آخری گروہ گلگت پہنچ گیا

چین کے قائم مقام صدر اور چیانگ کے نمائندوں میں مشورے

کمیونسٹوں کی روک تھام کے لئے جنوبی چین میں محاذ تیار ہو گا!

لاہور ہائیکورٹ میں خان محمد ممدوٹ کیخلاف عدالتی تحقیقات

مسٹر رضا ڈپٹی سکریٹری محکمہ مالیات مغربی پنجاب کا بیان

یونان سے برطانوی فوجوں کا انخلا

پاکستان و روس کی تجارتی گفت و شنید

روسی وفد ماسکو جا کر واپس نہیں لوٹا

استاد کو شاگردوں نے نظر بند کر دیا

بنگلور کے قریب ۱۵ کروڑ روپیہ سے مشینی پرزے بنانے کا کارخانہ بنے گا

کارخانہ کی تیاری کا کام جنوری ۱۹۵۰ء سے شروع ہو جائے گا!

پچیس (۲۵) خوبیوں والی جنتری

گوشۂ ادب حویلی اعظم خاں دہلی

اقوام متحدہ میں روس اور چین کے نمائندوں میں جھڑپیں

حیدرآباد میں انتخابات کی تیاریاں شروع ہو گئیں

۳ دسمبر کو فہرست رائے دہندگان چھاپ دیجائیگی

حیدرآباد ۲۴ نومبر حیدرآباد کے الیکشن کمشنر مسٹر شیلے سنگر نے اعلان کیا کہ فہرست رائے دہندگان کی تیاری جلد ہی تمام ریاست میں شروع ہو جائے گی اس فہرست میں نوے لاکھ نام ہوں گے اور یہ فہرست ۹ ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی۔ الیکشن کمشنر نے یہ باتیں حیدرآباد ریڈیو سے ایک نشری تقریر میں کہیں۔

انہوں نے بتلایا کہ تمام ریاست کو علاقائی انتخابی حلقوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ان انتخابی حلقوں میں [illegible] آبادی کے تناسب سے بلحاظ مسلمانوں اور [illegible] مخصوص کر دی گئی ہیں فہرست رائے دہندگان کا ۳ دسمبر کو شائع کر دی جائے گی [illegible]

ہندوستان میں ہندوستانی کپڑا

کھلی فروخت کی اجازت دیدی گئی

نئی دہلی ۲۴ نومبر باخبر اطلاعات کے مطابق جو ہیں سرکاری حلقوں میں پہنچی ہیں حکومت افغانستان نے اپنے یہاں ہندوستان کے کپڑے کی کھلی فروخت کی اجازت [illegible] ہندوستان سے افغانستان میں کپڑے کی درآمد علی الترتیب [illegible]

ریلوے سائن بورڈوں پر ہندی

اُردو زبان کا دائرہ محدود کر دیا گیا

بمبئی ۲۴ نومبر معلوم ہوا ہے کہ انڈین ریلوے کے اسٹیشنوں پر لگے ہوئے تمام سائن بورڈوں پر ہندی زبان کا اول پوزیشن حاصل ہوگی انگریزی کے علاوہ سائن بورڈوں پر علاقائی زبان میں بھی عبارت ہوگی اور اُردو زبان صرف ان مقامات پر استعمال ہوگی جہاں وہ کثرت سے بولی جاتی ہے۔ حیدرآباد اسٹیٹ میں انگریزی اُردو اور [illegible] کاری رسم الخط کے سائن بورڈ بدستور باقی رکھے جائیں گے

حکومت برما کی فوجوں نے

کیرن باغیوں سے ایک شہر چھین لیا

[illegible]

پولیس افسروں نے صدر کو الگ کر دیا

پاناما میں پولیس کا عام سٹرائک

[illegible]

روس نے اقوام متحدہ کے چینی ڈیلیگیشن کو باطل قرار دے دیا

روسی وزیر خارجہ کا جنرل اسمبلی میں اعلان

فلسنگ میڈوز ۲۴ نومبر مسٹر [illegible] وشنسکی وزیر خارجہ روس نے آج اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اعلان کیا کہ روس اب اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ چین کا ڈیلیگیشن چینی عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ مسٹر وشنسکی نے کہا کہ سوویٹ یونین کمیونسٹوں کے اس دعوی کی حمایت کرتا ہے کہ موجودہ [illegible] ڈیلیگیشن چینی عوام کی نمائندگی نہیں کرتا [illegible] کی سیاسی طاقت پر تقریر کرتے ہوئے کہے۔ (باقی صفحہ ۴ پر)

ملایا سیام اور ویٹ نام کا مشترکہ دفاع بنایا جائیگا؟

کمیونسٹ پیش قدمی کی روک تھام کی بابت خیال آرائیاں

[illegible]

حیدرآباد اسٹیٹ کو فی الحال تقسیم نہیں کیا جائے گا

ہندوستان کے نقشہ پر اب کوئی تبدیلی نہ ہوگی

نئی دہلی ۲۴ نومبر سرکاری حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند کی ریاستی وزارت ہندوستان کے نقشہ میں کم از کم کچھ عرصہ کے لئے کوئی تبدیلی نہیں کرے گی۔ اور کسی ریاست کو ہندوستان سے ملحق یا شامل نہیں کیا جائیگا

میرے اطلاع دہندہ کا خیال ہے کہ ہم نے گذشتہ کم و بیش سال سے کافی تبدیلیاں کر لی ہیں۔ تاہم اس نے کہا کہ شاید ایک تبدیلی چھوٹی سی تبدیلی ابھی [illegible] اس تبدیلی کے متعلق انتہائی رازداری سے کام لیا۔ ادغام یا الحاق کے اثرات بہت ہی دور رس خیال کئے جاتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ فی الحال حیدرآباد کو تقسیم نہیں کیا جائے گا جیسی کہ سابق صوبوں نے مطالبہ کیا ہے [illegible]

پر ہوگا۔ وہ معمولی تبدیلیاں ان سے جغرافیائی حالات میں کوئی فرق نہ ہونے ہو سکیں گی۔ [illegible] کے بعض حصے جس میں [illegible] بھی شامل ہے۔ اور سوراشٹر میں ملتی ہے۔ بمبئی سے نکال کر سوراشٹر کو دے دی جائے گی۔ اسی طرح [illegible] کے اضلاع بمبئی سے نکال کر سوراشٹر کو دیدیئے جائیں گے۔ اس کے بدلہ میں سوراشٹر کا کچھ علاقہ جس کو منطقی اعتبار سے بمبئی سے تعلق ہونا چاہئے سوراشٹر سے نکال کر بمبئی میں شامل کر دیا جائے گا۔

سوراشٹر کے وزیر اعظم مسٹر ڈھیبر اسی سلسلہ میں گفت و شنید کرنے کے لئے کل نئی دہلی پہنچ گئے ہیں (نامہ نگار خصوصی)

پاکستان میں روسی سفیر کا تقرر

کراچی ۲۴ نومبر حکومت پاکستان نے موسیو [illegible] کو پاکستان میں روس کے سفیر کی حیثیت سے تقرر منظور کر لیا ہے۔

جمعیۃ العلماء صوبہ سی۔ پی کی ۳ روزہ کانفرنس

ناگپور میں کل سے شروع ہو رہی ہے

دہلی سے اکابر ملت کی روانگی

دہلی ۲۴ نومبر جمعیۃ علماء صوبہ سی۔ پی کا عظیم الشان ۳ روزہ کانفرنس کل ۲۵ نومبر سے ناگپور میں شروع ہو رہا ہے۔ اس کانفرنس کی صدارت شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی فرمائیں گے جو کل صبح بذریعہ ہوائی جہاز دہلی سے ناگپور تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس کانفرنس میں شرکت کے لئے [illegible]

ہندی زبان مختلف کلچروں کا مظہر ہونی چاہئے

اکھل بھارتیہ ہندی پرلشید کے افتتاح کے موقع پر ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

[illegible]

مولانا آزاد کی تقریر

[illegible]

ہندوستان کے اندر ہر سال تپ دق سے پانچ لاکھ آدمی مر جاتے ہیں!

ہسپتالوں کے اجراء کے لئے چار ارب روپیہ کی ضرورت!

بمبئی میں راج کماری امرت کور کی تقریر

[illegible]

جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں کا ضروری فرض

جمعیۃ علماء ہند کے ذمہ دار اکابر اور تمام دانشمند اور دور اندیش نظر بزرگوں کا فیصلہ ہے کہ الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانا "وطن کی بہبودی اور ہندوستان کے مسلمانوں کی بھلائی کے لئے بہت ضروری ہے۔

اس لئے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی بساط اور طاقت کے مطابق الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے میں حصہ لے خصوصاً جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں اور ان کے کارکنوں کا ضروری فریضہ ہے کہ وہ ممبر سازی کے ساتھ ساتھ الجمعیۃ کو گھر گھر پہنچانے کی پوری پوری کوشش کریں۔

صلح کا معاہدہ اور جاپان!

ٹوکیو ۲۴ نومبر جاپان کے وزیر اعظم مسٹر یوشیدا نے کہا کہ اگر جاپانی عوام کی خواہشات کو نظر انداز کر کے صلح کا کوئی معاہدہ مرتب کیا گیا تو وہ صحیح نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اس قسم کے معاہدے سے دنیا کے انتظام میں یقینی طور پر پھر انتشار پیدا ہو جائے گا۔ انہوں نے ایوان نمائندگی کی بجٹ کمیٹی میں کہا کہ چونکہ جاپان غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال چکا ہے۔ اس لئے وہ اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ کسی معاہدہ صلح کے سلسلہ میں کچھ کہہ سکے۔ امریکہ نے صاف صاف کہہ دیا ہے کہ جاپان سے رعایتوں کو کسی قسم کا کوئی مطالبہ کرنے کا حق نہیں ہے۔ (رپ ٹ ۱۰)

امریکہ سے گیہوں حاصل نہیں ہو سکتا

گفت و شنید میں تعطل پیدا ہو گیا

واشنگٹن ۲۴ نومبر:- امریکہ سے گیہوں حاصل کرنے کی کوششوں میں ہندوستان کو ابھی تک کامیابی نہیں ہوئی ہے اور جیسا کہ بیان کیا جاتا ہے گفت و شنید میں عارضی جمود پیدا ہو گیا ہے۔

واشنگٹن میں ہندوستانی وزیر مسٹر بی آر سین نے ایک بیان میں کہا کہ مسٹر [illegible] کو معلوم ہوا ہے کہ حکومت امریکہ ہندوستان کو گیہوں عالمی مارکیٹ کی قیمتوں سے کم میں نہیں دے گا اس نے مسٹر [illegible] تین روز قبل واشنگٹن سے دہلی کو جا چکے ہیں۔ تاکہ حکومت ہند کے حکام سے گیہوں کے حصول کے متعلق مزید گفت و شنید کریں۔ (ریوٹر)

ماسکو میں سیامی سفارت خانہ

بند کر دیا جائیگا۔ سیامی حکومت کا فیصلہ

بینکاک ۲۴ نومبر:- حکومت سیام نے فیصلہ کیا ہے کہ ماسکو میں سیامی سفارت خانہ کو بند کر دیا جائے اور وہاں سے اسٹاف کو واپس بلا لیا جائے۔ کہا جاتا ہے کہ یہ اقدام محض کفایت شعاری کے طور پر ہے۔ سیامی وزارت خارجہ کے حکام کے خیال کے مطابق روسی حکومت بینکاک میں اپنے سفارت خانہ کو بند نہیں کرے گی کیونکہ جنوب مشرقی ایشیا میں صرف یہی ایک روسی سفارت خانہ ہے

وفد حجاز کی مراجعت دہلی

دہلی ۲۴ نومبر۔ وفد حجاز کے محترم ارکان حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدنی۔ حضرت مولانا سید محمد میاں صاحب۔ حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی۔ آج شام پنجاب میل سے ۵ بجے دہلی تشریف لے آئے ہیں۔ (نامہ نگار)

عقبہ کے قریب یہودیوں کی سرگرمیاں

برطانیہ کے وزیر جنگ تحقیقات کرینگے

[illegible]

اسلام غیر مسلموں کی نظر میں بزبان ہندی

مصنفہ مولانا ابو محمد امام الدین صاحب رامنگری۔ اس کتاب میں اسلام حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کی صداقت وحقانیت کے متعلق یورپ اور ہندوستان کے غیر مسلم اکابر کے افکار و خیالات ہندی زبان میں پیش کئے گئے ہیں ـــ قیمت ۸؍

ہندی ماسٹر	حصہ اول ـــ قیمت	۶؍
	حصہ دوم ـــ قیمت	۹؍
ہندی ماسٹر	حصہ سوم ـــ قیمت	۱۳؍
اردو ہندی لغت	قیمت	۸؍
دفتری مراسلات و کاغذات	قیمت	۱۲؍

ہر قسم کی علمی، سیاسی، اخلاقی کتابیں، قرآن مجید، سیپارے اور قاعدے ملنے کا پتہ

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو ـــ گلی قاسم جان دہلی (انڈیا)

کانگریس لیڈروں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت ستیا رام شکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی

سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

قیمت ۴؍

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے زر چندہ روانہ کرتے ہی اس کی رسید ہمیں بھیج دیجئے تاکہ اخبار آپ کے نام جلد جاری ہو سکے۔ اور اخبار کا وی پی چھڑا کر وی پی پیکٹ کا ریپر (جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے) فوراً ہمیں بھیج دیجئے تاکہ معلوم ہو جائے کہ آپ نے وی پی چھڑا لیا ہے منی آرڈر اور وی پی کی رقمیں آج کل بہت تاخیر سے وصول ہو رہی ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کریں گے تو ہم رقم کی وصول یابی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کر دینگے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

۲۶ نومبر ۱۹۴۹ء

ریڈیو کے ذریعہ ہندی تعلیم

وزارت اطلاعات اور براڈکاسٹنگ کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ چوں کہ قانون ساز اسمبلی نے ہندی کو "قومی زبان" تسلیم کر لیا ہے اس لئے آل انڈیا ریڈیو بہت جلد لوگوں کو ہندی پڑھانے کے لئے ایک باقاعدہ پروگرام شروع کرے گا یہ پروگرام تین مہینے کے لئے ہوگا اور ہندوستان کے دس اسٹیشنوں سے براڈکاسٹ کیا جائے گا! پریس نوٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سننے والوں کو ان کی علاقائی زبان میں ہندی کی تعلیم دی جائے گی! ابتدائی مرحلہ پر عملی تعلیم ہوگی، نیز ہر ایک سبق میں صحیح تلفظ سکھانے، نئے الفاظ بتانے اور گرامر وغیرہ بتانے کا خاص انتظام ہوگا!

ہمیں اس اعلان سے ایک نئی بات معلوم ہوئی ہم اب تک یہی سمجھتے تھے کہ ہندی کو سرکاری زبان بنایا گیا ہے، مگر اس کمیونک سے معلوم ہوا کہ ہندی قومی زبان بھی بن گئی ہے! مگر ہمیں اس پر حیرت نہیں کیوں کہ ہمیں کسی زبان سے نفرت نہیں ہمارے نزدیک ساری زبانیں خدا کی قدرت کی نشانیاں ہیں، ہندی، عربی، فارسی، جرمنی، انگریزی، اسپینی اور دنیا کی وہ ہزاروں زبانیں جو اپنے اپنے علاقوں میں بولی جاتی ہیں سب ہی عزت اور احترام کے قابل ہیں، اگر ہم جتنے انسان اتنے ہی چہروں کو برداشت کر سکتے ہیں تو چند ہزار زبانوں کو کیوں برداشت نہیں کر سکتے؟ ہماری آئیڈیالوجی میں لادینی ہے اور ہمارے اصول و نظریات کی بنیاد انسانیت ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہم انسانیت کا احترام کریں اور اس راہ میں قوم و نسل اور زبان کے اختلافات کو حائل نہ ہونے دیں اور جب ہم انسانیت کا احترام کرنے پر مجبور ہیں تو اس سے انسانی زبانوں کا احترام خود بخود نکل آتا ہے! اسی لئے ہمارا گروہ ہمیشہ ان نظریات سے رہا ہے جو جارحانہ قوم پرستی، نسل پرستی، اور رنگ و زبان کے اختلافات پر مبنی ہیں کیوں کہ جب تک یہ دیواریں قائم رہیں گی انسانی عظمت کا آفتاب کبھی نہیں چمک سکے گا اور دنیا قبائلی اور نسلی گروہ بندیوں میں بٹ کر انسانی وحدت کو پارہ پارہ کرتی رہے گی۔

لیکن جہاں تک کسی زبان کو سمجھنے کا تعلق ہے اس پر بحث کرنا بالکل دوسری چیز ہے ہم جرمنی اور روسی زبان کا احترام اسی طرح کرتے ہیں جس طرح اپنی زبان کا، لیکن اگر کوئی ہم پر روسی زبان مسلط کرنا چاہے تو ہم ضرور پوچھیں گے کہ ایسا کیوں کیا جا رہا ہے اگر زبان کا مقصد اپنی بات کو سمجھانا اور دوسروں کی بات کو سمجھنا ہے تو اس کے لئے ہماری مادری زبان ہی کافی ہے، روسی اور جرمنی کو نہ ہم سمجھتے ہیں نہ اس کے ذریعہ کسی کو سمجھا سکتے ہیں، پھر ایسی زبان کو دوسروں پر مسلط کرنے سے کیا فائدہ؟ اور اس کا زبان کے مسئلہ سے کیا تعلق؟

اس سرکاری کمیونک میں ہم سے کہا گیا ہے کہ تم لوگ ہندی زبان کو عام طور پر نہیں سمجھتے مگر حکومت کی یہ کتنی بڑی مہربانی ہے کہ وہ تمہیں یہ زبان سکھانے کا انتظام کر رہی ہے اور ایک نہ دو دس اسٹیشنوں سے یہ اہتمام فرما رہی ہے کہ تمہیں ہندی کے الفاظ بتائے، ہندی گرامر کی تعلیم دے صحیح تلفظ ادا کرنے کا گر سکھائے اور تمہاری مادری زبان کے ذریعہ اس غیر مادری زبان کو تمہارے دماغوں میں اتار دے! واقعی یہ بہت ہی بڑا احسان ہے۔ اگر کوئی اس طریقہ سے جرمنی زبان سکھانا چاہے تو ہم یقیناً ممنون ہوں گے! البتہ اگر وہ یہ کہے کہ جرمنی زبان سیکھنے کے ساتھ ساتھ تمہیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ یہ زبان سرکاری اور قومی ہو گئی ہے تو پھر ہمارا اتفاق مشکل ہوگا اور ہم اس کی نقل کو حیرت کے ساتھ دیکھیں گے!

اس سرکاری کمیونک میں یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ جس ہندی زبان کو "قومی زبان" بنایا گیا ہے خیریت سے ملک میں اس کے سمجھنے والے بھی زیادہ نہیں ہیں اور چوں کہ یہ زبان ملک کے لئے اجنبی اور غیر مانوس ہے اس لئے ریڈیو کے ذریعہ اس کی عام تعلیم دی جائے گی! اور پھر یہ بھی اصرار ہے کہ اس زبان کو سمجھنے اور سمجھانے کا ذریعہ صوبوں کی مادری زبان ہوگی؟ گویا ہندی زبان ہی صوبہ کی مادری زبان نہیں ہے اور گو ہندی کو مادری زبان کے ذریعہ ہی سمجھایا جائیگا تاہم قومی زبان کا درجہ صرف اسی کو حاصل ہوگا! زبان کے معاملہ میں یہ کمیونک تضاد اور اختلاف سے پُر ہے، کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ آیا اس طریقہ سے ہندی زبان کی فوقیت بتائی گئی ہے یا یہ بتایا گیا ہے کہ یہ ایک نئی زبان ہے جو آزادی کے بعد [illegible] یا یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ہندی ایک ایسی زبان ہے جس کے جاننے والے بہت کم ہیں اور حکومت کو قومی اور سرکاری زبان کی حیثیت میں اسے سکھانے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے! غرض منشا و مدعا خواہ کچھ ہو یہ بات تو ظاہر ہو گئی کہ انگریزی کی طرح ہندی بھی سیکھنی پڑے گی، کیوں کہ حکومت نے اسے قومی زبان بنا دیا ہے! گویا کشمکش اب اس میں ہے کہ آیا کہنا یوں چاہئے کہ چوں کہ ہندی زبان ملک میں عام زبان ہے اور اسے عام طور پر ملک میں بولا اور سمجھا جاتا ہے لہٰذا اس کو قومی زبان بھی تصور کرنا چاہئے یا یوں کہنا چاہئے کہ چوں کہ ہندی سرکاری اور قومی زبان بنا دی گئی ہے اس لئے قانون ساز اسمبلی کی لاج رکھنے کے لئے اسے پڑھو لکھو، بولو اور سمجھو اور تین مہینہ کا کورس ریڈیو کے سامنے [illegible] کرو! دوسرے الفاظ میں اس کا صاف مطلب یہ ہوا کہ ہندی زبان کوئی ایسی زبان نہیں ہے جسے ہر شخص بول اور لکھ سکے، یہ تو سیکھنے سے ہی آئے گی اور اس کا انتظام حکومت خود کرے گی!

لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ کیا اُردو زبان کے بارے میں بھی کسی حکومت کو یہ اعلان کرنے کی ضرورت پیش آئی کہ چوں کہ اسے سمجھنے والے کم ہیں لہٰذا ریڈیو کے ذریعہ اس کی تعلیم عام دی جائے گی؟ نہیں، ایسا کبھی نہیں ہوا کیوں کہ اُردو زبان ایسی زبان نہیں ہے جسے ملک کے باشندے نہ سمجھتے ہوں نہ لکھتے ہوں اور کسی حکومت نے رحم کھا کر اُردو زبان سکھانے کا انتظام کیا ہو صرف اسی ایک بات سے یہ حقیقت واضح ہو سکتی ہے کہ اُردو زبان ملک کی عام زبان ہے چند صوبوں کو چھوڑ کر ہر صوبہ اسے اپنی مادری زبان سمجھتا ہے لیکن ہندی زبان کو یہ مرتبہ حاصل نہیں ہے اسے نہ عام طور پر بولا اور سمجھا جاتا ہے اور نہ عام طور پر لکھا اور پڑھا جاتا ہے بلکہ اسے اسی طرح سیکھنے کی ضرورت ہے جس طرح ہم لوگوں نے دماغ کھپا کر انگریزی سیکھی ہے!

حیرت ہے کہ اُردو کو سرکاری اور قومی مجلس سے نکال دیا گیا اور ہندی کو قومی زبان بھی بنا دیا گیا اور سرکاری زبان بھی! اگر ہندوستان میں اس کے سمجھنے والوں کی اقل قلیل تعداد بھی نہ ہوتی تو شاید اسے بین الاقوامی زبان بنانے کی کوشش بھی شروع کر دی جاتی!

ہمارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ گو ہندی کو "قومی زبان" بنا دیا گیا ہے لیکن اس کی زندگی شاید اتنی ہی ہوگی جتنی کہ جوش اور تعصب کی ہو سکتی ہے۔ جہاں جوش اور قدیم روایات کے احیاء کا جذبہ ختم ہوا یہ زبان بھی دم توڑتی نظر آئے گی اور عام زبان وہی ہوگی جو گنگا جمنی ہے جس کی محبوب ـــ ہندوستانی ـــ زبان ہے۔

اچھی باتیں

ذالک امر اللہ ... (پ ۲۸ ع ۱۷)

یہ ہے خدا کا حکم جو تم پر نازل کیا گیا ہے اور جو شخص خدا سے غافل نہ ہو تو اس کی کمزوریوں کی تلافی کی جائے گی اور اس کا انجام خوشگوار ہوگا!

تقویٰ کی راہ تعلق باللہ کی راہ اور اطاعت و فداکاری کی راہ تمام ترقیوں کی جڑ ہے خدا سے غافل ہوتے ہی انسان مارا جاتا ہے اللہ جو شخص بیدار رہا اور اپنی ذمہ داریوں کو نہ بھولا تو اس کی کمزوریوں کی تلافی کی جائے گی اور اسے طاقت کا انجکشن دیا جائیگا اور اس کا انجام بہت ہی خوشگوار اور کامیاب ہوگا انجام اللہ کے ہاتھ میں ہے اور جو شخص اپنے وجود کو خدا کے حوالہ کر دے اور خدا کی بخشی ہوئی قابلیتوں کو کام میں لاتا رہے اس کا انجام کبھی خراب نہیں ہو سکتا!

خیالات ـــ ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

دہلی میں مٹی کا تیل غائب

کرمی تسلیم!

آج ۲۳ نومبر ہو چکی ہے، اور دہلی میں اس ماہ کے لئے مٹی کے تیل کا راشن ابھی تک نہیں ملا کیا کبھی کسی نے یہ سوچنے کی تکلیف گوارا کی کہ جن ہزاروں بندگان خدا کے یہاں بجلی کا انتظام نہیں وہ بیچارے کس طرح گذر کر رہے ہوں گے؟ افسوس کہ آزادی کے بعد ذمہ دار لوگ عوام کی تکالیف کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ گذشتہ ماہ دو یونٹوں والوں کو کل ایک بوتل تیل ملا تھا کیا کوئی انصاف پسند یہ کہہ سکتا ہے کہ اگر کسی کے یہاں دو کمرے ہوں تو اس کو ایک بوتل تیل ایک ماہ کے لئے کافی ہوگا۔ یقیناً نہیں، پھر کیا وجہ ہے کہ آج ۲۳ تاریخ تک ماہ رواں کا کوٹہ نہیں ملا۔ لطف یہ ہے کہ بلیک مارکیٹ میں تیل برابر مل رہا ہے۔ لال اور سفید دونوں قسم کے تیل فروخت ہو رہے ہیں۔ لال تیل تو سرِ بازار کھلم کھلا فروخت کر رہے ہیں۔ کوئی پوچھنے والا کوئی نہیں، کیا محکمہ سول سپلائی اس طرف توجہ دے گا؟

عفنان الغفاری

(دہلی ـــ ۲۳ نومبر)

پاکستان جانیوالوں سے

ایڈیٹر صاحب تسلیم!

ازراہ کرم مندرجہ ذیل سطور شائع فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

مسلم جالندھر کیمپ مشرقی پنجاب کے ان خانماں برباد بدنصیبوں کے لئے کھولا گیا ہے، جو دوران فسادات مرتد ہو گئے تھے۔ یا جو کسی دوسری جگہ پر چلے گئے تھے۔ نیز مغویہ لڑکیاں جو برآمد کی جا سکیں وہ یہاں پر داخل کی جائیں۔ تقسیم ہند سے جو اثرات نمایاں ہوئے، اور جب حد سے متجاوز ہو گئے تو نہ صرف مشرقی پنجاب بلکہ دیگر صوبوں کے لوگ بھی یہاں پر آنا شروع ہو گئے۔ پاکستانی حکام نے ازراہ انسانیت و ہمدردی رشتہ اخوت انھیں مزید نقصان و خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے کیمپ میں لے لیا۔ چنانچہ اس طرح سے اس وقت تک ساڑھے چار ہزار مصیبت زدہ کیمپ میں موجود ہیں جن کی روانگی کا ابھی تک کوئی انتظام نہیں۔ معاملات حکومتوں کے زیر غور ہیں۔ لیکن اس کے باوجود آمد کا سلسلہ متواتر جاری ہے۔ باوجودیکہ ۵ نومبر ۱۹۴۹ء سے کیمپ میں داخلہ بند کر دیا گیا ہے۔ کافی ہدایت کی جا رہی ہے کہ آمد بند ہو جائے ایسی صورت میں آنے والے لوگوں سے اپیل کرتا ہوں کہ ازراہ کرم کیمپ میں آنے کا خیال ترک کر دیں، کیونکہ انکی آمد کے بعد ان کا [illegible] کبھی نہیں سلجھ سکتا۔ دوسرے جو لوگ یہاں پہ تشریف لا چکے ہیں ان کو سوائے نقصان اور خطرات کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ [illegible] حکومت ہند کی طرف سے مل رہا ہے۔ وہ بھی ان پر بند کر دیا جائے گا۔ پانی کی بھی قلت ہے۔ [illegible] ہزار افراد کے لئے صرف دو نل ہیں۔ جو کہ [illegible] دن رات میں کھلے رہتے ہیں۔ کافی تعداد باہر سردی کے ایام میں پڑی ہے۔ جو کہ انتہائی تکلیف میں رہتا ہے۔ بچے اور بوڑھے نمونیہ وغیرہ کے امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ خدارا آپ لوگ آنے کا خیال ترک فرما دیں۔ تو ان ساڑھے چار ہزار پر آپ کا بڑا کرم ہوگا۔ اگر میری اس حقیر اپیل پر کوئی توجہ نہ فرمائی گئی اور آپ نے آنے کا سلسلہ جاری رکھا تو آپ خود ذمہ دار ہیں کہ علاوہ راستے کے خطرات کے ایک حکومت پاکستان [illegible] ٹرکوں میں سوار کرا کر واپس کر چکی ہے، اس سے قبل دو ٹرک دہلی واپس کر دیئے گئے ہیں، اور وہاں پہنچ کر حکومت ہند جو سلوک آپ سے کرے اس کے ذمہ دار آپ خود ہی ہوں گے۔

شمس الحسن معصومی

صدر دفتر انجمن مہاجرین مسلم کیمپ۔ جالندھر ۱۶ نومبر

اور رسم خط یا تو ناگری اور اُردو ہوں گے یا رومن ہوگا۔ بہرحال تجربہ کا زمانہ ہے اور ہندی کے حامیوں کا یہ حق تسلیم کر لینا چاہئے کہ وہ بھی اس کا تجربہ کر کے دیکھ لیں!

خودکشی کی اجازت!

مسٹر [illegible] ممبر پارلیمنٹ اس مضمون کا ایک بل پیش کرنے والے ہیں کہ آئندہ خودکشی کو جرم قرار نہ دیا جائے! ہمارے خیال میں یہ بل قطعی بے سود ہے۔ شاید آنریبل ممبر کو یہ خیال ہوگا کہ لوگ خودکشی کرنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں مگر قانون کے خوف سے اس کا ارتکاب نہیں کرتے، اگر خودکشی کو جرم قرار نہ دیا جائے تو لوگ دھڑلے سے مرنے کے لئے تیار ہو جائیں گے، حالانکہ خودکشی کرنے والوں کے لئے قانون کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیا کسی خودکشی کرنے والے کو یہ خیال بھی ہو سکتا ہے کہ اگر میں نے خودکشی کر لی تو حکومت اسے سزا دے گی؟ سزا زندوں کو دی جاتی ہے یا مردوں کو؟ اگر کسی کو خودکشی کرنی ہوگی تو وہ قانون کا کبھی خیال نہیں کرے گا کیوں کہ جانتا ہے کہ جرم کے ارتکاب کے بعد قانون بے اثر ہو جاتا ہے، ذرا سوچئے کہ اگر خودکشی کو جائز قرار دے دیا گیا تو کیا لوگ اسی خوشی میں خودکشی کرنے لگیں گے کہ انہیں قانون کی رو سے مرنے کی اجازت مل گئی! اس لئے ہمارا خیال ہے کہ خودکشی کا بل تفریح سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتا، جس طرح خودکشی کرنے والا قانون کی پرواہ نہیں کرتا، اسی طرح قانونی اجازت کسی کو خودکشی پر آمادہ نہیں کر سکتی۔

منزل دور ہے!

راج کماری امرت کور وزیر صحت حکومت ہند نے کہا ہے کہ ہندوستان میں تپ دق سے پانچ لاکھ انسان ہر سال مر جاتے ہیں اگر ہمیں تپ دق کی اسکیم کو کامیابی کے ساتھ چلانا ہے تو ہمیں ملک میں کلینکوں کی تعداد دو اور چار ہزار بستروں کی تعداد پانچ لاکھ، پانچ ہزار ڈاکٹر، پانچ ہزار نرسیں پانچ ہزار ہیلتھ وزیٹروں کی ضرورت ہوگی۔ اس وقت ملک میں کلینک ۱۲۰ ہیں اور صرف ۸ ہزار بستر اور تربیت یافتہ ڈاکٹروں کی تعداد کل سو ہے!

ان اعداد و شمار سے تو یہ اندازہ ہوا کہ مرض تپ دق پر قابو پانے کے لئے ہمیں بڑے سرمایہ کی ضرورت ہے اور اس کی تکمیل کے لئے بھی ایک مدت چاہئے [illegible]

بھوپال میں کھاد تیار کرنیکی اسکیم

حکومت ہند کے افسر کا دورہ

گورنمنٹ ہند کے ترقی کھاد کے افسر کمپوسٹ ڈیولپمنٹ آفیسر، ڈاکٹر سی۔ این۔ آچاریہ آجکل بھوپال کا دورہ فرما رہے ہیں۔ انہوں نے مقامی میونسپلٹی کے افسران وغیرہ کے مشورہ کے بعد ایک اسکیم تیار کی ہے [illegible]

نیا آرڈی نینس!

ایک وکیل کے قلم سے

(گذشتہ سے پیوستہ)

دفعہ ۲ (ح) فرد خاندان کا مطلب متوقع نکاسی کے خاندان کا کوئی فرد جو زندگی کی معمولی ضروریات کی کفالت کے لئے ہمہ تن ایسے نکاسی کی آمدنی پر تکیہ کرتا ہو جو ایسے نکاسی کا معمولی اخراجات خانہ داری میں جس کے وہ مشترکہ مکان میں شریک ہے یا جو ایسے نکاسی کا شریک جائیداد یا تجارت ہے۔

دفعہ ۳۔ حکومت ہند میں شامل ہونے والی ریاستوں پر آرڈی نینس ہذا کے اطلاق سے متعلق ہے۔

دفعہ ۵۔ کسٹوڈین جنرل کے تقرر سے متعلق ہے۔ جسے مرکزی حکومت مقرر کرے گی۔

دفعہ ۷۔ اہم ہے۔ اس میں جائیداد کی تشہیر کا طریقہ بتایا گیا ہے۔

جب کسٹوڈین کسی جائیداد کو نکاسی خیال کرتا ہے تو وہ اس امر کا ایک نوٹس مالک جائیداد کو دے گا اور بعد تحقیقات مناسب کرے گا کہ آیا جائیداد نکاسی ہے یا نہیں۔ [illegible]

[illegible]

دوران تقرر کسٹوڈین اصلی جائیداد متولی کو مرنے کا جواز ہوگا۔ وقف علی الاولاد کی صورت میں اگر متولی نکاسی ہو جاتا ہے تو جائیداد تو کسٹوڈین کی تحویل میں رہے گی مگر ایسے گذارہ یا بندگان کے حقوق کا لحاظ رکھا جائے گا جو نکاسی نہیں ہوں گے۔

اپیل۔ نظر ثانی اور نگرانی پہلے قانون میں صرف دفعہ ۳۰ میں اپیل وغیرہ کا ذکر تھا۔ مگر اب اس مقصد کے لئے ایک جداگانہ باب قائم کیا گیا ہے۔

پہلے اپیل دفعات ۳ (جائیداد کے نکاسی قرار دینے پر)۔ (دہلی قبضہ جائیداد نکاسی) اور [illegible] انتقال جائیداد و تصدیق) کے احکامات کے خلاف جائز ہو سکتا تھا۔ [illegible]

[illegible]

افکار ——— پاکستان

برطانیہ کو انتباہ

کچھ عرصہ قبل وزیر اعظم برطانیہ مسٹر ایٹلی نے اعلان کیا تھا کہ موجودہ حالات میں برطانیہ [illegible] کے ساتھ اسٹرلنگ قرضہ کی ادائیگی نہیں کر سکتا۔ اس اعلان پر نکتہ چینی کرتے ہوئے پاکستان کے وزیر مالیات مسٹر غلام محمد نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ یک طرفہ ہے۔ اپنے گھریلو معاملات کے بارہ میں برطانیہ کو ہر قسم کا فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے لیکن جن معاملات کا تعلق دوسرے ممالک سے ہے۔ ان کا یک طرفہ فیصلہ کرنا برطانیہ کے لئے ہرگز زیبا نہیں ہے۔ مسٹر غلام محمد نے [illegible] کی تقریر کی۔ مذمت کرتے ہوئے فرمایا کہ جنگ کے زمانہ میں برطانیہ نے برعظیم کو نہیں بلکہ برعظیم نے برطانیہ کو بچایا تھا۔ ان واجبات کا تعلق اس اقتصادی سمجھوتہ سے ہے جو برطانیہ و غیر منقسم برطانوی ہند میں ہوا تھا اور جس کی خاطر برعظیم کو ایک ارب بیس کروڑ کا بار جنگی اخراجات کے طور پر [illegible] برطانیہ کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر اس سلسلہ میں کوئی غلط اقدام کیا گیا تو اس کا رد عمل سخت ناخوشگوار ہوگا۔

اس امر سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ برطانیہ یقیناً اس وقت اقتصادی بحران کا شکار ہو رہا ہے اور اسے شدید [illegible] مشکلات لاحق ہیں لیکن اس کے یہ معنی تو نہیں ہیں کہ وہ سٹرلنگ واجبات کے اس قرضہ کو [illegible] جو اس پر واجب ہیں [illegible]

[illegible] سبب قحط کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ برطانیہ نے دوران جنگ برطانیہ کو کثیر مالیت کا سامان دیا تھا۔ مگر برطانیہ نے اس کے عوض میں کاغذی نوٹ دیئے۔ یہ اسٹرلنگ قرضے اسی سامان کی قیمت ہیں جس میں سے برطانیہ نے وہ جنگی اخراجات منہا کر دیئے تھے جو اس نے بلا وجہ پاکستان اور ہندوستان کے سر تھوپ دیئے تھے۔ اس لئے پاکستان اور ہندوستان کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنا پورا قرضہ وصول کریں۔

جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے اس نے وصولی کے مواقع پر ہمیشہ برطانیہ کی مشکلات کو پیش نظر رکھا ہے۔ اسی وجہ سے اپنا اسٹرلنگ قرضہ محدود صورت میں وصول کیا۔ حالانکہ اسے صنعتی ترقی کے سلسلہ میں کثیر سٹرلنگ کی ضرورت تھی۔ مگر برطانوی وزیر اعظم نے ہماری ضروریات کو نظر انداز کرتے ہوئے جس خود غرضی کا مظاہرہ کیا ہے اس نے ہر پاکستانی کے دل میں اس کی طرف سے غم و غصہ کی لہر دوڑا دی ہے۔ اگر برطانیہ نے اس ضمن میں ہم سے مشورہ کئے بغیر کوئی اقدام کیا تو پاکستان مجبور ہوگا کہ وہ برطانوی [illegible] کو خیرباد کہہ دے۔

(شہباز۔ پشاور۔ ۱۱ نومبر)

اور وہ بھی بولے!

کہتے ہیں کہ بڑوں کی باتیں بھی بڑی ہوتی ہیں۔ لیکن ناقابل فہم نہیں ہوتیں مگر کبھی کبھی یہ بڑے ایسی باتیں کر جاتے ہیں جنہیں معمولی دل و دماغ سمجھ نہیں پاتا۔

امریکی سرمایہ داروں کے دیوتا صدر ٹرومین ایک بڑے آدمی ہیں۔ انہوں نے گزشتہ ہفتہ ایک تقریر میں "مذہب اور سیاست" پر اپنے "اثرات" بیان کئے ہیں۔ امریکی سیاست آشنا کا یہ بھی ہے اور چھپی ہوئی بھی۔ آشنا کا اس معنی میں کہ امریکہ ایک خاص نظریہ حیات کا علمبردار ہے یعنی "ڈالر ہی حیات ہے" اس کی پوری سیاست میں یہی نظریہ کار فرما ہے لیکن جس حد تک مذہبیات کا تعلق ہے اس کے متعلق دنیا کے خیالات کچھ یونہی سے ہیں یعنی یہ ڈالر کے بندے سب کچھ ہو سکتے ہیں لیکن مذہبی نہیں ہو سکتے۔ مگر صدر ٹرومین کی حالیہ تقریر نے اس خیال کی بنیاد ہلا دی ہے اس تقریر کے بعد امریکہ کا بڑے سے بڑا مخالف بھی امریکہ کی "مذہب پرستی" پر شک نہیں کر سکتا۔ اس سلسلہ میں ایک بھائی نے لکھا ہے۔

"بیٹھے بیٹھے [illegible] ڈالر کے بندوں کو مذہب سے والہانہ شغف کیوں ہو گیا؟ خیریت تو ہے؟ کہیں سچ مچ دنیا کی کایا تو نہیں پلٹنے والی ہے؟ صدر ٹرومین کو الہام تو نہیں ہوا ہے؟ یا پھر یہ "مذہب پرستی" کہیں کمزوروں و مجبوروں کی بغاوت کو دبانے کی چال تو نہیں ہے؟ خدا جانے کیا بات ہے؟"

سوال کرنے والے بھائی نے جن خدشات کا اظہار کیا ہے اُن سے ہمیں اتفاق ہے۔

(دیاسبان ڈھاکہ ۱۴ نومبر)

تجارت کے اسلامی اصول

پاک انڈسٹری کو فروغ دینے کے لئے جہاں عوام اور حکومت کے تعاون کی ضرورت ہے وہاں انڈسٹری کے مالکوں پر بھی کچھ فرائض ہیں کہ وہ اپنی صنعت کو بہتر اور سستا کرنے کی کوشش کریں۔ ہماری چیزیں اگر اچھی اور سستی ہوں تو ضرورت مند ملک دیگر ملکوں کی نسبت پاکستان کو ترجیح دیں گے۔

اس ضمن میں یہ معلوم کر کے بے حد افسوس ہوتا ہے [illegible]

صدر جمعیۃ علماء جودھپور کا دورہ

کمرانہ میں جلسہ عام

کمرانہ۔ (بذریعہ ڈاک) ہفتہ کی صبح کی ٹرین سے مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب صمصامی صدر جمعیۃ علماء جودھپور (راجستھان) جمعیت مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی مبلغ روانہ ہو کر ساڑھے تین بجے یہاں پہنچے۔ اسٹیشن پر شاہ شمس الدین آر غونی نے استقبال کیا۔

عشاء کے بعد جلسہ عام ہوا۔ غلام فرید صاحب صدر جلسہ تھے۔ حضرت حکیم صمصامی کی طرف سے مولانا محمد عاقل صاحب نے تقریر کی۔ اور مسلمانوں کو راحت کی زندگی بسر کرنے کے قرآنی اصول سمجھائے۔ ساتھ ہی دینیاتی تعلیم اور ترقی کے لئے کانگریس میں شرکت اور اس کے مؤثر کارکن بننے کی پُرزور اپیل کی۔ نیز جمعیۃ علماء میں شرکت کی ترغیب دی۔

شاہ شمس الدین صاحب نے ہندو مسلمانوں کو گاندھی جی کے اختیار کردہ اصول سچائی اور عدم تشدد پر چلنے کی تلقین کی۔ ساتھ ہی ایک نظم بھی سنائی۔

آخر میں مدن لال جی صدر کانگریس کمرانہ نے مسلمانوں کی شرکت کانگریس پر "خوش آمدید" کہی اور توقع ظاہر کی کہ مسلمان پورے جوش کے ساتھ کانگریس کے اصولوں کی پابندی [illegible] ممبر بننے کی بھی کوشش کریں گے۔ بلکہ اپنے شہر اور دیس کی سیوا اور ترقی میں سب کے ساتھ شریک ہو کر چار چاند لگائیں۔ (جلسہ ختم)

دہلی میونسپلٹی توڑنے پر

میر مشتاق احمد کا بیان

دہلی ۲۲ نومبر۔ سوشلسٹ لیڈر میر مشتاق احمد صاحب نے ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا کہ چیف کمشنر صاحب کا نامزد میونسپل کمیٹی شہریوں کے سر پر مسلط کرنا ایک قطعی غیر جمہوری قدم ہے۔ جس کو آزاد ملک کی ساجد بھائی کے ترقی پسند باشندے پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھ سکتے۔ جمہوریت کا دعویٰ کرنے والی سرکار آج عوام کے سامنے آنے سے ہچکچاتی ہے۔ اور جب کسی انتخابی ادارے کی میعاد بڑھانا غیر قانونی ہو جائے تو صوبہ کا ذمہ دار افسر اپنے اختیارات کو عوام کے حق میں استعمال کرنے کی بجائے عوام کے خلاف استعمال کرے۔ اس سے زیادہ جمہوریت کا جلوہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ دہلی شہر کے عوام کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ چیف کمشنر صاحب کے اس ڈکٹیٹرانہ قدم کے خلاف آواز بلند کریں اور سوشلسٹ پارٹی اس میں رہنمائی کرے گی۔

دو ہزار کسانوں کا مارچ

سوشلسٹ پارٹی کے لیڈران اٹاوہ سے دو ہزار کسان اور کسان ورکس کا جتھا لکھنؤ لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کمانڈر ارجن سنگھ سرگرمی سے حصہ لے رہے ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ ملک سے جب مال دوسرے ملکوں میں جاتا ہے تو ملک کی بدنامی کا باعث ہوتا ہے۔ گندم کی بوریوں میں بالعموم ملاوٹ ہوتی ہے۔ چار پانچ سیر کی بھرتی کم ہوتی ہے اس کے مقابلہ میں جب کوئی چیز کسی دوسرے ملک سے جاتی ہے تو دو سیروں کے لحاظ سے ایک آدھ سیر زیادہ ہوتی ہے۔

مضافات جودھپور میں تنظیمی دورے

جودھپور (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی مبلغ و حکیم حافظ محمد علی طوسی خازن جمعیۃ علماء جودھپور راجستھان ضلع پالی مارواڑ اور سوجت سٹی، سوجت روڈ، بگڑی کے دورے کے بعد ضلع ناگور میں کمرانہ، کوچامن اور ناواں وغیرہ کا دورہ کر رہے ہیں۔ مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی کی عدم موجودگی میں صدر دفتر کا انصرام جناب ظفر حسین صاحب ایڈوکیٹ جنرل سکریٹری جمعیۃ فرمائیں گے۔

اوجین میں پنڈت نہرو کا جنم دن

بوہرہ جماعت کا شاندار جلسہ

اوجین (بذریعہ ڈاک) ۹ بجے شب کو جلسہ منعقد ہوا جس میں پنڈت نہرو کی ۶۱ ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کی گئی اور ترقی عمر کے لئے دعا کی گئی۔ جلسہ میں شہزادہ عالی وقار طیب صاحب نے بھی شرکت فرمائی جو آج کل روز یہاں آئے ہوئے تھے۔ موجودہ عامل صاحب بوہرہ جماعت کے علاوہ وزیر اعظم۔ ڈاکٹر صاحبان وکیل اور رؤسا اور عام ہندو مسلم بھائیوں نے شرکت فرمائی [illegible] نے تقاریر کیں۔ گورنر صوبہ صاحب اوجین نے ہندو مسلم اتحاد پر مؤثر تقریر فرمائی نیز مسکین بھائی لائق صاحب نے ایک بہترین نظم پڑھی۔ بعد میں حاضرین کی چاء و بسکٹ پان سے تواضع کی گئی۔

شیرکوٹ میں جلسہ سیرۃ النبی

شیرکوٹ۔ (بذریعہ ڈاک) یہاں ۱۷ تا ۱۹ نومبر سیرت النبی کا جلسہ ہوا۔ وسیع پنڈال میں جو ایوری طرح بھرا رہا۔ چھ سات ہزار افراد کی گنجائش تھی۔ روشنی اور لاؤڈ اسپیکر وغیرہ کا بھی انتظام تھا۔ شیرکوٹ اور اس کے نواح کے علاوہ ضلع بجنور کے اکثر مقامات کے لوگوں نے اجلاس میں شرکت کی۔

مولانا حامد الانصاری غازی صدر جلسہ تھے۔ حضرت مولانا ابو الوفا صاحب، حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب مولانا [illegible] صاحب، جناب غازی صاحب کی مؤثر اور بصیرت افروز تقریریں ہوئیں۔ اجلاس قیام طعام وغیرہ کی کامیابی میں شیخ نہال احمد صاحب، نواب [illegible] صاحب اور دوسرے حضرات نے نمایاں حصہ لیا۔

(نامہ نگار)

کوئی تاپے کسی کا گھر جلے

اوسلو ۲۳ نومبر۔ یہاں ایک بارہ سالہ نارویجین لڑکے کی جان نزاں آگ کے شعلوں کی وجہ سے بچ سکی جو اس کے دوسرے ساتھیوں کو جلا کر خاک کر چکے تھے۔ یہ سب ایک ڈکوٹا طیارہ میں سفر کر رہے تھے کہ وہ گر پڑا اور جل گیا۔ یہ لڑکا درختوں کے بیچ میں پھنسا رہا۔ طیارہ کے جلنے سے جو شعلے اور گرمی پیدا ہوئی اس نے اس کو ناروے کی سرد اور برفانی رات میں ٹھٹھرنے سے بچائے رکھا۔ جب اس کو ڈھونڈتے ہوئے کسان دلدلوں میں سے گزرتے ہوئے اس جگہ پہنچے جہاں یہ لڑکا طیارہ کے جلے ہوئے ڈھانچے میں پھنسا ہوا پڑا تھا تو حیران رہ گئے۔ ان کو دیکھ کر لڑکا خوشی میں ناچ اٹھا اور فوراً کھانا طلب کیا۔ ہلاک شدگان میں سے اب تک تیس لاشیں برآمد ہو چکی ہیں۔ (رپٹ رائٹر)

مغل سرائے میں تبلیغی مکتب کے قیام کی تجویز

مغل سرائے۔ بذریعہ ڈاک ۲۰ نومبر ۱۹۴۹ء یوم یکشنبہ کو مسلمانان مغل سرائے کا ایک مشاورتی جلسہ زیر صدارت حکیم عبد السلام صاحب صدر جمعیۃ العلماء مغل سرائے منعقد ہوا جس میں غور و خوض کے بعد یہ تجویز متفقہ طور پر پاس ہوئی کہ تعلیم بالغان کے سلسلہ میں ایک تبلیغی مکتب اور مسلمان بچیوں کی تعلیم کے لئے ایک نسوانی مکتب کا قیام فوری عمل میں لایا جائے چنانچہ ہر دو مکتب کے ابتدائی انتظامات شروع ہو گئے۔

چیف کمشنر صاحب سبکدوش کر دئے جائیں گے

رامپور (بذریعہ ڈاک) معتبر ذریعے سے معلوم ہوا ہے کہ رامپور کے چیف کمشنر مسٹر بی کرت سنگھ صاحب ۲ دسمبر کو سبکدوش کر دیئے جائیں گے۔

رامپور میں ہریجنوں کا جلوس

رامپور (بذریعہ ڈاک) ۲۲ نومبر کل شام ۴ بجے ہری جنوں کا ایک جلوس نکلا جس میں تقریباً پانچ سو اشخاص نے شرکت کی یہ جلوس شہر میں نعرے لگاتا ہوا تنخواہ بڑھاؤ ورنہ کام نہیں کریں گے۔ گاندھی پارک میں ختم ہو گیا۔

ہلکے دس روپے سے زائد کے نوٹ ملک میں چل رہے ہیں

بمبئی ۲۳ نومبر ۱۸ نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ریزرو بنک کے پاس جمع شدہ نوٹوں میں اضافہ ہوا اور اجرا شدہ نوٹوں میں کمی ہوئی ریزرو بنک کے شعبہ اجراء کے ایک بیان میں بتایا گیا ہے۔ کہ بنک کے پاس جتنے نوٹ جمع تھے ان میں چار کروڑ ۱۴ لاکھ کا اضافہ ہوا اور کل مالیت ۲۹ کروڑ ۱۳ لاکھ ہو گئی۔ اجرا شدہ نوٹوں کی مالیت میں ۴ کروڑ ۱۴ لاکھ کی کمی ہوئی۔ اجرا شدہ نوٹوں کی کل مالیت ۱۱ ارب ۹ کروڑ ۷۳ لاکھ رہ گئی۔ مرکزی حکومت کے جمع شدہ روپیہ میں چار کروڑ گیارہ لاکھ کی کمی ہوئی اور کل روپے ایک ارب ۳۹ کروڑ ۲۲ لاکھ رہ گیا۔ دوسری حکومتوں کے جمع شدہ روپے میں ایک ایک کروڑ کی کمی ہوئی اور کل ۲۳ کروڑ ۵۲ لاکھ روپیہ باقی رہ گیا۔ (اے پی آئی)

ملایا میں ہندوستانی مزدور ہلاک

کوالالمپور ۲۳ نومبر۔ وسطی ملایا میں ایسے علاقہ سے جہاں ڈاکوؤں کا بہت زور ہے ایک ٹرک گزر رہا تھا جس میں کچھ ہندوستانی مزدور تھے کہ اس پر گولیاں چلائی گئیں جس سے کچھ ہندوستانی مزدور زخمی ہوئے اور ایک مزدور فوراً ہلاک ہو گیا اور اسپتال میں پہنچا بعض لوگ اس موقع پر بد حواسی کی حالت میں بھاگ گئے تھے۔ اب تک ان کا پتہ نہیں چلا ہے۔ اس حادثہ سے دو گھنٹہ قبل بھی اس علاقہ میں ڈاکوؤں نے دو ٹرکوں پر گولیاں چلائی تھیں بعد میں حفاظتی دستوں کا [illegible] سے دو ڈاکو ہلاک ہو گئے اور کچھ گولی بارود ہاتھ آیا۔ (رپٹ رائٹر)

یوپی اضلاع میں لیبر ٹیکس کا امکان

سال میں دو ہفتہ محنت لی جائے گی

لکھنؤ ۲۳ نومبر (دن ع) یوپی میں پنچایت راج کو جو کامیابی حاصل ہوئی ہے اس کے باعث وہ دور دور تک توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہیں۔ حال ہی میں نئی دہلی میں ناروے کی لیگیشن کے فرسٹ سکریٹری مسٹر [illegible] ضلع بیر کے [illegible] صدر نگر، لورنگرا اور بنارس کے مواضعات میں اس سکیم کا مطالعہ کیا ہے۔

خیال ہے کہ حکومت یوپی دیہاتی علاقوں میں لیبر ٹیکس عائد کرے گی۔ اس کا اطلاق بہت تندرست اور توانا لوگوں پر ہی ہوگا۔ اور ان سے سال میں دو ہفتے کام لیا جائے گا۔ یہ بھی تجویز ہے کہ ہر ضلع میں ایک نمونہ کی پنچایت قائم کی جائے گی۔ تاکہ وہ سب اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ پنچایتی عدالتوں کے فیصلوں پر عمل درآمد سے قبل ایک پی سی ایس افسران کو دیکھے گا۔ ہر ضلع میں اس سلسلہ میں ایک ڈپٹی کلکٹر تعینات کیا جائے گا اور وہ [illegible] زمینداری ختم کرنے کا انچارج بھی ہوگا۔

کانگریس کی ممبر سازی

آج کل کانگریس کی ممبر سازی کے فارم جمع ہو رہے ہیں، اس وقت تک جس قدر پنچایتوں کے فارم داخل ہوئے ہیں ان سے اندازہ کیا جاتا ہے کہ ۲۱ ہزار ممبر بنے لیکن ابھی بہت فارم پہنچے ہوئے ہیں جو ۳۰ نومبر تک داخل ہو جائیں گے اس مرتبہ مسلمان بھی کافی تعداد میں کانگریس کے ممبر بنے۔

اردو ہندوستانی زبان ہے

گھر بیٹھے بلا کسی استاد کی مدد کے آسان اردو شارٹ ہینڈ کے ذریعہ اردو شارٹ ہینڈ سیکھئے جو اردو اور ہندی دونوں رسم الخطوں میں لکھا جا سکتا ہے۔ قیمت فی کتاب ۲/۸

اورینٹل اکیڈیمی۔ رنگ محل فورڈ۔ پھاٹک حبش خاں دہلی

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

اگر حفاظت اور جلدی سے بھجوانا ہے تو ہماری معرفت روانہ کریں ٹکٹ بھی ملا کمیشن خریدیں

المشتہر۔ **دہلی کمرشل کارپوریشن۔** گلی سوداگران بلیماران نمبر ۸ چاندنی چوک دہلی

حمیری کلام اللہ شریف

اس سے بہتر خوبصورت آرٹ پیپر پر چھپا۔ ہفت رنگی اور جھلمل جھلمل کرتے ہوئے کاغذ اور لکھائی والا قرآن پاک کہیں نہیں ملے گا۔ آیت ترجمہ شاہ عبد القادر صاحب مجلد [illegible] مجلد [illegible] تاج کمپنی کے قرآن پاک اور حمائلیں۔ جنرل نیوز ایجنسی بلیماران دہلی سے منگوائیے۔

ہرنیا

موتیا بند، بواسیر، ہائیڈرو سائیٹس کا بغیر آپریشن علاج (بذریعہ خط و کتابت) یہ نئے امریکن علاج گورنمنٹ ہند کے ملاحظہ شدہ ہیں کوئی پیسہ نہ دیں اگر پوری تسلی نہ ہو نادانی سبق آموز پراسپکٹس طلب کریں۔ بیماری کے حالات ضرور لکھیں۔

سی۔ ٹی ہسپتال درمیان سبزی منڈی سرائے پھوس دہلی

شیخ الاسلام حضرت مولانا مدنی مدظلہ العالی

مولانا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند، مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند وغیرہ ملک کی بالاتر ہستیوں کے مصدقہ دواخانہ رشیدیہ کی خصوصی مجربات

معجون مسیحا ایک نئی زندگی پیدا کرتی ہے۔ اعصاب کو مضبوط قوت مردمی کو قوی کرتی ہے۔ جریان، نزلہ، زکام، کھانسی، باتی درد، ضعف مثانہ کو بے حد مفید، بھوک بہت بڑھاتی ہے۔ ہاضمہ صحیح کرتی ہے۔ خوراک دو ماشہ فی تولہ ایک روپیہ (عہ)

معجون نشاط نہایت مقوی ممسک اور گرم۔ مضبوط کرنیوالی ہے [illegible] بہت قوت پیدا کرتی ہے۔ وقتی ضرورت کو بھی پورا کرتی ہے۔ خوراک دو ماشہ فی تولہ [illegible]

طلائے نو ایجاد نوجوانی کی غلط کاریوں سے عضو خاص میں جو کجی یا ناہمواری کمزوری، رگوں میں پانی بھر جانا ہے بغیر زخم اور تکلیف کے سب خرابیاں دور کر کے کھوئی ہوئی قوت کو لوٹا دیتا ہے لیکن اس کے ساتھ معجون مسیحا کا استعمال ضروری ہے۔ قیمت دوائی سینک اور طلاء دس روپیہ (عہ)

تریاق اعظم سیلان الرحم یعنی لیکوریا کے لئے برق اثر دوا ہے۔ سوا سال سے ملک اور بیرون ملک میں کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ آج تک ناکام نہیں ہوئی لیکن دوسرے نسوانی امراض کے ہوتے ہوئے فائدہ نہیں ہوگا۔ قیمت چالیس خوراک کی شیشی چار روپیہ (للعہ)

طلاء مشکی استعمال کے ساتھ فوراً اثر کرتا ہے قوت لذت امساک کیلئے بہترین چیز ہے۔

(نوٹ) دیگر معلومات کے لئے فہرست مفت طلب کریں۔

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

نیچر کیور سائنس کی بہترین کتاب "قدرتی علاج"

ڈاکٹر دولت رام شرما این۔ ڈی (امریکہ) نیچر کیور سپیشلسٹ کے ۲۲ سالہ علمی تجربات کا نچوڑ ہے جس میں صحت کو قائم رکھنے اور ہر قسم کی پیچیدہ امراض کو بغیر دوا اور آپریشن دیا یعنی بھاپ۔ مٹی، روشنی، فاقہ، خوراک، ورزش) سے دور کرنے کے نہایت آسان اور مجرب نسخے درج ہیں جن پر عمل کرنے سے انسان اپنی بیماری کو گھر بیٹھے دور کر سکتا ہے۔ قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ۔ محصول ڈاک [illegible]

منیجر نیچر کیور کلینک ۷۸۔ جی۔ بی روڈ دہلی

برص کوڑھ اور سنہری کا مکمل علاج

یہ ایک نہایت ہی خبیث اور موذی مرض ہے۔ آج کون اس کے تباہ کن اثرات سے واقف نہیں۔ اس مرض کا حملہ ہوتے ہی مریض زندہ درگور ہو جاتا ہے۔ ایسی مایوسی کے عالم میں آس دینے والی صرف ایک معتبر دوا ہے جو نام سے "درویشی" کے نام سے ملک میں مقبول ہو چکی ہے۔ یہ ایک کامل درویش کا مجرب نسخہ ہے۔ جس سے اب تک ہزاروں لاعلاج مریض مکمل طور پر شفا پا چکے ہیں جن پر جدید حکمت وغیرہ کے بہترین اصولی ناکام ہو چکے تھے۔ درویشی کے چند دنوں کے استعمال سے از سر نو زندگی حاصل کرلی۔ شدید سے شدید مرض کی حالت میں درویشی کا فائدہ کبھی دن کے اندر نمایاں طور پر محسوس ہونے لگتا ہے اور چار ماہ میں اللہ کے فضل سے کلی صحت ہو جاتی ہے۔ سینکڑوں خطوط دفتر میں موجود ہیں جن سے مندرجہ بالا بیان کی تصدیق کی جا سکتی ہے۔ قیمت اور دوسری تفصیل کے لئے کل علاج کا پرچہ طلب کریں جوابی ٹکٹ آنے پر آپ کو رسالہ کیا جائے گا۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ نمبر ۷

NATURES BLOOD BANK

چالیس سال کے بعد آپ کو

دیکھا ہے۔ اس عمر میں اگر آپ کی صحت بیٹا خون کے متعلق آپ نے ذرا بھی غفلت کی تو جلد ہی آپ کی کمر جھک جائے گی بڑھاپا آپ کی زندگی کو تلخ بنا دے گا۔ تندرست ہوں یا مریض دونوں حالتوں میں آپکو ہمدم کے ماء اللحم کی ضرورت ہے کیونکہ ہمدم کا ماء اللحم دوا نہیں ہے بلکہ تازہ خون کا خزانہ ہے۔

یہ حلق سے اترتے ہی خون بن جاتا ہے۔ تازہ پھلوں اور مقوی میوہ جات اور صحت بخش غذاؤں اور خاص قیمتی دواؤں کے جوہر سے تیار کیا جاتا ہے ——— دل دماغ اور اعضائے رئیسہ میں نئی زندگی پیدا کرتا ہے۔

ہمدم دواخانہ پوسٹ بکس ۱۰ لال کنواں دہلی

از محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور

اشتہار

نوٹس بنام فریق ثانی

سید اکرام الحق شاہ ولد سید محمد انعام الحق شاہ قوم سید ساکن بہاول نگر۔ سائل فریق اول۔

کرم سنگھ ولد مورا ہرنام سنگھ قوم سکھ کاریگر سکنہ بہاول نگر ریاست بہاولپور حال وارد ہندوستان۔ فریق ثانی۔

درخواست نمبر [illegible] پاکستان آرڈیننس نمبر [illegible] [illegible] اس امر کے کہ فریق ثانی نے ایک منزل مکان واقع شہر بہاولنگر بمقابلہ تین ہزار روپیہ فروخت کرنے کا معاہدہ کر لیا ہے اور [illegible] روپیہ بیشگی لے لیا ہے۔ [illegible] سائل ایک مکان متذکرہ بہ ہے۔

بنام کرم سنگھ ولد مورا ہرنام سنگھ سکھ کاریگر سکنہ [illegible] ریاست بہاولپور۔

ہر گاہ کہ منجانب سائل درخواست مندرجہ بالا دائر ہو چکی ہے فریق ثانی کو اس کارروائی کی اطلاع دینی مناسب ہے اور فریق ثانی کا صحیح پتہ معلوم نہیں ہے۔ لہذا نوٹس ہذا کے ذریعہ کرم سنگھ ولد ہرنام سنگھ کاریگر کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سائل کی درخواست مندرجہ عنوان کے خلاف اسے کوئی عذر ہو تو بتاریخ ۲۰ ماہ دسمبر ۱۹۴۹ء بوقت دس بجے دن حاضر ہو کر لکھدیا میں اصالتاً پیش کرے یا کسی اور طریق پر جیسے محکمہ ہذا کے ضابطہ کے مطابق ہو۔ بصورت غیر حاضری کارروائی حسب ضابطہ کی جائے گی۔

آج تاریخ ۱۴ ماہ نومبر ۱۹۴۹ء بثبت دستخط اور مہر محکمہ کے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم ——— مہر عدالت

مختلف صوبوں میں خوراک کی پیداوار بڑھانے کی مساعی

جنگلی جانوروں سے فصلوں کی حفاظت کا انتظام

نیل گائے اور بندروں کو مارنے کی بھی اسکیم تیار کر لی گئی

نئی دہلی ۲۳ نومبر مرکزی وزارت زراعت کو پچھلے چند دنوں کے اندر جو اطلاعات مختلف صوبوں اور ریاستوں سے موصول ہوئی ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ صوبوں اور ریاستوں میں کاشتکاروں کو زیادہ سے زیادہ اناج بڑھانے کی جو اسکیمیں جاری کی گئی ہیں ان کی ترقی کی رفتار بہت ہی قابل اطمینان ہے۔ حسب ذیل اہم اقدامات سے ملاحظہ ہے۔ یوپی میں جنگلی جانوروں سے فصلوں کی حفاظت کرنے کے لئے ضروری انتظامات کئے گئے ہیں۔ مشرقی پنجاب میں ایک قانون پاس کر کے حکومت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہاں قابل کاشت زمینوں پر قبضہ کرے جن میں کاشت نہ کی گئی ہو۔ سی۔ پی میں جو کاشتکار ایک فصل زمینوں میں دو فصلیں کاشت کریں گے ان کو مالیہ آب پاشی معاف کر دیا جائے گا۔ بہار میں خوراک کی پیداوار بڑھانے کی مہم کے لئے دیکھ بھال ہوائی جہاز مہیا کرنے کے لئے حکومت بہار نے ریفرینس [illegible] کورس میں کا دو سالہ امتحان پاس کرنے والے طلباء کو خوراک کی پیداوار بڑھانے کی مہم میں اور سپرد کیا جائے گا۔

کچھ عرصہ تک حکومت کے ماتحت خدمات بجا لانے کے بعد ان لوگوں کو ڈپلوما کورس کی تکمیل کرنے کی سہولتیں دی جائیں گی۔ یو۔ پی میں نیل گائے مارنے پر جو پابندی لگا دی گئی تھی وہ منسوخ کر دی گئی ہے۔ اور بندروں کو مارنے کی اسکیمیں تیار کر لی گئی ہیں کیونکہ یہ جنگلی جانور نہ صرف خوراک کی فصلوں بلکہ پھلوں اور سبزیوں کو بھی بہت تباہی خیز نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ان لوگوں کو فصلوں کی حفاظت کے لئے آتشیں اسلحہ کے لائسنس فیاضی سے دینے کے احکام جاری کئے جا چکے ہیں۔ مدھیہ بھارت میں بھی اس بارے میں اقدامات کئے گئے ہیں۔ اور کچھ قسم بھی منظور کی گئی ہے بہار میں سور اور بہت سے دیگر جنگلی جانوروں کو ہلاک کرنے کے لئے سرکاری خرچ پر شکاری ملازم رکھے گئے ہیں۔ بہار اور مدراس میں آب پاشی کے ۲ کنوؤں کی تعمیر نئے تالاب کھودنے اور پرانے تالابوں کی مرمت کرنے کا کام جاری ہے۔ ٹراونکور میں اور کوچین میں آب پاشی کی ذیلی اسکیمیں مکمل ہو چکی ہیں۔ جن کے ذریعہ چار ہزار ایکڑ اراضی کو ایک فصلی سے دو فصلی بنا دیا گیا ہے۔

مدھیہ بھارت اور سی پی اور برار میں لاکھوں ایکڑ بیکار زمینوں کو کاشت کے قابل بنانے کے لئے ان صوبوں میں مرکزی حکومت کے ٹریکٹروں کے ذریعہ زیر کاشت لایا جا چکا ہے۔ یوپی میں کاشتکاروں کو ٹریکٹر فیضیاب کئے گئے ہیں تقاوی قرضے دیئے جا چکے ہیں۔ صرف مدھیہ بھارت ہی میں اس سال ہی ہی ساٹھ ہزار ایکڑ بیکار اراضی میں فصل ربیع کاشت کی جائے گی۔

مختلف صوبوں میں مرکب اور کیمیائی کھاد کی تیاری اور تقسیم کے انتظامات وسیع پیمانہ پر کئے گئے ہیں۔ اڑیسہ کا پانچ لاکھ ایکڑ رقبہ اراضی کا انتخاب کاری کو وسیع کرنے کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ مشرقی پنجاب کے ایک ہزار دیہات اور ۱۹ میونسپل کمیٹیوں میں اور ۶ مرکب کھاد تیار کرنے کا کام شروع ہو چکا ہے۔

۳ دسمبر کو فلیگ ڈے منایا جائیگا

نئی دہلی ۲۳ نومبر سابق سپاہیوں و جوانان کے گھروالوں کی امداد کے لئے ۳ دسمبر کو فلیگ ڈے منایا جائے گا۔ اس موقع پر جھنڈے فروخت کئے جائیں گے۔ گذشتہ سال اس طرح ۱۲ لاکھ روپیہ جمع ہوا تھا جس میں حلقہ رعیہ تین قسم کی فوجوں کی امداد اور سہولتیں مہیا کرنے کے لئے دیدیا گیا تھا۔ ۳ لاکھ ریاستی افواج کیلئے ۱ لاکھ مختلف تعلقات کے لئے مخصوص کر دیا گیا تھا۔ یہ روپیہ سرکاری قرضوں وغیرہ میں لگا دیا گیا تھا۔ اس سال اس سے زیادہ روپیہ جمع ہونے کی امید ہے۔ (نامہ نگار)

امریکہ اور برطانیہ پر جنگجوئی کا الزام لگانا غلط ہے

اقدام متحدہ کی پولٹیکل کمیٹی میں ہندی نمائندہ کی تقریر

لیک سکسیس ۲۳ نومبر روس نے برطانیہ اور امریکہ پر جنگجوئی کا جو الزام لگایا تھا۔ ہندوستانی نمائندہ مسٹر نرسنگ رائے نے اسے غیر منصفانہ قرار دیا ہے انہوں نے پولٹیکل کمیٹی کو روس کی معاہدہ کی تجویز پر غور کر رہی تھی بتایا کہ امریکہ اور برطانیہ پر یہ الزام لگانا غیر منصفانہ تھا کیونکہ ان دونوں نے اپنے معاملہ [illegible] کی وجہ سے اٹیمی ہتھیاروں پر پابندی لگائے ہیں۔

روس کے نام کا تختہ سیاہ ابھی طلباء اور اس کو زور سے میز پر ملا۔ آخر صدر کی توجہ ان کی طرف منعطف ہوئی ہے اس وقت مسٹر رائے نے شکی نے مسٹر ساتا کرز کے اس قول پر اعتراض کیا کہ انڈیا میں کمیونسٹ پارٹی اور کیمبلٹ پریس پر جرمن افواج کر [illegible]

کہا جالی کے نمائندہ کو یہ الفاظ کہنے کا حق نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ بیان تو ہین آمیز ہے۔ میں تمام نمائندوں کو آگاہ کرتا ہوں کہ جب ایسے تو ہین آمیز نقطے کہے جائیں گے تو میں ضابطہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ہر جواب دوں گا۔ [illegible]

چیئرمین کا بیان

کمیٹی کے چیئرمین کنا ڈائی نمائندہ مسٹر لیسٹر پیرسن نے کہا کہ چالی کے نمائندہ کے الفاظ بے ضابطہ نہیں ہیں اور اپنی کمیٹی کے دوران میں مسٹر رائے شکی یا دوسرے نمائندوں کو ان کا جواب دینے کا حق ہے۔

جب یوگوسلاویہ کے نمائندہ مسٹر ایلیس بلیر نے یوگوسلاویہ کے نمائندہ کے الفاظ کو تو ہین قرار دیا اور مسٹر سے کہا کہ وہ ان باتوں کو کب تک برداشت کریں گے تو اس پر مسٹر [illegible] کی گئی اس کے فوراً بعد مسٹر ساتا کرز نے مسٹر رائے شکی کی تقریر میں پھر مداخلت کر کے مسٹر بیلبر کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا کسی نمائندوں کو اس کی توہین کی اجازت دینا ناقابل برداشت ہے۔ بعد میں جب چالی کے نمائندہ کی تقریر شروع ہوئی تو پھر اعتراض کیا گیا کہ مسٹر ساتا کرز نے عظیم روسی ریاست کے سربراہ پر الزام لگایا ہے جس نے دنیا کو نسل کشی کی آگ سے بچایا ہے۔ [illegible] تقاضا مذہبی میں نے کسی دوسری ریاست کے سربراہ پر حملہ کیا ہے۔

مسٹر رائے شکی نے برطانیہ اور امریکہ کے خلاف جنگجوئی کا الزام لگایا۔ اور روسی تجویز کی منظوری کا مطالبہ کیا مسٹر ساتا کرز نے کہا اگر روس امن کا خواہاں ہے۔ تو اس کو دو یکسر جمالیک میں اپنے پانچویں کالم کو ختم کر دینا چاہیے۔ (رپٹ رائٹر)

اسٹار پیپر مل کے بند ہونے کی خبر پیشتر دی جا چکی ہے۔ مزید معلوم ہوا ہے کہ مل میں اس وقت تیس لاکھ روپیہ کا کاغذ جمع ہو چکا ہے۔ مدت کے بیوپاری جس کو کاغذ کا پرمٹ دیا گیا تھا وہ کاغذ نہیں اٹھا رہے ہیں وجہ معلوم ہوتی ہے کہ غیر ممالک سے بہترین کوالٹی کا کاغذ ملک میں آ گیا ہے جس کا یہ کاغذ مقابلہ نہیں کر سکتا۔ مل بند ہونے سے ۸۰۰ مزدور بیکار ہو گئے ہیں جس سے مزدوروں میں سخت بے چینی پھیل رہی ہے۔

سہارنپور سے سوشلسٹ جتھوں کی روانگی

یو پی کی راجدھانی لکھنؤ کی جیلوں سے بھی سوشلسٹ پارٹی کے زیر اہتمام کسان جتھوں نے مارچ شروع کر دیئے ہیں چنانچہ پچاس اشخاص کے جتھے جا چکے ہیں اور [illegible] ہونے کو تیار ہیں۔ یہ سب لکھنؤ پہنچ کر زمینداری بل کے خلاف مظاہرہ میں حصہ لیں گے۔

اسلامیہ کالج ایک گول سے جیت گئی

ضلع سہارنپور کے اسکولوں و کالجوں کے ہاکی و دیگر ٹورنامنٹ ۱۵ نومبر سے گورنمنٹ ہائر سکنڈری اسکول کی گراؤنڈ میں ہو رہے تھے۔ اسکول کے پرنسپل مسٹر [illegible] اور کمشنر صاحب سیکرٹری ٹورنامنٹ کی زیر نگرانی آج ایس ڈی انٹر کالج اور اسلامیہ انٹر کالج کا فائنل میچ ہوا جس میں اسلامیہ کالج نے ایس ڈی انٹر کالج کو ایک گول سے ہرا دیا اور اس کامیابی پر ایک شاندار کپ حاصل کیا۔

آگرہ کی خبریں

وزیر تعلیم یو پی کی تقریر

موتی گنج میں پیر کی شام کو ایک جلسے میں مسٹر سمپورنانند وزیر تعلیم یو پی نے تقریر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اس وقت ملک میں کچھ ایسے مسائل ہیں جن کی بنا پر سب سے زیادہ مقدم آزادی کی حفاظت کرنا ہے اور میں آپ صاحبان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری حکومت ایسے ہی کاموں میں مصروف ہے اگر ایسی صورت میں آپ کو خستہ حالی میں بھی رہنا پڑے تو اس کی پرواہ نہ کرنی چاہیے۔ کانگریس کے مقابلے کی ابھی تک کوئی دوسری پارٹی پیدا نہیں ہوئی ہے۔ ہر پارٹی کو ووٹ دینے کا حق ہے لیکن آزادی میں رکاوٹ نہ پیدا ہونی چاہیے۔

سوشلسٹ پارٹی کے ورکرز کا مظاہرہ

کلکٹری کچہری کے سامنے سوشلسٹ پارٹی کے ورکروں نے پرجوش مظاہرہ کرتے ہوئے نعرے لگائے دس گنا لگان نہیں دیں گے، زمینداری بلا معاوضہ ختم کرو۔ جنتا کی مانگ کھانا کپڑا آزادی [illegible] کانگریس [illegible] مظاہرین ہاتھوں میں سرخ جھنڈیاں اور سروں پر سرخ ٹوپیاں پہنے ہوئے نعرے لگا رہے تھے۔ کچہری کا پورا گشت لگ چکنے کے بعد پولیس نے ان کو تھانے میں لے لیا ان سے پولیس ٹرک میں بیٹھنے کو کہا۔ مظاہرین بلا کسی مزاحمت کے ٹرک میں داخل ہو گئے اور اپنے نعرے برابر لگاتے رہے۔

ابنائے قدیم جامعہ طبیہ دہلی کا جلسہ

[illegible] انجمن ابنائے قدیم جامعہ طبیہ دہلی کی ورکنگ کمیٹی کا جلسہ جامعہ طبیہ گلی قاسم جان میں زیر صدارت صدر انجمن جناب حکیم سید احمد جمیل صاحب قادری منعقد ہوا جس میں جناب حکیم محمد عظیم صاحب جنرل سیکرٹری انجمن کی جانب سے انجمن کے گذشتہ جلسہ کی روئداد اور حساب آمد و خرچ از ماہ اپریل تا ماہ اکتوبر [illegible] پیش ہو کر منظور ہوئی اور انجمن کا جدید انتخاب [illegible] جنوری میں ہونا قرار پایا اور طے پایا کہ کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کو انتخاب میں شرکت کی دعوت دی جائے اور مہمانوں کا قیام و طعام کا انتظام مقامی ابنائے قدیم انفرادی طور پر کریں اور طے پایا کہ اس موقع پر جامعہ طبیہ دہلی کے طلباء اور اساتذہ اور کل ہند ابنائے قدیم جامعہ طبیہ کو مقامی انجمن ابنائے قدیم کی جانب سے ایک شاندار پارٹی جامعہ طبیہ گلی قاسم جان میں دی جائے۔ اس کے بعد جلسہ ختم ہوا۔ (نامہ نگار)

آگرہ میں اکابر جمعیۃ علماء کی روح پرور تقریریں

نے سیاست سے یکسر دوشی اختیار کر لی ہے اور اب اس کے ذمہ ملک کے اندر مسلمانوں کی زندگی کو استوار کرنا ہے جس کے لئے وہ کوشاں ہے اور وہ مسلمانوں کو تلقین کرتی ہے کہ وہ اپنے اخلاقی معیار کو بلند کریں اور دلوں سے نفرتوں کا جذبہ دور کریں۔ یہی بات میں ہندوؤں سے کہتا ہوں اور یہی بات مسلمانوں سے کہتا ہوں کہ وہ تمام گذشتہ باتوں کو فراموش کر دیں اور باہم اتحاد کی خوشگوار زندگی گذاریں۔ اور ملک ملک میں وہ تمام کریں جس کی ملک کو اشد ضرورت ہے۔

ہماری قربانیاں سب سے زیادہ ہیں

آپ کے بعد حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ العلماء ہند نے جنگ آزادی کا تمام پلاٹ نہایت مؤثر پیرایہ میں بیان فرمایا کہ جمعیۃ العلماء ۱۹۲۰ء میں قائم ہوئی۔ اس وقت سے کانگریس تک برابر انگریز سے جنگ آزادی لڑتی رہی جمعیۃ العلماء نے اپنے بڑے بڑے رہنماؤں کو میدان میں اتارا اس وقت بھی اس کی بڑی بڑی مخالفتیں کی گئیں۔ غداری کا لقب دیا گیا۔ غلام کہا گیا۔ [illegible] سیاہ جھنڈیوں سے استقبال کیا گیا۔ باوجود ان شدید مخالفتوں کے بھی بالآخر جمعیۃ العلماء اپنے مقصد آزادی میں کامیاب ہوئی۔ [illegible]

آج جو ہمارے دوست الٹا ہم سے کہتے ہیں کہ ان قربانیوں کے باوجود جمعیۃ العلماء کو کیا ملا؟ جمعیۃ العلماء نے کبھی اس خواہش کے لئے کہ اسے کچھ جاہ و حشم و دنیا کا مادی اقتدار ملے قربانیاں نہیں دی ہیں۔ اگر وہ اس کی بھوکی ہوتی تو انگریز اسے سونے میں تول دینے کا خواہشمند تھا۔ اسے سرلنک تصرف دینے کے لئے تیار تھا لیکن اس نے صداقت کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور ان تمام اموال دنیا کو ٹھوکر مار دی۔ اس نے جو کچھ قربانیاں کیں اپنا فرض سمجھ کر کیں اور اس طرح فرض ادا کر کے کل بروز قیامت اللہ کے حضور میں سرخرو ہو۔ اس واسطے میں آج بڑے فخر کے ساتھ کہتا ہوں کہ ملک کو جنہوں نے آزاد کرایا ہے اور باعتبار اعداد و شمار ملک کے اندر مجموعی حیثیت سے دوسری قوموں سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ [illegible] جب گرفتاریوں کی تعداد [illegible] ہزار تھی مسلمانوں نے تیس ہزار گرفتاریاں دیں۔ [illegible]

آپ نے تقریر فرماتے ہوئے فرمایا کہ کانگریس کو بڑا کہنے والوں نے ابھی کانگریس کو پہچانا نہیں ہے۔ بلکہ کچھ لوگ تو ہم میں جدید قسم کے کانگریسی ہو گئے ہیں کانگریس کی ٹوپیاں لگا کر گھس پڑے ہیں ان کے طرز عمل سے بدنام ہو کر ساری کانگریس کو برا کہتے ہیں۔ جو انگریزی ہم میں ۱۹۲۰ء اور ۱۹۴۲ء میں تھے ان کے دماغ آج بھی فرقہ واریت سے قطعاً پاک و صاف نہیں یہ نئے نئے لوگوں نے اپنی ذہنیتوں کو بدل لیا ہے۔ اس لئے قوم کو ہشیار رہنا چاہیے کہ وہ کانگریسی کون ہے۔

ہندی نہیں بلیک مارکیٹ

آپ نے ملک کے موجودہ بحران پر تبصرہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ اردو زبان کے مقابلے میں ہندی کو لانا تو اس سے ملک کچھ زیادہ نفع نہیں پہنچا ہے۔ ہندی تو ہم مسلمانوں کی بھی زبان ہے۔ ہندی تو شاہان مغلیہ کے عہد میں جب کہ فارسی و عربی کا چرچا تھا اس وقت بھی ہماری زبانوں سے دور نہیں ہوئی۔ [illegible] ہندی مسلمان اس کے حاصل کرنے سے کبھی گھبرائے گا۔ [illegible]

بلکہ سوال تو یہ ہے کہ آزادی سے پہلے کانگریس ملک سے وعدہ کر رہی تھی کہ ملک کے آزاد ہونے پر بھوکے کو کھانا اور ننگے کو کپڑا میسر آئے گا۔ مگر مقام افسوس ہے کہ خلاف اس کے آزادی کا وہ ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے کہ طرف زوروں سے بلیک مارکیٹنگ ہو رہا ہے۔ پہلے سے زیادہ رشوت ستانی زور پکڑ گئی ہے۔ آج سب کچھ ہم خود آزاد ہو کر کر رہے ہیں۔ اور اپنے انتظام کے اندر رہ رہے ہوئے ہیں۔ اصل معنوں میں کچھ تو ایسے ساتھ غداری ملتے کہتے ہیں۔ اور مسلمانوں سے وفاداری کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ ہم تو وفاداری کا ثبوت دے چکے اب تو وقت جناب کے امتحان کا ہے۔ اور یہ کانگریس کا فرض ہے کہ ملک سے بلیک مارکیٹنگ اور رشوت ستانی کے سیلاب کو روکے ورنہ یہ سیلاب ملک کو پہنچے تو کیا دیکھا بلکہ تباہ کر کے رکھ دے گا۔

شرنارتھیوں سے خطاب

آپ نے ریفیوجیوں کو مخاطب کر کے ڈاکٹر گڈوانی کی منافرانہ تقریر کا جواب جو انہوں نے حال ہی میں آگرہ پر شارتھیوں کے جلسہ میں کی تھی فرمایا کہ میں اپنے ریفیوجی بھائیوں سے بھی کہتا ہوں کہ وہ غلط اور گمراہ کن پروپیگنڈے سے احتراز کریں۔ ڈاکٹر گڈوانی کی حقیقت سے میں خوب واقف ہوں کہ یہ ہی وہ ڈاکٹر گڈوانی ہیں جنہوں نے ہندوستان میں میرے ساتھ جیل کاٹی اور اللہ بخش کی وزارت کی مخالفت کی۔ جب کہ اللہ بخش ہی ہندوستان بھر میں وہ پہلا وزیر تھا جس نے کانگریسیوں کی [illegible] ڈاکٹر گڈوانی کو چاہیئے تھا کہ وہ پاکستان میں رہ کر اپنی اقلیت کے ساتھ پاکستان کا ڈٹ کر مقابلہ کرتے اور کہتے کہ پاکستان میں بھی اقلیت کو سربلند رہ کر جینے کا حق ہے۔ قوم کے ساتھ وفاداری میں جان کی پرواہ نہ کرنی چاہیئے تھی اور وہاں سے راہ فرار ہرگز اختیار نہ کرنی چاہیئے تھی۔ آج وہ فرقہ واریت کو ہوا دے کر حکومت کی نظروں میں آپ کو بے وقوف بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ آپ نے مسلمانوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں مسلمانوں سے صاف صاف کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ان کا کوئی دوست یا عزیز جو بھی یہاں سے بھاگ گیا ہے اس سے مطلق کوئی تعلق نہ رکھنا چاہیئے اور تعلق رکھنے کی کوئی ضرورت بھی نہیں ہے۔ جب وہ جان بچا کر موت کے خوف سے ہمیں چھوڑ کر بھاگ گیا ہے تو ہمیں اس کے ساتھ کوئی ہمدردی نہ ہونی چاہیئے۔ آخر میں آپ نے جمعیۃ کا پروگرام بیان فرما کر پرزور اپیل کی کہ جمعیۃ کو مضبوط بنا کر اپنی ملکی حکومت کو مضبوط سے مضبوط بنانے کی کوشش کریں۔

ناظم جمعیۃ العلماء صوبہ کی تقریر

حضرت مولانا نور الدین صاحب بہاری کے بعد [illegible] قاسم صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا [illegible] جمعیۃ العلماء جس طرح قبل سنہ ۴۷ امتحان گاہ میں تھی تو آج بھی امتحان گاہ میں ہے فرق صرف اتنا ہے کہ جب اس کی آزادی کی تڑپ رکھتی تھی۔ اور اب جبکہ اس کی آزادی کی تڑپ پوری ہو گئی ہے تو اب مسلمانوں میں تعلیمی بیداری کی تڑپ رکھتی ہے کہ مسلمان اپنے اخلاقیات کو تعلیم اسلام کی روشنی میں درست کریں۔ اور صحیح معنوں میں اسلام اور ملک کے حاکم بنیں۔ میں چاہتا ہوں کہ ایسی تعلیم جیسی کہ انگریز دے گیا ہے اس سے میری قوم کے دماغ بکسر صاف ہو جانے چاہئیں۔ انگریز کی غلط تعلیم کی مثال میں آپ نے فرمایا کہ اس نے تواریخ کے اندر وہ غلط فہمیاں لکھوائیں کہ جس سے ملک آج تک غلط فہمی میں مبتلا ہے۔ [illegible] میں پوچھتا ہوں کہ ایک تو اس کتنے جنیو کا وزن ہوگا۔ اور وہ ڈھائی من وزن میں کتنے جنیو ہو سکتے ہیں۔ اور ہندو کتنی تعداد میں ہوں گے اور اس کی حکومت کتنے عرصہ رہی۔ میرے خیال میں تو اس طرح ہندوستان میں ایک ہندو بھی باقی نہ رہنا چاہیے تھا۔ ایک دوسرا مغالطہ اسی شہنشاہ کے متعلق اس نے یہ بھی دیا کہ ہندوستان میں اسلام بزور تلوار پھیلا۔ اچھا بھائی۔ نفرت ماننا اور نفرت کرنا تو دوسری بات ہے۔ ورنہ ہندوستان میں تو یہ بات ہے کہ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ ملک چین میں جہاں مسلمانوں کی تعداد آج بھی دس کروڑ سے زیادہ ہے۔ وہاں کون سے بادشاہ نے تلوار کے زور سے اتنے مسلمان کئے۔ یاد رکھیے مذہب کے لئے تلوار کامیاب نہیں ہوتی ہے بلکہ اخلاقی کردار اور صداقتی اعمال کام کیا کرتے ہیں جنہیں صرف سات دس مسلمانوں نے اپنے حسین کردار اعمال سے مذہب اسلام پھیلایا۔

مسلمانوں کا فرض

اس لئے میں مسلمانوں سے کہتا ہوں کہ وہ ملک کو اپنا ملک سمجھیں اور یہاں کے ہر باشندے کے ساتھ بھائی چارہ کا سلوک کریں۔ مگر جمعیۃ کو اس کی اصلاح میں دشواریاں حائل ہو رہی ہیں۔ لیکن خدا کے فضل سے میں مایوس نہیں ہوں اور سمجھتا ہوں کہ جب [illegible]

فیروزآباد کے مزدور ہڑتال کریں گے

فیروزآباد (بذریعہ ڈاک) آجکل فیروزآباد کے مزدوروں کی حالت بہت نازک ہو رہی ہے بیکاری بڑھ رہی ہے۔ مزدوروں کو زیادہ کام لئے جانے اور کم مزدوری دیئے جانے کی شکایت ہے۔ اس پریشانی کی اطلاع کلکٹر ضلع اور یخنل کنسلیشن بورڈ آگرہ کو دی گئی تھی۔ لیکن بظاہر ابھی تک کوئی نتیجہ نہیں نکلا کہا جا رہا ہے کہ اگر ۸ دسمبر تک مطالبات منظور نہ ہوئے تو ہڑتال کی جائے گی۔ مزدوروں کے خاص خاص مطالبات یہ ہیں۔

کارخانوں کی گروپ بندی ختم کی جاوے کسی مزدور سے ۸ گھنٹہ سے زیادہ کام نہ لیا جاوے۔ مزدوریاں پوری پوری ملنا چاہئیں جو ۱۹۴۸ء میں ملتی تھیں۔

صوبہ بمبئی کے کپڑا بننے کے بند کارخانوں کو کھولنے کیلئے عملی کارروائی

دورہ کے بعد وزیر محنت مسٹر نندا کا بیان

بمبئی ۲۴ نومبر۔ حکومت بمبئی نے فیصلہ کیا ہے کہ جو کارخانے اسٹاک زیادہ جمع ہو جانے یا بدانتظامی کی وجہ سے بند ہو گئے ہیں ان کو دوبارہ چلانے کے لئے "عملی کارروائی" کی جائے۔ معلوم ہوا ہے حکومت نے ان کارخانوں کو جو کلی یا جزوی طور سے بند ہو گئے ہیں تین قسموں میں تقسیم کیا ہے:-

(۱) وہ کارخانے جو مال جمع ہونے سے بند ہو گئے ہیں۔ (۲) وہ کارخانے جو اقتصادی اسباب مثلاً مشینوں کے پرانے ہو جانے کی وجہ سے بند ہوئے ہیں (۳) وہ کارخانے جو بدانتظامی کی وجہ سے بند ہوئے ہیں۔

حکومت نے شولاپور کا ایک کارخانہ چلانے کے لئے ایک کنٹرولر مقرر کر دیا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ بعض دوسرے ملوں کے بارے میں بھی ایسا ہی کیا جائیگا۔

مسٹر گلزاری لال نندا نے جو احمد آباد میں صورت حالات کا بچشم خود معائنہ کر کے آئے ہیں یہاں پر بتایا کہ اس بارے میں آخری فیصلہ ہونے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احمد آباد کے بعض ملوں میں بہت کپڑا جمع ہے۔ یہ جمع شدہ کپڑا رفتہ رفتہ ختم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس بارے میں وقتاً فوقتاً غور کریں گے اور دیکھیں گے کہ ملوں کو اس سلسلہ میں کیا امداد دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ہر مل سے مال جمع ہونے کا سبب اور جمع شدہ مال کی مقدار کی بابت اعداد و شمار طلب کئے ہیں۔ آج کل بارہ مل احمد آباد میں کلی طور سے بند ہیں ان میں سے دو مل بمبئی میں ہیں ۱۹ ملوں نے اس ماہ کام بند کرنے کا نوٹس دے دیا ہے۔ ۲۴ مل جزوی طور پر بند ہو گئے ہیں۔ ۹ ملوں نے کام بند کرنے کا نوٹس واپس لے لیا ہے۔ (پ ٹ ا)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے مساعی

مستحقین کے نام پرچہ کے اجراء کیلئے عطیہ

ہبلی۔ بذریعہ (ڈاک) الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے مولانا ابراہیم انصاری ایڈیٹر مومن کی سرگرمیاں جیسا کہ دورہ کر رہا ہے وہ جلسہ رسینیا، جامع مسجد میں مولانا ابراہیم انصاری نے ایک زبردست تقریر کی جس میں الجمعیۃ کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور ایجنسی کے قیام پر زور دیا۔ چنانچہ محمد اسمعیل صاحب تیار ہو گئے دوسرے دن موضع صلاح پور میں ان کی تقریر ہوئی جس کے بعد جمعیۃ اور انصار کے سکرٹری نے دس اخبار منگوانے کا فیصلہ کیا، سکیٹری صاحب موصوف نے عربی مدرسہ کے کسی طالب علم کے نام ایک ماہ کے لئے الجمعیۃ کا سنڈے ایڈیشن جاری کرنے کے لئے ایک روپیہ بھی عنایت کیا۔

اپنی قوم کی باوجود شدید مخالفتوں کے بھی ہم اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے اور جس سے ہمارا ماضی روشن ہے تو میں دیکھتا ہوں کہ انشاء اللہ کل ہمارا مستقبل بھی روشن ہے۔ اور اس سلسلہ میں آپ نے جنگ آزادی کے اولوالعزم علمبردار جناب حضرت مولانا فضل حق رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ کے حالات بیان فرما کر تقریر ختم فرمائی۔ (نامہ نگار)

مراد آباد کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

حجاج کا استقبال

مراد آباد ریلوے اسٹیشن پر ۲۰ نومبر کو حجاج کرام کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اسٹیشن پر ایک عظیم اجتماع میں مولانا محمد حیات صاحب انصاری اور ماسٹر عزت علی نے تقریریں کیں۔ حجاج کو خوش آمدید کہا گیا اس کے بعد حجاج اللہ اکبر کے نعرے لگاتے ہوئے شہر کی طرف روانہ ہو گئے۔ اس سال یہاں سے بہت کافی حجاج گئے تھے۔

حلوائیوں کا مطالبہ

حلوائیوں کی کمیٹی کے ایک جلسہ میں موجودہ حالات پر غور کیا گیا اور چینی کی کمی پر حکومت کو توجہ دلاتے ہوئے حکومت سے شکر کا مطالبہ کیا گیا۔

بندروں کی آفت

دیگر مقامات کی طرح یہاں بھی بندروں کی تعداد میں بہت اضافہ ہو چکا ہے۔ بندروں کی تعداد اب بھی برابر بڑھ رہی ہے۔ اور پبلک کی پریشانیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بچوں سے چھیننے کے واقعات روزانہ بکثرت کی تعداد میں ہو جاتے ہیں۔ گھروں میں بھی کوئی چیز بندروں سے محفوظ نہیں رہی۔

کچھوچھہ شریف کے سلسلہ میں وعظ

کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد میں ۲۷، ۲۸ محرم ۱۳۶۹ھ کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء ضلع فیض آباد نے اپنا ایک تبلیغی و انتظامی وفد بسر کردگی حضرت مولانا [illegible] بھیجا وفد مذکور نے وہاں پہنچ کر مقامی افسران درگاہ کے بااثر حضرات سے مل کر انتظامی امور کی دیکھ بھال کی اور اس کے بعد مولانا موصوف نے ایک جلسہ وعظ میں مسلمانوں کو دین اسلام کی پابندی کی تلقین فرمائی جس کا بہت کافی اثر ہوا۔

دہلی گرو تیغ بہادر کی برسی

دہلی ۲۵ نومبر آج گرو تیغ بہادر کی برسی کے موقع پر ایک عظیم الشان جلوس میں ہزاروں سکھوں نے حصہ لیا۔ شام کو جلوس گوردوارہ سیس گنج سے روانہ ہوا۔ اور چاندنی چوک ہوتا ہوا [illegible] اجمیری دروازہ [illegible] کے انتظامات معقول تھے اور پولیس کا ایک دستہ جلوس کے ساتھ تھا۔

ہندو مہاسبھا کی صدارت کیلئے امیدوار

نئی دہلی ۲۴ نومبر آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے دسمبر کے آخری ہفتہ میں ہونیوالے سالانہ اجلاس کی صدارت کے لئے ڈاکٹر [illegible]، بی کھرے (سی پی) اور ڈاکٹر گوکل چند نارنگ (ریفیوجی ڈیلس یونیورسٹی آف کل ہند ہندو مہاسبھا) دو امیدوار ہیں۔ ڈاکٹر این بی کھرے جو پہلے سی پی کے کانگریسی وزیر اعظم تھے۔ ہندو مہاسبھا میں شمولیت سے قبل اٹھارہ سال تک کانگریس میں [illegible]

تازہ ترین
بناسپتی کے لئے
طلب کیجئے رتھ برانڈ
اس میں وٹامن شامل کیا گیا ہے۔
۵ اور ۱۰ پونڈ کے ٹینوں میں
دکاندار سے "رتھ" بناسپتی طلب کیجئے جو ہمیشہ
خالص اور صحت بخش ہوتا ہے۔ دوسرا بناسپتی نہ لیجئے!
ڈی سی ایم کے دوسرے مال کی طرح یہ بناسپتی بھی نہایت اعلیٰ درجہ کا ہے
★
ڈی ڈی سی ایم بناسپتی مینوفیکچرنگ
ورکس دہلی
سیلنگ ایجنٹ - دی دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی
ہوٹل، ریسٹورنٹ
اور مٹھائی والو!
[illegible]

جاپان یورپین سرمایہ اپنا قبضہ کرنا چاہتا ہے

وزیر اعظم جاپان ملک بیچنے کے لئے تیار ہو گئے

ٹوکیو ۲۵ نومبر۔ جاپان کے وزیر خارجہ نے ایوان عالیٰ میں کہا کہ جاپان جلد سے جلد پہلے کی طرح غیر ملکیوں سے اپنے تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے لیکن یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ اتحادیوں سے معاہدہ امن نہ ہو جائے۔

ایوان عالیٰ کی بجٹ کمیٹی میں وزیر اعظم یوشیدا نے کہا کہ جاپان کو یقین ہے کہ اگر رکاوٹیں جو اس وقت تک حائل ہیں دور کر دی جائیں تو غیر ملکی سرمایہ جاپان میں لگ سکتا ہے [illegible]

وزیر اعظم نے بتایا کہ غیر ملکی کمپنیوں کے ہاتھ سرمایہ لگانے کے متعلق پیش کش کی جا رہی ہے۔ نیز جاپان کا ایک مشن اس مقصد کے لئے غیر ملکوں میں گشت کر رہا ہے۔ (اے پی ٹی)

ہندوستان پاکستان اور برما میں

فوجی خدمت کے لئے انگریز افسروں کا کالج

لندن ۲۵ نومبر سابق حکومت ہند کے سیکریٹری تعلیمات سر جان سرجینٹ نے تجویز کیا ہے کہ سمندر پار ممالک اور خاص طور پر ہندوستان، پاکستان اور برما میں خدمت کرنے کے لئے انگریز افسروں کی تربیت کے لئے ایک اسٹاف کالج قائم کیا جائے۔ یہ کالج سوا لاکھ پونڈ کے مصارف سے چلایا جائے گا۔ اور پہلے اس میں عرصہ تک طلبہ علم داخل کئے جائیں گے۔ (پ ٹ)

مدراس میں ڈاکٹر پٹابھی کی سالگرہ

مدراس ۲۵ نومبر۔ یہاں ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ صدر کانگریس کو مختلف اداروں کی طرف سے ان کی ستر ویں سالگرہ پر مبارکباد دی گئی۔ [illegible]

نجیب آباد کی خبریں

سنسنی خیز ڈاکہ

موضع گدائیگا۔ تعلقہ نجیب آباد میں ۲۰ نومبر کی شب میں مسلح ڈاکہ پڑا جس میں [illegible] نے ڈاکوؤں کا مقابلہ کیا لیکن وہ فائرنگ کی تاب نہ لا سکے ایک شخص فوراً ہی ہلاک ہو گیا دوسرا بری طرح زخمی ہوا پولیس تحقیقات کر رہی ہے۔

خالصہ زمینداری فنڈ

ضلع بجنور سے خالصہ زمینداری فنڈ میں تین لاکھ سے زائد روپیہ جمع ہو چکے ہیں جن میں نجیب آباد کا نمبر اول ہے۔

پولیس کا چھاپہ

پولیس نے نجیب آباد [illegible] چھاپہ مارا [illegible]

رام پور سوشلسٹ پارٹی کا احتجاج

رام پور بذریعہ ڈاک ۲۲ نومبر کو یہاں سوشلسٹ پارٹی کے دفتر میں پارٹی کی ایک میٹنگ [illegible] پولیس سپرنٹنڈنٹ رام پور کے سوشلسٹ پارٹی کے جنرل سکرٹری سے بدخلاقی سے پیش آنے پر [illegible]

لفٹنٹ کرنل علی محمد خاں وطن واپس

لفٹنٹ کرنل نواب علی محمد خاں صاحب آف لوہارو [illegible]

لندن میں پنڈت نہرو کے خلاف مظاہرہ

مقدمہ ۲۰ دسمبر کو ملتوی ہو گیا

لندن ۲۵ نومبر۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کے گذشتہ قیام انگلستان میں مسلم لیگ کی آزاد کشمیر سوسائٹی کی جانب سے سید فضل شاہ اور ان کے بہنوئی سالار فرزند حسین شاہ نے ایوان ہند کے سامنے جو مظاہرہ کیا تھا اس کے الزام میں انہیں گرفتار کر لیا گیا تھا۔ کل عدالت میں دوسری مرتبہ ان کا مقدمہ پیش ہوا اور پولیس نے دوبارہ مزید تحقیقات کے لئے مہلت لے لی۔ اس موقع پر سید فضل شاہ نے نہ صرف الزام ہی سے انکار کیا بلکہ پولیس نے الزام کو تسلیم کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ انہوں نے پولیس کے کام میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی تھی۔ ڈیفنس استغاثہ نے بیان دیا کہ اس موقع پر مجاہدین نہرو کے خلاف جلوس کی وجہ سے حالات کسی قدر نازک ہو سکتے تھے۔ اس مقدمہ کی مزید سماعت ۲۰ دسمبر کو ہوگی۔

سابق اسپیشل پولیس کانسٹیبلوں کو سزا

پولیس کیمپ سے ہتھیار چرائے تھے

مدراس ۲۵ نومبر۔ اسپیشل آرمڈ پولیس کے دو سابق کانسٹیبلوں کو پولیس کیمپ سے ہتھیار چرانے کے الزام میں چار چار سال کی قید کی سزا دی گئی [illegible]

یوم جمہوریہ کی تاریخ میں تبدیلی

بمبئی ۲۵ نومبر۔ کل اطلاع دی جا چکی ہے کہ ہندوستان میں ۱۵ دسمبر کو یوم جمہوریہ منایا جائے گا۔ لیکن اب معلوم ہوا ہے کہ تاریخ میں تبدیلی کر دی گئی ہے اور اب یہ [illegible] دسمبر کو منایا جائے گا۔ (پ ٹ)

انجمن ترقی اردو کے اخبار

ہماری زبان کا دوبارہ اجراء

اس وقت زبان کی حفاظت اور ترقی کے لئے کام کا بہت بڑا میدان ہے۔ [illegible] دستیاب نہیں ہوا جا سکتا کہ حفاظت بہتر اور زیادہ شکل ہے۔ انجمن ترقی اردو ہند کا بہر طور پر اردو مقبول تمام مسلم و عام ہفتہ وار اخبار "ہماری زبان" دوبارہ جاری کیا جا رہا ہے۔ اس کا سالانہ چندہ [illegible] [illegible] (سکریٹری انجمن ترقی اردو ہند [illegible])

امن کانگریس

بقیہ صفحہ ۲

[illegible]

خطبہ صدارت

جناب صدر نے اپنے خطبہ میں کہا کہ [illegible] جنگ کے خواہاں کی جنگی تیاریوں کے خلاف اور نظریہ امن کے حق میں رائے عامہ کو ہموار کریں۔

اس اجلاس میں متعدد تجاویز منظور کی گئیں۔ [illegible]

جرمنی سے اتحادی فوجیں ہٹائی نہیں جائیں گی

فرانس کے وزیر خارجہ مسٹر شومان کا اعلان

پیرس ۲۵ نومبر۔ فرانس کے وزیر خارجہ مسٹر شومان نے فرانس کی اسمبلی میں معاملات خارجہ پر بحث کرتے ہوئے کہا کہ جرمنی میں اتحادیوں کی افواج کی موجودگی اٹلانٹک پیکٹ سسٹم کا اہم جزو ہے اب ۶۵ سال کے مقابلہ میں آج جرمنی کے پاس ملک بانچ گنا ہے۔ فرانس کے نمائندے کی حیثیت سے میں جرمنی سے فوجوں کے انخلاء کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

جرمنی کو غیر مسلح کرنے کے منصوبے نے آج نئی شکل اختیار کر لی ہے۔ [illegible] جرمنی کو ہوائی [illegible] یہ ان کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ جرمنی اور فرانس کے درمیان سے نفرت ختم ہونی چاہیئے۔ (اے پی)

پنڈت نہرو رڑکی روانہ ہو گئے

نئی دہلی ۲۵ نومبر۔ آج صبح ہند کے وزیر اعظم پنڈت نہرو انجینئرنگ کالج رڑکی کے جلسہ تقسیم اسناد میں اپنے خطبہ پڑھنے کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز سہارنپور روانہ ہو گئے ہیں۔ جہاں سے بذریعہ موٹر رڑکی جائیں گے۔

ڈھاکہ اور چٹاگانگ کی ہوائی مستقروں کی توسیع

ڈھاکہ ۲۵ نومبر۔ یہاں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ جب سے مشرقی پاکستان میں ہوائی [illegible] کام کر رہا ہے ڈھاکہ اور چٹاگانگ کے ہوائی مستقروں کو ترقی دینے کے کام کو مقدم رکھا جائے گا۔ [illegible]

رومانیہ میں امریکی جاسوسوں کو سزائے موت

بخارسٹ ۲۵ نومبر۔ رومانیہ کی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ کل ایک مقامی فوجی عدالت نے امریکہ کے لئے جاسوسی کرنے کے الزام میں چار افراد کو موت اور [illegible] کو قید کی سزا دی ہے۔ [illegible] (رائٹر)

بریلی مسلم سیٹ کا انتخاب کیلئے خصوصی جلسہ

(نامہ نگار)

[illegible] کانگریس کمیٹی بریلی کے [illegible] شہر کانگریس کی ایک میٹنگ ہوئی ہے جس میں بریلی کی جنرل مسلم سیٹ کیلئے امیدواروں کے ناموں پر [illegible] کانگریس پارلیمنٹری بورڈ کے سکریٹری [illegible]

الجمعیۃ کے لئے کاتبوں کی ضرورت

روزنامہ الجمعیۃ کے لئے خوش خط اور زود نویس کاتبوں کی ضرورت ہے۔ جو کاتب صاحبان درخواست کرنا چاہیں وہ اپنی جلی اور خفی تحریر دل کے تازہ ترین نمونوں کے ساتھ دفتر میں آکر ملیں۔

عبد الوحید صدیقی
جنرل منیجر

افغانستان کو دو کروڑ دس لاکھ ڈالر کا قرضہ

واشنگٹن ۲۵ نومبر۔ کل ایکسپورٹ امپورٹ بنک نے اس امر کا اعلان کیا ہے کہ افغانستان کو جو قرضہ دیا جائیگا وہ کسی صورت میں بھی دو کروڑ دس لاکھ ڈالر سے زیادہ نہیں ہوگا۔ افغانستان اس رقم کو اپنی آبپاشی کی تجویز کی تکمیل پر صرف کرے گا۔

اس رقم سے ساڑھے چار فیصدی سود لیا جائے گا۔ افغانستان غیر ملکوں سے مشینیں اور کوئی دوسرے ضروری سامان خریدے گا۔ یہ رقم پندرہ سال کے اندر قسط وار اقساط کے ذریعہ سے وصول کی جائے گی۔ (پ ٹ ا)

صوبہ کیرالا کی تشکیل کا مسئلہ

مدراس ۲۵ نومبر۔ ریاست ہائے متحدہ کوچین ٹراونکور کے وزیر مسٹر گوبند مینن نے یہاں پر آج بتایا کہ صوبہ کیرالا کی تشکیل کے لئے مدراس کے ضلع مالابار کو گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی دفعہ ۲۹۰ کے تحت ۲۶ جنوری سنہ ۵۰ کو حکومت ٹراونکور کوچین میں شامل کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] (ر ٹ)

شانتی نکیتن میں امن کانفرنس کی تیاری

لندن سے یورپی ممالک کے نمائندوں کی روانگی

شانتی ۲۵ نومبر۔ یکم دسمبر کو شانتی نکیتن میں امن کانفرنس کا اجلاس شروع ہونیوالا ہے۔ اس میں ۴۰ ممالک سے ۵۰ نمائندے شامل ہونگے جو ۷۰ کروڑ امن پسند روحوں کی نمائندگی کرینگے۔ اس کانفرنس میں دنیا بھر کی ایک حکومت کے قیام عدم تشدد بھائی چارہ اور نسلی مساوات کی بنا پر قیام امن کا منصوبہ بنایا جائیگا۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد اجلاس کی صدارت کریں گے۔ [illegible] (رائٹر)

"الجمعیۃ" میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو ترقی دیجئے

از محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور پاکستان
نوٹس بنام فریق ثانی
اشتہار
[illegible]
آج بتاریخ ۱۲ ماہ نومبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔
دستخط حاکم

حکومت کشمیر کے مصارف میں ایک کروڑ روپیہ کی تخفیف

سری نگر ۲۵ نومبر۔ نیشنل کانفرنس کے کارکنان کے ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے ریاست کے وزیر عزت [illegible] صاحب نے اس امر کا انکشاف کیا ہے کہ کشمیر کی حکومت اسی سال رواں میں اپنے مصارف کو ایک کروڑ روپیہ کم کرنا چاہتی ہے لیکن اس نے یہ کہا کہ حکومت اپنی تخفیف مصارف کی تجویز پر عمل پیرا ہو رہی ہے [illegible] اس سال کے میزانیہ [illegible] ایک کروڑ روپیہ کا خسارہ رہے گا۔ (خصوصی نامہ نگار)

راجستھان اور مدھیہ بھارت میں اراضی کا تبادلہ

جے پور ۲۵ نومبر۔ کل راجستھان کے وزیر اعظم مسٹر ہیرالال شاستری نے ایک ملاقات کے دوران میں کہا کہ راجستھان کے علاقہ کے ایسے چالیس گاؤں جن کا انتظام میری حکومت کرتی ہے بہت جلد مدھیہ بھارت کی حکومت کے حوالہ کر دیئے جائیں گے اور ان کے بدلے میں ایک گاؤں مدھیہ بھارت سے راجستھان کے زیر انتظام منتقل کر دیئے جائیں گے۔

[illegible] کا ایک حصہ ہے حکومت ہند [illegible] غور کرے گی۔ انہوں نے اس امر کا بھی انکشاف کیا کہ یہ فیصلہ راجستھان مدھیہ بھارت اور حکومت ہند کے نمائندوں کے اس جلسہ میں کیا گیا ہے جو گذشتہ ہفتہ یہاں منعقد ہوا تھا۔ (پ ٹ)

بنگالیوں کے خلاف فرد جرم

پولیس پر پتھر پھینکنے اور زخم پہنچانے کا الزام

کلکتہ ۲۵ نومبر چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے ۲۸ بنگالی جوانوں کے خلاف فساد کرنے اور پولیس کو زخم پہنچانے کے الزامات عائد کئے ہیں۔ مقدمہ ۳۰ نومبر کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔ ان لوگوں کو ۲۴ اکتوبر کو گرفتار کیا گیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جب کلکتہ میں چرخ چیمن کا دن منایا گیا اور پولیس کے جلوس کے ہمراہ تھی۔ تو ان جوانوں نے پولیس پر پتھر پھینکے جن سے پولیس کانسٹیبلوں کو زخم آئے۔ ان میں سے چھ کی ضمانت ہو گئی ہے۔ اور دو گرفتار ہیں۔

غیر ملکوں سے پاکستان کی تجارت

لندن ۲۵ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ غیر ملکوں سے پاکستان کی تجارت سوائے ہندوستان کے گذشتہ سال کے مقابلہ میں اس سال زیادہ رہی۔ کہا جاتا ہے کہ اس سال ۳ کروڑ روپیہ کی تجارت زیادہ ہوئی۔ [illegible] (اے پی ٹی)

از محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور
اشتہار
[illegible]
آج بتاریخ ۱۱ ماہ نومبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔
دستخط حاکم

مشرقی پنجاب کے وزراء کی تنخواہوں میں رضاکارانہ تخفیف

شملہ ۲۵ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مشرقی پنجاب کے وزراء نے ملک کی موجودہ اقتصادی حالت کے پیش نظر اس ماہ سے اپنی تنخواہوں میں رضاکارانہ طور پر پچاس روپیہ ماہوار کی تخفیف کر دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

بہترین کتابوں پر انعامات

ہندوستانی اکاڈیمی کا اعلان

یہ طے پایا ہے کہ خاص خاص مضمونوں کی ہندی اور اردو مطبوعہ کتابوں پر ہندوستانی اکیڈیمی کے ذریعہ دیئے جانے والے سالانہ انعام پھر سے جاری کئے جائیں۔ ۱۹۴۹ء کے انعام اپریل ۱۹۴۵ء کے بعد چھپے ہوئے افسانوں (ناول اور کہانیوں) کی بہترین کتابوں پر دئے جائیں گے۔

یہ انعام پانچ پانچ سو روپیہ کے ہوں گے۔ ایک انعام ہندی اور ایک اردو کے لئے ہے۔

مصنفین، پبلشر اور عام صاحب سے التماس ہے کہ وہ مطبوعہ کتابوں کے نام مع ضروری اطلاعات کے [illegible] تک بھیج دیں [illegible]

کمیونسٹوں نے پاسپورٹ نہیں دیا

واشنگٹن ۲۵ نومبر۔ امریکہ کی فوج نے اعلان کیا ہے کہ چین کے کمیونسٹ حکام نے امریکی فوجی اتاشی بریگیڈیر جنرل رابرٹ سول کو امریکہ جانے کے لئے پاسپورٹ دینے سے انکار کر دیا ہے [illegible] (اے پی)

ریلوے ملازمین کیلئے لازمی بچت کی سکیم

نئی دہلی ۲۴ نومبر۔ آل انڈیا ریلوے مین فیڈریشن نے فیصلہ کیا ہے کہ ان ریلوے ملازمین کو جن کی تنخواہ ۲۰۰ سو سے کم ہے لازمی بچت کی سکیم کے تحت رعایت [illegible] [illegible]

از امین جائیداد تارکین بہاولپور پاکستان
نوٹس بنام فریق ثانی
اشتہار
[illegible]
آج بتاریخ ۱۲ ماہ نومبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔
دستخط حاکم

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

ہندوستان ۔ پاکستان
اور دیگر ملکوں کے لئے
آمدورفت اور تجارتی سامان بھیجنے کے لئے ہماری رہنمائی سے فائدہ اٹھائیں ۔ سامان بھیجنے کا خاطر خواہ تسلی بخش انتظام
نوٹ ۔ ہوائی سروس کا [illegible] اصل اجرت کچھ نہیں لیا جاتا ۔
فون نمبر ۔ تار کا پتہ ۔ ایجنسی
انڈیا پاٹریول ایجنسی
زیر مسلم ہوٹل ۔ گلی قاسم جان
بلیماران دہلی ۔ (ہندوستان)
[illegible]

سنڈے ایڈیشن
روزنامہ
الجمعیۃ

کلکتہ میں
اخبار الجمعیۃ ۔ عثمانیہ بک ڈپو
۱۰۴ لوئر چیت پور روڈ سے خرید فرمائیں
ناگپور میں
اخبار الجمعیۃ ۔ مسلم نیوز ایجنسی
تال صاحب روڈ سے طلب فرمائیں

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ ع
فون نمبر:- ۵۱۳۵
تار کا پتہ، الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم پیر ۵ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۸ نومبر سنہ ۱۹۴۹ع | نمبر ۲۸۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دنیا کے قدرتی عجائبات

آتش فشاں پہاڑ: دنیا کے سب سے بڑے دو کوہ آتش فشاں جنوبی امریکہ میں ہیں ۔ ایک چمبورازو ہے ۲۰۷۰۲ فٹ اور دوسرا کوٹاپیکسی ہے ۱۹۵۵۰ فٹ بلند ۔

فوارے: ییلو اسٹون نیشنل پارک (امریکہ) میں دنیا کے کسی اور حصہ کی نسبت زیادہ پائے جاتے ہیں ۔ پارک میں سب سے بڑا فوارہ "پلاننا فاؤنٹن" کے نام سے پکارا جاتا ہے [illegible] فٹ کی بلندی پر پہونچتا ہے ۔ [illegible]

آبشار: دنیا کی سب سے بڑی آبشار جنوبی افریقہ میں [illegible] ہے ۔ دوسری بڑی آبشار [illegible] امریکہ میں برٹش گیانا میں ہے ۔ اس کا نام کیٹیور ہے ۔ اور یہ [illegible] فٹ کی بلندی سے گرتی ہے ۔

پیالہ نما کھائی: اونچے اونچے پہاڑوں کے درمیان سب سے بڑی پیالہ نما کھائی دریائے کولوراڈو امریکہ میں ہے ۔ اس کا درمیانی فاصلہ ۲۱۷ میل ہے اور کنارے چلتے چلتے [illegible] میل تک چوڑے ہیں اور اس کی گہرائی ۵۵۰۰ فٹ ہے ۔

غار: دنیا کی سب سے بڑی غار کنٹکی (امریکہ) میں ہے ۔ اس کا رقبہ دس میل ہے اور اس میں آمد و رفت کے راستوں کی مجموعی لمبائی سو میل ہے ۔

برف کے تودے: دنیا میں سب سے بڑے برفانی تودے آرکٹک، گرین لینڈ اور انٹارکٹک کے خطوں میں پائے جاتے ہیں ۔

صحرا: صحرائے اعظم شمالی افریقہ میں واقع ہے ۔ اس کا رقبہ ۳۰۰۰۰۰۰ مربع میل ہے اور سمندر سے ۹۰۰۰ فٹ کی بلندی پیدا ہوتی ہے ۔

کوہستانی چوٹیاں: دنیا میں سب سے اونچی کوہستانی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ ہے جس کی بلندی ۲۹۰۰۲ فٹ ہے ۔ اور یہ نیپال میں ہمالیہ پہاڑ کا ایک حصہ ہے ۔

جھیلیں: تازہ پانی کی سب سے بڑی جھیل ایک سپیریئر ہے [illegible] امریکہ اور کینیڈا کے درمیان واقع ہے ۔

سمندر: کرہ ارض پر سب سے بڑا سمندر بحر الکاہل ہے [illegible] منڈانا کے پاس ۳۵۴۰۰ فٹ گہرا ہے ۔

دنیا کے بڑے بڑے صحرا

صحرائے گوبی	(منگولیا، ایشیا)	۳۰۰۰۰۰	مربع میل
صحرائے افریقہ		۳۰۰۰۰۰۰	مربع میل
صحرائے کالاہاری	(جنوبی افریقہ)	۱۲۰۰۰۰	مربع میل
صحرائے تبت	(ایشیا)	۲۳۰۰۰۰	مربع میل
صحرائے تکلامکن	(تاریم بیسن) (مشرقی ترکستان)	۷۰۰۰	مربع میل
صحرائے عرب	(ایشیا)	۱۷۰۰۰	مربع میل
اٹاکاما	(مشرقی چلی)	۴۰۰۰	مربع میل

[illegible]

پنڈت ہری چند اختر ایم ۔ اے

نعت رسول صلعم

اختر صاحب کی مندرجہ ذیل نعت اگرچہ کتنا قدر پرانی ہے لیکن موصوف نے جس پاکیزگی اور سادگی کے ساتھ نبی کریم صلعم کا مقدس بعثت بیان فرمایا ہے ۔ وہ آج بھی ہمارے بہت سے نعت گو شعراء کے لئے مشعل ہدایت بن سکتی ہے ۔

کس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا
کس نے ذروں کو اٹھایا اور صحرا کر دیا

شوکت مغرور کا کس شخص نے توڑا طلسم
منہدم کس نے الٰہی قصر کسریٰ کر دیا

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا در یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں حق کے نام پر
اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کر دیا

کہہ دیا لاتقنطوا اختر کسی نے کان میں
اور دل کو سر بسر محو تمنا کر دیا

سات پردوں میں چھپا بیٹھا تھا حسن کائنات
اب کسی نے اس کو عالم آشکارا کر دیا

آدمیت کا غرض ساماں مہیا کر دیا
اک عرب نے آدمی کا بول بالا کر دیا

جگن ناتھ آزاد ایم ۔ اے

۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۷ع

آزاد ایک جوان فکر لیکن پختہ کار شاعر ہیں ۔ اور تقسیم ہند کی بدولت لاکھوں بے گھر افراد کی طرح اپنا آبائی وطن چھوڑ کر دہلی آنے پر مجبور ہوئے ہیں ۔ لیکن وہ وسط اگست سنہ ۴۷ع کے اس ناقابل فراموش حادثہ کو کس زاویہ نظر سے دیکھتے ہیں؟ اس سوال کا جواب ذیل کی نظم سے مل سکتا ہے ۔ یہ نظم مہینے کے بزم نظم پنڈت نہرو کی زیر صدارت سری نگر میں منعقد ہونے والے مشاعرہ میں پڑھی گئی تھی

نہ پوچھ جب بہار آئی تو دیوانوں پہ کیا گزری
ذرا دیکھو کہ اس موسم میں فرزانوں پہ کیا گزری

بہار آتے ہی ٹکرانے لگے کیوں ساغر و مینا
بتا اے پیر میخانہ یہ میخانوں پہ کیا گزری

نظر اس ہر طرف کیوں دھجیاں آوارہ ہیں ان کی
جنون سر فروش تیرے افسانوں پہ کیا گزری

وصال شمع کی حسرت میں سب بے تاب پھرتے تھے
یہ کیا جانوں حضور شمع پروانوں پہ کیا گزری

کھو دیر و حرم والو یہ تم نے کیا فسوں پھونکا
خدا کے گھر پہ کیا بیتی صنم خانوں پہ کیا گزری

نشان برگ گل تک بھی نظر آتا نہیں مجھ کو
سمجھ میں کچھ نہیں آتا گلستانوں پہ کیا گزری

جہاں نور سحر کے بھی قدم جلتے ہوئے تھے
تباہ کوں آخر ان شبستانوں پہ کیا گزری

وہ رنگینی [illegible] پھر بہارستانوں پہ کیا گزری
شباب دشت سے سمور کاشانوں پہ کیا گزری

ابھی تو چشم عبرت وقت کی رفتار دیکھے گی
ابھی یہ کس طرح کہہ دیں کہ انسانوں پہ کیا گزری

نہ پوچھ آزاد اپنوں اور بیگانوں کا افسانہ
ہوا تھا کیا یہ اپنوں کو یہ بیگانوں پہ کیا گزری

مُردوں کی بستی!

(امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد)

دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ اگر انسان کی نیند موت کی نیند نہ ہو تو کبھی نہ کبھی ضرور ختم ہوتی ہے اور ایسا نہیں ہو سکتا کہ سونے والا کبھی نہ جاگے ۔ پھر بعضوں کی نیند ایسی ہوتی ہے کہ ایک ذراسی آواز ان کو جگا دینے کے لئے کافی ہوتی ہے ۔ بعض کی ان سے سخت ہوتی ہے تو ان کے لئے کھینچنے اور شور مچانے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ [illegible]

[illegible]

ابو ذر غفاری رض

(جناب اشفاق حسین [illegible])

اسلام بحیثیت اس معاشی نظام کو برقرار رکھنا چاہتا ہے [illegible]

[illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا آپکا اخلاقی فرض ہے

تالا چابی مارکہ خضاب ۱۳۵ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے ہر جگہ ملتا ہے

سٹاکسٹ
محمد رفیع بارڈی جنرل مرچنٹ
گلی مٹکوں والی صدر بازار دہلی

HAIR DYE

Daily Aljamiat
1923
DATE:- 27-11-49
PHONE 5855

ملک صنعت و حرفت میں کسطرح ترقی کر سکتا ہے رڑکی کالج میں وزیر اعظم کا ایڈریس

رڑکی ۲۵ نومبر ۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے آج تھامسن انجینیرنگ کالج میں کانووکیشن ایڈریس پڑھتے ہوئے ملک کے اندر مشترکہ منصوبہ بندی [illegible] ۔ پہلے صرف ان منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے پر زور دیا ۔ [illegible] اس کالج کا آج انجینیرنگ یونیورسٹی کی حیثیت سے افتتاح ہو رہا ہے کانووکیشن کے موقع پر سر ہری مودی گورنر یو پی اور پنڈت پنت وزیر اعظم یو پی اس موقع پر موجود تھے ۔ ان کے علاوہ دس ہزار سے زائد اشخاص شامل تھے ۔ (ڈ پ ٹ ۱)

ضلع میرٹھ میں زمینداری فنڈ

میرٹھ ۲۵ نومبر ۔ ضلع میرٹھ میں تنسیخ زمینداری فنڈ کافی تعداد میں جمع ہو گیا ہے سرکاری طور پر پتہ چلا ہے کہ اب تک ۲۵ لاکھ سے بھی زیادہ ہو چکا ہے ۔ پ

تیسری خواندگی کی بحث ختم

(بقیہ صفحہ اول کالم چار)

[illegible]

گورنر جنرل کا اختیار

[illegible]

حاجیوں کے جہاز کی آمد

نئی دہلی ۲۵ نومبر ۔ وزارت امور خارجہ کا ایک پریس نوٹ مظہر ہے کہ جہاز رنگا اور مظفری نامی جہاز جدہ سے بالترتیب ۱۴ اور ۷۵ حاجیوں کو ۱۹ نومبر کو بمبئی پہنچ گیا ہے ۔ [illegible] ۲۱ نومبر کو جدہ سے بمبئی روانہ ہو گیا ہے

مٹی کے تیل کی چور بازاری
فیڈرل کورٹ کا فیصلہ

نئی دہلی ۲۵ نومبر ۔ آج فیڈرل کورٹ نے مکو صوبہ متحدہ کی اس اپیل کا فیصلہ سنا دیا ہے جو اس نے مٹی کے تیل کے ایک سوداگر باسدیو کے خلاف دائر کی تھی ۔ باسدیو کو دسمبر سنہ ۱۹۴۸ء میں چور بازاری کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا ۔ اور حکومت صوبہ متحدہ کے حکم سے اسے نظر بند کیا گیا تھا ۔ لیکن بعد میں الہ آباد ہائیکورٹ نے ایک حکم کی بنا پر اسے رہا کر دیا گیا تھا ۔ [illegible] (ر پ ٹ ۱)

پٹیالہ یونین میں ایک سکھ گرفتار
رائفلیں اور کارتوس برآمد ہوئے

نئی دہلی ۲۵ نومبر ۔ پٹیالہ مشرقی پنجاب یونین کے [illegible] کی پولیس نے ایک سکھ [illegible] کو اسلحہ ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا معلوم ہوا ہے کہ اس کے قبضہ سے [illegible] رائفلیں جن میں ایک ۳۰۳ بور بندوق [illegible] اور تقریباً تین سو کارتوس برآمد ہوئے ۔ پ

حیدر آباد کا عارضی الحاق
ریاست کے سیاسی حلقوں کا خیر مقدم

حیدر آباد ۲۵ نومبر ۔ حیدر آباد کے ہندوستان سے عارضی الحاق کا بیان تمام سیاسی حلقوں میں اچھی طرح خیر مقدم کیا گیا ہے ۔ [illegible]

پیرس میں تیس لاکھ مزدوروں کی ہڑتال

پیرس ۲۵ نومبر ۔ یہاں ۳۰ لاکھ سے زائد مزدوروں نے ۲۴ گھنٹے کی ہڑتال کی [illegible] پولیس نے ہڑتال کی ہے ۔ پولیس سے لیکن کہیں بھی جگہ جگہ موجود تھی ۔

دار السلطنت
(نامہ نگار خصوصی [illegible])
۲۷ نومبر سنہ ۱۹۴۹ء

فلیگ ڈے کے لئے چیف کمشنر کی اپیل

۲۹ دسمبر کو فلیگ ڈے منایا جائے گا اس سلسلہ میں آج شام نئی دہلی میونسپلٹی ہال میں چیف کمشنر شنکر پرشاد کی صدارت میں شہر کے معززین کی میٹنگ ہوئی جس میں ایک مرکزی کمیٹی چیف کمشنر کی صدارت میں بنائی گئی ۔ [illegible] قومی جھنڈے فروخت کئے جائیں گے ۔ [illegible]

چیف کمشنر کی تقریر

[illegible]

جنرل ہیڈ کوارٹر کے افسر کو سزا

ایڈیشنل سیشن جج مسٹر سردار ی لال نے آج جنرل ہیڈ کوارٹرز کے [illegible] ۔ [illegible]

دہلی میونسپل کمیٹی کا پریس نوٹ

[illegible]

اکالی کارکنوں کی ضمانت کی درخواستیں

[illegible]

پوسہ کالونی کے مکانات کا کرایہ

[illegible]

انڈیا پاکستان فرینڈ شپ ایسوسی ایشن

نئی دہلی ۲۵ نومبر ۔ انڈیا ۔ پاکستان فرینڈ شپ ایسوسی ایشن نے صوبائی علاقوں میں اپنی شاخیں قائم کرنے کے لئے چار علاقائی منتظمین کا تقرر کیا ہے ۔ [illegible]

پوسا کالونی میں نئی بستی
پٹیل نگر نام ہوگا

[illegible]

کیا نوں کا ایک

(بقیہ صفحہ اول کالم ۳)

[illegible]

نقالوں سے بچئے ۔ اصلی مچھلی چھاپ دیکھ لیجئے
آنکھ
مچھلی چھاپ
[illegible]

جنتری کیلئے ایجنٹوں کی ضرورت
شیخ الہند جنتری سنہ ۱۹۵۰ء کی مکمل جنتری کے دوسرے ایڈیشن کے لئے ایجنٹوں کو خصوصی رعایت
قیمت فی جنتری ۹ آنے
پتہ : گوشہ ادب حویلی اعظم خاں دہلی

فوطہ بڑھنے اور آنت اترنے کی مجرب دوا
[illegible]
حکیم شاہت علی عالم مثنوی مولانا روم صاحب
محمود نگر ۱۹ لکھنؤ (یوپی)

دستور یہ ہند میں ڈاکٹر امبیدکر کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول کالم ایک)

ہندوستانی قوم

[illegible]

مستقبل پر ایک نظر

[illegible]

سوشلسٹوں اور کمیونسٹوں کو جواب

[illegible]

ایوان کو مبارکباد

[illegible]

ستیہ گرہ کرنا چھوڑ دو

[illegible]

سنڈے ایڈیشن
الجمعیۃ
دہلی
۲۸ نومبر ۱۹۴۹ء

حکومت ہند کے اردو رسالے

—: (اسرار احمد آزاد) :—

دوسری عالمگیر جنگ کے زمانہ میں ہندوستانی عوام کو دنیا کے حالات سے باخبر رکھنے کے لئے حکومت ہند کے شعبۂ نشر و اشاعت نے ہندوستانی زبانوں میں متعدد ماہوار اور پندرہ روزہ رسائل جاری کئے تھے لیکن بیشتر حالات میں ان رسائل کے متعلق اس امر کا خیال رکھا جاتا تھا کہ انہیں براہ راست سیاسی مقاصد کے لئے استعمال نہ کیا جائے اور ان کے ذریعہ سے اہل ہند کے علمی و ادبی ذوق کو ابھار کر انہیں فکر و عمل کی اس منزل تک پہنچا دیا جائے جہاں پہنچ کر سیاسی شعور کی بیداری خود بخود ہو جاتی ہے۔

ہندوستان کی تقسیم کے بعد چند روز کے لئے کم از کم اس سلسلہ کے پندرہ روزہ رسالہ "آجکل" کی اشاعت ملتوی ہوگئی تھی لیکن جب حالات سازگار ہونے شروع ہوگئے تو نہ صرف "آجکل" ہی کو دوبارہ جاری کیا گیا بلکہ حکومت کے جاری کئے ہوئے ان رسائل میں ایک نئے رسالہ "نیا عالم" کا اضافہ بھی کردیا گیا اور اس نئے رسالہ کو صرف بین الاقوامی حالات و واقعات کی طبع و اشاعت ہی کے لئے مخصوص کردیا گیا۔ چنانچہ یہ رسائل گذشتہ ڈیڑھ سال سے جاری ہیں اور اپنی اپنی جگہ نہایت خوش اسلوبی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے پیش نظر مقاصد کی تکمیل کا فریضہ انجام دے رہے ہیں لیکن حال ہی میں ہمیں جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ تخفیف مصارف کے سلسلہ میں حکومت ہند نے جو مہم شروع کر رکھی ہے اس کے ماتحت ان رسائل کو بند کردینے کے مسئلہ پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔

اردو زبان کے کسی رسالہ کا بند ہوجانا کوئی اہم واقعہ نہیں اور ہم اس امر سے بھی انکار نہیں کرسکتے کہ تخفیف مصارف کے سلسلہ میں اسی قسم کے قدم اٹھائے جاسکتے ہیں لیکن ان باتوں کے ساتھ ہی اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کردینا چاہئے۔ ہمارے کسی ایسے اقدام کی بدولت نفع اور نقصان کا تناسب کیا ہونا چاہئے؟

ہمارا تعلیم یافتہ طبقہ :—

ہندوستان کا تعلیم یافتہ طبقہ دو گروہوں میں منقسم ہے پہلے گروہ میں جس کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے ایسے لوگ شامل ہیں جو محض اردو زبان جانتے ہیں اور زندگی کے تمام مسائل سے متعلق ضروری معلومات حاصل کرنے کے لئے ان کے پاس یہی زبان واحد ذریعہ کی حیثیت رکھتی ہے اور دوسرا گروہ ان لوگوں پر مشتمل ہے جو انگریزی زبان سے واقف ہیں۔ لیکن ان کی تعداد بہت زیادہ نہیں پھر رجحانات مطالعہ کے اعتبار سے بھی ہندوستان کے تعلیم یافتہ طبقہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے یعنی ایک چھوٹا سا گروہ تو وہ ہے جو براہ راست سیاسی مسائل و معاملات پر غور و فکر کرتا ہے اور اس سلسلہ میں ہر ممکن طریقہ پر اپنی واقفیت میں اضافہ کا خواہش مند رہتا ہے لیکن دوسرا اور بڑا گروہ ان لوگوں پر مشتمل ہے جو سیاست سے متعلق قومی اور بین الاقوامی مسائل کا اسی صورت میں مطالعہ کرتے ہیں جب انہیں علمی اور ادبی رنگ میں پیش کیا جائے ہم آج جس دنیا میں رہتے ہیں وہ پرانی اور محدود دنیا نہیں بلکہ نئی اور وسیع دنیا ہے اور اس میں کامیابی اور عزت کی زندگی بسر کرنے کے لئے ہمارے قلب اور ہماری نظر میں بھی وسعت موجود ہونی چاہئے۔ پھر زندگی کے موجودہ دور کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ نئے معاشی اور اقتصادی نظریوں نے انسان کی تمام تر جدوجہد اور اس کے انجام کو سیاست کے ساتھ وابستہ کردیا ہے اور دنیا کی جو قومیں دور حاضر کی سیاسی پیچیدگیوں کو سمجھنے سے قاصر ہیں وہ ہمیشہ دوسروں کی آلہ کار بنی رہتی ہیں غرضیکہ دنیا کے سیاسی رجحانات، ان کی پیچیدگیوں اور ان پیچیدگیوں کی بدولت برآمد ہونے والے اچھے یا برے نتائج سے کم و بیش واقفیت حاصل کرنا قومی اور بین الاقوامی اعتبار سے بے حد ضروری ہے اور جو حکومت عوام کی اس ضرورت کو پورا کرنے سے قاصر رہتی ہے وہ خود اپنے مقصد کو نقصان پہنچاتی ہے۔

اردو رسالوں کو باقی رکھنے کی ضرورت :—

جیسا کہ بیان کیا جاچکا ہے، حکومت ہند کے شعبۂ نشر و اشاعت نے جب ہندوستان کی مختلف زبانوں میں متعدد رسائل جاری کئے تھے تو اس کے روبرو اپنی اور عوام کی یہی ضرورت تھی اور آج یہ ضرورت نہ صرف موجود ہی ہے بلکہ اس میں بہت زیادہ اضافہ بھی ہوگیا ہے۔

آزاد ہندوستان میں ایک جانب تو بہت سے ایسے داخلی اور خارجی مسائل پیدا ہوتے جارہے ہیں جن کو حل کرنے کے لئے عوام کا تعاون اور اشتراک عمل حاصل کرنا بے حد ضروری ہے اور دوسری طرف دنیا کی دوسری قوموں کے ساتھ ہمارے روابط کے قیام کے باعث ہم پر خود نئی ذمہ داریاں عائد ہوتی جارہی ہیں انہیں کامیابی کے ساتھ پورا کرنے کے لئے ہمیں ہندوستانی عوام کو ان ذمہ داریوں کے متعلق زیادہ سے زیادہ واقفیت بہم پہنچانے کی ضرورت بھی ہے خصوصاً اس طبقہ کو جو صرف اردو زبان ہی سے واقف ہے اور ہنوز اس زبان میں بھی براہ راست سیاسی مباحث کے مطالعہ کی جانب مائل نہیں ہوسکا۔ پھر ہمارے ہمسایہ ملک کی زبان اردو ہے اور اس ملک میں یہاں سے بھی سرکاری اور غیر سرکاری رسالے شائع ہو رہے ہیں اور جو لوگ اس قسم کے رسالوں کے مطالعہ کے عادی ہوچکے ہیں اگر انہیں اس ملک کے نقطۂ نظر سے مفید رسالے مہیا نہیں کئے جاسکے تو وہ لازمی طور پر اردو زبان کے غیر ملکی رسائل کا مطالعہ کریں گے اور ان کے خیالات سے متاثر ہوں گے۔

مخالفین کا پروپیگنڈا ——

اس سلسلہ میں ایک اور معاملہ کو بھی مدنظر رکھنا چاہئے اور وہ یہ ہے کہ آج ہمارے مخالفین مشرق وسطے اور مشرق قریب کے اسلامی ملکوں میں ہمارے خلاف زبردست پروپیگنڈا کر رہے ہیں اور ان کا یہ پروپیگنڈا سیاسی اختلافات پر نہیں بلکہ مذہب پر مبنی ہے اور ظاہر ہے کہ ان ممالک پر اس پروپیگنڈا کے مذموم مقاصد کو ہندوستان کے مسلمان جس قدر واضح کرسکتے ہیں وہ دوسروں کے لئے ممکن نہیں اور اس امر کے اعتراف کے باوجود کہ ملک کی سرکاری زبان اردو نہیں اس امر کو بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ فی الحال کم از کم مسلمان اردو زبان ہی جانتے ہیں لیکن اگر انہیں مشرق وسطے اور مشرق قریب کے ممالک سے متعلق ضروری حالات اور کوائف کے مطالعہ کا موقع نہ مل سکا تو وہ اس سلسلہ میں اپنے ملک کی وہ خدمت انجام دینے سے قاصر رہیں گے جس کی بیشتر ذمہ داری انہیں پر عائد ہوتی ہے

اس کے علاوہ کشمیر کے چالیس لاکھ باشندوں کی عام زبان بھی اردو ہے اور اگر ہم انہیں (باقی صفحہ)

شذرات

کم نظرانہ اخبار نویسی

لداخ کے بڑے لامہ نے چند روز قبل بنارس میں ایک بیان دیتے ہوئے حکومت ہند سے اس امر کی درخواست کی تھی کہ وہ لداخ کو کشمیر سے علیحدہ کرکے براہ راست اپنے زیر اہتمام لے لے۔ اور ہمارے ایک ہمعصر نے اس خواست کی تائید بھی کی تھی لیکن ہم نے سہ روزہ الجمعیۃ مورخہ ۲۰ نومبر میں "لداخ کے بڑے لامہ کا مطالبہ" کے زیر عنوان اس تجویز کو ضرر رساں قرار دیتے ہوئے اس خیال کا اظہار کیا تھا کہ اس سے کشمیر اور بیرون کشمیر کے رجعت پسندوں کو تقویت حاصل ہوگی۔

ہمیں مسرت ہے کہ اب لداخ کے بڑے لامہ کو اپنی غلطی کا احساس ہوگیا ہے۔ اور انہوں نے اس ہفتہ دہلی میں جو بیان دیا ہے اس میں اپنے سابقہ بیان کی توضیح کرتے ہوئے کہا ہے کہ:

"میرے اس بیان کا مطلب کشمیر کی عوامی حکومت کے خلاف اظہار بے اطمینانی نہیں تھا بلکہ چین کے انقلاب کی بدولت تبت اور سنکیانگ میں جو حالات رونما ہو رہے ہیں اور ان سے لداخ ہی کو نہیں بلکہ پوری ریاست جموں اور کشمیر کو جو خطرات لاحق ہوگئے ہیں ان کے پیش نظر حکومت ہند کو دفاعی استحکامات کو مضبوط تر بنانے کی جانب توجہ دلانا تھا۔"

جہاں تک لداخ اور کشمیر کے باہمی تعلق اور ریاست کے دفاعی استحکامات کا سوال ہے حکومت ہند اور حکومت کشمیر اپنی ذمہ داریوں اور فرائض کو اچھی طرح محسوس کرتی ہیں لیکن ہم اپنے ان معاصرین سے جو آج بھی ملک کے ہر مسئلہ کو ہندو اور مسلمان کے نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں یہ بات دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ کیا ان کے اس طرز عمل سے کشمیر کا معاملہ ہندوستان کے حق میں کمزور نہیں ہوتا جارہا ہے۔ اور کیا قومی زندگی کے اس نازک دور میں بھی وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس نہیں کرسکتے؟

ترقی معکوس کا مشورہ

پچھلے ہفتہ بنارس یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد میں تقریر کرتے ہوئے مسٹر کے ایم منشی نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے اُن کا خلاصہ ہے کہ:

"ہندوستان اپنی قدیم تہذیب اور اپنے پرانے تمدن کو زندہ کرنے ہی سے سربلند ہوسکتا ہے اور آج دنیا میں جو تہذیبی رجحانات رونما ہو رہے ہیں ہندوستانی نوجوانوں کو ان سے مقابلہ کے لئے منظم تیار ہوجانا چاہئے۔"

اس میں شک نہیں کہ کسی ملک اور قوم کو اپنی تعمیر اور ترقی کے سلسلہ میں اپنی تہذیبی اور تمدنی خصوصیات کو بھی مدنظر رکھنا چاہئے۔ لیکن آج اگر کوئی قوم موٹر کاروں ریلوں اور طیاروں کے استعمال کو ترک کرکے ہزاروں سال قبل کی بیل گاڑیوں کے استعمال ہی پر اصرار کرنے لگے یا اسے انسانی دانش اور محنت کے جدید ترین نتائج اور ثمرات سے فائدہ نہ اٹھانے کا مشورہ دیا جائے تو اس طرح اگر کوئی ترقی کی جاسکے گی تو وہ ترقی معکوس ہی ہوگی آج بین الاقوامی دنیا میں سیاسی، ثقافتی، اقتصادی اور معاشی رجحانات پیدا ہو رہے ہیں۔ کوئی دانشمند انسان بھی ان سب کو قابل مذمت قرار نہیں دے سکتا۔ اور اگر ہندوستان ترقی کا خواہشمند ہے اسے ان رجحانات کا مقابلہ کرنے کی بجائے ان کی خوبیوں کو اپنانا چاہئے۔

باغیانہ سرگرمیاں

سال رواں کے پہلے مہینہ میں کلکتہ کی پولیس نے کچھ نوجوانوں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف اس جرم میں مقدمہ دائر کیا تھا کہ ان کے قبضہ میں ایسے اشتہارات پائے گئے تھے جن میں موجودہ کانگریسی حکومت کی مخالفت کی گئی تھی اور وہ ان پوسٹروں کو دیواروں پر چسپاں کر رہے تھے۔ اس ہفتہ میں کلکتہ کے ایڈیشنل پریذیڈنسی مجسٹریٹ نے ان نوجوانوں کو بری اور رہا کرتے ہوئے اپنے فیصلہ میں لکھا ہے کہ:

"جلوس نکالنا اور ایسے پوسٹر شائع کرنا یا انہیں چسپاں کرنا جن میں حکومت پر تنقید کی گئی ہو باغیانہ سرگرمیوں کی تعریف میں نہیں آتا۔ یہ تنقید ہے۔ اور ہر شہری کو حکومت پر تنقید کا حق حاصل ہے۔ کیونکہ ہم کسی ایسی مطلق العنان حکومت میں نہیں رہتے جہاں حکومت کے خلاف نکتہ چینی کو جرم تصور [illegible]"

جائزے

کاتب صاحبان کی کج ادائی تو ہمارا [illegible] مشہور و معروف کرچکی ہے۔ مضمون کہنہ ہے لیکن پھر بھی جب کبھی کاتب صاحبان کی طرف سے کوئی تازہ شاہکار پیش ہوتا ہے تو کچھ کہنے سننے کو جی چاہتا ہے۔ حال ہی میں ایک اخبار کی سرخی پڑھ کر بازاروں میں کچھ چہ میگوئیاں ہوئیں۔ آپ بھی سنئے سرخی تھی "چینی نیشنلسٹوں کا آخری گروہ پاکستان پہنچ گیا" لیکن گروہ کے بجائے کاتب صاحبان نے گرو کر دیا اب سرخی یوں ہوگئی "چینی نیشنلسٹوں کا آخری گرو پاکستان پہنچ گیا!" ایک صاحب سرخی پڑھ کر بولے۔ بھائی معلوم ہوتا ہے اس سے پہلے بھی کچھ گرو آچکے ہیں۔ دوسرے بولے ابھی دل و جگر کہاں رہ گئے۔ تیسرے نے کہا وہ آپ کاتب صاحب کی نذر ہوگئے۔ بات آئی گئی ہوئی۔

سنا ہے کہ مشرقی پنجاب میں جب پولیس کے سپاہیوں نے ناجائز شراب [illegible] کہ ایسی اچھی چیز کو ضائع کرنا [illegible] سوال یہیں تک ہے کہ اس کے ضائع کرنے یا نہ کرنے میں [illegible] کی بحث پیدا ہوتی ہے۔ رہا پولیس کا خود شراب پی لینے کا [illegible] اچھی بات کہ ثواب میں عذاب و ثواب کی ذمہ داری ان پولیس والوں [illegible]

دنیا بھر کی تمام خبر رساں ایجنسیوں میں [illegible] سب سے زیادہ شاعرانہ ایجنسی ہے۔ اس ایجنسی کو دنیا بھر کی خبروں سے کوئی سروکار نہیں۔ صرف کام ہوتا ہے تو ان خبروں سے جن میں کوئی شعریت بھری ہو کوئی جنسی مسئلہ چھپا ہو۔ حال ہی اس ایجنسی نے خبر دی ہے کہ ایک عورت مرد بن گئی اور یہ بھی لکھا ہے کہ آئندہ یہ انسان کے اختیار میں ہوگا کہ وہ چاہے تو مرد بن جائے چاہے تو عورت۔ اس خبر کو پڑھ کر ہمارے دل و دماغ میں ایک سنسنی سی پھیل گئی۔ دلچسپ سوال یہ ہے کہ جب یہ ممکن ہو جائے گا تو [illegible] یا پھر جنس کی یکسانیت یعنی یا تو سب مرد ہی مرد ہوں گے یا سب عورتیں ہی عورتیں!

سنا ہے کہ امریکہ کے ایک شخص نے نئی انگریزی

[illegible] اس سال (بال انگریزی) [illegible] تمام دنیا کی ایک مشترکہ زبان بن سکے۔ لیکن اس [illegible] ہندوستان [illegible] ایک سنسکرت دوسری ہندی [illegible] کی موجودگی میں کسی تیسری زبان کی کیا ضرورت ہے۔

اس وقت ملک [illegible] کی تین قسمیں ہیں [illegible] مستقل، عبوری اور [illegible]

پبلسٹی پوسٹ آف انڈیا نے امرتسر سے ایک [illegible] بھیجی ہے جس میں لکھا ہے کہ [illegible]

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

[illegible] وہ قتل کرکے مجھے [illegible]
[illegible] زندہ ہو گیا ہوں یہ [illegible]

اور اگرچہ ابھی ایک قانونی طور پر اس امر کا اعلان نہیں کیا گیا لیکن جمہوریہ ہند کا قیام دستور ہند کا ایک جزو بن چکا ہے اور ایک جمہوری حکومت کی طرف سے اپنے خلاف نکتہ چینی کرنے والوں پر باغیانہ سرگرمیوں کے الزام میں مقدمہ چلانا دعوۂ جمہوریت پسندی کے قطعاً منافی ہے۔ کیا ایڈیشنل [illegible]

پس منظر

پیسف ازم!

—(اسرار احمد آزاد)—

ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور آنجہانی کی تمنا تھی کہ ان کے پیارے تعلیم اور فنون لطیفہ کے مرکز شانتی نکیتن میں دنیا بھر کے پیسفسٹوں یعنی امن خواہوں کی ایک کانفرنس منعقد ہونے والی ہے۔ اور ہند کی مجلس دستور ساز کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد نے گذشتہ ہفتہ اس کانفرنس کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان میں یہ کانفرنس گاندھی جی کے ایما سے منعقد ہونے والی تھی مگر اسی زمانہ میں ان کی موت واقع ہوگئی اور اس کے انعقاد کو ملتوی کردیا گیا۔ لیکن بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ یہ تحریک کیا ہے؟ اور اسے کس قدر کامیابی حاصل ہوئی ہے؟

پیسف ازم یا پیسیفزم کا مطلب ہے تحریک امن خواہی لیکن اصطلاحاً یہ لفظ اس تحریک کی طرف اشارہ کرتا ہے جو اس صدی کے آغاز سے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگ جوئی اور جنگ آزمائی کے خلاف جاری ہے۔ فلسفۂ امن خواہی ہر قسم کی منظم لڑائیوں کا شدید مخالف ہے اس کے ماننے والے انسانی طبعی اور قدرتی اتحاد کے قائل ہیں اور جنگ و جدل کو اجتماعی قتل و غارت گری سے تعبیر کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ جنگ کسی حال میں بھی صداقت کا معیار نہیں ہوسکتی وہ جنگ کو تنازعات طے کرنے اور شکایات دور کرنے کا منطقی ذریعہ تصور نہیں کرتے بلکہ اسے تباہی اور بربادی کا پیش خیمہ قرار دیتے ہیں۔

تاریخی اعتبار سے یہ تحریک بہت قدیم ہے اور اسے قرون وسطی کے طویل محاربات کا ردعمل تصور کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس زمانہ میں بھی بہت سے افراد جنگ کے مخالف واقع ہوئے تھے۔ مشرق میں بودھ اور جین مذاہب اسی عقیدہ کے زبردست حامی اور مبلغ تھے اور مغرب میں بھی عہد وسطی کے مذہبی انقلابات کے بعد ایسی متعدد تحریکات کا پتہ چلتا ہے جو جنگ ہی کو نہیں بلکہ ہر قسم کے متشددانہ اقدامات کو مسیحی تعلیمات کے خلاف قرار دیتی تھیں چنانچہ جرمنی، ہالینڈ، پولینڈ، بوہیمیا اور انگلستان کے آنا بیپٹسٹ، مینو نائٹ، پولش برادران نیز سوسائٹی آف فرینڈز (بوہیمین برادران) اور کوئیکرز فرقے اسی عہد کے ممتاز امن خواہ اور مخالف جنگ فرقے سمجھے جاتے تھے۔ ان فرقوں نے نہ صرف فوجی خدمات انجام دینے ہی سے انکار کردیا تھا بلکہ بعض نے اس بنا پر ٹیکس دینا بھی بند کردیا تھا کہ حکومت اس سے فوجی سپاہیوں کے مصارف برداشت کرتی ہے

انیسویں صدی عیسوی کی لڑائیوں کے دوران جن لوگوں ذاتی مشاہدات اور تجربات کی بدولت مذکورہ بالا نتائج پر پہنچے تھے انہوں نے "ادارہ احباب" کے نام سے ایک جماعت قائم کرکے زمانہ وسطی اور عہد حاضر کی تحریکات امن خواہی کو ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ کردیا اور اب برطانیہ، امریکہ، فرانس جرمنی اور دوسرے ممالک میں پیسفسٹ سوسائٹیز یعنی مجالس امن کے نام سے متعدد جماعتیں قائم ہیں۔ اس تحریک کے حامی جنگ کے زمانہ میں فوجی خدمات انجام دینے سے انکار کردیتے ہیں۔ حتی کہ ملکی قانون کی رو سے اگر انہیں سزا بھی دی جائے تو وہ اسے برداشت کرتے ہیں۔ زمانہ امن میں یہ لوگ جنگ کی تباہ کاریوں کو بےنقاب کرتے رہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں کئی بار بین الاقوامی اجتماعات بھی منعقد کئے جاچکے ہیں لیکن عملاً یہ تمام مساعی بے سود ثابت ہوتی رہی ہیں اور اس تحریک کی موجودگی ہی میں دنیا کو دو تباہ کن لڑائیوں کے دور سے گزرنا پڑا ہے۔

بظاہر یہ امر بے حد تعجب خیز ہے کہ امن خواہی کی یہ قدیم اور عالمگیر تحریک جنگ کو مسدود کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکی لیکن اگر اس معاملہ پر تھوڑا سا بھی غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس تحریک میں وہ قوت موجود نہیں جو جنگ کو روکنے کی ضامن ہوسکتی ہے اور اس کی وجہ اس تحریک کے فلسفہ کی بنیادی کمزوری ہے یا اس طرح سمجھنا چاہئے کہ اس تحریک کے ساتھ وابستہ افراد جنگ کی مذمت تو کرتے ہیں لیکن ان اسباب پر غور نہیں کرتے جن کی بدولت جنگ [illegible]

تبصرے

(آغاز)۔ مجلس [illegible] کراچی [illegible] یا ضفی عبد القدیر۔ گلی انبیاء کوچہ چیلان دہلی۔

نفسیات علم کی ایک اہم اور معروف شاخ ہے۔ اور [illegible]

"آجکل" سالنامہ ۱۹۴۹ء۔ اڈیٹر جوش ملیح آبادی۔ اسسٹنٹ اڈیٹرز: عرش ملسیانی، جگن ناتھ آزاد، بلونت سنگھ۔ تقطیع [illegible] ضخامت ۸۴ صفحات علاوہ سرورق۔ چندہ سالانہ [illegible] قیمت سالنامہ ایک روپیہ۔ ملنے کا پتہ۔ پبلیکیشنز ڈویژن پوسٹ بکس [illegible] دہلی۔

"آجکل" حکومت ہند کے شعبۂ اشاعت کا پندرہ روزہ رسالہ ہے۔ اور اس کی بروقت اشاعت پر [illegible] کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اسی رسالہ کا سالنامہ ۱۹۴۹ء ہمارے پیش نظر ہے۔ جس کے ایک سو چار صفحات میں وہ تمام چیزیں موجود ہیں جنہیں اردو کے کسی معیاری رسالہ کے سالنامہ میں موجود ہونا چاہئے۔ "آجکل" کے اس شمارے میں اس کے مدیران محترم نے سولہ علمی اور ادبی مقالات، چوبیس منظومات، چار افسانوں اور بیس مصور کی تصاویر کو جس طرح مرتب کیا ہے اس سے ان کی تجربہ کاری اور علمی ذوق کی پاکیزگی کا پتہ چلتا ہے اور اس کے ظاہری اور باطنی محاسن کے پیش نظر اس کی قیمت بہت کم معلوم ہوتی ہے۔ سالنامہ کے علاوہ "آجکل" کے تمام شمارے بھی قابل مطالعہ ہوتے ہیں۔ ہمیں افسوس ہے کہ بعض رسائل اور اخبارات اس رسالہ کے صرف اس لئے مخالف ہیں کہ حکومت کے شعبۂ اشاعت کا رسالہ ہونے کی وجہ سے اسے مضامین کے حصول اور طبع و اشاعت کی جو سہولتیں حاصل ہیں وہ انہیں حاصل نہیں لیکن اردو زبان کی خدمت اور بقا کی راہ میں اس قسم کے جذبات کو حائل نہیں ہونا چاہئے

سائیکولوجی۔ ادارہ تحریر: سعید عروج، ایم اے۔ بی۔ ٹی۔ [illegible] ضخامت [illegible] صفحات علاوہ سرورق۔ چندہ سالانہ چھ روپیہ قیمت فی پرچہ پاکستان میں آٹھ آنے اور ہندوستان میں دس آنے۔ ملنے کا پتہ۔ دفتر سائیکولوجی اردو [illegible]

[illegible] بڑھا ہوتی ہے اور جب جنگ [illegible] جنگ کو روکنا ناممکن ہو جاتا ہے

بقیہ لیڈر

اپنے ملک کے ساتھ وابستہ رکھنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے بھی ہمیں اردو زبان ہی سے کام لینا ہوگا اور اگر حکومت ہند کے شعبۂ نشر و اشاعت نے اپنے رسالہ کو بند کردیا تو ہند اور کشمیر کے عوام بھی رفتہ رفتہ ایک دوسرے کے حالات اور خیالات سے ناواقف اور بے خبر ہو کر رہ جائیں گے اور ہمیں یقین ہے کہ حکومت ہند کسی حال میں بھی اس امر کو گوارا نہیں کرسکتی اور تخفیف مصارف کی کسی مہم کا یہ مقصد نہیں ہوسکتا کہ اس کی بدولت اعلیٰ مقاصد کے حصول ہی کو ناممکن بنا دیا جائے

یہاں اردو اور ہندی کے مقابلہ کا کوئی سوال نہیں، ہندی کو ملک کی سرکاری زبان قرار دیا جاچکا ہے اور ہم اس کی اس حیثیت کو تسلیم بھی کرتے ہیں لیکن جس طرح انگریزی کی جگہ اسے فوراً دفتری زبان نہیں بنایا جاسکا، اسی طرح اسے فوراً ملک کے عوام کی زبان بھی نہیں بنایا جاسکتا اور اگر ہم انہیں، انہیں کی زبان میں مخاطب نہیں کرسکتے تو ہمیں یقین رکھنا چاہئے کہ وہ ہماری بات کو کبھی سمجھ نہیں سکتے!

ریڈیو کے ذریعہ سے نشر کی جانے والی زبان ہمارے سامنے ہے اور یہ امر محتاج بیان نہیں کہ اسے نہ سمجھ سکنے کی وجہ سے عموماً لوگ ریڈیو پاکستان کی نشریات سنتے ہیں اور اگرچہ وہ اس ملک سے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے لیکن اس امر سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ نفسیاتی اعتبار سے آہستہ آہستہ انہیں یہ نشریات متاثر ضرور کرتی ہیں لیکن کیا اس تجربہ کے باوجود حکومت ہند کا شعبۂ نشر و اشاعت اردو زبان کے رسالوں کو بند کرکے ایک ایسی غلطی کے ارتکاب پر آمادہ ہے جو جلد یا بدیر خود اس کے نصب العین کے لئے نقصان رساں ثابت ہوگی؟ ہمیں توقع رکھنی چاہئے کہ ایسا [illegible]

کلکتہ کی امن کانگریس میں "جیل کے دروازے توڑ دو" کے نعرے

طاقت سے حکومت کا تختہ اُلٹنے اور روس کی کھلم کھلا حمایت کا اعلان

کمیونسٹوں کی امن کانگریس میں تشدد کا پرچار

کلکتہ ۔ ۲۶ نومبر (ا م) یہاں [illegible] پر پبلک [illegible] میں آل انڈیا امن کانگریس کے دوسرے اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے صدر [illegible] کی صدارت میں [illegible] مندوبین نے کانگریس گورنمنٹ کی داخلی و خارجی پالیسی کی مذمت کی۔

[illegible] کانفرنس کے پہلے اجلاس کے بعد [illegible] میں [illegible] مندوبین کا پیغام [illegible] واپس چلے گئے ہیں۔ جنگ [illegible] امن کی جدوجہد پر تقاریر کرتے ہوئے مقررین نے کانگریس گورنمنٹ پر الزام لگایا کہ [illegible] امریکی امپیریلسٹ منصوبوں کے لئے ملک کو ان کے [illegible] دے دیا ہے۔

[illegible] سالہ مقرر

مقررین میں مسٹر [illegible] گنگولی [illegible] کے متعلق کہا جاتا ہے کہ [illegible] سالہ لڑکا [illegible] گنگولی ایک ریزولیوشن کے ذریعہ [illegible] ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا۔ [illegible] دوسرے ریزولیوشنوں میں کانگریس میں شریک ہونے والے مندوبین کو [illegible] میں [illegible] اور [illegible] کو پھانسی دینے کی مذمت کی۔

اس اجلاس میں بہت سے مقررین نے طاقت سے حکومت کا تختہ اُلٹنے کا کھلم کھلا اعلان کیا۔ انہوں نے سوویٹ لیڈروں سے اظہار وفاداری اور سوویٹ روس کی حمایت کا اعلان کیا۔

[illegible] نے [illegible] ہے جیل کے دردناک مظالم کی داستان بیان کی [illegible] اور [illegible] تقریر کے بعد وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ [illegible]

یہ حکومت کے خلاف [illegible] کی حمایت میں نعرے لگانے کا ایک جشن تھا۔ [illegible] جیل کے دروازے توڑ دو [illegible] نعرے لگائے گئے۔

پشنگ ٹنگ (مشرقی بنگال) کے ایک لیڈر [illegible] نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان بھی [illegible] تحریکات کو ختم کرنے کی تدابیر اختیار کر رہی ہے [illegible] پاکستان کو اینگلو امریکن بلاک کی صف میں [illegible] اور مدراس کے خلاف [illegible]

مدراس کے مسٹر [illegible] نے کہا کہ [illegible] کے قتل کے ذمہ دار [illegible] ہیں۔ [illegible] حکومت کو [illegible] نیا زور [illegible] ہے۔ مشرقی بنگال کے [illegible] نے کہا کہ حکومت مغربی بنگال [illegible] آدیباسیوں کو توڑ رہی ہے۔ جنوبی ہند کے [illegible] ہزار مزدوروں [illegible] مزدوروں سے غداری کا الزام لگایا۔

ریاست میسور بھی ہندوستان میں شامل ہوگئی

بنگلور ۔ ۲۶ نومبر۔ مہاراجہ میسور کے اعلان کے مطابق ریاست میسور بھی ہندیونین میں شامل ہوگئی ہے۔ اعلان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہندوستان کا آئین [illegible] گا۔ [illegible] کے خلاف قوانین کالعدم تصور ہوں گے۔ میسور کے دونوں ایوان ۱۵ دسمبر ۱۹۴۹ء کو توڑ دیئے جائیں گے اور جب تک نئے دستور کے ماتحت نئے ایوان مقرر نہ ہوں اس وقت تک صرف میسور کا ایک ایوان کام کرے گا۔ (رپ ٹ ا)

واشنگٹن ۲۶ نومبر۔ [illegible] امریکہ کی آبادی [illegible] اور اندازہ کیا گیا ہے کہ اب ۵ کروڑ سے زیادہ ہوگئی ہے [illegible] (رپ ٹ ا)

اتحادیوں سے سمجھوتہ پر مذمت کی قرارداد

مغربی جرمنی کی پارلیمنٹ میں جھڑپ

برلن ۲۵ نومبر۔ [illegible] مغربی جرمنی کی اسمبلی میں ایک سوشلسٹ لیڈر اور فیڈرل چانسلر ڈاکٹر [illegible] میں سخت تصادم ہوگیا۔ یہ تصادم اتحادیوں اور مغربی جرمنی کے معاہدے پر ہوا تھا

سوشلسٹ لیڈر ڈاکٹر [illegible] نے اسمبلی کے اجلاس میں آنے کی [illegible] ڈاکٹر [illegible] کو توہین آمیز کلمات کہنے پر [illegible] واپس لینے کے ۲۴ گھنٹہ دیئے گئے۔ [illegible] ان کی پارٹی اور کمیونسٹوں نے واک آؤٹ کردیا اجلاس میں اتحادیوں سے سمجھوتہ کرنے پر حکومت کے خلاف مذمت کی قرارداد [illegible] پارٹی نے [illegible] (رپ ٹ ا)

"اگر حکومت نے پالیسی نہیں بدلی تو طاقت استعمال کی جائیگی"

۲۰ ہزار کسانوں کے مجمع میں سوشلسٹ لیڈر کی تقریر

پٹنہ ۔ ۲۶ نومبر۔ کسانوں کے ایک بڑے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش نرائن نے کہا کہ کانگریس کبھی ان معاہدوں کو پورا نہیں کرسکتی جو اس نے عوام سے کئے تھے نیز وہ ملک میں مزدور راج بھی قائم نہیں کرسکتی۔ حکومت جس پالیسی پر چل رہی ہے اس سے یہ بالکل واضح ہوگیا ہے کہ وہ ایک ایسا نیا دور نہیں لاسکتی جس میں سماجی اقتصادی اور سیاسی عدم مساوات باقی نہ رہے۔

اس اجتماع میں ۲۰ ہزار کسانوں نے شرکت کی مسٹر جے پرکاش نرائن نے کہا کہ کانگریسی حکومت حزب مخالف کو جمہوری طریقہ سے کام کرنے کی اجازت نہیں دیتی جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مجھ جیسا [illegible] آدمی بھی [illegible] سوچنے لگتا ہے۔ اور میں کبھی یہ سوچنے لگتا ہوں کہ کس طرح پرامن طریقوں سے اس حکومت کو علیحدہ کیا جائے۔ [illegible] کہ حکومت ایسی پالیسی اختیار کرے کہ میں طاقت کے ذریعہ حکومت کو علیحدہ کرنے کا فیصلہ کرنے پر مجبور ہوجاؤں انہوں نے کہا میں نہیں چاہتا کہ ملک میں ابتری اور طوائف الملوکی پھیلے اس لئے میں عوام کو متحد ہوکر طاقت حاصل کرنے اور [illegible] کانگریس کو شکست دینے کا مشورہ دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے انقلاب کے لئے بھی تنظیم اور اتحاد کی ضرورت ہے ورنہ یا تو غنڈہ راج یا پھر فرقہ پرستی کا راج قائم ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ والیان ریاست سرمایہ داروں زمینداروں وغیرہ کے متعلق حکومت کی جو پالیسی ہے اس سے مجھے حکومت پر اعتماد نہیں رہا۔ والیان ریاست کو اجازت دیدی گئی ہے کہ وہ اپنی اس دولت کو قائم رکھ سکیں جو انہوں نے برباد شدہ عوام کو خوب چوس چوس کر جمع کی ہے۔ یہی نہیں بلکہ ان کو [illegible] پنشنیں بھی دی جائینگی یا پھر ان کو راج پرمکھ بنا دیا گیا ہے۔ اور ان کو گورنروں سے زیادہ اختیارات حاصل ہیں۔ انگریزوں نے ان کو یہ اجازت تو دیدی تھی کہ وہ عوام کا خون چوستے رہیں لیکن ان کو سیاست میں دخیل نہیں کیا تھا۔ لیکن کانگریسی حکومت نے ان کو [illegible] ملک کی قومی زندگی میں سیاسی چالیں چلنے کا [illegible] مسٹر جے پرکاش نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا کہ کانگریس نے طاقت حاصل کرنے سے پہلے وعدہ کیا تھا کہ وہ اعلیٰ افسروں کی تنخواہ ۵۰۰ روپیہ ماہوار سے [illegible] جب اس کو طاقت حاصل ہوئی تو اس نے یہ کیا کہ چھوٹی تنخواہوں کو وہی رکھا لیکن بڑی تنخواہوں میں اضافہ کیا۔ دستور میں گورنر جنرل کو دس ہزار روپیہ ماہوار کی تنخواہ کی ضمانت دی گئی ہے۔ اور مرکزی حکومت کے کم سے کم تنخواہ پانے والے ملازم کی تیس روپیہ تنخواہ مقرر کی گئی ہے۔

ساتھ ہی ساتھ دو ہزار روپیہ پانے والے ملازمین کی تنخواہیں تین ہزار روپیہ ماہوار کردی گئی ہیں۔ عوام سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی اس پالیسی کے بعد کانگریس سے یہ توقع کس طرح کی جاسکتی ہے کہ وہ ملک میں کسان مزدور راج قائم کرسکے گی۔

مسٹر نرائن نے کہا کہ عوام کو یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ووٹ کے ذریعہ کانگریسی حکومت کو علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔ اور اس مقصد کے لئے عوام کو منظم ہوجانا چاہئے۔ اگر تنظیم پیدا نہیں ہوئی تو کانگریس کی حکومت جاری رہے گی۔ انہوں نے عوام کو مشورہ دیا کہ وہ ہر معاملہ میں حکومت کی طرف نہ دیکھیں بلکہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی کوشش کریں۔

کسانوں کو خاص طور پر مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسانوں کو اپنے مسائل خود ہی حل کرنے کے لئے پنچایتیں قائم کرنا چاہئیں۔ اور اپنے علاقہ کے لئے تعمیری کام کرنا چاہئیں۔ (رپ ٹ ا)

عرس مبارک سراج آگرہ

عرس مبارک جناب مولانا [illegible] سراج آگرہ حضرت [illegible] بتاریخ [illegible] المظفر [illegible] بروز بدھ [illegible] بجے شام سے شروع ہوگا۔ امید کہ جمیع بزرگان، معتقدین [illegible] شریک ہوکر داخل حسنات ہوں گے۔

بی این ریلوے سے مسلم ملازمین کا اخراج

چند دن ہوئے میں نے بی این ریلوے کے مسلم ملازمین کے خلاف ایک پروپیگنڈہ شروع کیا گیا تھا کہ اس ریلوے میں بہت سے پاکستانی ہیں جو کسی وقت بھی خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔

میں نے اس پروپیگنڈے کے ردعمل کی [illegible] کیونکہ میں سمجھتا تھا کہ اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ کسی کو صرف پاکستانی کہہ کر مطعون کیا جاسکتا ہے

میں ابھی کلکتہ سے واپس آیا ہوں۔ مجھے وہاں یہ معلوم ہوا کہ [illegible] تقریباً [illegible] ایسے آدمیوں کو [illegible] جنہوں نے [illegible] الیکشن کے زمانے اور تقسیم ہند کے دور میں اپنی وفاداری کا ثبوت دیا اور آج تک اپنی ایمانداری اور وفاداری کا ثبوت دیا [illegible] بغیر ملازمت سے برطرف کردیئے گئے۔ ان کا گناہ اس کے سوا اور کچھ نہ تھا کہ وہ مسلمان تھے اور ان کو پاکستانی [illegible] کسی وقت بھی نکالا جاسکتا ہے یہ صورت حال ناقابل برداشت ہے اس سے ہماری سیکولر سٹیٹ کے ماتھے پر ایک دھبہ لگتا ہے۔ میری طرح ان تمام [illegible] بلاشبہ میرے ہندوستانی ساتھی بھی شریک ہیں۔ اور جنہوں نے اس واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے [illegible] ان نکالے ہوئے ملازمین کی وفاداری پر [illegible] دی ہیں۔

پبلک میں اپنی حکومت کے سیکولرازم کی [illegible] کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس واقعہ کو ایک مثال بنا کر ہماری حکومت اس کی خاص تحقیقات کرے اور ان ملازمین کو جن کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے بحال کرے۔ میں نے سنا ہے کہ خفیہ پولیس کی رپورٹوں پر ان مستقل ملازمین کو نکالا گیا ہے۔ ضرورت ہے کہ خفیہ پولیس کی [illegible] اور دیکھیں کہ کس قسم کی [illegible] باتیں [illegible] کو جو بلاکسی خراب ریکارڈ کے سالہا سال سے سروس کر رہے ہیں۔ یکایک نکال دیا گیا ہے۔ میں نے سنا ہے کہ خفیہ رپورٹوں میں یہ کہا گیا ہے کہ [illegible] مسلم ملازمین کا جلسہ کرتا ہے [illegible] اس کے پاکستان میں رشتہ دار ہیں۔ جن سے یہ خط و کتابت کرتے ہیں۔ یہ مسلمان سب دوکانوں سے خفیہ باتیں کرتا رہتا ہے۔ اس قسم کی باتیں

ان کے خلاف [illegible] کہ ان کو [illegible] ہے۔ جنہوں نے ہمیشہ سے ہندوستان کو اپنا وطن سمجھا ہے اور اپنے وطن و ملک کی وفاداری کی قسم کھائی ہے۔

میں امید کرتا ہوں کہ ریلوے ممبر گورنمنٹ آف انڈیا [illegible] ان ملازمین کے معاملات پر خود [illegible] کوئی فیصلہ کریں گے اور ہم سب کو مشکور فرمائیں گے۔

عبد الستار [illegible] ایم ایل اے نائب صدر جمعیۃ علماء [illegible]

پٹنہ میں بہار کے کسانوں کا مظاہرہ

حکومت کے خلاف نعرے۔ جے پرکاش کی تقریر

پٹنہ ۔ ۲۶ نومبر۔ بہار کے مختلف اضلاع سے جو کسان یہاں ریلی میں شرکت کرنے کے لئے آئے تھے کل انہوں نے ایک زبردست [illegible] کی سڑکوں پر "ہمیں ملازمت، روٹی، دو، کپڑا دو" اور "گدی چھوڑ دو" [illegible] اور حکومت [illegible] کے نعرے لگائے۔ [illegible] مسٹر جے پرکاش نرائن نے جھنڈا لہرانے کی رسم ادا کی اور [illegible] انہوں نے کسانوں سے کہا کہ ہر [illegible] ایک ایسا جھنڈا ہونا چاہئے۔ (رپ ٹ ا)

وارڈ کی گرفتاری میں روس کا ہاتھ

برطانوی افسر کا انکشاف

ہانگ کانگ ۔ ۲۶ نومبر۔ ایک سابق برطانوی افسر نے ایک معتبر ذریعہ سے اطلاع دی ہے کہ امریکی قونصل جنرل مسٹر وارڈ کی گرفتاری میں روس کا ہاتھ ہے۔ مسٹر وارڈ پر ایک چینی ملازم کو زدوکوب کرنے کا الزام ہے۔ (رپ ٹ ا)

کلکتہ ۔ ۲۶ نومبر۔ (رپ ٹ ا) [illegible] جو ضلع ہگلی میں چندی نولہ کے مقام پر ایک معمولی [illegible] کے سلسلہ میں مفرور تھے۔ اسی ضلع میں [illegible] گرفتار ہوگئے۔ پولیس نے وہیں ایک [illegible] کمیونسٹ مفرور کو بھی گرفتار کیا ہے۔

AWAKE YOUR LATENT ENERGY

خوابیدہ طاقتیں

وقت کے تقاضے یا غیر محتاط زندگی کے باعث جسم کی طاقتیں سست اور نڈھال ہو جاتی ہیں۔ ایک بار پھر شباب سے ہمکنار ہونے کے لئے ضرورت صرف اتنی ہے کہ ان خوابیدہ طاقتوں کو بیدار کیا جائے "شباب آور" معدہ میں داخل ہوتے ہی جسم میں ایک نئی لہر دوڑا دیتا ہے۔ ایک طرح سے یہ جسم کی خوابیدہ طاقتوں کو جھنجھوڑ کر بیدار کرتا ہے

شباب آور

نہ صرف نڈھال اعضا میں جوانی کی نئی امنگ پیدا کرتا ہے بلکہ دل، دماغ اور جگر کی کمزوریاں بھی مستقل طور پر اس سے دور ہو جاتی ہیں۔ قیمت پانچ روپے

جوانی قائم رکھنے کے لئے رسالہ ہمدرد نوجوان اور رسالہ ہمدرد شباب مفت طلب فرمائیں

ہمدرد دواخانہ دہلی

Hamdard
DAWAKHANA DELHI

چیف اسٹاکسٹ

(۱) [illegible] (۲) [illegible] (۳) [illegible] (۴) [illegible] (۵) [illegible] (۶) [illegible] (۷) [illegible] (۸) [illegible]

انسداد محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور (پاکستان)

اشتہار

(نوٹس بنام فریق ثانی)

[illegible]

آج بتاریخ [illegible] نومبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر محکمہ سے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم

(مہر عدالت)

انسداد محکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور (پاکستان)

اشتہار

(نوٹس بنام فریق ثانی)

[illegible]

آج بتاریخ [illegible] نومبر ۱۹۴۹ء ہمارے دستخط اور مہر محکمہ سے جاری کیا گیا۔

دستخط حاکم

(مہر عدالت)

جیون

رگوں میں نیا خون اور پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کرکے جوانی کو واپس لانے کے لئے بے نظیر گولیاں [illegible] دن کی دوا ۱۵/-

رسائن

سیلان لیکوریا، رحم کی کمزوری اور کمر کی طاقت کے لئے سو فی صدی کامیاب ٹکیاں ہیں۔ ایک مہینے کی دوا [illegible]

صدیقی دواخانہ (دلی دواگھر) نور گنج دہلی

درد نقرس، گٹھیا، جوڑوں کا درد، عرق النساء اور جسم کے ہر قسم کے درد کی

امیکو سبز مالش مجرب دوا (گرین منٹ لینا)

Amicos Green Linament

امیکو سبز مالش:۔ سر سے لے کر پاؤں تک ہر قسم کے جسمانی دردوں کے لئے بے مثل دوا ہے۔ نقرس، گٹھیا، ہڈی اور جوڑوں کا درد، عرق النساء، کمر اور پسلی کا درد اور ریاحی درد کے لئے بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے۔ [illegible]

امیکو سبز مالش:۔ میں کسی قسم کی چربی یا نقصان دہ چیزوں کی آمیزش نہیں ہے [illegible]

قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنے۔ تین شیشیاں [illegible]

مزید معلومات اور دیگر امراض کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۹ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

دستور یہ ہند میں ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

(بقیہ صفحہ اول کالم ۳)

ایوان نے تین سال قبل جو کام شروع کیا تھا. اس کی [illegible] کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا اس عظیم آبادی کو جس کے لئے دستور بنایا گیا ہے سامنے رکھا جائے تو ہمارے کام کی اہمیت اور بزرگی ظاہر ہو جاتی ہے.

ہندوستان کی آبادی روس کو چھوڑ کر تمام یورپ کی آبادی سے بھی زیادہ ہے. یورپ کے لئے ایک متحدہ حکومت کی تشکیل کیسی [illegible] ایک کنفیڈریشن بنانے میں بھی کامیاب نہ ہو سکے ہیں. یہاں ملک کی بڑائی اور آبادی کے اختلاف کے باوجود ہم تمام ملک کا ایک دستور بنانے میں کامیاب ہو گئے ہیں. ملک کے سائز کے علاوہ ہمیں کئی دوسری مشکلات کا بھی سامنا تھا. ہمارے ملک میں بہت سے فرقے رہتے ہیں. ملک کے مختلف حصوں میں مختلف زبانیں ہیں. دوسرے اختلافات بھی ہیں. جنہوں نے ملک کے مختلف طبقوں کو تقسیم کر رکھا ہے. ہم کو نہ صرف ترقی یافتہ باشندوں کا بلکہ پس ماندہ علاقوں اور باشندوں مثلاً قبیلوں اور قبائلی علاقوں کا بھی خیال رکھنا پڑا ہے.

فرقہ وارانہ مسئلہ ملک کا بہت ہی پیچیدہ مسئلہ رہا ہے اس کے حل نہ ہونے کے باعث دوسری گول میز کانفرنس ناکام رہی. جس میں مہاتما گاندھی نے بھی شرکت کی تھی. [illegible] کی تاریخ سب کو معلوم ہے کہ کس طرح ملک تقسیم ہوا اور شمال مغرب اور شمال مشرق میں دو بڑے حصے ملک سے علیحدہ ہو گئے.

دوسرا مسئلہ آزادی کے بعد ریاستوں کا تھا انتقال اختیارات کے بعد کسی ریاستی حکمراں یا حکمرانوں کے [illegible] آزاد ہونے اور ملک کے اندر ایک آزاد ملک کی طرح رہنے کا حق حاصل ہو گیا تھا مگر ریاستی حکمرانوں، ریاستی عوام اور ریاستی وزارت نے سردار پٹیل کی قیادت میں [illegible] اس مسئلہ کو تدبر سے حل کیا اور آج کم و بیش ریاستوں کی وہ صورت ختم ہو گئی اور نئے آئین میں صوبوں اور ریاستوں کی ایک سی پوزیشن ہو گئی جو تھوڑا بہت فرق باقی ہے وہ بھی ختم ہو جائے گا.

آپ نے کہا اس آئین کی تیاری میں تین سال لگے. مسائل کو دیکھتے ہوئے یہ وقت زیادہ نہیں. ایوان قابل مبارکباد ہے کہ اس نے سارے مسئلے کو حل کرنے کے لئے [illegible] آئین کی تیاری پر [illegible] روپے خرچ آئے.

آپ نے قرارداد مقاصد پنڈت نہرو کی تقریر کا ذکر کیا [illegible]

صدر کے اختیارات!

آئین میں اگرچہ صدر کو کافی اختیارات ہیں مگر [illegible] کی جاتی ہے کہ انگلستان کی طرح یہاں بھی صدر صرف آئینی فرد ہوگا. اگرچہ آئین میں مرکز اور بعض ریاستوں میں دو ایوان [illegible] مگر عوام کا منتخب ایوان ہی اعلیٰ ہوگا. ملک کی حکومت اور صوبوں کی حکومت عوام کی مرضی پر چلے گی. جس کا اظہار ان کے نمائندے اور عام انتخابات میں وہ خود کریں گے. آپ نے بالغ رائے دہندگی کا ذکر کیا اور اس کو ایک اہم اقدام بتایا. اور کہا کہ سولہ کروڑ لوگوں کا انتخاب بہت بڑا کام ہوگا. دنیا کے کسی ملک میں اتنا بڑا انتخاب نہیں ہوا.

آپ نے کہا کہ صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کی کل تعداد تقریباً تین ہزار آٹھ سو سے زیادہ ہوگی. ایوان عام میں ۵۰۰ ممبر ہوں گے. اور ریاستوں کی کونسل میں [illegible] جن کی مجموعی تعداد [illegible] ہوگی اس طرح ملک میں تقریباً [illegible] ہزار انتخابی حلقے ہونگے.

بالغ رائے دہندگی

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے کہا کہ بعض لوگوں کو بالغ رائے دہندگی پر کچھ شبہات تھے. مگر میں خود گاؤں کا رہنے والا ہوں اور وہاں کے لوگوں سے واقف ہوں. اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو ٹھیک طریقوں پر یہ سکھایا جائے تو وہ اپنے حق کو صحیح استعمال کریں گے. انسان میں اس کی صلاحیت ہے کہ وہ اپنے مفاد کو [illegible] میں نہیں جانتا کہ [illegible]

کی جھلک دکھا کر فائدہ اٹھانے میں کس درجہ تک کامیاب ہوں گے.

آزاد ادارے

نئے آئین میں عدالتیں آزاد ہوں گی سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کی آزادی کے لئے مزید کچھ تجویز کرنا مشکل ہے. آئین کی ایک دفعہ کی رو سے ریاستی حکومتوں کے لئے جوڈیشیری اور ایگزیکٹو کو علیحدہ کرنے اور مجسٹریٹوں کی عدالتوں کو سول عدالتوں کے درجہ پر لانے کے لئے اختیار دیا گیا ہے امید ہے کہ یہ اصلاحات جلد ہی ہو جائیں گی.

پبلک سروس کمیشن کے متعلق امید ظاہر کی کہ وہ خویش پروری اور رشوت کا سدباب کر سکے گا. ایک اور آزاد ادارہ کنٹرولر اور آڈیٹر جنرل کا ہوگا جو اس بات کا خیال رکھے گا کہ کسی ریاست میں روپیہ غلط خرچ نہیں ہوگا. الیکشن کمشنر آزادانہ انتخاب کی نگرانی کرے گا. ایک خطرہ برسر اقتدار پارٹی حکومت میں جماعتوں کی جانب سے انتخاب میں بدعنوانیوں کا ہوگا ہے. کیونکہ ہمیں جمہوری انتخابات کا تجربہ نہیں ہے. یہ خطرہ خالی نہیں ہے.

آپ نے کہا کہ ہمیں ملک کی تاریخ کو دیکھتے ہوئے زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے مرکز کو کچھ ایسے اختیارات دیئے گئے ہیں جو ہنگامی حالات میں سیاسی اور اقتصادی معاملات میں بروئے کار لائے جا سکتے ہیں. میں یہ امید نہیں رکھتا کہ مرکز ضرورت سے زیادہ اختیارات حاصل کرے گا، بہرحال مرکزی اسمبلی تحفظ کرے گی.

مسئلہ زبان

زبان کے مسئلہ کے حل کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ اپنے ملک کی تاریخ میں ہم نے پہلی بار ایک زبان منظور کی ہے جو تمام سرکاری کاموں کے لئے پورے ملک کی ایک ہی زبان ہوگی مجھے یہ امید ہے کہ یہ ایک ایسی قومی زبان بن سکے گی کہ جس پر ہم سب یکساں فخر کر سکیں گے اور پھر یہ کہ نہ صرف سب زبانیں آزاد ہوں گی بلکہ ہر ایک کو اپنی مخصوص زبان تمدن اور روایات کے لئے [illegible] افزائی کی جائے گی عبوری دور میں انگریزی [illegible] رکھا گیا ہے.

[illegible]

اب ان تمام لوگوں کا [illegible] ہندی جانتے [illegible] پڑھا لیں کہ جس میں ہندوستان کا مشترک کلچر سب اور اپنے حق کے مطابق جگہ پائے.

دیش پتا کے آدرش

آپ نے دنیا کی موجودہ حالت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے ملک ہی میں نہیں دنیا میں ایک بہت اہم پارٹ ادا کرنا ہے اگر ہم دیش پتا کے آدرشوں پر قائم رہتے ہوئے ان اصولوں پر کاربند رہیں تو ہم اس کو انجام دے سکیں گے [illegible] کہ ہم اس راہ پر چلیں جس کی ہمارے ماسٹر نے تعلیم دی ہے اور جس کی تصویر میرے سر پر لگی ہوئی ہے مجھے امید ہے کہ ہم نہ صرف بلکہ دنیا کے لئے مشعل ثابت ہوں گے.

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے اس پر افسوس ظاہر کیا کہ آئین میں مجالس مقننہ کے ارکان کے لئے کوئی معیار قابلیت نہ رکھا جائے گا اور یہ ایک بڑا نقص ہے دوسرے یہ بات بھی باعث افسوس ہے کہ آزاد بھارت کا پہلا آئین ملک کی زبان میں نہیں ہے پر دونوں چیزوں کے لئے عملی وجوہ تھے.

مستقبل کیلئے انتباہ

آپ نے کہا کہ آئندہ کام جدوجہد آزادی سے زیادہ مشکل ہے اس زمانہ میں ہم متفق تھے کوئی اختلاف [illegible]

اور ملک کی خدمت کر سکیں جس کو بڑی جدوجہد سے آزاد کر رہا ہے مہاتما گاندھی نے پاکیزگی اور نیک نیتی پر زور دیا ہے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ان کی تعلیمات جدوجہد آزادی کے لئے نہیں تھیں بلکہ وہ ایک دائمی حقیقت رکھتی ہیں. اور آئندہ بھی اتنی ہی مفید ہوں گی اور ان کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی پہلے تھی ہمارے اندر دوسروں کی غلطیوں پر نکتہ چینی کرنے کی بہت عادت ہے مگر ہم یہ نہیں دیکھتے کہ ہمارا ابھی اس میں کچھ حصہ ہے یا نہیں حالانکہ اپنے اعمال کا جائزہ لینا آسان ہے بہ نسبت دوسروں کے اغراض و مقاصد پر نظر ڈالنے کے مجھے امید ہے کہ جو لوگ آئندہ اس آئین کو چلائیں گے وہ یہ یاد رکھیں گے کہ یہ ایک عجیب اصول ہے جس سے ہم نے عجیب طریقہ پر اپنا مقصد حاصل کر لیا اور جو ہم کو دیش پتا نے سکھایا تھا ہمیں اپنی اس نئی جدوجہد میں آزاد جمہوریت کو چلانے میں اتحاد، فراست، سچائی، عدم تشدد اور سب سے زیادہ یہ کہ صدق دلی اور خدا پر بھروسہ کے ساتھ کام شروع کرنا چاہیئے.

آخر میں آپ نے سر جی این راؤ قانونی مشیر ڈاکٹر امبیدکر چیرمین مسودہ کمیٹی اور دوسرے ارکان کمیٹی چیف ڈرافٹسمین مسٹر این مکرجی اور سکریٹری مسٹر ایچ وی آر آئینگر کا شکریہ ادا کیا آپ نے رپورٹروں مترجموں اور ڈپٹی سکریٹری مسٹر جگل کشور کھنہ کا بھی [illegible] اور پولیس اور واچ اینڈ وارڈ والوں کا بھی شکریہ ادا کیا آپ نے کہا کہ یہ اس لئے اور بھی ضروری ہے کہ وہ لوگ جو اس کام میں لگے ہوئے تھے بیکار ہو جائیں گے ضرورت ہے کہ دوسری وزارتیں ان کو کام میں لگا لیں کیونکہ یہ اچھے کام کرنے والوں کا ایک اچھا گروہ ہے.

ملایا میں باغیوں کے خلاف فیصلہ کن اقدام شروع کر دیا گیا

برطانوی [illegible] مرکزی ملایا کو صاف کر رہی ہے

سنگاپور ۲۶ نومبر. مرکزی ملایا میں باغیوں کی سرکوبی کے لئے فیصلہ کن اقدام برطانوی فوج نے شروع کر دیا ہے اس سلسلہ میں جو اقدام کئے جانے والے ہیں. جن میں سے یہ پہلا اقدام ہے.

کوالالمپور سے تقریباً [illegible] میل کے فاصلہ پر جنگل میں تقریباً [illegible] باغی موجود ہیں. خیال کیا جاتا ہے کہ ان باغیوں میں چند ماہر کمیونسٹ بھی شامل ہیں برطانوی فوج پہلے ان لوگوں کے خلاف کارروائی کرے گی. ان لوگوں کو خوب مغربی پہاڑ کے انتہائی گھنے جنگلوں کی طرف بھگانے کی کوشش کی جائے گی تاکہ انہیں غذا کی سپلائی نہ مل سکے. اس کے بعد سب سے بڑی مہم [illegible] سرحد کے قریب شمالی ملایا کے علاقوں کی باقی رہ جائے گی.

حکومت سیام نے باغیوں کی سرکوبی کرنے والی فوجوں کو سیام میں داخل ہونے کی اجازت دیدی ہے. [illegible]

صوبائی عصبیت کے خلاف!

ڈاکٹر بھارگوا کا مشورہ!

بنارس ۲۶ نومبر. بنارس ہندو یونیورسٹی کے طالب علموں کو خطاب کرتے ہوئے مسٹر گوپی چند بھارگوا وزیر اعظم مشرقی پنجاب نے تلقین کی کہ صوبائی عصبیت کو دور ہونا چاہیئے. جو ہر صوبہ میں پائی جاتی ہے. انہوں نے کہا کہ اس کا علاج آپس میں یک جہتی پیدا کرنے سے ہو سکتا ہے. طالب علموں کو ایک دوسرے کو بھائی سمجھنا چاہیئے اور جب وہ صوبہ سے باہر جائیں تو مختلف صوبوں کے عوام کے ساتھ برتاؤ میں اسپورٹس اسپرٹ کا استعمال کرنا چاہیئے.

آخر میں انہوں نے کہا کہ گاندھی جی کے ملک میں ان لوگوں کے لئے کوئی جگہ نہیں ہو سکتی جو طلبہ [illegible] کی نظریت پر عمل پیرا ہیں. (اپ. ٹ. ا)

تولیتی کمیٹی کے اجلاس کا بائیکاٹ

لیک سکسیس ۲۶ نومبر. جنوبی افریقہ کے وفد نے اعلان کیا کہ وہ تولیتی کمیٹی کے آج کے اجلاس میں شرکت نہیں کرے گا آج ریورنڈ مائکل اسکاٹ جنوب مغربی افریقہ کے مستقبل کی بابت شہادت دیں گے. جنوب مغربی افریقہ کی تولیت میں تھا. لیکن اب جنوبی افریقہ نے اس علاقہ کو اپنی حکومت کا اہم ناقابل علیحدگی حصہ قرار دیدیا ہے. اور اس امر کا بھی اعلان کر دیا ہے کہ جنوبی افریقہ کی حکومت اس بات کے لئے تیار نہیں کہ یہ علاقہ بین الاقوامی ٹرسٹ میں دیدیا جائے. (پ ٹ رائٹر)

راستہ تلاش کرنا ہوگا. انہوں نے یہ باتیں یہاں ایک سپاسنامہ کے جواب میں کہیں جو ان کو گوہاٹی پہونچنے پر دیا گیا تھا. آسام کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم آسام کی اہمیت سے [illegible]

روسی نمائندہ کا واک آوٹ

(بقیہ صفحہ تین کالم ۲)

اعتراض کو تسلیم نہیں کیا اور کہا کہ اس قسم کا اعتراض تصدیق کرنے والی کمیٹی میں پیش کیا جانا چاہیئے چینی نمائندہ نے یوگوسلاوی نمائندہ کے اعتراض کی تردید کی اور کہا کہ چینی وفد جمہوری طریقہ پر منتخب ہونے والی حکومت کی نمائندگی کرتا ہے. انہوں نے روس پر ۱۹۴۵ء کے چینی روسی معاہدہ کی خلاف ورزی کے الزامات لگائے اور ان جرائم کی فہرست پیش کی جو ان کے بیان کے مطابق روسی فوجوں نے چین کے علاقہ میں کئے ہیں. ان جرائم میں ۲۲ قتل ۲۱ زنا بالجبر اور [illegible] لوٹ مار کے واقعات شامل ہیں انہوں نے بتایا کہ لوٹ میں ۴۷ قیمتی گھڑیاں بھی شامل تھیں.

روسی نمائندہ کا واک آوٹ

سیاسی کمیٹی کو یہ بتاتے ہوئے کہ سوویٹ یونین کے خلاف چین کے الزامات کی بحث میں روس حصہ نہیں لے گا مسٹر ویشنسکی اجلاس سے واک آوٹ کر گئے. چینی نمائندہ ڈاکٹر سیانگ کی ساتھ صفحے کی تقریر کی ایک کاپی بھی اپنے ساتھ لے گئے. مسٹر ویشنسکی کی جگہ ایم یعقوب ملک دوسرے نمائندوں کے ساتھ آکر بیٹھ گئے.

چینی نمائندہ نے سوویٹ یونین پر منافی اخلاق اور انسانیت کے خلاف جارحانہ حملے کے پروگرام کا الزام لگایا انہوں نے کہا کہ جب اکتوبر ۱۹۴۵ء میں چینی حکومت نے سوویٹ حکام کو متوجہ کیا کہ وہ منچوریا کو اپنی فوجیں بھیج رہے ہیں تو انہوں نے کہا کہ منچوریا کے بندرگاہوں کی فوجوں کے متعلق انہیں معلوم نہیں کہ وہ کس کی فوجیں ہیں سوویٹ حکام نے یہ بھی کہا کہ وہ چینی فوجوں کی سلامتی کے ذمہ دار نہیں ہوں گے دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب یہ ہے کہ کمیونسٹ فوجوں کو سوویٹ فوج نے ان بندرگاہوں پر قبضہ کرنے کی اجازت دی اور چینی سرکاری فوجوں کے اترنے کی صورت میں ان کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو گئے.

ڈاکٹر سیانگ نے کہا کہ منچوریا کا ایک بڑا حصہ کمیونسٹوں کو دیکر روس نے چین کے اندر کمیونسٹوں کی طاقت بڑھائی. اور انہیں زبردست فوجی اور اقتصادی امداد دی آپ نے کہا کہ یہ ایک کھلی امپیریلزم ہے؟

چینی نمائندہ کی تقریر کے بعد اجلاس پیر کے دن کے لئے ملتوی ہو گیا.

فلسطین میں "نسل کشی"

دمشق ۲۶ نومبر. اقوام متحدہ کی طرف سے حکومت شام کو اس بین الاقوامی میثاق میں شرکت کی دعوت موصول ہوئی ہے جو نسل کشی کو ختم کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے گو کہ ابھی حکومت شام نے اس کا جواب نہیں دیا ہے تاہم محسوس کیا جاتا ہے کہ عربوں کو تباہ کر کے ریاست اسرائیل کا قیام خود نسل کشی کا ایک نمونہ ہے. چنانچہ تمام عرب ریاستیں اس میثاق میں ضرور شرکت کریں گی. (گلوب)

ایک مشہور ڈاکو ہلاک

لدھیانہ ۲۶ نومبر. ضلع کے ایک مشہور ڈاکو کو ایک مقابلہ میں ہلاک کر دیا گیا. ڈاکہ زنی کے متعدد واقعات کے سلسلہ میں اس کی تلاش تھی. ڈاکو رام دیہ گاؤں میں تھا. کہ اس کا مقابلہ دیہاتیوں سے ہوا. اور وہ مارا گیا. (اپ. ٹ. ل)

کولمبو میں دولت مشترکہ

کے وزراء خارجہ کی کانفرنس

نئی دہلی ۲۶ نومبر. سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ دولت مشترکہ کے وزراء خارجہ کی جو کانفرنس کولمبو میں ہو رہی ہے وہ ۹ جنوری ۱۹۵۰ء سے ۱۴ جنوری تک منعقد ہوگی ہندوستان کی طرف سے پنڈت جواہر لال نہرو کانفرنس میں شرکت فرمائیں گے. (پ)

راجہ جی گوہاٹی پہونچ گئے

ہوائی اڈہ پر پرتپاک استقبال

گوہاٹی ۲۶ نومبر. ہندوستان کے گورنر جنرل مسٹر راجگوپال اچاری نے انفرادیت یا اجتماعیت دنیا کی مشکلوں کا حل نہیں ہندوستانیوں کو درمیانی

دار السلطنت

۲۸ نومبر ۱۹۴۹ء

اسٹیٹ آفس کے کلرک کو سزائے قید

حکومت کو دھوکہ دینے کا نتیجہ

حکومت ہند کے اسٹیٹ آفس کے انکوائری کلرک پریم پرکاش سکسینہ کو پچھلے دنوں مختلف میعادی قید اور جرمانہ کی سزائیں دی گئیں. اس کے خلاف الزام یہ تھا کہ وہ سرکاری بینکوں کے ملازموں کے کوارٹرز کا کرایہ غیر قانونی طور پر بڑھا دیتا تھا اور کرایہ کی رقوم وصول کر کے اپنے مصرف میں لے آتا تھا. اس کے خلاف چار مقدمے تھے. پہلے مقدمے میں اسے تین ماہ قید اور ڈیڑھ سو روپیہ جرمانہ اور بصورت عدم ادائیگی جرمانہ مزید [illegible] کی سزائیں دی گئیں.

تمام سزائیں اکٹھی شروع ہوں گی. استغاثہ کی پیروی حکومت ہند کے اسپیشل پولیس عملہ نے کی تھی. (پریس نوٹ)

تعلیم کا حقیقی مقصد کیریکٹر بنانا ہے

زراعتی کالج کے جلسہ میں وزیر خوراک کی تقریر

مرکزی زراعتی کالج کا پہلا سالانہ جلسہ کل نئی دہلی میں منعقد ہوا جس میں ہندوستان کے وزیر خوراک شری جیرام داس دولت رام نے طلبا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کا حقیقی مقصد طلباء کا کیریکٹر بنانا ہے جس سے علمی ترقی کے ساتھ ہی ساتھ طلباء کی ذہنی اور جسمانی نشو و نما بھی ہوتی رہے.

یہ زراعتی کالج ۱۹۴۷ء میں قائم کیا گیا تھا تاکہ جن صوبوں میں کوئی زراعتی کالج نہیں ہے. اور جو علاقے مرکزی حکومت کے زیر انتظام ہیں ان صوبوں کے علاقوں کے طلباء کو زراعتی تعلیم دی جا سکے. اس کالج میں کل ۴۷ طالب علم داخل ہوئے جن میں سے ۱۲ طلباء لائلپور زراعتی کالج سے خانماں برباد ہو کر آئے تھے. اس موقعہ پر کھیل کھیلے گئے. تقریریں ہوئیں اور ڈرامہ کھیلا گیا. (پریس نوٹ)

سوویٹ جہازوں کی شرکت

ڈاکٹر سیانگ نے کہا کہ کمیونسٹوں کی مسلح بغاوت میں سوویٹ فوج نے حصہ لیا اور جبکہ کمیونسٹوں نے گذشتہ جولائی میں چانگ شان کے جزیروں پر حملہ کیا تو اس میں روس کے بحری جہاز شریک تھے.

ڈاکٹر سیانگ نے جنرل اسمبلی سے چار باتوں پر عمل کرنے کی درخواست کی. (۱) منچوریا میں دوبارہ اقتدار قائم کرنے کی کوششوں کو روس نے جس طرح ناکام بنایا اور جس طرح اس نے چینی کمیونسٹوں کو فوجی اور اقتصادی مدد دی اس کے متعلق فیصلہ کرے. (۲) اس بات کو تسلیم کرے کہ چین کی سیاسی آزادی اور علاقائی سلامتی دنیا کے لوگوں کے لئے مشترک ہے. (۳) اس امر کی سفارش کرے کہ تمام ممبر حکومتیں چینی کمیونسٹوں کو فوجی اور اقتصادی مدد دینے سے احتراز (۴) اقوام متحدہ کا کوئی ممبر چینی کمیونسٹ حکومت تسلیم نہ کرے.

ڈاکٹر سیانگ نے جنرل اسمبلی سے مطالبہ کیا کہ ۴۵ ان لاکھوں لڑنے والوں سے جو چین میں اپنی آزادی کے لئے جنگ کر رہے ہیں یہ کہے کہ "ہم تمہارے ساتھ ہیں" چینی نمائندہ کی تقریر کے بعد سیاسی کمیٹی کا اجلاس پیر کے دن کے لئے ملتوی ہو گیا. (پ ٹ رائٹر)

بلیک مارکٹ کرنیوالوں کی گرفتاری

دہلی ۲۶ نومبر. کل کپڑے کے ۵ تاجروں کو بلیک مارکٹ سے کپڑا بیچنے کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا ہے. تاجروں کے پاس کپڑے کی تجارت کا لائسنس بھی نہیں تھا. (پ ٹ ا)

ایک لڑکی اور ٹرک کی ٹکر

دہلی ۲۶ نومبر. وزارت آبادکاری کی ایک لڑکی تارا سرین ایک ٹرک سے ٹکرا گئی. اس کو بیہوشی کی حالت میں ہسپتال میں منتقل کیا گیا ہے (پ ٹ ا)

تانگہ اسٹینڈ اٹھا لیا گیا

آج میونسپل کمیٹی دہلی نے اسپلینڈ روڈ پر تانگہ اسٹینڈ کے لئے جو دیوار بنائی تھی اسے اکھڑوا دی. یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ اسٹینڈ بھارتی سائیکل ڈیلرز کی دس بارہ دوکانوں کے سامنے بنایا گیا تھا. ان دوکانداروں نے متواتر کئی روز تک اپنا کاروبار پروٹسٹ کے طور پر بند کیا تھا. اور سینیئر سب جج کی عدالت میں ایک درخواست دی جسے انہوں نے منظور کر لیا. اور میونسپلٹی کو حکم دیا کہ ۲۷ نومبر تک اس دیوار کو گرا دیا جائے. چنانچہ کمیٹی نے آج اسے گرا دیا اور پولیس کا پہرہ بھی اٹھا لیا جو دیوار کی حفاظت کے لئے [illegible]

آہ مولانا ابو القاسم سیف بنارسی

انتہائی حزن و ملال کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت العلامہ مولانا محمد ابو القاسم صاحب سیف محدث بنارسی یوم جمعہ ۱۸ کو بوقت ۲ بجے دن فالج کے ایک شدید حملہ کی وجہ سے اچانک انتقال فرما گئے. انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم ایک یگانہ عصر عالم اور مشہور محدث اور بہت سی اردو اور عربی کتابوں کے مصنف تھے آپ فن مناظرہ میں بھی کامل دستگاہ رکھتے تھے. اور عیسائیوں آریوں اور دوسرے فرقہ باطلہ سے مناظرے کر چکے تھے علم کا شوق اس قدر تھا کہ جو کتاب چھپتی تھی وہ آپ کے پاس ضرور آتی تھی ابتدا سے جمعیۃ علماء کے ساتھ رہے اور کانگریس کے پلیٹ فارم سے متعدد بار جیل بھی گئے. مرحوم بہت سے کمالات کے حامل تھے. آپ کی رحلت سے ایک ایسی جگہ خالی ہو گئی ہے جو شاید جلد پر نہ ہو سکے گی. اللہ تعالیٰ مرحوم پر اپنی رحمتوں کی بارش فرمائے اور آپ کے برادران اور متعلقین کے قلب حزین پر صبر جمیل کا القاء کرے. آمین.

(قاری محمد سعید برادر مولانا مرحوم)

کھانڈ کے کارخانوں نے گنا پیلنا شروع کر دیا

وزارت زراعت کو جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبہ بمبئی کی ۵ اور یو پی کی تین شوگر فیکٹریوں نے کھانڈ تیار کرنے کے لئے گنا پیلنا شروع کر دیا ہے.

یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ میسور اور ٹراونکور کے علاقہ میں تمام کارخانوں اور مدراس کے علاقہ میں ایک کارخانہ نے اس ماہ میں گنا پیلنا شروع کر دیا ہے. [illegible]

نائجیریا میں ہنگامی حالات کا اعلان

لیگوس ۲۶ نومبر. گورنر نے نائجیریا کے مشرقی صوبہ میں ہنگامی حالات کا اعلان کر دیا ہے اور اجتماعات [illegible]

لیاقت علیخاں کا سفر امریکہ

(بقیہ صفحہ تین کالم چار)

[illegible] کی جا رہی ہے کہ ایسے وقت جبکہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں جنرل [illegible] کے دعوت نامہ پر روس اور صدر ٹرومین کے دعوت نامہ پر امریکہ جانے کا ارادہ رکھتے ہیں. پاکستان مسئلہ کشمیر کی بابت میں کیا رویہ اختیار کرتا ہے. ماسکو کی طرف سے وزیر اعظم پاکستان کو تقریباً اسی وقت ہی دعوت نامہ موصول ہو گیا تھا جبکہ پنڈت نہرو کے دورہ امریکہ کے متعلق اعلان کیا گیا تھا. صدر ٹرومین کے دعوت نامہ کا اظہار صرف ایک پریس کانفرنس میں ہوا. جس میں صدر ٹرومین نے کہا کہ وہ پاکستان کے وزیر اعظم کو بلانے کے متعلق غور کر رہے ہیں. لیکن اب یہ کوئی راز نہیں رہا ہے کہ یہ دعوت نامہ مسٹر لیاقت علی خاں کے نام بھیج دیا گیا ہے. لیکن مشاہدین کا خیال ہے کہ وزیر اعظم کے دورہ واشنگٹن میں اس وقت تک تاخیر ہو گی. جب تک کہ دورہ ماسکو سے قبل کی شرائط ماسکو اور کراچی کے مابین طے نہ ہو جائیں گی. پاکستان نے روس سے کہا ہے کہ پہلے دونوں ملکوں کے مابین سفارتی تعلقات کا قائم ہونا ضروری ہے اور روس اس کے لئے آمادہ ہو گیا ہے. (اپ ٹ رائٹر)

لٹکا دیا گیا تھا.

کلاتھ مارکیٹ پر پولیس کا چھاپہ

پولیس نے کل دہلی کلاتھ مارکیٹ میں چھاپہ مارا اور راج کمار، کالو رام، رام سرن اور ہریش چند شام داس وغیرہ پانچ کپڑے کے بیوپاریوں کو حراست میں لے لیا. ان کی دوکانوں کی تلاشی سے پولیس نے تقریباً ۳۰۰۰ گز کپڑا برآمد کیا. یہ بیوپاری بغیر لائسنس کپڑا فروخت کرتے تھے. اور گاہکوں کو کوئی کیش میمو وغیرہ نہیں دیتے تھے.

چوریاں

مارٹن برن لمیٹیڈ نے سبزی منڈی تھانہ میں رپورٹ کی ہے کہ کمپنی کے اسٹور واقع ریلوے لائن سے ۱۸ من لوہا چوری چلا گیا ہے.

گذشتہ رات [illegible] چوری ہوئے شہر کے مختلف حصوں سے ۵ سائیکل چوری [illegible]

نئے آئین کے تحت ہندوستان کے سولہ کروڑ باشندوں کو رائے کا حق حاصل ہوگا

تیس کروڑ افراد کے لئے دستور کی تشکیل ایک عظیم الشان کارنامہ ہے

آئین بنانے پر تین سال میں ۶۴ لاکھ روپیہ صرف ہوا

دستوریہ ہند میں ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر زبان اور دیگر مسائل پر تبصرہ

نئی دہلی ۲۶ نومبر. دستوریہ ہند میں آج نئے آئین پر رائے لینے سے قبل صدر اجلاس ڈاکٹر راجندر پرشاد نے پچاس منٹ تک تقریر کی. آئین منظور کئے جانے کی کارروائی صفحہ ۳ کالم ۵ پر درج ہے. اس تقریر میں ڈاکٹر راجندر پرشاد نے آئین کے اندر بیان کردہ مختلف مسائل پر ایک خاص تبصرہ کیا. اور بتایا کہ اس آئین کے ذریعہ ہندوستانی عوام کو کیا حقوق دیئے گئے ہیں.

خاص طور پر آپ نے حق بالغ رائے دہندگی کا ذکر کرتے ہوئے دیہاتیوں پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا. نئے آئین کے تحت ہندوستان کے ووٹروں کی بہت بڑی اکثریت [illegible] کو تشکیل کریں گے. انہوں نے ۳۲ کروڑ افراد کے لئے دستور کی تشکیل کو بڑا عظیم الشان کام قرار دیا. انہوں نے کہا دیہاتیوں کی تہذیب کو شاید شہری پسند نہ کریں. لیکن یہ بہت مستحکم ہے. رائے دہی بالغان کے تحت ۱۶ کروڑ ووٹر ہیں. اور ۱۹۵۰-۵۱ء کے موسم سرما میں انتخاب ہوگا. ہندوستانی صوبوں اور ریاستوں کے درمیان جو تھوڑا بہت فرق باقی ہے وہ رفتہ رفتہ ختم ہو جائیگا.

زبان کا مسئلہ

دستور کے نمایاں حصوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے مسئلہ زبان کے فیصلہ کو بہت اہم قرار دیا. اب سب کا اور خصوصاً ان لوگوں کا جو ہندی بولتے ہیں یہ فرض ہے کہ ہندی کو اس طرح ترقی دیں کہ ہندی ہندوستان کے مشترک کلچر کے اظہار کا [illegible]

[illegible] انہوں نے [illegible] کہ نیا دستور بہت لمبے عرصہ تک کام دے گا. ڈاکٹر صاحب کو دو باتوں کا افسوس تھا. ایک تو یہ کہ اس قدر کسی ہندوستانی زبان میں نہیں بنایا گیا. اور دوسرے یہ کہ آئین پارلیمنٹ کی لیاقت کا معیار مقرر نہیں کیا گیا. ملک کی بھلائی کا انحصار اس بات سے ہوگا کہ ہندوستان کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے. آج ہندوستان کو ایماندار اشخاص کی ضرورت ہے. ہمارے درمیان مذہبی ذات پات پر مبنی لسانی اور صوبائی اختلافات ہیں. آج ہمیں مضبوط آدمیوں کی ضرورت ہے جو ملک کے مفاد کو پارٹی بازی پر قربان نہ کریں. مجھے یقین ہے کہ ایسے لوگ عوام کے درمیان سے نکلیں گے. جن لوگوں نے ماضی میں خدمت کی ہے ان کو یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ان کا کام ختم ہو گیا ہے اور اب ان کے اپنی محنت کا پھل پانے کا وقت آگیا ہے. [illegible] (باقی صفحہ ۲ کالم ۲ پر)

دو سو گز اونچی فہرست رائے دہندگان

دہلی ۲۶ نومبر. ڈاکٹر راجندر پرشاد صدر دستور ساز اسمبلی نے آج ایوان میں بتایا کہ بالغان کے فیصلہ کے تحت ۱۶ کروڑ ووٹروں کے نام چھاپنے کے لئے ۲۰ لاکھ فولسکیپ کاغذوں کی ضرورت پڑے گی اگر یہ سب کاغذات اوپر تلے جمع کئے گئے تو ان کی اونچائی تقریباً دو سو گز ہو جائے گی. [illegible] رائے دہندگان کی [illegible] دوسرے کاموں کی حالت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے. انہوں نے امید ظاہر کی [illegible] میں انتخابات ہوں گے. (پ ٹ ا)

امن پسندوں کی کانفرنس کے مندوبین

ریلوے کرایہ نصف لیا جائیگا

نئی دہلی ۲۶ نومبر. سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ شانتی نکیتن میں امن پسندوں کی جو عالمی کانفرنس ہو رہی ہے اس میں شرکت کرنے والے مندوبین کو حکومت ہند نے سہولت دینے کا فیصلہ کیا ہے. حکومت ہند ان مندوبین سے نصف ریلوے کرایہ وصول کرے گی.

کانفرنس میں شرکت کرنے کے لئے اب تک ۳۴ غیر ملکی نمائندے ہندوستان آچکے ہیں اور مزید غیر ملکی نمائندوں کی آمد کی توقع ہے.

آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی کا سچر فارمولے کے خلاف احتجاج

نئی دہلی ۲۷ نومبر. آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی نے سچر فارمولے کے خلاف ایک قرارداد پاس کی ہے جس میں مشرقی پنجاب میں ہندی اور پنجابی بولنے والوں کے علاقے بنائے گئے تھے.

مہاسبھا نے قرارداد میں کہا ہے کہ اس سے تلخی پیدا ہوگی اور ناجائز دباؤ ہوگا. مہاسبھا تمام مشرقی پنجاب میں لازمی طور پر ہندی زبان چاہتی ہے. کمیٹی نے مشرقی پنجاب یونیورسٹی کے اس فیصلہ کے خلاف بھی احتجاج کیا ہے جس میں مشرقی پنجاب کے اندر میٹرک میں ہندی اور پنجابی دونوں کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

ایک اور قرارداد میں سوراشٹر اور بمبئی کی حکومتوں کے خلاف [illegible] احتجاج کیا گیا ہے. کمیٹی نے ۱۰ دسمبر کو بھائی پرمانند کی برسی منانے کا فیصلہ کیا. کل کے اجلاس میں سالانہ اجلاس کے لئے قراردادیں تیار ہوں گی. (اپ ٹ ا)

مسلمانوں میں ہی مذہب کے زندہ خیالات ملتے ہیں

ایک کیتھولک مشنری کا اعتراف

مسلمانوں اور عیسائیوں سے کمیونزم کے خلاف متحدہ محاذ بنانے کی اپیل

ویٹیکن سٹی ۲۶ نومبر. ایک کیتھولک جماعت نے ایک نوٹ میں لکھا ہے کہ کمیونزم کے خلاف مذہبی جنگ میں مسلمان اور عیسائی ایک اچھا محاذ بنا سکتے ہیں. نوٹ میں کہا گیا ہے کہ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ مسلمانوں میں ہمیں مذہب کے زندہ خیالات ملتے ہیں. ان میں حسن و خدا کی طرف میلان پایا جاتا ہے اور ہم تصور بھی نہیں کر سکتے کہ مسلمان خدا کی طرف کس خلوص سے مائل ہیں بہت سے بزرگ مسلمان مغربی لوگوں سے زیادہ اس کا احساس رکھتے ہیں کہ کمیونزم مذہب کے لئے کتنا زبردست خطرہ ہے. نوٹ میں کہا گیا ہے دنیا میں اس وقت اسلامی ممالک سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں اور جدید خیالات کے باعث مسلمانوں میں ایک نئی زندگی پیدا ہو رہی ہے. مسلمانوں میں دوسروں کی رائیوں کو قبول کرنے کی زیادہ صلاحیت پائی جاتی ہے. نئے امکانات پیدا ہو رہے ہیں اور زندگی کے ہر شعبہ میں زیادہ آزادانہ کام کرنے کی خواہش پائی جاتی ہے یہی وہ مقام ہے جہاں اسلام اور عیسائیت ایک دوسرے سے مل سکتے ہیں. اسلام کے خلا کو کون پورا کر سکتا ہے؟ کیا کیتھولک عیسائیوں میں اسلامی دینیات کو قبول کرنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے؟ عیسائیوں کو اس سے واقف ہونا چاہیئے کہ اسلام کے نئے خیالات کیا چاہتے ہیں. کیتھولک عیسائی اس موقع کو کھو نہیں سکتے.

جنوبی افریقہ میں اٹارنی جنرل کی مشکلات

ڈربن ۲۶ نومبر. جنوبی افریقہ کی پولیس کی بیجا زیادتیوں کی تحقیقات کرنے والے کمیشن کے روبرو گواہی دیتے ہوئے ٹرانسوال کے اٹارنی جنرل مسٹر [illegible] نے کہا کہ پولیس ان کے ماضی کی تحقیقات کر چکی ہے اور وہ جھوٹے الزامات کی بنا پر اپنی گرفتاری کا خطرہ محسوس کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ [illegible] افریقہ میں ایک استغاثہ [illegible] کی پوزیشن ناممکن ہو گئی ہے. [illegible] اور ملزم کو سزا دلانے میں بھی کامیاب ہوتے ہیں تو [illegible] (گلوب)

اندور کے کپڑے کے مل بند نہیں ہونگے

گوالیار ۲۶ نومبر. مدھیہ بھارت کی حکومت کی [illegible] وقت کی کوششوں سے اندور کے کپڑے کے مل بند ہونے سے رک گئے. لیکن اس کا امکان ہے کہ [illegible] حکومت نے ایک تحقیقاتی کمیٹی مقرر کر دی ہے جو [illegible] کا جائزہ لے کر [illegible] پانچ ہزار مزدور کام کرتے ہیں. (پ ٹ ا)

امریکہ کیطرف سے وزیر اعظم پاکستان کو دعوت نامہ موصول ہو گیا

روانگی کا فیصلہ روس کے ساتھ بات چیت کے بعد کیا جائیگا

لندن ۲۶ نومبر. رائٹر کا سیاسی نامہ نگار رقمطراز ہے کہ پاکستان کے وزیر برائے معاملات کشمیر نواب مشتاق احمد گورمانی ۲۸ نومبر پیر کے دن لندن سے جنیوا کے لئے روانہ ہو جائیں گے. جہاں اس وقت کشمیر کمیشن کے اجلاس ہو رہے ہیں. نواب گورمانی مجلس تحفظ کے سامنے جب مسئلہ کشمیر پر بحث آئے گی تو پاکستان کی طرف سے پیروی کریں گے. نامہ نگار کا کہنا ہے کہ نواب گورمانی یہ معلوم کرنے کی خواہش رکھتے ہیں. کہ کشمیر کمیشن عنقریب سلامتی کونسل کو اپنی رپورٹ پیش کرنے کے سلسلہ میں کیا طریقہ کار اختیار کرے گا. کمیشن کی رپورٹ میں یہ بتایا جائیگا کہ اس نے کشمیر کے اندر عارضی صلح کے سلسلہ میں کس طرح کام کیا اور اس کے نفاذ کے سلسلہ میں ہند اور پاکستان کے مابین کیا اختلافات پیدا ہوئے.

معتبر حلقوں کی اطلاع کے مطابق مسٹر گورمانی مجلس تحفظ کے روبرو اس امر کی وضاحت کریں گے کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں جہاں تک [illegible] ان باتوں کو ضروری سمجھتا ہے. [illegible] مسئلہ کا حل صرف ہند اور پاکستان ہی کے لئے ضروری نہیں ہے بلکہ جنوبی ایشیا کے چاروں طرف کے علاقوں کی سیاسی اور اقتصادی صورت حالات کے استحکام کے لئے بھی ضروری ہے. (باقی صفحہ ۲ کالم ۴ پر)

برمی کابینہ کی دوبارہ تشکیل

رنگون ۲۶ نومبر. برمی کابینہ کی دوبارہ تشکیل کا مسئلہ پھر اٹھ کھڑا ہوا ہے. اور توقع کی جاتی ہے کہ جلد ہی کچھ تبدیلیاں ہوں گی.

سوشلسٹ جنہوں نے چند ماہ قبل کابینہ سے استعفیٰ دے دیا تھا. تاکہ تھاکن نو آزادی سے ساتھ حکومت چلا سکیں. اب دوبارہ کابینہ میں شرکت کرنا چاہتے ہیں بشرطیکہ پہلے کی طرح انھیں پانچ نشستیں دی جائیں گی.

بمبئی میں ڈچ طیارے کی تباہی

ماہ دسمبر میں رپورٹ شائع کی جائیگی

نئی دہلی ۲۶ نومبر. قابل اعتماد ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ حال ہی میں بمبئی میں ڈچ طیارے کو جو حادثہ پیش آیا تھا اس کی رپورٹ وسط دسمبر یعنی حادثے کے پانچ ماہ بعد شائع کی جائے گی.

یہ حادثہ ۱۲ جولائی کو بمبئی کے قریب پیش آیا تھا جس میں ۴۴ مسافر اور گیارہ ہوا باز ہلاک ہو گئے تھے. حکومت ہند نے یہ رپورٹ ماہ ستمبر میں تیار کر لی تھی لیکن ڈچ حکومت کی درخواست پر رپورٹ ہیگ [illegible] (گلوب)

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں نمائندہ کی طرف سے روس پر سنگین الزامات

روسی نمائندہ نے بحث کا بائیکاٹ کر دیا اجلاس سے واک آؤٹ

دنیا کی کوئی حکومت چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم نہ کرے

جنرل اسمبلی سے چینی نمائندہ ڈاکٹر سیانگ کی اپیل

لیک سکسیس ۲۵ نومبر. روس کے وزیر خارجہ مسٹر اینڈری ویشنسکی نے آج اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں اعلان کیا کہ روس چین کی اس شکایت پر بحث کا بائیکاٹ کرے گا جو اس نے چینی کمیونسٹوں کو روس کی امداد کے سلسلہ میں پیش کی ہے.

[illegible] اسی لئے روس اس بحث میں حصہ نہیں لے گا اور اس بارے میں جو بھی فیصلہ ہوگا وہ اس کا پابند نہیں ہوگا. یوکرین، بائلو روس، پولینڈ اور چیکوسلاواکیہ کے نمائندوں نے بھی اس قسم کے بیانات دیئے یوگوسلاو کے نمائندہ نے کہا کہ چین کا موجودہ ڈیلی گیشن چینی عوام کی نمائندگی نہیں کرتا اس لئے پہلے کمیٹی کو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے آیا یہ ڈیلی گیشن تصدیق سرکاری کا حق رکھتا ہے لیکن کمیٹی کے کناڈی چیرمین مسٹر لیسٹر پیرسن نے اس (باقی صفحہ ۲ کالم ۳ پر)

ریشم کی ڈیوٹی میں تخفیف کر دیگئی

سری نگر ۲۶ نومبر. سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ ریشم پر جو وسط ایشیا کے تجارتی مرکزوں کی طرف سے آتا ہے [illegible] ۳۶ روپیہ سے [illegible] کر دی ہے. یہ تخفیف چینی ترکستان کی ایجنسی کی طرف سے نمائندگی کی جانے کے بعد کی گئی ہے. اس اقدام سے وسط ایشیا سے کشمیر کی تجارت بڑھ جانے کی توقع ہے. (پ ٹ ا)

عربی دنیا کے مسلمانوں کی مشترکہ زبان بن سکتی ہے

شیخ محمد ریاض الصباحی کا بیان

دمشق ۲۶ نومبر. فود اکاڈمی واقع قاہرہ کے عراقی رکن شیخ محمد ریاض الصباحی نے گلوب کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے کہا اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عربی دنیا کے مسلمانوں کی مشترکہ زبان بن سکتی ہے. الصباحی فود اکاڈمی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے جا رہے ہیں. جو وسط دسمبر شروع ہو رہا ہے. فود اکاڈمی عربی زبان کا مرکز تصور کی جاتی ہے. (گلوب)

دہلی ۲۶ نومبر. آندھرا کانگرس کے لیڈر اور مدراس کے سابق وزیر اعظم مسٹر ٹی پرکاشم نے آندھرا صوبہ بنائے جانے کے فیصلہ پر ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ فیصلہ ہمارے لئے ایک موقعہ ہے کہ ہم محب وطن باشندوں کی طرح اپنی اہلیت کو ظاہر کریں.

انہوں نے کہا ابھی بہت سے سوالات حل طلب ہیں. خاص مدراس کا سوال. املاک اور واجبات کی تقسیم کا سوال وغیرہ. (پ ٹ ا)

یو پی میں کمیونسٹ انقلاب برپا کرنیکی کوشش کر رہے ہیں

تمام کمیونسٹوں کے نام کمیونسٹ لیڈروں کا خفیہ سرکلر

لکھنؤ ۲۶ نومبر. اخبار پائنیر کے نامہ نگار خصوصی کو معلوم ہوا ہے کہ اس وقت یو پی کے جیل خانوں میں کمیونسٹوں کی جو سرگرمیاں ہو رہی ہیں وہ اس خفیہ سرکلر کا نتیجہ ہے جو اس صوبہ کے نامور کمیونسٹ لیڈروں کی طرف سے جاری کیا گیا ہے.

[illegible]

ان حلقوں کی اطلاع کے مطابق کمیونسٹ پارٹی کی اگزیکٹو نے ایک خفیہ سرکلر بھیجا ہے جس میں کمیونسٹوں سے تشدد اور ہنگامے برپا کرنے کے لئے کہا گیا ہے. تاکہ کمیونسٹ انقلاب کے لئے فضا پیدا کی جا سکے. جیل خانے کے حکام نے تمام [illegible] اختیار کی ہیں کہ جیل کے اندر قیدیوں اور جیل کے باہر کمیونسٹوں کے مابین خط و کتابت کا کوئی امکان باقی نہ رہے. لیکن اس کے باوجود ایک دوسرے کی طرف سے ایک دوسرے کو پیغامات موصول ہوتے ہیں. اس کا ثبوت اس تحریک سے ملتا ہے. جو [illegible]

[illegible] حال ہی میں ایک اور کمیونسٹ جیل سے فرار ہوا ہے [illegible] مختلف جیل خانوں میں اس وقت کمیونسٹ نظر بندوں کی تعداد [illegible] ہے. [illegible]

کمیونسٹ فوجیں چنکنگ کو چاروں طرف سے گھیرتی جا رہی ہیں

ایک لشکر شہر سے چالیس میل کے فاصلہ پر پہونچ گیا ہے

ہانگ کانگ ۲۶ نومبر. چین کی کمیونسٹ فوجوں نے صوبہ کوانگسی میں دو اہم شہروں پر قبضہ کر کے صوبہ کوانگسی میں موجود سرکاری فوجوں کو دوسری سرکاری فوجوں سے منقطع کر دیا ہے. اس بات کی امید ہے کہ اب کمیونسٹ ہائی کمانڈ چنکنگ کی فتح پر زیادہ زور دیگا.

چنکنگ کو اب جنوب مشرق، جنوب اور مشرق سے سخت خطرہ پیدا ہو رہا ہے چنکنگ سے ۵۰ میل پرے ایک محاذ پر کمیونسٹوں نے ۵۰ ہزار سپاہیوں کو جمع کر رکھا ہے

جنرل لن پیاؤ کی فوجیں

جو شمال مشرق سے چنکنگ کی طرف بڑھ رہی ہیں گذشتہ شب شہر سے صرف ۴۰ میل رہ گئی تھیں جنرل لن پیاؤ کی جو فوجیں [illegible] چنکنگ کی شاہراہ پر بڑھ رہی ہیں وہ [illegible] ان سے معلوم ہوتا ہے کہ جنوب کی طرف سے پیش قدمی کرنے والی فوجیں شہر سے صرف [illegible] میل رہ گئی ہیں [illegible]

جاپانی برآمد پر جاپان کو مکمل اختیار مل جائیگا

پارلیمنٹ میں ایک نیا بل پیش کیا جارہا ہے

ٹوکیو ۲۶ نومبر. جاپان کی پارلیمنٹ میں ایک نیا بل پیش کیا جا رہا ہے. جس کے مطابق جاپانی برآمد پر جاپان کو مکمل اختیار مل جائیگا. یہ بل جنرل میک آرتھر کے صدر دفتر میں تیار کیا گیا ہے. اور اس کے مطابق جاپانیوں کو متعدد مالی اختیارات بھی مل جائیں گے.

اس بل کے مطابق جاپانی وزیر مالیات کو ین کی شرح تبادلہ میں تبدیلی کرنے کا اختیار ہوگا. اور وہ اپنی خواہش کے مطابق غیر ممالک کے ساتھ تجارت یا تبادلہ روک سکیگا. غیر ملکی تبادلہ کا کاروبار کرنے والے غیر ملکی بینکوں کو اس کی رضامندی بھی حاصل کرنی پڑے گی. (گلوب)

جرمنی میں مسلح فوج کے قیام کی اجازت نہ دیجائے

فرانس کی اکثریتی پارٹیوں کا مطالبہ

پیرس ۲۶ نومبر. فرانسیسی اسمبلی نے ساری رات کے اجلاس کے بعد ۲۳۴ ووٹوں کے مقابلہ میں ۳۴۴ ووٹوں سے حکومت کی خارجی پالیسی کی تصدیق کر دی. سوشلسٹوں، پاپولر ریپبلکن ترقی پسندوں اور بہت سے اعتدال پسندوں نے وزیر خارجہ فرانس مسٹر شومان کی پالیسی پر اعتماد کے حق میں ووٹ دیئے اکثریت والی پارٹیوں کی طرف سے جو تحریک پیش کی گئی. اس میں حکومت کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس بات کی نگرانی رکھے کہ جرمنی کی صنعتی ترقی اس حد تک

بحال نہ ہو جائے کہ [illegible] اس بات پر زور دیا گیا کہ [illegible] بین الاقوامی دنیا میں یورپ کی سلامتی کی ضمانت ہے. اس امر کا بھی مطالبہ کیا گیا کہ جرمنی میں مسلح فوج کے قیام کی ممانعت کر دی جائے اس تحریک کے اندر کونسل آف یورپ میں جنوبی جرمنی کی شمولیت کا خیر مقدم کیا گیا. ڈی گول کے حامیوں اور [illegible] بازو کے ممبروں نے تحریک کے خلاف ووٹ دیئے. اس سے قبل ۱۸۲ کے مقابلہ میں ۴۱۰ ووٹوں کی اکثریت سے کمیونسٹوں کی ایک تحریک مسترد کر دی گئی. جس میں مارشل [illegible] کی مذمت، فرانس اور روس کے معاہدہ کی توثیق اور ہند چینی میں جنگ [illegible]

بیت المقدس کے مستقبل کا مسئلہ

اقوام متحدہ کی خصوصی سیاسی کمیٹی میں بحث

لیک سکسیس ۲۶ نومبر. اقوام متحدہ کی خصوصی سیاسی کمیٹی میں تقریر کرتے ہوئے برطانوی مندوب سر الگزنڈر کیڈوگن نے کہا برطانیہ بیت المقدس کے لئے مستقل بین الاقوامی حکومت کی حمایت کرتا ہے برطانیہ ہر اس تجویز کو منظور کرنے کے لئے تیار ہے جس سے کمیشن کا کام زیادہ آسان ہو جائے شامی نمائندہ مسٹر احمد نے کہا عرب فلسطین کمیشن کے اس منصوبہ پر غور کرنے کو تیار ہیں لیکن اسرائیل کے نمائندے نے کمیشن کی یہ تجویز بالکل ہی نامنظور کر دی. اسرائیلی نمائندہ موشے شرٹ نے کہا کہ یہ مسلمانوں اور عیسائیوں کے مذہبی جذبات کو ٹھنڈا کرنے کا ایک طریقہ ہے بیت المقدس کو غیر مسلح کرنے کی بابت اس نے بتایا کہ بیت المقدس تین طرف سے عرب علاقوں سے گھرا ہوا ہے اس لئے عرب اور یہودی علاقوں کو غیر مسلح کرنے سے یہودی علاقہ پر آسانی سے حملہ کیا جا سکے گا. (اپ ٹ ا)

سری نگر ۲۶ نومبر. حکومت کشمیر نے پانچ سو ایرانی پناہ گزینوں میں زمین تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو گذشتہ [illegible] ایران کے علاقہ سے ہندوستان کی طرف آگئے تھے. (پ ٹ ا)

جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں کا ضروری فرض

جمعیۃ علماء ہند کے ذمہ دار اکابر اور تمام دانشمند اور اہل نظر بزرگوں کا فیصلہ ہے کہ "الجمعیۃ" کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانا "وطن کی بہبودی اور ہندوستان کے مسلمانوں کی بھلائی کے لئے بہت ہی ضروری ہے.

اس لئے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی بساط کے مطابق الجمعیۃ کی اشاعت بڑھانے میں حصہ لے خصوصاً جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں اور ان کے کارکنوں کا ضروری فریضہ ہے کہ وہ ممبر سازی کے ساتھ ساتھ الجمعیۃ کو گھر گھر تک پہنچانے کی پوری کوشش کریں.

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کا جلسہ

مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی ناظم عمومی جمعیۃ علماء صوبہ دہلی اعلان کرتے ہیں کہ ۲۸ نومبر ۱۹۴۹ء پیر کے دن ۴ بجے جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کی مجلس عاملہ کی ایک ضروری میٹنگ ہوگی جس میں معاملات سازی کے متعلق بعض امور پر غور کیا جائے گا.

ممبران کے نام ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے امید ہے کہ ممبران وقت مقررہ پر تشریف لے آئیں گے.

قارئین کے خیالات

ہندوستان میں فرقہ پرستی کو زندہ نہیں رہنا چاہیئے

(جناب ایس۔ پرشاد صاحب۔ [illegible] ایم۔ او۔ ایل)

یہ کھلی حقیقت ہے کہ کچھ عرصہ قبل اس ملک میں کیسا انقلاب برپا ہوا تھا۔ [illegible]

[illegible]

تبصرے

[illegible]

کانگڑہ میں بم پھٹنے سے چار مجروح

[illegible] (رپٹ)

افسانہ

انسان کی پہلی فتح

جناب مسعود الرسول

[illegible]

اب سے ارض پر میرا ایک نائب تخلیق ہونے والا ہے

[illegible]

جو اس کائنات کو توڑنے پھوڑنے کی ذہنیت سے عبارت ہوگی۔؟

[illegible]

یہ ہے دنیا کی پہلی کہانی۔ لیکن یہ کہانی ابھی ختم نہیں ہوئی۔ (سائیکولوجی)

ہندوستان کا قدیم نظام

جناب مظہر احمد صاحب

(۱)

[illegible]

برطانوی تعلیمی پالیسی کے نقصانات

[illegible]

ہمارے معاشرتی نظام کی شکست

[illegible]

ہندوستان کا نیا دستور منظور ہو گیا

دستوریہ ہند میں آئین کی نئی کتاب پر صدر کے دستخط ہونے کی اثر انگیز اور تاریخی رسم

بعض دفعات پر فوری طور پر عمل شروع ہو جائے گا

آئین پر خلوص اور خدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے عمل کیا جائے

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی اپیل دستوریہ کا اجلاس عرصۂ غیر معینہ کیلئے ملتوی

نئی دہلی ۔ ۲۶ نومبر ۔ دستوریہ ہند میں آج ہندوستان کا نیا آئین منظور کر لیا گیا۔ مولانا حسرت موہانی کی اکیلی آواز تھی جو اس آئین کے خلاف سُنی گئی۔ آئین کی منظوری کے بعد ایک قرارداد کے ذریعہ صدر دستوریہ کو اختیار دیا گیا کہ وہ ۲۶ جنوری سے قبل جبکہ یہ آئین نافذ ہوگا جس وقت مناسب سمجھیں اجلاس بلا سکتے ہیں۔

جس وقت نئے آئین کو ایوان کی تصدیق اور منظوری حاصل ہو گئی تو صدر اجلاس ڈاکٹر راجندر پرشاد نے آئین کی کاپی پر دستخط کئے اس وقت [illegible] ایوان کے اندر داخل ہوئی [illegible]

اور تمام حاضرین اپنے اندر ایک طرح جوش و خروش محسوس کر رہے تھے۔

[illegible]

فرانس میں پولیس افسران کی نظر بندی

پیرس ۔ ۲۶ نومبر (رپٹ رائٹر) کل پیرس پولیس کے سو سپاہیوں نے چالیس کاروں میں مختلف پولیس انجمنوں پر چھاپہ مارا۔ جمعہ کے روز [illegible] فرانسیسی قونصل خانہ کا ایک افسر ہوائی جہاز کے ذریعہ روانہ ہونے سے قبل گرفتار کیا گیا تھا۔

پیرس میں پولیس ملٹری اٹیچی کو فرانسیسی پولیس نے نظر بند کر لیا ہے۔

ہندوستان کو تین تباہ کن جہاز

بمبئی ۔ ۲۶ نومبر ۔ [illegible] نیوی کے تین جہاز تباہ کن ہندوستانی بحریہ کو دے دیئے گئے ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ جہاز رنجیت، جہاز رانا اور جہاز راجپوت توقع ہے کہ وہ لندن سے ۲۱ جنوری ۱۹۵۰ء کو بمبئی پہنچ جائیں گے۔ (رپٹ)

ہندوستان اور ارجنٹائن میں معاہدہ

دہلی ۲۶ نومبر ۔ ہندوستان اور ارجنٹائن کے درمیان ایک معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں جس کی رو سے پٹ سن کے سامان کے بدلے ہندوستان کو تین لاکھ ٹن گیہوں ملے گا۔ توقع ہے کہ یہ گیہوں اگست ۱۹۵۰ء تک ہندوستان آ جائے گا۔ (رپٹ)

بعض صوبے اپنے آپ کو آزاد ملک سمجھتے ہیں!!

صوبائی حکومتوں کے کاموں پر کڑی تنقید ۔ رڑکی یونیورسٹی میں پنڈت نہرو کی تقریر

رڑکی ۲۶ نومبر (ا۔م) کل ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے رڑکی یونیورسٹی کے افتتاح کے موقع پر دس ہزار آدمیوں کے مجمع میں جن میں ہندوستان کے تمام حصوں سے آئے ہوئے انجینیر بھی شامل تھے تقریر کرتے ہوئے ہندوستان کے ترقی کے صوبوں کا جائزہ لیا اور ان کی صوبہ بندی اور عمل میں لانے پر خامیاں بیان کیں۔ ایک صحیح اور تعمیری مدد کی حیثیت سے انہوں نے بتایا کہ حقیقت تو یہ ہے کہ کوئی باضابطہ طور پر ترقی کا صحیح منصوبہ تیار نہیں ہوا۔ آپ نے بے شمار وزارتی ۔ محکمہ اور صوبائی کانفرنسوں پر قدرے نرمی سے نکتہ چینی کی جو گذشتہ دنوں ہوتی رہی ہیں۔ آپ نے بعض صوبوں کی اس ذہنیت پر بھی نکتہ چینی کی کہ وہ آزاد ملکوں کی طرح برتاؤ کر رہے ہیں۔ آپ نے بتایا کہ مرکز اور صوبوں کے محکموں میں باہمی سوچ بچار نہ کرنا جو موجودہ ڈھنگ ہے وہ غلط ہے۔ اگر کسی ایک صوبہ کو مراعات دیجاتی ہے تو تمام صوبے یہ سوچے بغیر کہ اس طرح ہندوستان [illegible] اس کا مطالبہ کرتے ہیں۔ آپ نے ان کو مشورہ دیا کہ وہ [illegible] صوبائی طریقوں کو سوچنا ترک کر کے قومی مفاد کے پیش نظر غور کریں۔

گوپال پور کیمپ میں پناہ گزینوں کی شورش

کیمپ خالی کرنے سے انکار کر دیا

بردوان ۲۶ نومبر ۔ یہاں سے ۳۰ میل دور گوپال پور کیمپ کے پناہ گزینوں نے [illegible]

مہاراجہ بڑودہ کے ملازمین نے بھی ہڑتال کر دی

تنخواہوں میں معقول اضافہ کا مطالبہ

بڑودہ ۲۶ نومبر ۔ مہاراجہ بڑودہ کے کم تنخواہ پانے والے ملازمین نے آج صبح ہڑتال کر دی ہے۔ [illegible]

اقوام متحدہ میں افریقیوں کی نمائندگی

تولیتی کمیٹی نے مسٹر اسکاٹ کو نمائندہ مان لیا

لیک سکسیس ۔ ۲۶ نومبر ۔ اقوام متحدہ کی تولیتی کونسل کی مقرر کردہ کمیٹی نے جنوب مغربی افریقہ کے غیر یورپین باشندوں کے نمائندہ مسٹر اسکاٹ کا مراسلہ تعارف دیکھا اور اس کو تسلیم کر لیا۔ [illegible]

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے زر چندہ روانہ کیجئے تو اس کی رسید ہمیں بھیج دیجئے تاکہ اخبار آپ کے نام جلد جاری ہو سکے۔ اور اخبار کا وی پی چھڑا کر وی پی پیکٹ کا پیپر جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے فوراً ہمیں بھیجئے۔ تاکہ معلوم ہو جائے کہ آپ نے وی پی چھڑا لیا ہے منی آرڈر اور وی پی کی رقمیں آج کل بہت تاخیر سے وصول ہو رہی ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کریں گے تو ہم رقم کی وصولیابی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کر دیں گے

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

قبرص کو یونان میں شامل کرنیکا مسئلہ

ترکی باشندوں کی طرف سے مخالفت

[illegible]

نواب مشتاق احمد کی مسٹر اٹیلی سے ملاقات

[illegible]

ہندی مسلمانوں کی زبان ہے

[illegible]

امریکہ کو ہندوستان کے مستقبل پر اعتماد پیدا ہو گیا ۔ ہینڈرسن کا بیان

[illegible]

ٹراونکور کوچین یونین اور نیا دستور

راج پرمکھ کا اعلان

[illegible]

رڑکی یونیورسٹی کے افتتاح پر

یو۔ پی کے گورنر سر ہومی مودی کی تقریر

[illegible]

شاہ ایران کا دورۂ امریکہ ختم

امریکہ کی صنعتی ترقی سے متاثر

[illegible] (رپٹ رائٹر)

کراچی میں اقتصادی ممالک کی پہلی کانفرنس کا اجلاس شروع

پاکستان کے وزیر اعظم اور وزیر خزانہ کی تقریریں

کراچی ۔ (ریسرس ٹرسٹ رائٹر) ۲۶ نومبر ۔ [illegible]

[illegible]

اعظم گڈھ میں
اخبار الجمعیۃ دہلی
کے لئے
دیانتدار اور محنتی ایجنٹ کی
ضرورت ہے
خواہشمند حضرات سبقت کرنے کی
کوشش کریں۔

ہیڈ آفس ساگر سی پی
ستارہ بیڑی
ہمیشہ پیا کیجئے
برانچ آفس باڑہ ہندوراؤ دہلی
اہل ذوق حضرات صرف ستارہ بیڑی ہی پیا کریں۔


نقالوں سے بچئے ۔ اصلی مچھلی چھاپ دیکھ لیجئے
شرطیہ فائدہ
انجن
مچھلی چھاپ رجسٹرڈ
[illegible]
پتہ:۔ شفاء العین اینڈ کمپنی [illegible] دہلی

نئی نئی انجینیاں لیں
ہندوستان کے کونے کونے سے مال منگوانے اور نئی نئی انجینیاں لینے کے لئے آل انڈیا تجارتی ڈائرکٹری ملاحظہ فرمائیں [illegible]
قیمت اڑھائی روپے ۔ تجارتی رسالہ روزگار (۵) نئی دہلی

ضرورت
[illegible]
میلنیٹو کیور اتھارٹی ہوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ ۔ دہلی

اردو ہندوستانی زبان ہے
[illegible]

دیوان، کلیات، مثنویات، [illegible]
[illegible]

خوبصورت رنگین لیبل
[illegible]
قیمت دو روپیہ
کمرشل سنڈیکیٹ (۵) [illegible] نئی دہلی

دہلی سے لاہور
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز پارسل
[illegible]
دہلی کمرشل کارپوریشن [illegible] چاندنی چوک دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

صبح کا ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

فون نمبر:- ۵۱۳۵

تار کا پتہ:- الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک | جلد ۳۱ | دہلی یوم منگل ۸ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۹ نومبر سنہ ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۸۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

سکھ ممبر نے بھی خلاف رائے دی

نئی دہلی ۲۷ نومبر: سردار حکم سنگھ ممبر دستور ساز نے گذشتہ شب اپنے بیان میں کہا ہے کہ جس وقت نئے آئین کی منظوری کے سلسلہ میں ڈاکٹر امبیدکر کی تحریک پر رائے لی جا رہی تھی تو صرف مولانا حسرت موہانی ہی نے اس کی مخالفت نہیں کی بلکہ میں نے بھی کی تھی"، کہا (پ، ٹ)

فلسطین میں پھر جنگ کا خطرہ

اٹلانٹک سٹی ۲۷ نومبر: مسٹر موشے شرتوک وزیر خارجہ اسرائیل نے بیان کیا کہ بعض عرب ممالک مسلح ہو رہے ہیں اسرائیل بھی اپنے دفاع کو مضبوط بنا رہا ہے عربوں سے قدرتی طور پر کوئی خطرہ نہیں جب تک عرب خلوص کے ساتھ مذاکرات نہ کریں

اس وقت تک ثالثی سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ الٹا نقصان ہے کیونکہ عرب گفت و شنید سے انکار کرنے کے ساتھ ساتھ ظاہر کر سکتے ہیں کہ گفت و شنید کر رہے ہیں (پ، ٹ رائٹر)

ہندوستان کسی گروہ یا خوف سے کسی بلاک میں شامل نہیں ہوگا

(وزیر اعظم ہند کا اہم اعلان)

ہم ساکن دنیا میں نہیں بلکہ متحرک دنیا میں رہ رہے ہیں

نکتہ چینی کرنے کے بجائے ملک کی بھلائی کے لئے کام کرو

ہندوستانی عوام سے پنڈت جواہر لعل نہرو کی اپیل

لال قلعہ دہلی ۲۷ نومبر: وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے آج کہا کہ ہم غلطی کر سکتے ہیں اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہم کسی سے دھوکہ کھا جائیں لیکن ہم کبھی بھی کسی کے ڈر اور خوف سے کوئی غلط کام نہیں کر سکتے۔

پنڈت جی ایک استقبالیہ جلسہ میں تقریر کر رہے تھے جو دہلی میونسپلٹی کے زیر اہتمام اہالیان دہلی کی طرف سے لال قلعہ کے اندر نوبت خانہ کے سامنے پنڈت جی کو ان کے کامیاب دورہ امریکہ سے واپسی پر منعقد کیا گیا تھا۔

پنڈت جی نے گذشتہ تین سال کے واقعات پر اجمالاً تبصرہ کیا جس کے دوران دہلی میں وزیر اعظم کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔ آپ نے کہا اس دوران میں بہت سے واقعات رونما ہوئے۔ ملک کا ایک حصہ ہم سے الگ ہو گیا۔ بہت کچھ گڑبڑ ہوئی۔ دہلی میں قتل عام ہوا اور بہت سی مشکلات سے ہمیں دو چار ہونا پڑا لیکن اس کے باوجود ہم اپنے فرائض کو انجام دیتے رہے۔ پنڈت جی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ان ذمہ داریوں کو سمجھیں جو حصول آزادی کے بعد ان پر آ پڑی ہیں اور ملک کی بھلائی کے لئے محنت سے کام کریں۔ آپ نے فرمایا کہ لوگوں میں صرف دو باتیں ہیں یا تو وہ قومی لیڈروں کی تعریف کرتے ہیں یا برائی لیکن کام آدمی نہیں کرتا۔ ہندوستان اس وقت ایک انقلابی دور سے گذر رہا ہے۔ [illegible]

ہند اور پاکستان کا نہری تنازعہ

حکومت پاکستان نے مسٹر پیچ کو مشیر مقرر کر دیا

کراچی (بذریعہ ڈاک) ہند اور پاکستان کے نہری تنازعہ کے سلسلہ میں اسپیشل ٹریبونل کے سامنے مسٹر جیمز پیچ کے بجائے پاکستان کی جانب چیف کونسل کی حیثیت سے پیش ہوں گے۔

مسٹر پیچ انگلستان کے بیرسٹر ہیں [illegible] لارڈ جسٹس بلکٹ بھی کراچی پہنچیں گے

پاکستان و کینیڈا کی تجارتی معلومات

کراچی (بذریعہ ڈاک) پاکستانی ہائی کمشنر سفیر کینیڈا [illegible]

۱۷ مزید پولستانی فرانس سے خارج کر دئیے گئے

فرانس کی وزارت داخلہ کا بیان

پیرس ۲۷ نومبر: گذشتہ شب فرانس کی وزارت داخلہ نے اعلان کیا کہ [illegible]

انڈمان میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

مغربی بنگال کی حکومت کا اعلان

کلکتہ ۲۷ نومبر: حکومت مغربی بنگال [illegible]

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس ۲۸ نومبر سے شروع ہو جائیگا

اجلاس کے پہلے روز پنڈت نہرو ایک بیان دینگے

نئی دہلی ۲۷ نومبر: ہند پارلیمنٹ کا اجلاس ۲۸ نومبر پیر کے دن دن کے گیارہ بجے شروع ہو رہا ہے۔ پہلے روز پنڈت جواہر لال نہرو اس قانونی کارروائی پر بیان دیں گے جو اس اجلاس میں پیش ہوگی۔ [illegible]

پاکستان میں متروکہ جائدادوں کا قانون

۱۵ دن کے لئے مزید توسیع کر دی گئی!

کراچی (بذریعہ ڈاک) حکومت پاکستان نے ایک پریس نوٹ جاری کیا ہے [illegible]

جنوری کو بمبئی کی کپڑا ملوں میں ہڑتال

۸۰ لاکھ مزدوروں سے کمیونسٹوں کی اپیل

بمبئی ۲۸ نومبر [illegible]

اقوام متحدہ میں بیت المقدس کے بین الاقوامی بنائے جانے پر بحث!

ہندوستان نے ایک سب کمیٹی کے قیام کی تجویز پیش کر دی

سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں سر بی۔ این۔ راؤ کی تقریر

لیک سکسیس ۲۷ نومبر: آج اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں ہندوستان کی طرف سے یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ یروشلم کو بین الاقوامی علاقہ قرار دینے کے لئے سلسلہ میں گیارہ اقوام کی ایک کمیٹی بنا دی جائے [illegible]

اپنے نام درج رجسٹر کرانے کیلئے ایرانیوں کو اور مہلت مل گئی

نئی دہلی ۲۷ نومبر: وزارت داخلہ کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے [illegible]

نسلی امتیاز اور ایران و عراق کے تعلقات پر شاہ ایران کا تبصرہ

مشگن یونیورسٹی سے اعزازی ڈگری ملنے کے بعد پریس کانفرنس میں بیان

مشگن (امریکہ) ۲۷ نومبر: شاہ ایران نے [illegible] (پ، ٹ رائٹر)

مالیر کوٹلہ کے مسلمانوں کی کانگریس میں شرکت

لدھیانہ ۲۷ نومبر (پ۔ ٹ) [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی تمام شاخوں کا ضروری فرض

جمعیۃ علماء ہند کے ذمہ دار اکابر اور تمام دانشمند اور اہل نظر بزرگوں کا فیصلہ ہے کہ "الجمعیۃ" کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانا "ملک کی بہبودی اور ہندوستان کے مسلمانوں کی بھلائی کے لئے بہت ہی ضروری ہے"۔

اس لئے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی بساط کے مطابق "الجمعیۃ" کی اشاعت بڑھانے میں حصہ لے خصوصاً جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں اور ان کے کارکنوں کا ضروری فریضہ ہے کہ وہ ممبر سازی کے ساتھ ساتھ اس کو ہر گھر تک پہنچانے کی پوری کوشش کریں۔

جمعیۃ علماء سی پی کی عظیم الشان تاریخی کانفرنس شروع ہو گئی

رہنمایان ملت اعیان حکومت اور ممتاز ہندو مسلمانوں کی شرکت

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

ناگپور ۲۷ نومبر (بذریعہ تار) صوبہ متوسط و برار کے صدر مقام شہر ناگپور میں جمعیۃ علماء صوبہ سی پی کی سہ روزہ کانفرنس شروع ہو گئی۔ اس کانفرنس کی صدارت شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی [illegible]

مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب [illegible]

بیگم آصف علی یورپ کے دورہ پر ہوائی جہاز سے روانہ ہو گئیں

نئی دہلی ۲۷ نومبر: مسز ارونا آصف علی آج [illegible]

شیخ عبداللہ نمائش کا افتتاح کرینگے

نئی دہلی ۲۷ نومبر [illegible] (پ، ٹ)

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

مقالہ ذیل کی پہلی قسط ہفت روزہ الجمعیۃ کی آخری اشاعت میں پیش کی گئی تھی لیکن چونکہ دوسری قسط بہ تاخیر موصول ہوئی ہے۔ اس لئے اسے گذشتہ سنڈے ایڈیشن میں شائع نہیں کیا جا سکا۔

ملکی زبان کون؟ اردو یا ہندی؟

(جناب نقاد سیوہاروی)

پہلی نظر قسط میں فاضل مقالہ نگار نے اردو کی مقبولیت اور ہمہ گیری کے سلسلہ میں جو دلائل اور اعداد و شمار پیش کئے ہیں۔ وہ ہر اعتبار سے قابل توجہ اور لائق مطالعہ ہیں اور ان سے مقالہ نگار کی وسعت نظر کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔

* * *

اردو کی مقبولیت

رفتہ رفتہ اردو زبان اس قدر طشت از بام ہوئی۔ کہ آج کل اس کی فصاحت و بلاغت اور مقبولیت کے سامنے اقوام ہند کے علاوہ انگریز جیسی حاکم قوم کو سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ چنانچہ [illegible]

اردو اور ریڈیو

اردو کی تعریف اور شہرت

اردو بولنے والوں کی تعداد

ہندوستان کے علاوہ ہمسایہ ممالک جاپان، ٹرکی، عرب، ایران اور افغانستان میں اردو بخوبی کہا اور پڑھا جا سکتا ہے۔

برطانیہ، جاپان، ترکی، جرمنی، امریکہ، روس اور اٹلی میں ریڈیو کے ذریعہ تقریری براڈ کاسٹ ہوتی [illegible]

کانگریس اور کانگریسی مسلمین

(حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی صدر جمعیۃ علماء یوپی)

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کے بعد سے مجھ پر میرے ضمیر کا یہ تقاضہ رہا ہے کہ کانگریس اور کانگریسیوں کے متعلق کچھ ضروری حقائق ظاہر کئے جائیں تاکہ ہم سب ٹھنڈے دل سے ان کا جائزہ لیں کہ کیا ہم سب صحیح معنوں میں کانگریسی ہیں یا نہیں؟ ...... اور عام طور پر ملک میں جو کانگریس کے نقائص بتائے جاتے ہیں وہ کانگریس کے ہیں یا کانگریسیوں کے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ کانگریس اور کانگریسی دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں۔ جن پر علیحدہ علیحدہ غور کرنے کی ضرورت ہے۔ مگر میں ہمیشہ اس اظہار حقیقت سے اس بنا پر بچتا رہا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ میرا اظہار رائے کانگریس کو یا کانگریس کی حاصل کردہ آزادی کو نقصان کا باعث ہو جائے۔ [illegible]

کانگریس آج بھی وہی ہے۔ اس کی بے داغ شہرت اپنی جگہ قائم ہے۔ اس کا جمہوری آئین اپنی جگہ اسی طرح روشن ہے جس طرح پہلے تھا۔ اس نے کبھی معمولی دفعات میں اگر کوئی ترمیم بھی کی ہے تو اس کا یہ منشاء ہرگز نہیں کہ وہ کبھی یہ دروازہ بند کر رہی ہے۔ [illegible]

کانگریس ممبروں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت سیتا رام شکل ممبر یوپی کانگریس کمیٹی

سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

قیمت ۴

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

مسلم خواتین کیلئے

پاکیزہ مضامین کا مجموعہ

خاتون مشرق

گھریلو زندگی کو دلچسپ اور نمونہ جنت بنانے والے مضامین اور افسانے خانہ داری کے تجربے۔ اور کشیدہ کاری کے نمونے۔

بارہ سال سے پابندی کے ساتھ دہلی سے شائع ہو رہا ہے

ہند اور پاکستان کے زنانہ اردو رسالوں میں سب سے ارزان اور بہترین۔ ایک سال میں دو خاص نمبر پیش کرتا ہے۔

سالانہ قیمت ہند اور پاکستان سے۔ چار روپے آٹھ آنے

نمونہ مفت منگا کر دیکھئے

پتہ:- خاتون مشرق اردو بازار دہلی

پچیس خوبیوں والی شیخ الہند جنتری

ہندوستان کے سرکردہ اخبارات روزنامہ الجمعیۃ، انصاری، پرتاپ، ہند ماہنامہ آستانہ، جمالستان، نوائے وطن اور ہفتہ وار بیباک کی رائے ہے کہ شیخ الہند جنتری کی ترتیب میں قومی اور عوامی ضروریات کا پورا خیال رکھا گیا ہے اور یہ جنتریوں کی دنیا میں انقلاب ہے۔

اس جنتری میں ۱۹۵۰ء تک کی مکمل جنتری کے علاوہ کانگریس اور جمعیۃ علماء کی تاریخ، دنیا کے بڑے بڑے لوگوں کے حالات، نکاسی جائدادوں کے متعلق حکومت کا پریس نوٹ، تین ہزار سالہ کیلنڈر وغیرہ پچیس عنوانات پر معلومات مضامین ہیں۔

قیمت نو آنے منی آرڈر بھیجئے یا وی پی طلب کیجئے

ایجنٹوں کو خاص رعایت

ملنے کا پتہ:- گوشہ ادب حویلی اعظم خاں دہلی

کوئل مارکہ خضاب

سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ جلد پر دھبہ نہیں دیتا۔ ہر جگہ ملتا ہے۔ ایجنٹوں کی ہر شہر میں ضرورت ہے

سول ایجنٹ:- ایم۔ آر۔ ڈی اردو بازار۔ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

صبح کا ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۱۳۵

بذریعہ ہوائی ڈاک ایکسپریس | جلد ۳۱ | دہلی یوم منگل ۸ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۹ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۸۳ | قیمت فی پرچہ دو آنے

فلسطین میں پھر جنگ کا خطرہ

اٹلانٹک سٹی، ۲۷ نومبر: مسٹر موشے شرٹوک وزیر خارجہ اسرائیل نے بیان دیا کہ بعض عرب ممالک مسلح ہو رہے ہیں اسرائیل بھی اپنے دفاع کو مضبوط بنا رہا ہے عربوں سے قدرتی طور پر کوئی خطرہ نہیں جب تک عرب غلط فہمی کے ساتھ مذاکرات نہیں

اس وقت تک بات چیت سے کوئی فائدہ نہیں بلکہ اسکا نقصان ہے کیونکہ عرب گفت و شنید سے انکار کرنے کے ساتھ ساتھ ظاہر کر سکتے ہیں کہ گفت و شنید کر رہے ہیں (اے پی۔ ...)

سکھ ممبر نے بھی خلاف رائے دی

نئی دہلی ۲۸ نومبر۔ سردار ... سنگھ ممبر دستور ساز نے گذشتہ شب اپنے بیان میں کہا ہے کہ جس وقت نئے آئین کی منظوری کے سلسلہ میں ڈاکٹر امبیڈکر کی تحریک پر رائے لی جا رہی تھی تو صرف مولانا حسرت موہانی ہی نے اس کی مخالفت نہیں کی بلکہ میں نے بھی" کہا (پ ٹ)

ہندوستان کسی گروہ یا خوف سے کسی بلاک میں شامل نہیں ہوگا

(وزیر اعظم ہند کا اہم اعلان)

ہم ساکن دنیا میں نہیں بلکہ متحرک دنیا میں رہ رہے ہیں

نکتہ چینی کرنے کے بجائے ملک کی بھلائی کے لئے کام کرو

ہندوستانی عوام سے پنڈت جواہر لعل نہرو کی اپیل

لال قلعہ دہلی ۲۸ نومبر۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے آج کہا ... کسی گروہ یا خوف سے کوئی غلط کام نہیں کر سکتے۔

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس ۲۸ نومبر سے شروع ہو جائیگا

اجلاس کے پہلے روز پنڈت نہرو ایک بیان دینگے

نئی دہلی ۲۷ نومبر۔ ہند پارلیمنٹ کا اجلاس ۲۸ نومبر پیر کے دن دن کے گیارہ بجے شروع ہو رہا ہے۔ پہلے روز پنڈت جواہر لال نہرو اس قانونی کارروائی پر بیان دیں گے جو اس اجلاس میں پیش ہوگی۔

پاکستان میں متروکہ جائدادوں کا قانون

۱۵ دن کے لئے مزید توسیع کر دی گئی!

۱۷ مزید پولستانی فرانس سے خارج کر دئے گئے

فرانس کی وزارت داخلہ کا بیان

انڈمان میں شرنارتھیوں کی آبادکاری

مغربی بنگال کی حکومت کا اعلان

ہند اور پاکستان کا سرحدی تنازعہ

حکومت پاکستان نے مسٹر بیج کو مشیر مقرر کیا

جنوری کو بیروزگاری کے خلاف احتجاجی ہڑتال کرو

۲ لاکھ مزدوروں کو کمیونسٹوں کی اپیل

اقوام متحدہ میں بیت المقدس کے بین الاقوامی بنائے جانے پر بحث!

ہندوستان نے ایک سب کمیٹی کے قیام کی تجویز پیش کردی

سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں سر بی۔ این۔ راؤ کی تقریر

اپنے نام درج رجسٹر کرانے کیلئے ایرانیوں کو اور مہلت مل گئی

پاکستان اور کینیڈا کی تجارتی معلومات

شمالی امتیاز اور ایران و عراق کے تعلقات پر شاہ ایران کا تبصرہ

مشگن یونیورسٹی سے اعزازی ڈگری ملنے کے بعد پریس کانفرنس میں بیان

جمعیۃ علماء یو پی کی عظیم الشان تاریخی کانفرنس شروع ہوگئی

رہنمایان ملت اعیان حکومت اور ممتاز ہندو مسلمانوں کی شرکت

نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ

بیگم آصف علی یورپ کے دورہ پر

ہوائی جہاز سے روانہ ہو گئیں

مالیر کوٹلہ کے مسلمانوں کی کانگریس میں شرکت

شیخ عبداللہ نمائش کا افتتاح کرینگے

جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں کا ضروری فرض

جمعیۃ علماء ہند کے ذمہ دار اکابر اور تمام دانشمند اور اہل نظر بزرگوں کا فیصلہ ہے کہ "الجمعیۃ" کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانا ... اور ہندوستان کے مسلمانوں کی بھلائی کے لئے بہت ہی ضروری ہے۔

اس لئے ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی بساط کے مطابق "الجمعیۃ" کی اشاعت بڑھانے میں حصہ لے خصوصاً جمعیۃ علماء کی تمام شاخوں اور ان کے کارکنوں کا ضروری فریضہ ہے کہ وہ سرگرمی کے ساتھ "الجمعیۃ" کو ہر گھر تک پہنچانے کی پوری کوشش کریں۔

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

مقالہ ذیل کی پہلی قسط ہفت روزہ الجمعیۃ کی آخری اشاعت میں پیش کی گئی تھی لیکن چونکہ دوسری قسط بہ تاخیر موصول ہوئی ہے۔ اس لئے اسے گذشتہ سنڈے ایڈیشن میں شائع نہیں کیا جا سکا۔

ملکی زبان کون، اردو یا ہندی؟

(جناب نقاد سوہوری)

پیش نظر قسط میں فاضل مقالہ نگار نے اردو کی مقبولیت اور ہمہ گیری کے سلسلہ میں جو دلائل اور اعداد و شمار پیش کئے ہیں۔ وہ ہر اعتبار سے قابل توجہ اور لائق مطالعہ ہیں اور ان سے مقالہ نگار کی وقت نظر کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔

اردو کی مقبولیت

اردو اور ریڈیو

اردو بولنے والوں کی تعداد

اردو کی تعریف اور شہرت

کانگریس اور کانگریسمین

(حضرت مولانا بشیر احمد صاحب ایم۔ ایل۔ سی صدر جمعیۃ علماء یو پی)

میں اپنے کانگریسی دوستوں کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میرا مقصد کسی کی ذات نہیں ہے۔

کانگریس مینوں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت سیتارام شکل ممبر

یوپی کانگریس کمیٹی

سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

قیمت ۴

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو گلی قاسم جان دہلی

مسلم خواتین کیلئے

پاکیزہ مضامین کا مجموعہ

خاتون مشرق

گھریلو زندگی کو دلچسپ اور نمونہ جنت بنانے والے مضامین اور فن خانہ داری کے تجربے۔ اور کشیدہ کاری کے نمونے۔

بارہ سال سے پابندی کے ساتھ دہلی سے

شائع ہو رہا ہے

ہند اور پاکستان کے زنانہ اردو رسالوں میں سب سے ارزاں اور بہترین۔ ایک سال میں دو خاص نمبر پیش کرتا ہے۔

سالانہ قیمت ہند اور پاکستان سے چار روپے آٹھ آنے

نمونہ مفت منگا کر دیکھئے

پتہ:- خاتون مشرق اردو بازار دہلی

پچیس خوبیوں والی شیخ الہند جنتری

ہندوستان کے سرکردہ اخبارات روزنامہ الجمعیۃ، الفضل، پرتاپ، ہند ماہنامہ آستانہ، جالستان، نوائے وطن اور ہفتہ وار بیباک کی رائے ہے کہ شیخ الہند جنتری کی ترتیب میں قومی اور عوامی ضروریات کا پورا خیال رکھا گیا ہے اور یہ جنتریوں کی دنیا میں انقلاب ہے۔

قیمت نو آنے منی آرڈر بھیجئے یا وی پی طلب کیجئے

ایجنٹوں کو خاص رعایت

ملنے کا پتہ:- گوشہ ادب حویلی اعظم خان دہلی

کوئل مارکہ خضاب

سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ جلد پر دھبہ نہیں دیتا۔ ہر جگہ ملتا ہے۔ ایجنٹوں کی ہر شہر میں ضرورت ہے

سول ایجنٹ:- ایم۔ آر۔ ڈی اردو بازار دہلی

ترکی اور پورے مشرق وسطیٰ کو اپنے چنگل میں پھانسنے کیلئے امریکہ کی نئی چال

کولمبو کی دولت مشترکہ کانفرنس جنوب مشرقی ایشیا کے مسائل پر غور کریگی

چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا سوال بھی زیر بحث آئے گا

کمیونزم کا خطرہ دکھا کر عربوں سے اسرائیل کی حیثیت تسلیم کرانے کے منصوبے

استنبول میں امریکن نمائندوں کی کانفرنس شروع ہوگئی

عرب پناہ گزینوں کے ساتھ بھی ہمدردی ظاہر کی جانے لگی

امریکہ اور سوویٹ روس سے جاپانی جزائر کی واپسی

جاپانیوں کو بین الاقوامی مسائل میں دلچسپی لینی چاہئے

یونسکو کانفرنس کے لئے

ہمایوں کبیر اور مسٹر چھاگلہ کی روانگی

کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے

سوشلسٹوں کے مظاہرہ سے یوپی کے وزیر مال گھبرا گئے

پریس کانفرنس میں سوشلسٹوں کے مطالبات پر نکتہ چینی

آسام کے دارالحکومت میں ہند کے گورنر جنرل کا پرجوش خیر مقدم

سخت سردی کے باوجود ہزاروں مشتاقان دید چشم براہ تھے

پاپائے اعظم کے آٹھ افراد کو معاف کر دیا

صوبوں اور مرکز کے درمیان انکم ٹیکس کی از سر نو تقسیم

مسٹر دیشمکھ فیصلہ کریں گے

مغربی افریقہ کی بربریت کی داستان

ہندوستان امریکہ کے حوالہ کر دیا

پنڈت جی پر روسی اخبار کی نکتہ چینی

گول موری جمشید پور میں مزدوروں کی ہڑتال کا بیالیسواں دن

تیس ہڑتالیوں کی گرفتاری

عوام میں باہمی اتحاد کا احساس پیدا کرنا چاہئے

گورنر مغربی بنگال کا پیغام

انڈونیشیا میں مقیم ولندیزی نمائندہ مستعفی ہو جائیگا

امن پسندوں کی وجہ سے سڑکوں پر آمدو رفت بند ہوگئی!

شہری ہوابازی کی اہمیت!

مغربی بنگال کے گورنر کی تقریر

ضمنی انتخاب کیلئے امیدوار

ایکسو گیارہ برس کی عمر میں انتقال

بزم سخن کا ماہانہ طرحی مشاعرہ

اڑیسہ کے وزیر اعظم کی سالگرہ کی تقریب

مسٹر آصف علی نے صدارت کی

سیامی مسلمانوں کی ہمدردی حاصل کرنے کیلئے کمیونسٹوں کی کوشش

سیام کی مسلم آبادی ملایا میں شامل ہونا چاہتی ہے

جاپان کو بھی ہندوستان سے کھالیں مہیا کی جائینگی

ہند اور جاپان میں نیا تجارتی معاہدہ

مدھیہ بھارت میں شرنارتھیوں کیلئے زمین

رڑکی میں بم پھٹ گیا!

دو لڑکے زخمی ہوگئے

جموں وکشمیر کی حکومت بس سروس کو وسیع اور مضبوط کرنے کا پروگرام بنا رہی ہے

جسپور میں نیشنل لائبریری کا معائنہ

شکر کی کاشت و پیداوار کیلئے تحقیقاتی کام ختم ہوگیا

کانپور میں کمیشن کے روبرو بیانات

بیکاری کے زمانہ کی تنخواہوں اور بھتہ کا مطالبہ

صنعتی مزدوروں کی کانفرنس کا مطالبہ

جنوبی افریقہ کا وفد مجلس تولیت میں شریک نہ ہوگا

نائجیریا میں ہنگامی صورت حال کا اعلان

اخبارات پر سنسر لگا دیا گیا

ہندوستان کی جمہوریت کے افتتاح پر یادگاری ٹکٹ جاری کئے جائینگے

دنیا بھر کی اقتصادی صورت حالات

جنرل اسمبلی اگلے سیشن میں غور کریگی

مغربی افریقہ کی بربریت کی داستان

سہارنپور کی خبریں

شادی والے گھر میں بربادی کا منظر

آگرہ میں ڈاک اور تار والوں کی یونین

پاکستان کے اندر کوئلہ کے ذخائر

لندن کی ایک فرم کی سفارشات

جنوبی افریقہ کا وفد مجلس تولیت میں شریک نہ ہوگا

نمائش کیمپ میں آتشزدگی

پٹیل نگر کا سنگ بنیاد

ڈاکٹر راجندر پرشاد نے رکھا

لکھنؤ میں آسٹریلوی ہائی کمشنر کی تقریر

صوبوں اور مرکز کے درمیان انکم ٹیکس کی از سر نو تقسیم

مسٹر دیشمکھ فیصلہ کریں گے!

آگرہ میں بھنگیوں کی ہڑتال ختم

ناجائز راشن بیچنے پر سزا

تیلگو زبان بولنے والوں کو متحد کرنے کیلئے

ایک نئی جماعت کا قیام

دس سالہ بچہ ہلاک

برج ساہتیہ منڈل کا اجلاس

سردار سوجان سنگھ کی اپیل

عالمی امن کانفرنس

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے رقم چندہ روانہ کرتے ہی اس کی رسید ہمیں بھیج دیجئے تاکہ اخبار آپ کے نام جلد جاری ہوسکے، اور اخبار کا وی پی چھڑا کر وی پی پیکٹ کا ریپر (جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے) فوراً ہمیں بھیجئے تاکہ معلوم ہوجائے کہ آپ نے وی پی چھڑا لیا ہے منی آرڈر اور وی پی کی رقمیں آج کل بہت تاخیر سے وصول ہورہی ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کریں گے تو ہم رقم کی وصولیابی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کردیں گے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

مشرقی افریقہ میں ہندوستانی

انہیں تعلیم کی آسانیاں حاصل ہیں

گورنر بمبئی کا ہندوستانی مالکان صنعت کو مشورہ

امریکی کارخانہ داروں کے سامنے

شاہ ایران کی تقریر

انجمن طلبہ ضلع سہارنپور کا جلسہ

رام پور میں کسانوں کا مظاہرہ

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

کانگریس مینوں کی کمزوری

اور

اس کی دوا

مصنفہ پنڈت سیتا رام شکل ممبر
یوپی کانگریس کمیٹی
سابق ایم۔ ایل۔ اے بستی

ملنے کا پتہ:- الجمعیۃ بکڈپو گلی قاسم جان دہلی

چھاتہ فوج کی تربیت

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ دہلی نمبر ۹۷

صبح کا ایڈیشن

روزنامہ الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

فون نمبر ۵۱۳۵

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۸ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۳۰ نومبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۸۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

سرچنتامن یورپ سے واپس

بمبئی ۲۸ نومبر۔ یورپ اور امریکہ میں ہندوستان کے مالی نمائندے سرچنتامن دیش مکھ حکومت ہند سے مشورہ کے لئے بذریعہ ہوائی جہاز بمبئی آ گئے انہوں نے کہا کہ چونکہ پنڈت نہرو نے امریکی سرمایہ داروں کو ہندوستانی صنعتوں میں سرمایہ لگانے کی اجازت دی ہے اس لئے وہاں کے سرمایہ دار ہندوستانی معاملات میں زیادہ دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔" (اپ)

کمیونسٹوں کے مجمع پر پولیس کا فائرنگ تین اشخاص زخمی

سلیم ۲۸ نومبر۔ ایک گاؤں کے قریب ایک مجمع نے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ کمیونسٹوں کا تھا پولیس نے فائر کیا جس سے تین اشخاص سخت زخمی ہوئے زخمیوں کو سپتال بھیج دیا گیا۔ مقام مذکور سلیم سے تیس میل دور ہے پولیس اس علاقہ کا دورہ کر رہی ہے اور حالات پر قابو پا لیا گیا ہے۔ (پ ٹ)

کشمیر کے جھگڑے میں ہندوستان اپنی سابقہ پالیسی پر قائم رہے گا

کاسٹی جائیدادوں کی بابت سابقہ پیش کش کا اعادہ!

ہندوستان پاکستان سے کسی معاملہ پر جنگ کرنا نہیں چاہتا

ہند پارلیمنٹ میں وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کا اہم بیان

نئی دہلی ۲۹ نومبر۔ ہند کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے آج ہند پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہونے پر ایک گھنٹہ تک ہند اور اس کے متعلق خارجی معاملات کا تفصیل سے جائزہ لیا جس میں بار بار ان کے بعض ریمارکس پر ایوان کی جانب سے پرزور تالیاں بجائی گئیں پنڈت نہرو نے کشمیر کے متعلق اپنی سابقہ پالیسی اور اعلانات پر قائم رہنے کا اعلان کیا اور ہندوستان کسی اس معاملہ یا کسی بھی معاملہ میں پاکستان سے جنگ نہیں کرنا چاہتا۔

انڈونیشیا اور ڈچ لیڈروں میں مستقبل کی فوجی تنظیم پر گفت و شنید

معاہدے کے تحت انڈونیشی فوج کو انڈونیشیا کی فوج میں ملا دیا جائے گا!

آج یا کل کمیونسٹ فوجیں چنگنگ پر قابض ہو جائینگی

وزیر اعظم اور دوسرے افسران فرار ہونے کی تیاری میں

ہانگ کانگ ۲۹ نومبر۔ چنگنگ سے جو لوگ ہوائی جہازوں کے ذریعہ ہانگ کانگ آئے ہیں انہوں نے بتایا ہے کہ کمیونسٹ فوجیں آج رات یا کل چنگنگ پر قابض ہو جائیں گی۔

افغانی مندوب کی صدارت میں اسلامی اقتصادی کانفرنس کا پہلا اجلاس

افغانستان، مصر، سعودی عرب اور ترکی کے نمائندوں کی تقریریں

اپنے ملک کے اقتصادی مسائل پر تبادلہ، معیار زندگی بلند کرنے کا عزم

اقوام متحدہ کو ملکوں کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا حق نہیں

ڈاکٹر ملان کا اقوام متحدہ کے خلاف غم و غصہ

پیریٹوریا ۲۸ نومبر۔ جنوبی افریقہ کے وزیر اعظم ڈاکٹر ملان نے ایک بیان میں اقوام متحدہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان کو دوسرے ملکوں کے معاملات میں مداخلت کرنے کا جنون ہو گیا ہے۔

یونان میں زلزلہ!

ہند، پاکستان کے تعلقات

ہندوستان میں مس فاطمہ جناح کی جائداد

سردار نجیب اللہ خاں کی کابل کو واپسی

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہو گیا۔ دلچسپ سوالات و جوابات

اجلاس میں مختلف نوعیتوں کے نوبل پیش کئے گئے

چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کے متعلق بیان

ڈاکوؤں اور دیہاتیوں میں تصادم

میونسپلٹیوں کی بھوک ہڑتال ختم

بریگیڈیر کنہیالال کی آخری رسوم

کپورتھلہ میں ہتھیار رکھنے کی ممانعت

مدراس بوٹ ہاؤس بلیماران دہلی کے جوتے مضبوط اور سستے ہوتے ہیں

Daily Aljamiat

DATE:- 29-11-49

PHONE 5135

صدر علماء ہند کی ممبر سازی کی آخری تاریخ

جمعیۃ علماء کی ضروری ہدایات

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی صدر جمعیۃ علماء ہند نے اس سال جمعیۃ علماء کی ممبر سازی کے لئے آخری تاریخ ۵ / جنوری ۱۹۵۰ء مقرر فرمائی ہے۔"

جمعیۃ علماء ہند کا جدید دستور اساسی تیار ہو چکا ہے اس کی روشنی میں آئندہ انتخابات تین سال کے لئے ہوں گے، لہٰذا مذہبی و ملی جمعیت کا تقاضا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کی تمام شاخیں معاون اور ارکان بنانے کی مہم انجام دیں تاکہ مقررہ میعاد کے اندر اندر ہر صوبہ میں لاکھوں معاون اور ارکان بنائے جائیں۔"

یہ بھی ضروری ہے کہ تمام ماتحت جمعیتیں اپنے اپنے علاقہ کے تمام معاونین اور ارکان کا باضابطہ اندراج رجسٹروں میں کریں اس طرح کہ ۵ / جنوری ۱۹۵۰ء تک تمام معاونین اور ارکان کی فہرستیں بھی ساتھ ہی مرتب اور مکمل ہو جائیں۔

یہ بھی واضح رہے کہ اکثر شاخیں اس توقع پر کہ ممبر سازی کی تاریخ میں اضافہ کرا لیا جائے گا مقررہ وقت تک ممبر سازی میں تساہل سے کام لیتی ہیں یہ طریقہ نظام اور ڈسپلن کے قطعاً خلاف ہے۔"

مجھے یقین ہے کہ تمام شاخیں ۵ / جنوری ۱۹۵۰ء تک جدید دستور العمل کے مطابق ممبر سازی کی مہم کو بڑے پیمانہ پر انجام دے کر اس مذہبی جماعت کے نظام کو مضبوط بنانے میں جمعیۃ علماء ہند کے لئے تقویت کا باعث ہوں گی۔"

نوٹ:۔ دفتر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند سے یہ سرکلر صوبائی جمعیتوں کو بھیجا گیا ہے صوبائی جمعیتوں کا فرض ہے کہ وہ فوراً اس کی نقول اپنی تمام ماتحت شاخوں کو بھیج دیں۔" خادم ملت محمد حفظ الرحمن کان اللہ لہ

اقوام متحدہ میں بیت المقدس کے مسئلہ پر بحث

(بقیہ صفحہ اول کالم پانچ)

ہندو مہاسبھا نے اپنا نام بدل کر اکھل بھارت ہندو سبھا کر لیا

ورکنگ کمیٹی کا دو روزہ اجلاس ختم

کپڑے کے دو بیوپاریوں کی گرفتاری

پندرہ سالہ لڑکا حادثہ میں ہلاک

کشمیری پرشارتھیوں کا وفد

گودام میں نقب زنی

چار اشخاص گرفتار

وزو انتحاق کے خلاف مقدمہ

لال قلعہ دہلی میں پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

ملک کی ترقی کے حدود

اخبارات میں نکتہ چینی

سفارت خانوں کا مسئلہ

سر ظفر اللہ کی تقریر!

ڈاکٹر راجندر پرشاد کی تقریر

کمن فارم کے خود کشی کرنے والے دستے یوگوسلاویہ میں داخل ہو گئے

مارشل ٹیٹو کے خلاف سرگرمیاں شروع ہو گئیں

لندن ۲۷ نومبر۔ یہاں جو خبر پہونچی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ کمن فارم نے ہوا باز دو دیا تین سو کی تعداد میں یوگوسلاویہ میں داخل ہو گئے۔

پٹیالہ کے نامی ڈاکو کی گرفتاری

ریزرو بینک کا ڈپٹی گورنر!

دہلی، اجمیر اور کلیر شریف کے عرسوں میں شرکت کیلئے پاکستانی باشندوں کی آمد

اطلاع ملنے پر حکومت سہولتیں بہم پہنچائیگی، ہند پاکستان کی مراسلت کا نتیجہ

نیا ہندوستان مہاتما گاندھی کا معجزہ ہے

امریکہ کے مصنف کی تقریر

پاکستان ٹیم پہلے ٹیسٹ میچ میں ہار گئی

سی، پی جمعیۃ العلماء کا اجلاس

(بقیہ صفحہ اول کالم ۲)

پہلے اجلاس کی کارروائی

ہند پارلیمنٹ کا اجلاس

(بقیہ صفحہ اول کالم ۶)

سرینگر سے جواہرات کے بکس پاکستان پہنچانے کے متعلق پنڈت نہرو کا اعلان

ہند پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس شروع ہوگیا

جنرل دیوائی کے متعلق پارلیمنٹ میں سوالات

نئی دہلی ۲۸ نومبر آج صبح دس بج کر ۴ منٹ پر ہند پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کا آغاز ہوا۔ مسٹر [illegible] کے سوال کے جواب میں وزیر اعظم پنڈت نہرو نے بتلایا کہ ادارہ اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کے فوجی مشیر جنرل دیوائی نے لائنڈ ورنگ سری نگر سے جو صندوق پاکستان پہنچائے تھے اس سلسلہ میں ان کے فعل کو غلطی سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے اور اخلاق اپنا کیا ہو۔

سرخ افواج چنگنگ کے شمال مشرق میں ۹۴ میل پر پہنچ گئی ہیں

کومن ٹانگ کی افواج کو زبردست نقصان

دنیا کے مسلمان ادارہ اقوام متحدہ کے مقابلہ میں زیادہ جلد متحد ہو سکتے ہیں

بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس میں مصری نمایندہ کا اعلان

کراچی ۲۸ نومبر کل بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں مصر کے نمایندہ قاضی جوہر جیس بے نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ”ہم مسلمان ادارہ اقوام متحدہ کے مقابلہ میں کہیں جلد متحد ہو سکتے ہیں۔ سب مسلمانوں کے لئے بین الاقوامی مسائل میں اہم کردار ادا کرنے کا وقت آگیا ہے اور میری خواہش ہے کہ یہ کانفرنس ایک مستقل ادارہ کی شکل اختیار کر لے۔“

چینی کمیونسٹوں کے دو چونامی ایک اور دریائی شہر پر قبضہ کی تصدیق

ہانگ کانگ ۲۸ نومبر (رائٹر) گذشتہ شب پیکنگ ریڈیو نے صوبہ کوانگسی کے مشرق میں واقع چونامی بندرگاہ پر کمیونسٹ قبضہ کی تصدیق کر دی ہے۔

چینی کمیونسٹوں نے امریکی نائب قونصل کو جاسوسی کے مقدمہ میں الجھا لیا

قونصل خانے کے باقی عملہ کو نکلنے کا حکم!

مشرقی پنجاب میں سوشلسٹ پارٹی کسانوں کے ستیہ گرہ کی رہنمائی کریگی

کسانوں کو مسلمانوں کی اراضی سے بے دخل کرنے کا معاملہ

حیدر آباد مزدور سنگھ کی جانب سے ۱۲ روزہ ہڑتال کا نوٹس دینے کی ہدایت

۵۲ ہزار مزدوروں کی ہڑتال کا امکان

ہندوستان میں غیر ملکی سرمایہ

پارلیمنٹ میں ایک سوال کا جواب

بدعنوانیوں کے خلاف احتجاجی جلوس

کولمبیا میں کرفیو کا نفاذ

صدارتی انتخاب کے موقع پر تصادم

مزدوروں کا نیا بین الاقوامی ادارہ قائم کرنے کیلئے لندن میں

۵۵ اقوام کے نمایندوں کا اجتماع!

نیا ادارہ کمیونسٹوں کے اثر سے آزاد ہوگا

سوشلسٹ لیڈر جے پرکاش کی حکومت بہار پر تنقید

جمشید پور کے مزدوروں کی ہڑتال کا مسئلہ!

مکانوں کا کرایہ بڑھانے کی اجازت دیجائے

جنرل کیری آپا کل گوالیار جائینگے

روس کے کمیونسٹ آگ سے کھیل رہے ہیں جو انہیں جلا دے گی

جلا وطن کرنسکی کی خوش فہمی

فلیگ ڈے کو کامیاب بنانے کیلئے مشرقی پنجاب کے گورنر اور لیڈی ترویدی کی اپیل!

ہندو مہاسبھا کے سکریٹری

سکھ صوبہ کی مخالفت میں

آسام کے قبائلیوں کے سرداروں کو راجہ جی کا مشورہ

اپنی بھلائی اور حفاظت کے لئے ہندوستان میں شامل ہو جائیے

محکمۂ فائر بریگیڈ کے کام میں تاخیر

میر مشتاق احمد کا بیان

جاپانہ اداروں ڈیٹیکس کیخلاف

۳ دسمبر کو یوم احتجاج!

مردوں پر عورتوں کی فضیلت

روزنامہ

الجمعیۃ

دہلی

٣٠ نومبر ١٩٤٩ء

قومی اور سرکاری زبان!

ہندوستان میں زبان کا مسئلہ تو طے ہوگیا لیکن اس کے پیچھے جو ذہنیت کام کر رہی ہے اس کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، بے شک ہمیں حکومت کے فیصلہ کا احترام کرنا چاہئے اور زبان کے جھگڑے کو لپیٹ کر رکھ دینا چاہئے، اس میں جس قدر زیادہ کریدیں گے اسی قدر عوام کا نقصان ہوگا، اب تو خیریت اسی میں ہے کہ جن لوگوں نے جذبات اور ضد کی وجہ سے گاندھی جی کی بھی پرواہ نہ کی اور ایک ایسی زبان کو قانونی شکل دے دی جو اپنے دائرہ میں خواہ کتنی ہی وقیع ہو مگر انگریزی کے قائم مقام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی، اسے تجربہ کے طور پر تسلیم کر لیا جائے اور نہ صرف تسلیم بلکہ ترقی دینے اور آگے بڑھانے کی بھی کوشش کی جائے۔ اگر کوئی وقت آیا اور جوش کم ہوا اور فلالوجی کے اصولوں پر زبان کے مسئلہ کو طے کرنا پڑا تو ممکن ہے کہ خالص ہندی کے معاملہ میں [illegible] دماغوں کو متاثر کرنے لگے۔ فی الحال تو معاملہ کو اپنی رفتار پر ہی چھوڑ دینا چاہئے، ورنہ مخالفت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جذبات ہرے ہوتے رہیں گے اور تحریک کا زور گھٹنے نہ پائے گا۔

دہلی میں ابھی ابھی ہندی کو ترقی دینے والوں کی جو کانفرنس منعقد ہوئی ہے اس سے ہم آئندہ کی رفتار کا اندازہ لگا سکتے ہیں اور یہ بھی معلوم کر سکتے ہیں کہ مشکلات کی موجودگی میں ہماری زبان کیا رخ اختیار کرے گی اور ہماری ضروریات کی سفارش کس حد تک مانا جائے گا۔ اس کانفرنس میں سردار پٹیل، ڈاکٹر راجندر پرشاد اور دوسرے بزرگوں نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ ہمارے لئے ہمت افزا ہیں۔ اس کانفرنس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ہندی زبان کو ہندوستانی کلچر کا مظہر ہونا چاہئے [illegible]

کو بلا فصل تسلسل میں آنے کا موقع کبھی نہیں ملا، بلکہ ایک مخصوص فرقہ کے سوا وہ عوام کی زبان بھی نہ بن سکی، آج علوم و فنون اور نظریات کے بے شمار شعبے مدون ہو چکے ہیں اور ہر شعبے کی اصطلاحات کا حامل ہے پھر یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ ہندی زبان سب کی ترجمان بن سکے اور اس میں ان خیالات کے اظہار کے لئے الفاظ کا کافی ذخیرہ موجود ہو جو عصری علوم اور جدید اختراعات کی پیداوار ہیں!

اس کانفرنس میں شری کاکا کالیکر نے جس صاف گوئی سے کام لیتے ہوئے ہندوستانی کی حمایت کی ہے اس سے ہمارے اس یقین کو کافی حد تک تقویت ملی ہے کہ یہ دور ابھی حق پسندوں سے خالی نہیں ہوا ہے اور اس میں ابھی ایسے لوگ موجود ہیں جو ہر آندھی میں اڑنے اور ہر [illegible] نے اسمبلی کے فیصلہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا اس نے انگریزی کے ساتھ ہندی کو سرکاری زبان قرار دے کر گاندھی جی کی راہ سے انحراف کیا ہے! وہ یہاں تک کہہ گئے کہ وہ اردو اور ناگری رسم خطوں کے ساتھ ہندوستانی زبان کے حق میں برابر کوشش کرتے رہیں گے! ہمیں توقع ہے کہ آگے چل کر اسی قسم کا طرز فکر ہماری رہنمائی کرے گا اور بالآخر گاندھی جی کے اصولوں کو کامیابی حاصل ہوگی!

ہمیں اس بات کو بھی چھپانا نہیں چاہئے کہ جس زبان کو زور اور طاقت کے ساتھ چلایا جائے گا وہ اپنے زور میں آپ ہی گر جائے گی یہ بات کہ ہندی کو سرکاری زبان قرار دے کر [illegible]

اچھی باتیں

قد انزل اللہ … تا … النور (پ ۲۸ ع ۱۸)

اللہ نے تم پر نعمت نازل کی ہے اور رسول تم پر اللہ کی آیات کو تلاوت کرتا ہے وہ آیات جو نہایت واضح ہیں تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے انہیں تاریکی سے نکال کر روشنی میں لے جائے۔

قرآن نصیحت ہے قرآن عبرت ہے قرآن کسوٹی ہے اور اس کی آیات نہایت واضح اور اس کے دلائل نہایت مستحکم ہیں اور رسول کا کام یہ ہے کہ اہل ایمان اور باعمل لوگوں کو تاریکی سے روشنی میں لے آئے گویا مسلمان وہ ہے جس کا دماغ روشن ہے جس کا فکر اور عمل روشن ہے اور جس کی بصیرت روشن ہے اور جس کی فطرت تاریکی کو قبول نہیں کرتی مگر یہ روشنی ان ہی کو حاصل ہوگی جن کا ایمان پختہ ہوگا اور وہ اس کی صداقت پر اپنے عمل سے مہر لگائیں گے اور جس ملت کو روشنی مل جائے وہ کب اپنے سفر میں ٹھوکریں کھا سکتی ہے!

ایک قوم یا دو قومیں؟

راز کھل گیا!

مسلمانوں کو موت سے نہیں ڈرنا چاہئے شہادت کا مرتبہ بہت بلند ہے

ناگپور کانفرنس میں حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی کا خطبہ

مسلمانوں کو خدا پر بھروسہ کرنے کی تلقین۔ مسائل حاضرہ پر تبصرہ

اختیار نہ رہے گی۔ چنانچہ ۱۸۰۳ء میں حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فتویٰ دیا کہ تمام ہندوستانیوں کو چاہئے کہ وہ متحد ہو کر غیر ملکی حکومت کو ہندوستان سے نکالیں۔ یہ فتویٰ آج بھی فتاویٰ عزیزیہ میں موجود ہے اور اسی پر جمعیۃ علماء ہند کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اسی وقت سے آزادئ ہند کی تحریک شروع ہوئی ہے۔

جمعیۃ علماء کے کارنامے

جمعیۃ علماء اس وقت سے برابر اپنی جد و جہد میں مصروف رہی۔ شروع میں اس کی تحریک خفیہ طور پر چلائی گئی ۱۸۳۱ء میں صوبہ سرحد کے اطراف میں مورچہ لگایا گیا جہاں ۲ سال تک برابر انگریزوں سے جنگ ہوتی رہی ۱۹۱۵ء میں حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ نے ریشمی خطوط کی تحریک شروع کی اور ۱۹۱۶ء تک اسے اس حد تک پہنچا دیا۔ اگر اس وقت کچھ ملک کے خائن خیانت نہ کرتے تو اسی وقت ہندوستان آزاد ہو چکا ہوتا اسی دوران میں ۱۸۸۵ء میں کانگریس قائم ہوئی جو کسی ایک فرقہ کی جماعت نہ تھی بلکہ اس میں ہندو مسلمان، سکھ، پارسی وغیرہ سب شریک تھے

سمجھدار مسلمانوں اور علمائے کرام نے جو پہلے ہی سے آزادئ وطن کے لئے جد و جہد کر رہے تھے کانگریس کے ساتھ کاندھے سے کاندھا ملا کر انگریزوں کو نکالنے کے لئے بڑی سے بڑی قربانیاں دیں۔ [illegible] گئیں، کالے پانی کی سزائیں دی گئیں۔

سخت سے سخت قید میں رکھا گیا، لیکن وہ بڑی سے بڑی قربانی سے بھی نہ گھبرائے۔ اگر تاریخ کو اٹھا کر دیکھا جائے تو آزادئ وطن کی راہ میں کسی کی بھی قربانیاں اتنی نہیں ہیں جس قدر علمائے کرام کی ہیں۔

انگریزوں کی آخری کوشش

بہرحال ہندو مسلمانوں کے اتحاد کی اس تحریک کو کامیاب ہوتا دیکھ کر انگریزوں نے آخری کوشش یہ کی کہ مسلمانوں کو کانگریس سے الگ رکھا جائے بدقسمتی سے بہت سے بھائی انگریزوں کے اس فریب کا شکار ہو گئے۔ جس کا نتیجہ تقسیم ہند کی بھیانک صورت میں رونما ہوا [illegible]

[illegible] اور آخر تم یہیں لوٹ کر آئے۔ اس لئے میں تمہیں بتا رہا ہوں کہ اگر تم صبر و استقلال کے ساتھ ہو گے، سچائی پر قائم رہو گے سب کی بھلائی اور بہتری چاہو گے تو خدا تمہارے ساتھ ہوگا اور جس کے ساتھ خدا ہو پھر اس کو کس چیز کا ڈر ہو سکتا ہے!

آزمائش

تم مسلمان ہو تمہارے باپ دادا تو موت کے ایسے شیدائی تھے کہ اس کی آرزو کیا کرتے تھے۔ اور تم آج موت اور پریشانیوں سے ڈرتے ہو؟

اسی لئے میں عرض کرتا ہوں کہ اگر تم صبر اور استقلال کے ساتھ یہاں رہو گے اور سچائی کی راہ پر قائم رہو گے تو خدا کی مدد تمہارے ساتھ ہوگی۔ چونکہ قرآن کریم نے ہمیں بار بار اس کی تاکید کی ہے اس کے بعد اگر تم کہیں کسی ظالم کے ہاتھ سے مارے بھی جاؤ تو تمہیں اس موت سے ڈرنا نہیں چاہئے جو کہ وہ شہادت کی موت ہوگی اور تم جانتے ہو کہ شہادت کا کتنا بلند رتبہ ہے۔ جیسا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بار بار آرزو کی اور فرمایا میرا دل چاہتا ہے کہ میں خدا کی راہ میں مارا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر مارا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں، تو پھر کیوں تم ایسی موت سے ڈرتے ہو۔ مصیبتیں آیا ہی کرتی ہیں۔ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ایمان والو تمہیں دنیا میں ہر طرح سے آزمایا جائے گا لیکن اگر تم نے صبر کیا اور استقلال کے ساتھ سچائی کی راہ پر قائم رہے تو پھر تمہارے ساتھ خدا کی مدد ہوگی اور تمہارے لئے کامیابی کی خوشخبری ہوگی۔

جمعیت علماء کا نصب العین

تقریر ختم کرتے ہوئے حضرت مولانا نے فرمایا!

[illegible] تبلیغ اور تعلیم ہے جو اب جمعیۃ علماء کا نصب العین ہے وہ مسلمانوں کی جہالت، بے علمی اور مذہب سے ناواقفیت کو ختم کرنا چاہتی ہے [illegible]

آنریبل وزیر تعلیم سی پی کی جانب سے جمعیۃ علماء کی دعوت

شلانگ میں گورنر جنرل کی مصروفیات

سنگھرو میں گاندھی میموریل فنڈ

افکار —— پاکستان

دوہری آزمائشیں

اس وقت ہمارے سامنے دوہرے دوہرے انتخاب ہیں پہلا اور زیادہ اہم انتخاب مسلم لیگ کا ہے اور دوسرا [illegible] لیکن دوسرے انتخاب کی کامیابی پہلے انتخاب پر منحصر ہے۔ اور پہلا انتخاب مناسب اور کامیاب رہا تو انشاء اللہ دوسرا بھی کامیاب رہے گا۔ مسلم لیگ اگر راستباز، با اصول، محنتی اور بے لوث انسانوں کے ہاتھ رہی تو یقیناً پھلے پھولے گی بھی اور آئندہ انتخابات میں اس قوم کی حمایت اور دور اندیشی سے [illegible] جس کا ہماری ملی و ملکی مصلحتیں تقاضہ کرتی ہیں۔ اسمبلی کے انتخابات میں ابتدائی اور اہم مرحلہ پارلیمنٹری بورڈ کی تشکیل کا ہے جیسا کہ آپکا پارلیمنٹری ہوگا۔ ویسے ہی نمائندے آئیں گے۔

یہ درست ہے کہ بعض گوشوں سے پہلے بھی مسلم لیگ [redacted] [illegible] کے مقابلہ ہوا۔ اور [illegible] نے ہیجانات و تحریکات اب موجود نہیں ہیں اس لئے یہ توقع بے جا نہیں ہوگی کہ اس مرتبہ اول تو مقابلے کی نوبت ہی نہ آئے گی اور آئی بھی تو مسلم لیگ کے فدائی مناسب جواب دیں گے۔

جمہوریت کے نام پر بعض "بلند نظر" بزرگ اپوزیشن کا جواز ڈھونڈ رہے ہیں اور جمہوری ممالک کی مثالیں بھی لاتے ہیں۔ ہمارے رہنما کہہ چکے ہیں کہ مقابلے میں کوئی با اصول جماعت آئے تو اس کے لئے راہ کھلی ہے۔ لیکن جماعت کس اصول پر بنے گی؟ [illegible] اس وقت کسی اپوزیشن کا امکان نہیں [illegible]

قرار داد مقاصد کے بعد پاکستان میں صرف ایک ہی جماعت کی گنجائش رہ جاتی ہے۔ ایسی جماعت جو حقوق العباد کی نگہداشت کی ذمہ داری سے بھی اور اسے سنبھالے بھی۔

انسان انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے غلطیاں کرتا ہے لیکن غلطی کی اصلاح بھی اس کا فرض ہے۔ اگر ہم کچھ غلطیاں کرچکے ہیں، تو ان کی اصلاح بھی ہم پر فرض ہے۔ (سفینہ۔ لاہور۔ ۲۰ نومبر)

پر پھبتیاں کسی جاسکتی ہیں لیکن ٹھنڈا پیسہ کے سامنے تو بھوت بھی ناچتا ہے۔ وہ اخبارات جو کل اصول و دیانت کے پیش نظر مسلم لیگ کی مخالفت کو معراج صحافت و عین سیاست سمجھتے تھے۔ (سفینہ لاہور۔ ۲۰ نومبر)

مشرقی پنجاب میں پناہ گزینوں کی آبادکاری

جالندھر ۲۷ نومبر (پ۔ٹ) مغربی پنجاب کے پانچ لاکھ پناہ گزینوں میں سے جن کے پاس مغربی پنجاب میں زمین تھی دو لاکھ بہتر ہزار مشرقی پنجاب پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی دوسری ریاستوں میں اب تک آباد کئے جاچکے ہیں۔

مشرقی پنجاب اور پٹیالہ یونین میں جو زمین تھی اس میں سے علی الترتیب ۸۳ فی صدی اور ۶۳ فیصدی زمین [illegible] کو الاٹ کردی گئی ہے کل تین لاکھ ساٹھ ہزار [illegible] دیہات میں آباد کردئے گئے ہیں آبادکاری کا کام جلد ختم کرنے کے لئے حکومت نے ۳۰ نومبر کے بعد مزید شکایات نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔

وزیر بحالیات ڈاکٹر لہنا سنگھ نے بتایا کہ حکومت کا تمام پروگرام جس میں ایک کروڑ دس لاکھ روپیہ کی اسکیم ہے اس کی تکمیل کا انحصار جلد از جلد الاٹمنٹ آرڈر حاصل کرنے پر ہے۔

آسٹریلیا کے ایک پادری کی دریافت

لفظ ایشیائی اور سفید آسٹریلیا ترک کرنیکی مہم

[illegible] آسٹریلیا [illegible] پرنسپل جرج [illegible] پادری [illegible] نے کہا ہے کہ میں ایک ایسی مہم شروع کر رہا ہوں جس کا مطلب لفظ ایشیائی اور سفید آسٹریلیا ختم ہوجانا ہے۔

آپ نے کہا کہ میں دو گروں سے لفظ ایشیائی اڑانے کے واسطے اس لئے مہم چاہتا ہوں کہ میں نے یہ دریافت کیا ہے کہ یہ لفظ ہمارے ہمسایہ ایشیائی بھائیوں کو ناپسند ہے۔ [illegible] سفید آسٹریلیا بھی ترک کرنا ہوگا۔ کیونکہ جو کچھ ہمارے ہجرت کے قانون سے اقتصادی اور ثقافتی تحفظ حاصل ہونا ہے وہ دنیا جانتی ہے۔

اگر آسٹریلیا میں ایشیائیوں کی آمد پر پابندی عائد [illegible] آسٹریلیا ایشیائی [illegible]

[illegible] مشرقی ایشیائی رہنماؤں کی کانفرنس میں شرکت کرنے کے بعد پادری موصوف یہاں آئے ہیں [illegible]

پاکستان اور برطانیہ

معلوم ہوا ہے کہ پاکستان و برطانیہ کے مابین تجارت اور شرکت کے دس سالہ معاہدہ [illegible] کراچی میں عنقریب گفت و شنید شروع ہو جائے گی۔ یاد ہوگا کہ ہمارے وزیر صنعت مسٹر فضل الرحمن نے بھی [illegible] بورڈ آف ٹریڈ کے صدر مسٹر ہیرلڈ ولسن کے سامنے یہ تجویز پیش کی تھی کہ ۱۹۴۸ء کے تجارتی معاہدہ کی بجائے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان نیا تجارتی معاہدہ طے ہوجانا چاہیے۔ دونوں حکومتوں کے مابین طے پا چکا ہے کہ [illegible] کانفرنس منعقد کی جا رہی ہے

[illegible] کانفرنس میں برطانوی مزاج نے نہایت خود غرضی سے یہ طے کر دیا تھا کہ برطانیہ کو شاہی ترجیحات کے تحت حصول دولت [illegible] کی مراعات حاصل رہیں گی۔

تقسیم کے بعد بدقسمتی سے یہ معاہدہ ورثہ پاکستان کو بھی منتقل ہوا۔ اور ہمیں بھی اس کا پابند کیا گیا ہے۔ کہ برطانیہ کو بدستور شاہی ترجیحات حاصل رہیں گی۔

اس کی وجہ سے پاکستان کے مفادات کو سخت نقصان پہنچا [illegible] برطانیہ [illegible] کوئی ایسی دفعہ [illegible] جس سے پاکستان کا مفاد متاثر ہوتا ہو۔ [illegible] (لاہور)

ڈنڈا پیر

میو ڈی کے معنے سے ہے کہ مرشدوں کے تقرر تک جو حضرات مسلم لیگ میں رحمت نئے کپڑے [illegible] [illegible] مسلم لیگ کی مخالفت کرتے رہے اور دشنام [illegible] مسلم لیگ کے لئے کچھ نہ تھا۔ اب مسلم لیگ میں کچھ خوبیاں دیکھنے لگے ہیں کیونکہ مسلم لیگ کے ہاتھ میں اب ایک نہیں پانچ ڈنڈے ہیں [illegible] مسلم لیگ کو صرف ایک پیری نہیں پانچ پیریوں کی کرامات حاصل ہے اور ظاہر ہے کہ عبد الباری کی [illegible]

بری فوج کے تین افسران پر جلد ہی مقدمہ چلایا جائیگا

رنگون ۲۷ نومبر۔ برما کے [illegible] جنگ کے تین فوجی افسران پر جلد ہی مقدمہ چلایا جائے گا۔ ان لوگوں پر اختیارات بیجا طریقے پر استعمال کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ یہ تینوں افسران بے گناہ برمیوں کو باغیوں کے ساتھ تعاون کرنے کے جھوٹے الزام میں گرفتار کرلیتے تھے۔ اور اس طرح سے ان سے زبردستی رشوت حاصل کرتے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ اس جماعت نے اس طرح سے ان سے زبردستی معتد بہ [illegible] ہزاروں روپیہ وصول کیا اور بعض معصوم برمیوں کو جاپانیوں کی طرح ایذا دی۔ (ڈگھوپ)

عورتوں کو علحدہ تعلیم دلانے کی اہمیت

راج پرمکھ مدھیہ بھارت کی تقریر

[illegible] راج پرمکھ [illegible] نے [illegible] تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہماری قومی تعمیر [illegible] لڑکیوں کی صحیح تعلیم بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ ہمارے ملک کی عورتوں کے لئے علحدہ طریقہ تعلیم کی ضرورت ہے۔ [illegible] موجودہ مضامین کی تعلیم دی جائے بلکہ علم الانسان (نفسیات) فنون لطیفہ اور امور خانہ داری کی پوری تعلیم کا انتظام ہو۔

فرید آباد کیمپ کو شہر میں بدلنے کی تجویز

جالندھر ۲۷ نومبر (پ۔ٹ) سردار لہنا سنگھ وزیر بحالیات مشرقی پنجاب گورنمنٹ [illegible] روانہ ہوگئے ہیں [illegible] فرید آباد [illegible] کیمپ کو [illegible] شہر کی صورت دینے پر غور کرے گا۔

مسلمانوں کو باہوش ہونا چاہیے تمام مشکلات دور ہوجائینگی

صدر مجلس استقبالیہ جمعیۃ علماء سی پی کانفرنس کی تقریر

ناگپور ۲۵ نومبر۔ بوقت ۹ بجے شب سی پی جمعیۃ علما کانفرنس۔ ناگپور میں عالی جناب حاجی عبدالقادر صدر مجلس استقبالیہ نے حسب ذیل غیر مطبوعہ خطبہ استقبالیہ پڑھا۔

سب سے پہلے میں اپنا سر بارگاہ خداوندی میں جھکانا چاہتا ہوں۔ کہ جس نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو صوبائی جمعیۃ کے حکم کی بجاآوری اور کانفرنس کی تجویز کو عملی جامہ پہنانے کی توفیق عطا فرمائی۔

ہم لوگ ایک سپاہی کی طرح حکم کی بجا آوری کے لئے آپ کے سامنے موجود ہیں۔ جہاں تک میری ذات کا تعلق ہے۔ یہ کہنے کی بات ضرور ہے کہ اس دیوانہ کے نام قرعہ فال نکلا۔

خدا کے بھروسہ۔ اور اپنے ساتھیوں کی پرخلوص امداد کے یقین پر جس کو میرے ساتھیوں نے بلاشبہ پورا کیا۔ میں نے اس بار گراں کو اٹھا لیا۔ حالانکہ مجھے اپنے ماحول کی فتنہ سازیوں کا بھی یقین تھا۔ اور منزل دور اور بہت دور نظر آرہی تھی۔ اور راہ خطرات سے پر تھی۔ ان حالات میں ہم سے جو کچھ ہوسکا وہ آپ کے سامنے ہے۔ اس کو آپ کوتاہیوں کی پوٹ کہہ لیجئے۔ یا ناتجربہ کاروں کی واماندگیوں کا ایک شاہکار۔ میں تو آپ کے وسیع قلب و نظر سے امیدوار ہوں۔ کہ آپ ہماری کوتاہیوں کو بھلا دیں گے۔

حضرت قبلہ شیخ الہند مولانا حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ العالی نے اس بڑھاپے میں ایسے سرد موسم میں محض ہم گرتوں کو تھامنے کے لئے جو طول طویل سفر کی زحمتیں برداشت کی ہیں۔ ان سے ہمارے دل جذبات تشکر و امتنان سے بھرے ہوئے ہیں۔ مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ایم سی اے ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے اپنی بے پناہ مصروفیتوں کو چھوڑ کر ہماری دعوت پر یہاں تشریف لائے۔ یہ ان کا ہم مسلمانان سی۔ پی پر خاص احسان ہے ان کے علاوہ اور دیگر اکابر جمعیۃ اور رہنمایان ملک و ملت نے اس کانفرنس میں دور دراز کی تکلیف دہ مسافرت کو طے کرکے شرکت فرمائی ہے اور اس دور افتادہ اور پسماندہ صوبہ کے لوگوں کے سرد دلوں کو اللہ اور رسول کے عشق سے گرمانے کی سعی مسعود کی ہے۔ اس کے لئے ہمارے دل کی گہرائیوں سے امتنان کے جذبات امنڈ رہے ہیں۔ اور میں انہیں جذبات کے ساتھ ان کا خیر مقدم کرنے کی عزت حاصل کرتا ہوں۔

یہ امر ہمارے لئے باعث صد فخر و مباہات ہے کہ ہماری درخواست پر ہمارے صوبے کے محبوب و مشہور وزیر اعظم آنریبل پنڈت روی شنکر شکلا۔ ہمارے ہر دلعزیز وزیر امور داخلہ پنڈت دوارکا پرشاد مصرا محب وطن پنڈت سندر لال جی دلشی بھگت مہاتما بھگوان دین جی۔ مسٹری پونم جی رالکا اور ہمارے صدر مسٹری کنم دار جی یہاں تشریف لاکر ہماری کانفرنس کی رونق بڑھائی۔

محترم صدر اور بزرگو! اس کانفرنس میں [illegible] اور خاص بھائیوں کے علاوہ اطراف صوبہ سے ممبران استقبالیہ بھی جمع ہوئے ہیں۔ اور اس طرح ہمارا یہ اجتماع مسلمانان صوبہ کی پوری نمائندگی کا حق رکھتا ہے۔ [illegible] ہے کہ حکومت وقت کے حسن انتظام اور آپ حضرات کی کارگذاریوں نے ہماری یہاں تک حوصلہ افزائی کی کہ ہم تقسیم ہند کے بعد پہلی دفعہ اس صورت میں جمع ہوئے ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ آپ حضرات کی رہنمائی میں یہ کانفرنس دور رس نتائج کا سبب بنے گی۔

حضرات! ہمارا صوبہ اپنے جائے وقوع کے لحاظ سے بھارت کا دل ہے اور آپ جانتے ہیں کہ دل ہی سے احساسات کا طوفان اٹھ کر عملی صورت میں دنیا پر چھا جاتا ہے۔ اس متوسط صوبہ کا مرکزی مقام ناگپور ہے۔ جو دراصل تمام انقلاب انگیز تحریکات کا ملجا رہا ہے۔ غالباً اس نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کی صبح اپنے آپ کو ایک دوسری دنیا میں پایا۔ اس کے آس پاس وہ یاران میکدہ کبھی نہیں تھے۔ جن کی دم سازیوں نے اس کو آنے والے واقعات سے بے خبر رکھا تھا۔ بہر

اس عالم بےبسی اور کس مپرسی میں ان آزاد خیال مسلمانوں نے اللہ کا نام لے کر میدان سنبھالا۔ ان آزاد خیالوں اور حریت نواز دل کی رہنمائی جمعیۃ نے پہلے شیر دل مجاہد رہنمائے ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب کی قیادت میں کی اور خوب کی۔ انہوں نے دلوں سے خوف و ہراس کو دور کیا۔ اور سارے ملک میں [illegible] رہنمائی میں امن و شانتی کی لہر دوڑا دی۔ ان احسانات کو نہ مسلمان کبھی بھول سکتے ہیں اور نہ ملک۔ دہلی سے [illegible] تھا بلکہ اس کے دفعیہ کے لئے اپنی جان کی بازی لگا دی۔ اور مسلمانوں کی رفاقت کا حق ادا کر دیا۔ ایک طرف رہنمایان جمعیۃ اس خدمت میں مصروف تھے اور دوسری طرف مسلمانوں کی رہنمائی کا دم بھرنے والے لیڈر رخت سفر باندھ کر یکے بعد دیگرے پرواز کر رہے تھے۔

حضرات! پچھلے حالات کے تذکرے سے میں آپ کے زخموں کو ہرا کرنا نہیں چاہتا۔ اس میں شک نہیں کہ وہ دن اور راتیں عجیب تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہر [illegible] ایک نئی مصیبت کا پیغامبر ہے۔ اور ہر رات میں [illegible] کا ساز بجتا ہے۔ ہم کو نہ بھولنا چاہیے کہ اس نازک دور میں ہمارے صوبے کے وزیر امور داخلہ [illegible] مصرا نے اپنے تدبر سے کام لے کر اس دامن کو نہ صرف بچا رکھا۔ بلکہ اس بات کی کوشش کی کہ مسلمان گھبرا کر اپنے آپ کو تباہی کے غار میں نہ جھونکیں [illegible]

[illegible] ابھی تو آپ کو شکوہ ہے کہ ہندوستانی اور سنسکرت کی طرح ہر چیز بٹ رہی ہے مسلم زبان اور ہندو زبان اور پھر ہر فرقہ کی زبان کا سوال پیدا ہو رہا ہے۔ مگر یاد رکھیئے کہ یہ سب تفریقیں بہت جلد اٹھ جائیں گی۔

زبان کے سوال کو ہم مسلمان جس آسانی کے ساتھ طے کرسکتے ہیں اس آسانی سے ہمارے برادران وطن نہیں کرسکیں گے۔ موجودہ حالات کے پیش نظر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہندی اور مراٹھی کا جھگڑا باقی رہے گا۔ مگر مسلمان کی زبان کا سوال باقی نہ رہے گا۔ اور ہم اس کو اس طرح سے طے کریں گے کہ اپنے بچوں کو مسلمان کی زبان میں، جو دراصل مسلمان کی زبان نہیں ہے۔ بلکہ جو ہندوستانی مسلمانوں کی وطنی زبان ہے۔ مگر موجودہ ماحول میں اس کا بہ غلط نام دے دیا گیا ہے یعنی اردو میں پرائمری کی تعلیم دیں گے اور اس کے ساتھ ہی مرہٹی علاقے والے مسلمان اپنے بچوں کو مرہٹی اور ہندی علاقہ والے اپنے بچوں کو ہندی پڑھائیں گے۔ [illegible] بہ تعلیم حاصل کرسکیں گے۔

محترم حضرات! آپ کو یاد ہوگا کہ دسمبر ۱۹۴۰ء کو لکھنؤ میں امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی رہنمائی میں آزاد [illegible] مسلم کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔ اس موقع پر ملک کے سارے رہنماؤں نے مولانا موصوف کی اس تجویز کو منظور کیا کہ مسلم جماعتیں سیاست سے علیحدگی اختیار کرلیں۔

اس کے بعد خود جمعیۃ العلماء ہند نے اپنے دستور سے پارلیمانی سیاست کو نکال دیا۔ اور اپنے دستور کا نیا ڈھانچہ مسلمانوں کی مذہبی۔ علمی۔ اخلاقی اور اقتصادی روشنی میں تیار کیا۔ یہ دستور وہی ہے جو ہر کلمہ گو مسلمان کا ہوسکتا ہے خواہ اس کا فرقہ عقیدہ کچھ بھی کیوں نہ ہو!

یہ کانفرنس اس لئے بلائی گئی ہے کہ ہم اور آپ سر جوڑ کر بیٹھیں اور اپنے گناہوں کا جائزہ لیں اور انہیں دور کرنے کی راہ نکالیں کل سے مجالس مضامین میں اس بات پر غور کیا جائے گا کہ صوبہ بھر کے مسلمانوں کو نیک دل مسلمان بنانے کی کون سی اسکیم ہونی چاہیے۔ آپ میں جتنے اصحاب نمائندہ ہوکر تشریف لائے ہیں ان کا فرض ہوگا کہ اس کے متعلق ایسی راہ تجویز کریں کہ مسلمانوں کو سچا مسلمان بنانے والی اسکیم کو جلد سے جلد عملی جامہ پہنایا جاسکے۔

کانگریس کمیٹیوں اور حکومتوں کے درمیان جنگ ہو رہی ہے

وزیر خزانہ مدراس کا انکشاف!

مدراس ۸ نومبر۔ مدراس کے وزیر خزانہ نے ایک بیان میں اس پر زور دیا کہ صوبائی حکومتوں اور صوبائی کانگریس کمیٹیوں میں زیادہ سے زیادہ تعاون پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ مدراس کانگریس کی ایک تقریب کی نقاب کشائی کرتے ہوئے انہوں نے کہا صوبائی حکومتوں اور صوبائی کانگریس کمیٹیوں میں بہت سے معاملات پر جنگ ہو رہی ہے۔

اگر کانگریس ہائی کمانڈ نے صاف طور پر نہیں بتایا کہ صوبائی کمیٹیوں کی باہمی پوزیشن کیا ہے۔ تو آئندہ مشکلات پیدا ہوجائیں گی۔

عوام کی طرف صوبائی حکومتوں کی زبردست ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر اعظموں کو صرف عوام کو ہی خوش کرنا [illegible] جہاں تک امیدواروں کے انتخاب کا تعلق ہے وزیر اعظموں کی اس میں کوئی آواز نہیں ہوتی۔ بلکہ ان کا انتخاب کانگریسی اور غیر کانگریسی کرتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ کانگریس کمیٹی کے بجائے ضلع کمیٹی امیدواروں کا انتخاب کیا کرے۔ مجھے امید ہے کہ صدر کانگریس اس اہم ضرورت کا احساس کریں گے۔ اور کانگریس کمیٹیوں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان بہتر تعلقات قائم کرنے کی کوشش کریں گے۔ (پ۔ٹ۔۱)

مسٹر سین کا بیان

مدراس [illegible] نومبر۔ مسٹر سین چیف الیکٹرک کمشنر نے بتایا کہ ۳۱ مارچ ۱۹۵۰ء تک ہندوستانی فلمسازان کے فلمیں رکھنے کیلئے محفوظ گودام تیار ہوجانے چاہئیں جو شخص ایسا نہیں کرے گا وہ اپنی ذمہ داری پر ایسا کرے گا انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ڈھاکہ سے پھٹ جانیوالی اشیاء بنانے والے ایسے کارخانوں کے لائسنس منسوخ کردیے ہیں جہاں آتشزدگی کے حادثہ ہونے سے زبردست مالی نقصان ہوا تھا (پ۔ٹ۔ا)

ہندو کوڈ بل پر بحث نہیں ہوگی

نئی دہلی [illegible] پارلیمنٹ میں پیش ہونے والے جن بلوں کی فہرست شائع ہوئی ہے اس میں ہندو کوڈ بل نظر نہیں آتا۔ اس سے باخبر حلقوں میں یقین کیا جا رہا ہے کہ یہ بل پارلیمنٹ کے آئندہ سیشن میں شروع ہونے والے اجلاس میں شاید زیر بحث نہیں آسکے گا۔

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے زر چندہ روانہ کرتے ہی اس کی رسید ہمیں بھیجئے تاکہ اخبار آپکے نام جلد جاری ہوسکے اور اخبار کا وی پی چھڑا کر وی پی پیکٹ کا ریپر جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے فوراً ہمیں بھیج دیجئے تاکہ معلوم ہوجائے کہ آپ نے وی پی چھڑا لیا ہے منی آرڈر اور وی۔ پی کی رقمیں آج کل بہت تاخیر سے وصول ہوتی ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کریں گے تو ہم رقم کی وصولیابی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کردیں گے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

سکھ ممبر نے بھی خلاف رائے دی

نئی دہلی ۲۷ نومبر سردار حکم سنگھ ممبر دستور ساز اسمبلی نے گذشتہ [illegible] بیان میں کہا ہے کہ [illegible] ڈاکٹر امبیڈکر کی تحریک پر رائے [illegible] (پ ٹ)

لیڈی فاطمہ کا مجسمہ لیجانے والا ہوائی جہاز ٹکرا کر تباہ ہوگیا۔ تمام مسافر ہلاک

بنکاک ۲۸ نومبر۔ اطلاع ملی ہے کہ ایک ہوائی جہاز جس میں لیڈی فاطمہ کا مجسمہ لے جایا جا رہا تھا اور بولیویا میں ٹکرا گیا۔ جو [illegible] میل دور ہے کہ جہاز کے نو مسافر اور پائلٹ وغیرہ سب ہلاک ہوگئے۔

(رپٹ رائٹر)

ایران میں میونسپلٹیوں کے انتخابات کا حکم

طہران ۲۷ نومبر (پ۔ٹ۔ا۔ رائٹر) ایران کی وزارت داخلہ نے گورنروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ مجلس کے پاس کردہ قانون کے مطابق میونسپلٹیوں کا انتخاب کرائیں۔

دی مغل لائن لمیٹڈ
سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی
بحر احمر اور ماریشیس
کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانے والے جہازوں کا بیڑا
بمبئی سے
عدن، پورٹ سوڈان۔ جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کرسکیں گے۔
ایس۔ ایس جہانگیر (وزن 566 ٹن)
(بمبئی سے ماریشس کے لئے مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۴۹ء تک روانہ ہوگا)
مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جملہ تفصیلات کے لئے خط و کتابت کریں۔
ٹرنر مارسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ
۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

دنیا میں ہل چل مچا دینے والے آیورویدک یونانی
مجرب انجکشن
ہمارے یہاں کے آیورویدک یونانی انجکشن ہر طرح کے امراض پر تھوڑے عرصہ اور کم پیسوں میں فائدہ مند اور زود اثر ثابت ہوئے ہیں۔ مہربانی فرما کر ایک بار ضرور آزمائیے اور زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہوئے خلق خدا کی خدمت کیجئے۔
ہمارے یہاں پانچ قسم کی ٹریننگ دی جاتی ہے (۱) انجکشن ٹریننگ (۲) فن دندان سازی (۳) بصارت چشمہ کی شناخت (۴) آئی اپریشن (۵) چشمہ سازی۔ ہمارے یہاں انجکشن ٹریننگ بک لیجئے علم انجکشن جس سے ہندوستان کے حکیم و ڈاکٹر صاحبان فیضیاب ہوئے ہیں۔ آپ بھی طلب فرما کر فائدہ اٹھائیے قیمت [illegible]
دی بندیل کھنڈ آیورویدک یونانی فارمیسیکل ورکس مانک چوک جھانسی
نوٹ: براہ کرم پتہ صاف تحریر فرمائیے۔

جنوبی مشرقی ایشیا پر مغرب کا اثر قائم رکھنے کیلئے امریکہ کی کوشش!

مشرق کے موجودہ انقلابی رجحانات مغرب کی پیداوار ہیں!

واشنگٹن ۲۸ نومبر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی حکومت جنوبی مشرقی ایشیا میں اپنی حکمت عملی پر کامل غور کرنے کی تیاریاں کر رہی ہے اور اس امر کا اندازہ اس اطلاع سے کیا جاسکتا ہے۔ کہ امریکہ کے سفیر ڈاکٹر جیسپ اور اس خطہ کے امریکی مشن کے صدر عنقریب بینکاک میں ملاقات کرنے والے ہیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ اس مسئلہ پر امریکہ ٹھیک اسی وقت غور کرے گا۔ جب سیلون میں دولت مشترکہ کے وزراء خارجہ کی کانفرنس منعقد ہوگی اور جنوبی چین میں کیمونسٹوں کی فوجی سرگرمیاں قریب الختم ہوجائیں گی۔ امریکہ کا خیال ہے کہ آج جنوبی مشرقی ایشیا میں جو انقلاب رونما ہو رہا ہے وہ سوویٹ روس اور امریکہ کے تعلقات کی کشیدگی یا مشرق اور مغرب کی سرد جنگ کا نتیجہ نہیں بلکہ تمام دیہاتیوں کی بغاوت کا فوری انجام ہے۔ اور اس امر کی ضرورت ہے کہ اس کے اسباب و علل کو سمجھ کر اس امر کی کوشش کی جائے کہ اصلی انقلاب کو مغربی جمہوریتوں کی راہ پر ڈال دیا جائے۔

اس خطہ ارض میں جو انقلاب رونما ہو رہا ہے وہ سیاسی اعتبار سے قوم پرور اقتصادی اعتبار سے اشتراکیت اور سماجی اعتبار سے فلاح انسانیت کے اصول پر مبنی ہے۔ اور حسن اتفاق سے یہ اصول مغربی یورپ سے آئے ہیں اور اس لئے مغرب کو جنوبی مشرقی ایشیا کے رہنماؤں کے ساتھ معاملات طے کرتے ہیں ایک نفسیاتی بالادستی حاصل ہے۔

برطانوی شہنشاہیت کیخلاف اعلان جنگ

فلشنگ میڈوز ۳ دسمبر۔ ... اقوام متحدہ نے فیصلہ کر لیا کہ اسپیشل کمیٹی ... غیر خود مختار علاقوں کے حالات کا جائزہ ... جنرل اسمبلی نے اس بات کا بھی فیصلہ کر دیا کہ اگر کسی انتظامی طاقت نے اپنے زیر انتظام علاقہ کے متعلق یہ قرار دیا کہ اب وہ خود انتظام کرنے والا علاقہ نہیں رہا اس لئے اس نے اس علاقہ کے متعلق اطلاعات دینا بند کر دیں تو اسپیشل کمیٹی کو اس اقدام کے متعلق اپنی رائے ظاہر کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

ایک اور قرارداد کے ذریعہ اسمبلی نے یہ بھی طے کیا کہ انتظامی طاقتوں کو انسانی حقوق، جغرافیہ اور تاریخ کے متعلق ہر سال اپنی رپورٹ پیش کرنی چاہیئے۔

ریاستوں پر جدید قرطاس ابیض

دہلی ۳ دسمبر۔ ... ایسے چھوٹے چھوٹے علاقوں کے متعلق جو ایک دوسرے کے تحت ہیں اور پاکٹوں کی حیثیت ... کہتے ہیں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بالکل ختم کر دیا جائے اور وہ قریب کے علاقوں میں ضم ہو جائیں۔ یہ فیصلہ ایک کانفرنس نے کیا ہے جو ریاستی وزارت کے سیکرٹری پی منن کی صدارت میں منعقد ہوئی تھی۔

ایسے علاقے پندرہ ہزار سے ... بھارت میں ... اس کا رقبہ چند ایکڑ سے لیکر چند سو مربع میل تک ہے ایسے علاقوں کے انضمام کا کام اس ماہ کے آخیر تک ختم ہو جائے گا۔ اور اس کے بعد ہندوستان کا ایک نیا نقشہ شائع ہوگا۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ریاستی وزارت پارلیمنٹ کے سامنے ایک قرطاس ابیض بھی پیش کرے گی۔ جس میں گذشتہ بجٹ پیش ہے اب تک کے ریاستی وزارت کے کاموں پر روشنی ڈالی جائے گی۔

"الجمعیۃ"

میں اشتہار دینا تجارت کیلئے کلید کامیابی ہے

جنگ میں امریکہ اور روس ایک دوسرے کو دنداں شکن جواب دے سکتے ہیں

چیانگ بال بال بچ گئے

ہانگ کانگ ۳ دسمبر۔ اب اس بات کی اطلاع ملی ہے کہ جب چینی کمیونسٹوں نے چین کے دار الحکومت چنکنگ پر قبضہ کیا اور فوراً چیانگ کائی شیک وہاں ... تو وہ کمیونسٹوں کے ہاتھ آتے آتے بچے جنرل ... چیانگ چنکنگ پر قبضہ سے چند گھنٹہ پیشتر چنکنگ سے نکلے تھے۔

امریکہ نے اعتراف کر لیا کہ روس کی طاقت اس کے برابر ہے

روس کی دفاعی تیاریاں دنیا میں سب سے زیادہ ہیں۔!!

دہلی ۳ دسمبر۔ امریکہ کے بڑے بڑے ماہرین حرب اب یہ امر تسلیم کر رہے ہیں کہ روس کی فضائی طاقت امریکہ کی فضائی طاقت سے بڑھ گئی ہے۔ امریکی ماہرین کو یہ دعوےٰ ہے کہ صرف امریکی طیارے ہی روس پر ایٹم بم برسا کر جنگ جیت سکتے ہیں۔ اب روسی ہوائی فوج پر صادق آ رہا ہے روسی فضائیہ بھی امریکی شہروں اور کارخانوں کو تباہ کرکے جنگ جیت سکتی ہے۔ تمام ممالک روس کی ہوائی فوج کو بڑی اہمیت دے رہے ہیں اور اس کی بابت صحیح اندازہ لگانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایک امریکی جنرل ... کے بیان کے مطابق روس کے پاس اول درجے کے پندرہ ہزار کارآمد طیارے ہیں۔ ان کے علاوہ روس ... ہزار محفوظ طیارے ... کے پاس ... کارآمد طیارے ہیں اور ... محفوظ طیارے ہیں۔

روس کے ان ۱۵ ہزار طیاروں میں سے برطانوی جاسوسوں کے بیان کے مطابق چار ہزار تک ایسے بمبار ... طیارے ہیں جو روس کے اڈوں سے اڑ کر امریکہ کے شہروں پر بمباری کر سکتے ہیں۔ بمباروں کا ایک ڈویژن قطب شمالی کے برفانی علاقوں میں پرواز کرنے کی تربیت حاصل کر چکا ہے۔ (باقی صفحہ ... پر)

فارورڈ بلاک کو سوشلسٹوں سے اپنا رشتہ توڑ لینا چاہیئے!

سی پی اور برار سے کل ہند فارورڈ بلاک کو سفارشات

... سی پی اور برار کی ... فارورڈ بلاک کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس میں آل انڈیا فارورڈ بلاک سے سفارش کی ہے کہ ... فارورڈ بلاک کو ہند مزدور جماعت ... کی اختیار کر لینی چاہیئے۔ کیونکہ ... (باقی صفحہ ۵ پر)

اقوام متحدہ کا فرض ہے کہ عربوں کا اعتماد حاصل کرے

سیاسی ایڈہاک کمیٹی میں یمن کے نمائندے کی تقریر

... اقوام متحدہ کی سیاسی ایڈہاک کمیٹی میں تقریر کرتے ہوئے کہا ... عرب اور تمام اسلامی دنیا اقوام متحدہ کے ... فیصلہ کی طرف ... نظریں لگائے ہوئے ہے ...

ڈھائی ہزار مزدور دب کر مر گئے

... مزدوروں کی لاشوں کو ... دیا گیا ...

ہندوستان میں ابھی پندرہ سال تک صنعتوں کو قومی ملکیت نہیں بنایا جائے گا

ایشیا کا کمزور یا طاقتور ہونا ہندوستان پر منحصر ہے

کلیولینڈ میں مسز وجے لکشمی پنڈت کی تقریر

کلیولینڈ ۳ دسمبر۔ ہندوستانی سفیر ... امریکہ مسز وجے لکشمی پنڈت ... آئی ہوئی ہیں اور وہ متعدد تقریریں کر رہی ہیں۔ انہوں نے اپنی ایک تقریر میں کہا کہ ہندوستان ... پندرہ سال تک اس کا کوئی امکان نہیں کہ صنعتوں کو قومی ملکیت قرار دیا جائے۔

لکشمی پنڈت نے کہا کہ ہندوستان ... کسی دوسرے ملک کی بہ نسبت سختی سے کمیونزم کا مقابلہ کر رہا ہے۔ اور کمیونزم کے انسداد کی سب سے زیادہ کوشش کی ہے لیکن اگر پیداوار کی قابلیت کو نہیں بڑھایا گیا اور عوام کے معیار زندگی کو بلند نہیں کیا گیا تو اس نظریہ کا ... اندیشہ ہے۔ (باقی صفحہ ... پر)

ہندوستان کے صنعتوں کی نمائش کے افتتاح کے موقع پر انہوں نے ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ہند اس وقت بعض دوسرے انسانی معاملات میں اس قدر الجھی ہوئی ہے کہ وہ فی الحال صنعتوں کو قومی بنانے کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتی۔

کمیونزم کے متعلق خیال کرتے ہوئے مسز وجے ...

وزیر اعظم سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہو گئے

کراچی ۳ دسمبر۔ سندھ کے موجودہ وزیر اعظم مسٹر یوسف ہارون ... سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہو گئے ہیں۔ یہ نشست پیر ... کے مستعفی ہونے پر خالی ہوئی تھی۔

سلطان مسقط کو وزیر اعظم پاکستان کا ڈنر

کراچی ۳ دسمبر۔ آج پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے سلطان مسقط کے اعزاز میں ڈنر دیا۔ سلطان مسقط حال ہی میں ... یہاں پہنچے ہیں۔

ترقی کا راستہ بہت طویل اور کٹھن ہے

بین الاسلامی کانفرنس میں ایرانی چیرمین کی تقریر

مختلف کمیٹیوں کی رپورٹیں منظور، صنعتی و زراعتی مسائل پر تبصرہ

کراچی ۳ دسمبر۔ بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس کا تیسرا ... اجلاس ایرانی نمائندہ مسٹر نوری اسفندیاری کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں زراعت، ... اور ... کمیٹیوں کی رپورٹیں منظور ہوئیں۔ ... انڈونیشیا ... ایران، مراکو، الجزائر، مسقط، عمان اور پاکستان کے مندوبین نے اجلاس میں تقریریں کیں۔

... زراعت ہماری خاص دولت ہے ... ہمارا خام مال ... کسان ہماری ... ضروریات ... صنعتی ترقی اور اصلاح بھی کرنی ...

... مراکو کے نمائندے ... پاکستان ... مراکو امن پسند ... اسلامی ... ہم اپنے مفاد کی حفاظت کرکے دنیا بھر کے مفاد کی حفاظت کرنا چاہتے ہیں۔ اجلاس میں ایران کے ایک دوسرے نمائندے ... نے بھی تقریر کی۔

سیشن کے چیرمین نے ... کانفرنس ... اسلامی ممالک ... ہمارا راستہ لمبا ہے اور کٹھن ہے لیکن اگر ہم نے ... کامیاب ... یہ کہا کہ خدا نے اسلامی ممالک کو سب کچھ دیا ہے۔ ... ریاستہائے ... ایک اور ...

روس اور مغربی ممالک کی جنگ میں ایران غیر جانبدار رہے گا

کراچی میں بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس کے ایرانی نمائندہ کا اعلان

کراچی ۴ دسمبر۔ ... روس اور مغربی ممالک میں جنگ ہوئی تو ایران غیر جانبدار رہیگا۔ یہ الفاظ بین الاسلامی کانفرنس کے ایرانی نمائندہ آقائے نوری اسفندیاری کے ہیں جو انہوں نے کراچی کے ایرانی سفارت خانہ میں ایک پریس کانفرنس میں کہے۔

روس کمیونسٹ ہے ہم کمیونزم کو پسند نہیں کرتے ... ہم روس کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتے روس کو چاہیئے کہ وہ ہمارے معاملات میں مداخلت نہ کرے۔

... ایران میں غیر ملکی سازشوں کو کچلنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ روس اور ایران کے تعلقات کے بارے مختلف سوالات کے جوابات دیتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اگر روس ایران کے داخلی معاملات میں مداخلت نہ کرے۔ تو ہم اسے ایران کا طاقتور دشمن نہیں سمجھتا۔

ہندوستان دنیا بھر کو فلسفہ امن کا سبق دے سکتا ہے

امن پسندوں کی کانفرنس میں امریکی نمائندے کی تقریر

... اجلاس شروع ہو رہا ہے ... ہندو، جین، یہودی، سکھ، بدھ ...

کل ہند مزدور کانفرنس کا اجلاس

لدھیانہ میں یکم جنوری کو ہوگا

لدھیانہ ۳ دسمبر۔ سوشلسٹ پارٹی ... یکم جنوری کو سوشلسٹ پارٹی کے ... کل ہند مزدور کانفرنس منعقد ہوگی۔ ... کی صدارت کریں گے۔ ... کے موجودہ مسائل پر غور ... (ا پ ٹ)

ہندوستانی خزانہ کو بیس کروڑ سالانہ کا خسارہ

نئی دہلی ۳ دسمبر۔ ہندوستان اور پاکستان میں کرنسی تعطل اور تجارت کے تعطل کی بنا پر ... ہندوستانی ... کروڑوں روپے کی ... سالانہ کا خسارہ ...

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

۶ دسمبر ۱۹۴۹ء

امن کی ضرورت

شانتی نکیتن میں دنیا کے امن پسند جمع ہوئے ہیں، اور اس لئے ہوئے ہیں کہ دنیا میں آئندہ ... لوگ امن اور آزادی کے ساتھ زندگی بسر کریں، دلوں پر کسی کا خوف طاری نہ ہو، مار کاٹ دشمنی اور نفرت سے انسان کو نجات ملے اور سب لوگ ساری دنیا کے باشندے اور ہر مقام کے انسان آپس کے تعاون، محبت اور ایثار سے رہنا سیکھیں، جس طرح بھوکے لوگ روٹی کے لئے کسی جگہ جمع ہو جاتے ہیں یا جس طرح بیمار کسی ڈاکٹر کے پاس آ کر صحت اور تن درستی مداوا چاہتے ہیں اسی طرح یہ امن پسند، دنیا کے گوشوں سے چل کر امن کی خاطر شانتی نکیتن میں جمع ہوئے ہیں! ذرا غور تو فرمایئے کہ امن و سلامتی، خوشحالی اور بے خوفی سے کس کو انکار ہو سکتا ہے؟ اور کون کہہ سکتا ہے کہ اسے ان چیزوں کی ضرورت نہیں لیکن یہ چیزیں کس قدر مفقود اور نایاب ہیں کس قدر معدوم اور نادر ہیں، جن چیزوں کو ہوا اور پانی کی طرح عام ہونا چاہیئے تھا وہ کس قدر گراں ہیں؟ کیا امن بھی کوئی ایسی شے ہے کہ لوگ اس کے لئے دور دراز کا سفر کریں، اسے ڈھونڈیں اس کے لئے تدبیر سوچیں، اس کی خاطر کانفرنس کریں اور اس پر دماغ لڑائیں؟ مگر دیکھیے کہ امن کی خاطر دنیا کس قدر پریشان ہے اور یہ غریب امن پسند کس طرح اس کے پیچھے مارے مارے پھر رہے ہیں؟

سوال یہ ہے کہ جب امن کی خواہش ہے تو امن قائم کیوں نہیں ہوتا؟ کسی چیز کی بھی طلب ہو اور ... پھر بھی وہ حاصل نہ ہو تو یہ بڑی حیرت کی بات ہے! بات اصل یہ ہے کہ جو لوگ امن چاہتے ہیں ان کے پاس اس کی کنجی نہیں ہے اور جن کے پاس کنجی ہے وہ امن کی خواہش نہیں رکھتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جنگ نہ ہو مگر جب تک جنگ کرنے والوں کے اندر امن کی خواہش پیدا نہ ہو ہمارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

آپ سب جانتے ہیں کہ انسان کی بنیادی ضروریات کیا ہیں؟ کیا ان کی کوئی لمبی فہرست ہے؟ یا ان ضروریات کی تکمیل ناممکن ہے؟ نہیں ضروریات اتنی ہیں کہ آپ انہیں انگلیوں پر آسانی سے گن سکتے ہیں، انسان چاہتا ہے کہ اس کا پیٹ بھرے اس کی ستر پوشی ہو، اسے رہنے کے لئے جگہ ملے، ان تینوں چیزوں کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ لوگ امن سے رہیں، ان کی زندگی ...

اور خدا معلوم کن کن ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ لیکن اگر قابلیت سے مراد صرف یہ ہے کہ انسان ایک دوسرے کو بچا کر اپنی ... کہ سب کی بھلائی میں ہماری بھی بھلائی ہے اور یہ بھلائی تعاون اور ایثار کے بعد ہی حاصل ہو سکتی ہے تو پھر سوسائٹی کا فرض ہے کہ وہ بڑوں کو نیچے گرا دے اور روشن خیالوں کی روشنی کو گل کرکے ان لوگوں کو اپنا رہنما بنائے جو ملاء عالم اور راہبر نہ ہوں مگر انسان ہوں اور انسان کی بنیادی ضروریات کے حصول کے لئے معمولی جد و جہد کر سکیں!

شانتی نکیتن میں امن پسندوں کی کانفرنس ہو رہی ہے اور اس کی کاروائیاں ہمارے سامنے ہیں، اس میں جو لوگ جمع ہوئے ہیں ہم ان میں امن کی لگن اور تڑپ بھی پاتے ہیں اس کے باوجود ہمیں امید نہیں کہ صرف خواہش سے دنیا کو امن کی دولت مل سکے گی اور کانفرنسیں بلانے سے توپوں کی گرج ختم ہو جائے گی! اگر واقعی امن پسندوں کو امن پسند ہے اور وہ جنگ کو ناممکن بنانا چاہتے ہیں تو ان کے لئے ضرورت ہے کہ

(۱) اس خیال کی اصلاح کریں کہ جنگ انسان کا فطری حق ہے اور جب تک انسان ہے اس کے لئے جنگ بھی ناگزیر ہے، جنگ کا یہ شیطانی فلسفہ اقتصادی، سیاسی اور نفسیاتی دلائل کا سہارا لیتا ہے اور دنیا کو یہ کہہ کر گمراہ کرتا ہے کہ جنگ انسان کی فطرت میں داخل ہے ... کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس فلسفہ کی دھجیاں اڑائیں اور پوری قوت سے اس کا ابطال کرکے ثابت کریں کہ جنگ بعض حالات کی پیداوار ہے اور حالات کے درست ہونے پر جنگ بھی بند ہو سکتی ہے!

(۲) جنگ کی سب سے بڑی وجہ آپس کی غلط فہمیاں ہیں، امن پسندوں کا کام یہ ہے کہ وہ ان غلط فہمیوں کو دور کریں اور ایک دوسرے کو پہچاننے اور جاننے کی راہ نکالیں، غلط فہمی کا نقطہ آغاز بہت ہی معمولی ہوتا ہے لیکن بات بڑھتے بڑھتے بہت ہی وزن دار ہو جاتی ہے اور جس نسبت سے وہ بڑھتی ہے اسی نسبت سے مفاہمت کے دروازے بھی بند ہو جاتے ہیں اور نتیجہ جنگ کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

(۳) دنیا کے موجودہ حالات کو منظر رکھ کر جنگ ...

اچھی باتیں

قُلْ هُوَ الَّذِي ... تا ... تَشْكُرُونَ (پ ۲۹)

آپ کہہ دیجئے کہ خدا ہی نے تم کو پیدا کیا ہے اور اس نے تم کو سماعت و بصارت بخشی ہے اور اس نے تم کو سوچنے والا دل عطا کیا ہے، مگر تم تو بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو۔

یعنی خدا نے تم کو پیدا کرکے آزاد نہیں چھوڑا بلکہ تم کو حواس بخشے تاکہ تم ان سے کام لو تم کو کان دیئے کہ اچھی باتوں کو سنو اور یاد رکھو آنکھیں دیں کہ تم کائنات سے عبرت حاصل کرو تم کو دل دیا کہ سوچنے سمجھنے کا ڈھنگ سیکھو اور جب تم اپنے حواس کو صحیح طور پر استعمال کرو گے اور ان سے خدا کی مخلوق کو فائدہ پہنچاؤ گے تو گویا تم صحیح معنی میں خدا کا شکر ادا کرو گے مگر افسوس انسان خدا کی بخشی ہوئی ان نعمتوں سے کوئی کام نہیں لیتا اور اس طرح اس کی جناب میں شکر ... انسان ... حواس سے وہی کام لے جس کے لئے ان کو بنایا گیا ہے تو کائنات کی تمام راہیں اس پر کشادہ ہو سکتی ہیں اور اس کی زندگی کا مقصد فوت نہیں ہو سکتا۔

دہلی میں عہد بلبن کی سات سو برس قدیم تاریخی یادگار خانقاہ و مزار

شیخ ابوبکر طوسی رحمۃ اللہ علیہ

(اخلاق دہلوی)

(۴)

باطنی تعلیم کی غرض و غایت اتنی ہی ہے کہ انسان اپنے کو آئین شریعت کے مطابق سدھارے اور اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے سانچے میں ڈھالے اور جب پختہ کار ہو جائے تو خلق اللہ کو ہدایت و رشد کی راہ دکھائے۔ جہاں جو ہوتا یہ ہے کہ ذوق انسان کو ایسے عالم میں لے جاتا ہے کہ جہاں وہ دنیا و مافیہا کے جھمیلوں سے بے نیاز ہو کر کیف ... کی زندگی بسر کرتا ہے ... راستہ ہدایت و رشد کا سرچشمہ بن جاتا ہے۔ کائنات کی ہر شے اس کے تابع فرمان ہو جاتی ہے۔ ... کائنات کا مالک بن جاتا ہے۔ ... کی برکت سے حاصل ہوتا ہے۔ ... منزل مقصود کو نہیں پہنچتا ...

عاملے کہ کام رانی و تن پروری کند

او خویشتن گم است کرا رہبری کند

حب جاہ اور لذائذ نفسانی میں گھر جانے والے خاک کسی کی راہبری کر سکتے ہیں وہ تو اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لے ڈوبتے ہیں۔ ... اولیاء اللہ کی زندگی سبق آموز زندگی ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت ابوبکر طوسی نے اپنی زندگی کو اپنی تعلیم و تربیت کی صیقل سے آئینہ بنایا، اور آئین شریعت کے سانچے ...

میں ڈھالا اور احکام والی زندگی بسر کی جس سے ... سے اپنی زندگی کو سدھار سکتے اور رفائع اٹھا سکتے ہیں جس کی ہمیں سخت ضرورت ہے۔ کاش ہمیں توفیق عمل نصیب ہو۔

اکابرین عصر۔ آپ کے آخری عہد زندگی میں بہ کثرت علماء، صلحاء، مشائخ اور اہل اللہ دہلی میں مجتمع ہو گئے تھے ... محمد قاسم فرشتہ کا بیان ہے۔ ... (تاریخ فرشتہ جلد اول مقالہ ... صفحہ ... مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ۱۲۸۱ھ ...)

اجتماع بزرگان دین و سالکان راہ

(اس زمانے میں بزرگان دین اور سالکان ...)

... نظام الدین ... شیخ ... شیخ ... شیخ ...

درست ہے!

نکاسی جائدادوں کے آرڈی ننس ... ہندوستان کے شہری مسلمانوں کی ... اخبارات اس کے خلاف احتجاج کرنے میں مصروف ہیں ...

واقعات عالم

برطانوی اخبارات کے آئینہ میں

- کراچی میں مسلم ریاستوں کی کانفرنس
- ... مزدور ...
- ... البانیہ میں بڑھتی ہوئی بے چینی
- ... جنوبی افریقہ کی حکومت کی پالیسی

اسلامی معاشیات کے عنوان سے برطانوی اخبار "ٹائمز" لکھتا ہے کہ بین الاقوامی صنعتی نمائش کے سلسلہ میں کراچی کی کانفرنس اپنی قسم کی پہلی کانفرنس ہے جس کی بنیاد سیاسی مفاد کی بجائے معاشی اصول پر رکھی گئی ہے۔ کانفرنس کے حامیوں کا کہنا ہے کہ مسلمانوں کے لئے اسلام کے معاشی اصول کمیونزم یا سرمایہ داری کے اصولوں سے زیادہ کارآمد ہیں۔

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خان اور وزیر مالیات مسٹر غلام محمد نے کانفرنس کے افتتاح کے موقعہ پر اسلامی اصولوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ ... اسلام کے ... ایک مثالی ریاست وہ ہے جس میں ایک آدمی خیرات دینے کی خواہش رکھتا ہے لیکن خیرات لینے والا کوئی نہ ہو۔

آگے چل کر اخبار مذکور لکھتا ہے کہ اس قسم کی مثالی ریاست کی بنیاد یہ ہے کہ اسلامی حکومت عوام کی فلاح کے لئے اختیارات کا استعمال کرتے وقت انفرادی آزادی کا پورا خیال رکھے۔

"ٹائمز" مزید لکھتا ہے کہ پاکستان کو چھوڑ کر باقی بہت سی مسلم ریاستیں آج غریب اور سیاسی طور پر غیر مستحکم ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہاں پیداوار بہت کم ہے۔ اور جو تھوڑی بہت دولت وہاں ہے وہ چند لوگوں کے ہاتھ میں ہے ان کی ... دولت کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس لئے یہ لازمی ہے کہ مغرب کے فنی ذرائع کی مدد سے وہاں کے عوام کے معیار زندگی کو اونچا کیا جائے۔

آزاد مزدور تحریک

لندن میں آزاد مزدور تحریک کی جو کانفرنس ہو رہی ہے اس کے متعلق "ڈیلی ہیرالڈ" لکھتا ہے کہ ہنگری میں کومن فارم (کمیونسٹوں کا بین الاقوامی ادارہ) کا جو جلسہ ہوا ہے وہ اس بات کا ایک اور ثبوت ہے کہ کومن فارم جمہوریت اور آزاد مزدور تحریک کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اس نے کمیونسٹ پارٹیوں کے نام احکام جاری کئے ہیں کہ مزدور تحریک میں انتشار پیدا کرنے والوں کے خلاف ایک مسلسل جد و جہد جاری کی جائے اس نے آزاد مزدور تحریک کے حامیوں کو "جنگ فروش" اور سامراجیوں کے ساتھی کہا ہے۔

آگے چل کر اخبار مذکور لکھتا ہے کہ کمیونسٹوں کے اس مکروہ پروپیگنڈا سے لندن کی کانفرنس کی اہمیت اور زیادہ ہو گئی ہے۔ اس کانفرنس میں ۴ کروڑ ۸۰ لاکھ مزدوروں کے نمائندے شامل ہوئے ہیں۔ اور وہ ایک نیا بین الاقوامی ٹریڈ یونین ادارہ قائم کرنے والے ہیں۔ ورلڈ فیڈریشن آف ٹریڈ یونین اس لئے ٹوٹ گئی تھی کہ سوویٹ ... کمیونسٹ پروپیگنڈا کا آلہ کار بنا لیا۔

آخر میں یہ اخبار لکھتا ہے کہ نئے ادارہ کو چاہیئے کہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے بھرپور کوشش کرے۔

تاریک ڈومینین

"نیوز کرانیکل" "تاریک ڈومینین" کے عنوان سے ...

البانیہ کی صورت حالات

... البانیہ ...

... حکومت ... کوئی ...

دار السلطنت

۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

ایک کانگریسی نے پگڑی لی

دہلی ۳ دسمبر۔ دہلی کے ایک مشہور کانگریسی لالہ [illegible] کے خلاف ایک پرشادی [illegible] کا ایک مقدمہ کے سلسلہ میں پگڑی لینے کے الزام میں مقدمہ کی سماعت شروع ہوئی، سماعت کے دوران سردار ہرچند سنگھ ایڈیشنل سٹی مجسٹریٹ کی عدالت [illegible]

بیان کیا جاتا ہے کہ پرشادی نے پگڑی کے سلسلہ میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اطلاع دی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی ہدایت کے مطابق کنور ہرچند سنگھ بیدی سٹی مجسٹریٹ نے چھاپہ مارا اور ملزم سے ۱۰۰ روپے کے [illegible] نوٹ برآمد کئے۔

کنور ہرچند سنگھ بیدی نے بطور گواہ استغاثہ بیان کیا کہ جب انہوں نے چھاپا مارا اور نوٹ برآمد کئے تو وہاں بہت لوگ اکٹھے ہو گئے تھے انہوں نے ملزم کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ دوسرے گواہوں کے بیان کے بعد مقدمہ ۴ دسمبر پر ملتوی ہوا۔

کارتوس رکھنے پر گرفتار

دہلی ۳ دسمبر۔ پولیس نے ترکمان گیٹ میں چھاپہ مارا اور ایک شخص [illegible] کو گرفتار کیا اس کے قبضہ سے ۳۰۳ بور کا ایک کارتوس برآمد ہوا جو ایلومینیم کی پیٹی میں پڑا ہوا تھا۔ اس شخص کی تلاشی چوری کے ایک مقدمہ کے سلسلہ میں لی جا رہی تھی۔ (ن۔ ن۔ د)

ٹرک والا گرفتار

صدر بازار پولیس نے ایک سکھ نوجوان [illegible] سنگھ کو گرفتار کر لیا ہے۔ ٹرک [illegible] چلا رہا تھا۔ (ن۔ ن۔ د)

سٹہ بازی کے خلاف مہم

پولیس نے سٹہ بازی کے ختم کرنے کے سلسلے میں مہم شروع کی ہے کل پولیس نے شہر کے مختلف حصوں سے نصف درجن سٹہ بازوں کو گرفتار کیا۔ (ن۔ ن۔ د)

دہلی میں حادثے

بیرڈ روڈ پر ایک ٹرک اور لاری میں ٹکر ہو گئی کار کو سخت نقصان پہنچا، پولیس نے ٹرک والے کے خلاف مقدمہ رجسٹر کر لیا ہے۔ [illegible] روڈ پر ایک سائیکل سوار [illegible] سنگھ کی زد میں آکر شدید طور پر زخمی ہو گیا۔ (ن۔ ن۔ د)

نوزائیدہ بچہ کی لاش

[illegible] نگر میں پولیس نے ایک نوزائیدہ بچہ کی لاش برآمد کی ہے پولیس نے اس معاملہ میں ایک بھنگن کی لڑکی سے پوچھ گچھ کی تو معلوم ہوا کہ وہ ایک شخص روشن لال کے گھر صفائی کرنے گئی تو وہاں ایک لڑکی نے اسے [illegible] نوزائیدہ بچہ کی لاش تھی۔ (ن۔ ن۔ د)

چوریوں کی بھرمار

گذشتہ رات دہلی میں کل ۲۰ چوریوں کی وارداتیں ہوئیں ان میں دو چوریاں دن کے وقت ہوئیں اور چار سائیکل چوری گئے۔ (ن۔ ن۔ د)

ناجائز راشن کارڈ استعمال!

[illegible] ایک شخص [illegible] کو گرفتار کیا گیا ہے یہ شخص تین ماہ تک اپنے دو [illegible] کا راشن کارڈ استعمال کرتا رہا جو دہلی میں موجود نہ تھے

سوت لیجاتا ہوا گرفتار

پولیس نے ایک شخص [illegible] کو گرفتار کیا یہ شخص [illegible] بورے سوت کے دہلی سے پنجاب لے جا رہا تھا۔ (ن۔ ن۔ د)

دو شرابی گرفتار

پولیس نے ریلوے پلیٹ فارم سے ایک شرابی [illegible] اور فیروز شاہ روڈ سے [illegible] کو گرفتار کیا۔ ان کے قبضہ سے شراب کی کچھ بوتلیں بھی برآمد ہوئیں۔ (ن۔ ن۔ د)

اخبار نویس کے اعزاز میں پارٹی

شری [illegible] لال جنہوں نے پنجاب یونیورسٹی میں جرنلزم کے امتحان میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کئے اور فرسٹ [illegible]

(وجے لکشمی پنڈت بقیہ صفحہ ۱)

ہند دنیا کے سامنے نیا نظام حکومت پیش کریگا

معیار زندگی بلند نہ ہونے سے کمیونزم کا خطرہ

انھوں نے کہا کہ امریکہ صنعتی اور فنی امداد کرکے ہندوستانی حکومت کی سب سے زیادہ امداد کر سکتا ہے ہندوستان اور ایشیا کے مزدور بہت زیادہ [illegible] ہیں۔ اگر ان مزدوروں کو [illegible] نہیں کیا گیا تو کوئی شک نہیں کہ عوام دوسری طرف امداد حاصل کرنے کے لئے توجہ کریں گے۔

گذشتہ وقت [illegible] کے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے مسز پنڈت نے کہا کہ سیاسی آزادی بڑی آزادی کی طرف ایک قدم ہے۔ میرا ملک جس نے دو سال قبل سیاسی آزادی حاصل کی ہے اس بڑی آزادی کی طرف قدم اٹھا رہا ہے۔ جس طریقہ سے ہم نے آزادی حاصل کی وہ کوئی [illegible] طریقہ نہیں یہ ترکیب گاندھی جی کا پیش کردہ سول نافرمانی کا طریقہ تھا مختصر یہ کہ دو سال کے اندر ہم اس قابل ہو گئے کہ ہم اپنی جگہ بنا سکیں۔

انھوں نے کہا کہ ہندوستان میں بڑے بڑے لیڈر ہیں اور ہندوستان ایک عظیم قوم بن کر رہے گا۔ لیکن ہندوستان کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ تیزی سے قدم اٹھائے تاکہ چین ہمیں پیچھے نہ چھوڑ دے ایشیا کے مستقبل کا دارومدار [illegible] ہندوستان کے [illegible] ہمیں امید ہے کہ ہم دنیا کے سامنے ایک جدید حکومت کا نقشہ پیش کریں گے جس میں [illegible]

انھوں نے کہا کہ اس وقت حکومت ہند کو سخت مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔ ہم اپنے ملک میں ایک مکمل سیاسی سماجی اور اقتصادی نظام قائم کرنا چاہتے ہیں اور اسی باعث ہماری شدید مشکلات ہیں۔ (رپ ٹ رائٹر)

بین مملکتی سرحدی ٹربیونل

کے ججوں کا باہمی مشورہ

کلکتہ ۳ دسمبر۔ بین مملکتی سرحدی جھگڑوں کے تصفیہ ٹربیونل کے تین ججوں کی ایک غیر رسمی کانفرنس ہوئی جس میں عدالت کے انعقاد کے طریق کار کے متعلق تبادلہ خیال ہوا۔ [illegible] اجلاس خفیہ ہوا [illegible] سکریٹری نے میونسپل کی عمارت کے انتظامات کو بھی دیکھا جہاں ٹربیونل کا اجلاس منعقد ہوگا۔

ٹربیونل میں تین افراد ہیں۔ لارڈ جسٹس باگے چیرمین ہیں۔ ہندوستان کی طرف سے جسٹس چندر شیکھر ایر اور پاکستان کی طرف سے جسٹس شہاب الدین ہیں۔ (رپ ٹ)

چین کے قائم مقام صدر نے چیانگ سے الگ ہوکر کمیونسٹوں کا مقابلہ کرنے کا فیصلہ کرلیا

چیانگ اور ان کے ساتھیوں پر کچھ بھی گذرے وہ الگ محاذ قائم کرینگے

جنگ سے پہلے امریکی امداد حاصل کرنیکے لئے نیویارک جا رہے ہیں

ہانگ کانگ ۳ دسمبر (پریس ٹرسٹ رائٹر) معلوم ہوا ہے کہ نیشنلسٹ چین کے قائم مقام صدر لی سنگ جن بڑھتے ہوئے کمیونسٹوں کے مقابلہ کے لئے جنوبی کوانگ تنگ اور کیانگسی کے صوبوں [illegible] میں اپنا علحدہ مرکز بناکر مقابلہ کی کوشش کرینگے۔

قائم مقام صدر سے قریبی تعلق رکھنے والے حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ یہ کوشش اس بات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے کی جائے گی کہ جنرل سیمو چیانگ اور ان کے حامیوں پر کیا گذرتی ہے۔

صدر لی پیر کے روز بذریعہ ہوائی جہاز امریکہ روانہ ہو رہے ہیں۔ اگرچہ وہ یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ وہ [illegible] علاج کے لئے امریکہ کا سفر کر رہے ہیں۔ لیکن عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ وہ کمیونسٹوں کے آخری مقابلے سے پہلے امریکہ سے امداد حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

ان کے نمائندوں نے آج پان امریکن ہوائی کمپنی سے منگل کے دن سین فرانسسکو پہنچنے والے ہوائی جہاز کے لئے ٹکٹ حاصل کئے ہیں اور وہ بدھ کے دن نیویارک پہونچ جائیں گے۔ [illegible]

کہ وہ امداد حاصل کرنے کے [illegible] کیونکہ اگر انہوں نے ایسا کیا اور وہ ناکام رہے تو [illegible] کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہیں گے۔ چیانگ پر دوسرے ذرائع سے جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ جنوب میں نیشنلسٹوں کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے۔

آج [illegible] کے [illegible] دہلی کے چند اخبار نویسوں کی طرف سے ایک چائے پارٹی دی گئی جس میں تقریبا تمام اخباروں کے نمائندے اور ایڈیٹر شامل تھے؟

تعلیمی مرکز میں اقوام متحدہ کے ممبر

آج شام کو ۶ بجے انجمن اقوام متحدہ کی کمیٹی کے ممبر مسٹر پیٹرسن صاحب تعلیمی مرکز میں تشریف لائے آپ کا خیر مقدم حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب جناب سلطان [illegible] صاحب نے مرکز کے [illegible] کی حیثیت سے کیا؟

مسٹر پیٹرسن کے ساتھ حکومت ہند کے ماہر تعلیم جناب ڈاکٹر [illegible] بھی تشریف لائے تھے۔ مرکز کے کاموں پر جناب ڈاکٹر سعید انصاری پرنسپل ٹریننگ کالج جامعہ نے روشنی ڈالی۔ دونوں ماہرین تعلیم کے اعزاز میں مرکز کے مہتمم جناب عزیز الرحمن صاحب جامعی نے چائے پیش کی دونوں صاحبان نے مرکز کی کلاسوں میں پڑھنے والے بالغوں کو دیکھا، بچوں کے کلب کا معائنہ کیا، کام کرنے والے بچوں کی کلاس کے متعلق کافی دیر تک بات چیت کرتے رہے مرکز سے رخصت ہوتے وقت ذیل کی رائیں تحریر فرمائیں۔

میں نے تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب کے کاموں کو انتہائی دلچسپی سے دیکھا ہے ان کاموں سے معلوم ہوتا ہے کہ ملک کے لوگوں کی زندگی کے لئے بہت بڑا کام کیا گیا ہے۔ ا۔ ڈی۔ پیٹرسن ۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

تعلیمی مرکز احاطہ کالے صاحب میں [illegible] کا جزو پایا جاتا ہے میں اس کے لئے خدا سے برکتیں چاہتا ہوں۔ ایس۔ آر۔ رنگا ناتھن ۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

(پنڈت جی تقریر بقیہ صفحہ ۳)

دنیا کے کسی ملک کو دوسروں کے معاملات میں مداخلت کا حق نہیں

چین کے عوام اپنے مستقبل کا خود فیصلہ کریں گے

عوام کی امداد

پنڈت جی نے اپنی تقریر یہ کہہ کر شروع کی کہ مجھے کوئی نئی بات نہیں کہنا ہے میں تو عوام سے ربط قائم رکھنا چاہتا ہوں۔ اس طرح ملک کے مسائل کا مقابلہ کرنے کی ہمت اور اعتماد پیدا ہوتا ہے۔ اس وقت اقتصادی حالت سب سے زیادہ نازک ہے۔ ہندوستان کے قدرتی ذرائع بہت ہیں۔ اس میں بڑھنے اور ترقی کرنے کی صلاحیت بہت زیادہ ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اقتصادی طور پر ہندوستان جلد ترقی کرے گا۔ لیکن مجھے اس پر تعجب ہوتا ہے کہ لوگ حکومت کی پالیسی کو تنگ نظری سے دیکھتے ہیں۔ حکومت سے غلطیاں سرزد ہوئی ہوں گی لیکن وہ اپنے کام میں بغیر عوام کے تعاون کے کامیاب نہیں ہو سکتی۔ اگر ہر شخص یہ سوچ لے کہ تمام کام حکومت کو ہی کرنا ہے تو کوئی ترقی نہیں ہو سکتی۔ جرمنی اور جاپان کی مثال دیجئے جنہوں نے جنگ کی تباہیوں اور شکست کے نتائج کے باوجود محض عوام کی محنت اور کوشش سے ترقی کر لی ہے۔ ہندوستان میں لوگ [illegible] سیاست میں زیادہ الجھے ہوئے ہیں۔ خود کانگریس میں کئی گروپ ہیں اختلافات میں بہت سی [illegible] صرف ہو رہی ہیں جن سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں پہونچتا۔

عدم تشدد

اگر ہندوستان کو اقتصادی ترقی کرنا ہے تو داخلی امن ہونا ہی چاہئے۔ عوام کا فرض ہے کہ اپنی پوری طاقت سے امن برقرار رکھیں۔ طاقت کے ذریعہ انقلاب لانے والے گروہ ہیں جنہوں نے حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہا ہے۔ ایسے لوگوں کو اور جماعتوں کو نہ صرف پولیس بلکہ خود عوام کو دبانا چاہئے۔ تمام ملک میں گاندھی جی کے عدم تشدد کا رواج ہونا چاہئے۔

خوراک کا مسئلہ

خوراک کے مسئلہ کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ہم اسی فیصلہ پر قائم ہیں کہ ۱۹۵۱ء کے بعد سے باہر سے خوراک نہ منگائی جائے۔ ملک اس وقت تک دوسرے ملکوں کے دباؤ سے آزاد نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ باہر سے خوراک منگانا بند نہ کر دے۔ اگر ۱۹۵۱ء کے بعد خوراک کی کمی رہی تو اس کو عوام کو برداشت کرنا پڑے گا۔ ملک کو خود کفیل بنانے کی جدوجہد کی جا رہی ہے۔ میں اس سے مطمئن ہوں۔

نکاسی جائداد کا آرڈیننس

پنڈت جی نے کہا کہ امریکہ سے واپسی کے بعد مجھے پتہ چلا کہ عوام کے ایک طبقہ نے نکاسی جائداد کے جدید آرڈیننس پر سختی سے تنقید کی ہے۔ میرے خیال میں آرڈیننس مکمل طور پر ضروری اور صحیح ہے۔ بعض لوگ اس کو بہت ہی تنگ نظری سے دیکھتے ہیں۔ کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت ان اصولوں کو چھوڑ دے [illegible] اور بہت ہی تنگ راستہ اختیار کرلے۔ تو وہ غلطی پر ہیں۔ اس تنگ نظری سے نہ پناہ گزینوں کا خاتمہ ہوگا اور نہ ہندوستان کا وقار دوسرے ملکوں میں بڑھے گا۔ پناہ گزینوں سے متعلق حکومت کا بہت اہم فرض ہے۔ میں نے خود ان کے مسائل کا غور سے مطالعہ کیا ہے۔ لیکن ملک کے ذرائع محدود ہیں۔ [illegible] میں نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ [illegible] جائے۔ جب تک یہ نہ ہو اس وقت تک عوام کا [illegible] نہیں ہو سکتا۔

امریکہ کا دورہ!

امریکہ کے دورہ کا حوالہ دیتے ہوئے پنڈت جی نے کہا کہ اس کے [illegible] اس قابل ہوا کہ ہندوستان کے مسائل پر [illegible] نظر ڈال سکوں۔ اہم سوال یہ ہے [illegible] ہے۔ میں نے امریکہ سے کہہ دیا ہے کہ ہندوستان دونوں سیاسی بلاکوں سے علیحدہ رہے گا۔ بہرصورت ہندوستان ہمیشہ جنگ کو روکنے میں مدد دیگا۔ کیونکہ جنگ سے تباہی کے سوا اور کچھ نہیں۔

چین کا سوال!

چین کے معاملات کا ذکر کرتے ہوئے پنڈت جی نے کہا کہ کسی ملک کو دوسرے ملک کے معاملات میں دخل دینے کا حق نہیں چین کے عوام کو خود ہی فیصلہ کرنا چاہئے کہ وہ کیا چاہتے ہیں۔

مت بھولئے

پنڈت جی نے اپنی تقریر کے خاتمہ پر کہا کہ عوام کو یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ہمارا آخری مقصد عوام کی ترقی ہے یہی مقصد گاندھی جی نے دنیا کے سامنے پیش کیا تھا۔

[illegible] گاندھی جی نے ہندوستان کی آزادی کی [illegible] دکھایا انہوں نے ہی قوم کا مستقبل بنایا۔ اگرچہ بہت سے لوگ ان کی کسی باتوں سے اختلاف رکھتے ہیں لیکن سب اس پر متفق ہیں کہ وہ ایک بڑے لیڈر تھے اس لئے فرض ہے کہ ہم ان کے اصولوں کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھیں۔ (پ ٹ)

اور [illegible] سے متعلق پالیسی پر نکتہ چینی کی گئی ہے۔ اور اعلان کیا گیا ہے کہ آئندہ ماہ [illegible] میں کسانوں کا ایک اجتماع کیا جائیگا۔ جس کا مقصد صوبائی حکومت [illegible]

بین الاقوامی بنک کا مشن پاکستان کو

واشنگٹن ۳ دسمبر۔ تعمیر و ترقی کے بین الاقوامی بنک کی طرف سے اعلان ہوا ہے کہ اس کا ایک مشن پاکستان سیام اور فلپائن کے لئے جنوری میں جہاز سے روانہ ہو جائے گا۔ مشن پہلے فلپائن جائے گا۔ وہاں دو ہفتہ قیام کرکے وہاں کی اقتصادی اور مالی حالت کا اندازہ کرے گا۔ یکم فروری کو مشن سیام جائے گا اور وہاں کی اقتصادی حالت کا جائزہ لے گا۔ وہاں یہ چھ ہفتہ قیام کرے گا۔ (رپ ٹ رائٹر)

ہندی کے قومی زبان بننے پر اظہار مسرت اور بالآخر سنسکرت اختیار کرنے کی امید

الہ آباد یونیورسٹی کے کنووکیشن میں ڈاکٹر کاٹجو کا فیصلہ

الہ آباد ۳ دسمبر (پ ٹ آئی) مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو نے الہ آباد یونیورسٹی کے سالانہ کنووکیشن میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ آج کل ایشیا میں زبردست اور متضاد تحریکات کو پورے عروج پر دیکھتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے پیش نظر [illegible] عظیم الشان اور مشکل کام ہے۔ اس عظیم ملک میں ان کی خوشحالی اور ترقی کا انحصار ان میں سے ایک صحیح راہ کو اختیار کرنے میں ہے۔

ڈاکٹر کاٹجو نے کہا کہ مختلف اقتصادی آئیڈیالوجی کے لئے اپنے اپنے اخلاقی الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اور ان کے [illegible] الفاظ نے معنی کھو چکے ہیں ایک ہی جیسے الفاظ تقریبا ہر قسم کے لوگ بالکل متضاد اور مختلف نظریات کو بیان کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ہر شخص جمہوریت کی قسم کھاتا ہے۔ مگر ہر ملک اور ہر شخص کا جمہوریت ایک دوسرے سے مختلف ہے

طاقت ور مرکز

ڈاکٹر کاٹجو نے کہا کہ ہندوستان کی تاریخ میں ایک مرکزی طاقت کو کبھی بھی سب نے اس قدر خوش دلی سے قبول نہیں کیا۔ اور ہمارے نئے آئین کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس سے ایک طاقت ور اور متحدہ مرکزی حکومت پیدا ہوگی اور مرکزی حکومت کو ہند کے لاکھوں عوام کے منشا پر کام کرنا چاہئے۔ اگر وہ اپنے جمہوری اصولوں پر قائم رہے تو پھر تمام واحدوں کے اتفاق سے جمہوریہ ہند ایک متحدہ قوت رہے گی۔ اور یونین کے کسی واحدہ پر مرکز کو اپنے اختیارات سے کچھ نافذ نہیں کرنا پڑے گا۔

زبان کا مسئلہ

قومی زبان کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر کاٹجو نے کہا کہ ہندوستان کے اتحاد کے لئے سب سے ضروری چیز ایک زبان کا مسئلہ بھی تھا جو بالآخر بہت بحث و مباحثہ کے بعد طے ہو گیا۔ آپ نے کہا کہ میں نے غیر ہندی علاقوں میں اس بات پر زور دیا ہے کہ قومی اور وفاقی زبان خواہ کچھ بھی ہو مگر بالآخر سنسکرت ہی لوگوں کو ایک سلسلہ میں منسلک کرنے میں کامیاب ہوگی۔ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہوگی۔ تمام ہندوستان میں ہندی کا پرچار سنسکرت کے ذریعہ ہو سکتا ہے۔ لہذا مجھے اس بات سے بڑی مسرت ہوئی کہ سنسکرت کی قدر و قیمت اور اہمیت کا ہر طرف اعتراف کیا جا رہا ہے۔ اور امید ہے کہ سنسکرت جلد ہی اسکولوں اور یونیورسٹیوں کے نصاب میں اپنا مناسب مقام حاصل کرلے گی اور مجھے فخر ہے کہ یوپی اس سلسلہ میں ایک سنسکرت یونیورسٹی قائم کرکے رہنمائی کر رہا ہے۔

آپ نے عدم تشدد کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] دنیا رفتہ رفتہ گاندھی جی کے اصول کی طرف آ رہی ہے اور وہ وقت دور نہیں کہ دنیا کی قومیں اس کو [illegible] پالیسی کے طور استعمال کریں گی کہ دفاع کے موقعہ پر بھی طاقت کا استعمال نہ کریں گی۔

آپ نے گیتا کے فلسفہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ایسا فلسفہ ہے جو افراد اور قوموں کی قومی زندگی کے لئے مفید ہو سکتا ہے آپ نے کہا کہ مختلف فلسفوں کا مقابلہ [illegible] کیا جا سکتا ہے [illegible]

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہمارا اسلامی فرض ہے

بمبئی میں ڈاکٹر راجندر پرشاد کی سالگرہ کی شاندار تقریب

کانگریس ہاؤس میں جھنڈے کی سلامی۔ راجن بابو کو خراج عقیدت

بمبئی ۳ دسمبر۔ آج بمبئی میں دستور ساز اسمبلی کے صدر ڈاکٹر راجندر پرشاد کی سالگرہ منائی گئی۔ صوبائی کانگریس کے دفتر میں جھنڈے کی سلامی ہوئی۔ مسٹر پاٹل [illegible] مسٹر پاٹل نے پریس کو ایک بیان دیا ہے جس میں کہا ہے کہ ڈاکٹر راجندر پرشاد کی خدمات [illegible] اس دستور کو کامیاب بنائیں۔ [illegible] جمہوریہ ہند کے جھنڈے کو ہمیشہ [illegible] رکھیں۔

مسٹر پاٹل نے کہا کہ ہندوستان کو ابھی سالہا سال تک ڈاکٹر راجندر پرشاد کی ضرورت ہے۔ ہمیں ان کی سالگرہ کے موقعہ پر دعا کرنی چاہئے کہ وہ برسوں زندہ رہیں۔ (پ ٹ)

(امریکہ اور روس۔ بقیہ صفحہ نمبر ۲)

روس کی نئی فضائی فوج دنیا میں سب سے بڑی ہے

روسی کارخانے ہر ماہ ۵۰۰ سو ہوائی جہاز تیار کرتے ہیں!

روس کے مزید ایک ہزار طیارے جیٹ سے چلنے والے ہیں۔ امریکہ کے سب سے تیز ترین طیاروں سے زیادہ تیز [illegible] بلاوہ فضائی فوج بھی اس روس کے پاس ہیں۔ ان میں سے ہر فوج میں ایک ایک ہزار طیارے ہیں۔ ان طیاروں کا کام یہ ہے کہ حقیقی بری فوجوں کی حفاظت کریں۔ باقی طیارے [illegible] کی حفاظت کے لئے ہیں۔

جہاں تک [illegible] کا تعلق ہے روس نے اس قسم کی چیزیں بنائی ہیں جو ۳۰ میل کے فاصلے سے [illegible] طیاروں کو گرا سکتی ہیں۔ یہ چیزیں ۱۲۰۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہیں۔ اندازہ ہے کہ روس کی فضائی فوج کے [illegible] کی تعداد [illegible] لاکھ ہے۔ یہ تعداد امریکہ کی اسی قسم کی تعداد سے [illegible] ہے۔

روس کی نئی فضائی فوج کی [illegible] ہے جو تعداد کے لحاظ سے دنیا کی سب سے بڑی فضائی فوج ہے۔ روس کے بعض طیارے ۵۰۰۰ میل تک جا سکتے ہیں۔ سائبیریا سے امریکہ کے تمام مقامات پر بمباری کر سکتے ہیں۔ یہ طیارے بڑے شہروں پر ایٹم بم برسا سکتے ہیں اگرچہ روس نے [illegible] لیکن ایٹم بموں کا ذخیرہ ہونے پر وہ ایسا کر سکتا ہے۔ روس کی دوتہائی ہوائی فوج [illegible] وقت اس کی حفاظت کے لئے ہے۔

روسیوں کا خیال ہے کہ اگلی جنگ کا انجام یہ ہوگا کہ جو [illegible] پر قبضہ کرے گی وہی جنگ جیت جائیں گی۔ روسیوں نے دفاع کے لئے [illegible] ہزار [illegible] جیٹ طیارے جمع کئے ہیں۔ ان کا کام حملہ آور طیاروں کو مار گرانا ہے۔ [illegible]

(فارورڈ بلاک بقیہ صفحہ ۱)

اسی سلسلہ میں اجلاس [illegible] بھی منظور ہوئی۔ جس میں کہا گیا ہے کہ [illegible] ایک دوسری قرارداد میں صوبائی حکومت کی [illegible]

ملان گورنمنٹ کی خود فریبی اور غرور سے دنیا بھر کو تشویش ہے

جنوبی افریقہ کے رویہ پر برمی اخبار کا تبصرہ

رنگون ۳ دسمبر (پ ٹ آئی) جنرل جنوبی افریقہ نے مجلس تولیت کے جلسوں سے علیحدگی اختیار کرکے جس متکبرانہ رویہ کا اظہار کیا ہے۔ اس پر برما کے ایک مؤقر اخبار نیشن نے کڑی نکتہ چینی کی ہے۔

اس اخبار نے اپنی ۳ دسمبر کی اشاعت میں لکھا ہے۔ ملان گورنمنٹ کی خود فریبی اور غرور سے دنیا بھر میں آزادی سے محبت کرنیوالے ملکوں کو پریشانی اور تشویش ہو رہی ہے مجلس تولیت سے علیحدگی کے خیال میں اس مجلس کیلئے کوئی نقصان کی بات نہیں ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ہمیں بڑی ہی مسرت ہوتی اگر جنوبی افریقہ بین الاقوامی مجلس اقوام سے ہی علیحدہ ہو جاتا۔ ایسی صورت میں ان لوگوں کے مہلک اثرات سے یہ ادارہ محفوظ ہو جاتا جو اس کے مقاصد سے کھلی حمایت کا اعلان کرتے ہیں اور اس وقت شاید ایک ایسا قدم اٹھایا جا سکے۔ جو دنیا میں قانونی حکومت انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کو دنیا بھر کے عوام کے لئے نسل زبان اور مذہب وغیرہ کے امتیاز کے بغیر قائم کرنے میں معاون ہو۔ یہ قیام ہی مجلس اقوام کے منشور کا بنیادی عقیدہ ہے۔

مئو اعظم گڑھ میں تعزیتی اجلاس

مولانا ابو القاسم صاحب سیف بنارسی کی اچانک وفات پر ایک تعزیتی اجلاس زیر صدارت مولانا [illegible] اللہ صاحب اعظمی فاضل مفتی عام مدرس مدرسہ حمیدیہ پورہ منعقد ہوا جس میں مرحوم کے لئے مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔ جلسہ کے دن مدرسہ مولانا کے غم میں بند رہا۔ (نامہ نگار)

ختم شدہ ریاستوں کے نمائندے

لکھنؤ ۳ دسمبر رامپور، بنارس، ٹیہری گڑھوال کی ریاستوں سے صوبائی مقننہ کے لئے ۷ ممبر نامزد کئے جائیں گے۔ ان تینوں ریاستوں کو یکم دسمبر کو صوبہ متحدہ میں ضم کر دیا گیا ہے۔ اس طرح ایوان ادنی کے ممبروں کی تعداد ۲۳۲ اور ایوان اعلی کے ممبروں کی تعداد ۶۰ ہو جائے گی۔ (پ ٹ ا)

دستور ہند پر لندن کے اخبار کا تبصرہ

لندن ۳ دسمبر۔ لندن کے ایک اخبار ٹائمز نے اپنے ایڈیٹوریل میں ہندوستان کے نئے دستور پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ دستور ان دماغوں کی پیداوار ہے جو برطانوی آئینی طریقوں کے تربیت یافتہ ہیں۔ مرکز کے اختیارات کے متعلق اخبار نے [illegible] اس کو زیادہ طاقتور بنانے کی حمایت کی ہے تاکہ اندرونی تخریبی عناصر کی روک تھام کی جا سکے اور مختلف واحدوں کو ایک رشتہ میں منسلک رکھا جا سکے۔

اخبار نے لکھا ہے کہ دستور کے مرتب کرنے میں گاندھی جی کے اصول کے اثرات نظر آتے ہیں۔ اسی دستور میں گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی [illegible] جھلک موجود ہے دستور کا زیادہ حصہ برطانوی آئین پر مبنی ہے لیکن بعض حصوں میں امریکہ کی تقلید کی گئی ہے۔

سرخ چین کا قومی جشن

ہانگ کانگ ۳ دسمبر۔ پیکنگ کے کمیونسٹ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ یکم اکتوبر چینی عوامی جمہوریہ کا قومی دن قرار دیا گیا ہے۔ اس سال اس دن جمہوریہ کے قیام کی سالگرہ منائی جائے گی۔ اکتوبر کے شروع میں عوامی مشاورتی کونسل نے اس امر کی سفارش کی تھی۔ (رپ ٹ رائٹر)

بحر الکاہل میں ایٹم بموں کی ایک اور آزمائش ہوگی

۱۲ ہزار مربع میل کا علاقہ صاف کیا جا رہا ہے

واشنگٹن ۳ دسمبر۔ اطلاع ملی ہے کہ امریکہ نے بحر الکاہل میں ایٹم بموں کو آزمانے کا جو اعلان کیا ہے اس کے سلسلہ میں امریکی بحریہ اور فضائیہ بحر الکاہل کے ۱۲ ہزار مربع میل کے علاقہ کو صاف کر رہے ہیں اور ایک بار اس علاقے کی صفائی کے بعد امریکی جہاز اور طیارے اس علاقے میں مسلسل گشت کرتے رہیں گے۔ تاکہ بلا اجازت کوئی جہاز یا طیارہ اس علاقے میں داخل نہ ہو سکے۔

اس قدر سخت حفاظتی تدابیر اس لئے کی جا رہی ہے کہ گذشتہ آزمائش کے موقع پر آزمائش کے علاقہ میں دو آبدوزیں دیکھی گئی تھیں۔ روسی تحقیق اور ایٹمی راز حاصل کرنے کے لئے وہاں گئی تھیں۔

گو کہ یہ بات اہم راز ہے کہ یہ آزمائش کس تاریخ کو ہوگی تاہم باخبر حلقوں کا کہنا ہے کہ آئندہ سال کا موسم بہار اس آزمائش کے لئے مناسب ترین وقت ہوگا خیال کیا جاتا ہے کہ آزمائش کے ختم ہونے پر تجربات کی پوری تفصیل کا اعلان کر دیا جائے گا۔ (گلوب)

حافظ محمد ابراہیم صاحب بریلی میں

بریلی۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر مال حافظ محمد ابراہیم صاحب ۵ دسمبر ۱۹۴۹ء کو بریلی تشریف لائے ہیں وہ ترک زمینداری فنڈ کے سلسلے میں اضلاع میں دورہ پر تشریف لے جا رہے ہیں۔ جس وقت سے چودھری حرمت سنگھ سوشلسٹ لیڈر جیل سے رہا ہو کر آئے ہیں اس وقت سے سوشلسٹوں میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی ہے۔ (نامہ نگار)

پھلوں کو محفوظ کرنے کی صنعت

۵۶ کارخانے بند ہوگئے

کلکتہ ۳ دسمبر۔ مغربی بنگال میں پھلوں کو محفوظ رکھنے کے ۵۶ کارخانے اس لئے بند ہو گئے کہ شکر میسر نہیں آئی۔ یہ کارخانے گذشتہ ساٹھ سال سے قائم تھے اور ان کے محفوظ کردہ پھلوں کی کافی مقدار برطانیہ امریکہ اور یورپ کے دوسرے ملکوں کو بھیجی جاتی تھی۔ (اپ ا)

کلکتہ پریس کلب کا احتجاج

کلکتہ ۳ دسمبر۔ کلکتہ پریس کلب نے مغربی بنگال کی حکومت کے اس اقدام کے خلاف احتجاج کیا ہے کہ اس نے کلکتہ کے دو روزانہ اخبار نیشن اور لوک سیوک کے پریس کارڈ ضبط کر لئے۔ اس نے مطالبہ کیا ہے کہ مغربی بنگال کی حکومت ان کے پریس کارڈ فوراً واپس کر دے یہ امر حکومت اور اخبارات دونوں کے مفاد میں ہے۔ (پ ٹ ا)

کا ایک مقصد یہ ہونا چاہئے۔ کہ دنیا سے شہنشاہیت کا خاتمہ ہو جائے اکثر ہندوستان میں ایسی ہڑتالیں ہوتی ہیں۔ جنکا مقصد مزدوروں کی بھلائی نہیں ہوتا ٹریڈ یونینوں میں سیاست کے ظہور کے باعث حالات اور پیچیدہ ہو گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریڈ یونین سرگرمیوں کے باعث انہیں ۹ مرتبہ جیل جانا پڑا۔ جو چینی نمائندہ اس کانفرنس میں تقریر کرنے والے تھے۔ مسٹر سین ان میں ۱۸ واں شخص ہیں۔

شرح چندہ

روزنامہ الجمعیۃ مع سنڈے ایڈیشن

ایک سال کے لئے	۴۵ روپے
چھ ماہ کے لئے	۲۳ روپے
تین ماہ کے لئے	۱۲ روپے

صرف سنڈے ایڈیشن کے خریداروں سے

ایک سال کے لئے	۸ روپے
چھ ماہ کے لئے	چار روپے آٹھ آنے

منیجر الجمعیۃ دہلی

منی آرڈر اور وی پی

اخبار جلد جاری کرانے کا طریقہ

منی آرڈر سے زر چندہ روانہ کرتے ہی اس کی رسید ہمیں بھیج دیجئے۔ تاکہ اخبار آپ کے نام جلد جاری ہو سکے اور اخبار کا وی پی چھڑا کر وی پی پیکٹ کا ریپر (جس پر آپ کا پتہ لکھا ہوتا ہے) فوراً ہمیں بھیجئے تاکہ معلوم ہو جائے کہ آپ نے وی پی چھڑا لیا ہے۔ منی آرڈر اور وی پی کی رقمیں آج بہت تاخیر سے وصول ہو رہی ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا طریقہ پر عمل کریں گے تو ہم رقم کی وصول یابی کا انتظار کئے بغیر آپ کے نام اخبار جاری کر دیں گے۔

کوپن پر پورا پتہ ضرور لکھئے۔

منیجر اخبار الجمعیۃ دہلی

چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم پر اعتراض

برطانوی پالیسی پر ایک امریکی اخبار کی نکتہ چینی

نیویارک ۳ دسمبر۔ نیویارک ٹائمز نے لکھا ہے کہ برطانیہ امریکہ اور دولت مشترکہ کے دوسرے ملکوں میں کمیونسٹ چین کو تسلیم کرنے کے معاملہ میں زیادہ عجلت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اور یہی عنصر غلط ہے۔ سیاسی حلقوں میں [illegible] تو مسلم ہے کہ کمیونسٹ چین کی حکومت کو تسلیم کرنے کے معانی اس کی پسندیدگی کے نہیں ہیں۔

وزیراعظم اٹلی کے لئے بتانا مشکل ہے کہ وہ کمیونسٹ چین کو تسلیم کرنے میں اس قدر عجلت سے کیوں کام لینا چاہتے ہیں۔ صرف دس سال پہلے جب کہ وہ حزب مخالف میں تھے انھوں نے حکومت پر جنرل فرانکو کی حکومت کو تسلیم کرنے پر اعتراض کیا تھا۔ مسٹر اٹلی اس وقت اچھی طرح اس کو جانتے تھے کہ تسلیم کرنے کے معنی پسندیدگی کے ہیں۔

اخبار مذکور نے برطانیہ پر اعتراض یہ کیا ہے کہ وہ چینی کمیونسٹ حکومت تسلیم کرنے میں جلد بازی سے کام لے رہا ہے۔ برطانیہ کی طرف سے جواب دیا جا رہا ہے کہ تسلیم کرنے کے معنی پسندیدگی کے نہیں ہیں۔ اخبار مذکور کا کہنا ہے کہ ان دونوں میں فرق نہیں۔

عہد طبن

(بقیہ صفحہ ۳)

از ہانسی ہی آمد مولینا رحمۃ اللہ علیہ گئے۔ در شیخ حسام الدین اندریتی رح القضاۃ والخطبا مولینا کہ شیخ القضاۃ والخطبا حسام الدین اندریتی جو شیخ بود اور استقبال کرد جمال کے مرید تھے استقبال بوقت استقبال شیخ ابوبکر کو گئے تو شیخ ابوبکر طوسی نے طوسی رح بہ مولانا حسام الدین مولینا حسام الدین رح سے کہا گفت کہ جمال الدین را کہ جمال الدین سے کہنا کہ میں بگوئی کہ من بہ حج می روم حج کو جا رہا ہوں۔ پہلی ہی ملاقات در تقبیلہ اول شیخ میں شیخ جمال الدین نے مولینا جمال الدین از مولینا حسام الدین سے دریافت حسام الدین پرسید کہ کیا کہ ہمارا سفید باز (یعنی شیخ آں باز سفید ما چگونہ ابوبکر طوسی) کیسا ہے؟ است یعنی شیخ ابوبکر طوسی مولینا حسام الدین نے کہا مولینا حسام الدین گفت کہ وہ [illegible] رکھتے [illegible] دارد ہیں۔

شیخ جمال ہم از [illegible] شیخ جمال نے اسی جگہ سے مولانا حسام الدین را باز گردانید حسام الدین کو واپس کر دیا گفت تو برو و متعاقب من [illegible] اور کہا تم چلو میں تمہارے پیچھے [illegible] شیخ ابوبکر [illegible] پیچھے آتا ہوں [illegible]

شیخ ابوبکر طوسی کو لکھی۔ طوسی نوشت کہ

من پائے ترا سرم نثار ابی اثر — آپ ہی کے قدموں پر میرے
یک سر چہ بود بلکہ ہزار ابی اثر — سر کا نثار ہونا بہتر ہے ایک
در بخارا وطن ساز چو ابوبکر ان کم — ہی کیا بلکہ اگر ہزار سر ہوں
بوبکر محمدی بغار ادنی تر — تو ان کا بھی نثار ہونا بہتر ہے

ابوبکر کی طرح غار ہی میں رہنا اختیار کرو اس لئے کہ ابوبکر محمدی کا غار ہی میں رہنا بہتر ہے

علامۃ الشریف سید عبدالحی الحسنی شیخ جمال کی دوستی کے باب میں فرماتے ہیں: [illegible] (ص ۱۵) دوسری بیت کا مفہوم بہت جامع ہے ترجمے کے اندر اس کی رعایت بہت دشوار ہے [illegible] ایک علاحدہ شرح کی طالب ہے [illegible] نزہۃ الخواطر جلد ۱ صفحہ ۱۳۳ مطبع عثمانیہ حیدرآباد دکن ۱۳۶۶ھ)

وکان الشیخ جمال الدین احمد بن محمد الخطیب الہانسوی یعترف بفضلہ وکمالہ ویتردد الیہ ویحظی بصحبتہ — شیخ جمال الدین احمد محمد خطیب ہانسوی ان کے فضل و کمال کے معترف تھے ان کے پاس آتے جاتے رہتے تھے اور ان کی صحبت سے لطف اندوز ہوتے تھے (باقی)

آزاد مزدور کانگریس میں مسٹر دیوان سین کی تقریر

لندن ۳ دسمبر۔ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگریس کے ایک نمائندہ مسٹر دیوان سین نے کہا کہ فیڈریشن [illegible]

اشد ضروری

خریداران الجمعیۃ فوراً توجہ فرمائیں

(۱) جو حضرات پہلے ہفت روزہ الجمعیۃ کے خریدار تھے ان کی خدمت میں اب سنڈے ایڈیشن بھیجا جاتا ہے اور جو روزنامہ اور ہفت روزہ دونوں کے بیک وقت خریدار تھے ان کے ہفت روزہ کے بقایا چندے کا حساب روزنامے کی خریداری میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ کیونکہ سنڈے ایڈیشن ان کو روزنامے کے حساب میں بھیجا جا رہا ہے۔ ایسے حضرات میں اگر کسی صاحب کے نام سنڈے ایڈیشن کی دو کاپیاں پہنچ رہی ہیں تو براہ کرم وہ فوراً اپنی نمبر خریداری (روزنامہ و ہفت روزہ) کے حوالے سے مطلع فرمائیں۔

(۲) پہلے روزنامہ الجمعیۃ ہفتہ میں ایک دن (اتوار میں) شائع نہیں ہوتا تھا۔ لیکن اب اتوار کو سنڈے ایڈیشن شائع ہوتا ہے اور تمام خریداران روزنامہ کو بھیجا جاتا ہے اس لئے جن حضرات نے بحساب سابق روزنامہ کا چندہ سابقہ شرح کے مطابق بھیجا ہے ان کے لئے لازمی ہے کہ وہ باقی چندہ بہت جلد منی آرڈر سے روانہ فرمائیں ورنہ ان کی مدت خریداری چندہ کی مقدار کے بموجب کم کر دی جائیگی۔ موجودہ شرح چندہ ایک سال کے لئے پینتالیس روپے چھ ماہ کے لئے تیئیس روپے اور تین ماہ کے لئے بارہ روپے ہے۔ (منیجر الجمعیۃ دہلی)

جنوبی افریقہ کی حکومت اقوام متحدہ سے علیحدہ ہو جائیگی

لندن کے سیاسی حلقوں کی پیشگوئیاں

لندن ۳ دسمبر۔ یہاں کے سیاسی حلقوں نے گذشتہ روز پیشین گوئی کی ہے کہ ڈاکٹر ملان، غالبا اقوام متحدہ سے علیحدہ ہو جانے کا فیصلہ کریں گے۔ اس امکان پر بحث کرتے ہوئے "گلاسگو ہیرلڈ" نے ڈاکٹر ملان کی حکمت عملی پر سخت تنقید کی ہے۔

اخبار مذکور لکھتا ہے ان کی نسلی امتیاز کی پالیسی کی وجہ سے جنوبی افریقہ میں جو بے اطمینانی پھیلی ہے اسے وہ غیر ملکی اشتعال انگیزی بتا کر بہت آسان پا رہے ہیں۔ اور لوگوں کی توجہ خارجی دشواریوں کی طرف مبذول کرکے داخلی مسائل پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ (گلوب)

طہران ۳ دسمبر۔ کل معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت ایران نے بین الاقوامی بنک سے ۲۵۰ کروڑ ڈالر کا قرضہ طلب کیا ہے اور بنک کے مندوبین اس سوال پر غور کرنے کے لئے یکم جنوری کو یہاں پہنچ جائیں گے۔ (رپ ٹ رائٹر)

الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کیلئے ملک کے طول و عرض میں ہمدردوں کی مساعی

دہلی ۳ دسمبر (نامہ نگار) الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے ہمدردان الجمعیۃ برابر کام کر رہے ہیں اور یہاں پر جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں وہ بہت حوصلہ افزا ہیں ہمارے علم میں ایسے واقعات آئے ہیں کہ لوگوں نے ایک شہر سے دوسرے شہر میں اپنے اعزا اور دوستوں کو خطوط کے ذریعہ الجمعیۃ کے مطالعہ خریداری اور توسیع اشاعت میں حصہ لینے کے لئے تیار کیا ہے۔

بعض حضرات ادارہ کی قابل قدر طور پر خصوصی امداد کر رہے ہیں۔ مثلاً کلکتہ کے سید مسعود الحسن صاحب عارفی چاندپوری بھی ہیں باوجودیکہ وہ صبح کو آٹھ بجے سے شام کے آٹھ بجے تک اپنی ملازمت کے باعث مصروف رہتے ہیں مگر فرصت کے بعد الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے جدوجہد کرتے ہیں اور لوگوں کو براہ راست چندہ بھیجنے کی ترغیب دلاتے رہتے ہیں اور بعض سے خود لیکر دفتر کو براہ راست بھیجتے ہیں۔

ضلع [illegible] میں مولانا حکیم احمد صاحب ضلع کے مختلف مقامات جیسے رائے پور، راجہ پور، [illegible] اسلام نگر، میں دورہ کر رہے ہیں اور ہر جگہ الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے کوشش کر رہے ہیں آپ نے بعض جگہ الجمعیۃ کی ایجنسی کے قیام کے لئے کوشش کی ہے اور بعض جگہ کچھ لوگوں کو چندہ جمع کرکے براہ راست دفتر کو بھیجنے کے لئے تیار کیا ہے۔

صدر جمعیۃ علماء یوپی کا بیان

مختلف مقامات کا دورہ کرنے والے وفد کا شکریہ

لکھنؤ ۳ دسمبر۔ حضرت مولانا بشیر احمد صاحب مد ظلہ صدر جمعیۃ علماء یوپی نے آگرہ، علی گڈھ وغیرہ کے دورہ سے جو وفد بھیجا تھا اس کی کامیاب واپسی پر وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے حسب ذیل بیان اخبارات کو برائے اشاعت دیا ہے۔

جمعیۃ علماء یوپی کی جانب سے جو وفد آگرہ کے نزاع کو ختم کرنے اور فیروزآباد، علی گڈھ، خورجہ، وغیرہ اور بلند شہر میں جمعیۃ علماء کا تعمیری پروگرام لیکر دورہ پر گیا تھا وہ کامیاب واپس آیا اس وفد میں دفتر کی جانب سے حضرت مولانا نور الدین بہاری انچارج شعبہ تنظیم جمعیۃ علماء ہند کو بھی خصوصیت کے ساتھ شرکت کی دعوت دی گئی تھی۔ حضرت مولانا موصوف نے اس درخواست کو شرف قبول بخشا اور حضرت مولانا شاہد صاحب فاخری ورکنگ صدر جمعیۃ علماء صوبہ، مولانا محمد قاسم صاحب ناظم اعلی جمعیۃ علماء یوپی اور مولانا عبدالحمید الاعظمی انچارج جمعیۃ علماء صوبہ کے ہمراہ سب سے پہلے جمعیۃ علماء شہر آگرہ کے نزاع کو ختم کیا جس سے بہت پریشانی تھی ارکان وفد نے اس معاملہ کو جس خوش اسلوبی کے ساتھ طے کیا ہے اس کے لئے میں اپنے معزز ارکان وفد کا شکر گزار ہوں اور مولانا نور الدین صاحب کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں نیز میرے نزدیک جمعیۃ علماء شہر آگرہ کے جملہ ارکان اور ہمدردان بھی میرے شکریہ کے مستحق ہیں، نیز میں مولانا مفتی اخلاق حسین صدر جمعیۃ علماء ضلع آگرہ اور حاجی ابو سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء فیروزآباد کا بھی اس سلسلہ میں شکریہ ادا کرتا ہوں اس سفر میں ارکان وفد نے جن دوسرے اضلاع اور مقامات کا دورہ کیا ہے اس کی غیر معمولی کامیابی ارکان وفد کے خلوص پر مبنی ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالی ان حضرات کو ان کی مساعی پر جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

تصفیہ کے بعد جو تشکیل جمعیۃ علماء شہر آگرہ کی قائم کی گئی اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

صدر ... منشی تصدق حسین صاحب شو مارکیٹ آگرہ
ناظم ... حاجی محمد انوار الحق صاحب سیب بازار
نائب ناظم ... مولانا محمد اسمعیل صاحب گندھاری
خازن ... بابو مشتاق احمد خاں پنی گلی

مجلس منتظمہ: جمعیۃ علماء شہر آگرہ کے ارکان کی تعداد ۳۱ ہے۔

نوٹ: شعبہ تنظیم، تبلیغ، اصلاح معاشرت وغیرہ مولانا اسمعیل صاحب کو دیا گیا اور مسلمانوں کی مشکلات کو دور کرنا انہیں حکام سے ملکر ختم کرانا وغیرہ حاجی محمد انوار الحق صاحب کے ذمہ سپرد کیا گیا۔

اردو ہندوستانی زبان ہے گھر بیٹھے بلا کسی استاد کی مدد کے آسان اردو شارٹ ہینڈ کے ذریعے اردو شارٹ ہینڈ سیکھئے جو اردو اور ہندی دونوں رسم خط میں لکھا جا سکتا ہے۔ قیمت فی کتاب ۲/۸ روپے۔ [illegible] اکیڈیمی رنگ محل خورد۔ [illegible] خان دہلی

فتح عالم کے نسخے — رسالہ علم نجوم، مجربات شیخ سنوسی، مجربات سیوطی، احسن الوظائف، مصر کا جادو، اعمال مجربہ سورہ فاتحہ، چین و بنگال کا جادو، [illegible] جوتش کی الف۔ ب [illegible]

بریلی پیلی بھیت اسمبلی سیٹ کا الیکشن

(نامہ نگار)

بریلی یکم دسمبر بذریعہ ڈاک مولوی عزیز احمد خاں کے انتقال سے بریلی پیلی بھیت کی جو سیٹ خالی ہوئی ہے اس کو پر کرنے کے لئے صوبہ کانگریس کمیٹی لکھنؤ نے شہر کانگریس کمیٹی بریلی سے کچھ نام مانگے تھے جن کے انتخاب کے لئے شہر کانگریس کمیٹی بریلی نے ۶ دسمبر تاریخ مقرر کی امیدواران نے اپنی درخواستیں بھیجیں۔ موصول شدہ درخواستوں کی تعداد [illegible] ان کی درخواستیں نامنظور کر دیں۔

کافی بحث و جرح کے بعد یہ طے پایا کہ تمام درخواستیں صوبہ پارلیمنٹری بورڈ کے پاس بھیج دی جائیں [illegible] بریلی سے [illegible] کا انتخاب کیا تو الیکشن لڑے جانے کا خطرہ ہوگا۔ نمایاں کانگریسی امیدواروں میں مولانا [illegible] صاحب وائس پریزیڈنٹ ڈسٹرکٹ بورڈ بریلی، حاجی امیر احمد صاحب قریشی ہیں۔ غیر کانگریسیوں میں صاحبزادہ انعام اللہ خاں صاحب، شیخ ولی اللہ صاحب شیخ محمد فاروق صاحب شیخ اکرام حسین صاحب مولوی اختر حسین صاحب قابل ذکر ہیں۔

حیدر آباد میں میونسپل انتخابات

حیدرآباد دکن ۳ دسمبر حیدرآباد کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بالغ رائے دہندگی کی بنیاد پر حیدرآباد اور سکندرآباد میں ۱۹ فروری ۱۹۵۰ء کو میونسپل انتخابات ہوں گے۔ یہ انتخابات حیدرآباد کی دستور ساز کے انتخابات سے قبل ہوں گے۔ دستور ساز کے لئے جو فہرست رائے دہندگان تیار کی گئی ہے وہی اس انتخاب میں استعمال ہوگی۔ (پ ٹ ا)

سہارنپور میں چاندی کے چوروں کی گرفتاری

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) [illegible] محلہ چھیپیان [illegible] کے ایک مکان میں چار بوریاں چاندی کے کوٹے کی رکھی ہوئی تھیں لیکن رات کو کسی نے تالا توڑ کر چاروں بوریاں چاندی کی غائب کر دیں واقعہ کی اطلاع پولیس کوتوالی کو دی گئی جس نے سراغ لگا کر عین بوریاں ان اشخاص کے قبضہ سے برآمد کیں۔ جنھوں نے یہ بوریاں چوروں سے خریدی تھیں۔ دس اشخاص پولیس نے اس سلسلہ میں حراست میں لئے ہیں ابھی تفتیش جاری ہے۔

سہارنپور سگریٹ فیکٹری کے

مزدوروں کا جلوس

سہارنپور (بذریعہ ڈاک) مقامی سگریٹ فیکٹری کے چھ سو مزدوروں کا ایک شاندار جلوس سگریٹ فیکٹری سے چل کر ریلوے روڈ، کورٹ روڈ و دیگر بازاروں سے گذرتا ہوا آزاد پارک میں [illegible] باغ میں ایک شاندار جلسہ ہوا جس میں مختلف مزدوروں نے سگریٹ فیکٹری کے مزدوروں کے مصائب کا تذکرہ کیا اور مطالبہ کیا فیکٹری کے ڈائرکٹر کو بدل دیا جائے اور مزدوروں کی چھٹی اور بونس [illegible] کی جائے۔

یوپی میں آٹھ کروڑ کی نکاسی جائداد پر قبضہ

کسٹوڈین یوپی کا سہارنپور میں انکشاف

سہارنپور ۳ دسمبر (بذریعہ ڈاک) مسٹر ہری پال سنگھ [illegible] کسٹوڈین یوپی کل یہاں تشریف لائے۔ آپ نے ڈسٹرکٹ رفیوجی آفیسر کے دفتر کا معائنہ کیا اور نکاسی جائداد کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ رفیوجی آفیسر مسٹر ڈی ایم سہا سے تبادلہ خیالات کیا۔ بعد میں الجمعیت کے خاص نمائندے کو ایک انٹرویو میں آپ نے بتایا کہ آٹھ کروڑ روپے کے لگ بھگ کی مالیت کی مسلم نکاسی جائداد یوپی میں حکومت کے قبضہ میں آچکی ہے۔

بندروں کی ایک اور نوازش

شملہ ۴ دسمبر بندروں کے ایک گروہ نے بکسر سنٹرل جیل کی چھت پر بیٹھ کر چھت کے ٹائل اکھاڑ اکھاڑ کر زمین پر پھینکنے شروع کر دیئے۔ بندروں کو اس حرکت سے روکنے کی کوشش کی گئی لیکن اس کوشش میں ناکام ہونے پر اب اس بات کا فیصلہ کیا ہے کہ نالی دار چادر کی چھت بنوائے جس پر ۲۰ ہزار روپیہ صرف ہوگا۔ (گلوب)

فرانس کیلئے ساٹھ ہزار ٹن پٹ سن

کراچی ۴ دسمبر پاکستان اور فرانس میں جو تجارتی معاہدہ ہوا ہے۔ اس کے تحت پاکستان فرانس کو ساٹھ ہزار ٹن پٹ سن چالیس ہزار ٹن خام اون اور دو ہزار ٹن کھالیں دیگا۔

پاکستان فرانس سے ۴۰ ہزار ٹن ڈھلا ہوا لوہا، ۶۶ ہزار ٹن فولاد، ۷۰ ہزار ٹن دوسرا سامان لے گا۔ فرانس ایک کروڑ روپیہ کی مشینری بھی دیگا۔

ضرورت

ایسے معمولی لکھے پڑھے اشخاص کی جو قلیل عرصہ میں ہزاروں روپیہ ماہوار کمانا چاہتے ہوں کسی تجربہ کی ضرورت نہیں۔ آپ بے روزگار ہوں یا بے روزگار اسکول ماسٹر ہوں یا کلرک [illegible] مرد یا عورت [illegible] سے حاصل کر سکتے ہیں۔ تفصیلات منگوائیے۔

یونیورسل کارپوریشن (سی) ۲۶ بیڈن سٹریٹ قرول باغ۔ نیو دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۱۳۵

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ر | جلد ۳۱ | دہلی یوم بدھ ۱۵ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۷ دسمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۲۹۱ | قیمت فی پرچہ دو آنے

یو پی میں جیوری سسٹم کے خاتمہ پر غور

لکھنؤ ۔ ۵ دسمبر ۔ حکومت یو پی اس مسئلہ پر غور کر رہی ہے کہ یو پی کی عدالتوں میں جیوری کا سسٹم رکھا جائے یا اسے ختم کر دیا جائے ۔ سشن ججوں نے جیوری سسٹم کی مخالفت کی ہے ۔ انہوں نے جیوری کے خلاف شکایتیں بھیجی ہیں ۔ (ا ۔ ن ۔ ک)

لکھنؤ میں شرنارتھیوں کا مظاہرہ

لکھنؤ ۔ ۵ دسمبر ۔ ۲ ہزار سے زائد شرنارتھیوں نے کالے جھنڈے ہاتھ میں لے کر لکھنؤ کی سڑکوں میں نئے نکاسی جائداد کے نئے آرڈیننس کے خلاف مظاہرہ کیا یہ مظاہرہ سنٹرل ۔۔۔ کی اپیل پر ہوا تھا ۔ مظاہرہ کے بعد ایک جلسہ ہوا جس میں ایک قرارداد منظور کی گئی ۔ (ا ۔ پ ۔ ا)

ہندوستان کی اقتصادی حالت بہتر ہو رہی ہے

امید ہے کہ بہت جلد ہی چل جائے گی

ایک پریس کانفرنس میں پنڈت نہرو کا اعلان

نئی دہلی ۔ ۵ دسمبر ۔ پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہند نے آج ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ہندوستان میں اقتصادی صورت حال کچھ بہتر ہو رہی ہے ۔ [illegible]

انہوں نے کہا لیکن میں اس معاملہ میں بنیادی طریقے سے کام کرنے کو پسند کرتا ہوں ۔ [illegible] اور معمولی بہتری کی طرف زیادہ توجہ دینے سے بہتر یہ ہے کہ بنیادی طور پر کام کیا جائے ۔ [illegible] ایک ادارہ قائم کیا گیا ہے ۔

جنوب مشرقی ایشیا کا دفاع

پنڈت جی نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کی کوئی ایسی کانفرنس [illegible]

پنڈت جی نے یہ انکار ایک سوال کے جواب میں کیا ۔ لندن سے ایک اطلاع شائع ہوئی تھی کہ برما کے وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ایسی کانفرنس ہونے والی ہے جس میں ہندوستان بھی شرکت کرے گا ۔ پنڈت جی نے کہا کہ یہاں جنوری میں انڈونیشیا پر جو کانفرنس ہوئی تھی اس کے تسلسل میں اس قسم کی کانفرنس کے انعقاد کے بارے میں مبہم سی اطلاعات ضرور ہیں ۔ اس وقت یہ تجویز کیا گیا تھا کہ جنوب مشرقی ایشیا اور تمام ممالک مشترکہ معاملات پر [illegible]

(باقی صفحہ ۲ کالم ۳ پر)

یو پی کانگریس لوکل باڈیوں کے تمام انتخابات میں حصہ لیگی

لکھنؤ ۔ ۔۔ دسمبر ۔ صوبہ کانگریس نے ۔۔۔ ۔ اپنے اس فیصلہ کا اعلان کر دیا ہے کہ اپریل ۱۹۵۰ء کے تمام میونسپل انتخابات کے لئے امیدوار کھڑا کریگا ۔ [illegible]

کمیونسٹوں کی مخدوم فیڈریشن کے مقابلے کیلئے ایک نئی عالمی جماعت کا قیام

کل لندن میں اس جماعت کی بنیاد پڑ جائے گی

نئی جماعت کا مقصد مزدوروں کو کمیونسٹوں سے آزاد کرانا ہے

لندن ۔ ۵ دسمبر ۔ آزاد عالمی مزدور کانفرنس کا اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے ۔ [illegible]

غلہ نہیں کھائیں گے
جانے کے لئے ریاست سے متعلق بعض اہم امور لے [illegible] (اے۔پی۔آئی)

ریلوے حادثات میں نقصان اٹھانے پر اب جلد معاوضہ ادا کیا کریگا

پارلیمنٹ میں ریلوے منسٹر کا بل منظور کر لیا گیا!

نئی دہلی ۱۰ر دسمبر۔ ہند پارلیمنٹ نے آج اس رقم میں پانچ فیصدی کا اضافہ کر دیا جو سنٹرل روڈ فنڈ میں سے ہر سال صوبوں کے لئے رکھی گئی ہے۔ یہ اضافہ اس لئے کیا گیا ہے تاکہ مرکز اور صوبوں کے مابین سلسلہ رسل و رسائل بہتر ہو جائے۔

آج پارلیمنٹ نے تقریباً تمام وقت منسٹر آف اسٹیٹ (ریلوے) مسٹر گوپال سوامی آئنگر کے اس بل کی بحث پر صرف کیا جس کا مقصد ریلوے ایکٹ میں ترمیم کرنا ہے۔ [illegible]

سواریوں کو نقصان کے معاوضہ دینے کے طریقہ کو [illegible] آسان کو گیا ہے۔ [illegible] ریلوے کی ذمہ داری سے متعلق ہے جسے خراب حالت ہونے کے گیا ہو۔ [illegible] منظور کر لیا گیا۔

بل کا دوسرا مقصد معاوضہ دینے والے کمشنروں کے تقرر سے متعلق ہے۔ ان کمشنروں کو حادثات کے سلسلہ میں [illegible] حاصل کرنے اور سواریوں کو ہلاکت یا مجروح ہونے کے معاوضہ دینے کے اختیارات ہوں گے۔ [illegible] لیکن اس کی [illegible]

بل کے معترضین نے خاص طور پر [illegible] کے لئے اعتراض کیا کہ اس کے ذریعہ ریلوے کو اس مال سے بری الذمہ قرار دیا گیا ہے جو خراب حالت میں ہو گیا ہے [illegible]

حادثات میں ہونے والے نقصانات کے لئے جو مشنری قائم کی گئی ہے اس کے ممبروں کے [illegible] عدالت کے ذریعہ اس وقت جس طرح ریلوے [illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

یہودیوں نے عرب دیہاتوں پر اچانک حملے شروع کر دیے

قاہرہ ۱۰ر دسمبر عمان کی خبر یہ ہے کہ فلسطین کے "مثلث عرب" کے علاقہ میں واقع مونیع حلبون پر یہودیوں نے اچانک حملے شروع کر دیے ہیں۔ جس کے نتیجہ کے طور پر متعدد دیہاتی ہلاک ہو گئے۔ [illegible] عربوں کو نکال کر ان کے مال و اسباب پر یہودیوں نے قبضہ کر لیا تھا۔ لیکن عرب لیجن کے ارکان [illegible] اور شرائط سے احتجاج کیا ہے۔ [illegible]

برطانوی کابینہ چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنیکا فیصلہ آئندہ ہفتہ کریگی

لندن ۱۰ر دسمبر۔ سیاسی حلقوں میں یہ توقع ہے کہ برطانوی کابینہ آئندہ ہفتہ اس بات کا فیصلہ کر دے گی کہ کمیونسٹ چینی حکومت کو کب تسلیم کیا جائے گا۔ تاریخ کے صحیح تعین کا انحصار دولت مشترکہ کی دوسری طاقتوں کے [illegible] پر ہے۔ جون ۱۰ر دسمبر کو آسٹریلوی انتخابات [illegible] اس بات کا پتہ چل جائے گا کہ دولت مشترکہ کے [illegible] دولت مشترکہ کے بانی کمشنروں کے مابین گفت و شنید ہو رہی ہے۔ (رائٹر)

پاکستانی وزیروں کے ہوش ٹھکانے آ گئے! انڈونیشیوں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا جانے لگا!

کراچی ۱۰ر دسمبر۔ پاکستانی سفیر برائے روس سر شعیب اللہ قریشی اتوار کو روز ماسکو روانہ ہو جائینگے۔

پٹیالہ مشرقی پنجاب اسٹیٹ یونین کے تمام اکالی قیدیوں کو رہا کر دیا گیا

دوبارہ ایجی ٹیشن پر حکومت سخت کارروائی کریگی ۔ اکالیوں کو تنبیہہ

پٹیالہ ۱۰ر دسمبر آج ان تمام اکالی قیدیوں کو رہا کر دیا گیا جنہیں پٹیالہ مشرقی پنجاب یونین میں عہدی وزارت کے خلاف موجودہ ایجی ٹیشن کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ انہوں نے جلوس نکال کر اور مظاہرے کر کے امتناعی احکامات کی خلاف ورزی کی تھی۔ [illegible]

کلکتہ چینی موسیقی کا مرکز بن گیا

سنگاپور ۸ر دسمبر:۔ شنگھائی پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جانے کے بعد سے کلکتہ چینی موسیقی کے ریکارڈ تیار کرنے کا مرکز ہو گیا ہے۔ گراموفون بنانے والی کمپنی کے ایک افسر اعلیٰ نے بتایا ہے کہ شنگھائی پر کمیونسٹ قبضہ کے بعد چینی گانوں کے ریکارڈ تیار کرنے میں جو کمی پیدا ہو گئی تھی اس کو کلکتہ سے پورا کیا جا رہا ہے۔ اور یہ ہزار ہا ریکارڈ تیار کر کے چین کو بھیجے جا رہے ہیں۔ (رپٹ)

ہندوستان کا خریدا ہوا ۸ لاکھ گانٹھ پٹ سن پاکستان میں روک لیا گیا

کرنسی کا مسئلہ طے ہونے سے قبل برآمدگی کی اجازت نہیں دیجا سکتی!

ہندوستانی کارخانہ داروں کو پاکستان جوٹ بورڈ کا جواب

کلکتہ ۸ر دسمبر یہاں پہونچنے والی اطلاعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت پاکستان نے ۸ لاکھ گانٹھ خام پٹ سن کو روک لیا ہے اس کی قیمت کروڑوں روپے ہوتی ہے۔ اور ہندوستان لانے کے لئے اسے کشتیوں میں لادا جا رہا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ پٹ سن کی اس مقدار کی خریداری کا معاہدہ ہندوستان کے روپے کی قیمت گرنے سے پہلے ہی ہو گیا تھا۔ [illegible]

یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اگر فوری طور پر پٹ سن نہ بھیجی گئی تو یہ پٹ سن خراب ہو جائیگا۔ لیکن پاکستان کا جوٹ بورڈ اس وقت تک پٹ سن کی برآمد کی اجازت دینے کے لئے تیار نہیں جب تک کہ کرنسی کا مسئلہ طے نہ ہو جائے۔ اسٹیمر کمپنیوں کو جو زیادہ تر برطانوی ہیں پٹ سن جہازوں سے اتار [illegible] دیا گیا۔ لیکن [illegible]

گذشتہ ہفتہ ہندوستانی جوٹ ملز ایسوسی ایشن کے نمائندے نے ڈھاکہ جا کر اس مسئلہ پر پاکستان جوٹ بورڈ کے حکام سے بات چیت کی تھی لیکن بورڈ نے [illegible] ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے زور دیا حکومت پاکستان کو [illegible]

ایوان زیریں میں انتقال اختیارات سے متعلق بل پر بحث

اگر گول میز کانفرنس کا فیصلہ منظور نہ کیا گیا تو خطرناک نتائج پیدا ہوں گے

وزیر خارجہ اور سمندر پار محکمہ کے وزیر کی تقریریں

دی ہیگ ۸ر دسمبر سمندر پار کے ڈچ وزیر ایم جے ایچ وان مارسیون نے آج ایوان زیریں میں کہا کہ "جنوب مشرقی ایشیا کی نیشنلزم کو کمیونزم کی گود میں دیدینے کے مقابلہ میں دانشمندی یہ ہے کہ اس کے ساتھ مصالحت کر لی جائے"۔

انڈونیشیا کو اختیارات منتقل کرنے کے متعلق بل پر تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا "اگر گول میز کانفرنس کے فیصلہ کو مسترد کر دیا گیا تو اس سے صرف روس کو خوشی حاصل ہوگی"۔ [illegible]

کی ایک معمولی اقلیت ہمارے خلاف ہے۔ لیکن وہاں کی زبردست اکثریت ہمارے ساتھ ہے"۔ آگے چل کر انہوں نے کہا "دار الاسلام (فوجی مسلمان) اور کمیونسٹ انڈونیشیا میں ہمارے لئے زبردست خطرہ ہیں لیکن جوں ہی اختیارات منتقل کر دیئے جائیں گے یہ خطرہ بہت کم ہو جائے گا"۔ مزید کہا کہ "ہمیں انڈونیشی جمہوریہ کو مسلح کر کے اس قابل بنا دینا چاہئے کہ وہ وہاں امن و انتظام قائم رکھ سکے"۔ (باقی صفحہ ۶ پر)

اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بے نظیر

ماہنامہ بانو دہلی کا آئندہ خاص نمبر

سنہ ۵۰ء کے شروع میں

قرآن نمبر

کے ــــ عنوان ــــ سے ــــ شائع ــــ ہو رہا ــــ ہے

قرآن انسانی زندگی کا حقیقی دستور العمل ہے۔ یہی وہ لائحہ عمل ہے جس پر چل کر ہم امن و عروج حاصل کر سکتے ہیں۔ یہی حکیم ازل کا وہ حیات بخش نسخہ ہے جس سے ہم انسانیت کے تمام روگوں کا علاج کر سکتے ہیں۔ یہ کتنا افسوسناک مقام ہے کہ عام مسلمان نہ تو اسے سمجھتے ہیں اور نہ ہی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دوسروں کو سمجھانا تو ایک مدت سے انہوں نے ترک کر دیا ہے خصوصاً ہماری عورتیں اور بچے قرآن کریم کی محض تلاوت کرتے ہیں اور اس کا مطلب سمجھے بغیر خوشنما جزدان میں لپیٹ کر طاق کی زینت بنا دیتے ہیں۔ قرآن ہماری زندگی کی زینت ہے نہ کہ طاق کی اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ بانو کا **قرآن نمبر** شائع کیا جائے جس میں قرآن کریم کی اہم آیات کی تفسیر اردو میں شائع کی جائے گی۔ اس کے علاوہ قرآن مقدس پر ٹھوس مضامین۔ قرآن کیا ہے؟ قرآن خدا ہے قرآن کی نظر میں، سیاست اور قرآن، معاشرت اور قرآن، اقتصادیات اور قرآن، عورت اور قرآن، اور قرآن کریم کی تعلیم کے آسان طریقے۔ غرض یہ کہ اردو پڑھے لکھے بھائی بہن اور بچے سمجھ سکیں گے کہ قرآن پاک جس کو وہ عربی زبان میں روزانہ تلاوت کرتے ہیں انہیں کیا سکھاتا ہے اور وہ اس سے کیا کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ خاص نمبر اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بے نظیر اور شاندار نمبر ہوگا جو تقریباً تین چار سو صفحات پر شائع کیا جائے گا۔ بانو کی سالانہ قیمت پانچ روپیہ ہے۔ اس سالانہ قیمت میں عام نمبروں کے علاوہ بیش بہا اور نادر الوجود تحفہ اور ایک خاص نمبر اور بھی سال کے دوران میں حاصل کرنے کے لئے **آج ہی خریدار بن جائیے** اور ذیل کے پتہ پر صرف پانچ روپیہ کا منی آرڈر روانہ کر دیجئے۔

پتہ صرف **بانو** دہلی کافی ہے

ماہنامہ بانو دہلی کا نمونہ صرف آٹھ آنے کے ٹکٹ بھیجکر منگایا جا سکتا ہے۔

ایجنٹ حضرات خط و کتابت سے معاملہ طے کریں

روزنامہ

الجمعیۃ

۱۱ر دسمبر ۱۹۴۹ء

ہم آپ سے پوچھتے ہیں

ہندوستان کی آزادی اور ملک کی تقسیم سے پہلے "الجمعیۃ" کی اس قدر ضرورت نہیں تھی جس قدر کہ اب ہے۔ کیونکہ جمعیۃ علماء ملک و قوم اور مسلمانوں کی بھلائی، انسانی حقوق اور اسلام [illegible] کے لئے جو کچھ کرنا چاہتی ہے اس کا حال کانگریسی اور انگریزی اخبارات سے نہیں صرف "الجمعیۃ" کے ذریعہ ہی معلوم ہو سکتا ہے اور یہی اخبار بتا سکتا ہے کہ موجودہ حالات میں مسلمانوں کے فرائض کیا ہیں مسلمانوں کو کن باتوں سے پرہیز اور کن باتوں کا خیال کرنا چاہئے، ملک کی تقسیم کے بعد ان کی ذمہ داریاں کیا سے کیا ہو گئی ہیں، ان کے سوچنے اور سمجھنے کا ڈھنگ اب کیا ہونا چاہئے، وہ اس عبوری دور کو کس طرح ہنسی خوشی برداشت کریں، وہ فرقہ پرستی کے مقابلہ پر آئیں تو کس طرح آئیں اور اس امتحان میں پاس ہوں تو کیوں کر ہوں، مستقبل کی سیاست کا رخ کیا ہوگا اور اس سے عہدہ برآ ہونے کی تدبیر کیا ہے۔ غرض موجودہ دور میں مسلمانوں کو جس رہنمائی کی ضرورت ہے وہ انہیں صرف الجمعیۃ کے ذریعہ ہی حاصل ہو سکتی ہے اور اس لئے ضروری ہو گیا ہے کہ وہ اس کا مطالعہ کریں، اس کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں، اس کے حلقہ اشاعت کو زیادہ سے زیادہ وسیع کریں اور جب تک اس کی اشاعت ایک لاکھ تک نہ پہنچ جائے آرام سے نہ بیٹھیں!

ہمیں نہایت افسوس، نہایت رنج و ملال اور نہایت دکھ کے ساتھ اس حقیقت کا اظہار کرنا پڑتا ہے کہ الجمعیۃ کی اشاعت کے بارے میں مسلمانوں نے اب تک ابھی تک ان اداروں کیسے [illegible] کے ساتھ سمجھتے ہیں کہ وہ اسلام کی عدالت میں اپنی اس کوتاہی اور سہل انگاری کے لئے جواب دہ ہوں گے۔ ہمارا مطالبہ یہ نہیں ہے کہ مسلمان پچیس کروڑ روپے تعلیم کے لئے جمع کریں، پچاس کروڑ صنعت و حرفت کی ترقی کے لئے دیں، بیس کروڑ نادار مسلمانوں پر صرف کریں اور اتنی رقم فلاں کار خیر کے لئے وقف کر دیں۔ بلکہ صرف اتنا مطالبہ ہے کہ وہ الجمعیۃ کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچا دیں۔ خدا کے فضل سے ہندوستان میں ساڑھے چار کروڑ مسلمان موجود ہیں۔ ایک لاکھ کی اشاعت کے معنی یہ ہیں کہ ایک اخبار چار سو مسلمانوں کے حصہ میں آتا ہے یعنی چار سو مسلمانوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنی بھلائی کے لئے صرف ایک اخبار خرید لیں۔ جب ایک اخبار چار سو مسلمانوں میں خرید لیا جائے گا تو اس کی اشاعت ایک لاکھ تک پہنچ جائے گی۔ اخبار کی قیمت ۲ آنہ ہے اور ہم صرف چار سو مسلمانوں سے ۲ آنہ کے ایثار کا مطالبہ کرتے ہیں۔ کیا ہمارا یہ مطالبہ کچھ سخت اور ناممکن العمل ہے؟ کیا چار سو مسلمانوں میں دو آنہ خرچ کرنے والا کوئی نہیں؟ اگر ہمارا خیال کم سے کم درجہ کا ہے تو آپ بتائیں آپ نے اسے پورا کرنے کی کوئی کوشش کی؟ اگر نہیں تو کیوں؟ ہم بار بار توجہ دلا رہے ہیں، بار بار بتا رہے ہیں کہ اس موقع کو غنیمت سمجھو اور الجمعیۃ کے ذریعہ اپنی شان بڑھاؤ، مگر اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک لاکھ کی منزل ابھی اس قدر دور ہے کہ آپ سن کر حیران ہو جائیں گے اور آپ کو اعتراف کرنا پڑے گا کہ مسلمان جس بدبختی میں مبتلا ہیں اس کے خاتمہ کا ابھی وقت نہیں آیا ہے! خدا ہی جانتا ہے کہ مسلمانوں کو کیا چیز بیدار کر سکتی ہے اور ان کو کس طرح سمجھایا جا سکتا ہے کہ الجمعیۃ ان کی زندگی، ان کی عظمت، ان کی قسمت ان کے مستقبل کی ضمانت ہے اور اگر ایک وقت نہ کھائیں تو نقصان نہ ہوگا، ایک اخبار سے محروم رہ جائیں تو اس کی تلافی مہینوں نہیں ہو سکے گی!

الجمعیۃ کی اشاعت میں جن بزرگوں نے ہاتھ بٹایا ہے ہم اس کے لئے ان کی خدمات [illegible]

کے ساتھ ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں لیکن مگر ہمارا ہاتھ اس حلقے سے بٹایا جاتا جس سے ہمیں سونی صدی توقعات تھیں تو ہم اپنے مقصد میں کبھی کے کامیاب ہو چکے ہوتے۔ ہمیں افسوس ہے کہ ہندوستان میں جمعیۃ علماء کی جس قدر شاخیں ہیں اور ہر شاخ کے جس قدر صدر اور سکریٹری اور دوسرے عہدیدار ہیں، ان کی طرف سے ــ معدودے چند حضرات کو چھوڑ کر الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے کوئی کوشش نہیں کی گئی جن حضرات کا سب سے پہلا کام یہ تھا کہ وہ پورے جوش اور اخلاص کے ساتھ الجمعیۃ کی اشاعت کے لئے دن اور رات ایک کر دیتے اور اپنی دینی اور اسلامی ذمہ داریوں کا مظاہرہ کرتے وہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک خاموش ہیں اور یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ ان کا کام تو صدارت اور نظامت ہے۔ باقی اگر دوسرے لوگ چاہیں تو اخبار کی توسیع اشاعت میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر یہ صورت حال بہت ہی افسوسناک ہے اور اس کا اندازہ اس وقت ہوگا جب خدانخواستہ وہ اس آواز سے محروم ہو جائیں گے جو آج پورے ہندوستان اور تمام مسلمانوں کو بیدار کر رہی ہے اور جو قومی دلوں سے نکل کر فضائے بسیط میں پھیل جاتی ہے!

اگر آج بھی ضرورت ہے کہ ہم مسلمانوں پر الجمعیۃ کی اہمیت واضح کریں تو وہ کون سا وقت آئے گا کہ مسلمان اپنے کسی ترجمان کی ضرورت کا احساس کریں گے؟ یہی وقت ہے، یہی ساعت ہے یہی لمحہ ہے کہ مسلمان الجمعیۃ کے خریدار بنیں، دوسروں کو خریدار بنائیں، خود پڑھیں، دوسروں کو سنائیں اور اس کی اشاعت کو ایک لاکھ تک پہنچانے کے لئے ہمت اور وقت کی بازی لگا دیں! اس بات کا انتظار فضول ہے کہ کوئی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوگا اور یہ کام کرے گا [illegible] کام انجام دیں اور ایک ایک دو دو کوشش کر کے اور توسیع اشاعت کے پروگرام کو کامیاب بنا کر یہ ثابت کر دیں کہ آپ کو الجمعیۃ کی ضرورت ہے اور آپ یہ چھوٹا سا کام کر کے اسلام کی بقا کے لئے بڑے سے بڑا کام بھی انجام دے سکتے ہیں!

فارموسا کو!

مارشل چیانگ کائی شیک اور ان کے وزراء کو اہل چین نے بالآخر اپنے چوتھے مستقر چنگٹو سے بھی پسپا ہونے پر مجبور [illegible] کے ساتھ فارموسا کو روانہ ہو گئے۔ [illegible]

آزادی کا سہرا

کانگریس پریذیڈنٹ ڈاکٹر پٹابھی سیتارامیہ نے بھاگلپور کے ٹی۔ این۔ جی کالج کے طلباء کو مخاطب کرتے ہوئے [illegible] بدیشی کپڑے استعمال کرتے اور بدیشی روش پر چلتے ہیں [illegible] سیاسی آزادی تو [illegible]

اچھی باتیں

(الجمعیۃ۔ تا۔ مخطوط ر پ ع ۳)

کیا مسلمانوں اور مجرموں کے ساتھ ہمارا سلوک یکساں ہوگا؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ ایسا غلط فیصلہ کرتے ہو؟

مسلمان کے معنی ہیں جو خدا کا تابعدار ہے امن و سلامتی کا داعی ہے، قانون کا پابند ہے اور اس کا شعار حق شناسی ہے یہ نہیں ہو سکتا کہ جو شخص وفادار اور تابعدار ہے اور جو شخص مجرم اور گناہ گار ہے دونوں ایک کر دیے جائیں اور نیکی اور بدی کے نتائج مختلف نہ ہوں! اگر مسلمان صحیح معنی میں مسلمان بن جائیں تو یقیناً ان کا حال دوسروں سے جدا ہوگا اور وہ مجرموں کے ساتھ ہانکے نہیں جائیں گے!

افکار ــــ پاکستان

یہ بھی جمہوریت ہے

معاصر "ڈان" کراچی کی حاصل کردہ اطلاع ہے کہ پاکستان کا دستور جدید اندر ہی اندر مرتب ہو چکا ہے۔ اور آئندہ وہ اجلاس میں اس کو تیزی کے ساتھ عہد کے مراحل میں سے گذار کر ۱۹۵۰ء میں نافذ کر دیا جائے۔

اگر جاری حکومت اور دستور ساز اسمبلی کی آئینی کمیٹیوں نے دستور تیار کرنے میں اتنی چابکدستی اور مستعدی کا ثبوت دیا ہو تو یہ بڑی خوشی کی بات ہے لیکن جس قرار داد مقاصد کو اسمبلی نے بنیادی دستور قرار دے دیا ہے۔ [illegible]

معالجوں کا غیر ذمہ دارانہ رویہ

انہیں یہ ہے کہ ڈاکٹروں نے بھی دوسرے پیشہ ور لوگوں کی طرح اپنا یہ شعار بنا لیا ہے کہ اپنے ہم پیشہ لوگوں کی غلطیوں کی پردہ پوشی کرتے ہیں۔ [illegible] (ڈان ــ کراچی)

مرکزی حکومت کے نمائندے ہیں ان کے ہمراہ مجھے بھیجے ارکان بھی مرکزی حکومت ہی کی زبان بولنے لگے اور پوری اسمبلی مرکزی حکومت کی گھر کی لونڈی جب گھر میں بیگم موجود ہے تو لونڈی سے مشورہ کی کیا ضرورت اور اگر لونڈی سے کوئی بات پوچھ بھی لی جائے تو اس مشورہ کی حیثیت ہی کیا ہے اصل اختیار تو بیگم کو ہے۔ (کوثر ــ لاہور)

پٹیالہ اور ہماچل پردیش کا مشترکہ ہائیکورٹ بنے گا!

پٹیالہ ۸ر دسمبر۔ یہ خبر آج معلوم ہوا ہے کہ پٹیالہ یونین کی ہائیکورٹ آزاد ہند کی نئی جمہوریہ کے قیام کے بعد توڑ دی جائے گی اور پٹیالہ یونین، مشرقی پنجاب اور ہماچل پردیش کی ایک مشترکہ ہائیکورٹ بنے گی۔ [illegible]

میعاد میں توسیع!

پٹیالہ ۸ر دسمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ پٹیالہ ہائی کورٹ کے قائم مقام جج سردار کرتار سنگھ سندھو کی میعاد ملازمت میں ۵۰ روز کی توسیع کر دی گئی ہے۔

دہلی میں عہد بلبن کی سات سو برس قدیم تاریخی یادگار خانقاہ اور مزار شیخ ابوبکر طوسی رحمۃ اللہ علیہ

(اخلاق دہلوی)

(۹)

العرض اُن میں سے دو چار ایسے نفوس عالیہ کا ذکر غیر مناسب محل ہوگا جن کی شفقت آمیز باتیں کانوں میں اب تک گونج رہی ہیں اور جن کی یاد دل کو تڑپائے دیتی ہے۔

امۃ القیوم:۔ میری چچی تھیں اور میری سوتیلی ماں کی سگی بہن تھیں۔ عرب سرائے دہلی کے قانونگو باشندے تھیں۔ اندرپت میں زرعی زمین تھی اسلئے یہاں رہتے تھے۔ ان کے خاندان نے اقامت اختیار کر لی تھی۔ نہایت ضعیف العمر تھیں۔ زاہدہ، عابدہ اور صوم و صلوٰۃ کی بڑی پابند تھیں۔ اکثر ہمارے ہاں آتیں اور مہینہ مہینہ بھر رہتیں۔ اور کسی کو بار خاطر نہ ہوتیں۔ نوشت و خواند سے بھی آگاہ تھیں۔ بچوں کو اچھی اچھی باتیں اور قصے کہانیاں سناتیں اور ایسے مزے سے سناتیں کہ سب کا دل لگا رہتا۔ زبان اتنی شیریں الفاظ ایسے [illegible]

خیال آتا ہے [illegible] ان کی عظمت بزرگی دل سے خراج تحسین طلب کرنے لگتی ہے۔ وہ بھی یہیں منوں مٹی کے نیچے آسودۂ خواب عدم ہیں۔ خدا مغفرت فرمائے۔

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والی میں

محمد سعید:۔ متوسط قد، گورا رنگ، سڈول جسم، لمبی سفید ڈاڑھی۔ سر پر کبھی صافہ کبھی کبھی چوگوشہ ٹوپی، ہاتھ میں بانس کی لکڑی۔ نوشت و خواند سے آگاہ۔ تحریر نہایت پختہ صاف اور خوشنما اور [illegible] تاریخی معلومات بہت اچھی تھی۔ [illegible] اکثر ہمارے ہاں [illegible] بیٹھے رہتے۔ [illegible] ان کا انتقال ہوئے کوئی بارہ برس ہوئے [illegible] خانقاہ ابوبکر طوسی میں دفن کئے گئے۔ [illegible]

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

[illegible]

کالے خاں:۔ سردار خاں مرحوم کے دوسرے صاحبزادے کالے خاں تھے۔ [illegible] جمعۃ الوداع کی نماز آخر جب جلنے لگے تو انہیں دلی کی جامع مسجد میں پڑھنی۔ ہمارے ہاں جمعہ ہوتے [illegible] یہ بھی اللہ کے پیارے ہوئے۔ ان کی اولاد دلی سے ستمبر ۱۹۴۷ء میں جلا وطن کر دی گئی ہے۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد

حسین بخش:۔ تغلق آباد (دہلی) کے قدیم رہنے والے تھے۔ اور غوری خاندان سے تھے۔ آخری عہد مغلیہ میں پہلے بستی نظام الدین اور پھر [illegible] میں بسے تھے۔ بادشاہی میں کسی منصب پر سرفراز [illegible] اس لئے ذی اثر بھی تھے۔ کہتے ہیں کہ بستی نظام الدین کے میر [illegible] تھے۔ اور اکثر اہل بستی امانتیں انہی کے پاس رکھتے تھے۔ انگریزی حکومت کے دور میں انتقال ہوا۔ اور خانقاہ ابوبکر طوسی کے قبرستان میں سپرد زمین کئے گئے۔

محمد اسماعیل صاحب غوری ان کے پوتے ہیں جو دہلی کانگریس کمیٹی علاقہ نمبر ۹ کے نائب صدر اور اس علاقہ کی پنچایت کے سرپنچ ہیں۔ وہ حضرت ابوبکر طوسی کے عرس میں حصہ لیتے اور اسی تاریخ میں اپنے دادا کی فاتحہ کرتے ہیں۔

بہرحال حضرت ابوبکر طوسی کی [illegible] ایک اچھا نمونہ پیش کرتی ہے [illegible] ہو سکتا ہے۔ وہاں کا مزار اور ان کی ٹوٹی پھوٹی خانقاہ جو دلی کی قدیم یادگار ہے اس کی حفاظت ہمارا اخلاقی فرض ہے اور ہمیں توقع ہے کہ انسانیت اور [illegible] اس یادگار کو برقرار رکھنے میں اپنا اخلاقی فرض ادا کریں گے اور تاریخی آثار سے دلچسپی رکھنے والے بھی اپنی توجہ اس جانب مرکوز فرمائیں گے۔ ــ

خاک گورستان گواہی دے رہی ہے [illegible]

رجعت پسند عناصر کو کچل دیا جائیگا!

گورنر بہار کی تقریر

پٹنہ ۸ر دسمبر۔ مسٹر اے ایس گورنر بہار نے آج بہار لیجسلیچر کے ممبروں کے اجلاس میں تقریر کی انہوں نے کہا کہ میری حکومت امن میں خلل ڈالنے والے تمام رجعت پسند عناصر کو کچل دیگی۔ اور ہمیشہ امن قائم رکھے گی۔ جب بھی ضرورت ہوگی میں بلا جھجک ایسا کروں گا۔ انقلابی طریقے اس وقت ضروری ہوتے ہیں جب آئینی طریقے ناکام ہو جاتے ہیں۔

آپ نے کہا جو بلیک مارکیٹ کرنے والے ملک کے دشمن ہیں۔ ان کے خلاف رائے عامہ کو منظم ہونا چاہئے۔ (پ۔ٹ۔ا۔ انڈیا)

بند ملوں کو کھولنے کے لئے اختیارات

بمبئی ۸ر دسمبر بمبئی کے وزیر صنعت نے آج یہاں پریس کانفرنس میں بتایا کہ حکومت بہت جلد وہ اختیارات حاصل کرنے والی ہے جن کے تحت مختلف ملوں کو جو بعض اسباب کی بنا پر بند ہو چکی ہیں دوبارہ کھلوایا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی حکومت ... صوبائی حکومت کو اس اہم کا اختیار دینے پر راضی ہو گئی ہے۔ کہ صوبائی حکومت ملوں کا کنٹرول سنبھال لے (پ۔ٹ۔ا۔ انڈیا)

دہلی میں درجہ حرارت اور طلوع و غروب

[illegible]

تعزیری کارروائی کے متعلق

صدر مشرقی پنجاب کانگریس کمیٹی کا اعلان

جالندھر ۸ر دسمبر۔ گیانی کرتار سنگھ تنافر صدر پنجاب صوبہ کانگریس کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ پنجاب کانگریس کمیٹی کے کسی ممبر کے خلاف اس وقت تک کوئی تعزیری کارروائی نہیں کیا جائے گی جب تک کہ جنرل سکریٹری کا انتخاب عمل میں نہ آ جائے۔

لندن مسلم لیگ آزاد کشمیر سوسائٹی

کے صدر کا لندن میں مقدمہ

لندن ۸ر دسمبر۔ لندن مسلم لیگ آزاد کشمیر کے والہ سالہ صدر سید فضل شاہ کو تمام حوالات میں رکھنے کا حکم ہوا ہے۔ ان کو پنڈت نہرو کی لندن میں آمد کے موقع پر مظاہرہ کرنے کے سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کے ۵ اسالہ لڑکے کو اسی سلسلہ میں گرفتار کیا گیا تھا لیکن اس کو رہا کر دیا گیا۔ پ۔ٹ۔ رائٹر

خیالات ناظرین

(ایڈیٹر کا مراسلہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

قابل توجہ

مکرمی تسلیم!

آپ کے موقر اخبار کے ذریعہ میں حکومت یوپی کو اس امر پر توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ ...

باعزت زندگی

مسلمانان ہند سے اب یہ بات پوشیدہ نہیں ہے ...

ہیگ معاہدہ سے انڈونیشیا کو آزادی نہیں ملتی

ڈچ پارلیمنٹ میں انڈونیشی بل پر بحث۔ کیمونسٹ ممبر کا اعتراض

پاکستانی دستور ساز اسمبلی کی تعلیمی کمیٹی کا اجلاس

سردار سنگھا کی موت پر اظہار افسوس

سی پی روئی پر کنٹرول ختم

کانگرس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

بڑے دن سے قبل منعقد ہوگا!

مشرقی پنجاب میں زائد غلہ اگاؤ کی مہم

کرناٹک کے تین اور ممبروں کا استعفیٰ

بالیا تھانہ میں پلیگ پھیل گیا

پٹیالہ یونین کے اکالیوں کی رہائی!

ریڈ کلف کا فیصلہ مغربی بنگال کیلئے ایک ضرب ہے

باؤنڈری کمیٹی کے ایک ممبر کا بیان

اردو ہندو مسلمانوں کی مشترک زبان ہے

مجلس پیام ادب بنارس کا جلسہ

مدرسہ دعائیہ صدر بازار کی اپیل

اہل خیر حضرات سے توجہ کی التماس

ضلع جمعیۃ علماء بریلی معاون سازی

امرتسر میں پاکستانی باشندہ کو سزا

پنڈت مالویہ کا جنم دن

سرحدی تنازعات کا فیصلہ بین الاقوامی قانون کے مطابق کیا جائے

باؤنڈری ٹریبونل کے اجلاس میں پاکستانی نمائندہ کی تقریر

مرشدآباد اور راجشاہی کے درمیان کی زمینوں کی ملکیت کا مسئلہ

سرہند عرس کیلئے حکومت مشرقی پنجاب نے چار ہزار کی رقم منظور کی

کپورتھلہ پوربی پنجاب میں مدغم

آزاد مزدور تنظیم کی عاملہ کمیٹی

دی مغل لائن لمیٹڈ

(سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی)

بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن، پورٹ سوڈان۔ جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کرسکیں

ایس۔ ایس الاوی (وزن 3566 ٹن)

بمبئی سے ماریشس کے لئے مورخہ ۱۴ دسمبر ۱۹۴۹ء تک روانہ ہوگا

مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جلد تفصیلات کے لئے خط و کتابت کریں

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی

مینجنگ ایجنٹ:- دی مغل لائن لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ فورٹ بمبئی

عملیات اور اوراد

...

طلا نمبر ۲۰۰

عضو کی تمام خرابیوں اور کمزوریوں کو دور کرکے اصلی طاقت پیدا کرنے کے لئے بیحد مفید ثابت ہوا ہے۔

فی شیشی ۵/-

اکسیر (رجسٹرڈ)

جریان۔ احتلام۔ پٹھوں کی طاقت اور امساک کے لئے بے نظیر۔ یکساں مفید ہیں۔

ایک مہینے کی دوا ۸/۷

صدیقی دواخانہ (دلی دواگھر) نوگنج، دہلی

جہلا

کلیمی انجمن عین سدھار گوہ چاپ

امراض چشم

سخت سے سخت جالا، پھولا، نزلہ، سرخی، رتوندی، پانی، ناخونہ، دھند، گردوغبار وغیرہ امراض کو دور کرکے قطعی صحت بخشتا ہے ...

محمد حسین، مقبول حسین کلیمی انجمن عین سدھار گوہ چاپ، محلہ شاہ دانہ بانس بریلی

شرح چندہ

روزنامہ الجمعیۃ مع سنڈے ایڈیشن

ایک سال کے لئے	۴۵ روپے
چھ ماہ کے لئے	۲۳ روپے
تین ماہ کے لئے	۱۲ روپے

صرف سنڈے ایڈیشن کے خریداروں سے

ایک سال کے لئے	۸ روپے
چھ ماہ کے لئے	۴ روپے

مینجر الجمعیۃ دہلی

دار السلطنت

پراسرار لاشوں کی برآمدگی

ایلگن روڈ پر سنسنی پھیل گئی

کار کی زد میں بچہ زخمی

ہند پاکستان کی دوستی کی انجمن کا جلسہ

آسام کی نئی ریلوے لائن

ہندستان سے براہ راست تعلق قائم ہو جائیگا

مسئلہ انڈونیشیا پر بحث

(بقیہ صفحہ ۱)

وزیر خارجہ کی تقریر

ریاست جموں اور کشمیر میں

تخفیف مصارف کی مہم!

موسمی حالات

سوشلسٹ لیڈر گرفتار

یوم منشور حقوق انسانی منانے کی اپیل

کمیونسٹوں پر سازش کا مقدمہ

ریل گاڑی ٹکرا گئی!

اندھرا کے قیام میں تاخیر پر سکت چینی

ہندوستانی پارلیمنٹ میں سوالات:

بناسپتی کے متعلق تحقیقات کی رپورٹ حکومت کو پیش کر دیگئی

مشکل الحصول علاقوں سے انجن منگوائے گئے۔ دہلی میں مکانات کی راشننگ کا مسئلہ

انجنیر کے خلاف اقدام

چینی کی قلت

بناسپتی کی تحقیقات

سرکاری پریس

انجن منگوائے گئے

پی ڈبلیو ڈی میں رشوت ستانی

ہم عربوں کے دوست رہے ہیں اور دوست رہنا چاہتے ہیں

ابھی حکومت ہند نے ریاست اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا ہے

ہندی سفیر متعینہ مصر مسٹر فیضی کا بیان

دیوریہ ضلع کے کسان ستیہ گرہ کو صوبہ کا مسئلہ بنایا جائیگا

یوپی سوشلسٹ پارٹی کی مجلس منتظمہ کا اعلان

فلسطینی پناہ گزینوں کیلئے

کسان نوجوانوں کی آبپاشی فوج

اسپیشل ٹریبونل تمام ملزمان پر بیک وقت مقدمہ نہیں چلا سکتا

سید قاسم رضوی کے وکیل کا بیان۔ حیدرآباد کے ضابطہ فوجداری کی تشریح

ایٹم بموں کے تمام ذخیروں کو تلف کر دیا جائے

ادارہ اقوام متحدہ سے برطانوی مزدوروں کی اپیل

رومانیہ اور بلغاریہ کا وفاع

روسی افسران کے تقرر کا امکان

میرٹھ چھاؤنی میں شاندار مشاعرہ

پارلیمنٹ میں بحث

(بقیہ صفحہ ۲)

سرحدی تنازعات

(بقیہ صفحہ ۲)

گرجا شنکر کی روانگی

(بقیہ صفحہ ۲)

نکاسی جائداد کے آرڈیننس کا

مکمل و سلیس اردو ترجمہ

لکھائی چھپائی شاندار۔ سرورق دیدہ زیب

ایشیا پبلشرز۔ اردو بازار۔ دہلی

دلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز پارسل

...

المشتہر دلی کمرشل کارپوریشن

چاندنی چوک دہلی

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

سنڈے ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

DELHI

فون نمبر: ۵۱۳۵ — تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ڈھائی آنے | جلد ۳۱ | دہلی پیر ۱۲ دسمبر سنہ ۴۹ء مطابق ۲۰ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۹ ہجری | نمبر ۲۹۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

تصحیح

الجمعیۃ کے سنڈے ایڈیشن مورخہ ۲۰ نومبر میں دنیا کے قدرتی عجائبات کے زیر عنوان جو صفحات شائع ہوئے ہیں۔ ان میں بحر اوقیانوس کو دنیا کا سب سے بڑا سمندر لکھ دیا گیا ہے حالانکہ دنیا کا سب سے بڑا سمندر بحر الکاہل ہے — قارئین تصحیح فرمالیں۔ —— (ایڈیٹر)

ہندوستان - پاکستان
اور دیگر جگہوں کے لئے
آمدورفت اور تجارتی سامان بھیجنے کے لئے ہماری رہنمائی سے فائدہ اٹھائیں، سامان بھجوانے کا خاطر خواہ تسلی بخش انتظام
نوٹ:- ہوائی سروس کا زائد از اصل اجرت کچھ نہیں لیا جاتا۔
فون نمبر: — تار کا پتہ:- ایجنسی
انڈین ٹریول ایجنسی
گلی قاسم جان — بلیماران دہلی (ہندوستان)

بقائے حق اور فنائے باطل

(از امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد)

قرآن حکیم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنی تمام تعلیمات کی بنا ایک خاص حقیقت، قانون پر رکھی ہے [illegible]

وقت کی پکار

[illegible]

سوال و جواب

سوال

انگریز کے زمانہ میں تو مسلمانوں کو حق تھا کہ اسلام کی تبلیغ و اشاعت کریں اور مذاہب پر تنقید کرکے اسلام کی برتری کا ثبوت دیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آزادی کے بعد مسلمان اپنے اس حق کا استعمال نہ کر سکیں گے [illegible]

جواب

جہاں تک ہندوستان کے دستور اساسی اور قانون کا تعلق ہے مسلمانوں کو مذہبی تبلیغ کا پورا حق حاصل ہے [illegible]

سوال

[illegible]

جواب

[illegible]

سوال

[illegible]

جواب

[illegible]

(باقی کالم ۳ پر)

سوال و جواب

[illegible]

سوال

[illegible]

جواب

[illegible]

[illegible]	مجموعی آبادی	ہندوستانی
[illegible]	[illegible]	[illegible]

غزل

[illegible]

رباعی

[illegible]

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا - ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے
ناگ ہیئر ڈائی کمپنی
صدر بازار دہلی

Daily
Aljamiat
ESTD. 1925
Delhi-12-12-49

۱۹۵۱-۵۲ء تک ہندوستان کو پٹ سن کی پیداوار میں خودکفیل بنانے کا پروگرام

۱۳، ۱۴ دسمبر کو کلکتہ میں کانفرنس ہوگی

کٹک ۱۰ دسمبر۔ سردار [illegible] ایڈیشنل سیکرٹری وزارت زراعت کلکتہ کانفرنس سے قبل ہندوستان کے ان علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں جہاں پٹ سن کی کاشت ہوتی ہے۔ کلکتہ کانفرنس میں جو ۱۳ دسمبر کو منعقد ہو رہی ہے۔ اس بات پر غور کیا جائے گا کہ ۱۹۵۱-۵۲ تک ہندوستان کو پٹ سن کے معاملہ میں کس طرح خود کفیل بنایا جائے۔ سردار [illegible] کا دورہ کرنے کے بعد [illegible] کو کلکتہ روانہ ہو جائیں گے۔ سردار صاحب نے اڑیسہ حکومت کے وزیروں اور افسروں سے ملاقات کی اور ان سے [illegible]

[illegible]

[illegible] ختم

[illegible]

ٹیلیفون کا سامان تیار کرنے کیلئے لندن کی کمپنی سے معاہدہ

ہندوستان سے مال لنکا برما اور نیپال کو بھی سپلائی کیا جائیگا

لندن ۱۰ دسمبر۔ حکومت ہند نے لندن کی ایک ٹیلیفون بنانے والی کمپنی "اسٹینڈرڈ ٹیلیفون اینڈ کیبلس لمیٹڈ لندن" سے ایک معاہدہ کیا ہے۔ یہ کمپنی ہندوستان کی ضرورت کے لئے رسل و رسائل کا سامان ہندوستان میں تیار کرے گی۔ اس مقصد کے لئے کمپنی مذکور ہندوستان میں ایک کارخانہ بھی قائم کرے گی یہ معاہدہ بیس سال کے لئے ہوا ہے۔ [illegible] مذکورہ بالا معاہدہ کیا ہے توقع ہے کہ کارخانہ مذکور کا بنا ہوا سامان تین چار سال کی مدت [illegible] ایک کروڑ روپیہ سالانہ کی قیمت کا مہیا کرے گا کمپنی مذکور ہندوستانیوں کو اس قسم کا سامان تیار کرنے [illegible] دے گی۔ ہندوستان سے برما، لنکا اور نیپال کو بھی مذکورہ بالا سامان مہیا کیا جائے گا۔

(رپٹ - رائٹر)

صوبہ کرناٹک کے سوال پر

مسلمان ممبران استعفے نہیں دیں گے

دہلی ۹ دسمبر۔ اے آئی سی سی کو کرناٹک کے ممبروں کے استعفے کی ابھی تک کوئی سرکاری اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔

پونا [illegible] اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بمبئی کی مجلس قانون ساز کے مسلمان ممبروں کے لیڈر مسٹر اے اے خاں نے کہا کہ کرناٹک سے مسلمان ممبروں کے استعفے دینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ انہوں نے صوبہ کرناٹک کے بننے کی تائید کی لیکن استعفے دینے کی مخالفت [illegible] دوسرے ممبران کو مشورہ دیا کہ وہ مستعفی نہ ہوں۔ (یو پی آئی)

سومالی لینڈ پر اطالوی تولیت کی بحث میں ہندوستان کی شرکت

آسٹریلیا کی پرزور تجویز - فیصلہ فی الحال ملتوی

لیک سکیس ۱۰ دسمبر۔ [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

سائیکل مارکیٹ دہلی

[illegible]

بازار کریانہ دہلی

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

فرخ آباد میں یو - پی پولیٹیکل کانفرنس کا اجلاس - پنڈت نہرو بھی آج پہونچ جائیں گے

مجلس مضامین پیش کرنے کیلئے نصف درجن قراردادیں منظور کرلی گئیں

فرخ آباد ۹ دسمبر۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو آج یہاں پہونچ رہے ہیں۔ [illegible]

پاکستان ممبر ہوگیا

کراچی ۱۰ دسمبر۔ [illegible] (رپ - ٹ - رائٹر)

گورنر سرواک کی حالت نازک

[illegible]

ہندوستان ۱۹۵۲ء کے بعد بھی خوراک میں خودکفیل نہ بن سکے گا

کئی سال تک بھاری مقدار میں غلہ درآمد کرنا ہوگا

اسٹرلنگ علاقوں سے مطلوبہ مقدار مہیا ہونا آسان نہیں

نئی دہلی ۱۰ دسمبر۔ حکومت ہند نے خوراک جمع کرنے اور تقسیم کرنے کی جو تین سالہ اسکیم بنائی ہے [illegible]

ٹریڈ یونین

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

لیاقت علی

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

فوجوں کو قومی بنانے کا فیصلہ

[illegible]

شانتی نکیتن

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

کمیشن کے چیرمین کا اعلان

[illegible]

ازمحکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور

اشتہار

[illegible]

بنام

[illegible]

ازمحکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور

(پاکستان)

اشتہار

نوٹس بنام فریق ثانی

[illegible]

بنام

[illegible]

ضروری اطلاع

منشی سید اظہر علی ولد حامد علی قوم سید ساکن مراد آباد محلہ نواب پورہ جو ہماری فرم میں عرصہ سے کام کرتا تھا اس کو ہم نے اپنی فرم سے علیحدہ کر دیا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے ہماری فرم کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ لہٰذا ہر شخص خصوصاً آڑھتیان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ منشی اظہر علی سے کسی قسم کا لین دین اس فرم کے متعلق نہ کریں۔ فرم ہذا ان کے کسی فعل کی ذمہ دار نہیں۔

المشتہر
رحمت اللہ اینڈ سنز فروٹ مرچنٹ کمیشن ایجنٹ
میوہ منڈی مرادآباد

مچھلی کے شکار کا سامان
بہترین اور ارزاں
ایم صالح اینڈ کمپنی
337 عبدالرحمن اسٹریٹ بمبئی 3

اردو ہندوستانی زبان ہے [illegible]

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

نمبر ۹۷

تصحیح
الجمعیۃ کے سنڈے ایڈیشن مورخہ ۱۱ر نومبر میں دنیا کے قدرتی عجائبات کے زیر عنوان جو معلومات شائع ہوئی ہیں۔ ان میں بحر اوقیانوس کو دنیا کا سب سے بڑا سمندر لکھ دیا گیا ہے حالانکہ دنیا کا سب سے بڑا سمندر بحر الکاہل ہے۔ قارئین تصحیح فرمالیں۔ (اڈیٹر)

روزنامہ الجمعیۃ
سنڈے ایڈیشن

ہندوستان - پاکستان
اور دیگر ممالک کے لئے
آمد و رفت اور تجارتی سامان بھیجنے کے لئے ہماری ایجنسی سے فائدہ اٹھائیں۔ سامان بھجوانے کا خاطر خواہ تسلی بخش انتظام
نوٹ:۔ ہوائی سروس کا ڈاک اور اصل اجرت کچھ نہیں لیا جاتا۔
فون نمبر:۔
تار کا پتہ:۔ ایجنسی
انڈین ٹریول ایجنسی
[illegible]

فون نمبر:۔ ۵۱۳۵
تار کا پتہ:۔ الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ڈھائی آنے | جلد ۳۱ | دہلی پیر ۱۲ دسمبر ۱۹۴۹ء مطابق ۲۹ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۹ ہجری | نمبر ۲۹۶ | قیمت فی پرچہ دو آنے

بقائے حق اور فنائے باطل

(امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد)

قرآن حکیم کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنی تمام تعلیمات کی بنیاد ایک خاص حقیقت و قانون پر رکھی ہے۔ [illegible]

وقت کی پکار

(جناب آزرش پرتاب گڑھی)

دکھیاروں کے سینے سے جو آہوں کو دن رات نکالا کرتے ہیں
ہر گام کو منزل کرتے ہیں موجوں کو کنارا کرتے ہیں
[illegible]

یہ وقت کا طوفانی دھارا کہتے ہیں کہ آن کو اے آزرش
جو آج بھی فرضی محبوبہ کی زلف سنوارا کرتے ہیں!

سوال و جواب

سوال

انگریز کے زمانہ میں تو مسلمانوں کو حق تھا کہ اسلام کی تبلیغ و اشاعت کریں اور مذاہب پر تنقید کرکے اسلام کی برتری کا ثبوت دیں لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آزادی کے بعد مسلمان اپنے اس حق کا استعمال نہ کرسکیں گے اور ان کی اس جدوجہد کو شاید برداشت نہ کیا جائے گا۔ اب سمجھنے کی بات یہ ہے کہ کیا ہندوستان میں ہمارے علماء فریضۂ تبلیغ کے بغیر اسلام کو قائم رکھ سکیں گے؟ اور اس کوتاہی کے لئے مسلمان بارگاہ الٰہی میں جوابدہ نہ ٹھہریں گے؟

جواب

جہاں تک ہندوستان کے دستور اساسی اور قانون کا تعلق ہے مسلمانوں کو [illegible]

اگر عیسائی اور آریہ سماجی اپنے اپنے مذہب کی اشاعت کے لئے کوشش کرسکتے ہیں تو مسلمانوں کو اس حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ [illegible]

بیشبہ مسلمانوں کو اسلام کی اشاعت کا حق حاصل ہے۔ لیکن اس کی مفید شکل یہ ہے کہ مسلمان اپنی عملی زندگی کو اسلام کے سانچے میں اس طرح ڈھالیں کہ وہ دوسروں کے لئے نمونہ بن جائیں۔ [illegible]

سوال

وفاداری کا مطلب کیا ہے؟ [illegible]

جواب

اصل میں اس قسم کی باتیں غلط فہمی پیدا کرتی ہیں! [illegible]

سوال

آجکل اس بات کا بہت چرچا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند [illegible]

جواب

[illegible]

(باقی کالم ۳ پر)

سوال و جواب

[illegible]

سوال

[illegible]

جواب

[illegible]

نام ملک	مجموعی آبادی	ہندوستانی
[illegible]	۴۰۵۵۰۰۰	۹۰۹۰۰
ٹانگانیکا	۵۴۹۱۰۰۰	۴۴۳۰۰
یوگنڈا	۳۹۹۳۰۰۰	۳۳۹۰۰
جنوبی افریقہ	۱۱۲۵۸۳۰۰	۲۸۲۳۵۰
[illegible]	۵۹۰۰۰۰	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
سیلون	[illegible]	[illegible]
فجی	[illegible]	[illegible]
برٹش گنی	[illegible]	[illegible]
جامیکا	۱۲۵۰۰۰۰	[illegible]

غزل

(جناب ستوم [illegible])

کاش ایسی ہی بات ہو جائے
غم سے حاصل نجات ہو جائے

دل کی بازی لگا تو دی لیکن
آرزو ہے کہ مات ہو جائے

[illegible]

دل کی تسکین اور الفت میں
ان کا گر التفات ہو جائے

وقت تکمیل زندگی ہے وہی
غرق غم جب حیات ہو جائے

منکشف کاش تجھ پہ اے ناظر
فرق ذات و صفات ہو جائے

آپ چاہیں تو تیرہ بختوں کی
شام غم چاندرات ہو جائے

لطف جب ہے ستوم ان کے حضور
آنکھوں آنکھوں میں بات ہو جائے

رباعی

(جناب [illegible])

بیکار کے جھگڑوں میں پڑا کرتے ہیں
بے فائدہ آپس میں لڑا کرتے ہیں
مرغوں کی لڑائی تو سنی تھی حضرت
اب شیخ و برہمن بھی لڑا کرتے دیکھا

سفید بالوں کو سیاہی میں تبدیل کرنے والا - ناگ مارکہ خضاب ہر جگہ ملتا ہے
ناگ ہیئر ڈائی کمپنی
صدر بازار دہلی

ESTD. 1925
Daily Aljamiat
Delhi-12-12-49

سنہ ۵۲-۱۹۵۱ء تک ہندوستان کو پٹ سن کی پیداوار میں خود کفیل بنانے کا پروگرام

۱۳ دسمبر کو کلکتہ میں کانفرنس ہوگی

[illegible]

ٹیلیفون کا سامان تیار کرنے کیلئے لندن کی کمپنی سے معاہدہ

ہندوستان سے مال لنکا برما اور نیپال کو بھی سپلائی کیا جائیگا

لندن ۱۰ دسمبر۔ حکومت ہند نے لندن کی ایک ٹیلیفون بنانے والی کمپنی "اسٹینڈرڈ ٹیلیفون اینڈ کیبلس لمیٹڈ لندن" سے ایک معاہدہ کیا ہے۔ [illegible]

(رپورٹ۔ رائٹر)

صوبہ کرناٹک کے سوال پر مسلمان ممبران استعفے نہیں دیں گے

[illegible]

بازاروں کے بھاؤ

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

سائیکل مارکیٹ دہلی

[illegible]

بازار کریانہ دہلی

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

سوملی لینڈ پر اطالوی تولیت کی بحث میں ہندوستان کی شرکت

آسٹریلیا کی پرزور تجویز - فیصلہ فی الحال ملتوی

[illegible]

فرخ آباد میں یو۔پی پولیٹکل کانفرنس کا اجلاس - پنڈت نہرو بھی آج پہونچ جائیں گے

مجلس مضامین پیش کرنے کیلئے نصف درجن قراردادیں منظور کرلی گئیں

[illegible]

پاکستان ممبر ہوگیا

[illegible]

گورنر سرواک کی حالت نازک

[illegible]

ہندوستان ۱۹۵۲ء کے بعد بھی خوراک میں خود کفیل نہ بن سکے گا

کئی سال تک بھاری مقدار میں غلہ درآمد کرنا ہوگا

اسٹرلنگ علاقوں سے مطلوبہ مقدار مہیا ہونا آسان نہیں

[illegible]

ٹریڈ یونین

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

لیاقت علی

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

فوجوں کو قومی بنانے کا فیصلہ

[illegible]

شانتی نکیتن

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

کمیشن کے چیرمین کا اعلان

[illegible]

ازمحکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور
اشتہار
[illegible]
فریق اول — سائل
بنام
[illegible]
دستخط حاکم

ازمحکمہ امین جائیداد تارکین بہاولپور
(پاکستان)
اشتہار
نوٹس بنام فریق ثانی
[illegible]
بنام
[illegible]
دستخط حاکم

ضروری اطلاع
[illegible]
المشتہر
رحمت اللہ اینڈ سنز فرفٹ مرچنٹ کمیشن ایجنٹ
میوہ منڈی مرادآباد

مچھلی کے شکار کا سامان
بہترین اور ارزاں
ایم صالح اینڈ کمپنی
337 عبدالرحمن اسٹریٹ بمبئی ۳

[illegible]

سنڈے ایڈیشن
دہلی
الجمعیۃ
۱۲ دسمبر ۱۹۴۹ء

اقتصادی کانفرنس

اسرار احمد آزاد

ایک مشہور روایت یہ ہے کہ ایک مرتبہ شیطان نے کسی بزرگ کو اس درجہ غافل بنا دیا کہ وہ صبح کی نماز وقت پر ادا نہیں کر سکے اور طلوع آفتاب کے بعد جب آنکھ کھلی تو انہیں نماز قضا ہو جانے کا اتنا رنج ہوا کہ انہوں نے تمام دن جناب باری میں آہ و زاری کرتے ہوئے گذار دیا لیکن دوسری صبح کو انہیں یہ دیکھ کر سخت حیرت ہوئی کہ اسی شیطان نے جو کل صبح نماز کو قضا کرانے کا موجب بنا تھا انہیں نماز کے وقت سے پہلے ہی بیدار کر دیا ہے اور جب ان بزرگ نے شیطان سے اس کی اس نیک کرداری کی وجہ دریافت کی تو اس نے جواب دیا کہ آپ کی گریہ وزاری اور احساس ندامت کی بدولت آپ کو جو ثواب حاصل ہوا ہے وہ بروقت نماز ادا کرنے کے ثواب سے مقابلہ میں کہیں زیادہ ہے اس لئے میں نے یہی مناسب سمجھا کہ آپ کو زیادہ ثواب کا مستحق بننے کی بجائے میں خود ہی آپ کو بروقت بیدار کر دوں۔ یہ روایت اپنی جگہ صحیح ہے یا غلط یہاں اس امر کی تحقیق مطلوب نہیں لیکن اسے مسلمانان عالم کی اجتماعی زندگی پر منطبق کرکے ایک اہم سبق ضرور حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اتحاد اسلامی کی تحریکات

دوسری عالمگیر جنگ کے بعد سے اس وقت تک عالم اسلام کو متحد کرنے کی متعدد تحریکات سامنے آتی رہی ہیں لیکن چونکہ یہاں ان تمام تحریکات کا احاطہ کرنا دشوار ہے اس لئے ہم صرف دو تحریکات کا ذکر کرکے ان میں سے تازہ ترین تحریک کے متعلق اظہار خیال کریں گے۔

ابھی چند ہی ماہ گذرے ہیں کہ پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری خلیق الزماں صاحب نے اسلامستان کے قیام کا نعرہ بلند کیا تھا لیکن ان کے اس ارادہ کی اطلاع موصول ہوتے ہی ہفت روزہ الجمعیۃ میں اس خیال کا اظہار کیا گیا تھا کہ

"یہ تحریک برطانیہ کے استعمار پسندوں کی دماغی تخلیق ہے اور چونکہ فلسطین کے معاملہ میں مشرق وسطیٰ کے عوام برطانیہ کی فریب کارانہ حکمت عملی سے بیزار ہو گئے ہیں اس لئے انہیں اپنا آلۂ کار بنانے کی غرض سے برطانوی مدبروں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے۔"

اور اگرچہ ہمارے بعض احباب اور قارئین نے اس وقت ہماری اس رائے سے اظہار اختلاف بھی کیا تھا لیکن چودھری صاحب جب مشرق وسطیٰ کے ممالک کا دورہ ختم کرنے کے بعد لندن پہنچے تو مسلم لیگ کے ترجمان اور پاکستان کے نیم سرکاری جریدہ روزنامہ "ڈان" نے خود اس تحریک کی مخالفت میں ایک افتتاحیہ لکھا اور ان تمام شکوک و شبہات کا جن کا اظہار سب سے پہلے الجمعیۃ میں کیا گیا تھا اعتراف کیا اور یہ تسلیم کرنے کے بعد قیام اسلامستان کی تحریک سے مسلم لیگ اور حکومت پاکستان کو بے تعلق ثابت کرتے ہوئے۔

اس کی تمام تر ذمہ داری نہ صرف چودھری صاحب ہی پر عائد کر دی بلکہ انہیں اس تحریک سے دست بردار ہونے کا بھی مشورہ دیا اور آج ہمارے یہ احباب اور قارئین معترف ہیں کہ اس مسئلہ پر ہمارے خیالات بالکل صحیح تھے۔

اقتصادی تنظیم

حال ہی میں اس نوع کی ایک اور تحریک شروع ہوئی ہے اور اس کا اولین مظاہرہ کراچی میں بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس کے انعقاد کی شکل میں کیا گیا ہے اور حالات کی ظاہری شکل کے اعتبار سے اس تحریک کو مسلمانان عالم کے لئے نقصان رساں سمجھنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی لیکن اگر مشرق وسطیٰ کی موجودہ اقتصادی، معاشی اور سیاسی پیچیدگیوں، مغربی استعمار پسندوں کے ساتھ اس خطۂ ارض کے ارباب اقتدار کے روابط نیز برطانیہ اور امریکہ کے مابین موجودہ تجارتی مقابلہ کو سامنے رکھ کر اس تحریک پر غور کیا تو اس بین مشرق وسطیٰ کے ان رہنماؤں کا کردار جو اس تحریک کے حامی ہیں ان بزرگ سے بہتر نظر نہیں آئے گا جنہیں خود شیطان نے بروقت نماز ادا کرنے کے لئے بیدار کر دیا تھا۔

موجودہ صورت حالات

مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورت حالات یہ ہے کہ اول تو ابھی تک اس خطۂ ارض کے بیشتر ممالک میں قدیم جاگیردارانہ نظام کا منحوس سایہ قائم ہے اور دوسرے وہاں کے تمام ممالک کسی نہ کسی مغربی طاقت کے زیر اثر ہیں اور اس طرح اندرونی اور بیرونی رجعت پسندوں کا اتحاد باہمی ان ممالک میں اس پرانے اقتصادی اور معاشی نظام کی بقا کا ذمہ دار بنا ہوا ہے جس کے لئے آج دنیا کی وسعتیں تنگ ہوتی جا رہی ہیں۔

ان حالات میں اس امر کی کوئی توقع نہیں کی جا سکتی کہ ان ممالک کے ارباب اقتدار خود کوئی ایسا قدم اٹھائیں گے جو ان کے اقتدار کی کامل تباہی اور عوام کی (اقتصادی) اور معاشی اور فلاح و بہبود کا موجب ہو سکے گا۔

کراچی کانفرنس

کراچی میں جو بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس منعقد ہوئی ہے بہت ممکن ہے کہ بعض بہت کم نظر حلقوں میں اس پر اظہار اطمینان و مسرت کیا جائے لیکن اس کی تمام تر کارروائی کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد جو حقیقت منکشف ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اب چونکہ مشرق وسطیٰ میں بھی قدیم جاگیردارانہ نظام کی بقا کا کوئی امکان نظر نہیں آتا اس لئے اب ایسے صنعتی سرمایہ داروں کی گرفت میں منتقل کرنے کی تیاریاں کی جا رہی ہیں اور اگرچہ اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جاگیرداری کے مقابلہ میں صنعتی سرمایہ داری بہر حال ایک ترقی پسند رجحان کی حیثیت رکھتی ہے لیکن صرف اقتدار کے اس کی بدولت قوت و طاقت کسی فرد واحد یا ایک خاندان کے ہاتھوں سے نکل کر چند افراد یا افراد کے متعدد گروہوں کے ہاتھوں میں منتقل ہو جاتی ہے لیکن جہاں تک عوام کا تعلق ہے اس تغیر سے ان کی زندگی میں کوئی تبدیلی رونما نہیں ہوتی۔

برطانیہ کی مشکلات

آج برطانیہ بہت سی داخلی اور خارجی مشکلات میں مبتلا ہے اور دوسری عالمگیر جنگ کی بدولت مشرق قریب اور مشرق وسطیٰ میں امریکی سرمایہ داروں کے داخلے نے نہ صرف اس خطۂ ارض میں اس کے سیاسی اثر و اقتدار کو شدید طور پر مجروح کر دیا ہے بلکہ اس کے لئے تجارت کا میدان بھی تنگ ہوتا جا رہا ہے اور اگرچہ ہندوستان نے دولت مشترکہ میں رہنے کا فیصلہ کیا ہے لیکن چونکہ برطانوی ارباب حل و عقد خود اپنی کمزوریوں سے واقف ہیں اس لئے وہ محسوس کرتے ہیں کہ جہاں تک صنعتی ترقی اور تجارت کا تعلق ہے وہ ہندوستان کو زیادہ عرصہ تک اپنی حکمت عملی کا پابند نہ رکھ سکیں گے اور ہندوستان جلد یا بدیر اس معاملہ میں امریکہ کے ساتھ وابستہ ہو جائے گا۔ برطانیہ کی پوری تاریخ اس امر پر شاہد ہے کہ وہ کبھی آسانی سے اپنی شکست کو قبول نہیں کرتا اور ہر نقصان کو زیادہ سے زیادہ نفع بخش بنانے کی جدوجہد میں

(باقی کالم ۵ پر)

شذرات

تھکے ہوئے کانگریسی

کانگریس کے صدر ڈاکٹر پٹابھی سیتا رامیا نے بھاگلپور میں کانگریسی کارکنوں کے روبرو تقریر کرتے ہوئے کہا کہ

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کانگریسی تیس سال تک مسلسل خدمات انجام دیتے رہنے کے بعد تھک گئے ہیں اب ان میں پہلے جیسا جذبۂ عمل نہیں پایا جاتا اور وہ اپنی سابقہ خدمات کا صلہ حاصل کرنے میں پیش پیش نظر آتے ہیں۔

ڈاکٹر سیتا رامیا نے اپنے رفقاء کار کے متعلق جن الفاظ میں اظہار خیال کیا ہے وہ انکی متانت اور احساس ذمہ داری کے مظہر ہیں در حقیقت یہ ہے کہ آج کانگریسی کارکنوں کی بے عملی ہی نہیں بلکہ بدعملی نے کانگریس کو اس درجہ کمزور اور غیر مقبول بنا دیا ہے کہ خود کانگریس کے صدر کو بھی آئندہ انتخابات عمومی میں اس کی کامیابی مشکوک نظر آنے لگی ہے۔ چنانچہ اپنی اس تقریر میں انھوں نے یہ بھی فرمایا ہے

ممکن ہے کہ کانگریس آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کر لے لیکن ۱۹۵۶ء کے انتخابات میں کیا ہوگا؟

انڈین نیشنل کانگریس دنیا کی عظیم ترین سیاسی جماعتوں میں ایک ممتاز جماعت تصور کی جاتی تھی لیکن کیا یہ امر حیرت اور افسوس کا موجب نہیں کہ تخریبی جد و جہد کے دور سے نکل کر تعمیری منزل میں قدم رکھتے ہی بقول ڈاکٹر سیتا رامیا اس کے کارکن نہ صرف تھک ہی گئے ہیں بلکہ ان میں خود غرضی اور کانگریس کے اعلیٰ مقاصد سے بے پرواہی کا جذبہ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ اور آزادی کی پہلی منزل میں انھیں وہ افسوسناک شکست حاصل ہوئی ہے جس کی نظیر دنیا کی پوری تاریخ میں بھی نہیں مل سکتی۔ تاریخ ہمیشہ خود کو دہراتی ہے اور قدرت کا یہ اٹل قانون ہے کہ تباہی اور بربادی کے راستہ پر چلنے والا کبھی بقا و تعمیر کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا اور اگر آج ہمارے یہ تھکے ہوئے ساتھی نئے عزم اور نئے جذبۂ عمل کے ساتھ کانگریس کے حقیقی مقاصد کی تکمیل کے لئے نہ اٹھ سکے تو اگرچہ وہ ہندوستان کی ترقی کو تو بند نہیں کر سکیں گے لیکن کانگریس کی تاریخ کو ایک قصۂ پارینہ ضرور بنا دیں گے۔

سامان عبرت

پنجاب کے گذشتہ فسادات کے زمانہ میں تبدیل مذہب یا اغوا کی بدولت جو مسلمان مغربی پنجاب میں رہ گئے تھے انھیں برآمد اور پاکستان منتقل کرنے کی غرض سے جالندھر میں ایک کیمپ قائم کیا گیا تھا لیکن پچھلے چند ماہ سے دوسرے علاقوں کے مسلمان بھی اس کیمپ میں داخل ہو کر پاکستان جانے لگے تھے مگر اب پاکستان کی حکومت نے اپنے یہاں مسلمانوں کا داخلہ ممنوع قرار دے دیا ہے اور انھیں دہلی واپس بھیجا جا رہا ہے۔

جو لوگ آج بھی پاکستان کو اپنا وطن سمجھ کر وہاں جانے کے خواہشمند ہیں انھیں اس واقعہ سے عبرت حاصل کرنی چاہیئے اور اس سلسلہ میں اس امر کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے کہ آج بھی ہمارا یہ ہمسایہ ملک بعض مسلمانوں کی غیر ذمہ دارانہ حرکات کی بدولت بین الاقوامی معاملات میں اپنے لئے نفع کی راہیں کھولنا چاہتا ہے اور آج بھی اس کے ارباب حل و عقد ہندوستان کے مسلمانوں کو اپنے فائدہ کے لئے استعمال کرنے سے دریغ نہیں کرتے۔ لیکن ہندوستانی مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ کسی حال میں بھی اس کے لئے اس امر کا موقع بہم نہ پہونچائیں۔

لنکا کے مسلمان

بین الاسلامی اقتصادی کانفرنس منعقدہ کراچی میں لنکا کے وفد کے رکن مسٹر رزاق کی تقریر سے یہ معلوم کرکے بیحد مسرت حاصل ہوئی ہے کہ لنکا کے ۵ لاکھ مسلمان نہ صرف اپنے ملک کی حکومت ہی سے مطمئن ہیں بلکہ انھوں نے اکثریت کے فراخدلانہ طرز عمل سے متاثر ہو کر سیاسی طور پر خود کو کامل طور پر اکثریت کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے۔ موصوف نے یہ بھی کہا ہے کہ:

"اگرچہ لنکا کے مسلمانوں کی انفرادیت بدستور قائم ہے مگر دونوں فرقوں کے تعلقات بہت ہی خوشگوار ہیں۔"

جہانتک کسی اقلیت کے ساتھ حکومت کے طرز عمل کا معاملہ ہے فاشی حکومتوں کے علاوہ دنیا کی کوئی حکومت بھی اقلیت اور اکثریت میں کوئی فرق اور امتیاز روا نہیں رکھ سکتی لیکن اصل سوال حکومت کے قانون یا طرز عمل کا نہیں بلکہ اکثریت کے طرز عمل کا ہے اور اگر کسی ملک کی اکثریت اقلیت کے ساتھ مساوی اور شریفانہ سلوک نہیں کر سکتی تو حکومت کے لئے بھی اقلیت کو مطمئن کرنا ناممکن ہو جاتا ہے۔

ہندوستان میں جو لوگ آج بھی اقلیتوں کی انفرادیت کے خاتمہ پر زور دیکر انہیں نامطمئن بنانے کے موجب بنے ہوئے ہیں انہیں لنکا کی اکثریت سے سبق حاصل کرنا چاہیئے۔

سیر و سیاحت

سیاح کے قلم سے

مہاشہ خوشحال چند جی ایڈیٹر "ملاپ" نے بہت دن کے بعد [illegible] مہاشہ خوشحال چند جی نے سنیاسی کا روپ دھارن کر لیا۔ برسوں پہلے مہاشہ منشی رام جی نے سوامی شردھانند کا روپ دھارن کیا تھا۔ اور اب مہاشہ خوشحال چند جی کے جو دل میں آیا تو سوامی کے "آنند" بن گئے ــ اب آنند سے بانسری بجائیں گے ــ نہ کمانے کی دھن اور نہ کھانے کی فکر ــ

اوم چھٹے بہشت سے گیہوں کے واسطے
دنیا سے وہ نکل گئے تپسیا کی چاٹ میں

دل چاہتا تھا کہ پنڈت نہرو کو مشورہ دیں کہ وہ کس چکر میں پڑے ہیں۔ دن رات ہندوستانی جھگڑوں کی فکر رہتی ہے ــ کبھی پارلیمنٹ میں کبھی سیکرٹریٹ میں ــ ایک پیر گھر میں تو ایک پیر باہر ــ خواہ مخواہ اپنے آپ کو گھلا رکھا ہے۔ مہاشہ خوشحال چند جی کی طرح سنیاسی بنیں۔ ایک ہاتھ میں لاٹھی اور ایک ہاتھ میں کمنڈل ــ کسی پہاڑ کی کھوہ میں جا کر تپ کریں سب اپنے آپ ٹھیک ہو جائے گا۔

مگر ڈر یہ ہے کہ پنڈت نہرو امریکہ کی گھما گھمی دیکھ آئے ہیں جہاں آدمی دنیا کو تیاگتا نہیں بلکہ لیتا ہے۔ کہیں مشورہ بیکار نہ جائے یا یہ بھی ممکن ہے دو چار الٹی سیدھی سننی پڑیں ــ کیوں کہ پنڈت جی کو جلد غصہ آ جاتا ہے ــ اس لئے وزیر اعظم کے بجائے ہمارا روئے سخن ان اخبار نویسوں سے ہے جن کے سر پر ہر وقت قوم کو ابھارنے کا خبط سوار رہتا ہے ــ یہ بہتر موقع ہے ان کے لئے "آنند کی زندگی" گذارنے کا ــ

یوں بھی مہاشہ جی ایک اخبار نویس ہیں ــ یا کبھی تھے ــ ان کی پیروی کرنے کا فرض کسی اور سے زیادہ اخبار نویسوں پر ہے ــ اس وقت دیش کو پنڈت نہرو کے قول کے مطابق زائد پیداوار یا محنت کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ مہاشہ جی کے نقش قدم پر "سنیاسیوں" اور تیاگیوں کی ضرورت ہے ــ "سنیاس اور تیاگ" ہی آج دیش کو اس نازک حالت سے بچا سکتا ہے جس میں وہ اس وقت پھنس گیا ہے۔

پہچ ہے اخبار نویس ذرا "تیاگ" سے گھبراتے ہیں ــ مثلاً وہ ایک سگریٹ بھی نہیں تیاگ سکتے اور یہاں بیوی تک کو تیاگنا ہوگا ــ مگر سوال یہ ہے جب مہاشہ جی اپنی دھرم پتنی کو "ماتا" کہہ کر پکار سکتے ہیں تو آپ ایسا کیوں نہیں کر سکتے ــ اور سب اخبار نویس "دھرم پتنی" والے بھی تو نہیں ہیں۔ کم از کم راقم الحروف کے تین اخبار نویس دوست ایسے ضرور ہیں جو ابھی دھرم پتنی نہیں رکھتے ــ ان کے سنیاسی بننے کے لئے تو بس ایک ہی راستہ کافی ہے ــ اور جو ابھی دھرم پتنیاں رکھتے ہیں وہ مہاشہ جی کی طرح اپنے اس ارادے کو اپنے بڑے لڑکے [illegible] ــ "سنیاس" میں اتنی رعایت رکھی گئی ہے ــ

لیکن سنیاس اور تیاگ کا جو پھل ظاہر ہوگا اس کو دیکھتے ہوئے ہمیں یقین ہے "دھرم پتنی والے" اور "بے دھرم پتنی والے" دونوں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش کریں گے ــ [illegible] یہ بات ہے اخبار نویسوں کے نئے جوتوں کو [illegible] کی طرح گھستے رہتے ہیں اور اس پر بھی ہر حال نہیں کہ [illegible] سکیں ــ سنیاسی بھر آنے کے لئے کافی ہے کہ مہاشہ جی نے "سوامی آنند" بنتے ہی [illegible] ان کی جھولی میں تین ہزار جمع کئے ــ [illegible] اخبار نویسوں کی [illegible] تین ہزار جمع ہو سکے گا۔

بات اصل میں یہ ہے کہ یہ سب تیاگ کا پھل ہے ــ دھن دولت روٹی چینی اور راشن سب اپنے آپ "تیاگی اور سنیاسی" کی طرف کھچا چلا آتا ہے ــ یہ اخبار نویس اگر "تیاگنا" شروع کر دیں تو ان کا بھی بھلا ہو جائے اور دنیا کا بھی ــ ان کا اس لئے کہ ان کی جھولی ہر وقت بھری رہے اور دنیا کا اس لئے کہ یہ اخبار نویس اور اخبار نہ ہوں تو دنیا کے اندر کوئی مسئلہ ہی پیدا نہ ہو ــ اقتصادی، فوجی اور سیاسی ــ یہ سارے مسائل اگر اخبار نویس نہ اچھالے تو کسے معلوم ہو دنیا میں کیا ہو رہا ہے ــ ہر شخص "آنند کی زندگی" گذارے ــ مگر اس اخبار نویس نے دنیا کو "بے آنند" بنا رکھا ہے۔

مہاشہ خوشحال چند جی نے بڑی اچھی خدمت انجام دی کہ اخبار نویسوں کے لئے ایک ایسی راہ پیدا کر دی کہ وہ "چھٹی اور دو دو" حاصل کر سکیں گے ــ بڑے عرصہ سے ورکنگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے قیام کی کوششیں ہو رہی ہیں تاکہ اخبار نویسوں کو جس بری طرح رگیدا جاتا ہے اس کا ازالہ ہو مگر اب ان کوششوں کی ضرورت نہیں ــ ایک ہاتھ میں لاٹھی اور ایک ہاتھ میں کمنڈل ــ اور پھر انشکی جستجو ہو تو دنیا سے منہ پھیر لو ــ کوئی دنیا کا ٹھیکہ تھوڑا ہی لیا ہے ــ "آزاد بھارت" ہوا ہے تو ہوا کرے ــ اس وقت خود کو آزاد کرنے کی ضرورت ہے ــ جب ہی ہمارے دلدر دور ہوں گے ــ

"ٹھہری رہنے" میں کیا ہے نازکی بات
"تپ" کے رہنا ہے امتیاز کی بات
چاہتی تھی زباں کرے تو صحیح
دل پکارا کہ ہے یہ راز کی بات

(بقیہ تبصرہ)

مصروف رہتا ہے اور آج بھی جبکہ اس کی سلطنت میں آفتاب غروب ہونے لگا ہے۔ وہ مایوس ہو کر بیٹھ رہنے کی بجائے اپنے زوال پذیر اقتدار کو بحال کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہے۔

دو ضرورت مندوں کا اتحاد

پاکستان اور برطانیہ آج دو سیاسی ضرورتوں میں مبتلا ہیں، ہندوستان کو جنوبی مشرقی ایشیا میں جو مقبولیت حاصل ہوتی جا رہی ہے۔ ہند اور پاکستان کے تعلقات کی موجودہ نوعیت کے پیش نظر ہند کی یہ مقبولیت پاکستان کے لئے قدرتی طور پر ناقابل برداشت ہونی چاہیئے اور حالات شاہد ہیں کہ ہمارا یہ قیاس غلط نہیں۔ اس کے مقابلہ میں پاکستان کے لئے صرف یہی صورت باقی رہ جاتی ہے کہ وہ مشرق قریب اور مشرق وسطیٰ کے اسلامی ملکوں میں اپنے اثر و اقتدار کو ترقی دے۔ اور برطانیہ کی ضرورت یہ ہے کہ اس خطۂ ارض میں اس کے اثر و نفوذ کو جو نقصان پہونچا ہے جس حد تک بھی ممکن ہو اس کی تلافی ہو جائے اور ایران، سعودی عرب نیز فلسطین اور مصر میں امریکہ کو جو کامیابی حاصل ہوتی جا رہی ہے۔ اگر اسے زائل نہ کیا جا سکے تو کم از کم دوسرے ملکوں کو امریکی اثر سے محفوظ رکھے۔

ظاہر ہے کہ جس طرح پاکستان کی ضرورت اسکی آزادانہ اور براہ راست جد و جہد سے پوری نہیں ہو سکتی اسی طرح اب برطانیہ بھی اپنی براہ راست کوششوں سے اپنے مقصد کو حاصل نہیں کر سکتا اور اسی لئے آج اس معاملہ میں مشرق و مغرب ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے پر آمادہ ہوئے ہیں لیکن جہاں تک عوام کا تعلق ہے انہیں اس تحریک سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ اس کے برعکس اس طرح ان کی غلامی اور اقتصادی بدحالی کی مدت طویل تر ہو جائے گی۔

یہاں یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ مغربی استعمار پرست قدامت پسندی کے مظہر جاگیردارانہ نظام کے مقابلہ میں صنعتی سرمایہ داری ایسے ترقی پسندانہ رجحان کی تائید پر کیوں آمادہ ہو گئے ہیں؟ اس کا جواب یہی ہے کہ وہ عوامی انقلاب کے مقابلہ میں بہر حال اس امر کو بہتر سمجھتے ہیں کہ انھیں ایک نسبتاً ترقی پسند تحریک [illegible]

پس منظر

سوویٹ روس اور یوگوسلاویہ کے اختلافات نیز مقدم الذکر اور اینگلو امریکن گروہ کی سرد جنگ کے سلسلہ میں بار بار "کومن فورم" کا ذکر آتا رہتا ہے۔ اور حال میں یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ اس جماعت یورپ کے ان ملکوں کے عوام کو بھی اس کے ساتھ وابستہ نہیں بقائے امن کے متحد اور منظم کرنے کی باقاعدہ مہم شروع کر دی ہے۔ لیکن بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ یہ جماعت ہے اور اس کے مقاصد کیا ہیں۔

کومن فورم

(آزاد)

کومن فورم مخفف ہے "انفارمیشن بیورو آف دی کمیونسٹ پارٹیز" کا۔ جس کا مطلب ہے کمیونسٹ پارٹیوں کا ادارہ اطلاعات ۱۹۴۳ء کے وسط میں دوسری عالمگیر جنگ کی بدولت پیدا ہونیوالے حالات کے پیش نظر لینن کی قائم کی ہوئی مزدوروں کی بین الاقوامی جماعت کمیونسٹ انٹرنیشنل (کومنٹرن) کے توڑ دیئے جانے کے بعد دنیا کی کمیونسٹ پارٹیوں کی کمیونسٹ تحریک کے ربط و اتحاد باہمی کے قیام کے لئے کوئی ذریعہ باقی نہیں رہا تھا۔ اور اس طرح دور حاضر کی اس زبردست تحریک میں ایک افسردگی اور بے ربطی پیدا ہو گئی تھی۔

ان حالات کے پیش نظر ستمبر ۱۹۴۷ء میں یوگوسلاویہ، بلغاریہ، رومانیہ، ہنگری، سوویٹ روس، فرانس، چیکوسلاواکیہ، پولینڈ اور اطالیہ کی کمیونسٹ پارٹیوں کے نمائندوں کی ایک کانفرنس پولینڈ میں منعقد ہوئی۔ اور دیگر امور پر تبادلۂ خیالات کے علاوہ یہ بات بھی طے ہوگئی کہ ــ چونکہ موجودہ صورت حالات میں مختلف ممالک کی کمیونسٹ پارٹیوں کے مابین ربط باہمی کے کسی ذریعہ کی عدم موجودگی تحریک کے لئے ایک زبردست کمی کی حیثیت رکھتی ہے اسلئے اس کانفرنس میں شریک ہونے والی کمیونسٹ پارٹیوں کے نمائندوں پر مشتمل "انفارمیشن بیورو آف کمیونسٹ پارٹیز" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جائے۔

چنانچہ یہ ادارہ اسی قرارداد کی منشا کے مطابق قائم کیا گیا تھا۔ اور مذکورہ بالا نو ممالک کی کمیونسٹ پارٹیوں کے دو دو نمائندوں پر مشتمل تھا۔ لیکن اب یوگوسلاویہ کی کمیونسٹ پارٹی اس جماعت سے علیحدہ ہو گئی ہے۔ ان نمائندوں کو منتخب کرنے اور واپس بلانے کا حق صرف کومن فورم کے رکن ممالک کی کمیونسٹ پارٹیوں کی مرکزی مجالس ہی کو حاصل ہے اور اس ادارے کے قیام کا مقصد ــ مختلف کمیونسٹ پارٹیوں کے تجربات کو ایک دوسرے تک پہنچانا اور بر وقت ضرورت باہمی رضامندی سے مختلف ممالک کی کمیونسٹ پارٹیوں کی سرگرمیوں کے درمیان اتحاد عمل پیدا کرنا ــ قرار دیا گیا ہے۔

یوگوسلاویہ کی علیحدگی سے قبل اس جماعت کا صدر مقام بلغراد تھا۔ لیکن اب اسے بخارسٹ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ یہاں سے روسی، انگریزی، اور فرانسیسی زبانوں میں اس کا ایک پندرہ روزہ اخبار "فار اے لاسٹنگ پیس، فار اے پیپلز ڈیماکریسی" (یعنی "پائدار امن اور عوامی جمہوریت کے لئے") بھی شائع ہوتا ہے۔

کومن فورم چونکہ اشتراکی تحریک پر تنقیدی نظر ڈالنے والا ادارہ ہے اور رکن ممالک کی کمیونسٹ پارٹیوں کی تمام سرگرمیوں کو اسی نظر سے دیکھتا اور اصلاحی تجاویز پیش کرتا رہتا ہے۔ اسی لئے اسکے اراکین نے یوگوسلاویہ کی کمیونسٹ پارٹی پر بھی اصلاحی اور تعمیری نکتہ چینی کی تھی۔ لیکن چونکہ یوگوسلاویہ کی کمیونسٹ کی مرکزی مجلس نے اس تنقید کے بعد اصلاح احوال کی جانب کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ اس لئے ۱۹۴۸ء کے وسط میں اسے کومن فورم کی رکنیت سے خارج کر دیا گیا۔ اب البانیہ بھی اس جماعت کا رکن بن گیا ہے۔

بیت المقدس کو ایک جدید عرب شہر بنا دیا جائے

مشہور انگریزی اخبار دی ٹائمز کا مشورہ

لندن ۱۰ دسمبر۔ دی ٹائمز مشہور انگریزی اخبار نے لکھا ہے کہ بیت المقدس کے مسئلہ کا قابل قبول حل صرف یہ ہے کہ اس کو ایک عرب شہر بنا دیا جائے۔

اخبار مذکور نے اپنے افتتاحیہ میں لکھا ہے کہ اقوام متحدہ کی یہ سکیم کہ شہر کو بین الاقوامی کنٹرول کے ماتحت دے دیا جائے نہ تو یہودیوں کے لئے قابل قبول ہے اور نہ عربوں کے لئے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ شہر کا زیادہ حصہ جس میں پرانا شہر بھی شامل ہے وہ مقدس ہے اور مذہبی اہمیت رکھتا ہے۔ اگر نئے شہر کو عربوں کو بھی اجازت دی گئی تو پرانے شہر میں ان کے مفاد کا بھی تحفظ ہو جائے گا اور یہ نیا شہر بین الاقوامی مرکز بھی قرار پا سکتا ہے۔

اخبار نے لکھا ہے کہ شرق اردن اور اسرائیل کے مفاد کو بغیر کسی نقصان کے پہونچائے شہر مقدس بھی رہ سکتا ہے اور اس کو وہ بین الاقوامی حیثیت بھی حاصل ہو سکتی ہے جس کی تجویز فی الحال کی جا رہی ہے۔ وہاں مختلف مذاہب کے لوگ اپنے سیاسی اختلافات کو فراموش کر دیں گے۔

امریکہ کے ایک مشہور اخبار "نیو یارک ٹائمز" نے لکھا ہے کہ ابھی وقت ہے کہ اقوام متحدہ بیت المقدس کا ایک ایسا حل تلاش کریں جو منصفانہ اور سب کے لئے قابل قبول بھی ہو۔ مقدس شہر کی حفاظت سب سے زیادہ اہم مسئلہ ہے۔ نیز اس کی حفاظت پر مشرق وسطیٰ کے امن کا انحصار ہے۔ (رپ ٹ)

اطالیہ میں باغی کسانوں کی گرفتاریاں

پولیس زمین واپس لے رہی ہے

روم ۱۰ دسمبر۔ جن باغی کسانوں نے ناجائز طور پر زمینوں پر قبضہ کر لیا ہے ان سے زمینیں واپس لینے کی سخت مہم جاری ہے۔ روم کے ارد گرد [illegible] زمین پر کسانوں نے قبضہ کر لیا تھا۔ پولیس نے سخت جد و جہد کرکے اس زمین کے بہت سے حصہ کو خالی کرا لیا ہے۔ لیکن اب بھی ۶ ہزار ایکڑ زمین پر باغی کسانوں کا قبضہ ہے۔

سسلی اور سارڈینیا میں پولیس کی مزاحمت کی گئی لیکن پولیس کے خلاف تشدد کا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔

حکومت ترکیہ ۵۳ جہاز خرید رہی ہے

انقرہ ۱۰ دسمبر۔ حکومت ترکیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ امریکی امداد سے کروڑ روپیہ سے ۵۳ جہاز خریدے جائیں ان میں دو لائنر جہاز بھی شامل ہیں اور دوسرے جہازوں میں چار چھوٹے اسٹیمر اور آٹھ ساحل کی حفاظت کرنے والے جہاز شامل ہیں۔ (رپ ٹ ۔ رائٹر)

غیر مسلم اساتذہ کے چلے جانے سے کمی پر خواجہ ناظم الدین کا اظہار افسوس

میک لیگن کالج لاہور کے طلباء سے تقریر

لاہور ۱۰ دسمبر۔ (ا پ ا) میک لیگن کالج کے طلبا سے تقریر کرتے ہوئے پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے کہا کہ پاکستان اس وقت تک خوشحال نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی اپنی صنعتیں نہ ہوں۔ آپ نے کہا کہ بد قسمتی سے ہمارے ملک میں صنعتی ماہرین کی کمی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے ماضی میں اس طرف توجہ نہیں دی [illegible]

[illegible]

پولیس کے چھاپے

[illegible]

شاہجہانپور میں پولیس کی موجودگی میں لوٹ مار کے واقعات رونما ہوئے

اقلیتی فرقہ کے لوگوں کی رپورٹیں درج نہیں کی گئیں۔ دستخط متعلق مولانا محمد اسمٰعیل کی رپورٹ

لکھنؤ ۱۰ دسمبر۔ مولانا محمد اسمٰعیل صاحب ممبر اسمبلی یو۔ پی نے شاہجہانپور کے پولیس افسروں کے [illegible]

[illegible]

مجلس متحدہ اقوام میں ہند نے جو کام انجام دیا ہے اس کی اہمیت روز افزوں ہو رہی ہے

بیشتر منظور شدہ قراردادوں میں ہند کی مساعی کو دخل ہے

مجلس تحفظ اور دوسرے اداروں میں ہند کی نمایاں کامیابی پر سر راؤ کا اظہار مسرت

لیک سکسیس ۱۰ دسمبر۔ [illegible]

[illegible]

غیر جانب داری کے اثرات

[illegible]

انڈونیشیا کا مسئلہ

[illegible]

جیپ الٹنے کا حادثہ

دو ہلاک تین زخمی ہوئے

بھاولپور ۱۰ دسمبر۔ ایک جیپ میں چند شکاری ایک ہرن کا پیچھا کر رہے تھے کہ یکایک جیپ الٹ گئی جس سے دو آدمی ہلاک اور تین زخمی ہوئے۔ (ا ب ٹ)

مسٹر ڈگمبر ریاست حیدر آباد کانگریس کے صدر منتخب ہوگئے

حیدر آباد دکن ۱۰ دسمبر۔ ریاستی کانگریس کے سکریٹری جنرل نے اعلان کیا ہے کہ مجلس عاملہ کے ایک ممبر مسٹر ڈگمبر راؤ بندو کو سال رواں کے لئے کانگریس کا صدر منتخب کر لیا گیا ہے۔ صدارت کے لئے کل آٹھ امیدوار تھے ان میں سے سوامی رامانند تیرتھ بھی تھے لیکن سات نے اپنے نام واپس لے لئے اور مسٹر ڈگمبر میدان میں تنہا رہ گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ ریاستی کانگریس کے دونوں مخالف گروہوں میں سمجھوتہ ہو جانے کی وجہ سے سات امیدواروں نے اپنے نام واپس لے لئے تھے۔

بین الاقوامی قانون کے مطابق خود مختار حکمراں کو انضمام یا سپردگی کا حق حاصل ہے

عوام حرف گیری نہیں کر سکتے۔ پدوکوٹہ کے انضمام کے مقدمہ میں سرکاری وکیل کا بیان

[illegible]

ٹریڈ یونینوں کی بین الاقوامی کنفیڈریشن کے اہم اجلاس

۳۰ نکاتی پروگرام متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا

لندن ۱۰ دسمبر۔ ٹریڈ یونین کی بین الاقوامی کنفیڈریشن نے ۳۰ نکاتی پروگرام کو متفقہ طور پر منظور کر لیا ہے [illegible]

مارچ کے آخر تک برطانوی فوجیں سومالی لینڈ خالی کر دیں گی

برطانوی نمائندہ کے تولیتی کمیٹی میں اعلان

لیک سکسیس ۱۰ دسمبر۔ برطانیہ نے اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی کو بتایا ہے کہ مارچ کے آخر تک برطانوی فوجیں سومالی لینڈ [illegible]



اعصابی جنگ

جب ہم کوئی بے اعتدالی کرتے ہیں تو اس کا نتیجہ تمام اعصاب پر پڑتا ہے [illegible]

شباب آور

[illegible]

ہمدرد دواخانہ (وقف) دہلی

Hamdard
DAWAKHANA DELHI

چیف اسٹاکسٹ

[illegible]



مشہور و معروف نصیر واچ کمپنی میرٹھ کا سالانہ [illegible] اعلان

تصدیق شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی

[illegible]

مقبول عام نیو ڈیزائن [illegible]

بیمار گھڑیوں کا ہسپتال

[illegible]

شیخ عبد السلام صدیقی منیجر نصیر واچ کمپنی [illegible]

خوشگوار زندگی بنانے کا اسلامی آئین

[illegible]

ادارہ انتخاب رسالت پبلشنگ دہلی

اسرائیل یروشلم کے بارے میں اقوام متحدہ کے فیصلہ کی مزاحمت کریگا

شہر میں گڑبڑ اور فوجی مقابلہ کی دھمکی

اسرائیل کے وزیر خارجہ اور یروشلم کے میئر کا بیان

تل ابیب ۱۰ دسمبر۔ اسرائیل کے وزیر اعظم بن گورین آج یہاں واپس آکر اپنی کابینہ کا ایک ہنگامی اجلاس طلب کریں گے جس میں بیت المقدس کو بین الاقوامی بنانے کے جنرل اسمبلی کے فیصلہ پر غور کیا جائے گا۔

[illegible]

عراق کے نئے وزیر اعظم

بغداد ۱۰ دسمبر۔ یہاں کے عام طور پر باخبر حلقوں نے بتایا کہ عراق کے سینیٹ کے ۵۲ سالہ رکن علی جودت الایوبی سے جو پہلے واشنگٹن میں عراق کے سفیر تھے کہا گیا کہ وہ نوری السعید پاشا وزیر اعظم عراق کی جگہ سنبھالیں [illegible] (پ ٹ رائٹر)

مغربی یوپی، سی پی، مدھیہ بھارت، سوراشٹر میں سردی زیادہ ہوگی

آسام دارجلنگ میں بارش کا امکان

پونا ۱۰ دسمبر (پ ٹ ا) آج موسم کے حالات کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

[illegible]

سرہند کے عرس میں کشمیری مسلمانوں کی شرکت!

[illegible]

اطالوی صومالی لینڈ کے مستقبل کے سلسلہ میں اقوام متحدہ کا اقدام

اٹلی سے گفت وشنید کرنے کے لئے تولیتی کمیٹی نے ایک سب کمیٹی مقرر کردی

لیک سکسیس ۱۰ دسمبر۔ اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو اطالوی صومالی لینڈ کے متعلق اٹلی سے سمجھوتہ کی گفت وشنید کرے گی۔ [illegible]

پناہ گزین بوڑھی عورتوں کی رہائش

[illegible]

آندھرا صوبہ بنانے کا مطالبہ

یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا خطبہ

[illegible]

برما میں داخل ہونیوالی چینی فوجیں

حکومت برما غیر مسلح کرے گی

[illegible]

پاکستان سے واپسی کے پرمٹ

[illegible]

ہندوستان کے اندر فرانسیسی بستیوں کا ریفرنڈم ملتوی ہوگیا!

بستیوں پر قبضہ رکھنے کے لئے حکومت فرانس کی نئی چال!

نئی دہلی ۱۰ دسمبر۔ ہندوستان کے اندر فرانسیسی بستیوں میں جو ریفرنڈم کل ہونے والا تھا۔ اس کے متعلق یہاں [illegible]

چین اور ہند چینی کی سرحد پر امن وسکون ہے

[illegible]

اگلے سال آسام میں ۱½ لاکھ ایکڑ میں پٹ سن بویا جائیگا

[illegible]

دارالسلطنت ۔۔۔ دسمبر ۱۹۴۹ء

(نامہ نگار خصوصی)

بیس ہزار کے بیمہ پارسل غائب

[illegible]

اونی چیزوں کی نمائش

[illegible]

دہلی میں کسٹوڈین سے متعلق حضرات کیلئے

[illegible]

چین کی سرکاری فوجیں منتشر ہوگئیں۔ سپاہیوں کے گروہ کمیونسٹوں کے سامنے ہتھیار ڈالنے لگے

سنکیانگ کے گورنر نے بھی کمیونسٹوں سے صلح کی بات چیت شروع کردی

فارموسا کی آبادی میں قوم پرستوں کی مخالفت کا جذبہ بڑھنے لگا

[illegible]

چینی کیلئے یوپی کی مرکز سے درخواست

[illegible]

یوپی کا قابل تقلید ضلع

[illegible]

اقوام متحدہ سے امداد کی درخواست

[illegible]

ہندوستان میں ہندو اسٹیٹ بنانے کے منصوبے

(بقیہ صفحہ ۔۔۔)

[illegible]

جمعیۃ العلماء کا ذکر خیر

[illegible]

فرخ آباد میں پنڈت نہرو کی تقریر

(بقیہ صفحہ ۔۔۔)

دستور پر عمل کی ضرورت

[illegible]

نئے آئین پر مبارکباد

[illegible]

پیداوار بڑھانے کی ضرورت

[illegible]

پنڈت نہرو کی روانگی

[illegible] (پ ٹ ا)

ہندوستان کا دفاع

(بقیہ صفحہ ۳)

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

کمیونسٹوں نے بغیر لڑے یونان کے دارالسلطنت کن منگ پر قبضہ کرلیا

آج جمہوریہ انڈونیشیا کی فوجیں بٹاویہ میں داخل ہو جائینگی

چنگتو پر بھی ایک یا دو دن میں کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جائیگا

تمام نیشنلسٹ فوجیں سنکیانگ کے صوبہ کی طرف بھاگ رہی ہیں

ہانگ کانگ ۱۰ دسمبر۔ یونان کا سابق دارالسلطنت کن منگ انتہائی ڈرامائی طریقہ پر کمیونسٹوں کے ہاتھوں میں چلا گیا ہے۔ چینی اخبارات کا بیان ہے کہ امن و سلامتی قائم رکھنے والا نیشنلسٹوں کا دستہ کمیونسٹوں سے جا ملا ہے۔

[illegible]

چنگتو پر آخری حملہ کی تیاریاں

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

ایران اپنے معاملات میں غیر ملکی مداخلت برداشت نہیں کریگا

لندن میں ایرانی سفارتخانہ کے اسٹاف کے ایک ممبر کا اعلان

لندن ۱۰ دسمبر۔ مسٹر اے ایچ ہمزوی جو لندن میں ایرانی سفارتخانہ کے پریس اتاشی ہیں [illegible] ایران چاہتا ہے کہ اسے اکیلا چھوڑ دیا جائے۔

[illegible]

پٹسن کے مال کے متعلق سرکاری اعلان

[illegible]

انتقال اختیارات کی تقریبات کے انتظامات شروع ہوگئے

وزیر اعظم انڈونیشیا ہالینڈ میں ۲۷ دسمبر کو ملکہ جولیانا سے آزادی کا چارٹر حاصل کریں گے

جوگ جاکرتا ۱۰ دسمبر۔ جمہوریہ انڈونیشیا کی فوجیں کل بٹاویہ میں داخل ہو جائیں گی۔ بٹاویہ نئی جمہوریہ کا جو ہیگ کی حالیہ گول میز کانفرنس کے نتیجہ میں وجود میں آرہی ہے دارالسلطنت بن رہے گا۔

[illegible]

تقریب کی نمایاں

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

ہندوستان کا آئین ایک کارنمایاں ہے۔ جس پر ہمیں فخر کرنا چاہئے

اگر صحیح اسپرٹ میں کام نہ کیا تو یہ آئین کاغذی بنکر رہ جائیگا

فرخ آباد کانفرنس میں وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

عوام سے محنت سے کام کرنے اور ملک کے لئے زیادہ دولت پیدا کرنے کی اپیل

[illegible]

یوگوسلاویہ کے فوجی مشن کے تمام ممبران کی گرفتاری

[illegible]

نیویارک ہیرالڈ ٹریبیون کا فورم

دو ہندوستانی طلباء کا انتخاب

[illegible]

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علیخان نے امریکہ کی دعوت منظور کرلی

[illegible]

شنگھائی میں تاروں پر سنسر

[illegible]

ناجائز ریڈیو کی اطلاع پر انعام

[illegible]

ایرانی وفد دہلی آرہا ہے

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

سردار پٹیل پلانی جائیں گے

[illegible]

ہند اور پاکستان کو روس کی طرف سے یکساں خطرہ ہے۔ دونوں مل کر ہی اپنے دشمن کو روک سکتے ہیں

اشتراک کے بغیر ہندوستان کی حفاظت ممکن نہیں ہے

ہندوستان کی مشرقی کمان کے ایک سابق انگریز کمانڈر کے خیالات

[illegible]

سکریٹری ہندو مہاسبھا نے ہندوستان کے چار کروڑ مسلمانوں پر فرد جرم عائد کردی

جمعیۃ العلماء کی پالیسی پر حملے۔ پھر وہی ہندو اسٹیٹ کے قیام کی رٹ

[illegible]

مہاسبھا کا پروگرام

[illegible]

پاکستان اور افغانستان کے مسلمانوں کی حضرت مجدد الف ثانی کے عرس میں شرکت

حکومت ہند نے سہولتیں دینے اور دیگر انتظامات کا یقین دلادیا ہے

[illegible]

مسوری میں برفباری شروع

[illegible]

روس کے اشتراک کے ساتھ چینی جنوب میں پیش قدمی کرسکتے ہیں

پیکنگ کانفرنس پر برطانیہ کے اخبار "اکنومسٹ" کا تبصرہ

[illegible]

یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کے اجلاس میں کھدر کی اہمیت کی قرارداد منظور

مہاتما گاندھی اور مسٹر نائیڈو کے بارے میں ماتمی ریزولیوشن

[illegible]

کشمیر کے جنگلات میں کام شروع ہوگیا

[illegible] (پ ٹ رائٹر)

راجکماری امرت کور انڈونیشیا جائینگی

[illegible]

آسام میں کانگریس کے پانچ لاکھ ممبر

[illegible]

کرناٹک کانگریس کمیٹی کے صدر دہلی آکر استعفے پیش کریں گے

[illegible]

مراسلات اور خیالات

(جن کے ساتھ ہمارا متفق الرائے ہونا ضروری نہیں)

-: (۱) :-

تبدیلی کیا ہوئی ہے؟

انگریز کے دور میں کہا جاتا تھا کہ ہماری غربت، افلاس، تباہی اور جہالت کا سبب صرف غلامی ہے۔ جب ہم آزاد ہو جائیں گے تو یہی دکھوں سے بھرپور دنیا جنم زدن میں خوشیوں کی جنت میں بدل جائے گی۔ ہر کوئی پیٹ بھر کر کھانا کھائے گا، تعلیم ملے گی، رہنے کو مکان ملے گا، روزگار ملے گا اور زندگی کی وہ تمام آسائشیں میسر ہوں گی جن کی انسان کو ضرورت ہے۔

وہاں کے سینما اور عوام کی بول چال ذریعہ ہوا کرتی ہے کہ اس ملک کی زبان یہ ہے۔ جب ہم اپنے وطن کا جائزہ لیتے ہیں تو سوائے اردو کے دوسری زبان کا گمان تک نہیں ہوتا۔ اخبارات، ریڈیو، نہرو جی کی تقریریں اور عوام کی بول چال سب اسی میں ہیں۔

اُردو کا مستقبل

عراق کے نامور سیاستدانوں اور وزیر ایوان نمائندگان کے رکن شیخ محمد رضا الشبیبی نے اخبار "الرعد" کی ۶ نومبر کی اشاعت میں ایک مضمون "ہندوستان کی قومی تحریک سے سبق" کے زیر عنوان سپرد قلم کیا ہے جسے ذیل میں درج کیا جاتا ہے:-

پنڈت نہرو کے دورہ پر عراق کے تاثرات

"ہندوستان کے وزیر اعظم پنڈت نہرو نے صدر ٹرومین کی دعوت پر امریکہ کا دورہ کیا جس کی صدائے بازگشت آپ فضائے عالم میں چھوڑ گئے ہیں۔ اس دورہ نے دنیا میں ایک ہل چل پیدا کر دی ہے۔ اس دورہ کے پہلو یہ ہیں کہ پنڈت نہرو کا بہت شاندار استقبال کیا گیا۔ اور وزیر اعظم نے جو تقریریں کی ہیں وہ تاریخ کو بھلا دینے والی ہیں۔ دنیا بھر کے لوگوں نے ان تقریروں کو بڑی دلچسپی سے پڑھا۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ پنڈت نہرو کا دورہ بہت زیادہ کامیاب رہا اور اس کی اہمیت دنیا کے مختلف ممالک کے بہت سے دیگر لیڈروں کے امریکہ جانے اور دورہ کرنے سے بہت ہی زیادہ ہے۔

ہندوستان نے اتنے تھوڑے عرصے میں ہی دنیا کی قوموں میں اتنی ممتاز حیثیت کیسے حاصل کر لی؟

اردو ہندوستانی زبان ہے

اردو ہندوستانی زبان ہے۔ مگر یہ کیسی ہے۔ بلکہ کی مدد کے آسان اردو شارٹ ہینڈ کے ذریعہ اردو شارٹ ہینڈ سیکھئے جو اردو اور ہندی دونوں میں لکھی جا سکتی ہے۔ قیمت ۲/۸ روپے۔ اردو پنسل ایکسٹرا رنگ کل خورد۔ جانگیا حبش خان۔ دہلی

ضرورت

مڈل پاس یا فیل طلباء جو ہرمن کو سیکھ کر آل راؤنڈ ڈاکٹر بننا چاہیں۔ اس علاج میں صرف تیرہ ادویات سے انسانی جسم کے تمام امراض کا کامیابی سے علاج ہوتا ہے۔ آج تک کوئی سائنس اس علاج کو چیلنج نہیں کر سکا۔ تعلیم بذریعہ خط و کتابت گھر بیٹھے ایک ماہ میں ایم۔ بی۔ ایچ۔ کی ڈگری۔ قواعد مفت

پتہ:- میگنیٹو کیورانسٹی ٹیوٹ (۵) گاندھی نگر پوسٹ شاہدرہ دہلی

ہیڈ آفس ساگر سی پی
ستارہ بیڑی
ہمیشہ پیا کیجئے
برانچ آفس باڑہ ہندو راؤ دہلی

ستارہ چھاپ بیڑی پینے سے آپ کا زبردست فائدہ ہے

بیت المال کے قیام کا مسئلہ ایک اہم مسئلہ ہے اور ہندوستانی مسلمانوں کے موجودہ حالات کے پیش نظر ہم اس تحریک کو مفید ہی نہیں بلکہ ضروری بھی تصور کرتے ہیں۔ ذیل میں جو مقالہ درج کیا جا رہا ہے وہ اس سلسلہ میں عملی تجربات پر مبنی ہے اور آج ہم اس کی پہلی قسط شائع کر رہے ہیں۔ ہمیں توقع ہے کہ دیگر ارباب فکر و قلم بھی اس سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں گے۔

بیت المال

از شرافت علی صاحب سیوہاروی (فاضل دیوبند)

اسلامی حکومت کے زمانہ میں بیت المال اس مرکزی سرکاری خزانہ کا نام تھا جس میں حکومت کی ہر قسم کی آمدنیاں آکر جمع ہوتی تھیں اور اسلامی نظام حکومت کے مطابق قومی اجتماعی اور انفرادی ضروریات پر صرف کی جاتی تھیں۔

آج اگر ہم لفظ "بیت المال" سنتے ہیں تو قدرتی طور پر ذہن اسی طرف منتقل ہوتا ہے۔

سود

سود کا اثر

تہذیب تہذیب پکارنے والوں کو پنڈت نہرو کا انتباہ

محض باتوں سے کام نہیں چلتا۔ عمل کی ضرورت ہے

مردہ ماضی میں سر کھپانے سے کوئی فائدہ نہیں

فرخ آباد پولیٹیکل کانفرنس میں وزیر اعظم کی تقریر

فرخ آباد، ۸ دسمبر۔ پولیٹیکل کانفرنس بدھ کے اجلاس میں شہر کے میونسپل بورڈ کے سپاسنامہ کے جواب میں پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے جو تقریر کی اس میں ہندوستان کی تہذیب اور ثقافت اور تہذیب کے بلند بانگ دعووں کے متعلق خاص طور پر اشارہ کیا گیا۔ پنڈت جی نے بتایا کہ محض باتوں سے کام نہیں چلتا۔ بلکہ عمل کی ضرورت ہے۔ پنڈت جی نے زمانہ ماضی کی طرف لوٹنے کی ذہنیت کی مذمت کی۔

گوڈسے کا بیان پٹیالہ میں ممنوع

پٹیالہ، ۸ دسمبر۔ حکومت پٹیالہ و مشرقی پنجاب اسٹیٹس یونین نے ناتھو رام گوڈسے کے بیان کی اشاعت ممنوع قرار دے دی ہے۔

فلم کمپنی کے اسٹوڈیو میں آگ لگ گئی

ڈھائی لاکھ سے زیادہ کا نقصان

بمبئی، ۸ دسمبر۔ اندھیری کی ایک فلم کمپنی کا اسٹوڈیو آگ سے جل کر بالکل تباہ ہو گیا۔

پاکستان کی قومی تاریخ لکھی جائے گی

تاریخ بورڈ اسکیم تیار کر رہا ہے!

کراچی، ۸ دسمبر۔ پاکستان نے پاکستان کی قومی تاریخ لکھنے کے لیے ایک مکمل اسکیم تیار کی ہے۔

گورنر سر واگٹ چل بسے

سنگاپور، ۸ دسمبر۔ گورنر سرواکس سٹرو ڈٹھن اسٹیوارٹ کا انتقال ہو گیا۔ ان کو گذشتہ ہفتہ کے دن ملایا کے دو طالب علموں نے چھرے سے زخمی کیا تھا۔ اس سے پہلے کی اطلاع یہ بتائی گئی تھی کہ ان کی حالت نازک ہے۔ (رائٹر)

جنرل اسمبلی نے بیت المقدس کو بین الاقوامی بنانا منظور کر لیا ہے!

ٹرسٹی شپ کونسل شہر کیلئے جدید قانون تیار کرے گی

برطانیہ اور امریکہ کے نمائندوں نے مخالفت میں ووٹ دئیے

مشرقی جرمنی میں کوسولہ کیا فوجی مشن

چینی نیشلسٹ حکام پاکستان میں

فارموسا جانے کی اجازت مل گئی

ہندوستان میں انجن سازی کیلئے ٹیکنیکل امداد

انگلستان کی انجن ساز فرم سے معاہدہ

نکاسی جائیداد کا نیا آرڈیننس انصاف پر مبنی ہے۔ پنڈت نہرو کا اعلان

وزیر اعظم کی حیثیت سے میں اس کے لئے پوری طرح ذمہ دار ہوں

ہند دکھشیر کا نعرہ ہندوستان کو نقصان پہنچائیگا

ضلع اندھرا میں کانگریس کے تیل لاکھ ممبر

روح اسلام یا سیف بے نیام

جنرل نیوز دہلی

از محکمہ امین جائیداد متروکہ ضلع جالندھر (پاکستان)

اشتہار

نوٹس بنام فریق ثانی

سچا اعلان

مشہور تجارتی رسالہ روزگار سال بھر مطالعہ کرنے پر بھی اگر آپ روپیہ کمانے۔ آمدنی بڑھانے اور نئے نئے کاروبار کرنے کے قابل نہ ہوں یا رسالہ آپ کو پسند نہ آئے تو آپ پورا چندہ واپس لے لیں۔

سالانہ چندہ چار روپیہ

رسالہ روزگار (۵) نئی دہلی

شیخ الاسلام حضرت مولینا مدنی مدظلہ العالی

مولینا محمد طیب صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند۔ مولینا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و دیگر ملک کی بالا ترہستیوں کے مصدقہ دواخانہ رشیدیہ کی خصوصیات مجربات

معجون مسیحا ایک نئی زندگی پیدا کرتی ہے۔ اعضا کو مضبوط، قوت مردمی کو قوی کرتی ہے۔

معجون نشاط نہایت مقوی و ممسک ہے۔

طلاء نوایجاد

تریاق الرحم

طلاء مشکی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارنپور

درد نقرس، گٹھیا، جوڑوں کا درد، عرق النساء اور جسم کے ہر قسم کے درد کی مجرب دوا

امیکو سبز مالش (گرین لینامنٹ)

Amicos Green Linamint

امیکو سبز مالش:- سر سے لے کر پاؤں تک ہر قسم کے جسمانی دردوں کے لئے بے مثل دوا ہے۔ درد گٹھیا، ہڈی اور جوڑوں کا درد، عرق النساء، کمر اور پسلی کا درد اور باؤ درد وغیرہ میں بہت مجرب اور اکسیر دوا ہے۔ انفلوئنزا اور نمونیہ کے بخاروں میں سینہ اور پسلی پر مالش کرنے سے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ ہزاروں مریض اس دوا سے شفا پا چکے ہیں۔

امیکو سبز مالش:- میں کسی قسم کی چربی یا ناقص چیزوں کی آمیزش نہیں ہے پاکیزہ اور بہترین ادویات کا مرکب ہے۔ پرانے اور کہنہ مریض اس دوا کے استعمال سے اچھے ہو گئے ہیں۔

قیمت فی شیشی دو روپیہ آٹھ آنے۔ تین شیشیاں ۷ روپے

علاوہ محصول ڈاک

مزید معلومات اور دیگر امراض کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۵ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

معجون عنبری

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

دہلی کمرشل کارپوریشن، چاندنی چوک دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷ — قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ع

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — فون نمبر ۵۱۳۵

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ ر | جلد ۳۱ | دہلی — منگل ۱۳ دسمبر سنہ ۴۹ع مطابق ۲۱ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۹ھ | نمبر ۲۹۷ | قیمت فی پرچہ دو آنے

درجۂ حرارت طلوع و غروب

۱۳ دسمبر ۳-۷	غروب	۵-۲۵
۱۳ دسمبر ۳-۷	غروب	۵-۲۵
۱۴ دسمبر ۳-۷	غروب	۵-۲۶

سوشل ورک پاس کرنے والوں کو سرٹیفکیٹ

حیدرآباد کے گورنر جنرل شری راجگوپال آچاریہ نے بنگالی سوشل ورک کورس کے ۹۱ طلبا کو سرٹیفکیٹ تقسیم کئے اور ان کو نصیحت کی کہ وہ اپنا کام ایک مشنری کے سے جذبہ سے انجام دیں۔ مسز جان مٹھائی نے جو کورس کی آرگنائزر ہیں ہندوستان میں سوشل ورک کی تفصیل بتائی۔

مجلس متحدہ اقوام کی جنرل اسمبلی کا چوتھا اجلاس ختم ہوگیا

اسمبلی کے کام پر صدر اور سکریٹری جنرل کا اظہار اطمینان!

لیبیا کے کمشنر کے انتخاب میں سر ظفر اللہ کو تین اور ہالینڈ کو ۲۰ ووٹ ملے

مجلس اقوام کی سماجی اور اقتصادی کمیٹی کا ۱۱ واں اجلاس جنیوا میں ہوگا!

فارموسا کی حفاظت کیلئے تیس سال تک کے مرد اور عورتوں کو مسلح کرنیکا فیصلہ

نیشنلسٹوں نے آخری پناہ گاہ کو فوجی کیمپ بنانے کی تیاریاں شروع کردیں

برطانیہ میں قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا فوری حل ناگزیر ہے

لندن میں نواب مشتاق احمد گورمانی کا بیان!

آسٹریلیا کے نئے انتخابات میں لیبر پارٹی کو شکست ہوگئی!

لیبر پارٹی کے آٹھ سالہ دور حکومت کے بعد لبرل کنٹری پارٹی کی کامیابی

سینٹ کے انتخابات میں لیبر پارٹی کی اکثریت کا امکان!

صوبہ مدراس کی مجلس تقسیم میں اندھرا کا کوئی نمائندہ نہیں

کرناٹک کو صاف طور پر نظرانداز کیا گیا ہے۔ مسٹر نکادی کا بیان

سر گنگا رام کا بت امرتسر پہنچ گیا

صدر کی تقریر

یروشلم مذہبی اعتبار سے مقدس ہے اور تاریخی اعتبار سے اہم!

یروشلم میں بین الاقوامی حکومت کے قیام پر ٹائمز کا تبصرہ

حیدرآباد کے معاملات کو ان کی اصل شکل میں دیکھنے کا وقت آگیا ہے

ریاستی کانگریس کے ~~الیقہ~~ مسٹر راما نند تیرتھ کا بیان

مشرقی پاکستان میں امتناع شراب نوشی کا فیصلہ

ایکسائز منسٹر کا اعلان

یروشلم بین الاقوامی حکومت ہے سال میں ۷۰ لاکھ ڈالر صرف کریگی!

آدی باسیوں میں اتحاد باہمی کی اہمیت

پاکستان کے ترقی پسند مصنفین کے دفاتر پر

لاہور کی سی۔ آئی۔ ڈی کا چھاپہ!

سکریٹری نینی تال کانگریس مستعفی

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کرکے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے۔ مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

امسال حج بیت اللہ کی تقریب سعید پر حکومت ہند کی جانب سے ایک وفد حجاز بھیجا گیا تھا۔ ماہ گذشتہ کے آخری ہفتہ میں اس وفد نے ہندوستان واپس آکر ملک کے طول و عرض سے اس بات کا اظہار کیا کہ اس وفد کو اپنے مقاصد اور نتائج سفر کی تفصیلات پر مشتمل ایک رپورٹ شائع کرنی چاہئے۔ مندرجہ ذیل رپورٹ اسی عام خواہش کی پیروی میں شائع کی جارہی ہے۔ اس کے مطالعہ کے بعد اگر اس کی روشنی میں کوئی اور سوال دریافت کیا گیا تو اس کا جواب بھی پیش کیا جائے گا۔ (مدیر)

حجاز جانے والے ہندوستانی وفد کی رپورٹ

ہمارا کام

سلطان سے ملاقات

مدینہ طیبہ سے مراجعت

مدینہ منورہ کی حاضری

شکریہ

تکلیف دہ مشاہدہ

شرمناک بہتان

سوال وجواب

(بقیہ صفحہ اول)

سوال

کیا دنیا میں کوئی ایسا نظام حکومت بھی قائم ہوا ہے جس نے انسان کو حقیقی معنی میں خوشحال بنایا ہو؟ اگر قائم ہوا ہے تو کیا آج اس کا تجربہ نہیں کیا جاسکتا؟

جواب

ری پبلک (REPUBLIC)

جمہوریت (DEMOCRACY)

مارکسزم (MARXISM)

فاشزم (FASCISM)

امپیریلزم (IMPERIALISM)

کمیونزم (COMMUNISM)

سیکولرازم (SECULARISM)

(Philosophy for our times)

آغاز سے آگاہ نہ انجام سے ہے

محروم مشیت کے ہر انعام سے ہے

کیا خاک پنپ سکتی ہے وہ قوم سکوں

مطلب جسے مینا سے غرض جام سے ہے

طاقت اور جوانی



حاصل کرنے کیلئے ہمدم کا ماء اللحم استعمال کیجئے

ہمدم دواخانہ دہلی

کونل مارکہ خضاب

سفید بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ جلد پر دھبہ نہیں دیتا۔ ہر جگہ ملتا ہے۔ ایجنٹوں کی ہر شہر میں ضرورت ہے۔

سول ایجنٹ:- ایم۔ آر۔ ڈی، اردو بازار، دہلی

پرل کلوریم آئی ڈراپ

آنکھوں کی تمام بیماریوں کا شرطیہ علاج ہے

کمیونسٹوں نے بغیر لڑے یُنان کے دار السلطنت کن منگ پر قبضہ کر لیا

آج جمہوریہ انڈونیشیا کی فوجیں بٹاویہ میں داخل ہو جائینگی

چنگتو پر بھی ایک یا دو دن میں کمیونسٹوں کا قبضہ ہو جائیگا

تمام نیشنلسٹ فوجیں سنکیانگ کے صوبہ کی طرف بھاگ رہی ہیں

ہانگ کانگ ۱۰ر دسمبر یُنان کا سابق دار السلطنت کن منگ اتفاقی طریقہ پر کمیونسٹوں کے ہاتھوں میں چلا گیا ہے۔ چینی اخبارات کا بیان ہے کہ امن و سلامتی قائم رکھنے والا نیشنلسٹوں کا دستہ کمیونسٹوں سے جا کر مل گیا۔

ایران اپنے معاملات میں غیر ملکی مداخلت برداشت نہیں کریگا

لندن میں ایرانی سفارتخانہ کے اسٹاف کے ایک ممبر کا اعلان

لندن ۱۰ر دسمبر شہزادہ [illegible] جو لندن میں ایرانی سفارتخانہ کے پریس کونسلر ہیں انہوں نے جمعہ کے دن [illegible] کے اس مقالہ افتتاحیہ کی سخت تردید کی جس میں کہا گیا ہے کہ: ایران چاہتا ہے کہ اسے اکیلا چھوڑ دیا جائے۔

انتقال اختیارات کی تقریبات کے انتظامات شروع ہو گئے

وزیر اعظم انڈونیشیا ہالینڈ میں، ۲۷ر دسمبر کو ملکہ جولیانا آزادی کا چارٹر حوالے کریں گی

جوگ جاکرتا ۱۰ر دسمبر جمہوریہ انڈونیشیا کی فوجیں کل بٹاویہ میں داخل ہو جائیں گی بٹاویہ نئی جمہوریہ کا جو ہیگ کی حالیہ گول میز کانفرنس کے نتیجہ میں وجود میں آ رہی ہے دار السلطنت ہی رہے گا۔

تقریب کی تیاریاں

پٹسن کے مال کے متعلق سرکاری اعلان

چنگتو پر آخری حملہ کی تیاریاں

ہندستان کا آئین ایک کارنمایاں ہے۔ جس پر ہمیں فخر کرنا چاہئے

اگر صحیح اسپرٹ میں کام نہ کیا تو یہ آئین کاغذی بنکر رہ جائیگا

فرخ آباد کانفرنس میں وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

عوام سے محنت سے کام کرنے اور ملک کے لئے زیادہ دولت پیدا کرنے کی اپیل

یگوسلاویہ کے فوجی مشن کے تمام ممبران کی گرفتاری

نیویارک ہیرلڈ ٹربیون کا فورم

دو ہندوستانی طلبہ کا انتخاب

وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علیخاں نے امریکہ کی دعوت منظور کرلی

شنگھائی میں تاروں پر سنسر

ہند اور پاکستان کو روس کی طرف سے یکساں خطرہ ہے۔ دونوں مل کر ہی اپنے دشمن کو روک سکتے ہیں

اشتراک کے بغیر ہندستان کی حفاظت ممکن نہیں ہے

ہندستان کی مشرقی کمان کے ایک سابق انگریز کمانڈر کے خیالات

ناجائز ریڈیو کی اطلاع پر انعام

ایرانی وفد نئی دہلی آ رہا ہے

سردار پٹیل پلانی جائیں گے

سکریٹری ہندو مہاسبھا نے ہندستان کے چار کروڑ مسلمانوں پر فرد جرم عائد کردی

جمعیۃ العلماء کی پالیسی پر حملے۔ پھر وہی ہندو اسٹیٹ کے قیام کی رٹ

پاکستان اور افغانستان کے مسلمانوں کی حضرت مجدد الف ثانی کے عرس میں شرکت

حکومت ہند نے سہولتیں دینے اور دیگر انتظامات کا یقین دلایا ہے

مسوری میں برفباری شروع

روس کے اشتراک کے ساتھ چینی جنوب میں پیش قدمی کر سکتے ہیں

پیکنگ کانفرنس پر برطانیہ کے اخبار "اکانومسٹ" کا تبصرہ

یوپی پراونشل کانگرس کمیٹی کے اجلاس میں کھدر کی اہمیت کی قرارداد منظور

مہاتما گاندھی اور مسٹر نائیڈو کے بارے میں ماتمی ریزولیوشن

مہاسبھا کا پروگرام

کشمیر کے جنگلات میں کام شروع ہو گیا

آسام میں کانگرس کے پانچ لاکھ ممبر

راجکماری امرت کور [illegible]

کرناٹک کانگرس کمیٹی کے صدر [illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۳ر دسمبر ۱۹۴۹ء

قوم پرستی یا بین الاقوامیت؟

ایک زمانہ میں ایک شہر سے دوسرے شہر تک جانا بہت دشوار دکھائی دیتا تھا، اور ایک صوبہ سے دوسرے اور تیسرے صوبہ میں جانا تو اس قدر دقت طلب تھا کہ بہت کم لوگ اس کے لئے آمادہ ہوا کرتے تھے۔ آج سے ۲۵۔ بیس سال پہلے دہلی سے بمبئی اور کلکتہ جانے والوں کو لوگ بڑی حیرت سے دیکھتے تھے کہ اتنے دور کا سفر کرکے زندہ واپس آگئے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے دور میں حمل و نقل اور رسل و رسائل کے وسائل اس قدر وسیع نہ تھے جتنے کہ آج ہیں اس وقت سو میل کے سفر [illegible]

[illegible] کی جڑ ہے کس طرح انسانیت کے لئے قیامت بن سکتی ہے!

اس مسئلہ کو سمجھنے کے لئے نیشنلزم، نیشنلٹی، اور انٹرنیشنل ازم کا مطلب بھی سمجھ لینا چاہئے، نیشنلزم وہ قوم پرستی ہے جس کی رو سے کسی قوم کو اپنے فائدہ کے لئے دوسروں کو نقصان پہنچانا حلال ہو جاتا ہے، اس کی جڑ نسل پرستی ہے، جس کا ساری دنیا سے ٹھکانہ ہوتا ہے اور جو قومیت کے نام پر ہر ظلم اور زیادتی کو جائز سمجھتی ہے، اس کے مقابلہ میں بین الاقوامیت ہے جس کی [illegible]

اچھی باتیں

کل نفس بما کسبت رہینۃ (۱۷)
ہر نفس اپنے کسب و عمل سے جکڑا ہوا ہے۔

یہاں اس زبردست قانون کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو زندگی کے رخ متعین کرتا اور زندگی کے موڑوں کی طرف رہنمائی کرتا ہے یعنی ہر نفس کی بقا اس کے عمل پر موقوف ہے اور اس کا عمل تباہی سے بچاتا ہے۔ اگر ایک چیونٹی ایک مکھی ایک مکڑی اپنا عمل ترک کر دے اور وہ کوشش کرکے خوراک کے ذخیرے جمع نہ کرے تو انہیں خوراک پہنچانے کے لئے آسمان سے کوئی فرشتہ نہیں آئے گا اگر انسان زندگی کی جد و جہد میں عمل و اکتساب سے صرف نظر کرے تو وہ کتنے روز زندہ رہ سکے گا؟ آج یورپ نے اپنے عمل اور فکر کی طاقت سے دنیا کی کایا پلٹ دی اور اسے کامیابی حاصل ہوئی یہ خیال غلط ہے کہ تقدیر اور توکل عمل کی نفی کرتا ہے بلکہ بات یہ ہے کہ تقدیر پر ایمان ہی انسان کو حرکت دیتا ہے اور اسے منزل مقصود پر پہنچاتا ہے آج مسلمانوں نے عمل کی اہمیت کو نظر انداز کرکے تقدیر کا سہارا لیا اور برباد ہو گئے اگر وہ اٹھ سکتے ہیں تو عمل ہی کے سہارے اٹھ سکتے ہیں اور اسی راہ سے ان کا سفر طے ہو سکتا ہے۔

مباحث امروز (دوسروں کی زبانی)

پیش کرکے ان پر خود بھی فخر کیا جا سکے اور دنیا کے لئے بھی وہ قابل رشک ہوں۔ (سند کلکتہ)

ہند اور پاکستان

تقسیم سے پہلے فرقہ وارانہ مسائل ایک ملک کا اندرونی مسئلہ تھا، لیکن اب دو ملکوں کا سوال بن کر بین الاقوامی مسئلہ بن گیا ہے۔ پہلے مختلف فرقوں کے خراب تعلقات کا اثر ہندوستان تک ہی محدود رہتا ہے۔ لیکن ہند اور پاکستان کے خراب تعلقات کا اثر صرف دونوں ملکوں کی اقلیتوں یا عام آبادی تک محدود نہیں رہ سکتا۔ بلکہ آس پاس کے دوسرے ممالک بھی اس کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ اور اس سے ساری دنیا کی سیاست متاثر ہو کر رہے گی۔ اگر ہند اور پاکستان کے تعلقات اچھے ہیں تو یہی نہیں کہ یہ دونوں ملکتیں ایشیا کے اندر امن پسند طاقتوں کی معاون بن سکیں گی۔ بلکہ دوسرے ایشیائی اور غیر ایشیائی ملکوں کے ساتھ مل کر ساری دنیا کی تعمیر میں حصہ لے سکیں گی لیکن اگر ہند اور پاکستان کے تعلقات میں ایسا ہی کچا و باقی رہا جو آج ہے۔ تو پھر کم سے کم سارے ایشیا کو چین نصیب نہیں ہو سکتا۔

ہند اور پاکستان کے تعلقات پر سوچتے وقت یہ حقیقت کبھی نہیں بھلانی چاہئے کہ ان دو ملکوں [illegible]

شدید احتجاج

علاقہ کرناٹک سے ریاستی کانگرسی ممبروں نے کرناٹک کا علیحدہ صوبہ بنانے جانے کے کام میں تاخیر کی بنا پر مرکز مدراس اسمبلی کی مجلس قانون ساز سے استعفی دے کر ایک شدید قسم کا احتجاجی اقدام کیا ہے جس کا تصرف مرکز اور متعلقہ صوبوں کے لئے بلکہ تمام ملک میں شدید ہونے کا خطرہ ہے

جہاں تک کہ زبان وار صوبوں کے قیام کا تعلق ہے اسے کانگرس تسلیم کر چکی ہے۔ مرکزی حکومت بھی آہستہ آہستہ ان سے بچاؤ کا وجود کو رد عمل لانے کا وعدہ کر چکی ہے اور جواہر لعل جی، پٹابی کمیٹی کی سفارشات اس سلسلہ میں واضح ہیں جن کے مطابق علیحدہ آندھرا کے قیام کی تیاری کا کام شروع ہو چکا ہے اور آئندہ اس کی سفارشات کے مطابق دوسرے زبان وار صوبوں کا قیام بھی عمل میں آجانا یقینی ہے۔ (رشیف۔ حیدرآباد دکن)

پنڈت نہرو کی صاف گوئی

پنڈت جی نے اپنے نشریہ میں خیالات کو پیش کی ڈالی ہے ان میں کچھ سفر امریکہ کے تاثرات ہیں مگر زیادہ تر حصہ ہندوستان کے اندرونی معاملات پر ہی حاوی ہے جن کا احساس انہیں ہندوستان سے باہر جا کر ہوا [illegible]

خیالات ناظرین

تعلیم و تنظیم

انگریزی ایڈیشن

وہ بھی چلے!

کیا پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں مرکزی حکومت [illegible]

اسرائیل جنگ کی راہ پر

عبد اللطیف زرینی —— یکم دسمبر

۲۵ سال کی عمر ہونے سے پہلے شادی مت کرو

سر ایلمہرسٹ کا پاس ہونے والے کیڈٹوں کو مشورہ

ویٹ نام کو انتقال اختیارات

سمندر پار ہندستانی کپڑے کی مانگ

چینی فوجوں کو ویٹ نام میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی جائیگی

برما میں سیامی خیرسگالی مشن

رنگون ۱۰ر دسمبر سیامی خیرسگالی مشن [illegible]

کرنسی مسٹر لیاقت علی خاں نے مسٹر ٹرومین کی دعوت قبول کرلی ہے جس کے بعد آپ جلدی واشنگٹن تشریف لے جائیں گے

افکار پاکستان

ہارون کا انتخاب

مسٹر محمد ہارون سکھر کے حلقہ سے سندھ اسمبلی کے بلا مقابلہ رکن منتخب ہوگئے ہیں۔ اس انتخاب کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ بدستور وزیر اعظم رہ سکیں گے۔ سندھ کی سیاسیات اس قدر گندی ہو چکی تھی کہ ہماری مرکزی حکومت نے مسٹر ہارون کو مجبور کیا کہ وہ سندھ کے وزیر اعظم بننے پر آمادہ ہو جائیں۔ کیونکہ سندھ اسمبلی کے ارکان کی دھڑے بندیوں سے حالات زیادہ خراب ہو چکے تھے اور سندھ کے سابق وزرائے اعظم پر شدید الزامات عائد کئے گئے تھے۔ مسٹر ہارون کے وزیر اعظم بننے کا یہ فائدہ ہوا کہ سندھ کی سیاسیات میں غلیظ دھڑے بندیوں میں کسی قدر کمی آگئی۔ لیکن مسٹر ہارون سندھ اسمبلی کے رکن نہیں تھے اس لئے وہ زیادہ عرصہ تک وزیر اعظم نہ رہ سکتے تھے جس کی وجہ سے موجودہ انتخاب کی ضرورت محسوس کی گئی۔ ہمارے خیال میں پیرزادہ عبدالستار کا یہ اقدام مستحسن تھا کہ انہوں نے مسٹر ہارون کے لئے اپنی نشست سے استعفیٰ دیدیا اور اس طرح مسٹر ہارون کی کامیابی کا موقع بہم پہنچا۔ مسٹر ہارون کا بلا مقابلہ کامیاب ہونا بھی کچھ کم خوشی کن نہیں۔ اگر ان کے مقابلہ پر مسٹر کھوڑو اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے انتخاب کو بلا مقابلہ نہ ہونے دیتے تو نتیجہ یہ ہوتا کہ دھڑے بندیوں کی آگ پھر بھڑک اٹھتی۔ مسٹر ہارون چونکہ مقامی دھڑے بندیوں سے کوئی علاقہ نہیں رکھتے اس لئے ان کا وزیر اعظم ہونا سندھ کے لئے زیادہ مفید ہو سکتا ہے۔ [illegible] ہم صرف [illegible] بلکہ سندھ کے ان لیڈروں کو بھی جنہوں نے مخالفت سے پرہیز کیا ہے تبریک پیش کرتے ہیں۔ (شہباز پشاور ۷ دسمبر ۱۹۴۹ء)

لیگ اور مہاجرین

یہ عجیب تماشا ہے کہ مسلم لیگ کی حکومت میں تو مہاجرین پر سب سے بڑا ظلم توڑا گیا۔ اور اب مسلم لیگ میں جان آئی تو سب سے پہلے مہاجرین کے حق میں آواز اٹھانے والی انجمنوں کا گلا دبا دیا گیا۔ ادھر مہاجرین کے زخم کرید نے شروع کر دیئے گئے۔ [illegible] اور اس کے ساتھ چند [illegible] کا متاع تجارت [illegible] ان کی تقسیم پر [illegible] کیا جا رہا ہے [illegible] لوگوں کے سامنے [illegible] جن کی دھجیاں آج [illegible] اسلام [illegible] مہاجرین [illegible] مسلم لیگ کے محسن بھی تھے۔ انہوں نے یہ انداز خطاب احسان فراموشی کی کونسی قسم ہے؟ اگر صوبے کی مسلم لیگ کا صدر بھی مہاجرین کے متعلق بولنے سے پہلے تولنے کی کوشش نہیں کرتا۔ تو مہاجرین کو لئے دروازے سے [illegible]۔ ہمیں مہاجرین کی انجمنوں سے بھی کبھی زیادہ حسن ظن نہیں رہا۔ لیکن ہم یہ کیسے برداشت کریں کہ مہاجرین کے خون سے اپنی کشت تمنا کو سیراب کرنے والے مہاجرین کی ہڈیوں سے اپنا قصر جلال تعمیر کرنے والے مہاجروں کی قبروں کو اپنی بنیاد اقتدار بنانے والے مہاجرین کو خیرات کا طعنہ دیں۔ ان کے سامنے ٹکڑے پھینکیں۔ ان پر احسان جتائیں۔ بے شک آج باری صاحب حکومت میں شریک ہیں۔ لیکن انہیں ایسا کڑوا بول بولنے سے پہلے یہ بھی [illegible] مہاجرین سے [illegible] چاہئے جس کی طرف ہم سب لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اور جس کی بارگاہ میں سچ اور جھوٹ تھمرتے ہے۔ (مغربیہ لاہور ۸ دسمبر ۱۹۴۹ء)

سرخ چین

امریکہ اور برطانیہ کا بلاک جو جمہوریت کش اور [illegible]

شہنشاہیت پسند عناصر کا سب سے بڑا پشت پناہ ہے اس نے چین کے خونی ڈرامہ میں جو پارٹ ادا کیا ہے وہ نہ صرف افسوس ناک بلکہ ان نام نہاد متمدن اور جمہوریت کے دعویدار ملکوں کی پیشانی پر ایسا بدنما دھبہ ہے، جسے نہ تو اٹلانٹک چارٹر مٹا سکتا ہے اور نہ مارشل پلان دھو سکتا ہے۔

امریکہ نے چین کی خانہ جنگی کو برقرار رکھنے کے لئے اور چین کے زمیندارانہ نظام کے تحفظ و بقا کے لئے چینی کی نام نہاد نیشلسٹ حکومت کو دس سال سے اسقدر سامان جنگ دیا ہے جس کا کوئی حساب نہیں ہے اتنا امریکہ کی طرف سے جنگ کے شعلوں کو بھڑکانے کیلئے مغربی ممالک کو جسقدر سامان جنگ دیا گیا ہے وہ مجموعی طور پر چین کی امداد سے کم ہے۔ لیکن اربوں ڈالر کا یہ جدید ترین سامان جنگ تاریخ کامران کمیونسٹوں کے ہاتھ لگ گیا [illegible] سامان جنگ چیانگ کی افواج کیلئے موت کا سامان مہیا کر گیا۔ آج کمیونسٹ چین سامان جنگ کے اعتبار سے ایشیائی بڑی حکومتوں سے بھاری ہے اور آج وہ جب چاہے بڑی سے بڑی طاقت سے تنہا مقابلہ کر سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کمیونسٹ چین کی بھگوڑی فوجوں کو پناہ دی تو کمیونسٹ فوجیں اس ملک میں اپنے تحفظ کے لئے گھس جائیں گی۔

امریکہ کی چین کے اندرونی معاملات میں مداخلت اٹلانٹک چارٹر جس کا بار بار اعلان کیا جاتا ہے اس کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی ہے اور اسے کسی طرح بھی جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ تھک کر اور مجبور ہو کر امریکہ نے چیانگ کو امداد دینا بند کر دی ہے کیونکہ اس کا یہ مہرہ اب بے کار ہو گیا ہے اور اب امریکہ کے لئے چین کو سرخ حکومت سے بچانا ناممکن ہو گیا ہے۔ (نوروز کراچی ۶ دسمبر ۱۹۴۹ء)

دنیا کے زخم

برسوں ہم آپ کو دنیا کے ان زخموں کا حال بتا [illegible] ہیں جنہیں مادیت پرستی کے زہر نے ناسور بنا کر رکھ دیا ہے [illegible] سے ناک بھوں چڑھاتی ہے جنہیں تہذیب و تمدن کے ڈاکٹر ابتک اچھا نہیں کر سکے اور خود روز بروز خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ ناسور انسانیت کے جسم پر نہیں، اس کی روح کی گہرائیوں میں سرایت کر چکا ہے۔ اس لئے ہم نے تاریخ و حقیقت کی روشنی میں بتایا تھا کہ ان زخموں کا صرف ایک ہی علاج ہے۔ ان زخموں کو صرف ایک ہی مرہم اچھا کر سکتا ہے۔ اور وہ ہے اسلام کا بتایا ہوا مرہم [illegible] اسلام کے زریں اصول ہی دنیا کے زخموں کا علاج کر سکتے ہیں۔

اس سلسلہ میں ایک بھائی نے لکھا ہے:

یہ درست ہے مریض کا حال بڑھا ہوا علاج بھی مناسب ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ علاج صرف زبانی جمع خرچ کا مظاہرہ ہے یا پھر واقعی کچھ کیا جانے والا ہے۔ کہیں یہ تحریک بھی پہلے کی طرح سٹ تو نہیں جائے گی؟

سوال واقعی غور طلب ہے۔ اس سے قبل بھی بہت ساری کاغذی اسکیمیں بنائی گئی ہیں۔ پلیٹ فارموں سے [illegible] تقریریں بھی ہوئی ہیں۔ خون کو گرما دینے والے نعرہ تکبیر نے فضا میں ارتعاش پیدا کرنے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔ لیکن نتیجہ؟ نتیجہ وہی ہوا جو اس قسم کی ایک لا کھ بے معنی "سوہا" کا ہوا کرتا ہے۔ کچھ دنوں تک تو خوب ہما ہمی رہی۔ جوں جوں دن گذرتا گیا خون کی تیز رفتاری "سستی" میں تبدیل ہوتی گئی۔ آخر ایک دن تمام اطباء نے جواب دے ہی دیا۔ "افسوس کوئی امید نہیں"

(پاسبان ڈھاکہ ۶ دسمبر ۱۹۴۹ء)

پس ماندہ ممالک اپنی ذات پر ہی بھروسہ کر کے ترقی کر سکتے ہیں

لاہور میں پاکستان کے گورنر جنرل کی تقریر

لاہور ۱۱ دسمبر۔ پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے یہاں روٹری کلب کے جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا پاکستان کا مقصد یہ ہے کہ بڑی قوموں کو جارحانہ حملوں سے روکے اور چھوٹے ممالک کی سیاسی اور اقتصادی آزادی کا بند و بست کرے۔

مسائل حاضرہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا دنیا کو اپنی تاریخ میں کبھی اس قسم کے ہوشربا مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ یہ مسائل ہمہ گیر نوعیت کے ہیں، سیاسی، اقتصادی، سماجی وغیرہ یہ مسائل کسی ایک قوم کے لئے مخصوص نہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ باہمی تعاون ہی سے ان کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ہماری بہت سی مشکلات کا سبب یہ ہے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ کوئی بھی ایک قوم اپنی کشتی کو کھے سکتی ہے۔ اس نظریہ کی وجہ سے ہم کو دو جنگوں کے مصائب برداشت کرنے پڑے اور اگر اس نظریہ کو جلدی ترک نہ کیا گیا تو زیادہ خطرناک تباہی کا سامنا کرنا ہوگا۔

ترقی یافتہ قوموں کو پس ماندہ پڑوسیوں کے ساتھ اپنی خوشحالی کو تقسیم کرنا چاہئے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو امن عامہ کو خطرہ پیدا ہو جائے گا۔ تہذیب کی ترقی کے لئے ایشیا اور افریقہ کے عوام کی بدحالی زبردست رکاوٹ ہے یقینی طور سے ترقی یافتہ ممالک کو چاہئے پس ماندہ ممالک کو امداد دیں اگرچہ پس ماندہ ممالک ایسی امداد کے لئے شکر گذار ہوں گے لیکن درحقیقت وہ صرف اپنے اوپر ہی بھروسہ کر کے ترقی کر سکتے ہیں۔ ان ممالک میں جو آج پسماندہ ہیں ماضی میں بڑی بڑی سلطنتیں قائم تھیں۔ انہی علاقوں میں انسانی تہذیب تکمیل کو پہونچی ہمیں امید کرنی چاہئے کہ انڈونیشیا سے مراکو تک اسلامی دنیا میں جو بیداری پھیل رہی ہے اس کے نتیجے میں ہمارا معیار زندگی بلند ہو جائے گا۔ جب مسلم ممالک کے ذرائع کو ترقی دی جائے گی اور ان سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جائے گا تو وہ غربت اور افلاس کے دور کرنے میں بہت زیادہ معاون ہوں گے جو لوگ ایک زمانہ میں سیاسی اعتبار سے محکوم رہے ہیں وہ اب دنیا میں روحانی اور مادی بھلائی پھیلانے میں بہت معاون ہوں گے۔ قیام پاکستان بڑا اہم واقعہ ہے یہ اس برصغیر کے کروڑوں انسانوں کی خواہشات کی تکمیل کا مظہر ہے۔ پاکستانی عوام نے جس طرح اپنے مصائب اور مشکلات کا سامنا کیا اس پر دوست اور دشمن دونوں ہی تحسین کا اظہار کرتے ہیں۔ ابھی ہماری مشکلات ختم نہیں ہوئیں۔ اب بھی ہم کو کئی مسائل کا سامنا ہے۔ لیکن گذشتہ دو سال میں ہم نے جس سرعت سے ترقی کی ہے اس سے ہم نے مستقبل کے بارے میں بہت بڑا امید [illegible]

علیگڈھ میں دہلی کسٹوڈین کا ورود

علیگڈھ ۵ دسمبر (بذریعہ ڈاک) دہلی کسٹوڈین [illegible] جائیداد کے متعلق [illegible] فیصلہ [illegible] علیگڈھ [illegible] جمعیۃ العلماء [illegible] بشیر احمد صاحب انصاری [illegible] دوسرے لوگوں سے بھی گزارش ہے کہ اپنے کیسوں کے متعلق ضروری کاغذات لے کر دفتر جمعیۃ العلماء بارہ دری [illegible] ۱۳ دسمبر ۱۹۴۹ء کو واپس چلے جائیں گے اس لئے جلد توجہ کی ضرورت ہے۔ (نامہ نگار)

جامع مسجد ڈیڈوانہ میں جلسہ سیرت

ڈیڈوانہ (ضلع ناگور) ۱ دسمبر (بذریعہ ڈاک) بعد نماز جمعہ جامع مسجد میں وعظ ہوا جس میں اسلامی سیرت اختیار کرنے پر مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی نے زور دیا اور حضرت حسین کے اسوہ اتباع حق کو بیان کیا۔ بعد نماز عشاء مسجد [illegible] کے پاس جلسہ عام ہوا جس میں کانگریس، جمعیۃ [illegible] شاہ شمس الدین صاحب [illegible] اور مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی نے تقریر کی۔ لوگوں کی جھجک ختم ہو گئی امید ہے کہ [illegible] اب تک قاضی خلیق احمد [illegible] اور حکیم ولی محمد کی کوشش سے سو ممبر بن چکے ہیں۔ [illegible] سب ہی ہندو مسلمان کانگریس و جمعیۃ کے مشن کو جلد ہی سمجھ جائیں گے۔ (نامہ نگار)

ایک رات کا مجرب عمل مفت

بے کاری، ناداری، پریشانی، غربت، قرض اور تنگدستی سے نجات یا اپنے کاروبار اور ملازمت وغیرہ میں حیرت انگیز ترقی و برکت حاصل کرنا چاہتے ہو تو آج ہی اپنے پتہ کا لفافہ بھیجکر یہ کامیاب عمل مفت منگالو اور صرف ایک ہی رات پڑھ کر کامیابی حاصل کرو۔

پتہ:۔ دار المجربات چرتھاول۔ مظفرنگر یوپی

جمعیۃ العلماء علیگڈھ کے وفد کا دورہ

جمعیۃ العلماء کے ممبر بننے کی اہمیت پر تقاریر

اترولی ۵ دسمبر (بذریعہ ڈاک) پروگرام کے مطابق ۱ دسمبر کو جمعیۃ العلماء علیگڈھ کا وفد جو مولانا فیض الدین کی صدارت اور مولانا محمد عبدالشاہد خاں شروانی نائب صدر پر مشتمل تھا اترولی پہنچا۔ معززین قصبہ نے بڑی گرم جوشی کے ساتھ وفد کا استقبال کیا۔ نماز جمعہ سے قبل ارشاد علی خاں صاحب چودھری [illegible] مصطفیٰ خاں صاحب چودھری غلام صدیق خاں صاحب وغیرہم سے ملاقاتیں رہیں بعد نماز جمعہ مسجد میں اراکین وفد نے تقریریں کیں۔ مولانا شروانی نے سلسلہ کلام [illegible] دلچسپی کے اسباب بیان کرتے ہوئے جمعیۃ العلماء [illegible] توسیع اشاعت کانگریس کی ممبر سازی اور بیت المال کی ضرورت و اہمیت پر مفصل تقریر کی۔ آپ کے بعد مولانا فیض الدین نے آیۃ یا ایہا الذین آمنوا [illegible] کی تفسیر پر نصف گھنٹہ تقریر کی مجمع آخر تک دلچسپی سے تقریریں سنتا رہا۔ مولانا علیل تھے پھر بھی جمعیۃ کی خاطر دورہ کے پروگرام پر عمل کیا۔

نوٹ:۔ بیت المال اور جمعیۃ کی ممبر سازی پر بڑے ذوق و شوق سے آمادہ ہوئے۔ کچھ لوگوں کو ممبر بنایا اور [illegible] شام کو آخری لاری سے وفد علیگڈھ واپس پہنچا۔ آئندہ وفد کوڑیا گنج [illegible] وغیرہ روانہ ہوگا۔ اور وہاں [illegible] جلسہ عام میں تقریریں ہوں گی۔

مضافات جودھپور میں جمعیۃ العلماء کی مقبولیت

سید عباس علی صاحب ممبر سازی کا کام کر رہے ہیں

سرڑی کھاٹو (ضلع ناگور) یکم دسمبر (بذریعہ ڈاک) بعد نماز عشاء سید اسحٰق صاحب کی درگاہ میں ایک جلسہ عام منعقد ہوا جس میں صدر جلسہ نصیر الدین [illegible] شمس الدین [illegible] کانگریس اور جمعیۃ العلماء [illegible] حقیقت [illegible] آخر میں مولانا محمد عاقل [illegible] (نامہ نگار)

اندور میں سیرت النبی کا جلسہ

اندور ۵ دسمبر (بذریعہ ڈاک) اندور میں محلہ بڑی جامع مسجد کی طرف سے ہر سال یکم سے ۱۲ ربیع الاول تک سیرۃ النبی کا شاندار جلسہ ہوتا ہے جس میں لاؤڈ اسپیکر، روشنی اور خواتین کے لئے پردہ وغیرہ کا خاص انتظام ہوتا ہے۔ اس سال بھی حسب سابق جلسہ ہوگا۔ جلسہ میں ناظم صاحب جمعیۃ علماء دہلی کے مشورہ سے مقرر کردہ مقررین اپنی تقریروں سے حاضرین کو محظوظ فرمائیں گے۔

جمعیۃ علماء ضلع گیا کی سرگرمیاں

گیا ۷ دسمبر (بذریعہ ڈاک) عارضی کمیٹی جمعیۃ علماء ضلع گیا نے اپنے انتخابی اجلاس میں مندرجہ ذیل عارضی عہدہ دار منتخب کئے ہیں۔ صدر:۔ حضرت مولانا محمود حسن صاحب (۲) نائبین مولانا نبیہ حسن صاحب مولانا حکیم عبدالقیوم صاحب قمر (۳) ناظم جناب نورالدین صاحب ناظر (۴) نائبین ناظم مولانا فضل الرحمن صاحب مولانا محفوظ الحق صاحب جامی (۵) خازن:۔ جناب ماسٹر محمد حسن صاحب [illegible] مجلس عاملہ کے ممبر بنائے گئے ہیں۔

شہر کے سب سے پر رونق اور آباد مقام پر لب سڑک ایک سہ منزلہ عمارت کی دوسری منزل میں جمعیۃ علماء ضلع گیا کا شاندار دفتر قائم ہو گیا ہے جس میں مہمانان جمعیۃ کے قیام و عافیت کا بھی پورا پورا سامان ہے معاون سازی اور رکن سازی کا کام بڑی تیزی سے شروع ہو گیا ہے جوق در جوق لوگ جمعیۃ کے معاون اور رکن بن رہے ہیں۔

کشمیر جنت نظیر۔ اتنی جامع اور مکمل کتاب آج تک دیکھنے میں نہیں آئی۔ کشمیر کی تجارتی اشیاء ہیں، مقامات، دلچسپیاں، موجودہ زمانہ کی تمام ضروریات کے لئے [illegible] صفحہ پر۔ طالبات کی کتاب ہے۔ قیمت ڈھائی روپے۔ [illegible]

جنرل نیوز۔ دہلی

ریاست اسرائیل میں زبردست جنگی تیاریاں

برطرف کئے ہوئے فوجیوں کو دوبارہ ملازمت دیجا رہی ہے

عمان ۱۰ دسمبر۔ ریاست اسرائیل سے جو خبریں یہاں پہونچی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ فلسطین کے تمام یہودی مقبوضہ علاقوں میں زبردست فوجی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ ان فوجیوں کو جنہیں حال ہی میں برطرف کر دیا تھا دوبارہ ملازمت دی جا رہی ہے۔ حتیٰ کہ ۱۵ برس کی عمر کے نوجوان بھی فوج میں بھرتی کئے جا رہے ہیں اور عورتوں کو بھی فوج میں لیا جا رہا ہے۔

خبریں یہ بھی بتاتی ہیں کہ ریاست اسرائیل کی سرحدوں پر زبردست قلعہ بندیاں کی جا رہی ہیں۔

تل ابیب سے یہ اطلاع بھی موصول ہوئی ہے کہ عرب ممالک نے مشترکہ دفاع کے لئے جو منصوبہ تیار کیا ہے اس سے پوری پریشانی ہے۔ چنانچہ انہوں نے اقوام متحدہ کو اپنی پریشانی سے مطلع کر دیا ہے۔ ایک اسرائیلی اخبار نے حال ہی میں اس تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ کا پہلا کام اس منصوبے کی مخالفت کرنا ہوگا (مکتوب)

کرناٹک صوبہ کو بنانے کا مطالبہ

۲۲۵ کانگریسیوں کی یادداشت

ہبلی ۱۰ دسمبر۔ ہبلی کے ۲۲۵ کانگریسیوں نے ایک یادداشت سردار ولبھ بھائی پٹیل کی خدمت میں ارسال کی ہے جس میں صوبہ کرناٹک کی جلد از جلد تشکیل کا مطالبہ کیا گیا ہے تاکہ اس جدید صوبہ کو نئے دستور میں شامل کیا جا سکے۔ جالکو شہر کی میونسپلٹی کے ممبران نے بھی اسی قسم کی ایک یادداشت سردار پٹیل کو بھیجی ہے۔ (پ ٹ ا)

یورپینوں کو تمام عہدے دیئے گئے

بین الاقوامی مزدور کنفیڈریشن پر نکتہ چینی

لندن ۱۰ دسمبر۔ آزاد ٹریڈ یونینوں کے بین الاقوامی کنفیڈریشن کے ایشیائی نمائندوں نے اس امر پر اتفاق رائے پاس کیا ہے کہ نئے کنفیڈریشن سے ٹریڈ یونینیں زیادہ مستحکم ہوں گی۔ مسٹر ایون سین، مسٹر سونٹری، بوس، مسٹر سی بن کرا وغیرہ نے اس نئے ادارہ کو خوش آمدید کہا ہے۔ مسٹر سونٹری نے کہا اس نئے ادارہ کا ایشیا کے مزدوروں پر گہرا اثر ہوگا۔ مسٹر سی بن کرا نے کہا کہ آخر عوام کے ایک زبردست محاذ قائم کرنے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔ ہندوستان میں ٹریڈ یونین تحریک زور پکڑ جائے گی نئی ٹریڈ یونینیں قائم ہوں گی۔ لیکن ہندوستانی وفد کے مسٹر [illegible] نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ نئے انٹرنیشنل کنفیڈریشن میں جتنے نائب صدر ہیں سب کے سب غیر ایشیائی اور غیر افریقی ہیں۔ سیلون اور جاپان کے نمائندوں نے بھی اسی قسم کی امیدیں ظاہر کیں۔ (پ ٹ ا)

کلکتہ یونیورسٹی کے پروفیسر کو

یونسکو کے اجلاس میں شرکت کی دعوت

کلکتہ ۱۰ دسمبر۔ کلکتہ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر سنیتی کمار چٹرجی کو یونسکو کی طرف سے ایک اجلاس میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

یہ اجلاس ۱۵ دسمبر سے ۲۱ دسمبر تک ہوگا۔ کلکتہ یونیورسٹی کلکتہ میں جدید زبانوں کا ایک اسکول بالکل جدید لائنوں پر کھولنے والی ہے۔ (پ ٹ ا)

مشرقی پنجاب اور ہماچل کے نمائندوں کی کانفرنس!

شملہ ۱۰ دسمبر (ا م) کل مشرقی پنجاب کے اور ہماچل پردیش کی حکومتوں کے نمائندوں کی ایک کانفرنس ایک دوسرے کے علاقوں میں واقع ان چھوٹے چھوٹے علاقوں کے متعلق جو دوسرے میں ہیں منعقد ہوئی۔ ڈاکٹر گوپی چند بھارگو مشرقی پنجاب کے دو وزرا چیف کمشنر شملہ اور ہماچل پردیش کے چیف کمشنر مسٹر این۔ سی۔ مہتہ۔ اور ڈپٹی چیف کمشنر شریک ہوئے کانفرنس کے فیصلوں سے حکومت ہند کو باخبر کر دیا جائے گا

چیف کمشنر کے اقدام کی مذمت

جامع مسجد یونٹ کی سوشلسٹ پارٹی کی ایگزیکٹیو کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں حسب ذیل دو ریزولیوشن پاس ہوئے۔ پہلے ریزولیوشن میں چیف کمشنر کی طرف سے دہلی میونسپل کمیٹیوں کی نامزدگیوں کی مذمت کی گئی۔ اور ان نامزدگیوں کو غیر آئینی قرار دیا گیا۔ حکومت ہند پر زور دیا گیا کہ ان نامزدگیوں کو منسوخ کیا جائے اور دوبارہ کمیٹی کا انتخاب کرایا جائے۔ جو اڑھائی سال پہلے ہونا چاہئے تھا۔

دوسرے ریزولیوشن میں فیصلہ کیا گیا کہ مندرجہ بالا ریزولیوشن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اسمبلی کی تمام سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کی ایک کانفرنس منعقد کی جائے جس میں چیف کمشنر کے غیر جمہوری اقدام سے پیدا شدہ حالات پر غور کیا جائے اور اس سلسلہ میں عملی قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا جائے۔ (ن۔ن۔ا)

ایک درجن قمار باز گرفتار

پولیس نے شہر کے مختلف حصوں میں چھاپے مار کر پہاڑ گنج اور کشمیری گیٹ کے علاقوں سے ایک درجن قمار بازوں کو گرفتار کیا ہے۔ (ن ن ا)

موٹر سائیکل کی زد میں ہلاک

ارون ہسپتال کے قریب ایک لڑکا موٹر سائیکل کی زد میں آ کر ہلاک ہو گیا۔ [illegible] پولیس نے مقدمہ درج رجسٹر کر لیا ہے۔ (ن ن ا)

عورت کی دلیری

مسز [illegible] نے ارون ہسپتال کے قریب ایک آدمی جیب تراش مسمی رام سروپ کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا ہے۔ اس نے چلتی بس میں ان کا بٹوا نکال کر بھاگنے کی کوشش کی تھی۔ (ن ن ا)

بچے کی بالیاں تارلیں

گلی شیش محل [illegible] کے علاقہ میں ایک شخص [illegible] بچے کی بالیاں اتار کر فرار ہو گیا۔ (ن ن ا)

پادری میکائیل ہندوستان آرہے ہیں

نیویارک ۱۰ دسمبر۔ پادری میکائیل اسکاٹ جنہوں نے حال ہی میں اقوام متحدہ کی تولیتی کونسل میں جنوب مغربی افریقہ کے قبائلیوں کی طرف سے بیان دیا تھا آج کوئن الزبتھ نامی جہاز میں انگلستان جا رہے ہیں۔ انہوں نے گذشتہ شب بتایا کہ وہ انگلستان میں دو روز قیام کریں گے۔ اور اس دوران میں وہاں لیکچر دیں گے۔ وہ ۲۷ دسمبر کو ہندوستان کے لئے روانہ ہوں گے جہاں گاندھی جی کے معتقدین کی طرف سے بلائی گئی ایک کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ مسٹر اسکاٹ نے امید ظاہر کی کہ وہ نئے سال کے موقع پر واپس جنوبی افریقہ چلے جائیں گے۔ (پ ٹ رائٹر)

تخفیف کی اطلاعات غلط ہیں

بمبئی ۱۰ دسمبر۔ بی بی اینڈ سی آئی ریلوے کے دفتر رابطہ عامہ نے ان اطلاعات کو غلط بتایا کہ ریلوے میں تخفیف کی جا رہی ہے۔ اس امر کے پیش نظر کہ سامان کی نقل و حرکت اور مسافروں کی آمد و رفت میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ ریلوے اسٹاف میں کمی کا کوئی سوال ہی نہیں پیدا ہوتا (پ ٹ ا)

دہلی سے لاہور

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

اگر حفاظت اور جلدی سے بھجوانا ہے

تو ہماری معرفت روانہ کریں

ٹکٹ بھی بلا کمیشن خریدیں

المشتہر:۔ دہلی کمرشل کارپوریشن۔ گلی سوداگران بلیماران نمبر ۔ چاندنی چوک۔ دہلی

مضافات جودھپور میں مولانا محمد عاقل کا دورہ

پربت سر اور ڈیڈوانہ میں جمعیۃ علماء کا قیام

۲۹ دسمبر کو پربت سر میں جلسہ عام ہوا۔ جناب چند دت صاحب نے فرقہ وارانہ اتحاد پر تقریر فرمائی مولانا محمد عاقل الہ آبادی نے شاہ شمس الدین کی تقریر کے بعد جمعیۃ اور کانگریس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ اور پھر ایک عارضی کمیٹی جمعیۃ کی قائم کر دی گئی۔

مولانا محمد عاقل صاحب الہ آبادی کا یہ دورہ مضافات جودھپور میں قیام جمعیۃ کے سلسلہ میں ۲۴ نومبر سے شروع ہوا۔ ۲۴ سے ۲۸ تک ناگور میں۔ یکم دسمبر کو کھاٹو میں ۲ دسمبر کو ڈیڈوانہ میں ۳ دسمبر کو کوچامن سٹی میں اور ۳ دسمبر کی رات میں پربت سر میں ۴ دسمبر کو جودھپور واپسی ہوئی۔ اس وقت مضافات

جودھپور میں ۱۴ جمعیتیں قائم ہو چکی ہیں۔

ڈیڈوانہ میں جمعیۃ علما کا قیام عمل میں آیا اور حسب ذیل حضرات عہدہ دار منتخب کئے گئے۔

صدر:۔ قاضی سخاوت علی صاحب حقانی
نائب صدر:۔ حکیم ولی محمد صاحب
ناظم عمومی:۔ قاضی خلیق احمد حقانی
خازن:۔ جناب غلام سرور صاحب

جمعیۃ علماء پربت سر کے عہدیداران کے نام یہ ہیں:۔

صدر:۔ قاضی بدر الدین صاحب
نائب صدر:۔ منشی گلزار محمد صاحب
ناظم اعلیٰ:۔ جناب بہرام خاں صاحب
ناظم:۔ جناب شفیع محمد صاحب
خازن:۔ جناب بدر الدین صاحب (نامہ نگار)

ضرورت

ایسے معمولی پڑھے لکھے اشخاص جو قلیل عرصہ میں ہزاروں روپیہ پیدا کرنا چاہتے ہوں کسی تجربہ کی ضرورت نہیں آپ بے روزگار ہوں یا برسر روزگار ماسٹر یا کلرک۔ دکاندار یا منشی مرد یا عورت محض فرصت کے وقت تھوڑی سی دلچسپی لینے سے حاصل کر سکتے ہیں

تفصیلات منگوایئے۔ یونیورسل کارپوریشن (سی) ۲۶ بیڈن اسٹریٹ قرول باغ۔ نیو دہلی

اسرائیل یروشلم کے بارے میں اقوام متحدہ کے فیصلہ کی مزاحمت کریگا

شہر میں گڑبڑ اور فوجی مقابلہ کی دھمکی

اسرائیل کے وزیر خارجہ اور یروشلم کے میئر کا بیان

تل ابیب ۱۰ دسمبر۔ اسرائیل کے وزیر اعظم مسٹر بن گورین آج یہاں واپس آگئے ہیں اور کابینہ کا ایک ہنگامی اجلاس طلب کر رہے ہیں جس میں بیت المقدس کو بین الاقوامی بنانے کے جنرل اسمبلی کے فیصلہ پر غور کیا جائے گا۔

یروشلم کے میئر ڈاکٹر [illegible] نے کہا ہم شہر کے دروازوں کی حفاظت کریں گے۔ اور جو بھی اس قرارداد پر عمل درآمد کے لئے شہر میں داخل ہونا چاہے گا اس کو [illegible] دیں گے۔ انہوں نے کہا جہاں تک ہمارا تعلق ہے اقوام متحدہ کی یہ قرارداد ہمارے لئے [illegible] اسرائیلی حکومت اس بارے میں جو طرز عمل اختیار کرے گی اس کی بابت یہ قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں کہ اسرائیل حکومت اپنا صدر مقام یروشلم میں منتقل کر دیگی تمام دفاتر وغیرہ وہاں پہونچا دیئے جائیں گے۔ علاوہ ازیں بیت المقدس کی تقسیم پر اردن سے معاہدہ کرنے میں جلدی کرے گی۔ [illegible] لیک سکسیس میں [illegible] اسرائیلی وزیر خارجہ نے تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ یروشلم کو اسرائیل سے علیحدہ کیا گیا تو شہر میں گڑبڑ اور غیر وفاداری پھیل جائے گی۔

یروشلم کے بین الاقوامی بنائے جانے کو انہوں نے ایک خطرناک اقدام قرار دیا اور کہا اگر اسرائیل کو بیت المقدس سے علیحدہ کر دیا گیا تو مقدس مقامات کی حفاظت کی ذمہ داری اسرائیل پر نہ ہوگی۔

عراق کے نئے وزیر اعظم

بغداد ۱۰ دسمبر۔ یہاں کے عام طور پر باخبر حلقوں نے بتایا کہ عراق کے سینیٹ کے ۵۸ سالہ رکن علی جودت الایوبی سے جو پہلے واشنگٹن میں عراق کے سفیر تھے کہا گیا ہے کہ وہ نوری السعید پاشا وزیر اعظم عراق کی جگہ سنبھالیں جو اپنی بیماری کے باعث مستعفی ہو رہے ہیں مسٹر جودت ۱۹۳۴ء میں وزیر اعظم تھے اور عراق کے کئی دفعہ [illegible] رہ چکے ہیں۔ (پ ٹ رائٹر)

دار السلطنت — ۱۰ دسمبر ۱۹۴۹ء

(نامہ نگار خصوصی)

بیس ہزار کے بیمہ پارسل غائب

پنجاب نیشنل بنک کے ایک لاکھ ۲۰ ہزار کے بیمہ شدہ پارسلوں کی ڈاکخانہ سے چوری کی سنسنی خیز اطلاع ملی ہے۔ ان کے علاوہ تین اور پارسل بھی غائب ہیں۔ پولیس نے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پوسٹ آفس دہلی ڈویژن کی رپورٹ پر مقدمہ رجسٹر کیا ہے۔

اپنی رپورٹ میں سپرنٹنڈنٹ نے بیان کیا ہے کہ پنجاب نیشنل بنک کے یہ پارسل ہیڈ پوسٹ آفس مال روڈ کے ڈاکخانہ میں بیمہ کرائے گئے تھے۔ (ن۔ن۔ا)

اونی چیزوں کی نمائش

معلوم ہوا ہے کہ ۱۸ دسمبر سے وزارت صنعت و رسد گھریلو صنعتوں کی ایک نمائش کر رہی ہے جس میں اونی اور ادنی چیزوں کی نمائش کی جائے گی۔ وزیر صنعت ڈاکٹر شیاما پرشاد اس کا افتتاح کریں گے۔

دہلی میں کسٹوڈین سے متعلق حضرات کیلئے

جن لوگوں کے مقدمات محکمہ کسٹوڈین میں سال سے زیادہ عرصہ سماعت میں ہیں اور جن کا فیصلہ نہیں ہو سکا وہ ۱۴ دسمبر ۱۹۴۹ء [illegible] دفتر مرکزی جمعیۃ علماء [illegible] میں تشریف لائیں۔ (سکریٹری جمعیۃ علماء صوبہ دہلی)

مغربی یوپی، سی پی، مدھیہ بھارت سوراشٹر میں سردی زیادہ ہوگی

آسام دارجلنگ میں بارش کا امکان

پونا ۱۰ دسمبر۔ (پ۔ ٹ۔ ا) آج موسم کے حالات کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

مغربی پنجاب پر معتدل طوفان مشرقی پنجاب اور مغربی یوپی کے پہاڑوں میں پار کر گیا ہے۔ ان دو علاقوں میں اس نے پہاڑوں میں دور دور تک بارش اور میدانوں میں کہیں کہیں بارش کی ہے۔ صرف جنوبی اڑیسہ میں بھی بارش ہوئی ہے باقی ملک میں موسم خشک رہا۔

شمالی مغربی ہندوستان میں رات کو درجہ حرارت کافی گر گیا ہے۔ [illegible] درجہ حرارت کافی زیادہ رہا ہے [illegible] مغربی یوپی، مدھیہ بھارت، مغربی سی پی، سوراشٹر، کچھ، گجرات، شمالی دکن اور شمالی کنکن جات کو سردی [illegible]

سرہند کے عرس میں کشمیری مسلمانوں کی شرکت!

سری نگر ۱۰ دسمبر (ا م) ۱۸ دسمبر ۱۹۴۹ء کو سرہند شریف میں حضرت مجدد الف ثانی رحمت اللہ علیہ کا جو عرس ہو رہا ہے۔ اس میں کشمیر کے بہت سے مسلمان شریک ہوں گے۔

معلوم ہوا ہے کہ درگاہ کے سجادہ نشین سید محمد معصوم نے کشمیر کے زائرین کو لکھا ہے کہ وہ بلا خوف سرہند آسکتے ہیں۔

اطالوی صومالی لینڈ کے مستقبل کے سلسلہ میں اقوام متحدہ کا اقدام

اٹلی سے گفت و شنید کرنے کے لئے تولیتی کمیٹی نے ایک سب کمیٹی مقرر کر دی

لیک سکسیس ۱۰ دسمبر۔ اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی نے کل چھ ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو اطالوی صومالی لینڈ کے متعلق اٹلی سے سمجھوتہ کی گفت و شنید کرے گی۔ گفت و شنید کمیٹی میں برطانیہ، فرانس، امریکہ، فلپائن، عراق اور ڈومنیکن ری پبلک شامل ہیں۔ سوویٹ یونین بارہ ووٹوں کے مقابلہ میں جو منتخب ہونے کے لئے ضروری ہے، صرف پانچ ووٹ لے سکا اس لئے وہ منتخب نہ ہو سکا۔

کمیٹی کا انتخاب نیوزی لینڈ کی طرف سے پیش کردہ ایک قرارداد کے تحت عمل میں آیا۔ جو ایک ووٹ کی مخالفت اور نو ووٹوں کی حمایت سے منظور کر لیا گیا۔ سوویٹ یونین کی طرف سے پیش کردہ قرارداد میں کہا گیا تھا کہ اس کمیٹی میں تولیتی کمیٹی کے تمام ممبر شامل ہونے چاہئیں۔ برطانیہ قرارداد پر غیر جانبدار رہا۔ اس لئے کہ اس نے فلپائن کی ایک ترمیم کی مخالفت کی تھی یہ ترمیم دو ممالک کی غیر جانبداری، تین کی مخالفت اور سات کی حمایت سے منظور ہو گئی۔ ترمیم میں کہا گیا ہے کہ کمیٹی کو صومالی لینڈ کی سیاسی پارٹیوں اور دیگر انجمنوں کے نمائندوں کے بیانات سننے چاہئیں۔ کمیٹی تولیتی کمیٹی کے روبرو ۲۰ جنوری کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی جبکہ اس کا اجلاس جنیوا میں منعقد ہوگا۔ (پ ٹ ا مار)

پناہ گزین بوڑھی عورتوں کی رہائش

دہلی ۱۳ دسمبر۔ حکومت ہند کو اقوام متحدہ کے مقررہ کشمیر کمیشن کی رپورٹ موصول ہو گئی ہے لیکن یہ نہیں معلوم کہ سرکاری طور پر اس رپورٹ کا کیا رد عمل ہوا۔ البتہ باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ رپورٹ نے ہندوستان کے اس دعوے کی تصدیق کر دی جو آزاد کشمیر کی فوج کی دو بٹالین کے متعلق ہندوستان نے کیا تھا۔

باخبر حلقے رپورٹ کے دوحصوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں پہلے یہ کہ کمیشن کا خیال یہ ہے کہ فوجوں کو ختم کرنے کے متعلق جو اسکیم ہے اس کو دوسرا مرتب کیا جائے اس میں آزاد کشمیر کی سچی فوجوں کا بھی سوال ہے دوسرے کمیشن نے ہندوستانی فوجوں کو ہٹانے کی مشکل کو بھی محسوس کر لیا ہے۔

ان حلقوں کا خیال ہے کہ کمیشن نے ہندوستان کے اس دعوے کو تسلیم کر لیا ہے کہ جب شمالی پہاڑی علاقہ سے پاکستانی باقاعدہ اور بے قاعدہ فوجیں ہٹالی جائیں تو حکومت کشمیر اس علاقہ کا انتظام کرے اور دفاع کی ذمہ داری ہندوستانی فوج پر ہو۔ لیکن کشمیر نے اس کے ساتھ ساتھ یہ تسلیم کیا ہے کہ ہندوستانی فوجوں کے داخلے سے جنگ شروع ہو جانے کا احتمال ہے باخبر حلقے اس نتیجہ کو حلقہ اور دوسرے کے ساتھ رعایت تصور کرتے ہیں۔

کمیشن کی ہندوستان اور سرکاری حلقوں کے تئے قابل قبول ہے کہ کشمیر کے جھگڑے میں ایک ثالث مقرر کیا جائے لیکن محض تخفیف کے ہندوستان کے سامنے معاملہ کو پیش کرنے کو وہ مبہم خیال کرتے ہیں۔ (رپ)

رشوت لینے کی سزا

کلکتہ ۱۳ دسمبر۔ حکومت بنگال کے سابق ڈائرکٹر دستکاری سکول [illegible] کو علی پور میں اسپیشل ٹریبونل کے سامنے پیش کیا گیا۔ ان پر رشوت لینے کے تحت جرم عائد ہے۔ ان کو تین سال قید سخت کی سزا دی گئی۔

ہندوستان کا برما پر قرض

رنگون ۱۳ دسمبر۔ برما کے سابق اسپیکر نے برما کے قرض کے متعلق بیان دیتے ہوئے یہ انکشاف کیا ہے کہ ہندوستان کے ۵۷ کروڑ روپے برما پر قرض ہیں۔ برما نے وعدہ کیا تھا کہ وہ برطانیہ کو وہ [illegible]

بلیک مارکیٹ سفر کرنے والوں سے ۹۲ لاکھ ۵۲ ہزار روپیہ جرمانہ وصول ہوا!

۲۶ جنوری کو اعلان جمہوریہ کی تقریب شان اور سادگی نمایاں خصوصیات

صدر کا شاہانہ جلوس، ۳۱ توپوں کی سلامی۔ دو یوم کی تعطیل

دہلی ۱۳ دسمبر۔ ۲۶ جنوری کو ہندوستان کے جمہوریہ ہونے کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اس موقعہ پر جو تقریب عمل میں آئے گی اس کی دو خصوصیتیں ہوں گی ایک شان دوسری سادگی۔ دہلی میں صدر اور کابینہ کی رسم حلف وفاداری انجام پائے گی۔ گورنمنٹ ہاؤس سے ارون اسٹیڈیم تک سرکاری جلوس نکلے گا۔ قومی جھنڈا لہرایا جائیگا۔ سرکاری عمارتوں پر روشنی ہوگی اور صدر گورنمنٹ ہاؤس میں ایک دعوت دے گا۔ صوبوں اور ریاستوں میں بھی اسی قسم کی تقریبات ہوں گی۔

گورنمنٹ ہاؤس کے دربار ہال میں ۲۶ جنوری کو ساڑھے دس بجے صدر حلف اٹھائیں گے اس موقعہ پر سفراء وزراء حکام اعلیٰ افسران اور ملک کے ممتاز افراد شریک ہوں گے۔ اس کے فوراً بعد ۳۱ توپوں کی سلامی دی جائیگی۔ گورنمنٹ ہاؤس پر صدر کا جھنڈا لہرایا جائیگا۔ اس کے بعد صدر کابینہ کے ممبر حلف اٹھائیں گے۔ شام کو صدر کا جلوس نکلے گا۔ تمام راستہ پر فوج متعین ہوگی۔ اس تقریب میں سفراء، وزراء، مزدوروں کے نمائندے، ہریجنوں اور کسانوں کے نمائندے شرکت کریں گے۔ صدر کو قومی سلامی ہوگی۔ ۲۷ جنوری کی شام کو صدر کی طرف سے دعوت دی جائے گی۔ یہ دعوت مغل گارڈن میں ہوگی۔ (اپ ٹ)

مالویہ جی نے مشکل زمانہ میں ملک کی رہنمائی کی!

پنڈت مالویہ کو پنڈت نہرو کا خراج عقیدت

دہلی ۱۳ دسمبر۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے پنڈت مدن موہن مالویہ مرحوم کو خراج تحسین ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک ممتاز شخصیت تھے جنہوں نے نہایت مشکل زمانہ میں ملک کی رہنمائی کی۔

بنارس ہندو یونیورسٹی میں ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت نہرو نے کہا کہ نوجوان دستکاری کو بری نظر سے دیکھتے ہیں۔ [illegible] امریکہ اور روس کی ترقی کی بنیاد دستکاری ہے۔ [illegible] گو بری نظر سے دیکھنا چھوڑ دیں۔

پنڈت نہرو نے پنڈت مدن موہن مالویہ کی برسی کے موقعہ پر جو بنارس ہندو یونیورسٹی میں منعقد کی گئی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی رہنمائی میں کام کیا تھا وہ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے غیر ملکی حکومت کے خلاف دلیری سے آواز اٹھائی۔

پنڈت نہرو نے نوجوانوں کی اس بات کی مذمت کی کہ وہ کہتے ہیں [illegible]

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال فرماگئے

آپ کو آج کراچی میں سپرد خاک کیا جائیگا۔ پاکستان کے تمام سرکاری دفاتر بند رہینگے

کراچی ۱۳ دسمبر۔ یہ خبر انتہائی افسوس اور ملال کے ساتھ سنی جائے گی کہ حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مفسر قرآن و شارح مسلم بغداد دہلی بہاولپور میں آج حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نعش کل کراچی پہنچے گی۔ اور آپ بندر روڈ پر واقع عید گاہ کے میدان میں سپرد خاک کئے جائیں گے۔ پاکستان کے سرکاری دفاتر میں مرحوم کی تعزیت میں تعطیل بھی رہے گی۔

مرحوم کی عمر ۶۳ سال کی تھی آپ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور اور قابل شاگردوں میں سے تھے تمام تحریک خلافت سے لے کر سنہ ۱۹۴۷ء تک جمعیۃ علماء ہند اور کانگریس کے ساتھ رہے سنہ ۱۹۴۵ء کے آخر میں آپ کی صدارت میں ایک نئی جمعیۃ علماء اسلام قائم کی گئی۔ آپ ابتدا سے جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر رہے ہندوستان کے مشہور دارالعلوم دیوبند کا صدر اور خطیب رہے آپ کی تفسیر القرآن نے تمام عالم اسلام میں بہت شہرت حاصل کی مسلم شریف کی بسیط شرح لکھنے کا شرف بھی آپ ہی کو حاصل ہوا۔ حیدرآباد کے دوران قیام میں بلیغ علمی اور مذہبی خدمات انجام دیں کچھ سال تک جامعہ عربیہ ڈابھیل کے پرنسپل رہے آخری سالوں میں آپ نے مسلم لیگ کی شرکت اختیار کی اور پاکستان چلے گئے۔ یہاں آپ کو شیخ الاسلام کا منصب عطا ہوا زندگی کے تمام مراحل طے کر کے آپ بہاولپور میں حرکت قلب بند ہو جانے کے باعث دار البقا کی طرف کوچ فرما گئے۔

ہندو کوڈ بل پر بحث کی میعاد میں توسیع

نئی دہلی ۱۳ دسمبر۔ وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے آج پارلیمنٹ میں اعلان کیا کہ حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ پارلیمنٹ کو ہندو کوڈ بل کے بارے میں جیسا کمیٹی کی رپورٹ پر غور کرنے کے لئے ایک اور دن دیا جائے چنانچہ کل بھی پارلیمنٹ ہندو کوڈ بل پر غور کرے گی۔ (اپ ٹ)

۱۹۵۰ء میں ۸ لاکھ ٹن غلہ زیادہ پیدا ہوگا

پارلیمنٹ میں سوالات کے وقت بعض اعلانات

نئی دہلی ۱۳ دسمبر۔ وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام نے اس اطلاع کی تردید کی کہ امریکہ سے جو گیہوں خرید کیا گیا تھا اور جسے بمبئی کی حکومت کو دیا گیا تھا وہ خراب ہو گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا نہیں تھا۔ اور وزارت نے اس کی جانچ کرائی تھی۔

ریلوے سیلون کا استعمال

مسٹر گوپال سوامی آئنگر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ریلوے حکام کو سیلون کے استعمال کرنے کی کوئی تجویز نہیں۔ اس وقت کل ۹۴ سیلون ہیں البتہ ان کے استعمال کی تحدید کر دی گئی ہے۔

ریلوے انجن

وزیر ریلوے نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ امریکہ، کناڈا، برطانیہ اور فرانس سے ریلوے انجن منگائے گئے ہیں۔ [illegible] کی فرمائش دی گئی ہے جب کہ تمام دنیا کے ملکوں کے کارخانوں پر اچھی طرح غور کر لیا گیا تھا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایسی کوئی [illegible]

(باقی صفحہ ۵ پر)

حضرت مریمؑ کا مقبرہ فلسطین میں نہیں

پاپائے اعظم ایک بیان جاری کرینگے

روم ۱۳ دسمبر۔ [illegible] پاپائے اعظم کا مرکز نے گزشتہ روز اعلان کیا کہ آئندہ سال کے موقعہ پر پاپائے اعظم ایک بیان جاری کریں گے جس میں حضرت مریم کی لاش مبارک سے متعلق نئی روایت پیش کی جائیگی۔

معلوم ہوا ہے کہ اس اعلان میں بتایا جائیگا کہ حضرت مریم کی وفات کے بعد ان کی لاش مبارک آسمان پر پہنچا دی گئی تھی۔

دراصل اس سلسلہ میں کیتھولک دنیا دونوں میں شدید اختلافات ہیں۔ خاص طور پر رومن کیتھولک کا عقیدہ ہے کہ حضرت مریم کی لاش مبارک آسمان پر پہنچی۔

حیدرآباد کے ریفیوجی کیمپ خالی نہ کرائے جائیں

جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند کا برقیہ

دہلی ۱۳ دسمبر۔ جمعیۃ علماء حیدرآباد دکن کے ایک ٹیلیگرام سے معلوم ہوا ہے کہ ہز ایکسلنسی گورنر جنرل کے حیدرآباد تشریف لے جانے کے سلسلہ میں وہاں کے ریفیوجی کیمپ اجار کمان، چابینار، باغ دلکشا خالی کرائے جا رہے ہیں جس سے ہزاروں پناہ گزین بے گھر ہو جائیں گے۔

اس اطلاع کے موصول ہونے پر حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب نے آنریبل سردار پٹیل اسسٹنٹ منسٹر آف اسٹیٹ کو ایک تار بھیجا ہے۔ تار میں لکھا ہے کہ گورنر جنرل کی آمد کے سلسلہ میں حیدرآباد کے ریفیوجی کیمپ خالی کرائے جا رہے ہیں جس سے دس ہزار پناہ گزین بے گھر ہو جائیں گے ان کا کوئی ٹھکانا نہیں ہے۔ ان کی امداد کیجئے اور کیمپوں کو باقی رکھئے۔

اردو کانفرنس بنارس

اردو کانفرنس بنارس کی ایک مجلس مشاورت موخہ ۱۱ دسمبر ۶ بجے شب بر مکان جناب [illegible] صاحب عیدی مرحوم منعقد ہوئی۔

مجلس نے طے کیا کہ فی الحال استقبالیہ کمیٹی کے زیادہ سے زیادہ ممبر بنائے جائیں۔ اور پنڈت جواہر لال نہرو اور مولانا ابوالکلام آزاد صاحب کی شرکت کی منظوری کے بعد تکٹ چھپوائے جائیں۔ بنارس کے ارباب علم و ادب سے مجلس کی اپیل ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں مجلس استقبالیہ کے ممبر بن کر اپنے علمی ذوق کا ثبوت دیں۔

مسلم الحق سکریٹری انجمن پیام ادب بنارس

خواجہ ناظم الدین ملتان روانہ ہوگئے

لاہور ۱۳ دسمبر (نامہ نگار) گورنر جنرل پاکستان مغربی پنجاب کے گورنر سردار عبدالرب نشتر لاہور کا دورہ ختم کر کے کل صبح ۱۰ بجے ہوائی جہاز سے ملتان روانہ ہو گئے ہیں۔

خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر لکھیے

قادیان کے سالانہ جلسہ کے متعلق

وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کی یقین دہانی

دہلی ۱۳ دسمبر۔ مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے اعلان کیا ہے کہ قادیان میں احمدیوں کے ۲۶ اور ۲۷ دسمبر کو منعقد ہونے والے جلسہ میں شامل ہونے والوں کی حفاظت کے انتظامات اور راشن وغیرہ ہر ممکن سہولت دی جائے گی انڈو پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری [illegible] نے مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم سے ملاقات کی اور ان تک قادیان میں مقیم احمدیوں کی شکایات پہنچائیں اور ان کے سامنے ان کے سالانہ جلسہ کے لئے سہولتیں بہم پہنچانے کا مطالبہ پیش کیا ڈاکٹر بھارگو نے قادیان میں مقیم احمدیوں کی شکایات پر غور کرنے اور ان کے متعلق مناسب کاروائی کرنے کا وعدہ کیا اور کہا کہ قادیان کے سالانہ جلسہ میں ہندوستان سے آنے والے مسلمانوں کو ہر ممکن سہولت دی جائے گی آپ نے کہا کہ اگر پاکستانی یاتری چاہیں تو دہلی سے قادیان اور واپسی تک ان کی حفاظت کے انتظامات بھی کئے جائیں گے۔

سرمایہ داروں کے ہاتھوں غریبوں کی تباہی

مالدار ریفیوجی نے اپنی ذمہ داری نہیں نباہی

دہلی ۱۳ دسمبر۔ [illegible] احمد نے ایک بیان میں کہا ہے کہ غریب اور محنت کش عوام سرمایہ دار اور مالدار طبقہ کی چکی میں پس رہے ہیں غریب ریفیوجیوں کے لئے نہ دکان ہے نہ مکان وہ بیچارے آسمان کی چھت کا سہارا لئے سینٹروں اور کیمپوں میں پڑے ہیں۔ سرکار نے لاکھوں ریفیوجی بسا دیئے لیکن وہ صرف وہ لوگ ہیں جن کے پاس سفارشیں تھیں۔

سرمایہ دار خود ریفیوجی غریب ریفیوجیوں کے مفاد کے خلاف اپنی غرض اور ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ہندوستان کا رسمی قانون کے خلاف۔ نکاسی مسلمانوں کی جائیداد کی غیر قانونی تبادلہ کر رہے ہیں۔ حال ہی میں دس لاکھ کی جائیداد کا غیر قانونی تبادلہ کیا گیا ہے جس میں ایک مالدار ریفیوجی لیڈر نے اپنی ذمہ داری نہیں نباہی۔ دوسری طرف غیر نکاسی غریب مسلمان مالدار مسلم نکاسیوں کی جائیدادوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ [illegible] پاکستان روانہ ہو جاتے ہیں۔ [illegible]

بازاروں کے نرخ

دہلی بازار صرافہ

سونا پاسہ [illegible]

دہلی گرین مارکیٹ

[illegible]

سائیکل مارکیٹ دہلی

[illegible]

دہلی شیر مارکیٹ

[illegible]

ہاپوڑ مارکیٹ

[illegible]

کریانہ مارکیٹ

[illegible]

جمعیۃ العلماء ہی مسلمانوں کے مذہب اور تمدن کی کفیل ہوسکتی ہے

اسے ہر لحاظ سے مضبوط بنانا چاہیئے۔ مولانا نورالدین صاحب بہاری کا بیان

دہلی ۱۴ دسمبر۔ مولانا نورالدین صاحب بہاری ناظم جمعیۃ علماء ہند نے ایک بیان میں فرمایا آج ہندوستان اسلامی آزادی کے بعد اپنے پرانے ڈھانچہ کو منہدم کر کے جو نیا روپ اور قالب اختیار کر رہا ہے ہندوستان کی ری پبلک اسٹیٹ ایک غیر مذہبی (سکولر) اسٹیٹ ہے جس کی ترجیحات منظم مذہبی اور فرقہ وارانہ نہ ہوں گی۔ ظاہر ہے ان حالات میں ہندوستان کے باشندوں کا فرض ہے کہ اپنے مذہب اور تمدن کلچر اور مذہبی تعلیم کا خود انتظام کریں۔ حکومت ان معاملات میں مداخلت نہ ہوگی۔

ہندوستان کے سارے باشندوں کی روزمرہ زندگی اور ماحول مشترک ہے۔ لیکن مسلمانوں اور دوسرے مختلف فرقوں کی بعض جداگانہ کلچری اور تمدنی ضروریات ہیں۔ جن کا انتظام یہ فرقے اپنے طور پر کر سکتے ہیں۔ مسلمانوں کا ذکر کرتے ہوئے مولانا نے فرمایا کہ آزادی کے اس دو سال کے عرصہ میں مسلمانوں نے محسوس کر لیا کہ آزاد ہندوستان میں جمعیۃ علماء ہند ہی ایک ایسی جماعت ہے جو اس لادینی اسٹیٹ میں مسلمانوں کے دین و مذہب اور ان کے تمدنی کلچر اور مذہبی تعلیم کی کفیل اور ذمہ دار ہو سکتی ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ جب تک دل و جان سے ہندوستان کے مسلمان جمعیۃ کے ان مقاصد کی تکمیل میں سرگرم کامل حصہ نہ لیں گے اور جمعیۃ علماء کو ہر اعتبار سے مستحکم اور بے فکر نہ بنائیں گے اس وقت تک ان مقاصد کی تکمیل ناممکن ہے۔

جمعیۃ کو مستحکم اور مضبوط بنانے کی یہی صورت ہے کہ تمام ہندوستان کے مسلمان اس کے معاون بنیں۔ ہر وہ مسلمان جمعیۃ کا معاون بن سکتا ہے جو عاقل و بالغ ہو۔ اور جس کو جمعیۃ علماء ہند کے مقاصد سے پوری طرح اتفاق ہو۔ اور ۴ سالہ چندہ کی ادائیگی منظور کر کے فارم معاونت پر دستخط کر دے اس کے بعد جب دفعہ جمعیۃ کا ہر معاون جو معمولی کم از کم چار آنہ ہو ادا کر دے۔ [illegible] باقی رہے۔ اور فارم رکنیت کی خانہ پری کر کے بھی رکن بن سکتا ہے۔

فخر الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ صدر جمعیۃ علماء ہند کے اعلان کے بموجب معاون سازی کی آخری تاریخ ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۵۰ء ہے۔ جس کی اطلاع تمام صوبائی جمعیتوں کو بذریعہ سرکلر دی جا چکی ہے۔ اس لئے تمام جمعیتوں اور مسلمانوں سے بجدوجہد ہو کہ مذہبی اور ملی جذبہ سے یہ توقع ہے کہ موجودہ مدت میں ہر جگہ زیادہ سے زیادہ معاون بنا کر جمعیۃ علماء ہند کے ہاتھوں کو مضبوط بنائیں گے تاکہ مستقبل میں ہندوستان میں اسلام کو محفوظ کر سکیں گے۔

ٹونک میں حکیم سید علی میاں کی گرفتاری

جنرل سکریٹری صوبہ راجستھان کا بیان

ٹونک (بذریعہ ڈاک) ۱۲ دسمبر کی رات کو حکیم سید علی میاں صاحب کی گرفتاری زیر دفعہ ۱۰۹ عمل میں آئی ہے۔ ان کی اس گرفتاری سے ٹونک کے مسلمانوں میں طرح طرح کی چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں اور مختلف قسم کی افواہیں گشت کر رہی ہیں۔ جمعیۃ علماء کے متعلق اور خواہ مخواہ دشمنی رکھنے والے ان کے بر خلاف فضا پیدا کر رہے ہیں۔ حالانکہ حکیم سید علی میاں کی گرفتاری جمعیۃ علماء کے انتشار سے بری ہو چکی ہے۔ اس کی تردید میں مولانا سید قاضی الاسلام جنرل سکریٹری صوبہ راجستھان نے اخبارات کے نام ایک بیان جاری فرمایا ہے کہ حکیم علی میاں کی گرفتاری میں جمعیۃ علماء کے انتشار اور خواہش کو دخل کا کبھی واسطہ نہیں ہے۔ نہ جمعیۃ علماء کو من حیث الجماعت حکیم صاحب سے کوئی پرخاش اور مخالفت ہے۔ اور نہ ذاتی طور پر میرے اور ان کے درمیان کوئی باہمی نزاع ہے۔

حکیم علی میاں ٹونک کے ایک شریف خاندان کے ممتاز فرد ہیں۔ جن کی تعزیت سے تعلق ہے [illegible] اصول میں کوئی ایسی بات نہیں جس سے کسی بھی فرقہ یا جماعت کی دلآزاری ہوتی ہو۔

میں بحیثیت ناظم جمعیۃ مولانا سید قاضی الاسلام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر مطلق دھیان نہ دیں اور جب کوئی خبر سنیں تو سنانے والے سے ذرائع معلومات دریافت کر کے اس کی تصدیق کر لیں۔ (ناظم نشر و اشاعت)

محلہ وار جمعیتوں کا قیام اور عید میلاد النبی

جھانسی (بذریعہ ڈاک) جھانسی جمعیۃ علماء نے اپنے جلسہ منعقدہ ۱۴ دسمبر میں دو تجویزیں منظور کی ہیں۔ پہلی تجویز کے مطابق ہر محلہ میں جمعیۃ کی شاخیں قائم کی جائیں گی دوسری تجویز میں عید میلاد منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس تقریب کے سلسلہ میں حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری، اور شری پنڈت کرشن لال جی ایڈیٹر رسالہ "نیا ہند" کو مدعو کیا گیا ہے۔

ضلع دیوریا کے ماتحت جمعیتوں کے نام

ضروری ہدایات

حضرات ضلع جمعیۃ علماء کی میٹنگ [illegible] طے پایا تھا کہ اب تک [illegible] جمعیۃ کی جن شاخوں نے ابھی تک فارم معاونت [illegible] ہے۔ [illegible] کا وقت کم باقی رہ گیا ہے۔ [illegible]

(۱) [illegible] (۲) پیپرا کرنگ ۱۰۰۰ (۳) ملک پور ۱۰۰۰ (۴) انگولی روڈ ۲۰۰ (۵) بڑھونہ ۳۰۰ (۶) ہرمانپور ... (۷) مکھولی ۵۰۰ (۸) سلیم پور ۵۰۰ (۹) بیان بیگم پور ... (۱۰) شاہ پور ... (۱۱) دیوریا ... (۱۲) مجرا ... (۱۳) گھوسی ... (۱۴) تحصیل ... (۱۵) پترولی ... (۱۶) ... (۱۷) ... (۱۸) رام پور کارخانہ ۲۰۰ (۱۹) کسیا ... (۲۰) ... (۲۱) تجوری بازار ... (۲۲) گھرویا ... (۲۳) پیڑا بازار ... (۲۴) پتھر دیوا ... (۲۵) ... (۲۶) ... (۲۷) کولا ... (۲۸) بالاور ... (۲۹) ... (۳۰) ... بھجاٹ پارلاں ...

(کل میزان ۱۰۰۰۰)

مدارس کے قیام کے لئے بھی [illegible]

پونہ میں جمعیۃ کی ممبر سازی

مکاتیب شبینہ بھی کھلیں گے

پونہ (بذریعہ ڈاک) امسال توقع ہے کہ پہلے سے زیادہ جمعیۃ علماء کی ممبر سازی عمل میں آئے گی۔ مولانا مقصود احمد صاحب ناظم جمعیۃ شہر اور مضافات پونہ میں دورہ کر رہے ہیں۔ مختلف مقامات پر انہوں نے تقریریں کیں اور مسلمانوں کو تلقین کی کہ وہ جمعیۃ کے زیادہ سے زیادہ ممبر بنیں۔ ساتھ ہی مکاتیب شبینہ کی تجویز کو یہاں بے حد پسند کیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ یہ تحریک بہت جلد مقبولیت حاصل کرے گی۔ (نامہ نگار)

علاقہ ٹونک میں تنظیمی دورہ

ٹونک (بذریعہ ڈاک) مولانا محمد شریف صاحب نائب صدر جمعیۃ العلماء راجستھان مولانا قاضی الاسلام ناظم اعلیٰ جمعیۃ العلماء راجستھان نے جمعیۃ علماء کی تنظیم کے سلسلہ میں ضلع ٹونک کے مضافات جھرانہ، لاوا، ڈگی، مالپورہ، ٹوڈہ رائے سنگھ، معظم آباد، لانبہ، بھاگی اور نواح کا دورہ کیا اور مسلمانوں کو جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد سمجھائے اور ان قصبات میں جمعیۃ علماء کی شاخیں قائم کیں۔ (نامہ نگار)

صاحب مہتمم مدرسہ اشرفیہ بھوجپور۔ اور مولانا عبدالجلیل صاحب مبلغ مدرسہ مذکور نے ضلع شاہ آباد اور ضلع رانچی کے مختلف مقامات کا دورہ کیا۔ اور تقریریں کیں۔ انہوں نے مسلمانوں کو رسول اللہ کے اسوہ حسنہ پر عمل کرنے کی تلقین کی اور تعلیم کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔ [illegible] (نامہ نگار)

افکار ـــــــــ پاکستان

موقع کھو دیا

کانفرنس کے اختتام کے موقعہ پر بڑے طمطراق سے اسلام کے شرف و عزت کا اعلان کیا گیا تھا مگر جب عمل مرتب کرنے کا وقت آیا تو اس کو بالکل نظرانداز کر دیا گیا۔ اگر اسلام کے مقدس ذکر کو حذف کر دیا جاتا تو پیغام کے گرم لفظ کی تھیں اس اسلامی اقتصادی کانفرنس اور غیر مسلم ممالک کی اقتصادی کانفرنس کی روداد میں کوئی فرق نہ ہوتا۔

حقیقت میں جس شے کی ضرورت سب سے زیادہ تھی وہ یہ ہے کہ مسلمان ملکوں کی اقتصادی، معاشی، علمی اور معاشرتی ترقی کے متعلق یہ طے کر دیا جاتا کہ ان کی بنیاد اسلام کی شریعت اور قانون پر ہو۔ اور اسلام اور اس کے قانون سے مراد محض خیالی چیزیں نہیں ہیں۔ [illegible]

پاکستان کو اللہ نے یہ مرتبہ عطا فرمایا تھا کہ وہ اس منصب پر عالم اسلام کا رہنما بنتا اور اسلامی اتحاد کا باعث ہو۔ [illegible] کی منڈیاں بھی اپنے لئے پیدا کر سکتا اور زندگی کی ضرورتوں کے لئے کسی دوسرے ملک کا دست نگر نہ رہتے اسلام کے اصولوں پر تحقیق و تفتیش، تدبر اور منصوبہ بندی کرنے کے باعث مسلمان ملکوں کی دنیاوی اور اخلاقی حالت بلند ہو جاتی اور وہ امریکہ اور روس کی بیچارگیوں سے بچ جاتے۔

افسوس ہے کہ پاکستان کے رہنماؤں نے یہ زرین موقع اس سال کی کانفرنس میں کھو دیا۔ لیکن ہم یہ مطلوب اس کو ملتا نہیں۔ [illegible] گا اور اپنی زندگی میں اسلام کو وہ مقام دیا جائیگا جس کا وہ مستحق ہے۔

کوثر لاہور

یہی ہے کہ ان کے دوسرے انکار کا ذریعہ پہلے سے ان کے پاس موجود ہے اسلام جس طرح گذشتہ تیرہ سو برس سے اپنے ماننے والوں کو دیکھ کر آن میں جیتا ہے یہ اب اسلام سے چمٹ رہے ہیں۔ [illegible]

اسلامی دنیا میں اس وقت صورت یہ ہے کہ قدرت نے ایسے حالات پیدا کر دیئے ہیں کہ اسلام کے بہترین مقاصد کے سوا ان پر قابو پانا اور کسی طرح ممکن نہیں ہے۔ [illegible]

خدا یاد آیا

جب طرح ہجرت سے عقیدت ہو گئی... [illegible] اب فرزند اور مجبوری اٹھیں گی۔

مشرقی پاکستان کی ہاری

ڈھاکہ کراچی

مشرقی بنگال کے وزیر صنعت مسٹر محمد الحق چوہدری مستعفی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے استعفیٰ دیتے وقت ہونے والی بہت سی باتیں [illegible]

سہارنپور کی خبریں

سہارنپور میں ٹھگی کی واردات

سہارنپور ۱۴ دسمبر۔ ایک بڑھیا بازار سے اپنے لڑکے کو کھانا دے کر گھر لوٹ رہی تھی راستہ میں تین ٹھگ اس کو مل گئے جنہوں نے ایک نقلی سونے کی ڈلی بڑھیا کے آگے پھینک دی اور پھر آپس میں جھگڑنے لگے۔ [illegible] بڑھیا اپنے ہاتھوں کی چوڑیاں اتار کر [illegible] ٹھگ بڑھیا کے ہاتھ لے کر چمپت ہو گئے اور بڑھیا پکارتی ہی رہ گئی۔

ڈھولک میں سے بھنگ پکڑی گئی

سہارنپور ۱۳ دسمبر۔ آج ایک شخص مراد آباد کی طرف سے ڈھولک کے اندر بھنگ رکھے لا رہا تھا کہ سہارنپور ریلوے اسٹیشن پر اس کو گرفتار کر لیا گیا۔

اودھیاپک منڈل کا جلسہ

سہارنپور ۱۴ دسمبر۔ ایچ اے وی ہائی اسکول میں ڈسٹرکٹ بورڈ اودھیاپک منڈل کا ایک جلسہ زیر صدارت ٹھاکر شیام سنگھ جی ہوا جس میں بتایا گیا کہ یو پی میں ... اور سہارنپور میں سات اودھیاپک اسکولوں سے نکالے گئے ہیں۔ اور امسال مظفرنگر میں یو پی اودھیاپک منڈل کا سالانہ اجلاس ہو رہا ہے جس میں اودھیاپکوں کے مستقبل پر غور کیا جائے گا [illegible] ڈیلیگیٹ اجلاس میں بھیجے گئے۔

بیوی کا قاتل

سہارنپور ۱۲ دسمبر۔ [illegible] منظر ہے کہ ایک پنجابی نے اپنی بیوی کو قتل کر کے اس کی لاش کو ایک ٹرنک میں بند کر دیا اور بعد ازاں اس ٹرنک کو مقفل کر کے ایک امرتسر جانے والی مسافر گاڑی میں رکھ دیا۔ جب گاڑی امرتسر پہنچی تو یہ ٹرنک لاوارث ہونے پر پولیس نے اسے اپنی تحویل میں لیا۔ کھولنے پر عورت کی لاش پا کر پولیس نے سرگرمی سے تحقیقات شروع کر دی۔ [illegible] اس ٹرنک کے متعلق کچھ واقفیت دے گا اس کو انعام دیا جائے گا۔ [illegible] چنانچہ قاتل کو گرفتار کر لیا گیا پولیس تحقیقات میں مصروف ہے۔

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور کا تبلیغی و تنظیمی دورہ

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) [illegible] جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور نے [illegible] دورہ کیا [illegible] جلسہ منعقد ہوا جس میں مذہبی تعلیم پر [illegible] حاضرین جلسہ نے با ضابطہ جمعیۃ علماء ہند کی سند معاونت حاصل کی۔

دوسرے دن موضع [illegible] میں ایک جلسہ زیر صدارت [illegible] جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور منعقد ہوا جس میں جماعت حزب اللہ اور [illegible] جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے مذہبی تعلیم و تبلیغ کو جمعیۃ علماء کا فرض قرار دیا۔ [illegible] جلسہ نے نہایت خوشی سے اس اپیل کو منظور کر لیا۔

سادھو کا فریب

آج ایک سادھو ہاتھ میں ترشول لئے ہوئے ملا ڈالے ہوئے ایک بس میں سفر کر رہا تھا۔ راستہ میں اس نے ایک پانچ سالہ لڑکی کو تنہائی میں پایا سادھو کی نظر جونہی اس کی بالیوں پر پڑی [illegible] چل دیا۔ لڑکی نے چلانا شروع کیا۔ [illegible] سادھو کا تعاقب کر کے اسے پکڑ لیا گیا۔

سوت کاتنے کیلئے سرکاری ٹریننگ

موضع [illegible] تفصیل [illegible] یو پی حکومت نے [illegible] کی ٹریننگ دینے کے لئے ایک کیمپ کھولا گیا ہے جس میں مختلف اضلاع کی ۳۰ عورتیں [illegible]

گئوشالہ کیمپ کے شرنارتھیوں کے مکانات

گئوشالہ کیمپ کے شرنارتھیوں [illegible] ڈسٹرکٹ ریفیوجی آفیسر نے ان سب کو مسلم نکاسیوں کے مکانات الاٹ کر دیئے ہیں اور انہیں حکم دیا ہے کہ وہ الاٹ شدہ مکانات پر فوراً قبضہ کر لیں۔

ریل گاڑی تلے آدمی کٹ مرا

آج شام کو [illegible] کے قریب ایک لاش دیکھی گئی [illegible] ایک شخص آ گیا۔ [illegible] مر گیا۔



خالص! صحت بخش! باکفایت! اور وٹامن کے ساتھ!

رتھ برانڈ کا نام یاد رکھئے اور ہمیشہ یہی طلب کیجئے ڈی سی ایم کے ہیڈمارک کے ساتھ بناسپتی کی اصل پہچان ہے

۵، ۱۰ اور ۲۰ رطل کے ٹینوں میں

ہوٹل والو!

زیادہ مقدار استعمال کیجئے والے ۳۵ رطل کے پیکنگ ٹینوں میں بناسپتی کی پوری مقدار حاصل کرتے ہیں۔

ہوٹلوں کو بڑے ٹینوں میں بہت کفایت ہے۔

رتھ بناسپتی

دی ڈی سی ایم بناسپتی مینوفیکچرنگ کمپنی دہلی

منیجنگ ایجنٹس: دی دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

تاریخ وغیرہ۔ عجائب القصص اردو، مذاق العارفین شرح، مثنوی مولانا روم، مکتوبات امام ربانی، اسوہ، تذکرۃ الاولیاء، قصص الانبیاء، حیات الصالحات، تاریخ دہلی مکمل، نبی عبدالرحمن، عالمگیر، منہاج النبوت، تاریخ اسلام [illegible]

ملنے کا پتہ: جنرل نیوز ایجنسی پبلشرز و تاجران کتب دہلی

اردو ہندوستانی زبان ہے۔ [illegible] کسی استاد کی مدد کے آسان اردو شارٹ ہینڈ کے ذریعہ اردو شارٹ ہینڈ سیکھئے جو اردو اور ہندی رسم الخط میں لکھی جا سکتی ہے۔ قیمت ۸/۲ روپے [illegible] چاندنی چوک دہلی



سپاری کاٹنے کی مشین

فائدہ مند، نئی ایجاد، اور مضبوط دھات کی بنی ہوئی اس مشین کے ذریعہ گھنٹوں کا کام منٹوں میں کریں۔ [illegible] ایک گھنٹہ میں سیروں سپاری کاٹ سکتے ہیں۔ [illegible] قیمت [illegible] نمبر کمپنی (۵،۹) علی گڑھ۔

ضرورت

ایسے معلم تجربہ کار اشخاص کی ضرورت ہے جو سو روپیہ ماہوار تنخواہ [illegible] کسی تجربہ کی ضرورت نہیں۔ آپ بے روزگار ہوں یا برسر روزگار، اسکول ماسٹر یا کلرک، دکاندار یا منشی، مرد ہوں یا عورت، محض فرصت کے اوقات میں اضافہ آمدنی کرنا چاہتے ہیں تو لکھیے۔ پتہ: یونیورسل کارپوریشن (دی) ۲۶ ہیڈ اسٹریٹ قرول باغ نئی دہلی

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۱۶ دسمبر ۱۹۴۹ء

خطرناک کھیل

خوف اور دہشت بہت بری چیز ہے، خدا چھوٹی موٹی مصیبت دے دے مگر کسی شخص کے اعصاب پر خوف مسلط نہ کرے، موت اور بربریت کا خوف، عورتوں اور بچوں کا پتہ پانی کر دیتا ہے، اگر کسی گروہ کو کسی گروہ سے خوف اور ہراس پیدا ہو جائے تو یقیناً اس کی زندگی دوبھر ہو جائے گی اور اس کا ماحول بھی سکون اور طمانیت سے محروم ہو جائیگا یہ بات تو سمجھ میں آسکتی ہے کہ اقلیتیں، اکثریت سے خوف کھاتی رہیں اور اپنے بچاؤ کے لئے کوئی راہ نکالیں، لیکن یہ بات سمجھنی مشکل ہے کہ اکثریت پر اقلیتوں کا خوف سوار ہو جائے اور وہ پریشان ہو کر یہ سمجھنے لگے کہ بس آسمان ٹوٹ پڑے گا اور قیامت نازل ہو جائے گی! اگر کوئی اکثریت اس خوف کا شکار ہو جائے تو اقلیتوں کے لئے افسوس کے سوا اور کیا چارہ کار باقی رہ جاتا ہے؟

دنیا میں ایسے ملک بھی ہیں جہاں نہ اکثریت اقلیتوں سے خوف کھاتی ہے اور نہ اقلیتیں اکثریت سے خوف زدہ رہتی ہیں، مصر کے مسلمان اپنے ملک کے قبطیوں، یہودیوں اور عیسائیوں سے کبھی نہیں ڈرے، ہم نے کبھی نہیں سنا کہ انہوں نے اقلیتوں کے مقابلہ پر اپنی کوئی سبھا بنائی ہو اور کانفرنسیں کر کے اقلیتوں کو چوکے دیئے ہوں شاید اس لئے کہ وہ بہادر رہیں اور بہادر کبھی کسی سے نہیں ڈرتا، اسی طرح ترکی کے مسلمانوں نے کبھی ارمنی عیسائیوں سے خوف کھانے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ عراق کے مسلمان جانتے ہی نہیں کہ اقلیتوں کی طرف سے بھی کوئی خوف پیدا ہو سکتا ہے، انڈونیشیا کے سات کروڑ مسلمانوں نے ایک کروڑ غیر مسلموں کے مقابلہ پر کبھی مورچہ نہیں جمایا یہی حال ان ممالک کی اقلیتوں کا ہے کہ ان کے دماغ بھی خوف اور بے اعتمادی سے پاک ہیں کیونکہ خوف سے خوف پیدا ہوتا ہے اور جب اکثریت کو کوئی خوف نہیں تو اقلیتوں کو خوف زدہ ہونے کی کیا ضرورت؟

لیکن بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہندو مہاسبھا، سب کچھ جاننے کے باوجود بُرے طرح اقلیتوں سے خوف کھا رہی ہے! آخر یہ خوف ہی کی بات تو ہے کہ اس کے آل انڈیا سیکریٹری نے لکھنؤ کے اجلاس میں ہندو کلچر، ہندو اسٹیٹ اور ہندو نیشنلزم [illegible]

جال میں نہ پھنسنے وہ ہندو نیشنلزم اور ہندو اسٹیٹ کے نعرہ کو کس طرح گوارا کر سکیں گے؟

ہمیں افسوس ہے کہ ہندو مہاسبھا کی خوفزدگی نے اسے عواقب اور نتائج سے بالکل بے پروا کر دیا ہے، مسلم لیگ یہی تو کہلوانا چاہتی تھی کہ ہندوستان کے ہندو دو قومی نظریہ کے قائل ہیں اور وہ اپنی تہذیب اور اپنی قومیت کو زبردستی اقلیتوں پر مسلط کرنا چاہتے ہیں؟ پاکستان ان ہی بنیادوں پر کشمیر کو ہڑپ کرنا چاہتا ہے اور ان ہی باتوں کا پروپیگنڈہ کر کے کشمیری مسلمانوں کو گمراہ کر رہا ہے، اب اگر ہندو مہاسبھا بھی کشمیری مسلمانوں سے یہی کہنا چاہتی ہے کہ بھائیو! جو برائیاں پاکستان میں ہیں وہی برائیاں ہم بھی اپنے اندر پیدا کرنا چاہتے ہیں لہذا تمہیں ہندوستان میں شامل نہ ہونا چاہئے، تم دو قومی نظریہ سے بھاگ کر ہندوستان میں شامل ہونا چاہتے ہو مگر یاد رکھو ہم خود بھی اسی نظریہ کے قائل ہیں [illegible]

اس قسم کی غداری نہیں کر سکتا مگر لکھنؤ کے اسی مہاسبھائی اجلاس میں عطر اگروال کس دیدہ دلیری سے فرماتے ہیں کہ

"ہندوستان کی چار کروڑ مسلم آبادی پوری طرح ملک کی وفادار نہیں ہے"

مگر یہ وہی بات ہے کہ جب چور بھاگتا ہے تو اپنے بچاؤ کے لئے چور چور کا شور بلند کرتا ہے، لیکن حق و عدالت کا ضمیر اس جرم کو کبھی معاف نہیں کرے گا کہ پہلے کشمیر کو ہندوستان سے فرنٹ کرنے والی جماعت وفادار قرار پائے اور وہ مسلمان جو سیکولر اسٹیٹ کی حمایت کریں اور دو قومی نظریہ پر لعنت بھیج کر کشمیر کو اپنے ساتھ ملانا چاہتے ہیں وہ غدار سمجھے جائیں۔ آخر میں ہم درخواست کریں گے کہ ہندو مہاسبھا اپنے موقف پر نظر ثانی کرے اور حکومت ملک کے حقیقی غداروں کو چن چن کر منظر عام پر لائے!

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی

[illegible]

اچھی باتیں

انا ھدینٰہ السبیل اما شاکرا و اما کفورا (پ ۲۹ ع ۱۹)

ہم نے انسان کو راستہ بتا دیا ہے اب خواہ وہ شکر گزار بندہ بنے یا ناشکرا بن کر نعمتوں کا انکار کرے۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام اور قرآن کریم کے ذریعہ انسانوں کو نیکی، بھلائی اور نجات کا راستہ بتا دیا ہے اب یہ انسان کا کام ہے کہ اس پر گامزن ہو کر شکر گزار بندہ بنے یا اس سے انحراف کر کے اپنے لئے تباہی مول لے انسان کو خدا نے اپنے افعال و کردار میں بالکل خودمختار اور آزاد بنایا ہے اگر وہ اپنے اختیار سے نیکی کا راستہ اختیار کرے گا تو کامیاب ہوگا اگر اپنے اختیار سے غلط راہ اختیار کرے گا تو ناکام رہے گا خدا کسی انسان کو نہ نیکی پر مجبور کرتا ہے نہ بدی پر بلکہ اسے اختیار دیتا ہے کہ اپنا انجام خود سوچ لے اور نتیجہ بھگتنے کے لئے تیار رہے!

خیالات — ناظرین

(اڈیٹر کا مراسلہ نگاروں سے متفق ہونا ضروری نہیں)

مکرمی جناب اڈیٹر صاحب السلام علیکم

سلام مسنون۔ میرے خیال میں الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کی جد و جہد اس طرح کامیاب ہو سکتی ہے کہ تمام ایجنٹ صاحبان اب تک جس تعداد میں پرچے طلب کرتے تھے۔ وہاں پرچوں کی تعداد کو دو چند کر دیں۔ محنت و کوشش سے کام کیا جاوے تو خدا کی ذات سے امید قوی ہے کامیابی ہوگی۔ میں سب سے پہلے اس کام کے لئے تیار ہوں۔ والسلام۔

خادم جمعیۃ علماء محمد حکمت اللہ صدیقی نیوز ایجنٹ نیپال

انقلاب پیدا کرنے کی ضرورت

مسلمانوں کو ہندوستان کے انقلاب کے ساتھ اپنی حالت میں انقلاب پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کو چاہئے کہ اپنی عمر دینی زندگی میں انقلاب برپا کریں۔ اور سب سے پہلے "تقویٰ" اختیار کریں۔ یعنی اللہ و رسول کے پیمان کے ساتھ کتاب و سنت کی روشنی میں ادائے فرض و دیانت [illegible]

(مولانا) محمد قمر الدین

سچا مذہب

[illegible]

ہندوستان کی اقتصادی صورت حال پریشان کن نہیں ہے

قیمتیں ایک جگہ رک گئی ہیں اور وہ اب زیادہ نہیں بڑھیں گی

قومی ترقی کے پیش نظر ہندوستان کی صورت حال کا جائزہ

نئی دہلی۔ ۱۳ دسمبر کل کلکتہ میں ہندوستان کے وزیر مالیات آنریبل ڈاکٹر جان متھائی نے جو تقریر کی اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ (اقتصادیہ سوں اشاعت میں درج ہو چکا ہے۔) [illegible]

درآمد میں تخفیف اور برآمد میں اضافہ

[illegible]

ہند اور پاکستان کے تعلقات

[illegible]

سرمایہ کا صحیح استعمال

[illegible]

جہاز کا حادثہ!

[illegible]

دار السلطنت

۱۳ دسمبر

دہلی میں یوم وداع

[illegible]

جمعیۃ علماء فنڈ میں عطیہ

[illegible]

کسانوں کی مانگ

[illegible]

اسرائیل کا نیا دار السلطنت!

تل ابیب ۱۳ دسمبر آج اسرائیلی پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ دار السلطنت کو تل ابیب سے بیت المقدس منتقل کر دیا جائے (پ، ٹ، رائٹر)

چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا برطانیہ ہندوستان اور برما آئندہ ہفتہ میں اعلان کریں گے

[illegible]

کشمیر میں جمہوری دھان بونے کا تجربہ کامیاب رہا

[illegible]

نیپالی مشن کو دعوت!!

[illegible]

بمبئی کے سرکاری طیارہ کو حادثہ

[illegible]

جمہوریہ ہندوستان کے صدر کا جھنڈا تیار ہو گیا۔ اسے ۲۶ جنوری کو لہرایا جائے گا۔

جھنڈے میں لال قلعہ کی ترازو کی تصویر بھی شامل کی گئی ہے

[illegible]

دار الامراء میں نیا انڈیا بل منظور

[illegible]

بموں اور ریوالوروں سے حملے

[illegible]

۲۶ اور ۲۷ دسمبر کو قادیان میں سالانہ اجلاس

[illegible]

پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر بحث کا دوسرا دن!

ہندو خواتین، سادھو اور بہت سے لوگ کارروائی سننے آئے

مسز الادی کرشنا سوامی کی مشروط حمایت!

[illegible]

ڈاکٹر مکرجی طلاق کے حق میں

[illegible]

مسٹر لال چودھری

[illegible]

شادی اور طلاق کی دفعات

[illegible]

اسلامی کانفرنس میں حصہ لینے والے کئی مندوب بھی ہلاک ہو گئے

کراچی کے ہوائی حادثہ میں مرنے والوں کی فہرست

[illegible]

مرکزی دفاتر دہلی سے ریاستوں میں منتقل ہوں گے

[illegible]

بمبئی میں ٹیلیفون

[illegible]

پورے صوبہ بمبئی میں صرف ۵ ہزار بے گھر پناہ گزینوں کو مفت راشن دیا جائیگا

۱۵ جنوری سے ۹۰ ہزار پناہ گزینوں کا مفت راشن بند کر دیا جائے گا

[illegible]

آزاد کشمیر کی فوجوں میں ۱۹۴۷ء سے اضافہ ہو گیا ہے

جنگ بندی کے زمانہ میں پاکستان نے اپنی پوزیشن مستحکم کر لی

کشمیر کمیشن کی رپورٹ میں آزاد کشمیر کی فوجوں کا ذکر

[illegible]

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر ۹۷

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

اشتہار کیلئے خالی ہے

اشتہار کیلئے خالی ہے

فون نمبر ۵۱۳۵

تار کا پتہ الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۰ | جلد ۳۱ | دہلی اتوار ۲۵ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ مطابق ۱۸ دسمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۰۱ | قیمت فی پرچہ ۲ آنے

ہند پارلیمنٹ میں شور و غل اور آوازہ کشی۔ صدر نے اجلاس ملتوی کرنے کی دھمکی دے دی

سیٹھ گووند داس نے اجلاس میں پھر ہندی ہندستانی کا جھگڑا پیدا کر دیا

ممبران کی طرف سے سیٹھ بیٹھ جاؤ کی آوازیں

سیٹھ جی آپے سے باہر ہو گئے! اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے انکار

نئی دہلی ۱۵ دسمبر۔ آج ہند پارلیمنٹ کے اجلاس میں پنڈت ٹھاکر داس بھارگو کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے نائب وزیر اعظم سردار پٹیل نے کہا کہ مغربی بنگال کے علاقہ دارجلنگ کے لئے ایک مستقل صوبہ کی حیثیت سے علیحدہ دستور بنانے کا مطالبہ غلط، غیر آئینی اور قومی مفاد کے لئے نقصان دہ ہے۔

پنڈت بھارگو نے اس سوال کے جواب میں کہ کیا اس سلسلہ میں حکومت کو کوئی عرضداشت موصول ہوئی ہے اور اگر ہوئی ہے تو اس معاملہ میں حکومت کی حکمت عملی کیا رہے گی؟ سردار پٹیل نے کہا کہ حکومت کو کوئی عرضداشت موصول نہیں ہوئی۔ میں نے اخبارات میں اس قسم کی سرگرمیوں کی اطلاعات ضرور پڑھی ہیں۔ لیکن ملکی مفاد کے لئے یہ نقصان رساں ہے۔ اور غیر آئینی اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ [illegible]

حکومت ہند نے اس بات کا عزم کر لیا ہے کہ [illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

خواجہ ناظم الدین کی ملتان میں تقریر

ملتان ۱۵ دسمبر (پ۔ ٹ۔ رائٹر) پاکستان کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین نے ملتان مسلم لیگ کے سپاسنامے کے جواب میں تقریر کرتے ہوئے ایک جلسہ عام میں کہا کہ حصول پاکستان کے بعد مسلم لیگ نے تعمیر کا کام چھوڑ دیا ہے اور وہ خدمت اور صرف خدمت سے کھویا ہوا وقار اور احترام عوام میں حاصل کر سکتی ہے۔ آج ہمیں بہت سے مسائل کا سامنا ہے۔ اس کے لئے اتحاد کی ضرورت ہے۔

ڈچ نیوگنی کو الگ کرنے کا مسودہ قانون

ہیگ ۱۵ دسمبر۔ ڈچ پارلیمان میں ایک مسودہ قانون پیش کیا گیا ہے جس کی منظوری کے بعد ۳۱ دسمبر ۱۹۴۹ء کے بعد ڈچ نیوگنی کا انتظام کرنے کیلئے ایک گورنر مقرر کر سکیں گی۔ اس مسودہ قانون کا مقصد ممالک متحدہ انڈونیشیا کو اختیارات حکومت سپرد کئے جانے کے بعد ڈچ نیوگنی کو مزید ایک سال تک اس سے علیحدہ رکھنا ہے۔ (اے۔ پ۔ رائٹر)

انڈونیشی پارلیمنٹ سے کمیونسٹ اور سوشلسٹ واک آؤٹ کر گئے

معاہدہ ہیگ کے خلاف احتجاج اور نیوگنی کے مستقبل سے متعلق تشویش

[illegible]

مسئلہ کشمیر کی بحث کے سلسلہ میں لیک سکسیس میں ہند اور پاکستان کے وفود کی سرگرمیاں

مختلف وفود کے سرکردہ ممبروں سے سر راجیبی کا مشورہ

مجلس تحفظ کے اجلاس کا آغاز کشمیر کمیشن کی رپورٹ سے ہوگا

لیک سکسیس ۱۵ دسمبر۔ مجلس تحفظ کا اجلاس [illegible] جس میں اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔ [illegible]

حکومت برطانیہ چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا اعلان کر رہی ہے

لندن ۱۵ دسمبر۔ ایک معتبر حلقہ سے گذشتہ شب معلوم ہوا کہ برطانوی حکومت نے آج اس بات کا فیصلہ کر لیا ہے کہ وہ کس تاریخ سے چینی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کر رہی ہے۔ حکومت نے گذشتہ اکتوبر میں کمیونسٹ حکومت کو تسلیم کرنے کا اصول منظور کر لیا تھا۔ لیکن اس وقت سوال یہ ہے کہ آیا یہ اعلان دولت مشترکہ کانفرنس سے قبل کیا جائے یا اس کے بعد کیا جائے۔ (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

جنگ شاہی کے ہوائی حادثہ کے دس اشخاص کی لاشیں مل گئیں

دو پاکستانی جنرلوں کو آج پورے اعزاز سے کراچی میں دفن کیا جائے گا

کراچی ۱۵ دسمبر معلوم ہوا ہے کہ جیسے کے ہوائی حادثہ کے بارے میں تحقیقاتی بورڈ چند دن میں اپنی رپورٹ پیش کر دے گا۔ امید کی جاتی ہے کہ اس رپورٹ کو شائع کر دیا جائے گا۔ اگرچہ نومبر ۱۹۴۹ء میں اس قسم کے حادثہ کی رپورٹ شائع نہیں کی گئی تھی۔

مسافروں میں سے دس اشخاص کی شناخت کر لی گئی ہے۔ جن لوگوں کی لاشوں کی شناخت ہوئی ہے۔ ان میں میجر جنرل محمد افتخار خاں بھی ہیں۔ جو پاکستان کے پہلے کمانڈر انچیف بننے والے تھے۔ ان کی اور بریگیڈیر شیر خاں کی لاش کو فوجی اعزاز سے دفنایا جائے گی۔ ایک جرمن اور دو انگریزوں کی لاشوں کے علاوہ اسلامی اقتصادی کانفرنس کے مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ کے پانچ مندوبین کی لاشیں ابھی تک محفوظ رکھی گئی ہیں۔ کیونکہ ان کی شناخت نہ ہو سکی۔ [illegible] (باقی صفحہ ۶ پر)

پاکستان کی مضبوطی کے لئے کام کرو

مسٹر لیاقت علی خاں کی عوام سے اپیل

[illegible]

تاجروں کو مسٹر فضل الرحمن کا جواب

[illegible]

برطانیہ امریکہ کی موجودہ شرطوں پر ہتھیار خریدنے سے انکار کر دے گا!

[illegible]

جنرل چیانگ کائی شیک کا سالہ فرانس سے ہتھیار خریدنے کی کوشش کر رہا ہے؟

پیکنگ کے کمیونسٹ ریڈیو سے نیشنلسٹوں کے خلاف الزام

جنرل پائی چنگ شی سابق شہنشاہ باؤدائی کے ساتھ مل کر لڑے گا

[illegible]

لاہور میں حضرت مولانا عثمانی کا ماتم

لاہور ۱۵ دسمبر۔ کل لاہور میں حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی جن کا پرسوں بہاولپور میں انتقال ہو گیا تھا، اور جو کل کراچی کے ہوائی حادثہ میں ہلاک ہوئے ... [illegible]

تمام دفاتر، تجارتی ادارے اور [illegible] کل صبح کھلے تھے۔ [illegible]

متحدہ حیدرآباد کی حمایت میں پاپیگنڈے

مسٹر جے پرکاش کی حیدرآباد میں تقریر

[illegible]

غیر ملکوں کی قانونی مراعات

پاکستان میں ختم کر دی جائیں گی

کراچی ۱۵ دسمبر۔ پاکستان پارلیمنٹ کے آئندہ اجلاس میں یورپین اور امریکی باشندوں کے ان قانونی مراعات کے خاتمہ کا مسودہ قانون پیش ہوگا جو انہیں پاکستان میں حاصل ہیں۔ [illegible]

صدر اسرائیل بن گورین کی غلط فہمی

[illegible]

> **لندن میں دعائے مغفرت**
>
> لندن ۱۵ دسمبر۔ ہائی کمشنر پاکستان کے دفتر میں حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی شیخ الاسلام پاکستان اور ہوائی جہاز کے حادثہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے لئے دعائے مغفرت کی گئی۔ [illegible] (پ۔ ٹ۔ رائٹر)

کوہ نور خضاب بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کر دیتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

ESTD. 1925

Aljamiat

DATE-16-12-49

ہند پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر بحث کا تیسرا دن

مسٹر کرپلانی کی طرف سے بل کی حمایت

نئی دہلی۔ ۱۴ دسمبر۔ ایوان کے ہندو کوڈ بل پر بحث شروع کرنے سے قبل ڈپٹی اسپیکر مسٹر اننت شیانم آینگر نے مسٹر کرپلانی کا خط پیش کیا کہ وہ کل اپنی تقریر ختم نہ کر سکے تھے۔ چنانچہ انہوں نے مسٹر کرپلانی کو تقریر کرنے کی اجازت دی۔

انہوں نے بل کی حمایت میں پھر بولنا شروع کیا۔ بنگالی ممبران کی طرف سے بل کی مخالفت کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا۔ ان ممبروں کو بنگال کی ہندو بیواؤں کی حالت زار کا علم نہیں۔ ورنہ وہ اس بل کی مخالفت نہ کرتے۔ [illegible] تب بھی ان کے حل سے مردوں کا احترام اور عزت کم نہ ہوگی۔ [illegible]

اس سال گیارہ لاکھ ٹن چینی تیار کی جائے گی۔ چینی کے کارخانہ داروں کا فیصلہ

شکر کے بعض کارخانہ داروں نے ناجائز نفع خوری کی ہے

وزیر صنعت کا اعتراف۔ کارخانہ داروں سے پبلک کا اعتماد حاصل کرنے کی اپیل

نئی دہلی ۱۳ دسمبر۔ ہندوستان بھر کے چینی کے کارخانوں کے نمائندے آج دہلی میں اپنی انجمن کے سالانہ اجلاس کے سلسلہ میں جمع ہوئے۔ انہوں نے سردار پٹیل کی اس اپیل پر عمل کرنے کا فیصلہ کیا کہ پیداوار زیادہ سے زیادہ بڑھائی جائے۔ اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ سال رواں میں گیارہ لاکھ ٹن چینی تیار کی جائے۔ جس سے چینی کی چڑھی ہوئی قیمت بھی کم ہو جائے۔ اور ملک کی چینی کی بھی ضرورت پوری ہو سکے۔

انجمن کے اراکین نے حکومت سے مختلف قسم کی سہولتیں طلب کیں۔ انجمن کے چیرمین مسٹر شانتی پرشاد نے چینی کی صنعت کے مختلف مسائل پر تبصرہ کیا۔ اجلاس کا افتتاح وزیر خوراک مسٹر جے رام داس دولت رام نے کیا۔ وزیر خوراک کے اجلاس کا افتتاح کرنے کے بعد کئی قراردادیں منظور کی گئی ہیں مسٹر جے رام داس دولت رام نے اپنی تقریر میں کہا پارلیمنٹ چینی کے مسئلہ پر بحث کرے گی۔

انہوں نے کہا حکومت نے نظر ثانی کے بعد [illegible] انہوں نے کہا تحقیقات پر معلوم ہوا کہ مغربی پاکستان میں سرحد کے راستے چینی نہیں بھیجی گئی۔ [illegible] پاکستان میں چینی کی قیمت ایک ہی تھی۔ حکومت ہند شکر کی صنعت سے مشورہ جاری رکھے گی۔ [illegible] (پ ٹ ا)

پٹنہ۔ ۱۴ دسمبر۔ مرکزی حکومت نے بہار کی شاہراہوں کی مرمت کے لئے ۵ لاکھ روپیہ دیا ہے۔ اس سے قبل دس لاکھ روپیہ دیا جا چکا ہے۔ (پ ٹ ا)

سوشلسٹ پارٹی ایک مضبوط حزب مخالف قائم کرنا چاہتی ہے

ناگپور میں سوشلسٹ لیڈر مسٹر جے پرکاش کی تقریر

ناگپور ۱۴ دسمبر۔ مسٹر جے پرکاش نرائن نے جو کلکتہ سے یہاں پہنچے ہیں۔ ایک اجتماع میں تقریر کرتے ہوئے کہا سوشلسٹ پارٹی کی موجودہ پالیسی یہ ہے کہ وہ [illegible] ملک میں حکومت کے خلاف [illegible] ایک مضبوط حزب مخالف قائم کرے۔ [illegible]

مزدور سبھا اور کسان پنچایت کی تشکیل

[illegible]

> **درجہ حرارت طلوع و غروب**
>
> کل دہلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۷۴۱ درجہ اور کم سے کم ۵۰۲ درجہ تھی۔
>
> ۱۴ دسمبر طلوع ۵-۷ غروب ۲۶-۵
>
> ۱۵ دسمبر طلوع ۵-۷ غروب ۲۶-۵
>
> ۱۶ دسمبر ۶-۷ غروب ۲۶-۵
>
> درجہ حرارت طلوع و غروب

اسرائیل کا فیصلہ

(بقیہ صفحہ اول)

یہ فیصلہ اس وقت کیا گیا ہے جبکہ اقوام متحدہ کی ٹرسٹی شپ کونسل لیک سکسیس میں جنرل اسمبلی کے اس حکم کو عملی جامہ پہنانے کے سلسلہ میں غور کر رہی ہے۔ [illegible]

خیال کیا جاتا ہے کہ ۲۶ دسمبر کو پارلیمنٹ تل ابیب سے یروشلم میں منتقل ہو جائے گی اور دوسری سرکاری ایجنسیاں رفتہ رفتہ اپنے دفاتر تبدیل کر لیں گی۔

معتبر حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ یہ فیصلہ امریکی سفیر کی اس زبانی درخواست کے بعد کیا گیا کہ اسرائیل جلد بازی سے قدم نہ اٹھائے کیونکہ اس سے شرق اردن اور مجلس اقوام متحدہ میں مخالفانہ جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ ابھی یروشلم کو دار السلطنت قرار نہ دیا جاتا امریکی سفیر مسٹر جیمز میکڈانلڈ کی مداخلت کا نتیجہ سمجھا جا رہا ہے۔ (رپ ٹ ا)

یوپی میں قوم پروروں اور فرقہ پرستوں کی جدوجہد

(بقیہ صفحہ اول)

ہندو مہاسبھا کا نظریہ

[illegible]

غیر دوستانہ عناصر

[illegible]

اقلیتوں کا مستقبل

[illegible]

کشمیر کمیشن کی رپورٹ پر تبصرہ

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں پنڈت نہرو اور مسٹر کامتھ کے درمیان جھڑپ

(بقیہ صفحہ اول)

مسٹر کامتھ سے جھڑپ

[illegible]

۲۵۰ لاکھ گز کپڑے کی کمی

[illegible]

بہاولپور ہاؤس

[illegible]

برما سے ہندستانیوں کی واپسی

[illegible]

مجلس تحفظ میں روس کی طرف سے ویٹو کا استعمال

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

روس کی طرف سے نکتہ چینی

[illegible]

ساڑھے پانچ روپیہ میں فوٹو کیمرہ



امریکن موڈل خوبصورت کیمرہ۔ اس کیمرہ سے آپ نمبر ۱۲۰ کی کٹ فلم پر ۲½ × ۲¼ سائز کے بہت اچھا فوٹو آسانی سے کھینچ سکتے ہیں۔ قیمت معہ ترکیب استعمال ساڑھے پانچ روپیہ۔ پوسٹیج ایک روپیہ

پتہ: سنار ٹریڈنگ کمپنی (68) کھوسہ گنج علیگڑھ سٹی)

چینی نیشنلسٹ فوجیں بھاگ کر ہند چینی پہونچ گئیں

فرانسیسی حکام نے ان کو غیر مسلح اور نظر بند کر دیا!

ہند چینی پر کمیونسٹوں کے حملہ کا خطرہ ٹل گیا

سیگاؤں ۱۳ دسمبر۔ ہزاروں چینی نیشنلسٹ سپاہی جو جنرل پائی چنگ کی فوج سے تعلق رکھتے ہیں بھاگ کر ہند چینی پہونچ گئے ہیں۔ یہ سپاہی چین اور ٹانکنگ کے سرحدی علاقہ میں داخل ہوئے ہیں ان سے اسلحہ لے لئے گئے اور ان کو نظر بند کر دیا گیا۔

فرانسیسی سرکاری حلقوں کے بیان کے مطابق ان سپاہیوں کے ساتھ ان ہدایات کے مطابق عمل کیا جائے گا جو فرانسیسی ہائی کمشنر اور شاہ باؤدائی کی طرف سے موصول ہوئی ہیں۔ ان کے ساتھ پناہ گاہوں کے قانون کے مطابق عمل ہوگا یعنی ان کے ساتھ شکست خوردہ فوج کی طرح عمل کیا جائے گا۔

گذشتہ ہفتہ جنرل پائی چنگ کے متعلق اطلاع ملی تھی کہ ...

بنا سپاہی نے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس اطلاع سے کمیونسٹ حکام کو یہ اطمینان ہو گیا تھا کہ اب ہند چینی پر حملہ کا خطرہ مل گیا۔

فرانسیسی نیوز ایجنسی آزاد فرانس نے بتایا کہ کمننگ میں جنرل چنگ چن دو دن کمیونسٹوں کی قید میں رہنے کے بعد فرنچ انڈو چائنا کے ہیونگ کے مقام پر پہونچ گئے۔ وہ جنوب مغربی چین میں قوم پرست افواج ...

... کمیونسٹ جنرل ... نے جنرل چنگ چون کو قید کر لیا تھا۔ لیکن جنرل چیانگ کائی شیک نے بمباری کی دھمکی دی۔ اس پر جنرل موصوف نے سابق وزیر اعظم کو آنے کی اجازت دیدی۔ وہ ہیونگ سے ہانگ کانگ روانہ ہو گئے۔ ایک فرانسیسی حفاظتی دستے آج ۱۵۰ فرانسیسی سپاہیوں کو جو دو قوم پرست جہازوں میں گرفتار تھے اور ہند چینی کے سمندر میں داخل ہونے سے گرفتار کر لیا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ جہاز سپاہیوں کو جزیرہ ہینان لے جا رہے تھے۔

بعد کی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ چین کے سابق وزیر اعظم جنرل چیانگ کائی شیک سے ملاقات کے لئے جا رہے ہیں۔ وہ چنگتو سے اس وقت فرار ہوئے جب معلوم ہوا کہ یونان کے باغی کمیونسٹ جنرل چیانگ چن کو نظر بند کر چکا تھا لیکن چیانگ کائی شیک ...

... اس وقت اسی کو دہا لیا گیا۔ قوم پرست حکومت کے اور صرف سپاہی بڑی بے ترتیبی کی حالت میں کوانگسی کے صوبہ سے جزیرہ ہینان کی طرف بھاگ رہے ہیں۔ جہاں ان کے لیڈر جنرل پائی چنگ ... کمیونسٹوں سے آخری مقابلہ کے لئے تیاری کر رہے ہیں۔ یہ جزیرہ خلیج ٹانکنگ میں واقع ہے۔

مل مزدوروں میں جھگڑا!

ایک درجن مزدور زخمی ہوئے

کلکتہ ۱۳ دسمبر۔ کلکتہ کے قریب ... ایک جوٹ مل کے مزدوروں کے دو گروہوں میں تصادم ہو گیا۔ جس میں ایک درجن کے قریب اشخاص زخمی ہوئے۔ معلوم ہوا ہے کہ بعض مزدور کام پر واپس جا رہے تھے کہ ان پر ہڑتالی مزدوروں نے حملہ کر دیا۔ اس جھگڑے میں بم بھی استعمال ...

بیت المقدس کے لئے جدید قانون

ٹرسٹی کونسل کا خفیہ اجلاس

لیک سکسیس ۱۳ دسمبر۔ ...

چین کی کمیونسٹ حکومت تسلیم کی جائیگی

برطانیہ کے انڈر سکریٹری کا بیان

لندن ۱۳ دسمبر۔ ...

عرب جنگی تیاری کر رہے ہیں

تل ابیب ۱۳ دسمبر۔ اسرائیل کے ایک افسر اعلیٰ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ عرب جنگی تیاریوں میں مصروف ہیں وہ ہتھیار جمع کر رہے ہیں۔ اور جدید ترین اسلحہ سے لیس ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو عربوں کی وسیع جنگی تیاریوں سے بے خبر نہ رہنا چاہئے۔ (رپورٹر)

مسٹر محمد علی لیک سکسیس روانہ ہوگئے

کراچی ۱۳ دسمبر۔ حکومت پاکستان کے سکریٹری جنرل مسٹر محمد علی ... لیک سکسیس روانہ ہو گئے۔ ... اقوام متحدہ کی مجلس ... کشمیر کے مسئلہ پر بحث میں حصہ لیں گے۔ (اپ)

محسود قبائل کے جرگہ میں

وزیر اعظم پاکستان کی تقریر!

پشاور ۱۳ دسمبر۔ وزیر اعظم پاکستان مسٹر لیاقت علی خاں نے آج وانا میں محسود قبائل کے ایک جرگہ میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان سرحدی ترقیات پر پوری توجہ دے گی۔ ... سرحد کے متعلق ذرائع سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ وزیر اعظم پاکستان نے ان کو یقین دلایا کہ پاکستان سرحد کے لوگوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرے گا جیسا پاکستان کے دوسرے لوگوں کے ... وہ ملک کے دوسرے لوگوں کی طرح ترقی کر سکیں ... وزیر اعظم پاکستان وہاں سے ڈیرہ غازی خاں ... بجے یہاں پہنچے اور یہاں ایک جلسہ عام ...

شیخ عبداللہ لندن سے روانہ ہوگئے

لندن ۱۳ دسمبر۔ شیخ محمد عبداللہ وزیر اعظم کشمیر اپنا مقام لیک سکسیس جاتے ہوئے یہاں پہونچ گئے۔ چند گھنٹہ قیام کے بعد وہ پھر اپنے سفر کے آخری حصہ پر روانہ ہو گئے۔

حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کو کراچی میں سپرد خاک کر دیا گیا

نماز جنازہ میں سندھ کے وزراء، حکومت پاکستان کے افسر اور لاکھوں مسلمانوں کی شرکت

کراچی ۱۳ دسمبر — کراچی کی سرزمین نے آج ... پاکستان کے ایک عالم بے بدل ... قرآن مذہب وعقائد اور فضل وکمال کے ... حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی کو اپنے آغوش میں ... کراچی کے در و دیوار پر حسرت و یاس کا عالم طاری تھا اور مسلمانان کراچی عالم اسلام کے اس ناقابل تلافی نقصان پر سوگوار تھے۔

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کا انتقال کل صبح ۱۱ بجے ... حرکت قلب بند ہو جانے سے بغداد الجدید (ریاست بہاولپور) میں ہوا تھا حضرت مولانا عثمانی بہاولپور کے وزیر تعلیم کی دعوت پر جمعہ کے دن یہاں تشریف لائے تھے۔ اور آپ کا انتقال وزیر موصوف کی رہائش گاہ پر ہی ہوا ہے۔

حضرت مولانا کے سینہ میں تکلیف اور بخار کی حرارت کی شکایت کی جس وقت طبی معائنہ کیا گیا تو نبض کی رفتار ... اور درجہ حرارت ۹۹ درجہ تھا لیکن آپ نے کمزوری اور سردی محسوس کی اور ہر ممکن طبی امداد فراہم کی گئی مگر سب بے سود رہی اور حضرت مولانا کا ... انتقال ہو گیا موصوف آخر دم تک ہوشیار رہے اور آخر تک ہوش و حواس قائم رہے۔

کراچی اسٹیشن پر

حضرت علامہ عثمانی کی لاش پاکستان میل سے آج صبح ... بہاولپور سے کراچی لائی گئی جنازہ کے ہمراہ ریاست بہاولپور کے ... وزیر تعلیم اور جامعہ عباسیہ کے پرنسپل مولانا غلام محمد کے علاوہ دوسرے ارکان اور علماء بھی کراچی تشریف لائے۔ (باقی صفحہ ۷ پر)

مرلی دھر شاد جیسی بلند ادبی شخصیت ہم سے جدا ہو گئی

لالہ سری رام جی کے نام مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کا تعزیتی برقیہ

دہلی ۱۳ دسمبر۔ دہلی کلاتھ مل کے مالک لالہ سری رام رئیس اعظم کے صاحبزادے لالہ مرلی دھر شاد اور ان کی اہلیہ کے ناگہانی حادثہ پر حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے لالہ سری رام جی کو آج صبح ایک تعزیتی برقیہ بھیجا اور اپنے دلی صدمہ کا اظہار کیا ہے۔ جس میں لکھا ہے

"مرلی دھر شاد اور ان کی اہلیہ کی ناگہانی موت سے انتہائی دلی صدمہ ہوا ... شاد صاحب جیسی بلند پایہ ادبی شخصیت ہم سے جدا ہو گئی۔ جمعیۃ علماء کے تمام احباب اس غم میں آپ کے شریک ہیں اور ... دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں۔"

چنگتو پر ابھی تک کمیونسٹوں نے قبضہ نہیں کیا

نیشنلسٹ فوجوں کو محصور کرنے کی کوشش

ہانگ کانگ ۱۳ دسمبر۔ ہانگ کانگ ... معلوم ہوا ہے کہ چنگتو پر کمیونسٹ جنرل ... اس امر کی کوشش کر رہا ہے کہ ... نیشنلسٹ ...

دور حاضرہ کا ایک بہت بڑا عالم ہم سے جدا ہو گیا

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کی وفات پر اکابر جمعیۃ علماء ہند کا اظہار غم

مسلمانوں سے عموماً اور مدارس عربیہ سے خصوصاً ایصال ثواب کیلئے اپیل

دہلی ۱۴ دسمبر۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی صدر، حضرت مولانا احمد سعید صاحب نائب صدر، حضرت مولانا حفظ الرحمٰن ناظم اعلیٰ، حضرت مولانا محمد میاں صاحب ناظم، حضرت مولانا ... صاحب بہاری، حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب لدھیانوی، حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب نے حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی موت پر اپنے انتہائی حزن و ملال کا اظہار کیا ہے اور فرمایا ہے کہ مولانا شبیر احمد عثمانی کی وفات سے ... علمی دنیا میں ایک ایسی جگہ خالی ہو گئی ہے جو عرصہ تک پر نہ ہو سکے گی ...

... ہم سب حضرات مولانا شبیر احمد عثمانی کی وفات حسرت آیات پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں ہمارے زمانہ کا ایک بہت بڑا عالم ہم سے جدا ... عثمانی کے لئے ایصال ثواب فرمائیں۔

انڈونیشیا کی جمہوری پارلیمنٹ نے ہیگ معاہدہ کی تصدیق کر دی

کمیونسٹوں اور بعض سوشلسٹوں نے مخالفت کی!

بٹاویہ ۱۴ دسمبر۔ انڈونیشیا کی جمہوری پارلیمنٹ نے جوگجا کارتا میں اپنے ایک اہم اجلاس میں ہیگ معاہدہ کی تصدیق کر دی ... معاہدہ کی حمایت میں ... ووٹ آئے ... ممبران نے ووٹ نہیں دئے کمیونسٹوں اور بعض سوشلسٹوں نے معاہدہ کی مخالفت میں ووٹ دئے۔ اب انڈونیشیا کی تمام ... ریاستوں نے معاہدہ کی تصدیق کر دی ہے۔ انڈونیشیا کی متحدہ حکومت کے دستور ... سکتا ہو سکیں گے۔

برمی وزیر خارجہ دہلی آرہے ہیں

پنڈت نہرو سے اہم مذاکرات کرینگے

رنگون ۱۴ دسمبر۔ برمی وزیر خارجہ ...

اٹاوہ کی خبریں

جرائم پیشہ اقوام کی میٹنگ

نائب امیر جمعیۃ علماء پٹنہ کے دورہ پر!

کانگرس میں صلح کی کوشش

بنارس کے بازاروں میں

ہندو کوڈ بل کے خلاف مظاہرے

بازاروں کے بھاؤ

بلین مارکیٹ

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

۱۰ دسمبر ۱۹۴۹ء

ابھی بہت کچھ کرنا ہے

اس میں شک نہیں کہ ہندوستان نے آزادی کے بعد کئی اہم کام انجام دئے ہیں لیکن بہت سے کام ایسے ہیں جن کی تکمیل تو کیا ان کا آغاز بھی نہیں ہوا ہے۔ اچھے اور اہم کاموں کی فہرست میں حکومت کی بین الاقوامی ساکھ، نیک نامی اور خیر سگالی کو خاص درجہ حاصل ہے، اور ڈھائی سال کی مدت میں دنیا سے باور کرا لینا کہ ہندوستان نہ صرف حکومت کرنے کی قابلیت رکھتا ہے بلکہ وہ ترقی پذیر حالات کا ساتھ دیتے ہوئے اسے آگے بھی بڑھا سکتا ہے کوئی معمولی کارنامہ نہیں ہے، پنڈت جواہر لال نہرو ...

بہت کم اسٹرائکیں ہوتی ہیں اور مزدوروں کے پاس سرمایہ بھی پہلے کے مقابلہ میں زیادہ ہے ... ماہیات نے ذرائع حمل و نقل کی جدید اصلاحات پر بھی روشنی ڈالی اور ملک کو مجموعی حیثیت سے بہتر بتایا ہمارے خیال میں اعداد و شمار کا گورکھ دھندا بہت ہی گمراہ کن ہے، بھوکا اور ننگا انسان یہ تو نہیں دیکھتا کہ اس کے کپڑے اور روٹی کا کیا حال ہے۔ وہ اعداد و شمار کے ... کا شکار اور خیالی ترقیوں کے طلسم میں گرفتار ہو جاتا ہے! ہمارے حکام اور روزنامہ نویسوں کا فرض یہ نہیں کہ وہ عوام کو اعداد و شمار ...

مسلمانوں کی دل آزاری

ذہنی آزادی اور عیاشی یورپ اور امریکہ کا محبوب مشغلہ ہے لیکن اس مشغلہ کے لئے ان تاجکار عیاشوں کو اس بات کی اجازت تو نہیں دی جا سکتی کہ وہ مشاہیر اسلام کا مذاق اڑائیں اور اسلامی اکابر کو ڈھال کر دنیائے اسلام کی دل آزاری کریں۔ کس قدر حیرت کی بات ہے کہ ہالی ووڈ کے جہاز ... کو دختر رسول حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو فلم میں دکھانے کی جسارت کس طرح ہوئی؛ آج کل یہ فلم "ہر شخص یہی کرتا ہے" کے عنوان سے مغربی ممالک میں دکھائی جا رہی ہے اور روشن خیال حکومتیں اسے بڑی خوشی سے برداشت کر رہی ہیں! فلم میں جو واقعات حضرت فاطمہ زہرا کی طرف منسوب کئے گئے ہیں وہ مغربی دجل اور کذب آفرینی کا سب سے بڑا شاہکار ہیں! اس امر کے اظہار کی ضرورت نہیں کہ اس فلم سے مسلمانان عالم کو کس قدر روحانی اذیت ہوگی، کیا حکومت ہند مغربی ممالک کو آگاہ کرے گی کہ اس معاملہ میں مسلمانوں کے مذہبی احساسات کا کیا حال ہے اور ان میں اس خبر سے غم و غصہ کی لہر کس طرح دوڑ گئی ہے؛

بندروں کی فتح

کانپور میونسپلٹی نے بندروں کے خلاف جنگ کیلئے بہت بری طرح منہ کی کھائی ہے! آخر اسے کیا سوجھا کہ بندروں کو پکڑنے کی مہم شروع کر دی، مگر نتیجہ یہ کہ ۵ ماہ میں صرف تین ہزار بندر پکڑے گئے اور ان پر آٹھ روپے فی بندر کے حساب سے چوبیس ہزار روپیہ پر پانی پھیر دیا گیا اگر وہ بندر ہی کیا جو میونسپلٹی سے شکست کھا جائے؛ چنانچہ ان بھاگے ہوئے بندروں نے بڑی تعداد میں واپس آنا شروع کر دیا ہے۔ گویا ایک معنی میں میونسپلٹی کی بدولت بندروں کی تفریح ہوئی اور وہ ہر پھر کے جہاں سے چلے تھے وہیں واپس آ گئے۔ یہ تو بندروں کا معاملہ ہے، مگر یہ نیل گھوڑے! اور یہ آوارہ گائیں اور سانڈ؟ شاید ملک کا اقتصادی مسئلہ اسی طرح حل ہوگا!

یہودی اور یروشلم

راز و نیاز کی باتیں!

اچھی باتیں

ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا (پ ۲۹)

شکر گزار بندے خدا کی محبت میں مسکینوں یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ہم صرف خدا کی رضا کے لئے تم کو کھانا کھلاتے ہیں اور تم سے اس پر نہ تو معاوضہ طلب کرتے ہیں اور نہ تم کو ممنون بنانا چاہتے ہیں

یعنی خدا کے شکر گزار بندے غریبوں اور یتیموں اور قیدیوں پر اپنا مال بھی خرچ کرتے ہیں اور ان کے پیٹ کی خبر لیتے ہیں یہ نہیں کہ خود تو تن کر ہو گئے اور بھوکوں کی کوئی خبر نہ لی اور پھر جب وہ کسی کی خدمت کرتے ہیں تو اس کا مقصد صرف خدا کی محبت اور اس کی رضا ہوتی ہے اور وہ صاف صاف کہہ دیتے ہیں کہ ہم اس خدمت کا نہ تو معاوضہ لیتے ہیں اور نہ کسی پر احسان رکھتے ہیں یہ ہمارا فرض تھا جو ہم نے ادا کیا ہے اور یہ خدا کا کام ہے کہ اگر اس میں اخلاص دیکھے تو قبول فرمائے!

موجودہ دنیا کے نام

اسلام کا پیام

(سید اختر علی تلہری)

چاری بیسویں صدی کی دنیا کو کونسی بیماری لاحق ہے؟ کون سا آزار اس کا خون چوس رہا ہے؟ جواب صاف ہے عیش پسندانہ جذبات کی غیر معمولی پرورش آسائش جوئی و عشرت طلبی کے طاقتور رجحانات کی یک جہتی ترقیت اسکے نتیجہ میں شخصی انانیت کا ہر جہتی نشو و نما اور جاہ و مال وغیرہ ... کا ہر طرف پھیلاؤ ناگزیر ہے دنیا کی تمام نعمتوں اور ثروتوں کا صرف اپنی شخصی انفرادیت ...

پیام دیا تھا ... جو آج صدیوں ... کا پیام دے رہا ہے اس یقین کے ساتھ کہ زندگی ... گردش کا منہ اس کا رخ ... پھیر سکتا ہے اور موجودہ اقتصادی انقلابات کے گرداب سے صحیح و سالم نکال کر ساحل تک پہنچا سکتا ہے ... اس اصول کو اس کی تمام وسعتوں کے ساتھ عملی زندگی کی ...

نکاسی جائیداد آرڈیننس کے سلسلہ میں غلط فہمیاں

(ایک وکیل کے قلم سے)

۱۰ اکتوبر ۱۹۴۹ء سے نکاسی جائیداد کے آرڈیننس کی اطلاع اخبارات کے ذریعہ اگر محسوس ہوا تھا کہ یہ قانون سابقہ قانون سے نسبتاً کافی نرم ہے اس خیال کو مزید تقویت اس وجہ سے اور ہوئی کہ ہندوستان کے اخبارات میں اس آرڈیننس کے متعلق ... درست ... قائم ...

توثیق و تصدیق سے متعلق ہے۔ ... کے بعد مکمل ہو جانے ہیں ... آرڈیننس ... کے اندر اس قسم کی درخواستیں پیش ہو جانا چاہیے کسٹوڈین ان دستاویزات کو تسلیم کر لینگے۔

آرڈیننس ۱۳ جنوری ... کو شائع ہوا ...

افکارِ پاکستان

اخبار نویس

صحافت قومی امانت سمجھی جاتی ہے۔ ملکوں اور قوموں کی قسمتیں اخبارات کے دفتروں ہی میں بنتی اور بگڑتی ہیں۔ آئندہ کا حال معلوم نہیں۔ لیکن موجودہ دور میں ملک کی ترقی و تنزلی کا بہت زیادہ انحصار اخبار نویس پر ہے۔

اتنی طاقت حاصل ہونے کے باوجود اخبار نویس بالکل مجبور و بے بس ہوتا ہے۔ اس کی دنیا تاریک ہوتی ہے۔ صبح سے شام تک کولھو کا بیل بنتا پڑتا ہے۔ اسے آٹھوں پہر یہ فکر دامن گیر ہے کہ وہ کس طرح ملک کو آسمان کے تاروں سے بھی بلند پہنچا دے وہ سوتے جاگتے اٹھتے بیٹھتے، چوبیس گھنٹے اسی فکر میں پریشان رہتا ہے اسے اپنی صحت کی فکر نہیں ہوتی۔ اس کے دل کی چھوٹی سی دنیا ساری ملت کے درد سے معمور ہوتی ہے۔ وہ اپنے وطن اور قوم سے والہانہ محبت کرتا ہے وہ دنیا بھر کے طعنے سنتا ہے۔ گالیاں کھاتا ہے پھر بھی ملک و ملت کی خدمت کئے جاتا ہے۔ وہ اپنی اس فطرت سے مجبور ہے۔ ("پاسبان" ڈھاکہ ۹ دسمبر ۱۹۴۹ء)

روشنی سے محروم وادیاں

پاکستان کی تمام ریاستوں کی طرح سرحدی ریاستوں کا نظام بھی قابل توجہ اور لائق اصلاح ہے۔ پاکستان اگر قومی عوام کی فلاح و صلاح کے لئے حاصل کیا گیا تھا، تو حکومت کے موجودہ سربراہ کی حیثیت سے آنریبل لیاقت علی خاں کو بڑی سختی اور بڑی دیانتداری کے ساتھ دیکھنا ہوگا۔ کہ اس حقیقت "نور" کی کرنوں سے پاکستان کا کوئی ذرہ محروم تو نہیں رہ گیا ہے۔ آزادی کا سورج اگر طلوع ہو چکا ہے تو اس کی روشنی ایک ایک کونے میں پہنچنی لازمی ہے۔ یہ روشنی کراچی کے خوش پوش آنے والے باشندوں کو جتنی خوش آئند ہے۔ سرحدی پہاڑوں کی دلق پوش کھردرے کہستانیوں کے لئے اتنی ہی مسرت بخش ہے۔ اور یہ کتنی افسوسناک حقیقت ہے کہ شمال مغربی سرحد پر پھیلے ہوئے پہاڑوں میں یہ گھری ہوئی بے شمار وادیاں ابھی تک اس روشنی سے محروم ہیں۔ ابھی یہ پہاڑوں کی بیٹیاں ہیں تاریکیوں میں گھری ہوئی ہیں اور ان اندھیروں کے سبھی ہوئی دادیوں میں مستقبل کی پرچھائیاں لرزاں ہیں۔ ("شہباز" راولپنڈی، ۹ دسمبر ۱۹۴۹ء)

ہماری ریاستیں

ریاست امب کے صدر مقام میں تقریر کرتے ہوئے پاکستان کے وزیراعظم نے والیان ریاست کو متنبہ کیا ہے کہ وہ اپنی رعایا کی حالت بہتر بنانے کے لئے پوری طرح جدوجہد کریں۔ یعنی توقع ہے کہ پاکستان کی ریاستوں کے حکمران اس انتباہ کے بعد اپنے نظام حکومت میں تبدیلیاں کرنے اور اپنی رعایا کی حالت بہتر بنانے پر آمادہ ہو جائیں گے۔ حکومت پاکستان نے ریاستوں کے داخلی مسائل میں دخل دینے کی پالیسی سے اجتناب کیا ہے حالانکہ ہمارے ہمسایہ ملک ہندوستان نے ہی حکومت ریاستوں کو ختم کر دیا ہے۔ اس لئے ہماری ریاستوں کے حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ حکومت پاکستان کی اس پالیسی کی قدر کریں۔ اور اپنی ریاستوں کے نظام میں جمہوری اصلاح کر دیں کہ پاکستان کے صوبوں کا نظام حکومت کی سطح پر اٹھانے اور عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے ۔۔۔

کے لئے اصلاحات رائج کی جائیں تاکہ ریاستی باشندے بھی موجودہ پسماندگی کو خیرباد کہہ سکیں۔ ("شہباز" پشاور، ۱۰ دسمبر ۱۹۴۹ء)

تعلیم کا تصور

یہ تجاویز جن پر مشاورتی بورڈ نے ڈھاکے کے اجلاس میں غور کرنے والا ہے نہایت مبہم ہیں۔ پہلی تجویز جس میں یہ سوچا ہے کہ تنظیمی اور مالی نقطہ نظر سے ملک کی تعلیم میں مرکزی حکومت کا دائرہ عمل کیا ہوگا۔ ہمارے خیال میں ناقص ہے۔ اس تعلیمی تصور کے نقطہ نظر کا اور اضافہ ہونا چاہیے۔ صرف انگریزوں ہی کے تسلط کے زمانہ سے نہیں بلکہ اس لمحے سے کہ مسلمانوں میں ملوکیت قائم ہوئی تعلیمی تصور خراب ہونا شروع ہو گیا۔ لوگوں کے ذہن میں راعی اور رعایا کا فرق بڑے اہتمام کے ساتھ بٹھایا گیا جس سے عوام کا احساس خودی ذمہ داری بالکل غارت ہو گیا۔ یہ اسی کے نتائج ہیں کہ صدیوں امور سلطنت کے انصرام کا تمام کام بادشاہوں اور ان کے عمال پر منحصر رہا۔ عوام نے امور عامہ میں دلچسپی لینی قطعی ترک کر دی اس وقت تک اس کا یہ اثر کہ اکثر ممالک اسلامیہ میں رائے عامہ موجود ہی نہیں ہے۔ چند متعفن خاندان ہیں جن کے میلانات پر ملکوں کا مستقبل منحصر ہے۔ اگرچہ ہر وقت مسلمانوں کی زبان پر یہ بات ہے اسلام میں امور دین اور امور دنیا الگ الگ نہیں اور سیاست کو دین سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن عملاً مسلمان بھی دین اور دنیا کو الگ سمجھنے لگے ہیں۔ کسی مسجد میں امور عامہ پر گفتگو کیجئے مجمع میں چند آدمی ایسے نکل آئیں گے جو یہ کہیں گے کہ "مسجد میں کیا دنیا کی باتیں کر رہے ہو۔ اللہ اور رسول کا ذکر کرو"۔ گویا ملت کی تعلیمی اقتصادی خوشحالی اور سیاسی استواری کی گفتگو کا اللہ اور رسول سے کوئی تعلق نہیں۔ ("ڈان" کراچی، ۱۰ دسمبر ۱۹۴۹ء)

غیرت کے ناشکراپن!

پنجاب والے اور پنجاب مسلم لیگ والے بھی عجیب و غریب ہیں جن باتوں پر انہیں مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے ان باتوں پر ناک بھوں چڑھاتے ہیں اور خواہ مخواہ غیرت کا سوال لے بیٹھتے ہیں۔ مثلاً نوائے وقت نے لکھا ہے کہ مرکزی حکومت کو کہنی ہے کہ حکومت عوام کی ہے لیکن عملی طور پر عوام کے جذبات و احساسات کا پاس نہیں کرتی مثال کے طور پر پنجاب ہی کو لیجئے ۔۔۔ [illegible]

موجودہ دنیا کے نام اسلام کا پیام

بقیہ۔ صفحہ۔ تین

اور ہماری "انفرادی و اجتماعی ذہنیت" کو غیر صالح اور غیر صحت مند بنا رکھا ہے۔

سوال ہوگا کہ اس "انحراف" کی منحوس اثر سے نجات کا عملی لائحہ عمل کیا ہوگا؟ اس کا اجمالی جواب تو یہ ہے کہ جس صحیفہ نے "انحراف" کی تباہ کن وسعتوں کی طرف ہمیں اس شدو مد سے متوجہ کیا ہے اسی طرح ہمیں اس سے نجات کی تدبیریں بھی حاصل ہو سکتی ہیں اس "انحراف" کی دو بندیوں کے طریقے بھی معلوم ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ وہ اس معاملہ میں خاموش نہیں ہے اس نے انفرادی و اجتماعی اخلاق اور انسانیت کو صحیح معنوں میں سکھی بنانے والے سیاست و اقتصادی حکیمانہ دستور العمل پیش کیا ہے۔ اس کی خصوصیت اعتدال ہے۔ وہ انتہا پسندانہ تصورات کو عام اجتماعی انسانی فطرت کے منافی قرار دیتا ہے۔ وہ مادیت اور روحانیت کو ایک دوسرے میں آمیز کر کے انسانیت کے ترقی پسندانہ اقدامات کا نقشہ طیار کرتا ہے۔ وہ اپنے اس انقلابی پیام کو خالص مادی رنگ دینے کے خلاف ہے ۔۔۔ اعتقادی پروگرام کے پس منظر میں خدا پر راسخ عقیدہ کو ضروری قرار دیتا ہے۔ کیونکہ اس کے بغیر جو قدم بھی اٹھے گا۔ اس میں استحکام نام کو بھی نہ ہوگا۔ اچھے کام (بقیہ کالم ۴ کے نیچے)

اس کے جواب میں مرکز اگر یہ کہے کہ جناب عوام ہی کی خدمت کے جذبے کے پیش نظر ممدوٹ کو مرکز میں لیا گیا ہے تاکہ پنجاب کی جھگڑوں میں اس کی میل کچیل صاف کر دی جائے اور کچھ اچھا بنے تو اگر یہ سوال ہو کہ اب صوبہ کا پریمیئر کون ہے؟ تو عوام کو ایک کٹھڑا اکھڑا یا پریمیئر مل جائیگا ایسا ہو کہ ان کو اٹیڈوا پنجاب کی طرح پھر کوئی ایسا ہی آدمی پلے پڑ جائیگا۔ لہذا اس بات پر غیرت کا سوال کہاں پیدا ہوتا ہے یہ تو مقام شکر ہے۔ لیکن یہاں ناشکری کے سوا یار لوگوں کے پاس کچھ بھی نہیں! دفعہ ۹۲ نے پرانے لیڈر تو مردود قرار دیدئے۔ آخر نیا لیڈر بھی کہیں سے آئیگا کہیں اور لیڈر بننے سے پہلے اگر لیڈری اور دربار داری کا تھوڑا سا تجربہ کوئی پنجابی حاصل کرے تو اس میں ناک بھوں چڑھانے کی کیا بات ہے! ممدوٹ کو آخر ولایت سے تو امپورٹ نہیں کیا گیا پنجاب ہی سے لیا گیا ہے۔ ("سفینہ" لاہور)

ہردوار کی خبریں

۱۳ دسمبر

ہردوار میں چینی کی قیمت

ہردوار، کنکھل اور جوالاپور میں چینی کی قلت سے شور مچا ہوا ہے۔ راشن کی دو کانوں پر گذشتہ ماہ کی کسر جو حصّہ ملک کے حساب سے چینی کی ملتی آخر میں بہت سے آدمی چینی لینے سے رہ گئے تھے ماہ دسمبر کی اب تک چینی نہیں آئی بڑا استقبال کیا جا رہا ہے جو بلیک میں مل رہا ہے۔ نگر جو بازاری میں سوا دو روپے سیر چینی مل رہی ہے راشن کی دو کانوں پر غلہ بھی کم مل رہا ہے

آبکاری والوں کے چھاپے

آبکاری والوں نے ایک مکان پر چھاپہ مارا اور سامان کشید کی برآمد کیا اور وہیں بیٹھے ایک آدمی کی تلاشی میں افیون برآمد ہوئی۔ بلکہ شراب کی جگہ بہ جگہ کی طرف سے کرتے ہوئے کنکھل کے رہنے والے ایک آدمی کو گرفتار کیا جس کے قبضہ سے دو بوتل میں کچی بوتل شراب ملی۔ اس منڈی میں ایک آدمی کے مکان پر چھاپہ جس سے شراب نکال جاتی ہے ۔۔۔ اور کشید کی شراب کا سامان بھی ملا

ملاوٹ کرنے والوں کو سزائیں

آنریری مجسٹریٹ کی عدالت سے کنکھل کے ایک دوکاندار کو خالص تیل فروخت کرنے کے الزام ساٹھ روپے جرمانہ اور دوسرے کے ایک دوکاندار کو خالص دودھ فروخت کرنے کے الزام میں چالیس روپے جرمانہ کی سزا ہوئی۔ ٹریفک کانسٹیبل نے روز دو شراب کے نشہ میں بازار میں گالی گلوچ کرتے ہوئے گرفتار کیا تھا۔ آنریری مجسٹریٹ کی عدالت سے پچیس روپے جرمانہ کی سزا ملی

تلاش گم شدہ

دین محمد اور اس کی والدہ دو سال سے گم ہیں دین محمد کی عمر ۱۴ سال ہے۔ اس کی والدہ کی سیدھی آنکھ میں ناخونہ کا نشان ہے۔ وہ جہاں کہیں ہوں، فوراً گھر آ جائیں۔ یا اگر کسی صاحب کو ان کا پتہ معلوم ہو تو ذیل کے پتہ پر مطلع کر کے اجر حاصل کریں۔ علی احمد مخیر فروش محلہ گولا گنج، بر مکان حسین بخش چنگی

نجیب آباد کی خبریں

۱۳ دسمبر

شکاری خود شکار!

ایک مشہور سپیرا غلام حسین جو بچھیکر رہنے والا تھا اور جس نے سینکڑوں سانپوں کو دام کیا تھا، ایک پالتو سانپ کے ہونٹ میں کاٹنے سے موت کا شکار ہو گیا وہ کل اس سانپ کے پھن کو اپنے منہ میں لیا کرتا تھا۔

رشوت لیتے ہوئے گرفتار

ایس پی بجنور نے رجسٹریشن آفس بجنور کے ایک کلرک اور ایکسپرنس کے پاس سے رشوت کا دستخطی نوٹ برآمد کیا اور انکو اسی وقت جیل بھیجدیا۔

ڈپٹی ڈائرکٹر تعلیمات کی آمد

ڈپٹی ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم یوپی نے نجیب آباد کے اسکولوں کا ۱۴ دسمبر ۴۹ء کو معائنہ کیا جب آپ سرسوتی اسکول پہنچے تو روانہ پر دو لڑکوں نے سنکھ بجایا اور جب آپ وہاں پہنچے جہاں مٹی کے گھڑے ناریل اور ناڑکیوں سے سجائے گئے تھے تو یہ کہہ کر سرسوتی کے مندر میں ہم آپ کا سواگت کرتے ہیں ہار ڈالے گئے آپ نے اسکول کے لڑکوں کی پٹیاں ۔۔۔ (نامہ نگار)

جمعیۃ علماء اجمیر شریف کی اپیل

اجمیر و اجمیر میرواڑہ کے تمام دفاتر جمعیۃ علماء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جمعیۃ علماء کی جدید ممبر سازی کی آخری تاریخ ۱۵ جنوری ۱۹۵۰ء تک ہے اس لئے بہت جلد جمعیۃ مرکزیہ دہلی سے براہ راست رقم فیس روانہ کر کے ممبر سازی کی کتابیں منگا کر کام شروع کر دیں۔ خاص طور پر اجمیر شریف کے جمعیۃ علماء کی شاخوں کی اس طرف توجہ مبذول کرتا ہوں مثلاً: بہادر، نصیرآباد، کیکڑی وغیرہ کی شاخہائے جمعیۃ علماء کے صدر و سیکریٹری حضرات تاریخ مذکورہ کو یاد رکھیں کے طور پر تحریر فرمالیں تاکہ صدر مرکز جمعیۃ علماء دہلی کو تو سیع تاریخ کے لئے مزید ضرورت لاحق نہ ہو۔ (دفتر سیکریٹری جمعیۃ علماء اجمیر)

جمعیۃ علماء قصبہ بہیٹ کی اپیل

بہیٹ (ڈاک) جملہ ماتحت شاخوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فارم معاون سازی جمعیۃ علماء ضلع جمعیۃ سے آچکے ہیں بعض بعض شاخوں والوں نے منگا لئے ہیں میعاد ممبر سازی قریب آ چکی ہے اس لئے جلد از جلد جمعیۃ علماء قصبہ بہیٹ سے فارم معاونت منگا کر پوری سرگرمی سے حضرت مہتمم و ناظم اعلیٰ کی اپیل کے مطابق سال گذشتہ سے دو چند ممبر بنائیں گے۔

بلند شہر میں راشننگ توڑنے پر احتجاج

بلند شہر بذریعہ ڈاک۔ یہاں یکم جنوری سے راشننگ توڑنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہاں عوام کے ایک جلسہ میں اس پر احتجاج کیا گیا۔ اور احتجاجی قرار داد منظور کی گئی کہ راشننگ جاری رکھا ۔۔۔

شکریہ

بذریعہ اخبار کی معرفت ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے والد محترم جناب مولانا محمد ابو القاسم صاحب سیف محدث بنارسی کے انتقال پر ملال پر خود یہاں آکر یا بذریعہ تار و خطوط اظہار ہمدردی فرمایا ہے جس رنج و غم کے حالت میں ہوں اس لئے ہر ایک کا الگ الگ شکریہ ادا کرنا ممکن نہیں ہے امید ہے کہ ان بزرگوں اور دوستوں کی خدمت میں دعا ہے کہ اللہ ان کو اس صدمہ کے برداشت کرنے کی توفیق دے انشاء اللہ تعالیٰ مولانا مرحوم کے جملہ دینی مشاغل کا سلسلہ جاری رہے گا۔

مولانا مرحوم کی جگہ پر مولانا عبید اللہ رحمانی مبارکپوری کا تقرر کیا گیا ہے جو انشاء اللہ درس حدیث و تفسیر کے درس کا سلسلہ شروع کر دیں گے برادر خورد مولوی عبد الاحد صاحب جو پندرہ سال سے مولانا مرحوم کے زیر نگرانی درس حدیث و فتاویٰ نویسی کا کام کرتے تھے اپنے منصب پر قائم اور درس حدیث و فتاویٰ میں معروف ہیں تبلیغی کام بھی مولوی عبد الاحد نے اپنے ذمہ لیا ہے پس تبلیغی امور سے متعلق و فتوی وغیرہ اس پتہ پر آنا چاہیئے مولوی عبد الاحد مدرس مدرسہ دار الحدیث سعیدیہ ریوڑی تالاب بنارس۔ مولانا مرحوم کے قیم بچوں کی امانتی رقم اس پتہ پر آنی چاہیئے ابو العاصم ولد مولانا محمد ابو القاسم صاحب مرحوم سعید منزل دارانگر بنارس۔ مدرسہ سعیدیہ کے لئے امانتی رقم اس پتہ سے آنی چاہیئے محمد حبیب ناظم مدرسہ دار الحدیث سعیدیہ محلہ ہری پورہ متصل روضہ خانم جی میاں بر مکان مولانا حیات اللہ مرحوم بنارس۔

غمزدہ قاری احمد سعید مدرس مدرسہ جامعہ رحمانیہ مدن پورہ بنارس۔

(بقیہ کالم ۳)

کا اچھا آخر تک رہنا اس ایمان کے بغیر ناممکن ہے۔ اگر ہم اپنے اعمال کی جواب دہی کا بار اپنے دل و دماغ پر نہیں رکھتے تو کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ ہم اس عارضی زندگی میں خواہ مخواہ کیوں ایثار و قربانی کی زحمتیں اپنے سر لیں۔ ہمارے نفوس کو سب کچھ چھوٹ کا خطرہ نہیں ہے تو ہم کیوں نہ آزاد ہو کے عیش و عشرت کے حیستانوں میں گلگشت کرتے رہیں۔ اس خطرہ سے محفوظ رہنے کا سامان کرکے اس نے انسانی اخلاق انفرادی سیاست انفرادی اقتصادیت کا ایک خاکہ طیار کیا ہے جو اس زمین و آسمان کے درمیان کھیلی کی نفعتوں کا دروازہ ہر شخص کے لئے کھول دے جس میں ایک کو دوسرے کا حق مارنے کا موقع نہ ہے جو نوع انسانی کے نکو نظر میں دستی پیدا کرے۔ اور اس کے اندر ہی کے راستے صاف کرے۔ جارحانہ شدے کے بطن تختہ کا ہے غیرانیک دوسرے کی جانوں اور عزتوں کی متاع گراں کو لوٹے نہیں۔

نیچر کیور سائنس کی بہترین کتاب قدرتی علاج

ڈاکٹر دولت رام شرما ایم۔ ڈی (امریکہ) نیچر کیور سپیشلسٹ کے ۳۴ سالہ عملی تجربات کا نچوڑ ہے جس میں صحت کو قائم رکھنے اور ہر قسم کی بیماری کا علاج بغیر دوا اور اپریشن بیان کیا ہے۔ مثلاً ۔۔۔ قیمت دو روپیہ آٹھ آنے۔ محصول ڈاک علاوہ ۔۔۔

منیجر نیچر کیور کلینک ۸، جی۔ بی روڈ دہلی۔

برص کوڑھ اور سنبہری کا مکمل علاج

یہ ایک نہایت ہی خبیث اور موذی مرض ہے۔ آج تک اس کے تیار کی اثرات سے واقف نہیں۔ ۔۔۔

ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی ۲ بولائی دت اسٹریٹ کلکتہ نمبر ۱

BUSINESS MEN ask for ACCURACY in a watch...

کاروباری آدمیوں کو صحیح وقت دینے والی گھڑی کی ضرورت ہے

ملاقاتوں کے لئے صحیح وقت کی پابندی ضروری ہے۔ دور دراز کی ٹیلیفون کال پہلے سے طے شدہ وقت پر ہوتی ہے ٹرین اور ہوائی جہاز کے سفر کے لئے صحیح وقت لازمی ہے۔ عقلمند کاروباری اعتبار کرتا ہے ویسٹ اینڈ واچ پر جس نے اپنی مستقل اعتماد دست وقت اور دیرپا سروس حاصل ہوئی ہے۔ ویسٹ اینڈ کی ہر گھڑی کی پشت پر اعلیٰ کاریگری کی شہرت صحیح وقت اور قابل اعتماد سروس کی گارنٹی ہے۔ جس کے لئے یہ اصلی گھڑیاں ہندوستان بھر میں شہرت رکھتی ہیں۔

ویسٹ اینڈ واچ کمپنی بمبئی کلکتہ

The WEST END WATCH Co.

ویسٹ اینڈ ۔۔۔

حب اکسیر الجریان (انور والی)

یہ گولیاں اعلیٰ درجے کی مقوی باہ ہیں، دافع جریان اور مردانہ قوت کو قائم رکھتی ہیں اور ضعف باہ کو دور کرنے میں عجیب الاثر ہیں۔ ۔۔۔ حکیم سید احمد انور۔ ۔۔۔ دہلی

عیسائی دوستوں کے لئے۔ کرسمس کارڈ دستی قسم کے کیلنڈر، ڈائریاں ۔۔۔ (جنرل بک ڈپو دہلی)

ساڑھے پانچ روپے میں فوٹو کیمرہ ۔۔۔ ڈرشل کیمرہ ہاؤس ۔۔۔ علی گڈھ (یوپی) (666)

کلیمی انجن تین صد ہزار گئو چھاپ

جملہ امراض چشم

امراض چشم سختی سے سوت جالا پھولا نزلہ سرخی، دھند، پانی آنا، خارش، عادت چشمہ، ضعف بصارت ۔۔۔ بنائے کی ترکیب استعمال ہمراہ۔ قیمت ۔۔۔

محمد حسین، مقبول حسین کلیمی، انجن سید عماد، گئو چھاپ محلہ شاہدانہ بانس بریلی

مسیح دہلی

صاحبزادہ ۔۔۔ حکیم نبی احمد خاں

ٹیلیفون 6324

مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب ۔۔۔ اعظم دہلی

اکسیر پائیوریا۔۔۔ فی شیشی دو تولی ڈیڑھ روپے

قرص مصفی مرکب۔۔۔ داد، خارش، پھوڑے، پھنسی

قرص جریان۔۔۔ جریان کے لئے اکسیر ہیں۔ قیمت تین روپے

فہرست مفت طلب کیجئے

پتہ صرف یہ لکھیں دواخانہ ۔۔۔

ہرنیا، موتیا بند، بواسیر، اپنڈے سائٹس کا بغیر آپریشن علاج

۔۔۔ سی، ٹی ہسپتال درمیان سبزی منڈی سرائے پھوس دہلی

کشمیر کے اہم مسائل پر ہندوستانی نمائندوں کا تبادلہ خیال

سر گرجا شنکر کی سر بینگال سے نیویارک میں ملاقات

نیویارک ۱۳ دسمبر۔ وزارت خارجہ ہند کے جنرل سکریٹری سر گرجا شنکر باجپائی نے جو ہندوستان کی طرف سے مجلس تحفظ میں کشمیر کے مسئلہ پر بحث میں حصہ لیں گے سر بینگال نرسنگھ راؤ سے طویل ملاقات کی۔ دونوں کی اس ملاقات میں کشمیر کمیشن کی سفارشات پر تبادلہ خیال ہوا۔

سر بینگال اقوام متحدہ کے ہندوستانی وفد کے لیڈر ہیں۔ وہ مجلس تحفظ میں انڈونیشیا کی بحثوں میں شرکت کر کے سر گرجا شنکر سے ملاقات کرنے کے لئے نیویارک آئے ہیں۔ خیال ہے کہ سر گرجا شنکر مجلس تحفظ کے بعض نمائندوں سے ملاقات کریں گے اور ان سے کشمیر کے معاملات پر گفتگو کریں گے۔ ابھی یہ طے نہیں ہوا کہ کشمیر کے کون سے حلقے کے سامنے پیش کئے جائیں گے۔ خیال ہے کہ مجلس تحفظ اس مسئلہ کا فیصلہ کرے گی۔

یہ نہیں معلوم کہ جنرل ۔۔۔ کا اس منظر میں کیا خیال ہے لیکن طلباء کے وفد کے ایک نمائندہ نے بتایا کہ جنرل ۔۔۔ سے ناواقف نہیں ہیں۔ ان کا نام طلباء کے لئے پیش کیا گیا ہے۔ وہ بھی پاکستان اور ہندوستان میں اس مسئلہ پر سمجھوتہ کرانے کے خواہشمند ہیں۔ شیخ محمد عبد اللہ کا نیویارک پہنچ جانا ۔۔۔ اور سر گرجا شنکر ان سے فوری ملاقات کر کے کشمیر کے مسئلہ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ (پ ٹ ا)

ہندو کوڈ بل پر بحث کسی فیصلے کے بغیر پیر تک ملتوی ہو گئی

حامیان بل اور مخالفین میں سخت نوک جھونک اور ایک دوسرے پر طعن و تشنیع!

نئی دہلی ۔۔۔ پریس ٹرسٹ ۔۔۔ ۱۴ دسمبر

پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر بحث کا آج تیسرا دن تھا مگر آج بھی اجلاس کوئی فیصلہ کئے بغیر ملتوی ہو گیا۔ آج کی بحث میں لاہور ہائی کورٹ کے سابق جج بخشی ٹیک چند نے بل کے حامیوں اور مخالفین دونوں کا رویہ مجنونانہ ہے۔ بل پر اس کی خوبیوں کے پیش نظر غور کرنا ہے۔

آپ نے کہا کہ بل کا مقصد یہ ہے کہ ہندو قوانین کو ہندوستان کے مختلف حصوں کی ۔۔۔ اور ۔۔۔ بنایا جائے ۔۔۔ ہندو سماج کو زیادہ سے زیادہ نقصان ۔۔۔ کم فائدہ پہنچے گا۔

راجستھان کے مسٹر گوکل بھائی بھٹ نے اس بات کی حمایت کی کہ بل کو عوام کی رائے معلوم کرنے کے لئے پاس کیا جائے مگر ۔۔۔ کی حمایت کی اور بل کی طرح پر تائید کی ۔۔۔ حمایت کی۔

سماجی اصلاح کی مخالفت

مدراس کے مسٹر ۔۔۔ سوامی چیٹی نے بل کی ۔۔۔ ایک قاعدہ ہے جب بھی کوئی بل سماجی اصلاح کے لئے آتا ہے تو اس کی مخالفت کی جاتی ہے۔ ۔۔۔ جب مدراس اسمبلی میں ۔۔۔ آن ۔۔۔ کی گئی اور بیس سال تک ۔۔۔ آنکھوں میں مرچیں جھونکیں۔

سکھوں پر اطلاق نہ ہو

کیپٹن ۔۔۔ لالی کورٹ کے سابق جج سردار ہکم سنگھ ۔۔۔

حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی کی تجہیز و تکفین

(بقیہ صفحہ اول)

بہاولپور اسٹیشن پر ریاست کے بڑے افسران اور ہزاروں مسلمانوں کا ہجوم تھا۔

پاکستان میل آنے سے قبل ہی کراچی اسٹیشن پر لاکھوں مسلمان جمع ہو گئے تھے جن میں قابل ذکر حکومت پاکستان کی جانب سے خان لیاقت حسین وزیراعظم پاکستان کے سیکرٹری مسٹر صدیقی اعلیٰ خاں تھے۔

تجہیز و تکفین!

اسٹیشن سے حضرت علامہ کا جنازہ روانہ ہوا تو مجمع کے ہمراہ دو لاکھ مسلمان تھے اور یہ تعزیتی جلوس میلوں تک پھیلا ہوا تھا۔ نماز جنازہ میں ہر ملک کے نمائندے، سفراء اور حکومت سندھ کے وزراء شامل تھے۔

پہلے یہ تجویز تھی کہ حضرت مولانا کی رہائش گاہ سے جنازہ کا جلوس ۱۲ بجے دوپہر روانہ ہو گا اور آپ کو سپرد گورنر جنرل غلام محمد ۔۔۔ بیگم کی ۔۔۔ قبرستان میں سپرد خاک کی جائے گا مگر آپ کے لواحقین کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے آپ کی رہائش گاہ کے قریب ایک وسیع میدان میں سپرد خاک کیا گیا۔

یہ فیصلہ کیا ہے کہ ۱۴ دسمبر ۱۹۴۹ء کو تمام پاکستان میں سرکاری تعطیل رہے گی۔ حضرت مولانا کا جنازہ ۳۲۵ ڈی سمز روڈ کراچی سے روانہ ہوگا اور بندر روڈ پر عیدگاہ میدان میں آپ کو سپرد خاک کیا جائے گا۔

تعزیتی پیغام

پاکستان کے گوشہ گوشہ اور ہندوستان سے بھی تعزیتی پیغامات موصول ہو رہے ہیں پاکستان کے گورنر جنرل پاکستان، وزیراعظم، مسٹر لیاقت علی کے پیغامات اور دہلی سے جمعیۃ علماء ہند کے سرکردہ ارکان میں صدر جمعیۃ علماء ہند حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی، حضرت مولانا احمد سعید ناظم جمعیۃ علماء ہند اور ناظم اعلیٰ حضرت مولانا حفظ الرحمن وغیرہ کے پیغامات بھی موصول ہو چکے ہیں۔

ڈھاکہ میں پاکستان کے وزیر امور خارجہ شہاب الدین نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کراچی کے جنازے جامع مسجد ۔۔۔ مولانا شبیر احمد عثمانی کے انتقال پر ملال انتہائی صدمہ ہوا ہے۔

مدراس کے قریب طیارہ کو حادثہ

کوئمبٹور ۱۳ دسمبر۔ مدراس کے ایک ۔۔۔ ایک طیارہ ۔۔۔ ایک درخت سے ٹکرا گیا ۔۔۔ پائلٹ ۔۔۔ حادثہ ۔۔۔ دیں۔ (پ ٹ ا)

سرکاری طور پر ماتم

گذشتہ شب وزارت امور داخلہ پاکستان کا ایک پریس نوٹ شائع کیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے یہ ملال مشہور عالم، شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی کے سانحہ ارتحال پر حکومت پاکستان کی طرف سے ۱۴ دسمبر کو سرکاری طور پر ماتم منایا جائے گا۔ مرحوم کی یاد میں بطور احترام حکومت پاکستان کے ۔۔۔

ساڑھے سات ماہ میں ۲۱ ہزار زائد مسلمانوں کو ہندوستان آنے کا پرمٹ

پارلیمنٹ میں وزیر بحالیات مسٹر کھنہ کا بیان

نئی دہلی ۱۴ دسمبر۔ وزیر بحالیات آنریبل مسٹر موہن لال سکسینہ نے آج پارلیمنٹ میں ایک تحریری سوال کے جواب میں بتایا کہ مارچ ۱۹۴۹ء سے ستمبر ۱۹۴۹ء تک ۲۱۰ مسلمانوں کو مستقل پرمٹ پاکستان سے ہندوستان آنے کے لئے دیئے گئے۔ لیکن ہندوستان کے بعض دوسرے ۔۔۔ ہیں جب مسلمان داخل ہوئے ان کی تعداد اس سے زیادہ ہے ۔۔۔ ہوتا ہے۔

ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۱۳۳ میں سے ۹۷۹ پر مقدمہ چلایا گیا ۔۔۔ ایک سال تک ۔۔۔ روپیہ سے ۔۔۔ جرمانہ ۔۔۔

مدرسہ عبد الرب میں حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کے لئے ایصال ثواب

دہلی ۱۴ دسمبر۔ آج صبح حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی نور اللہ مرقدہ کے حادثہ انتقال کی خبر مدرسہ عبد الرب کے اساتذہ اور طلباء نے بڑے رنج و غم کے ساتھ سنی حضرت مولانا مرحوم کے غم میں مدرسہ میں فوراً تعطیل کر دی گئی اور حضرات اساتذہ و طلباء نے قرآن شریف کے ذریعہ مولانا مرحوم کے لئے ایصال ثواب کیا اور دعائے مغفرت کی گئی۔ (نامہ نگار)

ملایا کے ہندوستانی وہاں کے باشندے بن جائیں گے!

حکومت بھوٹان سے ہندوستان کے معاہدہ کی تفصیل

پارلیمنٹ میں سوالات کے وقت جوابات

دہلی ۱۴ دسمبر۔ مسٹر جواہر لال نہرو نے آج پارلیمنٹ میں ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ملایا میں رہنے والے ہندوستانی ۔۔۔ ملایا کی شہریت ۔۔۔ حکومت ۔۔۔

جو دریافت ہے بہت نمایاں حصہ لیا ہے

ایک دوسرے سوال کے جواب میں ڈاکٹر کیسکر نے بتایا کہ ملایا میں ہندوستانیوں کو اس جرم میں گرفتار کیا گیا تھا کہ وہ ملایا کی حفاظت کے لئے ۔۔۔

وزیراعظم کے دورہ کے مصارف

پنڈت نہرو وزیراعظم نے ۔۔۔ کے سوال کے جواب میں بتایا کہ ۔۔۔ امریکہ اور انگلستان کے مصارف کا تخمینہ ۔۔۔

روس سے جاپانی جزیرہ واپس لینے کا مطالبہ

جزیرہ ہوکیڈو کی باشندوں کی درخواست

ٹوکیو ۱۳ دسمبر۔ جاپان کے انتہائی شمالی جزیرہ ہوکیڈو کے ۔۔۔ جنرل میکارتھر سے درخواست کی ہے ۔۔۔ جزائر روس کے حوالہ کر دیئے گئے تھے جاپان کو واپس دلائے جائیں ۔۔۔

اجرا شدہ نوٹوں میں اضافہ

بمبئی ۱۴ دسمبر۔ ریزرو بینک نے ۹ دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کی بابت جو بیان شائع کیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اجرا شدہ نوٹوں کی قیمت میں ۔۔۔ کروڑ ۱۵ لاکھ کا اضافہ ہوا ہے۔

معاہدہ سے حکومت ہند سالانہ ۵ لاکھ روپیہ حکومت بھوٹان کو ادا کیا کرے گی ۔۔۔

خان برادران

پنڈت سکل ساری لال نے وزیراعظم سے دریافت کیا کہ حکومت کو علم ہے کہ پاکستان کی جیل میں خان برادران کے ساتھ ۔۔۔

نیپال سے معاہدہ

اقوام متحدہ کو مالی مدد

ڈاکٹر کیسکر نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۔۔۔ سال رواں میں ہندوستان نے اقوام متحدہ کو ۰۰۰،۲۲۰،۲ روپیہ بطور چندہ دیا۔

بھوٹان سے معاہدہ

پنڈت نہرو نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ۔۔۔ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان ۔۔۔ مستقل دوستی امن ۔۔۔

جموں میں نمونہ کی میونسپلٹی

جموں ۱۵ دسمبر ۱۹۴۹ء ریاست کشمیر و جموں کے وزیر صحت دولت سیلف گورنمنٹ نے کل ان پانچ آدمیوں کی کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے جو جموں کے ذرائع آمدنی معلوم کریں گے۔ بتایا کہ جموں میں کیا منصوبہ کا شہر آباد کیا جائے گا۔ اور نمونہ کی میونسپلٹی نیٹ کر اس کا سکوں پر اطلاق ہوگا

آچاریہ کرپلانی جنہوں نے کل ہند کوڈ بل کو ایک ضمنی مسئلہ بتایا تھا آج پر زور حمایت کر کے ایوان کو حیرت میں ڈال دیا۔ آپ نے دلائل کو قدرتی کرتے کے لئے انہوں نے کہا ہمارے ہم وطنوں میں عام طور پر ۔۔۔ نقصان ہے اس لئے میرے ۔۔۔ تقریر کا علاوہ طلب سمجھا گیا۔ مسٹر اودھی اور ۔۔۔ تبدیل ہو گیا ۔۔۔ شدید ۔۔۔ جو چاہے کر سکتے ہیں (قہقہہ) مسٹر کین نے مزید قہقہوں کے درمیان کہا کہ ۔۔۔ عورتیں کچھ دن اور انتظار کریں تو شاید وہ ایک ایسا سسٹم نافذ کرنے میں کامیاب ہو جائیں جس میں عورت ہی ایک خاندان کی سربراہ ہو اور سیاست ۔۔۔ دو مردوں کو ترغیب دے سکتی ہیں دو غلامی ۔۔۔ مردوں سے ۔۔۔ اور ۔۔۔ واپس لے لیا۔

پارلیمنٹ میں ہندو کوڈ بل پر بحث پیر کے روز شروع ہوگی اور مسٹر قانون ڈاکٹر امبیدکر جوابی تقریر کریں گے ۔۔۔

پاک ایئر سروس بند!

حکومت پاکستان کا حکم

کراچی ۱۴ دسمبر۔ پاک ایئر لائن حکومت پاکستان کے حکم کے مطابق ہوائی سروس کو غیر محدود مدت کے لئے بند کر دیا ہے۔

۲۶ جنوری سے پہلے پہلے آندھرا کا صوبہ بن جائیگا!

وزیراعظم مدراس کی توقع!

مدراس ۱۴ دسمبر۔ مسٹر کرشنا سوامی راجا وزیراعظم مدراس نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ حکومت نے تقسیم کونسل قائم کی ہے دس سمبر کی پہلی کوشش کی ہے کہ صوبہ آندھرا کی تشکیل ۲۶ جنوری سے پہلے ہو جائے تقسیم کونسل کا خیال ہے کہ اہم مسائل کا فیصلہ جلد حل ہو جائے گا۔ ادراس کی اطلاع حکومت ہند کو دیدی گئی ہے

وزیراعظم نے ان اطلاعات کی تردید کی کہ آندھرا کا صوبہ خود کفیل نہیں ہوگا۔ اور اس کو خسارہ رہیگا۔ (پ ٹ ا)

اریٹریا میں متعدد گرفتاریاں

اقوام متحدہ سے مداخلت کی درخواست

اسمارہ ۱۳ دسمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ اریٹریا میں گزشتہ ہفتے بعد ہاں متعدد گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ اس گروہ کی کارستانی کھل گیا ہے جس میں ہتھیار برسا دیں نے پولیس افسر کے دروازہ پر دستی بم پھینکے تھے۔ پیر کے دن شیلٹ انڈیپنڈنٹ بلاک کے تین اشخاص پر حملہ کیا گیا انہوں نے اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹری کو اطلاع دی ہے کہ اریٹریا میں دہشت پسندانہ سرگرمیوں کی ذمہ داری اطالوی عناصر پر ہے۔ اریٹریا کے باشندوں نے انصاف نہیں۔ ان میمبروں نے ۔۔۔ اریٹریا کے معاملہ میں اقوام متحدہ سے مداخلت کی درخواست کی ہے۔ (پ ٹ رائٹر)

ڈھاکہ میں پاکستان کی تیسری تعلیمی کانفرنس

ڈھاکہ ۱۴ دسمبر۔ پاکستان کے وزیر تعلیم مسٹر فضل الرحمن کی صدارت میں آج یہاں پاکستان کی تیسری تعلیمی کانفرنس کا اجلاس شروع ہوا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ ہماری تعلیم اسلامی اصولوں پر مبنی ہونی چاہیئے اور جدید ترین طریقوں کو اختیار کرنا چاہیئے۔ وزیر تعلیم نے اردو زبان ذریعہ تعلیم بنانے پر بھی زور دیا۔

مشرقی پاکستان کے گورنر مسٹر فیروز خاں نون نے افتتاح کیا اور کہا کہ مشرقی پاکستان کی تعلیمی پوزیشن کو خوشنما کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ ذرائع تلاش کرنے چاہئیں۔ آپ نے کہا کہ اس کے لئے نہیں اچھے استادوں کی بھی ضرورت ہے ہمیں گریجویٹ ہونے کے بعد لوگوں کو اس طرف توجہ دینی چاہیئے۔

پاکستان میں ہندوؤں کی بدحالی کی پرزور شکایت

حکومت ہند نے نوٹ روانہ کر دیا

نئی دہلی ۱۴ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت ہند نے پاکستان کو ایک نوٹ روانہ کیا ہے جس میں اس پر احتجاج کیا گیا ہے کہ وہ سندھ سے رہے سہے ہندوؤں کو نکال رہا ہے۔ اس نوٹ میں حیدر آباد سندھ کے ہندوؤں کی مثالیں دی گئی ہیں کہ بلکہ ہندوؤں کو انہیں جگہیں پاکستان کے سرکاری حقوق نے شکست دی کی اور وہاں سندھ میں ہندوؤں کو مسلمان قبول کرنے کے لئے مجبور کیا جا رہا ہے۔ ۔۔۔ بعض مقامات مثلاً ۔۔۔ مکانوں کو الاٹ کر دیا گیا ہے ۔۔۔ ہندوؤں کی جائدادوں پر ناجائز قبضہ کرنے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں حکومت ہند ۔۔۔ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت پاکستان سندھ سے ہندوؤں کو نکالنے کے لئے ان کی دکانوں اور مکانوں پر قبضہ کر رہی ہے

مراکو کے ساحل پر سخت طوفان

اسی اشخاص ہلاک، ۱۴ جہاز غرق

میڈرڈ ۱۴ دسمبر۔ اسپین اور مراکو کے ساحل پر گذشتہ شب سے خوفناک طوفان ہے جس کے باعث ۸۰ اشخاص ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہو گئے۔ مچھلیاں پکڑنے والے تقریباً ۱۴ جہاز غرق ہو گئے۔ ان میں سے بہت سے جہاز بندرگاہ میں خراب ہو گئے۔ جنوبی اسپین میں جبرالٹر کا طوفان آیا۔ ۔۔۔ (پ ٹ رائٹر)

کانگریس کی مؤثر جمہوریت میں توسیع

نئی دہلی ۱۴ دسمبر۔ ۲۶ جنوری کو ۔۔۔ کانگریس کی مؤثر جمہوریت کے لئے ۔۔۔

صدر کانگریس ۔۔۔ ایک بیان میں کہا ۔۔۔ (پ ٹ ا)

والی سوات تخت سے دستبردار ہو گئے

سوات ۱۴ دسمبر۔ والی سوات ۔۔۔ ریاست کا نظم و نسق اپنے بیٹے ۔۔۔ کے سپرد کر دیا ۔۔۔ پاکستان کے وزیراعظم نے ۔۔۔ (پ ٹ رائٹر)

وزیراعظم پاکستان کا اظہار افسوس

۔۔۔ پاکستان کے وزیراعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے ۔۔۔ کراچی کے قریب ایک طیارہ کے حادثہ ۔۔۔ پاکستان کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے ۔۔۔ (پ ٹ رائٹر)

ڈاک ایڈیشن

روزنامہ

الجمعیۃ

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

رجسٹرڈ ڈی

فون نمبر: ۵۱۳۵

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲/۔ | جلد ۳۱ | دہلی اتوار ۲۷ صفر المظفر ۱۳۶۹ھ ۱۸ دسمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۰۲ | قیمت فی پرچہ دو آنے

دس سال کے بعد مغویہ لڑکی کی آمد

کلکتہ ۱۵ دسمبر۔ کلکتہ پولیس نے ایک ۱۴ سالہ لڑکی کو حال ہی میں برآمد کیا ہے جو ۱۰ برس سے والدین کے متعلق اطلاع کرنے کے لئے لے جاتی ہے۔ اس لڑکی کو جبکہ وہ چار سال کی تھی اغوا کیا گیا تھا۔ [illegible]

ہند و پاکستان

[illegible]

مغربی پاکستان میں غیر مسلم چالیس ارب کی جائداد چھوڑ کر آئے ہیں ہندی وزارت بحالیات کا اندازہ

مسلمانوں نے صرف چار ارب کی جائداد چھوڑی ہے

متروکہ جائدادوں کے مسئلہ کو حل کرنے میں کیا کیا دشواریاں پیش آئیں

وزارت بحالیات نے حکومت ہند کی کوششوں کو ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کردیا

نئی دہلی ۱۶ دسمبر۔ وزارت بحالیات کے اندازہ کے مطابق مغربی پاکستان میں ہندو اور سکھ شرنارتھی چالیس ارب کی جائداد چھوڑ کر آئے ہیں۔ [illegible] کی طرف سے شائع کیا گیا ہے بتایا گیا ہے کہ یہ رقم اس جائداد کی قیمت کے مقابلہ میں [illegible] ہے جو ہندوستان میں مسلمان چھوڑ گئے ہیں۔ مسلمانوں کی جائداد کا اندازہ چار ارب لگایا گیا ہے۔

غیر منقولہ جائداد کی قیمت کا فرق دس ارب روپیہ لگایا جاسکتا ہے۔ صرف اراضیات کی قیمت کے فرق کا اندازہ تین ارب روپیہ لگایا گیا ہے۔

مغربی پنجاب میں غیر مسلموں نے جو آراضی [illegible] ۷۵ لاکھ ایکڑ ہے۔ اس کا بیشتر حصہ نہروں سے سیراب [illegible] (باقی صفحہ ۶)

آٹمی توانائی پر کنٹرول کی تجاویز

پیش رپورٹ کرنے کے لئے ہندوستانی نمائندہ سے درخواست

نیویارک ۱۶ دسمبر۔ [illegible]

پاکستان کے نامزد کمانڈر انچیف اور دوسرے ہلاک شدگان دفن کر دیئے گئے

ہندوستانی فوجیوں اور کمانڈر انچیف کی طرف سے قبر پر پھول ڈالے گئے

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

کراچی ۱۶ دسمبر۔ [illegible]

سہارنپور کے شوگر ملوں میں ڈیڑھ ہزار مزدوروں کی ہڑتال

[illegible]

برطانیہ امریکہ کے بغیر اپنے کو مسلح کرسکتا ہے

لندن ۱۶ دسمبر۔ [illegible]

اسرائیل اور اردن اقوام متحدہ کے فیصلے کے خلاف ہیں

بیت المقدس کو بین الاقوامی نہیں بنایا جاسکتا، امریکی اخبار کا تبصرہ

[illegible]

پاکستان کو کشمیر کے معاملہ میں کسی قسم کی مداخلت کرنے کا قانوناً کوئی حق حاصل نہیں ہے

نیویارک پہونچنے کے بعد شیخ عبداللہ وزیر اعظم کشمیر کا اعلان

صرف امن و انتظام کی بحالی کے بعد ریاست میں استصواب کرایا جاسکیگا

[illegible]

پاکستان کے ریلوے چیف کا انتقال

کراچی ۱۶ دسمبر۔ [illegible]

بمبئی میں چینی کے مزید کارخانے بنیں گے

[illegible]

مسلم لیگ آزاد کشمیر سوسائٹی کے صدر پر چار پونڈ جرمانہ

پنڈت نہرو کے دورہ کے وقت مظاہرہ کرنے کا نتیجہ

لندن ۱۵ دسمبر۔ [illegible]

جھونپڑی جلنے سے گیارہ اشخاص ہلاک

باپ بیٹی اور نواسہ بھی جل گیا

[illegible]

اقوام متحدہ کے اجلاس سے ہندوستانی وفد کی واپسی!

لیک سکسیس ۱۵ دسمبر۔ [illegible]

پریوی کونسل میں آخری ہندی اپیلیں

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں سیٹھ گووند داس کی شدھ ہندی۔ ایوان قہقہوں کی آواز سے گونج اٹھا

وزیر خوراک اور ڈپٹی اسپیکر سوال کو سمجھ ہی نہ سکے

سیٹھ جی سے ہندی کے بجائے انگریزی میں سوال کرنے کی درخواست

نئی دہلی ۱۶ دسمبر۔ [illegible]

مشرقی جرمنی میں فوج کے قیام کے متعلق

[illegible]

کلکتہ آرٹ کالج کے دو طالب علم گرفتار

[illegible]

کرناٹک کے مزید چار ممبران اسمبلی مستعفی

[illegible]

کرکٹ کا دوسرا ٹیسٹ میچ!

[illegible]

Aljamiat

الجمعیۃ

ESTD. 1925

DATE-17-12-49

اقتصادی مشکلات اور اخراجات کی گرانباری سے بچنے کی کوشش

کانگریس ورکنگ کمیٹی کی سفارشات کے مطابق مغربی بنگال میں انتخابات نہ ہوسکیں گے

کلکتہ ۱۵ دسمبر۔ [illegible]

مستقبل قریب میں ریاست حیدرآباد میں کوئی تبدیلی نہ ہوگی

عوامی حکومت کے قیام کے بعد تجربہ کار افسران کا رکھنا ضروری ہوگا

سکندرآباد ۱۴ دسمبر۔ [illegible]

مراکش، تیونیشیا اور الجزائر کے لوگ اپنی آزادی کے لئے مسلح جنگ لڑنے کو تیار ہیں

قاہرہ میں مجاہد الف غازی امیر عبدالکریم کا انکشاف

سامراجی طاقتوں کے خلاف دنیا کے نوجوانوں سے متحد ہونے کی اپیل

قاہرہ [illegible] امیر عبدالکریم الخطابی مجاہد الف اپنی ۲۴ سالہ جلاوطنی کے بعد سے پہلی بار ایک [illegible] تیونیشیا کے عوام اپنی آزادی کے لئے مسلح جنگ شروع کرنے کے لئے [illegible]

امیر عبدالکریم نے ہسپانیہ اور فرانس کی استعماری خواہشات کی پرزور مذمت کی اور کہا ان کی جبر و تشدد کی پالیسی جلد ہی کھلم کھلا بغاوت کا باعث ہوگی اور مجلس متحدہ اقوام بے بس دیکھتی رہے گی۔

[illegible]

امیر عبدالکریم کا جہاد

[illegible]

ہند پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن کا اجلاس

دہلی ۱۶ دسمبر۔ کل دہلی میں ہند پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن کا دو گھنٹہ تک اجلاس منعقد ہوا۔ آچاریہ جگل کشور نے صدارت کی۔ کمیٹی نے جنرل سیکریٹری مسٹر لکھم پال کی رپورٹ پر غور کیا جو انہوں نے قادیانیوں کی شکایت پر قادیان جاکر ان کی شکایت کے مطابق تحقیقات کرکے تیار کی تھی۔

[illegible]

اطالیہ کے کسانوں نے زمینداروں کی زمینوں پر قبضہ کرلیا

کسانوں اور پولیس میں تصادم

[illegible]

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

[illegible]

ڈپٹی اسپیکر کا اعلان

[illegible]

بلغاریہ کے سابق نائب وزیر اعظم کو پھانسی کی سزا

برطانیہ اور امریکہ کیلئے جاسوسی کرنیکا الزام۔ دیگر افسروں کو بھی سنگین سزائیں

صوفیہ ۱۵ دسمبر۔ بلغاریہ کے سابق نائب وزیر اعظم ٹریچو کوسٹوف کو برطانیہ امریکہ اور یوگوسلاویہ کے لئے جاسوسی کرنے کے الزام میں کل بلغاریہ کی عدالت العالیہ نے پھانسی کی سزا دی۔

[illegible]

ٹیچر فیڈریشن کی چوتھی کانفرنس

[illegible]

کراچی کے ہوائی حادثہ کی تفصیل

[illegible]

عرب مندوبین کا احترام

[illegible]

کمانڈر انچیف کا تعزیتی پیغام

[illegible]

تین عربوں کی لاشیں

[illegible]

وزارت دفاع کا کمیونک

[illegible]

تپ دق سے کیسے بچا جائے

کلکتہ میں ۱۶ جنوری سے کورس جاری کیا جائیگا

[illegible]

درجہ حرارت طلوع و غروب

[illegible]

جمعیۃ ماہی گیران کا جلسہ!

[illegible]

لیک سکسیس میں ہند اور پاکستان کے وفود کی سرگرمیاں

[illegible]

— پریس ٹرسٹ آف انڈیا

Amico Tonic

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

امیکو ٹانک

نامردی، لاغری جسم، کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر ہے

امیکو ٹانک بہت آزمودہ ہے۔ اس دوا نے ملک میں بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ جریان اور نطاقتی کو رفع کرتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ بھوک بڑھانا اور جسم میں تازہ خون پیدا کرنا اس دوا کی خاص صفت ہے۔ اس کے استعمال سے ہاضمہ درست ہوتا ہے۔ دوران سر، حافظہ کی کمزوری، اختلاج قلب، اعضا شکنی وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔ صحیح معنوں میں یہ دوا آب حیات کا کام کرتی ہے۔ مرد و عورت کے تعلقات خوشگوار رہتے ہیں۔ مرد و زن دونوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۳۲ خوراک تین روپے چار آنے۔ تین شیشیاں نو روپے علاوہ محصول ڈاک

امیکو طلا

یہ نہایت موثر اور کامیاب دوا ہے۔ سائنس کے جدید اصولوں پر تیار کیا گیا ہے۔ [illegible]

ملنے کا پتہ:- امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

دہلی سے پاکستان

سامان بذریعہ

ہوائی جہاز یا ریل

[illegible]

المشتہر: دہلی کمرشل کارپوریشن

[illegible] بازار بلیماران، چاندنی چوک

دہلی

کلکتہ پریذیڈنسی جیل میں کمیونسٹوں اور پولیس میں تصادم

کمیونسٹوں کا پولیس اور جیل کے حکام پر حملہ

پولیس کی طرف سے اشک آور گیس کا استعمال اور لاٹھی چارج

کلکتہ ۱۵ دسمبر۔ آج صبح پریذیڈنسی جیل میں کمیونسٹ نظربندوں اور پولیس میں تصادم ہوگیا جس میں ۴۳ آدمی زخمی ہوئے جن میں ۱۳ پولیس کے آدمی بھی شامل ہیں۔

پولیس نے پہلے اشک آور گیس استعمال کی لیکن جب اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا تو لاٹھی چارج کیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب جیل کے حکام حسب معمول کمیونسٹ نظربندوں کے کمروں کے معائنہ کے لئے گئے تو نظربندوں نے کرسیاں وغیرہ لگا کر روک قائم کردی جب ان کو دور کرنے کی کوشش کی گئی تو [illegible] جیل کے وارڈروں نے دوبارہ [illegible] لیکن جب یہ بھی ناکام رہا تو پولیس کی امداد طلب کی گئی لیکن نظربندوں نے بوتلوں وغیرہ سے پولیس پر بھی حملہ کردیا بیرکوں میں آگ لگا دی گئی۔ پولیس نے پہلے تو نظربندوں کو آگاہ کیا اس کے بعد اشک آور گیس استعمال کی اس کی ناکامی پر پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور نظربندوں نے اطاعت قبول کرلی۔

مغربی بنگال کی حکومت کے ایک پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ حال ہی میں چند کمیونسٹ نظربندوں نے جب ان کو عدالت کے لئے [illegible] ڈال کر لیجایا گیا تو شرارت کی اور یہ مطالبہ کیا کہ اگر ایسا آئندہ کیا گیا تو وہ عدالت نہیں جائیں گے۔ حکومت ان کو اس قسم کا یقین نہیں دلا سکی کیونکہ انہوں نے حکومت کو یہ یقین نہیں دلایا کہ وہ عدالت جاتے وقت پوری طرح [illegible] پریس نوٹ میں بتایا گیا ہے کہ پہلے گڑبڑ عورتوں کے وارڈ میں شروع ہوئی۔ وہاں نظربند خواتین نے چند وارڈروں کو ایک کمرہ میں بند کردیا اس کے بعد مردوں کے وارڈ میں بھی گڑبڑ ہوئی۔

پنڈت نہرو نے امریکہ میں ہندوستان کا وقار بلند کردیا ہے

پٹنہ ۱۵ دسمبر۔ انگریزی روزنامہ سرچ لائٹ کے ایڈیٹر مسٹر راما راؤ نے جو وزیر اعظم کے دورہ امریکہ میں ان کے ہمسفر رہے ہیں آج اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ پنڈت جی نے ہندوستان کے وقار کو بہت زیادہ بلند کردیا ہے۔"

مسٹر راؤ نے کہا کہ پنڈت نہرو کی انگریزی دانی نے امریکہ کے باشندوں کو حیرت زدہ بنادیا اور اپنے عروج کے اس بلند ترین مقام پر پہنچنے کے باوجود ان کے حسن اخلاق نے کہ میں گاندھی جی کا ساتھی تھا اور [illegible] اس وجہ سے اس مقام بلند پر پہنچا ہوں کہ میری قوم مجھ سے محبت کرتی ہے ان کے مرتبہ کو اور بھی بلند کردیا ہے۔

مسٹر راؤ نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ مجھے جتنے امریکنوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ان سب نے مجھ ہی سے کہا کہ پنڈت نہرو ہی ایک ایسے شخص ہیں جو امریکہ گئے لیکن انہوں نے ڈالر نہیں مانگے۔

نے کہا کہ پنڈت نہرو امریکہ میں ڈالروں کی بھیک مانگنے نہیں بلکہ ہندوستان کا پیغام دینے کے لئے گئے تھے اور انہوں نے کامیابی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے [illegible]

مسٹر راؤ نے یہ تقریر ایک ایسی دعوت میں کی ہے جو اخبار کے حلقہ انتظامیہ نے ان کے اعزاز میں دی تھی۔ اس جلسہ میں بہار کے وزیر اعظم مسٹر سری کرشن سنہا [illegible]

ہالینڈ نے ہندوستان اور پاکستان سے نقصان کا دعوی نہیں کیا

ڈچ وزیر ٹرانسپورٹ کا ایوان ثانی کے سامنے بیان

دی ہیگ ۱۵ دسمبر۔ ہالینڈ کے وزیر ٹرانسپورٹ نے ایک اعلان میں بتایا ہے کہ [illegible] ہالینڈ کے پولیس ایکشن کے بعد ہندوستان، برما، پاکستان، اور لنکا نے [illegible] ہوائی جہازوں کی پرواز کی مخالفت کردی تھی اس سے جو نقصان ہوا اس کا دعوی حکومت ہالینڈ نے نہیں کیا [illegible] کی تلافی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] بنا پر ہوا تھا سیاسی اختلافات کے علاوہ دوسرے بہت اہم وجوہ بھی تھے۔

وزیر مذکور نے ایوان ثانی کے سامنے کہا کہ مذکورہ بالا مخالفت سے بہت شدید نقصان برداشت کرنا پڑا [illegible] نے بصرہ عراق ہمارے ہوائی جہازوں کی پرواز پر پابندی عائد کردی تھی۔ یہ پابندی اس وقت دور ہوئی جب [illegible] میں ڈچ حکومت نے انڈونیشی جمہوری حکومت کو دوبارہ قائم کیا۔ (ب، ٹ، رائٹر)

عام تخفیف کی صورت میں ملازمین کو معاوضہ دینے کا امکان!

ثانوی تعلیم کے متعلق کمیشن مقرر کیا جائیگا۔ مولانا آزاد کا انکشاف

ہندوستان میں تیار ہونیوالی کونین باہر سے آنیوالی کی بہ نسبت سستی ہوتی ہے

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ب، ٹ) آج پارلیمنٹ میں وزیر صنعت و رسد ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی سے [illegible] نے جواب دیا مسٹر ساہو نے دریافت کیا تھا کہ کیا امریکہ دریائی منصوبوں کی تکمیل کے سلسلہ میں ہندوستان کی امداد کر رہا ہے۔

کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ہند کو یہ امداد نہ مل سکے گی۔ ڈاکٹر متھائی نے کہا کہ جہاں تک اس بیان کا تعلق ہے یہ مارشل امداد وغیرہ کے سلسلہ میں ہے نہ کہ ترقی کا دوبارہ کے اور یہ اس کا امن بین الاقوامی امداد سے کوئی تعلق ہے جو عام کہہ ہوا۔ (باقی صفحہ ۶ پر)

ڈاکٹر متھائی نے کہا کہ ہند نے بین الاقوامی بینک سے ترقیات کے لئے قرض مانگا تھا اس پر مسٹر ساہو نے کہا کہ مسٹر ایچی سن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایشیا کو امداد ڈالر کی صورت میں نہیں بلکہ ٹیکنیکل دی جائے گی۔

مسجد اورنگ زیب کے سروے کا حکم

نئی دہلی ۱۵ دسمبر (ب، ٹ) آثار قدیمہ کے [illegible] انجینئر کو اس بات کے لئے مقرر کیا ہے کہ وہ بنارس میں گنگا کے کنارے پر واقع مسجد اورنگ زیب کا سروے کرے۔

یاد رہے کہ اس مسجد کا ایک مینار حال ہی میں اچانک شہید ہوگیا تھا۔

عورت کا طلائی ہار لے بھاگنے کی کوشش

جالندھر ۱۵ دسمبر ایک عورت اپنے مکان کے باہر دھوپ میں بیٹھی ہوئی تھی ایک شخص نے اس پر اپنا [illegible] اس کا طلائی ہار اتار لیا اور بھاگ جانے کی کوشش کی لیکن اس عورت کے [illegible] گرفتار کرلیا [illegible] میں اس شخص نے اپنا نام موہن سنگھ بتلایا اور [illegible] سٹی مجسٹریٹ [illegible] نے اسے ایک سال قید بامشقت کی سزا دی۔

چینگتو میں توپوں کی آوازیں آنے لگیں

ہانگ کانگ ۱۵ دسمبر (ب، ٹ، رائٹر) کمیونسٹ فوجیں آج چینگتو کے مضافات میں داخل ہوگئے [illegible] چینگتو قوم پرستوں کا آخری مضبوط قلعہ تھا [illegible] آج ریڈیو کی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ [illegible]

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی کی وفات سانحہ عظمیٰ ہے

حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی طرف سے خراج عقیدت

دہلی ۱۵ دسمبر حضرۃ العلامہ مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نے حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی دیوبندی کی وفات حسرت آیات کو سانحہ عظمیٰ اور داہیۂ کبریٰ سے تعبیر کیا ہے اور فرمایا ہے "مولانا مرحوم وقت کے بڑے عالم پاکباز محدث مفسر خوش بیان مقرر تھے۔ عرصہ دراز تک وہ جمعیۃ علماء ہند کے معین اور اس کی ورکنگ کمیٹی کے رکن رہے آخر میں وہ مسلم لیگ میں شریک ہوکر پاکستان چلے گئے تھے۔ وہاں بھی انہوں نے اپنی مذہبی ذمہ داری کو قائم رکھا۔ ہندوستان کے منتخب اور چیدہ افراد میں سے تھے اللہ تعالیٰ مرحوم کو درجات عالیہ عطا فرمائے اور اپنی رحمت کے آغوش میں جگہ دے آمین ثم آمین۔" مدرسہ اسلامیہ امینیہ کے تمام طلباء و مدرسین کو ان کی وفات کا صدمہ ہوا۔ اور انہوں نے قرآن مجید ختم کرکے ان کی روح اقدس کو ثواب بخشا۔

ملک کی تقسیم سے پہلے اور بعد کے واقعات پر سروں کو شرم سے جھک جانا چاہیئے

اغوا شدہ مسلم خواتین کے متعلق ہم پر ایک زبردست فرض عائد ہے

پارلیمنٹ میں مسٹر گوپال سوامی آئنگر کی تقریر

نئی دہلی ۱۵ دسمبر۔ آج ہند پارلیمنٹ نے معمولی ترمیمات کے بعد ڈاکٹر اسعد کے پیش کردہ ایک ایسے بل کو منظور کرلیا [illegible] بعض قوانین کو ایسے علاقوں میں نافذ کیا جائیگا جو ہوائی گورنروں یا چیف کمشنروں کے زیر انتظام آگئے ہیں۔

اس مسودہ قانون کی وضاحت کرتے ہوئے ڈاکٹر اسعد نے کہا کہ اس وقت تک ان ریاستوں میں [illegible] رائج تھے۔ لیکن اب جبکہ یہ بالائی گورنروں کے صوبوں میں ضم ہوگئی ہیں یا چیف کمشنروں کے زیر انتظام آگئی ہیں۔ [illegible] ضروری ہے کہ وہاں مرکزی قانون نافذ کیا جائے۔

مسٹر سارنگ دھر داس [illegible] نے [illegible] اس مسودہ قانون کی تائید کرتے ہوئے دریافت کیا کہ کیا یہ قانون تجارتی اجارہ داری کو بھی ختم کرسکیگا جو بعض ریاستوں میں رائج ہے؟ اس سلسلہ میں عوام کا خیال ہے کہ جب ریاستیں [illegible] صوبجات میں ضم ہوجائیں گی، تو [illegible] تجارتی اجارہ داری کا یہ طریقہ بھی ختم ہوجائیگا لیکن امر یہ ہے کہ باوجود کہ جنوری ۱۹۴۹ء سے ریاستوں کو ضم [illegible] ہیں تاہم یہ طریقہ بدستور قائم ہے [illegible] کی وجہ ابتدائی [illegible] بیش آتی ہیں اور مسٹر راج بہادر (متحدہ یونین) نے اس کی حمایت کرتے ہوئے اس خواہش کا اظہار کیا کہ دستور کے نفاذ کے بعد قانون کو [illegible] یونینوں میں بھی نافذ کردیا جائے۔

وزیر قانون ڈاکٹر اسعد کرنے ڈاکٹر کا جواب دیتے ہوئے (باقی صفحہ ۵ پر)

۲۲ کمیونسٹ نظربندوں کو ایک سال کی قید

جیل والوں پر حملہ کرنے کا الزام

بنارس ۱۵ دسمبر بنارس جیل میں نظربند ۲۲ کمیونسٹوں کو آج مجسٹریٹ درجہ اول مسٹر [illegible] نے ایک ایک سال کی قید بامشقت کی سزا دی ہے۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق ان نظربندوں نے ۲۰ جون کی رات کو اپنے احاطہ کے نگراں اور جیل کے دوسرے اراکین پر حملہ کیا تھا اور یہ تنازعہ ان سہولتوں کے سلسلہ میں پیدا ہوا تھا جن کے حکام نے ان نظربندوں کو دی ہیں اس تصادم میں [illegible] معمولی زخمی ہوئے تھے۔

ہندو کوڈ بل کے خلاف مظاہرہ کرنے والوں کی ضمانت پر رہائی

نئی دہلی ۱۵ دسمبر گذشتہ دنوں ہندو کوڈ بل کے سلسلہ میں مخالفانہ مظاہرہ کرنے کے الزام میں [illegible] کو گرفتار کیا گیا تھا آج سیشن جج کی عدالت سے انہیں ضمانت پر [illegible]

اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بے نظیر

ماہنامہ بانوؔ دہلی کا آئندہ خاص نمبر

سنہ ۵۰ء کے شروع میں

قرآن نمبر

کے عنوان سے شائع ہو رہا ہے

قرآن انسانی زندگی کا حقیقی دستور العمل ہے۔ یہی وہ لائحہ عمل ہے جس پر چل کر ہم چین و امن اور عروج حاصل کرسکتے ہیں۔ یہی حکیم ازل کا وہ حیات بخش نسخہ ہے جس سے ہم انسانیت کے تمام روگوں کا علاج کرسکتے ہیں۔ یہ کتنا افسوسناک مقام ہے کہ عام مسلمان نہ تو اسے سمجھتے ہیں اور نہ ہی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دوسروں کو سمجھانا تو ایک مدت سے انہوں نے ترک کردیا ہے۔ خصوصاً ہماری عورتیں اور بچے قرآن کریم کی محض تلاوت کرتے ہیں اور اس کا مطلب سمجھے بغیر خوشنما جزدان میں لپیٹ کر طاق کی زینت بنا دیتے ہیں۔ قرآن ہماری زندگی کی زینت ہے نہ کہ طاق کی اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ بانوؔ کا قرآن نمبر شائع کیا جائے جس میں قرآن کریم کی اہم آیات کی تفسیر اردو میں شائع کی جائے گی۔ اس کے علاوہ قرآن مقدس پر ٹھوس مضامین قرآن کیا ہے؟ قرآن خدا کے قرآن کی نظر میں سیاست اور قرآن، معاشرت اور قرآن، اقتصادیات قرآن، عورت اور قرآن اور قرآن کریم کی تعلیم کے آسان طریقے غرض یہ کہ اردو پڑھے لکھے بھائی بہن اور بچے سمجھ سکیں گے کہ قرآن پاک جس کو وہ عربی زبان میں روزانہ تلاوت کرتے ہیں انہیں کیا سکھاتا ہے اور وہ اس سے کیا کچھ حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ خاص نمبر اپنی شان اور تقدس کے اعتبار سے پہلا بے نظیر اور شاندار نمبر ہوگا جو تقریباً تین چار سو صفحات پر شائع کیا جائے گا۔ بانوؔ کی سالانہ قیمت پانچ روپیہ ہے۔ اس سالانہ قیمت میں عام نمبروں کے علاوہ یہ بیش بہا اور نادر الوجود تحفہ اور ایک خاص نمبر اور بھی سال کے دوران میں حاصل کرنے کے لئے آج ہی خریدار بن جائیے اور ذیل کے پتہ پر صرف پانچ روپے کا منی آرڈر روانہ کردیجئے۔

پتہ صرف بانوؔ دہلی کافی ہے

ماہنامہ بانو دہلی کا نمونہ صرف آٹھ آنے کا ٹکٹ بھیجکر منگایا جاسکتا ہے

ایجنٹ حضرات خط و کتابت سے معاملہ طے کریں

روزنامہ

الجمعیۃ دہلی

۱۸ دسمبر ۱۹۴۹ء

حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی رح

آپ یہ اندوہناک خبر سن چکے ہیں کہ مفسر قرآن حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال فرماگئے، مرحوم جامعہ عباسیہ بہاولپور کی نئی تعمیر (تشکیل) کے سلسلہ میں بغداد الجدید تشریف لیجا رہے تھے کہ وقت آپہنچا اور آپ نے انتہائی ہوش وحواس کی حالت میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

اس سانحہ ارتحال پر ہمارے دل غمگین اور آنکھیں پرنم ہیں اور احساسات تو بحد مضمحل ہیں کہ ہم بیان نہیں کرسکتے کہ مرحوم کی جدائی عالم اسلام کے لئے کس قدر حزن وملال کا باعث ہوئی اور اسلامی حلقوں پر اس ناگہانی حادثہ سے کیا گذری۔ مرحوم صرف ہندوستان اور پاکستان ہی کی امانت نہیں تھے بلکہ پورے عالم اسلام کے لئے چراغ ہدایت تھے، آپ کے علمی فیضان کا دائرہ افغانستان، ایران، انڈونیشیا، چین، [illegible] الجزائر اور دوسرے اسلامی ممالک تک وسیع تھا، اور آپ کی شخصیت بین الاقوامی شہرت کی مالک رہی، ہندوستان اور پاکستان میں وہ کون سا متنفس عالم ہے جسے مرحوم کی شاگردی اور تربیت کا شرف حاصل نہ ہوا ہو اور وہ کون سا علمی شعبہ ہے جس نے آپ کی خداداد قابلیت سے فیض حاصل نہ کیا ہو؟

حقیقت یہ ہے اور اس میں مبالغہ کا کوئی شائبہ نہیں ہے کہ مرحوم کی وفات کے بعد علمی دنیا میں ایک ایسی جگہ خالی ہوگئی ہے جس کا پر ہونا بظاہر حالات مشکل نظر آتا ہے۔ [illegible] الکلام مقرر اور شیخ البیان خطیب شاید ہی عرصہ تک میسر آسکے گا۔ جب آپ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ علم و کمال کا ایک سمندر موجیں مار رہا ہے اور علم و عرفان کی سوتیں رواں ہو رہی ہیں۔

فن تحریر میں بھی اپنے وقت کے امام تھے آپ نے ہزاروں مضامین لکھے، بیسیوں کتابیں تصنیف فرمائیں، عربی اور فارسی زبانوں پر آپ کو اردو زبان ہی کی طرح عبور حاصل تھا اور بے تکان لکھتے اور بولتے چلے جاتے تھے۔ قرآن کریم کی اردو تفسیر اور صحیح مسلم کی عربی شرح آپ کے کمالات علمی کی زندہ جاوید یادگار ہیں اور [illegible] تک اہل علم کو سیراب کرتی رہیں گی۔

مرحوم حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن دیوبندی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے علوم ظاہری و باطنی میں آپ نے حضرت شیخ سے ہی فیض حاصل کیا تھا، ایک عرصہ تک دارالعلوم کے پرنسپل رہے اور مدتوں تک جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کو آپ نے اپنے اہتمام و انصرام سے [illegible] جمعیۃ علماء کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر رہے اور قومی تحریکات میں ہمیشہ آگے رہنے کی کوشش کی، تحریک خلافت سے لے کر ۱۹۴۵ء تک آپ جمعیۃ علماء اور کانگریس کو آپ کے تعاون کا شرف حاصل رہا ہے [illegible] میں صدارت کے فرائض انجام دئے۔

[illegible] مسلمہ ممالک میں جو وفد بھیجے گئے ان میں آپ کو سربراہ کی حیثیت حاصل رہی، ممالک اسلامیہ سے علمی تعلقات بہت گہرے تھے مصر کے علماء اور شیوخ میں آپ کو بڑی مقبولیت حاصل تھی، غیر ممالک کے علماء پیچیدہ حل مشکلات میں آپ کی طرف رجوع کرتے رہے، اور بین الاقوامی دنیا میں آپ کو بڑی شہرت حاصل رہی جو بہت کم لوگوں کے حصہ میں آئی ہوگی۔

مرحوم کی بلند پایہ شخصیت پورے ملک میں جامع الکمالات کی حیثیت سے ممتاز اور مسلم رہی اور کبھی کسی کو اس سے انکار کی جرأت نہ ہوسکی۔ اگرچہ آپ کے آخری دور کے سیاسی مسلک سے آپ کے عقیدت مندوں کو بھی اختلاف رہا لیکن آپ کی رفعت، علمی خدمات، خداداد قابلیت، رسوخ و متانت، خلوص و ایثار میں بھی اور اس میں نہیں ہوئیں اور

سیاسی اختلاف [illegible] کے باوصف بھی آپ کی مقبولیت اور محبوبیت میں فرق نہیں آیا۔

دراصل عقیدت و محبت کی دنیا میں وہ مقام بہت ہی نازک ہوتا ہے جہاں سے اختلافات کی راہیں پیدا ہوتی ہیں محبت اور عقیدت کا تقاضا تسلیم و رضا پر مجبور کرتا ہے اور حق پرستی و ضمیر کا مطالبہ اختلاف کی راہیں دکھاتا ہے۔ اس کشمکش میں جادۂ استقامت پر قائم رہنا انہی لوگوں کا کام ہے جو عقیدت اور حق پرستی میں فرق کرکے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کرتے ہیں، اور ضمیر کی آواز پر [illegible] رائے کا احترام کرنا عقیدت کے منافی نہیں ہے۔

آخری دور میں حضرت مرحوم نے مسلم لیگ میں شرکت کی اور جمعیۃ علماء کے قدیم مسلک سے انحراف فرمایا، جمعیۃ علماء لیگ کے نظریات سے سخت اور شدید اختلاف رکھتی تھی اس لئے حضرت مرحوم کے اس اقدام سے بھی اختلاف کرنا پڑا اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ آپ کو دارالعلوم دیوبند کے ادارہ اہتمام سے الگ ہونا پڑا اور آپ پاکستان تشریف لے گئے، اس بات کے اظہار کی ضرورت نہیں کہ آپ نے پاکستان میں اسلامی علوم کے احیا کے لئے کیا خدمات انجام دیں مگر اتنی بات ظاہر ہے کہ اب پاکستان میں کوئی ایسا عالم موجود نہیں ہے جو مرحوم کا صحیح جانشین بن سکے اور آپ کے پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔

آخر میں ہم دست بدعا ہیں کہ مرحوم کی روح پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں کی بارش فرمائے عالم اسلام کے مغموم دلوں کو تسکین دے اور آپ کے اعزہ اور متعلقین کو صبر و استقامت کی دولت سے مالا مال کرے۔ آمین۔

ہندی ٹیلیگرام!

ہندی زبان کو سرکاری زبان قرار دینے کے بعد محکمہ ڈاک و تار نے اعلان کیا تھا کہ یوپی میں ہندی زبان کے ٹیلیگرام قبول کئے جائیں گے [illegible] اس قدر سہولتیں بہم پہنچائی جائیں کہ شاید انگریزی میں بھی اتنا الگریزی کے ٹیلیگرام [illegible] ہے کہ تار بابو [illegible] ہندی کی تار دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا، اب ڈاک خانہ کو بھی یہ تجربہ ناکامی پر ختم ہوا اور ہندی کی مقبولیت پر حرف آنے لگا اب ہندی کے حامیوں کو ہندی علم بنانے کے لئے کیٹلیل مقرر کرنا چاہئے۔ اور اس بات پر غور کرنا ہے کہ ہندی زبان کے تاروں کے لئے مزید سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ ہمارا خیال ہے کہ ٹیلیگرام کی زبان کا مسئلہ عوام پر چھوڑ دینا چاہیئے۔ یہ توظاہر ہے کہ محض ہندی کی تائید صرف زبانی حد تک محدود ہے جب عملی مشکلات سامنے آئیں گی تو اس کی مقبولیت کا بھرم کھل جائیگا اور یہ بات ثابت ہوجائیگی کہ زبردستی کسی زبان کو قومی اور سرکاری بنادینے سے وہ زبان قومی نہیں بن سکتی!

عربک اسکول کے ٹیچر

معلوم ہوا ہے کہ اسٹیٹ عربک اسکول کی ٹیچر الیسوسی ایشن کے فیصلہ کے مطابق اسکول کے ٹیچروں نے ۲۰ دسمبر سے ہڑتال کرنے کا نوٹس دیدیا ہے شکایت یہ ہے کہ انہیں ابھی تک اکتوبر اور نومبر کی تنخواہیں نہیں دی گئیں [illegible] اقتصادی مشکلات میں مبتلا کر دیا گیا، اگر ٹیچروں کی یہ شکایت حق بجانب ہے [illegible] ماہ کی تنخواہیں نہیں ملیں تو یہ بہت ہی افسوسناک بات ہے، اگر اسکول غریب [illegible] تب بھی مشاہروں کا رکنا مناسب نہ تھا کیونکہ ٹیچروں کو اس بنا پر علیحدہ کیا جاسکتا تھا، اگر اسکول سرمایہ وہ اپنے مصارف آپ برداشت کرسکتے ہیں پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ ایسا کرنے سے اسکول کے [illegible]

اچھی باتیں

ان ھذا کان لکم جزاء وکان سعیکم مشکوراً (پ ۲۹ ع ۱۹)

یہ تمہارے اچھے کاموں کی جزا ہے اور تمہاری ہر کوشش کو قبول کیا جائے گا۔

یعنی جب بھلے اور اچھے انسانوں کو ان کی بھلائی کی جزا ملے گی تو کہا جائے گا کہ تمہارے اعمال اکارت نہیں گئے دیکھ لو آج تمہارے ان ہی کاموں کا بدلہ تمہیں مل رہا ہے اور جب تم نے اس کا تجربہ کرلیا تو سمجھ لو کہ ہم اپنے اصول کے مطابق کسی کوشش کو رائگاں نہیں ہونے دیں گے اور جو شخص جیسا کرے گا اسے ویسا ہی اجر بھی دیں گے یہ اصول دین اور دنیا دونوں کے لئے ہے دنیا میں بھی کسی کی کوشش ضائع نہیں جائے گی اور ہر شخص کو اس کی سعی کا صلہ ملے گا یہ نہ ہوگا کہ لوگ دست غیب کا انتظار کریں تقدیر اور توکل کو اپنی حرام خوری کے لئے سہارا بنائیں اور اپنی غفلت کے غرور میں تدبیر و اسباب کو نظر انداز کردیں اور پھر بھی کامیاب ہو جائیں کامیابی اپنی سعی سے حاصل ہوگی اور ہاتھ پر ہاتھ دھرنے سے کچھ نہ بنے گا۔

کسی خوف میں مبتلا نہ ہوجیے

حکومت بھوپال کا پریس نوٹ

بھوپال ۱۴ دسمبر (ڈاک) حکومت بھوپال نے حسب ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے:

گورنمنٹ کے علم میں آیا ہے کہ کچھ عرصہ سے بھوپال بینک کے خلاف بینک میں روپیہ جمع کرنے والوں کے اعتماد اور بھروسہ میں کمی واقع ہورہی ہے۔ نیز گورنمنٹ کے حالیہ حکم بابت قائمی مقدمہ خلاف منیجر بھوپال بینک بوجہ خلاف ورزی قانون متعلق تار کان وطنی نے عوام کے اس عدم اعتماد میں مزید ترقی دیدی ہے۔

گورنمنٹ اس سلسلہ میں عوام کو یقین دلا دینا چاہتی ہے کہ وہ نہ تو کسی خوف میں مبتلا ہوں اور نہ کسی انتشار کا شکار بنیں۔ عوام کو اس سے بھی مطمئن کرا دینا ضروری ہے کہ کسی خطرہ کی بنا پر اپنی امانتیں بینک سے واپس لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ منیجر بینک کے خلاف جو کارروائی ہورہی ہے اس کا بینک کے معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بینک کے پاس کافی ضمانتی سرمایہ موجود ہے اور روپیہ کی کوئی کمی نہیں ہے۔ عوام کو چاہیئے کہ وہ بدستور بینک سے اپنا لین دین اور اس پر اعتماد قائم رکھیں۔

آہ بادیٔ روحانی

مرکز تعلیم امروہہ کی مجالس میں بسلسلہ انتقال پر ملال جناب مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی ایک تعزیتی جلسہ زیر صدارت حافظ محمد اسرائیل صاحب منعقد ہوا جس میں جمیعۃ ساعتہ [illegible] حضرات نے شرکت کی ایک تعزیتی قرارداد منظور کی گئی جس میں حضرت عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کی اچانک وفات حسرت آیات پر تعمیق رنج و افسوس کا اظہار کیا گیا اور اسے ملت اسلامیہ کا ناقابل تلافی نقصان تصور کیا گیا۔

زیر نگرانی حافظ پیر جمیل صاحب نے قرآن خوانی اور فاتحہ کے بعد عام تعطیل کا اعلان کیا گیا۔ (نامہ نگار)

تحصیل سہارنپور کی خالی نشست

چودھری ظفر احمد صاحب کے نام کی سفارش

سہارنپور ۱۲ دسمبر۔ آج دن میں ایک بجے دفتر ضلع کانگریس میں زیر صدارت پنڈت پورن چند صدر ضلع کانگریس نیشنلسٹ مسلمانوں کی ایک خاص میٹنگ ہوئی جس میں یو۔پی پارلیمنٹری بورڈ نے مولوی بخشش علی (دہلی) ایم ایل اے کی جو آپ پاکستان چلے گئے ہیں خالی جگہ پر کرنے کے لئے رپورٹ طلب کی تھی اس پر کافی غور و خوض کے بعد چودھری ظفر احمد صاحب کا نام تجویز کرکے بھیجا گیا ہے یہ سیٹ تحصیل سہارنپور کے مسلم شمالی دیہاتی حلقہ کی خالی ہوئی ہے یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اس سیٹ پر منشی قمر الدین اور چودھری ظفر احمد کا پہلے بھی مقابلہ ہوا تھا جب ایک نیشنلسٹ مسلمان کی حیثیت سے صرف ۱۹۸ ووٹوں کی اکثریت سے مسلم لیگی کامیاب ہوگیا تھا۔

مدراس کے ہوائی جہاز کو حادثہ

مدراس ۱۵ دسمبر مدراس فلائنگ کلب کے جس ہوائی جہاز کو کل حادثہ پیش آیا تھا۔ اس کے متعلق معلوم ہوا ہے کہ وہ بالکل جل گیا تھا اور بنیس پائلٹ ہلاک ہوگیا تھا۔

انتقال پرملال

جناب مولانا مفتی [illegible] صاحب داماد حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب قاسمی حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی مرحوم قدس سرہ اس عالم فانی سے عالم بقا کی طرف رحلت فرما گئے [illegible] ادارہ ہادی صاحبزادی حضرت نانوتوی قدس سرہ کے غم میں شریک ہے اور دعا کرتا ہے کہ خداوند مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

غازی عبدالکریم کا اعلان

شمالی افریقہ کے عرب ۲۰۰ سال کی سامراجی غلامی سے تنگ آچکے ہیں۔ اور فرانس اور سپین انہیں پچاس سال سے تباہ کرنے میں لگے ہوئے ہیں، مجاہد ریف امیر عبدالکریم نے اپنی بساط سے زیادہ فرانس اور سپین کے خلاف جہاد کیا اور مراکش، الجزائر اور طرابلس کو آزاد کرنے کی کوشش کی لیکن یورپی بے دست وپائی کی وجہ سے ناکام ہوئے اور گرفتار کرکے جزیرہ ری یونین میں قید کر دئے گئے۔ ۲۰ سال کے بعد آپ کو رہائی ملی اور اب آپ نے قاہرہ سے اعلان کیا ہے کہ شمالی افریقہ کے مسلمان اپنی آزادی کے لئے جنگ کرنے پر آمادہ ہیں اور وہ موجودہ غلامی کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں، آپ نے یہ بھی کہا کہ اگر عرب فرانس اور اسپین کے خلاف کھڑے نہ ہوئے تو متحدہ اقوام ان کی غلامی اور بے بسی کا تماشا دیکھتی رہیگی ضرورت اس بات کی ہے کہ متحدہ اقوام کے تمام ممبر شمالی افریقہ کی آزادی کا مسئلہ اور زور شور سے اٹھائیں اور اس خطہ کو غلامی سے نجات دلا کر دم لیں!

رنگون میں خوفناک آتشزدگی

رنگون ۱۵ دسمبر رنگون کے شمالی حصے میں ۵۰۰ ایکڑ اراضی کے مقامات آگ لگ جانے کی وجہ سے تباہ ہوگئے جس سے تین ہزار اشخاص بے گھر بار ہوگئے کہا جاتا ہے کہ آگ بسپائی اور چینگ کو اور یہ کے پھٹ جانے سے آگ لگ گئی۔ (ب، ٹ، ۱۱)

جی بی نگر ڈکیتی کیس کی مزید سماعت

عدالت نے قاسم رضوی کی درخواست کا جواب نہیں دیا

حیدرآباد ۱۵ دسمبر (ب، ٹ) جی بی نگر ڈکیتی کیس کی سماعت کرنے والی اسپیشل ٹریبونل نے آج سید قاسم رضوی ملزم نمبر ۱ کی درخواست پر جس میں ٹریبونل کے اس مقدمہ کی سماعت کے اختیار کے متعلق کوئی فیصلہ دینے یا حکم جاری کرنے سے انکار کردیا۔

ٹریبونل نے جو صفائی کی دلیل بھی مسترد کردی کہ ملزم کے خلاف الزامات بالکل واضح تیار نہیں کئے گئے۔ اور قانون کے مطابق ملزم پر بیک وقت تین سے زیادہ جرائم کے سلسلہ میں [illegible]

مذہب یا تہذیب اصول یا سانچے

(۲)

(از مولانا سید ابوالحسن صاحب ندوی)

ہے سرح جھنڈے لے بازاروں میں جلوس نکال کر مظاہرہ کیا اور سرکاری دفاتر کے سامنے سوشلسٹ نعرے لگائے۔ بعد ازاں گاندھی میدان میں ایک جلسہ کر کے کسانوں سے [illegible] ادا نہ کرنے کی اپیل کی۔

سوشلسٹوں کا یوم دیوریہ

[illegible] مقامی سوشلسٹ پارٹی نے یوم دیوریہ منایا۔ مسٹر دیارام سنگھ کی صدارت میں جلسہ ہوا اور [illegible] روشنی ڈالی۔ ایک قرارداد میں شہر میں غلہ کا راشن جاری رکھنے کا مطالبہ کیا گیا۔

مقامی سوشلسٹوں نے یوپی اسمبلی کے تئے اس ضلع کے ضمنی انتخاب میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔

بدایوں میں سوشلسٹوں کا مظاہرہ

[illegible]

صدر دفتر ضلع جمعیۃ علماء دہرادون!

[illegible]

جنانچہ آپ کے اس دورے سے مسلمانان حلقہ کی کوشش میں نمایاں فرق محسوس کیا جا رہا ہے اور معاون سازی میں تیزی و دلچسپی پیدا ہو گئی ہے۔

دھولیہ میں جمعیۃ کی ممبر سازی

[illegible]

مرادآباد میں بچہ لائبریری کا قیام

[illegible]

عراق کو بھیجے جانیوالے پارسل

نئی دہلی ۲۲ دسمبر۔ عراق کو ڈاک کے پارسل بھیجنے پر ڈاک خرچ کی شرحوں کی اصلاح کر دی گئی ہے نئی شرحیں دو پونڈ سے کم وزن کے پارسلوں کے لئے چار روپے سات آنے سے لیکر گیارہ پونڈ سے ۲۲ پونڈ تک کے وزن تک کے پارسلوں کے لئے [illegible] تک ہیں۔ (نامہ نگار)

گمشدہ لڑکے کی تلاش مبلغ [illegible] انعام

[illegible]

محمد ابراہیم دوکان دار حاجی پورہ [illegible] ضلع مرادآباد، ریاست رام پور

افکار ——— پاکستان

جنگ شاہی کا حادثہ

یہ حادثہ اتنا بڑا، اتنا المناک اور اتنا اہم ہے کہ محض انکوائری کا اعلان قوم کو مطمئن نہیں کر سکتا۔ یہ پاک ایئر کا پہلا حادثہ نہیں اس سے قبل دہلی و ملتان میں بھی اسی بدبخت کمپنی کا ایک طیارہ تباہ ہو چکا ہے جس میں بیش قیمت جانوں کا زیاں ہوا تھا۔ حکومت نے تب بھی بالکل اسی طرح سروس کو معطل کر دیا تھا۔ اور بالکل اسی طرح ایک انکوائری بیٹھی بٹھائی گئی۔ مگر ہم نے دیکھا کہ چند روز کے بعد کمپنی کے وہی ناکارہ طیارے فضا میں دندنا رہے تھے۔ اور وہ انکوائری رپورٹ آج تک ایک محفوظ سرکاری راز کی حیثیت رکھتی ہے۔ ریڈیم ستم کے مقدمہ میں بعض شرمناک انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ہم نے باوثوق ذرائع سے یہ افواہ بھی سنی کہ کراچی میں تباہ ہونے والے جہاز کے پاس باقاعدہ ”کلرنس سرٹیفکیٹ“ تک بھی نہ تھا۔ [illegible] حکومت نے اس نہایت سنگین کوتاہی پر کیا نوٹس لیا۔ عوام نے صرف یہی محسوس کیا کہ بعض سر کردہ با اثر عناصر نے اس کمپنی کی تباہ شدہ ”ساکھ“ کو بڑی جانفشانی سے بحال کر رکھے تھے۔

(بادشمال ۱۹ دسمبر راولپنڈی)

لیکن اسلام کے رشتہ میں وہ جاذبیت ہے کہ جو یہ تعصبات ان کے قلوب میں موجزن ہیں وہ ان میں ایک رنگی اور ہم آہنگی پیدا ہو جائے گی۔ اور جب یہ رشتہ یوں مضبوط ہو جاتا ہے۔ وہ فولاد کا قلعہ بن جائیں گے۔

(ہفت روزہ بصیرت لاہور)

ایک اور چیلنج!

یہودی دنیا کی سب سے زیادہ جرائم پیشہ قوم ہے لیکن اس ستم ظریفی کو کیا کہئے کہ اتحادی قوموں کی ناعاقبت اندیشانہ پالیسی اور اینگلو امریکن گروپ کی سازش نے ان جرائم پیشوں کو ایک وطن کا مالک بھی بنا دیا ہے اتحادی قومیں سمجھتی ہیں کہ وہ اس طرح یہودیوں کی دست درازیوں سے بچ سکیں گی۔ لیکن ان کا یہ خیال غلط ہے مجرموں کو انصاف کی گدی پر بھی بٹھا دو لیکن وہ اپنی فطرت سے باز نہیں آ سکتے۔

یہودی پیدائشی مجرم ہیں اس لئے ان سے نیکی اور خوش معاملگی کی امید کرنا قطعی عبث ہے۔

اتحادی قوموں کی مجرمانہ چشم پوشی نے یہودیوں کی ہمت بڑھا دی ہے۔ اس ہمت افزائی کا نتیجہ سامنے ہے۔ ابھی حال ہی میں اتحادی قوموں نے فیصلہ کیا ہے کہ بیت المقدس کو اتحادی قوموں کی نگرانی میں رکھا جائے۔ یہودی کہتے ہیں ”ہم جو بھی آئے فیصلہ کرو۔ مگر ہم تو نہیں مانتے“ چنانچہ پانچ روز ہوئے اسرائیلی حکومت کے ایک ترجمان نے اعلان کیا۔

”ہم اپنی پارٹی کو بیت المقدس منتقل کر رہے ہیں ہمیں اس سے بحث نہیں کہ اتحادی قوموں نے کیا فیصلہ کیا ہے۔ ہمیں تو صرف یہ دیکھنا ہے کہ ہم کیا چاہتے ہیں“

یہودی ترجمان نے یہ اعلان کر کے اتحادی قوموں کے وقار کے منہ پر زبردست طمانچہ مارا ہے۔ سوچنا یہ ہے کہ اتحادی قومیں اس چیلنج کا کیا جواب دیتی ہیں۔

(سہ روزہ پاسبان ڈھاکہ)

دنیائے اسلام کا اتحاد

اسلامی کانفرنس پر لندن کے اخبارات نے جو تبصرہ شائع کئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیائے اسلام کا اتحاد آسان نہیں مسلمانوں میں یک جہتی نہیں اگر پاکستان انہیں یک کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ تو اس صورت میں دنیائے اسلام ایک بے پناہ طاقت ہو جائے گی۔ اس قوت سے بھی احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان طاقتوں کو برافروختہ نہ کیا جائے انہیں اپنا بنایا جائے [illegible] انگلستان اور امریکہ اسلامی [illegible]

رشی کیش میں پنجاب کے پانچ شرنارتھی

رشی کیش، ۲۰ دسمبر۔ پنجاب سے آئے ہوئے پانچ شرنارتھی کے [illegible] جن میں [illegible] مرد اور بچے ہیں۔ [illegible]

MAULLAH
طاقت اور جوانی
حاصل کرنے کیلئے
صمدم کا مالسلیم استعمال کیجئے
ہمدم دواخانہ دہلی

طلا نمبر ۲

عضو مخصوص کی تمام خرابیوں اور کمزوریوں کو دور کر کے اصلی طاقت پیدا کرنے کے لئے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

فی شیشی ——— ۵/-

اکسیر جدید

جریان، احتلام، پتلا پن کی طاقت اور امساک کے لئے بے نظیر گولیاں ہیں

ایک ہفتہ کی دوا ——— ۸/۔

صدیقی دواخانہ (دلی دواگھر) نور گنج دہلی

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لے جانے والے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن، پورٹ سوڈان، جدہ اور مصر کی بندرگاہوں کے درمیان چلنے والے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے

اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی جہاز روانہ کر سکیں گے

مسافروں اور مال و اسباب کی بکنگ کے متعلق جملہ تفصیلات کے لئے خط و کتابت کیجئے

ٹرنر ماریسن اینڈ کمپنی لمیٹڈ

۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

روزنامہ
الجمعیۃ
۲۵ دسمبر ۱۹۴۹ء

خیال یا ایٹم بم؟

مسلمانوں سے جب کچھ کہا جاتا ہے تو وہ اسے ٹالنے کی کوشش کرتے ہیں اور بات کو اس طرح سنتے ہیں کہ بس وہ سننے ہی کی چیز ہے، عمل کرنے کی چیز نہیں ہے وہ دل میں سوچ لیتے ہیں کہ کرنا کرانا تو کچھ نہیں لیکن سننے میں بھی کیا حرج ہے، جہاں اور تفریحات ہیں ایک سننے کی تفریح اور سہی! گویا اس وقت مسلمان کا دل و دماغ تو بالکل ہی ماؤف اور بے حس ہو چکا ہے۔ یا اسے اس بات پر یقین نہیں رہا کہ خیالات کو دماغ میں جگہ دینا اور دماغ سے عمل میں لانا بھی ممکن ہے اور دماغ کی تنظیم سے ہم اپنے اعمال کو بھی منظم کر سکتے ہیں!

جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ دنیا میں ہر جگہ کشمکش ہے، ہر طرف جبر اور تشدد کا دور دورہ ہے، ہر بڑی قوم چھوٹی قوم کو تباہ کرنے پر تلی ہوئی ہے، ہر طاقتور کمزوروں پر ادھار کھائے بیٹھا ہے، ہر جگہ ظلم اور ناانصافی ہے اور زیادتیوں کا علاج کسی کے پاس بھی نہیں تو ہمت ٹوٹنے لگتی ہے اور غور و فکر کی طاقت بے بس سی ہو جاتی ہے اور جب ہم اور آگے بڑھتے ہیں اور یہ سوچتے ہیں کہ بھلا ایٹم بم کے مقابلہ پر خیالی پلاؤ پکانے سے کیا ہوگا اور امریکہ اور روس کے سامنے ہماری خیالی تدابیر کیا کام کرینگی تو ہمت کے ساتھ آس بھی ٹوٹنے لگتی ہے اور ہم اس طرح اپنے آپ کو بنا لیتے ہیں کہ بس چند گھنٹوں کے مہمان ہیں، قیامت آیا ہی چاہتی ہے، خبر نہیں کب تک سانس ہے، بہتر یہی ہے کہ آنکھیں بند کر کے زندگی گذار لو اور مرنے کے انتظار میں تارے گنتے رہو!

لیکن یہ پست خیالی دراصل ایک اور خیال سے پیدا ہوتی ہے، ہم ایٹم بم کے نام سے ہول کھاتے ہیں توپ اور مشین گن کو بہت بڑی چیز سمجھتے ہیں، فوج اور ہوائی جہازوں کو حیرت سے دیکھتے ہیں، سائنس کی ترقیوں کے مقابلہ پر اپنے آپ کو ہیچ پاتے ہیں اور فوراً بول پڑتے ہیں کہ بھلا کہاں یہ طاقتیں اور ہم کہاں اور کہاں ہمارے خالی خولی خیالات، اسکیمیں اور تجویزیں؛ بھلا خیالات اور خالی باتوں سے بھی کچھ بنتا ہے؟ کہیں نظریات سے توپ کا بھی مقابلہ ہو سکتا ہے؟

مگر یہ ایک بنیادی غلطی ہے جو پیروں میں بیڑی بن کر پڑ جاتی ہے، سوال یہ ہے کہ اگر خیالات نہ ہوتے تجویز اور اسکیمیں نہ ہوتیں تو یہ توپ، جہاز، ایٹم بم کہاں سے بنتے؟ خیالات ہی نے ترقی کرتے کرتے طاقتوں کے پہاڑ کھڑے کر دئے اور باتوں ہی باتوں سے سائنس کی دنیا پیدا ہو گئی، اب سوچئے کہ توپ اور ہوائی جہاز زیادہ اہم ہیں یا وہ خیالات جنہوں نے توپ اور جہازوں کے بنانے کی ابتدا کی؟ ایٹم بم زیادہ قوی ہے یا وہ خیالی اسکیم جو ایٹم بم کو ظہور میں لانے کا موجب ہوئی؟ کسی نے سچ کہا ہے کہ انسان باہر کی دنیا سے کچھ نہیں لیتا بلکہ اپنے پاس سے دیتا ہے، جو کچھ باہر ہے وہ خیالات ہی کا عکس ہے، اگر خیالات نہ ہوں تو باہر کی دنیا میں سوائے خلا اور فضا کے دھرا ہی کیا ہے؟

غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ دنیا کی ہر ترقی خیالات کی رفتار ہی کا نتیجہ ہے، اگر ہم اپنی اصلاح کر کے کسی جہت میں ترقی کرنا چاہتے ہیں، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا ماحول، ہماری حالت، ہمارا کردار بدلے اور دنیا ہماری اہمیت محسوس کرے تو ہمیں سب سے پہلے اپنے خیالات ہی کو منظم کرنا ہوگا، جب تک خیالات کا رخ نہ بدلے گا اور ہم کسی خاص نصب العین کے لئے اپنے آپ کو تیار نہ کریں گے ہم زمانہ کا ساتھ نہیں دے سکتے ہم اپنا مقام پیدا نہیں کر سکتے، ہم اپنی نیک خواہشات کو بروئے کار نہیں لا سکتے، مسلمانوں کے پاس عالمگیر مبادی کے اصول ہیں، عالمگیر اخوت کے ہتھیار ہیں، انسانی اخلاق اور معاشرے کے قوانین ہیں، عقائد کی ہمت اور اعمال کی درستگی کے معیار ہیں، اگر وہ اپنے خیالات کی گاڑی کو ان پٹریوں پر چڑھا لیں اور اپنے آپ کو بدلنے اور [illegible] کا ایک نقشہ بنا لیں تو وہ دنیا کو اپنی مرضی کے مطابق بنا سکتے ہیں، دنیا خیالات سے بنتی ہے اور کوئی خیال ایسا نہیں جو ارادہ کی پختگی کے بعد خارجی دنیا میں نہ آ سکے

ہم نے خیالات پر جو خیالات ظاہر کئے ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہندوستان کے مسلمان اپنی خیریت چاہتے ہیں تو وہ اپنے خیالات کا رخ بدل دیں اور یقین کر لیں کہ خیالات کے زور سے وہ سب کچھ حاصل کر سکتے ہیں، اگر سائنس داں خیالی اسکیموں کے ذریعہ ایٹم بم بنا سکتے ہیں، انسانوں کو ہوا میں اڑا سکتے ہیں بجلی کی ایجاد سے صنعتی انقلاب برپا کر سکتے ہیں تو خیالات کی اسی طاقت سے مسلمان اپنا مقام کیوں حاصل نہیں کر سکتے؛ دنیا میں کوئی چیز ناممکن نہیں، یہ خیال ہی غلط ہے کہ زندگی کو کامیاب بنانے اور مفید بنانے کے لئے انسان کو فوق الانسان بننا ضروری ہے یا کامیابی کی ابتدا صرف فرشتوں کے ذریعہ ہی ہو سکتی ہے، آپ خیالات کو بدلئے، ان کا رخ متعین کیجئے، ان کو عمل کے سہارے ظہور میں لائیے اور عزم کر لیجئے کہ جب تک آپ اپنا مقصد حاصل نہ کر لیں گے اپنے ارادہ کو کمزور نہ ہونے دیں گے تو ناممکن ہے کہ آپ درمیان میں لٹکے رہیں اور آپ کا ارادہ پورا نہ ہو! اگر خیالات کی یہ طاقت مسلم ہے کہ ارادہ بدلتے ہی آپ کسی مکان کو آگ لگا سکتے ہیں اور یہاں سے اٹھ کر لندن کا سفر کر سکتے ہیں تو اس بات سے انکار کیوں کہ آپ اپنی رفعت اور سربلندی کا ارادہ کریں، اپنی عزت اور خوشحالی کے لئے اٹھ کھڑے ہوں، اپنی کمزوریوں کو دور کرنے کا عزم راسخ کر کے اٹھیں اور کامیاب نہ ہوں؟ آپ کی بے کسی اور مایوسی، رونا دھونا اور کمزوری، پسپائی اور رجعت کا واحد سبب یہ ہے کہ آپ خیالات سے کام لینا نہیں جانتے اور ارادہ کی اس طاقت سے کام نہیں لیتے جو ایک طاقت ور مشین کو بناتی اور ٹاٹا اور کرپس کے کارخانوں کو چلاتی ہے؛ دنیا کو آج خیالات کی طاقت کا علم ہوا ہے مگر قرآن تو چودہ سو سال پہلے ارادہ کی ایٹمی طاقت سے آگاہ کر چکا ہے کہ ”خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک کہ وہ قوم خود ہی اپنے آپ کو بدلنے کی کوشش نہ کرے“ اور یہ بدلنا خود بخود نہیں ہوتا ارادہ کی طاقت سے ہوتا ہے، جہاں ارادہ بدلا ساری کائنات بدل گئی، جہاں خیالات کی تنظیم کی، زندگی کے احوال و ظروف خود منظم ہو گئے، پس اگر مسلمان دنیا کو اپنے موافق کرنا چاہتے ہیں تو وہ اپنے ارادوں کو بدلیں اور انہیں کسی مقصد کے لئے منظم کریں ورنہ ان کی یہ پکار خدا کے ہاں بھی نہیں سنی جائے گی کہ ہائے مر گئے، تباہ ہو گئے اور خدا معلوم آئندہ کیسا ہوگا؟

بدلگامی

ہم دہلی کے پنجابی اخبارات کا تماشا دیکھ رہے ہیں مگر خاموش ہیں اور شاید وہ بھی دیکھ رہے ہوں جنہیں دیکھنا نہ چاہئے۔ اسلام کو بدنام کرنا، مسلم بادشاہوں پر الزام لگا کر مسلمانوں کو خفیف کرنا، مختلف فرقوں کے درمیان نفرت اور دشمنی کی خلیج کو وسیع کرنا ان اخبارات کے بائیں ہاتھ کا کھیل بنا ہوا ہے؛ جو کام انگریز کر گیا تھا اسے جاری رکھنا ان اخبارات کے لئے فرض ہو گیا ہے۔ مثلاً ایک متعصب پنجابی اخبار اسلام اور کمیونزم کا مقابلہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ”اسلام میں مذہبی جنون بہت ہے اور کمیونزم مذہب کو عوام کے لئے افیم سمجھتا ہے“ (ملاپ ۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء) ایک دوسرا پنجابی اخبار لکھتا ہے کہ ”علاؤالدین خلجی اور اورنگ زیب وغیرہ نے مذہب کو تعصب و تنگ دلی کی بہتی بنا [illegible]“ ۔۔۔۔ (پرتاپ ۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء) ہمارے پاس ان سب باتوں کا جواب ہے اور ہم بھی بد اندیشیوں کو انگاروں پر لوٹانا جانتے ہیں، مگر ہم نہیں چاہتے کہ فضا خراب ہو اور کسی فرقہ کو شکایت کا موقعہ ملے۔ یہ لوگ انگریز کے زمانہ میں بھی یہی کرتے رہے ہیں کیونکہ وہ چاہتا یہی تھا کہ مختلف فرقوں میں ان بن رہے۔ اب آزادی مل گئی ہے اور آزادی کے ثمرات کو منظم کرنے کے لئے کسی تیز چارن کی ضرورت ہے اس لئے دردِ دل بانی اور دل آزاری کا سلسلہ جاری ہے۔ افسوس ہے کہ ہم جواب دینے سے بھی گریز کرتے ہیں اور دوسروں کو کھلی چھٹی ہے کہ وہ منہ بھر کر اس اسلام پر ”مذہبی جنون“ کے الزام لگائیں جس نے دنیا بھر کے جنونیوں کو خرد مندی کا سبق دیا تھا! ہم اس جانب ذمہ دار افراد کو توجہ دلانا چاہتے ہیں اور کہنا نہیں چاہتے کہ ہماری کمزوری سے دوسروں کو ناجائز فائدہ اٹھانے کا لائسنس مل گیا ہے!

اچھی باتیں

ویل للمطففین (قرآن)

افسوس ہے ڈنڈی مارنے والوں پر
ان کا حال یہ ہے کہ جب لوگوں سے
لیتے ہیں تو پورا تول کر لیتے ہیں اور
جب دیتے ہیں تو کمی کر کے دیتے ہیں

یہاں معاشیات کے ایک اہم پہلو کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، یعنی وہ لوگ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے جو لین دین کے معاملہ میں انصاف کو ملحوظ نہیں رکھتے اور جن کا عمل یہ ہے کہ لیتے وقت تو ایک تولہ پاؤ رتی تک کا حساب لگا لیتے ہیں مگر جب دیتے ہیں تو تول میں کمی کرتے ہیں یا کسی اور طریقہ سے لینے والے کو نقصان پہنچاتے ہیں ایسے لوگ چند روز تو بے ایمانی کر کے مزے اڑا سکتے ہیں لیکن جب ہوا اکھڑے گی اور عوام میں ساکھ خراب ہوگی تو معلوم ہو جائے گا کہ بد دیانتی کا نتیجہ کیا ہوتا ہے! اسلام نے کہا کہ لینے کے پیمانے اور دینے کے پیمانے اور وزن ہونے چاہئیں لینے دینے کے پیمانے برابر ہوں اور کسی کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی نہ ہونے پائے!

مطالعہ سیرۃ کی اہمیت

(ڈاکٹر حمید اللہ صاحب ایم۔ اے، ڈی لٹ)

دنیا کا ہر شخص جانتا ہے کہ ایک ہی ذات والا صفات ہے جس نے ایسے زمانے میں مبعوث ہو کر جب کہ دنیا جہالت و گمراہی کے انتہائی حدود پر پہنچ چکی تھی، سارے کرہ کو ایک مرتبہ پھر انسانیت کاملہ کے سیدھے راستہ پر کھڑا کر دیا۔

آج بھی جب کہ ہم مختلف وجوہ کی بنا پر ان ایام جاہلیت سے قریب تر ہو رہے ہیں تو صرف اس شمع ہدایت سے اکتساب ہی ہمارے نجات کا حقیقی باعث ہو سکتا ہے۔

رسول کریم کی سیرت کا مطالعہ کس لئے کیا جائے اس سوال کے جواب میں بعض باتیں دوسروں سے متعلق ہیں۔ مسلمانوں کے لئے سرکار دو عالم کی سیرت جو اہمیت رکھتی ہے وہ کسی تفصیل کی محتاج نہیں اصول فقہ کی کتابوں میں یہ امر مسلمہ ہے کہ آنحضرت کے ہر قول کی طرح آپ کا ہر فعل بھی قانونی حقیقت رکھتا ہے۔ اور سنت نبوی سے ہی واجبات، مستحبات، مباحات، مکروہات وغیرہ قائم ہوتے ہیں۔ مسلمان کی زندگی اس وقت اسلامی کہلاتی ہے جب وہ قرآن مجید کے احکام کے مطابق ہو اور قرآن کریم نے متعدد موقعوں پر سنت نبوی کی قانونی حیثیت کو تسلیم کر لیا ہے۔

ما آتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا
جو آنحضرت تم کو دیں وہ لے لو اور جس سے روکیں اس سے رک جاؤ۔

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ
آنحضرت تمہارے لئے بہترین نمونہ عمل ہیں۔

ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی
(آنحضرت اپنی خواہش سے کچھ نہیں کہتے وہ جو کچھ فرماتے ہیں وہ خدا ہی کے ارشاد پر مبنی ہوتا ہے)

ان اور دیگر آیتوں سے صاف ظاہر ہے کہ پیشوائے اعظم سرور دو عالم کی مقدس تعلیم پر عمل کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا خود احکام خداوندی۔

غیر مسلم اور سیرت نبوی

غیر مسلموں کے لئے رسول عربی کی سیرت کا مطالعہ اس لئے ضروری ہے کہ جب ایک شخص ہم سے یہ بیان کرے کہ میں تمہارے فائدے کی کچھ بات کہنا چاہتا ہوں تو کوئی عقل سلیم رکھنے والا ایسا ہے جو اس بات کو سننے ہی سے انکار کر دے۔ آنحضرت نے اپنی زندگی میں جب پہلی بار یہ فرمایا تھا کہ میں تمام عالموں کے لئے رحمت بن کر آیا ہوں۔ اور میرے لائے ہوئے دین اسلام کے بغیر دنیا اور آخرت کی بھلائی حقیقت میں حاصل نہیں ہو سکتی تو اس پر اچھی طبیعت نہ رکھنے والوں نے قہقہے شروع کئے۔ اور مخالفت پر اتر آئے۔ سنجیدہ لوگوں نے اس کے برخلاف یہ پوچھا کہ یہ دین اسلام کس کو کہتے ہیں۔ اور آپ کی رائے میں ہمیں کیا کرنا چاہئے پھر جواب اور توضیح پر ٹھنڈے دل سے غور کیا۔ اور جس کی رائے میں بات معقول تھی اس نے اس دین کو قبول کر لیا۔ ہادی عالم کے اقوال و افعال اور آپ کا پیش کیا ہوا دین اب تک محفوظ موجود ہیں۔ اور زبان حال سے غیر مسلموں کو بھی وہی دعوت دے رہے ہیں جو آنحضرت نے اپنی زندگی میں اپنی زبان سے دی تھی۔ کیا کوئی سنجیدہ مزاج غیر مسلم سیرت نبوی کا مطالعہ کئے بغیر اس کو بیکار، بے فائدہ اور غیر ضروری قرار دینے میں حق بجانب سمجھا جا سکتا ہے۔

اسلام کا اصل اصول یہ ہے کہ فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ (یعنی دنیا میں اچھے رہیں اور آخرت میں بھی) دیکھنا یہ ہے کہ دینی و دنیاوی معاملات میں آنحضرت کی سیرت اور طرز زندگی ہماری کیا رہنمائی کرتی ہے۔

جامع شخصیت

دنیا میں بڑے لوگوں کی کمی نہیں رہی ہے لیکن اگر ہم مثلاً سکندر اعظم یا نپولین کو لیں تو ان کی زندگی صرف ایک سپہ سالار جنگ اور فاتح کے لئے مفید مواد مطالعے کے لئے پیش کر سکتی ہے۔ ہومر صرف ایک شاعر تھا۔ افلاطون اور ارسطو صرف حکیم اور فلسفی تھے۔ زندگی کے دوسرے شعبوں میں ان کی کوئی بڑی وقعت نہیں۔ اس کے خلاف ہادی عالم کی زندگی پر نظر ڈالئے۔ سیاسی حیثیت کو تو آپ نے دس سال کے قلیل عرصہ میں تمیز [illegible] کنانے عرب کے مزاج (اکھڑ) ہیں جہاں پہلے تو خود سر خانہ بدوش قبائل میں خانہ جنگیاں ہی ہوا کرتی تھیں۔ ایک منظم اور بڑی مملکت قائم کر دی۔ آپ کی لڑائیوں میں فریقین کے مقتول چند سو افراد ہی مارے گئے۔ لیکن دس سال کے عرصہ میں تقریباً بارہ لاکھ مربع میل کا رقبہ مطیع اور ماتحت ہو گیا اور عرب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسی حکومت قائم ہوئی جو پورے جزیرہ نما کو حلقہ بگوش بنائے اور یہ آنحضرت ہی کی تعلیم اور تربیت کا نتیجہ تھا کہ عرب جیسی گمنام اور جاہل قوم نے فتوحات کی وسعت اور گہرائی کا جو ریکارڈ قائم کیا ہے وہ اب تک کسی قوم سے توڑا نہیں جا سکا ہے چنانچہ دس ہی سال میں انھوں نے عراق، ایران، فلسطین، شام، مصر، ترکستان، اور آرمینیا کو زیر کر لیا یہ سب علاقے قریب قریب آج بھی مخصوص اسلامی علاقے ہیں ان میں سے اکثر کی زبان تک عربی ہی ہو گئی ہے۔

انتظامی اور عمرانی حیثیت

انتظامی حیثیت سے جب ملک میں کوئی حکومت قائم ہی نہیں ہوئی تھی اس میں پیدا ہونے اور پرورش پانے کے باوجود آنحضرت نے جو دستور حکومت مرتب اور رائج [illegible] جو نظام حکمرانی قائم کیا اس کی بنیاد پر دنیا کی ایک عظیم الشان حکومت صدیوں قائم اور روز افزوں رہی۔ کیسے نمونہ ہدایت ہی۔

عمرانی حیثیت سے تقسیم و گردش دولت کا اصول ہادی عالم کے ہر حکم میں نظر آتا ہے تعلیم ترکہ، وصیت، ممانعت سود، دولت اور [illegible] زکوٰۃ، وغیرہ اس بات کے ثبوت ہیں اور انھیں احکام کی باعث اسلام نے اشتراکیت اور سرمایہ داری کے تصادم کو (جو آج یورپ وغیرہ میں رونما ہے) پہلے ہی شروع ہی میں حل کر دیا اور روک دیا۔

سماجی اور اخلاقی معلم

سماجی اور اخلاقی حیثیت سے آپ نہ صرف ایک اچھے معلم تھے بلکہ ایک نادر بات یہ تھی کہ آپ اپنی تعلیم کی سب سے پہلے خود تعمیل کر کے لوگوں کے سامنے زندہ نمونہ پیش فرماتے تھے ایک باپ، ایک شوہر، ایک دوست اور ایک حاکم کی حیثیت سے آپ کا کردار اتنا بے داغ ہے کہ دشمن بھی اس کو سراہنے کے بغیر چارہ نہیں دیکھتے دنیا میں بہت سے معلم ہادی اور پیغمبر آئے لیکن تاریخ شاہد ہے کہ کسی کو اپنی زندگی میں اتنی کامیابی نہیں ہوئی جو نبی عربی کو ہوئی مکہ معظمہ سے جب آپ تشریف لے گئے تو آپ کے ساتھ ڈیڑھ لاکھ مسلمان تھے جو ملک کے ہر حصہ سے آئے تھے، آنحضرت نے دنیا میں جو دین پیش فرمایا اس نے اپنے لئے خود [illegible] اسلامی حکومت قائم ہی نہیں ہوئی [illegible] کروڑوں مسلمان اور ہندوستان کے [illegible] اس بات کا کافی ثبوت ہیں کہ اسلام کی اندرونی کشش کتنی ہے وہ آپ ہی تھے کہ تعصبات سے بھری دنیا میں برملا فرماتے کہ نسل، رنگ یا زبان کسی انسان کو دوسرے پر کوئی فوقیت بالکل نہیں، حقیقی فضیلت نیکوکاری اور خدا ترسی ہے ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (خدا کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز و مکرم وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو) آپ نے اسلام کے اصول پر پہلے روز سے عمل کرایا اس کا نتیجہ ہے کہ تمام پست قومیں اس کو اپنی نجات کا واحد ذریعہ سمجھتی رہی ہیں“

راہِ عمل!

آنحضرت کی زندگی کے اور بھی پہلو ہیں اور آپ کی جامع شخصیت ایک بادشاہ ایک فقیر ایک مالدار اور ایک محتاج ایک فاتح اور ایک مدبر، ایک قانون ساز اور ایک مصنف، ایک خطیب، ادیب غرض ہر قسم کے لوگوں کے لئے سبق آموز اور قابل تقلید ثابت ہو سکتی ہے۔

اگر ہم مسلمان والدین سے پیدا نہ بھی ہوتے تو محمد رسول اللہ صلعم کی سیرت اور سوانح مبارک پڑھنے پر ان کو اپنا ہادی اور مقتدا بنا لیتے۔

مسلمانو! اگر تم چاہتے ہو کہ دنیا کی سربلندیاں اور آخرت کی [illegible] کو حاصل کرو اور وہاں جنت کے وارث بنو تو اٹھو پھر سے پیشوائے اعظم سرور دو عالم کی مقدس تعلیم اور اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا شروع کر دو اس سے تم نے سب کچھ پایا تھا اور صرف یہی ہے جو پھر تم کو سب کچھ دلا سکتی ہے“

خدا پرست ٹرومین!

امریکہ کے پریذیڈنٹ مسٹر ٹرومین نے مقتولین جنگ کی یاد میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر دنیا ڈکٹیٹر شپ کو مسترد کر دے اور خدا کی طرف متوجہ ہو جائے تو جنگ کا کوئی امکان باقی نہیں رہ سکتا! ہم مسٹر ٹرومین کو یقین دلاتے ہیں کہ آج دنیا کے پردہ پر آپ سے بڑھ کر کوئی خدا پرست اور خدا دوست موجود نہیں ہے خدا کا نام صرف آپ ہی کے دم قدم سے قائم ہے اگر ایسے دو چار اور خدا پرست پیدا ہو جائیں تو دنیا جنگ سے تو کیا ہر چیز سے نجات پا سکتی ہے۔ آخر اس سے بڑھ کر خدا پرستی اور خدا ترسی کا ثبوت اور کیا ہوگا کہ آپ نے یہودیوں کو فلسطین میں گھسا کر لاکھوں عرب بچوں، مردوں، عورتوں اور بوڑھوں کو گھروں سے بے گھر کر دیا اور دوسروں کی گردن پر اسرائیل کو سوار کرا دیا! اسٹالن نے جب یہ تقریر پڑھی ہوگی تو سر پیٹ لیا ہوگا اور دل ہی دل میں کہا ہوگا کہ خدا دوستی کے پردے میں تو یہ گل کھلے ہیں اگر کہیں ٹرومین صاحب سے خدا پرست نہ ہوتے تو خدا معلوم کیا حشر ہوتا!

مباحثِ [illegible] ۔۔۔ معاصرین کے قلم سے

انڈونیشیا کی آزادی

۲۷ دسمبر کو آزاد انڈونیشیا کی جمہوریہ کا قیام عمل میں آ رہا ہے اور نظم و نسق کے وہ اختیارات جو گذشتہ تین سو سال سے ہالینڈ کے پاس تھے ملک کے اصل داروں کے سپرد کئے جا رہے ہیں، ڈاکٹر محمد حتا کا جنہیں نئی جمہوریہ کا پہلا وزیر اعظم منتخب کیا گیا ہے بٹاویہ پہنچنے پر جس شاندار طریقہ پر استقبال کیا گیا اس سے انڈونیشی عوام کی خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔

انڈونیشی عوام کو ہی نہیں بلکہ ہر حریت پسند قوم جو زندہ رہنا اور زندہ رہنے کے اصول پر چلنا پسند کرتی ہے انڈونیشیا کی آزادی پر خوشی محسوس کرے گی ہندوستان بھی اس خوشی میں شریک ہے اسے اسلئے اور زیادہ خوشی ہے کہ وہ ابتدا سے انڈونیشیا کی آزادی میں دلچسپی لیتا رہا ہے اور اس کی آج یہ دیرینہ خواہش پوری ہو رہی ہے کہ ایشیا یورپین سامراجیت کے چنگل سے نکل کر اپنے قدموں پر کھڑا ہو اور اس قابل ہو کہ دنیا کی برادری میں اس کی حیثیت برابر کی سمجھی جانے لگے۔

اسرائیل کو مجلس تولیت کی ہدایت

اقوام متحدہ کی تولیتی کمیٹی نے اسرائیل کو ہدایت کی ہے کہ وہ ان اقدامات کو روک دے جو اس نے اپنے بعض سرکاری دفاتر کو یروشلم میں منتقل کرنے کے سلسلہ میں اختیار کئے ہیں اس فیصلہ کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ تمام بڑی طاقتیں جو تولیتی مجلس کی ممبر ہیں غیر جانبدار رہیں اس کے معنی یہ لئے جا سکتے ہیں کہ ان طاقتوں کی طرف سے بالواسطہ طور پر اسرائیل کی ہمت افزائی کی گئی ہے اور اگرچہ وہ سمجھتی ہیں کہ اسرائیل نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے فیصلہ کی خلاف ورزی کی ہے لیکن اس کے باوجود وہ دور سے تماشہ دیکھنا چاہتی ہیں بہرحال دیکھنا ہے اقوام متحدہ قبل اسکے کہ اسرائیل پورے مشرق وسطی کے لئے ایک خطرہ بنے اس کے خلاف کیا قدم اٹھاتی ہے

شہری لوگوں کی ذمہ داری

گورنر جنرل مسٹر سی راجگوپال اچاریہ نے حیدرآباد اور سکندرآباد کی میونسپلٹیوں کی طرف سے پیش کردہ ایک سپاسنامے کے جواب میں شہری لوگوں کی ذمہ داری کی طرف اشارہ کیا ہے اور کہا ہے کہ انہیں صفائی، صحت، نظم و نسق، تعلیم میں ایک شان قائم کرنی چاہئے۔ یہ شہری لوگ ہی ہیں جن کی کارکردگی [illegible] انگریز نے اس کو سمجھ لیا تھا اس لئے اس نے شہروں میں ہی پھوٹ ڈالی اور فرقہ وارانہ فسادات کرائے۔ دیہاتی اپنی ضروریات زندگی شہروں میں خریدنے آیا کرتے تھے یہ اثر اپنے ساتھ لے گئے اور اس کے بعد پورے ملک میں وہ فرقہ وارانہ فسادات ہوئے کہ الاماں والحفیظ۔

اب یہ شہر والوں کا فرض ہے کہ جس زہر کو انہوں نے پورے ملک میں پھیلایا تھا اس کا تریاق بنیں ملک کو حقیقی معنوں میں جنت نشان بنانے کے لئے وہ بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

امریکہ کی ٹھنڈی جنگ

امریکہ کے گشتی سفیر ڈاکٹر جیسپ نے سان فرانسسکو میں کہا ہے کہ ”امریکہ چین یا ایشیا کے کسی دوسرے ملک اور مشرق بعید کو نہیں چھوڑے گا“ گشتی سفیر کا شاید ان الفاظ سے یہی مفہوم تعبیر کرنا ہے جیسے ملک سے مغربی ممالک کی حاصل کردہ ناجائز مراعات کو ختم کرنے کا اعلان کر رہے ہیں۔

اس اعلان کو اگر ہندوستان میں امریکن سفیر مسٹر لوئی ہنڈرسن کے اس بیان کی روشنی میں دیکھا جائے جو انہوں نے دہلی میں دیا اور جس میں انہوں نے اس بات کی تردید کی کہ امریکہ ”ٹھنڈی جنگ“ میں مصروف ہے تو بالکل مختلف نظر آتا ہے قطع نظر اس بات کے کہ ہم کمیونزم کے مخالف ہیں یا حامی ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ پورا چین کمیونسٹوں کے حیطہ اقتدار میں آ چکا ہے اور اس موقع پر مشرق بعید یا ایشیا کے کسی ملک کو نہ چھوڑنے کی دھمکی کے معنی ”ٹھنڈی جنگ“ کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتے

اور یہ امر مشکوک ہے کہ بڑی طاقتوں کی اس ٹھنڈی جنگ کی صورت میں دنیا میں کوئی پائیدار امن قائم ہو سکیگا۔

پٹرول کے کوٹہ میں تخفیف

نئی دہلی ۲۳ دسمبر۔ وزارت ٹرانسپورٹ کے ایک پریس نوٹ میں کہا گیا ہے کہ صوبوں اور ریاستوں کے لئے پٹرول کے جو کوٹے مقرر ہیں حکومت ہند نے ان میں ۔۔۔۔ ۳۰ فیصدی کی کمی کر دی ہے غیر ملکی زر مبادلہ ۔۔۔۔ کی بنا پر یہ کمی کی گئی ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ موجودہ سہ ماہی میں پٹرول کے مصارف کے مقابلہ میں جنوری تا مارچ ۱۹۵۰ء کی سہ ماہی میں پٹرول کے شہری مصارف میں تخفیف کرنی ضروری ہوگی۔

دار السلطنت ۔۔۔ ۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

صوبہ دہلی کے آئندہ نظم و نسق میں تبدیلی کی جائے گی

پارلیمنٹ میں وزیر اعظم کا بیان۔ عنقریب بل پیش کیا جائیگا

نئی دہلی ۲۳ دسمبر آج پارلیمنٹ کے اجلاس میں مسٹر دیش بندھو گپتا کے ایک مختصر نوٹس کے سوال کا جواب دیتے ہوئے آنریبل وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ حکومت دہلی کے آئندہ نظم و نسق کے بارے میں بہت جلد ایک بل اجلاس کے دوران پیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

پنڈت جی نے کہا کہ چونکہ آئین توقع سے بہت دیر بعد پاس ہوا اس لئے دہلی کے بارے میں قانون پیش کرنے کا وعدہ پورا کرنے میں کچھ تاخیر ہو گئی ہے۔ تاہم حکومت نے اس معاملہ پر کئی مہینوں سے بڑی سرگرمی سے غور کیا ہے۔ نئی اور پرانی دہلی دونوں شہروں کی پوزیشن کئی پہلوؤں سے بے مثل ہے اس لئے اس سے ہندوستان کے کسی دوسرے حصہ کی طرح سلوک کرنا مشکل ہے۔ حکومت یہ خواہش رکھتی ہے کہ دہلی کو زیادہ سے زیادہ مکمل خود مختاری دی جانی چاہئے۔ لیکن نئی دہلی کے کئی خاص اور علاحدہ مسائل ہیں۔ جن کو عموماً آسانی سے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے ساتھ ہی ان بے شمار خانماں برباد لوگوں کا مسئلہ بھی درپیش ہے جو گذشتہ دو برس یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ سے دہلی چلے آئے ہیں۔

اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد حکومت اس نتیجہ پر پہنچی ہے کہ نئی دہلی کا نظم و نسق پرانی دہلی یا نوٹیفائڈ علاقوں سے علیحدہ ہونا چاہئے۔ یہ تجویز کیا گیا تھا کہ نئی دہلی کے سوائے باقی کل شہری آبادی کے لئے کارپوریشن قائم کی جانی چاہئے اور اس کارپوریشن کو زیادہ سے زیادہ اختیارات حاصل ہونے چاہئیں۔ لیکن ان اختیارات میں امن و قانون، عدالتوں، صحت عامہ، دہلی یونیورسٹی اور اسی قسم کے بعض دیگر معاملات شامل نہیں۔ نئی دہلی چونکہ زیادہ تر سرکاری ہے اور سرکاری دفاتر اور سرکاری یا غیر ملکی سفارتخانوں کی ملکیتی جائیدادوں پر مشتمل شہر ہے اس لئے اس کا نظم و نسق علیحدہ ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ یہ تجویز کیا گیا کہ دہلی کارپوریشن اور نئی دہلی کے نظم و نسق میں نیز کسی دیگر ادارہ کے مابین رابطہ کے لئے اور دہلی کے دیہاتی علاقوں کے لئے قائم کیا جائے ایک مرکزی ادارہ ہونا چاہئے۔

حکومت نے اس ڈھانچہ پر قانون پیش کرنے کا ارادہ کیا۔ چونکہ موجودہ اجلاس اس ہفتہ کے آخر میں ختم ہو جائیگا۔ اس لئے وقت کی قلت کی وجہ سے پارلیمنٹ کے موجودہ اجلاس میں یہ قانون پیش کرنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن ہمیں امید ہے کہ اس قانون کو پیش کرنے کا موقع جلد حاصل کر لیں گے۔

اس [illegible] کے [illegible] نور اسٹر [illegible] تصدق [illegible] دہلی کو [illegible] یاد [illegible]
[illegible]

مسٹر جگجیون رام کے خلاف سیاہ جھنڈیوں سے مظاہرہ

دہلی ۲۲ دسمبر۔ آج شام وزیر محنت مسٹر جگجیون رام جب دہلی میونسپل کمیٹی کے اجلاس میں یہاں کے مزدوروں کے محکمہ کا افتتاح کرنے کے لئے داخل ہوئے تو کچھ بھنگیوں نے سیاہ جھنڈیوں سے مظاہرہ کیا اور بائیکاٹ کے نعرے لگائے۔

ڈاکٹر یدھ ویر سنگھ نے اس تحریک کے اغراض و مقاصد بیان کئے یہ جلسہ دہلی کے چیف کمشنر مسٹر شنکر پرشاد کی صدارت میں ہوا۔ وزیر محنت نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ یہ تو ہم قوم کی مرضی ہے کہ وہ جسے چاہیں اس کے ساتھ جائیں اور [illegible] خود غرض لیڈروں سے ہوشیار رہنا چاہئے۔

ایک سوشلسٹ کی موت پر اظہار افسوس

صدر یونائٹڈ سوشلسٹ پارٹی کی ایگزیکٹیو کمیٹی کا ایک جلسہ [illegible] دسمبر کو [illegible] منعقد ہوا جس میں [illegible] سیکریٹری [illegible] کی بے وقت موت پر رنج و غم کا اظہار کیا گیا۔ اور ان کے پسماندگان سے اس عظیم حادثے میں اپنی ہمدردی کا اظہار کیا۔ (سیکریٹری)

مہرالنساء کے وارث توجہ کریں!

ایک لڑکی مہرالنساء جس کی عمر [illegible] سال ہے [illegible] دہلی میں [illegible] ہسپتال [illegible]

دہلی میں یوم بیکاری منانیوالوں کا جلوس۔ اٹھارہ گرفتاریاں

گاندھی گراؤنڈ کے جلسہ میں حکومت کی تخفیف کی پالیسی پر احتجاج

(از نامہ نگار خصوصی)

دہلی ۲۳ دسمبر۔ آل انڈیا ٹریڈ یونین کانگریس کے فیصلہ کے مطابق آج کمیونسٹوں نے بیکاری کا دن منایا اور مظاہرے کئے۔ ڈپٹی کمشنر کے حکم کی خلاف ورزی میں مظاہرین نے جلوس نکالا اور کونسل ہاؤس کی طرف مارچ کیا لیکن پولیس نے جلوس کو کونسل ہاؤس تک پہنچنے سے پہلے گوردوارہ رکاب گنج صاحب کے قریب روک لیا۔ اور اسے منتشر کر دیا۔ کچھ لوگوں نے منتشر ہونے سے انکار کیا تو ان میں سے اٹھارہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ گرفتار شدگان میں [illegible] بھی شامل ہیں۔ یہ مظاہرہ دوپہر کے بعد ہوا۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ پولیس نے ان پر لاٹھی چارج کیا۔ شام کے وقت گاندھی گراؤنڈ میں ٹریڈ یونین کانگریس کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مظاہرین پر پولیس کے لاٹھی چارج اور گرفتاریوں کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ اور مطالبہ کیا گیا کہ گرفتار شدگان کو فوراً رہا کیا جائے۔ دوسری قرارداد میں مختلف محکموں میں تخفیف کی پالیسی کی مذمت کی گئی۔ قرارداد میں یہ بھی بتایا گیا کہ [illegible] ہزار [illegible] کو سی۔ او۔ ڈی۔ اور سیکریٹریٹ، ریلوے اور پوسٹل ڈپارٹمنٹوں سے تخفیف میں علیحدہ کیا گیا ہے۔ ایک اور قرارداد میں کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اور اس اقتصادی کانفرنس میں ملازمین کی تنخواہوں میں سرکاری کی طرف سے کمی اور تخفیف کی پالیسی کی مذمت کی گئی۔

ایک قرارداد میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ سرمایہ داروں کی امداد کی پالیسی کو ترک کر دے۔ اور مطالبہ کیا گیا کہ کم سے کم تنخواہ کا معیار ۸۰ روپے رکھا جائے۔ اور لوگوں کی زندگی کے معیار کو بلند کیا جائے۔

ایک قرارداد کے ذریعہ ملوں میں ہڑتال کرنے والے مزدوروں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور انہیں امداد کا یقین دلایا گیا۔ ایک اور قرارداد میں حکومت سے تمام سیاسی قیدیوں اور نظر بندوں کو رہا کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ (ن ن ا)

دعوت دینے کے باوجود روس نے لیاقت علی خاں کو نہیں بلایا

ایک امریکی رسالے کا بیان!

نیویارک ۲۳ دسمبر۔ ہفتہ وار نیوز ویک میگزین نے ایک مضمون کے دوران میں لکھا ہے کہ پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں کے سوویٹ روس نہ جانے کی تمام تر ذمہ داری ماسکو پر عائد ہوتی ہے۔ اور اس [illegible] ناکامی کا الزام [illegible] امریکہ پر عائد کیا جاتا ہے۔

اس رسالے نے مزید لکھا کہ سال رواں کے آغاز میں مسٹر لیاقت علی خاں نے ماسکو کے سرکاری دعوت نامہ کو قبول کر لیا تھا اور اس بات کا اعلان کیا تھا کہ موسم گرما میں سوویٹ روس جائیں گے [illegible] ماسکو [illegible] کوئی شخص بھی اس بات کا اندازہ نہیں کر سکتا کہ ماسکو اپنی دعوت کے مطابق مسٹر لیاقت علی خاں کو [illegible] (اپ ا)

ہند پارلیمنٹ میں سوالات

(بقیہ صفحہ ۱)

قیدیوں کا تبادلہ

مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ انٹر ڈومینین معاہدہ کے تحت [illegible] ہندو اور سکھ قیدیوں کا پاکستان سے تبادلہ ہو چکا ہے

۵۸ لاکھ مسلمان ہند سے گئے

انہوں نے مزید بتایا کہ ہندوستان سے جو مسلمان پاکستان گئے ان کی تعداد کا اندازہ ۵۸ لاکھ ہے۔ [illegible] اگست ۱۹۴۷ء سے قبل [illegible] ہندوستان [illegible] شہریت اختیار کرنے کے لئے [illegible]

اون کی درآمد

مسٹر [illegible] نے بتایا کہ [illegible] اکتوبر ۱۹۴۹ء تک [illegible] (اپ ا)

ایک وقت کھانا کھانے کی تحریک

نئی دہلی ۲۳ دسمبر۔ [illegible] ہفتہ میں ایک وقت کھانا [illegible] جاتے ہیں [illegible] راشن کے مقامی افسروں کے پاس اس سلسلہ میں کوئی ہدایات نہیں ہیں۔ چنانچہ اب ایسی ہدایات جاری کی جا رہی ہیں کہ جو لوگ چاہیں ان کے راشن کارڈوں اور متعلقہ کاغذات میں یہ بھی لکھا جائے مرکزی وزارت خوراک نے سب صوبائی حکومتوں وغیرہ سے کہا ہے کہ اس تحریک [illegible] راشن کا غلہ پوری نرخ [illegible] (نامہ نگار)

فرانسیسی فوجوں اور ویٹ نامی فوجوں میں مقابلہ!

چھ باغی ہلاک۔ اور ۱۶ گرفتار!

فرانسیسی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ فرانسیسی اور ویٹ نامی فوجوں نے [illegible] ویٹ نام کی باغی فوجوں کے چھ افراد کو ہلاک کر دیا۔ اور ۱۶ کو گرفتار کر لیا گیا۔

ویٹ نام کے ایک معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ ویٹ نام کی غیر باغی فوجیں چینی نیشنلسٹ فوجوں کے ساتھ مل کر باغیوں سے لڑنے کے لئے ایک نئی برگیڈ تیار کر رہی ہیں۔ یہ چینی نیشنلسٹ فوجیں چین سے بھاگ کر ہند چینی میں آ گئی ہیں (اپ ا)

مارشل اسٹالن کی سترھویں سالگرہ پر ماسکو میں شاندار جشن!

ماؤزے تنگ کا اظہار عقیدت۔ مارشل اسٹالن ساری دنیا کے دوست ہیں

لندن ۲۲ دسمبر۔ سوویٹ روس کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ مارشل اسٹالن نے اپنی سالگرہ کی تقریب کے موقع پر بالشوی تھیٹر ماسکو میں منعقدہ جلسہ میں شرکت کی۔ [illegible] اس سے قبل ۳ جولائی کو منظر عام پر آئے تھے۔

شب کے وقت کریملن اسکوائر سے ایک غبارہ کے ساتھ آویزاں کرنے کے بعد مارشل اسٹالن کا ایک بہت بڑا مجسمہ سرچ لائٹ کے ذریعہ سے نمایاں اور روشن کیا گیا۔

اس موقع پر سرخ چین کے رہنما ماؤزے تنگ نے ماسکو ریڈیو پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مارشل اسٹالن تمام دنیا کے عوام اور چینی عوام کے استاد اور دوست ہیں اور چینی اپنے اوپر ظلم کرنے والوں کے خلاف اپنی جدوجہد میں ہمیشہ مارشل اسٹالن کی دوستی کی اہمیت کو محسوس کرتے ہیں۔ (رپٹ رائٹر)

انسان خدا کی جانب متوجہ ہونے کے بعد ہی جنگ سے محفوظ رہ سکتا ہے

انسان کو اپنی قوتوں پر بھی بھروسہ رکھنا چاہیئے

واشنگٹن ۲۳ دسمبر۔ کل صدر ٹرومین نے مقتولین جنگ کی یاد میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر دنیا ڈکٹیٹر شپ کو مسترد کر دے اور خدا کی جانب متوجہ ہو جائے تو جنگ کا کوئی امکان باقی نہیں رہ سکتا۔

مگر انسان اپنے مسلک کے مطابق تمام دنیا میں محبت اور اخوت قائم کر سکے تو امن کو جنگ کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہ سکتا۔ اور اگر ہم دنیا کے بہترین [illegible] کے حیات کی تربیت کر سکیں تو پھر دوسری جنگ [illegible] نہیں ہو سکتی۔

صدر ٹرومین نے اپنی تقریر جاری رکھتے ہوئے کہا۔ امریکہ اس وقت تک خاموش نہیں بیٹھیگا جب تک امن کی مخالف طاقتیں اس کی دوستی کی پیش کش کو منظور نہیں کریں گی۔ لیکن امریکہ تنہا دنیا کے خیالات کو بدلنے اور امن کی جانب متوجہ نہیں کر سکتا۔ اور جب تک دنیا کی محکوم اقوام غلامی کی تاریکی سے باہر نہیں آئیں گی ہماری دوستانہ پیش کش کی قدر و قیمت کا اعتراف و احساس بھی ممکن نہ ہو سکے گا۔

ہم امن کے خواہاں ہیں لیکن اس سے زیادہ ہمیں آزادی محبوب ہے۔ ساری تاریخ میں ہم خدا کی قوت و طاقت پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ لیکن ایسی حالت میں جب کہ دنیا کے نئے حصے نے اسے نظر انداز کر دیا ہے ہمارے لئے اپنی قوت و طاقت پر بھروسہ کرنا بھی ضروری ہو گیا ہے۔ اور آج جب کہ [illegible] کی شدید ترین ضرورت واقع ہو رہی ہے ہمیں حملہ آوروں کو دور رکھنے کے لئے اپنی قوت کے استعمال کی بھی ضرورت ہے۔

انہوں نے [illegible] امداد کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ذرائع صنعت و حرفت میں دوسرے ممالک کو فراخدلانہ طور پر شریک کرنے کی بدولت جمہوریت پسند ممالک میں باہمی اعتماد قائم ہو گیا ہے اگر دنیا میں اعتماد اور امن قائم ہو سکا تو اس کی وجہ محض یہ ہوگی کہ ہم نے تلخ ترین زمانہ میں بھی عزم اور استقلال کے دامن کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا اور ہمارے اندر اپنے ذرائع اور سامان کو دوسری قوموں کے ساتھ تقسیم کرنے کا جذبہ موجود ہے۔ (رپٹ رائٹر)

دستور ساز اسمبلی کے اسٹاف کو علیحدگی کا نوٹس

نئی دہلی ۲۳ دسمبر (اپ ا) آج دستور ساز اسمبلی کے اسٹاف کے ۵۰ ممبروں کو آج علیحدگی کے نوٹس دئے گئے ہیں جن کو ۲۶ جنوری کو علیحدہ کر دیا جائیگا کیونکہ اس تاریخ کو مجلس دستور ساز ختم ہو جائے گی تاہم جو نوٹس دئے گئے ہیں ان میں کہا گیا ہے کہ صدر اسمبلی ان کے دوسرے محکمہ میں لے لئے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

پاکستان کے وزیر مسٹر گورمانی کو بخشی غلام محمد کا جواب

کشمیر کی تمام تجارت پاکستان کے ساتھ نہیں بلکہ ہندوستان کے ساتھ ہے

(بقیہ صفحہ ۱)

لکڑی کی تجارت

بخشی غلام محمد نے کہا کہ کشمیر کی تجارت برآمد میں ٹمبر لکڑی کی ایک خاص تجارت ہے جسے زیادہ تر ہندوستانی ریلیں استعمال کرتی تھیں۔ تقسیم کے بعد ریلوں کا تین چوتھائی حصہ ہندوستان کے حصہ میں آیا ہے ہندوستان میں کشمیر کی ٹمبر لکڑی کی مانگ بہت بڑھ گئی ہے اور اس سے اس کی قیمت میں اضافہ ہو گیا اتنا اضافہ کہ گذشتہ دس سال میں اتنی زیادہ قیمت نہ ملی تھی۔

ہند کے بازاروں میں کشمیری پھل

قائم مقام وزیر اعظم نے کہا کہ کشمیری پھلوں کی تجارت ہندوستان کے ساتھ ہوتی ہے پاکستان میں خود پھلوں کی بہتات ہے اور اس کے لئے اس کا بازار بھی ہندوستان ہی ہے۔

پشمینے اور شال

پاکستان کے اندر کشمیری شالوں اور پشمینوں کا کوئی بازار نہیں۔ ان چیزوں کے لئے کشمیر کے بازار بمبئی، کلکتہ، دہلی اور یو۔ پی۔ ہیں۔ جہاں تک کشمیر کی صنعت کاری کا تعلق ہے بخشی غلام محمد نے کہا کہ [illegible] ان کی قیمتیں ادا کر سکتے ہیں۔

درآمدی اشیاء

بخشی غلام محمد نے کہا جہاں تک درآمد ہونے والی اشیاء کا تعلق ہے تمام ضروری اشیاء ہندوستان ہی سے کشمیر میں آتی ہیں ان میں نمک بھی شامل ہے کپڑا، چاول، مصالحے، چینی، ادویات اور [illegible] ان سب چیزوں کی پاکستان میں قلت ہے، تب پھر پاکستان کس طرح کشمیر کی ضرورتوں کو پورا کر سکتا ہے؟

کشمیر آنے والے زائرین

کشمیر آنے والے زائرین کے متعلق قائم مقام وزیر اعظم نے کہا کہ [illegible] کے علاوہ پاکستان سے کوئی سیاح کشمیر نہیں آتا۔ کشمیر آنے والے زیادہ تر زائرین بمبئی، مدراس، دہلی، یو پی اور مشرقی پنجاب کے ہیں [illegible] تانگہ اور لاری ڈرائیور بھی آتے ہیں مگر وہ پاکستان سے صرف روپیہ کمانے آتے ہیں اور پھر چلے جاتے ہیں۔

آخر میں بخشی غلام محمد نے کہا اگر پاکستان کشمیر کو محض اس لئے غصب کرنا چاہتا ہے کہ یہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے تو وہ افغانستان اور ایران کی طرف کیوں نہیں بڑھتا (اپ ا)

مرکز کے تحت ایک مضبوط اور منظم پولیس کی ضرورت ہے

ہند پارلیمنٹ میں سردار پٹیل کی ریزرو پولیس بل پر تقریر

نئی دہلی ۲۲ دسمبر آج پارلیمنٹ کے اجلاس میں پانچ مسودات قانون منظور کئے گئے [illegible] بل جس کے ذریعہ حکومت کو [illegible] ریاستوں [illegible] ٹیکس لگانے کا اختیار حاصل ہو گیا ہے [illegible] ٹیکس (ترمیم) بل [illegible] ٹیکسوں کے قانون میں شامل ہونے والی ریاستوں سے متعلق [illegible] (ترمیم) بل [illegible] اور سردار پٹیل کا ریزرو پولیس فورس بل اور پولیس بل۔

ریزرو پولیس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے سردار پٹیل نے بتایا کہ مرکزی حکومت کا یہ ارادہ نہیں ہے کہ کسی مرکزی علاقہ کو کسی ریاست یا صوبہ میں ملایا جائے جس کے انضمام کے لئے اس وقت تک انتظار کرنا ہوگا جب تک ملک کا مستقبل طے نہ ہو جائے اور ملک کی اقتصادی حالت درست نہ ہو جائے۔

ان اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے جو مرکزی ریزرو پولیس پر کئے گئے تھے سردار پٹیل نے کہا کہ موجودہ حالات میں ملک بہتر تربیت یافتہ اور منظم پولیس کی مرکز کے تحت ہونے کی سخت ضرورت ہے۔

آپ نے کہا کہ جب تک ہم نگرانی اور عزم نہ کریں گے ہم کو پیدا ہونے والی مشکلات کی سخت ترین قیمت ادا کرنی پڑے گی۔

وزیر مالیات ڈاکٹر جان متھائی نے آج بتایا کہ [illegible] ہاؤس کو [illegible] کمیشن [illegible]

بازاروں کے بھاؤ

۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

ڈالمیا سیمنٹ [illegible]
گنیش فلور [illegible]
[illegible] دہلی کلاتھ [illegible]
انڈین آئرن [illegible]
بھارت بینک [illegible]
[illegible] ہندوستان [illegible]
موٹرز [illegible]
[illegible] ۱۵ کروڑ روپیہ دہلی [illegible]

نرخ تیاری [illegible] مارکیٹ

آٹو دال [illegible] ۴/۱۲ درجن
نیل پالش [illegible] ۳/۴
[illegible] ۱۴/-
[illegible] ۱۵/۶
[illegible] ۳۹/۹/-
[illegible] ۷/۳/- گرس
شیونگ برش، پیڈ کریم ۵/۱۰ درجن
تار بجلی ۱۸/-/- [illegible]
[illegible] ۱۳/۶ درجن
[illegible] ۶/۲
[illegible] ۵/۱۰ درجن

دہلی سائیکل مارکیٹ

سائیکل مرکری	۱۴۰ روپیہ فی عدد
[illegible]	۲۴۵
ہند	۱۸۰
ہرکولیس لیڈی	۲۳۰
فری وہیل بی ایس اے	۵۱ فی درجن
بی ایس اے	۴۰
[illegible]	[illegible]
فری وہیل ٹرنسٹ	[illegible]
ہب اکسل [illegible]	۱۹ درجن
ہب اکسل موٹا	۲۳-۱۲
کاٹر پرزے	۱۸
ہرکولیس پیڈل	۹
[illegible]	۱۸ درجن

بالمکند [illegible] اسپلینڈ روڈ پوسٹ آفس بکس نمبر ۳۳ دہلی

دھوکہ باز کا حوصلہ نہ بڑھاؤ

کئی ریزو رسید بیوپاری [illegible] امرت دھارا [illegible] کیونکہ یہ اکیلی دوائی [illegible] امرت دھارا کے آگے پیچھے [illegible] لکھ کر پبلک کو دھوکا دیتے ہیں [illegible] دھوکہ، فریب ہے۔ آپ دھوکہ سے بچیں امرت دھارا کے پیکٹ کے اوپر [illegible] نقلی چیز خرید کر دھوکہ بازوں کا حوصلہ نہ بڑھائیں۔ امرت دھارا ہر جگہ مل جاتی ہے [illegible]

امرت دھارا ڈیرہ دون
کو
لکھ کر اصلی دوائی منگوالیں

قیمت بڑی شیشی ۲/۸/ روپیہ نصف شیشی ۱/۴/ روپیہ نمونہ شیشی ۔/۸/ آنے
وی پی منگوانے سے ۱/۴/ خرچ ہو جاتا ہے۔ اس واسطے زیادہ دوائی اکٹھی منگوایا کریں۔
منیجر امرت دھارا فارمیسی لمیٹڈ
ڈیرہ دون

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ

سنڈے ایڈیشن

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر: ۵۱۲۵

بذریعہ ہوائی ڈاک ۲ر | جلد ۳۱ | دہلی پیر ۵ ربیع الاول ۱۳۶۹ھ مطابق ۲۶ دسمبر ۱۹۴۹ء | نمبر ۳۰۴ | قیمت فی پرچہ دو آنے

پاکٹ فارماکوپیا ڈاکٹری
۱۹۴۹ء اردو
ڈاکٹری (ایلوپیتھک) کی روزانہ استعمال ہونے والی ادویات کے لئے نہایت بہترین آسان مختصر اور اپ ٹو ڈیٹ کوئی کتاب موجود نہیں ہے۔ اس کی خوبیوں کا اندازہ تصور سے ناممکن ہے ... صفحات ۳۲۵ - قیمت مع جلد پانچ روپے علاوہ محصولڈاک۔
پتہ:- مکتبہ ایچ - ایچ قسیم الدین کھتولی
ضلع مظفر نگر (یو۔ پی)

ہندوستان پاکستان
اور دیگر ملکوں کے لئے
[illegible]
انتظام - نوٹ:- ہوائی سروس کا نئے ناممل
اجرت کچھ نہیں لیا جاتا۔
فون نمبر: - تار کا پتہ: GECKWAY
انڈین ٹریول ایجنسی
زیر مسلم ہوٹل گلی قاسم جان
بلیماران دہلی (ہندوستان)
ایجنسی - [illegible]

انسانیت کی بیماریاں

محبت باطل:- محبت باطل سے بڑھ کر پائے حق کوش کے لئے کوئی سخت زنجیر نہیں کیونکہ یہ قبول حق سے آنکھوں کو اندھا اور کانوں کو بہرا کر دیتی ہے۔

خوف:- ہم غیر سے ڈرتے ہیں اور ڈر کر حق کی گواہی سے باز آجاتے ہیں۔ حالانکہ ایک ہی ہے جس سے ڈرنا چاہئیے۔

(امام الہند حضرت مولانا ابو الکلام آزاد)

دنیا میں محبت باطل سے بڑھ کر پائے حق کوش کے لئے کوئی سخت زنجیر نہیں۔ [illegible]

[illegible]

خوف

ہم غیر سے ڈرتے ہیں اور ڈر کر حق کی گواہی سے باز آجاتے ہیں۔ حالانکہ ایک ہی ہے جس سے ڈرنا چاہئیے۔ [illegible]

[illegible]

ایک عجیب بلی

انگلستان کے ایک شہر [illegible]

مراسلہ نگار حضرات سے گذارش ہے کہ وہ اپنے مضامین صاف اور خوشخط تحریر فرمایا کریں

جناب آلم مظفر نگری

غزل

منزلِ دہر کو آرام کی منزل نہ بنا!
بے خبر جوش میں آموج کو ساحل نہ بنا!
زیب دیتی نہیں انساں کو تجھی سے کلام
گفتگو کو سببِ برہمیٔ دل نہ بنا
عشق کو مشورۂ عقل سے کیا نسبت ہے
کارِ آساں کو خدا کے لئے مشکل نہ بنا
بحرِ الفت میں کہاں ٹھہری کشتیٔ حیات
موج سے موج [illegible] ساحل نہ بنا
اپنی فطرت پہ ہر اک شے ہے کمالِ فطرت
دل کو دل رہنے دے کونین کا حاصل نہ بنا
خضرِ منزل کا ہے کیا ذکر رہِ الفت میں
اپنے دل کو بھی یہاں رہبرِ منزل نہ بنا
کام اب اور کوئی حسنِ تغافل سے نہ لے
مرنے مرنے کو مرے واسطے مشکل نہ بنا
اس سے واقف ہیں کہاں بزم میں جلنے والے
صاحبِ ظرف تھا یہ گرمیٔ محفل نہ بنا
ایک ہی جلوے کو مقصودِ نظر ٹھہرا لے
دیدۂ شوق کو ہر جلوے کی منزل نہ بنا
چوٹ کھا کر بھی بدلتی نہیں افتادِ مزاج
آئینہ ٹوٹ کے آئینہ رہا دل نہ بنا
ہر نظر سے نیا اک جلوۂ آلم پیدا کر
اور کسی جلوے کو بھی پردۂ حائل نہ بنا!

جناب خان غازی کابلی

غزل

سنو! ہم سے کہ غم میں سوختہ جانوں پہ کیا گذری
نہ پوچھو شمعِ محفل سے کہ پروانوں پہ کیا گذری!
غزالانِ حرم جن کی نظر سے چوکڑی بھولے!
نہیں معلوم ان آنکھوں کے مستانوں پہ کیا گذری
انہیں کے دم قدم سے ہر بیاباں رشکِ گلشن تھا!
چلے جانے سے دیوانوں کے ویرانوں پہ کیا گذری
خبر اب مغربی پنجاب سے آتی نہیں کوئی!
پری زادوں پہ کیا گذری پرستانوں پہ کیا گذری
یہ بہتر ہے نہ پوچھو ہم سے تم یہ خونچکاں قصہ
جب انسانوں کے دل بدلے تو انسانوں پہ کیا گذری
بہت چرچا ہے دیوانوں کے حالِ زار کا غازی
محبت میں نہیں معلوم فرزانوں پہ کیا گذری

جناب [illegible]

"پیش گوئی"

یہ دن یہ رات یہ تارے بدلنے والے ہیں!
نظر کے ساتھ نظارے بدلنے والے ہیں!
قدم قدم پہ قیامت اٹھائی جائے گی
نظر نظر کے اشارے بدلنے والے ہیں
جھوٹے رسم و رواجِ قدیم تا بہ کجا!
رواج و رسم کے دھارے بدلنے والے ہیں
تو یہ زندگیٔ عام کے والی ہے!
نظامِ کہنہ کے [illegible]
جہاں پہ عصمتیں بکتی ہیں پیٹ کی خاطر!
وہ جلد کسی کے اوارے بدلنے والے ہیں
تغیرات کی زد پہ زمانہ آتا ہے!
یہ ایک دو نہیں سارے بدلنے والے ہیں

سوال و جواب

(بقیہ کالم برابر سے آگے)

[illegible]

"الجمعیۃ" کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا آپ کا فرض اولیں ہے

سوال و جواب

ان کالموں میں سائلین کے سوالات کو اختصار کے ساتھ اپنے الفاظ میں پیش کیا جاتا ہے (الجمعیۃ)

سوال

کیا اسلام سائنس کا مخالف ہے؟ اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے کہ سائنس کی بعض تھیوریوں سے اس کا ٹکراؤ ہوتا ہے؟ مثلاً سائنس سے ثابت ہو گیا ہے کہ انسان حیوان کی ترقی یافتہ صورت ہے۔ اور ہر چیز قانون ارتقا کے تحت بتدریج ظہور میں آئی ہے مگر اسلام اس ارتقائی نظریہ کا قائل نہیں ہے۔

جواب

اسلام عقل اور حواس کے استعمال پر بہت زور دیتا ہے اور جو لوگ عقل و فہم سے کام نہیں لیتے [illegible] (Science) [illegible] اب ہم دیکھیں کہ اسلام کو سائنس کا مخالف کس طرح ثابت کیا جاتا ہے۔

سوال!

کیا یہ صحیح ہے کہ بالشویک روس میں خاندانی شخصی ملکیت کو تسلیم نہیں کیا گیا اور کمیونزم میں ذاتی ملکیت ایک جرم ہے!

جواب

یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ سوویٹ یونین کی دستور کی دفعہ ۱۰ میں درج ہے کہ [illegible] سوویٹ یونین میں حفاظت کی جائے گی۔

سوال

اسلام کن معنوں میں جمہوریت کا حامی ہے؟

جواب

جمہوریت کا عام مفہوم ہے "عوام کی حکومت، عوام کے ذریعہ، عوام کے فائدہ کے لئے"۔ [illegible]

سوال

جمہوریت کے [illegible]

جواب

اسلامی جمہوریت کی بنیاد تین چیزوں پر ہے (۱) انسانیت کا آفاقی تصور (۲) مساوات (۳) معیار قابلیت۔ [illegible]

سوال

جو لوگ کمیونزم کے خلاف ہیں وہ ان پر تشدد کا الزام لگاتے ہیں حالانکہ اصولاً کمیونزم تشدد کا حامی نہیں ہے، پھر آپ کیوں اس الزام کی تردید نہیں کرتے؟

جواب

ہم یہاں کمیونزم کے اصولوں سے بحث نہیں کریں گے۔ صرف اصل سوال کا جواب دیں گے۔ روس انقلاب کا بانی لینن [illegible] (باقی کالم ملاحظہ)

تبت سنو چہرے کے داغ دھبے دور کر کے خوبصورت بناتی ہے ہر جگہ ملتی ہے۔ مینوفیکچرز کوہ نور کیمیکل کمپنی دہلی

Aljamiat
ESTD. 1925
DATE-25-12-49

پاکستان کے نئے شیخ الاسلام کی تقرری پر قیاس آرائیاں

مولانا ظفر احمد اور سید سلیمان ندوی پر بیشتر حلقوں کی نظر انتخاب

کراچی ۲۵ دسمبر۔ حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی [illegible]

[illegible]

کرشنا ضلع کے دیہات میں سخت لوٹ مار

پانچ افراد ہلاک ہزاروں روپیہ کا مال چوری

مدراس ۲۵ دسمبر [illegible]

ڈاکٹر عبد الغنی قریشی انتقال کر گئے

[illegible]

راشٹریہ سیوک سنگھ نے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کر لیا

دہلی کی مجلس مشاورت میں خفیہ سرکلر جاری کرنے کا فیصلہ

نئی دہلی ۲۵ دسمبر [illegible]

مدھیہ بھارت میں ڈاکوؤں کے گروہ کی گرفتاری

[illegible] (اپ ٹ)

انگریزی میں نقصان کے ساتھ اچھائیاں بھی ہیں

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

ملایا میں کمیونسٹوں کے خلاف آخری مہم کی تیاریاں

مہم کے زمانہ میں سرکاری دفاتر بند رہیں گے

سنگاپور ۲۵ دسمبر [illegible]

آسٹریلیا سے غیر ملکی پناہ گزینوں کو فوراً ملک بدر نہیں کیا جائے گا

میلبورن ۲۴ دسمبر۔ دولت مشترکہ آسٹریلیا کی عدالت عالیہ نے ملک کے دو ایسے قوانین کو باطل قرار دیا ہے [illegible]

مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی مرحوم کے عزائم دستور پاکستان کا التوا

امریکی اور یورپین باشندوں کی خصوصی مراعات کو ختم کرنے کیلئے بل پیش ہو

کراچی ۲۴ دسمبر [illegible]

پہاڑی علاقوں کے سنگترے اور پان پاکستان میں جانے بند ہو گئے

[illegible]

فضائی نقل و حمل کا انتظام

نئی دہلی ۲۲ دسمبر [illegible]

کانگریس کمیٹی نہیں بلکہ کانگریس پنچایت

جالندھر ۲۳ دسمبر [illegible]

دہلی سائیکل مارکیٹ

[illegible]

پاکستان کا قدیم ترین اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ فروخت ہو گیا

مسلم لیگ کی حمایت کا فیصلہ

کراچی ۲۳ دسمبر۔ پاکستان کے انگریزی روزنامہ سول اینڈ ملٹری گزٹ [illegible]

ریاست الی نوئس کے مدارس میں نسلی امتیاز کا خاتمہ

ایسٹ سینٹ لوئس ۲۳ دسمبر [illegible]

نوٹس حسب دفعہ ۱۳(۵) ایکٹ نمبر ۱۵ سنہ ۱۹۴۹ء پاکستان

[illegible]

بنام

[illegible]

سوالات

بقیہ صفحہ اول

قومی ترانہ

وزیر اعظم پنڈت نہرو نے آج پارلیمنٹ میں بتایا کہ ہندوستان کے قومی ترانہ کا مسئلہ دستور ساز اسمبلی [illegible]

عرس پانی پت کے متعلق ضروری اطلاع

حضرت شیخ جلال الدین صاحب کبیر الاولیاء [illegible]

ہڑتال کرنے والوں پر پولیس کا لاٹھی چارج

۵ اشخاص زخمی - ۵۰ گرفتار

جمشید پور ۲۳ دسمبر [illegible] (اپ ٹ)

پاکستان کی گیہوں کی فصل گزشتہ سال سے بہتر ہے

کراچی ۲۳ دسمبر۔ پاکستان کی گیہوں کی فصل [illegible] (اپ ٹ)

بین الاقوامی لیبر کانفرنس جون ۱۹۵۰ء میں منعقد ہوگی

نئی دہلی ۲۳ دسمبر [illegible]

درجہ حرارت اور طلوع غروب

دہلی ۲۵ دسمبر کل یہاں زیادہ سے زیادہ [illegible] درجہ حرارت رہا۔ یہاں طلوع و غروب کے اوقات یہ ہیں۔

[illegible]

تفسیر اور تاریخ
[illegible]
جنرل نیوز ایجنسی بلیماران - دہلی

سنڈے ایڈیشن
الجمعیۃ دہلی
۲۶ دسمبر ۱۹۴۹ء

اغوا شدہ خواتین کا مسئلہ

(اسرار احمد آزاد)

ہندوستان کی تقسیم کے باعث ہند اور پاکستان کے باشندوں کو مادی، اخلاقی اور روحانی نقطۂ نظر سے جو بیش دست نقصانات برداشت کرنے پڑے ہیں اگرچہ وہ سب اپنی جگہ قابل افسوس ہی نہیں بلکہ بعض حالتوں میں لائق مذمت اور موجب ندامت بھی ہیں، لیکن ہم جانتے ہیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ ان کے دل خراش نقوش ماند اور اذیت کا احساس کم ہوتا چلا جائے گا لوگ اپنے اپنے نئے وطن میں نئے ماحول سے آشنا اور نئے مفادات کے ساتھ وابستہ ہو کر رفتہ رفتہ پرانے وطن، پرانے ماحول اور پرانے مفادات کو بھول جائیں گے اور ان وحشیانہ ہنگاموں میں ہمیں اپنے جن رشتہ داروں اور دوستوں سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو جانا پڑا ہے ہم ان کے متعلق [illegible] نوشتۂ تقدیر ہی تھا۔

لیکن اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے باوجود کہ دنیا میں جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کے لئے انسان کی حیثیت ایک آلۂ کار سے زیادہ نہیں انسان فطرتاً ان نقصانات کو کسی زمانہ میں بھی فراموش نہیں کر سکتا جن کی تلافی کی اسے خفیف سی امید بھی نظر آتی ہے اس قسم کے نقصانات کی یاد اس کے لئے سوہان روح بن جاتی ہے اور اس کی اخلاقی اور سماجی زندگی ہمیشہ اس سے متاثر رہتی ہے [illegible]

[illegible]

المناک ترین حادثہ

[illegible]

بازیافتگی کی تحریک

[illegible]

پھر اگر اس تحریک کی پیش رفت سست رفتاری کا تمام تر الزام دونوں ملکوں کے بدکار اور بدکردار عناصر [illegible] خواتین کی بازیافتگی کی تحریک کی کامیابی کے راستہ میں ایک بہت بڑی رکاوٹ قرار دیا جا سکتا ہے۔

مستحسن اقدام

بہر حال ضرورت تو اس امر کی تھی کہ دونوں ملکوں کے عوام اغوا شدہ خواتین کے متعلق اپنی اخلاقی ذمہ داریوں کو محسوس کرتے اور اپنے اپنے ملک کی کتاب آئین کو کسی ایسے قانون کے اندراج سے ملوث نہ ہونے دیتے [illegible]

عوام کے لئے سبق

[illegible]

شذرات

صدر ٹرومین کا اعتراف

[illegible]

شام کا تیسرا انقلاب

[illegible]

جائزے

[illegible]

بقیہ جائزے

[illegible]

تبصرے

ستیہ نرائن جی۔ کا ایک رسالہ

[illegible]

پس منظر:

انڈونیشیا

[illegible]



(۱) (سیاہ حصہ) بہ علاوہ ۱۹۴۵ء کے وسط سے جمہوریہ انڈونیشیا کے نام سے موسوم رہا ہے۔
(۲) مشرقی سماترا
(۳) جنوبی سماترا
(۴) مجمع الجزائر ریاؤ
(۵) بنکا
(۶) بیلی ٹنگ (بیلی ٹن)
(۷) مغربی جاوا
(۸) وسطی جاوا
(۹) مدورا
(۱۰) [illegible] (مشرقی جاوا کی ریاست)
(۱۱) مشرقی انڈونیشیا کی ریاست
(۱۲) مغربی بورنیو کے خاص علاقے
(۱۳) [illegible]
(۱۴) [illegible] کے علاقے
(۱۵) جنوبی مشرقی بورنیو
(۱۶) مشرقی بورنیو
(۱۷) ڈچ نیو گنی (جس کے مستقبل کے متعلق ایک سال کے اندر اندر فیصلہ کیا جائے گا۔

[illegible]

پاکستان کو عارضی طور سے کوئلہ کی سپلائی بند کر دی گئی

پارلیمنٹ میں وزیر تجارت مسٹر نیوگی کا بیان

مشرقی بنگال میں پٹ سن روکے جانے پر حکومت ہند کا اقدام

نئی دہلی ۲۴ دسمبر۔ وزیر تجارت مسٹر نیوگی نے آج پارلیمنٹ میں اعلان کیا کہ عارضی طور سے پاکستان کو کوئلہ بھیجنا بند کر دیا گیا ہے یہ فیصلہ اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ہندوستانی شہریوں کا خریدا ہوا پٹ سن پاکستان میں روک لیا ہے۔ ہندوستانی شہری اس پٹ سن کی قیمت بھی ادا کر چکے تھے

[illegible]

دس ہزار ٹن پٹ سن اطالیہ کو

[illegible]

ستی کے واقعات شروع ہونے لگے

[illegible]

درجۂ حرارت و طلوع و غروب

[illegible]

دنیا میں انسانوں کی سادگی اور نیک نیتی سے ہی امن قائم ہو سکتا ہے

سیوا گرام سے تمام دنیا کے نام ڈاکٹر راجندر پرشاد کی اپیل

سیوا گرام ۲۴ دسمبر۔ [illegible] مہاتما گاندھی کا ایک پیغام امن ڈاکٹر راجندر پرشاد نے دنیا کے نام نشر کیا۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد گاندھی جی کے ایک پرجوش پیرو ہیں۔

نشریہ میں ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ دنیا کے ہر مرد اور عورت کا فرض ہے کہ وہ اپنی زندگی کو اس طرح تشکیل دے کہ دنیا ایک امن کا مقام بن سکے۔ قوموں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے اخلاقی اور مادی ذرائع کو تعمیری مقاصد کے لئے استعمال کریں، تخریبی مقاصد کے لئے نہیں۔ امن کے لئے ضروری ہے کہ ہر قسم کی لوٹ مار اور دوسروں کے صرف پر نفع اندوزی ختم ہو جائے، اور ہر شخص دوسروں کے لئے جذبات خیر سگالی کی پرورش کرے

[illegible]

حکومت کو دنیا بھر کا احترام حاصل ہے اس کے ساتھ تعاون ضروری ہے

اورنگ آباد میونسپلٹی کے سپاس نامہ کے جواب میں راجہ جی کی تقریر

[illegible]

الجمعیۃ میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

اردو ہندوستانی زبان ہے۔ گھر بیٹھے [illegible]

الیوت محل
[illegible]

دہلی سے پاکستان
سامان بذریعہ
ہوائی جہاز یا ریل
[illegible]

معجون عنبری
[illegible]

یاقوتی پلز
[illegible]
نوجیون فارمیسی نگینہ ضلع بجنور

ناول [illegible]

گمشدہ لڑکے کی تلاش
مبلغ یکصد روپے انعام
[illegible]

ایک نظر ادھر بھی!
[illegible]
ہندی سکھانے والی کتابیں
[illegible]
منیجر کتاب محل [illegible]
دہلی

ہندوستان پر مسلمانوں کی گیارہ سو سالہ دور حکومت کی مکمل تاریخ
ہندوستان پر اسلامی حکومت
ڈھائی سو سے زیادہ شاہان اسلام کی زندگیوں کا مرقع
[illegible]
ملنے کا پتہ۔ دین دنیا پبلشنگ کمپنی جامع مسجد۔ دہلی

درد نقرس، گٹھیا جوڑوں کا درد عرق النساء اور جسم کے ہر قسم کے درد کی
مجرب دوا
امیکو سبز مالش (گرین لینا منٹ)
Amicos Green Linament
امیکو سبز مالش [illegible]
امیکو سبز مالش [illegible]
قیمت [illegible]
مزید معلومات [illegible]
امین اینڈ اسمٰعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ [illegible]

غیر مفید [illegible]

مشہوری مفت
[illegible]

ملک کی بالا ترستیوں کے مصدقہ دواخانہ رشیدیہ کی خصوصی مجربات
معجون مسیحا
[illegible]
معجون نشاط
[illegible]
طلاء نو اچار
[illegible]
تریاق ارحم
[illegible]
طلاء مشکی
[illegible]
منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند ضلع سہارن پور

ستارہ بیڑی
ہمیشہ پیا کیجئے

ستارہ چھاپ بیڑی پینے سے آپ کا تندرست فائدہ ہے

ہند پارلیمنٹ کا سرکاری اجلاس ختم ہو گیا

مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کیلئے ہند مجلس تحفظ کی دوڑ دھوپ

ملک میں چینی کی قلت پر زوردار بحث

حکومت صحیح طور پر انتظام کرے ورنہ استعفیٰ دیدے

موجودہ سرکاری پالیسی پر مسٹر کرپلانی کی سخت نکتہ چینی

نئی دہلی ۲۴ دسمبر۔ چینی کے بارے میں بحث کرنے کے بعد موجودہ دستور کے تحت پارلیمنٹ کا آخری اجلاس ختم ہو گیا۔ نئے دستور کے تحت جب اس پارلیمنٹ کا اگلا اجلاس ہوگا تو اس میں نئے ممبر بھی شامل ہوں گے یہ ممبر پارلیمنٹ میں ان سو موجودہ ممبروں کی جگہ آئیں گے جو پارلیمنٹ کے علاوہ صوبائی اسمبلیوں کے بھی ممبر ہیں۔ چینی کے بل پر بحث کے دوران میں ایوان نے بڑے غصہ کا اظہار کیا۔ اراکین نے بڑے پرغضب الفاظ اور جملے استعمال کئے۔ بعض اراکین حکومت پر غصہ تھے۔ دو ممبروں نے سرمایہ داروں کو الزام دیا۔ اچاریہ کرپلانی نے ایک زوردار تقریر میں سرمایہ داروں کی مذمت کی۔ انہوں نے اراکین حکومت سے مطالبہ کیا کہ یا تو صحیح طریقہ سے حکومت کریں ورنہ نکل جائیں۔ مسٹر کرپلانی نے کہا اس وقت حکومت کے لکھے میں اتنا نہیں۔

بحث کا افتتاح کرتے ہوئے مسٹر جے رام داس دولت رام نے کہا کہ حالیہ واقعات کے بارے میں مکمل تحقیقات کی جائے گی۔ ٹیرف بورڈ کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد اس بارہ میں انتظام کیا جائے گا یہ رپورٹ دو تین ہفتہ میں تیار ہو جائے گی۔ یہ تحقیقات ایسے ادارہ کی طرف سے ہوگی جس کو ایوان پر مکمل اعتماد حاصل ہوگا۔

ممبروں کی اکثریت نے چینی کا کنٹرول قائم رکھنے کی مخالفت کی۔ بحث میں حصہ لینے والوں میں قابل ذکر یہ ہیں:۔ مسٹر اجیت پرشاد جین، شبن لال سکسینہ۔ مسٹر این نرائن، ٹھاکر دل رائے۔ مسٹر نظیر الدین احمد۔ مسٹر پی۔ ڈی ہمت سنگھ۔ مسٹر مہابیر تیاگی۔ مسٹر ایس مہتہ مسٹر اور انگیان۔ مسٹر بھگوان داس۔ مسٹر تیاسس کر۔ مسٹر حسین امام۔ ڈاکٹر پنجاب راؤ دیش مکھ۔ پنڈت ٹھاکر داس بھارگو۔ مسٹر ترلوک سنگھ۔ مسٹر ہرداس۔ مسٹر گورشن چندرا مشرا۔ پنڈت بالکرشن شرما۔ مسٹر آر کے سدھوا۔

چیز یہ ظاہر ہوتی ہے کہ ہمارا انتظام حکومت بیکار ہے۔ پہلے سرمایہ داروں کو چینی برآمد کرنے کی اجازت دی گئی۔ جب چینی کی کمی ہو گئی تو حکومت نے کہا، چینی کا خرچ بڑھ گیا ہے۔ سرمایہ داروں نے ۵۰ لاکھ روپیہ جمع کر لیا۔ غیر ملکی حکومت بھی ہر چیز کی کمی کیلئے کثرت آبادی کو ذمہ دار قرار دیتی تھی۔ آپ نے بد انتظامی کی مثال دیتے ہوئے کہا۔ یو۔ پی نے ... چینی اس وقت ضبط کی جب صرف ۔ انفیصدی باقی رہ گئی۔ حکومت یو۔ پی نے اپنے طرز عمل کی یہ توجیہہ کی کہ اسے اس چینی سے کوئی تعلق نہیں جو کارخانوں سے باہر جا چکی ہے۔ حکومت یو۔ پی نے ۲۶ اگست کو چینی ضبط کرنے کا حکم اخبارات میں شائع کیا اور کارخانہ داروں کو رجسٹری شدہ خطوں کے ذریعہ اطلاع دی۔

اچاریہ کرپلانی نے کہا یہ انتظام یا بد انتظامی کی ایک عجیب مثال ہے ... [illegible] ... کی نسبت آج مرکزی حکومت کو زیادہ اختیارات حاصل ہیں۔ ملک ہندوستان کی تاریخ میں موجودہ حکومت کو سب سے زیادہ اختیارات حاصل ہیں حکومت جب کوئی اس پر نکتہ چینی کرتی ہے تو آرڈیننس جاری کر دیتی ہے لیکن ان لوگوں کو تکلیفوں سے بچانے کیلئے کوئی آرڈیننس جاری نہیں کیا جاتا۔

سخت کارروائی کا مطالبہ

ترمیموں میں اسی بات کا مطالبہ کیا گیا کہ جو لوگ اس کے لئے ذمہ دار ہیں ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ مسٹر جے رام داس نے بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا۔ مرکز کو چینی کی تمام صنعت پر اختیار حاصل ہونا چاہئیے۔ حکومت کنٹرول توڑنے یا قائم رکھنے کے مسئلہ پر غور کرکے بعد فیصلہ کرے گی۔ اگر رائے عامہ کی اس طرح تربیت کی جائے کہ بلیک مارکیٹ بند ہو جائے تو حکومت بہت ممنون ہوگی۔ اس سے پہلے ایوان نے ریل ایک جدید کمیٹی کے سامنے بھیجنے کی ... چینی کے سلسلہ میں تمام ترمیمات واپس لے لی گئیں یا ان کو منظور کر دیا گیا۔

کھاری باؤلی کی دو دکانوں کا ذکر

انہوں نے کہا کہ کھاری باؤلی کی ۵ دکانوں میں جا کر دیکھا تو چینی بک رہی تھی۔ اچاریہ کرپلانی نے کہا اس حکومت کے احکامات بیچ جاتے ہیں، کیا حکومت کے ... [illegible]

اچاریہ کرپلانی کی تقریر

اچاریہ کرپلانی نے اپنی تقریر میں کہا دو باتیں صاف ظاہر ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ سرمایہ حکومت چلانا ممکن بنا دینا چاہتے ہیں۔ اور ایسی کوتاہ اندیشی سے ملک کے مفاد کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ہندوستان میں سرمایہ داروں نے ہمیشہ ایسا کیا ہے۔ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان ختم ہو جائے گا لیکن یہ خود زندہ رہیں گے۔

کلکتہ میں پولیس اور کمیونسٹوں کے مابین تصادم

پولیس پر بم پھینکے گئے ۲۹ اشخاص مجروح

کلکتہ ۲۴ دسمبر۔ آج شام علی پور علاقہ میں کمیونسٹوں کے ایک جلوس اور پولیس میں تصادم ہو گیا جس کے نتیجہ میں ۲۹ اشخاص زخمی ہیں۔ ایک سب انسپکٹر پولیس اور آٹھ کانسٹیبل بھی شامل ہیں مجروح ہو گئے تقریباً سو اشخاص گرفتار کرلئے گئے ان میں سات عورتیں بھی شامل ہیں۔ کمیونسٹوں کا جلوس میدان میں جلسہ کرنے کے بعد نکالا گیا تھا۔ جلسہ میں سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا پولیس پر بم اور پتھر پھینکے گئے۔ اور آٹھ پولیس زخمی ہوئے۔ پولیس نے سب پر لاٹھی چارج کیا جس کے نتیجہ میں ۲۰ اشخاص مجروح ہوئے، علی پور اسٹیشن پر بھی ایک بم پھینکا گیا جس سے ایک کانسٹیبل مجروح ہوا۔ بعد کو سڑک پر سے چار بم پھینکنے والے بم اٹھائے گئے۔ (دپ ٹ ا)

جو بد امنی پھیلائے گا گولی سے اُڑا دیا جائے گا

سورابایا کے فوجی حکام کا انتباہ۔ بٹاویہ کے شہریوں سے پُرامن رہنے کی اپیل

بٹاویہ ۲۴ دسمبر (ب ٹ رائٹر) کرسمس کے موقع پر بٹاویہ اور سورابایا دونوں شہروں میں کچھ گھبراہٹ باقی ہے۔ انڈونیشی جمہوریہ گوریلا دستے جن کے پاس ٹوٹی گنیں ہیں ڈچ فوجوں کی جگہ لے چکے ہیں۔ امن و سلامتی کے اب یہی ذمہ دار ہوں گے۔

اپنی بارکوں میں مقید ہونے سے قبل کل ڈچ سپاہیوں کی آزادی کی آخری شب تھی۔ وہ بڑی تعداد میں جتھوں میں گئے اور گانا گاتے ہوئے سڑکوں پر مارچ کیا۔ سورابایا میں انڈونیشی فوجی حکام نے اعلان کیا کہ بد امنی پیدا کرنے والے گولی سے اڑا دیئے جائیں گے۔ بٹاویہ میں ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ تمام لوگ پر امن رہیں اور اپنا کام حسب معمول کرتے رہیں۔ بٹاویہ کے چینی حلقوں میں جو بڑی دکانیں ہیں بڑی ویٹنگ حجاتی رہتی ہیں انہیں بند ہوتے تکی ہیں ایک چینی تاجر نے کہا کہ چینی بڑے دبے ہوئے ہیں۔

ہند وہاسبھا کا اجلاس اچانک ملتوی

لاؤڈ سپیکر خراب ہو گیا!

کلکتہ ۲۴ دسمبر۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کا ۲۸ واں سالانہ اجلاس آج دو پہر بعد ایک گھنٹہ کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ ابھی مسٹر ساورکر نے جو اجلاس کا افتتاح کر رہے تھے صرف چند منٹ ہی تقریر کی تھی کہ مائیکروفون خراب ہو گیا اور اسے ٹھیک کرنے کی تمام کوششیں بے سود ثابت ہوئیں۔ چنانچہ مجلس استقبالیہ نے اجلاس کو کل دوپہر بعد کیلئے ملتوی کر دیا جب کہ مسٹر ساورکر اپنی باقی تقریر کو ختم کریں گے اور اس کے بعد ڈاکٹر کھرے اپنا صدارتی ایڈریس پڑھیں گے۔ (دپ ٹ ا)

گفت وشنید کے سلسلہ میں سخت رازداری سے کام لیا جا رہا ہے

جنرل میک ناٹن چھوٹے چھوٹے معاملوں پر ہند اور پاکستان کو متفق کرنیکی کوشش کر رہے ہیں

نیویارک ۲۴ دسمبر۔ ہر وہ شخص جو کشمیر سے متعلق گفت و شنید سے تعلق رکھتا ہے۔ وہ قطعی طور پر سنجیدگی اور خاموشی اختیار کئے ہوئے ہے۔ اور مجلس تحفظ کے صدر جنرل میک ناٹن نے ہند اور پاکستان کے نمائندوں کے روبرو کیا فارمولا پیش کیا ہے۔ اس کے متعلق کوئی بھی کچھ بتانے کے لئے تیار نہیں۔ ہند اور پاکستان دونوں ملکوں کے حلقوں میں ایسے آثار نہیں پائے گئے۔ جن سے ظاہر ہو کہ ان میں اطمینان یا غیر اطمینانی کا جذبہ پایا جاتا ہے صرف ایک جذبہ پایا جاتا ہے اور وہ یہ کہ جنرل میک ناٹن کی کوششوں کو کامیاب بنانے کے لئے خواہ کچھ بھی تبدیلیاں کیوں نہ ہوں انہیں قبل از وقت تبصرہ کرکے نقصان نہ پہونچایا جائے۔

تاوقتیکہ ہند اور پاکستان کی حکومتوں کی طرف سے ان کے وفود کو کرسمس کی ہدایات موصول نہ ہوں گی۔ اس وقت تک اس امر کا امکان نہیں ہے کہ اس بات کا پتہ چل سکے کہ جنرل میک ناٹن کی تجاویز کے بارے میں ہر دو وفود کے نظریات کیا ہیں۔ دونوں وفود نے جنرل میک ناٹن سے یہ اقرار کیا ہے کہ وہ گفت و شنید کو فی الوقت قطعی طور پر راز میں رکھیں گے۔

پردہ کے پیچھے اس وقت کیا ہو رہا ہے اس کے متعلق معلومات حاصل کرنے والوں کا خیال ہے کہ مجلس تحفظ نے ثالثی یا مداخلت کے سوال کو درمیان میں لانے کی بجائے کشمیر کیلئے ... طریقہ کار اختیار کیا ہے۔ اور اس لئے ابھی تک کشمیر کمیشن کی رپورٹ پر کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ضابطہ کے تحت اسے ابھی اس پر غور کرنا ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ جنرل میک ناٹن ایک ثالث کی حیثیت میں گفت و شنید کر رہے ہیں اور ابھی ثالثی کے لئے کوئی سوال پیدا نہیں ہوا ہے۔

مشاہدین کا خیال ہے کہ غالباً جنرل میک ناٹن ایک ہم متنازعہ مسائل پر گفتگو کرنے کے بجائے ایک ایک قدم آگے بڑھ رہے ہیں اور اس بات کی کوشش کر رہے ہیں کہ چھوٹے چھوٹے مسئلہ پر دونوں وفود کے بین اتفاق ہو جائے۔ اس معاملے میں توقع کی جاتی ہے کہ جنرل موصوف مجلس تحفظ کے ممبر کی حیثیت کے علاوہ بھی اپنے کام کو جاری رکھیں گے۔ (پریس ٹرسٹ آف انڈیا)

گورنر جنرل کا پیغام کرسمس

نئی دہلی ۲۴ دسمبر۔ ہندوستان کے گورنر جنرل ہز ایکسلنسی سری سی راجگوپال آچاریہ نے کرسمس کے موقعہ پر حسب ذیل پیغام جاری کیا ہے:۔ ہندوستان میں سچی عقائد اور طریق عبادت کے پیرو کار ہندوستان میں رہتے ہیں، جن دھرم میں ہر طریقہ کی عبادت کا احترام کرنا شامل ہے خدا کرے کہ اس کرسمس کے موقع پر ہر شخص کو خوشی اور نیا ایقان حاصل ہو۔

جمعیۃ علماء کی شاندار روایات پر خاک ڈالنے والے درحقیقت چاند پر خاک ڈال رہے ہیں

کانگریس کے علاوہ صرف جمعیۃ علماء ہی تھی جس نے ملک کی آزادی میں قربانی دی

جمعیۃ علماء کو بدنام کرنیوالے اخبارات کی ذہنیت پر مولانا حفظ الرحمٰن کا اظہار افسوس

دہلی ۲۵ دسمبر۔ حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند نے اخبار "ملاپ" کی ایک غلط بیانی اور ہندوستان بندی کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل بیان اخبارات کو دیا ہے۔

اخبار "ملاپ" نے اپنے ایڈیٹوریل مورخہ ۲۵ دسمبر میں میری جانب ایک ایسی تقریر کا حصہ منسوب کیا ہے جو اس کے بیان کے مطابق میں نے بھاگلپور میں کی اور جس میں بقول "ملاپ" میں نے عام جلسہ میں یہ کہا کہ "اسلامی حکومت میں اقلیت کے حقوق کی حفاظت سیکولر اسٹیٹ سے بہتر ہو سکتی ہے، اسلام محبت، اچھائی اور برادرانہ برتاؤ کا پیغام دیتا ہے، مسلمانوں کو بھی اسلامی حکومت کے لئے کام کرنا چاہئیے"۔

معلوم نہیں کہ موجودہ دور میں اس منافرت انگیز اور گمراہ کن صحافت نے کیوں ... [illegible]

افغانستان اور پاکستان سے ہندوستان کی تجارت

ایک ماہ میں پاکستان کو ۵۰ لاکھ ۳۶ ہزار کی اشیاء زیادہ بھیجی گئیں

شملہ ۲۴ دسمبر۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ مشرقی پنجاب کی سرحد پر کسٹم چوکیوں کے ذریعہ اکتوبر ۱۹۴۹ء کے مہینہ میں مغربی پاکستان سے جو تجارت ہوئی اس میں ہندوستان کے موافق ۵۰ لاکھ ۳۶ ہزار کا فرق ہے۔ ایک سرکاری لوٹ میں بتلایا گیا ہے کہ مغربی پاکستان سے دس لاکھ ۱۹ ہزار روپیہ کا سامان درآمد کیا گیا۔ اور ۷۰ لاکھ روپیہ کا سامان افغانستان سے آیا۔ اس کے مقابلہ میں ۶۰ لاکھ روپیہ کا سامان ہندوستان سے مغربی پاکستان کو اور ۲۹ ہزار روپیہ کا سامان افغانستان کو بھیجا گیا اور اس طرح افغانستان کے ساتھ تجارت ۴۱ لاکھ ۴۳ ہزار روپیہ کی رہی۔ جواہر نیز ہندوستان سے بھیجی گئیں۔ ان میں کوئلہ، تازہ پھل، بیٹری، کمبل، ہوا جوتے اور سگرٹ شامل ہیں اور پاکستان سے ہندوستان میں درآمد ہونے والی اشیاء میں ہلدی اور خشک میوہ شامل ہیں۔ (دپ ٹ ا)

انڈونیشیا کی نئی آزاد حکومت

منگل کے دن برطانیہ تسلیم کرلیگا

لندن ۲۴ دسمبر۔ ایک مستند حلقہ سے معلوم ہوا ہے کہ برطانیہ ۲۷ دسمبر منگل کے دن انڈونیشیا کی نئی آزاد حکومت کو تسلیم کر لے گا۔ ہالینڈ کی طرف سے انڈونیشیا کی حکومت کو اختیارات منتقل ہوں گی۔ منگل کے دن جاکرتا میں تقریب ہوگی اس میں سر ... انڈونیشیا میں برطانیہ کی نمائندگی کریں گے۔ آپ جنوب مشرقی ایشیا میں برطانوی ہائی کمشنر ہیں۔ (ب ٹ ا)

جاپانیوں نے جراثیمی جنگ کی تیاریاں کرلی تھیں

روسی قیدیوں کو تجربات پر چوہوں کی طرح استعمال کیا گیا

لندن ۲۴ دسمبر۔ ماسکو ریڈیو نے الزام لگایا ہے کہ جاپانیوں نے جراثیمی جنگ کی تیاریاں کر لی تھیں روسی قیدیوں کو تجربہ کے لئے ... [illegible]

فرقہ وارانہ نوعیت کی خیراتی ادارے

حکومت بمبئی نے امداد بند کردی

بمبئی ۲۴ دسمبر۔ حکومت بمبئی نے فرقہ وارانہ نوعیت کے خیراتی اداروں کو ... [illegible]

زمیندار کسانوں کو ہر ممکن مدد دیں

زمیندار یونین کی ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ

لکھنؤ ۲۴ دسمبر۔ کل یو۔ پی زمیندار یونین کی ورکنگ کمیٹی نے ایک قرار داد کے ذریعہ یو۔ پی کے زمینداروں سے اپیل کی کہ اپنے کاشتکاروں کو ... [illegible]

راجہ جی دہلی پہونچ گئے

دہلی ۲۴ دسمبر۔ گورنر جنرل سری سی راجگوپال آچاریہ ... [illegible]

راجکماری امرت کور انڈونیشیا روانہ ہو گئیں

کلکتہ ۲۴ دسمبر۔ راجکماری امرت کور آج ... [illegible]

پاکستان پارلیمنٹ میں پٹ سن کے معاملہ پر بحث ہوگی

تحریک التواء منظور کرلی گئی

کراچی ۲۴ دسمبر۔ مسٹر تمیز الدین خاں صدر دستور ساز اسمبلی پاکستان نے اس تحریک التواء کو منظور کر لیا ہے جس کا مقصد مشرقی بنگال میں پٹ سن کے کاشتکاروں کی حالت پر بحث کرنا ہے کہ حکومت مناسب قیمتیں فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے لیڈر آف دی ہاؤس مسٹر لیاقت علی خاں نے کہا کہ میں پٹ سن کے مسئلہ پر بحث کرنے کو تیار ہوں، لیکن اس تحریک کا مقصد ملک کی سکنگ قیمت پر حکومت کی پالیسی پر بحث کرنا مقصود ہے۔ (پ ٹ ا)

کشمیری زبان میں دستور کا ترجمہ

سرینگر ۲۴ دسمبر۔ حکومت کشمیر نے کشمیری زبان میں آئین کے ترجمہ کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی ہے ... دستور ساز اسمبلی نے کشمیری کو انڈین یونین کی ایک علاقائی زبان تسلیم کر لیا ہے۔ (دپ ٹ ا)

تھانہ پر دہشت پسندوں کا حملہ

شلانگ ۲۴ دسمبر۔ گذشتہ شب کو ۱۵۰ دہشت پسندوں نے ... کے مقام پر دہشت پسند نے پولیس پر گولیاں برسائیں۔ کچھ دہشت پسند گاؤں میں گھس گئے اور دو شخصوں کو ہلاک کر دیا۔ ... کے بعض علاقوں میں تیسرے شام تک کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ (دپ ٹ رائٹر)

پاکستانی وفد انڈونیشیا روانہ ہو گیا

کراچی ۲۴ دسمبر۔ انڈونیشیا کی آزادی کے جشن میں شرکت کے لئے پاکستانی وفد مسٹر غلام محمد کی سرکردگی میں آج صبح ہوائی جہاز کے ذریعہ کراچی سے روانہ ہو گیا۔ یہ وفد ۲۵ دسمبر کو جاوا پہونچے گا۔ (دپ ٹ رائٹر)

بازار کے نرخ

۲۴ دسمبر

دہلی سائیکل مارکیٹ

فلپس سائیکل	۲۲۳
ہرکولس سائیکل	۲۴۰
پیری چین	۲
ولاڈ چین	۵
برمنگھم پیڈل	۶
لوکاس بیل	۴۰
ہب انگلش	۱۹
ہالینڈ سیڈل	۱۴
تھیکس فوٹ پمپ	۲۳
چین اورسیٹ	۵۰

مالکان بہاوانہ سپلائی کمپنی دہلی

دہلی پنساری مارکیٹ

[illegible]

دہلی غلہ مارکیٹ

[illegible]

بازار صرافہ دہلی

[illegible]

بازار صرافہ بمبئی

[illegible]

میسرز فتح چند کشن لال صراف

دہلی شیئر مارکیٹ۔ ہفتہ واری تبصرہ

[illegible]

ساڑھے تین سو سالہ بدھ مندر

جلکر بالکل تباہ ہو گیا

ٹوکیو ۲۴ دسمبر۔ گذشتہ رات ٹوکیو کے جنوب میں نیکا کے مقام پر ۳۵۰ سالہ پرانا بدھ مندر آگ سے جلکر کلی طور پر تباہ ہو گیا۔ مندر کے لوگوں نے بمشکل قیمتی اشیاء بچائیں۔ (رپ ٹ رائٹر)

رجسٹرار بورڈ آف انڈین میڈیسن کا جواب

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) رجسٹرار بورڈ آف انڈین میڈیسن یو۔ پی حکیم سید شاد احمد صاحب ہمرتی نائب صدر انجمن طبیبہ یو۔ پی کے استفسار کے جواب میں کہا ہے کہ غیر آزاد لوکل باڈیز کی ملازمت میں رہ کر طب یونانی اور آیوروید کی پریکٹس کرتے ہیں ان کی رجسٹری بورڈ آف انڈین میڈیسن یو۔ پی میں ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ ان کو ان کے محکمہ کے افسران اعلیٰ کی طرف سے تحریری اجازت دی جائے۔ ایسے حکیم، وید اور حکیموں کی درخواست کے سلسلہ میں اس اصول کے پیش نظر رکھا جائے کہ وہ اس صورت میں رجسٹرڈ کئے جائیں گے۔ جب کہ ان کی پریکٹس کسی مالی منفعت کے لئے نہ ہو بلکہ خالص پبلک کی خدمت کے لئے ہو۔ اگر وہ مریضوں سے فیس یا قیمت ادویہ حاصل کریں گے تو وہ رجسٹرڈ نہ ہو سکیں گے۔ اس وضاحت کے بعد عام حکیموں اور ویدوں کی غلط فہمی دور ہو جانی چاہیئے۔

صدر ٹرومین کا پیام کرسمس

واشنگٹن ۲۵ دسمبر۔ صدر ٹرومین نے کرسمس کے موقعہ پر ایک پیغام دیا ہے ... [illegible]

عرس کلیر شریف اور ادب نواز حضرات

سہارن پور (بذریعہ ڈاک) سالہا سال سے پیران کلیر شریف کے عرس میں اراکین کاشانۂ احباب سہارنپور شعراء اور کرام کو تشریف آوری سے استفادہ کرنے کے لئے علم و ادب کی مجلس منعقد کرتے ہیں۔ اس سال بھی ۱۳ ربیع الاول مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۵۰ء کو جشن میلاد النبی اور طرحی بزم مشاعرہ کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ (امیر زبیتی)

مئوناتھ بھنجن میں مشاعرہ!

(بذریعہ ڈاک) قصبہ مئو ضلع اعظم گڈھ میں ... [illegible]

ضلع مراد آباد میں ممبر سازی

مراد آباد ۲۴ دسمبر۔ مولانا محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ضلع مراد آباد ... [illegible]

ایسٹرن پنجاب ریلوے

نوٹس

I. مورخہ یکم جنوری ۱۹۵۰ء کے دن اور اس کے بعد ٹائم ٹیبل میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

ریل گاڑیوں کے اوقات میں تبدیلیاں

ٹرین نمبر	سٹیشن روانگی	سٹیشن آمد	وقت روانگی	وقت آمد
420 ڈاؤن	فیروزپور چھاؤنی	لدھیانہ	19 — 35	22 — 50
304 اپ	لدھیانہ	فیروزپور چھاؤنی	19 — 50	23 — 20
58 ڈاؤن	جالندھر چھاؤنی	پھگواڑہ	10 — 18	10 — 40
57 اپ	پھگواڑہ	جالندھر چھاؤنی	17 — 34	17 — 59
307 اپ	جنتی پورہ	امرتسر	17 — 48	18 — 55
320 ڈاؤن	امرتسر	پٹھانکوٹ	17 — 45	21 — 15
317 اپ 10 ڈاؤن	پٹھانکوٹ	امرتسر	18 — 10	21 — 36
9 اپ 132 ڈاؤن	امرتسر	پٹھانکوٹ	12 — 20	15 — 32
321 اپ 28 ڈاؤن	دینا نگر	گورداسپور	14 — 47	15 — 1
25 اپ	سہارنپور	انبالہ چھاؤنی	17 — 0	19 — 13
ڈاؤن اپ ڈاؤن 400/401/400	جالندھر شہر	نورشہر دوآبہ	16 — 45	19 — 4
اپ ڈاؤن اپ 395/402/395	لکھت کارکلاں	بہرام	18 — 17	16 — 55
43 اپ	دھلی	انبالہ چھاؤنی	15 — 40	0 — 25
44 ڈاؤن	انبالہ چھاؤنی	دہلی	12 — 30	21 — 20
64 ڈاؤن	منصور پور	میرٹھ شہر	19 — 10	20 — 50
46 ڈاؤن	سہارنپور	ٹنکل	10 — 50	11 — 16
142 ڈاؤن	انبالہ چھاؤنی	تاروڑی	9 — 40	11 — 41
150 ڈاؤن	انبالہ چھاؤنی	دھلی	6 — 0	11 — 50
186 ڈاؤن	گھرونڈہ	پانی پت	21 — 55	22 — 30
149 اپ	دہلی	انبالہ چھاؤنی	6 — 15	11 — 48
185 اپ	امین	انبالہ چھاؤنی	6 — 39	8 — 25
408 ڈاؤن	جاکھل	حصار	2 — 35	5 — 15
407 اپ	حصار	جاکھل	11 — 30	14 — 5

II. گاڑیوں میں توسیع

43 اپ اور 44 ڈاؤن پسنجر گاڑیاں جو کہ اب دہلی اور سہارنپور کے درمیان چلتی ہیں اب بڑھا کر انبالہ تک کردی گئی ہیں۔

III. گاڑیوں کی کارروگی میں تبدیلیاں

149 اپ اور 150 ڈاؤن گاڑیاں جو بطور ایکسپریس دہلی تا انبالہ براستہ کرنال چلتی تھیں پسنجر گاڑیوں میں تبدیل کردی جائیں گی اور تمام سٹیشنوں پر ٹھیریں گی۔

304 اپ اور 420 ڈاؤن جو کہ ایکسپریس گاڑیاں لدھیانہ اور فیروزپور کے درمیان چلتی تھیں پسنجر گاڑیوں میں تبدیل کردی جائیں گی اور تمام سٹیشنوں پر ٹھیریں گی۔

43 اپ اور 44 ڈاؤن گاڑیاں دہلی اور انبالہ چھاؤنی کے درمیان تمام کلاسوں کے مسافروں کو لیجائیں گی

IV. جہاں گاڑیاں ٹھیرا بند کردی گئی ہیں

57 اپ چھیرو پر نہیں ٹھیرے گی۔

58 اپ چھیرو پر نہیں ٹھیرے گی۔

V. جہاں گاڑیاں ٹھیریں گی

209 اپ بڈوال۔ ملان پور۔ چوکی ان۔ ڈگرو۔ فیروز شاہ پر ٹھیرے گی۔

210 ڈاؤن سیدن والا۔ فیروز شاہ۔ جوئیاں کلاں۔ ڈاگرو۔ گھل کلاں۔ پراٹو ہنا۔ ملان پور۔ اور بڈوال کے سٹیشنوں پر ٹھیرے گی۔

149 اپ بھ دھانا۔ گنور۔ سمالکھا۔ بابرپور۔ گھروندا۔ ترودی۔ نیلوکھیری۔ امین۔ دوھیرپور۔ شاہ آباد مارکنڈہ اور موہری کے اسٹیشنوں پر ٹھیرے گی۔

150 ڈاؤن۔ موہری۔ شاہ آباد۔ مارکنڈہ۔ دھیرپور۔ امین۔ نیلوکھیری۔ ترودی۔ گھروندہ۔ بابرپور اور سمالکھا کے اسٹیشنوں پر ٹھیرے گی۔

VI. گاڑیوں کا میل

25 اپ دہلی انبالہ چھاؤنی پر 113 اپ سے پٹیالہ کے لئے میل کھائے گی۔

57 اپ دہلی براستہ کرنال جگرانو سٹیشن پر 400/401/400 سے راہوں اور جیوں دوآبہ کے لئے میل کھائے گی۔

408 ڈاؤن لدھیانہ 7 ام۔ آر۔ ایم سے حصار میل کھائے گی۔

407 اپ حصار پر 3 آر۔ ایم کے ساتھ میل کھائے گی۔

VII. سروسز کا نفاذ

مورخہ 31/12/49 کو موجودہ اوقات کے مطابق دہلی اور سہارنپور کے درمیان 43 اپ کوئی سروس نہیں ہوگی

43 اپ پسنجر توسیع شدہ مورخہ 1/1/50 کو دہلی سے 15/40 پر چلے گی اور انبالہ چھاؤنی تک جائے گی۔

VIII. درمیانی سٹیشنوں کے اوقات متعلقہ سٹیشن ماسٹروں سے معلوم کریں۔

IX. ای پی ریلوے ٹائم ٹیبل کا نیا پاکٹ ایڈیشن جس کا نام پاکٹ ٹائم ٹیبل ہے دو آنہ فی کاپی قیمت پر ریلوے بک سٹالوں سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر

دہلی

دہلی کے بالمیکیوں کا فیصلہ

مسلمانوں کے ہاں کی صفائی چھوڑ دینگے

دہلی ۲۴ دسمبر۔ دہلی کے خاکروبوں نے اپنی ایک میٹنگ میں فیصلہ کیا ہے کہ وہ آئندہ سے مسلمانوں کے گھروں کی ٹٹیوں کی صفائی کا کام غیر معینہ عرصہ کے لئے بند کر دیں گے۔ معلوم ہوا ہے کہ انہیں ایک لڑکی کے مبینہ اغوا کے معاملہ میں مسلمانوں سے شکایت پیدا ہو گئی ہے۔ اغوا کرنے کا الزام ایک مسلمان بابو نصاب پر لگایا جا رہا ہے۔ یہ بھی پتہ چلا ہے کہ لڑکی نے عدالت میں بیان دیا ہے کہ بابو نے اسے عصمت دری سے بچایا ہے اور اس کے بعد اغوا ہمدردی کا اکثر موقع پر امداد دی ہے۔ اور شکر کیلئے وہ بابو کے ساتھ رہنا چاہتی ہے۔

خاکروبوں نے احرار صدارت ملتی صوبہ دہلی کے جنرل سکریٹری چودھری عبد الستار اور سوشلسٹ لیڈر میر مشتاق احمد کو ملوث کرنے کیلئے ان پر بھی اغوا میں گرفتاری کا الزام لگایا ہے۔ اور احتجاج کے طور پر صفائی بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

میر مشتاق احمد اور چودھری عبد الستار سے اس واقعہ کے دریافت کرنے پر ہر دو حضرات نے اس واقعہ سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور اس بات پر رنج و غصہ کا اظہار کیا ہے۔ کہ خاکروب اس واقعہ کو فرقہ وارانہ رنگ دے کر ذمہ دار لوگوں کے سر بیجا الزامات تھوپ رہے ہیں۔ چودھری ستار نے جہاں مبینہ اغوا کنندہ کے اقدام پر اظہار افسوس کیا ہے۔

وہاں میر مشتاق نے بالمیکیوں کے فیصلہ کو غیر مزد رانہ بتایا اور کہا ہے کہ بالمیکی بھائیوں کو اپنے فیصلہ پر غور کرنا چاہیئے اور ایک شخص کے بدفعل اور بدکار ہونے کی سزا دوسرے لوگوں کو دینا ایک نا واجب بات ہے۔

جمعیۃ علماء اوجین کا جلسہ

(بذریعہ ڈاک) بتاریخ ۱۹ دسمبر بروز دوشنبہ اوجین کی جمعیۃ علماء کی مجلس منتظمہ کا اجلاس ہوا جس میں شہر کے مخصوص حضرات کو مدعو کیا گیا۔ حضرت مولانا مسعود احمد صاحب صدر جمعیۃ علماء نے بصیرت انگیز تقریر کی۔ ادارہ سے زیادہ تعداد میں جمعیۃ کے معاون رکن بنانے پر غور اور ماتحت کمیٹیاں قائم کی گئیں۔ اور حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی کی وفات پر اظہار افسوس کیا۔ اس کے بعد میٹنگ کی کارروائی ختم ہو گئی۔

کانپور میں ڈویژنل ٹی کانفرنس

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) ۲۹ دسمبر ۱۹۴۹ء کو کانپور میں ڈویژنل ٹی کانفرنس جناب گوبند سہائے پارلیمنٹری سکریٹری آنریبل وزیر اعظم یو۔ پی کی صدارت میں ہو رہی ہے جس میں صوبہ کے مشاہیر اطباء کرام کے علاوہ محسن طب حکیم عبد الحبیب صاحب دریابادی صدر انجمن طبیہ یو۔ پی بھی شرکت فرمائیں گے۔

کانپور میں اسلحہ برآمد!

چھ گرفتاریاں

کانپور ۲۴ دسمبر۔ پولیس نے پیال محلہ بابوپوروہ پر چھاپہ مار کر ایک پستول اور کچھ سرود اسلحہ برآمد کئے اس سلسلہ میں چھ اشخاص گرفتار کرلئے گئے۔ (پ ٹ ا)

وزیر اعظم مشرقی پنجاب

سکھ لیڈروں سے ملینگے

شملہ ۲۴ دسمبر۔ وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو کل انبالہ میں سکھ لیڈروں سے مشورہ کریں گے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ گفت و شنید سکھوں کے مختلف گروہوں میں سمجھوتہ کرانے کے سلسلہ میں ہوگی۔ (پ ٹ ا)

لاہور ۲۴ دسمبر۔ سردار عبد الرب نشتر گورنر مغربی پنجاب نے رسول پاکستان کے سب سے بڑے ٹرنک ٹیلیفون ایکسچینج کا افتتاح کیا۔ افتتاح کے موقع پر آپ نے سردار بہادر خاں وزیر مواصلات پاکستان سے بذریعہ ٹیلیفون بات چیت کی۔ یہ ایکسچینج دو لاکھ روپیہ سے بنا ہے۔ (رپ ٹ رائٹر)

عورت ستارہ کو اغوا کر لیا گیا۔ اس کے خاوند سنگھ نامی دلال بنا تا ل کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ عورت نے پولیس میں جا کر بیان دیا ہے کہ اس کو خاوند نے بیچنے کے لئے بہکایا تھا۔ پولیس نے عورت کو ایک جعلی گاہک کے ذریعہ برآمد کیا اور دستخط شدہ دس دس روپیہ کے نوٹ بھی پولیس نے برآمد کرلئے۔ (ن ن ا)

کپڑے کے دو بیوپاری گرفتار

اے۔ ایس۔ پی ریٹولی سینٹ کی سرکردگی میں پولیس نے اجمیری گیٹ کے ایک کپڑے کے بیوپاری کی دکان پر چھاپہ مارا۔ اور اسے حراست میں لے لیا۔ اسی طرح کشمیری گیٹ سے بھی ایک دوکاندار کندن لال کو گرفتار کیا۔ ان کے خلاف جا بیوٹ بلیک مارکیٹ میں کنٹرولی کپڑا فروخت کرنے کا الزام ہے۔ (ن۔ ن۔ ا)

جعلی نوٹ بنانے والا گرفتار

پولیس نے ایک شخص جونت سنگھ کو لودھی کالونی سے گرفتار کیا ہے۔ اس کے قبضہ سے پولیس نے دس دس روپے والے دو جعلی نوٹ برآمد کئے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ شخص جعلی نوٹ بناتا ہے اور فروخت کرتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ایک بہت بڑا گروہ ہے۔ (ن۔ ن۔ ا)

گرو گوبند سنگھ کا یوم پیدائش

کنسٹی ٹیوشن کلب میں گرو گوبند سنگھ کا یوم پیدائش منانے کے لئے ۲۶ دسمبر کو شام کے ۵ بجے ایک سوشل دربار منعقد ہوگا۔ یہ اعلان سردار سنتوکھ سنگھ دو باری نے کیا ہے۔ جو اس دربار کے داعی ہیں۔ بابا کھڑک سنگھ سکھوں کے مشہور لیڈر اس دربار کی صدارت کریں گے۔ توقع ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو۔ مسٹر این وی گیڈگل وزیر امور عامہ اور بعض سفراء اس دربار میں شرکت کریں گے۔ (پ ٹ ا)

سوشلسٹ پارٹی کا جلسہ

سوشلسٹ پارٹی جامع مسجد یونٹ کے زیر اہتمام بروز اتوار شام کو ساڑھے پانچ بجے آزاد پارک بالمقابل جامع مسجد دہلی ایک جلسہ ہوگا۔ یہ جلسہ رشوت خوری اور سرکاری محکموں کی بدعنوانیوں کے خلاف احتجاجی جلسہ ہے۔ میر مشتاق احمد اور ساتھی بی۔ ڈی جوشی تقریریں کریں گے۔ (ہیڈ آفس سکریٹری)

بھوجلہ پہاڑی پر

مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی تقریر

مسلمانان دہلی کو معلوم ہے کہ بھوجلہ پہاڑی پر کئی سال سے حضرت مولانا محمد ضیاء الحق صاحب قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر بیان فرماتے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ سورۃ انعام ختم ہو گئی ہے۔ اب جب ... اگلی سورۃ کریمہ یعنی سورۃ اعراف شروع ہوگی حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب بتاریخ ۲۶ دسمبر ۱۹۴۹ء مطابق ۵ ربیع الاول ۱۳۶۹ء بروز دوشنبہ بعد نماز فجر سے صبح شروع فرمائیں گے۔ مسلمانان دہلی سے درخواست ہے کہ جوق در جوق شرکت کرکے استفادہ کریں۔ (رکن کمیٹی بھوجلہ پہاڑی)

بچہ کی گمشدگی

دہلی ۲۴ جنوری:۔ محمد یامین صاحب ساکن مکان ... کوچہ ... محلہ ... دہلی کا ایک دس سالہ بچہ مسمی محمد صغیر خاں، گول چہرہ، گندمی رنگ، بائیں ہاتھ کی ایک انگلی کھچی ہوئی ہے کل شام کو گم ہو گیا ہے۔ جن صاحب کو یہ بچہ ملے براہ کرم وہ دفتر جمعیۃ علماء ہند گلی قاسم جان دہلی میں پہونچا دیں۔ (رئیس الحسن)

دفتر جمعیۃ علماء ضلع میں اہم اجتماع

تقسیم انعام و شعبہ مدرسہ کا افتتاح

آج تاریخ ۲۵ دسمبر ۱۹۴۹ء بروز اتوار ٹھیک ساڑھے سات بجے دفتر جمعیۃ علماء ضلع دہلی قدم چلی قبر میں ایک اہم اجتماع ہوگا جس میں سحبان الہند حضرت مولانا احمد سعید صاحب اور مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند، جمعیۃ علماء ضلع کے زیادہ ممبر بنانے والے اصحاب کو انعام تقسیم فرمائیں گے۔ اور مدرسہ شبینہ کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ جملہ کارکنان جمعیۃ علماء سے درخواست ہے کہ شرکت فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔ (ناظم جمعیۃ علماء ضلع)

ایک ہوٹل پر پولیس کا چھاپہ

دہلی ۲۴ دسمبر۔ آج نواب ... ہوٹل پر پولیس نے چھاپہ مارا ... [illegible]

ہندوستان کہاں ہے؟

جناب عبید اللہ صاحب قدسی - ٹونک

دنیا کا کوئی ملک عالمی مقتدر سے باہر رہ کر قائم نہیں رہ سکتا۔ اس وقت تمام دنیا دو حصوں میں تقسیم ہو چکی ہے اشتراکیت اور سرمایہ داری۔ جو ملک اس تقسیم کو قبول نہیں کر سکے ہیں وہ بھی کنارے پر کھڑے ہیں۔ ان دو بلاکوں میں سرد جنگ شروع ہو چکی ہے اور یہ جنگ اپنے عروج پر پہنچ کے بعد آتشیں صورت اختیار کرے گی اور اس وقت تک ایک ملک بھی غیر جانبدار نہیں رہ سکے گا۔ اس آخری بڑی عالمگیر جنگ کا جو کچھ بھی نتیجہ ہو خواہ تمام دنیا کی تباہی یا ایک نظام کی فتح، لیکن اس کو جو کچھ ہونا ہے اس پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہم کس مقام پر کھڑے ہیں۔

دنیا دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ہے۔ ایک طرف سوویٹ روس اور اس کے ساتھی ہیں دوسری طرف امریکہ اور اس کے زیر اثر ملک۔ امریکہ اپنے سرمایہ کی حفاظت کے لئے اپنے ساتھی ملکوں کی ہر طرح مدد کر رہا ہے اور فلپائن کو تھوڑی آزادی دی گئی ہے کہ وہاں جمہوریت کا شوق پیدا نہ ہو جائے۔

کسی کا بغیر لالچ کے روپیہ دینا [illegible] نہیں دیتا ہے۔ قرض کی ضمانت بھی ہوتی ہے اور ادائیگی کی کچھ شرائط بھی ہوتی ہیں یہی شرائط اور یہی ضمانت ماتحت کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے۔

ہندوستان کے دو سرحدی پڑوسی ممالک مشرق وسطیٰ کے مسلم ممالک ہیں۔ یہ ممالک سرمایہ کے زیر اثرات میں امریکہ کے دست نگر اور سیاست میں برطانیہ کے ہمنوا ہیں۔ ان ممالک میں کوئی ملک بھی صحیح معنی میں جمہوری اور سیاسی اعتبار سے بیدار ملک نہیں [illegible] زمیندارانہ نظام، سلطنت یعنی بادشاہی قائم ہے۔ ان ممالک کے عوام میں کوئی بیداری نہیں۔ جہالت اور افلاس عام ہے۔ اور امراء آرام طلبی میں مبتلا ہیں۔ یہ تمام مسلم سلطنتیں غلام ہندوستان کے نوابوں اور راجاؤں کی ریاستوں کی طرح ہیں۔ ابھی تک ہمارے عوام ریاستوں کی بدترین جہالت اور وہاں کے نظم و نسق کو بھولے نہیں ہوں گے۔ نوابوں کا مسلمان ہونا اور راجاؤں کا ہندو ہونا رعایا کے لئے مفید نہیں ہوتا تھا۔ اور یہ لوگ عام طور پر عیش و عشرت کے علاوہ کوئی اور مذہب نہیں رکھتے تھے۔ بالکل یہی حال اس وقت اسلامی سلطنتوں کا ہے۔ جب تک یہ ہمسایہ ممالک کسی بھی طرح ہمارے بازو نہ بنیں تو کسی عالمگیر جنگ میں کام نہیں آ سکتے۔ جب تک عوام خوشحال، تعلیم یافتہ اور سرفروشی کے لئے تیار نہ ہوں۔ امریکہ ان ممالک کو فوجی تیاری کے لئے زیادہ تر امداد دے گا۔ لیکن وہاں کی تعلیمی اور ذہنی بہتری کی کوئی امید نہیں۔ ایسے حالات میں عام طور پر جنگ کے وقت عوام حکومت کے خلاف سرد آزما نظر آیا کرتے ہیں۔

پاکستان میں کوئی دستور نہیں ہے کیا ۱۹۵۰ء کا بجٹ بھی تجربہ کی شکل میں نافذ ہوگا۔ اور حکومت کے آہنی شکنجے کی گرفت سخت تر ہو کے آئین کی شکل اور مسخ ہوتی رہے گی۔ آئے دن کے ہنگامی قوانین اور بیانات، حکومت کی نفسیات کو اصلی روپ میں لے آئیں گے۔ عوام اور حکومت میں بعد المشرقین رہے گا۔ خواص کی پارٹیاں زور طاقت سے جوڑ توڑ [illegible] اور عوام اسی طرح [illegible] [illegible] یہی نظام بنانے میں سرعت سے کام کرے گا اور یہ ملک ترقی کے راستوں پر گامزن ہونے کی بجائے دستوری تشکیل کے دور کو بھی ختم نہ کر سکے گا کہ تیسری جنگ کا زمانہ آ جائے گا۔

بعض وہ لوگ جو فلسطین پر شاہ عبد اللہ کی فوج کشی پر خوش ہوا کرتے تھے شاہ ایران کے سفر امریکہ پر بھی بغلیں بجا رہے ہیں۔ اور انڈونیشیا کی سیاسی آزادی پر چراغاں کرتے ہیں۔ لیکن انہیں [illegible] ان ممالک عوام کی حالت اور ان کی خوشحالی کے ذرائع پر غور کرنا چاہئے۔ یہ ضروری ہے کہ [illegible] قدر سرمایہ دار دوں کو روس کا ہوا اس قدر زبردست خطرہ ہے کہ وہ ایشیا کے رہے سہے ممالک کو امداد دینے اور فوجی تعمیر میں دوڑ میں آگے بڑھنے میں پیش پیش ہیں۔ اور سرمایہ داروں کے اس تعلق روس میں ہماری بہبودی اور فلاح کے بجائے رستے کھلے رہتے ہیں لیکن یہ دوسری چیز ہے ورنہ مولانا ان کی شاطرانہ چالیں مہرے بڑھانے سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں۔

دنیا میں روس اور اس کے ساتھیوں کے علاوہ دوسری زبردست طاقت امریکہ اور اس کے زیر اثر ملکوں کی ہے جو ممالک امریکہ کے براہ راست یا زیر قیادت نہیں ہیں وہ امریکہ کے ساتھی برطانیہ کے شریک ہیں۔ برطانیہ امریکہ کا اتحادی ہے اور اگرچہ بظاہر اپنی تیسری حیثیت رکھتا ہے لیکن اس وقت دنیا میں اس کی حیثیت ایک دلال ملک جیسی ہے۔ جو امریکہ سے براہ راست واسطہ نہ رکھنے والوں سے کمیشن وصول کرتا رہتا ہے۔ امریکہ پر براہ راست ہوس ملک گیری کا الزام نہیں لگایا جا سکتا بلکہ صرف سوال ہے سرمایہ کی حفاظت کا۔ ہر سرمایہ دار اپنے سرمایہ کو بچانے کی جان توڑ کوشش کرتا ہے اس لئے جن ملکوں میں امریکہ کا سرمایہ لگا ہوا ہے امریکہ کو ان کی حفاظت ان کے نظام کو باقی رکھنا اپنا فرض سمجھتا ہے امریکہ جانتا ہے کہ ان ملکوں میں اصل سبب [illegible] وہ تیسری عالمگیر جنگ کے لئے مضبوط بن جائیں اور روس کے اثرات سے دور رہیں۔ پھر وہ ان ممالک میں امن بحال رکھنے کے لئے فوج میں اضافہ اور وہاں کی حکومتوں کو مضبوط بنانے کی کوشش بھی کرتا ہے۔ تیسری عالمگیر جنگ کے لئے وہ ہر ملک کو اس کی فوجی قوت میں اضافہ کرنے کا مشورہ بھی دیتا ہے اور وہاں کے عوام سے اسے کوئی بحث نہیں ہوتی اور انہیں روس کے اثرات سے دور رکھنے کے لئے نہ صرف جنگی سامان بہم پہنچاتا ہے بلکہ امن قائم رکھنے کے لئے فوجی امداد دیتے رہنے کا بھی قائل ہے۔ امریکہ نے اپنے زیر اثر ملک فلپائن کو آزاد کر کے وہاں آزاد حکومت قائم کرا دی ہے تاکہ عوام کی بیداری پوری جمہوریت میں تبدیل نہ ہو جائے اور جلد سے جلد حکومت کے ساتھ معاہدہ کر کے اسے فوجی اور اقتصادی طور پر اپنے ساتھ وابستہ کر لیا جائے۔

امریکہ نے برطانیہ کو مجبور کیا کہ وہ ہندوستان کو آزاد کر دے اور جنوبی مشرقی ایشیا ہی [illegible] کے حالات کو دیکھتے ہوئے روس نے انڈونیشیا کے متعلق بھی یہی طریق اختیار کیا۔ لیکن صرف اس لئے کہ ان ملکوں میں قائم ہونے والی اپنی پچھلی حکومتوں سے معاہدے کر کے اپنے زیر اثر لے آئے۔

یہ قدم اٹھانے کے بعد امریکہ نے برطانیہ کو مجبور کیا کہ جلد سے جلد ہندوستان کو آزاد کر دے اور یہی پالیسی دنیا کی دوسری نو آبادیوں کو آزاد کرنے میں کارفرما ہے گو جو عام طور پر سفید فام قوموں کی غلامی سے آزادی کے لئے کوشش کر رہے ہیں۔ وہاں عوام کی بیداری بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ امریکہ نے چین میں تلخ تجربے کرنے کے بعد انڈونیشیا کو فوری آزادی دلا دی تاکہ عوام کے استصواب رائے اور جمہوری زبردست بالادستی حاصل ہونے سے پہلے وہاں کی نوزائیدہ حکومت کو اقتصادی طور پر اپنے زیر اثر کر لیا جائے۔ کوئی نئی حکومت اختیار حاصل کر لینے سے اپنے ملک کی اقتصادی حالت کو نہیں سدھار سکتی اور اگر وہ فوراً اقتصادی حالت بحال نہیں کرتی ہے تو عوام میں بددلی اور انتشار پھیلتا ہے۔ اس لئے ہر نوزائیدہ حکومت [illegible] اقتدار کو بحال رکھنے کے لئے عوام کی خیر خواہی کی نیت سے قرضہ لینے کے لئے مجبور ہوتی ہے لیکن آج تک کسی کو [illegible]

دوسرا بلاک روس کا ہے اس بلاک والے دوسروں سے کوئی رابطہ ہمدردی اور تعلق نہیں رکھتے ان کا نظام عوام کے رابطہ اور جمہور کو ایک رشتہ میں منسلک کرنے کے لحاظ سے زیادہ استوار، مضبوط اور متحد ہے۔ عوام کم سے کم یہ ضرور سمجھتے ہیں کہ سلطنت براہ راست ہماری ہے، ہم ہی حکمراں ہیں اور نظام سرمایہ ہمارے ہاتھ میں ہے۔ عوام کے ذہنوں میں یہ بات ابھری ہوئی ہے کہ سرمایہ دار انسانیت کے دشمن ہیں اور سرمایہ داروں کا وجود انسانوں کی بربادی کا باعث ہے۔

دوسرے بلاک یعنی سوویٹ روس کے بلاک کی رائے میں سرمایہ داری انسان کی تمام مصیبتوں کی بنیاد ہے اور اس بلاک سے تعلق رکھنے والے اس نظام سے نفرت رکھنے کی وجہ سے سب سے آگے ہیں اور ہندوستان ان دونوں بلاکوں کے درمیان کھڑا ہے۔

(بقیہ ہندوستان کہاں ہے)

سرمایہ داروں کا وجود انسانوں کی بربادی کا باعث ہے اور اس کا زہر پھیلتا رہتا ہے۔ اس عام ذہنیت کا پیدا ہو جانا ہے کہ [illegible] اور افلاس کے باوجود بھی پیدا ہوگا۔ [illegible]

مساوات اسلامی

(خلیق حسین قاسمی)

کہ کے قریشی سرداروں کو پیغمبر اسلام سے سب سے بڑی شکایت یہ تھی کہ جو لوگ ان کی سوسائٹی میں نہایت بے وقعت اور کم حیثیت سمجھے جاتے تھے انہیں رسول اکرمؐ نے ہر قسم کے افراد اور کرام سے نواز کر سوسائٹی میں باعزت بنا دیا ہے اور انہیں عزت و شرافت کے وہی حقوق حاصل ہیں جو حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ، حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ اور حضرت عمر فاروقؓ جیسے مسلم معززین قریش کو حاصل ہیں۔

وہ سلسلے کی نسلی برتری کے غرور میں مبتلا تھے وہ اپنے آپ کو سطح انسانیت سے بالا اور مخلوق کو سطح حیوانیت فرد تر سمجھتے تھے۔ وہ اپنے غلاموں اور غریب لوگوں سے اس قدر مجبور نہیا دو سمجھو و شنا کا معاملہ کرتے کہ تعجب خاص بھی نہیں کر سکتے تھے۔ غلاموں کو پاس بیٹھنے کی بھی اجازت دیتے۔ وہ سوسائٹی میں ان کے حقیر تھے کہ انہیں اسلام قریشیوں کی طرح بیٹھنے کی بھی اجازت نہ تھی۔ وہ اور ایسے کپڑے بھی استعمال نہیں کر سکتے تھے غرضیکہ وہ قابل رحم مخلوق انسانی حقوق سے بالکل محروم تھی۔

ایسی صورت میں وہ اسے کیسے برداشت کر سکتے تھے کہ ان کے غلام اسلام قبول کر کے سماج میں اسی طرح سر اٹھا کر کے چلیں جس طرح ایک عجمہ سے بڑا قریشی مغرور چلتا ہے۔ ان کا معاملہ یہ تھا کہ اس سے پامال ہوتا تھا کہ حضرت بلال حبشیؓ کو ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ یا سیدی — اے میرے سردار — کہہ کر پکاریں وہ اپنی ملکیت اور نفس امت کے نشے میں یہ بھی گوارا نہیں کرتے تھے کہ ان مظلوموں کے اخلاق کیرکٹر کی وجہ سے رسول اللہ صلعم ان کی عزت افزائی کریں۔

وہ سماجی مساوات و اخوت کے اس منظر کو دیکھ کر بھی یقین کرنے لگے تھے کہ اسلام کا عروج ان کی تباہی اور سیادت کے لئے موت ثابت ہوگا۔

قریشی سرداروں نے اسلام کی تحریک کو ناکام بنانے کے لئے مختلف تدبیریں اختیار کر رکھی تھیں۔ لیکن ان کے غرور و نخوت کو ہوتے ہوئے [illegible] میں یہ تجویز نہیں آتی تھی کہ کمزور کے لیس ماندہ افراد کو سماج میں ان کے حقوق دیدیئے جائیں تاکہ بہت لوگ سفیر شد بستی کے تاریک ماحول اور کچھ نیچی کی مظلومانہ زندگی سے گھبرا کر اسلام کی طرف دوڑتے چلے جا رہے تھے وہ کچھ دیر کے لئے رک سکتے — بلکہ انہوں نے اس کے بجائے یہ بات سوچی کہ کوئی ایسی تدبیر اختیار کی جائے کہ مسلم سوسائٹی میں ان کے ساتھ شامل ہو جانے سے بھی اسلامی کا سماجی انقلاب جو پیغمبر اسلام کے ہاتھوں نافذ ہو جائے ختم ہو جائے یعنی اسلام چل نکلے۔

رسول اکرمؐ جس چیز کو دنیا کی ہر شے سے زیادہ عزیز سمجھتے تھے وہ اسلام کی اشاعت اور انسانیت کی فلاح و بہبود تھی جس کی خاطر آپ نے عالم اسباب کی ساری طاقتوں کو اپنا مخالف بنا لیا تھا۔ رسول اکرم انسانیت کی عالمگیر گمراہی پر جس قدر کڑھتے تھے اس کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ خود خدا تعالیٰ کو ان کا ہمدردی پیکھنا پڑا۔

اے پیغمبر! شاید تم اپنے تئیں ان کے پیچھے رنج و غم میں ہلاک کر ڈالو گے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔ (سورۂ کہف)

قریشی سرداروں کو اس بات کا اچھی طرح علم تھا اس لئے انہوں نے پیغمبر اسلام کو قبول اسلام کا لالچ دے کر اپنا مقصد حاصل کرنا چاہا چنانچہ ایک روز اقرع بن حابس تمیمی اور عیینہ بن حصن فزاری رسول اکرمؐ کے پاس گئے۔ اتفاق سے اس وقت آپؐ کی خدمت میں حضرت صہیبؓ، عمار بن یاسرؓ، بلال حبشیؓ اور حضرت خبابؓ سب کے سب موجود تھے۔ پہلے ان سرداروں نے ان غلاموں کی تحقیر کی، اور پھر رسول اکرمؐ کو علیحدہ لے جا کر یہ کہا۔

محمد! کیا تم ان رذیل لوگوں سے راضی ہو جو ہمارے غلام ہیں۔ اگر اسلام خدا کی نعمت ہے تو کیا خدا تعالیٰ نے یہی نعمت کے لئے انہی لوگوں کو چنا ہے آپ کے پاس مختلف مقامات سے وفد آتے ہیں چاہتے ہیں یہ بات باعث شرم ہے کہ وہ لوگ ہمیں ان غلاموں کے پاس بیٹھا ہوا دیکھیں۔ لہٰذا آپ ان لوگوں کے آنے جانے کا وقت مقرر کر دیجئے۔ جب ہم آپ کے پاس آئیں تو آپ انہیں اپنے پاس سے اٹھا دیا کیجئے اور جب ہم چلے جائیں تو آپ کو اختیار ہے کہ ان کے ساتھ بیٹھیں۔

یہ خدا یا کریں جب ہم چلے جایا کریں تو آپ کو اختیار ہے۔ اس صورت میں ہم آپ کے پاس آنے جانے لگیں گے اور شاید آپ کا دین اختیار کر لیں۔ (روح المعانی)

ایک طرف تو چند سرمایہ داروں نے براہ راست آکر یہ کہا، دوسری طرف مکہ کے بڑے بڑے سردار عتبہ، شیبہ، قرظہ ابن عبد عمرو ابن نوفل، حرث ابن عامر ابن نوفل، مطعم ابن عدی رسول اکرم کے چچا جناب ابو طالب کے پاس پہنچے اور کہا۔

ابو طالب! اگر آپ کا بھتیجا ان غلاموں اور حقیر لوگوں کو اپنے سے دور کر دے تو ان کی وہ عزت ذکر سے جو ہمارے بڑے آدمیوں کے ساتھ مخصوص ہے تو ہم اسلام سے بہت قریب ہو سکتے ہیں۔ (روح المعانی)

ابو طالب ان سرداروں کا یہ مطالبہ لے کر رسول اکرم کے پاس پہنچے آپ کے پاس چند قریشی سردار پہلے ہی سے موجود تھے، اور اسی مسئلہ پر بات چیت کر رہے تھے۔

وہ لوگ جو قرآن کریم کی آیات کو ہاتھوں میں انگلیاں دے لیا کرتے تھے وہ رسول اکرم کے پاس آنے جانے اور اسلام قبول کرنے کا وعدہ کر رہے ہیں۔ شرط صرف یہ پیش کر رہے ہیں کہ ان غلاموں کے مقابلہ میں ہمارا نسلی تفوق تسلیم کر لیا جائے۔

یہ شرط ایسی تھی جو اسلام کی بنیادی تعلیم کے خلاف تھی۔ لیکن حضرت عمرؓ نے رائے دی کہ یا رسول اللہ! اس شرط کو قبول فرما کر دیکھئے کہ یہ لوگ کہاں تک اس سے مقصد کو لیتے ہیں۔ آپ کو اس کی حقیقت بہت جلد معلوم ہو جائے گی۔

رسول اکرمؐ نے اشاعت اسلام کی مصلحت کو مقدم سمجھتے ہوئے امراء مکہ کی اس پیش کش کو غنیمت سمجھا اور اس شرط کو منظور فرما لیا۔ قریش کے نمائندوں نے کہا — تحریر! — ہمیں لکھ کر دیدیجئے۔

آپ نے حضرت علیؓ کو بلایا۔ وہ کاغذ قلم لے کر حاضر ہوئے۔ قریب تھا کہ یہ معاہدہ تحریر میں آ جائے کہ حضرت جبرئیل تشریف لے آئے اور خدا تعالیٰ کا یہ حکم سنایا۔

اے پیغمبر! آپ صرف انہی لوگوں کے ساتھ بیٹھا کیجئے جو صبح و شام اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اور انہیں کسی قسم کی دنیوی طمع نہیں ہوتی۔ آپ دنیوی شان و شوکت کے خیال سے ان غریبوں کو نظر انداز نہ کیجئے۔ اور ان لوگوں کا کہنا نہ مانیئے جن کے دل ہماری یاد سے غافل رہتے ہیں۔ اور ان امراء قریش سے فرما دیجئے کہ اسلام دین حق ہے۔ جس کا جی چاہے اسے قبول کرے اور جس کا جی چاہے نہ کرے۔ (سورۂ کہف)

سورۂ انعام میں عام مسلمانوں کو منانے کی غرض سے پیغمبر کو ان الفاظ میں تنبیہ کی ہے۔

اگر تم نے ان غریبوں اور امراء قریش میں امتیاز برتا تو تمہارا شمار ظالموں میں ہوگا۔

قرآن کریم نے بتلا دیا کہ اسلام کی ترقی دنیوی ساز و سامان پر منحصر نہیں ہے اس لئے اسلام کی ترقی کے خیال سے امیروں اور دولت مندوں کی [illegible] پر چلنا اور ان کی خاطر غلاموں اور لیس ماندہ لوگوں کو اچھوت سمجھنا بہت بڑا ظلم ہے۔

اس حکم کے آتے ہی رسول اکرمؐ نے حضرت علیؓ کے ہاتھ سے کاغذ لے کر پھینک دیا۔ اور خدا تعالیٰ کے اس سخت حکم سے امراء قریش مایوس ہو کر چلے گئے۔ حضرت عمرؓ نے بھی چونکہ امراء مکہ کے حق میں رائے دی تھی اس لئے یہ سخت تہدید سن کر خدا کے حضور میں معذرت خواہ ہوئے۔ جس پر یہ حکم ہوا۔

جب کوئی شخص مسلمان غلطی کر کے معذرت کرتا ہوا آپ کے پاس آئے تو اسے فرما دیجئے کہ تم پر سلامتی ہے، اور خدا نے رحمت کو اپنے اوپر لازم کر لیا ہے۔ (سورۂ انعام)

خبروں کا خلاصہ

(۱۷ دسمبر سے ۲۳ دسمبر تک)

۱۷ دسمبر

انڈونیشیا:- کے جمہوری رہنما جنہوں نے اگست ۱۹۴۵ء میں جمہوریہ انڈونیشیا کے قیام کا اعلان کیا تھا۔ اور اس وقت سے اب تک برابر جمہوریہ انڈونیشیا کے صدر چلے آ رہے تھے اب انڈونیشیا کی نئی ریاست — ریاست ہائے متحدہ انڈونیشیا کے پہلے صدر منتخب ہوئے ہیں۔

چین:- کے کمیونسٹ راہنما اور چین کی عوامی جمہوریہ کے صدر ماؤ زے تنگ ماسکو گئے ہیں اور مارشل اسٹالن سے ملاقات کی ہے۔

برطانوی:- پارلیمنٹ نے جو ایک بل منظور کیا تھا انگلستان کے حکمران نے اس پر اپنی مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔ اس قانون کی رو سے ہندوستان کو ۲۶ جنوری ۱۹۵۰ء کو اعلان جمہوریہ کے بعد ان تمام حقوق اور مراعات حاصل رہیں گی جو اسے اس وقت برطانیہ میں حاصل ہیں۔

برما:- کی حکومت نے اس اطلاع کی تردید کر دی ہے کہ چین کی کمیونسٹ افواج برما میں داخل ہو گئی ہیں۔

ہندوستان:- میں فرانسیسی مقبوضات سے پانڈیچری، چندرنگر، کاریکل، ماہی، اور یانان کے مستقبل کے متعلق جو استصواب رائے عامہ ہونے والا ہے۔ ابھی تک اس کی تاریخ کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا گیا لیکن خیال کیا جاتا ہے کہ یہ کام فروری ۱۹۵۰ء کے اواخر یا مارچ میں انجام پا سکے گا۔

۱۸ دسمبر

مجلس تحفظ نے اپنے فیصلہ کے ذریعہ جنرل میک ناٹن کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ کشمیر کے جھگڑے کو جو ہندوستان اور پاکستان کے مابین ہے حل کرنے کی کوشش کریں۔ [illegible] کی طرف سے جو [illegible]

لکھنؤ:- میں پناہ گزینوں کے نمائندوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے مسٹر موہن لال سکسینہ وزیر بحالیات نے پاکستان پر یہ الزام عائد کیا کہ وہ اس تمام جائداد کو جو غیر مسلم پاکستان میں چھوڑ کر آئے ہیں ہضم کر لینا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اس صورت حال کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اور یہ معاملہ یا تو اقوام متحدہ کے سامنے پیش ہوگا۔ یا پھر کسی بین الاقوامی ٹریبونل کے سامنے۔

مسٹر ہونگ [illegible] **بی وزیر خارجہ:** [illegible] اور انہوں نے [illegible]

کوفی پنڈت نہرو وزیر اعظم ہندوستان سے ملاقات کی۔

برما:- نے کمیونسٹ چین کو تسلیم کر لیا ہے اس سلسلہ میں حکومت برما نے ایک اعلان میں کہا ہے کہ چونکہ چین کی نئی حکومت کو چینی عوام کی حمایت حاصل ہے اور چینی اور برما کے عوام میں ہمیشہ سے دوستانہ تعلقات رہے ہیں اس لئے یہ ضروری ہے کہ چین کی جدید حکومت کو تسلیم کر لیا جائے۔

جنوبی:- افریقہ کے تعلیم یافتہ [illegible] کے نمائندے قابل احترام مائیکل اسکاٹ نے ایک بیان میں اس پر اظہار مسرت کیا ہے کہ اقوام متحدہ نے ان کی نمائندگی کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے بیان کو سنا۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ جنوبی افریقہ کے مقامی باشندوں کی اہم فتح ہے۔

گذشتہ:- ہفتہ سے چیانگ کی خلیفت فوجوں اور خلیفت ہائی کمان کے درمیان ریڈیو تعلق بھی منقطع ہو گیا ہے مگر لسٹ جنرل چیانگ کی فوجیں شمال کی طرف سے شہر پر حملہ آور ہونے کے لئے بڑھ رہی ہیں۔

پنڈت:- نہرو نے کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ کسی ملک کی دولت کا اندازہ سونے چاندی کے ذخیرہ سے نہیں ہوتا بلکہ خوراک کپڑے اور دوسری ضروری اشیاء سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی پہلی ضرورت خوراک ہے حکومت نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ ۱۹۵۱ء کے بعد باہر سے غلہ نہیں خریدے گی۔ یہ بات باعث حیرت ہے کہ اگرچہ ملک کا زیادہ تر حصہ زراعتی ہے۔ پھر بھی ملک میں خوراک کی قلت ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ عوام مسلسل غریب ہیں۔ اگر ہم عوام کی حالت کو بہتر بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ہونا پڑے گا۔

ہندوستان:- کے تمام جمہوریوں اور سیاسی [illegible] [illegible] ہندوستان کے ایک عظیم [illegible] کی اہمیت کو واضح کیا۔

۱۹ دسمبر

لیک سکسس سے یہ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ مجلس تحفظ کے اجلاس میں چیکوسلواکیہ کے نمائندے ڈاکٹر جائل نے برطانیہ اور امریکہ پر یہ الزام عائد کیا ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشمیر کے مسئلہ پر جو کام کشمیر کمیشن کر رہا تھا اس میں برطانیہ اور امریکہ کی مداخلت (بقیہ صفحہ پر)

کی فلاح ہو یا نقصان انہیں اپنی نفع خوری سے غرض ہے۔ کسی جمہوری ملک میں جمہوریت کے حقیقی [illegible] کا صرف جمہوریت کو برقرار رکھنے کے لئے ہر عاقل و بالغ کا تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے ہمارے ہاں دس یا سات فی صدی تعلیم یافتہ ہیں اور اس میں فوری نمایاں ترقی کے لئے کوئی امید نہیں۔ پھر ہندوستان کے چند سو فرقے ایک دوسرے سے دست و گریباں ہیں۔ اور ہر ایک خود کو حق پر سمجھتا ہے۔ اور ہر فرقہ خود کو سیاست میں بھی رہنما بنانے کا دعویدار ہے۔ جہاں یہ تمام فرقے بھی دنیا [illegible] [illegible] کیا ہے۔

ان سب سے بڑھ کر خرابی یہ ہے کہ جماعت [illegible] [illegible] ان تمام الجھنوں، کشمکش اور پریشانیوں کے علاوہ سب سے بڑی پریشانی کسی ایک بلاک میں شامل ہونا ہے۔ کیونکہ ہندوستان دولت مشترکہ میں شامل ہے۔ لیکن اس کی حیثیت سے جو سب سے بڑا خطرہ ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے اوپر امریکہ کا سرمایہ کاروں کا [illegible] [illegible]

میں اپنی جانیں بچوم کر دیے ہیں۔ اور اس کے بعد میں پانچ سوسیلسٹ پانچ منصوبہ میں کھڑے کر دکھائے ہیں۔ عوام کی یہ عالمگیر تحریک اس قدر جامع اور مانع ہے کہ غیر کی اس میں کوئی گنجائش نہیں۔ اور ہم ان کی نسبت دور سے قیاس ہی کر سکتے ہیں اور بس۔ اس طرح آدھی دنیا اس تحریک کے زیر اثر آ گئی ہے۔ اور اس بلاک کو سب سے زیادہ تقویت یوں پہنچ رہی ہے کہ ہر جگہ کے پس ماندہ لوگ جوق در جوق اس تحریک کو قبول کر رہے ہیں۔

ان دو بلاکوں کے درمیان ہندوستان ہے ہندوستان [illegible] [illegible] ہے۔ ایشیا کے تمام ممالک کمزور اور ضعیف ہیں اور عرب ممالک دیدہ امریکہ پر گڑ دہ ملک کا [illegible] انتظار کر رہا ہے۔ ہندوستان اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے لئے باہر کے سرمایہ کی بھی ضرورت محسوس کرتا ہے اور باہر کے سرمایہ دار اس کو بڑی اور سستی کے قریب دیکھ کر اپنا سرمایہ لگانے کے لئے باصابطہ حالات اور ضمانتوں کی سوچ رہے ہیں۔ اور اگر باہر کا سرمایہ نہیں لگتا ہے تو اندرونی انتشار و افلاس کی روک تھام کے لئے کافی وقت اور اس کی ضرورت لازمی ہے۔ جب جائے گی تو ترقیاں کی حامی انجمن حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ جنہیں غیر کی ترقی کی اسکیموں کو روک دیا ہے۔ اور وہ سرمایہ کو بیلے [illegible] میں لگانے کا ارادہ کر رہا ہے۔ حکومت کی مشین چلانے والے چند چوٹی کے عہدے داروں کے علاوہ باقی تمام وہ ملازمین جو انگریز کے زمانے میں ایک خاص غلامانہ ذہنیت کے ساتھ کام کر کے اپنی نوکری بحال رکھنے اور اپنی کرسی کا اقتدار قائم رکھنے کے عادی تھے۔ ہمارے سرمایہ دار تاجر وہی ہیں جنہوں نے جاپانی گڑبڑ سے ہر کانگریس کی مہربانی کو ایک دیسی گروہ کے نام سے فروخت کیا تھا اسی لئے بھی سب سے جو صوف [illegible] میں انہیں اپنے منافع سے کام ہے۔ عوام

اہم خبروں کا خلاصہ

(بقیہ — صفحہ —)

کی حکومت بنانا ہوگی۔ گئیں نے ہندوستان، پاکستان اور افغانستان کے سامنے ثالثی کی تجویز پیش کی تھی۔ لیکن اس کا مسٹر شیخی اور سردار نے علم کھلا اعلان کر دیا۔ امریکہ کے اخبارات نے اس کو اجاگر کر کے شائع کیا۔

بلم اکتوبر:- ۱۹۴۹ء کو پاکستان کے وزیر مسٹر گرمانی نے کشمیر کمیشن کو ایک خط میں لکھا تھا کہ چونکہ پاکستان اور کشمیر کے درمیان اگست ۱۹۴۷ء کو ایک جوں کا توں معاہدہ ہو گیا تھا اس لئے ہندوستان کو یہ حق نہیں تھا کہ وہ ریاست کی شمولیت کو منظور کرتا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے سر گوپال سوامی آینگر نے کہا تھا کہ اس معاہدہ سے متعلق صرف ذرائع آمد و رفت، ڈاک تار، پوسٹ اور ٹیلیگراف وغیرہ تھے۔ اس معاہدہ کا تعلق غیر ملکی معاملات اور خارجی پالیسی سے نہیں تھا۔ اسی لئے ہندوستان ریاست کی شمولیت کو منظور کر سکتا تھا۔

برما:- کے وزیر خارجہ مسٹر ٹونگ نے اس کا اعلان کیا کہ برما کے وزیر اعظم تھاکن نو کو کولمبو میں ہونے والی دولت مشترکہ کے وزرائے عظام کی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

جنوبی کلکتہ:- میں کمیونسٹ ٹریڈ یونین کانگریس کے ایک جلسہ کے بعد انہوں نے ایک جلوس نکالا یہ جلوس چونکہ خلاف قانون تھا اس لئے پولیس نے مداخلت کی اس پر جلوس نے پولیس پر بم پھینکے اور ٹراموں پر بھی حملہ کیا۔ اس ہنگامہ میں ایک پولیس سب انسپکٹر اور چار پولیس کانسٹبل زخمی ہوئے۔

چونکہ:- حکومت برما نے چین کی سرخ حکومت کو تسلیم کر لیا ہے اس لئے چین کی خلیفت حکومت نے برما سے سفارتی اور سیاسی تعلقات منقطع کر لئے ہیں۔

۲۱ دسمبر

جنرل میک ناٹن ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشمیر کے مسئلہ کو سلجھانے کے لئے نجی طور پر کوشش کر رہے ہیں خیال ہے کہ یہ گفت و شنید کرسمس سے قبل ختم ہو جائے گی۔ کیونکہ ۳۱ دسمبر کو کونسل کی عمری کی مدت ختم ہو رہی ہے اور اس کے بعد جنرل میک ناٹن کو اس کوشش کا حق نہ ہوگا۔

جنرل رمولو:- صدر جنرل اسمبلی اقوام متحدہ نے دنیا کی چھ بڑی طاقتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایٹم بم کو ممنوع قرار دینے کے مسئلہ پر سب سے پہلے توجہ دیں۔ جب روس، برطانیہ، چین، فرانس اور امریکہ کے نمائندے ایٹمی کنٹرول پر غور کرنے کے لئے جمع ہوئے تو جنرل رمولو نے اس سلسلہ میں متعدد تجاویز پیش کیں۔

چین:- کی خلیفت حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ ان سمندروں میں جن پر کمیونسٹوں کا قبضہ ہے سرنگیں بچھائے گی۔ اس اعلان کا مقصد یہ ہے کہ کمیونسٹ علاقہ کی ناکہ بندی کو مکمل کر دیا جائے۔ اس اعلان سے برطانیہ اور دوسرے ممالک میں سخت ناراضگی کی لہر پھیل گئی ہے۔ کیونکہ اس طرح ان ملکوں کے جہازوں کو خطرہ لاحق ہو جائے گا۔

حیدر آباد:- میں نظام حیدر آباد نے گورنر جنرل سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات نصف گھنٹہ تک جاری رہی۔ اس کے جواب میں گورنر جنرل خود نظام سے ملاقات کے لئے گئے۔

ڈاکٹر راجندر پرشاد:- نے لکھنؤ یونیورسٹی میں کنونشن ایڈریس دیا ہے اپنی تقریر میں کہا کہ یہ بات بہت بری ہے کہ لوگ محض طاقت حاصل کرنے اور عہدوں پر پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے طالب علموں کو مشورہ دیا کہ وہ خدمت کے اعلیٰ نظریوں پر غور کریں۔

بٹاویہ:- میں نئے وزیر اعظم ڈاکٹر محمد حتا کا شاندار استقبال ہوا۔ نئی متحدہ انڈونیشیا کی حکومت کے لئے ۱۷ آدمیوں کی ایک کابینہ مقرر کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سوئیکارنو نئی متحدہ حکومت کے صدر مقرر ہوئے ہیں۔

سیگاؤں:- میں ویٹ نامی لیڈر ڈاکٹر ہوچی منہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ آزادی کے مسئلہ پر فرانس سے کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ بلکہ مکمل آزادی کو حاصل کرنے کے لئے اپنی جد و جہد جاری رکھیں گے۔

عرب لبریشن آرمی کے ایک افسر کرنل عابد شیشکلی نے شام میں تیسری مرتبہ انقلاب برپا کیا ہے اور شام میں دوسرے انقلاب برپا کرنے والے فوجی افسر کرنل سمیع الحناوی کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس سلسلہ میں کرنل عابد نے دمشق ریڈیو سے جو تقریر نشر کی ہے۔ اس میں کہا [illegible] [illegible] [illegible]

سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ کرنل حناوی اور ان کے ساتھی عراق کے خواہاں تھے کہ عراق اور شام کو متحد کر کے ایک بادشاہی بنا دی جائے۔

چین کی خانہ جنگی کے سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ خلیفت فوجوں نے وہاں کے ایک شہر کن منگ پر از سر نو قبضہ کر لیا ہے۔

خلیفت حکومت نے یونان کے گورنر کو اس لئے اس کے عہدہ سے معزول کر دیا ہے۔ کہ اس نے دشمن کی حمایت میں بغاوت برپا کر دی ہے اور اس کی گرفتاری کے لئے وارنٹ جاری کر دیے ہیں۔

ریڈیو جوگ جاکارتا کے ایک نشریہ سے معلوم ہوا ہے کہ ریاست ہائے متحدہ انڈونیشیا کے صدر منتخب ڈاکٹر سوئیکارنو نے ڈاکٹر محمد حتا کو نئی ریاست کا پہلا وزیر اعظم مقرر کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے کابینہ کے چار اور اراکین کو بھی نامزد کر دیا ہے۔ یہ اراکین دوسرے وزراء کا انتخاب کریں گے۔

۱۴ مئی ۱۹۴۸ء کو اسرائیل کے قیام اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کو اسے تسلیم کر لینے کے بعد عراق، مصر، شرق اردن، شام اور لبنان میں بھی ایک وقت جو مارشل لا جاری کر دیا گیا تھا۔ عراق کی موجودہ حکومت نے اسے واپس لے لیا ہے۔

۲۲ دسمبر

ادارہ اقوام متحدہ میں ہندوستان کے مستقل مندوب مسٹر بی۔ این۔ راؤ نے ایٹمی قوت پر کنٹرول کے سلسلہ میں ایک نئی تجویز پیش کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اس قوت کو صرف پر امن تعمیری کاموں کے لئے مخصوص کیا جائے اور کوئی ریاست یا فرد ایٹم بنانے اور استعمال کرنے کا مجاز نہ ہو۔ انہوں نے اپنی تجویز میں کہا ہے کہ ادارہ اقوام متحدہ ان نکات کی بنیاد پر ایک منشور تیار کرے اور اس ادارہ کے شریک ممالک اس پر عمل پیرا ہوں۔

مشرقی بنگال کی مسلم لیگ پارلیمنٹری پارٹی نے اپنے ایک اجلاس میں ایک قرارداد کے ذریعہ سے حکومت پاکستان سے اس امر کا مطالبہ کیا ہے کہ وہ رسل و رسائل اور دفاعی امور کے علاوہ پاکستان کے اس حصہ کو اندرونی خود مختاری دیدے۔

کانگریس ورکنگ کمیٹی نے کرناٹک کو ایک علیحدہ صوبہ بنا دیئے جانے کے مطالبہ کو ناقابل عمل قرار دیدیا ہے۔

۲۳ دسمبر

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدر ٹرومین نے مقتولین جنگ کی یادگار کی تقریب کے سلسلہ میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر انسان خدا کی جانب متوجہ ہو جائے تو دنیا جنگ سے محفوظ رہ سکتی ہے ہم جنگ کی تیاریاں ضرور کر رہے ہیں لیکن وہ مدافعانہ ہیں اور جب تک دنیا کے کسی گوشہ کو بھی جنگ کا خطرہ لاحق رہے گا ہم ان تیاریوں سے دست کش نہ ہوں گے۔

— چین کی خلیفت حکومت نے برطانیہ کو ایک مراسلہ بھیجا ہے جس میں کہا ہے کہ چونکہ ابھی ادارہ اقوام متحدہ کی ایک مجلس چین کی اس شکایت پر غور کر رہی ہے کہ سوویٹ روس نے چین اور روس کے معاہدہ کی خلاف ورزی کی ہے اس لئے فی الحال چین کی کمیونسٹ حکومت کو تسلیم نہ کیا جائے۔

کشمیر کے متعلق جدید فارمولا ہند اور پاکستان کو دیدیا گیا

ہندوستانی اور پاکستانی نمائندوں کی علیحدہ علیحدہ کانفرنسیں

۲۷ دسمبر سے قبل اختلافات دور کرنے کی کوشش!

نیویارک ۲۴ دسمبر — پ ۔ ٹ ۔ ا کے نامہ نگار نے نیویارک سے اطلاع دی ہے کہ معلوم ہوا ہے کہ مجلس تحفظ کے صدر جنرل میک ناٹن نے ہند اور پاکستان کے نمائندوں کو کشمیر کے مسئلہ گفت و شنید کی بنیاد کے لئے چند اہم تجاویز پیش کر دی ہیں۔

جنرل میک ناٹن کو مجلس تحفظ نے ناروے کی تجویز منظور کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر پر نجی گفت و شنید کی اجازت دی تھی تاکہ کشمیر کے مسئلہ پر ہند و پاکستان کا سمجھوتہ کرایا جا سکے۔ مذکورہ بالا تجاویز اس گفت و شنید کا نتیجہ ہیں جو جنرل موصوف اور ہند و پاکستان کے نمائندوں کے درمیان ہوئی تھی۔

یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ ہند اور پاکستان کے نمائندوں نے جنرل میک ناٹن کا پیش کردہ فارمولا (تجاویز) اپنی اپنی حکومتوں کو بھیج دیا ہے۔ تاکہ مزید ہدایات حاصل کی جا سکیں۔ دونوں وفدوں کی علیحدہ علیحدہ کانفرنسیں ہوئیں۔ اور تجاویز مذکورہ بالا کی پیچیدگیوں پر غور کیا گیا۔ ان پیچیدگیوں کا فیصلہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک کہ دونوں حکومتوں کی طرف سے اس سلسلہ میں مزید ہدایات موصول نہ ہو جائیں۔ سیاسی حلقوں کا خیال ہے کہ جنرل میک ناٹن چاہتے ہیں کہ مجلس تحفظ کا آئندہ اجلاس سے قبل جو ۲۷ دسمبر کو لیک سکسس میں منعقد ہوگا اگر ممکن ہو سکے تو دونوں وفدوں کے اختلافات کو ختم کرا دیا جائے۔

تجاویز مذکورہ بالا سختی سے راز میں اس لئے رکھا جا رہا ہے کہ کہیں نجی گفت و شنید کے ذریعہ سمجھوتہ کے امکانات میں پیچیدگی نہ پیدا ہو جائے۔ (پ ۔ ٹ ۔ ا)

صوبہ آندھرا کے دار السلطنت و مالی حالت پر غور و فکر

صوبہ کو ۲ کروڑ بیس لاکھ کا خسارہ ہوگا، ماہرین مالیات کی رائے

مدراس ۲۴ دسمبر

تقسیم کونسل نے اپنے کل کے اجلاس میں آندھرا کے جدید صوبہ کے دار السلطنت کے تعین مقام پر غور کیا گیا، مزید برآں املاک اور واجبات کی تقسیم پر بھی غور ہوا۔

معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آندھرا کے ممبروں نے کہا کہ شہر مدراس کو نئے صوبہ کا عارضی دار السلطنت مقرر کیا جائے اس کے بعد ایک مستقل اور مناسب جگہ کا انتخاب ہو۔ کمیٹی کے بعض ممبروں نے اس مشورہ کو پسند نہیں کیا، اس مسئلہ پر بحث نامکمل رہی اور کل پھر اس پر غور کیا جائے گا۔

کانگریس جنرل سکریٹری مسٹر کالا وینکٹ راؤ بھی تقسیم کونسل کے ممبر ہیں، انہوں نے کہا کہ اجلاس میں صوبہ آندھرا کی مالی حالت پر بھی غور کیا گیا۔

انہوں نے یہ امید ظاہر کی کہ کمیٹی ایک ہفتہ کے اندر اندر اپنا کام ختم کر دے گی اور دار السلطنت سے متعلق کوئی نہ کوئی فیصلہ ہو جائے گا کہ اس کو عارضی طور پر مدراس ہی میں رکھا جائے یا کہیں اور۔

جہاں تک مالی حالت کا تعلق ہے ماہرین غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ صوبہ کو ۲ کروڑ ۲۰ لاکھ کا خسارہ ہوگا۔ مسٹر کالا وینکٹ راؤ نے کہا کہ صوبہ مدراس مجموعی طور پر خسارہ کا صوبہ ہے اس لئے اس کے کسی حصہ کو لازمی طور پر خسارہ برداشت کرنا ہوگا۔

کراچی ۲۴ دسمبر۔ انڈونیشیا [illegible] پاکستانی وفد کے لیڈر چودھری نذیر احمد خاں نے بتایا کہ پاکستان کی [illegible] انڈونیشیا کی [illegible]

ہائی کمشنروں کو ترقی دے کر سفیر بنا دیا جائے یا نہیں؟

برطانیہ کا دولت مشترکہ کے ممالک سے استصواب

لندن ۲۴ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حکومت برطانیہ نے دولت مشترکہ کے ممالک سے سوال کیا کہ کیا وہ اپنے نمائندوں کا درجہ ہائی کمشنر سے بڑھا کر سفیر کرنا چاہتے ہیں یا نہیں؟

جو جوابات اس سوال کے موصول ہوئے ہیں وہ مختلف ہیں۔ ہندوستان چاہتا ہے کہ ۲۶ جنوری کو جمہوریہ کے اعلان کے بعد اس کا سفیر انگلستان میں رہے۔ ہائی کمشنر نہیں۔ لیکن دولت مشترکہ کے دوسرے ممالک اس کے مخالف ہیں۔ برطانوی افسروں نے ابھی تک اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ (پ ۔ ٹ ۔ ا)

مدراس ۲۳ دسمبر۔ مدراس پولیس نے ایم پالم گاؤں میں ایک مکان سے ایک بندوق، ۹ کارتوس اور بارود کی کچھ مقدار برآمد کی۔ اس مکان سے ایک کا[illegible] بھی [illegible]

راجہ جی کی تقریر — بقیہ صفحہ ۳

راجہ جی نے اورنگ آباد کی [illegible] اورنگ آباد بھی جلد ہی ہندوستان کے کلچر کا مرکز بن جائیگا۔ لوگ دور دور سے ان کو دیکھنے کے لئے آئیں گے۔ آخر میں راجہ جی نے کہا۔ ماضی کے واقعات کو بھلا دو۔ صرف مستقبل کا خیال رکھو۔ صرف محبت اور دوستی سے ہی خوشی کا دور دورہ ہو سکتا ہے۔ دشمنی اور عداوت کے بیج بونے سے کچھ حاصل نہیں۔ دوستی اور محبت کے پھل پیدا ہونگے۔ (پ ۔ ٹ ۔ ا)

کیا آپ بتائیں گے

بازاروں کے بھاؤ

۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء

بازار حصص

[illegible]

دہلی سائیکل مارکیٹ

[illegible]

نرخ میناری ہل مارکیٹ

[illegible]

وزیر اعظم فرانس بمبئی میں

[illegible]

صوبہ آندھرا کے متعلق

متفقہ تجاویز حکومت ہند کے سامنے

[illegible]

لکھنؤ میں ۵ کمیونسٹ گرفتار

[illegible]

رامپور میں منسوخ زمینداری

[illegible]

درگاہ حضرت خواجہ قطب صاحب کی جانب سے

انڈونیشیا کو پیغام تبریک و تہنیت

دہلی ۲۷ دسمبر۔ درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی [illegible]

ہند اور انڈونیشیا کے مابین سفارتی تعلقات

[illegible]

بھیلواڑہ میں وفد جمعیۃ کی آمد

[illegible]

موجودہ حکومت کی پالیسی ہندوؤں کے مفاد کو نظر انداز کرتی ہے

آل انڈیا ہندو مہاسبھا مسٹر کھرے کی پریس کانفرنس

کلکتہ ۲۷ دسمبر۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے نئے صدر ڈاکٹر این بی کھرے نے ایک پریس کانفرنس میں [illegible]

قیدیوں اور سپاہیوں میں تصادم

دو قیدی ہلاک اور کئی زخمی

[illegible]

مشرقی پاکستان میں

کوئلے کے ذخیروں کی دریافت

[illegible]

ملکہ کا اجلاس

[illegible]

ڈاکٹر حتی کی تقریر

[illegible]

عبدالرحیم سوئیکارنو کے نام تار

[illegible]

ملکہ ہالینڈ کی تقریر

[illegible]

ہالینڈ میں انتقال اقتدار کی تقریب

[illegible]

دارالسلطنت

پناہ گزینوں کی حالت!

[illegible]

پولیس کے چھاپے

[illegible]

صراف سے دھوکہ

[illegible]

مغویہ لڑکی برآمد

[illegible]

کپڑے کے بیوپاریوں کی علامتی ہڑتال

[illegible]

کانسٹیبل پر مقدمہ

[illegible]

ریلوے گڈز کلرک بری!!

[illegible]

اوورسیر کے خلاف مقدمہ

[illegible]

انڈونیشیا کی آزادی کی تاریخی تقریب

گورنر جنرل اور ملکہ جولیانا کی تقریریں

(بقیہ صفحہ اول)

[illegible]

ڈچ گورنر جنرل کی تقریر

[illegible]

روزنامہ
الجمعیۃ دہلی
۳۰/ دسمبر ۱۹۴۹ء

کھچاؤ اور عدم تعاون

ہمیں یہ تسلیم کر لینا چاہئے کہ یہ وقت ہمارے لئے بہت نازک ہے اور یہ بھی مان لینا چاہئے کہ اس وقت انتقام اور جذبات کی نہیں مآل اندیشی اور خردمندی کی ضرورت ہے، یہ وہ وقت ہے کہ اگر قدم میں ذرا سی بھی لغزش پیدا ہوئی اور دماغ گمراہی کی طرف چلا تو ہم کہیں کے بھی نہ رہیں گے اور پاکستان اور ہندوستان دونوں کو اندازہ سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑے گا!

دو چار ہی روز پہلے ہم ہند اور پاکستان کے تعلقات پر اپنے دلی جذبات کا اظہار کر چکے ہیں، ہم نے لکھا تھا کہ دونوں کے تعاون، مفاہمت، اور خیر سگالی میں ہی دونوں کا فائدہ ہے اور دونوں کی کشیدگی اور علیحدگی سے دونوں ہی کا نقصان ہے، یہ بات بہت آسان ہے کہ ہم جوش میں آکر پاکستان کو گالیاں دینی شروع کر دیں [illegible]

[illegible]

اچھی باتیں

فذکر تا مصیطر (پ ۳۰ ع ۱۳)

آپ لوگوں کو نصیحت کرتے رہئے کیونکہ
آپ کا منصب لوگوں کو بیدار کرنا ہے
آپ لوگوں پر داروغہ بنا کر نہیں
بھیجے گئے۔

یعنی آپ تو اس لئے بھیجے گئے ہیں کہ انسان کو اُس کی اصلی فطرت یاد دلائیں اور نصیحت کے ذریعہ اُسے راہِ راست پر لائیں، اس لئے نہیں بھیجے گئے کہ لوگوں پر زبردستی کریں اور اپنی بات کو جبراً منوائیں، ماننے کا تعلق دل سے ہے لہٰذا ایسا طریقہ اختیار کرنا چاہئے کہ سچائی دل کے اندر بیٹھ جائے اور انسان اس سچائی کو دل سے قبول کرے۔ زبردستی کی کوئی بات دل میں نہیں اُتر سکتی، اور جس بات کا تعلق دل سے نہ ہو وہ نظریات کو نہیں بدل سکتی۔ پس مسلمانوں کا کام یہ ہے کہ محبت اور سچائی کے ساتھ دلوں کو ٹٹولیں اور اُنھیں ایسی غذا دیں جو آسانی سے ہضم ہو سکے اسلام کی باتیں فطرت کے مطابق ہیں اس لئے اُنھیں دل میں اُتارنے کے لئے بھی فطری طریقے اختیار کرنے چاہئیں۔

نذرِ عقیدت

بخدمت حضرت مجاہدِ ملت مولانا حفظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند

(از جناب حکیم اشتیاق حسین صاحب شوق)

[illegible]

قطعہ بخدمت حضرت مولانا احمد سعید صاحب

[illegible]

قطعہ بتقریب تشریف آوری مولانا محمد میاں صاحب

[illegible]

قطعہ بخدمت حضرت مفتی عتیق الرحمٰن صاحب قبلہ

[illegible]

امن پسندوں کی جنگ

[illegible]

اکثریت اور اقلیت

[illegible]

مباحثِ امروز

(نقاد کے قلم سے)

شام کا سیاسی بحران

[illegible]

ہلال زرخیز کی اسکیم

[illegible]

سیام سُرخ خطرہ کی لپیٹ میں

[illegible]

ساٹھ ہزار مزدور بے کار

[illegible]

ایشیائی دولت کی بربادی

[illegible]

ایشیائی زمینیں

[illegible]

خسارے کے بجٹ

[illegible]

انڈونیشیا آزاد ہو گیا | جمعہ کے دن ہند چینی بھی آزاد ہو جائے گا

ڈچ گورنر جنرل نے تمام اختیارات نئی حکومت کو سونپ دیئے

بٹاویہ میں گورنر جنرل کے محل میں تاریخی تقریب

۳۲ ملکوں کے نمائندوں کی شرکت!

[illegible]

سلطان جوگجا کارتا کی تقریر

[illegible]

شام میں نئی مخلوط وزارت

[illegible]

انڈونیشیا کی آزادی کے بعد ہند چینی کا نمبر

اقتدار اعلیٰ سابق شہنشاہ باؤ دائی کی حکومت کو سونپا جائیگا

[illegible]

ایرانی ماہرین اقتصادیات دہلی میں

[illegible]

پارلیمنٹ کے دس ممبران کشمیر کے محاذ پر پہونچ گئے

[illegible]

ہند میں جہازوں کے کارپوریشن کا قیام

برطانوی کمپنیوں کی پیش کش

[illegible]

راجستھان کے تین مشہور ڈاکو ہلاک

[illegible]

ہند اور پاکستان نے کشمیر کے بارے میں نئی تجاویز کا جواب دے دیا؟

ہندی وفد کی اہم میٹنگ سر ظفر اللہ کی مک ناٹن سے ملاقات

صدر مجلس تحفظ دونوں وفود سے علیحدہ علیحدہ مذاکرات کریں گے

[illegible]

روزنامہ ”ملاپ“ جالندھر پر پابندی

ایک ماہ تک اشاعت ممنوع

[illegible]

چیف مجسٹریٹ کی عدالت سے قیدیوں نے جانے سے انکار کر دیا

[illegible]

”نہرو حکومت کی کوششیں دنیا بھر کیلئے خطرہ ہیں“

لکھنؤ کی امن کانفرنس میں حکومت پر الزامات

[illegible]

انڈونیشیا کی آزادی ایشیائی تاریخ کا اہم واقعہ ہے

انڈونیشیا کی آزادی کے جشن میں پنڈت جی کی تقریر

[illegible]

مسٹر بیون کی روانگی

[illegible]

مشرقی پنجاب میں شکر کے کوٹہ میں اضافہ

[illegible]

آسٹریلیا نے انڈونیشیا کی حکومت کو تسلیم کر لیا

[illegible]

میٹرک میں انگریزی بطور مضمون اختیاری

[illegible]

مزدوری کرنے والے کسانوں کی تنخواہوں کے تعین کا مسئلہ

حکومت ہند عنقریب تحقیقات شروع کرنے گی!

[illegible]

سیلون کے ترمیمی بل کی تصدیق

[illegible]

ہم انڈونیشیا کو ہر امداد دے کر خوش ہوں گے

بٹاویہ میں راجکماری امرت کور کی تقریر

[illegible]

آندھرا کے صوبے کی ایک کانفرنس کا فیصلہ

[illegible]

دیوبند کے پاکستانی طلباء کی مشکلات

[illegible]

درجۂ حرارت طلوع و غروب

[illegible]

کلکتہ کے گورنمنٹ ہاؤس میں آتش زدگی

[illegible]

جوئے باز گرفتار

[illegible]

باہمی امداد و تعاون کی آل انڈیا کانفرنس

۱۹ فروری کو افتتاحی رسم ہوگی

[illegible]

جاپانی تاجروں کو رعایت

[illegible]

دہلی میں چوریوں کی بھرمار

[illegible]

افکار ——— و ——— اخبار

انڈونیشیا آزاد ہوگیا

انڈونیشیا اور ہالینڈ کے درمیان معاہدہ آزادی کے سلسلے میں جو گفت و شنید ہو رہی تھی، وہ خیر سے اپنے انجام کو پہنچ گئی ہے اور انڈونیشیا والوں نے ہالینڈ کی طرف سے آزادی کی جو پیشکش کی گئی ہے اُسے تسلیم بھی کر لیا ہے چنانچہ آزاد انڈونیشیا کا وزیر اعظم ڈاکٹر محمد حتیٰ ہالینڈ کے پایۂ تخت ہیگ جا رہا ہے۔ تاکہ وہاں ہالینڈ کی ملکہ کے ہاتھ سے ۲۷ دسمبر کو آزادی کی دستاویز حاصل کرے۔

انڈونیشیا کی کل آبادی سات کروڑ ہے، اور اس میں تقریباً ۹۰ فی صدی سے زیادہ مسلمان ہیں، انڈونیشیا ایک جمہوریت ہوگی جس کا صدر مشہور وطن پرور سوکارنو چنا گیا ہے

انڈونیشیا نے جن شرطوں پر ہالینڈ سے آزادی لی ہے، انڈونیشیا کے انتہا پسند قوم پرستوں یا وہاں کے کمیونسٹوں کے نزدیک خالص آزادی نہیں ہے چنانچہ جب ہالینڈ کے ساتھ معاہدے کے معاملے کو انڈونیشی پارلیمنٹ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے اس کی مخالفت کی، لیکن اس کے باوجود ڈاکٹر حتیٰ کی پارٹی کی اکثریت کی وجہ سے وہ معاہدہ منظور کر لیگیا۔

اگر ہالینڈ والوں کا بس چلتا تو وہ ان شرطوں پر بھی انڈونیشیا کو آزاد نہ کرتے لیکن وہ تو محض امریکہ اور برطانیہ کے دباؤ سے اس سونے کی چڑیا کو ہاتھ سے دینے پر راضی ہو گئے ان دونوں سلطنتوں کو ڈر تھا کہ اگر انڈونیشیا میں قومی حکومت نہ بنی تو وہاں کمیونزم پھیل جائے گا، اور چین کی طرح یہ ملک بھی ان کے ہاتھ سے نکل جائے گا اور ان زرخیز جزیروں سے بھی انہیں اقتصادی طور پر محروم ہونا پڑیگا

بیت المقدس یہودیوں کے ہاتھ میں

فلسطین کی یہودی ریاست روز بروز اپنے پاؤں پھیلا رہی ہے [illegible] اقوام متحدہ نے فلسطین [illegible] اس سے زبردستی اس سے زیادہ علاقہ لے لیا اور جب اُسے اپنے حصے سے زیادہ علاقے پر دست کش ہونے کو کہا گیا۔ تو وہ اڑ گئی اور اقوام متحدہ کے ہر حکم کو مسترد کر دیا۔

اب بیت المقدس کا معاملہ در پیش ہے اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ اس شہر کو بین الاقوامی بنا دیا جائے لیکن یہودی اُسے اپنی نئی ریاست کا پایۂ تخت بنانے پر تلے ہوئے ہیں اور اقوام متحدہ کی ہر سفارش کو ٹھکرا رہے ہیں، اور تو اور چند دن ہوئے یہودی ریاست کا وزیر اعظم بیت المقدس میں منتقل ہو گیا ہے اور اب اُس کا دفتر بیت المقدس ہی میں رہے گا اس پر اقوام متحدہ کا ادارہ خاموش ہے اور یہودیوں کی ہر دراز دستی کے سامنے تسلیم ختم کرتا جا رہا ہے۔

بیچارے عرب ملک دم کھو بیٹھے ہیں اگر ایکا ہوتا تو شاید یہودیوں سے لڑتے لیکن اس وقت ان میں آپس میں چل رہی ہے۔ شاہ عبداللہ یہودیوں سے صلح کر رہا ہے اور مصر اُس کے خلاف ہے لیکن وہاں اندرونی جھگڑے بہت ہیں، عراق شام کو ساتھ ملانے کے چکر میں ہے لیکن شام کی فوجیں مانتی؛ چنانچہ اُس نے چار دن ہوئے حکومت پر قبضہ کر لیا اور صدر حکومت کو مجبور کیا کہ وہ شام کو عراق سے ملحق کرنے کا سوال ترک کر دے باقی اسلامی دنیا، بے حس ہے، اور اس کے دیکھتے دیکھتے اسلام کا پہلا قبلہ یہودیوں کے قبضے میں جا رہا ہے۔

جب ہم غلام تھے تو فلسطین کے لئے خون پسینہ ایک کرنے کو تیار رہتے تھے۔ اب ہم آزاد ہیں۔ لیکن اسلام کے پہلے قبلے کو یہودیوں کے ہاتھ میں جاتے دیکھ رہے ہیں اور سوائے بے معنی احتجاج کے کچھ نہیں کرتے۔

(آفاق لاہور)

حقیقت پسندی!

حال ہی میں چین کی نیشنلسٹ حکومت کی فوجیں اپنا ملک چھوڑ کر مہا چین میں گھس آئی ہیں خود مارشل چیانگ کائی شیک جن کا اقتدار ہمیشہ کے لئے ختم ہو چکا ہے اس سرزمین کو خیرباد کہہ چکے ہیں اُن کے جرنیل یکے بعد دیگرے کمیونسٹ فوجوں کے آگے ہتھیار ڈالتے جا رہے ہیں۔ نیشنلسٹ فوجیں یا تو کمیونسٹوں کے ساتھ مل گئی ہیں یا وہ راہزنوں کی شکل میں امن و امان کی دشمن بن گئی ہیں نیشنلسٹ حکومت کے قائم مقام پریذیڈنٹ امریکہ تشریف لے گئے ہیں۔ اور خیال نہیں کہ وہ واپس آنے کی ہمت کریں فارموسا میں مارشل چیانگ کائی شیک کی مدافعت زیادہ دن نہیں نکال سکتی چین کا حال اور مستقبل اس وقت کمیونسٹ حکومت کے ہاتھ میں ہے۔ ان حالات میں حکومت پاکستان کو حقیقت پسندی کا ثبوت دیتے ہوئے جنرل ماؤزے تنگ کی حکومت کو تسلیم کر لینا چاہیئے اور اس بات کا انتظار نہیں کرنا چاہیئے کہ برطانیہ اس بارے میں کیا رویہ اختیار کرتا ہے چین ہمارا ہمسایہ ملک ہے اس سرزمین میں بے پناہ صلاحیتیں ہیں۔ اور عنقریب چین کو دنیا کی سیاست میں بے مثل اہمیت حاصل ہوگی خود ہندوستان جس نے مارشل چیانگ کی ذات کے گرد عقیدت کا ہالہ بنا رکھا تھا، تازہ حقائق کو [illegible]

—— سچ ہے کہ چین کی نئی حکومت کو تسلیم کرنے کا اعلان کرتے وقت ہمارے خواہ کسی خیال سے یہ قدم اٹھایا ہو، لیکن اس سال بھی ختم ہونے تک کی حکومت کو تسلیم کر لینا ہے کیا ہم ایک غیر معین عرصے تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچ پائیں گے؟

(امروز لاہور)

سچی باتیں

"منڈی" ہندی زبان کا لاحقہ ہے لیکن آپ کے ملک میں جہاں ہندوانے نام دال منڈی اور گڑ منڈی قسم کے ہیں کیا دہی مسلم تمدن کے نام اقبال منڈی۔ حک منڈی، دھکوا منڈی، سبزی منڈی وغیرہ موجود نہیں ——— "پور" "پوری" وغیرہ "پردا" ہندی کے لاحقہ ہیں۔ پھر اب کے ہندوستان میں جہاں خالص ہندوانہ نام ان کی ترکیب سے بنے جیسے سیتاپور، رامپور، گنیش پور، گنگاپور، کشن پور، گورکھپور ہیں۔ خالص مسلمانوں کے نام بھی ایسے ہی مرکب ملتے ہیں یا نہیں؟ غازی پور، سید پور، خان پور، سلیم پور، مراد پور، غازی پورہ سلطان پور بادشاہ پور، علی پور، فتحپور، مرزاپور، شاہجہان پور اکبر پور، پیغمبر پور وغیرہ بس ــــ یہ دلیل کا ہے کی ہوئی؟۔ ہندوستان کی سرزمین پر ہندو مسلم مشترک تمدن کی یا محض ہندوانہ یا خالص اسلامی تمدن کی۔؟

"نگر" بھی اسی طرح خالص ہندی لاحقہ ہے یا نہیں؟ لیکن کیا جس طرح اس کے الحاق سے کثرت سے ہندوانہ نام بنے ہیں۔ جیونت نگر۔ متھرا نگر۔ رام نگر۔ بالکل اسی کثرت سے یہ لاحقہ اسلامی ناموں کی یاد نہیں تازہ کرتے ہوئے ہے؟ کریم نگر، مظفر نگر، محبوب نگر، سبحان نگر، دلدار نگر، شہزاد نگر، مراد نگر، بادشاہ نگر، ارادت نگر، عالم نگر، وغیرہ ـــــ "کوٹ" اور "گڑھ" کے ہندی لاحقوں کے ساتھ کیا صرف رام کوٹ اور چترکوٹ اور مادھو گڑھ اور نیپو گڑھ ہی ہیں؟ اور کیا بالاکوٹ اور شیرکوٹ اور علی گڑھ اور فتح گڑھ اور اعظم گڑھ اور یحفٖ گڑھ اور مظفر گڑھ اس ملک کے نقشہ پر موجود نہیں؟

"شہر" اور "سرائے" تو خالص فارسی لاحقے ہیں مگر کیا بلند شہر کے ساتھ ساتھ الوپ سرائے اور بھیل سرائے کے ساتھ ساتھ کھنہ سرائے کسی کی نظر سے مخفی ہیں؟

گنج کا فارسی ہونا مسلم ہے پھر کیا اس لاحقہ سے صرف وزیر گنج۔ علی گنج۔ حسین گنج، بشیر گنج ہی ترکیب پائے ہوئے ہیں۔ اور ہنومان گنج، گنگا گنج، مہاراج گنج، گنیش گنج، گوسائیں گنج قسم کے ہندوانے نام نا معلوم ہیں؟ ــــ غرض ادھر سے لیجئے تو ادھر سے لیجئے تو ملک کے جغرافیہ اور سیکڑوں برس کی تاریخ کی شہادت کیا مل رہی ہے؟ ہندو مسلم تمدن کے اشتراک و امتزاج کی یا ایک قوم پر دوسری قوم کے تہذیبی زبردستی ٹھونسنے کی؟ جواہر لال، اور سندر لال کے دعوے اشتراک و اخوت کے حق میں یا ٹنڈن جی کے دعوے ہندو کلچر و ہندو تہذیب دونوں کی انانیت کی تائید میں۔ (صدق لکھنؤ)

وزیر تعلیم کی بحث

بہت سے لیڈر جن کا تعلق زیادہ تر شمالی ہند سے ہے جلد سے جلد انگریزی کو یونیورسٹیوں سے نکال دینے اور اس کی جگہ ہندی کو دیدینے پر تلے ہوئے ہیں۔ وزیر تعلیم مولانا آزاد اگرچہ شمالی ہند سے تعلق رکھنے کے باوجود اس پالیسی کے خلاف ہیں۔ لیکن صوبوں میں جن پر آئندہ نظام تعلیم کو بنانے کی ذمہ داری زیادہ تر عائد ہوتی ہے۔ اس سلسلہ میں خاص پالیسی کے تحت کام نہیں ہو رہا ہے۔ اور ہر جگہ اپنی ڈفلی اپنا راگ ہو رہا ہے، جیسا کہ حال ہی میں بابو راجندر پرشاد کے لکھنؤ یونیورسٹی کے جلسہ تقسیم اسناد میں دیئے ہوئے خطبہ سے معلوم ہوتا ہے جس میں انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم جلد سے جلد ہندی بنا دیا جانا چاہیے اور اس وقت مختصر الفاظ میں حالت کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندی اور اردو کا دعویٰ کرنے والے صوبے ذریعۂ تعلیم کو جلد سے جلد تبدیل کر دینے کی فکر میں ہیں اور دوسرے اس میں تاخیر کرنا چاہتے ہیں۔ اور وجہ اس کی غالباً یہ ہے کہ پہلے صوبوں کے سامنے سیاست اور کلچر ہے اور دوسروں کے سامنے محض تعلیم اور تعلیمی فوائد اور اس طرح ہماری اعلیٰ تعلیم کا نظام بھی دوسرے مسائل کی طرح الجھ کر رہ گیا ہے۔ اور کوئی واضح صورت سامنے نہیں ہے۔ (شعیب۔ حیدرآباد دکن)

ایشیائی دولت کی بربادی

(بقیہ صفحہ اول)

ہے کہ ان ریاستوں کے بجٹ نہ صرف خسارے کے بجٹ ہیں بلکہ صفر کی حیثیت رکھتے ہیں جس کے گرد ملک کی اقتصادی بدحالی چکر کھاتی ہے۔

عرب ریاستوں کے بعد مصر اور ترکی کو لیجئے۔ مصر کا بجٹ تین کروڑ پاؤنڈ سے کہیں زیادہ ہے۔ کروڑوں غریب مصری اس نے بھوک سے مر رہے ہیں کہ مصر کے تمام ساحلی علاقوں پر جو نہر سویز کے علاقے کہلاتے ہیں برطانیہ کا قبضہ ہے۔ ان ساحلوں کے ذریعہ برطانیہ کی اربوں پاؤنڈ کی تجارت ایشیا کے ممالک سے ہوتی ہے۔ اگر یہ ساحلی علاقے برطانوی اقتدار سے نکل جائیں تو برطانوی تاجروں کی ۲۲ ارب کی سالانہ تجارت کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

ترکی:- ایک ایسا ملک ہے جو ایشیا اور یورپ کو ملاتا ہے دس سال تک ترکی حکومت نے کوشش کی کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑی ہو جائے۔ لیکن ترکی کے گرد و پیش کے جنگی حضرات نے اس ملک کی تعمیری ترقی کی تمام قوت ختم کر دی۔ ترکی بجٹ بھی یورپین امداد کا محتاج ہے۔ ترکی کے اہم فوجی ساحلوں پر مارشل پلان کے تحت چھ ارب پاؤنڈ کا جنگی سامان پہنچ چکا ہے۔ مارشل پلان کے جنگی سامان کے پیچھے کا اثر یہ ہوا کہ اس وقت تمام ترکی کے تاجر ضروریات زندگی کا ہر سامان امریکہ سے منگوا رہے ہیں اور امریکن سرمایہ اس حد تک ملکی [illegible] سٹیشن جس پر ۲ کروڑ پاؤنڈ صرف ہوئے ہیں وہ بھی ایک امریکن کمپنی کا ہی لگایا ہوا ہے۔ ان حالات کے پیش نظر ترکی کی سیاسی آزادی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کس حد تک اپنی رائے سے کام کر رہے ہیں ریاستوں کے تیل پر انگلو امریکن کمپنیوں کا قبضہ نہ ہوتا تو ترکی یورپ کے ساتھ ساتھ یا اس سے مقابلہ میں صنعتی ترقی کر سکتا تھا۔ لیکن اب اس میں یہ دم نہیں ہے کہ وہ اینگلو امریکن بلاک کے سامنے دم مار سکے۔

اس وجہ سے ترکی حکومت آج ڈالر کی غلام بنی ہوئی ہے اور خود اس کا اپنا سکہ ڈالر کے مقابلہ میں گر چکا ہے۔

یہاں بھی عرب ریاستوں کا سا ہی حال ہے

ایران:- اس ملک کا شاہی بجٹ بھی ۲۰ کروڑ پاؤنڈ سے زیادہ نہیں ہے۔ حالانکہ ایران کے چشمے گیا ارب پاؤنڈ کا سالانہ تیل امریکن کمپنی کو حاصل ہوتا ہے۔ اگر ان تیل کے چشموں پر خود ایران کا قبضہ ہوتا ہے تو ایران کی اقتصادی حالت بہت بہتر ہوتی ہے۔ لیکن اب یہ حال ہے کہ ہر چھ ماہ کے بعد شاہ ایران کو امریکہ سے ۲ کروڑ ڈالر قرض پر لینے کی درخواست کرنی پڑتی ہے۔ ڈالر کی اس آمد و رفت نے ایرانی سکہ کی حیثیت کو بے وقعت کر دیا ہے۔ ہر ایرانی تاجر اپنے سکہ کے بجائے ڈالر کا خریدار ہے۔ اور اسی ڈالر کی حکومت نے شاہ ایران کو امریکہ جا کر یہ کہنے پر مجبور کیا کہ "میں ایران کے لئے فوجی اور اقتصادی امداد مانگنے آیا ہوں۔ میرا ملک امریکہ کی امداد کے بغیر نہیں بچ سکتا۔ اور نہ ایرانی امریکی امداد کے بغیر اپنی آزادی کو قائم رکھ سکتے ہیں۔ ہم امریکہ کے سچے دوست ہیں اور ہم امریکی امداد پر پوری تنگدلی کے ساتھ اپنے مخالفوں سے لڑیں گے"

یہ اس ملک کے بادشاہ کا اعلان ہے جس ملک کی حسین دوشیزائیں بھوک اور مفلسی سے تنگ آ کر اپنی عصمتوں کو ہاتھوں پر لئے پھرتی ہیں جن لوگوں نے ایران کا سفر کیا ہے اور وہاں کچھ دن رہے ہیں ان کی یہ متفقہ رائے ہے کہ جب تک تیل پر غیر ملکی کمپنیوں کا قبضہ ہے اس وقت تک ایرانی عوام خوش حال نہیں ہو سکتے۔ اس جنگ میں شامل ہونے والے ایک ہندوستانی فوجی نے جنگ ختم ہونے کے بعد بیان دیا تھا کہ ایران سے زیادہ کسی بھی ملک کی دردناک حالت نہیں۔ جہاں ایک کیلے کی کھیلی کی خاطر لڑکیاں اپنی عصمت بیچ دیتی ہیں۔

جمعیۃ علماء کی ممبر سازی اور الجمعیۃ کی توسیع اشاعت کے لئے اپیل

ضلع میرٹھ میں معاون سازی کا ہفتہ منایا جائے گا

میرٹھ بذریعہ ڈاک: ضلع میرٹھ کی تمام جمعیتوں سے مولانا [illegible] صاحب صدیقی ناظم جمعیۃ علماء ضلع میرٹھ نے اپیل کی ہے کہ گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی جمعیۃ علماء کے معاون بنکر اور بنا کر وہ اپنے ضلع کی سال گذشتہ کی طرح عزت کو قائم رکھکر آئندہ سال کے لئے ممبر سازی کے سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ جدوجہد کریں، آپ نے کہا کہ چونکہ گذشتہ سال ضلع میرٹھ تمام صوبہ میں ممبر سازی میں اول رہا تھا۔ اس لئے عام عہدہ داران کا فرض ہے کہ ۲۰ رجنوری ۱۹۵۰ء سے ۵ رجنوری ۱۹۵۰ء تک ایک ہفتہ دعوت منائیں اور اپنی پوری جدوجہد سے معاون سازی کا کام اور اخبار الجمعیۃ کی اشاعت کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے کام کو کریں تاکہ اپنے حاصل شدہ وقار کو ہاتھ سے نہ دیا جائے۔

آپ نے یہ بتلاتے ہوئے کہ گذشتہ سال ضلع جمعیۃ علماء میرٹھ کے ممبران کی تعداد ایک لاکھ ہزار تھی کہا کہ ہمارا فرض ہے کہ اس سال ہم اس تعداد کو ایک لاکھ تک پہنچا دیں اور اس طرح اپنے اسلامی اور قومی فریضہ کو انجام دیں تاکہ آنے والے سال میں صوبہ کے اندر ہمارے ضلع کو ایک امتیاز حاصل ہو۔

اور افراض و مقاصد پر ایک نہایت پرجوش اور موثر تقریر فرمائی جس کا حاضرین پر غیر معمولی اثر ہوا۔ اور اسی وقت ۲۲۹ حضرات نے اپنا نام معاونین میں درج کرا دیا یہ تعداد حیرت انگیز اس لئے ہے کہ یہاں مسلمان عورت ۵۰۰ کی تعداد میں ہیں اور ابھی یقیناً اس میں کافی اضافہ ہوگا کیونکہ قریب ہی میں پانچ پانچ سات سات کی یہ دو چھوٹی لبتیاں ہیں ان دونوں مقامات کے مسلمان بھی جمعیۃ کے ممبر ہونے پر تیار ہیں اور ان تینوں مقامات کو ملا کر ایک جمعیۃ قائم کر دی گئی، تو قوی غالب ہے کہ تین سو سے زیادہ یہاں معاونین کی تعداد ہو جائے گی جمعیۃ کی مقبولیت میں خاص طور سے یہاں پر سب سے بڑے مسلمان تاجر جناب احمد سیٹھ صاحب اور ان کے بڑے صاحبزادہ آدم جی سیٹھ صاحب کی خصوصی توجہ کو بڑا دخل ہے موصوف نے سب سے پہلے اپنا نام درج کرایا اللہ تعالیٰ انتہائی اعزاز و اکرام فرمائے۔

نامہ نگار

بالغوں کو تربیت دینے کی اسکیم

ہر سال ساڑھے چھ ہزار شہریوں کو ٹیکنکل تربیت دیجائیگی

نئی دہلی۔ ۲۷ دسمبر۔ حکومت ہند کی لیبر وزارت بہت جلد ایک ایسی اسکیم کو عمل جامہ پہنا رہی ہے جس کے تحت ہر سال ۶۵۰۰ بالغ شہریوں کو ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت دی جائیگی بجائے اس تربیت گاہوں میں دی جائے گی جو تمام ہندوستان میں پھیلی ہوں گی۔ ان تربیت گاہوں میں سے ۲۰ براہ راست لیبر وزارت کے تحت کام کرینگی جو اس کام کے اہل سمجھے جائیں گے۔

یہ تربیت بلا معاوضہ دی جائے گی اور زیر تربیت اشخاص میں سے ۵۰ فیصدی کو ۲۵ روپیہ ماہوار اور زیر تربیت اشخاص میں سے ۵۰ فیصدی کو ۲۵ روپیہ ماہوار بطور وظیفہ ملا کرے گا

یہ اسکیم ملک کی صنعتی ترقی میں امداد پہنچانے کے لئے مرتب کی گئی ہے اور اس کا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان میں روز افزوں ترقی پذیر صنعتوں کیلئے تربیت یافتہ اشخاص میسر ہو سکیں اور ۱۸ سے ۲۵ برس کے جوان صنعتی اداروں میں کام کرنے کے اہل بنیں اس اسکیم کے تحت دو طرح کی تربیت دی جائے گی۔ ان میں سے ایک تو انجینیری اور تعمیر کے تقریباً ۳۰ حرفوں میں تربیت دی جائے گی اور دوسرے گھریلو دستکاری اور چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کے تقریباً ۳۰ قسم کے پیشوں میں تربیت دی جائے گی

ٹیکنیکل تربیت کی مدت دو سال ہوگی جن میں ۱۸ ماہ تربیت گاہ میں تربیت دی جائے گی۔ اور باقی چھ مہینے عملی تجربہ حاصل کرنے کے لئے زیر تربیت اشخاص کو کسی خاص کارخانہ میں بھیجا جائے گا۔

دوسری طرح کی مدت صرف ۱۲ مہینے ہوگی اس میں یہ کوشش کی جائے گی کہ زیر تربیت شخص کوئی مفید پیشہ سیکھ لے

یہ پیشے صوبائی یا ریاستی حکومت سے مشورہ کرنے کے بعد سکھائے جائیں گے تاکہ تربیت مکمل ہونے کے بعد زیر تربیت شخص ریاست یا علاقہ میں ہی کوئی مناسب کام حاصل کر سکے۔ اس تربیت پر جو خرچ آئیگا وہ مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت برابر برداشت کرے گی۔

دونوں طرح کی تربیت بیک وقت دس ہزار اشخاص کو ہر چھ مہینے کے بعد ورکشاپ میں کام کرنے کے مواقع بہم پہنچائے جائیں گے۔

توقع ہے کہ یہ اسکیم مارچ ۱۹۵۰ء میں عمل میں آئے گی۔ اس وقت جو تربیت گاہیں سابقہ فوجیوں کے لئے کام کر رہی ہیں اور جو سابقہ فوجیوں کو تربیت دینے کی اسکیم ختم ہونے کی وجہ سے جولائی ۱۹۵۰ء تک بند ہو جائینگی ان کو مناسب طور پر پھر سے منظم کر کے اس اسکیم کے لئے کام میں لایا جائیگا۔



یقیناً ... جنہوں نے پیشہ ... اور ملکی نقل کر کے ... بھولی بھالی پبلک کو دھوکا دینا ہی اپنا پیشہ بنا لیا ہے

کرشنا مکسچر ۱۹۱۳ کی صد فیصدی کامیابی اور شہرت، ہر دلعزیزی کو دیکھ کر کچھ نقالوں کے منہ میں پانی بھر آیا انہوں نے اسی سے ملتے جلتے نام رکھ کر اسی رنگ اور ترکیب کی شیشیوں میں نقلی دوائیں کم قیمت پر نکالنا شروع کر دیں جن کو کچھ دوکاندار کرشنا مکسچر کے بدلے خریدار کے حوالہ کر دیتے ہیں

خریدتے وقت کرشنا مکسچر ۱۹۱۳ اور پتہ سی۔ کے کیمیکل ورکس آگرہ دیکھ بھال اچھی طرح دیکھ لیا کریں۔ ورنہ ممکن ہے کہ آپ کی ذرا سی لاپرواہی آپ کے لئے یا آپ کے کسی پڑوسی کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہو۔ (دستی)

مجاہد ملت حضرت مولانا محمد حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند و ممبر کانسٹی ٹیوئنٹ اسمبلی کی کرشنا مکسچر نمبر ۱۹۱۳ کے متعلق

رائے عالی

میں کئی نزلہ، زکام اور درد سر میں مبتلا تھا۔ اس حال میں [illegible] دہلی میں بابو سیتارام صاحب نے حال دیکھ کر اصرار فرمایا کہ ان کے سی۔ کے۔ کیمیکل ورکس کا بنایا ہوا کرشنا مکسچر نمبر ۱۹۱۳ استعمال کریں۔ اور اس کا اثر دیکھیں میں نے تین ہی خوراک استعمال کی تھیں بلاشبہ اس نے تریاق کا کام کیا۔ اس لئے یہ چند سطور بطور تصدیق لکھ رہا ہوں کہ کرشنا مکسچر اپنے اثرات میں بہت مفید دوا ہے۔

محمد حفظ الرحمن

اسلامی اخلاق اور وعظ سکھانیوالی کتابیں

تبلیغی سات نمبروں کی سات کتابیں، صفحات تقریباً ۶۵۰، قیمت بے رعایتی۔ اخلاص نیت، اکرام مسلم، ہماری تعلیم، ہمارا کلمہ، اصلاحی پروگرام، میری نماز، خدا کا ذکر، تعلیم القرآن، مسلمان خاوند، مسلمان بیوی، خدا کی جنت، جنت کی کنجی، خواتین اسلام، بہشتی زیور گیارہ حصہ

ادارہ آفتاب سالت پبلشنگ (A) دہلی

مسلم معلمہ کی ضرورت

میونسپل بورڈ فیروزآباد میں مسلم نسواں اسکول کے لئے ایک مڈل ٹرینڈ (پی۔ٹی۔سی یا وی۔ٹی۔سی) کی ضرورت ہے۔ تنخواہ حسب قابلیت دی جائیگی درخواستیں بنام چیئرمین ایجوکیشن کمیٹی میونسپل بورڈ فیروزآباد کے نام آنی چاہئیں۔

ایسٹرن پنجاب ریلوے

نوٹس

پبلک کی اطلاع اور واقفیت کے لئے اس اشتہار کے ذریعہ مشتہر کیا جاتا ہے کہ مورخہ [illegible] جنوری ۱۹۵۰ء سے ہملٹن روڈ گڈس آفس ای۔ پی ریلوے اور ای۔ آئی ریلوے کے جملہ اسٹیشنوں کو مال و اسباب کی بکنگ وغیرہ کا موجودہ انتظام بند کر دیا جائے گا اور اس کی جگہ تاریخ مذکورہ سے اس قسم کا جملہ کام بل و اسباب کی بکنگ مقررہ نئی دہلی (اڈے وارڈ) گڈس آفس اپنا تعمیر شدہ بجے ای روڈ دہلی میں سرانجام دیا جائے گا۔

پبلک سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس تبدیلی کو نوٹ کر لیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔

بحکم ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ
ای۔ پی ریلوے ——— نیو دہلی

قومی نظمیں

درد دل حالی ۳ حالی ۳ [illegible] صبح صادق خواجہ دل محمد ۳ عرفان مسلم نشتر جالندھری ۳ فریاد بنرش غلام بھیک نیرنگ ۳ ربانی اقبال ۳ [illegible] ہمارے رسول خان احمد حسین خاں ۳ جنرل نیوز ایجنسی بلیماران۔ دہلی۔

اردو ہندوستانی زبان ہے

گھر بیٹھے بلا کسی استاد کی مدد کے آسان اردو شارٹ ہینڈ کے ذریعہ اردو شارٹ ہینڈ سیکھئے جو اردو اور ہندی دونوں رسم الخطوں میں لکھا جا سکتا ہے۔ قیمت فی کتاب ۸/۔ روپئے۔ اورئینٹل اکیڈیمی۔ رنگ محل خورد پھاٹک حبش خان دہلی۔

ضرورت محرر

اینگلو مسلم گرلز اسکول دہلی کے دفتر کے واسطے ایک تجربہ کار خوشخط منشی کی ضرورت ہے جس نے کسی اسلامی ادارے میں کام کیا ہو اور حساب کتاب دخط و کتابت میں مہارت اور انگریزی سے واقف ہو۔ تنخواہ پچاس روپے ماہوار۔ اسناد کی نقول درخواست کے ہمراہ۔ حاجی محبوب الٰہی سنگاپوروالے صدر منتظمہ کمیٹی اینگلو مسلم گرلز اسکول ادا بالیعاجب بلیماران دہلی

ضرورت

ایسے معمولی پڑھے لکھے اشخاص جو قلیل وصہ میں ہزاروں روپیہ کمانا چاہتے ہوں۔ کسی تجربہ کی ضرورت نہیں۔ آپ بے روزگار رہیں یا باروزگار اسکول ماسٹر یا کلرک دوکاندار یا منشی ہوں یا صرف تعلیم ختم کی ہو، تو فرصت کے وقت کی دلچسپی لینے سے حاصل کر سکتے ہیں۔ تفصیلات منگوایئے۔ یونیورسل کارپوریشن (سی) ۳۱ بیڈن اسٹریٹ قرولباغ۔ نیو دہلی

بھگانہ

نیجر ممبر الجمعیۃ گل شیرخاں الخطیب اخبارات ہی بالی کی سرائے سے خرید فرماویں

دارالسلطنت

۲۸ دسمبر ۱۹۴۹ء

پناہ گزینوں کی حالت!

پنڈت آنگیا رام صدر، بابو نگر، رنیو جی ایسوسی ایشن نے عوام سے عموماً اور حکومت سے خصوصاً اپیل کی ہے کہ راج گھاٹ میں تقریباً ۳۰۰ پرشارتھی گھروں کا گذشتہ برسات میں بارشوں کے پانی سے نقصان ہو گیا اور وہ گر گئے۔ اب یہ لوگ سرسوں میں اپنے زندگی کے دن پورے کر رہے ہیں۔ اس طرح یہ کہ ان کے ساتھ ساتھ گندہ نالہ گذر رہا ہے۔ جس سے ان خیموں میں رہنے والے بچوں اور عورتوں کی صحت پر بہت برا اثر پڑ رہا ہے۔ اس لئے ان پناہ گزینوں گھرانوں کا جلد انتظام کیا جانے۔ (ن۔ن۔ا)

مغویہ لڑکی برآمد

دہلی ۲۷ دسمبر۔ آج سٹرا میتورا دیال ڈپٹی کمشنر کچھ معززین اور بالمیک سنگھ کے کارکنوں کی کوششوں سے گذشتہ رات بارہ بجے پولیس کے حوالے کر دی گئی۔ پنڈت ملکیں ناتھ سپرنٹنڈنٹ پولیس اور شری رام رکھا سکریٹری بالمیک سنگھ بھی موجود تھے۔ آج دوپہر لڑکی ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کی گئی۔

ان کے سامنے بیان دیتے ہوئے لڑکی نے کہا کہ میں اپنے ماں باپ کے پاس رہنا چاہتی ہوں۔ چنانچہ لڑکی مالکیوں کے حوالے کر دی گئی۔

کانسٹیبل پر مقدمہ

فرنٹیر ٹرانسپورٹ کمپنی کے منیجر سجان سنگھ کی رپورٹ پر سبزی منڈی کی پولیس نے ایک کانسٹیبل [illegible]

اور سیر کے خلاف مقدمہ

شری پریم ناتھ کے خلاف پولیس نے راشننگ کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزی کے الزام میں مقدمہ درج کیا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ شری پریم ناتھ لیتے ہوئے کیونکہ کی غیر حاضری میں چھ ماہ تک ان کے راشن کارڈ پر راشن حاصل کرتے رہے۔ (ن۔ن۔ا)

رشوت خور گڈز کلرک بری!!

ایڈیشنل سیشن جج دہلی نے [illegible] گڈز کلرک بدھا مل کو بری کر دیا۔ عدالت ماتحت نے اسے ۱۸ ماہ قید سخت کی سزا کا حکم دیا تھا۔ استغاثہ کے بیان کے مطابق اسے ایک شخص سے دو پیکیٹ بک کرنے کے لئے ۱۸ روپیہ رشوت لی (ن۔ن۔ا)

پولیس کے چھاپے

آبکاری پولیس نے بہردل میں چھاپہ مارا اور ایک شخص رکھا کو گرفتار کیا۔ اس کے قبضے سے پولیس نے دس بوتلیں شراب کی برآمد کیں۔

کوتوالی کے علاقہ سے پولیس نے ایک شخص بہروپ کو گرفتار کیا۔ اس کے قبضے سے پانچ بوتلیں شراب کی برآمد ہوئیں (ن۔ن۔ا)

صراف سے دھوکہ

پولیس نے چاندنی چوک کی ایک فرم میسرز گنیش لال جگدیش لال کی رپورٹ ایک دلال کسی کیور چند کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ۳۳ تولہ سونا فروخت کرنے کے بہانے سے گیا اور فرار ہو گیا۔

کپڑے کے بیوپاریوں کی علامتی ہڑتال

دہلی ۲۷ دسمبر۔ دہلی کے تھوک بیوپاریوں نے ہند سرکار سے درخواست کی ہے کہ کھلے طور پر فروخت کئے جانے والے کپڑے کی برآمد سے پابندی اٹھالے۔ بیوپاریوں نے ایک میٹنگ میں فیصلہ کیا ہے کہ اگر حکومت پندرہ جنوری تک بیوپاریوں کی اس درخواست کو منظور نہیں کیا گیا۔ تو انہیں مجبوراً کسی غیر معین عرصہ کے لئے ہڑتال کرنی پڑے گی بیوپاری ۱۵ جنوری کو علامتی ہڑتال کریں گے۔ بیوپاریوں نے ایک ریزولیوشن بھی پاس کیا ہے کہ محکمہ انڈسٹریز اینڈ [illegible]

انڈونیشیا کی آزادی کی تاریخی تقریب

گورنر جنرل اور ملکہ جولیانا کی تقریریں

(بقیہ صفحہ ۱)

صدر سوئیکارنو نے اکثر کہا ہے کہ انڈونیشی عوام امن عالم کو برقرار رکھنے اور آزادی میں امداد کرنے کی ایک دلی خواہش رکھتے ہیں سلطان نے کہا کہ انڈونیشی دستور کے پانچ اصول ہی حکومت کے لئے مناسب بنیاد ہیں۔ جو یہ ہیں۔ انسانیت، قوم [illegible] جمہوریت اور سماجی انصاف۔

سلطان نے ان انڈونیشی لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے ملک کی آزادی کی جدوجہد میں جانیں [illegible] استے نکلنے میں امداد دی۔

ڈچ گورنر جنرل کی تقریر

سلطان جوگجا کارتا کی تقریر کے بعد آخری ڈچ گورنر جنرل نے تقریر کی اور انڈونیشی عوام کی تعمیری قوتوں پر اظہار اطمینان کیا اور انڈونیشی لیڈروں سے بہت کچھ توقعات کے اظہار کیا گورنر جنرل نے کہا کہ اب آپ کے ملک میں۔ صرف مہمان ہیں بلکہ آپ کے دوست میں انہوں نے آخر میں دعا کی کہ خدا کرے کہ انڈونیشیا میں امن ہو قوم طاقتور ہو خدا آپ کو برکت دے تقریب ختم ہو۔ ۴۰ سال سے اسی محل میں ہو رہا [illegible] گورنر جنرل کی رہائش کے لئے رہ رہا تھا اس موقع پر ۳۲ ملکوں کے نمائندے موجود تھے۔ اقوام متحدہ کے انڈونیشی کمیشن کے نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے شریک ہونے والے ملکوں میں ہندوستان، پاکستان، برطانیہ، فلسطین، افغانستان، بلجیم، برما، چین، مصر، وٹیکن، حبشہ، فرانس، فلپائن، پرتگال، سعودی عرب، امریکہ، آسٹریلیا، سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، فن لینڈ، ملایا، اور سنگاپور تھے۔

گورنر جنرل کی الوداعی تقریر کے بعد ملکہ جولیانا کی تقریر پڑھ کر سنائی دس منٹ کے بعد محل کے گنبد پر سے ہالینڈ کے جھنڈے کو اتار کر انڈونیشی جھنڈا لہرا دیا گیا۔ اب اس محل میں ڈچ گورنر جنرل کے بجائے انڈونیشیا کا صدر رہے گا۔ محل کے باہر بیس ہزار سے زیادہ افراد جمع ہو گئے تھے جب ہالینڈ کا جھنڈا اترا اور انڈونیشیا کا جھنڈا لہرا رہا تھا تو عوام خوشی کے نعرے لگا رہے تھے۔

تقریب شروع ہونے سے قبل گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے کالی گھٹائیں چھا گئی تھیں۔ لیکن جب انڈونیشی اور ڈچ مارچ گارڈ محل میں گئے تو موسم صاف ہو گیا جب یہ اعلان ہوا کہ اقتدار منتقل ہو گیا تو عوام میں خوشی کی زبردست لہر پیدا ہو گئی "انڈونیشی مایا" گانا شروع کر دیا انڈونیشی فوجوں نے اسی تقریب سے چند گھنٹے قبل ہی شہر پر قبضہ کر لیا تھا ڈچ فوج کی بارگوں کے گرد کانٹے دار تار لگا دیا گیا تھا اور ڈچ فوج تیار کھڑی تھی۔ انڈونیشی فوج شہر کی سڑکوں پر گشت لگا رہی تھی۔ [illegible] دیہات سے سینکڑوں لوگ ڈھول بجاتے ناچتے گاتے اس تقریب کو دیکھنے کے لئے جمع ہو گئے تھے اقوام متحدہ کے ایک کمیونک میں متحدہ انڈونیشیا کو اس موقع پر مبارکباد دی گئی تھی۔

ہالینڈ میں انتقال اقتدار کی تقریب

ایمسٹرڈم کی اطلاع مظہر ہے کہ یہاں انڈونیشیا کی آزادی کی دستاویز پر ملکہ جولیانا نے جس وقت دستخط کئے اُس وقت یہاں کے تمام گرجوں کی گھنٹیاں بج رہی تھیں۔ تقریباً ۹۰۰ اشخاص نے ملکہ کے دستخط کرنے کی رسم کا تماشہ دیکھا۔ میٹنگ شکل کا یہ ہال کے وسط میں انڈونیشیا کا وفد جو ۲۲ افراد پر مشتمل تھا۔ بیٹھا ہوا تھا۔ ڈاکٹر حتیٰ اس کے لیڈر کی حیثیت سے بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کے پیچھے دونوں ڈچ یونینوں کے اراکین سفارتی نمائندے اور اخباروں کے رپورٹر بھی بیٹھے تھے۔

اس کے بعد ایک معاہدہ کی شرائط پڑھ کر سنائی گئیں جن میں یہ امر واضح کر دیا گیا تھا کہ ہالینڈ اور انڈونیشیا کی پارلیمنٹوں اور دوسرے اداروں نے گول میز کانفرنس کے فیصلوں کی تصدیق کی۔ بعد میں اس شرائط نامہ پر دستخط کئے گئے۔ پہلے انڈونیشیا اور ہالینڈ کے وزرائے اعظموں نے دستخط کئے۔ بعد میں انڈونیشی وفد کے چند اراکین نے دستخط کئے۔ ڈچ کابینہ کے سب وزرا اور دوسرے نمائندوں نے دستخط کئے۔ اس کے بعد ڈچ [illegible]

وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس اور وزیر خارجہ ملکہ کو لانے کے لئے تخت شاہی کے کمرے میں گئے

ملکہ کا اجلاس

ملکہ جولیانا ایک جلوس کی صورت میں ہال میں تشریف لائیں۔ دونوں وزراء ان کے دونوں طرف تھے اور ان کے خاوند پیچھے پیچھے آ رہے تھے۔ ملکہ سرخ چمڑے کی جلد والی کتاب کھولی۔ جس میں منتقلی اقتدار کی دستاویز تھی۔ اس کے بعد انہوں نے تصدیق نامہ پڑھا۔ قانون کی اس نئی تنظیم کی منظوری دی اسکے بعد انہوں نے اس دستاویز پر دستخط کئے۔ ان کے دستخط ہوتے ہیں۔ انڈونیشیا پر ڈچوں کا اختیار ختم ہو گیا اور انڈونیشیا مکمل طور پر آزاد ہو گیا۔ ملکہ کے بعد وزیر اعظم ڈریس اور مسٹر ان مارسیوں نے اس دستاویز پر دستخط کئے۔ دستخطوں کے بعد ڈچ وزیر اعظم نے سرکاری طور پر انڈونیشیا کی آزادی کا اعلان کر دیا۔ اس کے بعد ڈاکٹر حتیٰ نے اقتدار سنبھالنے کے بعد مختصر سا بیان دیا تصدیق نامہ، انتقال اقتدار کی دستاویز، یونین کے معاہدہ اور دونوں ملکوں کے شاہی اعلامیہ پر دستخط کئے۔

جب حتیٰ دستاویز پر دستخط ہو چکے تو وزیر اعظم ہالینڈ نے ملکہ کے تقریر کرنے کا اعلان کیا

ملکہ ہالینڈ کی تقریر

ملکہ کی تقریر ۱۵ منٹ جاری رہی۔ ملکہ ہالینڈ نے انتقال اقتدار کی تقریب کو درست اور انتہائی اہم قرار دیا۔ اس رسم کی تفصیلات نشر کی گئیں تو انڈونیشیا میں سنی گئیں۔ ملکہ کی تقریر کے ۳ منٹ بعد تقریر کا انڈونیشی ترجمہ سنایا گیا۔ ملکہ نے کہا انڈونیشیا اور ڈچ عوام کی باہمی ہمدردی کبھی اتنی واضح نہ تھی۔ اب ہم ایک دوسرے کے خلاف نہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ ہیں۔ آج جن دستاویزوں پر دستخط ہوئے [illegible]

ڈاکٹر حتیٰ کی تقریر

ملکہ کی تقریر کے بعد ڈاکٹر حتیٰ نے تقریر کی۔ انہوں نے کہا۔ انڈونیشی عوام کی جانب سے اقتدار سنبھالنا میری عزت افزائی ہے۔ مجھے امید ہے کہ دونوں حکومتوں کے تعلقات ایسی شکل اختیار کریں گے کہ دونوں ممالک زیادہ خوشحال ہوں گے۔

انتقال اقتدار کی رسم بہت سادگی سے انجام پائی محل کی عظمت اور دونوں قسم والوں کے آرائشی نقش سرمئی دیواروں اور چھت سے جھلک رہے تھیں۔ انڈونیشی دفتر ماربل کا سوٹ پہنے ہوئے تھا۔ ہندوستانی سفیر مسٹر [illegible] جو اس تقریب میں موجود تھے ترکی کی ٹوپی باندھے ہوئے تھے۔ ملکہ کے داہنی جانب ڈاکٹر بیٹھے۔ ملکہ سیاہ لباس پہنے ہوئے تھیں۔ اس کے گلے میں زمرد کا ہار تھا۔ ملکہ کے بائیں جانب وزیر اعظم ڈاکٹر ڈریس اور دوسرے ڈچ وزرا بیٹھے تھے۔ ہال سے واپس جانے سے قبل ملکہ کے ہمراہ انڈونیشی اور ڈچ وزرا اعظم تھے۔ بیرونی ملکوں اور ہالینڈ و انڈونیشیا کے وزرا اعظم کا یونین کے بطور تھے۔

جب ڈاکٹر حتیٰ نے انڈونیشیا اور ہالینڈ کے تعاون کا ذکر کیا تو ملکہ نے انکا شکریہ ادا کیا اور ان کے ساتھ ملکہ ڈاکٹر حتیٰ کے جذبات کا اظہار اس طرح سے ہوا [illegible]

انڈونیشیا کی آزادی پر حکومت پاکستان کے تہنیتی پیغامات

کراچی ۲۸ دسمبر۔ انڈونیشیا کی آزادی کے موقع پر پاکستانی وزیر اعظم مسٹر لیاقت علی خاں نے وزیر اعظم انڈونیشیا ڈاکٹر محمد حتیٰ کو تہنیت کا پیغام ارسال کیا ہے۔ جس میں انہوں نے کہا ہے:-

خوشی کے اس مبارک موقعہ پر میں بجناب کو اور انڈونیشیا کی حکومت کو عوام کو ذاتی حیثیت سے اور پاکستان کے لوگوں کی طرف سے سرعت کے ساتھ تہنیت پیش کرتا ہوں۔ انڈونیشیا کے باشندوں کے عظیم کارنامے نے ہمارے دلوں کو خوشی سے معمور کر دیا۔ مجھے یقین ہے کہ انڈونیشیا آپ کی صحیح رہنمائی میں ملکی زندگی کے تمام تعمیری میدانوں میں تیزی سے آگے بڑھے گا انڈونیشیا کی خوشحالی اور امن میں پوری امداد کریں گے۔

خواجہ ناظم الدین کا پیغام

پاکستان کے گورنر جنرل الحاج خواجہ ناظم الدین نے ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا کے صدر عبدالرحیم سوئیکارنو کو حسب ذیل پیغام بھیجا ہے:-

اس تاریخی اور یادگاری موقعہ پر میں آپکو آپ کی حکومت کے ارکان اور ریاستہائے انڈونیشیا کو اپنی اور پاکستانی حکومت کی [illegible] انڈونیشیا پھلے پھولے اور اس کا مستقبل مسرت و خوشحالی سے لبریز ہو۔

ظفر اللہ خاں

پاکستان کے وزیر امور خارجہ سر محمد ظفر اللہ خاں نے ایک برقیہ میں ڈاکٹر محمد حتیٰ کو یہ پیغام دیا ہے:- اہالیان انڈونیشیا کی آزادی و خود مختاری کی طویل اور صبر آزما جدوجہد کے بار آور ہونے پر میں بحیثیت وزیر خارجہ پاکستان آپ کی خدمت میں اپنی دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ کی شاندار کامیابی سے تمام دنیا کے نوآبادیاتی نظام کی بنیادیں ہل گئی ہیں۔ اور ہمیں امید ہے کہ وہ لوگ بھی آپ کے تجربات سے مستفیض ہوں گے جو ابھی تک غیر ملکی تسلط کے اندر ہیں۔

عبدالرحیم سوئیکارنو کے نام تار

ملکہ جولیانا نے جمہوریہ انڈونیشیا کے صدر عبدالرحیم سوئیکارنو کے نام مبارکبادی اور خیر سگالی کا تار دیا۔ آج کے دن انگیز ان میں جب کہ انڈونیشیا کو آزادی دے دی گئی ہے۔ میں آپ کو آپکے ملک اور عوام کی خوشحالی اور مسرت کے لئے اپنی بہترین خواہشات بھیجتی ہوں۔ مذاکرے دونوں جواب ہمارے اور آپکے ملک [illegible] ہالینڈ اور انڈونیشیا کے لئے خیر و برکت کا باعث ہو۔ انتقال اقتدار کے فوراً بعد یہ تار دیا گیا۔ (پ ٹ آ، رائٹر)

[illegible] یہ بات جس کا اقتدار کا انتقال ایک خاص حیثیت ہے [illegible] ایمسٹرڈم میں جو دی سب کچھ سادہ لباس میں ہو رہی جشن ختم ہونے کے بعد ڈچ کابینہ اور بعض خصوصی مہمان محل کے دیوان خاص میں گئے جہاں انہوں نے شہر سے بات چیت کی۔ [illegible]

گبرالٹر میں ایک ایڈیٹر گرفتار

جبرالٹر ۲۸ دسمبر۔ یہاں کے ایک اخبار کے ایڈیٹر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ان پر اس الزام میں چالان ہے کہ اس نے ایک مقالہ شائع کیا جو ہز ایکسلنسی کے خلاف [illegible] (رائٹر)

مدنا پور میں کانگریس کی ممبر سازی

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ [illegible] قومی حکومت [illegible] بنگال میں کانگریس کی ممبر سازی میں سب سے آگے ہے۔ اس ضلع سے ۲۳۳۵۲ ممبر [illegible] (یو پی ایس)

درگاہ حضرت خواجہ قطب صاحب کی جانب سے انڈونیشیا کو پیغام تبریک و تہنیت

دہلی ۲۷ دسمبر۔ درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی (دہلی) کے سجادہ نشین جناب خواجہ [illegible] نظامی نے آج جمہوریہ انڈونیشیا اور وزیر اعظم کو ایک تہنیتی برقیہ ارسال کیا ہے جس میں لکھا ہے۔

درگاہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے لاکھوں عقیدتمند جو ہندوستان کے علاوہ تمام اسلامی ممالک میں موجود ہیں انڈونیشیا کی آزادی اور استقلال کا اپنی دلی مسرت کے ساتھ خیر مقدم کرتے ہیں اور خواجہ صاحب کے عرس سالانہ کے موقع پر جو ۳ رجنوری کو ہو رہا ہے انڈونیشیا کی آزادی کی برقراری کے لئے دعا کرتے ہیں بلا کرم ہماری جانب سے انڈونیشیا کے تمام باشندوں تک تبریک و تہنیت کا پیغام پہنچا دیجئے۔ (ہلال بی)

ہند اور انڈونیشیا کے مابین سفارتی تعلقات

حکومت ہند اور جمہوریہ ریاستہائے متحدہ انڈونیشیا نے ان دوستانہ تعلقات کو اور مضبوط بنانے کے لئے جو آج کل دونوں ملکوں کے درمیان موجود ہیں ایک دوسرے سے سفارتی تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلہ میں دونوں ملک اپنے سفیر تعینات کریں گے۔

بھیلواڑہ میں وفد جمعیۃ کی آمد

بھیلواڑہ ۲۶ دسمبر: جمعیۃ علماء راجستھان کا جو وفد صوبہ کا دورہ کر رہا ہے وہ پرسوں یہاں پہونچ گیا اراکین وفد نے مقامی مسلم معززین سے مشورہ کیا جامع مسجد میں عام جلسہ ہوا جس میں مولانا سید قاسم الاسلام جنرل سکریٹری مولانا مفتی محمد شریف صاحب مولانا سید منظور احسن برکاتی وغیرہ نے تقریریں کیں جن کا سامعین پر بہت اچھا اثر ہوا لہ اودے پور۔ چتوڑ گڈھ اور بہیڑہ کو وفد روانہ کیا گیا ہے۔

موجودہ حکومت کی پالیسی ہندوؤں کے مفاد کو نظر انداز کرتی ہے

آل انڈیا ہندو مہاسبھا مسٹر کھرے کی پریس کانفرنس

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کے صدر ڈاکٹر این بی کھرے نے ایک پریس کانفرنس میں بتلایا کہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان اقتصادی جنگ تو پہلے سے ہی چھڑی ہے اور سیاسی جنگ بھی لازمی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اگر آپ پاکستان سے سیاسی جنگ نہیں چاہتے تو پھر بھی پاکستان سے سیاسی جنگ نہیں چاہتے تو پھر بھی پاکستان آپ پر زبردستی اسے جنگ کو عائد کرے گا انہوں نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکمران پارٹی کے مخصوص طریقے کے باعث ہندوؤں کے مفاد کو ہمیشہ نظر انداز کر دیا جاتا ہے اس لئے یہ بالکل ضروری ہے کہ آل انڈیا ہندو مہاسبھا کی طرح کی ایک جماعت ہو جو ہندوؤں کے مفاد کی حفاظت کرے مزید برآں ایک جمہوری ملک میں مختلف نظریات رکھنے والی سیاسی پارٹیوں کو ملک کی خدمت کرنے کا حق حاصل ہے:

انہوں نے کہا کہ کانگریس نے جو وعدے کئے ان کو پورا کرنے میں وہ ناکام رہی اگر وہ اپنے وعدوں پر قائم رہتے تو پاکستان ناممکنات میں سے ہوتا آخر میں انہوں نے اعلان کیا کہ بہرحال ہندو مہاسبھا ہر قیمت پر ہندوستان کے بیرونی حملہ اور اندرونی خلفشار کے مقابلہ پر ساتھ دے گی۔ ڈاکٹر کھرے کل ناگپور روانہ ہو جائیں گے (پ ٹ ا)

قیدیوں اور سپاہیوں میں تصادم

دو قیدی ہلاک اور کئی زخمی

کلکتہ ۲۸ دسمبر۔ شمالی کلکتہ میں بیلگاچیا روڈ پر ایک قیدیوں کی گاڑی میں قیدیوں اور مسلح گارڈ میں شدید تصادم ہو گیا جس میں دو قیدی ہلاک اور کئی مجروح ہوئے زخمیوں میں ایک مسلح گارڈ بھی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ قیدی ڈم ڈم سے پاوڈہ لیجائے جا رہے تھے کہ انہوں نے محافظوں پر حملہ کر دیا اور [illegible] کی کوشش کی اس تصادم میں گولیاں چلانی گئیں حالت کو خطرناک دیکھ کر محافظوں نے تیزی سے چلائی ۔ زخمیوں کو میڈیکل کالج ہاسپٹل میں لیجایا گیا۔ جہاں دیکھا گیا کہ دو قیدی ہلاک ہو چکے تھے زخمیوں کو ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ (پ ٹ ا)

مشرقی پاکستان میں کوئلے کے ذخیروں کی دریافت

چٹاگانگ ۲۷ دسمبر۔ ایسوسی ایٹڈ پریس پاکستان کی اطلاع مظہر ہے کہ مشرقی پاکستان میں رام گڑھ کے قریب کوئلہ کے ذخیرے دریافت ہوئے ہیں۔ رام گڑھ دیہات سے ۱۵ میل بجانب شمال مشرق چٹاگانگ کی پہاڑیوں میں واقع ہے۔ مزید کہا گیا ہے [illegible] مشرقی پاکستان کو [illegible] کے اندر رکھے جائیں۔

یہ کانفرنس آئندہ جنوری کے مہینہ میں منعقد ہو گی ابھی تک یہ پتہ نہیں چل سکا کہ آیا رام گڑھ کے ذخیروں کا کوئلہ تجارتی پیمانہ پر نکل سکے گا یا نہیں۔

ہیں وہ جمہوری طریقہ پر تیار ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک مشرق اور مغرب کے تعاون اور جمہوری ترقی کا نیا باب شروع کریں گے۔ انھوں نے کہا جو لوگ آزادی حاصل کرتے ہیں۔ ان پر عظیم ذمہ داری عائد ہوتی ہے ہالینڈ کو ذمہ داریوں کے اس بوجھ پر بڑی تشویش ہے جو انڈونیشیا نے اپنے کاندھوں پر اٹھا لیا ہے ہالینڈ میں ہر شخص انتقال اقتدار کے اصول سے اتفاق کر چکا ہے۔ جب بھی انڈونیشیا کو امداد کی ضرورت ہوگی ہالینڈ فوراً مدد کرے گا۔

بازاروں کے بھاؤ

۲۷ دسمبر ۱۹۴۹ء

بازار حصص

ہندوستان موٹرز ۹/۲/۹ — ۵/۲/۶ — ۵/۲/۶ رضا ٹیکسٹائل ۱۵/۲ — ۷/۱۵ — ۷/۱۲/۷ — ۷/۱۲/۹ دہلی کلاتھ ملز ۷/۱۳ — ۳۷/۱۲ انڈین آئرن ۳۱/۔ — ۳۱/۲/۶ — ۳۱/۴/۹ — ۳۱/۲/۹ — ۳۱/۸/۶ نیو وکٹوریہ ۲/۶/۶ — ۲/۶/۶ گنیش فلور ملز ۲۸/۹/۔ — ۲۷/۱۰ — ۲۷/۱۲/۹ — دہلی جین ۱/۱۵/۔ رام پور ڈسٹلری ۵/۹ — ۵/۵/۔ — ۵/۵/۔ بیڈھا اینڈ کمپنی ۱۵ کرزن روڈ نئی دہلی

دہلی سائیکل مارکیٹ

ہمبر سائیکل ۱۹۱ روپیہ۔ ریلے سائیکل ۲۳ روپیہ۔ رولٹ سائیکل ۲۷ روپیہ ۸ آنہ۔ ڈنلپ پیڈل ۹ روپیہ ۸ آنہ۔ جوتا سادہ ساختہ امریکہ ساٹھ روپیہ آٹھ آنہ، ہر قسم [illegible] روپیہ ۸ آنہ۔ لوکس بیٹری لیمپ ۲۰ روپیہ ۸ آنہ درجن ہیڈل ڈائنامو ۵ روپیہ ۲ آنہ۔ گدی پرانس ۱۲ روپیہ ۲ آنہ

بالمکند اینڈ برادرس الیپنڈ روڈ پوسٹ بکس نمبر ۳۰۳ دہلی

